جلد اوّل

مؤلفہ و مرتّبہ

خواجہ عبدالمجید

اردو سائنس بورڈ

299 - اپر مال، لاہور

جلد اوّل

مؤلّفہ و مُرتّبہ

خواجہ عبدالمجید بی۔اے

اردو سائنس بورڈ

299 - اپر مال ، لاہور

عرضِ ناشر

"جامع اللغات" پہلی مرتبہ ۱۹۳۵ء میں شائع ہوئی تھی لیکن جیسا کہ اس ضخیم لغت کے مؤلف خواجہ عبدالمجید کے حالاتِ زندگی میں مذکور ہے، ان دنوں یوپی اور پنجاب کے ادباء و شعراء میں کچھ ایسی ٹھن گئی تھی کہ یہ لغت اپنی تمام تر افادیت اور ہمہ گیریت کے باوصف شہرتِ عام حاصل نہ کر سکی اور ایک مدت تک اس کا دوسرا ایڈیشن شائع نہ ہو سکا۔ اوّلین اشاعت کے کئی برس بعد ملک دین محمد اینڈ سنز، تاجران کتب بل روڈ لاہور نے اس کا ایک اور محدود سا ایڈیشن چھاپا ضرور مگر وہ بھی لوگوں کی دسترس سے باہر رہا۔ تاہم اہلِ علم تک خواجہ عبدالمجید کی اس معجزنما کاوش کی خوشبو پہنچے بغیر نہ رہ سکی اور جب بھی اہلِ علم کی محفل میں لغت نویسی کی بات چلی "جامع اللغات" کا تذکرہ ضرور آیا اور اس کی نایابی پر نظریں ملول ہو کر رہ گئیں۔

"جامع اللغات" آج سے تقریباً چوّن برس قبل پہلی مرتبہ شائع ہوئی تھی اور خواجہ عبدالمجید نے اسے تنِ تنہا مدون کیا تھا لیکن مقامِ حیرت ہے کہ اس کے بعد اب تک کی شائع ہونے والی تمام لغات اس کا مقابلہ نہ کر سکیں، حالانکہ ان کی تدوین کا کام بڑی بڑی مجالس اور کثیرالوسائل اداروں کے سپرد تھا۔ میں نے اس لغت کا دوسری اہم، ضخیم اور گراں بار لغتوں سے موازنہ کیا تو معلوم ہوا کہ "جامع اللغات" میں ان عظیم لغات کی نسبت تقریباً سات فیصد زیادہ الفاظ و محاورات موجود ہیں۔ کچھ ایسے الفاظ جو "اردو ڈکشنری بورڈ" (کراچی) کی ڈکشنری میں بھی شامل ہونے سے رہ گئے ہیں وہ بھی "جامع اللغات" میں مل جاتے ہیں۔ لیکن یہ کوئی آخری اور حتمی بات نہیں ہے۔ "جامع اللغات" میں بھی "ہندوستانی" جیسا اہم لفظ درج ہونے سے رہ گیا ہے۔

"جامع اللغات" کا شمار اردو زبان کی لغات کبیرہ میں سے ہوتا ہے۔ اس کی اشاعت سے قبل اردو کی دونوں مبسوط لغتیں "فرہنگِ آصفیہ" اور "نوراللغات" مرتب ہو چکی تھیں۔ یہ دونوں لغتیں دہلوی اور لکھنوی دبستانوں کی ترجمانی کرتی ہیں اور ان کے مرتبین کا تعلق بھی اردو داں طبقے سے تھا۔ اس کے برعکس خواجہ عبدالمجید مرحوم اردو لغت نویسوں میں وہ پہلے شخص ہیں جن کا تعلق ان دونوں دبستانوں میں سے کسی کے ساتھ بھی نہیں تھا اور نہ ہی ان کی مادری زبان اردو تھی۔ اس اعتبار سے اگر دیکھا جائے تو "جامع اللغات" کے مرتب نے ان دبستانوں اور طبقوں سے ہٹ کر اپنے لیے ایک الگ راہ نکالی ہے اور اپنی مبسوط لغت میں کچھ ایسی خوبیوں کو سمو دیا ہے جو اس کی ہمعصر اور کسی حد تک اس کے بعد بھی شائع ہونے والی لغات میں بمشکل نظر آئیں گی۔

یوں تو "جامع اللغات" بہت سے ایسے محاسن کی حامل ہے جو اسے اردو کی دیگر لغات سے ممتاز کرتے ہیں، لیکن یہاں ان میں سے چند نمایاں پہلوؤں کا اجمالی طور پر ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے۔ اس لغت میں صرف فارسی، عربی اور ہندی الفاظ ہی کو شامل نہیں کیا گیا بلکہ سنسکرت، ترکی، عبرانی وغیرہ کے متعدد ایسے الفاظ کو بھی اس میں جگہ دی گئی ہے جو اردو میں مستعمل ہیں۔ یہ الفاظ مشکل اور ادق ہیں اور اہلِ علم نے انھیں اپنی انشاپردازی کے جوہر دکھانے کے لیے استعمال کیا ہے۔ لیکن اس ثقافت کے باوجود مرتب جامع اللغات نے انھیں

اپنی لغت میں شامل کر لیا تاکہ اگر کوئی قاری ایسے مصنفین کی تحریریں پڑھے تو اسے ان الفاظ کے معانی تلاش کرنے میں دقت نہ ہو۔ اس لغت کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ اس میں ضرب الامثال اور اقوال کی کثیر تعداد شامل ہے۔ ان ضرب الامثال کی تعداد پچیس ہزار سے بھی زیادہ ہے اور یہ تعداد ایسی ہے جو شاید ہی اُردو کی کسی دُوسری لغت میں موجود ہو۔ علاوہ ازیں لاکھوں محاورات عامہ، محاورات نسواں، علمی الفاظ کی تشریح و توضیح اور اصطلاحات علمیہ بھی اس میں موجود ہیں۔ مزید یہ کہ دُوسری اُردو لغات کے برعکس الفاظ کے ذیل میں مترادفات درج کرنے کے بجائے ان کی تعریف درج کی گئی ہے اور ایسی تعریفیں عربی، فارسی اور ہندی الفاظ کے بجائے عام مستعملہ اُردو الفاظ کے تحت زیادہ ملیں گی۔ متروکات کو بھی اس لغت کا حصّہ بنایا گیا ہے حالانکہ دیگر لغات نگار ان کو درخورِ اعتنا نہیں سمجھتے۔ "جامع اللغات" کے مرتب متروکات کو کلی طور پر رد نہیں کرتے کیونکہ ان کے خیال میں اُردو زبان کے کسی بھی ارتقائی مرحلہ میں ان مردہ الفاظ کو حیاتِ نو مل سکتی ہے۔ مختصر یہی کہا جا سکتا ہے کہ "جامع اللغات" اُردو کی ایسی لغت ہے جس میں یہ شعوری کوشش کی گئی ہے کہ اس کے قاری کو ہر چیز کے بارے میں تھوڑی بہت واقفیت ضرور ہو جائے۔

خواجہ صاحب مرحوم نے اس لغت کو بڑے سائز کی چار بھاری بھرکم جلدوں میں مدون کیا تھا۔ ہم نے اس سارے مواد کو قارئین کی آسانی کے لیے دو جلدوں میں سمیٹ لیا ہے۔ اس مقصد کے لیے لغت سے ان علاقوں، شہروں اور جغرافیائی منطقوں نیز افراد و رجال کے مندرجات حذف کر دئے ہیں جو چنداں اہمیّت کے حامل نہیں تھے۔ دراصل اُردو میں اب تک جتنی بھی جامع فرہنگیں مرتب ہوئی ہیں وہ اپنے اندازِ ترتیب کے اعتبار سے حوالہ جاتی لغت (REFERENCE DICTIONARIES) کے ذیل میں آتی ہیں۔ ایسی فرہنگوں کی افادیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا لیکن ایک عام قاری کو ایسی تفصیلات کی ضرورت نہیں پڑتی۔ چنانچہ ہم نے بھی "جامع اللغات" کی ترتیبِ نو کے وقت زبان دانی کے اصولوں کے ساتھ ساتھ ایسے ہی قارئین کو ذہن میں رکھا ہے اور اس لغت کے اندراجات متعلقہ اشخاص و اماکن کو ممکن حد تک کم کرنے کی کوشش کی ہے لیکن رجال اور جغرافیائی مقامات کو حذف کرتے ہوئے اس بات کا خصوصی خیال رکھا گیا ہے کہ ان میں سے جن کا تعلق تاریخِ شعر و ادب سے ہے، انھیں اسی طرح شامل رکھا جائے۔ اس قطع و برید اور ترمیمات کے علاوہ یہ لغت جوں کی توں پیش کی جا رہی ہے، حتیٰ کہ انگریزی کے عام الفاظ اسٹیج، اسٹیل اور اسٹیشن وغیرہ کو بھی اسی طرح رہنے دیا ہے۔

ہماری تمنّا اور کوشش ہے کہ اب "جامع اللغات" عام علم دوست قارئین تک رسائی حاصل کرے تاکہ اُردو زبان کی وسعتوں کا اندازہ ہونے کے ساتھ ساتھ خواجہ عبدالمجید کی عظیم علمی خدمات کو خراجِ تحسین بھی پیش کیا جا سکے۔ اگلے ایڈیشن کے لیے ہمیں محترم قارئین کے گراں قدر مشوروں کا انتظار رہے گا۔

اشفاق احمد
ڈائرکٹر جنرل

خواجہ عبدالمجید

اُردو زبان کی عظیم ترین لغت "جامع اللغات" کہ اس سے بڑی مبسوط' جامع اور ہمہ گیر لغت ابھی تک مرتب نہیں ہوسکی اور جو شاید کسی "خاص" وجہ کے پیشِ نظر شہرتِ عام بھی حاصل نہ کرسکی۔ اس کے مؤلف کی زندگی کے حالات بھی پردہ اخفا میں ہی رہے۔ ہم نے اِدھر اُدھر سے ان کے بارے میں جو معلومات حاصل کی ہیں' ان سے پتہ چلتا ہے کہ خواجہ عبدالمجید ۱۸۸۵ء میں لاہور میں پیدا ہوئے۔ آپ ایک سربرآوردہ کشمیری خانوادے کے چشم و چراغ تھے اور آپ کے والد خواجہ کریم بخش اکاؤنٹنٹ جنرل کے عہدے پر فائز تھے جبکہ چچا رحیم بخش ڈپٹی کمشنر تھے اور چھوٹے چچا محکمہ جنگلات میں آفیسر تھے۔ ان کے دادا کی حویلی "ملی لاج" لاہور کی علمی اور ادبی محفلوں کا گہوارہ تھی' جہاں اس عہد کے ممتاز عالم' ادیب اور شاعر اکٹھے ہوتے تھے اور اپنے تخلیقی فن پاروں کے اظہار میں اپنے ہمعصروں سے داد لیتے تھے۔ حکیم الامت علامہ محمد اقبال بھی ان محفلوں میں باقاعدگی سے شریک ہوتے اور حکیم احمد شجاع بھی یہیں اپنے مضامین نقد و نظر کے لیے پیش کرتے۔ خواجہ عبدالمجید کا بچپن انہی علمی و ادبی فضاؤں میں پروان چڑھا اور مطالعے اور مشاہدے کا شوق یہیں ان کی شخصیت کی بنیاد بن گیا۔

خواجہ عبدالمجید نے گورنمنٹ کالج لاہور میں اپنی تعلیم مکمل کی اور یہیں سے ریاضی (ڈبل کورس) میں گریجویشن کیا۔ وہ ایک مثالی طالب علم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک منجھے ہوئے کھلاڑی بھی تھے اور گورنمنٹ کالج کی کرکٹ ٹیم کے کپتان بھی تھے۔ بی۔ اے کر چکنے کے بعد وہ پی سی ایس کے امتحان میں شریک ہوئے۔ اس امتحان میں دو اُمیدواروں نے ایک جیسی اوّل پوزیشن حاصل کی۔ جن میں سے ایک خواجہ عبدالمجید تھے۔ دُوسرے اُمیدوار کا چونکہ امتحان دینے کا آخری موقعہ بھی نکل چکا تھا اور اس کو اس امتحان میں بیٹھنے کی خصوصی اجازت دی گئی تھی اس لیے اسے ترجیح دی گئی اور خواجہ عبدالمجید کو انسپکٹر پولیس اور تحصیلداری کی ملازمتیں پیش کی گئیں۔ خواجہ صاحب نے پولیس کی ملازمت کو ترجیح دی اور اپنے فرائض منصبی اتنی خوبی' دیانتداری اور محنت کے ساتھ ادا کیے کہ سارے محکمے میں ایک فرض شناس اور بیحد دیانتدار افسر کے طور پر مشہور ہو گئے۔ اپنی نمایاں کارکردگی کی بنا پر انھوں نے کئی امتیازی سرٹیفکیٹ بھی حاصل کیے۔

خواجہ صاحب نے اپنی پیشہ ورانہ مصروفیات کے ساتھ ساتھ کئی دُوسرے مشاغل بھی اختیار کر رکھے تھے۔ وہ گورنرز الیون کرکٹ ٹیم کے کپتان تھے۔ ٹینس کے نامور کھلاڑی تھے۔ باغبانی کا شوق دیوانگی کی حد تک تھا۔ اپنی مصروف ترین زندگی میں سے روزانہ دو گھنٹے مالی کے ساتھ باغ میں اپنے ہاتھوں سے کام کرتے۔ نئے نئے پھول اور پودے کاشت کرتے' دُور دراز سے عمدہ بیج منگواتے اور ان پر تجربات کرتے رہتے۔ چمن آرائی کرتے کرتے انھیں جڑی بوٹیوں سے دلچسپی پیدا ہو گئی۔ چنانچہ انھوں نے ہندی اور یونانی طب کے امتزاج سے دوائیں بنانے کا تجربہ کیا اور اس طریق علاج کو "انڈو پیتھی" کا نام دیا۔ محکمانہ فرائض کی ادائیگی کے سلسلے میں وہ جن علاقوں میں جاتے وہاں کے غریب دیہاتیوں میں اپنی تیار کردہ دوائیں مُفت تقسیم کرتے۔ یہ دوائیں اتنی معجز اثر ثابت ہوئیں کہ وہ جس علاقے میں بھی دورے پر جاتے تو ڈاک بنگلے پر دوائیں لینے والے لوگوں کا جمِ غفیر لگا ہوتا۔

ان متنوع مشاغل کے باوجود انھوں نے اپنے ذوقِ علمی کو ماند نہیں پڑنے دیا' چنانچہ دفتر ہو یا گھر سفر ہو یا حضر' عمیق مطالعے کی عادت ان کے ساتھ ساتھ رہی۔ اس ذوق کی آبیاری کے لیے انھوں نے گھر پر ایک وسیع لائبریری قائم کر رکھی۔

بھی جس میں ہر زبان اور ہر موضوع پر ہزاروں کتابیں موجود تھیں، کئی نایاب نسخے بھی اس لائبریری کی زینت تھے جنھیں وہ بڑی حفاظت سے رکھتے تھے۔ خودداری کا یہ عالم تھا کہ کبھی کسی دوست سے مانگ کر کتاب نہیں پڑھی۔ جس کتاب کی طلب ہوتی فوراً خرید لاتے۔ البتہ دوست احباب ان سے کتابیں پڑھنے کے لیے لے جاتے تھے۔ مگر نایاب کتابوں کے بارے میں وہ بڑا محتاط رویہ اختیار کرتے تھے۔

کتابوں سے خواجہ صاحب کی محبت اور اس محبت کی وجہ سے ان کی نگہداشت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ انھوں نے انسائیکلو پیڈیا آف برٹینکا کے لیے ایک خاص قسم کی شیلف برادر زیز ولایت سے منگوا رکھی تھی۔ ذوقِ علمی کا یہ عالم تھا کہ جب دورے پر جاتے تو کتابوں، مسودوں اور لکھنے پڑھنے کے سامان سے بھرے ہوئے کئی ٹرنک ان کے ساتھ ہوتے۔ ان ٹرنکوں کے لیے انھوں نے اپنی موٹر کے عقب میں ایک مضبوط اور خصوصی کیریئر لگا رکھا تھا اور پچھلے پہیوں پر خاص طور پر مضبوط کمانیاں لگائی گئی تھیں تاکہ وہ ٹرنکوں کا بوجھ برداشت کرسکیں۔ اپنے سرکاری دورے پر خواجہ صاحب جس ڈاک بنگلے پر پہنچتے وہاں گھر کی طرح مطالعے کی میز سج جاتی اور وہ فارغ وقت میں مطالعے میں مستغرق ہو جاتے۔

اس قدر وسیع معلومات، اپنے ہمعصروں میں اپنی دانش کی بناء پر مقبولیت اور ایسے تبحر علمی کے باوجود انھیں نمود و نمائش سے ذرا بھی دلچسپی نہ تھی۔ "جامع اللغات" کی تدوین کا کام بھی محض حادثاتی طور پر شروع ہوا۔ غالباً ۱۹۲۹ء کا واقعہ ہے کہ ان کے عزیز دوست نواب ممتاز علی آف کرنال کے برادر بزرگ لاہور تشریف لائے اور ان کے ہاں قیام پذیر ہوئے۔ ایک دن وہ خواجہ صاحب کو ساتھ لے کر کسی عمدہ اور قابلِ اعتماد اردو لغت کی تلاش میں نکلے مگر سارا دن کی تحقیق و تلاش کے بعد حسبِ منشاء لغت حاصل نہ کرسکے۔ ان کے اضطراب کو دیکھ کر خواجہ صاحب نے ازراہِ مذاق کہا کہ "نواب صاحب کیا خیال ہے، پھر میں ہی نہ آپ کے لیے ایک لغت مرتب کر دوں؟"

"سبحان اللہ" نواب صاحب نے تڑپ کر کہا" بہت عمدہ خیال ہے۔ بسم اللہ کیجیے"۔ نواب صاحب نے یہ بات اتنی بے ساختگی اور معصومیت سے کہی کہ خواجہ صاحب کے دل میں گھر کر گئی۔ انھوں نے اسی روز یہ لغت مرتب کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا اور بازار سے گھر آتے ہی تنِ تنہا اس عظیم منصوبے پر کام شروع کر دیا۔ چار سال کے قلیل عرصے میں خواجہ صاحب نے دن رات ایک کر کے اس عظیم لغت کا مسودہ پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔ اس عرصے میں نہ تو انھوں نے کوئی چھٹی لی اور نہ ہی اپنے محکمانہ فرائض میں کسی غفلت یا لاتعلقی کا مظاہرہ کیا۔ پھر لطف یہ کہ اپنے دوسرے مشاغل جو انھیں بہت ہی پیارے تھے وہ بھی اسی لگن اور ذوق سے جاری رکھے۔

خواجہ عبدالمجید مرحوم صوم وصلواۃ کے انتہائی پابند تھے۔ صبح کے وقت کافی دیر تک تلاوت اور تسبیح کرتے رہتے۔ لغت کی تدوین کے دوران البتہ ان کے وظائف میں کچھ کمی آگئی تھی تاہم تہجد گزاری اور صوم وصلواۃ میں باقاعدگی جاری رہی۔ وہ عام طور پر تہجد ادا کرنے کے بعد مطالعے کی میز پر آبیٹھتے اور صبح دس بجے تک کام جاری رکھتے۔ دس بجے سے چار بجے تک دفتر میں کام کرتے اور دفتر سے واپسی پر چند لمحے کرسی پر بیٹھے بیٹھے آرام کرتے اور پھر کام شروع کر دیتے جو بلا توقف رات گئے تک جاری رہتا۔ چھٹی کے دن یا لمبی تعطیلات میں وہ سارا وقت تدوین لغت کے کام کو دیتے۔ اس دوران شام کو تھوڑی دیر کے لیے کلب جا کر ٹینس ضرور کھیلتے کیونکہ کھیل کے بغیر ان کی طبیعت کسلمند ہو جاتی تھی۔

جنوری ۱۹۳۳ء میں باقاعدہ طور پر اس لغت کی طباعت کا کام شروع ہوگیا۔ ہر ماہ اس کا ایک حصہ جو اسی صفحات پر مشتمل ہوتا چھپ کر مارکیٹ میں آجاتا اور جاننے اور پہچاننے والے اسے خرید کر اپنی فائل مکمل کرتے جاتے۔ جامع اللغات

اس نوعیت کے بتیس فراسوں پر مشتمل تھی۔ جب یہ اپنی مکمل صورت میں پہلی بار طبع ہوئی تو مہینہ جنوری کا تھا اور سال ۱۹۳۵ء کا۔ جلد بندی کے لیے اعلیٰ درجہ کے مقدسے اُئل کلاتھ اور سنہری ڈائی کا اہتمام کیا گیا۔ زندہ دلان پنجاب نے اُردو کی اس عظیم الشان لغت پر بے پناہ خوشی کا اظہار کیا۔ یاد رہے کہ اس لغت کی پروف ریڈنگ کا کام خواجہ احمد دین مصنف "سرگزشت الفاظ" کے صاحبزادے خواجہ بشیر احمد اور اختر شیرانی نے کیا تھا اور وہ خواجہ صاحب کی تیز رفتاری کے ساتھ ساتھ بڑی تندہی سے کام کرتے تھے۔

اسی زمانے میں نظام حیدر آباد نے بھی اُردو کی ایک اعلیٰ اور علمی لغت کی ترتیب و تدوین کے لیے جیّد علماء کی ایک مجلس قائم کر رکھی تھی جو دس بارہ سال سے اس کام پر مامور تھی۔ جب جامع اللغات تیار ہو گئی تو اسے نظام کی خدمت میں پیش کیا گیا۔ نظام اس لغت کو دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ انھوں نے فوراً اپنے یہاں کا کام رکوا دیا اور جامع اللغات کو حیدر آباد کی تمام لائبریریوں، سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹی کے مختلف شعبوں میں پہنچا دیا۔

لکھنؤ سے شائع ہونے والے ہفت روزہ اخبار "اودھ پنچ" نے بھی اس لغت کی تعریف و توصیف میں کئی مضامین شائع کیے لیکن اسی عرصہ میں یوپی اور پنجاب کے اُردو دانوں، ادیبوں اور شاعروں میں چپقلش شروع ہو گئی۔ "اودھ پنچ" میں وہاں کے سربرآوردہ ادبا "خاکساران لکھنؤ" کے نام سے پنجاب کے ادیبوں پر پھبتیاں کسنے لگے۔ یہاں تک کہ انھوں نے علامہ اقبال اور آغا حشر کاشمیری کو بھی نہ بخشا۔ لاہور سے "زندہ دلان لاہور" کے نام سے ان کے اعتراضات کا شافی جواب دیا جانے لگا اور ان کی اُردو دانی کے پرخچے اڑائے گئے۔ "زندہ دلان لاہور" کے نام سے لکھنے والوں میں مولانا عبدالمجید سالک، احمد شاہ بخاری پطرس، امتیاز علی تاج اور صوفی غلام مصطفےٰ تبسم شامل تھے۔ اس ادبی مجادلے میں "جامع اللغات" پر بھی لے دے شروع ہو گئی جس سے اس اہم و قیع تصنیف کو کافی نقصان پہنچا۔ اہل لکھنؤ یہ تسلیم کرنے سے انکاری تھے کہ کوئی فرد واحد اور وہ بھی پنجابی کس طرح سے ایسی لغت ترتیب دے سکتا ہے۔ ان تمام اعتراضات کے باوجود "جامع اللغات" کا پہلا ایڈیشن تو فروخت ہو گیا لیکن دوسرے ایڈیشن کی طباعت کے درمیان ایک طویل وقفہ آ گیا!

حقیقت یہ ہے کہ خواجہ صاحب فردِ واحد ہو کر بھی۔ فردِ واحد نہیں تھے بلکہ پوری انجمن تھے اور اس انجمن میں وہ اَن گنت مصنفین بھی شامل تھے جن کی تصانیف ان کی لائبریری بلکہ ان کے ذہن میں انجمن آرا تھیں۔ پھر علما اور فضلاء سے ان کی محبت کا یہ عالم تھا کہ وہ جہاں بھی متعیّن ہوتے وہاں کے عالموں کو تلاش کرتے اور ان سے قریبی روابط قائم کرتے۔ مثال کے طور پر ۱۹۳۰ء میں وہ کیتھل میں تعینات ہوئے تو وہاں پر ہندی اور سنسکرت کے ایک عالم کا شہرہ سُنا جو علم نجوم اور دست شناسی میں بھی کافی دسترس رکھتا تھا اور اس نے علمِ نجوم کے ذریعے معلوم کر لیا تھا کہ اس افسر سے دوستی اس کے علمی ذوق میں فائدہ بخش ہو گی۔ چنانچہ جب خواجہ صاحب نے اس کی طرف ایک محبت آمیز قدم بڑھایا تو اسے پہلے سے اپنا منتظر پایا۔ جلد ہی ان میں گاڑھی چھننے لگی اور اس نے سنسکرت کے ذخیرہ الفاظ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ بڑی چاہت سے خواجہ صاحب کے چاروں بیٹوں کی جنم پتریاں بنا کر بھی نذر کیں۔

خواجہ صاحب کا اپنا مضمون تو ریاضی تھا لیکن وہ فزیکل سائنس، فلکیات، تاریخ، جغرافیہ اور ہیئت دانی میں بھی خاصی مہارت رکھتے تھے۔ تمام مذاہب کا وسیع مطالعہ رکھتے تھے۔ موسیقی کی رموز سے بھی گہری آشنائی تھی۔ علمِ نجوم میں کافی دسترس حاصل کر رکھی تھی، چنانچہ جب احباب کی محفل میں کسی بھی موضوع پر اظہارِ خیال کرتے تو محفل پر سنّاٹا چھا جاتا اور وہ موضوع کی جزئیات بر بلا تکان بولتے چلے جاتے۔ ان کا حلقۂ احباب خاصا وسیع تھا جنھیں وہ اکثر دعوتیں دیتے رہتے۔ خاص طور پر آموں کے موسم میں وہ ہندوستان کے بہترین آم منگوا کر دوستوں کو دعوت دیتے۔ اس کے علاوہ ان کی تیار کی ہوئی آئس کریم کی بھی خاصی شہرت

تھی۔ ایسی دعوتوں میں کھانے کے بعد کئی قسم کے مشاغل اختیار کیے جاتے۔ خاص طور پر تاش کا کھیل خاصا دلچسپی سے کھیلا جاتا اور برج کھیلنے میں تو خواجہ صاحب کا کوئی ثانی نہیں تھا۔

ان کی گھریلو زندگی بڑی سادہ اور شفقت آمیز تھی۔ اپنے بچوں سے بے پناہ محبت کرتے تھے اور اکثر دوروں پر اپنے بچوں کو بھی ساتھ لے جاتے۔ جامع اللغات کے منصوبے پر کام کرتے ہوئے ان کے چھوٹے صاحبزادے خواجہ محمد سلیم جن سے انھیں بڑی محبت تھی ان کی گود میں بیٹھ کر قلموں اور پنسلوں سے کھیلتے رہتے۔ ان کی اہلیہ عزیز بیگم کو بھی علم و ادب سے گہرا لگاؤ تھا۔ چنانچہ ان دونوں کی علم دوستی کی وجہ سے ان کے بچوں کو بھی شروع ہی سے کھیل کود سے زیادہ کتابوں سے دلچسپی پیدا ہو گئی۔ اس زمانے میں بچوں کو ناولوں اور قصہ کہانیوں سے دور رکھا جاتا تھا مگر خواجہ صاحب نے اپنے بچوں پر کبھی ایسی پابندی نہیں لگائی۔ البتہ ایک ہدایت ضرور کی جاتی کہ کتاب جہاں سے اٹھائی جائے وہیں پر واپس ضرور رکھ دی جائے۔ اس کے علاوہ میز پر دھری اشیاء کو نہ چھیڑا جائے۔ ملازمین کو مطالعے کے کمرے میں جانے کی اجازت نہ تھی۔ بچوں کے ساتھ سہ پہر کی چائے کی میز پر یا رات کے کھانے کے موقعہ پر بڑی محبت سے باتیں کرتے۔ ان کی استعداد کے مطابق ان سے علمی مباحث کرتے۔ دوران مطالعہ کوئی اچھا شعر، نادر محاورہ یا دلچسپ تلمیع نظر سے گزرتی تو فوراً بچوں کو جمع کر کے سناتے۔ کسی شعر کا تذکرہ ہوتا تو فوراً اس مطلب کے بیسیوں شعر سنا ڈالتے۔

خواجہ صاحب بڑے خوش پوش انسان تھے۔ ہمیشہ سادہ مگر دلکش لباس پہنتے۔ لباس کی سلائی کے بارے میں بڑے خوش ذوق تھے۔ اپنے اور گھر والوں کے لیے گرم کپڑے ہمیشہ ولایت سے منگواتے۔ عام طور پر "سکسین" کے بنے ہوئے جوتے استعمال کرتے اور "فاینٹو فلیور" برانڈ کا فرانسیسی ہیئر آئل بالوں میں لگاتے۔

خواجہ صاحب کو جانوروں سے بھی بڑی محبت تھی۔ خاص طور پر وہ اعلیٰ نسل کے کتے بڑے شوق سے پالتے تھے۔ ایک دفعہ انھوں نے ایک سفید ٹیریر کا جوڑا انتہائی مہنگے داموں خریدا۔ کتیا تو کچھ عرصے بعد کوئی زہریلی شے کھانے سے مر گئی البتہ کتا کئی برس تک ان کے پاس رہا۔ چہل قدمی کے دوران وہ ان کے ساتھ ساتھ چلتا۔ جب وہ مطالعہ کرنے بیٹھتے تو کتا ان کی کرسی کے نیچے دم سادھ کر بیٹھ جاتا۔ سونے کے لیے لیٹتے تو وہ بھی پلنگ کی پائنتی کے نیچے لیٹ جاتا۔ البتہ کھانے کے کمرے میں اس کا داخلہ ممنوع تھا لیکن وہاں بھی وہ دہلیز کے پاس جڑ کر بیٹھا رہتا۔ خواجہ صاحب کھانا کھاتے ہوئے چپاتی کا ٹکڑا اس کی طرف پھینکتے جاتے اور اگر کبھی ٹکڑا پھینکنے میں ذرا دیر ہو جاتی تو کتا زور زور سے دہلیز پر پنجے مار کر انھیں اپنی طرف متوجہ کرتا اور اپنے حصے کا لقمہ مانگتا۔

جامع اللغات کی تکمیل کے بعد انھوں نے دو مزید کتابیں لکھنا شروع کیں جن میں سے ایک فارسی زبان میں "لغات حمیدیہ" تھی اور دوسری اردو انسائیکلو پیڈیا تھی۔ غالباً ان تصانیف کا خیال انھیں جامع اللغات کی تدوین کے دوران ہی آیا ہو گا۔ لغات حمیدیہ پر تو کافی کام ہو گیا تھا لیکن انسائیکلو پیڈیا کا کام ابھی ابتدائی مراحل میں تھا کہ ۱۹۳۷ء میں خالق حقیقی سے بلاوا آ گیا اور وہ اپنی بھرپور متنوع، ادب پرور اور علم آفریں زندگی کو خیرباد کہہ کر اپنے خالق سے جا ملے۔ اس عہد کے اخبارات و رسائل ایک مدت تک اس سوال پر سراپا حیرت بنے رہے کہ آخر خواجہ عبدالمجید نے تن تنہا اتنے بڑے منصوبے پر اتنا کام کیسے مکمل کیا۔ اور آج آدھی صدی سے زیادہ گزر جانے کے بعد شاید آپ بھی یہی بات سوچنے پر مجبور ہوں کہ عزم و ہمت کا سہارا لے کر ایک اکیلی جان کتنے عظیم کارنامے سرانجام دے سکتی ہے۔

مَیں اِس ناچیز تالیف کو اُن قدردانوں کے نام سے معنون کرتا ہُوں، جنھوں نے شروع سے اس لغت کی خریداری منظور فرما کر میری حوصلہ افزائی فرمائی جس کی وجہ سے اِتنی ضخیم کتاب کی اشاعت بغیر بیرونی اِمداد کے ممکن ہوگئی۔

عبدالمجید

مُقدّمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ۔

۱۔اُردو نے جس وقت عالم وجود میں قدم رکھا۔ اس وقت سے اب تک جب کہ ہندوستان کے اکثر و بیشتر لوگ اور غیر ممالک کے ذیعلم باشندے اس زبان سے بالواسطہ یا بلا واسطہ متعلق ہیں متعدد بار اہل فن کی توجہ لغت تیار کرنے کی طرف منعطف ہوئی ہے۔ علمائے السنہ اور دیگر اہل کمال نے اپنی لیاقت جرأت اور ہمت کے مطابق مساعی کیئے۔ اُردو میں وقتاً فوقتاً مختلف لغات معرض تدوین میں آئے۔ جو لوگ وقت کے نبض شناس تھے انہوں نے حتی المقدور وہ روش اختیار کی جو ضروریات زمانہ اور اقتضائے وقت کے مطابق تھی۔ اور اپنے عہد کی خصوصیات کو اپنے آغوش میں لئے تھی۔ ان میں سے بعض لغات ہمارے لئے زبان اُردو کے الفاظ کا مایۂ ناز خزینہ ہیں۔ جس سے آنے والی نسلیں بہرہ اندوز ہو رہی ہیں یہ لغات فی الحقیقت اُس تہذیب اور تمدّن کی امانت دار اور محافظ ہیں جس کی گود میں اِنہوں نے جنم لیا۔ ہمیں اب بھی ان الفاظ کے پس پشت ان کے بولنے والے نظر آتے ہیں۔ اُن کی آوازیں ہمارے کانوں میں گونجتی ہیں اور ہمیں عہد ماضی کی تاریک وادیوں میں کشاں کشاں لے جاتی ہیں۔ مگر زمانہ کروٹیں بدلتا رہتا ہے اور یوں ہی بدلتا رہیگا۔ جیسے جیسے بنی نوع انسان کے اوضاع و اطوار بدلتے ہیں۔ جیسے جیسے ان کے رہنے سہنے کے طریقوں میں جدت و اختراع کا کارگر ہاتھ قطع و برید کرتا ہے۔ جیسے جیسے اُن کا اقتصادی۔ معاشری پولیٹیکل اور مذہبی ماحول بدلتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہی زبان بھی ہر روز بدلتی ہے نئے نئے پہلو اختیار کرتی ہے۔ دوسری زبانوں سے اثرات قبول کرتی ہے۔ اور نئی نئی ایجادوں اور جدید نظریوں کے لئے الفاظ ڈھالتی ہے۔ یہ الفاظ ہزاروں کی تعداد میں پیدا ہوتے ہیں بڑھتے ہیں پھلتے پھولتے اور نشو و نما پاتے ہیں اور اظہار خیال کے مصرف میں آتے ہیں۔ مگر یہ الفاظ صرف وہی زبان پیدا کرتی ہے جو زندہ زبان کہلائے جانے کے مستحق ہے۔ جس کو لوگ سنتے بولتے اور تحریر میں لاتے ہیں۔ جو روزمرہ کی باتوں کے سمجھنے اور سمجھانے کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ مردہ زبانیں جن کے اصلی لکھنے اور بولنے والے آج سے صدیوں پہلے راہی ملک فنا ہو چکے ہیں جن کو زمانے نے حسب معمول طاق نسیاں میں رکھ کر ہمیشہ کے لئے موت کی نیند میں غافل کر دیا ہے۔ یہ زبانیں اب کوئی مصرف نہیں رکھتیں بجز اس کے کہ زندہ زبانیں اُن کے الفاظ اُن سے چھین لیں اور اپنے استعمال میں لے آئیں۔ اُردو زبان ایک زندہ اور پائندہ زبان ہے جو دلپسند اور عالمگیر ہونے کی وجہ سے ہندوستان کی موجودہ آبادی کے جزو اعظم کے کام و دہان میں سکونت پذیر ہے۔ اس میں ہر روز نئے نئے الفاظ داخل ہوتے ہیں۔ بعض جدید الفاظ پیدا ہوتے ہیں اور زبان میں ایک مستقل جگہ لے لیتے ہیں بعض آنے والے الفاظ ایسے تنومند اور قوت پسند ہیں کہ بڑھے اور پرانے الفاظ کو خارج از استعمال کر دیتے ہیں۔ یہ پُرانے الفاظ "تقویم پارینہ" کا حکم رکھنے والے لوگوں کی زبان سے گر کر لغتوں کی زینت و ضخامت کو بڑھاتے ہیں اور متروک کہلاتے ہیں۔ ہم اساتذۂ فن لغت کو قابل الزام قرار نہیں دیتے کیونکہ یہ ہمارا یقین ہے کہ اپنے ذرائع اور وسائل اور زبان کی اُس حالت کے مطابق جو ان کے زمانے میں تھی ہر مؤلف نے ایک جامع اور مکمل لغت تیار کرنے کی کوشش کی ہے۔ لیکن آج کل جب کہ مطابع۔ اخبار۔ رسائل اور دیگر علمی مقالے ملک کے ایک گوشے سے دوسرے گوشے تک اپنی آواز۔ اپنی زبان اور اپنے الفاظ دقیقوں اور لمحوں میں پھینک دیتے ہیں۔ جب کہ اشتہاروں۔ تقریروں۔ سینماؤں اور تھیئٹروں کی بہتات نے زبان کے پر پرواز کی قوت و ہمت کو دوگنا چوگنا کر دیا ہے۔ جب کہ اہل مغرب اور مشرق اقصیٰ اور دنیائے جدید یعنی امریکہ کے مصنفین کے خیالات اور اُن کے علمی اور ادبی شاہکار ہماری روزانہ عملی زندگی میں چھن چھن کر حل ہو رہے ہیں۔ اِس برقیات اسٹیم انجن۔ موٹر کار۔ مشین گن۔ ہوائی جہاز۔ ٹیلیفون ہائیڈروفون۔ گراموفون۔ تار اور بے تار کی خبروں کے زمانے میں صاحبان فن اور ارباب کمال اِس امر کی بیحد ضرورت محسوس کرتے ہیں کہ ایک ایسی جامع اور کامل لغت کی کتاب ہو جس میں ہر نوع۔ ہر قسم اور ہر طرح کا لفظ مل جائے۔ جس میں ہر اہم اور غور طلب مسئلے پر روشنی ڈالی گئی ہو۔ اس سے قبل جو لغات میری نظر سے گذرے اُن میں مختصر سے معانی اور اسناد کے سوا مجھے بہت کم مسالحہ دستیاب ہو سکا۔ بعض الفاظ کے مترادفات بھی درج کر دیتے ہیں مثلاً یہ کہ پانی کے معانی میں یہ دیا جاتا ہے کہ "اربعہ عناصر میں سے تیسرا عنصر"۔ اِس کے آگے "آب۔ ماء۔ جل" لکھ دیتے ہیں۔ اب جدید تحقیقات سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ بانوے عناصر بسیط ہیں اور پانی مرکب ہے دو عناصر کا۔ اس کے علاوہ جو معانی درج کیے ہیں ان میں سے بھی یہ معلوم نہیں ہوتا کہ پانی کیا چیز ہے۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ آج کل لغت نویسی نے ایک مستقل سائنس کی حیثیت اختیار کر لی ہے جو الفاظ کی چھان بین اور تحقیق و تلاش سے بحث کرتی ہے۔ جب میں نے اس سے قبل کہ موجودہ لغت کی تدوین کروں اُن ڈکشنریوں پر نگاہ ڈالی جو پہلے لکھی جا چکی ہیں۔ تو مجھے یہ نظر آیا کہ ان لوگوں کے زمانے میں الفاظ کی تعریف درج کرنے کا رواج نہ تھا یا اگر تھا تو وہ اسے قابل اعتنا نہ سمجھتے تھے۔ اسمائے معرفہ

کے لئے لغت میں جگہ نہ تھی۔ اِن اِسما کا تلفظ کسی کتاب میں ڈھونڈنے سے بھی نہیں ملتا تھا۔ حالانکہ معمولی الفاظ کا تلفظ بالعموم بتایا جاتا تھا۔ اِس کے متعلق جو کچھ بھی اطلاع تھی وہ سینہ بسینہ چلتی تھی۔ نتیجہ اکثر اوقات یہ ہوتا تھا کہ عجیب وغریب غلطیاں رونما ہو جاتی تھیں۔ الفاظ کی ہیئت کذائی بالکل تبدیل ہو جاتی تھی۔ ایک انگریزی ڈکشنری میں دیکھا کہ "بحتری" کو "بُختری" لکھ دیا ہے ایک مرتبہ نظر سے گذرا کہ ایک اردو مترجم نے اِس لفظ کو بجنسہٖ "بُختری" نقل کیا ہے۔ مزید براں یہ کہ علمی اصطلاحات کا کہیں ذکر نہ کرتے تھے۔ نوذارد الفاظ کو اجنبی سمجھ کر عدم توجہ کا مستحق سمجھتے تھے۔ علوم جدیدہ کی تحقیقات بالکل خارج از بحث خیال کی جاتی تھیں۔ اِن چیزوں کا کہیں تذکرہ نہ کیا جاتا تھا۔ اسماء الرجال اور اسمائے جغرافیہ احاطۂ لغت سے بالکل باہر تھے۔

۳۔ متروکات۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ لغت نویس ہرگز اس کا مجاز نہیں کہ الفاظ اور محاورات کو خود ڈھال ڈھال کر بنائے لیکن کم از کم ان اسالیب بیان اور اُن تراکیب الفاظ کو تو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا جن کو اہل زبان اب استعمال میں لاتے ہیں یا جو کبھی مصرف میں آتے تھے۔ لیکن زمانے کا رخ پلٹ جانے کی وجہ سے متروک ہو چکے ہیں۔ متروک الفاظ کو لغت سے نکال دینا میری رائے میں قرینِ عقل و دانش نہیں کیونکہ متروک الفاظ کی مثال اُن بیجوں کی ہی جو مردوں کی طرح زمین میں مدفون ہو رہے ہیں لیکن جب وقت اور موقع آتا ہے۔ اِنہیں خشک اور بظاہر مردہ بیجوں میں سے ہری ہری کونپلیں پھوٹ کر فضائے عالم میں شجر بن کر اپنی شاخیں پھیلا دیتی ہیں۔ اس کے علاوہ ایک بات اور بھی ہے۔ کہ جب ہم شعرائے قدیم یعنی ولی دکنی۔ میر۔ سودا اور دیگر اساتذہ وسلف کی تصانیف کا مطالعہ کرتے ہیں۔ تو متعدد اور بیشتر موقع ایسے آتے ہیں جہاں متروک الفاظ نادر اسالیب۔ نرالی تراکیب اور غریب بندشیں آ جاتی ہیں۔ جن کے سمجھنے والے کے لئے لغت کے سوا اور کہیں جائے پناہ نظر نہیں آتی۔ اصل بات تو یہ ہے کہ اُردو میں لکھنے والے اہل قلم کے سامنے عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ ہندی۔ انگریزی اور دوسری زبانوں کے الفاظ و محاورات کا ایک بحر ناپیدا کنار رہے۔ یہ وہ نہ ختم ہونے والے خزانے ہیں جن میں سے اکثر جواہر ریزے اور موتی اور مرجان نکل نکل کر اُردو کے دامن میں ٹلکتے رہتے ہیں۔ ارباب علم و اہل زبان جس وقت چاہیں جن الفاظ و محاورات کو پسند کریں استعمال میں لا سکتے ہیں اور انہیں یہ سجتا ہے زیب دیتا ہے۔ اور اُن کے لئے روا ہے۔ کوئی شخص معترض نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اردو میں مثل اس سنگم کے ہے جس میں مختلف دریا آ کر گرتے ہیں رنگ برنگ کے دھارے چلتے ہیں۔

۳۔ لغت کی ضرورت۔ ہندوستان میں بعض مصنفین اور شعرا ایسی اردو نثر اور نظم لکھتے ہیں جو نہایت ادق اور مغلق الفاظ سے لبریز ہوتی ہے اور ان الفاظ کی چھان بین اور معانی کے سمجھنے کے لئے قارئین اکثر عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ ہندی۔ انگریزی اور دیگر غیر زبانوں کی لغات کی جانب رجوع کرتے ہیں۔ میں نے اِسی وقت کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ جن مولانا کا فسانۂ آزاد میں تذکرہ ہے اور جن کے ہم خیال اہل ہند میں ابھی تک موجود ہیں اُس قسم کے حضرات کے کلام اور بیان کی افہام وتفہیم کے لئے اہل ذوق کو مختلف لغتوں کی طرف رجوع نہ کرنا پڑے اِس لغت میں ہزارہا ایسے عربی۔ فارسی۔ سنسکرت۔ ہندی۔ انگریزی اور دیگر زبانوں کے الفاظ درج کر دیئے ہیں جو بالعموم مستعمل نہیں ہیں لیکن علمی مجالس اور ارباب علم کے طبقوں میں یا متذکرہ بالا اصحاب کی تحریر و تقریر میں شاذ و نادر استعمال ہوتے رہتے ہیں۔

۴۔ اُردو میں الفاظ کی کثرت۔ لوگوں سے بالعموم یہ شکایت سنی کہ اردو ابھی کم مایہ اور غیر مکمل ہے اس کے پاس الفاظ کا سرمایہ اور طریقہ ہائے بیان کا تنوع نہیں۔ خیالات کے خط و خال کے ہلکے ہلکے فرق کو ایک دوسرے سے امتیاز کرنے کی استعداد سے محروم ہے۔ لیکن مجھے صورت احوال بالکل برعکس نظر آئی۔ جو الفاظ و محاورات کی بہتات مجھے اس زبان میں نظر آئی وہ کسی زبان میں نہیں ملی۔ ایک ہی فقرے میں عربی۔ فارسی۔ سنسکرت اور دیگر زبانوں کے الفاظ پہلو بہ پہلو ترتیب قریب موتی سے جڑے نظر آئے۔ یہ وہ تاج ہفت تارک ہے کہ جس میں تمام اقسام کے جواہر ریزے موجود تھے اور اس لئے ریختہ کہلاتا تھا۔ دوسری زبانوں کو یہ آسانی اور سہولت اور اقوال اور امثال کی اس قدر کثرت نصیب نہیں ہے۔ دنیا کی ہر زندہ زبان کے الفاظ کے انبوہ کے انبوہ اردو کی اقلیم میں آ آ کر سکونت اختیار کر رہے ہیں۔ مجھے اُردو کا دربار مجلس اقوام یعنی لیگ آف نیشنز نظر آتا ہے۔ مختلف ممالک اور مختلف زبانوں کے نمائندے یہاں آتے ہیں اور یہاں پہنچ کر یہیں کے ہو جاتے ہیں۔ دیکھئے بوتل۔ ریل۔ ممبر۔ میم۔ مسٹر۔ لیڈی۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو دوسرے ممالک سے آتے تھے لیکن اب یہاں کے الفاظ سے مل جُل کر شیر و شکر ہو گئے ہیں۔ ہر ترقی کرنے والی زبان کا یہ امتیازی خاصہ ہے کہ وہ اپنی ضروریات کے مطابق صرف الفاظ ڈھالتی ہی نہیں ہے بلکہ اپنے گرد و پیش سے سمیٹ کر ہمسایہ اور ہمعصر زبانوں سے مانگ کر الفاظ کو اپنا بنا لیتی ہے۔ انگریزی۔ فرانسیسی۔ اطالوی اور دوسری زبانوں کا بھی یہی حال ہے۔ صرف جرمن اور جاپان کے ارباب علم و اہل زبان نے جدید الفاظ گڑھے ہیں جو بظاہر نہایت ثقیل اور دشوار سمجھے جاتے ہیں۔

۵۔ اُردو کا مقامی گہوارہ۔ ہندوستان کا ہر صوبہ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ زبان اردو کا منبع اُس کی آفرینش گاہ اور گہوارہ اُسی کا آغوش عاطفت ہے۔ اہل دہلی اسے خاص دہلی کی زبان بتاتے ہیں اہل لکھنؤ کہتے ہیں کہ نہیں زبان اردو ہماری گود میں پلی اور بڑھی ہے اور اس نے ہمارے دامن میں نشو و نما پائی ہے۔ پنجاب والے کہتے ہیں کہ اس چشمۂ شیریں کا سرچشمہ پنجاب ہے یہ یہاں کی سرزمین سے پھوٹ کر نکلا ہے۔ اہل دکن کا یہ دعوےٰ ہے کہ ولی دکنی اُردو کا اولین شاعر ہے جس کے ہاتھ یہ تحفہ ہم نے زمین دکن سے دہلی بھیجا تھا۔ برادران

وطن اور بالخصوص ہمارے ہندو بھائی اسے سنسکرت کی نورِ نظر اور اپنی مقدس زبان کی دخترِ نیک اختر سمجھتے ہیں۔ ہم اس موقع پہ زبان "اردو" سے یہی کہیں گے کہ ؎ تو شمع انجمنی یک زبان و یک دل شو۔ خیالِ کوشش پروانہ بین و خنداں باش +

۶۔ اصلیت ۔ مجھے اس رقیبانہ تکرار میں اصلیت کا ایک الگ ہی پہلو نظر آتا ہے۔ تاریخ عالم کے ورق مجھ سے بار بار کہتے ہیں کہ زبان کی نشوونما اور اس میں تغیر و تبدل ایسے نہیں ہوتا جیسے یہ لوگ سمجھتے ہیں پرانی ہندی میں کثرت سے سنسکرت کے الفاظ موجود ہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ہندی زبان بگڑی ہوئی سنسکرت ہو سکتی ہے ع ۔ نشہ سے کو تعلق نہیں پیمانے سے + موجودہ اردو میں فارسی اور عربی کے الفاظ بکثرت ملتے ہیں اور اب آج کل انگریزی کے الفاظ اس میں بکثرت شامل ہو رہے ہیں۔ اس سے یہ نتیجہ کیونکر برآمد ہو سکتا ہے کہ اردو بگڑی ہوئی عربی۔ یا بگڑی ہوئی فارسی یا بگڑی ہوئی انگریزی ہے۔ یہ مسئلہ تو جبھی حل ہوگا جب کہ جدید محققین کی طرح ہم تاریخ کی روشنی میں ان مختلف نظریوں کو جانچیں۔

۷۔ آریائی آمد ۔ یہ بات تو بالکل ظاہر ہے کہ ہندوستان کے پہاڑوں کو الٹ کر جب آیرین لوگ میدانوں میں پہنچے تو وہ ایسے بڑھے ہونگے جیسے سمندر کی موجیں ایک ایک کر کے آتی ہیں اور ساحل سے ٹکراتی ہیں۔ ان لوگوں کے جتھے میدانوں میں ایک ایک کر کے آہستہ آہستہ اترتے ہونگے۔ یہ تو کسی طرح بھی تصور میں نہیں آتا کہ یہ لوگ ہمالیہ کی بلندیوں کو طے کر کے اور دروں اور وادیوں میں سے نکل کر یکایک ہندوستان کے میدانوں میں طوفان خیز اور سیلاب انگیز گھٹاؤں کی طرح چھا گئے ہونگے اور ایک ساتھ برس پڑے ہونگے۔ اور یہ ان کی لئے یا عالم کی کسی اور قوم کے لئے کیونکر ممکن ہو سکتا ہے کہ اصلی باشندوں کو جو ان سے تعداد میں زیادہ تھے اور ہندوستان جیسے وسیع ملک کے چاروں گوشوں میں رہتے تھے چشم زدن میں نکال کر ہندوستان کو ان سے خالی کر دیتے۔ یہ لوگ یہاں مختلف موقعوں پر اور مختلف اوقات میں گروہ در گروہ داخل ہوئے لیکن حملہ آوروں کا کوئی ایسا مسلسل تار نہیں تھا جو کبھی منقطع نہ ہوتا ہو۔ جب ان لوگوں کی ہندوستان میں آمد آمد شروع ہوئی وہ ایسا زمانہ تھا کہ تمام عالم کا مذہب بالعموم بت پرستی تھا۔ خود ایرین بھی ستاروں پتھروں نباتات۔ جمادات اور حیوانات کی پرستش کرتے تھے ان کے اور اصلی باشندوں کے درمیان کسی مذہبی جنگ و جدل کا موقع اور محل نہ تھا۔ تھوڑے ہی عرصہ میں یہ لوگ اصل باشندوں کے ساتھ مل جل کر ایک ہو جاتے تھے۔ تمام ملک کی عام فضا میں کوئی اضطراب یا بےچینی رونما نہیں ہوتی تھی۔ ہندوستان میں سنسکرت بولنے والے برہمنوں کا داخلہ بہت عرصہ بعد ظہور پذیر ہوا۔ حضرت مسیح کی ولادت میں ابھی ڈیڑھ ہزار سال باقی تھے جب کہ ان لوگوں نے اول مرتبہ ہندوستان میں قدم رکھا اور جب یہاں میدانوں میں چاروں طرف پھیلے تو دیکھا کہ یہاں کے اصل باشندے مختلف زبانیں بولتے تھے۔ مختلف صوبوں کی زبانیں ایک دوسرے سے مختلف تھیں۔

۸۔ قدیم ملکی زبان ۔ الغرض ہندوستان کی ان تمام بولیوں کا مقابلہ اور موازنہ کرنیوالے جنہیں السنہ قدیم کی چھان بین میں ید طولے حاصل ہے یہ بتاتے ہیں کہ اس تمام علاقہ میں جس میں آج کل صوبہ سرحد۔ پنجاب۔ سندھ۔ راجپوتانہ۔ صوبجات متحدہ بہار اور وسط ہند شامل ہیں ایک ہی زبان بولی جاتی تھی۔ ان مقامات کے باہمی فاصلے کے قرب اور بعد کے لحاظ سے مختلف حصوں کی زبان میں بھی کہیں کہیں ادنی اور خفیف سے اور کہیں کہیں زیادہ اختلافات پیدا ہو گئے تھے۔ جس وقت برہمنوں نے اس علاقے میں آکر بود و باش اختیار کی اس وقت ان کے ساتھ لائے ہوئے الفاظ ملک کی اصلی زبان میں ایسے ہی شامل ہو گئے جیسے ہمیں بعد کی بنگال اور دکن کی زبانوں میں ملے جلے نظر آتے ہیں۔ پنجابی زبان میں اکثر ایسے الفاظ ہم نے سنے جن کا اردو میں کہیں نام و نشان تک نہیں ملتا۔ اور جب ہم ان الفاظ کے کھوج پر چلتے ہیں تو ان کی اصل و نسل کا سلسلہ ٹھیٹھ سنسکرت سے جا کر ملتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ اولاً پنجاب میں آکر آباد ہوئے تھے۔ کچھ عرصہ یہاں رہے۔ لیکن جب دیکھا کہ یہاں تو کچھ پیش نہیں جاتی اور دال نہیں گلتی تو پاؤں کا چکر بادیہ پیمائی صحرا نوردی کی عادتیں اور خانہ بدوشی کی زندگی ان کو لے کر آگے بڑھی۔ رگ وید میں ایک ایسا منتر ہے جس کا مخاطب دریائے بیاس ہے جس نے غالباً برسات کے موسم میں ان کو آگے بڑھنے سے روک دیا تھا یہی وجہ ہے کہ آج ان زبانوں میں جو ہندوستان کے شمال میں بولی جا رہی ہیں۔ ہمیں سنسکرت کے الفاظ چمکتے نظر آ رہے ہیں۔ ایرین لوگ اصلی باشندوں کی زبان کو پراکرت اور اپنی زبان کو دیوبانی کا خطاب دیتے ہیں۔ لیکن یہ تو ایک قدرتی امر ہے اور شروع سے یوں ہی ہوتا آیا ہے کہ حضرت انسان غیر کو دولتمند اور اپنے آپ کو ہمیشہ سے عقلمند تصور کرتے آتے ہیں۔ عرب بھی تو غیر عرب قوموں کو عجم یعنی گونگا کہہ کر پکارتے تھے۔ یہ بات اب قطعی طور پر بار ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ ہندوستان میں کسی زمانے میں بھی سنسکرت نہیں بولی گئی اسی طرح دیکھ لیجئے کہ ہندوستان پر جو مسلط تھے ان مسلم فاتحین کی زبان عربی فارسی یا ترکی تھی۔ مگر اہل ملک نے ان زبانوں کو کبھی بھی اختیار نہیں کیا۔ یہ غیر ملکی پودے تھے جو یہاں کی سرزمین میں کبھی بھی نشوونما نہیں پا سکتے تھے اور یہاں کی آب و ہوا اور یہاں کے موسم کے لحاظ سے صرف وہی شجر یہاں پھلے پھولے جنہیں دست قدرت نے ہندوستان کے لئے بنایا تھا اور جو یہیں کی سرزمین میں پیدا ہوئے تھے۔ ملکی زبان نے جس طرح فارسی عربی ترکی کے چند الفاظ جذب کر لئے تھے یا جس طرح اب انگریزی کے الفاظ جذب کر رہی ہے اسی طرح اس زمانہ میں سنسکرت کے بھی چند الفاظ لے لئے تھے۔

۹۔ برہمنوں کا دور۔ رفتہ رفتہ ایک ایسا زمانہ آیا کہ برہمنوں نے ذات پات کی بندشوں سے بنی نوع انسان کو جکڑ دیا۔ مذہب اور ملت کے نام پر اور برہمن دیوتا کے نگین اختیار کے تحت ہیں لوگوں پر اس قدر مظالم ہوئے کہ ستم رسیدوں نے برہمنوں کی عاید کردہ بندشوں کو توڑ توڑ کر نئے نئے مذاہب کی بنیاد ڈالی۔ لوگ ان نئے نئے مذاہب میں جوق در جوق داخل ہونے لگے اور چھ سو سال قبل مسیح میں مہاتما بدھ کا مذہب اور جین مت برہمنوں کی چیرہ دستیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے دو منظم قوتیں بن گئیں۔ مہاتما بدھ کے مذہب اور جین مت نے ایک ہزار سال تک لوگوں کی گردنوں جسموں دلوں اور سینوں پر حکومت کی۔ برہمنوں سے عناد کی یہ حالت تھی کہ ان کی زبان تک کو قابل اعتنا نہ سمجھتے تھے۔ ملکی زبان مذہبی زبان قرار پائی۔ بدھ کے پیروؤں اور جین مت کے ماننے والوں نے اپنی مقدس کتابوں کو پراکرت زبان میں لکھا۔ جب سکندر اعظم نے ہندوستان پر حملہ کیا اس وقت ہندوستان میں بدھ مت کا زور تھا اور ہر جگہ ملکی زبان تحریر و تقریر کے کام میں آتی تھی۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ ع ہمیشہ گلشن عالم کا ایک حال نہیں۔ ایک ہزار سال تک فروغ دینے کے بعد زمانے نے بدھ مذہب کو بھی زوال کی خوفناک گھاٹیوں کی طرف آہستہ آہستہ دھکیلنا شروع کیا۔ برہمنوں کی قسمت کا ستارہ پھر چمکا۔ مردہ کے جسم میں سانس کے آثار نمودار ہونے لگے۔ رفتہ رفتہ ہندو مذہب طاقت پکڑنے لگا اور اپنے پیروں پر کھڑا ہو کر پھیلنے اور بڑھنے لگا۔ برہمنوں کا عروج ہوا تو انہوں نے بدھ مت کے نام لیواؤں کو ہندوستان سے نکال کر اطراف و جوانب میں دھکیل دیا۔ یہ سب نشیب و فراز ہوتے رہے۔ مختلف دور آئے اور طرح طرح کے تغیر و تبدل ہوئے۔ اور انقلابات کی آندھیوں نے چل کر ہندوستان کے گوشے گوشے کو ہلا دیا لیکن ملکی زبان کے شجر پر جو قدرت کے ہاتھوں کا لگا تھا اور جو اس وقت تک کافی مضبوط ہو چکا تھا کچھ اثر نہ ہوا۔

۱۰۔ اسلامی آمد۔ جب ہندوستان پر سلطان محمود غزنوی نے پے در پے حملے کئے اُس وقت بھی تمام ملک میں ملکی زبان بولی جاتی تھی۔ پنجاب غزنی کی مسلم سلطنت کا ایک حصہ بنا لیا گیا تھا۔ لاہور میں سلطان کا فرستادہ ایک گورنر رہتا تھا۔ انتظام مملکت سب سلطان کے مقرر کردہ حکام کے ہاتھوں میں تھا۔ فاتحین کی مادری زبان فارسی اور مذہبی زبان عربی تھی۔ لیکن ملکی زبان پر ان دونوں زبانوں کا یہ اثر ہوا کہ چند الفاظ ان سے عاریتہً لے لئے گئے۔ ۱۱۹۳ء میں سلطان محمد غوری دہلی پر قابض ہو گیا۔ ان دنوں دہلی میں اور اس کے گرد و نواح کے علاقوں میں ایک زبان بولی جاتی تھی جسے برج بھاشا کہتے تھے۔ پرتھی راج کے دربار میں چند بردے نامی ایک شخص راج کوی یعنی ملک الشعرا تھا۔ اس شخص نے ایک ضخیم کتاب لکھی ہے جس کا نام پرتھی راج راسا ہے۔ بعض لوگ صرف اس بنا پر اس کتاب کو اُس زمانے کی تصنیف تسلیم نہیں کرتے کہ اس میں چند مقامات پر وہ بالکلف عربی اور فارسی کے الفاظ استعمال کرتا ہے۔ مگر وہ لوگ شاید اس حقیقت امر کو بھول جاتے ہیں کہ چند بردے لاہور کا باشندہ تھا اور لاہور اُس زمانے میں وہ شہر تھا جہاں دو سو سال سے ان لوگوں کی سلطنت تھی جو مسلمان تھے اور جن کی مادری زبان فارسی تھی۔ اگر چند بردے اپنی تصنیف میں چند فارسی یا عربی الفاظ استعمال کر لیتا ہے تو اس میں کوئی قابل تعجب بات نہیں ہے۔ یہ تو صرف ایک مثال ہے لیکن اگر ہم ذرا تفکر تامل سے دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ اسلامی فتوحات سے قبل بھی اور ان کے وجود میں آنے کے بعد بھی ہندوستان اور ایران و افغانستان اور دیگر ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات قائم تھے اور مسلمانوں کے آنے سے پیشتر بھی پنجاب کئی سو سال تک ایرانیوں کے قبضہ میں رہا ہے۔ جب یہ صورت احوال ہو تو بہت قرین قیاس ہے کہ ہندوستان کے باقی حصوں میں بھی عربی اور فارسی کے کافی سے زیادہ الفاظ رائج ہو گئے ہونگے۔ یہ ایک حقیقت ہے ایک قدرتی امر ہے جس کی اصلیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ انگریزوں کی دو صد سالہ حکومت کی بدولت انگریزی کے سینکڑوں الفاظ ایسے ہیں جو صرف اُردو ہی میں رائج نہیں ہو گئے بلکہ تجارتی اور دیگر تعلقات کی بنا پر ایران اور افغانستان کے باشندوں کی زبان پر جاری ہو گئے ہیں۔

۱۱۔ پرتھی راج راسا۔ یہی وجہ ہے کہ چند بردے کی کتاب میں ہمیں کئی مصرع ایسے نظر آتے ہیں جن کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ اگر یہ موجودہ زمانے کی اردو نہیں ہے تو تقریباً پچاس سال پہلے کی اُردو ہو سکتی ہے مگر ہے یہ اردو ہی۔ یہ زبان جس میں متذکرہ بالا کتاب لکھی گئی ہے دراصل وہ زبان ہے جو فتح دہلی کے وقت گرد و نواح میں بولی جا رہی تھی۔ مسلمانوں کا شہر پر تسلط ہو جانے کے بعد عربی اور فارسی الفاظ اس زبان میں ذرا زیادہ آنے اور سمانے لگے اور زبان روز بروز فصیح سے فصیح تر اور شیریں سے شیریں تر بنتی گئی۔ ان دنوں گو بادشاہ اور امرائے دربار فارسی میں بات چیت کرتے ہونگے۔ لیکن عوام الناس کی زبان فارسی نہ تھی۔ ان غیر ملکی باشندوں کو اپنی احتیاج اور ضروریات کی وجہ سے اور اس لئے کہ عوام الناس سے انہیں سابقہ پڑتا تھا ملکی زبان سیکھنی پڑی ہوگی مگر اپنی ضروریات کے مطابق انہوں نے فارسی اور عربی الفاظ اس میں شامل کر دیئے ہونگے

۱۲۔ اسلامی عہد میں ہندوستان کی مُلکی زبان۔

کوئی اقلیت اپنی زبان کو چند سال سے زیادہ محفوظ نہیں رکھ سکتی۔ ہر سال وادی کشمیر سے سینکڑوں کشمیری پنجاب میں آ کر سکونت اختیار کر لیتے ہیں اور گو ابتدا میں وہ کشمیری بولتے ہیں اور وہیں کے رسم و رواج کی پابندی کرتے ہیں لیکن دو تین نسلوں کے بعد ان کے گھر کی زبان پنجابی ہو جاتی ہے اور ان کے رسم و رسوم بھی تبدیل ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح یہ بھی ناممکن ہے کہ صدیوں تک مُسلمان فاتحین کی زبان فارسی رہی ہوگی۔ ہماری رائے یہ ہے کہ مسلمانوں نے خاندان غلامان کے عہد ہی میں

فارسی کے بجائے ملکی زبان اختیار کرلی تھی۔ البتہ یہ بات ضرور ہے۔ کہ عدالتوں اور سرکاری دفتروں اور حکومت کی زبان فارسی تھی۔ لیکن اس سے عوام کی زبان پر کوئی اثر نمایاں نہیں ہوتا۔ تقریباً اسّی یا نوّے برس ہونے کو آئے کہ پنجاب میں عدالتوں کی زبان اردو ہے اور یہاں دہلی اور لکھنؤ کے باشندے اکثر آتے ہیں اور مستقل سکونت اختیار کر لیتے ہیں لیکن پنجاب کی زبان پنجابی ہی ہے اور یہاں کے باشندے گھروں میں پنجابی بولتے ہیں۔ یہاں تک کہ جو لوگ دوسرے صوبوں سے یہاں آکر آباد ہوتے ہیں وہ بھی رفتہ رفتہ پنجابی بولنے لگے ہیں ع ہرچیز کہ در کان نمک رفت نمک شد۔ یہاں آج کل مسلمان گھروں میں پنجابی بولتے ہیں۔ لیکن پنجابی تصنیف کی طرف ان کی توجہ بہت کم ہے۔ ہم اسی سے اندازہ کر سکتے ہیں کہ دہلی کے مسلم بادشاہوں نے اگرچہ عدالتوں اور سرکاری محکموں کی زبان فارسی ہی بنائی لیکن ایک دو نسلوں ہی میں ملکی زبان سے اور اپنے گرد و پیش کے لوگوں سے متاثر ہو کر اپنی روش تبدیل کر لی ہو گی اور کچھ تعجب نہیں کہ روزمرہ کے کاروبار میں ملکی زبان کو کام میں لاتے ہونگے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ وہ ملکی زبان کو اس قدر شاندار تو نہیں سمجھتے ہونگے کہ اُسے تحریر و تصنیف میں استعمال کرتے مگر یہ بھی مسلم امر ہے کہ اس سے اُن کو گریز ممکن نہ تھا۔ شیر شاہ سوری کے زمانے میں تمام حسابات اور چھوٹی چھوٹی عدالتوں کے کاروبار ملکی زبان میں سرانجام پاتے تھے کیونکہ بادشاہی حکم تھا۔ اور دربار اور خوانین و امراے دولت کی زبان فارسی تھی۔ شیر شاہ کی دوربین اور نکتہ رس نگاہیں اس بات کو بخوبی جانتی اور پہچانتی تھیں کہ بغیر ملکی زبان کے چارہ نہیں اکبر کے زمانہ میں ہندوؤں اور مسلمانوں کے باہمی تعلقات نہایت خوشگوار تھے۔ آج کل کا سا حال نہ تھا کہ آئے دن نزاع و فساد رہتا تھا۔ امرا و وزرا و حکام ملکی زبان میں بات چیت کرنے لگے تھے۔ خود شہنشاہ کا رضاعی بھائی ملکی زبان کے شعرا میں شمار ہوتا تھا۔ ابھی یہ زبان اس قابل تھی کہ اس میں چھوٹے چھوٹے گیت بنتے تھے اور زبان زدِ خاص و عام ہو جاتے تھے۔ ابھی ملکی زبان ہمارے زمانے کے بالمقابل عالم طفولیت میں تھی۔ بادشاہوں اور امرا کو جب فوجیوں سے سابقہ پڑتا تھا تو ملکی زبان کی مدد سے گفتگو کرتے تھے۔ چنانچہ شاہجہان کے عہد میں ملکی زبان اردو کہلانے لگی۔ قابلِ غور نکتہ یہ ہے کہ زبان بطور ایک مستقل چیز سے صدیوں پہلے سے موجود تھی۔ صرف موجودہ نام عہدِ شاہجہانی میں تجویز ہوا تھا۔ موجودہ شکل اس زبان نے خاندان غلاماں کے عہد ہی میں اختیار کرلی تھی صرف فارسی اور عربی الفاظ کی وہ بہتات اور کثرت نہ تھی جو ہمیں آج نظر آتی ہے۔ کیونکہ یہ بات قرین قیاس نظر نہیں آتی کہ مسلمان ہندوستان میں چار سو برس رہیں اور صرف فارسی ہی بولتے رہیں اور موسم اور آب و ہوا اور ماحول کا ان پر کوئی اثر نہ ہو۔ اس کے علاوہ اگر بفرضِ محال ایران و افغانستان سے آنے والے مسلمان اپنی طرز و روش پر ثابت قدمی کے ساتھ قائم بھی رہے تو نومسلم ہندیوں کے لئے یہ کیونکر ممکن تھا کہ مذہب کے ساتھ ساتھ مادری زبان کو بھی بدل لیتے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ ہندوستان کے نووارد مسلمانوں اور نومسلم ہندیوں کے مابین جو نکاح شادی۔ رشتہ۔ ناطے اور دیگر معاشری تعلقات اخوتِ اسلامی کی بناپر قائم ہوتے ہونگے کیا اُن کا یہ اثر نہ ہوتا ہو گا کہ نووارد مسلمانوں کے گھروں میں بھی ملکی زبان داخل ہوگئی ہوگی۔

۱۳۔ موجودہ اردو کی ابتدا۔ ایک اور غور طلب مسئلہ یہ ہے کہ ملکی زبان نے موجودہ خط و خال کب حاصل کئے۔ لیکن اس سوال کا جواب دینا۔ اس وقت تک مشکل ہے جب تک کہ ہم قدیم تصنیفات کی ورق گردانی نہ کریں۔ میں تو اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ جس وقت ملکی زبان نے فارسی رسم الخط کی پوشاک زیبِ بدن کی اُسی وقت سے اس کی یہ شکل و صورت ہے جو ہمیں آج کل کی اُردو زبان میں جھلکتی نظر آتی ہے۔ اس امر کو تو ہم بھی تسلیم کرتے ہیں کہ اس زبان کو جو ہماری موجودہ زبان کی شکل و صورت میں صدیوں پیشتر ڈھل چکی تھی اردو کا خطاب عہد شاہجہان میں عطا ہوا۔ امیر خسرو ۲۵۳ھ میں پیدا ہوئے۔ اور فارسی ادب میں جو ان کا بلند پایہ ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ خالق باری انہیں کی تصنیف ہے جس میں چند اشعار بطور نمونہ پیش کرتا ہوں۔

خواہم گفت کہونگا میں   خواہی گفت کہیگا تیں
خواہم آمد آؤنگا میں   خواہی آمد آئیگا تیں
خواہم دید دیکھونگا میں   خواہی دید دیکھیگا تیں۔
از آن مست کہ میرا ہے   ازانِ تست کہ تیرا ہے
ازآنِ اوست کہ اُس کا ہے   ازانِ این است کہ اس کا ہے

علاوہ اس کے کئی اور پہیلیاں اور کہ مکرنیاں ایسی ہیں جو ملکی زبان میں ہیں۔ مثلاً

بچھو۔ آگے سے وہ گانٹھ گنٹھیلا۔ پیچھے سے وہ ٹیڑھا۔
ہاتھ لگائے قہر خدا کا ۔ بوجھ پہیلا میرا۔
پھوٹ۔ کھیت میں اُپجے سب کوئی کھائے۔ گھر میں ہووے گھر کھا جائے
پسینہ۔ دھوپوں سے وہ پیدا ہووے چھاؤں دیکھ مرجھاوے۔
اے ری سکھی میں تجھ سے پوچھوں ہوا لگے مر جاوے

کہ مکرنیاں

پان۔ بن ٹھن کے سنگار کرے ۔ دھر منہ پہ پیار کرے
پیار سے موپے دیت ہے جان ۔ اے سکھی ساجن نہ سکھی پان

پانی۔ وا بن موکو چین نہ آوے ۔ وہ میری تِس آن بجھاوے
ہے وہ سب گن بارہ بانی ۔ اے سکھی ساجن نہ سکھی پانی

دو سخنے

روٹی جلی کیوں گھوڑا اڑا کیوں پان سڑا کیوں   پھیرا نہ تھا
انار کیوں نہ چکھا۔ وزیر کیوں نہ رکھا   دانا نہ تھا
گوشت کیوں نہ کھایا۔ ڈوم کیوں نہ گایا   گلا نہ تھا

انمل

کھیر پکائی جتن سے اور چرخہ دیا جلا ٭ آیا کتا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا

اور دن کی چو پہری باجے چھوکی اٹھ پہری ٭ باہر کا کوئی آوے نا ہیں آوے سارے شہری
صاف صوف آگے رکھے جیمیں نا ہیں تو سل ٭ اور دن کے جہاں بینگ کا ویں چھوکے وہاں موسل

یہ ہے وہ زبان جو آج سے ساڑھے چھ سو برس پہلے بولی جا رہی تھی۔ موجودہ زبان میں اور اس میں بہت کم فرق ہے۔ اب اس سے بھی زیادہ قدیم نمونے ملاحظہ ہوں۔ یہ اشعار پرتھی راج راسا میں سے ہیں۔

ساتِ دوس جو گئے — کاہنا دربار نہ آئے
تب پرتھی راج کمار — آپ منائے گرہ جائے
پھر لے چندر بردائی آئے — کچھ کہی بات پچھلی سنائے
اپنے اپنے ڈیرے آئے — سب گھائل کے گھاؤ بندھائے
تھی محل رکھت بہنی — گئی کھیل سب بھول
بہنی خبر نگر باہر سائے — پدماوتی ہری لئے جائے
سگا دیکھ من میں ہنسی — کیوں چلن کو ساج
اپنے گھر تب آئے کر — تیل لیو من ایک

یہ اشعار دشوار فہم ہیں اس لئے ان میں سے آسان شعر چن لئے ہیں۔ اس میں سنسکرت کے الفاظ کی اسی طرح بھرمار ہے جیسے بعض مغلق نویس اردو مصنفین کی تحریر میں فارسی اور عربی الفاظ نظر آتے ہیں۔ یہ ساڑھے سات سو سال پہلے کی زبان کا نمونہ بتا دیگا کہ اگر ہندی اور سنسکرت الفاظ کی بجائے عربی فارسی الفاظ ہوتے تو یہی زبان آج کل کی اردو بن جاتی

۱۳۔ پراکرت اور سنسکرت۔ اب اس سے آگے چلیں تو یہ ٹھیک معلوم نہیں ہوتا کہ پراکرت زبانیں کس وقت تک عوام کی زبان پر رہیں اور کب برج بھاشا کا دور دورا ہوا۔ کالیداس کے ناٹکوں میں بعض جگہ پراکرت زبانوں کے فقرے عوام کی زبان سے ادا ہوئے ہیں یہ ڈرامے بکرماجیت کے زمانے میں تصنیف ہوئے جس کا سمت سنہ مسیح سے ۵۸ سال پہلے شروع ہوتا ہے۔ اس سے خیال ہوتا ہے کہ اس زمانے میں عوام کی زبان پراکرت تھی اس وقت سے لے کر چندر بردائی کے زمانے تک تقریباً ۱۲۵۰ سال کا وقفہ ہے۔ اس زمانے میں کسی وقت پراکرت بھی صرف کتابوں میں رہ گئی اور برج بھاشا اور اسی قسم کی دوسری زبانوں کا آغاز شروع ہوا۔ یہ پراکرت زبانیں بظاہر اردو زبان سے بہت مختلف ہیں۔ لیکن جب ہم ان زبانوں کے الفاظ کا ملاحظہ کرتے ہیں تو وہ عموماً وہی ہیں جو ذرا سے تغیر کے ساتھ اردو میں بولے جا رہے تھے۔

۱۴۔ اردو پراکرت اور سنسکرت کا مقابلہ۔ جس وقت آریہ ہندوستان میں آئے ہونگے انہیں کئی چیزیں یہاں نئی نظر آئی ہونگی۔ جن کے لئے ان کے پاس نئے الفاظ نہ ہوں گے۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے انہوں نے عموماً ملکی زبان سے الفاظ عاریتاً لئے ہوں گے۔ اور وہ الفاظ بعد کو سنسکرت زبان میں اس طرح داخل ہو گئے ہوں گے کہ اب ان کا جدا کرنا بہت مشکل امر ہے۔ یہاں ہم مقابلے کے لئے اردو پراکرت اور سنسکرت الفاظ کی ایک فہرست دیتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ ان زبانوں میں کیا فرق ہے۔ اس فہرست کے لئے ہم نے ایسے الفاظ کا انتخاب کیا ہے۔ جو ہندوستان کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اور غالباً آریاؤں کے ساتھ نہیں آئے ہیں۔

	اردو	پراکرت	سنسکرت
۱۔	بادل		واردل
۲۔	مینہ	مینھو	میگھ
۳۔	اولا		اُپلک
۴۔	گھوڑا	گھوڑاو	گھوٹک (اشو)
۵۔	گھر	گھر	گرہ
۶۔	گدھا	گدھ، اُڈ	گردبھ
۷۔	گتا	گنداو	گنڈک
۸۔	ہاتھی	ہتھیاؤ	ہستن
۹۔	بلی		ودالی
۱۰۔	کوّا	کاآاو	کاک
۱۱۔	کمہار	کمبارو	کُمّکار
۱۲۔	برسات		ورش
۱۳۔	بوٹا		ورنت
۱۴۔	بوجھ		
۱۵۔	جامن	جمّلو	جمبل
۱۶۔	بڑ		ود
۱۷۔	پیپل		پپلی
۱۸۔	ڈھاک		
۱۹۔	ڈول	ڈولاو	ڈولک
۲۰۔	کلوان		کوپک
۲۱۔	کنول	کنولو	کمل
۲۲۔	ناکا	نکا	نکر

ان امور سے واضح ہوتا ہے کہ اردو زبان اصل میں وہی زبان ہے جو آریائی آمد سے پہلے افغانستان اور بنگال کے درمیانی ممالک سے بولی جا رہی تھی۔ آریہ قوموں کے آنے پر سنسکرت الفاظ اس میں داخل ہو گئے۔ اسی طرح مسلمانوں کی آمد نے عربی اور فارسی جزو کو شامل کر دیا۔

ایک اور غور طلب امر یہ ہے کہ جو الفاظ ایک زبان سے دوسری

زبان میں منتقل ہوئے ہیں وہ عموماً اسماء اور صفات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ ضمائر اور حروف بہت کم ہوتے ہیں۔ چنانچہ عربی اور فارسی زبانوں نے اُردو کو بہت کم افعال دیئے ہیں، 'آزمانا' اور 'فرمانا' وغیرہ ایسے مصادر ہیں جو اِدھر سے افعال لے کر اردو انداز پر بنا لئے گئے ہیں۔ عام افعال، ضمائر اور حروف اصلی ملکی زبان کے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ "آزمانا" اور "فرمانا" کی طرح چند الفاظ سنسکرت سے بھی آ گئے ہوں۔ آج کل جرمن علماء کی تقلید میں، فیشن سا ہو گیا ہے کہ سنسکرت زبان کو نہایت قدیم زبان قرار دے کر اس کے دھاتوؤں سے، دوسری زبانوں کے الفاظ کو ماخوذ بتایا جاتا ہے۔ درحالیکہ ہماری ملکی زبان اُس وقت بھی بولی جا رہی تھی جب آریائی نسلیں کارواں در کارواں، ہندوستان کی طرف بڑھیں اور یہاں آ کر آباد ہو گئیں۔ بالفاظ دیگر یہ زبان بھی اتنی ہی قدیم ہے جتنی سنسکرت۔

۱۵۔ اردو کی قدامت ۔ یہ یاد رہے کہ سنسکرت ایک عام زبان کی حیثیت سے ہندوستان میں کبھی رائج نہیں ہوئی۔ وہ فاتحین کے خاندانوں کی ملکیت تھی، انہی کے سینوں میں آباد رہی اور وہاں سے کتابوں کے خاموش اوراق میں منتقل ہو گئی۔ غالباً چند صدیوں کے بعد فاتحین کی زبانیں بھی اس دیوبانی بھاشا سے بیگانہ ہو گئیں۔ ٹھیک اسی طرح جس طرح مسلمان فاتحین رفتہ رفتہ اپنی عربی اور فارسی زبانوں کو فراموش کر بیٹھے۔ یہ فخر ہماری ہی ملکی زبان کے حصے میں آیا کہ جب آریائی قبائل ہندوستان آئے تب یہ ملکی زبان تھی، جب دارا گشتاسپ نے ہندوستان پر حملہ کیا ہے تب یہ ملکی زبان تھی سکندر کے عہد میں یہ ملکی زبان تھی۔ مسلمانوں کے زمانے میں بھی یہ ملکی زبان کی حیثیت سے بولی جا رہی تھی، آج بھی بولی جا رہی ہے۔ اور ابدالاباد تک بولی جائے گی۔

۱۶۔ سنسکرت اور ملکی زبان ۔ پانی، سنسکرت زبان کا ایک زبردست نحوی گزرا ہے۔ اُس نے سنسکرت صرف و نحو پر ایک بسوط کتاب لکھی ہے جس میں سنسکرت زبان کے دھاتو بھی دیئے ہیں۔ اُس وقت سنسکرت وہ شکل اختیار کر چکی تھی جو موجودہ عہد میں ہے۔ بہت ممکن ہے کہ جس طرح اُس نے ملکی زبان کو بہت سے الفاظ دیئے۔ اُسی طرح ملکی زبان سے بھی بہت سے الفاظ اخذ کئے ہوں۔ پانی کے زمانے میں دونوں زبانوں میں اس درجہ علاقہ پیدا ہو چکا تھا کہ ملکی زبان کے الفاظ کو سنسکرت الفاظ سے جدا کرنا دشوار نظر آتا تھا۔

پانی نے اس مرکب زبان کے دھاتو دریافت کر کے سنسکرت زبان کے دھاتو اخذ کئے اور آج اردو زبان کا ہر لفظ ان مقررہ دھاتوؤں سے ماخوذ قرار دیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ ضروری نہیں کہ یہ سب دھاتو سنسکرت کی ملکیت ہوں۔ وید جو اہل ہنود کی مقدس کتاب ہونے کے علاوہ دعوئے قدامت بھی رکھتے ہیں دراصل سنسکرت میں ہیں اور کہا جاتا ہے کہ اس زبان میں یہ قدیم ترین کتابیں ہیں۔ اور سنسکرت میں اکثر و بیشتر الفاظ کے دھاتوؤں کا سراغ ان میں ملتا ہے۔ انصاف کی بات تو یہ ہے کہ جو دھاتو ان مقدس کتابوں میں دستیاب نہیں ہوتے ان کے لئے قطعی طور پر یہ کہہ دینا کہ وہ سنسکرت زبان کے دھاتو ہیں بالکل بیجا ہے۔ دونوں طرف احتمال مساوی ہے۔ یوں کیوں نہ کہا جائے کہ یہ دھاتو ملکی زبان کے دھاتو تھے جو سنسکرت نے مطلب براری کے لئے مانگ لئے تھے۔ یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ سنسکرت کے اثرات ملکی زبان پر کافی طور پر نمایاں ہو جائیں لیکن سنسکرت ملکی زبان کی ممنون احسان نہ ہوئی ہو اور اُسی طرح بالکل اچھوتی رہی ہو جس طرح آنے والے آریائی قبائل اپنے سینوں اور زبانوں سے لگا کر لائے تھے۔ بہت ممکن ہے کہ سنسکرت کے بہت سے دھاتو جن کا سراغ ویدوں میں دستیاب نہیں ہوتا ملکی زبان کے دھاتو ہوں۔ ماتما بدھ کے پیرووں کے ہندوستان سے جلا وطن ہونے کے بعد سنسکرت کی بہت سی کتابیں تصنیف ہوئیں مثلاً پران۔ مہابھارت۔ رامائن۔ جو ان لوگوں کے شاہکار سمجھے جاتے ہیں۔ ان کتابوں کی زبان اچھوتی سنسکرت نہیں ہے۔ اور ویدوں کی زبان سے مختلف ہے۔ جس وقت پانی کی تصنیف معرض وجود میں آئی وہ سکندر اعظم کے بعد کا دور تھا۔ برہمنوں کا مت مرتے مرتے جی اُٹھا تھا اور یہ تمام شاہکار ریر دے کار آ چکے تھے۔

۱۷ عام زبان ۔ کسی ملک یا قوم کی اصل میں زبان وہ ہے جسے خاص و عام سب یکساں سمجھیں اور بولیں۔ تحریری زبان کتابوں اور مقاموں کا اسلوب بیان یا تعلیم یافتہ طبقے کا طرز مقال تصنع اور بناوٹ اور تکلف اور ثقل سے لبریز ہوتا ہے۔ اور اس سب کا انتہائی مقصد استعداد و لیاقت کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ یہ بھی ایک نیرنگی قسمت ہے کہ اصل زبان ہم تک کبھی نہیں پہنچتی۔ لکھنے والے روزمرہ کی بول چال اور خیالات کو بالعموم کتابی زبان کے قالب میں ڈھال کر پیش کر دیتے ہیں اور الفاظ کے اصل استعمال کو مبتذل اور سوقیانہ کا عنوان دے کر نظر انداز کر جاتے ہیں۔ ان حالات میں اگر اصل زبان کا پتہ لگانا مقصود ہو تو اس تصنع آمیز اور ثقل و ثقاہت سے لبریز زبان کو اجنبی اور غریب الفاظ سے پاک کر دیجئے تو آپ کو اصل زبان کی جھلک نظر آ جائے گی۔

جب بدھ مذہب نے زور پکڑا تو لوگوں نے برہمنوں کے ساتھ ساتھ ان کی آوردہ و پرداختہ زبان کو بھی رخصت کر دیا اور پراکرت میں کتابیں لکھی گئیں۔ اس پراکرت زبان کو مرصع اور خوبصورت اور آراستہ کرنے کے لئے سنسکرت کے الفاظ تو ضرور استعمال ہوئے ہوں گے۔ کیونکہ وہ اس سے بالکل کنارہ کش تو نہیں ہو سکتے تھے۔ ان سنسکرت الفاظ کو جو پراکرت کے لئے مایۂ زینت تھے اگر اس میں سے خارج کر دیں تو ہم اصل پراکرت کا مطالعہ کر سکتے ہیں اور یہ پراکرت اُس بولی سے ملتی جُلتی نظر آئے گی جو آج کل رائج ہے۔ صرف امتداد زمانہ کے باعث لب و لہجہ میں تغیر اور الفاظ میں قدرے تبدیلی نظر آئے گی۔ ورنہ یہ وہی زبان ہے جو آج سے کئی ہزار برس پہلے ملک میں بولی جاتی تھی اور اب

بھی یونہیں بدستور قائم ہے۔

۱۸۔ اُردو اور ہندی۔ شمالی ہندوستان میں آج کل دو زبانوں کا سکہ رائج ہے۔ اور یہ اردو اور ہندی ہیں۔ اصل میں تو یہ دونوں ایک ہی چیز ہیں۔ ان میں کوئی نمایاں فرق نہیں ہے سوائے اس کے کہ اُردو کا رسم الخط فارسی اور ہندی کا دیوناگری ہے۔ اردو میں عربی اور فارسی اور ہندی میں سنسکرت کے الفاظ کا عنصر غالب ہے۔ مگر عوام الناس کی زبان ان دونوں تکلفات سے الگ تھلگ اور خارجی ملاوٹوں سے پاک صاف ہے۔ اور اصلی زبان جسے آپ ہندی کہہ لیجئے یا اُردو کہہ لیجئے یہی عوام کی زبان ہے۔ ان دونوں زبانوں میں جہاں تک نثر کا تعلق ہے اس سے زیادہ کوئی فرق نہیں ہے البتہ دونوں زبانوں کی نظم میں زمین و آسماں کا تفاوت ہے۔ اردو کے بحور و اوزان فارسی اور عربی سے میراث میں ملے ہیں لیکن ہندی پر سنسکرت کے اوزان کا اثر ہے۔ ان انفرادی خصوصیات کے باوجود بھی دونوں زبانیں اس قدر متحد و یکجہت ہیں کہ ہمیں دونوں کو ایک ہی سمجھنا چاہئے۔

۱۹۔ اردو کی مقبولیت۔ آج کل پنجاب دکن اور ہندوستان کے دیگر صوبوں کے لوگ اپنی مقامی زبانوں کو اس متحدہ زبان کی خدمت پر قربان کر رہے ہیں اور اپنا عزیز وقت اور قیمتی کوششیں اس طرف صرف کر رہے ہیں کہ اس شجر کو پرورش کر کے ثمرور بنائیں۔ اس میں کسی خاص فرقے یا کسی خاص صوبے کے لوگوں کے لئے یہ سمجھ لینا کہ ہم ہی اس کے نشوونما کے ذمہ دار ہیں اور اگر کوئی اور اس طرف قدم بڑھائیگا تو قابل الزام ٹھیرایا جائے گا۔ یہ اور اسی قسم کے دیگر خیالات تنگ نظری اور تعصب پر مبنی ہیں اور ارتقا و نشوونما کے راستہ میں سنگ گراں ہیں۔

موجودہ اُردو جو صحافت کے کام میں آتی ہے بہت سے اس قسم کے عربی۔ فارسی اور سنسکرت کے الفاظ اپنے دامن میں لئے ہے جن سے عوام بیگانہ ہیں۔ بہت سے الفاظ ایسے بھی ہیں جن کے لئے اردو دوسری غیر زبانوں کی بھی مرہون منت ہے۔ اور ایسے الفاظ لاکھوں کی تعداد میں ہیں جن کا تعلق علم الاصنام۔ اصطلاحات علمیہ۔ عام پیشوں سے ہے اس کے علاوہ مشرقی پنجاب سے مشرقی بہار تک جو زبان بولی جاتی تھی اس کے بھی چند الفاظ تھے میں نے ان سب کو اس لغت میں یکجا کردیا ہے اور حتی الامکان ان پر معقول روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور اس کا مقصد یہ تھا کہ جامع اللغات کی موجودگی میں تلاش و تحقیق کرنے والے دوسری لغات سے بے نیاز ہو جائیں۔

۲۰۔ تاریخ زبان اُردو۔ اس موقع پر مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اُردو زبان کی مختصر تاریخ بیان کردی جائے۔ ۱۱۹۳ء میں قطب الدین ایبک نے دہلی فتح کی اور مسلمان کافی تعداد میں یہاں آکر آباد ہو گئے۔ ان لوگوں کی زبان فارسی تھی۔ لیکن رعایا ملکی زبان بولتی تھی۔ نہ یہ اُن کی زبان سمجھتے تھے نہ وہ اُن کی۔ اس اثنا میں بہت سے لوگ مسلمان بھی ہو گئے۔ فاتحین کو اُن کے ساتھ بات چیت کرنے کے لئے ملکی زبان سیکھنی پڑی ہوگی۔ جس طرح آج کل انگریزوں کو سیکھنی پڑتی ہے۔ اور وہ بھی ملکی زبان کو اُسی طرح بولتے ہوں گے جس طرح انگریز یا نووارد پٹھان۔ اس کا قدرتی نتیجہ یہ ہوا کہ ملکی زبان میں فارسی۔ عربی، ترکی اور دیگر زبانوں کے الفاظ شامل ہونے لگے۔ اور یہ موجودہ اردو زبان کا آغاز تھا۔ اس وقت فارسی شاہی اور دفتری زبان تھی۔ اور عربی کو مذہبی لٹریچر کے لئے استعمال کیا جاتا تھا۔ یہی باعث ہے کہ اس زمانے کی تصانیف فارسی اور عربی میں ہیں۔

۲۱۔ اُردو تحریر۔ عام طور پر تحریری زبان بہت مدت کے بعد وجود میں آتی ہے۔ اردو کیلئے ہر قسم کے رسم الخط موجود تھے کسی نئی طرز تحریر کی ضرورت نہ تھی مسلمان عربی فارسی جانتے تھے۔ اسلئے اُنہوں نے ملکی زبان کیلئے وہی حروف تہجی قائم رکھے جو فارسی میں تھے۔ اور نئی آوازوں کیلئے نئے نشانات پرانے حروف پر وط، لکھنے سے ایجاد کرلئے۔ جیسے ٹ۔ ڈ۔ ڑ۔ اور ھ کو بعض حروف کے ساتھ بڑھا کر بھ۔ پھ۔ تھ۔ ٹھ۔ جھ۔ چھ۔ دھ۔ ڈھ وغیرہ بنا لئے۔ تاریخ السنہ بتاتی ہے کہ ادبیات کا آغاز شعر سے ہوتا ہے۔ یہی حال اُردو کا ہوا۔ سب سے پہلے شاعروں نے اس کا استعمال کیا۔ اور اُردو زبان کے الفاظ نظم میں باندھے۔ اصل واقعات کا اس وقت پتہ لگانا بہت مشکل ہے مگر اس میں شک نہیں کہ اولین شاعر جس نے ملکی زبان کو شعروں میں استعمال کیا وہ امیر خسرو تھے۔ اُن کا زمانہ تیرہویں صدی کا آخر اور چودہویں صدی کا شروع تھا۔ آپ فارسی کے بلند پایہ شاعر تھے اُنہوں نے اس زبان میں بہت سی تصنیفات چھوڑی ہیں۔ مگر اُردو دیوان مرتب نہیں کیا۔ البتہ اُن کے بہت سے اشعار ایسے ملتے ہیں جن میں اردو زبان استعمال کی گئی ہے۔ اُن کا ذکر اوپر آچکا ہے لیکن اُن کے بعد کسی اور مصنف نے ملکی زبان میں تحریر کی طرف توجہ نہیں کی ہاں دکن میں شاہان بیجاپور اور گولکنڈہ کے زمانے میں بہت سی غزلیں، رباعیاں، مثنویاں، قصیدے اور مرثیے لکھے گئے جو آج کل بھی ملتے ہیں۔ محمد قلی قطب شاہ (۱۵۸۰۔ ۱۶۱۱) جو اکبر کا ہمعصر تھا خود صاحب دیوان تھا۔ اس کے عہد میں ایک شاعر وجہی ہوا ہے جس نے دو مثنویاں "سب رس" اور "قطب مشتری" تصنیف کیں۔

۲۲۔ اُردو شاعری کا ارتقا۔ اُردو زبان کا سب سے پہلا بڑا شاعر ولی (۱۶۶۸ - ۱۷۴۴) ہے۔ اور اُس نے جن اوزان و بحور میں غزلیں لکھیں دیگر شعرا نے اُنہی کا تتبع کیا۔ محمد شاہ کے عہد میں اُس کا دیوان دہلی پہنچا۔ غالباً یہ بات درست نہیں کہ دہلی میں اُردو شاعروں نے اُس کے دیوان کو پڑھ کر اُردو میں شعر کہنے شروع کئے۔ آبرو۔ مظہر مضمون، ناجی، تاباں، یکرنگ وغیرہ کو اُردو نظم کا بانی سمجھنا چاہئے۔ ان کے بعد حاتم۔ آرزو۔ اور فغاں وغیرہ کا دور آیا۔ اُن کی زبان سادہ تھی اور خیالات پاکیزہ تھے۔ چونکہ یہ سب فارسی اور عربی کے عالم تھے۔ اس لئے اِن زبانوں کی تشبیہات اور استعارے بہت استعمال کرتے تھے۔

جواخیر میں اردو زبان کا جزو اعظم بن گئے۔ اور انہوں نے ہندی اور سنسکرت کے ادق اور مغلق الفاظ کی جگہ لے لی۔ تیسرے دور میں میرؔ، سوداؔ، دردؔ اور سوزؔ نے اُردو شاعری کو معراج کمال پر پہنچایا۔ غزل اور قصیدہ نے بہت ترقی کی۔ پُرانے کرخت ہندی الفاظ متروک اور اُن کی بجائے عربی فارسی کے الفاظ رائج ہو گئے۔ واسوخت، مربع مخمس، مستزاد، مرثیہ، ہجو، قطعہ، وغیرہ معرض وجود میں آگئے۔ انہوں نے زبان کو زیادہ شستہ کر کے کلام میں اثر پیدا کیا۔ بلندیٔ خیال اور چستیٔ بندش اُن کی امتیازی خصوصیات ہیں۔ غرضیکہ اس دور میں زبان میں نفاست، لطافت اور لچک پیدا ہو گئی۔ نئے نئے محاورات اور مرکب الفاظ معرض تحریر میں آگئے۔ اور اس کے بعد زبان کو صرف مانجھنے اور زیادہ فصیح بنانے کا کام باقی رہ گیا۔

اس وقت سلطنت مغلیہ زوال پر تھی۔ اور دہلی میں شعرا کی بے قدری ہو گئی تھی۔ مگر شاہان لکھنؤ نے اردو زبان کی سرپرستی اختیار کی اور بہت سے شعرا ہجرت کر کے لکھنؤ چلے گئے۔ اب انشاؔ مصحفیؔ اور جرأتؔ وغیرہ کا دور آیا۔ اس عہد میں اور بہت سے پُرانے الفاظ متروک ہو گئے۔ ہندی اور فارسی الفاظ نے مل کر نئے نئے محاورات پیدا کئے۔ زبان زیادہ فصیح اور شیریں ہو گئی۔ اور غزل معراج کمال پر پہنچ گئی۔ اس عہد میں ریختی کا آغاز ہوا۔ اور اُس میں رنگینؔ، انشاؔ اور جانؔ صاحب نے بہت سے اشعار لکھے۔ مگر یہ طرز اُن کے بعد قائم نہ رہ سکی۔

اس کے بعد لکھنؤ میں آتشؔ اور ناسخؔ کا اور دہلی میں نصیرؔ، ذوقؔ، غالبؔ، ظفرؔ اور مومنؔ کا زمانہ آیا۔ اس دور میں زبان اسقام سے بالکل پاک ہو گئی۔ اور اُس نے وہ شکل اختیار کر لی جو اب تک قائم ہے۔ اُن کی غزلیں اور قصیدے آئندہ نسلوں کے لئے معیار بن گئے۔ زبان نے مزید ترقی کی اور نئے نئے خیالات اور نئی نئی بندشوں نے زبان میں زور پیدا کر دیا۔ اس زمانے میں نظیرؔ اکبرآبادی نے عوام کی زبان میں نظمیں لکھ کر قدرتی شاعری کی بنا ڈالی۔ انہیں اردو زبان کا بلند پایہ شاعر نہیں سمجھا جاتا۔ مگر انہوں نے اپنی نظموں میں قدرتی مناظر اور قومی میلوں کے حالات لکھ کر حالیؔ، اکبرؔ اور اقبالؔ کے لئے زمین تیار کی۔ لکھنؤ میں انیسؔ و دبیرؔ نے مرثیہ کو کمال پر پہنچایا۔ اور میر حسنؔ دہلوی اور نسیمؔ لکھنوی نے اُردو زبان کی بہترین مثنویاں تصنیف کیں۔

۱۸۵۶ء میں انگریزوں نے واجد علی شاہ کو نظر بند کر کے سلطنت لکھنو کا خاتمہ کر دیا۔ ۱۸۵۷ء کے غدر کے بعد خاندان مغلیہ کا چراغ گل ہوا۔ اُردو کے سر سے بادشاہوں کی امداد کا سایہ اُٹھ گیا۔ اور دہلی اور لکھنو کے شاعروں کو مسلمان ریاستوں کی سرپرستی کی تلاش ہوئی۔ داغؔ نے حیدرآباد میں اور امیرؔ اور جلالؔ نے رام پور میں پناہ لی۔ انہوں نے کوئی نئی بات اُردو شاعری میں پیدا نہیں کی۔ غزل کے قدیم رستے ہی پر چلتے رہے۔ حالیؔ، آزادؔ، نذیر احمد خاں اور شبلیؔ نے قومی نظمیں لکھ کر اُردو شاعری میں ایک نئے باب کا افتتاح کیا۔ اب طبائع عشقیہ مضامین کو چھوڑ کر قومی مفاد کی طرف متوجہ ہوئیں۔ اکبرؔ اور اقبالؔ وغیرہ نے غزلوں کے علاوہ قومی نظمیں لکھ کر عوام میں نیا مذاق پیدا کر دیا۔ اور زبان کی ترقی کے لئے نئے راستے کھول دیئے۔

۲۳ - اُردو نثر۔ اب اُردو نثر کا حال سُنئے۔ شاہی زمانے میں کسی نے اس کی طرف توجہ نہ کی۔ ۱۷۳۲ء میں فضلی نے "دہ مجلس" لکھی، ۱۷۹۸ء میں میر محمد حسین نے "نو طرز مرصع" تصنیف کی، مگر اُردو نثر میں کتابیں تصنیف کرانے کا خیال پہلے پہل انگریزوں کو ہوا۔ انہیں عدالتوں کے لئے نئی زبان کی ضرورت تھی۔ اُن کی نظر اُردو پر پڑی۔ انیسویں صدی کے شروع میں ڈاکٹر گلکرسٹ نے کلکتے میں چند کتابیں تصنیف کرائیں جن میں سے "باغ و بہار" اور "آرائش محفل" اب تک مشہور ہیں۔ اس اثنا میں مرزا رجب علی سرورؔ نے فسانۂ عجائب تصنیف کر کے اُردو افسانے کی بنا رکھی۔ اور اس کی نقل میں اور کئی کتابیں لکھی گئیں۔ ۱۸۳۲ء میں حکومت انگلشیہ نے اُردو کو عدالت کی زبان قرار دیا۔ جس کی وجہ سے لوگوں کی توجہ اس طرف زیادہ ہو گئی۔ اس اثنا میں مرزا غالب کے "اردوئے معلّٰی" اور "عود ہندی" نے ملک میں نثر کا ایک نیا اسلوب رائج کر دیا۔ لیکن اُردو نثر کو عروج سرسید احمد خاں کے زمانے میں ہوا۔ اُن کے گروہ کے مصنفین ہمیشہ کے لئے بہترین مصنفوں میں شمار ہوں گے۔ شبلیؔ، آزادؔ، نذیر احمد خاں، ذکاءؔ اللہ اور محسن الملک ایسے مصنفین ہیں جن کی تحریریں ہمیشہ آنے والے مصنفوں کی رہنمائی کریں گی۔ اسی دوران میں لکھنو میں "طلسم ہوش ربا" اور "فسانۂ آزاد" کی تصنیف نے عوام میں مطالعہ کا شوق پیدا کر دیا۔ اور یہ دونوں کتابیں باوجود اپنی ضخامت کے اس قدر مقبول ہوئیں کہ شاید ہی کوئی اُردو دان ہو جس نے ان کو نہ پڑھا ہو۔ یہ کتابیں محاورات اور الفاظ کا خزانہ ہیں۔ اور جب تک اُردو زبان قائم رہے گی۔ بڑے شوق سے پڑھی جائیں گی۔

۲۴ - ترجمۂ قرآن اور کتب مذہبی۔ اُردو نثر کی ترقی پر مذہب کا بھی بہت اثر پڑا ہے۔ مولوی شاہ رفیع الدین نے قرآن مجید کا پہلا اردو ترجمہ ۱۸۰۰ء کے قریب کیا۔ اس کے بعد دیگر مشہور مذہبی کتب کے ترجمے شائع ہونے شروع ہوئے۔ مذہبی تصنیفات نے مسلمانوں کے دل میں کتب بینی کا شوق پیدا کر دیا۔ اس وقت تک بہت سی عربی فارسی کتابوں کا اُردو ترجمہ ہو چکا ہے اور اس موضوع پر نئی کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ مگر افسوس ہے کہ یہ کتابیں ادبی حیثیت سے کچھ ایسی دلچسپ نہیں ہیں۔ اور مترجموں نے زیادہ تر لفظی ترجموں پر اکتفا کیا ہے۔

۲۵ - ناول۔ رتن ناتھ سرشار کے "فسانہ آزاد" کو اُردو کا پہلا ناول سمجھنا چاہیئے۔ اس کے بعد شرر نے اپنے مشہور تاریخی ناولوں کا سلسلہ شروع کیا۔ اُن کی تقلید میں ہندوستان کے ہر حصّے میں بے انتہا ناول لکھے گئے۔ مگر افسوس ہے کہ اس فن نے اس قدر ترقی نہیں کی۔ جس قدر کہ ایک زندہ زبان کو کرنی چاہیئے۔ اس وقت تک

بہت کم ناول ایسے لکھے گئے ہیں جنہیں صحیح معنوں میں بلند پایہ ناول سمجھا جاسکتا ہے البتہ فرقۂ نسواں کے لئے جو ناول مولوی نذیر احمد خاں اور دیگر مصنفین نے لکھے ہیں وہ بہتر ہیں۔ مگر تعداد میں کم۔

۲۶ ۔ ناٹک ۔ شاہان لکھنؤ کے عہد میں کھیل اور تماشوں کا بہت شوق تھا۔ واجد علی شاہ کے عہد میں امانت نے اُردو زبان کا پہلا ناٹک اندر سبھا لکھ کر اردو ڈرامے کی بنا ڈالی۔ یہ تمام کا تمام نظم میں ہے۔ مگر اس کی کامیابی دیکھ کر پارسیوں نے تجارتی اصول پر اس کی سرپرستی اختیار کی۔ رونق۔ ظریف۔ طالب بنارسی، احسن اور حشر وغیرہ نے ان کی کمپنیوں کے لئے بہت سے ناٹک لکھے۔ جن میں سے زیادہ تر مغربی ڈراموں کا چربہ ہیں۔ زبان اور شاعری کے لحاظ سے ان کا پایہ بہت پست ہے۔ یہ ممکن تھا کہ کسی زمانے میں ڈراما بھی ترقی کرتے کرتے اعلےٰ پائے کا ہو جاتا۔ مگر سنیما نے ڈرامے کو مات کر دیا ہے۔ اور شاید یہ اب کبھی بھی سر نہ اٹھا سکے۔

۲۷ ۔ اخبارات ۔ ۱۸۳۶ء میں پریس کو پہلے پہل ہندوستان میں آزادی نصیب ہوئی اور ۱۸۳۸ء میں آزاد دہلوی کے والد آغا محمد باقر نے دہلی سے پہلا اردو اخبار نکالا۔ ۱۸۵۰ء میں "کوہ نور" لاہور سے جاری ہوا۔ ۱۸۸۱ء میں "اودھ پنچ" کی بنیاد رکھی گئی۔ ۱۸۸۸ء میں "پیسہ اخبار" لاہور شائع ہونا شروع ہوا۔ مگر اخبار بینی کا زیادہ شوق جنگ عظیم کے دوران میں ہوا۔ اور عوام میں اس شوق کے پیدا کر دینے کا سہرا روزنامہ "زمیندار" لاہور اور اُس کے اڈیٹر ظفر علی خاں کے سر ہے جو اُردو زبان کے زبردست شاعر اور نثار ہیں۔ اخبارات کی وجہ سے اُردو کو مزید ترقی کا موقع مل گیا۔

۲۸ ۔ اردو کی موجودہ حالت ۔ اس وقت اُردو زبان ہندوستان کے تعلیم یافتہ طبقے کی زبان ہے۔ دہلی، لکھنؤ، حیدر آباد اور لاہور وغیرہ اس کے مرکز ہیں۔ ہر جگہ اس کی ترقی کے لئے مجلسیں اور ادارے قائم کئے جا رہے ہیں "دار المصنفین" اعظم گڑھ جو مولانا شبلی نعمانی کی یاد میں قائم کیا گیا تھا۔ بہت اہم کام سرانجام دے رہا ہے دکن میں انجمن ترقی اُردو (اورنگ آباد) اور عثمانیہ یونیورسٹی کی سرپرستی میں نہایت مفید لٹریچر شایع ہو رہا ہے۔ پنجاب میں ہر تعلیم یافتہ مسلمان اُردو کی ترقی میں کوشاں ہے۔ اس کا سرمایۂ تصنیفات روز بروز بڑھ رہا ہے۔ اور علوم جدیدہ کے متعلق بھی تصنیفات شروع ہو گئی ہیں۔ اس لئے یقینی امر ہے کہ اردو زبان کا شمار کچھ عرصہ کے بعد دُنیا کی اوّل درجے کی زبانوں میں ہوگا۔

۲۹ ۔ تاریخ لغت اُردو ۔ اُردو میں لغت کی سب سے پہلی کتاب "خالق باری" فرض کی جاسکتی ہے۔ صحیح معنوں میں اُردو لغت کی کتابیں انگریزوں کے زمانے میں تصنیف ہوئیں۔ اور پہلے لغت انگریزوں ہی نے انگریزی میں لکھے۔ پہلے پہل گلکرسٹ اور پھر فوربس نے اپنے لغتوں کی تدوین کی۔ مگر یہ بہت معمولی حیثیت کی کتابیں ہیں اس کے بعد شکسپیئر اور فالن نے لغت تصنیف کئے۔ اس کام میں سید احمد دہلوی اور فقیر چند نے فالن کی امداد کی۔ اور اس کا لغت ۱۸۷۹ء میں شائع ہوا۔ مگر سب سے بڑا لغت جان۔ ٹی۔ پلیٹ نے ۱۸۸۴ء میں شائع کیا۔ اس اثنا میں مولوی سید احمد دہلوی اپنے لغت کی تیاری میں مشغول تھے۔ جسے ڈاکٹر فالن کی ڈکشنری کے اصولوں پر مرتب کیا گیا تھا۔ اور اس کا ایک حصہ "ارمغان دہلی" کے نام سے شائع بھی ہوا تھا۔ آخر کار ۱۹۰۸ء میں "فرہنگ آصفیہ" کی تکمیل ہوئی۔ مگر جلد چہارم صرف چند اشخاص ہی کو پہنچ سکی۔ اور کارخانے میں آگ لگ جانے کی وجہ سے کل ذخیرہ تلف ہو گیا۔ داغ امیر اور جلال بھی کچھ عرصہ تک تدوین لغت میں مشغول رہے۔ مگر اُن کی عمروں نے وفا نہ کی اور وہ کام ادھورا چھوڑ گئے۔ ۱۹۲۲ء میں "نور اللغات" کی پہلی جلد شائع ہوئی ۱۹۳۱ء میں چوتھی جلد مکمل ہوئی تدوین لغت اردو میں اصل کام فالن نے کیا۔ مؤلف فرہنگ آصفیہ نے اس طرز پر بہت سے نئے محاورات اضافہ کر کے اپنے لغت کی تدوین کی مؤلف نور اللغات نے اس تالیف میں ہزاروں نئے محاورات مزید داخل کئے مگر طرز وہی رہنے دی موجودہ لغت میں ان تمام مذکورہ بالا لغتوں سے درج کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں جدید اردو محاورات اور ضرب الامثال دیگر مآخذ سے لے کر۔ نیز زندہ لوگوں کی زبانوں سے سن کر ایزاد کئے گئے ہیں۔

۳۰ ۔ علم لغت کی ترقی ۔ ڈاکٹر فالن کے زمانے سے لے کر اس وقت تک جو ترقی علم لغت نے کی ہے وہ مفصلہ ذیل مقابلے سے صاف طور پر واضح ہو جائیگی۔

فالن (۱۸۷۹ء)

ع اِرشاد۔ اسم مذکر۔ ہندی میں آگیا۔ رُشْدٌ ماضی۔ اس نے سیدھا راستہ لیا ۱ ہدایت۔ نصیحت دکم استعمال ہوتا ہے، ۲ حکم۔ فرمان۔ آگیا جیسے میرے واسطے کیا ارشاد ہے ۳ خوشی۔ مرضی۔ اختیار۔ جیسے ارشاد ہو ویسے کروں۔

ارشاد کرنا۔ فرمانا (متعدی)

۱ ہدایت کرنا۔ تلقین دینا۔ رستہ بتانا ۲ مقرر کرنا ۳ تاکید کرنا ۴ حکم دینا ۵ ہٹ کرنا۔ ضد کرنا۔

جو ارشاد۔ جس طرح آپ حکم دیں۔ آپ کا غلام منتظر ہے۔ جیسے حضور کی خوشی ہو۔ آپ کے حکم کی تعمیل ہوگی۔

ف۔ اَرغوان۔ اسم مذکر۔ ایک باجا۔

ہ۔ اُرک۔ اسم مذکر۔ س اَرْک۔

پراکرت پالی اُکو۔ ایک منڈل۔ سورج جنڈل۔ مذکر سورج کا قرص۔

ہ۔ آرکا۔ پوربی۔ کو معنت مینا عجیب۔

الاکھا۔ جٹی۔ ارکانا۔ بانس کا نرنا۔ نیا نائی اور بانس کا استرا۔

ع ۔ اَرکان۔ اسم مذکر ۱ عناصر جنود ۲ علم عروض میں جمع

ارکان دولت۔ اسم مذکر (عالمانہ)

سلطنت کے ستون۔ امرا۔ وزرائے سلطنت۔

فرہنگ آصفیہ (۱۹۰۸ء)

ارشاد ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ لغوی معنی ہدایت ۔ اصطلاحی ۔ حکم ۔ آگیا ۔

ارشاد فرمانا ۔ یا ارشاد کرنا ۔ و ۔ فعل متعدی ۔ حکم دینا ۔ کہنا ۔

ارشد ۔ د ۔ ع ۔ افعل التفضیل از ارشد ۱ نہایت ہدایت یافتہ ۲ ہمارے دوست مرزا عبد الغنی گورگانی مرحوم شہزادہ دہلی کا تخلص تھا ۔ جس کو مرزا قادر بخش مرحوم متخلص بہ صابر سے تلمذ ہے ۔ ان کا شعر نہایت مزیدار اور پرلطف ہوتا ہے ۔ بات میں سے بات پیدا کرنا ان پر ختم تھا ۔

ارشمیدس ۔ یونانی ۔ اسم مذکر ۔ (حالات کے لئے دیکھیں)

ارض ۔ ع ۔ اسم مونث ۔ دھرتی ۔ زمین ۔

ارغوان ۔ یونانی ۔ اسم مذکر ۔ ارگن ۔ ارغن ۔ ایک قسم کا باجہ ہے جو افلاطون نے ایجاد کیا تھا ۔

ارغوانی ۔ ن ۔ صفت ۔ کسم کا رنگ ۔ لال ۔ چہچہاتا ۔ نہایت سرخ ۔ نارنجی رنگ کو بھی کہتے ہیں ۔

ارقام ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ اگرچہ اردو میں لکھنے کے معنوں میں مستعمل ہے ۔ مگر رقم سے باب افعال میں نہیں آیا اس سبب سے صحت میں کلام ہے ۔

ارکان ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ رکن کی جمع ۔ ۱ تھم ۔ ستون ۔ کھم ۲ وزیر ۔ منتری ۔ امیر ۳ جنود اعظم ۴ اربع عناصر ۔ **ارکانِ دولت** ع ۔ اسم مذکر ۔ وزرا ۔ امرا ۔ رئیس قوم ۔

نور اللغات (۱۹۲۴ء سے ۱۹۳۱ء)

ارشاد ۔ (ع ۔ بالکسر ۔ ہدایت کرنا ۔ راہ بتانا فارسی میں بمعنی ہدایت مستعمل ہے) مذکر ۔ بیان ۔ حکم **ارشاد بجا لانا** ۔ حکم کی تعمیل کرنا (فقرہ) میں اس غرض کے لئے حاضر ہوا ہوں کہ اب جو ارشاد ہو بجا لاؤں ۔ **ارشاد کرنا** ۱ حکم دینا ۔ فرمانا کہنا (جرأت) کچھ تو کیا ہے اس نے ارشاد اس طرح کا ۔ ہے اس کے غم میں جو دل ناشاد اس طرح کا ۲ بعض موقع پر کچھ پڑھنے کے لئے بھی کہتے ہیں (فقرہ) سب شعرا اپنی اپنی غزلیں سنا چکے آپ بھی کچھ ارشاد کیجئے ۔

ارشد ۔ (ع ۔ بالفتح و فتح سوم) بہت ہدایت یافتہ ۔ فیض یافتہ (فقرہ) زید تو آپ کا شاگرد ارشد ہے ۔

ارشدک اللہ تعالے (ع ۔ خدا تجھ کو نیک ہدایت دے) ۱ دعا ۔ چھوٹوں کو لکھتے ہیں (ظفر) شاباش ۔ ارشدک اللہ تعالے ۔ پہچانا اسے تو نے جسے دیکھا نہ بھالا ۔

ارض ۔ (ع ۔ بالفتح) مؤنث ۔ زمین (انیس) سب ارض پاک غیرت باغ جناں ہوئی ۔ ایسا مکیں ملا کہ رفیع المکاں ہوئی ۔

ارض وسما (ع) زمین آسمان (ع) ارض سے منسوب ۔ زمین کا جیسے آفات ارضی وسماوی ۔

ارغنون (ت ۔ بالفتح اور فتح سوم) مذکر ۔ نام ایک باجے کا جس کا موجد افلاطون ہے ۔ (آتش) مجھ صوفی کے جو نعرے سے حال اس کو آگیا ۔ مطرب نے ٹکڑے ٹکڑے سے سر مرے ارغنوں کیا ۔

ارغوان (ت ۔ بر وزن پہلوان) مذکر ۱ ایک درخت کا نام ۔ جس کی ٹہنیاں باریک ہوتی ہیں ۔ اور موسم بہار میں پھولوں سے سرخ ہو جاتا ہے ۔ سرخ رنگ پھول ۔ مجازاً سرخ رنگ (مصحفی) کیوں ہوا مہندی نہیں ہو سے جو لیتا پاؤں کے ۔ ارغوان برسوں اسی حسرت میں خون رو دیا کیا ۔ **ارغوانی** (ت) ۱ سرخ پھول ۲ سرخ رنگ ۔ سرخ ۔

ارفع (ع ۔ بالفتح و فتح سوم) بہت بلند ۔ زیادہ عالی مرتبہ ۔

ارقام (عربی میں یہ لفظ نہیں ۔ اس کی جگہ ترقیم ہے ۔ فارسیوں نے ارقام بالکسر بمعنی نوشتن (لکھنا) بنا لیا ہے) مذکر ۔ لکھنا (ناسخ) کیا منہ سے نیک و بد میں نکالوں کہ رات دن ۔ اخبار کوئی کرتے ہیں ارقام دوش پر ۔

ارکان ۔ (ع ۔ بالفتح) مذکر ۔ رکن کی جمع ستون ۔ جس پر کسی بنا کا مدار ہو ۔ جیسے ارکان نماز ۔ ارکان حج ۲ بڑے بڑے اہلکار ۔ وزیر ۔ امیر ۔ جیسے ارکان سلطنت ۔ **ارکان ادا کرنا** ۔ عبادت کو قانون اور اصول کے مطابق پورا کرنا ۔ جیسے حج کے ارکان تم صحیح ادا کرو ۔ **ارکانِ دولت** ۔ **ارکانِ سلطنت** ۔ وزرا ۔ امرا ۔ بڑے بڑے اہلکار ۔ **ارکان ادا ہونا** ۔ لازم ۔

جامع اللغات

اِرشاد ۔ (ع ۔ مذکر) ۱ حکم ۔ فرمان ۔ امر ۔ آگیا ۲ ہدایت ۔ رہنمائی ۔ نصیحت ۔ فرمائش ۳ مرضی ۔ خواہش ۔ خوشی ۔ پسند ۔ **ارشاد بجا لانا** (لازم) حکم کی تعمیل کرنا ۔ **ارشاد فرمانا یا کرنا** (متعدی) حکم دینا ۔ کہنا ۔ پڑھنا ۔ **ارشاد قبول کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) حکم کی تعمیل ہونا **ارشاد ہونا** (لازم) حکم ہونا ۔

اَرش پَرش (ہ ۔ مذکر) ۱ چھونا ۔ ساتھ لگنا ۲ چھوت ۔ لس ۔ لگاؤ ۔ ملاؤ ۔ اتصال ۳ تھوڑا سا نہانا ۔ ہاتھ سے تھوڑا سا پانی چھڑکنا ۴ تہمت ۔ بہتان ۵ ناپاک چیز کو چھونے سے ناپاک ہو جانا **ارش پرش ہو جانا یا ہونا** ۔ (لازم) کسی کو چھونے سے ناپاک ہو جانا ۔ ناپاک کیا جانا ۔

اَرِشٹ (س ۔ عص) ایک اسر جو بلی کا بیٹا تھا ۔ اس نے بیل بن کر کرشن جی پر حملہ کیا تھا مگر ان کے ہاتھ سے مارا گیا ۔

اَرِشٹ (س ۔ صفت) ۱ جو زخمی یا مضروب نہ ہو ۲ محفوظ ۔ سلامت ۳ (مذکر) بگلا ۴ کوا ۵ بدشگونی ۔ بدفالی ۶ بدقسمتی ۔ مصیبت ۷ خوش قسمتی ۔ نیک طالع ۸ موت کا اشارہ یا نشانی ۹ نیم کا درخت ۱۰ لسن ۱۱ زچہ خانہ ۱۲ ریٹھے کا درخت ۱۳ ایک قسم کی شراب ۱۴ دیکھو ارشت ۱۵ منو دیومت کا ایک بیٹا ۔ **اَرِشٹا** (مؤنث) ۱ پٹی ۔ بندھ ۲ ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۳ درگا جی کا نام ۴ دکش کی ایک بیٹی اور کشیپ کی بیوی **ارشٹا شرٹ پور** (مذکر) ایک شہر ۔ **ارشٹ پور** (مذکر) ایک گاؤں **ارشٹ سُودن** (مذکر) وشن جی ۔ **ارشٹ کرمن** (مذکر) ایک راجہ **ارشٹ متھن** (مذکر) وشن جی یا شو جی **ارشٹ نیمن** (مذکر) ۱ گرود کا ایک بھائی ۲ ایک منی ۔ **ارشٹ نیمی** ۔ (مذکر) ۱ تارکشیہ کا نام ۲ کئی راجاؤں کا نام ۳ ایک گندھرو

اَرشد (ع ۔ صفت) رشید کی تفضیل بعض وکل ۔ بہت یا نہایت ہدایت یافتہ ۔ ہدایت یافتہ ۔ سچا ۔ کھرا ۔ **اَرْشَدَكَ اللّٰهُ تَعَالٰى** (دعا جو چھوٹوں کو خط میں لکھی جاتی ہے) خدا تجھے نیک ہدایت دے ۔

اَرشد (۱۸۵۰ء ۔ ۱۹۰۶ء) شاہزادہ مرزا عبد الغنی گورگانی ۔ اُردو زبان کا شاعر ۔ خاندان

مغلیہ دہلی سے سلسلۂ نسب ملتا ہے۔ طرز جدید میں بھی
خوب نظم لکھتا تھا۔ سررشتۂ تعلیم پنجاب میں ملازم رہا۔

اَرشمیدَس (۲۸۷-۲۱۲ ق م) ابن
فیدیاس نجومی۔ بہت مشہور یونانی ریاضی دان اور موجد تھا۔
سیراکیوز واقعہ جزیرہ سسلی میں پیدا ہوا۔ سکندریہ میں
تعلیم پائی۔ اور پھر اپنے وطن کو واپس آگیا۔ جہاں اُس نے
بہت سی کتابیں تصنیف کیں۔ اس کی سب سے بڑی
دریافت مائعات کی وہ خاصیت ہے۔ جس کا نام اصول
ارشمیدس رکھا گیا ہے۔ اس نے کرہ اور ایسے نل کا جس
میں کرہ آجائے تناسب معلوم کیا۔ اور اسے وہ
اپنی سب سے بڑی ایجاد بیان کرتا ہے۔ اس کے علاوہ
آتشی شیشہ۔ پانی اوپر چڑھانے کا پیچ وغیرہ ایجاد کئے۔
فتح سیراکیوز کے دوران میں ایک رومی سپاہی کے ہاتھ
سے قتل ہوا۔

اَرصاد (ع۔ مذکر) رصد کی جمع۔
ملاحظے۔ مشاہدے۔ **ارصادات** ۔ (مذکر) رصد
کی جمع الجمع **ارصاداتِ جویہ** (علا) کرۂ ہوا کے متعلق
مشاہدات۔ **ارصادِ طیفی** (علا) آلہ طیف آزما کے
ذریعے مشاہدہ۔

اَرض (ع۔ مؤنث) زمین۔ ملک۔
علاقہ۔ اراضی۔ کھیت۔ **ارضِ غبرا** (مؤنث) مٹی کے
رنگ کی زمین۔ **ارضِ مقدس** (مؤنث) فلسطین۔
ارضِ نوح (مذکر) عرب میں ایک مقام **ارض و سما**۔
(مذکر) زمین و آسمان **اَرضی** (صفت) زمین کا۔ زمین کے متعلق
ارضیات (مذکر) علم طبقات الارض۔

ارضِ روم (اناطولیہ) آرمینیہ
کے علاقے میں ایک شہر (۸۰)

ارطال ۔ (ع۔ مذکر) رطل کی
جمع۔ خاص اوزان۔

ارطامیدوس (ف۔ مذکر) ایک
ایرانی پیغمبر۔

اَرطمیس (یو۔ عص) ایک یونانی
دیوی جسے ڈاٹنا بھی کہتے ہیں۔

اِرغا۔ اِرغاب ۔ اِرغاو۔
(ف۔ مذکر) ایک دریا کا نام۔

اَرغند۔ (ف۔ مذکر) حریص۔ لالچی۔
ارغندآب (مذکر) ایک دریا کا نام۔

اَرغنُوان (ف۔ مذکر) ایک باجے
کا نام جو کوک دینے سے بجتا ہے۔ خیال ہے کہ اسے
افلاطون نے ایجاد کیا تھا۔

اَرغوان۔ (ف۔ مذکر) ایک پودا
جس کے پھل اور پھول نہایت سُرخ رنگ کے ہوتے
ہیں ۲ اس پودے کا سُرخ رنگ کا پھول ۳ سرخ
رنگ **ارغوانی** (صفت) سُرخ۔ قرمزی۔

اَرغُون (۱۵۲۱-۱۵۸۴) ایک
خاندان جو سندھ میں حکومت کرتا تھا۔ اکبر نے سندھ
فتح کرکے اس کا خاتمہ کر دیا۔

اَرغُون خاں (ر۔ ۱۲۹۱) ابن اباقاخاں
بن ہلاکو خاں ۱۲۸۴ء میں تخت ایران پر بیٹھا۔ اس
کے عہد میں یہودیوں اور عیسائیوں کا بہت زور
تھا۔ اس کا وزیر سعد الدولہ یہودی تھا۔

اَرغَیان (ف۔ مذکر) نیشاپور
کے قریب ایک شہر۔

اِرفاہ (ع۔ مذکر) ۱ فائدہ پہنچانا۔
دولت عطا کرنا ۲ تشفی دینا۔ پرورش کرنا ۳ دولت کا
لطف اور مزہ۔

اَرفَخشد (ف۔ مذکر) ایک
ایرانی پیغمبر۔

اَرفِض (ع۔ مذکر) رافض کی تفضیل
بعض و کل۔ کٹر شیعہ۔

اَرفَع (ع۔ مذکر) رفیع کی تفضیل بعض و
کل۔ بہت یا نہایت اونچا۔ عالی مرتبہ۔

اَرقام (ع۔ مؤنث) رقم کی جمع۔ رقومات۔
اعداد۔ **ارقامِ متصلہ** (مؤنث) مسلسل رقومات۔ وہ
رقومات جو سلسلہ وار ہوں (الجبرا)

اَرقام (ف۔ ع۔ مذکر) عربی میں یہ لفظ
نہیں ایرانیوں نے افعال کے وزن پر گھڑ لیا ہے۔ لکھنا
تحریر کرنا (رقم لکھنا)

اَرقان (ع۔ مذکر) ۱ یرقان ۲ گردی
مدد چہ۔

۳۱۔ جامع اللغات کی تحریک میرے دل میں مدت سے آرزو
تھی کہ اردو زبان کا ایک مکمل لغت تدوین کیا جائے ۱۹۱۳ء میں انگریزی
زبان کی نیو سٹینڈرڈ ڈکشنری امریکہ میں شائع ہوئی اور کچھ عرصہ بعد میری
نظر سے گزری۔ اس کی طرز مجھے اس قدر پسند آئی کہ میں نے اس نمونے کا
اردو لغت مرتب کرنے کا ارادہ کر لیا مگر یہ کام اس قدر مشکل تھا کہ اس
پر ہاتھ ڈالتے ہوئے دل کانپتا تھا۔ انگریزی لغت کی تدوین ایک سو مؤلفوں
نے کی تھی۔ مگر ہندوستان میں اس قسم کا تعاون امر محال ہے۔ یہاں
ہر کام انفرادی کوششوں کا نتیجہ ہوتا ہے۔ اس لئے یہاں اگر کوئی
کام شروع کیا جائے تو خود ہی اس کی تکمیل کرنی پڑتی ہے۔ بنا بریں
مدت تک اس امر کو سوچتا رہا۔ اتفاقاً مجھے بیماری کی وجہ سے طویل رخصت
لینی پڑی۔ اس اثنا میں میرے مکرم دوست نواب زادہ ممتاز علی خاں
بیرسٹر، لاہور تشریف لائے۔ اور انہوں نے ایک اُردو لغت خریدنے
کی خواہش ظاہر کی۔ چنانچہ کتب فروشوں کی دکانوں پر جا کر تلاش کیا
مگر کوئی لغت حسب منشا دستیاب نہ ہوا۔ ان کی خدمت میں عرض کیا
گیا کہ میں ایک ایسے لغت کی تدوین کا ارادہ کر رہا ہوں۔ جس سے اُن کا
مطلب حاصل ہو سکے کچھ عرصہ کے بعد اس کا ذکر مولوی خدا بخش صاحب
ایڈیٹر نونہال سے ہوا اُنہیں یہ تجویز اس قدر پسند آئی کہ انہوں نے
اُس وقت تک میرا پیچھا نہ چھوڑا جب تک کہ میں نے اس کام کو باقاعدہ
طور پر شروع نہ کر دیا۔ اس لئے اس کی تدوین کا ذمہ دار اُنہیں سمجھنا چاہئے۔

۳۲۔ جامع اللغات کا خاکہ۔ اب ہم مفصل طور پر بتاتے ہیں
کہ اس لغت میں کیا ہے۔ اس لغت میں فارسی۔ عربی۔ ہندی۔ سنسکرت۔ ترکی عبرانی
وغیرہ کے وہ الفاظ ہیں جو کسی نہ کسی صورت میں اردو زبان میں استعمال ہوتے ہیں۔ ان
میں وہ الفاظ بھی ہیں جو ہندو اور مسلمان مشکل نویس اپنی سنسکرت یا عربی فارسی کی
قابلیت جتلانے کی غرض سے جا و بیجا استعمال کرتے رہتے ہیں۔ ہر چند اُردو اُن
الفاظ کے بغیر بھی فصیح ہو سکتی ہے۔ ان کے علاوہ پچیس ہزار سے زاید ضرب الامثال

واقوال میں لاکھوں محاورات اور اصطلاحات، الفاظ علمیہ کی تشریح، قصص اور تاریخی واقعات، مشاہیر عالم کے سوانح حیات، علم الاصنام کی حکایات، ملکوں اور شہروں وغیرہ کے حالات درج ہیں۔ محاورات عامہ اور پیشہ وروں کی اصطلاحات محاورات نسواں اور اصطلاحات علمیہ بہت بڑی تعداد میں موجود ہیں۔ غرضیکہ اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ طالب کو ہر چیز کے متعلق کچھ نہ کچھ واقفیت حاصل ہو جائے۔ الفاظ کے مترادفات دینے کی بجائے تعریف درج کی گئی ہے۔ مگر یہ تعریفیں فارسی۔ عربی۔ ہندی یا سنسکرت الفاظ کے آگے کم ملیں گی۔ بلکہ صرف ان الفاظ کے آگے دی گئی جو اُردو میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً پانی۔ آب۔ ما۔ جل کی تعریف پانی کے آگے ملے گی۔

۳۳۔ **ترتیب کتاب**۔ اس کتاب کو اس صورت میں مرتب کیا گیا ہے کہ اُردو حروف تہجی کے چھتیس حروف میں سے چونتیس کے ماتحت لغت دیئے ہیں۔ چونکہ ڑ کے حرف سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ اور ہمزہ عربی قاعدے کے مطابق الف کے تحت میں آتا ہے۔ الف ممدودہ اور مقصورہ کو علیحدہ کر دیا گیا ہے کیونکہ الف ممدودہ دو الف سے مرکب ہے۔ اور اس طرح سے ہر صورت میں پہلے ہی آتا ہے۔ ہر لغت کے تحت میں اس کے تمام مشتقات مرکبات اور محاورات ہیں۔ ان کے بعد امثال و اقوال کو علیحدہ کر دیا گیا ہے تاکہ اگر کوئی صاحب صرف امثال و اقوال ہی کا مطالعہ کرنا چاہیں تو انہیں صفحوں کے صفحے پڑھنے کی ضرورت نہ ہو۔ اُردو الفاظ کے معنوں کے اخیر میں مادہ یا "دھاتو" دیا گیا ہے۔ اگر یہ لفظ مختلف معنوں میں مختلف مادوں سے آیا ہے۔ تو ہر مختلف معنی کے بعد مادہ دیا گیا ہے۔ اُردو الفاظ سے مراد وہ فارسی، عربی، ہندی، سنسکرت وغیرہ الفاظ ہیں جن کا استعمال فصحا اردو زبان میں کرتے ہیں جن الفاظ کے آگے (ہ) یا (س) ہے وہ اور اُن کے مشتقات، محاورات اور امثال و اقوال اُردو میں استعمال نہیں ہوتے۔ اگر کوئی ہوتا ہے تو اُس کے آگے (ہ) لکھا ہوگا۔

۳۴۔ **اسماء الرجال**۔ اسماء الرجال کے لئے یہ قاعدہ قرار دیا گیا ہے کہ چونکہ ہر شخص کے نام میں عموماً نام۔ کنیت۔ عرف، لقب، تخلص وغیرہ شامل ہوتے ہیں۔ اور مختلف اشخاص کی شہرت مختلف ناموں سے ہوتی ہے۔ اس لئے ہر قسم کے نام کو دیکھ لینا چاہئے۔ مثال کے طور پر ابوالمعالی علی عبدالملک الجوینی کا نام الجوینی کے تحت میں۔ حضرت ابوبکر عبداللہ عتیق کا ابوبکرؓ کے تحت میں۔ حضرت ابو تراب علیؓ کا علی کے تحت میں، اور مرزا اسد اللہ خان غالب کا غالب کے تحت میں ملے گا۔ غرضیکہ جب کسی نام کی تلاش ہو تو اسے سب سے پہلے اُس نام کے تحت میں دیکھا جائے جس سے حامل نام کی شہرت ہو۔ اگر وہاں نہ ملے تو دوسری جگہ تلاش کیا جائے۔

۳۵۔ **جغرافیہ**۔ جغرافیائی ناموں کے آگے اس برّاعظم یا ملک کا نام دیا گیا ہے جس میں وہ مقام واقع ہے۔ لیکن جن مقامات کا نام کتابوں میں آتا ہے اور اُن کے ملک کا ٹھیک طور پر پتہ نہیں چلتا اُن کے آگے وہ زبان دی گئی ہے جس کی کتابوں میں اس کا ذکر آتا ہے۔

۳۶۔ **غیر ضروری الفاظ**۔ عربی، فارسی، سنسکرت اور ہندی کے صدہا ایسے مشکل اور ادق الفاظ ہیں، جن کے استعمال کو اُردو کی سلاست و فصاحت گوارا نہیں کر سکتی لیکن جن کو اردو کے اکثر دقت پسند اور مشکل نویس مصنفین نے اپنا "روزمرہ" بنا رکھا ہے۔ ہمارے برادران وطن، اس قسم کے لغات کے خاص طور پر سرپرست ہیں۔ اور اُن کی اس سرپرستی کا مظاہرہ، کتابوں، رسالوں، اور اخباروں کے صفحات پر آئے دن ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ اُردو کے ایک ہندو اخبار کا یہ ادارتی شذرہ ملاحظہ ہو:۔

"آپ نے ۲۹۔ جنوری کے ایڈیٹوریل نوٹ میں بنارس کی گھٹنا کا الیکھ کرتے ہوئے سماج کو چیتاونی دی ہے۔ لیکن آپنے ایسا کسی نرآدھا سماچار کے آدھار سے لکھا۔ گھٹنا کا واستوک روپ یہ ہے کہ آریہ سماج کی طرف سے کسی پرکار کا تشدد نہیں ہوا۔ ورن آشرم سوراج سنگھ نامی ایک سنستھا کچھ جھگڑالو لوگوں نے بنا رکھی ہے۔ اس بات کے ثبوت میں سناتن دھرم آدھار سبھا کی طرف سے اس سنستھا کے لوگوں کے خلاف نکالے گئے۔ نوٹس ہانے دیئے جا سکتے ہیں۔ ورن آشرم سوراج سنگھ نامک سنستھا اولپش شری پنڈت مدن موہن مالوی آدی نیتاؤں کو اور آریہ سماج کو گالی دیتا ہی ہے۔ آریہ سماج کی طرف سے جنم ورن بیوستھا اور سہ شبھہ اسپرشیہ دشہ پر شاستر کی ریتی سے دچار کرنے کے لئے پتر بھیجا گیا۔"

اس کے مقابلے میں ایک مسلمان "مشکل پسند" اخبار نویس کی تحریر ملاحظہ ہو:۔

"یقینی ہے کہ نصرت الٰہی کے جو عجائب و غرائب، اس دعائے مقدس و متبرک نے روز ازل دکھلائے تھے، اُس کا فیضان جاری آج بھی پیروان دین مبین اور حامیان حق و صداقت کو اپنا کرشمۂ قدرت دکھلائے اور جن نفوس قدسی نے اللہ اور اُس کے رسول کی طاعت و انقیاد کے ذریعہ مقربان الٰہی کے مقام سے نسبت خصوصی حاصل کرلی ہے وہ اس شرف نسبت اور افتخار وابستگی کی بدولت اُن تمام برکات و نعائم کے شریک و حقدار ہو جائیں وہ گو خود مستحق نہیں ہیں مگر جن مستحقین نعمت کے ساتھ ہیں اُن کے معیت کا مجرد شرف ضرور حقدار ہے......"

ہندوؤں کو تو عربی فارسی زبانوں کے بہت سے مشکل الفاظ کے معنے اردو لغات میں مل بھی جائیں گے لیکن مسلمانوں کو سنسکرت اور ہندی الفاظ کے معانی کسی اُردو لغت میں نہیں مل سکتے۔ کیونکہ اردو کے لغات نگار ان کو غیر اردو الفاظ سمجھ کر، بالکل ترک کر دیتے ہیں۔ اسلئے ہم نے "جامع اللغات" میں جہاں عربی و فارسی زبانوں کے نامانوس اور مشکل الفاظ دیئے ہیں۔ وہاں سنسکرت اور ہندی زبان کے ادق الفاظ بھی درج کر دیئے ہیں۔ ایسے

ہندی الفاظ کے آگے (ھ) اور سنسکرت الفاظ کے آگے (س) کی علامت لسانی دیدی گئی ہے۔ جن الفاظ کے آگے یہ علامتیں نظر آئیں، ان کو اردو الفاظ نہ سمجھا جائے اور نہ اُن محاورات، ضرب الامثال، اور اقوال کو اردو خیال کیا جائے، جو ایسے الفاظ کے تحت میں درج ہیں۔ البتہ جو ضرب المثل یا قول اُردو میں مستعمل ہے اسکے آگے (ہ) کی علامت دیدی گئی ہے۔

۳۷۔ **ضرب الامثال واقوال**۔ ضرب الامثال کو اور اُن اقوال کو جو ضرب الامثال کی حدتک پہنچتے ہیں علیحدہ کر دیا گیا ہے۔ لیکن وہ اقوال جو اس حدتک نہیں پہنچتے۔ انہیں محاورات کے ساتھ تحریر کیا گیا ہے۔ اس طرح ان کی مجموعی تعداد غالباً پچیس ہزار سے زاید ہو گی۔ اصل ضرب الامثال اُس ملکی زبان کی ہیں جو ہزاروں سال سے ہندوستان میں بولی جا رہی ہے اس میں فارسی عربی یا سنسکرت کے الفاظ نہیں ہیں۔ جن میں ان زبانوں کے الفاظ ہیں وہ نئی ضرب الامثال ہیں۔ جو آریا اور مسلمانوں کی آمد کے بعد بنی ہیں۔ اور ان کا درجہ اقوال کی حد سے زیادہ نہیں۔ ضرب الامثال کی جس قدر تعداد اُردو زبان میں ہے شاید ہی دُنیا کی کسی زبان میں ہو۔ اس سے اُردو زبان کی قدامت کا پتہ چلتا ہے۔ ضرب الامثال قوم کی تاریخ کی آئینہ دار ہوتی ہیں۔ اور اُن سے قوم کے مختلف فرقوں اور ذاتوں کی خصوصیت، معاشرت اور ذہنیت کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں مثلاً "بنیا" کے تحت میں جو ضرب الامثال ہیں اُن کے ملاحظہ سے معلوم ہوگا۔ کہ اس قوم کی معاشرتی حیثیت، ذہنیت اور دیگر خصوصیات کیا ہیں۔ علےٰ ہذاالقیاس۔ ان کے علاوہ فارسی عربی اور ہندی کی مشہور ضرب الامثال بھی دے دی گئی ہیں۔ تاکہ اگر وہ کسی اُردو کتاب میں آجائیں تو قارئین کو اُن کے معنی دریافت کرنے میں دقت کا سامنا نہ ہو۔ ہر ضرب المثل اور مقولے کے ساتھ ایک نہ ایک قصہ وابستہ ہے۔ اگر مکمل قصے دیئے جائیں تو کتاب کا حجم بہت بڑھ جاتا۔ اس لئے کہیں کہیں مقام پر قصے درج کئے گئے ہیں مکمل حالات جامع الامثال میں درج ہوں گے۔

۳۸۔ **محاورات**۔ محاورات اس کثرت سے دئے گئے ہیں کہ آجتک کسی دیگر لغت میں درج نہیں ہوئے ضمائر اور صفات کے تحت میں بعض محاورات ایسے نظر آئیں گے جو کسی اور جگہ ہونے چاہئیں۔ یہ وہاں بھی ہیں مگر جن ضمائر اور صفات کے تحت میں یہ دئے گئے ہیں وہاں وہ زیادہ موزون ہیں۔ اور وہاں صرف لغت کو جامع بنانے کے لئے ان کا اندراج کیا گیا ہے تاکہ اگر کوئی صاحب اسے اس خاص صورت میں دیکھنا چاہیں تو انہیں مل سکیں۔ مثلاً آپ اپنے لئے کانٹے بوتے ہیں۔ کانٹے بونا محاورہ ہے اور کانٹے کے تحت میں ملے گا۔ مگر اس خاص صورت کو طالب کی سہولیت کے لئے دیا گیا ہے۔ ایسے محاورات کی تعداد مقابلتاً اس قدر تھوڑی ہے کہ مضمون کتاب پر اس کا اثر نہیں پڑتا۔ اس لئے ان کا اندراج ہی بہتر سمجھا گیا ہے۔ محاورات کی کثرت اس امر سے ظاہر ہو گی کہ آنکھ آنکھوں اور آنکھیں کے تحت میں ۱۵۰۰ محاورات کے قریب درج کئے گئے ہیں۔ فرہنگ آصفیہ میں پانسو اور نوراللغات میں بارہ سو کے قریب ہیں۔

۳۹۔ **اشارات**۔ ۱۔ ہر لفظ کے آگے زبان اور قسم بتائی گئی ہے۔ جیسے (ع۔ مذکر) اس کا یہ مطلب ہے کہ لفظ اصل میں عربی زبان کا ہے اور اسم مذکر ہے ۲۔ جو معنے اردو زبان میں مستعمل نہیں ان کے آگے دوبارہ اسی زبان کا نام دیا گیا ہے ۳۔ جن الفاظ کے آگے (ھ) یا (س) ہو وہ فصیح اردو میں استعمال نہیں ہوتے۔ وہ ہندوؤں کی زبان پر ہیں ۴۔ مرکب الفاظ اور محاورات وغیرہ مفرد لفظ کے تحت میں ملیں گے اور مصادر امر کے تحت میں جیسے "بے اعتبار" "ب" کے تحت میں "ناامید" "نا" کے تحت میں "آبیانہ" "آب" کے تحت میں "آنا" "آ" کے تحت میں ۵۔ مصادر کے جو محاورات دوسرے الفاظ سے مل کر بنتے ہیں ان مصادر کے تحت میں وہ الفاظ خطوط وحدانی میں نظر آئیں گے اور اس کے بعد معانی دیئے ہوں گے۔ جیسے "آنا" کے تحت میں مثلاً (کام) مرجانا۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ "کام آنا" محاورہ ہے اور اس کے معنی مرجانا ہیں ۶۔ اگر ایک لفظ کئی زبانوں سے آیا ہے تو اس کے ہر زبان کے معنی علیحدہ علیحدہ دیئے گئے ہیں۔ لیکن جو لفظ ایک ہی زبان کے مختلف مادوں سے آیا ہے اس کے معنی ایک ہی جگہ اور مادے الگ الگ دیئے گئے ہیں ۷۔ اردو الفاظ کے معنوں کے آخر میں مادہ یا دھاتو دیا گیا ہے ۸۔ مشاہیر کے ناموں کے آگے ولادت و وفات کے سن درج ہوں گے۔ اگر پہلے لکیر ہے۔ تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ سن ولادت معلوم نہیں۔ اگر بعد کو لکیر ہے تو وہ شخص ابھی زندہ ہے۔ جہاں دونوں سن معلوم نہ ہوں گے وہاں صدی دی جائے گی۔ جہاں کچھ پتہ نہ چلا وہاں لفظ نامعلوم لکھا جائے گا یا سن کی جگہ خالی چھوڑی جائے گی ۹۔ سن تمام عیسوی ہیں۔ خاتمۂ کتاب پر ایک نقشہ دیا جائے گا جس سے فوراً سن عیسوی معلوم ہو سکیگا ۱۰۔ رقبہ میلوں میں اور آبادی خطوط وحدانی کے اندر ہزاروں میں ہے۔

۴۰۔ **اختصارات**۔ اس لغت میں مفصلہ ذیل اختصارات استعمال کئے گئے ہیں۔ ان کا بہت غور سے مطالعہ کیا جائے تاکہ معنی دیکھنے میں مغالطہ نہ ہو۔

ف۔ فارسی الفاظ جو اردو میں استعمال ہوتے ہیں۔
ع۔ عربی " " "
ھ۔ ہندی " " "
ت۔ ترکی " " "
عبر۔ عبرانی " " "
انگ۔ انگریزی " " " ⎫ ان زبانوں کے الفاظ
فر۔ فرانسیسی " " " ⎬ کا استعمال فصحا کے
پر۔ پرتگالی " " " ⎪ نزدیک معیوب ہے۔ اردو
یو۔ یونانی " " " ⎪ زبان میں سوائے ضروری الفاظ
لا۔ لاطینی " " " ⎭ کے دوسروں کا استعمال نہیں ہونا چاہئے

اردو - وہ الفاظ جو خاص دہلی اور لکھنؤ کی ایجاد ہیں۔
با - بابل کی زبان کے الفاظ۔
پ - پنجابی الفاظ یا معانی جو اردو میں استعمال نہیں ہوتے۔
ہند - ہندی الفاظ جو اردو میں استعمال نہیں ہوتے۔
س - سنسکرت
لم : متعدی المتعدی
تف - تابع فعل -
غف - غیر فصیح اور بازاری
مت - متروک -
عو - عورتوں کے محاورات -
قم - قبل مسیح -
علا - علم الافلاک -
عص - علم الاصنام -
علط - علم طبیعات -
علن - علم نباتات -
شا - شمالی امریکہ -
جا - جنوبی امریکہ -

۴۱ - **تلفظ**۔ تلفظ کے لئے بہت کم اعراب کا استعمال کیا گیا ہے۔ اور کوئی نئی علامت وضع نہیں کی گئی۔ تاکہ قارئین کو فضول نشانات یاد رکھنے کی تکلیف نہ کرنی پڑے ۱ جس حرف پر کوئی علامت نہ ہو۔ وہاں جزم سمجھنا چاہئے۔ اس کے مستثنیات یہ ہیں (الف) اگر و سے پہلے حرف پر کوئی اعراب نہ ہو تو وہ مجہول ہے۔ جیسے "آخور"۔ "د" اور "ر" پر جزم سمجھنا چاہئے۔ اور "خ" پر پیش "خو" کا تلفظ "کو" کی طرح ہوگا (ب)، اگر "ی" سے پہلے حرف پر کچھ نہ ہو تو اُسے یائے مجہول سمجھنا چاہئے۔ جیسے "بیدم"۔ "بے" کی آواز "کے" کی آواز کی طرح ہے (ج)، اگر "الف" سے پہلے حرف پر کوئی اعراب نہ ہو تو وہاں زبر سمجھنا چاہئے۔ جیسے "بڑا"۔ "ڑ" پر زبر ہے۔
۲ جزم صرف ان مقامات پر استعمال کیا گیا ہے (الف) جہاں علاوہ جزم کے وہ حرف کسی اور اعراب کا حامل ہو جیسے بستر (ب) "و" پر جہاں "و" اس طرح کی آواز دے جیسے "کوا" کی پہلی "و" (ج) "ی" پر جہاں "ی" اس طرح کی آواز دے جیسے "میا" کی پہلی "ی" ان کے علاوہ اگر کسی حرف پر جزم ہو تو اسے کتابت کی غلطی سمجھنا چاہئے۔ اگر اردو کے کسی پہلے حرف پر اعراب نہ ہو تو وہاں جزم سمجھنا چاہئے۔
۳ "نون غنہ" کے لئے الٹا جزم استعمال کیا گیا ہے۔ اور پورے نون غنہ میں نقطہ نہیں ۴ جس حرف پر دو یا زیادہ اعراب ہوں اس کے دو یا زیادہ تلفظ ہوں گے۔ جیسے اُخنوخ - اسے بفتح اول اور بضم اول دونوں طرح پڑھا جاتا ہے ۵ "واؤ معدولہ" کے نیچے سیدھی لکیر ہے جیسے "خود"۔ اس کا تلفظ "خد" ہوگا ۶ پوری یائے معروف گول اور مجہول آڑی لکھی گئی ہے۔

۴۲ - **خطوط وحدانی**۔ خطوط وحدانی کا استعمال مفصلہ ذیل موقعوں پر کیا گیا ہے ۱ لغت کے آگے زبان یا قسم دینے کے لئے جیسے (ف. مذکر) ۲ بعض دفعہ مختلف معانی سے پہلے لغت کی قسم دینے کے لئے جیسے (لازم) ۳ معانی سے پہلے وہ لفظ دینے کے لئے جو مصادر کے ساتھ مل کر محاورات بنائے جیسے آنا کے تحت میں ۴۵ (کام) مرجانا ۴ معانی کے بعد مصادر دینے کیلئے جن کے ساتھ مل کر وہ لفظ محاورات بناتا ہے جیسے استرداد کے معانی آخیر میں (کرنا ہونا کے ساتھ) ۵ علم کا نام دینے کے لئے جس کے متعلق کوئی اصطلاح ہو ۶ اختصارات غف۔ مت۔ عو وغیرہ دینے کے لئے ۷ معانی کے اخیر میں دعا تو دینے کے لئے ۸ محاورات اور ضرب الامثال میں مختلف تغیرات ظاہر کرنے کے لئے جیسے **آپ میاں منگتے (ننگے) باہر کھڑے درویش**۔ "ننگے" کو خطوط وحدانی میں دینے کا یہ مطلب ہے کہ "منگتے" کی بجائے "ننگے" بھی کہا جاتا ہے۔ **آپ مرے جگ پرلو (سنسار ناس)** اس صورت میں آپ مرے جگ پرلو۔ اور آپ مرے سنسار ناس دونوں ضرب الامثال ہیں **آبرو موتی کی (سی) آب ہے**۔ اس میں آبرو موتی کی آب ہے۔ اور آبرو موتی کی سی آب ہے **آپ کاج (کام) مہا کاج (کام)** اس میں آپ کاج مہا کاج۔ اور آپ کام مہا کام دونوں ضرب الامثال ہیں۔

۴۳ - کتابیں جن سے امداد لی گئی ہے -

فرہنگ آصفیہ	آصف اللغات	نیو سٹینڈرڈ ڈکشنری
نور اللغات	لغات سعیدی	ویبسٹر ڈکشنری
	غیاث اللغات	نیو سنچری ڈکشنری
محاورات ہند	برہان قاطع	انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا
منیر اللغات	منتہی الادب	انسائیکلوپیڈیا آف اسلام
	صراح	چیمبرز انگلش ڈکشنری
محاورات ہندوستان	الغرائبدالوریہ وغیرہ	انڈین انسائیکلوپیڈیا۔
نجم الامثال		پیرز انسائیکلوپیڈیا
محاورات نسواں		بیلیز ڈکشنری
غلط العام		فالن کی ہندوستانی ڈکشنری
بازاری زبان		فالن کی انگریزی ڈکشنری
امثال ہندی		فالن کی ضرب الامثال واقوال۔
ضرب الامثال		پلاٹ کی ڈکشنری
اردو محاورات		سیٹن گاس کی فارسی ڈکشنری
فرہنگ اصطلاحات علمیہ		سومونیر ولیم کی سنسکرت ڈکشنری
لغات النسا		پلانٹز آف دی پنجاب۔
مخزن المفردات		ہندو کلاسیکل ڈکشنری
		ولاسٹن کی انگریزی فارسی ڈکشنری
فیروز اللغات		لمپرائیر کی کلاسیکل ڈکشنری

فرہنگ شفق
قاموس المشاہیر
بہار ادب جدید وغیرہ

نان کلاسیکل ڈکشنری
گزیٹیر آف انڈیا۔
بار مرد رتھد المس
زمنگا بیلز آف گارڈننگ
ہسٹری آف دی نیشنز
ماڈرن انسائیکلوپیڈیا
وغیرہ

ان کے علاوہ تمام مشہور شاعروں کے دیوان میراثی انیس و دبیر مثنوی "بدر منیر" مثنوی "گلزار نسیم" "طلسم ہوشربا" "فسانہ آزاد" اور آزاد۔ شبلی۔ نذیر احمد۔ بشیر الدین احمد۔ شرر۔ اور سرشار وغیرہ کی تصنیفات سے محاورات اقتباس کئے گئے ہیں۔

۴۴۔ **شکریہ**۔ اس لغت کی طبع و اشاعت کے سلسلے میں سب سے زیادہ حصّہ میرے فرزند خواجہ محمد محمود اختر۔ بی اے نے لیا ہے جس نے اپنی تعلیم کا حرج کرکے تمام انتظام اپنے ذمے لیا۔ اس کی امداد کے بغیر اس کی اشاعت ناممکن تھی۔ اس کے بعد عزیز محترم اختر شیرانی شکریہ کے مستحق ہیں جنہوں نے اس کتاب کے ایڈیٹر کی حیثیت سے بہت اعلیٰ کام کیا ہے۔ مولوی بشیر احمد فرزند ارجمند مولوی احمد الدین صاحب وکیل نے اس کے پروف پڑھنے اور درست کرنے میں بیحد امداد کی ہے۔ خدا ان سب کو جزائے خیر دے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ا

ا (ہ - مذکر) تلفظ اَلِف - اُردو عربی اوراُن زبانوں کی الف - ب - ت کا پہلا حرف ہے - جن کا رسم الخط عربی سے لیا گیا ہے - ۱ اُردو میں اعراب اور حرفِ علت کے ساتھ مل کر دس آوازیں پیدا کرتا ہے - آ - اَ - اِ - اُ اَو - او - اُو - آے - اے - ای ۲ علم حساب میں ایک کے ہندسے کی یہ شکل ہے ۳ ابجد میں اس کا ایک عدد قرار دیا گیا ہے ۴ بعض وقت کثرتِ مبالغہ ظاہر کرتا ہے - جیسے مارا مار - دوڑا دوڑ ۵ کبھی امر کے آخر میں لانے سے حاصل مصدر بناتا ہے - جیسے رگڑ سے رگڑا ۶ کبھی تصغیر کے واسطے آتا ہے - جیسے ٹٹو سے ٹٹوا ۷ کبھی بڑا پن ظاہر کرتا ہے - جیسے گھنٹا - شکا - ڈکرا ۸ عام طور پر مذکر الفاظ کے آخر میں آتا ہے ۹ کبھی دو کلموں کے بیچ میں نسبت کے واسطے آتا ہے - جیسے موسلا دھار ۱۰ فعل لازم میں آکر اسے متعدی کر دیتا ہے - جیسے کرنا سے کرانا ۱۱ عدد ترتیبی بنانے کے لئے اعداد کے آخر میں آتا ہے - جیسے پہلا - دوسرا ۱۲ ناگری رسم الخط میں مذکورہ بالا دس آوازوں کے لئے علیحدہ حروف مقرر کئے گئے ہیں - اَ - پہلا - آ - دوسرا - اِ - تیسرا - ای چوتھا - اُ - پانچواں - اُو چھٹا - اے گیارھواں - اَے بارھواں - او - تیرھواں - اَو چودھواں حرف ہے - ۱۳ ہندی میں الفاظ کے اول بالفتح لانے سے نفی کے معنی پیدا کرتا ہے - جیسے اَہنسا - اَٹل - ۱۴ کبھی آخر میں آکر صفت مشبہ پیدا کرتا ہے - جیسے بھوکا - پیاسا ۱۵ جنتری اور علم نجوم میں اتوار اور برج حمل کو ظاہر کرتا ہے ۱۶ وشن جی کا نام ہے ۱۷ عربی میں اسماء کو واحد سے جمع بنا دیتا ہے - جیسے مجلس سے مجالس - صنم سے اصنام - شہید سے شہدا ۱۸ سہ حرفی مادوں میں فعل سے فاعل بنا دیتا ہے - جیسے خلق سے خالق ۱۹ اسم فاعل یا صفت مشبہ کے اول آکر مبالغہ کے معنی پیدا کرتا ہے - جیسے کامل سے اکمل ۲۰ فاعل کے فعل میں مبالغہ پیدا کرتا ہے - جیسے جبر سے جبّار - قہر سے قہّار ۲۱ الف تنوین ہے جیسے آناً فاناً ۲۲ بعض عربی اسماء میں بشکل دیا ی لکھا جاتا ہے - مگر الف پڑھا جاتا ہے - اور نصف الف استعمال ہوتا ہے جیسے عیسےٰ - زکوٰۃ ۲۳ فارسی میں ندا کے لئے آتا ہے - جیسے ناصحا ۲۴ افراط کے لئے جیسے بسا ۲۵ حسرت اور افسوس کے لئے - جیسے واحسرتا ۲۶ بعض جگہ زائد آتا ہے - جیسے پیرہن سے پیراہن - گرے آگر ۲۷ انحصار و استیعاب کے لئے آتا ہے - جیسے سراسر - لبالب ۲۸ سنسکرت میں اسمائے مذکر کے آخر میں آکر مؤنث بناتا ہے - جیسے کرشن سے کرشنا - بال سے بالا -

الف ممدودہ

آ (ہ - مذکر) ۱ الف ممدودہ - اُردو میں علیحدہ حرف شمار نہیں ہوتا - مگر دیوناگری رسم الخط کا دوسرا حرف اور سور ہے ۲ سنسکرت میں مصادر کے پہلے آکر نزدیکی کے معنی پیدا کرتا ہے - **آکار** (س - مذکر) ۱ حرف آ کا نام ۲ شکل صورت ۳ وضع - نقش - ہیئت - نقش و نگار ۴ مجسمہ ۵ مشابہت ۶ نشان - علامت - اشارہ آکارانت (س - مذکر) آ پر ختم ہونے والا حرف - آ (ہ - امر) آناکا ۱ بازی گر غائب چیزوں کو منگانے کے لئے یہ کلمہ کہتے ہیں ۲ گویّے گانے سے پیشتر سُر ملانے کے لئے یہ آواز نکالتے ہیں ۳ سَم جتانے کی آواز ہے ۴ کبوتروں کو بُلانے کی آواز ہے ۵ مصادر کے پہلے آکر معنوں میں زور اور تاکید پیدا کرتا ہے - آ آ - مُرغیوں کو دانہ دینے کے لئے بُلانے کی آواز ہے - **آبننا** (لازم) مصیبت پڑنا - آ بنے - ایک لوری بچوں کی - پوری اس طرح ہے - آ بنے کچھ دینگے - کھڑے کی بتی لینگے - چاندی بنوا دینگے - پھندنا سے بچے لینگے - آبے (حرفِ ندا) تحقیر یا مذاق سے بُلانا - **آبے لونڈے جا بے لونڈے کرنا** (متعدی) کام نہ کرنا - اور حیلے حوالے سے ٹال دینا - آ بھڑنا (لازم) لڑنا - آ پڑنا (لازم) ۱ گر پڑنا ۲ آ موجود ہونا - آ جانا ۳ گھر جانا - آ پھنسنا ۴ ٹپک پڑنا ۵ مصیبت پڑنا ۶ واقع ہونا ۷ متعلق ہونا - ذمہ ہونا ۸ وارد ہونا - آ رہنا - آ پڑوسن لڑیں - لڑائی کے لئے تیار - **جھگڑا پیدا کرنا - آ پڑوسن مجھ سی ہو** - دوسروں کے لئے بھی اپنی طرح مصیبت چاہنا - آ پکڑنا - (متعدی) ۱ گرفتار کر لینا ۲ آ پہنچنا - **آ پھنسنا** (لازم) پھنس جانا - **آ پھنسے کی بات ہے - آ پھنسی کا معاملہ ہے** - مجبوراً ٹھیرنا یا کرنا پڑتا ہے - **آتا** (ماضی ناتمام) ۱ آنا کی ۲ (صفت) آنے والا ۳ (ہ - مذکر) قرضہ ۴ علم - واقفیت **آتا آؤ جاتا جاؤ - آتا آئے جاتا جائے یا آتے آؤ جاتے جاؤ** - جس کی مرضی ہے آئے جس کی مرضی ہے جائے - **آتا جاتا** (مذکر) ۱ مسافر - راہرو - آئندہ روندہ - آنے والا جانے والا ۲ کسی بات میں مہارت - کسی فن یا ہنر کی واقفیت - **آتا جاتا** (واتا) **کچھ** (خاک) **نہیں** - باتیں ہی باتیں ہیں آتا کچھ بھی نہیں - آتوں کو آنے دو **جاتوں کو جانے دو** (دیکھو آتا آئے الخ) **آتے آتے** (تف) ۱ پہنچتے پہنچتے - چلتے چلتے آنے کا ارادہ کر کے ۲ آہستہ آہستہ - آتے (ہی) **آتے آئیگا** - رفتہ رفتہ آئیگا - جلدی نہ کرو - **آتے جاتے** (مذکر) ۱ مسافر - راہرو ۲ (تف) آمد و رفت سے آتے جاتے ۳ راہ چلتے ۴ آمد و رفت میں آنے جانے میں - آتی جا

چوٹ نظر نہ آنا (لازم) چوٹ لگانے والے کے ہاتھ کی صفائی کی تعریف میں کہا جاتا ہے - کہ چوٹ لگتی ہوئی معلوم نہیں ہوتی - آتے کا مُنہ دیکھتی جاتے کی پیٹھ - سخت انتظار کر رہی تھی - آ لوٹنا (لازم) آ پڑنا - آ دبانا - آ جانا (لازم) ۱ آ چکنا ۲ شامل ہونا ۳ ظاہر ہونا ۴ پہنچ جانا ۵ مکان آ پڑنا ۶ (نیچے) دب جانا - پس جانا ۷ (لوگوں کا) جمع ہونا - اکٹھا ہونا ۸ (دریا) چڑھنا - اُمنڈنا - آ جھانکنا (لازم) کبھی کبھی آنا - آ چڑھنا (لازم) چڑھ بیٹھنا - آ چُک یا آ چکو - جلدی آؤ کیوں منتظر رکھ چھوڑا ہے - آ چکنا (لازم) ۱ آ جانا - پہنچ جانا ۲ (طنزاً) نہ آنا - آ چلنا (لازم) ۱ آنے کے قریب ہونا ۲ (کھانا) تیاری کے قریب ہونا ۳ (گوشت وغیرہ) گلنے کے قریب ہونا - آ چھپٹنا (لازم) آ کر چھپ رہنا آ دبانا (متعدی) پکڑ لینا - آ دُبکنا (لحاف وغیرہ میں) آ کر لیٹ رہنا - آ دبوچنا (متعدی) زبردستی بزور سے پکڑ لینا - آ دھمکنا (لازم) چلا آنا - آ دیکھنا (متعدی) آزمانا - آ کر دیکھنا - تجربہ کرنا - آ ڈٹنا (لازم) آ کر بیٹھ جانا - آ رہنا (لازم) ۱ پے درپے آنا - آ جانا - معمول ہونا - ۲ گر پڑنا - پھسل پڑنا ۳ جھک پڑنا ۴ آ کر بسنا - آ سکنا (لازم) پہنچ سکنا - آ سمانا (لازم) حلول کرنا - آ کھٹکنا (لازم) کھٹکنے لگ جانا - آ گرنا (لازم) ۱ جمع ہونا ۲ ٹوٹ پڑنا ۳ گر پڑنا آ گھیرنا (متعدی) گھیر لینا - آ لپٹنا (لازم) ۱ آ کے ملنا ۲ گھیر لینا ۳ لپٹ جانا - آ لگنا - (لازم) ۱ قریب ہونا ۲ تاک میں رہنا ۳ پُر ہو جانا آ لینا (متعدی) ۱ پاس پہنچ جانا ۲ دبا لینا - پکڑ لینا - آ مرنا (لازم) آ جانا - آ ملنا (لازم) ملاقات کرنا اکٹھا ہونا - آ موجود ہونا (لازم) پہنچ جانا - آن (مونث) ۱ آمد ۲ آ کی جگہ جیسے آن دبوچنا (مت) آنا (لازم) ۱ پہنچنا ۲ چلنا ۳ واپس آنا - پھرنا ۴ اترنا - ٹھیرنا ۵ گزرنا - سامنے سے نکلنا ۶ نکلنا - باہر نکلنا ۷ گھسنا ۸ سمانا ۹ وارد ہونا تشریف لانا ۱۰ نیچے اُترنا - نازل ہونا ۱۱ گرنا ۱۲ واقف ہونا - کسی ہنر سے واقف ہونا ۱۳ شمار ہونا - محسوب ہونا ۱۴ چپ جانا - جمنا ۱۵ شروع ہونا - ابتدا ہونا ۱۶ بکنا - فروخت ہونا ۱۷ برپا ہونا - قائم ہونا - مقابلہ کرنا ۱۹ مول آنا

خریدا جانا ۲۰ پھرنا - واپس ہونا ۲۱ فروکش ہونا - اترنا ۲۲ (آفت مصیبت وغیرہ) پڑنا - ہونا ۲۳ (آنسو وغیرہ) ٹپکنا - برسنا ۲۴ (پسینہ) نکلنا - ظاہر ہونا ۲۵ (دم) پھولنا ۲۶ (پستان) بڑھنا - نکلنا ۲۷ (دھوپ) پھیلنا - پہنچنا ۲۸ (آسیب وغیرہ) سوار ہونا ۲۹ (حشر قیامت وغیرہ) برپا ہونا - قائم ہونا ۳۰ (دل طبیعت) مائل ہونا - فریفتہ ہونا ۳۱ (استعارہ) استعارے کا اجازت دینا ۳۲ (بن) دیکھو بن کے تحت میں ۳۳ (پیار شرم وغیرہ کوئی کیفیت) پیار وغیرہ جوش پر ہونا ۳۴ (غالب) قابو پانا ۳۵ (قرض) قرضہ ہونا ۳۶ (جگہ وغیرہ) حاصل ہونا - ملنا ۳۷ (لوگوں میں) شمار ہونا - شمار میں آنا ۳۸ (پلاؤ وغیرہ) دم ہونا - دم میں آنا ۳۹ (زنگ) لگنا ۴۰ (جوتا کپڑا وغیرہ) ٹھیک ہونا ۴۱ (کدورت رنج وغیرہ) پیدا ہونا ۴۲ (منہ) دانے نکلنا - پھل جانا ۴۳ (رنگ) چڑھنا ۴۴ (حروف) چھپنا - نقش ہونا - اُترنا ۴۵ (پھل وغیرہ) پیدا ہونا - پھلنا ۴۶ (آفتاب وغیرہ) نکلنا - طلوع ہونا ۴۷ (دنیا میں) پیدا ہونا - تولد ہونا ۴۸ (مزاج) راغب ہونا - مائل ہونا - مصحفی نے استعمال کیا ہے ۴۹ (زمانہ - وقت) گزرنا - منقضی ہونا ۵۰ (دل میں) گزرنا - ٹھن جانا - ارادہ ہونا ۵۱ (جان بوجھ) پڑ جانا ۵۲ (آیت) اُترنا - نازل ہونا ۵۳ (ملنے) وارد ہونا - تشریف لانا ۵۴ (چوٹ) پہنچنا - لگ جانا ۵۵ (بات پر) ہٹ کرنا - اڑنا ۵۶ (خواب میں) دکھائی دینا ۵۷ (غصہ) ناراض ہونا ۵۸ (نیند) سو جانا ۵۹ (ہاتھی وغیرہ پر) چڑھنا - سوار ہونا ۶۰ (علاج) معلوم ہونا ۶۱ (آواز) سنائی دینا ۶۲ (نگاہ میں) جچنا ۶۳ (دریا وغیرہ کا) چڑھنا ۶۴ (تپ وغیرہ) چڑھنا - عارض ہونا ۶۵ (کام) مرجانا - فائدہ ہونا ۶۶ (راس) مفید ثابت ہونا ۶۷ ترک کرنا - جانے دینا - ان معنوں میں لفظ آؤ استعمال ہوتا ہے - دیگر محاورات کے لئے اصل الفاظ کے ساتھ دیکھو ۶۸ (مذکر) آمد (س یا - آنا) آنا جانا (مذکر) ۱ آمد و رفت ۲ (متعدی) آمد و رفت رکھنا ۳ اترنا - چڑھنا ۴ آمد و رفت شروع یا جاری رہنا - آنکلنا (لازم) اتفاق سے آ جانا - آنی جانی چیز (مونث) بے فائدہ چیز - فانی شے - آنے جانے والا (مذکر)

راہرو - مسافر - آؤ (ہ - صیغہ جمع امر حاضر) آنا کا ۱ بلانے کے لئے واحد اور جمع استعمال ہوتا ہے ۲ چلو - آؤ بھگت یا بھگتی (ہ) بھگت یا بھگتی (مونث) خاطر تواضع کرنا لینا - ملنا کے ساتھ) آؤ بھی - چلے بھی آؤ - آؤ (بھی) جانے دو - آؤ جانے بھی دو - لڑنے والے کا غصہ ٹھنڈا کرنے کے لئے کہا جاتا ہے - مطلب ہے لڑائی موقوف کرو - آؤ پڑوسن لڑیں خواہ مخواہ لڑائی مول لینے کے موقع پر کہا جاتا ہے - آؤ تاؤ (مذکر) رنگ ڈھنگ - آؤ تو - آ کر دیکھو تو - آؤ تو جاؤ کہاں - غصہ کی شدت ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں - آؤ جاؤ (مذکر) چلت پھرت آمد و رفت پھرتی - آؤ جی - چلے بھی آؤ - آؤ دیکھا نہ تاؤ یہ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی جلدی سے بے محل کوئی کام کر لے یا کوئی بات کہہ دے - آؤ مہرباں بڑی (دیر لگائی) راہ دکھائی آئیے آپ نے بڑا انتظار کرایا - آؤ نا ۱ ضرور آؤ ۲ چلو - آئی (ماضی) ۱ آنا سے صیغہ مونث واحد غائب حاضر و متکلم ۲ (مونث) قضا - اجل - موت - آئے (ماضی) ۱ آنا سے صیغہ مذکر جمع غائب حاضر و متکلم ۲ واحد غائب آنا کا - آئے بلائے کھاٹ کے پائے - واہیات بے معنی باتیں آئی بلا سر سے ٹالنا (متعدی) آئی ہوئی مصیبت سر سے دور کرنا - آئے (بھی) تو کیا آئے - بہت تھوڑی دیر ٹھیرے - آئے تو کوڑھی کا سوانگ لے کر آئے - آئے تو فیل کرتے ہوئے آئے - آئی پر نہ چوکے - جہاں جس بات کا موقع ہو کر گزرے - آئی پر نہیں چوکتے ہیں - حاضر جواب ہیں دل میں جو بات آئے کہہ دیتے ہیں - آئے حواس جانا یا کھونا (لازم) معمولی عقل بھی جاتی رہنا آئے دن (نعت) ہر روز - ہر وقت - آئی (ہوئی) عقل جانا (لازم) بدحواس ہو جانا - آئے کا آیا ۱ اب آیا - آیا سمجھو ۲ کوئی دم میں آنے والا ہے - آئی کی بھول جانا (لازم) سٹپٹا جانا - گھبرا جانا - آئیگا تو اپنے پاؤں سے جائیگا کس کے پاؤں سے - آنے کو تو آئیگا مگر نکل کیونکر جائیگا - آئے گئے

(صفت) آنے جانے والے - آئے گئے کا
سودا (مذکر) مرنے کے لئے تیار - آئی گئی
(مجھ پر ہوئی) میرے ماتھے - سارا الزام
مجھ پر - سارا قصور میرا - آئی گئی ہونا (لازم)
۱ رفت گزشت ہونا ۲ بھول میں پڑ جانا ۳
جاتی رہنا - آئیں (ماضی) آنا کا جمع مونث
غائب - آئیں (امر) آنا کا جمع مذکر غائب و
متکلم - آئیں بائیں شائیں (مذکر) ۱ بے معنی
بات - مہمل - زٹل - بے ٹھکانے یا بے سروپا
بات اڑانا - بکنا - ہانکنا کے ساتھ) ۲
تھوڑا سا لکھنا - پڑھنا یا کوئی ہنر (آ جانا
یا آنا کے ساتھ) آئیں تو کہاں جائیں -
دیکھو آؤ تو جاؤ کہاں آئے نہ آئے برابر
اس وقت کہتے ہیں جب کسی شخص کے آنے
کا کوئی فائدہ نہ ہو یا آتے ہی چل دے یا آکر
نہ ملے - آئے نہ جائے - آنا جانا کچھ نہیں
آئے ہوتے (ست) آتے - آئے ہوش
جانا یا کھو جانا لازم بدحواس ہونا
گھبرانا - آئی ہوئی ٹل جانا (لازم) کسی آفت
کا سامان ہو کر ٹل جانا - آئی ہوئی نہیں
ٹلتی - موت نہیں رکتی - موت اپنے وقت
پر آجاتی ہے - آیا (ماضی) آنا کا صیغہ واحد مذکر
غائب و حاضر ۱ حاضر ہوا ۲ ڈرانے یا دھمکانے
کے لئے - آیا سمجھو - ابھی آیا - آیا گیا (صفت)
آنے جانے والا - آیا گیا ہونا (لازم) ۱ خرچ
ہو جانا ۲ بھول جانا - فراموش ہو جانا -

امثال و اقوال - آ بڑے باپ
کی بیٹی ہے تو پنجہ کرلے - بڑا حوصلہ ہے
تو مقابلے میں آ - آ بلا گلے (پڑ) لگ - آ
بلا مجھے مار - دیکھو آ بیل الخ - آ بنی
سر پر اپنے چھوڑ پرائی آس - خود مصیبت
کو دفع کر دوسروں کی مدد نہ مانگ - آ بے
سوٹے تیری باری کان چھوڑ کنپٹی ماری
(پڑ پڑی جھاڑی) (بازاری زبان) آخری
تدبیر ہونے کے موقع پر بولتے ہیں - آ بیل
مجھے بھکوس میں تجھے بھکوسوں - آ بیل
مجھے مار - خود مصیبت اپنے ذمہ لینے کے موقع
پر بولتے ہیں - آتا تو سب ہی بھلا - تھوڑا
بہت کچھ - جاتے دو ہی بھلے دلدر اور
دکھ - جو ملے اچھا جو جائے برا سوائے نحوست
اور دکھ کے جو چیز ملتی ہو وہ اچھی معلوم ہوتی
ہے - چاہے تھوڑی ہو چاہے بہت - جانے والی
چیزوں میں دلدر اور دکھ بھلے معلوم ہوتے ہیں
آتا نہ چھوڑیئے جاتا نہ موڑیئے - جو چیز ملتی
ہو لے لیجے جو نہ ملتی ہو اس کی پروا نہ کیجے -
آتا ہو تو ہاتھ سے نہ دیجے - جاتا ہو
تو اس کا غم نہ کیجے - ملتی چیز کو چھوڑنا اور
گئی ہوئی چیز پر افسوس کرنا نہ چاہئے - آتا
ہے ہاتھی کے منہ جاتا ہے چیونٹی کے
منہ - دیکھو آتی ہے ہاتھی الخ - آتی بھلی کہ
جاتی ۱ آتی ہوئی چیز جاتی چیز سے بہتر ہے
۲ تھوڑی چیز کا ملنا نہ ملنے سے بہتر ہے -
آتے بھلے نہ جاتے - آنا جانا برابر ہے -
آنے سے فائدہ نہ جانے سے - آتی بہو
جنتا پوت - بیوی کے آنے پر اور بیٹے
کے پیدا ہونے پر ان کی تعلیم و تربیت شروع
کر دینی چاہئے - آتے جاتے ہیں نہ پھنسی
تو کیوں پھنسا رے کوتے - جہاں کوئی
عقلمند شخص کسی معاملہ میں پھنس جائے - اور
معمولی بچ جائے تو کہتے ہیں - آتے کا نام سجا
جاتے کا نام مکتا ۱ نہ آنے کی خوشی نہ جانے
کا فکر ۲ مصیبت آئے تو برداشت کرنی چاہئے
جائے تو آرام ہو ہی جاتا ہے - آتی ہے
ہاتھی کے پاؤں جاتی ہے چیونٹی کے پاؤں
بیماری کے آنے میں دیر نہیں لگتی ہے - اور
جاتی آہستہ آہستہ ہے - آؤ پڑوسن گھر کا
بھی لے جاؤ - آؤ پیر گھر (سے) کا بھی
لے جاؤ - فائدے کی امید پر نقصان اٹھانا
آؤ پوت سلا چنے گھر کا بھی لے جاؤ -
شاباش بیٹا گھر میں کچھ نہ چھوڑنا - سب کچھ
اجاڑ دینا - آؤ تمہارا گھر - جاؤ کچھ جھگڑا نہیں
ہم ہر طرح راضی ہیں - جیسے تمہاری مرضی
ہو - آؤ دوگانہ چنگی (پڑوسن چپٹی) کھیلیں
خالی سے بیگار بھلی - خالی بیٹھ رہنے سے
کچھ نہ کچھ کرنا ہی بہتر ہے - آؤ بوا لڑیں لڑے
ہماری بلا (بلا لگے تجھے) خواہ مخواہ لڑائی
مول لینے کے موقع پر کہا جاتا ہے - کہتے ہیں
ایک سہیلی نے دوسری سے کہا آؤ بوا لڑیں -
دوسری نے کہا لڑے میری بلا - پہلی نے
جواب دیا - بلا لگے تجھے - بس لڑائی شروع
ہو گئی - آئے آم جائے لبیدہ - آم تو
آگئے - مگر لکڑی جاتی رہی - مطلب یہ ہے کہ
بغیر خرچ کے کچھ حاصل نہیں ہوتا - آئی
بات رکتی نہیں - آدمی کو کوئی بات سوجھے
تو وہ کہنے سے رک نہیں سکتا - جب کوئی
ناگوار بات کہنی ہو تو کہتے ہیں - آئی بات
کو روکنا کند ذہن ہونا (لازم) جس وقت
کوئی پھبتی یا ناگوار بات کہنی ہو تو کہتے ہیں -
آئی بہو آیا کام گئی بہو گیا کام - بیوی
گھر میں آتی ہے تو کام کرتی ہے - جب چلی
جاتی ہے تو کام بھی ختم یا کم ہو جاتا ہے -
آئے بیر بھاگے پیر - بدوں سے نیک
ہمیشہ پرہیز کرتے ہیں - آئی پر چوکے نہیں -
موقع نہیں گنوانا چاہئے - آئے پیر (میر)
بھاگے بیر - نیکوں کے سامنے بدوں کی
نہیں چلتی - انہیں بھاگنا پڑتا ہے - آئے
پیر گھر کا بھی لے گئے - دیکھو آؤ پیر الخ
آئے تو جائے کہاں - غصہ کی شدت ظاہر
کرنے کو کہتے ہیں - آئی تو رمائی نہیں فقط
چارپائی - آئی تو روزی نہیں روزہ -
آئی تو نوش نہیں فراموش - توکل پر گزارہ
ہے - آیا تو کھا لیا - نہیں فاقہ - آئی تھی آگ
کو رہ گئی رات کو - بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں -
جسے بدچلنی کے لئے بہانہ چاہئے - آئی تھی آگ
لینے بن گئی گھر کی مالک - اس عورت کے
متعلق کہتے ہیں جو بہانہ سے کسی کے گھر میں
داخلہ کر کے مالک سے شادی کرلے - آئے
تھے ہر بھجنے کو چھنے لگے کپاس - سمجھا تھا
مفت کو کھانے کو ملیگا - وہاں کام کرنا پڑا -
آئے جیٹ سہاون پھوہڑ میل چھڑاون
(ھ) گندی عورت کے متعلق کہتے ہیں کہ پسینہ
آئے تو اس کا بدن صاف ہو - آئے کنا گت
پھولا کانس - بامن اچھلیں نو نو بانس -
شرادھ کے دنوں میں برہمن بہت خوش ہوتے
ہیں - کیونکہ انہیں بہت کچھ ملتا ہے - آئے
کی خوشی نہ گئے کا غم - بے پروائی کے
موقع پر بولتے ہیں - کہ کسی کے آنے کی خوشی

نہ کسی کے جانے کا افسوس - آئے گا کُتّا تو پائیگا ٹکا - بغیر محنت یا کوشش کے کوئی فائدہ نہیں ہوتا - آئی گئی پار پڑی - پُرانے قصّے جانے دو - آئی مائی کو کاجل نہیں - بنائی کو بھر مانگا (مد) عیاش کے متعلق کہتے ہیں - گھر والوں کو کچھ نہیں دیتا - رنڈی کا گھر بھر دیتا ہے - آئی موج فقیر کی دیا جھونپڑا جلا - ایسے موقع پر کہتے ہیں - جہاں کوئی لاپروا آدمی اپنا نقصان کرلے - آئیں بی بی عاقلہ سب کاموں میں داخلہ (عو) جب کوئی ایسے کام میں دخل دے جسے جانتا نہ ہو تو یہ کہتے ہیں - آئی نہ گئی چھو چھو گھر ہی میں رہی (عو) اتفاق سے گھر میں آئی اب نکلتی ہی نہیں - مہمان جو گھر میں آکر بیٹھ رہے - اس کے متعلق کہتے ہیں - آئی (آئیں) نہ گئی (گئیں) کولے لگ گابھن ہوئی (ہوئیں) - بے بنیاد الزام اور تہمت بے سرو پا مضمون - آئی نہ گئی (کس رشتے) کون نانتے بہن - جہاں کوئی بغیر تعلق کے اپنا رسوخ ظاہر کرے تو کہتے ہیں - آئی ہے جان کے ساتھ جائیگی جنازے کے ساتھ اس کے متعلق کہتے ہیں جس کی عادت نہ بدلے آیا آدمی آیا کام - گیا آدمی گیا کام - دیکھو آئی بہو الخ آیا (آدمی) بندہ آئی روزی گیا (آدمی) بندہ گئی روزی - آدمیوں کی کمی بیشی کے ساتھ رزق کی بھی کمی بیشی ہوتی رہتی ہے - آیا تو نوش نہیں تو فراموش - آیا تو کھا لیا نہیں تو صبر کرکے بیٹھ رہے - آیا راجہ پوہ جاڑے کو چڑھا چوہ - پوس کے مہینے میں سردی بہت سخت پڑتی ہے - آیا رمضان بھاگا شیطان - ۱ رمضان میں توجہ نماز روزے کی طرف ہونے کی وجہ سے انسان بُرے کاموں سے بچا رہتا ہے ۲ جہاں کہیں نیک آدمی کے آنے سے بُرا آدمی جانے لگے یا مذاقاً کسی دوست کے آنے اور دوسرے کے اُٹھنے پر کہتے ہیں - آیا کاتک اُٹھی کُتیا - کاتک کے مہینے میں کتیا مست ہو جاتی ہے - آیا کُتّا کھا گیا تو بیٹھی ڈھول بجا - غافل اور بے فکر عورت کی نسبت کہتے ہیں - جسے نقصان کی پروا نہیں - آیا کر تو جایا کر ٹٹّی مت کھڑکایا کر - آنے جانے کی تجھے اجازت ہے مگر دروازہ مت کھٹکھٹا - آیا منگسیر جاڑا رنگ سیر ماگھ میں سردی اپنے جوبن پر ہوتی ہے - آیا نہ گھاؤ وید منگاؤ - معمولی نقصان پر واویلا کرنا -

آرس - مذکر) دادا -

آب (ف - مذکر) ۱ پانی - دو ہواؤں آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مل کر بنا ہے - پہلے عنصر سمجھا جاتا تھا - مگر اصل میں مرکب ہے ۲ مجازاً پسینہ ۳ آنسو ۴ عرق ۵ شراب ۶ مواد ۷ شوربہ ۸ پھلوں کا قدرتی رس ۹ رونق چمک ۱۰ دھار (س - اپ) ۱۱ کاٹ ۱۲ تازگی - آب آب (صفت) گھلا ہوا - آب آب کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ پانی پانی ہونا - شرمندہ ہونا - پسینے پسینے ہونا ۲ نرم ہونا - آب آتش رنگ یا مزاج - آتشناک یا آتشیں (مذکر) ۱ شراب سرخ ۲ اشک خونین - آب آجانا (لازم) ۱ چمک آجانا ۲ باڑھ چڑھ جانا ۳ رونق آجانا - جلا آجانا - آبِ آہن - لوہے کی چمک جو بجھاؤ دینے سے اس پر آتی ہے - آبِ آہن تاب (مذکر) لوہے سے بجھا ہُوا پانی - آبِ آئینہ (مونث) آئینے کی چمک - آبِ انار - آبِ انگور (مذکر) شراب - آب اُتر جانا یا اُترنا (لازم) ۱ چمک کھونا ۲ بے عزت ہونا - آبِ احمر یا ارغوانی (مذکر) شراب - آب از سر گزشت پانی سر سے گزر گیا - بہت رونے یا مصیبت آجانے کے موقع پر کہتے ہیں - آب اُڑنا (لازم) چمک جاتی رہنا - آبِ استادہ (مذکر) ۱ بند پانی جو بہتا نہ ہو - آبِ باراں (مذکر) ۱ مینہ کا پانی آب بازی (مونث) پانی سے کھیلنا - آب باشی (ف - مونث) بچّے کو دودھ چھڑانے سے پہلے یا پہلی دفعہ پانی پلانا - آبِ بستہ (مذکر) ۱ برف ۲ اولے آبِ بقا (مذکر) آبِ حیات - زندگی جاوداں دینے والا پانی - آب بگڑنا (لازم) چمک جاتی رہنا - دھار کند ہو جانا - آبِ بینی (مذکر) پانی جو ناک سے نکلے - رینٹھ - آب پاش (مذکر) سقہ - آب پاشان (مذکر) ایک ایرانی تیوہار جس میں ایک دوسرے پر گلاب چھڑکتے ہیں - آب پاشی (مونث) ۱ چھڑکاؤ ۲ کھیتوں میں پانی دینا ۳ (مذکر) نہر کا محکمہ - آب پاشی کرنا (متعدی) ۱ کھیتوں میں پانی دینا ۲ (مست) دھوکہ دینا - آب پاشی ہونا (لازم) کھیتوں میں پانی دینا - آبِ پیکاں (مونث) ۱ تیر کی نوک کی باڑھ ۲ تیزی - آبِ تلخ (مذکر) شراب - آبِ تیشہ (مونث) تیشے کی دھار یا کاٹ - آبِ تیغ (مونث) تلوار کی دھار یا کاٹ - آب ٹپکانا (متعدی) ٹپکنا (لازم) پانی کا ایک ایک قطرہ کرکے پڑنا - آب جانا (لازم) ۱ چمک دُور ہونا ۲ دھار کند ہو جانا - آبِ جاری (مذکر) بہتا پانی آبِ جو (مذکر) نہر - آب جوش (مذکر) ۱ یخنی ۲ سودا گرم آب چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) مجلّی ہونا - آبِ چشم (مذکر) آنسو - آبِ چشمۂ حیواں (مذکر) آبحیات - آبِ حرام (مذکر) شراب - آبِ حسرت (مذکر) خواہش بھوک - آبِ حیا (ف - مذکر) شرمندگی کا پسینہ - آبِ حیات یا حیواں (مذکر) زندگی جاوداں دینے والا پانی - آبِ خاصہ (مذکر) امیروں کے پینے کا پانی - آب خانہ (مذکر) پانی رکھنے کی جگہ آبِ خجالت یا خجلت (مذکر) شرمندگی کا پسینہ - آبِ خضر (مذکر) آب حیات - آبِ خنجر (مونث) خنجر کی دھار یا کاٹ - آبِ خنجر کی روانی (مونث) خنجر کی دھار کی تیزی - آبخورا (مذکر) پانی پینے کا مٹی کا چھوٹا برتن آبخورے بھرنا (متعدی) نیاز کے طور پر دودھ یا شربت بچوں کو پلانا - آب خیز (مونث) ۱ وہ زمین جس کی تھوڑی سی سطح کھودنے سے پانی نکل آئے ۲ وہ زمین جو بانگر نہ ہو ۳ وہ زمین جس پر سے دریا کا پانی گزر چکا ہو - آبدار (مذکر) ۱ امیروں کا پانی پلانے والا نوکر ۲ (صفت) چکیلا - نفیس ۳ دھار والا (ہتھیار) آبدار خانہ (مذکر) پانی رکھنے کی جگہ - آبداری (مونث) ۱ آبدار کی خاصیتیں ۲ پانی پلانے کا کام ۳ چمک - نفاست ۴ باڑھ - آبداری دینا (متعدی) ۱

صاف کرکے چمکانا۔ پالش کرنا۔ ۲ہتھیار اوزار پر
پانی چڑھانا۔ آبدان (مذکر) تالاب۔ پانی کا
برتن۔ آبِ دُر (مونث) موتی کی چمک۔
آبدست (مذکر) استنجا۔ پاخانہ کے بعد پانی
سے دھونا۔ آبدستان (مذکر) وضو کرنے کا لوٹا
آبدست کا پانی (مذکر) ۱استنجا کرنے کا پانی
۲وہ پانی جس سے استنجا کیا گیا ہو۔ آبدست
کا بھی سلیقہ نہ ہونا (لازم) بڑا بدسلیقہ ہونا۔
آبدست کرنا یا لینا (متعدی) استنجا کرنا۔ آبِ
دمِ تیغ (مونث) تلوار کی دھار کی تیزی۔ آبِ
دندان (مونث) دانتوں کی چمک۔ آبِ دہن
(مذکر) ۱منہ کا لعاب ۲کلّی کا پانی۔ آبِ دیدہ
(مذکر) آنسو۔ آبدیدہ (صفت) آنکھوں میں آنسو
بھرے ہوئے۔ آبدیدہ کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) رونا۔ آنسو بھر لانا۔ آب دینا (متعدی)
۱تیز کرنا ۲جلا دینا ۳سینچنا (ش) آب رسیدہ
(ف۔ صفت) جو پانی سے خراب ہو گئی ہو (چیز)
آب رکھنا (لازم) ۱تیز ہونا۔ چمکیلا ہونا ۲
(متعدی) باڑھ رکھنا۔ تیز کرنا۔ آب رکھوانا
(متعدی) تیز کروانا۔ آبِ رواں (مذکر) ۱
ایک قسم کا باریک کپڑا ۲جاری پانی آب ریز
(مذکر) ۱پانی چھڑکنا ۲پانی چھڑکنے کا برتن ۳
پانی کا فوارہ ۴جہاں پانی کا پرنالہ گرے۔
آب ریزان (مذکر) تیر کے مہینے کی تیرھویں
تاریخ کا نام۔ آبِ زر (مذکر) ۱سنہری لکھنے
کا پانی ۲(ف) سفید شراب ۳زعفران ۴سونے
کا پانی۔ آبِ زُلال (مذکر) ۱نتھرا ہوا پانی ۲
کسی بھیگی ہوئی دوا کا پانی۔ آبِ زمزم (مذکر)
مکّہ کے زمزم کے کوئیں کا پانی جو متبرک سمجھا
جاتا ہے۔ آبِ زن (مذکر) وہ برتن جس میں
مریض کو دوائی ملے ہوئے پانی میں بٹھاتے ہیں۔
آبِ زندگانی (مذکر) آبِ حیات آبِ
زیر کاہ (مذکر) ۱گھاس کے نیچے چھپا ہوا پانی
۲مکر۔ فریب ۳(صفت) مکار۔ ظاہر میں کچھ
باطن میں کچھ۔ آبِ سبیل (مذکر) پیاسوں
کو پلانے کا پانی جو راستوں پر رکھا جاتا ہے آبِ
سُرخ (مذکر) ۱شراب ۲آنسو۔ آبِ سیاہ
(مذکر) شراب۔ آبشار (مذکر) پانی کی چادر

جھرنا۔ آبشار کرنا (متعدی) پانی چھڑکنا۔
آبشار ہونا (لازم) جھرنا جھرنا۔ آبِ شرم
(مذکر) پسینہ۔ آبِ شمشیر (مونث) تلوار کی
چمک۔ دھار۔ آبِ شمشیر (پلانا) سے سیراب
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تلوار سے قتل
ہونا۔ قتل ہونا۔ آب شناس (مذکر) ۱جہاز
میں پانی کی گہرائی دریافت کرنا ۲جہاز کو راہ
دکھانے والا۔ آبِ شور (مذکر) کھاری پانی
سمندر کا پانی۔ آبشورہ (مذکر) شکر اور لیموں
کا عرق جو پانی میں ملا کر پینے کے لئے تیار کیا
جاتا ہے۔ آبِ شیریں (مذکر) میٹھا پانی۔ کوئیں
یا دریا کا پانی یا میٹھی جھیل کا پانی۔
آبِ عشرت (مذکر) ۱شراب ۲منی۔ آبِ
عِنب (مذکر) انگوری شراب۔ آبکار
(مذکر) ۱سقا ۲شراب فروش ۳شراب
پینے والا۔ آبکاری (مونث) ۱شراب کھینچنے
کا کارخانہ ۲محکمہ جس میں منشیات پر
محصول لیا جاتا ہے۔ آبکاری کا
داروغہ (مذکر) محکمہ آبکاری کا ایک
عہدہ دار جو ناجائز شراب کشید کرنے والوں
کو پکڑتا ہے۔ سب انسپکٹر اکسائیز یا آبکاری
آب کر دینا یا کرنا (متعدی) ہو جانا
یا ہونا (لازم) پانی ہو جانا۔ گھل جانا۔
آب کش (مذکر) سقا۔ بہشتی۔ آبکشی
(مونث) کوئیں میں سے پانی نکالنے کا کام۔
آبِ کوثر (مذکر) چشمۂ کوثر یا اس کا پانی
آبِ کوثر سے زبان دھو ڈالنا
(متعدی) کمال طہارت کرنا۔ آبِ کوثر
سے زبان دھوئی ہونا (لازم) نہایت
فصیح ہونا۔ آب کی روانی (مونث) پانی
کا بہنا۔ آبِ گرم (مذکر) گرم پانی۔ اُبلتا
ہُوا پانی۔ آبِ گریہ (مذکر) آنسو۔ آب
گزار (مذکر) ۱گزر دریا ۲قاصد تیز پا۔
آب گز (مذکر) ندی۔ نہر۔ دریا کے بہنے کا
رستہ۔ آبِ گُل (مذکر) عرق گلاب۔ آبِ
گُلرنگ یا گلگون (مذکر) شراب سرخ
رنگ آبِ گوشت (مذکر) یخنی۔ شوربا
آبگینہ (مذکر) آئینہ۔ شیشہ۔ شیشہ کا گلاس
بوتل۔ شراب۔ الماس۔ عاشق کا دل۔

آبگینۂ فانوس (مذکر) لالٹین کا شیشہ
آب گیر (مذکر) حوض۔ تالاب۔ آب مٹا
دینا (متعدی) مٹ جانا (لازم) رونق جاتی
رہنا۔ آبِ مروارید (مونث) موتی کی
چمک۔ موتیا بند۔ آبِ مُروّق (مذکر)
نتھرا ہُوا پانی۔ آبِ مژہ (مذکر) آنسو
آبِ منجمد (مذکر) اولے۔ آبِ مے (مذکر)
شراب۔ آبِ میگوں (مذکر) آنسو۔
آب نارسیدہ (صفت) مٹی کا کورا (برتن)
آبنائے (مونث) خشکی کا تنگ حصّہ جو
خشکی کے دو بڑے حصّوں کو ملاتے۔ آبِ
ندامت (مذکر) پسینہ۔ آبِ نقرہ (مذکر)
پارہ۔ چاندی کا پانی۔ چاندی کا ملمع۔ آب
نوشی کرنا (مذکر) پانی پینا۔ آب نے
(مذکر) حقّہ کا وہ حصّہ جس پر چلم رکھی جاتی
ہے۔ آبِ نیساں (مذکر) بہار کی وہ بارش
جس سے خیال کیا جاتا تھا کہ سیپ میں
موتی پیدا ہوتا ہے۔ آب و آذوقہ
ممکن نہ ہونا (لازم) کھانے پینے کو کچھ نہ ملنا۔
آب و تاب (مونث) چمک۔ دمک۔ رونق
حسن و خوبی۔ لطافت۔ نفاست۔ آب و تاب دینا
(متعدی) رونق دینا۔ تعریف کرنا۔ عزت
کرنا۔ ثنا کرنا۔ تیز کرنا۔ باڑھ رکھنا۔ آب و
خور (مذکر) دانہ پانی۔ رونق۔ زندگی۔
آب (و) خورش (مذکر) دیکھو آب و دانہ
آب و خورش میں فرق آنا (لازم)
کھانا پینا باقاعدہ نہ رہنا۔ آب و دانہ
(مذکر) ۱رزق کھانا پینا ۲زندگی ۳تقدیر۔
قسمت۔ آب و دانہ اُٹھا لینا (متعدی)
اُٹھ جانا یا اُٹھنا (لازم) ۱کہیں سے چلنے
کا وقت آجانا ۲نوکری سے موقوف ہونا ۳
دُنیا سے کوچ کرنا۔ مرنا۔ آب و دانہ بند
کر دینا (متعدی) ہونا (لازم) کھانے پینے
کو کچھ نہ ملنا۔ آب و دانہ پہنچانا (متعدی) پہنچنا (لازم)
خوراک ملنا۔ آب و دانہ ترک کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) کھانا پینا چھوٹ جانا
آب و دانہ دُنیا سے اُٹھنا (لازم)
مر جانا آب و دانہ حرام کر دینا یا کرنا
(متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) کھانا پانی
نہ ہونا۔ چھوٹنا یا چھوٹ جانا۔ آب و دانہ کا زور۔

(مذکر) کشش (مونث) رزق کے لئے کسی جگہ آنا۔
آب و دانہ کا لے جانا یا لانا (لازم) رزق حاصل کرنے کے لئے دوسری جگہ جانا۔
آب و دانہ (کی بات) کے ہاتھ ہے تقدیر یا قسمت کا معاملہ ہے۔ آب و دانہ ممکن نہ ہونا (لازم) کھانے کو کچھ نہ ملنا۔
آب و رنگ (مذکر) ۱ رونق۔ آب و تاب خوبصورتی۔ رنگ روپ ۲ صفائی۔ لطف خوبی ۳ دنیا کا مزہ۔ آبِ وضو (مذکر) وضو کرنے کا پانی۔ وضو کیا ہوا پانی۔ آب و طعام یا غذا (مذکر) کھانا پانی۔ آب و گل (مذکر) ۱ کیچڑ ۲ طینت۔ سرشت ۳ جسم۔
آب و نان (مذکر) روٹی اور پانی۔ آب و نمک (مذکر) ۱ مصالحہ جو سالن میں ڈالا جاتا ہے ۲ دن ۳ کیفیت حالت ۴ ذائقہ۔ مزا۔ آب و ہوا (مونث) ۱ موسم۔ رت ۲ کیفیت حالت۔ آب و ہوا بدل جانا (لازم) موسم یا رُت بدل جانا۔ موسم کی تاثیر میں فرق آنا۔
آب و ہوا بدلنا (متعدی) ایک جگہ سے دوسری جگہ صحت کی خاطر جانا۔ آب و ہوا بگڑ جانا (لازم) موسم خراب ہو جانا جس سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ آب و ہوا راس نہ آنا یا (ہونا) (لازم) موسم کا مزاج کے موافق نہ ہونا آب و ہوا کا اختلاف موسم کا تغیر و تبدل۔ آب و ہوا کا بگاڑ (مذکر) موسم کی خرابی۔ آب و ہوا کی ناموافقت ناسازگاری یا ناسازی (مونث) آب و ہوا کا مزاج کے موافق نہ ہونا۔ آب و ہوا میں اعتدال نہ ہونا (لازم) موسم میں خرابی پیدا ہونا۔ آب و ہوا میں سمیت آجانا (لازم) آب و ہوا میں ایسا زہر پیدا ہونا کہ بیماریاں پھیلنے کا اندیشہ ہو۔ آب ہونا (لازم) ۱ پانی ہونا۔ پتلا ہونا ۲ شرمندہ ہونا ۳ برباد ہونا ۴ نرم ہونا ۵ جھک ہونا ۶ آسان ہونا۔
آبِ ہند (مذکر) دریاے اٹک۔ آبی (صفت) ۱ پانی میں رہنے والا (جانور) ۲ ہلکا نیلا (رنگ) ۳ جس میں آب پاشی ہوتی ہو (زمین) ۴ (مونث) ایک قسم کی خمیری روٹی۔ آبیار (مذکر) کھیتوں اور درختوں میں پانی دینے والا۔ آبیاری (مونث) ۱ کھیتوں یا درختوں کو پانی دینا ۲ ایک قسم کا باریک کپڑا ۳ ایک قسم کی فاختہ۔ آبیانہ (مذکر) آبپاشی کا معاوضہ۔ آبی بُرج (مذکر) دیکھو بُرج آبی۔ آبی حرف (مذکر) سات حروف ج۔ز۔ک۔ س۔ق۔ث۔ظ۔ آبی گھوڑا (مذکر) ایک قسم کی دریائی یا سمندری مچھلی۔

امثال و اقوال۔ آب آب کر مر گئے سرھانے دھرا رہا پانی۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی خلاف محاورہ بولنے سے نقصان اُٹھائے۔ ایک بنیا کابل گیا اور وہاں فارسی سیکھی۔ واپسی پر لوگوں کو اپنی قابلیت دکھانے کے لئے فارسی بولا کرتا۔ ایک دفعہ بیمار ہوگیا اور آب آب کہتا رہا۔ مگر کوئی نہ سمجھا کہ کیا کہتا ہے۔ اسی حالت میں مرگیا اس کی وفات کے بعد لوگوں کو پتہ لگا کہ پانی مانگتا تھا۔ آب آمد تیمم برخاست۔ جب اصل آگیا تو فرع کی کیا ضرورت مسلمانوں کو اگر پانی نہ ملے تو تیمم کرتے ہیں۔ اگر پانی مل جائے تو تیمم ناجائز ہو جاتا ہے۔ آب بدریا انداختن۔ فضول کام کرنا۔ آب بہ ریسماں بستن۔ ناممکن کام کرنا۔ آب چو از سر گزشت چہ یک نیزہ چہ یک دست۔ مصیبت جب سر پر آپڑی تو چھوٹی بڑی سب برابر ہے۔ آبِ حیواں درونِ تاریکی است کوئی چیز بغیر محنت کے حاصل نہیں ہوسکتی۔ آب در کوزہ و من گرد جہاں مے گردم۔ تکلیف دور ہونے کے ذرائع موجود ہونا۔ اور پھر پریشان ہونا۔ آبِ رفتہ بجوے باز آمد۔ گئی ہوئی رونق پھر آگئی۔ جو آرام نہ رہے تھے۔ پھر حاصل ہونے لگے۔ آبِ زر سے لکھنے کے قابل ہے۔ بہت قابلِ قدر بات ہے۔ یاد رکھنے کے قابل ہے۔ آب ندیدہ موزہ کشیدہ۔ پانی دیکھے بغیر موزے اُتار لئے۔ مطلب یہ ہے۔ کہ خطرہ ابھی دور ہے۔ اور پہلے ہی ہائے وائے شروع کر دی۔ آب و آتش را چہ آشنائی۔ آگ اور پانی کی کیا دوستی۔ ناممکن بات ہے۔

آبا (ع۔ مذکر) جمع اب ۱ باپ دادا ۲ پچھلی پیڑھیاں۔ آبا و اجداد (مذکر) ۱ باپ دادا۔ مورث ۲ شجرۂ نسب ۳ خاندان۔ قوم۔ آبائی (صفت) موروثی۔ باپ دادا کی خاندانی آبائے علوی (مذکر) کنایتہً نو آسمان سات ستارے۔

آباد (ف۔ صفت) ۱ آدمیوں سے بھرا ہوا یا بسا ہوا ۲ بسنے والے۔ رہنے والے ۳ شاداب۔ سرسبز ۴ بارونق ۵ مال کی اصطلاح میں وہ قطعہ زمین یا گاؤں جس سے مالگزاری لی جا سکے ۶ مرکبات میں۔ شہر۔ بستی جیسے الہ آباد شاہ آباد ۷ (فقیروں کی صدا) با اقبال۔ بامراد۔ برقرار۔ آبادان (صفت) آباد۔ آبادانی (مونث) ۱ آبادی ۲ بستی ۳ رونق۔ آباد بیشی (مونث) ۱ نو آبادی ۲ زمین کا بڑھا ہوا معاملہ۔ آباد رکھنا (متعدی) رہنا ۱ بسا رہنا ۲ سلامت و برقرار و قائم رہنا ۳ سرسبز رہنا۔ شاداب رہنا۔ ۴ رونق پر رہنا۔ آباد کار (مذکر) وہ شخص جو غیر مزروعہ اور ویران زمین کو پہلے جا کر آباد کرے۔ آباد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ بسنا۔ رہنا ۲ رونق پر ہونا ۳ خالی نہ رہنا ۴ گاؤں بسنا۔ درخت لگنا۔ مکانات بننا ۵ کاشت ہونا۔ بھرنا۔ معمور ہونا ۶ بسا ہونا ۷ (پہلو وغیرہ) گرم ہونا۔ آبادی (مونث) ۱ بستی ۲ باشندوں کی تعداد ۳ رونق۔ چہل پہل ۴ کاشت۔ کاشت کی ہوئی جگہ ۵ مسلمان عورتوں کے نام میں خانم۔ جان بیگم وغیرہ کے ساتھ آتا ہے۔

آبادَھا (س۔ مونث) مثلث کے قاعدے کا ایک ٹکڑا۔

آبار (ف۔ مذکر) ۱ سیسے کا کشتہ جو زخموں پر ڈالتے ہیں ۲ وہ رجسٹر جس میں روزانہ حساب کتاب لکھتے ہیں۔

آبار گیر (ف۔ مذکر) محاسب۔ اکونٹنٹ کلرک

آبافت (ف۔ مذکر) ایک قسم کا موٹا کپڑا

آبال (ع۔ مذکر) ابل کی جگہ۔

آبام (ف۔ مذکر) ۱ قلعہ۔ برج ۲ کبوتر خانہ ۳ ایک بُرج ۴ بجائے اَوام۔ قرض۔

آبان (ف۔ مذکر) ۱ فارسیوں کا آٹھواں مہینہ ۲ لوہے کا فرشتہ ۳ ہر شمسی مہینہ کا دسواں دن۔ آبانگاہ (مونث) ۱ فروردین کے مہینہ کا دسواں دن ۲ ایک فرشتہ جو پانی کا موکل ہے۔

آبدانی (ف۔ مونث) ۱ آبادی ۲ زراعت۔

آبرُو (ف۔ مونث) ۱ عزت۔ عصمت ناموس ۲ ناموری۔ شہرت ۳ امارت۔ ریاست

۴ اعتبار۔ ساکھ۔ بات ۵ شرم۔ حیا۔ لاج
۶ حیثیت۔ آبرو آب آب ہونا (لازم)
عزّت جاتی رہنا۔ آبرو اُتارنا (متعدی)
۱ ذلیل کرنا ۲ عزّت خراب کرنا۔ بے عزتی کرنا
۳ بے حرمت کرنا۔ عصمت میں دھبہ لگانا۔ آبرو
اُتر (اُڑ) جانا (لازم) آبرو جاتی رہنا۔ آبرو
اُس کے ہاتھ ہے۔ مصیبت کے موقع
پر خدا پر توکل ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ آبرو
بچانا (متعدی)، بچنا (لازم) عزت (عصمت)
محفوظ رکھنا۔ آبرو بخشنا (متعدی) ۱ عزت
بڑھانا۔ مرتبہ بڑھانا۔ بزرگی دینا۔ آبرو برباد
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) عزت جانا۔
بے عزت ہونا۔ آبرو بڑھانا (متعدی)
بڑھنا (لازم) عزّت زیادہ ہونا۔ مرتبہ بڑھنا
آبرو بڑی (چیز) دولت ہے۔ آبرو
قابلِ قدر چیز ہے۔ آبرو بڑی چیز ہے۔
آبرو بگاڑنا (متعدی)، بگڑنا (لازم) بے عزت
ہونا۔ ذلیل ہونا۔ آبرو بنانا (متعدی)، ۱
حیثیت بنانا۔ ٹھاٹھ درست کرنا ۲ عزّت
پیدا کرنا۔ رسوخ حاصل کرنا ۳ اعتبار پیدا
کرنا ۴ جائداد پیدا کرنا۔ آبرو بنی ہونا (متعدی)
حیثیت درست ہونا۔ ساکھ قائم رہنا۔ آبرو
بیچنا (متعدی) ۱ عزّت کھونا ۲ کسی نفع کے لئے
بے عزّتی کا کام کرنا۔ آبرو پانا (متعدی) عزّت
حاصل ہونا۔ مرتبہ بڑھنا۔ آبرو پانی کرنا
(متعدی)، ہونا (لازم) عزّت خراب ہونا۔
آبرو پر بن جانا یا بننا (لازم) ۱ عزّت
میں فرق آنا ۲ عصمت میں خلل پڑنا۔ آبرو پر
پانی پڑ جانا یا پھر جانا (لازم) پھیر دینا
(متعدی) ۱ بے عزّت کرنا۔ بدنام کرنا ۲
بے عصمت کر دینا۔ آبرو پر حرف آ جانا
یا آنا (لازم) ۱ آبرو میں فرق آنا۔ ذلیل ہونا
۲ عصمت میں خلل آنا۔ آبرو پیدا کرنا
(متعدی)، ۱ ناموری حاصل کرنا ۲ اعتبار حاصل
کرنا۔ آبرو تھامنا (متعدی) عزّت محفوظ رکھنا۔ آبرو تھوڑی
(ذرا) سی ہے ۱ عزّت کچھ نہیں ہے ۲ بے عزّتی سے ڈرتا ہوں
آبرو تیرے ہاتھ ہے۔ آبرو بچانے والا تو ہے۔
آبرو ٹکے کی ہو جانا (لازم) عزّت کا مٹ
جانا۔ آبرو جاتی رہنا یا جانا (لازم) عزّت
جانا۔ آبرو جا کے نہیں آتی۔ عزت ضائع

ہو کر پھر حاصل نہیں ہوتی۔ آبرو جان
سے زیادہ عزیز ہے۔ عزّت کا خیال
جان سے زیادہ پیارا ہے۔ آبرو چاہنا (متعدی)
۱ آبرو کی خواہش کرنا ۲ موجودہ عزت کو برقرار
رکھنا۔ آبرو خاک میں ملانا (متعدی) ۱ عزت
کو ضائع کرنا ۲ عصمت برباد کرنا۔ آبرو خاک
میں مل جانا یا ملنا (لازم) بے عزت ہونا
آبرو ضائع ہو جانا۔ آبرو خدا کے ہاتھ
ہے۔ عزّت کا اللہ مالک ہے۔ عزّت بچانا
اللہ کے اختیار ہے۔ آبرو خراب کرنا (متعدی)
اپنی شان کے برخلاف کوئی کام کرنا۔ آبرو
خراب ہونا (لازم) عزت جاتی رہنا۔ آبرودار
(صفت) ۱ صاحب عزت۔ شریف۔ اہلِ مرتبہ
۲ حیا والا۔ عزت دار ۳ صاحبِ عصمت۔ بہو
بیٹی۔ نیک بخت (عورت)۔ آبرو دار کی مٹی
خراب۔ حیادار شخص اپنی حیا میں مرا جاتا ہے
نہ کوئی ذلیل پیشہ کر سکتا ہے۔ نہ کسی کے آگے
دستِ سوال پھیلا سکتا ہے۔ آبرو دو کوڑی
کی ہونا (لازم) عزت جاتی رہنا۔ آبرو دینا
(متعدی)، ۱ عزّت بخشنا ۲ بے عصمت ہونا ۳
عزت گنوانا۔ وقر کھونا۔ آبرو ڈبو دینا یا
ڈبونا (متعدی)، ڈوب جانا (لازم)، عزت
جاتی رہنا۔ آبرو رکھ لینا یا رکھنا (متعدی)
۱ عزت بچانا ۲ ذی عزّت ہونا۔ آبرو رہ جانا
یا رہنا (لازم) ۱ شرم رہ جانا۔ بات رہ جانا
۲ عزت بچنا۔ آبرو ریزی (مونث) ذلت
توہین۔ عزّت کی بربادی (کرنا ہونا کے ساتھ)
آبرو ساری دولت یا روپیہ کی ہے۔
عزّت دولتمندی سے ہوتی ہے۔ آبرو
سلامت رہنا (لازم) ۱ عزّت قائم رہنا ۲
عصمت باقی رہنا۔ آبرو سنبھالنا (متعدی)
عزّت بچائے رہنا۔ آبرو سے (تف)
عزت کے ساتھ۔ آبرو سے پیش آنا
(متعدی)، عزّت کرنا۔ آبرو سے درگزر
کرنا (متعدی)، عزّت کی پروا نہ کرنا۔ آبرو
سے رہنا (لازم)، عزّت بنائے رکھنا۔ آبرو
سے ملنا (لازم) ۱ عزت سے پیش آنا ۲ عزت
اور دیانتداری سے کسی چیز کا حاصل کرنا۔
آبرو سے ہاتھ اُٹھانا (متعدی)، آبرو

رہنے دینا۔ ذلیل نہ کرنا۔ آبرو سے ہاتھ
دھونا (لازم) آبرو کھونا۔ آبرو سے ہونا
(لازم) عزت سے ہونا۔ اچھے حال میں ہونا۔
آبرو عطا کرنا (متعدی) آبرو دینا۔ آبرو
کا بھوکا (صفت) عزّت کا خواہشمند۔ آبرو
کا پاس (لحاظ) خیال ہونا (لازم) عزّت
کے بچانے کا خیال ہونا۔ آبرو کا پیاسا
(صفت) ۱ عزت کا خواہشمند ۲ کسی کی عزّت
کا دشمن۔ آبرو کا خواہاں رہنا (لازم)
بے آبرو کرنے کے درپے ہونا۔ آبرو کا
صدقہ جان۔ عزت پر جان قربان۔ آبرو
کا لاگو ہونا (لازم) عزّت کا دشمن ہونا۔
کسی کی عزّت بگاڑنے کے درپے ہونا۔
آبرو کرنا (متعدی) عزت کرنا۔ خاطرداری
کرنا۔ آبرو کم کرنا (متعدی) آبرو گھٹا دینا۔
عزّت کم کرنا۔ خاطرداری کم کرنا۔ آبرو کو
جان کا صدقہ کیا۔ جان بچانے کے لئے
آبرو کھو دی۔ آبرو کوڑی کی ہونا (لازم)
آبرو ٹکے کی ہونا۔ آبرو کو خاک میں ملانا
(متعدی) ۱ عزّت کھونا۔ بے عزتی کرانا
۲ عصمت دری کرانا۔ آبرو کھو دینا یا
کھونا (متعدی) ۱ بے قدری کرنا ۲ (لازم)
عصمت میں داغ لگنا۔ آبرو کے پیچھے پڑنا
(متعدی) آبرو کا لاگو ہونا۔ آبرو کی چیز
(مونث) وہ چیز جس سے آبرو رہے۔ آبرو
کے درپے ہونا (لازم) آبرو کا لاگو ہونا۔
آبرو گرہ میں باندھ رکھنا یا باندھنا
(متعدی) آبرو کو عزیز رکھنا۔ آبرو گنوانا
(متعدی) آبرو ضائع کرنا۔ عصمت میں داغ
لگانا۔ آبرو گھٹانا (متعدی) گھٹنا (لازم)
عزت کم ہونا۔ بے قدری کرنا پہلی سی عزّت
نہ ہونا۔ آبرو لٹنا (لازم) ۱ عزّت اور مرتبہ
برباد ہونا۔ عزت کا جاتا رہنا ۲ بیحد عزّت
کا ملنا۔ آبرو لوٹ لینا (متعدی) عصمت دری
کرنا۔ آبرو لے جانا یا لینا (متعدی) ۱
بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا ۲ بے حرمت کرنا۔
عصمت دری کرنا۔ آبرو مٹا دینا یا مٹانا
(متعدی) مٹ جانا یا مٹنا (لازم) آبرو کا
نہ رہنا۔ برباد ہو جانا۔ آبرو ملنا (لازم) عزت

ملنا۔ شرف ملنا۔ آبرو میں فرق آنا (لازم) ڈالنا (متعدی) بے عزت کرنا۔ عصمت دری کرنا۔ آبرو موتی کی رسی) آب سے ہے۔ آبرو بہت نازک چیز ہے۔ ایک دفعہ جاکر پھر حاصل نہیں ہوتی۔ آبرو میں بٹا لگانا (متعدی)، لگ جانا یا لگنا (لازم) ۱ عزت میں خلل پڑنا ۲ ساکھ جاتی رہنا ۳ عصمت خراب ہونا۔ آبرو میں دھبہ لگانا (متعدی) لگ جانا (لازم) عزت میں خلل پڑنا۔ آبرو ہونا (لازم) عزت ہونا۔ قدر ہونا۔ آبروئے شہر (مذکر) کوتوال۔ آبروئے عسکر (مذکر) جرنیل۔

امثال و اقوال۔ آبرو جگ میں رہے تو بادشاہی جانئے۔ آبروسے بڑھ کر دنیا میں کوئی چیز نہیں۔ آبرو کا رہنا سب سے بڑی چیز ہے۔ آبرو جگ میں رہے تو جان جانا پشم ہے۔ آبرو بچانے کے لئے جان دینا کوئی بات نہیں۔ آبرو جان سے عزیز ہے۔ آبرو اور جانجاناں طبقۂ اوّل میں اُردو کے دو شاعر تھے۔ جانجاناں یک چشم تھا۔ آبرو نے اس کی ہجو میں یہ شعر کہا ؎

آبرو کی آنکھ میں اک گانٹھ ہے
آبرو سب شاعروں کی جھانٹ ہے

اس کے جواب میں جانجاناں نے یہ شعر کہا ؎

کیا کروں حق کے کئے کو کو ریری چشم ہے
آبرو جگ میں رہے تو جانجاناں پشم ہے

آبرہن (ہ مذکر) دیکھو آبھرن۔

آبسال۔ آبسالاں (ف۔ مذکر) باغ۔

آبسیان (ف۔ مذکر) آنسو۔

آبغت (ف۔ مذکر) ایک قسم کا موٹا کپڑا

آبق (ع۔ مذکر) پارہ۔

آبگانہ (ف۔ مذکر) اسقاطِ حمل۔

آبگون (ف۔ صفت) ۱ پانی کے رنگ کا۔ آسمانی۔ نیلا ۲ آسمان ۳ شیشہ ۴ برف ۵ چمکدار تلوار ۶ کلف جس میں تیل ملا ہوا ہو۔

آبلوج۔ آبلوچ (ف۔ مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔

آبلہ (ف۔ مذکر) پھپھولا۔ چھالا۔ آبلہ بہنا (لازم) آبلہ سے مواد جاری ہونا۔ آبلہ پا (مذکر) وہ شخص جس کے پاؤں میں چھالے ہوں۔ آبلۂ پا (مذکر) پاؤں کا چھالا۔ آبلہ پائی (مونث) پاؤں میں چھالے پڑنا۔ آبلہ پڑنا (لازم) آبلہ کا پیدا ہونا یا نمودار ہونا۔ آبلہ پکنا (لازم) آبلہ میں پیپ پڑنا۔ آبلہ پھوٹ بہنا (لازم) آبلہ کا پھوٹ کر پانی جاری ہونا۔ آبلہ پھوٹنا (لازم) آبلہ کا ٹوٹ جانا۔ آبلہ پھوڑنا (متعدی) آبلہ توڑنا۔ آبلہ پیدا ہونا (لازم) چھالا نکلنا۔ پھپھولا پیدا ہونا۔ آبلہ ٹپکنا (لازم) چھالے میں جلن پیدا ہونا۔ آبلہ توڑنا (متعدی) ٹوٹنا (لازم) آبلہ پھوٹنا۔ آبلہ چھلنا (لازم) آبلہ کے اوپر کی کھال اُتر جانا۔ آبلہ دار (صفت) جس پر چھالا پڑا ہو۔ آبلہ ڈالنا (متعدی) آبلہ پیدا کرنا۔ آبلہ رو (ف۔ صفت) چیچک رو۔ آبلہ فرسا (صفت) ۱ جس پر آبلے پڑے ہوں ۲ وہ مسافت جس میں آبلے چھل جائیں۔ آبلۂ فرنگ (مذکر) آتشک۔ آبلہ مرجھانا (لازم) آبلہ کا خشک ہونا۔ آبلے پھوٹنا (لازم) پھوڑنا (متعدی) (دل کے) حسرت نکالنا۔

آبنوس (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا درخت جس کی لکڑی سیاہ ہوتی ہے ۲ (مونث) ایک قسم کی مچھلی۔ آبنوس کا کندہ ۱ آبنوس کا موٹا ٹکڑا ۲ بہت موٹا اور کالا آدمی ۳ حبشی ۴ نفرت انگیز آدمی۔ آبنوسی (صفت) آبنوس کا بنا ہوا سیاہ رنگ کا۔

آبو (ف۔ مذکر) کنول۔

آبھا (س۔ مونث) روشنی۔ شان و شوکت خوبصورتی (س بھا۔ چمکنا) آبھاس (مذکر) ۱ روشنی۔ نور ۲ رنگ ۳ شکل۔ ظہور ۴ مشابہت۔ مناسبت ۵ صورت۔ خیال ۶ عکس ۷ ارادہ۔ مطلب ۸ منطق۔ جھوٹی دلیل۔ مغالطہ ۹ (صفت) مانند۔ شکل۔ مرکبات کے آخر میں۔ آبھاسُر (صفت) ۱ چمکدار۔ روشن ۲ (مذکر) دیوتاؤں کی ایک قسم۔ آبھاسور (صفت) چمکدار۔ روشن۔ آبھاسورس (مذکر) ۱ دیوتاؤں کی ایک قسم جو تعداد میں ۶۴ ہیں ۲ بارہ چیزوں کے ایک خاص مجموعہ کا نام۔

آبھاس (ہ مذکر) دیکھو آبھاش۔

آبھاس کتھا (مونث) دیباچہ۔

آبھاش (س۔ مذکر) ۱ گفتگو۔ زبان ۲ خطاب ۳ مثل۔ کہاوت ۴ دیباچہ (س بھاش بولنا)

آبھرن (ہ۔ مذکر) ۱ جواہرات۔ زیورات ۲ سجاوٹ زیبائش (س بھر۔ پہننا)

آبھس (ہ۔ مذکر) تھوڑا۔ ذرا سا (س آبھاس)

آبھوشن (س۔ مذکر) آبھوکن (ہ) زیورات۔ جواہرات۔ زیبائش (بھوش۔ سجانا)

آبھوگ (س۔ مذکر) ۱ گولائی۔ خم ۲ کشادگی ۳ تہ خانہ ۴ کالے کا پھن ۵ لطف۔ فرحت ۶ سیری (س بھج۔ ٹیڑھا ہونا)

آبھیر (س۔ مذکر) ۱ اہیر۔ گوالا۔ یہ برہمن اور ابشٹھ عورت کی اولاد ہیں۔ آبھیری (مونث) ۱ ابھیر قوم کی عورت ۲ اہیر کی بیوی۔ ۳ اہیروں کی زبان ۴ ایک بحر یا وزن کا نام۔

آپ (ہ۔ ضمیر) حاضر متکلم اور غائب تینوں کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۱ خود اپنی ذات سے ۲ اپنی ذات۔ اپنا نفس ۳ اپنا۔ اپنی اپنے ۴ تم۔ تو ۵ حضور۔ جناب۔ حضرت ۶ جماعت کے لئے۔ جیسے آپ صاحبان۔ آپ لوگ ۷ وہ۔ یہ ۸ غائب کو حاضر قرار دے کر آپ کا استعمال ہوتا ہے ۹ اشارہ خدا کی ذات کی طرف ۱۰ ایک شخص سے مخاطب ہوکر دوسرے شخص حاضر کی طرف اشارہ کرنے کی غرض سے۔ جیسے آپ کون ہیں ۱۱ ہوش و حواس۔ خودی۔ ہستی (س۔ آتمن)، آپ آپ (ضمیر) ۱ ہر ایک ۲ ہر ایک خود ۳ (مذکر) خود غرضی۔ خودی۔ آپ آپ کرنا یا کہنا (متعدی) خوشامد کرنا۔ آپ آپ کو ۱ اپنے اپنے دم یا نفس کو ۲ آپس میں ۳ اپنی اپنی طرف یا راہ۔ آپ آپ میں (ظرف) آپس میں۔ آپ آپ ہی ہیں وہ وُہی۔ آپ سے ان کو کیا نسبت۔ آپ اپنی بات کھو بیٹھے۔ اپنی عزت آپ گنوائی۔ آپ اپنے پاؤں میں کلہاڑی مارنا (متعدی) خود اپنا نقصان کرنا۔ خود مصیبت میں پھنسنا۔ آپ اپنے حال میں گرفتار ہونا (لازم) خود اپنی مصیبت میں مبتلا ہونا۔ آپ اپنی قبر کھودنا۔ آپ اپنے حق میں (لئے) کانٹے بونا (متعدی) خود اپنے

ہاتھوں مصیبت میں پھنسنا - آپ اپنے
سے (تف) اپنی ذات سے - اپنے آپ سے۔
آپ اپنے کو - خود اپنے آپ کو یا اپنی ذات
کو - آپ اپنے آپ کو کیا سمجھتے ہیں۔
آپ ہیں کیا - آپ بے حقیقت آدمی ہیں -
آپ اپنے لئے کانٹے بوتے ہیں -
آپ اپنے ہاتھوں مصیبت لیتے ہیں - اپنے سر
بلا نہ لو - آپ اپنی نظر میں تھوڑا ہونا
(لازم) خود شرمندہ ہونا - اپنے آپ کو حقیر سمجھنا
آپ اللہ نے (اپنے ہاتھ سے) بنایا -
خوبصورتی کی تعریف میں کہا جاتا ہے - آپ ایسا
(تف) آپ کی طرح کا - آپ ایک کہینگے
میں دس سناؤنگا - اگر آپ مجھے ایک گالی
دیگے میں دس گالیاں دونگا - آپ تیز سے بات
کریں - آپ بھاتی - جو خود کو پسند ہو - آپ
بیتی - اپنی سرگزشت - آپ بیتی کہہ غیر سے
کیا مطلب - اپنا حال بیان کر - دوسروں
کا ذکر نہ کر - آپ بیتی کہوں یا جگ بیتی
اپنا قصہ بیان کروں یا دوسروں کا - آپ پر
گناہوں کا الزام - آپ ہرگز گناہگار نہیں
آپ پر گناہوں کا الزام لگانا نہایت فضول بات
ہے - آپ تو بات کرتے کاٹے کھاتے
ہیں ! آپ بات سنتے ہی ناراض ہونے
لگتے ہیں ! آپ نہایت تندی و تیزی سے
بات کرتے ہیں - آپ تو گرم کرکے شربت
پلاتے ہیں - غصہ دلا کر ٹھنڈا کرتے ہیں -
آپ جانیں اور آپ کا ایمان - آپ کی
نیت اور ایمان پر چھوڑتے ہیں - آپ جانیں
اور آپ کا کام - آپ خود ذمہ دار ہیں - کہنے
والا بَرِیُّ الذِّمہ - آپ دنیا میں ہیں کیا
میں دنیا میں نہیں - میں آپ کی چالیں
سمجھتا ہوں - آپ کے دھوکے میں نہیں آؤنگا۔
آپ دھاپ (تف) نفسی نفسی - آپا دھاپی -
آپ روپ (مذکر) ! اپنی شکل - اپنا ظہور !
خدا اور خدا کی تجلی ! خود بدولت - حضور - جناب
(مت) آپ سنیں اپنا کر بند سنے - بہت
آہستہ سے بات کرنا - کہ کوئی اور نہ سنے -
آپ سوارتھی (ھ - صفت) خود غرض - خود
مطلب - آپ سے (تف) خود بخود - بلا طلب

بغیر مانگے - آپ سے آپ (تف) ! خود بخود
! بلا وجہ - بے سبب - آپ سے (اچھا)
خوب خدا - اپنے سے اچھا سوائے خدا کے
کسی کو نہیں سمجھتے - اپنے سے بہتر کوئی نہیں -
آپ سے ارے (تم) ہونا ارے (تم)
سے ابے (تو) ہونا (لازم) باوقعت سے
بے وقعت ہونا - باعزت سے بے عزت ہونا
آپ سے باہر چلنا (لازم - مت) کر دینا
(متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) ہوش و حواس
کھو دینا - بیخود ہو جانا - آپ سے بے آپ
ہونا (لازم) بیخود ہونا - ہوش و حواس قائم
نہ رہنا - آپ سے جانا (لازم) ! بیہوش
ہونا - بیخود ہونا ! بے طلب جانا - آپ سے
چار برساتیں زیادہ دیکھی ہیں - آپ
سے زیادہ تجربہ کار ہوں - آپ سے چلنا
(لازم) بیخود ہونا - آپ سے دور - مخاطب
کی نسبت بری بات کہنے سے پہلے کہتے ہیں
آپ سے گزر جانا (لازم) ! بیخود ہو جانا !
انسانیت سے گزر جانا ! اپنی حیثیت کو بھول
جانا - مغرور ہو جانا - آپ سے ہم نہیں
بولتے - آپ سے ہم سے بول چال بند ہے۔
ہم آپ سے ناخوش ہیں - جب کوئی دوست
عرصے کے بعد ملنے کو آئے تو اس سے شکایت
کے طور پر کہتے ہیں - آپ کا اس میں کیا
اجارہ ہے - آپ کا اجارہ نہیں - آپ
کیوں دخل دیتے ہیں - آپ کا اس میں
کیا بگڑتا ہے - آپ کا کیا نقصان ہے -
آپ کا بایاں قدم لیجئے یا کدھر ہے
یا کونسا ہے یا چومتا ہوں - آپ بڑے
چالاک ہیں - آپ کا پاس ہے - آپ
کے لحاظ کی وجہ سے مجبور ہوں - آپ کا
پانی دیکھ لیا - آپ کا حوصلہ معلوم ہو گیا -
آپ کا دامن ہمارا ہاتھ ہوگا - ہم آپ
کو پکڑ بیٹھیں گے - ہم آپ سے مدد مانگینگے - آپ
کاری (ھ - صفت) مددگار - فائدہ بخش -
آپ کا سر - غلط بات کہتے ہو - بیہودہ
بات ہے - آپ کا سر بجائے قرآن کے
ہے - تمہارے سر کی قسم - آپ کا شکوہ
میرے سر آنکھوں پر - آپ کا گلہ بجا ہے۔

لیکن میں معذور ہوں - معاف کیجئے - آپ کا
قطع کلام (سخن) ہوتا ہے - کسی کی بات
کاٹ کے بولنے کے وقت معافی کے طور پر کہتے
ہیں - آپ کا کوئی مرد مقابل یا میدان
نہیں - آپ کے مقابلے یا جوڑ کا کوئی نہیں -
آپ کا کہلانا (لازم) آپ کی طرف منسوب
ہونا - آپ کا دوست یا عزیز سمجھا جانا - آپ
کا کیا بگڑتا (جاتا) ہے - آپ کا کیا حرج
ہے - آپ کا کیا لیتا ہے - آپ کا کیا نقصان
کرتا ہے - آپ کا گھر کہاں ہے - آپ
کا وطن کہاں ہے ! آپ بیوقوف معلوم ہوتے
ہیں - آپ کا گھر (مکان) ہے - تواضع
سے کہتے ہیں - اپنا ہی گھر سمجھئے - آپ کا
ملاحظہ ہے - آپ کا پاس ہے - آپ کا منہ
ہے ! آپ کا پاس ہے ! آپ کی کیا طاقت یا
مجال ہے - آپ کا نام ہوگا ہمارا کام ہوگا
آپ کی مہربانی سے ہمارا کام ہو جائیگا - اور آپ
کی نیکنامی ہوگی - آپ کا نمک کھایا ہے۔
آپ کے ملازم ہیں - آپ کا ہے - تکلف
کے طور پر بولا جاتا ہے - گو میرا ہے لیکن آپ اپنا
سمجھئے - آپ کو (تف) ! اپنی طرف ! اپنی ذات
کو - آپ کو آسمان پر کھینچنا (لازم) خود کو
دوسروں سے بہتر سمجھنا - آپ کو بھول جانا
(لازم) ! اپنی اصلیت کو بھول جانا ! اپنے مرنے
کو بھول جانا ! بے ادب کو تنبیہ کے طور پر کہا
جاتا ہے - آپ کو بھی دیکھ لیا - کچھ اعتبار
نہ رہا - کہا کچھ کیا کچھ - آپ کو پانا (لازم) اپنی
حقیقت کو سمجھنا - آپ کو جوہر کرنا (متعدی)
خودکشی کرنا - آپ کو خاک میں ملانا (متعدی)
دیکھو آپا تجنا - آپ کو دور جاننا (لازم)
اپنے آپ کو بہت عقلمند سمجھنا - آپ کو دور
کھینچنا (متعدی) ! کھچی کھچی رہنا - الگ رہنا !
نفرت کرنا ! اترانا - فخر کرنا - آپ کو دے دے
مارنا (متعدی) پچھاڑیں کھانا - تڑپنا - آپ کو
دیکھیں مجھے دیکھیں - نہ دینے والے کی
حیثیت کے بموجب نہ لینے والے کی - یہ کہا
جاتا ہے - جب مانگنے والے کو بہت تھوڑا
ملے - آپ کو ڈبونا (متعدی) آپ کو تباہ کرنا -
آپ کو روکنا (متعدی) باز رہنا - آپ کو

شاخِ زعفران جاننا۔سمجھنا یا گننا (متعدی) اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھنا۔ دُنیا سے نرالا سمجھنا۔ مغرور ہونا۔ آپ کو شاید خلل دماغ ہے۔ آپ سڑی ہیں۔ آپ کو عرش پر پہنچانا (متعدی) غرور کرنا۔ آپ کو فلک پر کھینچنا (متعدی) آپ کو اوروں سے بہتر سمجھنا۔ آپ کو کھونا یا کھو بیٹھنا یا مٹا دینا (متعدی) محو ہو جانا۔ خودی کو مٹا دینا۔ برباد کرنا۔ آپ کو کھینچنا۔ (متعدی) غرور کرنا۔ آپ کہاں آئے یا (چلے) آتے ہیں۔ آپ کہیں رستہ تو نہیں بھول گئے۔ یہ اُس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی دوست دیر کے بعد ملنے آئے۔ آپ کو کیا کچھ دُور سمجھنا۔ دیکھو آپ کو دُور جاننا۔ آپ کو مٹا دینا (متعدی) دیکھو آپا تجنا۔ آپ کے اقبال سے۔ کوئی کام کرنا ہو تو افسر یا امیر آدمی سے خوشامد کے طور پر کہتے ہیں کہ کام کرونگا۔ آپ کی بلا سے۔ آپ کو کیا نصیحت نہ ماننے والا یہ لفظ کہتا ہے۔ آپ کی بات بڑی کرتا ہوں۔ دوسرے کی بات کاٹتے وقت بولتے ہیں۔ آپ کے بھی چچا ہیں۔ آپ سے زیادہ چالاک ہیں۔ آپ کے بھی صدقے جائیے۔ آپ بھی عجب احمق ہیں۔ آپ کی ٹکی یہاں نہیں لگے گی (لگنے کی) آپ کا قابو یہاں نہ چلیگا آپ کی جان سے دُور۔ آپ سے دُور۔ آپ کی (خجالت) (شرمندگی) خفت میرے سر آنکھوں پر۔ یہ کسی شخص کو زیادہ شرمندہ کرنے کو کہتے ہیں جو پشیمانی سے اور ضد کرتا ہے۔ آپ کی دال یہاں نہ گلے گی۔ آپ کا قابو یہاں نہ چلے گا۔ آپ کی بات یہاں نہ مانی جائیگی۔ آپ کے دشمن یا مدعی جب مخاطب کے متعلق کوئی مکروہ بات کرنی ہو تو آپ کی بجائے کہتے ہیں۔ آپ کی دوستی کچے سوت کا ڈورا ہے۔ آپ کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔ آپ کی ذات پر موقوف ہے۔ یہ کام آپ سے ہوگا یا آپ کرینگے یا آپ کی مدد سے ہوگا۔ آپ کی زبان نہرِ کوثر سے دُھلی ہُوئی ہے۔ آپ کی زبان بہت شیریں ہے۔ آپ بہت پاکیزہ زبان بولتے ہیں۔ آپ کی شکایت میرے سر آنکھوں پر۔ کسی کی شکایت صحیح ماننے کے بعد کہا جاتا ہے۔ آپ کی عمر کا دامن قیامت کے دامن سے بندھے۔ عمر دراز ہو۔ آپ کے فرمانے کی یہ بات ہے۔ آپ کو ایسا کہنا زیبا نہیں۔ آپ کے قدموں کو نہ چھوڑوں گا۔ جب تک میرا کام نہ ہو آپ کا پیچھا نہ چھوڑوں گا۔ آپ کی کرامات دیکھ لی۔ اصل حال ظاہر ہوگیا۔ دغا فریب کھل گیا۔ معلوم ہوگیا آپ نکمّے ہیں۔ آپ سے کچھ نہیں ہوسکتا۔ آپ کی کیا بات ہے آپ کے کیا کہنے ہیں۔ !تعریفاً آپ کا کیا کہنا! طنزاً جب کوئی اپنی تعریف کرے۔ آپ کے لڑکے بھی کبھی گھٹنوں کے بل چلینگے۔ آپ کو بھی کبھی عقل آئیگی۔ آپ کیوں آتے ہیں۔ جب کوئی عزیز دیر کے بعد ملے تو شکایتاً کہا جاتا ہے۔ آپ کی یہاں کچھ نہ چلیگی۔ آپ کا کچھ اثر نہ ہوگا۔ آپ گاتے کیا ہیں۔ آپ کیا کہہ رہے ہیں۔ آپ کا مطلب کیا ہے۔ آپ گھر کو پھر جائیے شاید دھوکے میں آپ بھول پڑے۔ دیکھو آپ کہاں آئے۔ آپ گیلے میں سوئی مجھے سوکھے میں سلایا۔ خود تکلیف اُٹھائی مجھے آرام دیا۔ آپ میں (نف) !تم میں! اپنی ذات میں! ہوش میں۔ آپ میں آنا (لازم) ہوش میں آنا۔ آپ میں پانا (متعدی) !اپنی ذات میں پانا! مخاطب میں پانا! غائب میں پانا۔ آپ میں ڈھونڈنا (متعدی) اپنے نفس میں ڈھونڈنا۔ آپ میں نہ رہنا (لازم) ہوش و حواس میں نہ رہنا۔ آپ میں نہ سمانا (ہونا) (لازم) بیخود ہونا۔ بیہوش ہونا۔ ہوش میں نہ ہونا۔ آپ میں کیا شاخِ زعفران لگی ہے۔ آپ میں کونسی نرالی بات ہے۔ آپ ننھے نادان ہیں دُودھ پیتے ہیں (طنزاً) آپ بچے ہیں۔ آپ نے مجھے مول لے کر چھوڑ دیا ہے۔ آپ نے بڑا احسان کیا ہے۔ آپ ہر فن مولے ہیں۔ آپ بڑے لائق ہیں۔ طنزاً استعمال ہوتا ہے۔ آپ ہی (نف) خود ہی۔ خود بخود۔ بے وجہ۔ از خود۔ آپ ہی آپ ہیں۔ آپ سب کچھ ہیں۔ آپ کے برابر کوئی نہیں۔ آپ ہی آپ باتیں کرنا (متعدی) اپنے دل سے باتیں کرنا۔ آپ ہی اپنی قبر کھودنا (متعدی) اپنا نقصان آپ کرنا۔ آپ ہی کا ہے ! انکسار سے۔ میرا ہے! تمہارا ہے۔ آپ ہی کا کھاتا ہوں۔ انکسار سے۔ آپ ہی کے دئے ہوئے پر گذارہ ہے۔ آپ (ہی) کی جوتیوں کا صدقہ ہے۔ انکسار سے آپ ہی کی بدولت ہے۔ آپ ہی کی کسر تھی۔ آپ کے آنے پر مجلس مکمل ہوگئی آپ ہیں۔ کسی دوست کو یکایک دیکھنے پر مذاقاً کہتے ہیں۔ آپ ہیں کون! دوست کو مدّت کے بعد ملنے پر شکایتاً کہا جاتا ہے! آپ دخل دینے والے کون ہیں۔

امثال و اقوال۔ آپ آئے بھاگ آئے۔ آپ کی آمد خوش نصیبی کا باعث ہے۔ آپ بُرے جگ بُرا۔ اگر آدمی خود بُرا ہو سب کو بُرا سمجھتا ہے۔ آپ بھلے اپنا گھر بھلا۔ تنہائی میں رہنا اچھا ہے۔ آپ بھلے تو جگ بھلا (آپ سُکھی تو جگ سُکھی) !جو خود اچھا ہو وہ دوسروں کو بھی اچھا سمجھتا ہے! اچھے سے دوسرے بھی اچھا سلوک کرتے ہیں! دوسری صورت میں اپنے آپ کو راحت ہے تو گویا زمانے بھر کو راحت ہے۔ آپ بھُولے تو اُستاد کو لگائے۔ خود غلطی کرے الزام اُستاد کو دے۔ آپ چلے بھوئیں شیخی گاڑی پر۔ ہے تو غریب مگر شیخیاں بہت مارتا ہے۔ رہنا جھونپڑیوں میں محلوں کے خواب آپ خورا دے آپ مرادے ! نہایت خودغرض ہے! جو کسی کی نصیحت پر نہ چلے۔ اور اپنے آپ کو بہت عقلمند سمجھے! وہ شخص جو افلاس میں امیرانہ ٹھاٹ کرکے خوش ہو۔ آپ دھاپ اپنا منہ اپنا ہی ہات۔ اپنا ہی بھلا چاہتا ہے۔ دوسرے کی پروا نہیں کرتا۔ آپ ڈال ڈال ہیں تو مَیں پات پات۔ مَیں آپ سے زیادہ ہوشیار ہوں۔ آپ ڈوبے بہمناں ججمان ڈبوئے۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی اپنے ساتھ دوسروں کا بھی نقصان

کرے۔ آپ ڈوبے تو جگ ڈوبا (پرلو) آپ تباہ ہوئے تو جہاں تباہ۔ اپنی مصیبت بہت معلوم ہوتی ہے۔ آپ ڈوبے تو ڈوبے اور کو بھی لے ڈوبے۔ اپنا نقصان تو کیا ہی تھا۔ ساتھ دوسروں کا بھی کیا۔ آپ راہ راہ دم کھیت کھیت۔ ظاہر میں نیک باطن میں خراب۔ آپ رُوپ مہارُوپ۔ اللہ تعالے کا جلوہ سب جلووں سے زیادہ ہے۔ کامل فقیر کی تعریف میں کہتے ہیں۔ کہ آپ کا جلوہ تجلّیِ الٰہی کا مظہر ہے۔ آپ رہیں اُتر کام کریں پچھم۔ لاپروا آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ آپ زندم (زندہ) جہاں زندم (زندہ) آپ مردم (مردہ) جہاں مردم (مردہ) اپنا سُکھ اور فائدہ سب سے مقدم ہے۔ آپ سُنے راگ سے فقیر سُنے بھاگ سے۔ امیر آدمی ارادتاً راگ سُنتا ہے اور فقیر اتفاقاً۔ آپ سے آئے تو آنے دے ۱ کسی ناجائز چیز کو تاویل سے جائز قرار دینے پر کہتے ہیں ۲ جو چیز خودبخود ملے لے لینی چاہئے۔ آپ سے خوب خدا ۱ اپنی ذات سے زیادہ خدا کی ذات ہے ۲ بدوں خدا کی مرضی کے اپنی تدبیر سے راحت نہیں ملتی۔ آپ سے گیا جہاں (جگ) سے گیا۔ جو چیز اپنے ہاتھ سے گئی وہ گویا دُنیا سے گئی۔ آپ (سے) ملے سو دودھ برابر مانگ ملے سو پانی۔ مانگی ہوئی چیز سے خودبخود ملی ہوئی چیز بہتر ہوتی ہے۔ آپ فضیحت اور کو نصیحت۔ آپ کو فضیحت دوسروں کو نصیحت۔ خود را فضیحت دیگراں را نصیحت کا ترجمہ۔ خود بُرے کام کرے دوسروں کو نصیحت کرے۔ آپ کا نوکر ہوں بینگنوں کا نوکر نہیں۔ آپ کی خوشی سے مطلب ہے بیچ سے کچھ کام نہیں۔ ایک امیر آدمی نے ایک دن بینگنوں کی تعریف کی اس کے نوکر نے اس سے بڑھ کر کی۔ دوسرے دن امیر آدمی نے بینگنوں کی مذمت کی۔ نوکر نے اس سے زیادہ کی۔ امیر آدمی نے پوچھا۔ یہ کیا بات ہے۔ تو اس نے یہ فقرہ کہا۔ آپ کاج (کام) مہا کاج (کام) جو کام آدمی خود کرے سب سے اچھا ہے۔ آپ کھائے بلا بلّی کو بتائے۔ خود قصور کرے دوسروں کو الزام دے۔ آپ کے مُنہ کا اگال ہمارے پیٹ کا آدھا ۱ جسے آپ تھوڑی سی چیز سمجھتے ہیں وہ ہمارے لئے بڑی ہے ۲ آپ کی تھوڑی سی توجہ سے ہمارا کام ہوتا ہے۔ آپ کو ہپ ہپ اور کو تھو تھو۔ اپنے کئے کو اچھا اور دوسرے کے ویسے کام کو بُرا سمجھنا۔ آپ گئے اور آس پاس آپ تو ڈوبے دوسروں کو بھی لے ڈوبے۔ آپ مرے جہاں مُردہ۔ آپ موئے تو جگ مُوا۔ آپ مرے (جگ پرلو) سنسار ناس۔ خود مرے تو سب دُنیا مرگئی۔ اپنا نقصان ہو تو گویا ساری دُنیا کا نقصان ہوا۔ اپنی مصیبت انسان کے لئے زیادہ ہوتی ہے۔ آپ ملے سو دودھ برابر مانگ ملے سو پانی۔ کہے کبیر وہ رکت برابر جا میں اینچا تانی۔ جو چیز خودبخود ملے وہ بہت اچھی۔ جو مانگے سے ملے وہ پانی کے برابر۔ جھگڑے سے ملے وہ خون کے برابر۔ آپ میاں صوبے دار۔ بیوی گھر میں جھونکے بھاڑ۔ طنزاً کہتے ہیں۔ آپ بڑے آدمی بنے پھرتے ہیں گھر میں مفلسی ہے۔ آپ میاں منگتے (ننگے) باہر کھڑے درویش۔ جو خود مفلس ہے وہ اوروں کو کیا دیگا۔ آپ نہ جوگی گیدڑی کاٹے نیوتن جائے۔ اپنا تو پورا پڑتا نہیں اوروں کی ذمہ داری لیتا ہے۔ آپ نے اُڑائیں ہم نے بھُون بھُون کھائیں۔ ہم آپ سے زیادہ ان چالوں کو سمجھتے ہیں۔ آپ ہارے بہو کو مارے۔ اپنی شرمندگی مٹانے کو دوسروں پر الزام رکھے۔ آپ ہر فن مولا ہیں۔ طنزاً۔ آپ ہر ہنر جانتے ہیں۔ آپ ہمیں ہنسیں شانِ خدا (طنزاً) خدا کی قدرت ہے کہ آپ جیسے شخصوں کو ہم پر ہنسنے کی جرأت۔ آپ ہی بی بی آپ ہی باندی۔ جو خود سب کام کرے اور کوئی ہاتھ بٹانے والا نہ رکھتا ہو۔ آپ ہی مارے آپ ہی چلّائے۔ آپ ہی ظلم کرے اور آپ ہی فریاد کرے۔ آپ ہی ناک (اور) چوٹی گرفتار ہیں ۱ آپ ہی دُنیا کے بکھیڑوں میں پھنسے ہوئے ہیں ۲ عزّت اور حرمت سنبھالنے میں مشغول ہیں ۳ بڑے نازک مزاج ہیں ۴ (ھ) بناؤ سنگار سے فرصت نہیں۔

آپ (س۔ مذکر) آٹھ وسُوں میں سے ایک۔

آپ (س۔ مذکر) پانی۔ پانی کی مقدار۔ آپس (مذکر) پانی۔ آپگا (مونث) ۱ دریا۔ ندی ۲ ایک دریا کا نام (مہابھارت) آپگیہ (مذکر) آپگا کی اولاد۔ بھیشم کا لقب۔ آپلاو (مذکر) پانی ڈالنا۔ نہانا۔

آپا (ھ۔ ضمیر) ۱ دیکھو آپ ۲ ہوش و حواس

آپا آپی (مونث) ۱ نفسا نفسی۔ خود غرضی ۲ آپ سے آپ۔ آپا بسرانا (لازم) ۱ اپنے آپ کو بھول جانا ۲ اپنے آپ کو علیحدہ کرلینا ۳ نفس کشی کرنا۔ آپا بسر کرنا (متعدی) ضبط کرنا۔ آپا بھی نہیں سنبھلنا۔ اپنا کام بھی خود اپنے سے نہیں ہوتا۔ آپا تجنا (متعدی) ۱ خود پسندی چھوڑنا ۲ نفس کشی کرنا۔ من مارنا ۳ اپنے آپ کو قربان کردینا ۴ رنج و غم میں مبتلا ہونا۔ آپا دھاپی (ھ مونث) نفسا نفسی۔ خود غرضی (پڑنا کے ساتھ) آپا سنبھالنا (متعدی) ۱ ہوشیار ہونا۔ خبردار رہنا ۲ اپنے بدن کی خبر رکھنا۔ آپم دھاپ (مونث) آپا دھاپی۔ آپے سے باہر ہو جانا یا ہونا (ھ۔ لازم) ۱ نہایت خوش ہونا ۲ سخت غصہ میں ہونا۔ آپے سے جانا (لازم) بیخود ہو جانا۔ قابو میں نہ رہنا۔ آپے سے گزر جانا (ھ لازم) بیحد غُصہ ہونا۔ آپے سے نکلنا (لازم) دیکھو آپے سے باہر ہونا۔ آپے میں آنا (لازم) ۱ ہوش میں آنا ۲ نشہ اُترنا ۳ غُصہ اُترنا ۴ تھکاوٹ جاتی رہنا۔ آپے میں نہ رہنا (ھ لازم) حواس باختہ ہو جانا۔ آپے میں نہ ہونا (لازم) غصہ میں بیخود ہو جانا۔

امثال و اقوال۔ آپا تجے سو ہر کو بھجے۔ آپ کو مٹائے تو خدا کی پرستش کرسکتا ہے۔ آپم دھاپ کڑا کر بیٹے جو پہلے مارے سو جیتے۔ لڑائی میں جو پہلے وار کرے وہ جیتتا ہے۔

آپا (ھ۔ مونث) ۱ بڑی بہن ۲ کم عمر ماں (س۔ آتما) آپا آماں جانی یا جنیاں (مونث) چھوٹی لڑکیاں پیار سے بڑی بہن کو کہتی ہیں۔

آپاس (س۔ مذکر) ۱ پانی ۲ پرمیشر پانی کی صورت میں۔

آپت (س۔ مونث) آفت۔ حادثہ۔ مصیبت۔ تکلیف۔ خطرہ۔ **آپتکال** (مذکر) مصیبت کا زمانہ یا وقت۔

آپتا (س۔ مونث) حاصل قسمت۔ مساوات۔ درجہ اول۔

آپد (س۔ مونث) آفت۔ آپت۔ **آپدا** (صفت) پُرتکلیف۔ خطرناک۔

آپدیو (س۔ مذکر) ۱ وُرن ۲ ایک مصنف۔ **آپدیوی** (نف) (مونث) کتاب۔ مصنفہ آپدیو جسے مانسہ نیایہ پرکاش بھی کہتے ہیں۔

آپس (ہ۔ صفت) ۱ باہم۔ ذاتی۔ یکدگر ۲ (مونث) رشتہ داری۔ ناتا۔ میل جول **آپس داری** (مونث) میل جول۔ رشتہ داری **آپس کا** (نف) باہمی۔ رشتہ داری۔ **آپس کا رنج و ملال بڑھنا** (لازم) ایک دوسرے کے ساتھ رنجش زیادہ ہونا۔ **آپس کا معاملہ** (مذکر) باہمی تعلق یا معاملہ۔ **آپس کا واسطہ** (مذکر) رشتہ داری کا تعلق۔ رسم و راہ کی خصوصیت **آپس کی بات** (مونث) باہمی معاملہ۔ تعلقداری کا معاملہ۔ **آپس کی باتیں** (مونث) ۱ عزیزوں دوستوں سے گفتگو۔ آپس کی گفتگو ۲ معمولی روزمرہ۔ **آپس کی بات چیت** (مونث) باہمی صلاح مشورہ۔ **آپس کی پھوٹ** (مونث) باہمی مخالفت۔ رشتہ داری کی نااتفاقی۔ **آپس کی مخالفت** (مونث) باہمی مخالفت۔ **آپس کی گفتگو** (مونث) آپس کی بات چیت۔ **آپس میں** (نف) باہم۔ ایک دوسرے کے ساتھ۔ **آپس میں چاؤں چاؤں ہونا** (لازم) بحث مباحثہ ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ **آپس میں سرگوشی ہونا** (لازم) صلاح مشورہ ہونا۔ **آپس میں رہنا** (لازم) مل جل کر رہنا۔ سلوک سے رہنا۔ اتفاق سے رہنا۔ **آپس میں صلاحیں ہونا** (لازم) باہم مشورے ہونا۔ **آپس میں نگاہیں لڑنا** (لازم) ایک دوسرے کو دیکھنا۔

آپن (ہ صفت) اپنا۔ **آپنا** (صفت) اپنا۔

امثال و اقوال۔ آپن بھل ہو تو جگت پریت کاری۔ آپ خود ہی نیک ہو تو سب لوگ آپ سے محبت رکھینگے **آپن پیٹ تو کتا بھی بھرتا ہے**۔ انسان کو دنیا میں کچھ کرکے دکھانا چاہئے۔ ویسے تو کتا بھی پیٹ بھر لیتا ہے۔ **آپن دے کے بڑ بت کہلائے**۔ ایک تو خرچ کرے۔ دوسرے بیوقوف بنے۔ **آپن کھیت سمجھ لوٹے۔ پاہی جوتے جائی لا** (پوربی) اس بیوقوف کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کے کام کرتا پھرے اور اپنے کام کی طرف توجہ نہ کرے۔ **آپن ماما مر گھیلن جولاہا ماما بھیلن**۔ اپنے ہمرتبوں کی صحبت چھوڑ کر کمینوں کی صحبت اختیار کی ہے۔

آپنک (ہ۔ مذکر) زمرد۔

آپو (س۔ صفت) ۱ پانی میں کھیلنے والا ۲ پراجیتی وسشٹ کا لقب ہے۔ برہماجی نے سب سے پہلے آپو کو پیدا کیا۔ اس نے اپنے آپ کو دو حصّوں نر اور ناری میں تقسیم کیا۔ اور ان سے دش جی پیدا ہوئے۔ جنہوں نے ویرج کو خلق کیا۔ جس سے پہلا انسان پیدا ہوا۔

آپو (س۔ مذکر) مرکبات میں بجائے آپس کے استعمال ہوتا ہے۔ **آپو مورتی** (مذکر) ۱ منو سوار وچش کا ایک بیٹا ۲ دسویں منونتر کا ایک رشی۔

آپی (ہ۔ نف) آپ ہی کا مخفف۔ خود ہی۔ **آپی آپ** (صفت) آپ ہی آپ کا مخفف۔

آپی (س۔ مذکر) دوست۔ مددگار۔ واقف۔

آپیا (س۔ مذکر) ایک دریا جس کا ذکر رگوید میں آتا ہے۔

آت (ہ۔ ماضی) ۱ آتا ۲ (مذکر) شریفہ ۳ (ہ) کلمات کے آخر میں آکر معنی مصدری پیدا کرتا ہے۔ جیسے برسات۔ بہتات۔

آتاہوالپا (۔۔۔۱۵۳۳) پیرو کے خاندان انکا کا آخری بادشاہ۔ ہسپانیہ کا جرنیل پزارو جب اس کے ملک میں آیا تو اس نے اس کی بڑی خاطر تواضع کی۔ مگر اس نے اسے دھوکے سے گرفتار کرکے قتل کر دیا۔

آتبین (ف۔ صفت) ۱ فصیح۔ بلیغ ۲ ماہر فن ۳ نہایت مبارک ۴ فریدوں کے باپ کا نام۔

آتپ (س۔ مذکر) سورج کی گرمی۔ دھوپ۔ سورج کی کرنیں۔

آتتھیہ۔ آتتھیبیہ (س۔ صفت) ۱ مہمان نواز ۲ مہمان کے قابل ۳ مہمان نوازی۔ تواضع۔ **آتتھیہ کاری** (مذکر) میزبان۔ **آتتھیہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تواضع ہونا۔ مہمان نوازی ہونا۔

آتر (س۔ مذکر) **آترا** (مونث) ۱ زخمی۔ رنجیدہ ۲ بیمار۔ دکھی ۳ مجبور ۴ گھبرایا ہوا۔ بیکل۔ بے صبر ۵ جلدباز ۶ چالاک۔ تیز۔ تیار۔

آتش (۔۔۔۱۸۴۷) خواجہ حیدر علی ولد خواجہ علی محسن لکھنوی مشہور شاعر شاگرد مصحفی۔ ناسخ کے ہم عصر۔ صاحب دیوان ہیں شاگرد ان۔ رند۔ صبا۔ میر۔ خلیل۔ نسیم۔

آتش (ف۔ مونث) ۱ آگ۔ شعلہ ۲ غصّہ ۳ کسی چیز کا جوش۔ **آتش آسمان** (مونث) بجلی۔ صاعقہ۔ برق۔ **آتش اشتیاق** (مونث) خواہش کا جوش۔ **آتش افروختہ** (مونث) بھڑکتی ہوئی آگ۔ **آتش افروز** (صفت) ۱ آگ بھڑکانے والا ۲ شرارتی۔ مفسد ۳ ایندھن ۴ آگ کا بھڑکانا یا لگانا۔ **آتش افروزہ** (مونث) ہوائی۔ **آتش افروزی** (مونث) ۱ شرارت کرنا ۲ آگ لگانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **آتش افسردہ** (مونث) مرجھائی ہوئی آگ۔ بجھنے کے قریب آگ جس میں شعلہ نہ ہو۔ **آتش افگن** (صفت) آگ پھینکنے والا۔ **آتش انداز** (صفت) آگ پھینکنے والا۔ **آتش انگیز** (صفت) آگ بھڑکانے والا۔ **آتشبار** (صفت) ۱ آگ برسانے والا ۲ آگ ببولا ۳ ایک قسم کی بندوق ۴ سوختہ دان۔ چقماق۔ **آتشباز** (مذکر) آتشبازی بنانے والا۔ **آتشبازی** (مونث) بارود بھر کر بنائی ہوئی چیزیں جن کو آگ لگا کر تماشہ دیکھتے ہیں۔ پٹاخہ۔ انار۔ پھلجھڑی وغیرہ۔ **آتشبازی چھوٹنا** (لازم) **چھوڑنا** (متعدی) ۱ آتشبازی میں آگ لگانا ۲ دولت برباد کرنا ۳

ہنسی دل لگی کی باتیں کرنا۔ آتشبازی کا دیو (مذکر) آتشبازی کی ایک قسم ۲ موٹا سیاہ فام ڈراؤنی شکل کا آدمی۔ آتشبازی کا طاؤس ۱ قلعہ (ہاتھی) (مذکر) آتشبازی کی قسمیں۔ آتش برزین (مذکر) چھٹے آتشکدے کا نام۔ آتش برگ (مونث) چقماق۔ دیا سلائی آتش بستہ۔ نقد روپیہ۔ آتش بہار (مونث) ۱ موسم بہار کی خوبصورتی ۲ گلاب ۳ گل نافرمان۔ آتش بہار بنا دینا (متعدی) جلا دینا۔ آتش بھڑکنا (لازم) آگ تیز ہونا۔ آتش بیان (صفت) تیز گفتار۔ تیز بیان۔ آتش بیمود (مونث) ۱ شراب ۲ آفتاب ۳ غصہ۔ آتش پا (صفت) بے قرار تیز رفتار۔ آتش پارا (مذکر) ۱ انگارا ۲ حسین خوبصورت ۳ جھگڑا کرنے والا۔ آتش پرست (مذکر) آگ کی پوجا کرنے والا۔ پارسی۔ آتش پرستی (مونث) زردشت کا ایجاد کیا ہُوا مذہب آتش پنہاں (مونث) ۱ آگ جو پتھر میں چھپی ہوئی ہوتی ہے۔ اور رگڑ سے پیدا ہوتی ہے ۲ دبی ہُوئی آگ ۳ سوز دل ۴ کینہ۔ عداوت۔ آتش پیما (مذکر) ایک آلہ جس سے بہت زیادہ گرمی کی پیمائش کرتے ہیں۔ آتش تدبیر (مونث) تجویز کی خوبی۔ آتش تر (مونث) شراب۔ آتش تیز (مونث) بھڑکتی ہوئی آگ۔ آتش تیز ہونا (لازم) آگ تیز ہونا۔ آتش تاب (مونث) تیز مزاج۔ غصیلا۔ آتش جانسوز (مونث) عشق کی بھڑک۔ محبت [illegible]۔ جان کو جلانے والی آگ۔ آتش جگر (مو[illegible]) جگر کی آگ۔ سوز و گداز۔ آتش جوانمردی (مونث) بہادری کی آگ یا تیزی۔ آتش جوش زن ہونا (لازم) بہت زور سے آگ بھڑکنا۔ آتش حسرت (مونث) حسرت کی آگ۔ آتش حسرت میں جلانا (متعدی) جلنا (لازم) بہت حسرت ہونا۔ آتش خاموش (مونث) آتش افسردہ۔ بے شعلہ آگ۔ آتش خانہ (مذکر) ۱ آتش پرستوں کا مندر جہاں آگ ہر وقت روشن رہتی ہے ۲ وہ جگہ جہاں جاڑوں میں تاپنے کے لئے آگ جلاتے ہیں۔ جیسے عام طور پر انگیٹھی کہا جاتا ہے ۳ گرم مکان آتش خو (صفت) ۱ تند مزاج۔ غصیلا ۲ گرم۔

آتش خوار (مذکر) ۱ آگ کھانے والا آدمی۔ مداری۔ بھان متی ۲ یونانی تیتر ۳ آگ کا کیڑا۔ سمندر ۴ (صفت) ظالم۔ راشی۔ آتش خیز (صفت) آگ پیدا کرنے والا۔ آتش دان (مذکر) انگیٹھی۔ منقل۔ آتشدانِ کیمیاگراں (مذکر) ایک جنوبی صورت کوکبہ جو صورتِ نقاش کے مشرق میں واقع ہے۔ آتش درول (مونث) اندرونی آگ۔ غم۔ فکر۔ آتش دل (مونث) دل کی آگ سوز و گداز۔ آتش دوری (مونث) فراق کی تکلیف یا جلن آتش رُخ (مذکر) وہ جس کا مُنہ سرخ ہو۔ کنایتاً معشوق۔ آتش رشک (و حسد) سے (میں) جلانا (متعدی) جلنا (لازم) سخت رشک و حسد کرنا۔ رشک و حسد کی تکلیف اُٹھانا۔ آتش رنگ (مذکر) نہایت سُرخ۔ آتش ریز (صفت) ۱ آگ برسانے والا ۲ آگ لگانے والا ۳ جھگڑا پیدا کرنے والا۔ شرابی۔ آتش ریزی (مونث) آگ برسانا۔ آتش زبان (صفت) ۱ خوش بیان ۲ تیز بیان ۳ تشبیہاً شمع۔ شعلہ لالہ اور تلوار کی تعریف میں آتش زبانی (مونث) آگ لگانا۔ تیزی تقریر آتشزدگی (مونث) آگ لگنا۔ آتش زرتشت (مونث) آگ جو زرتشت نے جلائی تھی۔ اور بیان کیا جاتا ہے کہ کئی ہزار سال کے بعد پیغمبر صلعم کی پیدائش پر بجھ گئی تھی۔ آتش زن (صفت) ۱ آگ جلانے والا ۲ (مذکر) چقماق۔ تنکے وغیرہ جن سے آگ جلانے میں آسانی ہو آتش زنی (مونث) آگ جلانا یا لگانا۔ آتش سرد (مونث) ۱ شراب ۲ معشوق کے ہونٹ ۳ سونا۔ آتش سوزاں (مونث) جلتی ہوئی آگ آتش سیال (مونث) شراب آتش سے جلا دینا (متعدی) آگ سے بھسم کر دینا۔ آتش سینہ (مونث) سوز و گداز۔ غم۔ آتش شعلہ زن ہونا (لازم) آگ زور سے بھڑکنا۔ آتش طبع (صفت) تند خو۔ غصیلا۔ غصّہ ور۔ آتش طور (مونث) تجلّی جو حضرت موسےٰ کو نظر آئی تھی۔ آتش عشق (مونث) عشق کا جوش۔ آتش عشق سے جلنا (لازم) عشق کی وجہ سے سخت تکلیف میں ہونا۔ آتش عشق کو سینے میں چھپانا (متعدی) عشق کو ظاہر نہ ہونے

دینا۔ آتش عناد (مونث) دشمنی۔ مخاصمت۔ آتش عناں (صفت) تیز رو۔ آتش غم (مونث) غم کا جوش۔ آتش غم کا بھڑکنا۔ (لازم) کو بھڑکانا (متعدی) غم کو زیادہ کرنا آتش غم میں جلانا (متعدی) جلنا (لازم) سخت مغموم ہونا۔ آتش فراق (مونث) جدائی کا غم یا جلن۔ آتش فروز (مذکر) ایرانی سال کا گیارھواں مہینہ۔ آتش فساد (مونث) لڑائی جھگڑا۔ بغاوت (بھڑکنا مشتعل کرنا یا ہونا وغیرہ کے ساتھ) آتش فشاں (صفت) ۱ آگ پھینکنے والا۔ شعلہ دینے والا ۲ وہ جس سے آگ نکلے (پہاڑ) ۳ روشن۔ منور۔ نورانی ۴ دل پر اثر کرنے والا۔ آتش فشانی (مونث) آگ برسانا (کرنا ہونا کے ساتھ) آتش قدم (صفت) تیز قدم۔ گرم رو۔ آتش قہر (و غضب) سے پھونک یا جلا دینا (متعدی) غصّے میں مار ڈالنا آتش کا پرکالہ (مذکر) ۱ آگ کا ٹکڑا۔ انگارا ۲ (صفت) معشوق کی تعریف۔ چالاک۔ ہوشیار تیز۔ شوخ ۳ گھوڑے کی تعریف۔ تیز۔ شوخ ۴ شریر۔ مفسد۔ فتنہ انگیز ۵ ذہین۔ ذکی۔ آتش کار (صفت) ۱ سرخ ۲ غصّے ناراض ۳ ظالم ۴ تیز۔ چالاک آتشکدہ (مذکر) ۱ آتش پرستوں کا معبد ۲ بہت گرم مکان آتشگیر (مذکر) ۱ وہ چیز جسے آگ لگ سکے ۲ چٹا ر اردو میں بعض خاندانوں میں استعمال ہوتا ہے) آتشگیرہ (مذکر) ۱ چٹا ۲ ایندھن۔ آتشیرہ (مذکر) جگنو۔ آتشگیر مادہ (مذکر) ایسی چیز جو بہت جلد آگ پکڑے۔ جیسے بارود۔ آتش مُردہ (مونث) بجھی ہوئی آگ۔ آتش مزاج (صفت) ۱ تیز مزاج تند خو ۲ معشوق کا لقب ۳ (مذکر) جن۔ پری آتش مشتعل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) آگ لگنا یا جلنا۔ آتش مصیبت (مونث) مصیبت کی تکلیف۔ آتش موسےٰ (مونث) آتش طور۔ آتش ناک (صفت) آگ سے بھرا ہُوا۔ غصّہ ور۔ تند خو۔ آتش نفس (صفت) دل جلا۔ سوختہ جگر۔ عاشق۔ آتش نمرود (مونث) وہ آگ جس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو ڈالا گیا تھا۔ آتش ہمدردی (مونث) ہمدردی کی آگ۔ ہمدردی۔ آتشی (صفت) ۱ جس کی خلقت

آگ سے ہو۔ جن کی تعریف ۲؎ (مذکر) ایک
بُرج۔ آتشی آئینہ یا شیشہ (مونث) خاص قسم
کا شیشہ جو بیچ میں سے موٹا اور کناروں سے
پتلا ہوتا ہے اور کرنوں کو ایک مرکز پر جمع کردیتا
ہے۔ جہاں پھوس یا کوئی نازک چیز رکھی جائے
تو اس کو آگ لگ جاتی ہے۔ آتشیان (مذکر)
جمع آتشی۔ جنّات۔ آتشی شیشی (مونث) ایک
قسم کی شیشی جس کے ذریعے روغن کھینچتے یا
جوہر نکالتے ہیں۔ آتشیں (صفت) آگ کی
صفات رکھنے والا۔ آگ کی طرح روشن۔ گرم
یا سرخ۔ آتشیں خو۔ رُخ یا رخسار
(صفت) دیکھو آتش خو اور رُخ۔ آتشیں
زبان یا سخن (صفت) فصیح۔

مثل۔ آتش دوست دشمن نداند
بدطینت آدمی کی شرارت سے دوست دشمن
کوئی نہیں بچتا۔

آتشک (ف۔ مونث) آلہ تناسل
کی ایک بیماری جس میں چھالے وغیرہ پڑجاتے
ہیں۔ اور جو عام طور پر زنا کا نتیجہ ہے۔ (لگنا ہوجانا۔
ہونا کے ساتھ) آتشک کا جھلسا یا مارا ہُوا
(صفت) آتشک میں مبتلا۔ آتشک کا اُڑ
کے لگنا (لازم) آتشک کا ایک سے دوسرے
کو ہوجانا آتشک نکلنا (لازم) آتشک کے
آبلے نکلنا۔ آتشکیا (صفت) جسے آتشک ہو۔

آتکاری (ہ۔ مذکر) دکن میں ایک قوم
جو ریشم کا کپڑا بُنتی ہے۔

آتل (ف۔ مذکر) دریا سے والگا۔

آتم (س۔ مونث) ۱؎ روح۔ دل۔ عقل
۲؎ خودی۔ سوچ۔ بچار ۳؎ پیٹ۔ معدہ۔ بھوک
۴؎ کل بدن ۵؎ بیٹا ۶؎ زندگی کا سب سے بڑا اصول
یعنی برہما ۷؎ ماں کی محبت۔ باپ کی شفقت۔
۸؎ سورج ۹؎ اگنی۔ آتم بھو (مذکر) کا مدیو۔
آتم بھو (مذکر) ۱؎ برہماجی ۲؎ وشن جی ۳؎ شوجی
۴؎ برہمن ۵؎ کامدیو۔ آتمج (مذکر) ۱؎ اولاد۔ بچہ۔
بیٹا ۲؎ پانچواں نکشترہ۔ آتم دیو یا دیوتا (مذکر)
محافظ دیوتا۔ آتم کامیہ (مذکر) ایک قوم کا نام
آتم گھات (مونث) خودکشی۔ آتم گھات
کرنا (ہ۔ متعدی) خودکشی کرنا۔ آتم نامی (مذکر)

اظہرمن الشمس۔ صاف ظاہر چیز۔ جس کے
لئے ثبوت کی ضرورت نہیں۔ آتم ودّیا (مونث)
علم خودی۔ رُوح یا روحانی۔ آتم ہتّیا (مونث)
خودکشی۔ آتم ہن۔ ہنتا (صفت) خودکُشی
کرنے والا۔ آتم یونی (مذکر) دیکھو آتم بھو۔

آتما (ہ۔ مونث) دیکھو آتم۔ آتما
پرم آتما (مونث) خداوند تعالےٰ۔ پرمیشر۔ ایشور
آتما ٹھنڈی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱؎
دل خوش کرنا ۲؎ سکھ پہنچانا ۳؎ بھوکے کا پیٹ
بھرنا۔ آتمارام (مذکر) ۱؎ خدا کی رُوح۔ رُوح اللہ
۲؎ ایک نام ہندوؤں میں۔ آتما ستانا (متعدی)
۱؎ جی کلپانا ۲؎ دُکھ دینا ۳؎ بدن کو تکلیف دینا۔
آتما کا کوسنا (متعدی) جی سے بددعا نکلنا۔
آتما کلپانا (متعدی) کلپنا (لازم) دل دُکھنا
آتما کی آنچ (مونث) ماں کی محبت۔ ماتا۔
آتما سوسنا (متعدی) ماتا کو ضبط کرنا۔ آتما
میں آگ لگی ہونا (لازم) ۱؎ سخت بھوک
لگی ہونا ۲؎ محبت جوش پر ہونا۔ محبت کا زور ہونا۔

امثلہ۔ آتما کی آنچ بڑی (تیز)
ہوتی ہے۔ ماں باپ محبت سے مجبور ہوتے
ہیں۔ آتما میں پڑے تو پرماتما کی سوجھے
پیٹ کچھ بھرے تو عبادت کی طرف توجہ ہو۔

آتنک۔ آتنگ (س۔ مذکر)
۱؎ ڈر۔ خوف ۲؎ شان و شوکت ۳؎ عظمت۔ وقار۔
۴؎ بیماری۔ مرض ۵؎ ڈھول کی آواز۔ آتنک
بٹھانا (ہ۔ متعدی) رعب یا خوف ڈالنا۔

آتوربان (ف۔ مذکر) زاہد۔ پارسا۔ راہب

آتو۔ آتون (ت۔ مونث) اُستانی۔

آتھروَن (س۔ مذکر) ۱؎ متعلقہ
اتھرون وید ۲؎ برہمن جو یہ وید جانتا ہو۔

آتی پاتی (ہ۔ مونث) بچّوں کا ایک
کھیل جس میں ایک بچّے کو پتّا لانے بھیجتے ہیں
اور دوسرے چھپ جاتے ہیں۔ واپسی پر جسے
وہ چھُو دے پھر وہ پتّا لینے جاتا ہے۔

آٹا (ہ۔ مذکر) ۱؎ پسا ہُوا اناج یا خشک
پسی ہوئی چیز ۲؎ (صفت) گلا ہُوا۔ بوسیدہ (س۔
آدری پیسنا) آٹا آٹا کرنا (متعدی) ہوجانا یا
ہونا (لازم) ۱؎ بہت باریک ہوجانا۔ پس جانا۔
۲؎ گل جانا۔ بوسیدہ ہوجانا۔ آٹا اُڑتا ہُوا سے

کم وزن۔ آٹا کر دینا یا کرنا (متعدی) باریک
پیس ڈالنا۔ آٹا گوندھنا (متعدی) آٹے میں
پانی ڈال کر مکّوں سے مارنا۔ آٹا گیلا کرنا (متعدی)
آٹے میں پانی پڑ جانا ۲؎ مصیبت
میں پڑنا۔ آٹا ماٹی ہونا (لازم) تلف ہونا۔ تباہ
ہونا۔ آٹا مَسلنا (متعدی) موٹے آٹے کو ہتھیلی
میں پانی ملا کر رگڑنے سے ٹھیک کرلینا۔ آٹا
ہوجانا یا ہونا (لازم) ۱؎ باریک ہو جانا ۲؎ سڑجانا
گل جانا۔ آٹے دال کا بھاؤ بتا دینا (متعدی)
دھمکانے اور تنبیہ کی جگہ پر کہتے ہیں۔ ٹھیک بنانا
آٹے دال کا بھاؤ کھُلنا یا معلوم ہونا۔
(لازم) قدر معلوم ہونا۔ دُنیا کے نشیب و فراز کا
حال معلوم ہونا۔ آٹے دال کی فکر (مونث)
نوکری یا معاش کی فکر۔ آٹے کی آپا (مونث)
بھولی بھالی عورت۔ آٹے کا خمیر (مذکر) ۱؎
گندھے ہُوئے آٹے کا کھٹا ہو جانا ۲؎ آٹے میں
سوڈا ڈال کر رکھ دیتے ہیں۔ جب وہ کھٹا ہو جائے
تو خمیر ہو جاتا ہے۔ آٹے کی بلی ہے۔ صرف
ظاہر کا خوف ہے۔ باطن میں کچھ ڈر نہیں۔ آٹے
کے ساتھ گھُن پسنا (لازم) بڑے آدمی کے
ساتھ چھوٹے کو نقصان پہنچنا۔ آٹے میں نمک
(تف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

امثال و اقوال۔ آٹا دال اُلّو بھی
ہے۔ اچھائیوں کے ساتھ بُرائیاں بھی ہیں۔ ایک
سپاہی نے قرضے میں ایک بنئے کو اُلّو یہ کہہ کر لگا
دیا کہ یہ باز ہے۔ اسے بعد میں معلوم ہُوا۔ تو
اُسے دُکان میں رکھ چھوڑا کہ شاید کوئی خرید لے۔
کوئی دریافت کرتا کہ دُکان میں کیا کیا ہے تو وہ یہ
فقرہ کہہ دیتا۔ آٹا نبڑا بوچا سٹکا (کھسکا) مفلسی
میں خوشامدی کھسک گئے۔ غربت میں خوشامد
کرنے والے چلے گئے۔ آٹا نہیں تو دلیا
(جب بھی) ہوجائیگا۔ تھوڑا بہت فائدہ ہو
ہی جائیگا۔ آٹا ہے نہ پاٹا مُرغ کا ہے پر
کاٹا۔ ہے تو بیمقدور مگر ارادے بڑے بڑے
کرتا ہے۔ آٹے کا چراغ گھر رکھوں تو
چوہا کھائے۔ باہر رکھوں تو کوّا لے جائے
ہر طرح نقصان ہی نقصان ہے۔

آٹم پاٹم (ہ۔ تف) ہر جگہ۔ یہاں وہاں
ہر کہیں۔ اُوپر نیچے۔

آٹنا (ھ۔متعدی)۔ جڑنا۔ بھرنا۔ لگانا۔ ملانا۔

آٹوب (ھ۔مذکر)۱ قدرت۔ بناوٹ۔ ۲ روح ۳ طاقت۔ قابو۔شکتی ۴ ہنر۔گن ۵ چستی۔

آٹھ (ھ۔عدد)۱ سات اور ایک ہے ۲ سولہ کوڑیوں کے کھیل میں جب ۴ یا ۸ یا ۱۲ یا ۱۶ کوڑیاں چت گریں ۳ چوسر کے کھیل میں جب پاسے اس طرح پر پڑیں کہ ایک پاسے پر پانچ دائرے ایک پر دو اور ایک پر ایک ہو (س اَشٹ) آٹھ آٹھ آنسو رُلانا (متعدی)، رونا (لازم) بہت رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ آٹھ اٹھارہ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم)۱ متفرق ہونا۔ تتر بتر ہونا۔ ۲ حیران ہونا۔ گھبرانا ۳ پراگندہ ہونا۔ پریشان ہونا آٹھ پہر (تف)۱ چوبیں گھنٹے۔ دن رات ۲ ہروقت سدا۔ ہر گھڑی۔ آٹھ آٹھ پہر (یا) جامے (کپڑوں) سے باہر رہنا (لازم) ہروقت غصّے میں بھرے رہنا۔ آٹھ پہر چونسٹھ گھڑی (تف) رات دن۔ چوبیں گھنٹے۔ آٹھ پہر سولی پر رکھنا (متعدی)، رہنا۔ ہونا (لازم) ہمیشہ دُکھ میں مبتلا رہنا۔ آٹھ پہر کاؤں کاؤں (مونث) ہروقت کا شور وغل۔ ہروقت ٹوکتے رہنا۔ آٹھ پہر میان سے باہر رہنا (لازم) ہروقت لڑنے کے لئے تیار رہنا۔ ہروقت غصّے میں بھرا رہنا۔ آٹھ پہری (مذکر)۱ وہ شخص جو نگران گاہ ہے ۲ کھیتی کا محافظ۔ آٹھ کونسل (مذکر) جلسہ۔ اجلاس کونسل (قانونی اصطلاح) آٹھواں (صفت) ۱/۸۔ آٹھواں حصّہ کسی چیز کا۔ آٹھوں (مذکر) ہولی کا آٹھواں دن۔ آٹھوں پہر (تف) ہر وقت۔ دن رات۔ آٹھوں پہر جان سولی پہ ہے۔ ہروقت تکلیف ہے۔ آٹھوں کا میلا (مذکر) ہندؤں کا میلا ہولی کے آٹھویں دن۔ آٹھوں گانٹھ کمیت (مذکر) وہ گھوڑا جسکے آٹھوں جوڑ گھٹنے اور ٹخنے درست ہوں۔ اور رنگ کمیت ہو ۲ (صفت) تجربہ کار۔ ہوشیار ۳ بدمعاش۔ شریر۔ عیّار۔ آٹھویں (مونث)۱ آٹھویں تاریخ ۲ شمار کرنے میں استعمال ہوتا ہے ۳ مونث کے لئے جیسے آٹھویں تاریخ۔ آٹھویں ساتویں (تف) ۱ کبھی کبھی ۲ آٹھویں ساتویں دن۔

امثال و اقوال۔ آٹھ بار نو تیوہار اس شخص کے واسطے بولتے ہیں جو ہروقت عیش و عشرت میں مشغول رہے۔ یعنی آٹھ دنوں میں نو تیوہار مناتا ہے۔ آٹھ جولاہے نو حقّہ اس پر بھی دھکّم دھکّا۔ باوجود ضرورت سے زیادہ سامان ہونے کے بھی جھگڑا۔ آٹھ کٹھوتی تھاپئے سولہ مکونی کھائے۔ اس کے مرے نہ روئیے گھر کا دلدّر جائے (ھ) جو شخص بہت کھائے وہ مرے تو ایک مصیبت دفع ہوتی ہے۔ آٹھ گاؤں کا چودھری اور بارہ گاؤں کا راؤ۔ اپنے کام نہ آؤ تو ایسی تیسی میں جاؤ (ھ) چاہے کیسا ہی امیر ہو۔ اگر اپنے کام نہ آیا تو اس کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ آٹھ ملے کاٹھ تلسی ملے جات (ھ) آٹھ لکڑیاں ملنے سے ذات بن جاتی ہے۔ یعنی ذات آسانی سے بن جاتی ہے۔ آٹھوں پہر کال کا ڈنکا سر پر بجتا ہے۔ موت ہروقت سر پر کھڑی ہے۔

آٹھمنا (ھ۔مذکر) مغرب۔ پچھم۔

آٹی (ھ۔مونث) دیکھو اٹیا۔

آثار (ع۔مذکر۔ جمع اثر)۱ احادیثِ رسول اللہ ۲ سنتِ رسول اللہ ۳ صحابہ کرام کے اقوال و افعال ۴ سایہ ۵ نشان پا۔نشان۔ نقوش ۶ پچھن۔ اطوار ۷ انداز۔ ڈھنگ ۸ دیوار کی چوڑائی ۹ نیو۔ بنیاد ۱۰ کھنڈرات ۱۱ جمع ثار۔غالباً سیر کی عربی شکل۔ سیر۔ ۱۶ چھٹانک۔ (اَثَرَ۔ نشان ہونا) آثار اچھے یا بُرے ہونا (لازم) علامتیں یا ڈھنگ اچھے یا بُرے ہونا۔ آثار باقی ہونا (لازم) نشان رہ جانا۔ آثار بندھ جانا (لازم) علامتیں ظاہر ہونا۔ آثار پائے جانا (لازم) علامتیں دکھائی دینا آثار پڑنا (لازم) نیو پڑنا۔ بنیاد قائم ہونا۔ آثار پیدا ہونا (لازم) نشان ظاہر ہونا۔ آثارِ جلالت (مذکر) بزرگی کے آثار۔ آثارِ حشر (مذکر) دیکھو آثار قیامت۔ آثارِ خیر (مذکر) اچھی نشانی۔ آثار چھا جانا (لازم) علامات کا کثرت سے ظاہر ہو جانا۔ آثار دکھائی دینا (لازم) پچھن نظر آنا۔ اطوار ظاہر ہونا۔ علامتیں نظر آنا۔ آثار دکھلانا (متعدی) علامتیں ظاہر کرنا۔ نقوش ظاہر کرنا آثار ڈالنا یا رکھنا (متعدی) نیو رکھنا۔ آثار رکھوانا (م م) نیو یا بنیاد رکھوانا۔ آثارِ رنج و ملال ظاہر (عیاں) ہونا (لازم) چہرے سے رنج و ملال معلوم ہونا۔ آثارِ سحر ہونا (لازم) دن چڑھنے کے نشانات ظاہر ہونا پو پھٹنا۔ آثار شریف (مذکر) انبیاء اولیاء کی نشانیاں یا تبرکات۔ آثارِ صنادید (مذکر) بادشاہوں کی نشانیاں عمارات وغیرہ۔ آثار ظاہر (عیاں) ہونا (لازم) نشانات دکھائی دینا۔ علامات پائے جانا۔ آثارِ عشق (مذکر) عاشق ہونے کے نشانات۔ آثارِ عشق چہرے پر پائے جانا (لازم) چہرے سے ظاہر ہونا کہ کسی پر عاشق ہیں۔ آثارِ عظمت چہرے سے ظاہر (عیاں۔ نمودار۔ ہویدا) ہونا (لازم) بزرگی یا بڑائی چہرے سے معلوم ہونا۔ آثارِ قدیمہ (مذکر) پرانی عمارتیں۔ آثارِ قیامت (محشر) ۱ قیامت کے قرب کے نشانات۔ دجال کا آنا ظہور مہدیؑ ۲ مصیبت کی علامتیں۔ آثارِ قیامت برپا ہونا (لازم) طوفان یا زلزلہ آنا۔ آثار نظر آنا یا ہویدا ہونا (لازم) دیکھو آثار ظاہر ہونا۔

مقولہ۔ آثار پیداست صنادید عجم را۔ اس کا پہلا مصرعہ ہے۔ از نقش و نگارِ در و دیوار شکستہ۔ ٹوٹے ہوئے دروازوں اور دیواروں کے نقش و نگار سے شاہان عجم کی نشانیاں ظاہر ہیں۔ گزشتہ زمانے کے بادشاہوں کے جاہ و جلال کو ظاہر کرنے کے واسطے کہتے ہیں۔

آثام (ع۔مذکر) اثم کی جگہ۔

آثِم (ع۔مذکر)۱ گناہگار۔ عاصی ۲ عجز سے اپنے متعلق بھی کہتے ہیں (اَثَمَ۔ گناہ کرنا)

آج (ہ۔تف)۱ موجودہ دن ۲ اب۔ اس وقت ۳ ان دنوں ۴ زندگی میں ۵ زمانہ حال میں (س۔ اَدیہ) آج آئے کل چلے۔ تھوڑی دیر ٹھیر کر چلے گئے۔ آج آئی کل گئی۔ عارضی ہے۔ ٹھیرنے والی نہیں۔ آج اس کا دور (زمانہ) ہے تو کل اس کا دور (زمانہ) ہے۔ آج کسی کا عروج ہے تو کل کسی کا۔ آج برس کے پھر نہ برسونگا (برسیگا) بہت زور سے مینہ برسنے پر کہتے ہیں۔ آج پھول ہیں۔ آج مُردے کا تیجا ہے۔ آج تو چوٹ ہے۔ آج خوب

سنگار کیا ہے۔ آج چل کے پھر نہ چلونگی جب ہوا خوب زور سے چلتی ہے۔ کہتے ہیں آج دو ہنٹر کل جوتیاں پرسوں چھریاں ہونگی۔ روز بروز فساد بڑھیگا۔ آج سے (تف) زمانہ حال میں جدید۔ آج صبح کو کس کنجوس (منحوس) کا نام لیا تھا۔ کھانا نہ ملنے یا کوئی اور کام خراب ہونے پر کہا جاتا ہے۔ آج قسمت سے ہاتھ آ گئے ہو۔ آج اتفاقاً مل گئے ہو۔ آج کا دن (مذکر) موجودہ دن۔ آج کا کام کل پر اُٹھا رکھنا۔ ٹالنا چھوڑنا۔ ڈالنا یا رکھنا (متعدی) سُستی کرنا۔ تساہل کرنا۔ آج کدھر آ نکلے یا بھول پڑے آج کدھر کا چاند نکلا۔ آج کدھر سے خورشید نکلا۔ جب کوئی مدت کے بعد ملے تو کہا جاتا ہے۔ آج (صبح صبح) کس کا مُنہ دیکھا ہے۔ جب سارا دن پریشانی میں گزرے تو یہ کہا جاتا ہے۔ آج کس کا مُنہ دیکھ کر اُٹھا ہوں۔ بھوکا رہنے یا پریشان رہنے پر کہا جاتا ہے۔ آج کل (تف) ! ان دنوں ۲ عنقریب۔ امروز فردا ۳ ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ (کرنا ہونا کے ساتھ) آج کل اس کی بات کا کیا اعتبار ہے۔ غم و رنج کی وجہ سے اس کے ہوش ٹھکانے نہیں۔ آج کل اس کے دور دورے ہیں۔ آج کل اس کا زمانہ ہے۔ آج کل ان کے بڑے دور دورے ہیں۔ آج کل ترقی یا عروج کا زمانہ ہے (ہر ضمیر کے ساتھ) استعمال ہوتا ہے۔ آج کل جنگل میں سونا اُچھالتے چلے جاؤ کوئی نہیں پوچھتا۔ ایسا امن ہے کہ کوئی کسی کو نہیں ٹوکتا۔ آج کل روزگار عنقا ہے۔ ان دنوں مزدوری یا ملازمت نہیں ملتی۔ آج کل سے (تف) تھوڑے عرصے سے۔ چند روز سے۔ آج کل علم کا آفتاب سمت الراس پر ہے۔ آج کل علم بہت ترقی پر ہے۔ آج کل کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) بہانے (ہونا) حیلہ حوالہ (ہونا)، آج کل میں (تف) بہت جلد۔ آج کل کو۔ دیکھو آج کل کو زائد

ہے۔ آج کل گالا ڈوبتا ہے پتھر ترتے ہیں۔ آج کل جھوٹ کو فروغ ہے۔ آج کیا جانی دُنیا دیکھی۔ آج کیا تھا جو کبھی نہ کیا تھا۔ جس بات کی تم سے توقع نہ تھی وہ ظہور میں آئی۔ آج کے دن (تف) موجودہ دن۔ موجودہ زمانے میں۔ آج کی رات (مونث) ! موجودہ رات ۲ آج کے دن کے بعد آنے والی رات ۳ گزری ہوئی رات۔ آج گئے کل آئے۔ بہت جلد واپس آئے۔ آج میں نہیں یا وہ نہیں۔ آج میں جان دُونگا یا اس کی جان لونگا۔ آج میں ہوں اور وہ ہے۔ آج اس سے اچھی طرح سمجھونگا۔ بدلہ لینے میں کسر نہ رکھونگا۔ آج نصیبوں سے ہاتھ لگے ہو۔ اتفاق سے یا قسمت کی خوبی سے ملے ہو۔ آج نہ موا کل مر جاؤنگا بہت پریشانی اور مصیبت کی حالت میں کہا جاتا ہے۔ آج نہیں تو کل۔ یہ کام ضرور ہوگا۔ آج نہیں کل کسی بات کو ٹالنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ ایک فقیر ہمیشہ ایک درخت کے نیچے بیٹھ کر کہا کرتا۔ اے خدا اپنی محبت میں مجھے کھینچ۔ ایک دن ایک بگڑے دل نے درخت پر چڑھ کر رسی لٹکا اس کے گلے میں ڈال اُوپر کو کھینچا۔ فقیر گھبرا کر بول اُٹھا۔ آج نہیں کل۔ آج ہمارے لئے کل تمہارے لئے۔ زمانہ یکساں نہیں رہتا۔ جو حال ہمارا آج ہے کل تمہارا ہوگا۔ آج ہی کل میں (تف) بہت جلد۔ عنقریب۔

امثال و اقوال۔ آج بسیرا

نیار کل بسیرا دُور (ھ) ! مسافر ایک دن کہیں دوسرے دن کہیں ہوتا ہے ۲ آج زندہ کل مردہ۔ آج تک پڑے ہینگ ہگ رہے ہیں۔ جب کوئی اپنے کئے کی سزا بھگت رہا ہو تو یہ مثل کہتے ہیں۔ آج جو کرنا ہے کرلے کل کی کل کے ہاتھ ہے۔ زندگی ناپائدار ہے۔ آج جو میرے ہے سو راجہ کے نہیں۔ میں بہت خوش قسمت ہوں۔ آج زبان کھلی ہے کل بند۔ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔ آج زندہ ہے تو کل مُردہ۔ آج سے کل نزدیک ہے۔ کل کو دُور نہ سمجھو۔ اچھے کام کرلو

آج سے کل نیڑے ہے۔ کل دُور نہیں جب کوئی دوسرے دن پر ٹالے تو کہتے ہیں۔ آج کا کام آج ہی کرنا چاہیئے۔ آج کا کام کل پر نہ چھوڑنا چاہیئے (چھوڑو) جو کام کرنا ہے فوراً ختم کرو۔ آج کریگا کل پائیگا۔ زندگی میں جو کام کریگا۔ اس کا بدلہ قیامت پر یا ہندؤں کے بموجب اگلے جنم میں پائیگا۔ آج کل ان کی پانچوں (انگلیاں) گھی میں ہیں۔ آج کل بڑے عیش و عشرت میں بسر کرتے ہیں۔ آج کل ان کے پیشاب میں چراغ جلتا ہے۔ آج کل (ان کے نام) ان کی ناؤ کمان چڑھتی ہے۔ بڑے صاحب اقبال ہیں۔ آج کل بارہ برس کی بٹیا بر مانگے ہے۔ آج کل کی کتیا اپنے مُنہ سے بر مانگتی ہے۔ کلجگ کا زمانہ ہے۔ نامناسب باتیں لوگ کرتے ہیں۔ بارہ برس کی لڑکی خاوند کی خواہاں ہے۔ آج کل روزگار عنقا ہے آج کل ملازمت بڑی مشکل سے ملتی ہے۔ آج کل شیر بکری ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں۔ آج کل بڑا انتظام ہے۔ کوئی کسی کو تکلیف نہیں دیتا۔ آج کل بڑا انصاف ہوتا ہے۔ آج کی آج آجکی برس دن میں۔ جو اب حال ہے یہ ہی برس دن بعد ہوگا۔ آج کے آج اور سو برس میں۔ جو ہونا ہے وہ ضرور ہوگا۔ آج کیا گھوڑے بیچ کے سوئے ہو۔ آج خوب سوئے ہو جیسے کسی بات کی پرواہ ہی نہیں۔ آج کے بنئے کل کے سیٹھ۔ زمانہ کا انقلاب ہے جو آج غریب ہے وہ کل امیر ہوگا۔ بنیا امیر ہو جائے تو سیٹھ کہلاتا ہے آج کے تھپے آج ہی نہیں جلتے جو کام آہستہ ہونا چاہیئے وہ فوراً نہیں ہوسکتا۔ جلد بازی سے کام نہیں نکلتا۔ آج مرے (موئے) کل دوسرا دن۔ زندگی کی بے ثباتی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ آج میں کل تو۔ آج میری باری ہے تو کل تیری آجائیگی۔ آج میری منگنی کل میرا بیاہ پرسوں لونڈیا کو کوئی لے جا۔ آج میری منگنی کل میرا بیاہ۔ ٹوٹ گئی ٹنگڑی رہ گیا بیاہ (ھ) مستقبل کی بے اعتباری اور دُنیا کی بے ثباتی

ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ آج نپوتی کل نپوتی
ٹیسو پھولا سدا نپوتی (ھ) ہمیشہ بے اولاد
رہیگی۔ سخت ناامیدی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں
آج ہماری کل تمہاری دیکھو لوگو
پھیرا پھاری (پھیری) دولت کسی شخص
کے پاس نہیں رہتی۔ کبھی کسی کی کبھی کسی
کی۔ آج ہے سو کل نہیں۔ زندگی بے ثبات
ہے۔ جو آج زندہ ہے وہ کل مُردہ ہوگا۔
آجا (ھ۔ مذکر) دادا۔ آجا گرو (مذکر)
گورو کا گورو۔ آجی (مونث) دادی۔
آجدان (ف۔ مذکر) فرانسیسی ایڈجوٹنٹ کا
مخفف۔ اجیٹن۔
آجر (ع۔ مذکر) سرخط یا پٹہ دینے
والا۔ وہ شخص جو اُجرت دیکر کام لے (اَجر۔ اجرت دینا)
آجر (ھ۔ مونث) بیگار۔
آجر (ف۔ اسم) ۱ اینٹ ۲ کھپریل۔
آجرتراش (مذکر) معمار۔
آجری (صفت) اینٹوں کا بنا ہوا خشتی۔
آجگو (س۔ مونث) شوجی کی کمان
جو پرتھو کے جنم پر آسمان سے گر پڑی تھی۔
آجل (ع۔ مذکر) میعاد کے اندر
نالش نہ کرنے والا آدمی (اَجل۔ دیر ہونا)
آجِل (ع۔ صفت) ۱ وہ جو دیر لگائے
۲ مستقبل ۳ اگلے جہان کا۔ آجلاً (تف) اگلے جہان
کے متعلق۔
آجم (ع۔ صفت) ۱ تھکا ہوا ۲
متنفر ۳ سیر۔
آجنا (س۔ مونث) ۱ حکم۔ ہدایت۔
فرمان۔ ارشاد۔ امر ۲ طاقت۔ بیحد اختیار ۳
دسویں نکشترے کا نام ۴ اجازت۔ رخصت
آجنا دینا (ھ۔ متعدی) حکم دینا۔ حکومت کرنا۔
آجُو باجُو (ھ۔ تف) اردگرد۔
اِدھر اُدھر۔ نزدیک (بازو کا مخرب)
آجُودان (ف۔ مذکر) فرانسیسی ایڈجوٹنٹ
کا مخفف۔ اجیٹن۔
آچار (ت۔ مذکر) ۱ وہ بوڑھا خواجہ سرا
جو وہ سردوں کو ادب قاعدہ سکھائے ۲ (مونث)
بوڑھی پرانی خادمہ۔

آچار (ف۔ مذکر) دیکھو اچار۔
آچار کرنا یا نکالنا (متعدی) خوب پیٹنا۔
آچار (س۔ مذکر) قاعدہ۔ رسم و رواج
آچاری (مذکر) ۱ پابندِ مذہب۔ دینِدار۔ پارسا
دھرمی ۲ عابد۔ زاہد۔ رشی۔ جوگی۔ آچاریا۔
آچاریانی (مونث) آچاریہ کی بیوی۔ آچاریہ
(مذکر) ۱ گورو۔ پاٹھک۔ پنڈت۔ معلم۔ اُستاد
ادیب ۲ برہمن ۳ کسی فرقے کا بانی ۴ ایک خطاب
جو قابل آدمیوں کے نام کے ساتھ لگاتے ہیں
آچار (ف۔ اسم) ۱ دیکھو اچار ۲ نمکین
گوشت ۳ (صفت) ۱ ملاجلا۔ گڈمڈ ۲ ناہموار۔ اونچا نیچا ۳
(س آچارسے) پرانی رسم ۴ مذہبی قواعد کے بموجب۔
آچرن (س۔ مذکر) ۱ طرزِ زندگی
چلن۔ ڈھنگ۔ برتاؤ ۲ رسم و رواج ۳ چال چلن
کے قواعد یا آئین ۴ رسومات مذہبی۔ آچرن
کرنا (ھ۔ متعدی) برتنا۔ کام کرنا۔ مشق کرنا۔
آچرنا (ھ۔ متعدی) کرنا۔ برتنا۔
آچمن (س۔ مذکر) کُلّی۔ کھانے یا
مذہبی رسوم سے پہلے کُلّی کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)
آچھا (ھ۔ صفت) اچھا۔
مثل۔ آچھے دن پاچھے گئے
ہر سے کیا نہ ہیت۔ اب پچھتائے
کیا ہوت ہے جب چڑیاں چُگ گئیں
کھیت۔ جوانی میں بُرے کام کرتا رہا۔ اب
بڑھاپے میں پچھتانے کا کیا فائدہ ہے۔
آچھنا (ھ۔ لازم) ۱ ہونا۔ زندہ رہنا
۲ رہنا۔ ٹھیرنا۔ سکونت رکھنا۔
آحاد (ع۔ جمع احد) ۱ ایک سے
نوتک ۲ اکائی۔ اعداد کے چار درجوں میں
سے پہلا درجہ۔ باقی درجے عشرات۔ دہائی۔ مآت
سینکڑے اور الوف ہزاروں ہیں۔
آخ۔ دیکھو اخ۔
آخ (ف۔ اسم) نشان۔
آخار (ف۔ اسم) کوئی چیز جو ناکارہ
سمجھ کر پھینک دی جائے۔
آخال (ف۔ اسم) ۱ کوئی فضول چیز
۲ ایک شہر۔
آختہ (ف۔ مذکر) انسان یا حیوان
جس کے فوطے نکال لئے جائیں (کرنا ہونا
کے ساتھ)

آخَر (ع۔ صفت) دوسرا۔ اور۔
آخِر (ع۔ صفت) ۱ پچھلا ۲ انجام
انتہا۔ حد ۳ ختم۔ انجام ۴ قریبِ اختتام ۵ زائد
حسنِ کلام کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کچھ
تو کرنا چاہئے آخر (آخر۔ سِرے پر رکھنا) آخِر
آخِر (صفت) سب سے پچھلا۔ آخر آخر (تف)
آخرکار۔ اخیر کو۔ انجام سرشت میں ہے۔ آخر
اپنی اصالت پر آگیا۔ آخر اپنی ذات
پر آگیا۔ کمینہ پن کا کام کیا۔ جب کوئی نیچ ذات
خراب بات کرتا ہے تو کہتے ہیں۔ آخرالامر
(تف) آخرکار۔ انجام کار۔ آخربیں (صفت)
عاقبت اندیش۔ آخرت (ع۔ مونث) عقبےٰ
اگلا جہان۔ روزِ قیامت۔ وہ عالم جہاں مرنے
کے بعد اعمال کا حساب کتاب ہوگا۔ آخرت
بگاڑنا (متعدی) بگڑنا (لازم) بُرے کام ہونا۔
گناہ ہونا۔ آخرت بنانا (متعدی) بن جانا
(لازم) اچھے کام ہونا۔ اچھے اعمال ہونا۔
آخرت سنوارنا (متعدی) سنورنا (لازم)
آخرت بننا۔ آخرت کا بھلا (کی چیز)
(مذکر) عقبےٰ کا بھلا۔ آخرت کا سودا (مذکر)
وہ اچھے اعمال جن سے آخرت میں بھلا ہو۔
آخرت کی کمائی (مونث) نیک کام۔ نیک
اعمال۔ آخر تین تیرہ ہوجائینگے۔ آخر
نااتفاقی ہوجائیگی۔ آخر زمانہ (مذکر) ۱ قربِ قیامت
۲ بڑھاپا۔ آخرش (تف) ش زائد ہے۔ آخرکار
آخرکار (تف) اخیر کو۔ انجام کو۔ آخر کر دینا
(متعدی) ۱ ادھ موا کر دینا ۲ مار ڈالنا ۳ ختم کر دینا
آخر کو (تف) انجام کار۔ قصہ کوتاہ۔ آخر کیا
کروں۔ جب مصیبت حد پر پہنچ جاتی ہے
تو کہتے ہیں۔ آخر گل پھلا۔ اخیر میں نتیجہ
خراب ہوا۔ آخر میں کوئیں میں تو نہیں
گئی تھی۔ ایسی جگہ تو نہیں گئی تھی جہاں سے
پھر نہ آسکتی۔ آخر وقت (مذکر) ۱ نزع کا وقت
۲ سب سے اخیر وقت۔ آخر ہونا (لازم) ۱
مرجانا ۲ ختم کے قریب ہونا ۳ ختم ہونا۔ پُورا
ہونا۔ آخری (صفت) ۱ پچھلا ۲ آخرکار۔
آخری بہار (مذکر) ۱ اخیر فصل۔ اخیر موسم

حسن و رونق یا لطف کا زوال ۳ بہار کا آخری زمانہ ۔ عمر کا آخری حصّہ ۔ **آخری پوشاک** (مونث) مجازاً کفن ۔ **آخری چہار شنبہ** (مذکر) صفر کے مہینہ کا آخری بدھ ۔ بیان ہوتا ہے ۔ کہ اس دن پیغمبرؐ صاحب نے غسل صحت کیا تھا ۔ **آخری چہار شنبہ کر دینا** (متعدی) جب کسی کے ہاں بہت برتن ٹوٹتے ہیں تو کہتے ہیں ۔ **آخری دَور** (مذکر) ۱ اخیر عہد یا زمانہ ۲ خاتمہ کا گشت ۳ شراب کا آخری چکر ۔ **آخری دم** (مذکر) نزع کا وقت ۔ **آخری دیدار** (مذکر) مرتے وقت کا دیدار ۔ **آخری زمانہ** (مذکر) قرب قیامت ۔ **آخری سواری** (مذکر) جنازہ **آخری صحبت** (مونث) آخر کی مجلس ۔ **آخری ملاقات** (مونث) وہ ملاقات جس کے بعد ملنے کا اتّفاق نہ ہو ۔ **آخری مجلس یا محفل** (مونث) آخر کی مجلس جس کے بعد اکٹھے ہونے کا موقع نہ ملے ۔ **آخری وقت** (مذکر) ۱ موت کے قرب کا زمانہ ۔ نزع کا وقت ۲ آخری دور ۔ پچھلا زمانہ **آخریں** (مونث) آخری **آخریں دم** (مذکر) نزع کا وقت ۔

امثلہ وغیرہ ۔ **آخر آدمی نے کچّا دودھ پیا ہے** سہو و خطا آدمی کی سرشت میں ہے ۔ **آخِرُ الدَّوَا الکَی** (ع) آخری دوا داغ دینا ہے ۔ یہ اس وقت بولا جاتا ہے ۔ جب دفعِ ضرر کے لئے آخری علاج کرنا پڑتا ہے **آخر فنا آخر فنا** ۔ ہر چیز کا انجام آخر فنا ہے **آخر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے** آخر اپنے ہاتھ سے اپنا نقصان ہُوا ۔ **آخر مروگے روپیہ جوڑ جوڑ کیا کروگے** کنجوس کو کہا جاتا ہے ۔ جب وہ ضرورت کے موقع پر بھی خرچ نہیں کرتا ۔

آخُر (ف ۔ اسم) ۱ گھوڑے کے رہنے کا مکان ۲ کالر کی ہڈی ۳ داہستان میں ایک مقام ۔ **آخر سالار** (مذکر) گھوڑوں کا افسر ۔ **آخرک** (مذکر) ۱ چھوٹا اصطبل ۲ کالر کی ہڈی ۔

آخور (ف ۔ مونث) ۱ پانی پینے کی جگہ ۲ چارپایوں کے دانہ گھاس کھانے کی جگہ ۳ وہ گھاس جو جانوروں کے کھانے سے بچ رہتی ہے ۔ اور نکال کر پھینک دی جاتی ہے ۴ نکما ۔ ناکارہ ۔ خراب ۔ **آخور بخور** (مذکر) آخور ۔ **آخور کی بھرتی** (مونث) ۱ نکمّے آدمیوں کا جتھا ۲ ناکارہ چیزوں کا اکٹھا کرنا ۳ نکمّے مضامین کی کثرت ۔

آخون (ف ۔ مذکر) آخوند ۔ اُستاد ۔ معلم ۔ **آخون جی** (صاحب) (مذکر) تعظیم سے کہتے ہیں ۔ **آخون زادہ** (مذکر) اُستاد کا بیٹا ۔ خلیفہ ۔

آخوند (ف ۔ اسم) دیکھو آخون ۔

آخیز (ف اسم) سیمنٹ پلستر ۔ **آخیز گر** (اسم) پلستر کرنے والا ۔

آد (ہ ۔ مذکر) دیکھو آدھ ۔ **آدپاؤ** (مذکر) دو چھٹانک ۔

آدِ (س ۔ مذکر) آد ۔ آدھ (ہ) ۱ شروع ۔ آغاز ۲ دیوتا اِندر سے شروع ہوکر ۳ (صفت) پہلا ۔ شروع کا ۴ ابتدائی ۵ مشہور ۶ مرکبات کے آخر میں بمعنی شروع ہوکر وغیرہ وغیرہ جیسے ایک آد ۔ **آد بُدھ** (مذکر) شمالی بدھوں کا بڑا دیوتا ۔ **آد بَل** (مذکر) بچّہ پیدا کرنے کی طاقت ۔ **آد بھاگ** (مذکر) توریت **آد پُران** (مذکر) ۱ برہما پران ۲ جینیوں کی ایک کتاب ۔ **آد پُروش** (مذکر) ۱ پہلا انسان ہرنیا کشیپ ۲ وشن جی اور برہما جی ۔ **آد پَرَوت** (مذکر) بڑا پہاڑ ۔ **آد پَرَوَن** (مذکر) مہابھارت کا پہلا حصہ ۔ **آد تال** (مذکر) گانے میں ایک تال ۔ **آد جَن** (مذکر) رشبھ ۔ **آد دیتیہ** (مذکر) ہرنیا کشیپ **آد روپ** (مذکر) بیماری کے آثار **آدِ سے** (ہ ۔ تف) شروع سے **آد سے انت تک** (ہ ۔ تف) شروع سے آخر تک ۔ **آد شکتی** (مونث) مایا ۔ **آد شِکسا** (مونث) ابتدائی تعلیم ۔ **آد کارن** (مذکر) ابتدائی سبب یا وجہ ۔ **آد کانڈ** (مذکر) مہابھارت کا پہلا باب ۔ **آد کاویہ** (مذکر) پہلی نظم ۔ رامائن **آدِم** (صفت) پہلا شروع کا ۔ ابتدائی ۔ اصلی ۔ **آد مول** (مذکر) پہلا سبب ۔ (مذکر) ابتدائی نسل **آد یادوی** (مذکر) ایک گن **آد یَنت** (مذکر) ۱ شروع اور اخیر ابتدا اور انتہا ۲ (تف) شروع سے اخیر تک ۔ ابتدا سے انتہا تک ۳ سر سے پاؤں تک ۴ اخیر تک ۔

امثال و اقوال ۔ **آد بُرا انت بُرا** ۔ جس کا آغاز بُرا ہو انجام بھی بُرا ہوتا ہے **آد ہندو بعد مسلمان** ۔ پہلے انسان ہندو ہوتا ہے پھر مسلمان خصوصاً ختنہ ہونے پر ۔

آدا (ہ ۔ مذکر) سونٹھ ۔ سوکھا ہُوا ادرک ۔

آداب (ع ۔ مذکر) ادب کی جمع ۔ ۱ مرتبہ کا پاس ۔ حفظِ مراتب ۲ مراتب ۳ تہذیب ۔ اخلاق ۔ وضعداری ۴ قواعد ۔ دستور ۵ تعظیم سے سلام ۶ شکریہ ۷ تعظیمی الفاظ جو خطوں میں لکھے جاتے ہیں (اَدَب ۔ مہذب ہونا) **آداب بجالانا** (لازم) ۱ عجز و انکسار سے سلام کرنا ۔ بزرگوں یا بڑے آدمیوں کو سلام کرنا ۲ شکریہ ادا کرنا ۳ رخصت ہونا ۴ قائل کرنے والا معقول کو کہتا ہے ۵ قاعدے اور دستور ادا کرنا ۔ **آدابِ شاہانہ یا شاہی** (مذکر) بادشاہوں کو سلام کرنے اور ان سے گفتگو کرنے کے طریقے ۔ دربار کی حاضری کے طریقے ۔ **آدابِ صحبت** (مذکر) محفل کے طریقے ۔ **آداب عرض کرنا** (متعدی) آداب بجالانا ۔ **آداب عرض ہے** ۱ ان الفاظ سے سلام کرتے ہیں ۲ طنزاً جب کوئی کسی کام کے کرنے کا دعوےٰ کرے اور نہ کرسکے **آداب کرنا** (متعدی) سلام کرنا ۔ **آدابِ مجلس یا محفل** (مذکر) مجلس میں نشست و برخاست گفتگو کے قاعدے ۔ **آداب و القاب** (مذکر) خط کا عنوان ۔ **آداب و تسلیمات** (مونث) ادب سے سلام ۔ کورنش مجرا (بجالانا ۔ پہنچانا ۔ پہنچنا ۔ عرض کرنا ۔ کرنا ہونا کے ساتھ) **آداب ہے** ۔ دیکھو آداب عرض ہے ۔

آدان (س ۔ مذکر) لینا ۔ قبولیت ۔ **آدان پردان** (مذکر) لینا دینا لین دین ۔

آدِت (س ۔ تف) ۱ ابتدا سے وغیرہ وغیرہ ۔ اور مثل ۔ اول ۲ (مذکر) دیکھو آدِتیہ ۳ دیکھو آدت ۔ **آد تو** (مذکر) قدامت

...ت - پہل - آدتیہ (مذکر) ۱ ایک خاص قسم کے دیوتا۔ جو تعداد میں بارہ ہیں۔ اور آدتی کے فرزند ہیں ۲ دیوتا ۳ سورج - آدتیہ پُران (مذکر) اٹھارہ اُپ پرانوں میں سے ایک کا نام - آدتیہ وار (مذکر) آیتوار -

آدَر (س - مذکر) عزت۔ آؤبھگت ۱ توجہ۔ التفات ۳ خوش اخلاقی ۴ عزت کا سلوک ۵ توقیر۔ قدر۔ حرمت - آدر بھاؤ (مذکر) ۱ عزت ۲ شرافت - آدر پانا یا ملنا (لازم) عزت پانا۔ عزت ہونا - آدر دینا یا کرنا۔ (متعدی) عزت کرنا۔ توقیر کرنا - آدر سے (تف) ادب سے۔ عزت سے۔ آدرمان (مذکر) آدر - آدرنیہ یا آدر یوگیہ (صفت) ۱ قابلِ عزت و تکریم ۲ عزت دار معزز۔ بزرگ - آدر ونت (صفت) ۱ مؤدّب۔ باادب ۲ معزز ۳ پارسا ۴ قابل عزت ۵ (مذکر) بھگت - پارسا آدمی۔ آدر ونتی (مونث) بھگتانی۔ پارسا عورت۔

امثال و اقوال - آدر بڑا ھل گجادر بہو کے - امیر آدمی کی بیوی کی بہت عزت ہوتی ہے۔ دولتمند کی سب عزت کرتے ہیں۔ آدر نہ بھاؤ جھوٹے مال کھاؤ ٹکینہ۔ کم عزت آدمی اگر بے ایمانی کرے تو اس کی عزت میں کچھ فرق نہیں آتا کمینے آدمی کی شرارتوں اور بے ایمانیوں پر کہا جاتا ہے -

آدرا (ھ - مذکر) ۱ چھواں نکشترہ یا منزل قمر ۲ برسات کا شروع۔

آدَرش (س - مذکر) ۱ آئینہ ۲ شرح ۳ اصل مسودہ ۴ نقل ۵ نمونہ ۶ نشان - آدرشن (صفت) ۱ آشکار ۲ دیدار ۳ (مذکر) آئینہ۔

آدَرنا (ھ - متعدی) عزت کرنا توقیر کرنا۔

آدِک (س صفت) ۱ متعلق اول یا آغاز - ابتدائی۔ سے شروع ہوا ہو ۱ ۲ اور دوسرا - اور باقی۔

آدَمؑ (ع - مذکر) ۱ سب سے پہلے انسان جن سے نسل انسان شروع ہوئی۔ مسلمان انہیں ابوالبشر کہتے ہیں ۲ انسان - آدمی - ۳ (صفت) سانولا - بھورا - بادامی - سیاہی مائل (آدم پھونسلا ہونا) آدم آبی (مذکر) ۱ پانی کا ایک جانور ۲ ایک فرضی انسان جس کے متعلق خیال ہے کہ سمندر میں رہتا ہے - چہرہ انسان کی طرح ہوتا ہے اور دھڑ مچھلی کا۔ آدم پیرا (صفت) ۱ آدم کو بنانے والا ۲ (مذکر) خدا ۳ نہایت پارسا ۴ آدم چشم (مذکر) ایک قسم کا گھوڑا جس کی آنکھوں کی سفیدی کے گرد سرخی ہوتی ہے - آدم خور (صفت) آدمی کو کھانے والا۔ آدم زاد (صفت) آدم کی اولاد۔ آدم شناس (صفت) اچھے بُرے آدمی کو پہچاننے والا - آدم صحرائی یا کوہی (مذکر) جنگلی آدمی - وحشی آدمی - آدم کی اولاد (مونث) انسان - آدم گر (صفت) رحمدل خیراندیش - آدم گری (مونث) ۱ انسانیت آدمیت ۲ خیراندیشی۔ شفقت۔ رحملی آدمی (مذکر) ۱ انسان۔ اولاد آدم ۲ نوکر - خدمتگار ۳ قاصد۔ ایلچی ۴ معتمد ۵ سمجھدار یا تمیزدار شخص ۶ خاوند شوہر - آدمی آخر خاک کا پیوند ہے - انسان فانی ہے - آدمیاں (مذکر جمع) انسان لوگ - آدمیانہ (صفت) آدمی کی طرح - آدمی کے طریقے پر - آدمی بنانا (متعدی) بننا (لازم) ۱ آدمی پیدا ہونا ۲ آدمی کی شکل بننا ۳ آدمیت سیکھنا - شائستہ بننا ۴ پریشان نہ رہنا - وحشت دُور ہونا ۵ حیثیت درست رکھنا - آدمی بنو ۱ نچلے بیٹھو ۲ اچھے چلن سیکھو آدمی پر آدمی گرتا تھا - بہت بھیڑ تھی۔ آدمیّت (مونث) ۱ انسانیت - بھلمنساہٹ ۲ خلق - مروت - ملنساری ۳ سلیقہ - عقل شعور ۴ شائستگی - آدمیت آنا (لازم) انسانیت سیکھنا - صفات انسانی حاصل ہونا - آدمیت اُٹھ جانا (لازم) بدتمیز ہونا - بےعقل ہونا - آدمیت اختیار کرنا یا پکڑنا (لازم) اچھی خصلتیں اور عادتیں سیکھنا - آدمیت سکھانا (متعدی)، سیکھنا (لازم) انسانیت۔ تہذیب یا شائستگی سیکھنا - آدمیت سے جانا (لازم) انسانیت چھوڑ دینا - بدتہذیب یا بدتمیز ہو جانا - آدمیت کے جامے میں آنا (لازم) انسانیت کے جامے میں آنا - آدمیت کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱ کارانسانی ہونا ۲ انسان کے فائدے کے کام کرنا - آدمی چاہیئے دل کا پکا پیٹ کا گہرا - آدمی کو افشائے راز نہیں کرنا چاہیئے - آدمی کا بچہ (مذکر) انسان - معمولی شکل کا آدمی - آدمی کا جنگل (مذکر) وہ جگہ جہاں بہت آدمی ہوں - بہت بھیڑ - آدمی کو اونٹ بنا دینا (متعدی) انسان کو بدتمیز بنا دینا - آدمی کے جامے میں آنا (لازم) ۱ انسان کی صورت بننا - انسان کے بھیس میں آنا ۲ انسانیت اختیار کرنا ۳ غصہ فرو کرنا ۴ بدحواسی دور کرنا ۵ تہذیب اور شائستگی سیکھنا ۶ حجامت کرانا اور اچھے کپڑے پہننا ۷ انسان کے قالب میں آنا - آدمی کی شکل بننا (لازم) آدمی بننا ۲ آدمی کی شکل کا ہونا (لازم) معمولی شکل کا ہونا خوبصورت نہ ہونا - آدمی کی صورت نکل آنا (لازم) دُبلاپن جاتے رہنا - آدمی کے لباس میں آنا (لازم) آدمی کے جامے میں آنا - آدمی کی نگاہ پہچاننا (متعدی) انسان کی آنکھوں سے اس کے دل کا حال تاڑ جانا - آدمی نہ آدم زاد - ہُو کا مقام - ویرانہ - سنسان جگہ - آدمی نیت کو ڈانواں ڈول نہ کرے - بھٹکنا نہیں چاہیئے - آدمی ہو (کہ) یا آسیب (بھوت - جن) کوئی آدمی پیچھا نہ چھوڑے تو کہتے ہیں - آدمی ہو (کہ) یا بودم بے دال (بے دال کے بودم) آدمی ہو یا الّو - مذاقاً کہتے ہیں - آدمی ہو (کہ) یا پنجشاخہ (غف) بڑے بیوقوف ہو - آدمی ہو (کہ) یا جانور - بدتمیزی کرنے والے کو کہتے ہیں - آدمی ہو (کہ) یا گھن چکر (غف) بہت بیوقوف ہو - آدمی ہے ۱ انسان ہے ۲ معمولی شکل کا ہے ۳ معمولی صفات رکھتا ہے -

امثال و اقوال - آدم آیا دم آیا - آدمی کے پیدا ہوتے ہی دم آنا شروع ہو جاتا ہے - آدم را گندمِ بہشت نسازد - آدم کو بہشت کا گیہوں ناموافق ہے آدمی کے واسطے دولت نقصان دہ ہے - آدمی آدمی انتر کوئی کنکر کوئی پتھر (کوئی

ہیرا کوئی کنکر یا پتھر) سب آدمی ایک سے
نہیں۔ آدمی اپنی صحبت سے پہچانا
جاتا ہے۔ آدمی کا چال چلن اس کے ملنے
والوں سے ظاہر ہوتا ہے۔ اگر ایک آدمی
نیک لوگوں سے ملتا ہے اُسے نیک سمجھو
اگر بُروں سے ملتا ہے اُسے بُرا سمجھو آدمی
اپنے مطلب کے لئے پہاڑ کے کنکر
ڈھوتا ہے۔ آدمی اپنی غرض کے لئے ہر قسم
کی معیبتیں اُٹھاتا ہے۔ آدمی اپنے مطلب
میں اندھا ہوتا ہے۔ آدمی کو اپنا مطلب
نکالنے کے لئے بُرے بھلے کی تیز نہیں
ہوتی۔ آدمی اشرف المخلوقات ہے۔
انسان کو خدا نے سب مخلوق سے بہتر بنایا
ہے۔ آدمی اناج کا کیڑا ہے۔ آدمی کی زندگی
کا مدار اناج پر ہے۔ آد میاں گم شدند
ملک خدا خر گرفت۔ عقلمند لوگ چل بسے
احمقوں کی بن آئی۔ آدمی پانی کا بُلبُلہ ہے
انسان کی زندگی ناپائیدار ہے۔ آدمی پر
جیسی پڑتی ہے ویسی سہتا ہے۔ جو
معیبت آتی ہے سہنی پڑتی ہے۔ آدمی پیٹ
کا کُتّا ہے۔ پیٹ کی خاطر آدمی ہر ایک
کام کرتا ہے۔ آدمیّت اور شے ہے علم
ہے کچھ اور چیز۔ لاکھ طوطے کو پڑھایا
پر وہ حیواں ہی رہا۔ تعلیم حاصل کرنے
سے ضروری نہیں کہ آدمیت بھی آ جائے۔
آدمی ٹھوکریں کھا کر سنبھلتا ہے معیبتیں
اُٹھانے سے انسان سنبھلتا ہے۔ آدمی
جانے بسے سونا جانے کسے۔ آدمی
کا پتہ امتحان سے یا اس کے ہم صحبتوں سے
یا اس سے تعلق پڑنے سے چلتا ہے۔ اور
سونے کا پتہ کسوٹی پر گھسنے سے۔ آدمی چنے
کا مارا مرتا ہے۔ انسان کی زندگی کا کوئی
اعتبار نہیں۔ معمولی صدمے سے موت واقع
ہو جاتی ہے۔ آدمی دیکھو بس کر سونا دیکھو
کس کر۔ دیکھو آدمی جانے۔ آدمی را آدمیّت
لازم است انسان کے واسطے انسانیت
ضروری ہے۔ آدمی سا پکھیرو کوئی نہیں
آدمی بہت دوڑ دھوپ کرتا ہے۔ آدمی
بہت دُور پہنچتا ہے۔

آدمی فربہ شود از راہِ گوش۔ آدمی اپنی تعریف سُن کر
خوشی کے مارے پھول جاتا ہے۔ آدمی کا آدمی
سے کام نکلتا ہے ضرورت کے وقت
آدمی ایک دوسرے کا کام کر دیتا ہے۔
آدمی کا بال بال گنہگار ہے۔
آدمی بڑا گنہگار ہے۔ آدمی کا شیطان
آدمی ہے۔ آدمی آدمی کو بہکاتا ہے آدمی
کچھ کھو کر (کے ہی) سیکھتا ہے۔ نقصان
اُٹھانے کے بعد تجربہ ہوتا ہے۔ آدمی کو
آدمیت لازمی ہے۔ آدمی کو دوسروں سے
شرافت سے پیش آنا چاہئے۔ آدمی کے لئے
انسانیت ضروری ہے۔ آدمی کو آدمی سے
سو دفعہ کام پڑتا ہے۔ جب کوئی کام کرنے
سے انکار کرے تو کہتے ہیں۔ آدمی کو ڈھائی
گز زمین کافی ہے۔ آدمی کو قبر کے لئے
تھوڑی سی زمین کافی ہے۔ محل یا مکان بنانا
یا اراضی خریدنا فضول ہے۔ آدمی کی
آب و گِل میں بھول کی آمیزش ہے
بھول آدمی کے ساتھ ہے۔ آدمی کیا جو آدمی
کو نہ پہچانے۔ آدمی کو اچھے بُرے کی تمیز
کرنی چاہئے۔ آدمی کیا جو آدمی کی قدر
نہ کرے۔ آدمی کو اہلِ ہُنر کی قدر کرنی چاہئے
آدمی کیا ہے سر اینچے کا بانس ہے۔
بہت لمبا آدمی ہے۔ آدمی کی پیشانی
دل کا آئینہ ہے۔ آدمی کا حال اس کے
چہرے سے معلوم ہو جاتا ہے۔ آدمی کی
دوا آدمی ہے۔ آدمی کا جی آدمی سے بہلتا
ہے۔ رنج و تکلیف میں آدمیوں میں بیٹھ کر
جی بہل جاتا ہے۔ آدمی کی قدر مرے
پر ہوتی ہے۔ انسان کے مرنے کے بعد
اس کی خوبیاں یاد آتی ہیں۔ آدمی کی
کسوٹی معاملہ ہے۔ انسان کی اچھائی
بُرائی واسطہ پڑنے سے معلوم ہوتی ہے۔
آدمی کے کام آدمی آتا ہے۔ ایک آدمی
دوسرے کی مدد کرتا ہے۔ آدمی مال کے
لئے سر پر پہاڑ اُٹھاتا ہے۔ آدمی اپنی
غرض کے لئے ہر قسم کی معیبت برداشت
کرتا ہے۔ آدمی نے کچّا دُودھ (شیرا

پیا ہے۔ آدمی سہو سے خالی نہیں۔ آدمی
ہے کہ بجلی۔ بہت تیز کام کرتا ہے۔
آدہ (ف۔ اسم) مرغیوں یا کبوتروں کا اڈا
آدھ (ہ۔ صفت) آدھا کا مخفف
۱ نصف ۲ ماپ تول و وقت کے بعض پیمانوں
کے پہلے استعمال ہوتا ہے ۳ آنے کے پہلے
بھی بولتے ہیں (س ارد) آدھا (صفت) نصف ½
آدھا آدھا (تف) پورے دو حصّے۔ نصفا نصف
آدھا آدھا (بدا) ہونا (لازم) ۱ شرمندہ
ہونا ۲ کُڑھنا۔ افسوس کرنا۔ آدھا پاؤ یا
تہائی (تف) تھوڑا۔ کسی قدر۔ آدھا تہا
(تف) تھوڑا سا۔ قلیل حصّہ۔ چھٹا حصّہ۔ آدھا
رہ جانا یا رہنا (لازم) بہت دُبلا ہونا۔ گھٹ
جانا۔ آدھا ساجھا (مذکر) آدھی شراکت۔
آدھا ساجھا ہونا (لازم) نصفا نصف۔
آدھا سیسی (مذکر) دردِ شقیقہ۔ آدھے سر کا
درد۔ آدھا کر دینا (متعدی) بہت کم کر دینا
آدھا نام لینا (لازم) حقارت یا پیار سے
آدھا نام پکارنا۔ آدھا ہو جانا (لازم) کم
ہو جانا۔ آدھ سیر آٹا (مذکر) رزق۔ گزر اوقات
کی صورت۔ آدھ سیر آٹے (سے لگ
جانا) کے سر ہو جانا (لازم) گزر یا بسر اوقات
کے قابل ملازمت مل جانا۔ آدھم ساجھا (مذکر)
لڑکوں کا ایک کھیل جس میں نصف چیز بانٹ
لیتے ہیں۔ آدھوں آدھ (تف) برابر کے
دو حصّے۔ آدھی بات (مونث) ادھوری
ناتمام بات۔ ناگوار بات۔ آدھی بات سُن
پائیں تو ایک ایک کی چار چار دل سے
بنائیں۔ بہت چالاک اور شریر آدمی ہی
شرارت کی باتیں دل سے گھڑ لیتے ہیں آدھی
بات نہ اُٹھنا (لازم) ناگوار بات کی برداشت
نہ کر سکنا۔ آدھی بات نہ پُوچھنا (لازم) متوجہ
نہ ہونا۔ قدر نہ کرنا۔ آدھی بات نہ سُننا (لازم)
حیثیت یا شان کے برخلاف کوئی بات نہ سُننا
آدھے بجے (تف) ½ ۱ بجے۔ آدھے پیٹ
(تف) نصف بھوک رکھتے ہوئے۔ آدھی
چھوڑ ساری کو دوڑنا (لازم) تھوڑے پر
قناعت نہ کرنا۔ بہت کا لالچ کرنا۔ آدھی
دُنیا آباد آدھی ویران۔ یہ پھبتی یک چشم

پر کی ۔ تی ہے ۔ **آدھے دھڑ کا دم نکلنا** (لازم) آدھے بدن کی جان نکلنا ۔ **آدھی ڈھولی** (مونث) سو پانوں کی گڈی ۔ کل ۲۰۰ کی ہوتی ہے **آدھی رات** (مونث) ۱ نصف شب ۔ نیم شب ۲ رات کے بارہ بجے کا وقت ۔ **آدھی رات اِدھر آدھی رات اُدھر** ۔ ٹھیک بارہ بجے رات ۔ تنہائی کا ذکر یا کوئی کہانی کہتے وقت کہتے ہیں ۔ **آدھی رات ڈھلنا** (لازم) نصف شب گزر جانا ۔ **آدھے کا تہاؤ یا تہائی یا تیہار** (نف) بہت کم ۔ چھٹا حصّہ ۔ **آدھے کا تیہا ہونا** (لازم) برباد ہو جانا ۔ **آدھے کا ساجھی یا شریک** (مذکر) ۱ آدھے کا حصہ دار ۲ سگا بھائی ۔

امثال واقوال

آدھا آپ گھر آدھا سب گھر ۔ حریص آدمی کے لئے جو آدھا تو خود رکھے اور آدھا دوسروں کو تقسیم کرے ۔ **آدھا پانی آدھا تیل** ۔ دھوکا فریب **آدھا تجے پنڈت سارا تجے گنوار** (ھ) عقلمند سوچ کر خرچ کرتا ہے ۔ بیوقوف ساری دولت اجاڑ دیتا ہے ۔ **آدھا تیتر آدھا بٹیر** بے جوڑ ۔ بے میل ۔ جو کام یکساں نہ کیا جائے نصف کچھ نصف کچھ ۔ **آدھ پاؤ آٹا چوبارے (چوپال میں) رسوئی** ۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جس کی حیثیت بہت کم ہو ۔ اور شیخی بہت بگھارے **آدھ سیر کے برتن میں سیر بھر نہیں سماتا** ۔ **آدھ سیر کے پاتر میں کیسے سیر سمائے** ۔ آدھ سیر کے برتن میں سیر چیز نہیں سما سکتی ۔ مطلب یہ ہے کہ نا ممکن کام کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہئے ۔ **آدھ سیر چنے کی دال** ۔ حصول مقصد میں ناکامیاب ہو کر ایک معینہ دھمکی دینا ۔ **آدھے اساڑھ بیڑی پار** ۔ نصف اساڑھ کے بعد عموماً بارش ہو جاتی ہے ۔ **آدھے اساڑھ تو بیری کے بھی برسے** ۔ احسان بہت سا کرنا چاہئے ۔ معمولی مہربانی تو ہر کوئی کر سکتا ہے ۔ **آدھی چھوڑ ساری کو دھائے آدھی رہے نہ ساری پائے** ۔ دیکھو آدھی کو چھوڑ الخ ۔ **آدھی رات اور گھر کا پرونے والا** ۔ آدھی رات کا وقت اور اپنا آدمی بانٹنے والا ۔

ناجائز فائدہ اُٹھانے کی جگہ بولتے ہیں ۔ **آدھی رات کو جماہی آوے شام سے ہی مُنہ پھیلاوے** ۔ وقت سے پہلے کسی کام کی تیاری کرنا ۔ **آدھی روٹی بس کایتھ ہیں کہ پس** ۔ شریف آدمی کے لئے تھوڑا ہی کافی ہے **آدھی روٹی پاؤ بھر شکر** ۔ سخت فضول خرچی بے حد اسراف ۔ **آدھے میاں شیخ شرف الدین آدھا سارا گاؤں** ۔ دیکھو آدھے قاضی آدھے **قاضی قدوا اور آدھے باوا آدم** ۔ جب آدمی خود کو بڑے حصّہ کا مستحق سمجھے تو یہ کہا جاتا جاتا ہے ۔ **آدھی کا ساجھی برابر کی چوٹ** ۔ آدھے کا شریک بمقابل ہوتا ہے ۔ **آدھی کو چھوڑ ساری کو جائے ایسا بوڑے تھاہ نہ پائے** (ھ) **آدھی کو چھوڑ ساری کو دوڑے آدھی رہے نہ ساری پائے** ۔ حریص آدمی آدھی کو چھوڑ کر ساری کی کوشش کرے تو آدھی بھی ہاتھ سے جاتی رہتی ہے ۔ **آدھے گاؤں دوالی آدھے گاؤں (پھاگ) ہولی** ۔ آدھے آدمی ایک طرف آدھے دوسری طرف ۔ **آدھے ماگھے کملی کاندھے** ۔ **آدھے ماہ کاندھے کمبل سیاہ** ۔ آدھے ماگھ میں اتنی گرمی ہوتی ہے کہ زمیندار کملی کو کندھے پر ڈال لیتا ہے ۔ **آدھی مُرغی آدھا بٹیر** ۔ دیکھو آدھا تیتر ۔

آدھِ (س ۔ مذکر) ۱ رنج و فکر ۔ سوچ ۲ امید ۳ تکلیف ۔ مصیبت ۔

آدھار (ہ ۔ مذکر) اتنی خوراک جس سے بھوک دب جائے مگر سیری نہ ہو ۔

آدھارِک (ہ ۔ صفت) نامنصف ۔ شرارتی ۔ بدمعاش ۔ ظالم ۔

آدھارنا (ہ ۔ متعدی) اعتبار کرنا ۔ بھروسہ کرنا ۔ اعتماد کرنا ۔

آدھاری (ہ ۔ صفت) کھانے والا ۔

آدھان (س ۔ مذکر) ۱ حمل ۔ گربھ بارداری ۲ ایک رسم حمل سے پہلے حمل قائم ہونے کے لئے ۔ **آدھانِک** (مذکر) ایک رسم جماع کے بعد حمل قائم ہونے کے لئے ۔

آدِھکیہ (س ۔ مذکر) زیادتی ۔ بہتات ۔

آدھُنِک (س ۔ صفت) ۱ نیا ۔ جدید ۔ تازہ ۲ موجودہ وقت کا ۔ **آدھُنِکتا** (مونث) ۱ نیاپن ۲ عجوبہ ۔

آدِھین (ہ ۔ مذکر) ۱ رعیت ۲ فرمانبردار ۔ تابعدار ۳ عاجز ۔ ناچیز ۔ مسکین ۔ **آدھین ہونا** (لازم) فرمانبردار ہونا ۔ نوکر ہونا ۔ تابعدار ہونا ۔ **آدھینی** (مونث) ۱ اطاعت ۔ فرمانبرداری ۲ عاجزی ۔

آدِی (س ۔ صفت) پہلا ۔ اوّل ۔ افضل ۔ برتر ۔ **آدِی پُران** (مذکر) پہلا پران ۔ برہما پران کو کہتے ہیں ۔

آدِیش (ف ۔ اسم) آگ ۔

آدیش (س ۔ مذکر) ۱ حکم ۔ فرمان ۲ تعلیم ۳ پیش گوئی ۔ فال نکالنا ۴ جوگیوں میں چھوٹے کا بڑے کو سلام کرنا ۵ (صرف و نحو) ایک حرف یا جزو کو دوسرے کے ساتھ بدلنا ۔

آدِینہ (ف ۔ مذکر) شکروار ۔ جمعہ ۔

آڈ (ہ ۔ مونث) ۱ نال ۔ کوئیں کے پانی کی نالی ۲ نالی کا کنارہ جو اونچا ہوتا ہے ۳ تل کا چھلکا ۔ (س آل)

آڈِٹ (انگ ۔ مذکر) حساب کی پڑتال (کرنا ہونا کے ساتھ) **آڈِٹر** (مذکر) پڑتال کرنے والا ۔ محتسب ۔ محاسب ۔ **آڈٹر جنرل** (مذکر) ہند میں حساب کے تمام محکموں کا افسر اعلیٰ ۔

آڈَر ۔ آڈر بک (انگ) دیکھو آرڈر ۔

آڈَمبر (س ۔ مذکر) ۱ نرمی کی آواز ۲ باجوں سے حملہ بول دینا ۳ ہاتھی کی چنگھاڑ ۴ شور و غوغا ۵ غرور ۔ تکبر ۔ ابھیمان ۶ نمود ۔ نمائش

آڈَھک (س ۔ مذکر) ایک ماپ خشک اشیاء کے لئے تقریباً ۵۰ مربع انچ ۔

آڈِھیہ (س ۔ صفت) کثیر ۔ وافر ۔ بھرپور ۔

آذار (ف ۔ مذکر) چھٹا رومی مہینہ جو اپریل یا مارچ کے مہینے کے مطابق ہوتا ہے

آذر (ف۔ مذکر) ۱ آگ ۲ ایرانی شمسی سال کا نواں مہینہ ۳ ہر مہینے کا نواں دن خصوصاً جو نھے مہینے تیر ماہ کا ۴ ۱تاہ۲ کا موکل فرشتہ ۵ سات مشہور آتشکدوں کا نام جو سات سیاروں کے نام سے معنون تھے ۶ عشق ۷ حضرت ابراہیمؑ کا باپ۔

آذر افروز (مذکر) ۱ ققنس۔

آذر آئین (مذکر) چوتھا آتشکدہ

آذر برزین (مذکر) چھٹا آتشکدہ۔ **آذر بہرام** (مذکر) تیسرا آتشکدہ۔ **آذر پرست** (مذکر) آتش پرست۔ **آذر پیرا** (مذکر) ۱ وہ شخص جو آتشکدہ میں آگ کی حفاظت کرتا ہے۔ ۲ آگ کا موکل ۳ شیراز کا آتشکدہ ۴ پانچواں آتشکدہ۔ **آذر خرین** (مذکر) پانچواں آتشکدہ۔ **آذر خش** (مذکر) آذر کے مہینے کا پانچواں دن۔ **آذر زردہشت** (مذکر) ساتواں آتشکدہ۔ **آذر شپ** (مذکر) ۱ آگ کا فرشتہ ۲ آگ۔ شعلہ بجلی ۳ بلخ کا ایک آتشکدہ ۴ سمندر۔ آگ کا کیڑا۔ **آذر گشپ** (مذکر) ۱ بجلی ۲ آگ ۳ آتش پرست ۴ بلخ میں ایک آتشکدہ جو گشتاسپ نے بنایا تھا۔ **آذر ماہ** (مذکر) شمسی سال کا نواں مہینہ۔ **آذر مہر** (مذکر) پہلا آتشکدہ۔ **آذر نوش** (مذکر) دوسرا آتشکدہ۔ **آذری** (مذکر) ۱ آذربائیجان کا باشندہ ۲ آذر ہوشنگ کا پیرو ۳ (صفت) آذر کا بنایا ہوا۔ اردو میں بتان آذری کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔ **آذریان** (مذکر) آذر ہوشنگ کا پیرو

آذرم (ف۔ اسم) زین کے نیچے رکھنے کا نمدہ۔

آذریطوس (ف۔ اسم) ایک دوا۔

آذرین (ف۔ مذکر) گل بابونہ۔

آذریوس (ف۔ اسم) ایک قسم کی گوند۔

آذقہ۔ آذوقہ۔ دیکھو آزقہ۔

آذن (ف۔ صفت) لمبے کان والا۔

آر (ہ۔ حرف) کلمات کے آخر میں معنی مصدری دیتا ہے ۱ جیسے پھٹکار۔ جھنکار ۲ کبھی فاعلیت کے معنی دیتا ہے۔ سنار۔ لوہار۔

آر (ہ۔ مونث) ۱ آنکس ۲ ایک نوکدار لوہا جو کوڑے میں لگاتے ہیں ۳ لوہے کی نوکدار چیز جو نرم چیزوں میں چھید کرنے کے کام آتی ہے ۴ ایک چمچہ جو کھانڈ کے کارخانوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۵ مرغ کا کانٹا۔ **آر کرنا۔ لگانا یا مارنا** (متعدی) ۱ آر چبھونا ۲ سست آدمی کو اُبھارنا۔

آر (ف۔ صفت) لانے والا۔ قابل مرکبات کے آخر میں آتا ہے۔ اور ماضی واحد غائب کے آخر میں آکر اسم ذات وغیرہ بناتا ہے۔ جیسے رفتار۔ گفتار۔ خریدار۔ **آری** (مونث) لانا مرکبات کے اخیر میں آتا ہے۔ جیسے خریداری۔ برآری۔

آرا (ف۔ امر) آراستن کا ۱ آراستہ کرنے والا۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے اور فاعل کے معنی دیتا ہے ۲ مسلمان عورتوں کے نام کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے حسن آرا۔ چمن آرا **آرائی** (مونث) آراستگی۔ سجاوٹ مرکبات میں جیسے حسن آرائی۔ خود آرائی۔

آرا (ع۔ مونث) رائے کی جمع۔

آرا (ہ۔ مذکر) ۱ آرہ۔ ایک آلہ جس کے ایک طرف دندانے ہوتے ہیں۔ اور لکڑیاں چیرنے کے کام آتا ہے ۲ پہیے کے اندر کی لکڑی ۳ موچی کی آر (س آر) **آرا (آرے) چلانا** (متعدی) ۱ آرے سے چیرنا ۲ ظلم کرنا۔ زیادتی ہونا۔ **آرا چلنا یا (آرے)** زوال ہونا (لازم) آرا چلنا۔ **آرا (آرے) سر پر چلانا** (متعدی) **چل جانا یا چلنا** (لازم) تشدد کیا جانا۔ سخت تکلیف دیا جانا۔ **آراکش** (مذکر) آرے سے لکڑیاں چیرنے والا۔ **آراکشی** (مونث) آرے سے لکڑیاں چیرنے کا پیشہ۔ **آراکشی کرنا** (متعدی) آراکشی کا پیشہ کرنا۔ **آرا کھینچنا** (متعدی) آرے سے کاٹنا۔ **آری** (مونث) ۱ چھوٹا بینا ۲ جوتا سینے کا ایک ہتھیار۔ **آرے سے چیرنا** (متعدی) کسی زمانے میں باغیوں کو سزا دیجایا کرتی تھی۔ **آرے (الم) غم کے چلنا** (لازم) سخت غمگین ہونا۔

امثال و اقوال۔ آرا باش تیشہ مباش۔ آپ بھی کھا دوسروں کو بھی دے۔ **آرے سر پر چل گئے تو بھی مدار ہی مدار۔** باوجود مصیبت اور تکلیف کے اپنی ہٹ پر قائم رہنا۔

آرا جاری (ہ۔ مونث) آنا جانا۔ آمد و رفت۔

آراد (ف۔ مذکر) ۱ ہر مہینے کا پچیسواں دن ۲ اس دن کا موکل۔

آرادھ (س۔ مذکر) ۱ عزّت کرنا ۲ عبادت کرنا ۳ منانا۔ راضی کرنا ۴ حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ **آرادھک** (صفت) ۱ عبادت کرنے والا۔ پوجا کرنے والا ۲ (مذکر) عابد۔ پوجاری **آرادھن** (مذکر) **آرادھنا** (مونث) ۱ پوجا۔ پرستش۔ عبادت۔ دعا ۲ تکمیل۔ **آرادھنا** (متعدی) ۱ عبادت کرنا۔ پوجا کرنا ۲ دعا مانگنا ۳ تکمیل کرنا۔ کمل کرنا۔ **آرادھیہ** (س۔ صفت) ۱ قابل پرستش ۲ معزز۔ قابل تعظیم ۳ ایک قسم کے برہمنوں کا لقب۔

آراری (انگ: مذکر) ایک آلہ جس سے آفتاب کے گرد سیارات کی حرکت۔ مقادیر ابعاد وغیرہ معلوم ہوتے ہیں۔

آراستگی (مذکر) ۱ سجاوٹ سنگار ۲ تیاری۔ **آراستہ** (ف۔ صفت) ۱ سجا ہوا سنوارا ہوا ۲ تیار۔ **آراستہ (و) پیراستہ** (صفت) سجا ہوا۔ مزین۔ بنا ٹھنا۔ **آراستہ کرانا** (ہم) **کرنا** (متعدی) ۱ سجانا۔ سنوارنا ۲ تیار کرنا ۳ فوج کو قطار میں کھڑا کرنا۔ **آراستہ ہونا** (لازم) دیکھو آخری۔

آراک (ف۔ مذکر) جزیرہ۔

آرام (س۔ مذکر) عیش گاہ۔ باغ۔

آرام (ع۔ اسم) ۱ اِرَم یا اُرم کی جمع پتھر جو صحرا میں رستہ دکھانے کے لئے گاڑے جائیں ۲ رِم کی جمع۔ سفید ہرن۔

آرام (ف۔ مذکر) ۱ چین۔ سکھ۔ قرار سکون۔ آسائش ۲ شفا۔ صحت۔ افاقہ ۳ (صفت) آرمیدن سے۔ آرام کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے جنت آرام۔ **آرام آنا** (لازم) ۱ چین آنا۔ تسکین ہونا ۲ تڑپ جاتی رہنا۔ **آرام اٹھانا** (متعدی) آرام پانا۔ **آرام اُڑ جانا** (لازم) سکھ جاتا رہنا۔ **آرام پانا** (متعدی) سکھ پانا۔ چین پانا۔ **آرام پائی** (مونث) ایک قسم کا جوتا۔ جس کی ایڑی بلند اور پنجہ چوڑا ہوتا ہے۔ آرام

پسند (صفت) کاہل۔ سست۔ آرام پذیر ہونا (لازم) آرام کرنا۔ سونا۔ آرام پہنچانا (متعدی)، پہنچنا (لازم) سکھ یا آرام پہنچنا۔ آرام جاں (مذکر) ایک قسم کا پاندان۔ راحت جان ۲ آرامِ جاں (مذکر) ۱ معشوق۔ محبوب۔ پیارا ۲ اولاد۔ آرام جانا (لازم) راحت جانا۔ تکلیف میں ہونا۔ آرامِ جگر (مذکر) آرام جاں۔ آرام چاہنا (متعدی) سکھ چاہنا۔ آرام کی ضرورت محسوس کرنا۔ آرام چوکی (مونث) آرام کرسی۔ آرام چھوڑ دینا (متعدی) خوشی سے ہاتھ اٹھانا۔ چین چھوڑ دینا۔ بے آرام ہو جانا۔ آرام چین مٹ جانا (لازم) چین جاتا رہنا۔ آرام حاصل ہونا (لازم) آرام ملنا۔ سکھ پانا۔ آرام دان (مذکر) پاندان۔ آرام دل (مذکر) ۱ تسکین قلب ۲ کنایتاً معشوق۔ آرام دینا (متعدی) سکھ دینا راحت پہنچانا۔ آرام رساں (صفت) آرام پہنچانے والا۔ آرام روح (مذکر) ۱ معشوق ۲ اولاد۔ آرام سے بیٹھنا (لازم) چین سے رہنا۔ آرام سے پاؤں پھیلانا (متعدی) چین سے بسر کرنا۔ آرام سے سونا (لازم) میٹھی نیند سونا۔ بے کھٹکے سونا۔ آرام سے کٹنا یا گزرنا (لازم) چین سے بسر ہونا۔ آرام طلب (صفت) سست۔ کاہل۔ آرام پسند۔ آرام فرمانا (متعدی) آرام کرنا۔ سونا۔ آرام کرسی (مونث) ایک قسم کی کرسی جس پر لیٹا جا سکتا ہے۔ آرام کرنا (متعدی) ۱ چین کرنا۔ مزے کرنا ۲ سونا۔ آرام کھونا (متعدی) چین دور ہونا۔ سکھ جاتے رہنا۔ آرام گاہ (مونث) سونے کی جگہ۔ رہنے کا مکان ۔ قبر۔ مقبرہ۔ آرام گزیں ہونا (لازم) آرام کرنا۔ سونا۔ آرام لے جانا (لازم) بے چین کر دینا۔ آرام لینا (لازم) ۱ سستانا۔ دم لینا ۲ راحت مٹا دینا۔ آسائش چھین لینا۔ آرام ملنا (لازم) سکھ پانا۔ آرام منزلوں دور ہونا (لازم) بہت تکلیف ملنا۔ سخت بے چین ہونا۔ آرام میں رہنا (لازم) ۱ چین میں رہنا ۲ سوتے رہنا۔ آرام میں ہونا (لازم) اچھی حالت میں ہونا۔ راحت سے رہنا۔ خوشحالی سے زندگی بسر کرنا ۲ سونا۔ آرام نہ دیکھنا (متعدی) چین نہ پانا۔ تکلیف میں رہنا۔ آرام نہ لینے دینا (متعدی) چین سے نہ بیٹھنے دینا۔ آرام و آسائش (مونث) سکھ۔ چین۔ آنند۔ آرام والا (صفت) آرام طلب۔ آرام والی (مونث) ۱ آرام طلب ۲ منبع آرام و آسائش۔ بیوی۔ آرام ہونا (لازم) ۱ چین آجانا۔ سکون آجانا ۲ صحت ہونا۔ شفا حاصل کرنا۔ افاقہ ہونا۔

آرانا (ہ۔ متعدی) سجانا۔ فارسی آرائش سے۔

آرائش (ف۔ مونث) ۱ سجاوٹ بناؤ سنگار۔ زیبائش ۲ کاغذ و ابرک سے درخت۔ تخت۔ پھول وغیرہ بناتے ہیں۔ ہندوؤں میں برات کے ساتھ اور مسلمانوں میں ساچق کے ساتھ لے جاتے ہیں۔ اور دلہن کے گھر پہنچ کر تماشائی اس کو لوٹ لیتے ہیں۔ آرائش پسند (صفت) بناؤ سنگار کا شوقین۔ آرائش دہندہ (صفت) سجانے والا۔ زیبائش دینے والا۔ آرائش دینا یا کرنا (متعدی) سجانا۔ زیبائش دینا۔ آرائش کا تخت (مذکر) کاغذ اور ابرک کا تخت جس پر آرائش سجی ہوئی ہوتی ہے۔ آرائش محفل (مونث) ۱ مجلس کی زیبائش ۲ ایک کتاب کا نام جو فسانہ عجائب کے مقابلے پر لکھی گئی ہے۔

آربل (ہ۔ مونث) زندگی۔ عمر۔ مدت العمر۔

آرپار (ہ۔ صفت) ۱ وارپار ۲ ایک سرے سے دوسرے سرے تک چھید (مت) آرپار کرنا (متعدی) چھید کرنا (مت)

آرت (ف۔ مذکر) ۱ ہاتھ (ناپ) ۲ کہنی

آرت (س۔ مونث) تکلیف زدہ۔ مصیبت زدہ۔ بیمار۔ آرت سچن (مذکر) ۱ مصیبت زدہ بیمار ۲ آہ۔

آرتِ (س۔ مونث) ۱ تکلیف۔ بیماری ۲ ازحد خواہش۔

آرتا (ہ۔ مذکر) ہندوؤں میں شادی کے موقع پر ایک رسم۔ جب دولہا دلہن کے گھر پہنچتا ہے۔ تو دلہن کے رشتہ دار ایک تھال جس میں آٹے گھی کا چراغ۔ چاول۔ سیندور وغیرہ ہوتا ہے۔ اس کے سر کے گرد پھراتے ہیں۔

آرتھوگرافی (انگ۔ مونث) قواعد کا وہ حصہ جو الفاظ کا صحیح تلفظ بتائے۔

آرتی (ہ۔ مونث) ۱ پوجا کی ایک رسم۔ ایک تھال میں پانچ گھی کے دیا۔ آٹا۔ سیندور خوشبو ڈال کر بت کے گرد پھراتے ہیں ۲ بھجن۔ حمد۔ آرتی کرنا یا لینا (متعدی) آرتی کی رسم ادا کرنا۔

مثل۔ آرتی کے وقت سو گئے بھوگ کے وقت جاگ اٹھے۔ کام کے وقت کھسک گئے۔ کھانے کے وقت آموجود ہوئے۔

آرٹ (انگ۔ مذکر) ہنر۔ فن۔

آرٹسٹ (مذکر) کاریگر۔ نقاش۔ ایکٹر۔

آرٹیکل (انگ۔ مذکر) مضمون جو اخبار کے لئے لکھا جائے۔ آرٹیکلس آف وار (مذکر) فوجی قانون۔

آرج (ہ۔ صفت) ۱ آریہ ۲ خاندانی۔ معزز۔ باعزت۔ بزرگ۔

آرجا (ہ۔ مونث) جینی راہبہ۔

آرجار۔ دیکھو آرا جاری۔

آرجب (ہ۔ مذکر) سچائی۔ دیانتداری اخلاص۔ صاف گوئی۔

آرچا (ہ۔ مونث) ۱ پرستش۔ پوجا ۲ بت۔ صنم۔

آرچ (انگ۔ صفت) بڑا۔ آرچ بشپ (مذکر) سب سے بڑا پادری۔ لاٹ پادری آرچ ڈیکن (مذکر) پادریوں کا ایک درجہ۔

آرد (ف۔ اسم) ۱ ہر مہینے کا پچیسواں دن ۲ اس دن کا موکل۔

آرد (ف۔ مذکر) آٹا۔ پسا ہوا غلہ۔

آردابہ (ف۔ مذکر) دلیا۔

آردر (س۔ صفت) ۱ گیلا۔ نمدار ۲ تازہ۔ سبز۔ رسدار ۳ زندہ ۴ نرم نازک ۵ شفیق۔ دردمند ۶ ڈھیلا ڈھالا۔ پلپلا۔ آردرا (مونث) ایک نکشترے کا نام۔ آردرک (صفت) ۱ گیلا۔ نمدار ۲ نکشترہ آردرا کے نیچے پیدا شدہ۔ آرد رکم (مذکر) سبز ادرک۔

آرڈر (انگ۔ مذکر) حکم۔ فرمان۔ آرڈر بک (مونث) ۱ حکم لکھنے کی کتاب ۲ وہ کتاب جس میں خریدار وہ چیزیں لکھ دے جو وہ خریدنا چاہتا

ہے۔ **آرڈر بک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) آرڈر ۱؎ یا ۲؎ کا آرڈر بک میں درج ہونا۔ **آرڈر دینا یا کرنا** (متعدی) کسی چیز کے خریدنے کا حکم دینا۔ **آرڈر لینا** (متعدی) ۱؎ کسی سے کسی چیز کے خریدنے کا حکم لینا ۲؎ حکم حاصل کرنا۔ **آرڈر نکلنا** (لازم) حکم جاری ہونا۔ **آرڈر ہونا** (لازم) حکم ہونا۔

آرڈنری (انگ۔ صفت) معمولی۔ رسمی۔

آرزُو (ف۔ مونث) تمنا۔ امید۔ خواہش۔ مسرت۔ مراد۔ منت۔ التجا۔ ارمان۔ معا۔ **آرزو اُٹھانا** (متعدی) ۱؎ خواہش کرنا۔ التجا کرنا ۲؎ احسان لینا ۳؎ منت خوشامد کرنا۔ **آرزو بر آنا یا پوری ہونا** (لازم) تمنا پوری ہونا۔ حسرت نکلنا۔ مراد پوری ہونا۔ **آرزو بر لانا** (مذکر) مراد پوری کرنا ارمان نکالنا۔ **آرزو ٹپکنا** (لازم) خواہش کا چھپا نہ سکنا۔ **آرزو خاک میں ملا دینا یا ملانا** (متعدی)، **مل جانا یا ملنا** (لازم) مایوس ہونا۔ **آرزو دل سے نہ جانا** (لازم) تمنا رہنا۔ ارمان رہنا۔ **آرزو دل کی دل میں رہ جانا** (لازم) مراد پوری نہ ہونا حسرت نہ نکلنا۔ **آرزو رکھنا** (متعدی) خواہش رکھنا۔ امید رکھنا۔ **آرزو رہ جانا** (لازم) حسرت رہ جانا حسرت نہ نکلنا۔ **آرزو ساتھ لے جانا** (لازم) مرتے دم تک ارمان نہ نکلنا۔ **آرزو کا خون ہونا** (لازم) ناامید ہونا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔ **آرزو کرنا** (متعدی) ۱؎ خواہش کرنا ۲؎ منت کرنا۔ التجا کرنا۔ **آرزو کی کلی (نہ) کھلنا** (لازم) آرزو پوری (نہ) ہونا۔ **آرزو گاہ** (مونث) امید کی جگہ۔ دُنیا۔ **آرزو گور میں لے جانا** (لازم) بغیر آرزو پوری ہوئے مرجانا۔ **آرزو لے جانا** (لازم) تمنا پوری ہوئے بغیر چلے جانا۔ **آرزو مرجانا** (لازم) آرزو مٹ جانا۔ **آرزو مند** (صفت) خواہشمند۔ امید رکھنے والا۔ **آرزو مندی** (مونث) سخت خواہش۔ ارمان۔ **آرزو نکالنا** (متعدی) ارمان نکالنا۔ خواہش پوری کرنا۔ **آرزو نکلنا** (لازم) ارمان نکلنا۔ خواہش پوری ہونا **آرزوئے خام** (مونث) فضول خواہش۔ خیال خام۔ **آرزوئے دلی** (مونث) دل کی مراد (بر آنا۔ بیان کرنا۔ پوری ہونا وغیرہ کے ساتھ) **آرزوئے مُردہ** (مونث) مٹی ہوئی آرزو۔ **آرزوئے وصال (وصل) ہونا** (لازم) معشوق سے وصل ہونے کی خواہش ہونا۔

امثال۔ آرزو عیب نہیں۔ کسی شے کے حرص کرنے میں حرج نہیں۔ **آرزو عیب ہے** کسی چیز کی خواہش کرنا ایک انسانی کمزوری ہے۔

آرِس۔ آرسی (ہ) آلس و آلسی۔

مثل۔ آرس۔ نندرا اور جماہی یہ تینوں ہیں کال کے بھائی۔ سستی نیند اور جماہی موت کے بھائی ہیں۔ تینوں کی بُرائی ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔

آرسی (ہ۔ مونث) ۱؎ عورتوں کے انگوٹھے میں پہننے کی انگشتری جس میں آئینہ جڑا ہوتا ہے ۲؎ آئینہ۔ **آرسی تو دیکھو۔** اپنی حالت دیکھو۔ لیاقت تو پیدا کرو جب کوئی حُسن اور لیاقت پر ناز کرتا ہے تو کہا جاتا ہے۔ **آرسی ٹوٹ گئی** جب بدصورت عورت حسن پر اترائے تو کہتے ہیں۔ گویا اپنی صورت نہیں دیکھ سکتی۔ **آرسی مصحف** (مذکر) شادی کے موقع پر ایک رسم (دیکھنا۔ دکھانا کے ساتھ)

آرسیہ (س۔ مذکر) ۱؎ پھیکا پن۔ بے تکی ۲؎ بے ہمتی۔ بے حوصلگی۔

آرقیدی (انگ۔ مونث) ایک قسم کے پھول جو پہاڑوں میں ہوتے ہیں۔ ان کی ہزاروں قسمیں ہیں۔ اور یہ نہایت خوبصورت ہوتے ہیں۔

آرَک (س۔ مذکر) ایک پودہ جو کوہ ہمالیہ میں پیدا ہوتا ہے۔ اور دوائیوں کے کام آتا ہے۔

آرکَت (س۔ مذکر) سرخی مائل سُرخ خونی رنگ۔

آرکیالوجی (انگ۔ مذکر) علم آثار قدیمہ **آرکیالوجیکل ڈیپارٹمنٹ۔** محکمہ آثار قدیمہ یہ محکمہ ہندوستان میں پُرانی عمارتوں کو بچانے اور کھنڈرات کو کھود کر چیزیں نکالنے کے لئے کھولا گیا ہے۔

آرگون (انگ۔ مونث) ایک گیس جو کرۂ ہوا میں پائی جاتی ہے۔

آرمبھ (س۔ مذکر) ۱؎ آغاز۔ شروع ۲؎ کوشش۔ **آرمبھ بودھک** (صفت) ابتدائی **آرمبھ کرنا** (متعدی) شروع کرنا۔

آرمید (ف۔ ماضی) آرمیدن کی **آرمیدگاں** (مذکر) جمع آرمیدہ۔ آرام پائے ہوئے مُردے۔ **آرمیدن** (مصدر) آرام پانا۔ **آرمیدہ** (ف۔ صفت) آرام پایا ہوا۔ نچنت۔ مطمئن۔

آرمِش (ف۔ اسم) آرام۔

آرنیک (س۔ مذکر) ۱؎ چند مذہبی اور فلسفی تصنیفات جو اپنشد سے ملتی ہیں۔ یہ براہمنا کے متعلق ہیں۔ اور برہمنوں کے دُنیا تیاگ دینے کے بعد پڑھنے کے لئے ہیں۔ یہ چار ہیں۔ برہاد۔ تیتریا۔ ایتریا کوشیتکی ۲؎ (صفت) جنگلی جنگل میں پیدا ہُوا ہُوا۔ **آرنیک کانڈ** (مذکر) رامائن کی تیسری کتاب۔ شتپتھ براہمنا کی چودھویں کتاب۔

آرنیہ (س۔ مذکر) ۱؎ جنگل ۲؎ (صفت) جنگلی۔ جنگل کے متعلق جنگل میں پیدا ہُوا ہُوا۔ **آرنیہ سبھا** (مونث) جنگلی دربار۔ جہاں بن باشی رشی مل کر بیٹھیں۔ **آرنیہ ششٹھی** (مونث) عورتوں کی ایک رسم۔ **آرنیہ کانڈ** (مذکر) رامائن کی تیسری کتاب کا نام۔ **آرنیہ گن** (مذکر) سام وید کے چار گنوں میں سے ایک۔

آرَو (س۔ مذکر) آواز۔ شور۔

آرُوپ (س۔ صفت) ۱؎ بغیر شکل کے ۲؎ بدشکل۔ بدصورت ۳؎ (مذکر) بدصورتی۔

آروپ (س۔ مذکر) ۱؎ رکھا ہُوا مقرر کیا ہُوا۔ متعلق کیا ہوا ۲؎ بدلا ہُوا۔ بھروپ تبدیل صورت ۳؎ قلب ماہیت۔ کایا پلٹ۔ **آروپت** (صفت) ۱؎ گاڑا ہُوا۔ بویا ہُوا ۲؎ کمان کی طرح کھنچا ہُوا ۳؎ امانت رکھا ہُوا ۴؎ بدلا ہُوا۔ بھیس بدلا ہُوا جعلی۔ **آروپن** (مذکر) جانا۔ بونا کمان کی طرح کھینچنا۔ امانت رکھنا۔ **آروپنا** (ہ۔ متعدی) گاڑنا۔ بونا۔

آرُوڑھ (س۔ صفت) سوار۔

آروغ (ف۔ مذکر) ڈکار۔ آروغ

کرنا (متعدی) ڈکار لینا۔

آرُوق (ت۔ مذکر) ڈکار۔

آرُوندھنا (ھ۔ متعدی) گلا دبا کر مار ڈالنا۔ سانس بند کر کے مار ڈالنا۔

آرہ (ہ۔ مذکر) دیکھو آرا۔

آری (ھ۔ مونث) ۱ سہیلی ۲ پیاری ۳ مینڈھ ۴ نالی ۵ دریا کا کنارہ۔

آرے (ف کلمۂ ایجاب) ہاں

آرے بلے کرنا (متعدی) حیلہ حوالہ کرنا۔ ٹال مٹول کرنا۔

آریا (ھ۔ مونث) ایک ترکاری جو ککڑی کے مانند ہوتی ہے۔

آریا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قوم کا نام جو پہلے وسط ایشیا میں آباد تھی۔ پھر وہاں سے ہند۔ ایران۔ یورپ میں پھیل گئی ۲ ہندوؤں کا ایک فرقہ جو دیانند سرستی جی کا پیرو ہے۔ اور اپنے آپ کو قدیم مذہب پر خیال کرتا ہے ۳ چوہڑے اور چمار جو آریا سماجی ہو جائیں وہ اپنے آپ کو آریا کہتے ہیں ۴ آریا زبانیں۔ **آریا سماج** (مذکر) ایک فرقہ جو دیانندجی کا پیرو ہے۔

آریا (س۔ مونث)۔ ایک وزن یا بحر کا نام۔ (صفت) آریہ لوگوں کے موافق۔ آریہ لوگوں کی طرح یا لائق۔ باعزت۔ معزز۔ شریف۔ اچھے خاندان کا۔ اعلےٰ۔ عقلمند۔ دانا۔ مناسب۔ سزاوار۔ لائق۔ **آریا شٹانگ مارگ** (مذکر) بدھ مذہب والوں کا مقدس آٹھ گنا رستہ ۱ درست سمجھ ۲ درست خیالات ۳ درست الفاظ ۴ درست کام ۵ درست زندگی ۶ درست کوشش ۷ درست یاد ۸ درست مراقبہ۔

آریک (س۔ مذکر) ۱ باعزت یا معزز آدمی ۲ دادا

آریہ (س۔ صفت) ۱ وفادار باوفا ۲ خاندانی معزز۔ بزرگ ۳ (ندائیہ) حضور۔ جناب۔ حضور والا ۴ (مذکر) معزز آدمی۔ باعزت آدمی ۵ وہ جو اپنے مذہب کا پابند ہو ۶ دوست ۷ دیش ۸ بدھ مذہب کا پوجاری۔ **آریہ برہمن** (مذکر) معزز یا شریف برہمن **آریہ پُتر** (مذکر) ۱ آریہ یا شریف آدمی کا بیٹا ۲ ناٹک میں عورت اپنے خاوند کو ۳ اور رعایا راجہ کو اس نام سے پکارتی ہے ۴ شریف آدمی کا لقب ہے۔ **آریہ ستّیہ** (مذکر) صدق اعلیٰ یا عظیم بدھ مذہب والوں کے نزدیک چار سچائیاں ہیں ۱ زندگی تکلیف ہے ۲ خواہش تکلیف کا موجب ہے۔ ۳ اس خواہش کو بجھا دینا تکلیف کو روک دینا ہے ۴ آٹھ گنا رستہ یا آریہ شٹانگ مارگ اس خواہش کو بجھاتا ہے۔ **آریہ سنگھ** (مذکر) بدھ پادریوں کی جماعت

آڑ (ہ۔ مونث) ۱ پردہ۔ اوٹ۔ حجاب ۲ پردۂ حفاظت ۳ سہارا۔ ٹیک ۴ گول ٹیکا ماتھے پر ۵ ایک پرندہ۔ **آڑ باندھنا** (متعدی) پردہ ڈالنا۔ **آڑبند** (مذکر) ایک قسم کا لنگوٹ۔ **آڑ پاڑ** (مذکر) برائے نام ذمہ داری۔ اعتماد۔ شست۔ **آڑ پکڑنا** (متعدی) پناہ لینا۔ چھپ جانا۔ **آڑ پھانس** (مونث) آڑ پاڑ۔ **آڑ توڑنا** (متعدی) پردہ درمیان سے اٹھانا **آڑ ڈھونڈنا** (متعدی) پناہ چاہنا۔ **آڑ کرنا** (متعدی) ۱ پردہ کرنا ۲ پناہ لینا۔ **آڑ گوڑ** ۱ فضلہ ۲ لین دین۔ وہار۔ کاروبار۔ معاملہ۔ **آڑ لگانا** (متعدی) ٹیک لینا۔ **آڑ لینا** (متعدی) پناہ لینا۔ **آڑ میں آجانا** (لازم) اوٹ میں ہو جانا **آڑ میں چھپنا** (لازم) ۱ پردہ کرنا ۲ اوٹ میں ہونا۔ **آڑنا** (متعدی) ۱ روکنا ۲ پشتہ دینا۔ سہارا دینا ۳ سایہ کرنا۔ حفاظت کرنا۔ مدد کرنا۔ **آڑ ہونا** (لازم) اوٹ ہونا۔ حائل ہونا۔ **آڑے آجانا یا آنا** (لازم) ۱ مدد کرنا۔ پناہ میں لینا ۲ بُرے وقت میں کام آنا ۳ سدِّ راہ ہونا۔ **آڑے ہونا** (لازم) دیکھو آخری ۲ دیکھو آڑا۔

آڑا (ہ۔ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ اریب ۲ (مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ دھاری دار کپڑا۔ **آڑا اُتارنا** (متعدی) ۱ کپڑے کو ترچھا پھاڑنا ۲ زوردار پتنگ کو ہوا کے رُخ سے بچا کر اُتارنا۔ **آڑا پاجامہ** (مذکر) ایک قسم کا پاجامہ۔ **آڑا ترچھا ہونا** (لازم) ناراض ہونا خفا ہونا۔ بگڑنا۔ **آڑا چڑھانا** (متعدی) حریف کے پتنگ پر اپنا پتنگ ترچھا لے جانا۔ **آڑا چونالہ** (مذکر) علم موسیقی میں ایک تال کا نام۔ **آڑا کھینچ جانا** (متعدی) اپنے پتنگ کو حریف کے پتنگ سے اُوپر یا نیچے سے لے جانا اور جانب مخالف کھینچنا۔ **آڑا گوڑا** (مذکر) فضلہ۔ کوڑا کرکٹ۔ **آڑا گوڑی** (مونث) کُشتی کا ایک پیچ ٹانگ میں ٹانگ ڈال کر حریف کا پاؤں زمین سے اُٹھا دینا۔ **آڑا لگا لینا** (لازم) جو پتنگ ایک طرف کو جھکا ہو اُسے ڈور دے کر ہوا کے رُخ کرنا۔ **آڑا لگنا** (لازم) پتنگ کا آڑا اُڑنا۔ **آڑا ماننا** (متعدی) پتنگ کا دائیں یا بائیں کسی طرف رُخ دے کر اُڑنا۔

آڑت۔ آڑتیا (ھ۔ مونث) دیکھو آڑھت۔ آڑھتیا۔

آڑو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پھل دار پودا ۲ اس کا پھل۔ شفتالو۔

آڑھ (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

آڑھت (ہ۔ مونث) ساہوکاروں کی معتمد علیہ جگہ۔ منیمی ۲ سوداگروں کا مال تولنے بیچنے یا رکھنے کا کاروبار۔ ایجنسی۔ دلالی۔ دستوری کمیشن ۳ دلالی پر فروخت **آڑھتی یا آڑھتیا** (مذکر) وہ شخص جس کے یہاں آڑھت ہو۔

آڑی (صفت۔ مونث) آڑا کی ۱ ٹیڑھی۔ ترچھی ۲ (مونث) راگ کی ایک قسم۔ ایک سُر ۳ (مذکر) جس کھیل میں دو گروہ ہوں۔ ہر ایک گروہ کا سردار اپنی جماعت کے ہر ایک لڑکے کو اپنا آڑی کہتا ہے۔ **آڑے** (صفت) ٹیڑھا ترچھا۔ مرکبات میں علیحدہ استعمال نہیں ہوتا۔ **آڑی (آڑے ہاتھوں) آنا** (لازم) ۱ آوازے کسنا۔ دوسرے پر رکھ کر بُرا بھلا کہنا ۲ دھول دھپا کرنا۔ **آڑی بیل** (مونث) ترچھی پٹڑی کی بیل۔ **آڑی ترچھی سُنانا یا کہنا** (متعدی) **سُننا** (لازم) بُرا بھلا سننا۔ **آڑی گوٹ** (مونث) ترچھی تراش کی گوٹ۔ **آڑے ہاتھوں لینا** (متعدی) شرمندہ کرنا۔ لتاڑنا۔ **آڑے ہونا** (لازم) ۱ ٹیڑھا ہونا ۲ دیکھو آڑ۔ **آڑی ہیکل** (مونث) ایک قسم کا زیور۔

آز (ف۔ اسم) ۱ خواہش ۲ حرص ۳ شہوت ۴ ایک شہر ۵ لالچ۔ (صفت) لالچی۔ مرکبات کے آخیر میں۔ حرص و آز اکٹھا استعمال ہوتا ہے۔ اکیلا

اُردو میں نہیں آتا۔ آزمند (صفت) لالچی۔
آزناک (ف۔ صفت) خواہشمند آرزومند۔
آزناکی (اسم) حرص۔
آزاد (ف۔ صفت) ۱ جس پر کسی
قسم کی پابندی نہ ہو ۲ جو کسی کا غلام نہ ہو۔ جو
کسی کی لونڈی نہ ہو۔ وہ جو غلامی اور کنیزی سے
بری ہو جائے ۳ بری مستثنےٰ۔ فارغ ۴ رہا۔ قید
سے چھٹا ہوا ۵ گستاخ۔ بے ادب ۶ مجرد۔ کنوارا
۷ سیدھا۔ راست (قد) ۸ خود مختار ۹ جدا۔
الگ۔ بے تعلق ۱۰ رند۔ بے غم۔ بے پروا ۱۱
دنیاداری سے الگ (مذکر) فقیروں کا ایک فرقہ۔
آزاد خیال (صفت) جو مذہب کے متعلق
تنگ خیال نہ ہو۔ جو خلافِ عقل باتوں کو نہ ملنے۔
آزادانہ (صفت) آزاد کی طرح۔ آزادانہ
رائے (مذکر) وہ رائے جس میں کسی کی طرفداری
نہ ہو۔ آزادانہ وضع (مونث) ۱ وہ وضع جو
عوام سے الگ ہو ۲ اوباشوں کی وجہ۔ آزاد رُو
(صفت) ۱ آزاد طریقہ والا ۲ شریف ۳ وہ جو دنیا
سے بے تعلق ہو۔ آزاد رہنا (لازم) ۱ کسی بات
کی پابندی نہ کرنا ۲ بے قید رہنا۔ آزاد طبع
(صفت) جس کی طبیعت میں آزادی ہے۔ جو
تکلفات سے دور ہے۔ آزاد کا الف (مذکر)
۱ وہ سیدھی لکیر جو آزاد فقیر اپنے ماتھے پر کھینچتے
ہیں ۲ بے شرم۔ گستاخ۔ آزاد کا سونٹا (مذکر)
وہ ڈنڈا جو آزاد فقیر لئے پھرتے ہیں۔ اکھڑ۔ منہ
پھٹ۔ آزاد کا قشقہ (مذکر) وہ نشان جو
آزاد فقیر اپنے ماتھے پر بناتے ہیں۔ آزاد
کردہ (صفت) آزاد کیا ہوا۔ آزاد کرنا
(متعدی) ۱ رہا کرنا۔ چھوڑنا۔ قید سے چھوڑنا ۲
رخصت کرنا۔ موقوف کر دینا۔ آزادگاں (مذکر۔
جمع) آزاد لوگ۔ آزادگی (مونث) آزادی۔
رہائی۔ آزاد لوگ (مذکر) ۱ فقیروں کا ایک
گروہ ۲ بے پروا۔ بے تعلق۔ آزاد مرد (مذکر)
دنیاوی تعلقات سے بری۔ بے قید۔ آزاد
منش (صفت) آزاد طبع۔ آزاد وضع (مذکر)
آزاد مرد لاپروا۔ آزادہ (مذکر) جس کی رہائی
اپنے ہاتھ میں ہو۔ آزادہ رُو (صفت) دیکھو
آزاد رو۔ آزادہ مزاجی (مونث) طبیعت کی
سادگی۔ لاپروائی۔ آزادی (مونث) ۱ آزاد

ہونے کی حالت ۲ غلامی سے نجات ۳ قید سے
رہائی ۴ خود مختاری ۵ بے فکری۔ بے پروائی
۶ برأت۔ فراغت ۷ سیدھا پن۔ راستی۔ آزادی
بیچ کرنا (متعدی) آزادی گنوا دینا۔ آزادی
کھو دینا۔ آزادی حاصل کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) آزاد ہونا۔ اتاہ۔ آزادی کا کاغذ
(مذکر) رہائی کی سند یا سرٹیفکیٹ۔ آزادی
مطابع (مونث) حکومت کی طرف سے نگرانی
کے بغیر جو کچھ چاہنا چھاپنا۔ آزادی ملنا
(لازم) نجات ملنا۔ چھٹکارا ہونا۔ خود مختاری
حاصل ہونا۔ آزادی ہونا (لازم) ۱ رہائی پانا
قید سے نکلنا ۲ آزادی کی حالت میں ہونا ۳ آزادی
حاصل کرنا ۴ قید خانہ سے بھاگ جانا ۵ جوا سر
سے اتار دینا ۶ لاپروائی کرنا۔ کسی بات کی پروا
نہ کرنا۔

مثل۔ آزادی خدا کی نعمت ہے
آزادی سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔

آزار (ف۔ صفت) ۱ تکلیف دینے
والا۔ آزار دینے والا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے
جیسے دل آزار ۲ (مذکر) بیماری۔ دکھ۔ روگ ۳
ایذا ۴ تکلیف۔ رنج۔ آزار اٹھانا (متعدی)
تکلیف برداشت کرنا۔ صدمہ اٹھانا۔ درد دکھ
جھیلنا۔ آزار اُڑ کے لگ جانا (متعدی)
بیماری کا ایک دوسرے کو لگ جانا۔ آزار پانا
(متعدی) تکلیف اٹھانا۔ مصیبت اٹھانا۔ اذیت
پانا۔ آزار پہچاننا (متعدی) تشخیص کرنا۔ مرض
کا پہچاننا۔ آزار پہنچانا (متعدی) پہنچنا (لازم)
۱ دکھ پہنچنا۔ تکلیف پہنچنا ۲ سننا۔ آزار پھیلانا
(متعدی) بیماری پھیلانا۔ آزار پھیلنا (لازم)
کسی بیماری کا عام ہونا۔ کسی مرض کی کثرت
ہونا۔ آزار پیٹ میں ہونا (لازم) پیٹ
میں ایسی بیماری ہونا جس کی سمجھ نہ آئے۔
آزار دہی (مونث) تکلیف دینا۔ ایذا رسانی۔
آزار دینا (متعدی) ۱ ایذا دینا۔ دکھ دینا ۲
روگ لگا دینا۔ آزار کھینچنا (متعدی) تکلیف
برداشت کرنا۔ سختی جھیلنا۔ مصیبت اٹھانا۔
آزار لگانا (متعدی) روگ لگانا بیمار کر دینا۔ آزار
لگ جانا یا لگنا (لازم) بیمار ہونا۔ آزاری
۱ بیمار ۲ بیماری ۳ ستانا۔ دکھ دینا۔ مرکبات کے

آخر میں جیسے دل آزاری۔ مردم آزاری۔
آذر (ع۔ مذکر) دیکھو آذر۔
آزَر (ف۔ مذکر) ۱ آزار کا مخفف
۲ (صفت) مرکبات میں۔ ستانے یا ایذا دینے والا ۳
کج طبع۔ بدخو۔ بداخلاق۔
آزرخش (ف۔ اسم) ۱ بجلی ۲ کڑک۔
گرج ۳ طوفان۔
آزرد (ف۔ ماضی، آزردن
کی۔ ناراض ہوا۔ آزردگاں (مذکر)
جمع آزردہ کی۔ وہ اشخاص جو افسردہ دل یا
ملول ہوئے ہوں۔ آزردگی (مونث) رنج۔
تکلیف۔ ملال۔ خفگی۔ آزردہ (صفت)
رنجیدہ۔ ناخوش۔ خفا۔ افسردہ۔ ملول۔ آزردہ دل
یا خاطر (صفت) خفا۔ رنجیدہ۔ اداس۔ مغموم۔
آزردہ دلی (مونث) رنج۔ ناراضگی۔ غم۔
آزردہ رہنا (لازم) رنجیدہ رہنا۔ مغموم رہنا۔
آزردہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ناراض
یا خفا ہونا۔
آزَرم (ف۔ مونث) ۱ شرم۔ حیا۔
آزُقہ۔ آزوقہ (ف۔ مذکر) اصل
میں آب زُقہ تھا۔ زُقہ چوگے کو کہتے ہیں۔ غذا۔
خوراک۔ سامان خورد و نوش ۲ گزارہ۔ قوتِ قلیل
آزما (ف۔ مونث) ۱ آزمانے والا
تجربہ کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال
ہوتا ہے۔ جیسے محبت آزما ۲ (امر) آزمانا کا۔
(آزمودن۔ آزمانا) آزما دیکھنا (متعدی) جانچنا
آزمانا) آزما لینا۔ آزمانا (متعدی) تجربہ کرنا۔
جانچنا۔ امتحان کرنا۔ آزمائش (مونث) امتحان
جانچ۔ آزمائش کرنا (متعدی) تجربہ کرنا۔ آزمائش
میں آنا (لازم) آزمایا جانا۔ آزمائش میں
پورا اُترنا (لازم) آزمائش کئے جانے پر اچھا
ثابت ہونا۔ آزمائش میں ٹھیرنا (لازم) امتحان
میں پورا اترنا۔ آزمائی (مونث) جانچ۔ آزمائش
مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔
آزمودہ (ف۔ صفت) آزمایا ہوا
آزمودہ کار (صفت) تجربہ کار۔

مثل۔ آزمودہ را آزمودن
جہل است۔ آزمائے ہوئے کو آزمانا جہالت
ہے۔ جو باتیں پہلے لوگوں نے آزمائش کر کے

قاعدے مقرر کئے ہیں۔ ان کو پھر آزمانے میں نقصان ہے۔

آژر (ف۔ اسم) ۱ آرام چین ۲ (صفت) طباع۔ تیز طبیعت ۳ پرہیزگار۔ متقی۔

آژبراک (ف۔ اسم) ۱ اینچ ۲ ایک مقام

آس (ف۔ اسم) ۱ دیکھو آس ۲ اناج کا پیسنا ۳ سنجاب سمّاقم ۴ کمان ۵ امید ۶ ایک گاؤں۔

آس (ع۔ اسم) مہندی کا درخت ۲ راکھ ۳ شہد جو چھتے میں رہ جائے ۴ کھنڈرات۔

آس (ف۔ مونث) ۱ آسیا کا مخفف ۲ چکی ۳ بعض مرکب الفاظ میں آتا ہے۔ جیسے خراس۔ بڑی چکی۔ آسمان۔

آس (ہ۔ مونث) ۱ امید۔ خواہش انتظار ۲ بھروسہ۔ آسرا ۳ بچّہ پیدا ہونے کی امید ۴ وہ آواز جس سے سنگت والے گویّے کو (آواز یا ساز سے) سہارا دیتے ہیں (س آشا) آسا (مونث) آس۔ **آس اولاد** (مونث) بال بچے۔ **آس باندھنا** (متعدی) امیدوار ہونا۔ آسرا لگانا۔ **آس بندھنا** (لازم) کسی چیز کی امید ہونا۔ **آس پورانا۔ پوری کر دینا۔ پورن کرنا یا پوری کرنا** (متعدی) **پوجنا۔ پورنا۔ پوری ہونا** (لازم) ۱ امید بر آنا ۲ خواہش پوری ہو جانا۔ **آس تجنا** (لازم) دیکھو آس چھوٹنا۔ **آس تکنا** (متعدی) امید رکھنا۔ بھروسہ کرنا۔ **آس توڑ بیٹھنا** (لازم) **توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) نا امید ہو جانا۔ ۔۔ ہونا۔ آسرا جاتا رہنا۔ **آس جاتی رہنا** (لازم) ۔۔ نہ رہنا۔ **آس چھوٹنا** (لازم) ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔ **آس چھوڑ دینا۔ چھوڑنا** (متعدی) امید قطع کر دینا۔ نا امید ہو جانا۔ اعتماد نہ رکھنا۔ **آس دینا** (متعدی) ۱ دیکھو آس ۲ تسلی دینا۔ امیدوار کرنا **آس رکھنا** (متعدی) امید رکھنا۔ بھروسہ رکھنا **آس رہنا یا سے ہونا** (لازم) حاملہ ہونا۔ **آس کا نام دنیا ہے**۔ امید سے دنیا کا کارخانہ جاری ہے۔ **آس کرنا** (متعدی) بھروسہ کرنا۔ امید کرنا۔ **آس لگانا** (متعدی) ۱ امید کرنا ۲ ٹیک لگانا۔ **آس لگی رہنا یا ہونا** (لازم) امید بندھی رہنا۔ آسرا لگا رہنا۔ **آس مراد** (مونث) آل اولاد۔ **آس مراد والی** (مونث) صاحب اولاد

عورت۔

امثال و اقوال۔ آسا جئے

نراسا مرے۔ امید سے دل کو سہارا ملتا ہے۔ اور ناامید مرتا ہے۔ **آسا مرے نراسا جئے**۔ امید اور انتظار کی تکلیف سے ناامیدی اچھی ہے۔ **آس بڑھاپا آیاں ہو اسوت کسوت یا ہو پیسہ گانٹھ کا یا ہو پوت سپوت** (ہ) بڑھاپے میں یا تو دولت ہونی چاہئے یا نیک بیٹا۔ ورنہ اور کسی طرف سے کوئی امید نہیں رہتی۔ **آس بگانی وہ نکے جو جیوت ہی مرجائے**۔ پرایا بھروسہ ڈھونڈنا بڑے شرم کی بات ہے۔ **آس کرے تو پاس آئے**۔ جب کچھ غرض یا امید ہو تو اطاعت کرے۔

آس (ہ۔ حرف) پاس کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **آس پاس** (تف) ۱ اردگرد ۲ نزدیک۔ قریب ۳ پڑوس۔ **آس پاس کے** (صفت) نزدیک کے۔ پاس کے۔ **آس پاس پھرنا** (لازم) گرد پھرنا۔ حلقہ ہونا۔

مثل۔ آس پاس برسے دلّی پڑی ترسے۔ جس سے دوسروں کو فائدہ ہو اور اپنے محروم رہیں۔ اس کی نسبت بولتے ہیں۔

آس۔ آسا (اردو۔ مونث) حضرت عائشہؓ کا بگڑا ہوا نام۔ **آسا کا کاسہ** (مذکر) ایک قسم کی منّت ہے۔ مراد پوری ہونے پر کاسہ بھر کر نیاز دلائی جاتی ہے۔ **آسا کے گلگلے** (مذکر) عورتوں کی منّت ہے۔ مراد پوری ہونے پر سیدانیوں کو کھلاتی ہیں۔ مرد کا کھانا ناجائز ہے۔ **آسا کے نام کا چھلّا اٹھانا یا اٹھا رکھنا** (متعدی) ایک منّت ہے جس میں ایک چاندی کا چھلّا پانی میں غوطہ دے کر اٹھا رکھتے ہیں۔ مراد پوری ہونے پر چھلّا بیچ کر شیرینی تقسیم کی جاتی ہے۔ **آس بی بی کی ٹکیاں** (مونث) دیکھو آسا کے گلگلے

آسا (ف۔ صفت) ۱ دیکھو آسا ۲ (اسم) قاعدہ۔ طریقہ۔ رسم ۳ سجاوٹ آرائش ۴ عزت تعظیم ۵ سختی ۶ اختیار۔ طاقت ۷ آرام۔ امن ۸ جماہی لینا۔

آسا (ف۔ صفت) ۱ مثل۔ مانند ۲ فرحت بخش مرکبات کے آخر میں جیسے روح آسا مرکبات کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے حباب آسا

(آسودن۔ آرام دینا)

آسارہ (ہ۔ مذکر) ایک گانا جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

آساڑھ (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کا چوتھا مہینہ۔

آسامی (ہ۔ مذکر) دیکھو اسامی۔

آسان (ف۔ مذکر) سہل (کرنا ہونا کے ساتھ) (آسودن۔ سہل ہونا) **آسانی** (مونث) سہولیت۔ **آسانی سے** (تف) سہولیت سے

آسائش (ف۔ مونث) آرام۔ چین۔ سکھ۔ سکون۔ **آسائش سے بسر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) زندگی آرام سے گزرنا۔

آسپد (س۔ مذکر) ۱ جگہ۔ موقع ۲ درجہ۔ خطاب۔

آسَتّ (س۔ مونث) ۱ گہرا تعلق ۲ قربت۔ نزدیکی ۳ (صرف و نحو) جملے کی سلاست

آستاں (ف۔ مذکر) ۱ دہلیز۔ چوکھٹ۔ دروازہ ۲ مکان۔ محل۔ بارگاہ ۳ باب عالی ۴ پیغمبروں یا پیروں کی قبریں ۵ وہ جگہ جہاں پر جوتے اتاریں (س ستھان۔ جگہ) **آستاں بوس** (صفت) خادم۔ انکسار سے کہا جاتا ہے۔ **آستاں بوس ہونا** (لازم) ۱ بڑے آدمیوں کے مکان پر حاضر ہونا ۲ فقراء کے مکانات یا مزارات پر حاضر ہونا ۳ تعظیماً حاضر ہونا۔ **آستاں بوسی** (مونث) چوکھٹ کو چومنا۔ بعید عزّت کرنا۔ **آستاں بوسی کرنا** (متعدی) حاضر خدمت ہونا۔ آداب بجالانا۔ **آستاں بوسی کو حاضر ہونا** (لازم) حاضر خدمت ہونا۔ **آستاں پر حاضر ہونا** (لازم) در دولت پر جانا۔ خدمت میں حاضر ہونا۔ **آستاں چومنا** (متعدی) آستاں بوس ہونا۔ **آستانِ سعادت** (مذکر) خوشی کی جگہ۔ **آستانِ عالی یا عالیجاہ** (مذکر) باب عالی۔ **آستانِ عالیشان** (مذکر) باب عالی۔ **آستانِ عدم یا فنا** (مذکر) ۱ دُنیا ۲ موت۔ **آستاں گرداں** (مذکر) پہلا آسمان جس پر چاند ہے۔ **آستانہ** (مذکر) دیکھو آستاں۔ **آستانہ بوس** (مذکر) آستاں بوس۔ **آستانہ چومنا** (متعدی) آستاں بوس ہونا۔ **آستانۂ شاہی یا عالی** (مذکر) بادشاہ کا محل یا بارگاہ۔

آستائی (س۔ مونث) ۱ کسی گیت کا ابتدائی ٹکڑا ۲ خیال۔

آستک (س۔ صفت) ۱ پابند مذہب

مذہبی ۲ پرہیزگار۔ پارسا ۳ وفادار ۴ (مذکر) پرمیشر اور آواگون کا ماننے والا شخص۔

آستھا (س۔ مونث) ۱ ٹیک۔ سہارا ۲ مکان ۳ محنت تکلیف۔ کوشش۔ فکر۔ چنتا ۴ جوش۔ شوق۔ سرگرمی۔ دھن۔

آستے (ہ۔ تف) آہستہ۔ نرمی سے

آستے آستے (تف) آہستہ آہستہ۔

آستین (ف۔ مونث) ۱ کوٹ کرتے وغیرہ کا وہ حصہ جس میں بانہہ ہوتی ہے ۲ وہ کپڑا جو محرم میں لگا ہوا بازو پہ رہتا ہے۔ **آستین اُتارنا** (متعدی) آستین پھاڑنا۔ **آستین اُلٹنا** (متعدی) ۱ آستین کو روگرداں کرلینا ۲ کسی کام پر مستعد ہونے یا لڑنے یا ذبح کرنے کے واسطے آستین چڑھا لینا۔ **آستین پکڑنا** (متعدی) ۱ روکنا۔ مانع ہونا ۲ دارو گیر کرنا۔ **آستین جھاڑنا** (متعدی) ۱ ترک کرنا ۲ عطا کرنا۔ جو کچھ پاس ہو دیدینا **آستین یا آستینیں چڑھانا** (متعدی) ۱ دیکھو آستین اُلٹنا ۲ آستین کو کوٹ وغیرہ کے ساتھ سینا ۳ ایک آستین کی جگہ دوسری لگانا **آستین یا آستینیں چڑھنا یا چڑھ جانا** (لازم) دیکھو آخری۔ **آستین چُننا** (متعدی) آستینوں میں چنٹیں ڈالنا۔ بیل بوٹوں کے نقش بنانا **آستین رومال کرنا** (متعدی) آستین چڑھانا۔ **آستین سے آنکھیں یا آنسو پونچھنا** (متعدی) آستین سے آنسو خشک کرنا۔ **آستین سے چراغ بُجھانا** (متعدی) آستین کی ہوا سے چراغ گل کرنا۔ **آستین کا سانپ** (مذکر) ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔ **آستین کے پھول** (مذکر) بیل بوٹے وغیرہ کے وہ نقش و نگار جو جامہ چین آستین میں لگاتے ہیں۔ **آستین کی چین** (مونث) آستین کی چنٹ۔ **آستین میں چھری رکھنا** (متعدی) دشمن پر حملہ کرنے کے لئے تیار رہنا۔ **آستین میں سانپ پالنا** (متعدی) دشمن کے ساتھ سلوک کرنا۔ **آستینوں دار کرتی** (لمبی) لمبی آستینوں کی کرتی۔

مثل۔ آستین میں سانپ پالا ہے۔ ایسے شخص سے نیکی کی ہے جو وقت پر دشمنی کریگا۔

آسُر (س۔ عص) ۱ جن۔ عفریت راکھشس۔ کہا جاتا ہے کہ یہ قطب جنوبی میں رہتے ہیں۔ اور درجہ اول کے جن ہیں اور ہمیشہ دیوتاؤں کے ساتھ جنگ کرتے ہیں ۲ (مذکر) ایک شادی کا طریقہ جس میں دولھا دلہن کو اس کے والد یا رشتہ داروں سے خریدتا ہے۔

آسرا (ہ۔ مذکر) ۱ امید۔ آس ۲ بھروسہ۔ سہارا ۳ مکان۔ پناہ گاہ ۴ ٹیک ۵ مددگار (س۔ آشر۔ چمٹنا) **آسرا باندھنا**۔ (متعدی) **بندھوانا** (م) **بندھنا** (لازم) سہارا ہونا۔ امید ہونا۔ **آسرا تکنا** (متعدی) سہارا ڈھونڈنا۔ **آسرا توڑ دینا یا توڑنا** (متعدی) **ٹوٹ جانا** (لازم) مایوس ہونا۔ امید کھو دینا۔ **آسرا دینا** (متعدی) سہارا دینا۔ امید دلانا۔ **آسرا ڈھونڈنا** (متعدی) سہارا تلاش کرنا۔ **آسرا رکھنا** (متعدی) امید رکھنا بھروسہ رکھنا۔ **آسرا رہنا** (لازم) امید رہنا۔ آس رہنا۔ **آسرا کرنا** (متعدی) بھروسہ کرنا۔ تکیہ کرنا۔ **آسرا لگانا** (متعدی) **آسرا لگا ہونا** (لازم) **سہارا ہونا**۔ امید ہونا۔ **آسرا لینا** (متعدی) مدد کی امید رکھنا۔ سہارا ڈھونڈنا (مت)

آسُری (ہ۔ صفت) ۱ متعلقہ عفریت یا جن ۲ شریر۔ خبیث ۳ (مونث) ایک شاخ علم طب جس میں داغ دینے سے علاج کرتے ہیں

آسفتہ (ف۔ اسم) جلتی ہوئی لکڑی۔

آسکت (ہ۔ مونث) کاہلی سستی خماری۔ بیکاری۔ غفلت۔ بے پروائی۔ تاخیر۔ آلکسی۔ آلسی (س۔ شک۔ طاقتور ہونا) **آسکتانا** (لازم) سست ہونا۔ سستی کرنا۔ غفلت کرنا۔ **آسکتی** (صفت) کاہل سست۔ بیکار۔ غافل لاپروا۔

مثل۔ آسکتی گرا کوئیں میں کہا ابھی کون اُٹھے۔ آسکتی گرا کوئیں میں کہا یہاں ہی بھلے۔ از حد سستی اور کاہلی ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔

آسمان (ف۔ مذکر) ۱ فلک۔ اکاس چرخ نیلوفری ۲ گھر کی محبت ۳ شمسی مہینے کے ستائیسویں دن کا مؤکل ۴ موت کے فرشتے کا نام ۵ کسی چیز کی وسعت یا زیادتی ظاہر کرنے کے لئے جیسے آسمانِ جلالت۔ آسمانِ جرأت (س۔ اش۔ محیط ہونا) **آسمان** (دکے) **برابر** (صفت) بہت اونچا۔ رفیع۔ بلند۔ **آسمانِ بریں** (مذکر) نواں آسمان۔ **آسمان بنا دینا** (متعدی) مبالغہ کرکے بہت بڑھا دینا۔ ادنے کو اعلےٰ بنا دینا۔ **آسماں پایہ** (صفت) بلند مرتبہ۔ **آسمان پر ابر چھانا** (لازم) بادل گھرنا۔ **آسمان پر اُڑنا** (متعدی) غرور کرنا۔ شیخی مارنا۔ بلند پروازی کرنا **آسمان پر تھوکنا** (متعدی) بیوقوفی کا کام کرنا **آسمان پر پہنچا دینا** (متعدی) ۱ عزت دینا ۲ مغرور کر دینا۔ **آسمان پر پہنچنا** (لازم) ۱ عروج حاصل ہونا۔ ترقی کرنا ۲ غائب ہونا۔ **آسمان پر تاریکی چھانا** (لازم) اندھیرا ہو جانا۔ **آسمان پر ٹوپی پھینکنا** (متعدی) بہت خوش ہونا۔ خوشی میں آدمی ٹوپی اچھالتا ہے۔ **آسمان پر چڑھا دینا یا چڑھانا** (متعدی) آسمان پر پہنچا دینا۔ بہت تعریف کرنا ۲ خوشامد کرنا۔ **آسمان پر چڑھا کر اُتارنا** (متعدی) عزت دے کر ذلیل کرنا۔ عزت بڑھا کر گھٹانا۔ **آسمان پر چڑھنا** (لازم) غرور کرنا۔ شیخی کرنا۔ **آسمان پر چمکنا** (لازم) ہوا میں اونچا اُڑنا۔ اوپر ہوا میں نظر آنا۔ **آسمان پر دماغ پہنچانا** (متعدی) فخر کرنا۔ شیخی مارنا۔ **آسمان پر دماغ چڑھا دینا** (متعدی) ۱ حد سے زیادہ بڑھا دینا مغرور کر دینا ۲ فخر کرنا۔ **آسمان پر دماغ چڑھ جانا۔ چڑھنا** (لازم) مغرور ہونا۔ **آسمان پر دماغ رہنا** (لازم) مغرور ہونا۔ **آسمان پر دماغ کھینچنا** (متعدی) بہت غرور کرنا۔ خود پسند ہونا۔ **آسمان پر دماغ ہونا** (لازم) مغرور ہونا۔ **آسمان پر ستارۂ سحری (کا) چمکنا** (لازم) صبح کا ستارہ نکلنا۔ **آسمان پر سر کھینچنا** (لازم) بہت اُونچا جانا۔ دُور تک اُونچا جانا۔ دُور تک اُونچا ہوا میں جانا۔ اونچا ہونا۔ **آسمان پر سر پہنچنا** (لازم) عزت حاصل ہونا۔ سرفرازی حاصل ہونا۔ **آسمان پر سے اُترنا** (لازم) ۱ غرور میں کمی ہونا۔ بلندی سے نیچے اُترنا۔ **آسمان پر قدم رکھنا۔ آسمان پر قدم کھینچنا** (متعدی) غرور کرنا۔ **آسمان پر کیوں ڈھیلے پھینکتا ہے**۔ کیوں ناشکری

کرنا ہے۔ **آسمان پر لے اُڑنا** (لازم) کسی نشہ
والی چیز کا بیخود کر دینا۔ مغرور کر دینا۔ **آسمان پہ
مزاج ہونا** (لازم) مغرور ہونا۔ **آسمان پر
ہونا** (لازم) ۱ بہت اُونچا ہونا۔ بہت بلندی پر
ہونا ۲ غرور کرنا۔ **آسمان پھاڑ (کر) کے
تھگلی لگانا** (متعدی) چالاکی کرنا۔ دشوار کام
کرنا۔ **آسمان پھٹ پڑنا** (لازم) ناگہانی
مصیبت آپڑنا۔ **آسمان پھٹ پڑے۔**
(بددعا) غارت ہو جائے۔ تباہ ہو جائے۔ **آسمان
پیما** (صفت) بلند پرواز۔ **آسمان تک جانا**
(لازم) حد سے بڑھنا۔ شیخی مارنا۔ **آسمان تھرّانا**
(لازم) ظلم فریاد اور شجاعت کو ظاہر کرنے کے
موقعہ پر بولا جاتا ہے۔ **آسمان ٹل جانا** (لازم)
ناممکن بات کا ہونا۔ **آسمان ٹوٹنا یا ٹوٹ
پڑنا** (لازم) خدا کا غضب نازل ہونا سخت
مصیبت آجانا۔ **آسمان ٹوٹ پڑے** (بددعا)
خدا کا غضب نازل ہو۔ غارت ہو۔ تباہ ہو جائے
آسمان جاہ (صفت) : آسمان کے مرتبے
کا۔ بلند (بارگاہ کی تعریف) ۲ عالی مرتبہ۔
آسمانِ جُرأت (مذکر) بیحد بہادری یا شجاعت
آسمانِ جلالت (مذکر) شان و شوکت۔ رعب
دبدبہ۔ **آسمان جھانکنا** (متعدی) مرغ کا لڑائی
کے لئے تیار ہو کر زور میں آسمان کی طرف دیکھنا
آسمان خیز (صفت) آسمان تک اُٹھنے والا
بہت بلند مرتبہ۔ **آسمان دُور ہے زمین
سخت ہے** - اظہار بیکسی کے موقعہ پر
ہیں۔ **آسمانِ دولت و اقبال** (مذکر) امیر
آدمی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **آسمان دیکھنا**
(متعدی) ۱ یاس اور مجبوری کی حالت میں آسمان
کی طرف دیکھنا ۲ ہنسی آنے کے موقعہ پر عورتیں
کہتی ہیں کہ آسمان دیکھو۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ
توجہ دوسری طرف ہو۔ **آسمان رفعت** (صفت)
عالی مرتبہ۔ **آسمان (و) زمین ایک کر دینا
یا کر ڈالنا** (متعدی) ۱ بیحد کوشش کرنا ۲ ہل چل
ڈالنا۔ ہلڑ مچانا۔ **آسمان (و) زمین ایک
ہو جانا یا ہونا** (لازم) انقلاب عظیم ہونا۔
زمانے کا اُلٹ پلٹ جانا۔ **آسمان (و) زمین
دوسرے ہو جانا** (لازم) انقلاب عظیم ہونا۔

**آسمان (و) زمین شق کیوں نہیں ہو
جاتے** - کسی سخت صدمے۔ بے شرمی اور
گناہ پر کہا جاتا ہے۔ **آسمان زمین سیاہ
ہو جانا** (لازم) بیحد پریشانی اور غم ہونا۔
آسمان زمین کا رونا (لازم) سب کا غم
کرنا۔ **آسمان زمین کا فرق** (مذکر) بے انتہا
فرق۔ **آسمان زمین کھا گئے** - کہیں پتہ نشان
نہیں ملتا۔ **آسمان زمین کے پردے میں
نہیں ہے** - کہیں پتہ نشان نہیں آسمان
زمین کی خبر نہ ہونا (لازم) دنیا و مافیہا سے
بے خبر ہونا۔ **آسمان زمین کے قلابے
ملانا** (متعدی) ۱ بہت مبالغہ کرنا۔ بیحد جھوٹ
بولنا ۲ انتہائی کوشش کرنا ۳ عیاری کرنا۔
توڑ جوڑ کرنا۔ **آسمان زمین کیوں نہیں
پھٹ جاتے** - کسی سخت صدمہ۔ گناہ یا
بے حیائی کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ **آسمان
زمین ملا دینا** (متعدی) ہل چل ڈال دینا۔
آسمان زمین میں پتہ نشان نہ ملنا
(لازم) کہیں نہ ہونا۔ **آسمان زمین میں
ٹھکانا نہیں** - سخت تباہی کرنے کو
کہا جاتا ہے۔ **آسمان زمین میں دھوم
پڑنا** (لازم) شہرت عام ہونا۔ **آسمان
زمین میں سناٹا ہو جانا** (لازم) کلام کا
بہت اثر ہونا۔ **آسمان زمین میں فرق
نہ رہنا** (لازم) انتظام عالم درہم برہم ہو جانا
آسمان زمین ہلا دینا (متعدی) ہل جانا
(لازم) ہنگامہ برپا ہونا۔ ہل چل مچ جانا۔ **آسمان
سر پر اُٹھا لینا یا اٹھانا** (متعدی) ۱
شور و غل کرنا۔ چیخنا۔ چلانا۔ آفت برپا کرنا
۲ اترانا۔ خوشیاں منانا۔ **آسمان سر پر پھٹ
پڑنا** (لازم) سخت مصیبت آپڑنا۔ **آسمان
سر پر توڑنا** (متعدی) سخت صدمہ پہنچانا۔
آسمان سر پر ٹوٹ پڑنا یا گرنا (لازم)
سخت مصیبت آپڑنا۔ **آسمان سے آگ
برسنا** (لازم) سخت گرمی پڑنا۔ **آسمان سے
اُترنا** (لازم) ۱ نہایت عمدہ چیز کی تعریف
میں کہتے ہیں ۲ طنزاً خراب چیز کے لئے کہتے
ہیں ۳ وحی اُترنا۔ خُدا کی طرف سے آنا۔ **آسمان

سیاہ ہو جانا** (لازم) نہایت غم اور پریشانی
کے موقعہ پر استعمال ہوتا ہے۔ **آسمان سے
باتیں کرنا** (متعدی) ۱ بہت بلند ہونا۔ مکان
کی اُونچائی کی تعریف میں کہا جاتا ہے ۲ ہوائیں
اُڑتے ہُوئے بولنا۔ **آسمان سے کبھی سر
نہیں جُھکاتا** - بڑا مغرور ہے۔ **آسمان
سے پتال تک جانا** (لازم) انتہائی کوشش
کرنا۔ **آسمان سے تارے اُتار لانا** (لازم)
بہت دشوار کام کرنا۔ **آسمان سے پیدا ہونا**
(لازم) خدا کی طرف سے آنا۔ خود بخود ہونا۔ **آسمان
سے ٹکر کھانا** (لازم) بہت بلند ہونا (عمارت)
آسمان سے ٹکر لینا (متعدی) ۱ بہت بڑے
کا مقابلہ کرنا ۲ بہت بلند ہونا۔ **آسمان سے
گرنا** (لازم) ۱ بہت بلندی سے گرنا ۲ بے قیمت
ہونا۔ تنزّل کرنا ۳ خود بخود حاصل ہونا۔ **آسمان
سیر** (صفت) بہت اونچا اُڑنے والا۔ **آسمان
سے گزرنا۔ پار ہو جانا** (لازم) کہیں سے کہیں
پہنچ جانا۔ بہت دُور پہنچنا۔ **آسمان صاف
ہونا** (لازم) ابر نہ ہونا۔ دھند نہ ہونا۔ **آسمان
صفت** (صفت) آسمان کی طرح۔ **آسمان قدر**
(صفت) آسمان جیسی طاقت والا۔ آسمان جتنا
بڑا۔ **آسمان کا آنکھیں نکالنا** (متعدی)
بدقسمتی ہونا۔ بُرے دن آنا۔ زمانے کی گردش
ہونا۔ **آسمان کا رونا** (لازم) غم عام ہونا۔
سب کا غم کرنا۔ **آسمان کا تارا** (مذکر) نایاب
چیز۔ **آسمان کا تھوکا اپنے منہ پر ہی
آتا ہے** - طوفان جوڑنے والا ہی بدنام ہوتا
ہے۔ نیک کی بُرائی کرنے سے اپنا ہی نقصان
ہوتا ہے۔ **آسمان کا تھوکا حلق میں پڑتا
ہے** ۱ غیب سے جو سزا ملتی ہے ٹلتی نہیں۔
۲ بزرگ کی اگر حقارت کرتا ہے تو آپ بدنام
ہوتا ہے۔ **آسمان کا رکھا نہ زمین کا** -
کہیں کا نہ رکھا غارت کر دیا۔ **آسمان کا
رنگ بدلنا** (لازم) انقلاب ہونا۔ **آسمان
کانپنا** (متعدی) دیکھو آسمان تھرّانا **آسمان
کر دینا** (متعدی) سربلند کر دینا۔ **آسمان
کو جنبش ہونا** (لازم) تہلکہ مچنا۔ ہل چل مچنا۔
آسمان کو دیکھنا (متعدی) آسمان کے ظلم
کا گلہ کرنا۔ مصیبت کی شکایت کرنا ۲ آسمان

کی طرف نظر کرنا۔ **آسمان کو زمین سے ہلا دینا یا ہلانا** (متعدی) تہلکہ مچا دینا۔ کھلبلی ڈال دینا۔ بیحد کوشش کرنا۔ **آسمان کو ہلا دینا** (متعدی) سخت آہ و فغاں کرنا۔ پُر اثر آہ کرنا۔ **آسمان کھا گیا یا زمین**۔ یہ چیز کہاں غائب ہوگئی۔ **آسمان کھونچا** (مذکر) ۱ بہت لمبی چیز یا آدمی ۲ بہت بڑا حقہ جو نیچے رکھا جاتا اور اونچی جگہ پر بیٹھنے والے پیتے ہیں **آسمان کی باتیں** (مونث) سمجھ میں نہ آنے والی باتیں۔ **آسمان کے پار ہونا** (لازم) آسمان سے گزرنا۔ خدا تک پہنچنا۔ **آسمان کے تارے توڑ لانا** (متعدی) نہایت اعلیٰ کام کرنا۔ بہت ماہر ہونا۔ **آسمان کے تارے دن کو گننا** (متعدی) بہت تیز نظر ہونا۔ **آسمان کے تارے گننا** (متعدی) اختر شماری کرنا۔ جاگتے رہنا۔ **آسمان کی چھت تک اُڑ جانا** (لازم) بہت شور و غل کے موقعہ پر کہا جاتا ہے۔ **آسمان کی خبر لانا** (لازم) بہت اونچا اُڑنا یا جانا۔ **آسمان کی سوجھنا** (لازم) دور کی سوجھنا۔ **آسمان کی سیر کرنا** (متعدی) ۱ خیالات کا دور پہنچنا ۲ بہت بلندی پر چڑھنا۔ **آسمان کی طرف دیکھنا یا نگاہ اُٹھانا** (لازم) دیکھو آسمان کو دیکھنا۔ **آسمان کی طنابیں (زمین پر) کھینچ دینا یا لینا** (متعدی) ۱ بہت دشوار کام کرنا ۲ بیحد کوشش کرنا ۳ کھلبلی ڈال دینا۔ ہل چل مچا دینا۔ **آسمان کی کہنا** (متعدی) دور کی بات بیان کرنا۔ **آسمان کے نیچے** کھلی جگہ کھلا۔ **آسمان گرجنا** (متعدی) بجلی کا کڑکنا۔ **آسمان گرنا یا گر پڑنا** (لازم) سخت مصیبت آنا۔ **آسمان گونجا دینا** (متعدی) بہت شور کرنا۔ **آسمان گیر** (مذکر) ۱ چھتا ۲ پال شامیانہ ۳ بنگلہ ٹٹی۔ **آسمان میں تھگلی (ٹکلی) لگانا** (مت) (متعدی) ۱ دشوار کام کرنا ۲ نہایت مشکل جگہ پہنچنا۔ بلندی پر پہنچنا ۳ سخت عیاری کرنا۔ **آسمان میں ٹھکانا نہیں**۔ سخت تباہی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **آسمان میں چھید کرنا** (متعدی) دیکھو آسمان میں تھگلی لگانا۔

آسمان میں چھید ہو جانا (لازم) سخت بارش ہونا۔ **آسمان میں دھوم پڑنا** (لازم) عام شہرت ہونا۔ **آسمان میں (ڈوب جانا یا ڈوبنا) لگ جانا** (لازم) بہت اونچا اُڑنا۔ **آسمان میں سناٹا ہو جانا** (لازم) کلام کا بے انتہا اثر ہونا۔ **آسمان نہ پھٹ پڑے** جب کوئی بہت جھوٹ بولتا یا صریح تہمت لگاتا یا علانیہ ظلم کرتا یا گناہ کرتا ہے تو کہا جاتا ہے۔ **آسمان وش** (صفت) آسمان کے مانند **آسمان ہلا دینا یا ہلا مارنا** (متعدی) ہل چل ڈالنا۔ **آسمان ہل جانا** (لازم) فریاد کا اثر ہونا۔ **آسمان ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بلند مرتبہ ہو جانا ۲ ظالم ہونا۔ جفاکار ہونا۔ **آسمانی** (صفت) آسمان کی طرف منسوب۔ سماوی۔ فلکی آکاسی ۲ آسمان کے رنگ کا۔ نیلا ۳ ناگہانی ۴ ایک قسم کی آتشبازی۔ **آسمانی آفت** (مونث) ناگہانی مصیبت۔ **آسمانی آگ** (مونث) آگ جو آسمانی شیشے سے پیدا کی جاتی ہے۔ **آسمانی بلا** (مونث) آفت ناگہانی۔ **آسمانی پلانا** (متعدی) نشہ یا بھنگ پلانا۔ **آسمانی تھپیڑا** (مذکر) ناگہانی صدمہ جس سے بچاؤ نہ ہو سکے۔ **آسمانی تیر** (مذکر) ۱ وہ تیر جو آسمان کی طرف چلائیں۔ ہوائی تیر۔ تیر جو شخص نامعلوم چلائے۔ بےنشانہ تیر ۲ بے فائدہ کام ۳ شہاب ثاقب۔ **آسمانی دھکا** (مذکر) ناگہانی صدمہ۔ **آسمانی ڈھیلا** (مذکر) غیبی مار۔ **آسمانی رنگ** (مذکر) نیلا ہلکا رنگ۔ **آسمانی زبان** (مونث) ۱ بقول ہنود سنسکرت۔ زبان دیوتانی ۲ بقول مسلماناں عربی زبان۔ زبان ملائک۔ **آسمانی غضب یا قہر** (مذکر) خدا کا غضب یا قہر۔ **آسمانی فرمان** (مذکر) ۱ حکم الٰہی ۲ آفت ناگہانی ۳ فصلوں کی تباہی سخت بارش یا خشک سالی سے۔ **آسمانی کتاب** (مونث) وہ کتاب جو کسی پیغمبر پر اُترے۔ مثلاً توریت۔ انجیل۔ قرآن۔ الہامی کتاب۔ **آسمانی گولا** (مذکر) ۱ قہر الٰہی ۲ سخت ژالہ باری۔ **آسمانی گولا پڑنا** (لازم) سخت قہر الٰہی نازل ہونا ۲ سخت بارش یا ژالہ باری ہونا۔

امثال و اقوال۔ آسمان پر تھگلی لگائے۔ آسمان پھاڑے تھگلی لگائے ۱ بڑی عیار اور چالاک عورت اور کٹنی کے لئے کہتے ہیں ۲ بہت چالاک اور مکار ہے۔ **آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا** (یا) ایک بلا سے نکلا دوسری میں پھنسا۔ ایک مصیبت سے نکل کر دوسری میں پھنسا ۲ ایک جگہ کام نکل کر دوسری جگہ اٹک جانے کو کہتے ہیں۔ **آسمان کے پھٹے کو کہاں تک تھگلی لگائے** بہت نقصان ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ **آسمان کی چیل اور زمین کی ابیل** (عو) دونوں بُرے۔ ابیل لونڈی کو کہتے ہیں۔ **آسماں گردد بر ہر آنچہ ہمت بستی**۔ باہمت آدمی کے سامنے کوئی بات مشکل نہیں۔ **آسمان نے ڈالا زمین (دھرتی) نے جھیلا**۔ سوائے اطاعت کے چارہ نہیں۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے جسے کوئی نہ پوچھے۔

آسمَنْنات (س۔ تف) ۱ چاروں طرف۔ اردگرد ۲ کلیم۔ تمام۔

آسَن (س۔ مذکر) ۱ بیٹھنے کا طریقہ ۲ جوگیوں کی طرح بیٹھنے کا ڈھنگ۔ ۸۴ طریقے گنے جاتے ہیں ۳ بیٹھنے کی جگہ۔ سٹول ۴ کپڑا یا قالین یا مرگ چھالا جس پر ہنود بیٹھ کر پوجا پاٹ کرتے ہیں ۵ سواری میں سوار کی ران کا وہ حصہ جو گھوڑے سے لگا رہتا ہے ۶ ہاتھی کی پیٹھ کا وہ حصہ جہاں مہاوت بیٹھتا ہے ۷ مہاوت کی جگہ۔ گھوڑے پر سوار کی جگہ ۸ منڈی کی دکان ۹ دشمن کے مقابلہ پر کسی جگہ قبضہ ۱۰ مباشرت کا طریقہ **آسن اکھڑنا** (متعدی) گھوڑے پر ران نہ جمنا یا ڈگمگا جانا۔ **آسن باندھنا** (متعدی) رانوں میں دبا لینا۔ رانوں سے زور کرنا۔ **آسن پہچاننا** (متعدی) گھوڑے کا اپنے سوار کی نشست کو پہچان لینا۔ **آسن تلے آنا** (لازم) ۱ رانوں کے نیچے آنا ۲ سواری میں آنا ۳ مطیع ہونا ۴ مباشرت کے لئے نیچے آنا۔ **آسن جلنا** (لازم) ایک طرح بیٹھے رہنے سے ران یا زانو میں گرمی پیدا ہو جانا۔ **آسن جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔ **آسن جوڑ کر بیٹھنا یا جوڑنا آسن سے آسن ملا کر بیٹھنا** (لازم) زانو سے زانو ملا کر بیٹھنا

آسن ڈگانا (ھ۔متعدی) ۱ آسن ہلا دینا ۲ کسی کی عصمت خراب کرنا ۳ ورغلانا۔ بہکانا۔ اغوا کرنا۔ **آسن ڈولنا** (ھ۔ متعدی) کسی رشی کا اپنے اعجاز سے کسی پر مصیبت دیکھ کر امداد کرنا۔ **آسن گانٹھنا** (متعدی) آمادۂ مباشرت ہونا۔ **آسن لگانا** (متعدی) ۱ بستر لگانا۔ قیام کرنا۔ ٹھیرنا ۲ ایسا بیٹھنا کہ جب تک خواہش پوری نہ کیجائے نہ ہلنا۔ **آسن لینا** (لازم) مباشرت کے لئے آمادہ ہونا۔ **آسن مارنا یا مار کے بیٹھنا** (لازم) ۱ جوگیوں کی طرح بیٹھنا ۲ اس قصد سے بیٹھنا کہ پھر نہ اُٹھینگے ۳ گھوڑے پر جم کر بیٹھنا۔ **آسن میں رانوں کو گانٹھنا** (متعدی) مباشرت کے لئے ٹانگوں کو دبانا۔

آسنی (مونث) ۱ دیکھو آسن نمبر ۲ ۲ چٹائی یا کپڑا جس پر چوکے میں ہنود کھانا کھاتے ہیں۔

آسَنّ (س۔صفت) نزدیک۔ قریب۔ آسن بھوت کال (صرف) صیغہ ماضی قریب **آسن کال** (مذکر) موت کا وقت۔

آسِن (مذکر) ہندوں کا چھٹا مہینہ۔ اسوج۔

آسنکا (ہ۔مذکر) ۱ شک ۲ فکر۔ ڈر۔ خطرہ (س۔شک۔ ڈرنا) **آسنکا کرنا** (متعدی) ۱ شبہ کرنا ۲ ڈرنا۔

آسنگ (س۔مذکر) ۱ ذریعہ۔ مدد ۲ (مونث) طاقت۔ قابلیت۔ قوت۔ **آسنگ سے** (نف) بذریعہ۔

آسَو (س۔مذکر) شراب۔ رم کوئی مُنشی شے۔

آسَواد (س۔مذکر) مزہ۔ سواد ذائقہ۔

آسواس (ھ۔مذکر) ۱ آرام۔ عافیت۔ آسائش۔ اطمینان چین ۲ تکمیل۔

آسوج (ہ۔مذکر) دیکھو اسوج

مثل۔ آسوج بیالا دِن دھوپ رات پالا۔ اس ماہ میں دن کو گرمی رات کو سردی ہوتی ہے۔

آسُود (ف۔ماضی، آسودن (آرام دینا) کی۔ **آسودگاں** (مذکر) جمع آسودہ ۱ آرام سے بیٹھے ہوئے ۲ مُردے۔ **آسودگانِ خاک** (مذکر) مُردے۔ **آسودگی** (مونث) ۱ راحت۔ آرام۔ سکھ۔ اطمینان ۲ خوش حالی ۳ صلح۔ امن و امان ۴ سیری ۵ خاموشی۔ **آسودگیِ عامہ خلائق** (مونث) عام لوگوں کی بہبودی اور آسائش۔ **آسودہ** (مذکر) ۱ آرام پانے والا۔ راحت پانے والا ۲ مطمئن ۳ خوشحال ۴ سیر۔ رجا ہُوا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **آسودہ حال** (صفت) خوشحال۔ دولتمند۔ **آسودہ حالی** (مؤنث) خوشحالی۔ فارغ البالی۔ **آسودہ دل** (صفت) فارغ البال۔ خوش حال۔

امثال۔ آسودہ کسے کہ خر ندارد۔ بے تعلق آدمی مزے میں رہتا ہے۔ **آسودہ کسے کہ زن ندارد**۔ جس کی بیوی نہ ہو خوش حال ہوتا ہے۔

آسہ (ف۔اسم) ۱ بونا ۲ کھیت جو بونے کے لئے تیار ہو ۳ مچھلی کی ہڈی ۴ چکّی کا پاٹ۔

آسی (ع۔صفت) ۱ مغموم۔ متاسف ۲ طبیب۔ جرّاح۔

آسَئی۔ آسَے (ھ۔مذکر) ۱ آرام گاہ۔ جگہ۔ بیٹھک ۲ پناہ گاہ۔ کٹیا ۳ چیزیں رکھنے کا برتن ۴ ارادہ۔ مطلب ۵ مدعا غرض۔ منشا ۶ مضمون (س۔شی۔ آرام کرنا لیٹنا)

آسِیا (ف۔مؤنث) چکّی۔ **آسیانہ** (مؤنث) سان۔ آسیاب۔ **آسیائے آب** (مؤنث) پن چکّی۔ **آسیائے باد** (مؤنث) ہوائی چکّی۔ **آسیائے چرخ** (مؤنث) آسمان کے متعلق خیال ہے کہ پھرتا ہے۔ اس لئے اسے آسیا سے استعارہ کرتے ہیں۔ **آسیائے خر** (مؤنث) بڑی چکّی۔ خراس۔

آسیانہ (ف۔اسم) چکّی کا پاٹ۔

آسیب (ف۔مذکر) ۱ صدمہ تکلیف (آنا۔ پہنچنا۔ پہنچانا کے ساتھ) ۲ دشمنی۔ مخالفت ۳ آفت۔ بلا ۴ بھوت پریت۔ جن پری کا سایہ ۵ ڈر۔ خطرہ۔ **آسیب آنا** (لازم) بھوت یا جن کا کسی کو ستانا یا سر پر سوار ہونا۔ **آسیب اُتارنا** (متعدی) ۱ عمل کی قوت سے آسیب دفع کرنا ۲ مار پیٹ کے ٹھیک کرنا۔ **آسیب اُترنا** (لازم) ۱ آسیب کا دفع ہونا ۲ غصّہ دُور ہونا۔ **آسیب پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) تکلیف پانا۔ ضرر اُٹھانا۔ **آسیب دُور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) آسیب اُتارنا۔ **آسیب زدہ** (صفت) وہ شخص جس پر بھوت وغیرہ سوار ہو۔ **آسیب سر پر سے اُتارنا** (اُترنا) (لازم) آسیب اُترنا۔ **آسیب کا اثر۔ خلل یا دخل** (مذکر) بھوت جن کا اثر یا سایہ۔ **آسیب کا سر پر آکر بولنا** (لازم) جن بھوت کا آسیب زدہ کی زبان سے باتیں کرنا۔ **آسیب کا سر پر کھیلنا** (لازم) جاہل لوگوں میں یہ دستور ہے کہ جس کو آسیب کا اثر ہو اس کو راگ سنواتے اور خوشبو سنگھاتے ہیں تو آسیب زدہ جھومتا ہے اور سر ہلانا شروع کر دیتا ہے اسے حال میں آنا کہتے ہیں۔ **آسیب کا دخل یا گزر ہونا** (لازم) آسیب کا عمل ہونا **آسیب کا لپٹنا** (لازم) آسیب کا اثر ہونا یا پیچھے پڑجانا۔ **آسیب ہو جانا** (لازم) جن پری کا سایہ ہو جانا۔ **آسیبی۔ آسیبیا** (صفت) ۱ جس پر آسیب کا اثر ہو ۲ جس پر مصیبت یا تکلیف ہو۔ **آسیبی مکان** (مذکر) جس میں بھوت پریت کا مقام ہو۔

آسیر باد (ھ۔مذکر) دیکھو آشیرباد

آسیمہ (ف۔صفت) حیران۔ پریشان۔ گھبرایا ہُوا۔ اُردو میں صرف سراسیمہ میں استعمال ہوتا ہے۔

آسِین (س۔صفت) بیٹھا ہُوا۔ نشستہ۔

آش (ف۔مذکر) ۱ پتلی غذا شوربا گیہوں کو پتلا پکا کر اس میں پکا ہُوا گوشت ملاتے ہیں۔ **آش پکانا** (متعدی) درپے ایذا ہونا۔ **آش پلاؤ** (مذکر) ایک قسم کا پلاؤ جو بیماروں کے لئے پکایا جاتا ہے۔ **آشِ جو** (مذکر) بھونے ہوئے جو کا جوش دیا ہُوا پانی جو بیماروں کو پلایا جاتا ہے۔ **آشِ عاشورہ** (مذکر) ایک کھانا جو دسویں محرم کو دوستوں اور غریبوں کو کھلایا جاتا ہے۔

آشا (س۔ مؤنث) آسمان کا
حصّہ۔ طرف۔ ملک (راش۔ محیط ہونا) **آشا**
پال یا پت (مذکر) ملک یا حصے کا مؤکل۔
آشا گج (مذکر) زمین کی ایک طرف کا ہاتھی۔
بقول ہندوؤں کے زمین چار یا آٹھ ہاتھیوں کے
سر پر رکھی ہوئی ہے۔

آشا (س۔ مؤنث) ۱ خواہش۔ آرزو
چاہت ۲ امید (آشنس۔ امید کرنا)

آشام (ف۔ امر) (آشامید ن۔
پینا) کا ۱ (صفت) پینے والا۔ مرکبات کے
آخر میں جیسے آشام۔ خون آشام ۲
رات کا کھانا ۳ (مذکر) ایک قسم کا لطیف حریرہ۔

آشتاوہ (ا) دیکھو آفتابہ۔

آشتی (ف۔ مؤنث) ۱ چلا۔ صفائی
۲ امن ۳ صلح۔ محبت۔ **آشتی کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) صلح ہونا۔ اتفاق ہونا۔ متفق ہونا۔
مثل۔ آشتی اور جان جی کا
ڈر۔ محبت میں کسی بات کا خوف۔

آشچرج۔ آشچری (س۔ مذکر)
۱ حیران کن واقعہ ۲ حیرت۔ حیرانگی۔ گھبراہٹ
۳ (صفت) حیران۔ عجیب۔

آشر (س۔ مذکر) ۱ آگ۔

آشرا (ھ۔ مذکر) ۱ جواب۔ عذر
حجت ۲ دھوکا۔ دغا۔ رہنے کی جگہ۔ آشرم۔

آشرم (س۔ مذکر) ۱ سادھوں
رشیوں وغیرہ کے رہنے کی جگہ۔ کٹی ۲ مکان رہنے
کی جگہ ۳ برہمن کی زندگی کا ایک حصّہ یہ چار
ہیں۔ برہمچاری۔ گرہستھ۔ وان پرستھ اور سنیاسی
یا بھکشو ۴ جھونپڑی جو کسی خوشی کے موقعہ پر
بنائی جائے ۵ مدرسہ۔ سکول۔ کالج ۶ جنگل۔
درختوں کا جھنڈ۔ **آشرم پروَن** (مذکر)
مہابھارت کی پندرھویں کتاب کے پہلے باب
کا نام۔ **آشرم گورو** (مذکر) کسی فرقے کا گورد
آشریری (س۔ صفت) غیرمادی
بے جسم۔ جسم سے جدا ہوئی ہوئی

آشفتگی (ف۔ مؤنث) حیرانی۔
پریشانی۔ پراگندگی۔

آشفتہ (ف۔ مؤنث) ۱ حیران
پریشان ۲ عاشق۔ دیوانہ۔ فریفتہ۔ **آشفتہ**
حال یا خاطر یا دل (صفت) پریشان حال
عاشق۔ پراگندہ دل۔ **آشفتہ حالی** (مؤنث)
حیرانی۔ پریشانی۔ پراگندگی۔ **آشفتہ دماغ**
(صفت) دیوانہ۔ سڑی۔ پاگل۔ **آشفتہ دماغی**
(مؤنث) دیکھو آشفتہ سری۔ **آشفتہ روز**
یا روزگار (صفت) بدحال۔ کمبخت۔ **آشفتہ**
رہنا (لازم) غمگین یا پریشان رہنا۔ **آشفتہ سر**
(صفت) پاگل۔ سڑی۔ سودائی۔ **آشفتہ سری**
(مؤنث) ۱ پریشانی دل ۲ پاگل پن۔ سودائی پن
آشفتہ طبع (صفت) پریشانی خاطر۔ پراگندہ
دل۔ **آشفتہ کر دینا** (متعدی) حیران پریشان
کر دینا۔ دیوانہ بنا دینا۔ **آشفتہ مزاج** (صفت)
آشفتہ خاطر۔ **آشفتہ مو** (صفت) ۱ جس کے
بال پریشان ہوں ۲ مغموم پریشان حال۔
آشفتۂ وادیٔ الفت یا مودّت
(صفت) عاشق۔ فریفتہ۔ دیوانہ۔ **آشفتہ**
ہو جانا یا ہونا (لازم) مغموم ہونا پریشان
ہونا۔

آشکار۔ آشکارا۔ آشکارہ
(ف۔ صفت) ۱ ظاہر۔ صاف۔ کھلا۔ علانیہ
عام۔ **آشکار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)
۱ ظاہر ہونا۔ کھل جانا ۲ مشہور ہونا۔ شہرت
پانا۔

آشمالی (ف۔ اسم) ۱ خوشامد۔ دلالی ۲
دیوثی۔

آشَن (س۔ مذکر) ایک درخت
جس کے پتے ٹسر ریشم کا کیڑا کھاتا ہے

آشنا (ف۔ مذکر) ۱ دوست ۲
بندہ۔ غلام۔ مطیع ۳ (صفت) روشناس۔
جان پہچان ۴ واقف۔ آگاہ ۵ ناجائز تعلق
رکھنے والا مرد ۶ پیراک۔ شناور۔ تیراک ۷
مرکبات کے آخر میں بھی آتا ہے۔ صورت آشنا
آشنا پرست (صفت) دوست کا قدردان
آشنا پرور (صفت) دوستوں کا مربی۔ **آشنا**
رہنا (لازم) دوست رہنا۔ **آشنا نہ رہنا**۔
(لازم) مناسبت نہ رہنا۔ لگاؤ نہ رہنا۔ **آشنا**
ہونا (لازم) ۱ دوست ہونا۔ یار ہونا ۲ لگنا۔
چھونا ۳ واقف ہونا۔ **آشنائی** (مؤنث)
۱ محبت۔ دوستی۔ پیار۔ چاہ ۲ شناسائی۔
صاحب سلامت ۳ تعلق ناجائز۔ **آشنائی**
پیدا کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو آشنائی
کرنا۔ **آشنائی جاتی رہنا** (لازم) دوستی
جاتی رہنا۔ یارانہ ٹوٹ جانا۔ **آشنائی چھوڑ**
دینا (متعدی) محبت ترک کر دینا۔ **آشنائی**
رہنا (لازم) دوستی برقرار رہنا۔ محبت کا
سلسلہ رہنا۔ **آشنائی کا جھوٹا** (صفت) جو
دوستی کو نباہ نہ سکے۔ **آشنائی کا سچا** (صفت)
جو دوستی کو نباہے۔ **آشنائی (کٹ) کھٹ**
کرنا (متعدی) قطع تعلق کرنا۔ یارانہ ترک کر دینا
آشنائی کر کے نکل جانا (لازم) عورت کا
کسی سے تعلق ناجائز پیدا کر کے گھر سے چلا جانا۔
آشنائی کرنا۔ لگانا (متعدی) **لگنا** (لازم)
تعلق ہونا۔ دوستی پیدا ہونا۔ یارانہ گانٹھنا۔
آشنائی نباہنا (متعدی) **نبھنا** (لازم)
صحبت اخیر تک قائم رہنا۔ **آشنائی ہونا**
(لازم) ۱ دوستی ہونا ۲ واقفیت ہونا۔ جاننا۔
آشنایاں (مذکر جمع) دوست۔ واقف۔
آشنایانہ (صفت) دوستانہ طریقے پر۔

امثال و اقوال۔ آشنائی کرنا
آسان نباہنا مشکل۔ دوستی پیدا کر لینا
آسان بات ہے۔ مگر دوستی کے فرائض ادا
کرنا مشکل ہیں۔ **آشنائی ملّا نا سبق**۔ جو
شخص غرض تک آشنا رہے پھر چھوڑ دے
اس کی بابت کہتے ہیں۔

آشنا (ف۔ مذکر) مہینے کی
پچیسویں تاریخ۔

آشو (س۔ صفت) ۱ تیز ۲ جلد
چلنے والا۔ سریع السیر۔ **آشوتوش** (صفت)
۱ آسانی سے خوش ہونے والا۔ **آشو بیش**
(مذکر) اشوبن۔ **آشو ہیمن** (مذکر) اگنی۔

آشوب (ف۔ مذکر) ۱ شور۔
غوغا ۲ فتنہ۔ فساد ۳ طوفان ۴ ڈر۔ خوف ۵
آفت ۶ آنکھ دکھنے آنا ۷ اسم کے ساتھ مل کر
فاعل بنا دیتا ہے۔ جیسے شہر آشوب۔ **آشوب**
اُٹھانا (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) فتنہ فساد شروع
ہونا۔ **آشوبِ جاں** (صفت) ۱ آفت جاں

۳ معشوق۔ آشوبِ چشم (مذکر) آنکھیں دُکھنے آنا۔ آشوب دب جانا (لازم) فتنہ مٹ جانا۔ آشوبِ روزگار یا زمانہ یا عالم (مذکر) وہ فتنہ جو عالم میں پھیلا ہوا ہو۔ آشوبِ فرانس (مذکر) فرانس کا وہ زمانہ جس میں روبسپیر برسرحکومت تھا۔ اس کے عہد میں بڑے بڑے لوگ قتل کئے گئے۔ مارچ ۱۷۹۳ء سے جولائی ۱۷۹۴ء تک رہا۔ آشوب گاہ (مؤنث) فتنہ و فساد کا مقام۔ آشوبِ محشر (مذکر) ہنگامہ۔ قیامت۔

آشوغ (ف۔ صفت) نامعلوم خاندان یا ملک کا۔

آشون (س۔ مذکر) ہندوؤں کا چھٹا مہینہ۔

آشیاں۔ آشیانہ (ف۔ مذکر) ۱ گھونسلا ۲ رہائشی مکان ۳ مرکبات کے آخیر میں بھی آتا ہے۔ جیسے خلد آشیاں۔ آشیاں اٹھانا (متعدی) گھونسلا اُٹھالینا۔ آشیاں اُجاڑنا (متعدی) گھونسلا اُکھاڑ کر پھینک دینا۔ آشیاں باندھنا (متعدی) گھونسلا بنانا۔ آشیاں بلند کرنا (متعدی) اُونچی جگہ گھونسلا بنانا۔ آشیاں یا آشیانہ بنانا باندھنا۔ چھانا۔ کرنا یا لگانا (متعدی) گھونسلا بنانا۔ آشیانۂ بوم سے بدتر ہوگیا بالکل اُجڑ گیا۔ آشیانہ بھولنا (لازم) پرند کو گھونسلے کی جگہ یاد نہ رہنا۔ آشیاں یا آشیانہ ہونا (لازم) گھونسلا ہونا۔

آشیب (ف۔ اسم) ۱ ڈر ۲ مصیبت ۳ گھبراہٹ۔

آشیج (ف صفت) مخالف۔ رقیب عدو۔

آشیرباد (س) دیکھو اسیرباد۔

آشیس (ھ۔ مؤنث) دیکھو اسیس۔ آشیس سے (صفت) مبارک۔ برکات سے بھرا ہُوا۔

آغا (ت۔ مذکر) ۱ آقا۔ مالک ۲ بڑا بھائی ۳ مغلوں کے نام کے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ آغا بینا (مذکر) ۱ پالتو مینا کو پیار سے کہتے ہیں ۲ پیاری پیاری باتیں کرنے والی لڑکی۔

مثل۔ آغا میر کی دائی سب سیکھی سکھائی ۔ بہت چالاک عورت۔ آغا میر اودھ کا وزیر تھا۔ **آغار** (ف۔ اسم) ۱ نمی کا زمین میں جذب ہونا ۲ اکسانا ۳ برتن ۴ (صفت) ملا ہوا۔ گندھا ہوا ۵ گیلا ۶ جوشیلا اکسایا ہوا ۷ صفت کی صورت میں مرکبات ہیں۔

آغرسطس (ف۔ اسم) ایک قسم کی گھاس۔

آغریوس (ف۔ اسم) ایک صحرا۔

آغاز (ف۔ مذکر) شروع۔ ابتدا۔ آرمبھ۔ اُٹھان۔ عنوان (کرنا ہونا کے ساتھ) آغاز (و) انجام جاننا (متعدی) نتیجہ معلوم کرلینا۔ آغاز (و) انجام سوچنا (لازم) ۱ سمجھ بوجھ کر کام کرنا نتیجے کی طرف خیال رکھنا ۲ (نفی کے ساتھ) بے سمجھے بوجھے کام کرنا۔ آغازِ بد کا انجام بد ہے۔ جس کام کی ابتدا بری ہو اس کا انجام بھی بُرا ہوتا ہے۔

آغشتہ (ف۔ مذکر) آلودہ۔ تر۔ نم۔ لتھڑا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (آغشتن آلودہ کرنا) آغشتہ بخاک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مٹی میں آلودہ ہونا۔ آغشتہ بخاک و خوں کرنا (متعدی) ہونا (لازم) قتل ہونا۔

آغل (ف۔ اسم) پہاڑ میں بھیڑوں کے رہنے کی جگہ۔

آغوش (ف۔ مذکر) گود۔ بغل۔ کنار آغوش آباد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) گود گرم ہونا۔ گود میں لینا۔ آغوش بھرنا (لازم) بھرپور گود میں ہونا۔ آغوش پھیلانا (متعدی) پھیلنا (لازم) گود میں لینے کے لئے دونوں ہاتھ آگے ہونا۔ آغوشِ تمنا (مؤنث) امید کی گود۔ امید۔ آرزو (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) آغوش خالی کرنا (متعدی) ۱ گود سے نکل جانا ۲ گود سے نکال دینا۔ آغوش خالی ہونا (لازم) بچے کا مرجانا۔ آغوشِ راحت (مؤنث) آرام۔ نیند۔ آغوش سے نکلنا (لازم) گود سے نکل جانا۔ آغوشِ صبح (مؤنث) صبح۔ آغوشِ قبر میں سونا (لازم) مرجانا۔ دفن ہونا۔ آغوش کا پروردہ (صفت) گود کا پالا ہُوا۔ اولاد۔ آغوش کشادہ یا کشودہ (صفت) گود پھیلائے ہوئے۔ آغوش کشادہ یا کشودہ پھیلی ہوئی گود۔ آغوش کشائی (مؤنث) گود پھیلنا یا پھیلانا۔ آغوش کھول کر لپٹنا (لازم) کمال شوق سے بغل گیر ہونا۔ آغوش گرم کرنا (متعدی) ۱ پیار سے گود میں لانا ۲ گود میں آ بیٹھنا۔ آغوش لبریز ہونا (لازم) گود بھرنا۔ آغوشِ گور وا ہونا (لازم) قبر تیار ہونا۔ آغوشِ لحد میں جا سونا۔ سونا یا لیٹنا (لازم) قبر میں دفن ہونا۔ آغوشِ لحد میں سلا دینا یا سلانا (متعدی) قتل کرنا۔ مارنا۔ آغوشِ مادر میں سونا (لازم) ماں کی گود میں سونا۔ چین سے سونا۔ آغوش میں آنا (لازم) گود میں آنا۔ ہم بغل ہونا۔ ہمکنار ہونا۔ آغوش میں اُٹھانا (لازم) گود میں اُٹھالینا۔ آغوش میں بٹھانا (متعدی) گود میں بٹھانا۔ آغوش میں دبانا (متعدی) گود میں بھینچ کر لینا۔ آغوش میں دینا (متعدی) کسی کی گود میں دینا۔ آغوش میں رہنا (لازم) پاس رہنا۔ پہلو میں رہنا۔ آغوش میں سونا (لازم) گود میں سونا۔ آغوش میں کھینچنا یا لینا (متعدی) شوق اور تمنا سے گود میں لینا۔ آغوش وا ہونا (لازم) گود کھلنا۔ آغوش میں ہونا (لازم) بغل میں ہونا۔ ہم بغل ہونا۔

آغول (ف۔ اسم) ترچھی نگاہ۔ ناراضگی کی نظر۔

آغوں (اُردو۔ مؤنث) بچے کے مُنہ سے شروع میں یہ لفظ نکلتا ہے۔ آغوں کرنا (متعدی) دُودھ پیتے بچوں کا آواز نکالنا۔ آغوں کی صدا (مؤنث) بچے کے مُنہ سے لفظ آغوں کی آواز۔

مثل۔ آغوں غٹے میاں (مارے ٹھٹھے) ہوئے موٹے۔ ننھے بچوں کو پیار کے طور پر کہا جاتا ہے۔

آف (ع۔ مذکر) ۱ سورج ۲ مشک ۳ نافہ والا ہرن (بقول مصنف آصف اللغات آفتاب کا مخفف ہے)

آفات (ع۔ مؤنث) جمع آفت کی۔ بلائیں۔ مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ پریشانیاں۔ خطرے۔ آفاتِ آسمانی یا سماوی (مؤنث) آسمانی حوادث۔ آفاتِ ارضی (مؤنث) زمین

سے پیدا ہونے والی مصیبتیں۔ **آفاتِ ارضی و سماوی** (مؤنث) ہر قسم کی مصیبتیں اور تکلیفیں **آفاتِ موسمی** (مؤنث) ٹڈی۔کیڑے وغیرہ۔

آفاق (ع۔ مذکر) افق کی جمع۔ آسمان کے کنارے۔ دُنیا۔ جہان۔ عالم۔ سنسار۔ جگ ملک۔ **آفاق گیر** (صفت) ۱ دنیا کے لینے والا ۲ (مذکر) بادشاہ۔ **آفاقہا** (مذکر) جمع آفاق۔ **شعر۔ آفاقہا گردیدہ ام مہرِ بتاں ورزیدہ ام بسیار خوباں دیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری**۔ امیر خسرو کا مشہور شعر معشوق کی تعریف میں ہے۔ میں نے بہت ملک دیکھے ہیں۔ بہت خوبصورت اور حسین آدمی دیکھے ہیں۔ مگر تو اور ہی چیز ہے۔ صوفی خدا کی تعریف میں اسے لیتے ہیں۔

آفت (ع۔ مونث) ۱ بلا۔ بپتا۔ زحمت ۲ وبا۔ مری۔ پلیگ۔ بیماری ۳ تکلیف۔ مصیبت۔ حادثہ ۴ مشکل۔ دقت۔ دشواری ۵ ظلم۔ اندھیر ۶ فتنہ۔ قہر۔ غضب ۷ عیار۔ شریر۔ چالاک ۸ غل۔ شور ۹ وبال۔ عذاب ۱۰ دشمنی ۱۱ جلدی۔ گھبراہٹ ۱۲ (صفت) نہایت۔ بہت (ہونا کے ساتھ) **آفت آجانا یا آنا** (لازم) ۱ وبا آنا۔ قحط پڑنا ۲ قحط نازل ہونا۔ مصیبت ناگہانی ۳ غصہ اُترنا۔ خفگی پڑنا۔ **آفت اٹھانا** (متعدی) ۱ مصیبت جھیلنا۔ دُکھ سہنا۔ تکلیف اُٹھانا ۲ غل کرنا۔ شور مچانا ۳ غضب ڈھانا۔ فساد برپا کرنا۔ **آفتِ آسمانی یا بالائی** (مؤنث) ایسی مصیبت جو انسان کے اختیار نہ ہو۔ ناگہانی تکلیف۔ **آفتِ ارضی و سماوی** (مؤنث) وہ آفت جو زمین سے پیدا ہو اور آسمان سے نازل ہو۔ **آفت برپا رہنا** (لازم) ۱ مصیبتیں برپا رہنا ۲ شور و غل رہنا۔ **آفت برپا کرنا** (متعدی) جور و ستم کرنا۔ قیامت ڈھانا۔ **آفت برپا ہونا** (لازم) مصیبت آنا۔ تکلیف آنا۔ **آفت برسانا** (متعدی) غضب ڈھانا۔ ستم کرنا۔ **آفت برسنا** (لازم) تکلیف آپڑنا۔ مصیبتیں پڑنا۔ **آفت پڑنا** (لازم) ۱ قہر و غضب نازل ہونا ۲ صدمہ پہنچنا۔ **آفت تازہ آنا** (لازم) نئی مصیبت ٹوٹنا۔ **آفت توڑ مارنا یا توڑنا** (متعدی) ۱ ستم کرنا۔ غضب ڈھانا۔ غصہ اُتارنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا ۲ اودھم مچانا۔ **آفت ٹالنا** (متعدی) **ٹل جانا یا ٹلنا** (لازم) مصیبت سے بچنا۔ **آفتِ جان** (مؤنث) ۱ جان کے لئے مصیبت۔ جان کا دشمن ۲ معشوق۔ **آفت جان پر آنا** (لازم) مصیبت آنا۔ قہر نازل ہونا۔ **آفت جان پر لینا** (متعدی) مصیبت برداشت کرنا۔ تکلیف اُٹھانا۔ دُکھ سہنا۔ **آفت جوتنا** (متعدی) ہنگامہ برپا کرنا۔ **آفت جہاں** (مؤنث) دیکھو آفتِ روزگار۔ **آفت جھیلنا** (متعدی) مصیبت اُٹھانا۔ صدمے برداشت کرنا۔ **آفت خیز** (صفت) جہاں سے مصیبت رونما ہو یا شرارتیں اُٹھیں۔ **آفت دفع (دُور) ہونا** (لازم) مصیبت دفع ہونا۔ **آفت در پیش ہونا** (لازم) مصیبت آنا۔ تکلیف آنے والی ہونا۔ **آفت دکھانا** (متعدی) **دیکھنا** (لازم) ۱ مصیبت کا سامنا کرنا ۲ دوسرے پر مصیبت دیکھنا۔ **آفتِ دوراں** (دہر) (صفت) ۱ آفتِ زمانہ۔ آفت۔ آفتِ روزگار ۲ عیار۔ چالاک۔ **آفت دیکھنا** (متعدی) مصیبت ملاحظہ کرنا۔ **آفتِ دیں** (صفت) جس کی وجہ سے آدمی کے دین پر حرف آئے۔ کنایۃً معشوق۔ **آفت ڈالنا** (متعدی) قہر توڑنا۔ مصیبت میں گرفتار کرنا۔ **آفت ڈھانا** (متعدی) قیامت برپا کرنا۔ ستم توڑنا۔ **آفت رسیدہ** (صفت) گرفتارِ مصیبت۔ **آفتِ روزگار** (صفت) ۱ شوخ۔ شریر۔ معشوق ۲ مفسد۔ فتنہ پرداز۔ **آفت رہنا** (لازم) مصیبت رہنا۔ **آفت زا** (صفت) مصیبت پیدا کرنے والا۔ **آفت زدہ** (صفت) مصیبت کا مارا۔ بدبخت۔ **آفتِ زمانہ** (صفت) آفتِ روزگار۔ **آفت سر پہ آنا** (لازم) مصیبت یکایک آنا۔ **آفت سر پہ ڈالنا** (متعدی) قہر توڑنا۔ ستم کرنا مصیبت ڈالنا۔ **آفت سر پر لینا** (متعدی) ۱ مصیبت اپنے سر لینا ۲ جھگڑے میں پڑنا ۳ جھگڑا خریدنا۔ **آفت سر پر ہونا** (لازم) مصیبت میں گرفتار ہونا۔ تکلیف میں ہونا۔ **آفت سر سے ٹالنا** (متعدی) **ٹلنا** (لازم) مصیبت رفع ہو جانا۔ تکلیف جاتے رہنا۔ **آفت سہنا** (متعدی) صدمہ برداشت کرنا۔ **آفت سے بچانا یا چھڑانا** (متعدی) مصیبت سے بچانا۔ **آفت طلب** (صفت) مصیبت کا خواستگار۔ **آفت کا** (صفت) بیحد۔ بے انتہا۔ **آفت کا بنا ہوا** (صفت) شوخ۔ شنگ بلائے روزگار۔ چالاک۔ **آفت کا پرکالا یا ٹکڑا** (صفت) ۱ نہایت شوخ۔ عیار۔ نہایت چالاک۔ ہمہ تن شرارت ۲ ذکی۔ زود فہم۔ ذہین ۳ (مذکر) مجازاً معشوق۔ **آفت کا گھر** (مذکر) وہ جگہ جہاں مصیبتوں اور تکلیفوں کا ہجوم ہو۔ **آفت کا مارا** (صفت) آفت رسیدہ۔ **آفت کا نمونہ** (مذکر) آفت کا پتہ دینے والی بات۔ **آفت کشیدہ** (صفت) مصیبت زدہ۔ تکلیف اُٹھائے ہوئے۔ **آفت کوٹالنا** (متعدی) مصیبت کو دُور کرنا۔ **آفت کی پڑیہ یا پوٹ** (مؤنث) ۱ شریر بچے کی نسبت کہتے ہیں ۲ عیار۔ دغاباز عورت۔ **آفت کی چھٹی** (مؤنث) نہایت بُری خبر۔ مرنے کا خط۔ **آفت کی چیز** (مؤنث) عیار یا چالاک شخص۔ **آفت کے لوگ** (مذکر) چالاک عیار شخص۔ **آفت گرانا** (متعدی) مصیبت نازل کرنا۔ **آفت گزرنا** (لازم) آفت پڑنا (زمانہ گزشتہ میں)۔ **آفت سے گلے لگنا** (لازم) مصیبت ذمہ ہونا۔ **آفت لانا** (متعدی) مصیبت ڈالنا۔ بلا میں پھنسانا۔ غضب ڈھانا۔ ستم توڑنا۔ **آفت مٹنا** (لازم) مصیبت رفع ہو جانا۔ **آفت مچانا** (متعدی) **مچنا** (لازم) ۱ شور مچانا ۲ شرارت ہونا۔ **آفت موقوف ہونا** (لازم) غل شور بند ہونا۔ **آفت میں آنا۔ پڑنا۔ پھنسنا۔ جا پڑنا۔ مبتلا ہونا** (لازم) مصیبت میں پھنسنا۔ رنج و غم میں گرفتار ہونا۔ **آفت میں پھنسانا یا ڈالنا** (متعدی) مصیبت میں ڈالنا۔ **آفت میں دن (وقت) گزرنا** (لازم) سارا دن (وقت) مصیبت رہنا۔ **آفت میں گھر جانا** (لازم) چاروں طرف سے مصیبتوں کا آجانا۔ مصیبتوں میں مبتلا ہونا۔ **آفت نازل رہنا** (لازم) مصیبتوں کا لگاتار آتے رہنا۔ **آفت نازل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مصیبت پڑنا **آفتِ ناگہانی** (مؤنث) مصیبت جو یکایک آپڑے۔ **آفت نصیب** (صفت) مصیبت زدہ ستم کش۔ **آفت ہے** ۱ شوخ و شریر ہے ۲ بڑا فتنہ انگیز ہے ۳ خوبصورت ہے۔ حسین ہے۔ **آفتیں ٹوٹ ٹوٹ کر آنا** (لازم) مصیبت

مصیبت آنا۔ بہت سی بلائیں آنا۔

آفتاب (ف۔ مذکر) ۱۔ مہر۔ خورشید۔ شمس۔ سورج ۲۔ شراب ۳۔ دھوپ ۴۔ مشہور۔ کامل۔ بلند مرتبہ ۵۔ شاہ عالم بادشاہ دہلی کا تخلص ۶۔ معشوق ۷۔ گنجفے کی چھٹی بازی کا پہلا پتہ۔ **آفتابِ اقبال** (مذکر) اقبال کو آفتاب سے استعارہ کرتے ہیں۔ **آفتابِ اقبال اوج پر ہونا** (لازم) نصیبہ ترقی پر ہونا۔ ترقی کا زمانہ ہونا۔ **آفتاب ایک (سوا) نیزے پر آنا** (لازم) قیامت ہونا۔ **آفتابِ بام** (صفت) قریب زوال۔ **آفتاب بر آمد ہونا** (لازم) ۱۔ سورج نکلنا۔ دن چڑھنا ۲۔ گنجفہ میں آفتاب کا دوسرے پتّے کے ساتھ پھینکا جانا۔ **آفتاب بلند ہونا** (لازم) سورج کا افق سے اونچا ہونا **آفتاب بنا دینا** (متعدی) مرتبہ بلند کر دینا۔ **آفتاب بین** (مؤنث) ایک قسم کی دوربین جس سے آفتاب کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اس میں دھندلے آئینوں سے انعکاس نور بہت کم کر دیا جاتا ہے۔ **آفتاب پرست** (مذکر) ۱۔ سورج کو پوجنے والا۔ پارسی۔ گبر ۲۔ (مذکر) ایک قدیم آلہ جس سے آفتاب کا مدارات میں داخل ہونا ثابت کیا جاتا تھا ۳۔ گرگٹ ۴۔ سورج مکھی۔ **آفتاب پرستی** (مؤنث) آتش پرستی۔ پارسیوں کا مذہب۔ **آفتاب تاباں** (مذکر) چمکنے والا سورج۔ **آفتاب تیز ہونا** (لازم) دھوپ تیز ہونا۔ **آفتاب جمال** (صفت) خوبصورت۔ حسین **آفتاب جمال طالع ہونا** (لازم) خوبصورت معشوق کا باہر نکلنا۔ **آفتاب چھپ جانا**۔ (لازم) ۱۔ سورج ڈوب جانا۔ شام ہو جانا ۲۔ ابر یا غبار کا سورج کے آگے آنا۔ **آفتابِ حشر** (مذکر) سورج جو قیامت کے دن مغرب سے نکلے گا۔ **آفتاب دولت** (صفت) وہ جس کی دولت آفتاب کی طرح چمکتی ہو۔ بہت امیر۔ بادشاہ۔ **آفتاب ڈوب جانا** (لازم) سورج غروب ہو جانا۔ شام ہو جانا۔ **آفتاب ڈھلنا** (لازم) سورج کا دوپہر کے بعد مغرب کو جھکنا۔ **آفتاب رُو** (صفت) ۱۔ حسین۔ خوبصورت۔ ۲۔ بہ ہر آفتاب رہے یا جہاں دھوپ پڑے۔ **آفتاب سر پر آنا** (لازم) دوپہر ہونا۔ **آفتابِ سرکوہ**۔ بوڑھا۔ مرنے کے قریب۔ **آفتابِ سلطنت** (مذکر) سلطنت کو آفتاب کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **آفتاب سوا نیزے پر آنا** (لازم) قیامت ہونا۔ **آفتابِ شام** (مذکر) آفتاب جب قریب غروب ہوتا ہے تو تیزی جاتی رہتی ہے۔ **آفتابِ شجاعت** (مذکر) بہادری کا جوش۔ **آفتاب طلعت** (صفت) جس کی صورت اچھی ہو۔ **آفتاب طلوع ہونا** (لازم) سورج نکلنا۔ **آفتاب عالمتاب** (مذکر) دنیا کو روشن کرنے والا سورج **آفتاب غروب ہونا** (لازم) سورج کا ڈوبنا۔ شام ہونا۔ **آفتابِ قیامت** (مذکر) آفتاب حشر۔ **آفتاب کا نصف النہار پر پہنچنا** (لازم) دوپہر ہونا۔ **آفتاب کو (چراغ) دیا دکھانا** (متعدی) تجربہ کار کو طریقہ بتانا۔ لائق کے سامنے نالائق کا شیخی مارنا **آفتاب کی حدت** (مؤنث) دھوپ کی تیزی **آفتاب کی کرن پھوٹنا** (لازم) سورج نکلنا **آفتاب گرم ہونا** (لازم) آفتاب تیز ہونا۔ **آفتاب لبِ بام** (مذکر) ۱۔ سورج ڈوبنے کے قریب ۲۔ ہر چیز قریب زوال ۳۔ بوڑھا آدمی قریب موت۔ **آفتاب محشر** (مذکر) آفتاب حشر۔ **آفتاب مخفی ہونا** (لازم) آفتاب چھپ جانا **آفتاب مغرب سے نکلنا** (لازم) مسلمانوں کے اعتقاد میں قیامت کے دن کی علامت۔ **آفتاب نکلنا** (لازم) سورج چڑھنا۔ سورج کا نمودار ہونا۔ **آفتاب نے گریبان مشرق چاک کیا**۔ سورج نکل آیا۔ **آفتابی** (صفت) ۱۔ سورج کا ۲۔ دھوپ کھایا ہوا ۳۔ دھوپ کا مارا ہوا زرد ۴۔ سورج کی شکل کا۔ گول ۵۔ (مؤنث) ماہی مراتب میں چاندی یا سونے کا ایک دائرہ ہوتا ہے جس میں ایک ڈنڈی لگی ہوتی ہے۔ بادشاہوں کے جلوس کے ہمراہ ہوتا ہے ۶۔ امرا کے مکان میں ایک بلند مقام ۷۔ ایک قسم کی چھوٹی پنکھیا جس سے چہرے کی دھوپ بچاتے ہیں۔ کبھی اس سے پنکھا جھلتے ہیں۔ سورج مکھی ۸۔ ایک قسم کی ڈھال جس میں سونے کا کام ہوتا ہے ۹۔ ایک قسم کی آتشبازی۔

مثل۔ **آفتاب آمد دلیلِ آفتاب** کھلی ہوئی بات کے ثبوت کی کیا ضرورت۔

آفتابہ۔ **آفتاوا** (ف۔ مذکر) لوٹا۔ آب تابہ کا مخرّب ہے۔

آفتیمون (ف۔ اسم) ایک دوا۔

آفرازہ (ف۔ اسم) شعلہ۔

آفریدگار (ف۔ مذکر) خالق پیدا کرنے والا۔

آفریدہ (ف۔ مذکر) مخلوق۔ پیدا کیا گیا۔

آفریں (ف۔ مؤنث) ۱۔ کلمۂ تحسین شاباش۔ واہ وا۔ سبحان اللہ ۲۔ طنزاً کہنا۔ ہونا کے ساتھ (رس پری۔ خوش ہونا) **آفریں باد** (بریں ہمت مردانہ تو) یہ مصرعہ عالی حوصلگی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **آفریں صد آفریں** (کلمۂ تحسین) بہت شاباش۔ **آفریں کی صدا بلند ہونا** (لازم) چاروں طرف سے واہ وا کی آواز آنا۔ سب کا شاباش دینا۔ **آفریں ہو رہی ہے**۔ تعریف ہو رہی ہے۔ **آفریں ہے**۔ کیا بات ہے۔ شاباش۔ کیا کہنا۔

آفریں (ف۔ صفت) پیدا کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں جیسے جہاں آفریں۔ سخن آفریں۔ **آفرینش** (مذکر) ۱۔ پیدائش خلقت ۲۔ دنیا۔ کائنات۔ عالم۔ مخلوقات **آفرینندہ** (مذکر) خالق۔ پیدا کرنے والا۔

آفس (انگ۔ مذکر) ۱۔ دفتر۔ سررشتہ ۲۔ عہدہ۔

آفند (ف۔ اسم) لڑائی۔ جنگ۔

آفنداک (ف۔ اسم) قوس و قزح۔

آفندی (ت۔ مذکر) تعظیم کا خطاب۔ جناب۔ حضور۔ مالک۔

آفوس۔ آفونسو (پر۔ مذکر) ایک قسم کا آم جو بمبئی کی طرف ہوتا ہے (اصل لفظ الفانسو)

آفیسر (انگ۔ مذکر) افسر۔ حاکم بالا دست۔ سردار۔

آفیشل (انگ۔ صفت) ۱۔ محکمانہ۔ سرکاری۔ دفتری ۲۔ (مذکر) عہدہ دار۔

آق (ت۔ صفت) سفید۔

آقا (ت۔ مذکر) آغا۔ مالک۔ حاکم

آقا ولی نعمت۔ خداوند نعمت۔ سرکار۔ ملازم

اپنے آقا کو کہتے ہیں۔ **آقائے نامدار** (مذکر) آقا۔ بڑے امیروں یا افسروں کے متعلق ذکر کرتے ہوئے یا ان کو خطاب کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

آک (ف۔ اسم) ۱ آفت۔ مصیبت ۲ **نقص**۔ عیب۔

آک۔ آکھ (ہ۔ مذکر) ۱ مدار کا درخت ۲ نیشکر کی پھوٹ (س۔ ارک) **آک کی بڑھیا** (مؤنث) وہ روئی جو آک کے پھل میں سے نکلتی ہے۔ یہ قدرت نے بیج کے ساتھ پیدا کی ہے کہ اس کو اڑا کر دور پہنچا دے۔ **آک کا ڈوڈا** (مذکر) آک کا پھل۔ آکھ کی بڑھیا۔

مثل۔ آک کا کیڑا آک میں راضی۔ ڈھاک کا ڈھاک میں۔ ہر شخص اپنی مناسب جگہ پر خوش رہتا ہے۔

آکارت۔ مذکر) ۱ بڑا بھائی ۔ بھائی ۲ کلمۂ خطاب (عف)

آکاس (ہ۔ مذکر) ۱ خلا جو زمین اور آسمان کے درمیان ہے ۲ آسمان ۳ ہندوؤں کا پانچواں عنصر۔ ایتھر۔ **اکاس اگن گولا** (مذکر) شہاب ثاقب۔ ٹوٹنے والا ستارہ۔ **آکاس بانی** (مؤنث) ۱ وحی۔ الہام ۲ غیبی آواز۔ **آکاس برتی** (صفت) آوارہ گرد۔ جس کا کوئی پیشہ نہ ہو۔ **آکاس برتو** (مذکر) سیارے و ستارے۔ **آکاس بیل یا پون** (مؤنث) امربیل۔ ایک قسم کی بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے۔ **آکاس پھل** (مذکر) بچے۔ اولاد۔ **آکاس چوٹی** (مؤنث) سمت الراس۔ **آکاس دھری** (مؤنث) آسمان کا محور۔ **آکاس دھری کے سرے** (مذکر) آسمان کے قطب۔ **آکاس دیوا یا دیا** (مذکر) ایک دیا جو وشن جی یا لچھمی مہارانی کے اعزاز میں کاتک کے مہینے میں جلایا جاتا ہے۔ اور ایک ڈنڈے کے اوپر باندھا جاتا ہے ۲ کوئی دیا ڈنڈے کے اوپر بندھا ہوا ۳ روشن مینار جو سمندروں میں بنایا اور روشن کیا جاتا ہے۔ **آکاس گنگا** (مؤنث) کہکشاں **آکاس گولا** (مذکر) آسمان کا گولا یا کرہ **آکاس منڈل** (مذکر) کرۂ ہوائی۔ **آکاس نیم** (مؤنث) ایک درخت جسے نیم چنبیلی بھی کہتے ہیں۔ پھول سفید اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ **آکاس ورن** (مؤنث) نیلا۔ **آکاسی** (صفت) آسمانی۔ ہوائی۔ روحانی۔ سماوی۔

آکاش (س۔ مذکر) ۱ کھلی جگہ۔ خلا ۲ ایتھر ۳ آسمان۔ فلک ۴ کرۂ باد ۵ ایتھر وہ لطیف مادہ جس کے متعلق خیال ہے کہ وہ خلا میں چاروں طرف بھرا پڑا ہے۔ **آکاش گربھی** (مذکر) ایک بودھی ستوا۔ **آکاش گنگا** (مؤنث) گنگا جو ہنود کے اعتقاد میں آسمان سے زمین پر بہتی ہے۔ **آکاش لکھن** (مذکر) دیکھو آکاس لکھی۔ **آکاش وانی** (مؤنث) آسمانی آواز۔ ہاتف غیب۔

آکانکشا (س۔ مؤنث) ۱ خواہش چاہ۔ ہوس ۲ امید ۳ ارادہ۔ مطلب۔ **آکانکشت** (صفت) ۱ جس کی خواہش ہو ۲ جس کو انتظار ہو ۳ خواہشمند۔ **آکانکشی** (صفت) ۱ خواہشمند ۲ امیدوار ۳ پوچھتا ہوا۔ سوال کرتا ہوا ۴ امید رکھنے والا۔ منتظر۔

آکر (س۔ مؤنث) ۱ ڈھیر۔ انبار تودہ ۲ خزانہ ۳ چشمہ۔ منبع ۴ کان۔ معدن ۵ اصلی یا قدیم باشندے۔

آکرا (ہ۔ مؤنث) درندوں کا غار۔

آکرت (س۔ مؤنث) ۱ شکل۔ وجہ ہیئت ۲ مشابہت۔ شبیہ ۳ بدن ۴ قسم۔

آکرش (س۔ مذکر) ۱ اپنی طرف کھینچنا ۲ کشش۔ دلربائی۔ دلفریبی ۳ کوئی چیز جو دل موہ لینے کے لئے استعمال کیجائے ۴ کھینچنا پتھر وغیرہ کا یا کمان کا ۵ تشنج۔ اینٹھن ۶ پاسے سے کھیلنا ۷ پاسہ ۸ بساط ۹ حواس کا آلہ ۱۰ مقناطیس

آکسمک (س۔ صفت) بے وجہ ناگہاں۔ غیرمتوقع۔

آکسیجن (انگ۔ مونث) ایک گیس۔ پانی دو ہواؤں سے مل کر بنا ہے۔ ان میں سے ایک آکسیجن ہے۔ دوسری ہائیڈروجن۔ یہ وہ ہوا ہے جس کی وجہ سے جاندار زندہ رہتے ہیں۔ پانی سے ایک اعشاریہ ۱۳ گنا بھاری ہے۔

آکشن (انگ۔ مذکر) نیلام۔

آکشیپ (س۔ مذکر) ۱ پھینکنا ۲ تشنج۔ مروڑ ۳ دھوکا ۴ تنبیہ۔ الزام۔ طعنہ ۵ گالی گلوچ ۶ حجت بازی۔

آکل (ع۔ صفت) ۱ کھانے والا۔

آکل (س۔ صفت) ۱ بھرا ہوا ۲ بوجھ سے دبا ہوا ۳ گھبرایا ہوا ۴ ڈرا ہوا۔ **آکلت** (صفت) گھبرایا ہوا **آکلتا** (مؤنث) گھبراہٹ تکلیف دل۔ بے چینی۔ **آکلا** (صفت) ۱ چڑچڑا۔ تنک مزاج ۲ تیز۔ تیز رفتار ۔ **آکلی** (مؤنث) ۱ اضطراب۔ بیقراری ۲ حرکت گاڑی کی۔

آکمپت۔ آکمپن (س۔ مذکر) حرکت۔ لرزش۔

آکن (ہ۔ مذکر) گھاس اور بوٹیاں جو ہل چلے کھیت میں سے اکٹھی کی جائیں۔

آکنچن۔ آکنچنیہ (س۔ مذکر) غربت۔ مفلسی۔ بے نوائی۔ تہیدستی ۲ محنت۔ کوشش۔ سعی ۳ (صفت) غریب۔ مفلس۔ تہیدست ۴ بدنصیب۔ کم بخت۔

آکوت (س۔ مذکر) ۱ ارادہ۔ مقصد ۲ خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ ارمان۔

آکھا (ہ۔ مذکر) ۱ پیپی ۲ چھلنی ۳ دو بوریوں یا پانی کی دو مشکوں میں سے ایک جو جانوروں پر لادی جاتی ہے ۴ تھیلا۔ بوری۔

آکھپاشان (س مذکر) ایک دھات۔ سنگ مقناطیس۔

آکھر (ہ۔ مؤنث) ۱ درندوں کی غار ۲ دیکھو اکشر الف۔ ب۔ ت۔

آکھلاپن (ہ۔ مذکر) شوخی شرارت اچھل کود۔

آکھن (ہ۔ مؤنث) جمع آنکھیں۔

آکھنڈل (س۔ مذکر) توڑنے والا یا تباہ کرنے والا شخص۔

آکھوٹ (ہ۔ مذکر) ۱ اخروٹ ۲ اخروٹ کا درخت۔

آکھیا (س۔ مؤنث) ۱ نام ۲ شہرت

آکھیات (س صفت) ۱ گنا ہوا ۲ بیان کیا ہوا ۳ کہا ہوا۔ بولا ہوا ۴ ظاہر کیا ہوا ۵ بلایا ہوا۔ نام سے بلایا ہوا۔

آکھیٹ (س۔ مذکر) ۱ شکار ۲ شکار کا تعاقب ۳ ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ **آکھیٹک** (صفت) ۱ شکار کا تعاقب کرنے والا۔ (مذکر) شکاری ۲ شکاری کتا۔ **آکھیٹی** (صفت) متعلقۂ شکار۔ شکار کا ۲ (مذکر) شکاری ۳ شکار کا کتا۔

آگ (ہ۔ مؤنث) ۱ آتش ۲ شعلہ ۳ سوزش۔ جلن۔ گرمی ۴ غصہ۔ خفگی۔ تیہا۔ کرودھ ۵ عشق و محبت۔ سوز و گداز۔ دل کی لگی ۶ حسد۔ رشک۔ جلاپا ۷ شدت کی بھوک ۸ لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد ۹ آتشک ۱۰ ماستا۔ خون کا جوش ۱۱ تیزی۔ چڑچڑاہٹ ۱۲ چمک دمک۔ روشنی ۱۳ مصیبت۔ آفت ۱۴ (صفت) گرم (تاثیر) ۱۵ بہت گرم۔ جلتا ہوا ۱۶ تیز۔ گرم مزاج ۱۷ چڑچڑا۔ جھلا ۱۸ مہنگا۔ بیش قیمت ۱۹ (مذکر) مدار کا پودہ۔ **آگ اُبلنا** (لازم) گرمی کی شدت ہونا۔ **آگ اُٹھا رکھنا یا اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) فساد پیدا ہونا۔ **آگ اُگلنا** (متعدی) ۱ ظلم کرنا ۲ بہت غصہ ظاہر کرنا ۳ بری باتیں کرنا۔ **آگ بھولا**۔ دیکھو آگ بگولا۔ **آگ بنانا** (متعدی) بندوق وغیرہ داغنا۔ **آگ بجھا دینا یا بجھانا** (متعدی) ۱ آگ پر پانی ڈالنا۔ آگ ٹھنڈی کر دینا ۲ جھگڑا مٹانا۔ فساد دور کرنا ۳ غصہ ٹھنڈا کرنا ۴ خواہش پوری کرنا۔ کھانا پیٹ بھر کر کھلانا۔ بھوک پیاس مٹانا۔ پانی پلانا ۵ تسکین دینا۔ جی ٹھنڈا کرنا ۶ خواہش نفسانی کا مٹانا۔ **آگ بجھنا** (لازم) ۱ دیکھو بجھانا ۲ جلاپا مٹنا۔ **آگ برسانا** (متعدی)، **برسنا** (لازم) ۱ سخت گرمی کا پھیلنا۔ گرمی کا پھونکے دینا۔ گرمی کا افراط سے ظاہر ہونا ۲ گولوں گولیوں کا مینہ برسنا۔ معرکۂ کارزار گرم ہونا۔ جنگ کا زور ہونا۔ **آگ بگولا** (صفت) ۱ دہکتا ہوا۔ جلتا ہوا ۲ غصہ میں بھرا ہوا۔ تند و تیز (بنا دینا بن جانا۔ بننا۔ کر دینا۔ ہو جانا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ شوخ۔ گرما گرم۔ تیز مزاج۔ **آگ بنا دینا** (متعدی) غصہ دلانا۔ بھڑکانا۔ **آگ بنانا** (متعدی) ۱ آگ سلگانا ۲ غصہ دلانا۔ **آگ بن جانا** (لازم) غصہ سے سرخ ہو جانا۔ **آگ بوٹ** (مذکر) دخانی جہاز۔ اگن بوٹ۔ **آگ بھبوکا** (صفت) آگ کی طرح سرخ شوخ گرما گرم۔ **آگ بھری ہونا** (لازم) ۱ سوز و گداز ہونا ۲ جلن ہونا۔ تپک ہونا ۳ بغض ہونا۔ عداوت ہونا ۴ گرم مزاج ہونا ۵ پیٹ میں سوزش ہونا ۶ آتشک ہونا ۷ پُرشہوت ہونا۔ **آگ بھڑکانا** (متعدی) آگ دہکانا۔ **آگ بھڑک اُٹھنا یا بھڑکنا** (لازم) ۱ آگ دہکنا۔ شعلہ بلند ہونا ۲ لڑائی بڑھنا ۳ حسد و کینہ زیادہ ہونا ۴ شوق بڑھنا۔ محبت میں بیتاب ہونا ۵ جلن زیادہ ہونا ۶ فساد اُٹھنا۔ **آگ بھی نہ لگاؤں**۔ عورتیں نفرت ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔ **آگ پانی** (مذکر) آگ اور پانی۔ **آگ پانی کا بیر** (مذکر) جبلّی عداوت۔ طبعی مخالفت۔ **آگ پانی کا ساتھ (سنجوگ)** (مذکر) جہاں دو مخالف چیزوں میں موافقت ہو وہاں کہتے ہیں۔ **آگ پانی کا کھیل** (مذکر) جب کوئی چیز پکانے میں خراب ہو جاتے تو کہتے ہیں۔ **آگ پانی میں لگانا** (متعدی) جہاں لڑائی نہ ہوتی ہو وہاں کرا دینا۔ ناممکن بات کو ممکن بنانا۔ متحمل مزاج کو بھڑکا دینا۔ شرارت کرنا۔ فتنہ اُٹھانا۔ **آگ پر پانی ڈالنا** (متعدی) غصہ رفع کرنا۔ فساد مٹانا۔ جھگڑا مٹانا۔ **آگ پر تیل ٹپکانا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ شعلہ کو اور بھڑکانا ۲ کوئی بات کہکر فساد اور بھڑکانا۔ **آگ پر تیل یا روغن چھڑکنا** (متعدی) شعلہ بھڑکانا۔ **آگ پر دھرنا یا رکھنا** (متعدی) ۱ جلانا۔ آگ لگانا۔ پھونک دینا ۲ گرم کرنا۔ پکانا۔ **آگ پر سیدھا کرنا** (متعدی) لکڑی یا کسی دھات کی چیز کو آگ پر نرم کرکے اس کا خم نکالنا۔ **آگ پر سینکنا** (متعدی) آگ کے قریب لے جاکر گرم کرنا۔ **آگ پر لٹانا** (متعدی) **لوٹنا** (لازم) بیقرار ہونا ۲ تڑپنا۔ جلنا ۳ حقیقی معنی میں فقیر لوگ آگ کے انگاروں پر لوٹ کر کرامت دکھاتے ہیں۔ **آگ پڑ جانا** (لازم) ۱ جلن پیدا ہونا۔ تکلیف بڑھ جانا ۲ دشمنی پیدا ہو جانا۔ **آگ پڑنا** (لازم) ۱ دھوپ کی سخت تیزی ہونا ۲ مہنگا ہونا ۳ دیکھو آخری۔ **آگ پھانکنا** (متعدی) مبالغہ کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ **آگ پھکنا** (لازم) ۱ سخت گرمی ہونا ۲ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ **آگ پھونک دینا یا پھونکنا** (متعدی) ۱ آگ بھڑکانا ۲ غصہ دلانا ۳ سخت پیاس لگا دینا ۴ جلن پیدا کرنا۔ سوزش بڑھانا ۵ شوق بڑھانا ۶ لگائی بجھائی کرنا۔ **آگ پھیلانا** (متعدی) **پھیلنا** (لازم) جھگڑا پیدا ہونا۔ **آگ تاپنا** (متعدی) آگ سے ہاتھ پاؤں سینکنا۔ **آگ تلووں سے لگنا** (لازم) ۱ غصہ آنا ۲ آتش رشک سے جلنا۔ **آگ ٹھنڈی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ آگ بجھانا ۲ فتنہ و فساد فرو ہونا۔ **آگ جاگ اُٹھنا** (لازم) ۱ بجھی ہوئی آگ کا بھڑک اُٹھنا ۲ شوق بڑھ جانا۔ **آگ جگانا** (متعدی) ۱ بجھی ہوئی آگ کو بھڑکانا ۲ شوق بڑھانا۔ **آگ جلانا** (متعدی) **جلنا** (لازم) آگ روشن ہونا۔ **آگ جھاڑنا** (متعدی) ۱ پتھر یا چقماق سے آگ نکالنا ۲ آگ سے راکھ جھاڑنا یا دور کرنا۔ **آگ جھڑنا** (لازم) ۱ پتھر یا چقماق سے آگ نکلنا ۲ شرارے گرنا ۳ شعلہ اٹھنا۔ **آگ جھونک دینا** (متعدی) جلا دینا۔ آگ میں پھینک دینا۔ **آگ چمکنا** (لازم) آگ کا روشن ہونا یا بھڑک اٹھنا۔ **آگ دابنا یا دبانا** (متعدی) ۱ آگ کو راکھ سے ڈھانپ دینا ۲ بھڑک مٹانا ۳ فتنہ و فساد روک دینا ۴ غصہ دور کرنا ۵ سوز دل پیدا کرنا۔ **آگ دبنا یا دبی ہونا** (لازم) دیکھو آخری۔ **آگ دکھانا** (متعدی) ۱ گرم کرنا ۲ جلانا۔ آگ لگانا ۳ فلیتہ دینا۔ سر کرنا (بندوق وغیرہ کا)۔ **آگ دل میں لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سخت مغموم رنجیدہ یا بیقرار ہونا۔ **آگ دوڑنا** (متعدی) ۱ آگ کا پھیلنا ۲ سوزش ہونا۔ **آگ دہکانا** (متعدی) **دہکنا** (لازم) ۱ آگ روشن ہونا ۲ شوق پیدا ہونا۔ **آگ دھونکنا** (متعدی) دھونکنی یا پنکھے سے آگ بھڑکانا۔ **آگ دے کے پانی کو دوڑنا** (متعدی) فساد پیدا کرکے اس کے روکنے کی کوشش کرنا۔ **آگ دینا** (متعدی) ۱ جلانا۔ فلیتہ سے آگ لگانا ۲ روشن کرنا ۳ چمکانا۔ رونق دینا۔ کسی

چیز کو آگ پر کشتہ کرنا۔ **آگ رکھ دینا** (متعدی)
جلا دینا۔ **آگ روشن کرنا** (متعدی) **ہونا**
(لازم) آگ مشتعل ہونا۔ **آگ سا دہکنا** (لازم)
آگ کی طرح جلنا۔ سرخ ہونا۔ **آگ سرد ہونا**
(لازم) ۱ آگ بجھ جانا ۲ شوق جاتے رہنا۔
آگ سلگانا (متعدی) ۱ جلانا ۲ چولھا گرم کرنا
۳ لگائی بجھائی کرکے فساد ڈالنا ۴ ورغلانا۔
آگ سلگنا (لازم) ۱ آگ روشن ہونا ۲
جلن ہونا۔ سوزِ عشق ہونا۔ **آگ سے پانی
ہو جانا یا ہونا** (لازم) غصہ اتر جانا۔ ناراضگی
جاتے رہنا۔ **آگ غم کی تن میں پڑنا** (لازم)
غم کی وجہ سے سخت تکلیف ہونا۔ **آگ کا
انگارہ** (مذکر) اخگر۔ شرارہ۔ **آگ کا باغ**
(مذکر) ۱ آتشبازی ۲ ستاروں کی کونلوں کی انگیٹھی
آگ کا بنا ہوا (صفت) تندخو۔ شعلہ مزاج
آگ کا پتلا (مذکر) ۱ سخت تندخو۔ غصہ سے
بھرا ہوا شخص ۲ شعلہ۔ سراپا آگ۔ **آگ کا
پرکالہ** (مذکر) دیکھو آتش کا پرکالہ۔ **آگ کا
پتنگا** (مذکر) شرارہ۔ **آگ کا پھول** (مذکر)
مدار کا پھول۔ **آگ کا پیڑ** (مذکر) ۱ مدار کا درخت
۲ آتشبازی کی قسم یا شکل جو آگ لگانے پر ہو جاتی
ہے۔ **آگ کا دریا** (مذکر) آگ کی کثرت ظاہر
کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **آگ کا دریا
کود پڑیں**۔ جرأت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
آگ کا کرہ (مذکر) پرانے خیالات کے بموجب
وہ کرۂ آتش جو کرۂ ہوا کو گھیرے ہوئے ہے
آگ کا کھیل (مذکر) کسی چیز کے بگڑ جانے پر
کہتے ہیں۔ **آگ کا گھر** (مذکر) بہت گرم۔ **آگ
کا لوکا** (مذکر) شعلے کی لپک۔ **آگ کا ہنسنا**
(لازم) آگ سے شرارہ اٹھنا۔ آگ کا تیز ہونا یا
بھڑکنا۔ **آگ کجلانا** (لازم) آگ کا سلگ
سلگ کر سیاہ ہو جانا۔ **آگ کر دینا** (متعدی)
۱ غصہ دلانا ۲ مزاج کو گرمی پہنچانا ۳ گرم کرنا
آگ کو اور بھی بھڑکا دینا (متعدی) تیزی
زیادہ کر دینا۔ **آگ کو دامن سے ڈھانکنا**
(متعدی) ظاہر چیز کو چھپانے کی کوشش کرنا
جو چھپ نہ سکتی ہو ۲ دشمن کو پناہ دینا۔ **آگ
کو مت پھونکو اگر پھونکتے ہو تو اس**
کے شعلوں کا اندازہ کر لو۔ فساد کو نہ اٹھاؤ
اس کا نقصان سوچو۔ **آگ کی بڑھیا** (مؤنث)
۱ وہ روئی جو مدار کے پھل میں سے نکلتی ہے
اور اڑتی پھرتی ہے ۲ بہت بوڑھی عورت۔
آگ کی تاثیر دکھانا (متعدی) جلا دینا۔
آگ کے لوکے اٹھنا (لازم) ۱ آگ
کے شعلے بلند ہونا ۲ دل کا جلنا ۳ بہت گرم
ابخرے نکلنا۔ **آگ کے مول یا مولوں**
(صفت) مہنگا۔ گراں قیمت۔ **آگ گاڑنا**
(متعدی) **گڑی ہونا** (لازم) آگ دبی ہونا۔
آگ لگا کر بجھانا (متعدی) فساد کرا کے
مٹانے کی کوشش کرنا۔ **آگ لگا دینا یا
لگانا** (متعدی) ۱ جلانا ۲ ستانا۔ تڑپانا ۳ شرارت
کرنا۔ فساد پیدا کرنا ۴ رشک و حسد پیدا کرنا۔
۵ جلن پیدا کرنا۔ سوزش پیدا کرنا ۶ بیقراری
پیدا کرنا۔ ولولہ پیدا کرنا ۷ تیزی پیدا کرنا ۸ تکلیف
دینا ۹ چھوڑنا ۱۰ مہنگا سودا خریدنا ۱۱ تلف کر دینا
اڑا دینا۔ گنوا دینا ۱۲ خراب کرنا۔ بگاڑ دینا ۱۳
کسی چیز سے نفرت ظاہر کرنا ۱۴ بہت سے
سرخ پھولوں کا ایک جگہ کھلنا ۱۵ پیاس بڑھا
دینا ۱۶ تباہ کر دینا ۱۷ سخت نقصان کرنا۔
آگ لگاؤں (بددعا) جلا دوں۔ بھاڑ میں
جھونکوں۔ **آگ لگ جانا یا لگنا** (لازم)
دیکھو آگ لگانا۔ **آگ لگ جائے یا
لگے** (بددعا) تباہ ہو جائے۔ اجڑ جائے۔
آگ لگ گئی ۱ سخت ناراض ہوا۔ غصہ
آگیا ۲ فساد ہو گیا۔ **آگ لگے منڈھے بجر
پڑے برات** (مثل) (بددعا)۔ مکان کو آگ
لگے برات پر بجلی پڑے۔ **آگ لینے آنا**
(لازم) تھوڑی دیر کے لئے آنا۔ آتے ہی چلا جانا
آگ مٹنا (لازم) ۱ جلن مٹ جانا۔ تپک
جاتی رہنا ۲ حسد یا عداوت نہ رہنا ۳ ہوش مٹ
جانا۔ امنگ جاتی رہنا۔ ولولہ شوق یا عشق جاتا
رہنا۔ **آگ میں آگ لگانا** (متعدی) ۱
غصے میں اور غصہ دلانا ۲ جلے کو اور جلانا ۳
فساد میں اور فساد پیدا کرنا۔ **آگ میں باغ
لگاؤ** ۔ یا ممکن کام نہ کرو۔ **آگ میں جھلس
جانا** (لازم) آگ میں جل کر سیاہ ہونا۔ **آگ
میں بھون ڈالنا** (متعدی) جلانا۔ **آگ
میں پانی ڈالنا** (متعدی) غصہ فرو کرنا۔ فساد
مٹانا۔ **آگ میں پڑنا** (لازم) مصیبت میں
پھنسنا۔ **آگ میں پھاند پڑنا** (لازم) کوئی
بڑی بہادری کا یا تکلیف دِہ کام کرنا۔ **آگ
میں پھونک ڈالنا** (متعدی) آگ میں ڈال کر
جلا دینا۔ **آگ میں تیل ڈالنا** (متعدی)
دیکھو آگ پر تیل ڈالنا۔ **آگ میں جلا دینا
یا جلانا** (متعدی) **جل جانا یا جلنا** (لازم)
۱ آگ لگنا۔ سوختہ ہونا ۲ رشک و حسد میں
جلنا۔ سوزِ عشق میں پھکنا۔ **آگ میں جو چیز
پڑی آگ ہوئی**۔ جیسی صحبت میں رہو گے
ویسا اثر ہوگا۔ ہرکہ در کانِ نمک رفت نمک
شد۔ **آگ میں جھونکنا یا جھونک دینا**
(متعدی) ۱ آگ میں ڈال دینا۔ جلا دینا ۲
تکلیف میں ڈال دینا۔ مصیبت میں گرفتار کرنا
۳ ایذا دینا۔ **آگ میں رکھ کر پھونک دینا**
(متعدی) جلا دینا۔ **آگ میں کود پڑنا یا کودنا**
(متعدی) خود مصیبت میں گرفتار ہونا۔ دیدہ و دانستہ
آفت میں مبتلا ہونا۔ جان کی پروا نہ کرنا۔ مرنے
سے نہ ڈرنا۔ **آگ میں گرنا** (متعدی) مصیبت
میں پھنسنا۔ **آگ نکالنا** (متعدی) آگ جھاڑنا
آگ نکلنا (لازم) ۱ آگ جھڑنا ۲ بہت جلن یا
سوزش ہونا ۳ بہت گرمی پڑنا۔ **آگ ہو جانا یا
ہونا** (لازم) ۱ غصہ میں بھر جانا ۲ گرم ہو جانا۔
بخار چڑھ جانا۔ پھکنے لگنا ۳ آگ جلنا۔

امثال و اقوال

آگ اور بیری کو کم نہ سمجھے۔ دشمن کیسا ہی حقیر ہو
اسے چھوٹا نہ سمجھنا چاہئے۔ **آگ اور پانی
کا سنجوگ ہے**۔ دو مخالف چیزیں ملی ہوئی
ہیں۔ اجتماعِ ضدین ہے۔ **آگ اور خس ایک جا
ہو تو ممکن نہیں کہ نہ جلے**۔ اگر مرد اور عورت
اکٹھے ہوں تو ضرور زنا کی نوبت آتی ہے۔ **آگ
بن دھواں کہاں** (نہیں) بغیر کسی بات
کے افواہ نہیں اڑتی۔ ہر جھگڑے کا سبب ضرور
ہوتا ہے۔ **آگ روئی کی کیا دوستی**۔ دو
مخالف طبیعتوں کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں۔
دو جانی دشمنوں کا ملاپ نہیں ہو سکتا۔ **آگ**

پانی ایک جگہ نہیں رہ سکتے۔ آگ پانی کا سنجوگ ہے۔ آگ پھوس ایک جگہ کیسے رہ سکتے ہیں۔ آگ پھوس کا کیا ساتھ آگ پھوس کی دوستی کیسی۔ آگ پھوس میں بیر ہے۔ دشمن اکٹھے نہیں رہ سکتے۔ اجتماعِ ضدّین۔ آگ جانے لوہار جانے دھونکنے والے کی بلا جانے۔ حکم دینے والا ذمہ دار ہے۔ حکم کی تعمیل کرنے والے کا کوئی قصور نہیں۔ آگ جنواسا اگری چوتھا گاڑی وان۔ جیوں جیوں چمکے بجلی دوں دوں تجے پران (ھ) جنواسا ایک پودا ہوتا ہے جو بارش سے مرجاتا ہے۔ جب بجلی چمکتی ہے تو یہ چاروں بارش کے ڈر سے گھبراتے ہیں۔ آگ کا پتلا آگ کو دھائے۔ ہر چیز اپنے اصل کی طرف جاتی ہے۔ آگ کا جلا آگ سے ہی اچھا (ٹھنڈا) ہوتا ہے! آگ کے جلے کو سینکنا مفید ہوتا ہے؛ جس نے ایذا دی ہے وہی اس کو رفع کر سکتا ہے؛ بدآدمی بد سے دبتا ہے۔ آگ کا نام لینے سے منہ نہیں جلتا۔ دیکھو آگ کہے الخ۔ آگ کو آگ مارتی ہے۔ شریر شریر ہی سے دبتا ہے۔ آگ کھائیگا انگارے ہگیگا۔ بُرے کام کا انجام بُرا ہوتا ہے۔ آگ کھائے مُنہ جلے اُدھار کھائے پیٹ۔ آگ سے قرض زیادہ بُرا۔ آگ کہنے سے مُنہ نہیں جلتا (گُڑ کہنے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا)۔ فقط باتوں سے کام نہیں چلتا۔ جب تک عمل نہ ہو۔ خرچ کرنے کی جگہ وعدہ وعید سے کام نہیں چلتا۔ آگ کے آگے سب بھسم ہیں۔ غُصّے میں کسی کا لحاظ نہیں ہوتا۔ آگ لگا کر جمالو دُور کھڑی۔ دیکھو بھس میں الخ۔ آگ لگا کے تماشا دیکھے۔ فتنہ انگیز آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ (آگ لگا۔ لگتا) لگنتا جھونپڑا جو نکلے سو لے۔ آگ لگے جھونپڑے جو نکلے سو لابھ (ھ) نقصان ہوتے ہوئے جو چیز بچ جائے اسے نفع سمجھنا چاہئے۔ آگ لگے پر بلی کا مُوت ڈھونڈنا۔ بے فائدہ

کوشش کرنا۔ بے موقع محنت کرنا۔ آگ لگے پر پانی کہاں۔ غُصّے میں مروّت نہیں رہتی۔ محبت اور غرض میں غیرت یا حیا نہیں رہتی۔ آگ لگے پر کنواں کھودتا ہے۔ مصیبت سر پر آپڑنے پر اس کے دفع کرنے کے لئے فضول اور بے فائدہ محنت کرتا ہے۔ آگ لگے تو بجھے جل سے جل میں لگے تو بجھے کیسے (ھ) بچّے کو تو درست کیا جا سکتا ہے مگر عادی مجرم کسی طرح نہیں سنور سکتا۔ آگ لگے تو گھور بتاوسے (ھ) آگ کو دھواں بتاتا ہے دھوکا دیتا ہے۔ آگ لینے آئے تھے کیا آئے کیا چلے۔ بہت تھوڑی دیر ٹھیرے۔ آگ لینے آئی گھر کی مالک بن گئی۔ ذرا سا بہانہ پاکر قبضہ کر لیا۔ آگ لینے بھیجا ہے ابھی لوٹ کر نہیں آئے۔ ابھی ناتجربہ کار ہیں۔ ایسے کتنے آئے اور چلے گئے۔ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے۔ خدا کی قدرت ہے جو جسے چاہے دے۔ معمولی خواہش والے کو بہت کچھ دے دے۔ آگ میں مُوت یا مسلمان ہو۔ کسی شخص کو ایسے کام کے لئے جو اس کی ضمیر کے خلاف ہو مجبور کرنے کے موقعہ پر کہا جاتا ہے۔ آگ نہ اُگل لعل اُگل۔ بُرا کلام نہ بول۔ اچھے الفاظ مُنہ سے نکال۔

آگا (ہ۔ مذکر) ! سامنا۔ مہرہ۔ اگاڑی اگواڑہ ! جسم کا اگلا حصّہ۔ اندامِ نہانی ! ہر شے کا اگلا حصّہ ! مکان کے آگے کھُلی جگہ۔ — آگا باندھنا (متعدی) سامنا روکنا۔ سدّ راہ ہونا آگا بھاری ہونا (لازم) ! حاملہ ہونا ! راستے کا خراب یا پُر خطر ہونا۔ آگا پیچھا (مذکر) ! کپڑے یا لباس کا اگلا پچھلا حصّہ ! سامنے کا اور پیچھے کا حصّہ ! آغاز۔ انجام ! اِنسان کی ہر دو جائے مخصوص۔ آگا پیچھا سوچنا (متعدی) آغاز و انجام پر غور کرنا۔ انجام سوچنا۔ آگا پیچھا کرنا (متعدی) پس و پیش کرنا۔ تامل کرنا۔ آگا تاگا لینا (متعدی) آؤ بھگت کرنا۔ خاطر مدارات کرنا۔ تیمارداری کرنا۔ آگا دیکھا نہ پیچھا۔ آغاز سوچا نہ انجام۔ بُرا بھلا کچھ نہ سوچا۔ آگا روکنا۔ (متعدی) آگا باندھنا۔ آگا سنبھالنا (متعدی) ! تدارک پہلے ہی کرنا۔ دور اندیشی کرنا ! دشمن کی فوج کا سامنا روکنا۔ آگا مارنا (متعدی) سامنے سے حملہ کرنا۔

آگادھ (س۔ صفت) نہایت گہرا عمیق۔ بے تہ۔

آگار (ھ۔ مذکر) مکان۔ گھر۔ کمرہ

آگاری (ہ۔ مؤنث) روپیہ وغیرہ جو پیشگی دیا جائے۔

آگامی (س۔ صفت) آگے آنے والا۔ مستقبل۔

آگاہ۔ آگہ (ف۔ صفت) ! واقف۔ شناسا ! ہوشیار۔ آگاہ دل (صفت) چوکنا۔ خبردار۔ سچیت۔ دل سے متوجہ۔ آگاہ کر دینا یا کرنا (متعدی) اطلاع دینا۔ خبردار کرنا۔ ہوشیار کر دینا۔ مطلع کرنا۔ آگاہ ہونا (لازم) واقف ہونا۔ مطلع ہونا۔ آگاہی (مؤنث) واقفیت۔ علم۔ ہوشیاری خبرداری۔ چوکسی۔ آگاہی پانا (متعدی) خبر پانا۔ واقف ہونا۔ آگاہی دینا (متعدی) مطلع کرنا۔ خبر دینا۔ آگاہی رکھنا (لازم) خبر رکھنا۔ واقفیت رکھنا۔

آگت (س۔ صفت) ! پہنچا ہُوا۔ آیا ہُوا۔ حاضر ! (مذکر) مہمان۔

آگت (ھ۔ مؤنث) ! آمدنی ! دولت۔ جائیداد ! عزت۔ خاطر مدارات۔

آگتی (س۔ مؤنث) ! آمد ! نکرچنتا۔

آگتو (س۔ مذکر) نکر۔ چنتا۔

آگر (ھ۔ مذکر) ! نمک کی کان ! (صفت) بھرا ہُوا ! قابل۔ واقف کار۔ ماہر۔ گنی۔ دیکھو آگار۔

آگرتان (ھ۔ مذکر) انگوٹھے کا چھلا یا انگشتر۔

آگرن (س۔ مذکر) ایک مخلوط ذات کا نام۔

آگرو (ہ۔ مذکر) ! دانے جو گرمی سے زبان مُنہ یا ہونٹوں پر نکلیں ! ایک قسم کا پرندہ۔ طوطی۔

آگرہ (ھ۔ مذکر) ! گرفت۔ قابو پکڑ ! نہایت اعلےٰ۔ سب سے بڑھ کر ! مہربانی

شفقت ۲ قابلیت۔ طاقت۔ قوت ۵ ضد۔ تمرد۔
آگرہ کرنا (متعدی) ۱ پکڑ لینا۔ قبضہ کرلینا۔ ۲ مجبور کرنا۔
آگری (د۔ مؤنث) ۱ چوڑیاں ۲ (مذکر) نمک بنانے والا۔
آگل (ھ۔ مذکر۔ مؤنث) ۱ چٹخنی۔ بلی۔ کھٹکا (دروازے یا کھڑکی کا) ۲ آگا۔ سامنا۔
آگل (ھ۔ صفت) ۱ مستقبل ۲ ممکن۔
مثل۔ آگل کھیتی آگے آگے پچھلی کھیتی بھاگ جاوے۔ وقت پر بوئی فصل اچھی ہوتی ہے۔ پچھیتری خراب ہو جاتی ہے۔
آگلانت (ھ۔ تف) گردن تک۔
آگم (س۔ مذکر) ۱ آمد ۲ قرب ۳ داخلہ ۴ حاصل شدہ چیز ۵ مستقبل۔ موت کے بعد کی حالت ۶ ایک شاستر جو مہادیو جی کا لکھایا ہُوا ہے۔ اس میں منتر اور دُعائیں ہیں ۷ ایک شاستر مذہب کے متعلق ۸ وید ۹ شرق۔ پورب ۱۰ (قانون) دستاویز۔ لکھتم ۱۱ آمدنی ۱۲ آغاز۔ ابتدا ۱۳ مائع کا راستہ۔ خون کا نکلنا ۱۴ پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ **آگم اندیشہ سوچنا** (لازم) نتیجے کا خیال رکھنا۔ **آگم بات** (مؤنث) پیش گوئی۔ **آگم باندھنا** (متعدی) پیشینگوئی کرنا۔ **آگم وِدیا** (مذکر) نجومی۔ پیشینگو۔ **آگم جانی۔ جنانی یا گیانی** ۱ نجومی۔ فال گو۔ رمال۔ جوتشی۔ منجم ۲ تانتروں کا عالم۔ **آگمن** (مذکر) ۱ آمد ۲ اصلیت ۳ روئداد ۴ جماع۔ **آگمنا** (مذکر) ۱ ہراول ۲ مشرق ۳ (صفت) دل چلا۔ دلیر ۴ آئیندا۔ پہلے ہونے والا پھل۔ **آگمی** (صفت) ۱ متعلقہ مستقبل ۲ (مذکر) نجومی۔ آگم جانی۔
آگنیدھر (س۔ صفت) آگنیدھ کے متعلق۔ **آگنیدھرس** (مذکر)۔ برہمن جو آگ جلاتا ہے۔
آگنیدھرک (مذکر) بارھویں منونتر کے سات رشیوں میں سے ایک۔
آگنیاستر (س۔ مذکر) ۱ آگ کا ہتھیار جو بھردواج نے اگنی دیس کو دیا تھا۔ اور اس نے دُرون کو ۲ ایک تنتر کا نام۔
آگنیہ (س۔ صفت) ۱ تیز۔ تند ۲ ہاضم۔ مقوی ۳ جنوب۔ مشرق ۴ آگ یا اگنی دیوتا کے متعلق یا ان کا یا ان کے لئے مقدس ۵ اگنا جی یا اس کے متعلق ۶ لقب سکند کا ۷ آگستیہ کا ۸ اگنی کے بیٹے زحل کا ۹ کوئی چیز جو اگنی کے متعلق ہو ۱۰ جنوب مشرق۔ **آگنیہ پُران** (مذکر) دیکھو اگنی پران۔
آگوا (ہ۔ مذکر) زمین کا دنبالہ یا پچھلا حصہ۔
آگھات (س۔ مذکر) ۱ مار۔ چوٹ ضرب ۲ قتل۔ ذبح ۳ پھینک ۴ مذبح۔ پھانسی دینے کی جگہ۔
آگھار (س۔ مذکر) ۱ بت کے آگے خورک رکھنا اور گھی چھڑکنا ۲ آگ پر گھی چھڑکنا۔ ہون ۳ گھی۔
آگہ۔ آگہی۔ دیکھو آگاہ اور آگاہی۔
آگی (ھ۔ مؤنث) آگ۔
آگے (ہ۔ تف) ۱ سامنے ۲ مقابلے میں ۳ مقابل میں ۴ پیشتر۔ اس سے پہلے ۵ جیتے جی۔ روبرو ۶ آئندہ۔ اس کے بعد ۷ مزید برآں ۸ آئندہ زمانے میں ۹ دور ۱۰ اس طرف پرے ۱۱ زیادہ بڑھ کر ۱۲ قریب۔ پاس ۱۳ بعد ۱۴ دانست میں۔ نظر میں ۱۵ (رکھے) سے (س اگر پہلے) **آگے آگے** (تف) ۱ پیشا پیش۔ بہت آگے ۲ آگے چل کر۔ آئندہ زمانے میں ۳ قبل۔ پیشتر (ست) **آگے آگے ہونا** (لازم) رہبر ہونا۔ رستہ دکھانے کے لئے آگے ہونا **آگے (آگے) آنا** (لازم) ۱ روبرو آنا۔ سامنے آنا ۲ قریب آنا۔ نزدیک آنا ۳ مقابلہ کرنا۔ مقابل آنا ۴ آڑے آنا۔ کام آنا ۵ پیش آنا ۶ سزا پانا۔ پھل ملنا ۷ سامنے بے پردہ آنا۔ **آگے (آئی) آیت**۔ جہاں کوئی کہتے کہتے رُک جائے وہاں کہتے ہیں۔ قرآن شریف میں جہاں آیت آتی ہے ٹھیر جاتے ہیں۔ **آگے بڑھانا** (متعدی) ۱ آگے لانا ۲ آگے لے جانا۔ **آگے بڑھ کر** (تف) ۱ کچھ دور چل کر ۲ آئندہ۔ کچھ دنوں بعد۔ **آگے بڑھ کر** (تف) ۱ کچھ دُور چل کر ۲ آئندہ۔ کچھ دنوں بعد۔ **آگے بڑھ جانا یا بڑھنا** (لازم) ۱ روانہ ہونا۔ کوچ کرنا ۲ آگے چلنا ۳ دعوے کرنا ۴ بدزبانی کرنا ۵ مقابلہ میں آنا۔ سامنا کرنا ۶ قریب آنا۔ پاس جانا ۷ سبقت لیجانا ۸ ترقی کرنا ۹ استقبال کرنا۔ پیشوائی کرنا ۱۰ رستہ دکھانا۔ **آگے بڑھو چلو۔ دیکھو یا مانگو**۔ دوسری جگہ مانگو۔ فقیروں کو کہا جاتا ہے **آگے پانا** (متعدی) بداعمالی کی سزا پانا کئے کی سزا بھگتنا۔ **آگے پیچھے** ۱ ایک دوسرے کے بعد۔ پے درپے ۲ ایک قطار میں ۳ موقع پاکر وقت پاکر ۴ بعد۔ غیبت میں ۵ دیر سویر ۶ حاضر غائب ۷ ادھر اُدھر ۸ پھر کسی وقت۔ **آگے پیچھے پھرنا** (لازم) خوشامد کرنا۔ **آگے پیچھے چلنا** (لازم) آگے بڑھ کر یا پیچھے ہٹ کر چلنا ۲ بے ترتیبی سے چلنا۔ **آگے پیچھے کوئی نہیں**۔ کوئی وارث نہیں۔ لاوارث ہے۔ **آگے پیچھے لگے ہونا** (لازم) تاک میں لگے ہونا۔ گھات میں لگے ہونا۔ **آگے پیچھے ہاتھ دھرے ہونا** (لازم) بہت مفلس۔ **آگے تقدیر**۔ دیکھو آگے قسمت۔ **آگے جانا** (لازم) ۱ دُور نکل جانا ۲ سبقت لے جانا ۳ بڑھنا۔ گزرنا ۴ قریب جانا۔ **آگے جو قدم رکھتا ہوں پیچھے پڑتا ہے**۔ جانے کو دل نہیں چاہتا۔ آگے بڑھنے کو ہمت نہیں پڑتی۔ **آگے چل کر** (تف) آئندہ کچھ دنوں بعد۔ **آگے چلنا** (لازم) ۱ سبقت لے جانا۔ بڑھ کے چلنا ۲ راہ بتانا۔ رستہ دکھانا۔ راہبری کرنا ۳ پیشا پیش چلنا۔ **آگے خدا کا نام**۔ انتہا ہوگئی۔ مبالغہ کی حد۔ اس سے زیادہ کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ بس خاتمہ ہے ۲ وہاں بولا جاتا ہے۔ جب کوئی چیز اس قدر اعلےٰ ہو کہ اس سے بڑھ کر خدا کے سوا کوئی نہ ہو۔ **آگے خدا کا نام** (محمدؐ کا کلمہ) بس خاتمہ ہے۔ **آگے دھرا ہے**۔ ضرور ہونا ہے۔ ضرور پیش آنا ہے۔ **آگے دھر لینا** (متعدی) ۱ سامنے رکھ لینا ۲ گرفتار کرکے آگے لے چلنا۔ آگے لگا لینا ۳ بھگا دینا ۴ آگے لے کر فریاد کرتے ہوئے چلنا ۵ زد پر رکھ لینا۔ **آگے دھرنا** (متعدی) ۱ پیش نظر رکھنا۔ سامنے رکھنا ۲ نذر کرنا پیش کش کرنا۔ **آگے دیکھ کے** (تف) ہشیاری سے۔ سوچ سمجھ کے۔ **آگے دیکھئے کیا ہوتا ہے**۔ اب یہ حال ہے تو آگے اس سے بھی بُرا ہوگا۔ **آگے دینا** (متعدی) سامنے

دینا۔ روبرو دینا۔ ۲ زیادہ۔ اور۔ ۳ کوئی چیز آگے کرکے توجہ دوسری طرف کرنا۔ **آگے ڈال دینا یا ڈالنا** (متعدی) سامنے رکھ دینا۔ روبرو ڈال دینا۔ **آگے ڈولنا** (متعدی) سامنے کھیلنا۔ **آگے رکھ کے** (تف) ۱ دیکھ بھال کے۔ سوچ سمجھ کر **آگے رکھ لینا یا رکھنا** (مت) دیکھو آگے دھر لینا دھرنا۔ **آگے رہنا** (لازم) ۱ مقدم رہنا ۲ سامنے رہنا۔ مقابل رہنا۔ **آگے سے** (تف) ۱ پہلے سے ابتدا سے ۲ سامنے سے۔ روبرو سے ۳ جسم کے اگلے حصہ سے۔ **آگے سے اسی طرح ہوتی آئی ہے** ۔ زمانہ قدیم سے یہی دستور ہے۔ **آگے سے ٹل جانا** (لازم) سامنے سے ہٹ جانا۔ کھسک جانا۔ **آگے سے ٹھاننا** (متعدی) پہلے سے ارادہ کرلینا۔ **آگے سے ٹھیرانا** (متعدی) پہلے فیصلہ کرلینا۔ **آگے سے ہوتی آئی ہے** ۔ پرانی رسم ہے۔ پہلے سے یہی سلسلہ ہے۔ **آگے قدم رکھنا** (متعدی) آگے بڑھنا۔ پیش قدمی کرنا۔ **آگے قدم نہ اُٹھنا یا بڑھنا** (لازم) ۱ تھکا ہوا ہونا ۲ ڈر سے چل نہ سکنا۔ گھبرا کر نہ چل سکنا۔ **آگے قدم نہ پڑنا** (لازم) قدم اُٹھانے کی ہمت نہ ہونا۔ **آگے کا اُٹھا** (مذکر) اُلش جھوٹا پس خوردہ۔ **آگے کا اُٹھا کھانے والا** (صفت) نوکر۔ ملازم۔ **آگے کا رستہ لینا** (متعدی) آگے چلا جانا۔ **آگے کا قدم پیچھے پڑنا** (لازم) گھبرا کر چل نہ سکنا۔ **آگے کر دینا** (متعدی) ۱ سامنے کر دینا۔ پردہ توڑ دینا۔ بے پردہ کر دینا ۲ اپنے بچاؤ کے لئے دوسرے کو سامنے کر دینا۔ **آگے کو** (تف) آیندہ۔ آگے چل کر۔ **آگے کو کان ہوئے** ۔ نصیحت آئی۔ متنبہ ہوئے۔ آیندہ ایسا نہ کرینگے۔ **آگے کی خدا جانے** ۔ دیکھئے آیندہ کیا ہو۔ **آگے کے دانت** (مذکر) سامنے کے دانت۔ **آگے کے ہاتھ پیچھے ہونا** (لازم) قید ہو جانا۔ مشکیں بندھ جانا۔ ہتھکڑی لگ جانا۔ **آگے لانا** (متعدی) ۱ سامنے لانا ۲ پردہ توڑ دینا۔ **آگے مقدر** ۔ آیندہ جو ہونا ہے ہو۔ **آگے نکال رکھنا** (لازم) مطالعہ کر رکھنا۔ **آگے نکل جانا** (لازم) بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔ **آگے نہ بڑھنے دینا** (متعدی) آگے نہ جانے دینا۔ آگے جانے سے روک دینا۔ **آگے نہ چلنا** (لازم) ۱ رواج نہ پانا۔ مشہور نہ ہونا ۲ قائم نہ رہنا۔ خراب ہو جانا ۳ ضو پڑھا جانا۔ حل نہ ہونا ۴ مقابلے میں نہ آسکنا ۵ پیش نہ جانا۔ سرسبز نہ ہونا۔ کہا نہ مانا جانا۔ **آگے ہونا** (لازم) ۱ ترقی کرنا۔ سبقت لیجانا ۲ آگے بڑھ کے چلنا ۳ سامنے ہونا۔ پردہ نہ کرنا۔ **آگے ہی** (تف) پیشتر ہی۔ پہلے سے ہی۔ **آگے سے ہی** (تف) پیشتر ہی سے۔

امثال و اقوال

آگے آگرہ پیچھے لاہور ۔ غلط راستے پر پڑے ہیں۔ **آگے آگے گرو پیچھے پیچھے چیلا** ۔ جیسا اُستاد ویسا شاگرد۔ چیلا وہی بات سیکھتا ہے جو گرو کرتا ہے۔ **آگے پڑے کو شیر بھی نہیں کھاتا** ۔ دشمن کیسا ہی سخت ہو عاجزی کرنے سے معاف کر دیتا ہے۔ **آگے پگ رکھے پت بڑھے پیچھے پگ رکھے پت جائے** (ھ) آگے بڑھنے سے عزت بڑھتی ہے پیچھے رہنے سے گھٹتی ہے۔ **آگے پیچھے سب چل بسینگے** (دبنگ) آخر سب نے مرنا ہے۔ کوئی پہلے مرا کوئی پیچھے (یہ فقرہ دنیا کی بے ثباتی ظاہر کرنے کو کہا جاتا ہے) **آگے جاتے گھٹنے ٹوٹیں پیچھے دیکھتے آنکھیں پھوٹیں** ۔ جہاں کرنے نہ کرنے دونوں طرح نقصان ہو کہا جاتا ہے۔ **آگے چلتے ہیں پیچھے کی خبر نہیں** ۔ ظاہر نفع کے لئے کام کرنا اور نقصان کا خیال نہ رکھنا۔ **آگے دوڑ پیچھے چھوڑ** پچھلا یاد نہیں آگے پڑھتا جاتا ہے۔ ایک کام کو ادھورا چھوڑ دوسرے کو کرنا۔ **آگے روک پیچھے ٹھوک بیسرا بسر کے نہ جائے تو کیا ہو** (ھ) آگے جا نہیں سکتا پیچھے سے ڈنڈا پڑتا ہے۔ بیچارا گرے نہ تو کیا کرے۔ جہاں کسی طرف راستہ نہ ملے تو بے حوصلہ ہو جاتا ہے۔ **آگے کنواں پیچھے کھائی** ۔ کرنے میں بھی خرابی نہ کرنے میں بھی خرابی **آگے کے دن پاچھے گئے اور ہر سے کیو نہ ہیت** ۔ **اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت** (ھ) وقت گزر گیا اور کام نہیں کیا۔ اب پچھتانے کا کیا فائدہ۔ کام وقت پر ہونا چاہئے۔ ورنہ نقصان ہوتا ہے۔ **آگے ناتھ نہ پیچھے پگھا سب سے بھلا کمہار کا گدھا** ۔ جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو وہ اچھا۔ آزاد آدمی سب سے اچھا۔ **آگے ہاتھ نہ پیچھے پات** ۔ ہکل مفلس۔ کنگال۔

آگیا (ہ۔ مونث) ۱ حکم۔ فرمان۔ ہدایت۔ ارشاد۔ امر ۲ فرمائش۔ طلب۔ مانگ ۳ اجازت۔ رخصت ۴ اختیار ۵ ڈگری۔ فیصلہ ۶ فرمان شاہی ۷ (صرف و نحو) صورت امر (جس آ جنا) **آگیا پالنا** (متعدی) حکم ماننا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔ **آگیا پترہ** (مذکر) تحریری حکم۔ **آگیا دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ حکم جاری کرنا۔ حکم دینا ۲ اجازت دینا ۳ فیصلہ کرنا حکم کی تعمیل کرنا۔ اطاعت کرنا **آگیا کار** (صفت) مطیع۔ فرمانبردار۔ **آگیا کاری** (مونث) اطاعت۔ حکم۔ فرمانبرداری۔ **آگیا ماننا یا میں رہنا** (متعدی) حکم ماننا۔ فرمانبرداری کرنا۔ **آگیا میں رکھنا** (متعدی) ۱ تابعداری میں رکھنا۔ قابو میں رکھنا ۲ حکومت کرنا **آگیا میں لانا** (متعدی) تابع کرنا۔ اطاعت میں لانا۔ **آگیا نوسار** (تف) بتعمیل حکم۔

آگیلون (ف۔ اسم) دمشق کا بوٹی دار ریشم۔

آگین (ف۔ صفت) ۱ موٹا۔ فربہ ۲ بھرا ہوا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جواہر آگیں۔ حسرت آگیں (آغشتن۔ بھرنا)۔

آل (ف۔ اسم) ۱ ایک قسم کی مچھلی۔ ویل مچھلی ۲ عورتوں کی ایک بیماری ۳ ایک درخت جس کی جڑیں رنگنے کے کام آتی ہیں ۴ دھوکا۔ دغا ۵ اُونچا مقام ۶ تیز رفتار ۷ تیرنے کی جھرپ ۸ (صفت) سرخی مائل زرد۔ سرخ۔

آل (مونث) ۱ ایک درخت جس کی جڑ سے سُرخ رنگ نکالا جاتا ہے ۲ کدو کی ایک لمبی قسم ۳ پیازہ کا سبز ڈنٹھل ۴ نمی۔ تری (س۔ آر) **آل کا انڈا** (مذکر) لڑکوں کا کھیل۔ **آل کا رنگ** (مذکر) آل کے درخت سے پیدا کیا ہُوا سرخ رنگ۔ **آلی** (صفت) متعلقہ درخت آل۔ **آلی رنگ** (مذکر) آل سے پیدا کیا ہُوا رنگ۔

آل (ع۔ مونث) ۱ خاندان۔ رشتہ دار۔ قریبی ۲ بچہ۔ اولاد۔ نسل ۳ آل عبا۔

آل اُردو زبان میں بیٹی کے بچّوں کے متعلق۔ اور اولاد بیٹوں کے بچّوں کے متعلق استعمال ہوتا ہے (اُدَل۔ پہنچنا کسی چیز کو) آل اولاد (مؤنث) بیٹا بیٹی اور ان کے بچے۔ خاندان۔ **آلتمغا** (مذکر) ۱ نسلی مُہر ۲ فرمان ان عطیات شاہی کا جو نسلاً بعد نسلاً ہوتے ہیں ۳ ایک ٹیکس جو مسافروں پر لگتا تھا۔ **آلِ رسول**۔ پیمبر یا نبی (مؤنث) حضرت فاطمہؓ کی اولاد۔ سادات **آلِ سُلطان** (مؤنث) شاہی خاندان **آلِ عبا** (مؤنث) حضرت فاطمہؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت حسنؓ۔ حضرت حسینؓ کیونکہ ایک دفعہ انہیں لیکر پیغمبر صاحب نے عبا کے نیچے دعاے تطہیر پڑھی تھی۔ **آلِ عُثمان** (مؤنث) عثمان بانیِ خاندان عثمانیہ کی اولاد۔ **آل عدنان** (مؤنث) عدنان بنی امیّہ اور بنی ہاشم کا جد اعلےٰ تھا اس لئے یہ آل عدنان کہلاتے ہیں۔ **آلِ عمران** (مؤنث) ۱ عمران حضرت موسےٰ کے باپ کا نام تھا۔ اس کی اولاد ۲ قرآن شریف کی سورت۔ **آلِ غالب** (مؤنث) غالب پیغمبر صلعم کے دسویں دادا کا نام تھا۔ اس لئے بنی امیّہ اور بنی ہاشم کو آلِ غالب بھی کہتے ہیں۔ **آل و اطفال** (مذکر) بیٹا۔ بیٹی اور ان کے بال بچے۔ کل خاندان۔

آل (ھ) **آلا** (ہ۔ صفت) ۱ مرطوب۔ نم۔ گیلا۔ تر۔ سیلا ۲ جاری ۳ (زخم کے متعلق) ہرا۔ کچا ۴ ایک بیماری جو زچہ کو سات دن تک رہتی ہے۔ **آل رہنا** (لازم) زخم تازہ رہنا۔ **آلا ہونا** (لازم) ہرا یا کچّا ہونا زخم کا۔ **آلی زچہ** (مؤنث) وہ زچہ جسے بچہ جنے سات دن ہوئے ہوں۔

آلا (ہ۔ مذکر) ۱ طاقچہ۔ دیوار میں چراغ رکھنے کی جگہ ۲ گنجفہ بازوں کی اصطلاح میں دونوں طرف سرکرنے کو کہتے ہیں ۳ رنگ ۴ ایک برتن پانی کے لئے جو کسی درخت کی جڑ کے پاس رکھا جاتا ہے۔ **آلا پٹ جانا** (لازم) گنجفے میں دونوں طرف سرکرنے سے فارغ ہونا۔

آلا دے نوالا۔ کمینہ آدمی اعلےٰ درجے پر پہنچ کر کمینہ کام کرے تو اس موقعہ پر کہتے ہیں۔ ایک حسینہ فقیرنی کی ایک بادشاہ سے شادی ہوگئی۔ مگر وہ حسبِ عادت کھانا آلے میں رکھ کر یہ الفاظ کہکر کھاتی تھی۔ تب سے یہ مثل ہوگئی۔

آلا گانا (متعدی) ۱ اپنی تعریف آپ کرنا۔ اپنے گیت خود گانا۔ خودستائی کرنا ۲ ایک لمبی کہانی کہنا۔ اپنی بات کا دیر تک ذکر کرنا۔ **آلا کرنا یا کھیلنا** (متعدی) گنجفے میں دونوں طرف سرکرنا۔ **آلا کِھل جانا** (لازم) آلا پٹ جانا۔

اَلا بالا۔ دیکھو آلے بالے۔

آلا (ع۔ جمع مذکر) فائدے۔ احسان برکات۔

آلاَپ (س۔ مذکر) ۱ میل جول۔ میل ملاپ ۲ گفتگو۔ بول چال ۳ حساب یا الجبرے میں سوالات کی گنتی ۴ (مؤنث) گانے میں آواز کا اُتار چڑھاؤ۔ سُر ملانا۔ لَے درست کرنا۔ سُر یا لَے ملانا۔ **آلاپ چاری** (مؤنث) گانے سے پہلے لَے درست کرنا۔ **آلاپنا** (ھ متعدی) ۱ سُر ملانا۔ گانے سے پہلے سُروں کا اُتار چڑھاؤ کرنا۔ لَے درست کرنا یا بھرنا ۲ تکلیف سے کراہنا۔ چیخنا۔

آلا پالا (ھ مذکر) درختوں کے پتے

آلات (ع۔ مذکر) آلہ کی جمع ۱ ہتھیار۔ اوزار ۲ ساز و سامان۔ لوازمات۔ **آلاتِ حرب** (و ضرب) (مذکر) لڑائی کے ہتھیار۔ **آلاتِ رصد**۔ رصدیہ یا فلکی (علا) وہ آلات جن کا استعمال رصدگاہوں میں کیا جاتا ہے۔ **آلاتِ عمومی** (علا) ایک خاص قسم کے آلات جن میں قطب نما لگا ہوا ہوتا ہے۔ **آلات کشاورزی** (مؤنث) کھیتی باڑی کے اوزار۔

آلاراسی۔ آلاریسی (ھ صفت) ۱ سُست۔ ملا پڑا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔ آلسی۔ میلا پھوہڑ۔ بے سلیقہ ۲ (مذکر) لاپرواہ آدمی۔ سُست آدمی وغیرہ۔

آلام (ع۔ مذکر) جمع الم۔ رنج و غم تکالیف۔ مصیبتیں۔

آلان (ہ۔ مذکر) ۱ وہ کڑا یا زنجیر جس سے ہاتھی کو باندھا جاتا ہے ۲ ہاتھی کی پیٹھ کا گدا ۳ ہتھکڑی ۴ وہ لکڑیاں جو بیل کو جڑ ہانے کے لئے لگائی جاتی ہیں۔

آلائش (ف۔ مؤنث) آلودن سے۔ ۱ میل کچیل۔ گندگی ۲ پھوڑے کی پیپ اور لہو ۳ انتڑیاں وغیرہ۔ **آلائشِ دنیوی میں مبتلا ہونا** (لازم) دُنیاداری کے جھگڑوں میں پھنسنا۔ گناہوں میں مبتلا ہونا۔

آلائی (ف۔ صفت) ۱ ناپاک یا گندہ کرنے والا ۲ مرکبات میں۔

آلبال (ھ۔ مذکر) پانی کا ایک برتن جو درخت کی جڑ کے پاس رکھا جاتا ہے۔

آلت (ع۔ مذکر) ۱ اوزار۔ ہتھیار۔ آلہ ۲ جہاز کی رسّی ۳ برتن ۴ آلہ تناسل۔

آلتا (ھ۔ مذکر) ۱ لاک کا رنگ۔ ہندو عورتیں اس سے پاؤں رنگتی ہیں ۲ اس رنگ میں ڈبویا ہُوا سوت۔

آلتی پالتی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی نشست۔ چارزانو۔ **آلتی پالتی مارکر بیٹھنا** (لازم) چارزانو بیٹھنا۔

آل جنجال (ھ۔ مذکر) ڈراونا خواب۔ کابوس۔

آلَس (ھ۔ مذکر) **آلَسی** (ھ۔ مؤنث) **آلِسپنا۔ آلِسیہ** (س۔ مذکر) **آلکس** (ھ۔ مذکر) **آلکسی** (ہ۔ مؤنث) ۱ سُستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی کسل۔ مجہولی۔ خمار ۲ (صفت) سُست۔ کاہل وغیرہ۔

مثل۔ آلسی سدا روگی۔ سُست آدمی ہمیشہ بیمار رہتا ہے۔

آلِش (ف۔ اسم) تیز رفتار۔

آلُفت (ف۔ اسم) ۱ مصیبت۔ آفت ۲ غم۔ رنج ۳ گھبراہٹ۔ **آلفتگان** (صفت) آلفتہ کی جمع۔ **آلفتہ** (صفت) ۱ حیران۔ پریشان ۲ فریفتہ۔ شیدا۔ دیوانہ ۳ (اسم) بدمعاش۔ زانی ۴ گیند۔

آلک (ف۔ اسم) ایک پودا۔

آلک (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا آبنوس ۲ شیش کا نام جو ناگوں کا بادشاہ ہے۔

آلکی (ف۔ اسم) پالکی۔

آلگونہ (ف۔ اسم) مُنہ دھونے کا ایک مسالا۔ ایک قسم کا پوڈر۔

آلمب (س۔ مذکر) ۱ لٹکا ہُوا۔

عمود ۳ ستون۔ ٹیک ۴ حفاظت۔ مدد۔

آلمبن (س۔ مذکر) ۱ پرورش۔ نان ونفقہ۔ روٹی کپڑا ۲ پرورش کنندہ۔ محافظ۔

آلن (ہ۔ مذکر) ۱ بھوسہ اور مٹی ملی ہوئی جس سے رنٹیں بناتے ہیں ۲ دال اور خمیری روٹی ملی ہوئی۔

آلنچ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا جنگلی بیر یا آلوچہ۔

آلنگ (ف۔ مؤنث) ۱ کھائی۔ خندق ۲ فصیل ۳ برج ۴ محاصرہ کرنے والی سپاہ خندقوں یا دیگر حفاظت کی چیزوں کی قطاریں۔

آلنگ (ہ۔ مؤنث) ۱ نر کی خواہش۔ مستی۔ گرمی (گھوڑی کے لئے) ۲ عورت کے لئے مذاقاً ۳ شہوت۔ مستی۔ کام۔ **آلنگ پر آنا یا رہنا یا ہونا** (لازم) ۱ گھوڑی کا مستی پر آنا۔ عورت کا پُرشہوت ہونا۔

آلنگن (س۔ مذکر) ہم آغوشی بغل گیری۔ گلے لگانا۔ **آلنگن کرنا** (متعدی) گلے لگانا۔ **آلنگی** (صفت) ۱ بغل گیر ۲ بغل گیری کرنے والا۔

آلو (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گول یا لمبوتری ترکاری جو زمین کے اندر ہوتی ہے۔ **آلو کا دلما** (مذکر) ایک قسم کا کھانا جس میں آلو کو خالی کرکے قیمہ بھر دیتے ہیں۔ **آلو شفتالو** (مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل۔ **آلو گاچ** (مذکر) آلو کا پودا۔

آلو (ف۔ مذکر) ۱ آلوچہ ۲ دوسرے الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **آلو بخارا** ۱ ایک خشک میوہ ۲ آلوچہ کی قسم جو بخارا میں ہوتا ہے۔ **آلوچہ** (مذکر) ایک میوہ بیر کے برابر گول زرد یا قرمزی رنگ کا پکنے پر میٹھا ہو جاتا ہے۔

آلوبالو (ف۔ اسم) کھٹا بیر۔

آلو (ہ۔ مذکر) کچے اناج کا ایک حصہ۔

آلوال۔ دیکھو آلبال۔

آلود (ف۔ صفت) لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا۔ مرکبات میں جیسے خاک آلود۔ **آلودگی** (مونث) گندگی۔ آلائش۔ **آلودہ** (صفت) ۱ لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا ۲ برے کاموں میں پھنسا ہوا۔ ملوث (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ مرکبات کے آخر میں جیسے خون آلودہ۔ **آلودہ دامن** (صفت) گناہگار۔ **آلودہ دنیا** (صفت) دنیا کی محبت میں گرفتار۔ **آلودہ عصیاں۔ گناہ یا معصیت** (صفت) گناہگار۔

آلوڑنا (ہ۔ متعدی) ۱ ملانا ۲ ہلانا۔

آلوک۔ آلوکن (س۔ مذکر) ۱ نظر۔ دیکھنا ۲ ظہور۔ دکھاوا۔

آلونہ (ف۔ اسم) منہ پر ملنے کا پوڈر۔ آلگونہ۔

آلہ (ف۔ مذکر) ۱ خاص برتن جیسے شراب پینے کا آلہ ۲ ہتھیار ۳ اوزار ۴ کسی شے کے حصول کا ذریعہ۔ **آلۂ تناسل** (مذکر) ذکر۔ قضیب۔ **آلۂ حرفت** (مذکر) کسی پیشے کا آلہ۔ **آلۂ سدس** (مذکر) ایک آلہ جس سے سمندر میں عرض بلد معلوم کرتے ہیں۔ **آلۂ کندہ کار** (مذکر) ایک صورت کوکبہ۔ **آلۂ مہلک** (مذکر) وہ آلہ جس سے ہلاکت ہو سکے۔ **آلۂ نصف النہار** (مذکر) وہ آلہ جو ستاروں کے ارصاد میں جب وہ نصف النہار سے عبور کرتے ہیں۔ کام میں آتا ہے **آلۂ نقاش** (مذکر) ایک جنوبی جدید صورت کوکبہ۔

آلھا (ہ۔ مذکر) دیکھو آلا **آلھا گانا** دیکھو آلا گانا۔

آلی (س۔ مذکر) ۱ شہد کی مکھی ۲ بھونرا ۳ بچھو ۴ (مؤنث) سہیلی۔ سکھی ۵ قطار۔ سلسلہ ۶ پھولوں یا ترکاریوں کا تختہ۔ ڈالی ۷ بینڈ پشتہ۔ بند ۸ زمین کا ایک ماپ۔

آلی بالی (ف۔ اسم) بیر۔

آلے (س۔ مذکر) مکان۔ جائے رہائش۔

آلیا (ہ۔ مذکر) بنجاروں کی ایک ذات

آلے بالے (ہ۔ مذکر) جیسے حوالے ٹال مٹولے۔ حیلے بہانے۔ لیت ولعل۔ **آلے بالے بتانا** (متعدی) جیسے حوالے کرنے وغیرہ

آلیپ (س۔ مذکر) لیپ۔ پلستر (دوائی کا)

آم (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوستان کا ایک مشہور پھل ۲ آم کا درخت (س۔ آمر) **آم پال رکھنا یا ڈالنا** (متعدی) کچے پھلوں کو پکنے کے لئے پھوس وغیرہ میں رکھنا۔ **آم پھلنا** (لازم) آم کا درخت میں لگنا۔ آم کی فصل ہونا۔ **آم تراشنا** (متعدی) آم کا چاقو سے کاٹنا۔ آم کی قاشیں کرنا۔ **آم کا ٹپکنا** (لازم) آم کا پختہ ہو کر ڈال سے گرنا۔ **آم چوسنا** (متعدی) پختہ آم کو نرم کرکے اس کا رس چوسنا۔ آم کھانا۔ **آم رائے** (مذکر) ۱ آموں کا باغ یا جھنڈ ۲ ایسے باغ کی آمدنی **آم رس** (مذکر) آموں کا دھوپ میں خشک کیا ہوا رس۔ **آم کا کھربا مور** (مذکر) آم کے باریک باریک پھول۔ **آم کھانا** (متعدی) آم چوسنا۔ **آم گھاس** (صفت) الابلا۔ بُرا بھلا۔ **آم مصری کے کوزے ہیں**۔ آم نہایت شیریں ہیں۔ **آم میں مور آنا** (لازم) آم کے پیڑ کا پھلنا۔ **آمن** (مذکر) ۱ لمبا اور پتلا آم ۲ دھان کا فصل، جو آم کے موسم میں بویا اور دسمبر میں کاٹا جاتا ہے۔ **آمن دھان** (مذکر) ۱ آمن ۲ (استفہامیہ) کیا ایسی دو متضاد باتیں اکٹھی ہو سکتی ہیں۔ **آموں کی مٹھاس سے دانت کھٹے ہو گئے**۔ آموں سے دل بھر گیا۔ **آم ہلانا** (متعدی) آم کے درخت پر چڑھ کر شاخوں کو ہلانا کہ آم نیچے گریں۔ **آم ہونا** (لازم) آم کی فصل ہونا۔

امثال واقوال

آم املی بھینٹ ہو گئی۔ دو ایسے شخصوں میں اتفاقیہ ملاقات ہو جانا جو ایک دوسرے سے ملنا نہ چاہتے ہوں۔ **آم املی کا ساتھ ہے** ۱ دو عجیب باتیں اکٹھی ہوئی ہیں۔ عجوبہ بات ہے۔ آم اور املی مختلف موسموں میں پھلتے ہیں۔ **آم بوؤ آم کھاؤ املی (ببلی) بوؤ املی (ببلی) کھاؤ** جیسا کرو گے ویسا پاؤ گے۔ **آم پھلے نیوچلے ارنڈ پھلے اترائے**۔ عالی خاندان کوئی اچھا کام کرے مگر جتاتا نہیں۔ مگر کمینہ ظاہر کرتا ہے۔ آم پھلتا ہے تو جھک پڑتا ہے۔ ارنڈ پھلتا ہے تو کھڑا ہو جاتا ہے۔ **آم ٹپکا پانی ڈبکا**۔ جس ماہ میں آم ٹپکتا ہے اس ماہ میں تازہ تازہ پانی عمدہ ہوتا ہے۔ **آم جھڑے پتاسے لڑکا رووے دائے دائے** (ہ) آم کے پتے

جھڑتے ہیں۔ لڑکا آم مانگتا ہے۔کوئی ناممکن کام چاہے تو کہا جاتا ہے۔ **آم کھانے سے کام یا پیڑ گننے سے**۔ مطلب سے کام بے فائدہ حجت سے کیا حاصل۔ **آم (کھائیے) پال کا خربوزہ (کھائیے) ڈال کا (پانی پیئے تال کا)** یعنی آم پال کا پکا ہُوا اچھا ہوتا ہے۔ خربوزہ جو کھیت میں سے توڑ کر کھایا جائے۔ اور پانی جو زمین کی نچلی تہ سے نکلا ہُوا ہو (تال سے مطلب پاتال کا ہے) **آم کے آم گٹھلیوں کے دام**۔ آم کھائیں اور گٹھلیاں بیچ لیں۔ یعنی دوہرا فائدہ۔ ہر طرح فائدہ۔ **آم مچھلی کا ساتھ ہے**۔ کچّے آم کی کھٹائی مچھلی میں پڑتی ہے۔ بہت دوستی ہے۔ **آم مچھلی کی بھینٹ ہو ہی جاتا ہے**۔ جب کوئی زک کھا کے چلا جائے تو شکست خوردہ کہتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پھر سمجھونگا۔

آم (س۔ صفت) ۱ کچّا آم۔ خام نہ پکا ہُوا۔ ہرا ۲ (مذکر) کچا پن۔ خامی ۳ کھانے کی کچی اشیاء ۴ بیماری۔ آزار (خصوصیت سے انتڑیوں کا) **آؤں آما** (صفت) کچا۔ **آم آتسار** (مذکر) پیچش **آمان** (مذکر) ۱ کچّے چاول ۲ کچّا اناج ۳ کچی اشیاء۔ نہ پکی ہوئی اشیا۔ **آمبات** (ھ۔ مذکر) قبض۔ گلٹی۔ **آمبات سُول** (ھ۔ مذکر) پیٹ درد۔ **آموات** (مذکر) آمبات۔

آمار (ف۔ صفت) ۱ بھرنے والا ۲ تیار کرنے والا ۳ سجانے والا۔

آماج (ف۔ مذکر) نشانہ۔ ہدف چاندماری۔ وہ تودۂ خاک جس پر تیر اندازی کا نشانہ قائم کرتے ہیں۔ ہل۔ مٹی کا ڈھیر۔ تخت نرنگ کا چوتھا حصہ **آماجگاہ**۔ وہ جگہ جسے نشانہ بنایا جائے۔ میدان جنگ۔

آمادگی (ف۔ مؤنث) ۱ تیاری مستعدی ۲ میلان۔ خواہش۔ رغبت۔ **آمادگی ظاہر کرنا** (متعدی) راضی ہونا۔ **آمادگیٔ شر و فساد** (مؤنث) شرارت اور فساد کرنے کا ارادہ یا تیاری۔

آمادہ (ف۔ مذکر) تیار۔ مستعد راضی (بیٹھنا۔ رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **آمادۂ بغاوت ہونا** (لازم) بغاوت کے لئے تیار ہونا۔ **آمادہ بجدال (بجنگ) ہونا** (لازم) لڑائی کے لئے آمادہ ہونا۔ **آمادہ بفساد ہونا** (لازم) جھگڑے کے لئے تیار ہونا۔ **آمادۂ پرخاش ہونا** (لازم) جھگڑے یا لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ **آمادۂ جانبازی (سرفروشی) ہونا** (لازم) کسی کے لئے لڑنے کے لئے تیار ہونا۔ **آمادۂ جنگ (و جدال) ہونا** (لازم) لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ **آمادۂ حرب و پیکار ہونا** (لازم) لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ **آمادۂ سرکشی رہنا یا ہونا** (لازم) بغاوت کے لئے تیار رہنا یا ہونا۔ **آمادۂ سفر ہونا** (لازم) سفر کے لئے تیار ہونا۔ **آمادۂ شر ہونا** (لازم) شرارت پر آمادہ ہونا۔ **آمادۂ فساد ہونا** (لازم) جھگڑے کے لئے تیار ہونا۔ **آمادۂ مرگ (و مہیائے قضا) ہونا** (لازم) جان دینے کے لئے تیار ہونا۔

آمار (ھ۔ مذکر) انبار۔

آمار (ف۔ مذکر) ۱ حساب۔ شمار۔ گنتی ۲ تفتیش ۳ روزنامچہ۔ روز کے حساب کی کتاب یا بہی۔

آمارگیر (ف۔ اسم) اکونٹنٹ۔

آمارہ (ف۔ اسم) ۱ دریافت تفتیش ۲ گنتی۔ شمار ۳ جالندھر۔ استسقا۔

آماس (ف۔ مذکر) سوجن۔ ورم۔

آماسا (ف۔ اسم) سوجن۔

آماش (ف۔ اسم) بھوننے کی سلاخ۔ سیخ۔

آمالک (س۔ مذکر) پہاڑ کے نزدیک زمین۔

آمت (ف۔ مذکر) اس قسم کے زخم جن کے لئے جرمانہ ہوتا ہے۔

آمد (ف۔ مؤنث) آمدن کا حاصل مصدر ۱ آنے کے آثار ۲ آنے کی خبر ۳ آمدنی ۴ محاصل۔ یافت ۵ اُوپر کی آمدنی علاوہ تنخواہ کے رشوت کے طور پر ۶ خیالات۔ جو بات خودبخود دل میں پیدا ہو ۷ کثرت۔ بہتات ۸ کھیلوں میں زیادہ بازی یا پَو کے آنے پر استعمال ہوتا ہے ۹ مضمون کا سوجھنا نئے نئے خیالات دماغ میں آنا ۱۰ مرکبات کے آخر میں جیسے برآمد۔ **آمد آمد** (مؤنث) ۱ آنے کی خبر ۲ دھوم یا چرچا (آنا ہونا کے ساتھ) **آمد آمد پھیلنا** (لازم) آنے کی خبر پھیلنا۔ **آمد بر آمد کے دن** (مذکر) موسم بدلنے یا رت پھرنے کا زمانہ۔ **آمد سخن** (مؤنث) سلسلۂ گفتگو **آمد سخن میں کہنا** (لازم) باتوں باتوں میں کہدینا **آمد سخن میں نکل جانا** (لازم) باتوں باتوں میں کہا جانا۔ **آمد والا** (صفت) ۱ امیر ۲ خوک فروش **آمد و خرچ** (مذکر) آمدنی اور اخراجات۔ **آمد (و) رفت** (مؤنث) ۱ آنا جانا ۲ میل ملاپ۔ رسم و راہ ۳ رہگذر۔ **آمد (و) رفت بند ہونا** (لازم) راہ و رسم ترک ہونا۔ آنا جانا۔ میل ملاپ بند ہونا۔ **آمد (و) رفت جاری ہونا** (لازم) آمد و رفت پھر شروع ہو جانا۔ آمد و رفت کا بدستور سابق باقی ہونا۔ **آمد (و) رفت رہنا** (لازم) میل ملاپ رہنا۔ **آمد (و) رفت لگانا** (متعدی) بار بار آنا جانا۔ **آمد (و) رفت لگی رہنا** (لازم) آنے جانے کا سلسلہ جاری رہنا۔ **آمد (و) شد** (مؤنث) دیکھو آمد و رفت۔ **آمد (و) شدِ نفس** (مؤنث) سانس کا آنا جانا۔ **آمد ہونا** (لازم) ۱ آنا ۲ آنے کا انتظار ہونا۔ مضمون سوجھنا۔ **آمدہ** (صفت) آیا ہُوا۔ پہنچا ہُوا۔ **آمدنی** (مؤنث) محاصل۔ تنخواہ۔ یافت۔ نفع (بند ہو جانا یا ہونا جانا۔ کرلینا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔

امثال و اقوال۔ آمدم

بر سرِ مطلب۔ اب میں اصل مطلب پر آتا ہوں۔ جملہ معترضہ کے بعد کہتے یا لکھتے ہیں۔ **آمدن بارادت رفتن باجازت**۔ آنا اپنے ارادے پر اور جانا میزبان کی مرضی پر منحصر ہے۔ **آمدنی کے سر سہرا ہے**۔ یہ سب آمدنی ہی کی خوبی ہے۔ آمدنی ہی سے سب ٹھاٹھ اور عیش و آرام ہے۔ آمدنی نہ ہو تو کچھ نہ ہو۔

آمدیار (ھ۔ مذکر) بہت آمدنی والا۔

آمر (ع۔ مذکر) حکم دینے والا۔ حاکم۔

آمرد (س۔ صفت) ۱ دبانے والا ۲ سختی کرنے والا ۳ (مذکر) ایک شہر۔ **آمردک** (مذکر) کال بھیرو کا نام۔

آمُرزِش (ف - مؤنث) بخشش - معاف کرنا۔
آمُرزگار (ف - مذکر) معاف کرنے والا - خدا کی صفت - غفور۔
آمُرزگاری (ف - مؤنث) ۱ معافی ۲ رحم۔
آمره (ف - اسم) آم۔
آمِش (س - مذکر) ۱ گوشت ۲ خوراک ۳ خوشی - آرام - آنند - فرصت ۴ خوشی پیدا کرنے والی چیز ۵ طمع - لالچ ۶ شکار جو مارا جائے) آمش بھج یا پریا (صفت) گوشت خور۔
آمشُول (س - مذکر) پیٹ کا درد۔
آملہ (ہ - مذکر) آنولا - ایک درخت کا پھل جو مربّہ بنانے کے کام آتا ہے - اور دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔
مثل - آملہ کا کھایا بزرگ کا فرمایا پیچھے معلوم ہوتا ہے - یہ دونوں شروع میں خلاف طبع معلوم ہوتے ہیں - آخر کو نتیجہ نیک معلوم ہوتا ہے۔
آملک (س - مذکر) آملہ۔
آملِکا (س - مذکر) املی کا درخت۔
آمنا سامنا (ہ - مذکر) ۱ مقابلہ مواجہہ - مٹھ بھیڑ ۲ مخالفت ۳ بے پردگی۔ **آمنے سامنے** (تف) مقابل - رو برو - **آمنے سامنے کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) مقابلے میں آنا - ایک دوسرے کے ہونا
مثل - آمنے سامنے گھر کروں اور بیچ کروں میدان (عو) بےحیا عورت کے متعلق کہتے ہیں - مقابلے میں گھر بنا کر جھگڑا کرتی رہوں۔
آمنّا و صدّقنا (ع - ماضی) ہم ایمان لائے (اور ہم نے تصدیق کی) بجا و درست کی جگہ کہتے ہیں۔
آمنائی (س - مؤنث) مقدس روایات - وید۔
آمنتْرن (س - مذکر) ۱ بولنا - کہنا ۲ بلانا - مدعو کرنا ۳ سلام - بندگی -
آمنیا (ھ - مؤنث) ۱ وہ زمین جس میں امسال بوئی جائے) میں امسال دھان کی فصل بوئی جائے ۲ (صفت) صاف شدہ بھوسہ الگ کیا ہوا - آمنیا کرنا (متعدی) صاف کرنا۔
آموختہ (ف - صفت) ۱ پڑھا ہوا ۲ پچھلا سبق - پچھلا پڑھا ہوا - ۳ پڑھایا ہوا - سکھایا ہوا (آموختن - سکھانا) **آموختہ پڑھنا یا سُنانا** (متعدی) ۱ پچھلا سبق سنانا ۲ پڑھے ہوئے کو دہرانا ۳ جب کوئی کسی چیز کو اندھا دھند پڑھ جائے تو کہتے ہیں۔
آمود (س - مذکر) پھیلی ہوئی خوشبو - مہک - نگہت - سُباس۔
آموز (ف - صفت) سکھانیوالا - مرکبات کے آخر میں آتا ہے - جیسے ادب آموز (آموختن - سکھانا) **آموزگار** (صفت) سکھانے والا - اُستاد - معلّم - **آموزناک** (مذکر) ۱ اُستاد ۲ شاگرد ۳ خدا کا ایک نام - **آموزی** (مؤنث) ۱ سکھانا - مرکبات کے آخر میں جیسے ادب آموزی ۲ (مذکر) جمشید نے اپنی رعیت کے جو چار حصّے قرار دئے تھے - ان میں سے پہلے کو آموزی یا کاتوزی کہتے تھے - یہ برہمنوں کی طرح مذہب کا کام کرتے تھے۔
آمی (س - مذکر) بیماری - آزار -
آمیختہ (ف - صفت) ۱ ملا ہوا - مرکب ۲ میل ملاپ رکھنے والا (آمیختن - ملانا)
آمیز (ف - صفت) ملا ہوا - مرکبات میں جیسے درد آمیز - **آمیزش** (مؤنث) ۱ ملاوٹ میل ۲ میل ملاپ - میل جول ۳ کھوٹ ملاؤ - **آمیزش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ملاوٹ ہونا - میل ہونا ۲ یک ذات ہونا ۳ میل ملاپ ہونا - **آمیزگار** (صفت) ملنے جلنے والا - میل ملاپ رکھنے والا - **آمیزگاری** (مؤنث) دیکھو آمیزش - **آمیزی** (مؤنث) آمیزش - مرکبات میں جیسے رنگ آمیزی
آمِین (ع - مؤنث) ۱ ایسا ہی ہو اجابت دعا کے لئے - خدا دعا قبول کرے ۲ ختم قرآن کی تقریب (کرنا - ہونا کے ساتھ) **آمین آمین ہونا** (لازم) امن و امان ہونا - سکھ چین ہونا **آمین اللہ** - خدا ایسا ہی کرے - **آمین ثمّ آمین** - تاکید کے لئے - **آمین کہنا** (متعدی) جب کوئی دُعا کہے تو سُننے والے آمین کا لفظ بولتے ہیں - **آمین گو** (صفت) خوشامدی - **آمین گوئی** (مؤنث) خوشامد۔
آں (ف ضمیر) وہ - **آنجا** (تف) اس جگہ - وہاں - **آں چہ** (ضمیر) جو کچھ - **آں حضرت** - مراد ہے حضرت محمدؐ سے - **آنرُو** (تف) دوسری طرف - **آنروئے آب** (تف) سمندر کے دوسری طرف **آنروئے دریا** (تف) دریا کے پار - **آں سرور** ۱ آنحضرت ۲ بعض دفعہ امام حسینؓ کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے **آنکہ** (ضمیر) وہ جو - جو کہ۔
آن (ع - مذکر) ۱ وقت - ساعت گھڑی ۲ تھوڑی دیر - لحظہ بھر - **آناً فاناً** (تف) ۱ فوراً یکلخت ۲ دم بدم - **آن کا مہمان** - کوئی دم کا مہمان - مرنے کے قریب **آن کی آن** (میں (تف) فوراً - لمحہ بھر میں - یکلخت - **آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے** - گھڑی بھر میں کچھ ہے گھڑی بھر میں کچھ - متلوّن مزاج کے متعلق کہتے ہیں - **آنِ واحد میں** - لمحہ بھر میں - فوراً -
امثال و اقوال - **آنانکہ غنی ترانَد محتاج ترانَد** - جو امیر ہوتے ہیں حقیقت میں محتاج ہوتے ہیں - کیونکہ آپ کچھ نہیں کرسکتے **آنچہ برخود نہ پسندی بر دیگراں مپسند** جو بات آدمی اپنے لئے پسند نہیں کرتا وہ دوسروں کے ساتھ نہیں چاہئے - **آنچہ گزشت گزشت** جو کچھ ہُوا سو ہُوا - آنے جانے دو - **آنچہ مرضی (رائے) مولےٰ از ہمہ اولےٰ** - جو مالک کی مرضی ہو - ہر چیز سے افضل ہے - **آں دفتر را گاو خورد** - جب کسی چیز کا نام و نشاں نہ رہا ہو تو بولتے ہیں - **آں را کہ حساب پاک است از محاسبہ چہ باک است** جس کا حساب پاک ہے - اس کو پڑتال کا ڈر نہیں - جس میں عیب نہیں اُسے کچھ ڈر نہیں - **آں قدح بشکست و آں ساقی نماند** (وہ پیالہ ٹوٹ گیا اور وہ ساقی نہ رہا) وہ وقت وہ صحبتیں گزر گئیں - پُرانی صحبتوں کو یاد کر کے حسرت سے کہتے ہیں - **آنکس کہ بداند و بداند کہ بداند - اسپ طرب خویش بافلاک رساند** - جو جاننے پر اپنے آپ کو انجان سمجھتا ہے - وہ گوئے سبقت میدان سے

لیجاتا ہے۔ آنکس کہ بداند و بداند کہ بداند۔ آنہم خرکِ لنگ بمنزل برساند۔ جو جاننے پر اپنے آپ کو جاننے والا جانتا ہے۔ وہ بھی کسی نہ کسی طرح منزل پر پہنچ جاتا ہے۔ آنکس کہ نداند و بداند کہ بداند۔ در جہل مرکب ابدالدّہر بماند۔ جو نہ جاننے پر یہ سمجھتا ہے کہ وہ جانتا ہے۔ وہ قیامت تک جہالت میں گرفتار رہتا ہے۔ آنکہ شیراں راکند روباہ مزاج۔ احتیاج است احتیاج است احتیاج۔ ضرورت شیروں کو بھی بزدل بنا دیتی ہے۔ آنہم نماند و ایں ہم نماند۔ وہ بھی نہ رہا یہ بھی نہ رہا۔ تکلیف یا مصیبت کے موقع پر کہتے ہیں۔

آن (ف۔ مؤنث) ۱ ناز و انداز۔ ادا۔ شان ۲ حسن ۳ چھب ۴ ڈھنگ۔ طور ۵ وقت۔ آنی (صفت) وہ جس کی شخصیت ہو۔

آن (ہ۔ مؤنث) ۱ آبرو۔ پاس۔ وضع ۲ عادت۔ خصلت ۳ ضد۔ ہٹ ۴ غرور۔ زعم۔ تمکنت ۵ مرضی۔ خوشی۔ خواہش ۶ مراد۔ تمنا ۷ شان۔ عظمت۔ وقار۔ دبدبہ ۸ قسم۔ عہد ۹ مناہی روک ٹوک۔ رسم یا دستور کے خلاف ۱۰ حکم۔ آگیا۔ فرمان ۱۱ (ہ) دوسرا۔ آن بان ۱ شان و شوکت۔ زیب و زینت ۲ بانکپن وضعداری ۳ غرور۔ تمکنت ۴ ناز و ادا ۵ ہٹ۔ ضد۔ خوبصورتی۔ زیبائش (دیکھنا دکھانا۔ ہونا کے ساتھ) آن سے (ف) تمکنت سے غرور سے۔ شان سے۔ آن بان سے رہنا (لازم) ٹھاٹھ سے رہنا۔ وضعداری سے رہنا آن بان کا آدمی (مذکر) قول کا پکا۔ بات کا دھنی۔ آن بان والا (صفت) ۱ عزت دار ۲ باوضع ۳ مغرور۔ مدمغ۔ آن بنان (مؤنث) نفاست۔ باریک بینی۔ احتیاط۔ آن تان (مؤنث) ۱ ناز۔ خودداری۔ شان ۲ آبرو۔ وضعداری آن توڑنا (متعدی) قسم توڑنا۔ وعدے کے خلاف کرنا۔ رسم اور طریقے کے برخلاف کرنا۔ ضد توڑنا۔ آن جانا (لازم) بات جانا۔ آن کہاں ہوگیا۔ تباہی ہوگئی۔ بربادی ہوگئی۔ ستیاناس ہوگیا۔ آن مان (مؤنث) عزت۔ ادب۔ تعظیم۔ آن مان سے۔ عزت سے۔ قدر سے۔ آن ماننا (متعدی) رعب ماننا۔ دبدبہ ماننا اطاعت کرنا۔ ہار ماننا۔ آن نکلنا (لازم) ۱ شان ظاہر ہونا ۲ انداز معشوقانہ پائے جانا۔

مثل۔ آن سے مارے تان سے مارے اس پر بھی نہ مرے تو ران سے مارے۔ عورتیں اشارے یا باتوں سے پھنسا لیتی ہیں۔ اگر اس پر بھی قابو میں نہ آئے تو تعلق ناجائز پیدا کرکے پھنسا لیتی ہیں۔

آنا (ہ۔ مذکر) ۱ روپے کا سولھواں حصّہ، ایک سکّہ نکل کا جو ہندوستان میں رائج ہے ۲ زمین کا ایک ماپ جو ایکڑ کے ۱/۱۶ حصّے کے برابر ہوتا ہے ۳ جائداد کا ایک حصّہ ۴ تعداد۔ خاصیت لیاقت۔ حیثیت وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے وہ روپے میں سے بارہ آنے ہے (س انک۔ چھوٹا) آنا پائی (ف) کل۔ بالکل۔ حبہ حبہ۔ آنا پائی سے بیباق (ف) بالکل ادا۔

مثل۔ آنا نہ پائی صرف پاؤں گھسائی۔ بیکار دوڑ دھوپ سے کچھ فائدہ نہیں۔

آنا کانتا (ہ۔ مؤنث) کانٹے دار کو۔

آنا کانی (ہ۔ مؤنث) ۱ ٹال مٹولے ۲ چشم پوشی ۳ حجاب ۴ رکھائی۔ آنا کانی دینا یا کرنا (متعدی) ٹال جانا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔

آنب (ہ۔ مذکر) آم۔

آنبا ہلدی (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کی سرخ ہلدی۔

آنبی (ہ۔ صفت) ۱ خود بخود اگی ہوئی۔ جنگلی۔ خودرو ۲ (مذکر) خودرو پودا۔

آنپور رور (س۔ مذکر) آنپورروی (مؤنث) ۱ باقاعدہ سلسلہ۔ تربیت۔ ڈھنگ ڈھب ۲ قطار۔ صف۔

آنت (ہ۔ مؤنث) ۱ انتڑی ۲ بہت لمبی چیز (س۔ انتر۔ اندرونی) آنت آونا (ہ) یا اترنا (لازم) فتق کا مرض ہو جانا۔ آنت کا بڑھ آنا (لازم) آنت اترنا۔ آنت کی آنت (مؤنث) بہت لمبی چیز۔ طول طویل بات۔ آنت گرنا (لازم) سفید دست آنا۔ آؤں آنا۔ آنتوں کا بل کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) فاقوں کے بعد پیٹ بھر کر کھانا۔ آنتوں کا قل ہو اللہ پڑھنا (لازم) بہت بھوکا ہونا بہت بھوک لگنا۔ آنت میں بل پڑنا (لازم) پیٹ میں درد ہونا یا بل پڑنا۔ آنتوں کا ڈھیر ہونا (لازم) دیکھو آنتیں ڈھیر ہو جانا۔ آنتیں ڈھیر ہو جانا یا ہونا (لازم) چھری وغیرہ لگنے سے آنتوں کا پیٹ سے باہر نکل آنا۔ مرجانا۔ آنتیں الٹ جانا (لازم) قے ہونا۔ جی متلانا آنتیں سمیٹنا یا موسنا (متعدی) بھوکا رہنا آنتیں سوکھنا (لازم) بھوکوں مرنا۔ فاقہ کرنا آنتیں (قل ہو اللہ پڑھ رہی ہیں) کوستی ہیں۔ بھوکے ہیں۔ آنتیں گلے آنا یا پڑنا (لازم) مصیبت میں پڑنا یا پھنسنا۔ آنتیں منہ کو آنا (لازم) نہایت بیقرار ہونا۔

امثال و اقوال۔ آنتا تینا دانتا نون پیٹ بھرن کو تین ہی کون آنکھیں پانی کانے تیل۔ کہے گھاگ ببدائے کھیل (ہ) اگر یہ پانچ باتیں کی جائیں۔ تو حکیم کی کبھی ضرورت نہیں پڑے گی معدے کے لئے کڑوی چیز۔ دانتوں کے لئے نمک۔ کھانا تین چوتھائی۔ آنکھوں میں پانی اور کانوں میں تیل۔ آنت بھاری تو ماتھ (ماتھ) بھاری (ہ) معدے کی خرابی سے دردسر ہوتا ہے۔ پیٹ کی خرابی سے بیماری پیدا ہوتی ہے۔

آنترک (س۔ صفت) آنت کے متعلق یا اندر۔

آنتریکش (س۔ صفت) سماوی۔ آسمانی۔

آنٹ (ہ۔ مذکر) ۱ پیچ۔ بل۔ تہ (دھوتی کی) ۲ گرہ۔ گانٹھ (انگلی کی) ۳ الجھاؤ مخالفت ۴ دشمنی۔ حسد ۵ غلط فہمی ۶ وہ لکیر جو سنار لوگ سونا چاندی پر پرکھنے کے لئے دیتے ہیں۔ آنٹ پڑنا (متعدی) ۱ گرہ پڑنا ۲ دشمنی پیدا ہونا۔ مخالفت ہونا ۳ غلط فہمی ہو جانا۔ آنٹ دینا (متعدی) سونا چاندی پرکھنے کے لئے لکیر دینا۔ آنٹ سانٹ (مؤنث) ۱ سازش۔ باہمی صلاح۔ مشورہ ۲ طویل یا خارج از بحث تقریر ۳ گول مول بات۔ آنٹ لگانا (متعدی) ۱ روک پیدا کرنا ۲ چاندی کو تپا کر پرکھنا۔ آنٹی

(ھ۔ مؤنث) ۱ مروڑی۔ تُخمی ۲ گھاس یا لکڑی
کا گٹھا ۳ دھاگے کا گچھا یا لچھا ۴ گانٹھ۔ پھندا
جس میں کوئی چیز اٹکا کر اُٹھائی جائے ۵ کشتی میں
میں ٹانگ اڑانا۔ **آنٹی دینا یا لگانا** (متعدی)
کُشتی میں ٹانگ اڑانا۔ اڑنگا لگانا۔ مقابل کی
گردن میں ہاتھ ڈال کر کولے پر اُٹھالینا۔
آنٹا (ھ۔ صفت) ۱ مُنہ تک بھرا
ہُوا ۲ مقیّد۔ پابند ۳ تھوڑا۔ ناکافی ۴ مانع بحث
۵ (مذکر) آٹا۔ **آنٹا مارنا** (متعدی) آٹا گوندھنا
(مت)
آنٹھی (ہ۔ مؤنث) ۱ گٹھلی۔ بیج
۲ دہی۔ دہی کا تھکا۔
آنجکولکہ (س۔ مذکر) ایک ملک
آنجکہ۔ آنجگہ (س۔ مذکر)
ایک دانو۔
آنجن (س۔ مذکر) ۱ لیپ آنکھ
کے لئے ۲ (صفت) سرمئی۔ **آنجن گری** (مؤنث)
ایک پہاڑ۔ **آنجنی** (مؤنث) ۱ سرمہ آنکھوں
کے لئے ۲ سرمہ دانی۔
آنجھو (ہ۔ مذکر) آنسو۔
آنچی (ہ۔ مؤنث) ۱ کپڑے کی کنی
یا کنارہ ۲ آنچل۔
آنچ (ہ۔ مؤنث) ۱ آگ ۲ شعلہ
لو ۳ گرمی۔ تپش ۴ تاؤ۔ جوش ۵ مامتا۔ ماں کی
محبت ۶ محبت ۷ شہوت ۸ صدمہ۔ نقصان
ضرر ۹ بوجھ۔ مشکل۔ دکھ ۱۰ تکلیف ۱۱ گرمی (تلوار کی)
(س۔ اَرچِس) **آنچ آجانا یا آنا** (لازم) صدمہ
پہنچنا۔ چوٹ لگنا۔ **آنچ پانا** (لازم) تاؤ کھانا۔ آگ
میں جلنا۔ **آنچ پہنچنا** (لازم) صدمہ پہنچنا۔ **آنچ
دکھانا یا دینا** (متعدی) آگ پر گرم کرنا۔ تاؤ
دینا۔ **آنچ کا کھیل ہے۔** ذرا آگ زیادہ
یا کم ہونے سے خراب ہونے کا اندیشہ ہے۔
آنچ کرنا (متعدی) آگ روشن کرنا یا سلگانا
آنچ کڑی ہونا (متعدی) آگ کے شعلے
تیز ہونا۔ **آنچ کھانا** (لازم) پکنا۔ تاؤ کھانا۔
آنچیں نکلنا (لازم) ۱ شعلے اُٹھنا ۲ آگ نکلنا
آنچر (ھ۔ مذکر) دیکھو آنچل
آنچل (ہ۔ مذکر) ۱ دوپٹہ۔ اوڑھنی

۲ وغیرہ کا کنارہ ۳ پلہ ۴ عورت کا سینہ یا چھاتی **آنچل
آجانا یا آنا** (لازم) پستان پکنا یا ورم کر آنا۔
آنچل الٹ کے سر پر رکھنا (متعدی)
دوپٹہ کو اوڑھ کر آنچل کو دوسری دفعہ سر پر رکھنا۔
آنچل پکڑنا (متعدی) انعام مانگنا۔ **آنچل پکنا**
(لازم) عورت کی چھاتی میں زخم ہونا۔ پستان پر
پھنسی یا پھوڑا نکل آنا۔ **آنچل پلّو** (مذکر) مقیش
کی جھالر جو اوڑھنی یا رومال پر لگائی جاتی ہے۔
آنچل پھاڑنا (متعدی) ایک ٹوٹکا ہے۔ بانجھ عورت
صاحب اولاد عورت کا آنچل پھاڑ کر کھا جاتی ہے۔
کہ اس کے گھر اولاد ہو مگر وہ سمجھتی ہے کہ اس
کی اولاد مرجائیگی۔ لہٰذا لڑنا جھگڑنا۔ **آنچل دابنا
یا دبانا** (متعدی) بچے کا پستان مُنہ میں لینا۔
بچے کا دودھ پینا۔ **آنچل دینا** (متعدی) بچہ کو
دودھ پلانا۔ **آنچل ڈالنا** (متعدی) دُولھا کی
بہنوں کا اس کے سر پر آنچل ڈال کر گھر میں
لے جانا اور نیگ مانگنا۔ **آنچل ڈلوائی** (مؤنث)
نیگ جو دُولھا اپنی بہنوں کو دیتا ہے۔ **آنچل
سر پر ڈالنا** (متعدی) آرسی مصحف کے وقت سرخ دوپٹہ سر پر
ڈالنا۔ **آنچل کترنا** (متعدی) آنچل پھاڑنا۔ **آنچل لینا**
(متعدی) مہمان کے آنچل کو خوش آمدید کے لئے ہاتھ
لگانا۔ مہمان کی عزت کرنا۔ **آنچل میں بات
باندھ رکھنا** (متعدی) کوئی بات دھیان میں
رکھنا۔ کسی کا قول نہ بھولنا۔ نصیحت ماننا اور
نہ بھولنا۔ **آنچل میں گرہ دینا** (متعدی) کوئی
بات یاد رکھنے کے لئے گرہ لگانا۔
آنچو (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا پھل
رس بھری۔
آنچھ (ھ۔ مؤنث) آنچ۔
آند۔ آندن (ہ۔ مذکر) کیچڑ۔
دلدل۔
آندو (ہ۔ مذکر) ۱ زنجیر جو ہاتھی
کے پاؤں میں باندھتے ہیں ۲ زنجیر یا پازیب
جو پہلوان کشتی جیتنے کے بعد اُستادی کے نشان
کے طور پر باندھتے ہیں ۳ پازیب۔
آندھر (ھ۔ صفت) اندھا۔
**امثلہ۔ آندھر کُکر بنا سے
بھونکے** (ھ) اندھا کُتّا ہوا کو بھونکے۔ اس

شخص کی نسبت کہتے ہیں۔ جو فضول کام کرے
آندھر کوٹے بہرا کوٹے چاول سے کام
کوئی کام کرے کام ہونے سے مطلب ہے۔
**آندھر کی گائے بیا اُبل ٹھری لے گئے
دوڑ لال۔** اندھے کی گائے نے بچہ دیا۔ سارا
گاؤں برتن لے آیا۔ غریب آدمی کی چیز ہر ایک
لینا چاہتا ہے۔
آندھی (ہ۔ مؤنث) ۱ بہت تیز
ہوا جس میں گرد و غبار ہو۔ جھیت تیز ہوا۔
طوفان باد ۲ (صفت) چالاک تیز۔ چست
(س اندھ۔ اندھا کرنا) **آندھی آنا** (لازم)
تیز ہوا کے ساتھ گرد و غبار کا اُڑنا۔ **آندھی
اُٹھنا یا بلند ہونا** (لازم) آندھی کا ایک سمت
سے پیدا ہو کر اُوپر آنا۔ **آندھی اور چراغ میں
کیا نسبت۔** بد کو نصیحت کرنا فضول۔ **آندھی
پانی** (مذکر) ابر و باد۔ بادل و ہوا۔ **آندھی
تھمنا یا ٹھیرنا** (لازم) آندھی کا کم ہو جانا۔
آندھی جائے مینہ جائے۔ چاہے کچھ ہو
آندھی چڑھنا (متعدی) آندھی کا بلند ہونا۔
آندھی اُٹھنا۔ **آندھی چلنا** (متعدی) بہت
تیز ہوا چلنا۔ **آندھی چھانا** (لازم) آندھی
کا غبار چھا جانا۔ **آندھی حضرت بی بی
کے دامن میں باندھی۔** آندھی آنے پر
عورتیں اور بچے چلّا کر کہتے ہیں تاکہ آندھی تھم
جائے۔ **آندھی رو گ آنا** (لازم) تھک جانا
آندھی کاٹنا (متعدی) آندھی کو روکنے کے
لئے افسوں پڑھ کے اُنگلی سے کاٹنے کا نشان
کرنا۔ **آندھی کا جھونکا** (مذکر) تیز ہوا کا ریلا۔
آندھی کا شور (مذکر) جو آواز آندھی کے وقت
پیدا ہوتی ہے۔ **آندھی کا غبار فرو ہونا**
(لازم) آندھی سے اُڑی ہوئی مٹی بیٹھ جانا۔
آندھی کو چراغ دکھانا (متعدی) بدچلن کو
نصیحت کرنا۔ **آندھی کا کوّا** (مذکر) مصیبت
کا مارا ہُوا۔ نہایت پریشان حال۔ **آندھی کے
آم** (مذکر) آم جو آندھی کی وجہ سے گریں بہت
ارزاں چیز جس کی قدر نہ ہو۔ مفت کی چیز۔
آندھی کی طرح آیا بگولے کی طرح گیا۔
اچانک آیا اور جلد ہی چلا گیا۔ **آندھی کی طرح**

طبیعت آنا (لازم) بے اختیار طبیعت مائل ہونا۔ آندھیوں کا طوفان برپا ہونا (لازم) سخت زور سے آندھی آنا۔ چاروں طرف سے آندھیاں اُٹھنا۔ آندھی ہو مینہ ہو ناغہ نہ جائے کبھی ناغہ نہ ہو۔ آندھی ہونا (لازم) ۱؎ بہت تیز اور چالاک ہونا ۲؎ کسی کام کو بڑے شوق سے کرنا

امثال و اقوال۔ آندھی آئے بیٹھ جائے مینہ آئے بھاگ جائے۔

آندھی میں بیٹھ جانا بہتر ہے۔ کیونکہ اگر چلتا رہے تو ممکن ہے کہ کسی چیز سے ٹکر لگے۔ مگر بارش میں بھاگ کر محفوظ جگہ پہنچ جانا چاہئے۔ تھوڑی مصیبت جھیل لے زیادہ سے بچ جائے۔ آندھی آئے یا مینہ بڑھیا پیٹھ سے نہ رہے۔ یہ وہاں بولتے ہیں۔ جب کوئی اپنے کام سے کسی حال میں باز نہ رہے۔ آندھی اور چراغ کو کیا نسبت بد کو نصیحت فضول۔ آندھی کے آگے بینا کی بتاس (ھ) آندھی میں پنکھے کی ہوا بیفائدہ کام کرنا۔

آنڈ (ہ۔ مذکر) ارنڈ کا درخت۔

آنڈو (ہ۔ صفت) ۱؎ فوطوں والا نر ۲؎ بڑے فوطوں والا ۳؎ (مذکر) کڑا ۴؎ سانڈ نر بیل۔

مثل۔ آنڈو بیل جی کا جوال۔
(ھ) سانڈ جنجال ہوتا ہے۔

آنڈی بانڈی (ہ۔ مؤنث)
آنڈے بانڈے (ہ۔ مذکر) سیر گشت۔
آنڈی بانڈی یا آنڈے بانڈے کھانا (متعدی) ۱؎ سیر کرنا۔ پھرنا ۲؎ ایک کھیل بچوں کا۔ پھل تجویز کیا جاتا ہے۔ مگر اس صورت میں کہ سرگروہوں کو کوئی پھل یاد نہ آئے۔ تو وہ اپنے ساتھیوں کو کہتے ہیں کہ آنڈی بانڈی کھاؤ۔ چنانچہ جب لڑکے دور چلے جاتے ہیں تو پھل سوچ لیا جاتا ہے۔

آنر (انگ۔ مؤنث) مرتبہ۔ عزت۔ بڑائی۔ آنریبل (صفت) ۱؎ ذی عزت۔ معزز ۲؎ یہ لفظ بعض عہدوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً ہائی کورٹ کے ججوں، فنانشل کمشنروں، چیف کمشنروں وغیرہ کے ساتھ۔ آنریری (صفت) ۱؎ امتیازی، تعظیمی۔ اعزازی ۲؎ بلا تنخواہ کام کرنے والا۔ آنریری جج یا سب جج (مذکر) اعزازی جج یا سب جج۔ ایسا جج یا سب جج جو بغیر تنخواہ کام کرے۔ آنریری مجسٹریٹ (مذکر) مجسٹریٹ جو بلا تنخواہ کام کرے۔ آنریری سکرٹری (مذکر) بلا تنخواہ سکرٹری۔

آنرت (س۔ مذکر) ۱؎ تماشا گاہ۔ اکھاڑہ۔ سٹیج۔ تھیئٹر ۲؎ جنگ۔

آنڑ (ہ۔ مذکر) فوطہ۔

آنسو (ہ۔ مذکر) ۱؎ وہ پانی جو از حد غم تکلیف یا خوشی کی وجہ سے آنکھوں سے نکلے۔ اشک۔ آنجھو۔ اَنسوہ ۲؎ (صفت) رقیق پتلا (س اکش۔ آنکھ) آنسو آنا (لازم) آنسو ٹپکنا یا نکلنا۔ آنسو امنڈنا (متعدی) کثرت سے آنسو گرنا۔ آنسو بہانا (متعدی) رونا۔ آنسو بھر آنا (لازم) آبدیدہ ہونا۔ آنسو بھر لانا (لازم) رونے کے قریب ہونا۔ آنسو بھرے ہونا (لازم) رونے کے قریب ہونا۔ آنسو بہنا (لازم) آنسو جاری ہونا۔ آنسو پاک کرنا (متعدی) آنسو پونچھنا۔ آنسو پچھنا (لازم) پُنچھنا (متعدی) ۱؎ اشک پاک کرنا ۲؎ تسکین دینا تسلی دینا۔ مظلوم کی دادرسی کرنا۔ آنسو پھوٹ نکلنا (متعدی) آنسو بہ نکلنا۔ آنسو پی جانا۔ پی کے رہ جانا۔ پینا (متعدی) ضبط کرنا۔ رونے کو روکنا۔ آنسو آنکھ سے باہر نہ نکلنے دینا۔ صبر کرنا۔ آنسو تر ہونا (لازم) آنسو بہت نکلنا۔ آنسو توڑ (مذکر) ٹھگوں کی اصطلاح میں وہ بارش جو برسات کے علاوہ اور موسم میں ہو۔ یہ شگون بد سمجھا جاتا ہے۔ آنسو تھمنا (لازم) رونا بند ہونا۔ رقت موقوف ہونا۔ آنسو ٹپ ٹپ گرنا یا ٹپک پڑنا یا ٹپکنا (متعدی) بے اختیار آنسو نکل آنا رنج ہونا۔ صدمہ ہونا۔ کسی کی یاد میں آبدیدہ ہونا آنسو ٹھیرنا (لازم) آنسو رک جانا۔ آنسو جاری ہونا (لازم) آنسو بہنا۔ آنسو جوش پر آنا (لازم) آنسو امنڈنا۔ آنسو چلنا (لازم) آنسو بہنا۔ آنسو خشک ہو جانا (لازم) رونا نہ آنا۔ آنسو نہ نکلنا بہ سبب رنج و غم میں آنسو نہ نکلنا۔ آنسو دینا (متعدی) شمع کی موم یا چربی کا پگھل کر گرنا۔ آنسو ڈالنا (متعدی) رونا۔ آنسو ڈبڈبا آنا (لازم) لانا (متعدی) آنکھوں میں آنسو بھر آنا۔ آنسو ڈھال یا ڈھلک (مؤنث) گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں آنکھوں سے پانی بہتا ہے۔ آنسو ڈھلکنا یا ڈھلنا (لازم) آنسو بہنا۔ آنسو رواں ہونا (لازم) آنسو جاری ہونا۔ رونا۔ آنسو رکنا (لازم) رونا بند ہونا۔ آنسو روکنا (متعدی) ضبط کرنا۔ آنسو سوکھ جانا (لازم) خشک ہو جانا۔ آنسو کا آبلہ یا چھالا (مذکر) آبلہ جو آنسوؤں کی شدت یا گرمی سے پڑ جائے۔ آنسو گرانا (متعدی) رونا۔ آنسو گر پڑنا (لازم) بے اختیار رو دینا۔ آنسو گرنا (لازم) آنسو ٹپکنا۔ آنسو نہ رکنا (لازم) بے اختیار رونا۔ آنسو نکل آنا یا نکل پڑنا (لازم) آنسو ٹپک پڑنا۔ آنسو نکلنا (لازم) رونا۔ آنسو نہیں تھمتے ۱؎ دل سے رنج نہیں جاتا ۲؎ ہر دم گریہ ہے۔ آنسوؤں سے پیاس نہیں بجھتی رونے سے تسلی نہیں ہوتی یا ارمان نہیں نکلتا آنسوؤں سے (آستین وغیرہ) تر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بہت رونا۔ آنسوؤں سے منہ دھونا (متعدی) بہت رونا۔ زار زار رونا۔ آنسوؤں کا تار (مذکر) آنسوؤں کا سلسلہ۔ آنسوؤں کا لگاتار نکلنا۔ آنسوؤں کا تار باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) لگاتار آنسو بہنا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹنا (لازم) لگاتار آنسو بہنا۔ آنسوؤں کا تسلسل (مذکر) آنسوؤں کا تار۔ آنسوؤں کا دریا (مذکر) آنسوؤں کی کثرت آنسوؤں کا دریا بہانا (متعدی) بہنا (لازم) بہت رونا۔ آنسوؤں کا کھٹکنا (لازم) آنسوؤں کا آنکھوں میں چبھنا۔ آنسو بھر آنا۔ آنسوؤں کا لچھا (مذکر) کی جھڑی (مؤنث) آنسوؤں کا تار۔ آنسوؤں کی جھڑی باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) لگانا (متعدی) لگنا (لازم) زار و قطار رونا۔ آنسوؤں کے دریا میں نہانا (متعدی) بہت رونا۔ زار زار رونا۔ آنسوؤں کی سیلی (مؤنث) آنسوؤں کا تار۔

مثل۔ آنسو ایک نہیں کلیجہ ٹوک ٹوک۔ ظاہر رونا حقیقت میں غم نہ ہونا آنسو پونچھنے کو ہو گیا۔ رونے کے قریب ہو گیا

آنک (ہ۔ مذکر) ۱؎ ہندسہ۔ صفر۔

نبر ۲ حرف ۔ اکھر ۳ نشان ۔ دھبہ ۔ لکیر ۴ جانچ
اندازہ ۔ پرکھ ۔ تخمینہ (دُنیا کے ساتھ) ۵ بیچنے والے
کا اپنا نشان مال پر ۶ سکے کے حروف ۷ حساب
میں حاصل ضرب ۔ اصل زر ۔ شرح اور وقت کا
۸ جسم کا وہ حصہ جو چوتڑوں سے اوپر ہے ۔ پیٹھ
۹ بغل گیری ۱۰ حصّہ ۔ بخرہ (س انک ۔ کانٹا)
آنک بِدّیا (مؤنث) علمِ حساب ۔ **آنک دار**
(مذکر) ۱ حصہ دار ۲ (س ۔ مذکر) ایک بڑا فوجی
ڈھول ۔ دمامہ ۔ **آنکنا** (متعدی) ۱ تخمینہ کرنا ۔
جانچنا ۲ قیمت لگانا ۳ ماپنا ۔ تولنا ۔ گننا ۴ فیصلہ کرنا
سوچنا ۵ نشان لگانا کپڑے یا اشیاء پر ۶ کتاب
پڑھنے لگانا ۷ جھاڑنا ۔ منتر کے ذریعے سے تکلیف
یا بیماری روکنا ۔

آنکڑا (ہ ۔ مذکر) ۱ لوہے کی سیخ ایک
کنارے سے مڑی ہوئی ۲ کانٹا ۔ مچھلی کا کانٹا
۳ قبضہ ۔ گرفت ۴ ٹھگوں کی اصطلاح میں ایک
ہزار کو کہتے ہیں (س آنک ۔ کانٹا) **آنکڑی**
(مؤنث) آنکڑا کی تصغیر ۔ **آنکڑے دار** (علن)
کنارے سے مڑا ہوا (پتّہ)

آنکس (ہ ۔ مذکر) وہ آنکڑا جس سے
فیلبان ہاتھی کو چلاتا ہے ۔ کجک ۲ نگراں ۔ سرکوب
(س ۔ آنکش) **آنکس مارنا** (متعدی) کجک لگانا ۔
مطیع کرنا ۔ تابعدار بنانا ۔

آنکولیہ (س ۔ مذکر) ۱ مدد ۔ امداد ۔
۲ حمایت ۔ پرورش ۔

آنکھ (ہ ۔ مؤنث) ۱ چشم ۔ نین ۲
نظر ۔ نگاہ ۳ تیور ۔ انداز نظر ۴ اشارہ ۵ پرکھ ۔
واقفیت ۔ شناخت ۶ بصارت ۔ بینائی ۷ بصیرت
حق شناسی ۸ (جمع کی حالت میں) تصور ۔ خیال
۹ امید ۔ توقع ۱۰ مروت ۔ محبت ۱۱ (آنکنا سے)
جانچ ۔ انداز ۔ تخمینہ ۱۲ تصفیہ ۔ محاصل سرکار ۱۳
(آنک سے) گھٹنوں کے دونوں طرف کے گڑھے
۱۴ (آنکڑے) پودوں میں وہ جگہیں جہاں سے
نئی شاخیں پھوٹیں ۱۵ اناس کے حلقے ۱۶ سرو
میں وہ جگہ جہاں سے کلے پھوٹیں ۱۷ مجازاً بیٹا
بیٹی (س ۔ آکش) **آنکھ آشنا ہونا** (لازم) کبھی
دیکھنا ۔ واقف ہونا ۔ آنکھ آشنا نہیں ۔ دیکھا
نہیں ۔ **آنکھ آشوب کر آنا** ۔ اُبل آنا یا اُبلنا
(لازم) آنکھوں کا سرخ ہونا ۔ ایک مرض جس میں
آنکھوں میں سرخی پیدا ہو جانے سے سخت تکلیف
ہوتی ہے ۔ **آنکھ اٹکنا** (لازم) عاشق ہونا ۔
آشنائی ہونا ۔ **آنکھ اٹھا کر تکنا** (متعدی) اُوپر
دیکھنا ۔ آنکھ اونچی کر کے دیکھنا ۔ **آنکھ اٹھا کر
دیکھنا** (متعدی) ۱ اُوپر دیکھنا ۲ سامنے دیکھنا ۳
توجہ کرنا ۴ رغبت سے دیکھنا ۵ حسرت سے دیکھنا
۶ دشمنی کی نظر سے دیکھنا ۔ **آنکھ اٹھا کر نظر کرنا**
(متعدی) دیکھنا ۔ **آنکھ اٹھا کر (نہ) دیکھنا** ۔
(متعدی) ۱ التفات یا توجہ (نہ) کرنا ۲ خاطر میں
(نہ) لانا ۔ کچھ حقیقت (نہ) سمجھنا ۳ آنکھ (نہ) ملانا
۴ (ڈر سے) نیچی نظر کئے رہنا ۔ نڈر ہو کر دیکھنا ۔
آنکھ اٹھانا (متعدی) ۱ اُوپر دیکھنا ۲ نظر سامنے
کرنا ۳ دیکھنا ۴ توجہ اٹھا لینا ۔ قطع نظر کرنا ۵ اشارہ
کرنا ۶ غصّے سے دیکھنا ۔ **آنکھ اُٹھ جانا** (لازم)
نظر پڑ جانا ۔ **آنکھ اُٹھنا** (لازم) نظر سامنے ہونا ۔
آنکھ اُٹھ نہ سکنا (لازم) آنکھ اونچی نہ ہو سکنا ۔
آنکھ دُکھنے آنا (لازم) آنکھ آشوب کر آنا ۔ **آنکھ
اُچٹ جانا** (لازم) جاگ پڑنا ۔ نیند نہ آنا ۔ **آنکھ
اڑنا** (لازم) پھڑکنا ۔ **آنکھ اُلجھنا** (لازم) آنکھ اٹکنا
آنکھ اُوپر نہ اٹھانا (متعدی) **اُٹھنا** (لازم)
بہت مصروف ہونا ۔ بہت شرمانا ۔ **آنکھ اونچی
کرنا** (متعدی) نگاہ سامنے کرنا ۔ نظر اٹھانا ۔ **آنکھ
اُونچی نہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ نگاہ نہ اٹھنا
رعب یا حیا یا ضعف سے ۲ شرمانا ۔ **آنکھ اونچی
ہونا** (لازم) سرخرو ہونا ۔ شرمندگی رفع ہونا ۔
آنکھ بتانا (متعدی) آنکھ سے اشارہ کرنا ۔ **آنکھ
بچا جانا** (متعدی) ۱ اغماض کرنا ۔ بے مروتی کرنا
۲ اس طرح کام کرنا کوئی دیکھ نہ لے ۔ **آنکھ بچا کر**
(تف) چوری چھپے ۔ **آنکھ بچا کر نکل جانا** (لازم)
اس طرح کہیں سے چلا جانا کہ کوئی دیکھنے نہ پائے
آنکھ بچانا (متعدی) آنکھ کو چوٹ سے محفوظ
رکھنا ۲ دیکھو بچا جانا ۔ **آنکھ بچنا** (لازم) ۱ آنکھ
کا چوٹ سے محفوظ رہنا ۲ غافل ہونا ۔ **آنکھ
بچولی** (مؤنث) دیکھو آنکھ مچولی ۔ **آنکھ بدل
جانا** (لازم) ۱ محبت میں فرق آنا ۲ اگلی سی بات
نہ رہنا ۔ پہلی سی نگاہ نہ رہنا ۔ **آنکھ بدل کر دیکھنا**
(متعدی) غصّے سے دیکھنا ۔ تیور بدل کر یا تیوریاں
چڑھا کر دیکھنا ۔ **آنکھ بدلنا** (متعدی) ۱ بے مروتی
کرنا ۲ بے مروت ہو جانا ۔ غصّہ کرنا ۔ ناراض ہونا
تیور بدلنا ۔ **آنکھ برابر نہ کر سکنا** (لازم) شرم یا لحاظ
سے آنکھ سامنے نہ کر سکنا ۔ **آنکھ بنانا** (متعدی)
۱ پیدا کرنا ۲ آنکھ پر عمل جراحی کرنا ۔ مصنوعی آنکھ لگانا
آنکھ بند کر کے کوئیں میں دھکیلنا ۱ بے سوچے سمجھے
مصیبت میں پھنسانا ۲ لڑکی کی شادی ناموزوں جگہ
کرنے کے متعلق بھی کہتے ہیں ۔ **آنکھ بند کر کے**
(تف) بے سوچے سمجھے ۔ اندھا دھند ۔ **آنکھ بند
کر کے کام کرنا** (متعدی) بغیر سوچے سمجھے کام
کرنا ۔ بے احتیاطی سے کام کرنا ۔ **آنکھ بند کر لینا**
(متعدی) ۱ مرجانا ۲ کسی وجہ سے آنکھیں موند
لینا ۔ شرم ۔ بے مروتی ۔ غیرت ۔ نفرت وغیرہ ۔
آنکھ بند کر لینا یا کرنا یا ہو جانا یا ہونا
(لازم) ۱ سو جانا ۲ غافل ہو جانا ۔ مست ہو جانا ۳
مر جانا ۴ آنکھیں مُند جانا ۔ **آنکھ بند کرنے میں**
(تف) بہت جلدی ۔ **آنکھ بند کی سال گزرا** ۔
بہت جلد ۔ **آنکھ بند کئے چلے جاؤ** ۔ بلا خوف
چلے جاؤ ۔ بے دھڑک سفر کرو ۔ **آنکھ بنوانا** (متعدی)
۱ آنکھ پر عمل جراحی کرانا ۲ مصنوعی آنکھ لگوانا ۔ **آنکھ
بنواؤ** ۔ طنزاً لیاقت حاصل کرو ۔ **آنکھ بھبھوکا
ہونا** (لازم) نشے یا غصّے سے آنکھ کا سرخ ہونا
آنکھ بہ جانا (لازم) آنکھ خراب ہو جانا ۔ آنکھ کا
پانی نکل جانا ۔ **آنکھ بھر آنا** (لازم) آنکھ میں آنسو
ڈبڈبانا ۔ آنکھ آنسوؤں سے بھر جانا ۔ **آنکھ بھر
دیکھنے کو دل نہیں چاہتا** ۔ بہت بدشکل
ہے ۔ **آنکھ بھر کر دیکھنا** (لازم) ۱ نظر جما کر دیکھنا
غور سے دیکھنا ۲ گھورنا ۔ بُری نیت سے دیکھنا ۳
جی بھر کر دیکھنا ۴ دشمنی کی نظر سے دیکھنا ۔ **آنکھ
بھر کر نہ دیکھنا** (لازم) ۱ اس وجہ سے سیر ہو کر
نہ دیکھنا کہ نظر نہ لگ جائے ۲ متوجہ نہ ہونا ۔ پروا
نہ کرنا ۔ **آنکھ بھر لانا** (لازم) آنسو بھر لانا ۔ **آنکھ
بہنا** (لازم) آنسو جاری ہونا ۔ **آنکھ بھوں ٹیڑھی
کرنا یا چڑھانا** (متعدی) خفا ہونا ۔ نفرت ظاہر
کرنا ۔ تیوری چڑھانا ۔ **آنکھ بھوں چلنا** (لازم)
آنکھ بھوں کا حرکت کرنا ۔ اشارے کرنا ۔ **آنکھ
بیٹھ جانا** (لازم) آنکھ کا پانی نکل جانے سے ڈھیلے
کا بیٹھ جانا ۔ پچک جانا ۔ اندھا ہو جانا ۲ گھبرا جانا
آنکھ بھی نہ ملانا (متعدی) پروا نہ کرنا ۔ متوجہ
نہ ہونا ۔ نہ دیکھنا ۔ **آنکھ بیکار ہو جانا** (لازم)

نظر نہ آنا۔ آنکھ بیمار ہونا (لازم) آنکھیں دُکھنے آنا۔ آنکھ پانا (لازم)، ۱ اشارہ پانا ۲ مرضی پانا آنکھ پتھرانا یا پتھرا جانا (لازم) آنکھ ہل جل نہ سکنا۔ آنکھ پر تنکا رکھنا (متعدی) آنکھ پھڑکنے کا علاج ہے۔ آنکھ پر چڑھنا (لازم) بہت پسند آنا۔ آنکھ پر میل نہ آنے دینا (متعدی) ذرا بھی رنج نہ ہونے دینا۔ آنکھ پُرنم (لازم) آنکھوں میں آنسو بھرے ہونا۔ رونا۔ آنکھ پڑنا (لازم) ۱ نظر پڑنا۔ دیکھنا ۲ رغبت ۳ لالچ۔ حسد۔ اتفاق وغیرہ سے دیکھنا ۴ توجہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ تاک میں ہونا۔ گھات میں ہونا۔ آنکھ پسارنا (متعدی) آنکھ پھیلانا۔ آنکھ کھولنا (مت) آنکھ پسیجنا (لازم) رحم آنا۔ آنکھ پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا (متعدی) بغور دیکھنا۔ آنکھ پہچاننا (متعدی) تیور سے سمجھنا کہ مرضی کیا ہے۔ اشارہ سمجھنا۔ آنکھ پھر جانا یا پھرنا (لازم) ۱ نظر کا ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۲ نظر کا چاروں طرف گھومنا ۳ نگاہ چوکنا ۴ ناراض ہونا۔ خفا ہو جانا۔ آنکھ پھڑکنا (لازم) پپوٹوں میں خود بخود حرکت ہونا۔ اس سے شگون لیا جاتا ہے۔ مرد کی داہنی اور عورت کی بائیں آنکھ کا پھڑکنا اچھا سمجھا جاتا ہے دیگر صورت میں منحوس۔ آنکھ پھسلنا (لازم) نگہ نہ جمنا۔ آنکھ پھوٹ جانا یا پھوٹنا (لازم) بینائی جاتی رہنا۔ آنکھ پھوڑ یا آنکھ پھوڑ ٹڈا (مذکر) ۱ ایک قسم کا ٹڈا جو مدار پر پایا جاتا ہے ۲ ایک کیڑا جو رات کو آنکھوں میں پڑتا ہے ۳ (صفت) مفسد۔ حاسد۔ آنکھ پھوڑنا (متعدی) ۱ اندھا کر دینا ۲ باریک کام کرنے سے آنکھ خراب کر لینا ۳ بے فائدہ انتظار کرنا۔ آنکھ پھیر لینا یا پھیرنا (متعدی)، ۱ بے مروتی کرنا ۲ خفا ہونا۔ ناراض ہو جانا ۳ ایک طرف سے دوسری طرف آنکھیں پھیر لینا ۴ توجہ ہٹا لینا۔ مرنے کے وقت ایسا ہوتا ہے۔ آنکھ پھیلا کر دیکھنا (متعدی)، غور سے چاروں طرف دیکھنا۔ آنکھ پیدا کرنا (متعدی)، دیکھنے یا پرکھنے کی قابلیت پیدا کرنا۔ آنکھ تاڑ جانا (متعدی)، تیور سے عندیہ سمجھ جانا۔ آنکھ تر ہونا (لازم) آنسو بھر آنا

رِقّت ہونا۔ آنکھ تمہاری کیے دیتی ہے تمہاری آنکھ سے تمہارا چلن یا عندیہ معلوم ہوتا ہے۔ آنکھ طوطے کی طرح بدل لینا۔ پھیرانا یا پھیر لینا (متعدی) بے مروتی کرنا۔ آنکھ ٹھنڈی کرنا (متعدی)، تسلی دینا۔ آنکھ ٹیڑھی کرنا یا رکھنا (متعدی)، غصّے سے دیکھنا۔ آنکھ ٹیڑھی (ٹیڑھی) ہونا (لازم) خفا ہونا ناراض ہونا۔ آنکھ جا پڑنا۔ اچانک نظر پڑ جانا آنکھ جا (کے) لڑنا (لازم) آنکھ لڑنا۔ عشق ہونا۔ آنکھ جانا (لازم) یکایک نظر جا پڑنا۔ آنکھ جلنا (لازم)، ۱ دب جانا۔ مغلوب ہو جانا ۲ مقابلہ یا ہم چشمی یا غصہ کی تاب نہ لانا ۳ شرمانا۔ آنکھ جما کر دیکھنا (متعدی)، غور سے دیکھنا۔ آنکھ جوش کر آنا (لازم) آنکھیں دُکھنے آنا۔ آنکھ جھپکا دینا (متعدی)، ۱ نگاہ کو خیرہ کر دینا ۲ ایک کھیل جس میں دو لڑکے آنکھ سے آنکھ لاتے ہیں۔ جو پہلے آنکھ جھپک جائے وہ ہار جاتا ہے۔ اس جیت کو آنکھ جھپکا دینا کہتے ہیں۔ آنکھ جھپکا لینا (متعدی) ذرا سا سو لینا۔ آنکھ جھپکانا (متعدی)، تھوڑی دیر کے لئے لیٹ جانا یا آرام کرنا۔ آنکھ جھپک جانا۔ جھپکنا (لازم)، ۱ ذرا سا سو جانا ۲ روشنی کی تاب نہ لا سکنا ۳ جھینپنا ۴ دب جانا۔ مقابلے کی تاب نہ لا سکنا ۵ مان جانا ۶ آنکھ جھپکا دینا۔ آنکھ جھکانا (متعدی)، ۱ آنکھ نیچی کرنا ۲ سخت کام میں مشغول ہونا ۳ شرم سے آنکھ نیچی رکھنا آنکھ جھکنا (لازم)، شرمانا۔ جھینپنا۔ آنکھ چار کرنا (متعدی) نظر سے نظر ملانا ۲ ڈھٹائی سے دیکھنا۔ آنکھ چار نہ کرنا (متعدی)، ۱ آنکھیں نہ ملانا ۲ شرمانا۔ آنکھ چار ہونا (لازم) ۱ نظر سے نظر ملانا ۲ ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا۔ آنکھ چُرا کر دیکھنا (متعدی) کن انکھیوں سے دیکھنا۔ چوری چوری دیکھنا۔ آنکھ چُرانا (متعدی)، ۱ نگاہ بچانا ۲ کنارہ کرنا۔ کترانا۔ بے رُخی کرنا ۳ جھینپنا۔ شرمانا۔ لحاظ کے مارے آنکھ سامنے نہ کرنا۔ کنیانا۔ آنکھ چھپانا (متعدی)، آنکھ چرانا۔ آنکھ چڑھانا (متعدی) ناراض ہونا۔ غُصّہ ہونا۔ آنکھ چڑھنا (لازم)، ۱ آنکھ نیند یا شراب سے بھاری ہونا۔ آنکھیں مست ہونا ۲ آنکھیں پتھرا جانا۔ مرنے

کے قریب ہونا۔ آنکھ چمکانا (متعدی)، ۱ غصہ سے آنکھوں کو پھیرنا ۲ خوشی سے آنکھوں کو ہلانا۔ آنکھ چیر (چیر) کر دیکھنا (متعدی) غور سے دیکھنا۔ آنکھ خشک ہونا (لازم)، آنسو نہ نکلنا۔ آنکھ خیرہ ہونا (لازم) آنکھ کا روشنی کی تاب نہ لا سکنا۔ آنکھ دبا کر دیکھنا (متعدی) کچھ کھلی کچھ بند آنکھ سے دیکھنا۔ آنکھ دبنا (متعدی)، مغلوب ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ جھینپنا آنکھ دروازے کی طرف ہونا (لازم) منتظر ہونا۔ آنکھ دکھانا (متعدی)، ۱ معالج کو آنکھ دکھانا ۲ ڈرانا۔ غُصّہ کرنا ۳ آنکھ سے اشارے کرنا۔ دل لُبھانا ۴ بے مروتی کرنا۔ اچھی طرح نہ ملنا ۵ دھمکانا۔ تنبیہ کرنا ۶ گھورنا گھرکنا۔ منع کرنا۔ آنکھ دُکھنا (لازم)، آنکھ میں درد ہونا۔ کھٹک ہونا۔ آنکھ دُکھنے آنا (لازم) آنکھ آشوب کر آنا۔ آنکھ دوڑانا (متعدی) چاروں طرف دیکھنا۔ اِدھر اُدھر دیکھنا۔ آنکھ دوڑنا (لازم)، ۱ تیزی سے نظر جانا ۲ لالچ ہونا۔ آنکھ دھوئی دُھلائی ہے ۱ آنکھوں میں حیا نہیں۔ مروّت نہیں ۲ ڈھیٹ ہے۔ آنکھ دیکھنا (متعدی)، ۱ مرض معلوم کرنے کے لئے آنکھ ملانا ۲ آنکھ سے کیفیت تاڑ جانا۔ آنکھ دینا (متعدی)، ۱ بینائی دینا ۲ بصیرت دینا ۳ اشارہ کرنا ۴ شہ دینا۔ اُبھارنا ۵ پرکھنے کی قابلیت دینا۔ شناخت یا امتیاز کا مادہ عطا کرنا۔ آنکھ ڈالنا (متعدی)، ۱ دیکھنا۔ نگاہ کرنا ۲ شوق کی نظر سے دیکھنا۔ مائل ہونا ۳ کسی چیز کی تاک میں ہونا ۴ بدنیتی سے دیکھنا۔ بُری نظر سے دیکھنا ۵ نظر لگانا۔ ندیدے پن سے دیکھنا ۶ سرسری طور پر دیکھنا۔ آنکھ ڈھکنا (متعدی)، ۱ مر جانا ۲ شرمندہ ہونا (مت)، آنکھ رکھنا (متعدی)، ۱ آسرا کرنا ۲ شناخت ہونا۔ پرکھ ہونا ۳ (پ) محبت رکھنا۔ آنکھ روشن کرنا (متعدی)، ۱ دل کو خوش کرنا۔ خوش ہونا ۲ کسی عزیز یا دوست سے ملنا۔ آنکھ رہنا (لازم) مہربانی ہونا۔ عنایت ہونا۔ آنکھ سامنے کرنا (متعدی)، ۱ نظر ملانا ۲ متوجہ ہونا۔ آنکھ سامنے نہ کرنا (متعدی) جھینپنا۔ شرمانا۔ آنکھ سامنے نہ ہونا (لازم)، ۱ دیکھنے کی تاب نہ لانا۔ نادم ہونا۔ شرمندہ ہونا۔

۔ شرمانا۔ حیا آنا۔ آنکھ سرخ کرنا (متعدی) غصہ ہونا۔ آنکھ سے آنسو اُمنڈ آنا یا اُمنڈنا (لازم) آنکھوں سے آنسو بہت زور سے نکلنا۔ آنکھ سے آنسو آنا (لازم)۔ رقت ہونا۔ آنکھ سے آنسو بہانا (متعدی) بہنا (لازم) آنسو جاری ہونا۔ رونا۔ آنکھ سے آنسو ٹپکنا (لازم) رونا۔ رقت ہونا۔ آنکھ سے آنسو چھلنا (رواں) ہونا (لازم) آنسو جاری ہونا۔ رونا۔ آنکھ سے آنسو گر پڑنا (لازم) رو دینا۔ آنکھ سے آنسو نکل آنا (نکلنا) (لازم) رو پڑنا۔ آنکھ سے ایک آنسو نہ نکلنا (لازم) ۱ کچھ اثر نہ ہونا ۲ بہت ضبط یا تحمل کرنا۔ آنکھ سے آنکھ لڑنا (لازم) ۱ نگاہیں دوچار ہونا ۲ عاشق ہونا۔ آنکھ سے آنکھ ملانا (متعدی) ۱ آنکھ سے آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ لڑانا ۲ پروا کرنا۔ توجہ کرنا ۳ برابری کرنا۔ بے شرمی یا ڈھٹائی سے آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ سے آنکھ ملنا (لازم) چار آنکھیں ہونا۔ نظر سے نظر ملنا۔ آنکھ سے آنکھ نہ جھپکنا (متعدی) آنکھ لڑانے میں مغلوب نہ ہونا۔ آنکھ سے اتر جانا (لازم) جی سے اتر جانا۔ بے قدر ہو جانا۔ آنکھ سے اشارہ بازی کرنا یا اشارے کرنا (متعدی) کوئی بات آنکھ کے اشاروں سے جتانا۔ آنکھ مارنا۔ آنکھ سے اشک ڈھلنا (لازم) آنسو بہنا۔ آنکھ سے اشکوں کا دریا امنڈنا (لازم) بے حد آنسو نکلنا۔ بہت رونا۔ آنکھ سے اوٹ (اوجھل) ہو جانا (لازم) سامنے سے چلے جانا۔ نظر سے غائب ہونا۔ آنکھ سے باہر ہونا (لازم) جاتے رہنا۔ اڑ جانا (نیند کے لئے)۔ آنکھ سے بچ کر نکلنا (لازم) چھپ کر جانا۔ آنکھ سے کبھی کبھی دیکھی ہے۔ کبھی میسر بھی آئی ہے۔ آنکھ سے ٹپ ٹپ آنسو ٹپکنا (چلنا) گرنا (لازم) آنسو لگاتار نکلنا۔ آنکھ سے ٹپکنا (لازم) نظروں سے ظاہر ہونا۔ آنکھ سے جونک جھاڑنا (متعدی) سُرخی رفع کرنے کے لئے ٹوٹکا کرنا۔ عورتیں بائیں ہاتھ کی چھنگلیا میں سوئی چبھو کر خون نکال کر چوٹ زدہ آنکھ پر لگاتی ہیں۔ آنکھ سے خون آنا بہنا یا ٹپکنا (لازم) بہانا

(متعدی) جاری ہونا (لازم) کا دریا بہانا (متعدی) بہنا (لازم) گرا کرنا یا گرنا (لازم) بہت رونا۔ آنکھ سے دور ہونا (لازم) سامنے سے چلا جانا۔ جدا ہو جانا۔ آنکھ سے دیکھنا (متعدی) خود دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔ آنکھ سے ڈھلنا (لازم) آنسو کا آنکھ سے نکل کر بہنا۔ آنکھ سیدھی ہونا (لازم) مہربانی کی نظر ہونا۔ آنکھ سے دیکھ کے (تف) دیکھ بھال کے۔ سوچ سمجھ کے۔ آنکھ سے دیکھنا (متعدی) بچشم خود دیکھنا۔ دیکھنا۔ آنکھ سے رومال نہ سرکنا (ہٹنا) (لازم) روتے رہنا۔ آنکھ سے ریتی ٹپکنا (لازم) لہو کے آنسو رونا۔ نہایت سخت رونا۔ آنکھ سے سلام لینا (متعدی) اشارے سے سلام کا جواب دینا۔ آنکھ سے طوفان اُٹھنا یا بپا ہونا (لازم) بہت رونا۔ آنکھ سے کاجل چُرانا (متعدی) انتہا کی چالاکی کرنا۔ کمال کی عیاری کرنا۔ آنکھ سے کبھی دیکھی نہ ہونا (لازم) کسی چیز کو کھانے یا لینے میں بے صبری کرنا۔ آنکھ سے گرا دینا یا گرانا (متعدی) حقیر کر دینا۔ توجہ ہٹا لینا۔ آنکھ سے گر جانا یا گرنا (لازم) ذلیل ہونا۔ آنکھ سینکنا یا سیکنا (متعدی) ۱ دیکھ کر خوش ہونا۔ دیکھ کر دل خوش کرنا ۲ دل کو تسلی دینا ۳ خوبصورتی کا نظارہ کرنا۔ آنکھ سے گنگا بہانا (متعدی) لہو آنا (لازم) بہت رونا۔ آنکھ سے ملاحظہ کرنا (متعدی) بچشم خود دیکھنا۔ آنکھ سے نہاں ہونا (لازم) سامنے سے چلا جانا۔ چھپ جانا۔ غائب ہو جانا۔ آنکھ سے نہ دیکھوں۔ نفرت کو ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ آنکھ سے نیند رم کر جانا (لازم) نیند نہ آنا۔ آنکھ شرما جانا یا شرمانا (لازم) شرم سے آنکھ نہ اُٹھنا۔ آنکھ قدح کرانا (م) آنکھ کھلوانا۔ آنکھ کا آنسو نہ تھمنا (لازم) ہر وقت روتے رہنا بیحد رونا۔

آنکھ کا اندھا گانٹھ کا پورا (صفت) بیوقوف مالدار۔ ناواقف خریدار۔ آنکھ کا پانی (بہ جانا) ڈھل جانا (لازم) بے شرم ہو جانا۔ بے حیا ہو جانا۔ آنکھ کا پانی مر جانا (لازم) شرم نہ رہنا۔ آنکھ کا پردہ (مذکر) ۱ آنکھ کی جھلی ۲ لحاظ مستورات کو نامحرم سے۔ آنکھ کا پردہ اُٹھا دینا (متعدی) لحاظ

توڑ دینا۔ آنکھ کا پردہ اُٹھ جانا یا جاتا رہنا (لازم) حجاب نہ رہنا۔ آنکھ کا تارا (مذکر) ۱ آنکھ کی پتلی ۲ بہت عزیز۔ اولاد۔ آنکھ کا تارا سمجھنا (لازم) بہت عزیز سمجھنا۔ آنکھ کا تل (مذکر) آنکھ کی پتلی۔ آنکھ کا تل سفید ہونا (لازم) پتلیاں پتھرا جانا۔ آنکھ کا جاتا رہنا (لازم) آنکھ پھوٹ جانا۔ آنکھ کا جالا (مذکر) آنکھ کی ایک بیماری جس سے آنکھ کے اوپر ایک جھلی آ جاتی ہے۔ آنکھ کا جھڑی لگانا (لازم) آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹنا۔ آنکھ کا حجاب (مذکر) شرم و حیا۔ آنکھ کا خمار ہونا (لازم) معشوق کی آنکھ کو دیکھ کر نشہ ہونا۔ آنکھ کا ڈورا یا ڈورے (مذکر) سُرخ رگیں جو آنکھ میں دکھائی دیتی ہیں۔ آنکھ کا ڈھلکا (مذکر) ایک مرض ہے جس میں آنکھ سے پانی جاری رہتا ہے آنکھ کا ساون کی جھڑی لگانا (متعدی) بہت رونا۔ آنسو لگاتار بہانا۔ آنکھ کا غبار (مذکر) ایک کیفیت جس سے نظر میں دھندلاپن آ جاتا ہے۔ آنکھ کا کاجل چُرانا (متعدی) نہایت چالاکی کرنا۔ آنکھ کا کھا جانا (متعدی) نظر لگنا۔ نظر کا مہلک ہونا۔ آنکھ کا لحاظ (مذکر) قدرتی شرم جو عورت کو مرد سے ہوتی ہے۔ آنکھ کا لہو کی بوٹی ہونا (لازم) آنکھ کا سُرخ ہو جانا۔ آنکھ کا ناسور ہو جانا (لازم) برابر آنسو جاری رہنا۔ لگاتار روتے رہنا۔ آنکھ کان سے درست ہونا (لازم) ہر ایک عضو کا درست ہونا۔ آنکھ کا نور پانا (لازم) ۱ آنکھ کو نظر آنا ۲ بہت خوشی ہونا۔ آنکھ کڑی پڑنا (لازم) غُصہ یا دشمنی کی نظر پڑنا تیز نگاہ پڑنا۔ آنکھ کڑی ڈالنا (متعدی) غُصہ سے دیکھنا آنکھ کسی طرف یا کسی چیز پر ہونا یا رہنا (لازم) کسی طرف دھیان لگا ہونا۔ آنکھ کھٹکنا (لازم) آنکھ میں چبھن ہونا۔ آنکھ کھلنا (لازم) ۱ جاگنا ۲ سن تمیز کو پہنچنا۔ ہوشیار ہونا ۳ غشی دُور ہونا۔ ہوش آ جانا ۴ بصیرت پیدا ہونا ۵ دُنیا کی ہوا لگنا۔ پیدا ہونا ۶ اصل حقیقت ظاہر ہونا ۷ جانوروں کے بچوں کی آنکھیں پیدائش سے چند روز بعد کھلنا۔ آنکھ کھلی کی کھلی رہ جانا (لازم) حیران رہ جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ آنکھ

کھول دینا (متعدی) ۱ آنکھ وا کرنا ۲ ہوش میں آنا۔ آنکھ کھول کر دیکھنا (متعدی) ۱ ہوش میں آکر دیکھنا ۲ پیدا ہو کر دیکھنا ۳ غور سے دیکھنا آنکھ کھولنا (متعدی) ۱ آنکھ کا کھلنا ۲ علاج سے آنکھ درست کرنا۔ آنکھ کے آگے (تف) آمنے سامنے۔ روبرو۔ آنکھ کے اشارے پر چلنا (لازم) اشارے پر حکم کی تعمیل کرنا۔ نہایت مطیع یا فرمانبردار ہونا۔ آنکھ کی پتلی (مؤنث) ۱ آنکھ کے بیچ کا خالی حصہ۔ آنکھ کی سیاہی ۲ بہت عزیز یا پیارا (جاننا کے ساتھ) آنکھ کی پتلی بنانا (متعدی) نہایت عزیز رکھنا۔ آنکھ کی پتلی (پتلیاں) پھرنا (لازم) علامت مرگ ظاہر ہونا۔ آنکھ کی پتلی کلیجے کی ٹھنڈک۔ مجازاً بیٹا۔ آنکھ کی ٹھنڈک (مؤنث) عزیز۔ دوست۔ پیارا آنکھ کی حیا (مؤنث) آنکھ کا لحاظ۔ آنکھ کی سفیدی (مؤنث) دیکھو بیاض چشم۔ آنکھ کی سیل (مؤنث) ۱ آنکھ کی تری۔ آنسو ۲ مروت۔ آنکھ کی کیچڑ (مؤنث) وہ کثافت جو آنکھ کے کونوں میں جمع ہو جاتی ہے۔ آنکھ کی گردش (مؤنث) آنکھوں کی حرکت۔ آنکھ کی مروت (مؤنث) منہ دیکھی مروت۔ سامنے آنے کی وجہ سے جو مروت پیدا ہو۔ آنکھ گاڑنا یا گڑونا (متعدی) نظر جمانا۔ غور سے دیکھنا۔ آنکھ گڑنا (لازم) نظر جمنا۔ آنکھ گرم کرنا (متعدی) آنکھ سینکنا۔ آنکھ گلابی ہونا (لازم) آنکھ میں ہلکی ہلکی سرخی پیدا ہونا۔ آنکھ گھرکنا (لازم) غصے سے دیکھنا۔ آنکھ لال کرنا (متعدی) غصے کی نظر سے دیکھنا۔

آنکھ لجانا (لازم) شرمانا جھیپنا۔ آنکھ لچکانا (متعدی) باربار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ آنکھ لڑانا (متعدی) ۱ آنکھ ملانا ۲ گھورنا ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۳ عاشق ہونا ۴ فریفتہ ہونا ۵ اشارے کرنا۔ آنکھ لڑنا (لازم) ۱ آنکھ ملنا ۲ اشارے بازی ہونا ۳ عاشق ہونا۔ آنکھ لگا (مذکر) آشنا۔ یار (عورت کا) آنکھ لگی (مؤنث) آشنا عورت۔ وہ عورت جس سے ناجائز تعلق ہو۔ آنکھ لگ جانا یا لگنا (لازم) ۱ نیند آجانا ۲ آشنائی ہونا۔ عشق ہونا ۳ آسرا ہونا ۴ انتظار رہنا۔ آنکھ للچائی ہوئی پڑنا (لازم) چاہت کی نظر پڑنا۔ پیار سے دیکھنا۔ آنکھ مارنا (متعدی) ۱ پلک جھپکانا ۲ اشارے سے منع کرنا ۳ اشارہ کرنا۔ آنکھ مچکانا (متعدی) ۱ آنکھ کھولنا اور بند کرنا ۲ آنکھ مارنا ۳ اشارہ کرنا۔ آنکھ مچ یا میچ جانا (لازم) آنکھ بند کرنا ۲ مرجانا۔ آنکھ مچنا یا موچنا (متعدی) ۱ آنکھ بند کرنا ۲ آنکھ مارنا ۳ نہ دیکھنا ۴ اشارہ کرنا۔ آنکھ مچولا (مذکر)، مچولی (مؤنث)، منڈولا یا منڈوال (مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل۔ آنکھ محرم ہونا (لازم) آنکھ کا واقف ہونا یا جاننا۔ آنکھ مڈورا (مذکر) آنکھ مچولی۔ آنکھ ملانا (متعدی) ۱ نظر سامنے کرنا یا ملانا ۲ ڈھٹائی سے دیکھنا ۳ مقابلہ کرنا ۴ متوجہ ہونا ۵ اشارے کرنا۔ آنکھ ملتے جلتے (تف) فوراً۔ چشم زدن میں۔ آنکھ ملنا (لازم) جاگنے کے بعد خمار دور کرنے کے لئے ہتیلیوں سے آنکھیں ملنا۔ آنکھ ملنا (لازم) آنکھیں چار ہونا۔ نظر سے نظر ملنا۔ آنکھ مندے پلے (مذکر) کتے کے بچے جن کی آنکھیں ابھی نہ کھلی ہوں ۲ حرامی بچے۔ آنکھ مند جانا یا مندنا (لازم) ۱ آنکھ بند کرنا ۲ مرجانا ۳ سوجانا (مت) آنکھ مندے پر۔ موت کے بعد۔ مرنے کے بعد۔ آنکھ مندی (مؤنث) کنواری لڑکی۔ ناسمجھ۔ بھولی (مت) آنکھ موچی دھپ (مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل (کھیلنا کے ساتھ) ایک لڑکا آنکھ بند کر کے کھڑا ہوتا ہے۔ دوسرا دھپ رگاتا ہے۔ اگر وہ بتا دے کس نے دھپ مارا ہے تو مارنے والا چور ٹھیرتا ہے۔ آنکھ موند کے کام کرنا (متعدی) آنکھ بند کر کے کام کرنا۔ آنکھ موند لینا۔ موندنا یا میچنا (متعدی) ۱ آنکھ بند کر لینا ۲ سونا ۳ مرجانا (موند کے محاورات اب متروک ہیں)۔ آنکھ موڑنا (متعدی) آنکھ پھیر لینا۔ آنکھ میلی کرنا (متعدی) ۱ بے رخی کرنا ۲ غصہ ہونا۔ آنکھ میلی نہ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) صدمے کی پروا نہ کرنا۔ صدمے سے نہ گھبرانا۔ تیور پر بل نہ آنا۔ مکدر نہ ہونا۔ آنکھ میں آنسو آنا۔ بھر آنا (لازم) بھر لانا (متعدی) بھرنا۔ ڈبڈبا آنا (لازم) یا لانا (متعدی)، یا ڈبڈبانا (لازم) آبدیدہ ہوجانا۔ رونے کے قریب ہوجانا۔ آنکھ میں ایک آنسو نہ ہونا (لازم) روتے روتے آنسو خشک ہوجانا۔

آنکھ میں آنکھ ڈالنا یا ملانا (متعدی) ۱ نظر سے نظر ملانا۔ ڈھٹائی سے دیکھنا۔ برابر دیکھتے جانا ۲ گھور کر دیکھنا ۳ شرم و لحاظ نہ کرنا۔ آنکھ میں باھنی رکھنا (متعدی)، ہونا (لازم)، آنکھوں میں گڈ آئے رہنا۔ بیماری سے پلکوں کا جھڑ جانا۔ آنکھ میں پانی اتر آنا یا اترنا (لازم) آنکھوں کی ایک بیماری ہے۔ جس میں نزلے کا پانی آنکھ کی جھلی میں آجاتا ہے۔ آنکھ میں پانی نہیں ہے۔ بالکل شرم نہیں ہے۔ آنکھ میں پٹی باندھنا (لازم) ۱ آنکھ دکھنے آتے تو دوائی ڈال کر پٹی باندھ دیتے ہیں ۲ کسی کی گردن مارنے پر بھی ایسا کرتے ہیں۔ آنکھ میں پڑنا (لازم) کوئی چیز آنکھ میں جانا۔ آنکھ میں پھلی آجانا یا پڑ جانا (لازم) آنکھ میں سفید گرہ سی پڑ جاتی ہے۔ اسے پھلی کہتے ہیں۔ بصارت جاتے رہنا۔ آنکھ میں ٹھیرنا (لازم) ۱ آنکھ میں تھوڑی دیر کے لئے ظاہر ہونا ۲ (نفی کے ساتھ) بے وقعت ہونا۔ آنکھ میں جادو ہونا (لازم) آنکھ میں ایسا اثر ہونا کہ دوسرا دیکھتے ہی عاشق ہو جائے۔ آنکھوں میں جان جی یا دم آنا (لازم) ۱ جی اٹھنا۔ بحال ہونا۔ دم ہو جانا ۲ مرنے کے قریب ہونا ۳ سخت مصیبت یا غربت میں ہونا۔ آنکھ میں جگہ کرنا (متعدی) عزیز ہو جانا۔ آنکھ میں چوب آنا۔ پڑجانا یا پڑنا (لازم) ۱ آنکھوں میں چوٹ لگنا ۲ آنکھوں میں تکلیف ہونا ۳ آنکھوں میں سرخی ہونا۔ آنکھ میں حیا نہ ہونا (لازم) بے شرم ہونا۔ ڈھیٹ ہونا۔ آنکھ میں حیا ہونا (لازم) باحیا ہونا۔ آنکھ میں خار (معلوم) ہونا (لازم) برا معلوم ہونا۔ کھٹکنا۔ ناگوار ہونا۔ آنکھ میں خمار رہنا (لازم) آنکھیں نشے سے سرخ یا نشیلی ہونا۔ آنکھ میں ڈر نہ ہونا (لازم) ڈھیٹ ہونا۔ پروا نہ کرنا۔ آنکھ میں ذرا آنسو۔ پانی سیل یا میل نہ ہونا (لازم) نہایت بے رحم ہونا۔ سخت بے مروت ہونا ۲ نہایت بے شرم ہونا۔ آنکھ میں ذرا میل نہ ہونا (لازم) ۱

دیکھو آخری ۲ تصور کرکے آنکھ ملا کر گفتگو کرنا۔ آنکھ
میں سمانا (لازم) بہت پسند آنا۔ نظروں میں بھلا
معلوم ہونا۔ آنکھ میں شرم پائی جانا (لازم) آنکھ
میں شرم ہونا (لازم) حیا ہونا۔ آنکھ میں کھبنا
(لازم) آنکھوں کو بھلا معلوم ہونا۔ پسند آنا۔ آنکھ
میں کھٹکنا (لازم) ۱ برا معلوم ہونا۔ ناگوار ہونا ۲
پسند آنا۔ آنکھ میں گھسیڑنا (متعدی) کوئی چیز
آنکھ میں چبھونا۔ آنکھ میں لگانے کو نہیں۔ آنکھ
میں گھس کر لگانے کو نہیں۔ کچھ بھی نہیں۔ ذرا بھی
نہیں۔ آنکھ میں موتیا بند ہو جانا (لازم) پانی اُتر آنا۔
آنکھ میں موتی کوٹ کوٹ کر بھرے ہونا (لازم)
بہت خوبصورت آنکھ ہونا۔ آنکھ میں نہ آنا (لازم)
نظروں میں نہ جچنا۔ حقیر ہونا۔ ذلیل ہونا۔ آنکھ
میں نیل کی سلائی پھیرنا (لازم) اندھا کر دینا
اگلے زمانے میں بادشاہ سزا دیتے تھے۔ آنکھ نہ
ناک سے درست ہے۔ اعضا میں کچھ نقص
نہیں۔ خوبصورت ہے نہ بدصورت۔ آنکھ نہ ناک
سے ڈرنا (لازم) قہرِ الٰہی سے ڈرنا۔ گناہ کی سزا
سے ڈرنا۔ آنکھ نکلوانا (متعدی) آنکھ کے ڈیلے
نکلوانا۔ اگلے زمانے میں ایسی سزائیں دی جاتی
تھیں۔ آنکھ نم کرنا (متعدی) آبدیدہ ہونا۔ آنکھ
نہ اُٹھانا (متعدی) آنکھ اُوپر نہ کرنا۔ نظر نہ اٹھانا
شرم کرنا۔ التفات نہ کرنا۔ سخت انہماک کی وجہ
سے نظر اُوپر نہ کرنا۔ آنکھ نہ اُٹھ سکنا (لازم) شرم و
ندامت سے نظر اُوپر نہ کرنا۔ آنکھ نہ پڑنا (لازم) توجہ
نہ ہونا۔ رغبت نہ ہونا۔ آنکھ نہ پسیجنا (لازم) رحم نہ آنا۔
آنسو نہ نکلنا۔ آنکھ نہ ٹھیرنا (لازم) ۱ بیقراری
سے نظر قائم نہ رہنا ۲ بہت چمکیلی یا روشن چیز پر
نگاہ قائم نہ رہنا۔ آنکھ نہ جھپکنا (متعدی) ۱
ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ شوق سے دیکھنا ۲ جاگتے
رہنا ۳ شرمندۂ احسان نہ ہونا ۴ مقابلہ کرنا۔ برابری
کرنا ۵ نظر جمی رہنا ۶ ڈھیٹ ہونا۔ بیباک ہونا۔
آنکھ نہ چھپنا (لازم) تیوروں سے مزاج کی
کیفیت ظاہر ہونا۔ آنکھ نہ ڈالنا (متعدی)
التفات نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ آنکھ نہ کھل سکنا
(لازم) دیکھ نہ سکنا۔ روشنی کی تاب نہ لا سکنا۔
آنکھ نہ کھلنا (لازم) غافل ہونا۔ ہوش نہ آنا۔
آنکھ نہ کھول سکنا (لازم) آنکھ نہ کھولنا
(متعدی) ۱ آنکھ بند رکھنا۔ شرم یا نقاہت سے
یا تصور کی حالت میں ۲ نیند سے نہ چونکنا۔ نہ جاگنا
۳ بینہ کا بند نہ ہونا۔ آنکھ نہ لگنا (لازم) ۱ جاگتے
رہنا ۲ بینہ کا لگا تار برسنا۔ آنکھ نہ ملانا (متعدی)
شرمانا۔ لجانا۔ آنکھ نہ ملاؤ۔ گریبان میں منہ
ڈالو۔ شرم کرو۔ آنکھ نہ ہلنا (لازم) پروا نہ ہونا
توجہ نہ کرنا۔ آنکھ نیچی رہنا (لازم) پروا نہ ہونا
نادم رہنا۔ آنکھ نیچی کرنا (متعدی) ۱ نیچے کی
طرف دیکھنا۔ نظر نیچی رکھنا ۲ شرمندہ ہونا۔ آنکھ
نیچی ہونا (لازم) شرمندۂ احسان ہونا۔ آنکھ
والا (صفت) ۱ بینا ۲ پہچاننے والا۔ پرکھنے والا۔
آنکھوں (مؤنث) دیکھو علیحدہ۔ آنکھ ہونا
(لازم) ۱ بصیرت ہونا ۲ آنکھ کسی طرف ہونا ۳
پرکھ ہونا ۴ نظر ہونا۔ رغبت ہونا۔ آنکھ ہے۔
نظر ہے۔ رغبت ہے۔ آنکھیں (مؤنث) دیکھو
علیحدہ۔

امثال و اقوال۔ آنکھ (اوٹ)

اوجھل پہاڑ اوجھل (اوٹ) جو چیز آنکھ
کے سامنے نہیں وہ اگر قریب بھی ہے تو دور ہے۔
آنکھ ایک نہیں کجلوٹیاں نو نو۔ بدصورت
ہے۔ مگر آرائش کا شوق بہت ہے۔ آنکھ بچی
مال دوستوں کا۔ آنکھ پھری مال یاروں
کا۔ ذرا غفلت ہوئی اور مال چوری گیا۔ بے ایمان
کی نسبت بولتے ہیں۔ جو ذرا سا موقع پاکر چیز
اُڑا لے جائے۔ آنکھ پھڑکے دہنی ماں
ملے کہ بہنی۔ آنکھ پھڑکے بائیں بیر
ملے کہ سائیں۔ دائیں آنکھ پھڑکنے پر ماں
یا بہن سے ملاقات ہوتی ہے۔ اور بائیں پر
بھائی یا خاوند سے۔ آنکھ پھوٹی پیر گئی۔
نقصان ہوا مگر جان تو چھوٹی۔ درد کا صدمہ
اُٹھانے سے اندھا ہو جانا بہتر ہے۔ آنکھ
پھوٹے گی تو کیا بھووں سے دیکھینگے
یہ وہاں بولتے ہیں جہاں یہ کہنا ہوتا ہے کہ جو
چیز جس کام کی ہے وہ کام اسی سے نکلتا ہے۔
آنکھ پھیرے طوطے کی سی بات کرے
مینا کی سی۔ رنڈی کی تعریف ہے۔ یہ باتیں تو
بہت اچھی کرتی ہے۔ مگر بڑی بے مروت ہے
آنکھ چوپٹ اندھیرے سے نفرت۔ اندھے کو
اندھیرے سے نفرت۔ غیر معمول بات۔ آنکھ کدو
ناک مدو سوہنی نام۔ برعکس نہند نام زنگی کافور
غیر موزوں نام۔ آنکھ کی بُرائی (بدی) بھوؤں
کے آگے۔ آنکھ کی برائی بھووں سے۔
آنکھ کا گلا بھووں سے۔ اس کو یا اس
کی نسبت کہتے ہیں۔ جو کسی کے سامنے اس
کے دوست یا عزیز کو بُرا کہے۔ آنکھ کے آگے
ناک سوجھے کیا خاک۔ جب کوئی شخص
دیکھ کر کام نہ کرے تو مذاقاً کہا جاتا ہے۔ آنکھ
لجائی دھی پرائی۔ وہاں بولتے ہیں۔ جہاں
نسبت آنے پر لڑکی کے وارث لڑکے والوں
کے آگے شرم سے آنکھیں نیچی کر لیتے ہیں مطلب
یہ ہے کہ ناطہ منظور ہے۔ آنکھ مندی اندھیرا
پاک۔ جب مر گئے دنیا اندھیر ہو گئی۔ آنکھ
میں آنسو نہیں اور کلیجہ ٹوک ٹوک
ظاہر میں بہت کچھ رنج و افسوس ہے۔ لیکن
دل پر اثر نہیں۔ رنج اور افسوس صرف دکھاوے
کے لئے ہے۔ ورنہ دل خوش ہے۔ آنکھ میں
تھی شرم دل کی تھی نرم۔ نہ ماننے والی
بات پاس و لحاظ سے مان لینے پر عورتیں طنزیہ
کہتی ہیں۔ آنکھ میں میل ہے اور اس
میں میل نہیں۔ بہت صاف ہے۔ آنکھ
میں شرم ہو تو دریا سے بھاری ہے
شرم و حیا سے بہت عزت اور وقار ہوتا ہے
آنکھ میں نور دانت نپور (ہ) دیکھو آنکھ میں
آنسو۔ الخ۔ آنکھ ناک مکھ موند کے نام نرنجن
لے۔ بھیتر کے پٹ جب کھلیں جب باہر
کے پٹ دے (ہ) جب سب کام چھوڑ کے
خدا کو یاد کرو تو نجات حاصل ہوتی ہے۔ آنکھ
نہ دیدہ کاڑھے کشیدہ۔ سلیقہ کچھ نہیں دعوے
بڑے بڑے۔ آنکھ نہ دیکھو بہو چاند سی
آنکھ کا خیال مت کرو۔ ویسے بیوی بہت
اچھی ہے۔ وہاں کہتے ہیں۔ جہاں بیوی یک چشم
ملے۔ آنکھ نہ ناک بنو چاند سی۔ طنزاً اس کو
کہتے ہیں جو بدشکل ہو۔ مگر آپ کو خوبصورت سمجھتی ہو
آنکھ نہیں جس کی ساکھ نہیں اُس کی
آنکھوں کے لحاظ سے عزت ہوتی ہے۔ آنکھ
ہی پھوٹی تو بھوں سے کیا کام۔ آنکھ

ہے جب تک تو خوش آتی ہے بھوں
آنکھ ہی پھوٹی تو کب بھاتی ہے بھوں
جو امر باعث تعلق تھا جب وہی نہ رہا تو تعلق کیسا۔ بیٹی مرجائے تو داماد کے ساتھ کچھ تعلق نہیں رہتا۔

آنکھوں (ہ۔مؤنث) جمع آنکھ کی۔ **آنکھوں آنکھوں میں** (نف) دیکھتے دیکھتے۔ اشاروں میں۔ **آنکھوں آنکھوں میں باتیں (ہو جانا) ہونا** (لازم) اشاروں میں باتیں ہونا۔ **آنکھوں آنکھوں میں پیے جانا** (متعدی) محبت اور پیار کی نظر سے دیکھنا۔ **آنکھوں آنکھوں میں چُرا لینا** (متعدی) اشاروں میں اُڑا لینا۔ سب کے سامنے چرا لینا۔ **آنکھوں آنکھوں میں رات کٹنا** (لازم) رات جاگتے گزرنا۔ تمام رات نہ سونا۔ **آنکھوں آنکھوں میں سحر یا صبح ہونا** (لازم) رات جاگتے گزرنا۔ **آنکھوں پر** (نف) بسروچشم منظور ہے۔ **آنکھوں پر آشوب ہونا** (لازم) آنکھیں دُکھنے آنا۔ **آنکھوں پر آئیے**۔ بڑی خوشی سے تشریف لائیے۔ **آنکھوں پر ادھوڑی (اینٹ) کی عینک لگاؤ**۔ آنکھوں کی فصدیں لو۔ **آنکھوں پر بٹھانا** (متعدی) نہایت عزت کرنا۔ **آنکھوں پر بیٹھئے**۔ بہت آؤ بھگت سے بُلانے یا کسی کے آنے کی خوشی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ **آنکھوں پر پاؤں رکھنا** (متعدی) عزیز رکھنا۔ عزت کرنا۔ **آنکھوں پر پاؤں (قدم) رکھئے**۔ آنکھوں پر آئیے۔ **آنکھوں پر پٹی باندھ لینا** (متعدی) جان بوجھ کر نہ دیکھنا۔ غافل ہونا۔ بیدرد و بیمروت ہونا۔ **آنکھوں پر پٹی باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱: قتل کے وقت مجرم کی آنکھوں پر پٹی باندھی جاتی ہے۔ ۲: کچھ نظر نہ آنا ۳: غفلت کرنا۔ بیدرد و بیمروت ہونا۔ **آنکھوں پر (پردہ) پردے پڑ جانا** (لازم) ۱: کچھ نہ سوجھنا ۲: بے خبر ہونا۔ غافل ہونا ۳: حیران ہونا۔ متحیر ہونا۔ **آنکھوں پر پردے چھوٹنا** (لازم) عقل ماری جانا (مت)۔ **آنکھوں پر تنکا رکھنا** (متعدی) دیکھو آنکھ پر الخ۔ **آنکھوں پر ٹھیکری (ٹھیکریا) رکھ لینا** (متعدی) ۱: بے شرم بن جانا۔ بے حیا ہو جانا ۲: پروا نہ کرنا ۳: بے مروت ہو جانا ۴:

جان بوجھ کر انکار کرنا ۵ بے انصافی کرنا۔ **آنکھوں پر جالا چھا گیا**۔ حق و باطل میں تمیز نہیں کرتا۔ **آنکھوں پر جگہ دینا** (متعدی) تعظیم سے پیش آنا۔ **آنکھوں پر جگہ ملنا** (لازم) تعظیم ہونا۔ **آنکھوں پر جگہ ہونا** (لازم) تعظیم ہونا۔ **آنکھوں پر جھپا پڑنا** (لازم) بیمار کی جب آنکھیں نہیں کھلتیں اور پپوٹے لٹک آتے ہیں۔ تو عورتیں کہتی ہیں۔ **آنکھوں پر چربی چھانا** (لازم) بے حیا ہونا۔ بیباک ہونا۔ **آنکھوں پر چڑھنا** (متعدی) نہایت پسند آنا۔ **آنکھوں پر دیوار اُٹھانا** (متعدی) جان بوجھ کر انکار کرنا۔ **آنکھوں پر رکھنا** (متعدی) بہت عزت کرنا۔ **آنکھوں پر رومال ہونا** (لازم) رونا۔ **آنکھوں پر رہنا** (لازم) اعزاز و اکرام کرنا۔ آنکھوں سے لگانا۔ متبرک سمجھنا۔ **آنکھوں پر زور پڑنا** (لازم)، **آنکھوں پر زور دینا یا ڈالنا** (متعدی) دیدہ ریزی کا کام کرنا۔ **آنکھوں پر غبار چھانا یا رہنا** (لازم) دھندلا دکھائی دینا۔ **آنکھوں پر غفلت کے پردے پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) غافل ہونا۔ بے خبر ہونا کچھ نہ سوجھنا۔ **آنکھوں پر قدم**۔ نہایت تواضع کی جگہ بولتے ہیں۔ **آنکھوں پر قدم رکھنا** (متعدی) پیشوائی کرنا۔ عزت سے لانا۔ **آنکھوں پر لینا** (متعدی) بہت خاطر تواضع کرنا۔ **آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا** (متعدی) ۱: جھینپ جانا۔ شرمندہ ہونا ۲: نئی دلہنیں ایسا کرتی ہیں ۳: بجلی کی چمک پر بھی ایسا کیا جاتا ہے۔ **آنکھوں (کے) تلے** (نف) آنکھوں کے سامنے۔ نظروں میں۔ **آنکھوں تلے اندھیر آنا** (لازم) تیور آ جانا۔ چکر آ جانا۔ **آنکھوں تلے پھرنا** (لازم) ہر وقت خیال رہنا۔ بار بار دھیان آنا۔ **آنکھوں تلے لہو آنا** (لازم) نہایت غصہ آنا۔ آنکھیں سُرخ ہو جانا۔ **آنکھوں خاک** (نف) چشم بد دور۔ **آنکھوں دیکھا** (صفت) خود دیکھا ہُوا۔ **آنکھوں دیکھتے** (نف) خود دیکھتے ہوئے **آنکھوں دیکھنا** (لازم) خود دیکھنا۔ **آنکھوں دیکھے کی بات ہے**۔ چشم دید بات ہے۔ **آنکھوں دیکھی ہوئی چیز** (مؤنث) خود دیکھی ہوئی چیز۔ **آنکھوں دیکھے نہ کانوں سُنے** (نف) بہت عجیب۔ بالکل نئے۔ **آنکھوں سے** (نف) بسروچشم بہت بہتر۔ بہت خوشی سے۔ **آنکھوں سے آنسو برسنا یا بہنا** (لازم) آنسو جاری ہونا۔ **آنکھوں سے آنسو ٹپ ٹپ جاری ہونا یا گرنا ٹپک پڑنا یا ٹپکنا** (لازم) آنسو گرنا یا نکلنا۔ رو پڑنا۔ **آنکھوں سے آنسو جاری ہونا یا رواں ہونا** (لازم) آنسو جاری ہونا۔ **آنکھوں سے آنسو گر پڑنا یا گرنا** (لازم) بے اختیار آنسو نکل آنا۔ رو پڑنا۔ **آنکھوں سے آنسو نکل آنا یا نکلنا** (لازم) آنسو جاری ہونا۔ **آنکھوں سے آنسو نہ تھمنا** (لازم) بے اختیار آنسو بہنا۔ سخت غم ہونا۔ **آنکھوں سے آنکھیں بندھنا** (لازم) محبت ہونا (مت)۔ **آنکھوں سے آنکھیں لڑنا** (لازم) ۱: نگاہیں چار ہونا ۲: عاشق ہونا۔ **آنکھوں سے آنکھیں ملنا** (لازم) آنکھیں چار ہونا۔ نظر ملنا۔ **آنکھوں سے اُتر جانا یا اترنا** (لازم) بے وقعت ہو جانا۔ ذلیل ہو جانا۔ حقیر ہو جانا۔ **آنکھوں سے اُٹھانا** (متعدی) تعظیم سے اُٹھانا۔ شوق سے اٹھانا۔ **آنکھوں سے اشارے کرنا** (متعدی) آنکھ کے اشاروں سے کوئی بات جتانا۔ آنکھ مارنا۔ **آنکھوں سے اشک پاک کرنا** (متعدی) آنسو پوچھنا۔ **آنکھوں سے اشک ٹپکانا** (متعدی) **ٹپکنا یا جاری ہونا** (لازم) آنسو نکل آنا یا بہنا۔ **آنکھوں سے اشکوں کا تار بندھنا** (لازم) دریا بہانا (متعدی)، **بہنا یا جاری ہونا** (لازم) بہت آنسو جاری ہونا۔ سخت رونا۔ **آنکھوں سے اوٹ (اوجھل) ہونا** (لازم) سامنے نہ ہونا۔ نظر سے غائب ہونا۔ **آنکھوں سے باراں برسنا** (لازم) آنسوؤں کا لگاتار نکلنا۔ رونا۔ **آنکھوں سے بجا لانا** (متعدی) نہایت خوشی سے حکم کی تعمیل کرنا۔ **آنکھوں سے بُلانا** (متعدی) اشارے سے بُلانا۔ **آنکھوں سے بلائیں لینا** (متعدی) اشاروں سے صدقے جانا۔ **آنکھوں سے بہ جانا** (لازم) آنسو بن کر نکل جانا۔ **آنکھوں سے بھی کبھی دیکھی ہے**۔ کبھی میسر بھی آئی ہے۔ تم اِس کی قدر کیا جانو۔ **آنکھوں سے پائے یا پاؤں**۔ عورتوں کی قسم۔ آنکھیں پھوٹیں۔ **آنکھوں سے پٹی باندھنا** (متعدی) دیکھو آنکھوں پر پٹی باندھنا۔ **آنکھوں سے پردہ اُٹھا دینا**۔ اُٹھانا (متعدی)، **اُٹھ جانا یا اُٹھنا** (لازم) غفلت دُور ہو جانا۔ اصلیت کا نظر آنا۔

آنکھوں سے پسینہ ٹپکنا (لازم) گرمی کی شدت سے پسینہ آنکھوں کے گرد جمع ہو کر ٹپکنے لگتا ہے۔ آنکھوں سے پنہاں ہو جانا یا ہونا (لازم) مر جانا۔ آنکھوں سے پہچاننا (متعدی) ۱؎ آنکھیں ملنے پر معلوم کر لینا کہ کون ہے ۲؎ آنکھیں دیکھ کر دل کی حالت معلوم کر لینا۔ آنکھوں سے پھول اُٹھانا (متعدی) ایک کھیل ہے۔ جس میں ایک دوسرے کی طرف پھول پھینکے جاتے ہیں۔ جس کے ہاتھ سے گر جائے وُہ آنکھ سے اُٹھاتا ہے۔ آنکھوں سے تلوے سہلانا (متعدی) بہت آرام دینا۔ نہایت خدمت کرنا۔ آنکھوں سے ٹکر ٹکر دیکھنا (متعدی) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ مگر کچھ نہ کہنا۔ آنکھوں سے ٹپکنا (لازم) آنکھوں سے ظاہر یا معلوم ہونا۔ آنکھوں سے جان نکلنا (لازم) انتظار میں مرنا۔ شوقِ دیدار میں مرنا۔ آنکھوں سے جُدا ہونا (لازم) نظروں سے غائب ہونا۔ آنکھ سے الگ ہونا یا ہٹنا۔ آنکھوں سے چربی اُتر جانا یا اُترنا (لازم) غفلت دُور ہونا۔ ہوش آنا۔ آنکھوں سے چلنا (لازم) شوق سے چلنا۔ آنکھوں سے چُن کر اُٹھانا (متعدی) نہایت تعظیم سے اُٹھانا۔ آنکھوں سے چنگاریاں نکلنا (لازم) ۱؎ بہت جی جلنا ۲؎ سخت ناراض ہونا۔ آنکھوں سے چوب جاتی رہنا یا جانا (لازم) دیکھو آنکھ سے چوب الخ آنکھوں سے چوب جھاڑنا۔ دیکھو آنکھ سے چوب الخ آنکھوں سے چُھپ جانا یا چُھپنا (لازم) ۱؎ نظر نہ آنا ۲؎ مر جانا۔ آنکھوں سے حال دیکھنا (لازم) ساری حالت خود بخود ملاحظہ کرنا۔ آنکھوں سے حجاب اُٹھانا (متعدی) اُٹھ جانا یا اُٹھنا (لازم) آنکھوں سے پردہ اُٹھ جانا۔ آنکھوں سے خدمت کرنا (متعدی) بے حد ٹہل کرنا۔ آنکھوں سے خون آنا۔ بہنا۔ جاری ہونا۔ کا دریا بہنا یا گرا کرنا (لازم) سخت رونا یا گریہ کرنا۔ آنکھوں سے خون برسنا یا ٹپکنا (لازم) لہو کے آنسو رونا ۲؎ تیور خونخوار ہونا۔ آنکھوں سے دریا بہا دینا۔ بہانا (متعدی) بہنا یا جاری یا رواں ہونا (لازم) بہت رونا۔ آنکھوں سے دریا جانا (لازم) آنکھوں سے دریا بہنا۔ آنکھوں سے دکھا دینا یا دکھانا (م) دیکھنا (متعدی) سامنے نظر آنا۔ ثابت ہو جانا۔ آنکھوں سے دکھلانا (م) سامنے کر دینا۔ آنکھوں سے دم نکلنا یا رواں ہونا (لازم) آنکھوں سے جان نکلنا۔ آنکھوں سے دور ہو مگر دل سے نزدیک ہو۔ گو دُور ہو مگر ہر وقت یاد رہتے ہو۔ گو آنکھوں سے اوجھل ہو مگر ہر وقت تصوّر میں رہتے ہو۔ آنکھوں سے دُور ہونا (لازم) دیکھو آنکھوں سے جُدا ہونا۔ آنکھوں سے دیکھا جو کانوں سے کبھی سُنا نہ تھا؛ نئی بات پیش آئی ۲؎ آنکھوں سے دیکھا جو کبھی دیکھا نہ تھا۔ عجیب وغریب یا بُری بات دیکھی۔ آنکھوں سے دیکھا نہ کانوں سے سُنا۔ نہ دیکھا نہ سُنا۔ آنکھوں سے دیکھنا (متعدی) خود دیکھنا۔ آنکھوں سے ڈرنا (لازم) دوسرے کی آنکھوں کی طرف دیکھ کر خوف کھانا۔ آنکھوں سے رومال نہ سرکنا یا ہٹنا (لازم) ہر وقت روتے رہنا۔ آنکھوں سے زمانہ دیکھا ہے۔ ہوشیار ہے۔ تجربہ کار ہے۔ آنکھوں سے (نہیں سوجھتا) سوجھتا نہیں ہے۔ اندھا ہے۔ دکھائی نہیں دیتا۔ آنکھوں سے سوجھنا (لازم) دکھائی دینا۔ نظر آنا۔ آنکھوں سے شرم ولحاظ جانا رہنا (لازم) پاس ادب نہ رہنا۔ بے شرم ہو جانا۔ آنکھوں سے شعلے اُٹھنا یا نکلنا (لازم) آنکھوں میں بہت گرمی ہونا یا سوزش ہونا۔ آنکھوں سے طوفان اُٹھنا یا بپا ہونا (لازم) بہت رونا۔ آنکھوں سے ظاہر ہونا (لازم) حالت کا آنکھوں سے معلوم ہو جانا۔ آنکھوں سے عزیز سمجھنا یا ہونا (لازم) نہایت محبوب ہونا۔ آنکھوں سے غائب ہو جانا (لازم) چلے جانا۔ نظروں سے پوشیدہ ہو جانا۔ آنکھوں سے غفلت کے پردے اُٹھ جانا (لازم) ہوش میں آنا۔ اصلیت جان لینا۔ آنکھوں سے غیرت بہ جانا (لازم) غیرت جاتی رہنا۔ آنکھوں سے قبول ہے۔ دل وجان سے منظور ہے۔ آنکھوں سے قدم لگانا (متعدی) آنکھیں پاؤں سے ملنا۔ آنکھوں سے کبھی دیکھی نہیں ہے۔ دیکھو آنکھ الخ آنکھوں سے کسی چیز کو لگانا (متعدی) پیار ومحبت سے دیکھنا۔ عظمت اور تقدس کی نظر سے دیکھنا۔ آنکھوں سے کوڑی نہیں دیکھی ہے۔ سخت غریب ہے۔ سخت محتاج ہے۔ آنکھوں سے کوئی کام کرنا (متعدی) نہایت رغبت یا شوق سے کوئی کام کرنا۔ آنکھوں سے کیفیت دیکھنا (لازم) حالت خود دیکھنا۔ آنکھوں سے گرا دینا یا گرانا (متعدی) گر جانا یا گرنا یا گرا ہونا (لازم) بے اعتبار ہونا۔ نظروں سے گرنا۔ آنکھوں سے لگا (کے) رکھنا (متعدی) ۱؎ بہت عزیز رکھنا ۲؎ حفاظت سے رکھنا ۳؎ متبرک سمجھنا ۴؎ نہایت محبت سے رکھنا۔ آنکھوں سے لگانا (متعدی) پیار محبت یا تقدس کی وجہ سے آنکھوں سے کسی چیز کو چھونا۔ آنکھوں سے لہو آنا (لازم) بہت رونا۔ آنکھوں سے لہو برسنا یا ٹپکنا (لازم) آنکھوں سے خون برسنا۔ آنکھوں سے مَس کرنا (متعدی) آنکھوں سے چھونا۔ آنکھوں سے مجبور یا معذور (صفت) اندھا (کرنا ہونا کے ساتھ) آنکھوں سے مخفی ہونا (لازم) چھپ جانا۔ غائب ہو جانا۔ آنکھوں سے ملاحظہ کرنا (لازم) خود دیکھنا آنکھوں سے ملنا (لازم) آنکھوں سے لگانا۔ آنکھوں سے موہنی پیدا کرنا (لازم) آنکھوں سے عشق کے آثار ظاہر ہونا۔ آنکھوں سے نابینا پیدا ہونا (لازم) اندھا پیدا ہونا مادر زاد اندھا ہونا۔ آنکھوں سے ناپدید ہونا (لازم) ۱؎ نظر نہ آنا۔ چھپ جانا ۲؎ مر جانا۔ آنکھوں سے نیل ڈھل جانا یا ڈھلنا (لازم) مرتے وقت جو چند قطرے پانی کے آنکھوں سے نکلتے ہیں، انہیں نیل کہتے ہیں۔ مرنے کے قریب ہونا۔ آنکھوں سے نہاں ہونا (لازم) نظر نہ آنا۔ آنکھوں سے نیند اُڑ جانا (لازم) نیند نہ آنا۔ نیند اُچٹ جانا۔ آنکھوں سے ہاتھ دھو بیٹھنا یا دھونا (متعدی) نورِ بصارت سے ہاتھ دھو بیٹھنا اندھا ہونا۔ آنکھوں کا اشارہ (مذکر) وہ اشارہ جو آنکھوں سے کیا جائے۔ آنکھوں کا اندھا (صفت) جسے نظر نہ آئے۔ آنکھوں کا اندھا گانٹھ کا پورا۔

بیوتوف ابیرآدی۔ آنکھوں کا آنسو (مذکر) وہ آنسو
جو آنکھوں سے ٹپکے۔ آنکھوں کا برسنا (لازم) زار زار
رونا۔ آنکھوں کا پانی بہنا (لازم) آنسو جاری ہونا
آنکھوں کا پانی بہ (ڈھل) جانا (لازم) بے مروت
ہوجانا۔ بے دید ہوجانا۔ آنکھوں کا پردہ اُٹھ جانا
یا جاتا رہنا (لازم) شرم و حیا نہ رہنا۔ حجاب نہ رہنا۔
۔ آنکھوں کا پوچھنا (متعدی) آنکھوں کا اشارے
سے کوئی بات دریافت کرلینا۔ آنکھوں کا تارا (مذکر)
دیکھو آنکھ کا تارا (سمجھنا کے ساتھ) آنکھوں کا تیل
نکالنا (متعدی) دیدہ ریزی کرنا۔ آنکھوں کا جاتے
رہنا (لازم) اندھا ہوجانا۔ آنکھوں کا جادو (مذکر)
نگاہ کا اثر۔ آنکھوں کا (ساون کی) جھڑی لگانا
(متعدی) لگاتار رونا۔ آنکھوں کا جھمکا (مذکر) آنسوؤں
کی جھڑی (مت) آنکھوں کا چلنا (لازم) گردش چشم
ہونا۔ آنکھوں کا چلنا پھرنا (لازم) شوخی سے نظر
کا ایک جگہ نہ رہنا۔ آنکھوں کا خمار (مذکر) نیند
یا نشے کی وجہ سے آنکھوں کا سُرخ یا مست ہوجانا
آنکھوں کا دریا بہانا (متعدی) بہت رونا۔
آنکھوں کا ڈھیٹ ہونا (لازم) آنکھیں
ڈھیٹ ہونا۔ آنکھوں کا ڈھونڈھنا (متعدی)
کسی کی دید کا مشتاق ہونا۔ آنکھوں کا رو بیٹھنا
(لازم) آنکھیں کھو بیٹھنا۔ اندھا ہوجانا۔ آنکھوں کا
رونا (لازم) ۱ آنسو بہانا ۲ آنکھوں کی شکایت کرنا۔
بینائی کے جانے کا افسوس کرنا۔ آنکھوں کا سحر
(مذکر) دیکھنے کا اثر۔ مفتون بنا لینے یا نظر لگانے میں۔
آنکھوں کا کاجل چرانا (متعدی) چالاکی کرنا
بہت چالاک ہونا۔ آنکھوں کا کھٹکنا (لازم)
آنکھوں کا دُکھنا آنکھوں کا کھو بیٹھنا (لازم)
اندھا ہوجانا۔ آنکھوں کا کہے دینا (لازم)
دل کی حالت کا آنکھوں سے ظاہر ہونا۔ آنکھوں
کا گھورنا (لازم) غُصّے کی نظر سے دیکھنا۔ آنکھوں
کا لہو برسانا یا رونا (متعدی) بہت رونا۔
آنکھوں کا لہو (کی بوٹی) ہوجانا (لازم)
رونے سے آنکھوں کا بہت سُرخ ہوجانا۔ آنکھوں
کا ناسور ہوجانا (لازم) آنسو نہ تھمنا۔
آنکھوں کا نُور (مذکر) ۱ بصارت ۲ اولاد۔
آنکھوں کا نُور اُڑ جانا۔ جاتا رہنا یا
تباہ ہوجانا (لازم) اندھا ہوجانا۔ آنکھوں
کا نُور کھو دینا (متعدی) اندھا کر دینا۔
آنکھوں کا نیر اُڑ جانا (لازم) نیند نہ آنا۔
آنکھوں کا نیل ڈھل جانا (لازم) دیکھو
آنکھوں سے نیل ڈھل جانا۔ آنکھوں کو انتظار
ہونا (لازم) دید کا اشتیاق ہونا۔ آنکھوں
کو بصارت حاصل ہونا (لازم) خوشی ہونا۔
کسی چیز کے دیکھنے سے۔ آنکھوں کو تاب
نہ ہونا (لازم) دیکھ نہ سکنا۔ آنکھوں کو چکا چوندی
آنا (لازم) روشنی کے سامنے نہ ٹھیرنا۔ آنکھوں
کو ٹھنڈک دینا (متعدی) خوش کرنا۔ فرحت
دینا۔ آنکھوں کو رو بیٹھنا (متعدی) آنکھوں
سے معذور ہونا۔ بینائی جاتے رہنا۔ آنکھوں
کو روشنی دینا (متعدی) ۱ خوشی حاصل کرنا ۲
دیکھنا۔ آنکھوں کو روگ دینا (متعدی) ہونا
(لازم) آنکھوں کا کسی بات کا عادی ہونا چسکا پڑجانا
آنکھوں کو سُکھ (مذکر) خوشی۔ لطف۔ آنکھوں
کو فرش کرنا (متعدی) دیکھو آنکھیں بچھانا۔
آنکھوں کو کھونا (متعدی) اندھا ہونا۔
آنکھوں کے آگے یا سامنے (تف)
نظر کے سامنے۔ آنکھوں کے آگے
آنا (لازم) سامنے آنا۔ آنکھوں کے آگے
آئے (بددعا) اندھا ہوجائے۔ آنکھوں
کے آگے (سامنے) اُٹھ جانا (لازم) کسی کی
زندگی میں کسی کا مرجانا۔ دیکھتے دیکھتے تباہ ہو
جانا۔ آنکھوں کے آگے (سامنے) اندھیر آنا یا
آجانا یا چھا جانا (لازم) کچھ نہ سوجھنا۔ چکر آجانا۔
دُنیا اندھیر ہوجانا یا تیرہ و تار ہوجانا۔ صدمہ یا
غُصّہ کی حالت میں کچھ نظر نہ آنا۔ آنکھوں کے
آگے (سامنے) پھر جانا یا پھرنا (لازم) تصوّر
یا خیال میں آجانا۔ آنکھوں کے آگے (سامنے)
تارے چھٹکنا یا تارے چھٹنا (لازم) آنکھوں
کے سامنے ذرات نظر آنا (ضعف یا صدمے
میں ایسا ہوتا ہے) آنکھوں کے آگے (سامنے)
جہان تاریک ہونا (لازم) نہایت غصّہ یا غم
کی حالت میں کچھ نظر نہ آنا۔ آنکھوں کے
آگے چاندنا ہوجانا (لازم) نہایت کمزوری
کے سبب ذرات نظر آنا۔ آنکھوں کے آگے
سے اُٹھ جانا (لازم) مرجانا۔ آنکھوں کے
آگے سے الوپ ہوجانا (لازم) نگاہ سے
اس طرح غائب ہوجانا کہ پتہ نہ لگے۔ آنکھوں
کے آگے سیاہ چادر پڑنا (لازم) مغرور ہوجانا
آنکھوں کے آگے سے چرانا (متعدی)
سامنے سے چرا لینا آنکھوں کے آگے کا معاملہ
(مذکر) خود دیکھی ہوئی بات۔ آنکھوں کے آگے
(سامنے) کی بات (مؤنث) خود دیکھی ہوئی بات
آنکھوں کے آگے موت (کی تصویر) پھرنا
(لازم) مرنے کا خطرہ ہونا۔ آنکھوں کے اندھے
(صفت)۔ بیوقوف۔ بے شعور۔ آنکھوں کے
بل یا بھل (تف) ادب سے۔ شوق سے
(چلنا کے ساتھ) آنکھوں کی بینائی (مؤنث)
بصارت۔ آنکھوں کی پتلی مونث) ۱ آنکھ کا
تارا ۲ عزیز۔ بہت پیارا آنکھوں کی پُتلیاں
(مؤنث) آنکھوں کی سیاہی۔ آنکھوں کے پردے
(مذکر) آنکھ کی سات جھلّیاں۔ آنکھوں کے
پردے گلابی ہونا (لازم) رونے کی وجہ سے
آنکھیں سُرخ ہوجانا۔ آنکھوں کی تری
(مؤنث) آنکھوں کی نمی۔ آنکھوں کے تِل (مذکر)
وہ چھوٹے چھوٹے نقطے جو آنکھوں کی سیاہی میں
ہوتے ہیں۔ آنکھوں کے تِل سفید ہونا
(لازم) پتلیاں پتھرا جانا۔ آنکھوں کے تلے
اندھیر آنا (لازم) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا۔
آنکھوں کے آگے تتلیاں اُڑنا (لازم)
آنکھ کے آگے تارے چھٹکنا۔ آنکھوں کی
ٹھنڈک (صفت) نہایت عزیز۔ آنکھوں
کے حلقے (مذکر) گڑھے جو ڈھیلے کے گرد
پڑ جاتے ہیں۔ آنکھوں کی چل پھر چلت
پھرت (مؤنث) شوخی۔ پھرتی۔ نظر کا ایک جگہ
نہ ٹھیرنا۔ آنکھوں کی دوا کرو ۱ عقل و تمیز
حاصل کرو۔ دیکھنے کی لیاقت پیدا کرو ۲ جب کسی
کو سامنے پڑی چیز دکھائی نہیں دیتی تو مذاق
سے کہتے ہیں۔ آنکھوں کے ڈورے (مذکر)
آنکھوں کی لال لال رگیں۔ آنکھوں کے ڈھیلے
(مذکر) دیدے۔ آنکھوں (کی راہ) کے
راستے دل میں اُتر آنا یا در آنا (لازم) نظروں
میں سما کے دل پر اثر کرنا۔ آنکھوں کی راہ
(کے رستے) (سے) دم نکلنا یا نکل جانا
(لازم) مرنے کے بعد آنکھیں کُھلی رہ جانا۔ حسرتِ دید
یا انتظار یا شوقِ ملاقات میں مرنا۔ آنکھوں کے

رو برو یا سامنے (نف) دیکھتے دیکھتے۔ موجودگی میں۔ آنکھوں کی روشنی (مؤنث) نظر (باقی ہونا قائم رہنا کے ساتھ) آنکھوں کے سامنے آجانا (لازم) روبرو آجانا آنکھوں کے سامنے پردہ (پردے) آجانا (لازم) کسی چیز کا اوٹ ہو جانا۔ آنکھوں کے سامنے تصویر آنا یا نقشہ پھرنا (لازم) تصور میں شکل نظر آنا۔ آنکھوں کے سامنے رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) ۱ نظر کے سامنے رہنا ۲ نگرانی میں رہنا۔ آنکھوں کے سامنے سے چرانا (متعدی) بہت چالاکی یا عیاری سے چرانا سامنے سے اڑا لینا۔ آنکھوں کے سامنے سے (الوپ۔ تلپٹ) غائب ہو جانا (لازم) بہت جلد چھپ جانا۔ آنکھوں کے سامنے سے نہ ہٹنا (لازم) ہر وقت نگاہ کے سامنے رہنا۔ کسی وقت دھیان سے نہ نکلنا۔ کسی دم خیال سے دور نہ ہونا۔ آنکھوں کے سامنے (آگے) کی بات (مؤنث) خود دیکھی بات۔ آنکھوں کے سامنے موت پھرنا (لازم) موت نظر آنا۔ موت کا وقت قریب ہونا۔ آنکھوں کے سامنے موجود ہونا (لازم) کسی چیز کا سامنے نظر آنا۔ آنکھوں کے سامنے ناپائیداری دنیا پھر جانا (لازم) دنیا کی کوئی وقعت نہ رہنا۔ آنکھوں کے سامنے ہونا (لازم) دکھائی دینا۔ نظر آنا۔ آنکھوں کے سپل (مؤنث) دیکھو آنکھ کی سپل۔ آنکھوں کی سفیدی (مؤنث) آنکھ کے ڈھیلے کا سفید حصہ۔ آنکھوں کی سیاہی (مؤنث) پتلی۔ آنکھوں کی سیاہی کا سفید ہونا (لازم) موت کے آثار ہونا۔ آنکھوں کی سیاہی میں سفیدی آنا (لازم) موتیا بند ہو جانا۔ آنکھوں کی صفائی (مؤنث) چالاکی شوخی۔ ڈھٹائی۔ بے مروتی۔ آنکھوں کے عارضے (مذکر) آنکھوں کی بیماریاں۔ آنکھوں کی فصدیں کھلواؤ یا لو۔ لیاقت پیدا کرو۔ آنکھوں کی قسم۔ عورتوں کی قسم۔ آنکھوں کی گردش (مؤنث) دیکھو آنکھ کی گردش آنکھوں کے گڑھے (مذکر) وہ گہراؤ جو لاغری سے آنکھوں کے گرد پڑ جاتے ہیں۔ آنکھوں کے ناخن لو۔ ناخنہ آنکھوں کی ایک قسم کی بیماری ہے۔ عقل سیکھو۔ لیاقت حاصل کرو۔ آنکھوں کے نیچے اندھیرا آجانا۔ آنا۔ چھا جانا یا چھانا

(لازم) آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔ آنکھوں کے نیچے بجلی سی (برق) چمک جانا (لازم) آنکھوں کو جھپکا دینے والی چیز یکایک نظر پڑنا کسی چیز کی آب و تاب سے نظر کا خیرگی کرنا۔ آنکھوں کے نیچے پھر جانا یا پھرنا (لازم) آنکھوں کے آگے پھرنا۔ آنکھوں کی یاد (مؤنث) معشوق کی آنکھوں کا دھیان۔ معشوق کا خیال۔ آنکھوں میں آشوب ہونا (لازم) آنکھیں دکھنے آنا۔ آنکھوں میں آنا (لازم) نظروں میں سمانا۔ آنکھوں میں آنسو بھر آنا (لازم) آنسو نکل آنا۔ آنکھوں میں آنسو بھر لانا یا بھرنا یا بھرے ہونا (لازم) رونے کے قریب ہونا۔ آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا آنا یا ڈبڈبانا (لازم) آنسو نکل آنا۔ آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا (متعدی) دیکھو آنکھ میں الخ آنکھوں میں اشارے ہونا (لازم) اشاروں میں مطلب ادا ہونا۔ آنکھوں میں اشک بھر آنا یا بھرے ہونا (لازم) رونے کے قریب ہونا۔ آنکھوں میں اعجاز ہونا (لازم) آنکھوں میں تسخیر کا اثر ہونا آنکھوں میں انتظار ہونا (لازم) آنکھوں کو انتظار ہونا۔ آنکھوں میں (اندھیارا) اندھیرا آجانا۔ آنا۔ چھا جانا۔ چھانا یا ہونا (لازم) آنکھوں کے آگے اندھیرا آجانا۔ آنکھوں میں باتیں کرنا (متعدی) ہونا (لازم) اشاروں میں باتیں ہونا۔ آنکھوں میں بجلی سی چمک جانا (لازم) دیکھو آنکھوں کے نیچے بجلی سی چمک جانا۔ آنکھوں میں بسنا (لازم) تصور میں رہنا۔ نظروں میں سمانا۔ آنکھوں میں بصارت ہونا (لازم) ۱ نظر یا بینائی کی طاقت ہونا ۲ خوشی ہونا۔ آنکھوں میں بہار آنا۔ پھولنا یا بہار چھانا (لازم) نگاہوں سے خوشی ٹپکنا۔ دل شگفتہ ہونا۔ آنکھوں میں بھرا ہونا (لازم) کوئی حالت آنکھوں سے ظاہر ہونا۔ جیسے غصہ۔ حیا۔ محبت۔ آنکھوں میں بھرنا (متعدی) کوئی چیز آنکھوں میں ڈالنا۔ آنکھوں میں بیٹھنا (لازم) ۱ کھٹکنا ۲ آنکھوں میں سما جانا۔ آنکھوں میں پالنا (متعدی) محبت سے پرورش کرنا۔ ناز و نعم سے رکھنا۔ آنکھوں میں پانی بھرنا (لازم) آنسو

بھر لانا۔ آنکھوں میں پردے پڑ جانا (لازم) ڈال دینا (متعدی) غافل کر دینا۔ دھوکا دینا۔ آنکھوں میں پھر جانا (لازم) تصور میں رہنا۔ نقشہ خیال میں سامنے آجانا۔ آنکھوں میں پھرنا یا پھرا کرنا (لازم) ہر وقت کسی کا خیال رہنا۔ آنکھوں میں پھیکا لگنا (لازم) برا معلوم ہونا۔ آنکھوں میں پی جانا یا پیئے جانا (لازم) شوق یا رغبت سے دیکھنا۔ گھورنا بنظر خواہش دیکھنا۔ آنکھوں میں تاریکی چھانا (لازم) آنکھوں میں اندھیرا چھانا۔ آنکھوں میں تاڑ لینا (متعدی) نگاہوں سے سمجھ لینا۔ آنکھوں میں ترمرے پڑنا (لازم) آنکھوں کے آگے تارے چھٹکنا۔ آنکھوں میں تری ہونا (لازم) آنسو بھرے ہونا۔ آنکھوں میں تصور بندھنا (لازم) کسی چیز کا خیال پیش نظر ہونا۔ آنکھوں میں تصور پھرنا (لازم) ہر وقت کسی بات کا خیال رہنا۔ آنکھوں میں تصویر پھرنا (لازم) تصور میں شکل نظر آنا۔ آنکھوں میں تکلے چبھونا (متعدی) سخت تکلیف دینا۔ آنکھوں میں تل بیٹھنا (لازم) آنکھوں میں سما جانا۔ آنکھوں میں تلنا (لازم) نظر میں جچنا۔ آنکھوں میں تولنا (متعدی) جانچنا۔ اندازہ کرنا۔ آنکھوں میں نیل لگانا (متعدی) نیل لگانے سے آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ بہانہ بنانا۔ آنکھوں میں تیور آنا (لازم) آنکھوں میں اندھیرا آجانا۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پڑنا (لازم) جی خوش ہونا۔ آنکھوں میں ٹھیرنا (لازم) اچھا معلوم ہونا۔ آنکھوں میں ٹیسو پھولنا (لازم) زرد ہی زرد نظر آنا۔ خوشی کا سماں پھرنا۔ آنکھوں میں جادو بھرا ہونا) جگایا ہوا جادو ہونا (لازم) نگاہ میں تسخیر کا اثر ہونا۔ آنکھوں میں جان آنا (لازم) ۱ جی کو راحت پہنچنا۔ طبیعت خوش ہونا ۲ مرنے کے قریب ہونا۔ آنکھوں میں جان اٹکنا۔ اڑنا۔ ٹھیرنا یا ہونا (لازم) حسرت دیدار میں جان نہ نکلنا۔ انتظار دید میں دم کا آنکھ میں رک رہنا۔ آنکھوں میں جچنا (لازم) پسند ہونا۔ باوقعت ہونا۔ آنکھوں میں جگہ دینا (متعدی) عزیز سمجھنا۔ قدر کرنا۔ تعظیم کرنا۔ آنکھوں میں

جگہ پانا یا ہونا (لازم) عزیز ہونا۔ آنکھوں میں
جلن ہونا (لازم) آنسوؤں کی وجہ سے آنکھوں
میں سوزش ہونا۔ آنکھوں میں جہان (عالم)
اندھیر۔ تاریک یا سیاہ ہوجانا یا ہونا
(لازم) سخت صدمہ پہنچنا۔ آنکھوں میں جی آنا
(لازم) مرنے کے قریب ہونا۔ آنکھوں میں جی
کچھ آنا یا ہونا ر آنکھوں میں جان اٹکنا۔ آنکھوں
میں خچبنا (لازم) ! بھلا معلوم ہونا۔ پسند آنا ؛ کھٹکنا
ناگوار ہونا۔ آنکھوں میں چُرا لینا یا چُرانا
(متعدی) سامنے سے اُڑا لینا۔ آنکھوں میں
چربی چھاجانا یا چھانا (لازم) ! بصارت کم
ہوجانا ! مغرور ہوجانا ؛ اچھے بُرے میں تمیز نہ کرسکنا
؛ پس و پیش نہ سمجھنا۔ آنکھوں میں چرھنا (لازم)
اچھا لگنا۔ آنکھوں میں چکا چوند آنا یا ہونا
(لازم) چمک سے آنکھ جھپکنا۔ آنکھوں میں چلنا
(لازم) آنکھوں کے اشارے پر کام کرنا۔ کمال اطاعت
کرنا۔ آنکھوں میں چلے آنا (لازم) آنکھوں میں
بس جانا۔ آنکھوں میں چوب آنا۔ پڑجانا۔
پڑنا (لازم) دیکھو آنکھ۔ آنکھوں میں چھانا
(متعدی) آنکھوں میں ایسا سما جانا کہ اور کچھ نہ سوجھے
آنکھوں میں حقیر کر دینا (متعدی) ہونا (لازم)
نظروں سے گر جانا۔ آنکھوں میں حلقے پڑجانا
یا پڑنا (لازم) کمال ضعف اور ناتوانی سے آنکھوں
کا اندر گڑھ جانا۔ آنکھوں میں حیا نہ ہونا (لازم)
بے شرم یا ڈھیٹ ہونا۔ آنکھوں میں خار
گزرنا۔ معلوم ہونا یا ہونا (لازم) بُرا معلوم ہونا۔
ناپسند ہونا۔ باعثِ تکلیف ہونا۔ آنکھوں میں
خاک ! چشم بد دُور ؛ جہاں نظر لگنے کا ڈر ہو کہا
جاتا ہے۔ آنکھوں میں خاک ڈال کر لیجانا
(لازم) دھوکا دے کرلے جانا۔ آنکھوں میں خاک
ڈالنا یا جھونکنا (متعدی) ! دھوکا دینا ؛ کھلی ہوئی
بات سے انکار کرنا ؛ دغا یا چالاکی سے کوئی چیز لے لینا
آنکھوں میں خاک (کی چٹکی) بھی نہ ڈالوں
(م) کچھ بھی نہ دُوں۔ آنکھوں میں خاک لگانا
(متعدی) کسی مقام کی خاک کو متبرک سمجھ کر آنکھوں میں
لگانا۔ آنکھوں میں خمار ہونا (لازم) نشے یا نیند
سے آنکھیں چڑھی ہونا۔ آنکھوں میں خواب آنا
(لازم) نیند آنا۔ آنکھوں میں خوار ہونا (لازم)

ذلیل ہونا۔ آنکھوں میں خون اُتر آنا یا اُترنا
(لازم) نہایت غضبناک ہونا۔ غصّے کے مارے
آنکھیں سُرخ ہونا۔ آنکھوں میں خون برسنا
(لازم) صورت سے خونخواری ظاہر ہونا۔ آنکھوں
میں خیال پھرنا (لازم) ہر وقت یاد رہنا۔ آنکھوں
میں دل لُبھانا (متعدی) ناز معشوقانہ سے فریفتہ
کرلینا۔ آنکھوں میں دم آجانا یا آنا (لازم)
قریب المرگ ہوجانا۔ آنکھوں میں دم اٹکنا۔
آ رہنا یا ٹھیرنا (لازم) آنکھوں میں جان اٹکنا۔
آنکھوں میں دم لانا (متعدی) قریب المرگ
کرنا۔ نیم جان کرنا۔ آنکھوں میں دم ہونا (لازم)
قریب المرگ ہونا۔ آنکھوں میں دن (روز روشن)
تاریک تیرہ و تار ہونا۔ بے حد صدمہ یا غم
پہنچنا۔ آنکھوں میں دُنیا سیاہ۔ اندھیر یا
تاریک ہونا (لازم) صدمہ یا غم کی وجہ سے کچھ نہ
سُجھائی دینا۔ آنکھوں میں دھول ڈالنا (متعدی)
دھوکا دینا۔ آنکھوں میں ڈر نہ ہونا (لازم)
بیخوف۔ ڈھیٹ یا نڈر ہونا۔ آنکھوں میں رات
کاٹنا یا گزارنا (متعدی) کٹنا یا گزرنا (لازم)
رات بھر جاگتے رہنا۔ آنکھوں میں رائی
لون (ع) جہاں بچے کو نظر لگ جانے کا خطرہ
ہو۔ کہا جاتا ہے۔ آنکھوں میں رس ہونا
(لازم) نشیلی آنکھیں ہونا۔ پیاری چتون ہونا۔ آنکھوں
میں رکھنا (متعدی) ! زیر نظر رکھنا۔ آنکھوں کے
سامنے رکھنا۔ نگرانی کرنا ؛ عزیز رکھنا۔ عزت سے رکھنا
آنکھوں میں رنگ جمنا (لازم) آنکھوں سے
کوئی حالت ظاہر ہونا۔ آنکھوں میں روشنی
آجانا یا ہونا (لازم) ! بصارت حاصل ہونا ؛
بے حد خوشی ہونا۔ آنکھوں میں رہنا (لازم)
! تصور میں رہنا ؛ قابل قدر ہونا۔ عزیز ہونا۔
آنکھوں میں سبک کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ آنکھوں میں سحر
کرنا (متعدی) سحر تک جاگتے رہنا۔ آنکھوں
میں سحر ہونا (لازم) آنکھوں میں ایسا اثر ہونا کہ
دیکھنے والا فوراً عاشق ہو جائے ؛ رات جاگتے
ہوئے گزرنا۔ آنکھوں میں سُرخی آنا یا ہونا
(لازم) آنکھیں سُرخ ہونا۔ آنکھوں میں سرسوں
پھُولنا یا کھِلنا (لازم) زرد ہی زرد نظر آنا۔

ہر چیز بھلی معلوم ہونا۔ آنکھوں میں سُرمہ
ڈالو۔ ذرا غور کرو۔ آنکھوں میں سُرمہ
(کاجل) ڈلوانا (متعدی) کسی سے آنکھوں میں
سُرمہ لگوانا۔ آنکھوں میں سُرمہ (کاجل) دینا۔
کھینچنا۔ کی تحریر دینا۔ گھلانا یا لگانا (متعدی)
گھُلنا یا لگنا (لازم) سرمہ سلائی سے آنکھوں میں
لگایا جانا۔ آنکھوں میں سرور آنا (لازم) نشے سے
آنکھیں سُرخ ہوجانا۔ آنکھوں میں سفیدی
چھاجانا (لازم) اندھا ہوجانا۔ جالا پھیل جانا۔
آنکھوں میں سلائی پھروا دینا۔ پھروانا
(متعدی) پھرنا (لازم) پھیرنا (متعدی) اندھا کردینا
آنکھوں میں سمانا (متعدی) آنکھوں میں بس جانا۔
ہر وقت تصور میں رہنا۔ آنکھوں میں سماں بندھنا۔
پھرنا یا چھانا (لازم) کسی کیفیت کی تصویر یا نظارہ
خیال میں ہونا۔ آنکھوں میں سوال و جواب
ہونا (لازم) اشاروں میں گفتگو ہونا۔ آنکھوں
میں سیل ہونا (لازم) مروت ہونا۔ حجاب ہونا۔
آنکھوں میں صبح کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
صبح تک جاگتے رہنا۔ آنکھوں میں صورت
پھرنا (لازم) تصور میں صورت سامنے پھرنا۔ آنکھوں
میں طراوت آنا (لازم) آنکھوں میں ٹھنڈک
پڑنا۔ آنکھوں میں طوفان بھرے ہونا
(لازم) کثرت سے آنسو جاری ہونا۔ آنکھوں
میں عالم تاریک ہونا (لازم) کچھ سجھائی نہ دینا۔
آنکھوں میں غبار آجانا۔ چھاجانا یا ہوجانا
(لازم) دُھندلا نظر آنا۔ آنکھوں میں کاجل بن کے
پھرنا (لازم) آنکھوں میں سما جانا۔ آنکھوں میں
کوٹ (کوٹ) کے موتی بھرے ہیں۔ آنکھیں
بہت خوبصورت ہیں۔ آنکھوں (آنکھوں) میں
کھائے جانا (متعدی) رغبت اور شوق کی نظروں
سے دیکھنا۔ آنکھوں میں کھُبنا (لازم) آنکھوں
میں سما جانا۔ نہایت پسند آنا۔ آنکھوں میں
کھٹکنا (متعدی) ناگوار ہونا۔ بُرا معلوم ہونا۔
آنکھوں میں گڑھے پڑجانا (لازم) آنکھوں کے
گرد حلقے پڑجانا۔ آنکھوں میں گھر بنانا (متعدی)
نظروں میں رہنا۔ آنکھوں میں بسنا۔ آنکھوں میں
گھر دینا (متعدی) آنکھوں میں جگہ دینا۔ آنکھوں
میں گھر کرنا (متعدی) ! نظروں میں سمانا۔ آنکھوں
میں بسنا۔ پسند آنا ؛ نظر بچا کر کوئی کام کرنا۔ چالاکی

سے کچھ اُڑا لینا: ڈھٹائی سے جھٹلانا۔ اپنی بات کی پچ کرنا۔ آنکھوں میں گھر ہونا (لازم) آنکھوں میں جگہ ہونا۔ پیارا ہونا۔ عزیز ہونا۔ آنکھوں میں لُبھا لینا (متعدی) اشاروں سے فریفتہ کر لینا۔ آنکھوں میں لون مرچ بھرنا (متعدی) سونے نہ دینا۔ آنکھوں میں لہو اُتر آنا یا اُترنا (لازم) بہت غصّہ آنا۔ آنکھوں میں لے جانا (متعدی) دھوکا دے کر چیز سامنے سے لے جانا۔ آنکھوں میں مرچیں بھرنا (متعدی) سونے نہ دینا۔ آنکھوں میں مروت ہونا (لازم) دیکھنے کی وجہ سے کوئی کام کر دینا۔ دیکھے کی شرم ہونا۔ آنکھوں میں مستی آ جانا یا آنا (لازم) نشہ یا جوش شہوت ہونا۔ آنکھوں میں موتیا بند ہو جانا (لازم) نزلے کا پانی اُترنا۔ آنکھوں میں موتی کُوٹ کُوٹ کر بھر دینا (متعدی) آنکھوں کا نہایت خوبصورت چمکیلا اور رسیلا ہونا۔ آنکھوں میں موہنی ہونا (لازم) نگاہ میں تسخیر کا اثر ہونا۔ آنکھوں میں نشہ آ جانا۔ چڑھ آنا۔ چھا جانا یا ہونا (لازم) نشے سے چور ہونا۔ آنکھوں میں نقشہ پھرنا۔ کھنچ جانا (لازم) کسی چیز کی تصویر نظر کے سامنے آ جانا آنکھوں میں نم نہ ہونا (لازم) آنکھوں میں آنسوؤں کی تری نہ ہونا۔ آنکھوں میں نیل کی سلائی پھرنا (لازم) پھیرنا (متعدی) اندھا کر دینا۔ آنکھوں میں نُور آنا (متعدی) بصارت آ جانا آنکھوں میں نُور ہونا (لازم) ۱ بینائی ہونا ۲ بہت خوشی ہونا۔ مسرت ہونا۔ آ[illegible] میں نوُن دینا (متعدی) اندھا کر دینا۔ آ[illegible] میں نوُن رائی (عو) تیری آنکھیں پھُوٹیں چشم بد دُور دفع نظر بد کے لئے کہتی ہیں۔ آنکھوں میں نہ آنا (لازم) نظروں میں نہ جچنا۔ حقیر یا ذلیل ہونا۔ آنکھوں میں نیند آنا (لازم) سونے پر مائل ہونا۔ آنکھوں میں نیند بھری ہونا (لازم) نیند کا ابھی زور ہونا۔ آنکھوں میں ہلکا ہونا (لازم) نگاہوں میں حقیر یا ذلیل ہونا۔ آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سُنا۔ خلاف قیاس واقعہ۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں (لف) اشاروں میں۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں باتیں ہونا۔ پٹے جانا یا چُرا لے جانا یا لینا۔ دیکھو آنکھوں

آنکھوں میں الخ۔ آنکھوں ہی آنکھوں میں جواب دینا (لازم) آنکھ کے اشارے سے اقرار یا انکار جتانا۔

امثال و اقوال۔ آنکھوں پر

پلکوں کا بوجھ نہیں ہوتا۔ اپنی چیز گراں نہیں گزرتی۔ جس سے محبت ہو گراں نہیں گزرتا۔ آنکھوں دیکھا پھٹ پڑا مجھے کانوں سننے دے (عو) وہاں بولتی ہیں جہاں کوئی ہٹ دھری سے سُنی سُنائی بات کو سچی بات پر ترجیح دے۔ آنکھوں دیکھا سو جانا۔ کانوں سُنا نہ مانا۔ آنکھوں دیکھا مانے کانوں سُنا نہ مانے۔ آنکھوں دیکھی جانوں کانوں سنی نہ مانوں خود دیکھی بات پر یقین کرنا چاہیے سُنی سنائی بات نہ ماننی چاہیے۔ آنکھوں دیکھے جیتنا اور مُنہ دیکھے بیوہار۔ چار آنکھوں کی مروت۔ آنکھوں دیکھے مکھی نہیں نگلی جاتی (عو) جان بوجھ کر خلاف شان بات نہیں کی جا سکتی۔ دیکھ کر نقصان نہیں اُٹھایا جا سکتا۔ آنکھوں سُکھ کلیجے ٹھنڈک ہم اس سے خوش ہیں۔ آنکھوں سکھی نام حافظ جی۔ غیر موزوں نام۔ آنکھوں سے نظر نہیں آتا۔ نام حفاظت کرنے والا۔ آنکھوں کا دیکھا دُور کر کسی بھلے مانس کا کہنا کر۔ معمولی قصور ہے جانے دے۔ آنکھوں کے آگے بھوؤں کی بُرائی یا پلکوں کی بُرائی۔ دیکھو آنکھ کے آگے بھوؤں کی بُرائی۔ آنکھوں کے آگے ناک سوجھے کیا خاک۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں۔ جس کو سامنے پڑی چیز دکھائی نہ دے۔ بیوقوف ہے۔ بے عقل ہے۔ آنکھوں کے اندھے نام شیخ روشن یا نین سُکھ۔ اس کی نسبت بولتے ہیں جو باوجود عیب کے اچھائی کا دعوےٰ کرے یا نادان ہو کر دانائی کا دعوےٰ کرے۔ آنکھوں کی اوٹ دل میں کھوٹ دیکھو آنکھیں ہوئیں اوٹ۔ آنکھوں کی سُوئیاں نکالنی رہ گئیں۔ تھوڑی سی کسر کام کی کمیں ہیں رہ گئی۔ آنکھوں میں شرم (حیا) نہ ہو تو ڈھیلے اچھے۔ بے حیائی کی ملامت کرنے پر بولتے ہیں۔

آنکھیں (ء۔ مؤنث) آنکھ کی جمع۔

آنکھیں آسمان پر (رہنی) ہیں۔ دھیان سے کام نہیں کرتا آنکھیں آسمان سے لگی (رہتی) ہیں۔ نظر ہر وقت اُوپر رہتی ہے۔ نیچے دیکھتے ہی نہیں۔ آنکھیں اُستاد سامری ہونا (لازم) آنکھوں میں جادو بھرا ہونا۔ نگاہ میں تسخیر کا اثر ہونا آنکھیں آشنا نہیں۔ دیکھا نہیں۔ آنکھیں آشوب کر آنا۔ آنکھیں آنا یا اُبل آنا یا اُبلنا۔ آنکھیں اُٹھنے آنا (لازم) دیکھو آنکھ الخ۔ آنکھیں اِدھر اُدھر ہیں نگاہیں پریشان ہیں۔ انتشار ہے۔ آنکھیں اشکبار ہونا (لازم) آنکھ سے آنسو نکلنا۔ آنکھیں اُگلی پڑنا (لازم) دیدوں کا بہت اُبھرنا۔ آنکھیں اُلٹ جانا (لازم) پتلیاں چڑھ جانا۔ نشہ یا نزع یا زیادہ رونے سے ایسا ہوتا ہے۔ آنکھیں اُلجھنا (لازم) دیکھو آنکھ اٹکنا۔ آنکھیں اُمنڈنا (لازم) رونے کا جوش ہونا آنکھیں اندر دھس جانا (لازم) آنکھ کے ڈھیلوں کا بیٹھ جانا۔ آنکھیں اندھی ہونا (لازم) نابینا ہونا۔ آنکھیں انگارا بن جانا (لازم) آنکھوں کا بہت سُرخ ہو جانا۔ آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا (متعدی) اُٹھنا (لازم) کرنا (متعدی) شرم یا حجاب سے آنکھیں نیچی رکھنا یا شرمانا۔ آنکھیں اُونچی نہ کرنا (متعدی) دیکھو آنکھ الخ۔ آنکھیں بچھا دینا بچھانا (متعدی) بچھنا (لازم) ۱ کمال تعظیم سے پیش آنا۔ بہت خاطر مدارات ہونا ۲ بڑی تعظیم تکریم سے پیش آنا۔ آنکھیں بدل جانا (لازم) بے مروت ہو جانا۔ توجہ نہ کرنا۔ آنکھیں بدل کر دیکھنا (متعدی) غصّے سے دیکھنا۔ تیوری چڑھانا۔ آنکھیں بدلنا (متعدی) ۱ بے مروتی کرنا۔ التفات نہ کرنا ۲ نزع کے وقت پتلیاں بدلنا ۳ خفا ہو جانا۔ آنکھیں بڑی بڑی ہیں (طنزاً) جب سامنے پڑی چیز دکھائی نہ دے۔ آنکھیں بڑی نعمت (چیز یا دولت) ہیں۔ آنکھوں کی تعریف میں یہ فقرے کہے جاتے ہیں۔ آنکھیں بگاڑ دینا (متعدی) ناقص علاج سے آنکھیں خراب کر دینا۔ آنکھیں بنانا (متعدی) ۱ دیکھو آنکھ بنانا ۲ تمسخر سے آنکھوں کو مٹکانا۔ آنکھیں بند رکھنا (متعدی) ۱ آنکھیں نہ کھولنا ۲ شکاری جانوروں کی آنکھیں سی دیتے یا ٹوپی چڑھا دیتے ہیں۔ آنکھیں بند رہنا (لازم) آنکھیں وا نہ ہونا۔ بیماری یا کمزوری سے ایسا ہوتا ہے۔ آنکھیں بند کر کے کوئی کام کرنا (متعدی) بے سمجھے بوجھے کام کرنا۔ آنکھیں بند کر لینا یا کرنا (متعدی) ۱ غافل ہونا۔ بے پروا ہونا ۲ سونا ۳ مرجانا ۴ غور و فکر کرنا ۵ حیران کرنا ۶ بیہوش ہونا۔ آنکھیں بند کئے چلا جا۔ بے کھٹکے چلا جا۔ کوئی ڈر نہیں۔ آنکھیں بند ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ سو جانا ۲ مرجانا ۳ خیال میں پڑنا ۴ جانوروں کی آنکھوں کا پیدائش پر بند ہونا۔ آنکھیں بند ہوتے کیا دیر ہے۔ مرتے دیر نہیں لگتی۔ آنکھیں

بند ہوئی جاتی ہیں۔ نیند آئی جاتی ہے۔ غفلت چھائی جاتی ہے۔ آنکھیں بنوانا (متعدی) مصنوعی آنکھ بنوانا۔ آنکھیں بنواؤ (طنزاً) پڑھ کر یا لیاقت حاصل کرو۔ آنکھیں بہ جانا (لازم) پتلی اور دیدے کا خراب ہو جانا۔ آنکھیں بھر آنا (لازم) لانا (متعدی) رونا آنکھیں بھری ہونا (لازم) آنسو بھر آنا۔ آنکھیں بھڑانا (متعدی) دیکھو آنکھیں لڑانا۔ آنکھیں بیٹھ جانا (لازم) اندھا ہو جانا۔ ڈھیلے کا اندر دھنس جانا۔ آنکھیں بے رونق ہونا (لازم) آنکھوں کی چمک جاتے رہنا (موت کے وقت ایسا ہوتا ہے) آنکھیں بیکار ہو جانا (لازم) نظر نہ آنا۔ آنکھیں بیمار ہونا (لازم) آنکھیں دُکھنے آنا۔ آنکھوں کو روگ لگنا۔ آنکھیں بے نُور ہونا (لازم) بینائی جاتے رہنا۔ اندھا ہو جانا۔ آنکھیں پانا (لازم) دیکھو آنکھیں ملنا ۱ و ۲۔ آنکھیں پانی ہو کر بہ جانا (لازم) بہت رونا یہاں تک کہ آنکھیں خراب ہو جائیں۔ آنکھیں پاؤں (پر) سے ملنا (لازم) ۱ محبت سے یا خوشامد سے آنکھوں کو پاؤں پر رگڑنا ۲ خوشامد کرنا۔ آنکھیں پتھرا جانا یا پتھرانا (لازم) آنکھوں کا کُھلا اور بے حس و حرکت رہ جانا۔ آنکھیں پٹ پٹا جانا (لازم) دُھوپ کی تیزی سے آنکھیں چندھیا جانا۔ آنکھیں پٹ پٹانا یا پٹر پٹر مارنا (لازم) ۱ آنکھیں مارنا ۲ (رعو) جلد جلد آنکھیں کھولنا اور بند کرنا۔ آنکھیں پٹ یا پٹم ہو جانا (لازم) اندھا ہو جانا۔ آنکھیں پُرآب ہونا (لازم) آنکھوں میں آنسو آ جانا۔ آنکھیں پُرنم ہونا (لازم) آنکھوں میں آنسو بھرے ہونا۔ آنکھیں پڑنا (لازم) خاص توجہ ہونا۔ مہربانی کی نظر سے دیکھا جانا۔ آنکھیں پسنا (لازم) لوٹ ہونا۔ آنکھیں پلٹ جانا (لازم) ۱ مغرور ہونا ۲ بیمروت ہو جانا۔ آنکھیں پونچھنا (لازم) ۱ آنکھوں سے آنسو صاف کرنا ۲ رونا موقوف کرنا۔ آنکھیں پھاڑ (پھاڑ) کر دیکھنا (متعدی) ۱ غور سے دیکھنا ۲ شوق و رغبت سے دیکھنا ۳ حسرت سے دیکھنا ۴ گھبرا کر دیکھنا۔ آنکھیں پھٹ جانا (لازم) دولت پا کر مغرور ہو جانا۔ موت کے وقت آنکھوں سے نظر نہ آنا۔ آنکھیں پھٹنا (لازم) ۱ سخت درد ہونا ۲ حیرت سے دیکھنا ۳ حسرت سے دیکھنا۔ آنکھیں پھٹی پڑنا یا جانا (لازم) سر ہو۔ آنکھوں میں سخت درد ہونا۔ آنکھیں پھٹی کی

پھٹی رہ جانا (لازم) حیران ہو جانا۔ سخت حیرت ہو جانا۔ آنکھیں پھرا کے رہ جانا (لازم) مر جانا۔ آنکھیں پھرا لینا (متعدی) توجہ ہٹا لینا۔ بیوفائی کرنا۔ آنکھیں پھرانا (متعدی) ناز و ادا سے پتلیاں گھمانا یا ڈھیلوں کا پھیرنا۔ آنکھیں پھر جانا یا پھرنا (لازم) ۱ مرتے دم پتلیاں چڑھ جانا ۲ بیمروت ہو جانا۔ آنکھیں پھڑکانا (متعدی) دیدے مٹکانا۔ آنکھیں پھڑکنا (لازم) دیکھو آنکھ پھڑکنا۔ آنکھیں پھڑوانا (متعدی) اندھا کر دینا۔ آنکھیں پھوٹ بہنا (لازم) بے اختیار آنسو جاری ہونا۔ سخت رونا۔ آنکھیں پھوٹ جانا یا پھوٹنا (لازم) سخت تکلیف ہونا۔ جاگنے۔ رونے۔ انتظار کرنے یا دیدہ ریزی وغیرہ کرنے کی وجہ سے۔ آنکھیں پھوٹ جائیں یا پھوٹیں (رعو) ۱ اندھا ہو جائے ۲ قسم۔ آنکھیں پھوڑ ڈالونگا سخت سزا دونگا۔ آنکھیں پھوڑنا (متعدی) ۱ اندھا کرنا ۲ آنکھوں کو تکلیف دینا۔ سخت کام کرنے سے آنکھوں کو صدمہ پہنچانا۔ آنکھیں پھیر دینا (متعدی) مرنے کی علامت ظاہر ہونا۔ مر جانا۔ آنکھیں پھیر کے چل دینا (متعدی) کترا کے نکل جانا۔ مُنہ پھیر لینا۔ آنکھیں پھیر لینا یا پھیرنا (متعدی) دیکھو آنکھ پھیر لینا۔ آنکھیں تر ہونا (لازم) خفیف سی رقت ہونا۔ آنسو بھر آنا۔ آنکھیں ترسنا (لازم) دیکھنے کی خواہش یا آرزو ہونا۔ آنکھیں ترش ہونا (لازم) نظر سے غُصّہ ظاہر ہونا۔ آنکھیں تلووں سے رگڑنا یا لگانا (متعدی) خوشامد یا پیار سے آنکھیں تلووں سے رگڑنا۔ آنکھیں تلووں سے ملنا (متعدی) ۱ خوشامد یا پیار سے ۲ پُرانے زمانے کی ایک سزا یا دھمکی ۳ ناز معشوقانہ سے ایسا کرنا۔ آنکھیں تلووں کے نیچے بچھانا (متعدی) بہت ناز برداری کرنا۔ آنکھیں تلووں کے نیچے (تلے) ملنا (لازم) پُرانے زمانے کی ایک سزا یا دھمکی۔ آنکھیں تلے اوپر ہو جانا (لازم) نزع کے وقت پتلیاں پھر جانا۔ آنکھیں تُلی ہونا (لازم) نظروں سے کسی چیز کی آمادگی ظاہر ہونا۔ آنکھیں توتے کی طرح بدل لینا (متعدی) بیمروتی کرنا۔ آنکھیں تھک جانا (لازم) دیکھتے دیکھتے آنکھوں کا تھکاوٹ محسوس کرنا۔ آنکھیں تیورا جانا (لازم) آنکھوں میں اندھیرا آنا۔ آنکھیں

ٹمٹمانا (لازم) آنکھوں کا ذرا ذرا کُھلا ہونا۔ آنکھیں ٹوٹ آنا (لازم) شدّت سے آنکھوں کا جوش کر آنا۔ آنکھیں ٹھنڈی رہیں (دعا) خوش رہو آنکھیں ٹھنڈی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ اچھی چیزیں نظر آنا ۲ تسلّی ہونا ۳ آنکھوں پر پانی لگا کر پوچھنا آنکھیں (ٹھنڈی ہونا) جاتی رہنا (لازم) ۱ اندھا ہو جانا ۲ بینائی جاتی رہنا۔ آنکھیں جاری ہونا (لازم) آنسو بہنا۔ آنکھیں جلنا (لازم) ۱ آنکھوں میں جلن ہونا ۲ آنکھوں کو گرمی پہنچنا۔ آنکھیں جوش کر آنا (لازم) دیکھو آنکھ آنا۔ آنکھیں جوش و خروش میں آنا (لازم) آنکھوں سے سخت ناراضگی ظاہر ہونا۔ سخت غُصّہ آنا۔ آنکھیں جھپکا دینا (متعدی) نگاہ کو خیرہ کر دینا۔ آنکھیں جھپکانا (لازم) ۱ آنکھ مارنا ۲ جھینپنا (مت) آنکھیں جھپک جانا یا جھپکنا (لازم) آنکھ بند ہو جانا یا چندھیا جانا۔ آنکھیں جھک آنا (لازم) آنکھیں بند ہو جانا یا پوری نہ کُھلنا۔ آنکھیں جُھکانا (متعدی) آنکھیں نیچی کرنا۔ آنکھیں جُھک جانا یا جھکنا (لازم) ۱ نشہ یا نیند کے غلبہ سے ۲ شرمانا۔ جھینپنا۔ آنکھیں جُھکی پڑتی ہیں۔ سخت نیند آ رہی ہے۔ آنکھیں جُھکی جاتی ہیں آنکھیں نیچی ہوئی جاتی ہیں۔ شرماتی ہیں۔ آنکھیں چار طرف چکر مکر چلی جاتی ہیں۔ شوخی سے نگاہ ایک طرف نہیں ٹھیرتی۔ شوخ دیدہ ہے۔ آنکھیں چار طرف رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) ۱ چاروں طرف دیکھتے رہنا ۲ چوکسی رہنا۔ نگرانی رہنا۔ بہت ہوشیار رہنا۔ آنکھیں چار کرنا (متعدی) ۱ نظر سے نظر ملانا ۲ ڈھٹائی سے دیکھنا۔ آنکھیں چار نہ کرنا (متعدی) ۱ شرمانا۔ جھینپنا ۲ نظر سامنے نہ کرنا آنکھیں چار ہونا (لازم) ۱ نظر سے نظر ملنا ۲ ملاقات ہونا۔ آنکھیں چُرا کر دیکھنا (لازم) کن انکھیوں سے دیکھنا۔ آنکھیں چُرا گیا ۱ بیمروتی کر گیا ۲ شرمسار ہے۔ آنکھیں چرانا (متعدی) گھورنا۔ تاڑ بازی کرنا۔ آنکھیں چُرانا (متعدی) دیکھو آنکھ چُرانا۔ آنکھیں چرنے گئی ہیں (طنزاً) جب سامنے کی چیز نظر نہ آئے۔ آنکھیں چڑھانا (متعدی) ۱ منّت کے طور پر چاندی یا سونے وغیرہ کی آنکھیں مزاروں پر چڑھانا ۲ تیوری چڑھانا۔ آنکھیں

چڑھی (ہوئی) ہونا (لازم) نشہ نیند۔ دردسریا بُخار کا خمار ہونا۔ آنکھیں چکر مکر چلی جانا (لازم) اِدھر اُدھر دیکھنا۔ آنکھیں چلنا (لازم) جلد جلد پلکیں جھپکنا۔ آنکھیں چمکانا (متعدی) آنکھیں مٹکانا۔ ناز و غمزے سے آنکھوں کو گردش دینا۔ آنکھیں چمکنا (لازم) آنکھوں میں سے چمک پیدا ہونا۔ آنکھیں چندھی ہونا (لازم) آنکھیں چھوٹی ہونا اور پوری نہ کُھلنا۔ ایک بیماری ہے۔ جس میں آنکھیں چھوٹی ہو جاتی ہیں۔ اور ان میں کیچڑ بھرا رہتا ہے۔ آنکھیں چندھیا جانا یا چندھیانا (لازم) آنکھوں کا دھوپ یا روشنی کی تیزی کی وجہ سے بند ہو جانا۔ آنکھیں خیرہ ہونا۔ آنکھیں چھپانا (متعدی) دیکھو آنکھ چھپانا۔ آنکھیں چھت سے (کو) لگ جانا یا لگی ہونا (لازم) ۱ حیران ہو جانا ۲ کسی کے اُوپر سے اُترنے یا دکھائی دینے کا انتظار کرنا ۳ آثار مرگ نمایاں ہونا۔ آنکھیں چھوٹی بڑی ہونا (لازم) آنکھیں برابر نہ ہونا۔ آنکھیں چیر چیر کے دیکھنا (متعدی) آنکھیں پھاڑ کے دیکھنا آنکھیں چیر کے نمک بھرنا (متعدی) نیند سٹانے کی تدبیر ہے۔ آنکھیں چیرنا (متعدی) آنکھیں خوب کھولنا۔ آنکھیں خدا نے دیکھنے کو دی ہیں یا مُنہ پر دی ہیں۔ آنکھیں دیکھنے کو ملی ہیں۔ ان کا درست استعمال کرو۔ آنکھیں خونبار ہونا (لازم) خون کے آنسو بہنا۔ آنکھیں خونِ کبوتر کی طرح سُرخ ہونا۔ آنکھیں خون میں ڈوبنا (لازم) غصّے سے [illegible] سُرخ ہونا۔ آنکھیں در پر رہنا۔ لگی ہونا [illegible] (لازم) انتظار میں راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ آنکھیں دو چار کرنا (متعدی) ہونا (لازم) آنکھیں ملنا۔ آنکھیں دو سے چار ہو جانا یا ہونا (لازم) قابلیت زیادہ ہونا پڑھنے لکھنے کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ آنکھیں دکھانا (متعدی) دیکھو آنکھ آنکھیں دُکھنا یا دُکھنے آنا (لازم) دیکھو آنکھ۔ آنکھیں دوڑنا (متعدی) چاروں طرف یا اِدھر اُدھر دیکھنا۔ آنکھیں دھو ڈالنا یا دھونا (متعدی) ۱ آنکھیں آنسوؤں سے پاک کرنا۔ رونے کے بعد ٹھنڈی کرنا ۲ آنکھوں پر پانی ڈالنا۔ آنکھیں دیکھتے جانا (متعدی) مرضی اور ارادہ معلوم کرنے کے لئے دیکھتے رہنا۔ آنکھیں دیکھا کرنا یا دیکھتے رہنا (متعدی) ۱ لطف و عنایت کا امیدوار رہنا

۲ تعمیلِ حکم کے لئے اشارے کا خیال رکھنا۔ آنکھیں دیکھنا یا دیکھے (ہوئے) ہونا (متعدی) صحبت میں رہا ہُوا ہونا۔ تربیت پائی ہوئی ہونا آنکھیں دیکھی ہیں۔ صحبت اُٹھائی ہے۔ تربیت پائی ہے۔ آنکھیں دیوار ہو جانا (لازم) گھبرا جانا کچھ نہ سوچنا۔ آنکھیں ڈبڈبانا (لازم) آنسو بھر آنا آبدیدہ ہونا۔ آنکھیں ڈگڈگانا یا ڈگر ڈگر کرنا (متعدی) ضعف سے آنکھوں کا زیادہ ہلنا۔ نہایت کمزور اور نحیف ہونا۔ آنکھیں ڈھانپنا یا ڈھانکنا (متعدی) ۱ کسی چیز یا ہاتھ سے آنکھیں چھپا لینا ۲ شرم سے آنکھیں چھپا لینا۔ آنکھیں ڈُھلنا (لازم) نظارہ کرنا۔ نظر بازی کرنا۔ آنکھیں ڈھیٹ ہونا (لازم) نڈر ہونا۔ شرم و حیا نہ رکھنا۔ آنکھیں ڈھونڈتی پھرنا یا ہونا (لازم) بہت انتظار کرنا۔ ملنے کو بہت دل چاہنا آنکھیں (رشکِ) دیدۂ غزال ہونا (لازم) بڑی بڑی آنکھیں ہونا۔ آنکھیں رگڑنا (متعدی) زور سے آنکھیں ملنا۔ آنکھیں رو رو کے خونِ کبوتر کرنا (متعدی) بہت رونا جس سے آنکھیں سرخ ہو جائیں آنکھیں رو رو کے سُجانا (متعدی) اتنا رونا کہ آنکھیں سوج جائیں یا ورم کر جائیں۔ آنکھیں روتے روتے سوج جانا (لازم) دیکھو آخری۔ آنکھیں رو رو کے لال کرنا (متعدی) بہت رونا۔ آنکھیں روشن کرنا (متعدی) دیدار سے آنکھوں کو تازگی دینا آنکھیں روشن ہونا (لازم) ۱ آنکھوں میں نور آنا ۲ دیدار سے خوش ہونا ۳ حقیقت کُھل جانا۔ معرفت پیدا ہونا۔ آنکھیں زمین سے لگ جانا (لازم) ندامت یا شرمندگی سے نیچے دیکھتے رہنا۔ آنکھیں اُوپر نہ اُٹھانا۔ آنکھیں زمین میں سی ہُوئی ہونا (لازم) سخت شرمندہ ہونا۔ آنکھیں سامنے کرنا (متعدی)، نہ کرنا (متعدی)، نہ ہونا (لازم) دیکھو آنکھ سامنے الخ۔ آنکھیں سر پر ہونا (لازم) مسلمانوں کا عقیدہ ہے۔ قیامت کے دن ایسا ہوگا تاکہ کوئی کسی کی حالت نہ دیکھ سکے۔ آنکھیں سرخ کرنا (متعدی) غصّہ کرنا۔ آنکھیں سرخ ہونا (لازم) آنکھیں لال ہونا۔ آنکھیں سفید کرنا (متعدی) ۱ اندھا کرنا ۲ آنکھوں کا نور زائل ہونا۔ آنکھیں سفید ہو جانا یا ہونا (لازم) اندھا ہونا۔ آنکھیں سوج آنا یا سوجنا (لازم) رونے سے ایسا ہو جاتا ہے یا

آنکھوں کے دُکھنے کی وجہ سے۔ آنکھیں سی کُھل جانا (لازم) آنکھوں میں طراوت یا تازگی آ جانا ۲ بے چینی دُور ہونا۔ تسکین ہونا ۳ اچنبھا ہونا ۴ حقیقت کُھلنا۔ آنکھیں سینا (متعدی) ۱ شکاری جانوروں کی آنکھیں سی دیتے ہیں ۲ کسی چیز پر ہر وقت نظر رکھنا۔ آنکھیں سینکنا (متعدی) گھورنا۔ نظر بازی کرنا۔ آنکھیں شرما جانا یا شرمانا (متعدی) شرم سے نگاہ روبرو نہ ہونا۔ آنکھیں صورت کو ترسنا (لازم) کسی کو دیکھنے کی سخت خواہش ہونا۔ آنکھیں غبار لانا (متعدی) آنکھیں سفید ہو جانا۔ آنکھیں غلہ سی نکلی ہونا (لازم) ابھری ہوئی آنکھیں ہونا۔ آنکھیں فرشِ راہ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ۱ بہت تعظیم ہونا۔ بہت شوق ظاہر ہونا۔ آنکھیں قدموں پر (سے) ملنا (متعدی) بہت تعظیم کی وجہ سے ایسا کرنا۔ آنکھیں قدموں تلے (کے نیچے) بچھانا (متعدی) آنکھیں فرش کرنا۔ آنکھیں کڑوانا (متعدی) آنکھوں کا کڑوا ہونا نیند یا دھوئیں کی تیزی سے۔ آنکھیں کسی طرف کو لگنا (لازم) کسی چیز کے انتظار میں نگراں رہنا۔ آنکھیں کور ہو جانا یا ہونا (لازم) اندھا ہو جانا۔ آنکھیں کُھل جانا یا کُھلنا (لازم) ۱ آنکھیں روشن ہو جانا۔ بینائی زیادہ ہو جانا ۲ بصیرت پیدا ہونا ۳ حقیقت کُھل جانا۔ قدر و عافیت معلوم ہونا ۴ حیران ہو جانا ۵ غفلت جاتی رہنا۔ ہوش میں آ جانا۔ آنکھیں کھلوانا (م م) ۱ آنکھیں بنوانا ۲ دُلہن کی آنکھیں کھلوانا۔ آنکھیں کُھلی (رہ جانا) رہنا (لازم) ۱ سکتا سا ہو جانا۔ حیران ہو جانا ۲ انتظار یا حسرت میں مرجانا ۳ پلک نہ جھپکنا۔ آنکھیں بند ہونا آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جانا (لازم) سکتے کی حالت میں دم نکل جانا۔ سخت حیرت ہونا۔ بہت حیران ہو جانا۔ آنکھیں کھلی ہونا (لازم) ۱ آنکھ بند نہ ہونا ۲ زندہ ہونا۔ صحیح و سلامت ہونا۔ آنکھیں کھول دینا یا کھولنا (متعدی) ۱ آنکھیں وا کرنا۔ دیکھنا ۲ بعض پرندوں اور جانوروں کے بچوں کی آنکھیں پیدائش کے وقت بند ہوتی ہیں۔ اور وقت مقررہ پر کُھلتی ہیں ۳ ہوش میں آنا۔ عقلمندی کی باتیں کرنا ۴ دُلھن کا دیکھنا۔ دلہنیں عموماً آنکھیں بند رکھتی ہیں۔ آنکھیں کھونا (متعدی) ۱ رو کر آنکھیں خراب کرنا ۲ اندھا ہونا آنکھیں کہیں دل کہیں ہونا (لازم) نظر اور طرف دھیان اور طرف ہونا۔ بے توجہ ہونا۔ آنکھیں کیا پھوٹ گئی ہیں یا کیا (منہ پر) نہیں ہیں ؟

طنزاً اس شخص کو کہا جاتا ہے جسے سامنے کی چیز دکھائی نہ دے۔ سوجھتا نہیں ہے۔ **آنکھیں گرم کرنا** (متعدی) غصّے ہونا۔ **آنکھیں گرم ہونا** (لازم) نیند آجانا۔ **آنکھیں گاڑنا۔گڑو کے دیکھنا یا گڑونا** (متعدی) غور سے دیکھنا۔ **آنکھیں گڑ جانا** (لازم) کسی چیز سے نظر اُٹھانا۔ **آنکھیں گڑنا** (لازم) نظر جمنا۔ **آنکھیں گڑھے میں جا رہنا** (لازم) آنکھوں کے ڈھیلوں کا اندر دھس جانا۔ **آنکھیں گلابی ہونا** (لازم) آنکھوں کا مخمور ہونا۔ **آنکھیں لال بھبوکا ہونا** (لازم) غصّے یا نشے سے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا۔ **آنکھیں لال کرنا** (متعدی) غصّہ کرنا۔ عتاب کرنا۔ **آنکھیں لال (لال) ہونا** (لازم) آنکھیں سرخ ہونا۔ **آنکھیں لڑانا** (متعدی)، **لڑنا** (لازم) دیکھو آنکھ لڑانا و لڑنا۔ **آنکھیں لگا دینا** (لازم) کسی چیز کے قریب آنکھیں لانا۔ **آنکھیں لگانا** (متعدی) ! آنکھ چھوانا ! عاشق ہونا۔ **آنکھیں لگائے رہنا** (لازم) برابر دیکھتے رہنا۔ **آنکھیں لگ جانا یا لگی رہنا** (لازم) انتظار کرنا۔ **آنکھیں لگی ہونا** (لازم) ٹکٹکی بندھی ہونا۔ **آنکھیں لہو کی بوٹیاں ہونا** (لازم) آنکھیں سرخ ہونا۔ **آنکھیں مانگنا یا مانگتے پھرنا** (متعدی) بینائی کا خواستگار ہونا۔ **آنکھیں مٹکانا** (متعدی) **مٹکنا** (لازم) ناز و نخرے سے آنکھوں کو پھیرنا۔ **آنکھیں مرحمت ہونا** (لازم) اندھے کا اچھا ہو جانا۔ **آنکھیں مشتاق ہونا** (لازم) دیکھنے کا شوق ہونا۔ انتظار ہونا۔ **آنکھیں ملانا** (متعدی) دیکھو آنکھ ملانا۔ **آنکھیں ملتے ہوئے اٹھنا** (لازم) آنکھوں کو ہاتھوں سے ملتے ہوئے جاگنا۔ **آنکھیں ملنا** (متعدی) خمار دُور کرنے یا کوئی چیز پڑ جانے یا سوزش ہو جانے کی وجہ سے آنکھوں کو ہاتھوں سے رگڑنا۔ **آنکھیں مِلنا** (لازم) ! آنکھیں عطا ہونا یا پیدا ہونا ! بینائی حاصل ہونا ! نگاہیں دو چار ہونا۔ **آنکھیں مُندتے کیا دیر ہے**۔ مرتے دیر نہیں لگتی۔ **آنکھیں مُند جانا یا مُند ہونا** (لازم) **مُوند لینا یا موندنا** (متعدی) ! آنکھیں بند کر لینا ! سو جانا ! مر جانا (مت) **آنکھیں موتی چور** (مؤنث) نہایت خوبصورت آنکھیں۔ **آنکھیں میچ لینا** (متعدی مت) آنکھیں بند کر لینا! مُنڈھا جانا۔ **آنکھیں ناتواں ہونا** (لازم) آنکھیں کمزور ہونا۔ کم دکھائی دینا۔ **آنکھیں نرگس شہلا** (مؤنث) نہایت خوبصورت آنکھیں۔ آنکھوں کا استعارہ نرگس شہلا سے کرتے ہیں۔ **آنکھیں نکال کے دیکھنا** (متعدی) غصّے سے دیکھنا۔ **آنکھیں نکال دینا یا لینا** (متعدی) اندھا کر دینا۔ **آنکھیں نکالنا** (متعدی) ! اندھا کرنا ڈھیلے باہر نکال دینا ! غصّے سے دیکھنا ! آنکھیں پیدا کرنا۔ **آنکھیں نکل آنا** (لازم) ! دیدوں کا باہر نکل آنا ! دیدوں کا اُبھر آنا کمزوری کی وجہ سے۔ **آنکھیں نکل پڑنا** (لازم) دیدوں کا باہر نکل آنا۔ **آنکھیں نکلوا دینا یا لینا یا نکلوانا** (متعدی) ایک سزا۔ آنکھوں کے ڈھیلے نکلوا دینا۔ **آنکھیں نکلی پڑتی ہیں** آنکھیں پھٹی جاتی ہیں۔ **آنکھیں نکلوانا** (مم) آنکھوں کے ڈھیلے نکلوانا۔ پُرانے زمانے کی ایک سزا۔ **آنکھیں نم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) آبدیدہ ہونا۔ **آنکھیں نہ کھولنا** (متعدی) دیکھو آنکھ نہ کھولنا۔ **آنکھیں نیچی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو آنکھ الخ۔ **آنکھیں نیلی پیلی کرنا** (متعدی) غصّے کی نظر سے دیکھنا۔ بہت غصّے ہونا۔ **آنکھیں ہونا** (لازم) ! متنبہ ہونا ! بصیرت ہونا۔ **آنکھیں ہوں تو تُم دیکھو**۔ بصیرت ہو تو تمہیں اصلیت معلوم ہو۔

امثال و اقوال

آنکھیں پھیرے توتے کی سی باتیں کرے مینا کی سی۔ در اصل بیمروت ہے۔ ظاہر داری سے لگاوٹ کی باتیں کرتا ہے۔ **آنکھیں تو کھلی رہ گئیں اور مر گئی بکری**۔ یکایک موت آگئی۔ **آنکھیں ذرا سی جھپکیں اور مال دوستوں کا**۔ ذرا سی غفلت ہوئی اور مال گیا۔ **آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار۔ آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں آیا کھوٹ**۔ مُنہ دیکھے کی محبت ہے۔ غیر حاضری میں خیال بھی نہیں۔ **آنکھیں ہیں یا بھینس کے چوتڑ**۔ طنزاً اسے کہا جاتا ہے جسے سامنے پڑی چیز دکھائی نہ دے۔

آنکھاؤ (وُ) (ھ۔ مذکر) تعینِ قیمت اندازہ تخمینہ فصل کا اندازہ بغیر ماپنے کے۔

آنکھر (ھ۔ مذکر) انچھر۔ الف۔ ب ت

آنگ (ھ۔ مذکر) ! بدن ! عضو ! حصّہ۔ بخرہ ! علم کی اقسام یا تقسیم ثانی ! چرائی ایک جانور کے لئے۔ **آنگ پکڑنا** (متعدی) موٹا ہونا۔ **آنگ گوڈنا** (متعدی) جسم پر نیلے نشان یا تصویر بنانا۔ **آنگ لگا دینا یا لگانا** (متعدی) ! بدن کو کسی چیز کے قریب کرنا یا کسی چیز کو بدن کے قریب کرنا ! بغلگیر کرنا۔ ہم بغل ہونا ! کپڑے پہننا **آنگ لگنا** (لازم) ! بدن کے پاس رکھا جانا ! بغل گیر کیا جانا یا ہونا ! ہضم ہونا ! پلنا۔ موٹا ہونا ! اثر کرنا۔ **آنگ ماڑی یا موڑی** (صفت) پھیلی ہوئی کھلی ہوئی۔ **آنگ موڑنا** (متعدی) ! بدن کو پھرانا ! انگڑائی لینا ! مڑجانا۔ ہٹ جانا ! پرہیز کرنا۔ اجتناب کرنا ! عجز سے جُھکنا۔ عجز کرنا۔

آنگا (ھ۔ مذکر) ! جتنا دونوں بازوؤں میں آسکے ! گول ! دُھرا گاڑی کا ! کرایہ۔

آنگن (ہ۔ مذکر) صحن (مت)

آنگی (ہ۔ مؤنث) انگیا

آنگیرس (س۔ مذکر) پتریوں کی ایک قسم۔

آنن (س۔ مذکر) ! مُنہ۔ چہرہ ! (ھ) حکم۔ فرمان۔

آننا (ھ۔ لازم) ! آنا ! (متعدی) لانا

آنند (س۔ مذکر) ! خوشی۔ آرام۔ موج لذّت۔ عیش۔ راحت۔ نشاط ! شوجی اور بلرام جی کا لقب۔ **آنند بدھاوا** (مذکر) مبارکباد۔ **آنندت** خوش۔ خرم۔ مگن۔ شادمان۔ **آنند کے نار بجانا** (ہ۔ متعدی) لطف اُٹھانا۔ عیش کرنا۔ **آنند کرنا** (ہ۔ متعدی) مزے اُڑانا۔ لطف اُٹھانا۔ عیش کرنا۔ **آنند کُنڈ** (مذکر) ! خوشی کا مخزن۔ موجب خوشی ! کرشن جی کا ایک لقب۔ **آنند گری** (ہ) ! شنکراچاریہ کا ایک پیرو۔ اس نے ایک کتاب لکھی ہے۔

آنند لہری (مؤنث) خوشی کی لہر۔ شنکراچاریہ کی ایک کتاب جس میں شوجی کی استری پاروتی جی کی حمد ہے۔ **آنند منگل** (مذکر) ہنسی۔ خوشی۔ رنگ رلیاں **آنندمے** (صفت) ! خوشی ! مبارک ! (مذکر) خدا کا ایک نام۔ **آنندنا** (ھ۔ مؤنث) خوشی۔ آنند۔ **آنند ہونا** (ہ۔ لازم) خوشی ہونا۔ خوشی حاصل کرنا۔ **آنندی** (صفت) ! خوشی۔ فرحت۔ عیش ! (مذکر) خوش و خرم آدمی۔ **آنندا** (مذکر) گوتم بدھ کا چچازاد بھائی۔ ان کے نیا مذہب قائم کرنے کے دوسرے سال یہ ان کے ساتھ شامل ہو گیا۔ اور اخیر تک ان کے ہمراہ رہا۔ چنانچہ اُنہوں نے مرتے وقت اس کی بہت تعریف کی

آنو (ہ-مؤنث) ! وہ سفید رطوبت جو پیچش میں آنتوں سے نکلتی ہے۔ ۲ پیچش ۳ حیوانی لعاب۔ آنو آنا۔ پڑنا یا گرنا (متعدی) آنو کا اجابت میں نکلنا۔ پیچش ہونا۔ **آنو کے سپچھے نکالے**۔ آنو گلے میں اٹکی۔ یہ مذاقاً کہتے ہیں۔ جب کسی کو اچھو ہو جائے یا کوئی بے محل قرأت پڑھے۔ آنو لہو (مذکر) پیچش کی بیماری (س۔ آم)

آنول (ہ۔ مذکر) ! وہ ٹکیا جو بچے کے پیدا ہونے کے وقت اس کے ساتھ لگی ہوتی ہے۔ جسے کاٹ کر دفن کر دیتے ہیں۔ نفاس ۲ آنولا **آنول جھانول** (مذکر) جٹردن بچے۔ آنول نال (مونث) وہ آنت جس سے آنول بدن سے جڑی ہوتی ہے۔ **آنول نال گڑی ہے**۔ پیدائش کی جگہ سے چونکہ محبت ہوتی ہے۔ اس لئے ایسے شخص کو جسے کسی جگہ سے محبت ہو یہ کہتے ہیں کہ وہاں کیا تمہاری آنول نال گڑی ہے۔ **آنول نال یہیں گرایا**۔ یہاں کی پیدائش ہے۔

آنولا (ہ۔ مذکر) ایک درخت کا پھل جو دواؤں اور مربوں میں کام آتا ہے۔ آملہ (س۔ آملک)
مثل۔ آنولے کا کھایا بعد میں مزا دیتا ہے بزرگ کا کہنا پیچھے یاد آتا ہے۔

آنولا سار گندھک (ہ۔ مونث) (د مونث)
ایک اعلیٰ قسم کی خالص گندھک (س) اُل سار۔ خالص مادہ۔

آنی بانی (اُردو۔ مؤنث) چھیڑ چھاڑ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ **آنی بانی سے نہ چوکنا** (لازم) چھیڑ چھاڑ کرتے رہنا۔

آنیبار (ہ۔ مذکر) وقت جو کاشتکاری کرنے والے مزدور کے لئے گرمیوں میں کام کرنے کے لئے مقرر کیا جائے۔

آوا (ہ۔ مذکر) پزادہ جس میں اینٹیں پکاتے ہیں۔ آوہ۔ آوا سا بیٹھ گیا۔ ایک دفعہ ہی تباہ ہو گیا۔ **آوا ہی بگڑا ہے**۔ سب کے سب نالائق ہیں۔ **آوے کا آوا ہی (بگڑا) خراب ہے**۔ سارا خاندان لُچا ہے۔

آوا (ہ۔ صفت) آملے آیا ہُوا۔ پہنچ۔ آوا جاوا (مذکر) جاوی۔ جائی (مؤنث) ! آمد و رفت۔ میل ملاپ ۲ ملاقات ۳ رسائی ۴ خدمتگذاری **آوا جائی لگا رکھنا** (متعدی) بے موقع یا بلاضرورت آنا جانا۔ آواتی (مؤنث) ! آمد۔ پہنچ۔ پیش قدمی ۲ فوج کی پیش قدمی ۳ دوست کی آمد ۴ موسم حال کے آنے کا۔

آوادان۔ آوادانی۔ دیکھو آبادان آبادانی۔

آوار (ف۔ مذکر) ! ناانصافی ظلم۔ ۲ بہی۔ حساب کی کتاب۔ آوارجہ (مذکر) بہی۔ روزنامچہ رسیدوں کی کتاب۔

آوارگی (ف۔ مؤنث) کوچہ گردی۔ آوارہ پھرنا۔ آوارہ گردی۔

آوارہ (ف۔ صفت) ! پریشان۔ سرگردان (پھرنا۔ رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ پھرنے والا ۳ بدچلن۔ بدکار۔ بد وضع۔ **آوارۂ دشتِ ادبار**۔ بلا یا بے بسی (صفت) مصیبت زدہ۔ **آوارہ گرد** (صفت) ! آوارہ پھرنے والا ۲ وہ شخص جو بھیک مانگتا ہُوا بلا نوکری۔ بلا ظاہری وسائل کے پھرتا ہُوا پایا جائے (قانون) آوارہ گردی (مؤنث) آوارہ پھرنا (قانون) آوارہ مزاج (صفت) لاابالی۔ **آوارہ وطن** (صفت) مسافر۔ غریب الوطن

آواز (ف۔ مؤنث) ! صدا۔ صوت ندا۔ کوک۔ ہانک۔ پکار۔ بانگ ۲ شور۔ جھنکار ۳ تڑاقا۔ دھماکا ۴ پاؤں کی آہٹ ۵ گونج ۶ جانوروں کی صدا۔ **آواز آنا** (لازم) آواز سنائی دینا۔ **آواز اُٹھانا** (متعدی) آواز بلند کرنا۔ اونچے سُروں میں گانا۔ **آواز اُٹھنا** (لازم) آواز بلند ہونا۔ **آواز اکھڑ جانا یا اُکھڑنا** (لازم) تان لگانے میں آواز کا پھٹ جانا۔ آواز بے سری ہونا۔ **آواز بدل جانا یا بدلنا** (لازم) آواز میں فرق آجانا۔ **آواز بدلنا** (متعدی) اصلی آواز کو بدل کر بولنا۔ **آواز بڑھانا** (متعدی) بڑھنا (لازم) آواز بلند ہونا۔ **آوازِ بُکا** (مؤنث) رونے کی آواز۔ **آواز بگڑ جانا** (متعدی) اچھی آواز کا خراب ہو جانا۔ **آواز بلند کرنا** (متعدی) چلا کے بولنا۔ **آواز بلند ہو جانا یا ہونا** (لازم) آواز زور سے نکلنا۔ **آواز بند کر دینا** (متعدی) ہو جانا (لازم) آواز نہ نکلنا۔ خاموش ہو جانا۔ **آواز بھاری ہونا** (متعدی) آواز بیٹھ جانا۔ **آواز بیٹھنا** (لازم) گلا بیٹھ جانا۔ **آوازِ پا** (مؤنث) پاؤں کی آواز۔ **آواز پٹنانا** (لازم) آواز کا تھرتھرانا۔ **آواز پر آنا** (لازم) پکارنے کے ساتھ ہی آنا۔ **آواز پر کان دھرنا یا رکھنا۔ لگانا۔ لگائے رہنا یا لگائے ہونا** (متعدی) **لگے رہنا یا لگے ہونا** (لازم) آواز سُننے کی طرف متوجہ ہونا۔ **آواز پر گولی لگانا** (متعدی) آواز سُن کر شکار پر ٹھیک نشانہ لگانا۔ **آواز پر لگانا** (متعدی) جانوروں کو ایسا سدھانا کہ آواز پر آئیں یا کام کریں۔ **آواز پر لگا ہونا** (لازم) آواز پر کام کرنا۔ **آواز پڑ جانا** (لازم) آواز بیٹھ جانا۔ **آواز پھٹنا** (لازم) آواز اُکھڑنا۔ **آواز پھولنا** (لازم) آواز کا بھاری ہونا۔ **آواز پیدا ہونا** (لازم) آواز نکلنا۔ **آواز تھرانا یا تھرتھرانا** (لازم) آواز کانپنا۔ **آواز جانا** (لازم) آواز پہنچنا۔ **آوازِ جرس یا درا** (مؤنث) گھنٹہ بجنے کی آواز۔ قافلوں کے ساتھ گھنٹہ بجتا رہتا ہے تاکہ اگر کوئی پیچھے رہ جائے تو اس کی آواز پر چلا آئے۔ **آواز جکڑ جانا** (لازم) نزلے کی وجہ سے آواز بیٹھ جانا۔ **آوازِ خندہ** (مؤنث) ہنسی کی آواز۔ **آواز دب جانا** (لازم) آواز کا پست ہو جانا۔ مقابلے پر آواز کا نیچا رہ جانا۔ **آواز دینا** (متعدی) ! پکارنا۔ پکار کر کہنا ۲ بلانا ۳ صدا پیدا کرنا ۴ سودے والے کا صدا دینا۔ **آواز ڈوک میں آنا** (لازم) زمانۂ بلوغت میں کنٹھ پھوٹنے سے آواز کا بھاری ہو جانا۔ **آواز سُنانا** (متعدی) آواز پہنچانا۔ **آواز سُننا۔ سُنائی پڑنا یا سنائی دینا** (لازم) آواز کانوں میں پہنچنا۔ **آواز سے آواز ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) ! سُر سے سُر ملانا ۲ دو آوازوں کا مشابہ ہونا۔ **آواز سے شگون لینا** (لازم) ہندوستان میں آوازوں سے شگون لیتے ہیں۔ خصوصاً جانوروں کی آوازوں سے۔ **آواز صاف ہو جانا یا ہونا** (لازم) گلا صاف ہو جانا۔ **آوازِ صور** (مؤنث) صور وہ ہے جو مسلمانوں کے عقیدے کے بموجب حضرت اسرافیل قیامت کے دن پھونکینگے جس کی آواز سے کل جاندار مر جائینگے اور قیامت آجائیگی۔ **آواز غائب ہونا** (لازم) آواز بند ہو جانا یا نہ آنا۔ **آوازِ غیب** (مؤنث) الہام کی ایک قسم جس میں آواز سُنائی دیتی ہے۔ **آوازِ قدم** (مؤنث) پاؤں کی آواز۔ **آواز کا پاٹ** (مؤنث) آواز کی حد یا رسائی۔ **آواز کا پاٹ نہ ملنا** (لازم) گانے میں آواز کا بہت بلند ہونا۔ **آواز کا پتی لینا** (لازم) دیکھو آواز پٹنانا۔ **آواز کا چڑھاؤ اُتار** (مذکر) آواز کا اونچا نیچا ہونا۔ **آواز کان پڑنا** (لازم) آواز سُنائی دینا۔ آواز کان پڑی نہ سنائی

دینا (لازم) بہت شور کی وجہ سے آواز سنائی نہ دینا۔ **آواز کان تک آنا جانا۔ پہنچنا یا جانا یا کان میں آنا پڑنا یا پہنچنا** (لازم) آواز سُنائی دینا۔ **آواز کانوں میں بھر جانا یا بھری ہونا** (لازم) آواز کا بار بار سُننے کی وجہ سے کان میں اثر رہنا۔ **آواز کرنا** (متعدی) ۱ پکارنا۔ آواز دینا ۲ بندوق یا تپنچا چھوڑنا ۳ کسی برتن کا توڑنا ۴ فقیر کا صدا دینا۔ **آواز کو بر دینا** (متعدی) آواز بلند کرنا۔ **آواز کھل جانا** (لازم) آواز صاف ہو جانا۔ **آواز کی اُٹھان** (مؤنث) گانے میں آواز کی ابتدا۔ **آواز کی چل پھر یا چلت پھرت** (مؤنث) آواز کی گردش۔ **آواز کی گرج** (مؤنث) آواز کی کڑک یا شور۔ **آواز گرجنا** (لازم) رعد اور توپ کی آواز کو کہتے ہیں۔ **آواز گریہ** (مؤنث) رونے کی آواز۔ **آواز گوش آشنا ہونا** (لازم) آواز کا پیشتر سے سُنا ہونا۔ **آواز گوش زد ہونا** (لازم) آواز سُنائی دینا۔ **آواز گونجنا** (لازم) دیر تک ہوا میں آواز کا اثر باقی رہنا۔ **آواز لڑنا** (لازم) آواز کا خوب سُر پر پہنچنا۔ **آواز لگانا** (لازم) ۱ جانوروں کا بولنا ۲ نقیب کا پکارتے چلنا ۳ فقیر کا صدا لگانا ۴ سودے والے کا پکار کر سودا بیچنا ۵ گویوں کا سُر بھرنا۔ تال لگانا۔ **آواز لگنا** (لازم) آواز کا سُر پر خوب پہنچنا۔ **آواز کا لہرا جانا یا لہرانا** (لازم) گانے میں آواز کا ٹھیک نہ رہنا۔ **آواز ملانا** (متعدی) سُر ملانا۔ **آواز ملنا** (لازم) سُر ملنا۔ **آواز مُنہ سے نہ نکالنا** (متعدی) گھگھی بندھ جانا۔ خوف یا صدمہ یا ضعف سے آواز نہ نکال سکنا۔ **آواز میں پٹی لگ جانا** (لازم) آواز کھرکھرانے لگنا۔ **آواز میں پیچ دینا** (لازم) تان لیتے وقت آواز کو چکر دینا۔ **آواز میں پھریاں (کٹاریاں) بھرنا** (متعدی) **بھری ہونا** (لازم) مؤثر اور درد ناک آواز نکلنا۔ **آواز میں رعشہ ہونا** (لازم) آواز کا نپنا۔ **آواز میں کھٹکا ہونا** (لازم) آواز میں پُر اثر کیفیت ہونا۔ **آواز میں کھنداسنے پڑنا** (لازم) آواز کھرکھرانے لگنا۔ **آواز میں لوچ ہونا** (لازم) آواز کا لچک کے ساتھ نکلنا۔ **آواز میں نمک ہونا** (لازم) آواز میں درد ہونا۔ **آواز نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** (لازم) ۱ بولنا ۲ رونا چیخنا ۳ گانا شروع ہونا۔ **آواز نہ چلنا** (لازم) آواز کا کام نہ دینا۔ آواز میں گانے یا پڑھنے کی طاقت نہ ہونا۔ **آواز نہ نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** (لازم) بول نہ سکنا۔ بات نہ کر سکنا۔ **آواز ہونا** (لازم) کسی چیز سے آواز نکلنا۔

آوازہ (مذکر) ۱ اُونچی صدا۔ غل۔ شور ۲ غلغلہ۔ دُھوم۔ شُہرہ ۳ نوک جھونک۔ طعن و تشنیع۔ بولی ٹھولی۔ **آوازہ بلند ہونا** (لازم) ۱ شہرہ ہونا۔ ناموری ہونا۔ دھوم مچنا ۲ آواز بلند ہونا۔ **آوازہ پہنچنا** (لازم) شہرہ پہنچنا۔ **آوازہ پھیلنا** (لازم) شہرت ہونا۔ **آوازہ پھینکنا** (متعدی) آوازہ کسنا (مت)۔ **آوازہ سُننا** (لازم) شہرت سُننا۔ **آوازہ ہونا** (لازم) ۱ صدا نکلنا ۲ شہرت ہونا۔ **آوازی** (مؤنث) آواز۔ مرکبات کے آخر میں جیسے خوش آوازی۔ **آوازے**۔ جمع آوازہ۔ **آوازے آنا۔ پھینکنا۔ سُنانا۔ کرنا۔ کسنا** (متعدی) طعنہ زنی کرنا۔ چھیڑنا۔ نوک جھونک کرنا۔ **آوازے سُننا** (متعدی) طعن و تشنیع سُننا۔ **آوازیں**۔ جمع آواز کی (آنا۔ سُنائی دینا۔ سُننا کے ساتھ)۔ **آوازیں لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم)، غیرت انگیز باتیں کہے جانا۔

مثل۔ آوازِ سگاں کم نہ کند رزق گدارا۔ بدباطن اشخاص کی وجہ سے کسی کی روزی کم نہیں ہوتی۔

آواس (س۔ مذکر) مکان۔ مقامِ رہائش۔

آواگمن (ہ) **آواگون** (ہ۔ مذکر) ۱ آنا جانا۔ ہلنا جُلنا۔ آمد و رفت ۲ تناسخ۔ بار بار جنم لینا۔ ہندوؤں کا مسئلہ کہ مرنے کے بعد رُوح پھر دوسرے جسم میں اپنے کرموں کے بموجب جاتی ہے۔ اگر اچھے کام کئے ہیں تو انسان کے جون میں ہیں۔ اگر بُرے تو اپنے سے کم ذات یا جانوروں کے جون میں۔ یہاں تک کہ آخر پاک صاف ہو کر مکتی یا نجات ہو جاتی ہے۔ یعنی رُوح جونوں سے چھُٹ کر رُوح خداوندی کے ساتھ شامل ہو جاتی ہے۔ **آواگون کا سا ڈھنگ ہے**۔ بار بار آتا ہے۔

آوان (ف۔ مذکر) جمع آن کی۔ اوقات۔ **آوانِ سعادت تو امان** (مذکر) نیک اوقات۔

آوان (ف۔ مذکر) ۱ آوہ ۲ (ع) جمع آون۔ وقت۔ موسم۔

آواہن (س۔ مذکر) ۱ بلانا۔ دعوت دینا ۲ بلاوا۔ دعوت۔

آوائی (ہ۔ مؤنث) ۱ آمد۔ پہنچ ۲ آمد کی خبر ۳ افواہ ۴ زین کا جھالردار کپڑا ۵ ایک قسم کی کدالی۔

آوت (ہ۔ ماضی ناتمام) آتا۔

مثل۔ آوت ہائی۔ جاوت سنتوکھ۔ آنے پر خوشی حاصل ہوتی ہے۔ چلا جائے تو صبر کرنا چاہئے۔ اولاد کے متعلق کہتے ہیں۔

آوتی۔ دیکھو آواتی۔

آور (ف۔ صفت) آوردن سے۔ لانیوالا مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے زورآور دست آور۔ **آوری** (مؤنث) مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ زورآوری۔

آوِربھاؤ (س۔ مذکر) ۱ کھولنا ۲ ظہور۔ انکشاف۔ اظہار۔ پرکاش ۳ موجودگی۔ حاضری۔ **آوِربھوت** (صفت) کھلا ہُوا۔ ظاہر۔

آورت (س۔ مذکر) ۱ پھرتا ہُوا ۲ باری ۳ چکر۔ گرداب۔

آوِرت (س۔ حاصل مصدر) گھرا ہُوا۔ بند کیا ہُوا۔ ڈھنپا ہُوا۔

آوِرتی (س۔ مؤنث) ۱ طریقہ۔ ترتیب۔ ڈھنگ ۲ دُہرائی ۳ ارادہ۔ مقصد۔

آورجہ (ف۔ مذکر) دیکھو آوارجہ۔

آورد (ف۔ مؤنث) ۱ بناوٹ سے کسی بات کا پیدا کرنا۔ برخلاف آمد جو قدرتی طور پر پیدا ہوئی ہو۔ **آوردہ** (صفت) ۱ کسی کا لایا ہُوا۔ سفارشی۔ جو کسی کی سفارش سے نوکر رکھا گیا ہو ۲ لایا گیا لائی گئی چیز۔ وُہ چیز جو لائی جائے۔ **آوردہ نویس** (مذکر) لائی ہوئی چیز کا حساب لکھنے والا شخص۔

آوردا (ہ۔ مؤنث) دہ۔ بر زندگی۔ زندگی کا کوئی زمانہ۔

آوَرن (س۔ مذکر) ۱ ڈھکنا۔ سرپوش ۲ حفاظت۔ رکھشا ۳ مزاحمت۔ روک ٹوک۔

آورنداں مذکر ۱ دھوکا۔ دغا۔ فریب ۲ دریائے دجلہ ۳ دریائے نیل۔

آوِشٹ (س۔ صفت) ۱ آسیب زدہ ۲ پُر۔ بھرا ہُوا۔

آوشیک (س۔ مذکر) ۱ ضروری چیز

۲ ضرورت۔ مصلحت۔ آوَشیکتا (مؤنث) ضرورت حاجت۔ لزوم۔ ناگزیری۔

آوَک (ہ۔ مذکر) ہمیہ۔

آوَلی (س۔ مؤنث) ۱ سلسلہ ۲ نسل۔ خاندان۔

آوَن (ہ۔ مذکر) ۱ آمد۔ پہنچ ۲ وہ کھیت جس میں دھان کی پنیری لگائی گئی ہو ۳ لوہے کا ٹکڑا جو پہیے کے وسط میں لگایا گیا ہو۔ آونا (لازم) آنا۔ آون آون (مذکر) آنے کی خبر۔ آون ہا آونی ہارا۔ آونی ہار۔ جس نے ابھی آنا ہے۔

آوَند (ف۔ مذکر) برتن۔

آوَہ (ف۔ مذکر) وہ بھٹی جس میں کمہار برتن پکاتے ہیں۔ وہ بھٹہ جس میں اینٹیں پکائی جاتی ہیں۔ آوہ اُتارنا (متعدی) اُترنا (لازم) بھٹی سے پکنے کے بعد برتن اُتارنا۔ آوہ چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) بھٹی میں برتنوں کا آگ دیا جانا۔

امثال و اقوال۔ آوے کا آوا بگڑا (خراب) ہے۔ پورا خاندان بگڑا ہوا ہے کل گروہ خراب ہے۔ آوے کا آوہ اوندھا ہے۔ سب کا ایک حال ہے۔ آوے میں ناند کھوکھی وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی صریح خیانت کرے۔ اور الزام اپنے سر سے دفع کرنے کی کوشش کرے۔

آوے (ہ۔ مضارع) آنا کا۔ صیغہ واحد مذکر غائب۔ آئے (مت)

مثل۔ آوے نہ جاوے برہسپت کہلاوے۔ جیسا مشہور ہے ویسی خوبی نہیں۔ آنا جانا کچھ نہیں اور لائق مشہور ہے۔

آویز (ف۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو لٹکی ہوئی ہو ۲ وہ جگہ جہاں چیز لٹکی ہوئی ہو ۳ وہ کیل جہاں پر گوشت لٹکاتے ہیں ۴ کنارہ ۵ مرکبات میں جیسے دست آویز (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) آویزاں (صفت) لٹکا ہوا۔ مُعلق۔ آویزش (مؤنث) لڑائی جھگڑا۔ فساد (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) آویزہ (مذکر) عورتوں کا ایک زیور۔ کان کا لٹکن۔ بالا۔ آویزہ بند (مذکر) ۱ آویزہ ۲ (صفت) وہ شخص جو آویزے پہنتا ہو۔ آویز یار (علن) پھولوں کی لمبی شاخ جس طرح اخروٹ کے درخت کی ہوتی ہے۔ (آویختن۔ لٹکنا)

آہ (ف۔ حرف ندبہ) ۱ کلمۂ افسوس ۲ (مؤنث) تکلیف سے کراہنے کی آواز۔ آہِ آتشناک یا آتشیں (مؤنث) دیکھو آہِ شرربار۔ آہ آہ رہنا (لازم)، کرنا (متعدی) لگاتار کراہنا۔ آہ اُٹھنا (لازم) دل سے آہ نکلنا۔ آہ اللہ (کلمۂ افسوس) عورتیں افسوس کے موقعہ پہ یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔ آہ برلب (صفت) ہونٹوں پر آہ۔ آہ بھرنا ہوا۔ آہ بھر کے رہ جانا (لازم) ضبط غم کرنا۔ کلیجہ تھام کے رہ جانا آہ بھرنا (متعدی) آہ کرنا۔ آہ بے تاثیر ہونا (لازم) آہ کا اثر نہ ہونا۔ آہِ پُر درد (مؤنث) درد سے بھری ہوئی آہ۔ وہ آہ جس سے روحانی تکلیف کا اظہار ہو۔ آہ پڑنا (لازم) صبر پڑنا مظلوم کی آہ کا اثر ہونا۔ آہِ جانستاں (مؤنث) مار ڈالنے والی آہ آہِ جگر (مؤنث) دل سے نکلی ہوئی آہ۔ آہ خالی نہ جانا (لازم) فریاد کا اثر ہونا۔ آہِ دلدوز (مؤنث) دل میں چُبھنے والی آہ۔ آہِ رسا (مؤنث) پہنچنے والی آہ آہ روکنا (متعدی) آہ نکلنے نہ دینا۔ آہ زناں (صفت) آہ کھینچتا ہوا۔ آہ سرد بھرنا یا کھینچنا (لازم) ٹھنڈی سانس لینا۔ آہ سر کرنا (متعدی) آہ بھرنا۔ آہِ سوزاں (مذکر) جلانے والی آہ۔ آہ سے بشرا جھڑنا (لازم) آہ سے بحد رنج و غم ظاہر ہونا۔ آہِ سینہ سوز (مؤنث) سینے کو جلانے والی آہ۔ سخت غم کی آہ۔ آہِ شب (مؤنث) آہ جو رات کو نکلے۔ آہِ شرربار یا فشاں (مؤنث) آہ جس سے سخت غم ظاہر ہو۔ آہ صد آہ (ف) افسوس صد افسوس۔ آہ کا نعرہ مارنا (متعدی) زور سے آہ بھرنا۔ آہ کرتے رہنا (لازم) کراہتے رہنا ہائے ہائے ہوتی رہنا۔ آہ کر کے رہ جانا (لازم) ضبط غم کرنا۔ آہ کرنا (لازم) کراہنا۔ آہ کھینچنا (متعدی) آہ کرنا۔ آہ کی تاثیر پیدا کرنا (متعدی) اس طرح آہ کرنا کہ اس کا کچھ اثر ہو۔ آہ کی تاثیر دیکھنا (متعدی) آہ کے اثر کا تجربہ کرنا۔ آہ لگنا (لازم) آہ پڑنا۔ آہ لینا (متعدی) بد دُعا لینا۔ ستانے کا وبال اپنے سر لینا۔ آہ مرداں نہ اوہی زناں نکمے آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ آہ میرے اللہ۔ دیکھو آہ اللہ۔ آہ نکالنا (متعدی) نکل جانا یا نکلنا (لازم) آہ اُٹھنا۔ آہ نہ آئے۔ افسوس نہ ہو آہ نہ کرے۔ بے رحم آدمی جو کسی کی مصیبت دیکھ کر آہ تک مُنہ سے نہ نکالے۔ آہ نیم شب (مؤنث) وہ آہ جو آدھی رات کو نکلے۔ آہ و بُکا۔ آہ واویلا (مذکر) آہ و زاری (مؤنث) فغاں (مذکر) گریہ و زاری (مؤنث) نالے (مذکر) رونا پیٹنا (کرنا لب پہ ہونا کے ساتھ) آہ و فغاں سے کروبیوں کے کان گنگ ہو گئے۔ بہت روئے پیٹے۔ بہت شور و غل کیا۔ آہوں کا دُھواں (مذکر) مسلسل آہیں۔

آہا یا آہّا (ہ۔ حرف ندا) تعجب اور خوشی ظاہر کرنے کا کلمہ۔ آہا ہا (حرف ندا) آہا۔

آہار (ف۔ مذکر) وہ لئی جو نشاستے وغیرہ سے پکا کر کاغذ اور وصلیوں پر پھیرتے ہیں۔ اور خشک ہو جانے کے بعد مہرے سے رگڑتے ہیں آہار مہرہ کرنا (متعدی) آہار دے کر مہرے سے رگڑنا۔

آہار (س۔ مذکر) کھانا۔ خوراک۔ آہار کھانا (متعدی) کھانا کھانا۔ آہاری (صفت) کھانا کھانے والا۔

آہبان (ہ۔ مذکر) دیکھو آہوان۔

آہُت (س۔ مؤنث) ۱ نظر بھوگ قربانی ۲ جلی ہوئی قربانی۔

آہٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ پاؤں کی آواز آہستہ آہستہ چلنے کی آواز ۲ آواز۔ کھٹکا۔ آہٹ پانا (لازم)۔ پاؤں کی آواز سُننا۔ آہٹ پر کان ہونا (لازم) منتظر ہونا۔ آہٹ سُننا (متعدی) آہٹ معلوم ہونا۔ آہٹ لینا (متعدی) کسی کی آواز شناخت کرنا۔ آہٹ ہونا (لازم) کھٹکا ہونا۔

آہر (ہ۔ مذکر) ۱ زراعت کے لئے پانی جمع کرنے کا تالاب ۲ اُپلوں کا ڈھیر ۳ بھٹی میں اُپلے آہر جاہر (مؤنث) آنا جانا۔ آمد و رفت۔

آہستگی (ف۔ مؤنث) نرمی۔ تحمل۔ سہولت۔ سُستی۔

آہستہ (ف۔ تعف) ٹھیر ٹھیر کر۔ سہولت سے۔

آہک (ف۔ مذکر) چونا۔ سفیدی۔ آہک چونا (مذکر) سیمنٹ۔ پلستر۔

آہل (ہ۔ مذکر) زمین کی تازگی۔

آہلا (ہ۔ مذکر) ۱ طوفان۔ چڑھاؤ ۲ ایک ہندو سپاہی اور شاعر۔

آہلاد (س۔ مذکر) ۱ خوشی۔ فرحت۔

آنند - آہلادت ۱. خوشی - شادمانی - فرحت - آنند
خرم - آہلادک (صفت) خوشی دینے والا - خوشی پیدا کرنے
والی چیز -
آہلانا - آہلنا (ھ - لازم) خوش
ہونا - باغ باغ ہونا - آہلے گاہلے (صفت) خوش - آنند

آہلو - دیکھو آہلا -
آہن (مذکر) لوہا - فولاد - **آہن آمیز**
سنگِ آسمانی ( ) وہ شہاب ثاقب جس میں
لوہا اور دیگر دھاتیں پائی جائیں - **آہن پوش**
(صفت) ۱. مسلح ۲. لوہے سے منڈھا ہوا (جہاز) ۳.
(مذکر) جہاز جو لوہے سے منڈھا ہوا ہو - جنگی جہاز
آہن دل (صفت) سخت دل - سنگ دل - ظالم -
معشوق - **آہن ربا** (مذکر) مقناطیس - **آہن سرد**
(مذکر) دلِ انسان **آہن شہابی** (مذکر) شہاب ثاقب
جس میں لوہا ہو - **آہن قبا** (مذکر) زرہ **آہنگر** (مذکر)
لوہار - **آہنگری** (مؤنث) لوہار کا کام یا پیشہ - **آہنی**
آہنیں (صفت) لوہے کی بنی ہوئی چیز - لوہے کا بنا
ہوا
آہن (ہ - مذکر) لپائی کے لئے گارا
اور بھوسا ملا ہوا -
آہنک (س - صفت) ۱. روزانہ ہر روز
کیا ہوا ۲. (مذکر) روزانہ مذہبی رسوم - روزانہ کام - **آہنکی**
(صفت) دن کے متعلق - روزانہ -
آہنگ (ف - مذکر) ۱. قصد - ارادہ
مطلب ۲. طریقہ - ڈھنگ ۳. نغمہ - الاپ - سُر -
آہو (ف - مذکر) ۱. ہرن ۲. نقص عیب
۳. فراری - بھاگ جانا ۴. مدد کے واسطے پکارنا ۵.
۔۔ ۶. کوئی چیز جس کا تعاقب کیا جائے ۷. خوبصورت
آنکھ ۸. معشوق - **آہو چشم** (صفت) ہرن کی سی آنکھ
والا معشوق - **آہو دل** (صفت) بزدل - **آہو دلی**
(مؤنث) بزدلی - **آہو سرین** (صفت) جس کے
چوتڑ ہرن کی طرح ہوں - **آہو شکار** (صفت) ہرن کے
شکار پر لگا ہوا گھوڑے کی تعریف **آہو شکم** (صفت) جس کا
پیٹ ہرن کی طرح ہو - **آہو کا کالا ہو جانا یا ہونا** (لازم)
ہرن کی پیٹھ کا سیاہ ہو کر دینا (متعدی) **ہو جانا** (لازم)
حیران ہو جانا - **آئینہ گر** (مذکر) آئینہ ساز - **آئینہ**
لگانا (متعدی) آئینہ جڑا جانا - **آئینہ لے کے منہ**
آہو مادہ (مؤنث) ہرنی - **آہو نگاہ** (صفت)
آہو چشم - ہرن کی طرح کی نظر والا - **آہوئے چرخ**

(فلک) (مذکر) آفتاب **آہوئے چین** (صفت) ہرن
جس سے مشک نکلتا ہے **آہوئے حرم** (مذکر) مکہ کا
ہرن جس کا شکار منع ہے - **آہوئے خانۂ خاوری**
یا ختن (مذکر) ۱. سورج ۲. چین یا تاتار کا بادشاہ
۳. خاقانِ چین - **آہوئے رم خوردہ** (صفت)
ڈرا ہوا ہرن - **آہوئے زریں**
یا فلک (مذکر) سورج - **آہوئے سیمیں** (مذکر)
خوبصورت ساقی - **آہوئے شیر افگن** (مونث)
۱. معشوق کی آنکھ - **آہوئے نر** (مذکر) سفید
اور سیاہ بادل - **آہوئے وحشی** (مذکر) ۱. جنگلی ہرن
۲. وہ معشوق جو عاشق کو قریب نہ آنے دے -
آہوان (ف - مونث) ۱. ہرنی ۲.
گردن کی پشت ۳. کانکن ۴. نقب زن -
آہوان (س - مذکر) بلاوا - طلب - دعوت
آہے (ہ - حرفِ افسوس) ہائے -
تکلیف میں یہ آواز منہ سے نکلتی ہے -
آئرِس (یونانی) قوس و قزح کی دیوی
اور دیوتاؤں کی پیغامبر -
آئنتی پائنتی (ہ - مؤنث) سرہانے
یا پاؤں کے نیچے کی جگہ -
آؤس (ھ - مذکر) چاول کی فصل جو
اپریل مئی میں بوئی جائے -
آؤکھل (ھ - مذکر) ویران زمین جو
زیر کاشت لائی جائے -
آؤلی (ھ - مؤنث) ۱. بڑی مصیبت
۲. مہلک خطرہ (آنا ملنا کے ساتھ) ۳. فصلوں کی
پیمائش کا ایک طریقہ جس میں بسوہ کو اکائی قرار دیا جاتا
ہے - کنکوت -
مثل - آؤلی ٹلے برساتوں جئے -
آفت دفع ہونے سے بہت لوگوں کے لئے آرام ہو جاتا ہے
آؤلے جاؤلے یا جھاؤلے
(ھ - مذکر) توام -
آؤن (ھ - مؤنث) آنو -
آؤنا (ھ - لازم) آنا -
آئی (ہ - ماضی) ۱. دیکھو آ کے تحت
میں ۲. زندگی کا اختتام - موت - اجل (س آیو - زندگی)
آئی آنا (لازم) موت آنا - **آئی کرنا** (ھ - متعدی)
اپنی موت کا باعث ہونا -

آئے (ھ - حرف) ہاں - **آئے کر لینا**
یا کرنا (متعدی) ہاں کرنا - کسی بات کا مان لینا -
اقرار کر لینا -
آئے - آئے (س - مذکر) ۱. آمدنی
۲. نفع -
آئین (ف - مذکر) ۱. زیب و زینت ۲.
رسم و عادت - دستور - قاعدہ - رسم و رواج - قانون - دستور العمل
۳. مرکبات کے آخر میں جیسے خوش آئین ایک پہاڑ جہاں
سالہ لگی اور سوکھی ہوئی نعشیں پائی جاتی ہیں - **آئین جاری**
کرنا (متعدی) ضابطہ مقرر کرنا - **آئین جاری ہونا**
(لازم) دستور ہونا - قاعدہ یا قانون ہو جانا - **آئین**
جمشید (مذکر) ۱. باربد کی دوسری سُر ۲. ایک سُر **آئین**
دان (صفت) ۱. قانون کا ماہر ۲. مجازاً بدمعاش -
دھوکا باز - **آئینِ دیوانی** (مذکر) قانون یا ضابطہ دیوانی
آئینِ فوجداری (مذکر) قانون متعلقہ جرائم - **آئینِ**
مال (مذکر) قانون متعلقہ محاصل - **آئین میں فرق**
آنا (لازم) **ڈالنا** (متعدی) دستور کے برخلاف کرنا -
آئین (ف - مذکر) مخفف آئینہ کا -
آئین بند (صفت) آراستہ - سجا ہوا (کرنا ہونا کے
ساتھ) **آئین بندی** (مؤنث) آراستگی - سجاوٹ -
آئینہ یا آئنہ (مذکر) ۱. منہ دیکھنے کا شیشہ ۲. گواہ -
اصلیت دکھانے والا - صاف صاف بتانے والا ۳.
(صفت) حیران - ششدر ۴. گھٹنے کی چپنی - **آئینۂ**
آفتاب (مذکر) آفتاب کی سطح کو آئینے سے
استعارہ کرتے ہیں - **آئینۂ اسکندری** (مذکر) ۱. دیکھو
آئینۂ سکندر ۲. سورج - **آئینہ الٹا دکھانا** (متعدی)
جب عورتیں کسی کا بناؤ سنگار کرتی ہیں تو اسے نظرِ بد
سے بچانے کے لئے آئینہ الٹا دکھاتی ہیں - **آئینہ**
اندھا ہو جانا (لازم) جب آئینہ ایسا خراب ہو کہ
اس میں اچھی طرح نظر نہ آئے تو اسے اندھا کہتے
ہیں - **آئینہ اندھے کو دکھانا** (متعدی) بے فائدہ
نصیحت کرنا - جوہر ناشناس کو ہنر دکھانا - **آئینہ باطن**
(صفت) صاف دل - **آئینہ بدن (جامہ یا قد)**
نما (مذکر) قد آدم شیشہ **آئینہ بنا دینا** (متعدی)
بن جانا (لازم) حیران ہو جانا - **آئینہ بند** (صفت)
دیکھو آئین بند - **آئینہ بندی** (مؤنث) دیکھو آئین
بندی - **آئینہ بیمار (کو نہ دکھانا) کے آگے**
نہ رکھنا (متعدی) تاکہ وہ اپنی حالت دیکھ کر پریشان
نہ ہو - **آئینۂ پیل** (مذکر) لوہے کا آئینہ

جو ہاتھی کی زرہ پر لگاتے ہیں۔ ۲ ہاتھی کا گھنٹہ۔ آئینۂ تحریر (مذکر) تحریر چونکہ حالت بتاتی ہے اس لئے آئینے سے استعارہ کرتے ہیں۔ آئینہ تمثال (صفت) ۱ آئینے کے مانند ۲ معشوق یا رخسار معشوق۔ آئینہ تو میسر نہ ہوا ہوگا چپنی میں موت کے دیکھ (ع) اگر کوئی بدصورت آدمی کسی چنچل عورت کو مذاق کرے تو وہ کہتی ہے۔ آئینہ جڑنا (لازم) ۱ آئینہ نصب کرنا ۲ کنایۃً چمکا دینا۔ آئینہ جمال (صفت) بہت خوبصورت۔ آئینۂ چرخ (مذکر) سورج۔ آئینۂ چینی (مذکر) دھات کا بنا ہوا آئینہ۔ آئینۂ حلب یا حلبی (مذکر) شہر حلب کا آئینہ۔ جہاں مشہور ہے کہ یہ ایجاد ہوا تھا۔ آئینۂ حال (مذکر) حال جو صاف صاف ظاہر ہو۔ آئینہ خاکیاں (مذکر) ۱ خالق ۲ حضرت آدم ۳ انسانی دل آئینہ خانہ (مذکر) وہ مکان جس میں آئینے ہوں۔ آئینۂ خیال میں جلوۂ عروسِ مرگ دکھلانا (م) دیکھنا (لازم) موت نظر آنا۔ موت کا خیال آنا۔ آئینہ دار (صفت) ۱ آئینہ رکھنے یا دکھانے والا ۲ (مذکر) حجام۔ نائی۔ آئینہ داری (مؤنث) آئینہ رکھنے کی خدمت۔ خدمتگزاری۔ اطاعت۔ آئینہ دکھانا (متعدی) ۱ ٹوٹکے کے طور پر عورتیں جانے والے کی پیٹھ کو آئینہ دکھاتی ہیں کہ جلد واپس آئے ۲ مشاطہ۔ حجام یا خدام چہرہ دیکھنے کے لئے دکھاتے ہیں ۳ بیہوش کی ناک کے آگے یہ دیکھنے کے لئے کہ وہ زندہ ہے آئینہ دکھایا جاتا ہے۔ جو سانس سے مدھم پڑ جاتا ہے ۴ خدمتگزاری کرنا ۵ اصلیت دکھانا یا ظاہر کرنا۔ آئینۂ دست (مذکر) دستی آئینہ۔ آئینۂ دل (صفت، مذکر) دل کو آئینے سے استعارہ کرتے ہیں۔ صاف دل۔ آئینۂ دل پر غبار آنا (لازم) شبہ پڑ جانا۔ آئینۂ دل پر (غبار) گرد ملال ہونا (لازم) رنجش ہونا ملول ہونا۔ آئینۂ دل سے زنگِ کفر دور ہونا (لازم) مسلمان ہونا۔ ایمان لانا۔ آئینۂ دیوار (مذکر) آئینہ جو دیوار میں لگا ہو۔ آئینہ ڈھالنا (متعدی) آئینہ بنانا یا تیار کرنا۔ آئینۂ رخسار (مذکر) آئینے کو رخسار سے استعارہ کرتے ہیں۔ آئینۂ رخسار پر گردِ ملال ہونا یا مکدر ہونا (لازم)

چہرے سے رنج ظاہر ہونا۔ آئینہ رُخ۔ رخسار۔ رُو (مذکر) معشوق ۔ آئینہ زار (مذکر) وہ جگہ جہاں بہت سے آئینے ہوں۔ آئینۂ زانو (مذکر) گھٹنے کی چپنی (صفت) معشوق جس کا زانو آئینہ کی طرح صاف و شفاف ہو۔ آئینۂ زریں (مذکر) سورج۔ آئینہ سا (صفت) شفاف۔ آئینہ ساز (صفت) آئینہ بنانے والا۔ آئینہ سازی (مؤنث) آئینہ بنانا۔ آئینہ سامنے رکھ کر طوطی پڑھانا طوطی کے سامنے آئینہ رکھتے ہیں کہ وہ اپنے ہم جنس کو دیکھ کر باتیں کرنے لگے۔ آئینہ سامنے سے نہ ہٹنا (لازم) ہر وقت بناؤ سنگار میں مشغول رہنا۔ آئینہ سال (صفت) آئینے کی طرح (حیران) آئینۂ سکندری (مذکر) لوہے سے بنا ہوا آئینہ مشہور ہے کہ پہلے پہل آئینہ سکندر نے بنوایا تھا مگر یہ غلط ہے۔ مصر کے مقبروں میں سے کئی ہزار برس پہلے کے آئینے نکلے ہیں۔ آئینہ سیما یا طلعت (صفت) خوبصورت چہرے والا۔ حسین۔ معشوق۔ آئینۂ سنگ (مذکر) بادر کا آئینہ۔ آئینہ سیما (صفت) معشوق۔ آئینۂ شش جہت (مذکر) ۱ پیغمبر صلعم کا دل مبارک ۲ اصحاب کہف ۳ عالم پوشیدہ کے باشندے ۴ الہام۔ آئینۂ شمشیر میں جلوۂ عروسِ مرگ دیکھنا (متعدی) تلوار سے موت واقع ہونے کا اندیشہ ہونا۔ موت نظر آنا۔ آئینہ صفر میں دیکھنا (متعدی) صفر کے مہینے میں آئینہ دیکھنا مسلمان مبارک جانتے ہیں۔ آئینۂ ضمیر ضمیر کو آئینے سے استعارہ کرتے ہیں آئینۂ طاؤس (مذکر) مور کے خوبصورت پر۔ آئینہ طبع (صفت) روشن طبیعت۔ ہوشیار۔ ذہین۔ آئینہ طینت (صفت) جس کی طینت اچھی ہو۔ آئینہ عذار (صفت) معشوق۔ آئینۂ عروسِ مرگ (مذکر) تلوار کی تیزی اور آب کی تعریف میں کہتے ہیں۔ آئینہ فروز (صفت) آئینہ کو جلا دینے والا ہتھیار۔ آئینہ قدِ آدم (مذکر) بڑا آئینہ جس میں پوری تصویر نظر آئے۔ آئینہ کا پانی (مذکر) آبِ آئینہ۔ آئینے کی چمک۔ آئینہ کا جوہر (مذکر) آئینے کی خوبی۔ موجِ آئینہ۔ آئینہ کاری (صفت) ۱ آئینے بنانا۔ ۲ آئینے جو سجاوٹ کے لئے بنائے جائیں۔ آئینہ کا گھر (مذکر) وہ مکان جس میں آئینے جڑے ہوں۔ شیش محل۔ آئینہ کر دینا (متعدی) ۱ صاف ظاہر

کر دینا ۲ چمکا دینا۔ آئینہ کو حیران بنانا (متعدی) اپنی چمک سے آئینے کا مقابلہ کرنا۔ آئینہ کی صورت کر دینا (متعدی)، ہو جانا (لازم) حیران ہو جانا۔ آئینہ گر (مذکر) آئینہ ساز۔ آئینہ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) آئینہ جڑا جانا۔ آئینہ لے کے منہ تو دیکھو۔ دیکھو آئینے میں منہ الخ آئینۂ محرابی (مذکر) محراب کی شکل کا آئینہ۔ آئینۂ محشر (مذکر) وہ آئینہ جو حشر کے دن لوگوں کو دکھایا جائے گا۔ اور جس میں انہیں اپنے ثواب و گناہ نظر آئینگے۔ آئینہ محل (مذکر) شیش محل۔ آئینۂ مراد (مذکر) مراد کے ساتھ آئینے کا استعارہ کرتے ہیں۔ آئینۂ مقصود (مذکر) قرآن شریف کی آیت نمبر ۴-۹۲ جو خدا رسولؐ اور حکام کی تابعداری کا حکم دیتی ہے۔ آئینہ میں اپنا حال تو دیکھو۔ کسی کی حالت دیکھ کر اس کے سمجھانے کو کہتے ہیں۔ آئینہ میں بال آنا یا پڑ جانا یا پڑنا (لازم) آئینے میں ٹوٹنے کی وجہ سے خط پڑ جانا۔ آئینہ میں چاند دکھانا (م) بچوں کو بہلانے کے لئے دکھاتے ہیں۔ آئینے میں چاند دیکھنا (متعدی) عید کے موقع پر دیکھتے ہیں۔ کہ اچھی طرح نظر آئے۔ آئینے میں (صورت) منہ تو دیکھو ۱ طنزاً کہتے ہیں۔ اگر کوئی اپنی قابلیت سے بڑھ کر بات کہے یا حیثیت سے بڑھ کر مانگے ۲ بیمار کو کہتے ہیں۔ اس کی حالت سمجھانے کے لئے۔ آئینہ وار (صفت) آئینے کی طرح حیران۔ آئینہ ہر وقت سامنے رہنا (لازم) بناؤ سنگار میں مصروف رہنا آئینہ ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ ظاہر ہونا۔ کھل جانا ۲ صاف اور شفاف ہونا ۳ حقیقت نما ہونا۔ آئینۂ ہفت جوش (مذکر) ۱ سورج ۲ لوہے کا آئینہ۔ آئینہ ہوش (صفت) ذہین۔ قابل۔ لائق۔

آئی (س۔ مذکر) ۱ آمدنی۔ محاصل ۲ نفع۔ فائدہ۔

آیا (ہ) دیکھو آ کے تحت میں ۲ (پرتگالی مؤنث) وہ عورت جو بچوں کو کھلانے پر انگریز نوکر رکھتے ہیں۔ آیاگری (مؤنث) آیا کا کام یا پیشہ۔

آیا (ف۔ کلمہ استفہام) گو شاید۔ اس طرح نہیں۔ کیا نہیں۔

آیات (ع۔ مؤنث) ۱ جمع آیت یا آیۃ ۲ مرکبات کے آخر میں جیسے حسرت آیات۔ آیاتِ متشابہ (مؤنث) وہ آیات جن کے معنی عام فہم نہ ہوں

آیات محکمہ۔ ان آیات کو کہتے ہیں۔ جن کے معنی صاف ہوں۔

آیاس (س۔ مذکر) کوشش محنت تکلیف۔ تھکاوٹ۔

آیام (س۔ مذکر) ۱ لمبائی۔ چوڑائی ۲ درازی۔ فراخی۔ کشادگی۔

آیت۔ آیہ (ع۔ مؤنث) ۱ نشان ۲ قرآن کا پورا جملہ (پڑھنا۔ سنانا۔ سننا تحریر کرنا یا ہونا لکھانا لکھنا کے ساتھ) **آیت (آیہ) آنا۔ اترنا نازل ہونا** (لازم) خدا کی طرف سے آیت کا بذریعہ وحی آنا۔ **آیت (آیہ) سجدہ** (مؤنث) قرآن کی وہ آیت جسے پڑھ کر سجدہ کرنا واجب ہوتا ہے۔ **آیت و حدیث کے (برابر) ہے** اکسی کی بات کی بندگی جتانے کو کہا جاتا ہے ۲ طنزاً ۳ بالکل سچ۔ بالکل صحیح

آیت (س۔ صفت) ۱ لمبا۔ چوڑا ۲ (مذکر) مستطیل۔ مساوی الاضلاع۔

آیتّ (س۔ صفت) ۱ مطیع۔ فرمانبردار ۲ طالع ۳ غریب۔ تربیت پذیر۔ **آیتّتا** (مؤنث) غربت۔ مسکینی۔ فرمانبرداری۔ تربیت پذیری۔

آیتوار (ہ۔ مذکر) عیسائیوں کے ہفتے کا پہلا دن۔ جو حضرت عیسےٰ کے دوبارہ زندہ ہونے کی یادگار میں ثبت کا دن مقرر کیا گیا ہے۔ اور اس دن کوئی کام نہیں کیا جاتا۔ یکشنبہ (اصل میں آدتیہ وار تھا۔ جس کے معنی سورج کا دن ہیں۔ بگڑ کر آیتوار۔ ایتوار۔ اتوار ہوگیا) انگریزی میں سنڈے کے بھی یہی معنی ہیں۔ **مثل۔ آیتوار تب جانئے جب ہٹی لیپیں بانئے** (ہ) اصل چھٹی اس دن سمجھنی چاہئے۔ جب بنئے دکان کی لپائی کریں۔

آیتی پایتی۔ دیکھو آئنتی پائنتی۔

آیدھ (ہ۔ مذکر) ہتھیار۔ زرہ۔ سلاح۔

آیر۔ آیرل۔ آیردا۔ آیس آیس

آیُشیہ (س۔ مؤنث) زندگی۔ عمر۔ مدت العمر۔ درازیٔ عمر۔ بڑی عمر۔

آیشو (ہ۔ مذکر) حکم۔ فرمان۔

آیند (ف۔ صفت) آنیوالا۔ **آیند و روند** (مذکر جمع) آنے جانے والے۔ **آیندہ**۔ آمدن سے۔ اسم فاعل ۱ آنے والا ۲ آگے ۳ دوبارہ۔ پھر کبھی۔ **آیندہ اختیار بدستِ مختار**۔ کسی کو سمجھاتے اور نصیحت کرتے وقت کہتے ہیں ہم نے سمجھا دیا آگے تمہاری مرضی مانو یا نہ مانو۔ **آیندہ سمجھا جائیگا**۔ پھر دیکھا جائیگا۔ **آیندہ کی خبر دینا** (متعدی) پیش گوئی کرنا۔ **آیندہ دیکھئے کیا ہوتا ہے**۔ آگے کو دیکھئے کیا ہوتا ہے۔ معلوم نہیں کیا ہونے والا ہے۔ **آیندہ کو**۔ زمانہ آئندہ کو۔ آگے کو۔ **آئندہ کو کان ہوئے**۔ آگے کے لئے احتیاط ہوگئی۔

آیوڈوفارم (انگ۔ مذکر) ایک زرد رنگ کی بدبودار مرکب دوائی جو زخموں پر ان کو سڑنے سے بچانے کے لئے چھڑکی جاتی ہے۔

آیوڈین (انگ۔ مؤنث) ایک کیمیائی عنصر جو دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اس کا ٹنکچر چوٹوں پر لگایا جاتا ہے۔

آیُو۔ آیُورَبل۔ آیُوردا۔ دیکھو آیُر۔ آیُربل۔

آیہ (ع۔ مؤنث) آیت۔ **آیۂ رحمت** ۱ قرآن کی وہ آیت جس میں رحمتِ خداوندی کا ذکر ہو۔ ۲ بہت رحم مزاج۔ خدا کی رحمت کا نمونہ۔

آیتّا (ہ۔ صفت) تیار۔ مستعد۔ آراستہ۔ کمربستہ۔ لیس۔

الف مقصورہ

اَ (ہ۔ مذکر) ۱ دیوناگری رسم الخط کا پہلا سور ۲ ایک اعراب جو ہر ویجن میں مخفی ہے۔ **اکار** (س۔ مذکر) حرف یا آواز اَ۔

اَ (ع۔ حرف استفہام) کیا۔

اَ (س۔ مذکر) وشن جی کا نام۔

اِ (ہ۔ مذکر) ۱ دیوناگری رسم الخط کا تیسرا سور۔ **اکار۔ اورن** (س۔ مذکر) حرف یا آواز۔

اِ (س۔ مذکر) کامدیو کا نام۔

اُ (ہ۔ مذکر) ۱ دیوناگری رسم الخط کا پانچواں سور۔ **اُکار** (ہ۔ مذکر) حرف یا آواز۔

اُ (س۔ مذکر) نام ۱ شوجی کا ۲ برہماجی کا۔

اَب (ع۔ مذکر) اصل میں ابو تھا۔ باپ۔ **اب وجد** (مذکر) باپ دادا۔ بزرگ۔ **اباً عن جد** (تف) باپ دادا سے۔

اَب (عبر۔ مذکر) یہودیوں کا گیارھواں مہینہ۔ اس مہینہ کی پہلی تاریخ کو حضرت ہارون نے وفات پائی۔ ۱۵ جولائی سے شروع ہوتا ہے۔

اَب (ہ۔ تف) اس وقت۔ فوراً۔ اسی وقت۔ اس حالت میں۔ اس صورت میں۔ اِس زمانہ میں۔ آج کل۔ آئندہ۔ پھر کبھی۔ زیادہ۔ **اب اب کر کے** (تف) کچھ دنوں سے۔ حال ہی میں۔ **اب ادھر یا اُدھر**۔ فیصلہ ہونا چاہئے۔ **اب اس کا خدا ہی حافظ ہے**۔ امید نہیں کہ رہے۔ **اب استقلال کو کام میں لاؤ**۔ اب صبر کرو۔ **اب بتاؤ کہو یا کہئے**۔ اب تم کیا کر سکتے ہو۔ اب تمہارا کیا زور ہے۔ **اب بھی** (تف) اس وقت بھی۔ تاہم۔ اس پر بھی۔ باوجود اس کے بھی۔ **اب بھی باز آؤ**۔ جب کوئی بار بار سمجھانے سے نہیں مانتا تو تنگ آکر کہتے ہیں۔ **اب پکّے رہنا کچّے نہ ہونا** (لازم) پھر وعدہ خلافی نہ کرنا۔ **اب پیٹھ دکھائی ہے تو جیتے جی مُنہ نہ دکھانا**۔ اگر جاتے ہو پھر کبھی نہ آنا۔ **اب تب** (تف) اِس وقت اور اُس وقت تھوڑی دیر میں۔ حیلے حوالے۔ ٹال مٹولے۔ **اب تب کرنا** (متعدی) حیلے حوالے کرنا۔ بہانہ کرنا۔ ٹالنا۔ **اب تب ہونا** (لازم) مرنے کے قریب ہونا۔ **اب تک۔ تلک۔ تئیں۔ توڑی تیں** (آخری چاروں متروک) اس وقت تک۔ ابھی تک **اب تک خوب پھولی پھلی کھائی تھی**۔ اب تک خوب آرام سے بسر کی تھی۔ **اب تک رو کر روٹی مانگتی ہے**۔ ابھی کمسن ہے۔ ابھی بچہ ہے۔ **اب تم بہت چل نکلے**۔ اب تم بہت سرکش ہوگئے ہو۔ **اب تمہاری دال گلنی مشکل ہے**۔ اب تمہارا کام نہیں بنیگا۔ **اب تو** (تف) تاکید کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ آئندہ کے لئے اس کے بعد۔ **اب تو دشمنوں کو ٹھنڈک پڑی**۔ اب تو مخالفوں کو خوشی حاصل ہوئی۔ **اب تو زمین پر آسمان کی سوجھنے لگی**۔ کنگال کو امیرانہ خیال آنے لگے۔ **اب تو مر ساب کہا مان**۔ اب جانے دے۔ **اب جاگے**۔ اتنی دیر کے بعد ہوش میں آئے۔ **اب زیست بامیدِ مرگ ہے**۔ زندگی سے بیزار ہوں۔ **اب سے** (تف) آئندہ۔ اس وقت سے۔ **اب سے دُور**۔ اب اس سے خدا محفوظ رکھے یا بچائے۔ کسی گزشتہ بُری بات کا ذکر کرتے ہوئے کہا جاتا ہے۔ **اب کا** (صفت) اس وقت کا۔ حال کا۔ یہ۔ اگلا۔ آئندہ۔ نیا۔ تازہ۔ **اب کوئی** (ذکر) تھوکتا بھی نہیں۔ اب کوئی نہیں

پُوچھنا۔ اب کہاں جاتا ہے۔ قابو میں آگیا جانے نہیں پائیگا۔ اب کے بچے تو سب گھر رچے اب کے بچے تو گھر گھر نچے (سب گھر رچے) (جو سرا جب کوئی گوٹ مرنے والی ہو تو یہ کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اگر اب کے بچ گئی تو پکی ہو جائیگی۔ پھر اسے کوئی ڈر نہیں۔ اب کے یا کی (تف) اس وقت۔ اس مرتبہ۔ آئندہ۔ گذشتہ اب کیا ہوتا ہے! موقعہ نکل گیا۔ وقت جاتا رہا ؟ اب کیا کاروبار ہوتا ہے (استفہام) اب کے برس یا سال۔ اس سال۔ اب کے حساب یا حسابوں (ع) آج کل کے مقابلے میں۔ اب کی بار۔ اس دفعہ۔ اب لگ۔ اب لوں۔ اب لے۔ اب لیں (ھ) اب تک۔ اب ناحق مکاسی جان پر آبنی۔ اب غریب پر آفت آگئی۔ اب نو بدھ بارہ سدھ ہیں۔ اب گرے ہیں اب نہ تب۔ نہ اس وقت۔ نہ پھر کبھی۔ اب نہیں پنپتا۔ اب نہیں بچتا۔ اب نہیں مالدار ہوتا۔ اب وہ نقشہ نہ رہا۔ اب حالت بدل گئی۔ اب ہاتھ پکڑے کی لاج ہے تو تم کو۔ اب تمہیں میری مدد کرنی پڑیگی۔ اب ہمارا سلام لو۔ اب ہم رخصت ہوتے ہیں۔ اب یہاں تک مغز چل گیا ہے۔ تکبّر ہو گیا ہے۔ اب یہی حساب ہے اب یہی ارادہ ہے۔

امثال و اقوال۔ اب بھی میرا مردہ تیرے زندہ پر بھاری ہے۔ باوجود کمزوری کے بھی تجھ سے زیادہ طاقت رکھتا ہوں۔ اب پچھتائے کیا ہوت ہے جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ موقعہ ہاتھ سے نکل گیا تو پچھتانے کا کیا فائدہ۔ اب تک پڑے ہینگ ہگ رہے ہیں اپنے کئے کی سزا پا رہے ہیں۔ اب تو پتھر کے نیچے ہاتھ دبا ہے۔ اب پھنسے ہوئے ہیں۔ مجبور ہیں۔ اب تو روپے کی ذات ہے۔ روپیہ ہے تو ذات بھی اچھی ہو جاتی ہے۔ اب تو ہوں میں اونی اونی جب ہونگی سب سے دونی۔ ابھی کیا ہے آگے چل کر گل کھلے گا۔ اب جینے کا کچھ مزا (سواد) نہیں۔ ایام گزشتہ کی یاد پر کہا جاتا ہے۔ اب ستونتی ہو کر بیٹھی لوٹ کر سنسار (ھ) اب ستونتی بنے لوٹ کر سنسار۔ نو سو چوہے کھا کر بلی حج کو چلی۔ تمام دنیا کو لوٹ کر اب پرہیزگار بن گئے۔ اب سے آئے گھر سے آئے۔ اب جو کچھ غلطی سے ہو گیا۔ ہو گیا۔ اب ایسا نہ کرینگے۔ اب کوئی دم میں مرلیا باجے گی۔ اب معلوم ہوگا۔ تھوڑی دیر میں پتہ لگے گا۔ سزا یا بدلہ ملنے والا ہو تو کہتے ہیں۔ اب کی (بات) اب کے ساتھ جب کی (بات) جب کے ساتھ۔ جو کچھ تھا وہ گزر گیا اب جو رنگ زمانے کا ہے ویسا کرنا چاہیئے۔ اَب کی چھائی کی نرالی باتیں (ھ) نئے نوجوان عجیب عجیب باتیں کرتے ہیں۔ زمانہ عجیب آگیا ہے۔ اب کے ساہے ہم نہ بیاہے کھٹ پڑو وہ سلہے (ھ) اب کے بیاہ کے موسم میں بھی ہماری شادی نہ ہوئی۔ لعنت ہو اس موسم پر۔ مطلب یہ ہے کہ اب بھی ہمارا کام نہ بنا۔ اب کے مڑئیے ہو راجہ (ھ) اگر اب بھی واپس آؤ تو جو چاہو کرو۔ اب کے وار میں بیڑا پار ہے۔ اس دفعہ کام بن جائیگا۔

اِب (ھ۔ تف) ایسے مثلاً۔ اسی طرح

اَبّا (ع۔ مذکر) باپ۔ بزرگان خاندان۔ (اَب۔ باپ) اَبّا جان۔ ابا جانی۔ ابا میاں (ع) باپ۔ چچا۔ دادا کو محبت و پیار سے کہتے ہیں۔ ابّا جی۔ لڑکے باپ کو کہتے ہیں۔

اِبا (ع۔ مذکر) انکار۔ ابا کرنا (متعدی) انکار کرنا۔

اَباب (ع۔ مذکر) سفر کی تیاری۔ تیار ہونا۔

اَبابیل (ع۔ مؤنث) ایک چھوٹا سا پرندہ۔ ابابیلیا (مذکر) ایک کبوتر ابابیل کے رنگ کا۔

اِباحت (ع۔ مؤنث) مباح کرنا۔ جائز کرنا۔ اجازت (مُباح۔ جائز کرنا)

اَبادت (ع۔ مؤنث) قتل۔ بربادی تباہی (اَبید۔ مرنا)

اَبادھار (س۔ صفت) آزاد۔ نہ رکا ہوا۔ درست۔ بغیر مشکل۔ نہ روکنے والا۔

اَبادِھیَہ (س۔ مذکر) اصول موضوعہ۔ امر بدیہی۔ ایسا امر جس کے ثبوت کی ضرورت نہ ہو۔

اَبار (ھ۔ مذکر) دریا کا اِس طرف کا کنارہ۔ نزدیک کا کنارہ (س اوار)

اُبار (ھ۔ مذکر) رہائی۔ خلاصی۔ چھٹکارا (س ورِت۔ حرکت کرنا) اُبارنا (متعدی) رہائی دینا۔ چھوڑ دینا۔ بچانا۔ باقی رکھنا۔ جمع رکھنا۔

اِبارَت (ع۔ مؤنث) برباد کرنا۔ تباہ کرنا

اَباریق (ع۔ مذکر) ابریق کی جمع ! چمکدار تلواریں ! لوٹے۔

اَباطیل (ع۔ مذکر) باطل کی جمع۔ معمولی چیزیں۔ دُنیا کی فضول باتیں یا خواہشیں۔

اِباق (ع۔ مذکر) بھاگ جانا۔

اَباک (ھ۔ صفت) ! گونگا ! (تف) نیچے۔ جنوب میں۔

اُباکنا (ھ۔ متعدی) قے کرنا۔

اُبال (ھ۔ امر) ! ابالنا کا ! (مذکر) جوش۔ ہانڈی کا جوش۔ کف۔ پھین جو آگ کی گرمی سے کسی مائع چیز کے اوپر آجائے۔ ابالا (ماضی) ! ابالنا کا ! (صفت) پانی میں ڈال کر پکایا ہوا۔ بےمزہ اور معمولی کھانا۔ بے روغن پکا ہوا۔ اُبالا سُبالا (صفت) بے مصالح اور بے گھی کا۔ اُبال آجانا یا آنا (لازم) جوش آنا شروع ہو جانا۔ اُبال اُٹھنا (لازم) اُبال آنا۔ اُبال لینا (متعدی) اُبالنا۔ ناواقف آدمی کا معمولی کھانا پکا لینا۔ اُبالنا (متعدی) جوش دینا۔ اُبالی دال مِلنا (لازم) کم درجے کی خوراک ملنا۔

اُبا دینا۔ اُبانا (ھ متعدی) اُگانا۔ بونا۔

اَبھاگ (ھ۔ مذکر) بدقسمتی۔ تباہی مصیبت۔

اِبتدا (ع۔ مؤنث) ! شروع۔ آغاز۔ پہل ! اصلیت ! بنیاد بنا ! منبع۔ مبدا۔ (بَدا۔ شروع کرنا) ابتدا (ابتدا) میں (تف) شروع شروع میں۔ اوّل اوّل۔ ابتدا بگڑنا (لازم) آغاز خراب ہو جانا۔ شروع سے ہی خراب ہو جانا۔ ابتدا پڑنا (لازم) بِنا قائم ہونا۔ ابتدا سے (تف) شروع سے ابتدا سے انتہا تک (تف) شروع سے آخر تک۔ اُوپر سے نیچے تک۔ ابتدا کرنا (متعدی) شروع کرنا۔ ابتدا میں (تف) شروع میں۔ ابتدا ہونا (لازم) شروع ہونا۔ ابتداءً (تف) شروع میں پہلے پہل۔ ابتدائی (صفت) شروع کا۔ پہلا۔ ابتدائی تعلیم (مؤنث) پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم۔ ابتدائی مرحلہ (مذکر) پہلی شکل۔

مقولہ۔ ابتدائے عشق ہے روتا

ہے کیا۔ آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا۔ ابھی سے گھبرا گیا۔ آگے بڑی تکلیفیں برداشت کرنی ہیں۔

اِبتِدَاع (ع۔ مذکر) اختراع۔ ایجاد نئی بات۔

اِبتِذَال (ع۔ مذکر) بیہودہ خرچ کرنا۔ کھو دینا۔ بے اعتباری۔ بے قدری۔ ہلکا پن۔ فضول خرچی۔ کمینہ پن۔ بے احتیاطی۔

اَبتَر (ع۔ صفت) ۱ پریشان۔ تتر بتر۔ منتشر ۲ بدچلن۔ آوارہ۔ بدمعاش ۳ غریب۔ مفلس ۴ ناقص۔ خراب (کرنا ہونا کے ساتھ) ۵ دم کٹا۔ لنڈورا ۶ گنجفے اور تاش کے ایک کھیل میں اگر پہلی بازی میر یا تصویر نہیں آتی تو بے میر بازی ابتر کہہ کر پتّے پھینک دئے جاتے ہیں ۷ علم عروض کے ایک زحاف کا نام (بَتَر۔ دم کاٹنا) ابتر ہوگیا ۱ کام خراب ہوگیا ۲ آوارہ ہوگیا۔ گنجفے میں خلال نہ ہوئی۔ ابتری (مؤنث) ۱ خرابی۔ بربادی۔ تباہی۔ زوال۔ تنزل ۲ غربت۔ مفلسی ۳ آوارگی۔ بدچلنی ۴ بے ضابطگی۔ بدنظمی۔ بدانتظامی ۵ گنجفہ یا تاش میں غلط تقسیم۔ ابتری پڑنا (لازم) ۱ پتّوں کی تقسیم میں کمی بیشی ہو جانا۔ تقسیم میں بھول پڑجانا ۲ بدانتظامی ہونا۔ بدنظمی ہونا۔ ابتری دینا (متعدی) تقسیم کی غلطی کرنے والے کو اپنے پتّوں سے دوسروں کو پتّے دینا۔ ابتری ڈالنا (متعدی) تقسیم میں غلطی کرنا۔ ابتری ہونا (لازم) ۱ بدنظمی ہونا۔ بدانتظامی ہونا ۲ خرابی ہونا۔

اِبتِسَام (ع۔ مذکر) ہنسی۔ تبسم۔ مُسکراہٹ (بَسَم۔ مُسکرانا)

اِبتِغَا (ع۔ مذکر) ۱ تلاش کرنا ۲ چاہنا ۳ لالچ کرنا۔

اِبتِکَار (ع۔ مذکر) صبح اُٹھ کر کوئی کام کرنا۔

اِبتِلا (ع۔ مؤنث) آزمائش۔ تکلیف۔ مصیبت۔ تباہی۔ بلا میں پڑنا۔ شامت (بَلَا۔ تکلیف دینا۔ آزمانا)

اِبتِلاع (ع۔ مذکر) نگلنا۔

اِبتِلال (ع۔ مذکر) گیلا کرنا۔

اِبتِنَا (ع۔ مذکر) مکان بنانا۔

اِبتِہَاج (ع۔ مذکر) خوشی۔ انبساط آنند (بَہَجَ۔ خوش ہونا)

اِبتِیَاع (ع۔ مذکر) خریدنا۔

اُبٹَن (ہ۔ مذکر) ابٹنا۔ غازہ۔ گلگونہ ایک خوشبودار مصالح جس کے ملنے سے بدن نرم اور خوشبودار ہو جاتا ہے۔ عموماً شادی کے موقعہ پر ملتے ہیں۔ ابٹنا (متعدی) ۱ ملنا۔ ابٹنا ملنا ۲ (مذکر) ابٹن۔ ابٹنا یا ابٹن کھیلنا (متعدی) شادی کے موقعہ پر جب دُولہا دُلہن کو ابٹنا ملا جاتا ہے تو عورتیں ہنسی مذاق میں ایک دوسرے کو لگا دیتی ہیں۔

اُبٹوانا (ہ۔ مم) ابٹنا ملوانا۔

اَبَث (ع۔ فر) بدگوئی کرنا۔

اَبَج (س۔ صفت) پانی میں پیدا ہُوا ہُوا۔ ابجن (مذکر) ۱ سنکھ ۲ چاند ۳ دھنونتری ۴ وشال کا ایک بیٹا۔ ابجم (مذکر) ۱ کنول ۲ سنکھ گنتی کا۔ ابجناتھ (مذکر) وشن جی۔ ابجواہن (مذکر) شوجی۔ ابج یونی (مذکر) برہما جی۔

اَبجَد (ع۔ مذکر) ۱ عربی حروف تہجی کے ۲۸ حروف ۲ ان ۲۸ حروف کو ۸ الفاظ میں تقسیم کرکے ان کے اعداد مقرر کئے گئے ہیں۔ اَبجَد (۱-۲-۳-۴) ہَوَّز (۵-۶-۷) حُطّی (۸-۹-۱۰) کَلَمَن (۲۰-۳۰-۴۰-۵۰) سعفص (۶۰-۷۰-۸۰-۹۰) قرشت (۱۰۰-۲۰۰-۳۰۰-۴۰۰) ثخذ (۵۰۰-۶۰۰-۷۰۰) ضظغ (۸۰۰-۹۰۰-۱۰۰۰) اس قاعدے سے تاریخ کسی واقعہ کی شعر یا مصرعے یا جملے یا لفظ سے نکالی جاتی ہے ۳ یہ سلسلہ حروف عبرانی حروف کے بموجب ہے ۴ اس سے اب ت بھی مراد ہوتا ہے۔ ابجد خواں (مذکر) مبتدی الف ب ت پڑھنے والا۔ ابجد خواں ہے ۱ مبتدی ہے کام سے ناواقف ہے ۲ ہوشیار نہیں۔ ابجد کا قفل (مذکر) ایک قسم کا قفل جس کی چابی نہیں ہوتی اور خاص حروف کے ملانے سے کھلتا ہے۔ ان کو علیحدہ کرنے سے بند ہو جاتا ہے۔

اَنبچ (ہ۔ مذکر) نہ بچا ہُوا۔

اَبچار (ہ۔ مذکر) ۱ لاپروائی بیفکری غفلت ۲ ناانصافی۔ ابچاری (صفت) غافل۔ لاپروا۔ بے فکر۔

اَبچل (ہ۔ صفت) ۱ ساکن۔ بے حرکت ۲ مضبوط۔ طاقتور ۳ ثابت قدم۔ دلیر۔

اَبحار۔ اَبحُر (ع۔ مذکر) جمع بحر کی۔

اَبخَل (ف۔ مذکر) جابلسا کے ایک بادشاہ کا نام۔

اَبخِرَہ (ع۔ مذکر) بخار کی جمع۔ گر اُردو میں واحد استعمال ہوتا ہے۔ ابخرے (مذکر) بھاپ بخارات۔ (اُٹھنا۔ چڑھنا۔ نکلنا کے ساتھ) ابخرے دماغ کو چڑھنا (لازم) پاگل ہو جانا۔ سودائی ہو جانا دماغ میں گرمی کا اثر کر جانا۔

اَبخَل (ع۔ صفت) بہت بخیل۔ سخت کنجوس۔

اَبَد (ع۔ مذکر) ۱ ہمیشگی۔ بلا انتہا زمانہ دوام۔ سدامت۔ قدامت ۲ مجازاً روز قیامت (اَبَدَ۔ دیر پا ہونا) ابدالآباد (تف) ہمیشہ ابد تک (تف) ہمیشہ کے لئے۔ ابد شہر (مذکر) ۱ اگلا جہاں ۲ ایک دریا کا نام ۳ ایک شہر کا نام۔ ابداً (تف) مدام۔ سدا۔ ہمیشہ۔ ابدی (صفت) غیرفانی۔ جاودانی۔ دائمی۔ اَبدِیّت (مؤنث) ہمیشگی۔

اَبَد (س۔ صفت) پانی دینے والا۔ ابدس (مذکر) ۱ بادل ۲ سال ۳ ایک پہاڑ۔ ابدواہن (مذکر) شوجی کا نام۔

اِبدا (ع۔ مؤنث) ۱ شروع کرنا ۲ ایجاد کرنا ۳ پیدا کرنا۔

اَبدَاع (ع۔ مذکر) ایجاد۔ اختراع (بَدَعَ۔ شروع کرنا)

اَبدَال (ع۔ مذکر) ۱ اولیاء کا ایک گروہ ہے۔ جن سے دُنیا کبھی خالی نہیں رہتی ۲ خلفائے پیغمبراں ۳ مذہبی آدمی۔ زاہد۔ ولی۔ نبی۔ بزرگ ۴ مسلمانوں میں فقرا کا ایک فرقہ ۵ افغانوں کا ایک فرقہ (بَدَل۔ بدلنا کسی چیز کو)

اَبدھ (س۔ صفت) ۱ آزاد۔ کھلا ۲ بے معنی۔ فضول۔ ابدھیہ (صفت) بے معنی۔ فضول۔

اَبدِھ (س۔ مذکر) جھیل۔ تالاب۔ سر

اَبدھ (ہ۔ صفت) ۱ بے قاعدہ۔ خلاف قانون ۲ (تف) بے قاعدگی سے۔

اُبدھ (ہ۔ صفت) کم عقل۔ بے وقوف۔ بے سمجھ۔ نادان۔

اُبدِھ (س۔ صفت) ۱ کم عقل۔ نادان۔ بے وقوف ۲ (مؤنث) بے وقوفی۔ نادانی۔ ابدھمان (صفت) کم عقل۔ بیوقوف۔

اَبدھا (س۔ مؤنث) تکون کے قاعدے کا ایک حصہ۔

اَبدھوت (ہ۔ مذکر) ۱ ہندو فقیر۔

جوگی۔ پوجاری ۲ شوجی کا پجاری ۔سادھو۔ وہ شخص جو دُنیا کو تیاگ دے۔

اَبدِھی (ہ۔ مذکر) بحر۔ سمندر۔
ابدھی کیپھ (مذکر) دیکھو سمندر پھین۔

اَبَر (ف۔ مذکر) ۱ پانی کے بخارات جو سخت گرمی کی وجہ سے سمندر سے اُٹھتے ہیں۔ جب ہوا کے سرد طبقے میں پہنچتے ہیں۔ تو جم جاتے ہیں۔ اور نظر آنے لگتے ہیں۔ ہوا انہیں اڑا لے جاتی ہے اور یہ ہر جگہ برستے ہیں۔ دیکھو مانسون۔ بادل۔ سیماب (غالباً آب سے ۔س ابھر۔ بھرنا) ۲ ایک قسم کا تلوار کا جوہر ۳ ایک قسم کا چھری کا جوہر۔ ابر اُٹھنا (لازم) بادل آنا۔ اُفق سے بادل کا نمودار ہونا۔ ابرِ آذر (مذکر) ابر بغیر بارش کے۔ بے مینہ کا بادل۔ ابرِ باراں (مذکر) برسنے والا بادل۔ ابرِ بہار یا بہاراں یا بہاری (مذکر) وہ ابر جو فصل بہار میں آتے۔ ابرِ بہمن (مذکر) وہ ابر جو ماہ بہمن میں آئے۔ ابرِ تر (مذکر) برسنے والا بادل۔ ابرِ تصویر (مذکر) کاغذ پر ابر کی شکل۔ ابرِ تُنک (مذکر) ہلکا ابر۔ ابرِ تیرہ یا تیرہ و تار (مذکر) کالی گھٹا۔ ابرِ تیغ (مذکر) تلوار میں جوہروں کی شکل زنگاری خطوط کا سلسلہ۔ ابرِ تیغ سے خون برسنا (لازم) سخت خونریزی ہونا۔ ابر چھانا (لازم) بادلوں کا گھر کر آنا۔ ابرِ دریا بار۔ بہت برسنے والا بادل۔ ابرِ دھندوکار (مذکر) سیاہ اور گہرا بادل۔ ابرِ رحمت (مذکر) خدا کی مہربانی کا بادل۔ چونکہ پانی کا برسنا لوگوں کے لئے بہت مفید ہے۔ اس لئے رحمت کا ابر سے استعارہ کیا ہے۔ ابرِ سپر۔ ڈھال کی سیاہی اور جوہر کو ابر سے استعارہ کرتے ہیں۔ ابرِ سیاہ یا سیاہ تاب (مذکر) کالی گھٹا۔ ابرِ عالمگیر (مذکر) وہ بادل جو دُور تک چھایا ہُوا ہو۔ ابرِ غلیظ (مذکر) گہرا بادل گھٹا۔ ابرِ قبلہ (مذکر) بادل جو قبلے کی طرف سے اُٹھے۔ ہندوستان میں اس سے بہت بارش ہوتی ہے۔ ابر کا ٹُکڑہ (مذکر) ابر کا ٹکڑا۔ ابرِ کرم (مذکر) سراپا کرم۔ ابر کو دیکھ کر گھڑے پھوڑ دینا (متعدی) موہوم امید پر یقین کرنا۔ ابرِ کوہسار کہسار یا کہساری (مذکر) وہ بادل جو پہاڑوں کی طرف سے اُٹھے۔ ابر کھلنا (لازم) بادلوں کا اُڑ جانا۔ ابر گھر آنا (لازم) بادل چھا جانا۔ ابرِ مردہ (مذکر) اسفنج۔ ابرِ نوبہار نوبہاری (مذکر) وہ ابر جو فصل بہار کے شروع میں آئے۔ ابرِ نیساں (مذکر) وہ ابر جو فصل ربیع میں نوروز سے چالیس دن قبل یا چالیس دن بعد برستا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کی بوند سے سیپ میں موتی پڑ جاتا ہے۔ جو غلط ہے۔ ابر و باد (مذکر) آندھی اور پانی۔

امثال و اقوال۔ ابر را بانگِ سگ ضرر نکند۔ عوام کے بُرا کہنے سے خواص کا کچھ نہیں بگڑتا۔ ابر مے خواہند مستاں خانہ گو ویراں شود۔ ہوا و ہوس کے بندے اپنی خواہشات کے بُرے نتائج سے نہیں ڈرتے۔

اَبَر (ہ۔ نفت) ۱ اب۔ اس وقت ۲ (صفت) کمزور۔ ضعیف۔

اَبرا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو ابرہ ۲ (صفت) کمزور۔ غریب۔

امثلہ۔ ابرا کی جورو سب کی بھاوج غریب کی چیز کو ہر کوئی بلا تکلف استعمال کرتا ہے۔ ابرے کی بھینس بیائی سگرو گاؤں مٹیا لے ڈھائل۔ غریب کی بھینس نے بچہ دیا سارا گاؤں برتن لے آیا غریب کی چیز کو ہر ایک لینا چاہتا ہے۔

اَبرا (ع۔ مذکر) رہائی۔ چھٹکارا۔ (بَرءَ چھوٹنا)

اِبرا (ع۔ مذکر) ۱ خلاصی دینا۔ چھوڑ دینا ۲ خطرے سے بچانا ۳ تندرست کرنا۔ اچھا کرنا۔

اُبرا (ہ۔ صفت) باقی۔ بقایا بچا ہُوا۔ فضلہ۔ ابرا مُبرا (صفت) اُبرا۔ ابرا کرنا۔ ابرانا دیکھو ابانا۔

اِبراح (ع۔ مذکر) ۱ بڑھانا ۲ حیران کرنا ۳ خوش کرنا ۴ نقصان کرنا۔

اَبرار (ع۔ مذکر) جمع بَرّ کی۔ پرہیزگار لوگ۔ منصف آدمی۔ ولی۔ تابعدار والدین کے۔

اِبرار (ع۔ مذکر) ۱ ٹھنڈی چیز لانا ۲ ٹھنڈا پانی پلانا ۳ سردی محسوس کرنا۔

اِبراز (ع۔ مذکر) ۱ پیدا کرنا ۲ شائع کرنا۔

اِبراص (ع۔ مذکر) برص پیدا کر دینا۔

اِبراض (ع۔ مذکر) نیا گھاس پیدا کرنا۔

اِبراق (ع۔ مذکر) بجلی چمکانا۔ پانی پر تیل ڈالنا۔

اِبرام (ع۔ مذکر) ۱ زور سے مروڑنا ۲ متنفر کر دینا ۳ دباؤ۔ تقاضا۔ اصرار۔ تکرار ۴ دوہرے دھاگوں کا کپڑا بُننا۔

اِبرۃ (ع۔ مؤنث) سوئی۔ ڈنک (اَبَرَ۔ سوئی چبھونا) ابرۃُ الملاحین (مؤنث) ملاحوں کی سوئی۔ قطب نما۔

اَبرَد (ع۔ صفت) نہایت سرد (بَرَدَ۔ سرد ہونا)

اَبرَش (ع۔ صفت) گلدار۔ داغدار چتی دار۔ گلدار سبزہ گھوڑا (بَرِشَ۔ گلدار ہونا)

اَبرَص (ع۔ صفت) جس کے بدن پر سفید داغ ہوں۔ کوڑھی (بَرِصَ۔ کوڑھی ہونا)

اَبرَق (ع) اَبرَک (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چمکیلا معدن جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں (بَرَقَ۔ چمکنا)

اَبرَک (ع۔ صفت) زیادہ مبارک۔

اَبرَن (ہ۔ مذکر) ابرن۔ گہنا۔ زیور (س۔ ابھرن)

اُبَرنا (ہ۔ لازم) بچنا۔ بقایا ہونا۔ بڑھنا (س۔ ورت رہنا)

اَبرَنجن۔ اَبرَنجین (ف۔ مذکر) پہنچی۔ سونے چاندی کے پاؤں کے زیور۔

اَبرُو (ف۔ مؤنث و مذکر) بھوں۔ ابرو پر میل نہ آنا (لازم) صدمے کا ذرا بھی اثر نہ ہونا۔ ذرا بھی پروا نہ کرنا۔ ناراض نہ ہونا۔ ابرو تاننا (متعدی) غصّہ میں ابرو اُوپر چڑھانا۔ ابرو کمان (صفت) وہ جس کی ابرو کمان کی طرح ہو۔ محبوب۔ ابرو میں بل آنا یا پڑنا یا چیں آنا (لازم) غصّہ آنا۔ تیوری چڑھانا۔ ابرو پر گرہ مارنا (ہ۔ متعدی) تیوری چڑھانا۔ چیں بجبیں ہونا۔ ابرو ہلانا (متعدی) ہلنا (لازم) ابرو کو جنبش ہونا۔ ابروئے پیوستہ (مؤنث) وہ بھویں جو ایک دوسرے سے ملی ہوں۔ ابروے ترش یا تلخ (مؤنث) چین ابرو ماتھے کا بل جو غصّہ کی وجہ سے ہو۔ ابروئے فلک (مذکر) ہلال۔

ابرواز۔ ابرویز (ع۔ مذکر) ایک ایرانی بادشاہ۔

اَبرَہ (ف۔ مذکر) دوہرے یا روئی دار کپڑے کی اُوپر والی تہ (چڑھانا۔ دینا۔ لانا کے ساتھ)

اَبرَہام (ف۔ مذکر) ۱ روح۔ اصل ۲ ایک فرشتہ جو دُنیا پر حکومت کرتا ہے ۳ حضرت ابراہیمؑ۔

اَبرَہہ (ع۔ مذکر) ۱ ایک پرند ۲

حبش کا ایک بادشاہ جس نے مکّہ پر زمانہ جاہلیت میں حملہ کیا تھا۔ اصحاب الفیل کا قصّہ قرآن شریف میں اسی کے متعلق ہے۔

اَبری (ف۔ صفت) ۱ رنگدار کئی رنگ کی دھبہ دار ۲ (مؤنث) ایک قسم کا کاغذ جس پر کئی رنگ ہوتے ہیں۔ اور جلدوں پر چڑھانے کے کام آتی ہے۔

اِبرنج (ع۔ مونث) مٹھائی۔

اِبریز (ع۔ مذکر) خالص سونا یا چاندی۔

اَبریشم (ف۔ مذکر) کچا ریشم۔ ریشم۔ ریشمی دھاگا۔ ابریشمی۔ ابریشمیں (صفت) ریشمی۔ ریشم کا بنا ہوا۔

اِبریق (ع۔ مذکر) ۱ چھاگل۔ صراحی۔ پانی پینے کا لوٹا۔ پانی کا ایک ٹونٹی دار اور دستہ دار برتن ۲ چمکدار تلوار۔

اَبڑ دَھبڑ (ہ۔ صفت) ۱ بھدا۔ کھردرا ۲ بے محل۔ ناموزوں ۳ بے سُر۔ بے تال۔

اَبس (ہ۔ صفت) ۱ نافرمان۔ سرکش۔ منہ زور ۲ کمزور۔ بیکس۔ بیچارہ۔ بے وسیلہ (س۔ وَش فرمانبردار ہونا)

اَبس (ع۔ مذکر) تنبیہ کرنا۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔

اِبسال (ع۔ مذکر) ۱ ممانعت کرنا۔ روکنا ۲ خلاف قانون قرار دینا۔ حرام قرار دینا ۳ چھوڑ دینا۔ دشمن کے ہاتھ پکڑوا دینا۔ سپرد ہلاکت کر دینا ۴ ظاہر یا افشا کر دینا ۵ گروی یا رہن رکھنا۔

اَبسَن (ہ۔ صفت) ننگا۔ بغیر کپڑوں کے (س۔ وَش پہننا)

اَبسَن (ہ۔ صفت) بغیر خواہش۔

اُبسَنا (ہ۔ لازم) ۱ گلنا۔ سڑنا۔ بوسیدہ ہونا۔ سڑنے کے آثار پیدا ہونا ۲ کھانے میں بو آ جانا (ہ) ۳ تھک جانا۔ بے صبر ہو جانا۔

اَبِسواس (ہ۔ مذکر) بے اعتباری۔ بدظنی۔ بے اعتمادی۔ بدگمانی۔ شک۔ شبہ (س۔ وِشواس۔ اعتبار ہونا) ابسواس پن (مذکر) ابسواس۔ ابسواسی (صفت) ۱ بے اعتبار کرنے والا۔ شک یا شبہ کرنے ۲ والا (مذکر) شبہ کرنے والا آدمی۔ اعتبار نہ کرنے والا آدمی۔ کافر۔

اَبصار (ع۔ مذکر) جمع بصر کی۔ دانائی علم ۲ آنکھیں۔ نظر۔ بصیرت۔ سمجھ (بَصَر۔ دیکھنا)

اِبصار (ع۔ مذکر) ۱ دیکھنا ۲ دکھانا ۳ ظاہر ہونا

اَبصَر (ع۔ صفت) زیادہ تیز نگاہ۔ بصیر کی تفضیل بعض وکل۔

اِبضاع (ع۔ مذکر) ۱ فروخت کے لئے چیزیں الگ الگ رکھنا ۲ نوٹے بھیجنا ۳ سلسلہ وار جواب دینا ۴ اپنی پیاس بجھانا۔

اِبَط (ع۔ مذکر) بغل۔ ابط الجَوزا (مذکر) یہ ایک سرخ ستارہ ہے۔ آسمان میں روشنی کے لحاظ سے نواں ستارہ ہے۔

اِبطا (ع۔ مذکر) دیر لگانا۔ آہستہ آہستہ جانا۔

اَبطال (ع۔ مذکر) بَطَل کی جمع۔ بہادران۔ شجاعان۔

اِبطَال (ع۔ مذکر) ۱ باطل کرنا۔ جھوٹا کرنا ۲ استرداد۔ منسوخی (بَطَل۔ جھوٹا ہونا)

اَبطَح (ع۔ مذکر) میدان۔ نشیب دار کنکریلی زمین۔

اَبطَل (ع۔ صفت) بہت جھوٹا۔ بہت خودپسند۔ بہت بے سود۔

اَبعَاد (ع۔ مذکر) جمع بُعد کی ۱ فاصلے طرفین۔ ابعاد ثلاثہ (مذکر) تین طرفیں۔ عرض۔ طول۔ عمق۔ اکارناپ۔

اَبعَد (ع۔ صفت) ۱ بہت دُور۔ بہت فاصلے پر ۲ غدار۔ نمکحرام۔

اِبغَاض (ع۔ مذکر) ۱ بغض رکھنا ۲ نفرت پیدا کرنا۔

اَبقَا (ع۔ مذکر) ۱ دائمی بنانا۔ قائم کرنا ۲ محافظت۔ رکھنا ۳ التوا۔ تطویل۔ استداد (بَقیٰ۔ باقی رہنا)

اَبقَع (ع۔ صفت) رنگ برنگ۔ بوقلموں۔ ابلق۔

اَبقیٰ (ع۔ صفت) زیادہ دیر تک رہنے والا۔

اُبَک (ہ۔ امر) اُبکنا کا۔ ابکا (امر) ۱ ابکانا کا ۲ (ماضی) ابکنا کا ۳ (ہ۔ مذکر) وہ گانٹھ جو پانی کے برتن کی گردن میں پانی کنوئیں سے نکالنے کے لئے دی جائے۔ ابکانا (ہ۔ متعدی) قے کرانا۔ الٹی کرانا (س۔ وَم۔ قے کرنا) ابکائی (مؤنث) ۱ قے۔ استفراغ ۲ معدے کی وہ حرکت جس میں وہ کھانے کو باہر نکالنے کی کوشش کرتا ہے۔ ابکائی آنا (لازم) قے ہونا۔ ابکائی لگنا (لازم) بار بار ابکائی آنا۔ اُبکنا (لازم) قے کرنا۔ اوکنا۔ الٹی کرنا۔

اِبکَار (ع۔ مؤنث) جمع بِکر کی۔ کنواری لڑکیاں۔

اُبکَانا (ہ۔ متعدی) قے کرانا۔ استفراغ کرانا۔ الٹی کرانا (س وَم۔ قے کرنا)

اَبکت (ہ۔ صفت) ۱ پوشیدہ۔ جو ظاہر نہ ہو ۲ نامعلوم۔ بے معنی۔ اَبکت گَنِت (مذکر) نامعلوم مقدار کا حساب۔ الجبرا۔

اَبکَم (ع۔ مذکر) گونگا۔

اَبکیشی (ہ۔ صفت) بلا پھل۔ بانجھ۔ (مذکر) درخت جو پھل نہ دے۔

اَبل۔ اَبلا (س۔ صفت) کمزور ضعیف اَبلتا۔ اَبلتوَ (مؤنث) کمزوری۔ ضعف (س بل۔ طاقت)

اِبل (ع۔ مذکر) اُونٹ۔

اُبل (ہ۔ امر) اُبلنا کا۔ اُبلا (ماضی) اُبلنا کا۔ اُبل آنا (لازم) ۱ سوجنا۔ آشوب کر آنا۔ آنکھ کا ۲ جوش میں آ جانا۔ اُبلا پڑنا (لازم) جوش میں آنا۔ غصّے میں آنا۔ اُبلانا (متعدی) کسی چیز کو اُبالنا۔ اُبل پڑنا (لازم) ۱ ناراض ہونا۔ غصّہ میں آ جانا۔ بُرا بھلا کہنا ۲ بھید نہ چھپا سکنا۔ کچھ کہہ اٹھنا ۳ اُبل کر برتن سے باہر آ جانا۔ اُبلتی چاٹتا (چلتا) ہے۔ بڑا متکبر خود ستا ہے۔ اُبل جانا یا چلنا (لازم) ۱ جوش کھا جانا ۲ کچھ کہہ اٹھنا ۳ بھید نہ چھپا سکنا۔ اُبل گیا ۱ پانی وغیرہ گرم ہو کر برتن سے باہر ہو گیا یا جوش کھا گیا۔ تالاب سے پانی بہ نکلا ۲ ہستی سے باہر ہو گیا۔ تکبر کیا۔ اُبلنا (لازم) ۱ جوش کھانا ۲ زیادتی پر ہونا۔ بہتات سے ہونا ۳ آپے سے باہر ہو جانا۔ مغرور ہونا۔

اَبلَا (ہ۔ مؤنث) ۱ کمزور۔ ضعیف ۲ (مؤنث عو) جوان عورت۔ نازک خوبصورت عورت (س اَبلا کمزور) ابلا پری (مؤنث) نازک اور خوبصورت عورت۔ ابلاپا یا پن (مذکر) کمزوری۔ ضعف۔ اَبلائی (مؤنث) کمزوری۔ ضعف۔ ابلی (مؤنث) کمزور ضعیف۔

اِبلا (ع۔ مذکر) ۱ کپڑا استعمال کرکے پھاڑ دینا ۲ جانچنا۔ کسنا ۳ کافی ہونا۔ قانع ہونا۔

اِبلَاع (ع۔ مذکر) نگلنے کا موقع دینا۔ نگلوانا۔

اِبلَاغ (ع۔ مذکر) پہنچانا۔ بھیجنا (بَلَغ پہنچنا)

ابلاغ حکم (مذکر) حکم پہنچانا (کرنا ہونا کے ساتھ)

اُبُلّت (ع۔ مذکر) ۱ کٹی ہوئی کھجوریں ۲
قبیلہ۔ ساتھی ۳ بصرے کے قریب ایک خوبصورت مقام۔

اَبلَج (ع۔ صفت) وہ جس کی ابروئیں
بہت فاصلے پر ہوں۔

اَبلَغ (ع۔ صفت) بلیغ کی تفضیل بعض و
کل۔ زیادہ بلیغ۔ زیادہ مکمل۔ زیادہ مؤثر۔

اَبلَق (ع۔ صفت) ۱ دو رنگا۔ سفید و سیاہ
۲ (مذکر) وہ گھوڑا جس کے دو رنگ ہوں۔ عموماً سیاہ اور
سفید یا کیت اور سفید (بلق۔ سفید و سیاہ ہونا)
اَبلقا (مؤنث) ایک قسم کی مینا۔ ابلق ایّام یا روزگار (مذکر)
رات دن۔ ابلق چشم (صفت) آنکھ سے استعارہ ہے کیونکہ
اس میں دو رنگ ہوتے ہیں۔

اَبلَہ (ف۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔ سادہ۔ مورکھ۔
نادان۔ ابلہ فریب (صفت) مکار۔ دھوکا باز۔ دغاباز۔ ابلہ فریبی
(مؤنث) دھوکا۔ مکر۔ دغا۔ ابلہی (مؤنث) بیوقوفی۔ حماقت۔ نادانی۔

اِبلیس (ع۔ مذکر) ۱ شیطان۔ خناس ۲
(صفت) مفسد۔ شرارتی۔ جھگڑالو۔ فتنہ انگیز ۳ اصل
معنی مایوس۔ ناامید ۴ پلید (بَلَس۔ ناامید ہونا)
ابلیس کا پیشاب یا جنا (مذکر) شیطان کی اولاد۔
شیطان کا بچہ۔

اِبن (ع۔ مذکر) بیٹا (بَنَیٰ بنانا)
ابن آدم (مذکر) آدمی۔ انسان۔ ابن
الارض (مذکر) اجنبی۔ مسافر۔ ابن الامیر
(مذکر) عالی خاندان۔ ابن السّبیل (مذکر)
مسافر۔ ابن الغرض (مذکر) خودغرض آدمی ابن الغیب
(مذکر) نو دولت جس کا پتہ نہ ہو کون ہے۔ ابن الوقت
(صفت) خودمطلب۔ جو اپنا کام نکالنے کے لئے کسی
اور بات کا خیال نہ کرے۔ جو مقتضائے وقت پر
عمل کرے۔ زمانہ ساز۔ اِبناء جمع ابن کی۔ بیٹے۔
ابنائے جنس (مذکر) ہمجنس لوگ۔ ابنائے جہاں
دنیا۔ دہر۔ روزگار۔ زمانہ یا عصر (مذکر) افراد انسانی
اولادِ آدم۔ ابن جنس (مذکر) ہم جنس۔ ابن مریم
(مذکر) حضرت عیسےٰ۔

اِبنا (ع۔ مذکر) عمارت بنانے کا حکم دینا

اُبنا (ھ۔ لازم) اُگنا۔ پھوٹنا۔ پیدا ہونا
(س: وَپ۔ بونا)

اَبناس (ھ۔ مذکر) ۱ امان۔ سلامتی
۲ بچاؤ۔ تباہی یا زوال سے (س: نَش۔ مرنا) اِبناسی
(صفت) ۱ غیرفانی۔ لازوال ۲ (مذکر) غیرفانی مادہ۔

اَبندُو (ھ۔ صفت) بلانقط۔ بےنقط۔

اَبنی (ھ۔ مؤنث) زمین۔ دُنیا۔

اَبنے (ھ۔ مذکر) ۱ بےحیائی۔ بےشرمی
۲ بدتمیزی۔ گستاخی (س: دنی۔ ہٹا دینا) اَبنیت
(صفت) ۱ بےحیا۔ بےشرم ۲ بدتمیز۔ گستاخ ۳
بدچلن۔ زانی۔

اَبُو (ع۔ مذکر) ۱ باپ۔ پدر ۲ اسماء کے
ساتھ مل کر کنیت بناتا ہے۔ ابوالارواح (مذکر)
پارہ۔ ابوالبشر (مذکر) حضرت آدم۔ ابوالحارث
(مذکر) شیر۔ ابوالحُصَین (مذکر) چھوٹے قلعہ کا باپ۔
لومڑ۔

اَبواب (ع۔ مذکر) ۱ جمع باب کی ۲
وہ روپیہ جو مالگذاری کے ہمراہ سڑکوں مدرسوں وغیرہ
کے لئے زائد وصول کیا جائے۔

اَبُوالهَول (ع۔ مذکر) ایک بہت بڑا
بُت۔ مقام غیزہ (مصر) میں جس کا چہرہ عورت کا
اور بدن شیر کا ہے۔

اُبوانا (ھ۔ متعدی) اگوانا۔ بیج لگوانا۔

اَبواہت (ھ۔ صفت) کنوارا۔

ابواہتا (صفت۔ مؤنث) کنواری۔

اَبُوبَراقش (ع۔ مذکر) ایک خیالی پرند
جو اپنے پروں کا رنگ بدلتا رہتا ہے۔

اَبُوجھ (ھ۔ صفت) ۱ سمجھ سے خالی
نادان۔ بےسمجھ ۲ بیہوش۔ مدہوش۔ ابوجھا (صفت)
بعیدالقیاس۔

اُبُوز (ع۔ مذکر) اُچھلنا۔ کُودنا۔

اَبُوس (ع۔ مذکر) بوس کی جمع۔ تکلیفیں
مصیبتیں۔

اَبُوص (ع۔ صفت) تیز (گھوڑا)

اَبُوض (ع۔ صفت) بہت تیز (گھوڑا)

اَبُوق (ع صفت) مفرور (غلام)

اَبُول (ھ۔ مذکر) ۱ گونگا ۲ چُپ۔
خاموش۔ ابولا (صفت) ۱ چپ رہنے کا عادی۔ کم گو۔
کم سخن ۲ خودپسند۔ مغرور ۳ گنگنا۔ جو صاف نہ بول سکے
۴ (مذکر) بےزبان مخلوق ۵ بچہ۔ طفل شیرخوار۔

اَبہ (ع۔ مذکر) یاد رکھنا۔ یاد آنا۔ بھولی
ہوئی چیز کو یاد کرنا۔

اَبھ (س۔ کلمہ) الفاظ کے پہلے لگایا
جاتا ہے۔ اور گزشتہ۔ پہلے۔ گزرے ہوئے۔ مع یا
متعلق کے معنی دیتا ہے۔

اَبھِ (س۔ کلمہ) ایک کلمہ جو افعال
اور اسما کے پہلے کو۔ طرف۔ میں۔ پر۔ اوپر کے۔
افعال حرکت کے ساتھ کسی چیز کی طرف حرکت کرنے
اور ان اسماء کے ساتھ جو افعال سے نہ بنے ہوں۔
فضیلت یا تیزی کے معنی دیتا ہے ۱ (ت) یا حرف جر
کو۔ طرف۔ طرف کو۔ برخلاف ۲ اس کی وجہ سے۔ لئے
۳ پر۔ اُوپر متعلق ۴ سے سامنے۔ مقابلے میں ۵ بڑھ کر۔
ابھدھان چنتا منی (مذکر) ہیم چندر کی مشہور
لغت۔ ابھدھان رتن مالا (مذکر) ہلایدھ کا لغت
ابھدھان مالا (مذکر) لغت۔ کوش۔ ابھدھرم
(مذکر) بدھ فلسفے کے اصول۔ ابھدھم (مؤنث)
بدھ مذہب کی تین مقدس کتابوں میں سے ایک کا
نام۔ ابھرچت (صفت) ۱ خوشگوار ۲ ابھروپ
(صفت) ۱ خوشگوار۔ مرغوب ۲ حسین۔ خوبصورت
ابھسار (مذکر) ۱ عاشق سے ملاقات ۲ مجمع۔ جلسہ
۳ حملہ۔ دھاوا۔ وار۔ ابھسارکا (مؤنث) ۱ عورت
جو عاشق کو ملنے جائے ۲ بدکار عورت۔ ابھساری
(صفت) ۱ ملنے کے لئے جانے والا ۲ ملاقات کا اقرار پورا کرنے
والا ۳ ملنے والوں میں سے کوئی ایک ۴ (مذکر) ایک
شہر۔ ابھشیک (مذکر) ۱ پانی چھڑکنا۔ پانی چھڑک کر
پوتر کرنا ۲ راجہ یا بادشاہ کی تخت نشینی ۳ اشنان ۴
بُت کا اشنان کرانا ۵ ایک مذہبی رسم جس میں کھانا بت
کے آگے رکھنے اور اشنان کراتے ہیں۔ ابھمان
(مذکر) ۱ غرور۔ فخر۔ خودبینی ۲ تاننا ابھمان
پُتر (مذکر) لے پالک بیٹا۔ ابھمانتا (مؤنث) غرور۔
فخر۔ ابھمان گلانا (ھ۔ متعدی) ۱ غرور توڑنا ۲ اپنے
دل سے غرور نکالنا۔ ابھمانی (مذکر) اگنی کا نام ابھمانی
ابھمانیہ (صفت) ۱ مغرور۔ خودبیں ۲ (مذکر) مغرور آدمی۔
ابھنّ (صفت) ۱ غیرمنقسم۔ ان بٹا ۲ مکمل ۳ ایک
۴ (مذکر) صحیح عدد۔ ابھنو (صفت) نیا۔ بالکل نیا۔
جدید۔ نو۔

اِبھ (س۔ مذکر) ہاتھی۔ فیل۔ ابھ پالک
(مذکر) فیلبان۔

اَبھار (ھ۔ صفت) ہلکا۔ کم وزن۔

اُبھار (ھ۔ امر) ۱ اُبھارنا کا ۲ (مذکر)
اُٹھان۔ اُونچائی۔ نمو ۳ سوجن ۴ پستان نئے اُٹھے ہوئے

(س اُد۔ اُوپر+ دھیر۔ اُٹھانا) اُبھارا (ماضی) اُبھارنا کی ۲ (ہ۔صفت) اُٹھایا ہُوا۔ جیسے لے جائیں۔ اُبھارا دینا (متعدی) ۱ اُٹھانا۔ لیجانا ۲ جوش دلانا۔ آمادہ کرنا۔ ۳ حوصلہ دلانا ۴ اغوا کرنا۔ ورغلانا۔ ابھارا کرنا (ہ متعدی) بوجھ اُتارنا۔ ابھارا لینا (متعدی) ۱ حالت کا اچھا ہونا ۲ بیماری کا عود کر آنا ۳ ڈوبتے ڈوبتے پھر پانی پر آجانا۔ ابھار دینا (متعدی) ۱ اُونچا اُٹھانا یا کرنا ۲ بہکا دینا۔ ورغلانا۔ ابھار لانا (متعدی) بہکا لانا۔ ورغلا کر کسی کو نکال لانا۔ اغوا کرنا۔ اُبھارنا (متعدی) ۱ ترغیب دینا۔ آمادہ کرنا ۲ بلند کرنا ۳ تاننا ۴ بہکانا۔ اُبھار ہونا (لازم) ۱ اُونچا ہونا ۲ سینے کا اونچا ہونا۔ پستان کا اُٹھنا۔ اُبھارے لے جانا یا چلنا (متعدی) ۱ بہکا لے جانا ۲ آنکھ چُرا کر لیجانا۔

اَبھاگ (س۔مذکر) بدقسمتی۔ زوال تباہی۔ بدبختی۔ مصیبت۔ ابھاگا (ہ) ابھاگی ابھاگیمان (صفت) بدقسمت۔ بدبخت۔ مصیبت زدہ۔ غریب۔ کنگال۔ ابھاگیہ (مذکر) ابھاگ ۲ (صفت) ابھاگی۔ ابھاگیپن (ہ۔مذکر) بدقسمتی۔ بدبختی۔

اَبھال (ہ۔مذکر) بادل۔ ابر۔
ابھال آنا۔ چھانا (لازم) ابر گھر کر آنا۔

اِبہام (ع۔مذکر) ۱ انگوٹھا ۲ پوشیدہ کہنا۔ کھول کر نہ کہنا ۳ ذومعنی بات۔ اشتباہ۔ شک شبہ ۴ ایک صنعت کا نام ۵ (صفت) ڈھپا ہُوا۔ چھپا ہُوا۔ نامعلوم (اَبہَم۔ چھپانا)

اَبھانا (ہ۔صفت) نازیبا۔ نامناسب ناسزاوار۔ انوچت۔ ناپسند۔ ناگوار۔ ناموافق۔

اُبھانا (ہ۔متعدی) ڈرانا۔ خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔

اَبھاو (س۔مذکر) ۱ نیستی۔ غیر حاضری فنا۔ ناس ۲ (صفت) فانی۔ غیر موجود۔ معدوم۔ ناپید۔ اَبھاوتا (مؤنث)، اَبھاوتو (مذکر) دیکھو ابھاو۔

اَبھایا (س۔مؤنث) ۱ بہادر عورت ۲ (صفت) نازیبا۔ نامناسب۔

اُبہت (ف۔مؤنث) بزرگی۔ بڑائی شکوہ۔ رونق۔

اُبھر (ہ۔امر) ابھرنا کا۔ اُبھر آنا (لازم) ۱ نمودار ہونا۔ نکل آنا۔ اونچا ہونا ۲ ابھر چلا ہے ۳ غرور کرنے لگا ہے۔ اُبھر چلنا (لازم) ۱ نمو شروع ہونا ۲ ترقی کرنے لگنا ۳ غرور کرنا۔ اُبھرنا (لازم) ۱ نمودار ہونا۔ ظاہر ہونا۔ نکلنا ۲ اترانا۔ غرور کرنا ۳ تڑنا ۴ نکلنا۔ اُونچا ہونا۔ اُٹھنا ۵ آمادہ ہونا۔ راغب ہونا ۶ جوانی کے آثار ظاہر ہونا ۷ بیماری سے افاقہ پانا ۸ آسودہ حال ہونا ۹ سوجھنا ۱۰ ہلکا ہونا ۱۱ سرسبز ہونا (س اُد۔ اُوپر+ دھیر۔ اُٹھانا)

اَبھر (س۔مذکر) بادل۔ آسمان۔
ابھرناگ (مذکر) آٹھ ہاتھی جنہوں نے زمین کو اُٹھایا ہُوا ہے۔

اُبھرا (ہ۔ماضی) اُبھرنا کا۔ ابھرا جانا (لازم) ۱ چل دینا ۲ حالت کا اچھا ہونا۔ ابھرا ہُوا جوبن (مذکر) پستان۔ چھاتیاں۔ ابھری اُبھری چھاتیاں (مؤنث) پستان آگے کو نکلے ہوئے۔ ابھری ہوئی گات (مؤنث) چھاتیاں پستانوں کی وجہ سے باہر نکلی ہوئی۔

اُبھرا (س۔صفت) ۱ بوجھ اترا ہُوا ۲ خالی (گڈا یا گاڑی) ۳ جوش میں آیا ہُوا۔

اُبھرانا (ہ۔متعدی) چھلکانا۔ لبالب بھر دینا۔

اَبھرک (س۔مذکر) ابرک۔

اَبھرم (ہ۔صفت) ۱ بے اعتبار۔ بے ساکھ ۲ بے عزت۔ غیر معتبر۔ ابھرم کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بے عزت ہونا۔ ہوا بگڑنا۔

اَبھرن (ہ۔مذکر) ۱ زیور۔ جواہر ۲ زینت

اُبھک (ہ۔مذکر) ریچھ۔ بھالو۔ خرس

اَبھکت (س۔صفت) ۱ بے ایمان ادھرم۔ لاپروا ۲ بے ایمان آدمی۔ کافر۔ اَبھکت (مؤنث) ۱ عبادت سے غفلت ۲ بے ایمانی۔ کفر ۳ بے پروائی۔ غفلت۔ ابھکتمان (صفت) ۱ بے ایمان ادھرم ۲ غافل ۳ (مذکر) کافر۔ منکر۔

اَبھکشیہ (س۔صفت) ۱ ممنوع۔ حرام نہ کھانے کے قابل ۲ حرام چیز۔

اَبھنگو (ہ۔صفت) ۱ نہ ٹوٹنے والا مضبوط ۲ نہ ضائع ہونے والا۔ لازوال۔ ابناشی ۳ نہ ٹوٹا ہُوا۔ ثابت۔

اَبھو (ہ۔تف) ابھی۔

اَبھو (س۔صفت) ۱ نہ پیدا ہُوا ۲ (مذکر) وشن جی کا نام۔

اَبھوت (س۔صفت) ۱ بے بود۔ ناپید ۲ گزرا ہُوا۔ نہ پیدا ہُوا ۳ (مذکر) دیوتاؤں کی ایک قسم جو پانچویں منونترے میں تھے۔

اَبھوج (ہ۔صفت) ۱ نہ کھانے والی۔ حرام۔ ممنوع۔ ناپاک ۲ (مذکر) ممنوع خوراک۔

ابھوجن (س۔مذکر) برت۔ روزہ۔ پرہیز۔ ابھوجی (صفت) نہ کھایا ہُوا۔ روزہ یا برت رکھے ہوئے۔ (مذکر) روزہ دار۔ ابھوجیہ (صفت) حرام۔ ممنوع۔ ناپاک (مذکر) ممنوع خوراک۔

اَبھوگ (س۔صفت) ۱ ناقابل استعمال ۲ غیر مقبوضہ ۳ بے لطف۔ ابھوگی (صفت) ۱ حصّہ نہ لینے والا۔ شامل نہ ہونے ہوتے ۲ نہ قبضے میں لینے والا ۳ نہ لطف اٹھانے والا ۴ (مذکر) نہ شامل ہونے والا آدمی۔

اَبھی (ہ۔تف) اسی وقت۔ فوراً۔ اس وقت سے اب تک۔ اس وقت تک۔ اتنی جلدی۔ حال میں (اب ہی کا مخفف) ابھی ابھی (تف) اسی وقت۔ فوراً۔ اسی دم۔ ابھی (ابھی) آیا بہت جلد آتا ہوں۔ ابھی تم صاحبزادے ہو یا نورس ہو۔ ابھی تم نوجوان ہو۔ ابھی تم ناتجربہ کار ہو۔ ابھی سے (تف) ایسی جلدی۔ ابھی کفن میلا نہیں ہُوا۔ مرے تھوڑے دن ہوئے ہیں۔ ابھی کی (صفت) اس وقت کی۔ اس حالت کی۔ ابھی کیا ہے۔ ایسی حالتیں بہت پیش آئینگی۔

امثال واقوال۔ ابھی ایک بونٹ کی دو دال نہیں ہوئے ہیں۔ ابھی کام کا آغاز ہے۔ ابھی تھوڑا کام ہُوا ہے۔ ابھی پتھر سے ہاتھ نکال تو لو۔ مصیبت سے بچ تو لو۔ ابھی تو تم ماں کا دودھ پیتے ہو۔ ابھی ناتجربہ کار ہو۔ ابھی بچے ہو۔ ابھی نادان ہو۔ اگر کوئی کم عمر بڑھ کر بات کرے تو کہتے ہیں۔ ابھی تو تمہارے دودھ کے دانت بھی نہیں ٹوٹے۔ دیکھو ابھی تو تم الخ ابھی تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو۔ ابھی اچھی طرح حال دیکھو۔ ابھی چھٹی کا دودھ نہیں سوکھا ابھی دودھ کے دانت نہیں ٹوٹے۔ دیکھو ابھی تو تم الخ۔ ابھی سویرا ہے۔ ابھی موقعہ ہے۔ ابھی سیر میں سے پونی بھی نہیں کتی ہے دیکھو ابھی الخ۔ ابھی دہلی دُور ہے۔ ہنوز دہلی دُور است کا ترجمہ ہے۔ یہ فقرہ محمد شاہ رنگیلے نے نادر شاہ کی آمد کی خبر سن کر کہا تھا۔ مطلب یہ ہے کہ ابھی بہت

وقت ہے۔ ابھی کام پورا ہوتا نظر نہیں آتا۔ ابھی کچا برتن ہے۔ ابھی کچی لکڑی ہے۔ ابھی بچہ ہے ابھی کمسن ہے۔ ابھی کچھ دنیا دیکھو۔ ابھی تجربہ حاصل کرو۔ ابھی کچھ نہیں گیا۔ ابھی وقت ہے۔ ابھی موقعہ ہے۔ ابھی کچے گھڑے پانی کے بھرنا ہے۔ ابھی بہت کچھ مشکلیں جھیلنا ہے۔ ابھی کل کا ذکر ہے لنگوٹی باندھے پھرتا تھا۔ جب کوئی کسی بزرگ سے نازیبا بات کہے تو کہتے ہیں۔ ابھی کل کی بات ہے۔ تھوڑے عرصے کا واقعہ ہے۔ ابھی منہ دابیے تو چلّو بھر دودھ نکل پڑے۔ ابھی منہ سے دودھ نکلتا ہے۔ ابھی منہ کی دال نہیں جھڑی۔ ابھی ہونٹوں کا دودھ نہیں سوکھا ہے (دیکھو ابھی تو تم الخ۔ ابھی سن میں چھٹانک بھی نہیں ہوا۔ ابھی بہت کم ہوا ہے۔ ابھی میں اپنی ایڑی دیکھ کے کہتی ہوں (عو) کسی عزیز کی عمر کا ذکر کرتی ہیں تو کہتی ہیں۔ تاکہ نظر نہ لگ جائے۔ ابھی نام خدا کنوارا پنڈا ہے۔ ابھی کنواری ہے۔ مرد کا ہاتھ نہیں لگا۔ ابھی ہاتھ منہ پر سے نہیں اترے ! ابھی عروس ناکتخدا ہے۔ شرم کے دن ہیں ! ابھی کاروبار کے دن نہیں۔

اَبھَے (س۔ صفت) !نڈر۔ بیخوف۔ بہادر۔ بیر (مذکر) !بہادر آدمی ! ایک خوشبودار گھاس کی جڑ۔ **ابھے پتّردان یا داک** (مذکر) راہداری کا پروانہ۔ رونّا۔

اُبھَی (س۔ صفت) دونوں۔ ہردو۔ **ابھینس** (صفت) دونوں طرف سے۔ دونوں طرف یا کونیا میں ؟ **ابھینتھا** (تف) دونوں طریقوں سے۔ دونوں موقعوں پر۔ **ابھینتھا نششنۂ** (تف) دونوں طرفوں کے متعلق۔ دونوں میں مشترک۔

ابھَیا (س۔ مؤنث) ! بہادر عورت ! ایک پودہ۔

اَبھَیاس (س۔ مذکر) ! مطالعہ کتب بینی ! غور۔ استغراق۔ سوچ بچار ! مشق۔ کسرت۔ بار بار دھرانا۔ یاد کرنا ! واقفیت۔ بے تکلفی۔ **ابھیاسی** (صفت) ! مطالعہ کرنے والا۔ محنتی۔ کسرتی ! (مذکر) طالب علم۔ متعلم۔ ودیارتھی۔

اَبھیاگت (س۔ صفت) ! پہنچا ہوا ! (مذکر) مہمان۔ ملاقاتی ! جوگی۔ فقیر۔

اَبھیانا (ھ۔ متعدی) ! اُٹھنا۔ پچ۔

سوجنا ! سانس بند ہونا ! تھکا ہوا ہونا۔ تھکاوٹ محسوس کرنا ! کراہت آنا۔

اَبھیاورتن (س۔ صفت) ! نزدیک آنے والا ! بار بار آنے والا ! واپس آنے والا۔

اِبھیپسِت (س۔ مذکر) جس کی خواہش ہو۔ مرغوب۔

اَبھیت (س۔ صفت) نڈر۔ بیخوف۔

اَبھیتِ (س۔ مؤنث) بہادری۔ دلیری۔ بے خوفی۔

اَبھیُتّھان (س۔ مذکر) ! تعظیم کے لئے کھڑا ہونا۔ اُٹھنا ! عروج۔ سرفرازی۔ عظمت ! تمکنت۔ اصلیت۔

اَبھید (س۔ مذکر) ! فرق کا نہ ہونا۔ موافقت۔ یکسانیت۔ تمنا۔ مشابہت۔ مطابقت۔ میل ! (صفت)۔ مطابق۔ یکساں۔ ایک ہی قسم کا ! ملا ہوا۔ اکٹھا ! بندھا ہوا ! مشہور۔ نامی۔ **اِبھیدیہ** (صفت) ! جو تقسیم نہ ہو سکے ! جس میں کوئی چیز داخل نہ ہو سکے۔

اَبھیشٹ (س۔ صفت) ! مرغوب جس کی خواہش ہو ! عزیز۔ پیاری۔

اَبھیگِن (س۔ تف) ! آگ کی طرف ! (مذکر) ایتشا کا ایک بیٹا۔

اَبھینتر (س۔ صفت) ! اندرونی۔ اندر۔ اندر کا ! (مذکر) اندر کا حصہ۔ بھیتر۔ درمیانی گھری ہوئی جگہ۔ گھِری ہوئی جگہ۔ **اَبھینتریہ** (صفت) اندرونی۔

اَبی (ع۔ مذکر) باپ۔ ع۔ صفت) (ی) منکر۔

اِبّی (اُردو۔ مؤنث) گلی ڈنڈا کھیلنے میں جب گلّی کو اُچھالتے ہیں۔ اور ڈنڈے پر روکتے ہیں۔ تو پہلی ضرب کو ابّی کہتے ہیں۔ دوسری کو دبّی۔ **ابّی دُبّی کھیلنا** (متعدی) گلی ڈنڈا کھیلنا۔

اَبے (اُردو۔ حرف ندا) حقارت سے کسی کو بلانا۔ کبھی بے تکلفی اور پیار سے بھی کہتے ہیں (س اوے) **ابے تبے** (سے پیش آنا) **کرنا** (متعدی) سخت کلامی کرنا۔ بے تکلفی سے پیش آنا۔ گستاخی کرنا۔ حقارت کی گفتگو کرنا۔

اَبیَات (ع۔ مذکر) جمع بیت کی ! گھر ! اشعار۔

اُبیاہٹ (ھ۔ مؤنث) روک۔ ٹ۔ سد۔

اَبِیر (ھ۔ مذکر) ! ابرک کا برادہ ! گلال۔ سرخ رنگ جو ہولی میں ہندو ایک دوسرے پر ڈالتے ہیں۔

اَبیر (ھ۔ مؤنث) ! دیر۔ تاخیر ! (صفت) دیر کا۔ پچھلا۔ اخیر موسم کا۔

اَبِیج (ھ۔ مذکر) خراب بیج جو اُگ نہ سکے۔

اَبیَض (ع۔ صفت) سفید۔ چٹا۔ (بَیَض رنگ اڑ جانا)

اَبی مَلَک (عبرانی۔ مذکر) فلسطین کے چند یہودی بادشاہوں کے نام۔

اَبیل دَبیل (ہ۔ صفت) کمزور۔ دبنے والا (ابیل مہمل ہے)

اَپَ (س۔ کلمہ) ایک کلمہ ہے۔ جو الفاظ کے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ اور نقصان تکلیف نفی۔ جُدائی۔ مخالفت۔ گھٹیاپن۔ خرابی وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔

اَپِ (س۔ تف) سواے۔ نیز۔ تاہم۔ اگرچہ۔ یقیناً۔

اُپَ (س۔ کلمہ) ایک کلمہ ہے جو الفاظ کے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ اور قربت۔ طرف نزدیک۔ نیچے۔ اُوپر ساتھ۔ پہلو میں۔ سے۔ ذریعہ وغیرہ پر دلالت کرتا ہے۔

اَپاپ (س۔ صفت) بیگناہ۔ معصوم۔ پاک۔ نردوش۔

اَپاتر (س۔ مذکر) ! کم رتبہ۔ ناقابل اور بے وقعت آدمی ! (صفت) کم رتبہ۔ ناقابلِ اعتبار۔

اُپاٹنا (ھ۔ متعدی) دیکھو اپاڑنا۔

اَپادان (س۔ مذکر) ! لے جانے کا فعل ! (صرف) مفعول لہٗ۔

اُپادان (س۔ مذکر) ! لیجانا۔ بھگا لیجانا ! پکڑنا۔ گرفتار کرنا ! مستغرق ہو جانا ! علیحدگی ! سبب ! مقصد۔

اَپادھ (ھ۔ مؤنث) سختی۔ زنا بالجبر۔ ضرر۔ ناانصافی۔ ظلم۔ جور و ستم۔ تحصیل بالجبر۔ تکلیف۔ دقت۔ شرارت۔ نقصان رسانی۔ فساد۔ جھگڑا۔ **اپادھ سے** (تف) بے انصافی سے۔ ظلم سے۔ **اپادھی** (صفت) ظالم۔ فسادی۔ بے انصاف۔

اُپادھ (س۔ مذکر) ! نیک سوچ ! دھوکا۔ فریب ! بھیس بدلنا ! تیزی خصوصیت !

(صفت) خاصیت۔ وصف ۲ حد بندی ۳ خطاب۔ لقب ۴ حقارت کا نام۔

• اُپادِھیانی (ھ۔ مؤنث) استاد کی بیوی۔ اُستانی۔

اُپادِھیائی (س۔ مذکر) گرو۔ روحانی اُستاد۔ اُستاد۔ اپادِھیایا۔ اُپادِھیاپی (مؤنث) اُستاد کی بیوی۔ اُستانی۔

اَپار (س۔ صفت) ۱ بے انتہا۔ بیحد۔ لاانتہا۔ بے پایاں ۲ ابدی ۳ ناقابل گزر ۴ بے مثل۔ انوپ۔

اِپار (ت۔ مذکر) جنگلی نازبو۔ ایک پودہ جو مصالحہ کا کام دیتا ہے۔

اُپارج (س۔ متعدی) ۱ نزدیک لانا ۲ حاصل کرنا۔ پانا۔ اپارجِت (صفت) حاصل شدہ پایا ہُوا۔ اپارجَن (مذکر) نفع یافت۔ منافع۔ فائدہ۔ کمائی۔ اپارجن کرنا (ھ۔ متعدی) حاصل کرنا۔ کمانا۔

اَپارنا (ھ۔ متعدی) دیکھو اپاڑنا۔

اُپاڑ (ہ۔ مذکر) ۱ جڑ سے اُکھاڑنا ۲ جلا دینے والا لیپ۔ اپاڑنا (متعدی) اُکھاڑنا۔ تمام کرنا۔ (مست)

اُپاس (س۔ متعدی) ۱ پاس بیٹھنا ۲ خدمت کرنا ۳ عزت کرنا ۴ پوجنا۔ اپاسا (مؤنث) ۱ خدمت ۲ پوجا۔ گیان دھیان۔ اپاستِ (مؤنث) پوجا۔ اپاستَ (صفت) جس کی پوجا کیجائے ۲ پوجا کرنے والا۔ اپاسَک (صفت) ۱ خدمت کرنیوالا ۲ پوجا کرنے والا ۳ (مذکر) ملازم۔ نوکر۔ اپاسَن (مذکر) ۱ نزدیک بیٹھنے کا فعل ۲ خدمت ۳ پوجا۔ پرستش ۴ دھیان ۵ پوتر آگ ۶ تیراندازی۔ اپاسی (صفت) ۱ خدمت کرنے والا ۲ پوجا کرنے والا ۳ (مذکر) پوجاری جوگی۔ اَپاسیہ (صفت) ۱ قابل پرستش۔ قابل عزت یا احترام ۲ (مذکر) وہ چیز جس کی پرستش کی جائے۔

اُپاس (ھ۔ مذکر) ۱ روزہ۔ برت ۲ روزہ رکھنا ۳ (مؤنث) پوجا کرنا۔ ہونا کے ساتھ) اپاسا اپاسک (صفت) ۱ وہ جس نے روزہ یا برت رکھا ہُوا ہو ۲ بھوکا۔ اپاسنا (متعدی) ۱ خدمت کرنا ۲ پوجا کرنا ۳ عزت کرنا۔ احترام کرنا۔ اپاسی (صفت) ۱ برت رکھنے والا ۲ بھوکا۔ اپاسی پڑنا (لازم) برت رکھ کر لیٹ جانا۔ بھوکا سو جانا۔

اَپاشرَیہ (س۔ صفت) ۱ بیکس۔ بیچارہ۔ محتاج۔ آدھین ۲ بے وسیلہ۔ بے آسرا ۳ (مذکر) پناہ۔ رجوع۔ سہارا ۴ شامیانہ ۵ سرگروہ۔ افسرِ اعلیٰ۔

اَپاک (س۔ مذکر) ۱ کچاپن۔ خامی ۲ بدہضمی ۳ (صفت) کچا۔ خام۔

اُپاکِھیان (س۔ مذکر) قصّہ۔ کہانی افسانہ۔

اُپالَمبھ (س۔ مذکر) گالی۔ دشنام۔ بدزبانی۔ بُرا بھلا کہنا۔ تاخیر۔ دیر۔

اَپان (س۔ مذکر) مقعد۔ کُون۔

اَپانا (ھ۔ متعدی) ۱ پانا۔ حاصل کرنا ۲ کمانا۔ پیدا کرنا ۳ تیار کرنا ۴ تجویز نکالنا ۵ اختیار کرنا (تجربہ یا علاج کے طور پر)

اَپانگ (س۔ مذکر) ۱ آنکھ کا باہر کا کونہ ۲ ماتھے کا ایک قسم کا ٹیکا ۳ (صفت) اپاہج۔ بے دست و پا۔ لنگڑا۔ لُنجا۔

اُپانگ (س۔ مذکر) صندل کا تلک ماتھے پر۔

اُپاؤ (ھ۔ مذکر) دیکھو اپائے۔

اَپاوَن (س۔ صفت) ۱ گندا۔ ناپاک ۲ گندا کرنے والا۔ ناپاک کرنے والا۔

اَپاہج (ہ۔ صفت) جس کے ہاتھ پاؤں نہ ہوں۔ کاہل۔ سست۔ اپاہج ہے۔ کمزور ہے۔ ضعیف ہے۔ لنگڑا ہے۔

اَپاؤشارف (عص) خشک سالی کا دیوتا۔

• اُپائے۔ اُپائی (س۔ مذکر) ۱ تجویز۔ تدبیر۔ جتن۔ منصوبہ ۲ داؤ۔ گھات۔ چال ۳ طریقہ۔ ڈھنگ ۴ ہتیاری۔ اپائے کرنا (متعدی) تجویز کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ طریقہ اختیار کرنا۔ اپایک۔ اپایک جی ۱ (صفت) مجوزہ ۲ (مذکر) تجویز کرنے والا۔

اَپائی (س۔ مذکر) ۱ تباہی۔ ضرر۔ نقصان ۲ (صفت) موت ۳ تباہ کرنے والا۔ نقصان دہ۔

اُپاین (س۔ مذکر) ۱ ملاقات ۲ تحفہ جو ملاقات پر پیش کیا جائے۔

اُپبَن (ھ۔ مذکر) ۱ لگایا ہُوا جنگل ۲ باغ ۳ درختوں کا جھنڈ۔

اَپبھاشا (س۔ مؤنث) عوام کی یا غیر فصیح زبان۔ اَپبھنش (ھ) اَپبھرنش (س۔ مذکر) عوام کی یا غیر فصیح زبان۔ بے قاعدہ زبان۔

اَپبھی (س۔ مذکر) ۱ ڈر۔ خوف ۲ اپنے آپ سے خوف۔

اُپپاتک (س۔ مذکر) ۱ دوسرے درجہ کا گناہ۔ پاپ یا جرم۔ جیسے گئو ہتیا۔ لڑکی کی فروخت یا دہریہ پن۔

اُپپَتِ (س۔ مذکر) ۱ آشنا۔ یار۔ [illegible] ۲ شخص جو بغیر شادی عورت گھر میں رکھے۔

اُپپَتّی (س۔ مذکر) ثبوت۔ دلیل۔ برہان۔

اُپ پُران (س۔ صفت) دوسرے درجے کے پران۔

اَپپلویہ (س۔ عص) مَتسیہ۔ راشٹر کے راجہ کا دارالخلافہ۔

اَپت (ھ۔ صفت) ۱ نازیبا۔ معیوب ۲ بدنام۔ ذلیل۔ رسوا ۳ (مؤنث) ذلت۔ رسوائی۔ بدنامی۔ بے عزتی۔

اَپتِ (ھ۔ مؤنث) ذلت۔ بدنامی۔ رسوائی۔ بے عزتی۔

اُپتاپ (س۔ مذکر) گرمی۔ حرارت۔ تپش۔ حدت ۲ درد۔ تکلیف ۳ بدقسمتی ۴ بیماری ۵ جلدی۔

اَپُتر (س۔ مذکر) بُرا بیٹا۔ ناخلف لڑکا۔

اپترک (صفت) ۱ لاولد۔ بلانسل ۲ (مذکر) وہ شخص جس کے اولاد نہ ہو۔ لاولد آدمی۔ اپتری (مؤنث) ناخلف بیٹی۔

اَپتھورتا (س۔ مؤنث) بدچلن بیوی یا عورت۔ رنڈی۔ طوائف۔

اَپنتھ (س۔ مذکر) ۱ سڑکوں کا نہ ہونا ۲ غلط راستہ۔ غلطی۔

اَپتھیہ (س۔ صفت) مضر صحت ناگوار۔ غیر ہاضم۔

اَپنیا (ھ۔ صفت) بیوفا۔ دھوکا باز۔ دغاباز۔ اپنیارا (صفت) بے وفا۔ دغاباز۔

اَپنیہ (س۔ مذکر) ۱ اولاد۔ نسل ۲ ایک کلمہ جو الفاظ کے پہلے کنیت ظاہر کرنے کو لگایا جاتا ہے۔ اَپنیہ دَھرمتہ (مذکر) فرائض پدر۔ فرائض اولاد۔ اَپتیہ واچک سَنگیا (مؤنث) کنیت۔

اَپٹ (س۔ صفت) ۱ بھدا۔ کندہ ناتراش۔ بے ہنر۔ ناواقف۔ بدسلیقہ ۲ کریہہ۔ نالائق غیر فصیح ۳ بیمار۔

اَپَنْگ (ھ۔ مذکر) اپاہج جس کے ہاتھ پاؤں ناکارے ہوں۔ مفلوج۔

اُپَٹ جانا۔ اُپَٹْنا (ھ۔ لازم) ۱ بھر کر بہ جانا۔ چھلکنا۔ لبریز ہونا ۲ گر پڑنا۔ ضائع ہونا ۳ جدا ہونا۔ لے جایا جانا۔

اُپَٹھَنا (ھ۔ لازم) تھکا ہوا ہونا۔ کسی کام سے اکتا جانا۔

اُپَج (اُردو۔ غف) بہت شریر۔ پاجی۔

اَپْج (ھ۔ مؤنث) ۱ پیداوار۔ فصل ۲ نئی بات۔ ایجاد ۳ قوت ادراکیہ یا خیال۔ پرواز خیال ۴ گانا۔ تان۔ **اپْج (کی) لینا** (متعدی) ۱ ایجاد کرنا۔ اختراع کرنا ۲ نئی نئی تانیں لگانا ۳ گانے میں نیا انداز پیدا کرنا۔ **اُپَجْنا** (ھ۔ لازم) ۱ اُگنا۔ پیدا ہونا۔ پھوٹنا ۲ زندہ ہونا ۳ واقعہ ہونا ۴ دکھائی دینا۔ ظاہر ہونا ۵ دل میں خیال آنا۔ سمجھنا۔ سوجھنا ۶ (ہ) نئی نئی تانیں لگانا۔ **اپجن ہار** (صفت) زرخیز۔

اُپَجا (ھ۔ امر) اپجانا کا ۲ (ماضی) اپجنا کا۔ **اپجانا** (متعدی) ۱ اُگانا۔ پیدا کرنا۔ کاشت کرنا ۲ بنانا ۳ ایجاد کرنا۔ **اپجاؤ** (صفت) زرخیز۔ شاداب۔ **اپجایک** (صفت) بونے والا۔ کاشتکار۔

اُپَجِت (ھ۔ مفعول) پیدا کیا ہُوا۔ اُگایا ہُوا۔ پیداوار۔

اِپَجْتَن (ھ۔ مذکر) تیاری۔ محنت۔

اَپْجَس (ھ۔ مذکر) بے عزتی۔ رُسوائی بےغیرتی۔ بدنامی۔ ذِلّت۔ کلنک۔ فضیحت۔ بے حرمتی خفت۔ خواری۔ **اَپْجَسی** (صفت) ۱ بے [illegible] رسوا۔ ذلیل۔ خوار ۲ (مذکر) بے غیرت یا بدنام شخص۔

اُپَجیو (س۔ متعدی) ۱ خوراک پر گزارا کرنا ۲ فائدہ اُٹھانا۔ **اُپَجیوِکا** (مؤنث) **اپجیوَن** (مذکر) ۱ وجہ معاش۔ روزگار۔ روزی ۲ غذا۔ قُوت۔ **اپجیوی** (صفت) ۱ تابع۔ ماتحت۔ وابستہ۔ منحصر ۲ (مذکر) ماتحت آدمی۔ نوکر۔

اُپَچار (س۔ مذکر) ۱ ملازمت۔ نوکری۔ پیشہ ۲ کارروائی ۳ معمول۔ رویہ۔ دستور۔ رسم۔ رواج ۴ علاج ۵ طبابت ۶ تحفہ ۷ رشوت۔ **اُپَچارِی** (صفت) ماتحت۔ تابع (مذکر) نوکر۔ ملازم۔

اَپُچّھ (س۔ مذکر) بے دُم۔

اَپُچّھا (س۔ مؤنث) شیشم۔

اَپَچّھی (س۔ مذکر) نقصان۔ حرج۔ فضول خرچی۔

اُپَچی (ہ۔ مؤنث) دیکھو اوپچی۔

اُپَدا (س۔ مؤنث) ۱ ملاقات ۲ نذر جو ملاقات کے موقعہ پر پیش کی جائے ۳ رشوت۔

اُپَدَرش (ھ۔ مذکر) عینک۔ **اُپدرشک** (مذکر) ۱ دربانی ۲ دربان ۳ عینک ۴ آنکھ کا اشارہ۔ جھپک۔ **اُپَدَرشَن** (مذکر) شرح۔ ٹیکا۔ تفسیر۔

اُپَدْرَو (س۔ مذکر) **اُپَدْرو اُپدرو** (ہ) ۱ بدشگونی۔ بدفالی ۲ قدرتی واقعہ جسے بدشگونی تصور کیا جائے ۳ اچانک مصیبت ۴ جھگڑا۔ فساد ۵ بدامنی۔ بغاوت ۶ زبردستی۔ سینہ زوری۔ ظلم۔ جور ستم۔ سختی۔ نقصان ۷ ہتک۔ بےعزتی۔ **اُپدرِوی** (صفت) ۱ بدشگون۔ فسادی۔ جھگڑالو ۲ باغی۔ ظالم نا انصاف (مذکر) نا انصاف شخص۔ ظالم آدمی۔

اُپَدْنْش (س۔ مذکر) ۱ مزا۔ ذائقہ ۲ خوشبو ۳ کوئی چیز جو بھوک اور پیاس کو تیز کرے ۴ آلہ تناسل کی ایک بیماری۔

اُپَدْوِیپ (س۔ مذکر) جزیرہ نما۔

اُپَدھاتُ (س۔ مذکر) ۱ گھٹیا دھات جیسے مرمر۔ ابرک ۲ بدن کی رطوباتِ ثانیہ مثلاً دودھ۔ پسینہ وغیرہ۔

اُپَدھان (س۔ مذکر) ۱ وہ چیز جس پر سہارا لیا جائے ۲ تکیہ۔ سرہانہ ۳ محبت۔ مہربانی ۴ مذہبی رسوم یا قواعد ۵ زہر۔

اُپَدیپ (ھ۔ مذکر) جزیرہ نما۔

اُپَدیش (س۔ مذکر) ۱ نصیحت۔ مشورہ نیک صلاح۔ پند۔ سکشا۔ فہمائش ۲ تعلیم۔ وعظ ۳ ہدایت۔ تجویز۔ **اپدیش کرنا** (ھ۔ متعدی) ۱ نصیحت کرنا ۲ وعظ کرنا۔ **اپدیش ٹا** ۱ ناصح ۲ اُستاد۔ گرو۔

اُپدیشک (صفت) سکھلانے والا۔ تعلیم دینے والا (مذکر) ۱ ناصح ۲ اُستاد ۳ واعظ۔ لکچرار۔ **اُپدیشنا** (ھ۔ متعدی) اپدیش کرنا۔ **اپدیشی** (صفت۔ مذکر) دیکھو اپدیشک۔

مثل۔ اُپدیش آدیش نہیں نصیحت حکم نہیں ہوتا۔ اپنی مرضی کی بات ہے۔ کہ نصیحت مانی جائے یا نہ مانی جائے۔

اَپَر (س۔ صفت) ۱ پچھلا۔ دوسرا۔ اگلا ۲ مفصلہ ذیل ۳ مغربی ۴ گھٹیا۔ کمتر ۵ دوسرا ایک اور ۶ مختلف ۷ دور۔ سامنے۔

اُپَر۔ اُپَرِی (س۔ تف) ۱ اُوپر ۲ باہر کو ۳ اس کی وجہ سے ۴ علاوہ۔

اَپَراپَت (س۔ صفت) ۱ غیر ممکن الحصول۔ جو حاصل نہ ہو سکے ۲ ادھورا۔ نامکمل ۳ پُورا نہ پڑھا ہُوا۔ **اَپَراپَتِ** (مذکر) غیر یافت۔ نہ پانا۔ **اَپراپیہ** (صفت) ناممکن الحصول۔

اُپَراٹا (ھ۔ مذکر) مغرب۔

اَپَراجِت (س۔ صفت) شکست نہ کھایا ہُوا ۲ جس کو فتح کرنا ممکن نہ ہو۔ اجیت ۳ غلطی کرنے والا۔ نشانہ پر لگنے والا۔ **اپراجی** (مذکر) ۱ فتح۔ شکست نہ کھانا ۲ استحکام۔ غیر مغلوبیت۔

اَپَراجِتا (س۔ مؤنث) ایک بیل جس کو کوئل اور کوا ٹھینٹی بھی کہتے ہیں۔

اَپَراجَن (س۔ صفت) اَن پڑھ جاہل۔

اُپَراجنا (ھ۔ متعدی) ۱ بنانا۔ پیدا کرنا ۲ اُگانا۔ کاشت کرنا۔

اَپَراچِین (س۔ صفت) ۱ جدید نیا۔ تازہ ۲ مغربی۔

اَپَرادھ (س۔ مذکر) ۱ قصور۔ جرم خطا۔ تقصیر۔ گناہ ۲ ضرر۔ نقصان ۳ سختی۔ **اپرادھک** (صفت) متعلقہ جرم۔ **اپرادھ کرنا** (متعدی) جرم کرنا۔ گناہ کرنا۔ **اپرادھ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) جرم لگنا۔ بدنام ہونا۔ **اپرادھی** (صفت) ۱ مجرم۔ قصوروار ۲ نقص دار ۳ تکلیف دہ ۴ (مذکر) مجرم۔ ملزم۔ گناہگار۔

اَپَراک (س۔ مذکر) ۱ اندھیرا ۲ گرہن ۳ مصیبت ۴ رنگ روغن۔

اُپَرال (ھ۔ تف) اوپر۔ **اُپرالا** (صفت) ۱ زیادہ اُونچا۔ سب سے اُونچا۔ نہایت اُونچا ۲ باہر۔ باہر کا ۳ (مذکر) ساتھی ہونا۔ حصہ لینا۔ **اپرالا کرنا** (متعدی) ۱ ساتھ دینا۔ ساتھ ہونا۔ مدد کرنا۔ حفاظت کرنا ۲ دخل درمعقولات دینا۔ دخل دینا۔

اُپَرانْت (ھ۔ تف) ۱ بعد ۲ علاوہ بڑھ کر۔ **اُپَرانی** (صفت) بلا زندگی۔ بیجان۔

اَپَرانْت (س۔ عص) ایک ملک ہندوستان کے جنوب میں۔ پرسرام نے ورن دیوتا سے درخواست کی تھی۔ کہ اسے کوئی ملک برہمنوں کے لئے عطا کیا جائے۔ سو انہوں نے سمندر کو گوکرنا سے راس کماری تک ہٹا لیا۔ گوکرنا منگلور

کے نزدیک تھا۔

اَپَراوَرِی (ھ۔ صفت) ۱ دخل در معقولات دینے والا۔ خواہ مخواہ دخل دینے والا ۲ جھگڑالو ۳ (مذکر) دخل دینے والا یا جھگڑالو آدمی۔

اَپَراہن (س۔ مذکر) تیسرا پہر دن کا۔

اَپَربھا (س۔ مؤنث) روشنی کا نہ ہونا۔ تاریکی۔ دھندلاپن۔

اُپَربھاو (س۔ مذکر) ۱ اُوپر ہونا یا زیادہ اُونچا ہونا ۲ اعلےٰ رتبہ۔ بلند مرتبہ ۳ سرفرازی۔ سربلندی ۴ اعلیٰ درجہ۔ اعلےٰ منصب۔

اَپَرپاٹی (س۔ مذکر) مقررہ دستور العمل سے انحراف۔ بُرا طریقہ۔

اَپَرتاپ (س۔ مذکر) ۱ عقل۔ طاقت تمکنت یا طالع کی کمی ۲ دھندلاپن ۳ ناشائستگی ۴ خِست۔ کمینہ پن۔ **اپرتاپی** (صفت) ۱ دھندلا ۲ کند ۳ بے طاقت ۴ بدقسمت ۵ کمینہ۔ ناشائستہ۔

اَپَرتبندھا (س۔ مذکر) بلا جھگڑا اور آزادی۔

اَپَرتپتّ (س۔ مؤنث) بے رغبتی۔ بے التفاتی۔

اَپَرتِشٹھا (س۔ مؤنث) بدشہرت شرافت کی کمی۔ **اَپَرتِشٹھت** (صفت) بے عزت رسوا۔ بےآبرو۔ نامعلوم۔ گمنام۔ غیر مشہور۔

اَپَرتکش (ھ) دیکھو اپرتیکش۔

اَپَرتھا (س۔ مؤنث) ۱ دستور العمل سے انحراف ۲ اِخفا۔ پوشیدگی۔ چھپاؤ۔

اَپَرتہت (س۔ صفت) بلا وقفہ۔ بلا روک۔ بے کم و کاست۔ بلا ضرر۔

اَپَرتیت (س۔ مؤنث) بے اعتباری بدظنی۔ بدگمانی۔ وسواس۔

اَپَرتیکش (س۔ صفت) نامعلوم۔ مخفی۔ نہاں۔ پوشیدہ۔ غیر حاضر۔ خفیہ۔

اَپَرتیی (س۔ مذکر) بے اعتباری۔ شبہ۔ بے اعتقادی۔ بدظنی۔ بدگمانی۔ **اَپَرتیئی** (صفت) ۱ مشتبہ ۲ اعتبار نہ کرنے والا ۳ بدظن۔ بدگمان۔ شکی ۴ (مذکر) شبہ کرنے والا آدمی۔ شک کرنے والا آدمی۔

اَپَرچِت (س۔ صفت) ۱ ناواقف ۲ ناقابل شناخت ۳ مبہم ۴ غیر محسوس جو چھونے سے معلوم نہ ہو سکے۔

اَپَرچلت (س۔ صفت) غیر معمولی بے دستور۔ غیر مروج۔ متروک۔

اَپَرچنڈ (س۔ صفت) بلا وقار کمزور بلا جوش۔ جو طاقتور نہ ہو۔

اَپَردھان (س۔ صفت) ۱ ماتحت ۲ بلا طاقت ۳ چھوٹا ۴ کمینہ۔

اَپَرس (ھ۔ مذکر) ایک ہندو کی حالت نہانے کے بعد۔ اور پوجا کرنے سے پہلے جس میں اسے کسی کو چھونا نہ چاہئے۔

اَپَرس (ھ۔ مذکر) کوڑھ۔ برص۔

اُپَرس (س۔ مذکر) ۱ دوسرے درجے کی دھاتیں۔ مثلاً سُرخ کھریا مٹی ۲ دوسرے درجے کی حس یا جوش ۳ گھٹیا ذائقہ یا خوشبو۔

اَپَرسا (س۔ مذکر) ۱ ناپسندیدگی ۲ نامہربانی۔ سختی۔ **اَپَرسادی** (مذکر) جو چیز دیوتا کے سامنے نہ پیش کی گئی ہو۔

اَپَرسِدھ (س۔ صفت) ۱ غیر مشہور گمنام۔ غیر معروف ۲ چھپا ہُوا۔ **اپرسدھ کرتر** (مذکر) صرف و نحو میں۔ فعل مجہول۔

اَپَرسَنّ (س۔ صفت) ۱ ناخوش۔ ناراض ۲ ناتسلی بخش ۳ ناگوار۔ ناپسندیدہ ۴ مخالف۔ برخلاف۔ زشت۔ **اَپَرسنّتا** (مؤنث) **اَپَرسنّتو** (مذکر) ۱ ناخوشی۔ ناراضی ۲ بے اطمینانی۔ نامہربانی۔

اَپَرُش (س۔ صفت) ۱ زنانہ ۲ ہیجڑا۔

اَپَرکاش (س۔ صفت) نہ دکھائی دینے والا۔ نہاں۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ خانگی۔ نجی کا۔

اَپَرکٹ (س۔ صفت) جو ظاہر نہ ہُوا ہو۔ نہ ظاہر۔

اُپَرلا (ھ۔ صفت) ۱ باہر کا۔ اُوپر کا۔ بالائی ۲ (مذکر) سطح۔

اَپَرمان (س۔ صفت) ۱ بلا ثبوت ۲ غیر صحیح۔ **اَپَرمانک** (صفت) ۱ غیر مصدقہ ۲ بغیر اختیار **اَپَرمانیہ** (مذکر) ثبوت یا اختیار کی کمی۔

اَپَرمپار (س۔ صفت) بیحد بے انتہا۔

اَپَرمت (س۔ صفت) بے حد۔ بے حساب۔ بے شمار۔

اُپَرنا (ھ۔ مذکر) دوپٹہ۔ بڑا رومال۔

اَپَرنٹس (انگ۔ مذکر) ۱ ملازمت کا امیدوار ۲ کام سیکھنے والا۔

اَپَرنچ (س۔ تت) علاوہ بریں۔ علاوہ ازیں۔ اور۔ نیز۔ تاہم۔

اَپَروائی۔ تَروائی (ھ۔ مذکر) بدہضمی ہیضہ۔

اُپَر وٹھا (ھ۔ صفت) اُوپر۔ زیادہ اُونچا۔ سب سے اُوپر یا اُونچا۔

اُپَرودھ (س۔ مذکر) ۱ روک۔ آڑ سد۔ **اپرودھی** (صفت) ۱ روکنے والا۔ رُکاوٹ ڈالنے والا۔ پریشان کرنے والا ۲ (مذکر) رکاوٹ۔ روک۔

اُپَرونچا۔ اُپَرونچھا (ھ۔ مذکر) ۱ تولیہ ۲ (صفت) بالائی۔ اُوپر اُوپر کا۔

اُپَروہنت (س۔ مذکر) ہندو مندر کا بڑا مہنت۔

اَپَروِین (س۔ صفت) ۱ ناتجربہ کار بیوقوف۔ کند ذہن ۲ ناواقف۔ اناڑی۔ **اَپَروینتا** (مؤنث) ناتجربہ کاری۔ اناڑی پن۔ بیوقوفی۔

اُپَرِی۔ اُپْرِی (ھ۔ صفت) ۱ اوپر کا۔ باہر کا۔ **اپری مَن سے کہنا** (متعدی) اُوپر کے دل سے کہنا۔ وہ بات کہنا جو دل سے نہ ہو۔

اُپرِیَ (س۔ صفت) ۱ جس سے کوئی محبت یا اُلفت نہ رکھے ۲ جس سے نفرت ہو ۳ ناقابل محبت یا دوستی ۴ جو کسی سے محبت کرنے کے قابل نہ ہو ۵ نامہربان۔ روکھا۔ **اَپرِیت** (مؤنث) مخالفت نفرت۔ دشمنی۔

اَپَریکشا (س۔ مؤنث) ثبوت کی کمی۔ ناکافی تحقیقات۔

اَپَریل (انگ۔ مذکر) چوتھا انگریزی مہینہ۔ جو چیت بیساکھ کے مطابق پڑتا ہے **اپریل فول** (صفت) اپریل کا احمق۔ اپریل کی پہلی تاریخ کو دوستوں کو بنانے کے لئے کسی قسم کا مذاق کیا جاتا ہے۔ اسے اپریل فول کہتے ہیں۔

اَپَریم (س۔ مذکر) ۱ محبت کی کمی۔ نفرت ۲ دشمنی۔ مخالفت۔

اُپَڑنا (ھ۔ لازم) ۱ جڑ سے نکالا۔ اُکھاڑا یا کھینچا جانا ۲ کھال کا اُتارا جانا ۳ اُٹھنا۔ ظاہر ہونا۔ نشان کیا جانا۔

اَپڑھ۔ اَپڑھے (ھ۔صفت) دیکھو اَن پڑھ۔

آپس (س۔مذکر) ۱کام فیل ۲کوئی پوتر کام۔ کبینٹ کا کام ۳(صفت) مشاق۔ ماہر کسی ہنر کا اُستاد۔ اپس پتی (مذکر) آتاپاد کے ایک بیٹے کا نام۔

اُپس (ھ۔مؤنث) ۱بو۔ بدبو عفونت بساندھ۔ سڑاندھ ۲گندگی ۳باسی پن۔ بوسیدگی۔ پھپھوندی۔

اُپستھ (س۔مذکر) ۱آلہ تناسل ۲فرج ۳مقعد ۴چوتڑ۔ ٹانگیں۔ بازو۔

اُپستھت (س۔صفت) ۱پہنچا ہُوا ۲تیار۔ حاضر۔ موجود ۳نزدیک ۴ہونے والا۔ اُپستھت کرنا (ھ۔متعدی) بلانا۔ پیش کرنا۔

اُپسرا (س۔مؤنث) اندر مہاراج کے دربار کی رقاصہ۔ پہاڑ جنگل یا سمندر کی دیوی طوائف۔ اپسراپتی (مذکر) راجہ اندر۔ اپسرا سور۔ اپسرا کے گانے کی آواز یا سُر۔ اپسرس (مذکر) دیکھو اپسرا۔

اُپسرتی (س۔عص) ایک غیبی آواز جو رات کو سُنائی دیتی ہے۔ اور آئندہ کے واقعات بتاتی ہے۔

اُپسرگ (س۔مذکر) ۱بدشگونی ۲قدرتی مظہر جس سے برا شگون لیا جائے ۳بیماری بھوت کا سایہ ۴(صرف و نحو) ایک کلمہ جو کسی اصل حرف کے ساتھ لگایا جائے۔

اپستس (س۔مذکر) ۱بدن کے خفیہ حصّے ۲خفیہ فریفتہ کرنے والی چیزیں (دیوی کی) ۳خفیہ گناہ۔

اِپسوِچ (انگلستان) ایک شہر جہاں بوریوں کا کپڑا بنتا ہے۔ (۴۴)

اُپشانت (س۔صفت) مطمئن دل جمع۔ ٹھنڈا کیا ہُوا۔ منایا ہُوا۔ اُپشانت (مؤنث) اطمینان۔ تسلّی۔ تسکین (صفت) اطمینان کرنے والا۔ ٹھنڈا کرنے والا۔ اُپشانتی (صفت) ۱مطمئن ۲ٹھنڈا کیا ہوا۔ منایا ہوا ۳بلا ہُوا۔ پالتو ۴(مذکر) جو شخص مطمئن یا دلجمع ہو۔

اَپک (ھ۔مذکر) ۱کچا۔ خام ۲ہرا ۳ناکمل۔ اَپکتا (مؤنث) خامی۔ ناپختگی۔

اَپکار (س۔مذکر) روگ۔ ضرر۔ نقصان۔ نقصان رسانی۔ شرارت۔ اپکاری (صفت) ضرر رساں۔ شرارتی۔ دشمن۔

اُپکار (س۔مذکر) ۱مہربانی۔ عنایت۔ فائدہ ۲فیاضی۔ نیکی۔ امداد ۳بچاؤ۔ حفاظت۔ اپکارتھا (تف) مدد کے لئے۔ اپکار کرنا (متعدی) ۱مدد کرنا امداد کرنا ۲مہربانی کرنا۔ نیکی کرنا۔ حفاظت کرنا۔

اُپکارک (مذکر) ۱مددگار۔ دوست۔ محافظ۔ امداد کرنے والا۔ محسن۔ اپکاری (صفت) مہربان۔ مددگار امدادی۔ محسن (مذکر) مدد کرنے والا آدمی۔ محسن۔ دوست فیاض آدمی۔

مثل۔ اپکاری دھرم دھاری۔ فیاض آدمی خداپرست ہوتا ہے۔

اُپکرن (س۔مذکر) ۱شاہی نشان ۲ذریعہ۔ سامان۔ مصالحہ۔ اوزار۔ امداد۔

اَپکش (س۔صفت) پروں کے بغیر بلا مدد یا حفاظت۔

اَپکیرت (س۔مؤنث) بے عزّتی۔ بے حرمتی۔ بدنامی۔ رُسوائی۔ اپکیرت کرنا (متعدی) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

اُپل (س۔مذکر) ۱پتھر ۲چٹان ۳قیمتی پتھر۔ جواہر۔

اُپلا (ہ۔مذکر) گائے بھینس کے گوبر کی گول موٹی ٹکیا۔ جس کو خشک کرکے جلانے کے کام میں لاتے ہیں ۲سُوجی ہوئی چیز ۳بدقطع۔ بدنما مُنہ۔ اُپلا دبانا (متعدی) دبنا (لازم) اُپلے کو ایک طرف سے آگ لگاکر راکھ میں رکھ دیا جانا۔ اس طرح وہ آہستہ آہستہ سلگتا۔ اور ایک دفعہ ہی نہیں جل جاتا۔ حُقّہ پینے والے اس طرح کرتے ہیں۔ اُپلی (ھ۔مؤنث) چھوٹا اُپلا۔ اُپلے پاتھنا یا تھاپنا (متعدی) اُپلے بنانا۔

اُپلانا (ھ۔لازم) ۱کود کر اُٹھ کھڑا ہونا۔ یکایک اُٹھ کھڑا ہونا ۲سطح سے اُبھر آنا تیرنا۔

اَپلکشن (س۔مذکر) بدشگونی۔ بدفالی اَپلکشنا (صفت) ۱بدشگون۔ بدفال۔ بدقسمت۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ ابھاگی ۲مشتبہ شکل کا۔

اُپلکشن (س۔مذکر) صنعت۔ النکار۔ صنائع بدائع۔ استعارہ۔ تشبیہ۔

اُپلیپ۔ اُپلیپن (س۔مذکر) تیل لگانا۔ چھڑکنا۔ پلستر۔ گوبری۔

اُپما (مؤنث) اُپمان (س۔مذکر) ۱مشابہت۔ مطابقت ۲نقل ۳جوڑا۔ مثنہ ۴مقابلہ ۵تشبیہ۔ استعارہ ۶موافقت یا وہ چیز جس سے کسی چیز کا مقابلہ کیا جائے۔ اپما دینا (متعدی) مقابلہ کرنا۔ مشابہت دینا۔

اَپمان (س۔مذکر) ۱بے ادبی۔ گستاخی۔ اہانت۔ بے عزتی ۲حقارت۔ ہتک۔ سبکی۔ اپمان کرنا (متعدی) بے ادبی کرنا۔ بے عزّتی کرنا۔ حقارت سے دیکھنا۔ اَپمانت (صفت) بے عزتی کیا گیا۔ اہانت کیا گیا۔ تنزل کیا گیا۔ اپمانی (صفت) ۱گستاخانہ۔ ہتک آمیز ۲بے عزّت۔ رسوا۔ ذلیل۔ نامعقول ۳(مذکر) نامعقول آدمی وغیرہ۔ اپمانیہ (صفت) رسوا۔ ذلیل۔ بے عزّت۔

اُپمت (س۔مؤنث) ۱مشابہت۔ مطابقت ۲عکس۔ تصویر ۳مقابلہ۔ موافقت ۴تقرر۔ تعین۔

اَپمرتی (س۔مؤنث) بے وقت موت۔ اتفاقیہ موت۔

اَپن۔ اَپنّ (ھ۔ضمیر) اپنا۔

اپنا (ھ۔ضمیر) ۱میرا۔ ہمارا۔ اپنی ملکیت ۲عزیز۔ رشتہ دار۔ مثل عزیز ۳ذاتی۔ نج کا ۴مددگار۔ ہمدرد ۵رفیق۔ شریک۔ اپنا آپا (مذکر) اپنا نفس یا دل۔ اپنا اپنا (تف) الگ الگ۔ جدا جدا۔ ہر ایک کا۔ اپنا اپنا جی۔ جو تمہارے دل میں آیا تم نے کیا۔ جو ہمارے دل میں آیا ہم نے کیا۔ اپنا اپنا راستہ (رستہ) لینا۔ اپنی اپنی طرف چلے جانا۔ اپنا اپنا شوق۔ ہر شخص کا شوق جُدا۔ اپنا اپنا کمانا اپنا اپنا کھانا۔ یہ وہاں بولا جاتا ہے۔ جہاں ہر ایک اپنے قوت بازو سے کماتا اور گزارہ کرتا ہے۔ اپنا اپنا لہنا ہے اپنی اپنی قسمت ہے۔ کسی کو زیادہ کسی کو کم ملتا ہے۔ اپنا اپنا مذاق۔ ہر شخص کا مذاق جُدا۔ اپنا اپنا مقدر یا نصیب یا نصیبا یا مقسوم۔ ہر ایک کی قسمت الگ الگ ہے۔ کسی کو کم ملتا ہے کسی کو زیادہ۔ اپنا اپنا ہی ہے۔ پرایا پرایا ہی ہے عزیز غیر کی نسبت ہر حالت میں اچھا ہے۔ اپنی چیز سے زیادہ اچھا کام نکلتا ہے۔ چاہے دوسرے کی چیز زیادہ اچھی ہی کیوں نہ ہو۔ اپنا اُلّو سیدھا کرنا۔

اپنا مطلب نکالنا۔ فریب یا دھوکا دے کر اپنا کام نکالنا۔ بیوقوف بنا کر اپنا مطلب نکالنا۔ **اپنا اُلّو کہیں نہیں گیا**۔ میرا مطلب ہر طرح حاصل ہے۔ میرا نفع کہیں نہیں گیا۔ **اپنا بگانا** (ع) عزیز و غیر۔ یگانہ بیگانہ۔ **اپنا بنا لینا**۔ دوست بنا لینا۔ قابو میں کر لینا چھین لینا۔ **اپنا بن جانا یا بننا**۔ دوست بن جانا۔ **اپنا بوجھ ڈالنا**۔ اپنا کام کسی اور سے کرانا۔ اپنا خرچ کسی اور کے سر ڈالنا۔ **اپنا بھلا چاہنا**۔ اپنے ہی فائدہ کا خواہاں ہونا۔ **اپنا بھی خدا ہے**۔ خدا ہمارا مقصد پورا کریگا۔ خدا مدد کریگا۔ **اپنا بیگانہ**۔ اپنا بگانہ۔ **اپنا پرایا**! اپنا بگانا! تکلف۔ **اپنا پرایا بہت ہے** (لازم) مزاج میں تکلف بہت ہے۔ **اپنا پرایا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تکلف ہونا۔ **اپنا پرایا نہ پہچاننا** (متعدی) غصّے یا نشے میں ایسی حالت ہونا کہ دوست دشمن میں تمیز نہ ہو سکنا۔ **اپنا پیٹ تو کُتّا بھی پالتا ہے**۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں، جو تن پروری کرے اور دوسروں کی خبر نہ لے۔ **اپنا پیٹ کاٹ کر قرض اُتارا**۔ بھوکا رہ کر روپیہ بچا کر قرض ادا کیا۔ **اپنا توشہ اپنا بھروسہ** سفر میں ضروری چیزیں ساتھ ہونی چاہئیں۔ دوسروں پر بھروسہ اچھا نہیں۔ **اپنا ٹھکانا کر لینا**۔ اپنا انتظام کر لینا۔ دوسری تدبیر عمل میں لانا۔ دوسری لیاقت کی فکر کرنا۔ دوسری جگہ نوکری تلاش کرنا۔ **اپنا (اپنے) جوہر دکھانا**۔ اپنا ہنر جتانا۔ طنزاً اپنی اصلیت پر آنا۔ **اپنا جوہر کرنا**۔ اپنا خون کرنا۔ اپنے آپ کو قتل کرنا۔ **اپنا جی**۔ ہماری مرضی۔ **اپنا حساب کرلو**۔ اپنا معاملہ صاف کر لو۔ اپنا حساب دیکھ لو۔ نوکری چھوڑ دو۔ **اپنا خون اپنی گردن پر لینا**۔ ایسا کام کرنا جس میں اپنے مارے جانے کا خطرہ ہو۔ **اپنا خون اپنے ہاتھوں سے کرنا** (متعدی) ۱۔ اپنا نقصان خود کرنا ۲۔ خود اپنے قتل کا موجب ہونا۔ **اپنا خون بحل کرنا** (متعدی) اپنا قتل معاف کرنا۔ **اپنا خون پینا**۔ غم و رنج سہنا۔ ستم اُٹھانا۔ پیچ و تاب کھانا۔ غم و غصّہ کھانا۔ **اپنا دل اپنی خوشی**۔ ہماری مرضی۔ **اپنا راستہ یا رستہ لو**۔ اپنا کام کرو۔ جاؤ۔ **اپنا رونا رونا**۔ اپنا دکھ درد بیان کرنا۔ اپنی تکلیف ظاہر کرنا۔ **اپنا سا حال دوسروں کا بھی جانو**۔ جیسی تکلیف تمہیں ہوتی ہے ویسی دوسروں کو ہوتی ہے۔ اس لئے ہر ایک سے اچھا برتاؤ کرو۔ دوسروں کی تکلیف کا خیال کرو۔ **اپنا سا جانتا ہے**۔ اپنی طرح سمجھتا ہے۔ نیک ہے تو نیک۔ بُرا ہے تو بُرا۔ **اپنا سا مُنہ لے کر**۔ شرمندہ ہو کر۔ **اپنا سا مُنہ لے کر رہ گیا**۔ شرمندہ ہو گیا۔ نادم ہونا۔ خفیف ہونا۔ **اپنا سُبیتا دیکھنا**۔ اپنا انتظام کرنا۔ **اپنا سبیتا کرنا** (متعدی) اپنے لئے کوئی تدبیر یا انتظام کرنا۔ **اپنا سر** کچھ نہیں۔ **اپنا سر پیٹنا** (متعدی) خمیازہ بھگتنا۔ افسوس کرنا۔ **اپنا سر کھاؤ**۔ جو مرضی ہے کرو۔ **اپنا سلام ہے**۔ ہم پرہیز کرتے ہیں۔ دُور بھاگتے ہیں۔ **اپنا سمجھو**۔ تکلف نہ کرو۔ **اپنا سُوجھنا کرنا** (متعدی) اپنی فکر کرنا۔ اپنا انتظام کرنا۔ **اپنی عزّت اپنے ہاتھ ہے**۔ انسان خود ایسی باتیں کرتا ہے جس سے اس کی بے عزّتی ہوتی ہے۔ **اپنا قلہ شجرہ**۔ اپنا سامان۔ **اپنا قلہ شجرہ رکھ چھوڑیئے (سنبھالو) (لیجئے)** اپنی چیزیں لیجئے۔ اب میرا آپ کا کوئی تعلق نہیں۔ مَیں رخصت ہوتا ہوں۔ جب کوئی کسی درویش کی بیعت کرتا ہے تو وہ اسے خاندان کا شجرہ دیتا ہے۔ اور اگر مرتبۂ خلافت دیتا ہے تو ٹوپی یا کلاہ دیتا ہے۔ اس لئے ناراض ہونے کے موقعہ پر یہ کہتے ہیں۔ **اپنا کام** (مذکر) ذاتی کام۔ تکلفات۔ دوسرے کے کام کے متعلق بھی کہا جاتا ہے۔ **اپنا کام آپسے خوب ہوتا ہے**۔ اپنا کام اپنی ہی کوشش سے ٹھیک ہوتا ہے۔ **اپنا کام کرو**۔ اپنا رستہ لو۔ چلے جاؤ۔ دخل نہ دو۔ **اپنا کر رکھنا۔ کر لینا یا کرنا** (متعدی) دل لے لینا۔ من موہ لینا۔ دوست بنا لینا قبضہ کر لینا۔ **اپنا کمانا اپنا کھانا**۔ اپنی قوت بازو سے کمانا۔ اور گزارہ کرنا۔ **اپنا کہا کرنا** (متعدی) جو کچھ کہنا وُہی کرنا کسی کی نہ ماننا۔ **اپنا کھانا اپنا پہننا** (متعدی) اپنی کمائی پر گزارہ کرنا۔ کسی کا دست نگر نہ ہونا۔ **اپنا کیا آگے آنا** (لازم) اپنے بُرے فعل کا خمیازہ بھگتنا۔ **اپنا کیا پانا** (متعدی) اپنے کئے کی سزا پانا۔ **اپنا گلا کاٹ ڈالونگا**۔ دھمکی۔ جب کوئی بزرگ بُرے کام یا بات سے روکے۔ **اپنا گوشت کھانا** (متعدی) دل ہی دل میں کُڑھنا۔ مجبوری میں غُصّہ کھا کر چُپ رہ جانا۔ **اپنا گھر بھرنا** (متعدی) کسی کا مال اپنے قبضے میں کرنا۔ **اپنا گھر (جاننا) سمجھنا** (متعدی) غیر نہ سمجھنا **اپنا گھر دُور سے سُوجھتا ہے**۔ ہر ایک اپنا فائدہ اچھی طرح سمجھتا ہے۔ **اپنا لہو بہانا** (متعدی) ۱۔ اپنے آپ کو قتل کرنا ۲۔ ہر طرح مدد کرنا۔ **اپنا لہو پینا** (متعدی) غم کھانا۔ غصّہ میں کُڑھنا۔ **اپنا مال اپنی چھاتی تلے**۔ اپنے مال کی حفاظت خود آپ ہی اچھی طرح کر سکتا ہے۔ **اپنا مثل نہ رکھنا** (متعدی) لاثانی ہونا۔ بے نظیر ہونا۔ **اپنا مطلب نکالنا**۔ اپنی غرض حاصل کرنا۔ **اپنا مُنّہ بنواؤ یا بنوائیے** قابلیت پیدا کرو۔ رُتبہ حاصل کرو۔ **اپنا مُنّہ دیکھتا ہے** (ع) روشنی کی چیز کی نسبت کہتے ہیں۔ جب وُہ اچھی طرح نہیں ہوتی۔ **اپنا مُنّہ دیکھو** (ع) اپنا مُنّہ بنواؤ۔ **اپنا مُنّہ لے کر رہ جانا** (لازم) شرمندہ ہونا۔ **اپنا مُنّہ گھڑھیا میں دھو رکھو**۔ اس موقعہ پر کہتے ہیں۔ جہاں کوئی چیز نہ دینا ہو۔ **اپنا نام بدل ڈالیں یا نہ رکھیں**۔ یہ اس موقع پر کہتے ہیں جہاں دعوٰے یا شرط کرنا ہو۔ **اپنا وہ ہے جو اپنے کام آئے**۔ اپنا اُسے سمجھنا چاہئے جو وقت پر مدد کرے ورنہ غیر ہے۔ **اپنا ہاتھ اپنے سر**۔ کوئی مددگار نہیں۔ جو کچھ ہے خود ہے۔ **اپنا ہاتھ کٹوا ڈالوں**۔ شرط اور دعوٰے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **اپنا ہونا** (لازم) ۱۔ اپنی ملکیت ہونا ۲۔ اپنا عزیز ہونا یا بننا۔ محبت پیدا کرنا۔ **اپنا ہی مطلب سوجھتا ہے**۔ اپنا ہی کام نکالنے کی کوشش ہے۔ چاہے دوسرا کسی حالت میں ہو۔ **اپنا بت** (مؤنث) یگانگی۔ عزیز داری۔ قربت **اپنوں** (ضمیر) اپنا کی جمع۔ **اپنوں پر آگیا** ضد چڑھ گئی۔ ہرگز نہ مانا۔ **اپنوں کی عار کوئی نہیں اٹھاتا**۔ رشتہ داروں کا احسان لینا کوئی پسند نہیں کرتا۔ **اپنی** (ضمیر) اپنا کی تانیث۔ **اپنے** (ضمیر) اپنا کی جمع۔ میرے۔ عزیز۔ ذاتی۔ نج کے۔ اپنے تعلق کے۔ مملوکہ یا مقبوضہ خود۔ خود۔ **اپنے آپ** (تف) خود ہی۔ اپنی ذات کو۔ **اپنے آپ کو** (تف) خود کو۔ **اپنے آپ کو کھینچنا** (متعدی) غرور کرنا۔ **اپنے آپ کو کیا سمجھتے ہو**۔ کیوں مغرور ہو۔ اپنی کس بات پر نازاں ہو۔ **اپنے آپے سے گزر جانا** (لازم) ۱۔ بیحد مغرور ہونا ۲۔ غُصّے میں بدحواس ہو جانا۔ **اپنے آپے میں نہ ہونا** (لازم) ہوش نہ ہونا۔ ازخود رفتہ ہونا۔ **اپنی آگ میں آپ جلنا** (لازم) اپنے غُصّے سے خود متاثر ہونا۔ **اپنے آگے کسی کو نہ گننا** (لازم) اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا۔ اپنے آپ کو سب سے بہتر جاننا۔ **اپنی آنکھ (آنکھوں) سے دیکھنا** (متعدی) خود دیکھنا یا ملاحظہ کرنا۔

اپنی اپنی بولیاں بولنا (متعدی) ہر ایک کا
آوازے کسنا یا طعن وطنز کرنا۔ اپنی اپنی پڑنا
(لازم) اپنی فکر پڑنا۔ نفسی نفسی ہونا۔ اپنی اپنی
پسند ہے۔ ہر ایک کی پسند یا مذاق جُدا جُدا
ہے۔ اپنی اپنی تقدیر (مؤنث) اپنا اپنا نصیب
اپنی اپنی چال (ڈھال) ہے۔ ہر ایک
کا طریقہ جُدا جُدا ہے۔ اپنے اپنے حال میں
سب مست ہیں۔ کسی کو کسی کی فکر نہیں۔ جو جس
حال میں ہے مگن ہے۔ اپنے اپنے دل میں
سوچنا (لازم) ہر ایک کا خیال کرنا۔ اپنی اپنی
راہ پر ہیں۔ ہر ایک کی طرز وضع قطع الگ الگ
ہے۔ ایک سے ایک نہیں ملتا۔ اپنی اپنی راہ لو۔
جاؤ۔ اپنے اپنے گھر جاؤ۔ اپنی اپنی سب بُھگت
لینگے۔ جس پر جیسی پڑیگی نباہ لیگا۔ اپنی اپنی سب
گاتے ہیں! ہر ایک اپنے کام میں مشغول ہے!
ہر ایک اپنی تعریف کرتا ہے۔ اپنی اپنی سمجھ ہے
جب کوئی عمدہ رائے سے اختلاف کرے تو کہتے
ہیں۔ اپنی اپنی طبیعت۔ دیکھو اپنا اپنا جی۔
اپنی اپنی قسمت۔ دیکھو اپنا اپنا نصیب۔ اپنی
اپنی کہنا (متعدی) ہر ایک کا اپنا حال بتانا یا اپنی
سرگزشت بیان کرنا۔ اپنی اپنی کہنا اور کی سُننا
(متعدی) ایک دوسرے کو اپنی بات سُنانا۔ اپنی
اپنی گانا (متعدی) ہر ایک کا جُدا رائے دینا۔
ہر ایک کا نئی بات کہنا۔ اپنے اپنے گھر سدھارنا
(متعدی) رُخصت ہو جانا۔ چلے جانا۔ اپنے اختیار
میں نہ ہونا (لازم) مجبور ہونا۔ اپنی اڑھائی اینٹ
کی مسجد جدا بنانا (متعدی) دوسرے سے الگ
ہو کر کوئی مختلف کام کرنا۔ اپنی اصل یا اصالت
پر جانا (لازم) کمینگی کا کام کرنا۔ کمینے کا اپنی ذات
کے موافق کام کرنا۔ اپنے اللہ سے پائے
(ع) بددعا۔ خدا سمجھے۔ اپنے اُوپر اوڑھنا یا
لے لینا (متعدی) کسی کا قصور اپنے ذمہ لینا۔
اپنی اور تیری جان ایک کرونگا۔ نہایت
غصّے کی حالت میں کہتے ہیں۔ کہ اپنے آپ کو اور
تُجھے بھی مار ڈالوں گا۔ اپنی اپنی اولاد سے
پائے (ع) اس کے ساتھ اس کی اولاد ایسا ہی
سلوک کرے۔ جیسا اس نے میرے ساتھ کیا ہے۔
اپنی ایڑی چوٹی سے قربان کروں (ع) اس

کے متعلق کہتی ہیں جو ان کے متعلق کوئی بُری بات
کہے۔ اپنی ایڑی دیکھو (ع) کسی کو نظر بد سے
بچانے کے لئے کہتی ہیں۔ اپنی ایسی تیسی میں
جائے۔ بھاڑ میں جائے۔ اپنا سر کھائے۔ اپنی
بات (آپ کھو بیٹھنا) (متعدی) اپنے
ہاتھ سے کھونا (متعدی) کوئی ایسا کام کرنا
جس سے اپنی عزّت میں فرق آئے۔ اپنی بات
پر آجانا (لازم) ! اپنے قول کی پچ کرنا۔ ضد کرنا۔
! تیسے میں آجانا۔ ؟ جو کہنا سو کر دکھانا۔ اپنی بات
پر اڑ (جم) جانا (متعدی) ضد کرنا۔ جو کہنا سو کرنا۔
اپنی بات کا ایک (پورا) ہے۔ اپنے
دعوے کا پکّا ہے۔ جو کہتا ہے وُہی کرتا ہے۔ اپنی
بات پر قائم رہتا ہے۔ اپنی بانی نہ چھوڑنا (متعدی)
اپنی حرکت سے باز نہ آنا۔ اپنی بڑائی اپنے ہاتھ
ہے۔ اپنی عزّت آدمی خود بگاڑتا یا رکھتا ہے۔
اپنی بساط تو دیکھو۔ اس طاقت یا لیاقت پر
یہ دعوے درست نہیں۔ اپنی بساط سے باہر
(بڑھ کر) کام کرنا (متعدی) اپنی طاقت سے زیادہ
کام کرنا۔ اپنی بکنا اور کی نہ سُننا (لازم) خود ہی
بولتے جانا دوسرے کی بات نہ سُننا۔ اپنی بلا اور
کے سر دھرنا (متعدی) اپنی مصیبت دوسرے پر
ڈالنا۔ اپنا کام کسی اور کے سپرد کر دینا۔ اپنی بلا
سے۔ کچھ پروا نہیں۔ اپنی بھوک کھانا اپنی
نیند سونا (لازم) چین سے زندگی بسر کرنا کسی کی
تابعداری نہ کرنا۔ کسی کا تابع نہ ہونا۔ اپنی بیتی
(مؤنث) اپنی سرگزشت۔ اپنی بیتی کہوں کہ جگ
بیتی۔ اپنا حال بیان کروں کہ اوروں کا۔ اپنے
بھاویں (ع) اپنے نزدیک۔ اپنے بیگانے
سے رشتۂ اُلفت توڑنا (متعدی) ہر ایک
سے قطع تعلق کر لینا۔ اپنے بیگانے کی تمیز نہ ہونا
(لازم) گھبراہٹ میں کوئی پہچان نہ پڑنا۔ سخت گھبراہٹ
ہونا۔ اپنے پاؤں آئیگا۔ خود بخود آئیگا۔ بن بلائے
آئیگا۔ اپنے پاؤں پر کھڑا ہونا (لازم) بغیر کسی
کی امداد کے اپنا کام با گزارہ کرنا۔ اپنے پاؤں
(سے) چلنا (لازم) بغیر سہارے کے چلنا۔ جب
بچے پہلے پہل چلنا سیکھتے ہیں تو کہا جاتا ہے۔ اپنے
پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا (متعدی) اپنے
آپ کو خود ہی نقصان پہنچانا۔ ایسا کام کرنا جس سے
خود اپنا نقصان ہو۔ اپنے پر (تف) اپنی ذات پر۔

اپنے پرائے کی ٹھوکریں کھانا (متعدی) ہر ایک
سے تکلیف پانا۔ اپنے پرائے کی سمجھ۔ یگانے
بگانے کی تمیز۔ اپنی پڑی ہونا (لازم) اپنا فکر ہونا۔
اپنے پیر کو مان۔ تجھے اپنے پیر کی قسم۔ اپنی
تقدیر کو رونا (لازم) تقدیر کا شاکی ہونا۔ بجید بدقسمتی
کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ اپنی تو خبر لو پھر دوسرے
کو کہنا۔ اپنی حالت دیکھو پھر دوسرے کے نقص
نکالنا۔ اپنے تئیں (تف) آپ کو۔ اپنی ذات کو
(مت) اپنے تئیں بچانا (متعدی) اپنے آپ کو
ضرر یا نقصان نہ پہنچنے دینا۔ اپنی حفاظت کرنا (مت)
اپنے تئیں دُور کھینچنا (متعدی) اپنے آپ کو
بہت بڑا سمجھنا (مت) اپنے تئیں پنجۂ تقدیر
کے حوالے کرنا (متعدی) خدا پر بھروسہ کرنا۔ اپنے
آپ کو خُدا کے سپرد کرنا (مت) اپنے تئیں لئے رہنا
(لازم) خودداری کا لحاظ کرنا (مت) اپنی ٹکی لگائے
جانا (لازم) اپنے مطلب کی کہے جانا۔ اپنے جامے
سے باہر ہونا یا نکل جانا (لازم) بیخود ہو جانا۔
غُصّے یا خوشی سے آپے میں نہ رہنا۔ اپنی جان سب
کو پیاری ہوتی ہے۔ جہاں کوئی خطرے کے کام
سے جی چُرائے تو کہا جاتا ہے۔ اپنی جان ہے تو
جہان۔ اگر خود زندہ رہیں تو سب کچھ ہے۔ اپنی زندگی
کے ساتھ سب باتیں ہیں۔ اپنی جگہ۔ اپنے عوض۔
اپنی جگہ سے نہ ہلنا (لازم) ڈٹے رہنا۔ جہاں بیٹھے
ہیں وہاں سے نہ اُٹھنا۔ اپنی جوانی پر رحم کر۔ زبردست
سے مقابلہ نہ کر۔ ایسا کام نہ کر جس سے نقصان پہنچے۔
اپنی جوانی سے پائے (بددعا) جوان مرے۔
اپنی جوانی کا سُکھ دیکھو (دُعا) جوانی میں مزے
اُڑاؤ۔ اپنے جینے سے بیزار ہونا (لازم) زندگی
دوبھر ہونا۔ زندہ رہنے کو دل نہ چاہنا۔ اپنی چال
سے نہ چُوکنا (لازم) دھوکا دینے سے باز نہ آنا۔ اپنی
شرارت سے نہ رُکنا۔ اپنی چھاتی پر کودوں دلوانا
(مم) اپنے متعلق کسی بُری بات کو گوارا کرنا۔ اپنی
چھاتی پر ہاتھ دھر دیکھو۔ اپنا سا حال دوسروں
کا جانو۔ انصاف کرو۔ اپنے دل کا حال دیکھو۔ اپنی
چھاچھ کو کوئی کھٹا نہیں کہتا۔ اپنی چیز یا اپنے
عزیز کو کوئی بُرا نہیں کہتا۔ اپنے حال پر رونا (لازم)
اپنی حالت پر افسوس کرنا۔ اپنے حال پر رہنا (لازم)
جس طرح ہیں اسی طرح رہنا۔ اپنی حالت تبدیل نہ کرنا
اپنے حال میں مست ہیں۔ دیکھو اپنے اپنے حال

ہیں الخ اپنے حساب یا حسابوں (تف) اپنے نزدیک۔ گویا۔ اپنے حق میں (تف) خاص اپنے واسطے۔ اپنے حق میں کانٹے بونا یا زہر کرنا (متعدی) اپنا نقصان آپ کرنا۔ ایسا کام کرنا جس کا نتیجہ بُرا ہو۔ اپنے خُدا کو مان۔ تجھے خدا کا واسطہ۔ اپنے خون میں ہاتھ دھونا (متعدی) آپ مصیبت میں پڑنا۔ اپنے دل پر ہاتھ دھر دیکھو (دھرو) تم خود اپنی حالت دیکھو۔ جب کوئی کسی کو سمجھائے یا کسی بات کے ترک کرنے کو کہے۔ حالانکہ اس کی بھی وہی حالت ہو تو جواب میں کہا جاتا ہے۔ اپنے دل کی گواہی کو سچ جان۔ جو ضمیر کہے ویسا کر۔ اپنے دل کے بادشاہ (مختار) ہیں جو چاہتے ہیں کرتے ہیں۔ اپنے دل میں سوچنا (متعدی) خیال کرنا۔ سوچنا۔ اپنے دل میں یہ نہ سمجھے۔ یہ نہ سوچا۔ نتیجہ نہ سوچا۔ اپنی دلیل سے آپ قائل ہونا (لازم) خود ہی ایسی بات کہنا جو اپنی دلیل کا آپ جواب ہو۔ اپنے دم سے اچھے ہیں۔ بذات خود اچھے ہیں۔ اپنے دن بھول جانا (لازم) اپنی اصلیت بھول کر غرور کرنا۔ اپنے دنوں کو رونا (متعدی) اپنی بدقسمتی کا افسوس کرنا۔ اپنے دنوں کو پورا کرنا (متعدی) تنگی سے گزارہ کرنا۔ اپنے دہی کو کون کھٹا کہتا ہے۔ کوئی بھی کسنا کہتا ہے یا کوئی بھی کھٹا نہیں کہتا۔ دیکھو اپنی چھاچھ الخ اپنے ڈھائی بیگن مت جھونکو۔ اپنی عقل کو بڑی سمجھ کر ہر بات میں دخل مت دو۔ اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا (متعدی) سب سے جُدا بات کرنا۔ اپنی کہے جانا چاہے کوئی سُنے یا نہ سُنے۔ اپنے ڈھب کا (صفت) ۱ اپنی پسند کا۔ اپنے مطلب کا ۲ اپنے رنگ کا۔ اپنی طرز کا۔ اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنانا (متعدی) سب سے الگ کوئی مختلف کام کرنا۔ اپنی ذات سے اچھے ہیں۔ بذات خود اچھے ہیں۔ اپنی رام کہانی اس طرح بکھانی۔ اپنی مصیبت یوں سنائی۔ اپنی راہ پکڑ لگ۔ لو یا لے۔ جاؤ اپنا کام کرو۔ اس کام میں دخل مت دو۔ اپنے رنگ کا (صفت) اپنی طرز کا۔ اپنے زور میں آپ آ رہنا یا گرنا (لازم) ۱ اس طرح زور آزمائی کرنا کہ خود ہی گر پڑیں ۲ کوئی ایسی بات کہنا کہ اپنے آپ کو نقصان پہنچے۔ اپنے ساتھ لے ڈوبنا (لازم) اپنے ساتھ کسی اور کا بھی نقصان کرنا۔ اپنے ساتھ لپیٹنا (متعدی) اپنے ساتھ شامل کرنا۔ اپنے سارے

خاندان کو صاف کر دیا (متعدی) ۱ اس کے خاندان کے سب آدمی مرگئے ۲ اپنے خاندان کے سارے آدمی مار ڈالے۔ اپنے سائے سے بھڑکنا یا رم کرنا (لازم) اپنے دشمنوں سے سخت احتیاط کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ اپنے سائے سے وحشت کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ہر چیز سے بھڑکنا یا ڈرنا۔ اپنے سر آفت۔ بلا یا مصیبت لینا (متعدی) ۱ خود مصیبت میں پھنسنا ۲ کسی مشکل کام کو اپنے ذمہ لینا۔ اپنے سر اوڑھ لینا (متعدی) بُرائی یا قصور اپنے ذمہ لینا۔ اپنے سر پہ پرائی (غیر کی) بلا لینا (متعدی) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔ اپنے سر لے لینا یا لینا (متعدی) اپنے اُوپر لینا۔ اپنی سزا اپنے کنار میں دیکھنا (لازم) بہت جلدی اپنی سزا کو پہنچنا۔ اپنی سی (تف) حتی المقدور۔ مقدور بھر۔ اپنی سی بہت کر لی یا کی حتی المقدور کوشش کی۔ اپنی سی کر دیکھنا یا گزرنا (متعدی) حتی المقدور کوشش کرنا کوشش کرکے تجربہ کرنا۔ اپنی سی کرنا (متعدی) اپنے اختیار بھر کوشش کرنا۔ اپنی سی گانا (متعدی) اپنے مطلب کی بات کہے جانا۔ اپنی سی نباہنا (متعدی) وضعداری سے بسر کرنا۔ اپنی صورت تو چپنی میں پیشاب کر کے دیکھ (عو) وہاں کہتی ہیں۔ جہاں کوئی آدمی مذاق کرے۔ اپنی طبیعت (مؤنث) دیکھو اپنا دل۔ اپنی طرف خیال یا دھیان کرو یا دیکھو۔ اپنی حیثیت کا خیال کرو۔ اور اپنے سے کم درجہ سے جھگڑا نہ کرو۔ اپنی طرف کھینچنا (متعدی) اپنی طرف مائل کرنا۔ اپنی عقل کے آگے کسی کو سمجھتا ہی نہیں۔ اپنے آپ کو بہت عقلمند سمجھتا ہے کسی کو اپنے برابر نہیں سمجھتا۔ اپنی عمر سے مرنا (لازم) عمر طبعی کو پہنچ کر مرنا۔ بُوڑھا ہو کر مرنا۔ اپنی غرض کا آشنا ہونا (لازم) خود غرض ہونا۔ اپنی غرض کو۔ اپنے مطلب کے لئے۔ اپنے فرض سے ادا ہونا۔ (لازم) جو بات اپنے اُوپر واجب ہو کر لینا۔ خصوصاً بیٹی کی شادی کے متعلق کہتے ہیں۔ اپنے قدحے کی خیر منانا (متعدی) اپنی بہتری چاہنا۔ اپنے نفع کا خیال رکھنا۔ اپنی قدر آپ ہی نہ جانی۔ خود ہی اپنے آپ کو ذلیل کیا۔ اپنی قسمت کا لکھا اُترنا (لازم) اپنا نصیبا ساتھ لے کر پیدا ہونا۔ خیال ہے کہ جو کچھ قسمت میں ہے اس کا پیدائش کے وقت ہی فیصلہ ہو چکتا ہے۔ اپنی قسمت کو رونا (لازم) تقدیر کا

شاکی ہونا۔ بدقسمتی کی شکایت کرنا۔ اپنے کام سا کیسے سے کام رکھنا (متعدی) بہت خود غرض ہونا۔ اپنے کام سے کام رکھنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ اپنے کام میں مصروف یا متوجہ ہونا ۲ خود غرضی سے اپنا مطلب نکالنا ۳ کسی معاملے میں دخل نہ دینا۔ اپنے کام کا نہ ہونا (لازم) اپنے مطلب کا نہ ہونا۔ اپنی کائنات کو سنبھالو۔ اپنی حقیر پونجی لے جاؤ۔ اپنی کتابیں دھو کر پی لو۔ نکمّی ہیں۔ تمہیں کچھ نہیں سکھاتیں۔ اپنی کر کے نہ رکھنا (متعدی) ۱ مال کو بحفاظت نہ رکھنا ۲ (بازاری) بدچلن لڑکے یا عورت کی نسبت کہتے ہیں۔ اپنی کرنی کرنا (متعدی) اپنی ضد کرنا۔ اپنی کملی (کھال) میں مست ہیں۔ غربت میں خوش ہیں۔ اپنے کو۔ اپنی ذات کو۔ آپ کو۔ اپنے کو ڈبو (کھو) دیا۔ بدوضعی اختیار کی۔ بدچلن ہو گیا۔ اپنے کو بھولنا (لازم) سخت مغرور ہونا۔ اپنے کو ماننا (متعدی) اپنے کو بہت بڑا سمجھنا۔ مغرور ہونا۔ اپنی کہنا اور کی نہ سُننا (متعدی) اپنی بات کہے جانا دوسرے کی بات کا خیال نہ کرنا۔ اپنی کہنا اور کی سُننا (متعدی) اطمینان سے بات چیت کرنا۔ اپنی کہنا نہ اور کی سُننا (متعدی) فضول بکواس کئے جانا۔ نہ خود مطلب کی بات کہنا نہ دوسرے کی سُننا۔ اپنی کھونٹی سے باندھ رکھا۔ اپنے پاس سے جانے نہ دیا۔ اپنے کہے کا ہے۔ ضدی ہے جو اپنے دل میں آئے بات کرتا ہے۔ اپنی کہی نہ اور کی سُنی۔ اچانک موت واقع ہو گئی۔ بغیر کچھ کہے سُنے مر گئے۔ اپنے کئے پر پچھتانا (لازم) خود ہی کوئی کام کر کے پریشان ہونا۔ اپنے کئے کا علاج نہیں اپنے کئے کا کیا علاج۔ جو خود کر چکے ہیں اس کا نتیجہ بھگتنا پڑیگا۔ اپنے کئے کا مزہ چکھنا (متعدی) اپنے کئے کو بھگتنا یا پانا (لازم) اپنے فعل کا بُرا نتیجہ پانا۔ اپنے اعمال کی سزا پانا۔ اپنے کئے کو رونا (لازم) خود ہی کوئی فعل کر کے پشیمان ہونا۔ اپنے کئے کے پاس بیٹھنا۔ اپنے کئے کی سزا پانا (لازم) اپنے بُرے کام کا نتیجہ بھگتنا۔ اپنے کئے کی لاج ہونا (لازم) جو کام ایک دفعہ شروع کیا ہے اس کو نباہنا۔ اپنی گانا (متعدی) اپنی کہنا اور کی نہ سُننا۔ اپنی گرہ کا (صفت) اپنا۔ اپنی ملکیت۔ اپنی گرہ کا کیا جاتا ہے۔ ہمارا کیا ہرج نقصان یا خرچ ہوتا ہے۔ اپنے گریبان میں مُنہ ڈال کر

دیکھنا) ڈالنا (متعدی) اپنے کئے سے شرمندہ ہونا.
اپنے فعلوں سے شرمانا۔ اپنی گڑیا سنوار دینا یا
سنوارنا (متعدی) اپنی حیثیت کے مطابق اپنی بیٹی کا
بیاہ کر دینا۔ اپنی گور گانٹھنا (متعدی) خوشامد کرکے
اپنا کام نکالنا۔ اپنی گوں کا (یار) ہے۔ بڑا خود مطلبی
ہے۔ اپنی گوں گانٹھنا (متعدی) چاپلوسی کرکے اپنا
مطلب نکالنا۔ اپنے گھر کی راہ لو۔ جاؤ چلے جاؤ۔ اپنا رستہ لو۔
اپنے گھر کو لگتی ہے۔ اپنا خرچ ہوتا ہے۔ اپنے اوپر الزام
لگتا ہے۔ اپنے لکھے کو رونا (لازم) اپنی قسمت کا گلہ کرنا۔ اپنے لئے
کُواں کھودنا (متعدی) اپنے حق میں بُرا کرنا۔ اپنی مراد کو پہنچ
جانا یا پہنچنا (لازم) ا۔ اپنا مطلب حاصل ہو جانا ۲۔ پھل کا پختہ ہو جانا۔

اپنی مصلحت ہر شخص خوب جانتا ہے۔ اس
جگہ کہتے ہیں۔ جہاں کہیں کسی کے فعل سے اتفاق ہوتا
ہے۔ اپنے مطلب سے مطلب! ۱ اپنے کام میں
مصروفیت ۲ کسی کے کام میں دخل نہ دینا ۳ خود غرضی
اپنے مطلب کا ہونا (لازم) خود غرض ہونا۔ غرض کا
آشنا ہونا۔ اپنے مطلب کا آشنا یا یار (صفت)
اپنی غرض کا آشنا۔ اپنے مطلب کی (صفت) خود غرضی
کی۔ اپنے مُنہ پر تمانچے مارنا (متعدی) اپنے کئے
سے پشیمان ہونا۔ اپنے مُنہ پر جاؤ۔ اپنی طرف دیکھو
اپنے مُنہ سے کہنا (متعدی) خود کہنا۔ اپنے مُنہ
کو لگام رکھو۔ چپ رہو کچھ مت کہو۔ اپنے مُنہ
میاں مٹھو بننا (لازم) اپنی تعریف کرنا۔ اپنے میں
(عو) اپنے بدن میں۔ اپنے جسم میں۔ اپنی ناک چوٹی
گرفتار۔ اپنے بناؤ سنگار میں مشغول۔ اپنے نام کا
ایک ہے (عو) آفت کا پرکالہ ہے۔ ضدی ہے۔
وعدے کا پورا ہے۔ اپنے نام کا پاس ہے۔ اپنی
عزت کا خیال ہے۔ اپنے نزدیک (تف) اپنے حساب۔
گویا۔ اپنے نزدیک بہت دُور ہیں۔ اپنے گمان
میں بڑے آدمی ہیں۔ اپنے نصیبوں کو رونا (لازم)
اپنی بدقسمتی کی شکایت کرنا۔ اپنی نظر میں ہو۔ خوب
پہچانتے ہیں۔ اپنی نیند سونا اپنی بھوک
کھانا، نیند اُٹھنا (لازم) آزادانہ زندگی بسر کرنا۔
کسی بات کی پروا نہ کرنا۔ اپنی والی۔ جہاں تک ہو سکے
حتی الوسع۔ اپنی والی پر آنا (لازم) ضد کرنا کسی بات
پر اڑ جانا۔ اپنی بات کی پچ کرنا۔ اپنے وعدے کا
پکا (پورا) ہے۔ وعدہ کبھی نہیں توڑتا۔ جو کہتا ہے
کرتا ہے۔ اپنے وقت کا ارسطو (افلاطون) ہے

بڑا عقلمند ہے۔ بہت دانا ہے۔ اپنے وقت کا
حاتم ہے۔ بہت فیاض یا سخی ہے۔ اپنے وقت کا
رستم ہے۔ بڑا بہادر ہے۔ بڑا پہلوان ہے۔ اپنے
وقت کا سکندر ہے۔ بڑا صاحب اقبال ہے۔
اپنے وقت کا لال بجھکڑ ہے۔ بڑا بیوقوف ہے۔
اپنیوں پر آنا (لازم) کسی بات پر اڑ جانا۔ اپنے ہاتھ
سے (تف) خود اپنے فعل سے۔ اپنے ہاتھ کا۔ اپنے کرنے
کا۔ اپنا کیا ہوا۔ اپنے ہاتھ کلہاڑی مارنا (متعدی)
اپنا نقصان آپ کرنا۔ اپنے ہاتھوں (تف) خود۔ ازخود
دیدہ دانستہ۔ اپنے ہاتھوں (اپنی قبر) کنواں
کھودنا (متعدی) اپنے فعل سے خود اپنا نقصان کرنا۔
اپنے ہاتھ ہے۔ اپنے اختیار میں ہے۔ اپنی ہڈیاں
پیلتی ہے۔ سخت محنت کرتی ہے۔ اپنے ہی تک
رکھنا (متعدی) کسی سے نہ کہنا۔ خفیہ رکھنا۔ اپنے
ہی گھر سے آگ لگی ہے۔ اپنوں کی ذات سے
فساد ہوا ہے۔

امثال و اقوال۔ اپنا اپنا ڈھنگ
ہے۔ ہر ایک کا طریقہ جُدا جُدا ہے۔ اپنا اپنا دُکھڑا سب
روتے ہیں۔ ہر ایک اپنی ہی مصیبت ظاہر کرتا ہے۔
اپنا اپنا کرنا اپنا اپنا بھرنا (متعدی) اپنے کئے کی
سزا پانا۔ اپنا اپنا گھولو اپنا اپنا پیو۔ اپنے لئے
خود ہی خرچ کرو۔ اپنا بسم اللہ دوسرے کا نعوذ
باللہ۔ اپنی چیز کی تعریف دوسرے کی چیز کی مذمت۔
اپنا بھلا سب چاہتے ہیں۔ اپنا فائدہ ہر شخص تلاش
کرتا ہے۔ اپنا بیل کلہاڑی نا نکھب (ہ) اپنی
چیز کو جس طرح چاہے استعمال کرے۔ اپنے بیل کی
ناک میں چاہے تو کلہاڑی سے چھید کرے۔ اپنا پوت
پرایا ڈھینگر (عو) اپنے بچے کو نادان اور دوسرے کے
اسی عمر کے بچے کو جوان سمجھنا۔ اپنا پیسہ کھوٹا پرکھنے
والے کا کیا دوش (دوس) (عو) جب اپنی اولاد نالائق
ہے تو دوسرے کا کیا قصور۔ اپنا تن پہلے ڈھانکو
دوسرے کو ننگا پیچھے کہنا (لازم) پہلے اپنے نقائص
دُور کرو۔ پھر دوسرے کے نکالنا۔ اپنا توشہ اپنا بھروسہ
اپنی ہی چیز پر بھروسہ کرنا چاہئے۔ اپنا ٹھیک نہیں
اور کا نیک (اچھا) نہیں۔ بیوقوف کی نسبت کہتے
ہیں۔ جسے خود عقل نہ ہو۔ اور دوسرے کی بات پسند نہ ہو۔
اپنا ٹیٹر دیکھیں ناہیں دوسرے کی پھلی نہاریں۔
اپنا ٹینٹ نہ نہارے اور کی پھلی دیکھے۔ اپنا
عیب تو دیکھے نہیں دوسروں کے عیب نکالے۔ اپنا

دام کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوس۔ دیکھو اپنا
پیسہ الخ۔ اپنا دے لڑائی مول لے۔ اپنا دیجے
دشمن کیجے۔ قرضہ دینا خواہ مخواہ کا جھگڑا پیدا کرنا ہے۔
اپنا رکھ پرایا چکھ۔ اپنی چیز سنبھال کر رکھے۔ دوسرے
کی استعمال کرے۔ اپنا سوپ مجھے دے تو ہاتھوں
پچھوڑ (عو) جب کوئی کام کی چیز مانگے اور اس کے دینے
میں ہرج ہو تو یہ کہا جاتا ہے۔ اس موقع پر بھی کہا جاتا
ہے جہاں اپنے کام کی چیز دوسرے کو دیدے۔ اپنا سونا
کھوٹا پرکھنے والے کا کیا دوس۔ دیکھو اپنا پیسہ کھوٹا
الخ۔ اپنا سو نبیڑا پرایا دھنکیرا (ہ) اپنا تو خرچ کردیا
اب دوسروں کے مال پر نظر ہے۔ اپنا کُتا باندھو ہم
بھیک سے باز آئے۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں
جس سے فائدہ کم اور نقصان زیادہ ہو۔ مطلب یہ ہے کہ ضرر
نہ پہنچاؤ ہم فائدے سے باز آئے۔ اپنا گھر اپنا باہر۔ اپنی
چیز اپنی ہی ہوتی ہے جو چاہو سو کرو۔ اپنے گھر ستو نہ ان
کے گھر پیڑا۔ اپنے گھر کھانے کو نہیں۔ ان کے گھر جا کر
اچھے کھانے مانگتے ہیں۔ اپنا گھر ہگ ہگ بھر۔ پرایا
گھر تھوک کا ڈر (عو) اپنے گھر میں جو چاہے کر دوسرے
کے گھر میں احتیاط۔ اپنا گوہ کھوجن (ہ) اپنی بُری چیز
بھی اچھی۔ اپنا لینا کیا پرایا دینا کیا۔ جو قرضہ دوسروں
سے لینا تھا۔ وہ وصول کیا جو دینا تھا اس کو ادا کیا۔ اپنا
ماریگا تو پھر چھاؤں میں بٹھائیگا۔ عزیز لاکھ ناخوش ہو
اس کو رحم آہی جائیگا۔ اپنا مرن جگت کی ہانسی۔ اپنا
نقصان ہو اور لوگ ہنسیں۔ اپنا مال گنوا کے در در
مانگے بھیک۔ اپنا مال ضائع کرکے مانگتے پھرنا۔ اپنا
مکان کوٹ سماں۔ اپنے گھر میں انسان بادشاہ ہوتا
ہے۔ اپنا مال کھوٹا تو پرکھنے والے کا کیا دوس۔
جب اپنی ہی اولاد نالائق ہو تو کسی کا کیا قصور۔ اپنا میٹھ
انگر تیت۔ اپنی چیز اچھی دوسرے کی بُری۔ اپنا نکال
مجھے ڈال دے۔ ازحد خود غرضی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔
اپنا نینگر پرایا ڈھینگر۔ اپنی چیز ہر ایک کو اچھی معلوم
ہوتی ہے۔ اپنا وہی جو اپنے کام آئے دوست وہی
ہے جو مصیبت کے وقت امداد کرے۔ اپنا ہارا اور
مہری کا مارا کون کہتا ہے (ہ) یہ دونوں باتیں کوئی
نہیں بتاتا۔ ایک تو جُوئے میں جو کچھ ہارا ہے۔ اور
دوسرے عورت سے مار کھائی ہوئی۔ اپنا ہاتھ جگن ناتھ
(ہ) بالکل خود مختار ہے جو چاہتا ہے سو کرتا ہے۔ اپنا
ہی مال جائے آپ ہی چور کہلائے۔ اپنا ہی
نقصان ہو اپنی ہی بدنامی۔ کے نقصان مایہ و دوم شماتت

ہمسایہ۔ اپنا ہے ہی نا دوسرے کے دانی (ہ) خواہ مخواہ کا شیخی باز۔ اپنی آبرو اپنے ہاتھ۔ انسان وہ کام ہی نہ کرے جس سے آبرو میں فرق آئے۔ آبرو کا بچانا اپنے اختیار میں ہے۔ اپنی اپنی بولیاں سب بول کر اُڑ جائینگے۔ آخیر میں سب نے مرنا ہے۔ اپنی (اپنی)، ڈفلی (ڈھپری)، اپنا (اپنا) راگ۔ ہر ایک اپنی اپنی کہے جاتا ہے۔ ہر ایک کا قول یا فعل جُدا جُدا ہے۔ اپنے اپنے قدحے کی سب خیر مناتے ہیں۔ ہر شخص اپنا فائدہ چاہتا ہے۔ اپنی (اپنی)، کھال میں سب مست ہیں ہر ایک اپنے حال پر خوش ہے کسی کو کسی کی پروا نہیں۔ اپنی (اپنی)، گور اپنی (اپنی) منزل۔ جیسا کریگا ویسا پائیگا۔ اپنی اور نباہیے وا کی وہ جانے۔ آپ پہلے دوستی نہ توڑیئے۔ اپنی اور نہار۔ اپنی نیکی یا مہربانی کا خیال کر۔ اپنی بات اپنے ہاتھ۔ اپنی عزت اپنے اختیار ہے۔ اپنے باولوں روئیے دوسرے کے باولوں کو ہنسئے۔ اگر اپنا بیٹا پاگل ہو تو رونا آتا ہے۔ مگر دوسروں کے پاگلوں کو دیکھ کر ہنسی آتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اپنے نقصان پر انسان افسوس کرتا ہے اور دوسروں کے نقصان پر ہنستا ہے۔ اپنی بڑائی اپنے ہاتھ ہے۔ اپنی عزت حفاظت اپنے اختیار میں ہے۔ اپنے بچھڑے کے دانت کوسوں سے معلوم (سب کو) ہوتے ہیں۔ اپنے بچے کے دانت (آپ ہی جانتے ہیں) ہر کوئی جانتا ہے۔ اپنے عزیز کے نقائص اچھی طرح معلوم ہوتے ہیں۔ اپنی بیر کو گھولم گھالا۔ ہمری بیر کو بھوکم بھاکا (ہ) اپنے لئے تو اچھی اچھی چیزیں ہیں اور ہمیں بھوکا مارتا ہے۔ اپنی پگڑی اپنے ہاتھ ہے۔ اپنی عزت اپنے اختیار میں ہوتی ہے۔ اپنے پوت کوارے پھریں پڑوسی کے پھیرے۔ اپنوں کا خیال نہیں۔ دوسروں کی طرف توجہ۔ اپنی پیٹھ دکھائی نہیں دیتی۔ اپنا عیب کسی کو نظر نہیں آتا۔ اپنی پیڑ پرائی باتیں۔ اپنی تکلیف تکلیف ہے۔ دوسرے کی کچھ نہیں۔ آدمی اپنی تکلیف کو بہت سخت سمجھتا ہے۔ دوسرے کی معمولی نظر آتی ہے۔ اپنی تو یہ وہ بھی نہیں (ہ) یہ بدن بھی اپنا نہیں۔ دُنیا فانی ہے۔ اپنی کوئی چیز نہیں۔ اپنی ٹانگ کھولئے آپ ہی لاجوں مریئے (عو) اگر اپنے عزیز کا عیب نکالیں تو یہ بھی اپنے لئے شرم کی بات ہے۔ اپنی پیٹ نہ نہارے ان کی کھلّی (ہ) اپنا بڑا نقص بھی دکھائی نہیں دیتا دوسروں کا چھوٹا بھی نظر آجاتا ہے۔ اپنے جھونپڑے کی خیر مانگو اپنی خیریت کی دُعا مانگو۔ اپنے بچاؤ کی کوشش کرو۔ اپنی چلم بھرنے کو میرا جھونپڑا جلاتے ہو۔ اپنے ذرا سے فائدے کے لئے میرا نقصان کرتے ہو۔ اپنی چھاچھ کو (کون کھٹا کہتا ہے) کوئی کھٹا نہیں کہتا۔ ہر ایک اپنی چیز کو اچھا سمجھتا ہے۔ اپنے دام کھوٹے پرکھنے والے کا کیا دوس۔ اپنا ہی عزیز بُرا ہے۔ تو کہنے والے کا کیا قصور۔ اپنی ڈاڑھی سب بُجھاتے ہیں۔ اپنی بیوقوفی کو سب چھپاتے ہیں۔ اپنے ڈھنگ پیسہ تو پرایا آسرا کیسا۔ اگر اپنے پاس ہو تو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں۔ اپنی رادھا کو یاد کرو۔ اپنا کام کرو۔ ہم سے تم سے کچھ واسطہ نہیں اپنی ران کھولئے آپ ہی لاجوں مرئیے۔ دیکھو اپنی ٹانگ الخ۔ اپنے سے بچے تو اور کو دیں۔ اول خویش بعدہٗ درویش۔ پہلا حق اپنے عزیزوں کا ہے ان سے بچے تو اور کو دینا چاہئے۔ اپنے سے بہتر خدا۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو اپنے برابر کسی کو نہ سمجھے۔ اپنے سوئی بھی نہ جانے دو دوسرے کے بھالے گھسیڑ دو۔ خود تو ذرا بھی تکلیف نہ اُٹھاؤ۔ دوسرے کو بہت تکلیف دو۔ اپنی عزت اپنے ہاتھ۔ دیکھو اپنی آبرو الخ اپنی عقل اور دوسرے کی دولت بڑی معلوم ہوتی ہے (اپنی اولاد اور دوسرے کی بیوی خوبصورت معلوم ہوتی ہے) یہ مثل قاعدہ کلیہ کے طور پر ہے۔ اپنے عیب سب لپیٹتے ہیں۔ اپنے نقائص کو سب چھپاتے ہیں۔ اپنی غرض باؤلی۔ غرضمند پاگل ہوتا ہے۔ اپنی غرض پر لوگ گدھے کو بھی باپ بناتے ہیں۔ غرضمند شخص کو ذلیل سے ذلیل آدمی کی بھی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔ اپنی غرض کو گدھا چرلئے۔ اپنا مطلب ہو تو ہر قسم کا کام کرنا پڑتا ہے۔ اپنی کرنی اپنی بھرنی۔ جو جیسا کریگا ویسا پائیگا۔ اپنی کرنی پار اُترنی۔ اپنی ہی کوشش سے کام ہوتا ہے۔ اپنے ہی اعمال سے بیڑا پار ہوتا ہے۔ اپنی کوکھ کا پوت نوشادر۔ اپنی اولاد بہتر ہوتی ہے۔ اپنی گلی میں کُتا بھی شیر ہوتا ہے مددگار کے بھروسے پر بُزدل بھی مقابلے پر کھڑا ہو جاتا ہے۔ اپنے گھر میں نامرد بھی مرد بن جاتا ہے۔ اپنے گھر آئے کُتے کو بھی نہیں دُرکارتے۔ مہمان سے اچھا برتاؤ کرنا چاہئے۔ اپنے گھر میں آتا کسے بُرا لگتا ہے۔ آتی ہوئی چیز کو کون چھوڑتا ہے۔ اپنے گھر (میں سب بادشاہ ہیں) ہر کوئی بادشاہ ہے۔ انسان اپنے گھر میں جو چاہے کرے۔ اپنے گھر میں کُتا بھی شیر ہے۔ دیکھو اپنی گلی الخ اپنی لٹی پر سب آگ رکھتے ہیں۔ ہر ایک اپنے لئے کوشش کرتا ہے۔ اپنے لگے تو دیہ میں اور کے لگے تو بھیت ہیں۔ اپنی تکلیف بہت معلوم ہوتی ہے۔ دوسرے کی کم۔ اپنے مرے بغیر سرگ۔ جب تک آدمی پہلے تکلیف نہ اُٹھائے اُسے آرام نہیں ہوتا۔ اپنے من سے جانئے پرائے من کی بات جیسے تم دوسرے کو سمجھتے ہو۔ ویسا ہی وہ تمہیں سمجھتا ہے۔ اپنے مُنہ دھنا بائی۔ شادی مبارک یا میاں مٹھو۔ اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو خود اپنی تعریف کرے۔ اپنے موئے رام نہیں (ہ) جب مرگئے تو خدا کا نام لینے کا کوئی فائدہ نہیں۔ زندگی میں اس کو یاد کرنا چاہئے۔ اپنے میاں در دربار اپنے میاں چولھے دوار۔ ہر کام جانتا ہے اپنی ناک کٹی تو (بلا سے) کٹی۔ پرائی بدشگونی تو ہوگئی۔ اپنا نقصان تو ہُوا مگر دوسرے کو بھی نقصان پہنچا۔ اس موقعہ پر کہا جاتا ہے جہاں دوسرے کا نقصان کرنے کے لئے اپنا زیادہ نقصان کر لیتے ہیں۔ اپنے نیناں مجھے دے تو (بہلاتی یا جھلاتی پھر) گھوم پھر کے دیکھ۔ دیکھو اپنا سو الخ۔ اپنے نین گنوائے کے در در مانگے بھیک۔ اپنی دولت اُجاڑ کے اب بھیک مانگتے پھرتے ہیں۔ اپنے ہاتھ بل بل جائیے جیسا من ہو تیسا کھائیے۔ جب کوئی کام اپنے ہاتھ سے بن آئے تو کہتے ہیں۔ اپنی ہائی (اور پر گنوائی) اوروں پر چھائی۔ اپنا عیب دوسروں پر تھوپا۔ اپنی خفت دوسرے پر ڈالی۔ اپنی ہرائی مرائی کوئی نہیں بھولتا۔ اپنی مصیبتیں کوئی نہیں بھولتا۔ اپنے ہی تن کا پھوڑا ستاتا ہے عزیزوں ہی سے تکلیف پہنچتی ہے۔

اَپنا کے (ہ) آپ کو۔ خود کو۔ اپنے گھر اپنے پاس۔

امثال وغیرہ۔ اپنا کے بیڑی بیڑی دوسرے کے کھیر پوڑی۔ اپنے گھر جو آئے اسے پان کھلا کر ٹال دے اور دوسروں کے گھر جا کر اچھے اچھے کھانے کھائے۔ اپنا کے جُرٹے نا ان کا کے دانی۔ اپنے پاس تو کچھ ہے نہیں مگر دوسروں

کو دینے کے وعدے کرتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ خواہ مخواہ شیخیاں مارتا ہے۔ اپنا کے روٹی تین گیت گوتی روٹی تو اس کے پاس ایک ہے۔ مگر ظاہر تین کرتی ہے خواہ مخواہ شیخی مارتی ہے۔

اَپنانا (ھ۔ متعدی) اپنا کرنا۔ اپنی ملکیت بنانا۔ اپنے استعمال میں لانا۔

اَپنام (س۔ مذکر) خطاب۔ لقب۔ خاندانی نام۔ عرف۔ اَپنامی (صفت) ملقب۔ المعروف۔

اَمپا اَپنپا (ھ۔ ضمیر) اپنا آپ۔ اپپا بچانا (متعدی) اپنی حفاظت کرنا۔

اَپنتھ (س۔ مذکر) غلط راستہ۔ خراب راستہ۔ ٹیڑھا راستہ۔ بدعت۔ اَپنتھی (صفت) ۱۔ راہ گم کردہ۔ راستہ بھولا ہوا۔ ۲۔ بدعتی۔ ۳۔ (مذکر) وہ شخص جو راستہ بھول گیا ہو۔ جو آوارہ پھرتا ہو۔ ۴۔ بدعتی۔

اُپنشد (س۔ مذکر) ہندوؤں کی مقدس کتابیں جن میں ویدوں کا انتخاب یا ویدوں کے متعلق بحث یا منطقیانہ تشریح ہے۔ ان کی تعداد ۱۵۰ کے قریب ہے۔

اَپنو (ھ۔ ضمیر) اپنا

اُپنیاس (س۔ مذکر) ۱۔ تفویض کرنا۔ ۲۔ دینا ۳۔ بہانہ۔ ۴۔ اظہار۔ ۵۔ قانون۔ ۶۔ حکم۔ ۷۔ دیباچہ۔ ۸۔ مقدمہ۔ ۹۔ قصّہ۔ ۱۰۔ کہانی۔

اَپُورن (س۔ صفت) ۱۔ نہ بھرا ہوا۔ ۲۔ نامکمل۔ ۳۔ (مذکر) کسر۔ اپورن بھوت کال (مذکر) ماضی استمراری۔ اپورن کال (صفت) ۱۔ قبل از موت بے وقت۔ ۲۔ بے موقع۔ اَپُورنتا (مؤنث) نامکمل۔

اَپوسم (امریکہ۔ مذکر) ایک جانور جس کی مادہ کے پیٹ میں ایک تھیلی ہوتی ہے۔ جس میں بچّے ڈال لیتی ہے۔

اُپوش (س۔ مذکر) ۱۔ بناوٹی زہر۔ ۲۔ نشیلی چیز۔ نشّی شے۔ جیسے افیون بھنگ وغیرہ۔

اُپون (س۔ مذکر) ۱۔ درختوں کا جھنڈ ۲۔ لگایا ہوا جنگل۔

اَپونا (روما۔ عص) گھوڑوں۔ گدھوں اور خچروں کی دیوی۔

اُپویت (س۔ مذکر) جنیؤ۔

اُپوید (س۔ مذکر) چار علوم جو ویدوں سے کم درجے پر ہیں: ۱۔ آیر وید یا طب ۲۔ گاندھرو وید یا علم موسیقی ۳۔ دھنرووید یا تیر اندازی ۴۔ تھاپتیہ وید یا فن تعمیر۔

اَپھار (ہ۔ مذکر) پیٹ پھولنا۔

اُپہار (س۔ مذکر) ۱۔ ملاقات ۲۔ نذر۔ تحفہ جو بڑے آدمی کے آگے پیش کیا جائے ۳۔ بھینٹ (دیوتا یا دیوی کی) ۴۔ پرستش۔ پوجا ۵۔ مذہبی نشاط۔

اَپہارک۔ اَپہاری (س۔ مذکر) ڈاکو۔ چور۔ لٹیرا۔ راہزن۔ قزاق۔

اُپہاس (س۔ مذکر) ہنسی۔ مذاق کھیل چھیڑ خانی۔ تضحیک۔ مضحکہ۔ مزاح۔ ٹھٹھہ۔ اپہاس کرنا (متعدی) مذاق اُڑانا۔ ٹھٹھہ کرنا۔ تضحیک کرنا۔ ہنسی اُڑانا۔

اُپھالنا (ھ۔ متعدی) ابارنا۔

اُپھان (ھ۔ مذکر) اُبال۔ جوش۔ جھاگ کف۔ پھین۔

اَپھر (ہ۔ امر) اپھرنا کا۔ اَپھرا (ھ۔ صفت) ۱۔ پھولا ہوا ۲۔ معدہ بھرا ہوا ۳۔ غرور سے پھولا ہوا۔ اپھرانا دم ۱۔ پیٹ بھر کر کھلانا۔ رجا دینا۔ بھکوسنا۔ ٹھوسنا ۲۔ اتنا روپیہ دینا کہ لینے والے کی تسلی ہو جائے ۳۔ (متعدی) خوب سیر ہو کر کھانا۔ پیٹ بھر کر کھانا۔ اپھرائی (مؤنث) ۱۔ سیری۔ پیٹ بھر کر کھانا۔ بھکوسنا۔ ٹھوسنا ۲۔ معدے کا کھانے سے پھوٹنے لگنا ۳۔ بہتات۔ افراط۔ اپھر جانا (لازم) ۱۔ پیٹ پھولنا ۲۔ پیٹ بھر کر کھانا۔ اتنا کھانا کہ سانس پھولنے لگے ۳۔ مغرور ہو جانا۔ اپھر چلنا (لازم) ہوا بھر جانا۔ مغرور ہو جانا۔ پیٹ بھر جانا۔ اپھرنا (لازم) ۱۔ پھول جانا ۲۔ معدے کا اتنا بھر جانا کہ پھوٹنے لگنا ۳۔ ریح کے سبب سے پھول جانا ۴۔ سیر ہونا ۵۔ اکتانا ۶۔ ٹھوسنا۔ بھکوسنا ۷۔ موٹا ہو جانا ۸۔ حد سے بڑھ جانا ۹۔ مغرور ہو جانا ۱۰۔ شیخی مارنا ۱۱۔ امیر ہو جانا۔

اَپھل (س۔ صفت) ۱۔ پھل دینے والا۔ بانجھ۔ بے ثمر جس سے کچھ پیدا نہ ہو۔ جس میں کچھ فائدہ نہ ہو۔ بے فائدہ۔ اَپھلت (صفت) جس پر پھل نہ ہو۔ اَپھلتا (مؤنث) ۱۔ بانجھ پن ۲۔ بے ثمری۔

اُپھن (ہ۔ امر) اپھننا کا۔ اپھن جانا۔ اپھننا (لازم) اُبل جانا۔ جوش آجانا۔ بلبلے اُٹھنا (غف)

اَپہنو (س۔ مذکر) انکار۔ پوشیدگی۔

اَپھیم (ھ۔ مذکر) افیون۔

اَپھین (س۔ صفت) بلا جھاگ۔

اَپھینڈا (ھ۔ صفت) ۱۔ غرور سے پھولا ہوا ۲۔ مغرور۔ خود پسند۔ خود رائے ۳۔ ضدی۔

اُپی (ھ۔ صفت) تیز۔ سان پر چڑھی ہوئی

اَپلے (ھ۔ ضمیر) آپ۔ آپ سوں اپلے (ضمیر) آپ سے آپ۔

اَپلے پی (روم۔ عص) ایک بڑا سانپ ہے۔ جو دیگر شیطانوں کے ساتھ مل کر ہر روز سورج دیوتا پر حملہ کرتا ہے۔ مگر ہر صبح کو شکست کھا جاتا ہے۔

اَپیت (مصر۔ عص) مادریت کی دیوی۔ اس کا بدن گینڈے کا تھا۔

اَپیر۔ اَپیڑ (ھ۔ صفت) بلا تکلیف۔

اَپیکشا (س۔ مؤنث) ۱۔ توجہ۔ التفات ۲۔ نسبت۔ تعلق۔ لحاظ ۳۔ مقابلہ ۴۔ انتظار۔ امید۔ مراد۔ اپیکشا رکھنا (متعدی) امید رکھنا۔ خواہش کرنا۔ توقع رکھنا۔ ضرورت ہونا۔ چاہنا۔ اپیکشا کرنا (متعدی) انتظار کرنا۔ منتظر رہنا۔ امید کرنا۔ اپیکشت (صفت) جس کا انتظار کیا جائے۔ جس کی امید ہو۔ اپیکشک اپیکشکی (صفت) ۱۔ امیدوار۔ منتظر ۲۔ (مذکر) جس کا انتظار کیا جائے۔

اُپیکشا (س۔ مؤنث) ۱۔ غفلت۔ بے قدری بے وقری ۲۔ حقارت۔ نفرت ۳۔ ترک۔ تیاگ ۴۔ داؤ۔ دھوکا۔ مکر۔ فریب۔

اَپیل (انگ۔ مذکر و مؤنث) ایک حاکم کے فیصلے سے ناراض ہو کر بالادست حاکم کے پاس چارہ جوئی کرنا۔ مرافعہ ۲۔ وہ کاغذ جس پر اپیل لکھی جائے ۳۔ چارہ جوئی۔ اپیلانٹ (مذکر) اپیل کرنے والا شخص۔ اپیل بحال ہونا (لازم) اپیل کا منظور ہونا۔ اپیل خارج ہونا (لازم) اپیل کا نامنظور ہونا۔ اپیل دائر کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) عدالت میں اپیل کے وجوہات لکھ کر دینا۔ اپیل ڈگری ہونا (لازم) اپیل منظور ہونا۔ اپیل ڈسمس ہونا (لازم) اپیلانٹ کے برخلاف فیصلہ ہونا۔ اپیل کرنا (متعدی) اپیل دائر کرنا۔ عدالت میں اپیل کے وجوہات داخل کرنا۔ اپیل منظور کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) اپیلانٹ کے حق میں عدالت سے فیصلہ ہونا۔ اپیل ہونا (لازم) اپیل کرنا کا۔

اُپینتا (س۔ مذکر) خاوند۔ مالک۔

اُپیندر (س۔ عص) کرشن جی کا ایک لقب جو راجہ اندر نے دیا تھا۔

اَت۔ اَتِ (س۔ صفت) ۱۔ بہت زیادہ۔ بہت بڑا۔ نہایت بڑا۔ حد سے زیادہ ۲۔ تیز ۳۔ پرے۔ اس طرف ۴۔ (مؤنث) زیادتی۔ بے اعتدالی فضول خرچی۔

امثال وغیرہ۔ اُتب اور نارائن سے بیر ہے۔ خُدا فضول خرچی کا دشمن ہے فضول خرچی کی مذمت میں یہ مثل بولی جاتی ہے۔ ات کا بھلا نہ برسنا اُت کی بھلی نہ دُھوپ ات کا بھلا نہ بولنا اُت کی بھلی نہ چوپ۔ کسی چیز کی زیادتی اچھی نہیں۔ اُت کا پھول سونگھنا ڈال پات سے جائے۔ زیادتی بہت خراب کرتی ہے اگر سونجنے کے درخت پر پھول زیادہ آئے تو اس کی ٹہنیاں ٹوٹ جاتی ہیں۔

اَت رت۔ مذکر) گھوڑا۔ **اتبازار** (مذکر) ۱ گھوڑوں کی منڈی ۲ ایک شہر کا نام۔ **ات میدان** (مذکر) قسطنطنیہ میں گھوڑوں کا میدان۔

اِت۔ اِتّ (ہ۔ صفت) یہاں۔ اس جگہ۔ **اتِ اُتِ**۔ یہاں وہاں۔ ادھر اُدھر اس طرف اس طرف۔

اِتِ (س۔ صفت) ۱ اتنا۔ اس قدر ۲ (کتاب۔ باب کے آخیر پر) فقط۔ تمت۔

اُت اُتّ (ہ۔ صفت) وہاں۔ اُس جگہ۔ اُدھر۔

امثال واقوال۔ اُت او کھڈ کچھ کام نہ آوے۔ موت پکڑ جی جس کا لہ موت کا کچھ علاج نہیں۔ ات بھی بھلا ہے بیٹھ جت کر کیسھ گیان۔ مُلّا پنڈت بیٹھ کر بانچے بید قرآن۔ جہاں علمی گفتگو ہو وہاں بیٹھنا بڑا اچھا ہے۔ اُت بھی توں مت بیٹھ پیارے۔ جت بیٹھے ہوں بیری سارے۔ جہاں دُشمن ہوں وہاں ٹھیرنا نہیں چاہئے۔ اُت بھی مول نہ جا رے بھائی جت ہوتی ہو مار کٹائی۔ جہاں لڑائی دنگا ہو رہا ہو وہاں نہیں جانا چاہئے۔ اُت تو بُوا باجرا بھائی جت ہووے تھل کی ملکنائی۔ باجرہ نرم زمین میں بونا چاہئے۔ ات تیرا جانا مول نہ سوہے جو تنے دیکھت کوکت ہووے۔ جو تجھ سے رشک کرے اس کے گھر ہرگز نہ جا۔ ات تیرا جانا پرٹ بھلیرا۔ جت ہووے تیرے میت کا ڈیرا۔ دوست کے گھر جانا بہتر ہے۔ اُت دانا دیوے اسے جو لے دانا نام بات بھی سگرے ٹھیک ہوں اس کے کرتب کام جو خدا کا نام لے۔ اس کے دین و دُنیا دونوں اچھے ہوں اُنت سے اندھا آئے ات سے اندھا جائے اندھے سے اندھا ملا کون بتائے راہ ہے۔ جب دونوں ہی جاہل ہوں تو رستہ کون بتائے۔ اُت کا جانا نہیں آچھا جت گُنڈوں کا ہووے باسا جہاں بدمعاشوں کی رہائش ہو وہاں نہیں جانا چاہئے۔ اُت مت رو اپنا دُکھ جا کر۔ جت آویں بیری اڈاکر۔ دشمنوں کے سامنے اپنی تکلیف کا اظہار نہیں کرنا چاہئے۔ اُت مت کدھے نہ بیٹھ تو جت کنیائی لوگ۔ نیاؤ بھول کنیاؤ کا باندھے مل کر جوگ۔ نامنصفوں کی صحبت میں نہ بیٹھ جنہوں نے انصاف بھلا دیا ہے۔ اور نا انصافی کرتے ہیں۔ ات مت کبھی نہ جارے مینا۔ جت رہتا ہو سنگھ اور چیتا۔ جہاں ظالم اور سفاک رہتے ہوں۔ وہاں نہیں جانا چاہئے۔ ات مت گیہوں بوارے پجیلے جت ہوں تھال اور پاتھر ڈھیلے۔ خراب زمین میں فصل نہیں بونی چاہئے۔

اِتّا (ہ۔ تف) اب۔ اس وقت۔ آج کل۔

اِتّا (ہ۔ تف) اِتنا۔

اُتّا (ہ۔ تف) اُتنا۔

اَتابک (ف۔ مذکر) ۱ مالک۔ اُستاد۔ اخوند ۲ ایران میں بادشاہوں اور وزیروں کا لقب۔ خاندان سلجوقی کے زمانے سے لے کر ہلاکو خاں کے فتح ایران تک مُلک ایران متعدد چھوٹے چھوٹے شہزادوں میں تقسیم ہوگیا تھا۔ جنہیں اتابک کہتے تھے (اتا۔ باپ)

اَتاپَتا (ہ۔ مذکر) جب کسی چیز کی پہیلی بجھائی جاتی ہے۔ تو بُوجھنے والا کہتا ہے کہ کچھ اتا پتا بتاؤ۔ یعنی وہ کھانے کی چیز ہے یا پینے کی یا اور کسی کام کی۔ نشانی۔ پتا۔ **اتا پتا بتانا** (متعدی) پہیلی بوجھنے کے لئے نشانیاں بتانا۔

اُتار (ہ۔ امر) ۱ اُتارنا کا ۲ (مذکر) نشیب ۳ ڈھال ۴ کمی۔ گھٹاؤ ۵ نشے کا زوال ۶ گھاٹ ۷ تنزل ۸ بے عزتی۔ بدنامی ۹ قیمت کی کمی ۱۰ جزر۔ جوار۔ پانی کا اُترنا ۱۱ ناقہ ۱۲ صدقہ۔ کفارہ ۱۳ دفع کرنے والی شے ۱۴ بے قدر ۱۵ زہر کا توڑ ۱۶ نقل۔ مثنیٰ۔ **اُتارا** (ماضی) ۱ اُتارنا کا ۲ نشیب (دریا کی طرف) ۳ گھاٹ ۴ دریا سے پار ہونا ۵ سواروں کا گھوڑوں پر سے لڑنے کے لئے اُترنا ۶ دریا کا فاصلہ دونوں کناروں کے درمیان ۷ کمی۔ معافی ۸ جاب نقل۔ مثنے۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ پڑاؤ۔ لشکر کی فرودگاہ۔ مسافروں کے اُترنے کی جگہ ۹ صدقہ جو چوراہے پر رکھا جائے ۱۰ اشیاء جو بدن پر سے صدقہ کر کے دی جائیں ۱۱ بھوت پریت کو کالا بیماری کو دواؤں یا ٹوٹکوں سے رفع کرنا ۱۲ اس کام کے لئے جو اشیاء استعمال کی جائیں۔ فدیہ ۱۳ زمین جو مندر کو دی جائے ۱۴ معافی زمین کی (جو سرکار خدمتگذاری کے صلے میں عطا کرے) ۱۵ مکان کا کرایہ ۱۶ پُرانے اُتارے ہوئے کپڑے ۱۷ (عو) بھڑاس نکالنا۔ **اتارا اُتارنا** (متعدی) آدمی پر سے اتارے کے ذریعے بھوت نکالنا۔ صدقہ کرنا۔ **اُتارا دینا** (متعدی) صدقہ دینا۔ **اُتارا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ نازل ہونا ۲ دریا سے پار ہونا ۳ فوج یا سواروں کا لڑائی کے لئے اُترنا۔ **اُتار جانا** (متعدی) کھا جانا۔ نگل جانا۔ **اُتار چڑھاؤ** (مذکر) ۱ بلندی و پستی نیچا اُونچا ۲ راستے کا نشیب و فراز ۳ قسمت کا نشیب و فراز ۴ اونچ نیچ۔ نیک و بد بھلائی بُرائی ۵ بھاؤ کی کمی زیادتی ۶ بخار غصہ یا نشے کا اُترنا چڑھنا ۷ سمندر کا مد و جزر۔ جوار بھاٹا ۸ سُر کا دھیما اور اُونچا ہونا ۹ امید یا ڈر کا گھٹنا یا بڑھنا ۱۰ کمان اور ستار وغیرہ کا ڈھلاؤ اور کھنچاؤ ۱۱ حکمت عملی۔ تدبیر ۱۲ دھوکا۔ دغا۔ دم جھانسا۔ فریب۔ **اُتار چڑھاؤ بتانا یا دینا** (متعدی) دھوکا دینا۔ دم جھانسا دینا۔ **اُتار چڑھاؤ کرنا** (متعدی) دھوکا دینا۔ تدبیر کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ تجویز کرنا۔ دھوکا بازی کرنا۔ چھلنا۔ ٹھگنا۔ **اُتار چڑھاؤ کی باتیں** (مؤنث) فریب کی باتیں۔ چالیں۔ **اُتار دینا** (متعدی) اُتارنا۔

اُتار سُتار (ہ۔ مذکر) ۱ تخفیف۔ کمی ۲ آرام ۳ علاج ۴ قرض کی بیباقی ۵ قسم کا پورا کرنا۔ **اُتار لینا** (متعدی) ۱ لکھ لینا ۲ نقل کر لینا ۳ نیچے کھینچ لینا ۴ دخل کرنا ۵ جگہ دینا۔ ٹھیرا لینا ۶ ننگا کر دینا ۷ چھین لینا۔ لے لینا ۸ پھاڑ ڈالنا۔ کاٹ ڈالنا ۹ توڑ ڈالنا ۱۰ معزول کر دینا ۱۱ گرا دینا ۱۲ گھسنا۔ مٹا دینا۔ **اُتارنا** (متعدی) ۱ نیچے کھینچنا۔ اونچی جگہ سے نیچے لانا ۲ نقل کر لینا۔ لکھ لینا ۳ تنزل کر دینا معزول کر دینا ۴ داخل کرنا۔ پہنچانا ۵ پیدا کرنا ۶ تیار کرنا بنانا ۷ پکانا ۸ نیچے لانا ۹ رکھنا ۱۰ لڑانے کے لئے نکالنا ۱۱ بدلنا۔ تبدیل کرنا ۱۲ نکالنا ۱۳ گرانا۔ ڈھانا ۱۴ مٹانا اُڑانا ۱۵ گھٹانا۔ کم کرنا ۱۶ صدقے کرنا۔ وارنا ۱۷ (بال) مونڈنا ۱۸ (رُخ چہرہ وغیرہ) بے رونق کرنا ۱۹ (روپیہ وغیرہ) ذمے کرنا ۲۰ (نشہ) زائل کرنا ۲۱ (دل نظر سے) گرانا ذلیل کرنا ۲۲ (دل میں) ذہن نشین کر لینا ۲۳ (کنکوا) ہوا سے نیچے کھینچنا ۲۴ (تصویر۔ نقشہ وغیرہ) کھینچنا۔ تصویر لینا ۲۵ (سر) کاٹنا ۲۶ (گھر) میں ٹھیرانا۔ جگہ دینا ۲۷ (تخت۔ گدی وغیرہ) بادشاہت سے معزول کرنا ۲۸ (قسم) پورا کرنا ۲۹ (کپڑا وغیرہ) قطع کرنا ۳۰ (حلق سے) نگلنا۔ کھا لینا ۳۱ (ورق) پتلے پتلے ورق جدا کرنا ۳۲

(قرآن انجیل وغیرہ) نازل کرنا ۱۳ (کوئی عضو) اصلی جگہ سے اکھاڑنا یا ہٹا دینا ۱۴ (چاقو وغیرہ) بھونکنا۔ پیوست کرنا ۱۵ (بوجھ) ہلکا کرنا۔ سبکدوش کرنا ۱۶ (ٹوپی، عمامہ) چھین لینا۔ لے لینا۔ بے عزت کرنا ۱۷ (طرز رنگ وغیرہ) اڑانا ۱۸ (آسیب جادو وغیرہ) دفع کرنا ۱۹ (زہر بچھو سانپ وغیرہ) زہر دور کرنا ۲۰ (رچھ وغیرہ) جھکا دینا ۲۱ (قرض) ادا کرنا ۲۲ (قلعی۔ ملمع وغیرہ) شانا۔ اڑانا ۲۳ (غلیل ستار وغیرہ) کھنچاؤ کم کرنا ۲۴ (کھال) ادھیڑنا۔ کھینچنا ۲۵ (غصہ) بخار نکالنا ۲۶ (بخار) ایسی دوائی دینا جس سے بخار نہ رہے ۲۷ (شیشے میں) اتارنا ۲۸ (بندوق کا گھوڑا) آہستہ سے نیچے لانا کہ بندوق نہ چلے ۲۹ (قرض) ادا کرنا ۳۰ (احسان) کے بدلے احسان کرنا ۳۱ (اسباب) گاڑی وغیرہ سے اتار کر نیچے رکھنا ۳۲ (شرم) بے شرم ہو جانا ۳۳ (شراب وغیرہ) کھینچنا۔ نکالنا ۳۴ (پیغمبر) بھیجنا ۳۵ (بدلہ) عوض کرنا (س اُتارن) اتارنا/اُتارو (ھ۔ صفت) ۱ جلدباز ۲ ڈھلوان ۳ تیار، مستعد ۴ اپنے آپ کو ذلیل کرنے والا۔ اُتارو ہونا (لازم) ۱ پیچھے پڑ جانا ۲ آمادہ ہونا، جھکنا۔ تیار ہونا۔ اُتارے کا جھونپڑا (مذکر) ۱ مسافرخانہ ۲ کنایتاً دنیا، جہان۔ اُتارے کا مال (مذکر) نذر کیا ہوا مال، پرانا مال، اترا مال، سستا مال۔ اُتارے ہونا (لازم) ۱ پیچھے پڑ جانا ۲ متوجہ ہونا، مستعد ہونا ۳ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا ۴ صدقے اتارنا ۵ سواری سے اترنا۔

امثال و اقوال۔ اتارو ناتھ پار موری نیا (ھ) اے میرے مالک میری کشتی پار اتار دے۔ یعنی میرا کام پورا کر دے۔ اُتارو حاکم اور دوپہرے دہی نقصان کرتا ہے (ھ) جلد باز افسر اور دوپہر کو دہی کا کھانا باعث نقصان ہوتا ہے۔

اِتال (ھ۔ تف) اب۔ اس وقت۔

اَتالِق (ت۔ مذکر) ۱ باپ ہونا ۲ ترکستان میں وزیر یا بیگ کا بہت اعلیٰ خطاب۔

اَتالیق (ت۔ مذکر) استاد۔ گھر پر پڑھانے والا استاد (ت اتا۔ باپ) اتالیقی (مؤنث) تعلیم دینے کا کام، تعلیم۔

اُتان (ع۔ مؤنث) گدھی۔

اُتان (س۔ صفت) ۱ چپٹنے والا ۲ چت لیٹنے والا ۳ اس طرح سونے والا کہ منہ آسمان کی طرف ہو ۴ سیدھا ۵ اس طرح سیدھا کہ منہ اوپر کی طرف ہو (برتن) ۶ سطح کے اوپر پھیلا ہوا ۷ کم گہرا ۸ مغرور ۹ کھلا۔ اُتان پد (مذکر) خلقت کا ایک طریقہ جس سے زمین پیدا ہوئی ہے۔ اُتان پاد (مذکر) ایک راجہ جو منو اور ست روپا کا بیٹا اور دھرو کا باپ تھا۔

اُتاوَل (ھ۔ مؤنث) ۱ جلدی۔ تیزی۔ جلد بازی ۲ بیتابی۔ بیکلی۔ بے چینی ۳ شوق۔ اتاولا (صفت)۔ جلدباز۔ تیز۔ بیتاب۔ بیکل۔ بے چین۔ اتاول کرنا (متعدی) جلدی کرنا۔ جلد بازی کرنا۔ تیزی کرنا۔

مثل۔ اتاولا سو باولا۔ دھیرا سو گمبھیرا۔ جلدی کرنے والا پاگل ہے۔ اور آہستہ کام کرنے والا عقلمند۔ جلد بازی اچھی نہیں۔

اَتائی (ھ۔ صفت) غیر پیشہ۔ ایسا ہنرور جس کا آبائی پیشہ نہ ہو۔ جس نے کوئی ہنر یا فن باقاعدہ نہ سیکھا ہو۔

اَتبار (ھ۔ تف) اکثر۔ عموماً۔

اَتباع (ع۔ مذکر) جمع تابع کی۔ پیرو۔ مرید۔

اِتباع (ع۔ مذکر) پیروی۔ اطاعت۔ تابعداری (تبع۔ پیچھے آنا)

اِتباع (ع۔ مذکر۔ تابع کی جمع۔ پیروی۔ تابعداری۔ وفاداری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اِتبال (ع۔ مذکر) ۱ کمزور ۲ بیمار یا پاگل کر دینا عشق کا ۳ بدقسمتی کا تباہ یا برباد کر دینا۔

اُتبکتا (س۔ مذکر) بہت باتونی یا بکواسی۔

اُتبل (س۔ صفت) نہایت طاقتور (مذکر) بہت طاقت۔

اُتبھار (س۔ مذکر) ۱ بہت بوجھ ۲ ایک راجہ۔

اُتبیل (س۔ صفت) عموماً۔ اکثر زیادہ نہایت زیادہ۔ بے انتہا۔

اُتپات (س۔ مذکر) ۱ بدشگونی ۲ نحوست ۳ حادثہ طبعی۔ مظہر ۴ تکلیف۔ گھبراہٹ۔ سختی ۵ نا انصافی ۶ ضرر۔ نقصان رسانی۔ اتپات کرنا (متعدی) ۱ جرم کرنا ۲ سختی کرنا ۳ لڑنا ۴ گستاخی کرنا جواب دینا۔ اُتپاتک (مذکر) گناہ کبیرہ۔ سنگین جرم۔ اَتپاتکی (مذکر) گنہگار۔ مجرم۔ اُتپاتی (صفت) سوت۔ نند۔ تباہ کن۔

اُتپاٹن (س۔ مذکر) کھینچنا۔ اکھاڑنا۔ ضائع کرنا۔ اپاڑنا۔

اُتپادک (س۔ صفت) ۱ کرنے والا ۲ پیدا کرنے والا ۳ (مذکر) باپ ۴ ایک خیالی جانور جس کی آٹھ ٹانگیں ہوتی ہیں۔

اُتپادن (س۔ مذکر) پیدا کرنا۔

اُتپان (س۔ مذکر) حد سے زیادہ شراب پینا۔ مدہوشی۔

اُتپت (س۔ مؤنث) ۱ اصل ۲ پیدائش پیداوار ۳ پیدا ہونا۔ اگنا۔ اٹھنا ۴ ترقی ۵ توریت کی پہلی کتاب۔ اُتپت سمبھندی (مؤنث) اصل کے متعلق کوئی چیز۔ اُتپت سوچک (مذکر) خدا کا ایک نام۔ خالق۔ اتپت کرنا (متعدی) ہونا (لازم) پیدا ہونا۔ خلق ہونا۔ بننا۔

اُتپت (س۔ صفت) متفکر۔ متردد۔ جوش میں آیا ہوا۔

اُتپراکرم (س۔ صفت) ۱ بہت مضبوط بہت طاقتور ۲ (مذکر) بہت طاقت۔

اُتپریکشا (س۔ مؤنث) ۱ لاپروائی۔ غفلت۔ بے احتیاطی ۲ تشبیہ۔ نظیر۔

اُتپل (س۔ مذکر) ۱ نیلا کنول ۲ ایک اور پودہ ۳ کوئی پھول ۴ ایک خاص نرک ۵ ایک ناگ ۶ ایک نجومی ۷ ایک لغت نویس ۸ کئی اور آدمیوں کا نام اُتپلا (مؤنث) ایک دریا۔ اتپلا پیڈ (مذکر) ایک راجہ۔ اتپلاوتی (مؤنث) ۱ ایک دریا ۲ ایک شہر۔ اتپل پورہ (مذکر) ایک شہر۔ اتپل راجہ (مذکر) ایک شاعر۔ اتپلک (مذکر) ایک ناگ کا نام۔

اُتپن (س۔ صفت) ۱ نکلا ہوا ۲ پیدا ہوا۔ پیدا کیا ہوا ۳ (مذکر) اصلیت۔ پیدائش ۴ ترقی ۵ اظہار ۶ پیداوار ۷ منافع۔ نفع۔ اتپن کرنا (متعدی) ہونا (لازم) پیدا کیا جانا۔ بنایا جانا۔ نکلنا۔ اٹھنا۔ واقع ہونا۔

اَتتائی (ھ۔ مذکر) ۱ چور۔ مجرم ۲ آگ لگانے والا ۳ زنا بالجبر کرنے والا ۴ قاتل۔ اتتائی کرنا (متعدی) ۱ جرم کرنا۔ لوٹنا وغیرہ ۲ حد سے بڑھنا۔ مبالغہ کرنا۔

اَتتھ (س۔ مذکر) ۱ مہمان۔ اجنبی ۲ مہمانی کا حقدار۔ اتتھ پال یا پالک (صفت) ۱ مہمان نواز

۲ (مذکر) میزبان۔ اَتِتھ سنکار (مذکر) مہمان نوازی کا برتاؤ۔ مہمان کی آؤ بھگت کرنا۔ مہمان نوازی۔ اَتِتھ سیوا (مؤنث) مہمان کی خدمت۔ مہمان نوازی۔ اَتِتھ سیوک (صفت) ۱ مہمان کی خدمت ۲ (مذکر) میزبان۔ اَتِتھ گھوشالا (مؤنث) مہمان خانہ۔ اَتِتھ کَریا (مؤنث) خدمت۔ جس کا مہمان مذہبی طور پر حقدار ہے۔

اَتَتھا (ھ۔ صفت) ۱ بے طاقت ۲ بغیر اختیار۔

اُتَتھان (س۔ مذکر) ۱ اُٹھنے یا کھڑا ہونے کا فعل ۲ چاند کا چڑھنا ۳ دوبارہ زندہ ہونا ۴ جانے کے لئے اُٹھنا ۵ ظاہر ہونا ۶ لڑائی پر جانا ۷ عروج۔

اَتِنِیکشن (س۔ صفت) ۱ ہوشیار ۲ تیز گرم ۳ کڑوا۔ بہت تیز۔

اَتِجاگر (س۔ صفت) ۱ جاگتا۔ بے چین۔ بکل ۲ (مذکر) پانی کا ایک جانور۔ سیاہ بن ککڑی۔

اِتّجاہ (ع۔ مذکر) ۱ دل میں گزرنا (خیال کا) ۲ توجہ۔ دھیان (وَجْہ۔ پھیرنا اپنے آپ کو) اِتّجاہِ بَصَر (مذکر) دونوں آنکھوں کا ایک چیز کو دیکھنا۔

اَتِجوگ (ھ۔ صفت) بہت مزہ دار۔

اَتِجیرن (س۔ صفت) بہت بوڑھا۔ سڑا ہُوا۔

اَتِچار (س۔ مذکر) ستاروں کی محوری گردش۔

اِتّحاد (ع۔ مذکر) ۱ اتفاق ۲ موافقت ۳ مطابقت ۴ یگانگت۔ دوستی ۵ ملاپ۔ میل جول ۶ معاہدہ۔ عہد۔ (وَحْدَہ۔ ایک جیسا ہونا)

اِتحاف (ع۔ مذکر) تحفہ دینا (تُحْفَہ۔ تحفہ دینا)

اِتّخاذ (ع۔ مذکر) پکڑنا۔ لینا۔

اَتِدان (س۔ مذکر) فیاضی۔ سخاوت۔ خیرات۔

اَتِداہ (س۔ مذکر) سخت گرمی۔ زبردست آتش زنی۔

اَتِدُرگت (س۔ مؤنث) بڑی مشکل یا مصیبت۔

اَتِدُشکر (س۔ صفت) بہت مشکل۔

اَتِدُور (س۔ مذکر) ۱ بڑا فاصلہ ۲ (صفت) دور۔ فاصلہ پر۔

اَتِدوش (س۔ مذکر) بڑا قصور یا جرم۔

اَتِدِین (س۔ صفت) ۱ بہت غریب یا مفلس ۲ بہت تکلیف میں۔ بہت بدبخت۔ بہت دُکھی۔

اُتر (س۔ تف) یہاں۔ اس جگہ۔

اَتِر (س۔ عص) ۱ ایک مشہور رشی اور چند وید منتروں کے مصنف ہیں۔ دس پراجپتیوں اور سات مہارشیوں میں سے ایک ہیں۔ انہوں نے انسویا ڈکشا کی لڑکی سے شادی کی تھی۔ اور ان کا بیٹا درواسس تھا۔ رام چندر جی اور سیتا جی چترکوٹ کے جنوب میں ان کی کٹیا پر جاکر انہیں ملے تھے۔ ان پر رگ وید کے کئی منتر اترے تھے ۲ دب اکبر کے ایک ستارے کا نام۔

اِتّر (ھ۔ صفت) آگاہ شدہ جسے تنبیہ کی جائے۔ ہوشیار۔ یہ لفظ صرف اتر جانا (لازم) میں استعمال ہوتا ہے۔ تاڑ جانا۔ شبہ کرنا۔

اُتّر (ھ۔ مذکر) شمال۔

اُتّر (س)، **اُتّر** (ھ۔ صفت) ۱ دور پیچھے ۲ آخری ۳ اُونچا۔ اُوپر کا ۴ بڑھ کر۔ بہتر ۵ زیادہ طاقتور ۶ نہایت اچھا۔ بہت اچھا ۷ بائیاں ۸ مذکورہ بالا ۹ مفصلہ ذیل ۱۰ آگے ۱۱ مستقبل ۱۲ شمال ۱۳ (مذکر) جواب ۱۴ فضیلت ۱۵ قوت ۱۶ آمد ۱۷ نتیجہ ۱۸ (حساب میں) فرق ۱۹ (مذکر) راجہ وراٹ کا لڑکا جو کورکشیتر کی لڑائی میں سلیہ کے ہاتھ سے قتل ہُوا ۲۰ ایک ناگ راجہ ۲۱ ایک پہاڑ ۲۲ کئی آدمیوں کا نام ۲۳ رامائن کی آخری کتاب کا نام ۲۴ کئی نکشتر ہے۔

اُترا (صفت) ۱ شمالی ۔شمال کی ۲ (مؤنث) شمالی ہوا ۳ (عص) راجہ وراٹ کی لڑکی۔ اس کی شادی ابھیمنیو ارجن کے لڑکے سے ہوئی تھی۔ اُتّرادھکار (مذکر) وراثت ترکہ۔ اُتّرادھکاری (صفت) ترکہ پانے والا ۲ (مذکر) وارث۔ جانشین۔ اُتّرارد (مذکر) ۱ کتاب کا پچھلا نصف ۲ آخری حصہ۔ بدن کا اُوپر کا حصہ ۳ شمالی حصہ ۴ دور کا سرا۔ اُتّراشاڑھ (مؤنث) یا کھاؤ (مذکر) اکیسواں نکشترا۔ اُتّرایان (مذکر) سورج کا خط استوا کے شمال کو جانا۔ راس السرطان۔ انقلاب صیفی۔ اُتّربھادر پد (مؤنث) چھبیسواں نکشترہ۔ اُتّر پشچم یا پچھم (مذکر) شمال مغرب۔ اُتّر پچھم ہوا (مؤنث) شمال مغربی ہوا۔ تجارتی ہوا۔ اُتّر پھلگنی یا پھالگنی (مؤنث) بارھواں نکشترہ۔ اُتّر یادایی (صفت) جواب دینے والا۔ اُتّر دشا (مؤنث) شمالی طرف۔ شمال۔ اُتّر رام چرتر (مذکر) ایک ناٹک بمصنفہ بھوبھوتی جس میں رامچندر جی کی آخری عمر کے حالات درج ہیں۔ اُتّر کاری (صفت) جواب دینے والا۔ اُتّر کانڈ۔ رامائن کا ساتواں اور آخری حصہ۔ اُتّر کھنڈ۔ پدم پران اور شو پران کی آخری کتاب۔ شمالی ہند۔ اُتّر لکشن۔ جواب دعوے کی خصوصیات جو پانچ ہیں۔ (۱) یہ تمام الزام پر حاوی ہو (۲) یہ مطابق قانون ہو (۳) مبہم اور متذبذب نہ ہو (۴) سارا با دلیل اور یکساں ہو (۵) واضح ہو۔ اُتّر کُرُ (عص) ۱ ہندوستان کے شمال میں ایک ملک ۲ اس ملک کے باشندے۔ اُتّر میمانسا (مؤنث) ویدانت فلسفے کی ایک مشہور کتاب۔ اُتّر نَیشَدھ چرت (مذکر) راجہ نل کے متعلق ایک نظم جس کا مصنف سری ہرشہ ہے۔ اُتّروتّر (تف) ۱ اور زیادہ اور دُور۔ اور اُونچا ۲ (مذکر) جواب۔ مُنہ پھٹ جواب۔ اُتّروَرتی (صفت) شمالی۔ شمال میں پایا جانے والا۔ اُتّرون (مذکر) وہ جگہ جہاں مچھلیاں جمع ہوں۔ اُتّرہا (صفت) شمالی۔ متعلقہ شمال۔ اُتّرہری (ھ۔ مؤنث) شمالی ہوا۔

امثال وغیرہ۔ اُتّر جاؤ کہ دکن وہی کرم کے لکھن۔ جہاں جاؤ قسمت اپنے ساتھ ہے۔ سفر نہیں کرنا چاہئے۔ اتّر رہے بتاوے دکن۔ وا کے اچھے نہیں لکھن۔ جو آدمی ٹھیک وطن نہ بتائے۔ ضرور بدچلن ہوتا ہے۔ اتّر کی ہو استری دکن بیاہی جائے۔ بھاگ لگائے جوگ جب تو کچھ نہ پار بسائے۔ متضاد چیزوں کا میل نہیں ہوسکتا۔ اتّر گرو دکن میں چیلا۔ کیسے بدھیا پڑھے اکیلا۔ شاگرد اُستاد سے دُور رہے تو کچھ سیکھ نہیں سکتا۔ اتّر ہار جو برکھا ہووے تو کال پچھو کر جاکر رووے۔ اگر شمال میں بارش ہو تو قحط نہیں پڑتا۔

اُتَر (ھ۔ امر) اترنا کا۔ اُترنا (امر) ۱ اترنا کا ۲ (ماضی) ۳ (صفت) پہنا ہُوا۔ اُترا ہُوا۔ پہن کر اُترا ہوا ۴ معزول ۵ پرانا۔ اُتر آنا (لازم) ۱ اوپر سے نیچے آنا ۲ مستعد ہونا۔ اِترانا (ھ۔ متعدی) ۱ اتروانا ۲ اُبل آنا۔ اُبلنا ۳ جھاگ آجانا ۴ سطح پر آجانا۔ ترنا ۵ (مذکر) اترتی ہوئی چیز۔ اترائی (مؤنث) ۱ ڈھلوان نیچے کی طرف ۲ واپسی ۳ گھاٹ کا محصول ۴ زندگی کا آخری زمانہ ۵ قرض کی ادائیگی ۶ پہاڑ سے نیچے آنے کا کرایہ ۷ ہنڈی ۸ (صفت) بیباق ہُوا (قرضہ وغیرہ) ۹ (ھ) ممنون۔ مشکور۔ اترائی ہونا (ھ۔ متعدی) مشکور ہونا۔ ممنون ہونا۔ اتر پڑنا (لازم) آمادہ ہو جانا۔

ٹھیر جانا۔ اُترتا (صفت) اُترنے والا۔ گھٹنے والا۔ **اُترتا چاند** (مذکر) مہینے کا آخری حصہ۔ **اُترتا دریا** (مذکر) وہ دریا جس کا چڑھاؤ کم ہو رہا ہو۔ **اُترتی برسات** (مؤنث) برسات کا وہ زمانہ جب کہ برسات قریب الاختتام ہو۔ نکلتی برسات۔ **اُترتی تان** (مؤنث) سب سے اونچی تان سے نچلی تان۔ **اُترتی ندی** (مؤنث) وہ ندی جس کا چڑھاؤ کم ہو رہا ہو۔ **اُترجانا** (لازم) 1 اُوپر سے نیچے آنا 2 دریا سے پار ہو جانا 3 دریا کا گھٹ جانا 4 (دل وغیرہ سے) ناپسند ہونا 5 (بچہ) مرجانا 6 (قرضہ) بیباق ہو جانا۔ **اُترن** (ہ۔ مؤنث) 1 باہر آنا 2 آزاد ہونا 3 نکلنا 4 پودہ 5 (ہ۔ مذکر) اُترے ہوئے کپڑے **اُترن پُترن** (مذکر) اُترے ہوئے پُرانے کپڑے۔ **اُترنا** (لازم) 1 اُوپر سے نیچے آنا 2 گزرنا 3 دُنیا میں آنا۔ پیدا ہونا 4 (وحی وغیرہ) آسمان سے آنا 5 (بھاؤ وغیرہ) سستا ہونا 6 (جوانی) ڈھلنا 7 (بدن) دُبلا ہونا 8 (خیال دھیان ذہن وغیرہ سے) بھول جانا۔ بھولنا۔ یاد نہ رہنا 9 (تعریف مذمت وغیرہ پر) متوجہ ہونا۔ کسنا 10 (گیہوں چاول وغیرہ) مہنگا ہونا۔ چڑھ جانا 11 (خون دودھ وغیرہ) بھنا۔ آنا 12 زیادہ ہونا 13 (دھوپ سایہ) پھیلنا 14 (آم۔ خربزے وغیرہ) پک کر ٹوٹنا۔ تیار ہو کر ٹوٹنا 15 (جاہ) کم ہونا۔ چھوٹا ہونا 16 (بچہ) مرجانا فوت ہو جانا 17 (نگاہ دل وغیرہ سے) ناپسند ہونا۔ حقیر ہونا 18 (آب و دانہ۔ نہار وغیرہ کے واسطے) نصیب ہونا حاصل ہونا 19 (دریا ندی پانی وغیرہ) چڑھاؤ کم ہونا 20 دیگر معانی کے لئے دیکھو اُتارنا۔ **اُترنے کا ٹھکانا** (مذکر) ٹھیرنے کی جگہ (کرنا ملنا ہونا کے ساتھ) **اُتروانا** (ام) اُترانا کا۔ **اُتری ہوئی** (مؤنث) چھوٹی ہوئی۔ **اُتری ہوئی پاپوش** (مؤنث) 1 بے حقیقت اور بیقدر شے۔ 2 وہ عورت جس سے تعلق چھوڑ دیا ہو۔

امثال و اقوال۔ **اُترا چھترا جو ہوا واکی سار نہ ہو۔ سادھ کہے رے بالکے لاکھ جتن کر لو** (ہ) ساکھ ایک دفعہ جاتی رہے تو پھر کبھی نہیں بنتی۔ **اُترا شحنہ مردک نام۔** موقوف شدہ افسر لوگوں کی نظروں میں ذلیل ہو جاتا ہے۔ **اُترا کبیرا سرائے میں گٹھ کترے کے پاس۔ جس کر سی تس پاوسی تو کیوں ہوا اداس** (ہ) جو جیسا کریگا ویسا پائیگا۔ **اُترا گھاٹی ہوا ماٹی۔** جو چیز حلق سے اتر گئی مٹی ہو گئی۔ **اُترے دل سے چیز جو واکی** سور نہ ہو۔ تو ایسا نہ کیجیو جو جگت بسارے تو (ہ) ایسا کام نہیں کرنا چاہئے جو دُنیا نظر سے گرا دے۔ **اُترتی ندی کنارے ڈھائے جب** انسان کا کچھ بس نہیں چلتا۔ تو غریبوں کو ستاتا ہے۔ **اُتر پاتر میں میاں تو جاگر۔** قرضدار کا قرض اُتر جائے تو وہ مالک بن جاتا ہے۔ قرض کا اُتر جانا بڑا حوصلہ بڑھاتا ہے۔ **اُتر گئی لوئی تو کیا کریگا کوئی۔** جب بے شرمی اختیار کر لی تو پھر کسی بات کی پروا نہیں بدلحاظ آدمی کا کوئی کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔

اِترا (ہ۔ امر) اترانا کا۔ **اِترائے پھرنا** (لازم) خودپسندی کی حالت میں پھرنا۔ **اِترانا** (لازم) 1 ناواجب طور پر نازاں ہونا (دولت۔ کامیابی وغیرہ پر) 2 گھمنڈ ہونا۔ مغرور ہونا۔ تعلی کی لینا۔ نازکرنا۔ نخرا کرنا۔ بیجا فخر کرنا 3 ذرا سی بات پر خوشی سے آپے سے باہر ہو جانا۔ **اِترایا** (ہ صفت) مغرور۔ خودپسند۔ گھمنڈی۔ ابھیمانی۔ اہنکاری۔ اکڑ کر چلنے والا۔ خودبیں۔ اکڑباز۔ **اِترایا ہوا پھرنا** (لازم) فخر کی حالت میں اِدھر اُدھر جانا۔

اَتراب (ع۔ مذکر) جمع ترب۔ ساتھی۔ ہمراہیاں۔ ہم عمر اشخاص۔ کمسن کنواری عورتیں۔

اِتراب (ع۔ مذکر) 1 برباد کرنا۔ خاک میں ملانا 2 دولتمند ہونا۔

اُترانتر (س۔ صفت)۔ رات کو کیا یا تیار کیا ہوا۔

اِترار (ع۔ مذکر) 1 پھینک دینا 2 نکال دینا۔ بدر کر دینا۔

اِتراص (ع۔ مذکر) 1 برابر کرنا 2 مضبوط کرنا۔ سیدھا کرنا۔

اِتراف (ع۔ مذکر) 1 مال و دولت عطا کرنا 2 اغوا کرنا۔ خراب کرنا 3 زنانہ اور بدچلن بنا دینا

اَتراک (ع۔ مذکر) جمع ترک کی۔

اُتراہی (ہ۔ مؤنث) اترہری۔

اُترپال (ہ۔ مذکر) وہ زمین جو کاشت نہ کی جائے۔

اَترِپت (س۔ صفت) غیر مطمئن۔ ناخوش ناشاد۔

اَترِپتَ (س۔ صفت) غیر مطمئن۔ بےچین۔ بےکل۔

اُترتا۔ اُترتائی (ہ۔ مؤنث) 1 چالاکی 2 تیز رفتاری۔ **اُترتائی کرنا** (متعدی) جلدبازی کرنا۔

اُترسوں (ہ۔ مذکر) آج سے دو روز گزشتہ یا آیندہ کا دن۔

اَترکت (س۔ صفت) حد سے بڑھ کر نہایت زیادہ۔ علاوہ۔

اُترنگ (ہ۔ مذکر) وہ لکڑی جو دروازے کے اُوپر لگاتے ہیں۔ سردل (س اُترن۔ باہر نکلنا)

اَتروگ (ہ۔ مذکر) تپ دق۔

اِترپھل (ہ۔ مذکر) ایک دوائی ہرڑ بہیڑہ۔ آنولا۔ دھنیا اور شہد سے بنائی جاتی ہے۔ (س ترپھل۔ تین پھل)

اُتریا (ہ۔ مذکر) اُوپر کا کپڑا۔

اُترڈ (ہ۔ مذکر) ایک چیز کو دوسری چیز پر رکھنا۔

اِتّزال (ع۔ مذکر) 1 وزن ہونا 2 شعر کا وزن پورا ہونا۔

اِتّساخ (ع۔ مذکر) 1 گندا ہونا 2 گندگی۔ غلاظت۔

اَتِسار (س۔ مذکر) پیچش۔ اسہال۔ **اتساری** (صفت) جسے پیچش ہوئی ہو۔ **اتساری** (صفت) 1 جسے جلاب دیا گیا ہو 2 جسے پیچش ہو۔

اِتّساع (ع۔ مذکر) پھیلاؤ۔ انتشار (تسع۔ پھیلنا)

اِتّساق (ع۔ مذکر) 1 جلا ہونا۔ جٹا ہونا 2 مکمل ہونا 3 ترتیب سے لگا ہونا۔

اِتّسام (ع۔ مذکر) 1 اپنے آپ کو نشان لگانا 2 نشان ہونا۔

اُتساہ (س۔ مذکر) 1 خوشی۔ فرحت۔ خرمی۔ خرسندی۔ آنند 2 محنت۔ کوشش 3 استقلال۔ ثابت قدمی 4 طاقت۔ قوت۔ شکتی۔ بل۔ زور۔ **اُتساہی** (صفت) 1 خوش خرم۔ آنند 2 محنتی 3 ثابت قدم 4 طاقتور

اُتسنچیہ (س۔ مذکر) 1 ایک بڑا ذخیرہ 2 خزانہ۔ گنج۔

اُتسنگ (س۔ مذکر) 1 گود 2 پہاڑ کی ڈھلوان 3 چھت۔

اُتسو (س۔ مذکر) 1 خوشی کا عام منعقد 2 شادمانی 3 تیوہار۔ جشن 4 غصہ۔ ناراضگی۔ بےصبری۔

اَتسی (س۔ مؤنث) السی۔ سن۔

اَتسین (س۔ مذکر) ایک راجہ۔

اُنشَب (ہ۔ مذکر) دیکھو انسو۔

اَتِشکتَ (س۔ صفت) بہت طاقتور

اتشکتِ (مؤنث)۔ طاقت۔ بڑی قوت۔ **اتشکتا** (مؤنث) دلیرانہ بہادری۔ شجاعت۔

اَتِشے (س۔ صفت) بہت زیادہ۔ حد سے زیادہ۔

اَتِشیت (س۔ صفت) حد سے زیادہ کرد۔

اِتّصاف (ع۔ مذکر) ۱ کیفیت ۲ تعریف ۳ ثنا ۴ خوبی۔ عمدگی۔ جوہر۔ گن (وَصف۔ بیان کرنا)

اِتّصال (ع۔ مذکر) ۱ میل۔ جوڑ۔ ۲ اجتماع ۳ ملا ہوا ہونا۔ ملنا ۴ ہمسائگی۔ تعلق ۵ لگاتار ہونا کسی کام کا ۶ (ستاروں کا) قِران۔ سنجوگ۔ لگن ۷ (کشش) ایک کشش جس کی وجہ سے مادے کے ذرّات آپس میں ملے ہوئے ہوتے ہیں (وَصل ملنا)

اِتّضاح (ع۔ مذکر) ظاہر۔ آشکار۔ صاف (وَضح۔ ظاہر ہونا)

اِتّفاق (ع۔ مذکر) ۱ موافقت۔ میل جول ۲ ایکا۔ یکدلی۔ ملاپ ۳ محل۔ موقعہ ۴ اتحاد ۵ (علا) ہم وزن یا ہم مقدار ہونا (وَفق۔ ملنا۔ پانا)، **اِتّفاقاً** (تف) اچانک یکایک۔ بے سان وگمان۔ **اتفاقات** (جمع اِتّفاق کی) واقعات۔ حادثات۔ **اتفاقات کی بات اور ہے**۔ حادثہ ہو جائے تو وہ دوسری بات ہے۔ **اتفاق بننا۔ پڑنا یا پیش آنا** (لازم) موقعہ پیش آنا۔ واقعہ ہونا۔ **اِتّفاقِ حَسَنہ** (مذکر) خوشگوار واقعہ۔ غیر مترقبہ خوش نصیبی **اِتّفاق رکھنا** (متعدی) موافقت ہونا۔ میل جول ہونا **اِتّفاق سے** (تف) ۱ متفق ہو کر۔ **اتفاق کر کے** ۲ بے سان وگمان۔ شاذ و نادر۔ **اتفاق کرنا** (متعدی) مل جانا۔ ایک ہو جانا۔ **اِتّفاق ہونا** (لازم) ۱ میل جول ہونا۔ موافقت ہونا ۲ موقعہ ہونا۔ **اتفاقی** (صفت) ایسے واقعے کی نسبت بولتے ہیں۔ جس کے واقع ہونے کا سان وگمان نہ ہو۔ **اتفاقیہ** (تف) بے سان و گمان۔ اچانک۔ یکایک۔

مثل۔ اتفاق بڑی چیز ہے۔ اتفاق کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ **اتفاق میں ترقی اور نفاق میں تنزل ہے۔** اتفاق کی تعریف و نفاق کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **اتفاق ہی میں قوت ہے۔** اِتفاق ہو تو کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا۔

اِتّقا (ع۔ مذکر) پرہیزگاری۔ ممنوعات شرعی سے بچنا۔ ڈرنا۔ ہر اُس چیز سے بچنا جو اللہ تعالیٰ کے تعلق میں حارج ہو (وَقیٰ۔ بچانا)

اِتّقاف (ع۔ مذکر) اپنے احساسات کو روکنا۔ باز رہنا۔ پرہیز کرنا۔ روزہ رکھنا (وَقَہ۔ ٹھیرنا)

اِتقان (ع۔ مذکر) مضبوط بنانا۔ قائم کرنا (تَقَن۔ گدلا پانی دے کر زمین پر مٹی چڑھانا)

اَتقیا (ع۔ مذکر) تقی کی جمع۔ پرہیزگار لوگ۔ صالح آدمی۔ متقی انسان۔

اَتِک (س۔ مذکر) ۱ مسافر ۲ عضو ۳ زرہ ۴ ایک سُر۔

اِتَک (ہ۔ تف) اس قدر۔ اتنا

اَتِکا (ہ۔ تف) زیادہ۔ بے حد۔

اِتّکا (ع۔ مذکر) تکیہ لگانا۔ سہارا لینا۔ (تَکاَ۔ سہارا لینا)

اَتِکال (س۔ مذکر) تاخیر۔ دیر۔

اِتّکال (ع۔ مذکر) ۱ خدا پر بھروسہ کرنا ۲ اعتبار کرنا ۳ بھروسہ۔ اعتبار (وَکَل۔ خدا پر بھروسہ کرنا)

اَتِکائی (س۔ صفت) ۱ نرالے قد یا جسم کا۔ بہت بڑا ۲ (مذکر) بڑے قد کا آدمی ۳ دیو ۴ ایک راکھشس کا نام۔

اُتکَٹ (س۔ صفت) ۱ معمولی یا حد سے زیادہ۔ بہت بڑا ۲ شرابی۔ مخمور ۳ پاگل ۴ ناراض ۵ مغرور ۶ درشت ۷ (مذکر) مخموری۔ نشہ ۸ غرور ۹ مست ہاتھی ۱۰ دارچینی کی ایک قسم ۱۱ ایک شہر۔

اُتکَر (س۔ مذکر) کوئی چیز جو کھودی یا بکھیری جائے۔ **اُتکرادی** (مذکر) ایک گن کا نام۔

اُتکَرش (مذکر) **اُتکرشتا** (س۔ مؤنث) ۱ بلندی۔ ارتفاع ۲ سرفرازی۔ سربلندی۔ اوج عروج امتیاز ۳ بزرگی۔ فضیلت۔ فوقیت ۴ فراوانی۔ افزونی **اُتکرشَٹ** (صفت) اوپر کھینچا ہوا۔ بلند کیا ہوا **اُتکرشَن** (مذکر) اوپر پہنچنے کا فعل ۲ پہننے کا فعل ۳ ایک شکتی کا نام۔ **اُتکرِشن** (صفت) ۱ بہتر۔ برتر ۲ نہایت اعلےٰ۔ **اُتکرشتی** (مؤنث) ایک شکتی کا نام۔

اُتکرِشٹ (س۔ صفت) ۱ بزرگ۔ معظم ۲ بلند۔ فائق ۳ اتم۔ سرس۔

اُتکشیپ (س۔ مذکر) ۱ اوپر پھینکنا اُٹھانا ۲ پھینک دینا ۳ بھیجنا ۴ قے کرنا ۵ پر پھیلانا ۶ ایک ...

اُتکَل (س۔ مذکر) ۱ خیال ۲ حفاظت ۳ مزدور۔ بوجھ اُٹھانے والا ۴ برہمنوں کی ایک گوت ۵ چڑیمار ۶ اوڑیسہ کا ایک نام ۷ دھرو کا ایک بیٹا ۸ سدیمن کا ایک بیٹا۔ **اُتکل دیش** (مذکر) اوڑیسہ۔

اُتکنٹھ (س۔ صفت) ۱ وہ جس نے گردن اُٹھائی ہو ۲ سخت مشتاق ۳ افسوس کرنے والا۔ پچھتانے والا۔ **اُتکنٹھا** (مؤنث) کسی چیز کی خواہش ۲ پچھتاوہ ۳ بے چینی ۴ غم۔ رنج۔ افسوس۔ **اُتکنٹھت** (صفت) ۱ پچھتانے والا ۲ گم شدہ ۳ خواہش کرنے والا ۴ غمگین۔ دلگیر۔ ملول ۵ (مذکر) معشوق کی آمد کا منتظر۔ عاشق۔

اُتکوچ (س۔ مذکر) ۱ کھلنا ۲ رشوت۔ **اُتکوچک** (صفت) ۱ راشی ۲ (مذکر) ایک تیرتھ۔

اَتِگپت (س۔ صفت) سخت پوشیدہ نہایت خفیہ۔

اَت گَنت (ہ)، **اَتِگَنت** (س۔ صفت) بہت زیادہ۔ بہت بڑا۔ حد سے زیادہ۔ بے انتہا۔ بیحد۔ فضول۔ بے حساب۔ بے اندازہ۔

اَتِگَرِبت (س۔ صفت) بہت مغرور۔ متکبر۔ مدمغ۔

اَتِگَندھ (س۔ مذکر) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

اَتِگھن (س۔ مؤنث) سخت نفرت۔ تنفر۔ کراہت۔

اَتَل (س۔ مذکر) ۱ دوزخ کا ایک طبقہ ۲ زمین کے نیچے کا حصّہ۔ **اتل سپرشا** (صفت) بہت گہرا۔ بے تہ۔ **اتل لوک** (مذکر) دوزخ۔

اَتُل (ہ۔ صفت)، **اَتُلیہ** ۱ نہ تُلا ہوا ۲ نہ تُلنے کے قابل ۳ بے شمار۔ **اَتُلنت**۔ بے حساب ۴ بے مثل۔ بےنظیر۔ لاثانی۔ **اَتلِت** (صفت) نہ تُلا ہوا ۲ بڑھا ہوا ۳ پھولا ہوا۔

اِتلاد (ع۔ مذکر) جدی دولت پانا۔

اِتلاع (ع۔ مذکر) سُننے یا دیکھنے کے لئے گردن پھیلانا۔

اِتلاف (ع۔ مذکر) تلف کرنا۔ضائع کرنا (تلف۔ مرنا)

اَتلڑ (ہ۔ مذکر) لاڈلا۔پیارا۔الہڑ۔

اَتَم (ع۔ صفت) نہایت مکمل۔تمام کی تفضیل کل۔

اُتَم (س۔ صفت) !سب سے اونچا بڑا یا اعلےٰ ! اچھا۔عمدہ۔نفیس ۳ پہلا۔ **اتما** (مؤنث) نہایت اعلےٰ عورت جو حسین تندرست اور محبت کرنے والی ہو۔ **اتم بَل** (صفت) بہت طاقت والا۔ **اتم پُرش** (مذکر) ! اعلےٰ انسان ! (صرف و نحو) متکلم۔ **اتم شاکھہ** (مذکر) ایک ملک کا نام۔ **اتم کاج** (مذکر) اعلےٰ کام۔بہترین کام۔

امثال وغیرہ ۔اتم سے اتم ملے ملے نیچ سے نیچ۔ پانی سے پانی ملے ملے کیچ سے کیچ۔ ہرشے اپنی جنس کی طرف رجوع کرتی ہے۔ اعلےٰ اعلےٰ کی طرف ادنےٰ ادنےٰ کی طرف۔ **اتم کھیتی مدھم بان نکھد چاکری بھیک ندان**۔ یہ مثل قاعدہ کلیہ کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔سب سے اچھی کھیتی اور دوسرے درجہ پر تجارت۔ نوکری بُری اور بھیک سب سے بُری۔

اِتمام (ع۔ مذکر) پورا کرنا۔انجام کو پہنچانا تکمیل۔کمال (تمّ۔ مکمل ہونا) **اتمام حجت** (مذکر) حجت کا پورا کرنا۔کسی امر میں آخری مرتبہ سمجھانا۔ اور معاملہ طے کرنے کی کوشش کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

اُتّمتا (س۔ مؤنث) ! فضیلت۔برتری۔ شان۔بزرگی ! خوبی۔گن۔

اَتن (ع۔ مذکر) کھڑا ہونا۔ٹھہرنا۔

اِتنا/اُتنا (ہ۔ صفت) اس قدر۔اس قابل بہت۔ اُتنا۔تھوڑا سا۔ذرا سا۔ **اتنا اکڑتا ہے کہ گردن گدی میں جالگتی ہے**۔بہت اکڑ کر چلتا ہے۔ **اتنا بوجھ یہ غضب**۔ انداز سے زیادہ بوجھ۔ **اتنا پھونک پھونک کر قدم رکھتے ہو**۔ اتنی احتیاط کرتے ہو۔ **اتنا جھوٹ بولو جتنا آٹے میں لون**۔بہت جھوٹ بولنے والے سے کہتے ہیں۔ **اتنا سا**۔چھوٹا سا۔ **اتنا سا فتنہ**۔کم عمر مگر چالاک **اتنا سا کام**۔تھوڑا کام۔چھوٹا سا کام۔ **اتنا سا منہ نکل آیا** (ہوگیا) چہرہ اتر گیا۔ **اتنا کہکر یہ جا وہ جا**۔ یہ کہہ کر وہ بھاگ گیا۔ **اتنا نہ غرور کرو**۔تکبر اچھا نہیں۔خدا سے ڈرو۔ **اتنا نہ گدگداؤ کہ آدمی رو دے**۔ایسا مذاق نہ کرو کہ ناگوار ہو۔ **اتنا نہ چھیڑو کہ جھگڑا ہو جائے**۔ **اتنا نہ ہوا**۔یہ بھی نہ ہو سکا۔ **اتنے لیں** (نف) اتنے لوگوں میں **اتنی بات** (مؤنث) مختصر سی بات۔مختصر سوال۔بے موقعہ گفتگو کرنے والا۔ **اتنی پروا نہیں جتنی ارد پر سفیدی**۔ ذرا بھی پروا نہیں۔ **اتنی تلواریں مارونگا کہ ٹکڑے اڑا دونگا**۔ اس قدر شمشیر زنی کرونگا کہ بہت لوگوں کو قتل کر دونگا۔ **اتنے تو نہیں ہو**۔ یہ ہمت نہیں۔یہ حوصلہ نہیں۔ **اتنے دنوں میں**۔اتنی مدت میں۔اتنے عرصے میں۔ **اتنے سے اتنا کرنا** (متعدی) (ہونا) (لازم) بڑا کرنا (ہونا) چھوٹے سے بڑا کرنا (ہونا) **اتنی سی بات** (مؤنث) خفیف بات۔معمولی بات۔ **اتنی سی فتنی** (مؤنث) کم عمر مگر نہایت چالاک لڑکی۔ **اتنی صورت نظر نہ آئیگی**۔ ایسی سزا پاؤگے صورت بگڑ جائیگی۔تباہ ہو جاؤگے۔برباد ہو جاؤگے۔ **اتنے کا دھن ہے**۔اس کی یہ قیمت ہے۔ **اتنے کُنَم کا سنبھالنا منحصر**۔ اتنے کنبے کی خبرگیری مشکل۔ **اتنے** (کے) لئے۔اس لئے۔ اتنی چیز کے لئے۔اس اثنا میں۔ اتنی دیر میں۔ اس مقدار میں۔ **اتنے واسطے** (نف) اس غرض سے۔ اس لئے۔ **اتنی ہی لکھی تھی**۔اسی قدر عمر تھی۔

امثال وغیرہ ۔ **اتنا بھرا کہ چھلک گیا**۔ اتنی خیانت کی کہ قلعی کھل گئی اس قدر چھیڑا کہ بگاڑ ہو گیا۔ **اتنا پکا کہ باسی تھکا**۔جس وقت کوئی بات ضرورت سے بڑھ جائے تو کہتے ہیں۔ **اتنا کھائیے جتنا آٹے میں نمک یا جتنا پچے**۔خیانت بھی ہو تو اتنی جتنی چھپ سکے۔ **اتنی نورائی ہوگی جتنی راشتے میں پڑے**۔ میرے پاس گزارے کے موافق ہے۔ **اتنی سی جان سوا گز** (گز بھر) **کی زبان** ! اپنی حد سے بڑھ کر بولنا کم عمر کا بہت باتیں بنانا ! ہستی سے بڑھ کر دعوے۔ **اتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے** (ہ) ! عقلمند آدمی اپنی عقل کے زعم میں بعض وقت نقصان اٹھاتا ہے یہ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ **اتنے کی کمائی** (بڑھیا) **نہیں جتنے کا لہنگا پھٹ گیا**۔حیثیت سے زیادہ نقصان ہو گیا۔

اِتناخ (ع۔ مذکر) بدہضمی ہونا۔

اَتنان (ع۔ مذکر) تِن کی جمع ! مقابل برابر کے آدمی ۲ مانند۔ ملتے جلتے۔

اُتنگ (س۔ صفت) لمبا۔اونچا۔ بلند۔مرتفع۔بالا۔

اُتّو (ع۔ مذکر) ! مصیبت۔آفت ! موت ۳ سیدھا راستہ ۴ تحفہ۔

اِتوار (ع۔ مذکر) برباد کرنا۔اجاڑنا۔

اِتّو (ہ۔صفت) اتنا۔

اُتّو (ہ۔ مذکر) ! چین۔شکن۔تہ ۲ کپڑے پر چین ڈالنا یا نقش بنانا ۳ ایک آلہ جس سے اتو کا کام کیا جاتا ہے ۴ نقوش جو اس آلے سے بنائے جاتے ہیں۔ **اتو بنا دینا یا بنانا** (متعدی) بہت پیٹنا۔اس قدر مارنا کہ بدن پر نشان پڑ جائیں۔ **اتو ساز** (مذکر) اتو کا کام کرنے والا۔ **اتو کرنا** (متعدی) ! کپڑے پر اتو کا کام کرنا ! بہت مارنا ۳ بیوقوف بنانا ۴ پریشان کرنا۔بولا دینا۔ مدہوش کر دینا ۵ اچھلتے کودتے چلنا ! مذاق یا گالیوں سے گھبرا دینا ! بدنام کرنا۔ بےعزت کرنا۔ **اتو کش یا گر** (مذکر) اتو کا کام کرنے والا شخص۔ **اتو ہونا** (لازم) ! مدہوش ہونا۔ بے ہوش ہونا ! بےعزت ہونا۔بدنام ہونا۔

اِتوار (ہ۔ مذکر) آیتوار۔یکشنبہ۔

اَتِواس (س۔ مذکر) ایک قسم کا برت جو بہت سخت ہوتا ہے۔

اَتِوِستَرت (س۔ صفت) بہت پھیلا ہوا

اَتِوِش (س۔ مذکر) تریاق۔زہر کا علاج

اتِوِشا (مؤنث) ایک زہریلا درخت جس کی جڑ دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے۔اور چھال سرخ رنگ کے لئے۔

اُتّولن (س۔ مذکر) اٹھانا۔

اَتھ (س۔ نف) ! تب۔اس طرح۔ بس۔اس لئے۔اب۔تاہم۔آئندہ ! یہاں سے شروع ہوتا ہے ۳ (مذکر) شروع۔آغاز۔

اُتھاپَن یا اُٹھاپَن (ہ۔ مذکر) ! اٹھانا۔کھڑا کرنا ! اُچھالنا ۳ (حساب) جواب یا نتیجہ نکالنا

اَتِہاس (س۔ مذکر) بے انتہا ہنسی۔ قہقہہ۔

اِتہاس۔اِتِہاسِک (س۔ مذکر) ! قصہ۔کہانی۔بیان ! تاریخ۔حکایت۔روایت ۳ تاریخی نظم۔ **اتہاس کارک** (مذکر) ! تاریخ بنانا ! مؤرخ۔ راوی۔ **اتہاس ویتّا** (مذکر) مؤرخ۔

اِتّہام (ع۔ مذکر) الزام تہمت۔ شبہ (کرنا۔لگانا کے ساتھ) (وَہم۔ خیال کرنا)

اُتّھان (س۔ مذکر) نیند سے اٹھنا۔

جاگنا۔ ۲ کوشش۔ مردانہ محنت۔ ۳ لڑائی۔ ۴ خوشی۔ اُکھان ایکادشی (مؤنث) کتک کی گیارھویں تاریخ جب وشن جی مہاراج جاگتے ہیں۔ جب تک وہ سوئے رہیں۔ شادیوں کی اجازت نہیں۔

اَکھاہ (ھ۔ صفت) ۱ گہرا۔ بے تھاہ ناقابل گزر عمیق ۲ (مذکر) بہت گہرائی۔ عمق۔

اَکھائی۔ اَکھائیں (ھ۔ مؤنث) چوپاڑ۔ وہ جگہ جہاں مل کر لوگ بیٹھیں۔

اَکھت (ھ۔ صفت) ۱ بے ثبات۔ بے قیام ۲ بیقرار۔ نہ ٹھیرا ہوا۔ ۳ ٹھرٹھراتا ہوا۔ ۴ شش و پنج میں۔ بےچین۔

اَنہرش (س۔ صفت) بہت خوشی۔ نہایت خوشی (مذکر) بڑی خوشی۔ فرحت۔

اَتھنک (ہ۔ صفت) ۱ بڑا محنتی۔ نہ تھکنے والا ۲ جسے محنت مشقت کی پروا نہ ہو۔

اَتھل (ھ۔ صفت) بے قرار۔ نہ ٹھیرا ہوا۔ بےچین۔ شش و پنج میں۔

اُتھل۔ اُتھل۔ اُتھلا (ہ۔ صفت) ۱ کم گہرا۔ چھچھورا ۲ چھل خور ۳ (مذکر) کم گہرا برتن۔

اُتھل (ہ۔ امر) اتھلنا کا اتھلا (امر) ۱ اتھلانا کا ۲ (ماضی) اتھلنا کا ۳ الٹا کیا ہوا۔ اتھلانا (متعدی) ۱ الٹ پلٹ کرنا۔ نیچے اوپر کرنا۔ بے ترتیب کرنا ۲ پھینکنا۔ اُتھل پتھل (صفت) الٹا پلٹا۔ نیچے اوپر تلے اوپر۔ اتھل جانا (لازم) ڈالنا (متعدی) اتھلانا۔ اتھل پتھل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) اتھلانا۔ الٹا پلٹا ہونا۔ نیچے اوپر ہونا۔ تلے اوپر ہونا۔ اتھلنا (لازم) گر جانا۔ پہلو بدلنا۔

مثل۔ اتھل رکابی پھل پھلا بھات۔ لو پنچوں ہاتھوں ہاتھ۔ اچھی چیز کے لینے میں دیر نہیں لگانی چاہئے۔ ورنہ کوئی اور لے جائیگا۔

اَتھمنا (ھ۔ مذکر) ۱ سورج غروب ہونا ۲ مغرب۔

اَتھوا (س۔ تف) یا۔ یا اور۔ اسی طرح۔

اَتی (ھ۔ صفت) بیوقوف۔ نادان۔ ناواقف۔

مثل۔ اُتی کے ننانویں بارہ پنجے سانٹھ۔ بیوقوف یونہی چیز اپنے قبضے میں کرنا چاہتا ہے۔

اِتے (ھ۔ تف) اتنے۔

اَتیاچار (س۔ مذکر) ۱ فرائض مقررہ کی پابندی نہ کرنا ۲ مذہبی اور اخلاقی باتوں کی تحقیر کرنا۔

اتیاچاری (صفت) ۱ مذہبی اور اخلاقی باتوں کی تحقیر کرنا ۲ (مذکر) مذہبی اور اخلاقی باتوں کی تحقیر۔

اِتیادِ (س۔ صفت) ۱ وغیرہ وغیرہ اور اسی طرح ۲ (مذکر) اور دوسرا۔ اور دوسرے۔ اِتیادک (صفت) باقی کے متعلق۔

اِتیان (ع۔ مذکر) آمد۔ پہنچنا۔ ملنا۔

اَتیانند (س۔ صفت) ۱ بہت خوش ۲ (مذکر) بڑی خوشی۔ اتیانندتا (مؤنث) حد سے زیادہ خوشی یا فرحت۔

اَتیاوشیک (س۔ صفت) بہت ضروری۔ خاص وقعت کا۔

اَتیت (س۔ صفت) ۱ گزرا ہوا۔ ختم ہوا ہوا۔ ماضی ۲ آزاد ۳ خالی۔ مفلس ۴ (مذکر) آوارہ گرد آدمی ۵ جاتری۔ فقیر۔ جوگی۔ سادھو ۶ (صرف و نحو) ماضی مطلق۔

اَتیجا (ھ۔ صفت) غیر روشن۔ مدھم۔ تاریک۔ مات پڑا ہوا۔

اَتیرتھ (س۔ صفت) ۱ بہت زیادہ حد سے زیادہ ۲ بہت مہنگا۔

اُتیرن (س۔ صفت) ۱ جہاز سے اترا ہوا۔ دریا سے پار ہوا ہوا ۲ پہنچا ہوا ۳ فرار ۴ رہا شدہ۔ رہا کیا ہوا ۵ پھینکا ہوا۔ اُتیرن (صفت) ۱ پھینکا ہوا۔ پہن کر اتارا ہوا۔ پہنا ہوا۔

اَتیس (ہ۔ مذکر) ایک زہریلی کڑوی جڑ۔

اِتیک۔ اُتیک (ھ۔ ع) اِتنا۔ اُتنا۔

اَتیکت (س۔ مذکر) بڑا باتونی۔ اَتیکت (مؤنث) فضول گفتگو۔ بکواس۔ مبالغہ۔

اَتیکشن (س۔ صفت) جو تیز نہ ہو۔ جو ہوشیار نہ ہو۔ کند۔ کند ذہن۔ اتیکشنتا (مؤنث) ۱ کھنڈاپن ۲ سستی۔ کاہلی ۳ حمق ۴ کند ذہنی۔

اَتیلپ (س۔ صفت) بہت تھوڑی چیز۔

اَتینت (س۔ صفت) ۱ زیادہ۔ بہت زیادہ۔ از حد ۲ وسیع ۳ تیز۔ اتینت لون (تف) جہاں تک ہو سکے۔ حد درجے تک۔ اتینتتا (مؤنث) افراط۔ تفریط۔ زیادتی۔

اَتیندری (س۔ صفت) حواس سے نہ محسوس ہونے والا۔

اَتیوَر (س۔ صفت) ۱ بہت۔ زیادہ۔ بہت زیادہ۔ حد سے زیادہ ۲ درحقیقت۔

اَتیوتم۔ اَتیتم (س۔ صفت) حد سے زیادہ۔ اچھا۔ نہایت اچھا۔ نہایت۔ افضل۔ نادر تحفہ۔

اَتیوَر (س۔ صفت) ۱ سست۔ کاہل کند ذہن ۲ (مذکر) بیوقوف آدمی۔ سست آدمی۔

اَتیی (س۔ مذکر) موت۔ ہلاکت۔ فنا۔ خطرہ۔ تکلیف۔

اَٹ (ہ۔ امر) اٹنا کا۔ اٹ جانا۔ اَٹنا (لازم) ۱ گرد و غبار سے آلودہ ہونا۔ خاک سے بھر جانا ۲ جمع ہونا۔ بھر جانا۔ اٹے ہو تو گھر لے چلو۔ رہزنوں کی اصطلاح میں مسافر کو مار ڈالنے کا اشارہ ہے۔

اَٹا (ہ۔ مذکر) ایک کمرہ اوپر کی چھت میں بالاخانہ۔ راوٹی۔ چوبارہ۔

اَٹا (ھ۔ مذکر) ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ ذخیرہ۔

اَٹاری (ہ۔ مؤنث) کوٹھا۔ بالاخانہ۔

اَٹال (ھ۔ مؤنث) ۱ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ ذخیرہ ۲ بہتات۔ افراط ۳ ٹال۔ گھاس کا ڈھیر۔

اَٹالا (ہ۔ مذکر) اٹال۔ گھر کا سامان۔ مال و اسباب۔ اثاث البیت۔ مال و متاع۔ چیز بست بوریا بدھنا۔ جائداد۔ دھن۔ کاٹھ کباڑ۔ اسباب خانہ داری۔ ساز و سامان۔ گرہستی کی چیزیں (س اٹالک)۔ اٹالا بارگاہ کا لے کر روانہ ہونا (لازم) خیموں کا سامان لے کر اگلے پڑاؤ پر جانا۔ اٹال بنانا (متعدی) عالیشان عمارت کھڑی کرنا۔ اٹال کرنا (متعدی) ڈھیر لگانا۔ انبار لگانا۔ اٹال لادنا (متعدی) بیل گاڑی کو خوب بھر کر لادنا۔ اٹال لگانا (متعدی) اٹالا کرنا۔

اَٹالکا (س۔ مذکر) برج جس پر بیٹھ کر دشمن کو دیکھیں۔

اَٹالِکا (س۔ مؤنث) ۱ دو یا زیادہ چھت والا گھر ۲ اونچا گھر۔ محل۔

اَٹانا (ھ۔ متعدی) جوڑنا۔ لگانا۔ بھرنا لینا۔ باندھنا۔

اَٹپٹ (ھ۔ صفت) اٹپٹانا (لازم) ۱ گھبرانا۔ بےچین ہونا۔ پریشان ہونا ۲ ٹھٹکنا ۳ بیمار ہونا ۴ متزلزل ہونا۔ متذبذب ہونا ۵ دیر لگانا ۶ ہچکچانا ۷ الٹی پلٹی باتیں کرنا۔ بے سمجھے بوجھے بولنا۔ بکواس کرنا۔

اُٹپٹ بولنا (لازم) دیکھو آخری ۴ **اُٹپٹانگ** (صفت) ۱ غریب مسکین ۲ بدنصیب۔ کمبخت ۳ خراب وخستہ۔ تباہ۔ شکستہ حال ۴ شریر۔ بدمعاش۔ شرارتی۔ منہ زور۔ بے ہنگم۔ فسادی ۵ لاپروا ۶ نامعقول۔ **اُٹپٹانگی** (مؤنث) ۱ غربت۔ بدنصیبی ۲ تباہی۔ شکستہ حالی ۳ شرارت۔ نامعقولیت ۴ بیہودہ گوئی۔ بکواس۔ **اُٹپٹی** (صفت) ۱ لاپروا۔ بے فکر۔ بے پروا ۲ غافل۔ اچیت ۳ بے قاعدہ ۴ نااہل ۵ کج طبع۔ تنک مزاج۔ چڑچڑا ۶ اکھڑ۔ بددماغ۔ گستاخ۔ ضدی سرکش ۷ مذبذب۔ متزلزل ۸ بیقرار ۹ (مذکر) لاپروا آدمی۔ **اُٹپٹی بات** (مؤنث) ۱ بیہودہ گفتگو۔ ایسی گفتگو جو سمجھ میں نہ آئے ۲ الٹا جواب ۳ جھوٹ۔ ٹال مٹول۔

اَٹّٹ (ھ۔ صفت) ۱ مضبوط۔ موٹا کپڑا ۲ (مذکر) مضبوط اور موٹا کپڑا۔ کھدّر۔

اُرٹج (س۔ مذکر) پتّوں کی جھونپڑی کٹیا۔ مڑھی۔

اَٹ سَٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ سازش۔ جوڑ توڑ ۲ دھوکا۔ فریب ۳ (عو) بے تکی باتیں ۴ آشنائی۔ یارانہ ۵ لین دین۔ **اٹ سٹ لڑنا یا ہونا** (لازم) ۱ سازش ہونا ۲ یارانہ ہونا۔

اَٹک (ہ۔ امر) ۱ اٹکنا کا ۲ (مؤنث) روک۔ سدراہ ۳ مزاحمت۔ روک ٹوک ۴ جھجک ۵ بند ۶ شب۔ تامل ۷ اندیشہ ۸ سنتری کا روکنا ۹ خیمہ وغیرہ کی رسّی تا نگاہ لڑنا۔ **اُٹکا** (س) ۱ اٹکا کا ۲ (ماضی) اٹکنا کا ۳ (صفت) رکا ہوا۔ روکا ہوا۔ پھنسا ہوا ۴ عاشق ۵ (مذکر) ایک مٹی کا برتن جس میں جگن ناتھ جی کے مندر واقع پوری میں لوگوں کے لئے کھانا تیار کرتے ہیں۔ **اٹک اٹک** رک رک کر۔ متذبذب حالت میں۔ **اُٹکا دینا** (متعدی) ۱ ٹکا دینا ۲ ٹانگ دینا۔ لٹکا دینا۔ **اُٹکا رکھنا** (متعدی) ۱ نہ دینا۔ روک دینا ۲ جھلانا ۳ لیت ولعل کرنا۔ ملتوی کرنا۔ **اُٹکانا** (متعدی) ۱ روکنا۔ باز رکھنا۔ سدراہ ہونا ۲ کسی چیز کو کسی چیز میں الجھانا۔ جھگڑے میں ڈالنا ۳ دل لگانا۔ پھنسانا ۴ نوکر رکھا دینا ۵ ادا نہ کرنا۔ نہ پہنچانا ۶ پہنا ۷ ملانا ۸ شادی کرا دینا ۹ ملتوی کرنا۔ **اُٹکاؤ** (مذکر) روک۔ رکنے کی جگہ۔ **اُٹکاؤ میں** (تف) ۱ قابو میں گرفتار ۲ پابزنجیر۔ **اُٹکاؤنا** (ھ) اُٹکاؤ۔ **اٹک جانا** (لازم) ۱ پھنس جانا ۲ لَو ہونا۔ عاشق ہونا ۳ رک جانا ۴ مشغول ہو جانا ۵ ملازمت کا تعلق ہو جانا۔ **اٹک مٹک** (مؤنث) عاشقانہ اشارے آنکھیں لڑانا۔ نخرے بازی۔ ناز ونخرے۔ اٹک

مٹک چمپا (مؤنث) دلربا عورت۔ بدچلن عورت۔ دل کو لبھانے والی چھنال یا فاحشہ عورت۔ **اُٹکنا** (لازم) رک جانا۔ تھم جانا۔ ٹھہر جانا ۲ کسی چیز کا کسی چیز میں الجھنا۔ پھنس جانا۔ مبتلا ہونا ۳ وابستہ ہونا ۴ ملتوی ہونا ۵ جھگڑے میں پڑنا ۶ حلق میں نوالہ پھنسنا۔ حلق سے پانی نہ اترنا ۷ آشنائی ہونا۔ نوکر ہونا ۸ ادا نہ ہونا ۹ رک رک کر پڑھنا ۱۰ مصروف ہونا ۱۱ شبہ کرنا ۱۲ جھجکنا ۱۳ مباحثہ کرنا (جان۔ دم۔ روح وغیرہ) آنا۔ ٹھیر جانا (س۔ ارتھ خواہش کرنا)

امثال وغیرہ - **اٹکا بنیا سودا دے** وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی پھنسا ہوا آدمی اپنی غرض کے لئے کوئی کام کرے۔ **اٹکے گا سو بھٹکے گا**۔ جو شبہ کریگا غلطی کھائیگا۔

اُٹکر لیس (ہ۔ صفت) واہیات۔ بیہودہ۔ بے قرینہ۔ فضول۔ لاپروا۔ **اٹکر لیس باتیں** (مؤنث) بے قرینہ باتیں۔ فضول باتیں۔ اول جلول باتیں (س اُد۔ بڑھ کر + ترک۔ اندازہ کرنا۔ لالس۔ خواہش کرنا)

اَٹکل (ہ۔ مؤنث) ۱ طریقہ۔ سلیقہ۔ تمیز۔ شعور ۲ جانچ۔ پرکھ۔ پہچان۔ شناخت۔ دانست۔ اندازہ۔ بچار۔ قیاس (س۔ ارتھ۔ خواہش کرنا کلن۔ کرنا) **اٹکل باز** (صفت) قیاس کرنے والا۔ تاڑنے والا جس کو اندازہ کرنے کا ڈھب ہو۔ **اٹکل پچو** (صفت) بے سمجھے بوجھے اندھا دھند۔ واہیات۔ قیاساً بے سروپا۔ **اٹکل پچو کی فاتحہ پڑھنا** (متعدی) ۱ کسی گمنام آدمی کے لئے سورۂ فاتحہ پڑھنا ۲ دکھاوے کے لئے قرآن شریف پڑھنا ۳ کسی ناممکن بات کے لئے منتیں ماننا۔ **اٹکل پچھو** (صفت) اٹکر لیس۔ **اٹکل سے** (تف) قیاساً۔ تخمیناً۔ اندازے سے۔ **اٹکل ملنا** (لازم) اندازہ ملنا۔ تخمینہ ہونا۔ **اٹکلنا** (متعدی) پرکھنا۔ آنکنا۔ جانچنا۔ **اٹکلی** (صفت) قیاس یا اٹکل کرنے والا۔ اندازے سے بات بتلانے والا۔

مثل - **اٹکل پچو غیر مقرر۔ اٹکل پچو** (اٹکر پچے) ڈیڑھ سو۔ بے تکے آدمی کا کوئی اعتبار نہیں۔

اُٹکنا (ھ۔ لازم) کودنا۔ پھاندنا۔ اچھلنا۔ ناچنا۔ **اُٹک ناٹک** (صفت) ۱ اچھلنے کودنے والا۔ کودنے پھاندنے والا ۲ عجیب۔ نرالا چنچل۔ اچپل۔ شوخ۔ طناز۔

اُٹکن بٹکن (ہ۔ مذکر) **اُٹکن مٹکن** یا **اُٹکل مٹکل** (ھ) بچّوں کا ایک کھیل۔ لڑکے اور لڑکیاں باہم بیٹھ کر ایک دوسرے کی طرف انگلی کے اشارے سے کھیلتے اور یہ فقرہ پڑھتے ہیں۔ اٹکن بٹکن دہی چٹاخن اگلا جھولے بگلا جھولے ساون ماس کریلا پھولے پھول پھول کی بالیاں۔ بادا گئے دلّی لائے سات کٹوریاں ایک کٹوری پھوٹ گئی۔ نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ کھنڈا لوگے کہ چھری۔ دوسرے نے کہا کھنڈا۔ اس نے جواب دیا تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا۔ اس کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر کان پکڑ کے کہتے ہیں۔ کوئی ایسا سخی کوئی ویسا سخی چڑیا کی بند چھڑا دے (س۔ اُد۔ بڑھ کر + ترنک۔ کودنا) **اٹکن بٹکن کرنا یا کھیلنا** (متعدی) ۱ کھیل کھیلنا ۲ فضول کام کرنا۔

اَٹکھیل (ہ۔ صفت) شوخ۔ کھلاڑی۔ خوش طبع۔ خوش دل۔ چنچل۔ طنّاز (س۔ اَٹ۔ بڑھنا کھیل۔ حرکت کرنا) **اٹکھیل پن یا پنا** (مذکر) شوخی چلبلا پن۔ **اٹکھیلن** (مؤنث) شوخ طناز۔ لڑکی یا عورت۔ **اٹکھیلی** (مؤنث) ۱ چال میں شوخی۔ مستانہ چال۔ خرام ناز ۲ شوخی۔ معشوقانہ ادا۔ ناز ونخرے۔ **اٹکھیلیاں دکھانا یا کرنا** (متعدی) ناز کرنا۔ نخرہ کرنا۔ خراماں خراماں چلنا۔ الھڑپنے کی حرکتیں کرنا۔ **اٹکھیلی یا اٹکھیلیوں سے چلنا** (لازم) ناز وانداز سے چلنا۔ اٹھلاتے ہوئے چلنا۔ شوخی سے چلنا۔ **اٹکھیلیوں کی چال یا چالیں** (مؤنث) شوخی کی چال۔ خرام ناز۔

اَٹل (ہ۔ صفت) ۱ جو اپنی جگہ سے نہ ہل سکے ۲ جو نہ رک سکے ۳ جس سے کوئی بچ نہ سکے ۴ (دہلی) آسودہ۔ سیر ۵ (ھ) مضبوط۔ مستحکم۔ قائم۔ غیر متحرک ۶ مستقل غیر متغیر۔ غیر متبدل۔ استوار ۸ ثابت قدم۔ صاحب استقلال ۹ (مذکر) خدا کا ایک نام (س اَ۔ نہ + ٹل۔ ہلنے والا) **اٹل چھتر** (مذکر) سونے کا چھاتا جو بادشاہوں اور دیوتاؤں کا نشان ہے۔ **اٹل ہو جانا** (لازم) اس قدر کھانا کہ ہل نہ سکے۔ **اٹل ہو کر** (تف) ثابت قدمی سے۔ استقلال سے۔ **اٹل ہے**۔ اپنی بات سے نہیں پھرتا۔ اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا۔

اَٹلتا (س۔ مؤنث) استحکام۔ قیام۔ مداومت۔

اَٹلس (انگ۔ مذکر) ۱ ممالک کے نقشوں کی کتاب۔

اَٹمبَر (ھ۔ مذکر) لوگوں کا ہجوم۔ گروہ۔ قوم۔

اَٹن (س۔ مؤنث) ۱ چلت۔ پھرت ۲ آوارہ گردی ۳ (ھ) بالاخانہ۔ چوبارہ۔

اُٹنگارہ (صفت) اُوپر چڑھا ہوا ۱ اُونچا۔ اوچھا۔ بدزیب۔ بدقطع (س اُد۔ اُوپر + ٹنگ۔ لات)

اُٹنگی (ھ۔ صفت) ۱ اُونچا۔ اُوپر کو چڑھا ہوا (پاجامہ وغیرہ) ۲ چھوٹا۔ سکڑا ہوا ۳ بدقطع۔ بدزیب۔

اُٹنگن (ہ۔ مذکر) ۱ ایک خاردار درخت ہے۔ جس کی پتیاں جسم سے چھوتے ہی خارش ہو جاتی ہے ۲ اس درخت کا بیج۔

اَٹنی (س۔ مؤنث) کمان کا دندانہ دار کونا۔ کمان کا گوشہ۔

اَٹواٹ کھٹواٹ (ھ۔ مؤنث) اس شخص کی حالت جو غم وغصہ میں لیٹ رہے (س کھٹوا۔ چارپائی، اٹواٹ مہمل ہے) اَٹواٹی کھٹواٹی (ہ۔ مؤنث) ٹوٹی پھوٹی چارپائی۔ استر بستر۔ اٹواٹی لے کر پڑ رہنا یا لینا (ہ۔ لازم) غم یا غصہ کی حالت میں سب سے الگ تنہائی میں پڑ رہنا۔ علیحدہ پلنگ پر سو رہنا۔

اَٹوٹ (ھ۔ مذکر) ۱ نہ ٹوٹنے والا۔ مضبوط ۲ نہ ضائع ہونے والا ۳ نہ ختم ہونے والا۔ بے انتہا ۴ متواتر۔ لگاتار۔

اَٹوک (ھ۔ صفت) ۱ بلا روک ٹوک۔ بے جھجک ۲ سالم۔ پورا ۳ بے روک۔ بلا وقفہ۔ بلا پوچھے ۴ بلا قید۔ کھلے بندوں ۵ لگاتار۔ متواتر۔

اَٹول (ھ۔ صفت) ۱ کھردرا۔ نہ چمکایا ہوا ۲ بغیر جلا یا صیقل ۳ بے ہنگام۔ بیڈول ۴ بدخلق۔ بے ادب۔ بدسلیقہ۔ بداخلاق۔ اکھڑ۔

اَٹو۔ اَٹوی (س۔ مؤنث) ۱ جنگل جھنڈ ۲ بن۔ رمنہ۔ رکھ۔ بیابان ۳ لفظی معنی پھرنے کی جگہ۔

اَٹھ (ہ۔ عدد) آٹھ کا مخفف۔ یہ کلمہ دوسرے کلموں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ اَٹھا (مذکر) آٹھ کا مجموعہ۔ جیسے دو اٹھے سولہ ۲ گنجفہ اور تاش کا وہ پتہ جس میں آٹھ صفر یا لکیریں یا نشان ہوتے ہیں ۳ پاسے کے آٹھ۔ اٹھارہ (عدد) دس اور آٹھ ۱۸۔ ہیحــ۔ اٹھاسی (عدد) اسی اور آٹھ۔ ۸۸ ہفحــ۔ اٹھانوے (عدد) نوے اور آٹھ۔ ۹۸۔ ہلعــ۔ اٹھاون (عدد) پچاس اور آٹھ۔ ۵۸۔ ہصــ اٹھائیس (عدد) بیس اور آٹھ۔ ۲۸ ہکحــ

اَٹھ پہری یا پہریا (صفت) جو ہر وقت کام پر موجود رہے۔ کھیتوں کا محافظ۔ وہ تپ جو آٹھوں پہر چڑھی رہے

اَٹھتّر (عدد) ستر اور آٹھ۔ ۷۸۔ ہعحــ۔ اٹھکونی (مؤنث) آٹھ کونے کی شکل۔ اٹھ کھمبا (مذکر) آٹھ ستونوں والا خیمہ۔ شامیانہ یا مکان وغیرہ۔ اٹھماس۔ اٹھماسا۔ دیکھو اٹھوانس۔ اٹھ ماشی (مؤنث) ۱ ایک وزن آٹھ ماشے کا ۲ ایک مہر اس وزن کی۔ اٹھلاری (مذکر) ایک قسم کا تمنچہ جس میں آٹھ کارتوس ہوتے ہیں۔ اَٹھنّی (مؤنث) ۸ آنہ کا سکّہ۔ اٹھوارا (مذکر) ۱ کسی دن سے آٹھواں دن ۲ ۸ دنوں کا عرصہ۔ ایک ہفتہ ۳ کسی چیز کو عاریتاً آٹھ دن کے لئے مانگنا۔ اَٹھوانس (ہ) آٹھ پہلو کا۔ اٹھوانسا (ہ) ۱ (عو) اس بچے کو کہتی ہیں جو آٹھویں مہینے پیدا ہو ۲ وہ زمین جو آٹھ مہینے تک نیشکر کے واسطے جوتی جاتی ہے ۳ جو شخص ہمیشہ بیمار رہے۔ اٹھوترسو (ھ۔ عدد) ایک سو آٹھ۔ اٹھیاسی (ھ۔ عدد) دیکھو اٹھاسی۔ اٹھیانوے (ھ۔ عدد) دیکھو اٹھانوے۔

اُٹھ (ہ۔ امر) اٹھنا کا۔ اُٹھا۔ اُٹّھا ۱ (امر) اٹھانا کا ۲ ماضی۔ اٹھنا کا۔ اُٹھا بٹھانا (متعدی) ۱ غلط راستے پر چلانا۔ غلطی کرانا ۲ جوش دینا۔ اکسانا۔ اُٹھا بیٹھا نہیں جاتا۔ نہایت کمزور اور ناتواں ہے۔ اُٹھا بیٹھنا (متعدی) خرچ کرنا۔ ترک تعلق کرنا۔ اُٹھا بیٹھی (مؤنث) ۱ بار بار اٹھنا بیٹھنا ۲ بیقراری۔ بےچینی ۳ اُستاد بچوں کو جو بار بار اُٹھنے بیٹھنے کی سزا دیتے ہیں۔ اُٹھا بیٹھی لگا رکھنا (متعدی) جلدی جاری اُٹھنا بیٹھنا۔ اُٹھا دینا (متعدی) ۱ کسی جگہ سے باہر کر دینا۔ نکال دینا ۲ خرچ کر دینا ۳ موقوف کر دینا ۴ لا دینا ۵ جگا دینا ۶ سر پر رکھوا دینا ۷ کوئی چیز اُٹھا کر دینا ۸ (شطرنج میں) بازی ختم کر دینا ۹ (پاؤں قدم) بھگا دینا۔ شکست دینا ۱۰ (کبوتر وغیرہ) اُڑا دینا۔ اُٹھا ڈالنا (متعدی) ۱ اُٹھانا ۲ صرف کر ڈالنا ۳ بند کر دینا بڑھا دینا۔ اُٹھا رکھنا (متعدی) ۱ باقی رکھنا ۲ بچا رکھنا ۳ سنبھال کر رکھنا ۴ ملتوی رکھنا۔ اُٹھا لانا (متعدی) ۱ لے آنا ۲ چرا لینا ۳ خریدنا۔ اُٹھا لے جانا (متعدی) ۱ اُٹھا کر بھاگ جانا ۲ زبردستی لے جانا ۳ بھگا لیجانا۔ لے بھاگنا۔ اُٹھا لینا (متعدی) ۱ اُونچا کرنا۔ بلند کرنا۔ اُٹھانا ۲ مار ڈالنا ۳ تعمیر کرنا ۴ برداشت کر لینا ۵ ذمہ دار ہو جانا ۶ (دل) قطع تعلق کرنا۔ محبت توڑنا ۷ (رنگ) قبول کرنا ۸ (مدرسہ وغیرہ سے) نام کٹوا دینا۔ اُٹھا مارنا (متعدی) ۱ دے مارنا پچھاڑنا ۲ کوئی چیز اُٹھا کر کسی کو مارنا۔ اُٹھان ۱ (مؤنث) بالیدگی۔ اُبھار ۲ آغاز شباب۔ ابتدا ۳ اُونچا ہو کر اُڑنے کی جگہ (پتنگ کے لئے) ۴ نشوونما کی قوت ۵ شروع کی تعلیم یا طبیعت ۶ صرف۔ خرچ ۷ (ھ۔ مؤنث) بلندی اُونچائی ۸ چوٹی ۹ لمبائی ۱۰ قد۔ بناوٹ ۱۱ شہوت ۱۲ عورت کی خواہش ۱۳ (ھ) رقبہ صحن۔ اُٹھان کا (صفت) ۱ اُونچا اُڑنے والا ۲ اُونچا اُڑتا ہوا۔ اُٹھانا (متعدی) ۱ اُونچا کرنا۔ بلند کرنا ۲ لیٹے ہوئے کو بٹھانا ۳ بیٹھے ہوئے کو کھڑا کرنا ۴ اختیار کرنا ۵ کھڑا کرنا ۶ کوئی چیز ہٹا دینا ۷ جگانا ۸ چن لینا۔ لے لینا ۹ (آنکھ نظر) دیکھنا ۱۰ (آنکھ نہ نظر نہ) ہٹانا ۱۱ (انگلی) اشارہ کرنا ۱۲ (بیڑہ) کسی کام کا ذمہ لینا ۱۳ (اسباب یا کوئی چیز) چرانا ۱۴ (پاؤں قدم) بھگانا شکست دینا ۱۵ (دیوار وغیرہ) بنانا ۱۶ (مصیبت وغیرہ) جھیلنا۔ برداشت کرنا ۱۷ (صرف) اُڑانا۔ صاف کرنا ۱۸ (دل) قطع تعلق کرنا۔ محبت توڑنا ۱۹ (کڑی بات) ضبط کرنا سہنا ۲۰ (خدا کا) جان لینا۔ مارنا ۲۱ (دانہ) چگنا ۲۲ (پردہ۔ لحاظ وغیرہ) چھوڑ دینا۔ ہٹا دینا ۲۳ (مذہب) مٹانا ۲۴ (رسم) موقوف کرنا ۲۵ (جنازہ۔ علم۔ تعزیہ وغیرہ) لیجانا۔ نکالنا ۲۶ (آنچل وغیرہ) سنبھالنا ۲۷ (جھگڑا فساد۔ شرارت وغیرہ) برپا کرنا ۲۸ (مقدس کتاب یا چیز) ہاتھ میں لے کر قسم کھانا ۲۹ (لطف جنت وغیرہ) حاصل کرنا۔ پانا ۳۰ (کام) سرانجام دینا۔ انتظام کرنا ۳۱ (آرام عیش وغیرہ) معدوم کرنا ۳۲ (بوجھ) قوت سے سنبھالنا ۳۳ (ہاتھ) بلند کرنا۔ مارنا ۳۴ (سرپوش ڈھکنا وغیرہ) اتارنا۔ ہٹانا ۳۵ (سر پر) رکھنا۔ بہت شور کرنا (مکان زمین وغیرہ کے ساتھ) ۳۶ (تلوار وغیرہ) علم کرنا۔ ہاتھ میں لینا ۳۷ (اراضی کھیت وغیرہ) لگان پر دینا ۳۸ (جاذب۔ چاول وغیرہ کا) جذب کرنا۔ پینا ۳۹ (رنگ) قبول کرنا ۴۰ (سر) اُبھارنا اُونچا کرنا۔ غرور کرنا۔ سرکشی کرنا ۴۱ (قبضہ) چھوڑ دینا۔ بیدخل ہو جانا ۴۲ (دکان) بند کرنا ۴۳ (کبوتر وغیرہ) اُڑانا۔ ۴۴ (توڑے تھیلی وغیرہ) دے دینا ۴۵ (ناز) ناز برداری کرنا ۴۶ (احسان) لینا ۴۷ (محفل وغیرہ سے) نکال دینا ۴۸ (روپیہ وغیرہ) خرچ کرنا ۴۹ صرف کرنا (کسر) چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا (نفی کے ساتھ) ۵۰ پکڑنا (مت) ۵۱ (سامان وغیرہ) سامان وغیرہ لے کر چلا جانا۔ کام بند کرنا ۵۲ (مدرسہ وغیرہ سے) نام کٹوا دینا ۵۳ (ذمہ) ذمہ داری لینا ۵۴ (فصل وغیرہ) ذخیرہ کرنا۔ گھر لیجانا ۵۵ (آنکھوں سے پردہ) ہشیار کرنا ۵۶ (خمیر وغیرہ) تیار کرنا (س اُد -

اوپر۔ سنبھا۔ کھڑا ہونا) اُٹھا نہ رکھنا (متعدی) جو
ہوسکے کرنا۔ اُٹھاؤ (ھ۔ صفت) فضول خرچ۔
خرّاج (مذکر) خرّاج آدمی۔ اُٹھاؤ چولھا (ہ) وہ
آدمی جو دیر تک ایک جگہ نہ رہے۔ مارا مارا پھرے یا
مکان بدلتا رہے۔ اُٹھاؤ (ھ۔ مذکر) ۱ سہارا ۲ خرچ
اخراجات ۳ قرض ۴ (ہ) صیغہ امر حاضر جمع۔ اُٹھانا سے
اُٹھاونا (ھ) اُٹھانا۔ اُٹھاونا (ھ) دیوی یا دیوتا کو
چڑھانے کے لئے کوئی چیز علیحدہ رکھ چھوڑنا۔ اُٹھاونی
(مؤنث) موت کے متعلق ہندوؤں کی ایک رسم۔ اس
روز مردے کی ہڈیاں دریا میں بہاتے ہیں۔ اور اس کے
اعزا سوگ موقوف کرکے اپنے کام میں مصروف ہوتے
ہیں۔ صرف ایک شخص کریا کرم کرنے والا سوگی بنا رہتا
ہے۔ اُٹھائی گیر یا گیرا (صفت) اُٹھا کرکے بھاگنے والا
چور۔ گھٹیا درجے کا چور۔ اُچکّا۔ اُٹھ بیٹھ (مؤنث) دیکھو
اُٹھا بیٹھی۔ ایک قسم کی کسرت۔ اُٹھ بیٹھنا (لازم) ۱
لیٹے ہوئے کا بیٹھنا ۲ بیٹھے ہوئے کا اُٹھنا ۳ صحت پانا
۴ ہوش میں آنا ۵ جاگنا۔ اُٹھتا (صفت) ۱ چڑھتا ہوا
۲ کھلتا ہوا ۳ بڑھتا ہوا۔ نشوونما پاتا ہوا ۴ گھٹتا ہوا
کمزور ہوتا ہوا۔ مرجھاتا ہوا۔ اُٹھتا بیٹھتا (تف)
گرتا پڑتا۔ بتدریج۔ اُٹھتا جوبن (مذکر) آغاز شباب
سینے کا اُبھار۔ اُٹھتے بیٹھتے (تف) ۱ گرتے پڑتے
۲ دم لے کر ٹھہر ٹھہر کر۔ بتدریج ۳ بے توجہی سے۔
بیدلی سے ۴ ہر وقت۔ اُٹھتی پیٹھ (مؤنث) اخیر وقت
کا بازار ۱ (صفت) قریب ختم۔ بے ثبات۔ اُٹھتی
جوانی یا کونپل (مؤنث) آغاز جوانی۔ شروع شباب
نو کے دن۔ اُٹھتی جوانی میں اُٹھ گیا۔ نوجوان ہی
مرگیا۔ اُٹھتے جوتی بیٹھتے لات۔ اُٹھتے لات
بیٹھتے گھونسا۔ نہایت ذلت سے رکھنا۔ ہر وقت
تنبیہ و درشتی کرتے رہنا۔ اُٹھ جانا (لازم) ۱ چلا جانا۔
جاتے رہنا ۲ مرجانا ۳ دور ہوجانا ۴ (پ) عورت کا اغوا
ہوجانا۔ اُٹھ رہنا (لازم) ملتوی رہنا۔ اُٹھک بیٹھک
(مؤنث) ۱ اُٹھنا بیٹھنا ۲ طنزاً نماز۔ اُٹھ کر پانی نہیں
پیا جاتا۔ کاہلی یا ضعف کے موقعہ پر کہا جاتا ہے۔
اُٹھ کر پھلی نہیں پھوڑتے۔ سخت سست اور
کاہل ہیں۔ اُٹھ کر تعظیم دینا (متعدی) کسی شخص کی
عزت کے طور پر اپنی جگہ سے اُٹھنا۔ اُٹھ کھڑا ہونا (لازم)
چلنے پر مستعد ہونا۔ کسی کام کے لئے تیار ہونا۔ پیدا ہوجانا۔
اچھا ہوجانا۔ صحت پانا۔ برپا ہونا۔ قائم ہونا۔ اُٹھنا
(لازم) اُٹھانا کا ۱ دیکھو اُٹھانا ۲ ابھر آنا۔ نمودار ہونا ۳

(شور و غل وغیرہ) برپا ہونا ۴ (دھواں بخارات وغیرہ)
بلند ہونا۔ نکلنا ۵ (آب و دانہ) ختم ہونا ۶ (گاہے وغیرہ کا)
مستی پر آنا ۷ (کوئی پودا) اُگنا (مست) اُٹھنا بیٹھنا
(لازم) حرکت کرنا۔ اُٹھو یا اُٹھو (امر) اُٹھنا کا تم کے ساتھ۔ اُٹھونا
(متعدی) اُٹھنا کا۔ اُٹھوپا (ھ۔ مذکر) ۱ جو بوجھ اُٹھانے میں مدد دے ۲
جو اُٹھ کر چلا جائے ۳ جو اُٹھے ۴ فضول خرچ۔ اُٹھاؤ۔ اُٹھنے آنا (لازم)
آنکھیں آشوب کرنا۔ اُٹھے یا اُٹھے (ماضی مطلق) اُٹھنا کا۔
اُٹھے بھی تو اَوْنگھتے ہوئے۔ اٹھے بھی تو سست حالت میں
امثلہ۔ اُٹھا بولا پریم کا تن کا چرچا
آکاس۔ تن کا تن میں مل گیا تن کا تن کے
پاس (ھ) آدمی مرگیا اور روح جہاں کی تھی وہاں چلی گئی۔
اُٹھاؤ میرا کمنا (مقنع) گھر سنبھالوں اپنا۔
بے شرم عورت کی نسبت کہتے ہیں۔ جو بیاہ ہوتے ہی
شوہر کے گھر کا انتظام کرنے لگے۔ اور میاں کو لے کر الگ
ہوجائے۔ اُٹھتے ہی ٹانگ ٹوٹی۔ سخت بدقسمتی ظاہر
کرنے کو کہتے ہیں۔ اُٹھتی جوانی مانجھا ڈھیلا۔ بے تو
نوجوان مگر سخت سست اور کاہل۔ اُٹھ جا تڑکے
اُٹھ رے بھائی۔ جت تنے دیکھی لابھ بھلائی
(ھ) جہاں فائدہ اور بھلائی ہو وہاں جانا چاہئے۔ اُٹھ
گئے نہ جانئے جو ٹٹی دے گئے باڑ (ھ) جو ٹٹی
میں باڑ دے گئے۔ ان کو ہمیشہ کے لئے گیا ہوا نہ سمجھنا
چاہئے۔ اگر انہوں نے نہ آنا ہوتا تو کھلا چھوڑ جاتے۔
اُٹھی پینٹھ آٹھویں دن۔ کام وقت پر کرنا چاہئے۔
اگر وقت نکل گیا تو پھر مشکل سے موقعہ ملیگا (پینٹھ منڈی
یا میلے کو کہتے ہیں۔ جو ہفتہ وار کسی بڑے گاؤں میں لگتا
ہے)

اَٹھدر (س۔ مذکر) ایک قوم۔

اَٹھل (ھ۔ مذکر) ہندوؤں میں ایک
رسم جس میں دولہا دلہن کو تیسرے دن نہلاتے ہیں۔
آٹھ عورتیں دلہن کو اور آٹھ مرد دولہا کو نہلاتے ہیں۔

اِٹھلانا (ھ۔ متعدی) ۱ نخرے سے چلنا
اکڑ کے چلنا ۲ ناز کی حرکتیں کرنا۔ شوخی کرنا ۳ غرور کرنا ۴ شیخی
سے ناز سے یا نخرے سے بولنا۔

اُٹھلو (ھ۔ مذکر) وہ آدمی جس کا قیام ایک
جگہ نہ ہو۔ وہ شخص جو استقلال سے کام نہ کرے۔ ناقابل اعتماد
آدمی (اُٹھنا سے)

اُٹھنگل (ھ۔ صفت) کم عقل۔ بیوقوف
بے عقل۔ کند ذہن۔ موٹے دماغ کا۔ غبی۔ گھامڑ۔ کودن۔ بوڑھ
احمق۔ اُٹھنگل آدمی (مذکر) بیوقوف آدمی وغیرہ ۲ سادہ لوح

۳ ضعیف۔ بڈھا ۴ حیوان۔ اُٹھنگل ملک (مذکر) وہ
ملک جس میں سخت بدانتظامی یا بدامنی ہو۔ اُٹھنگلی
(مؤنث) بیوقوفی۔ کم عقلی۔ کند ذہنی وغیرہ۔

اُٹھنگن (ھ۔ مذکر) سہارا۔ ستون کوئی
چیز جو برتن یا کسی چیز کے نیچے لڑھکنے سے بچانے کے
لئے رکھی جاتی ۲ پھانہ۔ اُٹھنگنا (لازم) ۱ آرام کرنا۔
سہارا لینا ۲ بھروسہ کرنا۔ سہارے سے کھڑا کیا جانا
۳ ٹھیرایا جانا۔ روکا جانا۔

اَٹھیل (ھ۔ صفت) ۱ جو اپنی جگہ سے
نہ ہلایا جاسکے۔ جو ایک طرف نہ کیا جاسکے ۲ مضبوط
قائم۔

اَٹی (ھ۔ مؤنث) ۱ سوت کا لچھا۔ پچک
انٹی۔ پھینٹی۔ پولی۔ گٹھا۔ گیہوں کی بالوں کا مٹھا
۲ پگڑی۔

اَٹیا (ھ۔ مؤنث) ۱ الی کی تصغیر ۲ اٹا
کی تصغیر ۳ چھوٹا کمرہ (چھت پر) ۴ جھونپڑی۔ کٹیا۔

اَٹیرن (ھ۔ مذکر) ایک سیدھی لکڑی
کے سرے پر دو چھوٹی خمیدہ لکڑیاں لگی ہوتی
ہیں۔ جن کے کنارے بھی خمدار ہوتے ہیں۔ اس
پر سوت لپیٹ کر انٹی بناتے ہیں۔ چرخی ۲ گھوڑا پھیرنے
کا چکر۔ دہرا کاوا ۳ کشتی میں ایک پکڑ کا نام ۴ لاغر۔ دبلا۔
جس کے بدن میں ہڈیاں ہی ہڈیاں رہ گئی ہوں (س ورنہ
حرکت کرنا) اٹیرن پھیرنا (متعدی) گھوڑے کو کاوا دینا۔
اٹیرن کاوا (مذکر) حلقہ باندھ کر گھوڑے کو چکّر دینے کا
ایک خاص طریقہ ہے۔ اٹیرن کر دینا (متعدی) ہرا دینا
تھکا دینا۔ مار مار کر تنکا سا کر دینا۔ اٹیرن ہونا (لازم) بہت
دبلا ہوجانا۔ بدن کی ہڈیاں نکل آنا۔ اٹیرنا (متعدی) ۱
کاتے ہوئے سوت کا اٹیرن پر لپیٹنا ۲ گھوڑے کو کاوا دینا۔

اَٹیک (ھ۔ صفت) بغیر سہارے۔
بے مدد۔

اَثّ (ع۔ صفت) ۱ بہت۔ افراط
سے۔ بہتات سے ۲ بالوں کا ہونا۔

اِثابت (ع۔ مؤنث) ۱ انعام دینا ۲
تندرست ہونا۔

اَثاث (ع۔ مذکر) اسباب۔ سامان۔
مال ومتاع (اَثّ۔ زیادہ ہونا) اَثاثُ البیت (مذکر)
اسباب خانہ داری۔ گرہستی کی چیزیں۔ مال و اسباب۔
مال ومتاع۔ اَثاثہ (مذکر) اسباب۔ مال ومتاع۔ سرمایہ۔
پونجی۔

اِثارت (ع۔ مونث) ۱۔ خاک اڑانا ۲۔ چکر دینا۔ پھرانا ۳۔ ہل چلانا ۴۔ بادل لانا۔

اَثافی (ع۔ مونث) تپائی۔ اثافی المُصوّرین (مذکر) ۱۔ مصوروں کی تپائی ۲۔ (علا) ایک جدید صورت کوکبہ جو ستارہ سہیل کے قریب ہے۔

آثام (ع۔ مذکر) دوزخ کے ایک دریا کا نام (اثم، گناہ کرنا)

اَثبات (ع۔ مذکر) جمع ثبت۔ یار۔ دوست۔

اِثبات (ع۔ مذکر) ثابت کرنا۔ ثبوت۔ تصدیق۔ پرمان۔ دلیل۔ برہان۔ تیقن۔ علم الیقین۔ (ثبت۔ ثابت کرنا) **اثباتی** (صفت) دیکھو مثبت۔

اِثخان (ع۔ مذکر) ۱۔ کمزور کرنا ۲۔ زخم کا ۳۔ زخمی کرنا ۴۔ زیر کرنا۔

اَثر (ع۔ مذکر) ۱۔ نشان نقش۔ داغ۔ علامت ۲۔ کھوج نقش پا۔ سراغ ۳۔ تاثیر نتیجہ۔ فایدہ۔ خاصیت ۴۔ دلکش کیفیت ۵۔ پیغمبر صلعم کی سنت ۶۔ دباؤ۔ قابو۔ اختیار (اثر۔ نشان کرنا) **اثر آنا** (لازم) تاثیر پیدا ہونا۔ **اثر اُڑ جانا** (لازم) تاثیر جاتی رہنا۔ **اثر بخشنا** (متعدی) تاثیر پیدا کرنا۔ **اثر پڑنا** (لازم) اثر ہونا **اثر پذیر** (صفت) اثر قبول کرنے والا۔ **اثر پیدا کرنا** (متعدی) تاثیر کرنا (ہونا کے ساتھ) **اثر وا** (صفت) وہ شے جو اثر رکھتی ہو۔ **اثر دکھانا** (متعدی) تاثیر پیدا کرنا۔ **اثر ڈالنا** (متعدی) تاثیر پیدا کرنا **اثر رکھنا** (متعدی) اپنی ذات میں کوئی خصوصیت رکھنا۔ تاثیر رکھنا۔ بااثر ہونا قابو رکھنا۔ **اثر طراز** (مذکر) مورخ مصنف۔ **اثر کرنا** (متعدی) تاثیر کرنا **اثر کھلنا** (لازم) تاثیر ظاہر ہونا۔ **اثر نکلنا** (لازم) تاثیر ظاہر ہونا۔ اثر پیدا ہونا۔ **اثر ہونا** (لازم) نتیجہ نکلنا۔ فائدہ ہونا۔

اَثقال (ع۔ مذکر) جمع ثقل۔ بوجھ۔ **اثقال الارض** (مذکر) زمین کے خزانے۔ انسان جو دفن ہیں۔

اَثقل (ع۔ صفت) ثقیل کی تفضیل کل۔ بہت بھاری۔ حد سے زیادہ بھاری۔

اَثِم (ع۔ صفت) گناہگار (اَثِمَ۔ گناہ کرنا)

اِثم (ع۔ مذکر) گناہ۔ قصور۔ جرم۔

اَثمار (ع۔ مذکر) جمع ثمر پھل۔ **اثماریہ** (علن) مرکب ثمر۔ وہ پھل جو کئی پھلوں کا مجموعہ ہو جیسے انجیر یہ اصل میں مرکب پھل ہے۔ اور چھوٹے چھوٹے پھلوں کا مجموعہ ہے۔

اَثمان (ع۔ مذکر) ثمن کی جمع قیمتیں۔

اِثمان (ع۔ مذکر) ۱۔ آٹھ عدد پورے کرنا ۲۔ بہت سے اونٹ ہونا ۳۔ پوری قیمت ادا کرنا یا دینا۔

اَثنا (ع۔ مذکر) جمع ثِنیٰ۔ درمیان۔ بیچ دوران (ثَنیٰ۔ دوگنا کرنا۔ تہ کرنا) **اثنا میں** (تف) اس وقت۔ درمیانی وقفہ میں۔ **اثنائے حال** (تف) حالت کے درمیان میں کسی خاص حالت میں۔ **اثنائے راہ (میں)** (تف) راستے میں۔ رستے کے درمیان میں سفر کرتے ہوئے۔

اِثنا (ع۔ عدد) دو (ثَنیٰ دوگنا کرنا۔ تہ کرنا) **اثنا عشرۃ** (مذکر) بارہ امام۔ **اثنا عشری یا عشریہ** (مذکر) امامیہ طریقے کا مسلمان۔ شیعہ۔

اِثوا (ع۔ مذکر) کسی جگہ میں رہنا ۲۔ ٹھہرانا

اَثواب (ع۔ مذکر) جمع ثوب کی۔ کپڑے

اَثیر (ع۔ صفت) ۱۔ نشان کرنے والا۔ نشان شدہ ۲۔ برگزیدہ۔ چیدہ۔ مقبول ۳۔ (مذکر) ایتھر (اثر۔ نشان کرنا) **اثیر مُنیر** (مذکر) ایتھر۔ **اثیری** (صفت) متعلقہ ایتھر۔

اَثیم (ع۔ مذکر) گناہگار مجرم۔ عاصی۔

اَج (س۔ مذکر) ۱۔ چلانے والا یا حرکت دینے والا شخص ۲۔ سردار ۳۔ کئی دیوتاؤں کا لقب ہے ۴۔ چاند ۵۔ ایک مادہ جو کانوں میں سے نکلتا ہے ۶۔ ایک قسم کا چاول ۷۔ بکرا (اَج۔ چلانا پھینکنا) **اَجا** (مونث) ۱۔ بکری ۲۔ ایک پودا۔ **اجگر** (مذکر) "بکری کھانے والا" ۱۔ اژدہا **اجوشی** (مذکر) ایک قوم۔

اَج (س۔ صفت)۔ نہ پیدا ہوا۔ ابدی

اَجابت (ع۔ مونث) ۱۔ جواب دینا ۲۔ مجازاً قبولیت۔ منظوری ۳۔ پاخانہ۔ دست (جَاوَبَ۔ جواب دینا) **اجابت نہ ہوئی** ۱۔ دست نہ آیا ۲۔ قبول نہ ہوا۔

اَجات۔ اَجاتی (ھ۔ مذکر) ذات سے خارج آدمی۔

اَجات (س صفت) ۱۔ نہ پیدا ہوا۔ جو ابھی پیدا نہ ہوا ہو ۲۔ ابھی مکمل نہ ہوا ہو۔ **اجات شترو** (صفت) ۱۔ جس کا کوئی دشمن نہ ہو ۲۔ جس کا کوئی مقابل نہ ہو ۳۔ (مذکر) اندر ۴۔ کاشی کا ایک راجہ جس کا ذکر اپنشد میں آتا ہے۔ یہ بڑا ودیا وان تھا۔ اور برہمنوں کو بھی تعلیم دیتا تھا ۵۔ شوجی کا ایک نام ۶۔ یدھشٹر کا ایک لقب ۷۔ متھرا کا ایک راجہ جو بدھ کے زمانے میں حکومت کرتا تھا۔

اِجادہ (ع۔ مذکر) اچھا کام کرنا۔ اچھی بات کرنا۔ اچھی بات کا اعلان کرنا۔

اِجارہ (ع۔ مذکر) ۱۔ ٹھیکہ ۲۔ اختیار۔ زور۔ دعوے ۳۔ کرایہ۔ لگان۔ مکان یا زمین کرایہ یا ٹھیکہ پر دینا۔ مکان یا زمین جو ٹھیکہ پر دی جائے۔ (اَجَرَ۔ معاوضہ دینا) **اجارہ باندھنا** (متعدی) قبضے میں لانا قبضہ میں کرنا۔ **اجارہ پٹہ** (مذکر) ٹھیکے کی دستاویز۔ اقرار نامہ۔ **اجارہ دار** (مذکر) ۱۔ ٹھیکہ دار ۲۔ اجارے کا قابض۔ زمیندار۔ مالک۔ مزارعہ۔ **اجارہ دینا** (متعدی) ٹھیکہ دینا۔ **اجارہ داری** (مونث) اجارہ دار ہونا۔ **اجارہ کرنا** (متعدی) ٹھیکہ پر کوئی کام ٹھیرانا ذمہ داری لینا۔ اقرار کرنا۔ **اجارہ کیا ہے**۔ قابو نہیں ہے۔ کچھ دعوے نہیں ہے۔ **اجارہ لکھنا** (متعدی) ٹھیکہ لینا۔ ٹھیکے کی دستاویز لکھنا **اجارہ نامہ** (مذکر) اجارہ پٹہ۔ **اجارہ نہیں ہے**۔ قابو نہیں ہے **اجارہ ہونا** (لازم) ٹھیکہ ہونا۔ **اجارے دینا** (متعدی) ٹھیکہ دینا۔ **اجارے لینا** (متعدی) ٹھیکہ پر لینا۔

مثل - اجارہ اُجاڑہ۔ جو کام ٹھیکے پر بنایا جاتا ہے خراب ہوتا ہے۔

اَجاڑ (ھ۔ مذکر) سن کا کپڑا۔ ٹاٹ (س اَ۔ نہ + جاڑ۔ پھٹنے والا)

اُجاڑ (ہ۔ صفت) ۱۔ اُجڑا ہوا۔ تباہ۔ ویران۔ خراب۔ برباد ۲۔ (مذکر) ویرانہ۔ بربادی (س اُ۔ اوپر + جڑ۔ تباہ کرنا) **اُجاڑ دینا** (متعدی) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ **اُجاڑ ڈالنا یا کرنا** (متعدی) اُجاڑنا۔ **اُجاڑ صورت** (صفت) بدصورت۔ بدنما۔ **اُجاڑ مُنّہ** (مذکر) بدشگون چہرہ۔ **اُجاڑنا** (متعدی) ۱۔ ویران کر دینا۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ غیر آباد کر دینا ۲۔ مسمار کر دینا۔ گرا دینا۔ ڈھانا ۳۔ نقصان پہنچا دینا ۴۔ اکھاڑنا نوچنا۔ مٹانا ۵۔ نکال دینا ۶۔ چرا لینا۔ اڑا لینا۔ **اُجاڑو** (صفت) ۱۔ اُجاڑ دینے والا۔ برباد کر دینے والا ۲۔ کھاؤ۔ لٹاؤ۔ فضول خرچ۔ تباہ کن۔

اِجازت (ع۔ مونث) ۱۔ منظوری۔ (چاہنا۔ دینا۔ لینا۔ مانگنا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲۔ رخصت (چاہنا۔ دینا کے ساتھ) ۳۔ تعویذ لکھنے یا عمل کرنے کی منظوری ۴۔ مرشد سے مرید کرنے۔ اُستاد سے شاگرد بنانے کی

سند ۵ جائز ہونا۔ جواز (جَوز۔ بیچ میں سے گزرنا)
اجازت خواہ یا طلب (صفت) اجازت مانگنے
والا۔ درخواست دہندہ۔ سائل۔ **اجازت خواہ ہونا**
(لازم) **طلب کرنا** (متعدی) اجازت مانگنا۔ **اجازت**
فروخت (مؤنث) لائسنس۔ **اجازت گیر** (صفت)
اجازت لینے والا (ہونا کے ساتھ) **اجازت ناب**
(صفت) اجازت پائے ہوئے (ہونا کے ساتھ)
اجازت نامہ (مذکر) تحریر جو سنداً دی جائے۔
اجازت نامہ تبنیت (مؤنث) بچے کو گود لینے کی
اجازت۔ **اجازت نامہ واپس لینا** (لازم) سند یا
لائسنس منسوخ کرنا۔ **اجازہ** (مذکر) مرشد سے مرید
بنانے یا اُستاد سے شاگرد بنانے کی سند۔ اجازت
سے فارسیوں نے بنالیا ہے۔

اُجاغ (ت۔ مذکر) چولھا۔ دیگدان۔

اُجاگر (ھ۔ صفت) ۱ روشن۔ چمکیلا۔
زنگدار۔ مشہور۔ ظاہر ۲ (مذکر) روشنی۔ چمک۔ شان و شوکت
(س اُدَے۔ سُورج نکلنا)

اُجال (ہ۔ امر) اُجالنا کا۔

اُجالا (ماضی) ۱ اجالنا کا ۲ روشنی ۳ رونق۔
چہل پہل ۴ (ھ) دن۔ صبح ۵ دھوپ۔ دن کی روشنی۔
تیز روشنی ۶ شان و شوکت ۷ غرور۔ فخر ۸ سجاوٹ ۹
بیٹا ۱۰ (صفت) روشن۔ صاف۔ چمکتا ہُوا (س جَوَل۔
چمکنا) **اُجالا ہونا** (لازم) روشن ہونا۔ روشنی ہونا۔ جلنا
آگ لگنا۔ **اُجالنا** (متعدی) روشن کرنا۔ چمکانا۔ صاف
کرنا۔ زیور کا میل نکالنا۔ **اُجالے کا پہرہ** (ھ۔ مذکر)
پچھلی رات کا پہرہ جو صبح شروع ہوتا ہے۔ **اجالے**
کا تارا (ھ۔ مذکر) صبح کا ستارہ۔ زہرہ۔ شکر۔ ناہید۔

اِجالہ (ع۔ مذکر) ۱ چکر کھانا ۲ چکر
دینا۔ پھرانا۔

اَجان (ھ۔ صفت) ۱ ناواقف۔ جاہل
نادان۔ مورکھ۔ اناڑی ۲ سادہ۔ سادہ مزاج ۳ بے ضرر
بے زبان ۴ معصوم۔ بیگناہ ۵ (مذکر) بیوقوف آدمی۔
سادہ لوح شخص۔ **اجانی** (مؤنث) ۱ غفلت ۲ سادگی۔
۳ معصومیت ۴ بے خبری۔ بے پروائی۔

اُجان (ھ۔ مذکر) دریا کے اُوپر کی طرف
وہ طرف جدھر سے دریا بہتا ہے۔

اِجبار (ع۔ مذکر) مجبور کرنا۔ روکنا۔ مرضی
کے برخلاف کوئی کام کرانا۔

اَجنَت (س۔ صفت) ۱ غیر مفتوح۔

غیر مغلوب ۲ بے مثل ۳ مضبوط۔ مستحکم۔

اِجتبا (ع۔ مذکر) ۱ مختلف جگہ سے
روپیہ جمع کرنا ۲ پسند۔ انتخاب۔

اِجترا (ع۔ مذکر) دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔

اِجترار (ع۔ مذکر) ۱ کھینچنا ۲ اُونٹ
کا جگالی کرنا۔

اِجتزا (ع۔ مذکر) تسلی کرنا۔ تشفی کرنا۔

اِجتزاز (ع۔ مذکر) ۱ فصل کاٹنا۔ درو
کرنا ۲ بھیڑ مونڈنا۔

اِجتماع (ع۔ مذکر) ۱ جماؤ ۲ جمع کرنا۔
اکٹھا کرنا ۳ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا ۴ مجمع۔ ہجوم۔ انبوہ۔
جمگھٹا ۵ سورج اور چاند کا ایک بُرج ایک درجے
اور ایک دقیقہ میں جمع ہونا (جَمع۔ اکٹھا ہونا) **اجتماع**
ضدّین یا نقیضین (مذکر) دو ایسی چیزوں کا جمع
ہونا جن کی یکجائی ممکن نہ ہو۔ **اجتماع عامّہ** (مذکر)
عام لوگوں کا کسی جگہ جمع ہونا۔ **اجتماع کرکے** (ف)
اکٹھے ہوکر۔ کلم۔ یکدلی سے۔ **اجتماع کرنا** (لازم) اکٹھا
ہونا۔ اتفاق کرنا۔ سازش کرنا۔ **اِجتماع ہونا**
(لازم) ۱ مل جانا۔ متحد ہونا ۲ قران ہونا۔ ستاروں
یا سیاروں کا اکٹھا ہونا ۳ برخلاف ہونا۔ **اجتماعی**
(صفت) مجموعی۔ اکٹھا۔ جملہ۔

اِجتنا (ع۔ مذکر) پھل توڑنا۔ میوہ چننا

اِجتناب (ع۔ مذکر) کنارہ کشی۔
پرہیز۔ بچاؤ۔ بچنا۔ ایک طرف ہو جانا (رہنا۔ رکھنا۔ کرنا
وغیرہ کے ساتھ) (جَنب۔ علیحدہ کرنا یا رکھنا)

اِجتہاد (ع۔ مذکر) ماہر فن کا کسی معاملے
میں حکم لگانا یا فیصلہ کرنا (جَہد۔ کوشش کرنا)

اِجتیاز (ع۔ مذکر) پاس سے گزرنا۔

اِجحاف (ع۔ مذکر) ۱ ضرر پہنچانا۔
ظلم کرنا۔ تکلیف دینا ۲ تکلیف۔ دُکھ۔ ایذا۔

اِجحام (ع۔ مذکر) ۱ رُک جانا ۲ پیچھے
ہٹ جانا ۳ برباد کرنے کو تیار ہونا۔

اَجداث (ع۔ مذکر) جدث کی جمع قبریں

اَجداد (ع۔ مذکر) جد کی جمع۔ بزرگ
باپ دادا۔ اسلاف۔ دادا اور اس کے اوپر کی پشتیں
اجدادی (صفت) جدّی۔

اَجدَر (ع۔ صفت) زیادہ مناسب یا موزوں

اَجدع (ع۔ صفت) ناک۔ کان۔
ہاتھ۔ ہونٹ وغیرہ کٹا۔

اُجَڈ (ہ۔ صفت) گنوار۔ جاہل۔
کندہ ناتراش۔ بے تہذیب۔ بے سلیقہ (س جری۔
بوڑھا ہونا)

اَجذَم (ع۔ صفت) ہاتھ کٹا۔

اَجر (ع۔ مذکر) ۱ بدلہ ۲ انعام۔ صلہ۔ جزا
۳ مزدوری ۴ ثواب یا نیک کاموں کا عوض (پانا۔ ملنا
دینا کے ساتھ)

اَجَر (س۔ صفت) ۱ لازوال۔ ہمیشہ
رہنے والا۔ دائم ۲ بوڑھا نہ ہونے والا۔ ہمیشہ جوان رہنے
والا ۳ طاقتور۔ مضبوط ۴ (مذکر) خدا کا ایک نام (اَ۔ نہ، جری
بوڑھا ہونا) **اجرا** (مؤنث)۔ تقویم۔
اجرامر (صفت) ۱ نہ مرنے والا۔ نہ کمزور ہونے والا ۲
(مذکر) خدا کا ایک نام۔

اَجَر (س۔ صفت)۔ تیز۔ تیز رفتار۔ تاؤلا

اِجرا (ع۔ مذکر) ۱ جاری کرنا۔ چلانا ۲
عمل در آمد۔ تعمیل۔ نفاذ۔ (جَری۔ جلدی سے گزر جانا۔
بہنا) **اجرائے ڈگری** (مذکر) ڈگری کا جاری ہونا۔
اجرائے سَفینہ (مذکر) طلبی کا حکم۔ گواہ کے نام طلبی
کے لئے سمن جاری کرنا۔

اَجراس (ع۔ مذکر) جمع جرس کی۔

اِجراس (ع۔ مذکر) ۱ ہلکی آواز پیدا
کرنا۔ پرندے کا اُڑنے میں یا چونچ سے کھانے
میں ۲ بھڑک کی آواز۔

اَجرام (ع۔ مذکر) جرم کی جمع۔ اجسام
بے جان۔ اس لفظ کا اطلاق عموماً ستاروں سیاروں جواہرات
پر ہوتا ہے۔ **اجرامِ آزمائشی یا امتحانی** (مذکر) وہ
اجسام بے جان جن پر تجربے کئے جائیں۔ **اجرامِ**
ساقطہ (مذکر) پتھر وغیرہ جو آسمان سے گریں۔ شہاب
ثاقب۔ **اجرامِ فلکی یا سماوی** (مذکر) سورج۔ چاند
ستارے سیارے دمدار تارے اور شہاب ثاقب۔

اَجرَب (ع۔ صفت) خارش زدہ۔

اُجرت (ع۔ مذکر) مزدوری جو چیز
کسی کام کے عوض دی جائے (دینا۔ لینا۔ مانگنا کے ساتھ)
(اَجر۔ بدلہ دینا) **اُجرت کا خواہاں ہونا** (لازم)
اُجرت مانگنا۔

اَجرَد (ع۔ صفت) گنجا۔

اَجرَذ (ع۔ صفت) جس کی ٹانگیں
باہر کی طرف نکلی ہوں۔

اَجرَس (ع۔ صفت) جو کسی چیز

سے نہ ڈرے۔ بہادر۔

اَجرَش (ع۔ صفت) موٹا۔ دردرا۔

اُجڑ (ہ۔ امر) اجڑنا کا۔ اجڑا ۱ (ماضی) اجڑنا کا ۲ (صفت) ویران۔ برباد۔ بے رونق ۳ (عو) نگوڑا۔ موا۔ **اجڑ پچڑا** (صفت) ویران۔ بے رونق **اُجڑا گھر بسا دینا** (متعدی) **بسنا** (لازم) ۱ گھر آباد ہونا چہل پہل ہونا ۲ کسی عزیز کا گھر واپس آنا ۳ اولاد پیدا ہونا ۴ جس کی بیوی مرگئی ہو اس کی دوبارہ شادی ہونا۔ **اُجڑ جانا** (لازم) برباد ہو جانا۔ تباہ ہو جانا۔ **اُجڑ گیا** (صفت) (عو) ۱ نگوڑا۔ موا ۲ نکما۔ **اُجڑ گئی** (صفت۔ مؤنث) نگوڑی۔ موئی نکمی۔ **اُجڑنا** (لازم) ۱ برباد ہونا۔ تباہ ہونا ۲ پامال ہونا ۳ (بد دعا) سٹ جانا۔ غارت ہونا ۴ کنایتاً غائب ہونا۔ **اُجڑوا** (صفت) اجاڑو۔ **اجڑوانا** (م) برباد کرانا۔ تباہ کرانا۔ **اُجڑی** (صفت) اُجڑ گئی برباد ہو جائے۔ **اُجڑی بات** (مؤنث) (عو) بیزاری اور تحقیر سے کہتی ہیں۔ **اُجڑے** (بد دعا) برباد ہو جائے **اُجڑے گھر کا پلینڈا** (مذکر) جہاں سارا گھر تباہ ہو جائے۔ اور ایک نکما آدمی رہ جائے۔ اس کو کہتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ اُجڑے گاؤں سے کیا ناتہ۔ جس جگہ کو چھوڑ دیا پھر اس سے کیا تعلق۔ **اُجڑے ہوئے میکے میں تھی مگر وہی طنطنہ** خاوند نے نکال دیا تھا پھر بھی وہی حال تھا۔

اَجزا (ع۔ مذکر) جز کی جمع۔ ٹکڑے حصے۔

اِجزا (ع۔ مذکر) ۱ جزیہ دینا ۲ بے نیاز کرنا ۳ جزا دینا۔ بدلہ دینا۔

اِجزار (ع۔ مذکر) ۱ بوڑھا ہونا ۲ کھجور کا اُترنے کے لئے تیار ہونا ۳ بھیڑ ذبح ہونے کے لئے دینا ۴ ذبح ہونے کے قابل ہونا۔

اِجزاز (ع۔ مذکر) کٹنے کے لئے تیار ہونا۔

اِجزاع (ع۔ مذکر) بے صبر اور جھگڑالو بنا دینا۔

اِجزال (ع۔ مذکر) فیاض ہونا۔ مخیر ہونا۔ بہت بخشش کرنا۔

اَجزَل (ع۔ مذکر) ۱ نہایت فصیح ۲ فخر

اَجزَم (ع۔ مذکر) نکٹا۔

اَجَس (ہ۔ مذکر) ۱ بدنام ۲ بُرا۔ خراب ۳ (مذکر) بدنامی۔ بے عزتی۔ رسوائی ۴ بدنام کرنا ۵ بُرا آدمی۔ **اَجَس کمانا یا لینا** (متعدی) ۱ بُرا نام حاصل یا پیدا کرنا ۲ حرف آنا۔ الزام آنا۔

اَجساد (ع مذکر) جسد کی جمع۔ اَجسام۔ بہت سے بدن۔

اَجسام (ع۔ مذکر) جسم کی جمع۔ بہت سے بدن۔

اَجَسَر (س۔ صفت) دائم۔ ہمیشہ۔ ہمیشہ کے لئے۔

اِجشاش (ع۔ مذکر) ۱ توڑنا۔ کوٹنا ۲ تڑوانا۔ کٹوانا۔

اِجشام (ع۔ مذکر) محنت کروانا۔

اِجفال (ع۔ مذکر) ۱ تیز دوڑنا۔ جلدی سے بھاگ جانا۔ جلدی کرنا ۲ ہوا کا تیز چلنا اور مٹی اُڑانا۔

اَجفان (ع۔ مذکر) جمع جفن کی۔ پپوٹے۔

اُجکت۔ اُجگت (ہ۔ صفت) ۱ ناموافق ۲ بے میل۔ بے جوڑ ۳ نامناسب ۴ ناقابل۔ نالائق ۵ (مذکر) سختی۔ ظلم۔ زبردستی۔ جبر۔ ستم۔ جور۔

اَجگُت (ہ۔ صفت) ۱ عجیب۔ نادر لاثانی۔ حیرت انگیز۔ اچنبھا۔ انوکھا۔ نرالا ۲ (مؤنث) عجیب چیز۔ عجوبہ۔ معجزہ۔ اچنبھا ۳ ضرر۔ بُرائی ۴ نقصان ۵ جبر۔ زبردستی۔ ظلم۔ غضب۔

اَجگَر (س۔ مذکر) ۱ اژدہا۔ اژدر۔ بہت بڑا سانپ ۲ مجازاً بہت بڑا جانور ۳ بڑی بھاری چیز کی نسبت مثالاً کہتے ہیں ۴ (صفت) بھاری۔ بھدا (اَج بکرا+ گر۔ کھانے والا)

امثال و اقوال۔ اجگر کرے نہ چاکری پنچھی کرے نہ کام۔ داس ملوکا یوں کہے سب کے داتا رام۔ خدا سب کو روزی پہنچاتا ہے۔ **اجگر کے داتا رام۔** خدا سست کو بھی روزی پہنچا دیتا ہے ۱ بھدے اور کاہل کی نسبت کہتے ہیں۔ کہ اس کا خدا ہی حافظ ہے ۲ بھدے اور کاہل کو اگر کوئی کام کہنے کو کہے تو وہ یہ جواب دیتا ہے۔

اَجَلّ (ع۔ صفت) جلیل کی تفضیل کل ۱ بہت بڑا ۲ بہت بزرگ ۳ بڑا ذیشان (جَلّ۔ بڑا ہونا)

اَجَل (ع۔ مذکر) ۱ موت۔ قضا۔ مرگ (اجل۔ وقت مقررہ) **اجل آنا** (لازم) موت آنا۔ **اجل آنکھوں کے سامنے (نیچے) پھرنا** (متعدی) موت نظر آنا۔ معلوم ہونا کہ موت کا وقت آگیا ہے۔ **اجل دامنگیر ہے۔** قضا آئی ہے۔ موت پیچھے پڑی ہے۔ **اجل رسیدہ** (صفت) جس کو موت آیا چاہتی ہو۔ **اجل زیرِ نگاہ پھرنا** (لازم) دیکھو اجل آنکھوں الخ۔ **اجل سر پر سوار ہونا** (لازم) ایسا کام کرنا جس میں موت کا خطرہ ہو۔ **اجل سر پر کھڑی ہونا** (لازم) موت کا موجود ہونا۔ **اجل سر پر کھیلنا** (لازم) موت کا آپہنچنا۔ ایسا کام کرنا جس میں موت کا ڈر ہو۔ **اجل طبعی** (مؤنث) موت جو بیماری سے ہو۔ مرگ طبعی۔ **اجل غیر طبعی** (مؤنث) مرگ اتفاقیہ۔ وہ موت جو بیماری سے نہ ہو۔ **اجل کا بازار گرم ہونا** (لازم) قتل عام ہونا۔ بہت لوگوں کا مرنا۔ **اجل کا پیغام آنا** (لازم) مرنے کا وقت آجانا۔ مرگ کے آثار ظاہر ہونا۔ **اجل کا تمانچہ یا تھپیڑا** (مذکر) وجہ مرگ۔ مرنے کا بہانہ۔ **اجل کا سامنا ہونا** (لازم) ایسے کام میں مشغول ہونا جس میں مرگ کا ڈر ہو۔ **اجل کا صدمہ پہنچنا** (لازم) مرجانا۔ **اجل کا نقشہ آنکھوں کے سامنے پھرنا** (لازم) موت سامنے نظر آنا۔ **اجل کے مُنہ سے پھرنا** (لازم) مہلک مرض موذی کے چنگل یا کسی بلائے ناگہانی سے بچنا۔ **اجل کے مُنہ میں جانا** (لازم) وہ کام کرنا جس میں موت کا اندیشہ ہو۔ **اجل کے مُنہ سے بچ نکلنا یا چھوٹنا یا نکل آنا یا نکلنا** (لازم) اجل کے مُنہ سے پھرنا۔ **اجل گرفتہ۔** جو مرنے والا ہو۔ **اجل گلوگیر ہونا** (لازم) موت کا آنا۔

اُجَل (ہ۔ صفت) دیکھو اجلا۔ **اجل برن** (صفت) سفید پوش۔ **اجل بدھ** (مؤنث) عقل سلیم۔ گیان۔ عقل۔

مثل۔ اُجل برن ادھین تا ایک چرن دو دھیان۔ ہم جانے تم بھگت ہو نرے کپٹ کی کھان۔ بگلا بھگت۔ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔

اُجلا (ہ۔ صفت) ۱ سفید۔ چٹا۔ گورا ۲ صاف شفاف۔ اجلا۔ ستھرا ۳ چمکدار۔ روشن۔ منور ۴ خاص نفیس۔ عمدہ۔ اچھا ۵ چالاک۔ سمجھدار۔ ہوشیار (س۔ اُد۔ اوپر + جَوَل۔ روشن) **اُجلا آدمی** (مذکر) ۱ سفید پوش۔ سفید کپڑے پہنے ہوئے ۲ شریف آدمی۔ باعزت شخص ۳ سادہ آدمی۔ صاف دل آدمی۔ سمجھدار آدمی **اجلا بھنگرا** (مذکر) ایک پودا۔ **اجلاپن** (مذکر) سفیدی۔ گوراپن۔ **اجلا جامن** (مذکر) جامن کی ایک سفید قسم۔ **اجلا چند**

(مذکر) سفید چندن۔ اجلا دھنورا (مذکر) دھتورے کی ایک سفید قسم۔ اجلا کام (مذکر) صاف کام۔ اجلا کپڑا (مذکر) صاف ستھرا اور سفید کپڑا۔ اُجلا کدو (مذکر) ایک قسم کا سفید کدّو۔ اجلا کنیر (مذکر) سفید پھول کا کنیر۔ اجلا گھر (مذکر) صاف ستھرا گھر۔ اجلا منہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ رہا ہونا۔ الزام سے بری ہونا۔ دھل کر منہ صاف ہونا۔ اجلا میلہ۔ صاف ستھرا میلہ۔ اُجلا ہلول (مذکر) ایک پودا جس کے بیج چھوہری اجوائن کہلاتے اور دوائیوں میں کام آتے ہیں۔ اجلا ہونا۔ اجلنا (لازم) ۱ چمکنا۔ روشن ہونا ۲ صاف ہونا ۳ صاف ستھرا ہونا ۴ صاف کپڑے پہننا۔ اجلی (صفت) اجلا کی مؤنث اُجلے پان کی جڑ (مؤنث) کلنگل۔ ایک دوائی۔ اُجلی پوشاک (مؤنث) اجلا کپڑا۔ اجلی تلسی (مؤنث) ایک پودا۔ اجلی سمجھ (مؤنث) فہم رسا۔ بات کی تہ کو جلدی پہنچنے والی سمجھ۔ اجلی طبیعت (مؤنث) سلجھی ہوئی طبیعت ایسی طبیعت جس کی ہر ایک بات صفائی اور دانائی کے ساتھ ہو۔ اجلی کا آزار (مذکر) عورتوں کی ایک بیماری۔ اجلی کا چکوری (مؤنث) ایک پودا۔ اجلی گزران (مؤنث) اچھا گزارہ۔ کافی آمدنی جس سے سفید پوشی چل سکے۔ اجلی مرچ (مؤنث) سفید مرچ۔
مثل۔ اجلو اجلو سب بھلو اجلو بھلو نہ کیس۔ ناری نوے نہ ریپ ڈرے نہ آدر کرے نریش۔ سب چیزیں سفید اچھی ہیں۔ سوائے بالوں کے۔ نہ عورت پسند کرتی ہے نہ دشمن ڈرتا ہے۔ نہ بادشاہ عزت کرتا ہے۔

اِجلا (ع۔ مذکر) ۱ ہجرت کرنا ۲ بدر کر دینا ۳ گھر سے نکال دینا۔

اَجلاس (ع۔ مذکر) جمع جلسہ کی بہت سے جلسے۔ مجالس۔ مجامع۔

اِجلاس (ع۔ مذکر) کچہری میں عدالت کے لئے حاکم کا بیٹھنا (فرمانا۔ کرنا کے ساتھ) (جَلَس۔ بیٹھنا) اجلاس میں۔ کچہری کے وقت۔

اَجلاف (ع۔ مذکر) جلف کی جمع ۱ رذیل۔ کمینے ۲ گستاخ۔ اجڈ۔ کمینی ذاتیں۔

اِجلال (ع۔ مذکر) بزرگی شان و شوکت عزت (جل۔ بڑا ہونا)

اَجلح (ع۔ صفت) جس کی کنپٹیوں سے بال اُڑ گئے ہوں۔

اَجلَد (ع۔ صفت) سخت (زمین)

اِجلِوّاذ (ع۔ مذکر) تیز چلنا۔

اَجِلّہ (ع۔ مذکر) جلیل کی جمع۔ بزرگان۔ بڑے آدمی۔ صاحبان ذیشان۔

اَجلی (ع۔ صفت) زیادہ روشنی۔

اِجلیلا (ع۔ مذکر) ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا۔ ملک ملک پھرنا۔

اَجَم (ع۔ صفت) ۱ نفرت کرنے والا۔ حقارت سے دیکھنے والا۔ ۲ ایک قسم کی خوراک سے تنگ آیا ہوا ۳ (مذکر) سرکنڈوں کا جنگل۔ بن۔ درختوں کا جھنڈ۔

اِجماع (ع۔ مذکر) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ مجمع۔ ہجوم۔ انبوہ۔ جگھٹ ۲ اتفاق (جمع۔ اکٹھا کرنا) اجماع امت (مذکر) ۱ مسلمانوں کا ہجوم یا مجمع ۲ اتفاق رائے۔ اجماع صحابہ (مذکر) کسی قانونی امر پر اصحاب کا ایک رائے ہونا۔

اِجمال (ع۔ مذکر) ۱ خلاصہ۔ انتخاب ۲ تحریر یا تقریر میں ایسا مضمون لانا کہ جس میں الفاظ کم ہوں۔ مگر مطلب زیادہ ہو (جَمَلَ۔ اکٹھا کرنا) اجمالاً (ف) خلاصے کے طور پر۔ اجمالی (صفت) ۱ مشترکہ۔ جس میں حصہ کشی نہ کی گئی ہو ۲ مبہم۔ مختصر گول مول۔

اِجمام (ع۔ مذکر) ۱ آرام دینا ۲ پہنچانا

اَجمَع۔ اَجمعین (ع صفت) تمام کل۔

اَجمَل (ع۔ صفت) جمیل کی صفت مشبّہ۔ نہایت خوبصورت۔ نہایت کمل (جَمَل۔ خوبصورت ہونا)

اُجمَن (ہ۔ مذکر) تحفہ جو بزرگ عورتوں کو خوشی کے موقعہ پر دیا جائے۔ اجمنا اجمن دینا یا کرنا (متعدی) ایسا تحفہ دینا۔

اَجمود۔ اَجموُد (ہ۔ مذکر) زیرہ۔ اجوائن (س اَج۔ بکرا + مودا۔ خوشی)

اَجن (ع۔ مذکر) ۱ بدلا ہوا ۲ خراب ۳ گدلا پانی)

اِجن (س۔ مذکر)۔ ہرن یا شیر وغیرہ کا بال دار چمڑا جو بیٹھنے کے کام آتا ہے۔

اَجَن (س۔ صفت) ۱ بیوقوف۔ جاہل۔ احمق ۲ غیر مشہور۔ اجنا (مؤنث) ۱ اجن کی ۲ دیکھو اجنا۔ اجنات (س۔ صفت) ۱ غیر مشہور۔ گمنام ۲ ناگہاں۔ یکایک ۳ بھولا بھالا۔ سادا۔ اجنات جوبنا (مؤنث) وہ لڑکی جو سن بلوغ پر پہنچ گئی ہو۔ اور اپنے جوبن کے ابھار سے حیران ہو۔ اَجنان (س۔ مذکر) ۱ ناواقفیت ۲ بیوقوفی۔ حماقت ۳ (صفت) ناواقف ۴ جاہل۔ بیوقوف۔ سادا۔ احمق۔ اجنان پن (مذکر) اجنانتا (مذکر) ناواقفی۔ بیوقوفی۔ حماقت۔ اجنانی (صفت) ۱ جاہل بیوقوف۔ احمق ۲ (مؤنث) جاہل آدمی۔

اَجناب (ف۔ مذکر) جمع جنب کی۔ پہلو۔

اِجناب (ع۔ مذکر) جنبی ہونا۔ پلید ہونا (جُنب۔ پلید)

اَجناس (ع۔ مؤنث) جنس کی جمع ۱ اشیاء۔ چیزیں ۲ قسمیں۔ انواع۔

اَجنَبی (ع۔ مذکر) ۱ بیگانہ۔ ناواقف ۲ پردیسی آدمی ۳ (صفت) عجیب ۴ بدیشی ۵ نیا ۶ غیر مروت (جَنَبَ۔ الگ رکھنا) اَجنَبیّت (مؤنث) ناواقفی۔ بیگانگی۔ اجنبیت پائی جانا (لازم) ناواقفیت ہونا۔
مثل۔ اجنبی مرد بدکار عورت سے بہتر ہوتا ہے۔ بدکار عورت کی برائی کے موقعہ پر کہتے ہیں۔

اَجَنت (س۔ صفت) چھوٹے اعراب پر ختم ہونے والا (لفظ)

اَجَنتا (س۔ مؤنث) دیکھو اجنان پن۔

اَجَنٹ (انگ۔ مذکر) ۱ نائب۔ مختار گماشتہ ۲ دلال۔ آڑھتیا ۳ جو شخص کسی کی طرف سے کوئی کام انجام دیتا ہو۔ کارگزار۔ عامل۔ منیم۔ کارندہ۔ گماشتہ۔ کارکن۔ قائم مقام ۴ وکیل۔ مختار (اصل ایجنٹ۔ کام کرنے والا) اجنٹی ۱ ایجنسی ۲ ایجنٹ کا دائرہ۔ حکومت ۳ ایجنٹ کا محکمہ ۴ قرقی۔ تیار فصل کی قرقی ۵ کسی دکان یا کارخانہ کی گماشتہ گری۔ آڑھت بینی۔

اَجنِسَہ (ع۔ مؤنث) جنس کی جمع الجمع چیزیں۔ اشیاء۔ اَجنِسَۂ لطیفہ (مؤنث) نفیس چیزیں۔

اَجَنم (س۔ صفت) نازائیدہ۔ نہ پیدا ہونے والا۔

اَجِنّہ (ع۔ مذکر) جمع جنین۔ وہ بچے جو ماں کے پیٹ میں ہوں (جَنّ۔ چھپانا)

اُجرالینا۔ اُجرانا (ہ۔ متعدی) ۱ ایک برتن سے دوسرے برتن میں پانی ڈالوانا ۲ خالی کرانا۔ خالی کرنا۔

اَجوائن (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک پودا ۲ اس کا خوشبودار بیج۔ جو دوائیوں میں ڈالا جاتا ہے۔ اَجوائنی (مؤنث) ایک قسم کا حریرہ جو زچہ کو دیا جاتا ہے۔

اَجوت (ہ۔صفت) ۱ بغیر جُتا۔ بِن جوتا ہوا۔ بنجر۔ ۲ غیر کاشت شدہ زمین۔ ویرانہ۔ بنجر۔

اَجُوٹھا (ہ۔صفت) نہ چکھا ہُوا۔ نہ چھُوا ہُوا کھانا۔

اَجْوَد (ع۔مذکر) بہترین۔

اُجُورہ (ع۔مذکر) اجرت۔ مزدوری۔ کرایہ۔ بھاڑا (اَجْر۔ عوض دینا)

اَجوری (ہ۔مؤنث) پیشگی جو زراعت کے متعلق مزدوروں کو دی جائے۔

اَجوڑ (ہ۔صفت) ۱ بغیر جوڑنے کے۔ بغیر تعلق کے ۱ جُدا کیا ہُوا ۲ بے تعلق۔ بے جوڑ۔ بے رابطہ ۳ بے ڈھنگا ۵ ناموافق۔ غیر موافق۔ انمیل ۱۰ نامناسب ۲ لاثانی۔ لاجواب۔ بےمثل۔ بےبدل۔ یکتا۔ بےنظیر۔

اَجوَف (ع۔صفت) ۱ کھوکھلا۔ خالی پیٹ۔ ۲ صرفیوں کی اصطلاح میں وہ لفظ جس کے مادے میں درمیانی حرف۔ حرفِ علّت ہو (جَوف۔ خالی ہونا) وہ فعل جس کے درمیان میں حرفِ علت ہو۔ اجوفان (مذکر) دو خالی جگہیں۔ پیٹ اور بچہ دان۔

اَجوکا (ہ۔مؤنث) ۱ ماں ۲ (تھیٹر کی زبان میں) فاحشہ عورت۔

اَجوکیٹ (انگ۔متعدی) تعلیم دینا۔ سکھلانا۔ پڑھانا۔ **اجوکیٹڈ** (صفت) تعلیم یافتہ۔ پڑھا لکھا۔ عالم۔ ودیا وان۔

اَجوکیشن (انگ۔مؤنث) تعلیم۔ لکھائی پڑھائی۔ تربیت۔ تدریس۔ سکشا۔ **اجوکیشنل** (مؤنث) تعلیمی۔ تعلیم کی طرف منسوب۔ **اجوکیشن ڈیپارٹمنٹ** (مؤنث) محکمہ یا سررشتہ تعلیم۔

اُجوَلن (س۔مذکر) جلنا۔ روشن ہونا۔ چمکنا

اَجولی (ہ۔مؤنث) ۱ جتنا دونوں کھلے ہاتھوں پر آجائے ۲ پیداوار میں سے کمینوں کا حصہ۔

اَجون (ہ۔مذکر) آج۔

اِجہار (ع۔مذکر) ظاہر کرنا۔

اِجہاز (ع۔صفت) زخمی آدمی کو قتل کرنا۔

اِجہاش (ع۔مذکر) ۱ رونے کو تیار ہونا ۲ شکایت۔

اِجہاض (ع۔مذکر) ۱ قابو پانا۔ زیر کرنا ۲ دوسرے کا شکار چھین لینا ۳ جلدی سے روانہ کر دینا ۴ اونٹنی کا حمل گرا دینا۔

اُچھالنا یا اُچھلانا (ہ۔متعدی) ۱ ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا۔ انڈیلنا ۲ خالی کرنا۔

اُجْہَر (ع۔صفت) وہ جسے دن کو دکھائی نہ دے۔ وہ جو دن کی روشنی برداشت نہ کرسکے۔

اُجھَر (ہ۔صفت) (عو) بات بات پر تکرار کرنے والا۔ جھگڑالو۔

اُجھڑ (ہ۔صفت) اجڈ۔ جاہل۔ بیوقوف۔ احمق۔

اُجھکنا (ہ۔متعدی) ۱ دیکھنے کے لئے پاؤں کی انگلیوں پر اُٹھنا ۲ جھانکنا۔ تاڑنا۔

اَجْہَل (ع۔صفت) جاہل کی تفضیل کل۔ بڑا جاہل۔ سخت اجڈ۔ پرلے درجے کا بیوقوف۔

اُچھلنا (ہ۔لازم) ایک برتن سے دوسرے میں پڑنا۔

اَجھول (ہ۔صفت) ۱ جھول نہ مارنے والا ۲ سنبھل کر قدم رکھنے والا ۳ جھٹکا نہ دینے والا۔ (ہاتھی کے متعلق یہ لفظ استعمال ہوتا ہے)

اُجھیلنا (ہ۔متعدی) دیکھو اچھالنا۔

اُجھینا (ہ۔مذکر) چولھے میں ایندھن جوڑنے کا ایک طریقہ جس سے آگ جلد روشن ہو جاتی ہے (لگانا لگنا کے ساتھ)

اَجی (ہ۔ندا) ۱ اے جی کا مخفف۔ اے جناب۔ اے صاحب (س جیو۔ جیتے رہو) میاں بیوی گویا بیوی میاں کو بلاتی ہے ۲ تعظیم کے ساتھ کسی کام سے روکنا۔ کیا کرتے ہو۔

اَجَے (س۔صفت) ۱ ناکامیاب۔ شکست خوردہ ۲ مفتوح ۳ جبار بمضبوط ۴ جو فتح نہ کیا جاسکے ۵ (مذکر) شکست ۶ وشن جی کا لقب ۷ ایک لغت نویس کا نام ۸ ایک دیا۔ اجیا (مؤنث) درگا جی کی ایک دوست کا نام۔ **اجے کرتی** (مؤنث) غیر مغلوبی کی شہرت۔

اُجیالا (ہ۔مذکر) ۱ روشنی۔ چمک ۲ رونق۔ اُجیالی (مؤنث) گھوڑے کی اندھیری۔ چونکہ اندھیری منحوس لفظ ہے۔ اکبر نے یہ نام رکھا تھا۔

اَجیت (ہ۔صفت) ۱ غیر مغلوب ۲ جرار مضبوط ۳ لاثانی ۴ وشن جی۔ شوجی اور دیگر دیوتاؤں کا نام۔ **اجیت بَرَن** (مذکر) سخت قسم کا کوڑھ۔

اَجیٹن (انگ۔مذکر) ایک فوجی افسر (اصل اجوٹنٹ)

اَجیج (ع۔صفت) جلتا ہُوا۔ سوزاں۔

اَجْیَد (ع۔مذکر) جُود کا تفضیل کل۔ بہت اچھا۔ نہایت اچھا۔ بے حد اچھا۔

اَجیر (ع۔مذکر) اُجرت پر کام کرنے والا۔ آدمی۔ مزدور۔ تنخواہ دار ملازم۔

اَجیرن (ہ۔صفت) ۱ بارِ خاطر۔ دوبھر ۲ غذا جس کے کھانے سے تکلیف ہو یا طبیعت بدمزہ رہے ۳ (ہ) بےنقص۔ بحال ۴ ہضم نہ ہونے والا ۵ خراب تکلیف دہ ۶ مضر۔ مہلک۔ برا ۷ بدمزہ ۸ بیمار کرنے والا ۹ نفرت انگیز ۱۰ طبیعت بدمزہ کرنے والا ۱۱ تھکانے والا۔ اُکتانے والا ۱۲ تھکا ہُوا۔ بیمار ۱۳ مُصِر۔ ضدی ۱۴ پرانا۔ کہنہ (بیماری کے لئے) ۱۵ بہت زیادہ (جس سے تکلیف یا بدہضمی ہو جائے) ۱۶ مضبوط۔ دلیر ۱۷ (مذکر) سیری۔ بدہضمی۔ اپھراہٹ ۱۸ ستلی رس جری۔ پُرانا ہونا۔ سڑنا۔ **اجیرن ہونا** (لازم) ۱ دوبھر ہونا ۲ بدمزہ ہونا ۳ سیر ہونا ۴ بہت پیدا کرنا۔ عام ہونا۔

مثل۔ اجیرن کو اجیرن ہی ٹھیلے نہیں تو سر چ ہٹے کھیلے۔ طاقتور کا طاقتور ہی مقابلہ کرسکتا ہے۔ اگر کمزور کرے تو جان سے جائیگا۔

اَجیریا (ردما عص) موسم بہار کی دیوی۔

اَجیو۔ اَجیو (ہ۔صفت) بغیر زندگی مُردہ۔

اَجیوکا (س۔مذکر) وجہ معاش۔ گزارہ روزگار۔

اُچ۔ اُچّ (س۔صفت) ۱ اونچا۔ بلند مرتفع۔ بالا ۲ ممتاز۔ اعلیٰ۔ افضل۔ فائق۔ غالب ۳ (مذکر) سیاروں کے چکر کا سب سے اونچا نقطہ ۴ وہ بُرج جس میں کسی سیارے کا اثر غالب ہوتا ہے۔ **اُچپد** (مذکر) اونچا درجہ۔ بڑا مرتبہ۔ اعلیٰ رُتبہ۔ **اچتا** (مؤنث) **اچتو** (مذکر) اونچائی۔ بلندی۔ **اچ سوار** (صرف ونحو) (مذکر) لمبا اعراب۔ اعراب اور حرفِ علت ملا ہُوا۔ **اچ شبدی** (صفت) اونچی آواز والا۔ **اچ کی گرِہ** (ہ۔مذکر) اچھا ستارہ۔ سیارہ جو عروج پر ہو۔

اُچاپت (ہ۔مؤنث) ۱ دُکاندار سے اُدھار کا لین دین ۲ اشیاء جو اُدھار لی جائیں ۳ (عو) شور و غل کود پھاند ۴ (ہ) بدمعاشی۔ دھوکا بازی۔ فریب۔ دغا (س اُد۔ اُوپر۔ دیا پت۔ فیصلہ شدہ) **اُچاپت اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) اُدھار سودا لیا جانا۔ **اچاپتی** ! (مذکر) عو۔

شوخ اور شریر لڑکا ۲ (ھ) سودا اُدھار لینے یا دینے والا ۳ قرض دینے والا ۴ سعد عنی ۵ گاہک - اچاپتی لیکھا (مذ) اچاپت کا حساب یا بل -

اُچاٹ (ہ - صفت) ۱ اُکتایا ہوا ۲ اُداس - بیزار - دل برداشتہ ۳ (ھ) نکالا ہوا - غائب کیا ہوا ۴ ملک بدر کیا ہوا ۵ ڈرایا ہوا - ڈرا ہوا - خوف زدہ - پریشان ۶ جدا کیا ہوا - دُور رکھا ہوا ۷ ناراض - ناخوش ۸ (مؤنث) جلا وطنی - دیس نکالا - بن باسی ۹ جُدائی - ناراضگی - خوف - ڈر - اُداسی - بیزاری ۱۰ کھلنا (نیند کا) (س اُد - اُوپر + چٹ - قتل کرنا) **اچاٹ دینا** (متعدی) ۱ اکھاڑ دینا ۲ کسی کو دل برداشتہ کر دینا - **اچاٹ کر دینا** (متعدی) دل یا طبیعت کو ہٹا دینا - **اچاٹ کھانا** (ھ - متعدی) ناراض ہونا - ڈر جانا - خفا ہو جانا - **اچاٹ لگنا** (ھ - لازم) ۱ ڈر جانا - خوف زدہ ہونا ۲ دل یا طبیعت ہٹ جانا - **اچاٹ ہو جانا یا ہونا** (لازم) دل ہٹ جانا - خفا ہو جانا - نفرت کرنا - **اچاٹن** (س - مذکر) اچاٹ کرنے کا کام وغیرہ - **اچاٹنا** (متعدی) ۱ اچاٹ دینا - اچاٹ کر دینا ۲ (ھ) ملک بدر کرنا ۳ دُور رکھنا ۴ جگانا - نیند خراب کرنا ۵ جدا کرنا ۶ تقسیم کرنا ۷ پلٹانا ۸ چھینٹی اُڑانا ۹ دل برداشتہ کرنا - بیدل کرنا ۱۰ غمگین کرنا - اداس کرنا

اَچار (ہ - مذکر) بعض پھلوں یا ترکاریوں وغیرہ کو تیل - سرکے - عرق لیموں یا پانی میں نمک مرچ ڈال کر کچھ عرصہ رکھ چھوڑتے ہیں - یہاں تک کہ اس میں کھٹائی پیدا ہو جاتی ہے - یہ آچار ہے (ف - آچار) **اچار اٹھنا** (متعدی) دُھوپ میں نمک مرچ تیل پڑے ہوئے پھل کا گل جانا - **اچار بنانا** (متعدی) **بننا پڑنا** (لازم) پھلوں ترکاریوں وغیرہ میں نمک مرچ تیل وغیرہ پڑ کر اچار تیار ہونا - **اچار ڈالنا** (متعدی) ۱ اچار بنانا ۲ کسی چیز کو بغیر ضرورت کے مدت تک رکھ چھوڑنا - **اچار کر دینا - کرنا - نکال دینا یا نکالنا** (متعدی) **نکلنا یا ہونا** (لازم) بہت پٹنا - مار کھانا - گت بننا - مار پڑنا - **اچاری** (مؤنث) کانچ اور چینی کا برتن جس میں اچار مربہ یا سرکہ وغیرہ رکھتے ہیں -

آچار - اُچّار (ھ)، **آچارن - اُچّارن** (س - مذکر) تلفظ - لہجہ - بول - اچارنا - **اُچارن کرنا** (ھ - متعدی) بولنا - کلام کرنا -

اُچّان (ھ - مؤنث) اُونچائی - بلندی -

اَچانچک (ہ - تف) اچانک (مت)

اَچانک (ہ - تف) یکا یک - ناگاہ - دفعتہ (س ا - نہ + جنا تک - معلوم) **اچانک پکڑنا** (ھ - متعدی) بلاخبر آ جانا - ناگہاں آ جانا -

اُچاہ (ھ) دیکھو اچھاہ -

اُچپل - اَچپلا (ہ - صفت) ۱ شوخ چلبلا - چنچل ۲ (ھ) بے چین - بے قرار - بیکل - گھبرایا ہوا ۳ بے صبر - مذبذب ۴ متغیر ۵ بے وفا ۶ متلون ۷ چالاک - تیز ۸ لاپروا ۹ ضدی - ہٹ کرنے والا - سرکش (س ا - نہ + چپل - حرکت کرنے والا) **اچپلاپن** (مذکر) **اچپلاہٹ** (مؤنث) **اچپلتا** (ھ) **اچپلی** (ھ - مؤنث) چلبلاپن - شوخی - ناز - نخرہ - کرشمہ -

اُچت (ھ - صفت) گنوار - بیوقوف - احمق

اُچت (س - مذکر) ۱ مناسب - درست معقول - سزاوار - لائق ۲ راست ۳ ضروری - **اُچتتا** (س - مؤنث) مناسبت - موزونیت - معقولیت -

اُچّت (ھ - تف) اُونچائی پر - اُوپر -

اُچّتا (س - مؤنث) ۱ بلندی - اونچائی - امتیاز ۲ فوقیت - ترقی -

اَچتر (س - صفت) ۱ بیوقوف - نالائق ۲ سست - کاہل ۳ جو چالاک نہ ہو -

اُچٹ (ہ - امر) اچٹنا کا - **اچٹا** (امر) ۱ اچٹانا کا ۲ (ماضی) اچٹنا کی - **اچٹانا** (متعدی) اچٹنا کا ۱ بیزار کرنا ۲ بھڑکانا ۳ اکسانا ۴ اکھیڑنا - چٹخانا ۵ چوکنا کرنا ۶ دیکھو اچاٹنا - **اچٹتا سا** (تف) ادھورا سا - **اچٹتا سا سُننا** (متعدی) کچھ کچھ سُننا - ادھورا سا سُننا - **اچٹتا ہوا** (صفت) ادھورا - سرسری - جیسا چاہیے ویسا نہ ہو - **اچٹتا ہوا سلام** (مذکر) لاپروائی کا سلام - **اُچٹتی سی چوٹ** (مؤنث) ہلکی سی چوٹ - چوٹ جو پوری طرح نہ لگے - **اچٹتی ہوئی بات** (مؤنث) سرسری بات - **اُچٹ جانا - اچٹنا** (لازم) ۱ الگ کر اُچھل جانا ۲ پھیلنا - الگ ہو جانا ۳ (نیند) اُڑ جانا ۴ (دل - طبیعت) بیزار ہو جانا - بخفا ہو جانا ۵ (ھ) چلا جانا ۶ جُدا ہو جانا - الگ ہو جانا ۷ تقسیم ہو جانا ۸ گر پڑنا - کھو جانا ۹ ڈر کر چلے جانا ۱۰ کُودنا (س - اُد - اُوپر + چٹ - جانا)

اچھود (س - صفت) جس کا پانی صاف ہو - **اچھودا** (مؤنث) ایک دریا - **اچھودم** (مذکر) کوہ ہمالیہ میں ایک جھیل - جو دریائے اچھودا نے بنائی ہے -

اَچر (س - صفت) ۱ نہ ہلنے والا - جما ہوا - جڑا ہوا - کھڑا ہوا - ساکن ۲ بے جان -

اَچِر (س - صفت) جو بہت دیر کا نہ ہو تھوڑی - دیر کا ۲ عارضی - چند روزہ - نیا -

اَچرا (ھ - مذکر) عورت کے دوپٹے یا چادر کا کنارہ -

اَچرج - اَچرَج (ھ صفت) (ھو) انوکھا - عجیب (مذکر) تعجب - معجزہ - حیرانگی - **اَچرج جیت** (صفت) حیران شدہ -

اَچک (ہ تف) ۱ اچانک ۲ بھلا ہوا -

اُچک (ہ - امر) ۱ اچکنا کا ۲ (مذکر) ۳ اُبھار ۴ بلندی - **اُچکا** (امر) ۱ اچکانا کا ۲ (ماضی) اچکنا کا ۳ ایک قسم کی چرخی جس پر پتنگ کی ڈور لپیٹتے ہیں - **اُچکّا** (صفت) چیز اُڑا لے جانے والا - اُٹھائی گیرا - چور - بدمعاش - **اچکاپن - پنا** (مذکر) **یا گری** (مؤنث) بدمعاشی - چوری - بدچلنی - **اچک اچک کر** (تف) اُوپر اُٹھ اُٹھ کر - **اُچکانا** (متعدی) ۱ اُوپر اُٹھانا - اُونچا کرنا ۲ مونڈھوں کو ہلانا - جھٹکا دینا - **اچکا ہونا** (لازم) پر زور ہونا - بلند ہونا - عالی ہونا - **اچک جانا** (لازم) ۱ کود جانا - پھاند جانا ۲ کود کر بیٹھ جانا - **اُچک کر یا کے** (تف) کود کر - اُچھل کر - **اچک لے جانا یا لینا** (متعدی) ۱ اُڑا لے جانا - اُٹھا کر بھاگ جانا ۲ غافل کر کے کوئی چیز لے جانا ۳ دوسرے کے مُنہ سے نکلنے سے پہلے فقرہ یا لفظ بول دینا - **اچکنا** (لازم) ۱ کودنا - پھاندنا - چھلانگ مارنا - جست کرنا ۲ ابھرنا ۳ زور پر آنا ۴ پنجوں کے بل کھڑا ہونا ۵ زمین سے اُونچا ہونا - کسی جگہ سے اونچا ہونا ۶ اُڑا لینا - چھین لینا (س اُد - اُوپر + چل - حرکت کرنا) **اُچکی ہوئی تقدیر** (مؤنث) اچھا نصیبا - خوش نصیبی -

اُچکری (ھ - صفت) شرارت - مستی - بدمستی -

اَچکش (س - صفت) ۱ اندھا ۲ (مذکر) عینک - چشمہ -

اَچکن (ہ - مؤنث) ایک لمبا کوٹ جس میں دونوں طرف پردہ اور گلے سے کمر پٹی تک بٹن ہوتے ہیں -

اَچکن (س - صفت) بے سلیقہ - بے ادب - ناتراشیدہ -

اُچکن (ھ - مذکر) اٹھنگن - سہارا -

اِچکنا (ھ - لازم) ۱ کتے یا بندر کی طرح

...نکالنا۔ ۲ دانت نکال کر ہنسنا۔

اَچَگری (ھ) دیکھو اچکری۔

اَچَل (س۔ صفت) ۱ نہ ہلنے والا۔ بے حرکت۔ ساکن ۲ (مذکر) پہاڑ ۳ شوجی کا نام ۴ ایک دیوتی کا نام اَچلا (صفت) نہ چلنے والی۔ (مؤنث) زمین کیونکہ پہلے یہ خیال تھا کہ زمین ساکن ہے۔

اَچلا (ھ) دیکھو اچرا۔

اُچلاچال (ہ۔ صفت) (عو) نہایت شوخ۔ چنچل۔ جو ایک جگہ نہ بیٹھ سکے۔ اصل لفظ اچلا چال ہے۔

اُچلانا (ہ۔ متعدی) ایک چیز کو دوسری چیز سے علیحدہ کرانا۔

اُچَلنا (ہ۔ لازم) علیحدہ ہونا۔ پرت اُکھڑنا چھلکے اترنا۔ چمڑا اُترنا (س اُد۔ اوپر + چل۔ حرکت کرنا)

اَچَمبا (ھ) **اَچَمبھا** (ہ) **اچنبا** (ھ) اچنبھا (ہ مذکر) ۱ تعجب۔ حیرت (کرنا۔ گزرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ تعجب خیز واقعہ۔ عجیب بات۔ نئی بات (ست (س ازاید + ستمبھ۔ جادو سے روکنا) **اچنبھا دانہ** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو سرسوں کے دانے کے برابر ہوتی ہے۔ **اچنبھا ماننا** (ھ۔ متعدی) عجیب سمجھنا۔ **اچنبھے کی بات** (مؤنث) تعجب خیز بات۔ نئی بات **اچنبھے میں رہنا** (لازم) **اچنبھے میں آنا یا ہونا** (ھ) حیران ہو جانا۔ حیران رہ جانا۔

اَچَمبھت (ھ۔ صفت) حیران متعجب۔

اَچِن (ھ۔ صفت) معمولی۔ معمولی حیثیت کا

اَچِنا (ھ۔ متعدی) کلی کرنا۔ دیکھو اَچن۔

اَچَنبا۔ اچنبھا (ھ۔ مذکر) دیکھو اچمبا۔

اَچِنت (س۔ صفت) ۱ لاپروا۔ بے پروا ۲ بے فکر ۳ جلد باز۔ ۴ (مذکر) لاپروا آدمی۔ **اچنتا** (مؤنث) **اچنتائی** (ھ) ۱ لاپروائی۔ بے فکری ۲ جلد بازی ۳ غفلت۔ **اچِنتت** (صفت) اچانک۔ غیر مترقبہ۔ جس کا خیال بھی نہ ہو۔

اَچَنچل (س۔ صفت) ۱ جو نہ ہلے۔ ساکن ثابت۔ جڑا ہوا ۲ قائم۔ مستقل ۳ چپ چاپ۔ جو کچھ کام نہ کرے ۴ جس پر کوئی اثر نہ ہو۔

اَچَنڈ (س۔ صفت) ۱ حلیم طبیعت ۲ فرمانبردار۔

اُچَنگ (ھ۔ مؤنث) دلی خواہش۔ ان معنوں میں اردو میں صرف اچنگ لگنا استعمال ہوتا ہے

اُچَنگ لگنا (ھ۔ لازم) دل میں خواہش پیدا ہونا۔

اَچَوانی (ھ۔ مؤنث) دیکھو اچھوانی۔

اَچوری (ھ۔ مؤنث) نہ چوری کرنا۔

اَچُوک (ھ۔ صفت) ۱ نہ چوکنے والا۔ یقینی بیٹھتا ۲ جو غلطی نہ کرے ۳ نشانہ خطا نہ کرنے والا۔

اَچَوَن (ھ۔ مذکر) دیکھو آچمن۔

اَچّھ (ھ۔ مذکر) ۱ نکی ارض بلند ۲ پاسہ۔ دانہ (کھیلنے کے لئے) ۳ مکعب۔ **اچھ انس یا آنس یا اچھ بھاگ** (مذکر) ارض بلد کا درجہ۔

اَچّھ۔ اَچھِ (ھ۔ مذکر) آنکھ۔ **اچھ تارا** (مؤنث) آنکھ کی پتلی۔

اِچّھ (ھ۔ مؤنث) کماد۔ نیشکر گنا۔ ایکھ۔ **اچھ رس** (مذکر) گنّے کا رس۔ **اچھ سار** (مذکر) گڑ یا شکر۔

اُچّھ (ہند) ایک قدیم شہر ریاست بہاول پور میں (ر) اس کے قریب پرانے کھنڈرات ہیں۔

اَچّھا (ہ۔ صفت) ۱ صحیح۔ تندرست۔ ۲ مبارک۔ مسعود ۳ درست۔ ٹھیک ۴ بہتر۔ مناسب ۵ بہت خوب ۶ مفید۔ سزاوار ۷ کام کا۔ کارہ ۸ صحت بخش ۹ فرحت افزا ۱۰ اصلی۔ خالص ۱۱ خوشگوار ۱۲ نیک ۱۳ چالاک ۱۴ کاریگر ۱۵ خوش۔ کامیاب ۱۶ درمیانہ۔ سستا ۱۷ زرخیز ۱۸ (تف) بہتر۔ صحیح۔ درست۔ ہاں ۱۹ (طنزاً) بیڈھب۔ برا ۲۰ (کلمہ) دھمکانے۔ تاکید۔ حسن۔ کلام۔ تسلی و تشفی کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲۱ پڑھنے یا بات کہنے میں جب کوئی رک جاتا ہے۔ تو سامع یہ لفظ کہتا ہے (س اَچھچھ۔ بغیر سایہ) **اچّھا اچّھا** (کلمہ) تشفی و تسلی یا دھمکانے کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ **اچھا باپ دادے کا نام نکالا**۔ خاندان کو بہت بدنام کیا۔ **اچّھا بچّھا** (صفت) اچھا بھلا۔ تندرست۔ **اچھا برا** (صفت) معمولی برا بھلا نیک و بد۔ نفع نقصان۔ **اچھا بھلا** (صفت) ۱ تندرست بھلا چنگا ۲ بے عیب ۳ جیسا چاہئے ۴ (تف) صاف۔ صاف کھلا کھلا۔ نمایاں۔ **اچھا خاصا** (صفت) اچھا بھلا۔ پورا۔ **اچھا سلوک کیا** (طنزاً) بہت برا کیا۔ برا برتاؤ کیا۔ **اچھا صاحب یونہی سہی** جب کوئی ایک ہی بات کہے جائے تو دوسرا تنگ آ کر یہ بات کہتا ہے۔ کہ تمہاری بات ہی ٹھیک سہی۔ **اچھا کرتے ہیں** ۱ جب کوئی کسی کام سے منع کیا جاتا ہے۔ اور اُسے برا معلوم ہوتا ہے۔ تو وہ کہتا ہے ۲ طنز سے آزردگی اور رنجش ظاہر کرنے کے لئے ۳ مناسب کرتے ہیں۔

اچھا کرنا (متعدی) ۱ تندرست کرنا۔ صحت دینا ۲ کسی آفت مصیبت سے بچانا ۳ خیر کرنا۔ **اچھا کہنا** (متعدی) ۱ تعریف کرنا۔ اچھے الفاظ سے یاد کرنا ۲ عمدہ شعر تصنیف کرنا۔ **اچھا کیا**۔ دیکھو اچھا کرتے ہیں **اچھا کیا خدا نے برا کیا بندے نے**۔ خیر خدا کی طرف سے ہے۔ شر اپنے کام کا نتیجہ ہے۔ **اچھا لگنا** (لازم) بھلا معلوم ہونا۔ پسند خاطر ہونا۔ **اچھا ہوا**۔ خوب ہوا طنزاً برا ہوا۔ **اچھا ہونا** (لازم) بیمار کا تندرست ہونا۔ **اچھا ہی اچھا ہے**۔ ہر طرح آرام ہے۔ چین ہی چین ہے۔ **اچھوں کے اچھے ہی ہوتے ہیں**۔ نیک لوگوں کی اولاد نیک ہوتی ہے۔ **اچھی** (نحو) ۱ پیاری۔ مہربان۔ ۲ اچھی بات ۳ طنزاً بری کی جگہ۔ **اچھے** (عو) پیارا۔ مہربان۔ **اچھے آئے** (عو) طنز سے کہتی ہیں واہ کیا کہنا۔ **اچھے اچھوں** (مذکر) ۱ بڑے بڑوں ۲ نامی گرامیوں ۳ بڑے زورآوروں یا امیروں ۴ بہادروں کے بہادر اور داناؤں کے دانا لوگ۔ **اچھے اچھوں کے دھوئیں اڑا دئے**۔ بڑے بڑوں کو نقصان پہنچایا یا مفلس بنا دیا۔ **اچھے اچھے** (صفت) بڑے آدمی۔ دولتمند ذی علم۔ اہل کمال وغیرہ۔ **اچھی بات** (رہے) ۱ خوب بات ہے ۲ طنزاً نازیبا بات۔ **اچھے جی سے** (تف) خوشی سے برضا و رغبت۔ **اچھی چیز اپنے لئے آپ جگہ کر لیتی ہے**۔ اچھی چیز کی خود بخود قدر ہوتی ہے۔ **اچھی چیز سب کو پسند ہے**۔ ہر ایک اچھی چیز لینا چاہتا ہے **اچھے حالوں گزرنا** (لازم) آرام سے عمر بسر ہونا۔ **اچھی خاصی** (صفت۔ مؤنث) دیکھو اچھا خاصا **اچھی دل لگی کی**۔ نازیبا مذاق۔ دھوکا دینے نقصان پہنچانے کے موقع پر طنزاً کہتے ہیں۔ **اچھے دن آنا** (لازم) نصیب جاگنا۔ خوش اقبالی کا زمانہ آنا۔ **اچھی راہ** (مؤنث) نیک مشورہ **اچھے رہے** ۱ بہتر حالت میں رہے۔ مزے میں رہے ۲ طنزاً واہ۔ کیا خوب۔ سبحان اللہ ۳ مزاج اچھا ہے۔ **اچھے سے اچھا پہنانا** (پہننا) **اچھے سے اچھا کھلانا** (کھانا) (متعدی) بڑے آرام سے رکھنا (رہنا) **اچھے سے پالا پڑا ہے**۔ بڑے بے ڈھب آدمی سے واسطہ پڑا ہے۔ **اچھی طرح** (تف) خاطر خواہ۔ خوب۔ جیسا چاہئے۔ خیریت سے۔ تندرست مزاج پرسی کے لئے کہتے ہیں۔ **اچھی طرح خاکہ اڑایا** خوب بدنام کیا۔ **اچھی طرح واقف نہ ہونا** (لازم) کافی طور پر نہ جاننا۔ **اچھی کٹنا** (لازم) عزت۔ آبرو۔ آرام یا آسائش سے بسر ہونا۔ **اچھے کو اچھا برے کو برا جاننا** (متعدی)

نیک وبد میں تمیز کرنا۔ **اچھے کو اچھا بُرے کو بُرا نظر آتا ہے**۔ انسان جیسا خود ہو ویسا ہی دوسرے کو سمجھتا ہے۔ **اچھی کہی** ۱ طنزاً کیا فضول بات کہی ۲ خوب پھبتی کہی۔ **اچھے لوگ** (مذکر) نیک بندے۔ خوش نصیب۔ **اچھے وقت** (نف) ۱ عین موقعہ پر۔ ضرورت کے وقت ۲ طنزاً بے موقعہ۔ بے محل۔ **اچھے ہو**۔ خیر عافیت دریافت کرنے کے وقت کہتے ہیں۔ **اچھے ہیں**۔ تندرست ہیں۔ صحیح سلامت ہیں۔ **اچھے ہیں پر خدا کام نہ ڈالے**۔ ظاہر میں اچھے ہیں مگر کسی کام کے نہیں۔

امثال واقوال۔ اچھا وہ جو اچھا کرے۔ نیک کام کرنے والا ہی اچھا ہو سکتا ہے۔ **اچھا کیا رحمٰن نے بُرا کیا شیطان نے**۔ اچھی بات خدا کی طرف سے ہے۔ بُری شیطان کی طرف سے ہے۔ **اچھے بھے اُٹل پران گئے نکل** (ہ) اتنا کھایا کہ جان سے گئے۔ مذاقاً چوہوں کی نسبت کہتے ہیں۔ **اچھے بُرے میں چار انگل کا فرق ہے**۔ اچھے کام کرنے میں بُرے کام کرنے سے زیادہ محنت خرچ نہیں ہوتی۔ **اچھی بھئی گڑ سنتر ہ سیر** (ہ) بہت سستی چیز ہے۔ **اچھی شے اپنے لئے آپ جگہ کر لیتی ہے**۔ اچھی چیز کی ہر جگہ قدر ہوتی ہے۔ **اچھے گھر (بیانہ) بیانہ دیا**۔ اچھے گھر سے رشتہ پیدا کیا۔ بُری طرح قابو آئے۔ بُرے شخص سے معاملہ کیا۔

اِچّھا (ہ۔ مؤنث) ۱ خواہش۔ مراد۔ مرضی خوشی۔ میلان ۲ ارادہ۔ نیّت۔ عزم۔ قصد۔ **اچھا بھوجن** (مذکر) خواہش یا مرضی کے مطابق کھانا۔ نہایت اعلیٰ کھانا حسب خواہش نہایت اچھا۔ اور بہتات سے پکا ہوا کھانا۔ **اچھا چاری** (صفت) جو اپنی مرضی کے مطابق کام لے۔ **اچھا رکھنا** (متعدی) خواہش رکھنا۔ مانگنا۔ ارادہ رکھنا۔ ترقی کا خواہشمند ہونا۔ **اچھا سنپورن ہونا** (لازم) مرضی کے مطابق کام ہونا۔ **اچھا لگنا** (لازم) خواہش ہونا۔ طبیعت چاہنا۔ **اچھا مارنا** (متعدی) خواہش کو روکنا۔ نفس کشی کرنا۔ **اچھا ہونا** (لازم) خواہش ہونا۔ مرضی ہونا۔

اِچّھا دُور (س۔ لازم) دوڑ کر نزدیک آنا۔

اُچّھا دَھنو (س۔ لازم) دوڑ کر آنا۔

اُچھار۔ اچھاڑ (ہ۔ مذکر) پوشش۔ غلاف۔ پردہ۔

اُچھال (ہ۔ امر) ۱ اچھالنا کا ۲ (ہ۔ مؤنث) پھینک ۳ اچھل کود۔ اچھالا (ماضی) ۱ اچھالنا کا ۲ (مذکر) وہ رسّی جس سے لکڑی کا زینہ چھت سے باندھا جاتا ہے۔ **اُچھالا دینا** (متعدی) بھڑکا دینا۔ **اُچھال چھکا** (ع) شوخ۔ بدمزاج۔ اوباش۔ بدوضع۔ **اُچھالنا** (متعدی) ۱ کسی چیز کو اوپر پھینکنا ۲ گرم چیز کو ٹھنڈا کرنے کے لئے بار بار ایک برتن سے دوسرے میں ڈالنا ۳ مشہور کرنا ۴ روشن کرنا ۵ بلند کرنا۔ اونچا کرنا ۶ (ہ) قے کرنا ۷ بدنام کرنا۔

اَچھان (ہ۔ صفت) ۱ ان چھنا۔ نہ چھنا ہوا ۲ ملاوٹ والا۔

اُچھاو۔ اُچّھاہ۔ اُچھاہ۔ اُچھاہوا (ہ۔ مذکر) ۱ تیوہار ۲ جشن۔ عام اظہار خوشی ۳ خوشی۔ خرمی۔ فرحت۔ ہلاس۔ شادمانی۔ آنند۔ **اچھاہ والا** (صفت) خوش ہونے والا۔ فخر کرنے والا۔ شیخی خورہ۔ شیخی باز۔

اَچّھت (ہ۔ مذکر) ۱ پورا دانہ اناج کا ۲ چاول کے مکمل دانے جو رسومات میں استعمال ہوتے ہیں۔ ۳ چاول کے چند دانے ۴ بھنا ہوا اناج ۵ (صفت) جو غلطی نہ کرے ۶ رہنے والا۔ نہ مٹنے والا ۷ دائمی۔ **اچھت تلک** (مذکر) رسم جس میں چاول کے دانے بُت کے سر پر یا برہمن کے سر پر جسے مدعو کیا ہوا ہو ڈالے جاتے ہیں۔

اَچُھت (ہ۔ صفت) ۱ نیا۔ غیر مستعمل۔ ۲ کورا (مت)

اِچّھت (ہ۔ صفت) جس چیز کی خواہش ہو

اَچھتانا پچھتانا (ہ۔ لازم) پشیمان ہونا نادم ہونا۔ غم کھانا۔ تاسف کرنا۔ افسوس کرنا۔

اَچھتر (س۔ مذکر) ۱ شکست خوردہ راجہ کی حالت ۲ بیکسی۔ بیچارگی۔ بے لبی۔ غربت۔ تباہی۔

اُچھٹ (ہ۔ امر) ۱ اچھٹنا سے ۲ (مؤنث) الگ رہنا۔ دُور رہنا ۳ خلوت۔ خانہ نشینی۔ **اچھٹنا** (لازم) ۱ خلوت گزیں ہونا ۲ اُکتا جانا۔ تھک جانا ۳ ناراض ہونا۔ اچٹنا۔

اَچّھر (ہ) دیکھو اکشر۔ **اچھر ابھیاس** (مؤنث) ۱ حرف شناسی ۲ پٹواریوں کی ایک کتاب۔

اَچھر (ہ۔ مذکر) ۱ گلے میں پھوڑا یا زخم ۲ منہ کے چھالے۔ منہ آنا۔

اُچھرنا (ہ۔ لازم) اچھلنا۔

اَچھرنگ (ہ۔ مذکر) تہمت۔ الزام۔ کلنک کا ٹیکا۔

اَچھروٹ (ہ۔ مؤنث) تاروں والے ساز کا راگ جو گانے کے الفاظ کے مطابق نکالا جائے۔

اچھروٹی (مؤنث) ۱ علم حروف ۲ تاروں والے ساز کو بجانے کا طریقہ جس سے گانے کے الفاظ نکلیں ۳ ایک قسم کی ترکی ستار۔

اَچّھری (ہ۔ مذکر) ۱ اچھا خوش نویس ۲ قابل آدمی۔ عالم فاضل شخص۔

اُچھڑنا (ہ۔ لازم) اکھڑنا۔

اُچّھشٹ (س۔ مذکر) جھوٹے ٹکڑے بچا ہوا کھانا۔

اُچھل (ہ۔ امر) اچھلنا کا۔ **اچھلا** (امر) ۱ اچھلانا کا ۲ (ماضی) اچھلنا کی۔ **اچھلانا** (متعدی) اچھالنا اوپر پھینکنا۔ **اچھل اچھل پڑنا** (لازم) خوشی۔ بخار یا ڈر سے بلا ارادہ نیچے سے اُوپر حرکت کرنا۔ **اُچھلنا پھرنا** (لازم) کودنا۔ شرارتیں کرنا۔ **اُچھل کود** (مؤنث) کود پھاند کھیل کود۔ **اُچھلنا** (لازم) ۱ اُوپر کو اُٹھنا۔ جست کرنا ۲ کودنا ۳ تیزی سے تڑپ کر نکلنا ۴ پیدا ہونا۔ ظاہر ہونا ۵ بیماری کا عود کر آنا ۶ ابھرنا۔ ترنا ۷ (کلیجے اور دل کا) دھڑکنا ۸ فخر کرنا۔ ناز کرنا۔ غرور کرنا ۹ پھینکا جانا ۱۰ (غصّہ۔ جوش وغیرہ) آنا ۱۱ ناچنا (س اُد۔ اوپر + شل۔ حرکت کرنا) **اُچھلنا کودنا** (متعدی) ۱ بہت غُصّہ منانا۔ جوش میں آنا ۲ کودنا۔ پھاندنا۔

اِچّھن (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھنا ۲ نظر ۳ آنکھ۔

اُچّھن (س۔ صفت) ہلاک شدہ۔ تباہ۔ ویران۔

اَچھنا (ہ۔ لازم) ۱ ہونا۔ رہنا۔ زندہ رہنا ۲ رہائش رکھنا۔ ٹھیرنا ۔

اُچھنگ (ہ۔ مذکر) ۱ گود ۲ پہاڑ کی ڈھلوان ۳ چھت۔

اُچّھو (ہ۔ مذکر) انسان کے گلے کی ہوا کی نالی میں کسی چیز کے اٹک جانے کی حالت (س اُد۔ اوپر + شوس۔ سانس لینا) **اچھو آنا یا لگنا یا ہونا** (لازم) اچھو کی حالت پیدا ہونا۔ دم بند ہونا۔

اُچّھواس (س۔ مذکر) ۱ سانس سانس لینا ۲ امید ۳ کتاب کا ایک حصّہ۔

اَچھوانی (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کا حریرہ جو زچہ کو کھلایا جاتا ہے۔

اَچھوت (ہ۔ صفت) ۱ وہ جسے نہ چھوا جائے ۲ شودر قوم کا۔ **اچھوتا** (صفت) ۱ نہ چھوا ہوا ۲ پارسا ۳ محفوظ ۴ غیر مستعمل ۵ دیوی دیوتا کے نام کا۔

پاک صاف ۲ خالص نیا۔ **اچھوت ذات** (مؤنث) وُہ ذات جس کے ساتھ اعلےٰ ذات کے ہندو میل جول نہ رکھیں۔ جیسے چوہڑے چمار۔ **اچھوتی** (صفت) ۱ نہ چھوئی ہُوئی۔ نذر نیاز کی ۲ باکرہ۔ **اچھوتی رہنا** (لازم) ۱ بچا رہنا ۲ باکرہ رہنا۔ **اچھوتی کوکھ** (مؤنث) وہ عورت جس کا کوئی بچّہ نہ مرا ہو۔ وُہ عورت جسے اولاد کا صدمہ نہ پہنچا ہو۔

اَچھّوَن (ہ۔ مذکر) شکار۔

اَچھُوہِنی (ہ) مؤنث) مکمل فوج جس میں ۱۰۹۳۵۰ پیدل ۶۵۶۱۰ سوار۔ ۲۱۸۷۰ رتھیں اور اتنے ہی ہاتھی ہونے چاہئیں۔

اَچھّے (ہ۔ صفت) ۱ فنا نہ ہونے والا۔ ۲ خراب نہ ہونے والا۔ **اچھے لوک** (مذکر) دائمی دُنیا۔ بہشت۔ سرگ۔

اَچیت (ہ۔ صفت) ۱ بیہوش۔ بے سُدّھ حواس باختہ ۲ لاپروا۔ کم توجہ کرنے والا ۳ غافل۔ سُست ۴ بھول جانے والا ۵ (مذکر) لاپروا یا بیوقوف آدمی۔ **اچیت پنا** (مذکر) **اچیتتا** (مؤنث) ۱ بیہوشی۔ غشی ۲ لاپروائی۔ بے توجہی۔ غفلت۔ بھلاوٹ ۳ حماقت۔ **اچیت ہونا** (لازم) ۱ بیہوش ہونا۔ غش کھانا ۲ لاپروائی کرنا۔

اَچیئَت (س۔ صفت) ۱ مضبوط۔ دائم ۲ فنا نہ ہونے والا۔ غیر فانی۔ لازوال۔ دائمی۔ ابناشی۔

اَچینا (ہ۔ صفت) ۱ نامرغوب جس کی خواہش نہ ہو ۲ جس پر نقش و نگار یا رنگ نہ ہو (کاغذ)

اَچیتَن (س۔ صفت) دیکھو اچیت۔ اچیتنیہ۔ **اَچَیتنیہ** (صفت) ۱ ایسی خوبیاں نہ رکھنے والا جن سے حیوان اور انسان میں تمیز ہوتی ہے ۲ بے حس۔ بے ہوش ۳ حیوان ۴ بے عقل۔ پاگل۔

اُچیلنا (ہ۔ متعدی) اکھاڑنا۔ چھیلنا۔ ادھیڑنا۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے جدا کرنا (س اُد۔ اُوپر + چل۔ حرکت کرنا)

اَچَین (ہ۔ صفت) بے چین۔ بے آرام بیکل۔

اَتح (ع۔ مذکر) کھانسنا۔

اَحادِیث (ع۔ مؤنث) حدیث کی جمع۔ اقوال و افعال پیغمبر صلعم۔

اِحارَت (ع۔ مونث) جواب دینا۔

اِحاطہ (ع۔ مذکر) گھیرا۔ چار دیواری سے گھری ہُوئی جگہ۔ صوبہ۔ پریذیڈنسی (حَوط۔ گھیر لینا) **احاطہ کرنا** (متعدی) گھیرنا۔ **احاطہ کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) گرد اگرد چار دیواری ہیں۔

اِحالَت (ع۔ مونث) ۱ قرض کسی اور پر ڈالنا ۲ داؤں کھیلنا ۳ کوئی ناممکن اور فضول بات بیان کرنا ۴ گھوڑے کی پیٹھ پر کُود کر سوار ہونا ۵ ایک سال کا ہونا۔

اَحَبّ (ع۔ صفت) حبیب کی تفضیل کل ۱ زیادہ پیارا۔ نہایت پیارا یا عزیز ۲ (مذکر) دوست۔

اَحِبّا (ع۔ مذکر) حبیب کی جمع۔ دوست پیارے۔ **احبائے وطن** (مذکر) دوست جو وطن میں ہوں۔

اَحباب (ع۔ مذکر) حبیب کی جمع الجمع دوست۔ پیارے۔ عزیز۔

اَحبار (ع۔ مذکر) حبر کی جمع۔ یہودی عالم

اِحباس (ع۔ مذکر) ۱ مقدس کاموں کے لئے وقف کرنا ۲ قید میں رکھنا (حَبس۔ قید کرنا)۔ وقف کر دینا ۳ جیل خانے میں رکھنا۔

اِحباض (ع۔ مذکر) ۱ بے احتیاطی سے تیر چلانا کہ نشانے پر نہ لگے ۲ کوئیں کا پانی ختم کر دینا ۳ کسی کا حق چھین لینا۔

اِحباط (ع۔ مذکر) باطل کر دینا۔

اَحبال (ع۔ مذکر) جمع حبل کی۔ رسّیاں

اِحتِباس (ع۔ مذکر) ۱ بند ہونا۔ رُکنا۔ ۲ حیض بند ہونے کی بیماری (حَبس۔ بند ہونا) **احتباسِ بول** (مذکر) پیشاب رُکنا۔

اِحتِباک (ع۔ مذکر) ۱ ٹانگوں کو پچھلی طرف موڑ کر باندھ دینا ۲ کمر بند باندھنا ۳ پکّا کرنا۔

اِحتِبال (ع۔ مذکر) جال سے شکار پکڑنا

اِحتِجاب (ع۔ مذکر) کسی ستارے کا چاند کے پیچھے یا کسی جرم فلکی کا دوسرے جرم فلکی کے پیچھے چھپ جانا۔ **احتجابات** (مذکر) جمع احتجاب کی (حَجب۔ چھپانا)

اِحتِجاج (ع۔ مذکر) ۱ حجت کرنا۔ انکار کرنا۔ اعتراض کرنا ۲ اعتراض۔ حجت۔ انکار۔ عذر۔ (حاج۔ بحث کرنا)

اِحتِجار (ع۔ مذکر) اپنے لئے حجرہ بنانا۔

اِحتِجاز (ع۔ مذکر) ۱ پاجامے کو کمر سے لپیٹ لینا ۲ حجاز کو جانا۔

اِحتِجاف (ع۔ مذکر) ۱ توجہ منعطف کر لینا ۲ چھوڑ دینا ۳ کسی چیز پر قبضہ کرنا۔ دعوےٰ کرنا ۴ حاصل کرنا۔ جمع کرنا ۵ قابو پانا ۶ روکنا۔

اِحتِجام (ع۔ مذکر) سینگی لگانا۔

اِحتِدام (ع۔ مذکر) ۱ جلنا ۲ غصّے سے تلملانا ۳ سرخ ہونا۔

اِحتِذار (ع۔ مذکر) احتیاط کرنا۔ محتاط رہنا (حَذِر۔ احتیاط کرنا)

اِحتِراز (ع۔ مذکر) پرہیز۔ کنارہ کشی۔ بچاؤ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (حَرز۔ حفاظت کرنا) کاٹنا۔ نشان لگانا۔

اِحتِراس (ع۔ مذکر) ۱ احتیاط کرنا۔ حفاظت کرنا ۲ رات کو بھیڑیں چُرا لینا۔

اِحتِراص (ع۔ مذکر) حرص کرنا۔

اِحتِراف (ع۔ مذکر) کسی پیشہ یا فن میں کمال حاصل کرنا۔

اِحتِراق (ع۔ مذکر) ۱ جلن۔ سوزش ۲ خواہش۔ اشتیاق۔ جوش ۳ (طب) جب حرارت کے سبب سے کسی خلط کے اجزائے لطیف فنا ہو جائیں اور باقی اس طرح کثیف ہو جائیں کہ وہ خلط اپنی جنس سے خارج ہو ۴ (علا) آفتاب کے ساتھ زہرہ۔ مشتری۔ مریخ۔ زحل عطارد میں سے کسی کا ایک برج میں جمع ہونا۔ سُورج کے قریب ہونے کی وجہ سے ان کا نظر نہ آنا (حَرَق۔ جلانا)

اِحتِرام (ع۔ مذکر) عزت۔ توقیر۔ تعظیم۔ حرمت۔ آدر۔ مان۔ تکریم (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (حَرَم۔ روکنا۔ منع کرنا) **احترامِ نظام یا نظامی** ۱ فوجی سلام ۲ فوج کی سلامی۔

اِحتِزام (ع۔ مذکر) کمر باندھنا۔

اِحتِساب (ع۔ مذکر) حساب۔ جانچ۔ گنتی۔ شمار (حَسَب۔ گننا)

اِحتِشاش (ع۔ مذکر) ۱ چارہ تلاش کرنا ۲ گھاس کا انبار لگانا۔

اِحتِشام (ع۔ مذکر) شان و شوکت۔ نمود۔ تزک۔ جلو۔ حشم و خدم (حَشم۔ کوئی چیز تلاش کرنا)

اِحتِضار (ع۔ مذکر) ۱ نزع کا عالم۔ موت کی حالت ۲ کسی کے سامنے حاضر ہونا ۳ شہری بننا۔ شہر کا باشندہ ہونا ۴ تیز دوڑنا (حَضَر۔ موجود ہونا کسی کے سامنے)

اِحتِظار (ع۔ مذکر) ۱ بہت عزّت اور قدر ہونا ۲ عزّت اور رسوخ حاصل کرنا۔

اِحتِظاظ (ع۔ مذکر) حظ اٹھانا۔ مزا پانا۔ لطف اُٹھانا (حَظّ۔ مزا پانا)

اِحتِظان (ع۔ مذکر) گلے لگانا۔

اِحتِفاظ (ع۔ مذکر) ۱ پنجوں کے بل بیٹھنا کہ اُٹھنے کے لئے تیار رہے ۲ گھٹنوں کو پکڑ کر بیٹھنا ۳ جمع ہونا۔ فراہم ہونا۔

اِحتِقان (ع۔ مذکر) ۱ حاصل کر لینا ۔ لے لینا ۲ جڑ سے اکھاڑ دینا۔

اِحتِقار (ع۔ مذکر) ۱ نفرت کرنا ۲ نفرت کیا جانا (حَقر۔ نفرت کرنا)

اِحتِقاق (ع۔ مذکر) ۱ کسی حق کے لئے آپس میں لڑنا ۲ گھوڑے کا نازک ہونا ۳ مویشی کا موٹا ہونا (حَقّ۔ حق کے لئے لڑنا)

اِحتِقان (ع۔ مذکر) عمل دینا۔ عمل حقنہ کرنا (حَقن۔ حقنہ کرنا)

اِحتِکار (ع۔ مذکر) اناج جمع کرنا اِس امید پر کہ مہنگا ہونے پر فروخت کیا جائیگا (حَکَر۔ کوئی چیز لے لینا)

اِحتِکاک (ع۔ مذکر) رگڑ (حَکّ۔ رگڑنا)

اِحتِلام (ع۔ مذکر) نیند میں ناپاک ہو جانا۔ خواب میں انزال ہو جانا۔ سونے میں منی کا خارج ہونا۔ بدخوابی (حُلُم۔ خواب دیکھنا)

اِحتِمار (ع۔ مذکر) حفاظت کرنا۔ بچانا۔ رُکنا۔ دُور رہنا۔

اِحتِماش (ع۔ مذکر) بہت ناراض ہونا۔ جنگ کے لئے کودنا (مرغوں کا)

اِحتِمال (ع۔ مذکر) اندیشہ۔ شک۔ گمان۔ شبہ۔ ظن (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (حَمل۔ بوجھ اُٹھانا) **احتمالاً** (تف) شبہے کے طور پر۔ **احتمالی** (صفت) شبہ والا۔ مشتبہ

اِحتِناک (ع۔ مذکر) ۱ زیر کرنا ۲ تجربہ کار ہونا۔ پکّا ہونا۔ مستعد ہونا ۳ ٹڈی دل کا سبزی کو چٹ کر جانا ۴ گھوڑے پر چڑھانا ۵ طاقت۔ قوت۔

اِحتِوا (ع۔ مذکر) ۱ گھیرنا ۲ جمع کرنا ۳ گنجائش رکھنا۔ سمانا۔

اِحتِواش (ع۔ مذکر) ۱ کھیل شروع کرنا ۲ رستے میں روکنا۔ گھیر لینا۔

اِحتِیاج (ع۔ مؤنث) ضرورت۔ غرض۔ حاجت۔ حاجتمندی۔ تنگی۔ غربت۔ خواہش۔ چاہنا (حَاج۔ نادار ہونا) **احتیاجات** (مؤنث) جمع احتیاج۔ ضرورتیں اغراض۔ حاجتیں۔ **احتیاج بر آنا** (لازم) مطلب پورا ہونا۔ ضرورت رفع ہونا۔ **احتیاج بشری** (مؤنث) انسانی ضروریات۔ ایسی خواہش جو ہر انسان کو ہونی لازم ہے۔ **احتیاج رکھنا** (متعدی) ضرورت ہونا۔ حاجت ہونا۔ **احتیاج لانا** (متعدی) کسی بات کی درخواست کرنا۔ **احتیاج ہونا** (لازم) ضرورت ہونا۔

اِحتِیاز (ع۔ مذکر) جمع کرنا۔ جمع ہونا۔

اِحتِیاط (ع۔ مؤنث) ۱ ہوشیاری۔ خبرداری ۲ حفاظت۔ چوکسی ۳ دور اندیشی ۴ کنارہ کشی۔ (حَاط۔ حفاظت کرنا) **احتیاطاً** (تف) بنظر احتیاط۔

اِحتِیال (ع۔ مذکر) ۱ کسی کو قرضے کی وصولی کا اختیار دینا ۲ حیلہ یا مکر کرنا ۳ دغا۔ فریب۔ مکر ۴ نظر بندی۔

اَحجار (ع۔ مذکر) ۱ حَجَر کی جمع۔ بہت سے پتھر ۲ حِجر کی جمع گھوڑیاں۔

اِحجاز (ع۔ مذکر) حجاز کا سفر کرنا۔ حجاز میں پہنچنا۔

اِحجام (ع۔ مذکر) ۱ رکنا ۲ پیچھے ہٹ جانا۔

اَحَد (ع۔ صفت) ایک۔ اکیلا۔ یگانہ۔ خدائے تعالےٰ کا ایک نام۔ **احد الامرین** (مذکر) دو باتوں میں سے ایک۔ **احد الفریقین یا الطرفین** (مذکر) دو فریقوں میں سے ایک۔ **احد المتخاصمین** (مذکر) دو مقدمے والوں میں سے ایک۔ **احدی** (مذکر) ایک ایرانی جماعت۔ اکبر بادشاہ کے وقت میں کچھ منصبدار جن کو پنشن ملتی تھی۔ مگر جب ضرورت ہوتی بادشاہ انہیں نوکری کے لئے طلب فرما لیتے۔ یہ لوگ تیر انداز تھے ۲ (اُردو۔ صفت) سست۔ کاہل۔ **احدیّت** (مؤنث) یکتائی۔ وحدانیت۔ شخصیت۔

اُحد (ع۔ ہ) ایک پہاڑ مدینے کے قریب جہاں قریش کے اور مسلمانوں کے درمیان لڑائی ہوئی۔ اور پیغمبر صلعم کے دو دانت شہید ہوئے تھے۔ اس جنگ میں گو مسلمانوں کو شکست ہوئی۔ مگر اس سے کفار نے کوئی فائدہ نہ اٹھایا۔

اَحداث۔ اَحداثی (ع۔ مذکر) ۱ پیدا کرنا۔ وجود میں لانا۔ پیدا کروانا۔ پیداوار ۲ ایجاد۔ اختراع۔ عجوبہ۔ انوکھی چیز (حَدَث۔ نیا پیدا ہونا) حدث کی جمع ۱ نوجوان اشخاص ۲ عجوبات۔

اَحداق (ع۔ مذکر) حدق کی جمع۔ آنکھ کی پتلیاں۔

اِحداق (ع۔ مذکر) گھیر لینا۔

اَحدَب (ع۔ مذکر) کبڑا۔ خمیدہ۔

اَحدِیّت (ع۔ مؤنث) ۱ وحدت ۲ ندرت۔ خصوصیت۔

اِحذار (ع۔ مذکر) حذر۔ احتیاط۔

اَحرار (ع۔ مذکر) ۱ حُر کی جمع۔ شرفا۔ آزاد (بمقابلہ غلام) ۲ ہندوستان میں ایک جماعت جو مسلمانوں کی امداد کرنے کے لئے ترتیب دی گئی ہے۔

اِحراز (ع۔ مذکر) بچائے رکھنا۔ محفوظ رکھنا (حَرَز۔ رکھنا کسی چیز کو)

اِحراس (ع۔ مذکر) ایک جگہ مدت تک ٹھہرنا۔

اِحراض (ع۔ مذکر) ۱ دُبلا کر دینا ۲ خراب نسل پیدا کرنا۔

اِحراف (ع۔ مذکر) ۱ دُبلا کرنا ۲ امیر ہونا۔ دولتمند ہونا ۳ بیحد دولت۔

اِحراق (ع۔ مذکر) جلانا۔ آگ لگانا۔ (حَرَق۔ جلانا)

اِحرام (ع۔ مذکر) ۱ مقررہ مقامات سے خانہ کعبہ تک بعض جائز باتوں کا اپنے اُوپر حرام کرنا ۲ محرم کے ایام میں جماع کو حرام سمجھنا ۳ مکّہ کے حج کا عرصہ ۴ وُہ اَن سلے کپڑے جو حج سے پہلے ایک خاص جگہ سے پہن لئے جاتے ہیں ۵ نیّت یا قصد سفر (حَرَم۔ روکنا کسی چیز کو) **احرام باندھنا** (متعدی) ۱ سلے ہوئے کپڑے اُتار کر اَن سلے کپڑے پہننا۔ ہندوستان کے حاجی جس وقت یلملم کے مقابل پہنچتے ہیں۔ احرام باندھتے ہیں۔ پردہ نشین عورتیں نقاب ڈال لیتی ہیں اور دوسری سر پر پٹی باندھ لیتی ہیں ۲ قصد کرنا **احرامی** (صفت) ۱ جس نے احرام باندھا ہو ۲ (مؤنث) احرام کی چادر۔

اَحرٰی (ع۔ صفت) نہایت قابل یا لائق۔

اِحرِیض (ع۔ مذکر) کسب۔ عصفر۔

اِحزاب (ع۔ مذکر) جمع حزب کی۔ فوجیں۔

اَحزان (ع۔ مذکر) حُزن کی جمع۔ غم۔ رنج۔ تکالیف۔

اِحساس (ع۔ مذکر) محسوس کرنا۔ حواس خمسہ میں سے کسی کے ذریعے سے کچھ معلوم کرنا

(حَسّ۔ چھونا) احساس و اذعان (مذکر) معلوم ہونا۔ علم و یقین۔

اِحسان (ع۔ مذکر) 1 کسی کے ساتھ نیکی کرنا 2 اچھا سلوک۔ بھلائی۔ کرم۔ اپکار۔ شفقت۔ مہربانی۔ عنایت۔ کرپا۔ شکر۔ (حَسَن۔ خوبصورت ہونا) **احسانات** (مذکر) احسان کی جمع۔ مہربانیاں وغیرہ۔ **احسانُ اُتارنا** (متعدی) نیکی کے عوض نیکی کرنا۔ بھلائی کا بدلہ دینا۔ احسان کے جواب میں احسان کرنا۔ **احسان اُترنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **احسان اُٹھانا** (متعدی) ممنون ہونا۔ سہارا ڈھونڈنا۔ **احسان جتانا کر بار بار جتانا** (متعدی) بار بار مہربانی کا اظہار کر کے شرمندہ کرنا۔ **احسان جتانا۔ دھرنا یا رکھنا** (متعدی) کسی پر احسان کر کے اس کا اظہار کرنا۔ **احسانِ عظیم** (مذکر) بڑا احسان۔ **احسان فراموش** (صفت) وہ شخص جو احسان کو بھول جائے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **احسان فراموشی** (مؤنث) احسان بھول جانا۔ **احسان کرنا** (متعدی) سلوک کرنا۔ نیکی کرنا۔ **احسان کا عوض احسان ہے** نیکی کا بدلہ نیکی ہے۔ قرآن شریف کی آیت ھل جزاء الاحسان الا الاحسان کا ترجمہ ہے۔ **احسان کھینچنا** (متعدی) احسان اُٹھانا۔ **احسان گردن پر سے اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) کسی کے احسان کے بدلے احسان کرنا۔ **احسان لینا** (متعدی) احسان اُٹھانا۔ **احسان ماننا** (متعدی) شکر گزار ہونا۔ ممنون ہونا۔ ممنونیت کا اظہار کرنا۔ **احسان مند** (صفت) شکر گزار (ہونا کے ساتھ)

امثال وغیرہ۔ احسان کر اور دریا میں ڈال۔ احسان کر کے بھلا دینا چاہئے۔ **احسان لیجئے جہان کا نہ لیجئے شاہجہان کا۔** امیروں کا احسان کسی صورت میں نہیں لینا چاہئے۔

اَحسَن (ع۔ صفت) حسن کی تفضیل بعض و کل۔ بہت نیک۔ نہایت نیک۔ نہایت اچھا۔ نہایت خوبصورت۔ بہترین۔ خوشگوار۔ پسندیدہ۔ مستحسن۔ **اَحسَنتَ** (حرف تحسین) "تو نے بہت اچھا کیا" شاباش۔ مرحبا۔ آفرین۔ **احسنت کہنا** (متعدی) شاباش وغیرہ کہنا۔ تعریف کرنا۔ **احسنِ تقویم** (مؤنث) بہترین قوام۔ کنایۃً انسان۔ **احسن وجوہ** (تف) اچھی طرح۔

اَحسنتہا (ت۔ مذکر) جائداد منزوکہ۔ ترکہ۔ ورثہ۔ [illegible]

اَحشا (ع۔ مذکر) حشا کی جمع۔ جو کچھ معدے اور انتڑیوں کے اندر ہو۔ جو کچھ دل وغیرہ کے اندر ہو۔

اِحشاش (ع۔ مذکر) 1 گھاس چارا اکٹھا کرنا 2 رحم خشک ہو جانا 3 ہاتھ سوکھ جانا۔

اَحشام (ع۔ مذکر) حشم کی جمع۔ نوکر۔ ملازمان چاکران۔ خادمان۔ ایک قسم کی فوج یا مسلح پولیس **احشام دفتر** (مذکر) ایسی فوج کے ناموں کی کتاب۔ وہ رجسٹر جس میں ایسی فوج کے سپاہیوں کے نام درج ہوتے ہیں **احشام دفتردار** (مذکر) وہ کلرک جس کے چارج میں یہ رجسٹر ہے فوجی اکونٹنٹ یا محاسب۔ **احشام جاگیر** (مؤنث) ایسی فوج کے اخراجات کے لئے جو روپیہ منظور کیا جائے۔

اَحَصّ (ع۔ صفت) 1 بدقسمت۔ بدنصیب 2 جس کے بال کم ہو جائیں۔

اِحصا (ع۔ مذکر) 1 شمار۔ گنتی۔ گننا 2 کسی چیز یا بات کو اچھی طرح سمجھنا 3 ضبط کرنا 4 علم ریاضی کی ایک شاخ۔ کلکیولس۔ **احصاءِ کلیات** (مذکر) علم ریاضی کی ایک شاخ۔ انٹگرل کلکیولس (حَصَی۔ گننا)

اِحصار (ع۔ مذکر) حصار میں کرنا۔ گھیر لینا (حَصَرَ۔ گھیر لینا)

اِحصاص (ع۔ مذکر) کسی کو حصہ دینا۔ (حَصّ۔ حصّہ دینا)

اِحصاف (ع۔ مذکر) 1 بڑی احتیاط سے بیوپار کرنا 2 رسّی کو مروڑنا 3 چھوٹے چھوٹے قدموں سے دوڑنا۔

اِحصان (ع۔ مذکر) 1 شادی کرنا 2 شادی شدہ ہونا 3 نیک اور پاکدامن ہونا 4 پاک دامنی۔ عصمت 5 بچانا 6 روکنا 7 گھیرنا (حَصُنَ۔ ناقابل گزر ہونا)

اِحضار (ع۔ مذکر) 1 حاضر کرنا۔ بلانا۔ لانا 2 حکمنامہ طلبی (حَضَرَ۔ موجود ہونا)

اِحضان (ع۔ مذکر) جمع حضن۔ پہلو۔ حصے۔ چھاتیاں۔

اِحفا (ع۔ مذکر) 1 ڈاڑھی منڈانا 2 مستفسر ہونا۔ راز جُو ہونا 3 نعل نہ بندھوانا۔

اَحفاد (ع۔ مذکر) حفد کی جمع۔ پوتے نواسے

اَحَقّ (ع۔ صفت) حقیق کا تفضیل بعض و کل۔ بہت یا زیادہ حقدار یا سزاوار یا لائق۔ بہت موزوں بہت مناسب۔

اَحقاب (ع۔ مذکر) جمع حُقب۔ ۸۰ سال کا قرن۔ زمانے۔

اَحقاد (ع۔ مذکر) جمع حقد۔ نفرتیں حقارتیں۔

اِحقاد (ع۔ مذکر) نفرت پیدا کرنا۔

اَحقاف (ع۔ مذکر) 1 جمع حقف کی۔ ریت کے ٹیلے جو دور تک پھیلے ہوں 2 ایک علاقہ عرب میں جہاں قوم عاد آباد تھی۔

اِحقاق (ع۔ مذکر) کسی بات کی صداقت کو ثابت کرنا۔ کسی کا حق ظاہر یا قائم یا ثابت کرنا۔ حق دلانا۔ عدل گستری (حَقّ۔ یقین ہونا)

اَحقر (ع۔ صفت) حقیر کی تفضیل بعض و کل 1 بہت یا نہایت حقیر یا ذلیل 2 (انکسار سے) میں متکلم 3 خط کے آخر میں اپنے نام سے پہلے لکھتے ہیں۔ **احقر العباد** (مذکر) حقیر بندہ۔ دیکھو آخری 3 احقر کو سرفراز فرمایا۔ براہ انکسار اس کو کہتے ہیں جو ملنے آئے۔

اَحکام (ع۔ مذکر) حکم کی جمع 1 فرامین۔ امور نامے۔ ہدایات۔ ارشادات (جاری کرنا ہونا کے ساتھ) 2 ستاروں کی تاثیرات جو سعد اور نحس ہوتی ہیں۔ **احکامات** (مذکر) حکم کی جمع الجمع۔ احکام۔ **احکام درمیانی** (مذکر) ضمنی احکام۔ وہ حکم جو آخیر فیصلے سے پہلے دوران مقدمہ میں صادر ہوں۔ **احکام حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اعلیٰ حاکم سے حکم موصول ہونا۔ **احکام صادر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) احکام جاری ہونا۔ **احکامِ ناطق** (مذکر) قطعی احکام۔

اَحکَم (ع۔ صفت) حکم کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا زیادہ مضبوط یا دانا۔ **احکم الحاکمین** (مذکر) خدائے تعالےٰ۔

اِحلا (ع۔ مذکر) میٹھا کرنا۔

اَحلاف (ع۔ مذکر) جمع حلف کی 1 مددگار معاون۔ ہمراہی 2 عہدنامے۔ قسم اُٹھانا۔

اِحلال (ع۔ مذکر) 1 کسی کو کسی جگہ اُتارنا 2 حاجی کا لباس پہننا۔ احرام باندھنا 3 قابل سزا ہونا 4 بچّہ پیدا ہونے سے پہلے دودھ اُتر آنا

اَحلام (ع۔ مذکر) 1 حلم کی جمع۔ قابلیتیں۔ عقلیں۔ سمجھیں 2 شرافتیں 3 حُلم کی جمع۔ خوابیں۔

اَحلیٰ (ع۔ صفت) زیادہ میٹھا۔

اِحلیل (ع۔ مذکر) پستان یا آلہ تناسل کا سوراخ۔

اِحماد (ع۔ مذکر) 1 قابلِ تعریف ہونا۔ تعریف کرنا 2 دوسرے کی رائے سے اتفاق کرنا۔

مگرا سے نہ بتانا۔

اَحمال (ع۔مذکر) جمع حمل کی۔ بوجھ۔

اِحمام (ع۔ مذکر) ۱بخار پیدا کردینا ۲عشق سے بیمار ہونا۔ ۳گرم ہونا ۴ پانی گرم کرنا ۵ گرم اور سرد پانی سے دھونا ۶ دوسرے کو منتظر رکھنا ۷ قریب آنا ۸ سیاہ کرنا۔

اَحمَد (ع۔صفت) حمید کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت تعریف کیا گیا۔ پیغمبر صلعم کا اسم مبارک۔ (حَمِدَ۔ تعریف کیا گیا) **احمد زمیجی** (مذکر) ایک پہلوان کا نام۔ **احمد محمود**۔ کوئی ہو۔ کسے باشد۔ **احمدی** (مذکر) ۱ مرزا غلام احمد قادیانی کا پیرو۔ احمدیہ فرقے کا ایک فرد ۲ ایک سونے کا سکہ جو ٹیپو سلطان کے عہد میں جاری ہوا ۳ ایک اور سکہ جو احمد شاہ نے دہلی میں جاری کیا تھا۔ **احمدیہ** (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ جس کے بانی مرزا غلام احمد قادیانی تھے۔ ان کا دعویٰ تھا کہ یہ مسیح موعود ہیں۔ اس فرقے کے امام قادیاں (ملک پنجاب) میں رہتے ہیں۔

امثال۔ احمد کی پگڑی محمود کے سر ۱کسی کی چیز کسی کو دے دینا۔ حق تلفی کرنا۔ ناانصافی کرنا ۲ اپنی ذمہ داری کسی اور پر ڈالنا۔ اپنا الزام کسی اور پر تھوپنا ۳ غفلت کرنا۔ **احمد کی داڑھی بڑی ہے یا محمود کی**۔ فضول باتیں۔ بیکار بحث۔ مفت کا جھگڑا۔ بے نتیجہ کام۔

اَحمَر (ع۔صفت) سرخ۔

اِحمِرار (ع۔مذکر) سرخ ہونا۔

اَحمَس (ع۔صفت) ۱سخت ۲ بہادر ۳ نڈر

اَحمَض (ع۔صفت) کڑوا۔

اَحمَق (ع۔صفت) بیوقوف۔ نادان۔ کودن۔ بے عقل۔ سادہ لوح۔ مورکھ۔ گاؤدی۔ بودک (حُمق بیوقوف ہونا) **احمق بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) بیوقوف بننا۔ دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔ **احمق پن یا پنا** (مذکر) حماقت۔ بیوقوفی وغیرہ۔ **احمق الذی** (مذکر) غلط محاورہ ہے۔ لفظی معنی احمق ایسا۔ بیوقوف۔ نادان۔ **احمق الناس** (صفت) انسانوں میں سب سے زیادہ بیوقوف۔ بیوقوف احمقانہ۔ ظاہر میں عقلمند مگر اصل میں بیوقوف۔

امثلہ۔ احمق سے پڑی بات کاڑھو اینٹا توڑو دانت (۱) احمق سے بحث نہ کرو۔ جھگڑا ہو تو ڈنڈا مار کے دانت توڑ دو۔ **احمق گُتا ہرنا کھیدے**۔ بیوقوف فضول اور بے فائدہ کام کرتا ہے۔

اِحَن (ع۔ مذکر) اِحنت کی جمع ۱نفرتیں ۲غصے

اَحنا (ع۔ مذکر) حنہ کی جمع۔ پہلو۔

اَحناش (ع۔مذکر) حنش کی جمع ۱ رینگنے والے جانور کیڑے مکوڑے ۲ پرندے اور جانور جن کا شکار کیا جائے۔

اِحنَت (ع۔مونث) ۱بہت نفرت کرنا ۲ نفرت۔ غصہ۔

اَحنَف (ع۔صفت) ۱جس کی ٹانگیں باہر کو نکلی ہوں ۲ دیکھو ال کے تحت میں۔

اِحواج (ع۔مذکر) ضرورت یا حاجت پیدا کرنا۔ مجبور کرنا۔

اَحوال (ع۔ مذکر) حال کی جمع۔ مگر استعمال واحد ہوتا ہے ۱کیفیت۔ حالت ۲ واقعہ۔ ماجرا سرگزشت ۳ بات۔ صورت۔ حقیقت حال۔ داستان۔ گت۔ **احوال بتانا** (متعدی) سرگزشت بیان کرنا واقعہ سنانا۔ حالت ظاہر کرنا۔ **احوال پر آنسو بہانا**۔ (متعدی) حالت پر افسوس کرنا۔ **احوال پرسی** (مونث) خیرو عافیت دریافت کرنا۔ **احوال پوچھنا** (متعدی) خیرو عافیت دریافت کرنا۔ حال پوچھنا۔ **احوال جنگ** (مذکر) فوجی امور۔ **احوالِ خیر مآل** (مذکر) اچھی حالت خوش حالی۔ **احوال سنانا یا کہنا** (متعدی) احوال بتانا

اَحوَج (ع۔صفت) زیادہ ضروری۔

اَحوَد (ع۔صفت) ۱جس کی آنکھیں خوبصورت ہوں ۲ (مذکر) مشتری۔

اَحوَط (ع۔صفت) بہت وسیع یا حاوی

اَحوَل (ع۔صفت) وہ شخص جو ایک چیز کو دو دیکھے۔ بھینگا۔ آنکھ کے متعلق بھی استعمال ہوتا ہے (حَوِلَ۔ بھینگا ہونا)

اَحوَی (ع۔صفت) ۱سیاہ۔ تاریک ۲ گنجا

اَحیا (ع۔ مذکر) حی کی جمع۔ زندہ انسان۔

اَحیان (ع۔مذکر) حین کی جمع۔ مدتیں عرصے۔ **احیاناً** (تف) اتفاقاً۔ کبھی کبھی۔ وقتاً فوقتاً۔

اِحیاء (ع۔ مذکر) زندہ کرنا۔ جان ڈالنا مردے سے زندہ کرنا (حَیّ۔ جینا) **احیاء الاموات** (مذکر) مردوں کو زندہ کرنا۔ **احیاء العلوم الدین** (مذکر) امام غزالی کی مشہور عالم تصنیف۔ **احیاء الموات** (مذکر) بنجر زمین کو زیر کاشت لانا۔ **احیا کُن** (صفت) زندہ کرنے والا۔

اَخ (ع۔ مذکر) بھائی۔ **اَخوی** (صفت) بھائی کا۔ **اَخی** (مذکر) میرا بھائی۔

اَخ (اُردو۔ کلمۂ تحقیر) ۱ایک خاص قسم کی آواز جو تھوکنے سے پہلے نکالی جاتی ہے ۲ بعض وقت اظہارِ نفرت کے لئے۔ **اَخ تھو** (مونث) ۱ کھنکھار کے تھوکنا ۲ اظہار کراہیت۔ اظہار لعنت و ملامت ۳ عہد شاہی میں بانکے حریف کو چھیڑنے کے لئے یہ آواز نکالتے تھے۔ حریف فوراً لڑ پڑتا تھا۔ **اَخ تھو کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نفرین ہونا۔

مثل۔ اَخ تھو کھٹے ہوتے ہیں۔ جب کوئی چیز نہ ملے تو اس میں عیب نکال کر دل کو تسلی دے لیتا ہے۔ کہتے ہیں ایک لومڑ نے بہت کوشش کی کہ انگور بیل سے اتارے مگر نہ اتار سکا۔ یہ فقرہ کہہ کر چلتا بنا۔ یہ قصہ حکایات لقمان کا ہے۔ اُردو ترجمہ کرنے والے نے اس طرح ترجمہ کیا۔ تب سے ضرب المثل ہوگیا۔

اِخاذ (ع۔مذکر) ۱سڑا ہوا پانی ۲ سڑے ہوئے پانی کا جوہڑ۔

اِخاضَت (ع۔مونث) دریا پر سے گزارنا۔

اَخاہ (اُردو۔ کلمہ تعجب) بہت خوب۔

اِخبات (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو ذلیل کرنا ۲ امن چین سے گزارنا۔

اَخبار (ع۔ مذکر) خبر کی جمع ۱خبریں۔ حالات ۲ حدیثیں ۳ وہ پرچہ جس میں مختلف حالات و خبریں چھپتی ہوں (بند کرنا یا ہونا۔ جاری کرنا یا ہونا یا چھاپنا۔ چھپنا۔ شائع کرنا یا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **اخبار دُرربار** (مذکر) اچھی خبریں۔ خوشخبریاں۔ اچھی نصیحتیں۔ **اخبار کا پرچہ** (مذکر) کسی تاریخ کا ایک اخبار۔ **اخبار کا ہرکارہ** (مذکر) خبریں پہنچانے والا۔ **اخبار کے فرشتے** (مذکر) کراماً کاتبین سے کنایہ ہے۔ **اخبار مجموعہ** (مذکر) ایک تاریخی کتاب جس میں فتح اُندلس کا ذکر ہے۔ یہ گیارھویں صدی میں لکھی گئی تھی۔ اور مصنف کا پتہ نہیں۔ **اخبار میں آنا** (لازم) کسی بات کا حدیث میں مذکور ہونا۔ **اخبار نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) اخبار جاری یا شائع ہونا۔ **اخبار نویس** (مذکر) تازہ خبریں لکھنے والا۔ مدیر۔ **اخبار نویسی** (مونث) اخبار لکھنے کا فن۔ **اخبار وحشت مدار** (مذکر) بُری خبریں۔

اِخبار (ع۔ مذکر) بتانا۔ خبر دینا۔

اَخبَث (ع۔صفت) خبیث کی تفضیل بعض و کل۔ نہایت خبیث۔ نہایت گندہ۔

اَخبِیث (ع۔ مذکر) خبات کی جمع۔ خبیثے۔

اَخچِیخ (ف۔ مذکر) سمجھ۔ عقل۔ دانشمندی

اُخت (ع۔ مؤنث) بہن۔

اختاسہیل (ع۔ مذکر) دو ستارے شعریٰ الیمانیۃ اور شعریٰ الشامیہ۔

اَختان (ع۔ مذکر) ختن کی جمع۔ داماد۔

اِختبار (ع۔ مذکر) پرکھنا۔ جانچنا۔

اِختباز (ع۔ مذکر) روٹی پکانا۔

اِختباط (ع۔ مذکر) 1 رات کو بھیک مانگنا۔ 2 زبردستی احسان کرانا۔

اِختبال (ع۔ مذکر) 1 کسی کی عقل مار دینا۔ 2 کسی کے اعضا کی قوت زائل کر دینا۔

اِختتام (ع۔ مذکر) خاتمہ۔ ختم کرنا۔ تکمیل (کرنا ہونا کے ساتھ) (ختم۔ بند کرنا) **اختتام پر آنا یا پہنچنا** (لازم) قریب ختم کے پہنچنا۔ تمام ہونے کے قریب پہنچنا۔ **اختتام کو پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) پورا ہو جانا۔

اِختتان (ع۔ مذکر) ختنہ کرنا۔

اِختداع (ع۔ مذکر) دھوکا دینا۔

اَختر (ف۔ مذکر) 1 ستارہ 2 وہ ستارہ جو کسی کی پیدائش کے وقت چڑھتا ہو 3 جھنڈا۔ علم 4 ایک فرشتے کا نام 5 ایک منزل قمر کا نام۔ **اخترِ پنجم** (مذکر) مریخ۔ منگل۔ **اختر تاباں یا تابندہ** (صفت) چمکتا ہوا تارہ۔ **اخترِ جوزا** (مذکر) عطارد۔ **اختر چمکنا** (لازم) نصیب جاگنا۔ دن پھرنا۔ **اخترِ دانش** (مذکر) عقل کے ستارے۔ عطارد اور مشتری۔ **اخترِ دنبالہ دار** (مذکر) دُم دار تارہ۔ **اختر سپاہ** (مذکر) وہ بادشاہ جس کی فوج بے حساب ہو۔ **اختر شمار** (مذکر) نجومی۔ **اختر شماری** (مؤنث) 1 تارے گننا 2 جنم پتری بنانا 3 بیقراری سے رات کاٹنا۔ **اختر شناس** (مذکر) منجم۔ نجومی۔ **اخترِ کاوان یا کاویاں** (مذکر) فریدوں کا جھنڈا جسے کاوا آہنگر نے بنایا تھا۔ اور جسے شاہانِ عجم اپنے حق میں شگون نیک سمجھتے تھے۔

اَختر اَبختر (ف۔ مذکر) آستر کا معرب۔ جس کے معنی بسترے کے ہیں۔ مال و متاع۔ ساز و سامان اسباب۔ **آستر بستر** (سنبھالنا۔ اُٹھانا کے ساتھ)

اِختراش (ع۔ مذکر) کھجلانا۔

اِختراط (ع۔ مذکر) تلوار سونتنا۔

اِختراع (ع۔ مذکر) ایجاد۔ نئی بات پیدا کرنا۔ ایسی چیز بنانا جس کی مثل پہلے نہ ہو۔ احداث (خرع۔ کاٹنا) **اختراعی** (صفت) 1 گھڑی ہوئی 2 مصنوعی 3 بنائی ہوئی **اختراعی عمل** (مذکر) ایسا عمل جو کسی کام کی ترقی اور بہتری کا موجب ہو۔

اِختراق (ع۔ مذکر) آفتاب اور کسی سیارے کا منطقۃ البروج کے ایک ہی نقطے پر جمع ہونا (خرق۔ گزرنا)

اِخترال (ع۔ مذکر) 1 دیکھو اختزاع 2 اکیلا ہونا

اِخترام (ع۔ مذکر) 1 پھاڑنا 2 تلف کرنا 3 جدا کر دینا 4 لے جانا۔

اِختزاع (ع۔ مذکر) 1 جدا کر دینا 2 کسی کو رشتہ داروں سے الگ کر دینا۔

اِختزان (ع۔ مذکر) روپیہ جمع کرنا۔

اِختشاع (ع۔ مذکر) مسکین ہونا۔ عاجز ہونا

اِختصا (ع۔ مذکر) اختہ کرنا۔

اِختصار (ع۔ مذکر) 1 کم کرنا۔ گھٹانا۔ خلاصہ کرنا۔ مختصر کرنا 2 بہت سے مطلب کو تھوڑے الفاظ میں بیان کرنا۔ مختصر کرنا 3 خلاصہ۔ انتخاب۔ تلخیص 4 علم حساب میں شمار کنندہ اور نسب نما کو ان کے عادِ اعظم پر تقسیم کر کے مختصر صورت میں لے آنا۔ جیسے ۲۵/۷۵ کو ۲۵ پر تقسیم کریں تو ۱/۳ آجاتے ہیں (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (خصر۔ ٹھنڈا ہونا) **اختصار نویس** (مذکر) شارٹ ہینڈ رائیٹر۔ شینوگرافر وہ شخص جو اختصار نویسی کا ماہر ہو۔ **اختصار نویسی** (مؤنث) لکیروں اور نشانوں کے ذریعے وہ تحریر جس میں بولتے ہوئے انسان کی تقریر فوراً لکھی جاتی ہے۔ شارٹ ہینڈ۔ شینوگرافی۔

مقولے۔ اختصار ظرافت کی جان ہے۔ مذاق تھوڑے الفاظ میں اچھا ہوتا ہے۔ **اختصار فصاحت کی جان ہے**۔ تھوڑے الفاظ میں مطلب کو بیان کرنا فصاحت ہے۔

اِختصاص (ع۔ مذکر) 1 تخصیص تقرر خصوصیت 2 خصوصیت رکھنا۔ خاص کرنا 3 ایک امرِ قیاسی جس کے بموجب رفتار کا علم نسبتی ہے۔ یہ امر پروفیسر آئن سٹین نے پیش کیا تھا۔ اور عام طور پر تسلیم کر لیا گیا ہے (خصّ۔ خاص طور پر تمیز کرنا)

اِختصام (ع۔ مذکر) 1 جھگڑا کرنا 2 مقدمہ کرنا 3 دشمنی۔ مخالفت 4 جھگڑا۔ بحث۔

اِختضاع (ع۔ مذکر) عجز کرنا۔

اِختطاف (ع۔ مذکر) پکڑنا۔ زبردستی لیجانا

اِختفا (ع۔ مذکر) 1 چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ 2 اخفا۔ پوشیدگی (خفی۔ پوشیدہ ہونا)

اِختلاج (ع۔ مذکر) دل دھڑکنا۔ بےچین ہونا۔ بیقرار ہونا (خلج۔ دل کو مشغول کرنا) **اختلاج قلب (کا روگ)** (مذکر) ایک مرض ہے جس میں دل بہت دھڑکتا ہے۔ دل کی دھڑکن۔ ہولِ دل۔

اِختلاط (ع۔ مذکر) 1 محبت۔ دوستی۔ میل جول۔ بےتکلفی۔ ربط ضبط۔ راہ و رسم۔ مراسلت۔ راز و نیاز (بڑھانا۔ بڑھنا۔ رکھنا۔ رہنا کے ساتھ) 2 آمیزش 3 گرمجوشی۔ محبت کی چھیڑ چھاڑ۔ میاں بیوی کی راز و نیاز کی باتیں (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (خلط۔ ملنا) **اختلاطِ باطنی** (مذکر) جماع۔ ہمبستری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اختلاطِ ظاہری** (مذکر) بوس و کنار وغیرہ۔ **اختلاط کی باتیں** (مؤنث) پیار اور محبت کی باتیں۔

اِختلاع (ع۔ مذکر) خلع حاصل کرنا۔

اِختلاف (ع۔ مذکر) ناموافقت۔ مخالفت تفاوت۔ فرق۔ تکرار۔ جھگڑا۔ پھوٹ۔ بگاڑ۔ نااتفاقی۔ فساد ان بن۔ قضیہ۔ بحث۔ خصومت۔ خلاف ہونا۔ مخالفت کرنا (خلف۔ پیچھے آنا) **اختلافات** (مذکر) جمع اختلاف کی۔ **اختلاف الاضائت** (علا) دیکھو انحراف نور۔ **اختلافِ رائے** (مذکر) رائے کا نہ ملنا۔ رائے کی ناموافقت۔ **اختلافِ طبائع** (مذکر) طبیعتوں کا نہ ملنا۔ طبیعتوں کا مخالف ہونا۔ **اختلافِ منظر** (علا) وہ زاویے کا فرق جو کسی چیز کو زمین کے مرکز سے اور کسی دوسری جگہ سے دیکھنے پر معلوم ہو۔

اِختلاق (ع۔ مذکر) 1 بات بنانا۔ جھوٹ گھڑنا 2 دوسری قوم کی عادتیں اخذ کرنا 3 خوشبودار ہونا۔

اِختلال (ع۔ مذکر) 1 خلل ڈالنا۔ خلل پڑنا۔ خلل۔ حرج 2 ضرورت۔ حاجت۔ قلت۔ محتاجی۔ افلاس۔ مفلسی 3 بدانتظامی۔ ابتری (خلّ۔ دُبلا ہونا) **اختلالِ حواس** (مذکر) حواس میں فتور آنا۔ حواس باختہ ہونا۔ بدحواسی۔ گھبراہٹ۔

اِختناق (ع۔ مذکر) 1 دم گھٹنا۔ دم بند ہونا 2 گلا گھونٹنا۔ **اختناق الرحم** (مذکر) ایک مرض جس میں غشی ہو جاتی ہے۔ عموماً عورتوں کو ہوتا ہے۔ مگر بعض وقت نوجوان لڑکوں کو بھی ہو جاتا ہے۔ ہسٹیریا۔

اَخنو بخنو (اُردو۔ مؤنث) کاٹھ کی دو

پُتلیاں۔ جن کو پتلیوں کا تماشہ کرنے والے ہاتھ پر چڑھا کر لڑاتے ہیں۔

اَختہ (ف۔ صفت) ۱ خصی۔ بدھیا۔ وہ چوپایہ جس کے فوطے نکال دیئے گئے ہوں (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ خواجہ سرا۔ **اختہ بیگی** (مذکر) وہ شخص جو جانوروں کو اختہ کرے۔ **اختہ خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں جانور اختہ کئے جائیں۔ **اختہ مرغ** (مذکر) خصی مرغ۔ مرغ کو اس لئے خصّی کرتے ہیں کہ وہ موٹا ہو جائے۔

اِختیار (ع۔ مذکر) ۱ قابو۔ بس۔ تحت۔ حکم۔ دباؤ ۲ حکومت۔ قدرت۔ طاقت۔ قوت ۳ انتظام۔ اہتمام۔ انصرام ۴ قبول کرنا۔ منظور کرنا ۵ امکان ۶ اجازت ۷ مرضی۔ خواہش۔ حق (خیر: اچھائی ہونا) **اختیارِ استثنا** (مذکر) کسی قرض سے سبکدوش کر دینے کا اختیار۔ **اختیارِ آمد و رفت** (مذکر) حق گزر۔ رستہ پانے کا حق۔ **اختیارات** (مذکر) اختیار کی جمع۔ **اختیارات ابتدائی** (مذکر) وہ اختیارات جو پہلے پہل ملیں۔ ابتدائی سماعت کے اختیارات۔

اختیارات سرسری (مذکر) فوری فیصلہ کرنے کے اختیارات۔ **اختیارات سماعت مقدمہ یا عدالت** (مذکر) وہ اختیارات جن کے بموجب کسی عدالت کو مقدمے کے سُننے کی اجازت ہو۔ **اختیارِ جائز** (مذکر) قانونی حق یا طاقت۔ اختیار حسب قانون۔ **اختیار چلنا** (لازم) قابو ہونا۔ زور چلنا۔ طاقت ہونا۔ **اختیار دینا** (متعدی) حکومت دینا۔ **اختیار ذاتی** (مذکر) کسی شخص کا وہ حق جس کے بموجب بغیر کسی کے دخل کے جو وہ چاہے کرے۔ **اختیار رکھنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قدرت یا طاقت ہونا۔ حکومت حاصل ہونا۔ **اختیار سماعت** (مذکر) مقدمہ سُننے کا اختیار۔ **اختیار سے باہر جانا** (لازم) ۱ بیخود ہونا۔ آپے میں نہ رہنا ۲ وہ کام کرنا جو اپنے حکم یا طاقت میں نہ ہو۔ **اختیار سے باہر ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بیخود ہونا۔ آپ میں نہ ہونا ۲ ایک کام کو چھوڑ کر اس کی جگہ دوسرا کام کرنا ۳ گوارا نہ کرنا۔ **اختیار کردہ** (صفت) اختیار کیا ہوا۔ **اختیار کرنا** (متعدی) ۱ کوئی کام کرنے لگنا ۲ ایک وضع چھوڑ کر دوسری وضع پر چلنے لگنا ۳ گوارا کرنا۔ **اختیار لے لینا** (متعدی) حکومت اور طاقت سلب کر لینا۔ **اختیار ملنا** (لازم) حکومت اور طاقت ملنا۔ **اختیار میں ہونا** (لازم) ۱ قابو یا بس میں ہونا ۲ ہوش و حواس میں ہونا ۳ امکان ہونا۔ **اختیار نامنظوری** (مذکر) بادشاہ یا گورنر کا وہ اختیار جس کے ذریعے وہ پارلیمنٹ یا مجلس کا پاس کیا ہوا بل منسوخ کر سکتا ہے۔ شاہِ انگلستان کا یہ اختیار تو برائے نام ہے لیکن ہندوستان میں گورنر جنرل اور گورنروں کو مکمل اختیار ہے۔ **اختیار ہونا** (لازم) قدرت رکھنا۔ بس میں ہونا۔ **اختیار ہے**۔ جو چاہو کرو۔

اختیاری (صفت) اپنے بس کا۔ اپنے قابو کا۔ جس کام کے کرنے میں انسان خود مختار ہو چاہے کرے چاہے نہ کرے۔ **اختیاری مضمون** (مذکر) وہ مضمون جس کا امتحان میں لینا طالب علم کی مرضی پر منحصر ہے۔

مثل۔ اختیار بدست مختار ۱ قابو یافتہ جو چاہے سو کرے ۲ حکومت حاکم کے اختیار میں ہے۔ کسی کو سمجھا کر ختم سخن کرتے ہیں۔ مطلب یہ ہوتا ہے کہ ہم سمجھا چکے آگے جیسا مناسب سمجھو کرو۔

اِختیال (ع۔ مذکر) ۱ اکڑ اکڑ کر چلنا ۲ غرور۔ اکڑ۔

اِختیان (ع۔ مذکر) ۱ دغا دینا۔ بیوفائی کرنا ۲ دھوکا۔ دغا۔ بیوفائی۔

اِخداع (ع۔ مذکر) ۱ چھپانا ۲ جمع کرنا

اِخدام (ع۔ مذکر) کسی کو نوکر رکھنا۔

اَخدان (ع۔ مذکر) جمع خدن۔ دوست۔ عاشق۔ پیاری چیزیں۔ معشوق۔

اَخدَع (ع۔ صفت) بہت مکار بہت جھوٹا۔

اُخدُود (ع۔ مذکر) ۱ ہل کا نشان ۲ زمین میں غار۔

اَخذ (ع۔ مذکر) ۱ پکڑنا۔ لینا۔ حاصل کرنا۔ اختیار کرنا ۲ نتیجہ نکالنا (اَخذ۔ لینا کسی چیز کا) **اخذُ البَرد** (مذکر) ہوا لگنا۔ زکام۔ **اخذ الشمس** (مذکر) لو لگنا۔ سن سٹروک۔ **اخذ انتقام** (مذکر) بدلہ لینا۔ **اخذ کرنا** (متعدی) ۱ لینا۔ چننا ۲ نتیجہ نکالنا بات سے بات نکالنا۔ **اخذ بالجبر** (مذکر) بغیر رضا مندی لینا۔ زبردستی لینا۔

اِخراج (ع۔ مذکر) ۱ نکالنا۔ خارج کرنا ۲ بیدخل کرنا ۳ شہر بدر کرنا ۴ استخراج (خَرَج۔ باہر جانا یا نکلنا۔ **اخراج مذہبی** (مذکر) مذہب سے خارج کر دینا۔ حقّہ پانی بند کر دینا۔ ذات برادری سے خارج کر دینا۔

اِخراجات (ع۔ مذکر) خرچ کی جمع الجمع مصارف۔ خرچ۔ لاگت۔ کھپت۔ **اخراجات برداشت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خرچ اُٹھنا۔

اِخراس (ع۔ مذکر) گونگا کر دینا۔

اِخراق (ع۔ مذکر) ۱ حیران کرنا۔ گھبرا دینا ۲ روکنا ۳ بیدل کرنا۔

اَخرَب (ع۔ مذکر) ۱ ویرانہ ۲ (صفت) کن پھٹا۔

اَخرَس (ع۔ صفت) گونگا۔

اَخرَق (ع۔ صفت) ۱ سُست نالائق ۲ پھٹے کپڑوں والا۔

اَخرَم (ع۔ صفت) جس کی ناک۔ کان وغیرہ چھدے ہوئے ہوں۔

اُخر نَہر (ع۔ مذکر) اخیر النّہر کا مخفف۔ صورتِ نہر کا ایک ستارہ۔

اَخرَوٹ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پھل۔ گردگاں۔ چہار مغز (س۔ اکشوٹ)

اُخرَوی (ع) اگلے جہان کے متعلق۔

اَخزا (ع۔ مذکر) شرمندہ کرنا۔ بدنام کرنا۔

اَخزَر (ع۔ صفت) کن انکھیوں سے دیکھنے والا۔

اَخزَم (ع۔ مذکر) ۱ نر سانپ ۲ حاتم طائی کے دادا کا نام۔

اَخَسّ (ع۔ مذکر) خسیس کا تفضیل بعض و کل بہت یا نہایت کمینہ۔ بہت یا نہایت لالچی۔

اِخسار (ع۔ مذکر) ۱ نقصان کرنا ۲ کم کرنا ۳ نقصان۔ خسارہ۔ گھاٹا۔

اِخساس (ع۔ مذکر) کسی کو قابل حقارت بنانا۔ کسی کو ذلیل سمجھنا۔

اَخشَم (ع۔ صفت) جس کی قوتِ شامّہ تیز ہو۔

اَخَص (ع۔ صفت) خاص کی تفضیل بعض و کل۔ نہایت اعلےٰ۔ نہایت افضل۔

اِخصا (ع۔ مذکر) خصی کرنا۔

اِخصاب (ع۔ مذکر) حیوانات یا نباتات کا باردار ہونا۔

اِخضال (ع۔ مذکر) گیلا کرنا۔

اَخضَر (ع۔ صفت) ۱ سبز۔ ہرا ۲ ایک بحیرہ کا نام (خضَر۔ سبز ہونا)

اَخضَع (ع۔ مذکر) ۱ مسکین۔ عاجز۔ بیچارہ ۲ کوتہ گردن۔

اِخطار (ع - مذکر) ۱ غلطی کرنا ۲ بلا ارادہ گناہ کرنا ۳ کسی کے ذمہ گناہ لگانا۔

اَخطار (ع - مذکر) خطر کی جمع مصیبتیں خطرے - تکلیفیں۔

اِخطار (ع - مذکر) جان خطرے میں ڈالنا

اَخطَب (ع - مذکر) وہ جو بہت اچھا خطبہ پڑھے - خطیب کی تفضیل بعض و کل۔

اَخطَل (ع - صفت) جس کے کان بڑے ہوں۔

اِخفا (ع - مذکر) ۱ پوشیدہ کرنا - چھپانا ۲ پوشیدگی - چھپاؤ ۳ پولیس کا جرم کی رپورٹ نہ لکھنا - اخفائے جرم یا واردات کی بجائے بولا جاتا ہے ۴ مخفی - نظر نہ آنا) **اخفائے جرم** (مذکر) دیکھو اخفائے واردات - **اخفائے راز** (مذکر) بھید کو چھپانا یا ظاہر نہ کرنا - **اخفائے واردات** (مذکر) ۱ کسی واقعے یا حادثے کو چھپانا ۲ اصطلاح پولیس کسی جرم کی رپورٹ نہ کرنا - **اخفائے ولادت** (مذکر) ۱ بچے کی پیدائش کی رپورٹ نہ کرنا ۲ بچے کی پیدائش کو چھپانا - تعزیراتِ ہند کا ایک جرم۔

اَخفاف (ع - مذکر) خف کی جمع - بوٹ - جوتے - اونٹ کے پاؤں۔

اَخفش (ع - صفت) ۱ کمزور اور چھوٹی آنکھوں والا ۲ کمزور آنکھوں والا آدمی۔

اَخگر (ف - مذکر) انگارا چنگاری - دہکتا ہوا کوئلہ۔

اَخلا (ع - صفت) خلیل کی جمع - دوستانِ صادق۔

اِخلا (ع - مذکر) خالی کرنا۔

اِخلاد (ع - مذکر) ۱ جھکنا - ٹیکیہ لگانا ۲ چمٹنا ۳ جاری رہنا ۴ دائم بنانا۔

اِخلاص (ع - مذکر) ۱ دوستی محبت ربط ضبط ۲ خلوص - صاف دلی - بے ریائی ۳ قرآن شریف کی ایک سورت کا نام (خلص - صاف ہونا) **اخلاص بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) آپس میں پیار محبت یا میل جول زیادہ ہونا - **اخلاص رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) **کرنا** (متعدی) محبت زیادہ ہونا یا دوستی رکھنا - خصوصیت رکھنا - **اخلاص مند** (صفت) ۱ مخلص صادق - وفادار ۲ (مذکر) مخلص دوست - **اخلاص مندی** (مؤنث) اخلاص - دوستی - محبت وغیرہ - **اخلاص ہونا** (لازم) محبت ہونا۔

مثل - اِخلاص سے اخلاص پیدا ہوتا ہے - اگر ایک کو محبت ہو تو دوسرے کو بھی محبت ہو جاتی ہے۔

اَخلاط (ع - مذکر) خلط کی جمع - رطوبات بدنی - **اخلاطِ اربعہ** (مذکر) خون، صفرا، بلغم، سودا جو انسانی بدن میں پائے جاتے ہیں - **اخلاطِ فاسدہ** (مذکر) بگڑے ہوئے خلط۔

اَخلاق (ع - مذکر) خُلق کی جمع ۱ عادات خصائل ۲ آداب - تہذیب - رویہ - چلن ۳ ملنساری - مروت ۴ انسانیت - آدمیت - خوش اخلاقی ۵ وہ علم جس میں تہذیب - عادات و خصائل انسانی کے اصول و مبادی و مبادی - مناظر پر بحث ہو یا دوسرے الفاظ میں وہ علم جس میں تہذیب نفس اور معاد و معاش وغیرہ کی نسبت بحث ہو - **اخلاقِ جلالی** (مذکر) اخلاق کی مشہور کتاب مصنفہ مُلّا جلال الدین دوانی - **اخلاقِ حمیدہ** (مذکر) پسندیدہ اخلاق - **اخلاقِ محسنی** (مذکر) اخلاق کی مشہور کتاب مصنفہ مُلّا واعظ حسین کاشفی - **اخلاقِ معاشرت** (مذکر) باہم ایک جگہ رہنے سہنے کے آداب - **اخلاقِ ناصری** (مذکر) علم اخلاق کے متعلق ایک مشہور کتاب مصنفہ نصیر الدین محقق طوسی - **اخلاقیات** (مذکر) علم اخلاق۔

اِخلال (ع - مذکر) ۱ محتاج کرنا ۲ محتاج ہونا

اَخلَق (ع - صفت) ۱ زیادہ موزوں یا مناسب - صاف - ہموار۔

اِخماد (ع - صفت) آگ بجھانا - حرارت بجھانا - گرمی بجھانا۔

اِخمال (ع - مذکر) مغلق بنا دینا - مشکل بنا دینا۔

اَخمص (ع - مذکر) ۱ پاؤں کے تلے کا اونچا حصہ ۲ (صفت) نازک کمر۔

اَخناس (ع - صفت) چپٹی ناک والا۔

اِخناس (ع - مذکر) ۱ کسی چیز کے پیچھے چھپنا ۲ روکنا۔

اَخنی (ف - مؤنث) یخنی - آب یخنی - **اخنی پلاؤ** (مذکر) ایک قسم کا پلاؤ جو یخنی میں پکایا جاتا ہے - **اخنی یخنی** (مؤنث) (ع) ذلیل بدچلن عورت - ابری بُری

اَخوات (ع - مؤنث) جمع اخت بہنیں۔

اِخوان (ع - مذکر) جمع اخ بھائی - بھائی بند - رشتہ دار - دوست - **اخوانُ الزّمان** (مذکر) ہم عہد ہم عصر معاصرین - **اخوان الشّیاطین** (مذکر) شریر لوگ - بدمعاش لوگ - **اخوان الصفا** ایک مفید علمی مجلس جو ۹۸۲ء میں شہر بصرہ میں قائم ہوئی - اس مجلس کے اراکین نے مختلف علوم و فنون پر ۵۲ رسالے لکھے جو رسائل اخوان الصفا کہلاتے ہیں۔

اُخوّت (ع - مؤنث) - بھائی جیسی محبت بھائی چارہ - یگانگت (اَخ - بھائی) **اُخوّتِ اسلامی** (مؤنث) مسلمان ہونے کی حیثیت سے یگانگت محبت یا ہمدردی۔

اَخیار (ع - مذکر) خیر کی جمع - نیک لوگ بہترین انسان - اعلیٰ انسان۔

اَخیاف (ع - مذکر) خیف کی جمع - دو بھائی یا بہنیں - جن کی ایک ماں اور مختلف باپ ہوں - **اَخیافی** (مذکر) وہ بھائی بہن جو ایک ماں اور مختلف باپوں سے ہوں۔

اَخیذ (ع - صفت) ۱ لیا ہوا پکڑا ہوا ۲ (مذکر) قیدی۔

اَخیَر (ع - صفت) خیر کی تفضیل بعض و کل - زیادہ بہتر - بہترین۔

اَخیر (ع - صفت) ۱ پچھلا - آخر ۲ انتہا - حد ۳ تمام ۴ آخر کو - قریب ختم ۵ انجام - وقت موت - **اخیر آ** (تف) آخر کار - انجام کار - **اخیر النہر** (علا) صورت نہر کا ایک ستارہ - **اخیر سما یا وقت** (مذکر) ہر چیز کے خاتمہ کا وقت - نزع کا وقت - **اخیر کو** (تف) انجام کار۔

اَخیف (ع - صفت) جس کی ایک آنکھ سیاہ ایک نیلی ہو۔

اَخیل (ع - صفت) جس کے چہرے پر بہت تل ہوں۔

اَد (ھ - عدد) ادھا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - **ادبٹائی** (مؤنث) تقسیم فصل نصفا نصف - **ادبَر** (مذکر) نصف راہ - درمیان میں - **ادبگرا** (صفت) نصف صاف شدہ (جیسے چاول) **ادبنا** (صفت) نصف بنا ہوا - نامکمل - **ادبیچ** (صفت) درمیان میں تکمیل کے درمیان - **ادپکا** (صفت) نصف پکا ہوا - کچا - سبز - **ادپوا** یا **پاوا** (مذکر) آدھ پاؤ - دو چھٹانک - **ادپیٹ** (صفت) نصف پیٹ بھرا ہوا - ناکافی (خوراک) **ادجلا** (صفت) نصف جلا ہوا - **ادچکر** (مذکر) نصف دائرہ - **ادچوٹ**

(صفت) ۱ تھوڑا سا زخمی ۲ نصف صاف۔ ادسیرا (مذکر) آدھ چھٹانک۔ ادکٹ (مذکر) ۱ تر۔ قطر۔ ادکچرا (صفت) کچا سبز۔ ادکھلا (صفت) نصف کھلا ہوا (جیسے پھول) ادگدرا (صفت) کچا (پھل)، ادگلا (صفت) نصف گلا ہوا۔ آدھا پکا ہوا۔ ادگڑا (صفت) ادھا گڑا ہوا۔ آدھا ٹھونکا ہوا۔ ادمرا یا موا (صفت) نصف مرا ہوا کمبخت۔ بدنصیب۔ آفت رسیدہ۔

اُدھ (س) ایک کلمہ جو دوسرے کلموں کے پہلے استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو اُت۔ وہاں۔ اوپر۔

اَدا (ف۔ مونث) ۱ ناز و انداز۔ نخرہ۔ آن۔ حرکاتِ مجنونانہ۔ ۲ لطافت۔ شائستگی ۳ چونچلا۔ غمزہ عشوہ ۴ اشارہ۔ قرینہ ۵ طریقہ۔ ڈھنگ ۶ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے خوش ادا۔ **ادابند** (صفت) وہ شخص جو معشوق کی ادائیں کلام میں اس طرح باندھے کہ اس کا نقشہ آنکھوں کے سامنے آجائے۔ **ادابندی** (مونث) معشوق کی ادائیں کلام میں اس طرح باندھنا کہ آنکھوں کے سامنے تصویر کھنچ جائے۔ **ادا دکھانا** (متعدی) دکھانے کو ناز و انداز کرنا۔ انداز معشوقانہ کے ساتھ چلنا۔ ناز و نخرے کرنا۔ **اداشناس** (صفت) اشارے اور قرینے سے عندیہ پہچاننے والا۔ **اداشناسی** (مونث) اشارے اور قرینے سے عندیہ سمجھنا۔ **ادافہم** (صفت) دیکھو اداشناس۔ **اداکار** (ا۔ مذکر) سینما یا تھیٹر میں کام کرنے والا۔ ایکٹر۔ **اداکارہ** (مونث) ایکٹرس کے لیے قاعدے کی رُو سے اداکارہ صحیح نہیں ہے لیکن اب یہ لفظ بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ **اداکاری** (مونث) ایکٹنگ۔ سینما یا تھیٹر میں کام کرنا۔ **اداکرنا** (متعدی) حرکات معشوقانہ کرنا۔ **ادا نکالنا** (متعدی) ناز و انداز کا نیا طریقہ ایجاد یا اختیار کرنا۔ **ادا نکلنا** (لازم) شان پیدا ہونا۔ آن بان ظاہر ہونا۔ **ادائی** (مونث) ۱ ادا کرنا۔ نخرہ کرنا ۲ نخرہ۔ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے خوش ادائی۔ کج ادائی۔ **ادائے دلفریب** (مونث) دل کو لبھانے والا انداز۔ **ادائے ہوشربا** (مونث) ہوش اُڑا دینے والا نخرہ۔

اَدا (ع۔ مونث) ۱ بیباقی۔ ادائگی ۲ تکمیل۔ اتمام ۳ تعمیل۔ بجا آوری ۴ وہ عبادت جو وقت پر کی جائے (ادا کی۔ دینا) **ادابندی**۔ قسط بندی۔ قرض کی ادائگی یا ٹھیکے کی تکمیل کے لئے وقت مقرر کرنا۔ **اداکرنا** (متعدی) ۱ (قرض) چکانا۔ بے باق کر دینا ۲ (شکریہ وغیرہ) بجا لانا ۳ (رسم وغیرہ) عمل میں لانا۔ پورا کرنا ۴ (نماز) پڑھنا ۵ (حرف) قاعدۂ قرأت کے مطابق پڑھنا ۶ (قلم کا) لکھنا ۷ (زبان وغیرہ سے) کہنا ۸ (فرض) اتارنا ۹ (ہاتھ سے) بھاؤ بتانا ۱۰ باقاعدہ گانا۔ **اداکنندہ** (صفت) ادا کرنے والا۔ **اداکنندہ محصول** (مذکر) محصول ادا کرنے والا۔ ٹیکس گزار۔ **ادا ہونا** (لازم) دیکھو ادا کرنا۔ **ادائے خدمت** (مونث) ۱ خدمت کرنا ۲ فرض کا پورا کرنا۔ **ادائے دعا و ثنا** (مذکر) دعا دینا اور تعریف کرنا۔ بادشاہوں اور امیروں کی خدمت میں حاضر ہو کر دعا دیتے اور تعریف کرتے تھے۔ **ادائے دین** (مذکر) قرضہ ادا کرنا۔ **ادائے زر ڈگری** (مونث) حاکم کے فیصلے کے مطابق روپیہ ادا کرنا۔ **ادائے شہادت** (مونث) گواہی دینا۔ گواہی دینے کا فرض یا کام۔ **ادائے فریضہ** (مونث) فرض کی ادائگی۔ نماز پڑھنا۔ **ادائگی** (مونث) قرضہ ادا کرنا۔ بیباقی۔ **ادائے لگان** (مونث) لگان دینا۔ **ادائے مال گزاری** (مونث) مالگزاری ادا کرنا۔

اَدات (ع۔ مونث) ۱ اوزار۔ آلہ۔ ہتھیار۔ برتن ۲ (صرف و نحو) حرف۔ **اداتُ التّعریف** (مذکر) اَل جو اسما اور صفات کے ساتھ آکر خصوصیت پیدا کر دیتا ہے۔

اُدانؔ (س۔ صفت) ۱ اونچا۔ بلند۔ مرتفع۔ معزز۔ ذیشان ۲ فیاض۔ سخی ۳ پیارا۔ معشوق ۴ (مذکر) لہجہ ۵ اونچا یا تیز سُر ۶ علم انشا کی ایک صفت ۷ ایک ساز ۸ ایک بڑا ادمامہ ۹ تحفہ یا نذر۔

اَدانا (س۔ صفت) ۱ کنجوس۔ بخیل ۲ لالچی۔

اَداد (بابل۔ عص) طوفان کا دیوتا۔ اِس کو کرنان بھی کہتے ہیں۔ یہ بارش برساتا ہے۔ اور فصلیں پیدا کرتا ہے۔ مگر ساتھ ہی طوفان لا کر تباہی کرتا ہے۔ اس کی بیوی کا نام شالا ہے۔

اُدار (س۔ صفت) ۱ شریف۔ حلیم ۲ ذیشان ۳ فیاض۔ سخی ۴ معزز۔ بہترین ۵ (مذکر) سخاوت۔ شرافت وغیرہ ۶ اصراف۔ **ادارتا** (مونث) دریادلی۔ فیاضی۔ سخاوت۔ **ادار پارت** (صفت) ۱ معاملات میں دریادلی دکھانے والا ۲ فیاض طبیعت۔ شریف طبع۔

اَدارات (ع۔ مذکر) ادارہ کی جمع۔ **اداراتِ قانونی** (مذکر) وہ مجلسیں جو کسی قانون کے ماتحت قائم کی جائیں۔

اِدارۃ۔ ادارہ (ع۔ مذکر) وہ مجلس جو کسی خاص کام کے لئے مقرر کی جائے۔ **ادارے** (مذکر) جمع ادارۃ کی۔

اُداس (ہ۔ صفت) ۱ غمگین۔ افسردہ۔ دلگیر۔ مغموم۔ محزون۔ اندوہگین۔ حزین ۲ بیزار۔ برخاستہ خاطر (مت) ۳ سُونا۔ بے رونق۔ اُجاڑ ویران ۴ (رنگ کے لئے) کم کم۔ ہلکی ہلکی ۵ دھیمی دھیمی ۶ ماند۔ کملایا ہوا۔ بے رونق۔ شوخ کی ضد (س اُر۔ الگ۔ آس۔ بیٹھنا) **اُداس بیٹھنا۔ اُداس پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱ افسردہ ہونا ۲ رنجیدہ ہونا۔ دلگیر ہونا ۳ ماند پڑنا۔ چمک جاتے رہنا۔ **اُداس رکھنا** (لازم) غمگین رکھنا۔ افسردہ رکھنا۔ **اداس رہنا** (لازم) غمگین یا دلگیر رہنا۔ **اداس کرنا** (متعدی) رنجیدہ یا دلگیر کرنا۔ **اُداس ہونا** (لازم) رنجیدہ ہونا۔ دلگیر ہونا۔ **اُداسی** (مونث) ۱ افسردگی۔ رنجیدگی ۲ بے رونقی۔ **اُداسی برسنا** (لازم) ۱ بے رونقی ہونا ۲ افسردگی یا پریشانی ظاہر ہونا۔ غم و حزن نمایاں ہونا۔ **اُداسی پھیلنا** (لازم) بے رونقی ہو جانا۔ سنّاٹا چھا جانا۔ **اداسی چھا جانا یا چھانا** (لازم) ۱ اداسی برسنا ۲ بے رونقی ہونا۔

اُداسارہ (۔ مذکر) ۱ (آزاد فقیروں کی اصطلاح) ایک رسّی جو کندھوں پر سے گزار کر جنیئو کی طرح پہنتے ہیں ۲ بوریا بستر۔ اوڑھنا۔ بچھونا (اداس سے) **اداسا کسنا** (متعدی) روانہ ہونا۔ بوریا بستر باندھنا۔ چلنے کا ارادہ کرنا۔ چل پڑنا۔ **اداسا کھینچنا** (متعدی) ہر طرف سے قطع تعلق کر کے ایک طرف دھیان لگانا۔

اُداسی (س۔ صفت) ۱ بیقرار ۲ گوشہ نشین۔ تنہائی پسند۔ غمگین۔ دلگیر۔ رنجیدہ۔ افسردہ ۳ (مذکر) دلگیر آدمی ۴ بن باسی۔ سادھو ۵ فقیر سادھوؤں کا ایک فرقہ ۶ ایک فرقہ جو گورو نانک جی کے بیٹے کا پیرو ہے۔ **اُداسین** (صفت) ۱ علیحدہ بیٹھا ہوا۔ تنہا۔ اکیلا ۲ محبت سے آزاد ۳ وہ شخص جو بالکل دنیا سے علیحدہ ہو جائے۔ جس کا خاندان گمنام ہو۔ اور جس کا نہ کوئی دوست ہو نہ دشمن ۴ بن باسی۔ بیراگی ۵ جو نہ کسی کا دوست ہو نہ دشمن ۶ ثالث۔ سرپنچ ۷ پنجاب میں فقیروں کا ایک فرقہ۔ اداسی۔ **اداسینتا** (مونث) مُردہ دلی۔ بے مہری بے پروائی۔ بے اعتنائی۔

اِدافت (ع۔ مونث) گھیر لینا۔ محاصرہ کر لینا۔

اَدام (ع۔ دعا) ہمیشہ رکھے۔ ہمیشہ زندہ رہے۔ **اَدام اللہ**۔ خدا ہمیشہ رکھے۔ خدا ہمیشہ

زندہ رکھے۔ اَدامَ اللہُ فُیُوضَہُم۔ بڑوں کے لئے دُعا ہے کہ خدا ان کے فیض کو ہمیشہ رکھے۔

اِدامَت (ع۔ مؤنث) ہمیشگی۔ دوام۔

اُدان (س۔ مذکر) دو یا تین صحت بخش ہواؤں میں سے ایک جو گلے میں سے نکل کر دماغ کو چڑھتی ہے۔

اِدانَت (ع۔ مؤنث) قرض دینا۔

اُدانی (س۔ صفت و مذکر) دیکھو اودانا۔

اَدانی (ع۔ صفت و مذکر) ادنے کی جمع۔ بہت نیچے درجے کا۔ نہایت کمینہ۔ سخت پاجی۔ نہایت رذیل۔ بہت حقیر۔

اُداہٹ (ہ۔ مؤنث) اُوداپن (اودا۔ سے) **اُدائی** (مؤنث) اوداپن۔

اُداہَرَن (س۔ مذکر) ۱ مثال تمثیل۔ نظیر تشبیہہ۔ مقابلہ ۲ برخلاف دلیل ۳ (منطق میں) استدلال کے پانچ طریقوں میں سے ایک۔

اَدَب (ع۔ مذکر) ۱ تہذیب۔ شائستگی تمیز ۲ دستور۔ قاعدہ ۳ لحاظ۔ حفظ مراتب ۴ علم زبان جس میں نحو۔ لغت۔ عروض۔ انشا۔ معانی اور بیان وغیرہ داخل ہیں ۵ پالتو کتے کو ہٹانے اور قرینے سے بیٹھنے کے لئے تادیباً کہتے ہیں "ادب"۔ اچھی طرح تربیت ہونا۔ **ادب آداب** (مذکر) ۱ تہذیب۔ شائستگی ۲ تمیز لحاظ۔ حفظ مراتب۔ **ادب آموز** (صفت) ۱ ادب سکھانے والا ۲ وہ شخص جو ادب سیکھے ہوئے ہو۔ **ادب آموزی** (مؤنث) ادب سکھانا۔ تعلیم۔ **ادب پکڑنا** (لازم) ادب سیکھنا۔ **ادب تفاوت سے** اگلے زمانے میں بادشاہوں کی سواری کے آگے نقیب یہ نعرہ لگاتے جاتے تھے۔ **ادب دینا یا سکھانا** (متعدی) **سیکھنا** (لازم) تہذیب کی تعلیم حاصل کرنا۔ شائستگی سیکھنا۔ تمیز سیکھنا۔ **ادب عالیہ** اعلیٰ علم ادب۔ **ادب کرنا** (متعدی) لحاظ کرنا۔ پاس کرنا۔ حفظ مراتب کا خیال کرنا۔ **ادب کی جگہ** (مؤنث) وہ شخص یا چیز جس کا ادب لازمی ہے۔ **ادب لطیف**۔ وہ ادب جو آسان، عام فہم اور دماغ کی تفریح کا باعث ہو۔ **ادب والا** (صفت) مہذب اور شائستہ۔ وہ جس کا ادب لازمی ہے۔ **ادب و توقیر** (مؤنث) عزت۔

اُدَبا (ع۔ مذکر) ادیب کی جمع ۱ ادب سکھانے والے ۲ ماہرین علم ادب۔

اَدبار (ع۔ مذکر) دُبُر کی جمع۔ پیٹھیں۔

اِدبار (ع۔ مذکر) ۱ بدبختی۔ بدنصیبی۔ پریشانی ۲ تنزل۔ مفلسی۔ ناداری ۳ اقبال کی ضد ۴ نحوست (دُبُر۔ پیچھے ہٹنا) **ادبار آنا** (لازم) ۱ تنزل ہونا ۲ سخت بدبختی ہونا۔ مصیبت آنا۔

اُدبدا (ہ۔ امر) ادبدانا کا۔ **اُدبدا کر** (تف) ۱ دانستہ۔ جان بوجھ کر ۲ خواہ مخواہ۔ ضرور ۳ ضد سے۔ شرارت سے۔ ستانے کو۔ اردو میں صرف اس محاورے میں استعمال ہوتا ہے۔ **اُدبدانا** (لازم) ۱ چالاک ہونا۔ چست ہونا ۲ (ہ) مضطرب ہونا۔ گھبرانا۔ بے چین ہونا۔ بیقرار ہونا۔ مذبذب ہونا ۳ بے طاقت ہونا۔

اُدبُدھ۔ اُدھ بُدھ (س۔ مذکر) پہلا بدھ۔ جس کو خدا سمجھا جاتا ہے۔

اُدبُودھ (س۔ مذکر) ۱ یاد۔ یادگیری ۲ شناخت۔ پہچان۔

اَدبھُت (س۔ صفت) ۱ عجیب۔ حیرت انگیز۔ تعجب خیز۔ عجوبہ ۲ اچنبھا ۳ انوکھا۔ نرالا۔ اچگت۔ نادر۔ انوپ۔ طرفہ ۴ قابل تعریف۔ بہت ہی اچھا۔ عمدہ۔ خوب ۵ (مذکر) حیرت تعجب وغیرہ۔ **ادبھت براہمن** (مذکر) سام وید کے متعلق براہمن جس میں معجزات اور حیرت انگیز باتوں کا ذکر ہے۔ **ادبھت رامائن** (مذکر) والمیکی کی ایک تصنیف کا نام۔ **ادبھت سَوِن** (مذکر) شوجی۔ **ادبھت شانتی** (مذکر مؤنث) اتھرون وید کے ۷۰ ویں پرشسٹ کا نام۔ **ادبھت کرم** (مذکر) حیرت انگیز کام۔ معجزہ۔ **ادبھت وستو** (مذکر) عجوبہ۔ عجائب چیز۔ نادر الظہور۔

اُدبھِج (س۔ صفت) ۱ پھوٹنے یا جمنے والا۔ اُگنے والا ۲ نباتی۔

اُدبھَو (س۔ مذکر) پیدا ہونا۔ پھوٹنا۔ پیدائش۔ پیداوار۔

اَدَت (س۔ صفت) ۱ نہ دیا ہوا ناجائز یا بیچا دیا ہوا ۲ (مذکر) ناجائز چندہ۔

اَدِت (س۔ مؤنث) آزاد۔ غیر محدود۔ بے انتہا۔

اُدِت (س۔ صفت) ۱ چڑھا ہوا ۲ نکلا ہوا جس طرح سورج ۳ چمکتا ہوا۔ روشن ۴ ممتاز۔ نامی مشہور۔ معروف۔ نامور۔

اَدَتّا (س۔ صفت) ۱ شادی میں نہ دی ہوئی ۲ (مؤنث) ناکتخدا لڑکی۔ کنواری لڑکی۔

اُدَتری (ہ۔ صفت) ۱ لٹکا ہوا۔ آویزاں ۲ ناتواں۔ ضعیف۔ کمزور۔

اِدحاض (ع۔ مذکر) ۱ مقدمہ خارج کرنا ۲ منسوخ کرنا۔

اِدّخار (ع۔ مذکر) جمع کرنا۔ انبار لگانا۔

اِدخال (ع۔ مذکر) ۱ داخل کرنا ۲ داخل کرانا ۳ درج رجسٹر کرانا ۴ داخلہ۔ دخل۔ (دخل۔ اندر جانا)

اُدَدھ (س۔ مذکر) سمندر۔ بحر۔

اَدر (س۔ مذکر) ۱ پہاڑ۔ چٹان ۲ پہاڑ۔ پہاڑی۔

اُدر (س۔ مذکر) ۱ پیٹ۔ معدہ ۲ انتڑیاں ۳ رحم۔ کوکھ۔ بچہ دان ۴ گڑھا۔ غار ۵ اندرونی حصہ کسی چیز کا۔ جوف۔ دل۔ جی ۶ ابھار۔ سوجن۔ گانٹھ۔ دنبل ۷ قتل۔ جنگ۔ **ادرامے** (مؤنث) پیٹ کی بیماری۔ پیچش۔ اسہال۔ **ادرادیشتہ** (مذکر) کینچوا۔ **ادر پیڑا** (مذکر) پیٹ درد۔ معدہ کا درد۔ قولنج۔ **ادر پساچ** (صفت) ۱ بہت بڑے پیٹ والا۔ پیٹو۔ کھاؤ ۲ (مذکر) بہت کھانے والا آدمی۔ **ادر ریکھا** (مؤنث) پیٹ پر بالوں کی لکیر۔ **ادر وردھی** (مؤنث) استسقا۔ جلندھر۔ **ادرل۔ ادرن** (صفت) بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ **اُدرنی** (مؤنث) موٹی عورت۔ حاملہ عورت۔ **ادری** (صفت) ۱ پیٹ بڑھا ہوا ۲ حاملہ ۳ (مؤنث) پیٹ بڑھنا (استسقا یا اپھرا سے)

اُدر (س۔ مذکر) ۱ اود بلاؤ ۲ کیکڑا ۳ کوئی آبی جانور۔

اَدراج (ع۔ مذکر) دُرج کی جمع۔ زیور رکھنے کی صندوقچیاں۔ ایک قسم کا کانوں کا زیور۔

اِدراج (ع۔ مذکر) ۱ ایک چیز دوسری میں داخل کرنا ۲ تہ کرنا ۳ ملفوف کرنا۔ لف کرنا ۴ ملائی ہوئی عبارت۔ تحریف (دَرج۔ قدم بقدم حرکت کرنا)

اِدرار (ع۔ مذکر) ۱ جاری رہنا۔ تیز رہنا ۲ پیشاب کھل کر یا [illegible] آنا ۳ ذیابیطس ۴ سخت بارش۔ سخاوت (دَرّ۔ بہنا) **ادرار ہونا** (لازم) بہت پیشاب آنا۔

اِدراک (ع۔ مذکر) ۱ محسوس کرنا ۲ دریافت کرنا ۳ عقل۔ فہم۔ سمجھ (دَرک۔ سمجھنا) **ادراک مطالب** (مذکر) مطلبوں کا سمجھنا۔ بات کی تہ کو پہنچنا۔

ادراکیہ (مؤنث) وہ قوت جس سے انسان سمجھتا ہے۔

اِدرام (ع۔ مذکر) دودھ کے دانتوں کا ہلنا۔

اَدَرسادہ (۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی بہت باریک ململ ۲ ایک قسم کی مٹھائی (س۔ درش۔ دیکھنا)

آدرِش (ھ) اَدرِشیہ (س۔ صفت) جو نظر نہ آئے۔ نہاں۔ مخفی۔ پوشیدہ ۔ادرشٹ (صفت) لو دیکھو ادرش ۲ (مذکر) غیب ۳ قسمت ۴ ناگہانی خطرہ۔

اَدرِش (س۔ صفت) ۱ جو دکھائی نہ دے ۲ ناگہانی جس کا خیال تک نہ ہو ۳ (مذکر) ناگہانی خطرہ ۴ قسمت۔ نصیبا ۵ آئینہ ۔اَدرشک (مذکر) آئینہ۔ اَدرشن (صفت) ۱ جو نہ دکھائی دے ۲ غائب ہونا۔ نہ دکھائی دینا۔ عدم رویت۔

اَدرک (ف۔ مؤنث) ۱ ایک پودے کی خوشبودار گٹھیلی جڑ۔ زنجبیل۔ ادرک کا لچھا (مذکر) باریک کی ہوئی ادرک۔ ادرکی (مؤنث) ایک قسم کی مٹھائی۔ ادرک کا مربہ۔

اُدرَل۔ اُدرِنَ (س۔ صفت) ۱ بڑے پیٹ کا۔ موٹا۔ فربہ ۲ پیٹ کے متعلق۔ ادرنی (مؤنث) ۱ موٹی عورت ۲ حاملہ عورت۔

اَدرنہ (ت۔ مذکر) اڈریا نوپل۔

اَدروھ (س۔ مذکر) ۱ کینہ یا ظلم سے نجات ۲ میانہ روی۔ اعتدال۔ ملائمت۔ اَدروھی (صفت) ۱ بے کینہ۔ ظلم نہ کرنے والا ۲ معتدل۔ میانہ رو ۳ نرم مزاج ۴ (مذکر) بے کینہ یا ظلم نہ کرنے والا آدمی۔

اُدورہ (ع۔ مذکر) فوطوں کا بڑھ جانا۔

اُدڑاگدڑا ۔ اُدڑگدڑ (ھ۔ مذکر) ۱ چیتھڑے پرانے اترے ہوئے کپڑے ۲ وہ آدمی جس نے پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے ہوں۔

مثل۔ ادڑ گدڑ سووے۔ مرجاد والا روو ے۔ غریب تو مزے سے سوتا ہے۔ امیر آدمی کو نیند نہیں آتی۔

اَدِشٹ (ھ۔ مذکر) ۱ بدقسمتی۔ تباہی۔ زوال ۲ قسمت۔ بخت۔ بھاگ۔ نصیب۔ مقسوم۔

اِدّعا (ع۔ مذکر) ۱ دعوے کرنا۔ خواہش کرنا ۲ دعوے۔ مطالبہ ۳ اپنی طرف کسی ایسی بات کا منسوب کرنا جو واقعی نہ ہو۔ بے دلیل بات کہنا۔ روِ غا۔ تلاش کرنا۔ چاہنا۔

اَدعج (ع۔ صفت) سیاہ چشم۔

اَدعِیہ (ع۔ مؤنث) دُعا کی جمع۔ دعائیں۔

ادعیۂ ماثورہ (مؤنث) وہ دُعائیں جو پیغمبر صاحب سے منقول ہیں۔

اِدغام (ع۔ مذکر) ایک ہی قسم کے دو حرفوں کو آپس میں بذریعہ تشدید ملا دینا (دَغم ڈھانپنا)

اَدغَم (ع۔ صفت) جس کا چہرہ یا ناک سیاہ ہو۔ جو اپنی ناک میں بولے۔

اِدفا (ع۔ مذکر) گرم کپڑا یا لباس پہننا

اَدَقّ (ع۔ صفت) دقیق کی تفضیل بعض و کل ۱ بہت یا نہایت دقیق یا مشکل ۲ بہت یا نہایت لطیف نفیس یا مبہم۔

اِدقاق (ع۔ مذکر) کوٹنا۔ پتلا کرنا۔

اَدقچہ (ت۔ مذکر) پلنگ کی سفید چادر جس کے حاشیہ پر کارچوبی یا کلابتونی کام ہوتا ہو۔ یہ توشک اور پلنگ پوش کے نیچے بچھائی جاتی ہے۔

اُدَک (س۔ مذکر) ۱ پانی ۲ کریا کرم کے وقت پانی ڈالنا ۳ اشنان۔ نہانا۔

اِدِّکار (ع۔ مذکر) ۱ یاد دلانا ۲ نصیحت ماننا

اُدگاتر (س عص) برہمن جو سام وید کے منتر پڑھتا ہو۔

اُدگار (س۔ مذکر) ۱ تھوکنا ۲ بکنا ۳ قے کرنا۔ ڈکارنا ۴ تھوک ۔ڈکار ۵ تبخیر ۶ آواز۔ شور۔

اُدگَت (س۔ صفت) ۱ قے کیا ہوا۔ ابکا ہوا ۲ اگا ہوا۔

اَدِگرنتھ (س۔ مذکر) سکھوں کی مقدس کتاب۔ خصوصاً وہ حصہ جو گورو نانک صاحب کی تصنیف ہے۔

اُدگھاٹ (س۔ مذکر) ۱ دانت دکھانا ۲ سنتری کا مکان۔ اُدگھاٹِت (صفت) ۱ کوشش سے کیا ہوا۔ زور لگایا ہوا۔ کھلا۔ قفل کھلا ہوا۔ اُدگھاٹن (مذکر) ۱ کھولنا۔ قفل کھولنا ۲ کھولنے والا ۳ کھولنے کا آلہ (چابی وغیرہ) ۴ کوئیں کا ڈول اور رسا پانی نکالنے کا چمڑے کا ڈول۔

ادل (س۔ صفت) ۱ بے برگ۔ بے پتّہ ۲ (مذکر) ایک درخت کا نام۔

اَدلا۔ اَدلا بَدلا۔ اَدل بَدل (ہ۔ مذکر) اَدلی بَدلی (ھ۔ مؤنث) ۱ ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لینا۔ عوض معاوضہ۔ مبادلہ ۲ تغیر و تبدل۔ الٹ پھیر ۳ وہ چیز جو عوض میں دی جائے۔ ادل بدل کرنا (متعدی) ادلی بدلی کرنا (ھ) تغیر تبدل کرنا ۲ الٹ پھیر کرنا ۳ تبادلہ کرنا۔ ایک چیز کے عوض دوسری چیز بیچنا (عف)

مثل۔ ادلے کا بدلہ۔ جیسا کام کوئی کرے۔ ویسا ہی اس کے ساتھ کیا جائے نیکی کے بدلے نیکی۔ بدی کے بدلے بدی۔ جیسے کو تیسا۔ چور کے گھر مور۔ آڑ کے بدلے تاڑ۔

آدلا (اردو۔ مذکر) جانوروں کی ٹانگ کا بے ریشہ گوشت۔ عربی لفظ عضلہ کا بگڑا ہوا ہے۔

اِدلا (ع۔ مذکر) ۱ گرانا۔ پھینکنا۔ بھیجنا ۲ لٹکانا ۳ برا کہنا۔

اِدّلاج (ع۔ مذکر) رات کو روانہ ہونا۔

اِدلال (ع۔ مذکر) ۱ مغرور ہونا ۲ ناز و نخرے کرنا۔

اَدل پہچان (ہ۔ مؤنث) وہ چیز جو بلا تامل پہچان لی جائے (عف)

اَدِلّہ (ع۔ مذکر) دلیل کی جمع۔ ثبوت۔ دلیلیں۔ شہادتیں۔ وجوہات۔

اَدم (ع۔ مذکر) ۱ کوئی چیز روٹی کے ساتھ کھانا ۲ آپس میں محبت اور دوستی ہونا۔

اِدَم (س۔ صفت) یہ۔ یہاں۔ اب۔ نیز

اِدَم اناس (ق) اس جگہ تک۔ یہاں تک۔

اُدَم (ھ۔ مذکر) دیکھو اُدیَم۔

مثل۔ اُدم سے دلدر گھٹے محنت اور کوشش سے تکلیف جاتی رہتی ہے۔

اُدمات۔ اُدماد (ہ۔ مذکر) ۱ دیوانہ جوانی۔ مستی شباب ۲ (ھ) دیوانگی۔ پاگل پن۔ جنون۔ خبط ۳ بے اعتدالی ۴ جوش ۵ شہوت۔ مستی ۶ غرور۔ خودبینی۔ زعم ۷ خود نمائی۔ نمود۔ نمائش ۸ بدکاری۔ بدچلنی۔ ادماتا ادمادا (مذکر) ادماتی۔ ادمادی (مؤنث) ۱ نشۂ جوانی میں چور ۲ (ھ) دیوانہ۔ جنونی۔ شہوتی وغیرہ ادمات یا ادماد لگنا (لازم) ۱ مست ہونا۔ مستی سوجھنا ۲ (ھ) خود نمائی کرنا۔ اکڑ کر چلنا۔

اِدمال (ع۔ مذکر) زخم بھر آنا۔

اِدمان (ع۔ مذکر) لگاتار شراب پینا

اُدُمبر (س۔ مذکر) گولر کا درخت۔

اُدمر (س۔ صفت) پیٹو۔ حریص۔ لالچی

اَدَمرًا (ہ۔ صفت) بے سانس۔ مردہ۔
اَدَن (س۔ مذکر) ۱ کھانا۔ خوراک ۲ غذا۔ قوت ۳ کھانے کا فعل۔
اَدِن (س۔ مذکر) منحوس دن۔ نامبارک دن
اَدنےٰ (ع۔ صفت) دنی کی تفضیل بعض و کل ۱ بہت یا نہایت نیچا۔ چھوٹے درجے کا۔ کم رتبہ ۲ کمینہ۔ نیچ گھٹیا۔ کمتر ۳ چھوٹا۔ خفیف۔ تھوڑا۔ قلیل۔ حقیر۔ ہیچ۔ ناچیز۔ کنگال۔ غریب۔ مفلس۔ (مذکر) چھوٹی ذات کا آدمی۔ ادنےٰ شگوفہ (مذکر) معمولی کرتب۔ ادنےٰ و اعلےٰ (صفت) چھوٹے بڑے۔ امیر و غریب۔
اَدنتر۔ اَدنتری (ہ۔ صفت) دیکھو ادتری۔
اَدَند (ہ۔ صفت) جھگڑے سے پاک۔ پُرامن
اَدَنڈ (س۔ صفت) ۱ بلا سزا۔ سزا سے بچا ہؤا ۲ سزا سے بریت۔ معافی۔
اُدَنڈ (س۔ صفت) باغی۔ سرکش۔ منحرف
اُدَنڈ ہونا (لازم) باغی ہونا۔ بغاوت کرنا۔ سرکشی کرنا منحرف ہونا۔
اَدَوات (ع۔ مؤنث) ادات کی جمع۔
اَدوار (ع۔ مذکر) دور کی جمع ۱ زمانے۔ عرصے۔ مدتیں ۲ چکر۔
اَدوان (ہ۔ مؤنث) دیکھو ادوائن۔
اَدوائن (ہ۔ مؤنث) ۱ چارپائی کی پائنتی کسنے کی رسی (ٹوٹنا۔ ڈھیلی ہونا۔ کسنا کے ساتھ) (س آدھس۔ نچلا + بندھ۔ باندھنا) ۲ وہ رسی جو چھپنے میں لگائی جاتی ہے۔ ادوائن کا توتا (صفت) توتا ادوائن کی رسی پر خوب پاؤں پھیلا پھیلا کر چلتا ہے۔ اس لئے پھبتی کے طور پر اس شخص کو کہتے ہیں جو ٹانگیں پھیلا پھیلا کر آہستہ آہستہ چلتا ہو۔ ادوائن کھینچنا (متعدی) رسی کو کھینچنا تاکہ چارپائی کا بان کس جائے اور ڈھیلا نہ رہے۔
اُدواھ (س۔ مذکر) شادی۔ بیاہ۔ ازدواج۔ عقد۔ نکاح۔
اَدوت (ہ۔ صفت) بلا چمک۔ بے رونق۔ بے نور۔
اُدوت (ہ۔ مؤنث) ۱ روشنی۔ نور۔ چمک۔ تجلی۔ اجالا۔ جوت ۲ تجمل۔ شان و شوکت ۳ دیکھو اُدِت۔
اَدِوتی۔ اَدوِتیہ (ہ۔ صفت) لاثانی بیمثل۔ بے بدل۔ یکتا۔ بے نظیر۔ بے ہمتا۔

اَدُور (ہند) ریاست ٹراونکور میں ایک قصبہ (۹)
اَدوڑی (ہ۔ مؤنث) بڑی ماش کی دال کو پیس کر اور مصالح ڈال کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے دھوپ میں سکھا کر بنائی جاتی ہے۔
اَدُوس (ع۔ مذکر) کم نظر۔
اَدوش (س)، اَدوکھ (ہ۔ صفت) ۱ بے گناہ۔ بے دوش۔ بے قصور ۲ معصوم۔ پاک صاف ۳ بے داغ۔
اُدُوکھل (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی کی اوکھلی یا کونڈی ۲ ایک قسم کی گوند۔
اُدوِگن (س۔ صفت) ۱ غمگین۔ دلگیر ملول۔ اندوہناک۔ غمزدہ۔ آزردہ ۲ گھبرایا ہؤا۔ حیران حیرت زدہ ۳ دل برداشتہ۔
اَدوَن (ع۔ مذکر) دون کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت کمینہ۔ پاجی۔ بدذات۔ شریر یا نابکار۔ زیادہ کمینہ۔
اَدوِیات (ع۔ مؤنث) جمع الجمع دوا کی
اَدوِیہ (ع۔ مؤنث) دوا کی جمع۔
اَدھ (ہ۔ عدد) آدھا کا مخفف الفاظ کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ اکیلا نہیں ہوتا۔ آدھا نصف (س اردھ۔ نصف) اَدھ آنہ نصف آنہ۔ دو پیسے۔ اَدھ انگ (ہ۔ مذکر) نصف بدن کا فالج یا جھولا۔ ادھ انگی (ہ۔ صفت) جس کو فالج ہؤا ہو۔ ادھ بیچ (تف) درمیان (غیر فصیح) اَدھ پاؤ (مذکر) نصف پاؤ۔ دو چھٹانک۔ اَدھ پئی (مؤنث) ۱ ادھ پاؤ وزن کا باٹ ۲ اَدھ پاؤ وزن کی کوئی چیز۔ اَدھ چندر (ہ۔ مذکر) نصف چاند۔ ادھ جلا۔ ادھ جلی (ہ۔ صفت) کچھ جلی ہوئی (چیز) ادھ سیرا (مذکر) آدھ سیر وزن کا باٹ۔ ادھ سیری (مؤنث) ۱ آدھ سیر وزن کی کوئی چیز ۲ وہ برتن جس میں آدھ سیر چیز پک سکے یا سما سکے۔ ادھ کپالی (ہ۔ مؤنث) ۱ آدھے سر کا درد ۲ دو جڑی ہوئی سپاریاں۔ اَدھ کٹی (صفت) آدھی کٹی ہوئی بات۔ ناتمام۔ نامکمل۔ ناقص۔ ادھ کچا (صفت) کچا پکا۔ اَدھ کچرا (صفت۔ مذکر) اَدھ کچری (صفت۔ مؤنث) ۱ کچا (پھل) ۲ ناتمام (کام) ادھ کچلا (صفت) نیم کوفتہ۔ ادھ کھ (ہ۔ مذکر) نصف مالگزاری۔ ٹیکس یا کرایہ۔ نصف جمع کی ہوئی چیز۔ ادھ کرڑ (مؤنث) عمر رسیدہ عورت۔ ادھ کرڑی (مؤنث) نصف مالگزاری۔ ادھ کہا۔ ادھ کہی (ہ۔ مؤنث) نصف کہی ہوئی۔ ادھ کھلا یا کھلی (صفت) نیم شگفتہ۔ ادھ کھلا (صفت) کچھ کھلا کچھ بند۔ نیم باز۔ ادھ گدرا (ہ۔ صفت) آدھا کچا۔ ادھ گلا (صفت) کچھ گلا ہؤا۔ ادھ مانس (ہ۔ مذکر) کمزور آدمی۔ اَدھ مرا۔ ادھ مرن (ہ) ادھ موا (صفت) قریب ہلاکت کے۔ نیم جان (کرنا ہونا کے ساتھ) ادھ میں (ہ۔ تف) بیچ میں۔ رستے میں۔ اَدھنّا (مذکر) آدھ آنے کا سکہ۔ دو پیسے کا پیسہ۔ ادھ واڑ (مؤنث) ۱ کسی چیز کا نصف ۲ آدھا تھان ۳ آدھی بوتل ۴ کبوتر یا کنکوا جو دو رنگ کا ہو۔
مثل۔ اَدھ جل گگری چھلکت جائے۔ کم ظرف آدمی تھوڑی سی بات پر اترانے لگ جاتا ہے۔
اَدَھ (س۔ تف) نیچے۔ نیچے کی طرف۔
اَدِھ (س۔ تف) اُوپر۔ پر۔ الفاظ کے شروع میں بھی استعمال ہوتا ہے۔
اَدّھا (ہ۔ مذکر) کسی مقدار معینہ کا نصف ۲ ایک قسم [illegible] ۳ شراب کی چھوٹی بوتل ۴ چھوٹی بوتل ۵ درکا نچ کی چوڑیوں کے سٹ کا نصف ۶ لڑکوں کا ایک کھیل ۷ طبلے اور پکھاوج کی تالوں میں سے ایک تال (س اردھک) ادھا بجانا (متعدی) بجنا (لازم) طبلے یا پکھاوج پر تال پڑنا۔ ادھا بدنا (متعدی) ادھا کا کھیل کھیلنا۔ ادھا سیسی (ہ۔ مذکر) آدھے سر کا درد۔
اَدھار (ہ۔ مذکر) ناشتے کے طور پر کچھ کھانا۔ اتنی غذا جس سے بھوک جاتی رہے لیکن سیری نہ ہو۔
اُدھار (ہ۔ مذکر) ۱ قرض۔ دین ۲ بندی رہائی۔ نجات۔ خلاصی (س اُدّھار) اُدھار آنا (لازم) ۱ کوئی چیز قرض خریدی جانا ۲ کسی پر قرضہ ہونا۔ اُدھار بیوہار (مذکر) قرض۔ دام۔ ادھار دینا (متعدی) قرض دینا۔ وعدے پر کوئی چیز بیچنا۔ ادھار کرنا (ہ۔ لازم) چھڑانا۔ بچانا۔ لیجانا۔ تبدیل کرنا۔ ادھار کھانا (متعدی) قرض سے اوقات بسر کرنا۔ ادھار کا کاغذ (مذکر) تمسک۔ ادھار کھائے رہو گے (بیٹھے) ہیں۔ تلے بیٹھے ہیں۔ مستعد ہیں۔ ادھار کی کیا ماں مری ہے۔ قرض ملنا تو مشکل نہیں۔ ادھار لینا (متعدی)، ادھار مانگنا (متعدی)، قرض مانگنا۔ ادھار نک (ہ۔ صفت) مقروض۔ اُدہار ہو جانا یا ہونا (لازم) مقروض ہونا۔ قرضہ سر پر چڑھ جانا

امثال واقوال۔ **ادھار بڑی ہنسیا ہے** (ہ) قرض بڑی تکلیف دہ چیز ہے۔ **ادھار دیا گاہک کھویا**۔ قرض لے کر گاہک پھر نہیں آتا۔ **ادھار دیا گاہک گیا۔ صدقہ دیا رد بلا**۔ قرض دینے سے زکوٰۃ کے طور پر دینا بہتر ہے۔ **ادھار دیجے دشمن کیجے**۔ قرض دینا قرضدار کو دشمن بنانا ہوتا ہے۔ **ادھار دینا غم میں پڑنا ہے**۔ جو شخص ادھار دے اسے اپنے روپے کا فکر رہتا ہے۔ **ادہار دینا لڑائی مول لینا**۔ قرض دینا جھگڑا پیدا کرنا ہے۔ **ادھار دیوے دونوں کھووے**۔ ادھار دینے سے روپیہ اور دوست دونوں جاتے ہیں۔ **ادھار سب سے بُری ساکھ ہے**۔ ادھار اعتبار پر دیا جاتا ہے مگر یہ اعتبار سب سے بُری قسم کا ہوتا ہے۔ **اُدھار کا کھایا کوئی نہیں بھولتا**۔ قرضدار کبھی ادھار لیا ہُوا بھولتا نہیں۔ **ادھار کھانا اور بھوس تاپنا برابر ہے**۔ جس طرح بھوس جلدی جل جاتا ہے اور حرارت نہیں پہنچاتا ہے۔ اسی طرح قرض بے برکت ہوتا ہے۔ **ادھار کھانے سے بھُوکا پڑا رہنا بہتر ہے**۔ اُدھار بہت بُری چیز ہے۔ بھوکا رہنا زیادہ اچھا ہے۔ **ادھار کھائے کلیش بسائے**۔ ادھار لینے والا ہمیشہ رنج میں رہتا ہے۔

اُدّھارک (س صفت) رہائی دلانے والا۔ چھڑانے والا۔

اَدھارِک (س۔ صفت) نا منصف ظالم۔ ناخدا ترس۔ فاسق۔

اُدھارنا (ہ۔ متعدی) رہائی دینا۔ چھڑانا۔ نجات دلانا۔

اَدھاری (ہ۔ مذکر) ایسا بیل جس سے ابھی کام نہ لیا گیا ہو یا جس نے ابھی بوجھ نہ اُٹھایا ہو۔

اِدہاش (ع۔ مذکر) حیران کر دینا۔ گھبرا دینا۔ ڈرا دینا۔

اِدہاق (ع۔ مذکر) پیالہ بھرنا۔ برتن خالی کرنا۔

اَدہان (ع۔ مذکر) دُہن کی جمع۔ تیل۔ مرہمیں۔ لیپ۔ ضماد۔

اِدہان (ع۔ مذکر) ۱ تیل لگانا ۲ چھپانا ۳ دھوکا دینا ۴ دھوکا۔ دغا۔ جھوٹ۔

اَدھ بُت بَراہمَن (س۔ مذکر) معجزات کا براہمن متعلقہ سام وید جس میں پیشینگوئیوں اور معجزات کا ذکر ہے۔

اَدِھپ (س۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا ۲ حاکم۔ سردار ۳ بادشاہ۔ راجہ۔ شاہزادہ۔ **اَدِھپتِ** (مذکر) اَدِھپ۔

اَدِھپا ٹھک (ہ۔ مذکر) سکولوں کا انسپکٹر۔

اُدَّھت (س۔ صفت) ۱ خود پسند خود بین۔ مغرور۔ مدمغ ۲ گستاخ۔ بدتمیز ۳ (مذکر) شاہی پہلوان۔

اَدِھدیوت (س) محافظ دیوتا سب سے بڑا دیوتا۔

اَدّھر (ہ۔ صفت) ۱ بے سہارا ۲ ادھر نہ ادھر۔ بین بین۔ معلّق ۳ جُدا۔ الگ کیا ہُوا (س) دھری۔ دھرنا) **ادھر میں** (تف) درمیان میں۔ بیچ میں۔ رستے میں۔ درمیانی وقفے میں۔ **ادھر پڑ** (ا) پڑے ہیں کسی طرف کے نہیں ہیں۔ **ادھر میں چھوڑ دیا یا دھکا دیا یا ڈبو دیا**۔ وعدہ کرکے وقت پر جواب دے دیا۔ بیوفائی کی۔ **ادھر میں چھوڑنا** (متعدی) کسی طرف کا نہ رکھنا۔ وقت پر دغا دینا۔ بیوفائی کرنا۔ **ادھر میں لٹکنا** (لازم) نہ جینا نہ مرنا۔ بیچ میں لٹکا ہُوا ہونا۔ **ادھرے ادھر** (ہ) ایک طرف۔ جُدا۔

اَدھَر (س۔ مذکر) **اَدھَر** (ہ) ۱ نچلا ہونٹ۔ ہونٹ ۲ بدن کا نچلا حصہ ۳ آلہ تناسل ۴ زمین اور آسمان کے درمیان کا خلا۔ ہوا۔ خلا ۵ درمیانی فاصلہ ۶ وقفہ۔ درمیانی عرصہ ۷ (صفت) ہوا میں۔ درمیان میں ۸ اکڑ کر۔ پنجوں کے بل۔ **اَدھرا** (مؤنث) ۱ نچلا ملک۔ تحت۔ سمت الرجل ۲ جائے مخصوص۔ **ادھرامرت** (مذکر) لبوں کی نمی۔ **ادھر اٹھا لینا** (متعدی) ہوا میں اُٹھا لینا۔ زمین سے اُٹھا لینا۔ اونچا اُٹھا لینا۔ **اَدھر بُدھی** (مذکر) وہ شخص جس کا دھیان دُنیاوی معاملات کی طرف رہے۔ گھٹیا عقل کا انسان۔ **اُدھر چلنا** (متعدی) ۱ اکڑا ہُوا چلنا ۲ اکڑ کر چلنا۔ پنجوں کے بل چلنا۔ اٹھلاتے چلنا۔ نخرے سے چلنا۔ **اَدھر رہنا** (لازم) بیچ میں لٹکا رہنا۔ معلّق رہنا۔ ہوا میں لٹکا رہنا۔

اِدَھر (ہ۔ تف) ۱ اس طرف۔ اس سمت ۲ یہاں۔ پاس۔ قریب ۳ اس زمانے میں۔ ان دنوں۔ آج کل (س اِتَس) **اِدھر آنا اُدھر جانا** (لازم) جاتے دیر نہ لگنا۔ قیام نہ ہونا۔ **اِدھر اُدھر** ۱ (تف) اس طرف اُس طرف ۲ آس پاس۔ اردگرد۔ چاروں طرف۔ یہاں وہاں ۳ ایسی ویسی جگہ ۴ جگہ سے بے جگہ ۵ پراگندہ۔ تتر بتر۔ منتشر ۶ دونوں طرف۔ دائیں بائیں ۷ جگہ جگہ۔ ہر جگہ۔ **اِدھر اُدھر پاؤں پڑنا** (لازم) آوارہ ہونا۔ بدچلن ہونا۔ **اِدھر اُدھر پاؤں نہ پڑنے دینا** (متعدی) حفاظت کرنا۔ آوارہ نہ ہونے دینا۔ بدچلنی سے روکنا۔ **اِدھر اُدھر پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا۔ **اِدھر اُدھر دیکھنا** (متعدی) گھبرا کر چاروں طرف دیکھنا۔ **اِدھر اُدھر ڈال دینا** (متعدی) ایسی جگہ رکھ دینا جو یاد نہ رہے۔ **ادھر اُدھر سے لینا** (متعدی) ۱ ہر طرف سے اکٹھا کرنا ۲ اعتدال سے بڑھی ہوئی چیز کو کاٹنا ۳ جابجا سے قرض لینا۔ **ادھر اُدھر کر دینا** (متعدی) غائب کر دینا۔ اُڑا دینا۔ چُرا لینا۔ **اِدھر اُدھر کرنا** (متعدی) ۱ تتر بتر کر دینا۔ منتشر کر دینا ۲ ٹالنا۔ **ادھر ادھر کی باتیں** (مؤنث) مختلف قسم کے تذکرے۔ معمولی بات چیت۔ **اِدھر اِدھر کی کہنا** (متعدی) متفرق باتیں کرنا۔ **اِدھر اُدھر ہو جانا** (لازم) ٹل جانا۔ غائب ہو جانا۔ **ادھر ترنگ اُٹھا اُدھر بجھا**۔ جلد اُترنے والے غُصّے کی نسبت کہتے ہیں۔ **ادھر جوش آیا اور فوراً ٹھنڈی پڑ گئی**۔ فوراً غصہ اُتر گیا۔ **ادھرسے اُدھر اُدھر سے اِدھر** (تف) ایک مقام پر یا نچلا نہ بیٹھنے کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ **اِدھر سے اُدھر کر دینا** (متعدی) بے ترتیب کر دینا۔ منتشر کر دینا۔ چرا لینا۔ غائب کر دینا۔ **اِدھرسے اُدھر ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بے ترتیب یا منتشر ہونا۔ بکھر جانا ۲ اوپر سے نیچے ہو جانا۔ الٹ جانا ۳ کھو جانا۔ گم ہو جانا۔ **اِدھر کا نہ اُدھر کا**۔ کسی طرف کا نہیں۔ کسی شمار کا نہیں۔ **اِدھر کے اُدھر پھرنا** (لازم) بیکار پھرنا۔ کوئی کام کاج نہ کرنا۔ **اِدھر کی اُدھر کرنا یا لگانا** (متعدی) ایک کی بات دوسرے کو کہنا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کھانا۔ **ادھر کی دُنیا اُدھر کرنا** (متعدی) **ہو جانا۔ ہونا** (لازم) زمانے کا درہم برہم ہو جانا۔ عالم کا تہ و بالا ہو جانا۔ انقلاب عظیم ہونا۔ **ادھر کی دُنیا اُدھر ہو جائے**۔ کسی حالت میں کسی صورت میں۔ چاہے کچھ ہو۔ **ادھر کی راہ نہ چلنے**۔ اس طرف کا رُخ نہ کرے۔ ادھر نہ آئے۔ **اِدھر کے نہ اُدھر کے**۔ کسی طرف کے نہیں۔ کسی شمار میں نہیں۔ **اِدھر کی ہوا اُدھر نہیں جاتی**۔ کوئی تعلق نہیں۔ سخت بے تعلقی ہے۔ **اِدھر ہاتھ لانا** (متعدی) جب کسی موقعہ پر کوئی اچھی بات سوجھتی ہے تو داد لینے کو

۲ نقرہ کہتے اور ہاتھ ملاتے ہیں۔ ادھر ہونا یا اُدھر ہونا (لازم) یکسوئی ہونا۔ جھگڑا مٹنا۔ ادھر یہ اُدھر وہ۔ ایک کام کے ہوتے ہی فوراً اس کا نتیجہ نکلنے پر کہتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ ادھر قبلہ ادھر قبر۔ بی خدیجہ مُوئیں کدھر۔ ادھر قبلہ اُدھر قطب۔ بی خدیجہ سووے کدھر۔ کوئی بات کرتے نہیں بنتی۔ یوں بھی مشکل ووں بھی مشکل۔ **اِدھر کاٹے اُدھر پلٹ جائے۔** آزار پہنچائے مکر جائے سانپ کاٹ کر پلٹ جاتا ہے۔ غلط فہمی سے مثل بن گئی ہے۔ سانپ کاٹ کر اس لئے پلٹتا ہے کہ اس کا زہر زخم میں چلا جائے اگر وہ پلٹے نہیں تو زہر نہیں اترتا۔ **ادھر (گرول) کنواں اُدھر (گرول) کھائی۔** ہر طرح مشکل ہر صورت میں نقصان۔ ادھر (کی) نہ اُدھر (کی)، یہ بلا کدھر (کی) جو کسی قابل نہ ہو جسے کوئی نہ پوچھے۔

اُدَھر (ہ۔ تف) اُس طرف۔ وہاں۔ مُدتِ سابق میں۔ پیشتر۔ آگے (س تَتَس)۔ اُدھر سے (تف) دوسرے فریق کی طرف سے۔ اُس جانب سے۔ اُس طرف سے۔ **اُدھر کا چالا نہیں۔** پنڈت سفر کے مہورت بتاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ اُدھر جانے کا مہورت نہیں۔ اُدھر کان رکھنا (متعدی) مُنہ دوسری طرف کرلینا۔ بات نہ سُننا۔ **اُدھر ہی اُدھر** (تف) باہر ہی باہر۔ بالا بالا۔ اوپر ہی اوپر۔

اَدھِراج (س۔ مذکر) بڑا راجہ۔ راجاؤں کا راجہ۔ مہاراجہ۔ ادھراجیہ (مؤنث) شہنشاہیت اعلیٰ حکومت۔

اَدھَرسا (ہ۔ مذکر) کپڑے کا آدھا تھان۔ ایک قسم کا کپڑا۔

اَدھَرم (س۔ مذکر) ۱ لامذہبی۔ فسق۔ کفر۔ ۲ دہریا پن۔ الحاد۔ ۳ ناخدا ترسی۔ بیرحمی ۴ گناہگاری فسق و فجور۔ ۵ گناہ۔ پاپ۔ جرم۔ ۶ بدچلنی۔ بدمعاشی۔ ۷ ناانصافی۔ ۸ برہما جی کا ایک پراجپتی لڑکا ہے۔ اور ہر چیز کو فنا کرنے والا کہلاتا ہے۔ ۹ سورج کے ایک پرستار کا نام۔ ۱۰ (صفت) لامذہب وغیرہ۔ ادھرم پنا (مذکر)، ادھرمتا (مؤنث) دیکھو ادھرم۔ ادھرم چاری (صفت) شرارت وغیرہ کرنے والا۔ فاسق فاجر وغیرہ۔ ادھرم سے (تف) کفر سے الحاد سے غلطی سے ناانصافی سے۔ **اَدھَرم شِٹھ** (صفت) بہت شریر۔ ازحد فاسق۔ **اَدھَرمَل** (مؤنث) کفر کی گندگی۔ ادھرمی (صفت) دیکھو ادھرم۔ **اَدھَرمین** (مذکر) دیکھو ادھرم۔

اَدھَرُو (س۔ صفت) ۱ نہ جما ہوا۔ نہ لگا ہوا۔ ۲ مشکوک۔ مذبذب۔ مشتبہ۔

اُدھَڑ (ہ۔ امر) ادھڑنا کا۔ ادھڑا (ماضی) ادھڑنا کی۔ ادھڑ جانا۔ ادھڑنا (لازم) ۱ سیون کھلنا۔ ٹانکے ٹوٹنا ۲ کھال اڑجانا (مار سے) بدن سے پوست جدا ہونا ۳ تباہ ہونا۔ زیربار ہونا ۴ کھل جانا ۵ طلاق ہوجانا۔

اَدِھشٹھاتا (س۔ مذکر) حاکم۔ محافظ۔ گورنر۔

اَدِھشٹان (س۔ مذکر) رہنے کی جگہ مکان۔ حویلی۔

اَدھک (ہ۔ مذکر) آدھا۔ ایک حصہ۔

اَدِھک (س۔ صفت) ۱ زائد۔ فالتو ۲ زیادہ۔ حد سے زیادہ۔ بہت ۳ بہتر ۴ زیادہ بڑا۔ بہت بڑا۔ بے شمار ۵ زیادہ۔ بہت زیادہ۔ نہایت زیادہ ۶ حد سے بڑھ کر۔ افراط سے۔ بڑھکر۔ علاوہ ازیں ۷ اس کے علاوہ۔ ادھکار (مذکر) ۱ اختیار۔ طاقت ۲ حکومت۔ انتظام۔ نظم و نسق ۳ سرداری۔ فرمانروائی۔ بادشاہت ۴ عہدہ۔ منصب۔ آسامی ۵ قبضہ۔ ملکیت ۶ ورثہ۔ ترکہ ۷ حق۔ استحقاق۔ ادھکار دینا (متعدی) ۱ اختیار دینا۔ اختیارات عطا کرنا۔ فرمان حکومت جاری کرنا ۲ حق عطا کرنا ۳ تقرر کرنا۔ ادھکار رکھنا (متعدی) ۱ اختیارات ہونا ۲ حق ہونا۔ دعوے ہونا ۳ منصب پر ہونا۔ ادھکار کرنا (متعدی) ۱ اختیارات برتنا ۲ حکومت کرنا ۳ انتظام کرنا۔ ادھکار ملنا (متعدی) ۱ اختیارات ملنا ۲ عہدہ پانا۔ منصب حاصل کرنا ۳ اختیار دیا جانا ۴ ملکیت حاصل کرنا۔ خطاب ملنا۔ اَپانا۔ ادھکاری (مذکر) ۱ حاکم۔ گورنر۔ ۲ افسر۔ ملازم۔ عہدہ دار ۳ مالک۔ آقا ۴ وارث ۵ قیم۔ کارندہ۔ امین ۶ وہ شخص جسے کسی قسم کے حقوق حاصل ہوں ۷ (ہ۔ مؤنث) ۱ حصول منصب ۲ حکومت منصبدار۔ ملکیت۔ ادھکائی (ہ)، اَدھِکتا (مؤنث) ۱ زیادتی۔ بہتات ۲ بیشی۔ اضافہ ۳ افزونی۔ بڑھتی ۴ بزرگی۔ فضیلت ۵ برتری۔ فوقیت ۶ جبر۔ ستم۔ ظلم۔ جور۔ جفا۔ تندی۔ اَدِھکَرت (مذکر) ۱ منتظم۔ مہتمم۔ ناظر حساب آمد و خرچ ۲ سرکاری حسابات کی پڑتال کرنے والا۔ ادھکرم (مذکر) انتظام۔ اہتمام۔ حکومت۔ ادھکَرن (مذکر) ۱ فوقیت۔ برتری ۲ حق۔ استحقاق ۳ (صرف و نحو) تابع فعل۔ ادھک کون (مذکر) زاویہ منفرجہ۔ پھیلا کونہ۔ وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے بڑا ہو۔ ادھک ہونا (لازم) زیادہ ہونا۔ زائد ہونا۔ بڑھ جانا وغیرہ۔

اُدّھک (ہ۔ مذکر) ۱ ایک بیماری جو بدن کے اندر سے بخارات اُٹھنے سے ہوتی ہے ۲ سانس جلدی جلدی آنا یا رکنا۔ دمہ ۳ اپھرا۔ بدہضمی ۴ سر کی طرف افراط خون۔ سر درد۔

اَدھِکانا (ہ۔ متعدی) زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔

اُدھَل (ہ۔ امر) ادھلنا کا (س اُد۔ اُوپر ہو۔ پیھلنا) ادھلا (ماضی) ادھلنا کی۔ **اُدھل جانا، اُدھلنا** (لازم) ۱ عورت کا آوارہ ہوجانا۔ خراب ہونا۔ جوش مستی میں آپے سے باہر ہوجانا۔ اغوا ہوجانا۔ مرد کے ساتھ بھاگ جانا ۲ عورت کا مستی پر آنا ۳ (ہ) تباہ ہوجانا۔ برباد ہوجانا ۴ خرچ کر دینا۔ جائداد اڑانا۔ **اُدھلی** (ہ۔ مؤنث) شہوت پرست۔ مستانہ۔ عیاش۔ پُرشہوت۔ نفس پرست۔ کامی (عورت کے واسطے)

مثل۔ ادھلی بہو بلند سے سانپ دکھلائے (ہ) بدکار عورت باہر جانے کے لئے کئی بہانے بناتی ہے۔

اَدَھم (ع۔ مذکر) ۱ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ مشکی گھوڑا ۲ ایک مشہور درویش۔ دیکھو ابراہیم اَدھم (دَھَم۔ سیاہ کرنا)

اَدَھم (س۔ صفت) ۱ کمینہ۔ نیچ۔ حقیر ۲ گھٹیا۔ ادنیٰ۔ کمتر ۳ (مذکر) اوچھا آدمی۔ کمینہ شخص۔ ناقابلِ اعتبار انسان۔ ادھما دَھم (صفت) ازحد کمینہ۔ ازحد نابکار۔ ادھمتا (مؤنث) کمینہ پن۔ سفلہ پن۔ پاجی پن۔ رذالت۔ کمینگی ۲ گھٹیا پن۔ چھوٹائی۔ پستی ۳ کمبختی۔ بدنصیبی۔ ادھم ادھارن (مذکر) خدا کا نام۔ وہ جو کمینے سے کمینے کو بھی پرورش کرتا ہے۔

اُدَّھم (ہ۔ مذکر۔ کبھی کبھی مؤنث بھی استعمال ہوتا ہے) شور و غل۔ ہنگامہ (س اُدیَم) ادھم اُٹھانا جوتنا۔ کرنا یا مچانا (متعدی) شور و غل مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ **اُدھمی** (صفت) شور مچانے والا۔ فسادی۔

اَدِھماس (س۔ مذکر) وہ قمری مہینہ جو قمری سال کو شمسی سے مطابق کرنے کے لئے زیادہ کیا جاتا ہے۔

اَدِھمانس (س۔ مذکر) فالتو گوشت۔ خصوصاً وہ جو آنکھوں میں یا مسوڑوں کے پیچھے ہو۔

اَدھَمرنا (س۔ مذکر) مقروض۔ وہ شخص جو قرضے کی وجہ سے تنگ حالت میں ہو۔

اُدہن (ہ۔ مذکر) ۱۔ کھولتا ہوا پانی
جو کھانا پکانے کے لئے جوش کیا جاتا ہے۔ ۲۔گرم پانی
(س ۔ ۔ جلنا) ادہن چڑھانا یا رکھنا (متعدی)
کھچڑی وغیرہ چڑھانے کے لئے پانی چولھے پر رکھنا۔
ادہن ہونا (لازم) پانی کھولنے لگنا۔

اُدھن (س ۔صفت) ۱۔مفلس کنگال
غریب۔محتاج۔تہیدست۔مفلوک۔۲۔(مذکر) مفلس
آدمی وغیرہ۔ ادھنی (صفت) ادھن کی۔

اُدھنا (س۔ تف) اس وقت۔اب۔

اُدھو (س۔ تف) ۱۔نیچے کی طرف۔تلے
زیر۔تحت۔ ادھو بندھن (مذکر) تنگ۔زیربند
ادھوگت (مؤنث) ۱۔نیچے کی طرف حرکت۔اتار
۲۔ذلت۔بے عزتی ۳۔دوزخ۔جہنم۔ ادھومکھ (صفت)
۱۔سر جھکائے ہوئے (شرم یا غم سے) سرنگوں۔سرنیچا کئے
ہوئے ۲۔اندھا دھند بے سوچے سمجھے ۳۔اوپر نیچے۔الٹا ہوا۔
تلے اوپر۔ درہم برہم۔

اُدھواس (س۔ مذکر) ۱۔مکان گھر
محل۔جائے رہائش ۲۔خوشبو لگانا۔خوشبو۔

ادھوتر (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا دیسی
سوتی کپڑا۔

اُدھورا (ہ۔صفت) ۱۔ناکمل۔ناتمام
ناقص ۲۔جو شخص حدکمال کو نہ پہنچا ہو ۳۔(ھ) پیش ازوقت
جیسے جنین ۴۔کمزور۔ناتواں۔ضعیف ۵۔ناقابل۔ناطاقت
(س اردھ۔ادھا+پری۔بھرنا) ادھورا جانا (لازم)
اسقاط حمل ہونا۔ادھورا رہنا (لازم) ناکمل یا ناتمام
رہنا۔ادھورا کام کرنا (متعدی) پورا کام نہ کرنا۔ادھورا
کرنا (متعدی) کمزور کر دینا۔

مثل۔ادھورے کام اور جنتی
لگائی کو کبھی نہ دیکھے نفرت ہو جاتی ہے۔ یہ
دونوں باتیں انسان کے دل میں نفرت پیدا کرتی ہیں
اس لئے ان کو دیکھنا نہیں چاہئے۔

اُدھوڑی (ہ۔ مؤنث) ۱۔گائے بھینس
کا کمایا ہوا چمڑا۔موٹا کچا چمڑا ۲۔(ع) کھال۔معدہ (س
اردھ۔آدھا+ دھری۔جیوان) ادھوڑی استر (مذکر)
اس جوتے کو کہتے ہیں جس میں اوپر نرمی اور استر میں ادھوڑی
ہو۔ادھوڑی تاننا (متعدی) (عو) اتنا کھانا کہ پیٹ
خوب تن جائے۔ ادھوڑی تننا یا تن جانا (لازم)
۱۔چمڑے کا پھیلایا جانا ۲۔پیٹ کا تن جانا۔اتنا کھانا کہ
پیٹ پھٹنے لگے۔

اُدھول۔ اُدھولن (ھ۔مذکر)
آدھا ماپ یا تول۔آدھا من کسی چیز کا نصف۔

اُدھون (س۔ مذکر) سڑک۔رستہ
راہ۔طریق۔

اُدھونا (س۔ مؤنث) وہ بیوی جسے
میاں نے نئی بیوی کی وجہ سے چھوڑ دیا ہو۔

اُدھونین (س۔ مذکر) مسافر۔

اُدھوہ (س۔ مذکر) سڑک۔رستہ۔راہ۔

اُدھویسا (ہ۔صفت) ادھیڑ۔جوانی
سے گزرا ہوا۔

اَدھی (ہ۔ مؤنث) ۱۔پیسے کا آٹھواں
حصہ ۲۔ایک قسم کا نہایت عمدہ اور باریک کپڑا (س ارتھ۔
آدھا) ادھی ادھی پر جان جانا (لازم) دینا (متعدی)
کمال بخل کرنا۔سخت کنجوسی کرنا۔سخت بخیل ہونا۔ادھی
ادھی کا حساب (مذکر) ذرا ذراسی چیز کا حساب۔
ادھی کی چوں چوں (مؤنث) نہایت حقیر کی قیمت

امثال وغیرہ۔ادھی کے واسطے
پیسے کا تیل جلاتے ہیں ۱۔تھوڑے کے واسطے
بہت نقصان اٹھاتے ہیں ۲۔حساب کے کاغذات بہت
ٹھیک رکھتے ہیں۔ادھی کی ہانڈی بھی ٹھونک
بجا کر لیتے ہیں۔ہر ایک کام سوچ سمجھ کر اور احتیاط
سے کرنا چاہئے۔

اُدھیارہ (ہ۔ مؤنث) ۱۔دو برابر حصوں میں
تقسیم ۲۔دو اشخاص میں پیداوار کی ایک جیسی تقسیم جن
میں سے ایک کی زمین اور بیج ہو۔اور دوسرے کی محنت
ہو ۳۔نصف پیداوار جو مالک بجائے لگان کے لے ۴۔
نصف مالگزاری جو کاشتکار گورنمنٹ کو سال میں دو بار
دیتا ہے ۵۔(مذکر) آدھے حصے کا مالک۔ادھیارا سا گیا
آدھا ہوگیا۔ادھیانا (متعدی) دو برابر حصوں میں تقسیم
کرنا۔دو مساوی حصے کرنا۔آدھوں آدھ بانٹنا۔نصف نصف
کرنا۔

اُدھیاپک (س۔مذکر) مقدس کتابیں
پڑھانے والا۔پنڈت۔پاٹھک۔گورو۔ودیا دان۔
ادھیاپن (مذکر) ودیا دان۔تعلیم دینا۔

اُدھیاتم (س۔ مذکر) روح القدس
روح اعلیٰ۔ ادھیاتم رامائن (مذکر) ایک مشہور
کتاب جو برہمنڈ پران کا ایک حصہ سمجھی جاتی ہے۔ادھیاتمن
(مذکر) روح دنیا۔روح القدس۔

اُدھیار (ھ۔مذکر) ۱۔نصف حصہ کا
۲۔وہ آدمی جو دو گاؤں میں کاشت کرے۔اور آدھا
وقت ایک گاؤں میں اور آدھا وقت دوسرے گاؤں میں
کام کرے ۳۔کاشتکار جسے نصف حصہ کاشت زمین
کے لئے ملے۔ اُدھیاری (مؤنث) آدھا حصہ۔

اُدھیاروپ۔ادھیاروپن
(س۔مذکر) چڑھنے یا سوار ہونے کا کام۔اٹھانے کا کام۔

اُدھیاس (س۔مذکر) ۱۔غلطی سے
منسوب کرنا ۲۔غلطی۔سہو۔بھول چوک۔

اُدھیاسین (س۔صفت) اوپر
بیٹھا ہوا۔

اُدھیانا (ھ۔لازم) ۱۔اڑ جانا۔اڑایا جانا
۲۔اچھل جانا۔بہ جانا ۳۔ابل جانا ۴۔غصے سے ابل پڑنا۔
غصے ہونا ۵۔آنکھیں ابل آنا ۶۔آنکھیں دکھنے آنا ۷۔گرایا
جانا۔زمین پر گرنا ۸۔خراب ہو جانا یا کھو یا جانا۔

مثل۔ادھیائل ستوا پتران کے
دان۔خراب ہوئے ستوبڑوں کے نام پر دان۔اس
شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو ناقص چیز خیرات کرے۔

اُدھیاہ (ہ۔صفت) ۱۔دھیان کیا ہوا
۲۔بحث کیا ہوا ۳۔سمجھا ہوا۔

اُدھیائے۔اُدھیائی (س۔مذکر)
کتاب۔باب۔فصل۔مضمون۔سبق۔

اُدھییت (س۔صفت) مطالعہ
کیا ہوا۔پڑھا ہوا۔یاد کیا ہوا۔ادھیتی (صفت) ۱۔عالم
ادیب۔فاضل۔ماہر۔کامل۔صحیح۔معقول۔درست ۲۔
ثابت قدم۔اچھا۔نیک۔

اُدھیر (س۔صفت) دیکھو ادھیرج۔
ادھیرتا (مؤنث) ۱۔ناپائداری۔بے ثباتی۔کمزوری ۲۔
ثابت قدمی کا نہ ہونا ۳۔تلون مزاجی۔بے صبری ۴۔جلدی
تیزی ۵۔گھبراہٹ۔حیرت۔

اُدھیرج (ھ۔صفت) ۱۔ناپائیدار۔
بے ثبات۔کمزور۔مذبذب۔غیر مستقل۔متلون ۲۔بےصبر
بیقرار۔بے چین ۳۔جلد باز۔تیز ۴۔گھبرایا ہوا۔حیرت زدہ
متحیر ۵۔(مذکر) ادھیرتا۔ادھیرجا (صفت) ادھیرج۔

اُدھیریا۔ اُدھیریہ (س۔صفت)
دیکھو ادھیرج۔

اُدھیڑ (ہ۔صفت) نہ جوان نہ بوڑھا۔
جس کی عمر جوانی اور بڑھاپے کے درمیان ہو۔ادھیڑ
ہے۔نہ جوان ہے نہ بوڑھا۔جوانی آخیر ہے۔

اُدھیڑ (ہ۔امر) ادھیڑنا کا۔ ادھیڑا (ماضی) ادھیڑنا کا۔ **اُدھیڑ بُن** (مؤنث) لفظی معنی ادھیڑنا اور بُننا مجازاً فکر۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ تفکر۔ تردد۔ تشویش۔ اضطراب۔ مخمصہ ۲ سوچ بچار۔ غور و فکر۔ غور و خوض۔ تامل ۳ کسی کام کے کرنے کا ارادہ کرنا۔ اور موقوف کرنا۔ تجویز۔ چال۔ تدبیر۔ حکمت۔ بندوبست۔ ادھیڑ ڈالنا۔ ادھیڑ لینا (متعدی) ادھیڑنا کا موکد۔ **ادھیڑنا** (متعدی) ۱ راز فاش کرنا۔ عیب نکالنا ۲ پرزے پرزے کرنا ۳ سلائی کے ٹانکے توڑنا۔ سیون کھول لینا ۴ (مار کر) کھال کھینچنا۔ چمڑا اُتار دینا۔ بدن سے پوست جُدا کر دینا ۵ (چھت قبر وغیرہ کے متعلق) اوپر کا حصہ علیحدہ کر دینا۔ اکھاڑنا ۶ (رسّی کا بل وغیرہ) کھولنا۔ نکالنا ۷ (رسوت وغیرہ) سلجھانا ۸ غریب کر دینا۔ مفلس بنا دینا ۹ دھکا دینا۔ دغا دے کر یا پھسلا کر کوئی چیز لے لینا ۱۰ فضول خرچی کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا ۱۱ عورت سے حد سے زیادہ مباشرت کرنا ۱۲ شکست دینا۔ فتح پانا۔

مثل۔ ادھیڑ کے روٹی نہ کھاؤ تنگی ہوتی ہے (ع) اس طرح روٹی کا کھانا بُرا سمجھا جاتا ہے۔

اَدھیش (س۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا ۲ سردار۔ حاکم۔ ادھیشور (مذکر) بادشاہ۔ راجہ۔ مہاراجہ۔ شہنشاہ۔

اَدھیکش (س۔ مذکر) ۱ نگرانی رکھنے والا۔ مہتمم۔ منتظم ۲ مالک ۳ آقا۔ سردار۔ حاکم۔ ادھیکشا۔ ادھیکش کا عہدہ۔ نظامت۔ نظارت۔

اَدھیگن (س۔ مؤنث) وہ جائداد یا روپیہ جو پہلی بیوی کو دوسری شادی کے موقعہ پر دیا جائے یعنی رسم شادی ادا کرنے کے وقت دیا جاتا ہے۔

اَدھیلا (ہ۔ مذکر) نصف پیسہ۔ آدھا پیسہ۔ دھیلا۔ دو دمڑی کا سکّہ۔ ادھیلچا (مذکر) ۱ آدھی پائی ۲ وہ کنکوا جو آدھے پیسے کو آتا ہے۔ ادھیلی (مؤنث) ۱ آدھا روپیہ۔ اٹھنّی ۲ آدھا حصّہ۔ ادھیلیا (مذکر) ۱ آدھے حصّہ کا مالک ۲ ادھیلے کی کوئی چیز۔

مثل - ادھیلا نہ دے ادھیلی دے۔ تھوڑے نقصان سے بچنے کے لئے بہت نقصان اٹھانا۔

اَدھین (ہ۔ مذکر) رعایا۔ ماتحت۔ ملازم۔ تابعدار۔ فرمانبردار۔ ادھینتا۔ ادھینتائی۔ ادھینتی (مؤنث) ۱ فرمانبرداری۔ اطاعت۔ تابعداری۔ ماتحتی ۲ عاجزی۔ **ادھینتی سے** (نف) فرمانبرداری سے۔ تابعداری سے۔ عاجزی سے۔ **ادھینتی کرنا** (متعدی) ۱ عاجزی کرنا ۲ درخواست کرنا۔ مانگنا۔ منّت کرنا۔ **ادھین رہنا** (متعدی) رعایا بن کر رہنا۔ **ادھین ہونا** (لازم) ۱ ماتحت بننا۔ فرمانبرداری کرنا۔ تابعدار ہونا۔ حکم ماننا ۲ عجز کرنا۔

اَدھیوشت (س۔ صفت) آباد۔

اَدھیتا (س۔ مذکر) طالب علم۔ شاگرد۔ بدیارتھی۔ پاٹھک۔

اَدھیشن (س۔ مذکر) منت۔ عاجزی۔ درخواست۔ التجا۔ استدعا۔

اَدھیین (س۔ مذکر) ۱ پڑھنا۔ مطالعہ (خصوصاً ویدوں کا) ۲ ابھیاس ۳ توجہ۔ لگن۔

اَدَی (س۔ صفت) نامہربان۔ سنگ دل۔ بیدرد۔ پرجفا۔ ظالم۔

اَدی (س۔ تف) آج۔ اب۔ ادیاپی۔ **ادیاودھی** (تف) آج تک بھی۔ نیز۔ ابھی تک۔ اب بھی۔

اُدَے (س۔ مذکر) ۱ نکلنا۔ چڑھنا (سورج کا) ۲ صبح۔ فجر۔ طلوع آفتاب ۳ مشرق۔ مشرق۔ پورب ۴ ادیاچال ۵ روشنی۔ تجلی۔ جلوہ ۶ کامیابی۔ فتحیابی۔ بہرہ مندی ۷ اقبال۔ اقبالمندی۔ طالعمندی۔ بہبودی۔ سہاگ۔ عروج۔

اُدیاپن (س۔ مذکر) ۱ ختم کرنا ۲ آخری رسم ۳ منند کا دھرم یا کرشن ارپن کرنا۔

اَدیان (ع۔ مذکر) دین کی جمع۔ مذہب۔ دھرم۔ **ادیان باطلہ** (مذکر) جھوٹے مذاہب۔

اُدیان (س۔ مذکر) ۱ شاہی شکارگاہ۔ باغ یا عشرت گاہ ۲ مقصد۔ وجہ۔ ارتھ۔ نیت۔ منشا۔

اَدِیب (ع۔ مذکر) ۱ علم ادب کا ماہر۔ زباندان ۲ اتالیق۔ ادب و اخلاق سکھانے والا۔ معلم۔ (اَدَب۔ اچھی طرح تربیت ہونا)

اَدی بَدی (ہ۔ مؤنث) ۱ تقدیر۔ قسمت۔ لکھا۔ کرم لیکھ۔ سرنوشت ۲ بھاگ۔ ہونی۔ نصیب۔ بخت۔ مقسوم ۳ الزام۔ تہمت۔ بہتان۔ نندا۔ غیبت۔ بدگوئی۔ افترا۔ طوفان باندھنا۔

اُدِیپت (س۔ صفت) منقش۔ مطلا۔ روشن۔

اُدیپن (س۔ مذکر) ۱ روشن۔ اجرام فلکی کی شعلہ زنی یا چمک ۲ آرائش۔ روشنی ۳ برانگیختگی۔ جوش (شہوت کا)

اُدیت (س۔ صفت) ۱ اٹھایا ہوا۔ اونچا کیا ہوا ۲ چالاک۔ ثابت قدم۔ محنتی۔ تن دہ۔ محنت کش ۳ تیار۔ مستعد۔ شائق ۴ باب۔ فصل۔ حصّہ (کتاب کا)

اُدیش (س۔ مذکر) ۱ طرف۔ سمت۔ جانب ۲ راہنمائی۔ ہدایت ۳ نشان۔ علامت ۴ تلاش۔ دریافت ۵ مقصد ۶ تحقیق۔ تشخیص ۷ رپورٹ۔ اطلاع۔ خبر ۸ مثال۔ تمثیل ۹ علاقہ۔ ملک۔ جگہ۔ پردیس۔ **اُدیشیہ** (مذکر) ۱ وہ چیز جس کی طرف اشارہ کیا جائے یا جو نگاہ میں ہو ۲ کوئی چیز قابل غور یا ذکر ۳ (صرف و نحو) فاعل۔ کرتا۔

اَدِیم (ع۔ مذکر) ۱ خوشبودار چمڑا جو عرب میں تیار ہوتا ہے ۲ سطح زمین یا آسمان ۳ (ف) چہرہ (اَدَم بھورا ہونا) **ادیم یمنی** (مذکر) خوشبودار دھاری دار چمڑا جو یمن میں تیار ہوتا ہے۔

اُدیم (س۔ مذکر) ۱ کوشش۔ سعی۔ جدوجہد۔ جتن۔ آپا سے۔ دوڑ دھوپ ۲ محنت۔ مشقت۔ کشٹ۔ دقّت۔ تکلیف۔ جانفشانی ۳ پیشہ۔ کام۔ دھندہ۔ کاروبار۔ شغل۔ تجارت۔ عہدہ۔ منصب۔ **ادیم کرنا** (متعدی) کوشش کرنا۔ محنت کرنا۔ کاروبار کرنا وغیرہ۔ **اُدیمی** (صفت) محنتی۔ جفاکش۔ چست۔ مستقل مزاج۔ ثابت قدم۔ مستعد وغیرہ۔

اُدَین (س۔ صفت) ۱ چڑھنے والا۔ طلوع ہونے والا ۲ امیر۔ خوشحال۔

اَدیوت (س۔ صفت) اجوت۔ بلا چمک۔ بغیر جلو یا روشنی۔

اُدیوت (س۔ مذکر) روشنی۔ چمک۔ لو۔ دمک۔

اَدے وَدے (ہ۔ مذکر) ٹال مٹول۔ بہانے۔ جیسے حوالے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اُدیوگ (س۔ مذکر) ۱ کوشش۔ مشقت ۲ لگاتار کوشش ۳ ثابت قدمی ۴ تیاری۔ تجویز۔ تدبیر۔ منصوبہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **ادیوگی** (صفت) محنتی۔ جفاکش۔ چست و چالاک۔ ثابت قدم۔

اَدَی (س۔ صفت) نہ دینے کے قابل۔

اُدَیی (س۔ صفت) ۱ عروج پر۔ ترقی یافتہ ۲ کامیاب۔ سرسبز۔ بختاور۔ اقبالمند۔ بھاگوان ۳ پھلنا پھولنا۔ ہرا بھرا۔

اَڈّا (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ مقام جہاں پر کہار۔ قلی مزدور وغیرہ کرائے پر جانے کے لئے بیٹھیں ۲۔ جہاں لوگ اکثر بیٹھا کریں ۳۔ بیٹھک جو پالتو پرندوں کے بیٹھنے کے لئے بنائی جائے ۴۔ جالی کاڑھنے اور کارچوبی کام کرنے کا اڈا ۵۔ وہ مقام جہاں کرائے کے ٹانگے ٹمٹمیں۔ گاڑیاں وغیرہ کھڑی رہیں ۶۔ گوٹے۔ کناری کے تھان کی مقدار ۷۔ چکلہ۔ بدکار عورتوں کے رہنے کا مقام ۸۔ وہ تپائی جس پر بیٹھ کر گوٹہ بنا جاتا ہے ۹۔ (ہ) جوتے کی ایڑھی ۱۰۔ ایک حصہ اراضی ان دو حصوں میں سے جو ایک کوئیں سے سیراب ہوتے ہوں ۱۱۔ ایک مقررہ ماپ یا پیمانہ (س اد۔ کھانا) **اڈّا بنانا** (متعدی) کسی ایک جگہ پر لوگوں کا گپ بازی کے لئے جمع ہونا۔ **اڈّا ہونا** (لازم) کسی شخص کا ایک خاص جگہ پر جاکر عموماً گپ بازی کے لئے بیٹھنا۔ **اڈّے دار** (صفت) اڈّے کا مالک یا چوکیدار۔

اِڈا۔ اِل۔ اِلا (س عص) ایک دیوی جو زمین کی حاکم ہے۔ منو کو اس نے تعلیم دی ہے۔ اس نے بھینٹ کے قواعد مرتب کئے تھے۔

اَڈسَٹّا (ہ۔ مذکر) اٹکل پچو۔ جانچ یا اندازہ تخمیس خام۔

اَڈِگ (ہ۔ صفت) نہ گرنے والا۔ نہ ڈگمگانے والا۔ مضبوط۔ جما ہوا۔ قائم۔

اُڈنا (ہ۔ لازم) اُڑنا۔

اُڈو۔ اُڈّو (ہ۔ مونث) (ع) وہ عورت جو جگہ جگہ پھرے۔ آوارہ یا ہرزہ گرد عورت (اُڈنا سے) **اڈو اڈو کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔ انگشت نما ہونا۔

اُڈُوپ (ہ) **اُڈُپ** (س۔ مذکر) ۱۔ شہتیریاں باندھ کر بنائی ہوئی کشتی۔ بیڑہ ۲۔ تریا۔ بہا کاگ جو مچھلی کی کنڈی کے ساتھ باندھ دیتے ہیں ۳۔ چاند۔

اَڈونس (یو عص) ایک حسین نوجوان۔ جس سے وینس عشق کی دیوی محبت کرتی تھی۔ اسے ایک جنگلی سور نے ہلاک کر دیا تھا۔

اَڈھانا (ہ۔ مذکر) ۲۶ راگنیوں میں سے ایک جو رات کو گائی جاتی ہے۔

اَڈّی (ہ۔ مونث) ۱۔ جوتے کا پچھلا حصہ ۲۔ کپڑے کی وہ کلی جو عورتوں کے شلوکے میں کنڈی اور آستین کے بیچ میں ہوتی ہے۔

اَڈِیٹر (انگ۔ مذکر) اخبار یا رسالے کا مرتب کرنے والا۔ **ایڈیٹوریل** (مذکر) اڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون۔ **اڈیٹوریل کالم** (مذکر) اخبار کا وہ حصہ جس میں اڈیٹر کا مضمون ہو۔ **اڈیٹوریل نوٹ** (مذکر) اڈیٹر کی رائے۔

اَڈِیشن (انگ۔ مذکر) طبع۔ چھاپا (حساب میں) جوڑ۔ جمع۔ **اڈیشنل** (صفت) زائد۔ اضافہ کیا گیا۔

اَذا (ع۔ مونث) اذی کی بجائے ۱۔ تکلیف دکھ۔ ایذا۔ تصدیعہ۔ دقّت۔ مضرت۔ ضرر۔

اِذا (ع۔ تف) ۱۔ جب ۲۔ دیکھو۔

اِذابَت (ع۔ مونث) ۱۔ گھولنا ۲۔ پگھلانا۔

اَذار (ع۔ مذکر) ایک شامی مہینہ۔

اِذاعَت (ع۔ مونث) ۱۔ شہرت دینا۔ ظاہر کرنا۔ روشن کرنا ۲۔ خرچ کرنا۔ لٹانا ۳۔ پیشاب چھڑکنا۔

اِذاقت (ع۔ مونث) پینے یا چکھنے کے لئے دینا۔

اَذان (ع۔ مونث) ۱۔ وہ کلمات جن کو مؤذن بآواز بلند لوگوں کو نماز کے واسطے بلانے کے لئے کہتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔ موذن خارج مسجد اونچی جگہ قبلہ رخ کھڑا ہوتا ہے۔ اور اپنے دونوں کانوں میں دونوں انگلیاں شہادت کی ڈال کر اول چار مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ایک آواز میں دو بار کہتا ہے۔ پھر اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه دو بار دو آوازوں میں۔ پھر اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰه۔ دو بار دو آوازوں سے۔ پھر داہنی طرف منہ کرکے دو بار دو آوازوں میں حَیَّ عَلَى الصَّلٰوة پھر بائیں طرف منہ کرکے دو مرتبہ دو آوازوں سے حَیَّ عَلَى الْفَلَاح پھر ایک آواز کے ساتھ دو بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ اور ایک آواز میں لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه فجر کی اذان میں دو آواز کے ساتھ بعد حَیَّ عَلَى الْفَلَاح کے اَلصَّلٰوةُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْم دو بار کہتا ہے ۲۔ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اسے نہلا دھلا کر اس کے ایک کان میں اذان اور دوسرے کان میں اقامت کہی جاتی ہے ۳۔ طوفان۔ آندھی قحط وبا یا پانی برسنے کے لئے بھی اذان دی جاتی ہے ۴۔ مرغ کی آواز۔ بانگ۔ (دینا۔ کہنا۔ ہونا کے ساتھ) (اَذّن۔ نماز کے لئے بلانا)

اِذبال (ع۔ مذکر) دبلا کر دینا۔ کمزور کر دینا۔

اِذخار (ع۔ مذکر) جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

اِذرا (ع۔ مذکر) ۱۔ آنسو بہانا ۲۔ رُلانا ۳۔ بونا ۴۔ سوار کو گرا دینا ۵۔ ہوا کا مٹی اُڑانا۔

اِذعان (ع۔ مذکر) ۱۔ تابعداری۔ اطاعت فرمانبرداری ۲۔ یقین۔ اعتبار۔ بھروسہ۔ اعتماد۔ اعتقاد بسواس (ذَعَن۔ کہا ماننا)

اَذفَر (ع۔ صفت) ذفر کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت تیز بو والا یا خوشبودار۔

اَذقان (ع۔ مذکر) جمع ذقن کی ٹھوڑیاں داڑھیاں۔

اَذکار (ع۔ مذکر) ذکر کی جمع ۱۔ خدا کی حمد اور تسبیح۔ ورد۔ وظیفہ ۲۔ بیانات۔ قصے۔ کہانیاں۔ وعظ۔

اِذکار (ع۔ متعدی) ۱۔ حمد کرنا۔ تسبیح پڑھنا ۲۔ یاد دلانا۔ اطاعت کی ہدایت کرنا (ذُکْر۔ یاد کرنا)

اَذکیٰ (ع۔ صفت) ذکی کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت تیز۔

اَذکیا (ع۔ مذکر) ذکی کی جمع۔ ذہین لوگ سمجھدار۔ ہوشیار آدمی۔

اَذل (ع۔ صفت) ذلیل کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت حقیر۔ کمینہ۔ رذیل۔ پاجی۔ سفلہ۔ دون۔ ہیچ۔ ادنیٰ یا خوار۔

اِذن (ع۔ مذکر) ۱۔ اجازت۔ رضا۔ پروانگی۔ (آگیا (دینا۔ مانگنا لینا وغیرہ کے ساتھ) ۲۔ حکم۔ فرمان۔ ارشاد۔ امر ۳۔ شادی کے موقعہ پر میاں بیوی کی قبولیت (مسلمانوں میں) (اِذْن۔ اجازت دینا) **اِذن عام** (ع۔ مذکر) ۱۔ اجازت مسلمانوں میں نماز جنازہ کے بعد میت کا وارث اجازت دیتا ہے۔ کہ جس کو جانا ہو چلا جائے (پکارنا۔ سنانا۔ کہنا کے ساتھ) **اِذن نامہ** (مذکر) وصیت نامہ وہ کاغذ جس پر وصیت لکھی جائے۔ وصی کو تقسیم جائداد کرنا۔

اُذن (ع۔ مذکر) کان۔ گوش۔ **اذنوی** (صفت) کان کے متعلق۔

اَذناب (ع۔ مذکر) ذنب کی جمع۔ دُمیں۔ چوتڑ۔

اَذہان (ع۔ مذکر) ذہن کی جمع۔ سمجھ۔ فہم۔ عقل۔ فراست۔ بدھ۔ ادراک۔ ذکاوت۔ قابلیت استعداد۔ لیاقت۔

اَذیال (ع۔ مذکر) جمع ذیل کی ۱۔ کپڑوں کے کنارے ۲۔ جانوروں کی لمبی دمیں ۳۔ نہایت کمینے آدمی

اَذِیّت (ع۔ مونث) تکلیف۔ ایذا۔ دکھ ضرر۔ تصدیعہ۔ نقصان۔ گزند۔ زیان (اٹھانا۔ اٹھنا۔ بڑھنا۔ پانا۔ پہنچانا۔ پہنچنا۔ دینا۔ سہنا کے ساتھ) (اَذَیٰ نقصان یا ضرر پہنچانا)

اَر (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کا درخت ۲ آنکس ۔ کانٹا ۔

اَر (س ۔ مذکر) ۱ پہیے کا آرا ۲ برہما جی کی دُنیا میں ایک سمندر ۔ **ارگھٹ** (مذکر) کوئیں سے پانی نکالنے کی مشین ۔ **اریمی** (مذکر) برہمدت کا نام جو کو شلہ کا راجہ تھا ۔

اَر (ف ۔ حرف شرط) اگر ۔

اَرِ (س ۔ مذکر) ۱ دشمن ۔ عدو ۔ بیری ۲ چھٹے نکشترے کا نام ۔ **اَرجِت** (مذکر) کرشن جی کے ایک بیٹے کا نام ۔ **اردانت** (مذکر) ایک راجہ ۔ **ارول** ۔ دشمن کی فوج ۔ **ارسنہ** (مذکر) ایک مصنف ۔ **ارمَرْدن** (صفت) ۱ دشمنوں کو شکست دینے والا ۲ (مذکر) شوپھلک کے ایک بیٹے کا نام ۳ الوول کا ایک راجہ ۔ **اریجی** (مذکر) ایک ناگ برہمن کا نام ۔ **ارمید** (مذکر) ایک قوم کا نام ۔ **ارندم** (صفت) ۱ دشمنوں کو شکست دینے والا ۲ (مذکر) شوجی کا نام ۳ سنشرت کا باپ ۴ ایک منی ۔

اُر (ہ) پھر ۔ علاوہ ۔ اور ۔ نیز ۔ تب ۔

اُر (ہ ۔ مذکر) چھاتی ۔ سینہ ۔ کچیں ۔ **ارپیڑ** (مؤنث) درد دل ۔ غم ۔ رنج ۔ افسوس ۔ **ارلانا یا ارمیں لگا لینا** (متعدی) چھاتی سے لگا لینا ۔ کنار میں لے لینا ۔ بغلگیر کرنا ۔ پیار کرنا ۔

اُرُ (س ۔ صفت) ۱ بڑا ۔ عظیم ۲ چوڑا ۔ وسیع ۳ نہایت اعلیٰ ۴ ایک آنگیرس کا نام ۵ چودھویں منو کا ایک بیٹا ۔ **اربلوا** (مذکر) اس مقام کا نام جہاں بدھ علم کل حاصل کرنے سے پہلے مراقبہ میں بیٹھا تھا ۔ بعد میں اس کا نام بدھ گیا ہو گیا ۔ **ارشرنگ** ۔ **ارمنڈ** (مذکر) پہاڑوں کے نام ۔ **اروک** (مذکر) وشدیو کے بیٹے کا نام ۔

اَرَا (ہ ۔ مذکر) ۱ لکڑی چیرنے کا اوزار ۔ آرہ ۲ پہیے کے اندر کا ڈنڈا ۳ (مؤنث) ترئی کی ایک خراب قسم ۔

اَرا (س ۔ مؤنث) ۱ کوئی پینے کی چیز ۲ دودھ کا گھونٹ ۳ خوراک ۔ کھانا ۴ آرام ۔ خوشی ۵ پانی ۶ زمین ۷ گفتگو ۸ سرسوتی ۹ ایک اپسرا جو دکش کی بیٹی اور کشیپ کی بیوی تھی ۔ **اراج** (مذکر) کامدیو کا نام ۔ **ارالکھ** (مذکر) اسروں کا ایک شہر جو میرو پربت کے قریب ہے ۔ **اراوت** (مذکر) ۱ الپی کے بطن سے ارجن کا بیٹا ۲ سمندر ۳ بادل ۴ راجہ ۔ **اراوتی** (مؤنث) ۱ ایک پودا ۲ درگا جی ۳ ناگ ششروس کی ایک بیٹی ۴ پنجاب کا ایک دریا جسے راوی کہتے ہیں ۔

اِرابت (ع ۔ مذکر) شک کرنا ۔ شبہ کرنا ۔

اَرابہ (ف ۔ مذکر) ۱ چھکڑا ۔ گاڑی ۲ توپ کی گاڑی ۔ وہ گاڑی جس میں توپ کا سامان وغیرہ رکھتے ہیں ۔

اَرات (س ۔ مذکر) دشمن ۔ عدو ۔

اَرّاٹا (ہ ۔ مؤنث) ایک اونچی اور لمبی آواز جیسے توپ چلنے یا عمارت گرنے کی (ارّانا سے)

اَراجَک (س ۔ صفت) بغیر بادشاہ یا حاکم کے ۔ بدامن (ملک کے لئے)

اَراجیف (ع ۔ مذکر) ارجف کی جمع ۔ چھوٹی رائیں ۔

اِراحَت (ع ۔ مونث) ۱ آرام دینا ۲ شام کو مویشی گھر لانا ۳ رات کو چرنا ۴ سانس لینا ۵ مرنا ۶ خوشبو معلوم کرنا ۔

اِرادَت (ع ۔ مؤنث) اعتقاد ۔ عقیدت ۔ مریدانہ اطاعت (ر ۔ دَ ۔ د ۔ اراد ۔ ارادہ کرنا) **ارادتاً** (ف) قصداً ۔ جان بوجھ کر ۔ **ارادتمند** (ف ۔ صفت) معتقد ۔ **ارادتمندی** (مؤنث) اعتقاد ۔

اِرادوں (ع ۔ مذکر) جمع ارادہ کی ۔ **ارادوں سے بلند پروازی جاتی رہنا** (لازم) بلند خیالی نہ رہنا ۔ حوصلے پست ہو جانا ۔

اِرادہ (ع ۔ مذکر) ۱ قصد ۔ عزم ۲ مقصد ۔ ارتھ ۳ نیت ۔ مرضی ۔ مطلب ۔ منشا ۔ مدعا ۔ منصوبہ ۴ خواہش ۔ مراد (رہنا ۔ کرنا ۔ ہونا ۔ رکھنا کے ساتھ) **ارادہ باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) قصد ہونا ۔ **ارادہ رکھنا** (متعدی) نیت کرنا ۔ **ارادی** (صفت) اختیاری ۔ **ارادے** (مذکر) ارادہ کی جمع ۱ بجائے ارادہ حروف وغیرہ سے پہلے ۔ **ارادے بڑھ جانا** (لازم) خواہش زیادہ ہونا ۔ **ارادے پورے ہونا** (لازم) مقصد بر آنا ۔ مطلب حاصل ہونا ۔ **ارادے سے** مطلب کے لئے ۔ مقصد سے ۔ جان بوجھ کر ۔ **ارادے سے باز رہنا** (لازم) پہلے ایک کام کرنے کی نیت کرنا ۔ پھر اس سے پھر جانا ۔ **ارادی فعل** (مذکر) وہ کام جو ارادتاً کیا جائے ۔ **ارادے کچھ اور ہونا** (لازم) فیصلہ کرنے کے لئے تیار ہونا ۔ جھگڑا مٹانے کو تیار ہونا ۔

اَراذِل (ع ۔ مذکر) ارذل کی جمع کمینے ۔ کم ذات یا پیچ اشخاص ۔

اَرار (ہ ۔ مذکر) ۱ سایہ ۔ پناہ ۔ بچاؤ ۲ جنگل میں وہ جھونپڑی جس میں چرواہے آرام کرتے یا پناہ لیتے ہیں ۔

اَرارا (ہ ۔ مذکر) ۱ سوجن جو کسی کیڑے مکوڑے کے کاٹنے سے ہو جائے ۲ ناخن کی خراش ۳ ڈھلوان ۴ دریا کا بہت اونچا کنارہ ۔

اَراران ۔ مذکر) زور کی آواز ۔ **ارارا کے بیٹھ جانا ۔ بیٹھنا یا گر پڑنا** (لازم) درخت یا چھت یا عمارت کا دفعتاً زور کی آواز سے گرنا ۔

اَرارُوٹ (انگ ۔ مذکر) ایک غذا جو ایک درخت کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے ۔ بچوں یا بیماروں کو دی جاتی ہے ۔

اَراضی (ع ۔ مؤنث) ارض کی جمع ۔ زمین ۔ دھرتی (اُردو میں واحد استعمال ہوتا ہے)

اراضیات (مؤنث) اراضی کی جمع ۔ **اراضی افتادہ** (مؤنث) غیر آباد زمین ۔ **اراضی جَلکر** (مؤنث) وہ زمین جس میں برساتی پانی کو آبپاشی کے لئے جمع کرتے ہیں ۔ **اراضی سکنی** (مؤنث) وہ زمین جس پر عمارات بنائی جاتی ہیں ۔ **اراضی شاملاتی** (مؤنث) وہ زمین جو مشترکہ ملکیت میں ہو ۔

اِراقَت (ع ۔ مؤنث) ۱ ڈالنا ۔ گرانا ۔ بہانا ۲ پیشاب کرنا (رَوَق ۔ راق ۔ صاف ہونا)

اَراکین (ع ۔ مذکر) رکن کی جمع الجمع ہے جس کے معنی ستون یا کھمبہ ہیں ۱ مجازاً وہ لوگ جن پر سلطنت یا بادشاہت کا مدار ہو ۔ امرا ۔ وزرا ۲ وہ لوگ جن کو کسی گروہ میں خاص امتیاز حاصل ہو ۔ **اراکین عوام** (مذکر) پارلیمنٹ انگلستان کے وہ ارکان جنہیں عوام نے انتخاب کیا ہو ۔ **اراکین سلطنت** (مذکر) امرا وزرا وغیرہ ۔ دیکھو اراکین ۱

اَرّانا (ہ ۔ لازم) اونچی اور لمبی آواز لگانا ۔ گڑگڑانا ۔

اِرائت (ع ۔ مونث) ۱ دکھانا ۲ بتانا ۔

ارائِک (ع ۔ مذکر) اریکہ کی جمع ۔ تخت ۔ اورنگ ۔

اَرب (ہ ۔ عدد) سو کروڑ ۔ **ارب کھرب** (صفت) مجازاً ۱ بے شمار ۔ لاتعداد ۲ طمطراق ۔ شان و شوکت ۔ سامان ظاہری ۔

اَرَب (ع ۔ مذکر) ۱ ضرورت ہونا ۲ ماہر ہونا ۳ ضرورت ۔ خواہش ۔

اَرباب (ع ۔ مذکر) رب کی جمع ۔ مالکان ۔ والیان ۔ صاحبان ۔ **ارباب بصیرت یا بینش** (مذکر) ذی شعور ۔ تیز فہم ۔ زیرک یا روشن دماغ انسان ۔ **ارباب پرستی** (مؤنث) ایک سے زیادہ خداؤں کی پرستش ۔ **ارباب جاہ** (مذکر) مرتبہ والے یا رتبے والے

اشخاص۔ افسر۔ اربابِ دانش (مذکر) عقلمند یا دانا لوگ۔ اربابِ سخن (مذکر) ۱ شعرا۔ ۲ ادیب۔ فصیح۔ اربابِ سیر (مذکر) ۱ مؤرخان۔ سوانح نگاران۔ اربابِ شرع (مذکر) حاکمان۔ متعلقہ قانون۔ اربابِ علم (مذکر) علما۔ فضلا۔ اربابِ عشرت (مذکر) عیش کا سامان مہیا کرنے والے۔ اربابِ فراست (مذکر) سمجھدار۔ زیرک۔ ہوشیار۔ زود فہم۔ ذہین لوگ۔ اربابِ فہم (مذکر) اربابِ دانش۔ اربابِ مال (مذکر) ۱ افسران خزانہ۔ اربابِ معنی (مذکر) خدا شناس لوگ۔ عارف یا زاہد۔ اربابِ نشاط (مذکر) گانے بجانے والے لوگ طوائف ناچنے والے لوگ۔ گویّے۔ اربابِ ہمم (مذکر) ۱ ہمت یا حوصلے والے آدمی۔ فراخ حوصلہ لوگ بہادر ۲ امرا۔ دولتمند ۳ سخی۔ اربابِ ہنر (مذکر) ہنرور لوگ۔

اَرباع (ع۔ مذکر) ۱ رَبع کی جمع۔ مکانات محلات ۲ رُبع کی جمع۔ چوتھے حصّے۔ پاؤ۔

اِرباع (ع۔ مذکر) ۱ موسم بہار کا شروع ہونا ۲ سرسبز مقامات پر رہنا ۳ چوتھے کا بچّہ ہونا ۴ چار ہونا ۵ بڑھاپے میں بچّے پیدا کرنا۔

اَرباک (ہ۔ صفت) ۱ کمینہ۔ پاجی۔ شریر ۲ نیچے پیچھے ۳ پہلے پہل۔ ابتدا میں۔

اَربُد (س۔ مذکر) ۱ اَب ۲ دو مہینے کا جنین۔

اَربُد (س۔ مذکر) ۱ کوہ آبو ۲ اس کے نواح کے باشندے ۳ ایک اسُر کا نام۔ جسے اندر دیوتا نے قتل کیا تھا ۴ ایک قوم۔

اَربَر۔ اَربَرا (ہ۔ مؤنث) زرخیز زمین۔ وہ زمین جس میں ہر قسم کی فصل ہو سکے۔

اَربَرانا (ہ۔ لازم) بڑبڑانا۔

اُربَسی (ہ۔ مؤنث) ۱ راجہ اندر کے دربار کی ایک پری ۲ بھوت۔ پریت۔ سایہ۔ نمود بے وجود۔ ۳ ایک زیور جو چھاتی پر پہنا جاتا ہے۔

اَربَع (ع۔ صفت) چار۔ اربع عناصر (مذکر) عنصر کی جمع۔ چار عنصر یعنی آتش۔ باد۔ آب۔ خاک۔ علم طبیعات کے بموجب یہ چاروں عنصر نہیں۔ اربع عناصر میں خلل پڑنا (لازم) اتھل پتھل مچنا۔ اربعہ متناسبہ (مذکر) علم حساب کا ایک قاعدہ جس کی رو سے چوتھی نامعلوم نسبت معلوم ہو سکتی ہے۔ چار اعداد میں سے تین معلوم ہوتے ہیں۔ اور تناسب سے چوتھا معلوم ہو جاتا ہے۔ دوسرے اور تیسرے کو آپس میں ضرب دے کر پہلے پر تقسیم کیا جائے تو چوتھا نکل آئیگا۔ اربعُون (صفت) چالیس۔

اربعین (صفت) ۱ چالیس ۲ چالیس دن ۳ چلّہ ۴ چالیس حدیثوں کے مجموعے جو مختلف لوگوں نے یکجا جمع کئے ہیں۔

مثل۔ اربع جیوں کا تیوں کنبہ بیٹھا کیوں۔ اپنی سوء تدبیری سے اپنی خانہ بربادی کرنا اور پھر قائل نہ ہونا۔

اَربِند (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کنول کا پھول۔

اَربھک (س۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ بچّہ۔ بیٹا ۲ کسی جانور کا بچّہ۔

اَرپِت (س۔ صفت) ۱ مقررہ۔ مجوزہ ۲ سچا یا ہوا ۳ رکھا ہوا۔ امانت رکھا ہوا دیا ہوا۔ سپرد کیا ہوا ۴ پیش کیا ہوا۔ تحفہ دیا ہوا۔

اَرپَن (س۔ مذکر) ۱ دینا۔ سپرد کرنا۔ رکھنا (اوپر یا اندر) ۲ تحفہ پیش کرنا۔ نذر کرنا ۳ نذر تحفہ ۴ چڑھاوا بھینٹ۔ بلیدان۔ قربانی ۵ رقم جو مذہبی یا خیراتی کاموں کے لئے وقف کی جائے۔ ارپن کرنا (متعدی) ۱ بھینٹ چڑھانا قربانی کرنا ۲ خیرات کرنا۔ غریبوں کو دان دینا ۳ نام پر کرنا۔ معنون کرنا بخصوص کرنا۔ متبرک کرنا۔ پاک کرنا ۴ تحفہ دینا۔ نذر کرنا۔ پیش کش کرنا ۵ نذر دینا۔ نیاز دینا۔ دینا۔ سپرد کرنا

اَرپنا (متعدی) ارپن کرنا۔ ارپن نامہ (مذکر) ہبہ نامہ۔ وقف نامہ (سند ریا دیوتا کے نام)

اَرتاع (ع۔ مذکر) بھیڑ۔ مجمع۔

اِرتاع (ع۔ مذکر) ۱ بہت گھاس پیدا کرنا ۲ مویشی کو چرنے چھوڑنا۔

اِرتام (ع۔ مذکر) انگلی پر یاد رکھنے کے لئے دھاگا باندھنا۔

اِرتباط (ع۔ مذکر) جوڑ۔ میل جول۔ دوستی۔ تعلق۔ واسطہ۔ آشنائی۔ بے تکلفی۔ محبت رہونا رکھنا کے ساتھ) (رَبط۔ باندھنا)

اِرتباع (ع۔ مذکر) ۱ موسم بہار کا گزرنا ۲ گھاس چرنا ۳ موٹا ہونا ۴ طاقت آزمانے کے لئے پتھر اُٹھانا۔

اِرتجاج (ع۔ مذکر) ۱ ہلنا ۲ لہروں کا تھپیڑے مارنا ۳ گھبراہٹ۔

اِرتجاز (ع۔ مذکر) بحر رجز میں اشعار کہنا

اِرتجاس (ع۔ مذکر) گرجنا۔

اِرتجاع (ع۔ مذکر) ۱ عطیہ واپس لینا ۲ واپس لیجانا ۳ اونٹ بیچ کر کچھ اور خریدنا۔

اِرتجال (ع۔ مذکر) بغیر تیاری تقریر کرنا یا شعر کہنا۔

اِرتحال (ع۔ مذکر) ۱ کوچ۔ سفر۔ روانگی ۲ موت۔ رحلت کر جانا (رَحل۔ سوار ہونا)

اِرتخاص (ع۔ مذکر) سستا خریدنا۔

اِرتدا (ع۔ مذکر) جبّہ یا چغہ پہننا۔

اِرتداد (ع۔ مذکر) مذہب سے پھر جانا اسلام ترک کر دینا۔ مرتد ہو جانا (رَدّ۔ انکار کرنا)

اِرتداع (ع۔ مذکر) ۱ ناپاک ہونا میلا ہونا ۲ مخالفت کرنا ۳ رُکنا۔

اِرتداف (ع۔ مذکر) ۱ دوسرے کے پیچھے سوار ہونا ۲ تعصب کرنا۔

اِرتزاز (ع۔ مذکر) ۱ نشانے پر لگنا ۲ کنجوس یا بخیل ہونا۔

اِرتسام (ع۔ مذکر) ۱ ایسا نشان جس سے تمیز ہو سکے ۲ خاکہ۔ تصویر۔ تحریر ۳ اثر۔ تاثیر (رَسم۔ نشان چھوڑنا۔ لکھنا)

اِرتشا (ع۔ مذکر) رشوت لینا۔ رشوت۔ (رشوت دینا کسی کو)

اِرتشاف (ع۔ مذکر) ۱ سُڑکنا۔ چسکنا ۲ چوسنا۔

اِرتضا (ع۔ مذکر) پسند کرنا۔ ماننا۔

اِرتضاع (ع۔ مذکر) دودھ پینا۔ چوسنا

اِرتعاد (ع۔ مذکر) کانپنا۔

اِرتعاش (ع۔ مذکر) ۱ کانپنا۔ رعشہ۔ لرزہ کپکپی ۲ (علا) چاند کی وہ جنبش جس سے ہم اس کے دوسرے پوشیدہ رُخ کا کسی قدر حصہ دیکھ سکتے ہیں۔ ارتجاج۔ ارتعاش قمر (علا) دیکھو ارتعاش ۲ (رَعش۔ کانپنا)

اِرتفاع (ع۔ مذکر) بلندی۔ اونچائی۔ مرتبہ۔ عروج۔ ترقی۔ سرفرازی۔ ارتفاع پیما (مذکر) ایک آلہ جس سے ان مائعات کی سطح کا باہمی فرق معلوم ہوتا ہے۔ جو نالیوں میں بھرے ہوتے ہیں (رَفع۔ اونچا کرنا)

اِرتفاق (ع۔ مذکر) بازو یا تکئے پر جھکنا

ارتقا (ع۔ مذکر) لغوی معنی ہیں اوپر چڑھنا۔ مراد ترقی پانا ۱ چڑھنا ۲ ترقی ۳ ایک جدید اصول جس کے بموجب ہر جاندار یا پودے نے جرم سے ترقی کر کے موجودہ صورت اختیار کی ہے۔

اِرتقاب (ع۔ مذکر) انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔

اِرتِکاب (ع۔ مذکر) ۱ کرنا۔ عمل کرنا۔ اختیار کرنا ۲ ناجائز کام کرنا۔ گناہ یا جرم کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (رکُنَ۔ سوار ہونا) **اِرتکابِ جرم** (مذکر) جرم کرنا۔

اِرتِکاز (ع۔ مذکر) کمان پر ٹیک لگانا۔

اِرتِکاس (ع۔ مذکر) پھر جانا۔ بگڑ جانا۔

اِرتِکام (ع۔ مذکر) ۱ ٹھوس کر بھرا جانا ۲ ڈھیر لگنا ۳ بھیڑ۔ ہجوم۔

اَرتَلا (س۔ مذکر) مربی۔ حامی پشت پناہ۔ سرپرست۔ ولی نعمت۔ دستگیر۔

اِرتِماز (ع۔ مذکر) ۱ کانپنا ۲ تڑپنا۔ دھڑکنا ۳ گھبراہٹ۔ بے چینی۔

اِرتِماس (ع۔ مذکر) غوطہ مارنا۔ گودنا۔ گھسنا۔

اِرتِماض (ع۔ مذکر) ۱ رنج و غم سے جلنا ۲ خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔

اَرتَنگ (ف۔ مذکر) ۱ مانی کا مکان ۲ مانی کی تصویروں کی کتاب جسے وہ مریدوں کو دکھا کر کہا کرتا کہ خدا نے اسے دی ہے ۳ مانی ۴ ایک چینی سندر

اَرتوَر (س۔ مذکر) دشمنی۔ مخالفت۔

اَرتھ (س۔ مذکر) ۱ قصد۔ عزم۔ ارادہ۔ مقصد ۲ منشا۔ نیت۔ مرضی۔ غرض۔ مطلب۔ مدعا ۳ وجہ۔ باعث۔ سبب۔ مدعا ۴ دلچسپی ۵ فائدہ۔ مفاد۔ منافع۔ حاصل۔ یافت۔ حصول۔ نفع ۶ کام۔ کار۔ کاروبار۔ بیوپار۔ پیشہ۔ شغل۔ معاملہ۔ بیوپار۔ دھندا ۷ چیز۔ شے ۸ جائداد۔ دولت۔ مال و متاع۔ مال و دولت پونجی۔ ترکہ ۹ دولتمندی۔ مالداری۔ تونگری۔ خوشحالی۔ اقبالمندی۔ طالع وری ۱۰ مال اسباب۔ سامان۔ کپڑا۔ پارچہ ۱۱ مقدمہ۔ نالش۔ استغاثہ۔ عرضی۔ درخواست۔ استدعا۔ التماس ۱۲ مطلب۔ مفہوم۔ معنی ۱۳ اس لئے۔ واسطے۔ مطلب کے لئے۔ **اَرتھانتَرا** (مذکر) دوسرے معنی۔ مختلف معانی یا مطلب دوسری توضیح یا تشریح۔ **ارتھ بتانا** (متعدی) معنی بتانا۔ سمجھانا۔ تشریح کرنا۔ **ارتھ بچارنا** (متعدی) ۱ معنی یا مطلب سمجھنا۔ سمجھنا ۲ شرح کرنا۔ توضیح کرنا۔ **ارتھ بودھک** (صفت) ۱ پُر مطلب۔ نمایاں۔ بامعنی ۲ (مذکر) ایک بامعنی کلمہ۔ **ارتھ بھید** (مذکر) ۱ معانی میں فرق ۲ دو الفاظ میں فرق ۳ تفاوت ۴ شناخت۔ **ارتھ پتی** (مذکر) ۱ امیر آدمی ۲ راجہ ۳ کوبیر کا نام ۴ بان کوی کا باپ۔ **ارتھ دینا یا رکھنا** (متعدی) ۱ تشریح ماننا یا منانا ۲ ظاہر کرنا۔ بیان کرنا۔ بتانا ۳ تشریح کرنا۔ واضح کرنا۔ **ارتھ سادھک** (مذکر) دشرتھ کا ایک وزیر۔ **ارتھ سدھی** (مؤنث) ۱ کامیابی۔ اپنے ارادے کو پورا کرنا ۲ (مذکر) پُشپہ کا ایک بیٹا۔ **ارتھ شاستر** (مذکر) وہ کتاب جس میں عملی زندگی اور سیاسی سلطنت کا تذکرہ ہو۔ **ارتھ لابھ** (مذکر) ۱ حصول دولت ۲ حصول مطلب ۳ معنی یا مطالب کو سمجھنا۔ **ارتھ لوبھی** (صفت) ۱ فائدے کا خواہشمند ۲ ہت اپدیش میں ایک گیدڑ کا نام **ارتھ نکالنا** (متعدی) ارتھ بچارنا۔

اَرتھات (س۔ نف) حقیقت میں یعنی۔ مثلاً۔

اِرتِہاش (ع۔ مذکر) گھوڑے یا اونٹ کا ایک پاؤں سے دوسرا زخمی کرنا۔ دوڑنے میں زخمی ہونا۔

اِرتِہان (ع۔ مذکر) رہن ۱ کسی چیز کو رہن رکھنا ۲ ضمانت۔ کفالت ۳ یرغمال۔ کفیل۔

اَرِتھمیٹِک (انگ۔ مؤنث) علم حساب علم حساب کی کتاب (اصل لفظ میں ر کے نیچے کسرہ ہے۔

اَرتھی (س۔ صفت) ۱ ملتجی۔ ملتمس۔ عرض پرداز ۲ خواہشمند۔ آرزومند۔ خواہاں۔ شائق ۳ انجام دینے والا ۴ خودغرض۔ خودمطلب ۵ دغاباز۔ مکار فطرتی۔ ریاکار۔ عیار ۶ امیر۔ دولتمند۔ تونگر۔ آسودہ حال ۷ (مذکر) منگتا۔ فقیر۔ گدا ۸ نالشی۔ پیروکار۔ مدعی۔ مستغیث۔ سائل ۹ امیر آدمی ۱۰ ملازم۔ ماتحت۔ پیرو حالی موالی ۱۱ موکل۔ اسامی۔ اجنٹ منیم۔ کارندہ گماشتہ مختار ۱۲ پیشہ ور۔ بیوپاری۔ تاجر۔ **ارتھیا** (مذکر) ۱ ملازم۔ ماتحت وغیرہ ۲ اجنٹ۔ گماشتہ وغیرہ ۳ بیوپاری وغیرہ ۴ جس کی سفارش کی جائے۔

اَرتھی (ہ۔ مؤنث) ۱ ہندوؤں کا جنازہ ۲ بانس کی ایک سیڑھی سی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ اس پر مردہ اُٹھاتے ہیں (اُٹھانا۔ اُٹھنا۔ بنانا۔ بننا کے ساتھ) **ارتھی نکلے** (بددعا) مرجائے۔ جنازہ نکلے۔

اِرتِیاب (ع۔ مذکر) شبہ کرنا۔ شک کرنا

اِرتِیاح (ع۔ مذکر) ۱ خوش ہونا ۲ قناعت ۳ خوشی۔

اِرتِیاد (ع۔ مذکر) تلاش کرنا۔

اِرتِیاش (ع۔ مذکر) خوشحال ہونا۔ زر و پیسہ جمع کرنا۔

اِرتِیاض (ع۔ مذکر) گھوڑے کا سدھنا

اِرَث (ع۔ مؤنث) میراث۔ ترکہ۔ ورثہ۔ میت کا چھوڑا ہوا مال۔

اَرج (ف۔ مؤنث) ۱ قیمت۔ قدر۔ خوبی جوہر ۲ عزت۔ لیاقت۔ مرتبہ۔ شان و شکوہ۔ **ارجمند** (صفت) ۱ قدر و قیمت والا ۲ ذی مرتبہ۔ ذیشان بلند مرتبہ۔ عالی مرتبہ۔ صاحب عز و شان ۳ دانا عالم۔ فاضل ۴ پیارا۔ عزیز۔ محبوب۔ معشوق ۵ قیمتی۔ گراں۔ نادر۔ بیش قیمت ۶ خوشحال۔ آسودہ۔ مبارک۔ خوش نصیب ۷ فرمانبردار۔ مطیع ۸ سعادتمند۔

اَرَج (س۔ صفت) جس پر مٹی نہ پڑی ہو۔

اَرُج (س۔ صفت) ۱ جو درد نہ کرے (پھوڑا) ۲ تندرست۔ باصحت ۳ چالاک تیز۔ پھرتیلا ۴ بشاش۔ شاد ۵ املتاس کا درخت ۶ ایک دانو کا نام

اَرجا (ع۔ مذکر) رجا کی جمع۔ پہلو۔ کنارے۔ ساحل۔

اِرجاع (ع۔ مذکر) ۱ رجوع کرنا۔ لوٹنا ۲ واپس کرنا۔ واپس لانا ۳ بدلنا۔ تبادلہ کرنا ۴ مقدمہ دائر کرنا یا رجوع کرنا۔ **ارجاعِ نالش** (مذکر) نالش دائر کرنا (رَجَعَ۔ واپس آنا)

اِرجاف (ع۔ مذکر) ۱ جھوٹی افواہ پھیلانا ۲ بیوپار کرنا۔

اِرجاء (ع۔ مذکر) وقت مقررہ سے زیادہ انتظار کرنا۔

اَرجِت (س۔ صفت) حاصل کیا ہوا پایا ہوا۔ کمایا ہوا۔ حاصل شدہ۔ **ارجت کرنا** (متعدی) حاصل کرنا وغیرہ۔

اَرجَل (ع۔ مذکر) ۱ وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید ہو۔ ایسا گھوڑا سخت منحوس سمجھا جاتا ہے ۲ بڑے پاؤں والا آدمی۔

اَرجَن (س۔ مذکر) ۱ حاصل کرنا۔ حصول فائدہ۔ مفاد۔ نفع۔ یافت۔ منفعت۔ منافع ۲ کمائی۔ آمدنی۔ تنخواہ ۳ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ڈھیر لگانا۔

اَرجُن (س۔ صفت) ۱ سفید ۲ صاف شفاف ۳ چاندی کا بنا ہوا ۴ (مذکر) سفید رنگ ۵ مور ۶ ایک درخت۔

اَرجنا (ہ۔ متعدی) حاصل کرنا۔ کمانا لینا۔ پانا۔ فائدہ اُٹھانا۔

اَرجَنٹ (انگ۔ صفت) ضروری

تاکیدی۔

اَرُچ (س۔مذکر) ۱ نفرت۔کراہت ۲ بدمزگی۔ناگواری ۳ بھوک کا نہ لگنا ۴ معدے کی بیماری بدہضمی۔

اَرچ (س۔دھا) ۱ عزت کرنا ۲ تعریف کرنا ۳ چمکنا۔**اَرچ** (مذکر) ۱ شعلہ۔لو ۲ روشنی۔نور۔چمک۔اجالا۔تاب -ارچا (مذکر) ۱ پرستش۔عبادت۔پوجا ۲ بت۔

ارچیت (صفت) پرستش کیا گیا۔قابلِ پرستش۔**ارچیت** (صفت) ۱ چمکدار ۲ تعریف کرنے والا۔**ارچس** (مذکر) ۱ کرن ۲ روشنی ۳ چمک ۴ شعلہ۔**ارچک** (صفت) ۱ پوجا کرنے والا ۲ (مذکر) پوجاری۔**ارچن** ۱ پرستش۔ عبادت پوجا ۲ اطاعت، فرمانبرداری ۳ تعظیم تکریم، ادب، پاپوسی، عزت ۴ تکلف، ظاہرداری۔

اَرچنا (ھ۔متعدی) پوجا کرنا پرستش کرنا۔

اَرحام (ع۔مذکر) رحم کی جمع ۱ بچہ دان کوکھ ۲ مادری رشتہ دار ۳ ایک ماں اور مختلف باپوں سے پیدا ہوئے بھائی بہنیں۔

اَرحَم (ع۔صفت) رحیم کی تفضیل بعض و کل بہت یا نہایت رحم کرنے والا یا مہربانی کرنے والا۔**ارحَمُ الرّاحِمِین**۔رحیموں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والا۔نہایت رحیم۔خداوند کریم۔

اِرخا (ع۔مذکر) ڈھیلا ہوجانا۔ڈھیلا کرنا۔**ارخاءِ عنان** (مذکر) ۱ باگیں ڈھیلی کرنا ۲ سرکشی بے لگامی۔بغاوت۔

اِرخاص (ع۔مذکر) ۱ سستا خریدنا ۲ سستا کرنا۔

اَرخَی (ع۔صفت) بہت یا زیادہ۔

اِرد (ف۔مذکر) ۱ مہینے کا پچیسواں دن ۲ اس کا موکل فرشتہ۔

اُرد (ہ۔مذکر) **اُردھ** (ھ) ایک غلہ جس کی دال بنا کر پکائی جاتی ہے۔**اردپر سفیدی** (صفت) قلیل مقدار۔**ارد پڑھ کر مارنا** (متعدی) جادوگر کا ماش کے دانوں پر کچھ پڑھ کر کسی کی طرف پھینکنا تاکہ اس پر اثر مارنے والے کی مرضی کے مطابق ہو۔**ارد کے آٹے کی طرح اینٹھنا** (متعدی) خواہ مخواہ اکڑنا۔

مثل۔اردکے مرے ماتھے ٹیکا۔موہن بیاہ نہ ہووے نیکا۔ہر ایک اپنے آپ کو بڑا خیال کرتا ہے۔

اَردا (ھ۔مذکر) بدلہ۔انتقام۔مکافات معاوضہ۔

اُردا بیگنی (ت۔مؤنث) وہ ترک عورت جو مردانہ لباس میں محلات شاہی میں انتظام کرتی تھی۔

اَرداس (ہ۔مؤنث) ۱ عرضداشت گزارش۔درخواست۔عرض۔استدعا۔التجا ۲ (دیوتا کے لئے) نذر۔بھینٹ (کرنا۔ہونا کے ساتھ) ممکن ہے یہ لفظ عرضداشت کا بگڑا ہوا ہو۔

اِردان (ع۔مذکر) کپڑے کو باہیں لگانا۔

اَرداوا (ہ۔مذکر) جوار اور گیہوں کا موٹا آٹا جو مویشی اور گھوڑوں کو دیا جاتا ہے۔دلیہ (آرد)

اَرْدَب (ف۔مذکر) ۱ شطرنج کی اصطلاح میں وہ مہرہ جو شاہ کو کشت سے بچانے کے لئے بیچ میں لایا جاتا ہے ۲ چوٹ بچانے والا۔بیچ میں آنے والا۔روکنے والا۔

اُردبہشت (ف۔مذکر) ایرانیوں کا دوسرا مہینہ جو اپریل کے مطابق ہوتا ہے۔

اُردر (س۔مذکر) اود بلاؤ۔

اَردگان (ف۔مؤنث) علم نجوم میں بعض اشکال۔

اِردگرد (ہ۔تف) چاروں طرف۔چوگرد۔آس پاس۔اِدھر اُدھر۔ہر طرف۔

اَردلی (انگ۔مذکر) ۱ وہ چپڑاسی جو حکام کے ہمراہ سرکاری کام کے لئے ہوتا ہے ۲ وہ جج کا ملازم جو امیر آدمیوں کی پالکیوں اور گاڑیوں کے آگے دوڑتا ہے ۳ سواری کا جلوس۔**اردلی بازار** (مذکر) وہ بازار جو شاہان دہلی کے ہمراہ سفر میں رہتا تھا۔تاکہ انہیں تکلیف نہ ہو۔**اردل یا اردلی میں چلنا** (لازم) ہمراہ چلنا۔ساتھ چلنا۔سواری کے ساتھ چلنا۔**اردل یا اردلی میں رہنا** (لازم) سواری کے ساتھ رہنا۔خدمت میں رہنا (اصل آرڈرلی)

اَردَلی (ہ۔مذکر) جماعت۔گروہ۔بدمعاشوں یا عیاشوں کا گروہ۔**اردلی اترنا** (لازم) بہت سے آدمیوں کا کسی چھنال سے یکے بعد دیگرے زنا کرنا۔

اُردُو (ت۔مذکر) ۱ لشکر فوج لشکرگاہ ۲ (مؤنث) ہندوستان کی وہ زبان جو دہلی لکھنؤ صوبجات متحدہ پنجاب کے شرقی اضلاع حیدرآباد دکن وغیرہ میں بولی جاتی ہے۔دیکھو دیباچہ۔**اُردو بازار** (مذکر) چھاؤنی کا بازار۔صدر بازار۔وہ بازار جو لشکر میں ہو۔**اُردوے معلّٰی** (مؤنث) ۱ فصیح اور مستند اُردو۔تعلیم یافتہ لوگوں کی اُردو۔پنجاب اور ممالک متحدہ میں کچہریوں کی زبان ۲ دہلی اور لکھنؤ کی زبان ۳ شاہی ڈیرہ۔شاہی فوج ۴ مرزا غالب کی ایک مشہور تصنیف۔**اُردوے معلّٰی کا طور مقرر ہونا یا نقشہ درست ہونا** (لازم) فوج کا کیمپ لگنا۔فوجوں کا ڈیرہ لگنا۔

مثل۔اُردو کا محاورہ دلی پر ختم ہے۔دلی کی زبان مستند ہے۔

اَردھ (س۔صفت) ۱ نصف۔آدھا ۲ (مذکر) ایک حصہ۔آدھا حصہ۔**اردھانگ یا اردھنگ** (مذکر) آدھے جسم کا فالج۔لقوہ۔**اردھنگی** (مذکر) ۱ جسے فالج یا لقوہ ہوا ہو۔مفلوج ۲ فالج گرنا۔لقوہ ہونا ۳ شوجی کا ایک نام ۴ (مؤنث) بیوی ۵ پھوہڑ عورت وہ عورت جسے پوشاک پہننے کا ہوش نہ ہو یا جو پوشاک کی طرف سے بےخبر ہو۔**اردھ بھاگ** (مذکر) نصف حصہ۔**اردھ چندر** (مذکر) نصف چاند ۱ ہلال ۲ نصف دائرہ۔**اردھ چوپائی** (مؤنث) شعروں کا ایک وزن یا بحر۔**اردھ یاترا** (مؤنث) نصف رات۔**اردھ راج** (مذکر) ایک پراکرت شاعر کا نام۔**اردھ شلوک** (مذکر) ۱ مصرعہ۔نصف بیت ۲ تُک ۳ رزمیہ نظم کا ایک شعر۔**اردھ کپاری یا کپالی** (مؤنث) دیکھو آدھا سیسی۔**اَردھ کُمبھ** (مذکر) چھٹے سال کا میلہ۔**اردھ ناری** (مؤنث) نصف مادہ۔وہ شکل جس میں شوجی ظاہر کئے جاتے ہیں۔نصف نر۔نصف مادہ۔

اُردہ بیگنی (ت۔مؤنث) دیکھو اردا بیگنی۔

اَردھگ یا اَردھنگ (ھ۔مذکر) دیکھو ادھنگ۔

اُردی (ھ۔مؤنث) ۱ وردی ۲ ارد کی بنی ہوئی مٹھائی ۳ (ہ) جب پہرہ بدلے تو جانے والا سپاہی نئے پہرے والے کو تمام فرائض جو اس نے ادا کرنے ہیں بتا دیتا ہے۔اسے اردی کہتے ہیں۔**اردی دینا** (متعدی) فرائض بتانا۔

مثل۔اردی اردوں کی بھلی اور رس کی اچھی کھیر۔لاج جو رکھے پیو کی وہ بھی اچھی بیر (ھ) وہ عورت جو خاوند کی عزت کا خیال رکھے بہت نیک ہوتی ہے۔

اُردی (ف۔مؤنث) ایرانیوں کا دوسرا

مہینہ - اردی بہشت (مذکر) ۱ دیکھو آخری ۲ ہر مہینے کا تیسرا دن جو تہوار منایا جاتا تھا ۳ فرشتہ جو پہاڑوں کا موکل ہے ۴ آگ -

اَرذال (ع - صفت) جمع رذیل کی - کمینے لوگ -

اِرذال (ع - مذکر) ۱ حقارت سے دیکھنا ۲ رذیلوں سے ملنا -

اَرذَل (ع - صفت) رذل کی تفضیل بعض و کل ۱ بہت یا نہایت رذیل - کمینہ - پاجی یا نیچ ۲ گھٹیا قسم کا -

اَرُرُو (س - صفت) ۱ سنگدل - بیرحم ۲ حاسد ۳ (مذکر) ایک اُسُر کا نام -

اَرڑانا (ھ - لازم) چیخنا -

اَرز (ف - مذکر) ۱ قیمت - مول - مقدار ۲ عزت - توقیر - قدر - مرتبہ - عظمت - وقر - فضیلت ۳ تعظیم - تکریم - ادب - **ارزِ بازار** (مذکر) بازار کا نرخ - منڈی کا نرخ - **ارزِ ارسال** (مذکر) بیجک - چالان - خزانے کی تفصیل -

اَرزاق (ع - مذکر) جمع رزق کی - مال و دولت - جائداد - روزیاں - مقبوضات -

اَرزاں (ف - صفت) سستا - کم قیمت - **ارزانی** (مؤنث) سستاپن -

مقولہ - ارزاں بعلت گراں بحکمت - کم قیمت چیز میں کوئی نہ کوئی خرابی ضرور ہوتی ہے اور مہنگی میں کوئی خوبی -

اَرزَق (ع - صفت) دیکھو ازرق - **ارزق چشم** - دیکھو ازرق چشم -

اَرزَان (ہ - مذکر) ایک غلّے کا نام - چینا -

اَرژنگ (ف - مذکر) ۱ نگارخانہ - تصویروں سے سجا ہوا مکان - تصویروں کی کتاب ۲ مانی کا نگارخانہ ۳ چین کا ایک مشہور مصوّر ۴ مازندران کا ایک دیو جسے رستم نے قتل کیا تھا ۵ ایک تورانی پہلوان جسے طوس نے قتل کیا تھا -

اَرزیز (ف - مؤنث) ۱ قلعی ۲ کھوٹا سکّہ ۳ سیسہ -

اَرس (س - صفت) ۱ بلا رس - بغیر عرق ۲ بے مزہ - بے ذائقہ - پھیکا ۳ بے فائدہ - لاحاصل - نکمّا - بے مصرف ۴ بے رونق - بے لطف - بے جان -

اَرُس (ھ - مذکر) ایک پودے کا نام - جو دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے -

اِرس - اِرِس - اِرسی (ھ - مؤنث) دُھرا - دُھری - ایک لوہے کی سلاخ - جس کے گرد پہیّے پھرتے ہیں -

اُرَس (س - مذکر) چھاتی - سینہ - **ارس جا** (مذکر) لفظی معنی چھاتی پر پیدا ہوا ہوا - پستان -

اِرسا (ع - مذکر) پکّا کرنا -

اِرسال (ع - مذکر) ۱ بھیجنا - روانہ کرنا (کرنا - ہونا کے ساتھ) ۲ (مؤنث) وہ روپیہ مالگزاری جو افسران جمع کر کے خزانے میں ماہواری بھیجتے ہیں یا زمیندار خزانے میں داخل کرتے ہیں - **ارسال نامہ** (مذکر) بیجک جو بھیجا جائے -

اَرسان (ع - مذکر) رسن کی جمع - رسّیاں -

اِرسان (ع - مذکر) رسّی سے مضبوط باندھنا -

اُرسانا (ھ - متعدی) ۱ اکسانا - جوش دلانا - خواہش کو برانگیختہ کرنا -

اَرسٹّا (ھ - مذکر) ماہواری جمع خرچ - نقدی کا حساب - آمد و خرچ - قیاس - اندازہ - اٹکل - تعین یا تشخیص قیمت - تخمینہ - ثالث - دلّال - **ارسٹّا نویس** (مذکر) حساب رکھنے والا یا لکھنے والا -

اَرسَٹّھ (ھ - مذکر) آمد و خرچ کا حساب نقدی کا حساب -

اُرش - اُرشی (س - مذکر) ۱ سرخ - سُرخ گھوڑے ۲ رگ وید میں سورج کے سُرخ گھوڑے ۳ چڑھتا ہوا سُورج ۴ ایک منتر کا نام - **اُرش ہَن** (مذکر) اِندر -

اِرشاد (ع - مذکر) ۱ حکم - فرمان - امر - آگیا ۲ ہدایت - رہنمائی نصیحت - فرمائش ۳ مرضی - خواہش خوشی - پسند - **ارشاد بجا لانا** (لازم) حکم کی تعمیل کرنا - **ارشاد فرمانا یا کرنا** (متعدی) حکم دینا - کہنا - پڑھنا - **ارشاد قبول کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حکم کی تعمیل ہونا - **ارشاد ہونا** (لازم) حکم ہونا -

اِرشان (ع - مذکر) ۱ ہلکی بارش پھوہار ۲ آنسو یا خون ٹپکنا -

اَرش پَرش (ھ - مذکر) ۱ چھونا - ساتھ لگنا ۲ چھوت - لمس - لگاؤ - ملاؤ - اتصال ۳ تھوڑا سا نہانا - ہاتھ سے تھوڑا سا پانی چھڑکنا ۴ تہمت - بہتان ۵ ناپاک چیز کو چھونے سے ناپاک ہوجانا - **اَرش پَرش ہوجانا یا ہونا** (لازم) کسی کو چھونے سے ناپاک ہوجانا - ناپاک کیا جانا -

اَرِشٹ (س - صفت) ۱ جو زخمی یا مضروب نہ ہو ۲ محفوظ - سلامت ۳ (مذکر) بگلا ۴ کوّا ۵ بدشگونی - بدفالی ۶ بدقسمتی - مصیبت ۷ خوش قسمتی - نیک طالع ۸ موت کا اشارہ یا نشانی ۹ نیم کا درخت ۱۰ لہسن ۱۱ زچہ خانہ ۱۲ ریٹھے کا درخت ۱۳ ایک قسم کی شراب ۱۴ دیکھو ارشت ۱۵ منو دیومت کا ایک بیٹا - **اَرِشٹا** (مؤنث) ۱ پٹی - بند ۲ ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۳ درگا جی کا نام ۴ دکش کی ایک بیٹی اور کشیپ کی بیوی - **ارشٹا شرٹ پور** (مذکر) ایک شہر - **ارشٹ پور** (مذکر) ایک گاؤں - **ارشٹ سُودن** (مذکر) وشن جی - **ارشٹ کرمن** (مذکر) ایک راجہ - **ارشٹ متھن** (مذکر) وشن جی یا شوجی - **ارشٹ نیمن** (مذکر) گرڑ کا ایک بھائی ۲ ایک مُنی - **ارشٹ نیمی** (مذکر) ۱ تارکشیہ کا نام ۲ کئی راجاؤں کا نام ۳ ایک گندھرو -

اَرشَد (ع - صفت) رشید کی تفضیل بعض و کل - بہت یا نہایت ہدایت یافتہ - ہدایت یافتہ - سچّا یا کھرا - **اَرشَدَکَ اللّٰہُ تعالیٰ** (دُعا جو چھوٹوں کو خط میں لکھی جاتی ہے) خدا تجھے نیک ہدایت دے -

اَرصاد (ع - مذکر) رصد کی جمع - ملاحظے - مشاہدے - **ارصادات** (مذکر) رصد کی جمع الجمع - **ارصادات جویہ** (علا) کرۂ ہوا کے متعلق مشاہدات - **ارصاد طیفی** (علا) آلہ طیف آزما کے ذریعے مشاہدہ -

اِرصان (ع - مذکر) مضبوط باندھنا -

اَرض (ع - مؤنث) زمین - ملک - علاقہ - اراضی - کھیت - **ارضِ غبرا** (مؤنث) مٹی کے رنگ کی زمین - **ارضِ مقدس** (مؤنث) فلسطین - **ارضِ نوح** (مذکر) عرب میں ایک مقام - **ارض و سما** (مذکر) زمین اور آسمان - **ارضی** (صفت) زمین کا - زمین کے متعلق - **ارضیات** (مذکر) علم طبقات الارض -

اِرضاع (ع - مذکر) دودھ دینا -

اَرطال (ع - مذکر) رطل کی جمع - خاص اوزان -

اِرعاش (ع - مذکر) کانپنا - تھرتھرانا -

اِرعاف (ع - مذکر) ۱ خون بہانا ۲ جلدی کرانا ۳ بوتل بھرنا -

اِرعوا (ع - مذکر) ۱ بُری باتوں سے بچنا ۲ توبہ کرنا -

اِرغام (ع۔ مذکر) ۱ کسی کی ناک زمین پر رگڑنا۔ ۲ ذلیل کرنا۔

اَرغند (ف۔ مذکر) حریص۔ لالچی۔

اَرغنون (ف۔ مذکر) ایک باجے کا نام جو کوک دینے سے بجتا ہے۔ خیال ہے کہ اسے افلاطون نے ایجاد کیا تھا۔

اَرغوان (ف۔ مذکر) ۱ ایک پودا جس کے پھل اور پھول نہایت سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ ۲ اس پودے کا سرخ رنگ کا پھول ۳ سرخ رنگ۔ **ارغوانی** (صفت) سرخ۔ قرمزی۔

اِرفاہ (ع۔ مذکر) ۱ فائدہ پہنچانا۔ دولت عطا کرنا ۲ تشفی دینا پرورش کرنا ۳ دولت کا لطف اور مزہ۔

اَرفض (ع۔ مذکر) رافض کی تفضیل بعض و کل کٹر شیعہ

اَرفع (ع۔ مذکر) رفیع کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت اونچا۔ عالی مرتبہ۔

اَرق (ع۔ مذکر) نگہبان ہونا ۲ (صفت) جسے نیند نہ آئے۔

اَرق (ع۔ مذکر)۔ رقیق کی تفضیل بعض و کل۔ نہایت پتلا۔

اِرقاص (ع۔ مذکر) ۱ اُونٹ کو نچانا ۲ بچے کو اُچھالنا۔

اِرقاق (ع۔ مذکر) پتلا کرنا۔

اِرقال (ع۔ مذکر) جلدی کرنا۔

اَرقام (ع۔ مؤنث) رقم کی جمع۔ رقومات۔ اعداد۔ **ارقامِ متصلہ** (مؤنث) مسلسل رقومات۔ وہ رقومات جو سلسلہ وار ہوں (الجبرا)

اَرقام (ف۔ ع۔ مذکر) عربی میں یہ لفظ نہیں۔ ایرانیوں نے افعال کے وزن پر گھڑ لیا ہے۔ لکھنا تحریر کرنا۔ رقم کرنا۔

اَرقان (ع۔ مذکر) ۱ یرقان ۲ گرون سوز جو۔

اَرقط (ع۔ صفت) سفید و سیاہ دھبوں والا۔

اَرقم (ع۔ صفت) سفید و سیاہ دھاریوں والا (سانپ)

اَرک (س۔ مذکر) ۱ سورج۔ آفتاب۔ شمس۔ مہر ۲ سورج کی کرن ۳ بلور ۴ تانبا ۵ ایک پودا ۶ آگ ۷ آلہ تناسل ۸ آیتوار ۹ عدد ۱۲ ۱۰ حمد۔ ثنا۔ تعریف ۱۱ اندر ۱۲ بڑا بھائی ۱۳ گرو یا بڑا ۱۴ ایک وید کا نام۔

ارکاش مَن (مذکر) ۱ آتشی شیشہ ۲ لعل۔ یاقوت۔ **ارکانش** (مذکر) ۱ انگل۔ انگلی کا ماپ ۲ سورج کا بارھواں حصہ۔ **ارک نین** (مذکر) ایک اَستر کا نام۔ **ارکوپل** (مذکر) لعل یا قوت۔ **ارک ورش** (مذکر) شمسی سال۔

اَرکا (ہ۔ مؤنث) ۱ روشن۔ چمکدار ۲ چالاک۔ چُست۔ دانا۔ ہوشیار۔ سمجھدار ۳ عجیب۔ حیرت انگیز ۴ نیا جدید ۵ ناتجربہ کار۔

مثل۔ ارکاناؤ بانس کی نہرنی۔ ناتجربہ کار نائی اور بانس کا نہرنا۔ بیوقوفی کی بات۔

اِرکاز (ع۔ مذکر) ۱ خزانہ دریافت کرنا ۲ دھات دریافت کرنا۔

اِرکاس (ع۔ مذکر) سواری پر ناپس چلا جانا۔

اَرکان (ع۔ مذکر) رکن کی جمع ۱ ستون ۲ وہ اصول جن پر دینی مسائل کا مدار ہو ۳ اجزا۔ حصے۔ ٹکڑے۔ **ارکان ادا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عبادت کو قواعد اور اصول کے مطابق ادا کرنا۔ **ارکانِ حج** (مذکر) حج کے اصول۔ **ارکانِ خمسہ** (مذکر) اسلام کے پانچ اصولی احکام توحید۔ نماز۔ روزہ۔ حج اور زکوٰۃ۔ **ارکانِ دولت یا سلطنت** (مذکر) منتظمان سلطنت امرا۔ وزرا۔ **ارکانِ عظام سلطنت** (مذکر) بڑے بڑے امیر و وزیر۔ **ارکانِ مقابلہ** (مذکر) فریق مقابل خصوصاً مجالس واضعان قوانین میں۔ **ارکانِ نماز** (مذکر) نماز کے اصول۔

اَرکٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ روشنی چمک دمک ۲ پھرتی چُستی۔ ہوشیاری۔ چالاکی ۳ سمجھ۔ دانائی۔ عقل ۴ احتیاط۔ خبرداری۔ پیش بندی۔

اَرکشت (س۔ صفت) بے حفاظت۔ بغیر والی وارث۔ بے پناہ۔

اُرگ (س۔ مذکر) ۱ سانپ ۲ رینگنے والا جانور ۳ کیڑا۔ کرم ۴ ناگ۔ ایک مخلوق جس کا بدن سانپ کا اور مُنہ انسان کا ہوتا ہے ۵ نکشترہ آشلیش کا نام۔ **ارگا** (مذکر) ایک شہر کا نام۔ **ارگاد۔ ارگادی** (صفت) ۱ سانپ کھانے والا ۲ گرُڑ۔ پرندوں کا دیوتا **ارگ بھوشن** (مذکر) شوجی۔ **ارگ راجہ** (مذکر) سانپوں کا راجہ واسُکی۔ **ارگ ستھان** (مذکر) دوزخ ۲ سانپوں کے رہنے کا مقام ۳ پاتال۔

اَرگا۔ ارگانا۔ ارگائی۔ ارگنی (ہ) دیکھو الگا وغیرہ۔

اَرگجا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک زرد رنگ کی خوشبو جو صندل۔ گلاب۔ کافور۔ مشک۔ عنبر اور گھی سے بنائی جاتی ہے۔ **ارگجی** (ہ۔ صفت) ارگجا سے رنگا ہوا۔

اَرگل (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی کا ڈنڈا جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہے۔ بیڑا۔ روک ۲ (س) ایک نرک کا نام۔

اَرگن (انگ۔ مذکر) ایک خاص قسم کا باجہ۔ عام طور پر ایسے باجوں کو کہتے ہیں جو کلیساؤں میں رکھے جاتے ہیں۔ اور یہ بہت بڑے بڑے ہوتے ہیں (اصل آرگن)

اَرگھ (س) **اَرگھ۔ اَرگ** (ہ۔ مذکر) ۱ پوجا کا ایک طریقہ ۲ دیوتا کو شراب چڑھانا ۳ دیوتا یا برہمن کو مختلف اشیا کا بھوگ چڑھانا یا دینا ۴ قیمت۔ مالیت۔ **اَرگ چڑھا دینا یا چڑھانا** (متعدی) دیوتا کو بھینٹ چڑھانا۔

اَرگھا۔ اَرگا (ہ۔ مذکر) کشتی نما برتن جو ہندو پوجا کے وقت بھینٹ چڑھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

اَرل (انگ۔ مذکر) انگلستان میں تیسرے درجے کا خطاب۔ کونٹ۔ ارل کی بیگم کو کونٹس کہتے ہیں۔ **ارلیہ** (مذکر) ارل کی ریاست یا درجہ۔

اُرلا (ہ۔ صفت) اس طرف کا۔ اِدھر کا۔ اُدھر کا۔ ورلا۔

اِرَم (ع۔ مذکر) ۱ باغ جو شداد نے بنایا تھا ۲ بہشت۔ فردوس۔

اِرماض (ع۔ مذکر) ۱ گرم ریت کا کسی چیز کو گرم کرنا ۲ گرمی سے ضرر پہنچانا۔ پاؤں جلا دینا ۳ تکلیف دینا۔ رنج دینا۔

اَرمان (ت۔ ف۔ مذکر) ۱ آرزو۔ خواہش۔ تمنا۔ مراد۔ شوق۔ رغبت۔ امید۔ آشا ۲ حسرت۔ دریغ۔ حوصلہ۔ مقصد ۳ افسوس۔ تاسف۔ رنج۔ غم ۴ پشیمانی۔ پچھتاوا۔ **ارمان بھرا** (صفت) آرزوؤں۔ خواہشوں یا حسرتوں سے بھرا ہوا۔ **ارمان پورا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دل کی خواہش بر آنا۔ دل کا حوصلہ نکلنا۔ **ارمان جاتا رہنا** (لازم) کسی بات کی خواہش یا آرزو مٹ جانا۔ **ارمانِ جوانی** (مذکر) جوانی کا ولولہ۔ خواہشِ وصل۔ **ارمان جی کا جی میں رہنا** (لازم) ارمان نہ نکلنا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔ **ارمان خاک**

میں مِلنا (لازم) مایوسی ہونا۔ یاس ہونا۔ **ارمان رہ جانا یا رہنا** (لازم) ارمان نہ نکلنا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔ **ارمان کرنا** (متعدی) کسی بات کی تمنا کرنا۔ کسی امر کا حوصلہ کرنا۔ **ارمان لے جانا** (لازم) حسرت لے جانا۔ **ارمان میں رہنا** (لازم) ترستے رہنا۔ خواہش پوری نہ ہونا۔ **ارمان نکال لینا۔ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) خواہش پوری ہونا۔ حوصلہ نکلنا۔ **ارمانو بھرا** (صفت) دیکھو ارمان بھرا۔ **ارمان ہونا** (لازم) آرزو ہونا۔ تمنا ہونا۔ **ارمانی** (صفت) خواہشمند تمنائی۔

مثل۔ ارمان بھری گھونگا (ہ) اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جس کے دل میں بہت ارمان ہوں۔

اُرمانا (ہ۔ متعدی) کنارے سینا۔ سی کر جوڑنا۔

اَرمَد (ع۔ صفت) خاکستری رنگ کا۔

اُرمُز۔ اُرمُزد (ف۔ مذکر) ۱ مہینے کا پہلا دن ۲ فرشتہ جو مہینے کے پہلے دن کا موکل ہے ۳ سیارہ مشتری ۴ بہمن بن اسفندیار کا ایک بیٹا ۵ نوشیرواں کا ایک بیٹا۔

اَرمُغان (ف۔ مذکر) ۱ تحفہ۔ ہدیہ۔ سوغات۔ نذر۔ پیش کش۔ نذرانہ ۲ نایاب یا کمیاب چیز ۳ انوکھی چیز۔ اچنبھا۔ نئی چیز۔ نئی طرز کی چیز۔ اعجوبہ۔

اَرمِین (ف۔ مذکر) کیقباد کا چوتھا بیٹا۔

اَرن (س۔ مذکر) ۱ ندی۔ نالہ ۲ طوفان سیلاب ۳ لہر۔ موج ۴ لڑائی کا شور و غل ۵ ایک وزن یا بحر ۶ ساگوان کا درخت۔

اُرن (س۔ مذکر) ۱ سورج ۲ صبح۔ صبح کا رنگ ۳ بھورا۔ سُرخی مائل رنگ ۴ ایک پودا ۵ ایک قسم کا کوڑھ ۶ ایک زہریلا جانور ۷ (صفت) سرخی مائل بھورا ۸ سُرخ ۹ حیران پریشان ۱۰ گونگا۔ **اُرن تو** (مذکر) سرخ رنگ۔ **ارن سکھا** (مذکر) نر پرندہ **ارنوپل** (مذکر) یاقوت۔ لعل۔ **ارنودے** (مذکر) صبح صادق۔ **ارن ورن** (مذکر) سُرخی مائل بھورا۔

اُرَن (س۔ مذکر) ۱ مینڈھا۔ بھیڑ ۲ ایک اسر کا نام۔ جسے اندر نے قتل کیا تھا۔

اَرِن (ہ۔ صفت) ۱ قرضے سے آزاد ۲ قرضہ اُترا ہوا۔

اَرنا (ہ۔ صفت) ۱ جنگلی ۲ (مذکر) جنگلی بھینسا ۳ موٹا کالا آدمی۔ **ارنا اُپلا** (مذکر) جنگلی اُپلا۔ گوبر جیسے گرتا ہے اسی طرح سُوکھ جائے تو اسے ارنا اُپلا کہتے ہیں۔ **ارنا بھینسا** (مذکر) جنگلی بھینسا **ارنا کنڈا** (مذکر) ارنا اُپلا۔

اَرنَب (ع۔ مذکر) ۱ خرگوش ۲ (علا) ایک قدیم جنوبی صورت کو کبہ ۳ اس صورت کا روشن ترین ستارہ۔

اَرُندھتی (س۔ مؤنث) ۱ ایک پودا ۲ ستارہ سُہا جو دب اکبر کا ایک ستارہ ہے۔ یہ بہت چھوٹا معلوم ہوتا ہے۔ عرب اس سے نظر کا امتحان کرتے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ جو شخص اس ستارے کو ہر روز چالیس دن تک دیکھے اس کی نظر کبھی خراب نہیں ہوتی۔ **ارندھتی جانی یا سہچر یا ناتھ** (مذکر) وسشٹھ۔

اَرَنڈ (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کے پتے چوڑے اور لکڑی بودی ہوتی ہے (س ارنڈ) **ارنڈ خربوزہ** (مذکر) ۱ پپیتا کا درخت۔ ایک پودا جس کی شکل ارنڈ کی طرح ہوتی ہے۔ مگر پھل شکل میں خربوزے کی طرح ہوتا ہے ۲ پھل اس درخت کا۔ پپیتا۔ **ارنڈ کی جڑ** (صفت) کمزور۔ بودا۔ ناپائدار۔ بے ثبات۔ **ارنڈی** ۱ ارنڈ کے درخت کا بیج ۲ ایک قسم کی آتشبازی۔ **ارنڈی کا تیل** (مذکر) ارنڈ کے بیج کا تیل جو جلاب کا کام دیتا ہے۔ اور انگریزی طریق علاج میں بہت استعمال ہوتا ہے۔

مثل۔ ارنڈ کی جڑ چاکری ۱ ملازمت بہت بُری چیز ہے ۲ ملازمت کا کیا ہے۔ کسی وقت جاتی رہے۔

اَرنو (س۔ مذکر) بحر۔ سمندر۔ بحیرہ۔ **ارنو مَندِر** (مذکر) وہ جس کا گھر سمندر میں ہے۔ ورُن۔

اَرَنی (س۔ مؤنث) لکڑی جس کی رگڑ سے آگ پیدا کی جائے۔ عموماً پیپل کی لکڑی اس کام آتی ہے۔

ارنی (ہ۔ مؤنث) ۱ جنگلی بھینس ۲ ایک قسم کا سرکنڈا جس سے بانسریاں بنائی جاتی ہیں۔

اَرِنی (ع۔ مؤنث) (اپنا جلوہ) مجھے دکھا۔ قرآن شریف میں آیا ہے۔ کہ حضرت موسےٰ نے کوہ طور پر خدا سے یہ درخواست کی تھی جس کا جواب ملا تھا۔ لن ترانی (تو نہیں دیکھ سکے گا) **ارنی گو۔ ارنی گوئے طور** (مذکر) حضرت موسےٰ۔ **ارنی کہنا** (متعدی) طالب دیدار ہونا۔ دیدار کی التجا کرنا۔

اَرنیانی (س۔ عص) جنگلوں کی دیوی اس کا ذکر رگ وید میں آتا ہے۔

اَرَنیہ (س۔ مذکر) ۱ جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔ ریگستان ۲ دور دراز ملک ۳ منوریوت کا ایک بیٹا ۴ سادھیہ کا ایک بیٹا ۵ ایک گورو۔ **ارنیہ پَروَن** (مذکر) مہابھارت کے تیسرے حصّے کے پہلے باب کا نام۔ **ارنیہ راج** (مذکر) شیر۔ **ارنیہ کانڈ** (مذکر) رامائن کا تیسرا باب۔

اِروا (ع۔ مذکر) ۱ پلانا ۲ پیاس بجھنا۔

اَرواح (ع۔ مذکر) روح کی جمع۔ ۱ جانیں۔ آتمائیں۔ روحیں ۲ آسیب۔ بھوت پریت ۳ (عو) نیت۔ خواہش ۴ (ع) ریح کی جمع۔ ہوائیں۔ **ارواح ادھر ہی رہے** (عو) کسی مرے ہوئے کا ذکر کرتے ہوئے کہتی ہیں۔ تاکہ روح نہ ستائے۔ **ارواح بھر جانا یا بھرنا** (لازم) (عو) ۱ طبیعت کا بیزار ہو جانا۔ کسی شے کو جی نہ چاہنا ۲ جی بھر جانا دل سیر ہو جانا۔ **ارواح بھٹکنا** (لازم) (عو) ۱ روح کا پریشان ہونا۔ روح کا ادھر اُدھر ڈانواڈول پھرنا ۲ ہر ایک چیز کے لئے دل چاہنا۔ **ارواح پڑی رہنا** (عو) ارواح لگی رہنا۔ **ارواح پھر جانا یا پھرنا** (لازم) عو۔ سیر ہو کر جی ہٹ جانا۔ نیت بھر جانا۔ **ارواح خبیثہ** (مؤنث) بھوت پریت۔ شیاطین۔ **ارواح لگی رہنا یا ہونا** (لازم) (عو) نیت لگی رہنا۔ دل چاہنا۔ نظر ہونا۔ **ارواح نہ شرمائے** (عو) جب کسی مردہ کی بُرائی بیان کرتی ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں۔

اُروپ (س۔ صفت) ۱ بدشکل۔ بدنما۔ بھدّا۔ بدصورت ۲ (مذکر) بھدّا پن۔ بدنمائی۔ بدصورتی۔ بدشکلی۔

اُروَرا (س۔ مذکر) زرخیز زمین۔ زمین جس میں ہر قسم کی پیداوار ہو سکے۔ اراضی۔

اُروَسی (س۔ عص) ایک اپسرا تھی جس کا ذکر رگ وید میں آتا ہے۔ یہ اس قدر حسین تھی کہ جب مہارشی اگستیہ اور وسشٹھ کی نظر اس پر پڑی تو دونوں کو انزال ہو گیا۔ جس سے متر و ورُن پیدا ہوئے۔ اس پر دونوں رشیوں نے اسے بددعا دی۔ اور اس لئے اسے زمین پر آنا پڑا۔ جہاں وہ پُرُوروَس کی بیوی خاص شرائط پر بنی۔ اس کا پورا قصّہ کالیداس کے ناٹک وکرموروسی میں درج ہے۔

اُروَشی (س۔ مؤنث) دیکھو اربسی۔

اَروَع (ع۔ صفت) حسین۔ خوبصورت

اروگ (س۔ صفت) ۱ بغیر بیماری
صحیح۔ تندرست۔ اچھا ۲ (مذکر) تندرست آدمی
۳ بیماری سے بچاؤ ۴ صحت۔ تندرستی۔ **اروگی**
(صفت) دیکھو اروگ۔ **اروگیہ** (صفت۔ مذکر)
دیکھو اروگ۔ **اروگیتا** (مؤنث) صحت۔ تندرستی
اروگیوان (صفت) صحت پیدا کرنے والا۔
صحت بخش۔ تندرست کرنے والا۔

اروَلی (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کاغذ جو
موٹا اور سفید ہوتا ہے۔

اروَن (ہ۔ مذکر) ۱ اناج کی پہلی
کٹائی جو دیوتا کی نذر کی جاتی ہے ۲ چاند کا گھوڑا ۳
ایک روایتی جانور نصف گھوڑا نصف پرندہ جس پر
دیوتا سواری کرتے ہیں۔

اروَن گھروَن (ہ۔ مذکر) لڑکوں
کا ایک کھیل۔

اروِند (س۔ مذکر) کنول۔

اروند یا ارونده (ہ۔ امر) اروندھنا
کا۔ اروندھ سے ہونا (لازم) کپڑوں سے ہونا۔ خون
ماہواری آنا۔ **اروندھنا** (متعدی) گلا گھونٹنا۔ دم
بند کرکے جان مار دینا۔

ارواشو (س۔ بُس) دیکھو ربیا۔

اروھن (س۔ مذکر) ۱ اٹھنا۔ چڑھنا
اوپر چڑھنا۔ سوار ہونا ۲ نئی شاخیں نکالنا ۳ سیڑھی
زینہ۔ **اروھن کرنا** (متعدی) چڑھنا۔ سوار ہونا۔

اروی (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک قسم کی ترکاری
۲ ایک پودا جس کی گانٹھ دار جڑیں ترکاری کے طور پر
استعمال کی جاتی ہیں۔ کچالو۔ گھوئیاں (س۔ ...)

اروی (س۔ مؤنث) زمین۔ ارض۔
اروی دھر (مذکر) شیش ناگ کا نام۔

ارزہ (ف۔ مذکر) دیکھو آرا۔ **ارزہ نما**
(صفت) دندانہ دار (علم)

ارہاف (ع۔ مذکر) تیز کرنا۔

ارہاق (ع۔ مذکر) ۱ نزدیک لانا ۲ دیر
سے نماز پڑھنا ۳ جلدی کرانا ۴ سختی کرنا۔

ارہنت (س۔ صفت) ۱ لائق۔ سزاوار
مستوجب ۲ معزز۔ بزرگ۔ مقدس ۳ مشہور جس کی
تعریف کی جائے ۴ وہ بدھ جو ابھی نروان کا امیدوار ہو
۵ جینیوں کا ایک دیوتا ۶ جین ۷ بدھوں میں سب سے
اونچا درجہ۔

ارہٹ (ہ۔ مذکر) رہٹ۔ پانی
نکالنے کا پہیہ۔ جو کنوؤں پر لگاتے ہیں۔

ارہر (ہ) **ارہر طرہ** (ہ۔ مؤنث) ایک غلہ
جس کی دال بنائی جاتی ہے۔

مثل۔ ارہر کی ٹٹیا اور گجراتی تالا:
ناموزوں کام۔ گجراتی تالا بہت مضبوط ہوتا ہے۔ اور ارہر
کی ٹٹی بہت کچی ہوتی ہے۔ اسے تالا لگانا ہی فضول ہے
کیونکہ چور ٹٹی کو آسانی سے ہٹا سکتا ہے۔

ارہنا (ہ۔ لازم) ناراض ہونا۔ تنبیہ کرنا۔

ارہنت (س۔ مذکر) ۱ ایک بدھ۔
۲ جینیوں کا مہنت ۳ بدھ مذہب کا لاما۔

ارائی (ہ۔ مؤنث) ۱ اروی ۲ آنکس
۳ برتن جس میں دودھ بلویا جائے ۴ ایک قسم کی گھاس
جو مویشی کو کھلانے اور چھت باندھنے کے کام آتی ہے

اری (ہ۔ مؤنث) ۱ دشمن ۲ پہیہ۔

اری (ہ۔ مؤنث) عورت کو بلانے کا
حرف ندا کبھی حقارت کبھی محبت سے۔

مثل۔ اری جوانی باولی اکھاں
پھرا آ: ۱ جوانی گزرنے پر حسرت سے کہا جاتا ہے
۲ مذاقاً بوڑھے آدمی کے بال سیاہ کرنے پر بھی کہتے
ہیں۔

ارے (س۔ مذکر) ۱ کم رتبہ مرد کو
حقارت سے بلانے کے لئے حرف ندا۔ اے۔ ابے
اور بعض دفعہ بے تکلفی سے بھی استعمال ہوتا ہے ۲
کوئی غلطی ہو جائے یا کام خراب ہو جائے تو کلمہ تعجب
ارے ارے۔ ارے۔ ارے رے۔
بہت تعجب ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **ارے بھلے
آدمی** ۱ کسی شخص سے باتیں کرتے ہوئے خطاب
کرتے ہیں ۲ طنزاً بدوضع شخص کو بھی کہہ دیتے ہیں۔
ارے تہے کرنا (متعدی) سخت کلامی کرنا۔ غیر مہذب
الفاظ سے خطاب کرنا۔ **ارے ما۔ ارے میاں** کا
مخفف۔ اے صاحب۔ اے حضرت۔ **ارے یار**
۱ کوئی بات سن کر کہتے ہیں۔ کیا یونہی ہے ۲ کبھی ابتدائے
گفتگو میں خطاب کرتے ہیں۔

ارے پرے یا اریا پریا (ہ۔
تف) اِس طرف یا اُس طرف۔ دائیں یا بائیں۔

ارباح (ع۔ مؤنث) ربح کی جمع۔ منافع

اریب (ع۔ صفت) چالاک۔ ہوشیار

اریب (ف۔ صفت) ۱ آڑا۔ ترچھا
۲ فریبی۔ دھوکے باز۔ دغاباز ۳ ڈھلوان۔ ٹیڑھا ۴
(مذکر) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ **اریب کار** (صفت)
دغاباز۔ فریبی۔ **اریب کی باتیں** (مؤنث) فریب
دینے کی باتیں۔ دھوکے کی باتیں۔ مارپیچ کے فقرے۔
اریب کی چال (مؤنث) دھوکے کی چال۔ فریب
کی باتیں۔ **اریبوال** (صفت) عو ۱ ترچھا۔ آڑا ۲
ٹیڑھا۔ کج۔

اریت (س۔ مؤنث) بدتہذیبی۔
بدتمیزی۔ بداخلاقی۔ بے ادبی۔

اریج (ع۔ مذکر) ۱ خوشبو دینا ۲
خوشبو۔ عطر۔

اریش (س۔ مذکر) ۱ راجہ ۲ برہمن

اریض (ع۔ صفت) ۱ چوڑا۔ بڑا ۲
موزوں ۳ مسکین۔ عاجز۔ بیچارہ۔

اڑ (ہ۔ امر) اڑنا کا ۱ (مؤنث) ضد۔ ہٹ
۲ قبض جو بچوں کو غذا کی ثقالت سے ہو ۳ (ہ۔ مؤنث)
۴ روک۔ آڑ۔ سدراہ۔ مزاحمت۔ تعرض۔ ٹھہراؤ۔ مانع۔ حارج
۵ کٹہرا۔ جنگلہ۔ مورچہ۔ بند۔ پشتہ ۶ خندق۔ کھائی ۷
بند مچھلی پکڑنے کے لئے ۸ مخالفت۔ عداوت۔ دشمنی۔
اختلاف۔ ناموافقت۔ جھگڑا۔ قضیہ۔ مباحثہ۔ حجت۔ تکرار ۹
کلمات کے پہلے آکر مخالفت اور بُعد کو ظاہر کرتا ہے (س ا۔
نہ + کرن کرنا) **اڑا** (امر) اڑنا کا (ماضی) اڑنا کا (صفت)
مشکل۔ تکلیف دہ۔ مخالف۔ روکا ہوا۔ پھنسا ہوا۔ **اڑا
دینا** (متعدی) اڑانا۔ **اڑا کر** (تف) زور سے۔ **اڑانا**
۱ ایک چیز کو دوسری پر لگانا۔ اٹکانا۔ چڑھانا ۲ ٹھیرانا۔
روکنا۔ کھڑا کرنا ۳ سدراہ ہونا ۴ مسدود کرنا۔ بند کرنا ۵
دھکیلنا ۶ بھرنا ۷ ٹھونسنا۔ گھسیڑنا ۸ مجبور کرنا۔ جبر کرنا
۹ دوسرے وقت پر اٹھا رکھنا۔ ملتوی کر دینا ۱۰ (مذکر)
ٹیکن۔ ستون۔ اڑواڑ لکڑی جو مخدوش چھت کے نیچے
اسے گرنے سے روکنے کے لئے لگائی جائے۔ **اڑا
ہونا** (لازم) ۱ ضد پر قائم ہونا ۲ جم کر بیٹھنا۔ **اڑبال**
(ہ۔ مذکر) دور کا رشتہ دار۔ خواہ مخواہ کا رشتہ دار۔ **اڑبڑ** (صفت) ۱ بے ڈھنگا
کھردرا۔ ٹیڑھا۔ اونچا نیچا ۲ بے معنی۔ فضول۔ بیوقوفانہ۔ احمقانہ۔ بیہودہ۔
(مذکر) فضول یا بے معنی گفتگو یا الفاظ۔ بکواس۔ فضول
باتیں (لگا دینا کے ساتھ) ۲ رخنہ۔ جھمیلا۔ جھگڑا۔ **اڑبڑ
بکنا** (لازم) فضول گفتگو کرنا۔ بکواس کرنا۔ **اڑبڑنگ**
(ہ۔ مذکر) احمقانہ کلام۔ بیوقوفی۔ دیوانہ پن۔ **اڑبڑنگی**

(ھ۔صفت) بیوقوف۔احمق۔ بے پروا۔ بے فکر۔ **اڑ بیٹھنا** (لازم) ضد کرنا۔اصرار کرنا۔ **اڑجانا** (لازم) ہٹ کرنا۔ضد کرنا۔جم جانا۔ تھم جانا۔ سدراہ ہونا۔ اڑنا۔ **اڑدینا** (متعدی) شرط بدنا۔ **اڑڈنڈا** (ھ۔مذکر) ۱ لکڑی کا ڈنڈا۔ دروازہ بند کرنے کے لئے ۲ روک۔ سوچ۔ **اڑذات** (ھ۔مؤنث) نیچ ذات کمینہ۔ **اڑ ضامنی** (مؤنث) مقابلے کی ضمانت۔ضمانت کے مقابلے پر ضمانت۔ مشترکہ ضمانت۔ **اڑکرنا** (لازم) ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ روک ڈالنا۔ گھوڑے کا اڑجانا۔ **اڑکسب** (ھ۔مذکر) ہندوؤں میں وہ شخص جو اپنے آبائی پیشے کے علاوہ کوئی اور پیشہ اختیار کرے **اڑکے** (نف) قریب۔ پھنس کر۔ **اڑکے بیٹھنا** (لازم) جم کے بیٹھنا۔ اس ارادے سے بیٹھنا کہ جبتک کام نہ ہو نہ اٹھیں گے۔ **اڑگیا**۔ مانع ہوا۔ لڑنے لگا۔ مقابلہ کیا۔ رک گیا۔ جانتا نہ تھا۔ **اڑماپ** (ھ۔مذکر) وہ ماپ جو مقررہ ماپ سے بڑا ہو۔ **اڑمان** (ھ۔مذکر) ضمانت۔ امانت۔ **اڑنا** (لازم) ۱ رکنا۔ پھنسنا۔ اٹکنا ۲ جگہ سے نہ ہلنا۔ کھڑا ہوجانا۔ جمنا۔ قائم ہونا ۳ حائل ہونا۔ سدراہ ہونا۔ راستہ روک دینا ۴ ضد کرنا۔ مچلنا ۵ گڑنا۔ چبھنا ۶ بحث کرنا۔ جھگڑا کرنا ۷ دھکا لگنا ۸ گروی ہونا۔ **اڑی** (مؤنث) ۱ مشکل۔ دقت۔ دشواری۔ صعوبت۔ مصیبت۔ سختی۔ تکلیف۔ آفت کشٹ۔ بپتا ۲ ضرورت غربت۔ تنگی۔ ادبار۔ افلاس۔ عسرت۔ تنگدستی۔ مشکل۔ مصیبت وغیرہ کا زمانہ ۳ (چوسر پچیسی) گوٹ کا ایک جگہ پھنسنا۔ جہاں چوٹ کھاتی ہو ۴ کشتی کا ایک پیچ **اڑی بھیڑی یا دھڑی** (ھ۔مؤنث) مصیبتیں۔ تکلیفیں۔ **اڑی ماڑ** (صفت) دغاباز۔ جعلساز۔ زبردستی مانگنے والا بغیر لئے نہ ہلنے والا۔ منڈچڑا۔ **اڑیل** (صفت) ۱ اڑجانے والا ۲ سرکش ۳ بڑا۔ زبردست۔ **اڑیل گھوڑا** (مذکر) وہ گھوڑا جو اڑ جائے۔ **اڑیل مہاجن** (مذکر) ۱ بڑا مہاجن ۲ بڑا دولتمند۔ ساہوکار۔ **اڑیل ہے**۔ اپنی بات کا پکا ہے۔ کسی کا کہنا نہیں مانتا۔ **اڑی مشکل** (مؤنث) سخت مشکل۔ سخت گھڑی۔ **اڑے کھڑے** (پر) **بیں** (نف) ضرورت کے وقت۔ مصیبت کے وقت۔ **اڑے رفائی** (مذکر) ایک قسم کے درویش جو گرز ہلاتے ہیں۔ اور جب تک کچھ مل نہ جائے ہلتے نہیں۔ **اڑے وقت** (مذکر) مصیبت کے وقت۔

امثال وغیرہ۔ اڑتے سے اڑ جائیے اور چلتے سے چل دور۔ لڑنے والے سے لڑو۔ اور طرح دے جانے والے کو طرح دے جاؤ۔ **اڑی دھڑی قاضی جی کے سر پڑی**۔ پرائی بلا اپنے سر پڑی۔ دوسرے کی مصیبت اٹھانی پڑی۔ **اڑے وقت کا گہنا ہے**۔ ضرورت کے وقت کام آنے والی چیز ہے۔

اُڑ (ہ۔ امر) اُڑنا کا (س ڈی۔ اڑیا) **اُڑا** (امر) ۱ اُڑانا کا ۲ (ماضی) اُڑنا کا ۳ (صفت) عو۔ نایاب۔ کمیاب۔ **اڑا آنا** (لازم) بہت تیزی سے آنا۔ جلدی آنا۔ **اڑا پڑجانا** (لازم) عو۔ ناپید ہوجانا۔ نایاب ہوجانا **اڑا پھرنا** (لازم) ایک جگہ آرام سے نہ بیٹھنا۔ آزادی آوارہ پھرنا۔ پھرتے رہنا۔ گشت کرنا۔ **اڑا جانا** (لازم) ۱ تیز تیز جانا۔ جلدی جانا ۲ ٹال جانا ۳ کھاجانا۔ پی جانا ۴ چھوڑ جانا۔ گول کر جانا۔ **اڑا دینا** (متعدی) ۱ مشہور کردینا ۲ موقوف کردینا ۳ بند کردینا ۴ چوری کرنا۔ غائب کردینا ۵ خرچ کرڈالنا ۶ سخت مارنا ۷ مار ڈالنا۔ **اڑاک** (ھ۔صفت) ۱ اڑنے والا ۲ اڑنے کے قابل۔ **اڑا لانا** (متعدی) ۱ اڑا کے لے آنا ۲ چوری کرکے لے آنا۔ چرالانا ۳ بھگانا۔ اغوا کرکے لے آنا۔ **اُڑا لینا** (متعدی) چرا لینا۔ آنکھ بچا کر لے جانا۔ نقل کرلینا۔ کوئی چیز سیکھ لینا۔ **اُڑان** (مؤنث) پرواز۔ اُڑنا۔ **اُڑانا** (متعدی) ۱ کسی پرندیا دوسری چیز کو ہوا میں بلند کرنا ۲ فریب دینا ٹالنا ۳ بنانا۔ مذاق کرنا ۴ بیجا تعریف کرنا ۵ موقوف کردینا۔ نوکری سے ہٹادینا ۶ (مال دولت وغیرہ) خرچ کرنا۔ فضول ضائع کرنا ۷ (سر۔ گردن) مار ڈالنا ۸ (کوئی عضو) قلم کرنا ۹ (کنکوا) بڑھانا ۱۰ (کوئی خصوصیت) نقل کرنا۔ سیکھ لینا ۱۱ کوئی چیز چرالینا۔ غائب کردینا ۱۲ (طعام وغیرہ) کھانا۔ تناول کرنا۔ نوش کرنا ۱۳ (عورت) اغوا کرنا۔ بھگالانا ۱۴ (گھوڑا وغیرہ) دوڑانا۔ تیز لیجانا ۱۵ (کوئی خوبی) رونق دینا۔ چمکانا ۱۶ (خدا کا) تباہ کرنا برباد کرنا۔ (علم وغیرہ) کھڑا کرنا ۱۷ (مزے) لطف اٹھانا ۱۸ (چاقو وغیرہ سے) چھیلنا۔ مٹانا ۱۹ (رجسٹر سے) قلمزن کرنا۔ خارج کرنا ۲۰ (مار کر) ادھیڑنا۔ سخت مارنا ۲۱ (دل) عاشق بنالینا ۲۲ (گولے وغیرہ سے) اکھاڑ کر پھینکنا۔ گرانا۔ برباد کرنا ۲۳ (توپ سے) ہلاک کرنا ۲۴ (تان) لگانا ۲۵ (ہوش) گھبرا دینا ۲۶ (پانی وغیرہ) اچھالنا ۲۷ (مٹی وغیرہ) ہوا میں پریشان کرنا۔ ڈالنا۔ برباد کرنا ۲۸ (دل کی) مطلب سمجھ لینا یا تاڑلینا ۲۹ (بال) مونڈنا۔ **اُڑان جھلا** (ھ۔مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل۔ جھلا بری۔ **اڑان چھو** (ھ۔مذکر) ۱ اڑا دینا۔ غائب کردینا ۲ بھاگنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اڑان گھائی** (مؤنث) ۱ دھوکا دغا۔ فریب ۲ حکمت عملی۔ داؤ۔ چال۔ گھات ۳ ٹال مٹول ہیرا پھیری۔ **اُڑان گھائی بتا دینا یا بتانا** (متعدی) دھوکا دینا وغیرہ **اُڑان ہونا** (ھ۔ لازم) ۱ اڑجانا ۲ تنگ آجانا۔ گھبرا جانا ۳ برخلاف ہونا۔ **اُڑاؤ** (صفت) فضول خرچ۔ گھر لٹا دینے والا۔ **اُڑ بھاگنا** (لازم) تیزی سے چلا جانا جلد جلد جانا۔ **اُڑنا** (صفت۔ مذکر) وہ جو اُڑے۔ پرواز کناں۔ **اُڑنا گیا** (مذکر) اُڑتے جانور کا نشانہ کرنا۔ اس موقعہ پر کہتے ہیں۔ جب کوئی اتفاق سے نشانہ لگائے۔ **اُڑتے اُڑتے آسمان تک پہنچ گئے**۔ بہت مشہور ہوگئے۔ **اُڑتی بات ہے** قابل اعتبار بات نہیں۔ افواہ ہے۔ **اُڑتی بیماری** (مؤنث) متعدی بیماری۔ **اُڑتی پڑتی خبر** (مؤنث) افواہ گپ۔ بازاری گپ یا خبر۔ سنی سنائی بات جو قابل اعتبار یا قابل یقین نہ ہو۔ **اُڑتی تول** (مؤنث) کم تولنا۔ **اُڑتے جانور (اُڑتی چڑیا) کو پہچاننا (کے پر گننا)** (متعدی) ۱ اشارے سے بات سمجھنا۔ تیور سے عندیہ معلوم کرلینا ۲ ذہانت یا ہوشیاری سے کسی کے دل کی بات معلوم کرلینا ۳ ذہین ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ **اُڑتی سی خبر** (مؤنث) دیکھو اُڑتی پڑتی خبر۔ **اُڑجانا** (لازم) ۱ پرواز کرجانا ۲ تیزی سے جانا ۳ دور ہوجانا۔ چلا جانا۔ غائب ہوجانا۔ بھاگ جانا ۴ برباد ہوجانا۔ نیست و نابود ہوجانا ۵ (بات خبر وغیرہ) مشہور ہوجانا ۶ (فاختہ) مذاقاً کسی سوتے شخص کے بدن پر باریک پھوار رکھ کر آگ لگانا ۷ (رنگ) چہرہ سفید ہوجانا۔ ڈرجانا ۸ (داغ وغیرہ) نہ رہنا۔ صاف ہوجانا ۹ (محبت) نہ رہنا ۱۰ (بدن کا کوئی عضو) کٹ جانا ۱۱ (آدمی سپاہی وغیرہ) قتل ہوجانا ۱۲ (نشانہ) تیر یا گولی وغیرہ نشانے پر لگنا ۱۳ (چھپر درخت وغیرہ) زور سے دور جا پڑنا ۱۴ (دھویں) تباہ ہونا برباد ہونا ۱۵ (دماغ وغیرہ) پریشان ہونا ۱۶ (کوئی چیز) چوری ہوجانا۔ غائب ہوجانا ۱۷ (روپیہ وغیرہ) خرچ ہوجانا ۱۸ (نام) نیست و نابود ہوجانا ۱۹ (حرف) دھبا مٹ جانا ۲۰ (کاغذ) پھٹ جانا۔ سوراخ ہوجانا ۲۱ (زینہ) اچٹ جانا ۲۲ (ہوش) جاتا رہنا ۲۳ (الفت محبت وفا وغیرہ) جاتا رہنا۔ معدوم ہوجانا۔ **اُڑجائیے** (بددعا) غارت ہوجائے۔ **اُڑچلنا** (لازم) انبساط سے بڑھ کر کوئی کام کرنا۔ اپنی حد سے بڑھنا ۲ اترانا۔ غرور کرنا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا ۳ شان و شوکت دکھلانا ۴

آوارہ ہو جانا ۵ لطف زیادہ ہونا۔ رونق بڑھ جانا۔
اُڑ فاختہ (صفت) بیوقوف۔ سادہ۔ **اُڑ کر** (صفت) پروازکناں۔ **اُڑ کر بالائے آسمان (فلک) جانا** (لازم) بہت اونچا اڑنا۔ **اُڑ کر کہاں جاؤ گے** بھاگ کر کہیں جا نہیں سکتے۔ رہائی پانا محال ہے۔ **اُڑ کے** (تف) ۱ بہت سے بہت۔ زیادہ سے زیادہ ۲ تیزی سے فوراً ۳ بڑھ کے۔ **اُڑ کے لگنا** (لازم) ایک کی بیماری دوسرے کو ہو جانا۔ **اُڑ کے ملنا** (لازم) ۱ از خود پہنچ جانا ۲ بغیر وسیلے کے پہنچ جانا ۳ بہت اشتیاق سے ملنا۔ **اُڑ کے منہ میں کھیل تک نہیں گئی**۔ کچھ نہیں کھایا کچھ چکھا تک نہیں۔ **اُڑ گیا** (ف) غارت گیا۔ خانہ خراب۔ **اُڑ لگنی** (مؤنث) وہ عورت جو زبردستی سر ہو جائے۔ **اُڑن** (صفت) ۱ اڑنے والا ۲ پروازکناں۔ مرکبات کے شروع میں ... (مؤنث) پرواز۔ **اڑن** (لازم) ۱ دیکھو اُڑجانا ۲ ہوا سے کسی چیز کا بلند ہونا ۳ نقل اترنا ۴ دھوکا دینا۔ فریب کی باتیں کرنا۔ فقرے بنانا ۵ اترانا۔ غرور کرنا ۶ جست لگانا۔ پھاندنا ۷ (کھال) ادھڑنا۔ مار پڑنا ۸ (مزے) حاصل ہونا ۹ (شراب۔ کباب وغیرہ) خوب کھانا۔ پیا جانا ۱۰ (گھوڑا) طرارے بھرنا ۱۱ (روٹیاں) کٹنا۔ نوچا جانا ۱۲ (دھجیاں) پرزے پرزے ہونا۔ پھٹنا ۱۳ (گپ) جھوٹی خبریں مشہور ہونا ۱۴ (خاک) سنسان ہونا۔ سناٹا ہونا ۱۵ (قہقہہ) زور سے ہنسنا ۱۶ (آنکھ) پھڑکنا ۱۷ (بارود) شعلہ دینا ۱۸ خبر مشہور ہونا ۱۹ (گلچھرے) عیش و عشرت ہونا ۲۰ (ہنسی) مذاق ہونا ۲۱ (بال) نہ رہنا۔ منڈ جانا۔ **اُڑ ناگن** (مؤنث) ۱ سانپن جو اچھل کر کاٹتی ہے ۲ اڑنے والی سانپن۔ پردار ناگن ۳ (مجازاً) غصہ ور عورت۔ ظالم عورت۔ **اُڑن انار** (مذکر) ایک قسم کی آتشبازی یا ہوائی۔ **اُڑن بیماری** (مؤنث) متعدی بیماری۔ **اُڑن جوگا** (صفت) عورتیں کوسنے کے طور پر کہتی ہیں۔ مٹ جانے یا مرنے کے قابل۔ **اُڑ پچھو** (مذکر) دیکھو اڑانچھو کرنا۔ ہو جانا۔ ہونا کے ساتھ) **اُڑن کھٹولا** (مذکر) قصہ کہانیوں میں ایک قسم کا ہوائی جہاز جس میں بیٹھ کر جہاں چاہتے تھے چلے جاتے تھے ۲ ایک خاص قسم کا پنگھوڑا ۳ ارتھی۔ **اُڑن گھائی** (مؤنث) دیکھو اٹان گھائی۔ یہ زیادہ فصیح ہے۔ **اُڑوانا** (م) اڑانا کا **اُڑی** (ماضی مطلق مؤنث) اُڑا کی۔ پروازکی۔ **اُڑی** **بُری بات** (مؤنث) گپ۔ ناقابل اعتبار خبر ۲ اڑے (بددعا) تباہ ہو جائے۔ **اُڑے اُڑے پھرتے ہو**۔ ملتے نہیں۔ دکھائی نہیں دیتے۔ قابو میں نہیں آتے۔

امثال و اقوال۔ اُڑ بھنبیری

ساون آیا۔ جب کسی کے دن پھرتے ہیں اور اس کے پاس روپیہ آتا ہے اور وہ گلچھرے اڑاتا ہے تو ایسے موقعہ پر کہتے ہیں۔ **اُڑتی اُڑتی طاق چڑھی**۔ تصدیق ہو گئی افواہ ٹھیک تھی۔ **اُڑتی کے پر کاٹتے ہیں**۔ بڑے چالاک ہیں۔ **اُڑی اُڑی طاق بیٹھی**۔ رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی پھیل گئی۔ بہت چرچا ہوا۔

اَڑا (ھ۔ امر) اڑانا کا۔ **اڑا کے** (تف) زور کے ساتھ۔ جوش سے۔ اڑانا۔ **اڑا اڑانا** (لازم) ۱ اونچا اور لگاتار شور مچانا ۲ گریہ و زاری کرنا۔ زور سے رونا ۳ چیخنا۔ چلانا۔ **اڑایا چلا آنا** (لازم) دوڑ کے اندر داخل ہونا۔ زبردستی اپنے آپ کو اندر داخل کرنا۔

...ار۔ **اڑار** (ھ۔ مذکر) ۱ ڈھیر۔ تودہ ... وہ جگہ جہاں لکڑیوں کا ڈھیر یا ذخیرہ ہو ... یاں ۲ مویشی کے لئے جگہ۔ ارا ... ۳ دریا کا اونچا ڈھلوان کنارہ۔

اڑا اڑا (مذکر) دیکھو اڑار ع ۵۔

اَڑ اَڑا (ھ۔ مذکر) دیکھو ارارا۔ **اڑ اڑا کے بیٹھ جانا۔ بیٹھنا یا گرنا** (لازم) دیکھو ارارا کے بیٹھنا۔ **اڑا اڑا دھم**۔ **دھیم یا دھول** (مذکر) کسی آدمی یا چیز کے گرنے کی آواز کو مذاقاً اس طرح ادا کیا جاتا ہے۔

اَڑاڑی (ھ۔ مؤنث) کھیت کا رقبہ جو شروع میں بھیجے یا موافق ... نا... ... کیا جائے۔

اَڑاس (ھ۔ مؤنث) جگہ کی کمی۔ جائے رہائش کی تنگی۔

اَڑانی (ھ۔ مؤنث) ۱ چھاتا۔ چھتری ۲ ایک بڑا پنکھا۔

اَڑا وا تڑاوا (ھ۔ مذکر) ۱ طنز۔ مذاق۔ چھیڑ چھاڑ۔ اشارہ۔ کنایہ۔ رمز ۲ بے عزتی۔ ہتک۔

اَڑ باکھڑبا (اردو۔ مذکر) (سپاہیوں کی اصطلاح) بوریا بستر۔ سامان۔ اسباب۔

اَڑ بنگا (ھ۔ مذکر) ۱ جھگڑا جھمیلا۔ رخنہ ۲ روک ٹوک ۳ (صفت) ٹیڑھا۔ پیچیدہ۔

اُڑپ (ھ۔ مذکر) ۱ کشتی۔ تیرنے کے لئے کوئی چیز ۲ چاند۔

اَڑَپ جھڑَپ (ھ۔ مؤنث) ۱ چھینا جھپٹی۔ دھکم دھکا۔ پکڑ دھکڑ۔ دھینگا مشتی۔ دھکا پیل ۲ ذرائع معاش کے لئے دھکا پیل۔ ضرورت۔ حاجت۔ **اڑپ جھڑپ میں ہونا** (لازم) غربت اور تنگی میں ہونا۔

اَڑتالیس (ہ۔ صفت) آٹھ اور چالیس ۴۸ - (س اشٹا چتراونش)

اَڑتلا (ہ۔ مذکر) ۱ سایہ۔ پناہ۔ آڑ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ امان۔ حمایت۔ رکھشا ۲ پردہ۔ قنات۔ ٹٹی۔ چک۔ جھانپ ۳ سایہ۔ چھاؤں۔ نرگھم ۴ پرچھائیں۔ عکس (آڑ سے) **اڑتلا پکڑنا** (لازم) ۱ پناہ ڈھونڈنا یا پناہ میں آنا ۲ چھپانا یا آڑ لینا ۳ بہانہ کر کے اپنے آپ کو بچانا۔ عذر کرنا۔ زمانہ سازی کرنا۔

اَڑتیس۔ اڑھتیس (ہ۔ صفت) آٹھ اور تیس ۳۸ - (س اشٹا ترنشت)

اُڑس (ھ۔ مذکر) ٹمل۔

اَڑسٹھ (ہ) آٹھ اور ساٹھ - ۶۸ (س اشٹا ششٹی)

مثل۔ **اڑسٹھ تیرتھ کر آئی تمری تو بھی نہ گئی کڑواہٹ**۔ قدرتی تاثیر کسی طرح نہیں جاتی۔

اُڑس لینا (اردو متعدی) اٹکا لینا۔ کھونس لینا (۱۰۴)

اُڑسنا (ھ۔ متعدی) ۱ گھسیڑنا۔ داخل کرنا ۲ چھید کرنا۔ چھیدنا ۳ کھبونا۔ چبھونا ۴ تہ کرنا۔ لپیٹ دینا ۵ بھر دینا ۶ ڈاٹ لگا دینا۔ منہ بند کر دینا۔

اَڑکا (ھ۔ مذکر) پیتل کا ایک مدراسی سکہ۔

اَڑگڑا (ھ۔ مذکر) ۱ وہ مقام جہاں گھوڑے سکھلائی کے لئے پھیرے جاتے ہیں ۲ وہ لکڑی جس میں گاڑی کے گھوڑے جوت کر نکالے جاتے ہیں ۳ گاڑیوں کا اڈا۔ **اڑگڑے میں نکالنا** (متعدی) گھوڑے کو اڑگڑے میں پھیرنا۔

اُڑگن (ھ۔ مذکر جمع) ستارے۔ ستارے دار آسمان۔

اَڑم (ہ۔ مذکر) انبار۔ تودہ۔ ڈھیر۔ (اڑنگ کا مخرب)

اَڑنگ (ھ۔ مذکر) ۱ منڈی۔ مارکیٹ ۲ کارخانہ۔ جہاں اشیاء بنائی جاتی ہیں ۳ وہ جگہ جہاں اشیاء تھوک بکیں ۵ (ہ) ڈھیر۔ انبار (س اَڈنگ)

اڑنگ بڑنگ (مذکر) ۱ لڑکوں کا ایک کھیل ۲ فضول اور بے سر و پا باتیں۔ **اڑنگ بڑنگ ہو جانا**

(لازم) پریشان ہوجانا۔ بے ترتیب ہوجانا۔

اَڑنگا (ہ۔ مذکر) ۱ روک۔ رخنہ۔ سدِ راہ ۲ سہارا۔ ٹیک۔ پایہ ۳ (پہلوانوں کی اصطلاح) گرانے کے لئے ٹانگ میں ٹانگ اڑانا۔ (اڑنا سے) **اڑنگا لگا دینا یا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) رُک جانا۔ چلتے کام میں روڑا اٹکنا۔ ٹیک لگنا۔ **اڑنگا مارنا** (متعدی) ۱ اڑنگے کا پیچ کرنا۔ گرادینا ۲ اڑلگا لگانا۔ **اڑنگے پر چڑھا کر مارنا۔ اڑنگے پر مارنا** (متعدی) اڑنگے کے پیچ سے گرانا۔ **اڑنگے پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ اڑنگے کا پیچ ہونا ۲ دھوکا کھانا ۳ فریب سے قابو میں آنا۔

اَڑنگ تڑنگ (ہ۔ مذکر) فضول گفتگو۔ بکواس۔ بے سروپا باتیں (بکنا کے ساتھ)

اَڑوا (ہ۔ صفت) ۱ ضدی ہٹیلا ہٹ کرنے والا ۲ (مذکر) اڑنے والا گھوڑا۔

اَڑواڑ (ہ۔ مؤنث) وہ لکڑی جو پرانی چھت کے گرنے کے خوف سے لگا دیتے ہیں ٹیکن (اڑنا سے)

اَڑواڑی (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کی مچھلی۔

اَڑوسا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پودا جو ملابار میں پیدا ہوتا ہے۔ اور دوائیوں میں کام آتا ہے۔

اَڑوس پَڑوس (ہ۔ مذکر) ۱ پاس پڑوس۔ اردگرد۔ قرب وجوار۔ آس پاس ۲ نزدیکی۔ قربت ۳ (صفت) نزدیک۔ قریب (اڑوس تابع مہمل ہے۔ پڑوس ہمسایہ) **اڑوسی پڑوسی** (مذکر) ہمسائے۔ پڑوسی۔

اُڑھانا (ہ۔ مم) اوڑھنا کا۔ ڈھانپنا۔ چادر وغیرہ ڈالنا۔ کپڑے پہنانا۔

اَڑھائی (ہ۔ صفت) دو اور نصف ۲½ (ہ۔ مؤنث) سرپٹ دوڑ (س آردھ۔ نصف + دُوَنی۔ دو) **اڑھائی اکھر** (مذکر) مختصر اور پُرتاثیر بات۔ منتر ۲ چند الفاظ (پھونکنا کے ساتھ) **اڑھائی اینٹ کی مسجد الگ بنانا۔ اڑھائی چاول (الگ) گلانا یا پکانا** (متعدی) اپنی رائے الگ ظاہر کرنا۔ کسی بات یا کام کو الگ ہوکر کرنا۔ مغائرت برتنا۔ **اڑھائی چلو لہو پینا** (عو) غصہ میں کہتی ہیں۔ پرانے زمانے میں دشمن کو قتل کرکے طبیعت کا رنج دُور کرنے کے لئے اس کا اڑھائی چلو خون پیتے تھے۔ چنانچہ بھیم نے مہابھارت کی لڑائی میں دریودھن کو قتل کرکے ایسا کیا تھا۔ کنایتاً قتل کرنا۔ **اڑھائی دِن کا جھونپڑا** (مذکر) ۱ اجمیر میں ایک مکان ہے جو اڑھائی دن میں تیار کیا گیا تھا ۲ مجازاً ناپائیدار مکان۔ دُنیا (جس میں انسان تھوڑی عمر رہتا ہے) **اڑھائی دن کی بادشاہت** (مؤنث) چندروزہ حکومت۔ ناپائیدار خوشی۔ چندروزہ عیش۔ **اڑھائی سو۔** دوسو پچاس۔ ۲۵۰۔ ۲۵۰ **اڑھائی گھڑی کی موت** (مؤنث) (عو) کوسنے کی جگہ کہتی ہیں۔ فوراً مرجائے۔

امثال واقوال۔ اڑھائی بکائن میاں باغ میں کانی حرم محل خانہ میں۔ جب کوئی بے حقیقت آدمی شیخی مارتا ہے تو یہ مثل بولتے ہیں۔ یعنی کم ظرف ہے۔ اوچھا ہے۔ **اڑھائی دن سقّے نے بادشاہت کی۔** نظام سقے نے ہمایوں بادشاہ کو شکست کے بعد دریا سے پار کرنے کے صلے میں اڑھائی دن بادشاہت کی تھی۔ اور اس عرصے میں چمڑے کے سکے چلائے تھے۔ کنایتاً چندروزہ حکومت قابلِ فخر بات نہیں۔ ادنےٰ سے اعلےٰ ہوجانا کوئی بڑی بات نہیں۔ انقلاب زمانہ ہے۔ **اڑھائی ہاتھ کی ککڑی نوہاتھ کا بیج۔** بچہ ماں سے بھی تیزی اور شرارت وغیرہ میں بڑھا ہوا ہے۔

اَڑھتالس۔ اڑھتالیس (ہ۔ صفت) دیکھو اڑتالیس۔

اَڑھایا (ہ۔ مذکر) جنگلی بوٹیاں۔ خودرو پودے۔ گھاس پات۔

اُڑھری (ہ۔ مؤنث) غیر کفو کی بیوی چاہے منکوحہ ہو یا مدخولہ۔

اَڑھک۔ اُڑھکن (ہ۔ مؤنث) الٹ دینا۔ پلٹ دینا۔ گرا دینا۔ **اڑھکنا** (متعدی) الٹ دینا۔ پلٹ دینا۔ گرا دینا۔

اُڑَھک (ہ۔ مؤنث) کسی کے واسطے رونا۔ چلانا یا بلکنا (کرنا کے ساتھ)

اُڑھنگن (ہ) دیکھو اٹھنگن۔

اَڑھول (ہ۔ مذکر) روزانہ مزدوری والا۔ دہاڑی دار۔ وہ شخص جو ہر روز مزدوری وصول کرلے۔

اُڑھونا (ہ۔ مذکر) پوشش۔ اوڑھنا چادر۔

اَڑھیکن (ہ۔ مذکر) دیکھو اٹھنگن۔

اَڑھیّا (ہ۔ مذکر) ۱ اڑھائی سیر وزن کا باٹ ۲ اڑھائی کا پہاڑہ ۳ نجومیوں کی اصطلاح میں زحل یا سنیچر کا ایک برج میں قیام۔

اَڑیچ۔ اَڑَ پیچ (ہ) **اَڑیچ** (ہ۔ مؤنث) ۱ دشمنی۔ عداوت۔ خصومت۔ مخاصمت۔ مخالفت۔ بیر۔ لاگ ۲ تعصب نفرت کراہیت۔ حقارت ۳ ناراستی۔ کجروی۔ ہٹ۔ ضد۔ ٹیڑھاپن۔ کجی ۴ روک۔ مزاحمت بندش ۵ اعتراض۔ حجت۔ عذرا (اڑنا اور اینٹھنا سے) **اڑپیچ رکھنا** (متعدی) دشمنی وغیرہ رکھنا۔ **اڑپیچ نکالنا** (متعدی) ۱ اعتراض کرنا۔ حجت نکالنا ۲ روڑے اٹکانا ۳ نقص نکالنا۔

اَڑیوا (ہ۔ مؤنث) ۱ دولت۔ دھن۔ مال۔ مایا ۲ جائداد۔ مال اسباب۔ اثاثہ۔ املاک ۳ اثاث البیت۔ مال ومتاع۔ چیز بست۔ بوریا بدھنا۔

اَز (ف) سے۔ ساتھ۔ کا۔ **ازآنجملہ** ان تمام میں سے۔ ان میں سے۔ **ازابتدا تا انتہا** (تف) شروع سے آخیر تک۔ **ازبر** (صفت) زبانی۔ حفظ۔ **ازبر کرلینا۔ کرنا یا یاد کرلینا** (متعدی) **ہونا** (لازم) زبانی یاد ہونا۔ حفظ ہونا۔ **ازبرائے خدا** (تف) خدا کے واسطے۔ **ازبس** (صفت) بہت۔ بے انتہا۔ **ازبسکہ** (تف) چونکہ۔ **ازبیخ وبُن** (تف) شروع سے۔ جڑ سے۔ **ازپاتا فرق** (تف) سر سے پاؤں تک۔ **ازجانب** (تف) کی طرف سے۔ کی جگہ سے۔ **ازحد** (تف) نہایت بہت۔ بیحد۔ بے انتہا۔ بے انت۔ بے شمار۔ لاانتہا ان گنت۔ بے حساب۔ بے اندازہ۔ بے پایاں۔ بیکراں۔ **ازخود** (تف) خود بخود۔ اپنے آپ۔ عمداً۔ قصداً۔ **ازخود رفتگی** (صفت) بیخودی۔ آپے سے باہر ہونا۔ **ازخود رفتہ** (صفت) آپے سے باہر۔ جو اپنے ہوش میں نہ ہو۔ بیخود۔ حواس باختہ۔ **ازخود فراموش** (صفت) جسے تن بدن کا ہوش نہ ہو۔ جو حیرت وغیرہ سے بدحواس ہوجائے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **ازراہِ ادب** (تف) ادب کی وجہ سے۔ **ازراہِ بناوٹ** (تف) دکھاوے کے لئے۔ **ازراہِ دولت خواہی** (تف) خیرخواہی۔ **ازروئے** (تف) بغرض۔ برِبنا۔ اسی وجہ سے۔ کسی چیز کی بنیاد پر۔ **ازروئے بلوہ کے پکڑلینا** (متعدی) بہت سے آدمیوں کا رل کر گرفتار کرلینا۔ **اززمیں تا آسماں یا فلک** (تف) شور کے متعلق کہتے ہیں۔ بہت دُور تک۔ **ازسرتاپا**

(تف) سرسے پاؤں تک۔ شروع سے آخیر تک۔ **ازسرِنو** (تف) نئے سرے سے۔ پھر سے۔ **ازطرف** (تف) طرف سے۔ بجائے۔ حق میں۔ **ازغیب۔ ازغیبی** (تف) غیب سے۔ نامعلوم جگہ سے۔ بیخبری میں یکایک **ازغیب کا ر ازغیبی** (تماںچا۔ تھپیڑا۔ دھکا۔ گولا یا گھونسا (مذکر) **ازغیبی مار** (مؤنث) ۱آفتِ ناگہانی قہرِ خدا۔ آسمانی مار ۲ وہ مصیبت جو کسی انسان کی طرف سے نہ ہو یا جو دفعتہً نازل ہو یا جو خیال میں بھی نہ ہو۔ (پڑنا۔ کھانا۔ ہونا کے ساتھ) **ازکاراز** (صفت) وہ کا وہی۔ بے تصرف۔ **ازکار رفتہ** (صفت) نامرد۔ نکما۔ ناقابلِ کار۔ **ازیں**۔ اس سے۔ اس لئے۔ **ازیں چہ بہتر**۔ اس سے کیا اچھا ہے۔

امثال و اقوال۔ ازخرس موئے

بس است۔ کنجوس سے تھوڑی چیز بھی بہت ہے **ازخورداں خطا و از بزرگاں عطا**۔ چھوٹوں سے قصور ہوتا ہے بزرگ معاف کرتے ہیں۔ **ازدیدہ دور ازدل دور**۔ آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔ **ازبریشم کند دربرو نم کرد**۔ اعلیٰ مرتبے سے اُٹھا کر پست مرتبے میں کردیا۔ بے تکا کام کیا۔ **ازکوزہ ہماں بروں تراود کہ دراوست**۔ جس کی جو فطرت ہوگی اس سے وہی افعال سرزد ہونگے۔ **ازماست کہ برماست**۔ ہمارے اوپر جو تکلیف ہے۔ ہمارے ہی ہاتھوں سے ہے۔ **ازیں سو راندہ و ازاں سو درماندہ**۔ نہ ادھر کا نہ اُدھر کا۔

اِزاحت (ع۔ مونث) ہٹانا۔

اِزار (ف۔ مؤنث) پاجامہ۔ شلوار۔ **ازار بند** (مذکر) کمربند۔ ناڑا۔ وہ سوت کا بنا ہوا رسا جس سے پاجامہ کمر پر باندھا جاتا ہے۔ **ازار بند پہ ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ۱ جماع یا زنا کے ارادے سے ازار بند کو کھولنے کی کوشش کرنا ۲ بے عزت کرنا۔ **ازار بند ڈالنا** (متعدی) ناڑے کو پاجامے کی نالی میں ڈالنا۔ **ازار بند کا ڈھیلا** (صفت) بہت زنا کرنے والا۔ زانی۔ **ازار بند کی ڈھیلی** (صفت۔ مؤنث) بدکار۔ فاحشہ (عورت) زانیہ۔ **ازار بند کی سچی** (صفت) باعصمت (عورت) **ازار بند کا** (ازار بندی) **رشتہ** (مذکر) سسرال کا رشتہ۔ جورو کی طرف کا رشتہ۔ **ازار بند نہ کھلنا** (لازم) عورت کا کنوارا ہونا۔ **ازار سے باہر نکلنا** (لازم) شیخی مارنا۔ **ازار سے باہر ہو جانا** (لازم) مارے غصّے کے آپے میں نہ رہنا۔ غصّے میں ادب اور لحاظ سے قطع نظر کرنا۔ **ازار میں ڈال کر پہن لیا ہے** (عو) بیجا ہو گیا ہے۔ خاطر میں نہیں لانا۔ ادب نہیں کرنا۔ لحاظ نہیں ہے۔

اِزالہ (ع۔ مذکر) ۱ دُور کرنا۔ زائل کرنا مٹانا۔ ہٹانا۔ بگاڑنا ۲ (صرف و نحو) کسی لفظ سے کسی حرف یا اعراب کا گرا دینا۔ **ازالۂ امان** (مذکر) ضبطی قرقی۔ **ازالۂ بکر** (مذکر) کنوارپن توڑنا یا کھولنا کنواری عورت سے ہم بستری کرنا۔ بکارت توڑنا۔ چیرا توڑنا یا اُتارنا۔ نتھلی اُتارنا۔ کنوار چھل اتارنا۔ **ازالۂ حیثیتِ عرفی** (مذکر) ۱ مسلمہ عزت کو بگاڑنا۔ ہتک کرنا۔ بدنامی کرنا۔ شہرتِ عام بگاڑنا ۲ (قانون) کسی شخص کا ایسی باتوں کے ذریعے جو تلفظ سے ادا کیجا سکیں یا جن کا پڑھا جانا مقصود ہو یا اشاروں یا نقوش کے ذریعے سے کسی دوسرے شخص کی نسبت اتہام لگانا یا مشتہر کرنا اس نیت سے کہ دوسرے شخص کی نیک نامی کو نقصان پہنچے۔ دیکھو دفعہ ۵۰۰ تعزیراتِ ہند۔

اِزداد (ع۔ مذکر) ۱ بڑھانا۔ زیادہ کرنا ۲ زیادتی۔

اِزدجاد (ع۔ مذکر) ڈرانا۔ ہٹانا۔ روکنا

اَزدَحام (ع۔ مذکر) بھیڑ۔ ہجوم۔ انبوہ۔ جمِّ غفیر۔ بھیڑ بھاڑ۔ بھیڑ بھڑکا۔ جمگھٹا۔ ٹھٹھ۔ دھاڑ۔ گٹ۔ مجمع (رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) مجمع بھیڑ کا ریلا۔

اَزدَر (ف۔ صفت) لائق قابل سزاوار مستحق۔ درست۔ مناسب۔ موزوں۔ موافق۔ واجب۔ شایاں۔ اُچت۔ ٹھیک۔ جوگ۔ مطابق ۲ (مذکر) دیکھو اَزدَر۔ **ازدری** (مؤنث) قابلیت سزاواری وغیرہ

اِزدِرا (ع۔ مذکر) ۱ نفرت کرنا ۲ نفرت حقارت

اِزدِراد (ع۔ مذکر) نگلنا۔

اِزدفاف (ع۔ مذکر) دُولہن کو دولہا کے گھر بھیجنا۔

اِزدلاف (ع۔ مذکر) ۱ قریب آنا۔ بڑھنا ۲ نزدیکی۔ قرب۔

اِزدِواج (ع۔ مذکر) شادی۔ بیاہ۔ نکاح کرنا۔ عقد۔ گٹھ بندھن (زَوج شادی کرنا) **ازدواجِ ثانی** (مذکر) دوسرا بیاہ۔

اِزدِہاف (ع۔ مذکر) ۱ جلدی کرنا۔ جلدی سے بھیجنا ۲ دشمن بنانا ۳ بدلنا۔ مڑنا۔

اِزدِیاد (ع۔ مذکر) زیادتی۔ بہتات۔ بیشی۔ اضافہ۔ افزائش۔ افزونی۔ بڑھاؤ۔ توفیر۔

اِزرا (ع۔ مذکر) ۱ الزام لگانا ۲ شکایت کرنا

اِزرار (ع۔ مذکر) کپڑے پر بٹن لگانا۔

اِزراف (ع۔ مذکر) ۱ جلدی جانا ۲ دھکیلنا۔ آگے کرنا۔

اَزرَق (ع۔ صفت) نیلا۔ نیلگوں ۲ وہ آدمی جس کی آنکھ کنجی ہو۔ **ازرق چشم** (صفت) گربہ چشم۔ نیلی آنکھ والا۔

اَزُقہ (ف۔ مذکر) دیکھو آزوقہ۔

اِزکام (ع۔ مذکر) زکام پیدا کرنا۔

اَزکیٰ (ع۔ صفت) زیادہ زکی یا پرہیزگار۔

اُزک تُزک (ف۔ مذکر) شان و شوکت۔ شان و شکوہ۔ طمطراق۔ نمود۔ تجمل۔ احتشام۔ عظمت۔ جاہ و جلال۔ رونق۔ ٹھاٹھ۔ درخشانی۔ شاہانہ تزک و شان ۲ بادشاہی مہر۔

اَزکیا (ع۔ مذکر) زکی کی جمع ۱ اشراف اور پرہیزگار لوگ ۲ ذہین۔ ہوشیار۔

اَزَل (ع۔ صفت) ۱ آغازِ خلقت کا زمانہ۔ شروع۔ ابتدا ۲ دوام۔ ہیشگی۔ قدامت۔ بقا۔ سدامت۔ **ازلی** (صفت) شروع سے موجود۔ **اَزلیّت** (مؤنث) ہمیشہ سے موجودگی۔

اِزلاف (ع۔ مذکر) ۱ نزدیک لانا ۲ جمع کرنا

اِزلاق (ع۔ مذکر) ۱ پھسلانا ۲ گرانا ۳ سر مونڈنا ۴ حمل گرانا۔

اِزلال (ع۔ مذکر) ۱ پھسلانا ۲ مہربانی یا عنایت کرنا۔

اَزلام (ع۔ مذکر) جمع زلم۔ تیر جن سے قرعہ ڈالتے ہیں۔

اَزم (ع۔ مذکر) ۱ سردار یا حاکم کے ساتھ رہنا ۲ رُکنا ۳ بل دینا ۴ قسمت کا برخلاف ہونا ۵ موسم خراب ہونا ۶ کاٹنا۔

اَزمان (ع۔ مذکر) زمن کی جمع۔ اوقات زمانے۔ موسم۔

اِزمان (ع۔ مذکر) پُرانا ہونا۔ کہنہ ہونا (اَزمَن۔ لمبا ہونا)

اَزمنہ (ع۔ مذکر) زمان کی جمع۔ اوقات زمانے۔ موسم۔ **ازمنۂ متوسط** (مذکر) تاریخ یورپ کی

پانچویں صدی عیسوی سے پندرھویں صدی عیسوی تک کا زمانہ۔ ازمنہ مظلمہ۔ ڈارک ایجز ازمنہ متوسطہ کی پہلی پانچ صدیاں۔ یہ زمانہ تاریخ یورپ میں انتہائی جہالت کا زمانہ تھا

اَزواج (ع۔ مؤنث) زوج کی جمع۔ بیویاں۔ زناں۔ استریاں۔ عورتیں۔ جوروئیں۔ لگائیاں بہوئیں۔ اہلیہ۔ گھر والیاں۔ تیلے۔ **ازواج مطہرات**۔ پاک بیبیاں۔ آنحضرت صلعم کی بیویوں سے مراد ہے۔

اَزوَری (ھ۔ مذکر) کاے پھل۔ ایک دوائی جو ایک درخت کا چھلکا ہے۔

اَزوقہ۔ دیکھو آزوقہ۔

اِزہاد (ع۔ مذکر) ۱ خواہش نہ رکھنا ۲ پاس کچھ نہ ہونا۔

اَزہار (ع۔ مذکر) جمع زَہرت یا زہرہ۔ پھول۔

اِزہار (ع۔ مذکر) ۱ چراغ جلانا ۲ آگ سلگانا ۳ پھول کھلنا (زَہَر۔ چمکنا)

اِزہاف (ع۔ مذکر) ۱ جھوٹ بولنا ۲ نزدیک لانا ۳ سوار کو گرانا۔

اِزہاق (ع۔ مذکر) برباد کرنا۔

اَزہَر (ع۔ صفت) ۱ سفید۔ روشن۔ چمکدار ۲ چاند ۳ جنگلی بیل۔

اَزیز (ع۔ مذکر) ۱ اُبلتے ہوئے پانی میں بلبلے اُٹھنا ۲ شور ۳ جماع۔

اِژدِحام (ف۔ مذکر) دیکھو ازدحام۔ **اژدحام خلق** (مذکر) لوگوں کی بھیڑ۔

اَژدَر (ف۔ مذکر) اژدہا۔ بڑا سانپ۔ اجگر۔ **اژدر دریا دماں** (مذکر) بہت بڑا اور خوفناک اژدہا۔ **اژدر موسےٰ** (مذکر) اس عصا سے مراد ہے جو حضرت موسےٰ کے پھینکنے پر اژدر بن جاتا۔ اور جب اُٹھا لیتے عصا ہو جاتا۔ **اژدرہا** (مذکر)۔ جمع اژدر۔

اَژدہا (ف۔ مذکر) ۱ بہت بڑا اور لمبا سانپ ۲ ضحاک کا لقب۔ **اژدہا پیکر** (صفت) اژدہا کی شکل کا۔ **اژدہاک** (مذکر) ضحاک۔ **اژدہے کے مُنہ سے پھرنا** (متعدی) بڑی مصیبت سے نجات پانا۔ موذی کے پنجے سے چھوٹنا۔ **اژدہے کے مُنہ میں پاؤں رکھنا** (متعدی) خطرناک جگہ جانا۔ **اژدہے کے مُنہ میں جھونکنا** (متعدی) خطرناک جگہ بھیجنا۔ موذی کے حوالے کرنا۔ **اژدہے کے منہ میں ہاتھ دینا یا ڈالنا** (متعدی) خطرناک شخص کو چھیڑنا۔ بُرے آدمی کے پاس جانا یا اس سے میل جول رکھنا۔ **اژدہے کے منہ میں ہونا** (لازم) دشمن کے قابو میں ہونا۔ موذی سے پالا پڑنا۔

اَژدھات (ف۔ س۔ مذکر) ۱ آٹھ دھاتوں کا مرکب دھات۔ مرکب دھات۔ گھنٹوں کے بنانے کا دھات ۲ (صفت) ٹھوس۔ مضبوط۔ پختہ۔ **اژدہاتی** (صفت) اژدھات کا بنا ہوا۔

اِژدہام (ف۔ مذکر) دیکھو ازدحام۔ **اژدہامیّہ** (مذکر) عام لوگوں کی حکومت۔ انبوہی۔ حکومت۔

اَس (س۔ مذکر) ۱ تلوار۔ شمشیر ۲۔

اَس پَتر (مذکر) ۱ تلوار کا پھل ۲ نیام ۳ ایک جہنم جس میں تلواریں جڑی ہوئی ہیں ۴ گنا۔ نیشکر

اسلومن (مذکر) ایک دانو۔

اَسُ (س۔ مذکر) ۱ سانس ۲ زندگی ۳ بدن کی زندگی قائم رکھنے والا ۴ خیال۔ سوچ۔ دل ۵ محبت ۶ غم۔

اِس (ہ۔ اسم اشارہ قریب) یہ۔ **اِس اُٹھک بیٹھک کو سلام** (طنزاً) نماز کے متعلق کہتے ہیں کہ ہم نہیں پڑھتے۔ **اس اثنا میں** (نف) ایسے وقت۔ اس دوران میں۔ **اس بات پر مرتا ہوں**۔ بہت پسند کرتا ہوں۔ نہایت فریفتہ ہوں۔ **اِس بات پر (کو) پتھر (سے) مارو** ۔ یہ بات قابل شنوائی نہیں۔ بے وقت یا بے محل ہے۔ **اِس بات کو بُھلا دو**۔ اس معاملے کو جانے دو۔ **اِس بات کو کھٹائی میں مت ڈالو**۔ اس میں توقف مت کرو۔ **اِس باغ کی اور ہی ہوا ہے**۔ یہاں طریقہ مختلف ہے۔ **اِس بہتے پر تتا پانی**۔ اس قابلیت پر لیاقت کا دعوےٰ۔ نامردی پہ مردی کا اظہار۔ **اِس برس** (مذکر) امسال۔ **اِس بھول کا خدا حافظ**۔ ایسی بھول کا کوئی علاج نہیں۔ بہت بھولنے والے شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ **اِس پار** (مذکر) دریا کا قریب کا کنارہ۔ ورلا کنارہ۔ **اِس پار سے اِس پار پھینک دینا یا کرنا** (متعدی) ایک طرف ڈال دینا۔ ملتوی کر دینا۔ **اِس پر بھی**۔ باوجود اس کے۔ ایسی حالت میں بھی۔ اتنا کچھ ہو لینے کے بعد۔ **اِس پر بھی نہ سمجھے تو اپنا سر کھائے** اب بھی نہ سمجھو تو دفع ہو۔ **اِس پر پیشاب بھی نہیں کرتا**۔ اس سے بہت نفرت ہے۔ **اِس پر جان دیتا ہے**۔ اِس کو بہت پسند کرتا ہے۔ **اس پر جان کھو دی**۔ اس کی اتنی رغبت یا طلب ہے کہ جان تک دریغ نہیں۔ **اس پر چار حرف بھیجتا ہوں**۔ اس پر لعنت کرتا ہوں۔ **اس پر خاک ڈالو**۔ اس کا خیال مت کرو۔ جانے دو۔ **اِس پر علی کی تیغ ٹوٹے**۔ خدا اسے غارت کرے۔ **اس پر فاتحہ پڑھو**۔ اس سے ہاتھ دھو لو۔ **اس پر نہ بھُولو** ۱ اس پر گھمنڈ نہ کرو ۲ اس پر بھروسہ نہ رکھو۔ **اس پر نہ جاؤ**۔ اس کا خیال نہ کرو۔ اس پر نظر نہ رکھو یہ خیال نہ کرو۔ **اِس پھیر میں نہ آنا**۔ دھوکا نہ کھانا۔ **اس پھیر میں نہ پڑنا**۔ ایسے دھوکے کی بات نہ کرنا۔ **اِس تک یا تلک** (نف) اس حالت یا درجے تک۔ **اس جا** (نف) اس موقع پر۔ اس حالت میں (نف) اس درجے تک۔ باوجود اس کے۔ **اس حد کو**۔ اس مرتبے تک۔ یہاں تک۔ **اس درد کی دوا خدا کے گھر میں بھی نہیں**۔ کہیں نہیں ملتی عشق کے متعلق کہتے ہیں۔ **اس دم** (نف) اسی وقت۔ فوراً۔ **اِس دوران میں** (نف) ایسے وقت۔ **اس رزق کو آگ لگے**۔ ہم کو ایسا رزق نہیں چاہئے۔ **اس روپے کا ٹھکانا لگا دونگی**۔ روپے کا بندوبست کر دوں گی **اس زمانے میں خون سفید ہو گئے**۔ آج کل لوگوں میں محبت نہیں رہی۔ **اس زمانے میں دونوں ہاتھوں سے پگڑی نہیں تھمتی**۔ آج کل عزت بچانا بہت مشکل ہے۔ **اس سال** (مذکر) امسال۔ اس برس۔ یہ جو گزر رہا ہے۔ **اس سرے سے اس سرے تک** اس طرف سے اس طرف تک۔ کل جگہ۔ **اس سرے سے پانی پھر جائیگا**۔ تمام تباہ ہو جائیگا۔ **اس سوا** (نف) اس کے علاوہ۔ **اس سے**۔ اس سبب سے۔ اس وجہ سے۔ **اس سے اچھا (تو) خدا کا نام (ہے)** بہت اچھی چیز ہے۔ اس سے بڑھ کر کوئی اچھی چیز نہیں **اس سے تو نکٹے کی ناک بھی نہ کٹے**۔ کند چاقو یا چھری کے متعلق کہتے ہیں۔ **اس سے کیا پورا پڑیگا**۔ ۱ یہ مقدار کافی نہیں ۲ اس شخص سے خاطر خواہ کام نہ ہوگا۔ **اس سے ہاتھ دھو لو یا دھوؤ**۔ اسے جانے دو۔ اس سے قطع نظر کرو۔ اس کا خیال مت کرو۔ **اس شرط سے** (نف) بشرطیکہ۔ **اس صورت میں بڑی خرابی**

ہوگی۔ اس حالت میں سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔
اس طرح سے۔ یوں۔ اس طرز سے۔ اس طرح نکال
دیا جیسے دودھ میں سے مکھی۔ فوراً علیحدہ کردیا
اس طرح نکلنا جیسے عینک میں سے نگاہ
نکلتی ہے۔ نہایت تیزی سے نکل جانا۔ اس عہد
میں گا بھن گا بھ ڈال دیتی ہے۔ انتہا درجے
کا ہیبت اور رعب کا زمانہ ہے۔ اس قدر (صفت)
اتنا۔ اس قدر کا۔ اتنا زیادہ۔ اس کارگاہِ بے ثبات
میں عجب اندھیر ہے۔ اس ناپائیدار دنیا میں غضب
کی باتیں ہوتی ہیں۔ اس کا سیدھا اُلٹا نہیں۔
دونوں طرف سے ایک جیسا ہے۔ اس کاندھے
(کندھے) چڑھ اس کاندھے (کندھے) اُتر۔
جس طرح چاہے کرہیں کوئی عذر نہیں۔ تیری خاطر
منظور ہے۔ اس کان سنی (سن کر) اس کان
اُڑا (دینا) دی۔ کسی بات کی طرف التفات نہ کیا۔
کہنا نہ مانا۔ بات خیال میں نہ رکھی۔ اس کان سن
اس کان اُڑا دے۔ بات سن تو لے اگر مطلب کی
نہ ہو بھلا دے۔ اس کو تو پتھر مارے بھی موت
نہیں۔ بہت سخت جاں ہے۔ اس کو تو میرا سلام
ہے۔ یہ مجھے پسند نہیں۔ یہ میرے ڈھب کا نہیں۔
اس کو چیلوں کووں کو دوں (کوسنا) ٹکڑے ٹکڑے
کر کے چیلوں کووں کو کھلا دوں۔ اس کو خدا پر چھوڑ دو۔
جب کوئی کام تدبیر سے نہیں ہوتا تو کہتے ہیں۔ جیسے ہونا
ہے ہو جائیگا۔ اس کوکھ میں ایسے کیڑے پڑے
ایسی نالائق اولاد پیدا ہوئی۔ اس کو کیا کہتے ہیں۔
تعجب کی جگہ پہ کہتے ہیں۔ یہ تعجب کی بات ہے! اس
کو وہاں مارے جہاں پانی نہ ملے۔ اِس
پر ہرگز ترس نہ کھانا چاہئے۔ ایسی جگہ مارے جہاں اس
کے منہ میں ٹپکانے کو بھی پانی نہ ملے۔ اس کی باتیں
پا در ہوا ہیں۔ اس کی باتیں فضول یا ناپائدار ہیں۔
اس کی بوٹی بوٹی پھڑکتی ہے۔ یہ بڑا شریر ہے
یہ بہت چلبلا ہے۔ اِس کی جڑ پاتال گئی ہے۔
اس نے بہت دولت پیدا کی ہے! یہ محکم ہوگیا ہے
اس کی جڑ پاتال (پتال) میں ہے۔
اِس کی نیو نہایت گہرائی میں ہے۔ اِس
کے جگر کو دیکھو۔ اِس کے حوصلے
کو دیکھو۔ کس قدر دلیر اور حوصلے والا
ہے۔ اِس کی چھاتی دیکھئے

(سراہیئے) اس کے حوصلے اور جرأت کی
تعریف کیجئے۔ اس کے دل گردے کو دیکھو۔
بہت نڈر ہے۔ بہت حوصلے والا ہے۔ اس کی دلیری
اور حوصلے کا خیال کرو۔ اس کی دوا لقمان کے پاس
بھی نہیں۔ اس کو کوئی درست نہیں کرسکتا۔ وہمی
ہے۔ بڑا بے سمجھ ہے۔ اس گھر کا باوا آدم ہی نرالا
ہے۔ ان کا طریقہ ہی سب سے جدا ہے۔ اِس لئے
(تف) اس واسطے۔ اس وجہ سے۔ اس مراد سے
اِس ارادے سے۔ اس مطلب سے۔ اس مرتبے
تک۔ اس حد تک۔ یہاں تک تو۔ اس مرض کا
طوطا رکوئی اور پالتا ہوگا) مَیں نہیں پالتا۔
مَیں اس جھگڑے یا بکھیڑے میں نہیں پڑتا۔ مَیں اس
میں دخل نہیں دیتا۔ اس مضمون (معنی) سے۔
اس وجہ یا مطلب سے۔ اس معاملے سے اس کی
کمر ٹوٹ گئی۔ اس واقعہ کے بعد اس کا حوصلہ جاتا
رہا۔ اس معاملے میں تمہارا ٹانگ اڑانا بیجا
ہے۔ اس بات میں تمہارا دخل دینا اچھا نہیں۔ اِس
ملک کی اُلٹی بانی۔ اس شہر کا اُلٹا رواج ہے۔
اس منہ کو دیکھو۔ اپنی حیثیت کو دیکھو۔ اِس منہ
کو لڈو۔ نالائق کو طنزاً کہتے ہیں۔ اس مہم کا بوجھ
اپنے سر لیا۔ اس مشکل کام کا ذمہ دار بن گیا۔ اس
میں (تف) اتنے میں۔ اتنے عرصے میں۔ اس بات پر۔
اس میں کچھ بھید۔ تہ یا فی ہے۔ اس معاملہ میں
کوئی خاص بات ہے۔ دال میں کچھ کالا کالا ہے۔ اس معاملہ
میں کوئی چال کی بات پوشیدہ ہے۔ اس نرمی نے
ان کو اس ہڈرے تک پہنچایا ہے۔ ان کی
نرم مزاجی نے ان کو نقصان پہنچایا ہے۔ اس نے
ان کے بھی کان کاٹے ہیں۔ اس نے ان کو
بھی مات کر دیا۔ وہ اس کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔ اس
واسطے۔ اس وجہ سے۔ اس لئے۔ اس واسطے کہ۔
کیونکہ۔ چونکہ۔ اس وقت۔ اب۔ ابھی۔ اس وقت
اُس وقت صبح و شام۔ دن کو اور رات کو۔ اس
وقت تم کہاں ہو! اگر کوئی شخص خلاف یا بیوقوفی
کی بات کہے تو کہتے ہیں! چند آدمی گفتگو کر رہے ہوں
اور ایک چپ ہو تو اسے کہتے ہیں۔ مطلب یہ ہوتا ہے
کہ کس خیال میں محو ہو۔ اس وقت میں (تف)
ایسے وقت۔ اس گھڑی۔ اِس ہاتھ دے اس
ہاتھ لے۔ جو جیسا کریگا ویسا پائیگا۔ اس ہٹ

نے اس ہڈرے کو پہنچایا ہے۔ اس ضد نے
یہ حال بنا دیا۔ اسی (صفت) اس ہی کا مخفف موجود
اسے (تف) اس کو۔ اسی اثنا میں (تف) اسی
وقت۔ اسی دوران میں۔ اسی باتوں سے (تف)
انہیں وجوہات سے (مت) اسی برتے پر۔ اِسی
حوصلے پر اسی زور اور قوت پر۔ جب کوئی کسی بات
کے کرنے کا دعوے کرے اور اس کے کرنے کے قابل
نہ ہو تو کہتے ہیں۔ اسی برس میں اس کی بات
ٹھیر جاتی ہے۔ اسی سال میں اس کی منگنی ہوئی۔
اسی ترنگ میں (تف) اسی خیال میں۔ اسی جوش
میں۔ اسے چھپاؤ۔ اُسے دکھاؤ۔ دو شخصوں کی
مشابہت باہم ہونے پر کہتے ہیں۔ اسے چھپاؤ اور
شیطان کو دکھاؤ۔ شیطان جیسا مکار ہے۔ اسی
دم (تف) فوراً۔ اسی وقت۔ اسی دن (کو) کے
لئے یا واسطے! اسی واسطے! ایسے ہی برے وقت
کے لئے۔ اسی دن کو پیٹتے (روتے) تھے۔ اسی
دن کا خطرہ تھا۔ اسی مصیبت کے وقت کا فکر تھا۔
اسی دن کو پالا تھا۔ اسی دن کو پال کر بڑا کیا
تھا۔ جب اپنی اولاد یا کسی پرورش یافتہ سے رنج پہنچے
تو کہتے ہیں۔ اسی سنگت نے پیٹ بھر کر بگاڑا
ہے۔ اس بری صحبت نے خراب کیا ہے۔ اِسی
دوران میں (تف) اسی اثنا میں۔ اسی وقت۔ اِسی
سے (تف) اس سبب سے۔ اسی وجہ سے۔ اِسے
شہد لگا کر چاٹو۔ یہ کسی کام کی چیز نہیں۔ اِسی
عالم میں مبتلا ہیں۔ اسی حالت میں ہیں۔ اسے
کیا کہتے ہیں۔ تعجب کے موقع پر کہتے ہیں۔ اِسی
منہ پر یہ دعوے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی
دعوے بہت کرے اور کچھ کر نہ سکے (کرنا۔ ہونا کے
ساتھ) اسی میں بہتری خیر یا خیریت ہے۔
دھمکانے یا سمجھانے کو کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے
(تف) اسی لئے۔ اسی وقت (تف) ابھی۔ اب۔ فوراً
اسے وہاں مارے جہاں پانی نہ ہو۔ دیکھو
اس کو وہاں الخ

امثال و اقوال۔ اس سے کیا
حاصل کہ شیر شاہ کی داڑھی بڑی یا سلیم شاہ
کی۔ بے فائدہ بحث سے کیا حاصل۔ اس طرح کانپتا
ہے جس طرح قصائی سے گائے۔ نہایت سخت
ڈرتا ہے۔ خوف کی شدت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ اس
کا دُکھ دکھاوے مکھ (مہ) اس کی تکلیف اس کے

چہرے سے ظاہر ہوتی ہے۔ اس کوٹھی کے دھان
اس کوٹھی میں کرتے ہیں۔ بے فائدہ کام کرتے ہیں
جب کوئی کام نہ ہو تو فضول کام کرتے ہیں۔ اس ہاتھ
دے اس ہاتھ لے۔ اس ہاتھ لینا اس ہاتھ
دینا۔ جیسا کروگے ویسا پاؤگے۔

اُس (ہ۔ اسم اشارہ بعید) وہ۔ **اُس**
پار (تف) دریا کے اس کنارے پر۔ پرلے کنارے۔
اُس پر (تف) اس وجہ سے۔ **اُس پر بھی** (تف)
تاہم۔ باوجود اس کے۔ **اُس پر بھوت چڑھا ہے**
نہایت غصّے ہے۔ **اس پر جان دیتا ہے**۔ نہایت
مرغوب ہے۔ **اس پہ جان کھو دی**۔ اس کی چاہت
میں مرمٹا۔ **اس پر چار حرف بھیجتا ہوں**۔ اس
پر لعنت کرتا ہوں۔ **اُس پر دانت ہے**۔ اس کی
چاہ ہے۔ **اُس پر سے نگاہ کا قدم پھسلتا ہے**
اس پر نگاہ نہیں ٹھیرتی۔ **اُس پر علی کی تیغ ٹوٹے**
(بددعا) تباہ ہو۔ خدا غارت کرے۔ **اُس پر مصیبت
کا پہاڑ ٹوٹ پڑا**۔ بڑی مصیبت پڑ گئی۔ **اُس پر
ہمیشہ اوس پڑی رہی**۔ وہ ہمیشہ شرمندہ یا اداس
رہا۔ **اس پر یہ اور طرّہ ہُوا**۔ ایک مصیبت تو
آگے ہی تھی۔ اس پر یہ اور اضافہ ہُوا۔ **اُس دم** (تف)
اسی وقت۔ فوراً۔ **اُس دن کے لئے**۔ اس مصیبت
کے وقت کے لئے **اُس سرے**۔ زیادہ سے زیادہ
مشکل سے۔ **اُس سرے کا** (تف) اپرے درجے
کا۔ بیحد۔ انتہائی حد پر۔ **اُس سے خوب حجامت
کرائی**۔ خوب لُٹے۔ **اُس سے کیا پُورا پڑیگا اس
سے انجام نہ پائیگا**۔ **اُس عزیز کے کان پہ جوں
نہیں چلتی**۔ اس پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔ **اُس کا ہاتھ
ہر شے میں جان ڈال دیتا ہے**۔ اس کا اثر ہر چیز
کو رونق دے دیتا ہے۔ **اس کا ایک** (کوئی) **نام لیوا
اور پانی دیوانہ رہے** (عو۔ بددعا) اس کی اولاد سب
مرجائے۔ **اُس کا بھی مُنہ جُھلس دو**۔ اس کو بھی کچھ
دے دلاکر ٹال دو۔ **اس کا بیاہ بہت اونچی جگہ
کرنا ہے**۔ اس کا بیاہ کسی اعلےٰ خاندان میں کروں گا
اس کا تو اسی میں خاتمہ ہو لیا۔ وہ تو اسی معاملے میں
مرلیا۔ **اس کا تیل جل چکا ہے**۔ اس کا کام تمام ہوگیا
ہے۔ **اس کا حساب ہوگیا**۔ نوکری سے برطرف ہوگیا
اس کا دم بھرتا ہے۔ اس کا بڑا خیر خواہ دوست ہے
اُس کا ذکر نہ کرو۔ کسی سے سخت نفرت ظاہر کرنے

کو کہتے ہیں۔ **اس کا سر تھا یا لوہے کا گولا**۔ اس
کا سر بہت سخت تھا۔ **اُس کا منہ کالا** (دعو) روسیاہ
ہو جائے۔ **اس کا منہ کالا ہوگیا**۔ وہ سخت جھوٹا ثابت
ہوا۔ **اس کا کلیجہ پانی ہوگیا**۔ بہت ڈرگیا۔ **اس کا
ماتھا ٹھنکا**۔ براشگون ہوا۔ **اُس کا منہ ایسا کھلا
کہ لوگوں نے کان بند کر لئے**۔ اس قدر فحش گالیاں
دیں کہ لوگ سُن نہ سکے۔ **اُس کو اپنے اختیار میں چھوڑ دو**
اسے خود مختار بنا دو۔ **اس کو پتھر مارے موت نہیں**
بہت بیجیا ہے۔ **اُس کو جوتی کے برابر نہیں سمجھتا**
بے قدر جانتا ہے۔ پروا نہیں کرتا۔ **اس کو دنیا کی ہوا
کھلائی جائے**۔ ملکوں کی سیر کرائی جائے۔ **اُس کو
دُنیا مافیہا کی کچھ خبر نہیں**۔ دُنیا کے بعض دل سے
بالکل بے خبر ہے۔ **اس کو دیکھ کر بھوک جاتی ہے**
نہایت اچھی شے ہے۔ **اُس کو دیکھ کر میرے تن بدن
میں آگ لگ اُٹھی**۔ اسے دیکھ کر مجھے نہایت غصّہ
آیا۔ **اس کو سیاہ و سفید کا اختیار ہے**۔ کلی اختیار
ہے۔ **اس کو لوگوں کی قلعی کھولنی منظور تھی**۔ اسے
اوروں کے پوشیدہ عیب ظاہر کرنے تھے۔ **اُس کو ہوا
سمجھ کر ہکّا بکّا رہ جاتا ہے**۔ خوف سے حیران ہو جاتا ہے
اُس کے آگے کبھی چوں نہیں کرتا۔ اس کے سامنے
کبھی ضد نہیں کرتا۔ **اُس کے آنسو پوچھے اور تسلّی
کی**۔ خوب تسلّی دی۔ **اُس کے بندے**۔ خُدا کے
بندے۔ **اس کی بھتّی پکّے** (بددعا) مرجاتے۔ **اُس
کے پاس جاتے ہوئے دم فنا ہوتا ہے**۔ اس
کے قریب جاتے ہُوئے ڈر لگتا ہے۔ **اُس کے پاکھنڈ
دیکھ کر سارا گھر تھرّا اُٹھا**۔ اس کے مکر وحیلے دیکھ کر
سب کانپ گئے۔ **اُس کے چھپّر تو پھوس بھی نہیں**
بڑا کنگال ہے۔ **اُس کے پوبارہ ہیں**۔ وہ بڑے
مزے میں ہے۔ اس کا دلی مطلب بر آیا۔ **اُس کی بلا
یا ہیزار یا جوتی**۔ اُس کو کیا غرض پڑی ہے۔ **اُس کی
پیٹھ ٹھونکی**۔ اُس کو شاباش دی۔ اس کی ہمّت بندھائی
اُس کی جوتی کی برابری تو کرلے۔ ہرگز اس کی برابری
نہیں کر سکتا۔ **اُس کی چھاتی پر بال نہیں**۔ اُس
کا کچھ اعتبار نہیں۔ **اُس کی چھاتی** (دیکھئے) سراہئے
اس کی ہمت اور جرأت کی تعریف کیجئے۔ **اُس کی خو لیچی
اچھی نہیں**۔ اس کا طور طریقہ سیکھنا نہیں چاہئے۔ **اُس
کے در کے کُتّے** (محتاج) ہیں۔ خدا کی تعریف میں
کہتے ہیں۔ کہ ہر شخص اس سے مانگتا ہے۔ **اس کے دل**

**پر مہر لگی ہوئی ہے۔ اور آنکھوں پر پردہ پڑا
ہُوا ہے**۔ نصیحت نہیں مانتا۔ اندھا ہو رہا ہے۔
اس کے دل گردے کو دیکھئے۔ اس کی ہمت اور
جُرأت کا خیال کیجئے۔ **اُس کی ذات سے امید رکھتے
ہیں**۔ خدا پر بھروسہ ہے۔ **اُس کے راج** (عہد) **میں
گابھن گابھ ڈال دیتی ہے**۔ حکومت کے اظہار
رعب و سلطنت کو ظاہر کرنے کے لئے مقابلے کے طور پر
کہتے ہیں۔ **اُس کے سر پر چڑھا ہُوا جن ہے**۔ اسے
غُصّہ بہت آتا ہے۔ **اس کے فلک** (پیر) **کو بھی
خبر نہیں**۔ وہ بالکل بے خبر ہے۔ **اس کی قدرت
کے کارخانے** (کھیل) **ہیں**۔ کسی عجیب یا حیرت انگیز
واقعہ کو سُن کر کہتے ہیں۔ **اُس کے قلم نے ایک جہان
سے لڑائی باندھ رکھی ہے**۔ اس کی تحریر بڑی پُر زور ہے
اُس کی گالی شربت کا گھونٹ ہے۔ اس کی
گالیوں کا لطف آتا ہے۔ **اُس کی گرد کو پہنچنا مشکل
ہے**۔ اس کی برابری نہیں ہو سکتی۔ خصوصاً دوڑنے
میں۔ **اُس کے گھر کا چراغ روشن نہ تھا**۔ لاولد
تھا۔ **اُس کی گفتگو سُن کر وہ لٹّو ہوگیا**۔ اس کی
باتوں پر وہ فریفتہ ہوگیا۔ **اُس کی لاٹھی میں آواز
نہیں**۔ خدا کا قہر ناگہانی ہوتا ہے۔ **اُس کی ماں مرے**
جب کسی نے کوئی کام نہ کیا ہو تو کہتے ہیں۔ **اس کی ماں
مرے جو میرے خط کا جواب دیا ہو**۔ بالکل میرے
خط کا جواب نہیں دیا۔ **اُس کے مُنّہ کو سارے
چھپروں کا پھوس**۔ کوسنا۔ **اس کے منہ کی**
(بات) ہے۔ اس کی کہی ہوئی بات ہے۔ **اُس کے
مُنّہ میں زبان نہیں**۔ وہ نہایت ہی مسکین اور
کم گو ہے۔ **اُس کے نام سے** اس کا نام اختیار
کرکے۔ اس کے پتے پر۔ **اُس کے نام
کا**۔ اس کی خاطر۔ اس کے نام کی خاطر۔ **اس کے نام
کا کُتّا بھی نہیں پالتے**۔ اس سے سخت نفرت
ہے۔ **اُس کی نظر میں جہان تاریک ہے**۔ وہ
نہایت اُداس ہے۔ **اُس کی نگاہ میں جادو ہے**
بڑا پُر تاثیر ہے۔ **اُس کی نگاہ میں خار دکھائی
دیتا ہے**۔ اس کو بُرا لگتا ہے۔ **اُس کے ہاتھ میں
وہی زہر کا پیالہ تھا**۔ وہ حسد کرتا تھا۔ **اُس
بالزادی بغیر حلق سے نوالہ کیوں اترنے لگا**۔
اُس بدکار بغیر کیوں کھانا کھائیگا۔ **اُس معاملے
میں میرا مُنّہ مت کھلواؤ**۔ میرا بولنا اچھا نہیں۔

اس نے اپنی کایا پلٹ دی۔ اُس نے اپنی حالت تبدیل کر لی۔ اُس نے بہت روغن قاز ملا ہے۔ اس نے خوشامد کر کے دھوکا دیا ہے۔ اس نے دیدہ و دانستہ آنا کانی دی۔ اس نے جان بوجھ کر ٹال دیا۔ اُس نے رکھا اُس نے اُٹھایا۔ دونوں کی عادت ایک جیسی ہے۔ اُس نے زمین سر پر اُٹھا رکھی ہے۔ اس نے بہت شور مچا رکھا ہے۔ اس نے عورت کا جامہ پہن رکھا (لیا) ہے۔ وہ نامرد بن گیا ہے۔ اس نے لہو مُوت کر قرض اُتارا ہے۔ اُس نے بہت مشکل سے قرض اُتارا ہے۔ اُسی (تف) اس ہی کا مخفف۔ وُہی۔ اُسے (تف) اُس کو۔ اُسی پر خاک پڑتی ہے جو چاند پر خاک ڈالتا ہے۔ نیک نام آدمی کو جو بدنام کرنا چاہتا ہے وہ خود رسوا ہوتا ہے۔ اُسی دن (تف) جس دن یہ واقعہ ہُوا تھا۔ اُسے دیکھ کر میری آنکھوں میں خون اُتر آتا ہے۔ اسے دیکھ کر مجھے بہت غصّہ آتا ہے۔ اُسی طرح (تف) اُسی طریقے پر۔

امثال و اقوال۔ اُس بستی میں تو کبھی کیجو نہ بسرام۔ جو ہو نامی دیس میں ٹھگ چوروں کا گام (ھ) ٹھگوں اور چوروں کے گاؤں میں ہرگز نہ ٹھہرنا۔ بُری صحبت سے بچتے رہنا چاہئے۔ اس پرکھا کا کرو نہ بھروسہ جو لے چیز دکھاوے ٹھوسا (ھ) جو چیز لے کر مکر جائے اس پر کبھی بھروسہ نہیں کرنا چاہئے۔ اُس پرکھا کی بات پر نا بھروسہ رکھ۔ بر بر بولے جھُوٹ جو دن بھر ماں سو لکھ (ھ) جھوٹے آدمی پر ہرگز اعتبار نہیں کرنا چاہئے۔ اُس جاتک پہ پیار جتاؤ۔ مات پتا بن جس کو پاؤ (ھ) یتیموں کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ اُس جاتک سوں کرو نہ یاری جس کی ماتا ہو کلہاری (ھ) اس لڑکے سے کبھی دوستی نہ کرو جس کی ماں لڑاکی ہو۔ اس دن بھُولیں چوکڑی ولی نبی اور پیر۔ لیکھا لیوے جن دناں قادر پاک قدیر (ھ) قیامت کے دن جب خدا حساب کریگا تو ولی نبی پیر سب سٹ پٹا جائینگے۔ اس سیتی مل دوڑ کر جو نر گیانی ہو۔ دانا دشمن بھی بھلا کہہ گئے یہ سب کو (ھ) عالم اور دانا کے ساتھ میل ملاپ رکھنا چاہئے۔ دانا دشمن بھی بہتر ہوتا ہے۔

اُس کو تو پتھر مارے موت نہیں۔ بُرے آدمی کی زندگی بہت ہوتی ہے۔ بُرے آدمی پر کسی بات کا اثر نہیں ہوتا۔ اس کو سب کی فکر ہے۔ خدا ہر ایک کا خیال رکھتا ہے۔ اس کو سیکھ نہ دو ندھی جو ہو کٹر نیچ۔ لوہ میکھ نہیں گھسے کدھا پاتھر کے نیچ (ھ) کمینے آدمی پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا جس طرح لوہے کی میخ پتھر میں نہیں گھستی۔ اُس کو وہاں مارے جہاں پانی بھی نہ ملے۔ بہت بُرے آدمی کے متعلق کہا جاتا ہے۔ اُس گو کر سے بچ کر جانا۔ جا کو جگت کاٹ کھانا (ھ) جس کے بُرے ہونے کی شہرت ہو اس سے بچ کر رہنا۔ اُس کے آگے سیس نواؤ۔ بڑا بڈیرا جس کو پاؤ (ھ) بڑے بوڑھوں کے ساتھ عزت سے پیش آنا چاہئے۔ اس کے بھاگ بڑے البیلے۔ جو دولت میں کھائے کھیلے۔ (ھ) بڑا خوش قسمت وہ شخص ہے جو امیر کے گھر پیدا ہو۔ اُس کی ٹانگیں اسی کے گلے میں۔ اس کو لینے کے دینے پڑ گئے۔ اس کے دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں۔ خدا کے دینے کے کئی طریقے ہیں۔ جس طرح چاہے دے۔ اُس کی ذات وحدہٗ لا شریک ہے۔ خدا ایک ہے۔ اور کوئی اس کا شریک نہیں۔ اُس کی رزاقی ہے۔ خدا ہر ایک کو کھانے کو دیتا ہے۔ اُس کی سیکھ نہ سیکھیو جو گُر سے پھر جائے۔ بار باسوں خالی رہے پھر پاچھ پچھتائے (ھ) اس شخص کی پیروی نہیں کرنی چاہئے جو اپنے اُستاد سے بھاگے۔ کیونکہ وہ کچھ نہیں سیکھتا۔ اور پھر پچھتاتا ہے۔ بُرے آدمی کے پیچھے نہیں چلنا چاہئے۔ اُس کے کاٹے کا منتر نہیں۔ بڑا شریر ہے۔ اُس کے کان پر (ایک) جوں نہیں چلتی (رینگتی) وہ کچھ پروا نہیں کرتا۔ وہ کسی کی نہیں سُنتا۔ اُس کی گرہ کا کیا جاتا ہے۔ اس کا کیا نقصان ہوتا ہے۔ جو شخص غلط راستہ پر چلائے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ اس مانس سے ملنا بھونڈا۔ جو ہو چھوا اور کپت کا ڈونڈا (ھ) اس شخص سے ہرگز میل ملاپ نہیں رکھنا چاہئے جو غصّے اور دغا کا بگولا ہو۔ اُس مانس سے ملو رے بھائی جس کے دل میں بسے بھلائی (ھ) نیک آدمی سے میل ملاپ رکھنا چاہئے۔ اس مانس کو تو کدھی نہ اپنے پاس بٹھا۔ جا ر اُجگر دیس میں جو مانس ہو جا

(ھ) بدمعاش کو ہرگز اپنے پاس نہ بیٹھنے دینا چاہئے اُس مانس کو دوراں تاہو۔ جا کو کپٹی تم سوں پاؤ (ھ) جس شخص کو تم سے مخاصمت ہو اُسے اپنے آپ سے دُور رکھو۔ ایسے شخص سے نہ ملو۔ اُس مانس کو ہو آتی لابھا۔ جا کو بُرا نہ لاگے دھابا (ھ) جس شخص پر کوئی دھبا نہ لگا ہو اُس کے پاس دولت آتی ہے۔ نیک چلن آدمی عموماً دولتمند ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ اپنی آمدنی عیاشی پر خرچ نہیں کرتا۔ اُس نر سے تم ملو نہ کوئی۔ جا کو دیکھو کپٹی ڈھوئی (ھ) جو دغا باز ہو اس سے ہرگز نہ ملو۔ اُس نر کو نہ سیکھ سہاوے۔ نیہہ پھند میں جو پھنس جاوے (ھ) عشاق کو نصیحت بُری معلوم ہوتی ہے۔ اُس نر کے بھی ایک دن پڑے گلے میں پھاند۔ جس نے چوری لُوٹ پر لی کمر یا باندھ (ھ) چور ایک نہ ایک دن پکڑا ہی جائیگا۔ اُسے تو دھوتی بھی باندھنی نہیں آتی۔ وہ بڑا بیوقوف ہے۔ نادان ہے۔ اُسی راہ پر چال تو جو تجھے گرو بتائے۔ جو بدھیا کے تھان پر ترت ٹھکانا پائے (ھ) اُستاد کا کہنا مان تاکہ علم سیکھے۔ اُسی رُکھ پر ہے چڑھا اُسی کی جڑ کٹوائے۔ وہ مورکھ تو ایک دن گر دب کر مر جائے (ھ) جس چیز پر آدمی کا گزارہ ہو اگر اُسی کو تباہ کرے تو سخت نقصان اُٹھائیگا۔ اُسی کی جوتی اسی کا سر۔ اسی کا مال اسی پر خرچ ہوا۔ اُسی گھڑی تاہ دے اُسے جو بیری تجھ گھر آئے۔ ایسا نہ ہو دھوئے سے بیٹھے پیر جمائے (ھ) دشمن کو اپنے گھر میں نہ گھسنے دو کہیں قبضہ نہ کرے۔

اَسَابِیع (ع۔ مذکر) جمع اسبوع کی ہفتے۔

اَساتِذہ (ع۔ مذکر) استاذ کی جمع استاد۔ کاملان فن۔

اساتھ (ھ صفت) بری صحبت کا عادی

اَساتھی (ھ۔ مذکر) ۱ نو دولت ۲ نیا راجہ یا نواب ۳ اجنبی۔ ناواقف آدمی۔ غیر مشہور یا گمنام شخص۔

اَساتِیر (ع۔ مذکر) جمع استار۔

اَساتِین (ع۔ مذکر) جمع ستون۔

اَسادَرِشیا (س۔ صفت) ۱ غیر مشابہ ۲ (مذکر) غیر مشابہت۔

اَسادھ (ھ۔ مؤنث) ۱ لاعلاج یا کہنہ بیماری ۲ مہلک بیماری یا مرض ۳ (صفت) بدکردار۔ بدچلن

فاسق۔ فاجر۔ بُرا۔ دراچاری۔ بد۔ بدباطن۔ سیاہ دل ۶ چور۔ اُچکا ۷ بغیر خواہش یا قوت۔ مُردہ دل ۸ غافل سست

اَسادِھین (مؤنث) ۱ بدکرداری۔ بدچلنی وغیرہ ۲ مردہ دلی وغیرہ۔ **اسادھی** (مذکر) دیکھو اسادھیہ۔

اَسادُھ (س۔ صفت) ۱ نہ اچھا۔ بُرا ۲ غلط ۳ (مذکر) بددیانت آدمی۔ شریر آدمی ۴ کوئی خراب چیز ۵ بے عزتی ۶ (ندا) شرم۔ خراب۔ **اسادھتا** (مؤنث) **اسادَھنو** (مذکر) شرارت۔ بدکرداری۔ بدچلنی۔

اَسادھیہ (س۔ صفت) ۱ ناقابل نالائق ۲ کمزور۔ مُنہنی۔ دُبلا ۳ سخت بیمار ۴ لاعلاج ۵ ناقابلِ گزر۔ دشوار ۶ ناممکن۔ محال۔

اَسار (س۔ صفت) ۱ بے رس۔ بے گودا ۲ خالی۔ کھوکھلا ۳ بے وجود۔ خیالی ۴ بیفائدہ۔ بے نفع ۵ کم عقل۔ بیوقوف۔ سادہ لوح۔ نادان۔ مورکھ ۶ (مذکر) نقص۔ **اَسارتا** (مؤنث) غیر استواری وغیرہ۔

اَسارا (ہ۔ مذکر) ۱ ریشم کا بٹا ہوا باریک ڈورا جس پر تار چڑھا کر کلابتون بناتے ہیں ۲ ڈورا جو لچکے کے کنارے پر ہوتا ہے۔

اُسارا (ہ۔ مذکر) ۱ رستہ۔ دروازہ ڈیوڑھی ایوان۔ جلوخانہ۔ کوئی نکلنے کا رستہ ۲ برآمدہ۔ چھپر ۳ آبِ زلال۔ دوا کا نتھارا ہوا پانی (س سری۔ حرکت کرنا)

اَسارتھ (س۔ صفت) ۱ غریب۔ مفلس ۲ ناچیز۔ حقیر۔ **اسارتھتا** (مؤنث) ۱ غربت مفلسی ۲ اوچھاپن۔ پھٹائی۔ بے وقری۔

اُسارنا (ہ۔ متعدی) ۱ علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ سرکانا ۲ ختم کرنا۔ مکمل کرنا ۳ جلدی ختم کرنا ۴ (ہ) پانی نکالنا ۵ (پ) عمارت بنانا۔

اَساریر (ع۔ مذکر) جمع سرکی۔ ہاتھوں یا پیشانی کی لکیریں۔

اَساڑھ (ہ۔ مذکر) ۱ ہندو سال کا تیسرا مہینہ۔ برسات کا پہلا اور فصلی سال کا دسواں مہینہ جون جولائی کے مطابق ہوتا ہے۔ اور سورج اس وقت برج جوزا میں ہوتا ہے (س آشاڈھ۔ جو اشاڈھ بمعنی غیر مغلوب ہے۔ یہ بیسویں اور اکیسویں نکشترے کا نام ہے۔ اس مہینے میں بدران نکشتروں میں ہوتا ہے) **اساڑھ کے درزی** (صفت) نکما۔ بیکار (درزیوں کے پاس اساڑھ کے مہینے کام نہیں ہوتا) **اساڑھی** (مؤنث) ۱ غلّے کی وہ فصل جو اساڑھ کے شروع میں بوئی جاتی ہے۔ فصل ربیع ۲ ہندوؤں کا ایک تیوہار ۳ اساڑھ کی پورنماشی جس میں ہندوؤں کے کئی تیوہار ہوتے ہیں۔

مثل۔ اساڑھ جوڑائے برکھا ہووے (ہ) اساڑھ میں گرمی ہو تو برسات لگے۔

اَساس (ع۔ مؤنث) ۱ بُنیاد۔ بنا۔ نیو۔ جڑ۔ کرسی ۲ مرکبات کے آخیر میں جیسے نیک اساس **اساس اللُّغت** (مذکر) صرف و نحو کی ایک کتاب کا نام۔ **اساس السِّیاسَت** (مذکر) سیاست حکومت پر ایک رسالہ۔

اُساس (س۔ مذکر) ۱ سانس۔ سانس لینا۔ تنفس ۲ آہ ۳ افسوس۔ غم۔ رنج۔ **اُساسنا** (متعدی) ۱ سانس لینا ۲ دم کھینچنا ۳ زندہ رہنا۔ جینا۔ ہستی رکھنا۔

اَساطیر (ع۔ مؤنث) جمع اسطارت کی۔ کہانیاں۔ قصے۔

اَساطِین (ع۔ مذکر) اسطوانت کی جمع۔ ستون۔

اَساعَت (ہ۔ مؤنث) بُری گھڑی بُرا وقت۔

اَسافِل (ع۔ مذکر) جمع اسفل کی۔ کمینے یا رذیل اشخاص۔

اَساکشات (س۔ صفت) ۱ نہ ظاہر غائب۔ پوشیدہ۔ مخفی ۲ غیر محسوس۔ نامعلوم ۳ (تف) ۱ نہ کھلے طور سے ۲ عدم موجودگی میں ۳ غائب ہو کر نہاں ہو کر۔ غیر حاضری میں۔

اَساکشی (س۔ صفت) ۱ شہادت ناقابلِ سماعت ۲ (مذکر) جھوٹا گواہ۔ ایسا گواہ جس کی شہادت ناقابلِ سماعت ہو۔ **اساکشیہ** (صفت) ۱ بغیر ساکھ کے بغیر اعتبار کے۔ بغیر اچھی شہرت کے ۲ (مذکر) گواہی یا شہادت کا نہ ہونا۔

اَساکِفہ (ع۔ مذکر) اسکاف کی جمع۔ موچی۔

اَساکھ (ہ۔ صفت۔ مذکر) دیکھو اساکشیہ۔

اساکھی (صفت) دیکھو اساکشی۔

اِسالت (ع۔ مؤنث) بہانا۔

اَسالیب (ع۔ مذکر) اسلوب کی جمع۔

اَسامانیہ (س۔ صفت) ۱ نہ عام۔ غیر معمولی ۲ خاص۔ مخصوص۔

اِسامَت (ع۔ مؤنث) چرنے بھیجنا

اَسامَرتھ (س۔ صفت) ۱ بے قوت۔ کمزور۔ ناتواں۔ نقیح۔ ضعیف۔ ناطاقت ۲ محتاج۔ بیکس۔ بیچارہ ۳ ناقابل۔ نالائق۔ نااہل۔ **اسامرتھ وانی** (مؤنث) غربت۔ مفلسی۔ عسرت۔ تنگدستی۔ افلاس۔ **اسامرتھیہ** (مذکر) ۱ کمزوری ۲ (صفت) کمزور ۳ سوکھا ہوا (درخت)

اَسامی (ع۔ مؤنث) اسماء کی جمع الجمع ۱ نام ۲ اشخاص۔ لوگ۔ آبادی ۳ (اردو میں واحد مستعمل ہے) کسان۔ کاشتکار ۴ گاہک۔ خریدار۔ لین دین رکھنے والا ۵ عہدہ۔ جگہ (نوکری کی) ۶ جواریوں کی اصطلاح میں) جو شخص کھیل اچھی طرح نہ جانتا ہو۔ اور اکثر ہار جاتا ہو ۷ مالدار۔ امیر۔ روپے والا ۸ رنڈی۔ طوائف ۹ مقروض قرضدار ۱۰ مدعی۔ گواہ ۱۱ رنڈی کا یار۔ بشنی۔ آشنا ۱۲ دیہ کا رہنے والا۔ باشندہ ۱۳ اپنے مطلب کا بنایا ہوا احمق ۱۴ وہ شخص جس کے ہاں جا کر ٹھیریں۔ واقفکار۔ جان پہچان ۱۵ چہرہ۔ حلیہ۔ **اسامی باز** (صفت) ۱ ٹھگنے والا۔ دوستوں کی گرہ کاٹنے والا ۲ خود غرض **اسامی بنانا** (متعدی) ٹھگنا۔ بیوقوف بنا کر فائدہ اٹھانا **اسامی پاہی یا کاشت** (مذکر) وہ کاشتکار جو گاؤں میں نہ رہے۔ **اسامی جمع بندی** (مؤنث) بندوبست جس میں ہر ایک سے علیحدہ مالگزاری مقرر کی جائے۔ **اسامی چھپر بند** (مؤنث) کاشتکار جو اسی گاؤں میں رہتا ہو جہاں کاشت کرے۔ **اسامی شکمی** (مؤنث) وہ کاشتکار جس نے اصل کاشتکار سے ٹھیکہ لیا ہو۔ کاشتکار کا کاشتکار۔ **اسامی غیر مستقل** (مؤنث) پاہی کاشتکار۔ کاشتکار جو عارضی طور پر کاشت کرے۔ **اسامی غیر موروثی** (مؤنث) ۱ عارضی ملازمت ۲ وہ کاشتکار جسے دوامی کاشت کا حق حاصل نہ ہو **اسامی مرگئی** ۱ دوالہ نکل گیا ۲ روپیہ مارا گیا **اسامی مستقل** (مذکر) کاشتکار جسے دوامی کاشت کا حق حاصل ہو۔ **اسامی موروثی** (مؤنث) کاشتکار جسے کاشت کا حق نسلاً بعد نسلٍ پہنچے۔ **اسامی وار** (تف) نام بنام فرداً فرداً۔ ترتیب وار۔ **اسامی وار بندوبست** (مذکر) ایسا بندوبست جس میں ہر ایک اسامی کا نام علیحدہ دیا ہو۔ **اسامی یافت کی** (مؤنث) ایسا عہدہ جس میں بالائی آمدنی ہو۔

اُسانا (ہ۔ متعدی) ۱ غلّہ کو بھوسے

ست ہوا ہیں ۔ اکہ بہا کرنا ۔ پھٹکانا ۔ برسانا ۔ دینے ۔ چھاننا ۔ جوش دینا ۔ اُبالنا (س) ۔ اوپر ۔ حرکت کرنا)

آساوَدھان (س ۔ صفت) لاپروا ۔ بیفکر ۔ بے پروا ۔ بےخبر ۔ غافل ۔ اچیت ۔ کم توجہ ۔ بے توجہ ۔ **اساوَدھانتا** (مؤنث) لاپروائی ۔ بیفکری وغیرہ **اساوِدھانی** (مذکر) غافل یا لاپروا آدمی ۔

آسانید (ع ۔ مؤنث) اسناد کی جمع الجمع

آساوَری (ہ ۔ مؤنث) ! سری راگ کی ایک راگنی ۲ ایک قسم کا کبوتر ۳ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں رنگدار پٹریاں اور روپہلی تارے ہوتے ہیں

آساوَل (ت ۔ مذکر) قاصد ۔ پیغامبر ۔ ہرکارہ ۔

آساوَنت (ہ ۔ صفت) ! ڈرپوک ۔ بزدل ۔ خائف ۲ بے چین ۔ بے آرام ۔ بیکل ۳ مسکین ۔ جھتبر ۴ واجب الرحم ۔

آساہَس (س ۔ مذکر) ! بہادری کا نہ ہونا ۔ بزدلی ۲ ڈر ۔ خوف ۔ **اساہَسی** (صفت) ! ڈرپوک ۔ بزدل ۲ مردہ دل ۔ افسردہ خاطر

اَسباب (ع ۔ مذکر) سبب کی جمع ! وجوہ ۔ بواعث ۔ موجب ۲ مقاصد ۔ ذریعے ۳ (اردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے) ضرورت کا سامان ۔ اثاثہ ۔ مال و متاع ۔ چیز بست ۔ جائداد ۔ چیزیں ۔ اشیاء ۔ ساز و سامان ۔ (آنا ۔ اُتارنا ۔ اترنا ۔ گھٹنا ۔ باندھنا ۔ بندھوانا ۔ بھیجنا ۔ بھجوانا ۔ پھینکنا ۔ رکھنا ۔ لادنا ۔ لینا ۔ لانا ۔ لیجانا ۔ منگوانا کے ساتھ)

اسبابِ پیشہ (مذکر) کسی پیشے کے متعلق سامان **اسبابِ تُزک و حشمت** (مذکر) وہ سامان جو شان و شوکت دکھانے کے لیے سواری کے ساتھ ہو **اسبابِ جنگ یا حرب** (مذکر) ہتھیار ۔ اسلحہ ۔ گولہ بارود ۔ لڑائی کا سامان ۔ **اسبابِ خانہ داری** (مذکر) اثاثۃ البیت گھر کا ساز و سامان ۔ مال و متاع ۔ **اسبابِ زراعت** (مذکر) کاشتکاری کے متعلق سامان ۔ **اسبابِ سفر** (مذکر) وہ سامان جو سفر میں ساتھ لیا جائے ۔ **اسبابِ سفر درست کرنا** (متعدی) سفر کے لئے اسباب مہیا کرنا ۔ **اسبابِ عیش و راحت** (مذکر) عیش و عشرت کا سامان **اسبابِ ملوکانہ** (مذکر) بادشاہوں کے قابل سامان ۔

مثل ۔ اسباب ہیں اسباب ایک چنگ ایک رباب ۔ عیاش آدمی کی پونجی آخر میں ایک دو ساز رہ جاتی ہے ۔

اَسباط (ع ۔ مذکر) سبط کی جمع ! قومیں (خصوصاً بنی اسرائیل کی) ۔ ۲ پوتے ۔ پوتیاں ۔ ۳ دوہتے ۔ دوہتیاں ۔

اِسباع (ع ۔ مذکر) ! سات کی تعداد پوری کرنا ۲ گوشت کھانا یا کھلانا ۳ بچہ کو دودھ پلانے سے لئے دینا ۴ رہا کرنا ۔

اِسبال (ع ۔ مذکر) ! پاجامہ اُتارنا ۔ ازار بند کھولنا ۲ بہت بارش ہونا ۳ بہت رونا ۴ اناج میں دانہ پڑنا ۔

اِسبغول (ف) دیکھو اسپغول ۔

اَسبَق (ع ۔ صفت) سبق کی تفضیل بعض و کل ! بہت یا نہایت اچھا ۔ اعلیٰ یا نفیس ۲ (مذکر) گزشتہ زمانے ۔

اَسبَند ۔ دیکھو اسپند ۔

اُسبوع (ع ۔ مذکر) ہفتہ (سُبع ۔ سات)

اَسُبھ (ہ ۔ صفت) بدشگون ۔ بدفال ۔ منحوس

اَسبَھی (س ۔ صفت) ! ناقابل صحبت ۔ بدتہذیب ۔ اُجڈ ۔ جاہل ۔ گنوار ۔ ناتراشیدہ ۲ گستاخ ۔ **اَسبھیتا** (مؤنث) گستاخی ۔ بدتہذیبی ۔ جاہلپن ۔ گنوارپن

اَسپ (ف ۔ مذکر) گھوڑا ۔ ٹٹو ۲ شطرنج کا ایک مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے ۔ دو سیدھے ایک ٹیڑھا ۔ **اسپِ تازی** (مذکر) عربی گھوڑا ۔ شکار کا گھوڑا **اسپِ پالانی** ۔ باربرداری کا گھوڑا ۔

مقولے ۔ اسپِ تازی شدہ مجروح بزیرِ پالان ۔ طوق زریں ہمہ در گردن خرمے بینم ۔ خاندانی آدمی ذلیل ہوتے ہیں اور نااہل ترقی کرتے ہیں ۔ **اسپِ من ہم چنداں تر نبود** ۔ میرا گھوڑا بھی ذرا تر نہ تھا ۔ میری ہمت بھی نا رسی تھی ۔ **اسپ و زن و شمشیر وفادار کہ دید** ۔ گھوڑا ۔ عورت اور تلوار وفادار نہیں ہوتے

اِسپات (پرتگال ۔ مذکر) ایک قسم کا پکا لوہا جو چوٹ کم کھاتا ہے ۔ فولاد کی ایک قسم (اصل اسپد)

اِسپائی گلاس (انگ ۔ مذکر) ایک دوربین کی قسم کا آلہ (اصل سپائی گلاس)

اَسپَتال (انگ ۔ مذکر) شفا خانہ ۔ (اصل ہوسپیٹل)

اَسپَرش (س ۔ مذکر) نہانے کے بعد اور کھانے یا پوجا سے پہلے ہندو کی حالت ۔ اس حالت میں اسے کسی کو چھونا نہیں چاہئے ۔ **اَسپَرشنیہ** (صفت) نہ چھوا جانے والا ۔ **اَسپَرشی** (صفت) ! غیر محسوس ۔ ناقابل مس ۲ (مذکر) کوئی چیز جو چھونے سے محسوس نہ ہو ۔

اَسپَرشیہ (صفت) نہ چھوا جانے والا ۔ نجس ۔

اَسپَرشی (ہ ۔ صفت) محسوس ۔ بالتمس ۲ جو چھونے سے محسوس ہو ۔

اِسپَرنول (ہ ۔ مذکر) ایک پودا جو سانپ کے ڈسنے کے علاج کے لئے مفید بتایا جاتا ہے ۔

اَسپَرنٹو (انگ ۔ مؤنث) ایک زبان جو ڈاکٹر زمن ہاف نے اہلِ یورپ کے مشترکہ استعمال کے لئے بنائی تھی ۔

اِسپَرنگ (انگ ۔ مؤنث) پیچدار کمانی (اصل سپرنگ) **اسپرنگ کوچ** (مذکر) ایسا کوچ جس میں اسپرنگ لگے ہوں (الف انگریزی ایس کے پہلے اضلاع متحدہ کے باشندوں کی اختراع ہے ۔ سپرنگ ہونا چاہئے ۔ وہ انگریزی میں بھی یہ الف زائد بولتے ہیں)

اِسپَرِہا (ہ ۔ مؤنث) خواہش ۔ مراد ۔ حسرت ۔

اَسپَشٹ (س ۔ صفت) ! گول مول ۔ مبہم ۲ جو صاف سنائی نہ دے یا سمجھ نہ آسکے ۔

اِسپَغول (ف ۔ مذکر) ایک قسم کا لعاب دار تخم جو دوائی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

اَسپَک (ف ۔ مؤنث) ! کسی سازِ موسیقی کا گھوڑا ۲ بڑا خیمہ ۔ تنبو ۔

اِسپَند (ف ۔ مذکر) ایک بیج جو ہوا صاف کرنے کے لئے جلایا جاتا ہے ۔ کالا دانہ ۔ **اسپند کرنا** ۔ نظر بد کے اثر کو دور کرنے کے لئے اسپند جلانا ۔

اُسپُوت ۔ اسپوس (ف ۔ مذکر) خزاں کے آخری مہینے کا نام ۔

اِسپیچ (انگ ۔ مؤنث) ! تقریر جلسوں ۔ دعوتوں اور مجلسوں میں جو تقریر کی جائے ۲ وکلا کی بحث

اِسپیشل (انگ ۔ صفت) خاص ۔ مخصوص (اصل سپیشل) **اسپیشل ٹرین** (مؤنث) ایک مکمل ریل گاڑی جو کسی خاص جگہ یا آدمی کے لئے مخصوص ہو ۔ **اسپیشل کلاس** (مذکر) ایک درجہ جو تھیئٹر میں اول درجے سے اوپر ہوتا ہے ۔

اِسپیکر (انگ ۔ مذکر) تقریر کرنے والا ۔ مقرر ۔ لیکچرار (اصل سپیکر)

اِسپینیل (انگ ۔ مذکر) ایک قسم کا ولایتی کتا جس کے بال اور کان لمبے ہوتے ہیں ۔ پنیر (اصل سپینیل)

اَسَت (س ۔ صفت) ! غیر صحیح ۔ بے اصل ۔ جھوٹا ۔ بے بنیاد ۔ مصنوعی ۔ جعلی ۔ مغالطہ دہ ۲ ناپاک ۔ فاسق ۔ لامذہب ۔ بے دین ۔ ملحد ۳ ناانصاف ۔

نا منصف۔ **است بھاکنا یا پھانکنا** (متعدی) جھوٹ بولنا۔ جھوٹ بنانا۔ **استنیہ** (صفت) ۱ جھوٹا بے ایمان۔ ادھری ۲ جھوٹ۔ دروغ۔

اَست (ف۔ حال) ہے (بودن ہونا)

اَست (س۔ مذکر) ۱ سورج یا اجرام فلکی کا ڈوبنا یا غروب ہونا ۲ مغرب ۳ گھر ۴ ساتواں نکشتر۔ **است ہونا** (لازم) غروب ہونا۔ ڈوبنا۔ غائب ہوجانا روپوش ہونا۔ **استاچل** (مذکر) مغربی پہاڑ جن کے پیچھے سورج غروب ہوتا معلوم ہوتا ہے۔

اَسِتَ (س۔ صفت) ۱ سیاہ ۲ (مذکر) سیاہ رنگ ۳ قمری مہینے کا آخری نصف ۴ بدی ۵ تاریکی اور جادو کا دیوتا ۶ کشپ کی نسل سے ایک شخص جس پر رگ وید کے چند منتر اترے ہیں۔ اسے دیول بھی کہتے ہیں ۷ بھرت کا ایک بیٹا ۸ ایک رشی ۹ ایک پہاڑ۔ **اَستا** (مؤنث) ۱ رات ۲ ملازمہ جو عورتوں میں کام کرے ۳ ایک اپسرا ۴ کرشن کی ایک بیوی ۵ دریائے چناب۔ **استمرگ** (مذکر) ایک رشی کا نام۔ **استوَد** (مذکر) ایک بیل۔

اَستارہ ۔ مذکر) نائی۔ غالباً استاد کا بگڑا ہوا ہے۔

اِستادہ (ف۔ مذکر) ۱ خیموں کا کھڑا ہونا (کرانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ خیمے اور شامیانوں کی چوب ستون (استادن۔ کھڑا ہونا) **استادگی** (مؤنث) ۱ کھڑا ہونا۔ قیام ۲ مضبوطی۔ پائیداری ۳ آلہ تناسل کا سخت ہونا (پانا۔ ہونا کے ساتھ) **استادہ** (صفت) ۱ کھڑا ہوا۔ قائم ۲ (مذکر) دیکھو استادہ ۲ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اُستاد (ف۔ مذکر) ۱ سکھانے والا۔ معلم۔ مدرس۔ آخوند۔ ادیب۔ پاٹھک میاں جی ۲ کامل فن۔ آزمودہ کار یا ماہر شخص۔ گرو۔ پیر۔ مرشد ۳ رنڈیوں۔ طوائفوں کو ناچ گانا سکھانے والا شخص ۴ کسی پیشہ ور کو پیشہ سکھانے والا شخص ۵ دوست (صفت) چالاک۔ ہوشیار۔ سیانا۔ پکّا (س ستا۔ کھڑا ہونا) **استادِ اَزَل** (مذکر) ۱ قسمت ۲ خدا۔ **استاد کرنا** (متعدی) کسی فن میں کسی کو اپنا معلم بنانا۔ **استادِ ہفت آسمان** (مذکر) مشتری۔ **استاد ہونا** (لازم) ماہر فن ہونا۔ **استادی** (مؤنث) مہارت۔ چالاکی۔ عیاری۔ **استادی کا دم بھرنا** (لازم) اُستاد ہونے کا دعوےٰ کرنا۔

امثال وغیرہ۔ اُستاد بیٹھے پاس تو کام آئے راس ۔ اگر ماہر فن موجود ہو تو کام بہت اچھا ہوتا ہے۔ **اُستاد حجام نائی ہیں اور میرا بھائی گھوڑی اور گھوڑی کا بچھیرا اور مجھ کو تو آپ جانتے ہی ہیں** ۔ اُس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو بہت سے حصے لینا چاہے۔

اُستاذ (ع۔ مذکر) اُستاد کا معرب۔

اَستار (ع۔ مذکر) ستر کی جمع۔ نقابیں

اِستار (ف۔ مذکر) ساڑھے چار مثقال کا ایک وزن۔

اُستانی (اُردو۔ مؤنث) ۱ معلمہ۔ آتون ۲ اُستاد کی بیوی (یہ لفظ ہندوستان کی ایجاد ہے۔ اور اُستاد سے بنایا گیا ہے)

اِستِباق (ع۔ مذکر) دوڑ میں مقابلہ۔ ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا (سَبَق۔ آگے بڑھ جانا)

اِستِبداد (ع۔ مذکر) ۱ خودمختاری۔ مطلق العنانی ۲ ضد۔ ہٹ۔ استقلال کسی کام کو کراکر چھوڑنا (بَدّ۔ جُدا کرنا) **اِستِبدادی** (صفت) وہ جو پرانی باتوں کو پسند کرے اور ملک میں نئی باتوں کے رواج دینے کا حامی نہ ہو۔

اِستِبداع (ع۔ مذکر) ۱ نیا یا عجیب سمجھنا ۲ کوئی نئی چیز پیدا کرنا (بَدَعَ۔ نئی چیز شروع کرنا)

اِستِبدال (ع۔ مذکر) بدلنا (بَدَلَ بدلنا کسی چیز کو)

اِستَبدھ (س۔ صفت) غیر مضبوط ناپائدار۔ بے قابو۔ **اَستَبدھتو** (مذکر) ناپائداری خود پر قابو نہ ہونا۔

اِستِبرا (ع۔ مذکر) ۱ بریت صفائی ۲ کسی کام سے ہاتھ دھونا کسی بات سے خلاصی چاہنا ۳ عورت کا طلاق کے بعد تین مہینے تک دوسری شادی کے لئے انتظار کرنا۔ تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ وہ حاملہ ہے یا نہیں (بَرَأَ۔ آزاد ہونا)

اِستِبراز (ع۔ مذکر) باہر نکلنا (بَرَزَ۔ ظاہر ہونا)

اِستَبرَق (ع۔ مذکر) ایک ریشمی کپڑا جس میں سنہری پھول وغیرہ بنے ہوئے ہوں (بَرَقَ۔ چمکنا)

اِستِبشار (ع۔ مذکر) خوشخبری سنانا یا خوشخبری پر خوش ہونا (بَشَرَ۔ خوش ہونا)

اِستِبصار (ع۔ مذکر) احتیاط سے ملاحظہ کرنا۔ دیکھنا۔ غور کرنا (بَصَرَ۔ دیکھنا)

اِستِبضاع (ع۔ مذکر) فروخت کے لئے اشیا جننا

اِستِبعاد (ع۔ مذکر) ۱ کسی کو دور خیال کرنا ۲ گوشہ نشین ہونا۔ کنارہ کش ہونا (بُعد۔ دور ہونا)

اِستِبہام (ع۔ مذکر) ۱ مبہم ہونا۔ معلق ہونا۔ مشکوک ہونا ۲ گونگا ہونا (بَہَمَ۔ چھپانا)

اُستُت (س۔ مؤنث) ۱ تعریف۔ آفرین صفت۔ وصف۔ سراہنا ۲ حمد و ثنا۔ ستائش۔ پرستش عبادت۔ بندگی ۳ مناجات۔ عرض۔ پرارتھنا۔ ادداس ۴ بھجن۔ حمد۔ ثنا۔ مدح ۵ (ہ) وہ چیز جو گانے کے شروع میں گائی جائے۔ اور اس میں معرفت کے مضامین ہوں۔ **استت کرنا** (متعدی) حمد کرنا۔ حمد و ثنا کرنا بھجن گانا۔

اُستُتِ (س۔ مؤنث) تعریف نہ کرنا مذمت۔

اِستِتار (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو چھپانا ۲ اخفا (سَتَرَ۔ ڈھانپنا)

اِستِتباع (ع۔ مذکر)۔ کسی کو پیچھے آنے کے لئے کہنا یا چاہنا۔ تواتر تسلسل (تَبِعَ پیچھے آنا)

اِستِثقال (ع۔ مذکر) ۱ بوجھ تکلیف ۲ تقاضا۔ اصرار ۳ دباؤ (ثقل۔ بھاری ہونا)

اِستِثنا (ع۔ مؤنث) علیحدہ یا الگ کرنا۔ ترک کرنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (ثَنَیَ۔ تہ کرنا)

استثنائی (صفت) ۱ ترک شدہ۔ خاص۔

اِستِجابت (ع۔ مؤنث) ۱ قبولیت جواب ۲ دعا کو سننا اور قبول کرنا ۳ درخواست لینا۔ (اَجَابَ۔ جواب دینا) **استجابت دُعا** (مؤنث) دعا کی قبولیت۔

اِستِجارت (ع۔ مؤنث) مدد مانگنا۔ (اَجَارَ۔ حفاظت کرنا)

اِستِجازت (ع۔ مؤنث) اجازت مانگنا۔ رخصت مانگنا (اَجَازَ۔ اجازت دینا)

اِستِجزاز (ع۔ مذکر) قابل درو ہونا۔

اِستِجلاب (ع۔ مذکر) کوئی چیز مانگنا۔

اِستِجہال (ع۔ مذکر) جاہل اور ان پڑھ جاننا

اِستِحاضہ (ع۔ مذکر) بہت حیض

آنا۔ بوقت حیض آنا (حاض۔ ماہواری خون آنا)

اِستحالہ (ع۔ مذکر) ۱ حالت کا بدلنا۔ تبادلہ۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں ہوجانا ۲ محال۔ دشوار۔ ناممکن۔ بیہودہ غیر مطابق۔ غیر حقیقی ہونا یا سمجھنا ۳ غذا کا تحلیل ہوجانا۔ غذا کا معدے میں صفرا سے مل کر حل ہوجانا (حال۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں جانا) **استحالۂ کیمیائی** (مذکر) دو یا زیادہ چیزوں کا کیمیائی طریقے سے مل کر ایک نئی مختلف الخواص صورت پیدا کر دینا۔ جیسے آکسیجن اور ہائیڈروجن مل کر پانی ہوجاتا ہے۔

اِستحباب (ع۔ مذکر) ۱ دوستی پیدا کرنا ۲ کارِ ثواب (حبّ۔ پیار کرنا)

اِستحداث (ع۔ مذکر) کوئی نئی بات کرنا یا لانا (حدث۔ واقع ہونا)

اِستحداد (ع۔ مذکر) ۱ موئے زہار مونڈنا ۲ تیزی (حدّ۔ تیز کرنا)

اِستحسار (ع۔ مذکر) تھک جانا (حسر تھک جانا)

اِستحسان (ع۔ مذکر) ۱ نیک گننا۔ تعریف کرنا ۲ پسندیدگی۔ تعریف (حسن۔ خوبصورت ہونا)

اِستحصاف (ع۔ مذکر) ۱ مستقر ہونا۔ قائم ہونا ۲ قسمت کا بُرا ہونا۔

اِستحصال (ع۔ مذکر) حاصل کرنا۔ حاصل کرنے کی خواہش۔ حصول (حصل۔ لینا) **اِستحصال بالجبر** (مذکر) ۱ زبردستی حاصل کرنا۔ ڈرا دھمکا کے کوئی چیز لے لینا ۲ (قانون) جب چیز لینے کے وقت لینے والا مالک کے سامنے موجود ہو۔

اِستحضار (ع۔ مذکر) ۱ بلانا۔ حاضری کا حکم دینا۔ سمن بھیجنا ۲ حاضری (حضر۔ موجود ہونا)

اِستحفاظ (ع۔ مذکر) یاد رکھنے کی خواہش کرنا ۲ کسی چیز کی حفاظت کرنے کی خواہش ظاہر کرنا۔

اِستحقار (ع۔ مذکر) حقارت سے پیش آنا۔ نفرت کرنا۔ بُرا سمجھنا۔ بدنام کرنا (حقر۔ نفرت کرنا)

اِستحقاق (ع۔ مذکر) ۱ حق طلب کرنا۔ انصاف چاہنا ۲ طلبی۔ مطالبہ۔ تقاضا۔ مانگ ۳ حق۔ اختیار۔ ادھکار۔ دعوے ۴ قابلیت۔ لیاقت۔ خوبی۔ **استحقاقِ استثنائی** (مذکر) حق خصوصی۔ ایک نادر قسم کا حق۔ **استحقاقِ اعادۂ وراثت** (مذکر) وراثت کے حق کے قابض کے بعد وراثت کا اصلی وارث کی طرف عود کرنا۔ **استحقاقِ امتناع** (مذکر) روکنے یا منع کرنے کا حق۔ **استحقاقِ انفکاک رہن** (مذکر) رہن سے چھڑانے کا حق۔ **استحقاق بذریعۂ ہبہ** (مذکر) حق جو ہبہ نامہ کے ذریعے عطا کیا جائے یا ہبہ نامہ کی وجہ سے حاصل ہو۔ **استحقاقِ ترکہ** (مذکر) وراثت کا حق۔ متوفی کی جائداد کے لینے کا حق۔ **استحقاقِ ترکہ بلا وصیّت** (مذکر) جو شخص بغیر وصیّت کے مرجائے اس کی جائداد لینے کا حق۔ **استحقاقِ تشخیص جمع** (مذکر) لگان یا مالگزاری مقرر کرنے کا حق۔ **استحقاقِ تقدیم خریداری** (مذکر) حقِ شفع۔ **استحقاقِ تقسیم** (مذکر) جائداد کو حصوں میں تقسیم کرانے کا حق۔ **استحقاقِ جائز** (مذکر) حق جو از روئے قانون حاصل ہو۔ **استحقاق جتانا** (متعدی) حق جتانا۔ حق کا مدعی ہونا۔ **استحقاقِ حفاظت خود اختیاری** (مذکر) اپنی حفاظت کرنے کا حق۔ اپنی حفاظت کے لئے کسی کو ضرر پہنچانے کا حق۔ **استحقاق حین حیات** (مذکر) دورانِ زندگی میں حق۔ **استحقاقِ خریداری بہ نیلام** (مذکر) نیلام میں خرید کرنے سے جو حق پیدا ہو۔ **استحقاقِ دائمی** ہمیشہ کے لئے کاشتکاری کا حق۔ **استحقاقِ دائمی تقسیم** (مذکر) جائداد کو حصوں میں تقسیم کرانے کا حق۔ **استحقاقِ درباب حقیّت** (مذکر) قبضے کے متعلق قانونی حق۔ **استحقاقِ دعوے** (مذکر) پہلا حق۔ حق کی فوقیت۔ **استحقاقِ دعوے ابتدائی** (مذکر) دعوے کرنے کا اصل حق۔ **استحقاقِ ذاتی** (مذکر) ذاتی حق۔ حق متعلقہ ذات خود۔ **استحقاقِ رہن** (مذکر) حق جو رہن کے ذریعے پیدا ہو۔ **استحقاقِ شفع** (مذکر) وہ حق جو قربت جائداد کی وجہ سے ہو۔ حق شفع۔ **استحقاقِ عصوبت** (مذکر) بقایا کے متعلق حق۔ **استحقاقِ قانون** (مذکر) وہ حق جو قانون کی رو سے درست ہو۔ **استحقاقِ قائم بالوجود** (مذکر) ایسا حق جو حقدار کی زندگی سے وابستہ ہو۔ (حق۔ ثابت کرنا کسی چیز کا) **استحقاقِ قائم بالوجودِ شرطی** (مذکر) آخری حق کسی شرط کے ساتھ۔ **استحقاقِ قائم مقامی** (مذکر) دوسری جگہ پیش ہونے کا حق۔ **استحقاقِ قائمہ** (مذکر) عطا کیا ہوا حق۔ **استحقاقِ قبضہ** (مذکر) قبضہ کرنے کا حق۔ قبضے میں لینے کا حق۔ **استحقاقِ قدامت** (مذکر) رواجی حق۔ حق جو رواج سے قائم ہوگیا ہو۔ **استحقاقِ کامل** (مذکر) پورا حق۔ **استحقاقِ مالکانہ** (مذکر) مالک ہونے کی حیثیت سے حق۔ ملکیت کا حق۔ **استحقاقِ ملکیّت مخالفانہ** (مذکر) مخالفانہ قبضے سے جو حق پیدا ہوجائے۔ **استحقاقِ مرتہنی** (مذکر) حق جو رہن کی وجہ سے پیدا ہوجائے۔ **استحقاقِ مزارعانہ** (مذکر) کاشتکاری کا حق۔ **استحقاقِ مستقل** (مذکر) حق دائمی۔ **استحقاقِ مشروط** (مذکر) ایسا حق جس کے ساتھ کوئی شرط وابستہ ہو۔ **استحقاقِ موروثی** (مذکر) ایسا حق جو نسلاً بعد نسلاً جاری رہے۔ **استحقاقِ نالش** (مذکر) نالش کرنے کا حق۔ **استحقاقِ ناقص** (مذکر) ایسا حق جس میں کوئی نقص ہو۔ **استحقاقِ نفاذ** (مذکر) ۱ آمدورفت کا حق ۲ کسی حق کا استعمال۔ **استحقاقِ نیلام واری** (مذکر) نیلام سے جو حق پیدا ہوجائے۔ نیلام کرنے کا حق۔ **استحقاقِ واقعی** (مذکر) حق۔ اصلی حق۔ **استحقاقِ وراثت** (مذکر) وارث ہونے کی وجہ سے حق۔ **استحقاقِ وراثتِ آئندہ** (مذکر) وراثت کے قابض کے مرنے کے بعد پھر حق کا قابض سابق کی طرف رجوع کرنا۔

اِستحکام (ع۔ مذکر) مضبوطی۔ پختگی۔ استواری۔ کڑاپن۔ سختی۔ پائداری۔ قیام (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (حکم۔ روکنا) **استحکام دینا** (متعدی) ۱ مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا ۲ تائید کرنا ۳ بحال کرنا ۴ تصدیق کرنا۔ جائز بنانا۔

اِستحلاف (ع۔ مذکر) کسی چیز کو حلال سمجھنا (حلّ۔ جائز ہونا)

اِستحلال (ع۔ مذکر) حلال سمجھنا۔

اِستحلاء (ع۔ مذکر) ۱ عزّت کرنا ۲ میٹھا سمجھنا (حلی۔ میٹھا سمجھنا)

اِستحمام (ع۔ مذکر) گرم پانی میں دھونا یا نہانا۔

اِستحواذ (ع۔ مذکر) قابو کرنا۔ زیر کرنا۔

اِستحیا (ع۔ مذکر) ۱ شرمندہ ہونا ۲ حیا کرنا ۳ زندہ چھوڑنا۔ بچانا (حیّ۔ شرمندہ ہونا)

اِستخارہ (ع۔ مذکر) ۱ کوئی کام کرنے میں ایک طریقِ خاص سے اشارۂ غیبی چاہنا ۲ سُنّی شب کو نماز کے بعد دعائے استخارہ پڑھ کے سو رہتے ہیں۔ تاکہ خواب میں کوئی اشارہ ہوجائے ۳ اہلِ شیعہ دُعا پڑھ کے تسبیح کے ایک حصّے کو پکڑ کے گنتے ہیں۔ اور دو دانوں کو طرح دیتے ہیں۔ طاق سے اجازت اور جفت سے ممانعت ہوتی ہے ۴ عیسائی انجیل میں سے اشارہ لیتے ہیں ۵ ہندوؤں میں مختلف طریقے ہیں۔ بعض نجومیوں سے دریافت کرتے ہیں۔ چھینک جانور یا کسی شخص کے ملنے یا بولنے وغیرہ سے اشارہ لیتے ہیں (خیر۔ منتخب کرنا کسی چیز کو) **اِستخارہ آنا** (لازم) استخارے کا اجازت دینا۔ **اِستخارہ دیکھنا یا کرنا**

(متعدی) کوئی کام کرنے میں اشارۂ غیبی چاہنا۔ **استخارۂ ذات الرقاع** (مذکر) ایک کاغذ پر کرو اور دوسرے پر نہ کرو لکھ کر مُصلّے کے نیچے رکھ دیتے ہیں۔ نماز کے بعد ایک کو نکال لیتے ہیں۔ **استخارے کا بہتر آنا۔ راہ یا گواہی دینا** (لازم) استخارے کا اجازت دینا یا حسب خواہش آنا۔ کسی کام کے کرنے کے لئے خدا کی طرف سے اشارہ ہونا۔ **استخارے کا مانع ہونا** (لازم) استخارے کا اجازت نہ دینا یا مانع ہونا۔ **استخارے کا واجب آنا** (لازم) کسی بات کی اجازت آنے کے بعد اس کے ترک پر ممانعت آنا۔

اِستخبار (ع۔ مذکر) پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ تفتیش کرنا۔ نصیحت پوچھنا (خبر۔ جاننا)

اِستخدام (ع۔ مذکر) ۱ کسی شخص سے خدمت لینا۔ کام پر لگانا ۲ ملازمت کی تلاش کرنا۔ ملازمہ " (خدم۔ نوکری کرنا)

اِستخراج (ع۔ مذکر) ۱ نکالنے کی خواہش کرنا۔ نکال دینا۔ جلا وطن کرنا ۲ کسی بات کا نکالنا ۳ (علم منطق) وہ عمل جس سے قاعدہ مقررہ کی تحقیق کے لئے تجربہ کر کے دیکھیں کہ آیا یہ قاعدہ صحیح ہے یا نہیں (خرج۔ باہر جانا)

اِستخفاف (ع۔ مذکر) ۱ ہلکا سمجھنا۔ خفیف سمجھنا۔ سبکی۔ حقارت ۲ شرمندگی۔ خفت۔ ۳ آزادی کی کوشش کرنا۔ خلاصی چاہنا (خف ہلکا ہونا)

اِستخلاص (ع۔ مذکر) ۱ چھڑانے کی کوشش کرنا ۲ رہائی۔ خلاصی۔ چھٹکارہ۔ آزادی (خلص۔ بے میل ہونا)

اُستخوان (ف۔ مذکر) ہڈی۔ **استخوان بند** (مذکر) چپٹی لکڑی جو ٹوٹی ہوئی ہڈی کے باندھنے کے کام آتی ہے۔ **استخواں بندی** (مؤنث) ٹوٹی ہوئی ہڈی کو لکڑی سے باندھنا۔ **استخواں فروشی** (مؤنث) اپنے مرے ہوئے بزرگوں کی بدولت خود عزت چاہنا یا کچھ مانگنا۔

اِستدامت (ع۔ مؤنث) ۱ مداومت چاہنا ۲ آرام چاہنا۔ امن چاہنا ۳ سوچ سمجھ کر کام کرنا ۴ توجہ۔ محنت (دوم۔ جاری رہنا۔ ہمیشہ رہنا)

اِستدانت (ع۔ مؤنث) ۱ قرضہ لینا۔ قرض اُٹھانا ۲ دبا ہُوا قرضہ واپس مانگنا۔ وصولی قرضہ کے لئے عدالت میں دعوےٰ کرنا ۳ حصہ داری میں محدود ذمہ داری (دین۔ قرضہ دینا)

اِستدبار (ع۔ مذکر) ۱ پیچھے سے آنا ۲ نیک و بد سوچنا (دبر۔ پیٹھ پھیرنا)

اِستدراج ۱ آہستہ آہستہ آگے بڑھنا یا ہٹنا ۲ آہستہ آہستہ کسی کو ہٹانا ۳ خرقِ عادت بات جو کافر سے ظاہر ہو۔ خلافِ معمول عمل یا تعجب خیز بات جو غیر مسلم سے ظاہر ہو۔ مسلمان سے ہو تو معجزہ یا کرامت (درج۔ قدم بقدم جانا)

اِستدراک (ع۔ مذکر) ۱ پانا۔ درک حاصل کرنا۔ پہنچنا۔ جا پکڑنا ۲ سمجھنا۔ ذہن نشین کرنا ۳ تدارک کرنا (درک۔ پہنچنا) **حرفِ استدراک** (مذکر) تدارک کرنے والا حرف جیسے لیکن۔ پر۔ مگر۔ اِلّا۔

اِستدعا (ع۔ مؤنث) درخواست۔ گزارش۔ عرض۔ التجا۔ التماس (دعو۔ تلاش کرنا) **استدعا کے موافق** (تعف) درخواست کے مطابق۔ جیسا کہ التجا تھی۔

اِستدقاق (ع۔ مذکر) باریک۔ دُبلا یا پتلا ہونا (دق۔ باریک ہونا)

اِستدلال (ع۔ مذکر) دلیل لانا۔ سند لانا۔ ثبوت پیش کرنا (دل۔ رستہ دکھانا)

اَستر (ف۔ مذکر) ۱ وہ بچہ جو خچر کے پیٹ سے پیدا ہو ۲ دُہرے یا روئی دار کپڑے کے نیچے کی تہ۔ **استر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) استر سیا جانا۔ **استرکاری** (مؤنث) اینٹوں کی دیوار پر چونے وغیرہ کا پلستر یا لیپ لپائی۔ **استرکاری کرنا** (متعدی) لپائی کرنا پلستر کرنا۔ **استر لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) استر سیا جانا۔

اَسترس (ف۔ مذکر) ۱ پھینکنے والا ہتھیار۔ تیر۔ نیزہ ۲ کوئی ہتھیار ۳ ایک منتر جو کتابیں پڑھنے سے پہلے پڑھتے ہیں۔ **استر دھاری** (صفت) ۱ مسلح۔ ہتھیار بند ۲ (مذکر) مسلح آدمی۔ **استر سنستر** (مذکر) اسلاح۔ ہتھیار۔ **استر دِدیا** (مذکر) علم اسلاح علم حرب۔ **استر وید** (مذکر) علم اسلاح و حرب۔ **استرہین** (صفت) ۱ غیر مسلح۔ نہتّا۔ بے ہتھیار ۲ بے ہتھیار آدمی۔

اَسترا (ہ۔ مذکر) نائی۔

اُسترا (ف۔ مذکر) دیکھو اُسترہ۔

اِستراحت (ع مذکر) آرام۔ آسائش چین۔ سُکھ (فرمانا کے ساتھ) **استراحت پذیر ہونا** (لازم) آرام کرنا۔ سونا (روح۔ آرام کرنا)

اِستراق (ع۔ مذکر) ۱ چوری کرنا۔ اُڑا لیجانا ۲ چھپ کر سُننا (سرق۔ چرانا)

اِسترجاع (ع۔ مذکر) ۱ بیماری یا تکلیف میں خُدا کی طرف رجوع کرنا ۲ **اِنّا لِلّٰہِ وَ اِنّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن** پڑھنا (رجع۔ واپس ہونا۔ لوٹنا)

اِسترجال (ع۔ مذکر) ۱ گھوڑے سے اُترنے کے لئے کہنا ۲ پیدل چلنا۔

اِسترخا (ع۔ مذکر) لٹکنا۔ ڈھیلا ہونا

اِسترخاص (ع۔ مذکر) ۱ سستا خریدنا۔ سستا سمجھنا ۲ چلا جانا۔ رخصت ہونا۔

اِسترداد (ع۔ مذکر) ۱ منسوخ کرنا۔ رد کرنا ۲ کسی چیز کی واپسی چاہنا ۳ انکار کرنا ۴ واپس دینا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **استرداد نیلام** (مذکر) سرکاری طور پر نیلام کی منسوخی۔

اِسترداف (ع۔ مذکر) سوار سے کہنا کہ ۲ پیچھے بٹھا لے۔

اِسترزاق (ع۔ مذکر) رزق مانگنا۔

اِسترسال (ع۔ مذکر) بالوں کا لٹکنا۔

اِسترضا (ع۔ مؤنث) رضامندی۔ رضا مرضی۔ قبولیت۔ منظوری (رضو۔ خوش ہونا)

اِسترضاع (ع۔ مذکر) دایہ کی تلاش کرنا۔

اِسترقاق (ع۔ مذکر) ۱ غلام بنانا ۲ دُبلا ہونا۔

اِسترک (ع۔ مذکر) سلاجیت۔ سلارس

اِسترواح (ع۔ مذکر) آرام پانا یا ڈھونڈنا

اُستروں (ف۔ مذکر) جمع اُسترہ کی۔ **اُستروں کی مالا** (مؤنث) تکلیف دہ بات۔

اُسترہ (ف۔ مذکر) بال مونڈنے کا اوزار یا آلہ۔ **استرہ پھرنا** (لازم) **استرہ پھیرنا یا لگانا** (متعدی) چہرے سے روئیں یا اکا دُکا بال اُسترے سے صاف کرنا (یہ ان لوگوں کے متعلق ہے جو ڈاڑھی رکھتے ہوں) **اُسترہ لگنا** (لازم) ۱ اُسترہ پھرنا ۲ اُسترے سے خراش ہو جانا۔ **اُسترہ لینا** (متعدی) موئے زہار کا اُسترے سے مونڈنا۔

اِسترہاب (ع۔ مذکر) ڈرانا۔

اِسترہان (ع۔ مذکر) یرغمال مانگنا۔

اِستری (ہ۔ مؤنث) لوہے یا پیتل کا

آکر جیسے گرم کرکے کپڑوں کا شکن نکالتے ہیں) کرنا۔ ہونا
کے ساتھ) (س ستری۔ پھیلانا)
اِستری (ہ۔ مونث) زوجہ۔ بیوی۔
جورو۔ عورت۔ **استری بُزرگ یا جات** (مذکر) صنف
نازک۔ عورت ذات۔ **استری دھن** (مذکر) وہ روپیہ
جو عورت کا باپ شادی پر عورت کو دیتا ہے۔ منکوحہ عورت
کی جائداد۔ جہیز۔ **استری کرنا** (متعدی) شادی کرنا۔
بیاہ کرنا۔ **استری گامی** (مذکر) وہ مرد جو عورتوں کے
پیچھے پھرے۔ زانی۔ **استری لنگ** (صرف و نحو)
صیغہ مونث۔
اَسٹریا (انگ۔ مذکر) جدید سیارات خورد
میں سے ایک سیارہ۔
اِستزارت (ع۔ مونث) آنے کے لئے کہنا
اِستزلال (ع۔ مونث) ٹھوکر مارنا
اِستسرار (ع۔ مذکر) چھپا ہونا۔
اِستسعاد (ع۔ مذکر) ۱ خوشی چاہنا۔
خوش قسمت ہونا ۲ خوش قسمت۔ مبارک یا اقبالمند سمجھنا ۳
ہر ایک کو اچھا سمجھنا (سَعَد۔ خوش ہونا) ۴ خوش یا خوش قسمت
سمجھنا ۵ مدد مانگنا۔
اِستسقا (ع۔ مذکر) ۱ پیاس لگنا ۲
ایک مرض کا نام۔ جالندھر۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔
استسقائے زِقی (مذکر) وہ استسقا جس میں پیٹ
کے پردوں میں پانی بھر جاتا ہے۔ یہ گردے کے کمزور ہونے
کی وجہ سے ہوتا ہے۔ اور پیشاب نالی سے نکلنے
میں جانے کی بجائے رس رس کر پیٹ میں جمع ہوجاتا
ہے۔ **استسقائے طبلی** (مذکر) وہ [illegible] میں
بجائے پانی کے ہوا بھر جاتی ہے۔ **استسقائے لحمی**
(مذکر) وہ استسقا جس سے تمام اعضا میں ورم ہوجائے۔
اِستسلام (ع۔ مذکر) دوسرے کا
حکم یا رائے ماننا۔
اِستسمان (ع۔ مذکر) ۱ موٹا سمجھنا ۲
گھی یا چربی مانگنا۔
اِستسہال (ع۔ مذکر) آسان ہونا
بنانا یا سمجھنا۔
اِستشارہ (ع۔ مذکر) ۱ مشورہ لینا۔
صلاح لینا ۲ سوچنا ۳ مشورہ۔ صلاح ۴ کسی معاملے
کے متعلق لوگوں کی رائے جو بذریعہ ووٹ حاصل کی جائے
(شُوَر۔ صلاح دینا)

اِستشام (ع۔ مذکر) سونگھنا (فرمانا
کے ساتھ) (شَمّ۔ سونگھنا)
اِستشراف (ع۔ مذکر) ۱ دیکھنے کے
لئے سر اٹھانا ۲ آنکھوں پر ہاتھ رکھنا کہ روشنی سے نہ
چندھیائیں ۳ کسی چیز کے اچھا ہونے کی شہادت دینا ۴
اِستشعار (ع۔ مذکر) ڈرنا۔ گر ڈر کو چھپانا
اِستشغار (ع۔ مذکر) حیض کو روکنا۔
اِستشفاع (ع۔ مذکر) سفارش
کرنے کے لئے کہنا۔
اِستشمام (ع۔ مذکر) سونگھنے کی
کی خواہش کرنا۔
اِستشہاد (ع۔ مذکر) ۱ گواہوں کو
بلانا ۲ ثبوت ۳ شہادت لانا۔ شہادت سننا یا لینا ۵
شہید ہونا۔ شہادت پانا (شَہِدَ۔ شہادت پانا)
اِستصباح (ع۔ مذکر) ۱ چراغ کا گل
کترنا ۲ چراغ مانگنا۔
اِستصحاب (ع۔ مذکر) میل جول رکھنا
صحبت میں بیٹھنا۔
اِستصراف (ع۔ مذکر) خدا سے
مصیبت روکنے کی دُعا مانگنا۔
اِستصلاح (ع۔ مذکر) کسی بات کو
عوام کی بہتری کے لئے اختیار کرنا (صَلَحَ۔ موزوں ہونا)
اِستصماع (ع۔ مذکر) گوند نکالنا۔
اِستصناع (ع۔ مذکر) ۱ بیگار لینا
زبردستی کام کرانا۔ زبردستی نوکری لینا ۲ بیگار (صَنَعَ۔ بنانا)
اِستصواب (ع۔ مذکر) ۱ رائے لینا
مشورہ لینا ۲ (قانون) عدالت ماتحت کا عدالت بالا سے
کسی مشتبہ قانونی امر میں استفسار کرنا ۳ کسی ماتحت
کا اپنے افسر سے کسی معاملے کے متعلق جس کی اسے سمجھ
نہ آتی ہو استفسار کرنا (صَوَبَ۔ رائے کو درست پانا)
اِستضعاف (ع۔ مذکر) کمزور پانا
اِستطار (ع۔ مذکر) لکھنا۔ خاکہ اتارنا۔
اِستطاعت (ع۔ مونث) بساط
دسترس۔ حیثیت۔ مقدور۔ قدرت۔ طاقت۔ استعداد۔
(طَوَعَ۔ مطیع ہونا)
اِستطالت (ع۔ مونث) ۱ قوت
طاقت ۲ ممکن ۳ تعمیل ۴ تابعداری۔ اطاعت ۵
سہارا۔ آسرا۔

اِستطراد (ع۔ مذکر) ۱ ارادۃً کسی چیز
کا اور پانا کوئی چیز ۲ دکھاوے کے لئے پیچھے ہٹ
جانا ۳ وقوع۔ واقعہ۔
اِستطراف (ع۔ مذکر) کوئی نئی چیز
پیدا کرنا۔ کسی چیز کو نیا سمجھنا۔
اِستطلاع (ع۔ مذکر) اطلاع حاصل
کرنا۔ دریافت کرنا۔
اِستطلاق (ع۔ مذکر) پیچش دست آنا
اِستظلال (ع۔ مذکر) ۱ سائے میں
بیٹھنا یا بیٹھنے کی خواہش کرنا ۲ خود اپنی حجامت
کرنا ۳ لٹکنا۔
اِستظہار (ع۔ مذکر) ۱ امداد طلب کرنا
۲ مدد۔ امداد۔ سہارا ۳ طاقت۔ قوت ۴ یاد آنا ۵ زبانی
دُہرانا (ظَہَرَ۔ ظاہر ہونا)
اِستعادہ (ع۔ مذکر) ۱ دوہرانا ۲
واپس آنا ۳ عادت بنانا۔ عادی ہونا۔
اِستعاذہ (ع۔ مذکر) پناہ مانگنا۔
اِستعار (ع۔ مذکر) ۱ جلنا۔ دہکنا
۲ پھیلنا۔ **اِستعارات** (ع۔ مذکر) جمع استعارہ۔
اِستعارہ (ع۔ مذکر) علم بیان کی اصطلاح
میں حقیقی اور مجازی معنوں کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہونا ۲
مضاف الیہ کو مضاف سے تشبیہ ہونے کی حالت میں
مضاف کو استعارہ کہتے ہیں (عَوَرَ۔ مستعار لینا)
استعارہ بالتصریح (مذکر) استعارہ بالتصریح میں
مشبّہ بعینہٖ مشبّہ بہ قرار دیا جاتا ہے۔ اسی واسطے دونوں
میں سے مشبّہ بہ کا ذکر کرتے ہیں۔ جیسے صنم یا بُت کہیں
اور معشوق مراد لیں۔ **استعارہ بالکنایہ** (مذکر) جب
مشبّہ مذکور اور مشبّہ بہ متروک ہو تو مشبّہ کو استعارہ بالکنایہ
کہتے ہیں۔ جیسے مصرعہ ہمارے قتل کرنے کو نگاہ یار کافی ہے
میں نگاہ کو تیر سے استعارہ کیا ہے۔ پس نگاہ استعارہ
بالکنایہ ہے۔ **استعارۂ تخییلیہ** (مذکر) جب مشبّہ بہ
ترک کیا جائے۔ تو جس قرینے سے وہ سمجھ آتے اسے
استعارۂ تخییلیہ کہتے ہیں۔ جیسے مصرعہ بالا میں نگاہ کو
تیر کے ساتھ استعارہ کیا ہے۔ جو مشبّہ بہ ہے۔ اور
متروک ہے۔ قتل کرنا جو قرینہ ہے اس سے سمجھا جاتا
ہے قتل کرنا استعارۂ تخییلیہ ہے۔
اِستغاثت (ع۔ مونث) امداد چاہنا۔

مدد مانگنا۔ ۲ مدد۔ امداد۔ سہارا۔ اعانت (غَوْن۔ مدد کرنا)

اِستِعباد (ع۔ مذکر) غلام بنانا یا سمجھنا

اِستِعجاب (ع۔ مذکر) حیرت تعجب۔ حیرانگی۔ اچنبھا۔ تحیّر (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (عَجَب۔ حیران ہونا) اِستِعجاباً (تنف) حیرت سے۔

اِستِعجال (ع۔ مذکر) ۱ جلدی کرنا دوسروں سے جلدی چاہنا ۲ عجلت۔ جلدی۔ شتابی۔ پھرتی۔ تیزی (عَجَل۔ جلدی کرنا)

اِستِعجام (ع۔ مذکر) چپ رہنا۔ جواب نہ دینا۔ صاف نہ بول سکنا۔

اِستِعداد (ع۔ مؤنث) ۱ قابلیت لیاقت۔ علمی مادہ ۲ آمادگی۔ مستعدی۔ تیاری ۳ دماغی قوت۔ فطری صلاحیت۔ ذہنی قوت (عَدّ۔ تیار کرنا)

اِستِعصام (ع۔ مذکر) گلے لگانا۔

اِستِعطاف (ع۔ مذکر) مہربانی چاہنا۔ لطف کی خواہش کرنا۔

اِستِعظام (ع۔ مذکر) اچھا سمجھنا۔

اِستِعفا (ع۔ مذکر) ۱ عفو چاہنا۔ معافی مانگنا ۲ اصطلاحاً نوکری ترک کرنے کی درخواست (دینا۔ لینا کے ساتھ) اِستِعفا منظور یا قبول کرنا (متعدی) ترک نوکری کی درخواست کو مان لینا (عَفو۔ مٹانا)

اِستِعفاف (ع۔ مذکر) حرام سے پرہیز کرنا۔

اِستِعلا (ع۔ مذکر) برتری۔ فضیلت۔ فوقیت۔ ترقی مانگنا یا چاہنا (عَلو۔ بلند ہونا)

اِستِعلاج (ع۔ مذکر) سخت ہونا۔

اِستِعلام (ع۔ مذکر) خبر دریافت کرنا۔

اِستِعلان (ع۔ مذکر) ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا (عَلَن۔ مشہور ہونا)

اِستِعمار (ع۔ مذکر) لوگوں کو نئی جگہ آباد کرنا۔

اِستِعمال (ع۔ مذکر) ۱ کام میں لانا۔ برتنا۔ عمل میں لانا ۲ عمل۔ کار۔ کام۔ برتاؤ (آنا۔ کرنا۔ لانا۔ ہونا کے ساتھ) (عَمَل۔ کام کرنا) استعمال شدہ (صفت) کام میں لائی ہوئی چیز۔ استعمالی (صفت) ۱ استعمال شدہ۔ مستعمل۔ اُتری ہوئی ۲ قابلِ استعمال **استعمالی چاول** (مذکر) ایک خاص قسم کے چاول جو کچھ عرصہ رکھنے کے بعد استعمال کئے جاتے ہیں۔

اِستِغاثہ (ع۔ مذکر) ۱ نالش کرنا ۲ دعوےٰ کرنا۔ فریاد ۳ داد خواہی ۴ (قانون) نالش کرنا۔ فوجداری مقدمات میں استغاثہ کہلاتا ہے۔ اور دیوانی میں دعوےٰ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (غَوث۔ مدد کے لئے پکارنا) **استغاثہ تحریری** (مذکر) لکھ کر درخواست عدالت میں پیش کرنا۔ **استغاثہ دائر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) عدالت میں جا کر نالشی ہونا۔

اِستِغارب (ع۔ مذکر) ۱ حیران ہونا ۲ حیرت

اِستِغراب (ع۔ مذکر) ۱ بہت سراہنا یا تعریف کرنا ۲ تعجب۔ حیرت۔ تحیّر۔ حیرانی (غَرَب۔ کسی چیز کا عجیب ہونا)

اِستِغراق (ع۔ مذکر) ۱ غرق ہو جانا۔ ڈوب جانا ۲ کسی خیال یا فکر میں ڈوب جانا۔ محو ہو جانا ۳ خدا کی یاد میں محو ہونا ۴ (قانون) جائداد کو ادائے قرض کے لئے ذمہ دار کر دینا (غَرَق۔ ڈوبنا)

اِستِغشاش (ع۔ مذکر) جھوٹا اور ریاکار سمجھنا۔

اِستِغفار (ع۔ مذکر) ۱ بخشش مانگنا توبہ کرنا ۲ توبہ ۳ مسلمانوں کی دعا گناہوں کی معافی کے لئے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (غَفر۔ معاف کرنا)

اَستَغفِرُ (ع۔ متعدی) میں مغفرت چاہتا ہوں۔ اَستَغفِرُاللہ۔ مغفرت چاہتا ہوں میں اللہ سے۔ توبہ۔ نفرت اور انکار کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ **استغفراللہ ہمارا کیا مُنہ ہے کہ کچھ دیں۔** ہم کچھ نہیں دے سکتے۔

اِستِغلاظ (ع۔ مذکر) کپڑے کو موٹا پا کر خریدنے سے انکار کرنا۔

اِستِغلال (ع۔ مذکر) نوکروں کو غلّہ لے جانے کا حکم دینا۔ غلّہ لینا۔

اِستِغنا (ع۔ مذکر) ۱ ضرورت سے آزاد ہونا۔ بے نیازی۔ بے پروائی ۲ امارت۔ تونگری ۳ قناعت۔ صبر (غِنیٰ۔ ضرورت سے آزاد ہونا) **استغنا حاصل ہونا** (لازم) بے پروائی ہونا۔

اِستِغنام (ع۔ مذکر) مال غنیمت لینا

اِستِفادَہ (ع۔ مذکر) ۱ فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اُٹھانا ۲ فائدہ۔ نفع۔ مفاد (فَود۔ فائدہ اُٹھانا)

اِستِفاضَہ (ع۔ مذکر) فیض پانا۔ فائدہ اُٹھانا۔ نفع پانا (فَاض۔ بہت ہونا)

اِستِفاقہ (ع۔ مذکر) بیماری نشے۔ غشئے یا پاگلپن سے افاقہ ہونا۔

اِستِفتا (ع۔ مذکر) ۱ فتویٰ چاہنا۔ مسئلہ دریافت کرنا ۲ وہ کاغذ جس پر لکھ کر فتویٰ دریافت کیا جائے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فتوےٰ۔ فیصلہ دینا۔ بموجب شرع کے)

اِستِفتاح (ع۔ مذکر) ۱ مدد مانگنا ۲ کھولنا ۳ فتح کرنا (فَتح۔ کھولنا)

اِستِفراز (ع۔ مذکر) چست بنانا۔ پھسلا دینا

اِستِفراغ (ع۔ مذکر) قے کرنا۔ قے (فَرَغ۔ ڈالنا) **استفراغ اِمتلائی** (مذکر) وہ قے جو پیٹ بھرے ہونے سے ہو۔ **استفراغ وبائی** (مذکر) وہ قے جو وبا کے دنوں میں ہو۔

اِستِفسار (ع۔ مذکر) ۱ سوال کرنا پوچھنا۔ دریافت۔ سوال ۲ تفتیش ۳ تلاش۔ رجوع۔ حال (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فَسَر۔ سمجھانا)

اِستِفہام (ع۔ مذکر) ۱ سمجھنے کی خواہش کرنا ۲ دریافت کرنا۔ کسی بات کا پوچھنا (فَہم۔ سمجھانا) **استفہام استخباری یا حقیقی** (مذکر) جس سے صرف دریافت کرنا مقصود ہو۔ جیسے تم کیا کرتے ہو۔ **استفہام اقراری** (مذکر) جس سے ثبوت پایا جائے۔ سوال بعنوان نفی ہوتا ہے۔ جیسے کہتے کیوں نہیں۔ **استفہام انکاری** (مذکر) جس سے نفی مقصود ہوتی ہے جیسے تم یہ کام کیوں کرتے ہو۔ **استفہام مجازی** (مذکر) جس میں سوال کی نقیض معلوم ہوتی ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ اقراری اور انکاری۔ **استفہامی** (صفت) سوالی۔

اِستِقامَت (ع۔ مؤنث) ۱ سیدھا کھڑا ہونا۔ اپنے آپ کو سیدھا رکھنا ۲ کسی امر پر مضبوط رہنا ۳ استقلال۔ قیام۔ پائداری۔ مضبوطی (قَوَم۔ کھڑا ہونا) **استقامت پذیر ہونا** (لازم) ٹھیرنا۔ قیام کرنا۔

اِستِقبال (ع۔ مذکر) ۱ آگے جانا۔ آگے بڑھنا ۲ پیشوائی۔ مہمان کو لینے کے لئے آگے بڑھنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ (صرف و نحو) زمانہ آئندہ۔ مستقبل ۴ آفتاب اور مہتاب کا مقابل میں ہونا۔ جو قمری مہینے کی چودھویں تاریخ کو ہوتا ہے (قُبَل۔ آگے آنا) **استقبال اعتدالین** (مذکر) وہ نہایت ہلکی حرکت جس سے نقطۂ اعتدال ہر سال پچاس ثوانی آگے

بڑھتا جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے اعتدال ربیعی برج حوت میں اور اعتدال خریفی برج سنبلہ میں منتقل ہوگیا ہے۔ جب پہلے پہل جنتری بنی تھی تو یہ نقطے برج حمل اور برج میزان میں تھے۔ **اِستقبالِ قمرین یا نیرین** (مذکر) استقبال اعتدالین کا وہ حصہ جو سورج اور چاند کے متفقہ اثر پر منحصر ہوتا ہے۔

اِستِقدام (ع۔ مذکر) آگے جانا۔ آگے جانے کی خواہش کرنا۔

اِستِقرا (ع۔ مذکر) ۱ تلاش کرنا۔ پیروی کرنا ۲ جمع کرنا۔ تتبع کرنا ۳ (اصطلاح منطق) وہ عمل جس سے کسی چیز کے چند افراد پر کوئی تجربہ کر کے اس کے کل افراد پر وہی قاعدہ حادی کریں (قَرَاَ۔ پڑھنا)

اُستقرائی سیاسیات (مذکر) وہ علم سیاست جو واقعات پر مبنی ہو۔

اِستِقرار (ع۔ مذکر) ۱ قرار پانا۔ ٹھیرنا قائم ہونا۔ طے ہونا ۲ تصدیق۔ اظہار (قَرَّ۔ پکا رہنا۔ آرام کرنا) **استقرارِ حق** (مذکر) کسی حق کا قائم ہونا۔ **استقرارِ حق کا دعوے** (مذکر) عدالت میں دعوے کرنا کہ حق کی تصدیق ہو جائے۔

اِستِقراض (ع۔ مذکر) قرضہ لینا۔

اِستِقصا (ع۔ مذکر) ۱ کوشش کر کے علم حاصل کرنا ۲ شوقِ تحقیق ۳ کسی چیز کی آخری حد۔

اِستِقلال (ع۔ مذکر) ۱ ثابت قدمی ضبط و تحمل ۲ ثبات۔ پائداری۔ قیام۔ استحکام (قَلَّ۔ اٹھانا) **استقلال سے کام لو**۔ ضبط و تحمل کرو۔

اِستِقواس (ع۔ مذکر) بڑھاپے کی وجہ سے کبڑا ہونا۔

اِستِکانت (ع۔ مونث) اطاعت۔ فرمانبرداری۔

اِستِکبار (ع۔ مذکر) غرور۔ فخر۔ زعم تکبر۔ عجب۔ گھمنڈ۔ مان (کَبَرَ۔ بڑا ہونا)

اِستِکتاب (ع۔ مذکر) لکھنے کا حکم دینا۔ لکھوانا۔

اِستِکثار (ع۔ مذکر) بہت مانگنا۔ بہت خواہش کرنا۔ بہت پانا۔

اِستِکراہ (ع۔ مذکر) نفرت۔ کراہیت اکراہ۔ تنفر۔ گھن (کَرِہَ۔ ناپسند کرنا)

اِستِکشاف (ع۔ مذکر) کسی چیز کے اظہار یا انکشاف کی خواہش کرنا۔ اظہار انکشاف۔ ظہور۔ تصریح۔ توضیح (کَشَفَ۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا)

اِستِکمال (ع۔ مذکر) تکمیل چاہنا۔ کمال پر پہنچانا۔ کمالیت۔ تکمیل (کَمُلَ۔ کامل ہونا)

اِستِلال (ع۔ مذکر) سونتنا کھینچنا۔

اِستِلحاق (ع۔ مذکر) متبنے بنانا۔

اِستِلذاد (ع۔ مذکر) چکھنا۔

اِستِلزام (ع۔ مذکر) لازم کرنا۔ ضروری بنانا۔ ضرورت۔ لزوم۔ وجوب۔ فرض (لَزِمَ۔ ضروری ہونا)

اِستِلقا (ع۔ مذکر) چت گرنا۔

اِستِماع (ع۔ مذکر) سننا۔ گانا سننا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (سَمِعَ۔ سننا)

اِستِمالت (ع۔ مونث) ۱ دلجوئی۔ خوشامد ۲ لوگوں کو مل کر انہیں کسی کام کے کرنے کے لئے استدعا کرنا (کرنا کے ساتھ) (مَیَلَ۔ جھکنا)

اَستَمبھ (ھ۔ مذکر) استون۔ کھمبہ۔ پیل پایہ ۲ درخت کا تنہ۔

اِستِمتاع (ع۔ مذکر) ۱ لطف اٹھانا مزے اڑانا ۲ تیوہار منانا ۳ عورت کی صحبت سے لذت حاصل کرنا (مَتَعَ۔ لطف اٹھانا)

اِستِمداد (ع۔ مونث) مدد چاہنا یا مانگنا۔ مدد کی درخواست (کرنا کے ساتھ) (مَدَّ۔ پھیلنا)

اِستِمرا (ع۔ مذکر) کھانا ہضم کرنا۔

اِستِمرار (ع۔ مذکر) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی دوام (مَرَّ۔ جاری ہونا) **استمرار دار** (مذکر) دائمی کاشتکار یا پٹہ دار۔ **استمراری** (صفت) ۱ دائمی۔ ہمیشہ کے لئے ۲ (مونث) دوامی لگان۔ **استمراری بندوبست** (مذکر) دوامی بندوبست جیسا لارڈ کارنوالس نے بنگال میں کیا تھا۔ **استمراری پٹہ** (مذکر) ایسا پٹہ جو ہمیشہ کے لئے دیا جائے۔ **استمراری پٹہ دار** (مذکر) جو شخص دائمی پٹہ پر زمین لے۔ **استمراری جمع** (مذکر) لگان جو ہمیشہ کے لئے مقرر کیا جائے۔ **استمراری مقرر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ہمیشہ کے لئے لگان مقرر ہونا۔

اِستِمزاج (ع۔ مذکر) عندیہ لینا۔ مرضی دریافت کرنا۔ رائے معلوم کرنا (کرنا لینا کے ساتھ) (مَزَجَ۔ ملنا)

اِستِمساک (ع۔ مذکر) روکنا۔ پکڑنا۔

اِستِملاح (ع۔ مذکر) اچھا۔ خوشگوار یا خوبصورت سمجھنا۔

اِستِملال (ع۔ مذکر) تھکنا۔ ناراض ہونا۔ کسی چیز کو تکلیف دہ پانا۔

اِستِمہال (ع۔ مذکر) تاخیر چاہنا۔ وقت مانگنا۔

اِستِناد (ع۔ مذکر) سند پکڑنا (کرنا کے ساتھ) (سَنَدَ۔ جھکنا)

اِستِنباط (ع۔ مذکر) نکالنا۔ چننا۔ ایک سے دوسری بات نکالنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (نَبَطَ۔ نکالنا)

اِستِنجا (ع۔ مذکر) بول و براز کے بعد پانی سے دھونا۔ ڈھیلے سے صاف کرنا۔ آبدست لینا۔ طہارت کرنا (نَجَوَ۔ بدن میں سے نکلنا) **استنجا سے استنجا لڑانا** (متعدی) زنا کرنا۔ **استنجا گھر املنا** (لازم) آپس میں بے تکلفی ہونا۔ **استنجے کا ڈھیلا** (مذکر) ۱ وہ مٹی کا ڈھیلا جس سے طہارت کریں ۲ (تعن) نکما۔ ناکارہ بے عزت ذلیل۔

اِستِنجاز (ع۔ مذکر) وعدہ ایفا کرنے کے لئے کہنا۔

اِستِنزال (ع۔ مذکر) ۱ نیچے بھیجنا ۲ اپنی جگہ سے نیچے آنا۔

اِستِنساخ (ع۔ مذکر) نقل کرنا لکھنا

اِستِنشاق (ع۔ مذکر) ۱ وضو کرتے ہوئے نتھنوں میں پانی چڑھانا ۲ ہوا نتھنوں میں کھینچنا۔ خوشبو سونگھنا (نَشَقَ۔ ناک میں چڑھانا)

اِستِنصاد (ع۔ مذکر) مدد مانگنا۔

اِستِنطاق (ع۔ مذکر) طاقتِ گویائی دینا۔ دوسرے کو بلانے کی کوشش کرنا۔

اِستِنظاف (ع۔ مذکر) تمام لے لینا صاف سمجھنا۔

اِستِنقاذ (ع۔ مذکر) ۱ چھڑانا ۲ آزاد کرنا ۳ دور رکھنا۔

اِستِنقاع (ع۔ مذکر) ۱ پیاس بجھانا ۲ پانی میں بھگونا ۳ پانی کا جمع ہو کر سڑ جانا۔

اِستِنکاف (مذکر۔ ع) انکار کرنا۔ نامنظور کرنا

(**اِستِوا** (ع۔ مذکر) ۱ برابر ہونا۔ برابری ۲ (خط کے ساتھ) وہ دائرہ جو مشرق سے مغرب تک قطبین

کے عین درمیان میں کھینچ کر کرۂ زمین کو دو برابر حصوں میں
تقسیم کر دیتا ہے (سَوِی۔ برابر ہونا) اِستوائی قطر (ذکر)
وہ قطر جو مرکز زمین سے گزرتا ہوا خط استوا سے مل جائے۔
اس کی لمبائی ۷۹۲۶ اعشاریہ ۵ میل ہے۔

اُستوار (ف۔ صفت) مضبوط۔ پائدار۔
مستحکم۔ پکا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) اُستواری (مؤنث)
مضبوطی۔ پائداری۔ استحکام۔

اُستوہ (ف۔ صفت) ۱ تھکا ہوا
ماندہ ۲ مغموم ۳ مصیبت زدہ ۴ (مؤنث) تھکاوٹ ۵
غم ۶ مصیبت۔

اُستوِیست (س۔ صفت) بکھرا ہوا
منتشر۔ پریشان۔ درہم برہم۔ پراگندہ۔

اُستھِ (س۔ ذکر) ہڈی۔ استخوان۔ اَستھی
(ھ۔ ذکر) ہڈی۔

اَستھاپن (ھ۔ ذکر) مندر میں بُت
کو نصب کرنا۔ استھاپن (ذکر) ۱ کھڑا کرنا۔ نصب کرنا۔
لگانا۔ قائم کرنا ۲ تعین۔ تقرر۔ استحکام۔ بندبست۔ ٹھیراؤ۔
ٹھکانہ ۳ ملازمت۔ نوکری۔

اِستہام (ع۔ ذکر) قرعہ ڈالنا۔

اَستھان (ھ۔ ذکر) ۱ جگہ۔ مقام۔ ٹھکانا
۲ مسکن۔ آستانہ۔ گھر۔ ڈیرہ۔ جائے سکونت ۳ ہندو
سادھوؤں کے رہنے کی جگہ ۴ دیوتاؤں کی جگہ۔ مندر (س
ستھان) استھان دینا (متعدی) رکھنا۔ دھرنا۔ جگہ
قرار دینا۔ اتارنا۔ گھر میں جگہ دینا۔

اَستھاوَر (س۔ صفت) ۱ غیر محکم۔
ناپائیدار۔ بے ٹھکانا۔ بے ثبات۔ بیقرار۔ جسے قیام
نہ ہو ۲ حرکت کرنے والا۔ ہلنے والا۔

اَستِھت (س۔ صفت) ۱ نہ لگا ہوا
۲ مفرور کیا ہوا ۳ غیر یقینی ۴ متزلزل۔ متذبذب۔

اِستہداد (ع۔ ذکر) کچھ مانگنا۔ ہدایت چاہنا

اِستہداف (ع۔ ذکر) ۱ نشانہ بننا
۲ سیدھا ہونا۔

اَستِھر (س۔ صفت) ۱ بے ٹھکانے۔
بیقرار ۲ ناقابل اعتبار۔ بیوفا ۳ بے آرام۔ بے چین۔
۔ استھرتا (مؤنث) مضبوطی۔ استواری۔ پکا پن۔ استحکام
ثابت قدمی۔ مستعدی۔ ثبات۔ دوام۔ مداومت۔
قیام۔ قرار۔

اِستھِر (ھ۔ صفت) کھڑا ہوا۔ بند
بے حرکت۔ ساکن۔ رُکا ہوا۔ استوار۔ مضبوط۔ پکا۔

اِستہزا (ع۔ ذکر) ٹھٹھا کرنا۔ تمسخر۔
ہنسی۔ تضحیک (ہزء۔ ٹھٹھا کرنا کسی کو)

اَستھل (ھ۔ ذکر) جگہ۔ مقام۔ ٹھکانا
جائے ۲ ستھان۔ زمین۔ خشک زمین۔ فقیر کی جگہ۔
دھرم سالہ جہاں ایک مہنت کے ماتحت بہت سے
سادھو رہیں۔

اِستہلاک (ع۔ ذکر) کسی کی ہلاکت
یا نقصان کا جویا رہنا (ہُلک۔ برباد کرنا)

اِستہلال (ع۔ ذکر) ہلال کا نکلنا
نئے چاند کا چڑھنا (ہَلّ۔ ظاہر ہونا)

اِستہوا (ع۔ ذکر) ۱ جادو کرنا ۲ مفتون
کرنا ۳ حیران کرنا۔

اُستھیرج (ھ) اُستھیریہ (س۔ ذکر)
۱ ناپائداری۔ بے ثباتی ۲ بے وفائی۔ بے اعتباری۔

اِستیمان (ع۔ ذکر) مدد مانگنا۔

اِستیناس (ع۔ ذکر) انس پیدا کرنا

اِستیناف (ع۔ ذکر) کسی مذہبی
کام کو دوبارہ شروع کرنا جس کی ادائیگی میں کسی وجہ سے خلل
پڑ جائے (اَنف۔ رُکنا کسی کام سے)

اَستی (س۔ صفت) ۱ بیوفا۔ بدکار
(عورت) ۲ (مؤنث) بدکار عورت۔ بیوفا استری۔

اَستی (ھ۔ صفت) ۱ بے طاقت۔ ناتواں
ضعیف۔ بے بس ۲ (ذکر یا مؤنث) ناکارہ یا ناتواں شخص
ضعیف شخص۔ سست شخص۔

اَستی۔ اَستیی (ھ۔ صفت) ۱ بیوفا۔
جھوٹا ۲ (ذکر) جھوٹا آدمی۔ کاذب۔

اِستیاق (ع۔ ذکر) چلانا۔ دھکیلنا۔

اِستیثاق (ع۔ ذکر) کسی چیز کو پکا
چاہنا۔ پکا بنانا۔

اِستیجاب (ع۔ ذکر) قابل ہونا۔
لائق ہونا (وجب۔ پابند ہونا)

اِستیحاش (ع۔ ذکر) تکلیف ہونا
ڈرنا۔ غمگین ہونا۔

اِستیداع (ع۔ ذکر) جمع کرانا۔
امانت رکھنا۔

اِستیساع (ع۔ ذکر) کھلا ہونا۔

اِستیساق (ع۔ ذکر) جمع ہونا۔ مکمل
ہونا۔ ٹھیک ہونا۔

اِستیصال (ع۔ ذکر) جڑ سے اکھاڑنا
قلع قمع کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)
(اَصل۔ جڑ دار ہونا)

اِستیضاح (ع۔ ذکر) ۱ وہ سوال
جو کسی بحث کے دوران میں اُٹھے ۲ دخل۔ مزاحمت۔
(وَضح۔ ظاہر ہونا)

اِستیعاب (ع۔ ذکر) ۱ کل چیز لینا
تمام لینا ۲ مکمل طور پر پڑھنا۔ اچھی طرح کسی مضمون کا
مطالعہ کرنا (وَعب۔ تمام لے لینا)

اِستیفا (ع۔ ذکر) ۱ مکمل طور پر تسلی کرنا
۲ تمام مطالبہ پورا کرنا یا کرانا ۳ استعفا۔ نوکری چھوڑ دینا۔
(وَفی۔ پورا ہونا)

اِستیفاز (ع۔ ذکر) پنجوں کے بل بیٹھنا

اِستیفاض (ع۔ ذکر) تیز دوڑنا۔
جلدی کرنا۔ جلدی کرانا۔

اِستیفاق (ع۔ ذکر) خدا سے مدد مانگنا

اِستیقاد (ع۔ ذکر) جلانا۔ روشن کرنا۔

اِستیقاظ (ع۔ ذکر) جاگنا۔

اِستیلا (ع۔ ذکر) غلبہ۔ تسلط۔ حکومت
اختیار (ولی۔ قابو میں رکھنا۔ مالک ہونا)

اِستیناس (ع۔ ذکر) ۱ بے تکلفی ۲
میل ملاپ۔ دوستی۔ ملاقات (اُنس۔ بے تکلف ہونا)

اِسٹابری (انگ۔ مؤنث) ایک انگریزی
پھل۔ ہندوستان کے پہاڑوں میں جنگلی حالت میں
ہوتا ہے۔

اِسٹاف (انگ۔ ذکر) ۱ عملہ۔ سررشتہ۔
گروہ۔ محکمہ کے ملازمین ۲ ڈنڈا۔ لاٹھی۔

اِسٹام۔ اِسٹامپ (انگ۔ ذکر)
۱ چھپا ہوا نقش جس کو سرکار تیار کرتی ہے۔ اور بیچتی
ہے۔ اور اس کو کسی چیز کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔ تاکہ معلوم
ہو کہ اس پر ٹیکس یا فیس ادا ہو چکی ہے۔ جیسے ڈاکخانے
یا مالگذاری کے سٹامپ یا ٹکٹ ۲ ہندوستان میں یہ
یہ لفظ عام طور پر ایک کاغذ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
جس پر نقش چھپا یا لگا ہوا ہوتا ہے۔ یہ کاغذ دستاویز کے کام
آتا ہے ۳ دستاویز (لکھنا کے ساتھ) (اصل سٹامپ)

اَسٹنٹ (انگ۔ ذکر) ۱ مددگار۔
معاون۔ ماتحت ۲ نائب۔ چھوٹا صاحب (اصل

اسسٹنٹ)

اِسٹوڈَن (انگ۔ مذکر) طالب علم (اصل سٹوڈنٹ)

اِسٹیٹ (انگ۔ مؤنث) ۱ ریاست راج۔ نواب یا راجہ کا علاقہ (اصل سٹیٹ) ۲ جاگیر۔ جائیداد غیر منقولہ۔ املاک (اَسٹیٹ)

اِسٹیج (انگ۔ مذکر) وہ چبوترہ جس پر تماشہ کرنے والے تماشہ یا تقریر کرنے والے تقریر کرتے ہیں (اصل سٹیج) **اِسٹیج منیجر** (مذکر) اسٹیج کا منتظم۔ وہ شخص جو سٹیج کی سجاوٹ وغیرہ کا انتظام کرتا ہے۔

اَسٹیروپ (انگ۔ مذکر) عنقود ثریا میں ایک ستارہ (علا)

اِسٹیشن (انگ۔ مذکر) ۱ پڑاؤ۔ مقام قیام یا ٹھیرنے کی جگہ ۲ وہ مکان جہاں ریل گاڑی مسافروں یا مال کے اتارنے یا چڑھانے کے لئے ٹھیرتی ہے (اصل سٹیشن)

اِسٹیشنری (انگ۔ مونث) دفتری لکھنے پڑھنے کا سامان۔

اِسٹیل (انگ۔ مذکر) فولاد (اصل سٹیل)

اِسٹیل پن (مذکر) فولاد کا قلم جس میں زبان اور ہولڈر فولاد کا ہوتا ہے۔

اِسٹیمر (انگ۔ مذکر) دخانی جہاز وہ جہاز جس کا انجن بھاپ سے چلتا ہے (اصل سٹیمر)

اسٹیمیٹ (انگ۔ مذکر) تخمینہ اندازہ۔

اسجاع (ع۔ مذکر) جمع سجع کی ۱ قافئے۔ شعر ۲ قمریوں کی کوکو۔

اِسجال (ع۔ مذکر) ۱ بھرنا ۲ دینا۔ اجازت دینا۔ حلال قرار دینا۔

اَسجن (س۔ صفت) ۱ نالائق۔ ناقابل ۲ بے جا۔ نامناسب ۳ نہ سچا۔ جھوٹا ۴ ادنے خاندان کا معمولی حیثیت کا جو خاندانی نہ ہو ۵ بدکار۔ بدنام۔

اُسجنا (ہ۔ لازم) ۱ جوش کھانا ۲ اُبلنا آہستہ کھولنا ۳ سنسنانا ۴ ہلکی آگ پر آبالنا یا پکانا۔

اَسچ (ہ۔ صفت) ناصاف۔ میلا۔ گدلا۔ گندا۔ ناپاک۔ غلیظ۔ **اَسچی** (مؤنث) گندگی غلاظت۔ ناپاکی۔ میل۔ نجاست۔

اَسحم (ع۔ مذکر) سیاہ۔

اِسخاط (ع۔ مذکر) ۱ سخت ناراض ہونا ۲ سنانا۔

اَسَد (ع۔ مذکر) ۱ شیر۔ باگھ ۲ آسمان کے بارہ برجوں میں سے ایک برج کا نام ۳ مرزا غالب شروع میں یہ تخلص کرتے تھے ۴ عربوں کا ایک قبیلہ جس میں سے امرء القیس تھا (اَسَد۔ حوصلہ دلانا) **اسد اصغر** (مذکر) ایک جدید صورت کوکبہ۔ **اَسَدُ الدَّولہ۔ اَسَدُ الدّین** (مذکر) خطاب تھے۔ **اَسَدُ اللہ** (مذکر) خدا کا شیر۔ حضرت علیؑ کا لقب۔ **اَسدیہ** (مذکر) شہاب ثاقب کی وہ جھڑی جو ۱۳۔ اور ۱۴ نومبر کو الجبہہ کی جانب سے آتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ یہ یوں تو ہر سال ہوتی ہے مگر تینتیس میں بہت عظیم الشان واقع ہوتی ہے۔ چنانچہ نومبر ۱۹۳۲ء میں ظہور میں آئی تھی۔

اِسدا (ع۔ مذکر) مہربانی کرنا۔

اَسدرش (صفت) ۱ غیر مشابہ۔ مختلف ۲ غیر موزوں۔

اَسدھ (س۔ صفت) ۱ غیر موثر۔ نامکمل ناتمام۔ ناقص ۲ کچا۔ سبز ۳ اچھی طرح نہ پکا ہوا (کھانا) ۴ بیمار۔ روگی ۵ جھوٹا۔ ادھرمی۔

اَسر (ع۔ مذکر) خلق کرنا۔ بنانا۔

اُسُر (س۔ مذکر) ۱ خبیث روح۔ جن۔ دیو۔ شیطان۔ یہ کشیپ اور دتی کی اولاد ہیں قطب جنوبی میں رہتے ہیں۔ اور اوّل درجے کے شیاطین میں شمار ہوتے ہیں۔ اور ہمیشہ دیوتاؤں سے جنگ و جدل میں مشغول رہتے ہیں۔ راکشس ان سے کمتر درجے کے ہیں ۲ راہو کا نام ۳ سورج ۴ بادل۔ **اسراس** (مذکر) ایک چھتری قوم۔ **اسر برہم** (مذکر) اسروں کا برہمن۔ **اسر دروہ** (مذکر) دیوتا۔ **اسر ویش** (مذکر) وشن جی۔ **اسر راج** (مذکر) اسروں کا راجہ۔ اسر کا نام۔ **اسر گرو** (مذکر) اسروں کا اُستاد۔ شکر ستارہ۔ **اُسری** (مؤنث) اسر کی بیوی دیوی۔ جنّہ۔

اَسَر (س۔ مذکر) ۱ کونا ۲ سر کے بال ۳ خون ۴ آنسو۔

اَسبر (س۔ مؤنث) ایک کروڑ۔

اِسَّر (ہ) دیکھو ایشور۔

اَسَّر (ہ) دیکھو اُوسر۔

اُسَر (س۔ مذکر) ۱ بیل ۲ روشنی کی کرن اسوین کا مہینہ۔ **اُسرا** (مؤنث) ۱ گائے ۲ کرن۔

اَسرار (ع۔ مذکر) سر کی جمع۔ راز بھید خفیہ باتیں۔ خفیہ امور۔ **اسرارِ خودی** (مذکر) علامہ اقبال کی مشہور فارسی نظم جس نے ایشیا کے ایک بڑے حصّے میں سوتے مسلمانوں کو جگا دیا ہے۔ **اسرارِ غیب** (مذکر) خدا کے بھید۔ رازِ الٰہی۔ **اسرارِ نہان یا نہانی** (مذکر) پوشیدہ بھید۔ خدائی راز۔

اِسرار (ع۔ مذکر) ۱ پنہاں رکھنا بھید چھپانا ۲ جن یا پری کا سایہ۔ آسیب (مَسَرَّ۔ خوش ہونا)

اِسراع (ع۔ مذکر) جلدی کرنا۔ **اسراع مَد** (مذکر) عام طور پر دوسرا مد ۲۴ گھنٹے اور ۵۱ منٹ کے بعد آتا ہے۔ لیکن جب سورج چاند اور زمین خط راست میں ہوں۔ تو ۱۳ منٹ پہلے واقع ہوتا ہے۔ اسے اسراع مد یا سرعت مد کہتے ہیں۔

اِسراف (ع۔ مذکر) ۱ ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا۔ فضول خرچی۔ خرچ بیجا۔ روپیہ اڑانا۔ دولت ضائع کرنا ۲ کسی کام میں یا کسی چیز کو حد سے زیادہ خرچ کرنا (سَرِفَ۔ غافل ہونا)

اِسرافیل (عبر۔ مذکر) ایک فرشتہ جو مسلمانوں کے عقیدے کے بموجب قیامت کے دن صور پھونکے گا۔ اور کل مخلوق نیست و نابود ہو جائیگی پھر کچھ عرصے کے بعد دوسری بار صور پھونکے گا تو تمام انسان جو شروع سے قیامت تک مرے ہیں زندہ ہو جائینگے۔

اَسرج (س۔ مذکر) خون۔ لہو۔

اَسردّھا (ہ۔ مؤنث) ۱ بے اعتباری بے اعتقادی۔ بدظنی۔ بھرم ۲ نفرت۔ تنفر۔ گھن۔ کراہیت

اَسرس (س۔ عص) بے سر مخلوقات یا ارواح۔

اَسرع (ع۔ صفت) بہت تیز۔

اَسرمل (ہ۔ مذکر) دیکھو اسپرمول۔

اَسرن (ہ۔ صفت) ۱ بے یار و مددگار بیکس۔ بیچارہ۔ بے وسیلہ ۲ غریب۔ کنگال۔

اُسرنا (ہ۔ لازم) ۱ پیچھے ہٹ جانا۔ پسپا ہونا ۲ جھجکنا۔ ٹھٹھکنا۔ کترانا ۳ ہٹا دیا جانا۔ برطرف کیا جانا ۴ جلدی سے ختم کرنا یا مکمل کرنا ۵ (پ) عمارت بننا۔

اِسرنج (ف۔ مذکر) سیندور۔ شنگرف

اَسرو (ہ۔ مذکر) ایک آنسو۔

اَسسٹنٹ (انگ۔ مذکر) ۱

مددگار۔ معاون۔ ۲ نائب۔ ماتحت ۳ یہ لفظ بہت سے عہدوں کے ساتھ لگایا جاتا ہے۔ اور اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ وہ افسر بڑے افسر کا نائب ہے جیسے اسسٹنٹ کلکٹر۔ اسسٹنٹ سرجن۔ اسسٹنٹ کمشنر۔ اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ اسسٹنٹ کنسرویٹر وغیرہ۔

اُسِشٹ (رہ۔ صفت) ۱ غیر تربیت یافتہ۔ نہ سکھلایا ہوا خراب طرح سے سکھایا ہوا ۲ بدتمیز۔ بدتہذیب۔ ناشائستہ۔ بداخلاق ۳ بےادب۔ گستاخ۔ بدکار۔ بدمعاش ۴ بےحیا۔ فحش۔ بدزبان۔

اَسطار (رع۔ مؤنث) سطر کی جمع۔ سطریں۔ سطور۔

اِسطار (رع۔ مذکر) کہانیاں۔ قصے۔ روایت۔

اِسطبل (رع۔ مذکر) طویلہ گھوڑوں کے رکھنے کی جگہ۔

اُسطرلاب (رع۔ مذکر) ایک آلہ جو پچھلے زمانے میں ستاروں اور سیاروں کی بلندی دریافت کرنے کے لئے استعمال ہوتا تھا۔

اُسطوان (رع۔ مذکر) ستون۔ کھمبا لاٹھ۔ پیل پایہ۔ اسطوان مُستدیر (مذکر) ایک لمبا گول ستون۔ ایک لمبا گول برتن یا آلہ جو بیچ میں سے خالی ہوتا ہے۔

اُسطوخودوس (رع۔ مذکر) ایک گھاس کی قسم جس کے پھول دواؤں میں کام آتے ہیں۔

اِسعاد (رع۔ مذکر) ۱ خوش کرنا ۲ برکت دینا ۳ مدد دینا۔

اِسعاف (رع۔ مذکر) بیوپار کو ترقی دینا۔

اَسعد (رع۔ صفت) سعید کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت خوش یا خوش قسمت۔

اِسغاب (رع۔ مذکر) بھوک اور افلاس برداشت کرنا۔

اَسف (رع۔ مذکر) ۱ غم کرنا ۲ بہت ناراض ہونا ۳ رنج۔ غم۔ اداسی۔

اَسفار (رع۔ مذکر) سفر کی جمع (اسباب) ۱ جانا ۲ سِفر کی جمع۔ کتابیں۔ تحریرات۔ نسخے۔ جلدیں۔ رجسٹرات۔

اِسفانج یا اِسفاناج (رع۔ مذکر) پالک

اَسفل (رع۔ صفت) سافل کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت کمینہ۔ رذیل۔ کم مرتبہ۔ نیچا یا فرومایہ۔ اسفل السافلین (مذکر) ۱ دوزخ کا سب سے نچلا حصہ ۲ رذیلوں میں سب سے زیادہ رذیل۔

اِسفنج (رع۔ مذکر) ۱ سپنج کا معرب ۲ ایک قسم کے چھوٹے چھوٹے کیڑے سمندر میں اپنا گھر بناتے ہیں۔ ان گھروں کو کاٹ کر نکال لیتے ہیں۔ بدن اور چیزوں کو صاف کرنے کے کام میں لاتے ہیں۔

اِسفند (رف۔ مذکر) ۱ دیکھو اسپند ۲ بارہویں مہینے کا نام۔ اسفندارمُذ (مذکر) ۱ بارہویں مہینے کا نام ۲ ہر مہینے کے پانچویں دن کا نام ۳ فرشتہ جو اس مہینے کا موکل ہے ۴ زمین۔

اِسقاط (رع۔ مذکر) ۱ گرانا۔ حمل ڈالنا (جانور کا) ۲ حمل گرانا (سقط۔ گرنا) اسقاطِ حمل (مذکر) حمل گرانا۔ اسقاطِ (حمل) کرانا (متعدی) ارادتاً حمل گرانا دوائیوں وغیرہ کے ذریعے سے حمل گروانا۔ اسقاطِ (حمل) ہونا (لازم) خودبخود حمل کا گر جانا۔

اَسقام (رع۔ مذکر) سقم کی جمع۔ بیماریاں ۲ نقائص۔

اِسقام (رع۔ مذکر) بیمار کر دینا۔

اِسکات (رع۔ مؤنث) چپ کرانا۔ ٹھنڈا کرنا۔ ساکت کرنا۔ سنانا (سکت۔ چپ ہونا) بجھانا۔

اِسکار (رع۔ مذکر) مدہوش کرنا۔

اِسکاف (رع۔ مذکر) ۱ موچی یا لوہار ہونا ۲ موچی۔ لوہار۔ پیشہ ور۔

اِسکان (رع۔ مذکر) ۱ سکون دینا۔ ۲ آرام دینا ۳ چپ کرانا ۴ حرف علت گرا دینا۔

اُسکانا (رہ۔ متعدی) بتی روشن کرنا۔ تحریک کرنا۔ جوش دلانا۔ ابھارنا۔

اِسکرو (رانگ۔ مذکر) اصل معنی پیچ۔ بوتل کا کاگ کھولنے کا پیچ۔

اُسکنا (رہ۔ لازم) دیکھو اکسنا

اُسکندھ (رہ۔ مذکر) کتاب کا ایک حصہ۔ کتاب۔ باب۔

اِسکوائر (رانگ۔ مذکر) بہادر۔ صاحب سردار۔ شرفا کے نام کے بعد لکھا جاتا ہے۔ لیکن جب پہلے مسٹر لکھا جائے تو اسکوائر نہیں لکھا جاتا (اصل سکوائر) سپر بردار)

اِسکورٹ (رانگ۔ مذکر) ہمراہی فوج یا پولیس یا چوکیدار۔ بدرقہ۔

اِسکول (رانگ۔ مذکر) مدرسہ۔ تعلیم گاہ ایسا مدرسہ جس میں انٹرنس تک تعلیم ہوتی ہو مگر یہ ضروری نہیں کہ پوری دس جماعتیں ہوں ۲ ایسے مدرسے جن میں دیگر خاص علوم کی تعلیم ہوتی ہو۔ مثلاً آرٹ سکول۔ انجنیری کا سکول (اصل سکول) اسکول ماسٹر (مذکر) اسکول کا اُستاد۔ مدرس

اَسکھ (رس۔ صفت) ۱ ناخوشی۔ رنج غم ۲ تکلیف۔ بیماری ۳ گھبراہٹ۔ بےچینی۔ بیقراری۔ اسکھی (صفت) رنجیدہ۔ غمگین وغیرہ۔

اَسکی (رت۔ صفت) ۱ پرانا۔ کئی شہروں کے نام کے پہلے آتا ہے۔ جیسے اسکی شہر۔ اسکی حصار۔ پرانے کھنڈرات کے لئے کسی نزدیک کے بڑے شہر کے نام کے آگے اسکی لگا دیتے ہیں۔

اَسکیولیپیس (ریو۔ عص) طب کا دیوتا اور اپولو کا بیٹا۔

اَسگُن۔ اَسگن (رہ۔ مذکر) بدشگونی بدفالی۔

اِسگندھ۔ اِسگندھ (رہ۔ مذکر) ایک پودہ جس کی جڑ سفید رنگ کی ہوتی ہے۔

اِسلا (رع۔ مذکر) آرام چین (سلو۔ آرام پانا)

اَسلاح (رع۔ مذکر) دیکھو اسلحہ۔

اَسلاف (رع۔ مذکر) سلف کی جمع اگلے وقت کے لوگ۔ بزرگان۔

اِسلاک (رع۔ مذکر) ایک چیز میں دوسری داخل کرنا۔

اِسلال (رع۔ مذکر) ۱ چوری ۲ تپدق ہونا ۳ تلوار کھینچنا۔

اِسلام (رع۔ مذکر) ۱ گردن جھکانا۔ اطاعت کرنا ۲ مسلمانوں کا مذہب (سَلم۔ امن میں آنا) اسلام قبول کرنا یا لانا (متعدی) مسلمان ہونا۔ اسلامی (صفت) متعلقہ مذہب اسلام۔ اسلامی نقطۂ نگاہ (مذکر) اس طریقے سے کسی معاملے کو سوچنا کہ جس سے مسلمانوں کا فائدہ متصور ہو۔

اَسل پُسل (ہ ۔ صفت) گھبرایا ہُوا ستٹ پٹایا ہُوا ۔ پریشان ۔ پراگندہ ۔ اسل پسل ہانا (لازم) گھبراجانا ۔ وغیرہ ۔

اَسلح (ع ۔ مذکر) دیکھو اسلاح ۔ اسلح کی جھنکار (مؤنث) ہتھیاروں کی آواز ۔

اَسلحہ (ع ۔ مذکر) سلاح کی جمع لڑائی کے ہتھیار ۔ سامانِ جنگ ۔ آلاتِ جنگ ۔ اسلحہ خانہ (مذکر) وہ مکان جس میں ہتھیار رکھے جائیں ۔

اَسلخ (ع ۔ صفت) ۱۔ گنجا ۲۔ بہت سُرخ ۔

اَسلَم (ع ۔ صفت) بہت محفوظ زیادہ محفوظ ۔

اُسلُوب (ع ۔ مذکر) ۱۔ ترتیب ۔ ڈھنگ سلسلہ ۔ انتظام ۲۔ طریقہ ۔ روش ۔ طرز ۔ طور ۔ وضع طرح ۳۔ راستہ ۔ راہ ۔ طریق ۴۔ کام کرنے یا چلن کا طریقہ ۵۔ شکل ۔ صورت ۶۔ مرکبات کے آخر میں جیسے خوش اسلوب (مَثَل لے لینا) اسلوب بندھنا (لازم) صورت پیدا ہونا ۔ راہ نکلنا ۔ اسلوب دار (صفت) ۱۔ باترتیب ۔ باقاعدہ ترتیب دار ۲۔ باسلیقہ ۔ اسلوب ہونا (لازم) طریقہ ہونا ۔

اِسم (ع ۔ مذکر) ۱۔ نام ۲۔ (صرف و نحو) وہ کلمہ جو کسی شخص ۔ چیز ۔ جگہ یا خاصیت کا نام ظاہر کرے ۔ اسم آلہ (مذکر) وہ اسم جو اوزار کے معنی دے ۔ جیسے چاقو تلوار ۔ اسم اعظم (مذکر) خدا کا بزرگ تر نام جو بعض مسلمانوں کے نزدیک اللہ ہندوؤں کے نزدیک اوم یہودیوں کے نزدیک جیہوا ہے ۔ اسم استفہام (مذکر) وہ اسم ہے جو پوچھنے کے محل پر بولا جائے ۔ جیسے کون ۔ اسم اشارہ (مذکر) وہ کلمہ جس سے اشارہ کریں ۔ جیسے یہ ۔ وہ ۔ اسم بامسمّٰی (مذکر) وہ شخص جس کے صفات اس کے نام کے مثل ہوں ۔ جیسا نام ویسا کام ۔ اسم تصغیر (مذکر) وہ اسم ہے جس کے معنوں میں کسی طرح کا چھوٹا پن پایا جائے ۔ جیسے دیگچی ۔ تھالی ۔ اسم تفضیل (مذکر) وہ اسم جس سے یہ ظاہر ہو ۔ کہ اس ذات کو جس پر وہ بولا گیا ہے غیر پر کسی معنی یا صفت میں فوقیت ہے ۔ اسم تنکیر (مذکر) اسم جزئی (مذکر) دیکھو اسم معرفہ ۔ اسم جامد (مذکر) وہ اسم ہے جو نہ کسی کلمہ سے نکلے نہ اس سے کوئی نکلے ۔ جیسے گدھا ۔ گھوڑا ۔ اسم جلالی (مذکر) خدا کا وہ نام جس سے شانِ جلالی کا ظہور ہو ۔ مثلاً جبّار ۔ قہار ۔ اسم جمالی (مذکر) خدا کا وہ نام جس میں شانِ رحمت کا اظہار ہو جیسے رحمٰن ۔ رحیم ۔ اسم جمع (مذکر) وہ اسم ہے جو مفرد ہے مگر معنی جمع کے دیتا ہے ۔ جیسے گروہ ۔ لشکر ۔ فوج ۔ اسم جنس (مذکر) دیکھو اسم نکرہ ۔ اسم خاص (مذکر) دیکھو اسم معرفہ ۔ اسم حالیہ (مذکر) وہ اسم ہے جس سے فعل کی حالت ظاہر ہو ۔ اسم ذات (مذکر) ۱۔ کنایتاً اللہ کا وہ نام جو اس کی ذات پر دلالت کرتا ہے ۲۔ (صرف و نحو) وہ اسم ہے جس سے کسی چیز کی حقیقت دوسروں سے الگ سمجھی جائے ۔ اسم زمان (مذکر) وہ اسم ہے جو وقت ظاہر کرے ۔ اسم صفت (مذکر) وہ اسم ہے جس میں کسی چیز کی حالت یا کیفیت ظاہر ہو ۔ اسم صوت (مذکر) وہ اسم ہے جس میں کسی طرح کی آواز کے معنی پائے جاتے ہیں ۔ اسم ضمیر (مذکر) وہ لفظ جو بجائے اسم کے استعمال کیا جائے ۔ جیسے وہ تو ۔ میں ۔ وغیرہ ۔ اسم ظرف (مذکر) وہ اسم ہے جس میں زمانے یا جگہ کے معنی پائے جائیں ۔ جیسے گھر ۔ کھیت ۔ اسم عام (مذکر) دیکھو اسم نکرہ ۔ اسم عدد (مذکر) وہ اسم ہے جس سے چیزوں کا شمار ظاہر ہو ۔ اسم علم ۔ وہ اسم ہے جو کسی شخص معین یا خاص چیز کا نام ہو ۔ اسم فاعل (مذکر) وہ اسم ہے جو اس کام کے کرنے والے کو ظاہر کرے جو مصدر میں پایا جاتا ہے ۔ اسم فرضی (مذکر) برائے نام یعنی فرضی نام ہے اصلیت کوئی نہیں ۔ اسم فعل (مذکر) وہ اسم جو فعل سے بنے ۔ اسم کثرت (مذکر) دیکھو اسم جمع ۔ اسم کلّی (مذکر) دیکھو اسم نکرہ ۔ اسم کیفیت (مذکر) وہ اسم ہے جس سے کیفیت ظاہر ہو ۔ جیسے سختی ۔ صحت ۔ خوشی ۔ اسم مبالغہ (مذکر) وہ اسم جو مبالغہ ظاہر کرے ۔ اسم مرّہ (مذکر) وہ اسم ہے جو اکائی ظاہر کرے ۔ اسم مشتق (مذکر) وہ اسم ہے جو مصدر سے بنا ہو ۔ اسم مصدر (مذکر) وہ اسم ہے جو کسی سے بنا نہ ہو ۔ مگر اس سے اور کلمات بنیں ۔ اسم مصغّر (مذکر) دیکھو اسم تصغیر ۔ اسم مضاف (مذکر) وہ اسم جو مضافی حالت میں ہو ۔ اسم معارف یا معاوضہ (مذکر) وہ اسم مشتق ہے جو کسی کام کی اجرت کے معنی دے ۔ اسم معرفہ (مذکر) وہ اسم ہے جو کسی خاص چیز مقام یا شخص کا نام ہو ۔ جیسے محمود ۔ لاہور ۔ اسم مفعول (مذکر) وہ اسم مشتق ہے ۔ جو اس شخص یا چیز کو ظاہر کرے جس پر کام واقع ہُوا ہو ۔ اسم معنٰی (مذکر) دیکھو اسم ذات ۔ اسم مکان (مذکر) وہ اسم جو جگہ یا مکان کو ظاہر کرے ۔ اسم مکبّر (مذکر) وہ اسم ہے جس میں اصلی حالت کی نسبت بڑائی پائی جائے ۔ اسم منسوب یا موصول (مذکر) وہ اسم ہے جو بغیر ملائے صلہ کے پورے معنی نہ دے سکے ۔ جیسے جو ۔ جوں ۔ اسم نکرہ یا نوع (مذکر) وہ اسم ہے جو کسی عام چیز پر بولا جائے یا جو ایک قسم کے تمام افراد کے لئے فرداً فرداً استعمال ہو سکے جیسے انسان ۔ گھوڑا ۔ درخت ۔ اسم نویسی (مؤنث) ۱۔ گواہوں کی فہرست ۲۔ وہ کاغذ جو نسبت کے رقعے سے پہلے لکھا جاتا ہے اور جس میں ضروری امور درج ہوتے ہیں ۳۔ حاضری کا کاغذ ۴۔ درج رجسٹر کرنا ۵۔ نام درج کرنے کا رجسٹر اسم نویسیِ گواہان (مؤنث) ۱۔ گواہوں کی فہرست ۲۔ درخواست گواہوں کی طلبی کے لئے ۔ اسم وار (ق ف) ناموں کی ترتیب سے فرداً فرداً ۔ اسم وصف (مذکر) دیکھو اسم صفت ۔ اسمی (صفت) ۱۔ برائے نام ۲۔ نامور ۳۔ نام رکھا گیا ۔ اسمیہ (صفت) جس میں اسم ہو ۔

اَسَم (س ۔ صفت) ۱۔ ناہموار ۔ اونچا نیچا غیرمساوی ۔ غیر مشابہ ۲۔ بے قاعدہ ۳۔ غیرمعمولی ۔ اَسَمان (صفت) دیکھو اسم ۔

اَسما (ع ۔ مذکر) اسم کی جمع ۔ نام ۔ اسمائے افعال (مذکر) وہ اسم جو فعلوں سے بنائے جائیں ۔ اسمائے حسنٰی یا عظمٰے (مذکر) خدا کے ننانوے نام ۔

اَسماپَت (س ۔ صفت) ناکمل ۔ ناتمام ادھورا ۔ اسماپَتن (اسم) ادھوراپن ۔

اَسمار (ع ۔ مذکر) سمر کی جمع ۱۔ وہ کہانیاں جو رات کو کہی جائیں ۔ رات کی گفتگو ۔ رات کے تماشے ۲۔ کہانیاں ۔ قصے ۔

اِسماع (ع ۔ مذکر) ۱۔ سُننا ۔ بیان کرنا ۲۔ بُرا بھلا کہنا ۔ ملامت کرنا ۳۔ قبول کرنا ۔ ماننا ۴۔ گانا ۔

اَسمان (س ۔ مذکر) بے عزتی ۔ بے حرمتی ۔

اَسمبَدھ (س ۔ صفت) نہ ملا ہُوا ۔ نہ ملایا ہُوا ۔ الگ ۔ جدا کیا ہُوا ۔

اسمبلی (انگ ۔ مونث) مجلسِ قانون ساز ۔

اَسمبھاوِت (س ۔ صفت) دیکھو اسمبھو ۔

اَسمبھاؤنا (س ۔ مؤنث) ۱۔ ادھوراپن ۲۔ خلاف قیاسی یا بعید الفہمی ۔ عدم احتمال ۔ ناواجبیت ۳۔ نامناسبت ۔ ناموافقت ۔ نامطابقت ۔ اختلاف ۴۔ عدم امکان ۔ محال ۵۔ ناگہانی بات ۶۔ بدبختی ۔ بدنصیبی ۔

اَسمبھَو (س ۔ صفت) ادھورا ۔ خلافِ قیاس وغیرہ ۔ دیکھو اسمبھاونا ۔

اَسمپُورن (س ۔ صفت) ناکمل ۔ ناقص

اَسمَّت (س ۔ صفت) اختلاف کرنے والا ۔ مخالف ۔ ناموافق ۔ برخلاف ۔ اَسمّت (مؤنث) اختلاف ۔ ناموافقت ۔ نفرت ۔ حقارت ۔

اَسمجھ (ہ ۔ صفت) نہ سمجھنے والا ۔

بے وقوف۔ لاپروا۔ غافل۔ نالائق۔

اَسمرِتنا (س۔ مؤنث) حافظے کی کمی بھول

اِسمرتِ۔ اِسمرتِ (ھ۔ مؤنث) ہندو دھرم۔ شاستر۔ قانون ہنود۔

اَسمَرن (س۔ مذکر) بھول جانا بھول۔

اَسَمنجَس (س۔ مذکر) ۱ شبہہ۔ شک۔ اشتباہ ۲ فرق۔ اختلاف۔ تفاوت ۳ (عص) سگر اور کیشنی کا لڑکا۔ جوانی میں بڑا عیاش تھا۔ اور اسے باپ نے نکال دیا تھا۔ مگر راجہ ہونے پر اس نے بہادری میں بڑا نام پیدا کیا۔ اور پنج جنا کے نام سے مشہور ہوا۔ انشمت کا باپ تھا۔

اَسموسا (ف۔ مؤنث) جنگلی گاجر۔

اَسَمئے (س۔ مذکر) ۱ تکلیف۔ مصیبت۔ بدقسمتی یا تنگی کا زمانہ ۲ ناموافق یا تکلیف دہ وقت۔

اَسَن (ف۔ مذکر) اُلٹا پہنا ہوا کپڑا۔ کچا خربزہ۔

اَسَن (ھ۔ مذکر) ۱ کھانا خوراک ۲ ایک درخت جس پر ٹسر ریشم کا کیڑا پلتا ہے۔ اَسَن بَسَن (مذکر) روٹی کپڑا۔

اَسنا (ھ۔ صفت) اُسنا مصدر سے ابلا ہوا۔ اسنا چاول (مذکر) چاول جس کا ابال کر چھلکا اُتارا جائے۔

اُسَنّا (ھ۔ متعدی) اُبالنا۔ جوش دینا۔

اَسناد (ع۔ مؤنث) سند کی جمع اَسنَد جمع دلیلیں۔ حجتیں ۲ سرٹیفکیٹ۔ وثیقے۔

اِسناد (ع۔ مذکر) ایک چیز کو دوسری پر رکھنا۔ دوسرے کی سند پیش کرنا اسنَد۔ سہارا لینا)

اِسنام (ع۔ مذکر) ۱ دھوئیں کا اُٹھنا ۲ آگ کا بھڑکنا۔

اَسنان (ھ۔ مذکر) نہانا۔ (ع۔ مذکر) ۱ دانت ۲ نیزے کی نوکیں۔

اِسنان (ع۔ مذکر) بوڑھا ہونا۔

اُسنانا (ھ۔ متعدی) ابالنا۔

اَسَنتان (س۔ صفت) جس کے بچہ نہ ہو۔ لاولد۔ بے اولاد۔

اَسَنتُشٹ (س۔ صفت) ناراض ناخوش۔ رنجیدہ۔ خفا۔ بے صبر۔

اَسَنتوش (س۔ مذکر) اسنتوکھ (ھ) ناراضگی۔ ناخوشی خفگی۔ بے صبری۔ اسنتوشی (صفت) ناراض بے صبر۔ ناخوش۔ خفا۔

اَسَنجوگ (ھ۔ مذکر) دیکھو اسنیوگ۔

اَسَندِگدھ (س۔ صفت) بلا شک شبہہ یقینی۔ لاریب۔ بلا اعتراض۔

اُسنس (س۔ عص) ۱ شکر سیارہ ۲

اَسَنشَے (س۔ مذکر) ۱ شبہہ کا نہ ہونا ۲ (صفت) بلا شک۔ یقینی۔

اَسَنک۔ اَسَنکھ (س۔ صفت) ۱ بغیر شبہ یا جھوک ۲ شبہ نہ کرنے والا ۳ بلا گھبراہٹ ۴ مطمئن۔ محفوظ۔ نڈر۔

اَسَنکھی (س۔ صفت) ۱ بے شمار۔ لاتعداد۔ اسنکھیات (صفت) بے شمار۔ ان گنت نہ گنے ہوئے۔

اَسَنگ (س۔ صفت) ۱ وہ جس کا کوئی تعلقدار نہ ہو۔ آزاد ۲ وہ جو بغیر روک کے حرکت کرے ۳ (مذکر) غیر تعلقداری۔ اسنگت (صفت) ۱ نااکٹھا ۲ پریشان۔ بکھرا ہوا ۳ غیر مطابق۔ ناموافق۔ نامناسب ۴ بے ربط۔ بے جوڑ ۵ بیجا۔ غیر واجب۔ ۶ جھوٹا فضول ۷ خراب۔ بُرا۔

اَسنیٰ (ع۔ مذکر) ۱ بہت زیادہ اونچا یا بلند ۲ نہایت چمکدار۔

اَسَمان (س۔ مذکر) بے ادبی۔ گستاخی۔ اپمان۔

اَسَمَت (س۔ مذکر) دیکھو اسمت۔

اُسَنا (ھ۔ لازم) اُبلنا۔ جوش کھانا۔ کھولنا۔

اَسَنیَم (س۔ مذکر) ۱ ضبط نہ ہونا۔ اپنے آپ پر قابو نہ ہونا ۲ بے ضبطی۔ بے قابوپن۔ بے اختیاری بے اعتدالی۔ اسَنیمی (صفت) ۱ بے قابو۔ بے اختیار۔ نفس پرست۔ بے اعتدال ۲ (مذکر) نفس پرست ۳ بے اعتدال آدمی۔

اَسَنیوگ (س۔ مذکر) ۱ موقعہ نہ ملنا ۲ جدائی۔ علیحدگی۔

اَسنیہ (س۔ مذکر) ۱ محبت کا نہ ہونا ۲ نامہربانی ۳ (صفت) بے محبت۔ نامہربان ۴ سخت۔

اَسَو (س۔ صفت) ۱ بدشگون۔ بدفال۔ بدقسمت۔ ناخوش ۲ خطرناک۔ مہلک۔

اَسوادَت (س۔ صفت) بغیر مزے کے۔ بے مزہ۔ بے ذائقہ۔ بے لذّت۔

اَسوارتھتا (س۔ مؤنث) بے غرضی بے تعلقی۔ بے طمعی۔

اَسوارتھی (س۔ صفت) بے غرض۔ بے تعلق۔ بے طمع۔

اَسواط (ع۔ مذکر) جمع سوط۔ کوڑے۔

اَسوامی (س۔ صفت) ۱ بغیر مالک یا آقا ۲ بغیر حق یا ملکیت۔

اَسوانسی (ہ۔ مؤنث) زمین ناپنے کا ایک پیمانہ۔

اَسوبھا (ھ۔ مؤنث) ۱ خوبصورتی یا خوش وضعی کا نہ ہونا یا کمی ۲ بدصورتی ۳ (صفت) بدشکل بدصورت۔ بدنما۔ بھدا۔

اَسوتھ (ھ۔ مذکر) پیپل۔

اَسوج (ہ۔ مذکر) ہندو سال کا چھٹا مہینہ جو ۱۵ ستمبر کے قریب شروع ہوتا ہے (س۔ اشونج۔ جس کے آگے گھوڑے جتے ہوں۔ پہلے نکشترے کا نام ہے۔ بدر اس مہینے میں اس نکشترے کے قریب ہوتا ہے)

مثل۔ اسوج میں جو برسے داتا ناج نیارکا رہے نہ گھاٹا (ھ) اسوج میں بارش فصلوں کے لئے بہت مفید ہوتی ہے۔

اَسوجھ (ھ۔ صفت) ۱ غیر محسوس نامعلوم ۲ مخفی۔ پوشیدہ۔ غیر جسمانی۔ غیر مادی۔

اَسوچ (ھ۔ مذکر) ۱ آلائش میلاپن۔ گندگی۔ نجاست۔ ناپاکی ۲ سوگ۔ ماتم (رشتہ دار کے مرجانے کی وجہ سے)

اَسوچ (ھ۔ صفت) ۱ جس پر سوچ بچار یا مطالعہ کا اثر نہ ہو سکے ۲ جو تدبیر سے مؤثر نہ ہو ۳ جو خیال میں نہ آسکے۔ بعید الفہم۔ خلاف قیاس ۴ بے خیال۔ لاپروا۔ بے پروا ۵ غافل۔ کم توجہ۔ بے دھیان ۶ بے خبر۔ بے فکر ۷ بے لحاظ ۸ ناعاقبت اندیش۔ بے شعور ۹ (مذکر) بے احتیاطی ۱۰ امن۔ آرام ۱۱ قناعت۔ اطمینان۔ اسوچی (مذکر) بے پروا آدمی وغیرہ۔

اَسوَد (ع۔ صفت) ۱ سیاہ۔ کالا ۲ بڑا (عزت یا درجہ میں) اسود و احمر (مذکر) ۱ بحر اسود و بحر احمر ۲ عرب و عجم۔

اَسوکھ (ھ۔ مذکر) ۱ غم و فکر سے آزادی ۲ آرام۔ عافیت ۳ ایک درخت کا نام ۴ (صفت) آرام میں (امن میں) ۵ مطمئن۔ دلجمع ۶ شادمان۔ خوش۔

اَسوگ (ہ۔ مذکر) ۱ امن۔ آرام چین۔ عافیت۔ خوشی۔ شادمانی ۲ ایک درخت کا نام۔ اسوگی (صفت) ۱ باآرام۔ باآسائش ۲ چین میں۔ امن میں۔

اَسوگندھ (ہ۔ مذکر) دیکھو اسگندھ۔

اَسون (ہ۔ تف) اسال۔ اس سال۔

اُسون (ع۔ مذکر) ۱ رنگ یا مزا بدلنا ۲ دیر کرنا ۳ بہانہ ڈھونڈنا۔ ہاپ پر ہونا۔

اَسِونی (ہ۔ مؤنث) پہلا نکشترہ یا قمری منزل۔

اُسوہ (ع۔ مذکر) سردار۔ حاکم۔ لیڈر۔ مشہور آدمی۔ بہترین آدمی۔ **اُسوۂ حسنہ** (مذکر) نیک لوگ۔

اَسُویا (س۔ مؤنث) ۱ بدگوئی۔ بدنامی نندا۔ برائی۔ مذمت ۲ دشمنی۔ مخالفت ۳ رشک۔ حسد۔

اَسوِیکار (س۔ مذکر) ۱ اجازت نہ دینا۔ رضامندی ظاہر نہ کرنا۔ آگیا نہ دینا ۲ ممانعت۔ انکار۔

اِسہاب (ع۔ مذکر) ۱ بہت بولنا ۲ ہوش کھونا ۳ صحرا میں سفر کرنا ۴ گھوڑے کی باگ پکڑنا۔

اِسہال (ع۔ مذکر) ۱ دست آنا ۲ بار بار حاجت ہونا (سَہَل۔ نرم ہونا)

اِسہام (ع۔ مذکر) تیروں کے ذریعے سے قرعہ نکالنا۔

اَسَہائے (س۔ صفت) ۱ بے یار و مددگار۔ بےکس ۲ تنہا۔ اکیلا ۳ وہ شخص جس کا کوئی نائب امدادی یا ساتھی نہ ہو۔ وہ شخص جو بے یار و مددگار ہو۔

اَسَہج (ہ۔ صفت) ۱ ناقابلِ برداشت ۲ شدید۔ سخت۔

اَسہَل (ع۔ صفت) سہل کی تفضیل بعض و کل۔ بہت آسان۔ نہایت آسان۔

اَسہن (س۔ صفت) ۱ جو آدمی برداشت نہ کرسکے ۲ ناتحمل۔ متعصب ۳ بے صبر۔

اَسہنیہ۔ اَسہیہ (س۔ صفت) ناقابلِ برداشت۔ شدید۔ سخت۔ جو چیز برداشت نہ ہوسکے۔

اَسّی (ہ۔ صفت) بیس کم سو۔ ۸۰ ۔ اسی برس کا ریزہ (مذکر) وہ شخص جو بڑھاپے میں جوانانہ مزاج اور خواہشیں رکھے یا بچوں کی سی باتیں کرے۔ اَسّی پیادہ سو سوار (مذکر۔ لکھنؤ) شہید ہیں جن کی منت مانی جاتی ہے۔ اسی کوس (تف) بہت فاصلے پر۔ اسی لسی (صفت) بوڑھے آدمی کے خون کو ٹھنڈی لسی سے تشبیہ دی گئی ہے۔ بڑھاپے میں کمزوری لازمی ہے۔ اسی منی توپ (مؤنث) بہت بڑی توپ۔

امثال۔ اسی برس کی عمر اور نام میاں معصوم۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو عمر میں زیادہ ہو۔ اور بچپنے کی حرکتیں کرے۔ اسی کی آمد چوراسی کا خرچ۔ آمدنی کم اور خرچ زیادہ۔

اَسیاف (ع۔ مذکر) ۱ سیف کی جمع تلواریں ۲ جمع سِیف کی۔ کنارے۔ ساحل۔

اُسیجنا۔ اُسیجھنا (ہ۔ متعدی) ۱ اُبالنا جوش دینا۔ اُبال یا جوش دے کر پکانا ۲ اُبالا جانا۔ ہلکی آگ پر پکایا جانا۔

اَسیچا (ہ۔ صفت) نہ پانی دیا ہوا۔ نہ سیراب۔

اَسِیر (ع۔ مذکر) ۱ قیدی۔ پابند (رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ عاشق (اَسَر۔ باندھنا) اسیرِ آب و گل (مذکر) پابندِ وطن۔ اسیران (مذکر) جمع اسیر کی۔ اسیرانِ خاک (مذکر) ۱ تن پرور ۲ مردے۔ اسیرانِ قیدِ ہستی (مذکر) انسان یا دیگر جانوران۔ اسیرِ بلا (مذکر) مصیبت زدہ۔ اسیرِ پنجۂ فراق (مذکر) عاشق۔ اسیرِ دام (مذکر) جال میں پھنسا ہوا۔ قیدی۔ عاشق۔ اسیرِ زلف (مذکر) عاشق۔ اسیرِ سرپنجۂ تقدیر یا قضا (صفت) مصیبت زدہ۔ اسیرِ سلاسلِ سلسلۂ اُلفت۔ اسیرِ طرۂ گیسو (صفت) عاشق۔ اسیرِ صحن (مذکر) عاشق۔ اسیرِ قفس (مذکر) ۱ قیدی ۲ پرندہ جو پنجرے میں بند ہو ۳ عاشق۔ اسیرہ (مؤنث) عورت۔ قیدی۔ اسیری (مؤنث) قید۔ پابندی۔

اُسیر (ہ۔ مؤنث) ایک گھاس جس کی جڑ کی ٹٹیاں بنائی جاتی ہیں۔ خس۔

اَسیر (ہ۔ مؤنث) ۱ حسرت سے یاد رکھنا ۲ کُڑھ۔ جھجھر۔ سہرک۔ ہاک ۳ خواہش۔ شوق۔ چاہ ۴ غم۔ فکر۔ رنج۔ تفکر۔ تشویش۔ چنتا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اَسیرباد (ہ۔ مذکر) ۱ اسیس۔ دعا کلیان ۲ برکت ۳ بندگی۔ صاحب سلامت۔ سلام (دینا اور کرنا کے ساتھ) (س۔ آشیس)

اَسیرک (ف۔ مؤنث) خربوزے کی بیل۔

اَسیس (ہ۔ مؤنث) اسیرباد۔ ہندو بزرگ کی طرف سے چھوٹے کو جواب۔ انعام اسیس دینا۔ اسیسنا (متعدی) دعا دینا۔ اسیرباد دینا۔

اُسیسا (ہ۔ مذکر) تکیہ۔ سرہانہ۔ گاؤتکیہ۔

اَسیسر (انگ۔ صفت) ۱ تشخیص کرنے والا۔ تجویز کرنے والا ۲ مشیر۔ مددگار ۳ پنچ ۴ وہ شخص جو مقدمات فوجداری میں جج کو اپنی رائے دے۔

اَسیش (ہ۔ صفت) ۱ بغیر بقایا یا بچت ۲ تمام۔ کل۔

اَسیف (ع۔ صفت) ۱ رنجیدہ۔ مغموم ۲ قدرتی طور پر کمزور اور دُبلا ۳ (مذکر) نوکر۔ مزدور۔ تنخواہ دار ملازم۔

اَسیلا (ہ۔ صفت) عو۔ احمق۔ بیوقوف۔ کم عقل۔

اَسیما (س۔ صفت) ۱ بغیر حد یا حدود ۲ بےشمار۔ بے انتہا۔ بیحد۔

اَسیں لَسیں (اردو۔ لکھنؤ) ہنسیں کھیلیں۔ مزے اُڑائیں (اسیں مہمل ہے)

اَسیوا (مؤنث) **اَسیون** (س۔ مذکر) لاپروائی۔ بے اعتنائی۔ بےرُخی۔ غفلت۔ عدول حکمی۔ نافرمانی۔

اِش (ہ) شیرخوار بچوں کو پیشاب یا پاخانہ کراتے وقت یہ آواز نکالی جاتی ہے۔

اَشا (س۔ مؤنث) ۱ صبح کی روشنی۔ اُجالا ۲ صبح۔ فجر۔ تڑکا۔ سویرا۔ پربھات۔ بھور۔ اُشاکال (مذکر) صبح صادق۔ نور کا تڑکا۔ پو پھٹنا۔

اِشارات (ع۔ مذکر) ۱ اشارہ کی جمع۔ رمزیں۔ کنائے۔ علامتیں ۲ ایرانی لوگ ریلوے سگنل کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں۔

اِشارت (ع۔ مذکر) اشارہ (مت) اشارتوں (مذکر) جمع اشارت کی (مت) اشارتوں میں جتانا (متعدی) اشاروں سے ظاہر کرنا (مت) اشارتیں۔ جمع اشارت کی (مت)

اِشاروں (ع۔ مذکر) جمع اشارہ کی۔ اشاروں میں باتیں کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ایک دوسرے کو اشاروں سے مطلب جتانا۔ اشاروں میں جتانا (متعدی) رمز و کنائے سے ظاہر کرنا۔

اِشارہ (ع۔ مذکر) ۱ ایما۔ کنایہ۔ رمز ۲ ہاتھ۔ آنکھ وغیرہ کی جنبش سے کوئی نشان ظاہر کرنا (فہرست۔ دکھانا) اشارہ پانا (لازم) ایما دریافت کرلینا منشا معلوم کرنا۔ اشارہ پر چلنا (لازم) منشا سمجھ کر عمل کرنا۔ اشارہ فہم (صفت) اشارے سے مطلب

سمجھنے والا۔ قرینے سے منشا معلوم کرنے والا۔ **اشارہ کرنا** (متعدی) ۱ ہاتھ۔ سر۔ آنکھ وغیرہ سے منشا ظاہر کرنا ۲ کسی بات کو تقریر یا تحریر میں مجملاً یا کنایتاً ظاہر کرنا ۳ بہکانا۔ بھڑکانا ۴ آنکھیں لڑانا۔ **اشارہ بازی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اشارے سے دل کا مطلب ظاہر ہونا۔ مرد اور عورت کے درمیان آپس میں اشارے کنائے سے باتیں ہونا۔ **اشارہ دینا** (متعدی) کسی کام کے شروع کرنے کے لئے اشارہ کرنا۔ **اشارہ ہونا** (لازم) خواب میں کسی معاملے کے متعلق کوئی بات ظاہر ہونا۔ **اشارے** (مذکر) جمع اشارہ کی۔ **اشارے سے چلنا** (لازم) مرد عورت کی آپس میں اشارے کنائے سے باتیں ہونا۔ **اشارے پہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کسی کو ایسی تعلیم ملنا کہ اشارہ پاکر کام کرنے لگے۔ **اشارۂ غیبی** ۔ استخارہ

اَشاستر۔ اشاستریہ (س صفت)
۱ شاستر کے برخلاف۔ قانون کے برعکس ۲ ناجائز۔ بے قاعدہ۔ بے قانون ۳ بے ربط۔ بے میل۔ بے تعلق ۴ لامذہب۔ مذہب کے برخلاف ۵ غلط۔ نادرست۔

اَش اَش (ف۔ مذکر) عش عش۔
حسرت۔ خوشی اور تعجب کے موقعے پہ بولا جاتا۔ **اش اش کرنا** (متعدی) بہت پسند کرنا۔ وجد میں آنا۔ بے اختیار تعریف کرنا۔

اَشاش (ع۔ مذکر) ۱ خوش ہونا ۲ خوشی فرحت۔

اَشاق (ف۔ مذکر) ۱ سادہ رو ۲ لڑکا۔

اِشاعت (ع۔ مؤنث) ۱ پھیلانا۔ مشہور کرنا۔ شائع کرنا ۲ اخبار جو کسی خاص تاریخ کو چھپے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (شیع۔ پھیلنا) **اشاعتِ عُلوم** (مذکر) لوگوں میں علوم پڑھنے کا شوق پھیلانا۔

اَشانت (س صفت) بے آرام۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ بے قرار۔ متفکر۔ متردد۔

اَشانتِ (س۔ مؤنث) بے آرامی۔ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بیقراری۔ بے چینی۔

آشب (ع۔ مذکر) ۱ بُرا بھلا کہنا ۲ ملانا۔ گڈمڈ کرنا۔

اَشباح (ع۔ مذکر) شبح کی جمع بدن۔ اشیا۔

اِشباع (ع۔ مذکر) ۱ حرکات کا اس طرح دراز کرنا کہ فتح کی درازی سے الف اور ضمے کی درازی سے واو اور کسرے کی درازی سے ی پیدا ہو جائے ۲ (علم عروض) حرف دخیل کی حرکت کا نام اشباع ہے (شبع۔ لمبا کرنا کسی چیز کو)

اَشباہ (ع۔ مذکر) شبہ کی جمع۔ نظیریں۔ صورتیں۔ شکلیں۔

اِشباہ (ع۔ مذکر) کسی کے مانند ہونا۔ مشابہ ہونا (شَبَہ۔ ملنا)

اَشبُھ (س صفت) ۱ بدشگون۔ بدفال۔ منحوس۔ نامسعود ۲ بُرا۔ بد۔ خراب ۳ ناموزوں۔ بھدا ۴ (مذکر) بدشگونی۔ بدفالی۔ نحوست ۵ ناخوشی۔ رنجیدگی ۶ مصیبت ۷ آفت۔ بپت۔ بلا۔

اَشتاد (ف۔ مذکر) ۱ ایک مہینے کا چھبیسواں دن ۲ اس کا موکل فرشتہ ۳ ژند کے ایک باب کا نام۔

اِشتِباک (ع۔ مذکر) گتھنا۔ سلجھنا

اِشتِباہ (ع۔ مذکر) ۱ شبہ کرنا ۲ شبہ گمان۔ شک۔ مشابہ ہونا۔ ملنا (شَبَہ۔ ملنا)

اِشتِداد (ع۔ مذکر) شدت۔ زیادتی مضبوطی (شَدّ۔ سخت ہونا)

اَشتَر (ع۔ صفت) وہ جس کے پپوٹے اُلٹے ہوں۔ پھٹی آنکھ والا۔

مُشتَر (ع۔ مذکر) اُونٹ۔

اِشتِرا (ع۔ مذکر) خرید۔ تجارت (شَرَیَ خریدنا)

اِشتِراط (ع۔ مذکر) شرط لگانا۔

اِشتِراک (ع مذکر) شرکت۔ ساجھا حصہ داری۔ **اشتراک سرکاری** (مذکر) ایک طریقہ جس کے بموجب تمام صنعتوں اور حرفتوں کا گورنمنٹ انتظام کرتی ہے۔ **اشتراکیت** (مؤنث) سوشلزم۔ ایک طریقہ جس سے سوسائٹی کی حالت کو بہتر بنانے کے لئے جائداد کو برابر تقسیم کیا جاتا ہے خصوصیت سے بجائے ایک دوسرے سے مقابلہ کرنے کے کاروبار اجتماعی طور پر کیا جاتا ہے (شَرِکَ۔ دوسرے کا شریک ہونا)

اِشتِعال (ع۔ مذکر) ۱ بھڑکنا۔ شعلہ اُٹھنا ۲ جوش دلانا۔ برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ جھگڑا کرانا ۳ جوش (شَعَل۔ روشن کرنا)، **اشتعالِ جدال** (مذکر) جوش جنگ۔ **اشتعالِ طبع** (مذکر) طبیعت کا جوش میں آنا یا برہم ہونا۔ **اشتعالک** (مذکر) ۱ بھڑکانا۔ اکسانا ۲ چراغ کی روشنی بڑھانے کے لئے بتی کو اکسانا ۳ وہ تنکا جس سے بتی اکسائی جائے ۴ شعلہ۔ **اشتعالک دینا** (متعدی) ۱ بھڑکانا۔ اکسانا ۲ جلتے چراغ کی بتی اُونچی کرنا۔

اِشتِغال (ع۔ مذکر) مشغول ہونا مشغولیت۔ شغل۔ کام۔ کاروبار (شُغَل۔ کام میں لگنا)

اِشتِقاق (ع۔ مذکر) ۱ شق کرنا۔ چیرنا ۲ ایک لفظ سے دوسرا لفظ بنانا۔ صیغے بنانا۔ مشتق کرنا (شَقّ۔ توڑنا)

اِشتِکا (ع۔ مذکر) شکایت کرنا۔ رونا۔ جزع فزع کرنا

اُشتُلُم (ف۔ مذکر) ۱ تندی۔ سختی۔ جبر ۲ سرقہ بالجبر ۳ ناانصافی ۴ زور کا نعرہ ۵ (صفت) مضبوط پکّا۔ **اشتلم کرنا** (متعدی) ۱ زور کا نعرہ کرنا ۲ زبردستی کرنا ۳ مجبور کرنا ۴ حکمت کرنا۔

اِشتِمال (ع۔ مذکر) ۱ شامل ہونا۔ ملانا ۲ مرکبات میں جیسے ندرت اشتمال (شَمَل۔ ملانا) **اشتمالیت** (مؤنث) وہ طریقہ جس کی رُو سے ملکیت منسوخ ہو جاتی ہے۔ اور ہر شخص ملک میں برابر کا حصہ دار ہو جاتا ہے۔

اَشتود (ف۔ مذکر) ۱ ایرانی سال کے پانچ نایدہ دنوں میں سے دوسرے کا نام ۲ اس دن کا نام جب سورج برج عقرب میں داخل ہوتا ہے۔

اِشتِہا (ع۔ مؤنث) خواہش۔ بھوک (شَہُوَ۔ چاہنا)

اِشتِہار (ع۔ مذکر) ۱ شہرت دینا۔ مشہور کرنا ۲ اعلان۔ اطلاع۔ نوٹس ۳ وہ کاغذ جس پر اشتہار دیا جائے۔ اطلاع نامہ (شُہَرَ۔ ظاہر ہونا) **اشتہار دینا** (متعدی) اشتہار کے ذریعے سے کسی امر کے متعلق عام اطلاع دینا۔ **اشتہار لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) اشتہار چسپاں ہونا۔ **اشتہار نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) اشتہار کا چھپنا۔ **اشتہاری** (صفت) وہ مجرم جس کی گرفتاری کا اشتہار دیا گیا ہو۔ **اشتہاری مجرم** (قانون) وہ مجرم جسے کسی عدالت نے اشتہاری قرار دیا ہو۔ جب کارروائی زیر دفعہ ۵۱۲ ضابطہ فوجداری ہو جاتی ہے تو ملزم اشتہاری قرار دیا جاتا ہے۔ یہ کارروائی اس وقت کی جاتی ہے۔ جب ملزم فرار ہو جائے۔ اس صورت میں اس کی غیر حاضری میں گواہوں کے بیان قلمبند کئے جاتے ہیں۔

اِشتِیاف (ع۔ مذکر) گردن لمبی کرکے

دیکھنا۔ بجلی کو دیکھنا کہ بارش ہوگی یا نہیں۔

اِشتیاق (ع۔ مذکر) شوق۔ آرزو۔ خواہش۔ تمنا (شوق۔ خواہش پیدا کرنا) **اشتیاق میں** (نف) شوق میں۔ آرزو میں۔ **اشتیاق نامہ** (مذکر) خط چٹھی۔ **اشتیاقی** (صفت) خواہشمند تمنائی۔

اَشٹ (س۔ صفت) آٹھ۔ **اشٹانگ** (مذکر) بدن کے وہ آٹھ حصے جن سے مکمل طور پر آداب بجالایا جاتا ہے یعنی دو ہاتھ دو گھٹنے دو آنکھیں۔ چھاتی اور ماتھا ۲ (صفت) آٹھوں حصوں پر مشتمل یا آٹھوں حصوں کا۔ **اشٹانگ پرانم یا پرنام** (مذکر) تعظیمی سجدہ جس میں بدن کے آٹھ حصے زمین سے لگیں۔ **اَشٹ بھُوجی** (صفت) آٹھ بازوؤں والا۔ **اشٹ پراہر یا جام** (مذکر) آٹھوں پہر۔ دن اور رات ہمیشہ۔ لگاتار۔ **اشٹ دھاتُ** (مذکر) آٹھ دھاتیں۔ اَز دھات۔ گنتوں کی دھات۔ **اشٹ دھاتی** (مونث) کوئی چیز جو آٹھ دھاتوں سے مل کر بنی ہو۔ **اشٹ دھاتیا یا دھاوی** (مذکر) آٹھ دھاتوں کا مرکب۔ **اشٹ سدّھی** (مذکر) آٹھ دیوتا جو آٹھ قدرتی طاقتوں پر حاوی ہیں۔ **اشٹ لوک** (مذکر) آٹھ عالم۔ **اشٹ لوک پال** (مذکر) آٹھ عالموں کا مالک۔ پرمیشر۔ **اشٹم** (صفت) ۱ آٹھواں ۲ (مذکر) آٹھواں حصہ۔ **اشٹ منگل** (مذکر) ایک گھوڑا جس کے چاروں سم۔ چہرہ۔ دم۔ چھاتی سفید ہوں ۲ آٹھ شبھ چیزوں کا اکٹھا ہونا۔ **اشٹ مورتی** (مذکر) شوجی۔ **اشٹمی** (مونث) نصف قمری مہینے کی آٹھویں تاریخ۔

اِشٹ (س۔ صفت) ۱ جس کی خواہش یا آرزو [illegible] ہو۔ محبوب۔ معشوق۔ پرستش کیا گیا ۲ (مذکر) خواہش۔ محبت یا احترام کی چیز ۳ دیوتا خدا ۴ معشوق۔ محبوب ۵ دیوتاؤں کا محبوب ۶ ایمان دھرم۔ تربیت۔ اعتماد ۷ محبت۔ پریت۔ **اشٹتا** (مونث) پسندیدگی۔ دلپسندی۔ محبوبیت۔ عزت احترام۔ **اشٹ بند** (مذکر) نقطۂ معین۔ دیا ہوا نقطہ۔ **اشٹ دیو** (مذکر) اپنا خاص چیدہ۔ معبود یا دیوتا۔

اِشٹ (س۔ مونث) ۱ بھینٹ دینا ۲ بھینٹ ۳ بھینٹ چڑھانے کی جگہ۔

اَشٹام (انگ۔ مذکر) دیکھو اسٹام۔

اَشٹر (انگ۔ مذکر) ایک خوبصورت پھول (اصل۔ اسٹر)

اَشٹر (س۔ مذکر) اونٹ شتر۔ اشتر۔

اَشَج (ع۔ صفت) جس کا سر پھوٹا ہو۔

اَشجار (ع۔ مذکر) شجر کی جمع۔ درخت

اشجارِ بار دار یا بارور (مذکر) پھلوں سے لدے ہوئے درخت

اَشجع (ع۔ صفت) شجاع کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت بہادر۔ جری یا دلاور۔ (ع۔ مذکر) انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ **اشجع دہر** (صفت) زمانے کا بہادر بہت بہادر۔

اِشحام (ع۔ مذکر) کھانے میں چربی ڈالنا

اَشخاص (ع۔ مذکر) شخص کی جمع۔ لوگ۔ آدمی۔

اِشخام (ع۔ مذکر) دودھ بگڑ جانا۔

اَشَدّ (ع۔ مذکر) شدید کی تفضیل بعض و کل۔ **اشد درجہ** (مذکر) بے حد۔ حد سے بڑھ کر۔

اَشدَق (ع۔ صفت) ۱ فصیح ۲ وہ شخص جس کا منہ چوڑا ہو۔ فراخ دہن۔

اَشُدّھ (س۔ مذکر) ۱ ناخالص۔ گندہ غلیظ۔ ناپاک۔ میلا ۲ خراب شدہ۔ بگڑا ہوا (جیسے زبان یا طرز) ۳ غلط۔ نادرست۔ ناصحیح۔ **اَشدّھتا** (مونث) ۱ میلا پن۔ گندگی۔ غلاظت ۲ غلطی۔ نادرستی **اشدّھیا** (ھ۔ مذکر) وہ شخص جو غلط بولے پڑھے یا لکھے۔

اَشَرّ (ع۔ صفت) شریر کی تفضیل بعض و کل (بہت یا نہایت) برا۔ بد۔ شرارتی۔ بدکار۔ زبوں۔ پاپی۔ فاسد۔

اَشَر۔ اَشرُ (س۔ مذکر) ایک آنسو۔

اِشراب (ع۔ مذکر) ۱ ملانا ۲ پلانا ۳ رنگ گہرا کرنا ۴ دو رنگ ملانا ۵ جھوٹا الزام لگانا۔ بہتان باندھنا۔

اَشرابات (ع۔ مونث) بجائے شرابات۔ جو شراب کی جمع ہے۔ ایرانیوں نے بنالیا ہے پینے کی ممنوع چیزیں۔

اَشرار (ع۔ مذکر) شریر کی جمع۔ برا۔ بد۔ شرارتی وغیرہ۔

اَشراط (ع۔ مذکر) ۱ شرط کی جمع لیپنے لوگ ۲ شَرَط کی جمع۔ نشانیاں جن سے انسان یا حیوان پہچانے جائیں۔

اِشراط (ع۔ مذکر) ۱ مویشی کو نشان لگا کر فروخت کے لئے بھیجنا ۲ تیار کرنا۔

اِشراع (ع۔ مذکر) ۱ روانہ نکالنا ۲ نیزہ کسی پر اٹھانا۔

اَشراف (ع۔ مذکر) شریف کی جمع ۱ وہ لوگ جن کا حسب نسب اچھا ہو ۲ امیر۔ رئیس۔ بھلا مانس۔ ذی رتبہ۔ عالی خاندان۔ حلیم۔ خوش خلق۔ (واحد بھی استعمال ہوتا ہے) ۳ بھلا مانس۔ خوش خلق وغیرہ **اشراف پرست** (صفت) بھلے مانسوں کی قدر کرنے والا **اشرافت** (مونث) شرافت۔ حلم۔ خوش خلقی۔ بھلمناہٹ وغیرہ۔ **اشرافیہ** (مذکر) طبقہ امرا۔

امثال وغیرہ - اشراف پاؤں پڑے۔ کمینہ سر چڑھے۔ کمینہ شریف کی نرمی اور خوشامد برائی اور دلیر ہوتا ہے۔ اشراف کے لڑکے بگڑتے ہیں تو بھڑوے بنتے ہیں۔ شریفوں کی اولاد بدچلن ہو جائے تو رنڈیوں کی دلالی کے سوا اور کچھ نہیں کرسکتی۔ کیونکہ عموماً انہوں نے کوئی پیشہ سیکھا ہوا نہیں ہوتا۔ **اشراف گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں۔** عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔ **اشراف وہ ہے جس کے پاس اشرفی ہے۔** اس زمانے میں مالدار ہی شریف سمجھا جاتا ہے۔

اِشراق (ع۔ مذکر) ۱ سورج کا طلوع ہونا صبح ۲ صفائے باطن۔ روشن ضمیری ۳ وہ نماز جو طلوع آفتاب کے کچھ دیر بعد پڑھی جائے۔ نماز اشراق ۴ وہ مرتاض گروہ جو بذریعہ کشف اپنے شاگردوں کو دور بیٹھے ہوئے تعلیم دیا کرتے تھے (شرق۔ سورج کا نکلنا) **اشراقی** (مذکر) ۱ وہ لوگ جن کو تعلیم دی جاتی تھی ۲ اہل شرق۔ مشرقی قومیں یا لوگ۔ **اشراقیاں (اشراقین)** (مذکر) فلسفہ دانوں کا ایک فرقہ۔

اِشراک (ع۔ مذکر) شریک ہونا۔ حصہ دار بننا (شرک۔ حصہ دار ہونا)

اَشرَج (ع۔ مذکر) وہ آدمی یا گھوڑا جس کا ایک فوطہ بڑا ایک چھوٹا ہو یا ایک ہی ہو۔

اَشرُدھا (س) دیکھو اسردھا۔

اَشرُدھیَہ (س۔ صفت) ناقابل یقین ناقابل اعتبار۔ خارج از قیاس۔

اَشرَف (ع۔ صفت) شریف کی تفضیل بعض وکل ! بہت یا زیادہ بزرگ۔ عالی نسب۔ حلیم۔ بھلامانس وغیرہ ۲ افریقی عربوں کی ایک قوم جو سواکن کے شمال میں تقار کے قریب آباد ہے۔ او حضرت علی کی اولاد ہے۔ **اشرف المخلوقات** (صفت) تمام خلق سے بہتر۔ انسان۔ بنی آدم۔ **اشرف النّاس** (صفت) انسانوں میں سے نہایت نیک۔

اَشرَفی (ف۔ مؤنث) ! سونے کا سکہ۔ مُہر۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اشرف ایک بادشاہ کا نام تھا جس نے دس ماشے کا سونے کا سکہ رائج کیا تھا۔ اس لئے اشرفی نام ہوا ۲ ایک پھول۔ **اشرفی بُوٹی** (مؤنث) اشرفی کے برابر وہ گول بُوٹیاں جو زربفت اور کمخواب پر ہوتی ہیں۔ **اشرفی کا پھول** (مذکر) ایک پھول گول اور اشرفی کے قد کا اور نارنجی رنگ کا ہوتا ہے۔ **اشرفیّہ** (مذکر) درویشوں کا ایک فرقہ جس کا بانی عبداللہ اشرف رومی تھا جس نے ۱۴۹۳ء میں وفات پائی۔

مَثَل۔ اشرفیاں لٹیں کوئلوں پر مُہر۔ اس شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو دیتے تو بڑا خرچ کرے مگر چھوٹی چھوٹی باتوں میں کنجوسی کرے۔

اَشریری (ف۔ صفت) غیر جسم غیر مادی جسم سے الگ ہوئی ہوئی۔

اَشعار (ع۔ مذکر) شعر کی جمع ! ابیات ۲ بال۔

اِشعار (ع۔ مذکر) خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔ اشارہ ہونا (شعر۔ کہنا)

اشعاع (ع۔ مذکر) شعاعیں ڈالنا شعاع پھیلنا۔ **اشعاع شمسی** (مذکر) سورج کا کرنیں ڈالنا

اَشعَب (ع۔ صفت) وہ جس کے سینگ ایک دوسرے سے فاصلے پر ہوں ۲ ایک مشہور بخیل کا نام۔

اَشعَر (ع۔ صفت) ! جس کے بدن پر بہت بال ہوں ۲ بہتر شاعر۔

اشعّہ (ع۔ مذکر) شعاع کی جمع۔

اَشغال (ع۔ مذکر) شغل کی جمع ! شغلے۔ کام۔ دھندے۔ پیشے۔ کار۔ **اشغال میں فرق آنا** (لازم) کاموں میں حرج ہونا۔

اُشغلا رہ۔ مذکر) فتنہ۔ فساد۔ فساد والی بات (شغل۔ کام پر لگانا) **اشغلا اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) فساد ہونا۔ فتنہ برپا ہونا۔ شرارت اُٹھنا۔ **اشغلا چھوڑنا** (متعدی) شگوفہ چھوڑنا۔ شرارت کی بات کرنا۔

اِشفا (ع۔ مذکر) ! شفا دینا۔ اچھا کرنا ۲ دوا دینا جس سے صحت ہو ۳ موت کے قریب ہونا ۴ کسی چیز کے قریب ہونا۔

اَشفاق (ع۔ مذکر) ! شفق کی جمع ۲ شفقت کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔ شفقتیں۔ بڑوں کی عنایت چھوٹوں پر۔

اِشفاق (ع۔ مذکر) شفقت۔ ملامت دردمندی۔ رحم۔ ترس۔ **اشفاق انگیز** (صفت) جس کو دیکھ کر رحم آئے (شفق۔ رحم کرنا)

اَشفَران (ع۔ مذکر) عورت کے فرج کے دونوں کنارے۔

اَشفَہ (ع۔ مذکر) جس کے دونوں ہونٹ آپس میں نہ ملتے ہوں ۲ شفا دینے والا۔

اَشفیٰ (ع۔ مذکر) بڑی سوئی۔

اَشَق (ع۔ صفت) بہت تکلیف دہ یا مشکل

اُشَق (ف۔ مذکر) ایک قسم کا گوند۔

اِشقا (ع۔ مذکر) رنج دینا۔

اَشقَر (ع۔ صفت) ! سرخی مائل کمیت (گھوڑے کا رنگ) ۲ (مذکر) داستان امیر حمزہ میں امیر حمزہ کا گھوڑا ۳ بہرام گور کا گھوڑا۔

اَشقیٰ (ع۔ صفت) بہت یا زیادہ بدبخت

اَشقِیا (ع۔ مذکر) شقی کی جمع ! بدبخت۔ بدنصیب ۲ سنگ دل۔ بے رحم۔ ظالم۔

اَشک (ف۔ مذکر) ! آنسو ۲ قطرہ ۳ پرہیزگار۔ رشی ۴ خاندان اشکانیاں کے پہلے بادشاہ کا نام۔ اسے ارشک بھی کہتے ہیں۔ **اشک آلود** (صفت) آنسوؤں سے بھرا ہوا۔ آنکھ۔ چہرے اور رخسار کی صفت میں کہتے ہیں۔ **اشک آنکھوں سے بہانا** (متعدی) **بہنا** (لازم) رونا۔ آنسو نکلنا۔ **اشک آنکھوں سے ڈھل جانا** (لازم) آنکھوں سے آنسو ٹپکنا۔ **اشکبار** (صفت) آنسو بہانے والا رہنا۔ ہونا کے ساتھ) **اشکباری** (مؤنث) رونا۔ آنسو بہانا (کرنا کے ساتھ) **اشک بلبل** (مذکر۔ لکھنؤ) افیون کی خفیف مقدار۔ **اشک برسانا** (متعدی) اشک بہانا۔ **اشک بہانا** (متعدی)، **بہنا** (لازم) آنسو نکلنا۔ رونا۔ **اشک بھر آنا** (لازم) **لانا** (متعدی) آنکھوں میں آنسو لے آنا۔ رونا۔ **اشک بے تاثیر** (مذکر) وہ آنسو جن کا اثر دوسرے پر نہ ہو۔ **اشک پاک کرنا** (متعدی) آنسو پونچھنا۔ **اشکِ جگر سوز** (مذکر) اشک غم۔ **اشکِ جوشاں** (مذکر) وہ اشک جو جوش کی وجہ سے نکلیں۔ **اشکِ چکیدہ** (مذکر) ڈھلا ہوا آنسو۔ **اشکِ حسرت** (مذکر) غم و افسوس کے آنسو۔ **اشکِ حسرت (برسانا یا بہانا)** **سے منہ دھونا** (متعدی) سخت رنج و غم میں رونا۔ **اشکِ خونیں** (مذکر) خون کے آنسو۔ وہ آنسو جو بے حد غم اور سخت صدمے کی وجہ سے نکلیں (برسانا۔ لانا۔ رونا کے ساتھ) **اشکِ رواں** (مذکر) جاری آنسو۔ **اشک ریز یا ریزاں** (صفت) آنسو بہانے والا (ہونا کے ساتھ) **اشک ریزی** (مونث) رونا۔ آنسو بہانا۔ **اشکِ سُرخ** (مذکر) دیکھو اشکِ خونیں۔ **اشکِ شادی** (مذکر) وہ آنسو جو جوشِ مسرت میں نکلیں۔ خوشی کے آنسو۔ **اشکِ شمع** (مذکر) وہ قطرے جو شمع کے جلنے سے گرتے ہیں **اشک شوئی** (مؤنث) ! آنسو پونچھنا۔ رونے کے آنسو پونچھنا ۲ تسلی دینا۔ دلاسا دینا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اشکِ غم** (مذکر) وہ آنسو جو غم میں بہائے جائیں۔ **اشک غمّاز** (مذکر) وہ آنسو جو عشق ظاہر کرے۔ **اشک فشاں** (صفت) اشک بہانے والا (ہونا کے ساتھ) **اشک فشانی** (مؤنث) آنسو بہانا۔ رونا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اشکِ کباب** (مذکر) وہ پانی جو آگ پر رکھنے کے بعد کباب سے نکلتا ہے۔ **اشک گلگوں**۔ **اشکِ لالہ فام**۔ **اشکِ لالہ گوں** (مذکر) اشک سُرخ۔ **اشک لڑھکنا** (متعدی) آنسو گرنا۔ **اشکِ ندامت** (مذکر) وہ آنسو جو شرمندگی کی وجہ سے نکلے۔ **اشک نکل آنا۔ نکلنا** (لازم) آنسو بہنا۔ **اشکِ یتیم** (مذکر) ! وہ آنسو جو یتیم کی آنکھوں سے بہیں ۲ وہ آنسو جو بیکسی میں نکلیں۔ **اشکوں سے مُنہ دھونا** (متعدی) بہت رونا۔ **اشکوں کا تار (کی جھڑی) باندھنا** (متعدی)، **بندھنا** (لازم) بہت رونا۔ **اشکوں کے قطرے** (مذکر) آنسو۔ **اشکوں کی جھڑی لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) بہت رونا۔

اَشکال (ع۔ مذکر) شکل کی جمع ! شکلیں۔ صورتیں۔ شبیہیں۔ **اشکالِ رمل** (مؤنث) رمل کے

نقشے یا صورتیں۔

اشکال (ع۔ مذکر) شکل۔ دقت تکلیف
۲شکل۔ مشکوک ہونا۔ **اشکالنا** (متعدی) ۱شبہ پیدا کرنا
شبہ ہونا ۲دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ ترغیب دینا۔ بہکانا
ورغلانا۔ **اِشکالی** (صف) جو شبہ اور تکلیف پیدا کرے۔

اَشکت (س۔ صفت) نالائق۔ ناقابل
ناتواں۔ ناطاقت۔ ضعیف۔ کمزور۔ **اَشکتی** (مؤنث)
نالائقی۔ ناقابلیت۔ ضعف۔ کمزوری۔ ناطاقتی۔

اِشکرہ (ف۔ مذکر) شکرہ۔ باز کی قسم کا
ایک شکاری پرندہ۔

اَشِکشِت (س۔ صفت) ان سیکھا
ان پڑھ۔ غافل۔ جاہل۔

اُشکل (ع۔ صفت) ۱سرخ آنکھوں والا
۲سرخ و سفید ملا ہوا ۳بہت یا زیادہ شکل۔

اِشکل (ف۔ مذکر) وہ گھوڑا جس کا
آگے کا دایاں اور پیچھے کا بایاں پاؤں سفید ہو۔

اَشکن (س۔ مذکر) اسکن۔ بدشگونی۔
بدفالی۔ **اَشکنی** (صفت) نحوست ظاہر کرنے والا۔
منحوس۔ بدشگون (مذکر) بدشگونی۔

اَشکیہ (س۔ صفت) ناممکن۔ محال۔

اَشَل (ع۔ صفت) سوکھے ہوئے ہاتھ والا

اَشلک (ت۔ مذکر) بہتان تہمت
(لگانا کے ساتھ)

اَشلوک (ہ۔ مذکر) شعر۔ فقرہ۔ بیت۔
نظم۔ بند۔ حمد۔ مدح ۲مقفٰی فقرے **اشلوک کہانی**
(مؤنث) تحفہ جو لڑکی کی رشتہ دار عورتیں لڑکے کو چھن پڑھ کر
دیتی ہیں۔

اَشلیشا (مؤنث) **اشلیکھا** (مذکر)
نواں نکشتر یا منزل قمر۔

اَشَم (ع۔ صفت) اونچی ناک۔ معزز۔

اُشم۔ اُشما (س۔ مؤنث) گرمی طبیعت
کی تیزی۔ غصہ۔ **اُشم** (صفت) گرم۔ **اُشم جا** (مذکر) گرمی
سے پیدا ہوئے ہوئے جانور۔ جیسے مچھر۔ مکھی۔ کھٹمل وغیرہ
اُشم کال (مذکر) گرمی کا موسم۔ گرما۔ **اُشمتا** (مؤنث)
گرم۔

اِشماس (ع۔ صفت) روشن ہونا دن کا

اِشماع (ع۔ مذکر) اچھی روشنی دینا۔

اِشمام (ع۔ مذکر) خوشبو پھیلانا۔ خوشبو
چھڑکنا۔ خوشبو لگانا۔ کسی خاموش حرف صحیح کو ضمہ یا کسرے
کی ذرا سی آواز دینا (شَمّ۔ سونگھنا)

اُشمپس (س۔ عص) پتروں کی ایک
جماعت کا نام۔

اِشمخرار (ع۔ مذکر) بلند اور اونچا ہونا

اَشمری (س۔ مؤنث) ایک بیماری
چننگ۔ پتھری۔

اَشمَل (ع۔ صفت) شامل کی تفضیل
بعض و کل۔ بہت یا نہایت محیط یا حاوی۔ (ع۔ مذکر)
بہت کم۔ سب سے بڑھ کر۔ بہت بڑا۔

اِشمِئزار (ع۔ مذکر) ڈرنا۔ ڈر سے
بدن کانپنا

اَشن (س۔ مذکر) ۱ایک بہادر اور
دلیر قوم ۲(مؤنث) صاعقہ۔ بجلی ۳کسی پھینکنے والے
ہتھیار کی نوک۔

اُشن (س۔ مذکر) ۱گرمی۔ حرارت۔
موسم گرما ۲(صفت) گرم۔ حار۔ تیز۔ کڑوا۔ تلخ۔ **اُشنتا**
(مؤنث) گرمی۔ حرارت۔

اَشنان (ہ۔ مذکر) نہانا۔ غسل۔ نہان۔
غسل کر کے پاک یا پوتر ہونا۔ **اشنان دھیان** (مذکر)
غسل اور عبادت۔ ہندوؤں کی روزانہ عبادت (کرنا
کے ساتھ) **اشنان دھیان گیان میں ہونا**
(لازم) ہندو کا نہا کر عبادت اور پڑھنے میں مشغول ہونا۔

اَشنَع (ع۔ مذکر) شنیع کا تفضیل بعض و کل۔

اُشنیس (س۔ مذکر) پگڑی۔

اَشوَ (س۔ مذکر) ۱گھوڑا۔ اسپ۔ ٹٹو ۲
ایک خاص قسم کا عاشق جس کی طاقت گھوڑے کے برابر
ہو ۳ایک گروہ ۴چترک کا ایک بیٹا ۵ایک دانو۔
اشوا (صفت) گھوڑی۔ **اشوارُوڑھ** (مذکر) اسوار
گھوڑے کا سوار۔ **اشوباہو** (مذکر) چترک کا ایک بیٹا۔
اشوپتی (مذکر) ۱گھوڑے کا سوار ۲امیر یا رئیس جس
کے ہمراہ گھوڑے سوار ہوں ۳دشرتھ کا ایک سالا ۴ایک
اسرہ ۵مداس کا ایک راجہ جو ساوتری کا بیٹا تھا **اشوپرنی**
(مؤنث) ایک ندی۔ **اشوتیرتھ** (مذکر) ایک تیرتھ۔

اشوراج (مذکر) ساکی منی کا نام۔ **اشورکشک** (مذکر)
گھوڑے کا رکھنے والا۔ سائیس۔ **اشوسین** (مذکر) ۱
ایک ناگ ۲کرشن جی کا ایک بیٹا **اشوکرن** (مذکر) ایک
پہاڑ۔ **اشوکیش** (مذکر) ایک قوم۔ **اشوگریو** (مذکر) ایک
کیش۔ **اشوگندھا** (مؤنث) دیکھو اشگندھ۔ **اشومکھ**
(عص) گھوڑے کے منہ والا۔ دیکھو کنّر۔ **اشومیدھ**
(مذکر) ۱گھوڑے کی بھینٹ یا قربانی یہ قربانی سب سے
افضل شمار ہوتی تھی۔ صرف راجے ادا کرتے تھے۔ ایک گھوڑا
کھلا چھوڑ دیا جاتا تھا اور راجہ مع فوج اس کے عقب میں
روانہ ہوتا۔ جس علاقے میں سے وہ گھوڑا گزرتا وہاں کے
راجہ کو یا تو مقابلہ کرنا پڑتا یا اطاعت۔ اس طرح جب
بہت سے راجے اطاعت کر لیتے تو راجہ اپنے ملک کو
واپس آ کر اس گھوڑے کی قربانی کرتا۔ اور پھر مہاراجہ ادھراج
کہلاتا تھا۔ **اشوندی** (مؤنث) ۱ایک دریا ۲بھرت کی
اولاد میں سے ایک شخص۔ **اشووارا** (مذکر) اسوار گھوڑے
کا سوار۔ **اشوونی** (مؤنث) ۱ایک دریا ۲ایک اپسرا۔
اشوتج (مذکر) پہلا نکشتر یا منزل قمر۔ **اشویہ** (مذکر) وشنو
کا نام۔

اَشواس (ع۔ صفت) جو غرور سے اپنی
آنکھوں کو بند کرے اور پیشانی پر شکن ڈالے۔

اَشواط (ع۔ مذکر) شوط کی جمع۔ چکر۔ موڑ۔

اَشواک (ع۔ مذکر) شوک کی جمع۔ کانٹے۔

اِشواک (ع۔ مذکر) بہت کانٹے ہونا۔

اَشوتھامن (س۔ عص) ۱درون
اچارج اور کرپا کا بیٹا۔ مہابھارت کی لڑائی کے
ختم ہونے پر کوروں میں سے یہ اور دو اور شخص زندہ بچے
تھے۔ انہوں نے رات کو جا کر پانڈوں کے لشکر کے بہت سے
آدمی قتل کر دیئے جن میں دروپتی کے پانچ لڑکے بھی تھے
دروپتی نے قصاص کے لئے زور دیا۔ مگر یدھشٹر نے کہا کہ
وہ برہمن ہے۔ اس پر دروپتی نے کہا کہ اس کے پاس ایک
ہیرا ہے۔ وہ لیا جائے۔ چنانچہ ارجن اور کرشن جی نے
جا کر ہیرا اس سے چھین کر دروپتی کو دے دیا جو اس
نے یدھشٹر کی نذر کر دیا۔ اس نے اپنے تاج میں نصب
کر لیا ۲منوساورن کے زمانے کے سات رشیوں میں
سے ایک۔

اَشور (ع۔ مذکر) دیکھو اسیریا۔ **اشوری**
(صفت) اشور کا رہنے والا۔

اَشوک (س۔ مذکر) ایک درخت کا

نام - اشوک اشٹمی (مؤنث) چیت کے مہینے کا آٹھواں دن جب شوجی کے اعزاز میں ایک تیوہار منایا جاتا ہے - اور اس دن پانی میں منہدہ اشوک کے پھول ڈال کر پیتے ہیں -

اشون - اشونورس عیں گھوڑے سوار - دو دیوتا جن کا ذکر ویدوں میں آتا ہے - ہمیشہ جوان رہتے ہیں - نہایت خوبصورت اور حسین ہیں - یہ سونے کے رتھ پر سوار ہو کر صبح کی خبر دیتے ہیں یہ سورج دیوتا کے بیٹے ہیں - اور ایک اپسرا کے بطن سے ہیں - جس نے اپنی شکل گھوڑی کی بنالی تھی - اس لئے اس کا نام اشوینی ہوا ۲ ایک نکشتر ۳ نکل اور سہدیو - **اشونی** (مؤنث) اشون کی ماں - **اشونی کمار** (مذکر) اشونی کا بیٹا جو پہلے وید کا باپ ہے -

اشہاد (ع - مذکر) شاہد کی جمع - گواہ چشم دید گواہ -

اِشہاد (ع - مذکر) شہادت پیدا کرنا ثبوت پیش کرنا - دیکھنے کے لئے لے جانا (شہد دیکھنا)

اشہب (ع - صفت) ۱ وہ سیاہ رنگ جس میں سفیدی غالب ہو - اس معنی میں عنبر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۲ سبزہ گھوڑا ۳ گھوڑا ۴ (شہب - خاکی ہونا) **اشہب روزگار یا زمانہ** (مذکر) ۱ دن ۲ زمانہ -

اشہد (ع - مضارع) میں گواہی دیتا ہوں - اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ کلمۂ شہادت مسلمانوں کا دوسرا کلمہ جس کے معنی ہیں - میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے - وہ ایک ہے کوئی اس کا شریک نہیں - اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کا بندہ اور رسول ہے -

اشہر (ع - مذکر) بہت یا زیادہ ظاہر مشہور یا معروف -

اشہل (ع - مذکر) وہ شخص جس کی آنکھ بھیڑ کی ۔ج بڑی اور بیڈول ہو (شہل - آنکھ کا نیلگوں سرخ ہونا)

اشہی (ع - صفت) زیادہ خواہشمند - زیادہ پسندیدہ -

اشیا (ع - مؤنث) شے کی جمع چیزیں -

اشیائے پوشیدنی (مؤنث) کپڑے - **اشیائے خوردنی** (مؤنث) کھانے کی چیزیں - **اشیائے نفیسہ** (مؤنث) اچھی چیزیں - نفیس چیزیں -

اشیاع (ع - مذکر) ۱ شیع کی جمع جتھے مقداریں ۲ شیعت کی جمع - ہمراہیان - رقیب - مقابل ۳ ملازمان - تابع -

اشیاف (ع - مذکر) شافہ کی جمع الجمع شیاف جمع ہے - بتیاں - فتیلے -

اشیل (س - صفت) بدطینت - بدتہذیب

اصابت (ع - مؤنث) رسائی - پہنچ پختگی - مضبوطی (صَوَب - درست سمجھنا)

اصابع (ع - مؤنث) جمع اصبع کی - انگلیاں -

اصاغر (ع - صفت) جمع اصغر کی ۱ چھوٹا - ناچیز - غریب ۲ کمینہ -

اصالت (ع - مؤنث) ۱ نطفے کی تاثیر - ذات اور خاندان کا اثر ۲ اصلیت - خاصیت شرافت ۳ عمدہ نسل (گھوڑے یا مرغ کی) ۴ کھرا پن - نفاست - لطافت (صَلُت - جڑ مضبوط ہونا) **اصالتاً اصالۃً** (تف) ۱ خود - بنفس نفیس - بلاواسطہ ۲ اصل میں - حقیقت میں - بالکل - **اصالت پر آجانا** (لازم) ۱ اپنی اصلیت کے موافق کام کرنا ۲ کمینے کا کمینہ پن کرنا -

اَصباح (ع - مؤنث) جمع صبح کی -

اِصباح (ع - مذکر) صبح کے وقت آنا یا کوئی کام کرنا - ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا (صَبَح - صبح کے وقت آنا)

اصباغ (ع - مذکر) صبغ کی جمع - رنگ

اصبح (ع - صفت) ۱ خوبصورت چہرے والا - ۲ سرخ رنگ ۳ (مذکر) خونخوار شیر ۴ یمن کا ایک بادشاہ -

اصبع (ع - مؤنث) انگلی -

اصبغ (ع - صفت) ۱ سفید دم والا ۲ سفید پیشانی والا (گھوڑا) ۳ حضرت علی کے ایک دوست

اصح (ع - صفت) بہت صحیح بہت درست -

اِصحا (ع - مذکر) مستی سے ہوشیاری میں آنا -

اصحاب (ع - مذکر) صاحب کی جمع ۱ ساتھی - مصاحب - ہمنشین - دوست ۲ وہ لوگ جنہوں نے پیغمبر صلعم کو دیکھا اور ان پر ایمان لائے - اور بحالت ایمان فوت ہوئے ۳ مالک - آقا - خداوند - **اصحاب الاخدود** (مذکر) ان کا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے - یہ عیسائی تھے - اور ان کو یمن کے یہودی بادشاہ ذونواس نے زندہ جلوا دیا تھا - **اصحاب الحدیث** (مذکر) دیکھو اہل حدیث - **اصحاب الرائے** (مذکر) وہ فقہا جو سوچ کر کوئی مسئلہ نکالیں - **اصحاب الرس** (مذکر) ایک قوم جس کا ذکر قرآن شریف میں آتا ہے - **اصحاب الفروض** (مذکر) وہ وارث جن کے حصے قرآن شریف میں دئے ہوئے ہیں - **اصحاب اعتبار** (مذکر) قابل اعتبار لوگ - **اصحاب تدبیر** (مذکر) مشیران - وزیران - **اصحاب تواریخ** (مذکر) مؤرخان - **اصحاب جاہ** (مذکر) امیر - سردار - **اصحاب جحیم** (مذکر) دوزخیاں - وہ لوگ جو جہنم میں جائیں گے - **اصحاب روایت** (مذکر) مورخان **اصحاب سیوف** (ف - مذکر) سپاہیان - **اصحاب علم** (مذکر) عالمان - **اصحاب فیل** (مذکر) ہاتھیوں والے وہ فیل نشین فوج جس نے ابرہہ بن صباح حاکم یمن کی سرکردگی میں مکہ معظمہ پر حملہ کیا تھا - مسلمانوں کا اعتقاد ہے - کہ خدا نے ان کی سزا کے لئے ابابیلوں کا ایک لشکر بھیج دیا جنہوں نے کنکریاں مار کر کل لشکر کو بھگا دیا - یہ واقعہ ۵۷۰ء میں ہوا جو پیغمبر صلعم کا سن ولادت ہے **اصحاب کبار** (مذکر) پیغمبر صلعم کے چار بڑے اصحاب - حضرت ابوبکرؓ - عمرؓ - عثمانؓ - علیؓ - **اصحاب کہف** (مذکر) مسلمانوں کی روایت کے بموجب پانچ - سات یا نو اور عیسائیوں کے بموجب شہر افیس کے سات عیسائی باشندے جو روم کے شہنشاہ ڈیسیس (دقیانوس) کے زمانے میں ۲۴۹ء - ۲۵۱ء کے درمیان قتل سے بچنے کے لئے ایک غار میں جا کر سو رہے - اور کئی سو سال تک سوتے رہے - ان کے ہمراہ ایک کتا بھی تھا - عیسائی روایت کے بموجب وہ ۱۹۶ سال تک سوئے - اور جاگنے پر راہب بن گئے - [illegible] روایت کے بموجب وہ اپنے رشتے داروں کو مردہ پا کر پھر واپس [illegible] اور قیامت [illegible] رہیں گے

اصدار (ع - مذکر) [illegible] آثار نا [illegible] (قع ہونا)

اصداغ (ع - صفت) صدغ کی جمع - کنپٹی کے بال - کنپٹیاں -

اصداف (ع - مذکر) جمع صدف کی -

اِصداق (ع - مذکر) جہیز دینا۔

اصدَران - اصدغان (ع - مذکر) دو رگیں ہیں جو دونوں کنپٹیوں کے نیچے واقع ہیں۔

اَصدق (ع - صفت) زیادہ سچا یا وفادار

اَصدِقا (ع - مذکر) صدیق کی جمع - وفادار دوست۔

اَصر (ع - مذکر) ۱ توڑنا ۲ جھکنا ۳ باندھنا ۴ روکنا۔

اِصرار (ع - مذکر) ۱ ہٹ - تکرار - ضد ۲ تاکید کرنا۔ ہونا کے ساتھ (اصرار کسی بات میں ضد کرنا)

اَصراف (ع - مذکر) صرف کی جمع - بہت اخراجات۔

اِصراف (ع - مذکر) ۱ خرچ کرنا ۲ خرچ مصرو[illegible] (صَرف - خرچ کرنا)

اِص[illegible]رم ([illegible]) ۱ غریب ہونا ۲ کھجوریں چننے کا موسم ہونا۔

اِصطباح (ع - مذکر) صبح کو پانی پینا

اِصطبار (ع - مذکر) صابر ہونا۔ صبر کرنا۔

اِصطِباغ (ع - مذکر) ۱ رنگنا - غوطہ دینا ۲ بپتسمہ - عیسائی کسی کو عیسائی بنانے پر یا بچوں کو پیدائش سے کچھ دن بعد گرجا میں لے جا کر زرد پانی چھڑکتے ہیں۔ اور اس طرح ان کو عیسائی مذہب میں داخل کرتے ہیں۔ حضرت عیسےٰ ؑ نے اپنے پیرو بنانے پر ایسا کیا تھا۔ سو اب یہ رسم عیسائیت کے اصولوں میں داخل ہے (صَبَغ - رنگنا)، اصطباغ دینا (متعدی) بپتسمہ دینا۔ عیسائی بنانا - اصطباغ لینا ([illegible]) بپتسمہ لینا عیسائی ہونا۔

اِصطَبَل (یو - مذکر) اِسطبل - طویلہ گھوڑوں کے باندھنے کا مکان۔

مثل - اصطبل کی بلا بندر کے سر - شرارت کوئی کرے - الزام کسی پر لگے۔

اُصطُرلاب (یو - مذکر) دیکھو اسطرلاب۔

اِصطِفا (ع - مذکر) چننا - انتخاب کرنا

اِصطِفاف (ع - مذکر) تنظیم تبویب (صَفّ - ترتیب سے لگانا)

اِصطِفاق (ع - مذکر) ۱ درخت کا ہوا سے ہلنا ۲ بربط کے تاروں پر ہاتھ مارنا۔

اِصطِفا (ع - مؤنث) ۱ منتخب ہونا - چنا جانا ۲ برگزیدگی - بزرگی (صَفو - صاف ہونا)

اِصطِکاک (ع - مذکر) ۱ مارنا ۲ ٹکرا کھانا - ادھر اُدھر پھینکنا۔

اِصطِلاح (ع - مؤنث) ۱ کوئی لفظ یا جملہ جس کے کوئی خاص معنی کوئی گروہ ٹھیرا لے ۲ کسی صنعت یا فن کا خاص لفظ - اصطلاحات (مؤنث) اصطلاح کی جمع - اصطلاحاتِ علمیہ (مؤنث) الفاظ تراکیب یا جملے جو مختلف علوم و فنون میں خاص معانی رکھتے ہیں - اِصطلاحاتِ قانونی (مؤنث) ایسے الفاظ ترکیبیں یا فقرے جن کے قانون کے متعلق معنی ٹھیرائے جائیں یہ الفاظ عموماً کسی ایکٹ یا قانون کے شروع میں پائے جاتے ہیں - اِصطِلاحی (صفت) اصطلاح کی طرف منسوب ٹھیرا ہوا (امر) اصطلاحی معنی (مذکر) ایسے معنی جو ٹھیرائے جائیں اور اصلی نہ ہوں۔

اِصطِلام (ع - مذکر) مٹانا۔

اِصطِناع (ع - مذکر) ۱ مہربانی کرنا ۲ کسی بات کے لئے انتخاب کرنا ۳ مہربانی عنایت ۴ انتخاب۔

اِصطِیاد (ع - مذکر) شکار کرنا۔

اِصعاق (ع - مذکر) ۱ آسمان سے آگ اتارنا ۲ مارنا ۳ بیہوش کرنا۔

اِصغا (ع - مذکر) سننا۔

اَصغَر (ع - صفت) صغیر کی تفضیل بعض کل - بہت یا زیادہ چھوٹا۔

اَصَف (ع - مذکر) ایک درخت کا نام

اِصفاح (ع - مذکر) - درخواست نامنظور کرنا۔

اَصفاد (ع - مذکر) صفد کی جمع ۱ زنجیریں ہتھکڑیاں ۲ تحفے۔

اَصفار (ع - مذکر) صفر کی جمع - نقطے۔

اِصفار (ع - مذکر) غریب ہونا - خالی ہاتھ ہونا۔

اِصفاق (ع - مذکر) ۱ دروازہ بند کرنا ۲ مویشی کا دودھ دن میں ایک بار دوہنا ۳ بڑھنا - ترقی کرنا

اَصفح (ع - صفت) کشادہ پیشانی - چوڑی پیشانی والا۔

اَصفَر (ع - صفت) زعفرانی - زرد۔

اَصفَران (ع - مذکر) دل و زبان۔

اَصفیٰ (ع - صفت) زیادہ خالص۔

اَصفِیا (ع - مذکر) صفی کی جمع - برگزیدہ لوگ۔

اَصل (ع - مؤنث) ۱ بنیاد - جڑ ۲ مادہ - ماخذ ۳ اصلیت - حقیقت ۴ بساط - کائنات - ہستی ۵ خالص - بے میل ۶ ابتدائی حیثیت - گزشتہ حالت ۷ نطفہ - نسب - ذات ۸ واقعی ٹھیک ۹ شریف - شرافت ۱۰ متن کتاب ۱۱ خلاصہ - لب لباب ۱۲ مول - وہ روپیہ جو قرضہ دیا جائے ۱۳ وہ روپیہ جو کسی کام پر لگایا جائے ۱۴ (صفت) قدیم - پرانا (اَصل - جڑ سے نکالنا) ۱۵ اصلی - نقل کی ضد - اصل الاصول (مذکر) خلاصہ - لب لباب - اصل السُّوس (مؤنث) ملٹھی - اصلُ اللِّسان (مؤنث) جبڑے کے نیچے کا غدود - اصل النخاع (مؤنث) سر حرام مغز - حرام مغز کا سرا - اصل پر کھنچ جانا (لازم) اصلیت پر آجانا - اصل جڑ (مؤنث) درخت کی بڑی اور درمیانی جڑ - اصل حال بتانا (متعدی) ٹھیک واقعات ظاہر کرنا سارا قصہ سنانا - اصل خیر سے (تف) (ع) سلامتی سے خیریت سے - اصل دار (مذکر) پونجی والا - سرمائے والا - اصل دائر (مذکر) وہ روپیہ جو ایک دفعہ خرچ ہو کر پھر اسی کام کے لئے کار آمد نہ ہو سکے - جیسے تنخواہیں - اصل روپیہ یا زر (مذکر) وہ روپیہ جو سود پر دیا جائے - اصل شاہی (مذکر) ایک طریقہ جس کے بموجب اصل روپیہ چند شخصوں کے ہاتھ میں آجاتا ہے - اصل قائم (مذکر) وہ جائداد جو اپنی آخری صورت میں آچکی ہو اور جو پیداوار کے لئے بار بار استعمال کی جا سکے - جیسے زمین - اصل مُعدی (مذکر) چھوت پیدا کرنے والا مادہ - اصل معہ سود (مذکر) مول اور بیاج - اصل موضوعہ (مذکر) دیکھو اصول موضوعہ - اصل نام (مذکر) وہ نام جو شروع سے ماں باپ نے رکھا ہو - اصل و فرع (مذکر) سبب اور اثر - سبب و مسبوب - علت و معلول - اصلی (صفت) ۱ خاص قدیمی ۲ واقعی - ٹھیک ۳ نقلی کی ضد ۴ جبلی - فطرتی - پیدائشی - خلقی - اَصلیّت (مؤنث) اصلی بات - حقیقت - واقعی امر - اصلی زمین (مؤنث) - وہ زمین جو شروع سے قبضے میں ہو - بعد کی خریدی یا دریا سے نکلی ہوئی نہ ہو - اصلی قیمت (مؤنث) قیمت جو واقعی دی جائے - قیمت جو شروع میں دی گئی ہو - اصلی

کاؤں (مذکر) ۱؎ وہ گاؤں جس پر پہلے پہل تمبندی کی گئی ہو ۲؎ وہ گاؤں جس میں سے نکل نکل کر چھوٹے چھوٹے اور گاؤں آباد ہوگئے ہوں۔ **اصل** یہ ہے۔ واقعہ حقیقت میں اس طرح ہے۔

امثال و اقوال۔ اصل اصل (رہی) سب۔ نقل نقل (رہی) ہے۔ اصل نقل میں (بڑا یا زمین آسمان کا) فرق ہے۔ **اصل کی بات نقل میں نہیں**۔ جو خوبی اصل میں ہوتی ہے نقل میں نہیں ہوتی۔ **اصل بد از خطا خطا نکند** (ف) کمینہ ضرور بدی کرتا ہے۔ **اصل سے خطا نہیں کم اصل سے وفا نہیں**۔ خاندانی آدمی بدی نہیں کرتا۔ اور کمینہ وفاداری نہیں کرتا۔ **اصل کہے سو داڑھی جاڑ (ھ)** جو سچی بات کہے وہ بے عزتی کرائے (داڑھی جلوائے)۔ **اصل کے اصل ہوتے ہیں**۔ شریف کی اولاد شریف ہوتی ہے۔

اَصلاً (ع۔ تف) ۱؎ ہرگز۔ کسی طرح ذرا سا۔ برائے نام۔ ۲؎ حقیقت۔ اصلاً مطلقاً تحت۔ ہرگز کبھی نہیں (نہیں کے ساتھ)

اَصلاب (ع۔ مذکر) صُلب کی جمع۔ پشتیں۔ پیڑھیاں۔

اِصلاح (ع۔ مؤنث) ۱؎ درستی۔ تصحیح۔ ترمیم صحت ۲؎ موافقت۔ میل جملاپ ۳؎ خط کا بنانا یا بنوانا۔ حجامت ۴؎ نقص دور کرنا۔ ترتیب دینا۔ سنوارنا ۵؎ (طبابت) ایک دوا کی مضرت کو دوسری دوا کی شرکت سے رفع کرنا (ضد فساد۔ درست ہونا) **اصلاحات** (مؤنث) اصلاح کی جمع۔ کسی ملک کی حکومت میں وہ ترمیمیں جن کی وجہ سے حکومت کا نظام بہتر ہو جائے۔ **اصلاح بنانا یا بنا دینا** (متعدی) حجامت کرنا۔ خط بنانا۔ **اصلاح پر آنا** (لازم) درست ہونا۔ صلاحیت پر آنا ۲؎ نقصان رفع ہونا۔ **اصلاح پر ہونا** (لازم) درست ہونا۔ درست ہونا۔ **اصلاح پذیر** (صفت) اصلاح قبول کرنے والا (ہونا کے ساتھ) **اصلاح دینا یا کرنا** (متعدی) درست کرنا۔ نقص رفع کرنا۔ **اصلاح لینا** (متعدی) استاد کو بغرض رفع نقص نظم یا نثر دکھانا۔ **اصلاحِ مذہب** (مؤنث) مذہب کے اصولوں میں ترمیم کرنا۔

مثل۔ اصلاح ہی تو یہ ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے کردار میں اصلاح کر لے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے کئے پر پشیمان ہے۔

اَصلَح (ع۔ صفت) ۱؎ بہتر۔ بہترین ۲؎ نہایت اچھا۔ نفیس۔ ۳؎ درست ۴؎ نہایت مناسب۔

اَصلَخ (ع۔ صفت) بہت بہرا جو بالکل نہ سنے (صَلَخ گونگا بننا)

اَصلَع (ع۔ صفت) وہ جس کی چندیا کے بال گر گئے ہوں (صَلَع گنجا ہونا)

اَصلَم (ع۔ صفت) گوش بریدہ (صَلَم کان کاٹنا)

اَصَمّ (ع۔ صفت) ۱؎ گونگا ۲؎ (مذکر) ایسا عدد جس کا جزر نہ نکل سکے۔ کرنی (صَمَم گونگا ہونا)

اَصمَع (ع۔ صفت) ۱؎ چھوٹے کانوں والا ۲؎ تیز ۳؎ ذہین ۴؎ اونچا ۵؎ حیران۔

اَصمَخ (ع۔ مذکر) کان کا سوراخ۔

اَصَن (ع۔ صفت) گندہ بغل۔

اَصناف (ع) صفت۔ صنف کی جمع۔ قسمیں۔ طرزیں۔ اقسام۔

اَصنام (ع۔ مذکر) صنم کی جمع ۱؎ بت ۲؎ معشوق۔

اِصنان (ع۔ مذکر) ۱؎ ناک اونچی رکھنا ۲؎ مغرور ہونا ۳؎ حقارت کی نظر سے دیکھنا۔

اَصوات (ع۔ مذکر) صوت کی جمع۔ آوازیں۔ شور۔ صدائیں۔

اَصوَب (ع۔ صفت) بہتر۔ بہترین نہایت سچا یا سیدھا۔

اُصول (ع۔ مذکر) اصل کی جمع۔ قاعدے قانون۔ واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔ **اصول باندھنا** (متعدی) قاعدے مقرر کرنا۔ **اصول بدل** (مذکر) وہ اصول جس کے بموجب پرانے طریقوں کی بجائے نئے طریقے استعمال کئے جائیں۔ **اصولِ ترقی** (مذکر) جن پر عمل کرنے سے ترقی کی جا سکے۔ **اصولِ حدیث** (مذکر) علم حدیث کے اصول۔ **اصولِ غیر مداخلت** (مذکر) ایک اصول جس کے بموجب کسی کے جائز کام میں مداخلت نہیں ہونی چاہئے۔ **اصولِ موضوعہ** (مذکر) علم ہندسہ و ریاضی میں چند ایسی واضح باتیں ہیں جو دوسری باتوں کو ثابت کرنے کے لئے مان لی گئی ہیں۔ وہ اس قدر آسان ہیں کہ بغیر ثبوت کے مانی جا سکتی ہیں۔ **اصول و فروع** (مذکر) جمع اصل و فرع کی۔ **اصولِ کلام** (مذکر) علم کلام میں مسائل نقلی کو دلائل عقلی سے ثابت کرنا۔

اَصہار (ع۔ مذکر) صہر کی جمع۔ وہ رشتہ دار جن سے شادی مسلمانوں میں جائز نہیں۔

اِصہار (ع۔ مذکر) شادی کی وجہ سے رشتہ دار ہونا۔ جن سے شادی جائز نہیں۔

اَصہَب (ع۔ صفت) ۱؎ سرخ۔ مائل بہ سفیدی ۲؎ (طب) وہ قارورہ جس کا رنگ سرخ سیاہی مائل ہو (صہب۔ ہلکا سرخ ہونا)

اَصیَد (ع۔ صفت) کج گردن (صَیَد گردن ٹیڑھی ہونا)

اَصیص (ع۔ مذکر) گمن۔ تسلا۔ ٹب جس میں زخم کی آلائش دھوتے ہیں۔

اَصیل (ع۔ صفت) ۱؎ وہ جس کے باپ دادا شریف اور نجیب ہوں۔ عالی خاندان ۲؎ اچھی نسل کا (انسان گھوڑا یا مرغ) ۳؎ مرغوں کی ایک خاص نسل جس کو لڑانے کے لئے پالتے ہیں ۴؎ (تلوار کے لئے) نہایت اعلیٰ فولاد کی ۵؎ (مؤنث) ماما۔ خادمہ۔ باورچن (اصل۔ جڑ) **اصیل ٹٹو** (مذکر) ۱؎ غریب اور اچھی نسل کا ٹٹو (مذاقاً) نیک اور غریب آدمی۔ **اصیل گھوڑا** (مذکر) اچھی نسل کا گھوڑا۔ **اصیل مرغ** (مذکر) اچھی نسل کا مرغ۔

امثال وغیرہ۔ اصیل گھوڑے کو چابک کی حاجت نہیں۔ جس طرح اچھے گھوڑے کو مارنے کی ضرورت نہیں پڑتی اسی طرح اچھے لڑکے کو پڑھنے کے لئے، اچھے آدمی کو کام کے لئے تنبیہ کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ **اصیل مرغ کی ایک ٹانگ**۔ اپنی بات پر ضد کرنا۔ اپنی کہے جانا۔ **اصیل مرغی ٹکے کے**۔ شریفوں کی بے قدری۔

اِضاعت (ع۔ مؤنث) برباد کرنا۔ تلف کرنا۔

اِضافت (ع۔ مؤنث) ۱؎ نسبت۔ علاقہ لگاؤ ۲؎ اعراب میں سے کسرہ جب فارسی مرکبات میں مضاف الیہ کو دیا جاتا ہے ۳؎ (صرف و نحو) ایک اسم کا دوسرے اسم کی طرف نسبت کرنا۔ جیسے محمود کا قلم، داغِ دل (اضافۃ۔ ملانا) **اضافتِ ابنی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں بیٹے کے نام کو باپ کے نام کی طرف اضافت کریں۔ جیسے بو علی سینا۔ **اضافتِ استعارہ** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں استعارہ تمثیلیہ استعمال یا کنایہ کی طرف مضاف ہو جیسے نگاہِ ناز۔ اس میں ناز کو معشوق سے

استعارہ کیا ہے۔ جو شبہ بہ اور محذوف ہے۔ **اضافتِ بیانی یا تمییزی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں مضاف الیہ مضاف کا بیان واقع ہو۔ جیسے سونے کی انگوٹھی۔ **اضافتِ تخصیصی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس سے مضاف کا مضاف الیہ کے لئے خاص ہونا سمجھا جائے جیسے خدا کا رسول۔ **اضافتِ تشبیہی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں مشبہ کو مشبہ بہ کی طرف اضافت کرتے ہیں۔ **اضافتِ تملیکی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس سے مضاف کا مملوک اور مضاف الیہ کا مالک ہونا مفہوم ہو جیسے میرا گھوڑا۔ **اضافتِ صِفتی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں مضاف الیہ صفت ہو اور مضاف موصوف جیسے گلِ خوش رنگ۔ **اضافتِ توضیحی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں مضاف مضاف الیہ کی توضیح کرے۔ جیسے دریدل۔ **اضافتِ حقیقی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں مضاف مضاف الیہ میں بلا حقیقت ہیں ہو۔ **اضافتِ ظرفی** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس سے مضاف کا ظروف [illegible] مضاف الیہ کا ظرف ہونا یا اس کا برعکس ہونا سمجھا جائے۔ جیسے جام شراب۔ **اضافتِ مجازی** (مؤنث) [illegible] **اضافتِ مقلوب** (مؤنث) وہ اضافت ہے جس میں مضاف مؤخر ہو اور مضاف الیہ مقدم [illegible] جیسے جہان پناہ [illegible] **اضافتِ ملابستی** (مؤنث) وہ ہے جس میں تھوڑے سے تعلق سے اضافت ہو جاتی ہے۔ جیسے میرا مدرسہ۔

اضافہ (ع۔ مؤنث) زیادتی۔ ایزاد۔ الحاق [illegible] اضافہ کرنا (متعدی) [illegible] ہونا (لازم) [illegible]

اضافی (ع [illegible]) [illegible]

اضاءت (ع۔ مؤنث) نورانی [illegible] درخشانی چمکاہٹ۔ چمک دمک (ضیا۔ چمکنا)

اضبط (ع۔ صفت) کسا جو بائیں ہاتھ سے کام کرے (ضبط۔ پکڑنا)

اضجاع (ع۔ مذکر) پہلو کے بل لٹانا۔ کروٹ پر لٹانا۔ (ضجع۔ لیٹنا)

اضحاک (ع۔ مذکر) ہنسانا۔

اضحیٰ (ع۔ مذکر) قربانی کا دن؛ قربانی کے جانور (اضحی [illegible]) پہر کو جانور قربانی کرنا۔

اضحیہ (ع۔ مذکر) قربانی؛ جانور جو عید الضحیٰ کے موقع پر قربانی کیا جائے۔

اضداد (ع۔ مذکر) ضد کی جمع؛ مخالفین۔

اضراب (ع۔ مذکر) ضرب کی جمع۔ ملتی ہوئی چیزیں۔

اضراب (ع۔ مذکر) ٹھہرنا۔ رہنا؛ سر پھیلانا [illegible] اونٹنی کو ملانے کے لئے لے جانا۔

اضراس (ع۔ مذکر) ضرس کی جمع۔

اضراس (ع۔ مذکر) ضرس کی [illegible] داڑھیں۔

اضراع (ع۔ مذکر) [illegible] ضعیف [illegible] ذلیل کرنا۔

اضرام (ع۔ مذکر) [illegible]

اضطجاع (ع [illegible]) [illegible]

اضطراب (ع۔ مذکر) [illegible] بے چینی۔ بیقراری۔ پریشانی۔ بیتابی۔ اضطراب پیدا کرنا (متعدی) [illegible] گھبراہٹ وغیرہ کسی بات کی وجہ سے ہونا۔ اضطراب رفع ہونا (لازم) پریشان ہونا۔ بیقرار ہونا وغیرہ۔ اضطرابی (مؤنث) اضطراب (ضرب۔ مارنا)

اضطرار (مذکر) **اضطراری** (ع۔ مؤنث) بے اختیاری۔ بیقراری۔ بے چینی (ضر۔ نقصان پہنچانا)

اضطرام (ع۔ مذکر) بھڑکنا۔ جلنا۔

اضطلاع (ع۔ مذکر) طاقتور ہونا۔

اضعاف (ع۔ صفت) ضعف کی جمع۔ دوگنا۔ اضعافاً مضاعفہ (صفت) دوگنا تگنا۔

اضعاف (ع۔ مذکر) دوگنا کرنا (ضعف دوگنا ہونا)

اضعف (ع۔ صفت) ضعیف کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت کمزور۔ بوڑھا ناتواں۔

اضغاث (ع۔ مذکر) ضغث کی جمع۔ سبزی اور بوٹیوں کے مٹھے۔ اضغاث احلام (طب) خواب ہائے پریشان جن کی کوئی تعبیر نہ ہو۔

اضل (ع۔ صفت) نہایت گمراہ۔

اضلاع (ع۔ مذکر) ضلع کی جمع؛ حصے؛ پسلیاں۔ پہلو؛ خطوط جو شکلوں کی حدیں ہوں؛ کسی زمین کے خاص حصے جو ہندوستان میں ایک علاقے جو ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ہوں۔ اضلاع الصدر [illegible] صادقہ یا بقفولہ (طب) وہ سات پسلیاں جو سینے کی ہڈی سے مل ہوتی ہیں؛ سچی پسلیاں۔ اضلاع الخلف یا الزور یا کاذبہ (طب) وہ پانچ پسلیاں جو سینے سے ملی ہوئی نہیں ہوتیں؛ جھوٹی یا ادھ پسلیاں۔

اضلال (ع۔ مذکر) گمراہ کرنا؛ بہکانا۔ (ضل۔ گمراہ ہونا)

اضم (ع۔ مذکر) غصے ہونا۔ ناراض ہونا؛ غصہ۔ نفرت۔

اضم (ع۔ مذکر) مدینہ کے قریب ایک پہاڑ اور وادی۔

اضمار (ع۔ مذکر) کلام میں کسی اسم کے واسطے ضمیر لانا (ضمر۔ چھپانا) اضمار قبل الذکر (مذکر) کسی کے ذکر سے پیشتر اس کے واسطے ضمیر کا لانا۔

اضمحلال (ع۔ مذکر) کمزوری؛ سستی؛ پژمردگی؛ ناتوانی (ضحل۔ کم ہو جانا)

اضمدہ (ع۔ مذکر) ضماد کی جمع۔

اضواء (ع۔ مذکر) ضو کی جمع۔ روشنیاں۔

اضیاف (ع۔ مذکر) ضیف کی جمع۔ مہمان۔

اضیق (ع۔ صفت) بہت تنگ۔

اطابت (ع۔ مؤنث) خوبصورت۔ خوشبودار۔ نرم یا نازک بنانا؛ مسلمانوں کی طرح بدن کو صاف کرنا (طیب۔ خاص یا اچھا ہونا)

اطاحت (ع۔ مؤنث) جائداد برباد کرنا۔ ضائع کرنا؛ چیزیں ادھر ادھر پھینکنا۔

اطار (ع۔ مذکر) حلقہ۔ گھیرا۔ کنارہ؛ حشفہ یعنی سپاری کے گرد کا ابھار؛ آنکھ کی تلی کا حلقہ (طب)

اطاعت (ع۔ مؤنث) مطاوعت۔ فرمانبرداری؛ تعمیل حکم کرنا۔ ہونا کے ساتھ (طوع۔ حکم ماننا) اطاعت سے سرتابی کرنا (متعدی) نافرمانی کرنا۔ فرمانبرداری کرنا۔ اطاعت کا دم بھرنا (متعدی) فرمانبرداری کرنا۔ اطاعت گزار (صفت) اطاعت کرنے والا۔ اطاعت گزاری (مؤنث) اطاعت کرنا۔ اطاعت گزاری کرنا (متعدی) فرمانبرداری کرنا۔ شوق سے اطاعت کرنا۔

اطاق (ترکی۔ مذکر) کمرہ۔ حجرہ۔

اَطال (ع۔ متعدی) لمبا کرے۔ بڑھائے (طَال۔ لمبا کرنا) **اَطَالَ اللہُ عُمْرَہٗ** (دعا) خدا اس کی عمر بڑھائے۔

اِطَالت (ع۔ مؤنث) لمبا کرنا۔

اَطَالیق (ع۔ مذکر) دیکھو اتالیق۔

اِطبّا (ع۔ مذکر) طبیب کی جمع۔ حکیم۔ معالج۔ بید۔ وید۔ ڈاکٹر۔

اَطباع (ع۔ مذکر) ۱ طبع کی جمع۔ مہریں ۲ طبیعتیں ۲ طبع کی جمع۔ دریا۔

اَطحَل (ع۔ صفت) خاکی رنگ یا چیز)

اِطرا (ع۔ مذکر) ۱ تعریف کرنا ۲ مبالغہ۔

اِطراب (ع۔ مذکر) خوش کرنا۔

اِطراح (ع۔ مذکر) ۱ پھینک دینا ۲ فاصلے پر رکھ دینا۔

اِطراد۔ اِطّراد (ع۔ مذکر) فن بلاغت میں ایک صنعت کا نام جس میں یا تو ممدوح اور اس کے آباد اجداد کا مسلسل ذکر ہو یا اجداد و آبا سے آغاز کر کے ممدوح کے نام پر مدح کا خاتمہ ہو۔

اِطرار (ع۔ مذکر) ۱ ستانا۔ چھیڑنا ۲ اشتعال دینا ۳ اُگنا۔

اَطراف (ع۔ مؤنث) طرف کی جمع۔ ۱ سمتیں۔ حوالی۔ کنارے۔ حدود ۲ دور کے علاقے ۳ (طب) ہاتھ۔ پاؤں۔ **اطراف النہار** (ع۔ مؤنث) دن کا پہلا اور آخری حصہ۔ صبح و شام۔ **اطراف شہر** (مذکر) سواد شہر۔ شہر کے آس پاس کی آبادی۔ **اطراف عُلیا** (طب) دونوں باہوں سے مراد ہے۔ شانوں سے انگلیوں تک۔ **اطراف سفلیٰ** (طب) دونوں ٹانگوں اور پیروں سے مراد ہے۔ **اطرافی** (صفت) باہر کے۔ حدودی۔ **اطرافی رونّہ** (مذکر) ایک اجازت نامہ جس سے محصول والی چیزیں بلا محصول علاقے میں گذاری جا سکتی ہیں۔

اِطراق (ع۔ مذکر) ۱ چپ رہنا ۲ سر جھکانا ۳ ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔ قدم بقدم چلنا ۴ روپیہ لے کر جانور ملائی کے لئے دینا۔

اُطرُوش (ع۔ صفت) بہرا۔

اِطریچَل (ع)، **اِطریفَل** (ع۔ مذکر) ایک قسم کی معجون جو ہڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ وغیرہ سے تیار کی جاتی ہے۔

اِطعام (ع۔ مذکر) کھلانا۔

اَطعِمہ (ع۔ مذکر) طعام کی جمع۔ کھانے۔

اِطغا (ع۔ مذکر) غلطی کرانا (طغیٰ۔ حد سے بڑھنا)

اِطفا (ع۔ مذکر) ۱ آگ بجھانا (طب) گرمی مارنا۔ ٹھنڈا کرنا (طفیٰ۔ آگ بجھنا)

اَطفال (ع۔ مذکر) طفل کی جمع۔ لڑکے۔

اَطفیج (مصری) دیکھو اتفیج۔

اِطلاع (ع۔ مؤنث) ۱ خبر۔ آگاہی۔ علم۔ واقفیت۔ رپورٹ ۲ اظہار پولیس۔ مخبر کی رپورٹ۔ (پانا۔ دینا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ اکثر اخباروں، اشتہاروں یا کتابوں کے آخیر صفحوں پر لوگوں کو آگاہ کرنے کے لئے مضمون کے سر پر اطلاع کا لفظ لکھتے ہیں (طَلَع۔ چڑھنا سورج کا) **اطلاع ابتدائی** (مؤنث) وہ پہلی اطلاع جو کسی واقعہ کی نسبت پولیس کے پاس پہنچے۔ **اِطلاعاً** (تف) اطلاع کے لئے آگاہی کے طور پر۔ **اطلاعات** (مؤنث) جمع اطلاع کی۔ **اطلاعات بہم پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) خبریں ملنا۔ **اطلاعات کی تردید کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خبروں کا غلط قرار دیا جانا۔ **اِطلاع مند** (مذکر) جس کے پاس اطلاع پہنچی ہو۔ **اِطلاع نامہ** (مذکر) اطلاعی تحریر جو عدالت سے کسی کے نام جاری ہو۔ سمن۔ وارنٹ۔ پروانہ۔ نوٹس۔ **اِطلاعی** (صفت) وہ چیز جو اطلاع دے۔ آگاہی کے لئے۔ **اطلاع یابی** (مؤنث) اطلاع پانا۔

اِطلاق (ع۔ مذکر) ۱ آزاد کرنا چھوڑنا کھولنا ۲ کہنا۔ بولا جانا۔ ایک چیز کا دوسری پر عائد کرنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (طَلَق۔ چھوڑ دینا عورت کو) **اِطلاق رکھنا** (متعدی) الگ رہنا۔ تعلق نہ رکھنا۔ آزاد ہونا۔

اَطلال (ع۔ مذکر) طَلَل کی جمع۔ ابدان مادے۔ کھنڈرات۔

اِطلال (ع۔ مذکر) ۱ ہونے کے قریب ہونا۔ ہونے والا ہونا ۲ قصاص نہ لینا۔

اَطلَس (ع۔ مؤنث) ایک قسم کا چمکیلا ریشمی کپڑا۔ ساٹن ۲ (نجوم) خوشہ ثریا میں ایک ستارے کا نام ۳ ستاروں کے نقشوں کا مجموعہ۔ **اَطلسی** (صفت) ۱ اطلس کا بنا ہوا ۲ اطلس کی طرح مثل۔ **اطلس پر مونج کا بخیہ**۔ بے جوڑ کام۔ نامناسب بات۔

اُطلُم (ع۔ مذکر) سخت ناراض ہونا۔

اِطماع (ع۔ مذکر) سخت خواہش یا طمع (طمع۔ لالچ کرنا)

اِطمینان (ع۔ مذکر) ۱ تسلی تشفی۔ دلجمعی۔ طمانیت۔ ڈھارس۔ دلاسا ۲ آرام چین۔ بیفکری (طمَن۔ آرام کرنا) **اطمینان بخش** (صفت) تسلی دینے والا۔ **اطمینان دلانا** (متعدی) دلاسا دینا۔ تسلی کرنا ڈھارس بندھانا۔ **اطمینان رکھنا** (لازم) تسلی رکھنا **اطمینان سے بیٹھنا** (لازم) بےفکر ہو جانا چین سے بیٹھنا۔ **اطمینان کر دینا یا کرنا** (متعدی) تسلی کرنا۔ **اطمینان کے لائق یا قابل** (صفت) قابل تسلی یا یقین۔ معتبر۔ **اطمینان ہو جانا یا ہونا** (لازم) تسلی ہونا۔ اعتبار ہونا۔ یقین آنا۔

اَطناب (ع۔ مذکر) طناب کی جمع۔ طنابیں۔ تنبو کی رسیاں۔

اَطوار (ع۔ مذکر) طور کی جمع۔ طریقے۔ روشیں۔ چال چلن۔ ڈھنگ۔ آداب۔ قاعدے۔ عادتیں

اَطواع (ع۔ صفت) نہایت تابعدار

اَطوَل (ع۔ صفت) طول کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا زیادہ لمبا۔

اَطہار (ع۔ مذکر) طاہر کی جمع۔ پاک لوگ۔

اِطہار (ع۔ مذکر) پاک ہونا (طُہر۔ صاف ہونا)

اَطہَر (ع۔ صفت) طاہر کی تفضیل۔ بعض و کل۔ بہت یا نہایت پاک۔

اَطیَب (ع۔ صفت) طیب کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت پاک یا خوشبودار۔

اَظفار (ع۔ مذکر) ظُفر کی جمع ۱ ناخن ۲ چند چھوٹے چھوٹے ستارے جو صورت عقاب کے سامنے ہیں ۳ صورت شلیاق کا ایک ستارہ۔

اَظلال (ع۔ مذکر) ظل کی جمع۔ سائے۔

اِظلام (ع۔ مذکر) ۱ سیاہ ہونا ۲ تاریکی میں چلنا ۳ سامنے کے دانتوں کا چمکدار ہونا ۴ ظلم سہنا

اَظلَم (ع۔ صفت) ظالم کی تفضیل

بعض وکل۔ بہت یا نہایت ظالم۔ **اظلم و اکفر** (صفت) سخت ظالم اور کافر۔

اِظہار (ع۔ مذکر) ۱کھولنا۔ ظاہر کرنا ۲بیان۔ شہادت۔ گواہی (ظہر۔ صاف ہونا) **اظہارِ اطاعت کرنا** (متعدی) ہار مان لینا۔ اطاعت کرنا۔ **اظہارِ تحریری** (مذکر) لکھا ہوا بیان۔ **اظہارِ تشویش** (مذکر) فکرمندی کا ظاہر کرنا۔ **اظہارِ تعشق کرنا** (متعدی) عشق ظاہر کرنا۔ محبت ظاہر کرنا۔ **اظہارِ حال** (مذکر) حالت بتانا یا ظاہر کرنا۔ **اظہارِ حقیقت** (مذکر) اصلی واقعات کا ظاہر کرنا۔ **اظہارِ خیال** (مذکر) اپنے خیالات کو ظاہر کرنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اظہار دینا** (متعدی) بیان دینا۔ عدالت میں مقدمات کے واقعات ظاہر کرنا۔ **اظہارِ زبانی** (مذکر) بول کر بیان دینا۔ **اظہار سلامی** (مذکر) ایک قسم کی ناجائز فیس۔ **اظہارِ قانونی** (مذکر) قانون کے مطابق بیان۔ **اظہار کرنا** (متعدی) ظاہر کرنا۔ بیان کرنا۔ **اظہار لینا** (متعدی) شہادت لینا۔ افسر کا مقدمے کے واقعات سننا۔ بیان تحریر کرنا۔ **اظہار نامہ** (مذکر) اعلان۔ اشتہار۔ اطلاع نامہ۔ **اظہار نویس** (مذکر) وہ محرر جو بیان لکھتا ہے۔ **اظہارِ ہمدردی** (مؤنث) کسی واقعہ پر افسوس ظاہر کرنا (فرمانا کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اظہار ہونا** (لازم) ظاہر ہونا۔ کھل جانا۔

اَظہر (ع۔ مذکر) ظاہر کی تفضیل بعض و کل۔ کھلا ہوا۔ بہت یا نہایت واضح یا صریح یا روشن **اظہر من الشمس**۔ سورج سے زیادہ روشن یا واضح۔ بہت کھلا ہوا یا صریح

اَعاجیب (ع۔ مذکر) عجوبہ کی جمع۔

اِعادت (مؤنث) **اِعادہ** (ع۔ مذکر) پلٹانا۔ پھرنا۔ دوہرانا۔ کسی بات کو بار بار کہنا (عود۔ لوٹنا) **اعادۂ شباب** (مذکر) جوانی کا دوبارہ آنا۔ بوڑھے کا پھر جوان ہونا۔ جرمنی کے ڈاکٹر وارناف نے بندروں کے غدود جسم انسان میں داخل کر کے بڈھے آدمیوں کو جوان بنایا ہے۔ **اعادہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دوہرایا جانا۔ بار بار کہا جانا۔

اِعاذت (ع۔ مذکر) حفاظت میں لینا۔ بچانا۔

اِعارت (ع۔ مذکر) عاریتاً دینا۔

اَعاظم (ع۔ صفت) عظم کی جمع ۱بڑا ۲عظیم ۳سب سے اونچا یا بلند۔ **اعاظم سلاطین سلمانی** (مذکر) مسلمان بادشاہوں میں سب سے بڑا۔

اِعالت (ع۔ مؤنث) ۱غریب ہونا ۲وراثت تقسیم کرتے وقت حصّے کم کر دینا ۳بہت عیالدار ہونا ۴گھر کا بڑا انتظام ہونا۔

اِعانت (ع۔ مذکر) مدد۔ سہارا۔ امداد۔ استعانت۔ حمایت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (عَوْن۔ مدد کرنا)

اعباء (ع۔ مذکر) عبء کی جمع۔ بوجھ۔ مالِ تجارت کے گٹھے۔

اِعتاق (ع۔ مذکر) ۱آزادی۔ رہائی ۲غلام کو آزاد کرنا (عتق۔ آزاد ہونا)

اِعتام (ع۔ مذکر) ۱سست ہونا ۲کسی کام سے رکنا یا روکنا ۳رات کا پہلا پہر ہونا۔

اِعتِباد (ع۔ مذکر) غلام بنانا۔ نوکر رکھنا

اِعتِبار (ع۔ مذکر) ۱یقین۔ بسواس۔ اعتقاد ۲اعتماد۔ ساکھ۔ بھروسہ ۳ثبات۔ قیام ۴لحاظ۔ نظر (عَبَر۔ گزرنا) **اعتبار آنا** (لازم) یقین آنا۔ **اعتبار اُٹھ جانا یا جاتا رہنا** (لازم) اعتماد نہ رہنا۔ ساکھ جاتے رہنا۔ **اعتبار پانا** (لازم) قابلِ اعتبار ہو جانا۔ معزز ہونا۔ **اعتبار رکھنا** (متعدی) معتبر ہونا۔ اعتبار کرنا۔ **اعتبار قومی** (مذکر) سرکاری اعتبار۔ قوم کی ساکھ جس کی وجہ سے دوسری قومیں لین دین کرتی ہیں۔ **اعتبار کرنا** (متعدی) ۱بھروسہ کرنا۔ اعتماد رکھنا ۲یقین کرنا۔ سچ جاننا۔ **اعتبار ماننا** (متعدی) اعتبار کرنا (مت) **اعتبار ہونا** (لازم) اعتبار کرنا۔ **اعتباری** (صفت) معتبر۔ بھروسے کے لائق۔

اِعتِدا (ع۔ مذکر) ۱حد سے بڑھنا ۲بے انصاف ہونا۔ بے انصافی۔

اِعتِدال (ع۔ مذکر) ۱برابر اور یکساں ہونا۔ نہ کمی نہ زیادتی ہونا۔ عین مناسب ہونا ۲میانہ روی۔ برابری۔ یکسانیت۔ درستی ۳(طب) مزاج کا معتدل ہونا۔ صحت کی حالت جس میں چاروں اخلاط ٹھیک ترکیب سے ہوں ۴(علا) وہ نقطہ جہاں خط استوائی اور طریق الشمس کا تقاطع ہوتا ہے۔ یہ دو نقطے ہیں اور انہیں اعتدالین کہتے ہیں (عَدَل۔ انصاف کرنا) **اعتدال بخش** (صفت) معتدل بنا دینے والا۔ **اعتدال پر آنا** (لازم) ۱معتدل ہونا ۲(طبیعت کا) بحال ہونا۔ **اعتدال پر رہنا** (لازم) میانہ روی رکھنا۔ ہر ایک کام یا بات مناسب طریق پر کرنا ۲صحت کا درست یا اچھی حالت میں ہونا۔ **اعتدال پسند** (صفت) میانہ رو۔ کسی بات میں کمی یا زیادتی پسند نہ کرنے والا۔ **اعتدال پسند جماعت** (مؤنث) وہ سیاسی فرقہ جو نہ تو خوشامد پسندوں کے ساتھ ہو نہ مخالفینِ سرکار کے ساتھ ۲وہ سیاسی جماعت جو دقیانوسی خیالات کے لوگوں اور آزاد پسندوں کے بین بین رہے۔ جو نہ بالکل پرانی باتوں کے برخلاف ہو نہ بالکل جدید اختراعوں کی حامی۔ **اعتدالِ خریفی** (علا) وہ اعتدال ۴ جس پر سورج ۲۲ ستمبر کو ہوتا ہے **اعتدالِ ربیعی** (علا) وہ اعتدال ۴ جس پر سورج ۲۱ مارچ کو ہوتا ہے۔ **اعتدالِ شخصی** ۔ وہ مزاج جو کسی ایک شخص کے لئے مناسب ہو۔ **اعتدالِ صنفی** (طب) وہ مزاج معتدل جو کسی خاص گروہ کے لئے مناسب ہو۔ **اعتدالِ عضوی** (طب) وہ مزاج معتدل جو کسی عضو کے لئے مناسب ہو۔ **اعتدالِ مزاجی** مزاج کا معتدل ہونا۔ **اعتدالِ نوعی** (طب) وہ مزاج جو ایک خاص نوع انسان کے لئے مناسب ہو **اعتدالی** (مؤنث) میانہ روی۔ اعتدال۔ **اعتدالین** (مذکر) اعتدال کا تثنیہ دیکھو اعتدال ۴

اِعتِذار (ع۔ مذکر) ۱معافی۔ عذرخواہی ۲عذر کرنا۔ معافی چاہنا (عذر۔ معاف کرنا) **اعتذار نامہ** (مذکر) معافی نامہ۔ معافی کی چٹھی۔ **اعتذاری** (صفت) ۱معافی مانگتے ہوئے ۲(مذکر) معافی مانگنے والا۔

اِعتِرا (ع۔ مذکر) ۱خواہش کرنا ۲ڈھونڈنا ۳آ جانا۔

اِعتِراض (ع۔ مذکر) ۱عیب نکالنا۔ شبہ کرنا۔ نکتہ چینی۔ گرفت۔ حجت۔ جرح ۲مخالفت کرنا۔ منظور نہ کرنا۔ معترض ہونا (عَرَض۔ واقع ہونا) **اعتراضات** (مذکر) جمع اعتراض کی۔ **اعتراضات کی بھرمار ہونا** (لازم) بیحد اعتراض ہونا۔ **اعتراض اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) ۱معترض کا شبہ رفع ہونا ۲نکتہ چینی کا ٹھیک جواب ملنا۔ **اعتراض جڑنا یا جڑنا** (متعدی) اعتراض کرنا۔ **اعتراضِ ضابطہ** (مذکر) کسی بے ضابطگی پر اعتراض کرنا۔ پیشی کا اعتراض۔ عذر۔ بے ضابطگی۔ **اعتراض غلط ہونا** (لازم) نکتہ چینی درست نہ ہونا۔ **اعتراض کرنا** (متعدی) عیب نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ **اعتراض لغو ہونا** (لازم) فضول

... اِعتراضوں کی بھرمار (مؤنث) ہی اعتراضات۔ اعتراض نکالنا (متعدی) نکالنا (لازم) نقص عیب نکلنا۔ **اعتراض ہونا** (لازم) نکتہ چینی ہونا۔ شبہ ہونا۔ **اعتراضی** (صفت) اعتراض کرنے ہوئے معترض۔

اِعتراف (ع۔ مذکر) ! مان لینا۔ تسلیم کرنا ! اقرار۔ اقبال۔ تسلیم (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (عرف۔ جاننا)

اِعتراک (ع۔ مذکر) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ ایک دوسرے پر گرے پڑنا۔

اِعتزاد (ع۔ مذکر) رشتہ دار ہونا۔

اِعتزاز (ع۔ مذکر) پھیلاؤ۔ اثر۔ خوبی۔ جوہر (عزّ۔ طاقتور ہونا)

اِعتزال (ع۔ مذکر) ! علیحدہ ہوجانا۔ الگ ہوجانا ! اختلاف۔ ناموافقت ! نوکری چھوڑ دینا ! تخت یا گدی سے دست بردار ہونا (عزل۔ علیحدہ کرنا)

اِعتسار (ع۔ مذکر) مجبور کرنا۔ زبردستی کرنا۔

اِعتساس (ع۔ مذکر) رات کو گشت کرنا۔

اِعتساف (ع۔ مذکر) اصل رستے سے ہٹ جانا (عسف۔ بے تکا رستے سے) **اعتسافِ قمر** (مذکر) ... کی حالت کا ... تغیر جس سے اس کا خروج ... جاتا ہے۔

اِعتشاش (ع۔ مذکر) سامان خوراک تھوڑا رکھنا۔

اِعتصار (ع۔ مذکر) گلے میں لقمہ اٹکنے کے بعد گھونٹ گھونٹ پانی پینا (عصر۔ دبانا)

اِعتصام (ع۔ مذکر) ! گناہ سے بچنا۔ اپنے آپ کو محفوظ رکھنا ! مضبوط پکڑنا۔ بھروسہ کرنا (عصم۔ بچانا)

اِعتضاد (ع۔ مذکر) مدد مانگنا۔

اِعتقاد (ع۔ مذکر) ! یقین۔ ایمان ! عقیدہ۔ اعتبار (عقد۔ مضبوط باندھنا) **اعتقاد اٹھ جانا** (لازم) عقیدہ جاتے رہنا۔ اعتبار نہ رہنا۔ **اعتقاد رکھنا** (متعدی) معتقد ہونا۔ ایمان لانا۔ **اعتقادِ کامل** (مذکر) پورا یقین۔ **اعتقادِ واثق** (مذکر) کامل اعتبار یا یقین۔ پکا یقین۔

اِعتقال (ع۔ مذکر) ! باندھنا۔ روکنا۔ بند کرنا ! زبان کا بند ہوجانا۔ بات نہ کرسکنا ! (طب) تشنج وجعی۔ اینٹھن (عقل۔ بند کرنا انتڑیوں کو) **اعتقالِ بطن** (طب) دستوں کا روکنا قبض پیدا کرنا۔

اِعتکاف (ع۔ مذکر)۔ عبادت کے لئے مسجد میں گوشہ نشین ہونا۔ نفس کو دنیاوی لذات سے باز رکھنا (عکف۔ لگاتار رکھنا) **اعتکاف سے نکلنا** (متعدی) اعتکاف ختم کرنا۔ **اعتکاف کرنا** (متعدی) مشرائط اعتکاف کے ساتھ گوشہ نشین ہونا۔ **اعتکاف میں بیٹھنا** (متعدی) ! اعتکاف کرنا ! دنیا چھوڑ دینا۔

اِعتلا (ع۔ مذکر) اونچائی۔ بلندی۔ (علوّ۔ اونچا ہونا)

اِعتلاف (ع۔ مذکر) چارہ کھا جانا۔

اِعتلاق (ع۔ مذکر) ! انس ہونا۔ محبت ہونا ! بندھا ہونا۔

اِعتلال (ع۔ مذکر) ! کمزور ہونا۔ بیمار ہونا ! بہانہ ڈھونڈنا ! کسی کا ارادہ بدل دینا۔

اِعتماد (ع۔ مذکر) ! بھروسہ۔ آسرا۔ آس۔ اعتبار۔ ساکھ۔ مان۔ پرتیت ! یقین کرنا۔ صحیح سمجھنا (عمد۔ ارادہ کرنا) **اعتماد اٹھ جانا** (لازم) اعتبار نہ رہنا۔ **اعتماد رکھنا یا کرنا** (متعدی) بھروسہ کرنا۔ یقین کرنا **اعتماد ہونا** (لازم) اعتبار ہونا۔ **اعتمادی** (صفت) ! اعتباری۔ جس پر بھروسہ کیا جا سکے ! (مذکر) اعتباری آدمی۔

اِعتمار (ع۔ مذکر) ! عمرہ بجالانا ! بہت دفعہ ملنے جانا ! پگڑی باندھنا۔

اِعتمال (ع۔ مذکر) ! خود کام کرنا ! لگاتار کام کرنا۔

اِعتمام (ع۔ مذکر) عمامہ باندھنا۔

اِعتنا (ع۔ مؤنث) ! غمخواری کرنا۔ ہمدردی کرنا ! تردد کرنا۔ غور یا فکر کرنا ! توجہ۔ پروا۔ خیال لحاظ۔ التفات۔ خاطر۔ مدارات (عنی۔ فکر مند ہونا)

اِعتنار (ع۔ مذکر) ! انکار کرنا ! ایک طرف مڑنا ! ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرنا۔

اِعتناف (ع۔ مذکر) آب و ہوا کا ناموافق ہونا (عنف۔ سختی سے پیش آنا)

اِعتناق (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کے گلے میں باہیں ڈالنا۔

اِعتوار (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے قرض لینا۔

اِعتیاد (ع۔ مذکر) ! واپس آنا ! عادت یا رسم بنانا۔

اِعتیاص (ع۔ مذکر) ! مشکل ہونا ! نرکو قریب نہ آنے دینا۔

اِعتیاض (ع۔ مذکر) عوض میں دوسری چیز لے لینا۔ برابر کی چیز لے لینا۔

اِعتیاق (ع۔ مذکر) روکنا۔

اِعجاب (ع۔ مذکر) ! حیران ہونا ! خوش کرنا ! خوش ہونا۔

اِعجاز (ع۔ مذکر) معجزہ۔ کرشمہ۔ کرامت اچوبہ۔ خرق عادت جو انبیائے کرام سے ظہور میں آئے۔ (عجز۔ ناقابل ہونا) **اعجازِ بیان** (مذکر) جس کی تقریر اور کلام نہایت پُراثر ہو۔ **اعجاز دکھانا** (متعدی) معجزہ دکھانا۔ کرامت ظاہر کرنا۔ **اعجاز کرنا** (متعدی) کمال کی بات کرنا۔ بے مثل کام کرنا۔ **اعجازِ عیسوی یا مسیحائی** (مذکر) حضرت عیسےٰ کا معجزہ۔ مُردے کو زندہ کرنا۔ بیمار کو تندرست کرنا۔ **اعجاز ہونا** (لازم) کرشمہ ہونا۔ کرامت ہونا۔

اِعجال (ع۔ مذکر) ! اکسانا۔ ابھارنا ! تیز کرنا۔

اِعجام (ع۔ مذکر) ! غلط عربی لکھنا۔ ! اعراب لگانا۔

اَعجز (ع۔ صفت) ! نہایت کمزور ! بڑے چوتڑوں والا۔

اَعجف (ع۔ مذکر) لاغر۔ دبلا (عجف۔ دبلا ہونا)

اَعجوبہ (ع۔ مذکر) ایک عجیب نادر انوکھی یا طرفہ چیز۔ اچنبھا۔ **اعجوبہ روزگار** (مذکر) زمانے کی نہایت عجیب چیز۔ بہت نادر چیز۔

اَعدا (ع۔ مذکر) عدو کی جمع۔ دشمن۔ مخالف۔ بیری۔ حریف۔ **اعدائے دین** (مذکر) دین کے دشمن۔ کفار۔

اَعداد (ع۔ مذکر) عدد کی جمع۔ ہندسے رقومات **اعداد و شمار**۔ کسی حقیقت کے ثبوت کے لیے بعض چیزوں کی تعداد پیش کرنا۔ پوری پوری گنتی۔ نیکٹس اینڈ فگرز۔

اِعدام (ع۔ مذکر) ! تباہی۔ اتلاف ! ررک ! ضرورت ہونا اور نہ ملنا (عدم۔ ضرورت ہونا۔ نابود ہونا)

اعدامِ افادہ (مذکر) کسی چیز کی فائدہ مندی کو ضائع کر دینا۔

اعدامیت (مؤنث) ایک تحریک جو روس میں شروع ہوئی تھی جس کا منشا یہ تھا کہ موجودہ انتظامات کو تباہ کر کے دوسرے اصولوں پر نئے انتظام کئے جائیں نہلازم۔

اَعدَل (ع۔ صفت) ۱ نہایت منصف ۲ بہت معتدل۔

اَعدیٰ (ع۔ صفت) بہت مخالف۔

اِعذاب (ع۔ مذکر) تکلیف دینا۔

اَعذار (ع۔ مذکر) عذر کی جمع۔

اِعذار (ع۔ مذکر) معافی مانگنا۔

اَعراب (ع۔ مذکر) بدو عرب کے صحرانشین (عَرَب۔ خالص ہونا) اعرابی (مذکر) عرب کا صحرانشین۔

اِعراب (ع۔ مذکر) ۱ حرکات زیر۔ زبر۔ پیش وغیرہ ۲ واضح اور روشن کرنا (عَرَبَ۔ خالص ہونا)

اِعراج (ع۔ مذکر) لنگڑا کر دینا۔ اپاہج بنا دینا (عَرَجَ۔ لنگڑا ہونا)

اَعراس (ع۔ مؤنث) عروس کی جمع۔ دلہنیں۔

اِعراس (ع۔ مذکر) ۱ دولہا یا دلہن بنا ۲ ولیمے کی تیاری کرنا ۳ جماع کرنا۔

اَعراض (ع۔ مذکر) عرض کی جمع ۱ عرضیاں ۲ آبروئیں ۳ (جوہر کی ضد) وہ چیزیں جو اپنی ذات سے قائم نہ ہوں ۴ (طب) کیفیات اور حالات جو مرض کے تابع ہوں بیماری کی ظاہری علامات۔ اعراضِ نفسانیہ (طب) وہ کیفیات جو نفس کو عارض ہوتی ہیں ۱ غم ۲ فکر ۳ غصہ ۴ خوف ۵ خوشی ۶ شرمندگی۔

اِعراض (ع۔ مذکر) ۱ روگردانی کرنا۔ منہ پھیرنا ۲ نفرت حقارت ۳ گریز کرنا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا باز رہنا (عَرَضَ۔ پھرنا)

اَعراف (ع۔ مذکر) دوزخ اور بہشت کا درمیانی مقام۔

اِعراق (ع۔ مذکر) ۱ جڑیں پکڑنا ۲ جڑیں پھیلانا ۳ شراب میں پانی ملانا ۴ عراق کو جانا

اِعراک (ع۔ مذکر) عورت کا حیض سے ہونا۔

اَعرَج (ع۔ صفت) ۱ لنگڑا ۔ قدرتی طور پر لنگڑا ۲ (مذکر) وہ شخص جو پیدائشی لنگڑا پیدا ہوا ہو (عَرَج لنگڑا ہونا) پیدائشی اپاہج۔

اَعرَف (ع۔ صفت) ۱ نہایت ہوشیار یا ذہین ۲ بہت مشہور ۳ جس کے ایال بہت ہوں (گھوڑا)

اَعَزّ (ع۔ صفت) ۱ نہایت عزیز ۲ بہت معزز۔

اِعزاز (ع۔ مذکر) رتبہ دینا۔ عظمت۔ شرف۔ وقار۔ شان پایہ۔ مرتبہ۔ درجہ (عَزّ۔ طاقتور ہونا) اعزاز بخشنا (متعدی) باعث عزت ہونا۔ اعزازی ناظم فوجداری (مذکر) آنریری مجسٹریٹ وہ فوجداری حاکم جو اپنے علاقے میں بلا تنخواہ انتظام کرے۔ اور چھوٹے چھوٹے مقدمات کا فیصلہ کرے۔

اَعزَل (ع۔ مذکر) ۱ نہتا آدمی ۲ بادل جو نہ برسے ۳ ستارہ جو علیحدہ ہو ۴ گھوڑا جو دم ایک طرف رکھے۔

اَعِزّہ (ع۔ مذکر) عزیز کی جمع ۱ بھائی بند رشتہ دار۔ عزیز و اقارب ۲ (صفت) نہایت عزیز۔ پیارا۔ اچھا یا قابل۔

اِعسار (ع۔ مذکر) غریب ہونا۔

اَعسَر (ع۔ صفت) نہایت مشکل۔

اَعشار (ع۔ مذکر) عُشر کی جمع ۱ دسویں حصے ۲ قرآن شریف کی آیتوں کی دس دس کی تقسیم ۳ پرندے کے باہر کے پر۔ اعشارِ شرعیہ (مذکر) حضرت موسےٰ کے دس احکامات ۱ خدا برابر کسی کو نہ لا ۲ بُت پرستی نہ کر ۳ خدا کا نام بے فائدہ نہ لے ۴ سبت کا دن پاک رکھ ۵ ماں باپ کی عزت کر ۶ خون نہ کر ۷ زنا نہ کر ۸ چوری نہ کر ۹ پڑوسی پر جھوٹی گواہی نہ دے ۱۰ پڑوسی کے گھر کا لالچ نہ کر۔

اِعشاش (ع۔ مذکر) کسی کو تنگ کرنا کہ گھر چھوڑ دے۔

اَعشیٰ (ع۔ مذکر) شب کور۔

اَعصاب (ع۔ مذکر) عصب کی جمع۔ پٹھے۔ نسیں۔ رگیں۔ یہ ایک قسم کی موٹی تاریں سی ہوتی ہیں جو دماغ یا حرام مغز یا عصبی عقدوں سے نکل کر جسم میں پھیلی ہوئی ہیں۔ ان کی کئی قسمیں ہیں۔ اعصابِ حاسہ (طب) وہ اعصاب جن کے وسیلے سے انسان کو سونگھنے۔ دیکھنے اور چکھنے کی قوت حاصل ہوتی ہے۔ اعصابِ حرکت (طب) حرکت دینے والے پٹھے۔ جن کے ذریعے اختیاری عضلات وغیرہ کو حرکت دی جاتی ہے۔ اعصابِ حِس (طب) حس کے پٹھے جن کے ذریعے سردی گرمی سختی اور درد کا احساس ہوتا ہے۔ اعصابِ دماغیہ (طب) وہ پٹھے جو دماغ سے نکلتے ہیں۔ اعصابِ شرکیہ (طب) اعضا میں ہمدردی یا شارکت پیدا کرنے والے پٹھے۔ اعصابِ ظہریہ (طب) پشت کے پٹھے۔ اعصابِ عُجزیہ (طب) سرین کے پٹھے۔ اعصابِ عنقیہ (طب) گردن کے پٹھے۔ اعصابِ قطنیہ (طب) کمر کے پٹھے جو کمر کے مقام پر حرام مغز سے نکلتے ہیں۔ یہ پانچ جوڑے ہیں۔ اعصابِ مرکبہ (طب) مرکب پٹھے جو حس و حرکت کے اعصاب کے باہم ملنے سے بنتے ہیں۔ اعصابِ نخاعیہ (طب) حرام مغز کے پٹھے جو ۳۱ جوڑے ہیں۔

اَعصار (ع۔ مذکر) عصر کی جمع۔ زمانے

اِعصار (ع۔ مذکر) عورت کا حد بلوغت کو پہنچنا (عَصَر۔ مانع ہونا)

اَعضا (ع۔ مذکر) عضو کی جمع ۱ جسم کے حصے۔ ہاتھ۔ پاؤں۔ انگ ۲ اردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔ اعضا بیکار ہونا (لازم) اعضا کو اتنا ضرر پہنچے کہ وہ اپنا فعل نہ کر سکیں۔ اعضا ٹوٹنا (لازم) جوڑ جوڑ میں درد ہونا۔ بخار چڑھنے سے پہلے بدن کا درد کرنا۔ بدن ٹوٹنا۔ اعضا شکنی (مؤنث) بخار چڑھنے سے پہلے کی حالت۔ بدن ٹوٹنا۔ اعضائے بدن یا تن (مذکر) جسم کے حصے۔ اعضا۔ اعضا کو جنبش ہونا (لازم) ہاتھ پاؤں کا ہلنا۔ غشی سے ہوش میں آنے پر ایسا ہوتا ہے۔ اعضائے رئیسہ (مذکر) دل جگر۔ دماغ وغیرہ۔ اعضائے مجلس (مذکر) ارکانِ مجلس۔ اعضائے مفردہ (مذکر) وہ اعضا جن کی جزو و کل اپنے نام اور حقیقت میں ایک ہو۔ یہ دس ہیں گوشت۔ ہڈی۔ کری۔ پٹھا۔ عضلہ۔ وتر۔ اباط۔ شریان۔ ورید۔ غشا۔

اِعضاض (ع۔ مذکر) تلوار مارنا۔

اِعطاش (ع۔ مذکر) پیاسا کر دینا۔

اِعطاف (ع۔ مذکر) عطف کی جمع۔ مہربانیاں۔ الطاف۔

اِعطاء (ع۔ مذکر) بخشنا۔ دینا۔ عطا کرنا۔

اِعظام (ع۔ مذکر) بڑا کرنا۔

اِعفا (ع۔ مذکر) ۱ عافیت دینا۔ بلا سے نگہبانی کرنا ۲ مرض سے محفوظ رکھنا (عَفو۔ بچانا) اعفاءِ طبعی (مذکر) مرض سے محفوظ رکھنے والی طبعی قوت۔ اعفاءِ کسبی (مذکر) مرض سے محفوظ رکھنے والی حاصل کردہ اور مصنوعی قوت۔

اِعفاف (ع۔ مذکر) حرام کھانے سے روکنا۔

اَعفَج (ع۔ صفت) توندیلا۔ وہ شخص جس کی توند نکلی ہوئی ہو۔

اَعقاب (ع۔ مذکر) عقب کی جمع۔ پسماندگاں۔ آل و اولاد جو کسی کے مرجانے کے بعد باقی رہے۔

اِعقاب (ع۔ مذکر) ۱ وارث ہونا ۲ بدلہ دینا۔

اَعقَل (ع۔ صفت) نہایت عقلمند۔

اِعلا (ع۔ مذکر) بلند ہونا۔ چڑھنا (عَلو۔ بلند ہونا)

اِعلاق (ع۔ مذکر) ۱ لٹکنا ۲ کسی چیز میں پنجہ اڑانا۔

اِعلال (ع۔ مذکر) بیمار کردینا۔

اَعلام (ع۔ مذکر) علم کی جمع۔ جھنڈے۔

اِعلام (ع۔ مذکر) ۱ خبر دینا۔ بتانا۔ علم کرانا۔ ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ اطلاع دینا۔ مطلع کرنا ۲ اطلاع۔ خبر۔ اعلان ۳ پروانہ۔ نوٹس۔ اطلاع نامہ۔ سمن۔ وارنٹ (عَلم۔ جاننا)

اِعلان (ع۔ مذکر) ۱ ظاہر کرنا۔ خبر دینا۔ مطلع کرنا ۲ اظہار۔ اطلاع۔ خبر ۳ شہرت۔ اشتہار۔ تشہیر ۴ اکثر اشتہار (یا) اخباروں یا کتابوں کے آخیر صفحے پر لوگوں کو کسی بات سے آگاہ کرنے کے لئے خبر چھپی ہوتی ہے۔ اس کے اوپر لفظ جلی قلم سے لکھ دیتے ہیں کرنا۔ ہونا کے ساتھ (عَلَن۔ جاننا) **اعلانِ حقوق** (مذکر) حکومت کے بنیادی اصولوں اور لوگوں کے حقوق کا اعلان۔ **اعلان شائع کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) مشتہر ہونا۔

اَعلَم (ع۔ صفت) عالم کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت عقلمند۔ علم پڑھا ہوا یا دانا۔

اَعلیٰ (ع۔ صفت) عالی کی تفضیل بعض و کل ۱ بہت یا نہایت اونچا۔ بلند۔ مرتفع یا بالا ۲ بہت یا نہایت عمدہ۔ اچھا یا بہتر ۳ بہت یا نہایت معزز۔ عالی رتبہ۔ بڑا۔ برتر وغیرہ۔ **اعلیٰ معطی علیہ** (مذکر) اعلےٰ پٹے دار۔ جاگیر دار۔

اَعَم (ع۔ صفت) بہت عام۔

اِعما (ع۔ مذکر) اندھا کر دینا۔

اَعمار (ع۔ مذکر) عمر کی جمع۔

اِعمار (ع۔ مذکر) دوران زندگی کے لئے دینا۔

اَعمال (ع۔ مذکر) عمل کی جمع ۱ افعال۔ کام۔ کرتوت ۲ جب اکیلا استعمال ہو تو برے کام مقصود ہوتے ہیں ۳ اوراد۔ وظائف۔ **اعمال بالید** (مذکر) ۱ دستکاری ۲ چیر پھاڑ کا علم۔ سرجری۔ **اعمال کا کاغذ** (مذکر) نامۂ اعمال۔ **اعمال کی پرسش** (مونث) قیامت کے دن اعمال کی بابت جزا سزا۔ **اعمال کی شامت بھگتنا** (لازم) برے کاموں کی سزا پانا۔ **اعمال نامہ** (مذکر) ۱ وہ کتاب جس میں کراماً کاتبین (دو فرشتے) آدمی کے اعمال لکھتے رہتے ہیں۔ قیامت میں اسی کی رو سے حساب کتاب ہوگا ۲ وہ کتاب جس میں سرکاری ملازموں کے حالات درج ہوتے رہتے ہیں۔

اَعمام (ع۔ مذکر) جمع عم کی۔

اَعمَش (ع۔ صفت) جس کی آنکھ سے پانی بہتا ہو (عَمَش۔ نظر کا کمزور ہونا)

اَعمیٰ (ع۔ صفت) ۱ اندھا۔ نابینا۔ مادرزاد اندھا ۲ عقل کا اندھا۔ غافل ۳ (مذکر) صحرا۔ ریگستان (عَمَیٰ۔ اندھا ہونا)

اَعناق (ع۔ مذکر) عنق کی جمع۔

اَعنَب (ع۔ صفت) جس کی ناک بڑی ہو۔

اَعنَش (ع۔ صفت) چھ انگلیوں والا۔

اَعنی (ع۔ متعدی) میں مراد رکھتا ہوں (عَنیٰ۔ مطلب ہونا)

اِعواز (ع۔ صفت) ۱ غریب ہونا ۲ مشکل ہونا

اِعواص (ع۔ مذکر) گھبرا دینا۔

اِعوال (ع۔ مذکر) رونا۔

اَعوام (ع۔ مذکر) عام کی جمع۔ سالہا۔ زمانے۔

اَعوان (ع۔ مذکر) عون کی جمع ۱ مددگار۔ معاون۔ حمایتی۔ امدادی۔ سہایک ۲ مسلمان راجپوتوں کی ایک قوم جو اصل میں آوان ہے۔ مگر آج کل انہوں نے یہ نام اختیار کیا ہے (عَوْن۔ مدد کرنا)

اَعوَج (ع۔ صفت) ٹیڑھا۔

اِعوِجاج (ع۔ مذکر) ۱ ٹیڑھا ہونا۔ میل۔ انحراف۔ کجی۔ ترچھا پن ۲ (طب) کسی عضو کا ٹیڑھا ہونا۔ **اعوجاج منطقۃ البروج** (مذکر) وہ زاویہ جو خط استوا کی سطح طریق الشمس کے ساتھ بناتی ہے۔

اَعوَر (ع۔ صفت) ۱ یک چشم ۲ بیوقوف ۳ خراب۔

اِعیا (ع۔ صفت) ۱ سفر سے تھکا ہونا ۲ تھکا دینا ۳ مشکل بنا دینا۔

اَعیان (ع۔ مذکر) عین کی جمع ۱ آنکھیں ۲ چشمے۔ عینکیں ۳ افراد۔ امرا وزرا۔ **اعیانِ جاگیردار** (مذکر) وہ امرا جنہیں زمین اس شرط پر ملی ہوئی ہے۔ بوقتِ ضرورت فوج مہیا کریں۔ **اعیانِ سلطنت** امیر و وزیر۔ امرا وزرا۔ **اعیانی** (مذکر) سگے بھائی بہن۔

اَعیَن (ع۔ صفت) بڑی اور سیاہ آنکھوں والا۔

اِغاثت (ع۔ مونث) ۱ مدد لانا۔ مدد کرنا ۲ بارش برسانا۔

اِغارت (ع۔ مونث) ۱ دشمن کے ملک پر حملہ کرنا ۲ جلدی کرنا ۳ رسی کو بل دینا۔

اَغارِیقُون (ع۔ مذکر) ایک پودا۔ کھنبی۔

اَغانی (ع۔ مذکر) اغانیت کی جمع۔ گانے۔

اِغبِرار (ع۔ مذکر) میلا ہونا

اِغتِباط (ع۔ مذکر) ۱ خوشحال ہونا ۲ دوسرے کی خوشحالی پر رشک کرنا۔

اِغتِراب (ع۔ مذکر) ۱ غیر ملک میں سفر کرنا ۲ غیر ملک کے باشندے سے شادی کرنا۔

اِغتِرار (ع۔ مذکر) ۱ دھوکا کھانا ۲ یکایک آ جانا۔

اِغتِراف (ع۔ مذکر) ہاتھ سے پانی پینا۔

اِغتِسال (ع۔ مذکر) نہانا۔

اِغتِشاش (ع۔ مذکر) بغاوت۔ غدر

اِغتِصاص (ع۔ مذکر) ۱ دم بند ہونا ۲ بہت غمگین ہونا۔

اِغتِماز (ع۔ مذکر) ۱ تنبیہ کرنا۔ سرزنش کرنا ۲ بے عزت کرنا۔

اِغتِماس (ع۔ مذکر) غوطہ مارنا۔

اِغتِماض (ع۔ مذکر) ۱ آنکھ مارنا ۲ اونگھنا۔

اِغتِمام (ع۔ مذکر) ۱ مغموم ہونا ۲ اداسی غم

اِغتنام (ع۔ مذکر) ۱ غنیمت کے طور پر لوٹ لینا یا لیجانا ۲ پکڑ لیجانا (غَنم۔ لوٹ لے جانا)

اِغتیاظ (ع۔ مذکر) غصّے ہونا۔

اِغتیال (ع۔ مذکر) حملہ کرنا۔ مار ڈالنا

اَغذِیہ (ع۔ مذکر) غذا کی جمع۔ غذائیں۔

اَغَر (ع۔ صفت) ۱ سفید۔ روشن ۲ شریف۔ خاندانی۔

اِغرا (ع۔ مذکر) اکسانا۔

اِغراب (ع۔ مذکر) ۱ نئی یا عجیب بات بتانا ۲ نیا یا عجیب ہونا۔

اَغراض (ع۔ مؤنث) غرض کی جمع۔ مطالب۔ مقاصد۔ حاجتیں۔ نیتیں۔ ارادے۔ مُرادیں۔

اِغراق (ع۔ مذکر) ڈبو دینا۔ غرق کر دینا ۲ مبالغہ (غَرِقَ۔ ڈوب جانا)

اِغرام (ع۔ مذکر) ۱ جرمانہ کرنا ۲ تباہ کرنا ۳ نقصان دہ بنانا۔

اَغرَب (ع۔ صفت) نہایت عجیب۔

اَغرِیوَس (ف۔ مذکر) جنگل بیابان۔

اِغصاص (ع۔ صفت) دم بند کرنا۔

اَغصان (ع۔ صفت) غصن کی جمع ٹہنیاں۔

اِغطاش (ع۔ مذکر) ۱ سیاہ ہونا ۲ سیاہ کرنا ۳ آنکھوں کی بینائی کم ہونا۔

اَغطَش (ع۔ صفت) کمزور نظر۔

اِغفال (ع۔ مذکر) غفلت کرنا۔

اَغلاط (ع۔ مذکر) غلط کی جمع۔ غلطیاں ۲ خطائیں۔

اِغلا [illegible]

اِغلاق (ع۔ مذکر) ۱ [illegible] مشکل۔ دشوار [illegible] کے ساتھ) (غَلَق۔ بند کرنا)

اِغلال (ع۔ مذکر) ۱ دھوکا دینا۔ فریب دینا ۲ بیوفائی کرنا ۳ گھر میں خوراک لانا ۴ تیز نظر سے دیکھنا۔

اِغلام (ع۔ مذکر)۔ لونڈے بازی۔ لونڈوں سے بدفعلی کرنا۔ خلاف وضع فطری کام کرنا۔ (غَلِمَ۔ شہوت ہونا) **اغلامی** (صفت) لونڈے باز۔

اَغلَب (ع۔ صفت) غالب کی تفضیل بعض و کل ۱ بہت یا نہایت یا ممکن ۲ قوی (گمان) **اغلباً** (تف) غالباً ممکن ہے۔ اغلب ہے۔ امکان ہے۔ ممکن ہے۔

اَغل بَغل (ف۔ تف) اِدھر اُدھر۔ آس پاس۔ اِرد گرد۔ دائیں بائیں۔ اُردو دانوں کی اختراع ہے۔

اَغلَط (ع۔ صفت) غلط کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت غلط۔

اَغلَظ (ع۔ صفت) نہایت غلیظ۔

اَغلَف (ع۔ صفت) ۱ جس کا ختنہ نہ ہوا ہو ۲ نیام کی ہوئی ۳ آرام کی (زندگی) ۴ وہ جو کسی بات کی پروا نہ کرے۔

اِغما (ع۔ مذکر) بیہوش کر دینا۔

اِغماد (ع۔ مذکر) نیام میں کرنا۔

اِغماز (ع۔ مذکر) ۱ غمزہ کرنا۔ نخرہ کرنا ۲ غرور کرنا۔ اترانا ۳ ابرو گھٹانا (غَمز۔ آنکھ جھپکنا)

اِغماض (ع۔ مذکر) ۱ چشم پوشی۔ درگزر ۲ لاپروائی۔ بے اعتنائی۔ بے التفاتی (کرنا ہونا کے ساتھ) (غَمَضَ۔ چھپا ہوا) **اغماض جتانا** (متعدی) بے اعتنائی یا بے التفاتی کرنا۔ **اغماض کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بے اعتنائی یا لاپروائی ہونا۔ **اغماضی** (صفت) مغرور۔ متکبر۔ خود بیں۔ مدمّغ۔ ابھی مانی۔

اِغمام (ع۔ مذکر) بادل چھانا۔

اَغمَص (ع۔ صفت) جس کی آنکھ میں چیپڑ آئی ہو۔

اَغَن (ع۔ صفت) جو ناک [illegible]

اِغنا (ع۔ مذکر) [illegible]

اَغنی [illegible] (صفت) بہت امیر

[illegible] (مذکر) غنی کی جمع۔

[illegible] لوگ۔ بے پروا آدمی۔ امرا۔

اِغوا (ع۔ مذکر) ۱ ورغلانا۔ بہکانا ۲ (قانون) بھگا لیجانا۔ لے بھاگنا ۳ اُبھارنا۔ اکھیڑنا۔ اکسانا (کرنا ہونا کے ساتھ) (غَوَیٰ۔ غلطی کرنا)

اَغیار (ع۔ مذکر) غیر کی جمع ۱ بیگانے اجنبی۔ ناواقف لوگ ۲ دشمن۔ رقیب۔ ہم چشم۔ مخالف (ان معنوں میں شعرا استعمال کرتے ہیں) **اَغیاری** (مؤنث) ۱ رقابت۔ دشمنی ۲ بیگانگی۔ اجنبیت۔

اَغیاض (ع۔ مذکر) غیضت کی جمع جنگل۔ جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہیں۔

اُف (ع۔ مؤنث۔ مذکر) ۱ اوہ۔ آہ۔ ہائے۔ یہ کلمہ تکلیف کی حالت میں منہ سے نکلتا ہے ۲ وائے۔ حسرت۔ افسوس ۳ غلطی اور بھول کے موقعہ پر بھی منہ سے نکلتا ہے ۴ کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لئے بھی بولا جاتا ہے ۵ مٹی۔ راکھ (کر دینا ہونا کے ساتھ) **اف اف کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کراہنا۔ آہ آہ ہونا **اف تیرا کاٹا نہ جئے**۔ فتنہ پرداز۔ دغاباز۔ موذی کی طرف خطاب ہے۔ کہ تیری فتنہ پردازی وغیرہ سے بچنا محال ہے۔ افعی کا کاٹا ہوا نہیں بچتا۔ اس کی طرف اس مقولے میں اشارہ ہے۔ **اُف رے**۔ **اُف رے اُف** (ندا) ہائے رے۔ اللہ رے۔ مبالغے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **اف رے تیرا کاٹا نہ جئے** دیکھو اف تیرا الخ۔ **اف کر دینا یا کرنا** (متعدی) جلا کر راکھ کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا ۲ دولت برباد کر دینا۔ خرچ بیجا کرنا (افسوں پڑھ کر پھونک دینے کی طرف اس محاورے میں اشارہ ہے) **اف نہ کرنا** (متعدی) ۱ کمال ضبط کرنا۔ تکلیف کو ظاہر نہ ہونے دینا۔ چپ رہنا۔ برداشت کرنا ۲ کسی کی رنج و تکلیف پر افسوس ظاہر نہ کرنا۔ **اف ہو جانا** (لازم) ۱ خرچ ہو جانا۔ مال و دولت اُجڑ جانا ۲ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

اِفادت (ع۔ مؤنث) فائدہ پہنچانا۔ بھلا کرنا (فَید۔ نفع ہونا)

اِفادہ (ع۔ مذکر) ۱ فائدہ۔ نفع۔ یافت۔ فائدہ ۲ مطلب۔ منشا ۳ تعلیم۔ تلقین۔ تربیت (حاصل کرنا ہونا کے ساتھ) (فَید۔ نفع ہونا)

اَفار (ع۔ مذکر) افریقی عربوں کی ایک قوم جو ابی سینیا اور سمندر کے درمیان آباد ہے۔

اِفازہ (ع۔ مذکر) فتح دینا۔

اَفاضل (ع۔ مذکر) افضل کی جمع۔

اَفاضہ (ع۔ مذکر) فیض۔ فائدہ۔ فیض رسانی (فَیض۔ بہت ہونا)

اَفاغنہ (ف۔ مذکر) افغان کی جمع۔ افغانستان کے باشندے۔ پٹھان۔ قوم افغان۔

آفاق (ع ۔ صفت) جو تحصیل علم کے لئے بہت سفر کرے۔

افاقہ (ع ۔ مذکر) ۱ بیماری کی تکلیف میں تخفیف ہونا۔ مرض میں تخفیف ہونا۔ مرض میں کمی ہونا ۲ صحت ۔ آرام ۔ شفا ۔ ہوش میں آنا (ہونا کے ساتھ) (فوق ضمنمہ سانس بھرنا)

اَفّاک (ع ۔ مذکر) عادی جھوٹا۔

افانین (ع ۔ مذکر) فن کی جمع۔

افائک (ع ۔ مذکر) افیکہ کی جمع ۔ جھوٹ ۔ دروغ ۔

اِفتا (ع ۔ مذکر) فتوے دینا۔

اُفتاد (ف ۔ مؤنث) ۱ حادثہ ۔ سانحہ ۲ دکھ ۔ مصیبت ۔ رنج کا بڑھ جانا ۳ فطرت ۔ خلقت ۔ طرز ۔ عادت ۔ ۴ سنگ ۵ ابتدا ۔ بنیاد ۔ شروع ۔ آغاز ۔ زندگی کا شروع ۶ جیسے (افتادن ۔ گرنا) افتاد اٹھانا (متعدی) مصیبت برداشت کرنا ۔ افتاد پڑنا (لازم) ۱ اتفاقیہ حادثہ پیش آنا ۲ پیش آنا ۳ بنیاد رکھی جانا ۔ شروع ہونا ۔

افتادگاں (صفت) جمع افتادہ کی ۔ افتادگانِ خاک (مذکر) دفن شدہ لوگ ۔ مردے ۔ افتادگی (مؤنث) تنزل ۔ عاجزی ۔ خاکساری ۔ افتادہ (صفت) ۱ گرا ہوا ۲ عاجز ۔ غریب ۔ بیکس ۳ غیر مزروعہ ۔ غیر آباد زمین ۔ مرکبات کے آخیر میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے دور افتادہ ۔ افتادہ ہونا (لازم) افتادہ پڑنا ۔

اُفتاں (ف ۔ نف ۔) گرتے ہوئے ۔ افتاں (و) خیزاں (نف) اٹھتے بیٹھتے ۔ گرتے پڑتے ۔

اِفتتاح (ع ۔ مذکر) ۱ کھولنا ۔ شروع کرنا ۲ کسی تعلیم گاہ ۔ ہسپتال وغیرہ کے اجرا کی رسم ادا کرنا ۳ بے نقاب کرنا ۔ ظاہر کرنا ۴ پارلیمنٹ یا کونسل کا افتتاح جو بادشاہ یا گورنر کرتا ہے ۔ اس کے بعد معمولی کارروائی شروع ہوتی ہے ۔ افتتاحِ پارلیمنٹ (مذکر) دیکھو افتتاح ۴ (فتح ۔ کھولنا) افتتاحیہ (صفت) ۱ شروع کرنے والا ۲ اخبار کا ایڈیٹوریل ۔

افتحاص (ع ۔ مذکر) ۱ دریافت کرنا ۔ جستجو کرنا ۲ دریافت ۔ جستجو ۔ تفحص ۔

افتخار (ع ۔ مذکر) ۱ فخر کرنا ۔ ناز کرنا ۔ گھمنڈ کرنا ۲ عزت ۔ بڑائی ۔ شہرت ۔ رونق ۔ ناموری ۔ شان ۳ فخر ۔ نخوت ۔ شیخی ۔ گھمنڈ ۔ غرور ۔ (فخر ۔ غرور کرنا) افتخار بخشنا (متعدی) باعث فخر ہونا ۔

اِفترا (ع ۔ مذکر) ۱ تہمت ۔ بہتان ۔ جھوٹا الزام ۲ طوفان باندھنا ۔ سند کرنا ۔ بھنک لگانا (فری ۔ توڑنا) افترا باندھنا (متعدی) تہمت لگانا ۔ طوفان باندھنا ۔ بہتان جوڑنا ۔ افترا بنانا ۔ افترا جوڑنا یا کرنا (متعدی) افترا باندھنا (دیکھو) افترا پرداز (صفت) تہمت لگانے والا وغیرہ ۔ افترا پردازی (مؤنث) ۱ شرارت ۔ فساد ۲ افترا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) افترا کار (صفت) افترا باندھنے والا ۔ افترا کاری (صفت) افترا پردازی

اِفتراس (ع ۔ مذکر) ۱ گھوڑے پر سوار ہونا ۲ نشان سے معلوم کرنا ۳ شیر ببر کا پھاڑنا

اِفتراش (ع ۔ مذکر) ۱ زمین پر پھیلانا ۲ پھیلانا ۳ [illegible]

اِفتراص (ع ۔ مذکر) موقعہ سے فائدہ اٹھانا ۔

اِفتراض (ع ۔ مذکر) لطف اٹھانا ۔

اِفتراق (ع ۔ مذکر) نزاع ۔ نفاق ۔ جدائی ۔ (فرق ۔ علیحدہ ہونا)

اِفتقار (ع ۔ مذکر) ۱ غریب ہونا ۔ حاجتمند ہونا ۲ غربت ۔ افلاس ۔ حاجت (فقر ۔ غریب ہونا)

اِفتکار (ع ۔ مذکر) سوچنا (فکر ۔ سوچنا)

اِفتکاک (ع ۔ مذکر) ۱ چھڑانا ۔ فک الرہن کرنا ۲ جدا ہونا (فک ۔ جدا کرنا)

اِفتصاص (ع ۔ مذکر) ۱ جدا کرنا ۔ تقسیم کرنا ۲ ایک چیز کو دوسری چیز سے نکالنا ۔

اِفتضاح (ع ۔ مذکر) ۱ عیب ظاہر کرنا ۔ افشا کرنا ۲ بے عزتی ۔ ذلت ۔

اِفجار (ع ۔ مذکر) ۱ فجر ہونا ۲ بہنا ۔

اِفحاش (ع ۔ مذکر) بدزبانی کرنا (فحش بکنا)

اِفحام (ع ۔ مذکر) چپ کرا دینا ۔

اِفخام (ع ۔ مذکر) عزت کرنا ۔

اَفخر (ع ۔ صفت) نہایت اچھا ۔ نہایت بہادر ۔

اَفخم (ع ۔ صفت) نہایت بڑا ۔

اِفدام (ع ۔ مذکر) سرخ رنگنا ۔

اَفرانفری (ع ۔ مؤنث) افراط تفریط کا مخرب ۔ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ ہل چل ۔ تہلکہ ۔ کھلبلی ۔ ابتری ۔ گڑبڑ ۔

اَفراد (ع ۔ مذکر) فرد کی جمع ۔ اشخاص ۔ لوگ ۔ آدمی ۔

اِفرار (ع ۔ مذکر) ۱ بھگا دینا ۲ تلوار سے دو ٹکڑے کرنا ۔

اَفراز (ف ۔ صفت) بڑھایا ہوا ۔ تعریف کیا ہوا ۔ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے ۔ جیسے سرافراز ۔ افرازی (مؤنث) ۱ بلندی ۔ بڑائی ۲ تعریف کرنا ۔ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے ۔ جیسے سرافرازی ۔

اِفراش (ع ۔ مذکر) ۱ پھیلانا ۔ بچھانا ۲ ترک جانا ۳ پیٹھ پیچھے کسی کو برا کہنا ۔

اِفراص (ع ۔ مذکر) ۱ اچھا موقعہ ہونا ۲ کسی بات کے لئے وقت ہونا ۔

اِفراض (ع ۔ مذکر) ۱ دینا ۲ اتنا ہونا کہ زکوٰۃ فرض ہو جائے ۔

اِفراط (ع ۔ مؤنث) زیادتی ۔ کثرت ۔ بہتات ۔ افزونی ۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا (فرط ۔ آگے بڑھنا) افراطِ اخلاط یا خون (مؤنث) ایک بیماری جس میں خون بدن میں زیادہ ہو جاتا ہے ۔ غلبہ خون ۔ رکت بنگرہ ۔ افراط سے ہونا (لازم) بہت ہونا ۔ کثرت سے ہونا ۔ افراط و تفریط (مؤنث) حد سے بڑھی ہوئی زیادتی و کمی ۔ غیر معتدل حالت ۔

اِفراغ (ع ۔ مذکر) ۱ خالی کرنا ۔ بہانا ۲ دھات کو سانچوں میں ڈالنا ۳ ہٹانا ۔

اَفرع (ع ۔ صفت) جس کے سر کے بال بہت اور خوبصورت ہوں ۔

اَفرغ (ع ۔ صفت) جسے بہت فرصت ہو ۔

اَفرنج (ع ۔ مذکر) فرنگستان ۔ یورپ ۔ فرانس ۔ اَفرنجہ (مذکر) ۱ مشرقی افریقہ ۲ ایک شہر مصر میں ۳ یورپ ۴ ہوا ۔ افرنجی (مذکر) فرنگی ۔ یورپین ۔ فرانسیسی ۔

اَفرنگ (ف ۔ مذکر) عیسائی ۔ انگریز ۔ دیکھو افرنج ۔

اَفروختہ (ف ۔ صفت) جلایا ہوا ۔ روشن کیا ہوا ۔ بھڑکایا ہوا ۔ غصے میں بھرا ہوا ۔ آگ بگولا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) (افروختن ۔ جلانا)

اَفروز (ف ۔ صفت) جلانے والا ۔ روشن کرنے والا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) جیسے دل افروز ۔

اَفزا (ف ۔ صفت) بڑھانے والا ۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) جیسے روح افزا ۔

(افزودن بڑھنا) **اَفزائش** (مؤنث) زیادتی۔ ترقی افزونی۔ بڑھوتری۔ **اَفزائندہ** (صفت) بڑھا ہُوا۔ وہ جو بڑھائے (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **اَفزائی** (مؤنث) زیادتی وغیرہ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) جیسے عزّت افزائی۔

اَفزُود (ف۔ مذکر) ۱ زیادتی۔ اضافہ بیشی۔ بڑھوتری ۲ (صفت) زیادہ۔ مزید۔ فالتو۔ **اَفزودگی** (مؤنث) زیادتی۔ اضافہ۔

اَفزُوں (ف۔ صفت) ۱ زیادہ۔ بیش۔ بہت۔ بڑھ کے ۲ مرکبات کے آخیر میں جیسے روزافزوں ۳ میزانِ سابق ۱: رقم حال کا مجموعہ (ہونا کے ساتھ) **افزونی** (مؤنث) زیادتی۔ بہتات۔

اَفساد (ع۔ مذکر) فساد کرنا (فسد خراب ہونا)

اَفسان (ف۔ مؤنث) سان۔ اوزار تیز کرنے کا آلہ۔

اَفسانہ (ف۔ مذکر) ۱ قصّہ۔ کہانی۔ داستان ۲ سرگزشت۔ حال۔ روئداد ۳ جھوٹی بات۔ بےاصل بات ۴ مشہور بات۔ چرچا۔ ذکر۔ مذکور ۵ طول طویل بات۔ لمبا قصّہ۔ **اَفسانہ برزبان ہونا** (لازم) سارا قصہ یاد ہونا۔ **اَفسانہ چھڑنا** (لازم) **چھیڑنا** (متعدی) قصہ شروع کرنا۔ سرگزشت بیان کرنے لگنا۔ **اَفسانہ خواں** (لازم) قصّہ گو۔ داستان گو یا کہنے والا۔ **افسانہ رہ جانا** (لازم) بات کا چرچا باقی رہ جانا۔ **افسانہ سنانا** (متعدی) **سُننا** (لازم) حال سُننا۔ سرگزشت سُننا۔ داستان سُننا۔ **افسانہ طرازی** (مؤنث) افسانہ گوئی۔ **افسانہ کہنا** (متعدی) کہانی کہنا۔ سرگزشت سُنانا۔ **افسانہ گو** (مذکر) قصّہ گو۔ **افسانہ گوئی** (مؤنث) قصّہ گوئی۔ کہانی کہنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اَفسَح (ع۔ صفت) زیادہ وسیع۔

اَفسَد (ع۔ صفت) زیادہ خراب۔ زیادہ شرارتی۔

اَفسَر (ف۔ مذکر) ۱ تاج۔ مکٹ۔ کلاہ شاہی۔ **افسرِ شہی** (مذکر) تاج شاہی۔

۲ **اَفسر** (انگ۔ مذکر) حاکم۔ سردار۔ عہدہ دار۔ منصب دار۔ اہلکار (اصل آفیسر) **افسرِ اعلیٰ** (مذکر) سب سے بڑا حاکم۔ **اَفسرانِ بیوتاتِ شاہی** (مذکر) بادشاہی محلات کے ملازم۔ **افسر بالا دست** (مذکر) بڑا حاکم۔ وہ حاکم جس کے کوئی شخص ماتحت ہو۔ **افسرِ مال** (مذکر) وہ حاکم جس کے پاس ضلع کی مالگذاری کا کام ہو۔ **افسری** (مؤنث) حکومت۔ سرداری۔

اَفسُردگی (ف۔ مؤنث) پژمردگی۔ اُداسی۔ دلگیری۔ بے رونقی۔ بدمزگی۔ بدشوقی۔ (افسردن۔ مرجھانا) **افسردہ** (ف۔ صفت) اُداس غمگین۔ دلگیر۔ پژمردہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اَفسردہ خاطر یا دل** (صفت) غمگین۔ رنجیدہ یا پژمردہ۔

مقولہ۔ افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را۔ غمگین آدمی ساری مجلس کو غمگین بنا دیتا ہے۔

اَفسنتین (ف۔ مؤنث) ایک دوائی۔ ناگ دونہ۔ سنادر۔

اَفسوس (ف۔ مذکر) رنج۔ تاسف۔ حسرت۔ دریغ۔ قلق۔ غم۔ آہ۔ وائے۔ **افسوس آنا** (لازم) رنج ہونا۔ قلق ہونا۔ **افسوس دل گرہ میں غم** یا رنج میں مبتلا ہیں۔ **افسوس دل گڑھے میں** (عو) دل للچا رہا ہے۔ مگر بس نہیں چلتا (ظرافت سے) **افسوس رہ جانا** (لازم) حسرت نہ نکلنا۔ قلق باقی رہ جانا۔ **افسوس صد (ہزار) افسوس** (مذکر) بیحد افسوس۔ بہت افسوس۔ **افسوس کرنا** (متعدی) تاسف کرنا۔ رنج ظاہر کرنا۔ **افسوس کھانا** (متعدی) افسوس کرنا۔ **افسوسناک** (صفت) قابلِ افسوس جس پر رنج آئے۔ **افسوسناک انداز** (مذکر) قابلِ افسوس طریقہ۔ **افسوسناک خبر** (مؤنث) بری خبر۔ **افسوسناک رویّہ** (مذکر) برا طریقہ۔ قابلِ افسوس طریقہ۔ **افسوس ہونا** (لازم) رنج ہونا۔ ہمدردی ہونا۔

اَفسُوں (ف۔ مذکر) ۱ جادو۔ منتر۔ سحر۔ ٹونا ٹوٹکا ۲ فریب۔ مکر۔ حیلہ۔ دھوکا بازی۔ دغا بازی۔ **افسوں پڑھنا** (متعدی) منتر پڑھنا۔ **افسوں پھونکنا** (متعدی) منتر پڑھ کے پھونک مارنا یا دم کرنا۔ **افسوں چل جانا** (لازم) دھوکا کھا جانا۔ دام میں پھنس جانا۔ قابو میں آ جانا۔ **افسوں چلنا** (لازم) جادو یا منتر کا اثر ہونا۔ تدبیر چل جانا۔ **افسوں خوانی** (مؤنث) منتر پڑھنا جادو کرنا۔ **افسوں ساز** (مذکر) جادوگر۔ **افسوں سازی** (مؤنث) جادوگری۔ حیلہ گری۔ **افسوں کرنا** (متعدی) ۱ جادو کرنا ۲ گرویدہ کر لینا۔ **افسوں گر** (مذکر) جادوگر۔ **افسوں گری** (مؤنث) جادوگری۔ حیلہ سازی۔ لُبھا لینا۔ گرویدہ کر لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ **افسوں ہونا** (لازم) جادو ہونا۔

اِفشا (ع۔ مذکر) ظاہر کرنا۔ کُھلنا۔ پُھوٹنا۔ فاش کرنا۔ عیاں کرنا۔ کھولنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فَشَیَ۔ پھیلانا) **افشائے راز** (مذکر) چھپی ہوئی بات کو ظاہر کرنا۔ بھید کُھلنا۔ راز فاش ہونا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اَفشاں (ف۔ مؤنث) مقیش یا گوٹے کے باریک کترے ہوئے ٹکڑے جن کو عورتیں ماتھے پر یا بالوں پر چھڑکتی ہیں (صفت) چھڑکا ہوا۔ چنا ہوا۔ بکھیرا ہُوا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے زر افشاں۔ گل افشاں۔ **افشاں اُترنا** (لازم) چنی ہوئی افشاں کا چھٹ جانا۔ **افشاں اُڑانا** (متعدی) افشاں دعا ضربن پر ڈالنے کے لئے ہوا میں اُڑانا۔ **افشاں بنانا** (متعدی) مقیش یا گوٹے کو کتر کر افشاں تیار کرنا۔ **افشاں جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) طریقے سے پیشانی یا رخساروں پر افشاں لگنا۔ **افشاں چننا** (متعدی) افشاں جمانا۔ **افشاں چھٹ جانا یا چُھٹنا** (لازم) لگی ہوئی افشاں اُتر جانا۔ **افشاں چُھڑانا** (متعدی) لگی ہوئی افشاں کو الگ کرنا۔ **افشاں چھڑکنا** (متعدی) بالوں پر افشاں ڈالنا۔ **افشاں کا ذرہ** (مذکر) افشاں کا ریزہ۔ **افشاں کرنا** (لازم) رنگ چھڑکنا۔ **افشاں لگانا** (متعدی) افشاں جمانا۔ **افشانی** (صفت) چھڑکا ہوا۔ بکھیرا ہوا۔ چنا ہوا (مؤنث) چھڑکاؤ۔ پھیلاؤ۔ بکھیر۔ مرکبات کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے زر افشانی۔ **افشانی کاغذ** (مذکر) وہ کاغذ جس پر رنگ یا خوشبو چھڑکی ہوئی ہو۔

اَفشُردہ (ف۔ صفت) ۱ نچوڑا ہوا مسلا ہوا۔ نچڑا ہوا ۲ (مذکر) وہ شربت جو لیموں۔ انار۔ فالسہ وغیرہ کو نچوڑ کر بنایا گیا ہو (افشردن۔ نچوڑنا)

اَفشُرہ (ف۔ مذکر) افشردہ کا مخفف۔

اِفصاح (ع۔ مذکر) ۱ صاف بولنا۔ فصاحت سے بولنا ۲ عربی بولنا۔

اِفصاص (ع۔ مذکر) نکالنا۔ پیش کرنا۔

اَفصَح (ف۔ صفت) فصیح کا تفضیل بعض و کل بہت یا زیادہ فصیح۔ خوش بیان یا اچھا بولنے والا۔ (ع۔ صفت) نہایت فصیح۔

اِفضا (ع۔ مذکر) ۱ باہر جانا۔ کھیتوں میں جانا ۲ پہنچانا ۳ راز بتانا ۴ نماز میں دونوں ہتھیلیاں زمین پر رکھنا ۵ جماع کرنا۔

اَفضال (ع۔ مذکر) فضل کی جمع۔ بخششیں۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔ شفقتیں۔ نوازشیں

(فضل۔ مہربانی کرنا) افضال باری یا حق یا خدا تعالے (مذکر) خدا کی مہربانیاں یا نوازشیں۔

اِفضال (ع۔ مصدر) بخشش کرنا مہربانی کرنا وغیرہ۔

اَفضَل (ع۔ صفت) فاضل کا تفضیل بعض و کل ۱ بہت یا نہایت فضیلت رکھنے والا یا اچھا قابل یا اعلے ۲ فاقانی کا لقب۔ **افضل تر افضل تریں**۔ از حد اچھا۔ فاضل یا اعلے۔ **اَفضلیت** (مؤنث) بزرگی۔ بڑائی۔ برتری۔ فوقیت۔

امثال۔ اَفضَلُ الاَشغَال خِدمَتُ النَّاس۔ سب سے بہتر شغل لوگوں کی خدمت کرنا ہے۔ حکیموں کا اصول۔ **اَفضَلُ الذِّکرُ لَاالٰہَ اِلَّا اللّٰہ**۔ سب سے بہتر وظیفہ لا الٰہ الا اللہ ہے۔

اِفطار (ع۔ مذکر) روزہ کھولنا (فطر۔ روزہ کھولنا) **افطار کرنا** (متعدی) ۱ روزہ کھولنا ۲ روزہ نہ رکھنا۔ **افطاری** (مؤنث) جو چیزیں روزہ افطار کرنے کے وقت کھائی جائیں۔

اَفطَح (ع۔ صفت) چوڑے سر والا۔

اَفطَس (ع۔ صفت) چپٹی ناک والا۔

اِفظاع (ع۔ صفت) مشکل ہونا۔ تکلیف دہ ہونا۔ شرمناک ہونا۔

اَفعال (ع۔ مذکر) فعل کی جمع ۱ کام۔ اعمال ۲ تاثیریں۔ اثرات۔ خواص ۳ (صرف نحو) مصدر کے مشتقات۔ جو الفاظ مصدر سے بنائے جائیں۔

اِفعام (ع۔ صفت) بھرنا۔

اَفعی (ع۔ مذکر) ۱ ایک نہایت زہریلا سانپ۔ کالا پھن دار سانپ ۲ ہر زہریلا سانپ ۳ (صفت) بڑا شریر۔ نقصان پہنچانے والا آدمی۔ وہ آدمی جو لوگوں کو خواہ مخواہ تنگ کرے یا نقصان پہنچائے (فعا۔ سانپ کی طرح موذی ہونا) **افعی پیچاں** (مذکر) ۱ بل کھانے والا سانپ ۲ مجازاً بال یا زلف معشوق۔ **افعی سیرت** (صفت) موذی اور ضرر رساں شخص کی نسبت کہتے ہیں۔

اَفغان (ف۔ مذکر) ۱ فریاد۔ شور۔ نالہ۔ فغاں۔ تانیث بھی استعمال ہوتا ہے ۲ پٹھان یا افغانستان کا باشندہ۔ **افغانی** ۱ (صفت) متعلقہ افغان ۲ (مؤنث) افغانوں کی زبان۔ پشتو۔

اَفق (ع۔ مذکر) ۱ دنیا میں سفر کرنا ۲ چمڑا کمانا۔

اُفُق (ع۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں زمین و آسمان ملتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ آکاس گرپد۔ نظر گھیرا ۲ (علا) وہ دائرہ عظیمہ جو کرۂ آسمان کو دو برابر حصوں میں تقسیم کرتا ہے۔ ایک کو جو دکھائی دیتا ہے نیمہ دری یا شطر اعلیٰ کہتے ہیں۔ اور دوسرے کو نیمہ مخفی یا شطر اسفل کہتے ہیں ۳ (علا) وہ سطح جو زمین کی سطح کے کسی نقطے پر کشش ثقل کے رخ کے ساتھ زاویۂ قائمہ بنائے ۴ مجازاً دنیا (افق بڑھ جانا) **افقِ استوائی۔ الاستوا یا مستقیم** (مذکر) اس جگہ کا افق سماوی جو خط استوا پر ہو اور اس کی سطح اعتدالی دائرے کے ساتھ زاویہ قائمہ بنائے۔ **افقِ بحری** (مذکر) وہ افق جو سمندر میں نظر آئے۔ اور جہاں سمندر کا پانی اور آسمان ملتے معلوم ہوں۔ **افقِ حِسّی** (مذکر) دیکھو افق ۱۔ **افقِ حقیقی** (مذکر) دیکھو افق ۲۔ ۳۔ **افقِ رویت شعاعی یا مرئی** (مذکر) دیکھو افق ۱۔ **افقِ سماوی** (مذکر) وہ سطح جو زمین کے مرکز سے گزرے اور افق حقیقی کے متوازی ہو۔ **افقِ مائل** (مذکر) اس جگہ کا افق جہاں قطب سماوی نہ تو سمت الراس پر ہو نہ افق پر۔ یہ سوائے خط استوا اور قطبین کے ہر جگہ ہوتا ہے۔ **افقِ مصنوعی** (مذکر) وہ عکس انداز سطح جس سے کسی جرم فلکی کا دوہرا ارتفاع معلوم کرتے ہیں۔ عموماً پارے سے بھرا ہوا برتن استعمال ہوتا ہے۔ **افقِ نظری** (مذکر) دیکھو افق ۱۔ **افقِ ہیئتی** (مذکر) دیکھو افق ۲۔۳۔ **اُفقی** (صفت) افق کا۔ افق کے متعلق۔

اَفک (ع۔ مذکر) الٹنا۔ اوندھا کرنا۔

اَفکار (ف۔ صفت) فکر کی جمع ۱ تردد۔ انتشار۔ سوچ۔ غور و فکر۔ خیالات ۲ شعر و سخن۔ کلام۔

اَفکل (ع۔ مذکر) ۱ کانپنا۔ کپکپی ۲ گھبراہٹ۔

اَفگار (ف۔ صفت) ۱ زخمی۔ مجروح ۲ چاک چاک۔ ٹکڑے ۳ تھکا ہوا۔ ماندہ ۴ مرکبات کے آخر میں جیسے دل افگار ۵ (مذکر) چارپایوں کی پیٹھ پر ایک قسم کا پھوڑا۔

اَفگن (ف۔ صفت) پھینکتا ہوا۔ گراتا ہوا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے صید افگن (افگندن۔ پھینکنا) **افگندگی** (مؤنث) پھینکنا۔ گرانا۔ **افگندہ** (صفت) پھینکا ہوا۔ پھینکا گیا۔ گرایا گیا۔ **افگنی** (مؤنث) پھینکنا۔ گرانا۔ مرکبات میں جیسے صید افگنی۔

اِفلاس (ع۔ مذکر) غربت۔ مفلسی۔ محتاجی۔ عسرت۔ تنگدستی۔ تہیدستی۔ غریبی۔ احتیاج۔ ناداری (فلس۔ غریب ہونا)

اَفلاطُون۔ (۴۲۷۔ ۳۴۷ ق م) ابن ارسطان ایک نہایت مشہور یونانی فلسفہ دان اور مصنف (صفت) مجازاً چالاک آدمی۔ لائق اور قابل آدمی۔ نہایت ذہین شخص۔ **افلاطون کا سالا** (مذکر) مغرور یا متکبر آدمی۔ **افلاطون کا سالا بنا پھرتا ہے** بہت مغرور ہے۔ بہت متکبر ہے۔ خواہ مخواہ لوگوں کو دباتا ہے۔ **افلاطون کا ناتی** (مذکر) افلاطون کا پوتا ۲ (صفت) شیخی خورہ ہے۔ بڑا مغرور ہے۔ **افلاطونی** (صفت) افلاطون سے متعلق۔ **افلاطونی پھلکے** (مذکر) ایک قسم کے پھلکے جو بہت ہلکے اور زود ہضم ہوتے ہیں۔

اِفلاق (ع۔ مذکر) اعلیٰ نظم کہنا شاعر کا۔

اَفلاک (ع۔ مذکر) فلک کی جمع۔ آسمان۔ گردوں۔ چرخ۔ **افلاک سے آگ برسنا** (لازم) سخت گرمی پڑنا۔ **افلاکی** (صفت) آسمانی۔ متعلقہ اجرام فلکی۔ **افلاکیاں** (مذکر) ۱ وہ جو اجرام فلکی کی پرستش کریں ۲ ستارے اور سیارے ۳ آسمانی مخلوق۔ **افلاک ہل جانا** (لازم) شور مچ جانا۔ غضب ہو جانا۔

اَفلَج (ع۔ صفت) وہ جس کے دانت ایک دوسرے سے فاصلے پر ہوں۔

اَفلَح (ع۔ صفت) جس کے ہونٹ پھٹ جائیں۔

اَفلَس (ع۔ صفت) نہایت غریب۔

اَفن (ع۔ مذکر) ۱ خوراک خراب ۲ عقل ماردینا ۳ اونٹنی کا بے وقت دودھ دوہنا

اِفنا (ع۔ مذکر) برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا

اَفنان (ع۔ مذکر) فن کی جمع۔

اِفنان (ع۔ مذکر) مختلف قسمیں یا رنگ پیدا کرنا۔

اَفواج (ع۔ مؤنث) فوج کی جمع ۱ لشکر۔ فوجیں۔ دل۔ عساکر ۲ جم غفیر۔ دل بادل۔ ہجوم۔ اژدہام۔ **افواجِ برّی** (مؤنث) خشکی میں لڑنے والی فوجیں۔ **افواجِ بحری** (مؤنث) سمندر میں لڑنے والی فوجیں۔ **افواجِ خشکی** (مؤنث) افواج بری۔ **افواجِ شیاطین** (مؤنث) لڑکوں کے گروہ۔ **افواجِ قاہرہ** (مؤنث) بے انتہا فوجیں۔ فتحمند فوجیں۔ **افواجِ مقامی** (مؤنث) وہ فوج جو صرف ملک کی حفاظت کے لئے ہو۔

اَفواہ (ع۔ مؤنث) فوہ کی جمع۔ اڑتی ہوئی خبر۔ مشہور بات۔ بے اصل بات۔ بازاری خبر۔ گپ۔ افواہاً (ف) افواہ کے طور پر۔ افواہ اُڑانا (متعدی) اُڑنا (لازم) بے اصل بات مشہور ہونا۔ جھوٹی خبر مشہور ہونا۔ بدنام ہونا۔ افواہ عام (مؤنث) عام چرچا۔ افواہی (صفت) مشہور۔ اُڑی ہوئی۔

اُفوہ (اردو کلمۂ تعجب) تعجب۔ تاسف۔ تکلیف۔ بھول چوک کے موقعے پر بولا جاتا ہے۔ اُفوہ تیری فیلبازی۔ تو تو بڑا مکار ہے۔

اَفہام (ع۔ مذکر) فہم کی جمع۔ بہت سی سمجھیں۔ عقلیں۔

اِفہام (ع۔ مذکر) ۱ سمجھانا۔ جتانا ۲ فہائش (فہم۔ سمجھنا)

اَفیم (ہ۔ مؤنث) ایک زہریلی نشیلی چیز ہے۔ جو پوست کے ڈوڈے کے دودھ کو جما کر بنائی جاتی ہے۔ افیون (پینا۔ کھانا۔ گھولنا کے ساتھ) (ف) اپیون کا معرب (س اَہ۔ سانپ + پھین۔ جھاگ) افیم کی ترنگ (مؤنث) افیون کی لہر۔ افیمچی۔ افیمی (مذکر) افیون کا عادی۔ افیمی چیڑا (صفت) بہت افیم کھانے والا۔ افیمی تین منزل سے پہچانا جاتا ہے۔ افیمی دور سے ہی پہچانا جاتا ہے۔ افیمی کی پہچان دور سے ہوجاتی ہے۔ افیمی شکل سے ہی معلوم ہوجاتا ہے۔ افیمی کی صورت ہی الگ ہوتی ہے۔ افیمی مٹھاس بڑی رغبت سے کھاتا ہے۔ میٹھی چیز کو افیمی بہت پسند کرتا ہے۔

مثل۔ افیم کھائے امیر یا کھائے فقیر۔ افیم انسان کو نکما بنا دیتی ہے۔ اس لئے اسے امیر یا فقیر کو ہی استعمال کرنا چاہیئے۔

اَفیون (ع۔ مؤنث) دیکھو افیم۔ افیون پینا (متعدی) افیون کو پانی میں گھول کر پینا۔ افیون چڑھنا (لازم) افیم کے نشے کا زور ہونا۔ افیون دینا (متعدی) بچوں کو افیم کھلانا۔ افیون کا جوگا (مذکر) افیون کا سیل یا فضلہ جو گھولنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے۔ افیون کا گھولا یا گھولوا (مذکر) گھلی ہوئی افیون۔ افیون کھانا (متعدی) ۱ افیون بغیر گھولے استعمال کرنا ۲ افیون سے خودکشی کرنا۔ افیون کی پینک (مؤنث) افیون کا نشہ۔ افیون گھولنا (متعدی) گھلنا (لازم) افیون کا پینے کے لئے پانی میں ملایا جانا۔ افیونی (صفت) افیون کا عادی۔ افیونی جنونی۔ افیونی جھکی ہوتا ہے۔ نشے میں بکواس کرتا رہتا ہے۔

اُق (ت۔ صفت) سفید۔ بہت سے شہروں، قلعوں وغیرہ کے نام کے پہلے آتا ہے۔

اق قویونلو (مذکر) لفظی معنی سفید بھیڑ کی قوم۔ ایک ترک خاندان جو تبریز میں ۱۴۳۳ء سے ۱۵۱۴ء تک حکومت کرتا رہا۔ اس کا بانی بہاؤالدین قرا عثمان تھا۔ خاندانِ صفوی نے اس علاقے کو اپنی سلطنت میں شامل کر لیا۔

اَقارب (ع۔ مذکر) قریب کی جمع ۱ رشتہ دار۔ عزیز۔ قرابت دار۔ سگے۔ اعزہ ۲ ایک عرب قبیلہ جو عدن کے قریب آباد ہے۔

اَقاقیا (یو۔ مذکر) ۱ کیکر کا درخت ۲ کیکر کے درخت کا رس۔

اِقالہ (ع۔ مذکر) بیع کو مسترد کر دینا (اقل۔ بیع منسوخ کرنا)

اَقالیم (ع۔ مذکر) اقلیم کی جمع۔ ممالک۔

اِقامت (ع۔ مؤنث) ۱ ٹھیرنا۔ قیام۔ قرار۔ مسکن ۲ وہ تکبیر جو فرض نماز سے پہلے کہی جاتی ہے (قوم۔ کھڑا ہونا) اقامت رکھنا (متعدی) ٹھیرنا۔ اترنا۔ قیام کرنا۔

اَقانیم (ع۔ مذکر) اقنوم کی جمع ۱ اصل بنیادیں ۲ مقدس تثلیث کے افراد۔ اقانیم ثلاثہ (مذکر) تثلیث کے تین افراد۔

اِقبار (ع۔ مذکر) دفن کرانا۔

اِقباس (ع۔ مذکر) ۱ دینا ۲ سکھانا ۳ عالم بنانا۔

اِقباض (ع۔ مذکر) کسی چیز کو دستہ لگانا۔

اِقبال (ع۔ مذکر) ۱ خوش نصیبی۔ طالع مندی۔ نیک بختی۔ سعادت۔ بہرہ مندی۔ عروج۔ سہاگ۔ خوش حالی۔ فرخندہ فالی ۲ برکت۔ طفیل ۳ اقرار۔ تسلیم (قبل۔ اچھی طرح ملنا) اقبال بڑھنا یا بلند ہونا (لازم) طالع مند ہونا۔ خوش نصیبی کا زور ہونا۔ اقبال عروج پر ہونا۔ اقبال جرم کرنا (متعدی) ہونا (لازم) قصور مان لینا۔ اقبال چمکنا (لازم) دولت اور مرتبہ حاصل ہونا۔ ترقی کرنا۔ مرتبہ حاصل ہونا۔ ترقی کرنا۔ اقبال دائم رہے (دعا) خدا ہمیشہ خوش نصیب رکھے۔ اقبال دعوے (مذکر) دعوے کو تسلیم کر لینا۔ کسی کے دعوے کا اقرار۔ اقبال دعوے داخل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کسی کے دعوے کا تحریری اقبال عدالت میں پیش ہونا۔ اقبال عروج پر ہونا (لازم) دولت اور مرتبے کی ترقی ہونا۔ اقبال کا آفتاب ڈھلنا (لازم) نصیبا گھٹنا۔ زوال شروع ہونا۔ اقبال کرنا (متعدی) قبول کرنا۔ اقرار کرنا۔ جرم کو مان لینا۔ اقبال مند (صفت) صاحب اقبال۔ خوش نصیب۔ اقبال مندی (مؤنث) خوش نصیبی۔ طالع مندی۔ نیک بختی۔ اقبال نے منہ پھیر لیا۔ اقبال جاتا رہا۔ اقبالہ (مذکر) اس کا اقبال۔ اقبالہم (مذکر) ان کا اقبال۔ (القاب میں دام کے ساتھ) اقبالی (صفت) جرم کا اقرار کرنے والا۔ اقبال یاور ہونا (لازم) ہمیشہ خوش قسمت ہونا۔ ترقی کرنا۔

اِقتار (ع۔ مذکر) ۱ غریب کر دینا ۲ ذکروں کو کم خوراک دینا۔

اِقتباس (ع۔ مذکر) ۱ روشنی لینا ۲ کسی اور کے کلام کو انتخاب کرکے اپنی تصنیف میں درج کرنا۔ انتخاب کرنا۔ نقل کرنا۔ (قبس۔ حاصل کرنا)

اِقتتال (ع۔ مذکر) ۱ لڑنا ۲ ایک دوسرے کو قتل کرنا ۳ عشق یا پاگلپن کی وجہ سے مرنا۔

اِقتحام (ع۔ مذکر) ۱ زور سے دوڑنا ۲ کسی کام کو بے سمجھے بوجھے شروع کر دینا ۳ حقارت کی نظر سے دیکھنا ۴ ستارہ ڈوبنا۔

اِقتدار (ع۔ مذکر) ۱ طاقتور ہونا ۲ طاقت۔ قوت۔ زور۔ غلبہ۔ قدرت (قدر۔ بڑا بنانا) بل ۳ اختیار۔ حکومت۔ مرتبہ ۴ (صفت) مرکبات میں طاقتور جیسے گروہِ اقتدار۔ اقتدار حاصل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) اختیار حاصل ہونا۔ حکومت ملنا۔ اقتدار رہنا (لازم) اختیار رہنا۔

اِقتراح (ع۔ مذکر) بغیر تیاری وعظ کہنا یا لکچر دینا۔

اِقتراض (ع۔ مذکر) قرضہ لینا۔

اِقتراع (ع۔ مذکر) ۱ چننا۔ منتخب کرنا ۲ قرعہ ڈالنا۔

اِقتراف (ع۔ مذکر) جرم کرنا۔

اِقتران (ع۔ مذکر) ۱ نزدیک ہونا۔ قریب ہونا ۲ اجتماع۔ میل۔ قران (قرن۔ دوسرے

سے ملنا)، **اِقترانِ اسفل** (مذکر) جب عطارد یا زہرہ سورج اور زمین کے درمیان ہوں۔ **اِقترانِ اعلےٰ** (مذکر) جب آفتاب عطارد یا زہرہ و زمین کے درمیان ہو۔

اِقتِسا د (ع۔ مذکر) مجبور کرنا۔

اِقتِسام (ع۔ مذکر) تقسیم۔ بانٹ۔ حصّے بخرے (قَسَمَ۔ تقسیم کرنا)

اِقتِصاد (ع۔ مذکر)۔ اعتدال سے کام کرنا۔ میانہ روی سے کام کرنا (قَصَدَ۔ ارادہ کرنا) **اقتصادی** (مؤنث) سیاسی۔ پولیٹیکل۔ **اقتصادیات** (مؤنث) علم المعیشت۔ وہ علم جس میں دولت کی پیداوار اور تقسیم وغیرہ پر بحث ہوتی ہے۔ **اقتصادی مشکلات** (مؤنث) سیاسی دقتیں۔ پولیٹیکل جھگڑے۔

اِقتِصار (ع۔ مذکر) ۱کسی چیز کی حدود مقرر کرنا ۲دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ سوکھتے چلے جانا۔

اِقتِصاص (ع۔ مذکر) ۱پیچھا کرنا تعقب کرنا ۲ بیان کرنا۔ زبانی پڑھنا۔

اِقتِضا (ع۔ مذکر) ۱خواہش کرنا۔ چاہنا ۲مقتضا۔ تقاضا۔ سزاوار (قَضٰی۔ فیصلہ کرنا) **اِقتضا دانائی کا یہ ہے**۔ عقلمندی کا یہ تقاضا ہے عقل یہ چاہتی ہے۔

اِقتِطاع (ع۔ مذکر) ایک حصہ کاٹ دینا

اِقتِفا (ع۔ مذکر) ۱قدم بقدم چلنا پیچھے آنا ۲الٹا ہونا ۳ پیچھے ہٹنا۔

اِقتِلاع (ع۔ مذکر) اکھیڑنا۔

اُقتُلو (ع۔ مذکر) قتل کرو۔ بعض لڑائی کے نقشوں یا تعویذوں کے شروع میں لکھتے ہیں۔ یا لڑائی کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ **اقتلو یا مریخ**۔ قتل کرائے مریخ۔ تعویذوں پر لکھتے ہیں۔ مریخ لڑائی کا موکل سمجھا جاتا ہے۔

اِقتِنا (ع۔ مذکر) حاصل کرنا۔ قبضے میں کرنا۔ جمع کرنا۔

اِقتِناص (ع۔ مذکر) شکار کھیلنا۔

اِقتِباس (ع۔ مذکر) ۱ ماپنا۔ مقابلہ ۔۔ پیچھے آنا ۲ باپ پر ہونا۔

اِقتِشا (ع۔ مذکر) جمع کرنا۔

اِقحاط (ع۔ مذکر) قحط ہونا۔ بارش نہ ہونا

اِقحام (ع۔ مذکر) ایک چیز دوسری میں ڈالنا

اَقدام (ع۔ مذکر) قدم کی جمع۔

اِقدام (ع۔ مذکر) ۱پیش قدمی کرنا۔ آگے بڑھنا ۲ (قانون) کسی جرم کے کرنے کی کوشش کرنا قانون میں جو جرم ہے اس کا اقدام بھی جرم ہے۔ سزا عام طور پر نصف ہوتی ہے۔ ارادہ اقدام نہیں۔ کوشش یہاں تک پہنچ گئی ہو کہ اگر روکا نہ جائے تو جرم واقع ہو جائے۔ (قَدَمَ۔ آگے بڑھنا) **اقدامِ خودکشی** (قانون) تعزیراتِ ہند میں زیر دفعہ ۳۰۹ علیحدہ جرم ہے۔ اپنے آپ کو ہلاک کرنے کی کوشش کرنا۔ جیسے کنویں میں کود پڑنا۔ زہر کھا لینا۔ **اقدامِ ڈکیتی** (قانون) ڈاکہ مارنے کی کوشش کرنا۔ اس کے لئے تعزیراتِ ہند میں اتنی ہی سزا ہے جتنی کہ ڈکیتی کے لئے ہے۔ دیکھو دفعہ ۳۹۵۔ **اقدامِ قتل** (قانون) کسی کو مار ڈالنے کی کوشش کرنا۔ یہ بھی تعزیراتِ ہند میں علیحدہ جرم ہے۔ دیکھو دفعہ ۳۰۷۔

اَقدَس (ع۔ صفت) قدس سے تفضیل کل۔ بہت پاک۔ نہایت مقدس۔

اِقرار (ع۔ مذکر) ۱وعدہ۔ عہد و پیمان قول و قرار۔ قول بچن۔ عہد ۲منظوری۔ رضامندی رضامندی۔ اجابت۔ قبولیت ۳ اعتراف۔ اقبال۔ تسلیم (قَرَّ۔ رہنا) **اقرارِ صالح** (مذکر) عدالت میں وہ بیان جو یہ کہہ کر کہ سچ کہونگا۔ دیا جاتا ہے۔ یہ حلفی نہیں ہوتا۔ مگر حلفی بیان کی حیثیت رکھتا ہے۔ **اِقرار کا سچا** (صفت) قول کا پکا۔ وعدے کا پورا۔ **اقرار کرنا** (متعدی) وعدہ لینا۔ عہد لینا۔ **اِقرار مدار** (مذکر) عہد و پیمان۔ قول و قرار۔ **اِقرار نامہ** (مذکر) وہ کاغذ جس پر کوئی عہد لکھا جائے (لکھانا۔ لکھ دینا۔ لکھنا وغیرہ کے ساتھ) **اقرار نامۂ بندوبست** (مذکر) وہ اقرار نامہ جو گورنمنٹ اور مالگزاروں کے مابین ہو۔ **اقرار نامۂ ثالثی** (مذکر) وہ اقرار نامہ۔ جس میں ہر دو فریق عہد کریں کہ ثالث کے فیصلے کی پابندی کرینگے۔ **اقرار ہونا** (لازم) اقرار کرنا۔ **اقراری** (صفت) اقبالی۔ اعتراف کرنے والا۔

مثل۔ اقرارِ جرم اصلاحِ جرم۔ جرم کا مان لینا جرم کی شدت کو کم کرتا ہے۔

اِقراش (ع۔ مذکر) ۱کسی کو برا کہنا ۲ دھکا دینا۔

اَقراص (ع۔ مذکر) قرص کی جمع۔

اِقراض (ع۔ مذکر) قرض دینا۔

اِقراع (ع۔ مذکر) ۱قرعہ ڈالنا ۲ اپنی جائداد کا بہترین حصہ دے دینا ۳ سانڈ ملائی کے لئے دینا ۴ راہِ راست پر واپس آنا ۵ رکنا ۶ نصیحت نہ ماننا۔

اِقراف (ع۔ مذکر) ۱بری نسل سے ہونا ۲ شبہ کرنا۔ نزدیک ہونا۔

اَقران (ع۔ مذکر) قرین کی جمع۔ برابر کے۔ ہمعصر۔ پاس کے لوگ۔

اِقراء (ع۔ مذکر) ۱پڑھنا ۲ حائض ہونا ۳ حیض سے پاک ہونا۔

اَقرَب (ع۔ صفت) قریب کی تفضیل بعض و کل ۱ بہت یا نہایت نزدیک یا قریب ۲ (مذکر) رشتہ دار ۳ (علا) نقطۃ الراس۔ **اقربا** (مذکر) قریب کی جمع نزدیک کے رشتہ دار۔ اعزہ۔ بھائی بند۔

اَقرَع (ع۔ مذکر) گنجا۔

اَقرَن (ع۔ مذکر) جس کی بھویں مل جائیں

اِقسا (ع۔ مذکر) دل کا سخت ہونا۔

اِقساط (ع۔ مذکر) ۱ انصاف پسند ہونا ۲ انصاف کرنا۔

اَقسَط (ع۔ صفت) زیادہ انصاف پسند۔

اِقشِعرار (ع۔ مذکر) ڈر سے بدن کا سنسنانا۔

اَقصا (ع۔ مذکر) قصوہ کی جمع۔ وادی کی اطراف۔

اِقصا (ع۔ مذکر) ۱ جدا کرنا ۲ پھیلنا۔

اِقصار (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹا کرنا خصوصاً نماز کو ۲ کم ہونا ۳ چھوٹے بچے جننا۔

اِقصاص (ع۔ مذکر) ۱ قاتل کو قتل کرنا۔ بدلہ لینا ۲ مرنے کے قریب ہونا۔ مرنے کے قریب پہنچانا۔

اَقصَر (ع۔ صفت) قصیر کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت چھوٹا۔ **اقصر النہار** (مذکر) سب سے چھوٹا دن جو ۲۲ دسمبر کو ہوتا ہے۔

اَقصَم (ع۔ صفت) وہ جس کے آدھے دانت ٹوٹے ہوں۔

اَقصٰے (ع۔ مؤنث) قصیٰ کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت دور۔ فاصلے پر یا پرے۔

اَقضٰی (ع۔ صفت) بہت انصاف پسند۔ بہترین قاضی۔

اَقطار (ع۔ مذکر) دودھ جم جانا۔

اَقطار (ع۔ مذکر) قطر کی جمع۔ کنارے آسمان کے۔ سمتے۔ ضلعے۔

اِقطاع (ع۔ مذکر) ۱ کاٹ دینا۔ قطع کر دینا۔ چھانٹ لینا۔ ۲ بادشاہ کا کسی شخص کو اراضی یا ملک عطا کرنا۔ ۳ عطا شدہ اراضی (قَطَع۔ کاٹنا)

اِقطاف (ع۔ مذکر) فصل کے موسم کے قریب ہونا۔

اَقطَع (ع۔ مذکر) جس کا ہاتھ کٹا ہوا ہو۔

اِقعاس (ع۔ مذکر) ۱ بہتات۔ افراط ۲ بہت بولنا۔

اِقعاص (ع۔ مذکر) فوراً مار ڈالنا۔

اِقفار (ع۔ مذکر) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔

اَقفال (ع۔ مذکر) قُفل کی جمع۔

اَقَل (ع۔ صفت) قلیل کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت تھوڑا۔ کم چھوٹا یا حقیر۔ اقل درجہ (تف) کم سے کم۔ اَقلیّت (مؤنث) ۱ کمی تھوڑا ہونا ۲ وہ قوم جو تعداد میں تھوڑی ہو۔

اِقلاع (ع۔ مذکر) ۱ بادبان چڑھانا ۲ بند ہونا ۳ بخار اُتر جانا۔

اِقلاق (ع۔ مذکر) ستانا۔ تنگ کرنا۔

اِقلال (ع۔ مذکر) کم کرنا۔

اَقلام (ع۔ مذکر) قلم کی جمع۔ وہ نے جن کا قلم بناتے ہیں۔

اَقل بار (ز۔ مذکر) گل تسبیح۔ گل عقیق۔ ایک پودا۔

اَقلَف (ع۔ مذکر) جس کا ختنہ نہ ہوا ہو۔

اِقلیلُ المَلِک (ع۔ مذکر) ایک دوائی جو ضماد کے کام آتی ہے۔

اِقلیم (ع۔ مؤنث) ۱ ولایت۔ ملک۔ بر اعظم ۲ پُرانے زمانے میں کرۂ ارض کے سات حصے کئے گئے تھے۔ ہر ایک کو اقلیم کہتے تھے۔ اقلیم سخن (مذکر) علم ادب۔ اقلیم سخن کا بادشاہ (مذکر) زبردست شاعر یا نثار۔ اقلیم سخن کو سر کرنا (متعدی) شاعر یا مصنف کے طور پر شہرت حاصل کرنا۔

اَقمار (ع۔ مذکر) قمر کی جمع۔

اِقماس (ع۔ مذکر) پانی میں غوطہ دینا۔

اِقماع (ع۔ مذکر) ۱ زیر کرنا ۲ توڑنا۔

اَقمِشہ (ع۔ مذکر) جمع قماش کی۔ کپڑے۔

اِقناع (ع۔ مذکر) ۱ تسلی دینا ۲ مُنہ پھیرنا ۳ نظر جمانا۔ گردن لمبی کر کے دیکھنا ۴ سر سیدھا رکھنا ۵ برتن کو پانی وغیرہ ڈالنے کے لئے جھکانا ۶ چرنے کے لئے بھیجنا۔

اَقنوم (یو۔ مذکر) ۱ مادہ ۲ اصول ۳ مقدس تثلیث کا ایک فرد۔

اِقوار (ع۔ مذکر) ۱ خالی ہونا۔ غیر آباد ہونا ۲ خوراک نہ ہونا ۳ پیٹ خالی ہونا ۴ غریب کر دینا۔

اِقواء (ع۔ مذکر) شعروں میں ایک قسم کا نقص۔ قافیہ میں جو اعراب شعروں میں آ رہا ہو۔ اس کی بجائے دوسرا آنا (قَوِیَ۔ پیچھے رہ جانا)

اَقوال (ع۔ مذکر) جمع قول کی۔ باتیں۔ مقولے۔

اَقوام (ع۔ مؤنث) قوم کی جمع۔ قومیں۔ فرقے۔ ذاتیں۔

اَقوَم (ع۔ صفت) ۱ زیادہ سیدھا ۲ بہت منصف مزاج۔

اَقہَر (ع۔ صفت) ۱ زیادہ مضبوط ۲ زیادہ ظالم۔

اَقیاد (ع۔ مذکر) قید کی جمع۔ زنجیریں۔ ہتھکڑیاں۔

اَک (س۔ مذکر) ناخوشی۔ رنج۔ درد۔

اِک (ہ۔ عدد) ایک کا مخفف۔ اک آن میں (تف) فوراً۔ اکاسی (عدد) ایک اور اسی ۸۱ - ۸۱ - اکاسی دیا جلنا (لازم) بہت روشنی ہونا۔ اک اکیلا (تف) تن تنہا۔ اک انگ (ہ مذکر) ترازو کے دونوں پلوں میں سے ایک۔ اکانوے (عدد) ایک اور نوے ۹۱ - ۹۱ - اکاون (عدد) ایک اور پچاس۔ ۵۱ - ۵۱ - اکائی (مؤنث) ایک۔ شمار کا پہلا درجہ۔ ۱ تا ۹ تک۔ اکائی کا آنک (مذکر) اکائی کی جگہ کا کوئی عدد جیسے ۱۲۹ میں ۹۔ اک بات کی بات (تف) دم بھر۔ بہت قلیل زمانہ۔ اک بات ہے اس کی کچھ اصل نہیں۔ آسان بات ہے۔ بہت سہل ہے ایک خاص ادا ہے۔ یکساں ہے۔ کچھ فرق نہیں ہے۔ معاملہ واحد ہے۔ اک بار (تف) ۱ ایک مرتبہ ۲ دفعتہً۔ ناگہاں۔ یکایک۔ بے تامل۔ اکبارگی (تف) ۱ ایک ہی بار ۲ دفعتہً۔ ناگہاں۔ یکایک۔ اچانک۔ اک باری (تف) یکایک۔ اچانک۔ اک پولیا (مذکر) ایک در کا دو درو۔ ہ جو بازاروں میں ہوتا ہے۔ اک پیچا (مذکر) ۱ ایک قسم کی ترچھی پگڑی جو بانکے باندھتے ہیں ۲ ایک پیچ کا پیچوان ۳ سر کا ایک زیور۔ اکتارا (مذکر) ۱ ایک قسم کا باریک کپڑا ۲ ایک تار کا ساز جس پر ہندو سادھو بھجن وغیرہ گاتے ہیں (بجانا۔ بجنا۔ چھڑنا چھیڑنا کے ساتھ) اکتالا (مذکر) گانے کی تالوں میں سے ایک تال۔ اکتالیس (عدد) ایک اور چالیس۔ ۴۱ - ۴۱ - اک ٹک یا ٹک (ہ) بغیر نظر پھیرنے کے۔ ٹکٹکی باندھ کر۔ اکترا (مذکر) وہ تپ لرزہ جو ایک روز درمیان دے کر آئے۔ باری کا بخار۔ اک تھاں۔ اک ٹھورا (ہ۔ تف) ۱ ایک جگہ میں ۲ اکٹھے مل کر۔ اکتیس (عدد) ایک اور تیس۔ ۳۱ - ۳۱ - اک جا (تف) ایک جگہ۔ اکٹھا اکجا بٹھانا (متعدی) بیٹھنا (لازم) ملنا۔ ملاقات ہونا اک جان کا عذاب (مذکر) جان کی مصیبت۔ اک جہاں (مذکر) دنیا کا بہت سا حصہ۔ اک جہاں دیکھا ہے۔ جہاندیدہ ہے۔ جگہ جگہ کی سیر کی ہے۔ بہت سا زمانہ دیکھا ہے۔ اِک چت (ہ) یکدل۔ اکٹھے۔ مل کر۔ اک چت راج (ہ) تمام دنیا پر سلطنت۔ اک چیز ہونا (لازم) ایکتا ہونا۔ نایاب ہونا۔ اک خدائی (مؤنث) بہت لوگ۔ اک درا (مذکر) ایک در کا دالان۔ اک دل ہونا (لازم) متفق ہونا۔ اک دم سے (تف) اکبارگی (تف)۔ اک دن (تف) کسی دن۔ عنقریب۔ اک ذرا (تف) ذرا کچھ۔ تھوڑا سا۔ اک ڈال (صفت) ۱ بے جوڑ۔ یکساں ۲ وہ خنجر چھری وغیرہ جس کا دستہ ایک لوہے کا ہو ۳ کوئی شے جو ایک ہی چیز کی بنی ہو اور اس میں جوڑ نہ ہو۔ اک ڈالا (مذکر) ایک کنول کی دیوارگیری۔ اک رُخی (صفت) ۱ جس کے دونوں رخ یکساں نہ ہوں ۲ یک طرفی۔ طرفداری کی۔ جانبداری کی۔ اک رُخی تصویر (مؤنث) چہرے کے ایک طرف کی تصویر۔ اک سار۔ اک سال (صفت) یکساں برابر۔ ایک طرح کے۔ ہموار۔ اِکسٹھ (عدد) ایک اور ساٹھ۔ ۶۱ - ۶۱ - اک سُو (تف) ایک طرف۔ کسی خاص بات کی طرف (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) اک سرے سے (تف) ۱ ایک طرف سے ۲ تمام و کمال۔ سب کا سب۔ سارے کا سارا۔ اک سوانگ ہے۔ ناپائدار ہے۔ دکھاوا ہے۔ بے اصل ہے۔ اک سُو ہونا (لازم) ۱ (طبیعت کا) مطمئن ہونا ۲ (جھگڑے وغیرہ کا) فیصلہ ہونا۔

ٹپکنا۔ اک طرف۔ چھوڑو اس کو۔ اس کا ذکر نہ کرو۔ اک عمر (تف) بہت عرصہ۔ مدت العمر۔ اک قلم (تف) بالکل۔ یک لخت۔ دفعتہً۔ اک گونہ (تف) کسی قدر۔ تھوڑا سا۔ اک طرح کا۔ اک قسم کا۔ اک لخت (تف) بالکل۔ تمام و کمال۔ اک لڑا (صفت) ایک لڑ کا ہار۔ اک منزلہ (صفت) ایک چھت کا مکان۔ اک نظر (تف) ذرا سا۔ ایک دفعہ۔ اک نہ اک طرح۔ اک نہ اک صورت سے (تف) کسی طرح۔ کسی تدبیر سے۔

اَکّا (ھ۔ مذکر) ۱ بھائی۔ دوست پیارا دوست۔

آکّا (س۔ مؤنث) بڑی بہن۔ کوئی معمر عورت۔

اِکّا (ہ۔ صفت) ۱ اکیلا۔ تنہا۔ واحد ۲ بے نظیر۔ بے مثل۔ لاثانی۔ یکتا ۳ (مذکر) ایک قسم کی سواری کی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے ۴ چھوٹی بہلی یا بگھی یا ٹانگا جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے ۵ ایک ہلکی بیل گاڑی جس میں ایک بیل جتا ہوتا ہے ۶ بازو پر باندھنے کا ایک زیور یا تعویذ ۷ ایک بتی کا شمعدان ۸ ایک کنول کی بیٹھک ۹ ایک بڑا بھاری گدر ۱۰ تاش اور گنجفے میں ایک نشان یا لکیر والا پتا ۱۱ شاہی زمانے میں پہرہ چوکی لگانے والا افسر ۱۲ ریاستوں کے خاندانی رئیس زادے جو گھر بیٹھے تنخواہ پاتے ہیں (ایک سے)۔ اِکّا دُکّا (تف) خال خال۔ ایک دو بہت کم۔ کوئی کوئی۔

امثال۔ اِکّا وکیل گدھا۔ پٹنہ شہر میں سدھا (ھ) پٹنہ میں یہ تینوں بہت ہیں اِکّے چڑھ کے جہاں جائے۔ پیسے دے کے دھکے کھائے۔ اِکّے کی سواری کی مذمت۔

اَکابر (ع۔ مذکر) اکبر کی جمع۔ بزرگ لوگ۔ بڑے بڑے معتبر آدمی۔ امیر کبیر۔ رؤسا۔ اکابران (جمع الجمع) اکبر کی۔ اکابر و اصاغر (صفت) بڑے چھوٹے امیر غریب۔ اکابرین (مذکر) اکبر کی جمع الجمع۔

اَکاج (ھ۔ مذکر) ۱ ضرر۔ زخم ۲ نقصان ۳ ظلم۔ جفا ۴ حق تلفی۔ سختی ۵ نکماپن ۶ (صفت) بیفائدہ۔ نقصان دہ۔ نکما۔ اکاجنا (متعدی) ۱ ضرر پہنچانا۔ نقصان پہنچانا۔ نکما کر دینا ۲ مرجانا۔ اکاجی (صفت) ۱ نقصان ۲ مضر۔ بے فائدہ ۲ (مذکر) مزاحم یا حارج ہونیوالا شخص یا چیز ۳ نکما آدمی۔

اَکّاد (ع۔ مذکر) کسان۔

آکار (س۔ مذکر) دیکھو آ ۲ (ھ) دیکھو اکارتھ۔

اِکار (س۔ مذکر) دیکھو اِ۔ اِکارت (صفت) جو اِکار پر ختم ہو۔

اُکار (س۔ مذکر) دیکھو اُ۔ اُکارت (صفت) جو اُکار پر ختم ہو۔

اَکارت۔ اَکارتھ (ھ۔ صفت) ۱ بے فائدہ۔ بے سود ۲ بے ثمر۔ بے بر ۳ ناکارہ۔ نکما۔ (جانا۔ ہونا کے ساتھ) اکارتھ کرنا (متعدی) ۱ نکما کر دینا۔ ناکارہ بنا دینا ۲ تباہ کر دینا۔ بیفائدہ خرچ کرنا۔ اُجاڑنا۔

اَکارِم (ع۔ مذکر) اکرم کی جمع ۱ نہایت شریف ۲ شرفا۔

اَکارَن (س۔ صفت) ۱ بے وجہ۔ بے سبب۔ ناحق۔ بے بنیاد۔ بے اصل ۲ بے عقل۔ بے ہوش۔ بے سدھ ۳ بے فائدہ۔ بے قاعدہ۔ بے طور۔

اکاس۔ اَکّاس (ھ۔ مذکر) دیکھو آکاس۔

مثل۔ اکّاس باندھیں۔ پتال باندھیں۔ گھر کی ٹٹی کھلی۔ ان کا جادو زمین اور آسمان پر اثر کرتا ہے۔ مگر گھر کا انتظام نہیں ہو سکتا۔ ویسے تو بڑے عقلمند ہیں۔ مگر اپنے گھر کا کچھ پتہ نہیں۔

اَکاسِرہ (ف۔ مذکر) جمع کسریٰ کی۔

اَکال (ھ۔ مذکر) ۱ قحط سالی۔ خشک سالی ۲ گرانی۔ قحط۔ قلت۔ کمی۔ تنگی ۳ (صفت) بے وقت۔ بے موقعہ۔ بے محل ۴ بے فصل۔ بے رُت۔ بے موسم۔ اکال پھل (مذکر) بے رُت کا پھل۔ بے موسم پھل۔ اکال موت (مؤنث) بیوقت موت۔ اچانک موت۔ اکال ورشی (مؤنث) بے موقعہ بارش۔ بے وقت مینہ۔

امثال۔ اکال مرتی کی مکتی نہیں خودکشی کرنے والے کی نجات نہیں۔ اکال نہیں کال ہے قحط نہیں موت ہے سخت قحط ہے۔

اَکّال (ع۔ مذکر) بہت کھانے والا آدمی پیٹو شخص (اَکَل۔ کھانا)

اُکالنا (ھ۔ متعدی) اُبالنا۔ جوش دینا

اَکالیل (ع۔ مذکر) اکلیل کی جمع۔ تاج

اَکام (ھ۔ صفت) ۱ بے فائدہ۔ بے سود۔ بلا منفعت۔ اکارتھ ۲ (س۔ صفت) بلا خواہش ۳ (مذکر) پرمیشر کا ایک نام۔

اِکاؤنٹ (انگ۔ مذکر) حساب۔ اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ (مذکر) محکمۂ حساب۔ اِکاؤنٹنٹ (مذکر) محاسب۔ منیب۔ حساب کرنے والا یا رکھنے والا۔ اِکاؤنٹنٹ جنرل (مذکر) محکمہ حساب و کتاب کا افسر اعلیٰ۔

اِکباب (ع۔ مذکر) ۱ سجدے میں گرنا ۲ منہ کے بل گرانا۔

اَکبَتانہ (ایران) ایک قدیم شہر جو شاہانِ پارتھیا کا دارالخلافہ تھا۔ بعد میں موسم گرما کا مقام ہو گیا۔ اب کھنڈرات رہ گئے ہیں۔ اس کے قریب شہر ہمدان آباد ہے۔

اَکبَر (ع۔ صفت) کبیر کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت بڑا۔

اُکَت (ھ) **اُکتِ** (س۔ مؤنث) ۱ بولنا۔ آواز۔ زبان ۲ قصہ۔ کہانی۔ بناوٹ ۳ (ہ) ایجاد انوکھی بات۔ نئی بات ۴ طاقتِ ایجاد یا اختراع۔ استعداد ۵ نہایت ذہین یا ذکی انسان۔ اُکت بنانا (متعدی) قصہ گھڑنا۔ کہانی بنانا۔ ایجاد کرنا۔ جھوٹ بنانا۔ اُکت سے کرنا (متعدی) ایجاد کرنا۔ اختراع کرنا۔ اپنی طبیعت کی تیزی سے کوئی بات نکالنا۔ اُکت کی لینا۔ اُکت لینا (متعدی) ۱ نئی بات کرنا ۲ بے موقعہ بے محل کوئی حرکت کر بیٹھنا۔ اُکتی (صفت) دیکھو اُکت۔

اُکَت (ھ) **اُکتَ** (س۔ صفت) ۱ بولا گیا۔ ذکر کیا گیا۔ پہلے کہا گیا ۲ مذکورہ بالا۔ نام بُردہ۔

اُکتارنا (ھ۔ متعدی) ۱ اُکسانا۔ اُبھارنا۔ بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔ اشتعال دلانا۔ آمادہ کرنا ۲ ترغیب دینا ۳ مدد کرنا۔ امداد دینا۔ سہارا دینا۔ اعانت کرنا۔ دستگیری کرنا ۴ آگے بڑھنا۔ روانہ کرنا۔ ترقی دینا۔ تائید کرنا۔ تقویت دینا۔ اُکتارُو (مذکر) اکسانے والا۔ بھڑکانے والا وغیرہ۔

اَکتاف (ع۔ مذکر) کتف کی جمع۔ مونڈھے۔ کندھے۔

اُکتا جانا۔ اُکتانا (ہ۔ متعدی) غمگین ہونا۔ اداس ہونا۔ افسردہ ہونا۔ پژمردہ ہونا۔ اچاٹ ہونا۔ سیر ہونا۔ بیزار ہونا۔ تنگ ہو جانا۔

مثل۔ اُکتائی کمہاری ناخن سے مٹی کھودے۔ جب آدمی اُکتا جاتا ہے تو بیدلی سے کام کرتا ہے۔

اِکتحال (ع۔ مذکر) سُرمہ لگانا۔

اِکترا (ع۔ مذکر) کرائے پر لینا۔

اِکتسا (ع۔ مذکر) کپڑے پہننا۔

اِکتساب (ع۔ مذکر) 1 محنت سے پیدا کرنا۔ کوشش سے حاصل کرنا۔ کمانا 2 کمائی حصول (کسب۔ حاصل کرنا) اکتسابی (صفت) حاصل کیا ہوا۔ اکتسابی خواص (مذکر) ایسے خواص جو حاصل کئے گئے ہوں اور قدرتی نہ ہوں۔

اکتشاف (ع۔ مذکر) کھُلنا۔ ظاہر ہونا (کشف یعنی کھُلنا سے مشتق ہے) کسی نامعلوم بات کا دریافت ہونا۔

اِکتفا (ع۔ مذکر۔ مؤنث)۔ کافی ہونا کفایت کرنا بس کرنا۔ اکتفا پذیر ہونا (لازم) اکتفا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) 1 کافی سمجھنا 2 قناعت کرنا۔ قانع ہونا 3 کافی ہونا۔ پورا ہونا (کفی۔ کافی ہونا)

اَکتم (ع۔ صفت) رچا ہوا۔

اِکتناز (ع۔ مذکر) 1 بھرنا 2 جمع ہونا۔

اِکتناف (ع۔ مذکر) گھیرنا۔

اِکتناہ (ع۔ مذکر) 1 غور سے دیکھنا 2 پوری واقفیت حاصل کرنا۔

اِکتوا (ع۔ مذکر) داغ دینا۔

اَکتوبر (انگ۔ مذکر) مسیحی دسواں مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے اور کاتک کے مطابق ہوتا ہے (اصل آکٹوبر)

اُکتھ (س۔ مذکر) 1 مقولہ۔ کہاوت۔ محاورہ۔ فقرہ 2 حمد۔ تعریف 3 ایک راجہ 4 ایک آسمانی مخلوق۔

اَکتی (ھ۔ مؤنث) ایک درخت۔

اِکتیال (ع۔ مذکر) ماپنا۔

اَکَٹ (ہ۔ صفت)۔ مضبوط۔ سخت جو نہ کاٹے کٹے نہ توڑے ٹوٹے۔ یکتا۔ کامل (رت)

اَکٹ (انگ۔ مذکر) 1 قانون مجوزہ وہ قانون جو کسی بادشاہ یا حاکم اعلےٰ یا جماعت ذی اختیار کے حکم سے جاری کیا جائے 2 کام کرنا 3 تماشا کرنا۔ کھیل کرنا۔ سوانگ بھرنا 4 قائم مقامی کرنا (اصل ایکٹ) **اکٹر** (مذکر) تماشا کرنے والا۔ سوانگ بھرنے والا **اکٹنگ** (مذکر) 1 تماشا کرنا۔ سوانگ بھرنا 2 (مذکر) قائمقامی کرنا 3 قائم مقامی کرنے والا۔

اُکَٹ (ہ۔ امر) اکٹنا کا 2 **اکٹا** (امر) اکٹانا کا (ماضی) **اکٹا دینا** 3 **اکٹانا** - **اکٹنا** (متعدی) 1 اکھاڑنا۔ جڑ سے اکھاڑنا کھودنا۔ بدلنا۔ اوپر تلے کرنا۔ الٹا دینا 2 راز نکالنا۔ راز جوئی کرنا 3 احسان جتانا 4 تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ لوٹ لینا 5 بدنام کرنا۔ تنداکرنا گالی دینا کھودا جانا۔ اکھاڑا جانا وغیرہ اس اُد + اُدپر + کرت۔ کرنا) **اکٹوانا** (م) کھلوانا وغیرہ۔ دیکھو آخری۔

اِکٹھا (ھ۔ نف) دیکھو اکھٹا۔

اِکثار (ع۔ مذکر) 1 بہت باتونی ہونا 2 بڑھنا 3 بہت ہونا۔ افراط سے ہونا 4 پھول نکالنا۔

اکثر (ع۔ صفت) (کثیر کی تفضیل بعض و کل) بہت یا نہایت زیادہ 2 (نف) بارہا۔ بیشتر 3 خصوصاً۔ اکثر اوقات (نف) بارہا۔ بیشتر۔ زیادہ تر۔ اکثر حکام کے کان ہیں۔ بہت سے حاکم سُنی سنائی باتوں پر یقین کر لیتے ہیں۔ اکثر کر کے (ع) بارہا۔ اکثر۔ بیشتر۔ اکثریت (مؤنث) 1 وہ قوم جس کے افراد کی تعداد دوسری قوموں سے زیادہ ہو 2 زیادتی۔ **اکثریت کو بحال رکھنا** (متعدی) قوم کی زیادتی کو قائم رکھنا۔

اَکثم (ع۔ صفت) 1 بڑ پیٹا 2 بھرا ہوا 3 موٹا 4 چوڑا۔

اَکَچ (س۔ صفت)۔ جس کے سر پر بال نہ ہوں۔ گنجا۔

اِکحَل (ع۔ صفت) 1 سیاہ چشم 2 سرمہ لگانا۔

اَکدَر (ع۔ صفت) تاریک۔ سیاہ رنگ

اَکَر (س۔ صفت) 1 محصول سے معاف بغیر محصول 2 لُنجا۔ بغیر ہاتھ۔

اَکرا (س۔ صفت) 1 مہنگا۔ قیمتی۔ بیش قیمت 2 (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جو اناج میں اُگ کر اس کی بالیدگی کو روکتی ہے 3 (ہ۔ مذکر) بہت ہی ادنےٰ اور خراب قسم کا غلہ جو جانوروں کو کھلایا جاتا ہے۔

اِکرا (ھ۔ صفت) اِس کا۔ اِکرا کے (ضمیر) اِسے

اُکرا (ھ۔ صفت) اُس کا۔ اُکرا کے (ضمیر) اُسے۔

اَکراد (ع۔ مذکر) کُرد کی جمع۔

اَکرام (ع۔ مذکر) کرم کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں بخششیں۔ عطیات۔

اِکرام (ع۔ مذکر) اکرم کرنا 1 بخشش۔ عطا 2 عزت۔ توقیر۔ تعظیم 3 بزرگی (کرَم۔ مہربانی۔ بخشش کرنا)

اَکرانت (س۔ صفت) نہ فتح کیا گیا۔

اِکراہ (ع۔ مذکر) 1 کراہت۔ نفرت۔ گھن 2 زبردستی۔ جبر (کرہ۔ نفرت کرنا)

اَکرایا (ھ۔ مؤنث) زمین جو بیج ڈالنے کے لئے اچھی طرح تیار نہ کی گئی ہو۔

اَکرت (س۔ صفت) 1 نہ کیا ہوا۔ نہ بنایا ہوا 2 غیر مصنوعی۔ بے ساختہ 3 نہ کاشت کیا ہوا 4 کشش و پنج میں پڑا ہوا۔ متردد۔

اَکرِش (س۔ صفت) 1 نہ سوکھا ہوا۔ موٹا 2 جس کی کوئی حس مری ہوئی نہ ہو۔ مکمل۔

اَکرشت (س۔ صفت) 1 جس پر ہل نہ چلا ہو۔ جو کاشت نہ ہوئی ہو 2 (مذکر) زمین جس پر ہل نہ چلا ہو 3 رشیوں کی ایک قسم۔

اَکرکس (ھ۔ صفت) 1 نہ سخت۔ نہ کھردرا 2 نرم۔ نازک۔ ملائم۔

اَکرَم (ع۔ صفت) کریم کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت مہربان۔ سخی۔ کریم یا فیاض۔

اَکرَم (س۔ مذکر) 1 گھٹیا کام۔ ذلیل کام 2 کمینہ کام 3 گناہ۔ پاپ۔

اَکرما (ھ۔ صفت) بیکار۔ نکما۔ ناکارہ۔

اَکرَنک (س۔ صفت) متعدی۔

اَکرمنیہ (س۔ صفت) نکما۔ بے فائدہ۔ لاحاصل۔ رائگاں۔ اکارتھ۔ اکارن۔

اَکرمی (س۔ مذکر) بدکار آدمی۔ گناہگار انسان۔

اَکرنی (ھ۔ صفت) 1 نہ کرنے کے قابل نہ ہونے کے قابل 2 غیر موزوں۔ نامناسب۔ بے مناسب۔ ناموافق 3 بے شرم۔ بے حیا۔ فحش۔ ناشائستہ۔

اَکرُور (س۔ صفت) 1 نہ بے رحم 2 نرم مزاج۔ حلیم۔

اَکری (ھ۔ مونث) ۱ زیادہ قیمت مہنگی ۲ قحط۔ خشک سالی۔ خراب موسم ۳ عذر۔ بہانہ حیلہ ۴ ہل کے بانس کا چوڑا سرا ۵ دھان شالی۔

اَکڑ (ہ۔ مونث) ۱ سختی۔ نا ملائمت۔ کڑا پن ۲ جسم کا تناؤ۔ سینہ کا ابھار ۳ خود داری۔ گھمنڈ۔ آن بان ۴ اڑیل پن۔ ضد۔ ہٹ۔ **اکڑا** (صفت) سخت ہوا ہوا۔ دیکھو آخری۔ **اکڑانا** (متعدی) اکڑنا کا ۱ تکلیف دینا۔ روکنا رکاوٹ ڈالنا۔ مزاحمت کرنا ۲ پھیلانا۔ جسم کو سخت کرنا۔ **اکڑباز** (صفت) اکڑکر چلنے والا۔ مغرور۔ شیخی خورہ۔ **اکڑبازی** (مونث) غرور۔ فخر۔ بانکپن۔ نمود۔ نمائش۔ آن بان۔ دکھاوا۔ **اکڑبل کرنا** (متعدی) ۱ ٹیڑھا ہو کر چلنا ۲ تن کر چلنا ۳ غرور کرنا۔ **اکڑتکڑ** (مونث) بانکپن۔ آن بان۔ نمود۔ اکڑبازی۔ **اکڑپھول** (فول) (مونث) ۱ بانکپن۔ اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھنا ۲ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا۔ **اکڑکے** (نعت) تن کے سختی سے غرور سے۔ آن بان سے۔ **اکڑکے چلنا** (لازم) جسم کو تن کے چلنا۔ سینہ ابھار کر چلنا۔ آن بان سے چلنا۔ **اکڑمروڑ** (مونث) ۱ بانکپن۔ آن بان ۲ سرکشی۔ **اکڑفوں**۔ **اکڑمروڑ میں ہونا** (لازم) بانکپن دکھانا ۲ سرکشی کرنا۔ **اکڑنا** (لازم) ۱ تننا۔ سینہ ابھارنا ۲ گھمنڈ کرنا۔ غرور کرنا نازکرنا۔ اترانا ۳ ناراض ہونا۔ بگڑ بیٹھنا۔ آزردہ ہونا ۴ سرکشی کرنا۔ زور دکھانا ۵ جکڑ جانا۔ ٹھٹھر جانا ۶ اعضا کا اینٹھ جانا۔ سخت ہو جانا۔ کڑا پڑنا ۷ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا ۸ جھگڑے کے لئے تیار ہونا (س اینچ۔ ٹیڑھا ہونا) **اکڑنت کرنا** (متعدی) اکڑنا۔ غرور کرنا (صفت) **اکڑو** (ھ) اکڑباز۔

اُکڑو۔ اُکڑوں (ہ۔ نعت) پاؤں کے تلے زمین پر اور بوجھ پاؤں پر۔ **اکڑوں بیٹھنا** (متعدی) اس طرح بیٹھنا کہ پاؤں کے تلے زمین پر۔ بوجھ پاؤں پر۔ گھٹنے پیٹ سے اور پنڈلیاں رانوں سے ملی رہیں۔

اَکزیکیٹو (انگ۔ صفت) ۱ حکومتی۔ سرکاری ۲ عامل۔ کارگزار ۳ (مذکر) گورنمنٹ کے وہ افسران جن کے ہاتھ میں حکومت ہو۔ **اکزیکیٹو انجینیر** (مذکر) انجینیروں کا ایک عہدہ دار جو ایک خاص علاقہ کا انتظام کرتا ہے۔ **اکزیکیٹو کونسل** (مذکر) وہ جماعت جو ملک کا انتظام کرے۔ **اکزیکیٹو کونسلر یا ممبر** (مذکر) اکزیکیٹو کونسل کا ممبر۔

اِکس (ھ۔ مونث) رشک۔ حسد۔ رقابت۔ جلن۔ (بیر کھار رکھنا کے ساتھ)

اُکس (ھ۔ امر) اکسانا کا۔ **اکسا** (امر) ۱ اکسانا کا ۲ (ماضی) اکسنا کا۔ **اکسا دینا**۔ **اکسانا** (متعدی) ۱ ابھارنا۔ بھڑکانا۔ آمادہ کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اشتعال دلانا ۲ چراغ کی بتی آگے بڑھانا ۳ آگ جلانا۔ آگ تیز کرنا۔ ہوا دے کر آگ بھڑکانا۔ **اکسنا** (لازم) ۱ ہلنا۔ ہٹنا ۲ اٹھنا۔ سر اٹھانا۔ ابھرنا ۳ نمودار ہونا۔ نمود پیدا کرنا ۴ برانگیختہ ہونا۔ اشتعال میں آنا ۵ چلنا۔ بھڑکنا (س کرش۔ ادھر ادھر کھینچنا) **اکس نہ سکنا۔ اکسنے نہ پانا** (لازم) سر نہ اٹھا سکنا۔ دبے پڑا رہنا۔ **اکس نہیں سکتے**۔ دبے پڑے ہیں۔ سر نہیں اٹھا سکتے۔ **اکسنے نہ دینا** (متعدی) ۱ ہلنے نہ دینا۔ کہیں جانے نہ دینا ۲ ابھرنے نہ دینا۔ سر نہ اٹھانے دینا ۳ بہتر حالت میں نہ ہونے دینا (س کرش۔ کھینچ)

اَکساس (ع۔ مونث) کُس کی جمع۔

اَکسائیز (انگ۔ مذکر) محصول چونگی وغیرہ۔ **اکسائیز انسپیکٹر** (مذکر) محکمہ آبکاری کا افسر۔ **اکسائیز ڈیپارٹمنٹ** (مذکر) محکمہ آبکاری۔

اَکسپرٹ (انگ۔ مذکر) ماہر۔ ماہر فن۔

اَکسپورٹ (انگ۔ مذکر) ۱ تجارتی مال جو ملک سے باہر بھیجا جائے ۲ مال ملک سے باہر بھیجنا۔

اَکسٹرا (انگ۔ صفت) فالتو۔ زائد۔ سرکاری۔ ملازمت کے بہت سے عہدے اس لفظ سے شروع ہوتے ہیں۔ **اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر یا ای۔ اے۔ سی** (مذکر) وہ مجسٹریٹ جو ڈپٹی کمشنر کے ماتحت کام کرتا ہے۔ اور عام طور پر فوجداری مقدمات کے سننے کے اختیارات رکھتا ہے۔ **اکسٹرا اسسٹنٹ کنسرویٹر** (مذکر) جنگل کے محکمہ کا ایک افسر۔

اَکسٹرا ڈیشن (انگ۔ مذکر) حوالگی ملزم ملک غیر۔

اَکسچینج (انگ۔ مذکر) ایک سکے کا دوسرے سکے سے تبادلہ۔ تبادلہ باہمی۔ تبادلہ سکہ۔

اَکسح (ع۔ صفت) لنگڑا۔

اَکسد (ع۔ صفت) مندا (بازار)

اَکسرسائز (انگ۔ مونث) ۱ کسرت ورزش ۲ مشق ۳ حساب یا مساحت یا کسی اور علم کا سوال اور اس کا حل۔

اَکسمات (س۔ تف) ۱ بغیر وجوہات ۲ اتفاقاً۔ فوراً۔ یکا یک۔ اچانک۔ ناگہاں۔ غیر مترقب۔

اَکسی (ھ۔ مونث) ایک درخت۔ اکتی۔

اِکسیر (ع۔ مونث) ۱ کیمیا۔ وہ دوا جس سے سستی دھات کو سونا یا چاندی بنایا جا سکے (بننا۔ بنانا کے ساتھ) ۲ کسی مرض کے لئے نہایت ہی مفید اور سریع الاثر دوا ۳ نہایت فائدہ مند چیز (کسر۔ پیاس بجھانا) **اکسیر کی بوٹی** (مونث) وہ بوٹی جس سے کیمیا بنائی جاتی ہے۔ **اکسیر گر** (صفت) کیمیا بنانے والا۔

اَکش (س۔ مذکر) ۱ پاسہ۔ کعبتین۔ دانہ ۲ پاسے پر نشان ۳ فلکی عرض بلد۔ گرو کا لقب۔ **اکشانس۔ اکش بھاگ** (مذکر) عرض بلد کا ایک درجہ۔ **اکشج** (مذکر) ۱ ہیرا ۲ بجلی ۳ وشن جی۔ **اکش مالا** (مونث) ۱ ایک درخت کے بیجوں کی مالا۔ **اکش ودیا وان** (مذکر) نجومی۔ جادوگر۔

اَکشِ (س۔ مذکر) ۱ آنکھ ۲ عدد ۲ ۳ سورج و چاند۔

اِکشُ (س۔ مذکر) ۱ کماد۔ گنا۔ نیشکر ۲ ایک راجہ کا نام۔ **اکش رس** (مذکر) گنے کا رس۔ راب شیرہ۔ شکر۔ گڑ۔ **اکش سار** (مذکر) کچا گڑ۔ گڑ جو ابھی صاف نہ ہوا ہو۔ **اکش کانڈ** (مذکر) ایک اعلیٰ قسم کا گنا۔ **اکش میہی** (صفت) جسے ذیابیطس ہو۔

اِکشا (انگ۔ مونث) یہ ایک اچھی قسم کی برانڈی شراب بنانے والے کا نام ہے۔ مگر اردو میں شراب کے لئے ہی استعمال ہوتا ہے۔ برانڈی (اصل۔ اکسشا)

اَکشَت (س۔ صفت) ۱ نہ چوکنے والا بے خطا۔ قدر انداز۔ قادر ۲ نہ ٹلنے والا۔ رہنے والا۔ پکا۔ پائدار۔ پتھر پر لکیر ۳ (مذکر) مکمل دانہ۔ مکمل چاول جو رسومات میں استعمال ہوتا ہے۔ تلا ہوا اناج۔ **اکشت تلک** (مذکر) ایک رسم جس میں برہمن یا پُت کے ماتھے پر چند دانے چاول کے ڈالے جاتے ہیں۔

اَکشَر (س۔ مذکر) ۱ الف۔ ب۔ ت ۲ الفاظ کا جز یا ایک حصہ۔ **اکشر پرکاش** (مذکر) الف ب۔ ت کا قاعدہ۔ الف۔ ب۔ ت پر رسالہ۔ **اکشری** (صفت) ۱ خواندہ ۲ خوشخط ۳ (مذکر) خواندہ شخص۔ خوشخط آدمی۔

اَکشَر (س۔ صفت) ۱ نہ مرنے والا۔ نہ تلف ہونے والا ۲ نہ بولنے والا۔

اَکشَف (ع۔ صفت) جس کے بدن میں کوئی نقص ہو۔

اَکشَل (س۔ صفت) بد قسمت۔ بدشگون

نامبارک ۔ منحوس ۔

اَکشَے (س ۔ صفت) ۔ پائدار ۔ دائم ۔
نہ خراب ہونے والا ۔ نہ مرنے والا ۔ **اَکشَیتا** (مؤنث)
پائداری ۔ بقا ۔ قیام ۔ **اکشے لوک** (مذکر) نہ خراب ہونے
والا ملک ۔ بہشت ۔ **اکشے وَٹ** وار ۔ بڑ ۔ ورکش
یا برکش (عص) ۱ ایک درخت جو کبھی نہیں مرجھاتا
۲ الہ آباد کے زیرِ زمین دوزخ میں ایک درخت ہے جو اس
نام سے پکارا جاتا ہے ۔ **اکشیتا** (مؤنث) پائداری
بقا ۔ قیام ۔

اَکشیم (س ۔ صفت) بدقسمت ۔ ناخوش
کم بخت ۔ بدنصیب ۔ مصیبت زدہ ۔

اِکفا (ع ۔ مذکر) عیوب قافیہ میں سے
ایک عیب (کفاء ۔ الٹنا)

اَکفار (ع ۔ مذکر) ۱ کافر بنا دینا ۲ کافر کہنا

اِکفال (ع ۔ مذکر) ۱ معاملات کسی کے
سپرد کرنا ۲ ضمانت دینا ۔

اَکفَر (ع ۔ صفت) کافر کی تفضیل بعض د
کل ۔ سخت کافر

اَکَل (ہ ۔ صفت) اکیلا تنہا ۔ واحد ۔
اُردو میں صرف (اکل کھرا) میں ہی استعمال ہوتا ہے
اکل کھرا (صفت) ۱ وہ جو دوسرے کو دیکھنا پسند
نہ کرے ۔ اکیلا رہنا چاہے ۔ روکھا ۲ بے مروت ۔
بے لحاظ ۔ غیر مانوس ۔ بدمزاج ۔ تندخو ۳ خود غرض ۔
لالچی ۔ حاسد ۴ (مذکر) مذکورہ بالا خاصیتوں والا آدمی ۔
مثل ۔ اکل کھرا ہنگ سے بُرا ۔
بے مروت اور خود غرض آدمی سب ... تا ہے

اَکل (ع ۔ مذکر) ۱ کھانا ۔ غذا ۲ روزی
(اکل ۔ کھانا) **اکل و شرب** (مذکر) دانہ پانی ۔ خورد
نوش ۔ کھانا پینا ۔ **اکل و شرب حرام ہونا** (لازم)
کھانے پینے کا لطف نہ رہنا ۔ کسی چیز کا مزہ نہ آنا ۔
اکلِ حلال (مذکر) حلال روزی ۔ کھانے پینے کی
چیز جو جائز ہو ۔

اَکُل (س ۔ صفت) ۱ بغیر نسب نامہ ۔
بغیر خاندان ۔ بغیر رشتہ داران ۲ وہ جو اچھے خاندان کا
نہ ہو ۳ شوجی کا نام ۔ اکلا (مؤنث) پاربتی کا نام ۔

اَکلّا ۔ اِکلا ۔ اِکلّا (ہ ۔ مؤنث) اکیلا
واحد ۔ صرف ایک ۔ **اِکلائی** (مؤنث) اکیلا پن ۔ تنہائی ۔

ایک عرض کا تھان ۔

اِکلال (ع ۔ مذکر) تھکنا ۔

اُکلانا ۔ اُکلانا (ہ ۔ لازم) ۱ گھبرانا ۔
پریشان ہونا ۔ حیران ہو جانا ۔ سٹ پٹا جانا ۲ گھبراہٹ
بے چینی وغیرہ محسوس کرنا ۳ تنگ آ جانا ۔ اکتا جانا ۔ نفرت
کرنا ۴ دل کا متلانا ۔

اُکلائی (ہ ۔ مؤنث) ابکائی ۔
قے ۔ متلی ۔

اَکلپِت (س ۔ صفت) نہ بنا ہوا ۔
غیر ساختہ ۔ اصلی ۔ قدرتی ۔

اَکلپَن (س ۔ مذکر) اصلیت صحت
درستگی ۔ کھرا پن ۔ بے ساختگی ۔

اُکلنا (ہ ۔ لازم) اُبلنا ۔ جوش کھانا ۔
اُبل کر برتن سے نکل جانا ۔

اَکلنک (س ۔ صفت) ۱ بے داغ
بے نشان ۔ بغیر زنگ کے ۲ خالص ۔ پاک ۔ بے نقص
بے عیب ۔

اَکُلنی (س ۔ صفت) ۱ خراب کمینی
نیچ (عورت) ۲ (مؤنث) نیچ ذات کی عورت ۔ بدچلن
یا فاحشہ عورت ۔

اِکلُو (ہ ۔ مذکر) گنجفے کی بازی کے
مسلسل حکم پتے کو کہتے ہیں ۔ عام اس سے کہ سلسلہ وار
تقسیم ہو جائیں یا کھیل میں سر کرنے کے بعد اکلو
ہو جائیں ۔ **اکلو سوخت ہونا** (لازم) اگر اکلو ہونے کے
بعد پتے نہ کھیلے جائیں تو بیکار ہو جائینگے ۔ اسے سوخت
ہونا کہتے ہیں ۔ **اکلو ہونا** (لازم) پتوں کا سلسلہ وار
ہونا ۔ چاہیے تقسیم میں ہوں یا کھیل کے بعد ۔

اِکلَوتا (ہ) **اِکلوتا ۔ اِکلَوتھا ۔**
اِکلَونتا (ہ ۔ صفت) اکیلا بیٹا جس کا کوئی بھائی بہن
نہ ہو (س ۔ ایکل ۔ اکیلا + پترک ۔ بیٹا)

اَکُلی (س ۔ صفت) ۱ نیچ ذات ۔ نیچ
قوم ۔ نچلے درجے کا ۔ کم اصل ۔ رذیل ۲ (مذکر) ایک نیچ
ذات شخص ۔ اکلین ۔ اکلینا (صفت) نیچ ۔ رذیل ۔
کمین ۔

اَکلیان (س ۔ صفت) ۱ بدشگون
بدفال ۔ منحوس ۔ نامسعود ۔ نامبارک ۲ ناخوش ۔ ناشاد ۔
نامراد ۔ ناکام ۔

اِکلیل (ع ۔ مذکر) ۱ تاج ۲ پھول
کی چھتری (کَل ۔ تاج پہنانا) ۳ صورت عقرب میں
تین ستاروں کا نام ۴ آفتاب کا وہ نورانی حصّہ جو اس
کے کرۂ زمین کے اُوپر دکھائی دیتا ہے ۵ صورت عقرب
کا دوسرا روشن ستارہ جو تیسری قدر کا ہے ۔ **اکلیل
الجبہہ** (مذکر) دیکھو اکلیل ۲ (کَل ۔ ماند ہونا) اُردو
میں اکلیل صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)
اکلیل الجَبَل (مذکر) پہاڑ کا تاج ۔ ایک پودا جس کے
پھول کی خوشبو لبان کی طرح ہوتی ہے ۔ **اکلیل الملک**
(مذکر) ۱ بادشاہ کا تاج ۲ ایک قسم کا خوشبودار پودا ۔
بھر بھلی ۔ **اکلیل جنوبی** (مذکر) ایک جنوبی قدیم صورت
کوکبہ ۔ **اکلیل شمالی** (مذکر) ایک شمالی صورت کوکبہ ۔
جس کے آٹھ ستاروں کو کاسۂ درویشاں کہتے ہیں ۔
اکلیل شمسی (مذکر) دیکھو اکلیل ۴

اِکمال (ع ۔ مذکر) مکمل کرنا ۔ پورا
کرنا ۔ کامل کرنا (کمل ۔ مکمل ہونا)

اِکمام (ع ۔ مذکر) ۱ کلیاں نکالنا ۲
باہیں لگانا ۔

اَکمپِت (س ۔ صفت) مستقل مضبوط
غیر متحرک ۔

اَکمپَن (س ۔ مذکر) ۱ مضبوطی استقلال
۲ ایک راجہ کا نام ۳ ایک راکھشس ۔

اَکمَل (ع ۔ صفت) کامل کی تفضیل
بعض و کل ۔ بہت یا نہایت کامل یا مکمل ۔

اَکمَہ (ع ۔ صفت) مادر زاد اندھا
اندھا ۔

اَکناف (ع ۔ مذکر) کنف کی جمع ۔ طرفیں
پہلو ۔ کنارے ۔ سمتیں ۔

اَکنان (ع ۔ مذکر) کن کی جمع ۔ نقابیں
چھتریاں ۔

اِکنان (ع ۔ مذکر) دل میں چھپانا ۔

اَکنٹک (س ۔ صفت) ۱ بے خار ۔
کانٹوں کے بغیر ۲ جو مشکل نہ ہو ۔ آسان ۳ بغیر دشمن کے جس کا
کوئی دشمن نہ ہو ۴ بے مزاحمت ۔ بے روک ٹوک ۔

اَکنٹھ (س ۔ صفت) ۔ لازوال غیر فانی
اناشی ۔ تیز ۔ ذہین ۔ زود فہم ۔ چتر ۔

اَکنڈ ۔ اَکنڈ (س ۔ مذکر) آک ۔ مدار ۔

اَکنگ (ہ ۔ صفت) ۱ اکرنگ ۔ پنے

قول سے نہ پھرنے والا۔ دوستی دشمنی پر قائم رہنے والا ۲ ایک کھیل کا نام جو لکڑی سے کھیلا جاتا ہے۔

اَکَنا (ہ۔ متعدی) سُننا۔ کان دینا۔ کان دھرنا۔ دھیان کرنا۔ توجہ کرنا۔ سماعت کرنا۔

اَکنُوں (ف۔ تف) اب۔ فوراً۔ فی الحال۔

اَکواب (ع۔ مذکر) کُوب کی جمع۔ پیالے۔

اَکوار (ہ۔ مؤنث) آغوش۔ گود۔ کنار۔

اَکواز (ع۔ مذکر) کوز کی جمع۔ کوزے۔

اَکوان (ہ۔ تف) تخمیناً۔ اٹکل سے۔ اندازے سے۔

اَکواہی (ہ۔ تف) ۱ ایک زانو پر۔ ایک پہلو پر ۲ ایک طرف کو جُھکا ہوا۔ **اکواہی اڑنا** (لازم) ایک طرف جُھک کر اُڑنا (کنکوا) **اکواہی بیٹھنا** (لازم) ایک زانو بیٹھنا۔ **اکواہی لیٹنا** (لازم) ایک پہلو پر لیٹنا

اِکوائی (ہ۔ صفت) دلالوں کی اصطلاح تین۔

اَکُوپار (س۔ مذکر) ۱ (صفت) بے انتہا بے حد ۲ (مذکر) سمندر ۳ کچھوا جس کی پیٹھ پر زمین رکھی ہوئی ہے ۴ ایک آدتیہ کا نام۔

اِکوتا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک مرض جس میں ٹانگوں اور پاؤں پر دانے نکل آتے ہیں۔ جن سے رطوبت نکلتی رہتی ہے ۲ چکا کر سودا خریدنا۔ تمام چیز بلا تول خرید لینا۔

اَکوٹا (ہ۔ مذکر) لکڑی کا ایک ڈنڈا جس پر کنڈیں کی چرخی پھرتی ہے۔

اَکور (ہ۔ مؤنث) رشوت۔ کوئی چیز طمع دلانے والی۔ **اکوری** (مذکر) راشی آدمی۔ رشوت لینے والا شخص۔

اَکوڑا (ہ۔ مذکر) آک۔ مدار۔

اَکُول (ع۔ مذکر) بہت کھانے والا۔ پیٹو (اکل۔ کھانا) بڑا کھانے والا۔

اَکول۔ اکولا (ہ۔ مذکر) ایک پودا جس کا تیل جادو کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔

اَکولا (ہ۔ مذکر) لوہے کا چولھا۔

اَکولا (ہ۔ مذکر) نیشکر کا اُوپر کا حصہ۔ اگولا۔

اَکَون (ہ۔ مذکر) آک۔ مدار۔

اِکونا (ہ۔ صفت) ایک قسم کا۔ نہ ملا ہوا۔ خالص۔

اَکوند (ہ۔ مذکر) آک۔ مدار۔

اَکوَنے (ہ۔ مؤنث) وہ متلی جو حاملہ عورت کو ہوتی ہے۔

اَکوہر (ہ۔ مذکر) ایک جنگلی درخت کا نام

اَکھا (ہ۔ مذکر) ۱ پہیلی۔ بجھارت ۲ چھلنی ۳ باربرداری یا پانی کی دو تھیلیوں میں سے ایک۔ تھیلا۔ بوری۔

اَکھادیہ (س۔ صفت) نہ کھانے کے قابل۔ حرام (مذکر) حرام خوراک۔

اُکھاڑ (ہ۔ امر) اکھاڑنا کا (ہ۔ مؤنث) بیخ کنی۔ **اکھاڑ پچھاڑ** (مؤنث) ۱ تغیر تبدل۔ درہمی برہمی ۲ بیخ کنی۔ توڑ پھوڑ ۳ موقوفی۔ بحالی ۴ لگائی بجھائی۔ چغل خوری۔ غیبت۔ نندا ۵ تکلیف دہی۔ ایذا رسانی ۶ کوشش۔ سعی (شروع کر دینا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **اکھاڑ دینا** (متعدی) اکھاڑنا کا موکد۔ **اکھاڑ لینا** (متعدی) ۱ اکھاڑنا ۲ پھسلا کر لے جانا۔ اغوا کر لینا۔ کسی سے کسی کو جدا کر دینا۔ **اُکھاڑنا** (ہ۔ متعدی) گڑی ہوئی چیز کو باہر نکالنا۔ جڑ سے نکال دینا۔ موقوف کرنا۔ معاملہ بگاڑ دینا۔ رائے کو بدل دینا۔ جوڑ سے الگ کر دینا۔ جوڑ ہلا دینا۔ کھودنا۔ ڈھانا۔ گرانا۔ چھُڑانا۔ جُدا کرنا۔ جھگڑا کرا دینا۔ اُجاڑنا۔ بھگا دینا۔ منتشر کر دینا۔ گھبراہٹ پیدا کر دینا۔ تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا (س اُد۔ اُوپر + کرش۔ کھینچنا) **اکھاڑو** (ہ) اکھاڑنے والا وغیرہ۔

اَکھاڑا (ہ۔ مذکر) ۱ کشتی لڑنے کی جگہ۔ دنگل۔ وہ کھدی ہوئی زمین کا ٹکڑا جہاں پہلوان کسرت کرتے ہیں ۲ ناچ رنگ کی محفل ۳ حسینوں کا جمگھٹا ۴ اسی قسم کے اور مجمع کو بھی کہتے ہیں ۵ بانک پٹے والوں کا جتھا ۶ ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ (س اکش پھیلنا) **اکھاڑا بدنا** (متعدی) اکھاڑا قرار دینا۔ **اکھاڑا جمنا** (لازم) کھلاڑیوں کا اکھاڑے میں جمع ہونا۔ اور تماشائیوں کا ہجوم ہونا ۲ کسی مقام پر بہت سے آدمیوں کا جمع ہونا **اکھاڑا کھدنا** (لازم) **کھودنا** (متعدی) کشتی لڑنے کے لئے زمین کھودنا۔ **اکھاڑا گرم ہونا** (لازم) زیادہ مجمع ہونا۔ مجمع میں رونق ہونا۔ **اکھاڑے کا جوان** (مذکر) کسرتی بدن کا آدمی۔ مضبوط۔ مرد میدان۔ لڑا بھڑا جوان **اکھاڑے میں آنا** (لازم) مقابلے میں کھڑا ہونا۔ **اکھاڑے میں آؤ**۔ ذرا سامنے آؤ۔ مقابلہ کرو۔ **اکھاڑے میں اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) لڑنے اور مقابلہ کرنے کے لئے اکھاڑے میں آنا۔

اُکھال (ہ۔ مذکر) قے۔ متلی۔ **اُکھال پکھال۔ اکھال وکھال** (مؤنث) قے۔ ہیضہ۔ **اُکھال دینا** (متعدی) قے کرانے کے لئے کوئی دوا دینا **اکھالنا** (متعدی) قے کرنا۔

اَکھت (ہ۔ مذکر) ۱ دکھوا پھٹ ۲ (مؤنث) فصلانہ جو کاریگروں کو فی ہل دیا جائے۔

اِکھتّر (ہ۔ صفت) ایک اور ستر۔ اے۔ ۷۱۔

اِکھٹّا۔ اِکھٹّا (ہ۔ صفت) ۱ جمع۔ یکجا۔ فراہم ۲ (تف) ایک دفعہ ہی۔ ایک ہی وقت میں۔ اک ساتھ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اُکھٹنا (ہ۔ لازم) ٹھوکر کھانا۔

اَکھٙر (ہ۔ مذکر) بہتات۔ کثرت۔ افراط۔

اِکہرا (ہ۔ صفت) ۱ ایک ہی تہ کا ۲ ایک ہی تار کا (س اک + کارک۔ کرنے والا) **اکہرا بدن** (مذکر) دُبلا اور چھریرا بدن۔ **اکہری سواری** (مؤنث) ڈولی یا فنس میں ایک سواری۔

اَکھرپا (س۔ صفت) نہ چھوٹا۔ بڑا۔ لمبا۔ طویل۔

اَکھرنا (ہ۔ لازم) ۱ ناگوار گزرنا۔ بارِ خاطر ہونا ۲ ناراض ہونا۔ سختی کرنا۔

اَکھروٹ (ہ۔ مذکر) اخروٹ۔

اَکھّڑ (ہ۔ صفت) ۱ جاہل۔ اُجڈ۔ سخت مزاج ۲ غیر مہذب۔ ناشائستہ۔ بدتمیز ۳ جھگڑالو۔ سرکش۔ **اکھڑپن** (مذکر) جہالت۔ بدتمیزی۔ سخت مزاجی **اکھڑپن کی لینا** (لازم) جہالت کا فعل کرنا۔ بدتمیزی کرنا۔

اُکھَڑ (ہ۔ امر) اکھڑنا کا۔ **اکھڑا** (ہ۔ صفت) ۱ غیر مقرر۔ غیر معین۔ نامعلوم ۲ بے قاعدہ ۳ ٹیڑھا۔ خراب ۴ بے جوڑ۔ بے ربط۔ **اکھڑا اکھڑا** (ہ۔ صفت) اکھڑا۔ **اکھڑا اُکھڑا خط** (ہ۔ مذکر) بدخط۔ ٹیڑھا خط **اکھڑا رہنا** (لازم) میل ملاپ نہ رکھنا۔ **اکھڑانا** (ہ۔ متعدی) اکھاڑنا۔ **اکھڑ جانا** (لازم) اکھڑنا کا موکد۔ **اکھڑنا** (متعدی) ۱ جڑ سے نکل جانا یا الگ ہونا ۲ جوڑ کا ہل جانا۔ عضو کا جوڑ سے جدا ہونا ۳ بیزار ہونا۔ برداشتہ خاطر ہونا ۴ بھاگ نکلنا ۵ مغلوب ہونا۔ عاجز ہونا۔ رسوخ جاتا

رہنا ۱۳ ٹوٹ جانا ۱۴ (سانس) سلسلہ آمد و رفت بند ہونا ۱۵ (قدم) برابر نہ پڑنا ۱۶ (رفتار میں) فرق آنا ۱۷ (آواز) بے تالی اور بے سری ہو جانا ۱۸ (عمارت) گر جانا۔ ڈھے جانا۔ ٹوٹنا پھوٹنا ۱۹ بھڑک جانا۔ اُچٹ جانا۔ ناراض ہو جانا ۲۰ اوپر اُٹھ آنا۔ اپنی جگہ سے ہل جانا ۲۱ کھلنا چھٹنا۔ الگ ہونا ۲۲ لگی ہوئی چیز کا الگ ہونا ۲۳ کھدنا۔ گڑی ہوئی چیز کا نکل آنا ۲۴ جدا ہو جانا۔ نکالے جانا ۲۵ موقوف ہو جانا۔ نوکری سے برطرف ہو جانا ۲۶ ساکھ جاتے رہنا۔ شہرت خراب ہو جانا۔ وعدہ قائم نہ رکھ سکنا ۲۷ کسی چیز پر کھدنا۔ نقش ہونا ۲۸ (الفاظ کا) ظاہر ہونا ۲۹ (بیماری کا) عود کر آنا (س اُد۔ اُوپر + کرش کھینچنا)

اکھڑوانا (رم) ۱ کھدوانا۔ نکالنا ۲ (دیکھو اکھڑنا) ۳ (آسن یا پاؤں) قائم نہ رکھ سکنا نکل جانا ۴ مقابلہ نہ کر سکنا۔ **اکھڑے اکھڑے** (صفت) رنجیدہ۔ آزردہ۔ نامضبوط۔ غیر مستقل۔ **اکھڑے اکھڑے رہنا** (لازم) برہم رہنا۔ **اکھڑی (اکھڑی) باتیں** (مونث) رنجش آمیز گفتگو۔ سیدھی باتوں کے اُلٹے جواب۔ **اکھڑی کی لینا** (متعدی) دیکھو اکھیڑ بتانا۔ **اکھڑی گفتگو** (مونث) ناراضگی کی گفتگو۔ اکھڑی بات چیت۔

اکھڑانا (ہ۔ متعدی) ۱ ناراض ہونا ۲ جھگڑنا ۳ اجڈپن کرنا۔ بدتمیزی کرنا۔

اکمل (س صفت) تمام۔ کل۔ مکمل۔ بلا وقفہ۔ **اکمل البشور** (مذکر) ۱ سب کا مالک۔ مالک کل ۲ پرمیشر کا ایک نام۔

اکھل (مذکر) **اکھلی** (ہ۔ مونث) لکڑی کا ایک برتن جس میں دھان یا دیگر اناج ڈال کر چھلکا جدا کرنے کے لئے کوٹتے ہیں (س اُدو کھل)۔ **اکھلی میں سر دینا** (لازم) خود کوئی سخت کام اپنے سر لینا۔

امثال۔ اکھلی میں سر دیا تو دھمکوں کا کیا ڈر۔ جب خود ہی کوئی کام اپنے ذمے لیا تو پھر کسی کے ڈرانے سے اس سے رک نہیں سکتے۔ **اکھلی میں سسرا ماں باپ بسرا۔** جب عورت کا تعلق مرد سے ہو جائے تو اسے ماں باپ بھول جاتے ہیں۔ یا وہ ان کی عزت کی پروا نہیں کرتی۔

اکھن (ہ۔ مونث) آنکھوں کی جمع۔

اکھنڈ (ہ۔ صفت) ۱ نہ ٹوٹا ہوا۔ تمام۔ مکمل۔ بے جز۔ ناقابل تقسیم ۲ لازوال۔ غیر فانی۔ ابدی ۳ (مذکر) پرمیشر کا ایک نام ۴ (ریاضی) ایک نقطہ ۵ ام۔

(مذکر) نو عمر بچھیرا۔ اکھنڈ [illegible]

اکھنڈت (صفت) ۱ نہ ٹوٹا ہوا۔ مسلسل ۲ جو مسلّم ہو رد نہ ہو سکے۔ **اکھنڈنیہ** (صفت) ۱ نہ توڑا جانے یا تقسیم ہونے والا ۲ لازوال۔ غیر فانی۔ ابناشی ۳ ناقابل تقسیم ۴ مسلّم جو رد نہ ہو سکے ۵ (کلام) ٹھیک ۶ بے چون و چرا۔ بلا حجت۔ [illegible]

اکھوا (ہ۔ مذکر) دیکھو انکھوا۔

اکھو مکھو (ہ۔ مونث) بچوں کو بہلانے کے لئے عورتیں اپنا ہاتھ چراغ کی طرف لے جاتی ہیں اور پلٹا کر ان کے منہ پر پھیر کر کہتی ہیں۔ اکھو مکھو میاں کو اللہ رکھو۔ **اکھو مکھو دیکھنا** (لازم) دھوکا کھانا۔ بے وقوف بننا۔

اکھے۔ اکھاتے (ہ) دیکھو اکشے۔

اکھے بڑیا بڑ کش (مذکر) دیکھو اکشے بار۔ **اکھے تیج** (مذکر) ایک تیوہار جو بیساکھ کی تیسری تاریخ کو ہوتا ہے۔ اس موقعہ پر زمیندار اپنا سال بھر کا حساب صاف کرتے ہیں۔ **اکھے تیج کا بھاؤ** (مذکر) بھاؤ جو اناج کا اس تاریخ پر ہو۔ فصل تیار ہونے پر کاشتکار اناج اس بھاؤ پر دیتا ہے۔

اکھیات (س صفت) ۱ غیر مشہور۔ نامعلوم۔ گمنام۔ بے نام و نشان ۲ بدنام۔ رسوا۔ **اکھیاتی** (مونث) بدنامی۔ رسوائی۔

اکھیر (ہ۔ امر) ۱ اکھیڑنا کا ۲ (مونث) زمین سے اُٹھانا (پہلوانوں کی اصطلاح) **اکھیڑا** (غلا) ایک بیماری جس سے پودے کی جڑیں گل جاتی ہیں۔

اکھیڑ بتانا (متعدی) بے پروائی کرنا۔ متوجہ نہ ہونا۔ توجہ نہ دینا۔ **اکھیڑ دینا** (متعدی) ۱ اکھاڑنا ۲ کسی کی صحبت سے کسی کو نکلوا دینا۔ **اکھیڑ کی لینا** (مذکر) دیکھو اکھیڑ بتانا۔ **اکھیڑ مارنا** (متعدی) ۱ پیچ کرنا (پہلوانوں کی اصطلاح) ۲ مخالفت کرنا۔ **اکھیڑنا** (متعدی) دیکھو اکھاڑنا۔ اکھڑوانا (رم) اکھڑوانا۔

اکھیلنا (ہ۔ متعدی) اکھاڑنا۔

اِکی (ہ۔ مونث) پیشاب۔ پاٹ شالاؤں میں بچے یہ لفظ استعمال کرتے ہیں (جانا کمر نل کے ساتھ)

اکید (ع۔ صفت) بہت ضروری۔

اکید (ع۔ صفت) محکم۔ استوار۔ سخت۔ عموماً تاکید کے ساتھ (آکد۔ مضبوط ہونا)۔

اکیڈمی (انگ۔ مذکر) بیت العلوم۔ علمی انجمن۔ سکول۔ افلاطون کا مدرسہ۔ ایک مقام اکیڈیم میں تھا۔ اس سے یہ لفظ بنایا گیا ہے۔ یورپ میں جابجا اس نام پر علمی انجمنیں قائم ہیں۔ **اکیڈمکل** (صفت) علمی۔

اکیرت (س) **اکیرتی** (ہ۔ مونث) بدنامی۔ رسوائی۔ بے عزتی۔ لعنت۔ ملامت۔ کلنک۔ ٹھٹھا۔

اکیس (ہ۔ عدد) ایک اور بیس۔ ۲۱۔ [illegible] **اکیس رہنا یا ہونا** (لازم) غالب ہونا۔ بڑھ کر رہنا۔ اول آنا۔

اکیل (ع۔ صفت) بہت کھانے والا۔

اکیلا (ہ۔ صفت) ۱ تنہا۔ تن تنہا۔ واحد۔ مفرد ۲ فرد۔ لاثانی ۳ خالی۔ غیر آباد (ہ) بغیر بیوی کے۔ کنوارا (ایک سے)۔ **اکیلا پن یا اکیل پن** (مذکر) تنہائی۔ **اکیلا چھوڑنا** (متعدی) تنہا رہنے دینا۔ اکیلا چھوڑ کر چلا جانا۔ **اکیلا دُکیلا** (تف) تن تنہا۔ بغیر ہمراہی (رہنا کے ساتھ) **اکیلا دم** (تف) اکیلا۔ تنہا۔ **اکیلا رہنا** (لازم) تنہا کسی مکان میں رہنا۔ **اکیلا سونا** (لازم) بیوی کا خاوند سے یا خاوند کا بیوی سے علیحدہ سونا ۲ خاوند کا بیوی کو چھوڑ کر چلا جانا۔ بیوی کا اکیلا رہ جانا۔ **اکیلے اکیلے** (تف) کسی کو کوئی کام الگ ہو کر کرنے پر مذاق سے کہا جاتا ہے۔ **اکیلی جان** (تف) تن تنہا۔ بغیر ساتھی یا شریک۔ **اکیلے دُکیلے** (تف) ۱ ایک دو آدمی ۲ تن تنہا۔ **اکیلی کہانی** (مونث) اپنی طرف کا بیان۔ یک طرفہ بیان۔

امثال و اقوال۔ اکیلا پوت کمائی کرے گھر کا کرے کہ کچہری کرے۔ اکیلا کمائی کرنے والا کیا کیا کرے۔ گھر کا کام کرے یا محنت مزدوری کرے۔ **اکیلا (سورما) چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔** اکیلا آدمی بہت سے آدمیوں کا کام نہیں کر سکتا۔ **اکیلا چلئے نہ باٹ جھاڑ بیٹھئے کھاٹ** (ہ) سفر میں اکیلا نہیں چلنا چاہئے۔ اور چارپائی جھاڑ کر بیٹھنا چاہئے۔ **اکیلا حسنو روئے کہ قبر کھودے** اکیلا آدمی مصیبت پڑے پر کیا کیا کرے۔ **اکیلا ہنستا بھلا نہ روتا۔** تنہا آدمی کی زندگی بے لطف ہوتی ہے۔ **اکیلی تو بن میں لکڑی بھی نہ ہو۔** اکیلا کوئی نہ ہو۔ **اکیلی تو لکڑی بھی نہیں جلتی۔ اکیلی لکڑی کہاں تک جلے۔ اکیلی لکڑی نہ جلے نہ بلے نہ اُجالا دے** (ہ) تنہا آدمی کام اچھی طرح نہیں کر سکتا۔ **اکیلی کہانی گڑ سے میٹھی۔** اپنا قصہ بہت اچھا

معلوم ہوتا ہے۔ اپنا ایک طرفہ بیان بھلا معلوم ہوتا ہے۔ اکیلے دُکیلے کا اللہ بیلی۔ تنہا آدمی کا خدا حافظ۔ تنہا آدمی ہمیشہ خطرے میں رہتا ہے۔

اُکیلنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ اُدھیڑنا۔ چھیلنا ۲۔ بٹے ہوئے دھاگے کا بل نکالنا ۳۔ کھولنا۔ سلجھانا۔ مغز سے پوست جُدا کر دینا۔

اَگ (س۔ مذکر) ۱۔ سانپ ۲۔ سُورج ۳۔ پانی کا برتن (اَگ۔ ٹیڑھا حرکت کرنا) ۴۔ پہاڑ ۵۔ درخت ۶۔ نہ چلنے والا (اَگ۔ چلنا) اَگا (مؤنث) پاربتی کا نام جو ہمالیہ کی بیٹی ہے۔ اَگاوہ (مذکر) ۱۔ واسدیو کا ایک بیٹا ۲۔ کئی دیگر آدمیوں کا نام۔

اُگ (ہ۔ امر) اُگنا کا۔ اُگا (ماضی) اُگنا کا ۲۔ (امر) اُگانا کا۔ اُگانا (متعدی) ۱۔ بیج بو کر پیدا کرنا ۲۔ خدا کا بیج سے پودا پیدا کرنا۔ اُگتا ہی روندا ہو گیا شروع ہی میں پھنس گیا۔ اُگنا (لازم) ۱۔ نباتات کا پیدا ہونا۔ نکلنا یا نمو پانا (بیج) جمنا ۲۔ (شاخ) پھوٹنا۔ (س اُد۔ اوپر + گم۔ حرکت کرنا)

اَگاتر (س۔ صفت)۔ بے بدن۔ بے جسم۔ غیرمادی۔

اَگادھ (س۔ صفت) ۱۔ بے تہ۔ بے انتہا گہرا ۲۔ عمیق ۳۔ غار۔ گڑھا۔ کھڈ ۴۔ ایک اگنی کا نام اَگادھتا (مؤنث) بے انتہا گہرائی۔

اُگارنا (ہ۔ متعدی) کنوئیں کی مٹی نکالنا کنواں صاف کرنا (س اُد۔ اوپر + گری۔ نکالنا)

اُگاڑو (ہ۔ مذکر) پیشگی۔ اگاڑو رکھ لینا (متعدی) ۱۔ زد پر رکھ لینا۔ مہرے پر رکھ لینا ۲۔ گرفتار کر لینا۔ نظر بند کر لینا۔ پکڑ کر لے چلنا۔

اَگاڑی (ہ۔ مؤنث) ۱۔ وہ رسّی جو گھوڑے کے گلے میں ڈال کر سدا میں باندھی جاتی ۲۔ وہ رسّی جو گھوڑے کے اگلے پاؤں میں باندھی جاتی ۳۔ نقدی جو پہلے دی جائے۔ پیشگی (تف) آگے۔ سامنے آگے بڑھ کر (آگا سے) اگاڑی پچھاڑی (مؤنث) گھوڑے کی اگلی پچھلی رسّیاں۔ اگاڑی پچھاڑی تڑانا (متعدی) ۱۔ گھوڑے کا اگلی پچھلی رسّیاں توڑ کر بھاگ جانا ۲۔ بیتاب اور مضطرب ہونا۔ اگاڑی رکھ لینا۔ شکست دے کر تعاقب کیا۔

اَگاسی (ہ۔ مؤنث) ۱۔ پگڑی۔ عمامہ ۲۔ بالاخانہ کے آگے برآمدہ۔

اُگال (ہ۔ مذکر) ۱۔ گلوری کا پھوک ۲۔ چبا کر پھینکی ہوئی چیز۔ اُگلی ہوئی چیز۔ اُگالدان (مذکر) وہ برتن جس میں پان کی پیک اُگال یا لعاب دہن تھوکتے ہیں۔ پیک دان۔ اُگالنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ مُنہ سے نکال کر پھینکنا۔ تھوکنا ۲۔ جگالی کرنا (س اُد۔ اوپر + گری۔ مُنہ سے نکالنا)

اَگالا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک کیڑا جو فصل کو کھا جاتا اور برباد کر دیتا ہے ۲۔ زمین جو ہر وقت گیلی رہے ۳۔ کیچڑ۔ دلدل۔

اُگاہ (ہ۔ امر) اُگاہنا کا۔ اُگاہنا (متعدی) ۱۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ وصول کرنا ۲۔ کرایہ چندہ یا حق زمینداری آسامی دار وصول کرنا ۳۔ مانگنا۔ تحکم سے مانگنا (س اُد۔ اوپر + گرہ۔ پکڑنا) اُگاہی (مؤنث) ۱۔ وصولی ۲۔ وصولی بالاقساط ۳۔ رقم قابل وصول (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴

اَگاؤ (ہ۔ مذکر) ۱۔ پیشگی ۲۔ (تف) آگے۔ اگاؤ جانا (لازم) آگے جا کر ملنا۔ پیشوائی کرنا۔

اَگپت (ہ۔ صفت) نہ چھپا ہوا۔ ظاہر

اَگت (ہ۔ مؤنث) ۱۔ زمانۂ آئندہ۔ مستقبل ۲۔ موت کے بعد کا زمانہ۔

اَگت (س۔ صفت) ۱۔ بغیر چال چلن بدچلن۔ بے عزت۔ بدنام ۲۔ (مذکر) وہ جس کی رسومات نہ ادا کی گئی ہوں ۳۔ (مؤنث) مصیبت۔ تکلیف ۴۔ بے بسی ۵۔ بے چارگی ۶۔ ضرورت۔ حاجت ۷۔ بے عزتی۔ بدنامی ۸۔ سزا لعنت۔ پھٹکار۔ دھتکار۔

اُگت (ہ۔ مؤنث) ۱۔ اُگنا۔ بالیدگی۔ روئیدگی۔ بڑھوتری۔ بڑھاؤ ۲۔ پیداوار ۳۔ ایجاد۔ اختراع ۴۔ طاقت ایجاد۔ قوت ایجاد۔ ذکاوت۔

مثل۔ اُگت اُگے ماہ بھرے بسوت اُگے جائے۔ جس نے ایک مہینے کے بعد اُگنا ہے۔ اگر وہ جلد آگ آئے تو خراب ہو جاتا ہے۔ جو فصل اپنے موسم سے پہلے اُگے تلف ہو جاتی ہے۔

اَگتر (ہ۔ صفت) ۱۔ آنے والا۔ پہنچنے والا ۲۔ نزدیک۔ مستقبل۔

اَگتی (ہ۔ مؤنث) ایک درخت۔ اگتی

اَگٹ (ہ۔ مؤنث) قصاب کی دکان۔

اُگٹ (ہ۔ امر) اُگٹنا کا۔ اُگٹا ہیچی (مؤنث) جو غصّے کی حالت میں طعنے دینا۔ احسانات جتانا اُگٹنا (متعدی) ۱۔ احسان جتانا ۲۔ طعنے دینا ۳۔ عیب کھولنا نکتہ چینی کرنا ۴۔ بیجا یا ناسا سب بات بار بار کہنا ۵۔ گالی دینا برا بھلا کہنا (س اد۔ اوپر + گھٹ۔ برا کہنا) اُگٹوانا (م) اُگٹنا کا۔

اُگٹنا (ہ۔ متعدی) جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔

اَگد (س متعدی) ۱۔ بیماری سے بچا ہوا ۲۔ تندرست ۳۔ (مذکر) تندرستی۔ صحت ۴۔ دوائی ۵ (ہ۔ مذکر) ایک کلمہ جو فیلبان ہاتھی کو تیز کرنے کے لئے کہتے ہیں۔

اَگڑا (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو اگرا ۲۔ (صفت) مضبوط۔ مستحکم۔ سخت ۳۔ مستقل مزاج۔ صاحب استقلال ۴۔ بہادر۔ نڈر۔

اگر (ف۔ حرف شرط) جب۔ جو۔ بشرطیکہ۔ مبادا۔ بالفرض۔ **اگر ایسا کرسکو تو بسم اللہ**۔ **اگر آپ** یہ کام کرلو تو ہمیں اعتراض نہیں۔ کرو۔ **اگر ایک تار ہو کفن کو لگے**۔ بہت مفلس ہے۔ ایک تار نہیں۔ **اگر بجلی بھی گرتی تو خبر نہ ہوتی**۔ از خود رفتہ تھے سخت گھبراہٹ میں تھے۔ **اگر پر ہوتے تو اڑ کر چلی جاتی** (عو) نہایت اشتیاق ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔ **اگر تان سین زندہ ہوتا تو ان کے نام پر کان پکڑتا**۔ تان سین بھی ان کو استاد مانتا۔ **اگر تیرا بس چلتا تو انیسویں کی عید کرتا**۔ تکلیف کے سبب جی چرانے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ اگر چہ (تف) ہر چند۔ باوجودیکہ۔ ہر طرح۔ بار بار گو کہ۔ **اگر ڈول بن گیا**۔ اگر صورت ہوئی۔ اگر ممکن ہوگا۔ **اگر قرآن کا جامہ پہن لو تب بھی اعتبار نہیں**۔ اتنے بے اعتبار ہو۔ اگر سچ بھی بولو تو کوئی اعتبار نہیں۔ **اگر کچھ چلتا ہوتا خدا معلوم کیا کرتا**۔ اگر قدرت والا ہوتا نہ معلوم کیا کرتا۔ **اگر وعدہ وفا نہ ہو تو ہم اپنا نام رکھوائیں**۔ وعدہ منظور پورا کروں گا۔ **اگر ہمارے گلے مڑھنا ہے تو اور بات ہے**۔ **اگر زبردستی دینا** ہے تو مجبوری ہے۔ **اگر مگر** (مؤنث) لیت و لعل۔ حیلہ۔ **اگر مگر کرنا** (متعدی) ہچکچانا۔ پس و پیش کرنا۔ **اگر سنگ** ساتھ موجود رہا۔ اگر یہی صحبت رہی۔

امثال و اقوال۔ اگر الحمد خواہی صد بخواند۔ اگر زبانی مدد چاہو تو حاضر ہے۔ مدد بیرونا مشکل ہے۔

اگر فردوس بر روئے زمین است
ہمین است و ہمین است و ہمین است

کشمیر یا کسی اور خوبصورت جگہ کی تعریف میں کہتے ہیں۔ یہ شعر آگرے کے قلعے میں دیوان خاص کی ایک دیوار پر لکھا ہوا ہے۔ **اگر کوہ ٹلے تو ٹلے نہ ٹلے نفیر**۔ جب کوئی اپنی ہٹ نہ چھوڑے تو کہتے ہیں۔ زمین جنبد نہ جنبد گل محمد

اگر ماند شبے ماند شب دیگر نمے ماند۔ اگر رہے تو تھوڑی دیر رہے۔ دنیا کی بے ثباتی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

اَگَر (ا۔ مذکر) ۱ ایک درخت کا نام جس سے گوگل بناتے ہیں ۲ ایک درخت کی خوشبودار لکڑی جو جلنے سے خوشبو دیتی ہے ۳ (ھ) شیشم کا درخت۔ **اگر دان** (مذکر) وہ برتن جس میں اگر کی بتی جلائی جاتی ہے۔ **اگر سوز** (مذکر) اگر دان۔ **اگر کی بتی** (مؤنث) وہ بتی جو اگر کے برادے میں اور خوشبودار چیزیں ملا کر بنائی جاتی ہے۔ گھروں اور محفلوں میں ہوا صاف اور خوشبودار کرنے کے لئے جلاتے ہیں۔ **اگر وٹا** (مذکر) اگر دان۔

اَگَر (س۔ صفت) دیکھو اگلا۔ **اگر بھاگ** (مذکر) کسی چیز کا اگلا حصہ۔ **اگر تیر تھ** (مذکر) ایک راجہ کا نام۔ **اگر جا** (صفت) ۱ پہلا پیدا ہوا۔ پہلوٹھا ۲ (مذکر) بڑا بھائی۔ **اگر سر** (صفت) ۱ مذکورہ بالا ۲ (مذکر) سردار۔ پیشوا۔ ہادی۔ رہنما۔ **اگر سوچ** (مذکر) ۱ پیش بینی۔ عاقبت اندیشی ۲ احتیاط۔ خبرداری۔ **اگر سوچی** (صفت) پیشگوئی کرنے والا۔ محتاط۔ خبردار ۲ (مذکر) عاقبت اندیش آدمی۔ پیش بندی کرنے والا شخص۔ محتاط انسان۔ **اگر سین** (مذکر) راجہ جنمیجے کا نام۔ **اگر گامی** (مذکر) ۱ مذکورہ بالا ۲ (مذکر) ہرکارہ۔ نقیب۔ چاؤش ۳ متقدم۔ پچھلا یا پہلے گزرا ہوا آدمی۔ **اگر گامی سینا** (مذکر) ہراول۔ فوج۔ **اگر گراس** (مذکر) پہلا لقمہ۔ **اگر ہاون** (مذکر) ہندوؤں کے قمری سال کا آٹھواں مہینہ جو نومبر دسمبر کے مطابق ہوتا ہے۔

اُگَر (ھ۔ مذکر) ۱ غصہ۔ غیظ۔ غضب۔ کرودھ ۲ شو جی کا ایک نام ۳ کشتری مرد اور شودر عورت کی اولاد ۴ (صفت) تند۔ تیز۔ غصہ ور۔ قہرناک ۵ رُدر کا نام ۶ اونچی ذات کا آدمی جو جرم کرے ۷ ایک دانو کا نام ۸ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۹ ایک گرو ۱۰ مالا بار کا نام۔ **اگر اچاریہ** (مذکر) ایک مصنف۔ **اگر ادیو** (مذکر) ایک راجہ۔ **اگر بھٹ** (مذکر) ایک راجہ۔ **اگر تارا** (مؤنث) ایک دیوی۔ **اگر تپس** (مذکر) ایک منی۔ **اگر جت** (مؤنث) ایک اپسرا۔ **اگر چنڈا** (مؤنث) ایک دیوی۔ **اگر سین** (مذکر) ۱ کئی راجوں کے نام ۲ راجہ کنس کا باپ۔ اسے تخت سے اتار کر کنس خود راجہ بن گیا۔ کرشن جی نے بیٹے کو قتل کر کے باپ کو پھر راجہ بنایا ۳ جنمیجے کا بھائی۔ **اگر سینانی** (مذکر) کرشن جی کا نام۔ **اگر سینی** (مؤنث) اکرور کی بیوی۔ **اگر شکتی** (مذکر) راجہ امرشکتی کا بیٹا۔ **اگر شیکر** (مؤنث) گنگا کا نام۔ **اگر سے** (مذکر) ایک راکھشس جو بیماریاں پیدا کرتا ہے۔ **اگر یش** (مذکر) ۱ شو جی کا نام ۲ ایک استھان جو اگرا نے بنوایا تھا۔

اَگراس۔ اَگراسَن (ھ۔ مذکر) وہ بھوجن جو دیوتاؤں کے آگے بھینٹ چڑھایا جاتا ہے۔

اَگراہیہ (س۔ صفت) ۱ جو نہ لیا جائے ۲ ناپسند۔ ناگوار۔

اَگرتا (س۔ مؤنث) قدامت۔ سبقت۔ پہل۔

اِگَر دِگَر (ہ۔ صفت) اوپر تلے۔ تلے اوپر۔ درہم برہم۔ اوپر نیچے۔ الٹ پلٹ۔

اَگَر دھول دَھول (اردو۔ مذکر) ۱ ڈھول کی آواز ۲ موٹا آدمی۔ بھاری بدن کا آدمی۔

اَگرِم (س۔ صفت) ۱ پہلے۔ اول ۲ سردار۔ سب سے بڑا ۳ بعد کا۔ مستقبل ۴ (مذکر) بڑا بھائی۔

اُگرنا (ہ۔ متعدی) کنویں کا صاف ہونا۔

اُگرہ۔ اُگرہن (ھ۔ مذکر) گرہن کا ہٹ جانا۔ سورج یا چاند کا گرہن کے بعد روشن ہونا۔

اَگَرئی۔ اَگَری۔ اَگریا (ہ۔ صفت) اگریا (ھ) اگر کا۔ گہرا کشمشی۔ میلا (رنگ) ۲ (مؤنث) ایک قوم کا نام جو چمار سے یا چمار سے ملتی جلتی ہے۔ اور آگرہ سے اپنا نکاس بتاتی ہے۔

اَگڑَم بَگڑَم (ہ۔ مذکر) ۱ باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں۔ مہمل باتیں ۲ فضول چیزیں۔ بیکار اشیاء ۳ (صفت) رلی ملی۔ گڈمڈ۔ خلط ملط (س اکرم۔ گڑبڑ)

مثل۔ اگڑم بگڑم کاٹھ کا ٹھمبر (ھ) بیکار اشیاء کا ڈھیر۔ ٹوٹی پھوٹی لکڑی کے تختوں اور شہتیروں کا ڈھیر۔

اَگَسْت (انگ۔ مذکر) انگریزی سال کا آٹھواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے۔ اور ساون بھادوں کے مطابق پڑتا ہے (قیصر آگسٹس کے نام پر یہ نام رکھا گیا)

اَگَسْت۔ اَگَستِیہ (س۔ مذکر) ۱ ایک درخت ۲ ایک ستارہ۔ سہیل یا الف سفینہ ۳ ایک ستارے کا موکل ۴ ایک مشہور رشی جو رگوید کے چند منتروں کے مصنف بیان ہوتے ہیں۔ راجہ رام چندر جی کے بڑے مددگار تھے اور ان کو انہوں نے وشن جی کی کمان دی تھی۔ وندھیاچل پر رہتے تھے۔

اَگَل (ھ۔ مؤنث) دروازے یا کھڑکی کی چلی یا چٹخنی۔ کھٹکا۔

اَگلا (ہ۔ صفت) ۱ پہلا۔ پہلے کا۔ اولین ۲ آئندہ آنے والا ۳ گزشتہ زمانے کا ۴ آگے کا۔ سامنے کا ۵ پرانا۔ پرانے زمانے کا ۶ استاد۔ ہوشیار۔ چلتا ہوا ۷ (مذکر) سب سے پہلا آدمی ۸ غروب آفتاب کا وقت ۹ ظالم یا سنگدل آدمی ۱۰ خاوند ۱۱ بیوی یا خاوند کے خاندان کا آدمی ۱۲ خدا ۱۳ حریف۔ مد مقابل۔ دوسرا فریق ۱۴ آلۂ تناسل ۱۵ وہ کھانا جو رمضان میں افطار کے بعد اول شب کھاتے ہیں (س۔ اگر) **اگلا پچھلا** (صفت) ۱ اول و آخر ۲ (مذکر) گزشتہ اور حال کا وقت۔ افطار اور سحری کے اوقات۔ **اگلا پردہ** (مذکر) جہاز کا اگلا بادبان۔ **اگلا تھم** (مذکر) جہاز کا اگلا مستول۔ **اگلا جنم** (مذکر) ہندوؤں کے عقیدے کے بموجب اگلی پیدائش۔ **اگلا زمانہ یا وقت** (مذکر) زمانہ سابق۔ گزرا ہوا زمانہ۔ پرانا زمانہ۔ گزشتہ زمانہ۔ **اگلا سال** پچھلا سال گزشتہ سال۔ **اگلی باتوں کو زبان پر لانا** (لازم) پرانے جھگڑوں کا ذکر کرنا۔ **اگلی باتیں** (مؤنث) پرانی باتیں۔ **اگلی پچھلی کرنی** (مؤنث) پچھلے جنم کے اور موجودہ جنم کے اعمال (ہندو عقیدہ) **اگلی مِتی رکھنا** (متعدی) حساب و کتاب میں یا کاغذات میں کوئی گزشتہ تاریخ ڈالنا۔ **اگلے** (مذکر) ۱ پرانے زمانے کے لوگ۔ بزرگ ۲ آگے آنے والی نسلیں ۳ (صفت) پہلے۔ آگے کے۔ **اگلے پچھلے** (صفت) ۱ متقدمین و متاخرین ۲ (الف) دیکھو اگلا پچھلا (مذکر) آبا و اجداد اور آئندہ نسلیں۔ **اگلے دفتر کھولنا** (متعدی) پرانی باتوں کا ذکر کرنا۔ پرانی شکایتیں چھیڑنا۔ **اگلے دن** (تف) کچھ دن ہوئے۔ **اگلے زمانے والے (اگلے لوگ)** (مذکر) قدیم زمانے کے آدمی۔ پرانے لوگ۔ بھولے بھالے سادہ مزاج پرانے آدمی۔ **اگلے وقت کا** (صفت) بڑا بوڑھا۔ پرانے زمانے کا۔ **اگلے وقت کے لوگ** (مذکر) اگلے لوگ۔ **اگلے وقتوں کی بات** (مؤنث) پرانے زمانے کی بات۔

امثال و اقوال

اگلا کرے پچھلے پر آوے۔ حاکم کی غلطی کا الزام ماتحت پر آتا ہے۔ **اگلا کہتا ہو تو آپ چپ (چپکے ہو) رہیے** جب دوسرا آدمی بول رہا ہو تو قطع کلام نہیں کرنا چاہیے۔ **اگلا لیا دے بہا۔ اب کا لیا آگے لا** ۱ پہلے احسان کو بھلا کر نئے احسان کی توقع رکھنا ۲ پہلے کام کو مٹا کر نئے سرے سے شروع کرنا ۳ کام کو فضول طور پر بڑھانا۔ **اگلا مارے اور رونے نہ دے** ظالم ظلم بھی کرتا ہے۔ اور شکایت بھی نہیں کرنے دیتا۔ اگلی

کھیتی آگے آگے پچھلی کھیتی بھاگ جاوے (ھ) فصل جب موقعہ پر بوئی ہو وہ اچھی ہوتی ہے پچھیتر خراب ہو جاتی ہے۔ **اگلے آہل بھی جاتے رہے۔** کسی فائدے کی امید پر نقصان اُٹھانے پر بولتے ہیں۔ **اگلے پانی پچھلے کیچ** (ھ) پہلے کو پانی پچھلے کو کیچڑ۔ جو پہلے لیتا ہے اسے اچھی چیز ملتی ہے۔ **اگلے کو گھاس نہ پچھلے کو پانی**۔ نہایت بدانتظامی ہے۔ کچھ بندوبست نہیں۔ بڑا کنجوس ہے۔ **اگلے نے کیا پچھلے پر آئی**۔ بڑے نے قصور کیا۔ چھوٹے نے سزا پائی۔ افسر نے خطا کی ماتحت کو سزا ملی۔ کسی کی بلا کسی کے سر۔ **اگلے ہوئے پچھلے پچھلے ہوئے پردھان**۔ جو معتبر تھے وہ غیر معتبر ہو گئے۔ اور بیگانے معتبر ہو گئے۔ اور غیروں کو یگانہ سمجھنے لگے۔ آزمائے ہوؤں کو غیر آزمائے ہوؤں پر ترجیح۔

اُگل (ہ۔ امر) اُگلنا کا۔ اُگلا (ماضی) اُگلنا کا۔ **اُگل آنا۔ اُگل پڑنا** (لازم) ۱۔ نگلی ہوئی چیز کا منہ کے باہر نکل آنا ۲۔ تلوار یا خنجر کا میان سے باہر نکلنا ۳۔ غصہ ہو جانا۔ برا بھلا کہنا ۴۔ دل کی بات کا ظاہر کرنا۔ **اُگلا پڑنا** (لازم) دیکھو آخری ۵۔ **اُگل اُگل کے کھانا** (متعدی) جی نہ چاہنے کی حالت میں کوئی چیز کھانا۔ **اُگل دینا** (متعدی) ۱۔ کسی چیز کا منہ سے نکال ڈالنا۔ برا بھلا کہہ دینا ۲۔ صحیح واقعہ بیان کر دینا۔ **اُگلنا** (متعدی) ۱۔ تھوکنا۔ منہ سے باہر نکالنا ۲۔ معدے میں سے باہر نکالنا۔ نگلی ہوئی چیز کا باہر نکالنا ۳۔ حالات ظاہر کر دینا۔ واقعات بتا دینا ۴۔ کھایا پیا مال مجبوراً واپس کر دینا ۵۔ پیدا کرنا۔ نکالنا ۶۔ تلوار کا میان سے باہر نکلے پڑنا (س اُد۔ اوپر+ گری۔ منہ سے نکالنا) **اُگل نگل کے کھانا** (متعدی) کمال بے رغبتی سے کوئی چیز کھانا۔ **اُگلوانا** (م) کھایا پیا مال واپس کروانا۔

امثال۔ اُگلتی تلوار اور بیسوا لگائی خصم کو مار رکھتی ہے۔ میان سے باہر نکلنے والی تلوار اور بدکار عورت مالک کو مار دیتی ہے۔ **اُگلے تو اندھا کھائے تو کوڑھی**۔ کرنے میں نقصان نہ کرنے میں ضرر۔ ہر طرح نقصان (مشہور ہے۔ اگر سانپ چھچھوندر پکڑ کے اُگل دے تو اندھا ہو جاتا ہے۔ اگر کھا لے تو کوڑھی)۔

اَگم (ھ۔ صفت) ۱۔ جہاں کوئی نہ پہنچ سکے ۲۔ غیر ممکن الحصول ۳۔ جو سمجھ میں نہ آ سکے ۴۔ جس میں سے ۔۔ جا سکے ۵۔ جس ۔۔۔ کوئی چیز گزر نہ سکے ۶۔ بے تھا ۷۔ بے پایاں عمیق۔ نہایت گہرا ۸۔ بے انتہا۔ بےحد ۹۔ اول بڑا عقلمند۔ چالاک۔

مثل۔ اگم بدھ بانیاں پچھم بدھ جاٹ۔ بنیا بڑا چالاک ہوتا ہے۔ اور جاٹ بے عقل ہوتا ہے۔

اُگم (ھ۔ مذکر) اُگنا۔ بالیدگی۔ روئیدگی۔

اگممنون (یونانی) اٹریس کا بیٹا اور مائی سینی کا بادشاہ تھا۔ اس کے بھائی منولس کی بیوی ہیلن کو پیرس ٹرائے کے بادشاہ کا لڑکا اٹھا لے گیا جس پر سخت جنگ ہوئی۔ یونانیوں کی طرف سے یہ افسر فوج تھا۔ فتح کے بعد جب وطن کو واپس ہوا تو اس کی بیوی نے اسے قتل کر دیا۔

اَگن۔ اَگِن۔ اَگنی (ھ) **اَگنی** (س۔ مذکر) آگ۔ آتش (دیکھو آگ) اگنا جی۔ اگنی کی بیوی۔ **اگن باد** (مونث) ۱۔ گھوڑوں کا ایک مرض جس میں کھال اُدھڑ جاتی ہے۔ اور رونئیں گر جاتے ہیں ۲۔ آتشک۔ گرمی۔ **اگنی** (مذکر) شمال امشرق ۱۔ آگ کا دیوتا ۲۔ شمال مشرقی جانب کے ناظم۔ ویدوں کے بہت سے منتر اس کی تعریف میں ہیں۔ یہ تین بڑے دیوتاؤں میں سے ایک ہے۔ اور برہما جی کا بڑا لڑکا ہے۔ **اگنی بان** (مذکر) آگ کا تیر۔ ہوائی۔ کوئی دہکتی ہوئی چیز جو پھینکی جائے۔ **اگنی باہو** (مذکر) پہلے منو کا ایک بیٹا۔ **اگنی باؤ** (مونث) ۱۔ گھوڑوں کی خارش ۲۔ انسانوں اور ہاتھیوں میں ایک قسم کی بیماری جس میں دانے نکل آتے ہیں۔ **اگنی پاتر** (مذکر) وہ برتن جس میں آگ جلائی جائے۔ **اگنی پران** (مذکر) ایک پران ہے جو اگنی دیوتا نے منی وسشٹھ پر نازل کیا تھا۔ اور برہما یا شو جی کی تعریف میں ہے۔ اس کے چودہ سے سولہ ہزار تک اشلوک ہیں۔ **اگنی پرستر** (مذکر) کوئی پتھر جس سے آگ پیدا کی جا سکے۔ چقماق۔ **اگنی پریکشا کار** (مونث) آگ کے ذریعے کسی بات کا فیصلہ کرنا جرم یا بے گناہی ثابت کرنے کے لئے آگ میں سے گزرنا۔ **اگنی پوجک** (مذکر) آتش پرست۔ گبر۔ **اگنی تن** (مذکر) ایک راکھشس جس کا بدن آگ کا ہے۔ **اگنی تریتا** (مونث) ہندوؤں کی تین پوتر آگیں۔ جنوبی۔ گھر کی اور بھینٹ کی۔ **اگنی تیجس** (مذکر) ساتویں منونترے کا ایک رشی۔ **اگنیج** (مذکر) شو جی۔ ا۔۔۔ **اگنیجنمن** (مذکر) سکند جو جنگ کا دیوتا ہے۔ **اگنی جوال** (مذکر) شو جی۔ **اگنی دت** (مذکر) ایک راجہ۔ **اگنی دگدھا** (مذکر) پتری یا دیوتاؤں کی روحیں۔ جو زندگی میں آگ کو زندہ رکھتی اور بھینٹ چڑھاتی تھیں۔ **اگنی دیو** (مذکر) اگنی ۲۔ **اگنی ساورنی** (مذکر) ایک منو۔ **اگنی سنہا** (مذکر) ساتویں واسدیو کا باپ۔ **اگنی سنسکار** (مذکر) کریا کرم کی رسومات۔ جیسے مردے کو جلانا ۲۔ کوئی رسم جس میں بھینٹ کی آگ استعمال ہو۔ **اگنی شواتس** (مذکر) وہ پتری یا دیوتاؤں کی روحیں جنہوں نے دنیا میں کبھی آگ روشن نہیں کی تھی نہ بھینٹ دی تھی۔ **اگنی کنڈ** (مذکر) آگ کا تالاب۔ دوزخ۔ ایک گڑھا جس میں آگ جلائی جائے۔ اس گڑھے کے صاف کرنے پر پانچ چھتری پیدا ہوتے تھے۔ جنہوں نے بدھ مذہب والوں کا خاتمہ کر دیا تھا۔ **اگنی کون** (مذکر) جنوب مشرقی جانب۔ **اگنی گھٹ** (مذکر) ایک نرک کا نام۔ **اگنی گربھ یا منی** (مذکر) آتشی پتھر۔ ایک روایتی جواہر جس میں سے سورج کی آگ پیدا ہوتی ہے۔ **اگنی نکشترہ** (مذکر) تیسرا نکشترہ۔ **اگنی ورن** (مذکر) ایک راجہ جو سدرشن کا بیٹا ہے۔ **اگنی ویش** (مذکر) اگنی دیوتا کا لڑکا تھا۔ اور بڑا منی تھا۔ اس نے طب پر کتابیں لکھی تھیں۔ **اگنی ویشیہ** (مذکر) ۱۔ ایک گرو ۲۔ بائیسواں مہورت۔ **اگنی ہوتر** (مذکر) ایک رسم جس میں پوتر آگ کا بھوگ دیا جاتا ہے۔ **اگنی ہوتری** (مونث) ۱۔ وہ شخص جو پوتر آگ کو ہمیشہ روشن رکھے ۲۔ پوتر آگ ۳۔ ایک برہمن جس کو رگ وید یاد ہو ۴۔ وہ شخص جو ہون کی رسم ادا کرے ۵۔ آتش پرست ۶۔ برہمنوں کی ایک ذات۔ **اگنی ہوم** (مذکر) آگ کی بھینٹ ۲۔ جلی ہوئی بھینٹ بھوگ جو آگ کو دیا جائے۔ **اگنی بہٹ** (مذکر) رگ وید کے ایک منتر کا مصنف۔

اگن (ہ۔ مذکر) ایک چھوٹے پرندے کا نام جو بہت خوش رنگ ہوتا ہے۔ چنڈول کی ایک قسم۔

مثل۔ اگن کے بچے کھجور میں۔ فضول بات کرنا لمبی گھاس میں جو مویشی کے پاؤں کے گہرے نشان بن جاتے ہیں۔ ان میں اگن انڈے دیتا ہے۔ سو اس کے انڈوں کی تلاش کھجور کے درخت پر کرنا فضول ہے۔

اُگن (ھ۔ صفت) پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔ نالائق۔

اَگن بوٹ (انگ۔ مذکر) اصل لفظ گن بوٹ تھا۔ جو کہ ایک قسم کی جنگی کشتی ہوتی ہے اردو میں الف کے ساتھ اسٹیمر کے واسطے استعمال ہونے لگ گیا ہے۔ دخانی کشتی۔ آگ بوٹ۔

اَگَنِنت (س۔ صفت) جو نہ گنے جا سکیں۔ ان گنت۔ بے شمار۔ بے حساب۔

اَگنِک (س۔ مذکر) ایک نہایت سرخ رنگ کا کیڑا۔ بیر بہوٹی۔

اَگوا۔ اَگواکار (ہ۔ مذکر) ۱ پیشوا۔ سردار۔ گھر کا مکھیا ۲ وہ جو گھر کا سب کام کرے ۳ وہ جو شادیوں کا انتظام کرے۔

اَگوار (ہ۔ مذکر) ۱ وہ اناج جو ملازمان وہ کے لئے علیحدہ کر دیا جائے ۲ کاشتکار کو جو پیشگی دی جائے۔

اَگواڑا (ہ۔ مذکر) آگے کا حصہ۔ مکان کے آگے کا حصہ۔ سامنے کا رُخ (س آگر۔ اگلا + وار۔ کوئی گھری ہوئی جگہ)

اَگواسی (ہ۔ مؤنث) ہل کی پھال۔

اَگوان۔ اَگوانی (ہ۔ مؤنث) ۱ رہنمائی۔ پیشوائی۔ ہدایت ۲ استقبال۔ آگے جا کر پیشوائی کرنا۔ خوش آمدید ۳ (مذکر) سردار۔ پیشوا۔ رہنما ۴ منتظم۔ طبیب۔ **اَگوائی کرنا** (متعدی) ۱ برات کی پیشوائی کرنا ۲ کسی معزز شخص کو آگے جا کر ملنا ۳ کسی کو گھر چھوڑنے جانا (آگے سے)

اَگواہی۔ اَگوائی (ہ۔ مؤنث) آتشزدگی۔ آگ لگنا۔

اَگونری (س۔ صفت) مختلف ذات یا خاندانوں کا۔

اَگوچر (س۔ صفت) ۱ جو ظاہر نہ ہو۔ جو نظر نہ آئے۔ نہاں۔ پوشیدہ ۲ چھپا ہوا۔ خفیہ۔ پنہاں ۳ (مذکر) خدائے نادیدہ۔

اَگور (ہ۔ مذکر) پیشگی لگان جو کاشتکار مالک کو جیٹھ یا اساڑھ میں دے۔ **اَگور بٹائی** (مؤنث) ۱ تقسیم فصل مقررہ حصوں میں مابین مالک و کاشتکار ۲ ہر ایک فریق کا کھیتوں میں پہرہ مقرر کرنا کہ فصل دوسرا نہ لیجائے اور خرچ آپس میں بانٹ لینا۔ **اَگوری** (مؤنث) اگور۔

اَگور۔ اَگورا۔ اَگوریا (ہ۔ مذکر) چوکیدار۔ محافظ فصل کا محافظ۔

اَگورنا (ہ۔ متعدی) حفاظت کرنا۔ پہرہ دینا۔ خیال رکھنا۔

اَگوڑھ (س۔ صفت) ۱ جو آسانی سے سمجھ آجائے ۲ ظاہر۔ عیاں۔ آشکارا۔ پراسدھ۔ اُگھڑا۔

اَگوڑی (ہ۔ مؤنث) ۱ پیشگی روپیہ ۲ دیکھو اگور ۳ (صفت) پہلے سے۔ پیشگی۔

اَگولا (ہ۔ مذکر) دیکھو اَگوند۔

اَگولنا (ہ۔ متعدی) اَگورنا۔

اَگوند (ہ۔ مذکر) گنے کی چوٹی۔ وہ پتے جو گنے کے اوپر کی چوٹی میں ہوتے ہیں۔

اَگھ (س۔ مذکر) ۱ گناہ۔ پاپ۔ قصور۔ جرم۔ شرارت۔ بُرا کام ۲ مصیبت ۳ تکلیف۔ **اگھ کاری** (مذکر) گناہگار۔ پاپی۔ بدمعاش۔ مجرم۔ **اگھ سے** (صفت) گناہ یا پاپ سے بھرا ہوا۔ گناہگار۔ **اگھ ناسک** (صفت) ۱ پاپ کو دُور کرنے والا ۲ خدا کا ایک نام۔

اَگھا (ہ۔ امر) اگھانا کا۔ **اگھانا** (لازم) ۱ سیر ہونا۔ رجنا ۲ اپھرنا۔ پیٹ بھر جانا ۳ مغرور ہونا۔ اترانا ۴ (صفت) اپھرا ہوا ۵ سیر۔ رجا ہوا۔ **اگھائی** (مؤنث) ۱ سیری۔ اپھرائی ۲ (ظرف) سیر ہو کر۔ بھرپور ہو کر ۳ سختی سے۔ زبردستی۔ **اگھایا** (صفت) ۱ سیر۔ بھرپور۔ اپھرا ہوا ۲ (مذکر) امیر آدمی ۳ جس کے پاس مقررہ آمدنی ہو۔

مثل۔ اگھانا بگلا پوٹھیہ تیت (ہ) رجے ہوئے بگلے کے لئے مچھلی گندی ہے۔ سیر آدمی اچھی سے اچھی چیز نہیں کھاتا۔

اَگھات (س۔ مذکر) ۱ مارنا ۲ ضرب۔ چوٹ۔ مار ۳ پھینکنا۔ ڈالنا ۴ جان سے مارنا۔ قتل کرنا ۵ ذبیح خانہ ۶ پھانسی گھر۔

اَگھاتی (س۔ صفت) نہ زخمی۔ بچا ہوا۔ صحیح و سلامت۔ بھلا چنگا۔

اَگھاٹ (ہ۔ مذکر) زمین جو دائمی طور پر قبضے میں ہو۔ اور بیچی نہ جا سکے۔

اَگھار (ہ۔ مذکر) طمع۔ لالچ۔ حرص۔ لوبھ۔ **اگھاری** (صفت) ۱ طمعی۔ لالچی۔ حریص۔ لوبھی ۲ کنجوس

اُگھاڑ (ہ۔ امر) اُگھاڑنا کا۔ **اُگھاڑا** (صفت) ۱ کھلا۔ ظاہر کیا ہوا ۲ آشکارا۔ افشا۔ ظاہر۔ مشہور ۳ ننگا۔ بغیر کپڑوں کے ۴ صاف عیاں۔ **اُگھاڑ دینا۔ اُگھاڑنا** (متعدی) ۱ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ عیاں کرنا ۲ راز افشا کرنا کل معاملہ ظاہر کر دینا۔ ننگا ہو جانا کپڑے اتارنا۔ **اُگھاڑو** (مذکر) وہ شخص جو کوئی راز یا بات ظاہر کرے۔

اَگھاڑا (ہ۔ مذکر) ایک پودا جس کی بابت بیان ہوتا ہے۔ کہ موذی جانوروں کے کاٹے کا علاج ہے ۲ چرچرا۔

اَگھٹِت (س۔ صفت) ۱ ناقابل۔ نالائق۔ ناسزاوار ۲ (مذکر) نامعلوم مستقبل۔

اُگھڑنا (ہ۔ لازم) اُگھاڑنا کا۔

اَگھن (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کے آٹھویں شمسی مہینے کا نام۔ جو نومبر دسمبر کے مطابق ہوتا ہے۔ **اگھنی** (مؤنث) خریف کا وہ حصہ جو اگھن میں کاٹا جائے۔ موسم سرما کی فصل۔ **اگھنی فصل** (مؤنث) موسم سرما کی فصل جو اگھن میں کاٹی جائے۔

مثل۔ اگھن چولھے ادھن۔ اگھن کے مہینے میں ہر وقت گرم پانی چولھے پر رہتا ہے۔ جیسا وقت ہو ویسا کام ہوتا ہے۔

اُگھنا (ہ۔ لازم) جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ (چندہ وغیرہ)

اَگھن گھاس (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جس میں لیموں کی خوشبو آتی ہے۔ اگیا گھاس۔

اَگھور (ہ۔ مذکر) ۱ شوجی کا ایک نام ۲ (صفت) مہیب۔ ہیبت ناک۔ ہولناک۔ ڈراؤنا۔ **اگھور پنتھ** (مذکر) ہندوؤں میں فقیروں کا ایک مذہبی فرقہ ہے۔ جو شوجی کو پوجتا ہے۔ یہ لوگ ہر قسم کی چیزیں کھا لیتے ہیں۔ یہاں تک کہ مردار سے بھی پرہیز نہیں کرتے۔ **اگھور پنتھی** (مذکر) اس فرقے کا ایک فرد۔ **اگھوری** (مذکر) ۱ اگھور پنتھی ۲ مہانا ۳ ناپاک۔ پلید۔ نجس ۴ بلانوش۔ **اگھوری پن یا پنا** (مذکر) ۱ ناپاکی۔ نجاست۔ پلیدی ۲ طمع۔ لالچ۔ حرص۔

اَگھوش (س۔ صفت) بغیر آواز۔ جس میں سے آواز نہ آئے۔

اَگیا (ہ۔ مؤنث) ۱ آگ وغیرہ ۲ (مذکر) چنڈول کی قسم کا ایک پرندہ۔ **اگیا بیتال** (مذکر) غول بیابانی۔ دلدلوں یا قبروں میں سے ایک قسم کی گیس نکلتی ہے۔ جب ہوا میں پہنچتی ہے تو اسے آگ لگ جاتی ہے۔ اور شعلہ نکلنے لگ جاتا ہے۔ عام لوگ اسے بھوت پریت سمجھتے ہیں۔ **اگیاری** (مؤنث) پوجا کے لئے آگ جلانا۔ **اگیا گھاس** (مؤنث) دیکھو اگھن گھاس۔

اَگیّا (ہ۔ مؤنث) دیکھو آگیا۔ **اگیاکار یا کاری** (صفت) ۱ تعمیل حکم کرنے والا ۲ تابعدار۔ فرمانبردار۔ مطیع۔ خدمتگار۔

اَگیا (ہ۔ مذکر) چاول کی ایک بیماری جس سے وہ جلا ہوا معلوم ہوتا ہے۔

اَگیات (ہ۔ صفت) ۱ نہ جانا ہوا۔ نہ

سمجھا ہوا؛ ؟ جاہل۔ ناتجربہ کار۔ سادہ۔ اگیات جوبنا (مؤنث) وہ لڑکی جو سن بلوغ کو پہنچ جائے۔ اور بلوغت کے آثار دیکھ کر حیران ہو۔ اور ان کی وجہ نہ سمجھ سکے۔

اگیارہ (ہ۔ مذکر) آگ جو پوجا پاٹ کے لئے جلائی جائے۔ **اگیار کی جوت کھڑی کرنا** (متعدی) پوجا کے لئے آگ اس طرح جلانا کہ لو نکلنے لگے۔ **اگیاری** (مؤنث) دیکھو اگیار۔ **اگیاری بڑھانا** (متعدی) بڑھنا (لازم) پوجا کی آگ بجھنا۔

اگیان (ہ۔ مذکر) ؟ ناواقفیت۔ جاہلیت بیوقوفی۔ حماقت؛ ؟ (صفت) ناواقف۔ جاہل بیوقوف۔ احمق **اگیانپن** (مذکر) **اگیانتا** (مؤنث) اگیان۔ **اگیانی** (صفت) ؟ نہ جاننے والا۔ بیوقوف وغیرہ ؟ لاپرواہ جیت اسوچ۔ **اگیتا** (مؤنث) اگیان۔ **اگیہ** (صفت) اگیان بیوقوفی سے وغیرہ (مذکر) جاہل آدمی وغیرہ۔ اجنبی۔

اگیانا (ہ۔ متعدی) برتنوں کو نہایت گرم کر کے پوتر کرنا۔

اگیرو (ہ۔ مذکر) پہلی پولی جو زمیندار کو دی جائے۔

ال (ع۔ حرف تنکیر) ؟ اسم اور صفت کے ساتھ آکر اس کے معنوں کو خاص کرتا ہے ؟ بہت سے شخصوں کے ناموں کے پہلے آتا ہے۔ دیکھو ال ع۔ بہت سے شہروں ستاروں وغیرہ کے پہلے آتا ہے۔ دیکھو ال مثلاً **الاحد** (صفت) ؟ اکیلا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الآخر** (صفت) ؟ وہ جو اخیر میں ہے ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الآن** (نف) اسی وقت۔ اب۔ **الامان** (حرف ندا) پناہ۔ کسی بات سے تنگ آجانے پر کہا جاتا ہے۔ **الامان کہنا** (متعدی) پناہ مانگنا۔ **الامین** (صفت) ؟ امانت دار ؟ پیغمبر صلعم کا لقب۔ **الاوّل** (صفت) ؟ جو پہلے تھا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **البارئ** (صفت) ؟ عالم بنانے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام **الباسط** (صفت) ؟ کھولنے والا۔ پھیلانے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الباطن** (صفت) ؟ خفیہ ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الباعث** (صفت) ؟ قبروں میں سے مردوں کو اٹھانے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ یہ نام قرآن شریف میں نہیں ہے۔ **الباقی** (صفت) ؟ ہمیشہ رہنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **البتہ** (نف) ؟ ضرور۔ بیشک۔ یقیناً ؟ مگر۔ لیکن ؟ ہاں۔ بہت بہتر۔ **البدیع** (صفت) ؟ از سرنو پیدا کرنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **البر** (صفت) ؟ احسان کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **البصیر** (صفت) ؟ دیکھنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **البقرہ** (مؤنث) قرآن شریف کی دوسری سورۃ۔ **التواب** (صفت) ؟ توبہ قبول کرنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الجامع** (صفت) ؟ جمع کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الجبار** (صفت) ؟ بڑی طاقت والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام ؟ ایک صورت کو کہتے ہیں ؟ صورت جبار کا دوسرا ستارہ۔ **الجبر** (مذکر) علم جبر و مقابلہ۔ علم ریاضی کی وہ شاخ جس میں بجائے اعداد کے نشانات استعمال ہوتے ہیں۔ یہ علم عربوں کی ایجاد ہے۔ اصل میں یہ اس کتاب کا نام ہے۔ جو محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے تصنیف کی تھی۔ اسے اس علم کا موجد سمجھنا چاہئے۔ **الجلیل** (صفت) ؟ بڑا عظیم ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الجوع** (حرف ندا) بھوک کی شدت میں کہتے ہیں۔ **الحاسب** (صفت) ؟ حساب کرنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الحاصل** (نف) آخر کار۔ قصہ کوتاہ۔ حاصل کلام نتیجہ۔ **الحافظ** (صفت) ؟ حفاظت کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الحال** (نف) ابھی۔ اسی وقت۔ فی الحال۔ بالفعل۔ **الحذر** (ندا) الامان ؟ پناہ۔ **الحذر کرنا** (متعدی) ؟ پناہ مانگنا۔ امن مانگنا ؟ ڈر یا بیزاری ظاہر کرنا۔ **الحذر مانگنا** (متعدی) الحذر کرنا۔ **الحسیب** (صفت) ؟ کافی ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الحفیظ** (صفت) ؟ نگہبان ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام ؟ (ندا) خدا کی پناہ۔ **الحفیظ و الامان** (ندا) خدا کی پناہ۔ **الحق** (صفت) ؟ سچا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام ؟ (نف) فی الحقیقت۔ یقیناً۔ بیشک درست۔ لاریب ؟ (ندا) حق ہے سچ ہے۔ **الحکیم** (صفت) ؟ دانا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الحلیم** (صفت) ؟ حلم والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الحمد** (مؤنث) ؟ تعریف ؟ قرآن شریف کی سب سے پہلی سورۃ فاتحہ کی ابتدا اس لفظ سے شروع ہوتی ہے اور ہندوستان میں اس سورت کا نام بھی یہی پڑ گیا ہے۔ **الحمد للہ** سب تعریف واسطے اللہ کے ہے۔ عموماً خدا کا شکر ادا کرنے۔ مزاج پوچھنے کے جواب میں اور کھانا کھانے کچھ پینے یا چھینک آنے کے بعد یہ فقرہ کہا جاتا ہے۔ **الحمد للہ علیٰ ذالک** اس پر خدا کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ **الحمد لہ** (مذکر) الحمد للہ کہنا۔ **الحمید** (صفت) ؟ قابل تعریف ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الحمرا** (صفت) ؟ سرخ ؟ (مذکر) غرناطہ میں مسلمان عربوں کا بنایا ہوا ایک نہایت خوبصورت محل جو ۱۲۴۸ اور ۱۳۵۴ کے درمیان تیار ہوا تھا۔ نہایت خوبصورت عمارت ہے۔ **الحیّ** (صفت) ؟ زندہ رہنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الخافض** (صفت) ؟ پست کرنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الخالق** (صفت) ؟ پیدا کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الخبیر** (صفت) ؟ خبر رکھنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الرافع** (صفت) ؟ بلند کرنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام **الرحمٰن** (صفت) ؟ رحم کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام ؟ سورۃ ۵۵۔ **الرحیم** (صفت) ؟ مہربان۔ بار بار رحم کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الرزاق** (صفت) ؟ رزق دینے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الرشید** (صفت) ؟ اچھی تدبیر والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الرقیب** (صفت) ؟ حفاظت کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الرؤف** (صفت) ؟ رحم کرنے والا - بہت مہربان ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **السلام** (مذکر) ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام ؟ (مؤنث) سلامتی۔ امن عافیت۔ **السلام علیک یا علیکم** تجھ یا تم پر سلامتی ہو۔ مسلمانوں کا سلام۔ **السمیع** (صفت) ؟ سننے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الشکور** (صفت) ؟ شکریہ قبول کرنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام **الشہید** (صفت) ؟ گواہ ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الصبور** (صفت) ؟ حلیم۔ صابر ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الصمد** (صفت) ؟ دائم رہنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **الضار** (صفت) ؟ ضرر پہنچانے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام **الظاہر** (صفت) ؟ وہ جو عیاں ہو ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **العاقل** (صفت) عقلمند۔ دانا۔ **العبد** (مذکر) ؟ بندہ۔ فدوی ؟ خطوں۔ دستاویزوں وغیرہ پر اس لفظ کے نیچے دستخط کئے جاتے ہیں۔ **العدل** (مذکر) ؟ انصاف کرنے والا ؟ خدا تعالےٰ کا ایک نام **العزیز** (صفت) ؟ زبردست ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام **العطش** (مؤنث) ؟ پیاس کی شدت ؟ (ندا) سخت پیاس کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ **العظمۃ للہ** - بزرگی اللہ کے لئے ہے۔ قدرت الٰہی پر حیرت ظاہر کرنے یا مہیب اور خوفناک چیز سے پناہ مانگنے کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ **العظیم** (صفت) ؟ بڑا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **العفو** (صفت) ؟ معاف کرنے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **العلی** (صفت) ؟ بلند مرتبے والا ؟ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **العلیم** (صفت)

۱ جاننے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ العیاذ باللہ۔ خدا کی پناہ۔ الغافِر (صفت) ۱ معاف کرنے والا ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الغَرض (تف) الحاصل۔ القصّہ۔ قصّہ مختصر۔ خلاصہ یہ ہے۔ الغفّار (صفت) ۱ بیحد معاف کرنے والا ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الغفُور (صفت) ۱ بہت معاف کرنے والا ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الغَنی (صفت) ۱ بے پروا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الغِیاث (ندا) ۱ پناہی۔ دہائی۔ فریاد۔ پکار ۲ مصیبت یا غم کے وقت بطور فریاد کے کہتے ہیں۔ الفتّاح (صفت) ۱ کھولنے والا ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الفراق (ندا) جُدا ہوتے وقت کہتے ہیں۔ الفقر (مذکر) ۱ غربت ۲ غریب ہونا۔ فقیر ہونا۔ القابِض (صفت) ۱ قبضے میں رکھنے والا ۲ بند کرنے والا۔ تنگی کرنے والا ۳ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ القادِر (صفت) ۱ قوی۔ طاقتور ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ القدّوس (صفت) ۱ پاک ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ القِصّہ (تف) ۱ الحاصل۔ غرضیکہ۔ قصّہ کوتاہ ۲ خلاصہ یعنی۔ القوِیّ (صفت) ۱ مضبوط۔ طاقتور ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ القہّار (صفت) ۱ زبردست ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ القیّوم (صفت) ۱ بذات خود قائم رہنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الکبیر (صفت) ۱ بڑا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الکُحل (مؤنث) ۱ پانی کے رنگ کا ایک سیال مادہ۔ جو مختلف ترکاریوں یا پھلوں سے نکالتے ہیں ۲ شراب کا ست۔ اللّطیف (صفت) ۱ باریک بین ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الماجِد (صفت) ۱ بزرگ۔ قابل عزت ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المالِک (صفت) ۱ صاحب۔ آقا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المانِع (صفت) ۱ روکنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُبدِیٔ (صفت) ۱ پہلا پیدا کرنے والا۔ شروع کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُتکبّر (صفت) ۱ کمال بزرگی والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُتعال (صفت) ۱ برتر ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُجیب (صفت) ۱ دعا قبول کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المَجید (صفت) ۱ بزرگ ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُحیی (صفت) ۱ زندہ کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُحصِی (صفت) ۱ لکھنے والا کتاب میں۔ گھیرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المختصر (تف) القصّہ۔ الحاصل۔ خلاصہ یہ ہے۔ نتیجہ آخری۔ قصّہ کوتاہ۔ المَدَد (دعا) مدد کر۔ مشکل کے وقت مدد کے لئے دُعا کرتے ہیں۔ المُذِل (صفت) ۱ ذلیل کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُصَوِّر (صفت) ۱ صورت بنانے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُعِزّ (صفت) ۱ عزت دینے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُعطِی (صفت) ۱ دینے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُعید (صفت) ۱ زندہ کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ یہ نام قرآن شریف میں نہیں۔ المُغنی (صفت) ۱ کافی۔ دولتمند کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُقتدِر (صفت) ۱ طاقتور۔ قوی ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُقدّم (صفت) ۱ پہلا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُقسِط (صفت) ۱ عدل کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُقیت (صفت) ۱ طاقت دینے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المَلِک (مذکر) ۱ بادشاہ ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُمیت (صفت) ۱ مارنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُنتقِم (صفت) ۱ انتقام لینے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المِنّۃُ لِلّٰہ۔ احسان اللہ کے واسطے ہے۔ شکر کرنے کی جگہ کہتے ہیں۔ المُؤخّر (صفت) ۱ اخیر میں رہنے والا۔ پچھلا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المؤمِن (صفت) ۱ امن دینے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ المُہیمِن (صفت) ۱ حفاظت کرنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ النّافِع (صفت) ۱ نفع اور خیر کا پیدا کرنے والا ۲ خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ النُّور (مؤنث) ۱ روشنی بینیا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الواجِب (صفت) ۱ وہ جو اپنے بقائے وجود میں دوسرے کا محتاج نہ ہو۔ سزاوار ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الواجِد (صفت) ۱ وجود دینے والا۔ موجود ہونے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الواحِد (صفت) ۱ ایک۔ اکیلا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الوارِث (صفت) ۱ سب مرجانے کے بعد میراث پانے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الواسِع (صفت) ۱ فراخی دینے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الوالی (صفت) ۱ حاکم۔ وارث۔ بادشاہ ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الوحید (صفت) ۱ اکیلا۔ یکتا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الوَدُود (صفت) ۱ نیک بندوں کو دوست رکھنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا نام۔ الوِداع (مؤنث) ۱ رخصت۔ وداع ۲ رمضان کا آخری جمعہ۔ الوداع کا دن (مذکر) رمضان کا آخری دن۔ الوکیل (صفت) ۱ کارساز ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الوَلِیّ (مذکر) ۱ دوست ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الوہّاب (صفت) ۱ بخشنے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ الہادِی (صفت) ۱ ہدایت کرنے والا۔ راہ دکھانے والا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔

امثال و اقوال۔ الْاٰنَ کَمَا کَانَ

اب تک جیسا تھا ویسا ہی ہے۔ کوئی فرق نہیں۔ اَلْاِخْتِصَارُ نَصِیْحٌ۔ تھوڑے الفاظ میں مطلب بیان کرنا فصاحت ہے۔ اَلْاَقَارِبُ کَالْعَقَارِبِ۔ رشتہ دار بچھو کی مانند ہیں۔ ہمیشہ نیش زنی کرتے رہتے ہیں۔ اَلْاَمْرُ فَوْقَ الْاَدَبِ۔ کام ادب پر فوقیت رکھتا ہے۔ جب کوئی بے ادبی کی باتیں کرنے لگے تو پہلے کہتے ہیں۔ اَلْاِنْتِظَارُ اَشَدُّ مِنَ الْمَوْتِ۔ انتظار موت سے زیادہ سخت ہے۔ انتظار کی تکلیف ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ اَلْاِنْسَانُ مُرَکَّبٌ مِّنَ الْخَطَاءِ وَ النِّسْیَانِ۔ انسان غلطیوں اور بھول چوک سے مرکب ہے۔ اَلْحُکْمُ لِلّٰہِ۔ فیصلہ خدا کرتا ہے۔ جو خدا چاہتا ہے ہوتا ہے۔ الخاموشی نیم رضا (فارسی لفظ پر ال لگانا غلط ہے۔ دیکھو النامہ) جب سوال کے جواب میں کوئی خاموش رہے۔ تو اسے نصف راضی سمجھنا چاہیئے۔ اَلدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ۔ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ جیسا یہاں بوؤگے ویسا وہاں پاؤگے۔ اَلسَّعْیُ مِنِّیْ وَ الْاِتْمَامُ مِنَ اللّٰہِ۔ میں تو کوشش کرتا ہوں کام کا پورا کرنا اللہ کے اختیار ہے۔ اَلْعَاقِلُ تَکْفِیْہِ الْاِشَارَۃُ۔ عاقل کو اشارہ کافی ہے۔ اَلْعُذْرُ عِنْدَ کِرَامِ النَّاسِ مَقْبُوْلٌ۔ بڑے لوگوں کے نزدیک عذر قبول ہوتا ہے۔ اَلْعِلْمُ صَیْدٌ وَّکِتَابَتُہٗ قَیْدٌ۔ علم شکار ہے اور اس کا لکھنا فائدہ مند ہے۔ العلم علمان علم الادیان وعلم الابدان (مشہور روایت) علم دو ہیں۔ دینوں کا علم اور جسموں کا علم (طب)۔ اَلْعَیْنُ بِالْعَیْنِ۔ آنکھ کے بدلے آنکھ قرآنی سزا ہے۔ الفربہ خواہ مخواہ مرد آدمی۔ موٹے آدمی کو مذاقاً کہتے ہیں۔ کہ اتنے تن و توش کا آدمی خواہ مخواہ مرد معلوم ہوتا ہے۔ اَلْفَقْرُ فَخْرِیْ۔ حدیث ہے۔ فقر میرا فخر ہے۔ فقر کی تعریف ہے۔ اَلْقَبْضُ دَلِیْلُ الْمِلْکِ۔ قبضہ ملکیت کا ثبوت ہے۔ اَلْقَرْضُ مِقْرَاضُ الْمُحَبَّتِ۔ قرض محبت کی قینچی ہے۔ قرض لینے کے بعد آپس میں وہ محبت نہیں رہتی۔ اَلْمَاضِیْ لَا یُذْکَرُ مَضٰی مَا مَضٰی۔ جو کچھ گزر گیا اس کا ذکر نہیں کرنا چاہیئے۔ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِیْنَتُ

اَلْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا۔ مال اور اولاد دنیا کا سنگار ہیں۔
المَاْمُوْرُ مَعْذُوْرٌ جس کو حکم دیا جائے وہ مجبور ہوتا
ہے۔ اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ۔ آدمی اپنے
نفس پر قیاس کرتا ہے۔ جو جیسا ہوتا ہے دوسرے کو
بھی ویسا ہی سمجھتا ہے۔ اَلْمَعْنٰی فِی بَطْنِ الشَّاعِرِ
معنی شاعر کے پیٹ میں ہوتے ہیں۔ جہاں مطلب شعر کا
واضح نہیں ہوتا۔ وہاں طنزاً کہتے ہیں۔ اَلْمَکْتُوْبُ
نِصْفُ الْمُلَاقَات۔ خط نصف ملاقات ہوتا ہے۔
اَلْمَوْجُوْدُ شِفَاءٌ۔ جو موجود ہے سو بہتر اور غنیمت
ہے۔ النَّاسُ بِاللِّبَاس۔ آدمی کی رونق لباس
سے ہے۔ اَلْوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیْہِ۔ بیٹا باپ کی طرح
ہوتا ہے۔

اَل ۔ (ع)۔ حرف تنکیر، قرآن شریف
کی سورتوں، شہروں، مقاموں، قبیلوں، ستاروں وغیرہ
کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ الابنا خاندان عباسیہ کے
عہد میں اس خاندان کے پیشے معاونین۔ الاحزاب (مذکر)
۱ مددگاران۔ حلیف ۲ سورت ۳۳ الاحقاف (مذکر) ۱ ریت کے
ٹیلے ۲ سورت ۴۶۔ الاخلاص (مذکر) ۱ اتحاد ۲ سورت
الاسد (مذکر) ۱ ایک صورت کوکب ۲ پانچواں برج۔
الاظفار (مذکر) صورت سلحفات یا شلیاق کا ساتواں
ستارہ۔ الاعراف (مذکر) ۱ اونچی جگہیں ۲ سورت ۷۔
الاعلیٰ (مذکر) ۱ بہت بلند ۲ سورت ۸۴ الانشاق (مذکر)
پھٹ جانا ۲ سورت ۸۴ الانعام (مذکر) ۱
چوپایہ ۲ سورت ۶ الانبیاء (مذکر) ۱ جمع نبی کی ۲ سورت ۲۱
الانسان (مذکر) ۱ آدمی ۲ سورت ۷۶ سورت الدہر
کا دوسرا نام ہے۔ الانشراح (مذکر) ۱ پھیلانا ۲ سورت
۹۴۔ الانفال (مذکر) ۱ اضافہ ۲ سورت ۸ الانفطار
(مذکر) ۱ پھاڑ دینا ۲ سورت ۸۲ البرات (مؤنث) ۱
برئیت ۲ سورت ۹ البروج (مذکر) ۱ ستارے ۲ سورت ۸۵
البقر (مذکر) ۱ گائے بیل ۲ سورت ۲ البلد (مذکر) ۱ شہر
البینۃ (مذکر) ۱ صاف شہادت ۲ سورت ۹۸ التحریم
(مؤنث) ۱ ممانعت ۲ سورت ۶۶ التغابن (مذکر) ۱ نقائص
کا ظاہر ہونا ۲ سورت ۶۴ التکاثر (مذکر) ۱ بیحد دولت ۲
سورت ۱۰۲ التطفیف (مذکر) ۱ قصور وار ۲ سورت ۸۳
التکویر (مذکر) ۱ تہ کرنا ۲ سورت ۸۱ التوبہ (مذکر) ۱ توبہ
۲ سورت ۹ اس کا دوسرا نام البرات بھی ہے التین
(مذکر) ۱ انجیر ۲ سورت ۹۵ الجاثیۃ (مذکر) ۱ جھکنا ۲ سورت
۴۵ الجبار (مذکر) صورت جبار کا روشن ترین ستارہ۔

الجبہہ (مذکر) صورت اسد کا دوسری قدر کا ستارہ۔
الجمرہ (مذکر) کنکریوں کے وہ ڈھیر جو حاجیوں کے کنکریاں
پھینکنے سے منارے بن گئے ہیں۔ الجمعۃ (مذکر) ۱ جمع
ہونے والے ۲ سورت ۶۲ الجن (مذکر) ۱ جن ۲ سورت ۷۲
الحاقہ (مذکر) ۱ یقینی مصیبت ۲ سورت ۶۹ الحطیط (مذکر)
عرب میں وہ مقام جو کسی ولی کی قبر کے گرد ہو۔ اگر کوئی
وہاں پناہ لے تو قتل نہیں کیا جا سکتا۔ الحج (مذکر) ۱ جانا۔ حج
۲ سورت ۲۲ الحجر (مذکر) پتھر، چٹان ۲ سورت ۱۵
الحجرات (مذکر) ۱ کوٹھڑیاں۔ حجرے ۲ سورت ۴۹ الحدید
(مذکر) ۱ لوہا ۲ سورت ۵۷ الحشر (مذکر) ۱ جلاوطنی ۲ سورت ۵۹
الحمس (مذکر) اسلام سے پہلے ان لوگوں کو کہتے تھے جو حرم
میں رہتے تھے۔ الخبا (مذکر) صورت غراب کا روشن ترین
ستارہ۔ الخشبات (مذکر) روشنی کے مینار جو عبادان کے
قریب جہازوں کو راہ دکھانے کے لیے بنائے گئے ہیں۔
الدہر (مذکر) ۱ زمانہ ۲ سورت ۷۶ الذراع المبسوط۔
الذراع المقبوضہ (مذکر) صورت جوزا کے دو ستارے۔
الذراع الیمین (مذکر) قنطورس کا روشن ترین ستارہ۔
الذنب الشمالی (مذکر) صورت قیطس کا ایک ستارہ
جو چوتھی قدر کا ہے۔ الذنبین (مذکر) صورت تنینین کے دو
ستارے۔ الراعی (مذکر) صورت قنطورس کا تیسرا روشن
ترین ستارہ۔ الرعد (مذکر) ۱ کڑک۔ گرج ۲ سورت ۱۳
الذاریات (مذکر) ۱ بکھیرنے والے ۲ سورت ۵۱
الزبرہ (مذکر) صورت اسد کا ایک ستارہ۔ الزخرف
(مذکر) ۱ سجاوٹ ۲ سورت ۴۳ الزلزال (مذکر) ۱ زلزلہ
۲ سورت ۹۹ الزمر (مذکر) ۱ جماعتیں ۲ سورت ۳۹
السبو (مذکر) ایک صورت کوکب۔ السجدہ (مذکر) ۱
سجدہ ۲ سورت ۳۲ السماک (مذکر) صورت عذرا کا
روشن ترین ستارہ۔ السماک الرامح (مذکر) صورت عواین کا
روشن ترین ستارہ جو روشنی کے لحاظ سے آسمان میں چھٹا
ستارہ ہے۔ سورج سے دو ہزار گنا روشن تر ہے۔
الشوریٰ (مذکر) ۱ مشورہ ۲ سورت ۴۲ الشمس (مذکر)
سورج ۲ سورت ۹۱۔ الصاد (مذکر) ۱ حرف ص ۲ سورت
۳۸ الصف (مذکر) ۱ قطار ۲ سورت ۶۱ الصافات
(مذکر) ۱ قطاروں میں کھڑے ہونے والے ۲ سورت ۳۷
الضحیٰ (مذکر) ۱ صبح کا وقت ۲ سورت ۹۳ الطلاق
(مذکر) ۱ طلاق ۲ سورت ۔ الطور (مذکر) ۱ پہاڑ ۲
سورت ۵۲ العادیات (مذکر) ۱ حملہ کرنے والے ۲
سورت ۱۰۰۔ العصر (مذکر) ۱ زمانہ ۲ سورت ۱۰۳ العضادہ

(مذکر) اصطرلاب کے ایک جز کا نام۔ العلق (مذکر)
۱ خون کا تھکا ۲ سورت ۹۶۔ العنکبوت (مؤنث) ۱
مکڑی ۲ سورت ۲۹ العوا (مذکر) علم الافلاک میں
چاند کی تیرھویں جگہ ۲ ایک صورت سیارگان۔
العیوق (مذکر) روشنی کے لحاظ سے کرۂ فلک میں چھٹا
ستارہ۔ الغاشیہ (مذکر) ۱ خوفناک واقعہ ۲ سورت ۸۸
الغراب (مذکر) صورت غراب میں قدر سوم کا
ایک ستارہ۔ الغمیصا (مذکر) صورت غراب کا
ایک ستارہ۔ الفاتحہ (مذکر) ۱ آغاز۔ ابتدا ۲ سورت
۱ الفتح (مذکر) ۱ فتح ۲ سورت ۴۸ الفجر (مؤنث) ۱
صبح ۲ سورت ۸۹ الفرقان (مذکر) ۱ فرق ۲ سورت
۲۵ الفطر (مذکر) ۱ بانی ۲ سورت ۳۵ الفیل (مذکر)
۱ ہاتھی ۲ سورت ۱۰۵ القارعۃ (مذکر) ۱ بیحد مصیبت
۲ سورت ۱۰۱۔ القصص (مذکر) ۱ قصہ کہانی ۲ سورت ۲۸
القلم (مذکر) ۱ قلم ۲ سورت ۶۸ القمر (مذکر) ۱ چاند ۲ سورت
۵۴ القیامۃ (مؤنث) ۱ قیامت ۲ سورت ۷۵ الکاس
(مذکر) صورت باطیہ کا ایک روشن ستارہ۔ الکافرون (مذکر)
۱ کفار ۲ سورت ۱۰۹ الکحل (مؤنث) ۱ سفید رنگ کا
سیال مادہ جو ترکاریوں اور پھلوں سے بذریعۂ تبخیر نکالا جاتا
ہے ۲ شراب کا ست۔ الکہف (مذکر) ۱ غار ۲ سورت
۱۸ الکوثر (مذکر) ۱ چیزوں کی افراط ۲ بہشت کا چشمہ ۲
سورت ۱۰۸ اللہب (مذکر) ۱ شعلہ ۲ سورت ۱۱۱۔
اللیل (مذکر) ۱ رات ۲ سورت ۹۲ المائدہ (مذکر) ۱
کھانا ۲ سورت ۵ الماعون (مذکر) ۱ خیرات ۲ سورت
۱۰۷ المجادلہ (مذکر) ۱ منت کرنے والا ۲ سورت ۵۸
۔المرأت المسلسلہ (مؤنث) ایک قدیم
شمالی صورت جو صورت ذات الکرسی کے نیچے واقع ہے۔
المزمل (مذکر) ۱ کمل اوڑھنے والا شخص ۲ سورت ۷۳
المرسلات (مذکر) ۱ جو بھیجا جائے ۲ سورت ۷۷ المسلسلیہ
(مذکر) شہاب ثاقب کی وہ جھڑی جو ہر سال ۱۴ نومبر کو
رجل المسلسلہ کی جانب سے شروع ہوتی ہے۔ المقنطرات
(مذکر) ۱ وہ فرضی دائرے جو افق کے متوازی ہیں اور جس سے
سورج چاند ستاروں سیاروں کا ارتفاع معلوم ہوتا ہے
۲ ایک آلہ جس میں دوربین ہوتی ہے۔ اور ستاروں کا
صعود و میل معلوم کیا جاتا ہے۔ الملک (مذکر) ۱ سلطنت
۲ سورت ۶۷ الممتحنہ (مذکر) ۱ جس کا امتحان لیا جائے
۲ سورت ۶۰ المؤمن (مذکر) ۱ ایماندار ۲ سورت ۴۰۔
المؤمنون (مذکر) ۱ مسلمان۔ ایمان لانے والے ۲
سورت ۲۳ المنافقون (مذکر) ۱ منافق کی جمع

۲ سورت ۶۲ المیزان (مذکر) صورت جوزا کا ایک ستارہ۔
النّازعات (مذکر) ۱ کھینچنے والے ۲ سورت ۷۹
النّاس (مذکر) ۱ آدمی ۲ آخری سورت ۱۱۴ **النبا** (مذکر)
۱ اعلان ۲ سورت ۷۸ **النّصر** (مذکر) ۱ مدد ۲ سورت ۱۱۰
النّمل (مذکر) ۱ چیونٹی ۲ سورت ۲۷ **الواقعہ** (مذکر) ۱ واقعہ
۲ سورت ایک قوم ۲ سورت ۵۶ **النجم** (مذکر) ۱ ستارہ ۲
سورت ۵۳ **النحل** (مذکر) ۱ شہد کی مکھی ۲ سورت ۱۶
النسا (مؤنث) ۱ عورت ۲ سورت ۴ **النّور** (مذکر) ۱
روشنی ۲ سورت ۲۴ **الواقعہ** (مذکر) ۱ واقعہ ۲ سورت
الہمزہ (مذکر) ۱ غیبت کرنے والا ۲ سورت ۱۰۴ **الہنعہ**
(مذکر) صورت جوزا کا ایک ستارہ۔

اَل (س۔ مذکر) ۱ بڑی سیاہ شہد کی مکھی
۲ بھونرا ۳ کوّا ۴ کوئل ۵ بچھو ۶ ایک قسم کی شراب ۷ (ھ۔
مؤنث) کنیت۔ خاندانی نام۔

اَلا (ع۔ ندا) خبردار۔ ہوشیار ؎
اَلا یا اَیُّہا السّاقی اَدِرْ کاساً وَّناوِلہا
کہ عشق آساں نمود اوّل ولے افتاد مشکلہا
اے ساقی ہشیار ہو ساغر گردش میں لا اور مجھے دے کیونکہ
عشق شروع میں آسان دکھائی دیا۔ مگر اب بہت مصیبتیں پڑ رہی ہیں۔

اِلا (س۔ مؤنث) ۱ بہاؤ۔ روانی ۲ بولنا۔
بیان ۳ زمین۔ **الاوَرگا** (مذکر) ایک مقام۔ **الاُستا** (مؤنث)
سیتاجی۔ **الاوِرت** (مذکر) نو ورشوں میں سے ایک
ورش۔

اِلّا (ع۔ حرف استثنا) لیکن۔ بجز۔ بغیر
سوائے۔ مگر۔ **اِلّا اللہ**۔ یہ کلمہ طیبہ کا جزو ہے۔ اہل ذکر
فقرا کا وظیفہ ہے۔ یہ کلمہ اُردو میں مختلف مقامات پر استعمال
کیا جاتا ہے۔ کسی کے دفعتہً گرنے پر۔ اُٹھنے بیٹھنے میں۔ درد
سے تکلیف کے وقت۔ سخت حملہ کرنے کے وقت۔
اِلّا الّذی نہ اُلّو الّذی نہ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔
اِلّا ماشاءَ اللہ ۱ مگر جو اللہ تعالےٰ چاہے ۲
شاذونادر۔ کہیں کہیں ۳ سوائے۔

اِلّا (ھ۔ مذکر) ستا۔

اَلابَلا (ھ۔ مؤنث) ۱ بُری سے بُری چیز
خراب سے خراب چیز ۲ بلا۔ بھوت پریت ۳ مصیبت
دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔

امثال۔ الابلا بر گردن مُلّا۔ سارا
وبال مُلّا کی گردن پر۔ جب کوئی مشتبہ چیز مُلّا کے فتوے پر
استعمال کی جاتی ہے۔ تو کہا جاتا ہے۔ **اَلا لُوں بلا لُوں
صحنک سر کا لُوں**۔ چکنی چپڑی باتیں کر کے مطلب
نکالنے پر کہتے ہیں۔

اَلابھ (س۔ مذکر) ۱ نہ حاصل کرنا۔ نقصان
۲ (صفت) بے فائدہ۔

اَلاپ۔ الاپنا (ھ) دیکھو آلاپ آلاپنا۔
اَلات (س۔ مذکر) جلتی ہوئی لکڑی۔
الاوَیکٹی۔ **الانا کشی** (مؤنث) سکند کی ایک دایہ۔

اُلاٹ۔ اُلاڑ۔ اُلال (ھ۔ صفت)
۱ اُلٹ جانے والا۔ لڑھک جانے والا۔ بے قیام ۲
پیچھے سے بہت لدی ہوئی (گاڑی) ۳ ٹھیک طور سے
نہ لدا ہوا (بوجھ)

الاٹمنٹ (انگ۔ مؤنث)
الاٹ کرنا۔ حصّہ مقررہ دینا۔

اِلاچا۔ اِلاپچا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا
ریشمی یا سوتی دھاری دار کپڑا۔ جس میں الاپچیاں بنی
ہوئی ہوں۔ **الاچا بیگ** (مذکر) ۱ کٹھ پتلی کے تماشے
میں ایک دُبلی پتلی مضحکہ انگیز پتلی کا نام ہوتا ہے ۲ (ظرافت
سے) دُبلا پتلا آدمی، جس کی وجہ بچوں کی سی ہو۔ **الاچی**۔
الاپچی (مؤنث) ایک خوشبودار پھل۔ قاقلہ۔ ہیل۔ یہ دو قسم
کی ہوتی ہے۔ **الاپچی خورد یا سفید** (مؤنث) چھوٹی الاپچی
یہ پان میں ڈال کر کھائی جاتی ہے۔ **الاپچی کلاں** (مؤنث)
بڑی الاپچی یہ مسالوں اور کھانوں میں پڑتی ہے۔ اور
دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے۔ **الاپچی دانہ** (مذکر)
ایک مٹھائی جو الاپچی کے دانوں کو کھانڈ میں پر ورده
کر کے بناتے ہیں۔

اُلار (ہ۔ صفت) پچھلا بوجھ زیادہ ہونے
کی وجہ سے گاڑی کے اگلے حصّے کا اُٹھ جانا۔

اَلاراسی (ھ) دیکھو آلاراسی۔
اَلارم (انگ۔ مذکر) ۱ گھنٹے کی آواز۔
گھڑی میں جگانے والی گھنٹی کی آواز ۲ خطرے کا بگل۔
الارم بجانا (متعدی) **بجنا** (لازم) گھڑی کی گھنٹی کا بجنا
الارم کا بگل ہونا۔ **الارم کلاک** (مؤنث) جگانے والی
گھڑی۔

اُلارنا (ھ۔ متعدی) ۱ جھکا دینا۔ لٹا دینا
۲ پہلو بدلنا۔ سلا دینا۔

اُلاڑنا (ھ۔ متعدی) اُلٹا دینا۔ تلے اوپر
کر دینا۔ اوندھا دینا۔ اُلٹ دینا۔

اُلاس (ھ۔ مذکر) ۱ کودنا۔ اُچھلنا ۲
پھرتی۔ چالاکی۔ چستی ۳ خوشی۔ آرام۔ سکھ چین۔ آنند۔

اَلاسٹک (انگ۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو
کھینچ کر چھوڑ دی جائے۔ تو پھر اپنی اصلی جگہ پر آجائے
۲ ربڑ یا ربڑ اور تاگے کا بنا ہوا فیتہ۔

اِلاق (ع۔ مذکر) ۱ جھوٹ ۲ بجلی بغیر بارش۔
اَلاق (ع۔ صفت) جھوٹا۔
اُلاق (ت۔ مذکر) ایک قسم کی کشتی۔
اَلاقی (ع۔ مذکر) القیہ کی جمع ۱ سوالات
اُقدسے ۲ تکالیف۔ مصیبتیں۔

اُلال (ہ۔ صفت) دیکھو الاٹ۔ **الالو**
(صفت) دیکھو الار۔

اُلالنا (ھ۔ متعدی) دیکھو الارنا۔
اَلان (ھ۔ مذکر) دیکھو آلان۔
اَلانا (ھ۔ لازم) تکلیف سے کراہنا۔
ہائے ہائے کرنا۔ چیخنا۔ رونا۔

اِلانت (ع۔ مؤنث) نرم ہونا۔

اُلانک (ھ۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔ تیار۔
اُلانگنا۔ اُلانگھنا (ہ۔ متعدی) ۱ کودنا
پھاندنا۔ پھلانگنا۔ چھلانگ مارنا۔ چوکڑی بھرنا ۲ گھوڑے
پر سوار ہونا۔

اُلاہنا (ہ۔ مذکر) ۱ گلہ۔ شکوہ۔ شکایت
۲ برائی۔ الزام۔ بدنامی (دینا کے ساتھ) (س اُد +
لبھ۔ تکلیف دینا) **اُلاہنا اُتارنا** (متعدی) الزام
دفع کرنا۔

اَلاؤ (ہ۔ مذکر) آگ کا ڈھیر۔ وہ کوڑا کرکٹ
وغیرہ جسے جمع کر کے آگ لگاتے ہیں (الات۔ دہکتا
ہوا کوئلہ)

اِلاؤنس (انگ۔ مذکر) تنخواہ کے علاوہ
جو اور رقم کسی کار متعلقہ کی وجہ سے سرکار سے ملے۔

اَلائے بَلائے (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو
الابلا ۲ (صفت) کمبخت۔ بے نصیب۔ آفت رسیدہ
غمزدہ۔ سیاہ بخت۔

اِلائچا۔ اِلائچی (ہ) **الایچا الایچی**
(ھ) دیکھو الاچا۔ الاچی۔

اَلبّا (ع۔ مذکر) لبیب کی جمع۔ عقلا۔
اَلباب (ع۔ مذکر) جمع لُب کی عقلیں۔
اِلباب (ع۔ مذکر) ٹھہرنا۔ ایک جگہ رہنا
اِلباس (ع۔ مذکر) کپڑے پہننا۔
اَل بَل (ہ۔ صفت) ۱ بہت طاقت
والا۔ قوی۔ مضبوط۔ سرد شکتیمان ۲ (مذکر) بیحد طاقت۔

قدرت ۲ غرور - گھمنڈ ۳ فرق - کمی بیشی - چھوٹا یا بڑا پایا ۵ صدقے - قربان (س اَلَم - ماہر + بل - طاقت)

اَمثال - ال بل خدا بل - اللہ قادر مطلق ہے - پر بشر سر و شکتیمان ہے - اَل جاؤں بل جاؤں جُلوے کے وقت ٹل جاؤں - یوں تو صدقے قربان ہوتے ہیں مگر جب مدد کی ضرورت ہوتی ہے تو غائب ہو جاتے ہیں -

اَل بِلّل (ہ - صفت) ۱ بہت بیوقوف سخت احمق ۲ مضحکہ خیز ۳ بیہودہ - بے ہنگام ۴ بے فائدہ - عبث - اکارت - لاحاصل - بے سود (س اَلَم - برابر + لٹ - بچہ کی طرح ہونا)

البم (انگ - مذکر) تصویروں کی کتاب تصویریں رکھنے کی کاپی - مجموعۂ تصاویر -

اَلبَھیہ (س - صفت) غیر ممکن الحصول جو حاصل نہ ہو سکے -

اَلبیٹ (ہ - مؤنث) ۱ لپیٹ - بل - پیچ - مروڑ ۲ پھیر - موڑ - کجی - خم - چکر - **البیٹ دینا** (متعدی) لپیٹنا - بل دینا - مروڑنا -

اَلبیلا (ہ - صفت) ۱ بانکا - ترچھا - رنگیلا ۲ جوان - رعنا جبین - خوبصورت - خوبرو ۳ دلربا - دلبر - دلفریب - منوہر - جی لبھاؤ - من موہن ۴ بے پروا - موجی - لہری - آزاد طبع ۵ انوکھا - نرالا - اچنبھا - عجیب ۶ بھولا بھالا - اَلھڑ - سیدھا سادھا - اَیل ۷ شوخ - خوش مزاج - زندہ دل - چلبلا - دل لگی باز - خوش طبع ۸ شاد - شاداں - بشّاش - دلشاد ۹ (مذکر) بانکا ترچھا آدمی وغیرہ ۱۰ لچّا - شہدا - رنڈی باز - اوباش - عیّاش یا تماش بین آدمی ۱۱ بیوقوف - سادہ لوح یا احمق شخص (س الم - ماہر + دِل - حرکت کرنا) **البیلاپن** یا **البیل پن** (مذکر) بھولاپن - آزادہ مزاجی وغیرہ - **البیلی** (صفت مؤنث) البیلا کی - **البیلی چال** (روش) مستانہ چال - بانکی ترچھی وضع -

مثل - البیلی نے پکائی کھیر - دودھ کی جگہ ڈالا نیر - بیوقوفی کی وجہ سے کام بگاڑ دیا - سادہ پن کی وجہ سے کرنا کچھ تھا اور کر کچھ دیا -

البِیَن (یو عص) ۱ امفطرائیت کے بطن سے نفتیون کا بیٹا جس نے برطانیہ آباد کیا - علم الافلاک اور جہازرانی کا موجد تھا ۲ برطانیہ -

اَلَپ (ہ - مؤنث) ۱ مہلک - حادثہ ۲ ناگہانی مصیبت - ناگہانی اور غیر طبعی موت -

اَلَپ (س - صفت) ۱ چھوٹا - ذرا سا باریک - دقیق - ننھا سا ۲ چند - کم -

اَلَپ (ت - صفت) ۱ بہادر شجاع ۲ مضبوط آدمی -

اَلپاکا - اَلپَکا (انگ - مذکر) بھیڑ کی قسم کا ایک جانور جو جنوبی امریکہ میں پیرو - چلی وغیرہ میں ہوتا ہے ۲ کپڑا جو اُس کی اُون سے بنایا جائے -

اَلپَٹ (ہ - مذکر) شمشیر زنی میں ایک خاص ضرب -

اَلپین (انگ - مؤنث) اصل لفظ پن ہے جس کے معنی ایسی سوئی جس میں ناکے کی جگہ مروڑی ہوتی ہے - اور کاغذوں وغیرہ کے نتھی کرنے کے کام آتی ہے -

اِلتِباس (ع - مذکر) ۱ مشکل ہونا - مشکوک ہونا دھوکا ہونا ۲ شباہت - ابہام - تجنیس خطی (ہونا کے ساتھ) (لَبَس - مشکوک ہونا)

اِلتِثام (ع - مذکر) ۱ مُنہ پر نقاب ڈالنا ۲ چومنا -

اِلتِجا (ع - مؤنث) ۱ منت - سماجت خوشامد ۲ عرض - التماس - گزارش - بنتی ۳ دعا - پرارتھنا - اروداس ۴ تمنا - آرزو در لجا ۵ پناہ لینا - **التجا کرنا** (متعدی) منت کرنا - خوشامد کرنا - گڑگڑانا - **التجا لیجانا** (متعدی) کچھ عرض کرنا - تمنا ظاہر کرنا - **التجا ہونا** (لازم) عرض ہونا - دُعا ہونا -

اِلتِجاو (ع - مذکر) ۱ جھکنا - رجوع کرنا ۲ پناہ لینا ۳ مذہب چھوڑ دینا - کافر ہونا (لَحَدَ - سیدھے رستے سے بھٹکنا)

اِلتِحاص (ع - مذکر) ۱ روکنا ۲ ناچار کر دینا

اِلتِحاف (ع - مذکر) اُوپر کا کپڑا پہننا

اِلتِحام (ع - مذکر) ۱ زخم کا بھر آنا - انگور آنا ۲ تیز اور خونخوار ہونا (جنگ کا) (لَحُمَ - فربہ ہونا)

اِلتِذاذ (ع - مذکر) لذیذ ہونا (لَذَّ - مزیدار ہونا)

اِلتِزاق (ع - مذکر) چِمٹنا -

اِلتِزام (ع - مذکر) کسی بات کو لازم کر لینا - ضروری ہونا - کسی کام کو اپنے ذمہ لینا (کرنا ہونا کے ساتھ) (لَزِمَ - واجب ہونا کسی پر)

اِلتِصاق (ع - مذکر) چمٹنا - چپکنا - جُڑ جانا (لَصَقَ - چمٹا)

اِلتِعاب (ع - مذکر) کھیلنا - کودنا - (لَعِبَ - کھیلنا)

اِلتِفات (ع - مؤنث) ۱ توجہ - مہربانی ۲ محبت - اخلاص - مروّت - پاس ۳ نگاہ - دھیان - رغبت (کرنا - ہونا کے ساتھ) (لَفَتَ - پھرنا - مڑنا) **التفات خسروانہ - شاہانہ یا ملوکانہ** (مذکر) بادشاہ کی مہربانی - عنایت یا توجہ -

اِلتِفاف (ع - مذکر) ۱ کپڑا لپیٹنا ۲ بہت پودوں کا اُگنا ۳ اُلجھنا -

اِلتِقا (ع - مذکر) ۱ ملنا - اکٹھا ہونا ۲ ملاقات (لَقِیَ - ملنا)

اِلتِقاط (ع - مذکر) ۱ اکٹھا کرنا - چُننا ۲ کسی کو مل جانا -

اِلتِقام (ع - مذکر) کھانا - لقمہ کھانا -

اِلتِماس (ع - مذکر - لکھنؤ میں مؤنث) عرض - گزارش - درخواست - بنتی - پرارتھنا - ارداس - (کرنا ہونا کے ساتھ) **التماس رکو)** **پذیرا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عرض سُنی جانا - درخواست مانی جانا - **التماس پیرا ہونا** (لازم) عرض کرنا - گزارش کرنا (لَمَسَ - چھونا)

اِلتِماع (ع - مذکر) ۱ چمکنا - روشن ہونا ۲ چھین لینا (لَمَعَ - چمکنا)

اَلتَمغارت - مذکر) دیکھو آلتمغا -

اَلتنی (ہ - مؤنث) ہاتھی کے گلے کی رسّی جس پر فیلبان بطور رکاب کے پاؤں رکھتا ہے -

اِلتِوا (ع - مذکر) ۱ ملتوی کرنا - دوسرے وقت پر اُٹھا رکھنا - ڈال رکھنا ۲ ٹال دینا - ٹال مٹول کرنا ۳ دیر - تاخیر (طب) ریڑھ کے مہروں کا داہیں یا بائیں ٹل جانا (لَوَیَ - جھکنا - ٹیڑھا ہونا) **التوا باختیار خود** (مذکر) مجسٹریٹ یا جج کا کسی مقدمے کو خود ملتوی کر دینا - **التوا بحکم شاہی** (مذکر) بادشاہ کا پارلیمنٹ کو ملتوی کر دینا - **التوائے جنگ** (مذکر) دونوں فریق کا متفق ہو کر لڑائی کو چند روز کے لئے موقوف کرنا - یہ ایسے موقعہ پر ہوتا ہے - جب دونوں فریق صلح پر آمادہ ہوں - **التوا میں ڈالنا** (متعدی) اُٹھا رکھنا - تاخیر کرنا - **التوائے مقدمہ** (مذکر) مقدمے کی سماعت کو کسی وجہ سے کسی اور دن پر ڈال دینا - **التوائے نیلام** (مذکر) نیلام کو ملتوی رکھنا -

اَلتَوَکّلی (ع۔ تف) اللہ توکلی کا مخفف (غف)

اُلتھا (ھ۔ مذکر) ترجمہ۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں بدلنا (کرنا کے ساتھ)

اِلتِہاب (ع۔ مذکر) ! شعلہ بھڑکنا۔ آگ کا بھڑکنا ؟ گرمی۔ حرارت۔ تپش ؟ آماس۔ سوزش۔ سوجن (لَہَب۔ بھڑکنا) التہابی (صفت) آماسی۔ سوزشی۔

اُلتھنا (ھ۔ لازم) موجیں یا لہریں اٹھنا لبیوں اچھلنا۔

اِلتِیاح (ع۔ مذکر) چمکنا۔ روشن ہونا (لَوح۔ چمکنا)

اِلتِیاذ (ع۔ مذکر) پناہ لینا۔

اِلتِیاط (ع۔ مذکر) ملنا۔ چپکنا۔ (لَوط۔ چمٹنا)

اِلتِیاع (ع۔ مذکر) خواہش کرنا۔

اِلتِیام (ع۔ مذکر) ! زخم کا بھرنا۔ انگور آنا ؟ تندرست ہونا۔ اچھا ہونا ؟ تسکین ہونا ؟ میل ملاپ۔ میل جول (لَام۔ انگور بھر آنا) **التیام پانا** (لازم) تندرست ہونا۔ زخم بھرنا۔ **التیام زخم ہونا** (لازم) زخم بھر جانا۔ **التیام کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) میل ہونا۔ آپس میں مل جانا۔

اُلَٹ (ھ۔ امر) اُلٹنا کا۔ **الٹ آنا** (لازم) کسی چیز کا کسی دوسری چیز پر پلٹ کر گرنا (س پرا۔ دور + ور۔ پھیرنا) **اُلٹ پڑنا** (لازم) ! برہم ہونا۔ برس پڑنا۔ ناراض ہونا۔ غصہ ہونا ! حملہ کرنا ؟ لوٹ آنا۔ واپس ہونا ؟ خلاف ہونا ؟ پلٹا کھانا۔ کروٹ بدلنا۔ گر پڑنا۔ **اُلٹا** (ھ۔ امر) ! اُلٹانا کا ؟ (ماضی) اُلٹنا کا ؟ (صفت) ٹیڑھا۔ کج۔ خمیدہ ؟ پلٹا ہوا۔ مقلوب ؟ اوندھا۔ اوپر کا حصہ نیچے نیچے کا اوپر۔ واژگوں ؟ خلاف۔ برعکس ؟ (سلطنت وغیرہ) پھرا ہوا۔ برگشتہ ؟ الٹی طرف سے ؟ خلاف معمول۔ خلاف قاعدہ ! پاؤں اوپر سر نیچے ؟ بیوقوف۔ جاہل ؟ غلط۔ نادرست۔ **الٹا بھاڑا** (مذکر) واپسی کا کرایہ۔ **الٹا اثر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) برخلاف اثر ہونا۔ برعکس نتیجہ ہونا۔ **الٹا بھاگنا** (لازم) بھاگ کر واپس آنا۔ الٹا ہو کر بھاگنا۔ پچھلے پاؤں بھاگنا۔ **اُلٹا پاسا پڑنا** (لازم) ! پاسے کا برخلاف پڑنا۔ **اُلٹا پاؤں** (مذکر) بایاں پاؤں۔ **اُلٹا پلٹا** (صفت) بے ترتیب گڈمڈ۔ تلے اوپر ؟ بے ڈھنگا۔ بے قرینہ۔ بے جوڑ ؟ گھبرایا ہوا۔ پریشان ؟ اندر سے باہر اور باہر سے اندر۔ **اُلٹا پلٹا جواب دینا** (متعدی) سوال کچھ ہونا جواب کچھ دینا۔ **الٹا پلٹ جانا یا پلٹنا** (لازم) ہو جانا۔ مڑ جانا۔ **الٹا پلٹی** (مؤنث) درہمی برہمی۔ نیرنگی۔ **اُلٹا پھر آنا** (لازم) جاتے جاتے پلٹ پڑنا۔ پہنچتے ہی واپس آنا۔ **الٹا پھر جانا یا پھرنا** (لازم) جس طرف سے آیا تھا اسی طرف واپس جانا ؟ اُلٹا پھر آنا۔ **الٹا پھیرنا** (متعدی) واپس کر دینا۔ پہنچتے ہی واپسی کا حکم دینا۔ جدھر سے آیا تھا۔ ادھر ہی بھیج دینا۔ **اُلٹا تماچا** (مذکر) پشت دست کی طرف سے مارنا۔ **اُلٹا توا** (صفت) نہایت سیاہ۔ کالے رنگ کا۔ کالا کلوٹا۔ سیاہ فام حبشی۔ **اُلٹا ٹانگنا** (متعدی) ٹانگیں اوپر سر نیچے کر کے لٹکا دینا۔ **اُلٹا جننا** (متعدی) پیدا ہوتے وقت پاؤں پہلے نکلنا۔ **الٹا جواب** (مذکر) ! دیدہ دانستہ غلط جواب ؟ سوال کچھ جواب کچھ۔ گستاخانہ جواب۔ **الٹا جواب دینا** (متعدی) ! سوال کچھ ہونا جواب کچھ دینا۔ مطلوب کے خلاف جواب دینا ؟ گستاخانہ جواب دینا ؟ ٹیڑھا جواب دینا۔ غلط جواب دینا۔ **اُلٹا دریا بہنا** (لازم) خلاف دستور کوئی بات ہونا۔ **اُلٹا (اُلٹے) دم آنا یا لگنا** (لازم) سانس اکھڑ جانا۔ حالت نزع میں ہونا۔ **اُلٹا (الٹے) دم لینا** (متعدی) قریب مرگ ہونا۔ **الٹا دھڑا باندھنا** (متعدی) ! اپنے قصور کا پیش بندی کے طور پر دوسرے پر الزام لگا دینا جس نے الزام لگایا ہو۔ اسی کو ملزم ٹھیرا دینا۔ اپنی خطا دوسرے کے سر تھوپ دینا ؟ کسی شخص کو اسی کی تقریر یا دلیل سے قائل کر دینا۔ **الٹا دھڑا بندھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **اُلٹا دینا** (متعدی) دیکھو اُلٹانا۔ **اُلٹا زمانہ** (مذکر) وہ زمانہ جس میں سیدھی بات اُلٹی اور اُلٹی بات سیدھی سمجھی جائے۔ **الٹا زمانہ آیا ہے یا لگا ہے یا ہے**۔ بُرا زمانہ ہے۔ خراب زمانہ ہے۔ اچھی بات بُری اور بُری بات اچھی سمجھی جاتی ہے۔ **اُلٹا سبق پڑھانا** (متعدی) **پڑھنا** (لازم) خلاف بات سکھلانا۔ کسی امر میں غلط صلاح پر عمل ہونا۔ خلاف مصلحت یا اصول کسی بات کی تعلیم ہونا۔ **اُلٹا سمجھنا** (متعدی) اصل مطلب کے برخلاف مطلب سمجھنا۔ غلط سمجھنا۔ غلط نتیجہ پر پہنچنا۔ **اُلٹا سوار ہونا** (لازم) اُلٹی طرف سے گھوڑے پر چڑھنا پیچھے سے چڑھنا۔ خود غلطی کرنا۔ اور دوسرے کو دبانا۔ **اُلٹا سیدھا** (نف) ! بے قاعدہ۔ بے ترتیب ! جا بیجا ؟ بے ترتیبی سے۔ گھبراہٹ۔ **اُلٹا سیدھا جواب دینا** (متعدی) گستاخانہ جواب دینا۔ نامعقول جواب دینا۔ سخت جواب دینا۔ خلاف جواب دینا۔ **اُلٹا لٹکا دینا**۔ لٹکانا (متعدی) **لٹک جانا۔ لٹکنا** (لازم) ٹانگیں اوپر کسی چیز سے باندھ یا لٹکا کر سر نیچے کرنا۔ **اُلٹا لیا جائے نہ سیدھا**۔ کسی طرح نہ مانے کسی طرح قائل نہ ہو۔ **الٹا مزاج** (مذکر) جس طبیعت پر ہر بات کا اثر اُلٹا ہو۔ **اُلٹا میرے چونا لگایا** اُلٹا مجھے تنگ کیا۔ دھوکا دیا یا جلایا۔ **اُلٹا مارنا** (متعدی) دیکھو اُلٹنا۔ **الٹا ناچ ناچنا** (لازم) الٹا کام کرنا۔ **اُلٹا نصیبا**۔ بُری قسمت۔ بدنصیبی۔ **اُلٹا ہاتھ** (مذکر) بایاں ہاتھ۔ **الٹا ہاتھ مارنا** (متعدی) افسوس کرنا۔ **الٹا ہو جانا یا ہونا** (لازم) برعکس ہونا۔ خلاف اثر ہونا۔ **الٹاؤ** (مذکر) اُلٹنا۔ اوپر نیچے کر دینا۔ گرا دینا وغیرہ۔ **اُلٹ پلٹ** (مؤنث) ! دیکھ بھال۔ ملاحظہ ؟ گڑبڑی۔ تہ و بالا۔ ابتری۔ افراتفری ؟ تبادلہ۔ دھوکا دغا ؟ (صفت) اُلٹا پلٹا۔ زیر و زبر۔ تہ و بالا۔ **اُلٹ پلٹ دینا** (متعدی) بے ترتیب کر دینا۔ تلے اوپر کر دینا۔ تہ و بالا کر دینا۔ ادھر کا اُدھر کر دینا۔ **الٹ پلٹ کر دینا یا کرنا** (متعدی) تلے اوپر کرنا۔ ادھر کی چیز اُدھر کرنا۔ گڈمڈ کرنا۔ **اُلٹ پلٹ ہو جانا یا ہونا** (لازم) ! زیر و زبر ہونا۔ تباہ ہونا۔ درہم برہم ہونا ؟ اِدھر اُدھر ہونا۔ گڈمڈ ہونا ؟ جھگڑا ہونا۔ تکرار ہونا۔ حجت ہونا۔ تُو تُو مَیں مَیں ہونا۔ **اُلٹ پھیر** (مذکر) ! برگشتگی۔ پیچ ردّ و بدل ! دھوکا بازی۔ کرتب۔ چھل۔ چال ؟ ردّ و بدل ہیرا پھیری۔ الٹ پلٹ۔ **الٹ پھیر کرنا** (متعدی) دھوکا بازی کرنا۔ دھوکا دینا۔ ہیر پھیر کرنا۔ **الٹ پھیر میں آ جانا یا آنا** (لازم) ! دھوکا کھا جانا۔ فریب میں آ جانا۔ **الٹ پیچ** (مذکر) دیکھو اُلٹ پھیر۔ **الٹ جانا** (لازم) دیکھو الٹنا۔ **الٹ دینا** (متعدی) دیکھو الٹنا۔ **اُلٹ کے جواب دینا** (متعدی) پیام کا جواب لا دینا۔ کسی بات کے متعلق واپس آ کر جواب دینا۔ **الٹ کر (کے) خبر (کروٹ) نہ لینا** (متعدی) ! توجہ نہ کرنا۔ خبر نہ ہونا ؟ پروا نہ کرنا۔ لاپروائی کرنا ؟ پھر کر یا لوٹ کر نہ آنا۔ **اُلٹ کر نہ پوچھنا** (متعدی) خبر نہ لینا۔ ملاقات نہ کرنا۔ **الٹنا** (متعدی) ! پلٹنا اوندھا کرنا ؟ ایک برتن سے دوسرے برتن میں کر دینا۔ ڈالنا۔ انڈیلنا ؟ ایک رُخ سے دوسرے رُخ کر دینا پھیر دینا ؟ کوئی کپڑا اُدھیڑ کر ... گرداں

کرنا۵ (بساط صف وغیرہ) تہ وبالا کرنا۔ درہم برہم کرنا۶ تختہ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۷ (مطلب) کچھ سے کچھ کردینا۸ (باتیں) دہرانا۔ بار بار کہنا۹ (سوار کو) گرانا۔ پٹک دینا۱۰ (پہلوان یا کسی کو) پچھاڑنا۔ دے مارنا۱۱ (شراب آنکھ وغیرہ کا) مدہوش کرنا۔ نشے میں چور کرنا۱۲ (خرچ مصارف وغیرہ کا) مفلس کر دینا۔ تباہ کرنا۱۳ (برتن وغیرہ) گرانا۔ پھینکنا لنڈھانا۱۴ (آستین، وغیرہ) چڑھانا۔ نیچے سے اوپر کر دینا۱۵ (زبان) جنبش کرنا۔ ہلنا۱۶ (بات) رد کرنا۔ جواب دینا۱۷ (مٹی) کھودنا۱۸ (پانی وغیرہ) گرا دینا۱۹ (ورق) ورق گردانی کرنا۔ دکھلانے کو پڑھنا ۲۰ (پیوند) اُٹھا دینا۔ اُٹھا دینا۲۱ (حکم فیصلہ وغیرہ) منسوخ کر دینا۔ برخلاف کرنا۲۲ (منتر) پھیر دینا۔ اثر اُلٹا کر دینا۲۳ (دل میں) سوچنا بچارنا۲۴ (کسی زبان میں) ترجمہ کرنا۲۵ (کوئی چیز) واپس کر دینا۔ واپس بھیجنا۲۶ (گلاس۔ لوٹا وغیرہ) پانی وغیرہ پی جانا۔ چڑھا جانا۲۷ (حکم) نہ ماننا۔ برخلاف کرنا۲۸ (لازم) ایک رُخ سے دوسرے رُخ ہو جانا۔ مڑ جانا۲۹ ۔ گردان ہونا۳۰ پلٹا کھا جانا۔ اوندھے سے سیدھا ہو جانا۔ چت ہو جانا۳۱ کھدنا۳۲ مرجانا۳۳ بہت سے لوگوں کا آجانا۔ امنڈنا۳۴ برخلاف ہونا۔ باغی ہونا۳۵ ناراض ہونا۔ بُرا بھلا کہنا۳۶ گفتگو کا پہلو بدلنا۳۷ پلٹنا۔ واپس جانا۳۸ مدہوش ہو جانا۳۹ مفلس ہو جانا۴۰ (پہلو بدلنا۴۱ اوندھا ہو جانا۴۲ گر پڑنا۴۳ (قسمت وغیرہ) پھر جانا۔ برگشتہ ہونا۴۴ (دعا جادو وغیرہ) برعکس ہونا۔ الٹا اثر ہونا۴۵ (زمانہ) بدل جانا انقلاب ہونا۴۶ (طبقہ) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۴۷ (پردہ) اُٹھ جانا۔ ہٹ جانا۴۸ (شکار کا) چوٹ کھا کے لوٹ پوٹ ہو جانا۴۹ (قلب) گھبرانا۔ بے چین ہونا۵۰ (دم) سانس اُکھڑنا۵۱ (دماغ) پاگل ہو جانا۔ **الٹوانسی** (مونث) اپنا الزام دوسرے کے سر تھوپنا۔ سیدھی بات کو پلٹ دینا۔ اُلٹا کام اُلٹی بات۔ **الٹوانسی کبیر کی**۔ برعکس۔ خلاف باتیں۔ **اُلٹی** (صفت۔ مونث) ۱ الٹا کی ۲ (مونث) اُلٹی بات۔ **اُلٹے** (صفت) برعکس۔ خلاف اس کے جیسا چاہئے۔ **الٹی آنتیں گلے پڑیں**۔ لینے کے دینے پڑ گئے۔ نیکی کا بدلہ بدی ملا۔ **الٹی آنکھیں دکھانا** (متعدی) بیجا غصہ کرنا قصور کرکے اُلٹا ناراض ہونا۔ **اُلٹے اُسترے سے سر مونڈنا** (متعدی) **منڈوانا** (لازم) ذلت کے لئے سخت سزا دینا۔ غصے میں کہتے ہیں۔ **اُلٹی اُلٹی باتیں** (مونث) بے تکی باتیں۔ **اُلٹی اُلٹی سانسیں بھرنا یا لینا** (متعدی) اوپر کا دم کھینچنا۔ ہانپنا۔ سانس پھول جانا۔ **الٹی بات** (مونث) بے ڈھنگی بات۔ **اُلٹی بات دہنی آنا** (لازم) الزام آنا۔ **اُلٹے بل کی چوٹی** (مونث) وہ چوٹی جس کے گوندھنے میں بال اُوپر سے نیچے کے جائیں۔ **اُلٹے پاؤں پڑنا** (لازم) کہیں جانے کو دل نہ چاہنا۔ کہیں جانے کی ہمت نہ پڑنا۔ **الٹے پاؤں پھرنا** (لازم) جاتے ہی پھر آنا۔ جلد واپس آنا۔ **اُلٹے پاؤں چلنا** (لازم) جس طرف جانا اس طرف پشت کرکے چلنا۔ **اُلٹے پاؤں چلے آنا** (لازم) جس طرف جانا ہو اُدھر پشت کرکے چلنا۔ **الٹی پلٹی پٹی پڑھانا** (متعدی) غلط راستہ دکھانا بہکانا۔ کسی بات کو برعکس ذہن نشین کرانا۔ **الٹی پڑے سیدھی پڑے**۔ خدا جانے نتیجہ اچھا ہو یا برا۔ **الٹی پلٹی باتیں** (مونث) الٹی باتیں۔ بے قرینہ۔ بے ڈھنگی باتیں۔ **اُلٹے پھر آنا یا پھرنا** (لازم) دیکھو اُلٹے پاؤں پھرنا۔ **اُلٹے پیر یا پیروں بھاگنا (پھرنا)** (لازم) فوراً واپس ہونا۔ بلا توقف پلٹ آنا۔ ذرا بھی نہ ٹھیرنا اور چلے آنا۔ **الٹی تقدیر** (مونث) اُلٹا نصیبا۔ **الٹی تقریر** (مونث) جان بوجھ کر اور ارادتاً بے ڈھنگی تقریر کرنا۔ **الٹی ٹانگیں گلے میں پڑنا**۔ دیکھو الٹی آنتیں گلے پڑنا۔ **الٹی ٹانگیں گلے میں ڈالنا**۔ الزام لگانے والے پر الزام لگانا۔ **الٹی ٹوپی گر پڑنے**۔ بچے جس کی الٹی ٹوپی ہو اسے کہتے ہیں۔ **الٹی چال** (مونث)۔ بُری عادتیں۔ غلط طریقے۔ خلاف معمول چلن۔ **اُلٹے چلے جانا** (لازم) دیکھو اُلٹے پاؤں پھرنا۔ **الٹی چھاؤنی باندھنا** (مصدر)۱ اُلٹا چھپر ڈالنا۔۲ ناحق الزام لگانا۔ **اُلٹی چھری سے ذبح کرنا یا حلال کرنا** (متعدی) بیجا ظلم کرنا۔ ناجائز طور پر نقصان پہنچانا۔ **الٹی چین** (مونث) نیچے کی بندش کی ایک قسم۔ **الٹی رات کا** (صفت) بیوقوف احمق۔ **الٹی رسم یا ریت** (مونث) موقعہ محل کے خلاف رسم۔ **اُلٹی (اُلٹے) سانس بھرنا یا لینا** (متعدی) بہر وقت لمبی سانس لینا۔ **اُلٹی (اُلٹے) سانس چلنا** (لازم) نزع کی حالت میں سانس کا بے قاعدہ چلنا۔ **الٹی سمجھ** (مونث) اوندھی عقل۔ **اُلٹی سمجھے نہ سیدھی**۔ کسی طرح سمجھتا ہی نہیں۔ **الٹی سنانا** (متعدی) خلاف اصول بات کہنا۔ **اُلٹی سنو** (خلاف اصول بات کا ذکر کرتے ہوئے) اور تماشا دیکھو۔ **الٹی سوجھنا** (لازم) کوئی غلط یا رسم و رواج کے خلاف بات ذہن میں آنا۔ **الٹی سیدھی**۔ دیکھو اُلٹا سیدھا۔ **اُلٹے سیدھے** (صفت) ناحق۔ بے جا۔ **الٹی سیدھی باتیں کرنا** (متعدی) ہٹ دھرمی کرنا۔ سخن پروری کرنا۔ **الٹی سیدھی پڑنا** (لازم) مصیبت پڑنا۔ آفت آنا۔ چوٹ لگنا۔ جوتے لگنا۔ **اُلٹی سیدھی سنانا** (متعدی) بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا۔ **اُلٹی سیدھی نہ سمجھنا** (لازم) کسی طرح نہ ماننا۔ **الٹی سیدھی ہانکنا** (متعدی) اول جلول باتیں کرنا۔ **الٹی سیفی** (مونث) عمل جو اُلٹا پڑے۔ **الٹی سیفی پڑنا** (لازم) عمل کا اثر اُلٹا پڑنا۔ خود تباہ ہونا۔ **الٹی سیفی پڑھنا یا پھیرنا** (متعدی) بددعا دینا۔ کوسنا۔ **الٹی سیفی ہو جانا** (لازم) عمل کا اُلٹا پڑنا عمل کرنے والے کا تباہ اور برباد ہو جانا۔ **الٹی طرف** (مونث) پچھلا حصہ۔ پیچھے کا حصہ۔ **اُلٹے قدم پڑنا** (لازم) اُلٹے پاؤں پڑنا۔ **الٹی قسمت** (مونث) بُری قسمت۔ بدنصیبی۔ **اُلٹے کانٹے تولنا** (متعدی) کم تولنا۔ **الٹی کبیر کی**۔ مجذوبوں کی بڑ۔ **الٹی کرنا** (متعدی) قے کرنا۔ استفراغ ہونا۔ **الٹی کھوپری کا**۔ اُلٹی سمجھ والا۔ کم فہم۔ **اُلٹے گدھے پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ذلیل ہونا۔ بے عزت ہونا۔ **اُلٹی گنگا بہانا** (متعدی) **بہنا** (لازم) خلاف دستور کوئی بات ہونا۔ رسم و رواج کے خلاف کوئی بات ہونا۔ **الٹی لاگ** (حساب) نسبتِ معکوس۔ **اُلٹے لینے کے دینے پڑ گئے**۔ الٹی مصیبت پڑ گئی۔ **الٹی مار** (مونث) اُلٹے ہاتھ کی مار۔ جواب میں مار پڑنا۔ **الٹی مالا پھیرنا** (متعدی) کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے منتر پڑھنا۔ **الٹی ملنے نہ سیدھی**۔ دیکھو الٹی سمجھے نہ سیدھی۔ **الٹی مت** (مونث) اُلٹی سمجھ۔ **اُلٹے ملک کا** (صفت) احمق۔ بیوقوف۔ ہر بات عقل کے برخلاف کرنے والا۔ انوکھا۔ عجیب۔ **اُلٹے ہاتھ کا داؤں** (کھیل) ہے۔ نہایت سہل ہے۔ بہت آسان ہے۔ **الٹی ہوا** (مونث) بادِ مخالف۔ **الٹی ہوا چلنا** (لازم) زمانے کا برخلاف ہونا۔

امثال واقوال۔ الٹا چور کوتوال

کو ڈانٹے۔ ایک تو قصور کرنا دوسرے اکڑنا۔ بجائے پشیمان ہونے کے الٹی ڈانٹ بتانا۔ **الٹا زمانہ نواسی کو تکے نانا**۔ اس زمانے میں قریبی رشتہ دار عورتوں کو بُری نظر سے دیکھتے ہیں۔ **الٹی کھوپری اوندھا گیان** (م) بے عقل کم سمجھ۔ اوندھی کھوپری میں اندھی عقل۔ **الٹی گنگا پہاڑ کو چلی**۔ ناممکن بات کا ممکن ہونا۔ **الٹی واکی ریت ہے اُلٹی واکی چال۔ جو نر کھونڈی راہ میں اپنا کھووے مال**۔ جو اپنا مال و دولت فضولیات پر ضائع کرے وہ بڑا

بیوقوف ہے۔ **الٹی نگری تلپٹ راجہ**۔ سب کام خلاف دستور غیر منتظم۔ جیسی رعایا ویسا ہی حاکم۔ **الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوانے کام کیا**۔ جب موت آتی ہے تو سب تدبیریں بے فائدہ ثابت ہوتی ہیں۔ ۲ جب برا وقت ہوتا ہے تو کوئی تدبیر فائدہ نہیں دیتی۔ **اُلٹے بانس بریلی۔ اُلٹے بانس پہاڑ چڑھے**۔ خلاف معمول کام۔ ایسا کام جس میں نقصان ہو۔ اُلٹی باتیں۔ **اُلٹے چور کوتوال کو ڈانٹے** (کوتوالی ڈنڈے۔ پ) دیکھو اُلٹا چور وغیرہ۔

اَلٹی میٹم (انگ۔ مذکر) اعلان جنگ کسی بات کے زبردستی کرانے کے لئے آخری شرائط پیش کرنا کہ اگر منظور نہ کی گئیں تو جنگ شروع کر دی جائیگی

اُلجھ (ہ۔ امر) اُلجھنا کا (س اُد۔ اوپر + جٹ۔ اٹکنا) **الجھا** (امر) ۱ الجھانا کا ۲ (ماضی) الجھنا کا ۳ (صفت) پھنسا ہوا۔ لپٹا ہوا ۴ (مذکر) وہ گتھی یا پھندا جو دھاگوں یا ڈور میں پڑ جاتا ہے (پڑنا۔ چھڑانا۔ چھوٹنا۔ ڈالنا کے ساتھ) **الجھا دینا** (متعدی) دیکھو الجھانا۔ **الجھا رکھنا** (لازم) باتوں میں لگا رکھنا۔ روک رکھنا۔ دیر کرا رکھنا۔ **الجھانا سلجھانا** (لازم) اِدھر اُدھر کرنا (جھنڈا) ہلانا۔ پھڑ پھڑانا۔ **اُلجھانا** (متعدی) ۱ سلجھانا کی ضد ۲ پھنسانا۔ عشق و محبت میں مبتلا کرنا ۳ روکنا۔ اٹکا رکھنا۔ جانے نہ دینا ۴ مصروف رکھنا۔ متوجہ کرنا۔ لگا رکھنا ۵ جھگڑے میں ڈالنا۔ بکھیڑے میں ڈالنا ۶ گڈمڈ کر دینا۔ بے ترتیب کر دینا ۷ (کام وغیرہ) مشکل بنا دینا۔ لمبا کر دینا ۸ باندھنا۔ اٹکا دینا ۹ سی دینا۔ ٹانکا لگا دینا۔ پن کے ساتھ جوڑ دینا ۱۰ لاسہ ۔۔۔ جانور کو پھنسانا ۱۱ قید کرنا۔ زندان میں بھیج ۔۔۔ کرنا۔ بیاہ دینا ۱۲ (کپڑا) تھوڑی دیر کے لئے پہن لینا ۱۳ (روپیہ) لگانا۔ کسی آمدنی کے کام پر خرچ کرنا ۱۵ بہکانا۔ مغالطہ دینا۔ بھٹکانا ۱۶ فیصلہ نہ کرنا۔ تصفیہ نہ کرنا ۱۷ معاملہ التوا میں ڈالنا ۱۸ دیر لگانا ۱۹ (کنکوا) لپٹنا۔ لپٹانا ۲۰ (ڈور بال وغیرہ) گتھی ڈالنا۔ درہم برہم کرنا۔ کانٹوں میں پھنسانا ۲۱ بحث کرنا۔ مباحثہ کرانا ۲۲ لڑوانا۔ گتھوانا ۲۳ عذر کرتے رہنا۔ دیر لگانا ۲۴ ذکر کرا دینا۔ **الجھاؤ۔ الجھاوا** (مذکر) جھگڑا۔ بکھیڑا ۲ دقت مشکل ۳ پھندا۔ گتھی ۴ جھگڑا۔ رنجش ۵ تشویش۔ خلش۔ گھبراہٹ ۶ پیچیدگی۔ لپیٹ ۷ پھیر پھار۔ گھوم گھماؤ۔ بھول بھلیاں۔ **الجھا ہوا** (صفت) پھنسا ہوا۔ **الجھ پڑنا** (لازم) ۱ بحث کرنا۔ جھگڑا کرنا ۲ لڑ پڑنا۔ بھڑنا۔ جٹنا ۳ دخل دینا۔ دخل در معقولات ہونا۔ **الجھ پلجھ جانا یا الجھ جانا**۔ دیکھو الجھنا۔ **الجھ رہنا** (لازم) ۱ رک جانا۔ اٹکنا ۲ دیر لگانا۔ ڈھیل لگانا۔ **الجھ کر گرنا** (لازم) کپڑے یا رسی میں پھنس کر گر پڑنا۔ **اُلجھن** (مؤنث) دیکھو الجھاؤ۔ **الجھن بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) گھبراہٹ زیادہ ہونا۔ **الجھنا** (متعدی) ۱ سلجھنا کی ضد۔ گتھی پڑنا۔ پھنسنا۔ اٹکنا۔ صاف طور پر بیان نہ کر سکنا ۲ بیزار ہونا ۳ گھبرا جانا ۴ اکتا جانا ۵ مبتلا ہونا۔ عاشق ہونا۔ ناجائز تعلق ہونا ۶ لڑنا جھگڑنا۔ دست و گریبان ہونا ۷ اعتراض کرنا۔ ٹوکنا ۸ بے ترتیب ہو جانا۔ درہم برہم ہونا۔ الٹ پلٹ ہونا ۹ مشکلات میں پھنسنا۔ سٹ پٹا جانا ۱۰ (جال وغیرہ میں) پھنس جانا۔ اٹک جانا ۱۱ پکڑا جانا۔ قید ہو جانا۔ گرفتار ہونا ۱۲ شادی ہونا۔ منگنی ہونا ۱۳ فریفتہ ہو جانا۔ لبھایا جانا ۱۵ دیر ہو جانا۔ ٹھیر جانا۔ رک جانا ۱۶ (سبق میں) اٹکنا۔ رک رک کے پڑھنا ۱۷ روپیہ پھنس جانا ۱۸ کام میں لگنا۔ مشغول ہونا ۱۹ بحث کرنا۔ مباحثہ کرنا ۲۰ (حساب میں) غلطاں پیچاں ہونا ۲۱ (بات بات پر) بگڑنا۔ خواہ مخواہ چھیڑ نکالنا۔ **الجھیڑا** (مذکر) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ جنجال۔ **الجھیڑے میں پھنسنا** (لازم) کشمکش میں پڑنا۔ جنجال میں پھنسنا۔ بلا میں گرفتار ہونا۔ **الجھیڑیا** (مذکر) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ **اُلجھی ہوئی بات** (مؤنث) مشکل بات۔ دقیق بات۔ جو آسانی سے سمجھ میں نہ آسکے۔

امثال و اقوال۔ الجھا دل سلجھنا مشکل۔ عاشق کا باز آنا مشکل۔ **اُلجھ جائیگا تو سلجھ جائیگا**۔ شادی ہوئی تو خود بخود درست ہو جائیگا۔ **اُلجھنا آسان سلجھنا مشکل**۔ مصیبت میں انسان آسانی سے پھنس جاتا ہے مگر نکلنا مشکل ہوتا ہے۔

اُلچنا (ہ۔ متعدی) **اُلچھنا۔ اُلیچنا** (ہ) ۱ پانی پھینکنا۔ نکالنا یا ڈالنا ۲ کوئیں میں سے پانی نکالنا ۳ کسی چیز کو پانی سے خالی کرنا (س اُد۔ اوپر۔ سینچ۔ ڈوبنا)

الحاج (ع۔ مذکر) حاجی

اِلحاح (ع۔ مؤنث) ۱ زاری کرنا۔ منت کرنا۔ گڑگڑانا ۲ التجا۔ خوشامد۔ منت۔ زاری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (لج۔ نزدیک ہونا) **الحاح و زاری** (مؤنث) رونا۔ پیٹنا۔ منت۔ خوشامد۔

اَلحاد (ع۔ مذکر) جمع لحد کی۔ قبریں۔

اِلحاد (ع۔ مذکر) ۱ ملحد ہونا۔ دین سے پھرنا ۲ دہریا پن۔ کفر (لحد۔ سیدھے رستے سے پھرنا)

اِلحاظ (ع۔ مذکر) ترچھی نظر سے دیکھنا

اِلحاف (ع۔ مذکر) کسی کام پر مجبور کرنا۔

اِلحاق (ع۔ مذکر) شامل کرنا۔ شمول ملا دینا۔ ایک چیز کو دوسری سے ملا دینا۔ ایک ملک کو دوسرے کے ساتھ شامل کرنا (لحق۔ ملنا)

اِلحام (ع۔ مذکر) ۱ گوشت کھانے کو دینا ۲ زخم بھرنا ۳ موٹا ہونا ۴ بُننا۔

اَلحان (ع۔ مؤنث) لحن کی جمع۔ آواز۔ سر۔ اچھی آواز۔ گانے کی آواز۔

اِلحان (ع۔ مذکر) اچھی آواز سے گانا یا پڑھنا (لحن۔ گا کر پڑھنا) **الحانی** (مؤنث) آواز۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خوش الحانی۔

اَلخ (ع) اِلیٰ آخرہٖ کا مخفف۔ جب کسی عبارت کا تھوڑا حصہ لکھ کر باقی کو نہیں لکھتے تو الخ لکھ دیتے ہیں۔

اَلخالق (ت۔ مؤنث) روئی دار قبا جس کی آستینوں کا چاک اور پردہ کھلا ہوتا ہے۔

اَلد (ع۔ صفت) جھگڑالو آدمی۔

اَلڑ۔ اَلڑھ (ہ۔ صفت) ۱ بچپن بچپنا۔ طفلانہ ۲ ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ لاپروا ۳ غافل جاہل ۴ (مذکر) بچہ۔ طفل (س الم۔ ماہر + لل۔ کھیلنا) **اَلڑ بَلڑ** (مذکر) ۱ بچپنے کی باتیں۔ طفلانہ حرکتیں ۲ بچپن بیوقوفی۔ الڑ ہے۔ نوجوان عمر ہے۔ بے پروا ہے۔ بے فکر ہے۔

اُلَڑنا (ہ۔ لازم) ۱ اُگھڑنا۔ لڑھکنا۔ پیچھے کی طرف گر پڑنا ۲ پہلو پر لیٹنا۔

اَلز (ع۔ مذکر) چمٹنا۔

اَلز (ع۔ مذکر) ۱ لڑکھڑانا ۲ مضطرب ہونا۔

اِلزاق (ع۔ مذکر) جڑنا

اِلزام (ع۔ مذکر) ۱ قصور۔ دوش ۲ تہمت۔ بہتان (لزم۔ چمٹنا) **الزام آنا** (لازم) قصوروار ٹھیرنا۔ تہمت لگنا۔ **الزامات** (جمع) الزام کی۔ **الزام اٹھانا** (متعدی) اپنے سر پر بدنامی لینا۔ مورد ملامت بننا۔ **الزام پانا** (متعدی) قابل ملامت ٹھیرنا۔ بدنام

ہونا۔ **الزام تھوپنا** (متعدی) عو۔ **الزام دینا۔ الزام دھرنا** (متعدی) الزام رکھنا۔ **الزام دینا** (متعدی) ۱ اتہام لگانا۔ تہمت دھرنا ۲ قصوروار ٹھیرانا۔ خطاوار ٹھیرانا ۳ حرف رکھنا۔ اعتراض کرنا۔ **الزام رکھنا** (متعدی) قصوروار ٹھیرانا۔ حرف لانا۔ بدنام کرنا۔ **الزام عاید کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ قصور لگنا۔ تہمت لگنا۔ **الزام کا کام** (مذکر) **بات یا چیز** (مؤنث) وہ کام۔ بات یا چیز جس کی وجہ سے بدنامی آئے۔ **الزام کے روّے رکھنا** (متعدی) الزام پر الزام لگانا۔ **اِلزام لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ قصور عائد ہونا۔ مجرم ٹھیرنا ۲ بدنام ہونا۔ تہمت لگنا۔ **الزام لینا** (متعدی) الزام اٹھانا۔ **الزام ملنا** (لازم) الزام پانا

اَلَس (ہ۔ مذکر) ۱ محنت نہ کرنا۔ کام نہ کرنا ۲ بیکاری۔ بےشغلی ۳ سستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی آسکت ۴ (صفت) سست۔ کاہل وغیرہ۔ **السان** (صفت) ۱ بیکار۔ بےشغل۔ اونگھتا ہوا۔ لاپروا ۲ مردہ دل ۳ دنیا سے بیزار۔ **اَلسانا** (لازم) سست ہونا۔ کاہل ہونا۔ تھکا ہوا ہونا وغیرہ۔

اَلَست (ع) کیا میں نہیں ہوں۔ اشارہ ہے قرآنی آیت **اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ** کی طرف کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں۔ یہ آیت سورۃ الاعراف میں ہے۔ جس وقت خدا نے روحوں کو پیدا کیا تو یہ سوال کیا۔ روحوں نے جواب دیا بَلٰی یعنی ہاں۔

اَلسَٹ (مؤنث)، **اَلسَا۔ اَلسی** (ہ۔ مذکر) دیکھو السں۔

اِلسنا بِلسنا (ہ۔ متعدی) عیش و راحت کرنا۔ مزے اڑانا۔

اَلسِنَہ (ع۔ مؤنث) لسان کی جمع۔ زبانیں۔ بولیاں۔ **السنۂ شرقیہ** (مؤنث) مشرق کی زبانیں۔ عربی۔ فارسی۔ سنسکرت وغیرہ۔ **السنۂ غربیہ** (مؤنث) یورپ کی زبانیں۔ یونانی۔ لاطینی۔ انگریزی فرانسیسی وغیرہ۔ **السنۂ قدیم** (مؤنث) سنسکرت لاطینی۔ عبرانی۔ یونانی قدیم وغیرہ۔

اَلسی (ہ۔ مؤنث) ۱ پودا ۲ اس کا بیج۔ جس کا تیل نکلتا ہے (س اتسی)

اَلسیٹ۔ اَلسیٹھ (ہ۔ مؤنث) ۱ دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ چھل۔ پھندا ۲ جھگڑا۔ الجھاؤ۔ بکھیڑا ۳ ہوشیاری۔ سیانہ پن۔ چالاکی ۴ نادہندی ۵ بدمعاملگی۔ حساب کا فرق۔ غبن ۶ (ہ) تعلق ناجائز۔ آشنائی ۷ (حساب میں) کمی۔ خسارہ۔ گھاٹا کرنا۔ ہونا کے ساتھ۔ **السیٹی۔ السیٹیا** (مذکر) دغاباز۔ فریبی وغیرہ۔

اُلُش (ت۔ مذکر) کھانے پینے کی چیز جو امیروں یا بزرگوں سے بچی ہو۔ **الش کرکے دینا** (متعدی) کھانے کو تھوڑا سا جھوٹا کرکے دینا۔ **الش کرنا** (متعدی) کسی امیر کا کھانے کو ذرا سا کھاکر جھوٹا کر دینا۔ **الش کھانا** (متعدی) بزرگ یا امیر کا بچا ہوا کھانا کھانا۔

اِلشارہ ہ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی جسے ہلسا بھی کہتے ہیں۔

اِلصاق (ع۔ مذکر) ملانا۔ چسپاں کرنا (لصق۔ جڑنا گوند سے)

اَلطاف (ع۔ مذکر) لطف کی جمع۔ مہربانیاں۔ عنایتیں۔ شفقتیں۔ **الطاف خسروانہ** (مذکر) بادشاہوں کی مہربانیاں۔ **الطاف نامہ** (مذکر) خط۔ برابر والے کا خط۔

اَلطف (ع۔ صفت) ۱ نہایت مہربان ۲ بہترین۔

اَلعوّا (ع۔ مذکر) ۱ علم الافلاک میں چاند کی تیرھویں جگہ ۲ ایک صورت سیارگان۔

اِلغا (ع۔ مذکر) ۱ حساب میں نہ لینا ۲ مخالفت کرنا۔

اِلغار (ت۔ مذکر) ۱ ڈبل کوچ ۲ حملہ۔ یلغار ۳ گروہ۔ انبوہ ۴ ڈھیر۔ بوجھ ۵ بہتات۔ افراط **الغارون** (صفت) ۱ بہت۔ کثرت سے۔ بےحد۔ بافراط ۲ نہایت گہرا عمیق۔

اَلغوزا (ع۔ مذکر) ایک قسم کی بانسری جس کا سرا منہ میں لیکر بجایا جاتا ہے۔

اَلِف (ع۔ مذکر) ۱ ا کا تلفظ ۲ ابجد کا پہلا حرف۔ **الف آزاد کا** (مذکر) آزاد فرقے کے فقرا جو اپنے ماتھے پر اوپر سے نیچے ناک تک لکیر سیدھی کھینچتے ہیں۔ **الف اللہ** ۱ (مذکر) الف آزاد کا ۲ (صفت) اللہ کے الف کی طرح اکیلا۔ تنہا۔ مفلس محتاج۔ **الف۔ ب یا الف۔ ب۔ ت** (مؤنث) حروف تہجی۔ حروف تہجی کی تختی۔ وہ اوراق جن پر حروف تہجی لکھے ہوتے ہیں (پڑھنا۔ پڑھانا کے ساتھ) **الف ب ت پڑھانا** (متعدی) ناسمجھ اور بیوقوف کو کوئی بات سمجھانا۔ سکھلانا۔ بچوں کو شروع سے تعلیم دینا۔ **الف ب کی تختی** (مؤنث) الف سے یے تک تمام حروف ایک جگہ لکھے ہوئے۔ عموماً بچوں کو سکھانے کے لئے لکھ دیتے ہیں (لکھانا۔ لکھنا۔ لکھنی آنا کے ساتھ) **الف خالی** (مذکر) چونکہ الف پر نقطہ نہیں ہوتا اس لئے بچے اسے پڑھتے ہوئے الف خالی کہتے ہیں۔ **الف خالی سمجھنا** (لازم) کچھ نہ سمجھنا۔ بنظر حقارت دیکھنا۔ **الف سے بے کرنا** (متعدی) چون وچرا کرنا۔ بولنا۔ دخل دینا۔ **الف سے بے نہ سُننا** (متعدی) اپنی نسبت ذرا بھی بری بات نہ سننا۔ **الف سے بے نہ کہنا** (متعدی) کسی کو قصور پر ذرا بھی کچھ نہ کہنا۔ نالائم کلمہ زبان پر نہ لانا۔ **الف کھینچنا** (متعدی) آزاد ہوجانا۔ فقیر ہوجانا۔ الف آزاد کا ماتھے پر کھینچنا۔ **الف کے نام بے رکتّک یا کھٹکا نہیں جانتا** (متعدی) بالکل ان پڑھ ہے۔ جاہل ہے۔ **الف مقصورہ** (مذکر) وہ جس پر مد نہ ہو۔ جیسے اگر۔ اِن۔ اُن وغیرہ کا الف۔ **الف ممدودہ** (مذکر) وہ الف جو مد رکھتا ہو۔ جیسے آدم۔ آم وغیرہ کا الف۔ **الف ہونا** (لازم) ننگا ہونا برہنہ ہونا۔

اَلف (ع۔ صفت) ہزار۔ **الف لیلہ (وَلَیلَہٗ)** (مؤنث) ایک ہزار ایک رات عربی زبان کی ایک مشہور قصوں کی کتاب۔ جس میں ایک فرضی بادشاہ کی بیوی شہرزاد نے قصے سنا سنا کر اپنی جان بچائی۔ عام طور پر صرف الف لیلہ کہتے ہیں۔

اَلفا (اردو۔ مذکر) آزاد فقیروں کا بلا آستین کرتا۔ **الفی** (مؤنث) ۱ آزاد فقرا کی کفنی بغیر آستین کے ۲ جس چیز میں الف کی شکل کے سیدھے خطوط ہوں ۳ ایک قسم کی قاب جس میں سیدھے خطوط ہوتے ہیں ۴ وہ چھوٹے چھوٹے سیدھے خطوط جو کپڑے یا چینی کی قاب یا ہاتھ کی لکڑی پر ہوتے ہیں ۵ دیکھو الفی کنکوا۔ **الفی کنکوا** (مذکر) وہ کنکوا جس میں ڈھڈے سے پیٹے تک دوسرے رنگ کے کاغذ کی پٹی سی لگی ہوتی ہے۔

اُلفاش (ع۔ مذکر) منافق۔ ریاکار آدمی

اَلفاظ (ع۔ مذکر) لفظ کی جمع۔ کلمے۔ باتیں۔ سخن۔ **الفاظ بٹھانا** (متعدی)، **بیٹھنا** (لازم) لفظوں کا استعمال ہونا۔ **الفاظ غریبہ** (مذکر) نئے الفاظ جن سے کوئی واقف نہ ہو۔ **الفاظ نہ پانا** (لازم) انگریزی محاورے

کا ترجمہ ہے۔ بیان نہ کر سکنا۔

اَلفاف (ع۔ صفت) لفا کی جمع 1 موٹا۔ گنجان۔

الفان (ع۔ مذکر) بازو کے اندر کی دو رگیں۔

اُلفت (ع۔ مؤنث) محبت۔ چاہ۔ پیار۔ پریت۔ پریم۔ انس (اَلَف۔ عادی ہونا) **الفت جتانا** (متعدی) محبت ظاہر کرنا۔ **الفت کا بندہ** (صفت) پابند محبت۔ جو محبت کی وجہ سے خدمت کرے۔ **الفت کا بندہ ہوں**۔ جو شخص محبت کرتا ہے اس کا غلام ہوں۔ **الفت کرنا** (متعدی) محبت کرنا۔ **الفتی**۔ محبتی۔ **الفتی بندہ** (مؤنث) محبتی یا پرانا نوکر۔

اَلفتا (دہلی) **اِلفتہ** (ف۔ صفت) 1 مفت خور 2 لچا۔ شہدا۔ رند۔ اوباش 3 مفلس۔ قلاش 4 غیر۔ بیگانہ۔ اجنبی۔ ایرا غیرا۔ **الفتا ہے**۔ حیلہ باز ہے۔ مکار ہے۔

اَلفَن (اُردو۔ مؤنث) ایک قسم کی تکّل جس میں الفی کنکوے کی طرح پٹی لگی ہوئی ہوتی ہے۔

اَلف ہونا (ہ۔ مذکر) چراغپا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا۔ یہ اَلف غالباً اَلِف کا مخرب ہے۔

اَلق (ع۔ مذکر) 1 تنگ کرنا 2 جھوٹ بولنا۔

اِلق (ع۔ مذکر) چمکنا۔

اِلقا (ع۔ مذکر) وہ بات جو خدا دل میں ڈالے۔ کوئی بات جو یکایک سوجھے۔ الہام (لَقِیَ۔ ملنا)

اَلقاب (ع۔ مذکر) لقب کی جمع 1 (صرف) وہ وصفی نام جو کسی خاص صفت کی وجہ سے شہرت پا جائیں 2 خطابات 3 (مفرد) خط کا عنوان۔ **القاب و آداب** (مذکر) خط کے عنوان۔ پتے۔

اِلقاح (ع۔ مذکر) 1 ثمرور کرنا۔ باردار کرنا 2 حصّہ دینا۔

اَلقط (ع۔ مذکر) 1 کاٹ دینا۔ علیحدہ کر دینا۔ موقوف کر دینا۔ تسلیم نہ کرنا 2 بیت بازی میں جب کوئی لڑکا غلط شعر لکھتا ہے اور درمیان میں رُک جاتا ہے تو دوسرا فریق القط کہتا ہے۔ پھر وہ شعر نہیں تسلیم ہوتا (قطّ۔ کاٹنا) **القط کرنا** (متعدی) 1 چھوڑنا۔ ترک کرنا 2 نکال دینا۔ جواب دینا 3 الگ کرنا۔ تسلیم نہ کرنا۔

اَلِقلی (ع۔ مؤنث) سوڈا۔ پوٹاس۔ انگریزی الکلی سے لیا گیا ہے۔

اَلَک (س۔ مؤنث) 1 بالوں کا گچھا۔ لٹ 2 زلف۔ کاکل۔ **الکا** (مؤنث) 1 کوبیر کا دارالخلافہ اور گندھرووں کی جائے پیدائش 2 آٹھ سے دس برس کی لڑکی۔ **الک نندا** (مؤنث) دریائے گنگا کی ایک شاخ جو شوجی کے سر پر پہلے پڑی تھی 2 دیکھو الکا نمبر 1۔ **ارکا ولی** (مؤنث) سر کے ایک طرف کا کلوں کی قطار۔

اَلَک (ہ۔ صفت) اللہ کا کا مخفف۔

الک بورے (صفت) دیکھو اللہ کا باولا۔

اُلکا (س مذکر و مؤنث) 1 جلتی ہوئی لکڑی 2 شہاب ثاقب 3 چنگاری۔ شعلہ۔ آگ 4 ستاروں کی آٹھ دشاؤں میں سے ایک۔ **اُلکامکھ** (مذکر) 1 راکھشسوں کی ایک خاص قسم 2 اکشوا کی نسل سے ایک راجہ 3 ایک راکھشس۔

اِلکتر ا (انگ۔ مذکر) عنقود ثریا میں ایک ستارہ جو قدر چہارم کا ہے۔

اَلکَساٹ (ہ۔ مؤنث) الکسی۔ الکسانا (ہ) سستی کرنا۔ کاہلی کرنا۔ **الکس۔ الکسی** (مؤنث) سستی۔ کاہلی۔ **الکسی آنا یا سوار ہونا** (لازم) سستی معلوم ہونا۔ بدن کا بھاری ہونا۔ کام کرنے کو دل نہ چاہنا۔

اَلکشِت (س۔ صفت) نادیدہ۔ پنہاں۔ مخفی۔

اَلکشمی (س۔ صفت) 1 نہ امیر 2 بدقسمت۔ غریب۔

اَلکشَن (س۔ مذکر) 1 برا نشان۔ بری علامت 2 بدشگونی۔ بدفالی 3 بدقسمتی کا نشان 4 (ہ) بغیر نشان یا تمیز 5 بدشگون۔ **الکشنی** (صفت) 1 بدقسمت۔ بدنصیب 2 بدقسمت آدمی۔ بدنصیب آدمی۔

اَلکشَن (انگ۔ مؤنث)۔ انتخاب۔ چناؤ۔ چھانٹ۔ **الکشن کمشنر** (مذکر) وہ افسر جو کسی صوبے میں الکشن کا انتظام کرے۔

اَلکَن (ع۔ صفت) جو صاف نہ بول سکے۔ ہکلا۔

اَلکَلی (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا کھار۔

اَلکھ (ہ۔ صفت) 1 نادیدہ۔ پنہاں۔ مخفی۔ پوشیدہ 2 بغیر شکل و صورت 3 (مذکر) جوگیوں کا سلام۔ **الکھ پرش** (مذکر) خدائے نادیدہ۔ **الکھ جاگے**۔ جوگیوں کی مانگنے کی صدا۔ یعنی خدا ہر جگہ موجود ہے۔ **الکھ جگانا** (متعدی) خدا کو یاد کرنا۔ پرمیشر کے نام پر مانگنا۔ **الکھ دھاری یا نامی** (مذکر) سادھوؤں کا ایک فرقہ جو سوائے برہماجی کے کسی کو نہیں مانتے۔ **الکھ گتی** (صفت) پنہاں رہنے والا پرمیشر کا ایک نام۔

مثل۔ الکھ پرش کی مایا کہیں دھوپ کہیں سایا۔ خدا کی شان ہے۔ کہیں دھوپ ہے کہیں چھاؤں۔ خدا کی قدرت کو ظاہر کرنے کے لئے دو بالکل مخالف چیزیں لی گئی ہیں۔ کوئی امیر ہے کوئی غریب۔ کوئی دکھی ہے کوئی سُکھی وغیرہ۔

اَلگ (ہ۔ صفت) 1 علیحدہ۔ جدا۔ نیارا 2 فرق سے۔ فاصلے پر۔ کچھ دور 3 انوکھا۔ نرالا۔ عجیب 4 اکیلا۔ تنہا 5 علاوہ۔ ماسوا۔ سوا 6 چپکے سے آہستہ 7 مستثنیٰ۔ خارج 8 جھکا ہوا۔ اپنی جگہ سے ہٹا ہوا 9 ٹوٹا ہوا۔ شق 10 بے تعلق۔ جدا 11 علیحدہ (گھر یا کارخانہ) 12 کنارہ کش 13 اچھوتا۔ غیر مستعمل 14 کنارے محفوظ جگہ 15 اپنی جگہ 16 اور جداگانہ 17 ادھر ادھر 18 (حکم) دور ہو۔ پرے ہٹ (س اَ۔ نہیں + لگ چمٹنا) **الگ الگ** (نف) جدا جدا۔ ایک ایک۔ علیحدہ علیحدہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **الگ الگ پھرنا** (لازم) دور دور رہنا۔ **الگ الگ چلنا** (لازم) اکٹھے نہ چلنا ایک دوسرے سے فاصلے پر چلنا۔ **الگ الگ رہنا** (لازم) دور دور رہنا۔ کھنچے کھنچے رہنا۔ خفا رہنا۔ **الگ بٹھانا** (متعدی) علیحدہ بٹھلانا۔ **الگ پڑنا** (لازم) علیحدہ سو رہنا۔ **الگ تھلگ** (نف) 1 جدا۔ علیحدہ تنہا 2 صفائی سے چالاکی سے۔ بے لاگ۔ **الگ رہنا** (لازم) بے تعلق رہنا۔ علیحدہ رہنا۔ **الگ سونا** (لازم) میاں یا بیوی سے علیحدہ سونا۔ تنہا سونا۔ **الگ کر دینا یا الگ کرنا** (متعدی) 1 جدا کرنا۔ ہٹانا 2 جانے نہ دینا قطع نظر کرنا 3 موقوف کرنا۔ نکال دینا 4 توڑ ڈالنا۔ شکستہ کر دینا۔ تراشنا۔ کاٹنا 5 دفع کر دینا۔ مار دینا 6 پہچاننا۔ شناخت کر دینا 7 بیچ ڈالنا۔ فروخت کر دینا 8 چھوڑنا۔ استعفا دینا۔ ترک کرنا 9 ہٹانا۔ سرکانا۔ اٹھا لینا 10 چرا لینا۔ اڑا لینا 11 چھپا دینا۔ پوشیدہ کر دینا 12 غصب کرنا۔ مال مارنا 13 بند کر دینا۔ توڑنا 14 تمام کرنا ختم کرنا 15 جوڑ جوڑ جدا کرنا۔ ٹکڑے کرنا 16 برادری سے

خارج کرنا! چھٹنا۔ چھانٹنا ۹ آزاد کرنا۔ رہا کرنا ۹ کھولنا
بے زنجیر کرنا۔ **الگ ہو**۔ میرا تیرا کوئی تعلق نہیں۔
الگ ہو جانا یا ہونا (لازم) ! علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا
! علیحدہ کیا جانا۔ موقوف کیا جانا۔ نکالا جانا ؟ جدا کیا جانا
چُنا جانا ؟ چوری ہو جانا۔ اُڑا لیا جانا ۵ بے تعلق ہو جانا۔
دخل نہ دینا۔ دستبردار ہو جانا ٦ دست کش ہو جانا ۷
کھسک جانا۔ دبک جانا ۸ بھاگ جانا۔ چل دینا۔
فرار ہو جانا۔ **الگ ہی الگ** (نف) جُدا ہی جدا اُوپر
ہی اُوپر۔ اکیلے اکیلے۔

اَلگارہ (ہ۔ صفت) دیکھو الگ (مذکر)
کھڑاؤں۔

اُلگاٹ۔ الگٹ (ہ۔ مؤنث) کُود
چھلانگ۔

اَلگانا (ہ۔ متعدی) الگ کرنا۔ ایک
طرف رکھ دینا۔ اُٹھانا۔

اُلگانا (ہ۔ متعدی) کُدوانا۔ چھلانگ مروانا۔

اَلگائی (ہ۔ مؤنث) جُدائی۔ علیحدہ رکھنا
دخل نہ دینا۔ چپ رہنا۔

اَلگنا (ہ۔ لازم) الگ کیا جانا۔

اُلگنا (ہ۔ لازم) کودنا۔ الانگنا۔ چھلانگ
مارنا۔

اَلگنی (ہ۔ مؤنث) وہ ڈوری یا رسّی
جو کپڑے لٹکانے یا پردہ ڈالنے کے لئے باندھتے ہیں
(تاننا۔ تنی ہونا وغیرہ کے ساتھ) **الگنی پر ڈالنا** (متعدی)
سُکھانے یا ہوا دینے کے لئے لٹکانا۔ **الگنی پر ڈالنے کے
قابل (لائق) ہونا** (لازم) ! نہایت دُبلے ہو جانا۔
لاغر ہو جانا ! پرانے ہو جانا۔ بیکار ہو جانا ؟ بڈھے ہو جانا
ضعیف ہو جانا۔ **الگنی پر سکھا رکھو**۔ جب کوئی شخص
اپنے کسی بڑے رشتے دار کو یا اپنی پُرانی چیز کو بہت عزیز
سمجھتا ہے۔ تو اس وقت مذاقاً کہتے ہیں۔

اَلَل (د۔ صفت) دیکھو الھڑ۔ **اللبچھیرا**
(مذکر) ! وہ بچھیرا جس پر ابھی سواری نہ ہوئی ہو۔ شوخ
بچھیرا ! لاپروا آدمی۔ بے پروا شخص ؟ کھلاڑی۔ شوخ۔
چنچل ؟ کھیل کود کا شوقین۔ نوجوان۔ **اللٹپ۔ اللٹپو**
(صفت) ! بے محاورہ۔ اندھا دھند۔ اٹکل پچو۔ بے ٹھکانے
! لاپروا۔ بے خیال۔ غیر مستقل ؟ شوخ۔ چنچل ؟ فضول
بیجا۔ ناموزوں ۵ (مذکر) لاپروا آدمی۔ البیلا۔ **الل جھپ**
(صفت) ! متزلزل۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا۔
غیر مستقل ؟ ناقابل اعتبار۔ غافل۔ لاپروا۔

اَللّٰہ (ع۔ مذکر) وہ ذات جس میں
حسن و خوبی کی تمام اوصاف جمع ہیں۔ مسلمان اس
نام کو خدا کا ذاتی نام تصوّر کرتے ہیں۔ دوسروں کو صفاتی
سمجھتے ہیں۔ لیکن یورپ کے محقق اسے اَل ! الٰہ کا مرکب
سمجھتے ہیں۔ معنی معبود خاص بلکہ بعض تو یہاں تک
کہہ گئے۔ کہ یہ اَللّٰتہ ہے۔ ت کے نقطے جاتے رہے
اور اللہ رہ گیا ہے ! خدا۔ رام۔ ایشور۔ پرمیشر۔ اوم
؟ اس کا استعمال اُردو میں تعجب اور حیرت۔ مبالغہ۔ صفت۔
شکوے۔ شکایت۔ خوشی اور فخر یا اضطراب اور یاس
کی حالت میں بھی ہوتا ہے۔ **اللہ آمین**۔ پورا محاورہ
اللہ آمین پیر سلامی ہے۔ یعنی خدا سے دعا کی۔ پیروں
کی درگاہ میں سلام کیا۔ تب یہ دن نصیب ہوا۔ **اللہ
آمین سے پالنا** (لازم) نہایت ناز و نعمت سے
پالنا۔ دُعائیں مانگ مانگ کر پالنا۔ **اللہ آمین کا
(بچّہ ہے)** دُعائیں مانگ مانگ کر اور منتیں مان
مان کر لیا ہوا ہے۔ بہت نازوں سے پالا ہوا ہے۔
اللہ آمین کرنا (متعدی) ! غور و پرداخت کرنا ؟
خیر و خوبی یا عمر درازی کی دعا مانگنا۔ **اللہ آمین ہونا**
(لازم) غور و پرداخت ہونا۔ **اللہ اٹھا لے یا
اُٹھائے** ۔ مر جائے۔ موت آ جائے۔ اپنے آپ کو
یا کسی دوسرے کو کوستے ہیں۔ **اللہ اکبر**۔ اللہ
بہت بڑا ہے۔ مسلمان اسے تکبیر کہتے ہیں۔ یہ
مفصلہ ذیل موقعوں پر کہی جاتی ہے ! نماز میں نیّت
کرنے کے بعد اور رکوع اور سجود کے اول و آخر ؟ اذان
میں ؟ عیدین کی نماز کو گھر سے آتے اور جاتے ؟ قبرستان
سے گزرتے وقت ۵ جانور کو ذبح کرتے وقت ٦ جنگ میں
تلوار چلانے اور حملہ کرنے کے وقت ۷ بول چال میں۔
تعجب و حیرت۔ شکوے شکایت۔ کمال مبالغے فخر و
مباہات کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔ **اللہ اللہ** (ندا)
! واہ وا۔ تحسین و آفرین ؟ کمال مبالغے اور شکوے
شکایت کی جگہ استعمال ہوتا ہے ؟ (مؤنث) فقرا کا
سلام علیکم۔ غالباً رام رام کا ترجمہ ؟ (مؤنث) شناسائی
صاحب سلامت۔ جان پہچان۔ **اللہ اللہ خیر سلّا**۔
(خیر سلا اصل میں خیر و صلاح ہے) ! فراغت ہوئی۔
فرصت ملی۔ بخیر ختم ہوا ؟ اس سے آگے نہیں۔ اور کچھ
نہیں۔ **اللہ اللہ رے**۔ مبالغے کی جگہ۔ **اللہ اللہ
کر کے**۔ خدا خدا کر کے۔ بڑی دشواری سے۔ نہایت
مشکل سے۔ **اللہ اللہ کرنا** (متعدی) خدا خدا کرنا۔
وظیفہ پڑھنا۔ خدا کی یاد میں مشغول ہونا ! قناعت کر کے
بیٹھ رہنا۔ توکل کر کے بیٹھ رہنا ؟ نماز پڑھنا۔ **اللہ اللہ
کرو** ! جھوٹ نہ بولو۔ اتنا مبالغہ نہ کرو ؟ توبہ توبہ کرو۔
باز آؤ۔ اس خیال سے درگزرو ؟ اس میں کامیاب
نہ ہو گے۔ ایسا نہ ہوگا۔ **اللہ اللہ کی چیز** (مؤنث)
خدا کے نام کی چیز۔ وہ چیز جو بغیر نیاز ہوئے نہ کھائی
جائے۔ **اللہ اللہ کیا حوصلہ ہے**۔ بڑا حوصلہ ہے۔
اللہ بچائے۔ خدا محفوظ رکھے۔ **اللہ بخشے** ۔ خدا
محفوظ رکھے۔ جب کسی مرے ہوئے کا ذکر کرتے ہیں۔
تو اس کے نام کے ساتھ کہتے ہیں۔ **اللہ بسم اللہ کرنا**
(عو) مرادیں ماننا۔ اچھی طرح غور و پرداخت کرنا ! منتیں
ماننا۔ **اللہ بس ہے**۔ اللہ ہی کافی ہے۔ اللہ ہی پر
بھروسہ ہے۔ **اللہ بھائی کر کے سلا دینا یا سُلانا**
(متعدی) کوشش سے بچوں کو لوریاں دے کر سلانا۔
اللہ بھلا کرے ! فقیروں کی صدا ؟ بے بسی کے وقت
زیادتی کرنے والے کو کہا جاتا ہے ؟ نیکی اور سلوک پر دُعا
دی جاتی ہے۔ **اللہ بیلی**۔ عورتوں کا سلام۔ خدا حافظ
اللہ نگہبان۔ اللہ دوست۔ اللہ مددگار۔ **اللہ پر نگاہ رکھنا**
(متعدی) **رہنا** (لازم) خدا پر بھروسہ ہونا۔ ہراساں نہ ہونا
اللہ پیر ماننا (لازم) **منانا** (متعدی) منتیں ماننا۔ دُعائیں
مانگنا۔ نذر و نیاز دینا۔ **اللہ تعالےٰ**۔ اللہ جو بلند
ہے۔ **اللہ توکلی** (نف) خدا کے بھروسے پر۔ **اللہ توکلی
کارخانہ ہے** ! توکل پر بسر اوقات ہے۔ بہت غربت
ہے۔ فقر و فاقہ ہے ؟ کچھ انتظام نہیں ہے بے پروائی
ہے۔ **اللہ جانتا ہے** ! خدا واقف ہے خدا کو علم
ہے ؟ قسم کی جگہ۔ **اللہ جانے**۔ خدا کو علم ہے۔ واللہ اعلم۔
کسی بات کو نہ جاننے یا سمجھ نہ آنے یا مصلحتاً نہ بتانے
کے موقع پر کہتے ہیں۔ **اللہ جھوٹ نہ بلوائے**۔
جب کوئی ایسی بات کہنی ہوتی ہے۔ کہ جس کے متعلق
پتہ نہیں کہ درست ہے یا غلط۔ تو عورتیں یہ فقرہ کہتی ہیں
اللہ حافظ (ع) خدا اپنی حفاظت میں رکھے خدا نگہبانی
کرے۔ خدا بچائے۔ رخصت کے وقت کہا جاتا ہے۔
خدا حافظ۔ **اللہ خیر کرے**۔ خطرے یا اندیشے کے موقع
پر اور خصوصیت سے جب بری آنکھ پھڑکے تو کہا جاتا
ہے۔ **اللہ دے اور بندہ (بلائے) لے** !
کسی بات کی کثرت یا غصّے یا غصّے کو ظاہر کرنے کے
لئے کہا جاتا ہے ؟ اللہ دینے والا ہے۔ جو کچھ ہے شکریے

کے ساتھ لینا چاہئے۔ اللہ رکھا (مذکر) پنجاب میں مردوں کا ایک نام۔ اللہ رکھو۔ دیکھو اللہ رکھے۔ اللہ رکھی (مؤنث) مسلمانوں کے غریب خاندانوں میں عورتوں کا ایک نام۔ اللہ رکھے (عو) ! خدا زندہ رکھے۔ خدا قائم رکھے ! خدا سلامت رکھے ؟ نام خدا۔ چشم بدور ؟ عورتوں کا تکیہ کلام اور دعائیہ فقرہ۔ اللہ رکھے پروان چڑھائے۔ خدا کرے خوشی خوشی بیاہ ہو۔ اللہ رے (ندا) بل بے۔ اُف رے۔ واہ رے۔ مستورات شرارت اور بدتمیزی پر کہتی ہیں۔ اللہ رے تیرے دیدے کی صفائی (عو) اُف رے بیحیائی۔ واہ رے ڈھٹائی اللہ رے دماغ۔ کسی قدر مغرور ہے۔ اللہ رے میں۔ اپنی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ میرا کیا کہنا۔ واہ رے۔ اللہ سلامت رکھے (دعا) خدا زندہ رکھے۔ خدا برقرار رکھے۔ نائی میراثی وغیرہ سامنے آتے ہیں تو یہ کلمہ کہتے ہیں۔ اللہ سے ڈرو۔ خدا کا خوف کرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ ظلم نہ کرو۔ گناہ سے بچو۔ اللہ سے کام پڑا ہے۔ جان کے لالے پڑے ہیں۔ بڑی مصیبت میں گرفتار ہیں۔ اللہ سے لو لگی ہے ! خدا ہی کا آسرا ہے ؟ قریب مرگ ہے ! خدا کی طرف دھیان ہے۔ اللہ شاہد ہے (قسم) خدا گواہ ہے۔ اللہ غنی ! اللہ بے پروا ہے ؟ اظہارِ عظمت کے لئے۔ صدمے یا تکلیف کے وقت یا تعجب کے مقام پر کہا جاتا ہے۔ اللہ کا الف۔ دیکھو الف اللہ کا۔ اللہ کا باؤلا (صفت) ! پاگل۔ مست ؟ سادہ۔ بھولا بھالا۔ اللہ کا بندہ (مذکر) بندۂ ناچیز۔ خدا کی بندگی کرنے والا ؟ رحم دل۔ نیک آدمی کے متعلق بھی کہتے ہیں ؟ شخص۔ آدمی ؟ (طنزاً) بیوقوف۔ اللہ کا پیارا۔ خدا کا محبوب پیغمبر صلعم کے لئے خصوصاً استعمال ہوتا ہے۔ اللہ کا طاق بھرنا (متعدی) دیکھو طاق بھرنا۔ اللہ کا کلام (مذکر) کلام اللہ۔ قرآن مجید۔ فرقان حمید۔ اللہ کا گھر (مذکر) ! خانہ کعبہ۔ کعبہ شریف ! مسجد ؟ دل۔ اللہ کا گھر (بہت) بڑا ہے۔ نا امید نہ ہو خدا کے گھر میں کسی بات کی کمی نہیں۔ اللہ کا محبوب (مذکر) خدا کا پیارا۔ پیغمبر صلعم سے کنایہ ہے۔ اللہ کا نام۔ خدا کے نام کے سوا کچھ نہیں ہے۔ اللہ کا نام سچا۔ فقیروں کی صدا۔ ہندو اس کی جگہ رام نام ست ہے کہتے ہیں۔ اللہ کا نام لو۔ دیکھو

اللہ سے ڈرو۔ اللہ کا نام (محمد کا کلمہ) ہے۔ کچھ نہیں ہے مفلس ہے۔ اللہ کا نور (مذکر) ! خدا کی تجلی۔ خدا کا جلوہ ؟ داڑھی۔ ریش مبارک ؟ نہایت حسین شخص ؟ متبرک شخص ؟ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ اللہ کا نور حضرت آدمؑ میں جلوہ افروز ہوا۔ اور نسلاً بعد نسلاً گزرتا ہوا پیغمبر صلعم میں آکر چمکا ؟ (طنزاً) نہایت بدشکل۔ بدصورت آدمی۔ نہایت شریر۔ بدچلن۔ اللہ کا ہوّا دیکھو اللہ میاں کی بھینس۔ اللہ کرے۔ دعا و بددعا دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ اللہ کو پیارا ہوا۔ خدا نے اُٹھا لیا۔ مر گیا۔ اللہ کو دیکھنا۔ مایوسی میں خدا کی طرف دھیان کرنا بے بسی میں ضبط کرنا۔ صبر کرنا۔ خدا سے لو لگانا۔ اللہ کو مانو۔ دیکھو اللہ سے ڈرو۔ اللہ کو منہ دکھانا ہے۔ بدفعلیوں سے باز آؤ۔ حشر کے دن خدا کے سامنے کیا جواب دوگے۔ اللہ کو یاد کرو صبر کرو۔ اللہ کی امان (عو) ! خدا بچائے۔ خدا اپنی حفاظت میں رکھے ؟ میراثیوں کی زبان پر اکثر رہتا ہے۔ اللہ کی امان پیروں (پیر پیمبر) کا سایہ (عو) ! سفر کے وقت کہتی ہیں ؟ بھیک مانگنے والوں کی صدا۔ اللہ کی باتیں اللہ ہی جانے۔ خدا کے بھید کوئی نہیں پاسکتا۔ جب کوئی ناگوار بات ہو تو یہ کہا جاتا ہے۔ اللہ کی بھینس۔ دیکھو اللہ میاں کی بھینس۔ اللہ کی پناہ دیکھو اللہ کی امان۔ اللہ کی جان (مؤنث) ! روح۔ زندگی ؟ مخلوقات۔ جاندار۔ غریب۔ مسکین۔ اللہ کی دین ہے۔ جسے چاہے اللہ دے۔ اللہ کی راہ (نفی) ! للہ۔ خدا کے واسطے ؟ فقیروں کی صدا ہے۔ اللہ کی سنوار (عو) اچھے الفاظ میں غصہ نکالنا یا کوسنا۔ اللہ کی شان ! جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعوے کرتا ہے تو کہتے ہیں ؟ جب کوئی بات خلاف معمول ہو تو بھی کہا جاتا ہے ؟ جب کوئی اپنی حیثیت یا مرتبے کے برخلاف کوئی بات سنتا ہے تو کہا جاتا ہے۔ اللہ کے صدقے جاؤں۔ عو۔ خدا کی مہربانی کا ذکر کرتی ہوئی کہتی ہیں۔ اللہ کی قدرت کا تماشا دیکھنا (متعدی) کوئی عجیب و غریب بات دیکھنا۔ اللہ کے بڑے بڑے ہاتھ ہیں۔ خدا کے سب کچھ اختیار میں ہے۔ مایوس کو دلاسا دینے کے لئے کہا جاتا ہے۔ اللہ کے فقیر درویش کامل۔ اہل اللہ۔ اللہ کی قدرت کا تماشا نظر آتا ہے۔ اللہ کی قدرت نظر آتی ہے۔ اللہ کی قدرت ہے ! کسی عجیب و غریب بات پر یہ کہتے

ہیں ؟ کسی کے حسن اور کسی چیز کی کمال تعریف کی جگہ ؟ اللہ کی شان ہے۔ اللہ کی قسم۔ خدا کی قسم۔ واللہ۔ اللہ کی گائے (صفت) سیدھا سادھا یا بھولا بھالا آدمی۔ اللہ کے گھر سے پھرنا (لازم) مرتے مرتے بچنا نا امیدی کی حالت کے بعد اچھا ہو جانا۔ اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے۔ اللہ کے گھر میں کس چیز کی کمی ہے خدا کے اختیار میں سب کچھ ہے۔ اللہ کے نام پر۔ للہ۔ خدا کی راہ میں۔ فی سبیل اللہ۔ اللہ کے مست۔ پہنچے ہوئے۔ خدا رسیدہ۔ مجذوب۔ بے پروا آدمی۔ اللہ کی ہزار باتیں ہیں (عو) خدا جانے کیا ہو۔ کسی مخدوش موقعہ پر کہا جاتا ہے۔ اللہ لگتی۔ حق بات۔ انصاف کی بات۔ اللہ لوگ۔ اللہ کا پیارا ہے۔ مقبول ہے۔ کچھ غرض نہیں رکھنا۔ بھولا بھالا ہے۔ اللہ مارا (عو) نگوڑا۔ خدائی خوار۔ مصیبت زدہ۔ مفلس۔ کنگال۔ سست۔ کاہل۔ اللہ مالک ہے۔ خدا حافظ ہے۔ سب کچھ اس کے اختیار میں ہے۔ جب کسی چیز کی حفاظت امکان سے باہر ہو تو کہا جاتا ہے۔ اللہ محمد کا نام لو۔ خدا اور محمد کی اطاعت کرو۔ گناہوں سے توبہ کرو۔ اللہ میاں۔ تعظیماً عورتیں اور فقیر اللہ تعالے کو کہتے ہیں۔ اللہ میاں کا رحم (عو) پیڑے جو عورتیں رتجگے میں چاول پیس کر شکر ملا کے بناتی ہیں۔ اللہ میاں کا طاق بھرنا (متعدی) مسجد کے طاق میں یہ پیڑے رکھنا۔ منت پوری کرنا۔ اللہ میاں کی بھینس (مؤنث) ! ایک سیاہ کیڑا جو بہت سخت ہوتا ہے ؟ مجازاً موٹا۔ کالا بھدا آدمی۔ اللہ میاں کی گائے یا میں میں۔ دیکھو اللہ کی گائے۔ اللہ میاں نے اپنے ہاتھ سے بنایا ہے۔ خوبصورتی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ اللہ میں سب قدرت ہے خدا کے اختیار میں ہر بات ہے۔ اللہ نگہبان (عو) خدا حافظ۔ رخصت کے وقت کہتے ہیں۔ اللہ نگہبان رہے (دعا) خدا مصیبتوں سے بچائے۔ اللہ نہ دکھائے مصیبت۔ دکھ یا بری چیز سے نفرت یا خوف ظاہر کرنے پر کہا جاتا ہے۔ اللہ نے بچایا۔ خدا نے حفاظت کی یا جان بچائی۔ اللہ نے ان کو اُٹھا لیا۔ فوت ہو گئے۔ عورتیں متوفی خاوند کے متعلق کہتی ہیں۔ اللہ نے دستِ شفا دیا ہے۔ طبیب کی تعریف میں کہتے ہیں کہ جس کا علاج کرتے ہیں۔ اسے صحت حاصل ہوتی ہے اللہ نے یہ دن دکھایا (کیا) خدا نے ایسا اچھا موقع بنایا۔ شادی بیاہ کے موقع پر کہتے ہیں۔ اللہ نے یہ

دن دکھایا۔ خوشی کے موقع پر کہتے ہیں۔ **اللہ والا** (مذکر) ۱ فقیر۔ منگتا۔ دریوزہ گر۔ ۲ شہدوں کا لقب۔ اللہ والا ہے۔ اللہ کا پیارا مقبول ہے۔ **اللہ والے** ۱ جو دُنیا ترک کرکے خدا ہی کے ہو رہیں۔ ۲ سیدھے سادھے بیوقوف آدمی۔ **اللہ والے لوگ** (مذکر) باخدا لوگ۔ وہ لوگ جو دُنیا ترک کرکے خدا ہی کے ہو رہیں۔ **اللہ والی ہے**۔ دیکھو اللہ مالک ہے۔ **اللہ ہے**۔ **اللہ ہی ہے**۔ شاید۔ اللہ چاہے تو ایسا ہو۔ **اللہ ہی اللہ**۔ تعریف میں مبالغہ کے موقع پر۔ **اللہ ہی اللہ ہے** ۱ ہر جگہ ہر چیز میں خدا ہے۔ خدا کی ذات کے سوا سب ہیچ ہے۔ ۲ کچھ نہیں مفلس ہے۔ کنگال ہے۔ ۳ نہایت خوشی کے موقعہ پر۔ زہے نصیب۔ خوشا وقتے۔ اس خوشی کا کچھ پوچھنا نہیں۔ ۴ نہایت تعریف کے موقعہ پر۔ کیا ہی اعلےٰ ہے۔ کیا ہی خوبصورت ہے۔ فقیروں کا تکیہ کلام۔ صدا یا سلام۔ **اللہ ہی بس ہے**۔ اللہ ہی کافی ہے۔ امید کی حالت میں کہتے ہیں۔ **اللہ ہی بیڑا پار کرنے والا ہے**۔ خدا ہی کامیابی دیتا ہے۔

امثال و اقوال۔ **اللہ الکھ جو ل** ایک ہے بیچ میں پیارے دھوکا کہیں کبیر سنو بھائی سادھو چاول کھوکہ چوکھا (ھ) بات ایک ہے کسی نام سے پکارو۔ **اللہ اللہ کرو**۔ خیر مانگو مصیبت یا خطرے کے وقت یا جب کسی مصیبت کے آنے کا ڈر ہو یا کوئی بُری بات کہے تو کہتے ہیں۔ **اللہ بس باقی ہوس**۔ سوا خدا کے سب ہیچ ہے۔ **اللہ جمیلٌ و یُحِبُّ الجمال**۔ خدا خوبصورت ہے اور خوبصورتوں کو پسند کرتا ہے۔ خوبصورتی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **اللہ دو سینگ دیوے تو وہ بھی قبول ہیں** دیکھو اللہ کا دیا سر پر۔ **اللہ دے اللہ دلاوے بندہ دے مراد پاوے**۔ خیرات اور فیاضی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **اللہ دے بندہ سہے**۔ انسان پر جیسی بھلی بُری بنتی ہے سہتا ہے۔ **اللہ دے (اور) بندہ لے**۔ اگر کوئی کچھ چیز دے تو لینے سے انکار نہیں کرنا چاہئے۔ **اللہ رکھے تو کون چکھے** جسے اللہ بچائے اُسے کون مار سکتا ہے۔ **اللہ غنی (بھرا) تو کاہے کی کمی**۔ خدا پر نظر رکھو۔ وہ سب کچھ دے سکتا ہے۔ خدا پر بھروسہ کرنے والے کو کچھ کمی نہیں رہتی۔ **اللہ کا دیا سب کچھ**۔ خدا نے بہت کچھ دیا ہے کسی بات کی پروا نہیں رہتی۔ **اللہ کا دیا سب کچھ** خدا نے بہت کچھ دیا ہے کسی بات کی پروا نہیں۔ **اللہ کا دیا سر پر**۔ جب کسی بات میں قابو نہ رہے تو کہا جاتا ہے۔ جو کچھ اللہ بھیجے۔ برداشت کرنا ہی پڑیگا۔ **اللہ کا دیا نور کبھی نہ ہووے دُور**۔ بال سفید ہونے پر مذاق سے کہتے ہیں خصوصاً جب کسی کی کوشش انہیں سیاہ کرنے کی ہو۔ اور چند بال سفید رہ جائیں۔ **اللہ کا گھر بہت بڑا ہے**۔ اللہ کے پاس کسی چیز کی کمی نہیں۔ جو جسے چاہے دیدے **اللہ کرے بانکا پکڑا جائے**۔ **لال خاں کے لکڑے سے جکڑا جائے**۔ بدُعا۔ خدا کرے اسے سخت سزا ہو۔ اسے کاٹھ مارا جائے۔ **اللہ کرے سو ہو**۔ جو خدا کی مرضی ہے کرے۔ **اللہ ملائی جوڑی ایک اندھا ایک کوڑھی**۔ جوڑی ایک جیسی ہے۔ دونوں میں کوئی نہ کوئی نقص ضرور ہے۔ **اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں**۔ **اللہ لاٹھی لے کر تھوڑا ہی مارتا ہے**۔ ظالم پر مصیبت یکلخت آتی ہے۔ اسے پتہ بھی نہیں لگتا۔ **اللہ کی چوری نہیں تو پھر بندے کی کیا چوری**۔ جب خدا سے شرم وحیا نہیں تو پھر بندوں سے کیوں شرم کیجئے۔ **اللہ کے گھر میں کیا کمی ہے**۔ خدا کے خزانۂ قدرت میں سب کچھ موجود ہے۔ **اللہ یار ہے تو بیڑا پار ہے**۔ خدا مددگار ہے تو سب مشکلیں آسان ہونگی یا کام ہو جائیگا۔

اُلُوہِیَّت (ع۔ مؤنث) الوہیت کا اعتقاد۔ خدا پرستی۔

اَللّے تَلَلّے (ہ۔ مذکر) ۱ عیش و عشرت رنگ رلیاں۔ عیش و طرب۔ راگ و رنگ۔ دعوتیں۔ خوشیاں۔ آنند۔ ۲ شان و شوکت۔ نمود ۳ فضولخرچی اسراف۔ بیجا خرچ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (س ال۔ سجانا)

اَلَم (ہ۔ مذکر) ۱ سہارا ۲ وہ لکڑیاں جو بیل کو چڑھانے کے لئے لگائی جائیں۔ ۳ (س۔ صفت) قابل۔ لائق ۴ (تف) بہتات سے۔ بافراط۔ کافی۔

اَلَم (ع۔ استفہام) کیا نہیں۔

اَلَم (ع۔ مذکر) رنج و غم ملال۔ کلفت۔ سوگ۔ غم۔ **الم اٹھانا** (متعدی) غم کھانا۔ رنج اُٹھانا۔ **الم انگیز** (صفت) رنج پیدا کرنے والا۔ **الم پہنچنا** (لازم) رنج پہنچنا۔ **الم تاثیر** (صفت) رنج دینے والی **المناک** (صفت) رنج پیدا کرنے والا۔ **المیہ** ۔ وُہ داستان یا ناٹک جو دردناک یا پرسوز ہو۔ ٹریجڈی۔

اَلمارا (انگ) مذکر) الماری

الماری (پر۔ مؤنث) لکڑی کا ایک کھڑا صندوق جس میں تختے لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ جس پر کتابیں یا اشیا رکھی جاتی ہیں یا کھونٹے کپڑے لٹکانے کے لئے لگائے جاتے ہیں (اصل الماریو)

اَلماس (ف۔ مذکر) ہیرا۔ ایک بیش قیمت پتھر جو سفید اور نہایت سخت ہوتا ہے۔ شیشے کو کاٹ دیتا ہے۔ کانوں۔ پہاڑوں اور دریاؤں میں پایا جاتا ہے۔ اگرچہ پتھر کہلاتا ہے۔ اصل میں خالص کاربن ہوتا ہے۔ جس کو زمین کی سخت گرمی چمکیلا پتھر بنا دیتی ہے۔ یہ اصلی حالت میں چمکیلا نہیں ہوتا۔ کاٹنے اور جلا دینے سے چمکدار ہو جاتا ہے۔ **الماس تراش** (مذکر) ۱ ہیرے کو کاٹنے اور جلا دینے والا ۲ شیشے کو کاٹنے کا آلہ جس کے ایک سرے پر ہیرے کی کنی لگی ہوتی ہے ۳ ہیرے کی کنی۔ **الماس خانی**۔ ایک قسم کے کڑے یا دیگر زیور جن کو ہیرے کی طرح کاٹ کر جلا دیتے ہیں **الماس کی تختی** (مؤنث) ہیرے کا مستطیل چپٹا نگینہ لوح الماس۔ **الماس نگار** (صفت) ہیروں سے سجایا جڑا ہوا۔ **الماسی** (صفت) الماس کی طرح کٹا ہوا **الماسی رنگ** (مذکر) ایک سفید چمکدار رنگ۔

اَلماغونچی (اُردو۔ مذکر) ۱ وہ شخص جس کا نسب نامہ معلوم نہ ہو ۲ خراب اور ناکارہ چیزیں۔ اَلم غلم ۳ ناحق دھاندلی سے کوئی چیز دبا بیٹھنا۔

اِلمام (ع۔ مذکر) ۱ اُترنا ۲ معمولی گناہ کرنا ۳ بالغ ہونا۔

اَلمانی۔ المانوی (ع۔ صفت) جرمنی کا۔ جرمنی سے منسوب۔

اُلمبا (ہ۔ مذکر) وہ سختی جو دنبل یا زخم کے اردگرد ہوتی ہے۔ گلٹی۔ سوجی ہوئی گلٹی۔

اَلَست (ف۔ صفت) دعوا ۱ بدمست نفسانی خواہشوں سے بھرا ہوا ۲ دیوانہ۔ بیہوش۔ سرشار۔

اَلَم غَلَم (ف۔ ہ۔ مذکر) ۱ بے معنی اور فضول باتیں۔ بے معنی باتیں جو سمجھ میں نہ آئیں (بکنا کے ساتھ) ۲ بہانہ۔ عذر ۳ غبن۔ تصرف بیجا تغلب ۴ فضول اور خراب چیزیں ۵ (تف) اُنکل پچو اللّٹپ بے معنی۔ مہمل۔ **الم غلم کرنا** (متعدی) ۱ اُڑا لینا۔ چرا لینا ۲ خیانت پر چرایا چھپا لینا۔ بکواس کرنا۔ الم غلم

کھانا (متعدی) ۱ واہیات چیزیں کھانا ۲ غبن کرنا۔
اُلمُک (س۔ مذکر) المکھ (ھ) ۔
جلتی ہوئی لکڑی۔ کوئلہ۔
اِلمِل ٹِلمِل (اُردو۔ مذکر) ضروری کام
کا ترک کرنا (عو)
اَلَم نَشرَح (ع۔ مؤنث) ۱ قرآن شریف
کی سورت ۹۴ کا نام ۲ اس سورت کی پہلی آیت کے
پہلے دو حرف۔ پوری آیت اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ
ہے۔ جس کے معنی ہیں کیا ہم نے کشادہ نہیں کیا تیرے
واسطے تیرا سینہ ۳ (صفت) مجازاً مشہور۔ ظاہر۔ صریح
معروف۔ **الم نشرح بات ہے**۔ ظاہر بات ہے۔
مشہور بات ہے۔ سب کو معلوم ہے۔ **الم نشرح**
کرنا (متعدی) ۱ مشہور کر دینا۔ ظاہر کر دینا ۲ بدنام کر دینا
الم نشرح ہونا (لازم) ظاہر ہونا۔ مشہور ہونا۔
اَلِن (س۔ مذکر) بھونرا۔ اَلی۔
اُلَن (ھ۔ مؤنث) ۱ اُلّو کی مادہ ۲
بیوقوف عورت۔
اَلنامَہ (اُردو۔ مذکر) مُلّا دوپیازہ نے
ایک فہرست الفاظ تیار کی تھی جس میں مذاقیہ انداز سے عربی
فارسی اور ہندی الفاظ کے آگے ال لگا کر خاص نصیحت آمیز
معنی مقرر کئے تھے۔ جن میں سے چند الفاظ زبان زد ہو گئے
ہیں۔ مثلاً **الخاموشی** نیم رضا۔ **القربہ** خواہ مخواہ مرد آدمی
القرض۔ مقراض محبت۔ **المال** مہنت۔ دل بے رحم۔
المکتوب۔ نصف ملاقات وغیرہ۔ بعض بہت پر مذاق
ہیں۔ مثلاً **الوکیل**۔ مجتہد دروغ گو۔ **الکوتوال**۔ نمونہ
ملک الموت۔ **الطبیب**۔ پیک اجل۔ **البیمار** تختۂ مشق
طبیباں۔ **المرتد**۔ برادر درخانہ خواہر۔ **الشاعر** گدائے متکبر
المّلا۔ دائم گرسنہ۔ **الحاجی**۔ ایمان فروش۔ **المکتب**۔
گورگاہ کودکاں۔ **الجمعرات**۔ پھاوڑہ طعام۔ **الآچار**۔
چابک طعام۔ **القاضی الحاجات**۔ روپیہ۔ **الدیوانہ**۔
بکار خود ہوشیار۔ **العزرائیل**۔ پیادہ قاضی۔ **النوکری**
اختیار خود فروختن۔ **الزبان خلق**۔ نقارۂ خدا وغیرہ۔ **المال**
مفت۔ **الدیوانہ**۔ **الزبان خلق** سے ال گر کر زبان زد ہیں۔
اَلَنڈنا (ھ۔ متعدی) دیکھو الینڈنا۔
اَلَنکار (س۔ مذکر) ۱ سجاوٹ۔ آرائش۔
آراستگی۔ زیب و زینت۔ زیبائش۔ بناؤ ۲ زیور۔ جواہر
گہنا ۳ مقفی عبارت۔ مزین تحریر ۴ صنعت۔ صنائع۔ بدائع
اَلَنکرِت (س۔ صفت) سجا ہوا۔
آراستہ پیراستہ۔ سنگارا ہوا۔
اَلَنگ (ھ۔ مؤنث) ۱ لکیر۔ قطار ۲
کنارہ۔ حد ۳ مکانوں یا دوکانوں کی قطار ۴ لمبی عبارت
۵ طرف۔ سمت۔ پہلو۔ جانب ۶ آخیر (اردو میں اب
فصحا اس لفظ کو نہیں بولتے)
اُلَنگ (ھ۔ صفت) ننگا۔ مادر زاد۔
برہنہ۔
اُلَنگنا (ھ۔ متعدی) کودنا۔ چھلانگ
لگانا۔ پھلانگنا۔ حد سے گزر جانا۔ دیکھو الانگنا۔
اُلَنگنی (ھ۔ مؤنث) دیکھو الگنی۔
اُلَنگھ (س۔ دھا) ۱ اُوپر سے گزرنا یا کود
جانا۔ پھلانگنا ۲ گزرنا ۳ بچنا۔ حد سے بڑھنا۔ **اُلَنگھک**
(س۔ صفت) ۱ حد سے بڑھا ہوا۔ متجاوز ۲ خلاف ورزی
کرنے والا۔ **النگھن** (مذکر) حد سے بڑھنا۔ تجاوز۔
خلاف ورزی۔ حکم عدولی۔
اُلَنگھنا (ھ۔ متعدی) دیکھو النگنا۔
اِلّو (ہ) اے لو کا مخفف۔
اُلّو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پرند جو ویرانوں میں
رہتا ہے۔ اور سخت منحوس سمجھا جاتا ہے۔ بوم ۲ بیوقوف
آدمی۔ احمق شخص ۳ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۴
(صفت) بیوقوف۔ احمق۔ بے عقل۔ **اُلّو بنانا** (متعدی)
بننا (لازم) ۱ بیوقوف بننا ۲ خوب لٹنا۔ **اُلّو بولتا ہے**
اُلّو بول گیا۔ ویران ہو گیا۔ اُجاڑ ہو گیا۔ **اُلّوپن** (مذکر)
(مذکر) بیوقوفی۔ حماقت۔ احمق پن۔ **اُلّو پھنسنا** (لازم)
کسی بیوقوف کا قابو میں آنا۔ فریب کھا جانا۔ **اُلّو کا پٹھا**
(صفت) نہایت بیوقوف۔ احمق۔ گالی کے طور پر استعمال
ہوتا ہے۔ **اُلّو کا گوشت کھایا ہے**۔ بیوقوف ہو گئے
ہو۔ عقل ماری گئی ہے۔ **الو کا گوشت کھلانا** (متعدی)
احمق بنانا۔ قابو میں کرنا۔ دیرینہ خیال ہے کہ جسے قابو
میں کرنا ہو اسے اُلّو کا گوشت کھلایا جاتا ہے) **اُلّو کی**
خاصیت رکھنا (لازم) منحوس ہونا۔ **الو کی دم فاختہ**
(صفت) نہایت بیوقوف۔ **اُلّو کے سے دیدے**
گول بے رونق آنکھ۔ **اُلّو کی مادہ** (مذاقاً) بہت بیوقوف
احمق۔ **اُلّو کے منہ نام پڑا**۔ عام مشہور ہے کہ اگر
اُلّو کسی شخص کا نام سن لے تو اُسے رٹتا رہتا ہے یہاں تک
کہ وہ مر جائے۔ اس لئے جہاں کوئی کسی بات کی رٹ
لگائے تو یہ کہتے ہیں۔ **اُلّو کی ہوک** (مؤنث) اُلّو کی آواز۔
اُلّو ماخرا (صفت) بے عقل۔ بیوقوف۔ **اُلّو ماں کا**
خبطی بچہ (صفت) بیوقوف ماں کا بیوقوف بچہ۔ **اُلّو**
واہی سمجھنا (لازم) بیوقوف جاننا۔ **اُلّو ہو جانا** (لازم)
نشے میں چور ہو جانا۔ مدہوش ہو جانا۔ غنُو ہو جانا۔ غبی
ہو جانا۔ **اُلّو ہے**۔ بیوقوف ہے۔
اُلُو (ع۔ مذکر) اولو کا مخفف۔ صاحب۔
حامل۔ دوسرے الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
الوالامر۔ **الوالعزم** (صفت) ۱ صاحب حوصلہ۔ بڑے
حوصلے والا ۲ بہادر۔ دلیر ۳ عالی حوصلہ۔ مستقل مزاج۔
الوالعزمی (مؤنث) ۱ بہادری ۲ عالی حوصلگی۔ مستقل مزاجی
اَلوارف۔ مذکر) ایلوا۔ رستم کا وہ ملازم
جو اس کے ہتھیار اپنے پاس رکھتا تھا۔
اُلوا یا اَلوا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس۔
اَلواتی (ھ۔ مؤنث) زچہ۔
اَلواث (ع۔ مذکر) لوث کی جمع۔ غلاظتیں
نجاستیں۔
الواح (ع۔ مذکر) لوح کی جمع۔ تختیاں۔
اَلواز (ع۔ مذکر) لوز کی جمع۔ بادام۔
اَلواط (ع۔ مذکر) لوط کی جمع۔ مسخرے۔
اَلوان (ع۔ مذکر) لون کی جمع ۱ رنگ۔
قسمیں ۲ پشمینہ۔ پشمینے کی چادر ۳ ایک سُرخ رنگ کا
سوتی کپڑا ۴ سُرخ رنگ کا دھاگا۔ **الوانِ منشوری**
(مذکر) وہ مختلف رنگ جن میں کرن محدب شیشے میں سے
گزر کر تقسیم ہو جاتی ہے۔ سورج کی کرن سات مفصلہ ذیل
رنگوں میں تقسیم ہوتی ہے۔ اودا۔ نیلا۔ آسمانی۔ سبز۔
زرد۔ نارنجی۔ سُرخ۔ **الوانِ نعمت** (مذکر) ۱ مختلف
قسم کی نعمتیں ۲ قسم قسم کے کھانے ۳ ہر قسم کی اچھی اچھی
چیزیں۔
اَلوایا (ھ۔ صفت) ۱ نرم۔ گدگدا۔
ملائم۔ نازک ۲ آہستہ سے۔ ہلکے طور پر۔ **الوایا اٹھا دینا**
یا اٹھانا (متعدی) آہستہ سے اٹھانا۔
اَلوبھ (س۔ مذکر) ۱ طمع یا لالچ کا نہ ہونا
۲ قناعت۔ اطمینان۔ خاطر جمع۔ سنتوکھ۔
اَلوپ (ھ) **اَلُوپ** (ہ۔ صفت) ۔
پوشیدہ۔ نہاں۔ مخفی۔ غائب۔ خفیہ۔ **الوپ انجن** (مذکر)
وہ سرمہ جس کے لگانے سے انسان لوگوں کی نظروں سے
غائب ہو جاتا ہے۔ **الوپ مایا** (مؤنث) راز قدرت۔
قدرت کی مخفی طاقت۔ **الوپنا** (لازم) ۱ چھپنا۔ پوشیدہ
ہونا ۲ چھپا رہنا۔ چھپایا جانا۔ **الوپ ہو جانا یا ہونا**
(لازم) ۱ غائب ہو جانا وغیرہ ۲ معدوم ہو جانا۔ ناپید ہو

جانا۳ روپوش ہوجانا۔ دبک جانا۔ بھاگ جانا۔

اَلُوپ (س۔صفت) ۱ نہ چھپا ہُوا یا پوشیدہ ۲ ظاہر۔عیاں۔

اُلُوپ (س۔ مذکر) ایک قسم کا پودا یا گھاس۔

اَلُوتَ (س۔مذکر)۔ اژدہا۔

اُلُوف (ع۔ مذکر) الف کی جمع۔ کئی ہزار۔

الونا (ہ۔ مذکر) پردہ۔ اوٹ۔

اَلونی (ہ۔مؤنث) اولتی۔ اورتی چھت کا وہ حصّہ جہاں دو ڈھلوان ٹکراتے ہیں۔

اُلوک (ع۔ مذکر) ۱ پیغام بھیجنا ۲ پیغام۔

الوکک (س۔صفت) ۱ جو اس دُنیا کا نہ ہو۔ فوق العادت۔ آسمانی۔ خارج از طاقت بشری ۲ اگلا جہان جس کا پتہ نہ ہو ۳ کمیاب۔ شاذ و نادر۔ خلاف دستور ۴ عجیب۔ نادر ۵ بدنام۔

اَلوکن (ہ۔ مذکر) غائب ہو جانا۔ پوشیدہ ہو جانا۔

الوکھل (س۔ مذکر) ۱ اُکھلی ۲ گوگل۔

اَلول (ہ۔ مذکر) اچھل کود۔ خصوصاً گھوڑے کی کھیل کود۔ کلول۔ کود پھاند۔ **الول کلول** (مذکر) کھیل کود۔

اَلول (س۔صفت) ۱ نہ ہلنے والا ۲ مضبوط۔ مستحکم۔

اِلوَل (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی

الومینیم (انگ۔ مذکر) ایک سفید ہلکی دھات جو پھٹکری کا مرکب ہے۔

اَلونا (ہ۔صفت) بے نمک۔ بے مزہ۔ پھیکا۔

اُلوہیت (ع۔ مؤنث) خدائی۔ ربوبیت۔ ایشورتا۔

اَلوِیہ (ع۔ مذکر) لوا کی جمع۔ جھنڈے

اِلٰہ (ع۔ مذکر) معبود۔ **اِلٰہا** (حرف ندا) یا الٰہی۔ یا خدا۔ **الٰہ العالمین** (مذکر) جہانوں کا معبود۔

اُلہ (س۔ مذکر) ایک رشی۔

اِلہا (ع۔ مذکر) ۱ بدلنا۔ پھیرنا ۲ بھڑنا ۳ چکی میں اناج ڈالنا۔

اِلہاب (ع۔ مذکر) بھڑکنا۔

اِلہام (ع۔ مذکر) وہ بات جو خدا کی طرف سے دل میں ڈالی جائے۔ اِلقا۔ (ہم۔ نگلنا)

اَلہانا (ہ۔ لازم) خوش ہونا۔ خوش رہنا

اَلّھڑ (ہ۔ مذکر) کمسن۔ نادان۔ بھولا بھالا دیکھو اَلَڑ۔ **الھڑپن یا پنا** (مذکر) کمسنی۔ نادانی۔ بھولا پن۔

اُلہنا (ہ۔ مذکر) دیکھو الاہنا۔ الزام۔ تہمت۔ بہتان۔

اُلہنا (ہ۔ لازم) اُگنا۔ پھوٹنا۔

اِلٰہی (ع۔ مذکر) ۱ میرے اللہ۔ میرے خدا ۲ (صفت) خدا کا۔ خدا کی طرف سے ۳ اس کا استعمال دُعا یا بددُعا کے لئے یا تعجب یا حیرت کی جگہ بھی ہوتا ہے۔ **الٰہی آمین**۔ یا اللہ ایسا ہی ہو۔ **اِلٰہیات** (مؤنث) الٰہیت کی جمع۔ وہ علم جس میں وجود۔ ذات صفات جی باری تعالےٰ پر بحث ہو یا ان امور پر جو اپنے وجود خارج میں مادے کے ماتحت نہیں۔ **الٰہی بخش** (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام۔ **الٰہی پناہ**۔ جب کسی ضرر کا خطرہ ہو تو اس جگہ دعا کے طور پر کہتے ہیں۔ **الٰہیت** (مؤنث) خدائی۔ ربوبیت۔ **الٰہی توبہ** ۱ خدا کے ڈر سے کسی فعل کے آئندہ نہ کرنے کا وعدہ کر کے پناہ مانگنا۔ اللہ معاف کرے آئندہ ایسا نہ ہوگا ۲ اس کا استعمال توبہ کے موقعہ پر کسی کے جھوٹ بولنے پر۔ خوف کی جگہ۔ زچ ہو جانے یا تنگ پڑنے کی جگہ ہوتا ہے۔ **الٰہی تیری امان** مصیبت یا بُرا کام دیکھنے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ **الٰہی خرچ** (مذکر) بے اندازہ خرچ۔ جہاں خرچ بہت ہو۔ آمدنی کچھ نہ ہو۔ **الٰہی خیر**۔ **الٰہی خیر کرنا**۔ **الٰہی خیر ہو**۔ دیکھو الٰہی پناہ۔ **الٰہی سنہ** (مذکر) وہ سنہ جو اکبر نے مقرر کیا تھا۔ **الٰہی کارخانے** (مذکر) خدا کی قدرت اور اس کے کام۔ **الٰہی کارخانے ہیں**۔ خدا کی قدرت میں کسی کو دخل نہیں۔ **الٰہی گز** (مذکر) شاہی زمانے کا گز جو ۴۱ انچ کا تھا۔ **الٰہی مذہب** (مذکر) اکبر نے ایک مذہب نکالا تھا۔ اس کا نام۔ **الٰہی مہر** (مؤنث) ۱ مہر شاہی ۲ ضروری یا لازمی قرضہ۔ جو قرضہ ادا کرنا پڑے۔ **مقولے**۔ الٰہی بخت تو بیدار بادا۔ ترا دولت ہمیشہ یار بادا۔ گل اقبال تو دائم شگفتہ۔ بچشم دشمنانت خار بادا۔ دُعا ہے۔ تیرا اقبال ہمیشہ ... اور دشمنوں کی نظر میں خار ہو۔ الٰہی مرا بیامرز دیگراں را تو دانی۔ خود مطلبوں کا قول ہے۔ اپنے بھلے سے غرض۔ دوسروں سے کچھ کام نہیں۔

اِلہیا (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک راگنی ۲ (صفت) آلھا گانے والا۔

اَلی (ہ۔ مؤنث) ۱ بدقسمتی۔ سخت خطرہ۔ جان کا خطرہ ۲ (س۔ مذکر) بھونرا ۳ مستی۔ چیز ۴ (مؤنث) سہیلی۔ گوئیاں۔

اِلیٰ (ع۔ نف) تک۔ تاک۔

اِلیجاج (ع۔ مذکر) دُودھ کا جمنا۔

اَلیف (ع۔ مذکر) واقف۔ دوست۔ ساتھی

اَلیق (ع۔صفت) بہت یا نہایت موزوں یا مناسب۔

اَلیل (ع۔ مذکر) ۱ غم یا تکلیف سے کراہنا ۲ بہتے پانی کی آواز۔

اِلَیہ (ع۔ نف) اس تک۔ اُردو میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مشارٌ الیہ۔ مضاف الیہ۔ **الیہم** (نف) الیہ کی جمع۔ ان تک۔

اَلیابلیا (ہ۔ مؤنث) ۱ بدقسمتی۔ دیکھو الاتے بلاتے ۲ بھینٹ۔ نذر ۳ کوئی چھوٹی سی جلتی ہوئی چیز۔ جس سے ہندو دیوالی کے موقعہ پر ایک دوسرے سے چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں۔

اَلیاف (ع۔ مذکر) جمع لیف۔ جسم کے ریشے۔

اَلیچنا (ہ۔ متعدی) پانی پھینکنا۔ کسی جگہ سے پانی نکال دینا۔

اَلیَر (ہ۔ مذکر) ایک پودا جس کو باڑ کے طور پر لگایا جاتا ہے۔ اسے سنتھا بھی کہتے ہیں۔ جانور اسے نہیں کھاتے۔

اِلیش (س۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی ہلسا۔

اِلیکَ (ع۔ نف) تیری طرف۔

اِلیکم (نف) تمہاری طرف۔

اَلیک (س۔صفت) ۱ بیوفا۔ دغاباز ۲ جھوٹا ۳ ناخوشگوار۔ ناراض کرنے والا ۴ (مذکر) جھوٹ۔ دغا۔ بیوفائی ۵ کوئی ناخوشگوار چیز۔

الیکشن (انگ۔ مذکر) انتخاب۔ چناؤ۔ کسی مجلس یا کمیٹی کے لیے ممبروں کا چناؤ۔

اَلیکھ (س۔صفت) جو نہ لکھی جا سکے۔

اَلیل (ہ۔صفت) ۱ لاپروا۔ بے پروا۔ بے خبر۔ بے فکر۔ بے ہوش۔ اچیت۔ اسوچ ۲ جو دوسروں کی تکلیف کا خیال نہ کرے ۳ ناعاقبت اندیش۔ بے شعور۔ کوتہ اندیش۔ الیل ہے۔ اَلڑ ہے۔

اُلیل (ہ۔ مؤنث) ۱ گھوڑے کی شوخی۔ اُچھل کود۔ کلیل ۲ دل کی لہر۔ دلی امنگ ۳ بکھیرا۔ ناکند۔

اُلیٹنا (ہ۔ متعدی) ۱ الٹ دینا۔ کسی برتن کو اوندھا کر دینا ۲ (ہ) خالی کر دینا۔ پانی انڈیل دینا۔

اَم (س۔ تف) ۱ گھر میں ۲ اکٹھا ۳ موسو (مذکر) ایک راجہ جو اکشواکو کی نسل سے تھا۔ امھنتھ (مذکر) ایک ناگ دیت۔

اَم (ہ۔ اشارہ) یہ شعر میں استعمال ہوتا ہے۔

اِم (ف۔ مذکر) آج۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے امروز۔ امشب۔ **اِمروز** (مذکر) آج۔ اس دن۔ **امروز فردا** (تف) آجکل۔ جلدی ۲ ٹال مٹول۔ **امروز فردا کرنا** (متعدی) ٹالنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ **امروز فردا میں** (تف) جلدی۔ عنقریب۔ **امسال** (مذکر) اب کے برس۔ اس سال۔ **امسالہ** (صفت) وہ جو سال کے اندر پیدا ہوا ہو۔ **امشب** (مؤنث) آج رات۔ آنے والی رات۔

اُم (ع۔ مؤنث) ماں۔ اماں۔ والدہ۔ (اَم۔ ماں بننا۔ بچہ جننا) **اُمّ الامراض** (مؤنث) مرضوں کی ماں۔ کوئی بیماری جس سے اور مرضوں کے پیدا ہونے کا ڈر ہو۔ زکام۔ **اُمّ الجیش** (مؤنث) جھنڈا۔ نشان۔ **اُمّ الخبائث** (مؤنث) تمام خرابیوں کی جڑ۔ مجازاً شراب۔ **اُمّ الرذائل** (مؤنث) جہالت۔ **اُمّ الصبیان** (مؤنث) بچوں کی ایک بیماری جو مرگی کی قسم کی ہوتی ہے۔ **اُمّ الطعام** (مؤنث) ۱ گیہوں ۲ معدہ۔ **اُمّ القریٰ** (مؤنث) شہروں کی ماں۔ مکہ۔ **اُمّ القرآن** یا **اُمّ الکتاب** (مؤنث) قرآن شریف۔ سورۂ فاتحہ۔ **اُمّ النجوم** (مؤنث) کہکشاں۔ **اُمّ النور** (مؤنث) حضرت مریم کا لقب۔ **اُمّ الولد** (مؤنث) وہ لونڈی جس نے مالک کے نطفے سے بچہ جنا ہو۔ یہ فروخت نہیں ہو سکتی اور مالک کے مرنے پر آزاد ہو جاتی ہے۔ **اُمّ جافیہ** (مؤنث) ایک سخت جھلی جو دماغ میں ہوتی ہے۔ **اُمّ حنونہ** (مؤنث) ایک نرم جھلی جو دماغ اور ریڑھ کی ہڈی پر اُمّ جافیہ کے نیچے ہوتی ہے۔ **اُمّہات** (مؤنث) ام کی جمع۔ مائیں۔ **اُمّہات المومنین** (مؤنث) اُمّت کی مائیں۔ پیغمبر صلعم کی بیویاں۔ ازواج مطہرات۔ **اُمّہاتِ اسمار** (مؤنث) خدا تعالیٰ کے چار نام۔ اول۔ آخر۔ ظاہر۔ باطن۔

اَمّا۔ اَمّا جان (ہ) دیکھو اماں۔

اَمّا (ع۔ تف) لیکن۔ مگر۔ تاہم۔ پھر بھی

اَمّا بعد (تف) لیکن پیچھے۔ حمد و نعت کے بعد کسی کتاب یا مضمون کے شروع میں حمد و نعت بیان کی جاتی ہے۔ اس کے اختتام پر یہ الفاظ لکھے یا کہے جاتے ہیں۔

اُما (س۔ مذکر) ۱ السی۔ سن ۲ روشنی۔ نور ۳ شان و شوکت۔ سج دھج ۴ شہرت۔ ناموری۔ نیکنامی ۵ اطمینان۔ امن چین۔ رات۔ شب ۶ (ص) پاربتی جی کا ایک نام۔ یہ بہت تپسیا کیا کرتی تھیں۔ ان کی ماں نے کہا تھا۔ اُما۔ او نہ کر۔ یہی ان کا نام ہو گیا ۷ اور کئی عورتوں کا نام ۸ (حرف ندا) حیرت اور تعجب ظاہر کرنے پر بولا جاتا

اَماتت (ع۔ مؤنث) ۱ مرنا۔ مارنا۔ موت ۲ (طب) عضو اور گوشت کا مردار اور بے حس ہو جانا۔

اَماتیہ (س۔ مذکر) وزیر۔ مدبر۔ صلاحکار۔ مشیر

اَماثل (ع۔ مذکر) ۱ مثل کی جمع ۲ امیر۔ رؤسا۔

اَماجد (ع۔ صفت) امجد کی جمع۔ بزرگ

اَمّار (ہ۔ مذکر) انبار۔ ڈھیر

اَمارت (ع۔ مؤنث) ۱ دولتمندی۔ تونگری ۲ حکومت۔ سرداری۔ ریاست ۳ حشمت۔ شان۔ شوکت ۴ محکمہ (اَمَرَ۔ حکم دینا) **امارت بحری** (مؤنث) وہ محکمہ جو بحری افواج کا انتظام کرتا ہے۔

اَمارِد (ع۔ مذکر) امرد کی جمع

اَمّارہ (ع۔ صفت) حکم دینے والا۔ سرکش۔ ظالم (اَمَرَ۔ حکم دینا)

اِماطت (ع۔ مؤنث) ۱ فاصلے پر رکھ دینا ۲ لے جانا۔

اِماعت (ع۔ مذکر) ٹھوس جسم یا گیس کو مائع بنانا (مَیَعَ۔ بہنا)

اَماکن (ع۔ مذکر) امکنہ کی جمع الجمع۔ جو خود مکان کی جمع ہے۔ جگہیں۔ مقامات۔ **اماکن شریفہ۔ متبرکہ یا مقدسہ** (مذکر) زیارت گاہیں۔ مقدس مقامات

اَمال (ہ۔ صفت) بغیر ہار کے۔ بغیر ہار پہنے ہوئے۔

اِمالہ (ع۔ مذکر) ۱ مائل کرنا ۲ (طبیعیات) ایک جسم کا قربت کی وجہ سے دوسرے جسم میں مخالف برقی طاقت پیدا کرنا ۳ (طب) کسی مادہ کو عضو علیل سے دوسرے عضو کی طرف پھیر دینا (صرف و نحو) مائل کرنا فتح کا طرف کسرہ کے (اردو میں) ہائے ہوز یا الف مقصورہ کو جو الفاظ کے آخر میں ہو جمع کی حالت میں یا حرف ربط کے ساتھ یائے مجہول سے بدل دینا۔ مفصلہ ذیل موقعوں پر امالہ جائز نہیں ۱ جہاں عربی۔ فارسی۔ ترکی الفاظ میں آخیر میں الف ہو جیسے صحرا۔ دعا ۲ عربی الفاظ کی جمع میں جیسے انبیا۔ اولیا ۳ عربی۔ فارسی کے اسم فاعل اور مفعول میں جیسے دانا۔ بینا۔ ۴ عربی کے ان مصادر میں جو ہمزہ پر ختم ہوں۔ جیسے ابتدا۔ اجرا ۵ عربی الفاظ میں جن کے آخر میں ہائے ہوز پڑھی جاتی ہو جیسے جلسہ۔ کسرہ ۶ عربی الفاظ میں جن کے آخر میں الف مقصورہ۔ جیسے اعلیٰ ادنیٰ ۷ اُردو۔ ہندی۔ سنسکرت کے مؤنث الفاظ میں۔ اور وہ جن کی جمع نون سے بنتی ہے۔ جیسے کنیا۔ بچھیا ۸ آدمی اور شہروں کے نام میں ۹ سدا۔ پروا۔ پچھوا۔ دیا۔ داتا میں ۱۰ ہندی رشتوں میں ۱۱ فارسی کے مرکب الفاظ میں۔ جن میں اضافت ہوتی ہے ۱۲ فارسی مرکبات میں جن کا جزو اول اور جزو دوم اسم ہوتا ہے ۱۳ اُردو ہندی مصادر میں جمع کی حالت میں۔ مفصلہ ذیل موقعوں پر امالہ جائز ہے (۱) قاعدہ ۳ سے مُردہ مستثنےٰ ہے (۲) قاعدہ ۶ سے دعوے۔ شکوے۔ بلوے۔ تقوے مستثنےٰ ہیں (۳) ہندی۔ سنسکرت کے اسماء و صفات میں جن کے آخر میں الف ہوتا ہے۔ سوائے الفاظ قاعدہ ۹ (۴) اُردو۔ ہندی کے مصادر میں حرف ربط کے ساتھ (۵) ہندی کے مرکب الفاظ میں جیسے الھڑ کھرا (۶) ہندی رشتوں میں قاعدہ ۱۰ میں بھتیجا۔ بھانجا۔ نواسا۔ پوتا۔ بیٹا۔ لڑکا۔ پڑوتا مستثنےٰ ہیں (۷) فارسی مرکبات میں جو ایک لفظ کے معنے دیتے ہیں۔ جیسے بتخانہ۔ دولتکدہ (۸) جن الفاظ کے آخر میں عین ہوتا ہے۔ حرف ربط آنے سے بجائے ی کے حرف ما قبل عین کو کسرہ دیتے ہیں۔ جیسے مطبع کو آگ لگ گئی (۹) جب دو فارسی اسم عطف کی ترکیب سے استعمال ہوتے ہیں۔ تو حرف عطف گرا کر امالہ ہوتا ہے۔ جیسے آب و دانے کے اختیار ہے (مَیَلَ۔ جھکنا) **امالۂ برقی** (مذکر) کسی جسم میں مقناطیسی قوت پیدا کرنا۔

اِمام (ع۔ مذکر) ۱ پیشوا۔ ہادی۔ رہبر ۲ نماز پڑھانے والا ۳ تسبیح میں اُوپر کا لمبا دانہ ۴ علم جو تعزیہ کے آگے لے جاتے ہیں (اَمّ۔ آگے چلنا۔ **امام اعظم** (مذکر) ۱ خلیفۃ المسلمین کا لقب ۲ امام ابو حنیفہ کا لقب۔ دیکھو امام ۲ کے تحت میں۔ **امام الحرمین** (مذکر) الجوینی کا لقب۔ **امام باڑہ** (مذکر) وہ مکان جو خاص

تعزیہ داروں کے لئے بنایا جاتا ہے۔ **امامت** (مؤنث) پیشوائی۔ نماز میں امام ہونا۔ **امام جمعہ** (مذکر) وہ امام جو جمعہ کی نماز پڑھائے۔ **امام زادہ** (مذکر) امام کا بیٹا۔ **امام زادہ ہاشم** (مذکر) گیلان میں ایک جگہ۔ **امام شہر** (مذکر) قاضی۔ **امام سبحہ** (مذکر) تسبیح کا امام۔ **امام غائب**۔ شیعوں کے بارھویں امام مہدی۔ جو روپوش ہوگئے تھے۔ اور قیامت کے قریب پھر ظاہر ہونگے۔ **امامین** (مذکر) حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ۔ **امامیہ** (مذکر) اہل تشیع۔

اَمان (ع۔ مؤنث) پناہ۔ سلامتی۔ رکھشا (اَمَن۔ محفوظ ہونا) **امان پانا** (متعدی) پناہ ملنا۔ محفوظ رہنا۔ **امان دینا** (متعدی) پناہ دینا۔ **امان مانگنا** (متعدی) پناہ مانگنا۔ جان بچانے کی درخواست کرنا۔ **امان ملنا** (لازم) پناہ ملنا۔ محفوظ ہونا۔ **امان میں رکھنا** (متعدی) [1] حفاظت سے رکھنا۔ محفوظ کر دینا [2] حفاظت کرنا۔ رکھشا کرنا۔

اَمّاں (ہ۔ مؤنث) [1] ماں۔ والدہ [2] بڑے رشتہ داربیوں کے لقب کے ساتھ بھی اس لفظ کو لگا کر بلاتے ہیں۔ جیسے خالہ اماں۔ باجی اماں (س۔ امبا) **اماں باوا** (مذکر) ماں باپ۔ **اماں باوا کی ناک کٹوانا** (متعدی) عورت کا بدچلن ہو جانا۔ زنا کراتے پکڑا جانا۔ **اماں جان۔ اماں جانی** (مؤنث) ماں کو پیار سے۔ **اماں صدقے باواری**۔ عورتیں پیار سے بچوں کو کہتی ہیں۔ ماں صدقے جائے۔

اَمانا (ہ۔ لازم) کسی چیز میں ٹھیک آجانا ٹھیک بیٹھنا۔

امانت (ع۔ مؤنث) [1] سپرد کی ہوئی چیز [2] ایمانداری۔ دیانتداری [3] (قانون) پیمائش کا کام [4] امین کا عہدہ [5] امن و امان۔ سلامتی [6] مذہب۔ ایمان (اَمِنَ۔ بھروسا کرنا) **امانت جاری** (مؤنث) انتظام مالگزاری۔ **امانت خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں پر چیزیں امانت میں رکھی جائیں۔ **امانت خانی** (مذکر) ایک قسم کا زردہ۔ **امانت دار** (مذکر) [1] جس کی حفاظت میں کوئی چیز رکھی گئی ہو [2] معتمد۔ راز دار۔ **امانتداری** (مؤنث) کوئی چیز امانت میں رکھنا۔ امانت۔ **امانت رکھنا** (متعدی) حفاظت کی غرض سے کوئی چیز کسی کے سپرد کرنا **امانت کی طرح رکھنا** (متعدی) کمال حفاظت اور احتیاط سے رکھنا۔ **امانت گزار** (مذکر) وہ جو امانت میں رکھے۔ **امانت میں خیانت** (مؤنث) کسی کی رکھوائی ہوئی چیز میں تصرف کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **امانت میں خیانت تو زمین بھی نہیں کرتی**۔ ملامت اور الزام کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ خیال یہ ہے کہ اگر زمین میں لاش امانت رکھ دی جائے۔ تو وہ سڑتی نہیں۔ **امانت نامہ** (مذکر) کوئی چیز امانت رکھنے کی دستاویز۔ **امانتی** (صفت) [1] امانت رکھی ہوئی یا امانت میں دی ہوئی [2] (مذکر) کوئی چیز جو امانت میں رکھی جائے۔

اَمانُش (س۔ صفت) [1] غیر انسان [2] بے مدد۔ بے رحم۔ بے ترس [3] راکھشس۔ عفریت۔

اَمانی (س۔ صفت) [1] بے اعتقاد۔ بے عقیدہ [2] بے توجہ۔ بے دھیان [3] بغیر تکبر۔ عاجز۔ ناچیز۔ بے چارہ۔

اَمانی (ع۔ مؤنث) وہ کام جو اپنے طور پر بنوایا جائے۔ جس کا ٹھیکہ نہ دیا جائے۔ اجارہ کی ضد [2] امان [3] امانت (اَمِنَ۔ بھروسا کرنا)

مثل۔ امانی اوادانی۔ اجارہ اجاڑہ۔ امانی کام اچھا ہوتا ہے۔ ٹھیکے میں خراب ہو جاتا ہے۔

اَمانی (ع۔ مؤنث) اُمنیت کی جمع۔ خواہشیں

اَمانِنیہ (س۔ صفت) [1] ناقابل یقین ناقابل اعتبار۔ نامعتبر [2] ناقابل عزت۔

اَمانیّہ (س۔ صفت) ناقابل یقین۔ دیکھو امانیہ۔

اَماوٹ (ہ۔ مذکر) امرس۔ آم کا گودا۔

اَماوس (ہ) آماواسی۔ اَماوسی

اَماوسیا (س۔ مؤنث) بدی کی پندرھویں تاریخ۔ قمری مہینہ کا آخری دن۔ وہ رات جس میں چاند بالکل نہیں نکلتا (اما۔ اکٹھا + وس۔ رہنا۔ اس رات سورج اور چاند اکٹھے ہوتے ہیں)

آماہو (ہ۔ مذکر) نہایت خوشی۔ از حد فرحت۔ بے انتہا شادمانی۔

اَمب۔ اَمبا (ہ۔ مذکر) آم۔

مثل۔ امبا۔ نمبو۔ بانیا۔ بچیڑے رس دیں۔ ان سے فائدہ اسی صورت میں ہوتا ہے جو ان کو دبایا جائے۔

اَمب (س۔ مذکر) پانی۔ جل۔ آب۔ **امب پتی** (مذکر) پانی کا مالک۔ **اَمبج** (مذکر) پانی سے پیدا ہوا ہوا۔ کنول۔ **امبدھ** (مذکر) سمندر۔ **امب دھر** (مذکر) پانی رکھنے والا بادل۔ **امب وشیتا یا متی** (مؤنث) دریاؤں کا نام۔ **امبناتھ** (مذکر) سمندر۔ بحر۔

اَمبا (س۔ مؤنث) [1] اماں۔ ماں [2] دیوی

اَمباری (ہ۔ مؤنث) عماری۔

اَمباڑا۔ امباڑی (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پودا۔

اَمباسا (ہ۔ مذکر) [1] گھاس یا سبز اناج کا مٹھا جو ایک دفعہ کاٹا جائے [2] (صفت) پرانا۔ باسی۔ پختہ۔

اَمباسنا (ہ۔ متعدی) نئے مٹی کے برتن میں پانی ڈال کر کچھ عرصہ رکھنا تاکہ قابل استعمال ہو جائے دھونا۔ پاک کرنا۔

اَمبان (ہ۔ مذکر) آوا۔ کمہار کا برتن پکانے کا پزادہ۔

اَمبَٹ (ہ۔ صفت) کھٹا۔ ترش۔ **امبتانا** (لازم) کھٹا ہو جانا۔ ترش ہو جانا۔

اَمبَر (س۔ مذکر) [1] چادر۔ اوڑھنا۔ غلاف [2] آسمان [3] کرۂ ہوا [4] بادل [5] عنبر [6] راجہ کی پوشاک [7] دسواں نکشترہ [8] زعفران [9] ہونٹ [10] ایک ملک [11] ایک قوم۔

اَمبَریش (س۔ مذکر) [1] کڑھائی [2] لڑائی۔ جنگ۔

اَمبَک (س۔ مذکر) آنکھ۔

اَمبِل (ہ۔ مذکر) [1] نال [2] جھل کا پردہ جس میں جنین لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ **امبل نال** (مذکر) بچے کی نال جو کاٹی جاتی ہے۔

اَمبوتی (ہ۔ مؤنث) ایک قسم کا ساگ۔

اَمبُوا (ہ۔ مذکر) [1] آم۔ چھوٹا آم [2] آم کا درخت۔

اَمبوج (ہ) **امبھوج** (س۔ مذکر) پانی کی پیدائش۔ کنول۔

امبولنس (انگ۔ مذکر) ہسپتال کی ڈولی یا گاڑی۔

اَمبھوری (ہ۔ مؤنث) پت۔ باریک

دانے جو گرمی کی وجہ سے بدن پر نکل آتے ہیں۔

اَمبی۔ اَمبیا (ہ۔ مؤنث) چھوٹا سا کچا آم۔

اِمبیق۔ اِنبیق (ع۔ مذکر) عرق نکالنے کے بھبکے کی ٹونٹی (نبق۔ نکلنا)

اَمبیکار (ہ۔ مذکر) ملاح۔

اَمپائر (انگ۔ مذکر) منصف جو کھیلوں میں مقرر کیا جاتا ہے۔ خصوصیت سے کرکٹ میں۔

اِمپرَر (انگ۔ مذکر) شہنشاہ۔ قیصر۔ مہاراجہ۔ ادھیراج۔ **امپرر آف انڈیا** (مذکر) شہنشاہ یا قیصرِ ہند۔

اِمپرَس (انگ۔ مؤنث) شہنشاہ بیگم۔ قیصرہ۔ **اِمپرس آف انڈیا** (مؤنث) قیصرۂ ہند۔ ملکہ وکٹوریہ کا لقب۔

اِمپورٹ (انگ۔ مذکر) تجارتی مال جو کسی ملک میں باہر سے آئے۔ مال درآمد۔

اِمپیریَل (انگ۔ صفت) شہنشاہ کا۔ شہنشاہ کے متعلق۔ **امپیریل سروس** (مؤنث) وہ محکمے جن کے افسران کی بھرتی سکرٹری آف سٹیٹ کرتا ہے۔ **امپیریل کونسل** (مؤنث) شہنشاہی مجلس۔ مجلسِ شوریٰ لئے وائسرائے ہند کا پرانا نام۔ اب یہ مجلس لیجسلیٹو اسمبلی کہلاتی ہے۔

اَمت (ع۔ مذکر) ۱ ٹیڑھا ہونا ۲ اونچا اور ڈھلوان ہونا ۳ پرکھنا ۴ وہ زمین جس پر چھوٹی پہاڑیاں ہوں۔

اَمِست (س۔ مؤنث) بے انتہا۔ بیحد۔ لاانتہا۔

اُمَّت (ع۔ مؤنث) ۱ قوم ۲ گروہ جو کسی پیغمبر کا پیرو ہو (اُمّ۔ آگے چلنا) **امتِ مجنوں** (مذکر) عشاق۔ **امتِ مرحوم**۔ وہ اُمت جس کی بخشش کی خوشخبری دی جا چکی ہے۔ مسلمان۔ **امتی** (مذکر) ۱ اُمّت کے لوگ ۲ میری اُمّت۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ قیامت کے دن سب لوگ نفسی نفسی پکاریں گے۔ مگر پیغمبر صلعم اُمّتی اُمّتی پکاریں گے۔

امتاع (ع۔ مذکر) نفع پہنچانا کسی کو۔ (مَتَعَ۔ لے جانا کوئی چیز)

اِمتِناح (ع۔ مذکر) ہاتھ سے ہوا کرنا۔ (مَتَحَ۔ کھینچنا)

اِمتِثال (ع۔ مذکر) ۱ داستان کہنا ۲ فرمانبرداری۔ حکم ماننا (مَثَل۔ بیان کرنا)

اِمتِحاش (ع۔ مذکر) جلنا۔

اِمتِحان (ع۔ مذکر) ۱ آزمائش۔ جانچ۔ پڑتال۔ پرکھ۔ پرکشا ۲ دریافت۔ استفسار۔ تفتیش۔ تحقیقات ۳ خاص آزمائش جو یونیورسٹیاں کسی جماعت کی تعلیم کی میعاد ختم ہونے پر کرتی ہیں ۴ آزمائش جو ہر سہ ماہی کے بعد یا سال ختم ہونے کے بعد لڑکوں کو جماعت چڑھانے کے لئے کی جاتی ہے (مِحَن۔ آزمائش کرنا) **امتحان پاس کرنا** (متعدی) آزمائش میں پورا اُترنا۔ امتحان میں کامیاب ہونا۔ **امتحان پر آنا** (لازم) آزمانے پر مستعد یا تیار ہونا۔ **امتحان دینا** (متعدی) اپنے آپ کو آزمائش میں لانا۔ جانچ کرانا۔ **امتحان قرار پانا** (لازم) آزمائش کے لئے وقت مقرر ہونا۔ **امتحان کرنا یا لینا** (متعدی) ۱ آزمائش کرنا۔ جانچنا ۲ آزمانا۔ **امتحان میں پورا اُترنا یا ٹھہرنا** (لازم) آزمائش میں ثابت قدم رہنا۔ **امتحان میں فیل ہونا یا ناکامیاب ہونا** (لازم) ۱ آزمائش میں پورا نہ اُترنا ۲ امتحان میں رہ جانا۔ **امتحان نامنظور ہونا** (لازم) امتحان میں بیٹھنے کی اجازت نہ ہونا۔ امتحان میں پاس ہو کر سرٹیفکیٹ کسی وجہ سے نہ ملنا۔ **امتحان ہونا** (لازم) آزمائش ہونا۔ جانچ ہونا۔

اِمتِخاض (ع۔ مذکر) بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا (مخض۔ ہلانا)

اِمتِخاط (ع۔ مذکر) ۱ ناک صاف کرنا۔ سُنکنا ۲ تلوار نکالنا ۳ دوسرے کے ہاتھ سے کوئی چیز چھیننا۔

اِمتِداد (ع۔ مذکر) ۱ درازی۔ طول لمبائی ۲ مدت۔ زمانہ۔ عرصہ (مَدّ۔ لمبا کرنا زندگی کو خدا کا) **امتدادِ زمانہ** (مذکر) زیادہ عرصہ گزر جانا۔

اَمِترا (س۔ مذکر) دشمن۔ عدو۔ رقیب۔

اِمتِرا (ع۔ مذکر) ۱ شک کرنا ۲ شک شبہہ۔

اِمتِراس (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو کسی چیز سے رگڑنا ۲ لڑنا جھگڑنا ۳ بحث مباحثہ ۴ تکرار۔

اِمتِراش (ع۔ مذکر) دوسرے کے ہاتھ سے کوئی چیز پکڑنا یا چھیننا۔

اِمتِزاج (ع۔ مذکر) ۱ ملانا۔ آمیزش کرنا ۲ آمیزش ہونا ۳ مرکب۔ آمیزش (مَزَج۔ مائع کا کسی چیز سے ملنا) **امتزاجِ کیمیائی** (مذکر) دو یا دو سے زیادہ مختلف الخواص عناصر کا مل کر ایک نئی شے جو ان سب سے خواص میں مختلف ہو پیدا کرنا۔ جس طرح آکسیجن اور ہائیڈروجن دو ہواؤں سے مل کر پانی بن جاتا ہے۔ جو دونوں سے مختلف ہے۔

اِمتِساک (ع۔ مذکر) پکڑنا (مَسَک۔ پکڑنا)

اِمتِشاط (ع۔ مذکر) بالوں کو کنگھی کرنا۔

اِمتِصاد (ع۔ مذکر) انگلیوں سے دودھ دوہنا۔

اِمتِصاص (ع۔ مذکر) جذب کرنا۔ چوسنا (مَصّ۔ چوسنا) **امتصاصِ نور** (مذکر) روشنی کو چوسنا۔ بجھا دینا۔

اِمتِضاض (ع۔ مذکر) جلنا۔

اِمتِکاک (ع۔ مذکر) چوسنا۔

اِمتِلا (ع۔ مذکر) ۱ معدے کا غذا سے یا بدن کا مادے سے بھرا ہونا ۲ بدہضمی ۳ جی متلانا۔ قے کرنے کو دل چاہنا (مَلاَ۔ بھرنا کسی چیز کو)

اِمتِناع (ع۔ مذکر) روک۔ ممانعت۔ مناہی (مَنَع۔ روکنا) **اِمتناعِ تداخل** (علم طبیعات) کسی چیز کا اتنا سخت ہونا کہ اس میں کچھ داخل نہ ہو سکے۔ عدمِ تداخل۔ **امتناعی**۔ کسی چیز سے روکنے والا۔ **امتناعی حکم**۔ وہ حکم جو کسی کام کے کرنے سے روکنے والا ہو۔

اِمتِنان (ع۔ مذکر) کسی پر احسان رکھنا (مَنّ۔ احسان کرنا) **امتنانِ شکرگزاری** (مؤنث) احسان کا شکریہ۔

اِمتِہان (ع۔ مذکر) ۱ ضائع کرنا ۲ کمزور یا حقیر سمجھنا ۳ ایسا ہونا۔

اِمتِیاز (ع۔ مذکر) ۱ فرق۔ تمیز ۲ پہچان۔ شناخت ۳ سمجھ۔ شعور ۴ ترجیح ۵ مرتبہ۔ بڑائی ۶ تہذیب ۷ دیکھو امتیازی حقوق (دکرنا کے ساتھ) (مَیز۔ دو چیزوں کے درمیان فرق کرنا) **امتیازی** (صفت) ۱ تمیز کرنے والا۔ باشعور۔ باسمجھ۔ نامی۔ ممتاز۔ مہذب۔ تہذیب یافتہ۔ **امتیازی حقوق** (مذکر) وہ حقوق جو کسی خاص شخص یا طبقے کو دیئے جائیں۔ **امتیازی خصوصیت** (مؤنث) وہ خصوصیت جو کسی کو دوسروں سے ممتاز کرے۔ **امتیازی طبقے** (مذکر) وہ طبقے جنہیں امتیازی حقوق دیئے جائیں۔

اَمِٹ (ہ۔ صفت) ۱ نہ مٹنے والا ۲ پکا۔ پائدار ۳ لازوال۔ غیر فانی ۴ ناقابل تنسیخ یا تردید۔ ان ملیٹ۔ اٹل ۵ غیر متغیر۔ نہ تبدیل ہونے والا۔

اُمٹھنا (ہ۔ لازم) بل کھانا۔

اَمثال (ع۔ مؤنث) مثل کی جمع ۱ کہاوتیں۔ مقولے ۲ ہم شبیہ ہم صورت۔ ہم شکل۔ مانند ۳ برابر والے۔ ہم رتبہ۔

اَمثل (ع۔ صفت) نہایت اچھا۔

اَمثِلہ (ع۔ مؤنث) مثال کی جمع۔ مثالیں

اَم جانا (ہ۔ لازم) ۱ شل ہو جانا۔ بھاری ہو جانا۔ اعضا کا بھاری ہو جانا۔ اعضا کا بے حس ہو جانا ۲ دکھ جانا۔ پکا پھوڑا ہو جانا ۳ جم جانا قائم ہو جانا (س ام۔ طاقت)

اَمجَد (ع۔ صفت) مجید کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت بزرگ۔ معزز یا بڑا۔

اَمچُور (ہ۔ مذکر) ۱ کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں ۲ دبلا پتلا بہت سوکھا ہوا آدمی (س۔ آمر + چورن) **امچورن** (مذکر) آم وغیرہ سے بنی ہوئی دوائی۔ جو ہاضمہ کے لئے مفید ہے۔ **امچور کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ بہت مار پیٹ کرنا ۲ کمزور یا ناطاقت کرنا۔ **امچور ہونا** (لازم) دبلا ہو جانا سوکھ جانا۔

اَمچی (س۔ مؤنث) ایک خبیث روح۔

اِمحاش (ع۔ مذکر) جلنا۔ جھلسنا۔

اِمحاص (ع۔ مذکر) خالص بنانا۔

اِمحال (ع۔ مذکر) قحط ہونا۔

اِمخاص (ع۔ مذکر) خالص دودھ پینا۔

اَمَد (ع۔ مذکر) ۱ وقت کا اختتام ۲ دوسال زندگی ۳ غصہ۔

اَمد (ع۔ مذکر) وقت۔ موسم۔ موقع۔

اِمداد (ع۔ مؤنث) ۱ مدد کرنا۔ مدد ۲ چندہ۔ روپیہ (مدد۔ مدد کرنا) **امداد باہمی** (مؤنث) ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ کوآپریشن۔ **امداد بہم پہنچانا** (لازم) مدد کرنا۔ **امداد چاہنا** (متعدی) مدد مانگنا۔ اعانت کی درخواست کرنا۔ **امداد دینا یا کرنا** (متعدی) مدد کرنا۔ **امداد رقمی** (مؤنث) وہ امداد جو بذریعہ نقدی دی جائے۔ چندہ۔ **امداد قحط** (مذکر) وہ روپیہ یا جنس وغیرہ جو قحط زدہ کی امداد کے لئے اکٹھا کیا جائے یا دیا جائے۔ **امداد کا جویا ہونا یا مانگنا** (متعدی) امداد چاہنا۔ **امداد مفلسین** (مذکر) وہ امداد جس سے غریبوں کو کھانا۔ رہائش وغیرہ مہیا کی جائے۔ اس سے غریب خانے کھولے جاتے ہیں۔ **امدادی** (صفت) ۱ مدد کرنے والا۔ مددگار ۲ (مذکر) وہ کام جس میں کسی کی امداد شامل ہو۔ **امدادی دائرہ** (مذکر) وہ دائرہ جو اہلیلجی کے چھوٹے اور بڑے محور پر کھینچا جائے۔ **امدادی رقمیں** (مؤنث) چندہ۔ وہ رقومات جو کسی کام میں امداد کے لئے دی جائیں۔ **امدادی زاویہ** (مذکر) وہ زاویہ جو کسی سوال کے حل کرنے کے لئے بنایا جائے (علم ہندسہ) **امدادی کام** (مذکر) وہ کام جو قحط زدہ کی امداد کے لئے شروع کرایا جائے۔

اُمڈ (ہ۔ امر) اُمڈنا کا۔ **اُمڈا** (ماضی) ۱ امڈنا کا ۲ (صفت) بھرا ہوا۔ چڑھا ہوا۔ طوفان آیا ہوا۔ **امڈ آنا** (لازم) چڑھنا۔ بھر جانا۔ پانی بھر کر باہر نکل آنا۔ **امڈا دینا یا امڈانا** (متعدی) پانی سے لبالب بھر دینا۔ ڈبا دینا۔ **اُمڈا ہوا** (صفت) پانی بھر کر باہر نکلتا ہوا۔ **اُمڈنا** (لازم) چھا جانا۔ جیسے بادل امڈنا (س اُد۔ اوپر + ورت۔ پڑھنا)

اَمَر (س۔ صفت) ۱ نہ مرنے والا۔ غیر فانی۔ ابناشی ۲ ہمیشہ رہنے والا۔ لازوال ۳ طول عمر ۴ (مذکر) اشور کا ایک نام ۵ آم کا درخت ۶ دیوتا ۷ عدد۔ ۳۳ ۸ ایک مُرت کا نام ۹ امرسنہا کا نام ۱۰ ایک پہاڑ ۱۱ پارہ۔ **امر بیل** (مؤنث) ایک بیل جو درختوں پر پیدا ہو کر ان کو سکھا دیتی ہے۔ **امر پوره** (مذکر) ۱ بہشت۔ **امر کوٹ** (مذکر) سنسکرت زبان کی لغت جس کا مصنف امرسنہا ہے۔ **امر لوک** (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں دیوتا یا زندۂ جاوداں لوگ رہیں۔ **امر مالا** (مذکر) ایک لغت کا نام۔ **امر ہونا** (لازم) ہمیشہ زندہ رہنا۔ غیر فانی ہونا۔ حیات ابدی رکھنا

اَمر (ع۔ مذکر) ۱ حکم۔ ارشاد۔ فرمان ۲ کیا ۳ بات ۴ فعل۔ کام۔ عمل۔ کار۔ کاج ۵ باب۔ معاملہ۔ مسئلہ ۶ (صرف) وہ فعل ہے جس میں حکم پایا جائے۔ اُردو میں مصدر سے نا اڑانے سے بنایا جاتا ہے (امر۔ حکم دینا) **امر پوشیدہ نہیں**۔ یہ بات چھپی ہوئی نہیں۔ **امرِ حق** (مذکر) سچی بات۔ **امرِ قانونی** (مذکر) وہ مسئلہ جو قانون پر منحصر ہو۔ **امرِ محال** (مذکر) مشکل بات۔ مشکل کام۔ **امرِ معروف** (بالمعروف) (مذکر) اچھے کام کا حکم دینا۔ **امرِ واقعہ** (مذکر) وہ مسئلہ جو واقعات پر منحصر ہو۔ **امر و نہی** (مؤنث) حکم اور ممانعت۔ حکم اور تنسیخ۔

اِمرار (ع۔ مذکر) ۱ کسی سے اتفاق کرنا ۲ ہاضم ہونا ۳ آدمی۔ **اِمرأت** (مؤنث) عورت۔

اُمَرا (ع۔ مذکر) امیر کی جمع ۱ دولتمند۔ مالدار ۲ رؤسا۔ ارکین سلطنت۔ عمائد۔ **اُمرائی**۔ امارت ریاست۔ **امراے جاگیری** (مذکر) دیکھو اعیانِ جاگیردار۔ **امراے دُنیوی** (مذکر) نوابان۔ ڈیوک وغیرہ۔ **امراے دینی** (مذکر) مفتیان۔ بشپ۔ آرچ بشپ۔ **امراے مقنن** (مذکر) قاضیان۔ لارڈ آف جسٹس۔

اَمراض (ع۔ مذکر) مرض کی جمع۔ بیماریاں۔ عارضے۔ دُکھ۔ روگ۔

اِمراغ (ع۔ مذکر) ۱ تھوکنا ۲ بہت باتیں کرنا ۳ پتلا کرنا۔

اَمراؤ (ہ۔ مذکر) امرا کا بگاڑا ہوا دیکھو امرا۔

اَمرائی (ہ) دیکھو امرائی۔

اَمرت (س۔ مذکر) **امرت**۔ **اَمرت** (ہ) ۱ آب حیات ۲ آبِ بقا ۳ آبِ حیوان ۴ نجات ۵ گھی ۶ دودھ۔ خشکہ چاول ۷ دیوتا۔ ۸ عدد ۴ ۹ ایک مقدس مقام کا نام ۱۰ (ہ) کوئی بہت میٹھی اور لذیذ چیز ۱۱ کوئی میٹھی پینے کی چیز۔ **امرتا** (مؤنث) ۱ بقا حیات ابدی ۲ کئی پودوں کا نام ۳ دیوی ۴ **امرت بان** (مذکر) ۱ کیلے کی ایک قسم ۲ مرتبان۔ **امرت بانی** (مؤنث) خوش بیانی میٹھی میٹھی باتیں۔ **امرت پھل** (مذکر) سیب ایک پھل کا نام۔ **امرتتا** (مؤنث) بقا حیات جاودانی۔ **امرت دھارا** (مؤنث) ۱ ایک بحر یا وزن کا نام ۲ درد بند کرنے کی ایک مشہور دوائی۔ **امرت رس** (مذکر) ۱ آب حیات ۲ معشوق کے لبوں کا پانی۔ **امرت رس گھولنا** (متعدی) بہت خاطر تواضع کرنا۔ **امرت رسا** (مؤنث) ایک قسم کا سیاہ انگور۔ **امرت روپی** (صفت) لازوال۔ غیر فانی۔ ابناشی۔ لایزال۔ **امرت کا چھینٹا دینا** (متعدی) آب حیات چھڑکنا۔ مُردے کو زندہ کرنا۔ **امرت کنڈ** (مذکر) آب حیات کا پیالہ۔ **امرت لوک** (مذکر) وہ جگہ جہاں دائم زندہ رہنے والے رہیں۔ سرگ۔ بہشت۔ **امرت منتھن** (مذکر) مہابھارت کے ایک حصے کا نام

اِمَرت (ع۔ مؤنث) سلطنت۔

اَمرَد (ع۔ مذکر) ۱ نوعمر خوبصورت آدمی۔ جس کے ابھی ریش نہ اُگی ہو ۲ (صفت) بے ریش۔ نوعمر۔ کم سن (امردی۔ بے ریش ہونا) **امرد پرست** (مذکر)

لونڈے باز۔ امرد پرستی (مؤنث) لونڈے بازی۔ اغلام۔

اَمرداد (ف۔ مذکر) ایک مہینے کا نام۔

اَمرس (ہ۔ مذکر) پکے آم کا رس نچوڑ کر کسی برتن میں یا کپڑے پر پھیلا کر خشک کر لیا جاتا ہے۔ اس کو امرس کہتے ہیں۔

اَمرش (س۔ مذکر) ۱ وہ شخص جس میں برداشت کرنے کی طاقت نہ ہو۔ غصیلا آدمی ۲ غصہ۔ جوش۔ بے صبری ۳ ایک راجہ۔

اَمرط (ع۔ مذکر) جس کے ابرو کے بال گر گئے ہوں۔ جس کی ڈاڑھی گھنی نہ ہو۔ (ع۔ صفت) صاف گالوں والا

اَمروت (ہ) **اَمرود** (ہ۔ مذکر) ہندوستان کا ایک مشہور میوہ ہے۔ الہ آباد کا خصوصاً اچھا ہوتا ہے (س۔ اَمرت)

مثل۔ امرود حلوائے بے دود ہے۔ امرود قدرتی حلوا ہے۔

اَمرئی (ہ) دیکھو اَمرائی۔ آم۔

اَمریات (ع۔ مؤنث) پیٹ کے اعضا جگر۔ معدہ۔ آنتیں وغیرہ۔

اَمریاد (س۔ صفت) بے عزت۔ بے غیرت۔ رسوا۔ ذلیل۔ اَمریادا (مؤنث) بے عزتی۔ بے غیرتی۔ رسوائی۔ ذلت۔ امریادک (صفت) ۱ گستاخ۔ بے ادب ۲ عزت نہ کرنے والا۔

اَمریاں (ہ۔ مذکر) آموں کا باغ۔ جہاں آم کے درختوں کے جھنڈ کے جھنڈ ہوں۔

اَمریئیل (انگ۔ مذکر) سیارہ یورینس کا دوسرا قمر۔

اَمزجہ (ع۔ مذکر) مزاج کی جمع۔ طبیعتیں۔ خاصیتیں۔

اَمس (ع۔ مذکر) کل گزشتہ۔

اُمس (ہ۔ مؤنث) نہایت سخت گرمی وہ گرمی جو برسات میں ہوا بند ہو جانے کے بعد ہوتی ہے۔ حبس۔

اِمسا (ع۔ مذکر) ۱ شام ہونا ۲ شام کو کام کرنا۔ بد قسمت ہونا۔

اِمساس (ع۔ مذکر) ۱ چھونا چھوانا ۲ ملوانا

اِمساک (ع۔ مذکر) ۱ رکنا۔ ٹھیرنا ۲ کھینچ۔ رکاؤ ۳ خست۔ کنجوسی۔ بخل ۴ منی کا وقت مباشرت دیر سے نکلنا (مسک۔ پکڑنا) امساک باراں (مذکر) مینہ کا نہ برسنا۔ بارش کا نہ ہونا۔ خشک سالی امساک کی دوائی (مؤنث) ایسی دوائی جس کے کھانے سے انزال دیر میں ہو۔ امساک ہونا (لازم) مباشرت میں انزال دیر سے ہونا۔

اُمسنا (ہ۔ لازم) دیکھو اُبسنا۔

اَمشاج (ع۔ مذکر) مشیج کی جمع۔ پانی اور خون کا مرکب۔

اَمصار (ع۔ مذکر) مصر کی جمع۔ بہت سے شہر یا دیار۔

اِمصاص (ع۔ مذکر) چوسنا (مص۔ چوسنا)

اَمضا (ع۔ مذکر) ۱ بھیجنا۔ روانہ کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا (مضیٰ۔ جانا)

اَمطار (ع۔ مذکر) جمع مطر کی۔ بارشیں۔

اِمطار (ع۔ مذکر) بارش ہونا۔ بارش برسانا

امعا (ع۔ مذکر) معا کی جمع۔ انتڑیاں۔

اِمعان (ع۔ مذکر) ۱ گہری نظر کرنا۔ سوچنا ۲ تیز فہمی۔ پہنچ۔ ذکاوت (معن۔ سوچنا)

اِمغاص (ع۔ مذکر) پیٹ میں درد ہونا

اَمک (ہ۔ صفت) ایسا ویسا۔ فلاں۔ ایسا ایسا۔ امکا ڈھمکا (صفت) ایسا ویسا۔ ایرا غیرا

اَمک دھمک یا ڈھمک (صفت) ۱ یہ وہ۔ ایرا غیرا ۲ وغیرہ وغیرہ ۳ (مذکر) بے قدر آدمی ۴ الم غلم یا خراب اور نکمی چیزیں (س۔ اَمک)

اِمکان (ع۔ مذکر) ۱ ممکن ہونا ۲ مجال طاقت ۳ مقدور۔ مقدرت ۴ قابو۔ اختیار ۵ عارضی زندگی (مکن۔ ممکن ہونا) امکان بھر (ف) طاقت کے موافق۔ امکان سے خارج ہونا (لازم) طاقت سے باہر ہونا۔ اختیار میں نہ ہونا۔ امکانی (صفت) جو ہو سکے۔

اَمکر (ع۔ صفت) نہایت مکار۔

اَمکنہ (ع۔ مذکر) مکان کی جمع۔ جگہیں۔

اَمکھیا (س۔ صفت) نہ بڑا۔ معمولی۔ گھٹیا۔ کم رتبہ۔

اَمگارہ (صفت) ۱ ابھرا ۲ ابھرا ہوا (امنگنا سے)

اَمَل (ع۔ مذکر) امید۔ آس (آمل کسی چیز کی امید رکھنا)

اَمَل (س۔ صفت) ۱ صاف۔ ستھرا۔ خالص ۲ بے داغ ۳ (مذکر) بلور ۴ ایک شاعر ۵ نارائن ۶ املا (مؤنث) لکشمی۔ املودری (مؤنث) ایک شلوہ۔

اَمَل۔ اَمَل (ہ۔ مذکر) ۱ شراب ۲ منشی دوائی یا چیز ۳ مدہوشی۔ بیہوشی۔ امل پانی (مذکر) شراب۔ امل پانی کرنا (متعدی) نشہ پینا۔ بھنگ پینا۔

اَمَل (س) **اَمَل** (ہ۔ صفت) ۱ کھٹا ترش ۲ (مذکر) کھٹائی۔ ترشی۔ امل بید (مذکر) ایک قسم کا نہایت ترش لیموں جس میں سوئی چبھونے سے گل جاتی ہے۔ امل جانا۔ اَملنا (لازم) دانتوں کا کھٹا ہونا۔

اِملا (ع۔ مذکر) ۱ بھرنا۔ مکمل کرنا ۲ رسم الخط کے موافق لکھنا۔ تحریر ۳ بتلائے ہوئے مضمون کو لکھنا ۴ وہ عبارت جو رسم الخط درست ہونے کے لئے مبتدی کو لکھاتے ہیں۔ (ملأ۔ بھرنا) املا طراز (صفت) املا لکھنے والا۔ کاتب۔

اِملاق (ع۔ مذکر) غریب ہونا۔

اَملاک (ع۔ مؤنث) جمع ملک ۱ مقبوضات۔ جائداد۔ مال و متاع۔ اراضی مکانات ۲ جمع مَلِک۔ شاہان ۳ جمع مَلَک۔ فرشتے۔

اِملاک (ع۔ مؤنث) جائداد۔ مکانات۔ مال و متاع (مُلک۔ قبضے میں ہونا)

اِملال (ع۔ مذکر) ۱ لمبا ہونا سفر کا ۲ ستانا۔ تنگ کرنا ۳ تھکانا ۴ خط لکھانا ۵ اقبال۔

اَملان (س۔ صفت) ۱ صاف ستھرا۔ خالص ۲ شفاف۔ روشن ۳ (مذکر) گل تکر۔

اَمل پتی یا پتّی (ہ۔ مؤنث) وہ ترپن جو املی کے پتے کے برابر چوڑی ترپی جاتی ہے۔ جہاز اسنجا (س املکا۔ املی + پترکا۔ پتی)

اَملتاس (ہ۔ مذکر) ۱ ایک درخت ۲ اس کی پھلی (س امل۔ کھٹا۔ ویتس۔ لکڑی)

اَملح (ع۔ صفت) ۱ نیلا ۲ زیادہ مرطوب

اَملن (س۔ صفت) ۱ بے داغ۔ بغیر گرد ۲ صاف ستھرا۔ خالص۔

اَملنا (ہ۔ لازم) ۱ پیٹ کی رگوں کا کھنچ جانا ۲ (ہ) دانت کند ہونا۔ ترش ہونا۔

اِملی (ہ۔ مذکر) ۱ تمر ہندی کا درخت ۲ اس

درخت کا پھل۔ تمر ہندی۔ کٹارا (س آملکا)
اِبلیس (ع۔ مذکر) لق و دق میدان۔ اُجاڑ بیابان۔
اُمَم (ع۔ مؤنث) امت کی جمع۔ قومیں۔ لوگ۔
اُمتا (س۔ مؤنث) ۱۔ بے تعلقی۔ بے غرضی ۲۔ لاپرواہی۔ بے اعتنائی ۳۔ بیراگ۔ نہ خوشی نہ غمی۔ خوشی و غمی سے فراغت
اَمن (ع۔ مذکر) ۱۔ پناہ۔ حفاظت ۲۔ دلجمعی۔ آرام۔ چین۔ عافیت۔ شانتی (اَمن۔ محفوظ ہونا) امن (و) امان (مذکر) امن چین۔ امن چین (مذکر) (عو) سکھ۔ راحت۔ آرام۔ امن میں رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) ۱۔ آرام میں رہنا ۲۔ حفاظت میں رہنا۔ محفوظ رہنا۔ امن و امان کا جھنڈا گڑنا (لازم) بہت امن ہونا۔ امن ہونا (لازم) کسی قسم کی گڑبڑ نہ ہونا۔ ملک میں جھگڑا فساد نہ ہونا۔ امنیت (مؤنث) ۱۔ امن ۲۔ امن کی جگہ
اُمنا (ع۔ مذکر) امین کی جمع۔
اُمنڈ (ہ۔ امر) امنڈنا کا۔ امنڈا (ماضی) امنڈنا کا۔ امنڈ آنا۔ امنڈ آنا (لازم) امنڈنا۔ امنڈ پڑنا (لازم) ۱۔ آپے سے باہر ہو جانا ۲۔ پھیل جانا۔ امنڈنا (لازم) ۱۔ جوش پر آنا ۲۔ (آنسو) بھر آنا ۳۔ (ابر و بادل) گھر آنا۔ چھانا ۴۔ (لوگوں یا چیزوں کا) ہجوم کرنا۔ مجمع کرنا ۵۔ (فوج و لشکر کا) چڑھ جانا۔ حملہ آور ہونا ۶۔ (دریا کا) طغیانی پر آنا۔ (س اُد۔ اُوپر + ورت۔ حرکت کرنا)
اُمنگ (ہ۔ مؤنث) ۱۔ جوش۔ ولولہ۔ شوق۔ ترنگ ۲۔ نہایت خوشی۔ انبساط۔ خرمی۔ شادمانی ۳۔ (مد) کامیابی کا نشہ۔ فخر۔ تفاخر ۴۔ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ اشتیاق (آنا بھرنا بھری ہونا پیدا ہونا کے ساتھ) (س اُد۔ اوپر + مگن۔ ڈوبا ہوا) اُمنگنا (ہ۔ لازم) ۱۔ خوش ہونا۔ شاداں ہونا۔ خوشی سے بڑھنا ۲۔ پھولنا پھلنا بھرنا ۳۔ (کامیابی پر) خوش ہونا۔ فخر کرنا۔ امنگی (صفت) خوش ہونے والا۔ امنگیں پیدا ہونا (لازم) دلوں میں جوش ہونا۔
اُمنگل (س۔ صفت) ۱۔ بدفال۔ بدشگون۔ منحوس ۲۔ خراب ۳۔ (مذکر) بدشگونی۔ بد فالی۔ نحوست ۴۔ ناپسندیدگی۔ ناراضگی ۵۔ مصیبت۔ تکلیف۔ آفت۔ بپتا۔ بلا۔
اُمنونیت (س۔ صفت) مردود۔ گیا گزرا۔ اوباش۔

اَمنوہر (س۔ صفت) ناگوار۔ ناپسند۔ ناخوش کن۔ گھناؤنا۔
اَمنویوگ (س۔ مذکر) بے توجہی۔ غفلت
امنویوگی (صفت) ۱۔ بے توجہ۔ غافل ۲۔ (مذکر) بے توجہ آدمی۔
اُمنیت (ع۔ مونث) ۱۔ امن۔ آرام ۲۔ امن کی جگہ۔
اُمنیت (ع۔ مونث) خواہش۔ مراد۔ تمنا۔
اَموا (ہ۔ صفت) وہ رنگ جو آم کی رنگت سے مشابہ ہو۔ گہرا سبز رنگ۔
اَموات (ع۔ مؤنث) موت کی جمع ۱۔ موتیں ۲۔ (مذکر) میت کی جمع۔ لاشیں۔
اَمواج (ع۔ مؤنث) موج کی جمع۔ لہریں۔
اَموال (ع۔ مذکر) مال کی جمع۔ مال و دولت۔
اُمور (ع۔ مذکر) جمع امر کی۔ اُمورات (مذکر) امور کی جمع الجمع۔ بہت سے کام۔ دیکھو امر۔ امورات جنگ (مذکر) لڑائی کے متعلق کام۔ جنگی معاملات۔ امور باعث تکلیف عامہ (مذکر) وہ کام جن سے لوگوں کو تکلیف پہنچے۔ تعزیرات ہند باب ۱۴ میں ان کا ذکر ہے۔ امور سلطنت (مذکر) سلطنت کے کام۔ امور عجیبہ یا غریبہ (مذکر) عجیب و غریب باتیں۔ امور محفوظہ (مذکر) وہ امور جو گورنمنٹ اپنے ہاتھ میں رکھے اور وزرا کے سپرد نہ کرے۔ امور مفوضہ (مذکر) وہ امور جو وزرا کے سپرد کیے جائیں۔ امور ملکی (مذکر) مہام سلطنت۔ سلطنت کے کام۔ امور میں خامی رہ جانا (لازم) کاموں میں کمی رہ جانا۔ کاموں کا مکمل نہ ہونا۔
مقولہ۔ اُمور مملکت خویش خسرواں دانند۔ اپنی سلطنت کے حالات بادشاہ ہی خوب جانتے ہیں۔
اَمورت (س۔ صفت) ۱۔ بدشکل۔ بدقطع۔ بدوضع۔ بیڈول۔ بداسلوب۔
اَموگھ (س۔ صفت) ۱۔ بے خطا۔ یقینی۔ اَچوک ۲۔ حکمی۔ مؤثر۔ تیر بہدف ۳۔ اصل۔ حقیقی۔ اصلی ۴۔ پھل دار۔ باردار۔
اَمول (س۔ صفت) بے جڑ۔ جس کی بنیاد نہ ہو۔

اَمول (ہ۔ صفت) ۱۔ بیش بہا۔ بیش قیمت۔ ناقابل خرید ۲۔ نایاب۔ کمیاب۔ تحفہ۔ نادر ۳۔ نہایت اعلیٰ۔ خوبصورت۔ حسین۔
اَمول۔ امولا (ہ۔ مذکر) آم کی گٹھلی۔
اُمومت (ع۔ مؤنث) مادریت۔ ماں پنا۔ مادری حالت (اُم۔ ماں ہونا)
امونیہ (انگ۔ مذکر) ایک ہوا جو نوشادر اور قلعی کے ملانے سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کا سونگھنا زکام کے لئے مفید ہوتا ہے۔
اَمہ (ع۔ مذکر) بھول۔ فراموش۔ نسیان
اِمہال (ع۔ مذکر) ۱۔ دیر کرنا۔ تاخیر میں ڈالنا ۲۔ موقع دینا ۳۔ دیر۔ تاخیر۔
اَمہق (ع۔ صفت) سفید رنگ کا۔
اَمی (ہ۔ مؤنث) ماں۔ امی جان۔ امی جانی (مؤنث) پیار سے بچے ماں کو کہتے ہیں۔
(س۔ اسبا)
اَمی۔ اَمیا (ہ۔ مؤنث) ۱۔ آبحیات۔ امرت ۲۔ مینہ۔ بارش۔ پانی۔ اَمیہ (صفت) غیر فانی۔ لازوال۔
اُمّی (ع۔ صفت) ۱۔ ان پڑھ۔ ناخواندہ۔ بے علم ۲۔ (مذکر) وہ شخص جس کا بچپن میں باپ مر گیا ہو اور ماں اس کی پرداخت کرے۔ اور اس وجہ سے وہ تعلیم حاصل نہ کر سکے ۳۔ کنایتاً پیغمبر صلعم کا لقب (اُم سے)
اَمی بار (انگ۔ مذکر) سب سے چھوٹا جانور جو بغیر دوربین کے نظر نہیں آتا۔ یہ عموماً گندے جوہڑوں میں پایا جاتا ہے۔ خیال ہے کہ جرم ہے پہلے پہل یہ جانور بنتا ہے۔ اور پھر بڑے جانور وجود میں آتے ہیں۔
اینٹنا۔ اَمیٹھنا (ہ) اَینٹھنا (ہ۔ متعدی) مروڑنا۔ بل دینا۔ اینٹھنا۔
اَمی جمی (ہ۔ مذکر) اطمینان کی حالت۔ بے فکری کا زمانہ۔ خیریت۔
اُمید۔ اُمید۔ اُمّید۔ اُمّید (ف۔ مؤنث) ۱۔ آس۔ آسرا۔ توقع۔ آسا۔ چشم داشت ۲۔ آرزو۔ خواہش۔ تمنا ۳۔ اشتیاق۔ ارمان ۴۔ مجازاً حمل۔ اولاد کی تمنا ۵۔ امید اُٹھ جانا (لازم) آس نہ رہنا۔ توقع جاتے رہنا۔ امید بار یابی رکھنا (متعدی) ہونا (لازم) کسی بڑے آدمی کی ملاقات کی توقع ہونا۔ امید

بر آنا (لازم) آرزو پوری ہونا۔ مقصود حاصل ہونا۔ **امید بر لانا** (متعدی) خواہش پوری کرنا۔ ۲ آرزو نکالنا ارمان نکالنا۔ **امید باندھنا** (متعدی) امید رکھنا **امید بندھنا** (لازم) توقع ہونا۔ **امید پڑنا** (لازم) آسرا بندھنا۔ **امید توڑنا** (متعدی) آسرا اٹھا دینا۔ توقع ہٹا دینا۔ **امید ٹوٹنا** (لازم) یاس ہو جانا۔ **امید دلانا** (متعدی) سہارا دینا۔ **امید رکھنا** (متعدی) آسرا رکھنا بھروسہ رکھنا **امید سے ہونا** (لازم) حاملہ ہونا۔ **امید قطع کرنا** (متعدی) آسرا چھوڑ دینا۔ توقع ہٹا دینا۔ **امید قطع (منقطع) ہونا** (لازم) آس جاتے رہنا۔ ناامیدی ہو جانا۔ یاس ہونا۔ **امید کرنا** (متعدی) امید رکھنا۔ **امید کی زنجیر میں جکڑے ہونا** (لازم) امیدوار ہونا۔ **امید گاہ** (مؤنث) امید کی جگہ۔ ۲ آسرا۔ **امید لگانا** (متعدی) آس رکھنا۔ توقع رکھنا۔ **امیدوار ہونا** - **امیدوار** (صفت) ۱ توقع رکھنے والا۔ ۲ آرزومند ۳ نوکری کا خواہشمند۔ **امیدوار رکھنا** (متعدی) بلا تنخواہ آدمی کام کرنے کے لئے رکھنا۔ اس وعدے پر کہ جب جگہ نکلیگی انہیں نوکری دی جائیگی۔ **امیدوار کرنا** (متعدی) آسرا دینا۔ کسی بات کا وعدہ کرنا۔ **امیدوار ہونا** (لازم) ۱ آرزومند ہونا۔ توقع رکھنا ۲ نوکری کا متلاشی ہونا **امیدواری** (مؤنث) حمل۔ بچے کی توقع۔ **امید و بیم** (مذکر) امید و ڈر۔ غیر اطمینانی۔ **امید ہونا** (لازم)۔ توقع ہونا۔ امیدواری ہونا۔ **امیدیں بر آنا** (لازم) آرزوئیں پوری ہونا۔

اَمیدھیا (س۔ صفت)۔ ناپاک نجس میلا ۲ آلائش۔ غلاظت۔ نجاست ۳ پاخانہ۔ گندگی۔

اَمیر (ع۔ صفت) ۱ دولتمند۔ متمول۔ زردار۔ مالدار۔ تونگر۔ غنی۔ دھن وان ۲ ذی رتبہ۔ عالی خاندان۔ بزرگ۔ بڑا ۳ (مذکر) سردار۔ افسر۔ سپہ سالار۔ حاکم ۴ والیٔ کابل کا لقب (اَمر۔ حکم دینا) **امیر آبِ حیوان** (مذکر) خواجہ خضر۔ **امیر آخور** (مذکر) بادشاہوں کے دربار کا ایک سب سے اعلیٰ افسر۔ ملوکوں کے دربار میں اس کا پانچواں نمبر تھا۔ **امیر ابن امیر** (مذکر) جو کئی پشتوں سے امیر ہو۔ جو خود بھی امیر ہو اور باپ دادا بھی امیر رہے ہوں۔ خاندانی رئیس۔ **امیر الامرا** (مذکر) بہت بڑا رئیس۔ نہایت دولتمند۔ پہلے سپہ سالار کا لقب ہوا کرتا تھا۔ **امیر البحر** (مذکر) بحری فوج کا افسر۔ **امیر الجیش** (مذکر) سپہ سالار بری فوج کا افسر۔ **امیر الحاج** (مذکر) حاجیوں کے کارواں کا امیر۔ یہ خطاب پہلے خلیفہ ابوبکرؓ نے اختیار کیا تھا۔ بعد خلفا یا ان کے خاندان کا کوئی شخص **امیر الکبیر** (مذکر)۔ ملوکوں کے زمانے میں سب سے بوڑھا امیر یہ کہلاتا تھا۔ اس کے بعد۔ امیر سلاح۔ امیر مجلس۔ دوادار اعظم۔ امیر آخور۔ امیر نوبت النواب۔ امیر حاجب الحجاب خازندار اعظم۔ امیر الحاج ہوتے تھے۔ **امیر المسلمین** (مذکر) ایک خطاب جو پہلے پہل المرابطون کے بادشاہوں نے اختیار کیا تھا۔ ان کے بعد اور خاندانوں نے بھی یہ لقب اختیار کیا تھا۔ **امیر المومنین** (مذکر) مسلمانوں کا سردار۔ خلیفۂ وقت۔ اسلام کا اعلےٰ حاکم۔ یہ خطاب پہلے پہل حضرت عمرؓ نے اختیار کیا تھا۔ **امیرانہ** (صفت) امیروں کی طرح پر۔ **امیرانہ کارخانہ** (مذکر) امیرانہ ساز و سامان۔ امیری کارخانہ۔ **امیر زادہ** (مذکر) امیر کا بیٹا۔ **امیری** (مؤنث) ۱ حکومت۔ ریاست۔ دولتمندی ۲ (صفت) امیرانہ۔ **امیر یا** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر۔ **امیریت** (مؤنث) ایسی طاقت جس پر کوئی قید نہ ہو۔ **امیری چونچلا** (مذکر) امیروں کی طرح کا انوکھا حاکم۔ **امیری کارخانہ** (مذکر) امیروں کا سا ساز و سامان۔

امثال و اقوال۔ امیر کا اگال

غریب کا آدھار۔ جو چیز امیر کے کسی کام کی نہیں۔ وہ غریب کے لئے نعمت ہے۔ **امیر کو جان فقیر کو ایک دم بھاری**۔ امیر مرنا اور فقیر جینا نہیں جانتا **امیر کے پاس قبر بھی نہ ہو**۔ **امیر کے پڑوس میں خدا قبر بھی نہ بنوائے**۔ امیر کے قریب رہائش رکھنے میں نقصان اور سبکی ہوتی ہے۔ مالدار ہمسائے سے بجائے فائدہ کے نقصان ہوتا ہے۔ **امیر کی دائی سیکھی سکھائی**۔ امیر کے نوکر چاکر بہت ہوشیار ہوتے ہیں۔ **امیر نے پاد اصعت ہوئی۔ غریب نے پادا بے ادبی ہوئی**۔ **امیر نے گوہ کھایا تو دوا کے لئے غریب نے کھایا تو پیٹ بھرنے کے لئے**۔ امیروں کے عیب بھی ہنر سمجھے جاتے ہیں۔ **امیری اور فقیری کی بو چالیس برس تک نہیں جاتی**۔ امارت اور فقر کا اثر بہت دیر تک رہتا ہے۔ **امیرانہ کارخانہ ہے**۔ امیروں کی طرح انتظام ہے۔ طنزاً وہاں پر کہا جاتا ہے۔ جہاں پر فضول خرچی بہت ہوتی ہو۔

اَمِیس۔ دیکھو آمیس۔

اَمِیلش (س۔ مذکر) ۱ شوجی ۲ ایک بت جس میں شوجی اور اما کی اکٹھی تصویر ہوتی ہے۔

اَمِین (ع۔ مذکر) ۱ امانت دار۔ معتمد ۲ بندوبست میں پیمائش کرنے والا عہدہ ۳ عدالت میں مال میں بٹوارہ کرنے والا ۴ عدالت دیوانی میں مدیون ڈگری کی جائداد قرق کرنے اور جانچنے والا۔ قرق امین ۵ ایک عہدہ دار جس کے سپرد کسی جائداد کا انتظام اور مالگذاری کا اکٹھا کرنا ہو ۶ ثالث۔ پنچ۔ **امین حساب** (مذکر) آڈیٹر۔ وہ شخص جو حساب کی پڑتال کرے۔ **امین حضور** (مذکر) وہ افسر شاہی جو ملاقاتیوں کو پیش کرے۔ **امین خلوت** (مذکر) وہ افسر شاہی جو شاہی محلات کا انتظام کرے۔ **امین دیوان** (مذکر) سلطنت کی آمدنی وصول کرنے والا افسر۔ **امین سرکار** (مذکر) ایک عہدہ دار جس کے قبضے میں سرکاری مال رہتا ہے۔ **امین لشکر** (مذکر) فوج کو تنخواہ دینے والا افسر۔

اَن (ہ۔ حرف نفی) حروف کے پہلے آکر نفی کے معنی پیدا کر دیتا ہے۔ سنسکرت میں عموماً حرف علت کے ساتھ شروع ہونے والے الفاظ کے ساتھ لگتا ہے۔ مگر اردو میں یہ قید نہیں۔ **اَن بن** (مؤنث) **بناؤ** (ہ۔ مذکر) ۱ بے اتفاقی۔ ناموافقت۔ نا اتفاقی ۲ رنجش۔ بگاڑ۔ دشمنی۔ عداوت۔ لڑائی۔ فساد۔ **ان بوجھ** (ہ۔ صفت) نہ جاننے والا۔ نہ سمجھنے والا۔ غافل۔ بے وقوف۔ بدنیت۔ **اَن بول** (ہ۔ صفت) ۱ نہ بولنے والا۔ چپ۔ گونگا۔ **اَن بولا رانی** (ہ۔ مؤنث) مغرور۔ خود پسند عورت۔ **ان بویا** (ہ۔ صفت) ۱ نہ بویا ہوا۔ نہ کاشت کیا ہوا ۲ خود رو۔ جنگلی۔ **اَن بھایا** (ہ۔ صفت) نا گوار۔ ناخوش کن۔ ناپسندیدہ۔ نامعقول۔ **اَن بھل** (ہ۔ صفت) بدشگونی۔ بدفالی۔ **اَن بھلا** (ہ۔ صفت) نہ اچھا۔ برا۔ **اَن بھول** (ہ۔ مؤنث) ۱ بھول۔ غلطی۔ سہو ۲ لاعلمی ۳ سادہ مزاجی ۴ بچہ ۵ (صفت) ناواقف۔ ناتجربہ کار۔ **اَن بیاہا** (ہ۔ صفت) ۱ نہ بیاہا ہوا ۲ (مذکر) کنوارا۔ **ان بیاہی** (ہ۔ مؤنث) کنواری۔ دوشیزہ۔ **اَن بندھا** (مؤنث) ان چھدا۔ ناسفتہ۔ **ان پاؤنا** (ہ۔ صفت) ناقابل حصول۔ نہ ملنے والا۔ **اَن پڑھ** (صفت) **پڑھا** (ہ) ۱ پڑھا ہوا۔ غیر تعلیم یافتہ۔ جاہل۔ بے پڑھا۔ ناخواندہ۔ **انجان** (صفت) **جانا** (ہ) ۱ ناواقف۔ ناآشنا۔ اجنبی۔ بیگانہ ۲ ناتجربہ کار۔ بیوقوف۔ جاہل ۳ جو بھول جائے جس کا ارادہ نہ ہو ۴ (مذکر) اجنبی یا ناواقف آدمی۔ **انجان آنک** (ہ۔ مذکر) نامعلوم رقم یا مقدار **انجان بن کر** (تف) جان بوجھ کر۔ ناواقف ظاہر کر کے **انجان بننا** (متعدی) جان بوجھ کر ناواقف بننا۔ اپنے آپ کو ناتجربہ کار ظاہر کرنا۔ **انجان میں**۔ دیکھو انجانے۔ **انجانا**) **ہونا** (لازم) ۱ ناواقف ہونا ۲ انجان بننا۔

انجانی (ہ۔ مؤنث) غفلت۔ ناواقفیت۔ بے وقوفی۔
انجانے (ہ۔ تف) ۱: بغیر ارادے۔ بے اختیار ۲: ناواقفیت کی وجہ سے ۳: بیوقوفی سے۔ اَن جلا (ہ۔ صفت) ۱: نہ جلا ہوا۔ اَن جنا (ہ۔ صفت) وہ جو پیدا نہ ہوا ہو۔ جو جنا نہ گیا ہوا۔ اَن چاہت (ہ۔ صفت) جس کی خواہش نہ ہو۔ اَن چت یا چتّا (ہ۔ صفت) ۱: کم توجہ۔ بے دھیان ۲: کام کی طرف خیال نہ رکھنے والا۔ ان چتّا (ہ۔ مذکر) وہ تمانچہ جو ایسے وقت میں مارا جائے جب دوسرے کا دھیان نہ ہو۔ ان چت یا چتے میں (ہ۔ تف) ناگہاں اچانک۔ بے خبری میں۔ ان چھیڑا (ہ۔ صفت) نہ چھیڑا ہوا۔ جس کو ہاتھ نہ لگا ہو۔ اَن چھلا یا چھیلا (صفت) ۱: نہ چھلا ہوا۔ جس کی اُوپر کی تہ قائم ہو ۲: کھردرا۔ ناصاف ۳: بدتہذیب۔ بھدّا۔ اُجڈ۔ ان دوکھ (ہ۔ صفت) اودش۔ اَن دھوایا دھویا (ہ۔ صفت) نہ دھویا ہوا غلیظ۔ گندہ۔ ان دیکھ یا دیکھا (ہ۔ صفت) ۱: نادیدہ نہ دیکھا ہوا ۲: نہاں۔ پوشیدہ۔ خفیہ ۳: نامعلوم۔ ان دیکھی (صفت) نادیدہ۔ نہ دیکھی ہوئی۔ ان دیکھے (ہ۔ تف) بغیر دیکھے۔ نادیدہ۔ ان بن (ہ۔ مذکر) ۱: خوشبو یا خوشی کا نہ ہونا ۲: ناپسندیدگی۔ نفرت۔ بے مزگی ۳: دوستوں میں ناراضگی۔ سرد مہری۔ اَن رکھا (ہ۔ صفت) غیر محفوظ۔ بلا حفاظت۔ بغیر خبر گیری۔ اَن سکھ یا سکھا (ہ۔ صفت) ۱: نہ سیکھا ہوا ۲: ناخواندہ۔ اَن سمجھ (ہ۔ صفت) ۱: بغیر عقل یا سمجھ کے۔ بے سمجھ۔ احمق۔ بیوقوف ۲: لاپروا۔ اچیت۔ اسوچ۔ ان سمجھا (ہ۔ صفت) ۱: نہ سمجھا ہوا ۲: دیکھو ان سمجھ۔ اَن سُن (ہ۔ صفت) نہ سُننے والا۔ لاپروا۔ بے پروا۔ اَن سنا (ہ۔ صفت) ۱: ناشنید۔ جو بات کبھی سُنی نہ گئی ہو ۲: جس کی پروا نہ کی جائے ۳: بے لحاظ۔ بے احتیاط۔ ان سُنا کرنا (ہ۔ متعدی) کوئی بات نہ سُننا۔ اغماض کرنا۔ اَن سُنی (صفت۔ مؤنث) بغیر سُنی ہوئی۔ عجیب۔ اَن سوچ (ہ۔ صفت) ۱: اسوچ ۲: لاپروا۔ بے خبر۔ اَن سوچے (ہ۔ صفت) ۱: بے سوچے سمجھے ۲: لاپرواہی سے۔ اَن سیکھا (ہ۔ صفت) دیکھو اَن سکھا۔ اَن کہی (مؤنث) ۱: جو بات کہنے کے قابل نہ ہو۔ بُرا بھلا ۲: کلمہ۔ مسلمانوں میں مشہور ہے کہ جب کوئی ہندو سختی نزع میں مبتلا ہوتا ہے تو اس سے کلمہ پڑھواتے ہیں تو جان نکلتی ہے۔ اَن گنا (صفت) ۱: نہ گنا ہوا۔ نہ شمار کیا ہوا ۲: بے شمار۔ بے انتہا۔ لاتعداد۔ بے گنت۔

اَنگنا برس (مذکر) بچّے کی عمر کا آٹھواں برس۔ اس کا نام لینا منحوس گنا جاتا ہے۔ اَنگنا مہینہ (مذکر) حمل کا آٹھواں مہینہ۔ آٹھویں مہینے کا بچّہ زندہ نہیں رہتا اس لئے اسے منحوس سمجھا جاتا ہے۔ اور عورتیں آٹھواں مہینہ کہنے سے پرہیز کرتی ہیں۔ اَن گنے برس گزر جانا (لازم) آٹھ برس کا ہو جانا۔ نویں برس میں پاؤں رکھنا۔ ان گھڑ یا گھڑا (صفت) ۱: ناتراشیدہ۔ بے ڈول۔ بدشکل۔ بھدّا ۲: بدتہذیب۔ بے سلیقہ ۳: وحشی۔ اکھڑ۔ جاہل ۴: بداخلاق۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے لحاظ ۵: نہ جڑا ہوا (ہیرا) ۶: بے جوڑ۔ بے ترتیب ۷: بے ربط۔ غیر متعلق ۸: (مذکر) اکھڑ آدمی۔ بھونڈا۔ بدشکل آدمی۔ اَن گھڑا (مذکر) مرکب دھات کا چھلّا جو کمین ذات کے لوگ پاؤں کے بڑے انگوٹھے میں پہنتے ہیں۔ ان گھڑ پن یا پنا (ہ۔ مذکر) ۱: کھردرا پن۔ ناہمواری ۲: درشتی۔ بدمزاجی۔ بیہودگی۔ بے ڈھنگا پن۔ ناشائستگی۔ اَن گڑھت یا گھڑت (ہ۔ صفت) بے جوڑ۔ غیر متعلق یا فضول گفتگو ۲: بکواس گپڑ سپڑ۔ کلیل۔ ان گھڑت بات (ہ۔ مؤنث) فضول یا بے تکی بات۔ اَن مکھ (ہ۔ صفت) ۱: وہ جس نے مُنہ پھیرا ہوا ہو ۲: (تف) مُنہ پھیرے ہوئے۔ اَن مل (ہ۔ صفت) ۱: ناموزوں۔ ناموافق۔ نامناسب۔ اَن ملا (صفت) نہ ملا ہوا۔ جو قبضے میں نہ آیا ہو۔ اَن ملی (صفت۔ مؤنث) ۱: بے جوڑ یا بے ربط کلام ۲: ہندی میں چند بے جوڑ باتیں جن کو نظم میں لاتے ہیں۔ انمنا (ہ۔ صفت) ۱: بیمار ناساز۔ علیل۔ مریض ۲: مغموم غمگین۔ متاسف۔ افسوسناک ۳: گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ پراگندہ ۴: سست۔ کاہل۔ انمنانا (ہ۔ لازم) ۱: غمگین ہونا ۲: سست ہونا ۳: گھبرانا۔ انمناٹ یا منا ہٹ (ہ۔ مؤنث) گھبراہٹ۔ پریشانی۔ شک۔ انمول (صفت) قیمتی۔ بیش بہا۔ بیش قیمت۔ انمیل (صفت) ۱: نہ ملا ہوا۔ خالص۔ نرا۔ بے لاؤ۔ اصل ۲: بے جوڑ۔ بے تعلق ۳: نامتفق۔ مخالف ۴: ناموزوں۔ نامناسب ۵: غیر جنس۔ مختلف۔ خلط ملط ۶: جدا۔ الگ۔ علیحدہ۔ بعید۔ انمیل باتیں (مؤنث) بے معنی گفتگو۔ بکواس۔ نامناسب بات چیت۔ انہت یا ہِتو (ہ۔ صفت) ۱: بغیر محبت نامہربان ۲: مخالف ۳: (مذکر) دشمن۔ عدو ۵: محبت کا نہ ہونا سرد مہری ۶: مخالفت۔ اَن ہوت (مؤنث) ہونا یا ہوتی (ہ) غربت۔ ناداری۔ افلاس۔ اَن ہونا ہونہار

(ہ) ہونی (صفت) ۱: نہ ہونے والی۔ ناشدنی ۲: ناممکن محال ۳: خلاف قیاس۔ بعید از عقل۔ ان ہونی باتوں پر اصرار مت کرو۔ ناممکن بات پر ضد مت کرو۔ ان ہونی کی ہوت (ہ۔ مؤنث) نہ ہونے والی بات کی امید۔

امثال و اقوال۔ انجان

کی مٹی خراب۔ ناتجربہ کار ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے۔ انجان سجان سدا کلیان (ہ) نادان اور عقلمند ہمیشہ خوش رہتے ہیں۔ ان دوکھی کو دوکھ جسے گت نہ موکھ (ہ) جو بے گناہ پر الزام لگاتے ہیں کے لئے نہ کریا کرم سے نہ مکتی۔ اَن دیکھا چور باپ (سالے یا شاہ) برابر جب تک کسی شخص کی کرتوتوں کا پتہ نہ لگے۔ اس کی عزت ہوتی ہے۔ ان مانگے موتی ملے مانگے ملے نہ بھیک۔ قسمت سے دولت ملتی ہے۔ مانگے سے بعض وقت بھیک بھی نہیں ملتی۔ ان ملے کے تیاگی رانڈ ملے بیراگی (ہ) اگر بیوی والا سادھو بنے تو بیراگی کہلاتا ہے۔ اور کنوارا سادھو بن جائے تو تیاگی۔ اَن ملے کی کسل ہے (ہ) نہ ملنے کی وجہ سے بچ گئے۔ ان ہوت میں اولاد۔ غربت میں بہت سے بچّے۔ اَن ہوت سے آدھی بھلی۔ نہ ہونے سے تھوڑا بہتر ہے۔ ان ہونی ہوتی نہیں اور ہوتی ہو ون ہار۔ جو قسمت میں لکھا ہے ضرور ہوگا۔ ان ہونی کو ہوت کو تاکت ہے سب کو سے (ان ہونی ہوتی نہیں ہونی ہوئے سو ہوئے) (ہ) جو قسمت میں ہے وہ ضرور ہوگا۔ جو قسمت میں نہیں وہ کبھی نہیں ہوگا۔ اگرچہ بہت لوگ ناممکن بات کی امید رکھتے ہیں۔

اَن (ہ۔ صفت) دوسرا۔ کوئی اور۔
اَن کا۔ اَنکر۔ اَن کے (صفت) دوسرے کا۔ کسی اور کا۔

امثال و اقوال۔ اَن کا گڑوا

دھوئے نیا آپن دھووت لجائے۔ نائی دوسروں کے پاؤں تو دھوتا ہے۔ مگر اپنے پاؤں دھوتے ہوئے اسے شرم آتی ہے۔ خود را فضیحت دیگراں را نصیحت اَنکر چُکر اَنکر گھی۔ پانڈے باپ کا لاگا کی۔ کسی کا آٹا کسی کا گھی۔ ان کا کیا خرچ ہوا۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو مفت کام نکالے۔ خرچ کسی کا ہو اور فائدہ کوئی اُٹھائے۔ اَنکر دھن پر کبھی نا راتن۔ دوسرے کے مال و دولت پر اکڑنا۔ اَنکر سر گند و براب

۱۔ دوسرے کے سر کو کدّو سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ دوسرے کی چیز اچھی بھی ہو تو اس کو سراہا نہیں جاتا ۲۔ دوسرے کا سر بیشک کاٹ ڈالو۔ اَنگر سگر بر پانی کے ہلکور اپنا کنج بر سنتصوں بھر گورا (عو) دوسری کا عقلمند خاوند تو پانی کا چھینٹا اور اپنا بے وقوف کھانے کا بھرا ہوا برتن۔ اپنی چیز خراب بھی اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اَنگر ہینڈ ور دیکھ آپن کپاڑ پھوڑے دوسروں کی نقل کرکے اپنے آپ کو تباہ کرنا ہے۔ اَنگر کھیتی اَنگر گائے وُہ پاپی جو مارن جائے کھیتی کسی کی گائے کسی کی۔ دہ بیوقوف ہے جو نکالے۔ دوسروں کے کام میں دخل دینا بیوقوفی ہے۔ ان کے دھن پر چور راجہ۔ دوسروں کا مال لے کر چور امیر ہو جاتا ہے۔ اَنکے پنیاں مَیں بھروں بیرا بھرے کہار۔ ایک سے ایک کم ہے۔

اَن (س۔ صفت) کسی تیز اوزار یا ہتھیار کی نوک۔ اَنی۔

اَن (س۔ حرف) ۱۔ ایک کلمہ جو حروف کے پہلے آکر موافقت یا مطابقت کے معنی پیدا کرتا ہے ۲۔ (صفت) نہایت چھوٹا باریک۔ ذرا سا ۳۔ (مذکر) ذرہ

اَن (ھ) **اَنّ۔ اَنّ** (س۔ مذکر) ۱۔ غلّہ۔ اناج۔ دانہ ۲۔ خوراک۔ طعام۔ غذا۔ خورش۔ بھوجن۔ بھوگ۔ پرشاد۔ **ان اہاری** ۱۔ (صفت) کھانا کھائے ہوئے (مذکر) چاول کھانے والا۔ **ان پانی۔ اَن پان۔** دیکھو ان جل۔ **اَن پراسن** (مذکر) ہندوؤں میں ایک رسم جس میں بچے کو جب اس کی عمر ۵ اور ۸ ماہ کے درمیان ہوتی ہے۔ کھیر چٹاتے ہیں۔ **ان پُورنا** (متعدی)۔ پیٹ بھر کر کھانا۔ **ان جل** (مذکر) کھانا پانی۔ ایک **ان جل (پان) کرنا** (متعدی) کھانا کھانا۔ غذا کھانا۔ پیٹ بھرنا۔ **اَن داتا** (مذکر) روٹی کا دینے والا۔ آقا۔ مالک۔ **ان داس** (صفت) چاول کھانے والا۔ **ان دایک** (مذکر) ان داتا۔ **اَن دھن** (مذکر) اناج اور دولت۔ اناج اور مویشی۔ دولتمندی۔ تونگری۔ **اَن رس** (مذکر) کیلوس۔ رس۔ **ان کا کیڑا** (مذکر) انسان۔ **ان کوٹ**۔ ایک تیوہار جو کرشن جی کے یگ کی یاد میں ہندو دیوالی سے دوسرے دن مناتے ہیں۔ **ان نہ بھانا** (لازم) کھانا طبیعت کو اچھا نہ لگنا۔ **ان ہین** (صفت) بے خوراک۔ بھرور تسند۔

مثل۔ ان دھن انیک دھن سونا روپا کتیک دھن۔ بڑی دولت اناج ہے سونا چاندی بے فائدہ ہیں۔

اِن (ہ۔ اسم اشارہ قریب) یہ۔ آپ **ان آنکھوں نے کیا کیا نہیں دیکھا** ۱۔ بہت کچھ تجربہ ہو چکا ہے۔ بڑے بڑے معاملات دیکھ چکے ہیں ۲۔ بڑی بڑی مصیبتیں جھیل چکے ہیں۔ بڑے بڑے صدمات اُٹھائے۔ **ان باتوں سے کیا مطلب**۔ یہ باتیں کیوں پوچھتے ہو۔ **ان باتوں میں کیا رکھا ہے**۔ ان فضول باتوں کو چھوڑ دو۔ یہ باتیں فضول اور بے نتیجہ ہیں۔ **ان تاروں کی چھاؤں میں لاکھوں چھپ گئے**۔ دنیا میں لاکھوں آئے اور چل دئے۔ **ان تلوں میں تیل نہیں**۔ یہ بڑے بے مروّت ہیں۔ یہ بڑی رکھائی کرتے ہیں۔ ان **خیالات کو دل سے نکالو**۔ ان باتوں کو بھول جاؤ۔ ایسی باتیں مت سوچو۔ **ان دنوں**۔ **ان روز دل** (ظرف) آج کل۔ اس زمانے میں۔ ہمارے زمانے میں۔ **ان دنوں گھیوؤں میں تیل رہتے ہیں**۔ آج کل بڑے آرام میں ہیں۔ **ان دنوں قرض غرب میں سے ہے**۔ بدنصیبی کے دن ہیں۔ **ان کا جاگنا سونا برابر ہے**۔ ان کا عدم وجود برابر ہے۔ ان کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ **ان کا جگر تو دیکھو**۔ ان کا حوصلہ دیکھو۔ **ان کا کھدانہ بگڑا ہے**۔ یہ سب یکساں ہیں۔ سارا خاندان بگڑا ہوا ہے۔ **ان کو بھی لکھو**۔ انہیں بھی درج کرو۔ بیربل کے عقل کے اندھوں کے قصّے کی طرف اشارہ ہے۔ **ان کو تو پتھر مار سے موت نہیں**۔ بڑے ڈھیٹ ہیں۔ **اِن کو توڑا تو بڑا پتھر توڑا**۔ ان کو درست کیا تو کمال کیا۔ **اِن کی ٹکر کا یہاں کوئی رئیس نہیں**۔ ان کے برابر کا یہاں کوئی امیر آدمی نہیں۔ **ان کی خاک کی چٹکی اکسیر ہے**۔ ان کی ذرا سی توجہ سے دوسرے کا کام بن جاتا ہے۔ **ان کے مقام میں اپنا کوچ ہے**۔ ان کے رہنے میں ہمارا مرنا ہے۔ **ان مولوں کیا مہنگا ہے**۔ اس قیمت پر ملے تو کچھ حرج نہیں۔ اس طرح ملے تو کیا مضائقہ ہے۔ **اِنہیں** (اسم اشارہ) ان کی جمع (مت) **انہیں پاؤں پھر کے آؤ**۔ بہت جلد واپس آؤ۔ **انہیں دنوں کو جھینکتا تھا**۔ اسی بات کا مجھے ڈر تھا۔ **انہیں قدموں چلے جاؤ**۔ ابھی واپس چلے جاؤ۔

امثال و اقوال۔ **ان بیچاروں نے ہینگ کہاں پائی (جو بغل میں لگائی)** ان میں اتنی عقل کہاں کہ ایسا کام کرتے۔ **ان دو پاٹوں کے بیچ آکے ثابت گیا نہ کوئی**۔ زمین و آسمان کے بیچ میں جو شے ہے۔ وہ ایک نہ ایک روز ضرور فنا ہوگی۔ **ان کا کاٹا (مارا) پانی نہیں مانگتا** ۱۔ سخت زہریلے سانپ کے کاٹنے کی طرف اشارہ ہے ۲۔ جس کو انہوں نے نقصان پہنچایا۔ وہ تباہ ہوا۔ ان کے چاٹے (ریپیڑ تک باقی) روکھ نہیں رہے۔ جو ان کے قابو میں آیا۔ وہ تباہ ہوا۔ یہ بڑے ٹھگ ہیں۔ **ان کے کاٹے کا منتر نہیں**۔ ان کی شرارت کا کوئی علاج نہیں۔ ان کا تباہ کیا ہوا کوئی نہیں بچا۔ **ان کے ہاں تو چمڑے کے جہاز چلتے ہیں**۔ ان کا گزارہ بدکاری کی آمدنی پر ہے۔ **ان نینن کا یہ ہی بسیکھ وہ بھی دیکھا یہ بھی دیکھ** (ھ) انسان کو اچھی بری سب قسم کی باتیں دیکھنی اور برداشت کرنی پڑتی ہیں۔

اِنَّ (س۔ صفت) ۱۔ مضبوط۔ طاقتور ۲۔ لائق۔ قابل ۳۔ بہادر۔ شجاع۔

اِنَّ (ع حرف) تحقیق۔

مقولہ۔ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْن۔ تحقیق اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔ اللہ صابروں کی مدد کرتا ہے۔

اُن (ہ۔ اسم اشارہ بعید) ۱۔ وہ۔ آپ ۲۔ عورتیں اپنے خاوند کا نام نہیں لیتیں۔ اور اس کی جگہ اُن کہہ دیتی ہیں۔ **اُن پر گھڑوں پانی پڑ گیا**۔ بڑے ہی شرمندہ ہوئے۔ **اُن دنوں۔ اُن روز دل** (ظرف) اُس زمانے میں۔ اُس وقت۔ **ان کو اپنے حلوے مانڈے سے کام**۔ بہت خود غرض ہیں۔ اپنے فائدے کی بات کرتے ہیں۔ **ان کو لیا**۔ خوب خبر لی۔ **اُن کی سی کہنا** (متعدی) کسی کی طرفداری کرنا۔ **اُن کا جوش دودھ کا اُبال ہے**۔ ان کا غصّہ جلد اُتر جاتا ہے۔ **اُن کا ساختہ برداختہ بسر و چشم**۔ وہ مختار ہیں جو چاہیں کریں۔ **اُن کی بات پتھر کی لکیر ہے**۔ وہ جو کہتے ہیں کرتے ہیں۔ **اُن کی بات کا کیا اعتبار ہے**۔ وہ بے اعتبار آدمی ہیں۔ **اُن کے پیشاب سے چراغ جلتا ہے**۔ اُن کا آج کل اقبال زوروں پر ہے۔ ان کی بڑی حکومت ہے۔ ان کا بڑا رعب ہے۔ **اُن کے کونسا سرخاب کا پر لگا ہے**۔ اُن میں کونسی فضیلت ہے۔ **اُن کے گھی کے جل گئے**۔ اُن کی مراد پوری ہو گئی۔ **اُن کی یہاں دال نہ گلی**۔ اُن کا اس جگہ کام نہ بنا۔ **اُنہوں نے مجھے سمجھا تو**۔ اُنہوں نے میری قدر تو کی۔ اُنہوں نے مجھے اپنا عزیز سمجھا۔ اُنہوں نے میرے ساتھ وہ سلوک کیا

کہ تسمہ لگا نہ رکھا - سخت نقصان پہنچایا - ذرا کسر نہیں رکھی -

انارع - مذکر) ۱ روک ۲ دیر - تاخیر ۳ مناسب وقت - موقع -

اِنارع - مذکر) برتن -

اَنّا رت - مونث) دایہ - وہ عورت جو بچوں کو دودھ پلانے کے لئے نوکر رکھی جاتی ہے - اَنّا دداوالے (ملکنوی) ۱ وہ سپاہی جو انّا - دایہ وغیرہ کی سفارش سے عہد شاہی میں نوکر ہوتے تھے ۲ غیر شریف - ایرے غیرے - ایسے ویسے ۳ مجازاً عورتوں کی کمائی پر بسر کرنے والے - اَنّا نے دگّا دگّا دام کیا - اَنّا نے قرآن کی سورت پڑھ کر پھونکی -

اِنّا رع - تف) تحقیق ہم - حقیقت میں ہم - اِنّا لِلّٰہِ وَاِنّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن - تحقیق ہم اللہ کے واسطے ہیں - اور اسی کی طرف رجوع کرنے والے ہیں - مسلمان یہ کلمہ مصیبت کی حالت میں خصوصاً کسی کے مرنے کی خبر سن کر پڑھتے ہیں -

اَنا رع - ضمیر) میں - اَنَا الحق - میں خدا ہوں - کہتے ہیں کہ منصور حلاج محویت کے عالم میں یہ مصرع کہہ اٹھتے تھے - اس لئے علما کے فتوے سے انہیں سولی دی گئی - انا المطیع - میں فرمانبردار ہوں - میں اطاعت کرتا ہوں - انا المطیع کا دم بھرنا (متعدی) اطاعت کرنا - انا مدینۃ العلم - میں علم کا شہر ہوں - حدیث ہے -

اِنابت رع - مونث) ۱ اچھے مذہب پر واپس آنا - اسلام اختیار کرنا ۲ توبہ - استغفار (توبہ لوٹنا)

اَنابیب رع - مذکر) انبوب کی جمع - نالیاں - انابیب الریۃ (مذکر) پھیپھڑے کی نالیاں سانس لینے کی نالیاں - انابیب شعری (مونث) ایک کشش جس کی وجہ سے پانی باریک نالیوں میں خود بخود چڑھ جاتا ہے -

اَناپ (ہ - صفت) بغیر پیمانہ یا ماپ - اناپ شناپ (تف) ۱ بغیر یا بلا پیمانہ یا ماپ - حد سے زیادہ ۲ (ہ) فضول - بے معنی - لغو - مہمل ۳ (ندجاد بف) بے سوچ بچار - بے سمجھے بوجھے (رکھنا - کہنا کے ساتھ)

اَنات (ع - مونث) ۱ دیر ۲ سستی ۳ سست عورت -

اَناتُر (س - صفت) ۱ بیماری سے بچا ہوا - تندرست ۲ مضبوط ۳ (تف) بہتر - اچھا -

اَناتمار (س - صفت) جس نے اپنے آپ پر قابو نہ پایا ہو -

اَناتھ (س - صفت) ۱ بے مالک - بے سردار - بے آقا ۲ بلا خاوند - بلا محافظ - بلا مددگار ۳ بے باپ - یتیم ۴ غریب - بیچارہ ۵ (مذکر) بے یار و مددگار اور غریب آدمی ۶ بیوہ ۷ یتیم - اناتھ بنجر (مذکر) بے مالک بنجر زمین جو بغیر کاشت پڑی ہو - اناتھک (صفت) بے یار و مددگار کے متعلق وغیرہ -

اَناث (ع - مونث) انثیٰ کی جمع - مادائیں

اَناج (ہ - مذکر) غلہ - ان جنس (س ان - غلہ + آدی - کھانا) اناج کا دشمن (مذکر) بہت کھانے والا - سست کاہل الوجود - وہ شخص جو کھائے تو زیادہ مگر کام نہ کرے -

مثل - اناج کال نہیں ہے - راج کال ہے - یہ گرانی سلطنت کی وجہ سے ہے -

اَناجیل (ع - مونث) انجیل کی جمع - اناجیل اربعہ (مونث) انجیل بہت سی چھوٹی چھوٹی کتابوں پر مشتمل ہے - ان میں سے پہلی چار متی - مرقس - لوقا اور یوحنا کی زبانی بیان ہوئی ہیں - ان کو اناجیل اربعہ کہتے ہیں -

اَناچار (س - صفت) ۱ مذہبی فرائض نہ ادا کرنے والا - رسم و رواج کی پروا نہ کرنے والا ۲ لامذہب - بے اصول ۳ بدتہذیب - بدتمیز - بے حیا ۴ (مذکر) وہ شخص جو مذہبی فرائض وغیرہ ادا نہ کرے ۵ مذہبی فرائض کی عدم ادائیگی - لامذہبی وغیرہ - اناچاری (صفت) اناچار -

اَناچت (س) دیکھو انچت - اناچیتی -
اناچیتی (مونث) لاپروائی - بے توجہی - غفلت - بیوقوفی

اِناخت (ع - مونث) اونٹ کو بٹھانا -

اَنادِ (س - صفت) ۱ بغیر آغاز - ازل سے - زمانہ دراز سے - قدیمی ۲ جو پیدا نہ ہوا ہو - اناد (ہ) ازل - اناد بنجر (مذکر) وہ زمین جو نہایت قدیم زمانے سے بنجر چلی آتی ہو - اناد کھومی - وہ زمین جو گروی ڈال کر منتقل کر دی جائے -

اَنادی (ہ - صفت) ازلی -

اَنادِتو (س - مذکر) ازل - بلا آغاز -

اَنادَر (س - صفت) ۱ بے عزتی - بے حرمتی ۲ بے ادبی - اپمان ۳ ہتک - اہانت - سبکی - خفت - انادرت (صفت) بے عزت - بے حرمت جس کی قدر یا پروا نہ کی جائے - انادریہ (صفت) ناقابل عزت یا حرمت - بدنام - ذلیل خوار -

اَنار (ف - مذکر) ۱ ایک پھلدار درخت ۲ اس کا پھل - رمان ۳ ایک قسم کی آتشبازی بشکل انار - انار بھرنا (متعدی) انار میں بارود بھرنا - انار چھٹنا (لازم) چھوڑنا یا چلانا (متعدی) چلنا (لازم) یا کو داغ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) آتشبازی کے انار کو آگ لگنا - انار دانہ (مذکر) ۱ کھٹے انار کے دانے خشک کئے ہوئے ۲ چورن کی ایک قسم ۳ ایک چارخانہ کپڑا - جس کا اکثر زنانہ لباس بنتا ہے - انار دانہ بنا ہوا ہے - سرخ و سفید ہے - موٹا تازہ ہے - انار کے شعلے (مذکر) وہ شرارے جو آتشبازی کے انار سے نکلیں -

اَنارکسٹ (انگ - مذکر) ایک فرقہ جس کے اصول کے بموجب کوئی سلطنت نہیں ہونی چاہیے -

اَناریہ (س - مذکر) ۱ غیر آریہ ۲ نالائق - ناقابل ۳ برا - خراب -

اَناڑ (ہ - صفت) جو آسانی سے معلوم نہ ہو سکے - خفیہ -

اَناڑپن (ہ - مذکر) اناڑی پن (س اناڑی - نہ آریا - بے عزت) اناڑی (صفت) ۱ بے سلیقہ پھوہڑ - ناواقف - جاہل - گھامڑ - مبتدی - نوآموز - ناآزمودہ کار - ناتجربہ کار - خام ۲ بھدا - بے ڈھنگا - ناتراشیدہ - بدوضع ۳ بیوقوف - احمق - نادان - اناڑی پن یا پنا (مذکر) ناتجربہ کاری - پھوہڑپن وغیرہ -

مثل - اناڑی کا سودا (سونا) بارہ باٹ (بانی) ناتجربہ کار کسی چیز سے فائدہ نہیں اٹھا سکتا یا کسی چیز کی قدر نہیں کر سکتا - بے وقوف کی اشیا کوڑیوں کے مول جاتی ہیں - بیوقوف خرید و فروخت میں نقصان اٹھاتا ہے - اناڑی کے آگے بر کی خوارک - نالائق کو نعمت کی قدر نہیں ہوتی -

اُناسی (ہ - صفت) ایک کم اسی - ۷۹ -

اَناشیہ (س - صفت) ناقابل تلفی جو فنا نہ ہو سکے - لازوال -

اِنافت (ع - مونث) ۱ بڑھانا - زیادہ کرنا ۲ بڑھنا - افزوں ہونا ۳ بڑھا کر بنانا -

اَناکار (س - صفت) بدشکل - بدوضع -

بد قطع - بے ڈول -

اَناکارَن (ہ - تف) - بے وجہ - بے موقع - بے فائدہ طور پر - بلا سبب - بے موجب -

اَناکرانتا (ہ - مؤنث) تکو - عنب الثعلب -

اَناگ (س - صفت) بیگناہ - اناگا (مؤنث) ایک دریا -

اَناگَت (س - صفت) ۱ نہ آیا ہوا - نہ پہنچا ہوا - مستقبل - نہ حاصل شدہ - نہ سیکھا ہوا ۲ غیر مشہور - گمنام -

اَناگمیہ (س - صفت) غیر ممکن الحصول - ناممکن الوصول ۲ دشوار گذار - نارسا ۳ جس تک پہنچ نہ ہو سکے -

اَنام (ع - مذکر) مخلوقات - خلق خدا -

اَناما - انامکا (ہ - مذکر) انگوٹھی پہننے کی انگلی -

اِنامَت (ع - مؤنث) سلانا - سلا دینا (نوم - سونا)

اَنامِل (ع - مذکر) انمل کی جمع - انگلیاں - انگلیوں کے سرے -

اَنامی (س - صفت) ۱ تندرست - صحیح سلامت - تندرست مزاج - چنگا بھلا ۲ بے ضرر - بے صدمہ - بے چوٹ ۳ (مذکر) تندرستی - صحت - آرام - خیریت -

اُنان (ع - مذکر) ۱ کراہنا ۲ وہ جو بہت کراہے ۳ نالہ -

اَنانِیَّت (ع - مؤنث) ۱ خودی - خودستائی - خودثنائی ۲ ڈینگ - لاف زنی - فخر - گھمنڈ (انا - میں)

اَناوِرت (س - صفت) نہ ڈھانپا ہوا - بغیر کپڑے - ننگا - کھلا -

اَناوِرشٹی (س - مؤنث) بارش کا نہ ہونا - امساک باراں -

اَنافہ (ع - مذکر) لوند کے دن - شمسی و قمری سال یا ماہ کا فرق -

اُناہ (ہ - مذکر) بھاپ - گرم بخارات - ابخرے - تبخیر - اناہ لینا (متعدی) بھاپ لینا - حمام کرنا -

اَناہار (س - مذکر) کھانا نہ کھانا - روزہ - برت - اناہاری (صفت) برت رکھنے والا - روزہ دار - برتی -

اِناء (ع - مذکر) برتن - ظرف - (اَنیٰ - پکنا) اناء التصعید (مذکر) جوہر اڑانے کا برتن -

اَنایاس (س - مذکر) ۱ محنت یا کوشش کا نہ ہونا ۲ آسانی - سہولیت ۳ (صفت) آسان - سہل - تیار ۴ (تف) آسانی سے - سہولیت سے - بے اختیاری سے -

اَنایَک (س - صفت) ۱ بلا سردار - بلا حاکم - بلا محافظ ۲ بے ترتیب - تتر بتر - پریشان -

اَنَب (ع - مذکر) بینگن -

اَنبا (س - مؤنث) ماں - اماں -

اَنبا (ع - مذکر) نبأ کی جمع - خبریں -

اِنبا (ع - مذکر) خبر دینا - مشتہر کرنا -

اِنبات (ع - مذکر) ۱ اگانا ۲ اگنا -

اَنبار (ف - مذکر) ۱ ڈھیر - تودہ ۲ ٹال - راس ۳ ذخیرہ - خرمن - گدام - مخزن - میگزین (کر دینا - کرنا - لگانا - لگنا - ہونا کے ساتھ) انبار خانہ (مذکر) دیکھو انبار ۳ انبار ہیزم (مذکر) لکڑیوں کا ڈھیر -

اَنباری (ہ - مؤنث) عماری کا مہنڈا -

اَنباز (ف - مذکر) حصہ دار - شریک - ساجھی - ہمراہی - انبازی (مؤنث) حصہ داری - شراکت وغیرہ -

اَنبان (ف - مذکر) ۱ ایک نہایت نرم چمڑا ۲ چمڑے کا تھیلا - چمڑے کی جھولی یا زنبیل ۳ بٹوہ -

اَنبَٹ (ہ - صفت) کھٹا - ترش - انبٹانا (لازم) ۱ کھٹا ہو جانا - ترش ہو جانا ۲ دانت کھٹے ہونا - انبٹی (مؤنث) ایک قسم کا کھٹا ساگ -

اِنبثاث (ع - مذکر) جدا ہونا - بکھرنا -

اَنبج (س - مذکر) کنول -

اِنبجاس (ع - مذکر) تھوڑا تھوڑا بہنا -

اَنبرتی (س - صفت) ۱ متعلقہ ۲ خبردار - محافظ ۳ جوالی - موالی - نوکر چاکر ۴ (مذکر) نائب - امین -

اَنبرچہ (ہ - مذکر) ۱ سجاوٹ کے لئے تصویریں ۲ نقش و نگار کا ایک خاص طریقہ ۳ گلے کا ایک زیور جس میں عنبر بھرا ہوا ہوتا ہے -

اِنبساط (ع - مذکر - مؤنث) ۱ پھیلنا - کشادہ ہونا ۲ خوشی - شادمانی - فرحت - راحت - خرمی - آنند (بسط - پھیلنا) انبساط القلب (مذکر) دل کا پھیلنا - انبساط النبض (مذکر) نبض کا پھیلنا - نبض کی وہ حرکت جو باہر کی طرف ہوتی ہے -

اِنبغا (ع - مذکر) ۱ مانگ ہونا ۲ فرض ہونا - مناسب ہونا -

اُنبل (س - مذکر) فوج کا پچھلا حصہ -

اَنبَندھ (س - مذکر) ۱ تعلق - رشتہ - نس ۲ رشتہ دار - دوست ۳ سلسل دراشت ۴ شروع - ابتدا - آغاز ۵ سلسلہ - تسلسل - تواتر ۶ اولاد - نسل - اخلاف - آخرین - سنتان - انبندھن (مذکر) انبندھ - انبندھی (صفت) ملا ہوا - متعلقہ -

اَنبندھا (ہ - صفت) ان چھدا - دیکھو ان بیدھا -

اُنبوب (ع - مذکر) نلی - نلکی - نالی - (نب - گانٹھ دار ہونا) انبوبہ (مذکر) ربڑ کی لچکدار نالی جو منہ کی راہ معدے میں داخل کی جاتی ہے - اور اس کے ذریعے معدہ کو دھویا جاتا ہے - انبوبۂ مقطر (مذکر) ایک آلہ جس کے ذریعے کان اور ناک میں دوائی ڈالی جاتی ہے -

اَنبوہ (ف - مذکر) ۱ ہجوم - بھیڑ - اژدحام - جمگھٹ - بھیڑ بھاڑ ۲ بہتات - کثرت - زیادتی ۳ (صفت) بے شمار - ان گنت - بہت - انبوہ خلائق یا خلق (مذکر) لوگوں کی بھیڑ - انبوہ کثیر (مذکر) بہت ہجوم - اژدحام - انبوہ مخالف (مذکر) دشمنوں کا ہجوم - انبوہی حکومت (مؤنث) عام لوگوں کی حکومت -

اَنبھ (ہ - مذکر) آم کا درخت - آم -

اَنبھاؤ - انبھاؤ (س - مذکر) ۱ وقار - عظمت - شکوہ - شان - ادج - پت - بڑاپن ۲ طاقت - قوت - اختیار ۳ نشان - علامت - دلیل ۴ ایمان - یقین -

اَنبھو (س - مذکر) ۱ دل میں محسوس کرنا - سمجھنا ۲ ادراک - حس - سمجھ ۳ فیصلہ - رائے ۴ قیاس - فرض - اندازہ - انومان ۵ تجربہ - ذاتی تجربہ - عملی علم ۶ نتیجہ - حاصل - ثمرہ -

اَنبیارہ (مؤنث) چھوٹا - کچا آم جس

میں جال نہ پڑی ہو (س۔ آمرکا)

اَنبیا (ع۔ مذکر) نبی کی جمع۔ رسول پیغمبر

اَنبیق (ع۔ مذکر) بھبکا۔ وہ برتن جس میں نالی رکھ کر عرق پیتے ہیں (نبق۔ زور سے نکلنا)

اَنبیکار (ھ۔ مذکر) ملاح۔ جہازران۔

اَنپات (س۔ صفت) سلسلہ وار۔ پیچھے آنے والا۔ متواتر ۲ پیچھے آنے والا۔

اَنپاتک (س۔ مذکر) قتل کے علاوہ کوئی سنگین جرم۔

اَنپان (س۔ مذکر) کوئی چیز جس میں دوائی ملاکر آسانی سے دی جاسکے۔

اَنپاین (س۔ صفت) ۱ لایزال۔ غیرفانی۔ نہ تلف ہونے والا۔ اناشی ۲ پائیدار۔ قائم۔

اَنپتنیہ (س۔ صفت) بے اولاد۔

اَنپچ (ھ۔ مؤنث) بدہضمی۔ گرانی معدے کی کمزوری۔

اَنپرتیتی (ھ۔ صفت) ۱ مخالف ۲ بے وفا ۳ بے ایمان۔

اَنپرچے (س۔ مذکر) ناواقفیت۔

اَنپکاری (س۔ صفت) ۱ بیکس۔ بیچارہ۔ بے وسیلہ ۲ ناکارہ۔ نکما۔ بیکار ۳ بیفائدہ۔

اَنپم (س۔ صفت) ۱ لاجواب۔ بےمثل لاثانی۔ بے نظیر ۲ نہایت اچھا۔ بہترین۔

اَنپُن (س۔ صفت) اناڑی۔ بے ہنر۔ بے اُستاد۔

اَنت (س۔ مذکر) ۱ آخر۔ انجام۔ حد خاتمہ۔ کنارہ ۲ زمانہ۔ وسعت ۳ تمام ۴ تکمیل۔ نتیجہ۔ اختتام ۵ زندگی کا اخیر۔ موت۔ تباہی۔ بربادی ۶ ارادہ۔ عزم قصد۔ نیت ۷ یقین۔ ایمان۔ دھرم ۸ علم واقفیت ۹ اندر۔ اندر کا حصہ۔ اندرونی زندگی ۱۰ روح۔ دل۔ جی ۱۱ طبیعت۔ قدرت۔ اصل ۱۲ حالت۔ نزدیکی۔ قربت ۱۳ (صفت) آخری۔ پچھلا ۱۴ (تف) آخیر میں۔ آخرکار۔ انت بھاگ (مذکر) ۱ آخری حصہ۔ آخیر ۲ انجیل۔ نیاعہدنامہ انت سمے یا کال (مذکر) موت کا وقت۔ آخری وقت ۲ اختتام۔ انت کاری (صفت) آخری قطعی فیصلہ کن انت کو (تف) آخرکار۔ آخیر میں۔ انت لگھو (مذکر) (عروض) ایسی بحر جو چھوٹے یا ہلکے کلمے پر ختم ہو۔ انت گرُو (مذکر) ایسی بحر جو لمبے یا ثقیل کلمے پر ختم ہو۔ انت لے لینا یا لینا (متعدی) تنگ کرنا۔ تکلیف دینا۔ ستانا دق کرنا۔ انت میں (تف) انت کو۔ انت ہر (سنسکرت) انت لینا۔ انت ہونا (لازم) آخیر ہونا۔ مرجانا۔

امثال و اقوال۔ انت بُرے کا بُرا۔ بُرے کام کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے۔ انت بھلے کا بھلا۔ اچھے کام کا نتیجہ اچھا ہوتا ہے۔ انت متا سومتا آخری نتیجہ درست ہوتا ہے۔ کام سوچ بچار کر کرنا چاہیئے سوچنے سے جس نتیجہ پر پہنچیں وہ بہتر ہوتا ہے۔ انت مٹا سو مٹا۔ اپنے حق کے حاصل کرنے میں کوشش ضرور کرنی چاہیئے۔

اَنتَ۔ اَنتَس۔ اَنتَش (س۔ صفت) دیکھو انتہ۔

اَنَت۔ اُنت (ھ۔ تف) کسی اور جگہ۔ کہیں اور۔

اِنَت (ھ۔ صفت) ۱ فانی۔ تلف ہوجانے والا ۲ عارضی۔

اُنت (س۔ صفت) ۱ اونچا۔ لمبا۔ مرتفع ۲ (مذکر) اونچائی۔ بلندی۔ ارتفاع۔ اُنتِ (مؤنث) ۱ اونچائی۔ بلندی ۲ چڑھاؤ۔ اُٹھاؤ ۳ ترقی۔ عروج۔ اوج سربلندی ۴ بڑھاؤ۔ افزائش ۵ اقبالمندی۔ طالعمندی سہاگ۔ اُنت کرنا (متعدی) ترقی دینا۔ اوج پر پہنچانا۔

اُنتاپ (س۔ مذکر) افسوس۔ پچھتاوا پشیمانی۔ انفعال۔ انتاپت (صفت) پشیمان۔ منفعل انتاپی (صفت) ۱ پشیمان۔ منفعل ۲ (مذکر) تائب شخص۔ توبہ استغفار کرنے والا آدمی۔

اُنتارا (س۔ مذکر) چھوٹا سیارہ۔ چاند۔ وہ سیارہ جو دوسرے سیارے کے گرد پھرے۔

اُنتالیس (ھ۔ صفت) ایک کم چالیس ۳۹۔ لعب (س ایخ۔ نو+ لوارشت۔ تیس)

اِنتباذ (ع۔ مذکر) خلوت نشین ہونا۔

اِنتبار (ع۔ مذکر) ۱ آبلہ یا چھالا پڑجانا ۲ سوج جانا ۳ ہاتھ میں گٹھے پڑجانا (نبر۔ اٹھانا)

اِنتباہ (ع۔ مذکر) آگاہی۔ اطلاع۔ خبر۔ خبرداری۔ حکم (نبہ۔ آگاہ ہونا)

اَنت بَنت (اردو۔ مؤنث) بناؤ سنگار۔ زیب و زینت۔ آرائش۔

اِنتثار (ع۔ مذکر) ناک میں پانی ڈالنا اور اُس کو سنکنا (نثر۔ پھیلنا)

اَنتج (س۔ مذکر) شودر۔ چھوٹی ذات کا۔

اِنتجار (ع۔ مذکر) راز بتانا۔

اِنتجاب (ع۔ مذکر) چننا۔

اِنتجاع (ع۔ مذکر) ۱ خوراک تلاش کرنا ۲ فائدے کے لئے ملنا۔

اِنتحال (ع۔ مذکر) دوسرے کی تصنیف یا قول کو اپنا بیان کرنا

اِنتخاب (ع۔ مذکر) ۱ پسند کرنا چننا ۲ چھانٹ۔ پسند۔ چیدگی ۳ الکشن (کرنا ہونا کے ساتھ) (نخب۔ نکالنا) انتخابِ قُدرت (مذکر) وہ قدرتی طریقہ جس سے کسی نسل کے لئے مفید باتیں اس میں ہمیشہ کے لئے آجاتی ہیں۔ اور اس سے ایک خاص نسل پیدا ہوجاتی ہے۔ انتخاب کنندہ (صفت) انتخاب کرنے والا۔ ووٹر۔ انتخاب مصنوعی (مذکر) وہ طریقہ جس سے انسان جانوروں یا پودوں کی نئی نئی قسمیں پیدا کی جاتی ہیں انتخابی (صفت) منتخب شدہ۔ چیدہ۔ انتخابی حلقہ (مذکر) وہ علاقہ جس میں کسی کونسل کے لئے ایک یا زیادہ ممبر بذریعہ ووٹ انتخاب کئے جائیں۔

اِنتخال (ع۔ مذکر) جُدا کرنا۔ چھننا۔

اِنتداب (ع۔ مذکر) دعوت دینا۔ بلانا

اَنتر (س۔ مذکر) ۱ اندرونی۔ بھیتری۔ درونی۔ اندر کا حصہ ۲ اندر کی چیز ۳ روح۔ دل۔ جی۔ آتما۔ پرماتما ۴ راز چھپی ہوئی بات بھید ۵ خصوصیت بجگن۔ سبھاؤ ۶ فرق۔ مقابلہ۔ چھید۔ سوراخ۔ شگاف ۷ فاصلہ۔ وقفہ ۸ کونہ۔ کنارا۔ پہلو۔ آسمان کا حصہ ۹ زمانہ۔ وقت۔ ٹھہرنا۔ کھڑا ہونا۔ وقفہ دینا ۱۰ موقعہ۔ مناسب وقت۔ محل ۱۱ (صفت) اندر۔ اندرونی خفیہ۔ پوشیدہ وغیرہ ۱۲ (تف) ایک طرف۔ باہر۔ جُدا۔ الگ ۱۳ سوائے۔ بغیر ۱۴ درمیان۔ بیچ میں۔ انترا (صفت) انتر کا مؤنث ۱ درمیانی باری کا ۲ مشابہ۔ اسی قسم کا ۳ دوسرا۔ مختلف ۴ (تف) اندر۔ درمیان میں۔ بیچ میں۔ دوران میں۔ صبح و شام کے درمیان۔ اسی اثنا میں۔ تقریباً۔ قریباً۔ نزدیک۔ سوائے بغیر۔ انتراتپ (مذکر) باری کا بخار۔ انتراپت (صفت) ۱ حاملہ۔ پیٹ سے۔ گابھن ۲ بیاہی ہوئی۔ انتراتما (مذکر) روح۔ جان۔ روحِ عظیم۔ اَنترال ۱ درمیانی فاصلہ ۲ (صفت) درمیان میں واقع۔ درمیانی۔ اَنتر بھاؤ (مذکر) ۱ جبلی طبیعت۔ قدرتی میلان ۲ (صفت) اصلی جبلی

ذاتی۔ انتر بھوت (صفت) اندرداخل۔ بیچ میں
واقع۔ اَنترپٹ (مذکر) پردہ جو بنے بنی
کے درمیان عین بیاہ کے موقع تک رکھا جائے ۲
پردہ۔ ٹٹی۔ قنات۔ اَنترت (صفت) اندرونی۔
درمیانی۔ انترجات (صفت) اصلی۔ جبلّی۔ انترجامی
(مذکر) ۱ ہر چیز کا اندر۔ مجازاً روحِ اعلیٰ ۲ برہما شوجی
اَنترجانی (صفت) اندر کا اور دل کا حال جاننے
والا۔ علیم۔ خبیر۔ اَنترچھد (ھ) انترکش۔ انترپچھد (م)
انترکِش (مذکر) ۱ زمین اور آسمان کے درمیان کا
خلا جس میں گندھرو۔ اپسرا۔ اڈیکش رہتے ہیں ۲
کرۂ ہوا۔ فضا۔ آسمان ۳ (تف) ہوا میں۔ نظر سے
غائب۔ اَنتر داہ (مذکر) اندرونی گرمی۔ بخار۔ دل کی
جلن۔ انتر دُشٹ (صفت) ۱ جبلی بد طینت۔ خراب۔
بُرا۔ شریر۔ انتر دوار (مذکر) گھر میں ایک خفیہ دروازہ
انتر دھان (مذکر) ۱ نہ دکھائی دینا۔ نظروں سے نہاں
ہو جانا۔ عدم رویت۔ نہفتگی ۲ سخت استغراق۔ ایشور
سے بہت دھیان لگانا ۳ (صفت) نہاں۔ پوشیدہ۔ مخفی۔
الوپ۔ الکھ۔ غائب۔ انتر دھیان (مذکر) ایشور سے
دھیان لگانا۔ سخت استغراق۔ انترکون (مذکر) اندرونی
زاویہ۔ انترگت (صفت) ۱ داخل۔ اندر ۲ اندرونی۔
خفیہ۔ نہاں ۳ (تف) اندر۔ بیچ میں ۴ (مونث) دیکھو
انترگت۔ انترگتِ (مونث) اندرونی احساس یا خیالات
۱ جو دل میں ہو ۲ دل کی حالت ۳ (صفت) دل سے
محو۔ بھولا ہوا۔ انترگنگا (مذکر) ایک آبی پودا جس کے
سفید پھول ہوتے ہیں۔ اَنترمنس (صفت) غمگین۔ پریشان۔
انتر ونگ (مذکر) رشتہ دار۔ دوست۔ یار۔ تعلقدار۔
انتروالا (صفت) اندرونی ۔ اندر کا۔ انتر ہت
(صفت) چھپا ہوا۔ نہاں۔ پوشیدہ۔ غائب۔
انترمی (صفت) اندرونی۔ نیچے کا۔ درمیانی۔ بھیتر کا۔
بچلا۔ انتریا (صفت) ۱ باری کا ۲ (مذکر) باری کا
بخار۔ انتریپ (مذکر) راس۔ سمندر میں بڑھا ہوا
زمین کا کونہ۔

اَنتَر (س۔ مونث) انتڑیاں۔ آنتیں۔

اُنتَّر (س۔ صفت) ۱ لاجواب۔ جواب
دینے کے ناقابل۔ چُپ۔ چُپ کرایا گیا۔

اَنترا (ھ۔ صفت) ۱ درمیان میں
واقع۔ درمیانی۔ وسطی ۲ (مذکر) گیت ۳ پہلے کے سوا
گیت کے باقی ٹکڑے۔ گانے کی چیز کا وہ ٹکڑا جو استائی
کے پہلے ہو ۴ بند۔ بول۔ ٹیپ۔ کڑی ۵ چوکیدار۔
محافظ۔

اَنترمنتر (ہ۔ مذکر) جادو۔ ٹونا۔

اَنتڑی (ہ۔ مونث) آنت۔ رودہ۔
(س اَنتر۔ اندر + اکا) انتڑیاں (مونث) انتڑی
کی جمع۔ انتڑیاں ٹٹولنا (متعدی) معدے کو انگلیوں
سے ٹٹولنا یا دبانا۔ انتڑیاں جلنا (لازم) سخت بھوک
لگنا۔ انتڑیاں گلے میں پڑنا (لازم) سخت مصیبت
میں پھنسنا۔ انتڑیوں کا بل کھولنا (متعدی) فاقے
کے بعد خوب پیٹ بھر کے کھانا۔ انتڑیوں کا قل
ھو اللہ پڑھنا (شروع کر دینا) (متعدی) سخت
بھوک لگنا۔ انتڑیوں کو مسوس کر رہ جانا (لازم)
بھوک کو برداشت کرنا۔ بھوک کو بہت ضبط کرنا۔
انتڑیوں میں آگ لگنا (لازم) سخت بھوک لگنا۔
انتڑیوں میں بل پڑ جانا یا پڑنا (لازم) پیٹ میں
سخت درد ہونا۔
مثل۔ انتڑی میں روپ بغچے
میں چھب۔ غذا سے رنگ و روپ نکلتا ہے۔ اور
پوشاک سے بدن کی زیبائش ہوتی ہے۔

اِنتزاع (ع۔ مذکر) چھوڑنا۔ اکھاڑنا۔
نکال لینا (نَزَع۔ نکالنا)

اِنتِساب (ع۔ مذکر)۔ لگاؤ۔ تعلق۔
نسبت۔ رشتہ۔ نسب (نَسَبَ۔ منسوب کرنا)

اِنتِساخ (ع۔ مذکر) لکھنا نقل کرنا۔

اِنتِسال (ع۔ مذکر) نسل۔ اولاد۔

اِنتِشار (ع۔ مذکر) ۱ پھیلانا ظاہر کرنا
۲ پھیلاؤ ۳ تردد۔ گھبراہٹ۔ پریشانی ۴ شہوت
(ہونا کے ساتھ) (نَشَرَ۔ پھیلنا) انتشارِ نور (مذکر)
مرکب روشنی کا مفرد اجزا میں تقسیم ہو جانا جیسے منشور
شیشی میں سے سفید روشنی کی کرن سات رنگوں میں
ظاہر ہوتی ہے۔

اِنتِصاب (ع۔ مذکر) ۱ قیام کرنا۔
پاؤں پر کھڑا ہونا ۲ (طب) ذکر کی استادگی (نَصَبَ۔
کھڑا کرنا) انتصاب النفس (مذکر) دمہ کی بدترین قسم۔
انتصابی (صفت) عمودی۔ سیدھا۔

اِنتِصاح (ع۔ مذکر) نصیحت سُننا یا ماننا۔

اِنتِصاد (ع۔ مذکر) ۱ انتقام۔ قصاص
۲ اپنا بچاؤ۔

اِنتِظار (ع۔ مذکر) ۱ راہ دیکھنا۔ چشم براہ
ہونا ۲ چشم داشت (دکھانا۔ دیکھنا۔ کرنا۔ کھینچنا۔ ہونا
کے ساتھ) (نَظَرَ۔ دیکھنا) انتظار کشی (مونث) زمانہ
مستقبل میں کسی اچھی بات کے ہونے کی چشم داشت
انتظار کشیدہ (صفت) انتظار کرنے والا۔ منتظر۔ انتظار
کناں (صفت) انتظار کرتے ہوئے۔ منتظر۔ انتظاری
(مونث) انتظار۔

اِنتِظام (ع۔ مذکر) ۱ بندوبست۔ اہتمام ۲
نظم و نسق ۳ ترتیب۔ آراستگی۔ درستی۔ سرانجام۔ تیاری
۴ قاعدہ۔ ضابطہ۔ تجویز۔ طریقہ ۵ نظامِ سلطنت۔ حکومت۔
عملداری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (نَظَمَ۔ پرونا) انتظام
بیٹھنا (لازم) قاعدے سے بندوبست ہونا۔ ترتیب
سے ہر ایک چیز کا اہتمام ہونا۔ انتظام پذیر ہونا
(لازم) انتظام کرنا۔ انتظامِ خانہ داری (مذکر) گھر
کے اخراجات وغیرہ کا انتظام (رکھنا۔ ہونا کے ساتھ)
انتظامِ جنگ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) لڑائی کی
تیاری یا سامان ہونا۔ انتظام دینا (متعدی) ترتیب
دینا۔ آراستہ کرنا۔ انتظام رکھنا (متعدی) امن رکھنا۔
ہر ایک چیز درست رکھنا۔ نظام ٹھیک قائم رکھنا۔ انتظامِ
عالم (مذکر) دُنیا کا انتظام۔ تمام جہانوں کا بندوبست
انتظامِ ملک یا مملکت (مذکر) ملک کا بندوبست۔
انتظام میں مشغول رہنا یا ہونا (لازم) لگاتار
بندوبست کرتے رہنا۔ انتظامی (صفت) ۱ متعلقہ
انتظام یا نظم و نسق ۲ (مونث) انتظام۔ مرکبات میں
جیسے بدانتظامی۔ انتظامی معاملات۔ نظام ٹھیک
رکھنے کے متعلق کام۔

اِنتِعاش (ع۔ مذکر) ۱ صحت پانا ۲
ٹھوکر کھا کر سنبھلنا۔

اِنتِفاخ (ع۔ مذکر) سوجنا۔ پھولنا۔

اِنتِفاش (ع۔ مذکر) بالوں کا کھڑا ہونا۔

اِنتِفاض (ع۔ مذکر) جھڑنا۔

اِنتِفاع (ع۔ مذکر) ۱ فائدہ حاصل
کرنا۔ نفع پانا ۲ نفع۔ فائدہ۔ حاصل۔ یافت۔ حصول۔
ثمرہ۔ لابھ۔ پراپت (نَفَعَ۔ فائدہ مند ہونا)

اِنتِفاء (ع۔ مذکر) نکال دینا۔ دور کر دینا
(نَفیٰ۔ نکال دینا) انتفائے نور (مذکر) روشنی کو دُور
کر دینا۔ بجھا دینا

اِنتِقاد (ع۔ مذکر) ۱ تنقید۔ نکتہ چینی

۲ نقد روپیہ لینا (نقد۔ اعتراض کرنا۔ روپیہ لینا)

اِنتِفاش (ع۔ مذکر) شکل بنانا۔

اِنتِقاض (ع۔ مذکر) ۱ گرانا ۲ بل کھولنا ۳ معاہدے کے برخلاف کرنا۔

اِنتِقال (ع۔ مذکر) ۱ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا۔ نقل مکان کرنا۔ جگہ بدلنا ۲ نقل و حرکت نقل مکان ۳ مرنا۔ موت۔ مرگ ۴ کوئی چیز کسی کو دے دینا منتقل کر دینا ۵ (الجبرا) مساوات میں سے کسی مقدار کو ایک طرف سے دوسری طرف لے جانا (نقل۔ لے جانا) انتقال اراضی (مذکر) زمین کا کسی دوسرے کے نام کرنا۔ انتقال تصدیق کرنا (متعدی) تحصیلدار یا کسی دوسرے افسر کا موقعہ پر جا کر بعد دریافت جائداد کا دوسرے کے نام منتقل کرنا۔ انتقال جائداد (مذکر) جائداد کا دوسرے کے نام کیا جانا۔ انتقال جائز (مذکر) انتقال جائداد جو قانون کی رو سے درست ہو۔ انتقال دائمی (مذکر) ہمیشہ کے لئے منتقل کرنا۔ انتقال ذہنی (مذکر) خیالات کا ایک طرف سے دوسری طرف رجوع کرنا۔ انتقال رہن (مذکر) جائداد کو گروی رکھ کر راہن کے قبضے میں دے دینا۔ انتقال کرنا (متعدی) ۱ جائداد کو دوسرے کے نام منتقل کرنا ۲ چلے جانا نقل مکان کرنا ۳ مرجانا۔ دنیا سے رخصت ہو جانا۔ انتقال کنندہ (صفت) وہ جو جائداد دوسرے کے نام کرے۔ انتقال گیرندہ (صفت) جس کے نام جائداد کی جائے۔ انتقال محمود (مذکر) مادہ کا عضو شریف سے عضو خسیس کی طرف رجوع کرنا۔ انتقال مرض (مذکر) بیماری کا ایک عضو سے دوسرے عضو کی طرف منتقل ہو جانا۔ انتقال ناجائز (مذکر) وہ انتقال جائداد جو قانون کی رو سے درست نہ ہو۔ انتقال نامہ (مذکر) جائداد منتقل کرنے کے کاغذات۔ انتقال نومی (مذکر) نیند کی حالت میں چلنا۔

اِنتِقام (ع۔ مذکر) بدلہ عوض۔ پاداش جزا (لینا۔ ہونا کے ساتھ) (نقم۔ بدلہ لینا) انتقام قتل (مذکر) کسی مقتول رشتہ دار کا عوض۔ قاتل کو جان سے مار دینا یا قاتل کے کسی قریبی رشتہ دار کو مار دینا۔

اَنتِک (س۔ صفت) نزدیک قریب۔ نزد۔

اَنتَک (س۔ صفت) ختم کرنے والا۔

اِنتِکاس (ع۔ مذکر) نیچے سے اوپر کر دینا

اَنتِم (س۔ صفت) آخری۔ گزشتہ۔ آخیری۔

اِنتِمار (ع۔ مذکر) بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔ نمو کرنا (نمو۔ بڑھنا)

اَنتَر (س۔ صفت) اندرونی۔ اندر کا کلمات کے پہلے لگ کر مرکبات بناتا ہے۔ انتر پاتی (رتف) شامل کیا گیا۔ شامل کیا ہوا۔ انتر پُر (مذکر) درمیان میں واقع شدہ۔ ان حروف کو کہتے ہیں جو اعراب اور حروف صحیح کے درمیان میں ہوں۔ جیسے ی۔ ل۔ ر۔ و۔ انتر شریر (مذکر) انسان کا روحانی حصہ یعنی روح ضمیر انتہ کرن (مذکر) ۱ سمجھ۔ مرضی۔ روح۔ ضمیر۔ دل ۲ جو کچھ دل میں ہو۔ مثلاً خیالات۔ خواہش۔ ارادہ۔ نیت وغیرہ۔ انتہ کون (مذکر) اندرونی زاویہ۔ انتر کون۔

اِنتِہا (ع۔ مؤنث) ۱ آخیر۔ انجام۔ خاتمہ۔ اتمام۔ اختتام۔ انت ۲ حد۔ نہایت۔ اوج۔ عروج ۳ تکمیل۔ نبٹاؤ۔ ختم۔ آخیر پر پہنچنا) انتہا پر پہنچانا (متعدی) تکمیل کرنا۔ مکمل کر دینا۔ انتہا پسند (صفت) وہ جو موجودہ گورنمنٹ کو بالکل نکال دینے کا حامی ہو۔ انتہا سے زیادہ (صفت) بےحد۔ بہت زیادہ۔ انتہا کا (صفت) حد سے زیادہ۔ مکمل۔ کامل۔ پختہ۔ انتہا کی پریشانی (مؤنث) بےحد کوشش۔ انتہا لینا (متعدی) کسی بات کی حد کا اندازہ کرنا۔ انتہا ہونا (لازم) اختتام ہونا۔ انتہائی (صفت) بہت۔ بےحد جس قدر ہو سکتا ہے۔ انتہائی ترقی (مؤنث) اتنی ترقی جتنی کہ ممکن ہو سکے۔ انتہائی جدت پسند (صفت) وہ شخص جو پرانی باتوں کو چھوڑ کر نئے مفید اصول قائم کرنے کا حامی ہوا۔ انتہائے جزئی (مؤنث) مرض کا وہ انتہائی زمانہ کہ جس وقت وہ ایک حالت پر ٹھیر جائے۔ انتہائے کلی (مؤنث) مرض کا وہ انتہائی زمانہ جب اس میں اور طبیعت میں جنگ ہونے لگے۔ جسے بحران کہتے ہیں۔ انتہائی کوشش (مؤنث) بےحد کوشش۔ انتہائی گرمجوشی (مؤنث) بےحد تپاک۔

اِنتِہاب (ع۔ مذکر) ۱ اکڑنا۔ شکار کرنا ۲ خراب کرنا ۳ غارت۔ لوٹ۔

اِنتِہار (ع۔ مذکر) ۱ پکارنا ۲ نہر یا نالی کھودنا۔

اِنتِہاز (ع۔ مذکر) موقع کا انتظار کرنا۔ کسی چیز کا منتظر رہنا۔

اِنتِہاس (ع۔ مذکر) دانتوں سے جھنجوڑنا

اِنتِہاض (ع۔ مذکر) اٹھنا۔ اٹھ کھڑا ہونا۔

اِنتِہاک (ع۔ مذکر) عزت یا پاکدامنی کے برخلاف کوئی کام کرنا۔

اِنتِیاش (ع۔ مذکر) پیچھے رہ جانا۔

اَنتی (ہ۔ مؤنث) کان میں پہننے کا ایک زیور جو نتھ کی قسم کا ہوتا ہے۔

اَنتے (ہ۔ تف) کسی اور جگہ۔ دوسری جگہ پر۔

اِنتِیاش (ع۔ مذکر) لینا۔ حاصل کرنا۔

اُنتیس (ہ۔ صفت) ایک کم تیس۔ ۲۹۔ لعدد (س اُونترینشت)

اِنتیسار (ع۔ مذکر) اتسار۔ اسہال۔ کا مرض۔ انتیسار ہو کر نکلے (بددعا) کٹ کٹ کر گرے پاخانے کے رستے مروڑ بن نکلے۔

اَنٹ (ہ۔ مذکر) دیکھو آنٹ۔ (س ورت۔ پھرنا) انٹ کا ہنٹ (صفت) فضول۔ بیہودہ۔ انٹ کی سنٹ ہانکنا (متعدی) بیہودہ بکنا۔

اَنٹا (ہ۔ مذکر) ۱ گولی جس سے لڑکے کھیلتے ہیں۔ شیشے کی ہو یا پتھر یا لاکھ کی ۲ افیون کی گولی ۳ ایک انگریزی کھیل جو ہاتھی دانت کی گولیوں سے میز پر کھیلا جاتا ہے۔ بلیرڈ ۴ بندوق کی بڑی گولی ۵ اوپر کا کوٹھا۔ سب سے اونچی چھت ۶ ایک بڑی کوڑی۔ (س انڈ۔ انڈا) انٹا بندھور (ہ) کوڑی کو جس سے جوا یا کھیلتا ہو لگا دینا ۲ کوڑی جس سے کھیلا جائے۔ اور پھر سب کچھ ہار کر اس کو لگا دیا جائے۔ انٹاچت (صفت) ۱ کوڑی کا پیٹ کے بل پڑنا ۲ گرا ہوا ۳ بیہوش۔ مدہوش ۴ سب کچھ ہارا ہوا۔ بدقسمت۔ انٹاچت پڑنا (لازم) پیٹ کے بل لیٹنا۔ مدہوش پڑے رہنا۔ انٹاچت ہونا (لازم) ۱ پیٹ کے بل گرنا۔ اوندھا لیٹنا ۲ مدہوش ہونا ۳ سب کچھ ہار جانا۔ بدقسمت ہونا۔ کچھ پاس نہ رہنا۔ انٹا غفیل ہونا (لازم) ۱ مرجانا ۲ نشے میں چور ہونا۔ بدمست ہونا۔ انٹا گھر (مذکر) وہ مکان جس میں انٹا کھیلا جائے۔

اِنٹرپریٹر (انگ۔ مذکر) ترجمان۔ وہ شخص جو ایک کی باتیں دوسرے کو سمجھائے۔ جبکہ وہ دونوں ایک دوسرے کی زبان نہ سمجھتے ہوں۔

اِنٹرسٹ (انگ۔ مذکر) ۱ دلچسپی۔

رغبت۔ شوق ؛ سود۔ بیاج۔

اِنٹَرمیڈیَیٹ (انگ۔ صفت) درمیانی۔ وسطی۔ انٹرمیڈیٹ کلاس (مؤنث) ! ریل گاڑی کا درمیانی درجہ ؛ کالج کی پہلی جماعت۔ جسے فرسٹ آرٹ یا ایف۔ اے بھی کہتے ہیں۔

اِنٹَرنیشنَل (انگ۔ صفت) بین الاقوامی۔ انٹرنیشنل لا (مذکر) بین الاقوامی قانون۔ یہ قانون کسی جماعت نے بنایا نہیں ہوتا۔ یہ معاہدات پر مبنی ہوتا ہے۔

اِنٹَروڈیُوس (انگ۔ فعل) ملاقات کرانا۔ تعارف کرنا۔ انٹروڈیوس کرانا (م) کرنا (متعدی) ملاقات کرانا۔ تعارف کرانا۔

اِنٹَرنیس (انگ۔ مذکر) ! دروازہ۔ داخلہ ؛ سکول کی آخری دو جماعتیں جنہیں فورتھ اور ففتھ ہائی کلاس کہتے ہیں۔ نویں اور دسویں جماعت۔ انٹرنیس کا امتحان (مذکر) وہ امتحان جس کو پاس کرکے کالج میں چلے جاتے ہیں۔

اَنٹنا (ھ۔ لازم) ! بھر جانا۔ لبالب بھر جانا۔ لبریز ہو جانا ؛ (کنویں کا) مٹی یا ریت سے اٹ جانا۔ اٹنا۔ انٹوانا (متعدی) بھروانا۔ لبریز کرانا۔ اٹوانا۔

اَنٹنانا ریوو (افریقہ) جزیرہ مڈغاسکر کا دارالخلافہ (ن۔ ؛)

اُنٹنی (ہ۔ مؤنث) اونٹ کی مادہ۔

اَنٹھلانا (ھ۔ متعدی) ! مروڑنا۔ بٹنا ؛ تنگ کرنا۔ کھینچنا۔ کسنا ؛ اکڑ کر چلنا۔ اترانا ؛ ہکلانا لکنت کرنا۔

اَنٹھوانا (ھ۔ م) دیکھو انٹوانا۔

اَنٹھی (ھ۔ مذکر) چھڑی۔

اَنٹی (ہ۔ مؤنث) ! وہ لکڑی جس پر سوت لپیٹتے ہیں ؛ گرہ۔ گانٹھ ؛ جیب۔ کیسہ ؛ سوت یا ریشم کی لچھی ؛ دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ۔ گھائی ؛ ایک انگلی دوسری انگلی پر چڑھی ہوئی ؛ پہلوانی کا ایک داؤ۔ دیکھو انٹی (س درت۔ پھرنا) انٹی باز (صفت) دغاباز دھوکے باز۔ فریبی۔ چالاک۔ انٹی پر چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) دھوکا کھا جانا۔ قابو میں آجانا۔ دام میں پھنسنا۔ انٹی دینا (متعدی) گردنی دینا۔ گردن ناپنا۔ انٹی کرنا (متعدی) ! سوت لپیٹ کر انٹی بنانا ؛ دغابازی سے کسی کا مال لینا۔ فریب دے کر مال اینٹھنا۔ انٹی لگانا (متعدی) دیکھو انٹی دینا۔ انٹی مارنا (متعدی) انگلیوں میں چھپا کر کوئی چیز اڑا لینا۔ انگلیوں میں کوئی چیز چھپا لینا۔ اڑا لینا۔ چرا لینا۔

اُنثی (ع۔ مذکر) خصیہ (انثیٰ۔ دوگنا ہونا) اُنثیان۔ اُنثیَین (مذکر) انثی کا تثنیہ۔ دونوں خصیے۔

اَنُج (س۔ صفت) ! بعد میں پیدا ہوا ہوا ؛ (مذکر) چھوٹا بھائی۔ برادر خورد۔

اِنجا (ع۔ مذکر) رہائی دینا۔ بچانا۔ نجات دلانا۔

اِنجاح (ع۔ مذکر) پورا کرنا۔ مراد پر لانا (نَجَح۔ تکمیل کو پہنچنا)

اِنجاز (ع۔ مذکر) وعدہ وفائی کرنا۔

اِنجاس (ع۔ مذکر) گندہ کرنا۔

اَنجام (ف۔ مذکر) ! انتہا۔ خاتمہ ؛ نتیجہ۔ مآل۔ حاصل ؛ تکمیل۔ کمل کرنا۔ پورا کرنا ؛ مرنا۔ موت (زند انتامہ س انتم۔ بعد میں آنے والا) انجام بخیر ہونا (لازم) نتیجہ اچھا نکلنا۔ مآل کار اچھا ہونا ؛ خاتمہ اچھا ہونا۔ ایمان کے ساتھ مرنا۔ انجام پانا (لازم) تکمیل کو پہنچنا۔ پورا ہونا۔ انجام پر نظر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) نتیجے کا خیال رکھنا۔ انجام سوچنا (متعدی) عاقبت اندیشی کرنا۔ نتیجے پر نظر کرنا۔ انجام کا خیال (مذکر) ! موت کی فکر ؛ نتیجے کی فکر (کرنا۔ بھولنا۔ ہونا کے ساتھ) انجام پذیر ہونا (لازم) ختم ہونا۔ انجام کار (تف) آخرکار۔ آخر کو۔ مآل۔ نتیجہ۔ حاصل۔ انجام کار (مذکر) کام کا نتیجہ (سوچنا کے ساتھ) انجام کو پہنچانا (متعدی) کمل کرنا۔ پورا کرنا۔ ختم کرنا۔ انجام کو پہنچنا کمل ہونا۔ پورا ہونا۔ انجام کار کا پتہ دینا (متعدی) اصل خاتمہ یعنی موت کی حالت ظاہر کرنا۔ انجام کی خبر لینا (متعدی) نتیجے کا خیال کرنا۔ انجام نظر آنا (لازم) معلوم ہو جانا کہ نتیجہ کیا ہوگا۔ انجام ہو جانا (لازم) ! مر جانا ؛ مرت، تکمیل پا جانا۔ ختم ہو جانا۔

اَنجاما (ھ۔ صفت) بنجر۔ وہ زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو۔

اِنجائی (ھ۔ مذکر) دو غلا جانور۔

اَنجائی (ھ۔ صفت) بعد میں آنے والا ؛ متابعت کرنے والا۔ پیچھے آنے والا۔

اَنجُبار۔ اِنجبار (ف۔ مذکر) ایک بیل جو دوائیوں میں کام آتی ہے۔

اِنجبار (ع۔ مذکر) ! جوڑ بیٹھنا ؛ مرمت ہونا

اَنجبین (ع۔ مؤنث) دیکھو انگبین۔

اِنجذاب (ع۔ مذکر) جذب کرنا۔ چوسنا (جذب۔ چوسنا) انجذاب نور (مذکر) روشنی کو جذب کرلینا۔ بجھا دینا۔

اِنجذام (ع۔ مذکر) عضو کٹنا۔

اَنجَرپنجر (اردو۔ مذکر) اعضا۔ ہڈی پسلی۔ جوڑ توڑ۔ انجر پنجر ڈھیلے کر دینا (متعدی) مضمحل کر دینا۔ تھکا دینا۔ بہت مارنا۔ انجر پنجر ڈھیلے ہونا (لازم) تھک جانا۔ مضمحل ہو جانا۔ جوڑ ڈھیلے ہو جانا۔ انجر مہمل ہے۔

اِنجزار (ع۔ مذکر) ! کھینچنا۔ نکلنا [illegible]

اَنجل۔ انجل۔ انجلا (ہ۔ مذکر) [illegible] ہوئے ہاتھ جس طرح مسلمان دعا مانگتے ہیں۔ جن میں پانی پیا جاتا ہے۔ ہاتھ اس طرح ملائے جاتے ہیں کہ ہتھیلیاں اوپر کی طرف رہیں۔ اور بیچ میں خالی جگہ کوئی چیز ڈالنے کے لئے ہو جائے۔ انجل بھر (تف) اس طرح کے دونوں ہاتھ بھر کر۔ انجلی (س۔ مؤنث) ہندوؤں کا سلام کرنے کا ایک طریقہ۔ جس میں ہاتھ ماتھے کی طرف لے جانے کے وقت دونوں ہتھیلیاں ساتھ ساتھ اور اوپر کی طرف ہوتی ہیں۔

اِنجلا (ع۔ مذکر) خروج (جَلَی۔ کوئی چیز پھینکنا)

اَنجُم (ع۔ مذکر) نجم کی جمع۔ ستارے۔

اِنجماد (ع۔ مذکر) ! جمنا۔ جم جانا (برف دودھ۔ خون وغیرہ کا) ؛ جماؤ۔ بستگی (جَمَد۔ جمنا) انجمادِ خون (مذکر) خون کا جم جانا۔ خون کا گاڑھا ہونا۔ انجمادی (صفت) جمانے والا۔

اَنجُمَن (ف۔ مؤنث) ! مجلس۔ سبھا ؛ محفل۔ بزم ؛ کمیٹی۔ انجمن آرا ہونا (لازم) مجلس کو زینت بخشنا۔ محفل لگا کر بیٹھنا۔ انجمن آرائی (مؤنث) محفل کی تیاری یا سجاوٹ۔ انجمن اتحاد مزدوراں (مؤنث) مزدوروں کی انجمن جس کا مقصد مزدوروں کی بہتری کے واسطے تجاویز عمل میں لانا ہے۔ انجمن

اہل حرفہ یا تُجّار (مؤنث) اہل حرفہ یا تاجروں کی انجمن جس کا مقصد ایک دوسرے کی امداد ہوتا ہے۔ ٹریڈ یونین۔ انجمن پیرا (صفت) مجلس کو سجانے والا انجمن ترتیب دینا (متعدی) ہونا (لازم) محفل لگنا۔ انجمن روزگار (مؤنث) زمانے کی محفل۔ انجمن عالم (مؤنث) دنیا کی محفل۔ انجمن عشرت (مؤنث) عیش کی مجلس۔ بزم عیش۔ محفل عشرت۔ انجمن مشاورت (مؤنث) مشورہ کرنے کے لئے مجلس۔ انجمن نشین (مذکر) حاضرین محفل۔

اَنجَن (س۔ مذکر) ۱ سرمہ۔ کحل۔ کاجل ۲ چھپکلی ۳ ایک سانپ ۴ ایک پہاڑ ۵ متصلا کا ایک راجہ انجنا (مؤنث) ۱ ہنومان جی کی ماں ۲ پیروسین کی ماں ۳ (لازم) سرمہ لگانا۔ انجن سار (صفت) سرمہ بھری۔ سرمہ لگی ہوئی (آنکھ) انجن لگانا (لازم) سُرمہ آنکھوں میں لگانا۔ انجن ہاری (مؤنث) ۱ آنکھ کے کنارے پر ایک پھنسی ۲ ایک پودا۔ گوہانجنا۔ گوہیرٹی۔ انجنی (مؤنث) ۱ عورت جس کے سُرمہ لگا ہوا ہو ۲ ایک پودا ۳ ہنومان جی کی ماں ۴ آنکھ کی پھنسی ۵ چھوٹا گرگٹ۔

اِنجَن (انگ۔ مذکر) ۱ وہ لوہے کی گاڑی جو ریل گاڑی کو کھینچنے کے لئے لگائی جاتی ہے ۲ کل۔ وہ کل جو کسی چیز کو چلائے۔ جیسے مشین کا انجن ۳ پانی نکالنے کا انجن وغیرہ۔ انجن ڈرائیور (مذکر) انجن چلانے والا۔ انجن شیڈ (مذکر) وہ جگہ جہاں انجن رکھے جاتے ہیں۔

اَنجَنکا (س۔ مذکر) ایک قسم کا گرگٹ۔

اَنجھا (ہ۔ مذکر) وقفہ۔ درمیانی وقت۔ انجھا ہو جانا (لازم) وقفہ پڑ جانا۔

اَنجیر (ف۔ مذکر) ایک مشہور میوہ۔ انجیر آدم (مذکر) جنگلی انجیر۔

اَنجیرونا (ہو عس) چپ اور تکلیف سے نجات دینے کی دیوی۔

اِنجیل (ع۔ مؤنث) ۱ مسلمانوں کے اعتقاد کے بموجب وہ کتاب جو حضرت عیسےٰ پر اُتری ۲ عیسائیوں کے نزدیک ۲۷ یا ۲۸ کتابوں کا مجموعہ جنہیں مقدس کتب قرار دیا گیا ہے۔ اور جن میں حضرت عیسےٰ کے اقوال اور ان کی زندگی کے حالات لکھے گئے ہیں۔ اسے نیا عہدنامہ بھی کہتے ہیں ۳ توریت اور انجیل کا مجموعہ ۴ اس کتاب کا ایک نسخہ۔ انجیل مقدس (مؤنث) عزت سے توریت اور انجیل کے مجموعے کو کہتے ہیں۔

اِنجینیر (انگ۔ مذکر) تعمیرات یا کلوں کے کام کا ماہر۔

اَنجیوری (س۔ صفت) ۱ تابع ۲ وابستہ متعلق ۳ (مذکر) نوکر۔ ملازم۔

اِنچ (انگ۔ مذکر) ایک ماپ جو گز کا چھتیسواں اور فٹ کا بارھواں حصّہ ہوتا ہے۔

اُنچ۔ اُنچا (ہ۔ صفت) اونچا۔ اُنچان (مؤنث) اُونچائی۔ اُنچانا (متعدی) اُونچا کرنا۔ اُٹھانا۔ انچاؤ (ہ۔ مذکر) انچاہٹ۔ انچائی (ہ۔ مؤنث) ۱ بلندی۔ ارتفاع ۲ اوج۔ عروج ۳ آواز کا اونچا ہونا۔

اِنچا (ہ۔ ماضی) اینچا کی۔ اِنچا کھچا (صفت) کھینچا جانے والا۔ تکلیف اُٹھانے والا۔

مثل۔ انچا کھچا وہ پڑے جو پرلے بیچ میں پڑے۔ جو دوسروں کے جھگڑے میں پڑے۔ اسے بہت تکلیف اُٹھانی پڑتی ہے۔

اِنچارج (انگ۔ مذکر) وہ شخص جس کے زیر اہتمام کوئی چیز یا کام ہو۔

اُنچاس (ہ۔ صفت) ایک کم پچاس ۴۹۔ ۴۹ (س اُد ہنچاشت)

اَنچر (س۔ مذکر) ۱ پیرو۔ چیلا۔ مرید ۲ نوکر۔ چاکر۔ ملازم۔ مصاحب۔

اَنچرت (ہ۔ صفت) جس کا پیچھا یا تعاقب کیا جائے۔

اُنچکانا (ہ۔ متعدی) دیکھو اُچکانا۔

اِنچنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھینچنا ۲ تنگ ہونا ۳ لٹکنا ۴ جذب ہونا ۵ دُور رہنا ۶ نقل ہونا ۷ (قرضہ) دوسرے کے سر پڑنا۔

اَنچوانا (ہ۔ مم) ۱ کلی کرانا۔ کلی کے لئے پانی دینا۔

اَنچونا (ہ۔ متعدی) کلی کرنا۔ پانی سے منہ صاف کرنا۔

اَنچہ (ف۔ لف) آنچہ کا مخفف۔ جو کچھ۔

مثل۔ انچہ مادر کار داریم اکثرش در کار نیست۔ جس کی مجھے ضرورت ہے۔ دوسرے کو نہیں۔ انسان کی زندگی بے سروسامانی میں بھی گزر جاتی ہے۔

اَنچھا (س۔ مؤنث) ۱ خواہش کا نہ ہونا۔ گریز۔ عدم میلان ۲ بے پروائی۔ بے اعتنائی۔

اَنچھر (ہ۔ مذکر) اُنچھر ٹ (ہ) جادو کا لفظ یا کلمہ۔ جادو منتر۔ انچھر پڑھ کے مارنا (متعدی) ۱ جادو کرنا ۲ جادو کر کے نقصان پہنچانا یا قابو میں کرنا۔

اَنچے اَنچے رہنا (اردو۔ لازم) کھنچے کھنچے رہنا۔ دُور دُور رہنا۔

اَنچیبنا (ہ۔ متعدی) کھڑی فصل کا اندازہ کرنا (س ان۔ اناج۔ چینہ۔ اندازہ)

اِنحا (ع۔ مذکر) نحو کی جمع۔ رستے۔ طریقے

اِنحداب (ع۔ مذکر) جھکاؤ (حدب۔ جھکنا)

اِنحراف (ع۔ مذکر) ۱ پھر جانا۔ سرکشی کرنا ۲ سرکشی۔ نافرمانی۔ روگردانی۔ مخالفت ۳ کسی جرم فلکی کا اپنے راستے یا جگہ سے ہٹ جانا ۴ مذہب چھوڑ دینا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (حرف۔ پھر جانا) انحراف قطب نما (مذکر) وہ زاویہ جو قطب نما کی سوئی شمال کے خط کے ساتھ کسی اثر کی وجہ سے بناتی ہے۔ انحراف لونی (مذکر) روشنی کی کرنوں کے رنگ دار حصوں کا سیدھے راستے سے مڑنا اور ہر حصّے کا مختلف نقطۂ شعاعی پر جمع ہونا۔ انحراف نور (مذکر) روشنی کی کرنوں کا اپنے سیدھے راستے سے پھر جانا۔ انحراف ورزی (مؤنث) سرکشی۔ نافرمانی۔ بغاوت۔

اِنحصار (ع۔ مذکر) ۱ گھر جانا۔ محاصرہ ہو جانا ۲ محصور ہونا ۳ محاصرہ۔ نرغہ۔ حصار۔ قلعہ بندی ۴ منحصر ہونا۔ آسرا رکھنا۔ بھروسا رکھنا (ہونا کے ساتھ) (حصر۔ گھیر لینا)

اِنحطاط (ع۔ مذکر) کمی۔ گھٹاؤ۔ تنزل (حط۔ نیچے اُترنا)

اِنحطام (ع۔ مذکر) ٹوٹنا۔

اِنحلال (ع۔ مذکر) کھل جانا۔ پھیل جانا (حل۔ گانٹھ کھلنا) انحلال النور (مذکر) روشنی کا محدب شیشے میں سے گزر کر سات رنگوں میں تقسیم ہو جانا۔

اَنحَن (ع۔ صفت) کبڑا۔

اِنحنا (ع۔ مذکر) خم۔ جھکاؤ۔ انحداب (حنو۔ ٹیڑھا ہونا)

اِنخداع (ع۔ مذکر) دھوکا کھانا۔

اِنخِراع (ع۔ مذکر) ۱ پھوٹنا ۲ جوڑ اپنی جگہ سے ہل جانا۔

اِنخِراق (ع۔ مذکر) پھٹنا۔

اِنخِزاع (ع۔ مذکر) ۱ کٹنا۔ دوہونا ۲ کمزوری یا بڑھاپے سے جھک جانا۔

اِنخِزال (ع۔ مذکر) آہستہ سے ملنا

اِنخِساف (ع۔ مذکر) چاندگرہن لگنا۔

اِنخِصار (ع۔ مذکر) چھوٹا ہونا۔

اِنخِفاض (ع۔ مذکر) جھکاؤ۔ دباؤ۔ گراؤ (خفض کسی چیز کو نیچا کرنا) انخفاض قطب (مذکر) جل جوں ناظر خط استوا کی طرف جاتا ہے قطب نیچا جاتا معلوم ہوتا ہے۔ یہ جھکاؤ انخفاض قطب ہے۔ انخفاض قطب نظری (مذکر) وہ زاویہ جو افق حسّی اور افق حقیقی کے درمیان بنتا ہے۔

اِنخِفاف (ع۔ مذکر) ۱ ہلکا پن۔ سُبکی ۲ شوخی۔ چنچل پن۔ اچپلاہٹ (خفّ۔ ہلکا ہونا)

اِندُرس (۔مذکر) ۱ سوم رس کا ایک قطرہ۔ سوم رس ۲ چمکدار قطرہ ۳ چنگاری ۴ چاند ۵ اِندَبھ (مذکر) نکشترہ مرگشرس۔ اندجنگ (مذکر) سمندر۔ اندج (مذکر) عطارد یا بدھ۔ اندرتن (مذکر) موتی۔ اندریکھا (مونث) چاند کا سولھواں حصّہ۔ اندشیکھر (مذکر) ۱ عطارد ۲ ایک کنر کا نام۔ اندلوہک (مذکر) چاندی۔ اندمت (مونث) ۱ بدر کا دن ۲ ایک ٹیکا۔ ۔اندوار (مذکر) پیر کا دن۔ سوموار۔

اِنخِلاع (ع۔ مذکر) جڑ سے اکھڑنا۔

اَنداختہ (ف۔ صفت) پھینکا ہوا۔ نکالا ہوا۔ باہر گیا ہوا۔ خارج کیا ہوا (انداختن۔ پھینکنا)

اَندار (ف۔ مذکر) قصّہ۔ کہانی۔ فسانہ۔

اِندارا (ھ۔ مذکر) بہت بڑا پختہ کنواں جس کے اوپر کوٹھی یا ناد ہو۔

اَنداز (ف۔ صفت) ۱ پھینکنے والا۔ نشانہ لگانے والا۔ بعض مرکبات کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے تیرانداز۔ برقنداز ۲ (مذکر) ڈھنگ۔ طرز۔ طور۔ دھج۔ ڈول۔ تراش۔ وضع ۳ ناز۔ آن۔ معشوقانہ ادا ۴ نزاکت سلاست۔ شستگی ۵ قرینہ۔ قیاس۔ اٹکل۔ اندازہ تخمینہ ۶ اعتدال۔ حد۔ مقدار معین ۷ نمونہ۔ پیمانہ۔ مقدار۔ وزن قیمت (انداختن۔ پھینکنا) اندازاً (تف) تخمیناً۔ اٹکل سے اندازے سے۔ انداز اڑانا (متعدی) طرز اڑا لینا۔ کسی کی طرز و وضع کی نقل کرنا۔ ڈھنگ سیکھ لینا۔ اندازپٹی (مونث) ۱ کن کوت ۲ کھڑی فصل کا تخمینہ کرنا۔ اندازپٹی (صفت) ناز و انداز پر فخر کرنے والی عورت۔ بہت سنگار کرنے والی۔ نخرے باز۔ اندازے سے (تف) ۱ نخرے سے۔ نازسے ۲ اٹکل سے۔ قیاس سے۔ اندازِ سخن (مذکر) بات کرنے کا طریقہ۔ اندازسے باہر ہونا (لازم) حداعتدال سے بڑھ جانا۔ اندازِ گفتگو (مذکر) بات کرنے کا طریقہ۔ انداز نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) شان پائی جانا۔ انداز ملنا (لازم) طرز ملنا۔ اٹکل ہو جانا۔ تخمینہ ملنا۔ اندازاً (تف) اندازے سے۔ اٹکل سے۔ تخمیناً۔ اندازہ (مذکر) ۱ اٹکل۔ قرینہ۔ تخمینہ۔ قیاس ۲ امتحان۔ جانچ۔ پڑتال ۳ حداعتدال۔ بمقدار معین ۴ ناپ۔ پیمانہ۔ مقدار۔ وزن قیمت ۵ آواز کا اتار چڑھاؤ ۶ (موسیقی) وقت۔ اندازہ پانا (لازم) اٹکل پانا۔ اندازہ دیکھنا (لازم) طور دیکھنا۔ اندازہ سے باہر ہونا (لازم) طاقت میں نہ ہونا۔ قیاس سے زیادہ ہونا۔ اندازہ کرنا (متعدی) ۱ تخمینہ کرنا۔ اٹکل سے کام لینا ۲ امتحان کرنا۔ جانچنا۔ اندازہ گر (مذکر) وہ شخص جو کسی علاقے کا ملاحظہ کانی مادوں کی تلاش میں کرے۔ اندازہ گری (مونث) کانی مادوں کی تلاش کے لئے کسی علاقے کا ملاحظہ۔

اَندام (ف۔ مذکر) ۱ بدن۔ جسم۔ قد۔ ڈیل ڈول۔ قامت ۲ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے سمن اندام۔ گل اندام۔ اندام نہانی (مذکر) شرمگاہ۔

اِندام (ع۔ مذکر) نادم کرنا۔

اِندِباغ (ع۔ مذکر) کمایا جانا چمڑے کا

اَندَر (ف۔ حرف جر) ۱ دروں۔ بھیتر بیچ۔ درمیان میں ۲ میں (س انتر) اندر باہر کے بہت دشمن ہو گئے۔ اپنے بیگانے سب مخالف ہو گئے۔ اندر کرنا (متعدی) کسی چیز میں رکھنا۔ داخل کرنا۔ گھسیڑنا۔ اندر کی سانس اندر باہر کی باہر۔ خوف۔ تحیر یا سکوت سے ایسی حالت ہو جاتی ہے۔ سانس لینا دشوار ہو گیا۔ اندروار (تف) اندر کی طرف۔ اندروالا (مذکر) ۱ کنایتاً دل۔ من ۲ بچّہ جو ماں کے پیٹ میں ہو۔ اندر والا نہیں سمجھتا ہے۔ دل نہیں مانتا ہے۔ اندر ہونا (لازم) کسی چیز میں ہونا۔ داخل ہونا۔ اندر جانا۔ اندر ہی اندر (تف) چپکے چپکے۔ پردے پردے میں۔ اندروں (صفت) ۱ اندر کا۔ بیچ کا۔ بھیتری ۲ کنایتاً دل۔ باطن۔ اندرون خانہ (مذکر) ۱ گھر کا اندر ۲ مستورات۔ اندرونی (صفت) اندر کا۔ اندرونی دائرہ (مذکر)۔ وہ دائرہ جو کسی شکل کے اندر اس کے پہلوؤں سے مس کرتا ہوا بنایا جائے۔ اندر ہی اندر گھن لگ جانا (لازم) غم کی وجہ سے بیمار ہو جانا۔

مثل۔ اندر چھوت نہیں باہر بیں دور دور۔ بہت ریاکار ہیں۔

اِندَر (س۔ مذکر) ۱ دیوتاؤں کا راجہ۔ آکاس اور سرگ کا مالک ہے۔ مینہ برساتا ہے۔ رگ وید کے بہت سے منتر اس کے نام پر ہیں۔ آدیتوں میں سے ایک ہے ۲ ایک نجومی ۳ ایک وید ۴ دائیں آنکھ کی پتلی ۵ روح انسان ۶ چھبیسویں نکشترے میں ایک ستارہ۔ ۷ جمبو دیپ کے نو حصوں میں سے ایک ۸ (ہ) اندرسبھا میں دیوؤں اور پریوں کا راجہ۔ اندرا (مونث) اندر کی بیوی۔ اندرابھ (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا۔ اندراسن (مذکر) راجہ اندر کا تخت۔ اِندرانی (مونث) ۱ راجہ اندر کی استری اور جینتا اور جینتی کی ماتا ہے۔ اس کا ذکر رگ وید میں آتا ہے ۲ ایک پودا ۳ درگاجی ۴ بائیں آنکھ کی پتلی ۵ جماع کا ایک آسن۔ اِندر بدھو (مونث) ۱ راجہ اندر کی استری ۲ بیر بہٹی۔ اندر پال (مذکر) ایک راجہ۔ اندر پرست (مذکر) وہ شہر جو پانڈوں کا دارالسلطنت تھا۔ یہ جمنا کے کنارے دہلی سے چند میل کے فاصلے پر تھا۔ اِندر پرمت (مذکر) وید کے چند منتروں کا مصنف اور پیل کا شاگرد۔ اندر پروت (مذکر) ایک پہاڑ اِندرپوری (مونث) راجہ اندر کا دارالسلطنت اور دیوتا اور دیویوں کی رہائش کی جگہ۔ اندر توَیا (مونث) ایک دریا۔ اِندر جَ (مذکر) ۱ راجہ اندر کا جال جو جنگ میں دھوکا دینے کے لئے لایا جاتا تھا ۲ دھوکا۔ فریب شعبدہ۔ اِندر جالی (صفت) پُر دغا۔ باطل ۲ پر فریب دھوکے باز شخص ۳ جادوگر۔ مداری۔ اِندر جت (مذکر) ۱ میگھ ناتھ کا لقب۔ اس نے ایک لڑائی میں اندر کو گرفتار کر لیا تھا ۲ ایک دانو ۳ راون کا باپ جو کشمیر کا راجہ تھا ۴ ایک راجہ جو کیشو داس کا محسن تھا۔ اِندر جَو (مذکر) ایک پودے کا بیج۔ اِندر دَت (مذکر) ایک برہمن ۲ اندر دیپ (مذکر) نو دیپوں میں سے ایک۔ اندر دھنش (مذکر) قوس و قزح۔ اندر دھوج (مذکر) ۱ اندر کا جھنڈا ۲ ایک تتھاگت کا نام ۳ ایک ناگ۔ اندر سارتھ (مذکر) ... اندر ساورن (مذکر) چودھواں منو۔ اندر سبھا (مونث) ۱ راجہ اندر کا دربار ۲ اردو

زبان کا پہلا ناٹک۔ مصنفہ امانت۔ اندرسُت (مذکر) بالی۔ اِندرسنہار (مذکر) ایک شاعر۔ اندرسین (مذکر) ۱۔ کئی آدمیوں کا نام ۲۔ ایک ناگ ۳۔ ایک پہاڑ ۴۔ نل اور دمینتی کا لڑکا۔ اندرسینا (مؤنث) ۱۔ اندر کی فوج ۲۔ ایک دیوی ۳۔ کئی عورتوں کا نام ۴۔ نل کی بیوی دمینتی۔ اندرشترُو (مذکر) پرہلاد۔ اِندرشکتی (مؤنث) اندر کی بیوی۔ اِندرشیلَ (مذکر) ایک پہاڑ۔ اندر کا اکھاڑا (مذکر) ۱۔ راجہ اندر کی سبھا جس میں پریوں کا ناچ ہوتا تھا ۲۔ جہاں ارباب نشاط یا حسینوں کا مجمع ہو اندر کا اکھاڑا ہے (ہ) مکان بہت سجا ہوا اور مصفّا ہے۔ اندرگمن (مذکر) وشن جی۔ اندرکروش (مذکر) ایک مقام۔ اندرکوٹ (مذکر) ایک پہاڑ۔ اندرکوی (مذکر) ایک شاعر۔ اندرکیلَ (مذکر) ۱۔ ایک پہاڑ ۲۔ شہتیر۔ اِندرگپُت (مذکر) ایک برہمن ۔ (تف) اندر کی حفاظت میں۔ اِندرگرُو (مذکر) کشیپ۔ اندرگبر (مذکر) ایک پہاڑ۔ اِندرگھوش (مذکر) ایک دیوتا۔ اندرلوک (مذکر) اندر کی جائے رہائش۔ سُرگ۔ اِندرلوکا گمن (مذکر) اِندرلوک کا سفر۔ مہابھارت کی تیسری کتاب کا نام۔ اِندرمارگ (مذکر) ایک تیرتھ۔ اندرمارگا (مؤنث) ایک دریا۔ اِندرواہن (مذکر) اندر کا رتھ بان۔ اِندروَت (مذکر) ایک گروہ۔ اِندرورمن (مذکر) ایک بہادر کا نام۔ اِندروَن (مذکر) ایک مقام۔ اندرلیشور (مذکر) ایک تیرتھ۔ اِندرلیشورلنگ (مذکر) ایک لنگ کا نام۔

مثل۔ اندر راجہ گرجا مہاراجیا لرجا بادل گرجا ہمارا دل لرزا۔ بنئے اناج جمع کرتے ہیں کہ مہنگا ہوگا تو بیچیں گے۔ جب بارش کے آثار ہوتے ہیں تو گھبراتے ہیں۔

اَندرَ (س۔ صفت) جاگا ہوا۔ بیدار۔ جس کو نیند نہ آئے۔

اِندُر (س۔ مذکر) چوہا۔

اِندَرا (س۔ مؤنث) دولت کی دیوی لچھمی۔

اِندراج (ع۔ مذکر) ۱۔ درج کرنا۔ داخل کرنا۔ لکھنا ۲۔ (ع) کسی خاندان کا خاتمہ (دَرَج۔ چڑھنا) اندراجات (مذکر) اندراج کی جمع۔ لکھے ہوئے۔ مندرجہ۔ اندراج قانونی (مذکر) وہ اندراج جو بحکم قانون سرکاری رجسٹروں میں ہوتا ہے۔ اندراج کرنا (متعدی)، ہونا (لازم)، لکھا جانا۔ درج ہونا۔

اِندِراس (ع۔ مذکر) مٹنا۔

اِندرائن (ہ) ۱۔ ایک پھل جو دیکھنے میں خوبصورت مگر سخت کڑوا ہوتا ہے ۲۔ خوبصورت مگر نکما آدمی۔ اندرائن کا پھل (مذکر) اندرائن۔

مثل۔ اندرائن کا پھل دیکھنے کا ہے چکھنے کا نہیں۔ ظاہر اچھا باطن خراب۔ قابل صحبت نہیں۔ صورت اچھی سیرت خراب۔

اَندَرز (ف۔ مذکر) نصیحت۔ مشورہ۔ صلاح۔

اَندَرسا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کی مٹھائی جو چاول اور آٹے سے بناتے ہیں ۲۔ ایک قسم کا کپڑا۔

اِندری (ہ) اِندریہ (س۔ مؤنث) ۱۔ حواس ظاہری و باطنی ۲۔ کسی حس کا آلہ مثلاً دیکھنے کا آنکھ۔ سُننے کا کان وغیرہ ۳۔ آلۂ تناسل۔ اندامِ نہانی۔ اندری جُلّاب (ہ۔ مذکر) ایسی دوا جس سے پیشاب زیادہ آئے۔ مُدِر دوا ۲۔ جماع۔ مباشرت۔ اندری کے بس ہونا (لازم) شہوت سے مجبور ہونا۔ مستی میں آنا۔ زنا کی طرف رجوع کرنا۔ اندری چڑھانا یا کھینچنا (متعدی) کشتی کا ایک داؤ۔ اندری گیان (مذکر) قوت ادراک۔ فہم یا تمیز۔

اِندِساس (ع۔ مذکر) زمین میں چھپنا۔ دبنا۔

اِندِفاع (ع۔ مذکر) دُور ہونا۔ دفع ہونا (دَفَعَ۔ ہٹانا) اندفاعِ مرض (مذکر) بیماری کو روکنا یا رفع کرنا۔

اِندِفاک (ع۔ مذکر) گر جانا (پانی)

اِندِفاق (ع۔ مذکر) کُٹنا۔

اَندَک (ف) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔

مثل۔ اندک اندک میشود بسیار۔ تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے۔

اِندِلاص (ع۔ مذکر) ہاتھ میں سے پھسل کر زمین پر گرنا۔

اِندِمال (ع۔ مذکر) ۱۔ زخم کا بھر آنا۔ انگور آجانا ۲۔ صحتیاب ہونا۔ افاقہ ہونا ۳۔ تسلی اطمینان (دَمَلَ۔ زخم بھرنا)

اَندِن (ہ۔ تف) روزانہ۔ ہر روز۔ دن بدن۔

اَندُواہ (س۔ مذکر) ۱۔ ناکتخدائی۔ کنوارا پن ۲۔ تجرد۔ مجردی۔

اَندوختہ (ف۔ صفت) ۱۔ حاصل کیا ہوا۔ پایا ہوا ۲۔ (مذکر) جمع کیا ہوا روپیہ پیسہ۔ پس انداز کیا ہوا روپیہ۔

اَندُود (ف۔ صفت) ڈھنپا ہوا۔ چھڑکا ہوا۔ مرصع۔ مرکبات میں جیسے زراندود۔ سونے سے مرصع۔

اِندُور (س۔ مذکر) اِندُر۔ چوہا۔

اَندوز (ف) ۱۔ پایا ہوا۔ حاصل کیا ہوا ۲۔ اکٹھا کیا ہوا۔ مرکبات میں جیسے ظلمت اندوز۔

اَندولنا (ہ۔ متعدی) جھولا جھولنا۔

اَندوہ (ف۔ مذکر) رنج۔ غم۔ اندوہگیں۔ اندوہناک (صفت) غمگین۔ رنجیدہ۔ اندوہ و الم (مذکر) رنج و غم۔ اندوہ و الم طاری ہونا (لازم) سخت غم ہونا۔ اندوہ و تعب (مذکر) رنج و غم۔ غم و غصہ۔

اَندھ (س۔ صفت) ۱۔ اندھا ۲۔ سیاہ ۳۔ (مذکر) اندھا آدمی۔ نابینا شخص ۴۔ تاریکی۔ سیاہی۔ اندھ تمس (مذکر) بہت تاریکی۔ اَندھرتا (صفت) جسے رات کو نظر نہ آئے۔ اندھکار (مذکر) ۱۔ تاریکی ۲۔ نہایت سخت آندھی جس میں اندھیرا ہو جائے۔ اندھ کوپ (مذکر) دیکھو اندھا کنواں۔

اَندھا (ہ۔ صفت) ۱۔ نابینا۔ کور ۲۔ تاریک۔ دھندلا ۳۔ دیکھ کر کام نہ کرنے والا۔ اندھا دھند کام کرنے والا ۴۔ (مذکر) اندھا آدمی۔ نابینا شخص (س اندھ۔ اندھا کرنا) اندھا آئینہ (مذکر) غیر شفاف آئینہ جس میں ٹھیک دکھائی نہ دے۔ دُھندلا آئینہ۔ اندھا بنانا (متعدی) آئینے کو تاریک یا دھندلا کر دینا۔ اَندھاپن ۱۔ (مذکر) دکھائی نہ دینا۔ کم نظر آنا ۲۔ غفلت۔ جاہلیت۔ اندھتا (ہ) اندھا پن۔ اندھا جلنا (لازم) ٹھیک نہ جلنا۔ بُجھی بُجھی روشنی دینا۔ اندھا بگلا (صفت) گھبراہٹ میں بدسلیقگی سے کام کرنے والا۔ گھبرا کر جلدی جلدی کام کرنے والا۔ اندھا بنانا (متعدی)، بننا (لازم) شوق اور جوش سے بدحواس ہو جانا۔ کہ کچھ نہ سوجھے ۲۔ بیوقوف بننا۔ دھوکا کھانا ۳۔ اندھا ہونا ۴۔ جھوٹ موٹ اپنے آپ کو اندھا ظاہر کرنا۔ اندھا بھینسا (مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل۔ ایک لڑکے کی آنکھیں بند کر کے اس کی پیٹھ پر دوسرا لڑکا سوار ہو جاتا ہے۔ باقی لڑکے

باری باری سے اس کے نیچے سے نکلتے ہیں جس کا نام وہ بتادے پھر وہ بھینسا بن جاتا ہے - اور بتانے والا سوار ہو جاتا ہے - **اندھا بھینسا بن جانا** (لازم) نظر نہ آنا - نظر کمزور ہو جانا - **اندھا تارا** (مذکر) سیارہ نپتیون جو نظام شمسی کا سب سے بعید سیارہ ہے - **اندھا دُھند** (رتف) ۱ بے سمجھے بوجھے بے سوچے سمجھے ۲ بے حساب - بے ٹھکانے ۳ (مذکر) اندھیر - بدنظمی ۴ اندھاپن - **اندھا دھند** (صفت) نابینا - کم سوجھ - جسے صاف نہ دکھائی دے - **اندھا دھند اٹھانا** (ه) ۱ اندھیر مچانا - ظلم کرنا ۲ شور مچانا ۳ خرچ کرنا - ضائع کرنا - **اندھا دھند اُٹھنا** (لازم) بے سوچے سمجھے خرچ ہونا - **اندھا رونا** (ه - لازم) بے انتہا رونا - **اندھا دھند کی دہائی** (ه) واسطے ڈالنا - امداد کے لئے شور مچانا - **اندھا دُھند لُٹانا** (متعدی) بے سوچے سمجھے خرچ کرنا - **اندھا دھند مچنا** (لازم) بہت بے انصافی ہونا - بے انتظامی ہونا - **اندھا کرنا** (متعدی) ۱ نابینا کر دینا ۲ شوق اور جوش سے بدحواس ہو جانا ۳ دھوکا دینا - **اندھا کنواں** یا کوپ (مذکر) خشک اور تاریک کنواں - کنواں جس کا منہ بند ہو یا جس پر پودے وغیرہ اس قدر اگے ہوں کہ اس کا پتہ نہ لگے - **اندھا گھوڑا** (مذکر) آزاد فقیروں کی اصطلاح جوتا - **اندھا ہو** - قسم کی جگہ کہتے ہیں - **اندھا ہو جائے** (عو) کوستی ہیں - **اندھا ہولی** (مذکر) ایک قسم کی گھاس جس کا پھول زمین کی طرف جھکا رہتا ہے - **اندھا ہولی ہے** کم فہم ہے - کم سمجھ ہے - **اندھا ہونا** (لازم) ۱ نابینا ہونا ۲ شوق اور مستی میں بدحواس ہونا - **اندھی سرکار** (مؤنث) ۱ بُری سلطنت - سلطنت جہاں ظلم ہوتا ہو ۲ ایسا امیر شخص جو نوکروں کو تنخواہ وقت پر نہ دے یا دیر تک دبائے رکھے - **اندھے کا خدا حافظ** - بیکس کا مددگار خدا ہے - **اندھے گھوڑے پر سوار کر دے** - فقیروں کی صدا - جوتا پہنا دے - **اندھے کی لاٹھی یا لکڑی** (مؤنث) ۱ ضعیفی کا سہارا ۲ بیکس کا سہارا ۳ ایک ہی بچہ جو بہت میں سے جیا ہو -

امثال و اقوال - **اندھا آنکھ پائے ہی پتیائے** - جب کام ہو تو جانیں **اندھا امام ٹوٹی مسیت** - دیکھو اندھا مُلّا الخ - **اندھا بانٹے ریوڑیاں ہر پھر اپنوں ہی کو دے** - اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو اپنوں ہی کو فائدہ پہنچائے - **اندھا بانٹے جیوڑی اور پیچھے بچھڑا کھائے** - بیوقوف کے کام کی نسبت کہتے ہیں - **اندھا بادشاہ لنگڑا وزیر کاٹھ کا گھوڑا لوہے کی زین** بھوڑی سی دولت پر اترا جانا - سب باتیں حماقت اور مضحکہ کی کرنا - **اندھا بگلا کیچڑ کھائے** - غافل آدمی ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے - **اندھا بے ایمان** - چونکہ اندھے کو ہمیشہ خطرہ رہتا ہے کہ لوگ اسے دھوکا دینگے - اس لئے اس کا ایمان قائم نہیں رہتا - **اندھا بے ایمان بہرا بہشتی** - اندھا اپنے قدرتی نقص کی وجہ سے بے ایمان ہو جاتا ہے - اور بہرا نیک ہو جاتا ہے - کیونکہ وہ بُری بات سُنتا ہی نہیں - **اندھا تب پتیائے جب دو آنکھیں پائے** - جب یہ کام ہو تو جانیں - **اندھا جانے آنکھوں کی سار** - آنکھوں کی قدر اندھا ہی جانتا ہے - ضرورتمند کسی چیز کی ضرورت کو اچھی طرح سمجھتا ہے - **اندھا جئے بُرے حالوں** - اندھے کی بھی کوئی زندگی ہے - **اندھا کیا چاہے دو آنکھیں** - وہ شخص کہتا ہے جسے اس کی خواہش کے مطابق کوئی چیز دینے کے لئے پوچھا جائے - **اندھا چوہا تھوتھے دھان** - ناواقف کو اچھی چیز نہیں ملتی - **اندھا دھند منو ہرا گائے** - سخت بد انتظامی ہے - جس کا جو دل چاہے کرتا ہے - **اندھا دیکھے تو پتیائے** - جب کام ہو تو جانیں - **اندھا راجہ بیداد (چوپٹ) نگری** - دیکھو اندھیر نگری الخ - **اندھا سپاہی کانی گھوڑی بدھنا نے آپ ملائی جوڑی** - ایک جیسے دوست مل گئے - دو مصیبت زدہ دوست مل گئے - **اندھا کہے مَیں سرگ چڑھ موتوں اور مجھے کوئی نہ دیکھے** - ہر ایک یہ چاہتا ہے کہ جو چاہے کرے کوئی اس پر اعتراض نہ کرے - **اندھا کیا جانے بسنت (لالہ) کی بہار** - ناقدر شناس کسی چیز کی قدر نہیں کر سکتا - **اندھا گائے بہرا بجائے** - نالائق آدمی کام کے لئے جمع ہیں - **اندھا گرو بہرا چیلا مانگے ہڑ دے بہیڑا** - **اندھا گرو بہرا چیلا دونوں نرک میں ٹھیلم ٹھیلا** ۱ نالائق آدمی جمع ہیں - کرنا کچھ ہوتا ہے - کرتے کچھ اور ہیں ۲ بیوقوفوں کی مجلس جو کوئی کام ٹھیک نہیں کرتے - **اندھا لکڑی ایک بار کھوتا ہے** - ایک بار اعتبار کیا جاتا ہے - اگر کوئی دھوکا دے تو دوسری بار اُس کا اعتبار نہیں کیا جاتا - **اندھا مُلّا ٹوٹی مسجد** - ناقص کو ناقص چیز ہی ملتی ہے - جیسا مُنہ ویسا ملیدا - **اندھا ہاتھی اپنی فوج ہی کو مارے** - بیوقوف آدمی اپنے ہی رفیقوں کو نقصان پہنچاتا ہے - **اندھا ہاتھی بہرا مرشد** - ایک جیسے نالائق جمع ہیں - **اندھوں (میں) کانا راجہ** - بیوقوفوں میں معمولی عقل کا اور نالائقوں (میں) تھوڑا بہت جاننے والا بڑا عقلمند سمجھا جاتا ہے - **اندھوں نے گاؤں مارا دوڑیو بے لنگڑو** - جب کسی شخص سے ایسا کام بن آئے جس کی امید نہ ہو تو کہا جاتا ہے - **اندھی پیسے کُتّا کھائے** - بیوقوف کی محنت ضائع جاتی ہے - **اندھی ماں پوتوں کے بچ منہ دیکھے** - ناممکن بات ممکن نہیں - **اندھی مچھلی کبھی جوتے** - ایک تو مچھلی اندھی دوسرے ندی ٹھہری - مطلب یہ ہے کہ ایک مصیبت پر دوسری مصیبت - **اندھے رسیا آئینہ پہ مریں** - جس چیز کی ضرورت نہیں اس کی خواہش کریں - **اندھے حافظ کانے (راجہ) نواب** شیخی خورے کی نسبت کہتے ہیں - **اندھے کو اندھا رستہ کس طرح بتائے (کیونکر بتائے)** - جو خود گمراہ ہو وہ دوسرے کو کیا ہدایت کریگا - **اندھے کو اندھیرے میں بہت دُور کی سوجھی** - اس جگہ کہتے ہیں جب کوئی بیوقوف اتفاقاً عقل کی بات کہدے - **اندھے کو بھاگنا کیا ضرور** - جس بات کی ضرورت نہیں اسے کیوں کیا جائے - **اندھے کو جوا معاف** - ناواقف کے لئے قصور پر گرفت نہیں - **اندھے کو (سکے بھانویں) دن رات برابر** - بیوقوف نیک و بد میں تمیز نہیں کر سکتا - **اندھے کو سوجھے علاول خان کا روضہ** - بیوقوف کو معمولی بات بھی نہیں سوجھتی - **اندھے کو کوڑھی لمبے ہاتھوں ملتا ہے** - کند ہم جنس باہم جنس پرواز - **اندھے کو کیا چاہئے دو آنکھیں** - آدمی کو جس چیز کی ضرورت ہو اسی کی خواہش کرتا ہے - **اندھے کے آگے روئیے اپنی آنکھیں (دیدے) کھوئیے** ۱ نااہل کو نصیحت کارگر نہیں ہوتی ۲ ایسے شخص کے پاس درخواست لے جانے کا کوئی فائدہ نہیں جو سنے ہی نہیں - **اندھے کے پاؤں تلے بٹیر دب گئی** - کبھار وز شکار کھائیں گے - اتفاقی بات پر بھروسہ نہیں کرنا چاہئے - **اندھے کی جورو کا اللہ بیلی (رکھوالی)** جس کی خبر لینے والا کوئی نہیں اس کا خدا ہی حافظ - **اندھے کے حساب رات دن برابر** - جب کوئی اچھے بُرے میں تمیز نہ کر سکے تو کہتے ہیں - اندھے

کی داد نہ فریاد اندھا مار بیٹھے گا مجبور کا کام قابل گرفت نہیں۔ اندھے کے لیکھے جیسے رات ویسے دن۔ افسردہ دل کو کوئی موسم فرحت بخش نہیں ہوتا۔ اندھے کے ہاتھ بٹیر لگا (لگی) کم حوصلہ کو اس کی حیثیت سے بڑھ کر چیز ملی۔ اندھے نے چور پکڑا دوڑیو رے میاں لنگڑے۔ جب کوئی شخص ایسا کام کرے جس کی اس سے امید نہ ہو تو مذاقاً کہتے ہیں۔

اِندِ ہاش (ع۔ مذکر) حیران ہونا۔

اَندَھرا (ہ۔ صفت) اندھا۔ نابینا

اندھرائی۔ اندھاپن۔

مثل۔ اندھری گاے دھرم رکھوالی ناقص چیز کو کوئی نہیں چراتا سب ایماندار ہو جاتے ہیں۔

اَندَھڑ (ہ۔ مذکر) سخت اندھیری (س اندھ۔ تاریک) اَندَھڑ چلنا (لازم) اندھیری چلنا۔

اَندَھک (س مص) ایک راکشس جو کشیپ اور دِت کا بیٹا تھا۔ اس کے ایک ہزار سر اور ایک ہزار بازو تھے۔ دو ہزار آنکھیں اور دو ہزار ٹانگیں تھیں۔ مگر اندھوں کی طرح چلتا تھا اس نے سرگ سے پارجات درخت کے چرانے کی کوشش کی تو شوجی کے ہاتھ سے قتل ہوا ۲ اندھکا ورشنی خاندان کا بانی یادونسل سے یدھاجیت اور کرد شتری کا بیٹا تھا ۳ ایک منی۔

اَندَھلا (ہ۔ صفت) ۱ نابینا۔ تاریک ۲ کمزور نظر۔ چندھا۔ اندھلانا (متعدی) اندھا بنانا۔ دھوکا دینا۔ اندھلاپن (مذکر) اندھاپن۔

اِندَھن (س۔ مذکر) ۱ ایندھن۔ جلانے کی لکڑی ۲ چھوٹے چھوٹے لکڑی کے ٹکڑے گھاس۔ کوڑا۔ کٹی ہوئی بوٹیاں وغیرہ۔

اَندَھوری (ہ) پت۔ گرمی سے جو دانے بدن پر نکل آئیں۔

اَندِھیاؤ (ہ۔ مذکر) آندھی۔

اَندِھیارا (ہ۔ مذکر) اندھیرا۔ اندھیاری (مؤنث) اندھیری۔ اندھیارے اجالے (تف) اندھیرے اجالے۔

مثل۔ اندھیاری گئی کہ چور۔ ہر وقت حفاظت چاہئے۔ اندھیرا ہمیشہ رہتا اور چور چوری کے لئے تیار رہتا ہے۔

اَندھیر (ہ۔ مذکر) ۱ تاریکی۔ سیاہی ۲ ظلم ستم۔ قہر۔ آفت۔ غضب ۳ بدانتظامی۔ بدنظمی۔ بے انصافی ۴ بدامنی۔ فساد۔ کھلبلی ۵ دغا۔ فریب۔ بے ایمانی۔ اَندھیرا (صفت) ۱ تاریک۔ دھندلا ۲ (مذکر) تاریکی۔ ظلمت۔ سیاہی۔ دھندلاپن۔ غبار۔ اندھیرا اُجھک آنا (لازم) تاریکی بڑھ جانا۔ اندھیرا چھانا (لازم) انتہا کی تاریکی ہونا۔ اندھیرا چھوڑنا (متعدی) روشنی کے آگے سے ہٹنا۔ اندھیرا سا (تف) تاریک سا۔ دھندلا سا۔ اندھیرا سا آنکھوں کے تلے چھانا (لازم) گھبراہٹ یا رنج کی وجہ سے کچھ دکھائی نہ دینا۔ اندھیرا کرنا (متعدی) ۱ روشنی کو روکنا ۲ روشنی بڑھا دینا۔ چراغ گل کرنا۔ اندھیرا گھُپ (مذکر) سخت تاریکی۔ اندھیرا مچ جانا (لازم) تاریکی چھا جانا۔ اندھیر پکارنا (متعدی) ظلم کی فریاد کرنا۔ اندھیر چھانا (متعدی) انتہا کی تاریکی ہونا۔ اندھیر ڈھانا (متعدی) بہت ظلم کرنا۔ اندھیر کھاتا (مذکر) بدمعاملگی۔ بے انصافی۔ بدنظمی۔ ناحق شناسی۔ اندھیر کرنا (متعدی) ظلم کرنا۔ بے انصافی کرنا۔ اندھیر کی بات (مؤنث) بے انصافی کی بات اندھیر مچانا (متعدی) ظلم کرنا۔ ستم ڈھانا۔ آفت برپا کرنا ۲ کھلم کھلا بیہودہ حرکتیں کرنا ۳ بچوں کا شور مچانا ۴ اُدھم مچانا ۵ لوٹ مچانا۔ لوٹنا۔ اندھیر ہونا (لازم) اندھیر کرنا کا۔ اندھیر ہے ظلم ہے۔ بے انصافی ہے۔

اندھیری (صفت) ۱ تاریک۔ سیاہ ۲ (مؤنث) تاریکی سیاہی ۳ چمڑے یا کپڑے کا پردہ جو شریر گھوڑے کی آنکھوں پر باندھ دیتے ہیں۔ اندھیرے (تف) تاریکی میں۔ رات کے وقت۔ اندھیرے اجالے (تف) وقت بے وقت۔ اویر سویر۔ اندھیری جھکنا (لازم) اندھیرا ہو جانا یا چھا جانا۔ اندھیری چھانا (لازم) سخت تاریکی پھیلنا۔ اندھیری دینا یا ڈالنا (متعدی) ۱ آنکھیں باندھ دینا ۲ دھوکا دینا۔ ٹھگنا ۳ گھوڑے کی آنکھوں پر اندھیری باندھ دینا۔ اندھیری رات (مؤنث) ۱ ایسی رات جس میں کچھ دکھائی نہ دے (یہ بغیر ابر کے ناممکن ہے) تاریک رات۔ شب تار ۲ وہ رات جس میں چاند نہ ہو۔ اندھیری کوٹھڑی (مؤنث) ۱ تاریک کوٹھڑی۔ وہ کوٹھڑی جس میں بڑے چوروں کو بند کرتے ہیں ۲ مجازاً جسم کا اندر ۳ راز قدرت ۴ راز۔ معمہ۔ اندھیری کوٹھڑی کا معاملہ ہے۔ کچھ پتہ نہیں۔ کچھ معلوم نہیں۔ اندھیری کوٹھڑی کا یار (مذکر) عورت کا آشنا۔ اندھیرے گھر کا اُجالا یا چراغ۔ دیا (مذکر) ۱ وہ جس کی ذات سے گھر کی رونق ہو۔ نہایت پیارا ۲ مجازاً اکلوتا بیٹا۔ اندھیری گور (مؤنث) تاریک قبر۔ اندھیری گور میں توپوں (عو۔ کوسنا) تاریک قبر میں دفن کروں۔ جان سے ماروں۔ اندھیری لگانا (متعدی) لگنا (لازم) گھوڑے کی آنکھوں پر اندھیری باندھی جانا۔ اندھیرے منہ (تف) بہت سویرے۔ تڑکے۔

امثال واقوال۔ اندھیرا دوزخ کی نشانی ہے۔ اندھیرے کی مذمت میں کہتے ہیں ۲ اندھیرا گیا کہ چور۔ پھر موقعہ مل سکتا ہے۔ اندھیر نگری چوپٹ راجہ (ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا) نالائق اور بیوقوف حاکم کے زمانے میں سخت بدامنی ہوتی ہے کہتے ہیں ایک گرو اور اس کا چیلا ایک شہر میں سے گزرے۔ جہاں ہر چیز ٹکے سیر بکتی تھی۔ گرو نے یہ سنتے ہی چلنے کی تیاری کی۔ مگر چیلا باوجود گرو کے سمجھانے کے وہیں رہ گیا۔ اور تھوڑے ہی عرصہ میں مٹھائیاں کھا کھا کر موٹا ہو گیا۔ اسی اثنا میں ایک شخص قتل ہو گیا۔ مگر قاتل کا پتہ نہ چلا۔ راجہ نے حکم دیا کہ شہر میں جو سب سے موٹا آدمی ہو اسے پھانسی دیدو۔ اب چیلا پکڑا گیا بہت چیخ پکار کی۔ مگر کسی نے نہ سنی۔ اس وقت اتفاق سے اس کا گرو بھی آگیا چیلے نے اس کی منت کی کہ کسی طرح چھڑاؤ۔ گرو نے شور مچانا شروع کیا کہ اس کے چیلے کو چھوڑ دو۔ اور اسے پھانسی دو۔ لوگ حیران ہوئے اور دونوں کو راجہ کے پاس لے گئے۔ راجہ نے حیران ہو کر اس سے پوچھا تم کیوں پھانسی لگنا چاہتے ہو۔ اس نے کہا کہ اس وقت وہ گھڑی ہے کہ جو مرے وہ مکت ہو جائے راجہ نے حکم دیا کہ فوراً مجھے پھانسی دی جائے۔ چنانچہ ملازموں نے راجہ کو پھانسی دیدی اور خلق خدا کی جان چھوٹی چیلے نے کان پکڑے اور گرو کے ہمراہ چلا گیا۔ اندھیری رین میں پڑی جیوڑی سرپ (ہ) اندھیری رات میں رسی بھی سانپ معلوم ہوتی ہے۔ تکلیف میں ذرا سی چیز سے بھی ڈر آتا ہے۔ اندھیرے گھر میں (ڈھینگر ناچے) سانپ ہی سانپ۔ بدانتظامی میں بُرے آدمی مزے کرتے ہیں۔

اَندھین (س۔ صفت) ۱ نہ محتاج ۲ نہ تابع ۳ آزاد۔ خودمختار۔

اُندلے (س۔ مذکر) صبح۔ علی الصبح۔ بھور۔

اَندیش (ف۔ صفت) ۱ سوچنے والا خیال کرنے والا۔ دوسرے الفاظ کے شروع یا آخیر میں آکر مرکبات بناتا ہے۔ جیسے بداندیش (مذکر) اندیشہ (اندیشیدن۔ سوچنا) **اندیشمند** (صفت) ۱ متردد۔ فکرمند ۲ سوچ میں پڑا ہوا۔ سوچتا ہوا۔ **اندیش ناک** (صفت) دیکھو اندیشہ ناک۔ **اندیشہ** (مذکر) فکر۔ خوف۔ تردد۔ ڈر۔ کھٹکا۔ دھڑکا۔ بیم۔ ہول۔ باک۔ ہراس دہشت۔ **اندیشۂ مال** (مذکر) انجام کا خوف۔ **اندیشہ ناک** (صفت) خوفناک۔ پُرخطر۔ **اندیشے** (مذکر) ۱ جمع اندیشہ ۲ بجائے اندیشہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **اندیشے کا مقام** (مذکر) ڈر کا موقعہ۔

مثل۔ اندیشہ کردن کہ چہ گویم بہ از پشیمانی کہ چرا گفتم۔ بے سمجھے بوجھے بولنے سے چپ رہنا بہتر ہے۔

اَندُبوگی (س۔ صفت) ۱ کم ہمت۔ کم طاقت ۲ سُست ۳ (مذکر) سُست یا کاہل آدمی۔

اَنڈ (س۔ مذکر) ۱ انڈا۔ بیضہ ۲ فوطہ ۳ مشک نافہ ۴ منی ۵ شوجی کا نام۔ **انڈ بڑھنا** (لازم) فوطوں کا سوجنا۔ **انڈ تھیلا**۔ پرندوں اور دیگر انڈے دینے والے جانوروں کی مادہ کے جسم کی وہ تھیلی جس میں انڈے پیدا ہوتے ہیں۔ **انڈ دھر** (مذکر) شوجی۔ **انڈکار۔ انڈکاری** (صفت) ۱ انڈے کی شکل کا۔ بیضوی ۲ (مذکر) انڈے کی شکل۔ بلیلجی۔ **انڈکریتی** (صفت مؤنث) **انڈکار۔ انڈکَتہ** (صفت) ۱ دنیاوی ۲ (مذکر) انڈے کا چھلکا یعنی دُنیا۔ **انڈکوس** (مذکر) ۱ مشک نافہ ۲ فتق۔ فوطوں کا چھٹکنا۔ **انڈکوش** (مذکر) بیضہ دان۔ انڈ تھیلا۔ **انڈوَردھی** (مؤنث) انڈ بڑھنا

اَنڈ (ہ۔ مذکر) ارنڈ کا درخت۔

اَنڈا (ہ۔ مذکر) ۱ بیضہ۔ وہ شے جو پرندوں اکثر مچھلیوں اور رینگنے والے جانوروں۔ کیڑوں مکوڑوں وغیرہ کی مادہ کے بیضہ دان میں سے نکلتی ہے۔ (س انڈ۔ انڈا) **انڈا اُبالنا یا بائل کرنا** (متعدی) ثابت انڈے کو گرم پانی میں ڈال کر پکانا۔ اگر انڈا اندر سے بالکل سخت ہو جائے تو اسے انڈا فل بائل کرنا (متعدی) کہتے ہیں۔ اگر انڈے کی زردی آدھی نرم آدھی سخت رہے تو اُسے انڈا ہاف بائل کرنا (متعدی) کہتے ہیں۔ اگر صرف سفیدی سخت ہو تو اُسے انڈا کوارٹر بائل کرنا کہتے ہیں۔ **انڈا بٹھانا** (متعدی) انڈا سینے کی غرض سے کڑک مُرغی کے نیچے رکھ دینا۔ **انڈا پوچ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) پوچ انگریزی لفظ ہے۔ انڈے میں سوراخ کرکے سفیدی اور زردی کا گھی یا پانی پر ڈال کر پکایا جانا۔ **انڈا پھوڑنا یا توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) انڈے کے چھلکے کا شکستہ ہو جانا۔ **انڈا دینا** (متعدی) کسی جانور کا بیضہ دان سے انڈا نکالنا۔ **انڈا ڈھیلا ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ دُبلا۔ کمزور یا بیمار ہو جانا ۲ دیوالہ نکل جانا۔ **انڈا سا** (صفت) انڈے کی شکل کا۔ بیضوی۔ **انڈا سرکانا** (متعدی) **انڈا ڈھیلا ہونا**۔ **انڈا کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) انڈا چھری سے دو ٹکڑے کیا جانا۔ جادوگر ایسا کرتے ہیں۔ **انڈا کھٹکنا** (متعدی) انڈے کا تڑکنا۔ جو بچہ نکلنے کی علامت ہے۔ **انڈا گندہ ہونا** (لازم) انڈے کا خراب ہو جانا جو نہ کھلنے کے نہ بچہ پیدا ہونے کے قابل رہتا ہے۔ **انڈا نیم برشت** (مذکر) آدھا تلا ہوا انڈا۔ **انڈوں** (جمع) انڈا کی حروف مغیرہ سے پہلے۔ **انڈوں پر ہونا** (لازم) ۱ مادہ پرند کا بچے نکالنے کے لئے انڈوں پر بیٹھنا۔ انڈے سینا ۲ انڈے دینے پر ہونا۔ انڈے دینے شروع کرنے کے لئے تیار ہونا انڈا دیا چاہنا۔ **انڈوائی** (مؤنث) مادہ پرند جو انڈے دینے پر تیار ہو۔ **انڈے** (مذکر) ۱ جمع انڈا کی ۲ بجائے انڈا کے حروف مغیرہ سے پہلے۔ **انڈیا جانا** **انڈیائی ہوئی ہونا** (لازم) انڈے دینے پر ہونا۔ **انڈے اُڑانا** (متعدی) مجازاً بہت جھوٹ بولنا **انڈے بچے** (مذکر) بال بچے۔ اولاد۔ **انڈے تلنا** (متعدی) انڈوں کو گھی میں بریاں کرنا۔ انڈوں کا خوگینہ بنانا۔ **انڈے دینا یا رکھنا** (متعدی) انڈے پیدا کرنا۔ دیکھو انڈا دینا۔ **انڈے سیا کر**۔ گھر میں بیٹھا رہ۔ کچھ نہ کر۔ **انڈے سینا** (متعدی) ۱ مادہ پرند کا بچے نکالنے کے لئے انڈوں پر بیٹھنا ۲ مذاقاً اس شخص کی نسبت کہتے ہیں۔ جو گھر میں بیٹھا رہے۔ **انڈے کا شہزادہ یا ملوک** (صفت) ۱ جو گھر سے کبھی باہر نہ نکلے ۲ ناتجربہ کار۔ سیدھا۔ بھولا بھالا۔ **انڈے کا ستارا** (مذکر) گھی میں تلا ہوا انڈا۔ پوچ کیا ہوا انڈا۔ **انڈے لڑانا** (متعدی) ایک قسم کا جوا۔ ایک آدمی انڈا مٹھی میں پکڑ لیتا ہے۔ اور اس کا ایک سرا باہر رکھتا ہے دوسرا سرے پر سرا مارتا ہے جس کا سرا ٹوٹ جائے وہ ہر جاتا ہے۔ **انڈے مرغی کی بحث** (مؤنث) فضول بحث۔ یہ بحث کہ انڈا پہلے ہوا تھا یا مُرغی۔

امثال و اقوال۔ انڈا سکھاوے بچے کو کہ چوں چوں مت کر۔ جس کو آپ کچھ نہیں آتا۔ وہ دوسرے کو سکھانے کی کوشش کرتا ہے۔ انڈے ببول میں بچے کھجور میں۔ کوئی چیز کہیں ہے کوئی کہیں۔ سخت بدانتظامی ہے۔ انڈے سیوے کوئی بچے (کھاوے) لیوے کوئی۔ محنت کوئی کرے فائدہ کوئی اُٹھائے۔ انڈے سیوے فاختہ کوّے میوے کھائیں۔ دیکھو انڈے سیوے کوئی الخ۔ انڈے ہونگے تو بچے بہت (کتنے) ہو رہیں گے۔ مرد عورت جیتے رہیں گے تو بچوں کی کیا کمی۔

اَنڈَج (س۔ صفت) ۱ انڈے سے نکلا ہوا ۲ (مذکر) وہ جانور جو انڈے سے پیدا ہو۔ پرندہ کیڑا۔ مچھلی۔ سانپ وغیرہ۔

اَنڈکس (انگ۔ مذکر) ضمیمہ۔ فہرستی ضمیمہ۔

اَنڈلانا (ہ۔ لازم) اٹھلانا۔ شوخیاں کرنا۔

اَنڈل پڑنا (ہ۔ لازم) گر پڑنا۔

اَنڈوا (ہ) دیکھو آنڈوا۔

اَنڈی (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک قسم کا کپڑا یا پیرہن ۲ (مذکر) ارنڈ کا پھل۔ **انڈی کا تیل** (مذکر) ارنڈ کا تیل۔

اَنڈیانا (ہ۔ لازم) ۱ انڈوں پر بیٹھنا۔ بچے نکالنا ۲ (متعدی) بیل کے فوطوں کو چھیڑنا کہ وہ تیز چلے۔

اَنڈیل (ہ۔ صفت) ۱ انڈج ۲ انڈے والی۔ انڈے دینے والی۔

اُنڈیلنا (ہ۔ متعدی) ۱ کسی مائع یا رقیق چیز کو ایک ظرف سے دوسرے ظرف میں گرانا ۲ برتن میں سے کسی چیز کو گرانا ۳ خالی کرنا۔

رس۔ لنڈ۔ گرانا۔ نکالنا) انڈیلوانا (م) گروانا خالی کروانا۔

اَنذراغ الیمین (ع۔ مذکر) قیفاؤس کا روشن ترین ستارہ (نجوم)

اِنذار (ع۔ مذکر) ۱ ڈرانا۔ دھمکانا ۲ ڈرنا ۳ ڈرانے کا پیغام بھیجنا ۴ ڈر۔ خوف۔ تاکید۔

اَنرادھا (س۔ مؤنث) ۱ سترھواں نکشترہ یا قمری منزل ۲ برج تلا یا میزان کے ستارے

اَنُراگ (س۔ مذکر) ۱ ازحد خواہش ۲ الفت۔ محبت۔ عشق۔ جوش۔ **انراگنا** (لازم) عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ **انراگی** (صفت) ۱ چاہنے والا۔ شیدا۔ دلدادہ ۲ (مذکر) عاشق۔ فریفتہ ۳ (مؤنث) عشق جتانا۔ دوستی پیدا کرنا۔ پیار کرنا۔

اَنرِت (س۔ صفت) ۱ بیوفا۔ دغاباز۔ جھوٹا۔

اَنرتھ (س۔ صفت) ۱ بےمعنی۔ فضول۔ واہیات ۲ بے سروپا۔ بے دلیل۔ بے وجہ۔ بے بنیاد ۳ بے فائدہ۔ ناکارہ۔ بے نتیجہ۔ لاحاصل۔ رائگاں ۴ ناواجب ۵ نقصان دہ۔ مضر ۶ (مذکر) بیہودگی۔ لغویت وغیرہ (کرنا کے ساتھ) **انرتھی** (مذکر) ۱ مجرم ۲ ضرر پہنچانے والا ۳ ظالم۔ سفاک۔ شرارتی ۴ گناہگار۔ پاپی۔

مثل ۔ انرتھ کرت نا ہے ڈرنا ہیں۔ سو جیتیں تھوڑے دن ماہیں۔ جو گناہ کرنے سے نہیں ڈرتا وہ تھوڑے دن جیتا ہے۔

اَنُرتھ (س۔ مذکر) کرودتس کا بیٹا اور پُرہوتر کا باپ۔

اَنرُدھ (س۔ صفت) ۱ نہ رُکا ہوا۔ کھلا۔ آزاد ۲ (عص) ۱ کرشن جی کا پوتا اور پردُمن کا بیٹا تھا۔ اس کی شادی سبھدرا سے ہوئی تھی جو اس کے چچا کی بیٹی تھی۔ دیتیا خاندان کی ایک راجکماری اُشا راجہ بان کی بیٹی اس پر عاشق ہوگئی اور اپنی سہیلی چتر لیکھا سے اپنے محل میں اٹھا بلایا۔ بان کو پتہ لگا اور اس نے اسے قید کرلیا۔ کرشن جی نے چڑھائی کی۔ شوجی اور سکند لڑائی کے دیوتا نے بان کی امداد کی۔ مگر کرشن جی کے ہاتھ سے شکست کھائی۔ راجہ بان قید ہوگیا۔ مگر شوجی کی سفارش سے چھوڑ دیا گیا انردھ اُشا کو ساتھ لے کر واپس اپنے ملک کو گیا ۲ ایک ارہت جو شاکی منی کے زمانے میں تھا ۳ ورشنی کی اولاد سے ایک شخص۔

اَنُرکت (س۔ صفت) ۱ شائق۔ مشتاق ۲ فریفتہ۔ شیدا۔

اَنرگل (س۔ صفت) ۱ بغیر قید۔ بغیر روک۔ آزاد۔ ضدی۔ عیاش۔

اَنرمل (س۔ صفت) ناصاف۔ گدلا۔ میلا۔ گندہ۔

اَنرنے (س۔ مذکر) احتمال۔ شک بے اعتباری۔

اَنرنی (س۔ صفت) قرضے سے بچا ہوا۔ بغیر قرضہ۔

اَنرنیہ (س۔ عص) اکشواکو کی نسل سے اجودھیہ کا راجہ تھا۔ اس نے راون کی اطاعت کرنے سے انکار کردیا۔ جس پر لڑائی ہوئی۔ اور انرنیہ کو شکست ہوئی۔ اور وہ رتھ سے گرپڑا۔ راون نے اس کے اوپر کھڑے ہوکر بہت لاف وگزاف کی۔ اس پر اس نے پیش گوئی کی۔ کہ راون اس کی نسل کے ایک شخص کے ہاتھ سے مارا جائیگا۔ چنانچہ راون رام چندر جی کے ہاتھ سے قتل ہوا۔

اَنُروپ (س۔ صفت) ۱ مشابہ۔ ملتا جلتا۔ ہم شکل۔ اسی طرح کا۔ مطابق ۲ آرام دہ۔ موزوں۔ درست۔ انروپی (صفت) انروپ۔

اَنُرودھ (س۔ مذکر) ۱ دوسرے کی خواہش پوری کرنا۔ آرزو برلانا ۲ مشکور کرنا ۳ نیکی۔ خدمت ۴ تسلی۔ تسکین ۵ تعمیل۔ بجاآوری ۶ عزت تعظیم۔ لحاظ۔ پاس۔ **انرُدھو** (مذ) **انرودھی** (صفت) ۱ تعمیلاً ۲ مہربان۔ خلیق۔ بامروت ۳ لحاظ کرنے والا۔ پاسدار۔ عزت کرنے والا۔

اَنُروَن (س۔ مذکر) پوشن دیوتا۔

اَنرِیت (س۔ صفت) ۱ رسم کے برخلاف۔ معمول کے برعکس۔ تہذیب کے برخلاف۔ بدتہذیب۔ بدمعاش۔

اِنزاف (ع۔ مذکر) ۱ مدہوش کرنا ۲ مدہوش ہونا ۳ سوگ کو ختم کرنا ۴ کوئیں کا پانی یا آنسو ختم کردینا۔

اِنزال (ع۔ مذکر) ۱ اُتارنا ۲ منی کا نکلنا۔ خلاص ہونا (نزل۔ اُترنا)

اِنزِجار (ع۔ مذکر) ہٹ جانا۔ پلٹ جانا (زجر۔ پیچھے ہٹنا)

اَنزَروت (ع۔ مذکر) ایک قسم کی لاکھ۔

اِنزَع (ع۔ صفت) جس کی کنپٹیوں پر بال نہ ہوں۔

اِنزِوا (ع۔ مذکر) ۱ خانہ نشینی۔ خلوت گزینی۔ عزلت۔ تنہائی۔ ایکانت ۲ پوشیدگی۔ نہفتگی۔ گپت۔ (زوا۔ چھپانا)

اِنزِواع (ع۔ مذکر) ۱ گوشہ نشین ہونا ۲ گوشہ نشین۔

اَنس (س۔ مذکر) ۱ کندھا۔ کندھے کی ہڈی ۲ ایک راجہ۔

اَنس (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو انش ۲ کسی چیز کا ریشہ دار حصہ۔ ریشہ۔ گودا ۳ (ہ) توانائی۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ ہمت۔ شکتی ۴ منی۔

اِنس (ع۔ مذکر) انسان۔ آدمی۔ انس و جان (مذکر) آدمی اور جن۔ **انسیات** علم انسان۔

اُنس (ع۔ مذکر) ۱ محبت۔ الفت۔ شفقت۔ پیار ۲ دوستی۔ ملنساری۔ ملاپ رکھنا۔ رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (اَنَس۔ مہربان ہونا)

اُنسیّت (مؤنث) ۱ دیکھو انس ۲ التفات۔ بےتکلفی ۳ سدھانا۔ پالنا۔

اِنسا (ع۔ مذکر) بھلا دینا۔

اَنساب (ع۔ مذکر) نسب کی جمع۔ شجرے۔ قومیں۔ نسلیں۔ خاندان۔

اَنُسار (س۔ مذکر) ۱ بجاآوری۔ رسوم ۲ (تف) مطابق۔ متفق ہوکر۔ جواب میں۔ پیروی میں۔ بموجب۔ مابعد۔ ذیل۔ مانند۔ ایسے میں۔ بعد۔ **انساری** (صفت) ۱ بعد میں آنے والا۔ مفصلہ ذیل ۲ ہمراہ۔ ساتھی ۳ مطابق ۴ غور سے دیکھنے والا۔

اِنسان (ع۔ مذکر) ۱ آدمی۔ بنی آدم۔ انس۔ منش۔ پرش۔ آنکھ کی پتلی ۲ (صفت) مہذب۔ صفات انسانی سے موصوف۔ انسان بنانا (متعدی) بننا (لازم) آدمیت سیکھنا۔ انسان ضعیف البنیان (مذکر) کمزور ڈھانچے کا آدمی۔ انسان میں کچھ نہیں

زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔ انسان ہو یا حیوان۔ جب کوئی بد تہذیبی کی بات کرے تو کہتے ہیں۔ انسان ہے یا شعلہ (شرارہ) کسی کی چالاکی اور چستی پر حیرت سے کہتے ہیں۔ انسان ہی تو ہیں۔ آدمی سے بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ آدمی خطاوار ہے

انسانیت (مونث) آدمیت۔ صفات انسانی۔ تہذیب (آنا۔ ہونا کے ساتھ) انسانیت برتنا (متعدی) مروت سے پیش آنا۔ انسانیت سے پیش آنا (لازم) مہذب برتاؤ کرنا۔ انسانیت سے چھوٹنا (لازم) بدتمیز ہونا۔ انسانیت سے خارج ہونا (لازم) بیرحم ہونا۔ حیوان کی طرح ہونا۔ بدتمیز ہونا۔

امثال واقوال۔ انسان اپنے بس آتا ہے۔ پرائے بس جاتا ہے۔ اس موقعے پر کہتے ہیں جب کوئی جانے کے لئے رخصت مانگے۔ آمدن بارادت رفتن باجازت۔ انسان اپنے بول سے ہی پہچانا جاتا ہے۔ آدمی کی خصوصیات اس کی باتوں سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ انسان بنائے خدا ڈھائے۔ انسان بہت کوشش کرتا ہے مگر کوئی کام خدا کی مرضی کے بغیر انجام کو نہیں پہنچتا۔ انسان جائز الخطا ہے اور خدا عفو دہندہ ہے انسان سے غلطیاں ہوتی ہیں۔ خدا معاف کرتا ہے۔ انسان ضعیف البنیان کی کیا ہستی ہے۔ کمزور انسان کیا کر سکتا ہے۔ انسان فانی ہے۔ انسان نے ایک نہ ایک دن ضرور مرنا ہے۔ انسان کیا پکھیرو ہے بڑا جہاں گرد ہے۔ انسان کی قدر بعد مرنے کے معلوم ہوتی ہے۔ جب آدمی مر جائے تو اس کی خوبیاں محسوس ہوتی ہیں۔ انسان گناہوں کا پُتلا ہے۔ انسان سے گناہ سرزد ہوتے رہتے ہیں۔ گناہ کرنا انسان کی سرشت میں ہے۔

اِنسائیکلوپیڈیا (انگ۔ مذکر) قاموس۔ ایسا لغت جس میں ہر ایک چیز کے حالات درج ہوں۔

اَنسب (ع۔ صفت) مناسب کی تفضیل بعض وکل۔ بہت مناسب۔

اِنسپکٹر (انگ۔ مذکر) ۱ معائنہ کرنے والا نگراں۔ ۲ بعض محکموں میں اس عہدے کے افسر بنائے گئے ہیں۔ جن کا کام ماتحت افسران کے کام کی نگرانی کرنا ہے۔ مثلاً انسپکٹر سررشتۂ تعلیم۔ پولیس ڈاک خانہ۔ آبکاری۔ حیوانات۔ **انسپکٹر جنرل** (مذکر) ۱ مہتمم اعلیٰ ۲ بڑا نگراں ۳ بعض محکموں کے افسر اعلیٰ کا نام ہے۔ مثلاً پولیس۔ قید خانجات۔ ہسپتال۔

اُنسٹھ (ہ۔ صفت) ایک کم ساٹھ۔ ۵۹۔ لدھ (اُونشٹی)

اِنسٹیٹیوٹ۔ انسٹیچیوٹ (انگ۔ مونث) جماعت۔ محکمہ۔ انجمن ترقی علوم وفنون انجمن اشاعت علوم۔ **انسٹیٹیوشن۔ انسٹیچیوشن** (مونث) ۱ انجمن یا جماعت جو کسی قومی کام کے لئے بنائی جائے۔ علمی مجلس ۲ وہ عمارت جس میں یہ مجلس کام کرے ۳ سکول۔ کالج وغیرہ۔

اِنسجال (ع۔ مذکر) گرانا (پانی)

اِنسجام (ع۔ مذکر) بہنا۔

اِنسحاب (ع۔ مذکر) سراغ چلنا۔

اِنسداد (ع۔ مذکر) ۱ روک۔ ممانعت بندی۔ روک۔ تھام ۲ امتناع ۳ اٹکاؤ۔ تعرض۔ مزاحمت سدراہ ۴ انتظام۔ بندوبست (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) رسدّ۔ روکنا)

اَنسر (س۔ مذکر) راکشس۔ دیو۔

اَنسرن (س۔ مذکر) ۱ پیچھے جانا۔ متابعت کرنا ۲ مفصلہ ذیل۔ مذکورہ ۳ تسلسل۔ تواتر۔ نسل ۴ نقل بمطابقت ۵ ظلم۔ جور۔ تعدی ۶ تلاش۔ جستجو ۷ نتیجہ۔ ثمرہ۔ **انسرنا** (لازم) ۱ کسی کے پیچھے جانا۔ پیروی کرنا ۲ نتیجہ نکلنا۔ منحصر ہونا۔

اِنسلاخ (ع۔ مذکر) ۱ نکالا جانا ۲ چاند کا غائب ہو جانا۔

اِنسلاک (ع۔ مذکر) گھیرا جانا۔ پرویا جانا۔

اِنسلال (ع۔ مذکر) نکل کر گرنا (تلوار کا)

اَنسُمت۔ اَنسُمان (س۔ عس) اسمنجس کا لڑکا اور سگر کا پوتا تھا۔ سگر کے اسومیدھ یگ سے گھوڑا چوری ہو گیا تھا۔ یہ اسے جا کر پاتال سے واپس لایا تھا۔

اَنسُنا (ہ۔ صفت) ناشنیدہ۔ جو بات کبھی سنی نہ گئی ہو۔ جس کی پروا نہ کی گئی ہو بے لحاظ بے احتیاط۔ **انسنا کرنا** (متعدی) کوئی بات نہ سننا اغماض کرنا۔

اَنسندھان (س۔ مذکر) ۱ تلاش۔ جستجو ۲ تفتیش۔ دریافت ۳ خواہش۔

اُنسور (ہ۔ صفت) ننانویں۔ ۹۹۔

اَنسوار (ہ۔ مذکر) نون غنا۔ نون کی آواز جو ناک سے نکالی جائے۔ دیوناگری میں یہ ایک نقطہ سے جو اوپر دیا جاتا ہے۔ ظاہر کی جاتی ہے اور ما قبل کے حرف علت سے وابستہ ہوتی ہے۔

اَنسُویا (س۔ عس) ۱ سخاوت۔ دریادلی فیاضی ۲ اتری کی استری۔ نہایت نیک اور تپسیا کرنے والی عورت تھی۔ جب رام چندر جی اور سیتا جی اس کے خاوند کو ملے۔ تو اس نے ان کی بڑی خدمت کی۔ اور سیتا جی کو ایک دوائی حسن کو ہمیشہ قائم رکھنے والی دی۔ رشی دُرد اس کی ماں اور سکنتلا کی دوست تھی۔

اَنسُویہ (س۔ صفت) ۱ حسد نہ کرنے والا۔ نہ رشک کرنے والا۔ نہ کینہ رکھنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جس میں حسد یا کینہ نہ ہو۔

اَنسی (ہ۔ مذکر) ۱ حصہ دار۔ دیکھو انشی ۲ (مونث) حصہ۔ **انسی ڈالنا** (متعدی) حصوں میں تقسیم کرنا۔

اَنسیٰ (ع۔ مذکر) مریض عرق النسا

اِنسی (اُردو۔ مونث) چانڈو کا گل۔

اِنسیاق (ع۔ مذکر) ۱ دوڑنا ۲ اکسایا جانا۔ مجبور کیا جانا۔

اَنش (س۔ مذکر) ۱ حصّہ۔ ٹکڑہ۔ جز ۲ میراث۔ وراثت ۳ لوٹ کا حصّہ ۴ بیعانہ۔ سائی ۵ شرط ۶ کسر کا نسب نما ۷ عرض یا طول بلد کا ایک درجہ ۸ دن ۹ ایک آدتیہ کا نام۔ **انش انش** (مذکر) حصے کا حصہ۔ تقسیم در تقسیم۔ حصّہ در حصّہ۔ تقسیم ثانی۔ **انش پترا** (مذکر) وہ دستاویز جس میں ہندو خاندان کی تقسیم کے حصے درج ہوں۔ **انش دھار۔ انش دھاری** (صفت) حصہ لینے والا۔ ساجھ کرنے والا ۲ کامیاب ۳ (برہم گیان) اوتار لینے والا ۴ (مذکر) حصّہ دار۔ ساجھی۔ اوتار۔ **انشوانشا** (مذکر) زمین کا ماپ پلوانسی کا بیسواں حصّہ۔ **انشہار** (مذکر) جائداد میں حصّہ دار۔ حصّہ دار۔ وارث۔

اَنشُ (س۔ مذکر) ۱ جھلی ۲ دھاگا ۳ سرا۔

کونہ ؎ کرن۔ شعاع ؏ دن ؐ ایک رشی ؑ ایک قدیم ویدک گرد جو دھنیچتے کا بیٹا تھا ؒ ایک راجہ۔ انش دھن (ذکر) ایک گاؤں۔ انشمن (ذکر) سورج بنسی خلدان کا ایک راجہ جو اسنجس کا بیٹا اور سگر کا پوتا تھا۔ انشمتی (مؤنث) ایک دریا۔ انشدی (مؤنث) ایک دریا۔

اِنشا رع۔ مؤنث) ۱ عبارت طرز تحریر ۲ وہ کتاب جس میں خطوط و قواعد خط و کتابت لکھے ہوں ۳ نشا۔ بڑھنا) اِنشاء اللہ۔ اللہ چاہے۔ خدا نے چاہا۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔ خدائے برتر اگر چاہے۔ یہ فقرہ مسلمان اس بات کے ساتھ استعمال کرتے ہیں جو مستقبل میں کرنے کا ارادہ ہو۔ انشا پرداز (مذکر) منشی۔ نثار۔ نثر لکھنے والا۔ انشا پردازی (مؤنث) عبارت آرائی۔ مضمون نویسی۔ لکھنے کا ڈھنگ۔ لکھنے کی مہارت۔ انشا کرنا (متعدی) تحریر کرنا۔ انشا گری (مؤنث) انشا پردازی۔ انشائیہ (مذکر) وہ جملہ جس میں صدق یا کذب کا احتمال نہ ہو۔

اِنشاد رع۔ مذکر) ۱ شعر پڑھنا ۲ گمشدہ چیز کا پتہ دینا۔

اِنشاز رع۔ مذکر) اُٹھانا۔

اَنُشاسَن رس۔ مذکر) ۱ تعلیم دینا۔ ہدایت کرنا ۲ ہدایت۔ نصیحت۔ پند۔

اِنشاع رع۔ مذکر) مُنہ اور ناک میں دوائی لگانا۔

اِنشاق رع مذکر) دوا سونگھانا۔

اَنِشٹ رس۔ صفت) ۱ جس کی خواہش نہ ہو۔ نامرغوب ۲ خراب۔ بُرا ۳ بدشگون ۔

اِنشٹھا رس۔ مؤنث) ایک بات پر قائم نہ رہنا۔ ناپائیداری۔

اِنشٹھان رس۔ مذکر) ۱ شروع کرنا۔ آغاز کرنا ۲ شروع۔ آغاز۔ ابتدا ۳ اُٹھانا ۴ پیچھے جانا۔ پیروی کرنا ۵ توجہ۔ بجا آوری۔ محنت۔ مشق۔

اِنشجار رع۔ مذکر) نیند اچاٹ ہونا۔

اَنشچے رس۔ صفت) ۱ مشتبہ۔ نامعلوم۔ غیر معین ۲ (مذکر) شک۔ احتمال۔

اِنشداح رع۔ مذکر) دونوں پاؤں پھیلا کر چت لیٹنا۔

اَنِشدھ رس۔ صفت) غیر ممنوع۔ حلال۔

اِنشراح رع۔ مذکر) ۱ کھلنا۔ پھیلنا ۲ خوش ہونا ۳ آزاد ہونا۔

اِنشعاب رع۔ مذکر) رگ کا شاخ در شاخ ہونا۔

اِنشعار رع۔ مذکر) بال آ جانا۔ تڑخ جانا۔

اِنشقاق رع۔ مذکر) پھٹ جانا۔

اَنشِک رس۔ مذکر) حصہ دار۔ شریک ورثہ ترکہ دار۔ مالک۔

اَنَشَن رس۔ مذکر) کھانا نہ کھانا۔ روزہ یا برت رکھنا۔

اَنُشنگ رس۔ مذکر) ۱ رفاقت۔ ہمدمی وفاداری ۲ تعلق۔ رشتہ۔ قرابت۔ سمبندھ ۳ ملاپ۔ اجتماع میل جول۔ جوڑ۔

اَنشور رس۔ صفت) غیر فانی۔ دائمی۔ مدامی۔ ابناشی۔

اِنشورنس رانگ۔ مؤنث) بیمہ۔ انشورنس کمپنی (مؤنث) وہ کمپنی جو لوگوں کی زندگیوں کا بیمہ کرے۔

اَنُشوک رس۔ مذکر) ۱ رنج۔ غم۔ سوچ افسوس ۲ حیرت۔ پشیمانی۔ پچھتاوا۔ تاسف ۳ توبہ۔ ندامت۔

اَنشُوئی رس۔ صفت) جو رشک نہ کرے۔ انشویا (مؤنث) ۱ رشک یا کپٹ کا نہ ہونا

اَنشی رس۔ مذکر) ۱ حصہ دار۔ ترکے والا۔ شریک ورثہ۔ شریک ارث ۲ دستاویز جس میں حصوں کی تقسیم درج ہو۔ ہندو خاندان کی تقسیم جائداد کی دستاویز۔

اَنُشیلَن رس۔ مذکر) ۱ مشق۔ عادت ۲ مطالعہ۔ ابھیاس۔

اَنصاب رع۔ مذکر) نصب کی جمع

اِنصات رع۔ مذکر) چُپ رہنا۔

اَنصار رع۔ مذکر) ۱ ناصر کی جمع۔ مددگار۔ امدادی ۲ وہ اصحاب جنہوں نے آنحضرتؐ کو مدینہ میں مدد دی تھی۔ انصاری (صفت) انصار سے منسوب۔ انصار کی اولاد سے۔

اِنصاف رع۔ مذکر) ۱ داد۔ عدل۔ نیاؤ ۲ عدل گستری۔ داد دہی۔ اپکشار نصف۔ درمیان میں پہنچنا) انصافاً (تف) انصاف کی رو سے۔ انصاف اسی کا مقتضی ہے۔ دیکھو انصاف یہی ہے۔ انصاف چکانا (متعدی) حق پر نظر رکھنا۔ انصاف شرط ہے انصاف کی بات ہونی چاہئے۔ انصاف کا خون کرنا (متعدی) انصاف نہ کرنا۔ بے انصافی کرنا۔ انصاف کا یہی تقاضا ہے۔ انصاف کی رو سے ایسا ہی ہونا چاہئے۔ انصاف کرنا (متعدی) فیصلہ کرنا۔ جھگڑا چکانا۔ حق پر نظر کرنا۔ انصاف کی رو سے (تف) انصاف کے بموجب۔ انصاف کی لین سے گرا ہوا ہے۔ بے انصافی پر مائل ہے۔ انصاف ہونا (لازم) ۱ عدل ہونا ۲ فیصلہ ہونا۔ جھگڑا چکنا ۳ حق پر نظر ہونا۔ انصاف یہی چاہتا ہے۔ انصاف کا یہی تقاضا ہے۔

انصِباب رع۔ مذکر) گرنا۔

اِنصِداع رع۔ مذکر) پھٹنا۔ چرجانا۔

اِنصِراف رف۔ مذکر) ۱ پیچھے ہٹ جانا واپس جانا۔ چلا جانا ۲ روگی ۳ سیدھے راستے سے ہٹنا (صَرَف۔ پھیرنا)

اِنصِرام (ع۔ مذکر) ۱ بندوبست۔ نظم اہتمام ۲ تکمیل۔ اختتام۔ انجام کو پہنچانا (کرنا ہونا کے ساتھ) (صَرَم۔ کاٹنا)

اَنصَف رع۔ صفت) نہایت منصف مزاج

اِنضِباط رع۔ مذکر) ۱ تعین۔ ضابطہ ڈھنگ ۲ قابو۔ پابندی۔ قید ۳ باقاعدگی۔ انتظام۔ خود ضبطی (ضَبَطَ۔ مضبوط پکڑنا) انضباطِ اَوقات (مذکر) وقت کی تقسیم۔ وقت کی پابندی۔

اِنضِمام رع۔ مذکر) ۱ پیوستہ ہونا۔ پیوند ہونا۔ وصل ہونا۔ جڑنا ۲ اتصال۔ قران (ضَمَّ۔ اکٹھا کرنا) انضمامی (صفت) ملاحقہ۔ متصل انضمامی عدسیہ (مذکر) وہ محدب شیشہ جو کرنوں کو ایک جگہ اکٹھا کردے۔

اِنطاق رع۔ مذکر) طاقت گویائی دینا

اِنطِباع رع۔ مذکر) ۱ نقش ہونا۔ چھپنا۔ نشان لگنا ۲ نقش۔ نشان۔ چھاپہ۔ ٹھپہ (طَبَعَ ۳ نقش ہونا ۴ نشان مُہر۔ کندہ ہونا

اِنطِباق رع۔ مذکر)۔ منطبق ہونا ملنا۔ جڑنا۔ وصل ہونا (علم ہندسہ) ایک شکل کو دوسری شکل کے اُوپر رکھنے کا فعل (طَبَق۔ بند ہونا)

اِنطِفا رع۔ مذکر) بجھ جانا۔ افسردہ ہونا رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا (طَفِیَ۔ بجھانا)

اِنطِلاق رع۔ مذکر) روانہ ہونا۔

اِنطِماس (ع۔ مذکر) مٹنا۔

اِنطِوا (ع۔ مذکر) ۱ تہ ہونا ۲ حلقہ ڈالنا ۳

اِنطِینُوس (ع۔ مذکر) صورت عقاب کے ایک حصے کا نام۔

اَنظار (ع۔ مؤنث) نظر کی جمع۔ نگاہیں ۲ نظریں ۳ آنکھیں۔ چتونیں۔ کن انکھیاں۔

اِنعام (ع۔ مذکر) ۱ صلہ۔ اجر۔ معاوضہ اُجرت۔ بدلہ۔ محنتانہ ۲ عطیہ۔ بخشش۔ تحفہ۔ خلعت ۳ حاکم وقت سے کارکردگی کے صلے میں جو عطیہ ملے جیسے زمین بندوق۔ خطاب وغیرہ (نُعْم۔ نیک ہونا) **انعام بیکراں یا وافر** (مذکر) بے انتہا انعام۔ **انعام پانا** (لازم) صلہ ملنا۔ **انعامت** (مؤنث) انعام۔ **انعام میں دینا** (متعدی) صلہ دینا (کسی چیز کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) **انعام و اکرام** (مذکر) انعام۔ **انعام دینا** (متعدی) صلہ دینا۔ اجر دینا۔ **انعام کرنا** (متعدی) انعام دینا۔ بخشنا (رت)

اِنعِدام (ع۔ مذکر) نیست و نابود کرنا۔ معدوم کرنا۔ منہدم کرنا (عَدَم۔ نہ رہنا)

اِنعِصاد (ع۔ مذکر) بھنچنا۔ نچوڑا جانا۔ دبنا۔

اِنعِطاف (ع۔ مذکر) پھر جانا۔ ٹیڑھا ہونا۔ دوہرا ہونا (عَطَف۔ جھکنا)

اِنعِفار (ع۔ مذکر) ۱ پیٹا جانا ۲ مٹی سے لتھڑا ہونا۔

اِنعِقاد (ع۔ مذکر) ۱ منعقد ہونا۔ بندھنا ۲ اجتماع (عَقَدَ۔ باندھنا)

اِنعِکاس (ع۔ مذکر) ۱ الٹا کر دینا ۲ عکس دینا۔ منعکس کرنا۔ لوٹانا ۳ عکس۔ سایہ۔ پرچھائیں ۴ پلٹاؤ ۵ الٹ۔ انحراف (عَکَس۔ الٹا ہونا)

اِنغِماس (ع۔ مذکر) پانی میں ڈبویا جانا۔

اَنف (ع۔ مذکر) بینی۔ **انف الفرس** (مذکر) صورت فرس کا پانچواں روشن ترین ستارہ۔

اَنفار (ع۔ مذکر) نفر کی جمع۔

اَنفار (ع۔ مذکر) نفر کی جمع۔ لوگ۔ سپاہی نوکر۔ افراد۔

اِنفارمیشن (انگ۔ مؤنث) اطلاع۔ خبر۔

اَنفاس (ع۔ مذکر) نفس کی جمع۔ دم۔ سانس۔

اَنفال (ع۔ مذکر) جمع نفل کی۔

اِنفِتاق (ع۔ مذکر) پھٹنا۔ چرنا۔

اِنفِجار (ع۔ مذکر) پھوٹ کر بہ جانا۔

اِنفِراج (ع۔ مذکر) کھلنا۔ جدا ہونا۔ (فَرَجَ۔ کھلنا) **انفراجی** (صفت) کھلنے والا۔ پھیلنے والا۔ **انفراجی عدسیہ** (مذکر) وہ محدب شیشہ جس میں سے کرنیں گزر کر پھیل جائیں۔

اِنفِراد (ع۔ مذکر) اکیلا ہونا۔ تنہا ہونا۔ (فَرَدَ۔ ایک ہونا) **انفرادی** (مؤنث) ایک ایک کر کے اکیلا۔ تنہا۔ **انفرادیت** (مؤنث) وہ اصول جس کے بموجب حکومت انفرادی حقوق میں دست اندازی نہیں کر سکتی یہ اشتراکیت کے برعکس ہے۔

اِنفِراغ (ع۔ مذکر) فراغت۔ خلاصی چھٹکارہ (فَرَغَ۔ علیحدہ ہونا)

اِنفِراق (ع۔ مذکر) جدا ہونا۔ تقسیم ہونا

اَنفَس (ع۔ صفت) نہایت نفیس۔

اَنفُس (ع۔ مذکر) نفس کی جمع۔ نفوس۔ سانسیں۔ روحیں۔ دل۔ بہت سے آدمی۔

اِنفِساح (ع۔ مذکر) ۱ کھلا ہونا۔ فراخ ہونا ۲ خوش ہونا ۳ خوشی۔

اِنفِساخ (ع۔ مذکر) فسخ ہونا۔ ٹوٹ جانا (فَسَخَ۔ توڑنا)

اِنفِصال (ع۔ مذکر) ۱ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا ۲ فیصلہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فَصَلَ۔ جدا کرنا)

اِنفِصام (ع۔ مذکر) پھوٹ جانا۔ اس طرح ٹوٹنا کہ ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں۔

اِنفِضاض (ع۔ مذکر) ۱ ٹوٹنا۔ جدا ہونا۔ منتشر ہونا۔

اِنفِطار (ع۔ مذکر) پھٹنا۔ چرنا۔

اَنفَع (ع۔ صفت) زیادہ نفع والا۔ کام کا یا آرام کا۔

اِنفِعال (ع۔ مذکر) شرمندگی۔ ندامت خجالت۔ پشیمانی (فَعَلَ۔ کرنا)

اِنفِکاک (ع۔ مذکر) جدا ہونا۔ الگ ہونا (فَکّ۔ جدا کرنا) **انفکاک الرہن** (مذکر) جائداد کا رہن سے چھوٹ جانا۔

اِنفلوئنزا (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا وبائی زکام جو بخار کے ساتھ ہوتا ہے۔

اِنفنٹری (انگ۔ مؤنث) پیادہ فوج۔ پیدل پلٹن۔

اِنقِباض (ع۔ مذکر) ۱ طبیعت کا ناشگفتہ ہونا۔ سکڑنا ۲ قبض (قَبَضَ۔ پکڑنا)

اِنقِراض (ع۔ مذکر) مقررہ مدت کا ختم ہونا۔ گزرنا۔ پورا ہونا (قَرَضَ۔ کاٹنا)

اِنقِسام (ع۔ مذکر) منقسم ہونا۔ تقسیم ہونا۔ حصہ بخرہ ہونا (قَسَمَ۔ تقسیم ہونا)

اِنقِضا (ع۔ مذکر) ختم ہونا۔ گزرنا۔ پورا ہونا (قَضَیٰ۔ فیصلہ کرنا) **انقضائے میعاد** (مذکر) مدت کا گزر جانا۔

اِنقِطاع (ع۔ مذکر) کٹ جانا۔ الگ ہو جانا۔ بند ہونا (قَطَعَ۔ کاٹنا)

اِنقِلاب (ع۔ مذکر) ۱ الٹ پلٹ۔ نیرنگ زمانہ۔ زمانے کا بدلنا۔ تغیر۔ تبدل ۲ کسی ملک کی سلطنت کا بدلنا۔ ریوولیوشن ۳ (علا) طریق الشمس پر وہ نقطے جہاں سورج خط استوا سے بعید ترین ہوتا ہے یہ ۲۱ جون و ۲۱ دسمبر کو ہوتا ہے (قَلَبَ۔ بدلنا) **انقلاب آسمان۔ دہر۔ روزگار۔ زمانہ یا سپہر** (مذکر) زمانے کی گردش۔ وقت کی کایا پلٹ۔ **انقلاب پسند** (صفت) وہ جو یہ چاہے کہ ملک کی موجودہ گورنمنٹ بالکل بدل دی جائے۔ ریوولیوشنری۔ **انقلاب پسندانہ** (صفت) وہ جو انقلاب پسندوں کی خواہش کے مطابق ہو۔ **انقلابیین** (مذکر) راس الجدی و راس السرطان **انقلاب زندہ باد**۔ ایک نعرہ جو ہندوستان کے انقلاب پسندوں نے اختیار کیا ہے۔ یہ لانگ لیو ریوولیوشن کا ترجمہ ہے مطلب یہ ہے کہ موجودہ گورنمنٹ بدل دی جائے۔ **انقلاب شتوی** (مذکر) انقلاب ۳ جو ۲۲ دسمبر کو ہوتا ہے۔ **انقلاب صیفی** (مذکر) انقلاب ۳ جو ۲۱ جون کو ہوتا ہے۔ **انقلاب عظیم**۔ بڑا رد و بدل **انقلابی** (صفت) انقلاب پسند۔

اِنفِلاق (ع۔ صفت) پھٹنا۔

اَنَق (ع۔ مذکر) خوش ہونا۔

اِنقاذ (ع۔ مذکر) آزاد کرنا۔

اَنقاس (ع۔ مذکر) نقس کی جمع۔ لکھنے کی سیاہیاں۔

اِنْقاض (ع۔ مذکر) ۱ چبلتے ہوئے آواز نکالنا ۲ بوجھل ہونا۔

اِنْقاع (ع۔ مذکر) ۱ دوائی پانی میں گھولنا

اِنْقِحام (ع۔ مذکر) مجبور ہونا۔

اَنْقَص (ع۔ مذکر) بہت عیب دار۔

اِنْقِصام (ع۔ مذکر) ٹوٹنا۔

اِنْقِضاض (ع۔ مذکر) ۱ شکار پر جھپٹنا ۲ دشمن پر حملہ کرنا ۳ دیوار کا گرنا۔

اِنْقِلاع (ع۔ مذکر) اکھیڑنا۔

اِنْقِماع (ع۔ مذکر) ۱ زیر ہونا ۲ ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔

اِنْقِیاد (ع۔ مذکر) فرمانبرداری۔ تابعداری۔ اطاعت۔ حکم برداری۔ بندگی۔ آگیاکاری۔ پابندی۔ (قَوْدَ۔ رہنمائی کرنا)

اَنک (ہ۔ مذکر) دیکھو آنک۔ انکار (مذکر) دیکھو آنک۔

اِنْکار (ع۔ مذکر) ۱ کسی بات کو نہ ماننا نہیں کرنا۔ تسلیم نہ کرنا ۲ پرہیز۔ نامنظوری ۳ عذر۔ اعتراض۔ انحراف۔ مخالفت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (نُکْر۔ نہ ماننا) انکاری ہونا (لازم) انکار کرنا۔ منکر ہونا۔

اِنْکاس (ع۔ مذکر) تلے اوپر ہونا۔ الٹنا۔ اوندھا ہونا۔

اُنْکال (س۔ مذکر) وقت مقررہ۔ ٹھیک موسم۔

اِنْکال (ع۔ مذکر) نکل کی جمع۔ بیڑیاں۔ زنجیریں۔

اَنْکانا (ہ۔ متعدی)۔ قیمت ڈلوانا۔ مول لگوانا۔ درٹھیروانا۔ جانچنا۔ تشخیص کرنا۔ اندازہ کرنا۔ آنکنا۔ انکاؤ (مذکر) قیمت۔ مول۔ آنک۔ جانچ۔ اندازہ۔ تشخیص۔

اَنْکِت (س۔ صفت) ۱ گنا ہوا ۲ صفحے لگے ہوئے ۳ خط کشیدہ۔ لکیرا ہوا ۴ داغا ہوا۔ داغ یا ہوا ۵ چھپا ہوا ۶ نشان کیا ہوا ۷ دھبے دار ۸ رنگا ہوا ۹ تسلیم شدہ۔ پسندیدہ۔

اَنُکْت (س۔ صفت) ۱ نہ بتایا ہوا۔ نہ بولا ہوا۔ نہ کہا ہوا۔ نہ ظاہر کیا ہوا ۲ مفہوم۔ محذوف۔ گپت۔

اَنُکْتَھن (س۔ مذکر) اکٹھے بولنا۔ ایک ساتھ بولنا۔

اَنْکَر (ع۔ صفت) نکیر کی تفضیل بعض و کل۔ زیادہ یا نہایت ناگوار۔ ناپسندیدہ۔ نازیبا۔ کریہ۔ مکروہ یا زشت۔ زیادہ خراب یا ناخوش۔

اَنْکُر (س) **اَنْکُرا** (ہ۔ مذکر) شاخ پھوٹنا۔ پتی۔ شگوفہ۔ وہ پتے جو پہلے بیج سے پھوٹیں۔

اَنْکَرانا (ہ۔ متعدی) دیکھو انکڑانا۔

اَنْکَرْشَن (س۔ مذکر) ۱ کھینچنا۔ گھسیٹنا ۲ کشش۔ کھنچ۔

اَنْکَرَم (س۔ مذکر) ۱ طریقہ۔ ترتیب۔ ڈھنگ۔ سلسلہ۔ اسلوب ۲ تسلسل۔ تواتر۔ دور۔ قطار۔ انکرمن (مذکر) انکرمنکا (س۔ مؤنث) فہرست مضامین۔ فہرست ضمیمہ۔

اُنُکَرَن (س۔ مذکر) ۱ نقل کرنا۔ تقلید کرنا۔ پیروی کرنا۔ تتبع کرنا ۲ نقل اتارنا۔ نقالی۔

اَنْکَرِی (ہ۔ مؤنث) ۱ تازہ شگوفہ۔ نئی پھوٹ ۲ ایک قسم کا دشہ ۳ بھیگا ہوا اناج ۴ آنکڑی ۵ آنچ۔

اَنْکَڑا (ہ۔ اسم ۱ انکٹا کا ۲ (مذکر) لوہا جس کا سرا مڑا ہوا ہو ۳ کنڈا۔ کانٹا۔ آنکڑا ۴ کپڑے ٹانگنے کی کنڈی ۵ مچھلی کی کنڈی یا کانٹا ۶ ریشہ ۷ بیلوں کا دھاگا۔ اَنْکَڑانا (متعدی) سکیڑنا۔ جلانا۔ (جیسے آگ سے) ۱ کرارا۔ خستہ یا بھربھرا بنانا (گرمی سے) ۲ خشک کرنا۔ گرم کرنا۔ بھوننا۔ انکڑاہٹ (مؤنث) سکیڑ۔ کراراپن۔ خستہ پن۔ بھربھراپن۔

اَنْکَڑْنا (ہ۔ لازم) ۱ گرمی سے سکڑنا ۲ سوکھنا ۳ خستہ ہونا۔

اِنْکِسار (ع۔ مذکر) ۱ ٹوٹ جانا۔ شکستگی ۲ خاکساری۔ فروتنی۔ عجز (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (کَسْر۔ ٹوٹنا) انکساری (مؤنث) انکسار (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

اِنْکِساف (ع۔ مذکر) سورج گرہن۔ سورج گرہن لگنا (کَسَف۔ گرہن لگنا)

اَنْکُسی (ہ۔ مؤنث) آنکس۔

اِنْکِشاف (ع۔ مذکر) کھولنا۔ کھلنا۔ ظاہر ہونا۔ اظہار۔ افشا۔ پردہ فاش۔ پردہ دری۔ (کَشَف۔ ظاہر ہونا) انکشافات (مذکر) جمع انکشاف۔ انکشاف حال (مذکر) اظہار واقعات۔ انکشاف کوائف (مذکر)

اَنْکُشَر (س۔ صفت) ۱ ناخواندہ۔ نہ پڑھا ہو۔

اَنُکْشَن (س۔ تعـ) ہر لحظہ۔ ہر منٹ۔ ہر وقت۔ ہمیشہ۔

اَنْکُشیتَر (س۔ مذکر) وہ تنخواہ جو اڑیسہ میں مندر کے ملازموں کو دی جاتی ہے۔

اَنْکِک (س۔ مذکر) حسابی۔ حساب دان۔

اَنْکلیمْڈ (انگ۔ صفت) لاوارث جس کا کوئی مالک یا وارث نہ ہو۔

اَنُکِمپا (س۔ مؤنث) ۱ نرمی۔ ہمدردی۔ رحم۔ دردمندی۔

اِنْکَم (انگ۔ مذکر) آمدنی۔ اِنْکم ٹیکس (مذکر) آمدنی پر سرکاری محصول۔

اِنْکِماش (ع۔ مذکر) ۱ جلدی کرنا ۲ جلدی۔ سرعت۔

اِنْما (ع۔ مذکر) بڑھنا۔

اَنْمار (ع۔ مذکر) نمر کی جمع۔ چیتے۔

اِنْماس (ع۔ مذکر) اپنے آپ کو چھپانا۔ چھپنا۔

اِنْکمپلیٹ (انگ۔ صفت) نامکمل۔ ادھورا۔

اِنْکمپیٹنٹ (انگ۔ صفت) کام سے ناواقف۔ نالائق۔

اَنْکْنا (ہ۔ لازم) ۱ مچنا۔ تخمینہ ہونا۔ درٹھیرنا۔ قیمت لگنا۔ تشخیص ہونا ۲ جادو یا منتر سے بیماری یا تکلیف رفع کرنا۔

اَنْکوا (ہ۔ مذکر) آک۔ مدار

اَنْکوار (ہ۔ مؤنث) آغوش۔ گود۔ انکوار بھرنا (متعدی) گود میں لینا۔ آغوش میں لینا۔ بغل گیر ہونا۔

اَنْکوانا (ہ۔ مم) تخمینہ کروانا۔

اَنْکورنا (ہ۔ متعدی) ۱ خستہ یا کرارا بنانا ۲ خشک کرنا۔ بھوننا۔ گرم کرنا۔

اَنْکوڑا (ہ۔ مذکر) بڑا کنڈا۔

اَنُکُول (س۔ صفت) ۱ مل کر کام کرنے

والا ۱ مطابق۔ موافق ۲ مہربان۔ مددگار۔ مطابق۔ مشفق۔ دوستانہ ۳ (مذکر) دوست۔ مددگار۔ معاون ساتھی۔ **انکولنا** (مؤنث) موافقت۔ رضامندی۔ قبولیت منظوری وغیرہ

اُنکھ (ھ۔ مؤنث) ۱ غصے کی نظر ۲ ناراضگی۔ غصّہ ۳ رشک۔ حسد ۴ دشمنی۔ عناد۔ کینہ۔

اُنکھال (ھ۔ مذکر) ۱ کھائی۔ نالی۔ خندق ۲ خلیج۔ کھاڑی۔

اَنکھانا (ھ۔ متعدی) ۱ غصّہ کی نظر سے دیکھنا ۲ ڈرانا ۳ غصّہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ چڑچڑا ہونا

اَنکھری (ھ) **اَنکھڑی** (ھ۔ مؤنث) آنکھ کی تصغیر۔ آنکھ۔ دیدہ۔ چشم۔ عین۔ پیار سے معشوق کی آنکھ کو کہا جاتا ہے۔

اَنکھ مُندی (ھ۔ مؤنث) دیکھو آنکھ مندی۔

اَنکھَن (ھ۔ مذکر) دو ستونوں یا کڑیوں کے درمیان جگہ۔

اَنکھُور (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو انکرا ۲ آٹے کی ایک چیز شگوفے کی شکل بنا کر پکاتے ہیں۔ اور شیرے میں ڈال کر کھاتے ہیں ۳ ماش اور مونگ کے ریزے جو دلنے میں دال سے الگ ہو کر نکلتے ہیں (س۔ انکھر۔ آنکھ)

اَنکھِیا (ھ۔ مؤنث) آنکھ کی تصغیر ۱ آنکھ ۲ نظر ۳ محبت کی نظر ۴ **اَنکھیارا** (صفت) ۱ آنکھ والا۔ بینا ۲ صاحب بصیرت۔ **انکھیاں** (مؤنث) ۱ انکھیا کی جمع ۲ ایک چیز مثل کھجوروں کے جو میٹھی ہوتی ہے۔ تل کر بناتے اور نیاز دلاتے ہیں۔

اِنکیلاڈس ... (مذکر) زحل کا دوسرا قمر۔ یہ سیارے کے گرد ایک دن آٹھ گھنٹے اور ۵۳ منٹ میں ... میل کے فاصلے پر حرکت کرتا ہے

اَنگ (س۔ مذکر) ۱ جسم۔ بدن ۲ عضو جوڑ ۳ حصّہ۔ جز ۴ کسی علم کی تقسیم۔ تقسیم ثانی ۵ عدد چھ ۶ جینیوں کی بڑی مقدس کتابوں کا نام ۷ کسی علم کی شاخ ۸ بنگال ۹ بنگالی قوم ۱۰ بنگال کا ایک راجہ ۱۱ ویدوں کا ضمیمہ۔ **انگا** (مذکر) بنگال خاص کا نام ۲ اس کے باشندے بنگالی ۳ بنگال کا ایک راجہ۔ **انگ بِدیا** (مؤنث) ۱ علم تشریح الابدان۔ بدن کا علم ۲ بدن کے اچھے برے نشانات کا علم۔ **انگ بل** (مذکر) بدن کی طاقت **انگ بھنگ کرنا** (متعدی) کوئی عضو کاٹ دینا۔ **انگ بھنگ ہونا** (لازم) عضو کٹ جانا ۲ جوڑ اکڑ جانا یا سخت ہو جانا۔ **انگ پکڑنا** (متعدی) ہونا۔ بدن پر گوشت زیادہ ہونا۔ **اَنگلیج** (مذکر) بدن سے چپکا ہوا ہوا۔ بیٹا۔ **انگجا۔ انگجائی** (مؤنث) بیٹی۔ **انگ چیدن** (مذکر) عضو کاٹنا۔ **اَنگد** (مذکر) ۱ راجہ رام چندر جی کا ایک بھائی ۲ گد کے کا ایک بیٹا ۳ بالی کا ایک لڑکا ۴ لچھمن جی کا ایک لڑکا ۵ سکھوں کا ایک گرو ۶ ایک کڑا جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔ **انگ دویپ** (مذکر) چھ دویپوں میں سے ایک۔ **انگ راج یا راجہ** (مذکر) کرن کا نام جو انگ کا راجہ تھا۔ **انگ راجیہ** (مذکر) انگ کی سلطنت۔ **انگ راگ** (مذکر) نہانے سے پہلے بدن کو خوشبو یا ابٹنا ملنا۔ **انگ رکھا** (مذکر) ... ۔ **انگ سیہری** (مؤنث) ۱ بدن کانپنا ۲ جاڑے کا بخار۔ **انگ گوڈنا** (متعدی) بدن پر کھود کر سیاہ نشان بنانا۔ **انگ لگا دینا۔ لگانا** (متعدی) ۱ کسی چیز کے نزدیک رکھنا ۲ بغلگیر ہونا۔ ہم آغوش ہونا ۳ کپڑے پہننا۔ لباس زیب تن کرنا ۴ آنکھیں لڑانا۔ عشق کرنا ۵ شادی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ **انگ لگنا** (لازم) ۱ بدن سے لگنا یا چھونا ۲ ہم آغوش ہونا ۳ ہضم ہونا ۴ پالا جانا۔ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا ۵ اثر کرنا۔ اثر ہونا۔ **انگ مرڑی یا موڑی** (مؤنث) ۱ جماہی لینا ۲ بدن کو پھیلانا۔ **انگ موڑنا** (متعدی) ۱ بدن پھیرنا۔ بدن ٹوٹنا۔ بدن پھیلانا ۲ منہ چھپا لینا۔ دور ہٹ جانا۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔ کنارہ کرنا ۳ جھکنا۔ عاجزی سے جُھکنا ۴ عجز کرنا۔ حلیم ہونا۔ **انگ (میں) بھبوت رمانا** (ھ۔ متعدی) بدن پر راکھ ملنا۔ **انگ نیاس** (مذکر)۔ ایک رسم جس کے موجب بدن کے بعض حصوں کو شاستروں کے احکامات کے بموجب چھوا جاتا ہے۔ **انگ وارا** (مذکر) گاؤں کے ایک چھوٹے حصّہ کا مالک ۲ کاشتکاری میں ایک دوسرے کو مدد دینا

اَنگ (ز۔ صفت) ۱ مفصلہ ذیل۔ آگے آنے والا ۲ (مذکر) ملازم۔ نوکر۔ الوگامی۔

اَنگا (ھ۔ مذکر) ۱ انگرکھا ۲ (مونث) آیا۔ دایہ (انگ۔ بدن)

اَنگار (س۔ مذکر) ۱ چنگاری ۲ مرتوں کا ایک راجہ ۳ **انگارا** (مذکر) ایک ملک اور قوم **انگارپرن** (مذکر) چترپرتھ کا نام۔ **انگار سینو** (مذکر) ایک راجہ جو گاندھار کا باپ تھا۔

اَنگارا (ھ۔ مذکر) ۱ آگ کا دہکتا ہوا ٹکڑا ۲ تشبیہاً نہایت سرخ چیز کو کہتے ہیں ۳ (ھ) چنگاری جلتا ہوا کوئلہ۔ جلتی ہوئی لکڑی ۴ منگل۔ ویروار (س انگار) **انگارا بننا۔ ہو جانا یا ہونا** (لازم) غصّے کے مارے لال ہو جانا۔ **انگارا سا روشن ہونا** (لازم) بہت چمکنا۔ **انگاروں پر لٹانا** (متعدی) **لوٹنا** (لازم) بیتاب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ تڑپنا۔ **انگاری** (مؤنث) ۱ انگارا کی تصغیر ۲ چھوٹی کڑاہی۔ آتشدان۔ انگیٹھی۔ **انگارے** (مذکر) ۱ انگارا کی جمع ۲ (ع) جب کوئی کچھ مانگے اور دینا مقصود نہ ہو۔ تو شوخی سے یہ لفظ کہہ دیا جاتا ہے۔ **انگارے برسنا** (متعدی) سخت گرمی ہونا۔ **انگارے برسیں** (ع) بد دعا۔ غضب الٰہی نازل ہو۔ **انگارے پھانکنا**۔ وہ کام کرنا جس کی پاداش بہت سخت ہو۔ **انگارے کی طرح دہکنا** (لازم) بخار سے بدن سرخ ہونا۔ **انگار کا کیڑا** (مذکر) سمندر۔ ایک کیڑا جس کے متعلق پہلے زمانے میں خیال تھا کہ آگ میں رہتا ہے۔

اَنگارک (س۔ مذکر) ۱ منگل۔ مریخ ۲ منگل ۳ کوئلہ۔ انگارا ۴ سووِیر کا ایک راجہ ۵ رُدر کا نام ۶ ایک اَسُر۔

آنگاکری۔ آنگاکڑی (ھ۔ مؤنث) چپاتیاں جو انگاروں پر پکائی جاتیں۔

اَنگامی (س۔ صفت) ۱ پیچھے جانے والا بعد میں آنے والا ۲ نقل کرنے والا ۳ انس رکھنے والا ۴ جاں نثار۔ وفادار ۵ حکمبردار۔ فرمانبردار ۶ (مذکر) پیرو ۷ جانشین ۸ نقال ۹ ملازم۔ نوکر ۱۰ ساتھی۔ ہمراہی۔

اَنگبان (ھ۔ مذکر) انگیا۔

اَنگبِین (ف۔ مذکر) شہد۔

اَنگت (س۔ صفت) ۱ جس کا پیچھا کیا جائے۔ جس کی پیروی کی جائے ۲ پیچھے جانے والا ۳ جاں نثار۔ وفادار (مذکر) ملازم۔ نوکر۔

اِنگِت (س۔ مذکر) ۱ اطلاع۔ ایما۔ اشارہ ۲ صلاح۔ مشورہ ۳ تلاش۔ دریافت۔ تحقیق جستجو۔

اَنگُدان (ف۔ مذکر) ہینگ ۲ گزرۂ کاشان میں ایک شہر۔

اَنگڈیا۔ اَنگدیا (ھ۔ مذکر) وہ شخص جو بہت سا روپیہ اپنے کوٹ وغیرہ میں سی کر اپنے پاس رکھے۔

اَنگرائک۔ اَنگراہی (س۔ صفت)

۱ مہربان۔ مددگار۔ دستگیر۔ ۲ (مذکر) پشت و پناہ۔ مربی
سرپرست۔

اَنگرکھارہ۔ مذکر) مردوں کی ایک پوشاک
جو کرتے کے اُوپر پہنی جاتی ہے۔ مسلمانوں کے داہنی طرف
اور ہندوؤں کے بائیں طرف پردہ ہوتا ہے۔ **انگرکھی**
(مؤنث) انگرکھا کی تصغیر۔

اَنگرونا (لاطینی) ایک دیوی جو تکلیف
اور درد کو رفع کرتی ہے۔ موجودہ خیال کے مطابق اسے
نئے سال کی دیوی کہا جاتا ہے۔

اُنگُرہ (س۔ مذکر) ۱ مہربانی۔ عنایت۔
کرم۔ شفقت ۲ مدد۔ استعانت۔ سہارا۔ **انگرہ پاتر**
(صفت) ۱ جس پر مہربانی یا شفقت کی جائے ۲ منظورِ نظر۔
مقرب۔ **انگرہ کرنا** (متعدی) مہربانی کرنا۔ عنایت کرنا۔
شفقت کرنا۔ **انگرھی**۔ دیکھو انگراہی۔ **انگرہیت** (مذکر)
۱ منظورِ نظر ۲ مقرب ۲ (صفت) جس پر مہربانی کی جائے
۳ وہ شے جو مہربانی سے قبول کی جائے۔

اَنگُری (ہ۔ مؤنث) زرہ۔ کرتا۔

اَنگُری (ہ۔ مؤنث) انگلی۔

اَنگریز (انگ۔ مذکر) انگلستان کا باشندہ
فرنگی۔ گورہ۔ **انگریزن** (مؤنث) انگریز کی بیوی۔ فرنگن
میم۔ **انگریزی** (مؤنث) انگریزوں کی زبان (صفت)
متعلقہ انگریز (بولنا۔ پڑھنا۔ سیکھنا وغیرہ کے ساتھ)
انگریزیت (مؤنث) ۱ انگریز ہونا ۲ انگریز بننا۔ انگریزوں
کی نقل۔ **انگریزی خواں** (صفت) انگریزی پڑھا
ہوا۔ **انگریزی داں** (صفت) انگریزی جاننے والا۔
انگریزی زبان کا ماہر۔ **انگریزی زبان** (مؤنث)
انگریزوں کی بولی۔

امثال و اقوال۔ انگریز بھی
عقل کے پتلے ہیں۔ انگریز بڑے چالاک ہیں۔
انگریز کی نوکری اور بندر نچانا برابر ہے۔
دونوں خطرناک ہیں۔ انگریزوں کو اگر شیر اچھال جائے
تو اچھا کام کرتے ہیں۔ ورنہ بُرا۔ **انگریزوں کے
راج میں برکت اڑ گئی**۔ انگریزوں کے زمانہ میں
ہر چیز مہنگی ہے۔ اس لئے اب تھوڑی کمائی پر گزارہ
نہیں ہو سکتا۔ **انگریزوں نے چرسا بھر زمین سے
سارا ہندوستان اپنا کر لیا**۔ جب انگریز ہندوستان
میں پہلے پہل آئے تو انہوں نے تھوڑی سی زمین تجارت
کے لئے خریدی تھی۔ آہستہ آہستہ سارے ہندوستان
کے مالک ہو گئے۔ **انگریزی راج تن کو کپڑا
نہ پیٹ کو ناج**۔ دیکھو انگریزوں کے راج الخ۔

اَنگڑانا (ہ۔ متعدی) بدن پھیلانا۔
۲ انگڑائی لینا۔ جاگی لینا۔ بستر پر پہلو بدلنا۔

اَنگڑائی (ہ۔ مؤنث) ۱ بدن کو پھیلانا
بدن کا اکڑنا ۲ خمیازہ۔ **انگڑائی توڑنا** (متعدی) ۱ انگڑائی
لیتے وقت کسی کے کندھے پر ہاتھ رکھنا ۲ نکما رہنا۔
بیکار رہنا۔ **انگڑائی لینا** (متعدی) بدن کو پھیلانا۔

اَنگڑ کھنگڑ (اردو۔ مذکر) اسبابِ خانہ داری
مال و اسباب پھیلی ہوئی چیزیں۔

اَنگش بنگش (اردو۔ صفت) اول جلول
مہمل۔ واہیات۔ خرافات۔

اَنگُشت (ف۔ مؤنث) انگلی۔ **انگشت
اشارت** (صفت) اشارہ کرنے والی انگلی۔ **انگشتانہ**
(مذکر) وہ لوہے یا پیتل کا خول جسے سیتے وقت انگلی میں
پہن لیتے ہیں۔ تاکہ دباتے وقت سوئی نہ چبھے ۲ ہڈی
یا سینگ کا حلقہ جو تیر اندازی کے وقت انگلی پر پہنا جاتا
ہے۔ **انگشت بدنداں ہونا** (لازم) دانتوں میں انگلی
دبانا۔ حیران ہونا۔ متعجب ہونا۔ افسوس کرنا۔ **انگشت
بلب ہونا** (لازم) ہونٹوں پر انگلی رکھنا۔ خاموش رہنے
کا اشارہ کرنا۔ **انگشت حیرت (بدنداں) بدہاں
در دہاں ہونا** (لازم) حیرانی کی وجہ سے انگلی منہ میں
ہونا۔ سخت حیران ہونا۔ **انگشتر** (مؤنث) انگوٹھی چھلا۔
اَنگشتِ شہادت (مؤنث) کلمے کی انگلی جو ہاتھ کے
انگوٹھے کے پاس ہوتی ہے۔ **انگشتِ ششم** (مؤنث)
چھٹی انگلی جو بعض آدمیوں کے ہاتھ میں زائد ہوتی ہے۔
انگشت معجز نما (صفت) وہ انگلی جس کے اشارے میں
معجزہ ہو۔ **انگشتِ نر** (مذکر) انگوٹھا۔ **انگشت نما**
(صفت) بدنام۔ مشتہر۔ رسوا۔ مطعون۔ وہ جس کی طرف
انگلیاں اٹھیں۔ **انگشت نما کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)
رسوا ہونا۔ بدنام ہونا۔ **انگشت نمائی** (مؤنث) بدنامی۔
رسوائی۔

اَنگشٹھہ (س۔ مذکر) انگوٹھا۔

اَنگُل (ہ۔ مؤنث) ۱ انگلی۔ انگوٹھا ۲
انگلی کی چوڑائی کے برابر س۔ انگ۔ نشان کرنا۔ **انگلا**
(مذکر) انگلی۔ **انگلا دینا** (متعدی) اُبھار دینا۔ بہکا دینا۔ **انگلا
دینا**۔ **انگلانا** (متعدی) ابھارنا۔ رغبت دلانا۔ بہکا دینا۔
انگل بڑا یا بیڑا (مذکر) ایک دوائی ۲ مجرم۔ چور۔

اُنگلی (مؤنث) انسان کے ہاتھ یا پاؤں کے اگلے حصے
میں پانچ پانچ لمبی شاخیں ہوتی ہیں۔ ان میں سے پہلی
اور سب سے موٹی کو انگوٹھا اور باقیوں کو انگلی کہتے
ہیں۔ انگشت۔ **انگلیاں** (مؤنث) انگلی کی جمع۔ **انگلیاں
اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) اشارہ ہونا۔ رسوا اور
مطعون کی طرف یا نمود کی چیز کی طرف اشارہ ہونا۔ **انگلیاں
پھٹ جانا** (لازم) انگلیاں تڑخ کر خون نکلنا۔ بہت
زور لگانے سے ایسا ہوتا ہے۔ **انگلیاں توڑنا** (متعدی)
ٹوٹنا یا چٹخنا (لازم) **چٹخانا** (متعدی) انگلیوں کو اس
طرح دبانا یا کھینچنا کہ ان میں سے چٹ چٹ کی آواز نکلے
انگلیاں چمکانا یا مٹکانا (متعدی) ہاتھ اُٹھا کر انگلیوں
کو نچانا۔ عورتیں ناز و نخرے۔ شوخی یا تمسخر سے ایسا کرتی
ہیں ۲ عورتیں یا زنانے لڑنے میں ایسا کرتے ہیں۔ **انگلیاں
کانوں میں دینا** (متعدی) نہ سُننے کی کوشش کرنا۔
انگلیاں کاٹنا (متعدی) تاسف یا غصے سے دانتوں
سے انگلیاں بہت غصے والی طبیعت کے آدمی کاٹتے ہیں
انگلیاں گھسنا (متعدی) کسی کام کو بہت دیر تک کرنا
انگلیاں نچانا (متعدی) دیکھو انگلیاں چمکانا۔ **انگلیاں
نہ لگانا** (متعدی) نہ چھونا۔ احتراز کرنا۔ کنارہ کرنا۔
انگلی اٹھانا (متعدی) انگلی سے اشارہ کرنا۔ **انگلی
پر نچانا** (متعدی) دق کرنا۔ ستانا۔ **انگلی (پکڑ کے
چلنا) پکڑانا** (متعدی) چھوٹے بچے کو اس طرح چلنا
سکھاتے ہیں یا سیر کو لے جاتے ہیں۔ **انگلی پکڑنا**
(متعدی) سہارا لینا۔ **انگلی (دانت تلے) دبانا** (متعدی)
حیران ہونا۔ افسوس کرنا۔ **انگلی دکھانا** (متعدی) دھمکانا
ڈرانا۔ **انگلی رکھنا** (متعدی) عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا
نکتہ چینی کرنا۔ **انگلی کا اشارہ** (مذکر) کسی کو بلانے یا چلے
جانے کے لئے کہتے ہیں۔ **انگلی کاٹ شہیدوں میں
ملے**۔ دیکھو انگلی میں الخ۔ **انگلی کرنا** (متعدی) ۱ پوشیدہ
آزار دینا۔ جائے مخصوص میں انگلی چبھونا ۲ برانگیختہ
کرنا۔ **انگلی میں لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا**
(لازم) کسی کام میں ذرا سا دخل دے کر نیک نامی حاصل
کرنا۔ تھوڑا سا کام کرنے سے سارے کا حقدار بننا۔
انگلیوں (مؤنث) انگلی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔
انگلیوں پر گنا جانا (لازم) بہت تھوڑا ہونا۔ **انگلیوں
پر گنی جاتی تھی۔ لاکھوں سے بڑھ گئی**۔ غریب سے
بہت امیر ہو گئے۔ **انگلیوں پر نچانا** (متعدی) ۱ ہنسی
اُڑانا۔ مذاق اُڑانا ۲ تنگ کرنا۔ **انگلیوں سے
قطرے خون کے ٹپکنا** (لازم) دیکھو انگلیاں پھٹ

جانا۔ **انگلیوں میں فندق لگانا** (متعدی) انگلیوں کے سرے پر مہندی لگانا۔
مثل۔ انگلی پکڑتے ہی پہنچا پکڑا آ ذرا سی تسلی سے حوصلہ بڑھ گیا۔ ذرا سے سہارے سے پاؤں پھیلائے۔ تھوڑے سے التفات سے بڑھ چلے۔

اِنگلِس (انگ۔ مذکر) پنشن۔ انگلسیا۔ **انگلشیا**۔ پنشن خوار سپاہی۔

اَنگلیٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ جسم۔ بدن ۲ جسم کی قطع۔ طرز یا بناوٹ (س۔ انگ۔ جسم)

اَنگمن (س۔ مؤنث) پیچھے جانا۔ یہ لفظ اس بیوہ عورت کے ستی ہوجانے پر استعمال ہوتا ہے۔ جو خاوند کی موت کے وقت گھر پر نہیں ہوتی۔

اَنگنا (س۔ مؤنث) خوبصورت بدن کی عورت۔ خوبصورت عورت۔ عورت۔

اَنگنائی (ہ۔ مؤنث) آنگن۔ صحن (آنگن سے)

اُنگنی (ھ۔ مؤنث) ۱ اونگھنا ۲ گاڑی کے پہیوں کو چکنائی لگانا۔

اَنگُوٹھا (ہ۔ مذکر) انگشتِ نر۔ چاہے ہاتھ کا ہو یا پاؤں کا (س۔ انگشٹھ) **انگوٹھا چومنا** (لازم) ۱ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا ۲ عاجزی کرنا۔ انکسار کرنا ۳ مسلمان پیغمبر صلعم کا نام سن کر انگوٹھا چومتے ہیں۔ **انگوٹھا (انگوٹھے) چوسنا** (متعدی) ۱ شیر خوار بچے کا انگوٹھا منہ میں لینا ۲ دانا آدمی کا نادانی کی بات کرنا **انگوٹھا دکھانا** (متعدی) انکار کرنے یا بے پروائی جتانے کے لئے عورت کا انگوٹھا سامنے کرنا۔ **انگوٹھا دُھلانا** (متعدی) شادی کی ایک رسم گھر میں داخل ہونے پر دُلہن کا انگوٹھا دودھ سے دھلاتے ہیں۔ **انگوٹھی** (مؤنث) انگشتری۔ **انگوٹھے باندھنا** (متعدی) دم نکل جانے کے بعد میت کے سیدھے رہنے کو دونوں انگوٹھے باندھ دیتے ہیں۔ **انگوٹھے پہ مارنا** (ھ۔ متعدی) نہایت برا سمجھنا۔ کچھ وقعت نہ سمجھنا۔

اَنگوچھا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ کپڑا جو ہندو نہانے کے لئے کمر میں باندھتے ہیں یا بدن صاف کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں ۲ تولیہ (س۔ انگ۔ بدن، پوچھا پونچھنا سے) **انگوچھی** (ھ) انگوچھے کی تصغیر۔

اَنگُور (ف۔ مذکر) ۱ ایک مشہور میوہ ہے عنب۔ داکھ ۲ زخم پر جو دانہ دار گوشت پیدا ہوتا ہے **انگور آنا۔ بھر آنا۔ بندھ جانا یا بندھنا** (لازم) زخم کا بھر جانا۔ زخم کا اچھا ہونے پر آنا۔ زخم کا اندمال پر آنا۔ **انگور پھوٹ جانا۔ پھٹنا یا تڑکھنا** (لازم) بھرتے ہوئے زخم کا پھٹ جانا۔ **انگور کا پھوٹ بہنا** (لازم) بھرتے ہوئے زخم کا پھٹ کر پھر مواد جاری ہونا **انگور کا گچھا** (مذکر) خوشۂ انگور۔ **انگور کھٹے ہیں**۔ دیکھو اخ تھو الخ۔ **انگور کی بیل** (مؤنث) وہ بیل جس پر انگور لگتے ہیں۔ **انگور کی تاک (ٹٹی)** (مؤنث) تاک انگور جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں۔ **انگوری** (صفت) انگور کا رنگ۔ **انگوری باغ** (مذکر) وہ باغ جس میں صرف انگور کی بیلیں ہوں۔ **انگوری بیل** (مؤنث) کپڑے پر کڑھی ہوتی یا بنی ہوئی بیل جو انگور کی بیل کے مشابہ ہو۔ **انگوری سرکہ** (مذکر) انگور کا بنا ہوا سرکہ **انگوری شراب** (مؤنث) شراب جو انگور کے رس سے تیار کی گئی ہو۔

اَنگورا (ہ۔ مذکر) مچھر

اَنگوریا (ہ۔ مذکر) بجائے مزدوری یا جنس کے ہل کے استعمال کی اجازت دینا۔

اَنگوزہ (ف۔ مذکر) ہینگ۔

اَنگونگا (ہ۔ مذکر) وہ بھینٹ یا نذر جو برہمن کو پیڑ میں سے دی جائے یا دیوتا کے چڑھائی جائے۔

اَنگھ (س۔ صفت)۔ بے گناہ۔ بے جرم بے خطا۔ بے قصور۔ معصوم۔

اَنگھائی (ھ۔ مؤنث) اونگھ۔ نیند۔ بھاری پن۔ سستی۔

اَنگھَٹ (ھ۔ مذکر) انگوٹھا۔

اَنگھَسر (س۔ مذکر) ۱ پاؤں ۲ کرسی وغیرہ کا پاؤں ۳ درخت کی جڑ۔

اَنگھیری (س۔ مؤنث) ناموزوں وقت بے موقع۔ بے وقت۔

اَنگی (ہ۔ صفت) جسمانی۔ مادی۔ جوہری۔

اَنگی (ھ۔ مؤنث) آنہ فی روپیہ دستوری مجرائی یا کٹوتی۔

اَنگیا (ہ۔ مؤنث) ۱ وہ چھوٹا کپڑا جسے عورتیں چھاتیاں چھپانے اور کھنچے رہنے کے لئے پہنتی ہیں ۲ محرم۔ چولی۔ سینہ بند (س۔ انگ۔ بدن) **انگیا کا بنگلہ** (مذکر) انگیا کی کٹوریوں پر گوٹہ کناری کا چھ پھانک کا ٹکا۔ **انگیا کا ٹھرا** (مذکر) وہ بٹا ہوا دھاگا یا ڈورا جس کو انگیا کی گوٹ میں داخل کیا جاتا ہے۔ **انگیا کا کنٹھا یا گھاٹ** (مذکر) انگیا کا گریبان۔ **انگیا کے بازو** (مذکر) انگیا کے وہ حصے جو دونوں پہلوؤں کو چھپاتے ہیں۔ **انگیا کے اندر کا** (مذکر) پستان۔ دودھ۔ **انگیا کے بند** (مذکر) انگیا کے تُکمے جن سے پشت کی طرف انگیا کسی جاتی ہے۔ **انگیا کے پان** (مذکر) کٹوریوں میں دو ٹکڑے ہوتے ہیں۔ چھوٹے کو پان کہتے ہیں۔ **انگیا پیٹھے** (مذکر) وہ چوڑی گوٹ جو انگیا کی آستینوں پر لگاتے ہیں۔ **انگیا کے پچھوے** (مذکر) انگیا کے وہ ٹکڑے جو پشت کی جانب ہوتے ہیں۔ **انگیا کی چڑیا** (مذکر) وہ سیون جو دونوں کٹوریوں کے بیچ میں ہوتی ہے۔ **انگیا کی خسی یا خواصی** (مؤنث) وہ سیون جو کٹوریوں کو آستینوں سے وصل کرتی ہے۔ **انگیا کی دیواریں** (مؤنث) کٹوریوں کے بڑے ٹکڑے۔ **انگیا کی ڈوری** (مؤنث) وہ ریشمی یا منقشی ڈوری جو انگیا کے کنٹھے اور پیٹھے میں ٹانکی جاتی ہے۔ **انگیا کی کٹوری** (مؤنث) انگیا کا وہ حصہ جس میں چھاتیاں رہتی ہیں۔ **انگیا کی کنٹھی** (مؤنث) انگیا کا گریبان۔ **انگیا کی لہر** (مؤنث) کٹوریوں پر چمکتا ٹکا ہوا مسالہ۔

اُنگیا (ھ۔ مؤنث) حکم۔ فرمان۔ آگیا۔

اَنگیپنا (س۔ مؤنث) ۱ بدن کا گانا ۲ مہابھارت کے چودھویں کتاب کے باب ۱۲-۱۶ کا نام۔

اَنگیٹھا (ہ۔ مذکر) ۱ آگ کا برتن ۲ سنار کی بھٹی (س اگنی سے) **انگیٹھی** (مؤنث) انگیٹھا کی تصغیر۔ آگ کا برتن۔ آتشدان۔ بُرسی۔ وہ ظرف جس میں کوئلے ڈال کر تاپتے یا ہنڈیا پکاتے ہیں۔ جھنجری گلخن۔

اَنگیز (ف۔ صفت) اٹھانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے غم انگیز۔ شر انگیز

اَنگیز (اردو۔ مؤنث، عو) برداشت۔ **انگیز کرنا** (متعدی) برداشت کرنا۔ گوارا کرنا۔ سہارنا **انگیزنا** (متعدی) جبر سہ لینا۔ تکلیف برداشت کرنا۔

اَنگیکار (س۔ مذکر) ۱ اتفاق۔ رضامندی

موافقت ۲ تسلیم۔ قبولیت۔ رضا ۳ وعدہ۔ اقرار ۔ یکن ۴ رضا جوئی۔ توکل ۵ بیان۔ اظہار۔ اقرار ۶ انتخاب پسند چھانٹ ۷ فرمانبرداری۔ تعمیل حکم۔ اطاعت (کرنا ہونا کے ساتھ)

اَنگیکرِت (س۔ صفت) متفق۔ رضامند وغیرہ۔ دیکھو انگیکار۔

اَنل (س۔ مؤنث) ۱ آگ ۲ شعلہ ۳ ایک پودا ۴ آگ کا دیوتا۔ اگنی ۵ واسدیو ۶ ایک دسو ۷ ایک مُنی ۸ ہوا ۹ تیسرا نکشترہ۔ اَنلانند (مذکر) ایک ویدک مصنف۔ انلوات (مذکر) پٹن قدیم۔

اَنِل (س۔ مؤنث) ۱ ہوا۔ باد۔ آندھی ۲ سانس ۳ وایو دیوتا۔ اَنِلس (عص) ایک خاص قسم کے دیوتا جو تعداد میں ۴۹ ہیں۔ اور اَنِل کے تعلقدار ہیں۔

اَنلوم (س۔ صفت) ۱ باقاعدہ۔ قدرتی ۲ بالوں سے۔ ریشے سے۔

اُنلیپ (س۔ مذکر) ۱ مرہم۔ لیپ۔ ابٹان۔ غازہ۔ انضماد ۲ چھڑکنا۔ لیپ کرنا۔

اَنِما (س۔ مذکر) ۱ خود کو نہایت چھوٹا بنا لینے کی قوت ۲ نظر سے غائب ہو جانے کی قوت جو دیوتاؤں میں ہوتی ہے یا تپسیا سے حاصل ہوتی ہے۔

اِنَّما (ع۔ تف) بالکل۔ کم سے کم۔ حقیقت میں۔ یقیناً۔

اَنمایک (س۔ مذکر) نتیجے کی وجہ۔ استدلال کا باعث۔

اُنماد (س۔ مذکر) ۱ دیوانگی۔ پاگل پن ۲ فضول خرچی۔ انمادنی (مؤنث) ایک رانی۔

اَنُمان (س۔ مذکر) ۱ استدلال استخراج استنباط۔ نتیجہ۔ ثمر۔ ماحصل۔ پھل۔ ارتھ ۲ گمان۔ خیال۔ تصوّر۔ قیاس۔ فرض۔ دعوے ۳ اندازہ تخمینہ۔ جانچ ۴ خیال۔ وہم۔ سوچ۔ بچار۔ غور۔ خوض ۵ دلیل وجہ ۶ تشبیہ۔ مشابہت ۷ امر قیاسی۔ مسئلۂ ذہنی ۸ (منطق) حاصل۔ نتیجہ ۹ (تف) استدلالاً۔ فرضی طور پر اندازاً۔ تقریباً۔ انمان سے (تف) تخمیناً۔ اندازاً۔ اٹکل۔ پچو۔ انمان کرنا (متعدی) نتیجہ نکالنا۔ خیال کرنا غور کرنا وغیرہ۔ اَنمانا (ھ۔ متعدی) نتیجہ نکالنا۔ انومان کرنا۔ انمان ہونا (لازم) سوجھنا۔ خیال آنا۔

اِنملاق (ع۔ مذکر) ۱ دوستی ظاہر کرنا۔ خوشامد کرنا ۲ بچنا۔

اَنمِنش (س۔ صفت) ۱ جو نہ آنکھ جھپکے ۲ تمام دیوتاؤں کا لقب۔

اَنَنّاس (پُر۔ مذکر) ایک پھل۔ اَنَنّاسی (صفت) اناس کے متعلق۔ اناس کی شکل کا۔

اَنُنایک (س۔ صفت) غُنّہ جو ناک میں بولا جائے۔

اَنَنت (س۔ صفت) ۱ بے حد۔ بے انتہا۔ لاانتہا ۲ دائمی۔ مدام۔ ازلی۔ ابدی۔ لازوال ازاد ۳ ایک نام اس ناگ کا جس نے زمین سر پر اٹھائی ہوئی ہے ۴ شوجی۔ وشن جی ۵ ایک دھاگا چودہ گانٹھ کا جو ہندو بازو پر اننت چودس کے موقعہ پر باندھتے ہیں ۶ شیس کا بھائی واسک ۷ کرشن جی ۸ بلدیو ۹ رُدر ۱۰ ایک وشودیو ۱۱ چودھواں ارہت ۱۲ تیسواں نکشترہ۔ اَننتا (مؤنث) ۱ زمین ۲ عدد ایک ۳ پاربتی ۴ کئی اور عورتوں کا نام۔ اننت بھٹ (مذکر) ایک مصنف۔ اننت پال (مذکر) کشمیر کا ایک شجاع۔ اَننتتا (مؤنث) دوام۔ ہمیشگی۔ اننت تیرتھ (مذکر) ایک مصنف۔ اننت چودس (مؤنث) بھادوں کے مہینے میں چاند کی چودھویں تاریخ۔ اس دن وشن جی کی یاد میں تیوہار منایا جاتا ہے۔ اننت درشٹ (مذکر) شوجی۔ اننت دیو (مذکر) ۱ کئی آدمیوں کا نام ۲ کشمیر کا ایک راجہ۔ اننت رام (مذکر) ہندوؤں میں ایک نام۔ اننت شیرشا (مؤنث) راجہ واسکی کی بیوی۔ اننت شَین (مذکر) ٹراونکور۔ اننت کال (مذکر) ۱ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔ ازل۔ ابد ۲ (صفت) ہمیشہ۔ ابد تک۔ اننت نیمی (مذکر) مالوے کا ایک راجہ۔ اننت وات (مذکر) لقوہ۔ اننت وِجیہ (مذکر) ارجن کا سنکھ۔ اننت وِکرمن (مذکر) ایک لودھی ستوہ۔ اننت ورمن (مذکر) ایک راجہ۔ اننت ویریہ (مذکر) زمانہ مستقبل کا تیئیسواں جین ارہت۔ اَننتیہ (صفت) بے حد۔ بے انتہا۔

اُنَنت (س۔ مذکر) ۱ اجگر ۲ ایک بدھ ۳ منو چکشُش کے سات رشیوں میں سے ایک ۴ ایک پہاڑ ۵ (صفت) شریف۔ معزز۔

اُنَنِت (س۔ مؤنث) ۱ چڑھتا ہوا جھنا ۲ اونچائی۔ بلندی ۳ ترقی ۴ وکش کی بیٹی اور دھرم کی بیوی ۵ گرد کی بیوی۔ اُنتیش (مذکر) گرد کا نام۔

اَنَند (ھ۔ مذکر) خوش آنند۔ انند کے تار بجانا (متعدی) مزے اڑانا۔ عیش و عشرت کی زندگی بسر کرنا۔

اَننیے (س۔ صفت) اور کوئی نہ۔ دوسرا نہیں صرف ایک۔ انّنبا گھوتو (مذکر) پرکاشا تمن کا استاد۔ اَننج (مذکر) کا مدیو۔

اَنُوا (ھ۔ مذکر) ۱ جھوٹا الزام۔ غلط تہمت (عورت کو) ۲ وہ جگہ جہاں آدمی کھڑے ہو کر جھٹکے سے پانی پھینکتے ہیں ۳ وہ ظرف جس سے کاشت کے لئے پانی پھینکا جاتا ہے۔ دوری۔ بوکا۔

اَنواچک سَنگیا (ھ۔ مؤنث) علم تصغیر

اَنُواد (س۔ مذکر) ۱ جواب۔ آثار ۲ دہرانا۔ دھراؤ۔ تکرار۔ اعادہ ۳ تشریح۔ توضیح۔ ترجمہ انوادی (صفت) جواب دینے والا۔ مخالفت کرنے والا ۲ (مذکر) مخالف۔ مدعا علیہ۔

اَنوار (ع۔ مذکر) نور کی جمع ۱ روشنی۔ اجالے۔ جوتیں۔ چمکیں ۲ کرنیں ۳ شان و شوکت۔ اَنوارُالحق (مذکر) خدا کے نور۔ ایک نام مسلمانوں میں۔ انوار جنوبی (مذکر) وہ روشنی جو قطب جنوبی کے پاس اندھیری راتوں میں آسمان پر ہوتی ہے۔ انوار سہیلی (مؤنث) فارسی کی ایک مشہور کتاب جو عربی کی کلیلہ دمنہ کا ترجمہ ہے۔ انوار شمالی (مذکر) وہ روشنی جو قطب شمالی کے پاس ہوتی ہے۔

اَنوارِت (س۔ صفت) بے روک بے ضبط۔ بلا ممانعت۔ بلا مزاحمت۔ بلا مخالفت۔

اَنواسنا (ھ۔ متعدی) دیکھو اسباسنا۔

انواسنی (صفت) ۱ کنگالی ہوئی ۲ شادی شدہ۔

اَنواع (ع۔ مذکر) جمع نوع۔ انواع و اقسام کے (صفت) قسم قسم کے۔

اَنوانسی (ھ۔ مؤنث) ایک پیمانہ زمین۔

انُوپ (س۔ صفت) ۱ پانی والا۔ گیلا بھیگا ہوا۔ نمدار ۲ ایسی زمین جس کی سطح کے قریب پانی ہو ۳ وہ چیز جو دوا کے ساتھ اس غرض سے دی جاتی ہے کہ جلد حلق سے اتر جائے۔ اَنپان ۴

اَنوپَم (صفت) دیکھو انپم۔

اَنُوپ (ھ۔ صفت) لاجواب دیکھو انُپ وانوپام۔

اَنُوپا (ھ۔ مؤنث) لاجواب اور بےمثل عورت۔

اَنوت (ھ۔ صفت) ۱ جڑا ہُوا۔ ملا ہُوا ۲ عطا کیا گیا۔ مرحمت کیا گیا ۳ قبضہ میں لیا گیا ۴ بھرا ہُوا۔ پُر۔ لدا ہُوا۔

اَنُوثت (ع۔ مذکر) ۱ مادہ ہونا۔ زن ہونا ۲ مادہ پن۔ زنانہ پن (اُنثٰی۔ زنانہ ہونا)

اَنوَٹ۔ انوَٹا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک چھلا جو پاؤں کے انگوٹھے میں پہنا جاتا ہے اور جس میں گھنگرو لگے ہوتے ہیں ۲ چھب۔ ادا۔ ناز و انداز۔ وضع۔ بھبن۔ لچک۔ سج دھج۔ نخرہ۔ انوَٹ بِچھوا (مذکر) دیکھو انوٹ ملا۔

اَنوکھا (ھ۔ مؤنث) ۱ نایاب۔ نادر۔ عجیب۔ انوکھا ۲ غیر معمولی۔ جس کی نظیر نہ ہو ۳ (ہ) وہ کھانے کی چیز جس میں سے کسی نے کھایا نہ ہو۔ انوکھی بات (مؤنث) نئی بات وغیرہ۔

اَنوَج (ع۔ مذکر) بہت بھاری۔ موٹا اور جیسے سانس چڑھا رہے۔

اَنوَدیہ (س۔ صفت) ۱ بے خطا۔ بے قصور بیگناہ ۲ باعزت۔ شریف۔ معزز۔

اَنوَر (ع۔ صفت) نور کی تفضیل بعض وکل۔ بہت یا نہایت روشن۔ چمکدار یا درخشاں۔

اِنوسنٹ (انگ۔ صفت) ۱ بیگناہ۔ معصوم ۲ تیرہ پوپوں کا نام ۳ (۱۱۶۱-۱۲۱۶) ثالث بہت زبردست پوپ تھا۔ یورپ کے سب بادشاہ اس کے ماتحت تھے۔ پھر اتنی طاقت کسی پوپ کو نصیب نہیں ہوئی۔

اَنوکھا (ھ۔ صفت) ۱ نرالا۔ عجیب۔ نادر۔ نایاب۔ تحفہ ۲ سب سے الگ۔ مختلف ۳ (ھ) کمینہ۔ نیچ۔ ادنے (س ان۔ نہ ٗ اکت۔ بولا ہوا) انوکھی بات (مؤنث) نرالی بات۔ عجیب بات۔ انوکھی پھبن (مؤنث) عجیب ادا۔ نرالی چھب۔ انوکھے ڈول کے (صفت) عجیب طرح کے۔

امثال و اقوال۔ انوکھی جوروا ساگ میں شروا (ھ) بیوقوف عورت اُلٹے کام کرتی ہے۔ انوکھی کے ہاتھ آئی کٹوری۔ پانی پی پی موئی پدوڑی۔ انوکھے گھر کٹورہ۔ کمینہ کے ہاتھ کوئی چیز آجائے تو وہ دکھانے کے لئے اس کا بہت استعمال کرتا ہے۔ انوکھے گھر گھوڑی۔ مرادف زن کے گھر دولت۔ انوکھے گاؤں میں اُونٹ آیا تو لوگوں نے جانا پرمیشر آیا۔ جب کسی نے کوئی چیز پہلے نہ دیکھی ہو تو وہ تعجب کرتا ہے۔

اور سوچتا ہے کہ وہ کیا چیز ہے۔

اَنوَہ (ھ۔ صفت) بغیر وقفہ۔ دن بدن ۲ لگاتار۔ پے درپے۔ ہمیشہ۔

اِنھ (ھ۔ ضمیر) یہ کی جمع۔

اُنھ (ھ۔ ضمیر) وُہ کی جمع ۲ (ہ۔ مؤنث) استغنا۔ بے پروائی اور نفرت کی جگہ صرف یہ لفظ کہا جاتا ہے ۳ کراہنے کی آواز۔

اَنہار (ع۔ مؤنث) نہر کی جمع۔ انہارِ جہاز رانی (مؤنث) وہ نہریں جو جہازوں کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ مشہور نہر سویز۔ نہر پانامہ۔ اور نہر چین ہیں۔

اِنہار (ع۔ مذکر) ۱ بہانا ۲ چوڑا کرنا ۳ بڑا زخم لگانا ۴ دن میں کوئی کام کرنا۔ خبر دینا۔ اطلاع دینا۔

اَنہار (ھ۔ مذکر) ۱ طریقہ۔ ڈھنگ ۲ صورت۔ شکل ۳ طرز۔ وضع۔ پہناوا۔ لباس۔ تراش۔

اِنہاض (ع۔ مذکر) ۱ جوش دلانا۔ اُکسانا ۲ کھڑا کرنا۔

اِنہاک (ع۔ مذکر) ۱ سخت سزا دینا۔ تشدد کرنا ۲ کمزور کرنا۔ دُبلا کرنا۔

اَنہان (ھ۔ مذکر) نہانا۔ انہانا (لازم) نہانا۔ بدن کو دھونا۔

اِنہتاک (ع۔ مذکر) پھاٹا جانا۔ پھٹنا۔

اُنہتر۔ اُنھتّر (ھ۔ صفت) ایک کم ستر۔ ۶۹ لوسے۔

اِنہدام (ع۔ مذکر) ۱ گرانا۔ مسمار کرنا ۲ ویران کرنا ۳ پائمالی۔ مسماری۔ تخریب (منہدم۔ گرا ہوا)

اَنہارنا (ھ۔ متعدی) اُڑا لے جانا۔ چرا لینا۔ آنکھ بچا کر لے جانا۔

اَنہرنا (ھ۔ متعدی) نقل کرنا۔ ملنا جلنا مشابہت کرنا۔

اِنہزام (ع۔ مذکر) شکست پانا۔ بھاگ جانا (منہزم۔ ڈوبنا)

اِنہضاض (ع۔ مذکر) ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اِنہضام (ع۔ مذکر) ہضم ہونا۔ قابلِ ہضم ہونا۔

اِنہلال (ع۔ مذکر) بیحد بارش ہونا۔

اِنہمار (ع۔ مذکر) ۱ بہانا ۲ برسنا ۳ بہنا۔

اِنہماک (ع۔ مذکر) سخت محو ہونا۔

زنہک۔ سوچنا)

اِنہمام (ع۔ مذکر) گھلنا چربی یا دلے کا

اَنہنکار (س۔ مذکر) ۱ خودداری کا نہ ہونا۔ عجز انکسار۔ فروتنی۔ انہنکاری (صفت) جو خودار نہ ہو۔ عاجز۔ غریب۔

اَنہوانا (ھ۔ متعدی) ۱ نہلانا ۲ نہلوانا ۳ دھونا۔

اَنہوریاں (ھ۔ مؤنث) وہ دانے جو گرمیوں میں جوش خون سے بدن پر نکل آتے ہیں۔ پت۔

اَنی (ہ۔ مؤنث) ۱ نیزے۔ تیر وغیرہ کی نوک ۲ جوتی کی نوک ۳ سرا۔ آر ۴ پھکیتوں کی اصطلاح میں سامنے کی سیدھی چوٹ ۵ (ھ) چہرہ۔ سامنا ۶ کشتی کا ماتھا یا آگا ۷ وقت۔ مراد قت۔ موت کا وقت (س: نی۔ سوئی کی نوک) انیاں بتانا (متعدی) سامنے کی سیدھی چوٹ لگانا۔ انی چلنا (لازم) تلوار کی سیدھی چوٹ مارنا۔ انی دار (صفت) تیز نوک والا۔ انی دار جوتا (مذکر) ایک قسم کا گھٹیلا جوتا جس کی نوک لمبی اُوپر کو اُٹھی ہوئی ہوتی ہے۔ انی کا ہاتھ۔ انی کی چوٹ یا ضرب (مؤنث) سامنے کی سیدھی چوٹ۔

مثل۔ انی رکی، ٹلی ہزار برس۔ جان بچے تو زندگی ہزار برس سمجھنی چاہیے مصیبت تھوڑی دیر کے لئے ٹلنا بڑی غنیمت ہے۔

اَنے (س۔ صفت) ۱ دوسرا۔ ایک اور۔ مختلف۔ جدا ۲ کئی میں سے ایک۔

اَنیاب (ع۔ مذکر) ناب کی جمع کچلیاں۔

اَنیاٹانک (اردو۔ مذکر) (عو) ٹھیک تول۔

اَنیاخنیا (اردو۔ مذکر) بے وقعت لوگ۔ وہ لوگ جو ناقابلِ شمار ہوں۔

اَنیاو۔ اَنیاو (ھ) انیائے۔ انیائے (س۔ مذکر) ۱ ناحق۔ ظلم۔ جفا۔ ناانصافی۔ حق تلفی۔ اندھیر ۲ ناانصافی کی شکایت۔ انیائے سے (متعلق) ظلم سے۔ ناانصافی سے۔ انیائے کرنا (متعدی) ظلم کرنا۔ تنگ کرنا۔ ناک میں دم کرنا۔ انیائی (صفت) ظالم۔ جفاکار۔ سفاک۔ ستمگار۔ زبردست۔ جابر۔ بے رحم۔

اَنیائی (ھ۔ مذکر) انصاف نہ کرنے

والا۔ شریر اور ناشائستہ بچہ۔

اَنِیت (س) اَنِیتی (ہ۔ مذکر) ۱ ظلم۔ جفا۔ جور۔ تعدی۔ ستم۔ حق تلفی۔ ناانصافی ۲ بدچلنی۔ شرارت۔ بدذاتی۔ حرام زدگی۔ زناکاری ۳ بدتہذیبی۔ اکھڑپن۔ اجڈپن۔ گستاخی۔

اَنِیث (ع۔ مذکر) نرم لوہا۔

اُنِیدا (ہ۔ صفت) ۱ بےخواب۔ بےنیند۔ بیدار ۲ بند آنکھ ۳ (پھول کی طرح) شگفتہ۔

اَنِیر (ع۔ صفت) نور کی تفضیل بعض و کل۔ بہت یا نہایت روشن۔ چمکدار یا درخشاں۔

اَنِیران (ف۔ مذکر) ہر مہینے کے تیسویں دن کا نام ۲ اس دن کا اور شادیوں کا فرشتہ۔

اَنِیس (ع۔ مذکر) انس رکھنے والا۔ دوست۔ یار۔ ہمدم۔ رفیق۔ ہم صحبت۔ ہم نشین۔ آشنا۔ مونس۔ اَنیس جلیس (مذکر) انیس۔

اَنِیس (ہ۔ صفت) ۱ بے فائدہ ۲ نالائق۔ ناقابل ۳ ناچیز۔ ناکارہ ۴ خراب۔ بُرا۔

اُنِیس (ہ۔ صفت) ایک کم بیس۔ ۱۹ لوعے۔ اُنیس بیس (تف) بہت تھوڑا۔ تقریباً برابر۔ انیس بیس کا فرق (مذکر) بہت تھوڑا فرق۔ تقریباً برابر۔ انیس بیس ہونا (لازم) بہت کم فرق ہونا۔ موقع ایک جیسا ہونا (حق میں یا برخلاف) ۲ موقع ہونا۔ اتفاق ہونا۔ مصیبت پڑنا۔ حادثہ واقع ہونا۔

مثل۔ انیس بیس تا بھیلے چاہیے (ہ) دو چیزیں بالکل ایک شکل کی نہیں ہوتیں۔

اَنِیسُون۔ اَنِیسون (ع۔ مذکر) سونف۔

اَنِیسے (ہ۔ تف) آسانی سے۔ دیکھو انایاس۔

اَنِیش (س۔ مذکر) مخلوق۔ پیدا کی ہوئی ہستی۔

اَنِیش (ہ۔ مذکر) بدنامی۔ رسوائی۔ انجس۔

اَنِیق (ع۔ مذکر) ۱ خوبصورت۔ نہایت اعلیٰ ۲ (ف) بال اُڑانے کا پوڈر۔

اَنِیک (س۔ مؤنث) ۱ چہرہ سامنے کا حصہ ۲ نوک۔ انی ۳ فوج۔ لشکر۔ دل۔

اَنیک (س۔ صفت) ۱ نہ ایک۔ بہت بہت سے۔ چند مختلف۔ کئی۔ کئی ایک ۲ زیادہ۔ کثیر۔ وافر ۳ (صرف و نحو) جمع۔ انیک آکار (صفت) رنگارنگ۔ گوناگوں۔ مختلف۔ انواع و اقسام کے۔ بھانت بھانت کے۔ انیک روپ (صفت) ۱ دیکھو انیک آکار ۲ متغیر طبیعت کا۔ متلون مزاج۔ بیوفا۔ انیک کال (مذکر) عرصہ۔ مدت۔ انیک گونرا (مذکر) ایک آدمی جو کئی گونوں کا ہو۔ انیک ودعہ (مذکر) مختلف اقسام کا۔ گوناگوں۔ قسم قسم کا۔

اَنِیکِنی (س۔ مؤنث) ۱ فوج۔ لشکر ۲ اکشوہنی کا دسواں حصہ۔

اَنیکیہ (س۔ مذکر) نااتفاقی۔ جھگڑا۔ فساد۔ دنگہ۔

اَنیلا (ہ۔ مذکر) ۱ ناواقف۔ ناتجربہ کار ۲ نادان ۳ (ہ) البیلا۔ انیلا پن (مذکر) ۱ بھولا پن۔ ناتجربہ کاری ۲ (ہ) البیلا پن۔

اَنِین (ع۔ مذکر) کراہنا ۲ نالہ۔

اَو (ہ۔ مذکر) دیوناگری کا چودھواں سور۔ اوکار (ہ۔ مذکر) حرف یا آواز او۔

او (ہ۔ حرف ربط) اور۔

اَو (س۔ حرف نفی) الپسر یا پہلے آنے والا کلمہ جس کے معنی سے۔ سے نیچے۔ پرے یا دُور کے ہیں بعض وقت نفی کے معنی دیتا ہے۔

اَوِ (س۔ صفت) ۱ مہربان۔ شفیق ۲ (مذکر) مینڈھا ۳ مالک ۴ سورج ۵ ہوا ۶ پہاڑ ۷ دیوار ۸ (مؤنث) بھیڑ ۹ عورت جسے حیض آ رہا ہو۔ اوپال (مذکر) گڈریا۔

اَو (ہ۔ تف) ۱ ایسے۔ اس طرح۔ یوں۔ اس طریقے سے ۲ جیسے کسی طریقے سے ۳ تقریباً۔ یہ شکل۔

اُو (ہ۔ مذکر) دیوناگری کا آٹھواں سور۔ اوکار (ہ۔ مذکر) حرف یا آواز او۔

او (ہ۔ مذکر) دیوناگری کا تیرھواں سور ۲ ارے۔ ابے۔ اپنے سے چھوٹے کو بلانے کے لئے بےتکلفی میں استعمال ہوتا ہے۔ او بیہودہ۔ تحقیر کے ساتھ زجر اور انتباہ ہے۔ اوکار (ہ۔ مذکر) حرف یا آواز او۔

او (ف۔ ضمیر) وہ۔ وہ چیز۔ عورت یا مرد۔

مقولہ۔ او خویشتن گم است کرا رہبری کند ۱ جو خود ہی بھٹکا ہوا ہے۔ وہ دوسرے کو کیا راہ دکھائیگا ۲ جو خود ہی کسی قابل نہ ہو وہ دوسرے کی کیا مدد کریگا۔

اَوا (ہند) ضلع ایٹہ میں ایک قصبہ۔

اَوّاب (ع۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو دل سے نادم یا تائب ہو ۲ وہ جو خدا کی حمد یا تعریف کرے۔

اَواچیہ (س۔ صفت) ۱ جو نہ بولا جا سکے۔ بُرا۔ خراب ۲ چپ۔ خاموش۔

اَواخِر (ع۔ مذکر) ۱ پچھلے حصے۔ سرے ۲ اطراف ۳ قمری مہینے کے آخری دس دن۔

اَوادانی (ف۔ مؤنث) دیکھو آبادانی۔

اَوادھی (ہ۔ مؤنث) مزاحمت نہ کرنا۔ نہ زکنا۔

اَوار (ہ۔ مؤنث) دیر۔ تاخیر۔

اُوار (ہ۔ مذکر) کھڑی فصل میں ہل چلا دینا۔

اَوارِجہ۔ اَوارچہ (ف۔ مذکر) حساب کی کتاب۔ بہی۔ روزنامچہ۔ رسید بک۔

اَواز (ف۔ مذکر) دیکھو آواز۔

اَوازہ۔ تَوازہ (اُردو۔ مذکر) طعن تشنیع۔ بولی ٹھولی۔ آوازے کسنا (آوازہ سے) اوازے توازے کسنا۔ طعن تشنیع کرنا۔ آوازے کسنا (۲۰۱)

اَواسِط (ع۔ مذکر) وسط اور اوسط کی جمع۔ درمیانی حصے۔

اَواسی (ہ۔ مؤنث) کچا اناج خصوصاً جو جس کو کاٹ کر وقتاً فوقتاً کھانے کے لئے لے جاتے ہیں۔

اَوال (ہ۔ مذکر) کسانوں کے مکانوں کے درمیان میں خالی زمین۔ دھاگا جو چرخے کے درمیان میں تانا جائے۔

اَوام (ہ۔ مذکر) ۱ قرض۔ وام ۲ رنگ۔

اُوام (ع۔ مذکر) ۱ سخت پیاس اور تپش ۲ دھواں ۳ دوران سر ۴ گویا۔

اَوامِر (ع۔ مذکر) امر کی جمع۔ احکام۔

اَوانی (ع۔ مذکر) جمع انا۔ برتن۔

اُوانیز (بابل عص) ایک دیوتا جس نے انسانوں کو علوم سکھائے تھے۔ یہ آدھا انسان آدھا مچھلی تھا۔

اَوّاہ (ع۔ صفت) ۱ رحیم۔ رحم کرنے والا ۲ مومن ۳ فقیہ۔

اَوائِل (ع۔ صفت) اول کی جمع۔ ابتدا۔ آغاز۔ پہلا حصّہ (ہ) اوّل سے بگڑا ہُوا۔ دھاگا جو چرخے پر تانا جاتا ہے۔ اور اس سے نکلا چکر کھاتا ہے۔ اوائل عمر۔ بچپن کا زمانہ۔ طفلی۔ اوائل میں۔ شروع میں۔ آغاز میں۔

اَوائی (ہ۔ مؤنث) آنے کی خبر۔

اَوب (ع۔ مذکر) ۱ واپس آنا ۲ تائب ہونا ۳ توبہ ۴ جلدی ۵ ہوا ۶ بادل۔

اَوباش (ع۔ مذکر) وَبش کی جمع جو بَوش سے بگڑا ہُوا ہے۔ جس کے معنی مجمع۔ بھیڑ۔ گروہ ہے ۱ بدچلن شخص۔ آوارہ آدمی۔ عیاش ۲ (صفت) بدچلن آوارہ مزاج۔ اوباش بنانا (متعدی) آوارہ یا بدچلن بنادینا۔ اوباشی (مؤنث) بدمعاشی۔ زناکاری۔ آوارگی۔

اُوبَٹ۔ اُوبَڑ (ہ۔ صفت) ۱ کھردرا ناہموار ۲ ناقابلِ گزر۔ محال۔ دشوار گزار (۔سڑک) ڈھلوان۔ اُونچا۔ اوبڑ کھابڑ (صفت) کھُردری۔ ناہموار ہچکولے دینے والی سڑک۔

اُوبھ (ہ۔ مذکر) ۱ گرمی۔ حبس ۲ سُستی جو گرمی کی وجہ سے ہو ۳ ماتم پرسی۔ تعزیت۔ پرسا۔

اَوِبھاجیہ (س۔ صفت) (قانون) جائداد جو تقسیم نہ ہوسکے۔

اَوبھاس (س۔ مذکر) ۱ روشنی۔ نور۔ چمک۔ شان و شوکت ۲ شکل صورت ۳ پہنچ۔ دسترس اوبھاس پَراپَت (مذکر) ایک دنیا کا نام۔ اوبھاس پربھ (مذکر) ایک قسم کے دیوتا۔ اوبھاس کر (مذکر) ایک دیوپتر۔ اوبھاسن (مذکر) ۱ چمکنا۔ روشن ہونا ۲ ظاہر ہونا۔

اَوبھاؤ (ہ۔ مذکر) آؤ بھگت۔ خوش آمدید۔

اُوبھنا (ہ۔ لازم) ۱ گرمی سے گھبرانا ۲ سست ہونا۔ غش ہونا ۳ ناراض ہونا۔ بیزار ہونا ۴ (ہ) اکتانا۔

اوبھی (ہ) **اوبی** (ہ۔ مؤنث) وہ گڑھا جو ہاتھیوں کو پکڑنے کے لئے جنگل میں کھود جاتا ہے۔

اوبیرا (ہ۔ صفت) ۱ حد سے زیادہ۔ بہت زیادہ ۲ بدمزہ۔ پھیکا ۳ (تف) حد سے بڑھ کر۔ بیحد۔

اوبیران (انگ۔ عص) ۱ پریوں کا بادشاہ ٹائیٹینیا کا خاوند ۲ شیکسپیر کے ناٹک اے مڈ سمرنائیٹس ڈریم میں اس کا ذکر آتا ہے ۳ سیارہ یورینس کا ایک چاند۔

اوپ (ہ۔ مؤنث) ۱ چمک۔ دمک۔ آب۔ جلو ۲ خوبصورتی۔ حسن۔ جمال ۳ جوبن۔ رونق۔ (س ۴ تپ۔ گرمی پیدا کرنا) اوپ دینا (متعدی) چمکانا۔ آب چڑھانا۔

اوپچ (ہ۔) دیکھو اُنچ۔

اوپچی (ہ۔ مذکر) ہتھیار بند سپاہی۔ مسلح۔ زرہ پوش۔ بانکا سپاہی (اوپ سے) اوپچی بننا (لازم) پورے طور پر مسلح ہونا۔ ہتھیار بند سپاہی بننا۔ اوپچی خانہ (مذکر) مسلح سپاہیوں کی چوکی۔

اُوپَر (ہ۔ حرف ظرف) نیچے کی ضد ۱ پر۔ بالا۔ اونچا ۲ کوٹھے پر۔ چھت پر ۳ بعد۔ پیچھے ۴ باہر ۵ اس سے پہلے ۶ زیادہ ۷ اپنی ذات پر۔ اپنے مال پر ۸ زیادہ اور ۹ (ع) سہارے۔ برتے پر۔ حوصلے پر (س اُپر۔ اوپر) اُوپر اُوپر (تف) ۱ الگ الگ۔ پوشیدہ۔ بالا بالا ۲ ظاہری۔ دکھاوا۔ باہر سے۔ بظاہر۔ اوپر اوپر جانا (لازم) بیکار جانا۔ بے اثر ہونا۔ اُوپر اُوپر سے (تف) سطح پر سے۔ باہر سے۔ آہستہ سے۔ نرمی سے۔ اُوپر تلے (تف) ۱ اُوپر نیچے۔ ایک کے اُوپر دوسرا ۲ متواتر ایک کے بعد دوسرا۔ لگاتار اوپر تلے کے (صفت) تلے اوپر کے۔ دو بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوئے ہوں۔ اُوپر جانا (لازم) کوٹھے پر جانا۔ اُوپر چڑھ جانا (لازم) اونچا ہو جانا جیسے کرتی کا۔ اُوپر خدا نیچے تم چاہو مارو چاہے جلاؤ۔ تم کو اختیار ہے جو چاہو کرو۔ خوشامد کے طور پر کہتے ہیں۔ اوپر دھڑی (مؤنث) ناحق کا الزام۔ بہتان کی تہمت ۲ ظاہر کی باتیں۔ دکھاوے کی باتیں۔ اُوپر سے (تف) ۱ بلندی سے ۲ اس پر۔ دوسرے۔ اس کے علاوہ ۳ بالائی آمدنی۔ رشوت ۴ باہر سے۔ بظاہر۔ دکھاوے کے طور پر۔ اُوپر سے اُوپر (تف) علیحدہ علیحدہ بالا بالا۔ اُوپر سے دینا (متعدی) تمانچہ مارنا۔ اُوپر کا (صفت)۔ باہر کا۔ فالتو۔ بیگانہ۔ غیر۔ اوپر کا دم بھرنا (متعدی) ۱ ظاہر طور پر محبت دکھانا ۲ مرنے کے قریب ہونا اوپر کا کام (مذکر) فالتو کام۔ اوپر کے دل سے (تف) ظاہرداری سے۔ دل سے نہیں اوپر کے دم آنا (لازم) مرنے کے قریب ہونا۔ اُلٹا سانس چلنا۔ اُوپر کے دم بھرنا (متعدی) حالت نزع میں ہونا قریب المرگ ہونا اُوپر کی آمد (مؤنث) تنخواہ کے علاوہ آمدنی۔ رشوت اُوپر کی سوجھنا۔ دُور کی سوجھنا۔ اُوپرلا (صفت) دیکھو اپرلا۔ اُوپر لینا (متعدی) ذمے لینا۔ کسی کام کو کرنا۔ اُوپر والا ۱ خدا۔ پرمیشر ۲ چاند ۳ بالائی کام کا نوکر۔ اُوپر والا دیکھتا ہے۔ خدا دیکھتا ہے۔ اوپر والے (صفت) ۱ غیر۔ بے تعلق۔ اور۔ دوسرے ۲ مرے ہوئے بزرگ ۳ اُوپر کی منزل کے رہنے والے ۴ افسران۔ حاکمان بالا ۵ منتظم اور کارکن لوگ ۶ عالم بالا۔ اُوپر والیاں (مؤنث) ۱ چیلیں ۲ پریاں۔ چڑیلیں۔ روحیں ۳ اصیلیں اور پیشِ خدمت عورتیں۔ اوپر ہی اُوپر۔ اوپری اوپر (تف) دیکھو اوپر اوپر۔ اُوپَری (صفت) بدزیب۔ ناموزوں ۲ ظاہری۔ دکھاوے کا۔ اجنبی۔ غیر ۳ بالائی۔ رشوت کی۔ علاوہ تنخواہ کے۔ اوپری بات (مؤنث) بیکار بات۔ رسمی بات۔ اوپری خلل۔ آسیب۔ اوپری دل سے (تف) ظاہرداری سے۔ بناوٹ سے۔ اوپری دل کی (صفت) بناوٹ کی۔ ظاہرداری کی۔

امثال و اقوال۔ اوپر چھائیں مانجھا بھیتر پلائیں گا نجھا ظاہرا تو خیرخواہی کریں اور اندر نقصان پہنچائیں۔ اوپر سے رام رام بھیتر قصائی کا کام۔ ظاہرا بڑا پرہیزگار اور اصل میں سخت ظالم۔ اوپر کا دھڑ بھائی اور نیچے کا النحدائی۔ ظاہرا تو بڑا دوست اور اندر سے دشمن۔

اُوپمان (ہ۔ صفت) تشبیہ۔ اُپما۔

اُوپنا (ہ۔ مذکر) چمک۔ دیکھو اوپ۔

اَوپیرا (اطا۔ مذکر) ناٹک نظم میں جس طرح اندر سبھا ہے۔ اس میں عام طور پر ناچ اور گانے بہت ہوتے ہیں۔ بعض دفعہ کچھ حصہ نثر میں بھی ہوتا ہے

اُونت۔ اُوت (ہ۔ مذکر) ۱ مُردے کی رُوح۔ پریت ۲ وہ شخص جو بغیر بیٹوں کے مرجائے ۳ کنوارا آدمی ۴ بیوقوف آدمی۔ احمق۔ نادان۔ مورکھ۔

مثل۔ اُوت گئے نہ جانئے جو ڈھنکھر دے گئے باڑ۔ جس کے گھر میں ڈھنکھر لگ گئے کوئی نہیں رہا وہ اوت ہے ۲ جو شخص اپنے بزرگوں کے چلن کے برخلاف بد اطوار ہوتا ہے اسے بھی کہتے ہیں۔

اوت (ہ۔ مؤنث) ۱ فائدہ۔ نفع۔ بافت ۲ بچا ہوا۔ بقایا۔ بچت ۳ کمی۔ کفایت ۴ بیماری سے افاقہ۔ اوت پڑنا (لازم) فائدہ ہونا۔ نفع اُٹھانا۔ اوت کسیر

(مؤنث) نفع نقصان۔

اوتا۔ اُوتا (ھ۔ صفت) اس قدر۔ اتنا۔ اِتنے۔ اِتا۔

اوتا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک مہمل لفظ جو پوتا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۲ بیوقوف۔ احمق اوتا پنتھی ہے۔ بیوقوف آدمی ہے۔ اوتا نہ پوتا۔ بے اولاد ہے۔

اَوتاد (ع۔ مذکر) وَتَد کی جمع ۱ کھونٹیاں۔ چوب۔ میخیں ۲ سردار۔ امرا ۳ اولیاء اللہ کا ایک خاص گروہ۔

اَوتار (ع۔ مذکر) وتر کی جمع۔

اَوْتار (س۔ ہ۔ مذکر) ۱ اترنا خصوصاً کسی دیوتا کا زمین پر ۲ دیوتاؤں کا دُنیا میں بشکل انسان اصلاح کے لئے آنا ۳ خصوصاً وشن جی کے مفصلہ ذیل دس اوتاروں میں سے کوئی ایک (۱) متسی یا مچھلی (۲) کچھپ یا کچھوا (۳) وَراہ یا جنگلی سور (۴) نرسنگھ یا شیر انسان (۵) وَامَن یا بَونا (۶) پَرِسْرام (۷) رام (۸) بلرام یا کرشن (۹) بُدھ (۱۰) کالکی ۴ کوئی نیا یا عجیب قدرتی مظاہرہ ۵ ولی۔ خدارسیدہ آدمی ۶ (طنزاً) بدخصلت شریر شیطان ۷ دریا کا گھاٹ۔ دیکھو آتار ۸ ترجمہ ۹ ہندؤں کا تیرتھ یا مقدس مقام۔ اوتار دھارنا یا لینا (متعدی) جنم لینا۔ دُنیا میں پیدا ہونا۔ اَوتارنا اُوتَرنا (متعدی) اوتار لینا۔

اَوْتارَن (س۔ عص) راکشسوں کے رہنے کا مقام۔

اُوت پَٹانگ (ھ) دیکھو اوٹ پٹانگ۔

ادت پَروت (س۔ صفت) ۱ دونوں طرف کے جنیو پہنے ہوئے ۲ دونوں طرف سے لکیرا ہوا ۳ لمبائی اور چوڑائی کے رُخ ۴ عمودی اور عرضی ۵ عمود کی طرف اور عرض کی طرف۔ سیدھا اور لیٹا ہوا۔

اُوتَر پاتَر (ھ۔ صفت) ۱ الگ کیا ہوا ۲ بیچا ہوا۔ فروخت شدہ ۳ ادا کیا ہوا۔ بیباق کیا ہوا ۴ حساب کی باقی نکالی ہوئی۔ اوتر پاتر ہوئے۔ ہم تم ہوئے۔ نہ لینا نہ دینا۔

اَوتِک (ھ۔ تف) اُتنا یا اُتا (عف)

اوتی (ھ صفت) بیوقوف۔ احمق۔

مثل۔ اوتی کے ننانویں بارہ پنجے شخص کو کہتے ہیں جو باوجود نااہلیت کے اپنے تئیں ناصح سمجھے۔ بیوقوف اپنا آپ نقصان کرتا ہے۔

اوٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ آڑ۔ پردہ۔ حجاب ۲ اوجھل۔ غائب۔ سامنے کی ضد۔ گھونگٹ کی دیوار۔ لکڑی کا وہ چوکھٹا جس میں کپڑا لگا کر پردے کے لئے کھڑا کرتے ہیں ۳ نقاب ۴ پناہ۔ حمایت ۵ سایہ۔ بچاؤ ۶ گھات کمین گاہ ۷ چھپا ہوا پوشیدہ (س اپٹی۔ پردہ) اوٹ کرنا (متعدی) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ پردے میں کرنا۔ پردہ کرنا وغیرہ۔ اوٹ کھڑے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) پردہ لگنا۔ آڑ ہونا۔ اوٹ ہونا (لازم) اوٹ کرنا کا۔

اوٹ (ہ۔ مؤنث) ۱ اینٹ پتھر یا روڑہ جو گاڑی کے پہیّے کے نیچے اسے لڑھکنے سے روکنے کے لئے دیا جائے ۲ روک۔ مانع۔ روکنے والا۔ اوٹ لگانا (متعدی) روڑہ اٹکانا۔ اینٹ یا پتھر روکنے کے لئے رکھنا۔

اوٹا (ھ۔ مذکر) ۱ پردے کی دیوار یا پردہ ۲ ایک طرف کی دیوار۔ مکان کے دروازے کے آگے پردے کی دیوار ۳ نکلے کے سرے پر ایک گولی ۴ مٹی کا گولا یا ڈھیر ۵ مٹی کا چبوترہ ۶ وہ آدمی جو روئی کو بنولوں سے جدا کرے۔

اُوٹا (ہ۔ مذکر) چرخی اوٹنے والا۔ اوٹنا چرخی کے ذریعے سے بنولوں سے روئی صاف کرنا۔

اوٹنی (صفت) روئی اوٹنے کی چرخی۔

اُوٹانا (ھ۔ متعدی) ۱ اُبلوانا ۲ ابالنا ۳ گرم کرنا۔

اَوٹاوَنی (ھ۔ مذکر) مٹی کا برتن جس میں دودھ گرم کرتے ہیں۔

اُوٹ پٹانگ (ہ۔ صفت) ۱ مہمل بیہودہ۔ فضول ۲ بے تک۔ بے جوڑ ۳ (ھ) غریب۔ نادار بے یار و مددگار ۴ بدبخت۔ بدنصیب ۵ ابتر۔ درہم برہم بے ترتیب ۶ پریشان۔ آشفتہ ۷ نامعقول۔ بعید القیاس قابل تضحیک۔ اوٹ پٹانگی (مذکر) جو بغیر سوچے سمجھے کے گفتگو کرے۔ بیہودہ گو۔ فضول آدمی۔ بیوقوف۔ احمق۔

اُوٹ پَٹنگ (ہ۔ صفت) اوٹ پٹانگ۔ اوٹ پٹنگی (مؤنث) اوٹ پٹانگی۔

اوٹل (ھ۔ مذکر) دیکھو اوٹ ۱ اوجھل ہو جانا (لازم) چھپ جانا۔ نظر سے اوجھل ہو جانا۔

اوٹن (ھ۔ مذکر) بنولے نکالنا۔

اَوٹَن (ھ۔ مذکر) اُبالنا۔ ابالنے سے تبخیر یا بھاپ اُٹھنا۔

اوٹنا (ھ۔ متعدی) ۱ پردہ کرنا۔ ڈھانپنا۔ بچانا۔ اوٹ کرنا ۲ گیند پکڑنا۔ راستے میں روکنا ۳ اپنے آپ کو زد سے بچانا۔ اپنی حفاظت کرنا ۴ کپڑا پھیلانا۔ اناج پھیلانا ۵ ذمہ لینا کسی بات کا اپنے اوپر لینا ۶ روئی سے بنولے جدا کرنا۔

اَوٹنا (ھ۔ متعدی) ۱ ابالنا ۲ آگ پر بھاپ بنا کر اُڑا دینا ۳ اُبلنا۔ گرم ہونا۔ غصہ یا رنج سے جلنا بھنا۔

اوٹنی (ھ) بنولے نکالنے کی مشین۔ چرخی۔

اوٹھ (ھ۔ مذکر) ہونٹ۔

اَوثَن (ع۔ مذکر) وثن کی جمع۔ بُت۔

اَوج (ع۔ مذکر) ۱ بلندی۔ اونچائی۔ ارتفاع ۲ چوٹی۔ سرا ۳ رتبہ۔ عروج۔ ترقی۔ رتبہ۔ پایہ۔ عظمت۔ منزلت۔ رفعت۔ شوکت۔ جاہ۔ بزرگی۔ عالی مرتبہ۔ وقر۔ شان۔ شکوہ۔ تمکنت۔ دبدبہ۔ اعلیٰ درجہ ۴ نقطۃ الذنب۔ وہ مقام جہاں سے سیارہ آفتاب سے دور ترین ہوتا ہے۔ اوج پر رہنا (لازم) ترقی یا عروج پر ہونا۔ اوج سعادت (مذکر) نیک بختی کی بلندی۔ بیحد نیک بختی۔ اوج شمسی (مذکر) زمین یا دمدار ستارے کے مدار میں وہ مقام جہاں سے زمین یا دمدار ستارہ آفتاب سے دور ترین ہوتا ہے۔ اوج فلک (مذکر) ۱ سمت الراس۔ سر سدرہ ۲ عروج۔ اوج کو پہنچنا (لازم) ترقی کی حد پر پہنچنا۔ اعلیٰ رتبہ حاصل کرنا وغیرہ۔ اوج مدار قمر (مذکر) زمین سے چاند کی بعید ترین مسافت جو ۲۵۲۹۷۰ میل ہے۔ اوج مراتب (مذکر) مرتبے کی بلندی۔ اعلےٰ مرتبہ۔ اوج مرتبہ (مؤنث) ۱ شان و شوکت۔ بلند اقبالی عظمت عالی رتبہ ۲ ترقی۔ دھوم۔ اوج و حضیض (مذکر) نقاط راس و ذنب۔

اَوجاع (ع۔ مذکر) وجع کی جمع۔ دردیں تکلیفیں۔ بیماریاں۔

اَوجَب (ع۔ مذکر) زیادہ ضروری۔

اُوجَڑ (ہ۔ صفت) ویران۔ برباد۔ تباہ۔ خراب۔ غیر آباد۔ اجاڑ (اجڑنا سے) اوجڑ کرنا (متعدی) برباد کرنا۔ اجاڑنا وغیرہ۔

امثال و اقوال۔ اوجڑ کھیڑا ناؤ

ہے سنسار۔ ساس کا گھر اُجڑ جائے۔ کیونکہ وہ ہر دفعہ دشمنی کرتی ہے۔ اور میرے باپ کا گھر سدا آباد رہے۔ ساس کے لئے بددعا اور باپ کے لئے دعا۔ اوجڑ میں گوجر ناچے ڈھاک دیکھ بیراگی۔ کیبر دیکھ کے باہمن ناچے تن میں ہوگیا راجی گوجر اجاڑ میں خوش رہتا ہے۔ بیراگی ڈھاک کے درخت کے سائے میں اور برہمن کیبر دیکھ کر۔ برہمن کے لالچ پر طنز ہے۔

اوجس (س۔ مذکر) ۱ روشنی۔ جلو۔ نور۔ چمک۔ دمک ۲ شان۔ شوکت ۳ سونا۔ زر ظہور۔ پرکاش ۴ طاقت۔ قدرت۔ زندگی کی گرمی (ع۔ تعت) کچھ تھوڑا سا۔

اوجس (ع۔ مذکر) ۱ عمر ۲ (تف) ہمیشہ ۳ ابھی نہیں۔

اوجنا (ہ۔ متعدی) بہانا۔ گرانا۔ دیکھو اجھلنا۔

اوجھ (ہ۔ مذکر) ۱ انتڑیاں ۲ معدہ۔ اوجھڑی۔ اوجھڑی (مؤنث) اوجھ کی تصغیر۔ جانوروں کا معدہ۔

مثل۔ اوجھ بھرے نہ روگ جھڑے ۔ نہ زیادہ کھاؤ نہ بیمار ہو۔ اوجھڑی بھُچکا گئی ساس کے بہو کھا گئی۔ ناحق کا الزام۔

اوجھا (ہ۔ مذکر) ۱ نجومی۔ رمال ۲ جادوگر۔ ساحر ۳ مداری۔ شعبدہ باز ۴ جھاڑ پھونک کرنے والا ۵ بھوت پریت نکالنے والا۔ منتر جنتر کرنے والا۔ **اوجھائن** (مؤنث) اوجھا کی۔ **اوجھائی** (مؤنث) ۱ نجوم۔ رمل ۲ ساحری۔ جادو وغیرہ۔

اوجھڑ۔ اوجھر (ہ۔ مؤنث) ۱ جھڑپ چوٹ۔ ضرب۔ صدمہ۔ ٹھوکر ٹھیس۔ جھپٹ۔ مار ۲ مرغے کی لات (س پڑ بڑ۔ آگے کو دھکیلنا) اوجھڑ دینا۔ لگانا یا مارنا (متعدی) ۱ جھوک مارنا۔ دھکا مارنا ۲ ضرب لگانا۔ صدمہ دینا ۳ ڈھال کی جھڑپ لگانا۔ سپر پہ سپر مارنا۔

اوجھل (ہ۔ مؤنث) ۱ آڑ۔ پردہ۔ حجاب اوٹ۔ جو چیز دیکھنے سے روک دے ۲ (ہ) سایہ۔ حفاظت ۳ پوشیدگی۔ چھپانا ۴ خلوت۔ تنہائی۔ تخلیہ۔ اکنت ۵ (صفت) نہاں۔ پوشیدہ۔ نظر سے پرے یا غائب مخفی۔ پردے میں رکھا ہوا۔ چھپا ہوا۔ اوٹ میں۔ علیحدہ۔ تنہا (کرنا ہونا کے ساتھ) (س اگو چھتر جو دکھائی نہ دے)

اوچار (س۔ مذکر) دیکھو اِبچار۔ ناانصافی بے انصافی عقل گیان یا سوچ کی کمی۔ **اوچارت** (صفت) ۱ نہ سوچا ہوا۔ غلط سوچا یا بچار کیا ہوا ۲ نہ دریافت کیا ہوا۔ نہ بحث کیا ہوا۔ **اوچاری** (مذکر) ۱ جو شخص سوچ کر کام نہ کرے ۲ وہ شخص جس کو بُری نصیحت دی جائے ۳ (صفت) جس میں سوچ بچار کا مادہ نہ ہو۔ جو درست فیصلہ نہ کرسکے۔ نہ سوچنے والا ۴ نامنصف۔

اوچٹ۔ اوچک (ہ۔ تف) یکایک۔ اچانک۔ ناگہاں۔ غیر مترقب۔

اوچل (ہ۔ صفت) ۱ بے حرکت۔ نہ ہلنے والا۔ نہ ٹوٹنے والا ۲ مضبوط۔ مستحکم۔

اوچھ (ہ۔ مذکر) ایک پودا جس کی جڑ سے ایک قسم کا نارنجی رنگ بنایا جاتا ہے۔

اوچھا (ہ۔ صفت) ۱ کم ظرف۔ کمینہ۔ رذیل۔ ذلیل۔ احسان جتانے والا ۲ ادھورا۔ ہلکا۔ چھِنا ہوا۔ نہ پورا ۳ چھوٹا۔ اُتھلا ۴ کم گہرا۔ خفیف ۵ (ہ) خالی ریتا۔ چھوچھا۔ مجوف ۶ چھوٹا۔ ذرا سا۔ معمولی ۷ بیہودہ بیوقوف۔ لغو ۸ بیعزت۔ معیوب۔ زبوں۔ خراب (ترچھک۔ خالی) **اوچھاپن** (مذکر) کم ظرفی کمینگی وغیرہ **اوچھا زخم** (مذکر) خفیف زخم۔ کم گہرا زخم۔ **اوچھا وار** (مذکر) ضرب جو کاری نہ ہو۔ **اوچھا ہاتھ پڑنا** (لازم) ہلکی ضرب جس سے چوٹ کم آئے۔ **اوچھائی** (ہ) **اوچھی بات** (مؤنث) ہلکی بات۔ نازیبا بات۔ **اوچھی تلوار** (مؤنث) تلوار کا اچٹتا ہوا وار جو کاٹ نہ کرے۔ **اوچھے کا احسان بُرا ہوتا ہے**۔ کم ظرف کا احسان نہیں لینا چاہیئے۔

امثال واقوال۔ اوچھا برتن اُبلتا ہے۔ کم ظرف تھوڑی پونجی پر اترانے لگتا ہے۔ اوچھی پونجی خصم کو کھائے۔ تھوڑی پونجی سے بیوپار کرنے سے اصل بھی جاتا رہتا ہے۔ اوچھے سنگ نہ بیٹھئے اوچھا بُری بلا۔ پل ماں ہو گھی کھچڑی پل ماں بیر ڈھال۔ اوچھے کے ساتھ دوستی نہیں کرنی چاہیئے۔ کبھی تو گھل مل رہے اور کبھی زہریلے سانپ کا کام کرے۔ اوچھے سے پیت نہ کرے اوچھے کی محبت کا کوئی اعتبار نہیں۔ اوچھے سے خدا کام نہ ڈالے۔ کم ظرف کا ممنون احسان نہ ہونا پڑے۔ اوچھے کا احسان (بُرا ہوتا ہے) نہ لے کمینے آدمی کا ممنون نہیں ہونا چاہیئے۔ اوچھے کا کھانا جنم جنم کا طعنہ۔ دیکھو اوچھے کے گھر کھانا الخ۔ اوچھے کے بیل گرے۔ جب کوئی مبالغے سے اپنا نقصان ظاہر کرے تو کہا جاتا ہے۔ اوچھے کی پریت کٹاری کا مرنا۔ بالو کی بھیت اٹاری کا چڑھنا۔ کم ظرف کی دوستی میں سراسر نقصان ہے۔ اوچھے کی پیت اور بالو کی بھیت۔ کم ظرف کی دوستی ریت کی دیوار کے برابر ہے۔ یعنی اس کا کوئی اعتبار نہیں۔ اوچھے کے ساتھ احسان کرنا ایسا ہے جیسے ریت میں موتنا۔ جیسے ریت پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔ ویسے اوچھے پر احسان کرنے کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اوچھے کے گھر تیتر باہر دھروں یا بھیتر۔ اوچھے کے ہاتھ کوئی چیز لگے تو بہت اتراتا ہے۔ اور سب کو دکھاتا پھرتا ہے۔ اوچھے کے گھر کھانا جنم جنم کا طعنہ۔ کم ظرف احسان کرکے ہر وقت طعنے دیتا ہے۔ اوچھی لکڑی پھر اس کی بے بہارے پھرائے۔ اوچھے سنگ بیٹھ کے سگروں کی پت جائے (ہ) رذیل یا کمینے کے ساتھ بیٹھ کر نیک آدمیوں کی بھی عزت جاتی رہتی ہے۔

اوچھا۔ اوچھاجی۔ اوچھےجی (اُردو) واہ وا۔ کبھی مذاق سے کبھی طنزاً کہتے ہیں۔ اوچھاجی رنگ لائی گلہری (عف) اپنے حوصلے سے بڑھ کر باتیں کرنے لگے۔ اب تو دُور کی سوجھنے لگی۔

اوچھالنی (ہ۔ مذکر) پہاڑے۔

اوچھد (س۔ مذکر) غلاف۔ اوپر کا کپڑا۔

اوچھل (ہ۔ مؤنث) فرق۔ تفاوت۔ اختلاف۔ انتر۔

اوچھن پچھن (اُردو۔ مذکر) کھانا کھا چکنے کے بعد برتنوں میں سے جو بچا ہوا نکالا جائے۔

اوچھید (س۔ مذکر) ۱ حد۔ حدود اربع۔ رتبہ۔ درجہ۔ مرتبہ۔ فوق۔

اوچھین (س۔ صفت) ۱ بغیر فرق نزدیک۔ گھنا ۲ نہ رُکا ہوا۔

اوحاش (ع۔ مذکر) وحش کی جمع بھوکے۔

اوحد (ع۔ صفت) ۱ اکیلا۔ تنہا ۲ عجیب۔

اوخاش (ع۔ صفت) وخش کی جمع۔ کمینے۔ نالائق۔

اود (ع۔ مذکر) ۱ بوجھل ہونا ۲ ظلم کرنا ستانا ۳ ٹیڑھا بنانا ۴ سورج کا غروب کے قریب ہونا۔

اودا (ہ۔ مذکر) ایک پانی کا جانور جو

مچھلیاں کھاتا ہے۔ اود بلاؤ۔ سگِ آبی۔ اود بلاؤ (مذکر) اُود۔

اُوِدّا (ع۔ صفت) جمع وَدید۔ عاشق۔ دوست

اُودا (ہ۔ صفت) ایک رنگ جو سُرخ اور نیلے کے ملنے سے پیدا ہوتا ہے۔ اور قوس قزح کا پہلا رنگ ہے۔ ارغوانی۔ بینگنی۔ نافرمانی۔ گُل بنفشہ کا رنگ۔ اودی (صفت۔ مؤنث) ۱ اودا کا ۲ (مونث) ہلکا اودا یا سیاہ رنگ۔ اودی گھٹا (مؤنث) سیاہ بادل۔ ابرِ سیاہ۔

اَودات (ہ۔ صفت) ۱ سفید۔ بھونسلا ۲ سفید یا بھونسلا رنگ۔

اُوداریہ (س۔ مذکر) فیاضی۔ سخاوت جود۔ بخشائش۔ داد و دہش۔ دان پُن۔

اوداسا کسنا (اُردو متعدی) ترکِ دنیا کرنا۔ فقیر ہو جانا (عف)

اُوداسیہ (س۔ مذکر) تنہائی۔ اکیلا پن۔ اکینت۔ خلوت۔

اَودان (ہ۔ مذکر) جو کچھ خریدی ہوئی چیز کے بعد دیا جائے۔ مفت۔ پھوکٹ۔

اُودِت (س۔ صفت) نامعلوم۔ نہ جانا ہوا۔ نہ سمجھا ہوا۔

اَودسا (ہ۔ مؤنث) برائی۔ خرابی۔ بدقسمتی۔ مصیبت۔

اُودماتی (ہ۔ صفت) دیکھو ادماتی۔

اودَن (ہ۔ مذکر) ۱ اُبلے ہوئے چاول۔ خشکہ ۲ کھیر دودھ۔ اور چاول پکے ہوئے ۳ خوراک۔ بھوجن۔

اودَنی (س۔ مؤنث) ایک پودا۔

اُودَدھ (ہ۔ مذکر) سمندر۔ بحر۔ بحیرہ۔

اُودھارَن (س۔ مذکر) ۱ یقین۔ تصدیق۔ تاکید۔ یقیناً کوئی بات کہنا ۲ درست۔ تصفیہ یا انفصال ۳ حد۔ روک۔

اُودھان (س۔ صفت) ۱ متوجہ۔ محتاط۔ خبردار (مذکر) توجہ۔ احتیاط ۲ خبرداری۔ ہوشیاری۔ چوکسی ۳ تاک۔

اُودَھر (ہ۔ تف) وہاں۔ اُس طرف (رت)

اُودھم (ہ۔ مذکر) دیکھو ادھم۔ اودھمی (صفت) دیکھو ادھمی۔

اودھے (ہ۔ صفت) ۱ حق یا ملکیت رکھنے والا ۲ (مذکر) مالک۔ حاکم۔ اختیار والا آدمی ۳ حاکمِ اعلیٰ۔

اَودھیہ (س۔ صفت) ۱ جس کو مارنے کی اجازت نہ ہو۔ حرام۔ مقدس ۲ جو مارنے کے قابل نہ ہو۔

اوِدیا (س۔ مؤنث) ۱ غفلت۔ ناواقفیت ۲ نادانی۔ بیوقوفی۔

اُودیس (ہ۔ مذکر) ۱ کسی کی طرف یا کسی کی طرف اشارہ کرنا ۲ رستہ۔ تلاش۔ جستجو (کرنا ہونا کے ساتھ)

اُودیس۔ اودیسا (ہ۔ مذکر) غیر ملک۔ پردیس۔ اودیسی (مذکر) پردیسی۔ غیر ملکی۔ اجنبی۔

اَودِیہ (ع۔ مذکر) وادی کی جمع۔

او۔ ڈکولون (فر۔ مذکر) ایک خوشبو یا عطر جو پہلے پہل کولون میں بنا تھا۔ اسے عام طور پر یوڈی کولون بھی کہتے ہیں۔

اَوڈَھر (ہ۔ مذکر) کمزوروں پر ترس۔ رحم۔

اَوڈبرنا (ہ) چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ تیاگ دینا۔

اوڈِیسی (یو۔ مؤنث) یونان کے سب سے بڑے شاعر ہومر کی وہ نظم جو دنیا میں سب سے مشہور رزمیہ نظم شمار ہوتی ہے۔ اس میں ٹرائے کی لڑائی کے بعد اوڈیسس کی واپسی کے حالات درج ہیں۔

اَوَر (ہ۔ صفت) ۱ ادنےٰ درجے کا۔ گھٹیا۔ ۲ (س (مذکر) ادنےٰ ذات کا شودر۔

اَور (ہ۔ حرف۔ عطف) ۱ پھر۔ اس پر۔ آگے ۲ مگر۔ اگر ۳ ضرور۔ بیشک ۴ بلکہ۔ زیادہ ۵ علیٰحدہ۔ جداگانہ ۶ جُدا۔ مختلف ۷ دوسرا ۸ غیر۔ بیگانہ ۹ دوسرا ۱۰ خلاف۔ برعکس ۱۱ نیا۔ جدید۔ طرفہ ۱۲ خلاف سابق۔ متغیر ۱۳ علاوہ اس کے۔ ساتھ ہی

اور ارادہ (مذکر) دوسرا ارادہ۔ ارادہ بدل کر۔ بدنیتی اور ارادے سے دیکھنا (متعدی) نیت بد سے دیکھنا۔ ارادہ بدل کر دیکھنا۔ اَور اَور (تف) غیر۔ بیگانے۔ ایسے ویسے۔ ایرے غیرے۔ اور اور باتیں (مؤنث) عجیب عجیب باتیں۔ کچھ کچھ باتیں۔ مختلف باتیں۔ اور اُلٹے (تف) برخلاف۔ برعکس۔ اور ایک (صفت) دوسرا۔ ایک زیادہ۔ اور بات ہے۔ جداگانہ امر ہے۔ اور بہت سے پہلو دیکھنے کے لئے ہیں۔ اور بہت سی باتیں سوچنی چاہئیں۔ اور بھی (تف) زیادہ۔ آگے سے زیادہ۔ اور بھی تم نے سُنا نئی بات سُنی۔ اور تماشا دیکھو اور تماشا سُنو تعجب کی بات ہے۔ اور تو اور۔ دوسری باتوں کو جانے دو۔ حیرانی کی بات ہے۔ اور تو سب۔ سب سوائے ایک آدھ کے۔ اور تو کیا۔ اس سے زیادہ۔ اور تو کیا کہوں۔ اس سے زیادہ کیا کہوں۔ اور دیکھنا۔ تعجب اور حیرت کی جگہ۔ اور رنگ لانا (متعدی) کوئی نئی بات کرنا۔ اور رنگ میں ہونا (لازم) آپ میں نہ ہونا۔ دوسری حالت میں ہونا۔ اور رنگ ہونا (لازم) دوسری حالت ہونا۔ بدل جانا۔ اور رونا ہی کیا ہے۔ یہی سوچ فکر تو ہے۔ اور سب۔ دیگر تمام۔ اور سُنو۔ تعجب کی بات سُنو۔ نئی بات سُنو۔ اور سے اور ہو جانا (لازم) حالت بدل جانا۔ نگاہیں پھیر لینا۔ اور عالم میں ہو جانا (لازم) دوسری کیفیت ہو جانا۔ عجیب حالت پیدا ہو جانا۔ اور عالم ہونا۔ (لازم) دیکھو اور رنگ ہونا۔ اور کا (صفت) دوسرے کی ملکیت۔ اور کچھ (صفت) زیادہ۔ کچھ اور۔ اور کس کو پڑی تھی۔ کس کو غرض تھی۔ اور کوئی کیوں کرنے لگا اور کوئی۔ دوسرا شخص۔ دوسرا آدمی۔ اور کہیں۔ کسی اور جگہ۔ اور کیا ۱ بیشک۔ یقیناً۔ ضرور ۲ کلمۂ استفہام۔ کیا زیادہ چاہتے اور مانگتے ہو۔ اور کیا کر کے رہے گا بہت دنگہ فساد فضول خرچی یا شرارت کر چکا۔ اب اس سے بڑھ کر کیا کریگا۔ اور کیفیت ہونا (لازم) دیکھو اور رنگ ہونا۔ اور گھر دیکھو۔ دوسری جگہ جاؤ فقیروں کو انکار کی جگہ کہا جاتا ہے۔ اور نہیں تو۔ اگر نہ ہو تو پھر ورنہ۔ اوروں کو (تف) دوسروں کو۔ اور نہیں تو کیا بس یہی بات ہے۔ اور نئی پڑ جانا۔ دوسری نئی مصیبت آنا۔ اوروں کو بھی کان ہو گئے۔ دوسروں کو بھی نصیحت آئیگی۔ اور ہوا ہونا (لازم) دیکھو اور رنگ ہونا۔ اور ہی (صفت) دوسرے رنگ کا۔ دیگر۔ بالکل مختلف۔ اور ہی بات ہے نرالا وصف ہے۔ نرالی کیفیت ہے۔ تعریف کی جگہ کہتے ہیں۔ اور ہی رنگ یا عالم ہونا (لازم) مختلف حالت ہونا۔ رنگ بدل جانا۔ اور ہی (تف) اور ہی اور یہ کرنا (متعدی) یہ وہ کرنا۔ بہانے کرنا۔ ٹالنا۔

امثال و اقوال۔ اور دلوں کھیر پوری پرب کے دن دانت نپوری

(ھ) بدانتظامی اس قدر ہے کہ عام طور پر تو اچھے اچھے کھانے پکتے ہیں۔ مگر تیوہار کے دن کچھ نہیں ہوتا خالی دانت پستے ہیں۔ اور رنگ لائی گلہری اپنے حوصلے یا طاقت سے بڑھ کر کوئی بات کرے تو تعجب سے کہتے ہیں۔ اور کو نصیحت اپنے تئیں فضیحت۔ دیکھو اوروں کو الخ۔ اور کی برائی اپنے آگے آئی بُرا کام کسی نے کیا بھگتنا مجھے پڑا۔ اور کی بھوک نہ جانے اپنی بھوک آٹا سانے۔ اپنی تکلیف کا خیال ہوتا ہے۔ دوسرے کی تکلیف کا خیال نہیں ہوتا۔ اور کی پُھلی دیکھتے ہیں اپنی تینٹر نہیں نہارتے (ھ) دوسروں کا چھوٹا سا نقص نظر آجاتا ہے۔ اپنا بڑا نقص بھی نظر نہیں آتا۔ اور کی کھٹائی اپنے آگے آئی۔ اور کی تکلیف خود اُٹھانی پڑی۔ اور سے کے نام انڈے بچے ہمارے نام کڑک۔ دوسروں کے لئے سب کچھ ہے۔ مگر ہمیں کچھ نہیں ملتا۔ غیر مزے کرتے ہیں اور ہم مرتے ہیں۔ اور مذاق بھول گئے میرے پلیں آبیو (ھ) اور باتیں بھول گئے۔ مجھے مارنا یاد رہا۔ اوروں کو نصیحت (اپنے تئیں) خود میاں فضیحت۔ خود را فضیحت دیگراں را نصیحت کا ترجمہ۔ اور لوگوں کو تو نصیحت کرتے ہیں اور آپ اس کے خلاف کرتے ہیں۔

اور (ھ۔ مذکر۔ مؤنث) ۱ اصل۔ شروع۔ ابتدا۔ آغاز ۲ حصّہ۔ پہلو۔ طرف۔ مقام۔ جگہ ۳ ختم۔ سَرا۔ اختتام ۴ حد۔ حدود اربعہ ۵ باہر۔ آخیر۔ حد ۶ اوج بجد ۷ پہلو۔ رغبت۔ میلان (گفتگو کا) ۸ رُخ۔ طرف۔ اور کرنا (متعدی) حمایت کرنا۔ طرفداری کرنا۔ اور نبھانا (متعدی) اپنا کام کرنا۔ اپنے حصّے کا کام کرنا ۲ وفادار رہنا۔ حد تک پہنچانا ۳ حفاظت کرنا۔ اور چھور (مؤنث) حد۔ کنارہ۔ انتہا۔ شروع۔ آخیر۔ اور نہ چھور۔ نہ شروع نہ آخیر۔ شیطان کی آنت۔

اَوراد (ع۔ مذکر) ورد کی جمع۔ وظیفے۔ جاپ۔ اوراد خوانی (مؤنث) وظیفے کرنا۔

اَوراق (ع۔ مذکر) ورق کی جمع ۱ کاغذ کے پرت ۲ درخت کے پتے۔

اَورُدھ (س۔ صفت) ۱ روکا ہوا۔ اٹکا ہوا۔ رُکا ہوا ۲ حد میں رکھا ہوا۔ ٹھیرایا ہوا ۳ محاصرہ کیا ہوا۔ قید کیا ہوا۔ بند کیا ہوا۔ علیحدہ کیا ہوا۔

اَورُدھ (س۔ صفت) ۱ نہ روکا ہوا ۲ آزاد ۳ اجازت دیا گیا ۴ قرینہ۔ خوش اسلوب۔

اُوردھ (ھ۔ صفت) ۱ اُٹھایا گیا کھڑا کھڑا کیا گیا ۲ سیدھا۔ کھڑا۔ استادہ ۳ اُوپر۔ اُونچا۔ بڑھیا۔

اَورَس (س۔ صفت) ۱ حلال ۲ (مذکر) حلال کا بچہ۔ ولد الحلال۔ اصلی بچہ۔

اَورَس چَورَس (ھ۔ صفت) چاروں طرف سے برابر۔ ہموار۔ صاف (ق) چاروں طرف اردگرد۔

اَورَق (ع۔ صفت) ۱ سیاہی مائل ۲ سال جس میں بارش نہ ہو۔

اَورَل (س۔ صفت) ۱ نہ فرق پر۔ نہ فاصلے پر ۲ قریب۔ نزدیک۔ گھنا۔ موٹا۔

اورما (ھ۔ مذکر) ۱ ستجاف۔ مغزی۔ گوٹ۔ کور ۲ سیون۔ ایک طرف کی سیون۔ جوڑ۔ اورما بنانا یا کرنا (متعدی) ۱ سینا۔ گوٹ لگانا ۲ بدن پر مار مار کر نشان کر دینا۔ اتو کر دینا۔

اورمُز۔ اورمزد (ف۔ مذکر) ۱ مشتری ۲ مہینے کی پہلی تاریخ ۳ اس تاریخ کا موکل۔

اَورَند (ف۔ مذکر) ۱ تخت ۲ عقل۔ دانش۔

اَورَنگ (ف۔ مذکر) ۱ تخت شاہی سنگھاسن۔ گدی ۲ ایک قسم کا پھول۔ گل فندق ۳ وہ جگہ جہاں فروخت کے لئے چیزیں بنائی جائیں۔ اورنگ آرا (صفت) تخت کو سجانے والا۔ اورنگ حکومت پر جلوہ گر ہونا (لازم) تخت سلطنت پر بیٹھنا۔ اورنگ سلیمانی (مذکر) سلیمانؑ کا تخت۔ اورنگ شاہی یا شہی (مذکر) ۱ تخت شاہی ۲ ایک قسم کا ریشم۔ اورنگ نشین (صفت) تخت پر بیٹھنے والا۔ اورنگی (مؤنث) تیسری سر کا نام۔

اَوروانل (س۔ مذکر) آگ کا سمندر۔

اَورودھ (س۔ مذکر) ۱ روک۔ مخالفت۔ مزاحمت ۲ قید ۳ حرم۔ عورتوں کے رہنے کا مکان ۴ ملکہ یا رانی کا محل (رہنا کے ساتھ)۔

اورکھنا دینا (ھ۔ متعدی) الہنا دینا۔ طعنہ دینا۔

اوری (ھ۔ صفت) ۱ حامی۔ مددگار ۲ (مذکر) حمایتی۔ طرفدار۔ مددگار آدمی ۳ (مؤنث) چھت کی اولتی۔ جہاں چھت کی دونوں ڈھلوانیں ملیں ۴ تالاب یا دریا کا کنارہ۔

اوریب (ف۔ صفت) دیکھو اریب۔

اوری بوری (ھ۔ صفت) پاگل دیوانہ۔ باؤلا۔

اوریئنٹل (انگ۔ صفت) مشرقی۔ پوربی۔ شرقی۔

اُوڑا (ھ۔ مذکر) کمی۔ قلت۔ تنگی۔ توڑا۔ قحط۔

اوڑا (ھ۔ مذکر) ٹوکری۔ چھبا۔ ٹوکرا۔ پٹاری۔

اوڑَن (ھ۔ مذکر) ۱ ڈھال۔ سپر ۲ نشانہ۔ نشانے کی جگہ۔

اوڑنا (ھ۔ متعدی) ۱ ڈھال سے ڈھکنا ۲ ضرب یا چوٹ روکنا ۳ دیکھو اُڑنا۔ مثل۔ اوڑن ہار بہو بلینڈے سانپ دکھائے۔ فریب اور حیلے کے وقت بولتے ہیں۔

اُوڑھ (ھ۔ امر) اوڑھنا کا (س) ۱ اوپر وری۔ ڈھکنا) اوڑھ لینا (متعدی) ۱ اوڑھنا ۲ اپنے ذمے لینا۔ گوارا کرنا۔ اوڑھنا (متعدی) بدن پر کپڑا ڈالنا۔ بدن ڈھکنا۔ اوڑھنے کی چیز۔ دوپٹہ۔ لحاف وغیرہ۔ اوڑھنا اُتارنا (متعدی) بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا۔ ہتک کرنا۔ سر برہنہ کرنا۔ بدن عریاں کرنا۔ دوپٹہ سر سے اُتارنا۔ اوڑھنا اڑھانا یا ڈالنا (متعدی) چادر سے ڈھک دینا ۲ شادی کرنا (بیوہ سے) اوڑھنا بچھانا (متعدی) ہر وقت استعمال کرنا۔ اوڑھنا بچھانا بنا لینا (متعدی) کسی چیز کو ہر وقت استعمال میں لانا۔ اوڑھنا بچھونا (مذکر) ۱ لحاف۔ توشک ۲ استر بستر۔ پونجی۔ کمائی ۳ ٹھوٹا مال۔ اوڑھنا بچھونا بنا لینا (متعدی) ہر وقت استعمال کرنا۔ اوڑھنا گلے میں ڈالنا (متعدی) دوپٹہ گلے میں ڈال کر حاکم کے پاس انصاف کے لئے لے جانا ۲ تہمت لگانا۔ الزام لگانا ۳ سر ہونا۔ گلے پڑنا۔ لپٹانا۔ اوڑھوں (کہ) بچھاؤں ۱ جب خالی تعریف ہو اور کچھ فائدہ نہ ہو تو کہا جاتا ہے ۲ کیا کروں۔ اوڑھنی (مؤنث) چھوٹا دوپٹہ جسے لڑکیاں اوڑھتی ہیں۔ اوڑھنی بدلنا۔ بہن بنا۔ سہیلی بنانا۔ بہناپا کرنا۔

امثال و اقوال۔ اوڑھ لی لوئی تو کیا کریگا کوئی۔ بے شرم بن گئے تو کسی بات کی پروا نہیں۔ اوڑھنی کی بتاس لگی (ھ) عورت کا

غلام ہے۔ اوڑھنی چادر ہوئی برابر میں بھی شاہ کی خالہ ہوں ۱ تھوڑی حیثیت پر اترانا ۲ بڑے آدمی سے خواہ مخواہ رشتہ ظاہر کرنا۔

اوڑی۔اَوڑی (ھ) ٹوکری جو کھانڈ کی مشین کے اُوپر کے ڈنڈے میں لگائی جاتی ہے۔

اَوزار (ع۔ مذکر) وزر کی جمع۔ آلات ہتھیار۔ واحد بھی استعمال ہوتا ہے۔

اَوزان (ع۔ مذکر) وزن کی جمع۔ باٹ بٹے۔ تولنے کے پیمانے۔ تول۔ بوجھ۔

اَوزَن (ع۔ مذکر) ۱ زیادہ مضبوط۔ وزن دار۔ معزز یا بارسوخ ۲ طاقتور۔ قوی ۳ شیر۔

اَوس (ع۔ مذکر) بدل میں دینا۔ واپس کرنا۔

اوس (ھ۔ مؤنث) ۱ شبنم صبح کو جو پانی کے قطرے گھاس۔ پودوں یا ٹھنڈی چیزوں پر پڑے ہوتے ہیں ۲ ہوا میں جو پانی بھاپ کی صورت میں ہر وقت موجود رہتا ہے۔ وہ سردی کی وجہ سے پانی کی حالت پر آجاتا ہے۔ اور قطروں کی شکل میں نمودار ہوتا ہے۔ **اوس پڑنا** (لازم) شبنم کا پیدا ہونا ۲ اداسی چھا جانا۔ بے رونقی ہونا۔ رونق نہ رہنا افسردگی چھانا۔ **اوس گرنا** (متعدی) شبنم کا پیدا ہونا

اقوال۔ اوس چاٹے (سے) پیاس نہیں بجھتی۔ اوسوں (سے) پیاس نہیں بجھتی۔ تھوڑی چیز سے تسلی نہیں ہوتی۔ امید سے کم چیز ملنے کی جگہ کہتے ہیں۔

اوسار (ھ۔ مذکر) ۱ چوڑائی۔ گھیر ۲ (صفت) چوڑا۔

اَوساط (مذکر) وسط کی جمع۔

اَوسان (س۔ مذکر) ۱ اختتام۔ انجام۔ نتیجہ ۲ تکمیل ۳ حد۔ حدود ۴ موت۔ ہلاکت۔

اَوسان (ن ہ۔ مذکر) ۱ حواس۔ ہوش و حواس۔ ہوشیاری۔ چیت۔ ہوش ۲ ہمت جرأت حوصلہ (س اُپ۔ نیچے + گائت۔ جاننے والا) **اوسان آنا** (لازم) ہوش آنا۔ حواس درست ہونا۔ **اوسان اُڑانا** (متعدی) ہوش اُڑانا۔ بدحواس کر دینا۔ **اوسان اُڑنا** (متعدی) **اوسان ٹھکانے ہونا** (لازم) حواس درست ہونا۔ **اوسان جانا** (لازم) ہوش جانا۔ بدحواس ہونا **اوسان خطا ہو جانا** (لازم) گھبرا جانا۔ حواس بجا نہ رہنا۔ **اوسان درست رہنا** (لازم) حواس بجا رہنا۔ **اوسان درست ہونا** (لازم) حواس بجا ہونا **اوسان سے** (تف) حوصلے سے۔ ہوش سے۔ **اوسان کھو جانا** (لازم) گھبرا جانا۔ **اوسان کھو دینا** (متعدی) گھبرا دینا۔ بدحواس کر دینا۔ **اوسان گئی** (صفت) بدحواس یا بدشعور (عورت) **اوسان لے جانا** (متعدی) سڑی بنا دینا۔ ہوش کھو دینا۔ **اوسان میں آنا** (لازم) ہوش میں آنا۔ **اوسان نہ رہنا** (لازم) ہوش ٹھکانے نہ رہنا۔

اوسبرگ (ھ۔ مذکر) ایک دوائی کا نام۔

اَوستُ (س۔ صفت) ۱ غیر حقیقی۔ بے اصل ۲ بے وجود۔ خیالی ۳ بے معنی۔ ناچیز۔ ضعیف ۴ غیر ذاتی۔ **اوستُتا** (مؤنث) اصلیت کے بغیر جس کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ بے وجودیت۔

اَوستھا (س۔ مؤنث) ۱ حال۔ حالت کیفیت ۲ درنعات ۳ عمر۔ زندگی ۴ کہانی قصہ سرگزشت

اَوسَچ (ھ۔ صفت) ۱ بغیر سوچ۔ بغیر غور و خوض۔ بے پروا۔ بے خبر۔ غافل۔ بیہوش ۲ اسوچ۔ اچیت۔

اَوسَخ (ع۔ صفت) نہایت بُرا۔

اُوسَر (ھ۔ صفت) ۱ بنجر ۲ (مذکر) بنجر زمین۔ کلر زمین۔ زمین شور۔ ناقابل کاشت اراضی

اَوسَر (ھ۔ مؤنث) جوان گائے یا بھینس۔ وہڑی۔ بہڑی۔

اَوسَر (س) **اوسر** (ھ۔ مذکر) ۱ موقع۔ ٹھیک وقت یا موسم۔ عمدہ موقع ۲ چھٹی۔ فراغت۔ **اوسر پانا** (لازم) موقع پانا۔ وقت پانا۔ فراغت ہونا **اوسر دیکھنا** (متعدی) موقعے کی تاڑ رکھنا۔ موقع یا موسم کا لحاظ رکھنا۔ تاڑ میں رہنا۔ **اوسر کی دوسر پڑ جانا یا ہو جانا** (لازم) مصیبت پر مصیبت پڑ جانا

امثال و اقوال۔ اوسر چوکی ڈومنی گائے تال بیتال (ہ) وقت کا چوکا پچھتاتا ہے۔ **اوسر کبیت میں کبیسر** (ہ) نااہلوں میں اہل کا ہونا۔ بدوں میں نیک کا ہونا۔ **اوسر کا چوکا آدمی ڈال کا چوکا بندر نہیں سنبھلتا** (ہ) موقع ہاتھ سے جاتا رہے تو سخت نقصان ہوتا ہے۔

اَوسَط (ع۔ صفت) ۱ بیچ کا۔ درمیانی وسطی میانہ۔ متوسط ۲ (مذکر) درمیانی رقم۔ عدد یا مقدار چند رقومات کے میزان کو رقومات کی تعداد پر تقسیم کرنے سے جو خارج قسمت حاصل ہو۔ بیچ کا پرت مدہ ۳ درمیان۔ وسط۔ بیچ۔ درمیانے درجے کا آدمی یا چیز۔ راسی (وَسَط۔ درمیان میں ہونا) **اوسطاً** (تف) اوسط نکال کے۔ تقریباً۔ **اوسط بیٹھنا** (لازم) درمیانی مقدار نکلنا۔ **اوسط حاضری** (مؤنث) حاضریوں کی ہفتہ وار ماہواری سالانہ درمیانی تعداد۔ اوسط۔ **اوسطِ حسابی** (مذکر) خارج قسمت جو دو یا زیادہ اعداد کو جمع کرکے ان کی تعداد پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ **اوسط درجہ کا** (صفت) متوسط الحال۔ معمولی حیثیت کا۔ نہ امیر نہ غریب۔

اَوسَع (ع۔ صفت) بہت وسیع بہت چوڑا۔

اَوسَن (س۔ صفت) ۱ بے توجہ۔ بے لاگ۔ بے پروا۔ بغیر خواہش ۲ (مذکر) بے پروا آدمی وغیرہ۔

اَوسنا (ھ۔ لازم) بسنا۔ بوسیدہ ہونا باسی ہونا۔ چیچپا ہونا۔

اوسَنا (ھ۔ متعدی) گوندھنا۔ سلنا سوندھنا۔ ماڑنا۔ سانا۔ ملنا

اَوسیر۔ اوسیری (ھ۔ مؤنث) ۱ احتیاط۔ خبرداری ۲ فکر۔ اندیشہ۔ تردد۔

اَوسیسا۔ اوسیسا (ھ۔ مذکر) سرھانا۔ دیکھو اسیسا۔

اَوسیش (ھ۔ مذکر) بقایا۔ دیکھو اوشیش۔

اَوش (س۔ صفت) جو کسی کا کہنا نہ مانے بے قابو۔ بے لگام۔ غیر مطیع۔ نافرمانبردار۔ منہ زور ۲ جس کی اپنی مرضی نہ ہو۔ مطیع۔ کمزور۔ بے طاقت۔

اَوِش (س۔ صفت) جو زہریلا نہ ہو۔ تریاق۔

اوشٹھ (س۔ مذکر) ۱ اُوپر کا ہونٹ۔ ہونٹ۔ **اوشٹھ روگ** (مذکر) ہونٹوں کی بیماری۔ **اوشٹھ کرنک** (مذکر) ایک قوم جن کے ہونٹ کانوں تک پھیلے ہوئے تھے۔ ان کا ذکر مہا بھارت میں آتا ہے۔ **اوشٹھی** (مؤنث) ایک بیل جس کے پھول سُرخ ہوتے ہیں۔ **اوشٹھیہ** (صرف و نحو) وہ حروف جو ہونٹ

سے نکلیں۔ اُ۔ اَو۔ پ۔ پھ۔ ب۔ بھ۔ م۔ و۔

اَوشَدھ (س۔ مؤنث) ۱ دوا۔ دارو ۲ لیپ۔ ضماد ۳ جڑی بوٹی۔ رحات وغیرہ جو دوائی کے طور پر استعمال ہوں۔ اوشدھ والے یا اوشدھالیہ (مذکر) دوا خانہ۔ دوائیوں کی دکان۔ اوشدھی اوشدھی (مؤنث) ۱ جڑی بوٹی۔ پودا جو دوائیوں میں استعمال ہو ۲ فصلی پودا۔ ایک رُت کا پودا ۳ جھڑ پودا۔ اوشدھی پرستھ (مذکر) ۱ بوٹیوں کا مقام ۲ کوہ ہمالہ پر ایک شہر۔ اوشدھیہ (صفت) ۱ دوائی کے متعلق۔ طبی ۲ (مذکر) دوائی کے اجزا ۳ علم الادویہ۔

اَوشِشٹ (س۔ صفت) بچا ہوا۔

اوشن (انگ۔ مذکر) سمندر۔

اُوشَن (س۔ مذکر) سیاہ مرچ۔ فلفل۔

اَوِشواس (س۔ صفت) ۱ ناقابل اعتبار۔ جس پر بدظنی ہو ۲ (مذکر) بدظنی۔ بے اعتباری۔ شبہ۔ شک۔ بے اعتقادی۔ وسواس۔ اَوِشواس پن (ہ۔ مذکر) اَوِشواستا (مؤنث) اوشواس۔ اَوِشواسی (صفت) ۱ جس پر اعتبار نہ ہو سکے۔ جس پہ بدظنی ہو۔ اوشواس ۲ (مذکر) ناقابل اعتبار آدمی۔ بے ایمان ۳ ادھرم۔ کافر۔

اَوِشئی (س۔ مذکر) کسی حس سے معلوم نہ ہوسکنے کی خصوصیت۔ نہاں ہونے کی خاصیت۔ عدم رویت۔

اَوِشیش (س۔ تف) ۱ بغیر فرق۔ ایک جیسا۔ برابر۔ یکساں۔ ہموار۔ یکرنگ ۲ ہم شکل۔ ہم شبیہ۔ یکساں ۳ جس کا فرق معلوم نہ ہوسکے۔ غیر ممیز ۴ (مذکر) شناخت۔ پہچان یا تمیز نہ ہونا۔ اوِشیشٹ (صفت) جو نہ تمیز ہوسکے۔ غیر ممیز۔ جو پہچانا نہ جاسکے۔

اَوشیک (س۔ مذکر) ۱ ضروری چیز۔ ضرورت۔ احتیاج ۲ مصلحت۔ لزوم ۳ (صفت) ضروری۔ مفروض۔ انوپائے۔

اوشینس (یو۔ عص) ایک دیوتا جس سے ہر شے پیدا ہوئی ہے۔ اس کے نام پر سمندر کا نام اوشن رکھا گیا۔

اَوشیہ (س۔ صفت) ۱ اوشیک ۲ (تف) یقیناً۔ ضروری طور پر۔ قطعاً۔ ناگزیر۔ چار و ناچار۔

اَوصاف (ع۔ مذکر) وصف کی جمع ۱ کمالات۔ جوہر۔ ہنر۔ گن۔ خصوصیات ۲ تعریفیں۔ ثنائیں۔ ستائش ۳ حالات۔ ذکر اذکار۔ سرگذشتیں ۴ عادات۔ اخلاق۔ صفات ۵ نیکیاں۔ بھلائیاں۔ خوبیاں ۶ پتہ نشان۔ اوصاف اضافی پر نہ بھولو۔ بزرگوں کی عزت پر غرور نہ کرو۔ اوصاف حمیدہ (مذکر) قابلِ تعریف خوبیاں۔

اَوصِیا (ع۔ مذکر) وصی کی جمع ۱ وصیت پر عمل کرنے والے۔ کارکن والیان ۲ وارث۔ ترکہ پانے والا۔

اَوضاع (ع۔ مذکر) وضع کی جمع ۱ افعال۔ کردار۔ کرتوت۔ ڈھنگ۔ اطوار۔ طریق۔ انداز ۲ بناوٹ ۳ ترتیب۔ مقامات ۴ (علا) کسی صورت یا عنقود کے ستاروں کی خاص ترتیب ۵ اجرام فلکی کے مقامات متناسبہ کو بھی کہتے ہیں۔ اوضاع متناسبہ (مذکر) متناسب مقامات۔ اوضاع و اطوار (مذکر) ڈھنگ۔ طریقے۔ عادات وغیرہ۔

اَوضح (ع۔ صفت) زیادہ واضح۔ زیادہ صاف۔

اوطان (ع۔ مذکر) وطن کی جمع۔

اوعال (ع۔ مذکر) وعل کی جمع ۱ بادشاہان۔ شاہزادے۔ امرا ۲ وعل کی جمع پہاڑی بکریاں۔

اَوعِیہ (ع۔ مذکر) وعاء کی جمع ۱ خول

اَوف (ع۔ مذکر) ۱ ضرر پہنچانا ۲ مصیبت پڑنا۔

۲ برتن ۳ نالیاں رگیں۔ بہنا۔ اوعیۂ دموی (مذکر) خون کی نالیاں۔ شرایین۔ رگیں۔

اَوقات (ع۔ مذکر) وقت کی جمع ۱ زمانے۔ مدتیں۔ عرصے ۲ حیثیت۔ استطاعت۔ بساط ۳ گزارے کی صورت ۴ وقعت۔ عزت ۵ (طنزاً) ذلت ۶ زندگی ۷ حالت۔ گزر۔ بسر۔ اوقات المرض (مذکر) بیماری کے زمانے جن میں مرض مختلف حالتوں میں ہوتا ہے۔ یہ چار ہیں ۱ ابتدا یعنی مرض کا شروع ۲ تزیید یا تزائد۔ مرض کے بڑھنے کا زمانہ ۳ انتہا۔ مرض کے بڑھ کر ٹھیرنے کا زمانہ ۴ انحطاط۔ مرض کے گھٹنے کا زمانہ۔ اوقات بسر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) زندگی کے دن کٹنا۔ وقت گزرنا۔ اوقات بسری (مؤنث) گزر اوقات۔ گزر۔ بسر۔ اوقات بھیک پر ہونا (لازم) مانگ کر گزارا کرنا۔ اوقات تلخ کرنا (متعدی) زندگی تلخ کرنا۔ مصیبت ڈالنا۔ اوقات تلخ ہونا (لازم) بُری طرح زندگی بسر ہونا۔ اوقات چلی جانا۔ گزر بسر ہونا۔ اوقاتِ خمسہ (مذکر) نماز کے پانچوں وقت۔ اوقات صرف کرنا (متعدی) ہونا (لازم) وقت گزرنا۔ وقت خرچ ہونا۔ اوقات ضائع کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بیکار کاموں میں وقت جانا۔ اوقات کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) وقت گزرنا بسر ہونا۔ اوقات کیا ہے۔ غصے میں کہا جاتا ہے حیثیت کیا ہے۔ اوقات گزرنا (لازم) اوقات بسر ہونا۔

اَوقار (ع۔ مذکر) وقر کی جمع۔ بوجھ۔

اَوقاف (ع۔ مذکر) وقف کی جمع۔

اَوقص (ع۔ صفت) کوتاہ گردن۔

اُوقِیہ (ع۔ مؤنث) ایک وزن ایک اونس کے برابر جو ۲½ تولے کے قریب ہوتا ہے۔ ۲½ تولے چاندی۔ ایک چاندی کا سکہ جس کا وزن ۲½ تولے ہوتا ہے۔

اُوک (ہ۔ مؤنث) بھول۔ چوک۔ سہو۔ غلطی۔ اوک چوک (مؤنث) اوک۔ اوکے چوکے (تف) بھولے بھٹکے۔ اتفاق سے۔ کبھی۔

اوک (ہ۔ مذکر) ۱ چلو ۲ (س) گھر مکان۔ جھونپڑا ۳ جائے پناہ۔ دارالامان۔ ملجا۔ برتن استھان۔

اوکاپی (افریقی۔ مذکر) ایک جانور جو زرافے کی قسم سے ہے۔ اور ہرن کے برابر ہوتا ہے افریقہ میں پایا جاتا ہے۔

اَوکار (ع۔ مذکر) وکر کی جمع۔ گھونسلے۔

اَوِکار (س۔ صفت) بغیر بدلے۔ نہ بدلنے والا۔ اوِکاری (صفت) ۱ غیر متغیر۔ غیر متبدل ۲ وفادار۔ ثابت قدم۔ نہ بدلنے والا ۳ (مذکر) وفادار شخص۔ نہ بدلنے والا آدمی۔

اَوکاش (س۔ مذکر) ۱ فرصت۔ مہلت۔ چھٹی۔ چھٹکارہ ۲ موقعہ۔ اوسر ۳ وقفہ۔ فاصلہ۔ جگہ۔ رستہ۔ ذریعہ ۴ سمائی۔ گنجائش۔

اَوکال۔ اَوکالی (ہ۔ صفت) ۱ بے وقت۔ بے موسم ۲ بچہ جو اپنے وقت سے پہلے پیدا ہو ۳ نیچ ذات کا آدمی۔

اَوکان (ہ۔ مذکر) بھوسے اور اناج کا ڈھیر۔

اَوکشن (انگ۔ مذکر) نیلام۔

اَوِکَل (س۔ صفت) ۱ بے نقص۔ بحال۔ مکمل۔ تمام۔ کل ۲ باقاعدہ۔ باترتیب۔ باقرینہ ۳ یکساں ۴ ایک سا۔

اَوکل (ہ۔ صفت) ۱ بے کل۔ بے آرام۔

بے چین۔ **اوکل بیکل** (صفت) **اوکل۔ اوکلی** (مؤنث) بے کلی۔ بے آرامی۔ بے چینی۔

اَوَکلِت (س۔ صفت) ۱ یقین کیا گیا ۲ ختم کیا گیا۔ خاص۔ کوئی ایک۔

اوکلو دینا (ہ۔ متعدی) دشوار یا گراں گزرنا۔

اُوکنا (ہ۔ لازم) چوکنا۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔ غلطی کرنا۔

اوکنا (ہ۔ متعدی) قے کرنا (س او۔ اوپر + ذم۔ قے کرنا)

اُوکھ (ہ۔ مؤنث) گنا۔ نیشکر۔ پونڈا۔ ایکھ (س۔ اکش) **اوکھ راج۔ اوکھ بھوج** (مذکر) وہ دن جب گنے کی کاشت کی جائے۔ **اوکھ رس**۔ گنے کا رس۔

مثل۔ اوکھ سے گنڈیری پیاری گڑ سے پیارا گانڈا (گنا) ماں بہن سے جورو پیاری جس سے ہوئے گزارا۔ قاعدہ کلیہ بطور مثل بیان کیا گیا ہے۔

اوکھا (ہ۔ صفت) ۱ کمتر۔ ادنے۔ گھٹیا۔ خراب ۲ ناگوار۔ گھناونا۔ غلیظ۔ گندا۔

اُوکھاری۔ اُوکھاڑی (ہ۔ مؤنث) گنے کا کھیت۔

اُوکھد (ہ۔ مؤنث) دیکھو اوشدھی۔

اُوکھر (ہ۔ مؤنث) ۱ اوکھلی ۲ ایک برتن جس میں اناج کو کوٹ کر اس کا چھلکا اتارتے ہیں۔

اُوکھر۔ اوکھر۔ اُوکھر (ہ۔ مذکر) اوزار۔ آلات۔ ہتھیار۔

اُوکھل (ہ) **اوکھلی۔ اُوکھلی** (ہ۔ مؤنث) لکڑی کی بڑی کونڈی جو زمین میں گڑی ہوتی ہے۔ **اوکھلی میں سر دینا** (متعدی) خود خطرے میں پڑنا۔ ایسا کام کرنا جس میں خطرہ ہو۔ خود مصیبت میں پھنسنا۔

مثل۔ اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں (موسلوں) کا کیا ڈر۔ جب جرأت کر کے کسی خطرے کے کام کو شروع کیا۔ تو پھر ضرر یا تکلیف سے کیا ڈرنا۔ یہ ایسے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جب جرأت کر کے کسی خطرے کے کام کو شروع کیا جائے اور دوسرا اس کے خطرے سے ڈرائے۔

اَوکھی (ہ۔ مؤنث) ۱ بیجا اور بے موقع بات۔ خلاف شان۔ سخت بُری یا چبھتی ہوئی بات ۲ (پ) شکل۔ **اوکھیاں آنا** (لازم) آوازے کسنا۔ طعنے دینا۔ **اوکھیاں چھوڑنا** (متعدی) آوازے کسنا **اوکھیاں سُنانا** (متعدی) آوازے کسنا۔ **اوسکھے گوکھے** (مذکر) ۱ گنوار۔ دیہاتی ۲ ایسے ویسے۔ احمق۔ بیوقوف۔

اَوَکیشی (س۔ صفت) بے ثمر۔ بغیر پھل۔ بے بر۔ اپھل۔ نسپھل۔ بنجر۔ کلر۔ بانجھ۔

اوگ (ہ۔ مذکر) ندی۔ رو۔ بہاؤ۔ پسینے کی ندی۔

اَوگاہ (ہ۔ صفت) گہرا۔ عمیق۔ ڈباؤ۔

اَوَگاہ۔ اَوَگاہن (س۔ مذکر) نہانا۔ نہان۔ بدن کو دھونا۔ غوطہ لگانا۔ ڈبکی مارنا۔

اوگ دُواس (ہ۔ مذکر) ہندو کھتریوں کا ایک تیوہار جو بارہ بھادوں بدی کو ہوتا ہے بھائی بھتا۔

اَوَگَت (س۔ صفت) ۱ سمجھا ہوا۔ معلوم کیا ہوا۔ بوجھا ہوا ۲ (پ) یکایک۔

اَوَگَتی (س۔ صفت) علم۔ سمجھ۔ تحسین۔ درایت۔

اَوِگَت (س۔ صفت) پھیلاؤ۔ سرایت نفوذ۔

اوگرا (ہ۔ صفت) ۱ بدمزہ۔ بے نمک ۲ اُبالا ہوا۔ **اوبرا** ۳ (مذکر) ملی جلی چیزیں پکائی ہوئیں۔ ایک قسم کی کھچڑی۔

اَوگل۔ اوگل (ہ۔ مذکر) سطح زمین کے قریب کی نمی۔ سیم۔ آل۔

اَوگن (ہ۔ مذکر) ۱ عیب۔ نقص۔ خرابی ۲ برائی۔ بدی۔ خرابی ۳ نقصان۔ شرارت۔ ضرر ۴ بے شعوری۔ بے ہنری ۵ بُرا یا خراب آدمی۔ بدچلن آدمی ۶ دُکھ۔ بگاڑ ۷ نفرت۔ تغافل ۸ بے اعتنائی ۹ بدتہذیبی۔ بداخلاقی۔ **اوگنی** (صفت) ۱ بے علم۔ غافل۔ جاہل ۲ بدمعاش۔ بدچلن۔ برا۔ شریر ۳ (مذکر) بدمعاش یا شریر آدمی۔

اوگھ (س۔ مذکر) ۱ ندی۔ نالہ۔ دریا ۲ دھار۔ بہاؤ ۳ ہجوم۔ اژدھام۔ گروہ۔ اجتماع ۴ ڈھیر۔

اَوگھٹ (ہ۔ صفت) ۱ کھردرا۔ ناہموار۔ ٹیڑھا ۲ ناقابل گزر ۳ دشوار۔ مشکل۔ کٹھن۔ ناقابل آمدورفت ۴ اجاڑ۔ جہاں آمدورفت نہ ہو۔

مثل۔ اوگھٹ چلے نہ چوپٹ گرے۔ جو شخص بُرے کام کرتا ہے نقصان اُٹھاتا ہے۔

اوگھرا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی ملی جلی چیزوں کا کھانا یا کھچڑی ۲ (صفت) جس میں گھی نہ ہو۔ بدمزا۔ پھیکا۔

اَوگھڑ (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو انگھڑ ۲ (تف) بے ڈھب۔ بے طرح۔ بیڈھنگے پن سے۔

اَوگھی (ہ۔ مؤنث) وہ لمبا چابک جس کو گھوڑا نکالتے وقت اس کو بھگانے کے لئے اس کے پیچھے پھٹکارتے ہیں۔

اَوگی (ہ۔ مؤنث) ۱ کارچوبی یا مخمل کے جوتے کا پتا ۲ ایک انٹی یا ریل ۳ ہاتھی یا شیر پکڑنے کا گڑھا۔

اَوگیا (ہ۔ مؤنث) ۱ بے اعتنائی بے التفاتی۔ بے عزتی۔ گستاخی ۲ نفرت۔ حقارت۔

اَوِگیات (ہ۔ صفت) نہ سمجھا گیا۔ نامعلوم۔ غیر مشہور۔

اَوَاگیت (س۔ صفت) ۱ نفرت کیا گیا۔ الزام الیہ۔ ملامت کیا گیا ۲ شریر۔ بدمعاش۔ بدچلن ۳ (مذکر) الزام۔ ملامت۔ بہتان ۴ ہجو۔ طنز۔ مذمت۔ نندا۔

اَول (ہ۔ مذکر) بڑی وبا جیسے پلیگ۔ ہیضہ۔ (ع۔ مذکر) ۱ واپس آنا ۲ اچھا انتظام کرنا ۳ حکومت کرنا۔

اَوّل (ع۔ صفت) ۱ پہلا۔ یکم ۲ مقدم۔ پہلے۔ اعلےٰ۔ افضل۔ عمدہ۔ بہتر ۳ (مذکر) خدا کا نام ۴ ابتدا۔ آغاز۔ شروع۔ پہلا یا شروع کا حصہ ۵ (تف) پہلے۔ شروع میں۔ ابتدا میں۔ **اولاً** (تف) پہلے پہل۔ شروع میں۔ **اول آخر** (تف) ۱ ابتدا انتہا ۲ (عو) باپ دادا۔ آل اولاد۔ **اوّل اوّل** (تف) پہلے پہل۔ شروع میں۔ **اوّل تو** (تف) پہلے پہل۔ اولاً۔ **اول درجے کا** (صفت) نہایت اعلیٰ بہت عمدہ۔ نہایت اچھا۔ **اوّل دن سے** (تف) ۱ ابتدا ابتدا سے۔ شروع سے ۲ روز پیدائش سے۔ **اول رہنا**

(لازم) کسی کام یا امتحان میں سب سے بڑھ کر رہنا۔ **اوّل سے آخر تک** (نعت) شروع سے آخر تک۔ ابتدا سے انتہا تک۔ کلّی۔ تمام۔ **اوّل شب** (مؤنث) رات کا آغاز یا شروع۔ **اوّل منزل** (مؤنث) قبر سے مراد ہے۔ **اوّل منزل پہنچانا** (متعدی) قبر میں رکھنا۔ دفن کرنا۔ **اول منزل پہنچنا** (لازم) قبر میں دفن ہونا۔ **اول منزل کر دینا** (متعدی) دفن کر دینا۔ **اوّل نمبر** (تف) سب سے پہلے سب سے بڑھ کر۔ **اوّلیت** (مؤنث) پہل۔ قدامت۔ سبقت۔ **اولیتُ الولادت** (مؤنث) وہ عورت جس نے پہلی دفعہ بچہ جنا ہو۔ **اوّلین** (صفت) ! اوّل ۲ (مذکر) اگلے لوگ۔ پہلے زمانے کے لوگ۔ **اوّلین و آخرین** (مذکر) متقدمین و موخرین۔ پرانے زمانے کے اور نئے لوگ۔

امثال و اقوال۔ اوّل اندیش و آنگہے گفتار۔ پہلے سوچ پھر بات کر۔ **اوّل بخش بعدہٗ بگو کہ بے نمک است**۔ پہلے معاملے کی خوب جانچ پڑتال کر لو پھر کوئی بات منہ سے نکالو۔ **اوّل خویش بعدہٗ درویش**۔ پہلے اپنے عزیز و اقارب سے پھر دوسروں سے سلوک ہونا چاہئے۔ اپنوں کا حق دوسروں سے افضل ہے۔ **اوّل طعام بعدہٗ کلام**۔ جب کوئی کھانے میں بہت باتیں کرے تو اسے روکنے کے لئے کہا جاتا ہے کہ کھانا مقدم ہے۔ **اول مرنا آخر مرنا پھر مرنے سے کیا ڈرنا**۔ خطرے کے کام میں حوصلہ بڑھانے کے لئے کہا جاتا ہے۔

اول (ہ۔ مؤنث) ! [illegible] آدمی جو ضمانت میں دیا جائے۔ ذاتی ضمانت ۲ رہن۔ گرو ۳ یرغمال کفیل (دینا۔ رکھنا۔ رہنا۔ لینا کے ساتھ) **اول میں دینا** (متعدی) ضمانت میں دینا۔ مقروض کو ضمانتی کے حوالے روپے کی ادائیگی کے وقت تک کرنا۔

امثال۔ اول میں چول دہی ہیں موسل۔ یہ ایسے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جب کسی بات میں کوئی دوسری بے تعلق بات چھیڑ دے۔ **اول میں سے نکل کر چول میں پھنسا**۔ ایک چھوٹی مصیبت سے نکل کر بڑی میں گرفتار ہونا۔

اول (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی ترکاری ایک قسم کی اروی۔ **اول گوبھی** (مؤنث) بند گوبھی۔

اولا (ہ۔ مذکر) ژالہ۔ بجری۔ بارش کے قطرے جب نہایت ٹھنڈی ہوا کے طبقے میں سے گزرتے ہیں تو جم جاتے ہیں۔ یہ اولے ہیں ۲ شکر یا قند کے لڈو جن کا شربت بنا کر پیا جاتا ہے ۳ کوئلہ پیس کر چاول کی پیچھ میں گوندھ کر پیڑے سے بنا لیتے ہیں اور چلم پر جلا کر بجائے کوئلوں کے استعمال کرتے ہیں ۴ (صفت) نہایت سرد (س) ۱ پک۔ پتھر) **اولا ہو جانا** (لازم) نہایت سرد ہو جانا۔ **اولوں ماری فاختہ** (مؤنث) دکھیا عورت۔ مصیبت زدہ عورت۔ **اولے پڑنا** (لازم) ژالہ باری ہونا۔ اولوں کا گرنا۔

امثال۔ اولوں کا مارا کھیت۔ باقی کا مارا گاؤں۔ چلموں کا مارا چولھا نہیں پنپتا۔ جس کھیت میں اولے پڑیں۔ جس گاؤں کی زر مالگزاری پوری ادا نہ ہو اور جس چولھے میں چلمیں بھری جائیں۔ وہ کبھی اچھی حالت میں نہیں ہوتے۔ **اولے ٹلے برساتوں جئے**۔ آفت دفع ہو تو آرام ہو جاتا ہے۔

اولا (ہ۔ مذکر) ! پردہ۔ اوٹ ۲ راز۔ بھید۔ **اولا کرنا** (متعدی) چھپانا۔ پردہ کرنا۔

اَولات (ع۔ مذکر) مالک عورتیں۔

اُولاد (ع۔ مؤنث) ولد کی جمع۔ مگر اُردو میں واحد استعمال ہوتا ہے ! بیٹا۔ بیٹی۔ بال بچے لڑکے بالے ۲ ایک آدمی کی اولاد۔ نسل۔ عیال۔ **اولادِ آدم** (مؤنث) انسان۔ **اولادِ اناث** (مؤنث) بیٹیاں۔ دختر۔ **اولاد حرام** (مؤنث) ایسی عورت سے اولاد جس سے مرد کی شادی نہ ہوئی ہو۔ تعلق ناجائز سے جو اولاد پیدا ہو۔ **اولادِ حلال** (مؤنث) بچے جو بیاہتا بیوی سے ہوں۔ **اولادِ حوّا** (مؤنث) حوّا کی بیٹیاں۔ عورتیں۔ **اولادِ ذکور** (مذکر) بیٹے۔ **اولادِ رشتۂ مشتبقہ** (مؤنث) بیٹوں کے بیٹے۔ نسل جو بیٹوں کے ذریعے پیدا ہو۔ اولاد جو بیٹیوں کی یا منتبنہ بیٹوں کی نہ ہو۔ **اولاد صحیح النسب** (مؤنث) اولادِ حلال۔ **اولاد غیر صحیح النّسب** (مؤنث) ! اولاد حرام۔ **اولاد تو کیا بلا۔ جان تک عزیز نہیں**۔ ۲ اولاد تو کیا جان بھی حاضر ہے۔ **اولادِ نجیبُ الطّرفین** (مذکر) اولاد۔ جب میاں بیوی دونوں شریف النسب ہوں۔ لونڈی کی یا کمینہ ذات بیوی یا میاں کی اولاد نہ ہو۔ **اولادِ نسبی** (مؤنث) اولادِ حلال۔

مثل۔ اولاد کی آنچ بُری ہوتی ہے۔ اولاد کو اگر تکلیف ہو تو والدین کو بھی بڑی تکلیف ہوتی ہے۔

اولا لگا دینا (ہ۔ متعدی) کہہ کہہ کر۔ ابھار دینا۔ تیار کر دینا۔

اولتی (ہ۔ مؤنث) ! سائبان کا وہ کنارہ جہاں سے مینہ کا پانی نیچے گرتا ہے ۲ چھپر والی یا کھپریل والی چھت کا وہ کنارہ جہاں سے پانی نیچے گرتا ہے۔ **اولتیوں بھنگ چونا** (ہ۔ لازم) بھنگ پی کر مخمور ہو جانا۔

امثال۔ اولتی کا پانی (بڑیری) بلینڈے (مگری) پہنچا ! بات کو کہاں تک پہنچا ۲ سفلہ صاحب ثروت ہو گیا ۳ جھوٹ سرسبز نہیں رہ سکتا۔ **اولتی کا پانی بلینڈی نہیں رہتا (چڑھتا)**۔ کمینہ شریف نہیں ہو سکتا۔ کوئی ناممکن بات ممکن نہیں ہو سکتی۔ **اولتی تلے کا بھوت سترپکھوں (پشتوں) کا نام جانے** (ہ) ! عورتوں میں یہ وہم ہے ۲ راز دار کا فساد کرنا۔ خانگی امورات سے واقف کا دشمن بننا بہت سی خرابیوں کا باعث ہے۔ **اولتیوں بھنگ چرادی**۔ سب کو بیوقوف بنا دیا۔

اولَٹ (ہ۔ مذکر) دیکھو اوٹل۔

اولٹا۔ اولٹام۔ اولڈم (انگ۔ مؤنث) اصل لفظ اولڈ ٹام ہے۔ جو شراب کی ایک قسم ہے۔

اُول جَلُول (اُردو صفت) ! بے ڈھنگا بھدا۔ ناتراشیدہ۔ بدوضع۔ انگھڑ ۲ بدسلیقہ بے قرینہ بدتہذیب ۳ سست۔ پھوہڑ ۴ مہمل بے معنی۔

اُولچّھن (ہ۔ صفت۔ مذکر) دیکھو اولکشن۔

اولف۔ ناروے کے پانچ بادشاہوں کا نام۔

اُول فُول (اُردو۔ مذکر) لغویات۔ بیہودہ باتیں۔ فاحشات۔ گالی گلوچ دیکھو اول فیل۔ **اول فول بکنا** (متعدی) بیہودہ باتیں کرنا۔ بکواس کرنا۔ فحش بکنا۔

اولش (ف۔ مذکر) دیکھو اُلش۔

اُولکشن (س)، **اُولکھن** (ہ۔ صفت) ! بدفال۔ بدشگون ۲ بدقسمت۔ کمبخت ۳ (مذکر) بدشگونی۔

اُولمب (س۔ صفت) ! لٹکتا ہوا۔ معلق ۲ (مذکر) جائے پناہ۔ دارالامان۔ سرن ۳ استھان

۲ حفاظت ۳ تکیہ۔ سہارا۔ بھروسہ۔ آسرا۔ اولمبت (صفت) ۱ لٹکتا ہوا ۲ بھروسہ کرنے والا۔ اعتبار کرنے والا ۳ جس کی حفاظت کی جائے۔ اُترتا ہوا۔ اولمبی (مذکر) اولمب۔

اُولَمب (س۔ صفت) ۱ نہ دیر کرنے والا ۲ مستعد۔ تیار۔ چست چالاک ۳ (مذکر) جلدی چستی۔ چالاکی۔ تیزی۔ محنت۔ **اولمبت** (صفت) اولمب۔

اُولمپن (س۔ مذکر) کود۔ جھپٹ دوڑ۔ **اولمپن کرنا** (متعدی) کود پڑنا۔ دوڑنا۔ ہلہ کرکے دوڑنا۔

اُولنا۔ اولمہ (ت۔ مذکر) ۱ ایسا جانور جس کو ذبح کرکے اس کے بال یا پر گرم پانی سے جدا کیے گئے ہوں ۲ گرم پانی میں جوش دیا ہوا گوشت۔ (اصل یولمہ) **اولمہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کھولتے ہوئے پانی سے مذبوح جانور کے بال یا پر جدا کرنا۔

اولن (ھ۔ مذکر) ۱ شکن۔ آویزہ جھمکا ۲ ساہول۔ شاقول۔ لنگر۔

اُولُو (ھ۔ صفت) ۱ عجیب۔ نادر۔ انوکھا نرالا ۲ ناگوار۔ ناخوشگوار۔ تھکانے والا۔ کٹھن۔ سست ۳ بے آرام۔ بے چین ۴ (مذکر) انوکھا پن۔ نرالا پن وغیرہ

اُولُو (ع۔ مذکر) ذو کی جمع ۱ مالکان۔ صاحبان ۲ (صفت) ملکیت والے۔ قابض۔ اُردو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ اور پہلی واؤ کی آواز بہت چھوٹی ہوتی ہے حتیٰ کہ بعض وقت بالکل نہیں نکلتی خصوصاً مرکبات میں۔ **اولوالابصار** (مذکر) صاحبان بصیرت سمجھ دار۔ دانا۔ **اولوالالباب** (مذکر) صاحبان عقل و شعور عقلمند۔ دانا۔ **اولوالامر** (مذکر) صاحبان حکم۔ حاکم۔ با اختیار لوگ۔ **اولوالاجنحہ** (مذکر) صاحبان پر۔ پرندے **اولوالطرق** (مذکر) مذہبی حاکم۔ **اولوالعزم** (مذکر) صاحبان ارادہ۔ باہمت۔ فراخ حوصلہ۔ **اولوالعزمی** (مؤنث) ہمت جرأت۔ استقلال۔ **اولوالعلم** (مذکر) صاحبان علم۔ عالم۔ فاضل۔

اُولُو (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس۔

اُولوکت (س۔ صفت) ۱ دیکھا ہوا ملاحظہ کیا ہوا ۲ (مذکر) جینی فرقے کا سادھو۔ **اولوکنا** (متعدی) دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔

اَولویت (ع۔ مؤنث) برتری۔ فضیلت افضلیت۔ بزرگی۔ سربلندی۔ رتبہ۔ بڑائی (اَولیٰ بکثرت کرنا)

اُولی (س۔ مؤنث) اول

اُولی (ع۔ مذکر) اولو۔ بحالت نصب و جر دیکھو اولو برائے مرکبات۔

اَولے (ع۔ صفت) ولی کی تفضیل بعض و کل۔ بہت بہتر۔ نہایت اچھا۔

اَولیا (ع۔ مذکر) ولی کی جمع۔ اصل معنی دوست۔ مالک وغیرہ ۲ مجازاً۔ اہل اللہ۔ مقرب الٰہی خدا رسیدہ ۳ بھولے بھالے آدمی۔ سیدھے سادے اشخاص۔ **اولیائے عظام۔ یا کرام** (مذکر) جو بڑے اور مشہور ولی گزرے ہیں۔ انہیں عزت سے پکارا جاتا ہے۔ **اولیائے دولت** (مذکر) شہزادے وزرا۔ امرا۔ **اولیائے ہند** (مذکر) ہندوستان کے اولیا۔

مثل۔ اولیا کے گھر بھوت نیکوں کے گھر بد۔ بھلے آدمیوں کی بُری اولاد۔

اَوَم (س۔ صفت) ۱ ادنے۔ گھٹیا ۲ کمینہ۔ نیچ۔ چھوٹی ذات کا ۳ بدذات۔ بد اصل شریر بدچلن ۴ (مذکر) قمری دن جو شمسی دن سے مطابق ہو۔

اوم (س۔ مذکر) ۱ ہندو تثلیث وشن جی۔ شوجی اور برہما جی کا مقدس اور خفیہ نام ۲ ایشور کا سب سے مقدس نام ۳ بیان ہوتا ہے کہ یہ پہلا لفظ ہے جو انسان نے بولا تھا ۴ ہندو ڈکار لیتے ہوئے یہ کہتے ہیں ۵ (نف) ہاں واقعی۔ فی الحقیقت البتہ۔ آمین ۶ یہ لفظ ویدوں کے شروع کرنے سے پہلے اور ختم پر۔ کسی بھجن یا دعا کے شروع میں یا نمسکار کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **اوم نمس سدھ۔** میں اپنے آپ کو اوم کے آگے جھکاتا ہوں۔ پہلا سبق یا دعا

اُومھنا (ھ لازم) ہلنا۔ آگے بڑھنا حرکت کرنا۔ امنگنا۔

اُومی (ھ۔ مؤنث) ۱ کسی اناج کی بھُنی ہوئی بال۔ بھُنا ہوا بھُٹا ۲ (مذکر) اجنبی۔ پردیسی۔ بدیسی

اَون (ع۔ مذکر) ۱ آہستہ سے جانا ۲ آہستہ چال ۳ امن۔ آرام۔

اَون (رنگ۔ حرف جر) اوپر۔ پر۔

اول (ہرا) ہز میجسٹیز سروس (مذکر) بکار سرکار

اَون (مذکر) ۱ حفاظت۔ بچاؤ ۲ مہربانی ۳ تسلی۔ تشفی ۴ خوشی۔ فرحت ۵ خواہش۔ آرزو ۶ تیز رفتار۔ اونی (مؤنث) ایک دریا۔

اُون (ھ۔ مؤنث) بھیڑ کے بال۔ پشم۔ (س۔ اُورن) اونی (صفت) اون کا۔ پشم کا۔

اُون (س۔ صفت) ۱ کم۔ چھوٹا۔ کوتہ قلیل ۲ بچہ۔ بے دانت۔ **اون واچک سنگیا** (مؤنث) تصغیر (علم صرف)

اُوں (ھ) دیکھو انھ۔ **اوں اوں کرنا** (متعدی) رونا۔ بچوں کی طرح ٹھنکنا۔

اُونارہ (صفت) ۱ چھوٹا۔ کم ۲ (مذکر) ایک قسم کی تلوار جو پتلی اور چھوٹی ہوتی ہے ۳ چاقو یا تلوار جو بار بار سان پر چڑھائے جانے سے پتلا ہو جائے۔ **اونا ہو جانا** (لازم) گھس جانا۔ پتلا ہو جانا خراب ہو جانا۔

اوناماسی (ھ۔ مؤنث) الف۔ ب۔

مثل۔ اوناماسی نہ آوے پیا پوتھی لاوے۔ الف۔ ب آتی نہیں ماں کو کہے کتاب لا دے۔ خواہ مخواہ کی ضد کرنا۔

اونا (ھ۔ مذکر) اوڑھنا۔

اُوناش (س۔ مذکر) ۱ تباہی سے چھٹکارا یا بچاؤ ۲ نقصان سے بچاؤ ۳ امان۔ امنیت سلامتی ۴ دوام ہمیشگی۔ **اوناشی** (صفت) تباہی سے بچا ہوا۔ وغیرہ۔

اُونٹ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک پالتو چوپایہ جو ریگستانوں میں بار برداری اور سواری کا کام دیتا ہے۔ شتر ۲ مذاقاً لمبا بیوقوف آدمی (س اُشتر) **اونٹ کا پاد** (مذکر) بے تکی بے معنی بات۔ بے اثر بات۔ **اونٹ کٹارا** (مذکر) ایک خاردار درخت جسے اُونٹ بہت کھاتا ہے۔ **اُونٹ کی پکڑ کُتے کی جھپٹ** دونوں نہیں رُک سکتے۔ **اُونٹ گاؤ** (مذکر) ایک چوپایہ جس کی گردن اُونٹ کی طرح لمبی اور بدن پر لکیریں ہوتی ہیں۔ یہ جانور افریقہ میں جنگلی حالت میں پایا جاتا ہے ۲ زرافہ۔ **اُونٹنی** (مؤنث) مادہ اونٹ **اُونٹنی سوار** (مذکر) ہرکارہ۔ اونٹنی پر چڑھ کر جانے والا۔

امثال و اقوال۔ اُونٹ بڈھا ہوا پر موتنا نہ آیا۔ باوجود عمر زیادہ ہونے کے عقل نہ آئی۔ **اُونٹ برابر ڈیل بڑھایا پاپوش بھر عقل نہ آئی۔** اتنے بڑے ہوگئے اور شعور ذرا نہیں

کسی بیوقوفی کی بات پر یا کام پر کہا جاتا ہے۔ اُونٹ بلبلاتا (بڑبڑاتا) ہی لدتا ہے۔ اس وقت کہتے ہیں۔ جب کوئی کام کرتا ہوا بڑبڑاتا ہے۔ اُونٹ بلبلاتا ہی لڑتا ہے۔ اُونٹ لڑتے وقت بلبلاتا ہے۔ لڑائی جھگڑے میں عموماً شور ہوتا ہے۔ اُونٹ بلبلاں رگئیں ہاں جی ہاں جی کیجیئے (م) ناجائز خوشامد کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ کہ اگر آدمی کہے کہ بلیاں اُونٹ لے گئیں تو بھی ہاں جی ہاں جی کہتے ہیں۔ اُونٹ بہے جائیں مکوڑا کہے مجھے کتھا پانی ہے۔ جہاں بڑوں بڑوں کے حوصلے پست ہوں وہاں ادنے لوگ جرأت کریں۔ اُونٹ پادیگا پادیگا جب پادا تو پھُس۔ ایسی بات کی نسبت کہتے ہیں جو قابل پذیرائی نہ ہو۔ اُونٹ جب بھاگتا ہے تو پچھم کو یا مکہ کو۔ ہر ایک اپنی اصل کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اُونٹ جب تک پہاڑ کے نیچے نہ آئے کسی کو اپنے سے اونچا نہیں سمجھتا یا جانتا ہے مجھ سا کوئی نہیں۔ اُونٹ جب پہاڑ کے نیچے آتا ہے تب آپ کو سمجھتا ہے۔ اپنے سے زبردست سے مقابلہ کرنے پر اپنی طاقت کی اصلیت کھلتی ہے۔ اُونٹ چڑھے کو کُتا کاٹے۔ نہایت بدنصیبی کے موقع پر کہتے ہیں اُونٹ چڑھے بونٹ مانگے۔ بے موقع اور بے محل بات کرنے پر کہا جاتا ہے۔ اونٹ چڑھے کُتا کاٹے یا کھائے۔ مصیبت جب آتی ہے تو اس سے کوئی بچاؤ نہیں۔ اونٹ داغ ہوتے تھے مکڑ بھی داغ ہونے آئے۔ اونٹ غمے جاتے تھے مکوڑے نے بھی ٹانگ پھیلائی کہ مجھے داغو۔ اونٹ دغتے تھے۔ مکڑی بھی دغنے آئی۔ وہاں کہتے ہیں۔ جہاں کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر دعوے کرے۔ اونٹ دیکھئے کس کل (کروٹ پہلو) بیٹھے یا بیٹھتا ہے۔ جب کسی معاملے کا نتیجہ نہ معلوم ہو تو کہا جاتا ہے۔ اُونٹ ڈوبیں بھیڑیں (بکریاں) تھاہ مانگیں۔ اس موقع پر کہا جاتا ہے۔ جب بڑی بڑی مصیبتوں والے تو چپ ہیں۔ مگر جن پر تھوڑی مصیبت ہو شکایت کریں۔ اُونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی۔ بے ڈھنگے آدمی کے قول و فعل کا اعتبار نہیں۔ اونٹ سا قد تو بڑھا لیا پر شعور ذرا نہیں۔ قد اتنا لمبا مگر عقل ذرا نہیں۔ اُونٹ سستا ہے پٹا مہنگا ہے۔ بیٹا باپ سے زیادہ چالاک ہے۔ کام معمولی ہے مزدوری زیادہ ہے دیکھنے کو ذرا سا ہے چالاک بہت ہے۔ اونٹ سے بڑے اور نام چھوٹے خاں۔ ناموزوں نام یا کام کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔ اپنی حیثیت حالت اور طاقت کے خلاف کام کہنے کو تو ذرا سا ہے۔ مگر بڑوں کے کان کاٹتا ہے۔ اُونٹ فرشتے کی ذات ہے۔ اُونٹ کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ اُونٹ کا پادا اونچا جائے۔ بڑوں کی بُرائی اور عیب اکثر مخفی رہتے ہیں۔ اُونٹ کا پاد نہ زمین کا نہ آسمان کا۔ ! بیوقوف بے ڈھنگے کی بات کا کوئی اثر نہیں۔ ؟ بے فیض آدمی سے کسی کو فیض نہیں ہوتا۔ ؟ خراب آوارہ۔ اونٹ کو کس نے چھپر چھائے ہیں۔ بے ضرورت باتیں کون کرتا ہے۔ اونٹ کی پکڑ اور عورت کے فریب سے خدا بچائے۔ دونوں سے جانبری مشکل ہے۔ اونٹ جب پکڑتا ہے جان سے مار کر چھوڑتا ہے۔ عورت کا اگر تعلق ناجائز کسی سے ہو جائے تو خاوند کو جان سے مار دیتی ہے۔ اُونٹ کی پکڑ کُتے کی جھپٹ۔ دونوں نہیں رُک سکتے۔ اونٹ کے پیٹ میں ہنگنیاں کون بناتا ہے۔ خدا کی قدرت کا منکر نہ ہونا چاہیئے۔ اُونٹ کی چوری سر پر کھیلنا۔ اتنے بڑے جانور کی چوری جان جوکھوں کا کام ہے۔ کیونکہ اتنا بڑا جانور چھپ نہیں سکتا۔ اُونٹ کی چوری (جھکے جھکے) ہنورے ہنورے۔ ایسے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جب کوئی نہ چھپنے والی بات کو چھپانے کی کوشش کرے۔ اُونٹ کے گلے میں بلی۔ ! ناموزوں بات غلط مثال۔ بیہودہ دلیل۔ ؟ بے میل رشتہ جیسے میاں بہت بڑا بیوی بہت چھوٹے قد کی یا اس کا اُلٹ۔ ۳ سخت شرائط ۴ ناموزوں کام۔ اُونٹ کے مُنہ میں زیرا۔ جب بہت کھانے والے کو تھوڑی سی خوراک دی جائے یا اتنی چیز میسر آجائے جو اس کے لائق نہ ہو۔ وہاں یہ مثل بولتے ہیں۔ اونٹ گھوڑا بہہ گئے گدھا پوچھے کتنا پانی (م) دیکھو اونٹ ڈوبیں الخ اونٹ لدے بیگاری۔ جہاں خواہ مخواہ کسی کا کام کرنا پڑتا ہے وہاں بولتے ہیں۔ اونٹ مرا کپڑے کے سر۔ مرے ہوئے اُونٹ کی قیمت اس کے اُوپر لدے ہوئے مال میں سے نکالی جاتی ہے یعنی مال کو مہنگا بیچ کر ہر ایک خرچ پورا کیا جاتا ہے۔ اپنا نقصان آدمی دوسروں سے پورا کر لیتا ہے۔ اونٹ مکے ہی کو بھاگتا ہے۔ ہر ایک اپنے اصل کو ہی رجوع کرتا ہے۔ اونٹن کو کن چھپر چھائے۔ گج کا مرگھٹ کربنائے۔ (م) بے ضرورت کام کو کون کرتا ہے۔ اُونٹ نگل جائیں اور دُم سے ہچکیاں لیں۔ بڑی بڑی باتیں کر گزرتے ہیں لیکن بعض وقت معمولی باتوں میں اٹک جاتے ہیں۔ اونٹ نے چھوڑا آک بکری نے چھوڑا ڈھاک۔ اُونٹ آک نہیں کھاتا بکری ڈھاک نہیں کھاتی۔ اونٹ نے نہ پادا نہ پادا۔ پادا تو پھُس۔ باوجود دعوائے متانت کے بیوقوفی کی بات کہنا۔ کسی کی قلعی باتوں سے کھل جائے تو کہتے ہیں۔

اُونٹانا (م۔ متعدی) اُبالنا۔ جوش دلانا۔ کھولانا۔

اُونٹنا (م۔ لازم) اُبلنا۔ جوش کھانا۔ کھولنا۔

اُونجری (م۔ مؤنث) اناج کا وہ ڈھیر جو فصل کے موقع پر مسلمان کسی پیر کے نام پر علیحدہ کر دیتے ہیں۔

اُونچ (م۔ صفت) اونچا کا مخفف۔ اُردو میں علیحدہ استعمال نہیں ہوتا (س۔ اُچ) اونچا (صفت) ! بلند۔ بالا۔ مرتفع ؟ معزز۔ عالی مرتبہ۔ جلیل عظیم ۳ دولتمند۔ امیر ۴ کوتاہ۔ چھوٹا۔ چڑھا ہوا ۵ لمبا نکلتا ہوا ۶ زوردار۔ تیز ۷ افضل۔ برتر۔ اعلیٰ۔ ممتاز ۸ (طنزاً) لمبے قد کا بیوقوف۔ **اُونچا بول بولنا** (لازم) غرور کی بات کہنا۔ فخر کرنا۔ **اُونچا چڑھنا** (لازم) ! کسی اُونچی جگہ پر جانا۔ ہوا میں اُوپر کو اُٹھنا ؟ ترقی کرنا۔ اعلیٰ درجہ حاصل کرنا۔ **اونچا سُر** (مذکر) گانے میں اُونچی آواز۔ **اُونچا سنائی دینا** (لازم) کم سنائی دینا۔ بہرا ہونا۔ **اُونچا سُننا** (متعدی) کم سننا۔ بہرا ہونا۔ **اونچا کانی** (م۔ مؤنث) بہراپن۔ **اونچا کرنا** (متعدی) بلند کرنا اُٹھانا۔ **اونچا گھر** (مذکر) امیر گھرانہ۔ نامور خاندان۔ **اُونچا نیچا** (صفت) ناہموار۔ غیر مسطح۔ **اُونچا ہاتھ** (مذکر) ! بالادستی۔ حکومت ؟ مخیر یا فیاض انسان۔ **اُونچا ہاتھ رہنا** (لازم) ! ہمیشہ دیتے رہنا ؟ ہمیشہ حکومت پر رہنا ۳ قابو پانا ۴ سب سے بڑھ جانا۔ **اونچا ہونا** (لازم) بلند ہونا۔ اُٹھنا۔ **اُونچائی** (مؤنث) بلندی۔ ارتفاع۔ **اُونچ سمجھی نہ نیچ**۔ نفع نقصان نہ سوچا۔ **اونچ نیچ** (مؤنث) ! نشیب و فراز ؟ نیک و بد۔ نفع نقصان ۳ اُتار چڑھاؤ۔ **اونچ نیچ بتانا** (متعدی)

نفع نقصان یا نشیب و فراز سمجھانا۔ **اونچ نیچ پڑجانا**
(لازم) خرابی واقع ہونا۔ بُری بات پیش آنا۔ قیامت
پڑجانا۔ **اونچ نیچ جاننا** (لازم) نشیب و فراز سمجھنا۔
اونچ نیچ دکھانا (متعدی)، **دیکھنا** (لازم) ۱؎
نشیب و فراز سمجھنا ۲؎ احتیاط سے کام کرنا ۳؎ پریشان
ہونا۔ **اونچ نیچ سمجھانا** (متعدی)، **سمجھنا** (لازم)،
نفع نقصان سمجھنا۔ بُرائی بھلائی دیکھنا۔ **اونچ نیچ**
سوچنا (متعدی) غور و خوض کرنا۔ معاملہ اچھی طرح
سمجھنا۔ **اونچ نیچ نہ جاننا** (لازم) نشیب و فراز
نہ سمجھنا۔ تجربہ نہ ہونا۔ **اونچ نیچ ہوجانا** (لازم)
۱؎ نیکی بدی ہوجانا۔ نفع نقصان ہوجانا ۲؎ مرجانا۔
اُونچی (صفت۔ مؤنث) اُونچا کی۔ **اُونچے** (صفت) ۱؎
جمع اُونچا کی ۲؎ بجائے اونچا حروف مغیرہ سے پہلے۔
اُونچی آسامی (مؤنث) مالدار آدمی۔ **اونچی پدوی**
(ہ۔ مؤنث) اونچا درجہ۔ **اونچی چوٹی** (مؤنث) ۱؎ پہاڑ
کی بلند چوٹی ۲؎ سر کے بالوں کو گوندھنے کا ایک طریقہ۔
بال بغیر مانگ نکالے تین حصّے کرکے سر کی انتہائی اونچائی
سے گوندھے جاتے ہیں۔ **اُونچی دُکان** (مؤنث) ۱؎
بڑی اور نامی دُکان ۲؎ زیادہ مال کی دُکان ۳؎ اونچی جگہ
پر بنی ہوئی دُکان۔ **اونچی ذات** (مؤنث) اعلیٰ
ذات۔ برہمن یا چھتری۔ **اُونچے سُر سے گانا**
(لازم) اُونچی آواز سے گانا۔ **اُونچے طبقے کا** (صفت)
اعلیٰ خاندان کا۔ اعلیٰ درجے کے لوگوں میں سے۔
اُونچی گانا یا لینا (متعدی) ۱؎ فخر کرنا۔ اپنی تعریف
آپ کرنا ۲؎ زیادہ قیمت مانگنا ۳؎ اپنی چیز کی تعریف
کرنا۔ **اُونچی ناک والا** (صفت) ۱؎ بڑا مغرور۔ شیخی خورا
۲؎ (طنزاً) بے غیرت۔ **اونچی ناک کرنا** (متعدی)
عزّت و آبرو بنانا۔ **اونچی ناک ہونا** (لازم) لوگوں
میں عزّت بڑھنا۔ **اونچے نیچے پاؤں پڑ جانا**
(لازم) ۱؎ ناہموار زمین پر پاؤں پڑنا ۲؎ بہک جانا۔
عورت کا خراب ہوجانا۔

امثال و اقوال۔ **اونچ برابری**
کھوکھر بانس رِن کھیلوں بارہ ماس (ہ)
سارا سال قرض پر گزارا کرنا کھوکھلے بانسوں کے
ڈنڈوں میں رہنا ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ قرض
پر گزارا کرنا سخت بیوقوفی ہے۔ **اونچ نیچ میں**
بوئی کیاری جو اپجی سو کھیئی ہماری (ہ) اگر
اونچی نیچی زمین میں فصل بوؤ گے تو بہت کم فائدہ ہوگا

اونچو اونچو سب چلیں نیچو چلو نہ کوئے تلسی نیچو
وہ چلے جو گرکھ سے اونچو ہوئے (ہ) جس میں
غرور کا مادہ نہیں اس کے سوا کوئی سکنت سے
نہیں رہ سکتا۔ **اونچے چڑھ کے دیکھا تو گھر گھر**
یہ ہی لیکھا۔ چاہے امیر ہو چاہے غریب ہر گھر میں
دنیاداری کے جھگڑے ہیں۔ **اُونچی دُکان پھیکا**
پکوان۔ شہرت اور نام بڑا حقیقت کچھ بھی نہیں۔
اُونچے سے گرا سنبھل سکتا ہے نظروں سے
گرا نہیں سنبھل سکتا۔ ذلیل ہوکر پھر عزّت حاصل کرنا
مشکل ہے۔ ایک دفعہ بے عزّت ہوکر پھر عزّت
نہیں پا سکتا۔ **اونچے مکان کا زینہ اُونچا**
چاہیئے۔ بڑے کام کے لئے بلند حوصلہ چاہیے۔

اُونچانا (ہ۔ متعدی) اونچا کرنا۔

اُونچھنا (ہ۔ متعدی) کنگھی کرنا۔

اوِندُ (ع۔ صفت) بے نقط یا نشان

اوند (ہ) **اوندھ** (ہ۔ مذکر) وہ رسّی
جس سے چھت کے چھپر کو مضبوط باندھتے ہیں۔

اَوندھ (ہ۔ امر) اوندھنا کا ۲؎ صفت
اُلٹا۔ پٹ۔ مُنہ کے بل۔ **اوندھا** (صفت) ۱؎
اُلٹا۔ مُنہ کے بل۔ پٹ۔ منقلب ۲؎ ٹیڑھا۔ کج۔ خمدار
۳؎ بیوقوف۔ احمق۔ بے سمجھ ۴؎ تباہ۔ برباد ۵؎ گھبرایا
ہوا۔ پریشان ۶؎ مغلوب۔ بیہوش ۷؎ (مذکر) بیوقوف
یا احمق آدمی (س آدھی۔ الٹا + مکھ منہ) (لیٹنا ہونا کے
ساتھ) خلاف وضع فطری کرانے والا۔ گانڈو۔ **اوندھا**
بخت (مذکر) بدبختی۔ بدقسمتی۔ **اوندھا پڑجانا یا**
پڑنا (لازم) منہ کے بل لیٹ جانا۔ **اوندھا دینا**
(متعدی) اوندھانا۔ **اوندھا کرنا** (متعدی) اُلٹا
مُنہ کے بل کردینا۔ پٹ کرنا ۲؎ رشوت دے کر
ملالینا۔ مغلوب کرلینا۔ اپنے مطلب کا بنا لینا ۳؎
مدہوش کردینا۔ نشے میں بیہوش کرنا۔ **اوندھانا**
(متعدی) ۱؎ اُلٹنا۔ پٹ کردینا ۲؎ برتن میں سے پانی گرانا
۳؎ ایک برتن کو دوسرے برتن سے ڈھانکنا ۴؎ برتن
کو اُلٹا کرکے رکھنا ۵؎ گرادینا۔ بکھیر دینا۔ **اوندھ**
جانا یا اوندھنا (لازم) پٹ ہوجانا۔ اُلٹ جانا
۲؎ برباد ہوجانا۔ خراب ہوجانا۔ بالکل بگڑ جانا۔
اوندھی (صفت) اوندھا کا مونث۔ **اوندھی**
پیشانی (مؤنث) جھکا ہوا ماتھا۔ بدقطع آدمی ۲؎
(صفت) بدنصیب۔ منحوس۔ **اوندھی پیشانی کا** (صفت)

کم عقل۔ بیوقوف۔ **اوندھی سمجھ**۔ عقل یا مت (مؤنث)
اُلٹی سمجھ۔ بیوقوفی۔ حماقت۔ **اوندھی سیدھی پٹی**
پڑھانا (متعدی) خلاف واقع بات سمجھانا۔ **اوندھی**
کھوپڑی (مؤنث) دیکھو اوندھی پیشانی۔ **اوندھی**
کھوپڑی کا (صفت) کم فہم۔ بیوقوف احمق۔ **اوندھے**
مُنہ دودھ پینا (متعدی) بچپنے کی بات کرنا۔ بے سمجھ
اور نادان ہونا۔ **اوندھے مُنہ گرنا** (لازم) ۱؎ مُنہ کے بل
گرنا۔ ٹھوکر کھاکر گرنا ۲؎ زک اٹھانا۔ ہار جانا۔ شکست
کھانا ۳؎ ندامت اٹھانا۔ شرمندہ ہونا۔ خفیف ہونا
۴؎ نہایت راغب ہونا۔ ٹوٹ پڑنا۔

امثال و اقوال۔ **اوندھا نصیب**
پھوٹے کرم۔ بدقسمت بدنصیب آدمی کے متعلق کہا
جاتا ہے۔ **اوندھا کھائے لوندھا**۔ بے حیا اور
بے شرم مزے اُڑاتا ہے اور اپنا کام نکال لیتا ہے
اوندھی کھوپڑی اُلٹی مت۔ بیوقوف کے متعلق
کہتے ہیں۔ **اوندھے مُنہ چراغ پاؤں اُلٹ پلٹ**
ہوکر گرے۔ تباہ ہو۔ **اوندھے مُنہ شیطان کا دھکا**
(بددعا) شیطان دھکا دے اور اوندھے مُنہ گرے سخت
نقصان اُٹھائے۔

اَونڈا (س۔ صفت) گہرا۔ کھدا ہُوا

اونڈائی (مؤنث) گہرائی

اَونس (انگ۔ مذکر) ۱؎ ایک وزن جو
ڈھائی تولے کے قریب ہوتا ہے۔ پونڈ کا سولھواں
حصّہ ۲؎ مائعات اور سونے چاندی کو وزن کرنے کا۔
پونڈ کا بارھواں حصّہ ہوتا ہے۔

اونکل بید کرنا (اردو متعدی)
دق کرنا (غف)

اُونگ۔ اُونگن (ہ۔ مؤنث) دیکھو
اونگھ۔ **اونگ لو** (ہ) گاڑی درست اور چلتی کرو اونگ
لینا۔ **اونگنا** (متعدی) ۱؎ دیکھو اونگھنا ۲؎ (ہ) پہیوں
میں یا دُھرے کو چکنائی دینا۔

اُونگلا دینا (اردو۔ متعدی) ۱؎ اُبھار
دینا ۲؎ بہکا دینا ۳؎ رغبت دلانا (غف)

اُونگھ (ہ۔ ا) ۱؎ اونگھنا کا ۲؎ غنودگی
نیند کے جھونکے ۳؎ نیند کے غلبے میں سر جُھکا دینا۔
آنکھیں بند کرلینا ۴؎ پینک (س۔ اُدھی۔ اُلٹا۔ گم۔
جانا) **اُونگھنا** (ف) غنودگی کی حالت میں۔ نیند کے
غلبے میں۔ **اونگھتا** (ہ۔ صفت) ۱؎ اونگھنے

والا ۲ سست اور بیوقوف ۳ جس میں کوئی شان و شوکت نہ ہو ۴ چپ چاپ - **اُونگھنا** (متعدی) غنودگی ہونا - نیند سے جھونکے لینا ۲ سستی سے کام کرنا - آہستہ قدم اُٹھانا ۳ پہیوں یا دھروں میں چکنائی دینا -

امثال و اقوال - اونگھنا جائے موئے کی خبر لائے - ہر چیز کے آثار سے انجام معلوم ہو جاتا ہے - سست نوکر کی نسبت کہتے ہیں **اونگھتے کو ٹھیلنے کا بہانہ** - جہاں کام کرنے کو کوئی آمادہ ہو اسے اس کے کرنے کے لئے تھوڑا سا بہانہ چاہیے ۲ کوئی کام خراب ہو رہا ہو اور کوئی اس میں ذرا سا دخل دے تو سارا الزام اس کے سر تھوپا جاتا ہے - **اونگھتے کو سو جاتے کیا دیر** - جس کام کے کرنے کا ارادہ کر لیا - اس کے کرنے میں کوئی دیر نہیں لگتی -

اُونگھے (ھ - تف) وہاں - اُدھر -

اُونگی (ھ - مؤنث) چُپ - خاموشی - گونگاپن -

اُونھ (ھ - ندا) دیکھو اُنھ - **اُونہوں** (ندا) نہ - نہیں - بہت خوب - واہ - **اُونہیں** (تف) جونہی - ٹھیک اس طریقے پر - ایسے -

اُونی (ھ - مؤنث) ۱ پھرنے والی آوارہ گرد عورت - **اُونی اُونی** (تف) آوارہ -

اُونی (ھ - صفت) اون کی - **مثل - اونی بستر میں دوش نہیں** (ھ) اونی کپڑا ہمیشہ صاف ہوتا ہے - اس کو دھونے کی ضرورت نہیں پڑتی - کسی چیز کی صفائی ظاہر کرنے کو کہا جاتا ہے -

اونی (ھ - مؤنث) اوڑھنی -

اَوَنی (س - مؤنث) زمین - دُنیا - عالم

اَوَنیپ (مذکر) بادشاہوں یا راجاؤں کا خطاب - دُنیا کا بادشاہ - شاہ عالم -

اَوِنے (س - صفت) ۱ بلا تربیت بدتمیز - بدتہذیب ۲ (مذکر) اچھے اخلاق یا تہذیب کی کمی - بدتہذیبی - بدتمیزی - اکھڑپنا - ناشائستگی نامعقولیت بداسلوبی - گستاخی - بے ادبی -

اَونے پَونے (ھ - تف) **اون پون** (ھ) بلا لحاظ قیمت - نقصان اُٹھا کر - کم قیمت پر - **اونے پونے بیچنا** (متعدی) کم قیمت پر بیچنا - نقصان اُٹھا کر کسی چیز کو بیچ دینا - **اونے پونے پر چکوتہ ہونا** (لازم) اصل سے کم روپے پر فیصلہ ہونا -

اووَر (انگ - تف) ۱ اوپر ۲ زیادہ ۳ (مذکر) پار ۴ اختتام - آخیر - خاتمہ ۵ کرکٹ کے کھیل میں بالر کا چھ گیند لگاتار کرنا (ان معنوں میں ختم ہونا کرنا ہونا کے ساتھ) **اوور باؤنڈری** (مؤنث) کرکٹ میں ایسی ہٹ جو حد سے پار جا کر زمین پر گرے - **اوور بڈ** (مذکر) کسی سے بڑھ کر بولی دینا (کرنا کے ساتھ) **اوور ٹائم** (مذکر) زائد وقت جو ملازمان کام کرتے ہیں - مقررہ وقت کے علاوہ وقت - **اوور ٹیک** (مذکر) کسی جاتے ہوئے شخص کو پیچھے سے جا ملنا (کر لینا کرنا کے ساتھ) **اوورسی** (تف) سمندر پار - **اوورسی الاؤنس** (مذکر) وہ تنخواہ سے زائد رقم جو فرنگیوں کو ہندوستان میں آنے کے لئے دی جاتی ہے - **اوورسیئر** (مذکر) ناظر - داروغہ - مہتمم عمارات - کسی کام کا مہتمم - **اوورکوٹ** (مذکر) بڑا کوٹ جو سب کپڑوں کے اُوپر پہنا جاتا ہے -

اوہ - اوہ جی (ہ - کلمہ استغنا) ۱ کیا پروا ہے - کچھ فکر نہیں ۲ تکلیف میں بھی یہ کلمہ کہا جاتا ہے ۳ اونہ -

اُوہ (س)، **اُوہا** (ہ - مذکر) ۱ غور و خوض سوچ - دلیل - منطق - نتیجہ - انومان - پھل - ارتھ ۲ محذوف لفظ کو مہیا کرنا - **اوھِیہ** (صفت) نتیجہ نکالا ہوا - مہیا کیا ہوا وغیرہ -

اوہا (ہ - مذکر) چولھے کا وہ حصہ جس پر برتن یا توا رکھ کر پکاتے ہیں (غالباً لوہا سے)

اوہار (ھ - مذکر) پردہ - اوڑھنا - دیکھو اہار -

اَوہام (ع - مذکر) وہم کی جمع - ذہنی تصورات - تخیل - افکار - **اوہامیہ** (مذکر) توہمات کا یقین -

اُوھو - اُہُو (ہ - کلمہ استعجاب و مسرت) واہ وا - شاباش - آفرین -

اُوئی (ہ - کلمہ تعجب و افسوس) ۱ تکلیف میں عورتیں یہ کلمہ کہتی ہیں ۲ کسی وقت ناز و نخرے سے ۳ کسی وقت بے حیائی کی بات پر اظہارِ نفرت کے لئے بھی کہتی ہیں - **اُوئی اللہ** (ع)، دیکھو اوئی -

اَویا (ہ - صفت) آنے والا - مستقبل **اویا جویا** (مذکر) آنا جانا -

اَوِیاپت (س - مؤنث) ۱ کسی چیز کی تعریف نامکمل ہونا ۲ (صفت) نہ پھیلا ہوا - نہ سرایت کیا ہوا -

اَویاکُل (س - صفت) ۱ غیر پریشان ۲ مضبوط - مطمئن - دلجمع - بے فکر -

اَویاہت (س - صفت) نہ پیچھے ہٹا ہوا - نہ ڈرا ہوا - نہ گھبرایا ہوا -

اَویر (س - صفت) بیکس - بیچارہ - آدھین - کمزور - عاجز -

اَویر (ہ - مؤنث) ۱ دیر - تاخیر ۲ (تف) دیکھو ابیر (س ا - نہیں + ویلا - وقت) **اویر سویر** (تف) وقت بیوقت ۲ آگے پیچھے - کسی کسی وقت اویر سویر درست ہو جائیگا - تھوڑے عرصے میں ٹھیک ہو جائیگا - **اویر کر کے آنا** (لازم) دیر سے آنا - جس وقت کا وعدہ تھا اس کے بعد آنا - **اویر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیر ہونا ۲ ٹل جانا -

اَویرا (س - مؤنث) بے اولاد بیوہ - نسنتان ودھوا -

اُویس (ع - مذکر) بھیڑیا -

اَوِیکت (س - صفت) ۱ جو ظاہر نہ ہو وہم جو نظر نہ آئے - نہاں ۲ غیر محسوس - نامعلوم - بےحس ۳ (مذکر) پرمیشور - پرماتما ۴ آتما - رُوح ۵ طبیعت - سرشت - مزاج - خمیر -

اَہ (ھ - مؤنث) ۱ انانیت - خودی - خودداری - اہنکار ۲ خودبینی - خودستائی - تکبر - غرور - فخر ۳ مشکل - تکلیف - امتحان - آزمائش - پریکشا ۴ (مذکر) دن -

اَہِ (س - مذکر) ۱ سانپ - ناگ ۲ بادل ۳ پانی ۴ سورج ۵ مسافر ۶ سیسہ ۷ ناف ۸ عدد ۸ ۹ راہو ۱۰ ایک رشی - **اَہ کھَون** (مذکر) سانپوں کا گھر - سانپ کا بل - **اَہِ پھَن** (مذکر) سانپ کا زہر ۲ سانپ کا پھن ۳ افیون - **اَہراج - اَحیس - اَحیش** (مذکر) ۱ سانپوں کا بادشاہ یا راجہ ۲ شیشناگ کا ایک نام - **اَہ سیج** (مذکر) وشن جی کا پلنگ جو دودھ کے پلنگ پر ہے - اور شیشناگ کے ہزار سروں کا بنا ہوا ہے -

اِہ - ایہ - ایھَہ (س - صفت) ۱ یہ ۲ (تف) اس جگہ - یہاں - اس دُنیا میں - اِہامُتر

(تف) یہاں - وہاں - اس دُنیا میں - دوسری دُنیا میں

ایہ کال (مذکر) یہ وقت - موجودہ زندگی - ایھ لوک یہ دُنیا -

اُھَ - اُھ (س. صفت) وہ -

اَہا - اَہّا (ہ. کلمہ تعجب) دیکھو آہا -

اَہا ہا ہا (کلمہ تعجب و انبساط) یہ کلمہ نہایت خوشی کی حالت میں مُنہ سے نکلتا ہے یا جب کسی چیز کو دیکھ کر تعریف یا تعجب ظاہر کرنا مقصود ہو

اَہار (ہ - مذکر) ۱ کھانا - خوراک - سالن ۲ خور و نوش ۳ کلف - نشاستہ - مادہ (س - آہار) اہار چڑھانا - دینا یا لگانا - اہارنا (متعدی) کلف لگانا - چیپ لگانا - اہار کرنا (متعدی) کھانا -

امثال - اہار چُوکے وہ گئے بیوپار چُوکے وہ گئے - دربار چُوکے وہ گئے - سسرال چُوکے وہ گئے - جس نے کھانے - سوداگری - دربار یا سسرال میں غلطی کی وہ تباہ ہوا - اہاروں تھکے بہواروں تھکے - ہر طرح سے ناچار - اہارے بیوپارے لجّا نہ کارے - کھانے اور بیوپار میں کوئی شرم نہیں -

اُہار (ہ - مذکر) ۱ پوشش - اوڑھنا - چادر ۲ غلاف ۳ گاڑی - بہلی - پالکی ۴ ڈولی کا پردہ - **اہارنا** (متعدی) ننگا کرنا - کپڑا اتار لینا - اگھاڑنا -

اَہالی (ع - مذکر) اہل کی جمع ۱ صاحبان ۲ کام کرنے والے - لوگ ۳ باشندے - باسی - رہنے والے ۴ متعلقین - ملازمان - **اہالیانِ لشکر** (مذکر) لشکری - سپاہیان - **اہالی (و) موالی** (مذکر) ۱ لوگ - امیر و غریب ۲ درباری ۳ متعلقین - نوکر چاکر - عملہ ۴ یار دوست - مصاحب -

اَہاں (ہ - حرف ندبہ) نہیں - ہرگز نہیں اونہوں - نہ -

اِہاں (ہ - تف) یہاں -

اُہاں (ہ - تف) وہاں -

اِہانت (ع - مؤنث) بے عزتی - ہتک توہین - تحقیر - سبکی - ذلّت - خفّت (کرنا - ہونا کے ساتھ) (ہون - ہلکا ہونا)

اِہباط (ع - مذکر) تہ میں بیٹھنا -

اِہت (س صفت) ۱ بغیر محبت یا الفت ۲ مخالف - دشمن ۳ (مذکر) جو دوست نہ ہو ۴ دشمن - عدو ۵ محبت کی کمی - دشمنی ۶ ضرر - چوٹ - گزند - زیاں

اہت کاری (صفت) مخالف - نامہرباں ۲ (مذکر) مخالف آدمی - دشمن - **اہت منا** (صفت) مخالف - نفرت کرتے ہوئے -

اِہتجار (ع - مذکر) بدزبانی کرنا (ہجر - بیہودہ باتیں کرنا)

اِہتدا (ع - مؤنث) راہ پانا - راستہ بنانا - راہ پر لانا - ہدایت کرنا (ہُدیٰ - سیدھی راہ دکھانا)

اِہتزاز (ع - مذکر) ۱ خوشی - انبساط (پانا - ہونا کے ساتھ) ۲ جنبش - جھلاؤ (ہز - خوش ہونا نیک کام کر کے)

اِہتمام (ع - مذکر) انتظام - بندوبست انصرام - سرانجام (کرنا ہونا کے ساتھ) (ہَمّ - ارادہ کرنا)

اہتمام بندی (مؤنث) ایک اندراج جس میں پرگنوں کی تعداد اور زمینداروں کے نام ہوتے ہیں - **اہتمام دار** (مذکر) وہ محصل جسے زمیندار تحصیل لگان کے لئے مقرر کرے - **اہتمام کناں** (صفت) انتظام کرتا ہوا - **اہتمام میں رکھنا** (متعدی) کسی کے سپرد کرنا - کسی کے قبضے میں رکھنا - **اہتمام میں لینا** (متعدی) اپنے قبضے میں لینا - اپنا انتظام کرنا -

اِہدا (ع - مذکر) ۱ تحفہ بھیجنا ۲ قربانی کا جانور مکہ کو بھیجنا -

اِہدار (ع - مذکر) ۱ خون بہانے دینا ۲ حق مار لینا -

اِہداف (ع - مذکر) ہدف کی جمع -

اَہدب (ع - صفت) جس کی پلکیں لمبی ہوں -

اَہرا (ہ - مذکر) ۱ دیکھو آہرا ۲ آگ جلانے کے لئے اپلوں یا لکڑی کا ڈھیر - الاؤ - پوار -

اِہراع (ع - مذکر) ۱ تیز چلنا ۲ غصّہ بخار - کمزوری یا ڈر سے کانپنا ۳ ڈرانا -

اَہرام (ع - مذکر) ہرم کی جمع - مینار - چار پہلو مخروطی شکل کے مینار - **اہرام مصری** (مذکر) وہ مینار جو مصر میں ۴۰۰۰ قم اور ۲۵۰۰ قم کے درمیان فراعنہ مصر نے اپنے مقبروں کے طور پر بنوائے تھے - ان میں سب سے بڑے تین مصر کے چوتھے قدیمی خاندان کے فراعنہ خوفو - خفرا اور مینکورا نے بمقام غازا تعمیر کرائے تھے - ان کے علاوہ اور چھوٹے چھوٹے بمقام میدوم - سقارا - ابوسیر وغیرہ ہیں -

اِہرام (ع - مذکر) کمزور کر دینا -

اَہر تہر (ہ - مؤنث) ۱ تلاطم ۲ گھبراہٹ ۳ مرتے دم کی الجھن (پڑنا کے ساتھ)

اَہرشٹ (س - صفت) ناخوش - غمگین

اَہرمان - اَہرمَن (ف - مذکر) بدی کی طاقت - بدی کا دیوتا - شیطان -

اَہرمزد (ف - مذکر) خدا تعالےٰ - پارسیوں کے خدا کا نام ۲ نیکی کی طاقت -

اَہرن (ہ - مذکر) لوہے کی نہائی جس پر لوہار لوہا کوٹتے اور سنار سونا چاندی کوٹتے ہیں -

اَہرن (ہ - مذکر) ۱ اغوا کرنے والا شخص شیطان ۲ گشتاسپ کے سالے کا نام -

اُہرنا (ہ - لازم) ننگا ہونا - برہنہ ہونا عریاں ہونا - بے پردہ ہونا - کھل جانا ۲ سوجن کا اتر جانا ۳ دریا کے چڑھاؤ کا اتر جانا ۴ کسی چیز کا تہ میں بیٹھ جانا -

اَہرنش (س - مذکر) ۱ دن - رات - تمام دن ۲ (تف) سارے دن میں - ہمیشہ - لگا تار -

اَہری (ہ - مؤنث) چھوٹا تالاب یا جوہڑ -

اَہل (ع - مذکر) ۱ آدمی - شخص - بشر - فرد - رکن ۲ باشندہ - متوطن - رہنے والا ۳ صاحب - مالک - خداوند ۴ کنبہ - خاندان - بیوی ۵ ملازم - نوکر - تعلقدار ۶ (صفت) لائق - قابل - ہنرمند - شریف - خلیق - شائستہ (اَہل - شادی کرنا) **اہلِ اتّقا** (مذکر) ۱ پرہیزگار - عابد یا زاہد آدمی ۲ وفادار یا باوفا شخص - **اہلِ اجتہاد** (مذکر) مفتی - فقیہ - **اہلِ اختیار** (مذکر) حاکم - رئیس - **اہلِ ادراک** (مذکر) سمجھدار - عقلمند یا خدا رسیدہ لوگ - **اہلِ استوہ** (مذکر) ۱ مصیبت زدہ لوگ ۲ مغموم شخص ۳ تھکے ماندے آدمی - **اہلِ اسلام** (مذکر) مسلمان - مسلم - **اہلُ الاہوا** (مذکر) اسلام کے وہ فرقے جن کے اصول اہلِ سُنّت سے قدرے مختلف ہوں - جیسے رافضی - خارجی - جباریہ - قادریہ وغیرہ - **اہلُ البیُوتات** (مذکر) اصل میں ایرانی نسل کے بڑے بڑے امرا کو کہتے تھے - پھر امرا کو عام طور پر کہنے لگے - **اہلُ الجبل** (مذکر) فلسطین میں حوران کے بدوؤں کو کہتے ہیں - **اہلُ الحق** (مذکر) شیعوں کا ایک فرقہ جسے علی اللٰہی بھی کہتے ہیں - یہ حضرت علیؓ کو خدا کا اوتار مانتے ہیں - **اہلُ الدّار** (مذکر) موحدیہ سلطنت میں چھٹے درجے کے لوگ - **اہلُ الذّمہ** (مذکر)

ذمی۔ عیسائی اور یہودی جو جزیہ ادا کرتے تھے اور
مسلمان ان کی حفاظت کے ذمہ دار تھے۔ اہلُ القبلہ
(مذکر) مسلمان۔ اہلُ القیاس (مذکر) وہ مسلمان جو
فیصلہ کرنے میں قیاس کو ترجیح دیتے ہیں۔ اہلُ الکِسا
(مذکر) دیکھو اہلِ بیت۔ اہلُ اللہ (مذکر) اللہ والے
لوگ۔ ولی۔ خدا رسیدہ۔ عابد۔ زاہد یا پرہیزگار آدمی۔
اہلُ النظر (مذکر) فلسفہ دان۔ فلسفیان۔ اہلِ انجمن
(مذکر) حاضرینِ جلسہ۔ اہلِ ایمان (مذکر) ایماندار
شخص۔ اہلِ باطن (مذکر) صاف باطن لوگ۔ صاحبِ
باطن۔ عارف۔ صاحب کشف و کرامات۔ اہلِ بزم
(مذکر) حاضرینِ جلسہ۔ جو لوگ مجلس میں شریک ہوں
اہلِ بدعت (مذکر) وہ شخص جو بدعت کرے۔ بدعتی
ملحد۔ اہلِ بہشت (مذکر) ! جنّت میں جانے والے
لوگ۔ جنّتی۔ بہشتی ! ساکنانِ بہشت۔ حوریں۔ غلمان
وغیرہ۔ اہلِ بَیت (مذکر) گھر کے لوگ۔ خصوصاً
آنحضرتؐ کے گھر اور خاندان کے لوگ۔ اہلِ بینش
(مذکر) عقلمند لوگ۔ دانا آدمی۔ اہلِ تسنّن (مذکر)
اہلِ سنّت والجماعت۔ سُنّی۔ مسلمانوں کا سب سے
بڑا فرقہ جو پہلے چار خلفائے کبار کو برحق مانتا ہے
ان کے چار سلسلے ہیں۔ حنفی۔ شافعی۔ مالکی۔ حنبلی۔ یہ
لوگ صحاحِ ستہ۔ حدیث کی چھ کتابوں کو صحیح مانتے
ہیں۔ اور ان پر عمل کرتے ہیں۔ اہلِ تشیُّع (مذکر)
مسلمانوں کا وہ فرقہ جو صرف حضرت علیؓ کو خلیفہ
تسلیم کرتا ہے۔ یہ لوگ ایران میں بہت کثرت
سے ہیں۔ اہلِ تَصَوُّف (مذکر) صوفی۔ اہلِ تفسیر
(صفت) مفسر۔ قرآن شریف کی تفسیر لکھنے اور
سمجھنے والا۔ اہلِ تقوےٰ (صفت) دیکھو اہلِ اتقا۔
اہلِ تنجیم (مذکر) نجومی۔ اہلِ جنّت (مذکر)
اہلِ بہشت۔ اہلِ حدیث (مذکر) مسلمانوں کا
ایک فرقہ جو قرآن اور حدیث پر عمل کرتا ہے اور فقہ کو نہیں
مانتا۔ وہابی۔ اہلِ حرفہ (مذکر) پیشہ ور۔ کاریگر۔
ہنرمند۔ اہلِ حرم (مذکر) حرم کے رہنے والے لوگ
اہلِ حقوق (صفت) حقدار۔ وارث۔ اہلِ خانہ
(مؤنث) گھر کی مالک۔ گھر والی۔ بیوی۔ زوجہ۔
اہلیہ۔ استری۔ اہلِ خدمت (مذکر) ملازمِ سرکار
اہلکار۔ اہلِ خرد (صفت) عقلمند۔ دانا۔
اہلِ خیانت (صفت) خائن۔ بے ایمان۔ اہلِ
دستگاہ (صفت) عالم۔ فاضل۔ دانا۔ اہلِ دل

(صفت) ! بہادر۔ شجاع۔ حوصلے والا۔ جری۔ دلیر ۲
سخی۔ فیاض۔ اہلِ دَلق (صفت) گودڑی والے۔
فقیر۔ درویش۔ اہلِ دُنیا (مذکر) دُنیا کے لوگ دنیا دار
دُنیا کے بندے۔ اہلِ دُوَل (مذکر) امیر۔ دولتمند۔
لوگ۔ مالدار۔ بادشاہ۔ اہلِ دید (مذکر) تماشائی۔
تماشا دیکھنے والے لوگ۔ اہلِ دیوان (مذکر)
وزیر۔ اہلِ ذکر (مذکر) وہ شخص جو کتبِ مقدسہ کا عالم
ہو۔ اہلِ ذوق (صفت) ! جن کا مذاق اچھا ہو۔
عابد۔ زاہد۔ خدا پرست ! عیش پرست۔ اہلِ رزم
(مذکر) سپاہی آدمی۔ بہادر۔ اہلِ روزگار (مذکر)
نوکری پیشہ لوگ۔ ملازم ! دنیادار۔ ابن الوقت۔
اہلِ ریش (مذکر) داڑھی والے۔ جنھوں نے داڑھی رکھ
چھوڑی ہو۔ اہلِ زبان (مذکر) ! وہ شخص جس کی مادری زبان
مستند سمجھی جاتی ہے یا جس کی مادری زبان کوئی
خاص زبان ہو ۲ زبان دان۔ ماہرِ زبان۔ زبان کا واقف
اہلِ زمان یا زمن (مذکر) زمانے کو سمجھنے والا۔ زمانے
کے موافق کام کرنے والا۔ ابن الوقت۔ اہلِ زمین (مذکر)
دُنیا کے باشندے۔ مخلوقات جو دُنیا میں پائی جاتی ہے
اہلِ زہد (مذکر) دیکھو اہلِ اتقا۔ اہلِ سخاوت (مذکر)
سخی لوگ۔ اہلِ سخن (مذکر) شاعر۔ اہلِ زبان۔ اہلِ
سنت (والجماعت) (مذکر) دیکھو اہلِ تسنن۔
اہلِ سیف (مذکر) سپاہی۔ تلوار والے۔ فوجی آدمی۔
اہلِ شر (مذکر) شرارتی۔ فسادی آدمی۔ اہلِ شرع
یا شریعت (مذکر) شرع کے واقف۔ قانون دان۔ وکیل
۲ شرع پر چلنے والے۔ اہلِ شکوہ یا شوکت (مذکر)
امیر کبیر۔ بڑے آدمی۔ دولتمند۔ اہلِ شناخت (مذکر)
جن کو شناخت یا سمجھ ہو۔ سمجھدار لوگ۔ عقلمند لوگ۔
اہلِ صفا (مذکر) صاف دل لوگ۔ اہلِ تصوف۔ اہلِ
صُفّہ (مذکر) دیکھو اصحابِ صفّہ۔ اہلِ صنعت (مذکر)
دستکار۔ کاریگر۔ ہنرمند۔ اہلِ طاعت (مذکر) خدا
کی اطاعت کرنے والے لوگ۔ وفادار لوگ۔ اہلِ طبع
(مذکر) قابل آدمی۔ ذہین۔ اہلِ طریق یا طریقت (مذکر)
قانونِ اسلام پر چلنے والے مسلمان۔ اہلِ ظرف (مذکر) شریف۔ حوصلے والے
اہلِ ضلال (مذکر) کافر۔ مشرک۔ اہلِ عرفان (مذکر) عالم۔ فاضل
لوگ ! عارف۔ زاہد۔ اہلِ عزا (مذکر) ماتم کرنے والے لوگ۔ اہلِ عقل (مذکر)
دیکھو اہلِ خرد۔ اہلِ علم (مذکر) عالم۔ فاضل۔ اہلِ عملہ
(مذکر) ملازماں۔ عملے یا محکمے کے آدمی۔ اہلِ غرض
(مذکر) ضرورتمند۔ غرض والے آدمی۔ اہلِ فرنگ (مذکر)

فرنگی۔ یورپین۔ اہلِ فضل (مذکر) عالم۔ فاضل۔ نیک۔
اہلِ فہم (مذکر) دیکھو اہلِ خرد۔ اہلِ قبلہ (مذکر) مسلمان
جو قبلے کی طرف مُنہ کریں۔ اہلِ قرآن (مذکر) مسلمانوں
کا ایک فرقہ جو صرف قرآن پر عمل کرتا ہے۔ اور حدیث و
فقہ کا قائل نہیں۔ اہلِ قریہ (مذکر) گاؤں کا باشندہ۔
اہلِ قلم (مذکر) منشی۔ محرر۔ جن کا پیشہ لکھنے پڑھنے سے
متعلق ہو ۲ مصنف۔ اخبار نویس۔ مضمون نویس۔ اہلِ کار
یا اہلکار (مذکر) کارکن۔ کارندہ۔ منشی۔ سرکار کا یا نج کا ملازم۔
اہلِ کتاب (مذکر) وہ پیغمبر جن پر آسمانی کتابیں نازل
ہوئیں۔ ایسے پیغمبروں کی امت۔ عام طور پر یہودی عیسائی
اور مسلمان اہلِ کتاب کہلاتے ہیں۔ ہندو۔ آتش پرست
بدھ۔ جین اہلِ کتاب شمار نہیں ہوتے۔ اہلِ کرم
(مذکر) فیاض لوگ۔ سخی لوگ۔ اہلِ کسب (مذکر)
پیشہ ور لوگ۔ اہلِ کمال (مذکر) کمل۔ نہایت اچھا
آدمی۔ جس نے کسی کام میں کمال حاصل کیا ہو۔ اہلِ
لسان (مذکر) اہلِ زبان۔ جس نے اپنی زبان میں کمال
حاصل کیا ہو۔ اہلِ مجالس (مذکر) تماشہ کرنے والے
لوگ۔ طائفے۔ ایکٹر۔ اہلِ مجلس (مذکر) مجلس میں بیٹھنے
والا آدمی۔ درباری۔ ندیم۔ مددگار ! شیعوں میں مرثیہ خوانی
کی مجلس میں شامل ہونے والے لوگ۔ اہلِ محاسبہ
(مذکر) حساب دان۔ اکونٹنٹ۔ اہلِ محبت (مذکر)
وہ لوگ جن میں محبت کا مادہ ہو۔ عاشق۔ اہلِ محشر
(مذکر) وہ لوگ جو قیامت کے دن زندہ ہوں گے۔
اہلِ محلہ (مذکر) محلے والے لوگ۔ ہمسائے۔ اہلمد
(مذکر) ! کسی ایک صیغے میں کام کرنے والا کلرک !
مالگذاری کا محاسب ۳ محرر جو عدالتوں میں پیشکار
کے ماتحت لکھنے کا کام کرتا ہے۔ اہلِ مروت (مذکر)
وہ لوگ جو مُروّت کرتے ہوں۔ اہلِ مذاق (مذکر)
دیکھو اہلِ ذوق۔ اہلِ مشورت (مذکر) صلاحکار۔
جس سے مشورہ کیا جائے۔ اہلِ معاش۔ جاگیردار۔
اہلِ معرفت (مذکر) ! خدا کا علم رکھنے والے لوگ۔ خدا پرست
لوگ۔ زاہد۔ پرہیزگار ۲ عالم۔ فاضل۔ اہلِ مکہ (مذکر)
مکّہ کا باشندہ۔ اہلِ مُلک (مذکر) ملک کے باشندے
ہموطن۔ اہلِ منصب (مذکر) اعلےٰ رتبہ رکھنے والے
لوگ۔ عالی مرتبہ۔ وزیر۔ افسر۔ اہلِ نشاط (مذکر)
! خوش و خرم لوگ۔ عیش پرست ۲ ناچنے گانے والے
لوگ۔ اہلِ نُصرت (مذکر) ہم منصب لوگ۔ ہم رتبہ
لوگ ! ممد۔ معاون۔ سہائک۔ اہلِ نظر (صفت)
! آنکھوں والے ! نگاہ میں اثر رکھنے والے ۳

اہلِ بصیرت۔ صاحب اثر۔۲ جانچنے والا آدمی۔ پرکھنے والا آدمی ۵ عاشق۔ طالب دیدار۔ اہلِ نعیم (مذکر) جنتی۔ اہلِ نفاق (مذکر) دغاباز آدمی۔ فریبی شخص۔ نفاق پھیلانے والا آدمی۔ شرارتی آدمی ۲ بے ایمان۔ بے دین۔ اہلِ نفس (مذکر) عیاش۔ بدکار لوگ۔ اہلِ نگاہ (صفت) دیکھو اہل نظر۔ اہلِ وراثت (مذکر) وراثت کا حقدار۔ وارث۔ اہلِ وعیال (مذکر) بیوی بچے متعلقین۔ اہلِ وقار (مذکر) رعب وداب والے لوگ۔ بڑے آدمی۔ اہلِ وقوف (مذکر) کاریگر۔ اہلِ ہجر (مذکر) دوستوں سے جدا۔ مغموم۔ اداس۔ غمگین۔ اہلِ ہنر (صفت) ہنرمند۔ ماہرِ فن۔ اُستاد۔ ہنر کا جاننے والا۔ اہلِ ہنود (مذکر) ہندو (غف) یہ ترکیب غلط ہے۔ اہلیت (مؤنث) قابلیت۔ آدمیت۔ لیاقت۔ اہلیت نہ رکھنا (متعدی) قابلیت نہ رکھنا۔ اہلیہ (مؤنث) بیوی۔ جورو۔

امثال اہل البیت ابصر بما فی البیت۔ گھر والے دیکھتے ہیں اس چیز کو جو گھر میں ہوتی ہے۔ کسی جگہ کے حالات وہاں کے رہنے والوں کو خوب معلوم ہوتے ہیں۔ اہل الغرض مجنون ۔ غرض والا پاگل ہوتا ہے وہ چاہتا ہے اس کا کام ہو جائے۔ چاہے کچھ ہو۔

ابلاس (ع۔ مذکر) ۱ آہستہ سے ہنسنا ۲ خفیہ باتیں کرنا۔

اہلاک (ع۔ مذکر) ہلاکت تباہی بربادی فنا ہلاک کر ڈالنا

اہلال (ع۔ مذکر) ۱ نیا چاند دیکھنا ۲ لبیک کہنا ۳ جانور حلال کرتے ہوئے اللہ کا نام لینا۔

اہلے گہلے (اُردو۔ تف) اتراتے ہوئے معشوقوں کی طرح۔ ناز و انداز سے۔ اہلے گہلے پھرنا (لازم) ۱ خوش خلیاں کرتے پھرنا ۲ اتراتے پھرنا۔ ناز و نخرے سے چلنا ۳ خوش خوش پھرنا (عورت کے لئے) اہلی گہلی پھرنا۔

اہم (س۔ ضمیر واحد متکلم) میں۔ اہمجن (صفت) ۔۔۔ خود بین۔ خود کو جاننے والا (مذکر) خود بینی۔ آ آ ۔۔۔ ن۔ اہم سترگ (صفت) بڑا۔ با وقعت۔ سزوری۔ اہم مت (مونث) ۱ روحانی دھوکا ۔ روحانی غفلت۔ اپنے آپ کو ۔۔۔ میں رکھنا ۲ مغرور۔ ۔۔۔ شہر۔ ابھی مان۔

اَہم (ع۔ صفت) ہم کی تفضیل بمعنی کل۔ بہت یا زیادہ ۔ سخت یا مشکل۔ اہم ترین (صفت) نہایت مشکل۔ اہم فریضہ (مذکر) مشکل فرض۔ اَہمیّت (مؤنث) ۱ اہم ہونا۔ مشکل ہونا ۲ خصوصیت۔ ضرورت۔

اِہمال (مذکر) اہمالی (ع۔ مؤنث) ۱ غفلت سستی۔ بے پروائی۔ بے توجہی ۲ تاخیر۔ دیر (ہمل۔ آوارہ پھرنا)

اَہَن (ھ۔ تف) نہیں۔ نہ۔

اَہَن (س۔ ضمیر) بجائے اَہم مرکبات میں۔ اَہنتا (مؤنث) خودی۔ اہن چندر سُوری (مذکر) ایک مصنف کا نام۔ اہنسا (مؤنث) ۱ بیگناہی معصومیت ۲ بچاؤ۔ سلامتی۔ اہنسک (صفت) بے ضرر بے زبان۔ بے مضرت۔ اہنکار (مذکر) ۱ خودستائی۔ خودثنائی۔ خودی ۲ غرور۔ تکبر۔ ابھیمان۔ اَہنکاری۔ اَہنکرت (صفت) خود بیں۔ خود فروش مغرور۔ متکبر۔ ابھیمان۔

اَہنَود (ف۔ مذکر) ان پانچ دنوں میں سے پہلا دن جو سال قمری میں اسے سال شمسی کے برابر کرنے کے لئے ملائے جاتے ہیں۔

اَہنی (ھ۔ مؤنث) اَہ کا۔ ناگن۔

اَہو (س۔ حرف ندا) دیکھو اہا۔ اہو بھاگ (کلمہ انبساط) میری خوش قسمتی۔

اَہوا (ع۔ مذکر) ہوا کی جمع خواہشیں محبتیں

اِہوا (ع۔ مذکر) ۱ ارادہ کرنا ۲ اشارہ کرنا۔ اشارے سے بلانا ۳ عزیز رکھنا۔

اَہوال (ع۔ مذکر) ہول کی جمع۔

اَہواند (ف۔ مذکر) دیکھو اَہنَود۔

اَہو بھالیہ (ھ۔ صفت) بد قسمت بدنصیب۔ کمبخت۔ بدبخت۔

اَہو راتر (س۔ مذکر) ۱ دن رات۔ دن چوبیس گھنٹے کا ۲ (تف) رات دن۔ لگاتار۔ ہمیشہ۔

اَہوَل (ع۔ صفت) بہت ہولناک یا ڈراونا

اَہُون (ھ۔ تف) نہیں (عو)

اُہو ہو۔ اہو ہو ہو (ھ۔ کلمہ انبساط) دیکھو اہا ہا۔

اَہے (ھ۔ حرف ندا) اوہ۔

اِہی (ھ۔ صفت) یہی۔

اُہی (ھ۔ صفت) وُہی۔

اَہیبات۔ اَہیوات (ھ۔ مؤنث) ۱ شادی شدہ عورت کی حالت جس کا خاوند زندہ ہو۔ سہاگ ۲ خوش قسمتی۔ سعادت ۳ محبت الفت۔ اہیباتی (مؤنث) عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔ سہاگن۔

اَہیتک (س۔ صفت) بے سبب بلا وجہ۔

اَہیٹا (ھ۔ مذکر) وہ شخص جو بنیا فصل پر اس لئے تعینات کیا جائے کہ جب تک قرض ادا نہ ہو جائے فصل نہ اُٹھانے دے۔

اَہیرو (س۔ مؤنث) ایک پودا۔

اَہیرا (س۔ مذکر) (ھ۔ مؤنث) ۱ شکار۔ صید افگنی ۲ شکار۔ جانور جس کا شکار کیا جائے۔ اہیری۔ اہیریا (مذکر) شکاری۔ صیاد۔ نیلیا بھیلیا چڑی مار۔

اِئتلاف (ع۔ مذکر) ۱ میل جول میل ملاپ۔ اتحاد ۲ دوستی۔ بے تکلفی۔ محبت ۳ تعلق ۴ خط و کتابت (اُلفت۔ ملنا)

اَئِمّہ (ع۔ مذکر) امام کی جمع۔

اِی (ہ۔ مؤنث) دیوناگری رسم الخط کا چوتھا سور ایکار (ھ۔ مذکر) حرف ای یا اس کی آواز۔ ایکارنت (ھ۔ صفت) (صرف ونحو) لفظ جو صرف ای پر ختم ہو۔

اِی (انگ۔ مؤنث) انگریزی الف ب ت کا پانچواں حرف۔ ای اے سی (مذکر) اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر کا مخفف۔ وہ سول افسر جو فوجداری مقدمات کے فیصلے کرتا ہے۔

اَیّ (ع۔ حرف ندا) اے ایہا الرجل (ندا) اے لوگو۔ اَیُّہَا الرَّجُل (ندا) اے آدمی۔ اے بندے۔ اَیُّہَا النَّاس (ندا) اے لوگو۔

اَے (ہ۔ مذکر) دیوناگری رسم الخط کا گیارھواں سور۔ ایکار (ھ۔ مذکر) حرف اے یا اس کی آواز۔

اِے (ع۔ حرف ندا) ۱ یہ حرف توجہ دلانے کے لئے عموماً بولا جاتا ہے ۲ پکارنے میں بھی استعمال ہوتا ہے ۳ عورتیں اکثر جملوں کے شروع میں اسے تکیہ کلام کے طور پر بولتی ہیں ۴ اللہ تعالٰے سے دعا مانگنے میں یا کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ اے بایمانِ خود۔ غصے میں کسی کام کے کرنے کا ارادہ ظاہر کرنے کے وقت کہتے ہیں۔

اے چھٹے منہ خدا کی لعنت۔ نہایت ناراضگی کے وقت کہتے ہیں۔ **اے تیری قدرت**۔ کلمۂ تعجب ہے۔ اے خدا تیری طاقت بڑی ہے **اے تجھے خدا کی سنوار** (مار) محبت میں ناراضگی ظاہر کرتے ہیں۔ **اے کہ**۔ اے وہ کہ۔ فقروں کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ **اے کاشکے**۔ حسرت کے موقعے پر استعمال ہوتا ہے۔ کیا ہی اچھا ہوتا۔ خدا کرتا۔ **اے لو۔ الو** (عو) تکیہ کلام لو۔ دیکھو۔ سنو کی جگہ **اے واہ** (عو) کیوں نہ ہو۔ کیا خوب۔ طنز کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **اے وائے**۔ حسرت و افسوس کی جگہ بولا جاتا ہے۔ **اے ہاں** (عو) تکیہ کلام کے طور پر نفرت یا بیزاری ظاہر کرنے یا کوئی بھولی ہوئی بات یاد آنے کے موقع پر کہتی ہیں۔ **اے ہائے** (عو) افسوس کے موقعے پر بولا جاتا ہے۔ **اے ہے** (عو) تعجب اور افسوس کے موقعے پر۔ **اے ہے دشمن کو بھی نصیب نہ ہو** (عو) خدا کرے ایسی مصیبت دشمن پر بھی نہ پڑے۔ **اے یہی تو ہے** (عو) قریب ہے۔ سامنے ہے نزدیک ہے۔

امثال و اقوال۔ **اے آمدنت باعث آبادیِ من**۔ تیرا آنا میری آبادی کا باعث ہے۔ **اے بادِ صبا ایں ہمہ آوردۂ تست**۔ اے باد صبا یہ سب کچھ تیرا ہی لایا ہوا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یہ سب فساد مخاطب کا اٹھایا ہوا ہے۔ **اے تیری قدرت کے کھیل چھچھوندر (کبھی ڈالے) لگائے چنبیلی کا تیل**۔ بے حقیقت آدمی کا بناؤ کرنا۔ **اے روشنیِ طبع تو برمن بلا شدی**۔ اے طبیعت کی ذہانت تو میرے لئے مصیبت ہوگئی۔ یہ اس موقعے پر بولا جاتا ہے جہاں اپنی ذہانت اور لیاقت اپنے لئے تکلیف اور مصیبت کا باعث ہو جائے۔ **اے رب میرے کرم جہاں ٹٹولا وہیں نرم**۔ اٹے وقت نصیب کا یاور ہونا۔ **اے زر تو خدا نہٖ ولیکن بخدا۔ ستارِ عیوب و قاضی الحاجاتی**۔ اے سونے تو خدا نہیں لیکن خدا کی قسم عیبوں کو چھپانے والا اور حاجتوں کو پورا کرنے والا ہے۔ روپے کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ کہ جس کے پاس روپیہ ہو اس کے سب عیب چھپے رہتے ہیں۔ اور حاجتیں پوری ہوتی رہتی ہیں۔ **اے زفرصت بیخبر در ہر چہ باشی زود باش**۔ فرصت کو ہاتھ سے جانے نہ دو۔ جو کچھ کرنا ہے جلد کر لو۔ **اے گل بتو خرسندم تو بوئے کسے داری**۔ اے پھول تجھ سے کیونکر نہ خوش ہوں کہ تجھ میں کسی کی بو پاتا ہوں۔ **اے میرے اگلے جو من مانے سو کر لے** (ت) ہندو عورت اپنے خاوند کو مارنے کے وقت کہتی ہے۔ **اے وقت تو خوش کہ وقتِ ما خوش کردی**۔ اے شخص تو خوش رہے کہ تو نے مجھے خوش کیا ہے۔ خوشخبری سنانے والے کو بطور دعا کہا جاتا ہے۔ کہ جیسا تو نے مجھے خوش کیا ہے ویسا تو بھی خوش رہو۔

اسے (ہ۔ مذکر) دیوناگری رسم الخط کا بارھواں سور **ایکار** (ہ۔ مذکر) حرف اے اور اس کی آواز۔

اے (انگ۔ مذکر) انگریزی الف ب کا پہلا حرف۔ **اے۔ بی۔ سی** (مونث) الف۔ ب۔ ت۔ **اے۔ ایس۔ پی** (مذکر) اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ **اے۔ جی** (مذکر) اکاؤنٹنٹ جنرل۔ **اے۔ ڈی۔ سی** (مذکر) ایڈیکانگ۔ **اے۔ سی** (مذکر) اسسٹنٹ کمشنر۔

اِیا (بابل عص) بابلی تثلیث کا ایک دیوتا جو پانی کا مختار ہے۔ انسان کو بھی اسی نے پیدا کیا ہے۔ دمقینا کا خاوند اور مردق کا باپ ہے۔ بیماروں کو اچھا کرنا اور علوم سکھانا اس کا کام ہے۔ **ایابانی** (مذکر) بابل کی مشہور رزمیہ نظم غلغمیش کے ہیرو (غلغمیش) کا دوست۔ اسے ایا دیوتا نے غلغمیش کا رقیب بنانے کے لئے پیدا کیا تھا۔ مگر وہ اس کا دوست بن گیا۔

اِیاب (ع۔ مذکر) ۱ جھینپا دینا۔ شرمندہ کر دینا ۲ واپس آنا۔

اِیاد (ع۔ مذکر) مٹی کا بند جو مکانات خیموں وغیرہ کے گرد پانی کو روکنے کے لئے بناتے ہیں۔

اَیادی (ع۔ مذکر) ید کی جمع۔ ہاتھ۔

آیار (ف۔ مذکر) تیسرا شامی مہینہ۔

ایاغ (ت۔ مذکر) شراب پینے کا پیالہ۔ قدح۔

ایال (ہ۔ مذکر) ۱ گھوڑے کی گردن کے بال۔ گھوڑے کے بال۔ **ایال پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) گھوڑے پر چڑھنے کے لئے گھوڑے کی گردن کے بالوں کو پکڑنا۔

اِیالت (ع۔ مؤنث) حکومت سلطنت۔ پادشاہت۔ راج (اوَل۔ آل۔ حکومت کرنا) حکومت کرنا۔

اَیّام (ع۔ مذکر) یوم کی جمع ۱ دن۔ روز ۲ وقت۔ زمانہ۔ مدت۔ عرصہ ۳ حیض کے دن حیض۔ **ایامِ بیض** (مذکر) ہر قمری مہینے کی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخ جب چاند کامل ہوتا ہے۔ ان دنوں میں روزے رکھنا اہل اسلام کار ثواب سمجھتے ہیں۔ **ایامِ جاہلیت** (مذکر) عرب کی تاریخ میں وہ زمانہ جو پیغمبر صلعم کی بعثت سے پہلے تھا۔ **ایامِ جوانی** (مذکر) جوانی کا زمانہ۔ **ایامِ شادی** (مذکر) وہ چھٹیاں جو شادی کے لئے دی جاتی ہیں۔ ہنی مون۔ **ایام سے ہونا** (لازم) حیض سے ہونا۔ **ایامِ گرفتاری** (مذکر) قید کے دن (کٹنا۔ گزرنا کے ساتھ) **ایامِ گزاری** (مؤنث) ۱ وقت گزارنا۔ دن کاٹنا ۲ دیر لگانا۔ وقت ضائع کرنا۔ ٹالنا۔ **ایامِ ماضی** (مذکر) گزشتہ زمانہ۔ **ایامِ معدودات** (مذکر) بقرعید کی قربانی کے تین دن۔ **ایامِ معلومات** (مذکر) ذوالحجہ کے پہلے دس دن۔ **ایّامی** (صفت) وقت کا۔ مدت تک ۲ مضبوط۔

اَیامیٰ (ع۔ مذکر) ایّم کی جمع ۱ رنڈوے ۲ غیر شادی شدہ اشخاص۔

ایانا (ہ صفت) ۱ بے عقل۔ بیوقوف جاہل ۲ بہت چھوٹا بچہ۔

اِیبا (ع۔ مذکر) ۱ انگلی سے اشارہ کرنا۔ اشارہ کرنا۔ کسی کو آنے کا اشارہ کرنا اشارے سے بلانا ۲ اشارہ انگلی کا اشارہ (دینا۔ انگلی سے اشارہ کرنا) **ایبائے غیبی** (صفت) غیر مترقبہ۔ ناگہاں۔

ایباش (ع۔ مذکر) اگانا۔ پیدا کرنا۔

اِیباص (ع۔ مذکر) گھاس بہت ہونا

ایپس (مصر عص) مقدس بیل جس کی مصر والے پوجا کرتے تھے۔

اِیپسِت (س۔ صفت) جس چیز کی خواہش ہو۔ پسندیدہ۔ مرغوب۔ دلپسند۔ دلخواہ چہیتا من بھاؤ۔

اَیت (س۔ صفت) ۱ جو سادھو نہ ہو ۲ (مذکر) نہش کے چھ بیٹوں میں سے ایک۔

اِیت (س۔ مؤنث) ۱ کوئی موسمی آفت

شلاً بارش کی زیادتی۔ بارش کا نہ ہونا۔ نقصان کرنے والے کیڑوں یا جانوروں کا ہونا ۳ مچھروں کے جھنڈ ۴ موسم۔

اَیُت (س۔ صفت) ۱ دس ہزار۔ بے انتہا ۲ نذر کا ہوا ۳ رادھکا کا ایک بیٹا۔ **ایتاجت** (مذکر) دو راجاؤں کا نام۔ **ایت نایَن** (مذکر) ایک راجہ۔

اِیتا (ہ صفت) اتنا۔

اِیتا دِرِش۔ ایتادرک (س صفت) ایسا۔ اس طرح کا۔

اِیتار (ع۔ مذکر) وتر پڑھنا۔

اِیتال (ہ۔ تف) اب۔ دیکھو اتال۔

اَیتام (ع۔ مذکر) یتیم کی جمع۔

ایتاوت (س۔ صفت۔ تف) اس قدر اتنا زیادہ۔ اتنا۔ **ایتاون ماتر** (تف) صرف اتنا۔ صرف اس قدر۔ **ایتادتا** (تف) اس قدر سے۔ اس سے۔ اس واقعہ سے۔ اس سبب سے۔ اس وجہ سے۔ اس لئے۔

ایتَد (س۔ صفت) یہ (مرکبات کے شروع میں لگایا جاتا ہے) **ایتدارتھ** (تف) اس وجہ سے۔ اس سبب سے۔ اس لئے۔

اِبتر (ہ۔ صفت) اوچھا۔ کم ظرف۔ سفلہ۔ شیخی خورہ (مذکر) اوچھا یا کم ظرف آدمی۔

مثل۔ ابتر کے گھر تیتر۔ باہر باندھوں کہ بھیتر۔ سبحان تیری قدرت۔ کم ظرف کو کوئی چیز مل جائے تو وہ اس کی نمود چاہتا ہے۔

ایتک (ہ۔ صفت) اتنا۔ اس قدر۔

ایتلاف (ع۔ مذکر) بے تکلفی۔ دوستی۔ رفاقت۔ صحبت۔ تعلق۔ خط و کتابت (الفت میل جول رکھنا)

اِیتمار (ع۔ مذکر) ۱ مشورہ کرنا ۲ تیاری کرنا ۳ حکم ماننا۔

اِیتمام (ع۔ مذکر) ۱ نمونہ سمجھنا پکڑنا ۲ نقل کرنا۔

اِیتمان (ع۔ مذکر) اعتبار کرنا۔

ایتناف (ع۔ مذکر) ۱ کوئی کام شروع کرنا ۲ مشروع کرنا۔

اِیتوار (ہ۔ مذکر) آیتوار۔ **ایتواری** (مذکر) وہ مقروض جو گرفتاری سے بچنے کے لئے صرف آیتوار کو گھر سے نکلے۔

ایتھر (انگ۔ مذکر) ۱ ایک مائع چیز جو دوائیوں میں کام آتی ہے ۲ ایک مادہ جس کے متعلق خیال ہے کہ خلا میں بھرا ہوا ہے۔

اَیتیہ (س۔ مذکر) مقدار۔ تعداد۔ قیمت

اَیٹ (انگ۔ حرف جر) پر۔ میں۔

ایٹ لیسٹ (تف) کم سے کم۔ **ایٹ ہوم** (تف) ۱ مکان میں۔ گھر پر۔ یہ کلمہ لکھ کر مکان پر لگا دیتے ہیں تاکہ ملاقاتیوں کو معلوم ہو جائے ۲ دوستوں کو ملاقات کے لئے دعوت پر بلانا۔

ایٹم (انگ۔ مذکر) ذرّہ۔ ریزہ۔ جوہر کیمیاوی۔ ناقابل تقسیم چیز۔

ایٹم بم (انگ۔ مذکر) جوہری بم۔

ایٹھی۔ ایٹی (ہ۔ مونث) ۱ نیزہ۔ برچھی۔ بھالہ۔ سوانگ ۲ نیزے کا ڈنڈا۔ **ایٹی ڈانڈو یا ڈنڈا** (مذکر) چوگان کے کھیل میں گیند اور اس کو مارنے کی لکڑی۔

ایٹی کٹ (انگ۔ مذکر) آداب مجلس تہذیب۔

ایثار (ع۔ مذکر) ۱ دوسروں کے فائدے کے لئے خود نقصان اٹھانا ۲ تحفہ دینا (اثر کسی چیز پر نشان لگانا) **ایثار بخش** (صفت) ہوشنگ کا لقب

ایثاق (ع۔ مذکر) باندھنا۔

ایجاب (ع۔ مذکر) ۱ قبول کرنا۔ منظور کرنا ۲ اقرار۔ اقبال۔ قبولیت۔ منظوری ۳ (وجب منظوری ہونا) **ایجاب و قبول** (مذکر) ۱ شادی کے موقعے پر مرد کا عورت اور عورت کا مرد کو قبول کرنا نکاح پڑھنے والا دریافت کرتا ہے۔ جس سے پہلے دریافت کیا جائے اس کا جواب ایجاب اور دوسرے کا قبول کہلاتا ہے ۲ نکاح۔ شادی ۳ خرید و فروخت میں فریقین کی رضامندی۔ **ایجابی** (صفت) یقینی۔ حقیقی۔ اصلی۔

ایجاد (ع۔ مذکر) کوئی نئی چیز پیدا کرنا یا بنانا۔ اختراع کرنا۔ ہونا کے ساتھ (وجد۔ پانا)

مثل۔ ایجاد بندہ (ازہمہ) اگرچہ گندہ۔ اپنی ایجاد کردہ چیز کو پیش کرنے پر انکسار سے کہا جاتا ہے۔ جب کوئی اپنی کسی بیہودہ ایجاد کی تعریف کرتا ہے تو طنزاً اسے کہتے ہیں۔

اِیجاز (ع۔ مذکر) ۱ خلاصہ کرنا۔ انتخاب کرنا ۲ خلاصہ۔ انتخاب۔ اختصار۔ رینکشیپ (وجز۔ چھوٹا ہونا)

ایجاس (ع۔ مذکر) تصور کرنا۔ خیال میں لانا

ایجاع (ع۔ مذکر) تکلیف دینا۔

ایجاف (ع۔ مذکر) رنگ اڑنا۔ مرجھانا

ایجنٹ۔ ایجنسی (انگ) دیکھو اجنٹ اجنسی۔ **ایجوکیٹ وغیرہ** دیکھو اجوکیٹ وغیرہ۔

ایجیٹیٹ (انگ مصدر) تحریک کرنا۔ جوش دلانا۔ عوام میں جوش پیدا کرنا۔ **ایجیٹیٹر** (مذکر) تحریک یا جوش پیدا کرنے والا۔ **ایجیٹیشن** (مونث) تحریک۔ جوش۔

ایچ پیچ (ہ۔ مذکر) ۱ چکر۔ ہیر پھیر ۲ دھوکے بازی۔ مکر۔ فریب (ایچ سہل ہے) **ایچ پیچ کی باتیں** (مونث) پیچدار باتیں۔ دھوکا دینے کی گفتگو **ایچ پیچ نہ جاننا** (لازم) زمانے کے مکروفریب سے واقف نہ ہونا۔ سیدھا سادھا ہونا۔

ایحاش (ع۔ مذکر) ۱ اجاڑ دینا ۲ رنجیدہ ہونا ۳ بغیر خوراک کے رہنا

ایخاش (ع۔ مذکر) ۱ حقیر ہونا ذلیل ہونا ۲ کثرت سے تیر ہونا

اَید (ع۔ مذکر) ۱ مضبوط ہونا۔ پکا ہونا ۲ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل ۳ سختی۔

ایداع (ع۔ مذکر) ۱ راز بتانا محرم راز بنانا ۲ امانت رکھنا۔

اَیدر۔ اَیدھر (ہ۔ تف) ادھر یہاں (رت)

ایدرِش (س۔ صفت) ایسا۔ اس کے مانند۔

اَیدی (ع۔ مذکر) ید کی جمع۔ ہاتھ۔

ایڈ (انگ۔ مونث) امداد۔ اعانت۔ روپیہ جو گورنمنٹ امداد کے لئے دے۔ **ایڈڈ اسکول**۔ ایسے مدرسے جو گورنمنٹ سے امداد روپے کی لیں۔

ایڈریس (انگ۔ مذکر) ۱ پتہ۔ سرنامہ۔ القاب ۲ سپاسنامہ۔ ایک تحریر جو کسی بڑے افسر یا شخص کی تعریف میں اس کی آمد یا روانگی پر پڑھی جاتی ہے جس میں اس کے گزشتہ کارناموں کی تعریف اور آئندہ کے لئے درخواست ہوتی ہیں۔ اور اس کو نہایت خوبصورتی سے لکھ کر اس کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ **ایڈریس دینا**۔ سپاسنامہ پڑھنا اور پیش کرنا۔

ایڈمیرل (انگ۔ مذکر) امیرالبحر۔ اس لفظ کو بگاڑکر انگریزی لفظ بن یاگیا ہے۔

ایڈوانس (انگ۔ مذکر) ۱پیشگی۔ ۲پیشہ جوکام شروع کرنے سے پہلے لیا جائے۔ اور تنخواہ یا اُجرت میں سے منہاکرلیا جائے ۳ آگے بڑھنا۔

ایڈوانسمنٹ (مؤنث) ترقی۔ برتری۔ سرافرازی

ایڈوائیزر (انگ۔ مذکر) صلاح کار۔ مشیر۔

ایڈوائس (انگ۔ مونث) مشورہ۔ صلاح۔

ایڈورٹائیز (انگ۔ متعدی) اشتہار دینا۔ ایڈورٹائیزر (صفت) ۱اشتہار دینے والا۔ اشتہار دہندہ ۲ (مذکر) سوداگروں کا اخبار۔

ایڈورٹائیزمینٹ (مذکر) اشتہار۔ نوٹس۔

ایڈووکیٹ (انگ۔ مذکر) ۱وکیل مشیر قانونی ۲ وہ وکیل جو ہائی کورٹ میں پیش ہو سکے۔

ایڈیٹر (انگ مذکر) دیکھو اڈیٹر۔

ایڈیٹوریل (انگ۔ مذکر) اخباروں کا وہ مضمون جو ایڈیٹر کی طرف سے چھپے۔

ایڈیشن (انگ۔ مذکر) طبع۔ اشاعت۔

ایڈیکانگ (فر۔ مذکر) ایک فوجی افسر جو جرنیلوں کے ساتھ رہتا ہے۔ ان کے احکامات دوسرے افسروں کو پہنچاتا ہے۔ اور دیگر خفیہ کام کرتا ہے۔

اِیذا (ع۔ مؤنث) تکلیف۔ ۲دکھ۔ درد۔ ضرر۔ ضرب۔ تصدیعہ۔ گزند۔ زیان۔ چوٹ۔ حرج۔ (اٹھانا۔ اٹھنا۔ پانا۔ پہنچانا۔ پہنچنا۔ جھیلنا۔ دینا۔ سہنا۔ کھینچنا۔ گزرنا۔ ہونا کے ساتھ) (اذیّت۔ ناراض ہونا) **ایذا میں ہونا** (لازم) تکلیف میں ہونا۔ درد میں مبتلا ہونا۔ **ایذا دہندہ یا رساں** (صفت) ایذا دینے والا۔ **ایذا دہی یا رسانی** (مؤنث) تکلیف دینا وغیرہ۔

اَیذج (ع۔ مذکر) کردستان میں ایک شہر

اَیر (ع۔ مذکر) گرم مشرقی ہوا۔ شمالی ہوا۔

اَیرا (اُردو۔ مذکر) شطرنج میں وہ مہرہ جو بادشاہ کو کشت سے بچانے کے لئے بیچ میں لایا جائے اروب (دینا کے ساتھ) **ایرے میں آنا** (لازم) بادشاہ کو ایسی جگہ آنا جہاں کوئی اسی رنگ کا مہرہ آگے پڑا ہو۔ اور وہ اٹھ نہ سکے۔ کیونکہ اس کے اُٹھنے سے کشت پڑتی ہو۔

اِیرار (ع۔ مذکر) چقماق سے آگ نکالنا۔

ایرا پھیر (ہ) **ایرا پھیری** (ہ۔ مؤنث) ۱لینا واپس کرنا۔ خرید کر سودا بار بار واپس کرنا ۲ ہیرا پھیری۔ بار بار آنا جانا۔ ایر پھیر۔

اِیراد (ع۔ مذکر) اعتراض۔ الزام (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (وَرُود۔ پہنچنا)

اِیراس (ع۔ مذکر) پتّوں کا زرد ہونا۔

اَیرا غیرا (ع۔ مذکر) ۱بے۔ وہ۔ ہر ایک ۲ اجنبی ۳ کم حقیقت آدمی۔ معمولی حیثیت کا آدمی۔ (ایرا مہمل ہے) ایرا غیرا نتھو خیرا۔ معمولی حیثیت کے آدمی۔ ہر کوئی۔ **اَیرغیر۔ اَیرے غیرے**۔ ایرا غیرا کی جمع۔ **ایرے غیرے پچکلیاں** (مذکر) ایرے غیرے بہت سے دیکھے ہیں۔ ایسے ایسے لوگ دنیا میں بہت پڑے ہیں۔ اغیار۔ عام لوگ ایسے ویسے

مثل۔ ایری غیری فصل بہتیری کہیں نہ کہیں سے تو کھانے کو مل جائیگا۔

اِیراق (ع۔ مذکر) پتّے نکلنا۔

ایر پھیر (ہ۔ مذکر) ۱تجارت۔ بیوپار۔ بار بار مال کی خرید و فروخت کرنا ۲ گردش زمانہ۔ انقلاب ۳ دور۔ چکّر ۴ چالاکی۔ فریب۔ دغا۔ ہیر پھیر ۵ اختلاف۔ مخالفت۔ **ایر پھیر کے تولنا** (متعدی) جنس کو دونوں پلڑوں میں باری باری تولنا تاکہ کوئی فرق نہ رہے۔ **ایرے پھیرے** (مذکر) چکّر لگانا۔ مکان کے ارد گرد پھرنا۔ بار بار آنا جانا (کرنا کے ساتھ)

اِیرَج۔ ایرَج (ف۔ مذکر) ۱سورج شمس۔ آفتاب۔ **ایرج نامہ** (مذکر) داستان امیر حمزہ کے چوتھے دفتر کا نام۔

ایرڈیل (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا کُتّا۔

ایرشا (س) **ایرکھا** (ہ۔ مؤنث) رشک۔ حسد۔ رقابت۔ جلن۔ عناد۔ عداوت۔ کینہ۔ بغض۔ کاوش (رکھنا۔ کرنا۔ لگنا کے ساتھ) **ایرشالو۔ ایرشاوان** (صفت) حاسد۔ رشک کرنے والا وغیرہ۔

اِیرگن (انگ۔ مؤنث) ہوائی بندوق بچّوں کی بندوق جس میں ہوا کے ذریعے چھرا چلایا جاتا ہے۔

ایرو (ہ۔ مذکر) غلام۔ چیرا۔

مثل۔ ایرو کے چیرو نوا کے برابر غلام کو غلامی۔ نائی کو چپی کرنا۔ بس کا کام اسی کو سا جھے ہر ایک کو اپنا کام کرنا پڑتا ہے۔

ایڑ (ہ۔ مؤنث) ایڑی۔ مہمیز۔ کانٹا۔ سواری کا بید یا چھڑی۔ گھوڑے کو ایڑی سے ٹھکرانا۔ **ایڑ کر جانا یا کرنا** (متعدی) گھوڑے کو تیز کرنے کے لئے ایڑی مارنا۔ مہمیز لگانا ۲ گھوڑے کو تیز کرنا ۳ چل دینا۔ کھسک جانا۔ **ایڑ لگانا یا مارنا** (متعدی) ایڑ کرنا۔ **ایڑ کھانا** (متعدی) ایڑی کی چوٹ کھانا ۲ **ایڑ نہ کھانا** (متعدی) اس قدر تیز چلنا کہ ایڑ کی ضرورت نہ پڑے۔ **ایڑن پر ڈالنا** (متعدی) ایڑ کرنا۔ بھگانا۔ (گھوڑے کے لئے) **ایڑی** (مؤنث) پاؤں کے پیچھے کا حصہ۔ **ایڑیاں**۔ ایڑی کی جمع۔ **ایڑیاں رگڑا کر**۔ مشقت کیا کر بے فائدہ ہے۔ **ایڑیاں رگڑ رگڑ (رگڑ) کے مرجانا** (لازم) سخت تکلیف سے مرنا۔ **ایڑیاں رگڑنا** (متعدی) ۱چلنے میں ایڑیاں زمین کے ساتھ گھسانا ۲ مرتے ہوئے ایڑیاں ہلانا ۳ بچوں کا ضد کرتے ہوئے ایڑیاں زمین کے ساتھ گھسنا ۴ نہایت مصیبت اور تکلیف میں زندگی کاٹنا ۵ نہایت کوشش کرنا۔ **ایڑیا رگڑوانا** (م) ایڑیاں رگڑنا کا۔ **ایڑیاں گھس جانا** (لازم) سخت دوڑ دھوپ کرنا۔ بہت چلنا۔ **ایڑیاں گھسنا** (متعدی) ۱ایڑیاں رگڑنا ۲ (لازم) دیکھو آخری۔ **ایڑی چوٹی پر سے صدقے (اتاروں) قربان یا نثار کروں یا واروں** (عو) غصّہ میں یا نفرت و حقارت ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔ **ایڑی چوٹی پر وارنا** (متعدی) کچھ حیثیت نہ سمجھنا۔ **ایڑی چوٹی کا پسینہ بہانا یا ایک کر دینا** (متعدی) بہت محنت اور کوشش کرنا۔ **ایڑی دیکھ** (عو) جب کوئی کسی چیز کی تعریف کرتا ہے تو عورتیں نظر سے بچانے کے لئے یہ کہتی ہیں۔ ایڑی دیکھ کر کسی کا مُنہ نہ دیکھیں (دعا) عورت کو دُعا دیتی ہیں کہ میاں مرید بنے رہیں۔ **ایڑی دیکھنا** (متعدی) پاؤں کے پیچھے کے حصے کی طرف نظر کرنا۔ ایک قسم کا ٹوٹکا ہے۔ عورتیں اولاد کی خوبصورتی یا جوانی دیکھ کر ایسا کرتی ہیں تاکہ نظر نہ لگے۔ **ایڑی سے چوٹی تک**۔ سر سے پاؤں تک۔ **ایڑی کا پسینہ سر کو آنا**۔ حد سے زیادہ کوشش کرنا۔ ایڑی چوٹی کا زور لگانا۔

ایڑک - ایڑکا (ہ - مذکر) مینڈھا۔ بکرا یا مینڈھا جسے لڑنے کے لئے تیار کیا جائے۔ ایک قسم کی آتش بازی۔

ایڑھا ٹیڑھا (ہ - صفت) ترچھا بینڈا - کج - اریب - بے قاعدہ - بے ترتیب - بے طور بے ڈھب - بے پروا - اجیت (مذکر) ٹیڑھا پن - کجی - ترچھا پن - **ایڑھی ٹیڑھی** (مؤنث) دیکھو ایڑھا ٹیڑھا

اِیزاد (ع - مذکر) زیادتی - بیشی - اضافہ - بڑھوتری (کرنا - ہونا کے ساتھ) (زیادہ - بڑھانا)

اِیزان (ف - مذکر) مہینے کے تیسویں دن کا نام۔

اِیزد - ایزد (ف - مذکر) خدا تعالےٰ - اللہ - **ایزد گشسب** (صفت) ۱ خدا پرست ۲ بہرام چوبین کے ایک وزیر کا نام - **ایزدِ متعال** (مذکر) خدائے بزرگ - **ایزدی** (صفت) خدائی - ربانی -

اَیِس (ع - مذکر) ایک آدمی جو بہت جھوٹا تھا - مایوس ہونا۔

اَیِس (س - مذکر) ۱ دھات - لوہا - فولاد - سونا ۲ لوہے کا ہتھیار - **ایسمَن** (مذکر) منو سوارو چس کا بیٹا - **ایسمِی** (مؤنث) آسُروں کے رہنے کے تین مقامات میں سے ایک۔

اَیِس (س بعص) پرن روس اور اروای کا بیٹا۔

اَیسا (ہ - صفت) ۱ اس قسم کا - اس شکل کا ۲ اس قدر - اتنا ۳ اچھا بُرا - (تف) مثل - مانند ۲ اس طرح - یوں (س - ایدرش) **ایسا آڑے ہاتھوں لیا کہ بات بن نہ پڑی** - ایسا جواب دیا کہ دوسرے کو چُپ کرا دیا - **ایسا تیسا** (صفت) ۱ معمولی فضول ۲ غصّے اور آزردگی میں تحقیر سے کہا جاتا ہے - **ایسا جھگڑا میری بلا سے** (ع) مجھے کچھ غرض نہیں - **ایسا زد و کوب کیا کہ ہڈیاں سُرمہ ہوگئیں** - بہت مارا - مار مار کر کچومر نکال دیا - **ایسا رگیدا کہ چیں بول گیا** - ایسا دبایا یا رگڑا کہ ہار مان گیا یا تنگ آگیا - **ایسا غائب ہؤا جیسے یہاں بیٹھا ہی نہ تھا** - بہت جلد غائب ہوگیا - فوراً اٹھ کر بھاگ گیا - **ایسا کچھ سامان تھا** - اس قسم کی چیزیں موجود تھیں - ایسی باتیں ہو رہی تھیں - **ایسا کلمہ نہ فرمائیے** - ایسی بُری بات نہیں کہنی چاہیے - **ایسا کیا شہر شملہ ہے** (ع) **ایسا کیا اندھیر ہے** - **ایسی کیا** لوٹ مچی ہے - کہ کوئی کسی کی فریاد کو نہ پہنچے - **ایسا کیا گیا گزرا ہے** - ایسا کمزور نکما یا ذلیل و خوار نہیں - **ایسا کیا میٹھا ہے** - کونسا بڑا نفع ہے - کیا فائدہ ہے - **ایسا گیا گزرا** (تو نہیں) ہے - بالکل نکما نہیں اتنا ذلیل و خوار نہیں - **ایسا منہ نہیں** - اتنی ہمت نہیں - اتنا حوصلہ نہیں - **ایسا میٹھا کیا ہے** - کچھ فائدہ یا نفع نہیں - مزا کیا ہے - **ایسا نہ ہو** - (تف) مبادا - خدانخواستہ - **ایسا نہ ہو کوئی منہ بگاڑ دے** - مبادا کوئی مار مار کر کچومر نکال دے یا بہت مارے - **ایسا ویسا** (صفت) معمولی - رسمی - گھٹیا - بے حقیقت - **ایسا ویسا نہ تصور کرنا** (متعدی) معمولی آدمی نہ خیال کرنا - **ایسی** (صفت مؤنث) ایسا کی - **ایسے** (صفت) ۱ جمع ایسا کی ۲ بجائے ایسا حروف مغیرہ سے پہلے ۳ (تف) اس طرح - یوں - **ایسے (ایسے) تو میری جیب (میرے ناخنوں) میں پڑے (رہتے) ہیں** - میرے سامنے ان کی یا تمہاری کیا حقیقت ہے - میں ان سے یا تم سے زیادہ ہوشیار ہوں - **ایسے ایسے مداری ہم نے بہت چنگے کئے ہیں** - ایسے بہت سے شخصوں کو ہم نے درست کیا ہے - **ایسے بزرگ کے قدم دھو دھو کر پیجئے** - ان کی نہایت قدر اور عزت کرنی چاہیے - **ایسی بے نقط سنائیں کہ توبہ بھلی** - بہت فحش گالیاں دیں - **ایسی تقدیر کہاں** مایوسی کی حالت میں کہا جاتا ہے - کہ ایسی قسمت نہ تھی کہ یہ بات ہوتی - **ایسی تیسی - ایسے تیسے** - **ایسی تیسی کی** - مہذب لوگ گالی کے طور پر استعمال کرتے ہیں - **ایسے تیسے کو رکھ دونگی** - ٹھیک بنا دونگی - درست کر دونگی - **ایسے جے کہ اُٹھنے کا نام (تک نہیں لیتے)** زبان تک نہیں لاتے - جب کوئی شخص نہ جائے تو کہتے ہیں - **ایسے دن بھاڑ میں جائیں** - یہ مصیبت کا زمانہ غارت ہو - **ایسی دیر تو نہیں ہوئی** - بہت تھوڑی دیر ہوئی ہے - **ایسی رات پر دن صدقے** - یہ رات دن سے افضل ہے - **ایسے روئے کہ ساون بھادوں کی جھڑی لگ گئی** - بہت روئے - **ایسی زندگی پہ خاک** - ایسی زندگی سے موت بہتر - **ایسے سبز باغ دکھائے کہ پری شیشے میں اُتر آئی** - فریب سے مطیع بنا لیا - **ایسی سنگین واردات اور کسی کی نکسیر تک نہیں پھوٹی** - ایسے سنگین مقدمے میں کسی ملزم کو ذرّہ بھر بھی سزا نہیں ہوئی - **ایسی فرمائشیں لگے گی کہ سر پلپلا جائیگا** - بہت جوتیاں پڑیں گی - **ایسے فقرے بندی بہت جانتی ہے** (ع) میں ایسی دھوکے کی باتیں نہیں مانتی - ایسے فقرے میں نے بہت دیکھے ہیں - ایسے دھوکے کی باتوں یا دھمکیوں کا مجھے بہت تجربہ ہے - **ایسی کہی کہ چھا گئی** - جب کوئی موزوں بات کسی پر خوب پھبتی ہوئی کہی جائے تو مذاقاً کہا جاتا ہے - **ایسی کہی کہ دھوئے نہ چھوٹے** - اتنی سخت بات کہی کہ اس کا اثر کبھی زائل نہ ہوگا - **ایسے کیا کیڑے پڑے ہیں** - کیا برائی ہے - کیا نقص پڑی ہے - **ایسے کیڑے پڑینگے** - بہت بُری حالت ہوگی - سخت مصیبت آئیگی - **ایسے کیا لعل لگے ہیں** (ع) ایسی کونسی خوبی ہے - **ایسے گرو کے قدم تو آنکھوں سے لگائیے** - طنزاً شریر آدمی کی نسبت کہتے ہیں - **ایسی گھڑی کی پڑی کہ پھر نہ اُٹھی** - ایسے منحوس وقت بیمار ہوئی کہ مر گئی - **ایسے گئے جیسے مڈل پاس سے نوکری** - ایسے بھاگے کہ کچھ پتہ نہ لگا - نیست و نابود ہو گئے - نشان تک نہ رہا - **ایسے لڑکے بہت کھلائے ہیں** - ان کی میرے سامنے کیا حقیقت ہے - میں بہت سے ایسے آدمیوں کو درست کر چکا ہوں - **ایسے میرے بھولے** - جب کوئی جان بوجھ کر ناواقف بنے تو طنزاً کہتے ہیں - یہ تو جانتے ہی نہیں - **ایسی میری کیا کھاٹ کٹی تھی** (ع) مجھے کیا ضرورت پڑی تھی - **ایسے میں** (تف) اس حالت میں - اس موقع پر - **ایسے نصیب نہیں** - نصیب اچھے نہیں - **ایسی نوکری کو سلام ہے** - میں ایسی نوکری نہیں کرتا - میرا استعفا ہے - **ایسے ننھے ہیں کہ راہ نہیں جانتے** - طنزاً اسے کہتے ہیں جو کہیں آئے اور ظاہر کرے کہ اسے دھوکے سے لایا گیا ہے - **ایسی ننھی ہیں کہ روٹی کو لوٹی اور پانی کو مم کہتی ہیں** (ع) طنزاً کہتی ہیں - جب کسی عورت کے ذمے بدچلنی کا الزام لگے اور کوئی کہے کہ ابھی بچی ہے - **ایسی نہیں سُنتا** - نہیں مانتا - دوسرے کے مطلب کے برخلاف کہتا ہے - **ایسی ویسی** (صفت مؤنث) دیکھو ایسا ویسا **ایسی ویسی بات** (مؤنث) معمولی بات - بیہودہ بات

ایسی ویسی خبر (مؤنث) جھوٹی سچی خبر۔ ایسی ویسی ہونا (لازم) مصیبت واقع ہونا۔ ایسے ہی (تن) اسی طرح۔ بغیر کسی وجہ یا سبب کے۔ ایسے ہی بھولے ہیں۔ طنزاً بہت چالاک ہیں۔ ایسے ہی تیس مار خاں ہو۔ ایسے ہی بہادر۔ زبردست یا سب سے فائق ہو۔ ایسے ہی طور ہیں۔ بدچلن ہیں۔ بُرے طریقے ہیں۔ ایسی ہی کچھ بات ہے کوئی خاص اور ضروری سبب حائل ہے۔

امثال و اقوال۔ ایسا جیسے روپے کے ٹکے بھنا لئے۔ بہت آسان۔ اپنی مرضی کا۔ ایسا چاٹا کہ دھوئی کا چچا۔ ایسا چاٹا کہ دھونے سے بہتر کر دیا۔ ایسا لوٹا کہ کچھ نہ چھوڑا۔ ایسا کیا دل گردہ کہ روپیہ کیا خوردہ۔ ہیں! اکٹھا روپیہ ہی خرچ کر دیا۔ مذاقاً کنجوس کے متعلق کہتے ہیں جب وہ کچھ خرچ کر دے۔ ایسا گیا جیسے محفل میں سے جوتا۔ ایسا بھاگا کہ پتہ نہ لگا۔ ایساں بڑ بک کون ہے جو کھات نہیں اگھائے (ہ) ایسا بیوقوف کون ہے جسے یہ پتہ نہیں لگتا کہ وہ سیر ہو گیا ہے۔ ایساں سہاگ مورا نت اُٹھ ہوتا (ہ) کاشکے میری قسمت ہمیشہ ایسی ہی رہتی۔ ایسا ویسا بھاتا نہیں خوان ملو کا آتا نہیں۔ اچھا میسر نہیں جو ہے وہ بھاتا نہیں۔ ایسے اوت ریوڑی (نواڑے) جائیں۔ آٹا بیچ کے گاجر کھائیں۔ ایسے بیوقوف کی نسبت کہا جاتا ہے جو اپنی پونجی کھانے میں خرچ کر دے۔ ایسی ایسی چھٹی بل بل جائیں نونو پتری بھاتیں کھائیں (ہ) ایسی دعوت کا کیا کہنا۔ جہاں کھانے کو بہت ملے۔ ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بُھس دے۔ ایسے نکمے بُوڑھے آدمی کو کون کھانے کو کچھ دے۔ ایسی بھوسیائی جو پینچا مانگے پانی (ہ) بیوی ایسی چالاک ہے کہ پانی بھی عاریتاً مانگتی ہے۔ ایسے پر تو ایسی کاجل (ڈال لئے) ڈالے پر کیسی۔ بلا سنگار کے اس قدر خوبصورت ہے۔ سنگار کرنے پر تو غضب ہوگی۔ ایسے پر تین حرف بھیجتے ہیں۔ ایسے شخص پر لعنت بھیجتے ہیں۔ تین حرف ل ع ن لعن۔ ایسے چوتنے شکارپور میں رہتے ہیں۔ ہم تمہارے دھوکے میں نہیں آتے۔ جب کوئی چالاکی کی بات کرے یا دھوکے سے کچھ حاصل کرنا چاہے تو کہتے ہیں! ایسے دوڑ کر نہ چلو کہ ٹھوکر لگے۔ اتنی فضول خرچی نہ کرو کہ تنگدست ہو جاؤ۔ ایسی کیا تیرے ہی تلے گنگا بہے ہے۔ تجھ میں ایسی کیا خصوصیت ہے کیا تیرے سوا اور کوئی نہیں کر سکتا۔ ایسی کیا قاضی (جی) کی گدھی چرائی ہے۔ میں نے کوئی جرم نہیں کیا۔ کوئی قصور نہیں کیا کہ ڈر ہو۔ ایسے گئے جیسے گدھے کے سر سے سینگ۔ ایسے بھاگے کہ پھر پتہ نہ لگا۔ نیست و نابود ہو گئے۔ نشان تک نہ رہا۔ ایسی لنگی کہ بھوئے سنگی۔ بہت بے عزت ہوئی۔ ایسے مردے کو کون کفنائے جو کفناتے ہی پاد دے۔ جو مجبوری میں بھی شرارت سے باز نہیں آتا اس سے احتراز لازم ہے۔ ایسی میخ ماری کہ پار نکل گئی۔ خوب زک دی۔ سخت نقصان پہنچایا۔ ایسی ہنسی اچھی نہیں جس سے دوستی میں فرق آئے۔ ایسا مذاق نہیں کرنا چاہئے۔ جس سے دوستی میں شکر رنجی ہو۔ ایسی ہوتی کاتن ہاری تو کاہے پھرتی ماری ماری۔ ایسی کام کرنے والی ہوتی تو کیوں ماری ماری پھرتی۔ ایسے ہی تم نے سونٹھ بیچی ہے۔ جب کوئی خواہ مخواہ مانگے تو کہتے ہیں۔

اِیسارد۔ مذکر) ایک کتاب جو حضرت ابراہیمؑ پر نازل ہوئی تھی۔

اِیسا (ع۔ مذکر) ۱۔ امیر ہونا ۲۔ دولتمند امیر

اِیساع (ع۔ مذکر) ۱۔ بڑا کرنا فراخ کرنا ۲۔ طاقتور۔ لائق یا امیر ہونا ۳۔ طاقت یا دولت دینا۔

ایساں (س) دیکھو ایشاں۔

ایستادگی۔ ایستادہ (ف) دیکھو استادگی۔ استادہ۔

اِیسٹ (انگ۔ مذکر) مشرق۔ پورب

اَیسٹریا (یو۔ عص) انصاف کی دیوی یہ سب سے آخری دیوی تھی۔ جو زمانہ طلائی کے گزرنے پر دُنیا سے آسمان پر چلی گئی تھی۔

اَیسڈ (انگ۔ مذکر) تیزاب۔

اَیسَر (ع۔ صفت) ۱۔ بایاں ۲۔ زیادہ آسان ۳۔ بہت واجبی ۴۔ زیادہ خوش قسمت ۵۔ (مذکر) بایاں ہاتھ۔

اِیسَر۔ اِیشر (اسیریا۔ عص) سب سے بڑا دیوتا تھا۔ اس کا مندر شہر ایشر میں تھا۔ جس کے کھنڈرات قلعہ شرغت کہلاتے ہیں۔

اِیسر (ہ۔ مذکر) ایشور۔ خدا۔ اللہ۔ مالک۔ دولت۔ دولتمندی۔ حشمت۔ امیر۔ دولتمند آدمی

ایسرتا۔ ایسور۔ دیکھو ایشرتا۔ ایشور۔

امثال۔ ایسر آئیں دلدر جائیں دولت آئے تو غربت دفع ہو۔ [illegible] سے بھینٹ نہیں دلدر سے بگاڑ۔ [illegible] سے جھگڑتا ہے۔ امیر سے ناقفیت نہیں غریب سے لڑتا ہے۔

اَیسِس (یو۔ عص) ایک پری گلیٹیا نامی کا عاشق تھا۔ اس کے ایک رقیب نے اسے پتھر مار کر مار دیا۔ گلیٹیا نے اس کے بہتے خون کو دریا بنا دیا جو اس کے نام پڑا اور اپنے ٹھنڈے پانی کے لئے مشہور ہے۔

اَیسوں (ہ۔ تف) امسال۔ اس سال۔

اَیسے (انگ۔ مذکر) ۱۔ جواب مضمون ۲۔ کسی خاص معاملے پر مضمون ۳۔ سکول کی جانچ۔ ایسے ماسٹر (مذکر) ایک افسر جو سکول کی جانچ کا کام کرتا ہے

اِیش (س۔ مذکر) ۱۔ مالک۔ حاکم۔ آقا۔ سردار ۲۔ ایشور۔ خدا۔ مہا آتما۔ روح القدس ۳۔ شوجی۔ ایشا (مذکر) ۱۔ دیکھو ایش ۲۔ (مؤنث) ہل کا ڈنڈا یا لکڑی گاڑی کا بمب۔

ایشاں (س۔ مذکر) ۱۔ شمال مشرقی کونہ ۲۔ شوجی بحیثیت اس کونے کے مالک ہونے کے

اِیشَت (س۔ تف) تھوڑا سا۔ تھوڑا ذرا سا۔ کچھ۔

اِیشتا (مؤنث) **اِیشتو** (س۔ مذکر) ۱۔ بڑا پن۔ بزرگی۔ فضیلت۔ برتری۔ فوقیت ۲۔ پرمیشور کی آٹھ صفتوں میں سے ایک صفت۔

اِیشنا (س۔ مؤنث) ۱۔ خواہش۔ تمنا۔ چاہت۔ حسرت۔ آرزو۔ ارمان۔ شوق۔ اشتیاق ۲۔ پسند۔ انتخاب۔

اِیشوَر (س۔ مذکر) ۱۔ پرمیشور۔ پرماتما۔ خدا۔ رب۔ اللہ ۲۔ مالک۔ آقا۔ سردار۔ حاکم ۳۔ شوجی ۴۔ کامدیو۔ ایشور آدھین (صفت) خدا پر بھروسہ رکھنے والا۔ پرمیشر کی اچھا پر راضی۔ خدا کا بندہ۔ ایشور آدھینتا (مؤنث) توکل بخدا۔ ایشور آرادھنا (مؤنث) پوجا۔ پرستش۔ ایشورانش (مؤنث) پرمیشر کا ایک حصہ۔ مخلوق خصوصاً جاندار۔ ایشورانشی (صفت) خدائی خصوصیات والا۔ ایشوراویش (مذکر) مکتی۔ بکتی حاصل کرنا۔ ایشور میں مل جانا۔ ایشور بانی (مؤنث) پرمیشور کی آواز

آکاس بانی - الہام۔کشف۔وحی۔ ایشور بھاوُ
(مذکر) قدرت ۔ خدائی طاقت۔ ایشور بھکت (مذکر)
پرمیشور کا پوجاری ۔ بھگت۔ ایشورتا۔ ایشورتائی
(مؤنث) ۱ بڑاپن۔بزرگی ۔ طاقت ایزدی۔ قدرتِ
خداوندی ۲ پرمیشر۔ پرماتما ۔ نرنکار ۔ ایزد ۔ خدا ۳
خدائی طاقتیں۔ سرو شکتی ۔ سروبیاپتا۔ سروگیان
وغیرہ۔ ایشورج ۔ دیکھو ایشورتا۔ ایشورکرشن
(مذکر) فلسفے کی مشہور کتاب سانکھیہ کارِکا کا
مصنف۔ ایشوری (مؤنث) ۱ مالکہ۔ ملکہ ۔ دیوی ۲
درگا جی ۳ لکشمی جی ۴ دوسری شکتیوں یا قدرت
کی طاقتوں کا نام۔ ایشوریہ (مذکر) ۱ دیکھو ایشورتا
۲ طاقت۔ قوت ۳ شکوہ ۔ شان وشوکت۔ دبدبہ۔
جاہ وجلال۔ استقبالی ۴ دولت حشمت ۔ خوشحالی۔
اقبال۔ اقبالمندی۔ طالعمندی۔ سہاگ ۵ (صفت)
خدائی۔ ایزدی۔ پرمیشرکی۔ ربانی۔ ایشوریہ (صفت)
پرمیشور کی شکتی والا۔ عالیشان۔ عظیم۔ جلیل۔ جگت پرکا
ایشیک (س۔ صفت) سرکنڈوں
کا بنا ہوا۔
ایصار (ع۔ مذکر) ۱ وصیت کرنا ۲ سرزنش
کرنا ۳ حکم دینا ۴ وصیت نامہ لکھنا۔
ایصاد (ع۔ مذکر) ۱ دروازہ بند کرنا
۲ پردہ یا نقاب ڈالنا۔
ایصال (ع۔ مذکر) ۱ ملانا پہنچانا
۲ وصل۔ ملاپ (وَصَلَ ۔ ملانا) ایصال ثواب
(مذکر) ثواب پہنچانا۔ ایصالِ حرارت (مذکر) گرمی
کا ایک بدن سے دوسرے ملحقہ بدن میں یا ایک
ذرّے سے ملحقہ ذرّے میں پہنچنا۔
اَیض (ع۔ مذکر) ہونا۔ بدلنا۔ واپس آنا۔
اَیضاً (ع۔ تف) وہی۔ بشرح صدر
ویسا ہی۔ اسی طرح کا۔ بجنسہٖ ۔ جیسے اوپر (اَیض۔ آمن
دوبارہ کرنا کسی بات کو)
ایضاح (ع۔ مذکر) اظہار یا عیاں کرنا
۲ مطلب۔ کیفیت۔ اظہار۔ تشریح۔
ایضاع (ع۔ مذکر) ۱ تیز چلانا ۲
نقصان اُٹھانا ۳ کمزور یا حقیر کر دینا ۴ داخل ہونا۔
ایطا (ع۔ مذکر) ۱ پامال کرنا ۲ (عروض)
قافیہ کا بعینہٖ لفظاً ومعناً مکرر لانا (وطی ۔ پامال کرنا)
ایطائے جلی (مذکر) جن قافیوں کی تکرار خوب واضح

ہو۔ ایطائے خفی (مذکر) جن قافیوں میں تکرار کی
طرف ذہن مائل نہ ہو۔
ایعاد (ع۔ مذکر) ۱ وعدہ کرنا ۲ ڈرانا ۳ ڈرنا
ایعاز (ع۔ مذکر) ۱ اشارہ کرنا ۲ حکم
دینا ۳ آگے آنا۔
ایغاز (ع۔ مذکر) ۱ غصّہ دلانا ۲ پانی اُبلنا
۳ خراج یا محصول کی ادائیگی کے لئے ضامن بننا۔
ایفا (ع۔ مذکر) ۱ پورا کرنا۔ وفا کرنا۔
ادا کرنا ۲ ادائیگی - وفا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (وَفیٰ۔
بھرا ہونا) ایفائے وعدہ (مذکر) اقرار پورا کرنا۔
وعدہ وفا کرنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
ایفاض (ع۔ مذکر) ۱ اکسانا۔ جلدی
کرنا ۲ اُٹھانا۔
ایفاع (ع۔ مذکر) ۱ لمبا ہونا جوان
آدمی کا ۲ جوان ہونا۔ بیس برس کا ہونا۔
ایفاق (ع۔ مذکر) اتفاق کرنا۔
ایقاد (ع۔ مذکر) جلانا۔ روشن کرنا۔
ایقار (ع۔ مذکر) بھرنا۔
ایقاص (ع۔ مذکر) کوتاہ گردن بنانا۔
ایقاض (ع۔ مذکر) ۱ جگانا۔ اُٹھانا ۲
اُکسانا ۳ توجہ دلانا۔
ایقاع (ع۔ مذکر) ۱ پھنکنا ۲ جوش
سے لڑنا ۳ شبخون مارنا ۴ پانی ہونا باغ میں ۵ سرین نکالنا۔
ایقان (ع۔ مذکر) ۱ یقین ہونا یقینی طور
پر جاننا ۲ ضمیر (یَقَنَ۔ یقین کرنا)
اَیک (ع۔ مذکر) گھنے درختوں کا جھنڈ جنگل
ایک (ہ۔ صفت) ۱ گنتی کا پہلا عدد
۱۔ عدد ۲ اکیلا۔ تنہا۔ صرف ۳ یکساں۔ متحد۔ برابر ۴
منتخب۔ یکتا۔ بے نظیر ۵ بہت۔ بڑا۔ نہایت ۶ سارا۔
تمام ۷ متفق۔ یکجا ۸ پورا۔ پکا ۹ دوسرا ۱۰ کوئی (تف)
تقریباً۔ اس کے قریب جیسے چار ایک۔ ایکا (مذکر)
۱ اتفاق۔ یکدلی۔ یکجہتی۔ میل۔ ملاپ ۲ سازش۔ اتحاد
۳ اِکّا تاش کا ۴ اکائی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
ایکا ایک (مذکر۔ لکھنؤ) ایک پیر جن کے نام کی منّت
عورتیں مانتی ہیں۔ ایکا ایکی (تف) یکلخت۔ اچانک۔
دفعتہً۔ ایک آتا ہے ایک جاتا ہے۔ آنے جانے
والوں کا تانتا بندھا ہے۔ ایک آفت سے تو
مرمر کے (بچے تھے) جینا ہوا تھا۔ ایک

مصیبت سے بڑی مشکل سے چھٹکارا ہوا تھا۔ ایک آدھ
(صفت) اکا دکا۔ خال خال۔ کوئی کوئی۔ ایک آکار
(... ...) بالکل مطابق۔ یکساں۔ ایک آم کی
دو ... ...ں۔ دونوں ایک ہی شکل صورت کے۔
ایک آن (مذکر) ایک وضع۔ ایک آن میں (تف)
دم بھر میں۔ فوراً۔ یکلخت ۔ ایک آنچ کی کسر
رہ گئی ہے۔ تھوڑی سی کسر رہ گئی ہے۔ کام ہوتے
ہوتے بگڑ گیا۔ ایک آنچ کی کسر ہے۔ تیار ہونے
کے قریب ہے۔ ایک آنکھ (عو) بالکل بطلق۔ ذرا۔
ایک آنکھ (ـــــے) سب کو دیکھنا
(متعدی) سب سے یکساں برتاؤ کرنا۔ ایک آنکھ
نہیں بھاتا۔ بالکل پسند نہیں۔ ایک اپنے نام
کا ہے۔ یگانۂ روزگار اور یکتا ہے۔ ایک ارتھ۔
ایک رتھ (ہ۔ صفت) ہم معنی۔ مترادف (مذکر)
ہم معنی الفاظ۔ ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ۔
دونوں یکساں۔ دو بچوں سے ایک جیسی محبت ظاہر کرنے
کو کہتی ہیں۔ ایک امیری ہزار عیبوں کو ڈھانکتی
ہے۔ امیر کے عیبوں کی طرف لوگ خیال نہیں کرتے۔
ایک انداز (تف) ایک طریقے کے۔ ایک جیسے یکساں
ایک انداز سے (تف) ایک ہی طریقے پر۔ برابر یکساں
ایک انگ سے دو انگ کا بنانا (متعدی) ہونا (لازم)
بہت موٹا ہونا۔ دوہرے بدن کا ہونا۔ ایک اور (صفت)
دوسرا۔ ایک اور تازیانہ ہونا (لازم) اشتعال دینے
کی ایک اور وجہ ہونا۔ ایک اور دس (رسو) کا فرق
بڑا فرق ہے۔ ایک اوقات ہونا (لازم) زندگی کا
وقت یکساں حالت میں گذرنا۔ ایک ایک (صفت)
ہر ایک۔ سب ۲ باری باری۔ فرداً فرداً۔ علیحدہ علیحدہ
ایک ایک ادا پہ لوٹا جانا۔ ہر ادا پر فدا ہونا۔
ایک ایک چھب بھاتی تھی۔ ہر ادا پسند آتی تھی۔
ایک ایک دم میں سو سو رنگ بدلتا ہے
(متعدی) ایک بات یا حالت پر قائم نہیں رہتا بہت جلد
بدل جاتا ہے۔ ایک ایک دن (ایک ایک
مہینے کے برابر ہے) دو بھر ہے۔ انتظار کی
تکلیف ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ ایک ایک دو دو
(تف) جدا جدا۔ باری باری۔ علیحدہ علیحدہ ایک ایک
رگ و پے میں نمک پیوست ہو گیا ہے۔
بہت نمک حلال ہیں۔ ایک ایک سے۔ ایک سے
فرداً فرداً۔ ایک ایک قدم ایک ایک منزل
ہونا (لازم) سخت غم یا تھکاوٹ سے قدم اُٹھاتے

ہوئے تکلیف ہونا۔ ایک ایک کا دامن پکڑکر
رونا (لازم) نہایت بیکسی اور بے بسی کی حالت میں
رونا۔ ایک ایک کا مُنہ تکنا یا دیکھنا (متعدی)
حیرت اور حسرت سے دوسروں کی طرف دیکھنا۔ ایک
ایک کرکے (تف) رفتہ رفتہ۔ ایک ایک کو چن کر۔
باری باری سے سب ۔ فرداً فرداً۔ جُدا جُدا۔
ایک ایک کو چڑانا (متعدی) ہر ایک کو چھیڑنا
ایک ایک کوڑی کو ترسانا (متعدی) خرچ میں
تنگی کرنا۔ بہت کم خرچ دینا۔ ایک ایک کی چار چار
(دس دس) لگانا (متعدی) مبالغے کے ساتھ جاکر
بات سُنانا۔ ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا کہ فساد
ہوجائے۔ ایک ایک کے دس دس ہونا (لازم)
بہت نفع ہونا۔ ایک ایک کے دو دو ہونا (لازم)
جتنا خرچ ہونا اتنا ہی نفع ہونا۔ ایک ایک کی
صورت دیکھنا (متعدی) حیران ہوکر لوگوں کی طرف
دیکھنا۔ ایک ایک گھڑی ایک ایک برس
سے زیادہ ہونا یا (بھاری) پہاڑ ہونا (لازم)
وقت کا گزرنا نہایت مشکل ہونا۔ ایک بات (تف)
بالکل آسان۔ سہل امر۔ ۲ (مؤنث) پختہ بات۔ مضبوط
بات۔ معقول بات۔ ۳ ایک قیمت مقررہ۔ ایک بات
سُنتے جاؤ۔ کسی کو کہیں جاتے ہوئے یہ کہہ کر بلاتے ہیں
ایک بات تھی (کہ ہمارے) مُنہ سے نکل گئی۔
یونہی ایک بات کہہ دی۔ گرفت نہ کیجئے۔ ایک بات
میں (تف) تھوڑی سی بات سے۔ کچھ کہہ کر۔ ۲ ذرا سے
اشارے میں۔ ایک بات ہزار مُنہ۔ ہر شخص
نئی بات کہتا ہے۔ کس کس کی سُنی جائے۔ ایک
بات ہے ۱ آسان ہے۔ سہل ہے۔ کچھ مشکل نہیں ۲
ایک خاص ادا ہے۔ عجب انداز ہے ۳ یکساں ہے
کچھ فرق نہیں۔ برابر ہے ۴ معاملہ واحد ہے ۵ کچھ
اصلیت نہیں۔ افواہ ہے۔ ایک باچھی (مؤنث)
لگان کی تقسیم جو تمام اراضی پر ایک جتنی ہو۔ ایک بار
(مونث) دیکھو اکبار۔ ایک بارگی (تف) یکا یک۔
ذرا۔ ایک بال چل نہیں۔ بالکل فرق نہیں۔
ایک بال کا مول۔ خوبصورتی کی تعریف میں مبالغہ
ایک بچن (ھ) (صرف و نحو) واحد۔ ایک برن
(ھ) ایک رنگ۔ سادہ۔ ایک ذات کا۔ ایک قوم
کا۔ ایک جیسا۔ یکساں۔ ایک برنی (ھ) تال
دینا (گانے کے ساتھ) تالی بجانا ۲ (مونث) تال دینے

کے لئے ایک ساز ۳ چٹ چٹی۔ کھڑتال۔ ایک
بغل ہوجاؤ (غف) ایک طرف ہوجاؤ۔ کنارے
ہوجاؤ۔ ایک بگی (صفت) یک رُخی۔ ایک بات کی
پچ کرنے والی جو کسی دوسرے کی نہ سُنے۔ ایک
بوتل کا سرور یا نشہ (مذکر) اتنا نشہ جو ایک بوتل
شراب پینے سے ہوجائے۔ ایک بول بھی یاد
نہ رہنا (لازم) جو کچھ سُنا تھا بھول جانا۔ ایک
بولی تین کام (طنزاً) جب ایک وقت میں بہت سے
کام ہوں تو کہا جاتا ہے۔ ایک بھانت (ھ)
دیکھو ایک رنگ۔ ایک بھاؤ (مذکر) ایک قیمت۔
یہ نہیں کہ کسی سے کچھ اور کسی سے کچھ۔ ایک بھکت
(ھ۔ مذکر) وہ شخص جو ایک وقت کھانا کھائے۔ ایک
خدا کا پجاری۔ موحد۔ ایک بھگتی (صفت)
ہم مذہب۔ ایک دیوتا کے پجاری۔ ہم مذہب اشخاص
ایک بھی نہ ماننا (متعدی) دیکھو ایک نہ ماننا۔
ایک بھی نہیں۔ کوئی نہیں۔ ایک بیر (ھ) اکبار۔
ایک بیڑی پاؤں میں ڈالی گئی۔ ایک نکاح
ہوگیا۔ ایک پانی (مذکر) ۱ ایک دفعہ کی بارش ۲
ایک دفعہ کوئیں یا نہر کا پانی زمین میں لگانا۔ ایک
پانی کی ضرورت ہونا (لازم) ایک دفعہ بارش یا
ایک دفعہ سینچنے کی ضرورت ہونا۔ ایک پاؤں اندر
(گھر میں) ایک پاؤں باہر۔ کبھی یہاں کبھی وہاں
بہت کام یا اضطراب کی وجہ سے ایک جگہ نہ بیٹھنا
ایک پاؤں پھرنا (لازم) برابر پھرتے رہنا۔
دم لینا ۲ ایک پاؤں پر کھڑے ہوکر چکر لگانا۔ ایک
پاؤں رکاب میں رہنا (لازم) ہر وقت روانہ ہونے
کے لئے تیار رہنا۔ ایک پاؤں سے پھر رہا
ہے۔ بہت کوشاں ہے۔ ایک پاؤں سے کھڑا
رہنا یا ہونا (لازم) بہت ہی فرمانبردار ہونا۔ حکم
کی تعمیل کے لئے تیار رہنا۔ ایک پاؤں کہیں
ایک کہیں۔ ایک جگہ قیام نہیں۔ ایک پتنی
(ھ) خاوند کی خدمتگزار عورت۔ وفادار بیوی۔ ایک
پر ایک (تف) متواتر۔ لگاتار۔ ایک پر ایک
بھاری ہونا (لازم) ایک کا دوسرے پر گھبرا گھبرا کر
گرنا۔ ایک پر ایک ہے۔ بہت اچھا ہے۔
ایک پر ایک گرا (ٹوٹا) پڑتا ہے۔ تماشائیوں
یا خریداروں کا بڑا ہجوم ہے۔ ایک پر بیٹھ رہنا
(لازم) عورت کا ایک خاوند یا آشنا پر قناعت کرنا

ایک پُرشا (ھ) انسان کے قد کے برابر گہرا۔ ایک
پکش (ھ) ہمراہی۔ ساتھی۔ ہم صحبت۔ شریک۔
ایک پل (مذکر) ۱ تھوڑی سی دیر ۲ (تف) لحظہ بھر۔
ایک پلک (تف) پل بھر۔ دم کی دم۔ ذرا سی دیر۔
ایک آن۔ ایک پل میں (تف) ایک دقیقے میں۔
طرفۃ العین میں۔ ایک پل نہ بھانا (لازم) ذرا
بھی اچھا معلوم نہ ہونا۔ ایک پہر کی بیماری میں
چارپائی سے لگ گیا۔ تھوڑی دیر کی بیماری سے
بہت کمزور ہوگیا۔ ایک پیٹ کے (صفت)
ایک ماں کے بچے۔ ایک تارا دیکھ کر ایڑی دیکھنا
(متعدی) اگر دوسرا تارا نظر نہ آئے تو عورتیں ایڑی کی
طرف دیکھتی ہیں کہ نحوست رفع ہوجائے۔ ایک تار
نہ رکھنا (متعدی) رہنا (لازم) رہنے دینا (متعدی)
پھاڑ دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ تار تار جُدا کر دینا
ایک تال (مؤنث) سروں میں میل۔ ہم سازی۔
ہم آہنگی۔ گانے۔ ناچ اور ساز کا میل۔ ایک
تان (مؤنث) دیکھو ایک تال ۲ خیال کو ایک امر کی
طرف لگانا۔ نہایت توجہ دینا۔ ایک تلاطم برپا
تھا۔ سخت گھبراہٹ تھی۔ شور مچا ہوا تھا۔ ایک
تل بھر (صفت) بہت ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ ایک
تمانچہ سہی کیا۔ ایک تھپڑ مار دیا۔ ایک تم کیا ہو
تم پر ہی موقوف نہیں۔ ایک تم ننھی اور ایک تمہاری
بیٹی ننھی (عو) طنزاً کہتی ہیں۔ جب کوئی دوسری عورت
اغماز ظاہر کرے۔ تم دونوں بڑی نادان ہو کہ تمہیں کچھ
پتہ نہیں۔ ایک تن (ھ) ایک بدن والا جو آواگون
کے جھگڑے سے پاک ہو۔ ایک تنکا پڑا نظر نہیں
آتا۔ صفائی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ بہت صفائی ہے
ایک تنکا نہیں چھوڑا۔ سب کچھ چرا لے گئے۔ کچھ
نہیں چھوڑا۔ ایک تن کے بہتر تن ہونا (لازم)
بُری گت ہونا۔ بہت ہی بے آبرو ہونا۔ ایک تنکے
کا احسان نہ لینا یا شرمندہ ہونا (لازم) ذرا بھی
ممنون نہ ہونا۔ کسی سے کوئی کام یا چیز نہ لینا۔ ایک تنکے
کا بھی احسان (بڑا) بھاری ہوتا ہے۔ ذرا سے
احسان کا بھی بڑا بوجھ ہوتا ہے۔ ایک تنکے کا بھی
سہارا بہت ہوتا ہے۔ ذرا سی امداد کا بڑا اثر
ہوتا ہے۔ اور حوصلہ بڑھ جاتا ہے۔ ایک تنکے کا
سہارا نہیں۔ کہیں سے امداد کی امید نہیں ایک
تو (تف) اول تو۔ ایک تول (صفت) اسی وزن کا
یکساں۔ مساوی۔ ایک تو یونہی نام نکلا ہوا ہے

اب اور نکلے گا۔ بدنام پہلے ہی ہے اب اور بدنام ہوگا۔ ایک تھا بادشاہ ہمارا تمہارا خدا بادشاہ (مو) کہانی شروع کرنے سے پہلے یہ فقرہ کہتی ہیں۔ ایک تھاں (ء) ایک جا۔ ایک تیر پرتاب فاصلہ تھا۔ تیر کی مار پر تھا۔ ایک تیر سا سینے پر لگ گیا۔ بڑا رنج گزرا۔ ایک تیری جوانی کی آتی ہے۔ تیری جوانی پر افسوس آتا ہے۔ ایک ٹانگ پھرنا (لازم) دیکھو ایک پاؤں پھرنا۔ ایک ٹانگ کھڑا رہنا (لازم) دیکھو ایک پاؤں کھڑا رہنا۔ ایک ٹک (ء) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ ٹکٹکی۔ تاک (تف) یکساں۔ برابر۔ بالاستقلال (دیکھنا کے ساتھ) ایک ٹھوکر میں آنکھ کی چربی اتر گئی۔ ایک صدمے سے عقل آگئی۔ ایک جا یا جگہ (تف) اکٹھا۔ جمع۔ ایک جا کرنا (متعدی) فراہم کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ ایک جات (صفت) ہم ذات۔ ہم قوم۔ ایک ہی خاندان کے۔ ہم مذہب۔ ایک ہی ماں باپ کی اولاد۔ ایک جان۔ ایک جگر (صفت) ایک دل۔ نہایت گہرے دوست۔ نہایت عزیز یا پیارے۔ ایک جان کیا ہزار جان سے (شیدا) عاشق ہوا۔ دل و جان سے شیدا ہوگیا۔ ایک جان کے ساتھ سب سامان ہے۔ ایک شخص کی وجہ سے سب عیش۔ ایک جاننا (متعدی) برابر جاننا۔ یکساں سمجھنا۔ ایک جان ہونا (لازم) مل جانا۔ ایک جان ہے چاہے خدا لے چاہے بندہ۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی کام ضرور کرنا ہو۔ اور جان کی پروا نہ کی جائے۔ ایک جگہ تلوا نہ لگانا (لازم) ایک جگہ بیٹھنا یا ٹھیرنا۔ تھوڑی دیر ٹھیرنا۔ ایک جاننا (لازم) یکساں سمجھنا۔ برابر جاننا۔ ایک جوتا چڑھانا ایک اُتارنا (لازم) ایک بیوی سے نکاح کرنا دوسری کو طلاق دینا۔ ایک جہان۔ بہت سے لوگ۔ ایک چت (تف) ایک طرف دھیان یا خیال جانا۔ سخت متوجہ۔ سخت مشغول ۲ متفق۔ ہم خیال ۳ ثابت قدم۔ پکا۔ کٹا۔ مضبوط۔ ایک چتر (ء) ۱ مہاراجہ ادھیراج۔ شاہنشاہ ۲ راجہ رامچندر جی۔ ایک چشم زدن میں (تف) ایک لمحہ میں۔ فوراً۔ آنکھ جھپکنے میں۔ ایک چلو پانی ڈوب مرنے کو بہت ہے۔ ایک چلو پانی میں ڈوب مرو۔ شرم آنی چاہئے۔ بے حیائی کی حرکت پر شرم دلانے کو کہا جاتا ہے۔ ایک چمچہ

آش کا تیار کروں۔ دعوت دینے کے موقع پر کسر نفسی سے کہتے ہیں۔ ایک چھوڑ دو دو۔ جب کسی کے پاس ایک قسم کی دو چیزیں ہوں تو کہا جاتا ہے۔ ایک چھچھڑا دینا (متعدی) ایک بچہ دینا۔ ایک چیخ زمین ایک آسمان۔ بہت چیخنا چلانا۔ ایک حال پر بسر ہونا (لازم) یکساں زندگی بسر ہونا۔ ایک حالت پر قرار نہ ہونا (لازم) حالت تبدیل ہوتے رہنا۔ ایک حال میں گزرنا (لازم) یکساں زندگی بسر ہونا۔ زندگی میں کوئی تغیر تبدل نہ ہونا۔ ایک حال میں ہونا (لازم) یکساں حالت میں مبتلا ہونا۔ ایک حد تک (تف) کچھ۔ ایک حصہ (ٹھیک ہونا۔ درست ہونا کے ساتھ) ایک حرف پڑھا گیا ہو تو دیدے پھوٹیں۔ بہت بُرا خط ہے۔ بالکل نہیں پڑھا گیا۔ ایک حرف نہ آنا (لازم) ذرا بھی نقص نہ ہونا۔ ایک حساب سے (تف) ایک طرح۔ ایک وجہ سے۔ ایک حیرت طاری ہونا (لازم) سخت تعجب یا حیرت ہونا۔ ایک در بند ہونا (لازم) کانا ہونا۔ ایک دریش (ء) کانا۔ یک چشم۔ ایک دست (تف) کل۔ تمام۔ یکشت۔ یکلخت۔ ایک دفعہ (مذکر) ایک بار (تف) کسی زمانے میں۔ ایک دُکھ سکھ (تف) اکٹھے رنج اور خوشیاں برداشت کرنا۔ ہمدرد۔ ایک دل (تف) ۱ ہم خیال۔ متفق۔ متفق الرائے ۲ (صفت) وفادار۔ باوفا۔ سچا دوست مخلص۔ ایک دم (مذکر) ایک سانس۔ ایک سانس کا وقفہ ۱ (تف) فوراً۔ دفعتہً ۲ برابر۔ بلاتوقف۔ پیہم ۳ اکیلی جان۔ تنہا۔ ایک دم سے (تف) فوراً یکلخت دفعتہً۔ ایک دم کا بھروسہ نہیں۔ دُنیا ناپائدار ہے۔ زندگی کا کچھ اعتبار نہیں۔ ایک دم کا مہمان ہے۔ قریب مرگ ہے۔ ایک دم کی روشنی ہے زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ ایک شخص کی وجہ سے گھر کی رونق ہے۔ ایک دم کی فرصت نہ ہونا (لازم) بہت مصروفیت ہونا۔ بیحد کام ہونا۔ ایک دن (تف) عنقریب کسی روز۔ ایک دن خدا کو منہ دکھانا ہے خدا سے ڈرنا چاہئے۔ اور نا انصافی نہ کرنی چاہئے۔ ایک دن سب کو مرنا ہے۔ ایک دن دُنیا سے جانا ہے۔ سب کو مرنا ہے۔ کسی کے مرنے پر خوش نہ ہونا چاہئے۔ کسی کے مرنے پر بہت واویلا کرنے پر تسلی کے لئے بھی کہا جاتا ہے۔ بُری بات

سے پرہیز ظاہر کرنے کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ایک دن کا ذکر (واقعہ) ہے۔ کچھ دن گزرے۔ ایک دو (صفت) تھوڑے۔ چند۔ ایک دو بول (مذکر) کنایتاً نکاح میں ایجاب و قبول۔ ایک دوسرے کا (تف) آپس میں دونوں طرف سے۔ ایک دھجی نہیں چھوڑی۔ سب چُرا لے گیا۔ کچھ نہیں چھوڑا۔ ایک دیسی (ء) ایک ہی ملک کے۔ ایک ہی جگہ کے۔ ایک دیگا دس پائیگا۔ فقیروں کی صدا۔ خیرات کا بڑا اجر ہوتا ہے۔ ایک دیولی برابر ٹوپی ہونا (لازم) بہت چھوٹی ٹوپی ہونا۔ ایک ڈال (صفت) ایک ٹکڑے کا۔ بغیر جوڑ کے۔ ایک ڈگ جمانا (متعدی) ایک ٹھوکر مارنا۔ ایک ڈول (تف) ایک سا۔ ایک ہی طرح کا۔ ایک ڈھنگ سے (تف) ایک ہی طریقے پر۔ سڈول۔ باقرینہ۔ ایک ذات (صفت) ایک قسم کا۔ ایک جنس کا برابر ہوئیہ ایک جات۔ ایک ذات کرنا (متعدی) حل کرنا۔ باہم خوب ملانا۔ ایک راس (صفت) ایک ذات۔ ایک راہ ہونا (لازم) طریقہ یکساں ہونا۔ ایک رتی (صفت) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ ایک رتی برابر فرق نہ ہونا (لازم) ذرا بھی فرق نہ ہونا۔ بالکل یکساں ہونا ایک جیسا ہونا۔ ایک رس (ء۔ مونث) ایک خوشبو ایک خوشی ۱ (صفت) وہ شخص جو ایک چیز سے خوش ہو جائے ۲ غیر متبدل۔ ثابت۔ قائم۔ ایک رسی میں باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) بہت آدمیوں کا ایک ہی قصور میں پکڑا جانا۔ ایک رنگ (صفت) ایک قسم کا۔ ایک وضع کا۔ یکساں۔ مطابق۔ سچا دوست باوفا۔ ایک رنگا (مذکر) ایک سُرخ رنگ کا کپڑا جو عورتیں پہنتی ہیں۔ ایک رنگ آتا ہے ایک جاتا ہے۔ چہرے کا رنگ فق ہے (لازم) منہ پر ہوائیاں اُڑ رہی ہیں۔ ایک رنگ کر دینا (متعدی) یکساں کر دینا۔ برابر کر دینا۔ ایک جیسی حالت کر دینا ایک رنگ نہ رہنا۔ تغیر ہونا۔ ایک حالت نہ رہنا ایک رنگ میں ہونا (لازم) ہا ایک حالت میں ہونا ایک رُواں بھی میلا ہوا۔ دھمکی کے طور پر کہتے ہیں کہ اگر ذرا بھی تکلیف ہوئی۔ ایک رُواں بھی میلا نہ ہونا (لازم) کچھ بھی ضرر نہ پہنچنا۔ کچھ نقصان نہ ہونا ایک روپ۔ ایک روپی (صفت) ایک شکل و صورت کا۔ مطابق۔ یکساں۔ مانند۔ ملتا جلتا۔ ایک روز

اکلام کوچ ہے - ضرور مرنا ہے - ایک زبان
(تف) متفق - ہم زبان - مل کر - ایک ہوکر۔ ۲ (مونث)
ایک سخن - ایک بات ۳ (صفت) ایک زبان رکھنے والا۔
ایک زبان سے ہزاروں باتیں سنائیں بغیر کے
بہت سی باتیں کہہ گئیں - بہت صلواتیں سُنائیں -
ایک زمانہ (مذکر) سارا جہان - سب لوگ - ایک
زمانہ ایسا آئیگا - وہ وقت ہوگا - ایک سا -
سار یا سال (صفت) برابر - یکساں - ایک ساتھ
(تف) اکٹھے - مل کر - ایک سانچے کے (ڈھلے)
ہیں - سب ایک وضع قطع کے - ایک سانس میں
کچھ دوسری سانس میں کچھ - کبھی کچھ کہنا کبھی
کچھ - بہت جلد بدلنا - ایک سا نقشہ ہو جانا
(لازم) ایک سی حالت ہو جانا - ایک سپاٹے
میں (تف) ایک چھلانگ مار کر - ایک ہی دفعہ اُڑ کر -
ایک سنّاٹا ہے - بالکل چپ چاپ ہے - کوئی
نہیں بولتا - ایک سخنیا (صفت) وہ شخص جو ایک
دام کہے - پھر کمی نہ کرے - ایک سر (تف) یکسر -
ایک ہی دفعہ - اکٹھے - ایک سرے سے (تف)
دیکھو اک سرے سے - ایک سرے سے
جوتی کاری ہونے لگی - سب طرف سے جوتیاں
پڑنے لگیں - ایک سرے سے سب کو ہلا دینا
(متعدی) سب کو حیران پریشان کر دینا - ایک
سمجھنا (لازم) یکساں سمجھنا - ایک سیں - ایک سی -
ایک سنگ - دیکھو ایک ساتھ - ایک سی
(صفت) ایک ہی طرح کی - یکساں - ایک سے
ایک (تف) ایک دوسرے سے - گر ایک
سے ایک بہتر - بڑھ چڑھ کر یا بڑھ کر - سب
اچھے - ایک سے (کبھی کسی کے دن رہے
ہیں) دن نہیں رہتے - حالت بدلتی رہتی ہے -
ایک سے لاکھ تک - ایک سے ہزار تک -
بہت - کثرت سے - ایک سے ہزار ہوتا (لازم)
کثرت سے بڑھنا - ترقی کرنا - مرتبہ حاصل کرنا -
ایک شرن (ہ) ایک جس سے امید یا سہارا ہو -
دیوتاؤں کا نام - ایک شریر (صفت) ۱ نہایت
شرارتی - ۲ (ہ) ایک بدن کا - ایک نسل کا - ایک
صورت پر (تف) ایک ڈھنگ پر - ایک صورت
سے (تف) ایک طرح - یکساں حالت سے - ایک
ضرب (مونث) ایک چوٹ - ایک حملہ - ایک مار - ایک

طرز (مونث) ایک وضع قطع - ایک طرز کے (صفت)
ایک ہی شکل صورت کے - ایک جیسے - ایک طرح -
ایک طرح پر (تف) ایک حالت سے - ایک وضع
سے - ایک طرح کا (صفت) ایک قسم کا - ایک طرف
(کا بازار بند ہے) کی دُنیا غائب ہے - مذاق
کا نام ہے - ایک طرفہ (صفت) یک طرفہ - بغیر دوسرے
فریق کا جواب سنے - ایک طرفہ فیصلہ (مذکر) مدعی
کا بیان سن کر فیصلہ کر دینا - ایک طرف ہو جاؤ
کنارے ہو جاؤ - رستہ چھوڑ دو - کسی ایک کے
شریک ہو جاؤ - ایک طوفان برپا تھا - سخت
کہرام مچا ہوا تھا - ایک عالم (مذکر) سارا جہان -
تمام دنیا - ایک عالم حیرت ہونا (لازم) سخت
حیرانگی کی حالت ہونا - ایک عالم ہو کا نظر
آنے لگا - سناٹا ہو گیا - کوئی شخص نظر نہ آتا تھا -
ایک عالم ہے - عجب کیفیت ہے - نرالا جوبن ہے
ایک عمر - دیکھو اک عمر - ایک عمر مرتا رہا پر ٹھور
کا ٹھور - ایک مدت کوشش کی مگر بے بہرہ ہی رہا -
ایک فصلی (صفت) جو سال میں ایک دفعہ پھل دے -
ایک قلم - یکلخت - فوراً - بالکل - برابر - ایک کا
پسینہ گرے دوسرا خون بہانے کو تیار ر -
اگر ایک کو تکلیف پہنچے دوسرا اس کی تکلیف برداشت
کرنے کو راضی - ایک کا تیلتے تینوں تیت (ہ)
ایک کیا تینوں ہی کڑوے ہیں - سب ایک جیسے ہی
ہیں - ایک کال (ہ) ایک وقت - ایک ہی وقت پر
ایک کام کو جاتا ہوں - جب کوئی پوچھے کہاں جاتے
ہو تو ٹالنے کے لئے کہتے ہیں یا ملازموں کو باہر جاتے
ہوئے کہ - جاتے ہیں - ایک کان بہرا ایک گونگا
کر لینا (متعدی) ۱ التفات نہ کرنا کسی کی طرف سے
ارادتاً بے خبر ہو جانا ۲ کسی کی سخت باتیں سن کر چپ ہو رہنا
ایک کان سُنا ایک (دوسرے) کان اُڑا دینا
(متعدی) کسی کی نصیحت سُن کر پروا نہ کرنا - ایک کانٹے
میں تولنا (لازم) یکساں وزن کرنا - ایک جیسا سب
سے برتاؤ کرنا - ایک کا ہو رہنا - ایک کے سوا دوسرے
کی طرف مائل نہ ہونا - صرف ایک سے آشنائی رکھنا -
ایک کچی گھڑی (تف) لحہ بھر - ایک کنارے ہونا
(لازم) ۱ ایک طرف ہو جانا ۲ الگ ہو جانا - ایک کو
ایک پر ترجیح - ایک دوسرے سے بہتر - ایک
کو ایک پر ترجیح نہیں - ایک دوسرے پر سجا ہوا -

ایک کو بھی جُرأت نہ ہوئی - کسی کا حوصلہ نہ پڑا -
ایک کو پھانس لگے تو دوسرے کے کلیجے
میں برچھی لگ جائے - ایک کو تکلیف پہنچے تو
دوسرے کو اس سے زیادہ تکلیف پہنچے - ایک کو
چھپاؤ ایک کو نکالو - ان کے متعلق کہتے ہیں جو بالکل
ہم شکل و ہم صورت ہوں - ایک کو دو کرنے میں
دیر نہیں کرتا - قتل کرنے یا الگ کرنے میں جلدی
کرتا ہے - ایک کوڑا (مذکر) ایک روپیہ بے نواؤں
کا محاورہ ہے - ایک کوڑی کی بھی آمد نہیں -
کچھ آمدنی نہیں - ایک کہنا دس سننا - اگر ایک بھی
گالی دیتا تو بہت سی سُنتا - ایک کہو گے تو دس
(دو) سنو گے - تھوڑی سی بدزبانی کے بدلے بہت کچھ
سُننا پڑیگا - ایک کہے تو وہ دس سنائے - سخت
زباں دراز ہے - ایک کھیل ہے - آسان کام ہے -
ایک کھیل بھی اُڑ کر مُنہ میں نہ جانا (لازم) کچھ
بھی نہ کھانا - ایک کہی نہ دو - کچھ نہ بولا کچھ نہ کہا
ایک کی ایک سے کہنا - ایک کی شکایت دوسرے
سے کرنا - لگائی بجھائی کرنا - ایک کی ایک سے
نہ بننا (لازم) آپس میں نا اتفاقی ہونا - ایک کے
(بعد) پیچھے ایک - متواتر - لگاتار یکے بعد دیگرے
ایک کی دارو (دوا) دو - ایک کی دوا دو
دو کی دوا چار - ایک کو مغلوب کرنے کے لئے
دو کافی ہوتے ہیں - ایک کی دس دس لگانا (متعدی)
ایک بات کو بہت مبالغہ سے سُنانا تاکہ لوگوں میں فساد
ہو جائے - ایک کی دس دس سُناتا ہے -
سخت زباں دراز ہے - ایک کے دو کرنا (متعدی)
دو برابر حصوں میں تقسیم کرنا - ایک گاڑی میں
جوت دیا جانا (لازم) شادی ہو جانا - ایک گال
ہنسنا ایک گال رونا (لازم) کبھی ہنسنا کبھی
رونا - ایک گونہ (تف) قدرے - کچھ - ایک گھاٹ
اُتارنا (متعدی) سب کے ساتھ ایک سا سلوک
کرنا - ایک گھاٹ پانی پینا (لازم) سب سے
ایک سا سلوک ہونا - ایک لخت (تف) یکلخت
(تف) ایک لڑا (متعدی) ایک لڑی کا - ایک لڑی
کا ہار - ایک لڑائی سا کھے کی اور لڑو نگا - ایک
زبردست جنگ اور کرونگا - جب بہت شکستیں
ہو جائیں - اور آخری کوشش ہو تو کہتے ہیں - ایک
لفظ بھی زبان سے نہ نکالا - کچھ نہ کہا - نہ بولا - باتیں

سُن کر چُپ ہو رہا۔ ایک لکڑیا بانسے کی کانی آنکھ تماشے کی۔ کانے کو چھیڑنے کے لئے بچّے کہتے ہیں۔ ایک ماتْرَ (ہ) ایک ماترَ کا (صرف ونحو) چھوٹا حرف علت۔ ایک ماس رِتو آگے دھاوے (ہ) موسم اب وہ ہے۔ جو ایک مہینہ بعد ہونا چاہئے تھا ایک ماں باپ کا ہونا (لازم) ایک نطفے سے ہونا سگے بھائی ہونا۔ اتفاق سے رہنا۔ ایک مت (صفت) ایک عقل کے۔ ایک رائے کے متفق۔ ایک محلہ اُجاڑ ہے۔ کانا ہے۔ ایک مدت (مؤنث) ایک معیّن زمانہ۔ ایک محدود عرصہ ایک مژہ برہم زدن۔ بھوڑی دیر کے لئے بھی۔ ایک بگدر کو تم ہلا نہ سکے جوڑی تم سے کیونکر ہلائی جاسکتی۔ ایک عورت کو قابو میں نہ رکھ سکے دو کو کس طرح قابو کر سکو گے۔ ایک منٹ گزرنا شاق ہے تھوڑی سی دیر بھی بُری معلوم ہوتی ہے۔ بہت جلدی ہے۔ ایک منہ دو بات۔ دو بالکل متضاد باتیں کہہ جانا۔ ایک منہ میں ہزار باتیں کر (کہہ) جانا (لازم) لگاتار باتیں کرتے جانا۔ ایک منہ ہونا متفق ہونا۔ ایک مول (مذکر) ایک قیمت۔ نہ بدلنے والی قیمت۔ ایک مولا (صفت) وہ سوداگر جو ایک قیمت کہہ کر کم یا زیادہ نہ کرے۔ ایک نام (صفت) ! ہمنام ! بالکل نہیں۔ کچھ نہیں ایک نٹ کھٹ ہے۔ بڑا چالاک اور شریر ہے۔ ایک نرم ایک گرم ہو تو نبھ بھی جائے۔ میاں بیوی میں سے اگر ایک سخت مزاج ہو اور دوسرا نرم مزاج تو گزارہ ہو بھی جائے۔ ایک نظر۔ ذرا سا۔ تھوڑی دیر۔ ایک نگاہ۔ ایک نظر دیکھنا (متعدی) ایک مرتبہ کسی کی طرف نظر کرنا۔ ایک نظر کے گناہگار ہونا (لازم) صرف ایک دفعہ دیکھنا۔ ایک نقطہ کا فرق نہ آسکنا۔ بالکل ٹھیک ہونا۔ ذرا فرق نہ ہونا۔ ایک نگاہ دیکھ لینا یا دیکھنا۔ (متعدی) ایک دفعہ ملنا یا دیکھنا۔ ایک نوالہ بھی نہ دینا (متعدی) کھانے کے لئے کچھ بھی نہ دینا۔ ایک نہ ایک (تف) کوئی نہ کوئی۔ ایک آدھ تھوڑا بہت۔ ایک نہ ایک دن اپنی سزا کو پہنچے گا کسی وقت اسے سزا ضرور ملے گی۔ ایک نہ چلنا (لازم) کچھ اثر نہ ہونا۔ ایک نہ چھوٹنے پایا۔ کوئی نہ بچا۔ ایک نہ سُننا (ماننا) (لازم) کوئی بات نہ قبول کرنا۔ کہا نہ ماننا۔ ایک نیا شوشا چھوڑا۔ فساد کی بات کی۔ ایک وار (مذکر) ایک ضرب۔ ایک مار (تف) ایک دفعہ۔ ایک وار پر لگانا (متعدی) ایک ہی بازی پر سارا روپیہ لگا دینا یا شرط بدنا۔ ایک وضع (مذکر) دیکھو ایک انداز۔ ایک وقت۔ اکٹھے۔ یکبارگی۔ ایک وقت سے دوسرا وقت ہو جانا (لازم) صبح گزر کر دوپہر دوپہر گزر کر شام شام گزر کر رات یا رات گزر کر صبح ہو جانا۔ ایک ہاتھ کا ہونا (لازم) تلوار کے ایک وار سے قتل ہونا۔ ایک ہاتھ (چھوڑنا) لگانا (متعدی) ایک ضرب لگانا۔ ایک ہاتھ میں دو پلے۔ ایک ضرب میں دو ٹکڑے۔ ایک ہُنر اور ایک عیب ہر آدمی میں ہوتا ہے عیب و ہُنر سے کوئی خالی نہیں۔ ایک ہو جانا (لازم) متفق ہونا ایکا کرنا۔ ایک ہے۔ یکتا ہے۔ اُستاد ہے۔ ایک ہی چُلّو میں اُلّو کر دینا (متعدی) ہو جانا (لازم) تھوڑی سی شراب پی کر مدہوش ہو جانا۔ ایک ہی (چھٹے گرگے) کاٹیاں تھے۔ بہت چالاک اور بدمعاش تھے۔ ایک ہی سانچے میں ڈھلے ہونا (لازم) بالکل ایک جیسا ہونا۔ ہم شکل ہونا۔ ایک ہی نٹ کھٹ ہے۔ بہت چالاک اور ہوشیار ہے۔ ایک ہی ہونا (لازم) اکیلا ہونا۔ یکتا ہونا۔ ایکی (تف) ایک ہی کا مخفف۔

امثال واقوال۔ ایک آپ

دوسرا بغل چاپ۔ آپ تو بن بُلائے آئے اور ساتھ ایک اور کو بھی لے آئے۔ ایک آنکھ پھوٹتی ہے تو دوسری پر ہاتھ رکھتے ہیں۔ ایک آنکھ پھوٹ جاتی ہے تو دوسری کی خیر مناتے ہیں۔ ایک بچّہ مر جاتا ہے تو خواہ مخواہ دوسرے کی بہت احتیاط کرنی پڑتی ہے ایک آنکھ سے رو دے ایک سے ہنسے۔ بہت چالاک اور عیّار ہے۔ ایک آنکھ مٹر کا بیا وہ بھی آنکھ بھوانی لیا (ہ) ایک چھوٹی سی آنکھ تھی وہ بھی چیچک نے لے لی۔ جو کچھ تھا وہ بھی جاتا رہا۔ ایک آنکھ میں لہر بہر ایک میں خدا کا قہر۔ ایک آنکھ میں شہد ایک آنکھ میں زہر ! جب آدمی کسی پر زیادہ مہربان ہو کسی پر کم تو کہا جاتا ہے ! اس کے متعلق بھی کہتے ہیں جو دم بھر میں خوش اور دم بھر میں ناراض ہو جائے۔ ایک آنکھ یہ ایک آنکھ وہ۔ دونوں کو برابر سمجھنا خصوصاً اولاد کو برابر جاننا اور ان سے یکساں سلوک کرنا۔ ایک آوے کے برتن ہیں ! سب ایک سے ہیں۔ سب یکساں ہیں۔ سب کے سب اطوار اخلاق اور عادات میں یکساں ہیں ! ایک ہی گھرانے کے ہیں۔ ایک اکیلا دو سے گیارہ ایک اکیلا دو کا میلا۔ ایک اور ایک گیارہ۔ دو شخص مل کر بہت کام کر سکتے ہیں۔ اتفاق میں بہت برکت ہے۔ ایک انار سو بیمار۔ ایک انگور سو زنبور۔ چیز تھوڑی ضرورت مند زیادہ۔ ایک انڈا وہ بھی گندا ! ایک بیٹا وہ بھی نالائق ! ایک چیز وہ بھی خراب۔ ایک اور ایک دو روٹیاں۔ ہر بات میں اپنا مطلب سوچنا۔ ایک اوڑ چار بید ایک اور چترائی (ہ) علم سے عقل بہتر ہے۔ ایک اہاری سدا برتی ایک ناری سدا جتی (ہ) ایک وقت کھانے والا روزہ دار اور ایک عورت والا مجرد سمجھنا چاہئے۔ ایک اہاری سدا سکھی (ہ) ایک وقت کا کھانے والا ہمیشہ تندرست رہتا ہے۔ ایک اہیر کی ایک ہی گائے نہ لگے تو چھچھی کھائے (ہ) چھچھی بال بغیر اناج۔ جس کی آمدنی تھوڑی ہو اسے بعض وقت بھوکا رہنا پڑتا ہے۔ ایک ایک گیارہ ہوتے ہیں۔ اتفاق میں بڑی طاقت ہے ایک آدمی کی مدد سے بہت قوت حاصل ہوتی ہے۔ ایک اینٹ کے لئے (محل) مسجد ڈھانا۔ تھوڑے سے فائدے کے لئے بہت سا نقصان کرنا۔ دُنیا کے واسطے دین کھونا۔ ایک بار جوگی دو بار بھوگی تین بار روگی۔ جوگی کو ایک بار پاخانے جانے کی حاجت ہوتی ہے۔ بہت کھانے والے کو دو بار اور بیمار کو تین بار۔ ایک بتّا کا بتنو نو بتّے کی ڈاڑھی (ہ) ایک ہاتھ قد اور نو ہاتھ ڈاڑھی۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو غیر موزوں لباس پہنے۔ ایک بچّے کی ماں کیا اور سو روپے کی پونجی کیا۔ ایک بیٹا ہو تو ہر وقت اس کی موت کا فکر رہتا ہے۔ اور تھوڑی دولت بیفائدہ ہوتی ہے۔ ایک بکھیا مورے پلّے کون پنوتے ہو کے چلّے (ہ) میرے پاس ایک رضائی ہے جب چاہوں چلا جاؤں کسی بات کی پروا نہیں غریب آدمی جس وقت چاہے کہیں چلا جائے اسے بار برداری کی فکر نہیں ہوتی۔ ایک بوٹی سو کُتّے۔ تھوڑی سی چیز اور بہت کھانے والے۔ ایک بولی تین کام ! ایک حکم سے تین کام کرانا ! ایک پنتھ دو

کاج۔ ایک بولی دو بولی میری نکٹی سٹاسٹ بولی۔ جب لڑکی بہت باتیں کہنے لگے تو ماں کہتی ہے۔ ایک پاپی ناؤ کو ڈبوتا ہے۔ ایک کی بدچلنی سے گھر کا گھر تباہ ہوتا ہے۔ ایک پان جو برسے سوائی۔ کرمی پہنے سونے کا پائی۔ اگر اسوج کے مہینے میں بارش ہو تو کسان کی بیوی سونے کا زیور پہنتی ہے۔ اسوج کی بارش بڑی مفید ہوتی ہے۔ ایک پر کے سو کوے بنانا۔ ایک بات کی سو باتیں مشہور کرنا۔ بیحد مبالغہ کرنا۔ ایک بات میں سو پہلو نکالنا۔ ایک پرہیز سو علاج۔ پرہیز علاج سے زیادہ مفید ہے۔ ایک پڑا لوٹے دوسرا کہے مجھے چوکھی دے۔ وہاں کہتے ہیں جب ایک تو کسی بات سے نقصان اُٹھائے۔ دوسرا اسی کی خواہش کرے۔ یہ مثل شرابخواروں سے لی گئی ہے۔ ایک پنتھ دو کاج۔ ایک تدبیر میں دو کام۔ ایک کام کے ساتھ دوسرا کام ہوجانا۔ ایک پھوہڑ پھوہڑ کے گئی جا کٹھلا سی ٹھاری بھی (ھ) ایک بیوقوف عورت دوسری بیوقوف عورت کے پاس گئی اور وہاں جاکر اناج کی کوٹھی کی طرح بیٹھ رہی۔ بیوقوف آدمی ملیں تو انہیں کرنے کے لئے کوئی بات نہیں سوجھتی۔ ایک پیڑ علی دھتّا جس کی جڑ نہ پتّا بے اصل بات جس کا سر پیر نہ ہو۔ ایک پیڑ ہڑ سگرے گاؤں کھانسی (ھ) چیز تھوڑی ضرورت مند بہت ایک ترکش کے تیر ہیں۔ دیکھو ایک تھیلی الخ۔ ایک تندرستی (نہ) ہزار نعمت (ہے) صحت اور تندرستی ہزار نعمت کے برابر ہے۔ ایک تو آپ دوسرے بغل چاپ۔ ایک تو خود ہی بے موقع آئے اور اس پر ایک اور کو ساتھ لے آئے۔ ایک تو باؤلی دوسرے بھوتوں کھدیڑی۔ ایک عیب تو پہلے ہی تھا۔ دوسرا اور پیدا ہوگیا۔ ایک تو بھال دوسرے کاندھے کدال۔ بُرے کے لئے اور بُرائی کا سبب پیدا ہوگیا۔ ایک تو بھیک دوسرے پچھوڑ پچھوڑ۔ مفت کی چیز پر اعتراض۔ ایک تو پدنی تھی ہی گھر دوسری آئی ڈولی چڑھ۔ بُرائی میں بُرائی کا زیادہ ہونا۔ ایک تو تھا ہی دیوانہ اس پر آئی بہار۔ بُرے کے لئے اور بُرائی کا سامان پیدا ہوگیا۔ ایک تو چپڑی دوسرے دو دو۔ اچھی چیز زیادہ مانگنا۔ ایک تو چوری اس پر

(دوسرے) سینہ زوری یا دوسرے سر زوری۔ ایک تو قصور کرنا دوسرے اوروں کو گھورنا۔ ایک تو ڈائن دوسرے ہاتھ لواٹھ (ھ) لواٹھ جلتی ہوئی لکڑی۔ خطرناک آدمی کا کھلے بندوں شرارتیں کرنا۔ ایک تو شر دوسرے (اس پر) بکتر پہنے۔ ظالم کا صاحب اختیار ہونا۔ ایک تو کانی بیٹی (بیاہی یا جنی) کی مائی دوسرے پوچھنے والوں نے جان کھائی (گھری لجائی یا کھرا کھایا) ایک تو غلطی اور اس پر لوگوں نے چھیڑنا شروع کیا۔ ایک تو کانی تھی دوسرے پڑ گیا کنک۔ ایک تو کڑوا کریلا دوسرے نیم چڑھا۔ بُرے کے لئے اور برائی کے سبب پیدا ہو گئے۔ ایک تو گڑ بڑ ٹن دوسرے لہسن کھلائے۔ ایک نقص یہ دوسرا نقص ! نہایت گندی عورت ہے۔ ایک تو گھر گھالوں اپنا دوسرے آس پاس (پاس پڑوس) ! جو اپنے ساتھ اوروں کو بھی نقصان پہنچائے۔ خانہ ویران کرنے والے شخص کے لئے بولتے ہیں ! بیسوا کے متعلق کہتے ہیں۔ جو پہلے اپنا پھر دوسروں کا گھر اُجاڑ دیتی ہے۔ ایک تو لُٹتا ہے دوسرا کہے چوکھے دے۔ اپنی غرض کے لئے دوسروں کی پروا نہ کرنا۔ ایک تو موا ان بھایا تھا دوسرے سہی سانجھ آتا تھا۔ ایک تو پسند نہیں تھا دوسرے سرشام گھر آجاتا تھا۔ کسی سے سخت نفرت کا اظہار۔ ایک تو میاں اُونگھتے اس پر کھائی بھنگ۔ ایک تو میاں تھے ہی سڑی اُوپر سے کھائی بھنگ تلے ہوا سر اُوپر ہوئی ٹنگ۔ کاہل آدمی اور اس پر ایسے کام کہے جس سے سستی اور بڑھے۔ ایک تو میٹھ دوسرے کٹھوت بھر۔ کھٹوت پرات۔ ایک تو اچھی چیز اور اس پر بہت سی مانگنا۔ ایک توے کی روٹی کیا چھوٹی کیا موٹی ! چھوٹے بڑے سب ایک ہی قسم کے ہیں ۲ ایک خاندان یا ایک نسل کے آدمی سب ایک ہی نظر سے دیکھے جاتے ہیں۔ ایک تھیلی کے ٹکڑے ہیں ایک تھیلی کے باٹ ہیں یا (چٹے) بٹے ہیں ! سب ایک سے ہیں ۲ ایک گھرانے کے ہیں۔ ایک ٹکا میری گانٹھی لڈو کھاؤں یا ماٹھی اترانے والے غریب کی نسبت کہتے ہیں۔ ایک

ٹکے پر مسجد ڈھانا۔ تھوڑے سے فائدے کے لئے بُرے سے بُرا کام کرنا۔ ایک جان دو تن (قالب) جب دو شخصوں میں بہت محبت ہو تو کہتے ہیں۔ ایک جان ہزار ارمان۔ جان کے ساتھ ہزاروں خواہشیں ہوتی ہیں۔ ایک جان ہزار غم۔ ایک شخص پر بیحد مصیبتیں۔ ایک جنا گھر مردہ بھیل چار جنا مل کھائی لیل۔ آپ آپ کے سبھی ملوک جھانٹ اکھیڑ کے مُردہ ہلوک (ھ) ایک آدمی مرگیا۔ چار جنازے کے ساتھ گئے۔ وہ اس قدر نازک تھے کہ مردہ ہلکا کرنے کو اس کی جھانٹیں اکھیڑ دیں۔ کوئی بہت نزاکت ظاہر کرے تو کہتے ہیں۔ ایک جنگلے میں دو شیر نہیں رہ سکتے۔ دیکھو ایک میان میں الخ۔ ایک جورو سارے کنبے کو بس ہے۔ یہ اس رسم کی طرف اشارہ ہے جس میں ایک بھائی کی بیوی سب بھائیوں کی بیوی سمجھی جاتی ہے۔ ایک جورو کی جورو ایک جورو کا خصم۔ ایک جورو کا سیس پھول ایک جورو کی پشم۔ بعض خاوند بیوی پر حاوی ہوتے ہیں۔ بعض بیویاں خاوندوں پر۔ ایک جو کی سولہ روٹی بھگت کھائیں کہ بھگتائن (بھگتانی) جہاں تھوڑی چیز اور بہت سے لینے والے ہوں کہتے ہیں۔ ایک چپ لاکھ بلا ٹالتی ہے۔ ایک چپ ہزار سکھ یا ہزار کو ہراوے خاموشی میں بہت سے فائدے ہیں۔ ایک چنا بہتیری دال۔ ایک مکمل چیز بہت سے ٹکڑوں سے بہتر ہوتی ہے۔ ایک چنا دو دال ! ایک جان دو قالب ۲ آدھوں آدھ۔ ایک چنا سورما کیا بھاڑ پھوڑیگا۔ دیکھو ایک سوہا چنا الخ۔ ایک چنے کی دو دالیں ! بالکل ہم شکل ۲ سگے بھائی۔ ایک چھونی کے آنچل میں نون گھڑی گھڑی روٹھے مناوے کون (ھ) جس کے پاس کوئی ضرورت کی چیز ہو اس کی خوشامد کرنی پڑتی ہے۔ ایک چھینکے ایک ناک کاٹے۔ آدھا کام کوئی کرے اور آدھا کوئی سرانجام دے۔ ایک حسن آدمی ہزار حسن کپڑا۔ لاکھ حسن زیور کروڑ حسن نخرا۔ عورت کی خوبصورتی کو کپڑا بڑھاتا ہے۔ اور زیور اور ناز و نخرا اور زیادہ بڑھاتے ہیں۔ ایک حمام میں سب (سبھی) ننگے۔ سب کا ایک ہی حال ہے کوئی کسی کو بُرا نہیں کہہ سکتا۔

ایک خطا دو خطا تیسری مادر بخطا۔ ایک دو دفعہ تو بھول ہو سکتی ہے۔ مگر اس سے زیادہ شرارت کی دلیل ہے۔ ایک دال ایک چاول۔ کرائے گن اور باور۔ وہی چیز کسی کو راس آتی ہے کسی کو نہیں آتی۔ ایک دانت اکاش ایک دانت پکاش بڑے مال خور کی نسبت بولتے ہیں۔ ایک در بند (مندا) ہزار در کھلے۔ کسی آمدنی کے بند ہونے کے وقت کہتے ہیں۔ ایک جگہ سے روزی جاتی رہے تو خدا اور راستہ کھول دیتا ہے۔ ایک دل ہزار آفتیں۔ ایک آدمی کے لئے بیحد مصیبتیں ایک دل ہزار غم۔ دیکھو ایک جان الخ۔ ایک دل یاروں میں ایک چوکیداروں میں۔ جس کا خیال بٹا ہؤا ہو۔ بے دیکھے بھالے کام کرنا۔ غفلت سے حرکات کا سرزد ہونا۔ ایک دم آیا (آیا) نہ آیا (نہ آیا) زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ ایک دم کا دمامہ ہے۔ چند روزہ زندگی کے لئے ہزاروں بکھیڑے کرنے پڑتے ہیں۔ ایک دم (میں) ہزار دم! مریض کو حوصلہ دینے کے لئے بولتے ہیں۔ جب تک سانس تب تک آس جیتا رہے اچھا ہو جائیگا! ایک کی ذات سے ہزاروں کا فائدہ ہے۔ ایک دم ہزار امید۔ آخری دم تک دُنیا کی ہوس گھیرے رہتی ہے۔ ایک دن کا پاؤہنا دوسرے دن ان کھاؤنا۔ مہمان کی خاطر ایک دن بہت ہوتی ہے۔ ایک دن کا مہمان دو دن کا مہمان تیسرے دن بلائے جان (کا بے ایمان) اگر مہمان بہت دن رہے تو دوبھر ہو جاتا ہے۔ ایک دن کا مہمان گلاب کا پھول دو دن کا مہمان کنول کا پھول تیسرے دن کا مہمان گھر کیوں گیا بھول۔ دیکھو آخری۔ ایک دن کھوٹا پیسہ بھی کام آتا ہے۔ ناقص چیز بھی کسی وقت کام آجاتی ہے۔ ایک دن کے تین سو ساٹھ دن۔ بدلہ لینے کے لئے بہت وقت ہے۔ ایک دو تین (بوجھ کولا) لاگنجفہ کو چھین گنجفہ باز اخیر پر بُوجھ مانگتے ہوئے جب گنجفہ سمجھاتا ہے تو کہتا ہے یعنی پرایا مال بھی اپنے ہاتھ آئے۔ ایک ڈر دو طرف ہوتا ہے۔ خصومت کا ڈر جانبین کو ہوتا ہے ایک ڈوبے تو جگ سمجھائے۔ یہاں تو جگ ہی ڈوبا ہے۔ ایک شخص غلطی کرے تو اسے دوسرے سمجھائیں۔ جب سب ہی غلطی پر ہوں تو کوئی کیا کرے

ایک رتی باون تولے! اکسیر کی تعریف جو ایک رتی سے باون تولے سونا بنا دیتی ہے! نپی تُلی۔ موزوں۔ ٹھیک۔ درست۔ ایک رنگ ہزار ڈھنگ۔ خوبصورتی سب سے بہتر چیز ہے۔ ایک رتی بن ناہیں رتی کا۔ بغیر روپے پیسے کے انسان کی کچھ قدر نہیں۔ ایک روٹی کے دو ٹکڑے۔ ایک ہی قسم کی دو چیزیں۔ ایک ہی خاندان کے دو آدمی۔ ایک شکل کے دو شخص۔ ایک سر ہزار سودے۔ ایک آدمی اور بے شمار کام۔ ایک دل اور ہزار رنج۔ ایک سور ما چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا۔ ایک آدمی چاہے کیسا ہی بہادر ہو ایسا کام نہیں کر سکتا جو کئی آدمیوں کے کرنے کا ہو۔ ایک سونا دوسرے سوگندھ۔ کئی وصف ہیں۔ ایک سہاگن نو لونڈے! ایک عورت کے پیچھے بہت سے آدمی! ایک بیوی بہت سے بھائیوں میں۔ ایک سے ایک اعلےٰ سبحان باری تعالےٰ (ربی الاعلےٰ) ایک سے ایک شرارت میں زیادہ ہے۔ ایک سے ایک پورا۔ ایک سے ایک بیوقوف۔ سب بیوقوف ہیں۔ ایک سے دو بھلے۔ تنہائی بُری ہوتی ہے۔ ایک سے لے ایک کو دے۔ خدا کسی کو غریب بناتا ہے کسی کو امیر۔ ایک شیر مارتا ہے سو لومڑیاں کھاتی ہیں۔ ایک باہمت آدمی کماتا ہے بیسیوں پرورش پاتے ہیں۔ ایک غریب کو مارا تھا تو نوسو من چربی نکلی۔ کوئی باوجود مالدار ہونے کے اپنے آپ کو غریب ظاہر کرے تو کہتے ہیں۔ ایک فرہاد سو تیشے ایک جان سو اندیشے۔ ایک آدمی کو بہت سی مصیبتیں۔ ایک کا مُنہ شکر سے بھرا جاتا ہے سو کا منہ خاک سے بھی نہیں بھرا جاتا۔ ایک مُنہ موتیوں سے بھرا جاتا ہے۔ سو خاک سے نہیں بھرے جاتے۔ ایک شخص کی خبرگیری اچھی طرح ہو سکتی ہے مگر ایک گروہ کی نہیں ہو سکتی۔ ایک کرے دس بھریں (پائیں) ایک شخص خطا کرے تو دس کو اس کا نتیجہ بھگتنا پڑتا ہے۔ ایک کو پانی ایک کو کیچ انصاف سے داد و دہش نہ کرنا۔ ایک کو دے رتبۂ عالی ایک کو دے کھرپا جالی۔ خدا کی شان ہے کسی کو امیر کسی کو غریب بناتا ہے۔ ایک

کوڑی کی گانٹھی چوڑا پہنوں کہ ماٹھی۔ دیکھو ایک ٹکا الخ۔ ایک کو سائی (ایک) دوسرے کو بدھائی (ایک کو بیٹا ایک کو بھائی)۔ ایک سے معاملہ رکھنا دوسرے کو پھانسے رکھنا۔ سب سے وعدے وعید۔ ہر ایک سے اقرار۔ ایک کھائے ملیدا ایک کھلائے بھُس۔ اپنی اپنی قسمت ہے کوئی امیر ہے کوئی غریب۔ ایک کہو نہ دس سنو۔ کسی کو بُری بات نہیں کہنی چاہئے۔ وہ ایک کی بجائے دس سنائے گا۔ ایک کے دونے سے سو کی سوائی بھلی۔ تھوڑا نفع زیادہ سے بہتر ہے ایک کی سیر دو کا تماشا تین کا پیٹنا چار کا سانپا (تین کی موت چوتھے کا جنازہ) زیادہ جگھٹا اچھا نہیں ہوتا۔ ایک کی لاٹھی دس جنے کا بوجھ! جب ایک کمائی پر بہت آدمیوں کا گذارہ ہو تو کہتے ہیں! جب ایک سائل بہت شخصوں سے سوال پورا کرنا چاہے۔ ایک گرو کے بالکے۔ سب بُرے ہیں سب خراب ہیں۔ ایک گھر بچے تو سب گھر رچے! اگر نرد ایک گھر بچے تو بازی جیت لی! خاندان میں ایک شخص کے لائق ہونے سے سب بچ جاتے ہیں۔ یہ مثل چوسر کے کھیل سے لی گئی ہے۔ ایک گھڑی کی بے حیائی (رنا) سارے دن کا آدھار۔ ایک دفعہ کا انکار بہت سے نقصانوں سے بچاتا ہے۔ ایک لاٹھی سب کو ہانکنا۔ ایک ہی طرح ہر ایک سے پیش آنا۔ ایک لاکھ پوتا سوا لاکھ ناتی جس راون کے دیا نا باتی۔ راون کی بہت اولاد تھی۔ سب قتل ہوگئی اور اس کے مرنے پر کوئی کریا کرم کرنے والا نہ رہا۔ مطلب یہ ہے کہ کثیر اولادی پر غرور نہیں کرنا چاہئے۔ ایک مچھلی سارے (تالاب) جل کو گندا کرتی ہے۔ ایک نالائق سارے خاندان کو بدنام کرتا ہے۔ ایک بُرا آدمی ساری قوم کی رسوائی کا باعث ہوتا ہے۔ ایک مرد سب کو مرد کرتا ہے۔ ایک نامرد سب کو نامرد کرتا ہے۔ ایک آدمی حوصلہ کرے تو سب دلیر ہو جاتے ہیں اور ایک بزدلی دکھلائے تو سب بھاگ جاتے ہیں۔ ایک مُرغی نو جگہ حلال نہیں ہوتی۔ تھوڑی سی چیز بہت لوگوں کے کام نہیں آسکتی۔ ایک میان میں دو تلواریں (چھریاں) نہیں رہ سکتیں! ایک چیز کے دو برابر کے خواستگار نہیں رہ سکتے! ایک وقت اور

ایک جگہ میں دو چیزیں نہیں رہ سکتیں۔ ۲ دو ہنڈیا ایک جگہ اکٹھی نہیں ہو سکتیں۔ ۳ ایک ملک میں دو بادشاہ نہیں ہو سکتے۔ ۵ ایک بیوی کے دو خاوند نہیں رہ سکتے۔ ایک میرے گھر آنا دوسری رُوٹا۔ گھر میں بہت سامان نہیں ایک دو ملازم ہیں۔ ایک مَیں ایک میرا بھائی تیسرا حجام نائی۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی بہت سے آدمی لے کر آئے اور پھر بھی ظاہر کرے کہ میرے ساتھ کوئی نہیں۔ ایک نار جب دو سے رسی جیسے ایک تیسے اَسّی۔ عورت کی پارسائی اس کے شوہر ہی تک ہے۔ ایک نا ہزار نہیں (کے برابر ہے) ایک مرتبہ کا انکار کافی ہے۔ ایک نشد دو شد۔ ایک عجیب امر کے بعد دوسرے کا واقع ہونا۔ ایک نظیر سو نصیحت۔ جو بات دکھا دی جائے وہ بہت سی نصیحتوں سے زیادہ اثر رکھتی ہے۔ ایک نور آدمی ہزار نور کپڑا۔ ایک نور منئی سہس نور پنہئی (ہ) لباس سے آدمی کی حیثیت بہت بڑھ جاتی ہے۔ ایک نہ سو دُکھ ہارے (ہ) ایک نہیں ستر بلا ٹلے۔ بے مروتی میں بڑا آرام ہے۔ ایک نیم سب گھر سیتل۔ نیم کا درخت سارے گھر کو ٹھنڈا رکھتا ہے۔ ایک نیم سو کوڑھی۔ دیکھو ایک انار الخ۔ ایک ہاتھ ذِکر پر دوسرا ہاتھ فکر پر۔ پرہیزگار بن کر دُنیا کمانا۔ ایک ہاتھ سے بکھیرو دو سے سمیٹو۔ کوئی کام خراب ہو جائے تو بڑی محنت سے درست ہوتا ہے۔ کام بگاڑنا آسان ہے سنبھالنا بہت مشکل ہے۔ ایک ہاتھ (سے) تالی نہیں بجتی۔ جب تک دونوں فریق جھگڑے کے لئے تیار نہ ہوں جھگڑا نہیں ہوتا محبت یا عداوت ایک طرف سے نہیں ہوتی۔ ایک ہاتھ لینا ایک ہاتھ دینا۔ جو جیسا کرے اسے فوراً اس کا بدلہ مل جاتا ہے۔ ایک ہنسی ایک دکھ۔ ایک ہنسے ایک دکھ میں۔ اس دُنیا میں ایک سی حالت نہیں کوئی خوش ہے کوئی تکلیف میں۔ ایک ہی لکڑی سب کو ہانکتا ہے۔ سب سے ایک جیسا سلوک کرتا ہے۔

ایک رس۔ عدد ۱ پہلا ہندسہ یک۔ احد ۲ (صفت) اکیلا۔ تنہا ۳ وہی ۴ عجیب۔ نادر ۵ نہایت اعلیٰ ۶ سچا۔ صادق ۷ تھوڑا۔ ذرا سا ۸ (مذکر) ۹ ایک گروہ۔ ۱۰ رُیّہ کا ایک بیٹا۔ ایکا (مؤنث) ۱ دگاجی ۲ اکائی۔ **ایکادش** (صفت) گیارہ۔ **ایکادشی** (مؤنث) قمری نصف مہینے کی گیارھویں تاریخ۔ **ایکا دِھپت** (مذکر) مطلق العنان بادشاہ۔ **ایکا دھپتیہ** (مذکر) مطلق العنان سلطنت۔ **ایکارتھ** (مذکر) ۱ ایک ہی معنی یا مطلب ۲ (صفت) ایک ہی نیت یا ارادے والا ۳ ایک معنی والا۔ مرادف۔ **ایکارتھک** (صفت) مترادف۔ ہم معنی۔ **ایکاشتکا** (مؤنث) ایک دیوی جس کا ذکر اتھرون وید میں آتا ہے۔ یہ پراجپتی کی لڑکی اور اندر دیوتا اور سوم کی ماتا تھا۔ **ایکاکش** (صفت) ۱ یک چشم۔ کانا ۲ ایک دھرے والا ۳ (مذکر) کوّا۔ **ایکاکی** (صفت) اکیلا۔ تنہا۔ **ایکاگر** (صفت) ۱ ایک خیال والا۔ ایک بات یا ایک نقطہ پر توجہ دینے والا ۲ سخت متوجہ۔ محو ۳ مطمئن جو پریشان نہ ہو۔ **ایکاگرتا** (مؤنث) ایک چیز کی طرف توجہ۔ انہماک۔ **ایکانت** (مونث) ۱ علیحدہ یا مخفی جگہ ۲ تنہائی۔ گوشہ نشینی ۳ حد۔ انتہا ۴ (صفت) تنہا۔ علیحدہ۔ گوشہ نشین۔ اکیلا ۵ اداس ۶ خفیہ۔ نج کا ۷ بغیر ساتھی جس کا کوئی ہمراہی یا دوست نہ ہو ۸ (تف) الگ۔ جدا۔ ایک طرف ۹ خفیہ طور پر۔ نج کے طور پر ۱۱ حد سے زیادہ۔ بے انتہا۔ **ایکانترا** (صفت) ۱ ایک چھوڑ دوسرا ۲ باری کا۔ ہر دوسرا۔ **ایکانتر کون** (مذکر) زاویہ۔ **ایکانت میں** (تف) دیکھو ایکانت۔ **ایکانت میں رہنا** (لازم) ۱ تنہا رہنا۔ اکیلا رہنا ۲ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ **ایکانت ہو بیٹھنا** (لازم) ۱ گوشہ نشین ہونا ۲ تیاگ کرنا۔ تجنا۔ **ایکاہک** (صفت) ایک دن زندہ رہنے والا۔ **ایکائی** (ہ۔ مونث) ۱ تنہائی۔ علیحدگی۔ اکیلا پن ۲ اتفاق۔ اتحاد ۳ اکائی۔ **ایک پاد** (صفت) ۱ ایک پاؤں والا ۲ ایک قوم جس کا ذکر پرانوں میں آتا ہے۔ **ایکتا** (مونث) ۱ یکتائی۔ وحدانیت۔ ایک ہونا ۲ مطابقت۔ یکسانیت ۳ اتفاق۔ یک جہتی ۴ قران۔ ملنا۔ اکٹھا ہونا۔ **ایکتر** (تف) ایک جگہ میں اکٹھے۔ **ایکتر۔ ایکتر** (صفت) ایک چھوڑ کر ایک۔ باری کا۔ **ایکترا** (ہ۔ صفت) میزان۔ ایک سو ایک۔ **ایکتھا** (تف) اکٹھا۔ **ایکدا** (تف) ایک دفعہ۔ کسی زمانے میں۔ ایک وقت میں۔ فوراً۔ **ایک دنتا یا دنشترا** (صفت) ۱ ایک دانت والا **ایکک** (صفت) ۱ اکیلا۔ تنہا ۲ ایک ۳ وہی۔ **ایکل** (صفت) ۱ اکیلا۔ تنہا ۲ (مذکر) اکیلا شخص۔

ایکم (صفت) ۱ ایک ۲ ہندوؤں کے مہینے کا پہلا دن۔ **ایکم ایک یا کار** (صفت) ۱ ملا ہوا۔ اکٹھا کیا ہوا۔ مخلوط۔ مرکب ۲ پریشان۔ الٹ پلٹ۔ درہم برہم۔ **ایک متیہ** (مذکر) اتفاق۔ یکدلی۔ یکجہتی۔ یگانگت۔ **ایکنترا** (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو ایکانترا ۲ (مذکر) ایک دن چھوڑ کر برت رکھنا۔ **ایکوتر** (صفت) ایک سو ایک۔ **ایکونشت** (صفت) اکیس۔ **ایکیتا** (مونث) دیکھو ایکیہ۔ **ایکیک** (تف) ایک ایک۔ ہر ایک۔ ایک کے بعد ایک۔ **ایکیکم** (تف) ایک ایک کرکے۔ **ایکیہ** (مذکر) ۱ اکیلا پن۔ یکتائی۔ وحدانیت ۲ یکسانیت۔ مطابقت۔ سمتا۔ ابھید ۳ اتفاق۔ میل ۴ جمع۔ میزان۔ جوڑ ۵ کل۔ تمام ۶ حاصل ضرب۔

ایکال (ع۔ مذکر) ۱ کھانے کو دینا ۲ جھگڑنا ۳ تسلی کرنا۔

اَیکٹ (س۔ صفت) ۱ بے میل۔ بے جوڑ۔ انجوڑ ۲ نامناسب۔ غیر موزوں۔ ناموزوں۔ غیر مطابق ۳ نالائق۔ ناواقف ۴ بے شرم۔ بے حیا ۵ تشدد۔ سختی۔ ظلم۔ جبر۔ منظوری۔

ایکٹ (انگ۔ مذکر) ۱ فعل۔ کام ۲ نقل۔ سوانگ ۳ قانون۔ ضابطہ ۴ با اختیار شخص یا جماعت کا جاری کیا ہوا قانون۔ **ایکٹر** (مذکر) تماشا یا نقل کرنے والا شخص۔ **ایکٹرس** (مونث) تماشا کرنے والی عورت۔ **ایکٹ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) نقل یا سوانگ ہونا۔ **ایکٹ پاس کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) با اختیار شخص یا جماعت کی طرف سے کوئی قانون منظور ہونا۔ **ایکٹنگ** (مذکر) تماشا کرنا۔ نقل کرنا۔

ایکڑا (ہ۔ مذکر) نشان۔ جو کسی حرف کے نیچے آنے سے واؤ معروف کی آواز دیتا ہے۔

ایگزیکٹو (انگ۔ صفت) انتظامیہ۔ عمل کرنے والا۔ **ایگزیکٹو آفیسر** (مذکر) ۱ وہ افسر جو انتظامیہ کام پر تعینات ہو اور قانون کی تعمیل کرائے ۲ پنجاب میں ایک افسر۔ جو میونسپلٹیوں کے کام کی نگرانی کرتا ہے۔ **ایگزیکٹو بورڈ** (مذکر) کسی انجمن یا جماعت کے چند منتخب شدہ آدمی جو انتظام کریں۔

ایگین (ہ۔ مذکر) بے وقوفی۔ بے تمیزی۔ نادانی۔

اَیل (انگ۔ مذکر) انگریزی الف ب کا بارھواں حرف۔ **ایل ایل** (مذکر) ۱ لائسنشیئیٹ ان لا کا مخفف۔ قانون کا لائسنس دار۔ وکیل ۲ لاز

کا مخفف - ایل ایل بی (مذکر) بیچلر آف لاز کا مخفف وکالت کا ایک امتحان - وکالت کی ایک ڈگری - وکیل - ایل ایل ایم (مذکر) ماسٹر آف لاز کا مخفف - وکیلوں کی ایک ڈگری جو ایل ایل بی سے بڑی ہوتی ہے - ایل ایل ڈی (مذکر) ڈاکٹر آف لاز کا مخفف - قانون کی ایک ڈگری جو سب سے اعلےٰ ہے بعض یونیورسٹیاں اعزازی طور پر بھی عطا کرتی ہیں - ایل ایم ایس (مذکر) لائسنشیئٹ ان میڈیسن اینڈ سرجری کا مخفف -

اَیل (ع - مذکر) ۱ خدا تعالےٰ ۲ ایک پہاڑ کا نام

اَیلا (س - مؤنث) الائچی -

اِیلاء (ع - مذکر) ۱ قسم کھانا ۲ مقرر کرنا ۳ سرکوبی کرنا ۴ افسر بنانا ۵ پیچھے بھیجنا ۶ دینا، عطا کرنا ۷ قریب رکھنا یا لانا -

اِیلاع (ع - مذکر) بیحد خواہش پیدا کرنا ۔ عاشق بنانا

اِیلاف (ع - مذکر) ۱ عادی بنانا - واقف بنانا ۲ ہزار پورے کرنا ۳ ہزار دینا -

ایلاق (ف - مذکر) ۱ ختا اور ایغور کا دارالخلافہ ۲ ایک درخت ۳ گرمیوں کے رہنے کا مکان -

ایلام - ایلم (ھ - مذکر) نیلام -

اِیلام (ع - مذکر) تکلیف دینا -

ایلچی (ف - مذکر) قاصد، پیغامبر -

ایلچی گری (مونث) نامہ بری - پیامبری -

امثال - ایلچی را زوال نیست

ایلچی کو زوال نہیں - دوسری مثل کا ترجمہ ہے - اگرچہ کیسا ہی سخت پیغام ہو قاصد کو سزا نہیں دی جاتی -

ایلخان (ت - مذکر) ۱ سپہ سالار - کمانڈر - جرنیل ۲ چھوٹا خاں -

ایل فیل (اردو - مذکر) عو ۱ بکواس بک بک - جھک جھک - بہت باتیں ۲ گالیاں - بدزبانی -

ایلواره - مذکر مُعتبر -

اَیلُول (ف - مذکر) شامیوں کا بارھواں مہینہ -

اَیم (ع - مذکر) بیوہ رہ جانا -

اَیم (انگ - مذکر) انگریزی الف ب کا تیرھواں حرف - ایم آر اے ایس (مذکر) ممبر آف رایل اکیڈمی آف سائنس کا مخفف - ایم آر اے سی (مذکر) ممبر آف رایل کالج آف ایگریکلچر کا مخفف - ایم آر سی ایس (مذکر) ممبر آف رایل سوسائٹی آف سرجنز کا مخفف - ایم آر سی پی - (مذکر) ممبر آف رائل کالج آف فزیشنز کا مخفف - ایم آر جی سی (مذکر) ممبر آف رایل جیوگرافیکل سوسائٹی کا مخفف - ایم آر سی سی (مذکر) ممبر آف رایل کالج آف کیمسٹری کا مخفف - ایم او ایل (مذکر) ماسٹر آف اورینٹل لٹریچر کا مخفف - پنجاب یونیورسٹی کی مشرقی زبان کی سب سے اعلےٰ ڈگری - ایم اے (مذکر) ماسٹر آف آرٹ کا مخفف - انگریزی اور دیگر علوم کی سب سے اعلےٰ ڈگری - ایم ایس سی (مذکر) ماسٹر آف سائنس کا مخفف - انگریزی میں علم طبیعات کی سب سے اعلےٰ ڈگری - ایم ایل اے (مذکر) ممبر آف لیجسلیٹو اسمبلی کا مخفف - ایم ایل سی (مذکر) ممبر آف لیجسلیٹو کونسل کا مخفف - ایم بی (مذکر) بیچلر آف میڈیسنز کا مخفف - ڈاکٹری کی ایک ڈگری جو ہندوستان کی یونیورسٹیوں کی سب سے اعلےٰ ڈگری ہے - ایم پی (مذکر) ممبر آف پارلیمنٹ کا مخفف - ایم ڈی (مذکر) ڈاکٹر آف میڈیسنز کا مخفف - ڈاکٹری کی ایک اعلیٰ ڈگری ہے ایم سی (مذکر) ملٹری کراس کا مخفف - بہادری کے لئے ایک فوجی تمغہ -

اِیما (ع - مذکر) اشارہ سین - بھاؤ - غمزہ - حکم - فرمان - منشا - عندیہ - کنایہ - رمز (پانا - کرنا - ہونا کے ساتھ)

اِیماض (ع - مذکر) ۱ چمکنا ۲ مرد کی طرف کن انکھیوں سے دیکھنا - عورت کا اشارہ کرنا -

اِیمان (ع - مذکر) اَمَنَ سے جس کے معنی ہیں یقین کرنا - اعتقاد رکھنا - مسلمانوں کے نزدیک ایک خدا پر یقین لانا - اور حضرت محمدؐ کی نبوت کا اقرار کرنا ایمان ہے - دین - مذہب - دھرم - اعتقاد - یقین - ضمیر - دل کی گواہی - انصاف - عدل - نیاؤ - اعتماد - اعتبار - نیت (اَمَنَ - محفوظ ہونا) ایمان (اٹھا کر طاق پر رکھ دینا (متعدی) بے ایمان بن جانا - ایمان اساس (مذکر) ایماندار - ایمان برگشتہ ہونا (لازم) بے ایمان ہو جانا - ایمان بغل میں دبا کر بات کرنا (متعدی) عمداً جھوٹ بولنا - دانستہ تجاہل عارفانہ کرنا - ایمان بغل میں دبانا یا مار لینا (متعدی) ۱ ہٹ دھرمی کرنا - بے ایمانی کی بات کرنا ۲ ایمان کو چھپانا - اپنا مسلمان ہونا ظاہر نہ کرنا - ایمان بھٹک جانا (لازم) دل میں بے ایمانی آنا - ایمان کے خلاف کام ہونا - ایمان بیچنا (متعدی) بد دیانتی کرنا - اپنی غرض کے لئے جھوٹ بولنا یا دھوکا دینا - ضمیر کے خلاف کوئی بات یا کام کرنا - کسی سے کچھ لے کر جھوٹی گواہی دینا یا کوئی بے ایمانی کی بات کرنا - وعدہ ایفا نہ کرنا - بیوفائی کرنا - بے ایمانی کرنا ایمان پر چھوڑنا یا رکھ دینا (متعدی) انصاف پر منحصر کرنا - عدل پر موقوف رکھنا - ایمان پھر جانا (لازم) ایمان ٹھیک نہ رہنا - ایمان میں خلل آجانا - ایمان ٹھکانے نہ رہنا - ایمان ٹھکانے سے) نہ ہونا - ایمان ٹھیک نہ ہونا (لازم) بدنیت ہو جانا - بد دیانتی کا ارادہ کرنا - بدگمان ہونا اعتبار نہ کرنا - ایمان جاتا رہنا یا جانا (لازم) دیکھو ایمان پھر جانا - ایمان چریا چوٹا (صفت) بے ایمان - دغا باز آدمی - ایمان چھوڑنا (متعدی) ۱ بے ایمانی کرنا - بد دیانتی کرنا ۲ بے انصافی کرنا ۳ حق سے کنارہ کرنا - ایمان خدا نے رکھا - خدا نے بے ایمانی سے بچایا - ایماندار (صفت) ۱ دیانتدار ۲ راستباز - منصف - ایمانداری (مؤنث) دیانتداری راست بازی - منصفی - ایمانداری اٹھنا (لازم) راستبازی اور دیانتداری کا جاتے رہنا - ایمان درست نہ ہونا (لازم) دیکھو ایمان ٹھیک نہ ہونا ایمان دینا (متعدی) اپنے دین سے جانا - بے دین ہونا - ایمان ڈانواں ڈول ہو جانا (لازم) نیت میں فرق آجانا - ایمان ساتھ جانا (لازم) مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ موت کے بعد آدمی کے ساتھ صرف ایمان رہتا ہے - جو اسے عذاب قبر و آخرت سے بچائیگا - ایمان سے (ف) دیانتداری سے - انصاف سے - قسم کھا کر حلفیہ طور سے - ایمان سے پوچھو یا پوچھئے - حق بات چاہو انصاف کی بات چاہو - حق یا انصاف تو یہ ہے - ایمان سے بولنا (لازم) کہنا (متعدی) سچ کہنا - حق حق کہنا - ایمان کا سودا (مذکر) ایمان کا معاملہ بالکل درست - ایمان کانپنا (لازم) بہت ڈرنا - خدا کا خوف کرنا - بہت خائف ہونا - ایمان کھونا - (متعدی) دیکھو ایمان بیچنا - ایمان کی (صفت) حق حق - سچی - ایمان کی کہنا (متعدی) حق بات کہنا سچ

بولنا۔ ایمان لانا یا لے آنا (لازم) دین اسلام قبول کرنا۔ مسلمان ہونا۔ کسی بات پر یقین کرنا۔ ماننا برحق جاننا۔ ایمان لگتی کہنا (متعدی) حق بات کہنا۔ طرفداری نہ کرنا۔ ایمان میں آنا (لازم) انصافاً کوئی بات تجویز کرنا۔ ایمان میں فرق آنا یا رخنہ پڑنا (لازم) ۱۔ اعتقاد ضعیف ہونا۔ مذہبی معاملات میں شبہہ کرنا ۲۔ بددیانت ہونا۔ نیت بگڑ جانا۔ ایمان نگل جانا (لازم) بے ایمانی کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ ایمان ہے کسی بات کا سخت یقین ہے۔

امثال و اقوال - ایماندار کھائے بوٹی بے ایمان کھائے روٹی - دیانتدار ہمیشہ کوفت اُٹھاتا رہتا ہے اور بددیانت مزے اُڑاتا ہے۔ ایمان رہے جائے سب کچھ۔ مسلمانوں میں ایمان کو بچانا ہر بات سے افضل سمجھا جاتا ہے چاہے کتنا ہی نقصان ہو۔ ایمان قائم رہے۔ ایمان کی تو یہ ہے کہ ایمان تو گیا۔ سچ پوچھو تو اعتقاد میں ضرور فرق پڑ گیا۔ (ایمان کی کہیں گے) ایمان ہے تو سب کچھ (سچ کہینگے) ایمان ہر چیز سے بڑھ کر ہے۔ ایمان ہی انسان کے ساتھ جائیگا۔ مرنے کے بعد ایماندار آدمی ہی سزا سے بچے گا۔

ایمبولنس (انگ۔ مذکر) ۱۔ سفری شفاخانہ یا جنگی ہسپتال جو فوج کے ساتھ ساتھ جاتا ہے۔ ۲۔ بیماروں اور زخمیوں کی گاڑی۔

ایمَن - ایمُن (ہ۔ مذکر) ۱۔ ہندی شاعری میں ایک وزن کا نام ۲۔ ایک راگنی کا نام۔

ایمن (ف۔ صفت) امالہ آمن - بے خوف - بے دہشت - محفوظ - سلامت -

ایمَن (ع۔ صفت) امن کی تفضیل بعض وکل ۱۔ بہت یا نہایت بیخوف۔ محفوظ۔ خوش ۲۔ خوش قسمت یا مبارک ۳۔ (یُمن سے) جانب راست ۴۔ (وادئ ایمن) وہ جنگل جس میں کوہ طور واقع ہے ایمن پانا (لازم) بے خوف یا محفوظ ہونا۔ ایمنی (مؤنث) ۱۔ حفاظت۔ سلامتی۔ پناہ ۲۔ خوشی۔ فرحت۔

ایمن آباد (ہند) ضلع گوجرانوالہ میں ایک شہر (۶)

ایموش (س۔ عص) ایک سور جس نے زمین کو اُٹھالیا تھا۔

ایمہ (ت۔ مذکر) وہ زمین جو بادشاہ کی طرف سے کسی کو برائے نام مالیے پر دی جاتی تھی۔ معافی و جاگیر جو مقبروں کے ساتھ وقف ہو۔ ایمہ دار - جاگیردار - معافی دار -

آیِن (ع۔ مذکر) ۱۔ پہنچنے کا وقت ۲۔ تھکاوٹ ۳۔ مناسب وقت۔

اَین (ہ۔ مذکر) گائے بھینس وغیرہ کا تھن - کھیری ہونا (پ)

ایں (ہ) ایک کلمہ جو تعجب یا تنبیہ کے مقام پر یا سوال کے ساتھ بولا جاتا ہے۔

اَینَ (ع۔ ظرف) کہاں۔

ایں (ف - اسم اشارہ قریب) یہ۔ بہت سے فارسی محاورات جو اس لفظ سے شروع ہوتے ہیں۔ اُردو میں رائج ہو گئے ہیں۔ ایں جا - اینجانب - ہم - بادولت۔ بڑے آدمی اس کلمے کو ہم کی جگہ استعمال کرتے ہیں - این و آں (ف) ۱۔ یہ وہ ۲۔ چون وچرا۔ حیل وحجت۔ قیل وقال۔ بحث (کرنا - ہونا کے ساتھ)

امثال و اقوال - ایں است جوابش کہ جوابش نہ دہی - جاہل کو جواب نہ دینا ہی جواب ہے - ایں خانہ تمام (ہمہ) آفتاب است گھر کا ہر آدمی لائق ہے - زیادہ تر ہجو کے طور پر استعمال ہوتا ہے - ایں عمارت بسر نہ برد کسے - اس دنیا نے کسی سے وفا نہ کی - ایں کار از تو آید و مرداں چنیں کنند - یہ کام تمہیں سے ہو سکتا ہے اور مرد ایسا ہی کرتے ہیں - کیا کہنا ہے - طنزاً استعمال ہوتا ہے - ایں کار از رستم نشدہ کہ تو کردہ - یہ کام جو تو نے کیا رستم سے بھی نہیں ہو سکتا تھا۔ کسی کی تعریف پر کہتے ہیں - اور طنزاً بھی کہتے ہیں - ایں گل دیگر شگفت - اور گل کھلا - نئی بات ہوئی - اور تماشہ دیکھئے - اور عجیب واقعہ ہوا - ایں ہم اندر عاشقی بالائے غم ہائے دگر - یہ بھی عاشقی میں دوسرے غموں کے اوپر ہے - مطلب یہ ہے کہ جہاں اور مصیبتیں ہیں وہاں ایک یہ بھی سہی - ایں ہم بچہ شتر است - یہ بھی اونٹ کا بچہ ہے یعنی یہ بھی اسی گروہ کا ہے - ایں ہم بر سر الم - بہت سی مصیبتوں میں ایک اور بھی سہی -

اَیناث (ع - مذکر) لڑکی جننا -

اِیناس (ع - مذکر) ۱۔ دوست بنانا ۲۔ بے تکلف کرانا ۳۔ بے تکلفی ۴۔ جاننا ۵۔ دیکھنا ۶۔ سننا

اِیناع (ع - مذکر) پکنا۔

اینٹ (ہ - مؤنث) ۱۔ ایک مٹی کا ٹکڑا سے بنا ہوا یا سانچے میں ڈھلا ہوا ٹھوس ڈلا جسے دھوپ میں سکھا کر یا پزاوے میں پکا کر عمارت بنانے کے کام میں لاتے ہیں۔ خشت ۲۔ سونے یا چاندی کا بڑا ڈلا ۳۔ وہ طالب علم جو ایک ہی جماعت میں مدت تک پڑا رہے - اینٹا (مذکر) بڑی اینٹ - اینٹ الٹنا (لازم) عورتوں کا ایک ٹوٹکا ہے۔ جس سے عداوت ہو اس کا نام لے کر مسجد میں اینٹ الٹی رکھ دیتی ہیں - اور خیال کرتی ہیں کہ وہ ہلاک ہو جائیگا - اینٹ بندی (مؤنث) عمارت بنانا - اینٹ کی عمارت - اینٹ سے اینٹ بجا دینا یا بجانا (متعدی) بجنا (لازم) تباہ ہونا برباد ہونا - اینٹ کاری (مؤنث) دیکھو اینٹ بندی - اینٹ کا گھر مٹی کا در (مذکر) بے جوڑ بات۔ اینٹ کا گھر مٹی کر دینا (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ دولت اجڑ جانا - گھر تباہ ہو جانا ۲۔ کیا کرایا خراب ہو جانا - اینٹ کی چنائی (مؤنث) دیکھو اینٹ بندی - اینٹ کی خاطر مسجد ڈھانا - دیکھو ایک اینٹ الخ - اینٹ کی عینک لگاؤ - جب کسی کو کوئی چیز اچھی طرح نظر نہ آئے تو مذاقاً کہتے ہیں - اینٹ گلانا (متعدی) گلنا (لازم) اینٹ پیوست ہونا - اینٹ مار چڑھا کرنا - بچوں کا کھیل جس میں ایک بچہ اینٹ پھینکتا ہے اور دوسرا اس کا نشانہ لگاتا ہے اگر لگ جائے تو مارنے والا دوسرے پر سواری کرتا ہے - اینٹیں پاتھنا (متعدی) اینٹیں بنانا۔

امثال و اقوال - اینٹ کی دیوی جھکیا کا پرشاد - فضول باتیں - اینٹ کی لینی پتھر کی دینی - اینٹ کے لینے پتھر کے دینے - جب ایک آدمی سخت بات کہے اور دوسرا اسے اس سے سخت جواب دے تو اس وقت یہ کہتے ہیں - اینٹ کی پانت دم مدار - جب کوئی آدمی ایسے کام اپنے ذمے لے جس کو وہ کر نہ سکے تو کہتے ہیں - اینٹوں نال پکوڑی - کوئی بے جوڑ بات یا کام -

آینٹھا (ہ - مذکر) ۱۔ پیچ مروڑ - بل پیچک لپٹنا پھینٹی ہوا ۲۔ ہاتھی چڑھنے کا آنکڑا جو چڑھنے کو چلاتا ہے گر گرنگا۔

اینٹا یا (ہ۔ مذکر) قمری۔ فاختہ۔

اینٹن۔ اینٹنا۔ اینٹنی۔ اینٹو

اینٹوپنا (ہ) دیکھو اینٹھن وغیرہ۔

اینٹنا (ہ۔ متعدی) اینٹھنا۔

اینٹھ (ہ) اینٹ۔

اینٹھ (ہ۔ مؤنث) ۱ اینچ۔ مروڑ۔ بل ۲ لچھا ۳ کھینچ ۴ سختی۔ کڑاپن ۵ ضد۔ ہٹ۔ تمرد ۶ کینہ۔ دشمنی ۷ غرور۔ فخر۔ شیخی۔ اکڑ۔ **اینٹھ باز** (صفت) اکڑباز۔ **اینٹھانا** (متعدی) دیکھو اینٹھنا۔ **اینٹھ جانا** (لازم) اکڑ جانا۔ ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ **اینٹھ رکھنا** (متعدی) کینہ رکھنا۔ **اینٹھ کر چلنا** (لازم) اکڑ کر چلنا۔ غرور کے ساتھ چلنا۔ اترانا۔ **اینٹھ لینا** (متعدی) کسی چیز کو دھوکے سے لینا۔ چھین لینا۔ دبا لینا یا دبا رکھنا۔ **اینٹھن** (مؤنث) ۱ دیکھو اینٹھ ۲ تشنج۔ رگوں کا کھنچاؤ ۳ قبض ۴ پیچش۔ مروڑ۔ درد شکم۔ **اینٹھنا** (متعدی) ۱ بل دینا۔ مروڑنا۔ کاتنا۔ لچھے بنانا ۲ کان مروڑنا۔ گوشمالی کرنا ۳ اکڑنا۔ غرور کرنا۔ تننا ۴ دھوکا دے کر کوئی چیز لے لینا۔ چھین لینا یا دبا لینا ۵ دبانا۔ بھینچنا۔ کھینچنا۔ تنگ کرنا (لازم) ۱ اعضا میں کھنچاؤ یا تشنج ہونا ۲ ٹھٹھر جانا۔ سکڑ جانا ۳ روٹھنا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ **اینٹھن میں (مگن) رہنا** (لازم) اکڑ میں رہنا۔ ضد کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ **اینٹھے باز یا خاں** (صفت) اکڑباز۔

ایلٹی چیلٹی (اردو۔ مؤنث) ۱ سارا خاندان جہاں تک سلسلہ ملے ۲ ہر ایک۔ سب۔ **ایلٹی چیلٹی تک کو خبر کر دینا** (متعدی)، ہو جانا (لازم) ہر ایک کو پتہ لگ جانا۔

اینچ (ہ)، **اینچ** (ہ۔ امر) ۱ اینچنا کا امر (ہ۔ مؤنث) ۱ کھینچ۔ کشش ۲ پھیلاؤ۔ دباؤ ۳ رجحان ۴ خواہش۔ مرضی ۵ کم گوئی۔ ناآشنا مزاجی ۶ دیر۔ تاخیر ۷ کمی۔ قلت۔ ضرورت ۸ ایک طریقہ لگان ادا کرنے کا۔ **اینچا** (ہ) اینچا (صفت) کھنچا ہوا وغیرہ۔ **اینچا تانا** (صفت) بھینگا۔ **اینچا تانی** (مؤنث) کھینچی (ہ) کشا کشی۔ کھینچا کھینچ۔ دو شخصوں کا کسی چیز کو اپنی طرف کھینچنا۔ **اینچ تان کے** (ظرف) بدقت۔ بہزار مشکل۔ **اینچ لینا** (متعدی) ۱ کھینچ لینا۔ نکال لینا ۲ میان سے تلوار باہر نکال لینا ۳ دم لگانا۔ پینا ۴ ذمہ دار ہونا ۵ بہت سا روپیہ کما لینا۔ **اینچن** (مؤنث) ۱ کھینچنا وغیرہ ۲ اینچا تانی۔ **اینچا دینا**۔ ٹانگنا۔ **اینچنا** (متعدی) ۱ کھینچنا ۲ جذب کرنا ۳ (اصطلاح پتنگ بازاں) کسنا۔ تاننا۔ نیچے سے پیچ لگا کے جلدی جلدی ہاتھ مار کے کاٹ دینا (خف) ۴ اپنے ذمہ لینا۔ ضامن ہونا ۵ (ہ) لکیر کھینچنا ۶ لکھنا۔ تحریر کرنا ۷ تصویر کھینچنا ۸ علیحدہ رہنا۔

امثال۔ اینچا کھینچا وہ پھرے جو پرائے بیچ میں پڑے (ہ) جو شخص پرائے کام میں دخل دے وہ تکلیف میں پڑتا ہے۔ **اینچن چھوڑ گھسیٹن میں پڑے** (ہ) پہلے کھینچتا تھا اب خود کھنچ گیا۔ الٹی بلا گلے پڑی۔

اینڈر (ہ۔ مذکر) چوہا۔

اینڈر جالک (س۔ صفت) ۱ جادو کے متعلق۔ جادو کا واقف ۲ جادو کا۔ طلسماتی ۳ دھوکے کا۔ جھوٹا۔ پرفریب۔

اینڈور (ہ۔ مذکر) چوہا۔

اینڈھن (ہ۔ مذکر) جلانے کی چیزیں لکڑیاں۔ کوئلے۔ اُپلے وغیرہ (س اِندھن) **ایندھن ہو جانا** (لازم) ناکارہ ہو جانا۔ جلانے کے قابل ہو جانا۔

اینڈ (ہ۔ امر) اینڈنا کا ۲ (صفت) لیٹے ہوئے۔ لوٹتے ہوئے ۳ سست۔ ناکارہ۔ فضول۔ نکما۔ بیکار۔ کاہل ۴ نامکمل۔ ناتمام۔ ادھورا ۵ بھنور۔ گرداب۔ **اینڈا** (ہ۔ صفت) ۱ لڑکھڑا کے چلنے والا۔ لوٹنے والا ۲ اترانے والا۔ اکڑ کر چلنے والا ۳ ٹیڑھا ترچھا ۴ سخت۔ بدتہذیب۔ گستاخ۔ اجڈ۔ **اینڈا اینڈا پھرنا** (لازم) اتراتے پھرنا۔ نازاں اور خراماں پھرنا۔ اینٹھا اینٹھا پھرنا۔ **اینڈانا۔ اینڈالنا** (ہ۔ متعدی) ۱ لوٹانا۔ لٹانا ۲ ترازو میں رکھنا۔ تولنا۔ **اینڈا پڑا رہنا** (لازم) سستی کے مارے لیٹا رہنا۔ **اینڈ رہ جانا** (لازم) چلتا ہوا کام رک جانا۔ **اینڈ کر چلنا** (مذکر) اکڑ اکڑ کر چلنا۔ شیخی سے چلنا۔ **اینڈ کر دینا یا کرنا** (متعدی) ناکارہ کر دینا۔ خراب کر دینا۔ توڑ دینا۔ **اینڈ مال** ہے۔ فضول مال ہے۔ اسے لوگ پسند نہیں کرتے۔ **اینڈنا** (لازم) ۱ غرور کرنا۔ اکڑنا۔ اترانا ۲ بدن کو تاننا۔ انگڑائیاں لینا ۳ سستی کرنا۔ لوٹنا۔ لیٹنا ۴ لڑکھڑا کر چلنا۔ شرابی کی طرح چلنا۔ **اینڈ ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ نکما یا ناکارہ ہونا ۲ بگڑ جانا۔ خفا ہو جانا ۳ خراب ہو جانا۔ ٹوٹ جانا ۴ ناتمام رہ جانا۔ نامکمل رہنا۔

اینڈی بینڈی (صفت) ناشائستہ۔ بیہودہ۔ **اینڈی بینڈی پڑ جانا** (لازم) مصیبت پڑنا۔ مشکل کا سامنا ہونا۔ نقصان والی بات ہونا۔ **اینڈی بینڈی چال** (مؤنث) مستانہ چال۔ **اینڈی بینڈی سنانا** (متعدی) سخت سست کہنا۔ گالیاں دینا۔

اینڈ (انگ۔ حرف عطف) اور۔

اینڈ کو۔ اینڈ کمپنی کا مخفف۔ عموماً (مذکر) کمپنیوں کے نام کے پیچھے آتا ہے۔ پہلے یا زیادہ شخصوں کا نام ہوتا ہے۔

اینڈوا (ہ)، **اینڈوی** (مؤنث)

اینڈھوا (ہ۔ مذکر) ایک کپڑے وغیرہ کا گول چکر جو بوجھ اٹھانے کے لئے سر پر رکھ لیتے ہیں۔ جونا۔ گنڈری ۲ پگڑی۔

اینگر (ہ۔ مذکر) سیندور۔

اینگلو (انگ۔ صفت) انگریزی الفاظ کے پہلے مرکبات میں لگاتے ہیں۔ **اینگلو انڈین** (مذکر) وہ فرنگی جسے ہندوستان میں رہتے عرصہ ہو گیا ہو ۲ یورپین نسل کا عیسائی۔ یوریشین۔ کرسٹان۔ کرنٹا۔ **اینگلو اورینٹل** (صفت) فرنگی اور ایشیائی۔ مشرقی اور غربی۔ **اینگلو ورنیکلر** (مذکر) دیسی اور انگریزی (سکول کے ساتھ)

اینگھے۔ اینہے (ہ۔ تعف) یہاں۔ اس جگہ۔

اینونی (روعص) دریا کے دیوتا سبرون کی بیٹی تھی اس کی شادی پیرس شاہ ٹرائے کے لڑکے سے ہوئی تھی۔ مگر اس نے اسے چھوڑ کر ہیلن کو اڑا لیا۔ جس پر ٹرائے کا جنگ ہوا۔ یہ زخمی ہو گیا۔ اس کے زخم کا علاج صرف اینونی کے پاس تھا۔ یہ اس کے پاس گیا۔ مگر اس نے علاج کرنے سے انکار کر دیا۔ پیرس واپس ٹرائے گیا۔ اینونی بھی اس کے پیچھے گئی۔ مگر اس کے پہنچنے سے پہلے پیرس مر چکا تھا۔ اس نے بھی خودکشی کر لی۔

اینیس (روعص) ٹرائے کی لڑائی میں اہل ٹرائے کا مددگار تھا۔ اور ہیکٹر سے دوسرے درجے پر تھا۔ لڑائی کے بعد یہ وہاں سے فرار ہو کر سات سال تک پھرتا پھراتا اٹلی میں وارد ہوا جہاں لیٹیم کے بادشاہ نے اپنی لڑکی کی شادی اس کے ساتھ کر دی۔ اس کی وفات پر یہ بادشاہ ہوا۔ اور چند سال کی سلطنت کے بعد ایک لڑائی میں مارا گیا۔ اس کے متعلق اٹلی کے سب سے بڑے شاعر ورجل نے اینیڈ کی رزمیہ نظم

لکھی ہے جو بڑے پایہ کی کتاب ہے۔

ایوَ (س۔ تف) ایسا۔ مانند حقیقت میں ضرور۔ ایسا ہی ہے۔ صرف۔ ابھی۔ نیز۔

ایوا (ع۔ مذکر) خاطر تواضع ہونا۔

ایوارا (ھ۔ مذکر) وہ مکان جو بھیڑوں بکریوں اور مویشیوں کے لئے جنگل میں بناتے ہیں۔

ایوان (ف۔ مذکر) ۱ محل۔ مکان قصر ۲ وہ مجلس جو قوانین بنائے۔ **ایوانِ تجارت** (مذکر) چیمبر آف کامرس۔ ایک جماعت جو شہر کی تجارت کی حفاظت کرتی ہے۔ اس میں بڑے بڑے تاجر اور مہاجن شامل ہوتے ہیں۔ **ایوان چرخ زبرجدی** (مذکر) آسمان۔ **ایوانِ سپہر تو امان** (مذکر) آسمان کا تمام مکان یعنی بہت اونچا مکان۔ **ایوانِ شاہی** (مذکر) بادشاہی محل۔ **ایوانِ فلک** (مذکر) فلک کا ایوان سے استعارہ کرتے ہیں۔ **ایوان کسریٰ** (مذکر) کسرے کا محل۔ **ایوان کے ارکان** (مذکر) مجلس واضعان قوانین کے ممبر۔ **ایوان ہائے پارلیمنٹ** (مذکر) ہاؤس آف کامنز اور ہاؤس آف لارڈز۔

ایوَڑ (ھ۔ مذکر) ریوڑ۔

ایوگیتا (س۔ مؤنث) غیر موزونیت نا مطابقت۔ نامناسبت۔ ناقابلیت۔ بے لیاقتی

ایوگیہ (صفت) ناقابل۔ ناموزوں وغیرہ۔ نا اہل آدمی وغیرہ۔

ایولس (یو۔ عص) ہواؤں کا دیوتا اور باپ اور جزیرہ ایولیہ کا بادشاہ۔

ایولَون (ویلز۔ عص) ایک جزیرہ جہاں مردوں کی روحیں رہتی ہیں۔ اور جہاں بادشاہ آرتھر کو زخمی ہونے کے بعد لے گئے تھے۔

ایوَم (س۔ تف) اس طرح۔ ایسے۔ نیز۔ ہاں

ایوَن (س۔ مذکر) ۱ بدن کا کوئی حصہ سوائے آلہ تناسل کے ۲ (صفت) بغیر آغاز یا شروع کے ۳ اصلی ۴ شوخی۔ برہماجی۔

ایہا (س۔ مؤنث) خواہش۔ مرضی۔ کوشش۔ محنت۔ ہمت۔ طاقت۔ قوت۔

ایہام (ع۔ مذکر) علم عروض کی ایک صنعت۔ شاعر شعر میں ایسا لفظ لاتا ہے جس کے دو معنی ہوں۔

ایہان (ع۔ مذکر) کمزور کرنا۔

ب (ہ۔ مؤنث) تلفظ بے۔ اُردو فارسی عربی الف ب کا دوسرا حرف۔ ناگری رسم الخط کا تئیسواں دیتجن اور ہونٹ سے نکلنے والے حروف کا تیسرا حرف۔ ابجد کے حساب سے اس کے دو عدد مقرر ہیں۔ عربی میں پیر کے دن رجب کے مہینے اور بُرج جوزا کو ظاہر کرتا ہے۔ سنسکرت میں بعض دفعہ واؤ کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بید بجائے وید سنسکرت اور فارسی میں بعض جگہ م د اور پ سے بدل جاتا ہے۔ جیسے ابیر بجائے اویر۔ لیموں بجائے نیبو اور پادشاہ بجائے بادشاہ۔

بَ (ف۔ تف) ! ساتھ۔ سے۔ میں۔ واسطے۔ لئے۔ پر۔ طرف ؟ ابتدا۔ آغاز۔ شروع ۳ قسم ۴ مقابل ۵ بعض جگہ سلسلہ اور اتصال کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے روز بروز۔ دن بدن ۶ مطابق۔ موافق ؟ وسیلہ۔ توسل۔ **باآبرو** (تف) عزت کے ساتھ۔ **باآتش** (تف) آگ سے یا میں۔ **باآراستگی** (تف) آراستہ ہوکر۔ سج کر۔ طریقے سے۔ سلیقے سے۔ **باآرام** (تف) آرام سے۔ امن سے۔ چین سے۔ **باآسانی** (تف) آسانی سے۔ بغیر دقت کے۔ **باآسائش** (صفت) آرام سے۔ بآرام۔ **باآواز** (تف) اونچے۔ بلند آواز سے۔ **بالاتفاق** (تف) دیکھو بالاتفاق۔ **باجازت** (تف) اجازت سے۔ **بارادت یا بارادہ** (تف) ارادے سے۔ **باستقلال** (تف) مستقل مزاجی سے۔ حوصلے سے۔ **باستثنا** (تف) جُدا کر کے۔ بغیر۔ الگ کر کے۔ چھوڑ کے۔ **باشکال مختلفہ** (تف) مختلف شکلوں سے۔ مختلف بھیس بدل کر۔ **باصرار** (تف) ضد کر کے۔ ہٹ کر کے۔ **باطمینان** (تف) تسلّی سے۔ **باعتبار** (تف) متعلق۔ وجہ سے۔ کے لئے۔ بوجب۔ **باعزاز و اکرام** (تف) عزت سے۔ **بافراط** (تف) کثرت سے۔ **بالحان داؤدی یا دلکش** (تف) نہایت سُریلی آواز سے۔ **بایما** (تف) اشارے سے۔ منشا سے۔ مرضی سے۔ **بایمان خود** (قسم) اپنے ایمان کی قسم۔ بایمائے خود۔ اپنی مرضی سے۔ **بایں** (تف) کے ساتھ۔ **بایں شکل و شمائل** (تف) اس صورت اور سیرت کے ساتھ۔ **بایں ریش و فش** (طنزاً) اس داڑھی اور طرے کے ساتھ۔ یہ صورت اور یہ حرکتیں۔ **بایں ہیئت کذائی** (تف) اس شکل و صورت سے۔ اس وضع قطع سے۔ **بباد** (تف) ہوا کو۔ مجازاً برباد۔ ویران۔ **ببازار** (تف) ! بازار میں ؟ کھلے طور پر۔ **بباطن** (تف) دل میں خفیہ طور پر۔ **بباعث** (تف) وجہ سے۔ سبب سے۔ **ببالا** (تف) اوپر۔ **ببدی** (تف) شرارت سے۔ **ببانگ بلند** (تف) زور کی آواز سے۔ **ببانگ دُہل** (تف) ! ڈھول کی آواز سے ؟ کھلے طور پر۔ **ببانگ دُہل کہنا** (متعدی) صاف طور پر کہنا۔ **ببر** (تف) سامنے آنکھوں کے آگے۔ **بپا** (تف) پاؤں پر۔ قائم کھڑا ہوا۔ مقرر کیا ہوا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بپاس خاطر** (تف) لحاظ کی وجہ سے۔ **بپیش** (تف) سامنے۔ آگے۔ موجودگی میں۔ **بتاز** (ف۔ تف) جلدی سے۔ دوڑ کر **بتازگی** (ف۔ تف) تھوڑی مدت ہوئی۔ حال میں پچھلے دنوں۔ **بتامّل** (تف) سوچ کر۔ غور کر کے۔ **بتاوان** (تف) بجائے۔ **بتائید** (تف) مدد سے (ربانی۔ رب اکبر خالق وغیرہ کے ساتھ) **بتدریج** (تف) رفتہ رفتہ۔ تھوڑا تھوڑا کر کے۔ **بتراضئ طرفین** (تف) شان و شوکت کے ساتھ۔ **بتعجیل** (تف) جلدی سے **بتفصیل** (تف) مفصل طور پر **بتقریب** (تف) موقع پر۔ موقع کی مناسبت سے۔ **بتقلید** (تف) پیروی کرتے ہوئے۔ **بتنہا** (ف۔ تف) اکیلا۔ جُدا۔ ایک۔ **بتنگ** (تف) تنگ (آنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) **بتوسّط** (تف) وسیلے سے ذریعے سے۔ ب زائد ہے۔ **بتوصیف** (تف) تعریف میں۔ وصف بیان کرنے میں۔ **بتوقع** (تف) اس توقع میں۔ اس امید میں۔ **بتیغ** (تف) تلوار کے ساتھ زبردستی۔ **بجا** (صفت) ! جگہ میں ۲ ٹھیک۔ درست صحیح ۳ موزوں۔ مناسب۔ جائز ۴ طنزاً۔ لغو بیہودہ ناواجب۔ نامناسب ۵ (تف) مناسب موقع پر۔ ٹھکانے پر۔ ٹھیک جگہ پر۔ جیسا کہ ہونا چاہیئے (رہنا۔ سمجھنا۔ فرمانا۔ کہنا۔ ہونا کے ساتھ) **بجاآوری** (مونث) تعمیل حکم۔ انجام دہی۔ تکمیل۔ نفاذ۔ **بجا کرنا** (متعدی) درست یا ٹھیک کام کرنا۔ **بجالانا** (متعدی) تعمیل حکم کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ **بجان** (تف) ! دل سے۔ خوشی سے ؟ دل میں۔ روح میں ۳ سخت تنگی میں۔ تکلیف میں۔ مصیبت میں ہونا خطرے میں ہونا۔ **بجانب** (تف) طرف۔ ساتھ۔ **بجان لانا** (متعدی) بہت تنگ کرنا۔ چھیڑنا۔ ستانا۔ دق کرنا۔ **بجان و دل** (تف) دل و جان سے۔ پوری کوشش سے ہر طرح سے۔ **بجانِ واحد** (تف) اکیلے۔ **بجان ہونا** (لازم) سخت تکلیف میں ہونا خطرے میں ہونا۔ جان سے تنگ ہونا۔ **بجاہ و حشم** (تف) شان و شوکت کے ساتھ۔ **بجائے** (تف) جگہ پر۔ بعوض۔ قائم مقام۔ **بجائے خود** (تف) ! بغیر کسی مدد کے ؟ اپنی جگہ پر۔ اپنے عوض ۳ اپنے نزدیک۔ اپنی سمجھ میں۔ **بجبر** (تف) زبردستی۔ جبر سے) **بجد** (تف) ! ضد کر کے۔ مصر ہو کر ؟ شوق سے **بجد ہونا** (لازم) اڑنا۔ ضد کرنا۔ مصر ہونا۔ **بجز** (تف) سوا۔ بغیر۔ علاوہ۔ **بجلدی** (تف) جلدی سے **بجنسہٖ** (تف) ! ہو بہو۔ ٹھیک ٹھیک ؟ کل۔ سب۔ تمام۔ **بجنگ** (تف) لڑائی میں۔ لڑائی کے لئے۔ **بجہت** (تف) ! بوجہ۔ بسبب ؟ کیونکہ **بچشم** (تف) خوشی سے۔ **بچشم اشکبار یا تر** (تف) روتے ہوئے۔ گریاں۔ **بچشم پُرنم** (تف) آنسو بھری آنکھ۔ **بچشم حسرت** (تف) حسرت کی نظر سے۔ **بچشم خود** (تف) اپنی آنکھوں سے۔ خود (دیکھنا کے ساتھ۔ **بچشم خود دیدہ** - سُنا ہوا نہیں دیکھا ہوا ہے۔ **بچشم سَر** (تف) ظاہری آنکھ سے۔ **بحال** (تف) دیکھو علیحدہ۔ **بحد۔ بحدیکہ** (تف) اس حد تک۔ یہاں تک **بحساب** (تف) ایک حد سے۔ گویا۔ **بحَسب۔ بحسبے** (تف) بموجب طرح **بحسرت** (تف) حسرت سے۔ **بحشم و خدم** (تف) شان و شوکت کے ساتھ۔ **بحضور** (تف) سامنے۔ موجودگی میں۔ **بحفاظت** (تف) احتیاط سے۔ حفاظت سے **بحق** (تف) حق میں۔ معاملے میں۔ مفید۔ **بحکم** (تف) ! حکم سے۔ ؟ اختیار سے ۳ بموجب ۴ زور سے۔ بل سے۔ وسیلے سے **بحکمت** (تف) عقلمندی سے۔ دانائی سے۔ **بحمد** (تف) ! ساتھ تعریف کے ؟ مہربانی سے۔ **بحمداللہ کہ**۔ خدا کی مہربانی سے کہ ؟ شکر خدا کہ۔ **بحوالی** (تف) گرد و نواح میں۔ **بحول** (تف) ساتھ قوت یا طاقت کے **بحیلہ و حوالہ** (تف) دھوکے اور فریب سے۔ **بخاطر** (تف) دل میں۔ **بخاک** (تف) مٹی میں۔ **بخاک و خوں** (تف) مٹی اور خون میں۔ **بخدا** (قسم) خدا کی قسم۔ **بخدمت** (تف) خدمت میں۔ **بخشوع و خضوع** (تف) عاجزی اور فروتنی سے۔ دعا مانگنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **بخلاف** (تف) برخلاف۔ برعکس۔ **بخلق و محبت** (تف) اخلاق و محبت سے (پیش آنا کے ساتھ) **بخلوت** (تف) تنہائی میں۔

ایک۔ بخوبی (تف) اچھی طرح سے۔ بخود (تف) اپنے ساتھ۔ اپنے سے۔ آپ کو۔ بخوشی (تف) خوشی سے۔ بخوف (تف) ڈر سے۔ خوف سے۔ بخون (تف) ۱۔ خون میں۔ خون سے ۲۔ (ف۔ مذکر) ستارہ مریخ۔ بخیال (تف) خیال سے۔ بخیر (تف) ۱۔ بھلائی سے۔ اچھی طرح۔ اچھے۔ محفوظ ۲۔ اچھے کام یا انجام کے لئے۔ بھلائی کے لئے ۳۔ اکیلا۔ تنہا ۴۔ ناممکن۔ دشوار۔ بخیر انجام ہونا (لازم) نتیجہ اچھا ہونا۔ بخیر گزرنا (لازم) اچھی طرح کٹنا بخیر و خوبی اچھی طرح سے اور بھلائی سے۔ بخیر و عافیت (تف) اچھی طرح۔ بغیر کسی زحمت کے۔ بخیر یاد کرنا (متعدی) بھلائی سے ذکر کرنا۔ بخیریت (تف) ۱۔ بھلائی سے ۲۔ تندرستی سے۔ سلامتی سے۔ بدرج (تف) اندراج کے مطابق۔ اندراج کے لئے۔ بدرجہ (تف) ایک حد تک بہت زیادہ۔ بدرجہا (تف) بہت زیادہ۔ بدرجۂ مجبوری (تف) بالکل مجبور ہو کر۔ بدرجۂ مساوات (تف) برابر کے درجے پر۔ برابر کا سمجھ کر (ملنا کے ساتھ) بدرگاہ جامع المتفرقین۔ حافظ حقیقی خداوند تعالیٰ یا قہار۔ دافع البلیات یا قاضی الحاجات (تف) خدا کی خدمت یا درگاہ میں۔ بدست (تف) ہاتھ میں۔ بذریعہ۔ بدستور (تف) قاعدے کے مطابق حسب معمول۔ عادت کے موافق۔ پہلے کی طرح۔ بدستیاری (تف) مدد سے۔ بدفعات (تف) کئی دفعہ۔ بارہا۔ بدقت (تف) مشکل سے۔ دشواری سے۔ بدل (تف) خوشی سے۔ دل سے۔ بدل مطیع ہونا (لازم) دل سے تابعداری اختیار کرنا۔ بدل جمعی (تف) اطمینان سے۔ بدل و جان (تف) ۱۔ خوشی سے ۲۔ دل و جان سے۔ بیچ۔ بدم (تف) ۱۔ جان کے ساتھ ۲۔ جلدی۔ بدن (تف) ہر دن۔ جیسے دن بدن۔ بدولت (تف) ۱۔ سبب سے۔ ذریعے سے۔ طفیل ۲۔ (مذکر) کاشغر کے حاکم یعقوب بیگ کا لقب۔ بدوں (تف) بجز سوا۔ بغیر۔ بدیدۂ غور (تف) غور کی آنکھ سے۔ غور سے (دیکھنا نظر کرنا کے ساتھ) بدیں (تف) اس سے۔ این کا الف د سے بدل گیا ہے۔ بدیں حال (تف) اس حال سے۔ بدیں سبب (تف) اس وجہ سے۔ بدیں غرض (تف) اس ضرورت سے۔ بدیں لحاظ (تف) اس لحاظ سے اس وجہ سے۔ بدیں نظر (تف) اس نظر سے۔ بدیں وجہ (تف) اس سبب سے۔ بذات خود (تف) خود ہی۔ بنفس نفیس۔ بذریعہ

(تف) ذریعے سے۔ وسیلے سے۔ بذلت (تف) ذلت سے۔ رسوائی سے۔ براہ (تف) ۱۔ رستے کی طرف سے۔ طور پر۔ لئے۔ براہ آشتی (تف) دوستانہ طور پر۔ براہ احتیاط (تف) احتیاط کے طور پر۔ احتیاط کے لئے۔ براہ انتظار (تف) انتظار میں۔ براہ خوشامد (تف) خوشامد سے۔ براہ دانش (تف) عقلمندی سے۔ براہ نخوت (تف) غرور سے۔ براہ نوازش (تف) مہربانی سے۔ برب کعبہ خدا کی قسم۔ برسم (تف) طریقے پر۔ طرح۔ لئے۔ برسم تعظیم (تف) تعظیم کے طور پر۔ تعظیم کے لئے۔ برسم یلغر (تف) دھاوے کے طور پر۔ بہت تیز رفتاری سے۔ برنگ (تف) مثل۔ برنگ جرس۔ جرس کی طرح۔ بروز (تف) ہر روز۔ روز بروز کی ترکیب سے۔ بروئے (تف) پر۔ منہ پر۔ بروئے ہوا (تف) ہوا پر۔ بروئے کار لانا۔ کام کرنا۔ عملی جامہ پہنانا۔ بزبان (تف) زبان سے۔ بزبان حال (تف) اس حالت سے جو شکل سے ظاہر ہو (کہنا کے ساتھ) بزبان عجز (تف) عاجزی سے۔ بزبان فصیح (تف) نہایت فصاحت سے۔ بزور (تف) ۱۔ زور سے۔ طاقت سے ۲۔ بجبر۔ زبردستی (لینا کے ساتھ) بزیب و زینت بزینت و زیب (تف) شان و شوکت سے۔ بناؤ سنگار کر کے۔ بسامان (تف) ۱۔ اچھی حالت میں ۲۔ اچھا۔ نیک۔ بسبب (تف) وجہ سے۔ لئے۔ بسبیل (تف) کے طور پر۔ کی طرح۔ رستے سے۔ طریقے پر۔ بذریعہ۔ بسبیل تذکرہ (تف) تذکرے کے طور پر۔ ذکر کرتے ہوئے۔ بسبیل ڈاک (تف) ڈاک کے ذریعہ۔ بسر (تف) سر پر۔ آخیر پر۔ کونے پر۔ بسرعت (تف) جلدی سے۔ بسرکردگی (تف) ماتحت۔ بسر و چشم (تف) سر آنکھوں پر۔ خوشی سے۔ بسن (تف) عمر کا۔ عمر میں۔ بسوئے (تف) ۱۔ طرف ۲۔ برخلاف۔ بشر (تف) شرارت۔ بدی سے۔ بشرح صدر (تف) جو اوپر بیان ہوا ہے۔ وہ یہاں بھی سمجھنا چاہیئے۔ بشرط۔ بشرط آنکہ۔ بشرطیکہ (تف) اس شرط سے۔ اگر۔ بشفقت (تف) مہربانی سے۔ محبت سے۔ بشکل (تف) ۱۔ شکل سے صورت سے ۲۔ شکل میں۔ بشمول (تف) ساتھ مل کر ساتھ لے کر۔ بشوکت (تف) شان سے۔ بصد (تف) بہت۔ کثرت سے۔ بصد مشکل (تف)

بہت مشکل سے۔ بصراحت (تف) وضاحت سے کھول کر۔ بصلاح (تف) مشورے سے۔ بصورت (تف) اصلی صورت پر۔ بصورت دیگر (تف) دوسرے پیرائے میں۔ بصورت متبدل (تف) صورت بدل کر۔ بصیغہ (تف) ۱۔ محکمہ میں ۲۔ طریقہ پر۔ بضد ہونا (لازم) ہٹ کرنا۔ مصر ہونا۔ بطرز (تف) طریقے سے۔ طرز سے۔ بطرز جدید یا نو (تف) نئے انداز سے۔ نئے طریقے سے۔ بطرف (تف) ایک طرف۔ علیحدہ۔ بطریق (تف) طریقے سے طرز سے۔ مثل۔ بطریق دیگر (تف) دوسرے طریقے سے۔ بطریق عداوت (تف) دشمنی کے طریقے سے۔ بطفیل (تف) ان کے طفیل۔ ان کے صدقے۔ ان کی وجہ سے۔ بطور (تف) دیکھو بطریق۔ بطور خود (تف) خود بخود۔ اپنی رائے سے۔ اپنی طرف سے۔ بطور مخفی (تف) چھپ کر۔ بطوع خاطر (تف) رضامندی سے۔ رغبت سے۔ بطیب خاطر (تف) خوشی سے۔ بظاہر (تف) ظاہرا۔ دیکھنے میں۔ بعجز (تف) منت سے۔ بعجلت (تف) جلدی سے۔ بعذاب (تف) عذاب سے۔ تکلیف سے۔ بعزت (و آبرو) عزت سے۔ اعزاز و اکرام کے ساتھ۔ بعزم (تف) ارادے سے۔ بعشرت (تف) خوشی سے۔ عیش و عشرت کے ساتھ۔ بعظم و شان (تف) شان و شوکت سے۔ بعلت (تف) وجہ سے۔ ضرورت سے سبب سے۔ بعوض (تف) جگہ پر۔ بدلے۔ بعونہ تعالیٰ (تف) خدا کی مدد سے۔ بعہدۂ سپہ سالاری۔ گورنری وزارت وغیرہ۔ سپہ سالاری وغیرہ کے عہدے پر کسی معزز عہدے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ بعیش و آرام (تف) آرام و چین سے۔ مزے سے۔ بعینہ (تف) بالکل اسی طرح۔ ویسا ہی۔ بغصہ (تف) غصے سے۔ بغضب (تف) غصے سے۔ بغضب شدید (تف) بہت غصے سے۔ بغور (تف) غور سے۔ احتیاط سے۔ اچھی طرح سے۔ بغیر (تف) ۱۔ علاوہ۔ بجز ۲۔ جدائی میں۔ غیبت میں۔ بغیر حکم خدا پتا نہیں ہلتا۔ خدا کے حکم کے بغیر کچھ نہیں ہوتا۔ بغیر کہے نہیں بنتی ضرور کہنا پڑتا ہے۔ بغیض و غضب (تف) سخت غصے سے۔ بفاصلہ (تف) فاصلے سے وقفے سے۔ بفتح و (فیروزی) نصرت (تف) فتح کے کامیابی کے ساتھ۔ بفحوائے (تف) مطلب کے موافق۔ بفراغت (تف) آرام سے۔ فراغت سے

بفراست (تف) عقل سے۔ شعور سے۔ **بفحوائے** کل پر۔ **بفرضِ محال** (تف) ناممکن بات کو فرض کرکے۔ **بفضل** (تف) مہربانی سے۔ **بفضلِ ایزدی۔ تعالیٰ۔ خدا۔ خدائے تعالیٰ۔ ربانی یا کارسازِ کردگار یا کریم** (تف) خدا کے فضل سے۔ **بفضل و کرم** (تف) مہربانی اور عنایت سے۔ **بفضلہٖ (تعالیٰ)** (تف) خدا کے فضل سے۔ **بفنِ مکاری** (ذکر) دھوکے سے۔ دغابازی سے۔ **بفور** (تف) فوراً۔ جلدی۔ **بقدر** (تف) انداز سے۔ بموجب۔ **بقدرتِ خدا** (تف) خدا کی قدرت سے۔ **بقدرِ حوصلہ** (تف) حوصلہ یا حیثیت کے مطابق۔ **بقدرِ ضرورت** (تف) ضرورت کے انداز سے۔ جتنا ضروری ہو۔ **بقسمیہ** (تف) قسم کھا کر۔ حلفیہ۔ **بقفا** (تف) پیچھے کی طرف سے۔ پیچھے۔ **بقلت** (تف) تھوڑا سا۔ تھوڑی تعداد میں۔ چھدرا۔ **بقول** (تف) کہنے کے مطابق۔ **بقولِ شخصے** (تف) کسی شخص کے کہنے کے مطابق۔ **بقید** (تف) شرط سے۔ روک سے۔ حد سے۔ ساتھ۔ **بقیدِ حیات** (تف) زندگی میں۔ زندہ۔ **بکار** (تف) ! کام پر ! (صفت) مفید۔ **بکار آمد ہونا** (لازم) مفید ہونا۔ **بکردار** (تف) طریقے پر۔ مانند۔ **بکرّ و فر** (تف) شان و شوکت کے ساتھ۔ **بگاہ** (تف) وقت پر (گاہ کے ساتھ) **بگوش** (تف) کان میں۔ **بگوش کرنا** (متعدی) اچھی طرح سننا۔ **بگوش ہوش** (تف) توجہ سے خیال سے۔ غور سے۔ **بگیر و ببند** (پکڑ اور باندھ۔ لڑائی میں نعرے لگاتے ہیں)۔ **بلب** (تف) لب پر۔ **بلجاجت** (تف) منت سے۔ **بلحاظ** (تف) لحاظ سے۔ وجہ سے۔ **بلطائف الحیل** (تف) حیلے بہانے سے۔ **بلطف اللہ تعالیٰ** (تف) خدا تعالیٰ کی مہربانی سے۔ **بمحاوراتِ صحیح** (تف) درست محاورے استعمال کرکے۔ **بمدارج** (تف) کئی درجے درجہ بدرجہ۔ **بمدد** (تف) مدد سے۔ **بمدد خدا رسے پاک)** (تف) خدا تعالیٰ کی مدد سے۔ **بمراتب** (تف) کئی درجے۔ کئی رتبے۔ درجہ بدرجہ۔ **بمرتبہ** (تف) ایک حد تک۔ یہاں تک۔ بہت درجے تک۔ اس قدر۔ **بمردانگی** (تف) بہادری سے۔ دلیری سے۔ **بمرورِ** (تف) وقت گزرنے کے بعد۔ وقت گزرے۔ وقت گزرنے پر۔ **بمشکل** (تف) دقت سے۔ دشواری سے۔ مشکل سے۔ **بمصداق** (تف) تصدیق سے۔ بموجب۔

بمعنی آنکہ (تف) اس مطلب تک۔ بمقابلہ۔ **بمقتضا** (تف) مطابقت سے۔ مناسبت سے۔ موافقت سے۔ وجہ سے۔ **بمقتضائے بشریت** (تف) بشریت کی وجہ سے۔ انسان ہونے کی وجہ سے۔ غلطی سے۔ **بمنت** (تف) منت سے۔ خوشامد سے۔ **بمنزلہ** (تف) بجائے۔ بطور قائم مقام۔ **بموجب** (تف) بدستور۔ مطابق تعمیل میں۔ **بموجب حکم** (تف) حکم کے مطابق۔ **بمہر** (تف) ساتھ مہر کے۔ مہر لگے ہوئے عموماً مہر کے ساتھ۔ **بنابر** (تف) اس سبب سے۔ اسی لئے۔ بموجب۔ **بنابر آئینِ دین** (تف) بموجب دین کے اصولوں کے (دین کے بعد نام دین لاتے ہیں) **بنابر احتیاط** (تف) احتیاط کے طور پر۔ **بناچاری** (تف) مجبوری سے۔ **بناراضی** (تف) بر خلاف۔ **بناز و ادا۔ انداز یا تبختر** (تف) ناز و نخرے سے **بنام** (تف) ! نام سے۔ نام پر ! مشہور و معروف۔ **بنظر** (تف) نگاہ سے۔ نظر سے۔ **بنظرِ احتیاط** (تف) احتیاط سے۔ **بنظرِ تحسین** (تف) پسندیدگی سے۔ **بنظرِ تعمق** (تف) باریک بینی سے۔ **بنظرِ تیز** (تف) تیز نظر سے۔ غصہ سے۔ **بنظرِ حسرت دیکھنا** (متعدی) حسرت سے کسی کی طرف دیکھنا۔ **بنظرِ حقارت دیکھنا** (متعدی) حقیر سمجھنا۔ **بنظرِ دُور اندیشی** (تف) دور اندیشی سے۔ **بنظرِ غور** (تف) غور سے **بنظرِ فراست** (تف) تدبر کی نگاہ سے۔ دور اندیشی سے۔ **بنگاہ** (تف) نظر سے۔ **بنگاہِ حسرت**۔ حسرت کی نظر سے (دیکھنا وغیرہ کے ساتھ) **بنگاہِ ستیز** (تف) لڑائی کرنے کی نظر سے **بنگاہِ غضب** (تف) غصے سے (دیکھنا گھورنا وغیرہ کے ساتھ) **بنگاہِ گرم** (تف) غصہ سے۔ **بنگاہِ محبت** (تف) محبت سے۔ **بوجہ** (تف) وجہ سے۔ طریقے سے ایک طرح۔ اس طرح۔ **بوجہِ حلال** (تف) جائز طریقے **بہر** (تف) ہر ایک سے یا میں۔ ہر ایک کے ساتھ۔ اُردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ **بہر تقدیر** (تف) ہر حال میں۔ ہر طرح سے۔ **بہر حال** (تف) جس طرح ہو سکے ہر صورت میں۔ ہر قسم کی خوبیوں سے بھرا۔ **بہر صورت** (تف) ہر طرح۔ ہر شکل سے ہر انداز سے۔ **بہزار دقت یا مشکل** (تف) بے حد مشکل سے۔ **بہم** (تف) ساتھ۔ آپس میں۔ **بہم پہنچنا** (لازم) ! حاصل ہونا۔ قبضے میں آنا ! مہیا ہونا میسر ہونا۔ **بہم دیگر** (تف) ایک دوسرے سے **بہم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ! ملنا۔ چسپاں ہونا ! حاصل ہونا۔ مہیا ہونا۔ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔ **بہوشیاری** (تف) ہوشیاری سے۔ **بہیئتِ اصلی ہونا** (لازم) اصلی شکل یا ہیئت پر آنا۔ **بہیئتِ کذائی** (تف) اس حالت سے (بُری حالت کے واسطے استعمال ہوتا ہے) **بہیئتِ مجموعی** (تف) مکمل طور سے۔ اچھی طرح۔ **بیک بینی و دو گوش** (تف) ! تن تنہا۔ اکیلا۔ خالی ! بے عزتی سے رہ جانا۔ نکالے جانا وغیرہ کے ساتھ) **بیک جرعہ درکشید کرنا** (متعدی) ایک ہی سانس میں سب پی جانا۔

امثال و اقوال

باندازۂ گلیم پا دراز کن۔ جتنا کپڑا دیکھو اتنے پاؤں پھیلاؤ۔ اپنی حیثیت کے مطابق خرچ کرو۔ **بتمنائے گوشت مردن بہ ز تقاضائے زشت قصاباں** گلستاں کا شعر ہے۔ گوشت کی آرزو میں مرنا بہتر ہے۔ قصابوں کے تقاضا اٹھانے سے۔ قرض لے کر گزارہ کرنا نہایت بُری بات ہے۔ **بجز از رنج گنج میسر نمی شود**۔ بغیر تکلیف کے دولت نہیں ملتی۔ بغیر تکلیف کے راحت نہیں ہوتی۔ **بخونریزی بود چالاک شمشیر یکہ خم دارد**۔ متواضع دشمن بڑا فطرتی اور چالاک ہوتا ہے۔ اس سے ہمیشہ ہوشیار رہنا چاہئے۔ **بدوزد طمع دیدۂ ہوشمند** لالچ عقلمند کی آنکھ بند کر دیتا ہے۔ لالچ کی وجہ سے عقلمند آدمی بھی مصیبت میں پھنس جاتا ہے۔ **بسفر رفتنت مبارکباد بسلامت روی و باز آئی**۔ سفر پر جانا مبارک ہو۔ سلامتی سے جاؤ اور باز آؤ۔ **بغیر سیکھے کچھ نہیں آتا**۔ جب کوئی ہر وقت کھیل کود میں مشغول ہو تو کہتے ہیں بغیر تعلیم حاصل کرنے کے کوئی کام آ نہیں سکتا۔ **بقدرِ مال باشد سرگرانی**۔ جتنی دولت زیادہ ہو اتنی ہی فکر زیادہ ہوتی ہے۔ **بلقماں حکمت آموزی چہ حاجت** سمجھدار آدمی کو سمجھانے کی کیا ضرورت ہے۔ **بمرگ گیر تا بہ تپ راضی شود**۔ بڑی مصیبت کے مقابلے میں چھوٹی مصیبت آسان معلوم ہوتی ہے۔ **بہر رنگے کہ خواہی جامہ می پوش من اندازِ قدت را می شناسم**۔ تو چاہے جس لباس میں ہو پہچاننے والے پہچان جاتے ہیں۔ **بہر زمیں کہ رسیدیم آسماں پیدا ست** ہر جگہ مصیبت کا سامنا ہے۔ **بہر کارے کہ ہمت بستہ گردد۔ اگر خارے بود گلدستہ گردد** ہمت سے مشکل کام آسان ہو جاتا ہے۔ **بیک کرشمہ دو کار۔ بیک گز دو فاختہ**۔ ایک تدبیر سے دو کام بن گئے۔

ب (ع۔ حرف جار) ۱ سے۔ ساتھ ۲ بیچ نزدیک۔ لئے ۳ قسم ۴ وسیلے سے برکت سے۔ اس کے بعد اسم کے ساتھ الف لام آتا ہے۔ بالآخر (تف) آخرکار۔ سب تدبیروں کے بعد۔ بالاتفاق۔ اتفاق سے۔ رضامندی سے۔ بغیر کسی کی مخالفت کے یکزباں ہوکر۔ بالاجماع (تف) سب کے کہنے سے۔ باتفاق یکزبان ہوکر۔ بالاجمال (تف) ۱ پوری طرح مکمل طور پر ۲ متفق ہوکر۔ مل کر ۳ اکٹھا۔ بہیئت مجموعی ۴ مختصراً۔ مختصر طریقے سے۔ بالارادہ (تف) ارادے سے۔ قصداً۔ بالاستقلال (تف) مستقل طور سے۔ برابر۔ بالاشتراک (تف) ساجھے میں۔ شرکت میں۔ بالاعلان (تف) علانیہ۔ کھلم کھلا۔ بالالتزام (تف) لازمی طور پر۔ ضروری طور پر۔ بالانفراد (تف) جدا جدا۔ الگ الگ۔ بالبنان (تف) انگلیوں کے سروں سے۔ بالتحقیق (تف) یقینی۔ بے شبہ۔ ٹھیک۔ درست۔ بالتخصیص (تف) خاصکر۔ خصوصیت سے۔ بالتصریح (تف) کھول کر ۔ صراحتہً۔ تفصیل سے۔ صاف صاف۔ بالتفصیل (تف) ۱ الگ الگ ۲ واضح طور پر بمفصل طور سے۔ بالتفصیل والاجمال (تف) واضح طور پر اور اختصار سے۔ بالتقدیر (تف) اتفاقاً۔ قسمت سے۔ بالتمام (تف) کلھم۔ بالکل تمام اور کمال۔ بالجبر (تف) زبردستی۔ جبر سے۔ بالجملہ (تف) ۱ خلاصہ یہ ہے۔ حاصل کلام ۲ عام طور پر ۳ کلھم۔ بالکل۔ بالخاصہ (تف) جبلی اثر سے۔ خاصیت سے۔ بالخیر (تف) ۱ اچھی طرح سے ۲ اچھے طریقے سے ۳ خیریت سے۔ خوش قسمتی۔ بالذات (تف) خود۔ بےواسطہ۔ بالرّاس العین (تف) سر آنکھوں سے بسروچشم۔ بالضرور (تف) بالضرورت (تف) ضروری طور پر یقیناً۔ بالطبع (تف) ۱ طبیعت سے فطرت سے ۲ قدرتی طور پر ۳ ذاتی۔ طبعی۔ بالعشی والابکار (تف) شام وصبح۔ بالعکس (تف) ۱ الٹا۔ برخلاف ۲ ضد سے۔ برعکس۔ بالعموم (تف) عموماً عام طور سے۔ بالغدو والآصال (تف) صبح وشام۔ بالفرض (تف) اگر تسلیم کرکے یا ن کر فرض کیجئے۔ بالفعل (تف) اب۔ سردست۔ فی الحال بالقصد (تف) قصداً۔ بالارادہ۔ بالقوۃ۔ قوت سے۔ طاقت سے۔ بالقابہ (تف) ساتھ اپنے القاب کے۔ موصوف۔ بالکل۔ بالکلیہ (تف) تمام۔ سارا کل۔ تمام وکمال۔ بالکنایہ (تف) اشارے سے۔ کنائے سے۔ باللہ۔ خدا کی قسم۔ باللہ العظیم۔ قسم خدائے بزرگ۔ بالمرّہ (تف) ہمیشہ۔ بالکل ۔ بالمشافہ۔ بالمشاہدہ (تف) روبرو۔ آمنے سامنے۔ بالمضاعف (تف) دگنا۔ دوچند۔ بالمعنی (تف) حقیقت میں۔ اصلیت میں ۲ پوشیدہ طور پر۔ بالمقابلہ (تف) مقابلے میں۔ آمنے سامنے۔ روبرو موجودگی میں۔ بالمقطع (تف) اعلیٰ الحساب مجمل طور سے یکلخت۔ اکٹھا۔ جمع ۲ اکٹھا لگان مجمل مالگزاری مقررہ جمع بندی۔ بالمناصفہ (تف) نصف نصف کرکے۔ بالمواجہ (تف) آمنے سامنے۔ رو در رو۔ بالواجب (تف) ضروری طور پر۔ ٹھیک طور پر۔ بالوفا (تف) ۱ حقیقت میں ۲ سچائی سے۔ اخلاص سے بالیقین (تف) یقیناً۔ بذاتہ (تف) ۱ اپنی ذات سے اپنے دم سے۔ خود ۲ بلاشرکت غیرے۔ بعون اللہ تعالےٰ بعونہٖ۔ خدا تعالےٰ کی مدد سے۔ بعینہٖ (تف) بالکل وہی۔ ہوبہو۔ ویسا ہی۔ بفضلہٖ (تعالےٰ) خدا کے فضل سے۔ ماشاءاللہ۔

بَ (س۔ مذکر) ۱ ورن دیوتا کا نام ۲ پانی ۳ سورج ۴ سمندر۔

با (ف۔ حرف ربط) ۱ پاس۔ ساتھ۔ ہمراہ۔ معہ ۲ باوجود ۳ صاحب۔ مالک ۴ والا ۵ رسیدہ ۶ بعض الفاظ کے ساتھ مل کر۔ اسم فاعل کے معنی دیتا ہے۔ جیسے باخبر بمعنی ہوشیار۔ باآبرو (صفت) ۱ عزت دار۔ معزز ۲ آبرو رکھنے والا ۳ عزت سے۔ اچھے طور پر۔ شریفانہ۔ باآب وتاب (تف) چمک اور گرمی کے ساتھ۔ شان وشوکت سے۔ باآنکہ (تف) باوجود اس کے۔ بااتفاق (تف) اتفاق کے ساتھ۔ متفق ہوکر۔ یک زباں ہوکر۔ بااثر (صفت) ۱ تاثیر رکھنے والا۔ موثر ۲ بارسوخ۔ لوگوں پر اثر کرنے والا۔ بااحترام (صفت) عزت دار۔ معزز۔ بااختیار (صفت) ۱ صاحب اختیار۔ وہ جو قانونی اختیار رکھتا ہو ۲ خودمختار۔ بااخلاص (صفت) مخلص بغیر مطلب کے دوستی رکھنے والا۔ سچے دل سے دوستی رکھنے والا۔ باادب (صفت) ۱ مؤدب۔ باتمیز ۲ (تف) ادب کے ساتھ۔ ادب سے۔ بااستعداد (صفت) ۱ تعلیم یافتہ لائق ۲ پوری طرح۔ تیار۔ بااطلاع (صفت) واقف علم۔ بااقتدار (صفت) طاقتور۔ بااختیار۔ بااثر۔ باایمان (تف) ۱ ایمان کے ساتھ ۲ (صفت) دیانتدار راستباز۔ ایماندار۔ بایں جملہ یا ہمہ (تف) باوجود اس کے۔ بابرکات (صفت) ۱ وہ جس پر برکتوں کا نزول ہو۔ خوش قسمت ۲ وہ شخص جس کی صحبت سے دوسروں پر برکتوں کا نزول ہو۔ عموماً ذات کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ باپیچ وخم (صفت) ٹیڑھا بیڑھا۔ باتدبیر (صفت) مدبر۔ ہوشیار۔ باتمکین (صفت) پرشکوہ شاندار۔ عالیشان۔ باتمیز (صفت) تمیز والا۔ خوش اطوار خوش سلیقہ۔ علم مجلس جاننے والا۔ مؤدب۔ باتن وتوش (صفت) موٹا۔ فربہ۔ بڑے قد کا اور موٹا۔ باتوقیر (صفت) صاحب عزت۔ باوقعت۔ باچشم تر (تف) روتے ہوئے۔ باحشم وخدم (تف) سازوسامان اور نوکروں کو ساتھ لے کر۔ باحضور (صفت) جسے خدا تعالےٰ کی حضوری حاصل ہوئی ہو۔ وہ جسے نجات حاصل ہوگئی ہو۔ باحیا (صفت) حیادار۔ شرم والا۔ باخاطر حزیں (تف) غم سے۔ رنج سے۔ رنجیدہ دل کے ساتھ۔ باخبر (تف) ۱ جس کو ہر بات کی خبر ہو۔ واقف کار ۲ ہوشیار۔ عقلمند۔ دانا۔ باخدا (صفت) ۱ خداپرست ۲ خدا رسیدہ۔ بادل بیتاب (صفت) بیقراری سے۔ بیقرار ہوکر۔ بادل حزیں۔ خار خار۔ خستہ زار یا ملول (تف) رنجیدہ دل کے ساتھ۔ رنج سے۔ غم سے۔ بادل ناخواستہ (تف) مرضی کے برخلاف مجبوری سے۔ بادل وجان (تف) جان ودل سے۔ ہر طرح پوری کوشش کے ساتھ۔ باذوق (تف) خوشی سے۔ مزے سے۔ بارسوخ (صفت) جس کا رسوخ لوگوں کے ساتھ ہو۔ جس کا کہا لوگ مانیں۔ باسلیقہ (صفت) جسے سلیقہ ہو۔ سلیقہ شعار۔ باشعور (صفت) ہوشیار۔ سلیقہ شعار۔ عقلمند۔ باشمشیر برہنہ (تف) ننگی تلوار لئے ہوئے۔ باشوق (تف) ۱ شوق سے۔ خوشی سے ۲ خوشی خوشی۔ باصفا (صفت) ۱ پاک۔ صاف۔ ستھرا ۲ خوشگوار ۳ خوش۔ مسرور۔ باصواب (صفت) درست۔ ٹھیک۔ جواب رائے وغیرہ کے لئے باضابطہ (صفت) ۱ قانون اور قاعدے کے مطابق پابندی کے ساتھ ۲ باقاعدہ۔ حسب معمول باطہارت (تف) ۱ وضو سے ۲ پاک ہوکر۔ باغرض (صفت) ۱ جو اپنے مطلب کے بموجب کام کرے۔ غرضمند ۲ (ف) ناقابل اعتبار آدمی۔ باغم (صفت) مغموم۔ اداس۔ بافراغت (تف) اچھی طرح۔ آرام سے۔ باقاعدہ (تف) قاعدے سے۔ قرینے سے۔ مطابق۔ دستور باقرینہ (تف) ۱ باقاعدہ ۲ انتظام سے۔ ترتیب سے۔ باکمال (صفت) ۱ خوبی والا۔ کمال والا۔ عموماً

جمال کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۲ صاحب کمال۔ خدا رسیدہ۔ **بامراد** (صفت) ۱ کامیاب ۲ امید پوری ہوکر۔ مراد پاکر۔ **بامذاق** (صفت) صاحب مذاق۔ جس کا مذاق اچھا ہو۔ **بامروّت** (صفت) صاحب مروّت۔ احسان کرنے والا۔ مروت کرنے والا۔ خوش اخلاق مہربان۔ لحاظ کرنے والا۔ **بااخلاق**۔ **بامزہ** (صفت) لذیذ۔ خوش ذائقہ۔ مزیدار۔ **باموے پریشان** (تف) بال بکھرے ہوئے۔ سخت رنج وغم میں ایسا حال ہوتا ہے۔ **بانوا**۔ آوازدار۔ خوش الحان۔ بے پروا۔ مسلمان فقیروں کا ایک گروہ۔ مال و دولت والا۔ صاحب ساز و سامان۔ **باوجود**۔ **باوجودیکہ**۔ **باوصف** (تف) اگرچہ۔ **باوردی** (تف) وردی پہنے ہوئے۔ یہ فوج اور پولیس کی اصطلاح ہے۔ **باوضو** (تف) وضو کئے ہوئے۔ باطہارت۔ **باوضع** (تف) ۱ وضعدار۔ اچھی روش کا پابند۔ خوش اخلاق۔ بااخلاق ۲ شائستہ تمیزدار۔ **باوفا** (تف) ۱ وفادار۔ نباہنے والا ۲ بات کا پورا کرنے والا۔ قول و قرار کا سچا۔ **باوقار** (تف) عزت والا۔ تمکنت والا۔ دبدبے والا۔ **باہم** (تف) ۱ اکٹھے۔ مل کر۔ یکجا ۲ شرکت میں۔ بالاتفاق۔ آپس میں **باہم چشمک کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ایک دوسرے کو آنکھ کا اشارہ ہونا۔ **باہمدگر** (تف) باہم۔ **باہم مشورہ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ایک دوسرے کے ساتھ مشورہ کرنا۔ **باہمہ وبے ہمہ** ۱ خدا تعالےٰ کی صفت۔ منصف ۲ آزاد۔ بے فکر۔ سب سے میل جول رکھنے والا مگر جھگڑوں بکھیڑوں میں نہ پڑنے والا۔ **باہمی** (تف) آپس کا ساتھ کا (صفت) آپس کے۔ ایک دوسرے کے۔ **بایکدگر** (تف) ایک دوسرے کے ساتھ اکٹھے۔

امثال و اقوال۔ باادب باش تا بزرگ شوی۔ دوسروں کا ادب کرنے سے دوسرے بھی ادب کرتے ہیں۔ اور اس طرح آہستہ آہستہ ادب کرنے والا بزرگ شمار ہونے لگتا ہے۔ **باادب بانصیب۔ بے ادب بے نصیب**۔ جب کوئی بڑوں کی گستاخی کرے تو کہتے ہیں۔ ادب کرنے والا خوش نصیب ہوتا ہے۔ اور گستاخ بدبخت۔ **باخدا کار ست مارا نا خدا در کار نیست** خدا کے سوا کسی سے مدد نہیں مانگتے۔ **بادوستاں تلطف بادشمناں مدارا**۔ حافظ کے ایک شعر کا دوسرا مصرع ہے۔ کہ دوستوں کے ساتھ خاطر و مدارات سے پیش آنا چاہئے۔ اس طرح آدمی دنیا میں آسائش سے گزر کرتا ہے۔ پہلا مصرع ہے ع۔ آسائش دو گیتی تفسیر ایں دو حرف است۔ **بامسلماں اللہ اللہ با برہمن رام رام**۔ ہر ایک سے اچھی طرح ملنا چاہئے۔ جیسا موقع ویسی بات۔ ہر ایک سے یکساں برتاؤ۔

با (ہ۔ حرف عطف) ۱ یا۔ و ۲ (صفت) اعداد کے ساتھ مل کر دو کے معنی دیتا ہے۔ جیسے بائیس باسٹھ۔

باب (ع۔ مذکر) ۱ دروازہ۔ در۔ پھاٹک ۲ نوع۔ قسم ۳ امر۔ معاملہ۔ بارہ۔ حق۔ متعلق ۴ لائق۔ قابل ۵ دربار۔ درگاہ ۶ ایک قسم کا ٹیکس (رجع استعمال ہوتا ہے) ۷ کتاب کے حصے ۸ مصدر کے ماضی و مستقبل کی تصریف۔ **بابِ اجابت** (مذکر) دعا قبول ہونے کا دروازہ۔ **بابِ اجابت باز ہونا** (لازم) دعا کی قبولیت کے لئے دروازے کا کھلا ہونا۔ **بابِ توبہ بند ہونا** (لازم) توبہ قبول نہ ہونا۔ قیامت کے بعد توبہ قبول نہ ہوگی۔ **بابِ عالی** (مذکر) عثمانی سلطنت کا دارالوزرا۔ **باب وا ہونا** (لازم) دروازہ کھلنا۔ **باب وار**۔ **باب یافت** (صفت) منقسم اشیا جو صیغہ وار درج ہوں۔ جیسے کھیت وغیرہ۔ **باب واری** (مؤنث) تقسیم۔ ترتیب۔

بابا (ف۔ مذکر) ۱ باپ۔ پدر ۲ باپ دادا یا بوڑھے آدمی کی طرف خطاب کا لفظ ۳ درویش۔ فقیر۔ قلندر ۴ سنیاسی۔ مہنتوں کا سردار ۵ فقیر لوگوں کو خطاب کرتے ہیں ۶ پیار سے باپ بیٹوں کو بھی کہتے ہیں ۷ (طنزاً) حضرت۔ جناب ۸ باپ۔ دادا۔ بوڑھا بزرگ۔ سفید بالوں والا شخص۔ **بابا آدم** (مذکر) ۱ حضرت آدم ۲ طریقہ۔ رویہ۔ وضع۔ **بابا آدم بدل گیا**۔ طریقہ یا انداز اور ہوگیا۔ **بابا آدم کے پوتے ہیں** آدم کی اولاد ہیں۔ انسان ہیں۔ **بابا جان**۔ پیار سے باپ، دادا۔ چچا وغیرہ کو بچے کہتے ہیں۔ **باباسخی** (مذکر) ۱ ایک قسم کا خربوزہ ۲ ایک جزیرہ جہاں سونے اور چاندی کی کانیں ہیں۔ **باباکوہی** (مذکر) ایک شخص جو اپنی راست گفتاری اور نیکی کے لئے مشہور تھا۔

امثال و اقوال۔ بابا آدم نرالا ہے۔ طریقہ سب سے الگ ہے۔ نرالا ڈھنگ ہے۔ **بابا آئے تالی باجے** (مہ) باپ کے آنے پر بہت خوشی ہوتی ہے۔ بچے تالیاں بجاتے ہیں۔ **بابا آئیں نہ گھنٹہ باجے** (مہ) باپ آئے پوجا کرے تو بچوں کو کھانا ملے۔ کھانے میں دیر ہونے کے موقعے پر کہتے ہیں۔ **باباجی چیلے بہت ہوگئے ہیں۔ بچّا بھوکے مرینگے تو سب چلے جائینگے**۔ امیر آدمی اور ان کے چیلے چانٹوں پر طنز ہے۔ **باباجی کا ٹھیوس (انگوٹھا) باڑ (لمبا)** (مہ) ان کی حکومت سخت ہے۔ بہت مغرور ہیں۔ **باباجی کے باباجی بجنتری کے بجنتری** (مہ) دونوں کام کرتے ہیں۔ **بابا کے راجے ستو پھکل سیّاں کے راجے سب سہتل** (مہ) غریب عورت کی شادی بوڑھے امیر سے ہو جائے۔ تو لڑکی اپنے دل کو تسلی دیتی ہے۔ کہ باپ کے گھر میں آٹا بھی نہیں تھا یہاں ہر چیز ملتی ہے۔ **بابا مرا نہالا جنا وہی تین کے تین۔ بابا مرے نہالا جنے وہی تین کے تین** (مہ) غریبوں کے لئے بوڑھا آدمی مرجائے تو ایک مفت کا کھانے والا کم ہوجاتا ہے۔ مگر ایک بچہ پیدا ہوجائے تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ کھانے والے اتنے ہی رہتے ہیں۔ **بابا نہ آئیں گھنٹہ نہ باجے**۔ جب تک باپ نہ آئے کچھ نہ ہوگا کسی بات کو کسی نہ ہونے والے کام پر موقوف رکھنا

بابا (انگ۔ مذکر) بے بی کا بگڑا ہوا انگریزوں کے شاگرد پیشہ انگریزوں کے بچوں کو کہتے ہیں۔ انگریز کا بچہ۔ **بابا لوگ**۔ انگریزوں کے بچوں کا غیر حاضری میں اس طرح ذکر کیا جاتا ہے۔

بابت (ف۔ مؤنث) ۱ واسطے۔ لئے سبب۔ وسیلہ ۲ سفارش۔ ذریعہ۔ امانت ۳ نسبت۔ بارے میں۔ معاملے میں ۴ صرف ب کی تختی جو ب کا جوڑ سکھاتی ہے ۵ بدلہ۔ عوض ۶ مزدوری۔ اجرت ۷ متعلق۔ صیغہ۔ مد ۸ (صفت) لائق۔ قابل۔

بابَرَہ (مؤنث) ۱ ایک قسم کی گھاس جس کا بان بٹا جاتا ہے ۲ ایک قسم کی مٹھائی۔ بادر۔ **بابرلوٹ یا لیٹ** (مؤنث) بابن نٹ کا مخرب ایک جالیدار کپڑا۔

بابرنگ۔ باؤبرنگ (ہ۔ مذکر) ایک دوائی کا نام (س جایو۔ ہوا)

بابریاں (ہ۔ مذکر) سر کے بال جو کٹے ہوئے نہ ہوں (س بربر۔ گھونگھریالے)

بابُل (ہ۔ مؤنث) ایک گیت جو شادی میں لڑکی کو رخصت کرتے وقت گایا جاتا ہے۔

بابَن (انگ۔ مؤنث) اصل لفظ بُوبِن ہے۔ ! باریک فیتا ۲ بہت باریک بنی ہوئی ڈوری جو کپڑوں میں لگائی جاتی ہے۔ **بابن نٹ** (مؤنث) ایک قسم کا جالی دار کپڑا۔

بابُو (ہ۔ مذکر) ! راجکمار۔ خاندانی آدمی ۲ بنگالی پڑھے ہوئے شخص کا لقب ۳ عام پڑھے ہوئے شخص کا لقب ۴ دفتر کا کلرک یا منشی ۵ انگریزی دان کا لقب گو بنگال سے باہر اسے کوئی پسند نہیں کرتا ۶ بچہ۔ بالک (س ویتری۔ باپ) **بابوجی یا صاحب** (مذکر) عزّت سے پکارتے ہیں۔ **بابوجی ویاس** (مذکر) ایک مصنّف کا نام۔

بابُونہ (ف۔ مذکر) ایک بوٹی جس کے پھولوں کا تیل درد وجع المفاصل میں مفید ہے۔

امثال۔ باہمن ہوئے تو کیا ہوئے گلے لپیٹا سوت۔ برہمنوں پر طنز ہے کہ برہمن ہونا کوئی مشکل بات ہے گلے میں سوت لپیٹ لیا۔ اور برہمن بن گئے۔ **باہمن کے بالوا کھیلے ناں جات لتیا ؤلے** (پوربی) کمینے آدمی کو عہدہ مل جائے تو وہ اپنے واقفوں کو لاتیں مارتا ہے کمینہ آدمی دُنیا میں ترقی کر جائے تو پرانے واقفوں اور رشتہ داروں سے ملنا چھوڑ دیتا ہے۔

بابی (ہ۔ مؤنث) ! بوسہ۔ چُمّی ۲ عورت کے پستان۔

باپ (ہ۔ مذکر) ! پدر۔ والد۔ ابّا ۲ ماں کا خاوند۔ کسی بچے کو بیٹا بنانے والا۔ متبنہ بنانے والا ۳ بزرگ۔ بڑا ۴ اُستاد۔ گرو۔ (س وپر۔ باپ۔ وپ۔ پیدا کرنا) **باپ بنانا** (متعدی) ! باپ کے برابر سمجھنا۔ بزرگ سمجھنا ۲ خوشامد کرنا۔ **باپ تک جانا یا پہنچنا** (لازم) باپ کی گالی دینا۔ **باپ دادا** (مذکر) ! خاندانی بزرگ۔ اجداد۔ بڑے بوڑھے ۲ پیڑھی۔ نسب نامہ۔ **باپ دادا سے** (رقف) پیڑھیوں سے۔ پشتوں سے۔ **باپ دادا کا نام برباد (خراب) کرنا یا مٹانا** (متعدی) خاندان کی عزّت برباد کرنا۔ خاندان کو دھبّہ لگانا۔ **باپ دادا کا نام ڈوب جانا** (لازم) ! خاندان کی عزّت جاتے رہنا ۲ خاندان کا نشان باقی نہ رہنا۔ خاندان ختم ہو جانا۔ خاندان میں کسی مرد کا زندہ نہ رہنا۔ **باپ رے باپ** ڈر یا تکلیف کے وقت بولتے ہیں۔ **باپ کا** (صفت مذکر) **کی** (صفت مؤنث) موروثی۔ منقبوضہ۔ اپنا یا اپنی۔ **باپ کا** (سایہ سر سے) **اُٹھ جانا** (لازم) باپ مرجانا۔ **باپ کا سمجھنا۔ ہونا یا ہو جانا** (لازم) اپنی ملکیت سمجھنا یا ہونا۔ **باپ کا نوکر** (مذکر) قدیمی نوکر۔ گھر کا خدمتگار۔ مذاقاً آپ۔ ان کے ساتھ اس وقت استعمال کرتے ہیں جب کوئی کام کہے۔ **باپ مارے کا بیر لینا** (متعدی) قدیم دشمنی کی وجہ سے نقصان پہنچانا۔ **باپ ہتیا** (ہ۔ مؤنث) باپ کا قتل۔

امثال واقوال۔ باپ اوچھا ماں ڈائن (ہ) سارا کنبہ ہی نورٌ علیٰ نور ہے۔ ماں باپ دونوں ہی کمینے ہیں۔ **باپ بنیا پوت نواب۔ باپ بھکاری پوت بھنڈاری۔** کمینے شیخی باز کی نسبت بولتے ہیں۔ **باپ بیٹوں کی لڑائی کیا۔** آپس کا جھگڑا معمولی بات ہوتی ہے۔ **باپ بھلا نہ بھیّا سب سے بھلا روپیہ۔** طنزاً روپے کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ **باپ پر پوت پتا پر گھوڑا بہت نہیں تو تھوڑا تھوڑا۔** اولاد کو باپ سے تھوڑی بہت مشابہت ضرور ہوتی ہے۔ **باپ پنڈت پوت جھنیرا** (ہ) باپ قابل اور بیٹا بدچلن۔ **باپ پیٹ میں پوت بیاہے چلا** (ہ) بیٹا باپ سے بڑھ کر ہے۔ **باپ چپ چپ پوت لپ جھپ** (ہ) کوئی لڑکا بہت باتیں کرتا ہو تو کہتے ہیں۔ **باپ دیوتا پوت راکھشس** (ہ) نالائق اولاد کے متعلق کہتے ہیں۔ **باپ دکھا یا گور بتا** ! کسی سے کوئی چیز کھو جائے تو کہتے ہیں کہ یا تو چیز پیدا کر دیا ثابت کرو کیسے کھوئی گئی ۲ اپنا حسب نسب بتا۔ **باپ ڈوم اور ڈوم ہی دادا۔ کہے میاں ہیں شرفا زادہ۔** جو اپنی ذات کو چھپائے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **باپ سے بیر پوت سے سگائی۔** بڑوں سے لڑائی چھوٹوں سے دوستانہ وہاں کہتے ہیں جہاں دشمنوں کے رشتہ داروں سے دوستی پیدا کی جائے۔ **باپ کا نام اوا پوا پوت کا نام جینتے خاں۔ باپ کا نام ساگ پات بیٹے کا نام پرور۔** نودولت کے متعلق یا جو باپ سے بڑھ کر اپنے آپ کو ظاہر کرے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **باپ کا نام دمڑی بیٹے کا نام چھ کوڑیا ناتی کا نام پنچکوڑیا تین پر سا بیتی چھدام نہ پورا ہوا** (ہ۔ عو) تین پشتوں کی محنت اور کوشش سے خاندان کی حیثیت کچھ نہ بنی۔ **باپ کرے باپ** (کے آگے آئے) **پائے بیٹا کرے** (بیٹے کے آگے آئے) **بیٹا پائے** ہر ایک اپنے اعمال کی سزا بھگتے گا۔ کوئی کسی کی جگہ سزا نہیں بھگتے گا۔ **باپ کنٹک پوت حاتم۔** باپ کنجوس بیٹا فیاض۔ جہاں کنجوس آدمی کا بیٹا بہت خرچ کرتا ہے تو کہتے ہیں۔ **باپ کنجڑا پوت شیخ۔** کمینے شیخی باز کی نسبت کہتے ہیں۔ **باپ کو آٹا نہ ملے جو ایندھن کو بھیجے۔** نافرمان لڑکا بیٹا جو باپ کا حکم نہ ماننا چاہے کہتا ہے سُست اور کاہل کی نسبت کہتے ہیں۔ **باپ کی برات بیٹا جلئے۔** کوئی طبیعت کے برخلاف بات کرنے پر کہتے ہیں۔ **باپ کے تیرے راج تو بیٹھی بیٹھی جھانک ساسر تیرے ساگ ماتھے تیرے بھاگ** (ہ) ہر بات میں تو خوش نصیب ہے۔ **باپ کی ٹانگ تلے آئی اور ما کہلائی۔** جب کسی کو ایسی عزّت ملے جس کا وہ نااہل ہو تو کہتے ہیں جیسے باپ کی آشنا ایک قسم کی ماں بن جاتی ہے۔ **باپ کے گلے میں موگرے پوت کے گلے میں رُدراچھ** (ہ) نودولت کے متعلق کہتے ہیں۔ باپ تو لکڑی کے دانوں کا ہار پہنتا تھا۔ بیٹا جواہرات کا کنٹھا پہنتا ہے۔ **باپ مارے کا بیر** قدیمی دشمنی۔ جدی مخاصمت۔ **باپ مرا گھر بیٹا بھیا اس کا ٹوٹا اس میں گیا۔** دیکھو بابا مرے الخ **باپ مرے پر بیل بٹینگے۔** جہاں باپ کے مرنے کا انتظار ہو کہتے ہیں۔ **باپ مریں تو پوت راج کریں** باپ کی زندگی میں بیٹے کا کوئی اختیار نہیں۔ اس کے مرنے پر بیٹا صاحب اختیار ہو جاتا ہے۔ جب کوئی لڑکا باپ کے مرنے پر عیش وعشرت میں مشغول ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں۔ **باپ مرے کنوار ماں مرے توار** (ہ) باپ کے مرنے پر بیٹا مدت تک کنوارا رہتا ہے۔ اگر ماں مرجائے تو یتیم ہو جاتا ہے۔ **باپ نہ دادے سات پشت حرامزادے۔** سات پشت سے شرارتی چلے آئے سگ وسگ زادگاں کرسی بہ کرسی پشتہا پشت کا فتنہ انگیز ہے۔ **باپ نہ دادے مار خوزادے** کمینہ جو بہت غرور کرے تو کہتے ہیں۔ **باپ نہ مارے پیدڑی بیٹا تیر انداز۔** اگر کوئی اپنے خاندان

کی حیثیت سے بڑھ کر دعوے یا کوئی کام کرے تو کہتے ہیں۔ **باپ نرکٹیا پوت بھگتیا۔** بُرے باپ کی اچھی اولاد۔ نرکٹیا اصل میں نٹ کھٹیا تھا۔

باؤلی (ہ۔ مؤنث) لمبا مستطیل تالاب۔ تالاب۔ جوہڑ۔

بات (ہ۔ مؤنث) [1] لفظ۔ کلمہ۔ کلام۔ فقرہ۔ بول۔ بیان۔ تقریر۔ جو کلام انسان کے منہ سے نکلے [2] قول۔ کہنا۔ کہا۔ مثل۔ کہاوت۔ ضرب المثل محاورہ [3] رائے۔ قیاس۔ بچار [4] طعن و تشنیع۔ سخت کلامی طنز۔ حجت [5] قصہ۔ کہانی [6] تذکرہ۔ احوال۔ سرگزشت ماجرا۔ حال [7] چرچا۔ افواہ [8] واقعہ۔ واردات [9] پیام سندیسا۔ شادی کا پیغام۔ نسبت۔ سگائی [10] درخواست عرض۔ التجا [11] تدبیر۔ حکمت۔ تجویز۔ نکتہ۔ دانائی۔ عقلمندی۔ نصیحت۔ پند [12] لطیفہ۔ چٹکلہ [13] عہد و پیمان [14] چیز۔ شے۔ امر [15] کام۔ ہنر۔ کارنمایاں [16] گفتگو۔ بحث۔ حجت۔ دلیل۔ ثبوت [17] حالت۔ صورت۔ کیفیت (اور کے ساتھ) [18] مطلب۔ مقصد۔ حاجت۔ غرض [19] راز۔ بھید [20] حکم۔ فرمان۔ ارشاد [21] عزت۔ وقعت۔ شان [22] تعریف۔ خوبی۔ مدح (کیا کے ساتھ) [23] آبرو۔ شہرت۔ وقعت۔ عزت۔ ساکھ [24] الزام۔ خطا۔ قصور۔ جرم۔ گناہ [25] کمی۔ نقصان [26] ملامت۔ گلہ شکوہ۔ شکایت [27] موقعہ۔ محل [28] اشارہ۔ تنبیہ [29] وقفہ۔ عرصہ [30] خیال۔ وہم۔ دھیان [31] قصد۔ ارادہ [32] ضد۔ ہٹ۔ دعوے [33] وجہ۔ سبب [34] نتیجہ۔ ثمر۔ پھل [35] فعل۔ طرز۔ ادا۔ چال ڈھال [36] مہارت۔ صنعت۔ خوبی۔ کمال [37] حکمت عملی۔ حسن تدبیر۔ جوڑ توڑ [38] اتفاقی شدنی [39] تکیہ کلام۔ دستور۔ روزمرہ کا معاملہ [40] علاج۔ تدبیر [41] مافی الضمیر۔ مفہوم۔ مطلب [42] کیفیت۔ لطف۔ حالت [43] شان۔ شوکت۔ سامان [44] مجال۔ حوصلہ۔ جرأت [45] آرزو۔ ارمان۔ خواہش۔ مراد [46] ریت۔ رسم و رواج۔ طریقہ [47] رسم و راہ۔ برتاؤ۔ معاملت [48] مضائقہ۔ خوبی [49] عادت۔ سبھاؤ [50] باب۔ معاملہ۔ مقدمہ۔ کام کاج۔ کاروبار [51] جھگڑا فساد [52] وصل کا کنایہ [53] بہت آسان کام [54] مول قیمت۔ نرخ [55] بہانہ۔ حیلہ [56] کھیل کود۔ لہو لعب۔ مزخرفات۔ گپ شپ (س ورتر۔ آواز) **بات آپڑنا** (لازم) اتفاق پیش آجانا۔ اتفاقیہ کوئی واقعہ ہوجانا

نتیجہ نکلنا۔ **بات آزمانا** (متعدی) کسی امر کا تجربہ کرنا۔ **بات آگے آنا** (لازم) کہا پورا ہونا۔ **بات آنا** (لازم) [1] الزام آنا۔ برائی آنا [2] نسبت کا پیغام آنا [3] سلیقہ ہونا۔ کچھ جاننا [4] ذکر ہونا۔ معاملہ پہنچنا۔ **بات آنچل میں باندھنا** (متعدی) کسی کا قول یاد رکھنا۔ کوئی معاملہ دھیان میں رکھنا۔ کسی واقعہ کا خیال رکھنا۔ **بات آنکھوں سے سُننا** (متعدی) گفتگو خوشی اور رغبت سے سُننا۔ **بات آئی گئی ہوجانا یا ہونا** (لازم) بھول میں پڑجانا۔ رفت گزشت ہوجانا۔ **بات آئے پر نہ چوکنا** (لازم) دھیان میں آئی ہوئی بات کہدینا۔ **بات اتنی ہے۔** اصلیت یہ ہے۔ اصل بات اس قدر ہے۔ **بات اٹکا رکھنا** (متعدی) معاملے کو روک رکھنا۔ کسی امر کو لیت و لعل میں رکھنا۔ **بات اٹکنا** (لازم) کسی امر کا منحصر ہونا۔ **بات اٹھا رکھنا** (متعدی) کسی معاملے کو ملتوی کردینا۔ **بات اُٹھا نہ رکھنا** (متعدی) دقیقہ نہ چھوڑنا۔ **بات اُٹھانا** (متعدی) [1] حکم ماننا۔ حکم کی تعمیل کرنا [2] سخت سُست برداشت کرنا۔ بدزبانی سہنا [3] (عو) گفتگو شروع کرنا۔ **بات اُٹھ رہنا** (لازم) [1] کسی معاملہ کا ملتوی رہنا یا باقی رہنا [2] کوئی دقیقہ باقی نہ رہنا۔ کچھ کسر نہ رہنا۔ **بات اُٹھنا** (لازم) بات کی برداشت ہونا۔ **بات اچھی جگہ لگا دینا** (متعدی) اچھے خاندان میں نسبت کرادینا **بات اڑا دینا** (متعدی) معاملہ کو ٹالنا۔ **بات اڑانا** (متعدی) [1] نقل اُتارنا [2] بات ٹال دینا۔ **بات اُڑنا** (لازم) مشہور ہونا۔ افواہ اُڑنا۔ **بات اِس کان سے سُننا اس کان سے اڑا دینا** (متعدی) نصیحت کی پروا نہ کرنا۔ **بات اظہر من الشمس ہونا** (لازم) بات کا واضح ہونا۔ ایسی بات ہونا جس کی تشریح کی ضرورت نہ ہو۔ **بات الٹنا** (متعدی) بات بدلنا۔ تردید کرنا۔ برعکس کہنا [2] کہہ کر مکر جانا یا بدل جانا۔ **بات اکارت جانا** (لازم) نصیحت یا مشورہ ضائع جانا۔ **بات اور ہونا** (لازم) [1] جو بات سمجھی گئی وہ نہ ہونا [2] معاملہ دیگر ہونا۔ امر اتفاقیہ ہونا۔ **بات اونچی رہنا** (لازم) [1] بات بڑھ کر رہنا۔ بات افضل رہنا [2] آبرو بڑھی رہنا۔ **بات اُونچی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) آبرو بڑھنا۔ **بات ایک طرح رہنا** (لازم) برتاؤ یکساں رہنا۔ برتاؤ میں فرق نہ آنا۔ **بات بات**

(مونث) [1] ہر بات۔ ہر فعل۔ ہر کام [2] ہر ادا۔ ہر انداز۔ **بات بات پر** (تف) [1] ذرا ذرا سی بات پر۔ ہر معاملے پر۔ ہر فعل پر۔ ہر حرکت پر [2] ہر شرارت پر۔ ہر بے عنوانی پر۔ **بات بات پر بکرا۔** ذرا اونچ نیچ ہوئی تو بکرا ذبح کر دیا۔ **بات بات میں** (تف) [1] بالکل سرتاسر ہر بات میں [2] ہر لفظ میں۔ ہر معاملے میں۔ ہر موقع پر۔ ذرا سی بات میں [3] ہر طرح۔ ہر صورت میں۔ **بات بات میں چھری کٹاری۔** ہر جھگڑے کو تیار ہر بات میں لڑنے کے لئے مستعد۔ **بات بات میں کھچنا** (لازم) ہر بات میں بُرا ماننا۔ خواہ مخواہ روٹھنا۔ **بات بات میں موتی پرونا** (متعدی) نہایت سلیس گفتگو کرنا۔ سخن سازی کرنا۔ **بات بالا رہنا** (لازم)، **کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دیکھو بات اونچی الخ۔ **بات باندھنا** (متعدی) جھوٹ بولنا۔ خلاف بیانی کرنا۔ **بات بچار** (ہ) منطق۔ **بات بدلنا** (متعدی) گفتگو کا پہلو بدلنا۔ کہتے کہتے کچھ اور کہنے لگ جانا۔ کہہ کے مکر جانا۔ وعدہ کرکے مکر جانا۔ **بات بُری لگنا** (لازم) کہا ناگوار ہونا۔ **بات بڑھانا** (متعدی) [1] معاملے یا جھگڑے کو طول دینا۔ بحث بڑھانا [2] شہرت دینا۔ مشہور کرنا [3] عزت بڑھانا۔ **بات بڑھتی چلی جانا** (لازم) معاملے کا طول پکڑ جانا [2] معاملہ ٹلتا رہنا۔ **بات برداشت کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) کسی کی بات چپکے سُننا۔ بات سہنا۔ سخت بات کا جواب نہ دینا۔ **بات بڑھ کے کرنا** (متعدی) شیخی مارنا۔ دوں کی لینا۔ اپنی حیثیت سے زیادہ کوئی کام کرنا۔ **بات بڑھنا** (لازم) [1] جھگڑا ہونا [2] کسی معاملے میں طوالت ہونا [3] شہرت ہونا [4] عزت یا آبرو بڑھنا۔ **بات بڑی کرنا** (متعدی) [1] تائید کرنا۔ ہاں میں ہاں ملانا [2] قطع کلام کرنا۔ **بات بڑی ہونا** (لازم) دیکھو بات اونچی ہونا۔ **بات بگاڑنا** (متعدی) [1] معاملے کو خراب کرنا [2] اعتبار کھونا۔ ساکھ مٹانا [3] دوالہ نکالنا [4] ماند کردینا۔ بیوقوف بنادینا۔ **بات بگڑ گئی۔** معاملہ خراب ہوگیا۔ **بات بگڑنا** [1] کام خراب ہونا۔ برباد ہونا [2] اعتبار یا ساکھ جاتے رہنا [3] حیثیت بگڑنا۔ دیوالہ نکلنا [4] الزام یا عیب لگنا۔ **بات بن (نہ) آنا** (لازم) [1] کامیابی ہونا [2] جواب سوجھنا۔ **بات بنا لینا** (متعدی) عذر کرنے کے لئے جھوٹی بات گھڑ لینا۔ **بات بنانا** (متعدی) [1] بات کو پھیر پھار کر اپنے مطلب کے موافق کہنا۔ گفتگو کو مطلب نکالنے کے لئے طول دینا [2] دھوکا دینا۔ جھوٹ

بولنا۔ ۳ فضول گفتگو کرنا۔ ۴ ساکھ بنانا ۵ درست کرنا۔ **بات بناؤ یا بنار** (صفت) ابن الوقت۔ بہانہ ساز **بات بنا لینا** (متعدی) ۱ گھڑ لینا۔ عذر بنا لینا ۲ کسی بات کی اپنے مطلب کے موافق توجیہ کر لینا۔ **بات بن پڑنا** (لازم) ۱ ساکھ یا اعتبار قائم ہونا ۲ کامیابی ہونا۔ معاملہ بن پڑنا ۳ کوئی جواب نہ سوجھنا۔ **بات بن جانا** (لازم) کام ہو جانا۔ معاملہ درست ہو جانا۔ **بات بن رہنا** (لازم) اعتبار یا ساکھ کا قائم ہونا۔ **بات بننا** (لازم) ۱ عزت حاصل ہونا۔ ساکھ قائم ہونا ۲ موقعہ ملنا کام ہو جانا ۳ کامیابی حاصل ہونا۔ مراد ملنا ۴ بناوٹ بننا۔ **بات بنی رہنا** (لازم) ۱ ساکھ قائم رہنا ۲ یادگار باقی رہنا۔ **بات بھاری ہونا** (لازم) وقعت ہونا۔ رسوخ ہونا ۲ بات ناگوار ہونا۔ **بات بھانا** (لازم) بات پسند آنا۔ **بات بہت وزنی ہے**۔ بات درست ہے۔ **بات بہکنا** (لازم) بہکی ہوئی گفتگو ہونا بے سلسلہ اور بے جوڑ گفتگو ہونا۔ **بات بھلانا** (لازم) ۱ ارادتاً سُنی ہوئی بات کو بھلا دینا ۲ وعدہ پورا نہ کرنا۔ تعمیل حکم نہ کرنا۔ **بات بھولنا** (لازم) بات یاد نہ رہنا۔ بات کو سہو کرنا۔ **بات بیچ میں سے لینا** (متعدی) بات کاٹنا۔ دخل درمعقولات دینا ۲ کسی کے سلسلۂ گفتگو میں وہی بات اپنے طور پر شروع کر دینا۔ **بات پانا** (لازم) ۱ مطلب سمجھ لینا۔ بات کی تہ کو پہنچنا ۲ نزع دیکھنا ۳ مطلب پورا ہونا۔ **بات پتھر کی لکیر یا لیکھ ہونا** (لازم) ۱ بات کہہ کر نہ پھرنا۔ جو کہنا وہی کرنا ۲ پکا وعدہ کرنا۔ قول مستحکم کرنا۔ **بات پچنا** (لازم) بات کو کسی سے نہ کہنا۔ بات سُن کر دل ہی میں رکھنا۔ **بات پختہ ہونا** (لازم) منگنی ہونے کا فیصلہ ہو جانا۔ **بات پر** (تف) ۱ بولنے پر۔ گفتگو کرنے پر ۲ ضد پر۔ ہٹ پر ۳ عزت پر۔ نام پر ۴ خطا پر۔ حرکت پر۔ **بات پر آجانا یا آنا** (لازم) ۱ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ اڑ جانا ۲ بات پر مستقل ہو جانا۔ اپنے قول کی پچ کرنا ۳ ارادہ کرنا۔ کسی بات پر کمر باندھنا ۴ آبرو کا پاس کرنا۔ نام کی پچ کرنا۔ **بات پر بات چلنا** (لازم) ایک بات کے سلسلے میں ویسے ہی دوسری بات کا ذکر نکلنا۔ **بات پر بات کہنا** (متعدی) جواب میں کچھ کہنا۔ ایک بات کے ذکر پر اس کے متعلق کچھ کہنا۔ **بات پر بات یاد آنا** (لازم) ایک بات کے ذکر میں

کوئی اور بات یاد آ جانا۔ **بات پر برقرار رہنا** (لازم) ۱ اپنے قول پر اڑ رہنا۔ جو کہنا سو ہی کرنا ۲ ضد کرنا۔ اڑا رہنا۔ **بات پر ٹھیرنا** (لازم) قول پر پکا رہنا۔ جو کچھ کہنا اس پر جمے رہنا۔ **بات پر جانا** (لازم) ۱ کسی کے کہے پر اعتبار کرنا ۲ کسی کی سفارش ماننا۔ کسی کی بات کا خیال کرنا ۳ دھوکے کھانا۔ فقرے میں آنا۔ **بات پر جان دینا** (متعدی) ۱ سخت ضدی ہونا ۲ عزت پر جان نثار کرنا۔ عزت کے لئے جان کی پروا نہ کرنا۔ **بات پر چلنا** (لازم) وضع نباہنا۔ لکیر کا فقیر ہونا۔ **بات پر خاک پڑنا** (لازم) کسی بات کا بھول میں پڑنا۔ کسی تحریک کا دب جانا۔ **بات پر خاک ڈالنا** (متعدی) ۱ بات کو سن کر بھلا دینا یا اس کی طرف توجہ نہ کرنا ۲ بات کو دبا دینا۔ **بات پر سر دینا** (متعدی) عزت پر جان نثار کرنا۔ **بات پر قائم رہنا** (لازم) دیکھو بات پر برقرار رہنا۔ **بات پر قیام کرنا** (متعدی) **رہنا یا ہونا** (لازم) قول کا پکا ہونا۔ وعدے پر مستقل ہونا۔ جو کہنا سو کرنا۔ **بات پر کان رکھنا** (متعدی) بات کو غور سے سُننا۔ توجہ کرنا۔ **بات پر (مر) مٹنا** (لازم) ۱ آبرو پر جان دینا عزت کے لئے تباہ ہونا ۲ نام کے لئے برباد ہونا۔ ضد میں تباہ ہونا۔ **بات پر مرنا** (لازم) ۱ سخن پروری کرنا ۲ ہٹ کرنا۔ ضد کرنا ۳ عزت پر جان دینا۔ آبرو کے لئے مر مٹنا۔ **بات پڑنا** (لازم) موقعہ پڑنا۔ تذکرہ ہونا۔ **بات پذیرا ہونا** (لازم) بات قبول ہونا منظور ہونا۔ **بات پکڑنا** (متعدی) نکتہ چینی کرنا۔ اعتراض کرنا۔ حرف گیری کرنا۔ کسی شخص کو اسی کے قول سے قائل کرنا۔ **بات پکی کرنا** (متعدی) ۱ پختہ اقرار کرنا۔ کسی کے معاملے کو پکے طور پر طے کرنا ۲ نسبت کو مستقل طور پر مضبوط کرنا۔ **بات پکی ہونا** (لازم) ۱ نسبت مستقل ہونا ۲ پختہ اقرار ہونا۔ **بات پلٹنا** (متعدی) ۱ مکر جانا۔ کچھ کہہ کر انکاری ہو جانا ۲ پلٹ کر اسی قسم کا جواب دینا ۳ سلسلہ گفتگو کو بدل دینا۔ **بات پلے باندھنا** (متعدی) دیکھو بات آنچل الخ۔ **بات پوچھنا** (متعدی) ۱ دریافت کرنا ۲ خبر پوچھنا۔ حال دریافت کرنا ۳ خاطر تواضع کرنا۔ آؤ بھگت کرنا ۴ توجہ کرنا التفات کرنا۔ **بات پوچھنا بات کی جڑ پوچھنا** (متعدی) کرید کرید کر پوچھنا۔ جرح کرنا۔ **بات**

پہنچنا (لازم) ۱ خبر پہنچنا ۲ حالت ہونا۔ کیفیت ہونا۔ **بات پھوٹنا** (لازم) بھید کھلنا۔ افشائے راز ہونا **بات پھیرنا** (متعدی) دیکھو بات بدلنا۔ **بات پھیلانا** (متعدی) ۱ کسی بات کو شہرت دینا یا مشہور کرنا ۲ جھگڑے کو بڑھانا۔ **بات پھیلنا** (لازم) بات مشہور ہونا۔ **بات پھینکنا** (متعدی) آوازے کسنا۔ طعنے دینا۔ **بات پی جانا** (لازم) تحمل کرنا۔ برداشت کرنا۔ کچھ جواب نہ دینا۔ **بات پیدا کرنا** (متعدی) ۱ حیلہ یا بہانہ کرنا۔ کمال حاصل کرنا۔ عزت پیدا کرنا ۲ نئی اور لطیف بات نکالنا۔ **بات پیدا ہونا** (لازم) ۱ نئی یا لطیف بات نکلنا ۲ نفع ہونا۔ **بات پیش آنا** (لازم) معاملہ پڑنا۔ واقعہ گزرنا۔ **بات پیش کرنا** (متعدی) تجویز پیش کرنا **بات پیش نہ جانا** (لازم) کوئی بات بن نہ پڑنا۔ کچھ نہ ہو سکنا۔ **بات تاڑنا** (متعدی) معاملہ سمجھ جانا۔ **بات تلخ ہونا** (لازم) بات ناگوار ہونا۔ **بات تو یہ ہے**۔ اصل یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔ **بات تھل کی نہ بیڑے کی**۔ قول پر قائم نہ رہنا۔ وعدہ پورا نہ کرنا۔ **بات تہ کر رکھنا** (متعدی) نصیحت ملتوی رکھنا۔ گفتگو کسی اور موقعہ کے لئے بند کر دینا۔ **بات تیر لگنا** (لازم) بہت ناگوار ہونا دل کو چبھنا۔ دلخراش بات ہونا۔ **بات ٹالنا** (متعدی) ۱ بات سُن کر چپ رہنا۔ کوئی اور تذکرہ چھیڑ دینا ۲ جھگڑے کو فرو کرنا ۳ تعمیل حکم نہ کرنا۔ **بات ٹپکنا** (لازم) بات ظاہر ہونا۔ اشارے سے معلوم ہونا۔ کنایتاً ظاہر ہونا۔ **بات ٹلنا یا ٹل جانا** (لازم) بات کا بھول میں پڑنا۔ معاملہ رفت و گزشت ہونا **بات ٹل نہ سکنا** (لازم) جو بات کہی ہو اس کو کرنا۔ **بات ٹوٹنا** (لازم) آبرو قائم نہ رہنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔ **بات ٹھاننا** (متعدی) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔ **بات ٹھن جانا** (لازم) کسی بات کا دل میں جم جانا۔ **بات ٹھنڈی پڑ جانا** (لازم) معاملہ دب جانا۔ شورش فرو ہو جانا۔ **بات ٹھیرانا** (لازم) ۱ نسبت ٹھیرانا۔ ناطہ کرنا ۲ کوئی امر طے کرنا۔ کوئی تجویز مقرر کرنا۔ **بات ٹھیرنا** (لازم) ۱ ناطہ ہونا۔ تجویز قرار پانا ۲ معاملہ پیش آنا۔ واقعہ ہونا **بات جا پڑنا** (لازم) ۱ کام کا ملتوی ہو جانا۔ معاملے کا اٹک جانا ۲ کسی معاملہ کے متعلق ذکر کرتے ہوئے کسی اور امر کا ذکر چھڑ جانا۔ **بات**

جاتی رہنا (لازم) دیکھو بات جانا ۱ تا ۴۔ بات
جانا (لازم) ۱ بدنامی ہونا۔ سبکی ہونا۔ ۲ ساکھ یا اعتبار
جاتے رہنا ۳ خبر پہنچنا۔ پیام جانا ۴ موقع یا وقت
نکل جانا ۵ رشتے کی درخواست جانا۔ شادی کی
درخواست ہونا۔ بات جب ہے۔ اثر تب
ہو۔ تعریف اس وقت ہو۔ بات جمانا (متعدی)
جمنا (لازم) بات ذہن نشین ہونا۔ بات جھٹلانا
(متعدی) بات کی تردید کرنا۔ بات کو جھوٹا ثابت
کرنا۔ بات جھنڈے پر چڑھانا (متعدی)
کسی کی بُری بات مشہور کرنا۔ بات جھوٹ
اُڑانا (متعدی) غلط خبر مشہور کرنا۔ بات جی سے
گھڑنا (متعدی) اپنے دل سے بات بنانا۔ ایسی
بات کہنا جس کی کوئی اصلیت نہ ہو۔ بات جی
کو لگنا (لازم) بات کا ذہن نشین ہونا۔ بات
جی میں بیٹھنا (لازم) ۱ بات کا دل پر اثر ہونا ۲
ارادہ دل میں مضبوط کرنا ۳ دل کو درست معلوم ہونا
بات جی میں نہ رہنا (لازم) بات کہہ دینا۔
راز چھپا کر نہ رکھ سکنا۔ بات چبا چبا کے کرنا
(متعدی) صاف بات نہ کہنا۔ اصل مطلب کو چھپانا
۲ شیخی مارنا۔ بات چبا جانا (لازم) ۱ بات ٹال جانا
روئے کلام کو پھیر دینا ۲ کہتے کہتے رُک جانا۔ بات
چبلی ہے۔ بچوں کی سی بات ہے۔ بات چٹکیوں
میں اُڑانا (متعدی) بات ہنسی میں ٹالنا۔ بات
مذاق میں اڑا دینا۔ بات چرا کے کہنا (متعدی)
چھپا کے کوئی بات کہنا۔ بات چلّا کر کہنا (متعدی)
بات بہت اونچی کہنا۔ اونچی آواز سے کوئی بات کہنا
بات چلانا (متعدی) ذکر چھیڑنا۔ تذکرہ شروع
کرنا۔ جھگڑا شروع کرنا۔ ساکھ یا اعتبار پیدا کرنا۔
بات چلنا (لازم) تذکرہ ہونا۔ ذکر شروع ہونا۔
اعتبار پیدا ہو جانا۔ ساکھ چل جانا۔ بات چلی جانا
(لازم) بات کا سلسلہ جاری رہنا۔ بات چندرا
کے کہنا (متعدی) انجان بن کے بات کہنا۔
بات چھٹ جانا (لازم) منگنی قائم نہ رہنا۔ بات
چھڑنا (لازم) ذکر ہونا۔ بات شروع ہونا۔ بات
چھو نہ جانا (لازم) خصلت یا خصوصیت نہ ہونا۔ بات
چھانٹنا (متعدی) بہت باتیں کرنا۔ بات چھیڑنا
(متعدی) تذکرہ شروع کرنا۔ گفتگو آغاز کرنا۔ ذکر چلانا
بات چیت (مؤنث) ۱ بول چال۔ گفت و شنید۔

گفتگو ۲ ٹھیر ٹھیراؤ۔ مول تول ۳ نسبت منگنی (کرنا
ہونا کے ساتھ) بات چیت جمنا (لازم) منگنی کا
انتظام ہونا۔ باتیں چیتیں (مؤنث) بات چیت
کی جمع۔ بات خالی جانا (لازم) ۱ کہے کا کچھ اثر نہ ہونا
۲ درخواست قبول نہ ہونا۔ بات ختم ہونا (لازم) ۱
بات پوری ہو جانا ۲ نہایت اعلےٰ صفت کا پایا جانا۔
بات خوش آنا (لازم) ۱ گفتگو پسند آنا ۲ نصیحت
کو پسند کرنا۔ بات دبانا (متعدی) ۱ ضبط کرنا ۲ معاملے
کو خفیہ رکھنا۔ بات دبنا (متعدی) ۱ بات چھپی رہنا
۲ دب دب کر یا جھجکاہٹ سے بات ہونا۔ کھلے طور
پر گفتگو نہ ہونا۔ بات دب دبا جانا (لازم) ۱ معاملہ
رفع دفع ہو جانا۔ بات دل پر نقش ہونا (لازم)
بات کا اثر ہونا۔ نصیحت کا کارگر ہونا۔ بات دل
سے گھڑنا (لازم) دیکھو بات جی الخ بات دل کو
لگ جانا (لازم) دل پر اثر ہونا۔ دل پر چوٹ پڑنا
بات دل میں اُتر جانا یا بیٹھ جانا (لازم) بات
دل پر نقش ہونا۔ بات دل میں پھرنا (لازم) کسی
امر کا بار بار خیال آنا۔ بات دل میں یا دل ہی
دل میں پکانا (متعدی) ۱ منصوبہ باندھنا ۲ کسی بات
کے متعلق دیر تک سوچنا۔ بات دل میں چُبھ جانا
(لازم) بات کا اثر ہونا ۲ نوک ٹوک کا دل کو رنجیدہ
کرنا۔ بات دل میں کھب جانا (لازم) بات کا
دل میں اثر کر جانا۔ بات دماغ سے نکالنا
(متعدی) نئی بات سوچ کر کہنا۔ لطیف مضمون پیدا
کرنا۔ ایجاد کرنا۔ بات دماغ سے نکلنا (لازم)
بات سوجھنا۔ بات دو کوڑی کی ہونا (لازم)
ساکھ جانا۔ بے وقعت ہونا۔ بات دُور پہنچنا یا
کھینچنا (لازم) ۱ کلام کا پھیلنا ۲ معاملے کا طول پکڑ
جانا ۳ رنج و کشیدگی کا زیادہ ہونا۔ بات دہرانا
(متعدی) اسی بات کو بار بار کہنا۔ کسی دوسرے کی بات
کو کہنا۔ بات دھری اُٹھائی نہ جانا (لازم) کچھ
کہہ نہ سکنا۔ نہ اقرار کر سکنا نہ انکار۔ نہ جواب دے سکنا
نہ چپ رہ سکنا۔ بات دینی آنا (لازم) ۱ جوابدہی
کرنا ذمہ واری ہونا ۲ بازپرس ہونا۔ بات ڈالنا
(متعدی) ۱ کہنا نہ ماننا۔ بات رد کرنا ۲ معاملہ پیش
کرنا۔ بات ڈبونا (متعدی) ۱ اعتبار کھونا۔ ساکھ
گنوانا۔ وقار مٹانا ۲ بات ہلکی کرنا ۳ کام بگاڑ دینا۔ بات
ڈھالنا (متعدی) الزام رکھنا۔ بات ڈھال کے
کہنا (متعدی) اشارے کنائے میں کہنا۔ بات

ڈھونڈنا (متعدی) رشتہ کی تلاش کرنا۔ بات ذہن
پر چڑھنا (لازم) کسی بات کا خیال آنا۔ بات خیال
میں آنا۔ بات ذہن سے اتر جانا (لازم) بات بھول
جانا۔ بات ذہن میں آنا (لازم) ۱ بات خیال میں
آنا ۲ بات سوجھنا ۳ بات کا دل پر اثر کر جانا۔ بات
ذہن میں اُتر جانا۔ بیٹھ جانا یا بیٹھنا۔ بات
ذہن نشین ہو جانا یا ہونا (لازم) بات کا دل
میں اثر کرنا یا دل نشین ہونا۔ بات ذہن نشین کرنا
(متعدی) کسی بات کو اچھی طرح سمجھ لینا یا یاد کر لینا۔
بات رفت گزشت ہونا (لازم) ۱ معاملہ دب دبا
جانا۔ موقعہ نکل جانا۔ کام ہو جانا ۲ کسی امر کا بھول میں
پڑ جانا۔ بات رکھ لینا (متعدی) ۱ کہا مان لینا ۲
عزت رکھ لینا۔ آبرو نہ بگڑنے دینا ۳ عیب چھپا دینا۔
بات رکھنا (متعدی) ۱ عزت رکھنا۔ آبرو رکھنا ۲
الزام لگانا تہمت رکھنا۔ بات رو میں نکل جانا
(لازم) گفتگو میں کسی نہ کہنے والی بات کا مُنہ سے نکل جانا
بات رہ جانا (لازم) ۱ عزت رہ جانا۔ اعتبار رہ جانا
۲ ساکھ بنی رہنا۔ اعتبار باقی رہنا ۳ الزام رہ جانا۔
شکایت رہنا ۴ وعدہ پورا ہونا ۵ کامیابی نہ ہونا۔ موقع
نہ ملنا ۶ درخواست قبول ہونا۔ آرزو پوری ہونا ۷ یادگار
باقی رہنا۔ تذکرہ رہنا ۸ الزام سے بری ہو جانا۔ بات
رہنا (لازم) عزت رہنا۔ وقار قائم رہنا۔ بات زباں
پر آنا (لازم) تذکرہ ہونا۔ بات زباں پر لانا (متعدی)
تذکرہ کرنا۔ کہنا۔ ذکر کرنا۔ بات زبان سے نکالنا
(متعدی) نکلنا (لازم) بات کہی جانا۔ معاملہ ظاہر ہو جانا۔
بات زہر سے بھری ہونا (لازم) بات میں شرارت
بھری ہونا۔ بات زہر لگنا یا ہونا (لازم) بات
سخت ناگوار یا بُری معلوم ہونا۔ بات سبک کرنا
(متعدی) ساکھ مٹانا۔ بات سبک ہونا (لازم)
ساکھ مٹنا۔ بات سمجھانا (متعدی) ۱ خبردار کرنا۔ ہوشیار
کرنا ۲ کنایتاً آگاہ کرنا۔ بات سرسبز ہونا (لازم)
بات کا کامیاب ہونا۔ درخواست کا قبول ہونا۔ بات
سُنانا (متعدی) ۱ آواز سنانا۔ گفتگو سُنانا ۲ خبر سنانا۔
کہانی سُنانا۔ بات سُننا (متعدی) ۱ آواز سُننا ۲
طعن و تشنیع سُننا۔ سخت زبانی برداشت کرنا۔ بات
سُننے کا دماغ (مذکر) گفتگو سُننے کی برداشت۔
سخت زبانی کا تحمل۔ بات سنوارنا (متعدی)
بات بنانا۔ برہمی کی اصلاح کرنا۔ بات سنی کی
ان سُنی کر دینا (متعدی) بات کو سُن کر ٹال جانا

بات سو بات (تف) جیسا موقعہ ہو۔ **بات سوجھنا** (متعدی) ۱؎ نیا مضمون خیال میں آنا۔ نیا خیال پیدا ہونا ۲؎ تدبیر سمجھ میں آنا۔ معاملے کی تہ کو پہنچنا۔ **بات سوچنا**۔ تدبیر سوچ کر نکالنا۔ غور کرنا۔ تفکر کرنا۔ معاملہ سمجھنا۔ تجویز کرنا۔ **بات سہنا** (متعدی) بدزبانی برداشت کرنا۔ طعن و تشنیع سن کر تحمل کرنا۔ **بات سے پھر جانا یا پھرنا** (لازم) زبان بدلنا۔ کہہ کر مکر جانا۔ بدعہدی کرنا۔ **بات سے کان آشنا ہونا** (لازم) بات سُنائی دینا۔ آواز کان میں پڑنا۔ **بات سے نکل جانا** (لازم) وعدے سے پھر جانا۔ **بات شیر و شکر ہونا**۔ **بات شیریں ہونا** (لازم) بات خوشگوار ہونا۔ بات پسندیدہ ہونا۔ **بات ضائع جانا** (لازم) ۱؎ کہنے پر عمل نہ ہونا۔ نصیحت نہ سُنی جانا۔ درخواست نہ قبول ہونا ۲؎ آبرو جاتی رہنا۔ ساکھ جاتی رہنا۔ **بات ظاہر کر دینا** (متعدی) راز ظاہر کر دینا۔ **بات ظاہر ہو جانا** (لازم) رازافشا ہو جانا۔ نتیجہ نکلنا۔ **بات قابو کرنا** (متعدی) دیکھو بات آنچل الخ۔ **بات کا آشنا ہونا** (لازم) برتاؤ کا خوگر ہونا۔ بات ماننا۔ **بات کا اشارہ** (مذکر) بات کا پہلو یا کنایہ۔ بات کا اصل مطلب۔ **بات کا اعادہ کرنا** (متعدی) بات کا دُہرانا یا پھر کہنا۔ **بات کا اور چھور** (مذکر) معاملے کا اصل مطلب۔ بات کا سر پیر۔ **بات کا ایما پانا** (لازم) اشارہ سمجھنا۔ کنایہ تاڑ جانا۔ **بات کا بتنگڑ بنا کر اُگل ڈالا**۔ بہت بڑھا کر مشہور کر دیا۔ **بات کا** (بتنگڑ) **بتنگڑ بنانا** (متعدی) **بن جانا** (لازم) **کرنا** (متعدی) ۱؎ ذرا سی بات کو بہت بڑھا کر بیان کرنا۔ معمولی سی بات میں جھگڑا پیدا کرنا ۲؎ دوسرے کی تقریر کو مبالغے سے بیان کرنا۔ **بات کا بتنگڑ ہونا** (لازم) کچھ سے کچھ ہو کر فساد کا برپا ہو جانا۔ **بات کا بُرا ماننا** (متعدی) کسی بات کو بُرا سمجھنا۔ کسی بات سے ناراض ہونا۔ **بات کا بھید** (مذکر) ۱؎ بات کی تہ۔ اصل مطلب ۲؎ معاملے کا راز۔ **بات کا پا جانا** (لازم) بات پانا۔ **بات کا پکّا۔ پورا۔ دھنی یا سچّا** (صفت) وعدہ وفا کرنے والا۔ جو کہے سو کرنے والا۔ صادق القول۔ **بات کا پہلو** (مذکر) بات کا اشارہ۔ کنایہ یا پہلو۔ **بات کاٹنا** (متعدی) دیکھو بات بیچ میں الخ۔ **بات کا چرچا ہونا** (لازم) ۱؎ بات مشہور ہونا ۲؎ کسی سے

بات کی جانا۔ **بات کا چھینٹا** (مذکر) بات کا اشارہ۔ **بات کا خیال آنا** (لازم) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پروا ہونا۔ کسی بات کی طرف توجہ ہونا۔ **بات کا دل میں کھُب جانا** (لازم) بات کا دل پر اثر ہونا۔ بات کا دل میں جم جانا۔ **بات کا دُہرانا** (متعدی) بات کا دوسری دفعہ کہنا۔ **بات کا رنگ پانا** (لازم) بات کا با اثر ہونا۔ **بات کا سر پیر نہ ہونا** (لازم) بے معنی اور بے تکی گفتگو ہونا۔ **بات کا فروغ پانا** (لازم) دیکھو بات اُونچی رہنا۔ **بات کا قیام نہ ہونا** (لازم) بات کا اعتبار نہ ہونا۔ **بات کارگر ہونا** (لازم) ۱؎ تدبیر کا اثر ہونا ۲؎ نصیحت یا فہمائش کا اثر کرنا۔ **بات کا کنایہ** (مذکر) بات کا اشارہ۔ **بات کا لپکا** (مذکر) کسی مزے کی چاٹ۔ **بات کا موقعہ** (مذکر) ۱؎ گفتگو کا محل ۲؎ بات چیت کی فرصت۔ **بات کان پڑنا** (لازم) اتفاقاً کوئی بات سُنائی دینا۔ **بات کان تک پہنچنا** (لازم) خبر سُننا۔ بات سُننا۔ **بات کان دھر کر** (سے) **سُننا**۔ بات غور سے سُننا۔ **بات کان میں پڑی رہنا** (لازم) بات یاد رہنا۔ معاملہ دھیان میں رہنا۔ **بات کان میں پھونک** (ڈال) **دینا** (متعدی) کسی طور سے بات کہہ دینا۔ **بات کا کچا یا ہیٹا** (صفت) بے اعتبار۔ ناقابلِ اعتبار بات پر قائم نہ رہنے والا۔ کہہ کر مکر جانے والا۔ وعدہ کرکے پورا نہ کرنے والا۔ **بات کتر دینا** (متعدی) دیکھو بات بیچ میں الخ۔ **بات کٹ جانا** (لازم) بیچ میں کسی کا بول پڑنا۔ بات کہنے نہ دینا۔ گفتگو کا سلسلہ ٹوٹ جانا۔ **بات کرآنا**۔ گفتگو کرنے کا طریقہ جاننا۔ **بات کرتے پتھر مارتا ہے** سخت کلام ہے۔ **بات کرتے کرتے**۔ بہت جلد۔ فی الفور **بات کرتے میں** ایک لمحے میں۔ فوراً۔ **بات کرسی نشین ہونا** (لازم) بات ٹھیک بیٹھ جانا۔ بات قبول ہو جانا۔ **بات کرنا** (متعدی) ۱؎ گفتگو کرنا۔ کچھ کہنا ۲؎ متوجہ ہونا۔ مخاطب ہونا ۳؎ خبر لینا۔ شکوہ یا گلہ کرنا۔ **بات کرنے کا سلیقہ نہ ہونا** (لازم) گفتگو کا طریقہ نہ آنا یا تمیز نہ ہونا۔ **بات کرنے میں** (تف) فوراً۔ آناً فاناً۔ لمحہ بھر میں۔ **بات کرنے میں پھول جھڑنا** (لازم) لطیف گفتگو کرنا۔ شیریں گفتار ہونا۔ **بات کرید کرید کر پوچھنا** (متعدی) جرح کرنا۔ بال کی کھال نکالنا۔ **بات کڑوی ہونا** (لازم) بات کا ناگوار ہونا۔ **بات کو آنچل میں باندھنا**

(متعدی) دیکھو بات آنچل میں باندھنا۔ **بات کو آئی گئی کر دینا**۔ (متعدی) بات ٹال دینا۔ **بات کو اُلٹنا** (متعدی) دیکھو بات اُلٹنا۔ **بات کو بٹہ لگنا** (لازم) ۱؎ بات جانا ۲؎ عیب لگنا بدنامی ہونا۔ **بات کو ٹوکنا** (متعدی) کسی بات سے روکنا کوئی کام کرنے سے منع کرنا۔ **بات کو جھیلنا** (متعدی) دیکھو بات سہنا۔ **بات کو چکر دینا یا گھمانا** (متعدی) بات کو ہیر پھیر کر کہنا۔ **بات کو دبا رکھنا** (متعدی) بات کو دل میں رکھنا۔ بات کا غصہ کرنا مگر نہ جتانا۔ **بات کو دل میں رکھنا** (لازم) کسی کی کہی ہوئی بات کو یاد رکھنا۔ **بات کوڑی کی ہو جانا** (لازم) دیکھو بات دو کوڑی الخ۔ **بات کو طول دینا** (متعدی) ۱؎ بات کو لمبا کرنا ۲؎ جھگڑا کرنا۔ **بات کو گرہ میں باندھنا** (متعدی) دیکھو بات آنچل الخ **بات کو مُنہ سے لیجانا یا لینا** (متعدی) جو بات دوسرا کہنے لگا ہو وہ کر دینا۔ کسی بات کے کہنے میں پیش دستی کرنا۔ **بات کہہ اُٹھنا** (متعدی) بے سمجھے بوجھے بول اُٹھنا۔ **بات کہتے** (تف) فوراً۔ **بات کھٹائی میں پڑنا** (لازم) ۱؎ توقف ہو جانا ۲؎ جھگڑا پڑ جانا۔ **بات کھٹائی میں ڈالنا** (متعدی) ۱؎ بات اٹکا رکھنا ۲؎ بات کا کچھ جواب نہ دینا۔ **بات کھٹکنا** (لازم) ۱؎ بات ناپسند ہونا۔ بات کا مشتبہ ہونا ۲؎ بات قابلِ اعتراض ہونا۔ بات درست معلوم نہ ہونا۔ **بات کہتے بن نہ پڑنا**۔ کچھ کہہ نہ سکنا۔ **بات کہہ کے گنہگار ہونا**۔ **بات کہنے کا گنہگار ہونا**۔ بول کر شرمندہ ہونا۔ کوئی بات کہہ کے پچھتانا۔ **بات کھلنا** (متعدی) افشائے راز ہونا۔ **بات کہہ نہ آنا** (لازم) ۱؎ بات کرنے کا سلیقہ نہ ہونا ۲؎ پیغام ٹھیک طرح نہ پہنچا سکنا ۳؎ کچھ کہہ نہ سکنا۔ **بات کہنا** (متعدی) ۱؎ سامنے سے بولنا۔ گفتگو کرنا ۲؎ ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا۔ خبر سنانا ۳؎ کہانی یا قصہ سُنانا ۴؎ فہمائش یا نصیحت کرنا۔ **بات کہنے کو رہ گئی**۔ شکایت رہ گئی۔ یادگار رہ گئی۔ **بات کہنے میں** (تف) بہت جلد۔ فوراً۔ جھٹ پٹ۔ **بات کہنے میں آتی ہے** ایسے موقع پر کہا جاتا ہے۔ جب کوئی بیجا یا نامناسب بات کہنی ہوتی ہے۔ **بات کھونا** (متعدی) بے آبرو ہونا۔ بے وقعت ہونا۔ **بات کہے کی لاج** (مونث) سخن پروری۔ کہے کا نباہ۔ **بات کے آگے کسی کی چلنے نہ دینا** (لازم) جو کہنا وہی کرنا پیش رفت

نہ جانے دینا۔ کسی دوسرے کی بات نہ ہونے دینا۔ عموماً اپنی کے ساتھ۔ **بات کیا ہے۔** اصل واقعہ کیا ہے۔ مطلب کیا ہے۔ کوئی مشکل بات نہیں۔ دشوار نہیں۔ **بات کئے (پر) پھول جھڑنا** (لازم) خوش کلام اور خوش گفتار ہونا۔ **بات کی بات** (مونث) ۱ معمولی بات ۲ تھوڑی دیر۔ **بات کی بات کو** (ق) دم بھر کے لئے۔ تھوڑی دیر کے واسطے۔ **بات کی بات میں** (ق) جلدی سے۔ فوراً۔ آناً فاناً۔ **بات کی بات ہے** ۱ صرف اپنی بات کا پاس ہے۔ **بات کی پیچ** (مونث) ۱ سخن پروری۔ قول کی شرم ۲ بات پر ہٹ کرنا یا اڑنا۔ **بات کی پروا ہونا** (لازم) کسی چیز کی ضرورت ہونا۔ کسی بات کا خیال ہونا (عموماً کسی کے ساتھ) **بات کی تاب (نہ) آنا** (لازم) ۱ سخت بات کی برداشت (نہ) ہونا ۲ بدزبانی کا متحمل (نہ) ہونا۔ **بات کی تہ** (مونث) اصل مطلب۔ بات کا اشارہ یا کنایہ۔ **بات کی ٹھیس لگنا** (لازم) بات ناگوار گزرنا۔ **بات کی جان** (مونث) معاملے کی اصلیت۔ بات کی خوبی۔ **بات کی زڑ لگنا** (لازم) ایک ہی بات کو بار بار کہنا۔ **بات کے شاخسانے** (مذکر) بات کے پہلو۔ **بات کی کمر باندھنا** (متعدی) کسی کام کو معمول مقرر کرنا (کر معنی خراج یا ٹیکس) **بات کی گرفت** (مونث) بات پر اعتراض یا نکتہ چینی۔ **بات کی مہلت۔** گفتگو کا موقعہ۔ **بات گانٹھ میں باندھنا** (متعدی) دیکھو بات آنچل الخ۔ **بات گر جانا** (لازم) بات نہ مانی جانا۔ کہا نہ مانا جانا۔ **بات گرہ (میں) باندھنا** (متعدی) دیکھو بات آنچل میں باندھنا۔ **بات گوز شتر ہونا** (لازم) سماعت نہ ہونا۔ **بات گلے سے اترنا** (لازم) بات قابل قبول ہونا۔ **بات گول کر جانا** (متعدی) صاف صاف نہ کہنا بات ٹالنا۔ **بات گھڑنا۔** جی سے بات بنا کے کہنا۔ جھوٹی بات کہنا۔ جس بات کی کوئی اصلیت نہ ہو وہ بات کہنا۔ **بات گئی گزری ہونا** (لازم) معاملہ رفت گزشت ہونا۔ **بات گئی پھر ہاتھ نہیں آتی۔** جب ایک مرتبہ اعتبار جاتا رہے تو پھر نہیں جمتا۔ **بات لانا** (لازم) نسبت کا پیغام لانا۔ **بات لب تک (نہ) آنا** (لازم) گلہ شکوہ (نہ) کرنا ـ بات کا زبان سے (نہ) نکلنا۔ **بات لٹکائے رکھنا** (متعدی) ۱ معاملے کا فیصلہ نہ کرنا ۲ صاف صاف نہ کہنا۔ **بات لکھ رکھنا** (متعدی) بات کو یقینی سمجھ کر یاد رکھنا۔ **بات لکھنا** (متعدی) کیفیت تحریر کرنا۔ **بات لگا دینا یا لگانا** (متعدی) ۱ چغلی کھانا۔ لگائی بجھائی کرنا ۲ نسبت یا منگنی ٹھیرانا ۳ فروخت کی بات چیت کرنا ۴ الزام یا تہمت لگانا۔ **بات لگنا** (لازم) نسبت قرار پانا۔ **بات لمبی چوڑی ہونا** (لازم) گفتگو میں طوالت ہونا۔ **بات مات کرنا** (متعدی) کسی چال میں نہ آنا۔ **بات مارنا** (متعدی) ۱ سلسلہ گفتگو کو تبدیل کرنا یا بدلنا ۲ کسی بات کی مخالفت کرنا ۳ چپ کرا دینا ۴ طعن و تشنیع کرنا۔ طنز کرنا ۵ ڈانٹنا۔ ڈپٹنا ۶ جھٹلانا۔ **بات ماننا** (متعدی) کہا ماننا۔ نصیحت پر عمل کرنا۔ درخواست قبول کرنا۔ **بات مت کرو۔** چپ رہو۔ مت بولو۔ **بات مغز سے نکالنا** (متعدی) ذہانت سے کوئی بات پیدا کرنا۔ **بات مقدور سے باہر کرنا** (متعدی) حیثیت سے بڑھ کر کوئی کام کرنا۔ **بات من میں بسنا** (ع) بات یاد رہنا۔ بات دل کو بہت پسند آنا۔ **بات منگوانا** (متعدی) نسبت منگوانا۔ **بات مُنہ پر آنا** (لازم) چرچا ہونا۔ تذکرہ ہونا۔ **بات مُنہ پر رکھنا** (متعدی) کوئی بات جتانا۔ شکوہ کرنا۔ **بات منہ پر کہنا** کسی کے سامنے کوئی بات کہنا۔ **بات مُنہ پر لانا** (متعدی) ۱ بات کا ذکر کرنا۔ خیال ظاہر کرنا ۲ احسان جتانا۔ **بات مُنہ تک آنا** (لازم) زبان تک آنا۔ بات کہہ دینا۔ **بات مُنہ تک نہ آسکنا** (لازم) بات کہتے ہوئے ہچکچانا یا شرمانا۔ **بات منہ سے نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) بات کہی جانا۔ **بات منہ سے نہ نکالنا** (متعدی) ۱ شکوہ نہ کرنا۔ عذر نہ کرنا ۲ چپ رہنا۔ **بات مُنہ سے نہ نکلنا** (لازم) رعب یا ڈر کی وجہ سے کچھ کہہ نہ سکنا۔ عاجز ہونا۔ **بات مُنہ میں پڑنا** (لازم) تذکرہ ہونا۔ معاملے کا مشہور ہونا۔ **بات میں۔** لمحہ بھر میں۔ فوراً۔ آناً فاناً۔ **بات میں بات** (مونث) ایک تذکرے میں دوسرا۔ ایک کی گفتگو میں دوسرے کا کچھ کہنا۔ **بات میں بات ملانا** (متعدی) کسی کی گفتگو میں دخل دینا۔ معاملے میں باریکی نکالنا۔ **بات میں بات نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ باریکی نکلنا۔ کوئی نازک پیرایہ نکلنا ۲ سلسلہ گفتگو میں کوئی اور متعلقہ تذکرہ شروع ہونا ۳ نکتہ چینی ہونا۔ **بات میں بٹہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ ساکھ مٹنا ۲ عیب لگنا۔ **بات میں بل ہونا** (لازم) دھوکے کی بات ہونا۔ جھوٹ ہونا۔ **بات میں بولنا** (متعدی) ۱ بیچ میں بول پڑنا۔ قطع کلام کرنا ۲ معاملے میں دخل دینا۔ **بات میں پخ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) اعتراض ہونا۔ نکتہ چینی ہونا۔ **بات میں پھرنا** (لازم) ۱ قول سے پھرنا ۲ وضع کے خلاف کرنا۔ **بات میں پہلو نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) بات میں شاخیں نکلنا۔ **بات میں پھول جھڑنا** (لازم) بات کا عام پسند ہونا۔ گفتگو نہایت سلیس ہونا۔ **بات میں پے نکالنا** (لازم) دیکھو بات میں فی نکالنا۔ **بات میں توڑنا** (متعدی) قائل کرنا۔ نقص نکالنا۔ **بات میں ثبات نہ ہونا** (لازم) قول فعل میں استقلال نہ ہونا جو کہنا وہ نہ کرنا۔ **بات میں چھپیاں لگانا** (متعدی) صاف صاف نہ کہنا۔ **بات میں دخل دینا** (متعدی) بیچ میں بول پڑنا۔ قطع کلام کرنا۔ **بات میں دخل کرنا** (متعدی) ۱ بیچ میں بولنا ۲ اعتراض کرنا۔ **بات میں دخل ہونا** (لازم) معاملے میں اختیار ہونا۔ **بات میں رخنے نکالنا** (متعدی) ۱ نکتہ چینی کرنا ۲ نیا پہلو نکالنا۔ **بات میں رخنے نکلنا** (لازم) کام میں نقص نکلنا۔ نکتہ چینی ہونا۔ **بات میں زہر بونا** (متعدی) فساد ڈالنا۔ **بات میں سے بات نکالنا** (متعدی) دیکھو بات میں بات نکالنا۔ **بات میں شاخ۔ شاخیں یا شاخسانے نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) نکتہ چینی ہونا۔ اعتراض ہونا۔ پہلو نکلنا۔ **بات میں فرق آنا** (لازم) ۱ وضع کے خلاف ہونا ۲ اعتبار نہ رہنا ۳ توقیر گھٹ جانا۔ **بات میں فی نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) اعتراض۔ نکتہ چینی۔ نقص یا عیب نکلنا۔ **بات میں قند گھولنا** (متعدی) ہنسی مذاق کی باتیں کرنا۔ چہل کرنا۔ **بات میں کجی ہونا** (لازم) دیکھو بات میں بل ہونا۔ **بات میں کلام ہونا** (لازم) کسی معاملے میں اعتراض یا شبہ ہونا۔ بولنے کے قابل ہونا۔ **بات میں کھڑ پیچ نکالنا** (متعدی) اعتراض یا نکتہ چینی کرنا۔ **بات میں گرا دینا یا گرانا** (متعدی) قائل کر دینا۔ چپ کرا دینا۔ **بات میں لگانا** (متعدی) ۱ گفتگو میں مشغول کرنا ۲ فریب میں پھانسنا۔ دھوکا دینا۔

بات میں ہندی کی چندی نکالنا (متعدی) بال کی کھال نکالنا۔ جرح کرنا۔ بات میں ہیٹی ہونا (لازم) کسی بات میں کمی ہونے کی وجہ سے سے بے عزتی ہونا۔ بات نباہنا (متعدی) وضع پر قائم رہنا۔ بات نکاس (مذ) منطقِ استخراجی۔ بات نکالنا (متعدی) ! ذکر شروع کرنا۔ تذکرہ کرنا! تدبیر نکالنا۔ مضمون پیدا کرنا ۳ مُنہ سے کوئی کلمہ نکالنا۔ بات نکلنا (لازم) ! مُنہ سے کوئی کلمہ نکلنا! نتیجہ نکلنا ۳ ادا ظاہر ہونا۔ بات نظر میں ہونا (لازم) معاملہ دھیان میں ہونا۔ بات نہ آنا (لازم) جواب نہ سُوجھنا۔ کچھ کہہ نہ سکنا قائل ہونا۔ بات نہ پوچھنا (متعدی) ! خبر نہ لینا بے پروائی کرنا! منہ نہ لگانا۔ بے التفاتی کرنا ۳ خاطر تواضع نہ کرنا بات نہ پھوٹنا (لازم) دیکھو بات نہ نکلنا۔ بات نہ سُننا (متعدی) ! متوجہ نہ ہونا۔ بے پروائی کرنا! آواز نہ سُننا ۳ کہا نہ ماننا۔ بات نہ کر آنا (لازم) بھولے پن یا خوف کی وجہ سے بات نہ کر سکنا۔ بات نہ کرنا (متعدی) خاطر میں نہ لانا۔ مغرور ہونا۔ بات نہ نکلنا (لازم) بات نہ ظاہر ہونا۔ بات نہ ہونا (لازم) معمولی بات ہونا۔ آسان ہونا۔ بات نہیں بتنگڑ ہے۔ جھگڑے کا معاملہ ہے۔ معمولی بات نہیں۔ بات نیچی پڑنا یا رہنا (لازم) آبرو جاتی رہنا۔ بے وقعت ہونا۔ بات نیچی ڈالنا (متعدی) اپنی بات کو رد ہونے دینا۔ بات ور رہنا (لازم) بات اُونچی رہنا۔ بات وزنی ہونا (لازم) بات درست ہونا بات باوقعت ہونا۔ باتوں (مؤنث) ! بات کی جمع ! حروف مغیرہ سے پہلے۔ باتوں باتوں (میں) (تف) چٹکلوں میں۔ باتوں میں۔ گفتگو میں ہنسی مذاق میں۔ باتوں باتوں میں دن گزر (ہوا ہو) جانا (لازم) باتوں میں شام ہو جانا۔ باتیں کرتے کرتے دن تمام ہونا۔ باتوں باتوں میں کہنا (متعدی) مطلب کی بات دوران گفتگو میں کہہ دینا۔ باتوں پر جانا (لازم) کسی کی تقلید کرنا۔ حرکات کا برا ماننا۔ لحاظ کرنا۔ باتوں سے ڈر جانا (لازم) دھمکی میں آنا۔ باتوں سے کام نہیں چلتا کام کرنے سے ہوتا ہے باتیں بنانے سے نہیں ہوتا۔ باتوں سے کلیجہ پک جانا (لازم) کرتوتوں سے تنگ آ جانا۔ شرارتوں سے پریشان ہونا۔ باتوں کا المم

نشرح کرنا (متعدی) راز افشا کرنا۔ ہر ایک کو بتانا۔ باتوں کا باغ لگانا (متعدی) مزیدار باتیں سُنانا۔ بہت باتیں بنانا۔ باتوں کا تار (مذکر) ایسی باتیں جن کا سلسلہ نہ ختم ہو۔ باتوں کا جمع خرچ (مذکر) فضول باتیں۔ لفاظی۔ باتوں کا جھاڑ (مذکر) فضول باتوں کا لمبا سلسلہ۔ باتوں کا جھاڑ باندھنا (متعدی) بولے جانا اور کسی اور کو گفتگو نہ کرنے دینا فضول بک بک کرنا۔ باتوں کا دھنی (صفت) بہت باتیں کرنے والا۔ باتوں کا دفتر کھولنا (متعدی) گلے شکوے بہت دیر تک کرتے رہنا۔ باتوں کا لچھا (مذکر) باتوں کا سلسلہ۔ باتوں کا منہ چومنا (متعدی) نہایت دلچسپ انداز میں گفتگو ہونا۔ باتوں کی پڑیا (صفت) بہت باتونی۔ باتوں کی جھڑی (متعدی) باتوں کا سلسلہ۔ باتوں کی کن سوئیاں لینا (متعدی) باتوں کی ٹوہ لگانا۔ باتوں کے قربان۔ گفتگو کے صدقے۔ باتوں کی طرف کان لگانا (متعدی) متوجہ ہو کر سُننا۔ باتوں میں (تف) ! بات چیت میں۔ گفتگو میں ۲ فضول کاموں میں۔ مزخرفات میں ۳ شرارت میں۔ بُرے افعال کی وجہ سے ۴ خوشامد سے چاپلوسی سے ۵ دھوکا دے کر۔ دم جھانسے میں۔ باتوں میں آجانا یا آنا (لازم) دھوکے میں آنا۔ دم میں آنا۔ باتوں میں اڑانا (متعدی) ! ہنسی میں اُڑانا۔ ٹالنا ۲ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ باتوں میں اُڑنا (لازم) شیخی کی لینا۔ ڈون کی لینا۔ باتوں میں اُلجھانا (متعدی) ! باتوں میں مشغول کرنا ۲ بات چیت میں دیر لگانا۔ باتوں میں اُلجھنا (لازم) باتوں میں پھنس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ جھگڑنا۔ باتوں میں بند کرنا (متعدی) باتوں میں چپ کرا دینا۔ باتوں میں بند ہونا (لازم) قائل ہونا۔ لاجواب ہونا۔ باتوں میں بہلانا (متعدی) بہل جانا یا بہلنا (لازم) دوسری طرف متوجہ ہونا۔ باتیں سُن کر خوش ہونا۔ باتوں میں پھسلانا یا پھنسانا (متعدی) دم دینا۔ دھوکا دینا۔ باتوں میں تاڑ لینا (متعدی) انداز گفتگو سے سمجھ لینا۔ باتوں میں ٹالنا (متعدی)۔ باتوں میں وقت گزارنا۔ باتوں میں ٹٹولنا (متعدی) گفتگو سے دل کا حال اخذ کرنا۔ باتوں میں جھلانا (متعدی) ٹالنا۔ باتوں میں دھر لینا (متعدی) لاجواب کرنا

قائل کر دینا۔ باتوں میں کُھل جانا یا کھلنا (لازم) گفتگو میں بے تکلف ہو جانا۔ اصل حال کہہ دینا باتوں میں کھولنا (متعدی) گفتگو سے اصل حال دریافت کرنا۔ باتوں میں لگانا (متعدی) باتوں میں بہلانا۔ باتوں میں لگنا (لازم) گفتگو میں مشغول ہونا۔ باتوں ہی باتوں میں۔ باتیں کرتے ہوئے دوران گفتگو میں (پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ ذکر کرنا کہنا وغیرہ کے ساتھ) باتُون۔ باتونی یا باتونیا (صفت) بہت باتیں کرنے والا۔ بکی۔ بات وہ ہے ! درست وہ ہے۔ اصل وہ ہے ۲ قابل ذکر وہ معاملہ ہے۔ بات ہانکنا (متعدی) ! بہت باتیں کرنا ۲ باتیں گھڑنا۔ قصے بنانا۔ جھوٹ بولنا۔ بات ہاتھ آنا یا لگنا (لازم) نتیجہ حاصل ہونا۔ کوئی اچھا امر معلوم ہونا۔ بات ہلکی کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ساکھ بگڑنا۔ بے وقعت ہونا۔ اعتبار نہ رہنا۔ بات ہنس کے ٹال دینا (متعدی) بات کو فضول سمجھ کے جواب نہ دینا۔ بات ہنسی میں اڑا دینا (متعدی) کسی بات کو مذاق میں ٹال دینا۔ بات ہنسی میں پڑ جانا (لازم) کوئی اہم بات مذاق میں اُڑ جانا۔ ہنسی سے کسی بات کی اہمیت اُڑ جانا۔ بات ہونا (لازم) ! گفتگو ہونا ۲ کسی امر کا وقوع میں آنا ۳ نسبت ہو جانا۔ منگنی ہو جانا بات ہیٹی ہونا (لازم) عزت میں فرق آنا۔ سبکی ہونا۔ بات ہے ! آسان ہے۔ سہل ہے ۲ ڈھکوسلہ ہے۔ بات ہی کیا ہے۔ دشوار نہیں ہے۔ سہل ہے۔ باتیں (مؤنث) بات کی جمع ! قاعدے۔ قانون ۲ مثالیں۔ کہانیاں۔ قصے۔ روزمرہ کی گفتگو ۳ کچھن کام۔ شرارتیں۔ افعال۔ حرکات ۴ واقعات۔ لطف۔ مزے ۵ سہل کام۔ باتیں آنا (لازم) کام آنا۔ چالاک طرار ہونا۔ باتیں آئینہ ہو جانا (لازم) راز کھل جانا باتیں اڑانا (متعدی) بہت باتیں کرنا۔ لفاظی کرنا۔ باتیں ایسی کہ لوہے کو پگھلائیں۔ پُر تاثیر باتیں۔ باتیں بگھارنا (متعدی) شیخی مارنا بہت باتیں کرنا۔ باتیں بنانا (متعدی) ! جھوٹ بولنا۔ گپیں ہانکنا۔ بہت باتیں کرنا ۲ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا ۳ معذرت کرنا۔ معافی مانگنا ۴ الزام رکھنا۔ باتیں پکڑنا (متعدی) عو۔ باتیں بنانا۔ الزام رکھنا۔ باتیں جڑنا (لازم) چغلی کھانا۔ باتیں چبا چبا کے کرنا (متعدی) شیخی مارنا۔ غرور کی باتیں کرنا۔ باتیں چکنا (متعدی) خوشامد کرنا۔ باتیں چھانٹنا (متعدی) ! جھوٹی باتیں

کسنا۔ ۲ طنز آمیز گفتگو کرنا۔ طعنے دینا۔ باتیں درمیان میں پڑنا (لازم) باتیں ہونا۔ گفتگو ہونا۔ گلے شکوے ہونا۔ باتیں سُنانا (متعدی) حالات سُنانا۔ واقعات بیان کرنا ۲ گالیاں دینا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
باتیں سُننا (لازم) ۱ گفتگو سُننا ۲ طعن و تشنیع برداشت کرنا۔ باتیں سنوانا (متعدی) گالیاں دلوانا۔ بُرا بھلا کہلوانا۔ باتیں قیامت ہونا (لازم) باتیں شرارت سے بھری ہونا۔ دل کو فریفتہ کر لینے والی گفتگو ہونا۔ باتیں کرنا (متعدی) ۱ تذکرہ کرنا۔ حالات بیان کرنا ۲ تعریف کرنا۔ صفت و ثنا کرنا ۳ گفتگو کرنا۔ بات چیت کرنا ۴ مقابلہ کرنا۔ برابری یا ہمسری کرنا۔ باتیں کھلانا (متعدی) باتیں بنانا۔ باتیں لڑانا (متعدی) گپیں ہانکنا۔ باتوں میں وقت کاٹنا۔ باتیں لگانا (متعدی) چغلی کھانا۔ باتیں ملانا (متعدی) ۱ ہاں میں ہاں ملانا۔ تائید کرنا ۲ سخن سازی کرنا۔ باتیں گھڑنا۔ باتیں نہ بنا ۱ خوشامد نہ کر ۲ معذرت نہ کر۔ باتیں ہو جانا (لازم) بات چیت ہو جانا۔ مشورہ ہو جانا۔ باتیں ہو چکنا (لازم) ۱ باتیں ختم ہو جانا ۲ لطف جاتے رہنا۔ باتیں ہیں۔ ڈھکوسلے ہیں۔ اصلیت کچھ نہیں۔ باتیں ہی باتیں ہیں ۱ باتیں کرنا جانتے ہیں کام کچھ نہیں کر سکتے۔ نکما اور باتونی ہے ۲ حیلہ حوالہ ہے۔ ٹال مٹولے ہیں۔ دھکی ہے۔ بات یہ ہے مطلب یہ ہے۔ خلاصہ یہ ہے۔

امثال و اقوال۔

بات بدلی ساکھ بدلی۔ زبان پھری اور اعتبار میں فرق آیا۔ سارا اعتبار معاملات کی سچائی پر ہے۔ بات پوچھے بات (کا نچھن) کی جڑ پوچھے۔ بہت کرید کرید کر پوچھتا ہے۔ بات چھیلے (کھڑی اور کاٹھ چھیلے) چکنا۔ سخت بات دوسرے کے دل پر بہت بُرا اثر پیدا کرتی ہے۔ اگر لکڑی چھیلی جائے تو صاف چکنی ہے۔ بات جو چاہے اپنی پانی مانگ نہ پی۔ اگر اپنی عزت قائم رکھنی چاہتے ہو تو کسی کا احسان مت اُٹھاؤ۔ بات رہ جاتی ہے (اور) وقت نکل جاتا ہے۔ مصیبت کا وقت گزر جاتا ہے۔ مگر دوستوں رشتہ داروں نے اس وقت جو سلوک کیا ہوتا ہے وہ یاد رہ جاتا ہے۔ بات رہ گئی پت رہ گئی۔ بات رہی جات رہی جس کی بات رہی اس کی عزت رہی۔ بات کا چوکا آدمی اور ڈال کا چوکا بندر (پھر سنبھلتا نہیں) آدمی جو موقعہ کھو دیتا ہے نقصان اُٹھاتا ہے۔ بات کہی اور پرائی ہوئی۔ راز افشا ہوتے ہی مشتہر ہو جاتا ہے۔ بات کہئے جگ بھاتی اور روٹی کھائیے من بھاتی۔ کھانے کو تو جو آدمی چاہے کھائے۔ مگر بات اسے ایسی کرنی چاہئے جس سے لوگ خوش ہوں۔ بات کی بات لات کی لات۔ بات کی بات خرافات کی خرافات (بکری کے سینگوں کو چر گئے بیری کے پات) جب ہنسی مذاق میں کوئی ناگوار بات کہی جائے یا ناگوار واقعہ کی طرف اشارہ ہو تو کہا جاتا ہے۔ بات لاکھ کی کرنی خاک کی۔ باتیں بہت اچھی کرتوت خراب۔ بات مُنہ سے نکلی پرائی ہوئی یا بازار میں پڑی۔ دیکھو بات کہی الخ۔ بات میں بات عیب ہے۔ دوسرے کی بات میں دخل دینا یا کاٹنا بڑی بد تہذیبی کی بات ہے۔ باتوں بوڑھا کرتب خوار باتیں تجربہ کاروں کی سی اور کام خراب۔ باتوں پیٹ نہیں بھرتا۔ باتوں سے گزارہ نہیں ہو سکتا۔ آدمی کام کرے تو کماتا ہے۔ باتوں (کا) چکنا کاموں خوار۔ باتوں کے چکنے کاموں کے خوار۔ باتیں تو خوب بناتا ہے۔ مگر کرتا کراتا کچھ نہیں۔ باتوں چلنتوں میں بڑی کرتب بڑی جبھانی۔ جو عورت بہت باتیں کرے اور کام نہ کرے اس کے متعلق کہا جاتا ہے۔ باتوں ہاتھی پائے باتوں ہاتھی پاؤں (دبائے) زبان ہی کی وجہ سے عزت پائے اور زبان ہی بے عزتی کرائے۔ باتیں کرے مینا کی سی آنکھیں بدلے توتے کی سی۔ باتیں تو اس کی بہت اچھی ہیں۔ مگر سخت بیوفا ہے۔

بات (ھ۔ مذکر) جوڑوں کا درد۔ وجع المفاصل۔ گنٹھیا۔

بانٹر۔ بانک (ع۔ مذکر) تیز تلوار۔

بانٹری۔ باٹری (انگ۔ مؤنث) توپ خانہ۔

باتھ (انگ۔ مذکر) ۱ نہانا۔ غسل ۲ جس برتن میں نہایا جائے ۲ ٹب۔ **باتھ روم** (مذکر) غسل خانہ۔ نہانے کا کمرہ۔

باتی (ھ۔ مؤنث) بتی۔

باٹ (ہ۔ مذکر) ۱ راہ۔ رستہ۔ سڑک۔ پگ ڈنڈی۔ ۲ سفر۔ مسافرت۔ سیاحت ۳ تاش کے پتوں کی تقسیم۔ باٹ جوہنا یا دیکھنا (ھ) راہ دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ باٹ چلنا (ھ) سفر کرنا۔ رستے پر چلنا۔ باٹ دکھانا (ھ) رستہ بتانا۔ رستے پر لگانا۔ باٹ دکھاؤ (ھ) راہبر۔ اگوا۔ باٹ دیکھنا (متعدی) انتظار کرنا۔ باٹ روکنا (متعدی) رستہ بند کر دینا۔ کسی کو رستے پر روک دینا۔ باٹ سارو (ھ) مسافر۔ باٹ کاٹ (مذکر) ایک طرف سے دوسری طرف راستہ کاٹنا (کماروں کی اصطلاح) باٹ کاٹنا (متعدی) باٹ چلنا۔ باٹ کا آٹا (مذکر) وہ باریک آٹا جو چکی کے گونڈ میں چاروں طرف جمع ہو جاتا ہے۔ باٹ کا روڑا (مذکر) ۱ وہ اینٹ کا روڑا جس سے راہ چلنے میں ٹھوکر لگے ۲ غریب یا مفلس آدمی۔ نکما آدمی۔ باٹ گھاٹ (مؤنث) ادھر اُدھر کہیں۔ باٹ مارنا (متعدی) راستہ کھوٹا کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ باٹ ہیرنا (ھ) باٹ دیکھنا۔

امثال۔

باٹ چلے جانئے یا باہا پڑے جانئے۔ ساتھ سفر کرنے یا واسطہ پڑنے پر انسان کی حقیقت کھلتی ہے۔ باٹے گھاٹے کتیا مری۔ ناتھ کے مری باچھا پڑی (ھ) اس شخص کی نسبت کہا جاتا ہے۔ جو ہر کام کو اپنی طرف منسوب کرے۔

باٹ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ لوہے پیتل پتھر وغیرہ کے ٹکڑے جن کو ترازو کے ایک طرف ڈال کر اشیاء کو تولتے ہیں۔ وزن۔ بٹہ ۲ گنجفہ یا تاش کے پتوں کی تقسیم۔ باٹ ترازو (ھ) ترازو اور اوزان۔ باٹ چھاپ (ھ) اوزان پر مہر لگانا۔ اوزان کی مہر۔ باٹ چھپائی (ھ) ۱ مہر کو اوزان پر لگانا ۲ مہر لگانے کی فیس۔ باٹ ہاڑنا یا ہڑنا (ھ) ۱ وزن بنانا وزن کا امتحان کرنا ۲ امتحان کرنا ۳ دلانا ۴ تنگ کرنا۔ ستانا۔

باٹا (ھ۔ مذکر) حصّہ۔

باڑکا (ھ۔ مؤنث) بنگلہ۔

باٹی (ھ۔ مؤنث) رستہ۔ پگ ڈنڈی باٹ کی تصغیر۔ باٹی گھاٹی (ق) ادھر اُدھر کہیں۔

باٹی (ہ۔ مؤنث) ۱ روٹی جو کوئلوں پر پکائی جائے ۲ (ھ) عمارت کا موقعہ یا جگہ ۲ مکان۔ جائے رہائش۔ گھر۔ بنگلہ ۳ باغ۔ احاطہ۔ باڑی

۵ چڈہ ۶ عصا - لاٹھی - گرز۔

باج (ف۔ مذکر) خراج ـ محصول ـ ٹیکس - مالگذاری - **باجدار** (صفت) محصول دینے والا۔ **باج دینا** (متعدی) محصول ادا کرنا۔ **باج گاہ** (مؤنث) محصول ادا کرنے کی جگہ۔ **باج گزار** (صفت) ۱ خراج گزار (بادشاہ یا ریاست) ۲ محصول ادا کرنے والا۔ **باج گیر** (صفت) محصول لینے والا۔ **باج لینا** (متعدی) خراج لینا۔ محصول وصول کرنا۔

باج (ہ۔ مذکر) ۱ بغیر۔ سوائے ۲ گھوڑا ۳ باز کا معرب۔

باجا (ہ۔ مذکر) بجنے کی چیز - ساز۔ (س وَد - بجانا) **باجا بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) باجے سے سُریلی آواز نکلنا۔ **باجا بجنتر یا بجنتر** (ہ۔ مذکر) باجہ بجانے والا۔ **باجا گاجا** (مذکر) مختلف قسم کے باجے۔ دھوم دھام۔ **باجے والا** (صفت) ۱ باجہ بنانے یا بیچنے والا ۲ باجہ بجانے والا۔

باجرا - باجرہ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا اناج جس کے دانے بہت چھوٹے چھوٹے اور گول ہوتے ہیں۔ اکثر ریتلی زمین میں ہوتا ہے۔ ۲ بارش کی ننھی ننھی بوندیں۔ پھوہار ۳ وہ چھالیا کے ڈہرے جو بہت چھوٹے چھوٹے اور گول کترے جاتے ہیں (دکھنی) (س وج۔ مضبوط ہونا۔ د اج خاک) **باجرا برسنا** (لازم) ترشح ہونا پھوہار پڑنا۔ **باجرا سا بکھرنا** (لازم) بیکل ہونا۔ بیچین ہونا۔ تھک کر چور ہونا۔ **باجرا مرغ** (مذکر) ایک سیاہ پرند جس کے پروں پر باجرے کے برابر زرد زرد داغ ہوتے ہیں۔ **باجری** (مؤنث) چھوٹی قسم کا باجرا۔ مرغیوں کا ایک رنگ۔

امثال و اقوال - باجرا کہے میں ہوں اکیلا - دو موسل سے لڑوں اکیلا جو میری ناجو کھچڑی کھائے تو ترت بولتا خوش ہو جائے (ہ) باجری کی تعریف ہے کہ اگر حسین عورت اسے کھلائے تو بہت خوش ہو۔ **باجرے کی ٹٹی گجراتی تالا** - بے جوڑ بات۔ بے موقع انتظام

باجن (ہ۔ مذکر) باجا کی جمع - باجے۔

باجنا (لازم) ۱ باجا بجنا ۲ گھڑیال یا گھڑی بجنا ۳ بجنا آواز ہونا ۴ مشہور ہونا تشہیر ہونا ۵ (متعدی) بجانا۔

باجن باجا (مذکر) باجے۔ **باجنتر - باجنتری** (مذکر) ۱ باجہ بجانے والا ۲ باجہ بجانے والوں کا گروہ - بینڈ ۳ ایک ٹیکس جو شاہی زمانے میں باجہ بجانے والوں سے لیا جاتا تھا۔ **باجنتری محل** (مذکر) شہر کا وہ حصہ جہاں باجہ بجانے والے رہیں۔

مثل - باجن دے بجنتری سوتی پڑی نہ چھیڑ - تم اپنا کام کرو اور سے تمہیں کیا غرض

باجی (ت۔ مؤنث) بڑی بہن - آپا -

باجی (ہ۔ مؤنث) ۱ دیکھو بازی ۲ (مذکر) گھوڑا -

باچا (ہ۔ مؤنث) گفتگو دیکھو واچا -

باچک - دیکھو واچک -

باچنا (ہ۔ متعدی) پڑھنا دیکھو بانچنا -

باچھ (ہ - مؤنث) ۱ تقسیم - علیحدگی - انتخاب - چھانٹ ۲ تقسیم لگان معاملہ یا جمعبندی ۳ زمین کی رسدی شرح تقسیم فی حصہ - ہر ایک کی ذمہ داری لگان ۴ چندہ - لگان۔ حصہ ۵ منہ کا سرا یا کونہ - وہ سرا جہاں دونوں لب جڑے ہوئے ہوں۔ **باچھ برار** (مذکر) ۱ تشخیص ۲ ذمہ داری ۳ باچھ - **باچھ ڈالنا** (متعدی) ۱ محصول جمع کرنا - چندے کے ذریعے محصول اکٹھا کرنا ۲ وہ محصول ادا کرنا جو چندے سے جمع کیا ہو - **باچھ کرنا** (متعدی) چندہ کرنا - **باچھنا** (متعدی) ۱ چھانٹنا - انتخاب کرنا - چننا ۲ جدا کرنا - علیحدہ کرنا - **باچھوں** (مؤنث) باچھ کی جمع جو حروف مغیرہ سے پہلے استعمال ہوتی ہے - **باچھوں سے نکل جانا** (لازم) منہ کے دونوں طرف بہ جانا - **باچھیں** (مؤنث) باچھ کی جمع - منہ کے کونے - **باچھیں آنا - پکنا یا پھٹنا** (لازم) ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا - ہونٹوں کے کونوں پر ننھی ننھی پھنسیاں نکلنا - **باچھیں ٹھوڑی تک آنا** (لازم) بہت ہنسنا یا خوش ہونا **باچھیں کھل جانا یا کھلنا** (لازم) بیحد خوش ہونا خوشی میں بہت ہنسنا - **باچھیں کھلی جاتی تھیں** بہت خوش تھے -

باچھا (ہ - مذکر) بچھڑا - کسی جانور کا بچہ -

باچیہ (ہ - مذکر) جبلہ دیکھو واچیہ -

باحر (ع - صفت) ۱ بیوقوف ۲ جھوٹا فضول باتیں کرنے والا ۳ سرخ خون -

باحور (ع - مذکر) ۱ سخت گرمی ۲ گرم زمین سے بخارات اٹھنا -

باخا - باخہ (ف - مذکر) کچھوا - سنگ پشت

باختہ (ف - صفت) اڑا ہوا - مرکبات میں جیسے حواس باختہ (باختن - اڑنا)

باخع (ع - صفت) غم سے مرجانیوالا

باخق (ع - صفت) یک چشم - کانا -

باخقہ (صفت مؤنث) اندھی - کانی (آنکھ)

باد (ف - مؤنث) ۱ ہوا - باؤ - پون - ٹباس - وہ رقیق شے جو کرہ ارض کو گھیرے ہوئے ہے ۲ ایک فرشتہ جو ہوا اور بائیسویں تاریخ کا موکل ہے ۳ خسرو کے دوسرے خزانے کا نام ۴ گھوڑا - **باد آور یا آورد** (صفت) ۱ ہوا کا لایا ہوا ۲ (مذکر) بیان کیا جاتا ہے کہ قیصر نے ایک خزانہ کشتیوں پر لدوا کر کہیں بھیجا تھا باد مخالف کشتیوں کو وہاں لے گئی - جہاں خسرو پرویز اُترا ہوا تھا - خسرو نے اس کا یہ نام رکھا ۳ کوئی مال جو مفت ہاتھ آجائے ۴ ایک نوا کا نام ۵ ایک شہر ۶ واسط کے قریب ایک جگہ ۷ پنکھا - **بادبان** (مذکر) ۱ پال - وہ پردے جو جہاز کو ہوا کے زور سے چلانے کے واسطے لگائے جاتے ہیں ۲ ایک برتن جس میں چراغ کو ہوا سے بجھنے سے بچانے کے لئے رکھتے ہیں - **بادبان اخضر** (مذکر) کنایتہ آسمان - **بادبانی** (صفت) بادبانوں والا - بادبان کا - بادبان کے متعلق - **بادبانی جہاز** (مذکر) وہ جہاز جو بادبان کے ذریعے سے چلتا ہے - **بادِ بہار یا بہاری** (مؤنث) خوشگوار ہوا جو موسم بہار میں چلتی ہے - ہوا - **بادِ بریں** (مؤنث) وہ ہوا جو شمال سے چلے - ہوا - **بادپا** (صفت) ہوا کی طرح تیز چلنے والا (گھوڑا) تیز (گھوڑا) **بادپیما** (صفت) ۱ بادپا ۲ یاوہ گو یا بیہودہ گو (آدمی) ۳ فضول کام کرنے والا - **بادِ تند** (مؤنث) طوفان - آندھی - **بادخانی** (مذکر) دامغان میں ایک چشمہ - **بادخایہ** (مؤنث) ۱ وہ بیماری جس میں فوطے بڑھ جاتے ہیں - فتق ۲ گھوڑے کے فوطے بڑھنے کی بیماری - **بادِ خزاں** (مؤنث) نہایت ٹھنڈی ہوا جس سے پتے جھڑ جاتے ہیں - **بادِ خنک** (مؤنث) ٹھنڈی ہوا - **بادخواں** (صفت) خوشامدی **بادخور یا خورہ** (مذکر) وہ بیماری جس سے بال جھڑ جاتے ہیں - بالخورہ - **بادرفتار** (صفت) نہایت تیز (گھوڑا) **بادریہ** (مذکر) بڑا پنکھا جو چھت سے لٹکا ہوا ہو - **بادِ سلیماں** (مؤنث) وہ ہوا جو حضرت سلیمانؑ اور ان کی فوجوں کو ہر طرف لے جاتی تھی - **بادِ سموم** (مؤنث)

نہایت گرم ہوا جو ریگستانوں میں چلتی ہے۔ **بادِ سنج** (صفت) بیفائدہ کام کرنے والا۔ شیخی خورہ مغرور۔ اکڑباز **بادسیر** (صفت) تیز رو (گھوڑا) **بادِ شرط** (مونث) موافق ہوا۔ وہ ہوا جو جہاز کو چلائے۔ یہ عموماً جہاز کی پچھلی طرف سے چلتی ہے۔ **بادِ صبا** (مونث) بادِ سحر۔ وہ ہوا جو صبح کو شمال مشرق سے چلے۔ پروا ہوا۔ **بادِ صرصر** (مونث) تیز ہوا۔ **بادِ فتق** (مذکر) بادخایہ۔ **باد فر** (مذکر) لڑکوں کا ایک کھلونا۔ پھرکی۔ **باد فروش** (صفت) ۱ باتونی ۲ خوشامدی ۳ شیخی خورہ **بادِ فرنگ** (مذکر) آتشک۔ **بادکش** (مذکر) ۱ چھت میں لٹکانے والا پنکھا ۲ دھونکنی۔ **بادگرد** (مذکر) بگولا۔ بونڈلا۔ **بادِ مراد** (مونث) بادموافق۔ **بادِ مخالف** (مونث) وہ ہوا جو کشتی کو چلنے سے روکے۔ یہ اُس طرف سے آتی ہے جدھر جہاز جاتا ہے۔ **بادِ موافق** (مونث) بادشرط۔ **باد مہرہ** (مذکر) سانپ کے کاٹے کا علاج۔ ایک قسم کی دوائی یا مہرہ جو زخم پر لگانے سے زہر کو چوس لیتا ہے۔ **باد نما** (مذکر) وہ آلہ جس سے ہوا کا رُخ معلوم ہو۔ **باد ہوائی** (مونث) جھوٹا وعدہ۔ غلط افواہ۔ بیہودہ یا لغو بات۔ ہزل۔ **باد ہوائی باتیں کرنا** (متعدی) فضول بے سروپا بکنا۔ **بادی** (صفت) ۱ ریح پیدا کرنے والا۔ جسم پھولا دینے والا ۲ سرد اور مرطوب ۳ (مونث) وجع المفاصل گٹھیا۔ بائو ۴ کوئی چیز جس کا اثر خراب ہو ۵ شرارت۔ تکلیف۔ مصیبت۔ **بادی پن** (مذکر) نفخ یا ریح پیدا کرنے کی خاصیت۔ **بادی پھیلانا** (متعدی) ۱ سُستی آنا۔ انگڑائیاں لینا ۲ فساد برپا کرنا۔ جھگڑا پھیلانا۔ **بادی کا بدن** (مذکر) موٹا بدن۔ بلغمی بدن۔ پھولا ہوا بدن۔ **بادی کی طرح چھنٹ جانا** (لازم) چند روز بعد منتشر ہو جانا۔ بلغمی مزاج کا آدمی پھول جاتا ہے۔ مگر وہ اصلی موٹاپا نہیں ہوتا۔ اس لئے جلد چھنٹ جاتا ہے۔

باد (ف۔ امر) بودن سے۔ رہے۔ ہو۔ عموماً الفاظ کے آخیر میں آکر مرکبات بناتا ہے۔ جیسے زندہ باد۔ **بادا**۔ خدا کرے۔ ایسا ہی ہو۔

بادِر (س۔ مذکر) ۱ گفتگو۔ بات چیت ۲ قول۔ مقولہ۔ تقریر۔ بچن ۳ بیان ۴ بحث۔ مباحثہ۔ مجادلہ۔ لفظی تکرار ۵ مقدمہ۔ دعوےٰ۔ الزام ۶ سپردگی۔ تحویل۔ ادھکار۔ **بادا نوباد** (مذکر) جھگڑا۔ بحث۔ مجادلہ۔ **بادکرنا** (متعدی) بحث کرنا۔ مباحثہ کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ دعوےٰ کرنا۔

بادِ (ہ۔ مونث) ۱ جوڑوں کا درد۔ وجع المفاصل ۲ میل۔ ملاوٹ۔ کھوٹ ۳ خراب موسم کی وجہ سے مالگزاری کی معافی۔

بادار (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا گھوکھل ۲ اناج کے لئے مکان جس کی کرسی بہت اونچی ہو۔

بادام (ف۔ مذکر) ایک مشہور پھل ودرخت جو ہندوستان و افغانستان میں چار ہزار فٹ سطح سمندر سے اونچی زمین میں ہوتا ہے۔ شعرا آنکھ سے تشبیہ دیتے ہیں۔ **بادام چشم** (مذکر) آنکھ کو بادام سے تشبیہ دیتے ہیں۔ **بادام فروش** (صفت) بادام بیچنے والا۔ **بادام پھپا** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔ **بادامہ** (مذکر) ۱ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۲ گویا۔ گودڑی جو مختلف رنگ کے ٹکڑوں سے بنائی جائے۔ **بادامی** (مذکر) ۱ بادام کا رنگ۔ ہلکا زردی مائل رنگ ۲ وہ خواجہ سرا جس کا عضو تناسل بہت چھوٹا ہو ۳ (صفت) بادام کی شکل کا۔ بادام کا بنا ہوا ۴ (مونث) ایک بادام کی شکل کی ڈبیہ جس میں زیورات یا جواہرات رکھتے ہیں ۵ ایک قسم کی مٹھائی جس میں بادام ڈالے جاتے ہیں ۶ ایک رکابی جس میں بادام رکھتے ہیں ۷ ایک مٹھائی جس کو رکابی کی صورت میں بناتے ہیں۔ اور اس میں دوسری مٹھائیاں ڈال کر دیتے ہیں جو ختم کرنے کے بعد رکابی بھی کھالی جاتی ہے۔ **بادامی آنکھ** (مونث) چھوٹی بادام کی شکل کی آنکھ۔

بادباقی (ف۔ مونث) تفریق۔

بادر (ہ۔ مذکر) بادل۔

بادُر (ہ۔ مذکر) بڑا چمگادڑ۔

بادراین جی (س۔ بعص) ۱ وید ویاس جی کا ایک نام جو ویدانت فلسفے اور برہم سوتر کے مصنف تھے ۲ کئی اور مصنف ۳ ایک نجومی ۴ ایک دھرم شاستر کا مصنف۔

بادرنج (ع) **بادرنگ** (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی نارنگی ۲ ایک قسم کا کھیرا۔ **بادرنجبویہ**۔ **بادرنگبویہ** (مذکر) ۱ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ بلی لوٹن۔ **بادرنگیں** (مذکر) ایک قسم کا بڑا کھیرا۔

بادریسہ۔ بادریشہ (ف۔ مذکر) ۱ پھرکی ۲ وہ لکڑی یا چمڑے کا گول ٹکڑا جو تکلے کے آخیر میں ہوتا ہے ۳ وہ گول لکڑی جو خیمے کی چوب کے اوپر رکھتے ہیں۔

بادشاہ۔ بادشہ (ف۔ مذکر) سلطان۔ شاہ۔ راجہ۔ تخت کا مالک ۲ مالک۔ حاکم۔ مختار ۳ اُستادِ فن۔ کامل ۴ آزاد۔ خود مختار ۵ نہایت امیر ۶ (طنزاً) بھولا بھالا۔ بیوقوف۔ **بادشاہانہ** (صفت) بادشاہوں کا سا۔ امیرانہ۔ **بادشاہت** (مونث) سلطنت۔ حکومت۔ راج۔ راجدھانی (رملنا کے ساتھ) **بادشاہزادہ**۔ بادشاہ کا بیٹا۔ شاہزادہ۔ راجکمار۔ **بادشاہزادی** (مونث) بادشاہ کی بیٹی۔ شاہزادی۔ راجکماری۔ **بادشاہِ وقت** (مذکر) بادشاہ جو زندہ ہو۔ اور برسرِ حکومت ہو۔ **بادشاہی** (صفت) ۱ شاہی ۲ (مونث) سلطنت۔ حکومت۔ **بادشاہی حق** (مذکر) بادشاہ کا حصہ یا اختیار۔ **بادشاہی حکم** (مذکر) شاہی فرمان۔ سلطنت کی طرف سے حکم۔ **بادشاہی خرچ** (مذکر) شاہانہ خرچ۔ امیرانہ خرچ۔ بے انتہا فضول خرچی۔ حیثیت سے بڑھ کر خرچ۔ **بادشاہی سند** (مونث) شاہی فرمان یا حکم۔ ایک تحریر جس میں معافی زمین یا جاگیر کا حکم ہو۔ **بادشاہی عدالت** (مونث) شاہانہ انصاف یا عدل۔ **بادشاہی کرنا** (متعدی) حکومت کرنا۔ سلطنت کرنا۔ **بادشاہی گھرانا** (مذکر) بادشاہ کا خاندان۔ خاندانِ شاہی **بادشاہی مال** (مذکر) شاہی جائداد۔ بادشاہ کی ذاتی ملکیت۔

امثال و اقوال۔ بادشاہوں اور دریاؤں کا پھیر کس نے پایا ہے۔ بادشاہوں کے خیالات کو کوئی نہیں پہنچ سکتا۔ **بادشاہوں کی باتیں بادشاہ ہی جانیں۔** بڑوں کی باتیں بڑے ہی سمجھ سکتے ہیں۔ **بادشاہی رعایا سے ہے۔** اگر رعایا خوش اور آسودہ ہو تو بادشاہت بھی قائم رہتی ہے۔

بادل (ہ۔ مذکر) ۱ وہ بھاپ جو نظر آتی ہے۔ اور زمین سے کچھ بلندی پر ہوتی ہے۔ اور جس سے عموماً بارش ہوتی ہے۔ ابر۔ گھٹا ۲ اسفنج۔ ابر مردہ (س) وارد۔ پانی دینے والا) **بادل آنا یا اُٹھنا** (لازم) ابر کا آسمان پر نمودار ہونا۔ گھٹا اُٹھنا۔ **بادل امنڈ** (امنڈ) کے آنا یا امنڈنا (لازم) بہت زور کی گھٹا اُٹھنا۔ بڑا گھنا بادل آنا۔ **بادل امنڈ گھمنڈ کے آنا** (لازم) بہت جوش سے بادل کا آنا۔ **بادل برسنا** (لازم) مینہ برسنا۔ پانی پڑنا۔ **بادل پھٹنا** (لازم)

بادل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ بادل میں سے آسمان کا نظر آنا۔ بادل کا چلا جانا۔ **بادل پھیلنا** (لازم) بادل گھرنا یا چھانا۔ **بادل جھکنا** (لازم) بادلوں کا بہت نیچا ہونا۔ **بادل جھوم کے آنا** (لازم) ابر کا زور شور سے آنا۔ گھٹا اُٹھنا۔ **بادل جھوم جھوم کے برسنا** (لازم) بارش کا بہت زور سے ہونا۔ ابر کا بڑے زور سے برسنا۔ **بادل چڑھنا** (لازم) گھٹا کا افق سے اُٹھنا **بادل چلنا** (لازم) بادل کا روانہ ہونا۔ بادل کا حرکت کرنا۔ **بادل چھانا** (لازم) ابر گھرنا۔ **بادل کا آسمان پر گھر آنا** (لازم) بادل کا آسمان پر پھیل جانا۔ **بادل چھٹنا** (لازم) ابر کا منتشر ہو جانا بادل پھٹنا۔ **بادل دوڑنا** (لازم) ابر کا تیز چلنا۔ **بادل دیکھ کر گھڑے پھوڑنا** (متعدی) امید بر آنے کے آثار پاکر اپنا نقصان کر لینا۔ **بادل رندھ رندھ کر آنا** (لازم) (ع) بادل کا گھر آنا۔ **بادل کا بھاگنا** (لازم) ابر کا تیز جانا۔ **بادل کھلنا** (لازم) مطلع صاف ہونا۔ بادلوں کا اُڑ جانا۔ **بادل کا ٹکڑا** (مذکر) بدلی۔ پارہ ابر۔ **بادل کی طرح گرجنا** (لازم) غصّے میں شور کرنا غل مچانا۔ **بادل کی گرج** (مونث) صاعقہ کی آواز۔ **بادل گرجنا** (لازم) بادلوں سے گرج کی آواز پیدا ہونا۔ **بادل گھر آنا یا گھرنا** (لازم) بادلوں کا آسمان پر چھا جانا۔ **بادل میں ٹھگلی لگانا** (متعدی) بہت مشکل کام کرنا۔ مکاری عیاری کا کام کرنا۔ **بادل میں ڈوب جانا** (لازم) ۱ چاند کا بادلوں میں چھپ جانا ۲ پرندوں یا کسی اور چیز کا اتنا اونچا اُڑنا کہ بادلوں میں جا کر غائب ہو جائیں۔

بادلا۔ بادلہ (ہ۔ مذکر) ۱ زربفت ایک کپڑا جو ریشم اور سنہری اور روپہلی تاروں سے بنا جاتا ہے ۲ چاندی کے سنہری اور روپہلی تار جو گوٹا۔ کناری۔ کلابتون وغیرہ بننے کے کام آتے ہیں (ر س وار در) **بادلی** (مونث) ریشمی کپڑا جس کے اردگرد طلائی کام ہوا ہو۔

مثل - بادلا منڈھے سے نیم نہیں چھپتا۔ صورت بدلنے سے سیرت نہیں بدلتی۔

بادلی (ہ۔ مونث) بدلی۔

بادنا (ہ) ۱ باد کرنا۔ بولنا۔ گفتگو کرنا ۲ بحث کرنا۔ مبادلہ کرنا ۳ جھگڑنا۔ جھگڑا کرنا ۴ کوئی ساز بجانا ۵ بجنا۔ آواز دینا (جیسے گھڑی کا)

بادنجان (ع) **بادنگان** (ف۔ مذکر) بینگن۔

بادہ (ف۔ مذکر) شراب۔ مے۔ خمر۔ کوئی منشی چیز۔ **بادۂ احمر** (مذکر) سرخ شراب۔ **بادۂ ارغواں یا ارغوانی** (مذکر) سرخ شراب۔ **بادہ الم** (مذکر) بیحد غم۔ **بادہ الم سے بیہوش ہونا** (لازم) بیحد غم کی وجہ سے غش ہو جانا۔ **بادۂ انگور** (مذکر) شراب۔ **بادۂ پرتگالی** (مذکر) پرتگال کی شراب۔ پورٹ وائین۔ **بادہ پرست۔ پیما یا خوار** (صفت) شراب پینے کا عادی۔ شرابی۔ **بادہ پرستی یا پیمائی** (مونث) میخواری۔ شراب خواری۔ **بادۂ تیز** (صفت) تیز شراب۔ **بادۂ خودسری سے سرشار ہونا** (لازم) سخت مغرور ہونا۔ **بادۂ دوشینہ** (مذکر) رات کو پی ہوئی شراب۔ **بادۂ سرجوش** (مذکر) بلا تلچھٹ شراب۔ **بادۂ ضلالت** (مذکر) گمراہی کا پیالہ۔ سخت گمراہی۔ **بادہ فرسا۔ کش۔ گسار** (صفت) دیکھو بادہ پرست۔ **بادۂ گلرنگ** (مذکر) شراب۔ **بادۂ محبت** (مذکر) ۱ وہ شراب کا پیالہ جو کسی کو محبت کے ساتھ پلایا جائے ۲ محبت کا پیالہ بہت محبت۔ **بادۂ محبت سے سرشار ہونا** (لازم) بہت محبت ہونا۔ بیحد پیار ہونا۔ سخت عاشق ہونا۔ **بادۂ ناب** (مذکر) خالص شراب۔ **بادہ نوش** (صفت) شرابی۔

مقولہ

بادہ نوشیدن و ہشیار نشستن سہل است
گر بدولت برسی مست نہ گردی مردی

شراب پی کر ہشیار رہنا آسان ہے۔ مگر دولتمند ہو کر اگر تو مست نہیں ہوا تو مرد ہے۔

بادھ (س۔ مذکر) ۱ ممانعت۔ رکاوٹ۔ روک۔ مخالفت ۲ نقصان۔ ضرر۔ چھیڑ چھاڑ ۳ تکلیف ۴ ڈوری۔ رسّی۔ نواڑ ۴ جائیداد کے چھوٹے چھوٹے حصّے ۵ میدان۔ ریگستان۔ صحرا۔ **بادھا** (مونث) ۱ دیکھو بادھ ۲ تردید۔ بطلان۔ **بادھت** (صفت) ۱ روکا ہوا۔ رکا ہوا ۲ تکلیف دینے والا۔ مصیبت زدہ۔ **بادھک** (صفت) ۱ روکنے والا۔ رکاوٹ ڈالنے والا ۲ تکلیف دینے والا۔ نقصان پہنچانے والا ۳ (مذکر) دشمن۔ مخالف ۴ روک۔ رکاوٹ۔ **بادھن** (مذکر) ۱ روک۔ رکاوٹ ۲ تردید۔ بطلان۔ جھٹلاؤ ۳ تکلیف۔ ضرر۔ **بادھی** (صفت) دیکھو بادھک **بادھیہ** (صفت) جس کو روکنے کی ضرورت ہو۔

بادھا (ہ۔ مذکر) بیشی۔ افزائش۔ افزونی۔ زیادتی۔

بادھنا (ہ۔ متعدی) روکنا۔ اٹکانا۔ ممانعت کرنا۔ روڑا اٹکانا۔ مخالفت کرنا۔ ضد کرنا۔ رد کرنا۔

بادی (ہ۔ مذکر) ۱ بولنا۔ گفتگو کرنا۔ بیان کرنا۔ اظہار کرنا ۲ بولنے والا۔ مقرر۔ سخنور۔ بحث کرنے والا۔ مباحثہ کرنے والا ۳ مدعی۔ مستغیث۔ الزام دہندہ ۴ شرارتی ۵ دشمن ۶ دھرم شاستر اور ویدوں کا اپدیش کرنے والا۔ بدھمان ۷ (موسیقی) سُر۔ **بادی چور** (ہ۔ مذکر) پکا چور۔ کامل چور۔

بادی (ف۔ مونث) دیکھو باد کے تحت میں۔

بادی (ع۔ صفت) ۱ شروع۔ اول ۲ ظاہر ۳ شروع کرنے والا۔ مصنف (بدو۔ ظاہر ہونا) **بادی الرائے** (مونث) سرسری رائے۔ ابتدائی سوچ۔ **بادی النظر** (مونث) سرسری نظر سے۔ ابتدائی نظر۔ **بادی النظر میں** (تف) سرسری نظر سے ابتدائی نظر میں۔ دیکھتے ہی۔

بادیان (ف۔ مونث) سونف۔ **بادیان خطائی** (مونث) ایک دوائی۔

بادیہ (ف۔ مذکر) ۱ ایک بڑا پیالہ ۲ تانبے یا پیتل کا ایک بڑا پیالہ نما برتن۔

بادِیہ (ع۔ مذکر) جنگل۔ بیابان۔ صحرا۔ **بادیہ پیما** (صفت) **بادیہ پیمائی** (مونث) جنگل میں پھرنا۔ **بادیہ تیہ** (مذکر) وہ جنگل جس میں بنی اسرائیل چالیس برس تک مارے مارے پھرے۔ **بادیہ گرد** (صفت) جنگل میں پھرنے والا۔

باڈو (س۔ مذکر) ۱ ایک برہمن ۲ سمندر تلے کی آگ۔ **باڈو آنل** - پانی کے نیچے آگ۔

باڈھ (ہ۔ مونث) کھونٹی ٹھونٹی۔ نرائی۔ جڑیں۔

باڈھنا (ہ۔ متعدی) ۱ کاٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ تقسیم کرنا ۳ کترنا۔

مثل - باڈھے پوت پتا کے کرماں کھیتی اُپجے اپنے کرماں۔ باپ کی نیکیوں کی وجہ سے بیٹا سرسبز ہوتا ہے۔ مگر کھیتی اپنی قسمت سے اُگتی ہے۔

باڈی (انگ۔ مذکر) جسم۔ **باڈی گارڈ** (مذکر) محافظ جسم۔ ایک فوجی دستہ جو بادشاہوں یا

بڑے بڑے جرنیلوں یا حاکموں کی حفاظت کے لئے ساتھ رہتا ہے۔ اس قسم کے دستے روما اور بغداد کی سلطنتوں کی تباہی کا باعث ہوتے تھے۔ انھوں نے اتنی طاقت پکڑ لی تھی کہ جس کو چاہتے بادشاہ بنا دیتے۔

باذِق (ث۔ مذکر) انگور کا پانی تھوڑا سا اُبلا ہوا۔

باذِل (ع۔ صفت) ! سخی۔ بخشنے والا۔ عنایت کرنے والا۔ ۲ دیکھو رفیع خاں باذل۔

باذِل (ع۔ صفت) ! خرچ کرنیوالا۔ استعمال کرنے والا۔

بار (ھ۔ مذکر) بال۔ بچّہ۔ پانی (مونث) باڑ۔

بار (ہ۔ مونث) ! عرصہ۔ وقت۔ دیر ۲ موقعہ۔ مرتبہ۔ دفعہ۔ نوبت ۳ دروازہ۔ رستہ۔ راہ ۴ بطور تابع جیسے گھر بار ۵ ہفتے کا کوئی دن۔ سنیچر وار۔ دن۔ وار) **بار بلاس یا بلاسی** (صفت) تماش بین۔ رنڈی باز۔ زانی۔ **بار بلاسینی یا بارسری** (صفت مونث) فاحشہ۔ بدچلن۔ زانیہ۔ **بار کائی** (مونث) دروازہ پر روک۔ وہ روپیہ جو دولہا کی بہنیں دُلہن کے آنے پر دولہا سے لیتی ہیں۔ **بار لگانا** (متعدی) ! دیر لگانا۔ ہچکچانا ۲ رستے میں روک دینا۔ رُکاوٹ ڈالنا ۳ اعتراض کرنا۔ **بار لگنا** (لازم) دیر لگنا۔ **بار ناری** (مونث) فاحشہ عورت۔ رنڈی۔

بار (ف۔ مذکر) ! بوجھ۔ وزن۔ گرانی ۲ اجازت۔ دخل۔ رسائی ۳ مرتبہ۔ نوبت۔ باری ۴ موقعہ شمار۔ دفعہ ۴ حمل ۵ پھل۔ پیداوار ۶ درخت کی جڑ۔ شاخ ۷ انسان اور حیوان کے پیٹ کا بچّہ ۸ جلیل بزرگ ۹ ذمہ داری۔ قرض ۱۰ بادشاہ کا عدالت کے لئے یا درخواستیں سُننے کے لئے بیٹھنا ۱۱ خدا ۱۲ طوس کے قریب ایک گاؤں ۱۳ (امر) بارِیدن کا ۱۴ (صفت) برسنے والا۔ بہانے والا۔ پھیلانے والا ۱۵ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے گوہر بار۔ دریا بار ۱۶ کسی چیز کی کثرت کی جگہ سنگبار۔ جوئبار ۱۷ کاروبار میں بطور تابع ۱۸ ناگوار۔ تکلیف دہ۔ بوجھل۔ **بار آنا** (لازم) باری آنا۔ موقعہ آنا ۲ پھل آنا۔ **بار آور** (صفت) پھل لانے والا۔ پھلدار ۲ حاملہ ۳ نتیجہ خیز۔ **بار آور ہونا** (لازم) پھلنا۔ پھل لانا۔ **بارِ احسان** (مذکر) احسان کا بوجھ۔ احسان۔ **بارِ احسان سے گردن دبی ہونا** (لازم) ممنونِ احسان ہونا۔ مرہونِ منت ہونا۔ **بارِ الم** (مذکر) دیکھو بارِ غم۔ **بارِ الم بھاری ہونا** (لازم) بیحد غم ہونا۔ **بارِ الٰہہ۔ بارِ الٰہا** (ندا) اے خدائے بزرگ۔ **بارِ اندوہ** (مذکر) دیکھو بارِ غم۔ **بار بار** (تف) کئی مرتبہ۔ گھڑی گھڑی۔ **بار بٹا لینا یا بٹانا** (متعدی) ذمہ داری میں شریک ہونا۔ بوجھ یا تکلیف بانٹ لینا۔ **بار بٹائی** (مونث) گاہنے سے پہلے فصل کے گٹھے باندھ کر تقسیم کر لینا۔ **باربر** (صفت) بوجھ اٹھانے والا۔ **باربردار** (صفت) ! بوجھ اُٹھانے والا۔ قلی ۲ (جانور) جس پہ بوجھ لادا جائے ۳ (گاڑی) جس پر بوجھ لادا جائے۔ **باربرداری** (مونث) سامان لے جانے کے ذرائع۔ چوپائے۔ گاڑی۔ چھکڑے وغیرہ ! مزدوری اور جانوروں۔ چھکڑوں وغیرہ کا کرایہ ۳ لیجانے والا اسباب۔ سامان۔ **باربرداری کے جانور** (مذکر) وہ جانور جن پہ سامان لادا جاتا ہے۔ **بار پانا** (لازم) دخل ہونا۔ رسائی ہونا۔ **بارِ تردید** (مذکر) جوابدہی کی ذمہ داری۔ **بارِ ثبوت** (مذکر) ثابت کرنے کی ذمہ داری۔ **بارِ ثبوت منتقل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ثبوت کی ذمہ داری فریقِ ثانی پر پڑنا۔ **بارِ جہاز** (مذکر) اسباب جو جہاز پر لادا جائے۔ **بارِ خاص** (مذکر) ! خاص اجازت ۲ دربار خاص۔ نج کا اجلاس۔ **بارِ خاطر** (مذکر) طبیعت پر بوجھ۔ ناگوار تکلیف۔ **بارِ خاطر نہیں یارِ شاطر ہوں**۔ چالاک دوست ہوں تکلیف نہیں دُونگا۔ اصل فارسی میں مثل ہے کہ یارِ شاطر بہ نہ بارِ خاطر۔ اسے اُردو میں اس طرح بیان کیا گیا ہے۔ **بارِ خاطر ہونا** (لازم) ناگوار ہونا۔ **بارخانہ** (مذکر) گھر کا اسباب۔ مال ومتاع ۲ مال خانہ۔ گودام ۳ وہ پردہ یا خیمہ جس کے نیچے سفر میں بارش کے دوران میں سامان رکھیں۔ **بارِ خدایا خدایا** (ندا) اے خدائے بزرگ۔ **باردار** (صفت) پھلا ہوا۔ پھلدار۔ حاملہ۔ بوجھ سے لدا ہوا۔ **باردانہ** (مذکر) ! فارسی میں باردان ہے۔ کسی چیز کے رکھنے کا برتن۔ تھیلا ۲ کھانے پینے کا سامان ۳ اسباب رکھنے اور باندھنے کا سامان ۴ دوکان کا سامان ۵ سوداگری کے سامان کے خالی بکس ۶ بادہ پہنچانے کا سامان۔ **بارِ دگر** (تف) دوسری دفعہ۔ **بار دھرنا یا رکھنا** (متعدی) ! بوجھ رکھنا ۲ ذمہ داری ڈالنا۔ کوئی بات ذمہ کرنا۔ **بار دینا** (متعدی) ! اجازت دینا۔ دربار میں جانے دینا ۲ لادنا ۳ تکلیف دینا۔ دھکا دینا۔ **بارِ رہن** (مذکر) جب جائداد پر قرضہ لیا جاتا ہے تو کہتے ہیں کہ اس جائداد پر بارِ رہن ہے۔ **بارِ عام** (مذکر) دربارِ عام۔ اجازت عام۔ عام کچہری۔ **بارِ غم** (مذکر) غم کا بوجھ۔ غم کا بوجھ کے ساتھ استعارہ کرتے ہیں۔ **بار کا متحمل ہونا** (لازم) کوئی مشکل بات اپنے ذمہ لینا۔ **بار کرانا** (مم) **کرنا** (متعدی) لادنا۔ **بارکش** (صفت) جس پہ بوجھ لادا جائے۔ آدمی جانور یا گاڑی۔ **بارگاہ** (مونث) اجلاس کی جگہ۔ دربار۔ کچہری۔ عدالت۔ بادشاہی محل۔ خیمہ شاہی (استادہ کرنا ہونا برپا کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **بارگاہ خاص**۔ بار خاص۔ **بارگاہِ عام** (مونث) بار عام۔ **بارگاہِ فلک اشتباہ** (مونث) عالیشان خیمہ۔ **بارِ گراں** (مذکر) ! بھاری بوجھ ۲ اہم فرض۔ **بارگیر** (صفت) بوجھ اٹھانے والا جانور ! (مذکر) سائیس ۳ وہ سوار جس کا اپنا گھوڑا نہ ہو۔ **بارِ منت** (مذکر) احسان کا بوجھ۔ **بارور** (صفت) ! پھل لانیوالا صاحب اولاد ۲ نتیجہ خیز۔ کامیاب۔ **بارِ ہستی کاندھے پر اُٹھانا** (متعدی) مرنے کی تیاری کرنا۔ **بار ہونا** ! بوجھ ہونا۔ تنگی کا موجب ہونا ۲ لدنا۔ **باریاب** (صفت) دخل۔ اجازت پانیوالا۔ درباری۔ **باریابی** (مونث) بارگاہ میں داخلہ۔ دربار میں حاضری۔ حضوری میں حاضری۔ **باریابی دربار** (مونث) دربار میں حاضری۔

بارّ (ع۔ مذکر) ! نیکی کرنے والا ۲ خدا تعالیٰ کا نام۔ **بارالہ** (مذکر) نیکی کرنے والا خدا۔

بار (انگ۔ مذکر) ! وہ جگہ جہاں وکلا کھڑے ہو کر وکلوں کی طرف سے عدالت میں تقریر کرتے ہیں ۲ بیرسٹروں اور وکیلوں کی جماعت ۳ وہ جگہ جہاں شراب یا پینے کی چیزیں ملتی ہوں۔ **بار ایسوسی ایشن** (مونث) وکیلوں کی جماعت۔ **بار روم** (مذکر) عدالتوں میں وکلا کا کمرہ۔ **بار لائبریری** (مونث) وکیلوں کا کتب خانہ۔

بار۔ بارا (ھ۔ مذکر) اہیروں کے دودھ دوہنے کے لوازم

بارا (ھ۔ مذکر) ! آبپاشی کے لئے کوئیں میں سے پانی نکالنا ۲ گیت جو پانی نکالتے وقت گایا جائے ۳ وہ آدمی جو چرسے سے پانی آتا ہے ۴ جنتری میں سے تار کھینچنے کا فعل ۵ وہ کڑا جو بوٹنے آدمی کے

نوت ہونے پر دیا جاتا ہے ۹ بارہ ۔ **بارا جوری** (مونث) سینہ زوری ۔ مجبور کرنا ۔ طاقت ۔ جبر ۔ **بارہ جوری کرنا** (متعدی) مجبور کرنا ۔ دبانا ۔ زور لگانا ۔ بارہ دری ۔ بارہ سنگھا ۔ دیکھو بارہ کے تحت ہیں ۔ **بارہ کھڑی** (مونث نحو) ناگری الف ب کی بارہ آوازوں کا میل حروف کے ساتھ جیسے کا کے کی وغیرہ ۲ ایک گانا جس کا ہر ایک مصرع حرف صحیح یا ویجن سے شروع ہوتا ہے ۔

بارا بار (ہ ۔ نف) باربار ۔

بارات (ہ ۔ مونث) دیکھو برات ۔

باران (ف ۔ مذکر) ۱ مینہ ۔ بارش ۲ موسم برسات ۳ (صفت) برستا ہوا برسنے والا (باریدن برسنا) **باراں دیدہ** (صفت) ۱ وہ جس پر مینہ پڑ چکا ہو ۲ تجربہ کار ۔ **باران رحمت** (مذکر) رحمت کا پانی ۔ بارش ۔ مینہ ۔ **باران کوٹ** (مذکر) برساتی کوٹ ۔ بارش سے بچانے والا کوٹ ۔ **باران گیر** (مذکر) چھجا ۔ **بارانی** (مونث) ۱ باران پر منحصر ۲ وہ زمین جو صرف بارش سے سیراب ہوتی ہو ۳ (مونث) برساتی کوٹ ۔ باران کوٹ ۴ (مذکر) ایک ترک قوم ۔ **بارانی زمین** (مونث) **کھیت** (مذکر) وہ زمین جس کی کاشت مینہ کے پانی سے ہوتی ہو ۔

باراہ (ہ ۔ مذکر) ۱ سور ۔ خنزیر ۲ وشنو کا تیسرا اوتار ۔ جس میں انہوں نے زمین کو اپنے دانتوں سے اونچا کیا تھا ۳ زمین جس کو انہوں نے اونچا کیا تھا ۴ گاؤں کے نزدیک کی زمین ۔ **باراہی** (مونث) ۱ سور کے متعلق ۲ گاؤں کے قریب کی زمین ۔

باربر (انگ ۔ مذکر) حجام ۔ نائی ۔

بارُت (ت ۔ مذکر) بارود ۔

بارتا (ہ ۔ مونث) گفتگو ۔ بات چیت ۔

بارتالاپ (مذکر) ۱ گفتگو کے قاعدے ۲ گفتگو ۔ بول چال ۔ بیان ۔ نصیحت ۔ پند ۔ اپدیش ۔ وعظ ۔

بارتنگ (ف ۔ مذکر) ۱ ایک دوائی کا نام ۲ کیلا ۔

بارِج (ہ ۔ مذکر) ۱ پانی سے پیدا شدہ چیز ۲ کنول ۔ سنکھ ۳ نمک ۔ **بارج نین** (صفت) کنول نین ۔ کنول کی آنکھ والا ۔ بڑی آنکھ والا ۔

بارجات (ف ۔ مذکر) ایک ظالمانہ رواج ۔ جس کے بموجب چیزوں کو بازاری قیمت سے مہنگا خریدنے پر مجبور کیا جاتا ہے ۔

بارجائے (ف ۔ مذکر) ۱ بارجات ۲ وہ زمین جو کوئی زمیندار اپنے کسی رشتہ دار کو مفت دیدے ۔

بارجہ ۔ بارچہ (ف ۔ مذکر) ۱ چھوٹا دروازہ ۔ چور دروازہ ۔ دریچہ ۲ برآمدہ ۔ ایوان ڈیوڑھی

بارِح (ع ۔ مذکر) گرم اور خشک ہوا

بارحت (ع ۔ مونث) گزشتہ رات ۔

بارِد (ہ ۔ مذکر) ۱ بادل ۔ ابر ۔

بارِد (ع ۔ صفت) ۱ سرد ۔ ٹھنڈا ۔ جما ہوا ۲ مضبوط ۔ سخت ۔ مقررشدہ (بُرُد ۔ ٹھنڈا کرنا)

بارِز (ع ۔ صفت) ۱ ظاہر ۔ آشکارا ۲ باہر نکلا ہوا ۳ آتا ہوا ۴ (مذکر) وہ چیز جو باہر نکلے ۵ (حساب) میزان کل ۔ کل رقم (بَرَزَ ۔ نکلنا)

بارِش (ف ۔ مونث) مینہ ۔ برسات برکھا ۔ **بارش کا تار** (مذکر) جھڑی ۔ بارش کا سلسلہ زور کی بارش دیر تک ۔

بارِع (ع ۔ صفت) ۱ جو نیکی یا علم میں زیادہ ہو ۲ خوبصورت ۔ حسین ۔

بارِق (ع ۔ مذکر) ۱ چمکدار (تلوار) ۲ چمکتا ہوا (بادل) ۳ ایک قبیلے کا جد اعلےٰ ۴ کوفہ کے قریب ایک مقام ۔

بارقہ (ع ۔ مذکر) ۱ تلوار ۔ بجلی ۔

بارک (انگ ۔ مونث) ۱ فوج یا پولیس کے لیے مکانات ۲ وہ بنگلے یا کوٹھیاں جن میں فوج رہے ۔ **بارک ماسٹر** (مذکر) فوجی مکانات کا محافظ ۔ **بارک ماسٹری** (مونث) محکمہ رفاہ عام جسے انگریزی میں پبلک ورکز ڈیپارٹمنٹ یا پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی کہتے ہیں ۔

بارَک (ع ۔ دعا) برکت دے تجھے ۔ **بارک اللہ** (دعا) اللہ تجھے برکت دے ۔ **بارک اللہ یوم السبت والخمیس** (دعا) اللہ تجھے برکت دے سنیچر اور جمعرات کو مطلب یہ ہے کہ سنیچر اور جمعرات کا سفر مبارک ہے ۔

بارگاہ (ف ۔ مونث) دیکھو بار کے تحت میں ۔

بارگی (ف ۔ مونث) دفعہ ۔ دفعہ ۔ اُردو میں اِک کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

بارمبار (ہ ۔ نف) باربار کئی مرتبہ گھڑی گھڑی ۔

بارَن (ہ ۔ مذکر) ۱ روکنا ۔ منع کرنا ۔ باز رکھنا ۔ ممانعت کرنا ۲ حفاظت کرنا ۔ ہٹانا ۳ روک ممانعت ۔ مخالفت ۔ امتناع ۔ مناہی ۴ حفاظت بچاؤ رکھشا ۵ زرہ ۔ بکتر ۶ ہاتھی ۔ فیل ۔ **بارنا** (متعدی) ۱ روکنا ۔ منع کرنا ۲ (لازم) چھوڑنا ۔ جدا ہونا ۔ **بارنابرہمن** (مذکر) وہ برہمن جو نیچ ذات کے لوگوں کی رسومات ادا کرتا ہے ۔

باربار (ہ) دیکھو بارمبار ۔

بارنبہ (ہ ۔ مذکر) ۱ آم کے درخت کا پھل ۔ آم ۲ آمدنی جو آم کے درختوں سے ہو ۔

بارِندگی (ف ۔ مونث) بارش ۔ مینہ برسنا ۔ مینہ ۔ **بارندہ** (صفت) برستا ہوا ۲ وہ جو برسے ۔

بارنش (انگ ۔ مونث) وارنش ۔ روغن جو لکڑی وغیرہ پر کیا جاتا ہے ۔

بارُنی (ہ ۔ مونث) مسکرات منشی اشیاء ۔ شراب ۔

بارُو (ہ ۔ مذکر) ۱ ریت بالو ۲ بالک بچہ ۳ (مونث) بارود ۔

مثل ۔ بارو جیسی بھربھری دھولی جیسے دھوپ میٹھی ایسی کچھ نہیں جیسے میٹھی چوپ ۔ چُپ کی تعریف ہے کھانڈ جو ریت کی طرح بھربھری اور دھوپ کی طرح سفید ہے ایسی میٹھی نہیں جیسے چُپ ۔

بارُوت (ت) **بارُود** (ف ۔ مونث) شورے ۔ گندھک اور کوئلے کا مرکب جو آتشبازی میں اور بندوق وغیرہ کو چلانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ **باروت اُڑنا** ۔ بارود کا آگ لگنے سے بھک سے جل جانا ۔ **بارود بنانا** ۔ بارود کا ساخت کرنا یا بنانا ۔ **بارود خانہ** ۔ وہ مقام جہاں بارود بنتی ہے ۔ بارود جمع کرنے کا مقام ۔ **بارود کا دانہ** ۔ بارود کے ذرّے ۔ **بارود میں آگ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ بارود کا جلنا ۲ اشتعال آنا ۔

بارَہ (ف ۔ مذکر) ۱ وقت ۔ دفعہ ۔ نوبت ۲ متعلق ۔ باب ۔ معاملہ ۔ شان ۔ حق ۳ برج ۔ فصیل ۔

بارَہ (ہ ۔ صفت) دس اور دو ۔ ۱۲ ۔ بمعنی ۵ (س دوادش) **بارہ ابھرن سولہ سنگار**

(مذکر) عورتوں کا پورا سنگار۔ بارہ زیور اور سولہ سجاوٹیں ہیں۔ بارہ زیور یہ ہیں (۱) سر کے (۲) کانوں کے (۳) ناک کے (۴) ماتھے کے (۵) گلے کے (۶) کلائیوں کے (۷) انگلیوں کے (۸) چھاتی کے (۹) پاؤں کے (۱۰) پاؤں کی انگلیوں کے (۱۱) بازوؤں کے (۱۲) کمر کے۔ سولہ سنگار یہ ہیں۔ (۱) دانتن (۲) منجن (۳) انجن (۴) ابٹن (۵) مسی (۶) چندن (۷) نیل (۸) خوشبو (۹) کنگھی (۱۰) تیل (۱۱) مہندی (۱۲) الشایا سرخی (۱۳) پان (۱۴) بندی (۱۵) پھول (۱۶) لباس۔ **بارہ امام** ۱ حضرت علیؓ ۲ حضرت حسنؓ ۳ حضرت حسینؓ ۴ امام زین العابدینؓ ۵ امام محمد باقرؓ ۶ امام جعفر صادقؓ ۷ امام موسےٰ کاظمؓ ۸ امام علی موسےٰ رضاؓ ۹ امام محمد نقیؓ ۱۰ امام علی تقیؓ ۱۱ امام حسن عسکریؓ ۱۲ امام مہدیؑ (صفت) (جنہوں نے ابھی پیدا ہونا ہے) **بارہ باٹ** (مذکر) ۱ بارہ رستے ۲ آپس میں جھگڑا۔ فساد۔ نا اتفاقی۔ ان بن۔ رکر نا ہونا کے ساتھ) ۳ (صفت) منتشر۔ پریشان ۴ تباہ۔ خستہ۔ برباد۔ ویران۔ خراب حال ۵ متفرق۔ جدا جدا۔ **بارہ بارہ چوبیس کوس**۔ بہت فاصلہ **بارہ بانی** (صفت) ۱ خالص۔ کھرا ۲ کامل۔ ماہر۔ قابل۔ لائق ۳ نیک۔ اچھا ۴ تندرست۔ مضبوط۔ صحت یافتہ ۵ بے نقص۔ بے عیب۔ **بارہ بچے والی** (مؤنث) کثیر الاولاد عورت۔ سورنی۔ مادہ خنزیر۔ **بارہ برج** (مذکر) دیکھو برج۔ **بارہ پتھر** (مذکر) چھاؤنی کی حدود جس پر عموماً بارہ پتھر لگے ہوئے ہوتے ہیں ۲ چھاؤنی۔ **بارہ پتھر باہر کرنا** (متعدی) چھاؤنی کی حد سے نکال دینا۔ شہر بدر کرنا۔ **بارہ پنی توپ** (مؤنث) وہ توپ جس میں بارہ پونڈ کا گولہ پڑتا ہے۔ مجازاً بہت موٹا آدمی **بارہ پولی** (صفت) ۱ بارہ محراب والا ۲ بارہ محراب کا پل۔ **بارہ ٹوپی** (مؤنث) ۱ یورپ کی سلطنتوں سے مراد ہے۔ بارہ کی تخصیص نہیں ۲ بارہ عقلمند آدمیوں کی کونسل۔ **بارہ خانوادے** (مذکر) صوفی فقرا کے بارہ فرقے ۱ قادریہ ۲ نقشبندیہ ۳ صفویہ ۴ عبدالروسیہ ۵ نوریہ ۶ شکاریہ ۷ زاہدیہ ۸ قلندریہ ۹ انصاریہ ۱۰ یوسفیہ ۱۱ خضرویہ ۱۲ حسینیہ۔ **بارہ دری** (مؤنث) بارہ دروازہ کا مکان جو باغ میں۔ دریا پر یا محل کے اوپر بنایا جاتا ہے۔ **بارہ سنگھا** (مذکر) ایک قسم کا ہرن جس کے سینگوں کی بہت سی شاخیں ہوتی ہیں۔ **بارہ کھڑی** (مؤنث) ۱ دیوناگری میں وینجنوں کو بارہ سوروں کے ساتھ ملا کر پڑھنا ۲ ایک قسم کی مرثیٰ نظم جس کے ہر ایک مصرع کے نیچے شروع سے آخر تک بالترتیب ہندو حروف تہجی کا ایک ایک حرف لا کر پوری الف ب کر دیتے ہیں۔ **بارہ گنا لکھنی ہوں** (عو) **بارہ گنی لکھتا ہوں**۔ بارہ گنا شرط۔ ہاروں تو ۱۲ گنا دوں، جیتوں تو صرف ایک لوں۔ **بارہ ماسہ** (صفت) بارہ مہینے کے متعلق ۲ (مذکر) ہندی گیت جس میں عورت کی زبان سے بارہ مہینوں کے فراق کا حال بیان کیا گیا ہو۔ **بارہ ماسی** (مذکر) ۱ وہ درخت جو سال بھر سرسبز رہے۔ سدا بہار ۲ وہ قلی جو بارہ مہینے کام کرے۔ **بارہ ماہ** (مذکر) انگریزی ۱ جنوری ۲ فروری ۳ مارچ ۴ اپریل ۵ مئی ۶ جون ۷ جولائی ۸ اگست ۹ ستمبر ۱۰ اکتوبر ۱۱ نومبر ۱۲ دسمبر۔ ہندی ۱ بیساکھ ۲ جیٹھ ۳ اساڑھ ۴ ساون ۵ بھادوں ۶ اسوج ۷ کاتک ۸ مگھر ۹ پوس ۱۰ ماگھ ۱۱ پھاگن ۱۲ چیت۔ عربی ۱ محرم ۲ صفر ۳ ربیع الاول ۴ ربیع الثانی ۵ جمادی الاول ۶ جمادی الثانی ۷ رجب ۸ شعبان ۹ رمضان ۱۰ شوال ۱۱ ذیقعد ۱۲ ذی الحجہ۔ ایرانی ۱ فروردین ۲ اردی بہشت ۳ خرداد ۴ تیر ۵ مرداد ۶ شہریور ۷ مہر ۸ آبان ۹ آذر ۱۰ دے ۱۱ بہمن ۱۲ اسفندار۔ یہودی ۱ تسرین ۲ خروان ۳ تسلیبنو ۴ تباط ۵ شباط ۶ اذار ۷ نیسان ۸ یعار ۹ سیوان ۱۰ تموز ۱۱ اب ۱۲ الول۔ **بارہ مسالے یا مصالح** (مذکر) ۱ زیرہ۔ دارچینی۔ کالی مرچ۔ سونف۔ دھنیا۔ ہلدی۔ لونگ۔ اجوائن۔ نمک۔ الائچیاں۔ ادرک۔ کلونجی ۲ جملہ سامان۔ ضروری اشیا۔ **بارہ مقام** (مذکر) ایرانیوں کی تقسیم کے مطابق موسیقی کے بارہ پردے۔ **بارہ مہینے** (مذکر) ۱ دیکھو بارہ ماہ ۲ سارا سال۔ ہمیشہ۔ **بارہ مہینے بارہ برس ہوگئے** سال گزرنے میں نہیں آتا۔ انتظار کی شدت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **بارہ مہینے تیس دن** ہمیشہ۔ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ ہر دم۔ **بارھواں** (عو) عمر کا بارھواں سال۔ **بارہ وفات** (مذکر) ربیع الاول کی بارھویں تاریخ۔ پیغمبر صلعم کا یوم وفات ۲ (عو) ربیع الاول۔ **بارھول** (صفت) بارہ کی جمع۔ **بارھو پر تیرہ** (مذکر) وہ کبوتر جس کی دم سفید اور بقیہ حصہ سرخ سبز سیاہ یا زرد ہو۔ **بارہ ہاتھ کی زبان ہے**۔ بہت بکواسی ہے

امثال و اقوال۔ بارہ باٹ اٹھارہ پینڈے۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ جسے یہ نہ سوجھے کہ کیا کرنا چاہئے۔ **بارہ بانی کا ہوگیا**۔ جوان معلوم ہوتا ہے۔ **بارہ برس پیچھے کوڑی کے بھی دن پھرتے ہیں**۔ مصیبت اور تنگدستی ہمیشہ نہیں رہتی۔ **بارہ برس دلی میں رہے اور بھاڑ (ہی) جھونکا**۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جس پر اچھی جگہ رہنے کا کچھ اثر نہ ہو۔ **بارہ برس دلی میں رہے محصول نہیں دیا۔ کیا کرتے تھے۔ بھاڑ جھونکتے تھے**۔ باوجود اچھی جگہ رہنے کے کچھ ترقی نہیں کی۔ **بارہ برس کاشی اور مرنے کو مگدھ کی مائی** اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو مدت تک انتظار کرتا رہے اور اس کی خواہش نہ پوری ہو۔ کاشی میں جو مرے وہ آواگون سے چھوٹ جاتا ہے۔ اور مگدھ میں جو مرے گدھے کی جون میں جاتا ہے۔ **بارہ برس کا کوڑھی ایک ہی اتوار پاک**۔ جس شخص میں دفعتاً اصلاح ہو جائے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **بارہ برس کاٹھ میں رہے چلتی دفعہ پاد سے گئے**۔ جلدی کرنے میں انسان نقصان اٹھاتا ہے۔ **بارہ برس کے بعد گھورے کے دن بھی پھرتے ہیں**۔ ہمیشہ مصیبت اور تنگدستی کا زمانہ نہیں رہتا۔ **بارہ برس کی پٹھیا بیس برس کی ٹٹیا**۔ عورت کے شادی کے بعد جلد بوڑھا ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ **بارہ برس کی کنیا اور چھوٹی رات کا بر۔ وہ تو پیوے دودھ ہے۔ تیرا من مانے سو کر** (عو) جوان بیوی ہے خاوند بچہ ہے۔ بیوی جو چاہے کرے۔ ناموزوں اور بچپن کی شادی پر طنز ہے۔ **بارہ برس (کے) کو بید کیا اور اٹھارہ برس (کے) کو قید کیا**۔ بارہ برس کا لڑکا ہو جائے تو اسے تعلیم دینی مشکل ہے اور اٹھارہ برس کے بعد وہ اختیار میں نہیں رہتا **بارہ برس میں فقیری اور امیری کی بو جاتی ہے**۔ قدیم عادت یا طرز معاشرت کو بدلنے کے لئے ایک مدت چاہئے۔ **بارہ برہمن بارہ باٹ بارہ دیہاتی ایک گھاٹ**۔ شریفوں میں نفاق کمینوں میں اتفاق۔ **بارہ گاؤں کا چودھری اسی گاؤں کا راؤ۔ اپنے کام نہ آئے تو ایسی تیسی میں جاؤ**۔ آدمی چاہے کتنا امیر ہو اگر

کسی کے کام نہ آئے تو کسی کام کا نہیں۔ **بارہ میں تین گئے تو رہے کیا خاک**۔ برسات تین مہینے ہوتی ہے۔ اگر ان تین مہینوں میں نہ ہو تو زمینداً اُجڑ جاتا ہے۔ **بارہ وفات کی کھچڑی آج ہے تو کل نہیں**۔ ایسی چیز کی نسبت کہتے ہیں جو جلد ضائع یا ختم ہو جانے والی ہو۔

باری (ع۔ صفت) ۱ پیدا کرنیوالا ۲ (مذکر) خدا تعالےٰ کا ایک نام۔ **باری تعالےٰ** (مذکر) خالق برتر۔ اللہ تعالےٰ۔ **باری عَزَّ اِسْمُہٗ** (مذکر) پیدا کرنے والا۔ جس کا نام بزرگ اور بڑا ہے۔

باری (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک قوم جو پتل بناتی ہے یا پان بیچتی ہے ۲ وہ شخص جو مشعل دکھانے کا آبائی پیشہ رکھتا ہو ۳ (مونث) کان اور ناک میں پہننے کا زیور۔ بالی ۴ سولہ برس سے کم عمر کی لڑکی ۵ باغیچہ ۶ کھڑکی ۷ بخار کا دن۔ جس دن لرزے کا بخار آئے ۸ پہرا۔ چوکی۔ پہرے کی نوبت ۹ موقع۔ نوبت۔ وقت ۱۰ گاؤں کے پہرے کا ایک طریقہ۔ **باری باری** (تف) ہر ایک اپنی نوبت پر۔ ایک دوسرے کے بعد۔ **باری بھرنا** (لازم) اپنے وقت پر پہرہ دینا۔ **باری دار** (صفت) پہرے چوکی والے۔ **باری دارنی** (مونث) وہ عورت جو محلات میں چوکی پہرے کا کام کرتی ہے۔ **باری کا بخار** (مذکر) وہ بخار جو ایک یا دو دن چھوڑ کر آئے۔ **باری سے** (تف) ایک ایک دن چھوڑ کر۔ نوبت پر۔ **باری کی تپ** (مذکر) وقفہ دے کر آنے والا بخار۔

بارے (ف۔ تف) ۱ آخر کار الغرض آخرالامر ۲ مگر۔ لیکن۔ خیر۔

باریطون (ع۔ مذکر) ایک بہت بڑی آبدار جھلی جو پیچ در پیچ ہو کر احشار شکم پر حاوی ہوتی ہے۔

باریک (ف۔ صفت) ۱ مہین۔ پتلا۔ نازک ۲ رقیق۔ لطیف ۳ دُبلا۔ چھریرا۔ اکہرا ۴ خفیف۔ چھوٹا سا۔ چھوٹا چھوٹا ۵ شکل۔ دقیق۔ **باریک آواز** (مونث) مہین مگر اونچی آواز۔ **باریک بات** (مونث) لطیف بات۔ نکتہ۔ **باریک بین** (صفت) ۱ تیز فہم۔ ہوشیار۔ دقیقہ شناس ۲ مبصر۔ واقفکار۔ سمجھدار۔ **باریک کام** (مذکر) مشکل کام۔ لطیف یا نازک کام۔ وہ کام جس میں نظر پر زور پڑے۔ **باریک نظر** (صفت) ۱ نقص دیکھ سکنے والا۔ واقفکار ۲ بلند نظر۔ دقیقہ شناس۔ **باریک میان** (صفت) ۱ پتلی کمر والا۔ دُبلا پتلا۔ نازک اندام۔ **باریکی** (مونث) ۱ پتلاپن۔ نزاکت۔ لطافت ۲ نکتہ۔ دقیقہ ۳ موشگافی۔ تبصرہ۔ اعتراض نکتہ چینی ۴ دقت۔ مشکل۔ **باریکیاں** (مونث) باریکی کی جمع۔ **باریکیاں چھانٹنا** (متعدی) باریکی نکالنا۔ **باریکیاں نکالنا** (متعدی)۔ **نکلنا** (لازم) ۱ لطیف مضمون نکالنا۔ اعتراض ہونا۔

باریکا۔ بارِیکہ (ف۔ مذکر) ۱ حاشیہ کنارا ۲ مصوروں کا وہ قلم جس سے باریک خط کھینچتے ہیں ۳ وہ خط جو صفحات کتاب کے کناروں پر ہوتا ہے۔

باری گارڈ (انگ۔ مذکر) باڈی گارڈ کا مخرب۔

باڑ۔ باڑھ (ہ۔ مونث) ۱ جھاڑ بندی احاطہ۔ چاردیواری۔ ٹٹی گھیرا ۲ کنارا۔ حد۔ حاشیہ ۳ دھار۔ آب (ہتھیار کی) ۴ سپاہیوں کی قطار۔ قطار۔ صف ۵ چڑھاؤ۔ رو۔ طغیانی (س ورچھپالا) ۶ ایک دم بہت سی بندوقوں کا فائر (س ورش) ۷ نمو۔ بالیدگی۔ بڑھنا ۸ سامنے۔ مہرہ۔ زد (س زد دھ) ۹ شربت اور چاول کے آٹے کا مرکب جس سے اندرسے بنتے ہیں۔ اردو میں زیادہ تر باڑھ استعمال ہوتا ہے۔ **باڑھ اُترنا** (لازم) دھار کا بگڑ جانا یا خراب ہو جانا۔ **باڑھ اُڑانا** (متعدی) ایک دم فائر کرنا۔ سب کا اکٹھا بندوق چلانا۔ **باڑھ باندھنا** (متعدی) جھاڑ بندی کرنا۔ کانٹے دار جھاڑیوں سے احاطہ بندی کرنا۔ حدبندی کرنا۔ **باڑھ بچا کر کلائی پر ہاتھ ڈال دینا** (متعدی) شمشیرزنوں کا ایک داؤ۔ اس سے دشمن کی تلوار چھین لیتے ہیں۔ **باڑھ پر آنا** (لازم) ۱ زد پر آنا ۲ نمو آنا۔ **باڑھ پڑنا** (لازم) گولیوں کی بوچھاڑ ہونا۔ بوچھاڑ پڑنا۔ **باڑھ پر چڑھانا** (متعدی)۔ **چڑھنا** (لازم) ۱ دھار تیز ہونا ۲ آمادہ ہونا۔ تیار ہونا ۳ اکسایا جانا۔ اشتعال دلایا جانا ۴ دم میں آنا۔ جھانسے میں آنا ۵ طبیعت کا تیز ہونا۔ **باڑھ پر رکھنا** (متعدی) ۱ زد پر رکھنا۔ نشانے پر رکھنا ۲ اشتعال دینا۔ اکسانا۔ **باڑھ پر ہونا** (لازم) ۱ ترقی پر ہونا۔ نمو پر ہونا ۲ سیلاب پر ہونا۔ **باڑھ تیز کرنا** (متعدی)۔ **ہونا** (لازم) دھار تیز ہونا۔ **باڑھ جاتی رہنا** (لازم) دھار کا بگڑنا۔ خراب ہونا۔ **باڑھ جھاڑنا** (متعدی) باڑھ اُڑانا۔ **باڑھ چڑھانا** (متعدی) ۱ دھار تیز کرنا ۲ اشتعال دینا۔ اُکسانا۔ دھمکانا۔ **باڑھ چڑھنا** (لازم) دھار تیز ہونا۔ **باڑھ چلانا یا چھوڑنا** (متعدی) باڑھ اُڑانا۔ **باڑھ چلنا یا چھٹنا** (لازم) ایک دم بہت سی بندوقوں کا فائر ہونا۔ **باڑھ داغنا** (متعدی) باڑھ اڑانا۔ مذاقاً بہت سے پٹاخوں کے چلنے پر بھی کہتے ہیں۔ **باڑھ دردری ہونا** (لازم) باڑھ تیز اور دندانے دار ہونا جیسے پتھر یا اینٹ پر رگڑنے سے ہو جاتا ہے۔ **باڑھ دلانا یا دینا** (متعدی) اشتعال دینا۔ اُکسانا۔ **باڑھ روکنا** (متعدی) سامنے جانے سے روکنا۔ آگے نہ بڑھنے دینا۔ **باڑھ رکھنا** (متعدی) دھار تیز کرنا۔ **باڑھ رکھوانا** (متعدی) دھار تیز کرانا۔ **باڑھ کا ڈورا** (مذکر) خط شمشیر۔ وہ نشان جو تلوار کو آہستہ سے کسی چیز پر رکھنے سے پڑ جاتا ہے۔ **باڑھ کر جانا** (لازم) دھار کا دندانہ دار ہو جانا۔ کسی چیز کو کاٹنے سے ایسا ہو جاتا ہے۔ **باڑھ کر جانا** (لازم) دھار کا دندانہ دار ہو جانا۔ کسی چیز کو کاٹنے سے ایسا ہو جاتا ہے۔ **باڑھ کا ہاتھ سے پیٹنے لگنا** (لازم) تلوار کا اس قدر تیز ہونا کہ اس پر آہستہ سے انگلی پھیری جائے تو چل نہ سکے۔ **باڑھ گر جانا** (لازم) دھار کا خراب ہو جانا۔ **باڑھ مارنا** (متعدی) باڑھ اُڑانا۔ **باڑھ مڑنا** (لازم) دھار کا پھر جانا۔ **باڑھیا۔ باڑیا** (صفت) باڑھ تیز کرنے والا۔

امثال و اقوال۔ باڑھ پہلے ہی باندھنی چاہیے۔ انتظام پہلے ہی کرنا چاہیے۔ **باڑھ کاٹے نام رہو تلوار کا**۔ کام کوئی کرے نام کسی کا ہوتا ہے۔ کام عموماً ماتحت کرتے ہیں۔ نام افسر کا ہوتا ہے۔ **باڑھ ہی جب کھیت کھائے تو رکھوالی کون کرے**+ **باڑھ لگائی کھیت کو باڑ کھیت کو کھائے۔ راجہ ہو چوری کرے نیاؤ کون چکائے**۔ جب حفاظت کرنے والا ہی نقصان کرے تو پھر کیا ہو سکتا ہے۔ پولیس اور چوکیداروں پر طنز ہے۔

باڑھنا (ہ۔ متعدی) ۱ باڑھ لگانا ۲ بڑھنا۔

باڑھی۔ باڑھی (ہ۔ مونث) اناج پر جو بہت زیادہ سود لیا جاتا ہے۔ اناج پر سود اناج میں۔

باڑی (ہ۔ مونث) ۱ احاطہ۔ باغ۔

جھنڈ درختوں کا۔ ترکاری کا کھیت۔ پھلوں کا باغ۔ ۲ مکان۔ مکان جس کے گرد باغ ہو۔ ۳ کپاس کا کھیت۔
باڑی بیننا یا چننا (متعدی) ۱ پھل درختوں سے اتارنا ۲ ترکاریاں کھیت میں سے اکھاڑنا یا توڑنا ۳ روئی چننا یا پودوں سے الگ کر کے اکٹھا کرنا۔
باڑی کرنا (متعدی) مالی کا کام کرنا۔ کاشت باغ کرنا۔

مثل۔ باڑی میں بارہ آم سٹی میں اٹھارہ آم ۱ فصل میں گرانی غیر فصل میں ارزانی ۲ نوکر کا آقا سے بھی زیادہ مزاج۔

باز رف۔ مذکر) ۱ ایک شکاری پرند کا نام۔ اصل میں یہ مادہ ہے نر کو جرہ یا شاہین کہتے ہیں ۲ (امر) باختن (کھیلنا) سے اسم کے آخر میں آکر اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے۔ جیسے کبوتر باز پتنگ باز ۳ (ف) پھر۔ مکرر۔ بارِ دگر۔ **باز آمدم بر سرِ مطلب**۔ میں پھر اصل مطلب پر آتا ہوں۔ جو معترضہ کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔
باز آنا (لازم) ۱ اجتناب کرنا۔ پرہیز کرنا ۲ چھوڑ دینا۔ دست بردار ہونا ۳ توبہ کرنا۔ **باز آئے** کسی فعل سے بیزار ہونے کی حالت میں کہا جاتا ہے
باز پرس (مونث) ۱ مواخذہ۔ جوابدہی ۲ تحقیقات دریافت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **باز پس یا پسیں** (مذکر) آخری وقت۔ نزع کا وقت۔ **باز خواست** (مذکر) مطالبہ۔ واپس مانگنا۔ **باز خواہ** (صفت) تحقیقات کرنے والا۔ دریافت کرنے والا۔ باز پرس کرنے والا۔ **باز داری** (مونث) باز رکھنے کا کام۔ بازوں کی غور و پرداخت اور حفاظت کرنے کا کام۔
باز دعوے (مذکر) نالش کا واپس لینا۔ دعوے سے دستبردار ہونا۔ **باز دہی** (مونث) واپسی۔ **باز دید** (مونث) کسی کے ملنے آنے کے بعد اسے ملنے جانا۔ **باز رکھنا** (متعدی) مداخلت کرنا۔ روکنا منع کرنا۔ موقوف کرنا۔ **باز رہنا** (لازم) رکنا۔ عادت چھوڑ دینا۔ رک جانا۔ **باز کی آنکھیں سینا** (متعدی) باز کی آنکھیں عموماً سی کر یا ٹوپ چڑھا کر بند رکھتے ہیں۔ شکار کے وقت کھول لیتے ہیں۔
بازگشت (مونث) ۱ واپسی۔ مراجعت ۲ لوٹنا۔ پلٹنا۔ واپس آنا۔ **بازگیر** (صفت) ۱ باز رکھنے والا۔ باز سے شکار کھیلنے والا ۲ مؤرخ۔ وقائع نگار۔ **باز**

نہ آنا یا رہنا (لازم) کسی بات یا کام سے نہ رکنا۔
بازی (مونث) ۱ کھیل۔ تماشا۔ کرتب ۲ داؤ۔ شرط ۳ زرِ شرط ۴ فریب۔ دھوکا ۵ غلبہ۔ جیت ۶ گنجفہ یا تاش کے پتے ۷ گنجفے۔ شطرنج۔ چوپٹ۔ تاش وغیرہ کا ایک کھیل ۸ کبوتر کا پلٹیاں کھانا۔ اسما کے آخر میں آکر اسما سے مونث بناتا ہے۔
بازی آنا (لازم) ۱ گنجفے یا تاش کے اچھے پتوں کا بانٹ میں ملنا ۲ کھیل کے کھیلنے کا طریقہ آنا۔ **بازی اٹھنا** کھیل ختم ہونا ختم ہونا۔ **بازی اڑنا** (لازم) کھیل کا دیر تک ختم نہ ہونا۔ **بازیافت** (مونث) ۱ گئی ہوئی چیز کا واپس ملنا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ منتقل شدہ زمین کا ضبط کر لینا (کرنا ہونا کے ساتھ)
بازیافتگی (مونث) بازیافت۔ مال مسروقہ کا مل جانا
بازی بدنا (متعدی) شرط بدنا۔ بازی لگانا۔ **بازی پانا یا جیتنا** (متعدی) کھیل میں غالب ہونا۔ کامیاب ہونا۔ فتحیاب ہونا ۲ شرط میں غالب ہونا۔ شرط جیتنا۔ **بازی چڑھنا** (لازم) بازی کا غالب ہونا۔ **بازیچہ** (مذکر) کھیل۔ تماشا۔ کھلونا۔ **بازیچۂ اطفال** (مذکر) بچوں کا کھیل۔ **بازی دے جانا** (متعدی) دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ **بازی دینا** (متعدی) ۱ ... نا۔ مذاق کرنا ۲ دھوکا دینا۔ جُل دینا ۳ شکست دینا۔ ہرانا۔ مات کرنا۔ **بازی کا پھول** (مذکر) ۱ متلون مزاج ۲ گل بازی۔ **بازی کرنا** (متعدی) ۱ کسی چیز سے کھیلنا۔ ہرانا۔ مات کرنا ۲ کبوتروں اور بازیگروں کا پلٹیاں کھانا۔ **بازی کھیلنا** (متعدی) تاش۔ شطرنج وغیرہ کا کھیل کھیلنا۔ کبوتر کا گرہ کرنا۔
بازیگاہ (مونث) کھیل کی جگہ۔ **بازیگر** (مذکر) ۱ وہ لوگ جو بانسوں اور رسوں پر چڑھ کر کھیل کرتے ہیں۔ نٹ ۲ شعبدہ باز۔ بھان متی مداری۔ **بازیگرن** **بازیگرنی** (مونث) بازیگر عورت۔ **بازیگری** (مونث) بازی کا ہنر۔ چالاکی۔ فریب۔ **بازی لگانا** (متعدی) شرط بدنا۔ **بازی لگنا** (لازم) شرط بدی ہونا۔ شرط لگنا۔ **بازی لے جانا یا لینا** (لازم) جیتنا۔ غالب رہنا۔ سبقت لے جانا۔ **بازی نادر ہونا** (لازم) گنجفے یا تاش کے کھیل میں کسی رنگ یا تصویر کا نہ آنا۔ میر بازی ابتر ہونا۔ **بازی ہاتھ آنا** (لازم) بازی جیتنا۔ کامیاب ہونا۔ **بازی ہاتھ رہنا** (لازم) بازی میں جیت ہونا۔ **بازی ہارنا** (متعدی) شرط ہارنا۔ مات کھانا۔ **بازی ہرنا**

(لازم) کھیل ہرنا۔ مات ہونا۔ مغلوب ہونا۔ **بازی ہروانا** (متعدی) کسی کو مغلوب کرنا یا مات دلوانا۔

مثل۔ بازی بازی باریش بابا ہم بازی۔ باپ کی داڑھی سے بھی کھیلتا ہے۔ جب کوئی کسی بڑے سے اُلجھے تو کہتے ہیں۔

بازار رف۔ مذکر) ۱ وہ راستہ عام جس پر دوکانیں ہوں۔ منڈی۔ مارکیٹ۔ خرید و فروخت کی جگہ ۲ بھاؤ۔ نرخ ۳ خرید و فروخت۔ بکری ۴ خرید و فروخت کے لئے لوگوں کا مجمع ۵ خرید و فروخت کا کام (رابا۔ مال پڑا۔ جگہ) **بازار اُتر جانا** (لازم) نرخ گھٹ جانا۔ **بازار اُٹھ جانا** (لازم) بازار بند ہو جانا
بازار بٹا (مذکر) کٹوتی کمیشن۔ منہائی۔ دستوری۔
بازارِ اجل گرم ہونا (لازم) بہت لوگوں کا مرنا۔
بازار برخاست ہونا۔ بازار بند ہونا۔ **بازار بڑھ جانا یا بڑھنا** (لازم) بازار بند ہو جانا ۲ نرخ بڑھ جانا۔ قیمت زیادہ ہو جانا۔ **بازار بیٹھک** (مونث) بازار میں بیٹھنے کا محصول۔ تہ بازاری۔ **بازار تیز ہونا** (لازم) ۱ چیزوں کی قیمت زیادہ ہونا۔ **بازار ٹھنڈا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) بے قدری ہونا۔ **بازارِ جدال و قتال** (مذکر) لڑائی۔ جنگ (گرم ہونا کے ساتھ) **بازار چڑھنا** (لازم) نرخ گراں ہو جانا۔
بازار چمکنا (لازم) بازار گرم ہونا۔ **بازار دکھانا** (متعدی) کسی چیز کو بیچنے کے لئے بازار میں لے جانا۔ بیچنا۔
بازار دیکھنا (لازم) بازار میں سودا مول لینے جانا ۲ بازار میں تلاش کرنا۔ **بازار سرد کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بے رونقی ہونا۔ **بازار کا بھاؤ** (مذکر) بازاری قیمت۔ قیمت جس پر چیز بازار میں بک رہی ہو۔ **بازار کا چلن** (مذکر) بازار کا رواج یا دستور۔ **بازار کا سدھ ہونا** (لازم) بازار سرد ہونا۔ **بازار کا سودا** (مذکر) وہ مال جو بازار میں فروخت ہوتا ہو۔ معمولی مال۔ **بازار کا گز** (مذکر) وہ شخص جو مارا مارا پھرے۔ **بازار کا بھاؤ مول یا نرخ** (مذکر) بازاری قیمت۔ **بازار کرنا** (متعدی) بازار کو خرید و فروخت کے لئے جانا ۲ عام کر دینا۔ **بازار کھل جانا یا کھلنا** (لازم) دیکھو بازار لگنا۔ **بازار کی آواز**۔ وہ آواز جو سودا بیچنے والے لگاتے ہیں۔ **بازار کے بھاؤ بیچنا** (متعدی) بازاری نرخ پر فروخت کرنا۔ زیادہ قیمت نہ لینا۔ **بازار کے بھاؤ پٹنا** (لازم) خوب پٹنا۔ **بازار کی گالی** (مونث) عام بات۔ فضول بات۔ **بازار کی مٹھائی** (مونث) ۱

بازاری عورت، کسبی۔ چیز جو آسانی سے مل جائے۔ بازار گرم ہونا (لازم) ۱ بازار میں بکثرت خرید و فروخت ہونا۔ بازار میں بہت رونق ہونا ۲ کسی چیز کا زور ہونا۔ غلبہ ہونا ۳ کسی چیز کی مانگ ہونا۔ قدر ہونا۔ بازار گرنا (لازم) ۱ بھاؤ کم ہو جانا۔ نرخ گرنا ۲ بے وقعت ہو جانا۔ بے رونق ہو جانا۔ بازار لگانا (متعدی) ۱ دوکانیں کھولنا ۲ چیزوں کا فروخت کے لئے سجانا ترتیب سے لگانا ۳ چیزیں بے ترتیبی سے رکھنا۔ چیزیں اِدھر اُدھر پھیلا دینا ۴ بھیڑ کرنا۔ مجمع ہونا۔ بازار لگنا (لازم) ۱ دوکانیں کھلنا ۲ بھیڑ ہونا۔ بازارِ منا (مذکر) وہ بازار جو منا پور چج کے دنوں میں لگتا ہے۔ بازار میں آگ لگنا (لازم) جنس گراں ہونا۔ بازار میں آنا (لازم) بکنے کے واسطے آنا۔ بازار میں بیچ لینا (متعدی) دھوکا دینا۔ چھلنا۔ جل دینا۔ بازارو (صفت) ۱ وہ چیز جو جلد بک جائے۔ بازار کی بکری کی چیز ۲ بازاری چیز۔ بازاری (صفت) ۱ بازار کا ۲ عام معمولی ۳ شہدے۔ بازار کے بیٹھنے والے عوام ۴ رائج الوقت ۵ بیسوا۔ رنڈی۔ بازاری آدمی (مذکر) ۱ کمینہ آدمی ۲ بازار کا بیٹھنے والا۔ بازاری بات یا خبر (مونث) افواہ۔ بازاری عورت (مونث) رنڈی، بیسوا۔ طوائف۔ بازاری قیمت (مونث) عام نرخ۔ معمولی شرح۔ بازاری گپ (مونث) عام افواہ۔ ناقابل اعتبار بات۔ بازاریں (مونث) بازار کی جمع (لکھنؤ۔ مت)۔ بازاریں کھل جانا یا کھلنا (لازم) دوکانیں کھلنا (لکھنؤ۔ مت)۔ بازاریں لشکر کی روانہ ہونا (لازم) لشکر کے دوکانداروں کا اپنا سامان تجارت اور پالیں لے کر اگلے مقام کو چل دینا (لکھنؤ۔ مت)

امثال و اقوال۔ بازار اُس کا جو لے کے دے۔ بازار میں وہی شخص فائدہ اُٹھاتا ہے جو نقد قیمت دے کر چیز خریدے۔ **بازار کا ستو باپ بھی کھائے بیٹا بھی کھائے** رنڈیوں کے متعلق کہا جاتا ہے۔ **بازار کی چھینک رانڈ کا رونا** (لازم) دونوں بے اثر ہیں۔ **بازار کی گالی کس کی جس نے سنی اس کی (جو پھر کے دیکھے اس کی) بازار کی گالی جو کھیجے اس کو ہو۔** عام الزام یا گالی کی پروا نہیں کرنی چاہئے۔ جو جواب دے وہی مورد الزام ہو جاتا ہے۔ **بازار کی مٹھائی جس نے چاہی کھائی۔** طوائفوں پر طنز ہے۔ جو تیرا چار جو پیسے دے ان کے پاس جا سکتا ہے۔ **بازار کی مٹھائی سے نرباہ نہیں ہو سکتا** (مذ) آدمی ہمیشہ عیاشی نہیں کر سکتا۔ اخیر میں نقصان اٹھانا ہے۔ **بازار لگا نہیں گٹھ کٹے آن پہنچے** قبل از وقت اپنا اپنا موقع ڈھونڈنے لگے۔ **بازار لگا نہیں گٹے والے ہوت۔** قبل از وقت اپنا موقع ڈھونڈنا۔ **بازار میں سر منڈا، نہ گھر میں کہنا۔** مشہور ہوئی بات کو چھپانا۔ **بازاری آدمی کا کیا اعتبار۔** کمینے اور رذیل آدمی کا اعتبار نہیں ہوتا۔ **بازاری چیز بودی ہوتی ہے۔** بازار کی چیز نکمی اور جلد خراب ہو جانے والی ہوتی ہے۔

بازغ (ع۔ صفت) چڑھتا ہوا (چاند یا سورج)

بازرگاں (ف۔ مذکر) سوداگر، دوکاندار

بازرگانی (مونث) ۱ مال تجارت ۲ تجارت لین دین خرید فروخت۔

بازگوں (ف۔ صفت) واژگوں۔ اُوپر تلے۔ نیچے کا حصہ اُوپر۔

بازندہ (ف۔ صفت) ۱ کھیلنے والا۔ کھلاڑی۔ (مذکر) ایک قسم کا لوٹن کبوتر۔

بازو (ف۔ مذکر) ۱ بانہہ کا اوپر کا حصہ کہنی سے لے کر مونڈھوں تک کا حصہ۔ ڈنڈ ۲ پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جس میں اُڑنے والے پر ہوتے ہیں ۳ فوج کے دائیں بائیں کے حصے میمنہ و میسرہ ۴ دروازے کی چوکھٹ کے دائیں بائیں طرف کی لکڑیاں ۵ چارپائی کی دونوں پٹیاں ۶ مددگار۔ امدادی ساتھی۔ دوست۔ رشتہ دار۔ بھائی بند ۷ قوت۔ سہارا۔ امداد ۸ بازو بند ۹ وہ شخص جو مرثیہ خوانوں کے ساتھ آواز ملاتا ہے۔ جوڑ ۱۰ گویّے کے ساتھ آواز ملانے والا ۱۱ (قانون) عورت۔ لڑکی۔ بازو بند (مذکر) ایک قسم کا زیور جو بازو یا کلائی پر پہنا جاتا ہے۔ بازو پھڑکنا (لازم) دوست کو ملنے کا شگون سمجھا جاتا ہے۔ بازو تولنا (متعدی) ۱ اُڑنے کی تیاری کرنا ۲ آمادہ ہونا۔ بازو ٹوٹنا (لازم) ۱ قوت جاتی رہنا ۲ مددگار مر جانا۔ بازو دعوئے (مذکر) اغوا شدہ عورت کے وارث کا اس کی واپسی کے واسطے دعوٰے کرنا (قانون)۔ بازو دینا (متعدی) مدد دینا یا کرنا۔ بازو رہ جانا (لازم) ۱ بازو کا تھک جانا ۲ بازو بیکار ہو جانا۔ بازو کی مچھلی (مونث) بازو کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت۔ بازو واپس دلانا (مم) دینا (متعدی) اغوا کنندہ کا عورت کو وارث کے حوالہ کرنا (قانون)۔ بازو واپس لینا (متعدی) اغوا شدہ عورت کو وارث کا اغوا کنندہ سے لینا۔ (قانون) بازو وا کرنا (متعدی) اُڑنا۔ پرواز کرنا۔ پر تولنا۔

امثال و اقوال بازو ٹوٹے

باز کو باز ہی لقمہ دے۔ ہم جنس ہی ہم جنس کی ہمدردی کرتا ہے۔ **بازو ٹوٹے باز کو سائیں طعمہ دے۔** اپنی پالی ہوئی چیز کی پالنے والے ہی کو محبت ہوتی ہے۔

باس (ہ۔ مونث) ۱ خوشبو، نگہت، ارگجا۔ سُباس۔ مہک ۲ بدبو۔ سڑاندھ ۳ علامت۔ نشان۔ سراغ ۴ ذرہ۔ بہت تھوڑا سا۔ باس بنیا (ہ۔ مذکر) عطر فروش۔ گاندھی۔ باس متی (صفت) ۱ خوشبو والا ۲ (مذکر) خوشبودار چاولوں کی ایک قسم۔

باس۔ باسا (ہ۔ مذکر) ۱ رہنے کی جگہ۔ مکان۔ ڈیرا۔ مسکن ۲ گھونسلا۔ آشیانہ۔ باسا یا باس کرنا (متعدی) ۱ ٹھیرنا۔ رہنا۔ بسیرا کرنا ۲ گھونسلا بنانا ۳ پرندے کا بسیرا لینا۔ اڈے پر بیٹھنا۔

باسا (ہ۔ مذکر) ایک خوشبودار پھولوں کا پودا۔ باسک۔

باستان (ف۔ صفت) ۱ پرانا۔ قدیم۔ ماضی۔ گزشتہ ۲ دنیا ۳ قسمت ۴ تنہا۔ اکیلا۔ باستان نامہ (مذکر) تاریخ ایران کی ایک کتاب۔

باسنُود (ہ۔ مذکر) مکان کی بنیاد۔

باسٹھ (ہ۔ صفت) ساٹھ اور دو ۶۲ - ۶۲ (س۔ دوا شَشٹ)

باسدیو (ہ۔ مذکر) دیکھو واسدیو۔

باسر (ہ۔ مذکر) ایک د...

باسط (ع۔ فاعل) ۱ پھیلانے والا ۲ خدا کا ایک نام جسے وہ چاہتا ہے دولت دیتا ہے ر بَسْط۔ پھیلنا۔ باسطہ (صفت) (مونث) پھیلانے والی۔ باسطی (نامعلوم) مصنف رسالہ باسطی جس میں شاعروں کے حالات ہیں۔

باسطیُوس (یو۔ مذکر) فوج کا افسر اعلیٰ۔ کمانڈر انچیف۔

باسق (ع- فاعل) ۱ اونچا (کھجور کا درخت) ۲ ایک شیریں زرد میوہ ۳ بغداد کے قریب ایک گاؤں۔

باسک- باسکی (ھ- بعض) وہ سانپ جس کے سر پر زمین کھڑی ہے- اور جس کو سمندر دوہنے کے لئے بطور رسّی کے استعمال کیا گیا تھا۔

باسِل (ع- صفت) ۱ مضبوط آدمی ۲ شجاع ۳ شیر ببر۔

باسلیقی (ع- مونث) بازو کی سب سے بڑی رگ۔

باسلیقون (ع- مونث) سیاہی روشنائی- کجل- سُرمہ۔

باسن (ہ- مذکر) برتن- ظرف- بھانڈا برتن- رکابی۔

باسن- باسنا (ھ- مذکر مونث) خوشبو- مہک- باس- **باسنا** (متعدی) خوشبو میں بسانا- خوشبودار کرنا۔

باسور (ع- مونث) ایک مرض جس میں زاید گوشت ناک میں یا مقعد میں ہوجاتے ہیں- اس کی جمع بواسیر ہے۔

باسی (ہ- صفت) ۱ بو دار- بساندہ والا ۲ تازہ کی ضد- رات کا بچا ہوا ۳ مرجھایا ہوا ۴ رہنے والا- بسنے والا (س واس لو) **باسی تباسی** (صفت) دو تین دن کا رکھا ہوا رکھانا) **باسی عید** (مونث) عید کا دوسرا روز- شرو- **باسی کڑھی کا اُبال** (مذکر) بے فائدہ غصّہ یا جوش **باسی کوسی** (صفت) باسی- **باسی کھانا** (مذکر) رات کا بچا ہوا کھانا ۲ (متعدی) ناشتہ کرنا- رات کا بچا ہوا کھانا- **باسی گھر ڈالنا** (متعدی) گھر میں صفائی نہ کرنا گھر صاف ستھرا نہ کرنا- **باسی مُنہ** (مذکر) ۱ نہ دھویا ہوا مُنہ- خالی پیٹ ۲ (تف) بغیر مُنہ دھوئے نہار مُنہ **باسی والا**- رہنے والا- بسنے والا- **باسی ہونا** (لازم) ۱ بُسنا- ہو جانا- بساندہ چھوڑنا۔

امثال و اقوال- باسی بچے نہ کُتا کھائے- جو پاس ہو خرچ کر ڈالنا- سخت غریبی میں ہونا- **باسی بھات میں اللہ میاں کا کیا** (کون) تھوڑا- ناقص چیز میں احسان جتانا- **باسی کڑھی اُبلی**- پھر گئی گزری بات نے سر اٹھایا- **باسی کڑھی میں (کو) اُبال آیا** ۱ بے وقت کام ہونا ۲ بڑھاپے میں جوانی کی وضع ہے- چھوٹے ہوئے کام کا پھر ہونا- پُرانی ملاقات کو تازہ کرنا- **باسی مُنہ چھو کا پانی اوگن کرے سب** (ہ) نہار منہ پانی پینا نقصان دیتا ہے **باسی پھولوں میں باس نہیں پردیسی بالم تیری آس نہیں- باسی گلوں میں باس نہیں دُور گئے کی آس نہیں**- دُور جانے سے محبت میں کمی آجاتی ہے۔

باسیل (ع- مذکر) انگریزی بیسیلس کا معرب- بیلن کی شکل کا کیڑا- جرثومہ۔

باش (ف- امر) بودن کا- ٹھہر- سُن- صبر کر ۲ رہ- ہو- رہو ۳ مرکبات کے اخیر میں- جیسے شاباش- خوش باش- **باشد** (تف) ہوا کرے- کیا پروا ہے۔

باشا (ہ- مذکر) باشہ۔

باشپ (س- مذکر) ۱ آنسو ۲ بھاپ ۳ ایک ترکاری ۴ لوہا ۵ گوتم بدھ کا ایک چیلہ۔

باشکل (س- مذکر) ۱ ایک گروہ ۲ ایک ادیت ۳ اُنہراد کا ایک بیٹا ۴ ایک خاندان کا نام ۵ (صفت) بڑا- عظیم۔

باشِندہ (ف- مذکر) ۱ رہنے والا- بسنے والا- باسی ۲ وہ شخص جو کسی شہر یا ملک کی حدود میں عام طور پہ رہتا ہو یا کاروبار رکھتا ہو یا جائداد کا مالک یا قابض ہو- **باشندگان** (مذکر) جمع باشندہ کی

باشہ (ف- مذکر) ایک قسم کا شکاری پرندہ- **باشین** (مونث) باشہ کی مادہ۔

باصِرہ (ع- مونث) دیکھنے کی قوت- بینائی (بَصَر- دیکھنا)

باصُور (ع- مذکر) وہ دوا جو آنکھ کو روشن کرے۔

باضع (ع- صفت) ۱ تیز یا کاٹنے والی (تلوار) ۲ (مذکر) بحرین کے قریب ایک جزیرہ۔

باطل (ع- صفت) ۱ جھوٹا- ناحق- غلط ۲ بے اصل- جعلی- نقلی ۳ بیکار- بے اثر- بیفائدہ ۴ لغو- بیہودہ ۵ ضائع- منسوخ (بُطل- جھوٹا ہونا) **باطل السحر** (صفت) جادو کو توڑنے والا- انسان یا کوئی چیز جیسے تعویذ- آیت وغیرہ- **باطل پرست** (صفت) کافر- مشرک- **باطل پرستی** (مونث) کفر- شرک- **باطل سمجھنا یا تصور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ جھوٹا ثابت ہونا ۲ منسوخ ہونا- زائل ہونا- رد ہونا- **باطلہ** (صفت- مونث) دیکھو باطل- **باطلی** (مونث) بیوقوفی- بیہودگی- خودپسندی- نمائش۔

باطن (ع- فاعل) ۱ خفیہ- پوشیدہ پنہاں ۲ اندرونی- اندر کا ۳ خدا کا نام ۴ (مذکر) اندرونہ اندر کا حصہ ۵ دل- خیال- ضمیر- طبیعت ۶ پوشیدہ یا نہاں چیز (بَطن- داخل ہونا) **باطن میں عداوت رکھنا** (متعدی) دل میں دشمنی رکھنا- **باطنی** پنہاں پوشیدہ- اندرونی- **باطنیہ** (مذکر) ۱ شیعوں کا ایک فرقہ- ان کے اعتقاد کے بموجب ہر ایک امر شرعی کا ظاہر کچھ اور ہے اور باطن کچھ اور ۲ تمام وہ فرقے جن کا یہ خیال ہے کہ قرآن شریف کی آیتوں کے ظاہری معنی کچھ اور ہیں اور اصلی اور- قرمطیہ- خرمیہ- اسماعیلیہ مسلمانوں کے اور مزدکیہ آتش پرستوں کے باطنیہ خیال کئے جاتے ہیں۔

باطیہ (ع- مذکر) ۱ ایک صورت کوکبہ ۲ برتن ۳ دلدل۔

باعث (ع- مذکر) ۱ وجہ- سبب- علت- موقع- مقصد ۲ موجد- مخترع- بانی- کارن ۳ اصل حقیقت- بنیاد ۴ خدا تعالےٰ کا ایک نام جس کے معنی مردوں کو زندہ کرنے والا ہیں ۵ (تف) وجہ سے- سبب سے (بَعث- بھیجنا) **باعثِ اشتعال** (مذکر) وہ امر جس کی وجہ سے کسی کو غُصّہ آجائے- **باعث رنج (و ملال) یا ناراضگی** (مذکر) رنج و ملال یا ناراضگی کی وجہ- **باعث کھُلنا** (لازم) وجہ ظاہر ہونا- **باعثِ لیل و نہار** (مذکر) ۱ خدا تعالےٰ ۲ سُورج- **باعثِ ننگ و عار** (مذکر) بدنامی اور شرم کا موجب- **باعثہ** (مونث) قوت محرکہ کی ایک قسم جو حرکت کا باعث ہوتی ہے۔

باعِد (ع- صفت) دُور- بعید۔

باغ (ف- مذکر) ۱ چمن- گلستاں- بوستاں- گلزار- پھلواری- باڑی- روضہ- ریاض- گارڈن ۲ درختوں کا جھنڈ ۳ بہشت- فردوس- جنّت ۴ آل اولاد- بال بچے ۵ دُنیا ۶ (ف) معشوق کا چہرہ **باغِ آہو** (مذکر) ہرات میں ایک باغ- **باغِ ابراہیم** (مذکر) مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ جب نمرود نے حضرت ابراہیم کو آگ میں ڈلوا دیا تو وہ آگ گلزار بن گئی- باغات

(مذکر) ۱ باغ کی جمع ۲ اصفہان میں ایک محلہ۔ **باغاتی**
باغاتی (صفت) ۱ باغ کی زمین کے متعلق۔ باغ کی
کاشت کے قابل ۲ (مونث) باغ کی پیداوار ۳ باغ
کی آمدنی ۴ محصول باغ۔ **باغِ ارم** (مذکر) شداد کا
باغ۔ **باغ باڑی** (مونث) ۱ دکھوڑ ۲ وہ کاغذی
باغ جو برات کے ساتھ لے جاتے ہیں۔ اور دُلہن کے
مکان کے پاس پہنچ کر لٹا دیتے ہیں۔ **باغ باغ**
(صفت) خوش۔ شاداں (ہو جانا ہونا کے ساتھ)
باغبان (مذکر) مالی گلچیں۔ باغ کا محافظ نخل بند
کاچھی۔ **باغبانِ ازل**۔ قدرت یا قضا و قدر
(مذکر) خدا تعالےٰ۔ **باغبانی** (مونث) ۱ مالی کا کام
یا عہدہ۔ باغ کی حفاظت ۲ درختوں اور پھولوں کے
بونے یا لگانے کا فن۔ **باغِ بُلبُل** (مذکر) اصفہان
میں ایک باغ۔ **باغ پیرا** (صفت) مالی۔ **باغِ
جناں** (مذکر) جنّت۔ بہشت۔ فردوس۔ **باغِ جوانی**
(مذکر) جوانی کو باغ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **باغِ
جوانی سے (کے) پھول چننا** (لازم) جوانی
کے لطف اُٹھانا۔ **باغچہ** (مذکر) چھوٹا باغ۔ چمن۔
باغچۂ سلیمانی (مذکر) وہ باغ جو طلسم اور جادو کے
زور سے دکھایا جائے۔ **باغِ خلیل** (صفت)
باغ ابراہیم۔ **باغِ دلکشا** (مذکر) تعلقہ علاقہ یزد
میں ایک باغ۔ **باغِ رضواں** (مذکر) بہشت۔
فردوس۔ جنّت۔ **باغِ سبز دکھانا** (متعدی) دھوکا
دینا۔ فریب دینا۔ لالچ دینا۔ **باغِ سپید** (مذکر) ۱
وہ باغ جس کی دیواریں سفید ہوں ۲ ایک باغ جو
نوشابہ نے بردع میں بنایا تھا۔ **باغِ شدّاد** (مذکر)
شداد نے ایک باغ بہشت بنایا تھا۔ اس کے دروازے کے آگے
گھوڑے سے اترتا ہوا مر گیا۔ **باغِ شیریں** (مذکر) بابد کا
چوتھا سر۔ **باغِ قالی یا قالیں** (مذکر) قالین پر جو پھول بوٹے
بُنے ہوئے ہوتے ہیں۔ **باغِ قدس** (مذکر) بہشت
باغِ کامرانی (مذکر) کامیابی کا باغ۔ خوش نصیبی۔
خوش قسمتی۔ **باغ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱
پھلوں پھولوں کے درخت لگنا ۲ رنگیں مضامین
تحریر ہونا ۳ رونق ہونا۔ **باغ میں سنّاٹا ہونا** (لازم)
گھر میں بے رونقی ہونا۔ **باغِ نسیم** (مذکر) کشمیر میں
ایک باغ۔ **باغِ نصیر** (مذکر) تعلقہ علاقہ یزد میں
ایک باغ۔ **باغِ نظر** (مذکر) کرمان میں ایک باغ
جس کے وسط میں ایک بڑی جھیل ہے۔ **باغ والا**
(مذکر) ۱ باغ کا مالک ۲ مالی۔ **باغوان** (مذکر) باغبان
باغ و بہار (مذکر) ۱ آراستہ۔ بارونق ۲ ایک کتاب
مصنفہ میرامن دہلوی جو اُردو میں قصوں کی غالباً پہلی
کتاب ہے۔ اور جو باوجود فارسی عربی کے الفاظ کی کمی
کے نہایت سلیس اُردو زبان میں لکھی گئی ہے۔ **باغِ
دُحُوش** (مذکر) چڑیا گھر۔ **باغہا** (مذکر) باغ کی جمع۔
بہت سے باغ۔ **باغِ ہزار درخت** (مذکر) ایک
باغ جو سلطان محمود نے غزنی میں لگوایا تھا۔ **باغیہ**
باغیچہ (مذکر) چھوٹا باغ۔ **باغیچی** (مونث) بہت
چھوٹا باغ۔ چھوٹا سا باغ جو گھر کے اندر لگایا جائے۔
مثل۔ باغ لگا نہیں منگتوں نے
ڈیرے ڈال دئے۔ فصل تیار نہیں ہوئی مانگنے
والے پہلے ہی آموجود ہوئے۔

باغچے سرائے (روس) جزیرہ نمائے
کریمیا میں ایک شہر۔

باغرہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کی کلغی۔
رسولی۔

باغی (ع۔ فاعل) ۱ بغاوت کرنے
والا۔ سرکش۔ نافرمان۔ منحرف ۲ مفسد۔ بدخواہ۔ غدر
کرنے والا (بغی۔ لالچ کرنا۔ جھوٹ بولنا) **باغی بیز**
بڑا بیز۔ **باغی کر دینا یا کرنا** (متعدی) منحرف کرنا
باغی کہلانا (متعدی) بغاوت کا الزام لگنا۔ **باغی
ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ منحرف ہونا۔ بغاوت کرنا ۲
ناخوش ہونا۔ ناراض ہونا۔ بگڑ بیٹھنا۔

باف (ف۔ صفت) ۱ بننے والا۔
جلاہا ۲ اسما کے آخیر میں آکر فاعل بناتا ہے جیسے
دریائی باف۔ بوریا باف (بافتن۔ بُننا) **بافت** (صفت)
۱ بافتہ ۲ (مذکر) بُنت ۳ پارچہ۔ جو چیز بنی جائے۔ **بافتہ**
(صفت) ۱ بنا ہوا ۲ (مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۳ کبوتروں
کا ایک رنگ ۴ مہیر کی طرح بنے ہوئے بٹن۔ **بافندگی**
(مونث) جلاہے کا کام۔ **بافندہ** (مذکر) جلاہا۔ بننے والا۔

بافق (ف۔ مذکر) یزد کے علاقے کا
ایک شہر جہاں شاعر وحشی پیدا ہوا تھا۔ **بافقی** (صفت)
۱ بافق کا رہنے والا ۲ شاعر وحشی کا لقب۔

باقر (ع۔ فاعل) ۱ عالم۔ فاضل۔
جید عالم ۲ (مذکر) شیر نر ۳ بیلوں کا گلہ (بقر۔ کاٹنا)
باقرخانی (مونث) ایک قسم کی روغنی روٹی جو باقرخاں
نے ایجاد کی تھی وہ میدے گھی۔ دودھ اور شکر سے
بنائی جاتی ہے۔

باقعہ (ع۔ مونث) مصیبت۔ آفت۔

باقل (ع۔ فاعل) ۱ وہ جس کی
مسیں بھیگ رہی ہوں ۲ (مذکر) ایک شخص جو اپنی
بیوقوفی اور سستی کے لئے مشہور تھا۔

باقلا (ع۔ مذکر) ایک پودا جس کی
پھلیاں ترکاری کے طور پر پکائی جاتی ہیں (بقل۔
بھگا ہوا) **باقلانی** (صفت) باقلا بیچنے والا ۲ دیکھو
ابوبکر باقلانی۔

باقور (ف۔ مذکر) ۱ مریخ بنگل ۲ ایک
آدمی کا نام۔

باقی (ع۔ صفت) ۱ بچا ہوا۔ رہا ہوا
۲ ہمیشہ رہنے والا۔ قائم۔ غیر فانی۔ موجود۔ زندہ ۳
واجب الادا۔ واجب الوصول ۴ خدا کا ایک نام ۵ (مونث)
بقایا۔ بچا ہوا یا رہا سہا حصہ ۶ بیشی۔ افزونی۔ زیادتی
(بقی۔ رہنا) **باقیات** (مونث) باقی کی جمع۔ بقائے۔
رقومات جو قابلِ وصول ہوں۔ **باقیاتُ الصالحات**
یا باقیات صالحات (مونث) ۱ صدقات جاریہ
۲ رفاہ عام کے کام ۳ نیک اولاد۔ **باقیات حال**
(مونث) موجودہ بقائے۔ **باقی ایام** (مذکر) ۱ باقی
عرصہ۔ بقایا وقت ۲ زندگی کا باقی حصہ۔ **باقی بچنا**
(لازم) دیکھو باقی رہنا۔ **باقی بیباق کرنا** (متعدی)
حساب بیباق کرنا۔ کل ادا کرنا۔ **باقی پڑنا** (لازم)
۱ بقایا ذمہ رہ جانا ۲ مالگزاری کا بیباق نہ ہونا۔ **باقی جمع**
(مونث) لگان کی رقم جو گزشتہ سالوں کی بابت ادا
نہ ہوئی ہو۔ **باقی چکانا** (متعدی) حساب بیباق کرنا۔
باقی حواس بھی جاتے رہنا (لازم) کچھ تو پہلے
ہی گھبرایا ہوا ہونا کچھ دوسرے کی ناراضگی کی وجہ سے
بالکل حواس قائم نہ رہنا۔ **باقی خزانہ** (مذکر) مالگزاری۔ کرایہ
یا محصول کا بقایا۔ **باقی دار** (صفت) جس پر کوئی مطالبہ
باقی ہو۔ **باقی دارد**۔ باقی پھر سہی۔ ابھی باقی ہے۔
باقی داری (مونث) بقایا رہنا۔ بقائے کا مقروض
رہنا۔ **باقی رہ جانا یا رہنا** (لازم) ۱ بچا ہوا ہونا
رہا ہوا ہونا۔ بقایا ہونا ۲ بلا ارادہ قرضہ رہ جانا۔
باقی ساقی (مونث) بیشی۔ بڑھتی۔ زیادتی۔ افزونی
باقی فرضی (مونث) برائے نام بقایا۔ بہت کم بچا
ہوا۔ **باقی ماندہ** (صفت) بقایا جو باقی رہے۔
باقی نکالنا (متعدی) ۱ کسی کے ذمہ کچھ قرضہ نکلنا ۲
باقی رقم نکالنا۔ **باقی نکلنا** (لازم) ۱ کسی سے بقایا
رقم لینا ۲ لگان کی باقی ماندہ رقم لینا۔

امثال واقوال - باقی کا مارا
گاؤں اور جلبوں کا مارا چولھا اور اولوں
کا مارا کھیت پنپتا ہی نہیں) جس گاؤں
کی مالگزاری پوری ادا نہ ہوئی ہو اور جس چولھے میں
سے سارا دن جلبیں بھری جائیں یا جس کھیت پر
اولے پڑیں کبھی اچھی حالت میں نہیں ہوتے -
باقی گھر میں اللہ اللہ خیر سلا - گھر میں ذرا سی
شے بھی نہیں - باقی نام اللہ کا - خدا کے سوا
کوئی زندہ رہنے والا نہیں سب نے مرجانا ہے -

باک (ف - مذکر) ۱ ڈر خوف - اندیشہ
ہراس - دہشت - فکر ۲ خطرہ -

باک (ہ - مذکر) ۱ لفظ - گفتگو - زبان
بولی ۲ کہاوت - مثل - محاورہ ۳ گاؤں کی پیداوار کا
اندازہ ۴ دیکھو باکھ - باکیہ (مذکر) باک - لفظ - بول
وغیرہ -

باکرہ (ع - مونث) ۱ دوشیزہ -
درناسفتہ - کنیا - جس کی بکارت ابھی قائم ہو وہ
عورت جس کے ساتھ ابھی مرد نے جماع نہ کیا ہو ۲
کنواری - دوشیزہ (بکر - دوشیزگی)

باکس (ہ - مذکر) باسا - ایک پودا
جس کی لکڑی کو جلا کر کوئلہ بارود بنانے کے کام
میں لاتے ہیں -

باکلی (ہ - مونث) ۱ اُبلا ہوا اناج
۲ دیکھو باکھڑی -

باکند (ہ - مذکر) فصل کا تقریباً ۱/۵
حصہ جو مزارعوں کو دیتے ہیں -

باکورہ (ع - مذکر) پہلے پھل -

باکھ (ہ - مذکر) مویشی کے تھنوں کا
اُوپر کا حصہ - اَین - ہوانا - کھیری -

باکھر - باکھل (ہ - مذکر) ۱ مویشی
کا باڑ ۲ مکان - بہت سے مکان - ایک احاطے میں
۳ احاطہ - صحن - آنگن ۴ اوزاروں کا تھیلا ۵ ایک
دوائی ۶ ایک قسم کا ہل یا بیلچہ جس میں بیل جتتے ہیں
اور جو زمین کے اُوپر کے سخت حصے کو کھودنے یا
جنگلی بوٹیاں اکھاڑنے کے کام آتا ہے -

باکھڑی - باکھلی (ہ - مونث) ۱
بچھیا جس کے تھن بڑھ آئے ہوں ۲ گائے یا
بھینس جو پانچ مہینے سے حاملہ ہو یا پانچ مہینے
سے بچّہ دے چکی ہو ۳ بچھیا یا کاٹیا -

باگ (ہ - مونث) ۱ عنان - لگام -
راس - وہ تسمہ جس کا ایک سرا سوار کے ہاتھ میں اور
ایک گھوڑے کے دہانے میں رہتا ہے - (س رنگا)
۲ تلوار کا سرا ۳ باگھ - شیر (س باگھ) باگ اٹھانا
(متعدی) چل پڑنا - روانہ ہونا - گھوڑا دوڑانا - باگ
اٹھنا (لازم) گھوڑے کا چل پڑنا یا دوڑنا - باگ
پکڑائی (مونث) ۱ ایک رسم ہندوؤں میں - دولھا کے
گھوڑے کی باگ داماد پکڑتے ہیں جنہیں نیگ یا صلہ
ملتا ہے ۲ نیگ یا صلہ جو دیا جائے - باگ پکڑنا
(متعدی) ۱ سوار کا باگ کو ہاتھ میں لینا ۲ کسی اور آدمی
کا گھوڑے کو روکنے کے لئے باگ کو پکڑنا ۳ باگ
پکڑائی کی رسم ادا کرنا - باگ پھرنا (لازم) ۱ باگ مڑنا
۲ متوجہ ہونا - اشارہ ہونا - باگ پھیرنا (متعدی)
باگ موڑنا - باگ چھوڑ دینا یا چھوڑنا (متعدی)
گھوڑے کو اس کی مرضی پر چلنے دینا ۲ نگرانی چھوڑ دینا -
آزادی دے دینا - باگ دینا (متعدی) گھوڑے
کے منہ میں لگام دینا ۲ باگ ڈھیلی کرنا - باگ ڈال
دینا (متعدی) باگ چھوڑ دینا - باگ ڈور (مونث)
وہ رسی جو گھوڑے کی گردن میں رہتی ہے - اور سوار
اُترے تو سائیس اس کو پکڑ لیتا ہے یا گھوڑے کو
اس کے ساتھ کسی چیز سے باندھ دیا جاتا ہے -
باگ ڈھیلی کرنا یا چھوڑنا (متعدی) باگ چھوڑ
دینا - باگ روکنا (متعدی) گھوڑا کھڑا کرنے کے
لئے باگ کھینچنا - گھوڑا کھڑا کرنا - باگ سنبھالنا
(متعدی) سوار کا چلنے کے لئے تیار ہونا - باگ
کھینچنا (متعدی) باگ زور سے روکنا - باگ کی
برداشت نہ ہونا (لازم) گھوڑے کو باگ ناگوار ہونا
باگ گیر (مذکر) باگیر - سائیس - گھوڑا پکڑنے والا
شخص - باگ لینا (متعدی) باگ اٹھانا - باگ پکڑنا
باگ مڑنا (لازم) ۱ لگام پھرنا - گھوڑے کا مڑنا
۲ چابک کے داؤں کا مرجھانا - توجہ دوسری طرف
ہوجانا - باگ موڑنا (متعدی) ۱ گھوڑے کا رُخ
دوسری جانب کرنا - لگام پھیرنا - گھوڑے کو موڑنا
۲ توجہ دوسری جانب کرنا - باگوں (مونث) باگ
کی جمع حروف مغیرہ سے - باگ ہاتھ سے چھوٹنا
(لازم) ۱ بے قابو ہوجانا - موقعہ ہاتھ سے جاتا رہنا
۲ گھبرا جانا - بے اختیار ہوجانا - باگ ہاتھ سے
چھوڑ دینا (متعدی) باگ چھوڑ دینا - باگ ہاتھ
میں چھوڑ دینا (متعدی) اختیار دے دینا - باگیں
(مونث) باگ کی جمع - باگیں اٹھانا (متعدی) اس طرح
باگ پکڑنا کہ ہاتھ زین کو نہ لگے -

باگا (ہ - مذکر) ۱ کپڑے - پوشاک -
خلعت ۲ دولہا کا جوڑا ۳ اردو میں جوڑے کے بعد
استعمال ہوتا ہے - جیسے جوڑے باگے -

باگر (ہ - مذکر) کانٹوں یا ٹہنیوں کی
باڑ - راجپوتوں کا ایک علاقہ مالوے میں - باگری -
باگر کا باشندہ - باگر کا -

باگڑ (ہ - مذکر) ۱ گلۂ آہو ۲ مالوے
میں راجپوتوں کا ایک علاقہ - باگڑ بلّا (مذکر) ایک قسم
کا بڑا بلّا - باگڑ اصل میں باگھ کا بگڑا ہوا ہے - باگڑی
(صفت) ۱ باگڑ کا ۲ باگڑ کا باشندہ -

باگم (ہ - مذکر) زمین زیر کاشت -

باگھ (ہ - مذکر) شیر - شیر ببر - چیتا
(س ویدھ - زخمی کرنا) باگھا (مذکر) باگھ - باگھمبر
(مذکر) شیر کی کھال - باگھ بکری (مونث) لڑکوں کا
ایک کھیل - باگھ کا بچّہ (مذکر) شیر کا بچہ - باگھ نکھ
یا نک (مذکر) ۱ چاند کی طرح مڑے ہوئے شیر کے
ناخن جو بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لئے پہناتے
ہیں ۲ ایک قسم کا فولادی ہتھیار جس کی قطع شیر کے
ناخن کی سی ہوتی ہے - باگھن - باگھنی (مونث)
شیرنی - چیتے کی مادہ -

امثال واقوال - باگھ بکری
ایک گھاٹ پانی پیتے ہیں - نہایت امن وانصاف
کی حکومت ہے - سب سے ایک سا سلوک ہے -
باگھ کی خالہ (ہاسی) بلّی (بلائی) ایک ہی قسم
کے ہیں - ایک ہی نسل سے ہیں - باگھ ماندی میں
ڈالا بلی دیکھ ڈرے - (ع) ایک زمانے میں بہت
طاقتور ہستی اب بہت کمزور ہوگئی ہے - باگھوں کا
منہ کس نے دھویا - جب کسی سے پوچھا جائے
کہ ہاتھ پاؤں دھو لیا اور اس نے نہ دھویا ہو - تو وہ
مذاقاً کہتا ہے -

باگھی (ہ - مذکر) وہ گرہ جو زخم یا سوزاک
کی وجہ سے پٹھوں میں پڑ جاتی ہے -

باگیسری (ہ - مونث) ایک راگنی -

بال (انگ۔ مذکر) ۱ گیند ۲ ناچ۔
بال دینا یا کرنا (متعدی) گیند پھینکنا۔ **بالر** (مذکر) وہ آدمی جو کرکٹ کے کھیل میں گیند پھینکے۔
بال (ہ۔ مونث) ۱ لڑکی۔ بچی کنیا ۲ اناج کا خوشہ۔ بالی۔ **بال آنا** (لازم) خوشہ نکلنا بالی پیدا ہونا۔ **بال رکھا** (لازم) چوکیدار۔ جو پکے ہوئے اناج پر پہرہ دے ۲ مچان جس پر چوکیدار بیٹھتا ہے۔ **بال رکھائی** (مونث) ایسے چوکیدار کی تنخواہ۔
بال (ہ۔ مذکر) ۱ بچہ۔ لڑکا۔ نوجوان طفل۔ نابالغ لڑکا ۲ مو۔ رواں۔ رونگٹا گیسو۔ پشم ۳ سر کا دھاگا ۴ (مونث) گیہوں۔ جو۔ چاول۔ باجرہ وغیرہ کا خوشہ ۵ وہ گولی جو گولیاں پھینکتے وقت سب سے نالے پر ہو ۶ خط۔ لکیر دراڑ رس وال۔ بال۔ بل زندہ رہنا۔ **بال آنا** (لازم) ۱ بال پیدا ہونا۔ بال نکلنا شیشے چینی یا دھات کے برتن یا تلوار میں ٹوٹنے کا خط پڑنا دراڑ پڑنا۔ **بال اُتر جانا یا اُترنا** (لازم) ۱ بالوں کا از خود گرنا۔ بال جھڑ جانا ۲ موتراشی ہونا۔ مونڈا جانا۔ مونڈن ہونا۔ **بال اُکھاڑنا** (متعدی) جسم کے بال نوچنا۔ **بال اُکھڑنا** (لازم) بال نوچے جانا۔ **بال اُگنا** (لازم) بال پیدا ہونا۔ **بال اَوستھا** (ہ) بچپن۔ طفلی۔ نوجوانی۔ عہد طفلی۔ **بال بال** (تف) ۱ ہر ایک بال۔ مو بمو بالکل۔ کلم بسر سے پاؤں تک ۲ بہت تھوڑے فرق سے۔ ذرا سے تفاوت سے۔ بمشکل بشکل سے۔ وقت سے
بال بال بچانا (متعدی) **بچنا** (لازم) بہت قریب سے یا تھوڑے فرق سے بچ جانا ۲ صدمے سے بالکل محفوظ رہنا۔ **بال بال بندھنا** (لازم) اچھی طرح جکڑ جانا۔ بری طرح پھنسنا۔ **بال بال خطادار** (تف) بحد خطاوار۔ **بال بال دشمن ہونا** (لازم) ہر ایک دشمن ہو جانا۔ **بال بال گج موتی پرونا** (متعدی) آراستہ ہونا۔ بالوں میں نہایت اعلےٰ قسم کے موتی پرونا۔ **بال بال گنہگار** (صفت) سراپا گناہوں سے آلودہ۔ **بال بال میں موتی ہونا** (لازم) نہایت آراستہ ہونا۔ **بال بال مجرم** (لازم) بحد خطاوار۔ **بال بال موتی پرونا** (متعدی) نہایت آراستہ ہونا۔ **بال باندھا** (صفت) ۱ ٹھیک۔ درست۔ صحیح ۲ یقینی۔ تیر بہدف ۳ ماہر۔ مشاق۔ ہوشیار ۴ تابع۔ فرمانبردار۔ مطیع۔ **بال باندھا چور** (مذکر) مشاق چور۔ ماہر چور۔ **بال باندھا غلام** (مذکر) تابعدار۔ فرمانبردار۔ ملازم۔ اشارے پر کام کرنے والا۔
بال باندھا نشانہ اُڑانا (متعدی) **اُڑنا** (لازم) نشانہ تیر بہدف لگنا۔ کبھی نشانہ نہ خطا نہ لگنا۔ **بال باندھے** (تف) ۱ ٹھیک۔ درست ۲ یقینی۔ تیر بہدف۔ **بال باندھی کوڑی اُڑانا** (متعدی) ۱ ٹھیک نشانہ لگانا ۲ ایسی احتیاط سے کام کرنا کہ خطا نہ ہو۔ **بال بانکا ہونا** (لازم) بال بیکا ہونا۔ **بال بچوں والی** (مونث) ۱ اولاد والی عورت ۲ سیتلا دیوی۔ چیچک۔ **بال بچہ ہونا** (لازم) لڑکا بالا ہونا۔ وضع حمل ہونا۔ اولاد ہونا۔ **بال بچہ ہونے والا ہے**۔ امید داری ہے۔ حمل ہے۔ **بال بر** (صفت) حجام نائی۔ **بال برابر** (صفت) ۱ نہایت باریک ۲ ذرا۔ خفیف۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ نہایت تھوڑا سا۔ **بال برابر فرق نہ ہونا** (لازم) بالکل فرق نہ ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔ **بال برابر لگی نہ رہنا** (لازم) ذرا بھی کوتاہی نہ کرنا۔ کوئی کسر باقی نہ رکھنا۔ **بال بڑھانا** (متعدی) بالوں کا لمبا ہونے دینا۔ **بال بڑھنا** (لازم) بال لمبے ہونا **بال بکھرنا** (لازم) بال پریشان ہونا۔ **بال بکھیرنا** (متعدی) بال چھٹکنا۔ بال پریشان کرنا۔ **بال بگڑنا** (لازم) بالوں کا پریشان ہونا۔ **بال بنانا** (متعدی) چوٹی گوندھنا۔ بالوں کو آراستہ کرنا۔ خط بنانا۔ حجامت بنانا۔ **بال بھر** (صفت) ذرا سا۔ خفیف سا۔ **بال بھر کا فرق نہ ہونا** (لازم) ذرا سا بھی اختلاف نہ ہونا۔ بالکل ایک جیسا ہونا۔ **بال بھونری** (مونث) گھوڑے کا ایک نقص۔ **بال بیکا ہونا**۔ نقصان ہونا۔ صدمہ پہنچنا۔ **بال پالنا** (لازم) بالوں کو لمبا کرنا۔ **بال پریشان کرنا** (متعدی) بال کھول دینا۔ بال چھٹکنا۔ ماتم کا نشان ہے۔ **بال پریشان ہونا** (لازم) بال کھل جانا بال بکھر جانا۔ **بال پڑنا** (لازم) بال آنا۔ **بال پکنا** بالوں کا سفید ہو جانا۔ **بال پن یا پنا** (مذکر) بچپن۔ طفلی۔ **بال پھیلانا** (متعدی) غسل کے بعد بالوں کو خشک کرنے کے لئے پریشان کرنا۔ **بال پی جانا** (لازم) پانی یا کسی مائع کے ساتھ بال نگل جانا۔ **بال توڑ** (مذکر) وہ پھنسی جو بال ٹوٹ جانے سے ہوتی ہے۔ **بالی تو نہیں آئے** (رفت) اس کو کہتے ہیں جو اپنی حیثیت سے زیادہ چاہے۔ **بال ٹیڑھا ہونا** (لازم) بال بیکا ہونا۔ **بال جمنا** (لازم) بال پیدا ہونا۔ کسی جگہ نئے بال ظاہر ہونا۔ **بال جھاڑنا** (متعدی) کنگھی کرنا۔ بالوں کو جھٹکنا۔ **بال جھڑنا** (لازم) بالوں کا خود بخود ٹوٹ جانا۔ **بال چکٹ** (لازم) بالوں کا میل سے چپٹنے لگ جانا۔ **بال چنوانا** (لازم) موچنے سے بال اکھڑوانا۔ **بال چننا** (لازم) موچنے سے بال اکھیڑنا۔ **بال چھتری** (مونث) ۱ انسان کی چندیا کے بال ۲ کبوتروں کی چھتری ۳ شاہجہانی پگڑی۔ **بالچھڑ۔ بال چھڑ** (مذکر) سنبل الطیب۔ ایک خوشبودار گھاس کا نام جو دواؤں میں کام آتی ہے۔
بال خورا (مذکر) ایک بیماری جس سے بال گر جاتے ہیں۔ انسانوں حیوانوں دونوں کو ہوتی ہے۔ **بالدا** (صفت) روئیں [illegible] کے بدن پر بہت سے بال ہوں ۲ لوٹا ہوا۔ **بال دھوپ میں سفید نہیں کئے ہوئے**۔ نا تجربہ کار نہیں ہوں۔ **بال دھلوانا** (م) کسی دوسرے سے بالوں کو پانی سے صاف کروانا۔ **بال دھونا** (متعدی) پانی اور صابن وغیرہ سے بالوں کو صاف کرنا۔ **بال دینا** (متعدی) ۱ (ہندو) کریا کرم کرنے سے پہلے نعش کے وارثوں کا بال منڈوانا ۲ (مسلمان) عورتوں کا تعزیہ کے سامنے بالوں کو آگے پیچھے جھٹکا کر ماتم کرنا۔ **بال ڈالنا** (متعدی) خط ڈالنا نشان ڈالنا۔ **بال رکھا** ۱ چٹائی کی اونچی نشست جس پر بیٹھ کر کھیت کی حفاظت کی جاتی ہے۔ وہ اجرت جو تیار غلے کی حفاظت کرنے والے کو دیتے ہیں۔ **بال رکھنا** (متعدی) ۱ بالوں کو بڑھنے دینا ۲ منت کے طور پر بال کھلے چھوڑ دینا اور ان کو بڑھنے دینا۔ **بال سکھانا** (متعدی) تر بالوں کو خشک کرنا۔ **بال سفید ہونا** (لازم) ۱ سیاہ بالوں کا سفید ہو جانا ۲ بوڑھا ہو جانا۔ **بال سلجھانا** (متعدی) ۱ الجھے ہوئے بالوں کو کھولنا اور صاف کرنا ۲ کنگھی کرنا۔ **بال سلجھنا** (لازم) بالوں کا الجھاؤ جاتا رہنا۔ **بال سے باریک** (صفت) بہت مہین بہت دُبلا نہایت لاغر۔ **بال سے پتلا** (صفت) بال سے زیادہ باریک۔ **بال سے کھال جدا کرنا** (متعدی) باریک بات نکالنا۔ نکتہ نکالنا۔ قریبی عزیزوں میں فساد ڈلوانا۔ **بال صاف کرنا** (متعدی) بال مونڈنا۔ **بال صفا** (صفت) وہ دوائی جس سے بال صاف کئے جاتے ہیں۔ **بال کا پھندا** (مذکر) بال کا وہ حلقہ جس سے چڑیاں پکڑتے ہیں۔ **بال کا کمبل بنانا** (متعدی) بحد مبالغہ کرنا۔ چھوٹی سی بات کو بڑا کر دکھانا **بال کترنا** (متعدی) قینچی سے بال کاٹنا۔ **بال کتروانا** (متعدی) قینچی سے بال کٹوانا۔ **بال کمانی** (مونث)

گھڑی کے اندر نہایت باریک تار کی کمانی۔ بال کھا جانا (متعدی) بال نگل جانا۔ خیال ہے کہ ایسا کرنے سے گلے میں درد ہو جاتا ہے۔ بال کھچڑی ہونا (لازم) سیاہ بالوں سے سفید بال زیادہ ہونا۔ بال کھڑے ہونا (لازم) رونگٹے کھڑے ہونا۔ سردی یا خوف سے ایسا ہوتا ہے۔ بال کھسوٹنا (متعدی) بالوں کا پکڑ کر کھینچنا۔ بال نوچنا۔ بال کھلنا (لازم) بالوں کا خود بخود پریشان ہو جانا۔ جُوڑا کھل جانا بال کھولنا (متعدی) جوڑا کھولنا۔ عورتوں کا ماتم کے وقت بال کھول دینا۔ بال کی بھیڑ بنانا (متعدی) بہت مبالغہ کرنا۔ پر کا کوا بنانا۔ بال کی کھال کھینچنا (متعدی) ۱ باریکیاں نکالنا۔ نقص نکالنا ۲ بہت چھان بین کرنا۔ تحقیقات کرنا ۳ تکلیف دینا ایذا پہنچانا۔ بال کی کھال نکالنا (متعدی) تحقیقات کرنا۔ باریکیاں نکالنا۔ موشگافی کرنا۔ بال گندھانا یا گندھوانا (متعدی) بالوں کی چوٹی بنوانا۔ بال گوندھنا (متعدی) چوٹی بنانا۔ بال گوپال (مذکر) بچے۔ لڑکے بالے۔ چیلے چانٹے۔ بال لینا (متعدی) بال نوچنا۔ بال اُکھاڑنا۔ بال مونڈنا۔ بال مسے پر باندھنا (متعدی) اس سے مسا آہستہ آہستہ کٹ کر خشک ہو جاتا ہے۔ اور گر جاتا ہے۔ بال مونڈنا (متعدی) بالوں کو استرے سے صاف کرنا۔ بال مونڈوانا (متعدی) بال اُسترے سے صاف کرانا۔ بال میں گرہ پڑ جانا یا پڑنا (لازم) مشکل پیش آنا۔ کسی امر کا دقت طلب ہونا۔ بال نوچنا (متعدی) بال اُکھاڑنا۔ غم و رنج یا دیوانگی میں بالوں کو کھینچنا بال نہ جمنا (لازم) بال پیدا نہ ہونا۔ بالوں کا پیچ و تاب (مذکر) گندھی ہوئی چوٹی جو سر پر لپیٹی جاتی۔ بال ہتیارہ (مذکر) بچہ کش۔ بچوں کو قتل کرنے والا۔ بال ہٹ (مونث) بچوں کی ضد۔ لڑکپن کی ضد۔

امثال و اقوال۔

بال جنجال بال سنگار۔ بال باعث تکلیف بھی ہوتے ہیں اور انسانی خوبصورتی بھی ہیں۔ بال جنجال پلے تو پال نہیں تو مونچھوں کو ٹال۔ بالوں کو اگر اچھی طرح رکھ سکتے ہو تو رکھو نہیں تو منڈوا دو۔ بال کترنے سے مردہ ہلکا نہیں ہوتا۔ اگر تھوڑا سا بوجھ کم ہوا تو کیا ہوا۔ اگر تھوڑی سی مصیبت ٹلی تو کیا ہوا۔ اگر بڑے ذخیرے میں سے تھوڑا سا لے لیا تو کچھ فرق نہیں پڑتا۔ بال کی کھال ہندی کی چندی۔ نہایت باریکیاں نکالنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ بال مُنڈاتے ہی اولے پڑے۔ کام کی ابتدا ہی میں مشکل پڑی۔ بالوں کی سیاہی گئی دل کی چاہ نہ گئی بوڑھے ہو کر بھی عشق نہ چھوڑا۔ بالوں ہاتھ چھینالا اور کاگوں ہاتھ سندیسا (مذکر) دونوں فضول ہیں بچہ بچپن کی وجہ سے اور کوا عادت کی وجہ سے پیغام نہیں پہنچا سکتا۔ بال ہٹ، تریا ہٹ راج ہٹ بچے۔ عورت اور بادشاہ کی ضد بڑی سخت ہوتی ہے۔

بال (ع۔ مذکر) ۱ حالت کیفیت طور۔ وضع ۲ دل۔ اُردو میں فارغ البال کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

بال (ف۔ مذکر) ۱ پرندے کا بازو پنکھ۔ شاہ پر ۲ پر۔ بال افشاں یا فشاں (صفت) پر پھیلائے ہوئے۔ بال افشانی یا فشانی (مونث) پر پھیلانا یا گرانا۔ بال و پر (مذکر) ۱ بازو اور پر پر پرزے ۲ وسیلہ۔ ذریعہ۔ بال و پر نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) ۱ پر پرزے نکلنا۔ اُڑنے کے قابل ہونا ۲ ہوش سنبھلنا۔ طاقتور ہونا ۳ شرارتی ہونا فتنہ انگیز ہونا ۴ نو دولت ہو کر خوب خرچ ہونا۔ بال و پر شکستہ (صفت) بازو ٹوٹا ہوا۔ ناچار۔

بال (س۔ صفت) ۱ بچہ جو ابھی جوان نہ ہوا ہو ۲ ابھی طلوع ہوا ہوا (سورج) ۳ نیا بڑھتا ہوا (چاند) ۴ غافل۔ جاہل ۵ طفلانہ ۶ خالص ۷ (مذکر) بچہ۔ لڑکا۔ طفل۔ بالک۔ خصوصاً جو پانچ سال سے کم عمر کا ہو ۸ نابالغ لڑکا ۹ کوئی کم عمر جانور ۱۰ گھوڑے کا بچہ ۱۱ پانچ برس کا ہاتھی ۱۲ ایک راکھشس ۱۳ ایک راجہ۔ بالا (مونث) ۱ لڑکی۔ طفلک ۲ نوجوان عورت جو ۱۶ سال سے کم عمر ہو ۳ چھوٹی الائچی ۴ دالن اور سگریو کی ماں جس کو پراجپتی نے اس کی مٹی سے بنایا تھا جو اس کی آنکھ میں پڑ گئی تھی ۵ گرمی۔ بالا چار یہ (مذکر) ایک گرد۔ بالادتیہ (مذکر) ۱ نیا چڑھا ہوا سورج ۲ کئی راجاؤں کا نام۔ بالادیکشت (مذکر) ایک مصنف۔ بال بُدھ (مونث) بچے کی سی عقل۔ کم عقل۔ بال بدھوا (مونث) وہ عورت جو بچپن میں بیوہ ہو جائے۔ بال بندھن (مذکر) ایک دیت۔ بال بھارت (مذکر) ایک کاویہ۔ ایک چھوٹا ایک ناٹک۔ بال بھوگ (مذکر) بچوں کے نام کی بھینٹ جو صبح کے وقت دی جاتی ہے۔ بال پنڈت (مذکر) ایک مصنف۔ بال چرتر (مذکر) ۱ بچوں کا کھیل کود ۲ کرشن جی کی بچپن کی داستانیں۔ بال چندکا (مونث) ایک عورت کا نام۔ بال دیو (مذکر) ایک مصنف۔ بال راج (صفت) لاجورد۔ بال رامائن (مذکر) ایک ناٹک مصنفہ راجہ شیکھر۔ بال رنجنی (مونث) بچوں کی ایک صرف و نحو کی کتاب مصنفہ بال شاستری۔ بال روپ (صفت) ۱ بچے کی شکل کا ۲ (مذکر) ایک مصنف۔ بال روپ دھر (مذکر) شوجی۔ بال سرسوتی بال سنہہ بال شاستری بال شرس (مذکر) مصنفوں کے نام۔ بال کانڈ (مذکر) رامائن کا پہلا باب۔ بال کاویہ (مذکر) ایک نظم۔ بال کرشن (مذکر) ۱ بچہ کرشن جی ۲ کئی مصنفوں اور دیگر اشخاص کے نام بال کوی (مذکر) ایک مصنف۔ بال گرہ (مذکر) ایک دیت۔ بال گوپال (مذکر) ۱ کرشن جی ۲ ایک مصنف ۳ بچوں کو کہتے ہیں۔ بال گوپال تیرتھ (مذکر) بھینتی کا گرو۔ بال گوپال متیندر (مذکر) ایک مصنف۔ بال گوری تیرتھ (مذکر) شری مالہ میں ایک نہانے کا تیرتھ۔ بال گووند (مذکر) ایک مصنف بال گھات (مذکر) بچے کا قتل۔ بال گھاتک (مذکر) بچوں کا قاتل۔ بالم بھٹ (مذکر) ایک مصنف۔ بال لیلا (مونث) دیکھو بال چرتر۔ بال مکند آچاریہ (مذکر) ایک مصنف۔ بال ورت (مذکر) بدھ) سنت منجشری کا نام۔ بال ویاکرن (مذکر) بچوں کی ایک صرف و نحو کی کتاب۔ بال ہتیا (مونث) بچوں (مونث) بچوں کا قتل۔ بالیشور (مذکر) ایک مصنف۔

بالُ (ن۔ مذکر) دیکھو بالک۔

بالا (ہ۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ بچہ۔ ان معنوں میں اُردو میں لڑکا بالا کے ساتھ مستعمل ہے ۲ ایک کیڑا جو گیہوں اور جو کے پودوں کو کھا لیتا ہے ۳ ایک خوشبودار پودا ۴ ایک قسم کا کان کا زیور جو گول اور بہت بڑا ہوتا ہے ۵ (صفت) بچوں کا سا۔ طفلانہ ۶ ناسمجھ نادان (س بالک)۔ بالا بھولا (صفت) بچوں کی طرح کا۔ بھولا بھالا۔ سادہ۔ معصوم۔ بالاپن (مذکر) بچپن۔ کم عمری۔ بالا پہنانا (متعدی) پہننا

(لازم) ۱: بالا ۲: کان میں ڈالنا ۳: حلقہ بگوش ہونا - مطیع ہونا - **بالا تپ** (مذکر) سورج کی کرنیں - **بالا چاند** (مذکر) ہلال - **بالا جوبن** (مذکر) اٹھتی جوانی - جوانی کا حسن - نوجوانی - **بالی** (مونث) ۱: کان کا ایک زیور - چھوٹا بالا ۲: کم عمر لڑکی - بھولی اور کنواری کے ساتھ مستعمل ہے ۳: خوشہ ۴: تہ ہونے والے دروازے کا کواڑ ۵: کھجور کے درخت کا پتا مع غلاف ۶: عورت کے سر کے چھوٹے بال جو بڑھتے نہیں - **بالے** (مذکر) ۱: بالا کی جمع ۲: بجائے بالا حروف مغیرہ سے پہلے - **بالی بھولی** (مونث) ۱: چھوٹی کم عمر لڑکی ۲: بیوقوف کم عمر عورت - **بالے بھولے** (مذکر) ۱: کم عمر بچے - ننھے بچے - **بالی پتے** (مذکر) پتوں کی شکل کے جڑاؤ آویزے جو بالیوں میں لٹکاتے ہیں - **بالی پن** (مذکر) **بالی عمر** (مذکر) لڑکپن - بچپن - کم سنی - **بالی کی سونٹیا** (مونث) وہ چھوٹے اور سخت ریشے جو گیہوں اور جو کے خوشوں کے گرد ہوتے ہیں - **بالے کی مچھلی** (مونث) مچھلی کی شکل کا زیور جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں -

بالا رف - مذکر) ۱: اوپر - اوپر کا حصہ - چوٹی ۲: قد - قامت ۳: دھوکا - حیلہ - بہانہ - فریب ۴: (صفت) اونچا - بلند - مرتفع - دراز ۵: آگے - سامنے ۶: غالب - ترجیح رکھنے والا ۷: اوپر گزرا ہوا - اوپر لکھا ہوا - **بالا بالا** (ظرف) ۱: الگ الگ - علیحدہ علیحدہ - اوپر ہی اوپر - خفیہ - چپکے چپکے - **بالا بالا جانا** (لازم) ۱: اوپر اوپر جانا ۲: خفیہ جانا - پوشیدہ جانا ۳: الگ سلاگ جانا ۴: بے نتیجہ ہونا - بے اثر ہونا - خالی جانا ۵: بڑے افسروں کو جا ملنا - بڑے افسروں کی معرفت جانا - بڑے افسروں کا براہ راست ایک دوسرے کو کاغذات وغیرہ بھیج دینا - **بالا بتانا - بالا بتا دینا** (متعدی) ۱: دھوکا دینا - فریب دینا ۲: بہانہ کرنا - حیلہ کرنا - ٹالنا - **بالا بر** (مذکر) انگرکھے کا وہ حصہ جو آگے کی کلی سے نکلا ہوا ہوتا ہے - اور دامن کے نیچے چھپا رہتا ہے - **بالا بند** (مذکر) ۱: وہ گوشوارہ جو پگڑی کے اوپر رہتا ہے - سرپیچ - سربند ۲: ایک قسم کی پگڑی ۳: ایک قسم کا لحاف - ایک قسم کا کوٹ - **بالا بلند** (صفت) ۱: بلند قد والا ۲: معشوق - **بالا پوش** (صفت) ۱: پلنگ پوش ۲: سب سے اوپر پہننے کا جبہ - اوور کوٹ - **بالا تر** (صفت) زیادہ اونچا - زیادہ مرتبے والا - **بالا جھبے** (کمہاروں کی اصطلاح) چھتنا یا برآمدہ آگے ہے - **بالا خانہ** (مذکر) وہ مکان جو چھت پر بنایا جائے - اوپر کا کمرہ - **بالا دست** (صفت) ۱: بلند رتبہ - عالی مرتبہ - اعلیٰ افسر - حاکم ۲: غالب - بڑھ کر ۳: بہتر - نفیس - افضل - **بالا دوی** (مونث) تیزی - تیز رفتاری - عجلت - تعجیل - **بالا دوی کے لئے جانا** (لازم) تیز رفتاری کی مشق کے واسطے جانا - **بالا دینا** (متعدی) دھوکا دینا - فریب دینا - **بالا شاہی** (مذکر) ایک قسم کا سکہ - **بالا کشی** (مذکر) جر ثقیل - وہ آلہ جس کے ذریعے سے بھاری چیزوں کو اوپر چڑھاتے ہیں - انگریزی میں کرین کہتے ہیں - کرین اب اردو میں بھی استعمال ہونے لگا ہے - **بالا گشتی** (مذکر) ۱: پولیس کا انسپکٹر - گشت کنندہ ۲: گشت کرنا - ملاحظہ کرنا - **بالا گھاٹ** (مذکر) سطح مرتفع - **بالا نشین** (مذکر) ۱: صدر - وہ شخص جو عزت کی جگہ بیٹھے ۲: (صفت) امیرانہ - عمدہ - **بالا و پست** (صفت) آسمان و زمین - اونچ نیچ - **بالائی** (صفت) ۱: اونچا - بلند - اوپر کا ۲: ملائی دودھ کی - **بالائے** (صفت) اوپر - اونچی جگہ - **بالائی آمد یا آمدنی** (مونث) وہ آمدنی جو علاوہ تنخواہ یا معمولی آمدنی کے ہو - رشوت - بالا انتظام - **بالائی باتیں** (مونث) ادھر ادھر کی باتیں - فضول باتیں جن کا اصل مطلب سے تعلق نہ ہو - **بالائے بام** (مذکر) کوٹھے پر - **بالائی پیداوار** (مونث) بالائی آمدنی - **بالائی خرچ** (مذکر) فالتو خرچ - **بالائی رقم** (مونث) وہ رقم جو مقررہ رقم کے علاوہ ہو - **بالائے طاق** (صفت) طاق پر - الگ علیحدہ کنارے - **بالائے طاق رکھنا** (متعدی) پروا نہ کرنا - **بالائی کام** (مذکر) اوپر کے کام - فالتو کام - **بالائی مزے** (مذکر) خفیہ لطف - چوری چھپی کے مزے - عورت کے ساتھ سوائے جماع کے اور لطف - چھیڑ چھاڑ - بوسہ بازی - **بالائے والا** (مذکر) اونچا قد - **بالائی یافت** (مونث) دیکھو بالائی آمدنی -

بالتی (ھ) **بالٹی** (ہ - مونث) ۱: لکڑی یا ٹین کا گول ڈول جو اوپر سے چوڑا اور نیچے سے چھوٹا ہوتا ہے ۲: وہ لوہے کا برتن جس میں گھوڑوں کو پانی پلاتے ہیں -

بالسٹ - بالش (انگ - مذکر) وہ پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو ریل کی سڑک پر ڈالے جاتے ہیں - **بالسٹ یا بالش ٹرین** (مونث) وہ ریل گاڑی جو پتھر کے ٹکڑے سڑک پر ڈالتی ہے -

بالش (ر س - صفت) ۱: بچوں جیسا طفلانہ ۲: غافل - بیوقوف - لاپروا -

بالش (ف - مذکر) ۱: تکیہ - مسند - سرہانہ ۲: افزونی - زیادتی - **بالش پر** (مذکر) پروں کا تکیہ -

بالشت (ف - مذکر مونث) وہ لمبائی جو انگلیاں پوری پھیلانے پر انگوٹھے اور چھنگلیا کی نوک کے درمیان ہوتی ہے - نو انچ یا چار گرہ کا پیمانہ ہوتا ہے - **بالشتیہ** (صفت) بالشت کے برابر آدمی - بونا - نہایت پست قد -

بالشوزم (روس - مونث) بالشوکوں کا طرز عمل یا طریقہ -

بالغ (ع - مذکر) ۱: لڑکا جو سن بلوغ کو پہنچ گیا ہو - جوان آدمی ۲: (صفت) سن بلوغ کو پہنچا ہوا - جوان سیانا - **بالغ نظر** (صفت) تجربہ کار - نکتہ رس - باریک بین - **بالغہ** (مونث) جوان عورت پندرہ سال سے زیادہ عمر کی -

بالک (ھ - مذکر) بچہ - شیر خوار بچہ - بال - **بالکا** (مونث) بچی - لڑکی - طفلکہ - **بالکپن - بالکپنا** (مذکر) بچپن - طفلی - **بالکوں کی سدھ نہ رکھنا** (متعدی) بچوں کی خبرگیری نہ کرنا (مونث) مرید عورت چیلی - **بالکیہ** (صفت) بچوں کے متعلق - بچپنے کی - طفلانہ -

امثال - **بالک جانے ہیا - مانس جانے کیا** - بچہ محبت کو پسند کرتا ہے - انسان کام سے نتیجہ نکالتا ہے - بچہ جو اس سے محبت سے پیش آئے اسے اچھا سمجھتا ہے - اور تجربہ کار آدمی دوسرے کے کام کو دیکھ کر اس کے متعلق رائے قائم کرتا ہے - **بالکوں کو سکھانا بالک پن ہی سے چاہئے** - بچوں کی تربیت بچپن ہی سے کرنی چاہئے -

بالک (س - مذکر) ایک قسم کی دوائی اور خوشبو -

بالکارہ - مذکر) ۱: جوگی یا سنیاسی وغیرہ کا چیلا ۲: شاگرد -

بالکا (س - مذکر) ۱: ریت - بالو ۲: سنوف ۳: کافور - **بالکا گرہ** (مذکر) ایک قسم کی مچھلی - **بالکامے** (صفت) ریتلا - ریت کا - کرکرا - کنکریلا -

بالم (ہ - مذکر) ۱: عاشق ۲: پیا - معشوق

محبوب ۳ خاوند ۴ ایک قسم کا کپڑا (س وتبعہ بشوقن)

بالم چاول (مذکر) ایک قسم کا بڑھیا چاول۔ **بالم کھیرا** (مذکر) ایک قسم کا سفید کھیرا۔

بالن (ھ۔ مذکر) دیکھو بالی۔

بالنا (ھ۔ لازم) جلانا۔ آگ روشن کرنا۔

بالنگو (ف۔ مذکر) ایک دوا۔ بادرنگ

بالو (ہ۔ مونث) ۱ ریت۔ ریگ ۲ کنکری۔ بجری ۳ بھٹے کی داڑھی یا وہ ریشے جو بالوں کی طرح بھٹے سے باہر نکلے ہوئے ہوتے ہیں (س بالکا) **بالو برد** (مذکر) وہ قابل کاشت (زمین) جس پر دریا کے چڑھاؤ کے بعد ریت آجائے اور وہ کسی کام کی نہ رہے ۲ مالگزاری کی معافی جو اس خرابی کی وجہ سے دی جائے۔ **بالو چار** (صفت) ۱ (زمین) جس پر ریت آجائے ۲ دریا جو ریت کا ٹیلہ چھوڑ جائے۔ **بالو شاہی** (مونث) ایک قسم کی مٹھائی جس کے اوپر کھانڈ چڑھی ہوئی ہوتی ہے۔ چونکہ یہ کھانڈ ریت کے مانند نظر آتی ہے۔ اس لئے یہ نام ہوا۔ **بالو کا آبخورا** (مذکر) ایک قسم کا مٹی کا آبخورا۔ **بالو کی بھیت** (مونث) ۱ ریت کی دیوار ۲ کوئی چیز جو جلد تلف ہونے والی ہو۔ **بالو کی دوات** (مونث) وہ مٹی کا برتن جس میں ریت رکھتے ہیں۔ اور سیاہی کو کاغذ پر خشک کرنے کے لئے ریت چھڑک دیتے ہیں۔ جو جاذب کا کام دیتی ہے۔ **بالو گھڑی** (مونث) ریت گھڑی۔ دو شیشے کے بیضوی ظرف نوکدار طرف سے جڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ ایک میں ریت بھری ہوئی ہوتی ہے جو باریک چھید میں سے نیچے کے برتن میں ایک گھنٹے میں گر جاتی ہے۔ اسے اُلٹ دیتے ہیں۔ تو پھر نیچے کے برتن میں گرنے لگتی ہے اس سے وقت کا اندازہ کرتے ہیں۔

امثال۔ بالو کی بھیت اوچھے کا سنگ پرتریا (پاتریا) کی پریت تتلی کا رنگ (ہ) اوچھے کی دوستی ریت کی دیوار کی طرح ہے۔ اور رنڈی کی محبت تیتری کے رنگ کی طرح۔ اوچھے کی دوستی اور رنڈی کی محبت ناپائدار ہوتی ہے۔ **بالو کی بھیت اوچھے کی میت**۔ کم ظرف سے دوستی کرنا ایسا ہے جیسے ریت کی دیوار۔

بالوپوت (س۔ مذکر) کپڑا جو کمر میں شرمگاہ کو چھپانے کے لئے باندھتے ہیں۔ انگوچھا۔

بالوچر (ہ۔ مذکر) دوسرے درجے کی چرس۔

بالوعت (ع۔ مونث) مکان کے درمیان ایک سوراخ جس میں سے کوڑا کرکٹ وغیرہ نیچے ایک گڑھے میں پھینک دیتے ہیں۔

بالوک (س۔ مذکر) ایک قسم کا زہر۔

بالھ۔ باہل (س ع س) ایک شمالی ملک غالباً جو آج کل بلخ کہلاتا ہے۔ مہابھارت میں گھوڑوں کے لئے مشہور تھا۔ اور اب بھی ہے **بالہیک**

باہلیک (مذکر) ۱ بلخ کے باشندے یا باختری ۲ بلخ کا ایک راجہ ۳ پرتیپ کا ایک بیٹا ۴ رہنی کا باپ ۵ ایک شاعر ۶ ایک گندھرو۔

بالی (ع۔ مذکر) پُرانا پھٹا ہوا کپڑا۔

بالیدگی (ف۔ مونث) بالیدن بمعنی بڑھنا ۱ روئیدگی۔ نمو ۲ پیدائش۔ بڑھنا۔ جملو ۳ پختگی۔ پکاپن۔ **بالیدگی پانا** (لازم) بڑھنا۔ نمو ہونا

بالیدہ (ف۔ صفت) بڑھا ہوا۔ جا ہوا۔ نمودار۔ روئیدہ **بالیدہ ہونا** (لازم) جمنا۔ بڑھنا بالغ ہونا۔

بالیش (س۔ مذکر) پیشاب کا رُک رُک کر آنا۔ پیشاب کرتے ہوئے تکلیف ہونا۔

بالیں (ف۔ مذکر) ۱ سرہانہ۔ تکیہ۔

بالیں پرست (صفت) بیمار۔ آرام طلب۔

بالیں پر دکھائی دینا یا نظر آنا (لازم) سرہانے نظر آنا۔

بالیہ (س۔ مذکر) بچپن۔ لڑکپن۔ طفلی

بالیہ وستھا (مونث) عہد طفلی۔ بچپن کا زمانہ۔

بالیہ (صفت) ۱ بچوں کے قابل ۲ نرم۔ ملائم۔ نازک ۳ (مذکر) گدھا ۴ ایک راکھشس ۵ ایک قسم کا ساگ۔

بام (ھ۔ صفت) ۱ بایاں۔ چپ۔ الٹا ۲ مخالف ۳ (مذکر) بائیں طرف ۴ دشمن ۵ وہ فاصلہ جو بازو پھیلانے پر دونوں ہاتھوں کی بیچ کی انگلیوں کے سرے کے درمیان ہو ۶ (مونث) عورت ۱ ایک قسم کی لمبی مچھلی ۸ سانپ۔ ناگ۔

بام (ف۔ مذکر) ۱ کوٹھا۔ چھت۔ بالاخانہ ۲ صبح۔ صبح صادق ۲ گانے میں نیچا گہرا سُر **بامداد۔ بامدادان** (مذکر) صبح سویرے۔ علی الصبح۔ قبل از طلوع آفتاب۔ **بام دنیا** (مذکر) پامیر۔ وسط ایشیا میں ایک علاقہ۔ **بامرہ** (ہند) اوڑیسہ میں ایک ریاست۔ رقبہ ۱۹۸۸ مربع میل۔ آبادی (۸۱) **بام گردوں**۔ آسمان کی چھت یعنی آسمان۔ **بام مسیح** (مذکر) چوتھا آسمان۔ **بام نہم** (مذکر) عرش۔

بامن (ہ۔ مذکر) برہمن۔ **بامنی** (مونث) برہمن کی بیوی۔

امثال واقوال۔ بامن بچن پروان (ہ) برہمن کا کہا ہوا ہو جاتا ہے۔ برہمن کی دعا لینی چاہئے۔ اس کو ناراض نہیں کرنا چاہئے **بامن بیٹا لوٹے پوٹے مول بیاج دونوں گھوٹے** (ہ) برہمن کو قرضہ دیا جائے تو سود کجا اصل بھی وصول نہیں ہوتا۔ وہ منت سماجت کرکے چھڑا لیتا ہے۔ **بامن جیسے ہی پتیائے** (ہ) ۱ برہمن کا پیٹ بھر جائے تو اسے تسلی ہوتی ہے۔ جب تک برہمن پیٹ بھر کر نہ کھائے اسے یقین نہیں ہوتا کہ اُسے پیٹ بھر کر کھلایا جائیگا ۲ برہمن جب تک کھا نہ لے نقد مانگتا رہتا ہے اور جب تک حسب خواہش لے نہ لے کھانا نہیں کھاتا۔ اس لئے جب کھانا کھا لے تو ججمان کو تسلی ہو جاتی ہے کہ چھٹکارہ ہو گیا۔ **بامن کا بیٹا باون برس تک بونگا** (ہ) برہمن ساری عمر مانگ کر ہی کھاتا ہے۔ کام نہیں کرتا۔ **بامن کی بیٹی کلمہ پڑھے یا (بھرے)** مزیدار چیز کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **بامن منتری بھاٹ خواص اس راجہ کا ہووے ناس** (ہ) جس راجہ کا وزیر برہمن ہو اور دوست بھاٹ ہو اس کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ یہ دونوں بُرے صلاح کار ہوتے ہیں۔ **بامن ناچے دھوبی دیکھے**۔ چونکہ برہمن مانگ کر کھاتا ہے۔ اِس لئے اسے ذلیل کام کرنا پڑتا ہے۔ اور دھوبی جو محنت کرکے کھاتا ہے۔ برہمن کا تماشہ دیکھتا ہے۔ **بامن سے دان مانگتے ہیں** اُلٹی بات کرتے ہیں۔ غیر موزوں بات کرتے ہیں کیونکہ برہمن خود مانگ کر کھاتا ہے۔

بامنی (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو باھمنی ۲ ۲ دیکھو بامن کے تحت میں۔

باھمن (ہ۔ مذکر) برہمن۔ **باھمنی** (مونث) ۱ برہمن کی بیوی ۲ ایک قسم کا گرگٹ ۳ ایک کیڑا جس کی دم سُرخ اور بدن چکنا ہوا ہوتا ہے ۴ ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۵ کنول کے پھول کا زرد

زیرہ - سیاہ حصے کو چاری کہتے ہیں۔ آنکھ پر پھنسی ۸ تخم ریزی ۹ آنکھ کی ایک بیماری جس میں پلکیں جھڑ جاتی ہیں۔

بامی (ہ - مونث) ۱ بام مچھلی ۲ بانبی - سانپ کا بل۔

بان (ہ - مذکر) ۱ تیر - خدنگ ۲ ایک قسم کی ہوائی جو لڑائی میں استعمال ہوتی ہے ۳ زخمی جانوروں کے خون کے نشانات ۴ جوار جو سمندروں یا دریاؤں میں آتا ہے ۵ مونج کی رسی (س وان) ۶ (مونث) ہندوؤں میں ایک رسم جس کے بموجب دولہا دلہن شادی سے پہلے تین سے گیارہ دفعہ نہلائے جاتے ہیں۔ مانجا - مائیوں ۷ (مونث) عادت - خصلت - رویہ - خو - سبھاؤ ۸ خاصیت طبیعت - سیرت - وصف (س - ورن)۔ **بان بیٹھنا** (لازم) مائیوں بیٹھنا - بان کی رسم کے بموجب اشنان کرنا۔ **بان پڑنا** (لازم) عادت پڑنا - عادی ہونا - سکھلایا جانا۔ **بان چھوٹنا** (متعدی) ہوائی کا جل کر آسمان کی طرف سن سے چلا جانا۔ **باندار** (مذکر) ۱ تیر انداز ۲ ہوائی چھوڑنے والا ۳ وہ مسلح سوار جو حفاظت کے لئے ساتھ رہتا ہے۔ **بان ڈالنا** (متعدی) ۱ عادت ڈالنا - عادی کرنا ۲ سکھلانا - تربیت دینا۔ **بان سیکھنا** (متعدی) دیکھو بان پڑنا۔ **بان کوش** (مذکر) ترکش۔ **بان والا** (مذکر) باندار۔

امثال - بان جل گیا پر بل نہ گئے - تباہ ہوگئے پر عادت نہ گئی - نقصان اٹھا لیا پر عادت نہ چھوٹی۔ **بان والے کی بان نہ جائے کتا موتے ٹانگ اٹھائے** - بری عادت کبھی نہیں جاتی۔

بان (ف - صفت) ۱ صاحب - محافظ ۲ اسما کے آخیر میں آکر مرکبات بناتا ہے ۳ جیسے دربان - باغبان ۴ چلانے والا - جیسے فیلبان گاڑیبان۔

بان (ع - مذکر) ۱ ایک خوشبودار درخت جس کے بیج سے تیل نکلتے ہیں ۲ بید مشک۔

بان (س - مذکر) ۱ تیر ۲ پانچ کا عدد ۳ نشان ۴ گانے کا متن ۵ گانا ۶ راگ ۷ راجہ بلی کا لڑکا تھا - اس کے ہزار بازو تھے - یہ شوجی کا دوست اور کرشن جی کا دشمن تھا - اس کی لڑکی انردھ پر عاشق ہوکر اسے اٹھا لے گئی۔ کرشن جی بلرام جی اور پردمن نے اس پر چڑھائی کی۔ شوجی اور سکند امداد کو آئے۔ مگر کرشن جی نے شوجی کو گرفتار کرلیا۔ اور سکند کو زخمی کیا - کرشن جی کے ہاتھ سے بان کے بہت سے بازو کٹ گئے۔ شوجی نے سفارش کرکے اس کی جان بچائی - کرشن جی پھر انردھ اور اُشا کو لے کر واپس چلے گئے ۸ ایک راجہ ۹ ایک شاعر جو کادمبری ہرش چرت اور رتناولی کا مصنف ہے۔

بانا (مونث) ۱ تیر کا پچھلا حصہ ۲ بدن ۳ ایک قسم کا پھول۔ **بان بھٹ** (مذکر) ایک مصنف **بان پور** یا **پورہ** (مذکر) راجہ بان کا شہر۔ **بان سُتا** (مونث) بان کی بیٹی - اُشا۔ **بان گنگا** (مونث) ایک دریا **بان لِنگ** (مذکر) ایک سفید پتھر جو دریائے نربدا میں پایا جاتا ہے - اور شوجی کا لنگ سمجھ کر پوجا جاتا ہے۔ **بان ناشا** (مونث) ایک دریا - **بانیشور** (مذکر) ۱ ایک لنگ ۲ کئی مصنفوں کا نام۔

بال (ہ - مونث) ۱ بانہہ - بازو ۲ بائیاں۔

باں باں (ہ - مونث) بکواس - بک بک - جھک جھک۔ **باں باں کرنا** (متعدی) ۱ بکواس کرنا - بیہودہ بکنا - شور مچانا چیخنا - چلانا ۲ راز ظاہر کر دینا۔

بانا (ہ - متعدی) ۱ کھولنا - واکرنا ۲ پھیلانا - پھینکنا ۳ (لازم) کھلنا - پھٹنا (س وہ - بہنا) ۴ (مذکر) شکل - صورت - ڈھنگ ۵ رنگ ۶ عادت - خاصیت - خصوصیت ۷ پیشہ - قوم ذات - فرقہ ۸ پوشاک - لباس ۹ وضع - بھیس - طرز ۱۰ نقاب - برقعہ - اوڑھنا ۱۱ وردی (س وان) ۱۲ وہ تار جو جلاہے عرض میں بنتے ہیں ۱۳ ریشمی تاگا جو بُننے اور بینے میں استعمال ہوتا ہے ۱۴ ریشمی یا طلائی ڈورا جو بہادر لوگ دلاوری ظاہر کرنے کو پاؤں میں باندھتے ہیں ۱۵ ایک قسم کا لوہے کا ڈول جو نیچے سے گول ہوتا ہے - اور آبپاشی کے کام آتا ہے ۱۶ دھاگوں کا چھلا جو کبوتروں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں (س - وتی بننا) ۱۷ ایک قسم کی ہوائی ۱۸ ایک قسم کی تلوار - ایک قسم کا پٹہ جس کی موٹی دھار اور لکڑی کا قبضہ ہوتا ہے - (س وَن - آواز دینا) ۱۹ شرط - بازی (س دان)۔ **بانا اُترنا** (لازم) ریشمی یا طلائی دھاگا پاؤں سے اُتارنا۔ **بانا باندھنا** (متعدی) ۱ ہتھیار لگانا - مسلح ہونا ۲ تیار ہونا - کمر باندھنا - مسلح ہونا ۳ کسی کام کے کرنے کا بیڑا اٹھانا یا ذمہ لینا ۴ کسی کام میں یکتا ہونے کا دعوے کرنا ۵ شرط بدنا۔ **بانا بدلنا** (متعدی) ۱ لباس بدلنا ۲ بھیس بدلنا - روپ بھرنا۔ **بانا پڑنا** (لازم) پاؤں میں ریشمی یا طلائی دھاگا باندھنا۔ **بلنے والا** (صفت) ہوائی چلانے والا۔

بانات (ہ - مونث) ایک قسم کا اُونی کپڑا جو عموماً دوہرے عرض کا ہوتا ہے۔ **باناتی** (صفت) بانات کا بنا ہوا۔

بانب (ہ - مذکر، مونث) سانپ - ناگ - بام مچھلی۔ **بانب اندھوا** (مذکر) بام مچھلی **بانبھنی** - **بانبھی** - **بانبی** (مونث) ۱ دیمک کے بنائے ہوئے ٹیلے ۲ (ہ) سانپ کا بل۔

بان پرستھ (ہ - مذکر) ۱ برہمن جو زندگی کے تیسرے درجے میں ہو جو طالب علمی اور گرہستگی کا زمانہ گزار چکا ہو - اور اب جنگلوں میں سادھو بن کر نکل گیا ہو ۲ سادھو - راہب۔

بانٹ (ہ - امر) ۱ بانٹنا کا ۲ (مونث) تقسیم - بٹوارہ - بٹائی ۳ حصہ - بخرہ ۴ خارج قسمت حاصل قسمت ۵ تاش یا گنجفے کے پتوں کی تقسیم ۶ وہ دانہ چارہ جو گائے بھینس کے آگے دودھ دوھنے کے وقت ڈالتے ہیں ۷ باٹ - وزن بٹے۔ **بانٹ بٹاؤ** (ہ) ۱ حصے کرنے والا تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا ۲ نسب نما۔ **بانٹ بونٹ** (مونث) تقسیم - حصہ بخرا **بانٹ چونٹ کرنا** (متعدی) دینا دلانا تقسیم کرنا۔ **بانٹ دینا** (متعدی) ۱ تقسیم کر دینا ۲ بپتے تقسیم کرنا - حصے کرنا - حصے لگانا - حصے کرکے دیدینا ۲ بٹنا - رسی کو بل دینا **بانٹو** (ہ) ۱ بانٹنے والا - تقسیم کنندہ ۲ (حساب) مقسوم الیہ ۲ بھاجک۔

مثل - بانٹل بھائی پڑوسی برابر - جن بھائیوں میں جائداد تقسیم کرنی ہو ان میں پہلے جتنا پیار اور محبت نہیں رہتا معمولی ہمساؤں کی طرح ہو جاتے ہیں۔

بانج - بانجھ (ہ - صفت) (عورت) جس کو حمل نہ رہے - عقیمہ ۱ بنجر - کلر - شور - وہ زمین جس میں کچھ پیدا نہ ہو ۲ (مذکر) ایک قسم کا درخت جس کے پھل کے ہار بنا کر بچوں کے گلے میں حفظ صحت کے لئے ڈالتے ہیں۔ **بانجر** - ناقابل کاشت (زمین)، **بانجی** درخت باغ۔

امثال واقوال - بانج اچھی

اکانج بُری (ھ) بانجھ عورت ایک بچّے والی عورت سے اچھی ہے۔ کیونکہ اسے ہروقت ایک بچے کے مرنے کا فکر رہتا ہے۔ **بانج بجوئی شیطان کی لنگوٹی** (ھ) بانجھ عورت اکیلی ہونے کی وجہ سے شرارتوں کی باتیں سوچتی رہتی ہے۔ **بانج بیانی سونٹھ اڑائی** (ھ) ناممکن بات کے لئے بہت سا خرچ کرنا۔ **بانج کیا جانے پرسوتی کی پیڑ**۔ جو تکلیف کسی نے خود نہ اٹھائی ہو اس کو وہ سمجھ نہیں سکتا۔ **بانجھ بیاوے سونٹھ ملے کھانے کو**۔ خلاف عادت کھانے کی امید۔

بانچیہ (س۔ مذکر) ۱ تجارت بیوپار بنج ۲ مال تجارت۔ پونجی۔

بانچ (ہ۔ امر) بانچنا کا۔ **بانچا** (ماضی) بانچنا کی۔ **بانچکا** (مونث) پڑھنا۔ فصاحت زبان آوری۔ سخنوری۔ **بانچنا** (متعدی) ۱ پڑھنا۔ مطالعہ کرنا۔ تلاوت کرنا ۲ نظر انداز کرنا۔ پہلو تہی کرنا۔ دھیان نہ کرنا ۳ بے التفاتی کرنا۔ پروا نہ کرنا ۴ بچنا۔ (غفلت)

بانچھا (ہ۔ مذکر) خواہش۔ امید۔ آرزو۔ تمنا۔ اشتیاق۔ **بانچھت** (صفت) جس کی خواہش یا تمنّا کی جائے۔

باندا (ہ۔ مذکر) وہ نورنگ بیل جو اور درختوں پر پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اپنی خوراک ان سے حاصل کرتی ہے۔ اس طرح ان کو تباہ کر دیتی ہے آکاس بیل۔ **باندا لگنا** (لازم) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔

باندر۔ باندرا (ہ۔ مذکر) بندر **باندری۔ باندری** (مونث) بندریا۔

باندھ (ہ۔ امر) ۱ باندھنا کا ۲ (مونث) بند۔ بندھن۔ روک۔ مینڈھ۔ پال۔ رکاوٹ ۳ قید۔ گرفتاری ۴ پشتہ (س۔ بندھ۔ باندھنا) **باندھا** (ماضی) باندھنا کی۔ **باندھا جانا** (لازم) گرفتار ہونا۔ **باندھ (کے) رکھنا** (متعدی) قید کرکے رکھنا۔ زبردستی روکنا۔ نہ جانے دینا۔ **باندھنا** (متعدی) ۱ رسی زنجیر یا کسی اور چیز سے لپیٹنا۔ جکڑنا ۲ (صف وغیرہ) ایک قطار میں کرنا۔ ترتیب دینا ۳ (پلٹس) رکھنا۔ دھرنا ۴ (بہتان) الزام لگانا ۵ (پٹی) بٹھانا۔ چڑھانا۔ جمانا ۶ (شرط) بدنا۔ مقرر کرنا ۷ (پگڑی) کفن) لپیٹنا ۸ (ہاتھ) سلام کرنا۔ منت سماجت کرنا ۔ جوڑنا۔ اُوپر تلے رکھنا۔ ملانا ۹ (کمر وغیرہ) کسنا ۱۰ (مضمون۔ شعر) لکھنا۔ بیان کرنا۔ نظم یا نثر میں لانا ۱۱ (سماں) کیفیت دکھانا۔ عمدہ منظر بنانا ۱۲ (تار) مسلسل باندھنا پیہم ۱۳ (لٹو) بنانا۔ صورت بنانا ۱۴ (پانی) روکنا۔ بند لگانا ۱۵ (پل) تعمیر کرنا (کام کے ساتھ) مبالغہ کرنا ۱۶ (انسان وغیرہ کو) قید کرنا۔ زبردستی کرنا ۱۷ (محصول) لگانا ۱۸ (پیٹی) کمر سے لپیٹنا ۱۹ (نشانہ) نظر جمانا ۲۰ (خیال) سوچنا ۲۱ (مہر۔ محصول) قائم کرنا۔ لگانا۔ تجویز کرنا ۲۲ (آسن) جمانا بیٹھنا ۲۳ (چکر۔ جھاڑ) کسی کام کا مسلسل کرنا یا ہونا ۲۴ (دل) افسردہ کرنا ۲۵ (بیرا کسی دشمنی کے خیال کو دل میں جگہ دینا ۲۶ (دھڑا) وزن کرنا۔ برابر کرنا ۲۷ (مورچہ بند) گھیرنا۔ بنانا ۲۸ (وقت) مقرر کرنا ٹھیرانا ۲۹ (بال۔ سر) گوندھنا یا سنوارنا ۳۰ (استرے کی دھار) تیز کرنا ۳۱ (تلوار۔ نظر۔ آگ) ٹونا۔ ٹوٹکا یا جادو کرکے اثر زائل کر دینا ۳۲ (نیت) ارادہ کرنا ۳۳ (خرچ) ذمہ لینا۔ اُٹھانا ۳۴ (پردہ۔ چلمن) اٹھانا۔ اُونچا کرنا ۳۵ (کمر) تیاری کرنا ۳۶ (زخم) مرہم پٹی کرنا ۳۷ (سامان) سمیٹنا۔ اُٹھانا ۳۸ (بستر) لپیٹنا ۳۹ (ہاتھ) مشکیں باندھنا۔

امثال و اقوال

باندھ کیسہ کھا ہر لیسہ۔ **باندھ کیسہ سے** حصہ کفایت شعاری کرنے سے انسان اس قابل ہو جاتا ہے کہ جو چاہے کرے۔ **بندھی رہے نہ ٹکے بکے**۔ مال تجارت اگر ضرورت سے زیادہ دیر تک رکھا جائے تو پھر کچھ قیمت نہیں ملتی۔ **بندھے سکیلا پھرے اکیلا** ہتھیار بند آدمی کے ساتھ کوئی نہیں پھرتا کہ کسی جھگڑے میں نہ پھنس جائے۔ **بندھی مٹھی لاکھ برابر** تحفہ کسی کو دینا ہو تو چھپا کر دینا چاہئے۔ لینے والا خواہ مخواہ زیادہ قیمت بتائیگا۔

باندھنو۔ باندھنوں (ہ۔ مذکر) (س۔ بندھن) ۱ الزام۔ جھوٹی تہمت۔ طوفان۔ افترا۔ بناوٹ ۲ ساز منصوبہ۔ تدبیر۔ تجویز۔ پیشبندی ۳ خیال۔ تصوّر۔ خیالی افسانہ ۴ ایک ریشمی کپڑا ۵ طوطے کی ایک قسم ۶ ایک رنگنے کا طریقہ جس میں جگہ جگہ سے کپڑے کو باندھ دیتے ہیں۔ بندھی ہوئی جگہ پر رنگ نہیں آتا۔ اس طرح لہریئے دار گنڈے پڑ جاتے ہیں۔ (س بندھن) **باندھنو باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ الزام لگنا۔ طوفان بندھنا ۲ منصوبہ بندھنا۔ سازش ہونا۔

باندھو (س۔ مذکر) ۱ رشتہ دار بھائی بند سگا ۲ دوست۔ یار۔ ہمدم۔

باندی (ہ۔ مونث) لونڈی۔ کنیز۔ (س وندی یا بندن۔ تعریف کرنے والا) **باندی بچہ**۔ باندی کا بچہ۔ **بیٹا یا جنا** (مذکر) ۱ کنیز زادہ۔ وہ بچہ جو لونڈی کی اولاد ہو ۲ نہایت تابعدار۔ بہت مطیع۔ فرمانبردار۔

امثال و اقوال

باندی اوروں کے پاؤں دھووے اپنے لئے سووے اوروں کے کام میں چستی اور اپنے کام میں سستی۔ **باندی جب شادی کرتی ہے تب ایسی ہی کرتی ہے**۔ طنزاً کسی شادی کے موقعے پر کہا جاتا ہے۔ جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھ کر انتظام کرے۔ **باندی کو باندی کہا رو دی۔ بی بی کو باندی کہا ہنس دی**۔ کمینے کی اصلیت ظاہر کی جائے تو اسے ناگوار گزرتا ہے۔ **باندی کے آگے باندی آئی لوگوں نے جانا آندھی آئی**۔ نوکر کا نوکر زیادہ بدمزاج ہوتا ہے۔ **باندی کے آگے باندی مینہ گنے نہ آندھی**۔ کمینے آدمی نوکروں سے بہت کام لیتے ہیں۔

بانڈا (ہ۔ صفت) ۱ کبڑا۔ کوزہ پشت اپاہج ۲ ٹیڑھی ٹانگوں والا ۳ لنڈورا۔ دُم کٹا۔ بے دُم ۴ (مذکر) بے دم پرندہ ۵ بے دم سانپ ۶ ختنہ شدہ بنگال میں مسلمان کو طنزاً کہتے ہیں (س ونڈ۔ تقسیم کرنا)

بانڈی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی چھوٹی اور موٹی چھڑی۔ ڈنڈا۔ لٹھ۔ سونٹا ۲ ایک قسم کی پوشاک ۳ مادہ جانور جس کی دم نہ ہو ۴ بدقسمتی۔ مصیبت۔ **بانڈی باز** (صفت) لٹھ باز ۵ لٹاکا۔ شورہ پشت۔ **بانڈی چلانا** (متعدی) لٹھ سے لڑنا۔ **بانڈھی چٹکنا یا چلنا** (لازم) لٹھ چلنا۔ لڑائی ہونا۔

بانبر (ہ۔ مذکر) بندر۔

بانس (ہ۔ مذکر) ۱ ایک مشہور درخت جو علم نباتات میں گھاسوں میں شمار ہوتا ہے۔ اس کا

تنہ گرہ دار اور لمبا اور اندر سے کھوکھلا ہوتا ہے۔ اس کے درخت بعض دفعہ سو سو فٹ بلند ہوتے ہیں۔ کئی سال بعد اس میں پھول آتا ہے۔ جڑوں میں سے نئے پودے پھوٹتے ہیں۔ ۲ ایک پیمانہ جو گیارہ فٹ کے قریب ہوتا ہے۔ اس سے کھیتوں کی پیمائش کرتے ہیں (س ڈنگ) **بانس برابر آدمی** (مذکر) نہایت لمبا اور پتلا آدمی۔ **بانس برابر قد** (مذکر) نہایت لمبا قد۔ **بانس پر ٹانگنا یا چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ بانس کو پکڑ کر اس کی گانٹھوں میں پاؤں کا انگوٹھا اور سامنے کی انگلی پھنسا کر اُوپر چڑھنا ۲ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ نکو بنانا۔ **بانس ٹوٹنا** (لازم) بانسوں سے پٹنا۔ خوب پٹنا۔ **بانس پھوڑ** (صفت) ایک قوم جو بانس کی تیلیوں سے ٹوکریاں وغیرہ بناتی ہے۔ **بانس کا جنگل** (مذکر) وہ جنگل جس میں بانس ہی بانس ہوں۔ **بانس کی کوٹھی** (مونث) بانس کے درختوں کا جھنڈ۔ **بانس کھانا** (متعدی) مار پڑنا۔ **بانسواڑی** (مونث) بانسوں کا جنگل۔ **بانسوں اُچھلنا یا کودنا** (متعدی) ۱ بیحد خوش ہونا ۲ خوشی۔ رنج یا غصّے کی حالت میں کودنا۔ **بانسوں پانی اچھلنا یا چڑھنا** (لازم) ۱ دریا میں سخت طوفان آنا۔ پانی کا بہت چڑھ جانا ۲ کسی معاملے میں بہت جوش ہونا۔ **بانسوں پانی ہونا** (لازم) پانی بہت زیادہ ہونا۔ **بانسی** (صفت) ۱ بانس کے متعلق ۲ بانس کی بنی ہوئی۔

امثال۔ **بانس بڑھے جُھک جائے ارنڈ بڑھے ٹوٹ جائے**۔ جو غرور کرے نقصان اُٹھاتا ہے۔ جو انکساری کرے وہ ترقی کرتا ہے۔ **بانس چڑھی (چڑھے) گڑ کھائے**۔ بےحیائی اختیار کرنے سے اچھی اچھی چیزیں ملتی ہیں۔ **بانس ڈوبیں بوری تھا مانگے**۔ جہاں بڑے بڑے آدمی تکلیفوں میں پھنستے ہیں وہاں چھوٹے آدمی شور مچاتے ہیں۔ **بانس گن بسور چار گن ادھور** (ر) بانس کی خوبی جنگل میں نظر آتی ہے اور چار کی چمڑے کے گدام میں۔ ہر چیز اپنی جگہ پر اچھی معلوم ہوتی ہے۔ **بانس کے بانس ملاحی کی ملاحی**۔ بانس بھی کھائے اور ملاحی بھی کرنی پڑی۔ دوہری مصیبت کے موقعے پر کہا جاتا ہے۔ **بانس کی جڑ میں گھمو ئے** جمے ہوئے۔ اچھی چیز کو نقص لگا ہوا۔

بانسا (ہ۔ مذکر) ۱ ناک کی ہڈی ۲ ریڑھ کی ہڈی ۳ بانس کی نالی جس میں سے بیج زمین میں گرتا ہے ۴ نالیاں بنانے والا آلہ ۵ ایک بانس کی قسم جسے پیکا بانس یا پیا بانس کہتے ہیں اور جس میں سے سُرخ رنگ نکلتا ہے (بانس سے)

بانسُری۔ بانسلی (ہ۔ مونث) مرلی۔ نے۔ ایک لمبا چھڑی نما کھوکھلا باجا جو منہ سے بجایا جاتا ہے (بانس سے)

بانسری (ہ۔ مونث) ایک جنگلی بوٹی جو بڑی نقصان دہ ہوتی ہے اور بڑی مشکل سے نکالی جاتی ہے۔

بانسلی۔ بانسنی (ہ۔ مونث) بٹوا۔

بانسی (ہ، مونث) ۱ بانسری ۲ ایک قسم کی کلک جس سے حُقّے کے نیچے بنائے جاتے ہیں ۳ ایک قسم کی کلک جسے جلا ہے اور نقلی پھول بنانے والے استعمال کرتے ہیں ۴ ایک قسم کا پتھر جس کا رنگ زرد سفیدی مائل ہوتا ہے۔ **بانسی کا چاول** (مذکر) باریک چاولوں کی ایک عمدہ قسم۔

بانک (ہ۔ مونث) ۱ ٹیڑھا پن گولائی۔ کجی۔ خم۔ ترچھا پن۔ موڑ۔ چکر۔ پھیر۔ گھماؤ۔ لپیٹ ۲ دریا کا گھماؤ ۳ ایک نعل نما اوزار جس سے گنا یا بانس چھیلتے ہیں ۴ خنجر۔ کٹار ۵ ایک قسم کی خمدار چھری ۶ ایک قسم کا پاؤں کا زیور ۷ ایک قسم کا بازو کا زیور ۸ ایک قسم کی چوڑی ۹ نشتر ۱۰ ایک لکڑی یا لوہے کی میخ جو پہیئے کو دھرے سے نکلنے نہیں دیتی ۱۱ فن سپاہ گری کی ایک قسم اسے بیٹھ کر یا لیٹ کر خمدار چھریوں سے کھیلتے ہیں ۱۲ (ہ) فریب۔ دغابازی چھل۔ مکر ۱۳ (ہ) شرارت۔ جرم۔ تصور (س ونک ٹیڑھا ہونا) **بانکا** (ہ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ کج۔ خمدار۔ ترچھا۔ مڑا ہوا۔ جُھکا ہوا ۲ ناراض۔ ناخوش۔ باغی ۳ طرح دار۔ وضع دار۔ خوش وضع۔ خوش لباس۔ خوش پوش ۴ بہادر۔ دلیر۔ بیباک۔ نڈر ۵ لُچّا۔ شہدا۔ بداطوار۔ بدوضع۔ بدمعاش۔ بدچلن ۶ شوخ شریر۔ چالاک ۷ آزاد ۸ البیلا۔ چھبیلا۔ رنگیلا۔ رسیلا۔ بھڑکیلا۔ چٹکیلا۔ نکیلا۔ تیکھا ۹ (مذکر) ایک خاص فرقہ جو ٹیڑھا دوپٹہ سر پر باندھتا ہے اور ٹیڑھی ٹوپی سر پر رکھتا ہے ۱۰ معشوق ۱۱ ایک نعل نما اوزار جس سے گنا یا بانس چھیلتے ہیں ۱۲ ایک باجہ۔ ایک پیتل کی قرنا یا ترئی ۱۳ ایک قسم کی چھری جو ٹیڑھی ہوتی ہے۔ **بانکا ترچھا یا ٹیڑھا** (صفت) بانکا۔ مغرور۔ سرکش۔ **بانکا چور** (مذکر) مشاق چور۔ **بانکا چُور** (صفت) بانکا۔ **بانکا چھیلا** (صفت) معشوق خوش وضع۔ طرحدار معشوق۔ **بانکپن** (مذکر) ٹیڑھا پن۔ ترچھا پن۔ خم۔ کجی۔ وضعداری۔ خود نمائی۔ خوش وضعی۔ طرحداری۔ ناز و انداز۔ شوخی۔ طراری۔ نخرہ۔ سرکشی بغاوت۔ بدوضعی۔ بداطواری۔ **بانکپن دکھانا** (متعدی) شوخی دکھانا۔ خودنمائی کرنا۔ **بانکپن کی لینا**۔ غرور کرنا۔ بانکپن دکھانا۔ **بانک کے پیچ باندھنا** (متعدی)

بانکی آواز۔ اچھی آواز۔ دلکش آوازی۔ **بانکی ادا**۔ معشوقانہ انداز۔ شوخی۔ طراری۔ ناز و انداز وغیرہ۔ **بانکیت** (مذکر) رنگیلا۔ خوش پوش آدمی۔ بانکا۔ **بانکیتی**۔ بانکپن۔ **بانکی چتون** (مونث) نگاہ شوخ۔ شوخ نظر۔ نگاہ ناز۔

بانکیا (ہ۔ مذکر) تانبے یا پیتل کا ترئی نما باجہ جو سنتوں اور سادھوؤں کے آگے بجایا جاتا ہے (س ونک۔ ٹیڑھا ہونا)

بانکڑی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا فیتہ سنہری یا روپہلی تار کا جو کپڑوں پر گوٹے کی طرح لگایا جاتا ہے (س ونک ٹیڑھا ہونا)

بانگ (ف۔ مونث) ۱ آواز۔ صدا ۲ اذان ۳ مرغ کی آواز۔ **بانگ دینا** (متعدی) ۱ اذان دینا۔ نوزائیدہ بچے کے کان میں اذان دینا ۲ مرغ کا آواز لگانا۔ **بانگ خلیل اللّٰھی**۔ اللہ اکبر۔ حضرت ابراہیمؑ اُٹھتے بیٹھتے یہ کہا کرتے تھے۔ آج کل کشتی میں حریف کو اُٹھاتے ہوئے یہ کہتے ہیں۔ **بانگِ درا** (مونث) ۱ جرس کی آواز۔ قافلہ رخصت ہونے کے وقت جرس کی آواز۔ قافلہ رخصت ہوتے وقت جرس کی آواز ۲ علامہ اقبال کا دیوان اُردو۔ **بانگ صبح** (مونث) صبح کی اذان۔ **بانگ کرنا** (متعدی) آواز دینا۔ **بانگ مارنا** (ہ) بلانا۔ آواز دینا۔ **بانگ نماز** (مونث) اذان۔ تکبیر۔

بانگاہ۔ بانگہ (ہ۔ مذکر) ۱ کپاس۔

کپاس کا پودا۔ ۲۔ کپاس کا کھیت (س وگ)

مثل۔ بانگا میں سیار گیلے کا اوڑھ ایلے کیا پہن ایلے۔ گیدڑ اگر کپاس کے کھیت میں جائے تو اسے کیا فائدہ۔ اگر کسی کو ایسی چیز ملے جس سے وہ فائدہ نہ اُٹھا سکے تو کہتے ہیں۔

بانگر (ہ۔ مذکر) ۱۔ اونچی زمین۔ مرتفع ناہموار زمین۔ وہ زمین جہاں دریا کا پانی نہ چڑھتا ہو

بانگرو۔ بانگڑو (صفت) ۱۔ بانگر کے متعلق۔ بانگر کا رہنے والا ۲۔ بیوقوف۔ احمق۔ کم عقل۔ بدتمیز۔ بے سلیقہ غافل۔ ناواقف۔

بانگی (ہ۔ مونث) نمونہ۔ نظیر۔ مثال چاشنی (دیکھنا۔ دکھانا کے ساتھ) (س ورن۔ شکل)

بانو (ف۔ مونث) خاتون۔ بیگم۔ بی بی۔ عزت دار عورت۔ معزز عورت۔ شریف عورت

بانو ارم (مونث) رستم کی بیوی اور گیو کی لڑکی۔ **بانو گشسب** (مونث) رستم کی بیٹی۔ **بانوئے مصر** (مونث) زلیخا۔

بانوا (ہ۔ مونث) ایک پانی کا پرند۔

بانواں (ہ۔ صفت) ۱۔ بایاں ۲۔ (مذکر) بائیں طرف۔

بانور (ہ۔ مذکر) بیل۔

بانوسا (مذکر) **بانوسی** (ہ۔ مونث) ایک قسم کا کپڑا۔

بانوے (ہ۔ صفت) نوّے اور دو۔ ۹۲۔ ۹۲۔

بانہ (ہ۔ مذکر) بھیس۔ وردی۔ بانا۔

بانہ ہائے عیاری (مذکر) بھیس بدلنے کی چیزیں۔

بانھ (ہ۔ مونث) ۱۔ بازو۔ کہنی سے شانے تک کا حصہ ۲۔ آستین کرتے یا کوٹ کی ۳۔ مدد۔ وسیلہ۔ سہارا۔ آس۔ امید ۴۔ مددگار۔ مربی۔ حمایتی۔ حامی۔ دستگیر ۵۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ توانائی ۶۔ بھائی ۷۔ ضامن۔ کفیل ۸۔ (پنجابی قانون) عورت۔ عورت اغوا شدہ (س۔ باہو) **بانھ بل** (مذکر) ۱۔ زورِ بازو ۲۔ مددگار۔ حمایتی۔ معاون۔ **بانھ بلند ہونا** (لازم) سخی ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ عالی ہمت ہونا۔ عالی حوصلہ ہونا۔ طاقتور ہونا۔ **بانھ پکڑنا** (متعدی) مدد کرنا۔ حمایت کرنا۔ دستگیری کرنا۔ روکنا۔ **بانھ ٹوٹنا** (متعدی) ۱۔ بازو ٹوٹنا ۲۔ مددگار کا مرجانا ۳۔ بھائی کا مرجانا۔ **بانھ دینا** (متعدی) ۱۔ کسی کی مدد کرنا ۲۔ کسی کو سہارا دینا۔ **بانھ گہنا** (متعدی) ہاتھ پکڑنا۔ **بانھ واپس دینا یا کرنا** (متعدی) اغوا شدہ عورت کو واپس دینا۔ **بانھیں چڑھانا** (متعدی) ۱۔ آستین کسی کام کرنے کے لئے لپیٹنا۔ کسی کام کرنے کی تیاری کرنا ۲۔ لڑائی کے لئے تیار ہونا ۳۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔

امثال واقوال۔ بانھ پکڑے کی اور نباہنا۔ حمایتی بن کر ہمیشہ امداد کرنا۔ **بانھ چھڑائے جات ہو نبل جان کے موئے۔ ہردے میں سے جاؤ گے تو مرد بدونگی توئے۔** مجھے کمزور جان کر بانھ چھڑا کر جاتے ہو ہیں تو تب مرد سمجھونگی جو دل سے نکل جاؤ۔ **بانھ گہے کی لاج۔** دستگیری کی شرم۔ حمایتی یا مددگار ہونے کا لحاظ۔

بانہیاں (ہ۔ مذکر) مددگار۔ حمایتی محافظ۔ سرپرست۔

بانیئے (ہ۔ مذکر) ۱۔ بانیا کی جمع یعنی بنیا حروف منیرو سے پہلے۔

مثل۔ بانیئے کی بان نہ جلئے کتنا موتے ٹانگ اُٹھائے۔ باوجود نمائش کے جب کوئی اپنی شرارتوں اور ناشائستہ حرکات سے باز نہ آئے تو کہتے ہیں۔

بانی (ہ۔ مونث) ۱۔ آواز۔ صدا ۲۔ بات۔ گفتگو۔ لفظ۔ زبان۔ تقریر ۳۔ نصیحت۔ تلقین ۴۔ فقیروں کی صدا یا شعر ۵۔ علم کی دیوی۔ سرستی جی کا نام ۶۔ بُننا ۷۔ دھاگا جس سے کپڑا بنا جاتا ہے ۸۔ ہندی دوہرے یا گیت جو رباعی یا قطعے کے طور پر ہوں ۹۔ بزرگوں کا قول یا کہاوت ۱۰۔ خاص طبیعت۔ قدرتی مزاج ۱۱۔ دعوئے حق ۱۲۔ کوئی چیز یا خوبی جس پر کسی کو فخر ہو ۱۳۔ کسی چیز کی بنوائی ۱۴۔ ساخت۔ بناوٹ ۱۵۔ زرد مٹی جس سے کمہار برتن رنگتے ہیں ۱۶۔ اسی روپے کے برابر وزن (س ورن بتانا) **بانی پر اڑنا** (ہ۔ لازم) بات یا قول پر قائم رہنا۔ **بانی پر آنا** (لازم) ۱۔ جوش میں آنا۔ غصہ ظاہر کرنا ۲۔ کسی بات پر اڑ جانا۔

بانی (ع۔ فاعل) ۱۔ بنیاد ڈالنے والا ایجاد کرنے والا۔ بنا رکھنے والا ۲۔ باعث۔ سبب۔ ذریعہ ۳۔ بنانے والا۔ موجد۔ مصنف ۴۔ شروع کرنے والا۔ اُکسانے والا۔ **بانی بنائے دو جہان** (مذکر) خدا تعالے (بنیٰ۔ بنانا) **بانیان** (مذکر) بانی کی جمع۔ **بانی جفا یا ستم** (صفت) ۱۔ ظالم۔ سفاک ۲۔ معشوق کی تعریف۔ **بانی فساد** (مذکر) فساد کی جڑ ۲۔ اُکسا کر فساد کرانے والا۔ سرغنہ شرارت۔ بس کی جڑ۔ **بانی کار** (مذکر) ۱۔ معمار۔ انجنیر۔ مصنف مولف۔ موجد ۲۔ ماہر۔ استاد کامل۔ مشاق ۳۔ (صفت) شریر۔ چالاک۔ بدمعاش۔ دغاباز۔ **بانی کاری** (مونث) ۱۔ عمارت۔ تعمیر ۲۔ اُستادی۔ مہارت ۳۔ اشتعال اُکسانا۔ **بانی مبانی**۔ اصل باعث۔ سبب۔ وجہ۔

بانیا (ہ۔ مذکر) بنیا۔

باؤرع (ہ۔ مذکر) ۱۔ مغرور ہونا ۲۔ شیخی باز ہونا ۳۔ شیخی مارنا۔ لاف زنی کرنا۔

باؤ (ہ۔ مونث) دیکھو باؤ۔

باوا (ہ۔ مذکر) ۱۔ باپ۔ پتا ۲۔ ہندو فقیر۔ سنیاسی۔ قلندر ۳۔ اُستاد۔ گرو۔ سردار ۴۔ گرو گھنٹال۔

باوا جان (جانی) (مذکر) باپ کو پیار سے کہا جاتا ہے۔ **باوا کا اجارہ** (مذکر) روک ٹوک کا حق۔ **باوا گیری** (مونث) باپ ہونا

امثال واقوال۔ باوا آوے نالی باجے۔ بزرگ آئے تو خود بخود شہرہ ہوتا ہے **باوا بھلا نہ بھیّا۔ سب سے بھلا روپیہ** روپے کی سب سے زیادہ خواہش ہوتی ہے باپ بھائی کا صرف ظاہری اخلاص ہے۔ **باوا کماوے بیٹا اُڑا دے۔** جہاں بیٹا عیاش اور فضول خرچ ہو وہاں کہتے ہیں۔ **باوا مرینگے تب بیل بٹینگے** امید موہوم کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

باوا رنگ (ہ۔ مذکر) انگریزی کا بچہ۔ (اصل بیبی)

باواں (ہ۔ صفت) بایاں۔

باور (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔

باور (ف۔ مذکر) یقین۔ اعتماد۔ بھروسہ اعتبار (آنا کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

باورا (ہ۔ صفت) باؤلا پاگل۔

باورچن۔ باورچنی (ہ۔ مونث) کھانا پکانے والی عورت۔

باورچی (ہ۔ مذکر) کھانا پکانے والا۔ نانبائی۔ طباخ (ت باور۔ س۔ درور۔ ایک قسم کی

مشتق) باورچی خانہ (مذکر) کھانا پکنے کا کمرہ یا مکان ۔ مطبخ ۔ باورچی گری (مونث) کھانا پکانے کا پیشہ ۔ طباخی ۔ خانساماں گری ۔

باوگ (ھ ۔ مذکر) ۱ بیج بونے کا وقت

باوگ کرنا (متعدی) بیج بونا

باوان (ہ ۔ عدد) پچاس اور دو ۔ ۵۲ ۔

باون (س دو اور پچاگن) **باون تولے پاؤرتی** (صفت) نہایت ٹھیک ۔ بالکل درست صحیح ۔ یہ محاورہ علم کیمیا سے لیا گیا ہے ۔ خیال ہے کہ پاؤرتی اکسیر باون تولے دھات کو سونا بنا دیتی ہے ۔ **باون گز** کا (صفت) ۱ طویل ۔ دراز قامت ۲ شریر ۔ فسادی ۔

باون ہزاری (صفت) شاہی زمانے کا ایک عہدہ ۔

باہ (ع ۔ مونث) جماع کی قوت شہوت ۔ قوت ۔ مردمی ۔ ہستی ۔ کام

باہ (ہ ۔ امر) باہنا کا ۔ **باہا** (ماضی) باہنا کی ۔ **باہ مرنا** (لازم) بہت محنت سے ہل چلانا ۔ **باہن** (مذکر) ۱ گاڑی ۔ چھکڑا ۔ کسی قسم کی سواری کی چیز ۲ کوئی جانور جو سواری یا لادنے کے لئے استعمال کیا جائے گھوڑا ۔ ہاتھی ۔ اونٹ وغیرہ ۳ دیوتاؤں کی سواری ۴ رستہ ۔ راہ ۵ لیکھ ۔ پیتہ کا نشان ۶ وہ زمین جس میں ہل تو چلایا گیا ہو مگر بویا کچھ نہ جائے ۷ غیر مزروعہ زمین ۔ افتادہ زمین ۔ **باہنا** (لازم) ۱ کھولنا ۔ وا کرنا ۔ افشا کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ پھیلانا ۲ دانت دکھانا ۳ بالوں کو کنگھی کرنا ۔ صاف کرنا ۴ ہل چلانا ۔ جوتنا ۔ کاشت کرنا ۵ محنت کرنا ۔ مشقت کرنا ۔ جان مارنا ۔ مزدوری کرنا ۶ لے جانا ۔ دھکیلنا ۔ چلانا ۔ پیروی کرنا ۷ نشانہ لگانا ۔ چلانا (ہتھیار) ۸ داخل کرنا ۔ گھسیڑنا ۔ کھبانا ۹ نر چڑھانا ۱۰ حاملہ کرنا ۔ گابھن کرنا ۔

مثل ۔ باہ مریں بیل بیٹھے کھائیں ترنگ (ھ) اپنی اپنی قسمت ہے ۔ بیل تو ہل چلاتے ہیں ۔ اور گھوڑے بغیر محنت کے کھڑے ہوئے کھاتے ہیں ۔ کوئی محنت کرتا ہے کوئی مزے اڑاتا ہے ۔

باہُ ۔ باہو (س ۔ مذکر) ۱ باز و کہنی سے لے کر کلائی تک ۲ جانور کا اگلا پاؤں ۳ ایک درب ۴ ایک راجہ ۵ ورک کا ایک بیٹا ۶ وجر کا ایک بیٹا ۔ **باہباور** (مذکر) ایک قوم ۔ **باہبل** (مذکر) ۱ آدمی کی طاقت ۲ ایک راجہ ۔ **باہبھیدن** (مذکر) وشن جی ۔ **باہج** (مذکر) ۱ کشتری کیونکہ یہ برہما جی کے بازوؤں سے پیدا

کیے گیا تھا ۲ طوطا ۳ جنگل تل ۔ **باہدا** (مونث) ۱ سویشا جو پریکشت کی بیوی تھی ۲ ایک دریا جو غالباً دریائے جہلم ہے ۔ کہتے ہیں گوری جو پرسنجت کی استری تھی کی بد دعا میں یہ دریا بنا دیا گیا تھا ۳ ایک اور دریا ۔ **باہ سہسر بھرت** (صفت) ۱ ہزار بازوؤں والا ۔ ارجن کارتوریا جسے پرسرام نے قتل کیا تھا ۔ **باہشالن** (مذکر) ۱ شوجی ۲ ایک دانو ۳ ایک شجاع ۴ ایک راجہ ۵ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۶ بھیم کا ایک بیٹا ۔ **باہشکتی** (مذکر) ایک راجہ ۔ **باہمتی** (مونث) ایک دریا

باہا (ھ ۔ مذکر) ۱ پانی نکلنے کا رستہ ۔ نالی نہر ۲ وہ برتن جس میں (بیلنے میں) گنے کا رس پڑتا ہے ۔

باہر (ہ ۔ تف) اندر نہ ہو کھلے میدان میں ۔ بیروں ۲ خارج ۔ نکلا ہوا ۳ علیحدہ ۔ جدا ۔ علاوہ ۔ بے تعلق ۴ بیرونجات ۔ قرب و جوار ۔ بیرون شہر ۵ منحرف سرکش ۔ انکاری ۶ زائد ۔ کچھ اوپر ۷ مجازاً ۔ بیت الخلا (س ۔ دہر) **باہر آنا** (لازم) ۱ گھر سے نکل آنا ۲ جانور کا بل سے نکل آنا ۔ **باہر باہر** (تف) ۱ بالا بالا اوپر اوپر ۲ دور دور ۔ الگ الگ ۳ اندر داخل نہ ہونا ۔ **باہر بھیتر** (تف) اندر باہر ۔ **باہر جانا** (لازم) ۱ گھر سے نکلنا ۔ حد سے نکلنا ۲ سفر کو جانا ۔ پردیس جانا ۔ پاخانے جانا ۔ جنگل جانا ۳ سیر تماشے کو جانا ۴ احاطے سے نکل جانا ۔ **باہر دھکیلنا یا ڈھکیلنا** (متعدی) زبردستی نکالنا ۔ علیحدہ کرنا ۔ الگ کرنا ۔ **باہر سدھارنا** (لازم) باہر جانا ۔ **باہر سے** (تف) ۱ مکان کے باہر کی طرف سے ۲ ظاہرا ۔ دیکھنے میں ۔ **باہر کا** (صفت) ۱ غیر ۔ اجنبی ۲ بیرونی ۳ دیہاتی گنوار دہقان ۔ **باہر کا اٹھنے بیٹھنے والا** (صفت) مردوں میں نشست برخاست رکھنے والا ۔ **باہر کر کے** (تف) نکال کر ۔ چھوڑ کر نفی کر کے ۔ **باہر کرنا** (متعدی) ۱ نکال دینا ۲ طلاق دینا ۔ علیحدہ کرنا ۔ چھوڑنا ۳ برخاست کرنا ۔ موقوف کرنا ۴ ذات برادری سے باہر کرنا ۵ کسی چیز کو کسی چیز سے نکالنا ۶ بھلا دینا ۔ خیال چھوڑ دینا

باہر کی بو (مونث) گنوارپن ۔ **باہر کی پھرنے والی** (صفت ۔ مونث) پردے سے نکلنے والی ۔ گھر سے باہر جا کر کام کرنے والی ۔ بغیر پردہ باہر جانے والی ۔ **باہر کے پھرنے والے** (مذکر) نوکر چاکر ۔ **باہر کی جانے والی** (مونث) باہر کی پھرنے والی ۔ **باہر کی ہوا لگنا** (لازم) ۱ آوارہ ہونا ۲ اترانا ۳ غیر آدمیوں کا اثر پڑنا ۔ **باہر لے جانا** (لازم) ۱ گھر سے لے جانا ۔ سیر

کے لئے لے جانا ۲ دساور لے جانا ۔ دوسرے ملک میں لے جانا (مال کے لئے) **باہر نکلنا** (لازم) ۱ گھر سے نکلنا ۲ پردیس جانا ۔ وطن سے نکلنا ۔ **باہر والا** (صفت) بھنگی ۔ خاکروب ۔ **باہر والی** (مونث) بھنگن ۔ مہترانی

باہر نہ ہونا (لازم) ۱ اندر سے نہ نکلنا ۔ علیحدہ نہ ہونا ۲ تعمیل سے گریز نہ ہونا ۔ دریغ نہ ہونا ۔ مستثنےٰ نہ ہونا ۳ انحراف نہ کرنا ۔ خلاف نہ ہونا ۔ **باہر ہونا** (لازم) ۱ گھر سے نکلنا ۲ حکم نہ ماننا ۔ تعمیل نہ کرنا ۔ انحراف کرنا ۔ خلاف کرنا ۳ اتفاق نہ کرنا ۔ **باہر ہی باہر** (تف) بالا ہی بالا ۔ اوپر ہی اوپر ۔ **باہر ہی باہر رہنا یا ہونا** (لازم) اندر نہ آنا ۔ گھر میں نہ آنا ۔ **باہرو ۔ باہری** (صفت) ۱ بیرونی ۲ اجنبی ۳ غیر (ریاضی) بیرونی ۔ خارجہ ۔

امثال و اقوال ۔ باہر تیاگ

بھیتر سہاگ (ھ) باہر کچھ اندر کچھ ۔ ظاہر کچھ باطن کچھ ۔ **باہر کی چکنی چپڑی سے گھر کی روکھی ہی بھلی** ۔ جو کچھ آدمی خود کما کر کھاتا ہے وہ اس سے بہت بہتر ہے ۔ جو اسے مفت ملے چاہے وہ کیسی ہی اچھی ہو ۔ **باہر کے کھائیں گھر کے (گیت) گائیں** فضول خرچ آدمی غیروں پر خرچ کرتا ہے اور اپنوں کو محروم رکھتا ہے ۔ **باہر لمبی لمبی دھوتی اندر مردے کی روٹی** ۔ **باہر میاں اپنے تبتے گھر میں بھونی بھنگ** ۔ **باہر میاں الّلے تلّلے گھر میں چوہے پکیں (قلابازیاں کھائیں)** ۔ **باہر میاں چھیل چکنیا گھر میں لبڑی جوئے** (ھ) **باہر میاں جھنگ جھنگیلے گھر میں ننگی جوئے** (ھ) **باہر میاں پنج ہزاری ۔ گھر میں بیوی (قہر کی) کرمول ماری** ۔ **باہر میاں صوبیدار گھر میں بیوی جھونکے بھاڑ** ۔ یہ امثال اس موقعے پر کہی جاتی ہیں ۔ جب گھر کی حالت تو خراب ہو اور باہر شیخیاں مارتے پھریں اور دکھاوے کے لئے اچھے اچھے کپڑے پہنیں ۔

باہر (ع ۔ صفت) ۱ نہایت اعلیٰ ۔ عمدہ ۔ افضل ۔ اتم ۲ ظاہر ۔ روشن ۔ آشکارا ۔ عیاں ۔ (بہر ۔ زیر کرنا)

باہرادہ (مذکر) ۱ وہ شخص جو پانی کا ڈول یا چرسا پکڑ کر پانی انڈیلتا ہے ۲ لکڑی کا حملہ جو حریف کے دائیں جانب سے کریں ۳ بائیں جانب (باہرت)

باہرن (ہ۔ مذکر) ایک دوائی جو پیٹ میں سے ریح کو خارج کرتی ہے۔

باہظ (ع۔ صفت) ۱ تکلیف دہ۔ مشکل ۲ مصیبت۔ آفت۔

باہک (ہ۔ مذکر) ۱ قلی۔ مزدور۔ بوجھ اٹھانے والا ۲ گھوڑا ۳ سوار ۴ مہرا۔ پانی بھرنے والا ۵ تیراک۔

باہک (س۔ صفت) ۱ مطیع فرمانبردار غلامانہ ۲ (مذکر) بازو ۳ نوکر۔ ملازم۔ غلام ۴ بندر۔

باہل (ع۔ متعدی) ۱ آوارہ گرد ۲ آزاد۔ جو کسی کے قابو کا نہ ہو ۳ گڈریا جس کے پاس لاٹھی نہ ہو

باہُل (س۔ مذکر) ۱ زرہ۔ بکتر۔ جوشن ۲ کاتک کا مہینہ ۳ آگ ۴ بوقلمونی۔ گوناگونی ۵ (صرف و نحو) مختلف قواعد میں سے مناسب تاعدے کا استعمال کرنا ۶ ایک راجہ ۷ (صفت) بوقلموں گوناگوں

باہُلیتا (مونث) **باہُلیہ** (س۔ مذکر) ۱ بہتات۔ افراط۔ زیادتی۔ کثرت۔ ریل پیل۔ وفور۔ اجتماع ۲ گوناگونی۔ بوقلمونی۔

باہم (ف۔ تف) دیکھو با کے تحت میں۔

باہمن (ہ۔ مذکر) برہمن۔ باہمنی (مونث) ۱ برہمنی ۲ چھپکلی کے برابر ایک جانور ۳ (صفت) برہمن کے متعلق۔ باہمنی بڑکھ (مذکر) چکوا باہمنی چیل (مونث) ایک قسم کی مقدس چیل۔

باہن (ہ۔ مذکر) ۱ گاڑی۔ کوئی سواری کی چیز ۲ سواری کا کوئی جانور۔ گھوڑا۔ ہاتھی۔ اونٹ وغیرہ ۳ راستہ۔ راہ۔ رستہ ۴ ہل کا نشان ۵ (ہ) ہل چلی ہوئی زمین جس میں ابھی کچھ بویا نہ گیا ہو۔ باہنا (متعدی) ۱ کھولنا۔ پھیلانا ۲ دکھانا۔ نمایاں کرنا (دانت وغیرہ) ۳ کنگھی کرنا۔ بال سنوارنا ۴ ہل چلانا۔ کاشت کرنا ۵ محنت کرنا۔ مشقت کرنا ۶ گاڑی چلانا ۷ کسی کام کو جاری رکھنا ۸ مقدمہ چلانا۔ دعوے کرنا ۹ ہتھیار چلانا۔ نشانہ باندھنا ۱۰ گھسیڑنا۔ داخل کرنا ۱۱ نر کو مادہ پر چڑھانا۔

باہُو (ہ۔ مذکر) ۱ بازو۔ ہاتھ ۲ لاٹھی چھڑی ۳ گڈریے کی لاٹھی۔

باہِی (س۔ صفت) ۱ باہر کا۔ بیرونی ۲ (مذکر) باہر کی طرف ۳ غیر ملک کا۔ بدیشی ۴ اجنبی ۵ (مذکر) اجنبی آدمی۔ انجان آدمی۔ پردیسی ۶ نیچ ذات کا

باہِیک (س۔ مذکر) ۱ پنجاب کے باشندے۔ مہابھارت اور پانی کی کتاب میں ان کا ذکر آتا ہے۔ یہ نہایت گندے اور قانون سے باہر سمجھے جاتے تھے ۲ (صفت) باہر کا۔

بائِب (ہ۔ مذکر) ۱ سرکنا۔ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔ ہٹنا ۲ خطائے نشانہ ۳ سخن بےاثر ۴ (صفت) عجیب۔ حیرت انگیز ۵ (تف) دیگر۔ اور۔ ماسوا۔ علاوہ (لکھنؤ) (س بایب)

بائِس (ع۔ صفت) ۱ مصیبت زدہ بدبخت۔ کمبخت ۲ ضرورتمند۔ حاجتمند۔

بائِع (ع صفت) بیچنے والا۔ فروخت کنندہ۔ بیع کرنے والا (بیع بیچنا) بائعہ (صفت مونث) بیچنے والی۔

بائلر (انگ۔ مذکر) انجنوں میں وہ حوض یا برتن جس میں پانی گرم ہو کر بھاپ بنتا ہے جس کی طاقت سے انجن کام کرتا ہے۔

بائِن (ع۔ صفت) آخری طلاق تیسری طلاق۔ وہ طلاق جس کے بعد رجوع نہ ہو سکے (بین۔ جدا ہونا۔ طلاق ہونا)

بائِنا (س۔ مذکر) دیکھو بانیا۔

باؤ (ہ۔ مونث) ۱ ہوا۔ پون۔ بتاس ۲ گوز۔ پاد۔ ریح ۳ ایک مرض جو بدکار مردوں اور عورتوں کو ہوتا ہے۔ آتشک ۴ وجع المفاصل۔ گٹھیا ۵ غرور تکبر (س وا ہوا چلنا) باؤ آنا (لازم) ریح خارج ہونا۔ پادنا۔ باؤ باندھنا (متعدی) ۱ خوشامد کرنا ہوا باندھنا ۲ ہجو ملیح کرنا۔ باؤ بناس (ہ) آسیب ہسٹیریا۔ باؤ برنگ (مذکر) ایک قسم کی دوا۔ باؤ بک (مونث) ۱ بکواس۔ بیہودہ۔ گفتگو ۲ گھوڑوں کا ایک مرض۔ باؤ بندی (مونث) ۱ خیالی پلاؤ ۲ کسی کام کے لئے بے فائدہ کوشش ۳ کسی کی تعریف جس کا وہ اہل نہیں ۴ حجت نامعقول۔ لغو دلیل۔ کج بحثی۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) باؤ بھری کھال (مونث) ۱ کم حقیقت آدمی ۲ وہ شخص جس میں ہمت یا حوصلہ نہ ہو ۳ گپیں ہانکنے والا یا فضول باتیں کرنے والا شخص۔ باؤ بھڑکنا (لازم) ۱ دیوانہ ہونا۔ باؤلا ہونا ۲ بکنا۔ ہرزہ سرائی کرنا۔ باؤ بھک یا جھک (مونث) ۱ دیکھو باؤ بک ۲ بکواسی۔ گپی۔ باؤ بہنا (لازم) ہوا چلنا (عف) باؤ پر آنا (لازم) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا۔ دماغ میں ہوا بھر جانا۔ باؤ ڈنڈی پھرنا (لازم) گوز آنا۔ ریح آنا۔ باؤ سرنا (لازم) آہستہ آہستہ ریح خارج ہونا۔ باؤ سول (مذکر) پیٹ کا ریحی درد۔ باؤ گولا۔ باؤ کا رُخ بتانا (متعدی) بیوقوف بنانا۔ دھوکا دینا۔ ٹالنا۔ باؤ کھانا (ہ۔ متعدی) ۱ عیش و عشرت میں وقت گزارنا ۲ بہت تنگی کی حالت میں ہونا۔ باؤ کھبار (مذکر) ایک بیماری۔ باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا (لازم) ۱ نہایت غرور کرنا۔ اترانا۔ بصد ناز سے چلنا ۲ جلدباز ہونا ۳ بہت چست و چالاک ہونا۔ باؤ گولا (مذکر) ۱ قولنج کا درد ۲ وجع المفاصل۔ گٹھیا۔ ریح۔ باؤ لینا (متعدی) ہوا اوپر کھینچنا (گھوڑوں کا ایک عیب)

مثل۔ باؤ نہ بتاس تیرا آنچل کیوں کر ڈولا۔ پوت نہ بھتار تیرا ڈھینڈا کیوں کر پھولا (ہ۔ عو) تجھے کس بات کا غرور ہے۔ تو کیوں اتراتی پھرتی ہے۔

باؤٹا۔ باؤنارہ۔ مذکر) ۱ جھنڈا۔ پھریرا۔ علم ۲ ایک زیور جو ہندو عورتیں کلائی میں پہنتی ہیں ۳ وجع المفاصل۔ مروڑ۔ تشنج (س وا۔ ہوا چلنا) باؤ اڑانا (متعدی) اڑنا (لازم) جھنڈا اڑنا۔ علم بلند ہونا ۲ خوب پٹنا۔ بھرکس نکلنا۔

باؤلا (ہ۔ صفت) ۱ دیوانہ۔ پاگل۔ سڑی۔ سودائی ۲ بیوقوف۔ احمق (س واتل جس پر ہوا کا اثر ہوا ہو) باؤلا بنانا (متعدی) احمق بنانا۔ باؤلا کتا (متعدی) ۱ دیوانہ کتا ۲ وہ آدمی جو خواہ مخواہ لوگوں کو ایذا پہنچائے۔ باؤلی (صفت۔ مونث) دیکھو باؤلا باؤلے (صفت) ۱ باؤلا کی جمع ۲ بجائے باؤلا حرف مغیرہ سے پہلے۔ باؤلے کتے کا کاٹنا (لازم) ۱ بک بک کرنا۔ بکواس کرنا ۲ پاگل ہو جانا۔ سڑی ہو جانا۔ باؤلی ہانڈی (مونث) مختلف قسم کی ترکاریوں کو ملا کر پکانا۔

امثال و اقوال۔ باؤلی بہو آگ کو جائے۔ ایلا ڈال آئے تو اٹھالائے ظاہر کی بیوقوف باطن کی ہوشیار عورت۔ باؤلے کتے نے کاٹا ہے۔ پاگل ہو گئے ہو کیسی بیتکی کی باتیں کرتے ہو۔ باؤلی گھاٹ کے باؤلے پائے۔ باؤلی رانڈ کے باؤلے جائے

جیسا باپ ویسے بیٹے - سب ایک جیسے بیوقوف
باؤلی کو آگ بتائی اس نے لے گھر میں لگائی - بیوقوف دوسروں کی نقل کر کے نقصان اُٹھاتا ہے - **باولے کی بیائی گائے - سب جٹی لے وا کو دھائے** (ہ) غریب کو سب لُوٹتے ہیں - **باولے گاؤں میں اُونٹ آیا** - بے وقوف کے نزدیک ہر بات عجیب و غریب ہوتی ہے۔

باؤلی (ہ - مونث) بڑا پکا کنواں جس میں سیڑھیاں پانی تک جاتی ہیں (س واپ - تالاب)

باؤلی (ف - مونث) ۱ وہ جانور یا چیز جس کے ذریعے شکاری جانوروں کو شکار پکڑنے کی مشق کرائی جاتی ہے ۲ دھوکا - دغا - فریب ۳ اشتعال ۴ اکسانا
باؤلی بتانا (متعدی) اشتعال دینا - دھوکا دینا - **باؤلی دکھانا یا دینا** (متعدی) ۱ شکاری جانوروں کو باؤلی پر چھوڑنا یا تعلیم دینا ۲ اشتعال دینا - اکسانا ۳ ہمت بڑھانا - حوصلہ دینا -

باؤنی (ہ - مونث) ۱ بونے کا وقت ۲ بونا - بوائی ۳ سبھا - جماعت - مجمع ۴ وہ جماعت جو ہولی کے موقع پر چندہ جمع کرے۔

بائی (ہ - مونث) ۱ خاتون ۔ معزز عورت بیگم (ہندوؤں یا پارسیوں میں) ۲ نائکہ - طوائف - رنڈی گانے والی عورت - فاحشہ عورت (س بھگوتی)
بائی جی (مونث) نائکہ کو عزت سے بلاتے ہیں۔

بائی - بائے (ہ - مونث) ۱ ہوا ریح - باد ۲ وجع المفاصل - گٹھیا ۳ خفقان - ہذیان - سرسام ۴ اینٹھن - تشنج (س وا - ہوا چلنا) **بائی یا بائے بڑنگ** (مذکر) ایک درخت کے بیج جو دوائی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں - اور ریح کو روکنے کے لئے دیئے جاتے ہیں - **بائے پچنا** (لازم) ۱ شرمندہ ہونا ۲ اُداس ہونا - افسردہ ہونا - دلگیر ہونا - **بائے سرنا** (لازم) ریح خارج ہونا - پادنا - **بائی کچائی نکل جانا** (لازم) شرارت باقی نہ رہنا (رفت) **بائی گولا** (مذکر) دیکھو باؤگولا - **بائے میں بڑھکنا** (لازم) - بہت باتیں کرنا - بکواس کرنا - دیگر محاورات کے لئے دیکھو باؤ -

بائی (ہ - مونث) چار پائی کی ایک طرف - پٹی -

بائے (ف - مونث) ب کا فارسی تلفظ - **بائے فارسی** (مونث) پ - **بائے موحدہ** (مونث) ب -

بائے (انگ - مذکر) ۱ لڑکا - بچہ ۲ لڑکا ملازم - ملازم - **بائے سکوٹ** (مذکر) - وہ لڑکا جو بائے سکوٹنگ کا کام جانتا ہو - **بائے سکوٹنگ** (مذکر) ایک طریقہ جس سے لڑکوں کو نیک اور اچھا شہری بنانے کے لئے خاص طور پر سکھایا جاتا ہے - لڑکے کو ہر روز ایک نیک کام کرنا پڑتا ہے -

بائیس (ہ - عدد) بیس اور دو - ۲۲ - (س دوا دشت) **بائیسی** (مونث) خاندان مغلیہ کے زمانے میں بائیس صوبوں کی شاہی فوج ۱ بائیس ہزار فوج کی کمان ۲ وہ شاہی جلوس جس میں بائیس صوبوں کی فوج ہمراہ رہتی تھی ۳ دو ہزار دو سو آدمیوں کا سوار یا حاکم ۵ (ہ) جتھا پنچایت جماعت -

بائیسکل (انگ - مونث) دو پہیوں کی گاڑی جو پاؤں سے چلتی ہے - لوہے کا گھوڑا -

بائیکاٹ (انگ - مذکر) ۱ ایک انگریز کپتان کا نام جس کے برخلاف آئرلینڈ کے باشندوں نے عدم تعاون کیا تھا ۲ عدم تعاون - تجارتی یا معاشرتی تعلقات بند کرنا - **بائیکاٹ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) تجارتی یا معاشرتی تعلقات سے خارج ہونا - عدم تعاون ہونا -

بائیلر (انگ - مذکر) انجنوں کا وہ حصہ جس میں پانی کو گرم کر کے بھاپ بنایا جاتا ہے جو مشینری کو چلاتی ہے -

بائیں (ہ - صفت مونث) بایاں کا - **بائیں آنکھ پھڑکنا** (لازم) بائیں آنکھ کے پپوٹوں کا خود بخود پھڑکنا - مرد کی بائیں آنکھ کا پھڑکنا منحوس خیال کیا جاتا ہے - عورت کا اچھا - **بائیں پشم** (مونث) ناچیز - بے حقیقت چیز - **بائیں طرف** (مونث) سمت چپ - **بائیں ہاتھ سے رکھوانا** (مذکر) زبردستی لینا - **بائیں ہاتھ کا داؤں - کام - کرتب یا کھیل** (مذکر) سہل کام - آسان کام - **بائیں ہاتھ کا کھانا حرام** ایک قسم کی قسم - کہتے ہیں کہ ہندوستان کے ایک راجہ کے خاندان میں یہ قسم تب تک جاری رہیگی جب تک وہ دہلی فتح نہ کر لے -

بائیں (ہ - مونث) باؤلی - پختہ کنواں -

بائیں (ہ - صفت) بایاں - اُلٹا
بائیں رگڑ (کہاروں کی اصطلاح) بائیں جانب ادھر کا اندیشہ -

بائیں بائیں (ہ - تف) دیکھو ہاں ہاں -

بائینی (ہ - مونث) سپیروں کا ٹوکرا یا پٹاری جس میں سانپ لئے پھرتے ہیں -

بایا (ہ - مذکر) ۱ بیا ۲ (صفت) کھلا ہوا - پھیلا -

بایاں (ہ - صفت) ۱ اُلٹا (ہاتھ) چپ ۲ (مذکر) وہ طبلہ یا پکھاوج جو بائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے ۳ نیچا گہرا سُر جو خاص کر طبلے ڈھولک اور پکھاوج سے بائیں ہاتھ سے نکلتا ہے (س وام) **بایاں بولنا** (لازم) بائیں طرف سے کسی جانور کا بولنا ۔ اچھا شگون ہونا - کامیاب ہونا - **بایاں پیر (پاؤں) پوجنا یا چومنا** (متعدی) اُستاد ماننا - ہار ماننا - کسی کے کمال کا قائل ہونا - **بایاں پاؤں لینا** (متعدی) ۱ عظمت ماننا تعظیم کرنا ۲ چالاکی یا شرارت کا قائل ہونا - **بایاں قدم چومنا** (متعدی) تعظیم کرنا - **بایاں قدم کدھر ہے** - دوسرے کی چالاکی یا شرارت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - آپ بڑے خرانٹ ہیں - **بایاں قدم لینا** (متعدی) دیکھو بایاں پاؤں لینا -

بایب (ہ - مذکر) ۱ دیکھو بائب ۲ شمال مغرب - اتر پچھم کونا -

باید (ف - مضارع) بایستن کا ۱ ہوا قابل ہوا ۲ چاہیے - **باید و شاید** (صفت) جیسا چاہیے درست - مناسب -

بایستہ (ف - صفت) ۱ ضروری - ناگزیر (امر) ۲ مناسب - درست - موزوں شایاں (بایستن ہونا)

باین - باینا (ہ - مذکر) مٹھائی کی بھینٹ جو دیوتا کو چڑھائی جائے ۲ مٹھائی جو شادی کے موقعہ پر تیار کر کے دوستوں کو بھیجی جائے ۳ حصہ - بخرہ -

بب (انگ - مذکر) گدی جو بچوں کے گلے میں باندھی جاتی ہے تاکہ تھوک یا دودھ سے کپڑے خراب نہ ہوں -

بباد (ہ۔ مذکر) ۱ جھگڑا۔ فساد ۲ بحث مباحثہ۔ مجادلہ ۳ مقدمہ (س وواد) **بباد اٹھانا یا کرنا** (متعدی) **اٹھنا یا ہونا** (لازم) ۱ اعتراض ہونا ۲ بحث ہونا ۳ جھگڑا ہونا ۴ مقدمہ بازی ہونا۔

بباد بھوگ (مذکر) متنازعہ ملکیت زمین یا جائداد

ببادی (صفت) ۱ جھگڑالو۔ فسادی ۲ مقدمہ باز ۳ (مذکر) مدعی مستغیث۔

ببر (ف۔ مذکر) شیر کی ایک قسم **ببر اکالی** (مذکر) پنجاب میں سکھوں کا ایک خطرناک گروہ جس نے ضلع ہوشیارپور میں قتل و غارت شروع کر دیا تھا ۱۹۱۹ء میں اس کا قلع قمع ہوا۔

ببر (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو گھوڑوں کے بال کاٹے

ببر۔ ببری (ہ۔ مونث) ببول۔ کیکر۔

ببر (ہ۔ مذکر) کبوتروں کا ایک رنگ۔ نیلے رنگ کے بازوؤں پر سیاہ نقطے ہوتے ہیں۔

ببراکھیری (ہ۔ صفت) مباحثہ۔ جھگڑا۔ شور۔ فساد۔

ببرن (ہ۔ مذکر) کیفیت۔ حال۔ تذکرہ۔ تشریح۔ توضیح مفہوم۔

ببرن (ہ۔ صفت) بے رنگ پھیکا بدرنگ زرد۔

ببروتا (ہ۔ مذکر) بھدا یا بدوضع جوان گنوار۔

ببری (ہ۔ مونث) ۱ کٹے ہوئے بال ۲ عورتوں کے بال بنانے کا ایک طریقہ۔ اگلے بال چھوٹے چھوٹے کاٹ کر ماتھے پر چھوڑتی ہیں۔ طرہ ۳ چھوٹی ہوئی لٹ ۴ گھوڑے کے کٹے ہوئے ایال یا دم ۵ اونٹ کے گھونگریالے بال ۶ نیلی کبوتری۔ **ببری چھوڑنا** (متعدی) زلفیں یا لٹیں بڑھانا جوانی گزرنے کے وقت دونوں طرف بال چھوڑنا۔

ببغا (ع۔ مذکر) ۱ طوطا ۲ بلبل۔

ببوا۔ ببوا۔ ببوا (ہ۔ مذکر) بابو کی تصغیر ۱ بچہ۔ لڑکا (پیار سے) ۲ بچے کی شکل کا کھلونا۔

ببور۔ ببول۔ ببولا (ہ۔ مذکر) کیکر کا درخت۔ مغیلاں۔ ایک کانٹے دار درخت جس سے گوند نکلتا ہے۔ لکڑی کے پائے وغیرہ بنتے ہیں اور جلانے کے کام بھی آتی ہے۔ چھال سے چمڑا رنگتے اور دیسی شراب بناتے ہیں۔ **ببول کے پیڑ بونا** (متعدی) برے اور نقصان دہ کام کرنا۔

ببولا (ہ۔ مذکر) بگولا۔

ببھاس (ہ۔ مونث) ایک راگنی۔

ببھاگ (ہ۔ مذکر) حصہ ۲ ٹکڑا۔

ببھر (س۔ صفت) ۱ بھورا۔ بادامی ۲ بخرا۔ گنجا ۳ بڑا۔ کلاں۔

ببھکتی (ہ۔ مونث) اسم یا فعل کی گردان۔

ببھنی (ہ۔ مونث) آنکھ پھینپی۔

ببھو۔ ببھو۔ ببھو۔ ببھوتی (ہ۔ مذکر) طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ خدائی زور یا اثر۔ مادی چیز۔ جائداد۔ دولت۔ امارت۔ ترقی۔

ببی (ہ۔ مونث) ۱ ایک خوشبودار بوٹی ۲ اس کا بیج۔ ایک قسم کی مینا۔

ببی (ہ۔ مونث) بوسہ (لینا دینا کے ساتھ)

ببیا (ہ۔ مونث) بی بی کی تصغیر ۱ بچی لڑکی ۲ تاش میں بیگم یا عورت کی تصویر کا پتا۔

ببیانہ (صفت) ۱ عورت کا۔ زنانہ ۲ وہ (اشیا) جو خاص عورتوں کے استعمال کی ہوں۔

ببیس۔ ببیسی (ہ۔ مونث) ۱ بواسیر ۲ علت۔ اُبنہ۔ **ببیسیا** (صفت) ۱ مبتلائے بواسیر یا علت اُبنہ ۲ بہت باتیں کرنے والا ۳ فریبی۔ چالاک۔

ببیک (مذکر) **ببیکتا** (ہ۔ مونث) ۱ تمیز۔ تفریق ۲ امتیاز ۳ فہم۔ فراست۔ سمجھ۔ ادراک ۴ عقل۔ دانائی۔ علم حقیقی۔ **ببیکی** (صفت) ۱ باتمیز۔ باشعور۔ باسمجھ۔ سمجھدار۔ فہیم ۲ عقلمند۔ دانا۔ دانشمند ۳ چوکس۔ ہوشیار۔ سیانا ۴ منصف قاضی ۵ نیایک ۶ چوکس آدمی ۷ دانا آدمی۔ حکیم۔ بدھمان۔ فلسفہ دان۔

بپت (ہ۔ صفت) چھپا ہوا خفیہ۔ پوشیدہ۔

بپت۔ بپتا (ہ۔ مونث) دکھ۔ تکلیف۔ مصیبت۔ بلا۔ تباہی۔ زوال۔ **بپتا یا بپت پڑنا** (لازم) ۱ مصیبت آنا ۲ خاوند کا مرجانا رانڈ ہو جانا۔

امثال۔ بپتا میں کوئی ساتھی نہیں۔ مصیبت کے وقت کوئی ساتھ نہیں دیتا۔ **بپت برابر سکھ نہیں جو تھوڑے دن کی ہو**۔ تھوڑی مصیبت آسودہ حالی کی قدر کا باعث ہوتی ہے۔ **بپت پڑی جب جیٹھ سنائی۔ مکر گیا جب دینی آئی**۔ مصیبت میں انسان بہت کچھ دینے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ جب مصیبت گزر جائے تو سب کچھ بھول جاتا ہے۔ **بپت سنگاتی ہی تین (بپت سنگھوٹی تین جنے) جورو بیٹا آپ**۔ مصیبت تین وجہ سے ہوتی ہے۔ اپنی۔ بیوی یا بچوں کی وجہ سے یا مصیبت میں یہ تینوں ساتھی ہوتے ہیں۔

بپتسما (انگ۔ مذکر) ایک رسم جس میں کسی کو عیسائی بنانے یا بچے کو پیدائش کے چند دن بعد عیسائی مذہب میں داخل کرنے کے لئے گرجے میں لے جاکر پادری پانی چھڑکتا ہے۔ اصطباغ۔

بپر (ہ۔ مذکر) برہمن۔ پوجاری۔ کوی یا گویا جو ویدوں کے منتر پڑھتا ہو۔

بپرا (ہ۔ صفت) بیکس۔ غمزدہ۔ سیاہ بخت۔ مصیبت زدہ۔

بپریت (ہ۔ صفت) ۱ الٹا اوندھا ۲ برعکس۔ معکوس ۳ برہم منتشر ۴ برخلاف۔ متضاد۔ مخالف دشمن ۵ (تف) بصورت دیگر۔ نہیں تو۔ برخلاف اس کے۔ برعکس اس کے ۶ (مونث) مخالفت۔ اختلاف۔ زد۔ ناموافقت ۷ دشمنی۔ خصومت۔ لاگ بیر۔ عداوت۔ شرارت ۸ تباہی۔ ناس۔ **بپریت آ گیا دینا** (متعدی) فیصلہ الٹ دینا۔ ایک حکم کے برخلاف حکم دینا۔ **بپریت بدھی** (مونث) غلط فہمی۔ **بپریت برتن کرنا** (متعدی) دروغ بیانی کرنا۔ غلط واقعات ظاہر کرنا۔ **بپریت سمجھنا** (لازم) غلط سمجھنا۔ غلط فہمی ہونا۔ **بپریت کرنا** (متعدی) گمراہ کرنا۔ بدلنا ۲ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ نقصان پہنچانا ۳ زنا بالجبر کرنا۔ ازالہ بکارت کرنا۔ **بپریت لیکھ** (مذکر) ۱ غلط سند۔ بیجا بات یا دعوٰی۔

بپش۔ بپکھ (ہ۔ مذکر) بدن جسم۔

بِپَل (ہ۔ مذکر) لمحہ۔ لحظہ۔ آن۔ دم۔

بَپَنس (ہ۔ مذکر) میراث۔ ترکہ۔ ارث۔ ورثہ۔

بَپَوتی (ہ۔ مذکر) ۱ موروثی۔ نسلی۔ آبائی۔ نسلاً بعد نسلاً ۲ (مونث) میراث۔ ترکہ۔ ورثہ ۳ جدی جائداد۔ موروثی املاک۔ بپوتی ادھیکار (مذکر) موروثی حق۔ آبائی حق۔ بپوتی مال (مذکر) جدی جائداد۔ موروثی املاک۔

بَپھارا (ہ۔ مذکر) ۱ بخارات۔ دیکھو بھپارا ۲ ورثہ دیکھو بپوتی۔

بِپھَرنا (ہ۔ لازم) ۱ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ جھلانا۔ بھڑکنا۔ آگ بگولا ہونا۔ خفا ہونا ۲ جوش میں آنا۔ تیز ہونا۔ طیش میں آنا۔ قابو سے باہر ہونا ۳ ضد کرنا۔ فیل مچانا۔ مچلنا۔ ڈھیٹ ہونا ۴ باغی ہونا۔ سرکش ہونا۔ بغاوت کرنا۔ حملہ کرنا ۵ پریشان ہونا۔ بے انتظام ہونا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۶ چکنا۔ اچھلنا کودنا (گھوڑے کا) (س وِسپھرن۔ ادھر ادھر پھیلانا)

مثل۔ بپھرے رذالے (کمینے) اور بھوکے شریف سے ڈرنا چاہیے۔ کمینہ غصے کی حالت میں اور شریف بھوک کی حالت میں خطرناک ہوتا ہے۔

بِپچھے (ہ۔ مذکر) حجرات۔

بَت (ہ۔ مذکر) ۱ کیڑا جو جہازوں کو نقصان پہنچاتا ہے ۲ ہوا۔ آندھی بت سو نہا کرنا (متعدی) ہوا پہنچانا۔ ہوا دینا۔ پنکھا کرنا۔

بَت (ہ۔ مونث) بات کا مخفف۔

بت باہری۔ باہر کا۔ بدیسی۔ بت بڑھاؤ (مذکر) یاوہ گوئی۔ بکواس۔ بہت باتیں کرنا۔ ٹرٹر کرنا۔ جھگڑنا۔ بت بنا (صفت) باتونی۔ بت کہا (صفت) باتونی۔ بت کہاؤ (مونث) گفتگو۔ بات چیت۔ بت کہاؤ ہونا (لازم) ۱ گفتگو ہونا۔ بحث ہونا۔ شروع ہونا ۲ تکرار ہونا۔ جھگڑا ہونا۔

بَت (ف۔ مذکر) ۱ ایک لکیر جو دفتروں میں علیحدہ نام ظاہر کرنے کے لئے یا حساب کی کتابوں میں علیحدہ حساب ظاہر کرنے کے لئے کھینچی جاتی ۲ لکیر۔ نشان۔ ریکھا ۲ (مونث) ایک قسم کی مرغابی۔ جس کا معرب بط ہے۔

بَتّ (ع۔ مذکر) کاٹنا۔

بِت (ہ) بِتّ۔ بِتُّ (ہ۔ مونث و مذکر) ۱ قوت۔ طاقت۔ لیاقت۔ قابلیت ۲ قد۔ عمر۔ سن ۳ دولت۔ جائداد۔ سرمایہ ۴ بساط۔ پہنچ۔ قدر۔ اونچائی۔ ذریعہ۔ بت باہر (صفت) بساط یا طاقت سے زیادہ۔

بت (ف۔ مذکر) ۱ پتلا۔ صنم۔ مورتی۔ تصویر۔ شکل ۲ معشوق۔ محبوب۔ پیارا ۳ بیوقوف یا احمق آدمی ۴ (صفت) خاموش۔ چپ ۵ بیہوش۔ مدہوش بُتاں (جمع) بُت کی۔ بتانِ آذری (مذکر) آذر کے بنائے ہوئے بت جو بہت خوبصورت خیال کئے جاتے تھے۔ بُت بن جانا یا بننا (لازم) ۱ چپ یا خاموش ہو جانا ۲ محو ہو جانا۔ بُت بن کر بیٹھنا (لازم) خاموش رہنا۔ بُتِ بے پیر (مذکر) بے رحم معشوق۔ بُت پرست (صفت) بتوں کی پوجا کرنے والا۔ بُت پرستی (مونث) بتوں کو پوجنا۔ بُتِ پُرفن (مذکر) فریب سے بھرا ہوا صنم معشوق کی تعریف۔ بُت تراش (صفت) بُت بنانے والا۔ بُت تراشی (مونث) بُت بنانا۔ بتخال (مذکر) ایک بت خانہ کا نام۔ بتخالہ (مذکر) ۱ دیکھو بتخال ۲ خالِ سیاہ۔ بتخانہ (مذکر) وہ جگہ جہاں بت رکھے جائیں۔ مندر۔ شوالہ۔ دیر۔ منڈپ۔ بتخانۂ آذری (مونث) آذر کی دوکان۔ یہ حضرت ابراہیمؑ کا باپ یا بقول دیگر چچا تھا (مجازاً) دُنیا۔ جہان۔ بت سا ہو جانا (لازم) چپ چاپ ہو جانا۔ بُت شکن (صفت) بت کو توڑنے والا۔ بُت شکنی (مونث) بتوں کو توڑنا۔ بُت ہرجائی (مونث) بیوفا معشوق۔ وہ معشوق جو کسی ایک عاشق کا پابند نہ ہو۔ بُت ہو جانا (لازم) ۱ چپ ہو جانا۔ سن ہو جانا ۲ محو ہو جانا۔ حیران ہو جانا۔

بُت (ہ۔ مذکر) ۱ وہ اڈا تختہ یا پتھر جس پر قمار باز پانسا پھینکتے ہیں ۲ (ہ) مٹکا۔ گھونسا۔

بَتا (ہ۔ امر) بتانا کا ۱ (ہ۔ مذکر) بانس کا ٹکڑا ۲ پتھر جس پر مصالحہ پیستے ہیں۔ بتاتا (صفت) بتانے والا۔ تشریحی۔ توضیحی۔ بتاتی لکیر (ہ۔ ریاضی) خط حد بندی۔ بتاتی لکیر ناپ (ہ۔ مونث) نیچ گنت تاپ۔ فراش مخروط۔ اقلیدس کی شکلوں کو الجبرے سے ثابت کرنا۔ بتا دینا (متعدی) بتانا (لازم) ۱ کہنا بیان کرنا ۲ جواب دینا ۳ ظاہر کرنا۔ جتلانا۔ افشا کرنا واقف کرنا ۴ سکھانا۔ تعلیم دینا۔ سمجھانا ۵ مارنا۔ پیٹنا ۶ ہاتھوں۔ آنکھوں کی حرکت سے اشارہ کرنا۔ اشارہ کرنا ۷ (کام) کام میں لگانا۔ کام دینا ۸ (پہیلی) بوجھنا ۹ (راستہ) دکھانا۔ ٹالنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ فریب دینا ۱۰ (بھاؤ) ناچنے میں ہاتھ پاؤں ابرو کے اشارے سے پتا دینا ۱۱ نام لینا۔ ظاہر کرنا (س ورت۔ حرکت کرنا) بتاوا (مذکر) ناچنے یا گانے میں ہاتھ یا آنکھوں سے اشارہ۔ بتاونا (ہ) بتانا۔ بتاؤ (امر۔ جمع) بتانا کا۔ بتاؤں (دھمکی) خبر لوں۔ دکھاؤں۔ سمجھاؤں۔ ماروں۔ بتاؤ نہیں آئی۔ بارش یا پانی دینے کے بعد زمین اتنی خشک نہیں ہوئی کہ اس میں ہل چل سکے۔ بتائی (ہ۔ مونث) سکھائی بجھائی۔ ہدایت۔

بِتّارہ۔ مذکر) ایک ہاتھ کی چوڑائی۔ بالشت۔

مُتّارہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ فریب۔ دم۔ جھانسا ۲ حیلہ۔ بہانہ ۳ مکا۔ گھونسا۔ بتا بتانا (متعدی) دھوکا یا فریب دینا۔ بتا دینا (متعدی) فریب دینا۔ حیلہ کرنا۔ بتے بازی (مونث) حیلہ سازی۔ فریب دہی۔ بتے دینا (متعدی) دھوکا دینا۔ جھوٹے دعوے کرنا۔ چکمے دینا۔ جُل دینا۔ بتے میں آنا (لازم) فریب میں آنا۔ دم میں آنا۔

بَنات (ع۔ مونث) ۱ قلم۔ شاخ کا ٹکڑا ۲ زادِ راہ ۳ گھر کا مال و اسباب۔ ساز و سامان ۴ ریشم یا اون کا طرہ یا طیلسان۔

بِتار (ہ۔ مذکر) پھیلانا۔ بڑھانا۔

بُتارَد (ہ۔ مذکر) کاشتکاروں پر ایک زاید محصول۔

بَتاس (ہ۔ مونث) ہوا۔ آندھی۔

بتاس پھینی (مونث) ایک قسم کی مٹھائی۔

بَتاسا۔ بَتاشہ (ہ۔ مذکر) ۱ ہوا سے بھری ہوئی چیز۔ بلبلہ۔ حباب ۲ خالص شکر حباب کی صورت میں ۳ آتش بازی کا چھوٹا انار (س وات۔ ہوا) بتاسا گھلنا (لازم) دُبلا ہو جانا غم یا بیماری سے۔ بتاسے کا قفل۔ ایک قسم کا چھوٹا سا گول قفل۔ بتاسے کی طرح بیٹھ (ڈھل) جانا (لازم) ۱ دفعتاً حالت ردی ہو جانا۔ دُبلا ہو جانا۔

بُتام (انگ۔ مذکر) بٹن۔

بِتان (ہ۔ مذکر) شامیانہ۔ سائبان پال۔

بُتنا نارہ ۔ مذکر) ۱ ایک زیور جو عورت مرد کلائیوں پر پہنتے ہیں ۲ وہ لوہے کا کڑا جو جوڑیوں کا ماپ لینے کے لئے سنار یا منہار رکھتے ہیں ۳ گھٹنوں کی نبض ۴ چھوٹی پگڑی جو اصلی پگڑی کے اندر گولائی ٹھیک لانے یا پسینے سے اصل پگڑی کو بچانے کے لئے باندھتے ہیں ۵ امداد ۔ سہارا ۔ اعانت ۶ (متعدی) دیکھو بتا کے تحت میں ۔

بِتانا (ہ ۔ متعدی) گزار دینا ۔ گزارنا ۔ وقت گزارنا ۔

بُتانا (ہ) بجھانا ۔ گل کرنا ۔ ٹھنڈا کرنا خاموش کرنا ۔ بڑھانا (آگ ۔ روشنی وغیرہ کو)

بَتاؤں (ہ ۔ مذکر) بینگن ۔ بادنجان

بَتاوی بِیبو (ہ ۔ مذکر) چکودرا ۔

بُتر (ع ۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ گھٹانا ۔ کم کرنا ۔ کٹنا ۔ کم ہونا ۔

بَتَر (ہ ۔ مذکر) بارش یا پانی دینے کے بعد زمین کا اتنا خشک ہونا کہ اس میں ہل چل سکے

بَتَّر (ف ۔ صفت) بدتر کا مخفف ۔ نہایت بُرا ۔ نہایت خراب ۔ نکما ۔

بُتر (ع ۔ صفت) ابتر کا مخفف ۱ جس میں کوئی اچھی خوبی نہ ہو ۲ ہاتھ پیر کٹا ہوا ۔ دم کٹا ہوا

بُترا (ہ ۔ صفت) کند ۔ جس کی دھار خراب ہو ۔

بترا بَندی (ہ ۔ مؤنث) بلا بندی مندوبست ۔ تفصیلی بندوبست ۔

بَترانا (ہ ۔ متعدی) بتلانا ۔ بات کرنا گفتگو کرنا ۔

بترانا (ہ ۔ متعدی) عیب نکالنا ۔ نقص نکالنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ جھوٹا بنانا ۔ جھٹلانا ۔

بترن (ہ ۔ مذکر) ۱ چھوڑ دینا ۔ ترک تیاگ ۲ خیرات ۔ زکوٰۃ ۔ دان پن ۔ بترنا (متعدی) دینا ۔ عطا کرنا ۔ خیرات دینا ۔ دان دینا ۔ پن کرنا ۔

بتسا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کا چاول ۔

بتسل (ہ ۔ صفت) مہربان ۔ مشفق ۔

بتع (ع ۔ مذکر) لمبی گردن ہونا ۔

بُتک (ع ۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ کسی چیز کو پکڑنا ۳ کھینچنا ۔

بتک (ہ ۔ مؤنث) بطخ ۔ بط ۔ بتکا (مذکر) نر بطخ ۔

بَتَنگڑ (ہ ۔ مذکر) ۱ مبالغہ ۔ چھوٹی بات کو بڑا بنا دینا ۲ (صفت) باتونی ۔ بت کہا ۔

بَتل (ع ۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ جدا کرنا ۔

بتلانا (ہ ۔ مم) ۔ دیکھو بتانا

بِتم بِتم (ہ ۔ تف) تھوڑا تھوڑا کر کے ۔ آہستہ آہستہ ۔ ذرا ذرا ۔ بتدریج

بِتنا (ہ ۔ لازم) گزر جانا ۔ ہو جانا ۔ بیتنا ۔

بُتنا (ہ ۔ لازم) بجھنا ۔ گل ہونا ۔

بَت اُنگلی (ہ ۔ مؤنث) کلمے کی انگلی ۔ ہاتھ کی انگوٹھے کے ساتھ کی انگلی ۔ اشارہ کرنیوالی انگلی ۔

بَتنگڑ ۔ بتنگڑا (ہ ۔ مذکر) طول طویل کلام ۔ بتنگڑ (بات سے)

بِتوانا (ہ ۔ مم) ناپ کرانا ۔ نپوانا ۔

بِتورا (ہ ۔ مذکر) اُپلوں کا ڈھیر ۔ بٹورا ۔

بَتوَرن (ہ ۔ مذکر) غلے کا ڈھیر یا انبار جو گاہنے کے بعد ہوتا ہے ۔

بَتوری (ہ ۔ مؤنث) ایک چھوٹی قسم کا اناج ۔ چنی ۔

بَتُول (ع ۔ مؤنث) ۱ کنواری ۔ پاکدامن ۔ باعصمت ۔ پاکیزہ ۔ پارسا ۲ وہ عورت جو تارک الدنیا ہو کر خدا پرستی میں مشغول ہو جائے ۔ حضرت مریمؑ اور حضرت فاطمہؓ کا لقب ۔

بَتولا (ہ ۔ مذکر) ۱ دھوکے یا فریب کی بات ۔ بتا ۲ مضحکے کی بات ۳ دھوکے باز ۔ دغا باز ۔ فریبی (س ربت ۔ حرکت کرنا) بتولن (مؤنث) ۱ دغا باز عورت ۔ کٹنی ۲ بٹورن ۔ بتولی ۔ (مؤنث) فضول گفتگو ۔ مذاق ۔ مضحکہ ۔ بتولے بتانا (متعدی) فریب یا دھوکا دینا ۔ جھانسے دینا ۔ بتولے بنانا ۔ باتیں بنانا ۔ چکنی چپڑی باتیں کرنا ۔ بتولے دینا ۔ بتولے بنانا ۔ بتولے میں آنا ۔ دھوکے میں آنا ۔ فریب میں پھنسنا ۔ دم میں آنا ۔

بَتوں (ہ ۔ مذکر) ٹھنڈی ہوا جو سورج غروب ہونے کے بعد ہمالیہ پہاڑ کی طرف سے آتی ہے ۔

بَتونی (ہ ۔ مذکر) باتونی (مذکر) نر بطخ ۔

بَتوَون (ہ ۔ مذکر) بیج ڈالنے کے لئے زمین کی تیاری ۔

بُتّہ (ع ۔ مذکر) کاٹنا ۔ البتہ کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے ۔

بِتھا (ہ ۔ مؤنث) ۱ بے چینی ۔ بے آرامی ۔ بیکلی ۔ گھبراہٹ ۲ تکلیف ۔ درد ۔ دکھ ۳ مصیبت ۔ بلا ۔ آفت ۔ بپتا ۔

بِتھارنا (ہ ۔ متعدی) بکھیرنا ۔ پھیلانا ۔ ضائع کرنا ۔

بِتھاری (ہ ۔ مؤنث) تانے کو کچ سے صاف کرنا ۔

بَتھان (ہ ۔ مذکر) جنگل کی جھونپڑی جو چرواہے بارش وغیرہ میں استعمال کرتے ہیں ۔

بِتھر (ہ ۔ امر) بتھرنا کا ۔ بتھرا (امر) ۱ بتھرانا کا ۲ (ماضی) بتھرنا کا ۔ بتھرانا (متعدی) ۱ پھیلانا ۔ بکھیرنا ۲ ضائع کرنا ۔ خراب کرنا ۳ چھڑکنا ۔ چھینٹے دینا ۔ بتھرنا (لازم) پھیلنا ۱ بکھرنا ۲ بویا جانا ۳ چھڑکا جانا ۔ چھینٹے دیا جانا ۔

بتھروانا (مم) دیکھو بتھرانا ۔

بِتھکنا (ہ ۔ لازم) ڈرنا ۔ خوف کھانا ۔ گھبرانا ۔

بَتھوا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کا ساگ جو خریف کی فصل کے موقع پر کھیتوں میں خود رو اُگتا ہے ۔ (س وشتب)

مثل ۔ بتھوے کا ساگ کن ساگوں میں کھلیا سالس کن سالوں میں

ادنیٰ چیز کی کوئی قدر نہیں اور دور کا رشتہ کوئی رشتہ نہیں ۔

بِتھیا (ہ ۔ مؤنث) اُپلوں کا ڈھیر ۔

بَتی (ہ ۔ مؤنث) لفظ ۔ گفتگو ۔ بات

بَتی (ہ ۔ مؤنث) ۱ وہ بٹی ہوئی روئی یا کپڑا ۔ جسے چراغ میں جلاتے ہیں ۲ وہ بنا ہوا فیتہ جو انگریزی لیمپوں میں جلایا جاتا ہے ۳ فتیلا ۴ چراغ ۔ شمع ۔ روشنی ۵ لاکھ کی قلم ۶ وہ فتیلہ جو زخم میں دیا جاتا ہے ۷ وہ فتیلہ جس سے توپ بندوق سر کرتے یا آتشبازی میں آگ دیتے ہیں ۸ شافہ ۹ پگڑی کا بٹا ہوا پیچ ۱۰ دیا سلائی ۱۱ حیوانات کا گوشت جو پیٹھ کی ہڈی کے دونوں جانب ہوتا ہے ۱۲ میل جو مالش سے بدن سے چھوٹتا ہے ۱۳ اگر ۔ صندل ۔ بارود وغیرہ

کا فتیلہ ۱۱ بانس یا سرکنڈے کی گڈی جو چھپر میں
باندھتے ہیں ۱۲ روئی یا کپڑے کا فتیلہ جو ناک میں نتھنے
کا پانی نکالنے کے لئے رکھا جاتا ہے ۱۳ (موم) شمع۔
موم چڑھا ہوا فتیلہ جو چراغ کا کام دیتا ہے یا گاڑیوں
کے لیمپوں میں لگاتے ہیں (س ورتی)۔ بتی اڑانا (متعدی)
نشانہ ٹھیک لگانا۔ چراغ کی لو پر نشانہ لگا کر اُسے
بجھا دینا۔ بتی اُکسانا (متعدی) چراغ کی بتی کو
آگے بڑھانا یا اونچا کرنا۔ بتی بٹنا (متعدی) روئی
یا کپڑے کو دونوں ہتھیلیوں سے مل کر بتی بنانا۔
بتی بنا کر رکھ چھوڑو رکوان میں لے لو (تنگی)
کی حالت میں کسی کاغذ کے متعلق کہا جاتا ہے یعنی
بیکار ہے کسی مطلب کا نہیں۔ بتی بنانا (متعدی)
بتی بٹنا۔ کسی چیز کو لپیٹنا۔ بتی بول جانا (لازم)
پست ہو جانا۔ ہار جانا (عف)۔ بتی جلانا (لازم)
چراغ یا شمع کا روشن کرنا۔ بتی جلنا (لازم) چراغ
یا شمع کا روشن ہونا۔ بتی چڑھانا (متعدی) چڑھنا
(لازم) ۱ بتی بنا کر رحم میں رکھنا ۲ موم بتی کا کنول
جھاڑ شمعدان میں لگانا ۳ بتی کو اُکسانا۔ بتی دکھانا
(متعدی) ۱ بتی سے بندوق توپ وغیرہ کو داغنا یا کسی
چیز کو آگ لگانا ۲ روشنی دکھانا۔ بتی دینا (متعدی) داغنا
جلانا۔ بتی لگانا (متعدی) بتی چڑھانا آگ لگانا۔

بتی (ہ۔ مونث) ۱ ایک بچوں کا کھیل
۲ ونڈ۔ بتی بُلا دینا (متعدی) ہار منوا دینا۔ عاجز
کر دینا۔ بتی بول جانا (لازم) ہار جانا۔ عاجز ہو جانا۔

بُتی (ہ۔ مونث) خوراک اشیائے
خوردنی۔ کھانے پینے کا سامان۔ آذوقہ لے کر
چندھیر ڈھونڈھنا (متعدی) کوشش سے تلاش
کرنا۔ تلاش میں جانا۔

بتیا (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا بینگن ۲
کچا یا ہرا پھل یا ترکاری ۳ (صفت) کچا۔ ہرا۔ نہ پکا
ہوا ۴ نرم۔ نازک۔

بتیا (ہ۔ امر) بتیانا کا۔ بتیانا
(متعدی) بات کرنا۔ گفتگو کرنا۔ بتیائی (مونث)
گفتگو۔ بات چیت۔

بتیا (ہ۔ مذکر) بالشت بھر کا۔ بالشتیہ۔
بونا۔

بتیت (ہ۔ صفت) گذرا ہوا۔ گیا
ہوا۔ ختم ہوا ہوا۔ بتیت کر دینا یا کرنا (متعدی)
وقت گزارنا۔ بتیتنا (متعدی) بتیت ہونا (لازم)
گزرنا۔ ختم ہونا۔

بتیس (ہ۔ عدد) تیس اور دو۔ ۳۲۔
بتیسا۔ بتیسا (مذکر) ۱ ایک قسم کا حلوا جو بتیس
چیزوں سے مرکب ہوتا ہے۔ اور زچاؤں کے
کھانے کو دیتے ہیں ۲ اسی قسم کی ایک دوا جو گھوڑیوں کو
بچہ دینے کے بعد کھلاتے ہیں ۳ حلوا سوہن کی دو
تین قسمیں۔ بتیس ابرن ابھرن (مذکر) عورت
کے بتیس زیور ۱ سیس پھول (سر کا) ۲ کھور ۳ ٹیکا
(ماتھے کے) ۴ بالی ۵ پتا ۶ کرن پھول ۷ جھومر
(کان کے) ۸ نتھ (ناک کا) ۹ چندن ہار ۱۰ کنٹھ ہار
۱۱ جوہا ۱۲ چپا کلی ۱۳ جگنو ۱۴ کنٹھ سری ۱۵ سچلڑی (گلے
کے) ۱۶ آرسی ۱۷ انگوٹھی (ہاتھوں کے) ۱۸ کنگن کڑے
۱۹ پہنچی ۲۰ چوڑیاں ۲۱ چھن نقش ۲۲ نو گجے (کلائی
کے) ۲۳ بازو بند ۲۴ جوشن ۲۵ برے (بانہ کے) ۲۶
کردھنی (کمر کا) ۲۷ کڑے ۲۸ پازیب ۲۹ جھانجھ ۳۰
چھڑے ۳۱ بچھوے (ٹخنوں کے) ۳۲ چھلے (پاؤں
کے) آج کل ان کے علاوہ اور بہت سے خوبصورت
زیور ہیں۔ مثلاً۔ اونی ماتھے کے لئے۔ گلوبند گردن
کے لئے۔ بجلی۔ آویزے کانوں کے لئے۔ گھڑی اور چھچی
ہاتھوں کے لئے۔ لچھے۔ توڑے پاؤں کے لئے وغیرہم
بتیس دانت کی بھاکا یا بتیا (ہ۔ مونث) ۱ منہ
سے نکلی ہوئی بات ۲ (عو) بد دعا۔ بتیس دھار (مونث)
دھارا (مذکر) ماں کا دودھ۔ بتیس دھار ہو کر
نکلے (عو) بد دعا۔ بتیس زخموں سے نکلے۔ پھوٹ پھوٹ
کر نکلے۔ بدن پھوٹ جائے۔ بتیس دھاریں دودھ
بخشنا (لازم) اگر کسی عورت کا بیٹا جوان مرتا ہو تو
وہ اسے اپنا پلایا ہوا دودھ بخش دیتی ہے۔ کیونکہ
اس نے ماں کی خدمت سے جو اس کا عوض دینا
تھا اس کا اسے موت نے موقع نہیں دیا۔ بتیسی
(مونث) انسان کے تمام دانت جس وقت نکل آئیں
تو تعداد میں بتیس ہوتے ہیں۔ دانتوں کی دونوں
لڑیاں۔ دانتوں کا چوکا۔ بتیسی بجنا (لازم) سردی
یا خوف کی شدت سے کانپنے میں دانتوں کا آواز
دینا۔ بتیسی بند ہونا (لازم) دانتوں کا کھل نہ سکنا
غشی اور کئی بیماریوں میں ایسا ہو جاتا ہے۔ بتیسی
دکھانا (متعدی) ۱ اس طرح ہنسنا کہ سارے دانت
نظر آئیں۔ بہت زور سے ہنسنا ۲ منہ چڑانا۔ ٹھٹھا
کرنا ۳ انکساری کرنا۔ منت اور لجاجت کرنا۔ بتیسی
گر جانا (لازم) سب دانت گر جانا۔ پوپلا ہو جانا۔
امثال۔ بتیس دانتوں میں
زبان۔ ۱ ایک آدمی بہت دشمنوں سے گھرا ہوا ۲ سخت
پابندی یا قید۔ بتیس دانت کی بھاکا خالی
نہیں جاتی ۱ جوان مرد وعدے کا پکا ہوتا ہے
۲ لوگوں کی بد دعا لگ ہی جاتی ہے۔ بتیس منہ
کی فال خالی نہیں جاتی۔ جو بات مشہور ہو جائے
وہ ہو کر رہتی ہے۔

بتیشارہ (متعدی) قصابوں کی اصطلاح
طعام نوش کرنا یا کھانا۔ بتیینی (مونث) کھانا۔
طعام۔

بَٹ (ہ۔ امر) ۱ بٹنا کا ۲ (مذکر)
بانٹ تقسیم۔ حصہ (س۔ ونٹ) ۳ مروڑ۔ پیچ۔
بل۔ سلوٹ ۴ اوجھڑی کا گوشت (س ورت) ۵
راستہ۔ پگڈنڈی (باٹ بمعنی راہ کا مخفف) ۶
باٹ۔ تولنے کا وزن (بانٹ کا مخفف) بڑ
کا درخت ۷ کوڑی (س بٹ) ۸ کشمیریوں کی ایک
ذات ۹ (مونث) وہ ورم جو چوٹ کے صدمے سے
بدن انسان پر پڑے ۱۰ وہ شکن جو فربہی کے سبب
پیٹ پر پڑ جاتے ہیں۔ بٹا (امر) ۱ بٹانا کا ۲ (ماضی)
بٹنا کی۔ بٹانا (متعدی) ۱ تقسیم کرنا۔ بانٹ لینا ۲
دیکھو بٹوانا ۳ (توجہ خیال وغیرہ) دوسری طرف توجہ
کرنا یا خیال ہٹانا۔ بٹاؤ (ہ) ۱ مسافر۔ راہگزر ۲
لٹیرا۔ ڈاکو ۳ اور۔ غیر۔ دوسرا۔ بٹاؤ (ہ) تقسیم۔ بانٹ۔
بٹائی (مونث) ۱ تقسیم۔ بانٹ ۲ کاشتکار اور زمیندار
میں غلے کی تقسیم ۳ حصہ داروں میں باہمی تقسیم ۴
جنس میں زمین کا لگان ۵ پیداوار تقسیم ہونے کا موسم
۶ کھیت کی پیداوار بانٹنے کی اُجرت ۷ بٹوائی۔ بٹائی دار
(مذکر) زمیندار جو فصل کا حصہ مالک سے لے۔ بٹ پار
یا پاڑ (ہ) ڈاکو۔ راہزن۔ بٹ ترائی (مونث)
سرکار کی طرف سے بانٹوں کی سالانہ جانچ۔ بٹ مار
(مذکر) راہزن۔ ڈاکو۔ بٹ ماری (مونث) راہزنی
ڈاکہ۔ بٹ موگرا (مذکر) ایک قسم کا بڑا موگرا۔ بٹنا
(لازم) ۱ تقسیم ہونا۔ حصے ہونا۔ بانٹا جانا ۲ ایک طرف
سے دوسری طرف ہو جانا ۳ جدا جدا ہونا۔ متفرق ہونا
ابتر ہونا ۴ (متعدی) تقسیم کرنا۔ بانٹنا (س ونٹ) تقسیم
کرنا ۵ بل دینا۔ مروڑنا۔ پیچ دینا ۶ (مذکر) وہ آلہ
جس سے رسیاں بٹتے ہیں (س ورت۔ مروڑنا) بٹوارا
بٹوارہ (مذکر) ۱ تقسیم۔ حصہ ۲ زمین کی تقسیم۔ غلے کی

تقسیم۔ باہمی تقسیم ۳ شرکا کی علیحدگی۔ ایک حصہ دار کی علیحدگی۔ حصوں کی تقسیم ۴ وہ دستاویز یا شرائط نامہ جس میں تقسیم کی تفصیل درج ہو۔ بٹائی پتر۔ بٹوارہ خانگی (مونث) پنچ کے طور پر تقسیم۔ آپس کی تقسیم۔ بٹوارہ سرکاری (مذکر) سرکاری طور پر جائداد غیر منقولہ کی تقسیم۔ بٹوارہ غیر مکمل (مذکر) ایسی تقسیم جس میں کل جائداد ادائے مالگزاری کی ذمہ دار رہے۔ بٹوارہ مکمل (مذکر) ایسی تقسیم جس میں ہر حصہ کی مالگزاری علیحدہ ہو جائے۔ بٹوانا (لازم) ۱ تقسیم کرانا حصے دلوانا ۲ بل ڈلوانا۔ پیچ ڈلوانا۔ بٹوائی (مونث) ۱ رسی بٹنے کا کام ۲ رسی بٹنے کی مزدوری۔

بٹّا (ہ۔ مذکر) ۱ نقص۔ کمی کسر کوتاہی ۲ عیب۔ قصور۔ جرم ۳ بدنامی۔ رسوائی خفت ۴ دھبہ۔ داغ۔ کلنک کا ٹیکا ۵ منہائی۔ مجرائی چھوٹ ۶ کمی۔ گھاٹا۔ نقصان ۷ وہ کمی جو روپیہ یا نوٹ بھنانے میں پڑے ۸ وہ کمی جو ایک ملک کا سکہ دوسرے ملک کے سکے سے بدلنے میں پڑے ۹ ہنڈاون۔ کٹوتی۔ منہائی۔ مجرائی۔ پھروتی ۱۰ باٹ کی تصغیر۔ چھوٹا باٹ یا وزن ۱۱ وہ پتھر یا لوہے کا ٹکڑا جس سے سل پر مصالحہ پیستے ہیں ۱۲ فرق۔ اختلاف۔ تفاوت ۱۳ زیور رکھنے کا کاٹھ کا ڈبہ ۱۴ پان کا گول ڈبہ ۱۵ چھوٹا گول آئینہ ۱۶ شعبدہ بازوں کا گول ڈبہ جس میں گولی اڑاتے ہیں ۱۷ گولا جس کو بازیگر کمان کی ڈور پر چلاتے ہیں ۱۸ فصد کھولنے والوں کا گولا جو اس شخص کے ہاتھ میں دیتے ہیں۔ جس کی فصد کھولی جائے ۱۹ وہ لکڑی جس میں سوراخ کر کے اور دوسری لکڑی لگا کر کوئیں پر رکھتے ہیں۔ تاکہ کوئیں میں سے پانی آسانی سے نکل سکے ۲۰ ارباب نشاط کا انعام ۲۱ رقم جو فوجی ملازموں کو میدان جنگ میں دی جاتی ہے۔ بھتہ ۲۲ پیتل کی لٹیا۔ بٹا آنا (لازم) ۱ کمی پڑنا۔ نقصان پڑنا ۲ عیب لگنا۔ حرف آنا۔ بٹّا دینا (متعدی) ۱ کمی پوری کرنا ۲ نقصان اٹھانا ۳ کٹوتی یا منہائی دینا۔ بٹّا دھار یا ڈھال (مونث) ۱ سطح۔ ہموار۔ برابر۔ یکساں ۲ برباد۔ تباہ۔ بٹا (سا) ہونا (لازم) خاموش ہونا۔ چپ ہونا۔ بٹّا سا (مذکر) ۱ ایک قسم کی زرہ ۲ سازش۔ ساز باز۔ بندش۔ بٹا کاٹنا یا کاٹ لینا (متعدی) بٹا لینا۔ بٹّا لگانا (متعدی) ۱ کمی پوری کرنا۔ کٹوتی کاٹنا ۲ عیب لگانا۔ الزام دینا۔ بٹّا لگنا (لازم) بٹا آنا۔ بٹا لینا کٹوتی لینا کٹوتی کاٹنا۔ مجرائی وصول کرنا۔ بٹّے (مذکر) ۱ جمع بٹّا کی ۲ بجائے بٹا کے حروف وغیرہ سے پہلے۔ بٹّے باز (مذکر) چالاک۔ دغاباز فریبی مکار۔ بازیگر۔ شعبدہ باز۔ مداری۔ بھانمتی۔ بٹّے بازی (مونث) ۱ دغابازی۔ فریب۔ چالاکی ۲ بازیگری۔ شعبدہ بازی۔ بھانمتی یا مداری کا کام۔ بٹّے پر خریدنا (لازم) نفع پر خریدنا۔ کم قیمت پر خریدنا۔ بٹّے دار (مذکر) ناقص۔ کھوٹا۔ جس پر بٹہ لگے۔ بٹّے کھاتے (مذکر) نفع نقصان ۲ ناقابل وصول روپیہ۔ بٹّے کھاتے (لکھنا) میں ڈالنا (متعدی) کسی رقم کو ناقابل وصول قرار دینا۔ بٹّے سے منہ توڑنا (متعدی) سخت سزا دینا۔

بِٹالنا (ہ۔ متعدی)۔ پھیلانا بکھیرنا ۲ (منہ کے ساتھ) منہ میں خوراک ڈالنا۔ چکھنا۔

بٹالین (انگ مونث) ہم کمپنیاں یا ایک ہزار پیدل فوج۔

بِٹانا (ہ۔ متعدی) پھیلانا۔ بکھیرنا۔

بَٹاونا (ہ متعدی) بٹانا۔ بٹوانا۔

بَٹاویہ (ایشیا) ۱ جزیرہ جاوا میں ایک صوبہ (۳۱۳۱) ۲ اس کا دارالسلطنت (۲۳۰)

بِٹَپ (ہ۔ مذکر) ۱ درخت کی نئی شاخ۔ کونپل۔ شاخ ۲ درخت۔ پودا۔ جھاڑی ۳ جھنڈ۔ گُپھا۔ گُپھا ۴ پھیلاوٹ۔

بَٹ جانا (ہ۔ لازم) ۔ تقسیم ہو جانا ۲ بل کھانا۔ مروڑ کھانا۔ پیچ کھانا ۳ ادھر ادھر سرک جانا کھسک جانا۔

بَٹُرنا (ہ۔ لازم) ۱ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔ فراہم ہونا ۲ ٹرپا جانا۔ سیا جانا۔ بٹر ہاتھ (مذکر) بند مٹھی۔ مُکّا۔

مثل۔ بٹر ہاتھ دشمنوں لوگو۔ دشمن کو اگر مارنا پڑے تو مکا مارے یعنی سخت مارے۔

بَٹری (ہ۔ مذکر) چھوٹا پیالہ۔

بَٹکرا بَٹگھرا (ہ۔ مذکر) وزن یا باٹ جو چیز تولنے میں استعمال کی جائے۔

بٹلا (ہ۔ صفت) بٹّے کی طرح کا۔

بٹلا منہ (مذکر) بٹا سا منہ۔

بٹلر (انگ۔ مذکر) ایک ملازم جو انگریزوں کے گھر کا سارا انتظام کرتا ہے۔ اور کھانے وغیرہ کا انتظام اس کے سپرد ہوتا ہے۔

بٹلَون (ہ۔ مذکر) سیاہ نمک۔

بَٹلوہی۔ بٹلوئی (ہ۔ مونث) وہ پیتل کا ظرف جس میں پانی پیتے یا دودھ دوہتے ہیں۔

بٹماس (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گھٹیا دال۔

بُٹن (انگ۔ مذکر) ۱ بوتام۔ گھنڈی تکما ۲ سنہری روپہلی تار جو کارچوب میں کام آتے ہیں۔

بِٹن (ہ۔ مونث) بیٹی کی تصغیر۔

بُٹنا (ہ۔ مذکر) اُبٹن۔ ایک خوشبودار مصالحہ جس سے بدن کا میل اترتا ہے۔ رنگ نکھرتا ہے۔ اور بدن خوشبودار رہتا ہے (ابٹن کا مخفف) بٹنا کھیلنا (متعدی) شادی کے موقع پر ایک دوسرے کو مذاقاً بٹنا ملنا۔ بٹنا گھلنا (لازم) گھولنا (متعدی) بٹنے میں پانی ڈال کر لیپ سا بنانا۔ بٹنا ملنا (متعدی) بٹنے کو بدن پر لگانا۔

بِٹنی (ہ۔ مونث) ۱ سر پستان۔ چوچی بھٹنی۔ ڈھیپنی۔ ٹمکنا۔

بَٹنیا (ہ۔ مذکر) حصے یا بانٹ کا مالک حصہ دار۔

بِٹنیا (ہ۔ مونث) بٹن کی تصغیر۔ بیٹی کو پیار سے کہتے ہیں۔

بٹوا (ہ۔ مذکر) ۱ کئی خانوں کی ڈوری دار تھیلی جس میں روپے پیسے الائچی۔ چھالیہ وغیرہ رکھتے ہیں ۲ چمڑے کی تھیلی جو نقدی رکھنے کے کام آتی ہے ہمیانی ۳ ہندوؤں کا ایک برتن۔ بٹلوہی

بِٹوا (ہ۔ مذکر) بیٹا کی تصغیر۔ بچہ۔ چھوٹا بچہ پیار سے چھوٹے بچے کو کہتے ہیں۔

بَٹوار۔ بَٹوال (ہ۔ مذکر) محصول اکٹھا کرنے والا جو محصول جنس میں ادا ہو ۲ محاصل جو سڑک پر محصول وصول کرے۔

بَٹور (ہ۔ مذکر) اجتماع۔ مجمع۔ بھیڑ۔ جہاں لوگ جمع ہوں۔ ملاقات کی جگہ۔

بِٹورا (ہ۔ مذکر) اُپلوں کا ڈھیر جس پر مٹی لیپ دیتے ہیں۔ بٹورے جانا (لازم) پاخانے جانا۔

مثل - بٹورے میں سے اُپلے ہی نکلیں گے - بروں سے بُرے ہی کام ہونگے۔

بٹورن (ہ - مونث) ۱ چُنا ہوا اناج بسلا ۲ بچی کچی چیز - کوڑا کرکٹ ۳ (مذکر) گرا ہوا اناج چننا - خوشہ چینی۔

بٹورنا (ہ - متعدی) ۱ اکٹھا کرنا - جمع کرنا - فراہم کرنا - ڈھیر کرنا ۲ ترپنا - سینا ۳ سمیٹنا۔

بٹوری (ہ - مونث) دُکانداروں پر محصول گاؤں میں۔

بٹولن (ہ - مونث) دیکھو بٹورن۔

بٹونا (ہ - متعدی) بکھیرنا ۲ پھیلانا ۳ چھڑکنا۔

بٹونا (ہ - مذکر) بیٹا کی تصغیر بیٹا - بچہ۔

بٹوہی - بٹوئی - بٹوہیا (ہ - مذکر) مسافر - راہگزر - بٹاؤ۔

بٹوتیا (ہ - مذکر) جو حصے تقسیم کرے۔

بٹہ (ہ - مذکر) دیکھو بٹا۔

بٹھا (ہ - امر) بٹھانا کا - **بٹھا دینا** (متعدی) ۱ بیٹھنے پر مجبور کرنا - بٹھلانا ۲ ہمت پست کردینا - گرادینا ۳ مکتب میں داخل کرانا - تعلیم یا تربیت کے لئے کسی کے سپرد کرنا - کسی کاریگر کے پاس کوئی پیشہ یا کام سیکھنے کے لئے بھیجنا ۴ کسی فعل سے دستبردار کرنا یا کرانا ۵ پتلا کردینا - [illegible] نا - ڈھیلا کردینا ۶ دیوالہ نکلوانا - سخت نقصان پہنچانا - [illegible] سی جگہ شادی کرادینا ۸ (چاول) گلتی کردینا ۹ (مکان) گرانا - مسمار کردینا - ڈھادینا ۱۰ جہاز یا کشتی غرق کردینا - ڈبو دینا ۱۱ (کیل وغیرہ) یکساں کرنا - برابر کرنا - ٹھونک دینا ۱۲ (ایک لاٹھی تھپڑ وغیرہ میں) جکڑا دینا - بیہوش کردینا ۱۳ (آنکھ) دھنسا دینا - پھوڑ دینا - اندر کردینا ۱۴ (روئی وغیرہ) بھرنا - ٹھوسنا ۱۵ (گھی وغیرہ) جذب کردینا - کھپا دینا - **بٹھا رکھنا** (متعدی) ۱ انتظار کرانا ۲ بیٹھنے پر مجبور کرنا ۳ کنوارا رکھنا (لڑکی کو) شادی نہ کرنا ۴ شادی کے بعد لڑکی کو سسرال نہ جانے دینا ۵ بیکار رکھنا - گھر پر رکھنا - **بٹھالنا** (متعدی) بٹھانا (نف) **بٹھانا** (متعدی) بیٹھنا کا ۱ رہنے دینا قائم رکھنا - بسنے دینا - ٹھیرنے دینا - رکھنا ۲ بدحواس کردینا ۳ اُتارنا - پیوست کرنا - ٹھونکنا ۴ ٹھیک جگہ پر لگانا - پیوست کرنا ۵ درست کرنا - ٹھیک جمع کرنا - حساب کرنا - پرت پھیلانا ۶ تولنا ۷ کسی مادہ پرند کو انڈوں پر چھوڑنا ۸ اکٹھا کرنا - پنچایت کرنا ۹ ابھرنے نہ دینا ۱۰ برابر کرنا - یکساں کرنا - صاف کرنا ۱۱ کام پر لگانا ۱۲ کسی پیشہ ور کے پاس پیشہ سیکھنے کے لئے بھیجنا ۱۳ (پہرہ) مقرر کرنا - لگانا ۱۴ (ہاتھ) مشق کرکے درست کرنا - پختہ کرنا ۱۵ (دل) ہمت پست کردینا - یقین دلانا - تسلی دینا ۱۶ (پودا وغیرہ) زمین میں لگانا - اُگانا ۱۷ ٹیکس تشخیص کرنا - لگانا ۱۸ (انتظام) بندوبست کرنا ۱۹ (گھر میں) عورت سے تعلق ناجائز پیدا کرنا ۲۰ (تخت پر) بادشاہ بنانا ۲۱ (مدرسہ وغیرہ میں) داخل کرانا - پڑھنے بھیجنا ۲۲ (جواریوں کی اصطلاح) داؤں پر لگانا - گرو رکھنا ۲۳ (چوپٹ کی اصطلاح) رکھنا - قائم کرنا۔

بٹھک (ہ - مذکر) دیمک کا گھر۔

بٹھنا (ہ) داخل ہونا - بٹنا۔

بٹھئی - بٹئی (ہ - مونث) کلابتوں بٹنے کا کام۔

بٹی (ہ - مونث) ۱ دیکھو بھٹی ۲ دیکھو بٹیا ۳ چھوٹا پھل ۴ ناریل کا گولا ۵ شمع۔

بٹی (ہ - مونث) ۱ جوڑا - جوڑ - جفت زوج - **بٹی بُڈنا** (متعدی) ۱ جوڑا بنانا - برابر کرنا مساوی کرنا ۲ (لازم) جوڑا بننا۔

بٹئیا (ہ - مونث) کلابتوں بٹنے والا۔

بٹیا (ہ - مونث) ۱ باٹ کی تصغیر چھوٹا راستہ - پگڈنڈی ۲ چھوٹا گول پتھر - چھوٹا وزن ۳ ناریل - کھوپرا ۴ عورت کے پستان ۵ ورم جو پتھر کی طرح سخت ہو جائے۔

امثال - بیٹا آؤں بٹیا جاؤں کھنک کھاؤں نہ بالی چراؤں (ف) بہت دیانتدار ہوں - کسی کی دیانتداری ظاہر کرنے کو کہا جاتا ہے **بٹیا کی راہ بے** نربھار (ہ) چھوٹا راستہ خراب کرتا ہے راہ راست برو گرچہ دور است۔

بٹیا (ہ - مونث) ایک قسم کی ریشمی ڈوری جس سے عورتیں چوٹی باندھتی ہیں - پراندی۔

بٹیا (ہ - مونث) بیٹی کی تصغیر لڑکی - بچی۔

مثل - بٹیا لنگوٹیا دھن ہے بیٹی کے خرچ اخراجات کنوارپن کے زمانے میں سہل ہیں۔

بٹیر (ہ - مذکر مونث) ایک چھوٹا پرند جو گیہوں کی فصل پکنے کے موقع پر بہت آتا ہے - **بٹیر باز** (صفت) بٹیر پالنے اور لڑانے والا - **بٹیر جگانا** (متعدی) بٹیر کے کان میں رات کو کوکنا - **بٹیر کا بہ جانا** (لازم) بٹیر کا دُبلا ہو جانا - **بٹیر ہاتھ لگنا** (لازم) کوئی غیر معمولی چیز مل جانا - **بٹیریں لڑانا** (متعدی) ۱ بٹیر بازی کرنا ۲ فساد ڈالنا۔

بٹیرا (ہ - مذکر) ماپ اور اوزان

بٹیری - بٹیڑی - بٹیہری (ہ - مونث) ہندوؤں میں بیٹی والوں کی طرف سے دولھا کو کپڑوں اور نقدی کا نذرانہ یا خلعت دینے کی رسم۔

بٹیں (ہ - مذکر) سڑک - رستہ - راہ - باٹ - پگڈنڈی - بٹیا۔

بثّ (ع - مذکر) ۱ شائع کرنا - خبر پھیلانا ۲ راز افشا کرنا ۳ خاک پھیلانا۔

بثر (ع - صفت) ۱ بہت زیادہ ۲ تھوڑا - چند ۳ (مذکر) پتھریلا علاقہ ۴ ریت جو زمین پر جمی ہوئی ہو ۵ مہاسہ ۶ مہاسوں سے بھرا ہونا۔

بثور (ع - مذکر) ۱ مہاسوں سے بھرا ہونا ۲ بثر کی جمع مہاسے۔

بجّ (ع - مذکر) ۱ پھوڑے کو چیرا دینا ۲ نیزہ مارنا ۳ سبز چارے کا مویشی کو موٹا کرنا۔

بجا (ف - تف) دیکھو ب کے تحت میں - **بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو** عام طور پر جو بات ٹھیک سمجھی جاتی ہو اسے ٹھیک سمجھو۔

بجار (ہ - مذکر) ۱ سانڈ - بیل ۲ مجازاً شہوت پرست - زانی آدمی۔

بجاک (ہ - مذکر) ایک قسم کا سانپ۔

بجالا (ہ - صفت) بہت بیج والا - بیجوں سے بھرا ہوا۔

بجانا (ہ - متعدی) ۱ باجے سے سُریں پیدا کرنا - باجے کی آواز نکالنا ۲ کسی سکے کو چٹکی لگا کر آواز نکالنا - جانچ کرنا - پرکھنا ۳ (جوتے) چلنا - روانہ ہونا ۴ (گھنٹہ - ڈھول وغیرہ) ضرب لگانا - لکڑی یا موگری سے مارنا ۵ مارنا - پیٹنا ۶ مجامعت کرنا - زنا کرنا ۷ چھوڑنا - داغنا - سر کرنا۔

بجائی (ہ۔ مونث) وہ اناج جو غریب غربا کھیتوں سے لے جاتے ہیں۔

بجاینٹھ (ہ۔ مذکر) بازوؤں پر پہننے کا ایک زیور۔

بج بجا (ہ۔ صفت) سڑا ہوا۔ اُبسا ہوا۔ اُبلا ہوا۔ **بج بجانا** (لازم) ۱ کسی چیز کا سڑ کر ایسا خراب ہونا کہ اس میں بلبلے اُٹھنے لگیں۔ سڑجانا۔ اُبس جانا ۲ کیڑوں کی کثرت اور ان کا حرکت کرنا۔

بجٹ (انگ۔ مذکر) سال آئندہ کی آمد اور خرچ کا تخمینہ جو تفصیل کے ساتھ ہو۔ فرد حساب جس میں ہر مد کے ماتحت آمدنی اور خرچ کا تخمینہ دکھایا جائے۔

بجح (ع۔ مذکر) ۱ خوشی۔ شادمانی ۲ رتبے کا بڑا ہونا۔

بجر (ع۔ مذکر) ناف پر پھوڑا وغیرہ ہونا۔

بجر (ہ۔ صفت) ۱ بڑھی ہوئی ناف والا ۲ ناف کی بیماری والا ۳ بڑے ہوئے پیٹ والا۔

بجر (ع۔ مذکر) ۱ مصیبت ۲ ضروری کام ۳ عجیب چیز۔

بجر (ہ)، **بجّر** (ہ۔ صفت) ۱ سخت۔ ٹھوس۔ مضبوط کڑا ۲ بھاری۔ بوجھل۔ وزنی۔ گران۔ جسیم ۳ سست۔ کاہل۔ آہستہ چلنے والا۔ دھیمہ۔ دھیرا۔ ٹھنڈا ۴ بیلا ۵ مشکل کٹھن۔ دوبھر۔ اجیرن۔ دشوار ۶ ضرب کے نشان کی طرح ۷ (مذکر) اندر مہاراج کا بجلی کا ہتھیار ۸ بجلی۔ صاعقہ ۹ ہیرا۔ الماس ۱۰ بھاری سخت پتھر۔ **بجرنگ۔ بجرنگی** (صفت) سخت بدن والا مضبوط۔ محنت کش آدمی۔ **بجرنگ بلی** (صفت) ۱ مضبوط بدن والا بہادر ۲ (مذکر) ہنومان جی کا ایک نام **بجرنگی** (مذکر) تلک یا سیندور کا ٹیکہ ضرب کی شکل کا۔ **بجر اگھات** (مذکر) ۱ بجلی گرنا۔ برق افگنی ۲ ناگہانی صدمہ یا مصیبت۔ **بجربٹو** (مذکر) ایک کھجور نما درخت ۲ اس کا پھل جس کے سیاہ دانوں کو پرو کر بچوں کے گلے میں نظر بد سے بچانے کیلئے ڈالتے ہیں ۳ ایک قسم کا کھلونا ۴ مجازاً بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔ کم عقل۔ **بجر بھنگ** (مذکر) تمباکو۔ **بجر پڑنا** (لازم) بجلی گرنا۔ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ **بجر پڑے** (بددعا) بجلی گرے۔ مر جائے۔ تباہ ہو جائے۔ **بجر چھند** (مذکر) ہندی شاعری کا ایک وزن۔ **بجر کیٹ** (مذکر) ۱ سخت کیڑا ۲ ایک قسم کا کیڑے کھانے والا جانور ۳ ایک کیڑا جو لکڑی اور پتھر میں سوراخ کرتا ہے۔

بجرا (ہ۔ مذکر) سیر کرنے کی کشتی جو نیچے سے گول ہوتی ہے۔

بجری (ہ۔ مونث) ۱ باریک کنکریاں۔ سنگریزے ۲ باریک اولے ۳ برف کی پھوار ۴ لال کنکریلی مٹی جس سے سڑک کی پٹڑیاں بناتے ہیں۔

بجری (ہ۔ مونث) بجلی۔

بجس (ع۔ مذکر) ۱ پانی بہنا ۲ پانی بہانا ۳ پھوڑے کو چیر دینا ۴ گالی دینا۔

بجلا (ہ۔ مذکر) بازوؤں کا ایک زیور۔

بجلی (ہ۔ مونث) ۱ وہ آگ جو بادلوں سے نکلتی نظر آتی ہے۔ دیکھو برق ۲ وہ آگ جو دو چیزوں کے رگڑنے سے پیدا ہوتی ہے۔ برق۔ قوت برقی ۳ عورتوں کے کان کا ایک زیور ۴ آم کی گٹھلی کا گودا ۵ (صفت) بہت تیز۔ چالاک۔ چست۔ پھرتیلا **بجلیاں** (مونث) بجلی کی جمع۔ **بجلیاں کوندنا** (لازم) ۱ بار بار بجلی چمکنا ۲ حسن کی تعریف میں بھی کہتے ہیں۔ **بجلی بچاؤ** (مذکر) ایک نوکدار آلہ جو اونچی عمارات پر انہیں بجلی سے محفوظ رکھنے کے لئے لگاتے ہیں۔ **بجلی بسنت** (مونث) ۱ بسنت کے موسم کی بجلی جو بہت زور سے گرتی ہے ۲ جلی ہوئی لکڑی ۳ (صفت) تیز۔ چالاک۔ تیز رفتار ۴ مفسد۔ زبان دراز۔ آگ لگانے والی۔ لڑاکا۔ **بجلی پڑنا** (لازم) ۱ بجلی گرنا ۲ آم کی کیری میں گٹھلی پڑنا ۳ آفت آنا۔ مصیبت آنا۔ **بجلی پڑے یا ٹوٹے یا گرے** (بددعا) برباد ہو۔ تباہ ہو۔ **بجلی چمکنا** (لازم) بادلوں میں بجلی کی روشنی دکھائی دینا۔ **بجلی کڑکنا** (متعدی) بجلی چمکنے کے کچھ دیر بعد بہت دھماکے کی آواز کا پیدا ہونا۔ **بجلی کا کڑکا** (مذکر) ۱ وہ آواز جو بجلی چمکنے سے کچھ دیر بعد سنائی دیتی ہے ۲ گرج رعد **بجلی کوندنا** (لازم) بجلی چمکنا **بجلی کے بالے** (مذکر) ایک قسم کے جڑاؤ بالے **بجلی کی تلوار** (مذکر) ۱ نہایت تیز تلوار۔ تیغ براں ۲ اُس لوہے کی تلوار جس پر بجلی گر چکی ہو۔ **بجلی کی کڑک** (مونث) گرج۔ رعد **بجلی گرانا** (متعدی) صدمہ پہنچانا۔ نقصان کرنا۔ آفت ڈھانا۔ ظلم و ستم کرنا۔

بجلی کی لپک (مونث) بجلی کی چمک

بجلی گرنا (لازم) بجلی کا بادلوں سے نکل کر زمین پر پڑنا۔ اگر کوئی چیز اُس کے راستے میں آجائے تو اُس کو جلا دیتی ہے **بجلی گھر**۔ وہ عمارت جہاں سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔

بجلی لونکنا (لازم) بجلی چمکنا۔

امثال و اقوال **بجلی چمکے مینہ برسے** (ہ) عام طور پر جب بجلی چمکتی ہے تو مینہ بھی برستا ہے **بجلی کا نسی پر (پڑتی) گرتی ہے** مصیبت زبان تر امیر آدمیوں پر پڑتی ہے۔ **بجلی مہمان گھر میں نہیں ٹکتا**۔ جب کوئی غریب آدمی امیر کی دعوت کرے تو طنزاً کہتے ہیں۔ **بجلیک مارک لو اٹھ دیکھ بھاگے** (ہ) بجلی سے جلا ہوا جلتی ہوئی لکڑی سے بھاگتا ہے دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے۔ جسے کسی چیز سے تکلیف پہنچی ہو۔ وہ اسی طرح کی دوسری چیزوں سے بھی ڈرتا ہے سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے۔

بجم (ہ۔ صفت) چپ۔ خاموش۔ ساکت۔ ساکن بے حرکت۔ دبکا ہوا۔ دیر تک تاہوا۔ سکڑا ہوا۔

بجنا (ہ۔ لازم) ۱ آواز دینا۔ بولنا ۲ (باجہ وغیرہ) سر پیدا ہونا ۳ (گھنٹہ) آواز نکلنا ۴ آواز پیدا ہونا ۵ (کان) جھنجھناہٹ کی آواز سنائی دینا کانوں کا سائیں سائیں کرنا ۶ (دانت) سردی یا خوف سے آواز دینا ۷ (نام) مشہور ہونا ۸ (تلوار۔ لاٹھی) لڑائی ہونا۔ چلنا ۹ (بندوق وغیرہ) چلنا۔ چھوٹنا ۱۰ (مذکر) روپیہ ۱۱ بچوں کا ایک کھلونا۔ جھنجھنا ۱۲ (صفت) بجنے والا۔ آواز دینے والا۔ **بجنی** (ہ۔ مونث) لڑائی دنگا۔ فساد۔ **بجنیا** (مذکر) گویا۔ بجنتری۔

امثال۔ **بجاوے کنہیا ڈھولکی میاں نیرے آتے**۔ مذاقاً کہتے ہیں۔ جب کسی نامرد کے ہاتھ سے بڑا کام ہو جائے۔ **بجا نقارہ کوچ کا اکھڑن لاگی میخ۔ چلنے ہارے چل بسے** **بکھرا ہوا تو دیکھ**۔ دنیا کی بے ثباتی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

بجنا (ہ۔ مذکر) پنکھا دیکھو بیجنا۔

بجنا (ہ۔ لازم) بجھنا۔

بجنتر۔ بجنتری (ہ۔ مذکر) دیکھو باجنتری۔ **بجنتر محل** (مذکر) گویوں کے رہنے کی جگہ چکلہ۔

بجو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک جانور جو مردار کھاتا ہے اور مُردوں کو قبروں سے نکال کر کھا جاتا ہے ۲ مجازاً چھوٹی آنکھوں کا آدمی۔ سکڑے منہ کا آدمی۔

بجوانا (ہ۔ مم) بجانا کا متعدی۔
بجوکھٹا (ہ۔ مذکر) ایک زیور بازو کا۔
بجورہ (ہ۔ مذکر) ترنج۔
بجوڑنا (ہ۔ متعدی) ۱ بجوانا ۲ تخت مارنا۔

بجوگ (ہ۔ مذکر) ۱ جدائی۔ مفارقت تفرقہ۔ بچھڑنا۔ علیحدگی ۲ چاہنے والوں کی مفارقت یا غیر حاضری ۳ محرومی۔ برطرفی۔ چھوٹ۔ نقصان ۴ موت۔ مصیبت۔ بدبختی۔ تباہی۔ بربادی ۵ قران النحسین ۶ بخت بد ۷ (صفت) جدا ہوا ہوا۔ علیحدہ۔ الگ جدا **بجوگ پڑنا** (لازم) ۱ جدا ہونا۔ مفارقت پڑنا ۲ ناگہانی واقعہ ہونا۔ صدمہ ہونا ۳ مصیبت آپڑنا۔ بدبختی کا آپکڑنا۔ **بجوگی** (مذکر) وہ شخص جو اپنے معشوق سے جدا ہو۔ کمبخت یا بدبخت آدمی۔ بدقسمت شخص۔

بجھ (ہ۔ مذکر) ۱ چیرنا۔ چاک کرنا ۲ چھیدنا۔ بیندھنا۔ بھونکنا ۳ اتنا کھانا کہ پیٹ پھٹنے لگے۔

بجھ (ہ۔ امر) بجھنا کا (س وِ۔ برخلاف اُد۔ نکلنا) **بجھا** (امر) ۱ بجھانا کا ۲ (ماضی) بجھنا کا ۳ (صفت) افسردہ۔ جس میں کوئی خواہش نہ ہو **بجھا دینا** (متعدی) دیکھو بجھانا **بجھارت** (مونث) حساب فہمی۔ حساب کا تصفیہ۔ **بجھانا** (متعدی) ۱ کسی جلتی ہوئی چیز کو سرد کرنا ۲ شعلہ فرو کرنا۔ آگ پر پانی ڈالنا ۳ کسی دھات یا اینٹ کو آگ میں سُرخ کرکے پانی میں ڈالنا تاکہ اس کے جراثیم مرجائیں ۴ ہلکا کرنا۔ کم کرنا۔ آرام دینا۔ تسکین دینا ۵ (پیاس) تشنگی مٹانا۔ پانی پلانا۔ حسرت پوری کرنا۔ مراد بر لانا ۶ (دل جی وغیرہ) ہمت توڑنا۔ حوصلہ توڑنا۔ افسردہ کرنا۔ پژمردہ کرنا ۷ (اسلحہ) آب دینا۔ پانی پھیرنا ۸ (چونا) پانی میں ڈالنا۔ پانی ڈال کر ٹھنڈا کرنا ۹ (غصّہ) ٹھنڈا کرنا۔ نرم کرنا۔ ملائم کرنا ۱۰ (کوئی دھات) پگھلا کر پانی میں سرد کرنا ۱۱ (چراغ) گل کرنا۔ ہوا یا پھونک سے اس کے شعلے کو فرو کرنا ۱۲ (زہر میں) خنجر یا تلوار کو آگ میں سُرخ کرکے زہر آلود پانی میں ڈالنا۔ ایسے ہتھیار سے جو زخم لگایا جائے وہ مہلک ثابت ہوتا ہے ۱۳ (گنجفہ کی اصطلاح) پتّا مانگنا جب کسی فریق کے پاس سر کرنے کو پتّا نہ رہے۔ اوراق کا باہم ملانا یا ابتر کرنا ۱۴ بوجھنا کا متعدی۔ سمجھانا۔ فہمائش کرنا۔ ذہن نشین کرانا ۱۵ (پہیلی) حل کرانا ۱۶ اطلاع دینا۔ بتانا۔ تشریح کرنا۔ توضیح کرنا۔ **بجھاؤ** (مذکر) تیزی کاٹ۔ **بجھاونا** (ہ) دیکھو بجھانا۔ **بجھائی** (ہ۔ مونث) ۱ سکھلائی۔ تعلیم ۲ جلتی ہوئی چیز کو پانی ڈال کر ٹھنڈا کرنا۔ **بجھ بجھوّل** (مونث) پہیلی۔ **بجھنا** (لازم) ۱ جلتی ہوئی چیز کا ٹھنڈا ہو جانا۔ شعلہ کا مٹنا۔ آگ پر پانی پڑنا۔ سرد ہونا ۲ ہمت ہارنا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ بھاگ جانا ۳ (پانی) کسی گرم دھات یا اینٹ کا پانی میں پڑ کر اس کے جراثیم مار دینا ۴ (دل جی وغیرہ) افسردہ ہونا۔ اُداس ہونا۔ کوئی خواہش نہ رہنا ۵ تیز ہونا۔ آب چڑھنا ۶ (زہر میں) آلودہ ہونا ۷ (پیاس) سیری ہونا۔ تشنگی بجھنا ۸ (غصہ) نرم ہونا دھیما پڑنا۔ ملائم ہونا ۹ (روئی وغیرہ) اچھا پک جانا اچھا سیک جانا ۱۰ (چراغ وغیرہ) گل ہونا ۱۱ گنجفے کے پتّوں کا درہم برہم ہو کر بوجھ کے قابل ہو جانا ۱۲ (ہ) دیکھو بوجھنا۔ **بجھی آواز** (مونث) پست اور دھیمی آواز **بجھے تیور** (مذکر) وہ نگاہ جس سے افسردگی اور اُداسی ظاہر ہوتی ہو۔ **بجھی طبیعت** (مونث) سخت افسردگی اور اُداسی۔

بجھار (ہ۔ مذکر) دلدلی زمین۔ دلدل کچھار۔

بجھّا (ہ۔ صفت) قصابوں کی اصطلاح خراب۔ بُرا (گوشت)

بجھرا (ہ۔ مذکر) ۱ گیہوں۔ جو۔ جوار چنا۔ مسور ملا ہوا غلّہ ۲ (صفت) ملا ہوا (بیج سے)

بجھرا (ہ۔ مذکر) ۱ پیالے یا برتن کا ڈھکنا ۲ گگرا جس میں گرم پانی رکھتے ہیں ۳ ڈاٹ گٹا۔ ٹھیپی۔ ٹھینٹھی (بجھانا سے)

بجھکانا (ہ۔ متعدی) بھچکانا۔ ڈرانا خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔ دہلانا۔ سہمانا۔

بجھکنا (ہ۔ لازم) بھچکنا۔ بدکنا ڈرنا۔ خوف کرنا۔ گھبرانا۔ سہم جانا۔ دہل جانا۔

بجھکاہ (ہ۔ مذکر) وہ پتلا جو کوّوں اور جانوروں کے ڈرانے کے لئے کھیتوں میں لٹکا دیتے ہیں۔ ڈراونا۔ ڈراوا۔ کالی ہانڈی۔ کھیچ کاگ (بجھکانا سے)

بجھنا (ہ۔ لازم) پھنسنا۔ قابو میں آنا۔ داؤ میں آنا۔ گرفتار ہونا۔ پھندے میں پھنسنا۔ پھنس جانا۔ گڑ جانا۔

بجھوٹ (ہ۔ مذکر) شمل بغیر بالی خالی ڈالی

بجھوتا (ہ مذکر) دیکھو بجھونتا
بجھوّل (ہ۔ مونث) پہیلی چیستان۔ پرتھما سے۔
بجھونتا (ہ۔ مذکر) کیت دیو کا گوشوارہ۔
بجھیرا (ہ۔ مذکر) لکڑی کا ایک آلہ جس پر صراحی رکھی جاتی ہے۔
بجھیل (ہ۔ صفت) ۱ بوجھل لدا ہوا بھاری ۲ بوجھ اُٹھانے والا۔ لدّو
بجے۔ بجے (ہ مذکر) فتح۔ نصرت ظفر جیت۔ **بجے دسمی** (مونث) ۱ اسوج شکل پکش کی دسویں۔ جو رامچندر جی کی فتح کا دن ہے ۲ کسی مہینے کی دسویں جو ایتوار کو ہو۔ **بجے کرنا** (متعدی) فتح کرنا۔ **بجی** (صفت) فتح کرنے والا۔

بجئی (ہ۔ مونث) بیج والا غلّہ جسے غریب کاشتکار بونے کے لئے بنئے سے خریدتے ہیں۔
بجیا (ہ۔ مونث) بھنگ۔

مثل۔ بجیا پیوے بجیا سووے تاکا بید پچھاڑی رووے۔ جو شخص بھنگ پیئے اور چارپائی پر سوئے اسے حکیم کی ضرورت نہیں پڑتی۔ بھنگڑ بھنگ کی تعریف میں کہتے ہیں۔
بجیار (ہ۔ مذکر) ایک بہت بڑا درخت
بجیٹھ (ہ۔ مذکر) بازو کا ایک زیور
بجیلا (ہ۔ صفت) بیج سے بھرا ہوا بہت بیج دار۔ بجالا۔

بچ (ہ۔ امر) بچنا کا۔ خبردار۔ ہٹ جا **بچا** (امر) ۱ بچانا کا ۲ (ماضی) بچنا کی ۳ گاڑی چلانے والا دوسرے گاڑیبان سے جو بے احتیاطی سے چلا رہا ہو کہتا ہے ۴ (صفت) باقی رہا سہا۔ **بچا بچا** (صفت) باقی ماندہ۔ باقی۔ **بچا جانا** (لازم) ۱ ٹل جانا۔ ہٹ جانا۔ زد سے علیحدہ ہونا۔ مقابلے سے ٹل جانا ۲ چھپ جانا ۳ محفوظ کرنا۔ رعایت کرنا ۴ بھول جانا۔ چھوڑ جانا۔ **بچا دینا** (متعدی) ۱ محفوظ ۲ (روپیہ وغیرہ) خرچ نہ ہونے دینا ۳ رہا کرنا۔ **بچا کھچا** (صفت) بچا ہوا بقیہ۔ **بچا لانا** (متعدی) ۱ حفاظت سے لے آنا۔ بغیر نقصان کے خطرناک مقام سے نکال لانا ۲ پس انداز کرنا۔ واپس لے آنا ۳ چھپا کر لانا۔ چھپانا ۴ مرنے سے محفوظ رکھنا۔ زد سے ہٹانا ۵ بری کرانا۔ **بچانا** (متعدی) ۱ حفاظت کرنا۔ محفوظ رکھنا۔ بچایا ۲ تکلیف سے امن میں رکھنا پناہ دینا ۳ چھپانا۔ مخفی کرنا۔ مدد دینا۔

رکھنا۔ تکلیف سے چھڑانا۔۲ مدد کرنا۔ امداد دینا
تائید کرنا۔ امداد کرنا۔۳ [illegible]
۵ بری کرنا۔ چھوڑ دینا۔ رہا کر دینا۔۶ ایک طرف
کرنا۔ ہٹانا۔ راستہ دینا یا چھوڑنا۔۷ مصیبت سے
نجات دلانا۔ قید سے چھڑانا۔۸ پس انداز کرنا۔ جمع
کرنا۔ جوڑنا۔۹ (نظر آنکھ) ۱۰ اس طرح کام کرنا کوئی
دیکھ نہ لے۔۱۱ بیمروتی کرنا۔ اغماض کرنا۔۱۲ آنکھ کو ضرب
سے بچانا۔۱۳ (شطرنج کی اصطلاح) مہرہ زد سے
بچانا۔۱۴ (جان) مرنے سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنا
بچانے والا یا ہار یا ہارا یا بچان ہار (صفت)
۱ محفوظ رکھنے والا۔ حفاظت کرنے والا۔ پناہ دینے
والا۔۲ مجازاً خدا۔ **بچاؤ** (مذکر) ۱ حفاظت۔ امن۔
پناہ۔۲ چھٹکارہ۔ بریت۔ نجات۔ رہائی۔۳ بہانہ
حیلہ۔ عذر معذرت۔ پہلو تہی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
بچاؤ نکالنا (متعدی) حفاظت کی کوئی تجویز نکالنا۔
کسی مشکل سے چھوٹنا۔ **بچا ہوا** (صفت) ۱ پسماندہ
باقی رہا ہوا۔ جھوٹا۔۲ باقیماندہ۔ بقایا۔۳ محفوظ۔
مامون۔ **بیچ بچاؤ** (مذکر) حفاظت۔ امن۔
پناہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بچ جانا** (لازم) بچ جاؤ۔
بچو۔ ہٹ جاؤ۔ **بچ رہنا** (لازم) ۱ محفوظ رہنا۔
پرہیز کرنا۔۲ باقی رہنا۔ پس ماندہ ہونا خرچ نہ ہونا
بچ جاؤ۔ بچو۔ ہٹ جاؤ۔ **بچ کے چلنا** (لازم)
۱ احتیاط کرنا۔ محتاط ہونا۔۲ ہٹ کے چلنا۔ راہ چھوڑ
کے قدم رکھنا۔ **بچ کے قدم رکھنا** (لازم) احتیاط
سے پاؤں رکھنا۔ احتیاط کرنا۔ **بچ (کے) کھیلنا**
(متعدی) ۱ اپنا بچاؤ کر کے کھیلنا۔ شطرنج میں اپنے
مہروں کی حفاظت کرتے ہوئے کھیلنا۔۲ اپنے آپ
کو بچا کر کام کرنا۔ احتیاط کرنا۔ **بچنا** (لازم) ۱ محفوظ
ہونا۔ کسی تکلیف یا مصیبت سے امن میں رہنا۔۲
بچت میں پڑنا۔ باقی رہنا۔ پس انداز ہونا۔۳
بڑھنا۔ بقایا رہنا۔ فاضل رہنا۔۴ زندہ رہنا۔ فاضل رہنا
۵ آرام ہونا۔ شفا حاصل ہونا۔۶ دور رہنا۔ کنارے
ہونا۔ ہٹنا۔ ایک طرف ہونا۔۷ الگ رہنا۔ کسی سے
میل جول نہ رکھنا۔ کھچے رہنا۔۸ تھوڑی کسر رہنا۔
نقصان ہوتے ہوتے رہ جانا۔۹ خالی جانا۔ چھوٹنا۔
۱۰ پرہیز کرنا۔۱۱ نفع ہونا۔ فائدہ ہونا۔۱۲ بری ہونا۔
رہا ہونا۔۱۳ (عزت) آبرو کا محفوظ ہونا۔۱۴ بے عزتی
نہ ہونا۔ آبرو بچنا۔ **بچ نکلنا** (متعدی) بچنا۔ بچو۔
ہٹ جاؤ۔ ایک طرف ہو جاؤ (گاڑیبان آواز

دیتے ہیں)۔ بچو۔ [illegible]
مثال وا قوال۔ بچا یا [illegible]
کمایا۔ جو خرچ کے بعد پسماندہ ہوا سے کمائی
سمجھنی چاہئے۔ **بچ بے جما آندھی آئی**۔
مصیبت آنے والی ہے انتظام کر لو۔ **بچے تو
آپ سے نہ بچے تو سگے باپ سے**۔ عورت
خود ہی پاکدامن رہے تو رہے حفاظت سے نہیں
رہ سکتی۔ **بچے تو پو بارہ نہیں تو تین کانے**۔
نفع ہو تو فبہا ورنہ خیر نقصان ہی سہی۔ **بچے نر
ہزار گھر** مرد محفوظ رہے تو کئی گھر بن جائینگے

بچ (ہ۔ مذکر) بیچ۔ درمیان۔
بچا۔ بچّا (ہ۔ مذکر) ۱ تصغیراً استعمال
ہوتا ہے شخص۔۲ دیکھو بچّہ۔
بُچّا (ہ۔ مذکر) پستان۔
بُچّا (ہ۔ مذکر) بوچا کا مخفف۔ ننگا
کے ساتھ تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔
بچاپا (ہ۔ مذکر) حفاظت۔ بچاؤ۔
بچار (ہ۔ مذکر) ۱ سوچ۔ دھیان
غور۔ فکر۔۲ لحاظ۔ خیال۔۳ دریافت۔ تحقیقات۔
تفتیش۔ امتحان۔۴ سمجھ۔ تجویز۔ تدبیر۔ دانست۔۵
قیاس۔ اٹکل۔ اندازہ۔۶ رائے۔۷ ارادہ۔ عزم۔ قصد
۸ دوراندیشی۔۹ بحث۔ مباحثہ۔ جھگڑا۔ **بچار کرنا**
(متعدی)۔ **بچارنا** (متعدی) ۱ سوچنا۔ غور کرنا۔۲ دریافت
کرنا۔ تفتیش کرنا۔۳ سمجھنا۔ قیاس کرنا۔۴ تصور کرنا۔۵
ستاروں کا حساب لگانا۔۶ قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔۷
فیصلہ کرنا۔ فیصلہ سنانا۔۸ محسوس کرنا۔۹ اندازہ کرنا۔
جانچنا۔۱۰ شمار کرنا۔۱۱ بحث کرنا۔ جھگڑنا۔۱۲ دوراندیشی
کرنا۔ **بچار میں نکلنا**۔ (لازم) علم نجوم کے ذریعے
معلوم ہونا۔

بچارا (ہ۔ صفت) بے کس۔ بے وسیلہ۔
محتاج۔ غریب۔ مفلس۔ بھولا بھالا۔ سادہ۔ سیدھا سادھا
(بیچارہ کا مخفف)
بچارت (ہ۔ مونث) سوچ۔ دھیان
بچارت (مذکر) ۱ جس کے متعلق سوچا جائے یا بچار
کیا جائے۔ مقصود۔۲ فیصلہ شدہ امر جس چیز کا ارادہ کیا جائے
بچارک (صفت) ۱ سوچنے والا۔ بحث کرنے والا
تفتیش یا تحقیقات کرنے والا۔۲ (مذکر) منصف۔
بچار کر۔ بچار کے (نف) سوچ سمجھ کر۔ خیال
کر کے۔ لحاظ کر کے۔ **بچار**۔ **بچاری** (مذکر)
بچار۔ **بچاریہ** (صفت) ۱ سوچ یا بحث
کے قابل۔۲ جس کے لئے سوچ یا بحث کی ضرورت
ہو۔

بچالی (ہ۔ مونث) گھاس جو گھوڑوں
کے نیچے بچھائی جاتی ہے۔ بچھانا سے۔
بچانس (ہ۔ مونث) باتیں۔
بچاونا (ہ۔ متعدی) بچانا۔
بیچ بچاؤ (ہ۔ مذکر) دیکھو بیچ بچاؤ۔
بچپن (ہ۔ مذکر) لڑکپن۔ بالپن۔
طفلی۔ کمسنی۔ بچپنا۔ لڑکپن یا طفلی کا زمانہ۔ **بچپن
کرنا** (متعدی) نادانی کرنا۔ بچوں کی سی باتیں کرنا۔
بچپنے کی باتیں (مونث) ناسمجھی کی باتیں۔ بچوں
کی سی باتیں۔

بچت (ہ۔ مونث) ۱ جو خرچ سے
بچا ہو۔ بقیہ۔ باقی۔ بقایا۔۲ نفع۔ فائدہ۔۳ کمی۔۴ برت
حفاظت (بچنا سے)۔ **بچتی** (مونث) بچت۔
بچتر (ہ۔ صفت) ۱ مختلف۔ گوناگوں
بوقلموں۔ رنگ برنگ۔۲ حیرت انگیز۔ عجیب۔ نادر
۳ قابل تعریف۔ خوشگوار۔
بچرنا (ہ۔ لازم) ۱ دیکھو بچلنا۔۲
دیکھو بچارنا
بچک (ہ۔ امر) ۱ بچکنا کا۔۲ (مونث)
خوف۔ ڈر۔ بھڑک۔ مایوسی۔ **بچکا** (امر) ۱ بچکانا
کا۔۲ (ماضی) بچکنا کی۔ **بچکانا** (متعدی) ۱ ڈرانا۔
خوف دلانا۔ بھچکانا۔ گھبرا دینا۔۲ پیچھے ہٹانا۔ واپس
ہٹنے پر مجبور کرنا۔۳ ناامید کرنا۔ مایوس کرنا۔۴ قول و قرار
سے پھر جانا۔ وعدہ ایفا نہ کرنا۔ **بچکنا** (لازم) ۱ ڈرنا۔
خوف کھانا۔ گھبرانا۔۲ ہٹ جانا۔ بھاگ جانا۔ کھسک
جانا۔ بچلنا۔۳ موچ آنا۔۴ ناامید ہونا۔ مایوس ہونا۔
بچکانا (ہ۔ صفت) بچہ گانہ کا معرب
۱ بچوں کے متعلق۔ بچوں کے قابل۔۲ چھوٹا سا۔
ننھا سا (عموماً جوتے کے متعلق استعمال ہوتا ہے)
۳ (مذکر) بچے کا جوتا۔۴ ناچنے والا لڑکا۔ بھگتا۔
زنانہ لڑکا جسے زنانے نے پالا ہو۔ **بچکانی** (مونث)
۱ چھوٹی لڑکی۔ نوجوان لڑکی۔۲ وہ لڑکی جسے کسی نائکہ
نے پرورش کیا ہو۔
بچ کچ (ہ۔ مذکر) بچہ کچا۔
بچکنا (ہ۔ مذکر) ہاتھ کی درمیانی

اُنگلی - ایک زیور جو کان کے اندر کے حصّے میں پہنا جاتا ہے - بالی - **بچکنی** - ایک قسم کی بالی -

بَچّگاں (ف - مذکر) بچّہ کی جمع - بچّے ننھے - **بچگانہ** (صفت) ۱ بچپنے کا - طفلانہ ۲ بچوں کے قابل - بچّوں کے متعلق (تف) بچّوں کی طرح - **بچگی** (مونث) بچپن - طفلی -

بِچلا (ہ - صفت) ۱ بیچ کا - درمیانی - منجھلا ۲ درمیانی چیز - تین بچّوں میں سے بیچ کا -

بِچل جانا - بِچلنا (ہ - لازم) ۱ چلتے پھرتے رہنا - حرکت کرتے رہنا - آوارہ پھرنا ۲ لغزش کرنا - بہکنا - چوکنا - خطا ہونا ۳ رستہ گم کرنا - کھو جانا - گم ہو جانا ۴ بچھڑنا - علیحدہ ہو جانا - پیچھے رہ جانا ۵ کام خراب ہو جانا ۶ پیچھے ہٹ جانا - واپس ہو جانا ۷ بے ترتیب ہونا - گڈ مڈ ہونا ۸ خراب ہونا - بدنما ہونا ۹ بے سرا ہونا ۱۰ ناراض ہو جانا - غصّے ہو جانا - آپے سے باہر ہو جانا ۱۱ تنگ کرنا - ستانا (بچوں کی طرح) ۱۲ بدکنا - بھڑکنا ۱۳ (دل) پاگل ہونا -

بَچَن (ھ - مذکر) ۱ گفتگو - بات کہا بات چیت ۲ کہاوت - مثل - مقولہ - رائے ۳ قول - وعدہ - عہد - قول و قرار - اقرار - عہد و پیمان - فال - شگون - بانی - **بچن بندھ** (صفت) ۱ وعدہ کئے ہوئے - اقرار کئے ہوئے ۲ مقرر شدہ - مشروط - **بچن بندھ کرنا** (متعدی) قول لینا - عہد لینا - **بچن بند ہونا** (لازم) ۱ وعدہ کرنا - قول دینا - آپس میں فیصلہ کرنا - **بچن پال** (صفت) قول کا پکّا - وعدے کا پورا - **بچن پالنا** (متعدی) وعدہ پورا کرنا - عہد نباہنا - **بچن پتر** (مذکر) عہد نامہ اقرار نامہ - **بچن توڑنا یا چھوڑنا** (متعدی) وعدہ ایفا نہ کرنا - قول سے پھر جانا - عہد نہ نباہنا - **بچن دت** (مذکر) منگیتر - منسوب - **بچن دینا** (متعدی) قول دینا - عہد کرنا - وعدہ کرنا ۲ اتفاق کرنا - ماننا - رضامند ہونا - **بچن ڈالنا** (متعدی) ۱ سوال پوچھنا - دریافت کرنا ۲ درخواست کرنا - دعوے کرنا - **بچن لینا** (متعدی) وعدہ لینا - عہد لینا - **بچن مارنا** (متعدی) ۱ اقرار نامہ لکھانا ۲ وعدہ کرنا - **بچن ماننا** (متعدی) ۱ کہا ماننا - بات ماننا ۲ حکم ماننا - تعمیل کرنا ۳ راضی ہونا - رضامند ہونا - **بچن نباہنا** (متعدی) دیکھو بچن پالنا - **بچن نکلنا** (لازم) اچھا شگون نکلنا - اچھی فال نکلنا - **بچن ہارنا** (متعدی) ۱ قول دینا - وعدہ کرنا - عہد کرنا ۲ اتفاق کرنا - راضی ہونا ۳ قول پکا کرنا - قسم کھانا - اقرار کرنا ۴ وعدہ ایفا نہ کرنا - قول سے پھر جانا -

مثل - بچنوں کا باندھا کھڑا ہے آسمان - وعدوں کی ایفائی کی وجہ سے دنیا قائم ہے -

بَچناگ (ھ - مذکر) ایک پودا جو کوہ ہمالیہ میں ہوتا ہے - اس کی جڑ بڑی زہریلی ہوتی ہے -

بَچّو (ہ - مذکر) بچّہ کی تصغیر پیار سے اور بعض وقت حقارت سے کہتے ہیں -

بَچُوا (ھ - مذکر) ۱ بچّہ - ننھا - لڑکا - طفل ۲ نہایت چھوٹی گھنٹی جو انگوٹھیوں میں لگی ہوتی ہے -

بِچوانی - بِچوائی (ھ - مذکر) دیکھو بچولیا -

بِچُورنا (ہ - متعدی) ۱ ٹکڑے ٹکڑے کرنا - ملنا - پرزے پرزے کر دینا - رگڑنا ۲ کھولنا - ادھیڑنا - جدا کرنا ۳ توڑنا -

بِچولیا - بِچوئی - بِچوّیا - بِچوّیت (ھ - مذکر) ۱ بیچ والا - درمیان میں آنے والا - بیچ میں پڑنے والا ۲ دلال - درمیانی آدمی ۳ ایلچی - سفیر - راجدوت ۴ نیب - کارگزار - عامل - گماشتہ - آڑتی ۵ شادی کرانے والا - ناطہ کرانے والا -

بَچّوں (ہ - مذکر) بچّہ کی جمع - بچّوں سے گود یا گودی بھری رہے (دعا) اولاد کثرت سے ہو اور زندہ رہے - بچّوں سے گھر کی رونق ہے - بچّوں کی وجہ سے گھر میں چہل پہل رہتی ہے اگر بچے نہ ہوں تو گھر بے رونق معلوم دیتا ہے - **بچّوں کا کھیل** (مذکر) آسان کام - سہل کام - **بچّوں والا** (صفت) باپ - صاحب اولاد - **بچّوں والی** (مونث) ۱ ماں - صاحب اولاد عورت ۲ سیتلا - چیچک -

بَچّہ (ہ - مذکر) ۱ انسان کی کم سن اولاد - لڑکا - طفل - چھوکرا ۲ ہر ایک جاندار کی چھوٹی اولاد ۳ بیٹا ۴ درختوں کا نیا پودا - جڑ سے جو نیا پودا اگے ۵ فقیر دنیا داروں کو کہتے ہیں ۶ بعض وقت حقارت سے مردود و نابکار کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے - جیسے یزید کا بچّہ ۷ بعض وقت قومیت ظاہر کرنے کو جیسے ترک بچّہ ۸ گالی کے طور پر کسی جانور کے نام کے ساتھ جیسے سؤر کا بچّہ ۹ بہادری ظاہر کرنے کو شیر کے ساتھ ۱۰ ظالمانہ عادات ظاہر کرنے کو موذی جانوروں کے ساتھ جیسے سانپ کا بچّہ ۱۱ (صفت) ہم شکل - ہم وضع - مشابہ - ملتا جلتا ۱۲ ناتجربہ کار - ناسمجھ - نادان - کم عقل - **بچّہ اُترنا** (لازم) بچّہ مر جانا - **بچّہ باز** (صفت) لونڈے باز - امرد پرست - **بچّہ بازی** (مونث) لونڈے بازی - اغلام - **بچّہ بالا** (مذکر) لڑکا بالا - اولاد - **بچّہ بھرانا** (متعدی) پرند کا بچّے کو چونچ سے دانہ کھلانا - چوگا دینا - **بچّہ پھرنا** (لازم) بچّے کا رحم میں حرکت کرنا جو حمل قرار پکڑنے کے چوتھے مہینے بعد ہوتا ہے - **بچّہ جنانا** (متعدی) دائی یا ڈاکٹر کا بچّہ پیدا ہونے کے موقعہ پر زچہ کی امداد اور معالجہ کرنا - **بچّہ جننا** (لازم) عورت کا بچّہ پیدا کرنا - **بچّۂ حور** (مذکر) ۱ ساقی ۲ معشوق - **بچّۂ خور یا خورشید** (مذکر) یاقوت - لعل - **بچّۂ خونیں** (مذکر) غم کے آنسو - **بچّہ دار** (صفت) ۱ حاملہ ۲ صاحب اولاد عورت - **بچّہ دان** (مذکر) رحم - کوکھ - **بچّہ دان کا مُنہ** (مذکر) رحم کا چھید جو بڑا باریک ہوتا ہے - اور حمل قرار ہونے پر بند ہو جاتا ہے - **بچّہ دینا** (متعدی) مادہ جانور کا بچّہ پیدا کرنا - **بچّہ ریش** (مذکر) بال جو نچلے ہونٹ کے عین نیچے ہوتے ہیں - موہائے زیر لب - **بچّہ کش** (صفت) بہت بچّے پیدا کرنے والی (عورت) - **بچّہ کشی** (مونث) ۱ بچّے جننا - حمل ۲ جانوروں سے بچّے حاصل کرنا - **بچّگی** (مونث) بچپن - لڑکپن - **بچّۂ مینا** (مذکر) شراب - **بچّہ نو** (مذکر) ۱ نیا حادثہ - نیا نتیجہ ۲ نئی کونپلیں - نئے شگوفے - بچّہ ہے - نادان ہے - ناتجربہ کار ہے - **بچّی** (مونث) ۱ چھوٹی کم عمر لڑکی - دوشیزہ - دختر ۲ بڑے بوڑھے جوان عورتوں کو کہتے ہیں ۳ وہ بال جو نچلے ہونٹ اور ٹھوڑی کے بیچ میں ہوتے ہیں ۴ (اصطلاح قصاباں) بکری کا مادہ بچّہ - **بچّے** (مذکر) ۱ جمع بچّہ کی ۲ بجا بچّہ حروف مغیرہ سے پہلے - **بچّے کا ہاتھ سے کھیل جانا** (عو) بچّے کا مر جانا - **بچّے کچّے** (مذکر) بال بچّے چھوٹے چھوٹے بچّے - **بچّے نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ انڈوں سے بچّوں کا پیدا ہونا - **بچّے نکلوانا** (رم) پرند کو انڈوں پر بٹھا کر بچّے لینا - **بچّے والی** (صفت مونث) ۱ اولاد والی

زجیہ ۲ وہ مرغی جس کے ساتھ بچے ہوں۔ بچے والی مرغی (مونث) سات سہیلیوں کا جھمکا۔ خوشۂ پروین
بچہ ہٹ جانا یا ہٹنا (لازم) بچہ مرجانا۔
امثال۔ بچہ در شکم نام مظفر۔ بچہ ابھی پیٹ میں نام مظفر رکھ دیا۔ کوئی چیز حاصل ہونے سے پہلے ہی اس کے متعلق خیالی پلاؤ پکانا۔
بچے کا کام کچا۔ ناتجربہ کار اچھا کام نہیں کرسکتا
بچے کی ماں بوڑھے کی جورو سلامت رہے ان کے مرجانے سے دونوں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔

بچھ (ھ۔ مذکر) بچھڑا۔
بچھ (ھ۔ مذکر) ۱ بچھو ۲ بس۔ زہر
بچھ (ہ۔ امر) بچھنا سے (بستر۔ پھیلانا)، بچھا (امر) ۱ بچھانا کا ۲ (ماضی) بچھنا کی۔ بچھا جانا (لازم) ۱ عجز و انکسار کرنا۔ جھکنا۔ بہت تواضع کرنا ۲ منت سماجت کرنا ۳ بہت خرچ کی وجہ سے تباہ ہوئے جانا۔ بچھ جانا (لازم) ۱ فرش ہو جانا۔ بستر ہو جانا ۲ زمین پہ کسی چیز کا کثرت سے گر کر پھیل جانا ۳ مائل ہونا۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۴ خاکساری سے پیش آنا۔ بچھا دینا بچھانا (متعدی) بستر کرنا۔ فرش کرنا۔ بہت مارنا پیٹنا۔ لٹا دینا۔ زمین پر گرا دینا۔ پھیلا دینا۔ بڑھا دینا وسیع کر دینا۔ بکھیر دینا۔ منتشر کرنا۔ بچھنا (لازم) فرش ہونا۔ بستر ہونا۔ بچھونا ہونا ۲ پھیلنا۔ بکھرنا۔ منتشر ہونا ۳ بہت عاجزی کرنا۔ منت کرنا ۴ بہت خاطر مدارات کرنا۔ بڑی آؤ بھگت کرنا ۵ تباہ ہونا۔ مفلس ہونا ۶ گرنا۔ لیٹ جانا۔ بچھوانا (م) فرش کروانا۔ بستر کروانا۔

بچھا (ھ۔ مذکر) بچھڑا۔
بچھا (ھ۔ مذکر) ۱ درمیانی فاصلہ یا جگہ۔ فرق۔ انتر ۲ وقفہ۔ عرصہ۔ مہلت ۳ درمیان۔ بیچ۔
بچھاتا (ھ۔ مذکر) بچھا۔
بچھانا۔ بچھاون۔ بچھاونا (ھ۔ مذکر) ۱ بستر۔ فرش۔ قالین۔ بچھاؤ (کہاروں کی اصطلاح) چارپائی۔ پلنگ۔
بچھنتیا (ہ۔ مونث) چھپکلی۔
بچھٹنا (ھ۔ لازم) بچھڑنا۔

بچھٹی (ھ۔ مونث) بچھو بوٹی ایک قسم کا پودا۔ جس کا پتہ بدن کو چھو جانے سے سخت کھجلی پیدا کرتا ہے۔
بچھڑ (ہ۔ امر) بچھڑنا کا۔ بچھڑا (امر) ۱ بچھڑانا کا ۲ ماضی بچھڑنا کی ۳ (صفت) جدا۔ دور افتادہ۔ بچھڑانا (ھ۔ متعدی) ۱ جدا کرنا۔ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا ۲ بکھیرنا۔ منتشر کرنا۔ بچھڑا ہوا (صفت) دیکھو بچھڑا۔ بچھڑ جانا۔ بچھڑنا (لازم) ۱ جدا ہونا۔ الگ ہونا ۲ کھو جانا۔ پیچھے رہ جانا ۳ (ھ) موچ آجانا ۴ پھسل جانا۔ لڑھکنا۔
بچھڑا (ہ۔ مذکر) ۱ گائے کا نر بچہ ۲ پیار سے انسان کے بچے کو بھی کہتے ہیں ۳ (صفت) نوجوان۔ نوعمر ۴ نادان۔ بیوقوف (س دتس)
مثل۔ بچھڑا کھونٹی کے بل کودتا ہے۔ حمایتی کے بھروسے پر اکڑتا ہے۔ رشتہ داروں کی مدد پر ناز کرتا ہے۔
بچھڑو (ھ۔ مذکر) ۱ بچھڑا ۲ (موچیوں کی اصطلاح) بچھڑے کا چمڑا۔ بچھڑی (مونث) گائے کا مادہ بچہ۔ بچھڑیا (مونث) ہاتھی کا مادہ بچہ۔
بچھل (ھ۔ صفت) ۱ مشفق۔ شفیق۔ پریمی۔ مہربان۔ مشتاق۔ گرمفرما ۲ (مذکر) محبت۔ شفقت۔ مہربانی۔
بچھلنا (ہ۔ لازم) ۱ بچھڑنا ۲ (صفت) پھسلنے والا۔
بچھلہا (ھ۔ صفت) جس پر سے پھسل جائے۔
بچھناگ (ھ۔ مذکر) دیکھو بچناگ۔
بچھو (ہ۔ مذکر) ۱ ایک زہریلا رینگنے والا جانور۔ جس کی دم کے سرے پر ایک ڈنک ہوتا ہے۔ جس میں زہر بھرا رہتا ہے۔ عقرب۔ کژدم ۲ ایک پہاڑی پودا جس کے چھونے سے سخت کھجلی ہوتی ہے ۳ (صفت) خطرناک تکلیف دینے والا۔ فتنی۔ بدذات۔ بچھو بوٹی (صفت) بچھو (پودا) بچھو کا بچہ (مذکر) سخت شریر۔ نہایت خطرناک
بچھو کا منتر (مذکر) ایسا منتر جس کے پڑھ کر پھونکنے سے بچھو کے کاٹے کی تکلیف سے نجات ہو۔
مثل۔ بچھو کا منتر نہ جانے باںبی میں ہاتھ ڈالے۔ معمولی کام کی لیاقت نہیں اور بڑے بڑے کام کرنے کو تیار ہو جاتا ہے۔
بچھوا (ھ۔ مذکر) بچھڑا۔ کسی جانور کا بچہ۔
بچھوا (ہ۔ مذکر) ۱ بچھو ۲ ایک قسم کی مڑی ہوئی چھری۔ خنجر۔ لوہے کا پنجہ یا کنڈی ۳ ایک قسم کا چھلا جو پاؤں کے انگوٹھے یا چھوٹی انگلی میں پہنا جاتا ہے ۴ سن کا پودا۔ سن کی پھلی ۵ بچھو بوٹی ۶ ایک قسم کا اچار۔
بچھوا۔ بچھوہ۔ بچھوہا (ھ۔ مذکر) ۱ جدائی۔ مفارقت۔ علیحدگی ۲ غیر حاضری۔ غیر موجودگی
بچھوڑنا (ہ۔ متعدی) ۱ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا ۲ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پرزے پرزے کرنا ۳ روئی کا بیج سے علیحدہ کرنا۔ بیلنا۔
بچھونا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ کپڑے جن کو بچھا کر اور اوڑھ کر سوتے ہیں۔ بستر۔ توشک ۲ کوئی چیز جو بچھائی جائے۔ دری۔ قالین وغیرہ ۳ وہ چٹائی یا فرش جس پر بیٹھ کر ہندو عورتیں ماتم کرتی ہیں ۴ ماتم کا زمانہ ۵ کسی چیز کا کثرت سے چھنکنا (بچھانا سے) بچھونا اٹھانا (متعدی) بستر کوتہ کرنا۔ زمین سے بچھی ہوئی چیزوں کو اٹھانا۔ بچھونا بچھانا (متعدی) بسترا کرنا۔ بچھونا کرنا (متعدی) ۱ بستر کرنا ۲ کثرت سے کسی چیز کو پھیلانا یا پھینکنا ۳ خوب مارنا۔ بچھا دینا۔ بچھونا بچھنا (لازم) بستر ہونا۔
بچھی (ہ۔ مونث) گائے کا مادہ بچہ۔
بچھی (ہ۔ مونث) بچھو۔
بچھیا (ہ۔ مونث) ۱ گائے کا مادہ بچہ ۲ بیٹی کو پیار سے کہتے ہیں ۳ ایک ہندوؤں کی رسم جو مردے کی تیرھویں یا سترھویں کو ہوتی ہے۔
بچھیا کا باوا یا ناؤ (صفت) بیوقوف۔ نادان۔ کم عقل۔
بچھیا (ھ۔ مونث) پاؤں کے انگوٹھے میں پہننے کے چھلے۔
بچھیانا۔ بچیانا (ہ۔ متعدی) کان۔ پیچھے کو کرنا جیسے جانور کرتے ہیں۔ کان موڑنا۔ کان کھڑے کرنا۔
بچھیرا۔ بچھیڑا (ہ۔ مذکر) گھوڑے کا نر بچہ۔ بچھیرا پلٹن (مذکر) نوجوانوں کی پلٹن۔

بچھیری - بچھیڑی (مونث) گھوڑے کا مادہ بچہ دو سال تک کی عمر کی گھوڑی -

بچھیلا (ہ - مذکر) گائے کے بچے کا چمڑا -

بَحّاث (ع - مذکر) بحث کرنیوالا -

مباحث (بَحَثَ - مجادلہ کرنا)

بِحاث (ع - مذکر) ۱ دریافت کرنا - تفتیش کرنا ۲ جھگڑنا -

بِحار (ع - مذکر) بحر کی جمع - سمندر - دریا -

بحال (ف - نف) ۱ اصلی حالت پر - بدستور - جیسا پہلے تھا ۲ اچھی حالت میں - تندرست صحت یافتہ - خوش - خرم ۳ برقرار - قائم - رکھا ہوا ۴ پھر مقرر کیا ہوا - دوبارہ کام پر لگایا ہوا ۵ (نف) نوکری پر - کام پر (رکھنا - رہنا - کرنا - ہونا کے ساتھ) **بحال بد** (نف) برے حال سے - **بحال پریشان** (نف) خراب حال سے -

بحالی (مونث) ۱ بیمار کی طبیعت کی درستی - افاقہ ۲ خوش دلی - فرصت - تازگی ۳ اپنی اصلی حالت پر آجانا - جیسے پہلے تھا ویسے ہی ہو جانا ۴ معطلی یا برطرفی کے بعد پھر اپنے اصلی عہدے پر مقرر کیا جانا ۵ قبضے کی واپسی - قبضہ بدستور سابق واپس دلایا جانا -

بَحْت (ع - صفت) خالص - اصیل -

بَحْث (ع - مونث) ۱ مباحثہ - مناظرہ - سوال و جواب - لفظی یا زبانی جھگڑا ۲ دلیل - حجت ۳ تعلق - مطلب - واسطہ ۴ باب - فصل ۵ وہ گفتگو جو وکلاء حاکم کے روبرو کرتے ہیں (بَحَثَ جھگڑنا کسی معاملے پر) **بحث آپڑنا** (لازم) مقابلہ یا جھگڑا یا تکرار ہو جانا - **بحثا بحثی** (مونث) مناظرہ مباحثہ - باہمی لفظی تکرار - حجت - **بحث بڑھنا** (لازم) بات لمبی ہونا - گفتگو میں طوالت ہونا **بحث پڑنا** (لازم) مقابلہ - تکرار یا جھگڑا ہونا - **بحث تقدم** (مونث) مقدمہ ہونے کی بحث - **بحث تمادی** (مونث) درازیٔ میعاد کی بحث - **بحث قانونی** (مونث) وہ بحث جو کسی قانون کے متعلق ہو یا کسی قانون کے سبب سے ہو - **بحث کرنا - بحثنا** (متعدی) حجت کرنا - جھگڑنا - ضد کرنا - **بحث نکال کھڑی کر دینا یا کرنا** (متعدی) جھگڑا پیش کر دینا - **بحث نہیں** - تعلق نہیں حجت نہیں - جھگڑا نہیں - مطلب نہیں - **بحث واقعاتی** (مونث) وہ بحث جو واقعات متعلقہ کے متعلق ہو - **بحث ہونا** (لازم) سوال و جواب ہونا کسی معاملے کے متعلق بات چیت ہونا -

بحر (ع - مذکر) ۱ بڑا دریا ۲ بڑا سمندر - جغرافیہ دانوں نے سطح آب کے پانچ بڑے حصے کئے ہیں بحر اوقیانوس - بحر الکاہل - بحر ہند - بحر منجمد شمالی - بحر منجمد جنوبی - ان کے حالات ان کے اصل ناموں کے نیچے دیکھو ۳ فیاض آدمی ۴ تیز گھوڑا ۵ جہازوں کا بیڑا ۶ کسی چیز کی زیادتی ظاہر کرنے کے لئے ہوتا ہے ۷ (مونث) شعر کا وزن - چند کلمات موزوں جن پر اشعار کا وزن ٹھیک کرتے ہیں - علم عروض میں نظم کے انیس وزن ہیں - ہر ایک کو بحر کہتے ہیں - ان کے نام یہ ہیں ۱ رجز ۲ ہزج ۳ کامل ۴ رمل ۵ متقارب ۶ متدارک ۷ خفیف ۸ سریع ۹ مجتث ۱۰ مضارع ۱۱ منسرح ۱۲ بسیط ۱۳ وافر ۱۴ طویل ۱۵ مدید ۱۶ مشاکل ۱۷ مقتضب ۱۸ قریب ۱۹ جدید (بَحَرَ - پھیلنا) **بحر آہن میں غوطہ لگانا** (متعدی) مکمل طور پر مسلح ہونا - **بحر ابیض** - بحر احمر - **بحر اسود** (مذکر) دیکھو بحیرہ کے تحت ہیں - **بحر اخضر** (مذکر) ۱ آسمان ۲ بحیرہ کیسپین **بحر اصول** (مذکر) شعر کا وزن - **بحر اعظم** (مذکر) بڑا سمندر - **بحر الابیض** (مذکر) دریائے نیل کی غربی شاخ جو ۸۰۰ میل لمبی ہے - اور جھیل وکٹوریا نیانزا سے نکلتی ہے - **بحر الازرق** - دریائے نیل کی شرقی شاخ جو ۹۰۰ میل لمبی ہے - **بحر البنات** (مذکر) خلیج فارس میں مغربی ساحل پر ایک مجمع الجزائر - **بحر الخزر** (مذکر) بحیرہ کیسپین - **بحر الروم** (مذکر) دیکھو بحیرہ روم - **بحر الصین** (مذکر) بحیرہ چین جو چین کے مشرق میں ہے - **بحر الغزال** (افریقہ) ۱ بحر الابیض کا ایک معاون ۲ سوڈان میں ایک صوبہ - **بحر الفارس** (مذکر) خلیج فارس - **بحر القلزم** (مذکر) دیکھو بحیرہ قلزم **بحر الکاہل** (مذکر) ایک بہت بڑا سمندر جو ایشیا کے مشرق اور امریکہ کے مغرب میں ہے - یہ دنیا کا سب سے بڑا بحر ہے - **بحر الماس** (مذکر) وہ سمندر جس کے جزیروں میں جواہرات کی کانیں ہیں - **بحر المغرب** (مذکر) بحیرہ روم - **بحران** (مذکر) دیکھو بحرین ۳ ، ۴ - **بحر اندلس** (مذکر) وہ سمندر جو ہسپانیہ کے مشرق میں ہے - **بحر اوقیانوس** (مذکر) وہ بڑا سمندر جس کے مشرق میں یورپ اور افریقہ اور مغرب میں امریکہ - **بحر بے پایاں یا بیکراں** (مذکر) بہت بڑا سمندر **بحر تحیر یا حیرت میں غرق ہونا** (لازم) بہت حیران ہونا - **بحر خضرا** (مذکر) آسمان - **بحر خوارزم** (مذکر) جھیل ارال جس میں دریائے جیحوں گرتا ہے - **بحر ذخار** (مذکر) لبالب بھرا ہوا یا لہریں مارنے والا سمندر - **بحر رواں** (مذکر) کشتی - **بحر زنگ یا زنگی** (مذکر) وہ سمندر جو حبش کے مشرق میں ہے - بحر ہند کا غربی حصہ - **بحر ظلمات** (مذکر) دیکھو بحر اوقیانوس - **بحر عُمان** (مذکر) ۱ بڑا سمندر ۲ دریائے محیط ۳ آنکھ ۴ خلیج عمان - **بحر غمام** (مذکر) کاشغر کے قریب ایک جھیل - **بحر فنا** (مذکر) موت - **بحر فنا کا کنارہ نظر آنا** (لازم) موت دکھائی دینا - **بحر فنا میں غرق ہونا یا ڈوبنا** (لازم) مر جانا - **بحر قلزم** (مذکر) ۱ دیکھو بحیرہ قلزم ۲ نہایت گہرا اور عمیق سمندر **بحر کمان** (مذکر) کمان کی لکڑی اور تانت کے درمیان کی جگہ جب کمان کھینچی جائے - **بحر لوط** (مذکر) دیکھو بحیرہ مردار - **بحر محیط** (مذکر) بڑا سمندر **بحر مسجور** (مذکر) وہ سمندر جو عرش کے نیچے ہے - **بحر منجمد شمالی** (مذکر) وہ سمندر جو قطب شمالی کے ارد گرد ہے - **بحر منجمد جنوبی** (مذکر) وہ سمندر جو قطب جنوبی کے ارد گرد ہے - **بحر مواج** (مذکر) وہ سمندر جس میں بہت طوفان اٹھتے ہوں - **بحر ندامت** (مذکر) بیحد شرمندگی - **بحر ندامت میں ڈوبنا یا غرق ہونا** (لازم) بیحد شرمندہ ہونا - **بحر ہند** (مذکر) وہ سمندر جو ہندوستان کے جنوب میں اور افریقہ کے مشرق میں ہے -

بحری (صفت) ۱ سمندری - دریائی ۲ مصر کے دو بڑے صوبوں میں سے وہ جو شمال میں سمندر سے ملتا ہوا ہے - اسے مصر بالا بھی کہتے ہیں ۳ بحرین کا باشندہ ۴ موتی ۵ مملوکوں کا ایک خاندان جس نے ۱۲۷۹ - ۱۳۸۱ تک مصر میں سلطنت کی - **بحری فوج** (مونث) وہ فوج جو جہازوں میں سوار ہو کر سمندروں میں لڑے -

بحرین (مذکر) ۱ بحیرہ اسود و بحیرہ ابیض - بحیرہ روم و بحیرہ اسود ۲ خلیج فارس میں ایک جزیرہ جہاں موتی نکلتے ہیں ۳ بصرہ اور عمان کے درمیان ایک شہر ۴ قرآن شریف میں سمندر کے کھارے پانی اور دریا کے میٹھے پانی

سے مراد ہے۔

بحریہ۔ جنگی جہازوں کا محکمہ۔ جہازوں کی جانچ پڑتال کا ادارہ۔ جنگی جہازوں کا بیڑا۔ نیوی۔

بُحران (ع۔ مذکر) طب کی اصطلاح۔ وہ وقت جس سے بیماری میں یکا یک کمی واقع ہو۔ بیماری کے زور کا دن۔ بیماری میں کمی۔ عوام اسے برہان کہتے ہیں۔ **بُحران ہونا**۔ بیماری کا رو بہ تنزل ہونا۔

بحل (ف۔ صفت) طیدن سے جس کے معنے چھوڑنا ہیں۔ اصل میں بہل ہونا چاہیے تھا مگر بحل ہی اُردو میں رائج ہو گیا ہے۔ ۱ معاف ۲ (مذکر) معافی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بحل و مُباح** (صفت) قانوناً جائز۔ روا۔

بُحیرہ (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹا سمندر۔ بحر کی تصغیر۔ بحر کے چھوٹے حصوں میں کسی کا نام ۲ بعض وقت ایسے کھاری پانی کے سمندروں کو کہتے ہیں۔ جن کے تقریباً چاروں طرف زمین ہو۔ صرف تھوڑا سا حصہ بڑے سمندر سے ملا ہوا ہو جیسے بحیرہ روم یا بحیرہ اسود ۳ کبھی کبھی کسی بڑی جھیل کو بھی کہہ دیتے ہیں۔ جیسے بحیرہ ۴ (مصر) شمال مغرب میں ایک صوبہ (۱۳۱) **بحیرہ ابیض** (مذکر) روس کے شمال میں ایک چھوٹا سا سمندر ہے۔ **بحیرہ احمر یا بحیرہ قلزم** (مذکر) عرب اور افریقہ کے درمیان کا سمندر۔ **بحیرہ اخضر** (مذکر) جھیل کیسپین جو ایران کے شمال میں واقع ہے۔ **بحیرہ اسود** (مذکر) ایک سمندر جو روس کے جنوب اور اناطولیہ کے شمال میں واقع ہے دوسرے مشہور بحیروں کے نام ان کی اصلی جگہ پر دیکھو۔

بخ بخ : بخ بخ (ع۔ ندا) شاباش۔

بُخار (ع۔ مذکر) بھاپ۔ دھواں کہر۔ دھند۔ غبار۔ تپ۔ حرارت۔ غصّہ۔ رنج۔ کدورت۔ دشمنی۔ **بخار آنا**۔ تپ چڑھنا تپ آنا۔ حرارت ہونا۔ ڈر معلوم ہونا۔ خوف آنا۔ **بخارات**۔ جمع بخار۔ ابخرے۔ **بخار اُترنا**۔ تپ زائل ہونا۔ **بخار اُٹھنا**۔ بھاپ اُٹھنا۔ دھواں اُٹھنا۔ **بخار بھرا ہونا**۔ شکووں اور گلوں سے پُر ہونا۔ **بخار چڑھ آنا یا چڑھنا** تپ آ جانا۔ غصّہ آنا۔ غصّہ میں بھرنا۔ ڈر لگنا۔ خوف آنا۔ **بخار دل میں رکھنا (رہنا)** کدورت یا کینہ رکھنا (رہنا) **بخار دھیما ہونا**۔ تپ ہلکا ہونا۔ **بخار رکھنا**۔ بغض کینہ یا عداوت رکھنا۔ **بخار کافور ہو جانا** (لازم) بخار جاتا رہنا۔ **بخار نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) جوش نکلنا۔ دل کا غبار نکلنا۔ غصّہ اُترنا۔ حسرت نکلنا۔ ہوس نکلنا۔ خواہش پوری ہونا۔ **بخار ہونا**۔ تپ چڑھنا۔

بخت (ف۔ مذکر) ۱ حصّہ۔ بخرہ۔ دولت ۲ قسمت۔ طالع۔ اقبال۔ نصیب۔ بھاگ ۳ خوش قسمتی۔ جاہ و حشمت (س۔ بھگت) **بخت آزمائی** (مونث) قسمت آزمائی۔ تقدیر کا امتحان۔ **بخت اُلٹنا** (لازم) قسمت بد ہونا۔ **بختاور** (صفت) خوش نصیب۔ اقبالمند ۲ طنزاً بدنصیب **بختاوری** (مونث) خوش قسمت۔ **بختاوری آنا** (لازم) شامت آنا۔ **بخت بازی** (مونث) قسمت آزمائی۔ **بخت برگشتہ** (صفت) بدقسمت۔ **بخت بلند یا بیدار** (صفت) ۱ خوش قسمت۔ خوش نصیب ۲ (مذکر) اچھا نصیب۔ **بخت پھرنا** (لازم) قسمت خراب ہونا۔ **بخت تیرہ** (صفت) بدقسمتی۔ بدبختی۔ **بخت جلا** (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب۔ **بخت جلنا** (لازم) بدقسمت ہونا۔ بدنصیب ہونا۔ **بخت جوان** (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ **بخت جوان** (مذکر) ترقی کرنے والا اقبال **بخت چمکنا** (لازم) نتیجہ جاگنا۔ طالع بیدار ہونا **بخت خُفتہ** (مذکر) سویا ہوا نصیب۔ بُرا نصیبا۔ **بخت خُفتہ** (صفت) بدنصیب **بخت خفتہ بیدار ہونا** (لازم) نصیبا جاگنا۔ خوش قسمتی کے دن آنا **بخت رسا** (مذکر) خوش نصیبی اقبال **بخت ساز گار** (صفت (مذکر) دیکھو بخت بلند۔ **بخت سبز** (مذکر) خوش نصیبی **بخت سونا** (لازم) بدنصیب ہونا۔ **بخت سیاہ** (مذکر) بدبختی۔ بدقسمتی۔ **بخت سیدھا ہونا** (لازم) نصیبا کھلنا۔ نصیب کا موافق ہونا۔ **بخت کا مارا** (صفت) بدنصیب۔ بدقسمت۔ **بخت کھلنا** (لازم) ۱ نصیب جاگنا۔ قسمت کھلنا ۲ ناکتخدا کی شادی ہونا۔ **بختمند** (صفت) خوش نصیب۔ خوش قسمت **بخت نافرجام** (مذکر) بدبختی۔ بدقسمتی۔ **بخت و اتفاق** (مذکر) نصیبے اور اتفاق سے کوشش اور سعی سے نہیں۔ اگر کسی بیوقوف کو کوئی چیز ہاتھ لگ جائے تو کہتے ہیں۔ **بخت واژوں** (مذکر) بگڑا ہوا نصیب اُلٹی قسمت۔ بدقسمتی **بختور** (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ **بختوں** (مذکر) جمع بخت کی **بختوں جلا** (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب۔ مصیبت زدہ ۱ **بختوں جلی** (صفت مونث) ۱ دیکھو بختوں جلا ۲ بیوہ۔ بے اولاد عورت۔ **بخت ہمایوں** (صفت و مذکر) دیکھو بخت بلند۔ **بختیار** (صفت) کامیاب خوش نصیب۔ **بخت یار رہے** (دعا) قسمت اچھی ہو۔

امثال و اقوال۔ **بختاور کا آٹا گیلا کمبخت کی دال (پتلی)** گیلی خوش قسمت کے گھر میں بہت سا آٹا گوندھا جاتا ہے۔ غریب کے گھر میں دال بھگوئی جاتی ہے مطلب یہ ہے کہ غریب کو بہت معمولی چیزیں کھانے کو ملتی ہیں۔ **بخت اُٹھ گئے بلندی رہ گئی**۔ دولت جاتی رہی غرور اب تک ہے۔ بخت بلند نام پر طنز ہے **بخت دیں (کریں) یاری تو کر گھوڑے اسواری بخت نہ دیں یاری نوکر کھا چرو بیداری** اگر خوش قسمت ہے تو گھوڑے پر چڑھ نہیں تو سائیسی کا کام کر کے روزی کما۔ غریب کو محنت کر کے پیٹ پالنا پڑتا ہے۔ **بخت و دولت بکاردانی نیست**۔ نصیبا اور دولت خدا کی دین ہے۔ ہنر اور لیاقت پر منحصر نہیں۔ **بختوں کے بلیا پکائی کھیر ہو گیا دلیا**۔ بدقسمتی میں اچھا کام بھی بگڑ جاتا ہے۔

بُخت۔ بُختی (ف۔ مذکر) ۱ خراسانی یا باختری اُونٹ ۲ تیز رفتار اُونٹ ناقہ۔

بخنُور (ف۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو گرجنے والا شور مچائے ۲ گرج۔ صاعقہ ۳ شیر۔

بخنتے (ف۔ مذکر) بھون کر دئے ہوئے چنے۔ جن کا چھلکا نکال دیا گیا ہو۔ بھنے ہوئے چنوں کی دال۔ عوام بکنے کہتے ہیں۔

بخر (ع۔ مذکر) بھاپ نکلنا۔ بھاپ نکالنا۔

بخرا۔ بخرہ (ف۔ مذکر) ۱ حصّہ۔ ٹکڑا۔ بانٹ ۲ تقسیم۔ منافع۔ **بخرا کرنا** (ھ) حصے میں تقسیم کرنا۔ اُردو میں بخرہ صرف حصّے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

بخس (ع۔ مذکر) ۱ حق نہ دینا۔ غبن کرنا ۲ کم۔ تھوڑا ۳ کم قیمت ۴ زمین جس میں بغیر پانی گیہوں پیدا ہو ۵ گرمی ۶ دلی رنج یا تکلیف ۷ بیہوشی۔ غشی ۸ تپ دق ۹ غم یا بیماری سے گھلنا ۱۰ ناز۔ نخرہ ۱۱ معشوقانہ چال۔

مسہ ١ ہار ٢ خشک۔ سوکھا ہوا ٣ کھوٹا سکہ۔
بخس (ع۔ مذکر) ١ ناک کا نرم حصہ ٢ نرمی ٣ کمزوری۔
بخس (ع۔ صفت) ١ کمینہ۔ رذیل ٢ سستا
بخش (ف۔ مذکر) ١ حصہ بخرہ۔ بانٹ ٢ کھانے کا مکمل حصہ جو تقریبات میں تقسیم کیا جاتا ہے ٣ دینے والا۔ بخشنے والا۔ عنایت کرنے والا ان معنوں میں فارسی اسما کے آخیر میں آکر اسم فاعل بناتا ہے ٤ ہندوستان میں اشخاص کے نام کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے (بخشیدن۔ دینا) **بخشانا** (م) ١ معاف کرانا۔ عفو کرانا ٢ دلانا ٣ اپنے گناہ معاف کرانا۔ **بخشائش** (مونث) گناہ کی معافی۔ **بخشائش گر** (صفت) بخشنے والا۔ غفار۔ **بخشائندہ** (صفت) بخشش کرنے والا۔ **بخش دینا** (متعدی) معاف کر دینا ٢ بلا معاوضہ دینا۔ عنایت کر دینا۔ **بخشش** (مونث) ١ انعام عطیہ۔ خیرات ٢ معافی۔ عفو۔ **بخشش نامہ** (مذکر) ہبہ نامہ۔ **بخشن** (مصدر) بخشنا۔ دینا۔ معاف کرنا۔ **بخشنا** (متعدی) دینا۔ عنایت کرنا۔ عطا کرنا ٢ قرآن شریف کی آیات پڑھ کر ثواب پہنچانا ٣ گناہ معاف کرنا۔ عفو کرنا ٤ بلا معاوضہ کوئی چیز دینا۔ **بخش نامہ** (مذکر) ہبہ نامہ۔ **بخشن ہار یا ہارا** (صفت) معاف کرنے والا۔ دینے والا۔ **بخشو**۔ معاف کرو۔ پیچھا چھوڑو۔ **بخشوانا** (م) معاف کرانا۔ عفو کرانا۔
بخشیش (مونث) خیرات۔ زکوٰۃ۔ عطیہ۔ انعام۔
مثل۔ بخشو بی بلی چوہا (مرغا) لنڈورا ہی (بھلا) جئے گا۔ جب کوئی شخص کسی کے فریب میں نہ آئے تو یہ مثل کہتے ہیں۔ معاف کیجئے ہم جیسے ہیں ویسے ہی رہنے دیجئے جو نقصان اٹھانا تھا ہم اٹھا چکے۔ اب تمہارے قابو میں نہیں آتے۔
بخشی (ف۔ مذکر) ١ فوج والوں کو تنخواہ تقسیم کرنے والا۔ فوج کا سپہ سالار کیونکہ تنخواہ تقسیم کرنا بھی اس کے ذمہ ہوتا تھا ٢ ایک افسر جو تقسیم تنخواہ کا حساب رکھتا تھا۔ خزانچی ٣ چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والا۔ مکانات کے کرائے وصول کرنے والا ٤ ایک لقب جو بہت لوگ اپنے نام کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ غالباً یہ لوگ پرانے زمانے کے بخشیوں کی اولاد ہیں **بخشی الممالک** (مذکر) سپہ سالار اعظم جو تنخواہ بھی تقسیم کیا کرتا تھا۔ **بخشیان** (مذکر) بخشی کی جمع۔ **بخشیان اعظم** (مذکر) سپہ سالاران اعظم۔ **بخشی خانہ** (مذکر) تنخواہ تقسیم ہونے کا دفتر **بخشی کا دھکڑ یا دھگڑا** (مذکر) ١ سپہ سالار کا داماد ٢ زبردست کا یار۔ زبردست ٣ لچا۔ بدمعاش۔ بدذات۔ شریر۔ شرارتی **بخشی گری** (مونث) بخشی کا عہدہ۔ سپہ سالاری کا کام۔ تنخواہیں بانٹنے کا کام۔
بخص (ع۔ مذکر) ١ ہاتھ اور پاؤں کا گوشت ٢ اونٹ کے پاؤں کا نرم حصہ ٣ آنکھوں کے گرد کا ابھرا ہوا گوشت۔
بخع (ع۔ مذکر) ١ خودکشی کرنا ٢ غم سے مرنا۔
بخل (ع۔ مذکر) ١ کنجوسی۔ تنگدلی ٢ حرص۔ لالچ۔ طمع۔ **بخلا** (مذکر) بخیل کی جمع **بخیل** (صفت) کنجوس۔ ممسک۔ شوم۔ تنگدل **بخیلی** (مونث) بخیل کی خاصیت۔ کنجوسی۔
بخلا (ع۔ صفت) بخیل کی جمع۔
بخور (ع۔ مذکر) ١ وہ چیز جسے جلانے سے خوشبو پیدا ہوتی ہو۔ مثلاً صندل عود۔ **بخورات** (مذکر) بخور کی جمع۔ **بخور دان** (مذکر) وہ برتن جس میں بخور جلاتے ہیں۔ **بخور مریم** (مذکر) ایک گھاس کی جڑ جو دواؤں میں پڑتی ہے **بخور ہونا** (لازم) عود عنبر وغیرہ کا جلایا جانا۔
بخیا (ف۔ مذکر) دیکھو بخیہ۔
بخیانا (متعدی) بخیہ کرنا۔ سینا۔ **بخئے** (مذکر) بخیہ کی جمع۔ **بخئے ادھیڑ کر دھر دینا یا رکھ دینا** (متعدی) حقیقت کھول دینا۔ بہت برا بھلا کہنا۔ **بخیہ** (مذکر) ١ دہرا ٹانکا۔ نہایت باریک سلائی ٢ بساط۔ حوصلہ۔ پونجی۔ **بخیہ ادھڑنا** (لازم) **ادھیڑنا** (متعدی) ١ ٹانکے کھولنا۔ سیون ادھیڑنا ٢ راز فاش کرنا عیب ظاہر کرنا۔ قلعی کھولنا ٣ طاقت کم کر دینا سخت سزا دینا ٤ دیوالہ نکل جانا۔ **بخیہ بگڑ جانا** (لازم) حیثیت مٹ جانا۔ **بخیہ ٹوٹنا** (لازم) ٹانکا ٹوٹ جانا۔ سلائی ادھڑنا۔ **بخیہ دار** (مذکر) وہ کپڑا جس میں بخیہ کیا جائے۔ **بخیہ ڈھیلا ہونا یا کرنا** دکھ دینا۔ پریشان کرنا۔ تنگ کرنا۔ **بخیہ زن یا گر** (صفت) بخیہ کرنیوالا **بخیہ کرنا** (متعدی) سینا۔ ٹانکے لگانا۔ **بخیہ کھلنا** (لازم) ١ ٹانکے ادھڑنا ٢ بھید ظاہر ہو جانا۔ پردہ فاش ہو جانا۔ **بخیہ ہونا** (لازم) سیا جانا۔ ٹانکے لگنا۔
بد (ہ۔ مونث) ١ ذمہ۔ متعلق ٢ (مذکر) وہ دنبل جو چڈوں میں نکلتا ہے (س ورد) ٣ سور۔ خنزیر (غالباً فارسی بد سے) **بد جانور** (مذکر) سور۔ **بدسالا۔ بدسلا** (مذکر) سوروں کے رہنے کی جگہ۔ سور باڑا۔
بد (ف۔ صفت) ١ برا۔ خراب ٢ شریر۔ فسادی۔ بدباطن ٣ ناقص نکما ٤ برے شگون والا۔ نامبارک۔ منحوس۔ **بد آغاز** (صفت) بداصل۔ بدذات۔ **بد آموز** (صفت) بری تعلیم پایا ہوا۔ **بد آئین** (صفت) خراب اصولوں والا۔ جس کے کوئی اصول نہ ہوں۔ **بد اختر** (صفت) برے طالع والا۔ بدقسمت۔ **بد اخلاق** (صفت) غیر مہذب۔ کج خلق۔ **بد اخلاقی** (مونث) ناشائستگی۔ کج خلقی۔ **بد استخواں** (صفت) بدشکل۔ بھدا۔ **بد اسلوب** (صفت) ١ بے ڈھنگا۔ بدنما۔ بدقطع ٢ بدراہ۔ بدکار۔ **بد اسلوبی** (مونث) ١ بے ڈھنگا پن ٢ بدراہی۔ **بد اصل** (صفت) بری نسل کا۔ کمینہ پاجی۔ بدذات۔ **بد اصول** (صفت) ١ بد آئین ٢ بداصل۔ **بد اصولی** (مونث) ١ کمینہ نسل۔ بری تعلیم ٢ برے اصولوں پر عمل۔ **بد اطوار** (صفت) برے چلن والا۔ بدمعاش۔ بری وضع کا۔ **بد اعتقاد** (صفت) ١ جس کا عقیدہ خراب ہو۔ بے ایمان ٢ جسے کسی پر اعتماد نہ ہو۔ یقین نہ ہو۔ **بد اعتقادی** (مونث) ١ عقیدے کا خراب ہونا۔ بے ایمانی ٢ کسی پر اعتماد نہ رہنا۔ **بد اعمال** (صفت) بدچلن۔ **بد اعمالی** (مونث) ١ بدچلنی ٢ بدمعاملگی ٣ سرکشی۔ **بد افعال** (صفت) جس کے کام اچھے نہ ہوں۔ بداعمال۔ **بد افعالی** (مونث) بداعمالی۔ **بد امنی** (مونث) فساد۔ بدانتظامی۔ بغاوت۔ **بد انتظامی** (مونث) انتظام کی خرابی۔ بدعملی۔ اندھیر۔ **بد انجام** (صفت) ١ جس کا انجام خراب ہو ٢ جس کی وجہ سے مصیبت آئے ٣ برے نتیجہ والا۔ **بد اندیش** (صفت) برا چاہنے والا۔ دشمن۔ مخالف۔ بدخواہ۔ **بد اندیشی** (مونث)

دشمنی۔ عناد۔ مخالفت۔ بدخواہی۔ بغاوت۔ **بداوسان** (صفت) گھبرایا ہوا۔ اوسان خطا۔ **بداوسانی** (مونث) گھبراہٹ۔ بدحواسی۔ **بدبات پھوٹنا** (لازم) بُری بات مشہور ہو جانا۔ عیب کھُل جانا۔
بدبات جھنڈے پر چڑھانا (متعدی) عیب کو مشہور کرنا۔ **بدباچا** (مذکر) خراب تقسیم یا باچھ۔ **بدباطن** (مونث) سیاہ دل جس کی نیت خراب ہو منافق **بدبخت** (صفت) کمبخت بے نصیب مصیبت زدہ **بدبختی** (مونث) بدنصیبی کمبختی **بدبر** (صفت) بدباطن بدخواہ **بدبر کرنا** (متعدی) بدظن کرنا۔ شک میں ڈالنا **بدبلا** (مونث) ۱ چڑیل ۲ ڈائن ۳ نہایت شریر۔ ظالم **بدبُو** (مونث) خراب بو۔ دماغ پریشان کرنے والا بو آنا۔ پھیلانا پھیلنا ہونا کے ساتھ **بدبولنا** (لازم) بری بات کہنا۔ گالی دینا۔ **بدہانسا پڑنا** (لازم) خواہ مخواہ غصّے ہونا۔ چپ کر جانا۔ **بدپرہیز** (صفت) جو کھانے پینے میں احتیاط نہ کرے اور مضر صحت اشیا کھائے۔ بے احتیاط۔ **بدپرہیزی** (مونث) ۱ مضر صحت اشیا کھانا۔ بے احتیاطی ۲ عیاشی۔ فضولخرچی (کرنا ہونا کے ساتھ) **بدپشمی** (مونث) جانور کی پشم یا بالوں کا خراب ہونا **بدتر** (صفت) بہت خراب۔ **بدتر نکھتر** ہو جانا (لازم) بیحد خراب ہو جانا۔ **بدتری** (مونث) بُرائی۔ خرابی۔ **بدترین** (تفضیل کل) نہایت خراب ازحد خراب۔ **بدتمیز** (صفت) بدسلیقہ۔ پھوہڑ گستاخ۔ **بدتہذیب** (صفت) غیر مہذب۔ بدتمیز۔ بدسلیقہ۔ **بدجلو** (صفت) سرکش گھوڑا۔ **بدچالی** (مونث) بدچلنی۔ **بدچشم** (صفت) ۱ بُری نیت سے دیکھنے والا ۲ دوسرے کے مال پر طمع کی نظر رکھنے والا ۳ حاسد۔ بدخواہ۔ **بدچلن** (صفت) بُرے چال چلن کا۔ بداطوار۔ بداعمال۔ بدافعال۔ بدوضع۔ **بدچلنی** (مونث) بدمعاشی۔ بدکاری۔ بدکرداری۔ **بدحال** (صفت) ۱ بُری حالت میں ۲ بدبخت۔ خستہ حال۔ **بدحالی** (مونث) بُری حالت۔ بدبختی۔ **بدحواس** (صفت) ۱ مضطرب پریشان ۲ بیہوش۔ بے عقل۔ کم عقل۔ **بدحواسی** (مونث) گھبراہٹ۔ پریشانی۔ اضطراب۔ بے عقلی کم عقلی۔ **بدحواسی پھیلنا** (لازم) پریشان ہونا۔ **بدحیثیت** (صفت) ۱ بدشکل۔ جس کی شکل سے کم حیثیتی ٹپکتی ہو ۲ بدقطع۔ بدوضع۔ **بدخبر** (مونث) بُری اطلاع۔ موت کی خبر۔ **بدخصال یا خصلت** (صفت) بدمزاج۔ بُری خو والا۔ بدافعال۔ **بدخط** (صفت) وہ جس کا خط خراب ہو۔ بُرا لکھنے والا۔ **بدخطی** (مونث) بُری تحریر یا لکھائی۔ **بدخلق** (صفت) (صفت) بداخلاق۔ **بدخو** (صفت) بُری خصلت والا **بدخواب** (صفت) نیند سے جگایا ہوا۔ جو اس وجہ سے بدمزاج ہو۔ **بدخواب کرنا** (متعدی) نیند اچاٹ رہنا۔ **بدخواب ہونا** (لازم) ۱ نیند اُچٹ جانا۔ نیند پوری نہ ہونے سے بے چین ہونا ۲ احتلام ہونا۔ سوتے میں انزال ہو جانا ۳ ڈراؤنا خواب دیکھنا **بدخوابی** (مونث) نیند نہ آنے کی وجہ سے بے چینی۔ نیند اچاٹ ہونا۔ احتلام۔ خوفناک خواب (رہنا ہونا کے ساتھ) **بدخواہ** (صفت) بُرا چاہنے والا دشمن۔ بداندیش۔ کینہ ور۔ **بدخواہی** (مونث) دشمنی۔ بیر۔ عداوت۔ **بدخوئی** (مونث) بدتہذیبی بُری خصلت۔ **بددُعا** (مونث) ۱ کوسنا ۲ بُرائی چاہنا۔ بُرائی کے لئے خدا سے خواہش کرنا (دینا کرنا۔ لگنا۔ لینا کے ساتھ) **بددل** (صفت) ۱ شکستہ خاطر۔ ناامید ۲ ڈرنے والا۔ بزدل۔ ترساں ۳ ناخوش۔ ناراض۔ **بددماغ** (صفت) مغرور۔ نازک دماغ۔ متکبر۔ کسی کو اپنے برابر نہ سمجھنے والا بدمزاج ۲ ناخوش۔ ناراض (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بددماغی** (مونث) غرور۔ کبر۔ بدمزاجی وغیرہ۔ **بددیانت** (صفت) ۱ امانت میں خیانت کرنے والا۔ بے ایمان ۲ راشی۔ رشوت خوار ۳ دغاباز۔ فریبی۔ **بددیانتی** (مونث) ۱ خیانت۔ بے ایمانی رشوت خواری ۲ دغابازی۔ فریب۔ **بدذات** (صفت) بُری ذات کا۔ کمینہ۔ پاجی۔ بدطینت۔ شریر۔ لچا۔ بُرائی کرنے والا۔ **بدڈول** (صفت) بے ڈول۔ بھدا۔ **بدذاتی** (مونث) ۱ کمینہ پن۔ کمینگی۔ پاجی پن ۲ شرارت۔ بدطینتی۔ بدی۔ **بدذاتی پر آنا** (لازم) شرارت پر آمادہ ہونا۔ **بدذاتی کرنا** (متعدی) کمینہ پن کی حرکت کرنا ۲ شرارت کرنا۔ **بدذائقہ** (صفت) بدمزہ۔ **بدذہن** (صفت) کند ذہن۔ غبی۔ کم عقل۔ **بدراہ** (صفت) آوارہ۔ بُرے چلن والا (کرنا ہونا کے ساتھ) **بدرکاب** (صفت) ۱ وہ (گھوڑا) جو سوار ہونے کے وقت شرارت کرے ۲ (مذکر) شریر گھوڑا۔ **بدرگ** (صفت) بُری طینت کا کمینہ۔ **بدرنگ** (صفت) ۱ خراب رنگ کا۔ مدھم رنگ کا۔ رنگ اُڑا ہوا۔ رنگ بگڑا ہوا ۲ بری قسم کا۔ بدوضع ۳ کھوٹا۔ ناقص ۴ تاش اور گنجفہ میں جب کھیلے ہوئے رنگ کا پتہ نہیں ہوتا ۵ چوسر کی ۱۶ گوٹوں میں سے وہ آٹھ گوٹیں جن سے دوسری دفعہ کھیلا جائے۔ **بدرَو** (صفت) ۱ خراب (گھوڑا) ۲ (مونث) بڑی گندی نالی۔ **بدرُو** (صفت) بُری شکل کا بدصورت بدنما **بدروپ** (صفت) بدصورت بدنما۔ **بدروزگار یا روزگار** (صفت) بدنصیب۔ کمبخت۔ **بدروش یا بدریہ** (صفت) بداطوار بدچلن۔ **بدزبان**۔ (صفت) گالی گلوچ بکنے والا بُرے الفاظ منہ سے نکالنے والا۔ وہ شخص جو بُرے لفظ استعمال کرے ۲ گستاخ ۳ (مونث) گالی گلوچ۔ بُرے الفاظ۔ **بدزبانی** (مونث) گالی گلوچ۔ بُرے الفاظ۔ سخت کلامی۔ گستاخی۔ **بدزیب** (صفت) بدنما۔ غیر موزوں۔ کبدا۔ بھونڈا **بدساعت** (مونث) بُری گھڑی۔ منحوس وقت۔ ساعت نحس۔ **بدست** (تف) ہاتھ سے۔ ہاتھ میں **بدستوُر** (تف) اسی طرح جیسے پہلے تھا۔ پرانی رسم کے مطابق۔ **بدسرانجام** (صفت) جس کا بُرا انجام یا نتیجہ ہو۔ **بدسرانجامی** (مونث) ۱ بُرا انجام ۲ بُرا نتیجہ۔ نتیجے کی بُرائی۔ **بدسرشت** (صفت) خراب طبیعت کا۔ بدنیت۔ **بدسگال** (صفت) بدطینت۔ بدسرشت۔ بدنیت۔ **بدسلوکی** (مونث) برتاؤ کی خرابی بُرا برتاؤ ۲ بُرا چلن۔ ناشائستگی۔ **بدسلیقگی** (مونث) بدتمیزی۔ بدتہذیبی۔ **بدسلیقہ** (صفت) بدتمیز۔ بدتہذیب۔ **بدسیر۔ سیرت** (صفت) ۱ بُری طبیعت یا خو ۲ بری طبیعت کا۔ بدخو۔ بُری عادت۔ **بدشکل** (صفت) بدصورت۔ **بدشگون** (صفت) منحوس۔ **بدشگونی یا شگنی** (مونث) نحوست۔ بدفالی۔ ایسی بات جس سے خیال ہو کہ نتیجہ کام کا بُرا ہوگا۔ **بدصورت** (صفت) خراب شکل کا۔ بھونڈا۔ **بدصورت کرنا**۔ (متعدی) چہرہ یا شکل بگاڑ دینا۔ **بدصورتی** (مونث) خوبصورتی کی ضد۔ بُری شکل۔ کریہ منظری۔ **بدطریق** (صفت) گمراہ۔ بدراہ۔ بداعتقاد۔ **بدطینت** (صفت) بُری سرشت یا طبیعت کا۔ بدخو۔ **بدطینتی** (مونث) شرارت۔ بدخوئی۔ **بدظن** (صفت) بدگمان۔ شکی۔ **بدعقیدہ** (صفت) ۱ جس کا عقیدہ ٹھیک نہ ہو۔ گمراہ ۲ کسی کی نسبت بُرا اعتقاد رکھنے والا۔ **بدعمل** (صفت) بُرے کام کرنے والا۔ گنہگار۔ **بدعملی**

(مونث) بدانتظامی۔ اندھیر۔ بدامنی۔ **بدعہد** (صفت) وعدہ وفا نہ کرنے والا۔ وعدہ خلاف۔ بے وفا۔ **بدعہدی** (مونث) وعدہ خلافی بیوفائی۔ **بدفرجام** (صفت) وہ جس کی عاقبت بخیر نہ ہو **بدفعل** (صفت) بدکار۔ **بدفعلی** (مونث) بدکاری **بدقدم** (صفت) منحوس جس کا آنا نحوس ہو۔ **بدقطع** (صفت) بدشکل۔ بدصورت۔ **بدقلعی** (مونث) گھسی ہوئی قلعی والا۔ **بدقمار** (صفت) ۱ دغاباز جو دھوکا دے کر روپیہ لے۔ ۲ بدطینت بدسرشت۔ ۳ عادتاً شریر۔ **بدقماش** (صفت) بدچلن۔ بدوضع۔ **بدقوارہ** (صفت) بدشکل۔ **بدقومار** (متعدی) کمینہ۔ **بدکار۔ بدکردار** (صفت) بدافعال۔ زانی۔ فاجر۔ بدمعاش۔ **بدکاری۔ بدکرداری** (مونث) زنا۔ حرامکاری فسق و فجور۔ **بدکیش** (صفت) بدخو۔ بدطینت۔ بدمذہب۔ **بدگمان** (صفت) جسے کسی پر یقین نہ آئے۔ بدظن۔ شکی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بدگمانی** (مونث) شک۔ شبہہ۔ **بدگو** (صفت) بدزبان بُری بات کہنے والا۔ **بدگوشت** (صفت) وہ فاضل گوشت جو بدن کے کسی حصّے میں پیدا ہوجاتا ہے۔ **بدگوئی** (مونث) بدی۔ غیبت۔ چغلی۔ **بدگوہر۔ بدگہر** (صفت) بداصل۔ بدسرشت۔ بدطینت **بدگھوڑا** (صفت) شریر گھوڑا۔ **بدلحاظ** (صفت) گستاخ۔ بے شرم۔ شریر۔ **بدلگام** (صفت) ۱ مُنہ زور (گھوڑا) وہ (گھوڑا) جو لگام کے اشارے پر کام نہ کرے۔ ۲ بدزبان۔ مُنہ پھٹ۔ جو مُنہ میں آئے بکنے والا۔ اپنے آپ کو ضبط نہ کرسکنے والا۔ **بدلگامی** (مونث) ۱ مُنہ زوری۔ شرارت۔ ۲ بدزبانی بکواس۔ **بدلگامی کرنا** (متعدی) گھوڑے کا لگام کے اشارے پر نہ چلنا۔ شرارت کرنا۔ **بدلہجہ** (صفت) بدآواز۔ بدزبان۔ **بدمآل** (صفت) جس کا نتیجہ خراب ہو۔ **بدمذہب** (صفت) بدطریق بے ایمان۔ **بدمزاج** (صفت) تندخو۔ بُری طبیعت والا۔ ترشرو۔ **بدمزاجی** (مونث) تندخوئی۔ ترشروئی۔ چڑچڑاپن۔ **بدمزگی** (مونث) ۱ ذائقے کی خرابی۔ ۲ طبیعت کا خراب ہونا۔ بیماری۔ ۳ رنجش۔ جھگڑا۔ بگاڑ (بڑھنا۔ ہونا کے ساتھ) **بدمزہ** (صفت) ۱ بے مزہ۔ جس کا ذائقہ بُرا ہو۔ ۲ بیمار۔ علیل۔ ۳ ناراض۔ خفا۔ رنجیدہ (رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بدمست** (صفت) ۱ بدہوش۔ شراب پئے ہوئے۔ مخمور ۲ نفس پرست۔ شہوت پرست۔ **بدمستی** (مونث) ۱ شہوت پرستی۔ زنا۔ ۲ مدہوشی۔ شرابخواری ۳ شرارت۔ گھوڑے کا شرارت کرنا۔ **بدمظنہ** (صفت) ۱ مشتبہ۔ جس پر کسی جرم کا شبہہ ہو۔ ۲ ناقابلِ اعتبار۔ **بدمعاش** (صفت) بُرے چلن کا۔ بدچلن۔ شریر۔ لُچّا۔ شہدا۔ اُچکّا۔ اُٹھائی گیرا۔ وہ شخص جس کا گزارہ بُرے کاموں کی آمدنی پر ہو۔ **بدمعاشی** (مونث) شرارت بدذاتی۔ بدچلنی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بدمعاملگی** (مونث) ۱ لین دین کے معاملے میں بے ایمانی کرنا قرضہ لے کر ادا نہ کرنا یا ادائیگی کے لئے حیلے حوالے کرنا ۲ کھوٹاپن۔ بدعہدی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بدمعاملہ** (صفت) ۱ بے ایمان۔ کھوٹا۔ چالاک ۲ معاملے کا خراب۔ **بدمہری** (مونث) ۱ سردمہری ۲ ایک قسم کا مرض جو گھوڑوں۔ اونٹوں اور گدھوں کو ہوتا ہے۔ **بدنام** (صفت) وہ شخص جس کی نسبت خراب شہرت ہو۔ رسوا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بدنامی** (مونث) رسوائی۔ بُری شہرت۔ **بدنامی اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) رسوائی برداشت ہونا۔ **بدنامی کا ٹیکا۔ ٹوکرا**۔ داغ یا دھبہ (مذکر) کسی بُرے کام کا الزام۔ **بدنامی کا سمیٹنا** (متعدی) رسوائی کا چھپانا یا دُور کرنا۔ **بدنامی مِٹنا** (لازم) رسوائی دُور ہونا۔ بُرے کام کا الزام جاتا رہنا۔ **بدنژاد یا نسل** (صفت) خراب نسل کا۔ کمینہ۔ بداصل۔ بدذات۔ **بدنصیب** (صفت) بُری قسمت یا نصیبے والا۔ بدبخت کمبخت **بدنظر یا نگاہ** (صفت) بُری نگاہ سے یا بُری نظر سے دیکھنے والا۔ **بدنظر سے دیکھنا** (متعدی) ۱ بُری نیت سے دیکھنا۔ زنا وغیرہ کے خیال سے دیکھنا ۲ دشمنی کی نظر سے دیکھنا۔ بدی کے خیال سے دیکھنا۔ **بدنفس** (صفت) بدذات۔ بدطینت۔ **بدنفسی** (مونث) شرارت۔ بدذاتی۔ **بدنگاہ سے دیکھنا** (متعدی) شہوت کے خیال سے دیکھنا۔ **بدنما** (صفت) بدزیب۔ بدشکل۔ **بدنہاد** (صفت) بدسرشت۔ بدطینت **بدنیت** (صفت) ۱ وہ شخص جس کی نیت یا ارادہ خراب ہو۔ بے ایمان۔ بدباطن ۲ لالچی۔ ندیدہ۔ حریص۔ لے کر واپس نہ دینے والا۔ **بدنیتی** (مونث) ۱ نیک نیتی کی ضد۔ کوئی فعل ناجائز بالارادہ کرنا ۲ نیت کی خرابی۔ **بدوضع** (صفت) ۱ بدچلن۔ عیاش۔ بداطوار ۲ ناموزوں۔ نامناسب۔ نازیبا ۳ بدقطع۔ بھدّا۔ بدصورت۔ **بدہضمی** (مونث) غذا کا ہضم نہ ہونا۔ طبیعت میں گرانی محسوس ہونا۔ کوئی چیز پچ نہ سکنا۔ **بدہوائی** (مونث) شرارت۔ بدذاتی۔ **بدہیئت** (صفت) بدشکل۔ بدصورت۔ **بدی** (مونث) بُرائی۔ خرابی۔ بدخواہی۔ غیبت۔ پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔ **بدی پر آنا** ۱ (لازم) بُرائی کرنے یا نقصان پہنچانے پر تیار ہونا ۲ (جانور کا) اُچھلنا کودنا۔ سرکشی کرنا۔ **بدی چیتنا** (لازم) کسی کے متعلق بُرا خیال کرنا کسی کی بُرائی چاہنا۔ **بدیقین** (صفت) خراب بات پر یقین کرنے والا۔ **بدی کرنا** (متعدی) ۱ نقصان پہنچانا۔ بُرائی کرنا ۲ چغلی کھانا۔ غیبت کرنا **بدی لانا** (متعدی) شرارت کرنا۔ عیب کرنا۔ **بدیُمن** (صفت) منحوس۔ نامبارک۔ **بدیُمنی** (مونث) نحوست۔ بدشگونی۔ بدفالی۔

امثال و اقوال۔ بد اچھا

بدنام بُرا۔ بد سے بدنام بُرا۔ بد تو اچھا ہے پہ بدنام بُرا ہوتا ہے۔ جس شخص کا نام بدنام ہوجائے ہر بُرا کام اس کے ذمے لگتا ہے چاہے اس نے کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ اِس لئے بدنام کو بد آدمی سے بُرا گنا جاتا ہے۔ کسی کو بدنامی سے روکنے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ **بدبخت آنکہ مرد و ہشت**۔ بدبخت وہ ہے جو نہ کھائے نہ کھلائے۔ بلکہ مر کر غیروں کے واسطے چھوڑ جائے۔ **بد بدی سے نہ جائے۔ تو نیک نیکی سے بھی نہ جائے**۔ اگر بُرا آدمی بُرائی سے نہیں ٹلتا تو نیک کو نیکی نہیں چھوڑنی چاہئے۔ **بدکارے را بدانجام**۔ بدکار آدمی کا انجام بُرا ہوتا ہے۔ **بدگھوڑے کی میخ بُرا** آدمی۔ بدطینت آدمی۔ **بدنام کنندہ نکونامے چند**۔ کئی نیک ناموں کا بدنام کرنے والا۔ بزرگوں کے نیک نام پر دھبہ لگانے والا۔ **بدی کا بدلہ ہاتھوں ہاتھ**۔ بُرے کام کا بدلہ بہت جلدی ملتا ہے۔

بَد (ہ۔ امر) بدنا کا۔ بدا (ماضی) ۱

بدنا کی ۲ (صفت) کہا ہوا۔ حکم دیا ہوا ۳ قسمت میں لکھا ہوا ۴ (مذکر) قسمت کا لکھا ۵ قسمت۔ تقدیر۔ مشیت۔ **بدا بدی** (مؤنث) ۱ مقابلہ۔ مجادلہ۔ بحث۔ جھگڑا ۲ (تف) شرطیں بد بد کے۔ جھگڑا کرکے۔ شرطی جکمی۔ **بدنا** (لازم) ۱ مقرر کرنا۔ نامزد کرنا ۲ سمجھنا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا۔ شمار کرنا ۳ شرط لگانا۔ بازی لگانا ۴ عہد کرنا۔ قول و قرار کرنا۔ وعدہ کرنا ۵ پیشینگوئی کرنا ۶ (ھ) بولنا۔ بات چیت کرنا ۷ مقدر کرنا۔ قسمت میں لکھنا ۸ وعدہ وفا کرنا۔ بچن پورا کرنا ۹ تعمیل کرنا۔ حکم ماننا ۱۰ پنچایت اکٹھی کرنا۔ جرگہ بلانا۔ **بدی ہوئی بات** (مونث) یقینی امر۔

بَدر (ھ۔ مونث) بدی۔

بد (ہ۔ مذکر) ایک چھوٹا سا گڑھا جس میں لڑکے گولیاں کھیلتے ہوئے گولیاں ڈالتے ہیں۔

بَدّ (ع۔ مذکر) جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

بُدّ (ع۔ مذکر) ۱ بھاگ جانا۔ فرار ۲ چارہ۔ علاج۔

بِدا (اُردو۔ مذکر) ۱ رخصت کی اجازت۔ رخصت لینا۔ وداع ہونا ۲ روانگی۔ رخصت ۳ دُلہن کا اپنے باپ کے گھر سے رخصت ہونا (صرف ان معنوں میں کرنا ہونا کے ساتھ) (ع وداع کا مخرب)

بَداح (ع۔ مذکر) وسیع میدان جس کی زمین نرم ہو۔

بِدار (ع۔ مذکر) آگے بڑھ جانا۔

بِدارن (ھ۔ مذکر) توڑنا پھاڑنا۔ چیرنا۔ کاٹنا۔ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ **بدارنا** (متعدی) توڑنا وغیرہ۔

بَدّال (ہ۔ مذکر) بقال۔ بنیا۔

بَدام (ھ۔ مذکر) بادام۔ **بدامی** (صفت) ۱ بادامی۔ بادام کے رنگ کا۔ بادام کی خوشبو کا ۲ (مونث) ایک قسم کا چاول۔

بُداہت ۔ بُداہتہ (ع۔ مونث) ۱ اصل معنی فی البدیہہ بات کہنا ۲ ایسا واقعہ جس کا خیال بھی نہ ہو۔ ناگہانی واقعہ یا حادثہ ۳ یقینی بات صریح امر زبدہ۔ یکایک آلینا)

بداہنا (ھ۔ متعدی) ۱ بیج اُگنے کے بعد ہل چلانا ۲ بیج بونے کے بعد ہل چلانا کہ بیج ڈھنپ جائے ۳ سہاگہ پھیرنا۔ تیرا چلانا۔

بَدأ (ع۔ مذکر) ۱ دل میں آنا ۲ ظاہر ہونا ۳ شروع

بَدْأ (ع۔ مونث) شروع۔ آغاز۔

بَدائت (ع۔ مذکر) ۱ شروع ۲ شروع کرنے کی باری ۳ پہلی باری۔

بِدائت ۔ بِدایت (ع۔ مونث) شروع۔ آغاز (بَدا۔ شروع کرنا)

بَدائع (ع۔ مذکر) بدیع کی جمع۔ نئی چیزیں۔ عجائبات۔ **بدائع نگار** (صفت) عجیب عجیب باتیں لکھنے والا۔ فسانہ نویس۔

بِدائگی ۔ بِدائگی ۔ بِدائی (ھ۔ مونث) تحفہ جو میزبان مہمان کو دے۔ عطیہ جو موقوف شدہ نوکر کو دیا جائے۔ موقوفی۔ وداع کرنا۔ رخصت۔

بُدبُدانا (ہ۔ لازم) ۱ بڑبڑانا۔ صاف صاف نہ کہنا۔ آہستہ بولنا ۲ چپکے چپکے کچھ کہنا۔ بڑبڑ کرنا (س بُدبُد۔ بلبلا)

بِدِت (ھ۔ صفت) معلوم۔ مشہور۔ واقف۔ معروف۔

بدح (ع۔ مذکر) ۱ کاٹنا توڑنا پھوڑنا ۲ مارنا

بَدر (ع۔ مذکر) ۱ پورا چاند ۲ قمری مہینے کی چودھویں رات کا چاند ۳ مدینہ منورہ کے قریب ایک کنواں جہاں ۲ھ میں مسلمانوں اور کفارِ مکہ کے درمیان لڑائی ہوئی تھی۔ جس میں کفار کو شکست فاش ہوئی۔ اور ابوجہل مارا گیا (بَدَر۔ جیران کرنا)۔ **بدر الحصاد** (مذکر) وہ پورا چاند جو اعتدال خریفی کے بعد ۲۳ ستمبر کو بڑی آب و تاب سے نکلتا ہے۔ **بدرُ الدُجےٰ** (صفت) اندھیری رات کا چاند۔ عموماً پیغمبر صلعم کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔ **بدرِ صیاد** (مذکر) وہ چاند جو ہر سال ۲۱ اکتوبر کو بڑی چمک دمک سے نکلتا ہے۔ **بدری** (صفت) چاند کے متعلق۔

مثل۔ بدر کے بعد ہلال ہے

کمال کے بعد زوال ہے۔

بَدَر (ف۔ صفت) دروازے سے باہر۔ باہر نکلا ہوا۔ **بدر رَو** (مونث) پانی باہر نکالنے کا راستہ۔ موری۔ پرنالہ۔ گندہ نالہ۔ **بدر و نکالنا** (متعدی) موری بنانا۔ **بدر کرنا** (متعدی) خارج کرنا۔ نکال دینا۔ جلا وطن کرنا۔ **بدر نکالنا** (متعدی) ۱ حساب میں غلطی ڈالنا۔ کسی کے ذمے قرضہ نکالنا۔ قرضے کا بقایا نکالنا۔ **بدر نویس** (مذکر) قابلِ اعتراض رقومات یا نامنظور قیمتیں کاٹنے والا۔ آڈیٹر۔ **بدر نویسی** (مونث) ۱ حساب کی پڑتال۔ آڈٹ۔ رقومات کاٹنا ۲ جرمانوں کی فہرست جو دفتر کے کلرکوں اور ملازموں پر ہوں ۳ مطالبے کے وجوہ جن کی بنیاد پر عمال سے مواخذہ کیا جاتا ہے۔

بَدَر (س۔ مذکر) ۱ کپاس کا ڈوڈا

بِدر (ھ۔ مذکر) ۱ کھرت کا برتن جس پر چاندی کا پترہ چڑھا ہو۔ چاندی کا پترہ چڑھا ہوا برتن ۲ چاندی کا پترہ چڑھانا۔ **بدرساز** (مذکر) ایسے برتنوں کا بنانے والا۔

بَدرا (ھ۔ مذکر) ۱ بادل ۲ ابر کی حالت۔ دھندلاپن۔

بَدرا (ھ۔ مذکر) ۱ کپاس ۲ لاجونتی۔ چھوئی موئی ۳ ایک چیز جو دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے۔

بدرانا (اُردو۔ متعدی) دیکھو ترلانا

بُدر بُدر (اُردو۔ تف) آہستہ آہستہ۔ **بدر بدر کرنا** (متعدی) آہستہ آہستہ کچھ کہنا ۲ چپکے چپکے بُرا بھلا کہنا۔

بَدرَقہ (ف۔ مذکر) ۱ راہنما ۲ محافظ۔ نگہبان سپاہی جو حفاظت کے لئے ساتھ ہوں ۳ ہم سفر ہمراہی ۴ وہ دوا جو کسی دوسری دوائی کی معاون ہو۔ وہ چیز جو کسی دوائی کے ساتھ دیجائے۔ انوپان ۵ وہ محصول جو شاہی زمانے میں رستوں کی حفاظت کے لئے لیا جاتا تھا۔ **بدرقہ حساب** (مذکر) وہ حساب جو خزانچی چالان کے ذریعے خزانے میں بھیجتا ہے ۶ مال کا بیجک ۷ مال بھیجنے کا محصول۔

بَدرِکا (س۔ مذکر) ۱ بیر ۲ دریائے گنگا کا ایک منبع اور نرا اور نارائن کے رہنے کا مقام۔ **بدرکا شرم** (مذکر) ایک مقام۔ **بدرکا تیرتھ** (مذکر) ایک تیرتھ۔

بَدرَہ (ف۔ مذکر) چمڑے کی تھیلی۔ ہمیانی۔ بٹوا۔ توڑا۔

بَدری (س۔ مذکر) ۱ بیر کا درخت ۲ کپاس کا پودا ۳ دریائے گنگا کا ایک مشہور منبع جو بڑا تیرتھ ہے۔ **بدری پترک** (مذکر) ۱

بدری کا پتّا ۲ ایک خوشبو کا نام - **بدری شیل** (مذکر) بدری کی چٹان - ایک پہاڑی کا نام جو بدری کے قریب ہے - اور جسے بدری ناتھ بھی کہتے ہیں ۳ دریائے الاکا نند کے کنارے پر ایک شہر اور مندر - **بدری ناتھ** (مذکر) بدری میں ایک مندر ۲ بدری شیل ۳ ایک چھوٹا سا گاؤں جس میں مندر کے پوجاری برہمن رہتے ہیں ۴ کوہ ہمالیہ کی ایک چوٹی جو ۲۳۲۱۰ فٹ سطح سمندر سے اونچی ہے -

بَدری (ف - مونث) ۱ چھوٹی تھیلی ۲ بستہ - بندھنا - لفافہ - ڈھانکنے کی چیز ۳ بقچہ - پلندہ - پیکٹ - پارسل ۴ چیزوں کا بھیجنا - **بدری کی ڈاک** (مونث) پارسل کی ڈاک - پارسل پوسٹ -

بدری (ہ - مونث) ۱ تانبے جستے اور رانگے کی مرکب دھات - جس پر چاندی کا پترہ چڑھا ہو ۲ بھرت -

بِدع (ع - صفت) نیا - اصلی -

بِدَع (ع - مذکر) بدعت کی جمع -

بِدعَت (ع - مونث) ۱ اختراع - ایجاد - نئی بات - مسلمانوں میں دین کی باتوں میں کوئی نئی بات یا نئی رسم نکالنا - کوئی ایسی بات ایجاد کرنا جو پیغمبر صلعم کے زمانے میں نہ ہوتی ہو ۲ ظلم ستم - تشدد - سختی - جبر - جور - جفا - تعدی ۳ لڑائی - جھگڑا - فساد - پرخاش - بگاڑ - تغنیہ - ٹنٹا - خصومت (بَدَع - شروع کرنا) **بدعت آئین** (صفت) ظالم - سفاک - جفاکار - **بدعت کرنا** (متعدی) ۱ جھگڑا کرنا - فساد کرنا ۲ ظلم کرنا - تعدی کرنا ۳ نئی بات نکالنا - دین میں نئی بات یا رسم پیدا کرنا - **بدعتی** (صفت) ۱ بدعت کرنے والا ۲ دین میں نئی بات پیدا کرنے والا - رافضی - خارجی - ملحد ۳ جھگڑالو - فسادی - لڑاکا -

بَدَک (ہ - امر) بدکنا کا - **بدکا** (امر) بدکانا کا ۲ (ماضی) بدکنا کی **بدکانا** (متعدی) ۱ بھڑکانا - چوکانا - ڈرانا ۲ روکنا - باز رکھنا - اکھیڑنا - اچاٹ دینا ۳ برگشتہ کرنا - دل برداشتہ کرنا - من اٹھا دینا - نفاق ڈالنا - **بدک جانا - بدکنا** (لازم) ۱ چونکنا - ڈرنا - بھڑکنا ۲ بدگمان ہو جانا - الگ ہو جانا ۳ جانور کا بھاگ جانا ۴ اچٹ جانا ۵ اکھڑ جانا - دل اٹھا لینا -

بُدکنا (ہ - لازم) اچھلنا - کودنا - جست کرنا -

بَدَل (ع - امر) ۱ بدلنا کا ۲ (مذکر) بدلا - تبادلہ - عوض - معاوضہ - تبدّل ۳ جزا - بدلہ - مکافات ۴ (لف) بدلے میں - عوض میں - وجہ سے (بَدل - کسی چیز کو بدلنا) **بدلا** ۱ (امر) بدلانا کا ۲ (ماضی) بدلنا کی ۳ (مذکر) عوض معاوضہ ۴ اجر - صلہ - بخشش - انعام ۵ ہرجہ - تاوان ۶ اُجرت - محنتانہ ۷ جزا - قصاص - انتقام - **بدلا اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) عوض ہونا - نیکی کے عوض نیکی ہونا - **بدلا پانا** (لازم) عوض پانا - معاوضہ ملنا - **بدلا دینا** (متعدی) عوض دینا - معاوضہ ملنا - **بدلا کرنا** (متعدی) معاوضہ کرنا - **بدلا لینا** (متعدی) ۱ عوض لینا ۲ انتقام لینا - قصاص لینا - **بدلانا** (لازم) دیکھو بدل جانا - **بدلائی** (مونث) تبادلے کی قیمت - وہ روپیہ جو معاوضے میں ملے - **بدل جانا** (لازم) ۱ پھر جانا - مکر جانا ۲ بدلنا - **بدل دینا** (متعدی) ۱ ایک چیز کے عوض دوسری چیز دینا - تبادلہ کرنا - ادل بدل کرنا ۲ صورت پلٹ دینا - تبدیل کر دینا ۳ بدل کرنا - عوض دینا - ملا دینا - گڈمڈ کر دینا - **بدل کرنا** (متعدی) ۱ تبدیل کرنا - تبادلہ کرنا ۲ **بدل کے بیان کرنا** (متعدی) غلط بیانی کرنا - اصل واقعہ کو پھیر کر بیان کرنا - **بدلنا** (لازم) ۱ تبدیل ہونا - تغیّر تبدل ہونا - مختلف ہونا ۲ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا - تبدیل ہونا منتقل ہو جانا ۳ (آنکھ رُخ وغیرہ) بیمروتی ہونا ۴ (پہلو) ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر ہونا ۵ (خیالات) عقیدہ اور ہو جانا - خیالات اور ہو جانا (۶) رنگ متغیر ہونا ۷ ہلکا ہونا ۸ (زمانہ) انقلاب ہونا (حالت) امیر سے غریب یا غریب سے امیر ہو جانا ۹ (طبیعت - مزاج) اور قسم کا ہو جانا ۱۰ (متعدی) تبادلہ کرنا - تبدیل کرنا ۱۱ ایک چیز کو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھنا - منتقل کرنا ۱۲ پلٹ دینا - پھیرنا ۱۳ درہم برہم کر دینا - ملا دینا - گڈمڈ کر دینا ۱۴ ایک چیز کو دوسری چیز کے معاوضے میں دینا ۱۵ جو کچھ پہلے کہا تھا اس کے برخلاف کہنا ۱۶ (بھیس - وضع - صورت وغیرہ) دوسری وضع اختیار کرنا - لباس یا صورت مختلف بنانا ۱۷ (بیان وغیرہ) جھوٹ بولنا - مکر جانا - غلط بیانی کرنا ۱۸ (بات) کوئی اور ذکر شروع کر دینا ۱۹ (مکان) تبدیل مکان کرنا - جگہ بدلنا - **بدل نصیب ہونا** (لازم) گمشدہ چیز جیسی دوسری چیز ملنا - **بدلوانا** (م) بدلنا کا - **بدلوائی** (مونث) دیکھو بدلائی - **بدلی** (مونث) ۱ تبدیلی - ایک شخص کے کام پر دوسرے کا جانا ۲ ایک فوج کا دوسری فوج کی جگہ آنا ۳ ایک شخص کا ایک مقام سے دوسرے مقام کو بھیجا جانا - **بدلے** (مذکر) ۱ بدلا کی جمع ۲ بجائے بدلا حروف مغیرہ کے پہلے ۳ (تف) عوض بالعوض ایک چیز کی جگہ دوسری - **بدلے میں** (تف) عوض میں - **بدلی ہونا** (لازم) تبدیلی ہونا تبادلہ ہونا -

بُدَلا (ع - صفت) بدیل کی جمع -

بدلی (ہ - مونث) بادل کی تصغیر چھوٹا ابر - لکۂ ابر - بادل کا ٹکڑا - **بدلی آ جانا** (لازم) تھوڑا سا ابر چھانا - گھٹا آنا - **بدلی اُٹھنا** (لازم) تھوڑا سا ابر نمودار ہونا - **بدلی چاند سے چھپ جانا** (لازم) ۱ تھوڑے وقفے کے لیے بادل ہٹ جانا اور چاند نکل آنا ۲ کنایتاً معشوق کا تھوڑی دیر کے لئے نقاب منہ سے ہٹانا - **بدلی سے چاند نکلنا** (لازم) چاند کے سامنے سے بادل کا ہٹ جانا - **بدلی کی چھاؤں** (مونث) ۱ بدلی کا سایہ ۲ ناپائدار - بہت جلد خراب یا ضائع ہو جانے والا - عارضی -

امثال واقوال - بدلی کی چھاؤں کیا - ناپائیدار چیز کا کیا فائدہ - **بدلی کی دھوپ جب نکلے جب تیز** ۱ بارش کے بعد دھوپ تیز نکلتی ہے - کیونکہ ہوا صاف ہو جاتی ہے ۲ کمزور آدمی کو جب غصہ آتا ہے بہت سخت آتا ہے - **بدلی میں دن نہ دیکھے پھوہڑ بیٹھی پیسے** (مثل) بیوقوف آدمی وقت یا موقع نہیں دیکھتا ہے -

بُدَن (ع - مذکر) ۱ جسم - تن - بسریر انگ - قالب - خاکی - پنڈا - جثہ ۲ اندام نہانی شرمگاہ (بَدَن - بڑا ہونا) **بدن اُترنا** (لازم) ۱ جسم لاغر ہونا ۲ جسم میں نقص ہونا جسم کا بدقطع ہونا - **بدن اُتو کر دینا یا کرنا** (متعدی)، **ہو جانا یا ہونا** (لازم) مارسے بدن نیلا ہو جانا - **بدن اندر سے پھوڑا ہونا** (لازم) رگ رگ میں درد ہونا بدن کو سخت درد ہونا - **بدن بگڑ جانا یا بگڑنا** (لازم)

کوڑھ یا جذام کا مرض ہونا۔ **بدن پاک کرنا** (متعدی) بدن سے نجاست دھونا۔ نہانا۔ **بدن پر بوٹی چڑھنا** (لازم) موٹا تازہ ہونا۔ **بدن پر بوٹی نہ آنا** (لازم) موٹا تازہ ہونا۔ لاغر ہونا۔ **بدن پر بوٹی نہ ہونا** (لازم) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا۔ **بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا** (لازم) بدن کے بالوں کا ڈر کی وجہ سے لاغر ہو جانا۔ سخت خوفزدہ ہونا۔ **بدن پر کپڑا نہ ہونا** (لازم) ۱ ننگا ہونا ۲ مجازاً بہت غریب ہونا۔ **بدن پھل جانا یا پھلنا** (لازم) بدن پر پھوڑے پھنسیاں نکل آنا۔ **بدن پھوٹ جانا** (لازم) بدن پر زخم ہو جانا۔ **بدن پھیکا ہونا** (لازم) بخار کی خفیف حرارت ہونا۔ بدن گرم ہونا۔ پنڈا پھیکا ہونا۔ **بدن تختہ ہو جانا** (لازم) بدن اکڑ جانا۔ **بدن توڑنا** (متعدی) ۱ انگڑائی لینا۔ سستی پھیلانا ۲ ورزش کرنا۔ **بدن ٹوٹنا** (لازم) ۱ اعضا شکنی ہونا۔ بدن میں ہلکا ہلکا درد ہونا۔ عام طور پر بخار چڑھنے کی نشانی ہے ۲ ریاضت سے جسم میں نرمی پیدا ہونا۔ **بدن جلنا** (لازم) بخار کی تیزی ہونا۔ **بدن جھنکنا** (لازم) جسم کا دبلا ہونا۔ **بدن چرانا** (متعدی) شرم سے بدن چھپانا یا سمیٹنا۔ **بدن چور چور ہونا** (لازم) سخت تھک جانا۔ **بدن خشک ہونا** (لازم) لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا۔ **بدن دکھانا** (متعدی) برہنہ ہونا۔ عُریاں ہونا۔ ننگا ہونا۔ **بدن دُہرا ہونا** (لازم) جسم کا خمیدہ ہونا یا جھک جانا۔ موٹا ہونا۔ **بدن ڈھانچا ہونا** (لازم) بہت لاغر ہو جانا۔ **بدن ڈھیلا کرنا** (متعدی) جسم کا سُست کرنا یا چست نہ رکھنا۔ **بدن ڈھیلا ہونا** (لازم) بدن میں سختی ہونا۔ بدن کا نرم ہونا۔ **بدن زرد ہونا** (لازم) ضعف یا رنج سے بدن کا رنگ پیلا ہو جانا۔ **بدن سانچے میں ڈھالنا**۔ (متعدی)، ڈھلنا (لازم) بدن کا موزون ہونا۔ بدن کے ہر ایک عضو کا خوبصورت اور مناسب ہونا۔ **بدن سنسنانا** (لازم) جسم میں سنسنی پیدا ہونا۔ رونگٹے کھڑے ہونا۔ **بدن سوکھ کر کانٹا ہو جانا** (لازم) نہایت دُبلا ہونا۔ **بدن سے چنگاریاں اُڑنا** (لازم) سخت گرمی محسوس کرنا۔ **بدن قیمہ ہونا** (لازم) بدن نہایت زخمی ہونا۔

لہولہان ہونا۔ دھار دار آلے سے بدن ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ **بدن کا کپڑا** (مذکر) پہنا ہوا کپڑا۔ **بدن کو غذا نہ لگنا** (لازم) باوجود کھانے کے بدن لاغر رہنا۔ ایک بیماری کا یہ اثر ہوتا ہے۔ **بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا** (لازم) ۱ سردی یا ڈر سے بدن کے بالوں کا کھڑا ہو جانا ۲ خوف کھانا۔ ڈرنا کانپنا۔ ہیبت چھانا۔ **بدن گھل جانا** (لازم) بہت لاغر ہو جانا۔ **بدن گدرانا** (لازم) جسم کا تر و تازہ ہونا۔ **بدن مٹی ہونا** (لازم) خفیف حرارت ہونا۔ **بدن ملنا** (متعدی)، ملوانا (م) بدن کی مالش کرانا۔ **بدن موم ہونا** (لازم) جسم نرم ہونا۔ **بدن میلا ہونا** (لازم) بدن پر میل جمنا۔ بدن کا کثیف ہونا۔ **بدن میں آگ (سی) لگنا** (لازم) سخت غصہ آنا۔ **بدن میں جان نہ ہونا** (لازم) سخت کمزور ہونا۔ **بدن میں مرچیں لگنا** (لازم) غصے کی شدت سے بیتاب ہونا۔ سخت جھنجھلانا۔ **بدن میں حال نہ رہنا** (لازم) بدن میں طاقت یا سکت نہ رہنا۔ **بدن میں کھاج پیدا ہونا** (لازم) اپنے ہاتھوں خرابی ہونا۔ بداعمال آگے آنا۔ **بدن میں لہو (کی بوند) نہ ہونا** (لازم) بدن سفید ہو جانا۔ بہت کمزور ہو جانا۔ **بدن نور کے سانچے میں ڈھلا** (مذکر) نہایت گورا بدن۔ خوبصورت بدن۔ **بدن نیلا کر دینا یا کرنا** (متعدی) اتنا مارنا کہ بدن پر نیلے نشان پڑ جائیں۔ **بدن نیلا ہو جانا یا ہونا** (لازم) بدن میں زہر کا اثر پھیل جانا یا چوٹ کا نشان ہونا۔ **بدن ہرا ہونا** (لازم) جسم کا تر و تازہ ہونا۔ زہریلے مادے یا زہر سے بدن کا سبز ہو جانا۔ **بدنی** (صفت) بدن کے متعلق۔

امثال۔ بدن پہ نہیں لتہ پان کھائیں البتہ۔ غربت میں امیری ٹھاٹھ۔ پاس کچھ نہ ہونا اور شوقین مزاج ہونا۔ **بدن میں دم نہیں نام زور آور خاں**۔ بہادری کی شیخیاں مارنیوالے کے متعلق کہا جاتا ہے۔ جو ویسے بہت کمزور ہو۔

بَدَن (ہ۔ مذکر) مُنّہ۔ چہرہ۔ مُکھ۔ چہرہ مہرہ۔

بَدَنی (ہ۔ موئنث) ۱ دیکھو بدھنی ۲ ایک معاہدہ جس میں مقروض ایک اقرارنامہ بڑی شرح سود پر لکھ دیتا ہے۔ اور ضمانت میں کھڑی فصل کو بازاری نرخ سے بہت کم قیمت لگا کر دیتا ہے ۳ وہ معاہدہ جو کسی پیداوار کے خریدنے کی بابت فصل سے پہلے خاص نرخ پر قرار پائے ۴ سائی۔

بُدُور (ع۔ مذکر) ۱ جلدی کرنا ۲ بدر کی جمع

بَدُو۔ بَدّو (ہ۔ صفت) ۱ بدنام ۲ بُرا۔ خراب۔ معیوب ۳ (مذکر) بدمعاش۔ بدچلن آدمی۔ **بدو کرنا** (متعدی) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ **بدو ہونا** (لازم) بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔

بَدُو (ع۔ موئنث) ۱ شروع۔ آغاز ۲ دشت۔ صحرا (بَدا۔ آغاز ہونا)

بَدْوا (س۔ موئنث) ۱ گھوڑی ۲ پانی ۳ (عص) ایک شعلہ جس کا سر گھوڑے کا ہے۔

بِدْوان (ہ۔ صفت) ۱ عالم۔ لائق قابل ۲ عقلمند۔ ہوشیار۔

بدورنا۔ بدوڑنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھولنا۔ ظاہر کرنا۔ سامنے رکھنا ۲ پیچ پھیرنا یا گھمانا ۳ تضحیک کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ مضحکہ اڑانا۔

بَدْہ (ع۔ مذکر) ۱ یکلخت آپہنچنا ۲ حیران کرنا ۳ ناگہاں یا اچانک واقع ہونا۔

بَدھ (س۔ مذکر) ۱ جان سے مارنا قتل کرنا ۲ موت۔ قتل۔ ذبح۔ حلال۔ **بدھ ڈنڈ** (مذکر) سزائے موت یا قتل۔ **بدھ کرنا**۔ قتل کرنا۔ جان سے مارنا۔

بَدّھ (س۔ صفت) ۱ بندھا ہوا کسا ہوا۔ جکڑا ہوا۔ روکا ہوا۔ رُکا ہوا۔ محدود۔ باز رکھا ہوا۔ گڑا ہوا۔ مضبوط کیا ہوا۔

بِدھ (ہ۔ موئنث) ۱ قاعدہ۔ ضابطہ دستور ۲ مذہبی حکم۔ حکم۔ فرمان۔ مسئلہ ۳ قانون آئین ۴ کسی رسم کے متعلق حکم۔ وہ منتر جس میں کسی رسم کے لئے حکم ہو ۵ کوئی رسم یا حکم مذہبی ۶ کام۔ فعل۔ عمل۔ طریقہ۔ چلن۔ طور۔ وضع۔ ڈھب ۷ دہالین کا طریقہ ۸ قسمت۔ تقدیر۔ مقدر۔ لکھا ۹ حساب کا بتایا ۱۰ حساب کا فیصلہ ۱۱ (مذکر) برہما جی کا ایک نام ۱۲ وشن جی کا ایک نام۔ **بدھ کھانا یا ملنا** (لازم) ۱ اتفاق رائے ہونا۔ متفق ہونا ۲ میزان درست ہونا۔ میزان پٹنا ۳ زائچہ کا مطابق ہونا ۴ تِل جانا۔

سبب کھل جانا۔ وجہ معلوم ہونا۔ بدھ ملانا یا ملوانا (متعدی) ۱ جانچ مطابق کرنا۔ دُولھا دُلہن کی پتریاں ملانا ۲ میزان کا مطابق کرنا۔ حساب کا فیصلہ کرنا بقایا نکالنا ۳ موافقت کرنا۔ بدِھوت (صفت) قانون کے مطابق۔ مسئلے کے مطابق۔

بدھُر (ہ۔ مذکر) ۱ چاند ۲ برہما جی کا نام۔ وشن جی کا نام۔

بُدھ (س۔ صفت) ۱ وہ جو جاگ رہا ہو ۲ ہوشیار۔ عقلمند۔ دانا ۳ (مذکر) عقلمند شخص۔ دانا آدمی۔ ودیا وان ۴ دیوتا ۵ گوتم۔

بُدّھ (س۔ صفت) ۱ جاگا ہوا۔ بیدار ۲ پھیلا ہوا ۳ ہوشیار چالاک۔ دانا ۴ (مذکر) عقلمند یا دانا آدمی ۵ وہ شخص جس نے نروان حاصل کرلیا ہو۔

بُدھ۔ بُدّھ (س۔ مونث) ۱ عقل تیز۔ وقوف۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست۔ شعور ۲ درایت علم حکمت گیان ۳ خیال لائے۔ قیاس ۴ گمان اٹکل ۵ پانچواں نکشترہ ۶ عقل کی دیوی وکش کی بیٹی دھرم کی بیوی اور بودھ کی ماں۔ بدھ دیوی (مونث) ایک رانی۔ بدھ راجہ ساگر سر ہیرا اور کر (مذکر) مصنفوں کے نام بدھ کاری (مونث) ایک رانی۔ بدھ کا ماد (مونث) کمند کی ایک ماتری۔ بدھمان ۔

بدّھمت۔ بدھمنت (صفت) ۱ عقلمند دانا زیرک۔ سیانا۔ ہوشیار ۲ عالم۔ فاضل۔ پنڈت۔ ودیا وان ۳ ہنرمند۔ ماہر۔ مشاق۔ کاریگر۔ بدھمتی (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو آخری ۲ (مونث) عقلمند عورت۔ بُدھ میں آنا (ہ) ۱ سمجھ آنا۔ سمجھ پر اثر کرنا ۲ سمجھنے کے قابل ہونا۔ بدھوان (صفت) دیکھو بدھمان۔ بدھ وَر (مذکر) بکرماجیت کے دربار کا ایک مصنف۔

بدھاتا (ہ۔ صفت) ۱ ترتیب دینے والا۔ بنانے والا۔ خلق کرنے والا۔ پیدا کرنے والا ۲ برہما جی کا ایک نام بحیثیت خالق ۳ قسمت۔ لکھا۔ مقدر۔ تقدیر۔

بَدہارا (ہ۔ مذکر) ایک درخت کی جڑ جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

بدھان (ہ۔ مذکر) ۱ بھیجنا۔ حکم دینا ۲ انتظام۔ بندوبست ۳ مخلوق۔ کائنات ۴ حکم۔ فرض۔ رسم۔ ریت ۵ پوجا۔ پرستش ۶ فائدہ۔ معاد ۷ دولت۔ دھن ۸ کارِ جنگ ۹ مخالف خیالات میں جنگ۔

بَدھانا (ہ۔ متعدی) ۱ بڑھانا ۲ بجانا

بُدھاوا (ہ۔ مذکر) ۱ بچے کی پیدائش پر مبارکباد ۲ مبارک باد۔ مبارک باد کی گیت ۳ خوشی عیش وعشرت آنند ۴ بچے کی پیدائش پر جو انعامات دئے جائیں ۵ زیور کپڑے جو تحفے چھٹے یا چالیسویں دن لیجائے ۶ کپڑوں کے دو جوڑے جو شادی یا ولادت کی تقریبوں پر رشتہ دار اور دوست دولھا کے گھر بھیجتے ہیں (س وردھ۔ کاٹنا)

بدھاوٹ (ہ مونث) ۱ چھید سوراخ ۲ چھیدنا۔ سوراخ کرنا۔ بدھاونا بمعنی بیدھنا سے۔

بَدھائی (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو بدھاوا ۲ بالیدگی۔ بڑھوتری۔ بڑھنا ۳ نسل کی ترقی۔ بچہ۔ اولاد ۴ بچہ ہونے کی امید۔

بُدھِت (س۔ صفت) جانا ہوا محسوس کیا ہوا۔ سمجھا ہوا۔

بُدھِر (س۔ صفت) بہرا۔ بُدھِرتا (مونث) بہراپن۔

بَدھک (س۔ مذکر) مارنے والا قتل کرنے والا۔ قاتل۔ قصاب۔ بوچڑ جلاد۔

بَدِھک (ہ۔ مذکر) شکاری۔ صیاد۔ بھیلیا۔ نیلیا۔ چڑیمار۔

بَدھک (س۔ صفت) گرفتار قیدی۔ اسیر۔

بُدھن (س۔ مذکر) ۱ نچلا حصہ۔ تہ۔ گہرائی ۲ بدن ۳ چوتھے منو کا ایک بیٹا۔

بَدھنا (ہ۔ متعدی) مارنا قتل کرنا ذبح کرنا ۲ حملہ کرنا۔ زخمی کرنا ۳ دیکھو بدنا ۴ دیکھو بڑھنا۔

بَدھنا (ہ۔ مذکر) مٹی یا دھات کا برتن جس کی ٹونٹی ہوتی ہے۔ لوٹا۔ بدھنی (مذکر) لٹیا۔

بدھنا (ہ۔ لازم) چھدنا۔ سوراخ ہونا ۲ پھنسنا ۳ اثر کرنا۔ پیوست ہونا۔

بَدھو (س۔ مونث) ۱ نئی شادی شدہ عورت ۲ دلہن۔ بنی ۳ نوجوان بیوی ۴ بیٹے کی بیوی بہو ۵ بیوی عورت۔ زن۔

بُدھو (۔ مذکر) ۱ بیوقوف آدمی۔ احمق۔ مورکھ۔ کودن۔ اُلو۔ گدھا ۲ نام بھی ہوتا ہے (س بدھ۔ عقل)

بدھُوا (ہ مونث) ۱ بیوہ ۲ (مذکر) دیکھو بدھانا۔

بدھَونس (ہ۔ مذکر) ۱ کھنڈر ہونا ۲ کھنڈر۔ تباہی۔ بربادی۔ نیستی۔ فنا۔ ناس ستیاناس بیخ کنی۔ پائمالی۔ استیصال۔

بَدھی (ہ۔ مونث) ۱ پھولوں کا ہار ۲ ایک زیور ۳ کسی لچکدار چیز مثلاً کوڑے یا قمچی کی مار کا نشان ۴ تلوار کا آڑا زخم ۵ چمڑے کی پیٹی جو کندھے کے اوپر سے گزرتی ہے ۶ چمڑا جس سے برما گردش کرتا ہے ۷ چمڑا جس پر حجام اُسترہ تیز کرتا ہے (س ودھری۔ چمڑے کی پیٹی) بدھی کا وار (مذکر) ترچھا ہاتھ۔

بُدھی (ہ۔ مونث) دیکھو بدھ۔

بَدھیا (ہ۔ مونث) ۱ آختہ جانور۔ آختہ بیل ۲ ہیجڑا۔ خوجہ ۳ دو شاخوں کا چھوٹا گنا۔ بدھیا بیٹھنا (لازم) ۱ چلتے ہوئے بیل کا بیٹھ جانا یا بیکار ہو جانا ۲ نقصان ہونا۔ دوالہ نکلنا مفلس ہونا۔ بدھیا کرنا (متعدی) آختہ کرنا ۲ ناموکرنا۔ بدھیا ہونا (لازم) آختہ ہونا۔

امثال۔ بدھیا بیل نہ بردے نہ بردے دے۔ بدھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا۔ نقصان تو ہوا مگر کچھ نہ کچھ فائدہ تو حاصل ہوگیا۔

بَدہیات (ع۔ مونث) اصطلاح منطق دیکھو بدیہی۔

بَدھینا (س۔ مونث) قتل یا موت کی سزاواری

بَدھیہ (س۔ صفت) ۱ قابل قتل یا موت۔ سزاوار قتل ۲ سزائے موت کا حکم جس کے متعلق ہو چکا ہو۔

بدی۔ بَدی (ہ۔ مونث) قمری مہینے کی آخری پندرہ راتیں۔ بدر سے ہلال تک یا جن میں چاند گھٹتا ہے۔

بِدیا۔ بِدّیا (ہ۔ مونث) ۱ علم۔ ہنر۔ استعداد۔ گیان۔ حکمت۔ علم وفضل ۲ گولی یا گٹکا جس کو منہ میں رکھ لینے سے آسمان پر جانے کی طاقت آجاتی ہے ۳ جادو کا علم یا جادو کی طاقت

۲ ایک چھوٹا سا کیڑا جسے سرسونی بھی کہتے ہیں۔
بدیا دھر (صفت) ۱ عالم۔ فاضل ۲ جادوگر۔ ساحر۔
وہ شخص جو جادو جانتا ہو ۳ علم کی جگہ۔ مدرسہ۔ سکول
کالج۔ بدیارتھی (مذکر) متلاشیٔ علم۔ طالب علم۔
شائق علم۔ بدیالئے (مذکر) علم کی جگہ۔ مدرسہ۔ سکول
کالج۔ بدیاوان (صفت) ۱ عالم۔ فاضل۔ کامل ۲
(مذکر) عالم آدمی۔ فاضل انسان۔

امثال و اقوال۔ بدیا لوہے
کے چنے ہیں۔ علم سیکھنا بہت مشکل کام ہے
بدیا ہیں ببد بسے۔ عالم لوگ عموماً بحث
کرتے رہتے ہیں۔ بدیا (تو) وہ مال ہے جو
خرچت دُگنا ہو۔ راجہ راؤ چور نا چھین
نہ سا کے کو۔ علم ایسا مال ہے جو سکھلانے سے
زیادہ ہے۔ اور راجہ راؤ یا چور کوئی چھین نہیں سکتا

بَدِیخ (ع۔ مذکر) درجہ یا عہدے میں اعلیٰ

بِدیس (ھ۔ مذکر) ۱ پردیس۔
غیر ملک ۲ (نف) باہر۔ بیروں۔ بدیسی (صفت)
۱ پردیسی۔ غیر ملک کا ۲ کمبخت ۳ (مذکر) پردیسی
آدمی۔ غیر ملک کا باشندہ۔ مسافر۔ اجنبی۔ غیر۔

بَدِیع (ع۔ صفت) ۱ انوکھا۔ نیا
نادر۔ عجیب۔ حیرت انگیز۔ نرالا ۲ خلق کرنے
والا۔ بنانے والا۔ خالق۔ موجد ۳ (مذکر) نو ایجاد
شے ۴ ایک علم دیکھو علم ۵ خدا تعالےٰ کا ایک نام
(بَدَعَ۔ بنانا۔ شروع کرنا۔ بَدُعَ۔ لاثانی ہونا)
بدیع الجمال (صفت) نہایت حسین۔ غضب
کا خوبصورت۔ بدیع الزمان (صفت) اپنے
زمانے میں لاثانی۔ بدیع الملک (صفت) ملک
میں لاثانی بدیع رقم (صفت) بہت اعلےٰ
لکھنے والا۔ کاتب۔

بَدِیل (ع۔ مذکر) ۱ بدل۔ مبادلہ۔
بدلے کی چیز ۲ سنعت آدمی ۳ خاقانی کا عرف ۴ (ف)
ایک بادشاہ (بَدَل۔ تبادلہ کرنا)

بَدِین (ع۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔

بَدِیہہ (ع۔ صفت) ۱ برجستہ نظاہر
ٹھیک ۲ حاضر جواب۔ برجستہ اور برمحل کہنے والا ۳
(مذکر) حاضر جوابی ۴ ناگہانی واقعہ۔ ایسا واقعہ جس
کا سان و گمان نہ ہو ۵ مانا ہوا امر جس کے ثبوت
کی ضرورت نہ ہو (بَدَہَ۔ یکایک آپنا کسی کو) بدیہات
(مذکر) جمع بدیہی کی۔ بدیہہ گوئی (مونث) حاضر جوابی
برمحل اور برجستہ کہنا۔ بدیہی (صفت) ۱ ظاہر۔
الم نشرح۔ یقینی۔ واضح۔ روشن ۲ برجستہ۔ برمحل۔
باموقع۔ ۳ (مذکر) وہ امر جس کے ثبوت کی ضرورت
نہ ہو۔ بدیہی الانتاج (مذکر) منطق کی پہلی شکل جس
کا نتیجہ نکالنے میں فکر کی ضرورت نہیں ہوتی۔ بدیہی
ثبوت (مذکر) یقین۔ ثبوت۔ واضح امر۔

بَڈا (ھ۔ صفت) دیکھو بڑا۔

مثل۔ بڈوں کو ہووے
دُکھ بڈا چھوٹوں سے دُکھ دُور۔ تارے
سب نیارے رہیں گے چندر اور
سور۔ بڑے آدمیوں پر بڑی مصیبتیں آتی
ہیں۔ چھوٹے بچے رہتے ہیں۔ جس طرح سُورج اور
چاند کو گہن لگتا ہے اور تارے بچے رہتے ہیں۔

بُڈا (ھ۔ صفت) دیکھو بوڑھا۔

بُڈارنا (ھ۔ متعدی) ۱ نکال دینا
بدر کر دینا ۲ مٹا دینا۔

بِڈرنا (ھ۔ لازم) دیکھو بھڑنا۔

بُڈم (ھ۔ مذکر) پانی کی آواز۔

بُڈھا (ھ۔ صفت) ۱ بوڑھا۔ عمر رسیدہ
پیر۔ معمر۔ کہن سال ۲ (مذکر) بوڑھا آدمی (س ورد۔
بڑھنا) بڈھاپا یا پن (مذکر) بڑھاپا۔ بڈھا
ٹھڈا (صفت) بہت بُوڑھا۔ بڈھی۔ بڈھیا
(صفت) ۱ بوڑھی ۲ (مونث) بوڑھی عورت۔
پیرزال۔ بڈھے (مذکر) ۱ جمع بڈھا کی ۲ بجائے
بڈھا حروف مغیرہ کے بعد۔ بڈھے کی اولاد
(مونث) کمزور بچے۔

امثال و اقوال۔ بڈھا بیاہ
کرے پڑوسیوں کو سُکھ ہووے۔ بڑھاپے
کے بیاہ پر طنز ہے۔ پڑوسی مزے اُڑاتے ہیں۔ بڈھا
ہوا اُونٹ پر موتنا نہ آیا۔ دیکھو اُونٹ بڈھا ہوا
بڈھوں نے جو کام سکھایا دھوکا مول
نہ وا میں پایا (ھ) تجربہ کار آدمیوں کی بتائی
ہوئی باتوں میں فائدہ ہوتا ہے۔ بڈھے باپ
اور پُرانے کپڑے سے شرمانا نہیں چاہیئے
ان دونوں سے بے عزتی ہوتی ہے۔ بڈھی بکری
اور منڈار سے ٹھٹھار (ھ) منڈار بھیڑ۔
بیوقوفی کی نقصان دہ باتیں۔ بڈھی بھینس کا
دودھ شکر کا گھولنا۔ بڈھے مرد کی جورو گلے
کا ڈھولنا (ھ) بڈھی بھینس کا دودھ میٹھا اور گاڑھا
ہوتا ہے۔ اور بڈھے مرد کو جوان بیوی کی بہت
حفاظت کرنی پڑتی ہے۔ بڈھے کا کوئی لاگو
نہیں۔ بڑھاپے میں کوئی قریب نہیں آتا۔ بڈھے
کی نہ مرے جورو بالے کی نہ مرے ماں
بڈھے کی بیوی اور بچے کی ماں مرجائے تو دونوں
بڑی مصیبت آپڑتی ہے۔ بڈھے کی سیکھ کرے
کام کو ٹھیک۔ بڈھے کی نصیحت بڑی مفید
ہوتی ہے۔ بڈھی گھوڑی لال لگام۔ جو شخص
بڑھاپے میں جوانوں کی سی پوشاک پہنے اس کے
متعلق کہتے ہیں۔ بڈھی ہوئیں نائکا اس
حال کو پہنچیں۔ سرہانے لگا چھاتیاں پتال
کو پہنچیں۔ بدچلنی کا نتیجہ بُرا ہے۔

بَڈھار (ہ۔ مذکر) برات کو دوسرے
دن ٹھہرانا۔

بُڈھڑا۔ بُڈھڑی (ھ۔ مونث)
ایک قسم کی خوشبودار گھاس (اس حرف میں ڈکی
آواز ڑ کی ہے)

بڈھونا (ھ۔ متعدی) کم کرنا۔

بُڈھیا (ھ۔ مونث) ایک بیماری
جو جوار باجرے وغیرہ کو ہوتی ہے۔

بُڈھیلا (ھ۔ مذکر) دیکھو بڑھیلا۔

بُڈی۔ بُڈی (ھ۔ مونث)
بڑھیا۔

بَذّ (ع۔ صفت) ۱ فتح کرنے والا
۲ (مذکر) فتح ۳ اران اور آذربائیجان کے درمیان
ایک شہر (بَذّ۔ تسخیر کرنا)

بَذا (ع۔ مذکر) ۱ گستاخ ہونا۔ بدزبان
ہونا۔ بے شرم ہونا گفتگو میں ۲ بدزبانی۔ فحش۔

بَذِح (ع۔ مذکر) کاٹنا۔ توڑنا۔

بَذَخ (ع۔ مذکر) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا

بَذر (ع۔ مذکر) ۱ بیج بونا ۲ پھیلانا ۳
راز ظاہر کرنا ۴ روپیہ لٹانا یا ضائع کرنا ۵ بیج۔ تخم
(بَذر۔ بونا) بذر گر (صفت) بیج بونے والا۔ کسان۔

بَذرقہ (ع۔ مذکر) ۱ رہبری کرنا ۲ بیجا
شرمندگی ۳ رہبر۔

بَذع (ع۔ مذکر) ڈر۔ خوف۔

بَذل (ع۔ مذکر) ۱ کھلے ہاتھ دینا۔
داد و دہش۔ بخشش۔ فیاضی ۲ تحفہ۔ عطیہ۔ انعام
۳ خرچ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (بَذَل۔ دینا)

بذلہ (ف۔ مذکر) لطیفہ۔ ظرافت۔ نفیس بات۔ مذاق۔ **بذلہ سنج یا گو** (صفت) لطیفہ گو۔ ظریف۔ نفیس باتیں کہنے والا۔ **بذلہ سنجی یا گوئی** (مونث) نفیس باتیں کہنا۔ لطیفہ سنانا۔

بذلہ (ع۔ مذکر) روز کے پہننے کا کپڑا۔

بُذم (ع۔ مذکر) ۱ عقل سمجھ ۲ صبر۔ بردباری۔ برداشت ۳ قوت۔ طاقت۔

بَذی (ع۔ صفت) بدزبان۔

بَر (ہ۔ مذکر) ۱ شوہر۔ خاوند ۲ کپڑے کا عرض ۳ (ہ) منگیتر۔ منسوب ۴ انتخاب کرنا۔ چننا ۵ انتخاب۔ چھانٹ۔ پسند ۶ خواہش۔ مرضی۔ درخواست ۷ عطیہ۔ بخشش۔ مہربانی ۸ برکت۔ نیکی ۹ کوئی چیز جو تحفے کے طور پر انتخاب کی جائے ۱۰ انعام۔ تحفہ۔ اجر۔ ثمرہ ۱۱ وہ شخص جو انتخاب کرے ۱۲ وہ شخص جو کسی لڑکی سے شادی کی درخواست کرے۔ سائل۔ خواہاں۔ خواستگار۔ عاشق۔ طالب ۱۳ تلوار کی چوڑائی ۱۴ (صفت) نہایت اچھا۔ اعلٰی۔ قیمتی (س ور۔ روکنا) **بربرنا** (ہ) خوش رنگ۔ سفید۔ خوبصورت۔ **بر پانا** (متعدی) جڑنا (لازم) خاوند یا منگیتر ملنا۔ **بر جوگ** (ہ) شادی کے قابل۔ جوان (لڑکی) **بر دوان** (ہ) ۱ درخواست منظور کرنا۔ عطیہ بخشنا ۲ شادی کا عطیہ جو دولہا دلہن کو بھیجتا ہے ۳ دعا کی قبولیت۔ **بر دائک۔ بردائی** (ہ) ۱ برکت دینا۔ دعا دینا ۲ انتخاب کی اجازت دینے والا ۳ درخواست منظور کرنیوالا ۴ برکت یا دعا دینے والا۔ **بر دِکھوا** (ہ) **بر دکھائی** (مونث) ایک رسم جو نسبت پکی ہونے سے پہلے کی جاتی ہے۔ اور منگیتر رونمائی کی غرض سے سسرال جاتا ہے **بر دینا** (متعدی) شادی کر دینا۔ **بردیپی** (ہ) چراگاہ کا معاوضہ۔ **بر کے پائینچے** (مذکر) کپڑے کے عرض کے برابر پائینچے۔ **بر مانگنا** (متعدی) ۱ خاوند کی خواہش ظاہر کرنا۔ خاوند طلب کرنا۔ بیاہ چاہنا ۲ منگنی ہونے کے بعد بیٹی والوں کا بیاہ کا تقاضا کرنا۔

امثال و اقوال۔ بر کنیا کو چیچک کھلائے۔ ناؤ کاٹ کا کہیں نہ جائے (ہ) ہر حال میں اپنا مطلب نکالنا۔ **بر کے نہ ملے بھوسا۔ برائی مانگے چورا** (ہ) جہاں نائی بہت زیادہ مانگے وہاں کہتے ہیں۔ **بر مرے پٹواسی نہ ٹوٹے۔** خاوند کے مرنے پر بھی بالوں کا سنگار ویسا ہی ہے۔ بدکار بیوہ کے متعلق کہا جاتا ہے۔ **بر ہیں نہ جائیں مہر یا دکن جائیں۔** قابل کم ہمت ہوں اور کمزور ہمت کریں۔

بَر (ف۔ حرف جر) ۱ اُوپر۔ پر۔ کو۔ میں۔ ساتھ ۲ (مذکر) جسم۔ بدن۔ سینہ ۳ بغل۔ آغوش۔ کنار۔ پہلو ۴ کپڑے کا عرض ۵ پھل۔ ثمر ۶ (صفت) باہر۔ بیروں ۷ بلند۔ اُونچا ۸ (حرف اتصال) جیسے دوش بر دوش ۹ (صفت) برون سے لیجانے والا۔ لینے والا۔ مرکبات میں جیسے دلبر۔ نامہ بر ۱۰ زائد بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے برحق۔ برعکس۔ **برآر** (صفت) ۱ پورا کرنے والا ۲ لیجانیوالا۔ لانے والا۔ اُٹھانے والا۔ کام کرنے والا۔ جیسے مطلب برآر ۳ (مذکر) تکمیل۔ نبھاؤ ۴ محصول۔ ٹیکس **برآرِ کار** (مذکر) کام کی تکمیل۔ **برآری** (مونث) پورا کرنا۔ پانا۔ جیسے مطلب برآری۔ **برآشفتہ** (صفت) غصے میں بھرا ہوا۔ **برآمد** (مونث) ۱ خرچ۔ مصارف ۲ وہ زمین جو دریا کے ہٹ جانے سے نکل آتی ہے ۳ مال کی روانگی یا نکاسی ۴ ابھار ۵ طلوع۔ خروج۔ ظہور۔ نکلنا ۶ اصل چیز جس میں کوئی بناوٹ نہ ہو ۷ نمائش۔ ظاہرداری۔ **برآمد کرنا** (متعدی) ۱ چور سے چوری کا مال لینا ۲ کھوج نکالنا۔ ظاہر کر دینا ۳ تنخواہ۔ روپیہ خزانے یا بنک سے لانا۔ **برآمدگی** (مونث) چور سے مال لینا (اضافت اور مال مسروقہ کے ساتھ) **برآمدہ** (مونث) ۱ مکان کے سامنے بغیر دروازوں کے کمرہ ۲ سائبان ۳ غلام گردش ۴ بالاخانہ۔ اُوپر کا باہر کو نکلا ہوا کمرہ۔ **برآں** (تف) اس پر۔ **برآنا** (لازم) حاصل ہونا۔ پُورا ہونا۔ کامیاب ہونا۔ **برآورد** (مونث) تخمینے کی فرد۔ گوشوارہ۔ وہ کاغذ جس پر مصارف کا حساب لکھا ہوا ہو۔ بل۔ تنخواہ کا کاغذ **برآورد بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) تخمینے کی فرد تیار ہونا۔ تخمینہ بننا۔ **برآورد کرنا** (متعدی) ۱ نکالنا۔ برآمد کرنا ۲ کسی رقم کا ایک مد سے نکال کر دوسری مد میں کرنا ۳ منہا کرنا۔ تفریق کرنا۔ گھٹانا۔ **برآوردہ** (صفت) وہ جو ایک مد سے نکالکر دوسری مد میں ڈالی جائے۔ **برار** (صفت و مذکر) دیکھو برآر۔ **برافتاد** (صفت) ۱ ہٹا ہوا۔ الگ ۲ گھٹا ہوا۔ **برافتادہ** (صفت) مغلوب۔ قابو میں آیا ہوا۔ بے طاقت۔ کمزور۔ **برافروختہ** (صفت) ۱ آگ پر رکھا ہوا۔ جلتا ہوا ۲ غصے میں بھرا ہوا۔ **برانداز** (صفت) ۱ پھینکنے والا۔ برباد کرنیوالا ۲ (مذکر) خرچ ۳ پائدان۔ پا انداز ۴ ڈولی وغیرہ کا پردہ۔ برقع۔ نقاب۔ اُوپر ڈالنے کا کپڑا۔ **برانگیختہ** (صفت) غصے میں بھرا۔ آمادہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **برباد** (صفت) تباہ۔ ویران اُجاڑ۔ خراب (جانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بربادی** (مونث) تباہی۔ خرابی۔ **بربادی آنا** (لازم) خرابی آنا۔ تباہ یا برباد ہونا۔ **برپا** (تف) ۱ پاؤں پر۔ کھڑا ہوا ۲ قائم۔ استادہ۔ **برپا رہنا** (لازم) کھڑا رہنا۔ پھبنا۔ مچنا۔ **برپا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ کھڑا ہونا۔ قائم ہونا۔ اُٹھنا ۲ آباد ہونا۔ پھولنا پھلنا۔ خوش ہونا ۳ (شور) مچنا۔ **برتر** (صفت) ۱ زیادہ اُونچا۔ بلند۔ اعلٰے ۲ زیادہ بزرگ ۳ غالب۔ بڑھ کر۔ **برتر سمجھنا** (متعدی) بہتر خیال کرنا۔ اپنے سے اچھا خیال کرنا۔ اپنے سے اچھا سمجھنا **برتری** (مونث) بڑائی۔ فضیلت۔ بزرگی غلبہ بلندی۔ **برتقدیر** (تف) بالفرض۔ **برجا** (صفت) بجا۔ برقرار۔ ٹھیک۔ درست۔ **برجستہ** (صفت) ۱ موزوں۔ برمحل۔ مناسب۔ ٹھیک۔ چست ۲ فی البدیہ بے ساختہ۔ بے سوچے۔ بے فکر کئے ۳ بلند۔ عالی۔ پسندیدہ۔ تحفہ۔ **برجناح استعجال** (تف) جلدی۔ تیزی سے۔ **برحسب دلخواہ** (تف) دلی خواہش کے مطابق۔ **برحق** (صفت) ۱ ٹھیک درست۔ سچ۔ بجا۔ بیشک ۲ ناگزیر۔ لازمی۔ شدنی ۳ راستی پر۔ سچائی پر۔ سچا۔ **برخاست۔ برخواست** (صفت) ۱ بند۔ ختم ۲ ملازمت سے علیحدہ۔ برطرف۔ موقوف۔ **برخواستگی** (مونث) ۱ موقوفی۔ برطرفی ۲ رخصت۔ اجازت۔ **برخاستہ خاطر۔ دل یا طبیعت** (صفت) رنجیدہ۔ آزردہ۔ نا امید۔ **برخاستہ خاطری یا دلی** (مونث) رنجش۔ آزردگی۔ ناامیدی۔ **برخلاف** (صفت) مخالف۔ برعکس۔ ضد۔ اُلٹا۔ ناموافق۔ نقیض۔ **برخلاف آئین یا قانون** (صفت) قانون یا قاعدے کے برخلاف۔ دستور کے برخلاف۔ **برخور۔ برخورد** (مذکر) ۱ پھل کھانا ۲ کامیابی۔ طالعمند۔ بہرہ مندی نیک بختی۔ **برخوردار** (صفت) ۱ اقبالمند۔ طالعمند۔ کامیاب۔ بختاور ۲ (دعا) کامیاب رہو۔ جیتے رہو۔

بیٹا۔ بیٹی۔ اولاد۔ برخورداری (مونث) ۱ خوشی کامیابی ۲ اولاد کی کثرت۔ **برخوش بیٹھنا** (لازم) بہت خوش ہونا۔ **بردار** (صفت) ۱ اٹھانے والا ۲ فارسی اور ہندی اسما کے آخیر آکر فاعلیت کے معنی دیتا ہے۔ جیسے علمبردار۔ نازبردار ۳ بلند۔ اونچا ۴ چوڑا۔ چوڑائی رکھنے والا (کپڑا) برداری (مونث) اٹھانا۔ لے جانا۔ مرکبات میں جیسے نازبرداری۔ باربرداری۔ **برداشت** (مونث) ۱ تحمل۔ بردباری۔ سہنا۔ اٹھانا ۲ جانوروں کی غور پرداخت ۳ اچاپت۔ قرض۔ ادھار لینا۔ **برداشت خانہ** (مذکر) وہ مکان جس میں اسباب رکھیں۔ گدام۔ **برداشتہ** (صفت) اٹھایا ہوا۔ ہٹایا ہوا لیجایا گیا۔ مرکبات میں جیسے دل برداشتہ۔ **برداشتہ خاطر یا دل** (صفت) بیزار۔ اداس۔ آزردہ۔ اچاٹ۔ بیدل۔ رنجیدہ۔ **بردوختہ** (صفت) سیا ہوا۔ جڑا ہوا۔ میخوں سے لگا ہوا۔ **بردوش** (تف) کندھے پر۔ **برِرو** (تف) سامنے۔ منہ پر۔ روبرو۔ **برزباں** (صفت) زبان پر۔ حفظ۔ یاد (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **برسرِ بازار** (تف) کھلم کھلا۔ آشکارہ۔ **برسرِ پرخاش یا جنگ** (تف) لڑائی پر آمادہ۔ **برسرِ حساب** (صفت) سختی کرنے پر آمادہ (مخالف۔ دشمن) **برسرِ خود یا خویش** (صفت) خودسر۔ خودرائے۔ خودمختار **برسرِ کار** (تف) کام پر۔ ملازمت میں۔ مشغلے میں۔ **برسرِ کوہ** (تف) پہاڑ کی چوٹی پر۔ **برسرِ کین یا کینہ** (تف) کینے۔ فساد یا دشمنی پر آمادہ۔ **برسرِ مطلب** (تف) اصل مقصود پر (آمدم کے ساتھ) **برسرِ موقع** (تف) عین موقع پر۔ **برسر و چشم** (تف) دیکھو بسر و چشم۔ **برضد** (ع۔ صفت) مخالف۔ ضدی۔ **برضدی** (ع۔ مونث) تکرار۔ ضد۔ اڑ۔ **برطبق** (صفت) ۱ مطابق۔ موافق۔ بموجب ۲ فوراً۔ **برطرف** (صفت) ۱ برخاست۔ موقوف ۲ دور۔ علیحدہ۔ بےتعلق (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ (تف) بالائے طاق۔ کیا ذکر۔ ذکر نہ کرو۔ **برطرفی** (مونث) موقوفی۔ معزولی۔ علیحدگی۔ **برطرفی بحالی ہونا** (لازم) کسی کا موقوف ہونا کسی کا بحال ہونا۔ کبھی کچھ ہونا کبھی کچھ ہونا۔ **برعکس** (تف) اُلٹا۔ برخلاف۔ مخالف۔ **برعکسی** (مونث) ۱ مخالفت۔ دشمنی۔ عداوت۔

برقرار (صفت) ۱ بحال۔ قائم۔ ثابت۔ مستقل ۲ زندہ۔ موجود۔ صحیح و سالم۔ باقی (رکھنا۔ رہنا کے ساتھ) **برگزیدہ** (صفت) منتخب۔ مقبول۔ پسندیدہ **برگشتگی** (مونث) بغاوت۔ انحراف۔ پھرنا۔ **برگشتہ** (صفت) ۱ پھرا ہوا۔ مخالف ۲ باغی۔ سرکش۔ **برگشتہ ایّام۔ اختر۔ بخت۔ دولت۔ سر یا طالع** (صفت) بدبخت۔ بدنصیب۔ بدقسمت۔ **برلانا** (لازم) پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ **برمحل** (تف) ۱ موزوں۔ برجستہ۔ مناسب ۲ ٹھیک۔ موقع پر۔ عین وقت پر۔ **برملا** (تف) ۱ کھلم کھلا۔ دن دہاڑے۔ آشکارہ ۲ منہ پر۔ **برملا سنانا** (متعدی) کھلم کھلا گالیاں دینا۔ علانیہ کہنا۔ روبرو یا منہ پر سنانا **برملا ہونا** (لازم) علانیہ تکرار۔ لڑائی یا حجت ہونا۔ **بربیں لپٹا ہونا یا لپٹنا** (لازم) بدن سے لپٹا ہونا۔ **بربیں ہونا** (لازم) بدن پر ہونا۔ پہنے ہونا۔ **بروقت** (تف) عین وقت پر۔ برمحل۔ **برومند** (صفت) پھل لانے والا۔ بارور ۲ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ **بریں** (صفت) ۱ برآور ایں کا مخفف۔ اس پر ۲ (صفت) اونچا۔ بلند ۳ اعلےٰ۔ عالی۔ عالی رتبہ۔ شریف۔ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے فردوس بریں ۴ دائم ہمیشہ۔ سدا ۵ خوشگوار ۶ کسی چیز کا بہترین حصہ ۷ ایک آتشکدہ کا نام۔ **بریں ہم** (تف) باوجود اس کے۔ تاہم۔ اس پر بھی۔

امثال واقوال

برتوکل زانوئے اُشتر ببند۔ توکل کر مگر اونٹ کے زانو باندھ۔ اپنی طرف سے تدبیر اور انتظام کرنا چاہیئے۔ نتیجہ خدا پر چھوڑنا چاہیے۔ **بردوستیِ دوستاں اعتماد نیست تا بہ تملقِ دشمناں چہ رسد**۔ دوستوں کی دوستی پر بھروسہ نہیں۔ دشمنوں کی چاپلوسی سے کیا فائدہ ہو سکتا ہے۔ **بر رسولاں بلاغ است و بس**۔ ایلچیوں کا فرض پیغام پہنچانا ہے۔ اور کچھ نہیں۔ **برزباں تسبیح و در دل گاؤ خر**۔ زبان پر سبحان اللہ اور دل میں گائے گدھے کا خیال۔ ظاہر اچھا باطن خراب۔ **برسرِ فرزند آدم ہرچہ آید بگزرد**۔ آدمی پر کیسی ہی مصیبت پڑے برداشت کر ہی لیتا ہے۔ **برعکس نہند نام زنگی کافور** ۱ زنگی کا نام اس کے رنگ کے برخلاف کافور رکھتے ہیں۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں

جس میں کوئی خاص صفت نہ ہو یا اس کے برخلاف ہو جو مشہور ہو ۲ ناموزوں نام۔ **برکریماں کارہا دشوار نیست**۔ کریموں کے لئے کوئی کام مشکل نہیں۔ **برماضی صلوٰۃ آئندہ را احتیاط**۔ جو کچھ ہوا سو ہوا آئندہ احتیاط رکھنی چاہیئے۔ **برمخنث سلاحِ جنگ چہ سود**۔ ہیجڑے پر ہتھیار کا کیا فائدہ۔ جو شخص کسی بات کا اہل نہ ہو اس سے اس کام کی توقع کرنا فضول ہے۔ **برمن منگر برکرمِ خویش بنگر** میری طرف نہ دیکھ اپنی مہربانی کی طرف دیکھ میرے نقائص یا گناہوں کی طرف خیال نہ کر اپنی نیک دلی کا لحاظ کر۔ **بریں عقل و دانش بباید گریست**۔ ایسی عقل اور سمجھ پر رونا چاہیئے جب کوئی بیوقوفی کی بات کرے تو کہتے ہیں۔ **بریں مژدہ گر جاں فشانم رواست**۔ اس خوشخبری پر میں جان بھی فدا کردوں تو روا ہے۔ کوئی بہت خوشی کی بات سن کر کہتے ہیں۔

بَر (ھ۔ مذکر) ۱ بڑ کا درخت ۲ (مونث) ایک پودا ۳ (تف) لیکن۔ نیز ۴ (س) بلرام کا ایک نام۔

بَرّ (ع۔ مذکر) ۱ زمین۔ خشکی۔ دشت ۲ خدا تعالےٰ کا نام ۳ (صفت) نیک۔ احسان کرنے والا۔ مہربان ۴ ماں باپ کے فرمانبردار۔ **برِّ اعظم** (مذکر) خشکی کا بڑا قطعہ جس میں بہت سے ملک ہوں۔ دنیا کو ایسے پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ایشیا۔ یورپ۔ افریقہ۔ آسٹریلیا اور امریکہ۔ پہلے چار کو پرانی دنیا اور آخری کو نئی دنیا کہتے ہیں۔ **برّان و بحران** (مذکر) زمین اور سمندر سے **برّی** (صفت) زمینی۔ جنگلی۔ خشکی کا۔

بِرّ (ع۔ مذکر) ۱ نیکی۔ احسان ۲ لومڑی کا بچہ۔

بُرر (ہ۔ مونث) کپڑے کے اوپر کا رواں۔ **بُردار** (صفت) روئیں والا۔

بُر (ھ۔ مونث) جائے مخصوص۔ شرمگاہ۔ فرج۔ **بُرجری** (صفت) گالی جو عورت کو دی جاتی ہے۔

بَرا (ھ۔ مذکر) بڑا۔ چنے۔ ماش یا مونگ کے آٹے کی تلی ہوئی ٹکیہ

برّا (ہ۔ مذکر) بھیڑ کا بچہ

برّا (ھ۔ مذکر) ۱ رسی۔ دھاگا ۲

ایک قسم کی رسّی جو کوار کے بیننے میں ایک کھال میں استعمال کی جاتی ہے۔

بَرّارہ - مذکر) جوار چنا یا جو اور مٹر جو ملا کر ایک کھیت میں بوئے جائیں - بَرّا برا (ھ) چندا جو جنس میں اکٹھا کیا جائے -

بُرا رہ - صفت) ۱ خراب - نکما - ناقص ۲ ناگوار ۳ نازیبا - ناشائستہ - بدخلق ۴ خوفناک - خطرناک ۵ معیب - ڈراؤنا - بھیانک ۶ کنہ غبی ۷ بدمزہ - بدذائقہ ۸ معیوب - قابل گرفت ۹ مضرت رساں - نقصان دہ ۱۰ زہریلا ۱۱ بے شرم - بے حیا - بدچلن ۱۲ سخت دل - بے رحم - ناقابل اعتبار - کمینہ - لالچی ۱۳ چڑچڑا - زود رنج ۱۴ نکما - بیکار فضول ۱۵ منحوس - کمبخت ۱۶ شریر - بدذات - بدکن ۱۷ دشمن - مخالف - رقیب ۱۸ (مذکر) بُرائی - نقصان - ضرر (س اور کمینہ) **بُرا آزار** تپ دق - سل - **بُرا احوال** (ع) برا حال کرنا - **برا بائن** (ھ) برہمنوں کا ایک فرقہ جو کریا کرم کراتا ہے **بُرا بنانا** (متعدی) ۱ رسوا کرنا - بدنام کرنا - ذلیل کرنا ۲ مخالف بنانا - ملزم ٹھیرانا - **بُرا بننا** (لازم) ۱ الزام لینا - برائی لینا ۲ بدنام ہونا - رسوا ہونا ۳ مخالف بننا - دشمن بننا - **بُرا بھلا** (صفت) ۱ گالی گلوچ - بدزبانی ۲ اچھا بُرا - نیک و بد ۳ ایسا ویسا - ہرکس و ناکس - **برا بھلا آنا** (لازم) تھوڑا بہت جاننا - سلیقہ (تکلف کے طور پر کہا جاتا ہے) **بُرا بھلا سنانا یا کہنا** (متعدی) **سُننا** (لازم) ۱ گالیاں سُننا ۲ ملامت سننا - **بُرا بھلا کرنا** (متعدی) زنا کرنا - زنا بالجبر کرنا - **برا پیرا** (صفت) سبز قدم - منحوس قدم **بُرا جاننا** (متعدی) خراب جاننا - شرارتی سمجھنا - **بُرا حال کرنا** (متعدی) ۱ مارنا - پیٹنا - گت بنانا ۲ خراب حال کرنا - بگاڑنا تباہ کرنا - **بُرا حال ہونا** (لازم) ۱ حالت خراب ہونا - مفلس ہونا ۲ مار پڑنا - پٹنا ۳ قریب مرگ ہونا - حال ابتر ہونا - **بُرا احوال** (تف) بری حالت میں - افلاس میں - تکلیف یا مصیبت میں - **بُرا چاہنا** (متعدی) ۱ کسی کی بُرائی کی آرزو کرنا - کسی کے نقصان کی خواہش کرنا ۲ حسد کرنا - **بُرا چاہنے والا** (صفت) دشمن - حاسد - **بُرا چیتنا** (متعدی) بُرا چاہنا - **بُرا خواب نظر آنا** (لازم) ڈراؤنا خواب دیکھنا - **بُرا درجہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بُری گت بنانا (بننا) بُرا حال کرنا (ہونا) **بُرا دل کرنا** (متعدی) ۱ نفرت دلانا ۲ رنج کرنا - افسوس کرنا - **بُرا دل ہو جانا** (لازم) ۱ نفرت ہو جانا ۲ رنجیدہ ہونا - غمگین ہونا - دل پھٹ جانا - **بُرا دن** (مذکر) مصیبت کا زمانہ - منحوس وقت - **بُرا دن کرنا** (ع) بُرا اور جہ کرنا - **برا دن کرنا بُری رات کرنا** (متعدی) زندگی تکلیف میں گزارنا - **بُرا دہاڑا کرنا** (متعدی) بُرا حال کرنا - **بُرا راج** (مذکر) بدانتظامی - **برا زمانہ لگنا** (لازم) مصیبت کا وقت ہونا - افلاس یا پریشانی کے دن ہونا **بُرا سا مُنّہ بنانا** (متعدی) چہرہ ایسا بنانا جس سے کسی ناگوار بات کا ہونا ظاہر ہو - **بُرا سمجھنا** (متعدی) بُرا جاننا - **بُرا سُننا** (لازم) سخت سُست سُننا - گالیاں کھانا - **بُرا کام کرنا** (متعدی) ۱ معیوب کام کرنا - نامناسب فعل کرنا ۲ بدفعلی کرنا ۳ قے کرنا - استفراغ کرنا - **بُرا کرنا** (متعدی) ۱ نامناسب فعل کرنا ۲ نقصان پہنچانا ۳ بدنام کرنا - رسوا کرنا **بُرا کہنا** (متعدی) ۱ بدنام کرنا - رسوا کرنا ۲ غیبت کرنا - شکایت کرنا - بُرا کہنے والے پر تین حرف - یعنی لعن - غیبت کرنے والے پر لعنت - **بُرا لکھا** - دیکھو بُرا حال - **بُرا لکھّا** - بُری تقدیر - بدقسمتی - بُری تحریر - بدخط - **بُرا لگنا** - ناگوار ہونا - گراں گزرنا - بدنما ہونا - ناموزوں ہونا - اچھا نہ لگنا - **برا ماننا** (متعدی) ۱ رنجیدہ ہونا - ناراض ہونا - خفا ہونا ۲ پسند نہ کرنا ۳ پروا نہ کرنا - **بُرا مانو یا بھلا** - اچھا لگے یا بُرا - اچھا سمجھو یا بُرا - **بُرا منہ بنانا** (متعدی) دیکھو بُرا سا الخ - **بُرا نہ مانئے** - کوئی ایسی بات کہیں جس سے دوسرا ناراض ہو تو کہتے ہیں - **بُرا نہ ہو** (ع) بددعا کی بجائے کہتی ہیں - **بُرا وقت** (مذکر) تکلیف کا زمانہ - مصیبت کا وقت - تنگی اور افلاس کے دن - بُرا وقت آگیا (لگا) ہے - بُرا زمانہ ہے - کلجگ ہے - **بُرا وقت آنا** (لازم) مصیبت کا زمانہ آنا - تکلیف کا وقت آنا - **بُرا وقت ٹالنا** (متعدی) مصیبت کے دن گزارنا - تکلیف کا زمانہ صبر کیساتھ بسر کرنا - **بُرا ہڈرا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خراب حالت میں ہونا **بُرا ہو** (عو) بددعا - **بُرا ہونا** (لازم) ۱ الزام لینا - بدنام ہونا ۲ خراب ہونا - نقصان ہونا ۳ خراب بات یا کام ہونا **بُرائی** (مونث) ۱ خرابی نقصان ۲ بدی - چغلی - ہجو - غیبت ۳ شرارت - بدذاتی ۴ عیب - نقص - کمزوری ۵ نحوست ۶ الزام - تہمت ۷ خراب اثر - بُرا نتیجہ **بُرائی آگے آنا** (لازم) کئے کی سزا بھگتنا **بُرائی اُٹھانا** ۱ الزام سہنا - بدنامی اُٹھانا ۲ سختی جھیلنا - تکلیف اُٹھانا **بُرائی بھلائی** (مونث) ۱ نیکی بدی اچھا برا کام ۲ تہمت - الزام بدنامی - رسوائی ۳ جواب دہی - ذمہ داری - **بُرائی پر اُٹھنا** (لازم) **کمر باندھنا** (متعدی) کسی کا نقصان کرنے کے لئے تیار ہونا - شرارت پر آمادہ ہونا - **بُرائی تصور کرنا** (متعدی) نقص نکالنا - کسی کے متعلق کوئی بُری بات سوچنا - **بُرائی چاہنا** (متعدی) دیکھو بُرا چاہنا - **بُرائی چھو بھی نہ گئی تھی** - بہت نیک تھے - **بُرائی دل سے نکلنا** (لازم) کسی کے متعلق بُرا خیال جاتا رہنا - **برائی دل میں بیٹھنا** (لازم) کسی کی طرف سے دل میں بُرا خیال ہونا - **بُرائی کہنا** (متعدی) بدگوئی کرنا - الزام لگانا - **برائی (مول) لینا** (متعدی) بُرا بننا - **بُروں** (صفت - مذکر) بُرا کی جمع - **بُروں سے بُرا** (صفت) انتہا کا خراب بہت بُرا - **بُری** (صفت مونث) بُرا کا - **بُرے** (صفت) ۱ جمع بُرا کی ۲ بجائے بُرا حروف مغیرہ سے پہلے - **بُری آنکھ ڈالنا یا آنکھوں سے دیکھنا** (لازم) بُری نیت سے دیکھنا - شہوت کی نظر سے دیکھنا - **بُری آنکھ سے گھورنا** (متعدی) غصے سے دیکھنا - قہر کی نظر دیکھنا - **بُری بات** (مونث) نازیبا بات - بُرا کام - **بُری بست** (مونث) حرام چیز - سؤر - **بری بست کھانا** (متعدی) بُرا بھلا کہنا - **بُری بلا** (مونث) آفت - تکلیف دہ شخص - **بُری بھلی جاننا** (لازم) نیک و بد کی تمیز ہونا - **بری بھلی کہنا** (متعدی) حالت بیان کرنا - سب قسم کی باتوں کا ذکر کر دینا - **بُری بننا** (لازم) صدمہ ہونا - مصیبت آنا - بُری بنی ہے - بُری حالت ہے - مصیبت کا وقت ہے - **بری چال** (مونث) بدوضعی - بُرا طریقہ یا چلن - **بُری چیز** (مونث) حرام - سؤر - **بُرے حال سے** (تف) پھٹے حالوں خراب حالت سے - **بُرے حالوں جینا** (لازم) مصیبت میں زندگی بسر کرنا - تنگی اور افلاس کی حالت میں ہمیشہ رہنا - **بُری خبر** (مونث) موت کی خبر **بُرے دل سے** (تف) ۱ ناخوشی سے - طبیعت کے برخلاف [illegible] ۲ بے اعتنائی سے - بے پروائی سے - **بُرے دن** (مذکر) تکلیف کے دن - مصیبت

۵ زمانہ ؟ نحوس زمانہ۔ **بُری زبان** (مونث) بدزبانی بدگوئی۔ بیہودہ۔ بکواس۔ **بُری ساعت** (مونث) منحوس گھڑی۔ **بُری سمانا** (متعدی) دل میں بُرے خیالات کا جگہ کرنا۔ بے طرح یا خراب دھن ہونا۔ **بُری سُنانا** (متعدی) بیڈھب کہنا۔ سخت یا ناگوار بات کہنا۔ **بُری سوجھنا** (لازم) خراب معلوم ہونا۔ خراب نظر آنا۔ بُرے سے سب ڈرتے ہیں۔ بدمزاج یا ظالم آدمی سے سب خوف کھاتے ہیں۔ **بُری صحبت** (مونث) بد وضع یا خراب لوگوں کا مجمع۔ **بُری طرح پیش آنا** (لازم) سختی یا بدتہذیبی کا برتاؤ کرنا۔ **بُرے کی جان پر** (تف) دشمن پر۔ ظالم پر۔ **بُرے کی جان کو رونا** (لازم) ظالم کی شکایت کرنا۔ ظالم کو بددعا دینا۔ **بُری گت** (مونث) مارپیٹ بری حالت (بنانا۔ بننا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بُری گھڑی نہ آئے**۔ مصیبت نہ آئے۔ **بُری لت** (مونث) خراب عادت۔ **بُرے لچھن** ([illegible]) بُری عادت۔ بُرے کام۔ **بُری مت** (مونث) ۱ خراب عقل۔ بُری طبیعت ۲ بُری نصیحت **بُری نوبت ہونا** (لازم) خراب حالت ہونا۔ [illegible]ت بننا۔ **بُری نظر (وں) سے تکنا** ۔ دیکھنا یا گھورنا (لازم) غصّہ کی نظر سے دیکھنا بدنیتی سے دیکھنا۔ **بُری نظر والا** (صفت) بدنیت۔ بدنظر۔ **بُرے وقت** ۱ مصیبت میں [illegible]یبت میں ۲ بے وقت۔ بے محل۔ **بُرے وقت آڑے آنا** (لازم) مصیبت کے وقت مدد کرنا۔ **بُرے وقت سب آنکھ چراتے ہیں**۔ مصیبت میں کوئی ساتھی نہیں۔ **بُرے وقت** ([illegible]ں) **کام آنا** (لازم) مصیبت میں مدد کرنا۔ **بُرے وقت کوئی ساتھ نہیں دیتا۔ بُرے وقت یار بھی آنکھیں چرا گئے**۔ مصیبت کے وقت یار بھی ٹل گئے۔

امثال و اقوال۔ بُرا بیٹا کھوٹا پیسا (ایک) وقت پر کام آجاتا ہے۔ کسی چیز کو ناقص یا بیکار نہیں سمجھنا چاہئے وقت پر شاید کارآمد ثابت ہو۔ **بُرا حاکم** (بُری قسمت) **خُدا کا غضب**۔ خدا جب لوگوں کو سزا دینا چاہتا ہے تو بُرا حاکم بھیجدیتا ہے جس سے انہیں بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اور وہ اپنی سزا کو پہنچتے ہیں۔ **بُرا حال** منہ سے دہاڑے (ہ) مصیبت کے دن۔ **بُرا حکیم خدا کا غضب** اگر حکیم اچھا نہ ہو تو بیمار کے لئے موت ہے۔ **بُرا کرے نائی باسنا۔ بھلا کرے میرے بھاگ**۔ کام بنے تو فائدہ مالک کا نہ بنے تو نوکر کے سر۔ بُرائی دوسرے کے ذمّے بھلائی اپنے ذمے۔ **بُرے بھلے میں چار انگل کا فرق ہے**۔ بُری بات کی نسبت اچھی بات کرنے میں زیادہ تکلیف نہیں ہوتی۔ **بُرے تجھ سے ڈریئے یا تیری بُرائی سے۔ بُرے تجھ سے کیا ڈرتے ہیں تیری برائی سے ڈرتے ہیں**۔ ظالم اور بُرے آدمی کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **بُری خبر جلد پھیل جاتی ہے۔ بُری ریس بھیک منگواتی ہے**۔ جو شخص دوسروں کی دیکھا دیکھی بُرے کام کرے وہ جلد تباہ ہو جاتا ہے۔ **بُرے سے خدا بھی ڈرتا ہے۔ بُرے سے دیو ڈرے**۔ بُرے کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **بری صحبت سے انسان اکیلا ہی بھلا**۔ بُرے آدمیوں کے ساتھ میل جول رکھنے کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **بُری صحبت کا بُرا اثر ہوتا ہے**۔ بُرے آدمی کی صحبت میں بیٹھنے والا بھی بُرا ہو جاتا ہے **بُرے کا برا انجام**۔ بُرے کو ضرور سزا ملتی ہے **بُرے کام کا برا انجام**۔ بُرے کام کا نتیجہ خراب ہوتا ہے۔ **بُرے کا ساتھ دے سو بھی بُرا**۔ بُرے کا دوست یا ہم نشین بھی بُرا ہی ہوتا ہے۔ **بُرے کا ساتھی کوئی نہیں** ۱ بُرے کا کوئی دوست نہیں ۲ بُرے وقت میں کوئی مدد نہیں کرتا۔ **بُرے کی بُرائی سے ڈریئے بُرے سے دیو بھی ڈرے**۔ بُرے آدمی کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **بُرے کی بُرائی میں نہ بھلے کی بھلائی میں**۔ سب سے الگ۔ کسی سے کچھ مطلب نہیں۔ **بُرے وقت کا** (**اللہ بیلی**) **کون ہے جز خدا۔ بُرے وقت کا کوئی ساتھی** (**شریک**) **نہیں**۔ مصیبت کے وقت کوئی ساتھ نہیں دیتا۔

بَرا (ہ۔ امر) براناکا۔ **برانا** (لازم) الگ رہنا۔ علیحدہ رہنا۔ کنارہ کشی کرنا۔ رکنا۔ **براؤ** (مذکر) علیحدگی۔ کنارہ کشی ۲ پرہیز۔ حفاظت۔ احتیاط بچاؤ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔

بَرّا (ہ۔ امر) برّاناکا۔ **بَرّانا** (ہ۔ متعدی) ۱ سوتے میں باتیں کرنا۔ بڑانا۔ بڑبڑانا ۲ بہکنا۔ ہذیان بکنا۔ ٹرٹر کرنا۔ بے معنی باتیں کرنا۔ **بَرّا**[illegible] (مونث) نیند میں بولنا۔ بڑبڑاہٹ

بُجِیّا (ہ۔ مذکر) ۱ اندر۔ اندروں ۲ خلا۔ خالی جگہ۔ بڑا سوراخ ۳ کوئی چیز جو اندر سے خالی ہو۔ ڈھول وغیرہ ۴ کسم کا بیج ۵ مہاسہ پھنسی۔

بَرابَر (ف۔ صفت) ۱ لفظی معنی سینہ بسینہ ۲ مسطح۔ ہموار۔ سیدھا ۳ یکساں (رفاع اور حالت میں) ایک جیسے ۴ ٹھیک۔ مطابق ۵ مانند۔ جیسا ۶ ہم مرتبہ۔ ہمسر ۷ پہلو بہ پہلو۔ ساتھ ۸ ایک ہی قطار میں ۹ اکٹھے۔ ایک ساتھ ۱۰ ترتیب وار۔ سلسلہ وار ۱۱ نصفا نصفی۔ آدھوں آدھ ۱۲ فوراً اسی وقت۔ اسی دم ۱۳ پاس۔ قریب۔ ساتھ ۱۴ ہم عمر ۱۵ مثل۔ ساتھ کا ۱۶ مقابل کا۔ مدِ مقابل حریف ۱۷ ضائع۔ خراب۔ برباد۔ ختم ۱۸ ہم جماعت ہم سبق ۱۹ رسدی۔ مساوی۔ یکساں ۲۰ بھرا ہُوا۔ لبریز ۲۱ پے درپے۔ بار بار ۲۲ بیباق ۲۳ طرح۔ مانند ۲۴ بیشک۔ ضرور ۲۵ لگاتار۔ سراسر ۲۶ ہمیشہ ہر وقت۔ سدا۔ **برابر آنا** (لازم) ۱ دوڑ میں اکٹھے پہنچنا۔ امتحان میں ایک جتنے نمبر لینا ۲ پیچھے سے آکر مل جانا ۳ مقابلے میں ایک جیسا رہنا **برابر اُترنا** (لازم) ۱ تول میں ہموزن ہونا۔ **برابر چھنا** ۲ یکساں ہونا۔ **برابر اُٹھ جانا یا اُٹھنا** (لازم) شطرنج میں ہار جیت نہ ہونا۔ **برابر برابر** (تف) ۱ پہلو بہ پہلو۔ سینہ بسینہ ۲ پاس پاس۔ قریب قریب ۳ آدھا آدھا۔ نصف نصف ۴ ساتھ ساتھ ۵ ایک صف یا قطار میں ۶ مسلسل۔ لگاتار ترتیب وار۔ **برابر پیش آنا** (لازم) یکساں برتاؤ کرنا۔ **برابر جاننا** (لازم) یکساں سمجھنا۔ **برابر جوڑ** (ہ۔ ریاضی) **مساوات ہمی کرن**۔ **برابر چھوٹنا** (لازم) کشتی میں پہلوانوں کا یا لڑائی میں مرغوں۔ بٹیروں وغیرہ کا بغیر ہار یا جیتے علیحدہ ہو جانا۔ **برابر سرابر** (تف) سرابر تابع مہمل ہے ۱ یکساں۔ مساوی ۲ بیباق **برابر سمجھنا** (لازم) یکساں سمجھنا۔ ایک جیسا برتاؤ کرنا **برابر سے نکلنا** (لازم) قریب سے نکلنا۔ **برابر سے جواب دینا** (متعدی) گستاخانہ جواب دینا بے تمیزی سے گفتگو کرنا۔ **برابر کا** (تف) ۱ اسی وزن کا۔ اسی عمر کا۔ اسی قد کا۔ اسی حیثیت کا۔ اسی

عہدے کا۔ اسی پائے کا ۲ جوان۔ ہم عمر۔ ہمسر۔ مقابل۔ مشابہ ۳ یکساں۔ مساوی۔ **برابر کا بیٹا** (مذکر) جوان لڑکا۔ **برابر کا جواب دینا** (متعدی) ۱ ہمسری کرنا ۲ ترکی بترکی جواب دینا۔ **برابر کا جوڑا** (صفت) مدمقابل۔ یکساں۔ ایک جیسی طاقت کے (پہلوانوں کی اصطلاح) **برابر کانٹے** (ہ۔ تف) ہموزن۔ ہم پلہ۔ **برابر کرنا** (متعدی) ۱ مطابق کرنا۔ یکساں کرنا ۲ برباد یا تباہ کردینا ۳ اٹا دینا مٹا دینا ۴ سطح برابر کر دینا۔ نشان مٹا دینا ۵ ختم کرنا۔ مکمل کرنا ۶ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا۔ ترتیب سے لگانا ۷ متواتر کرنا۔ لگاتار کرنا۔ بلاناغہ کرنا۔ **برابر کی بانٹھ** (مونث) ۱ چھوٹا بھائی۔ برابر کا بھائی ۲ ساتھی۔ رفیق۔ ساجھی۔ مددگار۔ معاون۔ دوست **برابر کی بیٹی** (مونث) جوان لڑکی۔ **برابر کی ٹکر یا چوٹ** (مونث) ۱ ہم پلہ۔ ہمسر۔ ہمرتبہ ۲ (علم جرِ ثقیل) دو ایک جیسی قوتیں جو ایک دوسرے کے خلاف عمل کرتی ہوں۔ **برابر کی ٹکر دار** (صفت) ہمسر۔ ہم رتبہ۔ **برابر میں** (تف) ساتھ ساتھ۔ **برابر نکلنا** (لازم) یکساں ثابت ہونا۔ **برابر والا** (صفت) ہمسر۔ برابر کی طاقت یا دولت والا۔ **برابر ہونا** (لازم) ۱ موافق ہونا ۲ ایک سطح میں ہونا ۳ بیباق ہونا۔ مٹ جانا۔ اُڑ جانا ۴ یکساں ہوجانا مساوی ہوجانا ۵ ہمسر ہونا۔ ہم رتبہ ہونا۔ برابر حالت میں ہونا ۶ ہم وزن ہونا۔ ہم پلہ ہونا ۷ اکارت ہوجانا۔ ضائع ہوجانا ۸ ساتھ ساتھ ہونا۔ آمنے سامنے ہونا ۹ یاد سے اُتر جانا یا جاتا رہنا۔ بھر جانا۔ لبریز ہوجانا۔ **برابری** (مونث) ۱ ہمسری۔ ہمچشمی۔ رقابت۔ ریس ۲ گستاخی۔ بے ادبی۔ تکرار۔ بحث ۳ مطابقت مساوات۔ موافقت۔ یکسانیت ۴ ہمواری ۵ ہم پلگی ۶ مقابلہ ہمچشمی۔ **برابری کرنا** (متعدی) ۱ ہمسری کا دعوے کرنا ۲ ہم چشمی کرنا۔ مقابلہ کرنا ۳ گستاخی کرنا۔ بے ادبی کرنا۔

بَرابِط (ع۔ مذکر) بربط کی جمع۔

بَرات (ف۔ مونث) ۱ فرمان۔ حکمنامہ ۲ وہ تحریر جس سے خزانہ سے تنخواہ ملے تنخواہ ۳ (رشب) شعبان کی چودھویں رات جب مسلمانوں کے عقیدے کے بموجب ہر شخص کی عمر کا حساب اور رزق کی تقسیم ہوتی ہے ۴ حصہ۔ بخرہ۔

مثل۔ برات عاشقاں بر شاخ آہو۔ عاشقوں کا حصّہ ہرن کے سینگ پر۔ جہاں سے ملنا ممکن نہیں مطلب یہ ہوا کہ ناممکن بات ہے۔ وہاں بولتے ہیں جہاں حصول مقصد ممکن نہ ہو۔

بَرات (ہ۔ مونث) ۱ شادی کا جلوس دولہا کے ساتھ کے لوگ ۲ دولہا کی سواری جلوس اور آرائش کے ساتھ ۳ مجمع۔ بھیڑ بھاڑ ۴ ہجوم۔ انبوہ گروہ ۵ شادی۔ شادی کا دن ۶ گنجفے کی ایک بازی کا نام۔ **برات اُترنا** (لازم) براتیوں کا کسی مقام پر ٹھیرنا۔ **برات جانا** (لازم) شادی کے جلوس کا روانہ ہونا۔ مجمع کا جانا۔ **برات چڑھنا** (لازم) برات کے جلوس کا دولھن کے گھر کو روانہ ہونا۔ **برات کرنا** (متعدی) شادی کے جلوس میں شرکت کرنا۔ **برات لے جانا** (لازم) براتیوں کو دولہن کے گھر لے جانا۔ **برات میں جانا** (لازم) برات کے جلوس میں شامل ہونا۔ **براتی** (صفت) شریک جلوس برات۔ واحد اور جمع دونوں استعمال ہوتا ہے۔

امثال و اقوال۔ برات پیچھے دھونسا عید پیچھے ٹر۔ دونوں بے موقع اور بے محل۔ وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی بات موقع گزر جانے کے بعد کی جائے۔ **برات کا چھیلا ساون کا کھیلا** (ہ) کھیلا گھاس اور چھیلا خوشی۔ برات کی خوشی ساون کے گھاس کی طرح ہے۔ یعنی بہت عام ہے۔ **برات کی سوبھا باجا۔ ارتھی کی سوبھا رونا** (ہ) سانپا (ہ) برات پر باجا موزوں ہوتا ہے۔ اور جنازے کے ساتھ رونا پیٹنا۔ مطلب یہ ہے کہ مناسب بات ہونی چاہئے۔ **براتی تو کھاپی کر الگ ہوجاتے ہیں کام دولھا دلہن سے پڑتا ہے۔ براتی کنارے ہوجائینگے کام دولھا ہی سے پڑیگا۔** یہ اس موقع پر بولا جاتا ہے۔ جہاں قرض لیکر شادی پر خرچ کیا جائے۔ براتی تو مزے اڑا کر چلے جاتے ہیں مصیبت دولھا دلہن کے سر پڑتی ہے۔ **براتیوں کو کھانے کی چاہ۔ دولھا کو دلہن کی چاہ۔** قاعدہ کلیہ بطور مثل۔

بَراٹ (ہ۔ مذکر) ۱ شان و شوکت خوبصورتی ۲ روح۔ انسان ۳ برار کا پرانا نام ۴ ایک قدیم زمانے کے راجہ کا نام۔

بَراج (ہ۔ امر) براجنا کا۔ **براجنا پھرنا** (لازم) مزے سے سیر تماشا دیکھتے پھرنا

براجمان (صفت) ۱ روشن۔ منور۔ نورانی چمکدار۔ چمکیلا ۲ عظیم الشان۔ عالیشان ۳ وہ جس کے پاس عصائے شاہی ہو ۴ دربار میں بیٹھنے والا صدر محفل۔ **براجمان ہونا** (لازم) ۱ زینت بخشنا زیب دینا۔ مزین کرنا ۲ تشریف لانا۔ تشریف رکھنا ۳ جلوس فرمانا۔ تخت یا گدی پر بیٹھنا۔ **براجنا** (ہ) ۱ براجمان ہونا ۲ مزے سے زندگی گزارنا۔ عیش و آرام سے رہنا ۳ حکومت کرنا۔ حکم چلانا

بَراجِم (ع۔ مذکر) بُرجمہ کی جمع۔ انگلیوں کے جوڑ

بَراح (ع۔ مذکر) ۱ ختم ہونا۔ رُکنا۔ ہٹ جانا۔ بھاگ جانا ۲ ایسے ملک میں جانا جہاں زراعت نہ ہو ۳ وسیع صحرا ۴ ایک عورت کا نام۔

بِراح (ع۔ مذکر) سُورج۔

بَرادر (ف۔ مذکر) ۱ بھائی۔ باپ کا بیٹا۔ ماں کا بیٹا ۲ رشتہ دار۔ ہم قوم۔ ہم مذہب ۳ ہم پیشہ۔ **برادر اَخیافی** (مذکر) ان بھائیوں میں سے ہر ایک جن کی ماں ایک ہو اور باپ جُدا جُدا ہوں۔ **برادر اَعیانی** (مذکر) سگا بھائی۔ **برادر اندر** (مذکر) سوتیلا بھائی۔ **برادرانِ دین** (مذکر) ہم مذہب لوگ۔ **برادرانہ** (صفت) بھائی کا سا۔ مثل بھائی کے۔ آپس کا۔ یگانگت۔ **برادر بزرگ** (مذکر) بڑا بھائی۔ **برادر پرور** (صفت) بھائیوں اور عزیزوں پر مہربانی کرنے والا۔ **برادر توام** (مذکر) جڑواں بھائی۔ **برادر حقیقی** (مذکر) سگا بھائی۔ **برادر خواندہ** (مذکر) منہ بولا بھائی۔ **برادر خورد** (مذکر) چھوٹا بھائی۔ **برادر رضاعی** (مذکر) دودھ بھائی۔ انا کا بیٹا۔ کوکا۔ **برادرزادہ** (مذکر) بھتیجا۔ بھائی کا لڑکا۔ **برادرزادی** (مونث) بھتیجی۔ **برادر علاتی** (مذکر) ان بھائیوں میں سے ہر ایک جن کی مائیں جُدا جُدا ہوں اور باپ ایک۔ **برادر کشی** (مونث) بھائیوں کا قتل۔ **برادر نسبتی** (مذکر) جورو کا بھائی۔ سالا۔ **برادری** (مونث) ۱ ذات۔ قوم ۲ رشتہ داری۔ بھائی بندی قرابت۔ ناتا ۳ قوم کے لوگ۔ رشتہ ۴ گروہ۔ جماعت **برادری (سے) باہر، خارج** (صفت،

جسے برادری سے نکال دیا جائے۔ **برادری (سے) باہر (خارج) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ذات سے باہر نکل جانا۔ رشتہ داری سے علیحدہ ہونا سب کا قطع تعلق کر لینا۔

امثال و اقوال - برادر حقیقی **دشمن مادر زاد ہے** - اگر بھائیوں میں جھگڑا ہو جائے تو ایک دوسرے کے سخت دشمن بن جاتے ہیں۔ خصوصاً شاہی خاندانوں میں تو بھائی بھائی کو جان سے مار دیتا ہے۔ **برادری میں امیر غریب سب برابر ہیں**۔ عزیزداری میں چھوٹا بڑا یکساں ہوتا ہے۔ **برادری کو نہ کھلایا چار کاندھی ہی جما دیئے** (ہ) کنجوس کی زیادتی کو ظاہر کرنے پر کہا جاتا ہے۔ مردہ برداروں کو کھانا کھلایا۔ رشتہ داروں کو پوچھا بھی نہیں۔

بُرادہ (ف۔ مذکر) چورا۔ لکڑی یا دھات کا چورا جو آری یا سوہن سے نکلتا ہے۔ سفوف کسی خوشبودار لکڑی کا۔

براڈکاسٹنگ (انگ۔ مونث) نشرِ صوت۔ ریڈیو کے ذریعے سے آواز دور دور پہنچانا۔

بَرارا (ہ۔ مذکر) رسّہ۔ دھاگا تسمہ۔

بَراری (ع۔ مذکر) ۱ جنگل ۲ (ف) حصہ دار، جو جمع جنس میں ادا کرتا ہے۔

بَراز (ع۔ مذکر) ۱ فضلہ۔ گندگی۔ غلاظت۔ پاخانہ۔ گوہ ۲ لڑائی کے لئے نکلنا۔ جنگ۔ لڑائی۔

بُراس۔ بُرّاس (ہ۔ مذکر) ایک پودے کا نام جو پہاڑوں میں ہوتا ہے۔ بُرانس بورانس بھی کہتے ہیں۔

بَراعت (ع۔ مونث) ۱ نہایت اعلیٰ ہونا کمال حسین اور نیک ہونا ۲ خوبی۔ گن۔ لیاقت۔ خوبصورتی۔ برتری۔

بَرّاق (ع۔ صفت) ۱ سفید۔ چمکدار۔ چمکیلا۔ نورانی۔ منوّر ۲ چالاک۔ ہوشیار۔ ذہین ۳ تیز رو۔ **برّاقی** (صفت) ۱ چک۔ چمک دمک ۲ لطافت۔ ستھرا پن۔ برق سی لطافت۔

بُراق (ع۔ مذکر) ۱ وہ گھوڑا جس پر پیغمبر صلعم معراج کی شب سوار ہو کر تشریف لے گئے تھے ۲ مجازاً گھوڑا ۳ وہ تعزیہ جس کا دھڑ گھوڑے کا سا اور شکل انسان کی بناتے ہیں۔

براق جَم (مذکر) ہوا جو حضرت سلیمانؑ کے تخت کو ایک جگہ سے دوسری جگہ اڑا کر لے جاتی تھی۔

بَراکُوہ (ف۔ مذکر) فرغانہ میں ایک پہاڑ۔

براگ۔ براگا (ہ۔ مذکر) خواہشات انسانی کی عام موجودگی ۲ لاپروائی۔ بے پروائی۔ پرہیز۔ نفرت۔ خوشی اور غم سے آزادی یا چھٹکارہ **براگی** (مذکر) ۱ خواہشات نفسانی سے آزاد۔ خوشی اور غم سے بے پروا ۲ ایک فرقہ ہنود سادھوؤں کا۔

برام (ہ۔ مذکر) ۱ آرام۔ سکون۔ انقطاع حرکت ۲ ایک نشان جس کا مطلب ہے کہ اُس حرف پر کوئی اعراب نہیں۔ ساکن ہے ۳ سکون ۴ (فارسی) بے آرام کا بگاڑا ہوا۔ بیمار۔

برامدہ (ف۔ مذکر) دیکھو بر کے تحت میں۔

بُرّال (ف۔ صفت) کاٹ کرنے والا۔ تیز۔ اُردو میں عام طور پر شمشیر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (از براندن۔ تیز ہونا) **بُرانی** (مونث) کاٹ تیزی۔ **برانی شمشیر** (مونث) تلوار کی کاٹ۔

برانا (ہ۔ لازم) ۱ چھیڑنا۔ ستانا۔ مذاق کرنا ۲ طعنے دینا۔ مٹکانا۔ چڑانا ۳ (صفت) بیگانہ۔ کسی اور کا۔ بیرونی۔ باہر کا۔

بَرانچ (انگ۔ مونث) شاخ۔ شعبہ **برانچ اسکول** (مذکر) وہ مدرسہ جو کسی دوسرے مدرسے کے ماتحت ہو۔ **برانچ پوسٹ آفس** (مذکر) چھوٹا ڈاکخانہ۔ وہ ڈاکخانہ جو کسی بڑے ڈاکخانے کی شاخ ہو۔ **برانچ پوسٹ ماسٹر** (مذکر) ایسے ڈاکخانے کا افسر انچارج۔ **برانچ لائن** (مذکر) ریل کی وہ لائن جو بڑی لائن میں سے نکلے۔

بَرانڈہ (ہ۔ مذکر) برامدہ۔

بَرانڈی (انگ۔ مونث) ایک قسم کی انگوری شراب جو فرانس کے علاقہ برگنڈی میں تیار کی جاتی ہے۔

بَرانڈی (اُردو۔ مونث) باران کوٹ اوور کوٹ۔ اوپر پہننے کا بڑا کوٹ (غالباً باران کوٹ کا مخرب ہے)

براوا دینا (ہ۔ متعدی) ۱ حیلے حوالے کرنا۔ ٹالنا ۲ جھانسا دینا۔

براونا (ہ۔ متعدی) برانا۔

بَراہ (ہ۔ مذکر) سور۔ بارا۔

بَراہمن (س۔ مذکر) دیکھو برہمن **براہمنی** (مونث) برہمن کی بیوی **براہمنیٹا** (ہ) نوجوان برہمن۔ **براہمنیہ** (مذکر) ۱ برہمن کا درجہ ۲ برہمن کی عزت۔ عظمت۔ دفتر ۳ برہمنوں کا چلن یا طریقہ ۴ برہمنوں کی مجلس ۵ زحل۔ سنیچر۔ **براہمیہ** (مذکر) برہمنوں کی عزت یا تعظیم جو ہندوؤں کے پانچ بڑے اصولوں میں سے ہے ۲ حیرت۔ تحیّر۔ تعجب۔ اچنبھہ۔ اچرج۔ **براہمیہ مورت** (مذکر) صبح صادق۔ سورج نکلنے کا وقت۔

بُراہمن (س۔ مذکر) ۱ لفظی معنی براہمنوں کا ۲ ویدوں کا وہ حصہ جو برہمنوں کی تعلیم اور استعمال کے لئے ہے۔ یہ سرتی یا الہامی ہیں ۳ وہ کتابیں جن میں ویدوں کی رسوم کی تشریح کی گئی ہے ہر ایک سنگھتا کے متعلق براہمن لکھے گئے ہیں۔

بُراہمہ (اُردو۔ مذکر) براہمن کی جمع بطرز عربی۔

براہی (ہ۔ مذکر) ۱ وشن جی کے تیسرے اوتار کا نام (وراہ) ۲ پھوٹنے والی بیماریوں کی دیوی (ماتا) (ہ) ایک چھوٹی قسم کا گنا۔ ایکھ۔ **براہی کا میلہ** (مذکر) براہی دیوی کے اعزاز میں میلہ۔

بَراہین (ع۔ مونث) برہان کی جمع۔ دلیلیں۔

بَراء (ع۔ مذکر) ۱ آنکاد سدھا ۲ پاک صاف ۳ پیغمبر صلعم کے ایک اصحابی۔ دیکھو البراء۔ ال کے تحت میں۔

بَرائت (ع۔ مونث) دیکھو بریّت۔

برائے (ف۔ تف) ۱ لئے۔ واسطے ۲ وجہ سے۔ مطلب سے۔ **برائے بیت** (تف) ۱ شعر کی صورت سے ۲ زائد۔ فضول۔ فالتو۔ ۳ برائے نام۔ **برائے چندے** (تف) چند روز کے واسطے۔ **برائے خدا** (تف) خدا کے واسطے للہ۔ **برائے مصلحت کار** (تف) کسی کام کی مصلحت کی وجہ سے۔ **برائے نام** (تف) نام۔ دکھانے کو۔ فرضی (رہنا ہونا کے ساتھ)

مقولہ۔ **برائے نہادن چہ سنگ وچہ زر**

بَرائیلا (رعانیہ) دیکھو برائلا۔

برایا (ع۔ مونث) ۱ بریّۃ کی جمع۔

مخلوقات - خلق خدا - لوگ ۲ اُردو میں رعایا کے ساتھ بطور تابع استعمال ہوتا ہے۔

بَربَت (ہ - مونث) ایک قسم کا سانپ۔

بَربَٹ (س - مذکر) ایک قسم کی مچھلی۔

بَربَدر (ف - مذکر) سیستان۔

بَربَر (س - مذکر) ۱ ہکلانے والا ۲ گھونگر یالے بالوں والا ۳ (مذکر) ہندوؤں کے علاوہ دوسرے لوگ ۴ ان کا ملک ۵ کمینہ آدمی۔

بربرا (س - مذکر) ہندوؤں کے سوا دوسرے لوگ۔

بُربُرارہ - مذکر) بلبلا - **بربرانا** (متعدی) - چھینٹا دینا - چھڑکنا - کسی سفوف کو کسی چیز پر چھڑکنا۔

بَربَری (ائمہ - مونث) بوڑھی بکری و قصابوں کی اصطلاح **بربری خانہ** (مذکر) قصاب خانہ۔

بَرَبس (ہ - مذکر) ۱ طاقت - قوت - زور - بل - بین شکتی ۲ بہادری - مردانگی - سورماپن - دلیری ۳ ہمت - استعداد - قابلیت ۴ تیزی - تندی - سختی -

بَربَط (ف - مذکر) ایک ساز - عود - لفظی معنی بطخ کا سینہ -

بَربَن (ہ - مونث) اتر کی ہوا - شمالی ہوا -

بُربولا (ہ - صفت) بُری زبان والا - بُری باتیں کرنے والا - گندہ دہن -

بَربھس (ہ - مذکر) ۱ دھوکا - جل - فریب - داؤں ۲ کرتب - شعبدہ بازی - ہاتھ کی چالاکی ۳ ظاہرداری - بناوٹ - دکھاوا - دو رخی - **بربھسیا** (متعدی) دغاباز - فریبی وغیرہ -

بُربھس - بُربھسیا (ہ - صفت) دیکھو بربھسیا -

بَرَت (ہ - مذکر) ۱ کوئی مذہبی کام یا فرض جس کا کسی دیوتا نے حکم دیا ہو ۲ کوئی مذہبی کام جسے اپنے اُوپر فرض کر لیا جائے ۳ کوئی نیکی - پرستش یا تپسیہ کا کام - مثلاً روزہ - کھانا نہ کھانا - جماع سے اجتناب - نفس کشی - سنکلپ وغیرہ - زیادہ تر کھانا نہ کھانے کے متعلق استعمال ہوتا ہے - روزہ

برتی (صفت) روزہ دار - تپسی وغیرہ -

بَرَت (ہ - امر) ۱ برتنا ۲ (ہ) استعمال - عمل - کام - برتاؤ - **برتا** (ماضی) ۱ برتنا کی ۲ (ہ) برتانا کا امر ۳ (مذکر) وہ چیز جو برتی گئی ہو - **برتانا** (ہ - مم) ۱ استعمال کرنا یا کرانا کام میں لانا ۲ تقسیم کرنا - حصّہ دینا - **برتاوا** - **برتاؤ** (مذکر) ۱ طریقہ عمل - وضع - ڈھنگ - سلوک ۲ رواج - رسم - دستور ۳ ملاقات کا ڈھنگ - میل جول ۴ (ہ) حصّہ - بخرہ - تقسیم - **برتاؤ چاہنا** (لازم) اچھے سلوک کی خواہش کرنا - **برتاؤ کرنا** (متعدی) پیش آنا - سلوک کرنا - **برتاؤ ہونا** (لازم) سلوک ہونا - **برتنا** (متعدی) ۱ استعمال کرنا - کام میں لانا ۲ تقسیم کرنا - بانٹنا ۳ خرچ کرنا - صرف کرنا - لگانا - اُٹھانا چلانا ۴ تجربہ کرنا - آزمانا ۵ نباہنا ۶ برتاؤ کرنا - سلوک کرنا - پیش کرنا ۷ (ہ) سوچنا - غور کرنا - بچارنا -

بَرَت (ہ - صفت) ۱ جلتا ہوا - فروزاں ۲ (مذکر) چاولوں کی ایک بیماری ۳ (مونث) رسّی - تسمہ - تنگ ۴ چوٹ کا نشان - بدھی -

بِرَت (ہ - صفت) ۱ حالت - کیفیت - عالم - گت ۲ گزر اوقات ۳ وجہ معاش - آمدنی - جاگیر - تنخواہ - پنشن - جائداد - عطیہ ۴ وقف - ہبہ - دان ۵ چلن - رویہ - طور ۶ حق - استحقاق ۷ رسم - ریت ۸ جھان - کفایت کرنے والا ۹ ورثہ ۱۰ معافی کی زمین - **برت چانڈ** (مذکر) شاعری کا ایک وزن یا بحر - **برتیا** (مذکر) وہ کاشتکار جس کا لگان کم و بیش نہ ہو سکے -

بِرَث (ہ - مذکر) ۱ مقرر کرنا ۲ کسی مذہبی رسم میں کسی کو اپنی جگہ مقرر کرنا -

بِرتارہ - مذکر) ۱ قوت - طاقت - زور - بل - شکتی ۲ قابلیت ۳ حیثیت - لیاقت - استعداد ۴ مادہ - ذریعہ ۵ سہارا - حوصلہ - مدد - امداد ۶ کارگزاری - عمل - کردار - **برتے پر اُچھلنا** (ہ - لازم) سہارے یا حوصلے پر خوش ہونا یا بھروسہ کرنا - **برتے رہنا** (لازم) کسی بات پر نازاں ہونا بھروسہ کرنا -

بِرتا - بِرتنا (ہ - مذکر) ایک مذہبی وقف یا دان - زمین کا دان جو کسی آدمی یا مزارع کو خاص شرطوں پر دیا جاتا ہے -

بَرتانا (ہ - مذکر) اُترے ہوئے کپڑے - پُرانے کپڑے -

بَرتانت (س - مذکر) ۱ واقعہ - وقوعہ - حادثہ - ماجرا - کیفیت ۲ خبر - اطلاع - افواہ - رپورٹ ۳ قصّہ - کہانی - تذکرہ - بیان - تاریخ - واقعات ۴ مضمون - تذکرہ - عنوان ۵ - حالت - طریقہ - طور - وضع - کیفیت - **برتانت پتّر** (مذکر) پنچایت کا تحریری فیصلہ -

برتش (ہ - مذکر) وہ زمین جس میں دھان کے بعد کما دو یا جائے -

بَرتمان (ہ - صفت) ۱ موجود - زندہ - حیات ۲ وقوع پذیر - گزرتا ہوا - جاری - چلتا (مذکر) زمانہ حال -

بَرتن (ہ - مذکر) ۱ ظرف - باسن - بھانڈا - **برتن سے برتن کھٹک ہی جاتا ہے** - آپس میں کسی بات پر تکرار ہو ہی جاتی ہے - **برتن بھانڈے** (مذکر) ظروف - برتن - **برتن کھنکنا** (لازم) ٹوٹے ہوئے مٹی کے برتن کا ایک خاص قسم کی آواز دینا -

بَرتنی (ہ - مونث) علم حروف -

بَرتھ (انگ - مونث) پیدائش - جنم - **برتھ ڈے** (مذکر) جنم دن - پیدائش کا دن - **برتھ کنٹرول** (مذکر) بچّوں کی پیدائش کو قابو میں رکھنا - بچّے زیادہ نہ ہونے دینا -

بَرتھ (ہ - مونث) اراضی برائے کاشت جو جنگل کے درمیان ہو -

بَرتھا - بِرتھا (ہ - صفت) ۱ فضول - بے فائدہ - نکما - بے قیمت - بے وقعت ۲ (تف) فضول طور پر - بے فائدہ طور پر - بلا ضرورت - بغیر وجہ - بیوقوفی سے ۳ (مذکر) فضول یا بے فائدہ نکمی چیز -

بَرتی (ہ - مذکر) ایک پودا -

بَرتیتر (ہ - مذکر) ایک قسم کا جنگلی تیتر جس کا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے -

بَرٹش (انگ - صفت) ۱ برطانیہ کا برطانیہ کے متعلق ۲ (مذکر) برطانیہ کا باشندہ -

بَرث (ع - صفت) نرم - صاف - سندر - چیز -

بُرثُن (ع - مذکر) ۱ پنجوں یا پاؤں کا نرم حصّہ ۲ ہاتھ اور انگلیاں -

بَرَج - بُرج (ہ - مذکر) ۱ گوشالہ -

باڑا۔ ۲؎ آگرہ اور متھرا کا علاقہ۔ کرشن جی کا بچپن اس علاقے میں گزرا تھا۔ برج باسی (صفت) ۱؎ برج کا رہنے والا ۲؎ مسلح ملازم یا سپاہی۔ برج بھاشا یا بھاکا (مونث) برج کے علاقے کی زبان۔ ہندی

برج (۱؎ ہنگ۔ مذکر) ۱؎ پل ۲؎ (مونث) تاش کا ایک کھیل جو دو تین یا چار آدمی کھیلتے ہیں۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ آکشن برج بہت مشہور ہے

بُرج (ع۔ مذکر) ۱؎ مینار۔ گنبد۔ ۲؎ گوٹرگنج ۳؎ (علم) اس دائرے کے جس میں سورج سال بھر میں آسمان پر گھومتا ہوا دکھائی دیتا ہے۔ ہیئت دانوں نے بارہ حصے کئے ہیں۔ ہر ایک حصے کو برج کہتے ہیں۔ اور یہ دائرہ دائرۃ البروج کہلاتا ہے۔ ہندی میں راس اور راس منڈل کہتے ہیں۔ بلحاظ تاثیر برجوں کو بموجب چار عناصر تقسیم کیا گیا ہے۔ اور ہر قسم میں تین برج ہیں۔ دیکھو برج آبی، آتشی، بادی وخاکی۔ **برج آبی** (مذکر) سرطان۔ عقرب۔ حوت۔ **برج آتشی یا آذری** (مذکر) حمل۔ اسد۔ قوس۔ **برج اسد** (مذکر) راس۔ سنگھ۔ شکل شیر۔ **برج بادی** (مذکر) جوزا۔ میزان۔ دلو۔ **برج ثور** (مذکر) راس برکھ۔ شکل بیل۔ **برج جدی** (مذکر) راس۔ مکر۔ شکل بکری **برج جوزا** (مذکر) راس متھن۔ شکل توام **برج حمل** (مذکر) راس میکھ۔ شکل مینڈھا نوروز کے دن آفتاب اس برج میں داخل ہوتا ہے **برج حوت** (مذکر) راس مین شکل مچھلی۔ **برج خاکی** (مذکر) ثور۔ سنبلہ۔ جدی۔ **برج دلو** (مذکر) راس کنبھ۔ شکل پانی کا گھڑا۔ **برج سرطان** (مذکر) ... راس کرک۔ شکل کیکڑا۔ **برج سنبلہ** (مذکر) راس کنیا۔ شکل دوشیزہ لڑکی۔ **برج شرف** (مذکر) ۱؎ اعلے گھر بڑا گھرانا ۲؎ عزت اور دولت کا اعلے درجہ **برج عقرب** (مذکر) راس برچھک۔ شکل بچھو **برج فلک** (مذکر) دیکھو برج ۳؎ **برج قوس** (مذکر) راس دھن۔ شکل کمان۔ برج کا برج ہے۔ بہت موٹا اور جسیم ہے۔ **برج کبوتر** (مذکر) کبوتروں کی کابک۔ **برج میزان** (مذکر) راس تلا۔ شکل ترازو۔ **برجی** (مونث) برج کی تصغیر ۱؎ چھوٹا برج ۲؎ کنگرہ ۳؎ کلس۔ گنبد کے اوپر کا گول حصہ ۴؎ مینار ۵؎ پتھر کے چھوٹے ستون جو کھیتوں کی حدوں پر یا سڑکوں کے کناروں پر لگائے جاتے ہیں ۶؎ پل کے پیل پائے کی نوک جو اس طرف ہوتی ہے جدھر سے پانی بہتا ہے۔

بُرج۔ بُرُج (ہ۔ مذکر) موٹا ریتا۔

بُرجان۔ (ف۔ مذکر) ۱؎ ایک ڈاکوؤں کا گروہ ۲؎ اہل بلغاریہ۔

برّجان (ع۔ مذکر) ایک صوفی شارح

برجنیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا سانپ جس میں زہر نہیں ہوتا۔

برجر (س۔ مذکر) ایک مقام۔

برجسی (ہ۔ مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل زمین پر ایک مستطیل کھینچتے ہیں اور اسے دو دو خول میں تقسیم کرتے ہیں۔ ایک مربع کے نیچے والے ضلع پر کھڑے ہو کر دوسرے میں کوڑیاں پھینکتے ہیں جتنی کوڑیوں سے کھیلنا منظور ہو۔ اتنی ہی کھیلنے والا جمع کرتا ہے۔ سب کوڑیوں کو باری باری پھینکتے ہیں۔ جتنی چت پڑیں وہ پھینکنے والا لے جاتا ہے۔

برجن (ہ۔ مذکر) ۱؎ روکنا منع کرنا بند کرنا ۲؎ الگ رہنا۔ علیحدہ رہنا۔ کنارہ کشی کرنا ۳؎ کنارہ کشی۔ ترک۔ فرار۔ **برجنا** (متعدی) روکنا وغیرہ دیکھو آخری۔

برجیس (ع۔ مذکر) سیارہ مشتری برہسپت۔ **برجیس شیم** (صفت) مشتری کی عادتوں والا۔ بہت عقلمند۔

برچخ (ت۔ مذکر) چھوٹا نیزہ۔ برچھی۔

برچن (ہ۔ مذکر) بیر کا آٹا جھاڑی کا جھاڑی بوٹی کے بیروں کا چورن جس میں نمک مرچ وغیرہ ملا کر بیچتے ہیں۔ اور یہ آواز دیتے ہیں تیرے منچلے کا سودا ہے۔ کھٹا اور میٹھا بیرے

برچن (ہ۔ مذکر) ۱؎ بنانا تصنیف کرنا۔ سجانا ۲؎ تصنیف۔ تالیف ۳؎ طلا کاری سجاوٹ **برچنا** (متعدی) بنانا وغیرہ دیکھو آخری۔

برچھ، برچھ (ہ۔ مذکر) درخت۔ پیڑ۔ پودا۔

مثل۔ برچھ کا سایا اور پرش کا مایا۔ درخت کا سایہ اور انسان کا رسوخ اس کی ذات کے ساتھ ہے۔

برچھا (ہ۔ مذکر) بھالا بلم۔ نیزہ۔ محاورات کے لئے دیکھو برچھی ردو پیچ۔ کاٹنا **برچھا بردار** (صفت) بلم یا بھالا اٹھانے یا رکھنے والا نیزہ باز۔ **برچھوں** (مذکر) برچھا کی جمع۔ **برچھوں اڑانا** (متعدی) اڑنا (لازم) گھوڑے یا ہرن کا بہت تیز دوڑنا۔ **برچھی** (مونث) چھوٹا برچھا۔ **برچھے** (مذکر) ۱؎ برچھا کی جمع ۲؎ سجائے برچھا حرف نیزہ سے پہلے۔ **برچھی اترنا** (لازم) برچھی کا بدن میں گھس جانا۔ برچھی کا پار ہونا۔ **برچھی بردار** (صفت) برچھی رکھنے یا چلانے والا۔ **برچھیت** (مذکر) نیزہ باز۔ وہ شخص جو برچھی سے لڑے۔ **برچھی تاننا** (متعدی) برچھی کو ہاتھ میں لے کر ہاتھ کو پیچھے ہٹا کر مارنے کی تیاری کرنا۔ **برچھی تولنا** (متعدی) برچھی کو ہاتھ میں اٹھا کر مارنے کی تیاری کرنا۔ **برچھیتی** (مونث) نیزہ بازی۔ **برچھی جگر کے پار ہونا** (لازم) ۱؎ برچھی لگنا ۲؎ عاشق ہونا۔ زخم عشق لگنا۔ **برچھی چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) ۱؎ ایک دوسرے پر برچھی کا وار ہونا ۲؎ نہایت سخت مصیبت آنا ۳؎ سخت صدمہ پہنچنا۔ **برچھی چبھنا** (لازم) ۱؎ برچھی کی نوک لگنا ۲؎ صدمہ ہونا۔ **برچھی سیدھی کرنا** (متعدی) برچھی مارنے کے لئے تیار ہونا۔ **برچھی کی انی** (مونث) نیزے کی نوک۔ **برچھی لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) **مارنا** (متعدی) ۱؎ برچھی کو زور سے بدن میں داخل کرنا ۲؎ صدمہ پہنچانا۔ تکلیف دینا۔

مثل۔ برچھی میری کرچھی تلوار میری موسی۔ لٹھ میرا بیری جو لگے تو لہو کی ڈھیری۔ بندر لٹھ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتا۔

برح (ع۔ مذکر) مصیبت۔ آفت۔ تکلیف

برحا (ع۔ مذکر) ۱؎ بخار کا زور۔ غم۔

برخ (ع۔ مذکر) ۱؎ افزونی۔ زیادتی۔ نمو۔ بڑھنا ۲؎ گردن یا پیٹھ کا ٹوٹنا ۳؎ طاقت۔ قوت ۴؎ کم قیمت۔

برخ (ف۔ صفت) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ چند۔ **برخے** (ق) بہت تھوڑا چند ایک۔ ذرا سا۔

بَرْد (ہ - مذکر) ۱ بلد - بیل ۲ (صفت)
۲ (صفت) بخشش کرنے والا - عطا کرنے والا -
تحفہ دینے والا ۳ موافق مہربان -

بَرْد (ع - مذکر) ۱ سردی - جاڑا -
برودت - سیت (بَرَدَ - سرد ہونا) **بردِ اطراف**
(مذکر) نہایت سخت سردی - موت کی سردی -

بُرْد (ہ - مذکر) ۱ شہرت - ناموری
نیک نامی ۲ عزت - آبرو - حرمت - وقار ۳
تعریف - صفت - ثنا - حمد -

بُرْد (ف - مونث) ۱ لیجانا - اُٹھانا
۲ آمدنی - منافع - نفع - بافت - حاصل ۳ جیتی - رشوت
۴ شرط - بازی ۵ (شطرنج) بادشاہ کا اکیلا رہ جانا
اور سب مہرے مرجانا - یہ آدھی بازی گنی جاتی
ہے ۶ (دریا) ضائع ہوجانا - بہ جانا (بُردن - لیجانا)
بُردبار (صفت) لفظی معنی بوجھ اُٹھانیوالا متحمل - برداشت
کرنیوالا - سہنے والا - صابر - حلیم - **بُردباری** (مونث)
تحمل - برداشت - سہارا - صبر - حلم **بُرد دینا** (متعدی) ۱
آدھامات کرنا ۲ ہارنا - گنوانا - کھونا - تباہ کرنا **بُرد لینا** (متعدی)
آدھامات قبول کرنا - **بُرد مارنا** (متعدی) آدھی
بازی جیتنا ۲ کامیابی حاصل کرنا - فائدہ اٹھانا ۳
رشوت لینا - مفت کی رقم ہاتھ لگنا - **بُردمَند** (صفت)
پیدا کرنے والا - پھلدار - بارآور - **بُردَہ** (صفت)
لیجانے والا - اُٹھانے والا - مرکبات میں جیسے
نامبردہ - **برد ہاتھ لگنا** (لازم) مفت کی رقم ملنا -

بُرْد (ع - مونث) سیاہ کملی - دھاریدار
کمل یا چادر - **بردِ یمانی** (مونث) یمن کی دھاری دار
چادر -

بُرْدَت (ع - مونث) چُغہ - کوٹ -

بُرْدَج (ف - مذکر) ۱ قیدی ۲ شیراز
کے قریب ایک گاؤں -

بَرْدمان - بَرْدَمان (ہ - صفت)
دیکھو بردھمان -

بَرْدَہ (ف - مذکر) ۱ غلام - بندہ -
عبد - داس ۲ لڑائی کا قیدی - اسیر جنگ - **بردہ
فروش** (ف - مذکر) غلاموں کا سوداگر - **بردہ
فروشی** (مونث) لونڈی غلام بیچنے کا پیشہ -

بَرْدھ - بَرْدھَ (ہ - مذکر) بیل -
بلد - سانڈ - **بردھائی - بردھوئی** (مونث) وہ
بازار جس میں بیل فروخت ہوتے ہوں -

مثل - برھا ایک - گاؤں
دُئی جوت - گیل ہمیالا گل پوت - بیل ایک
اور سارا گاؤں جوتنے والا - کس طرح باری آئیگی -
مطلب یہ کہ چیز تھوڑی اور مانگنے والے بہت
ہیں -

بِرُدھ - بِرُودھ (ہ - صفت)
مخالف - برخلاف - برعکس - ناموافق -

بِرْدھ (ہ - صفت) ۱ بوڑھا -
ضعیف - پیر - کمزور ۲ (مذکر) بوڑھا آدمی -

بِرْدھ (ہ - مونث) ۱ زیادتی ترقی
بڑھنا ۲ بالیدگی - روئیدگی - بڑھوتری - نمو -

بَرْدھانا (ہ - متعدی) گائے پر
بیل چڑھانا -

بِرُدھنا (ہ - صفت) ۱ مخالفت
اختلاف - ضد ۲ ناموافقت - مخالفت ۳ نفرت -
تنفر - دشمنی - عداوت -

بَرْدھمان (ہ - صفت) ۱ سرسبز
کامیاب - پھلتا پھولتا - ہرا بھرا - بختاور - اقبالمند
ترقی یافتہ - بڑھتا ۲ شہر بردوان -

بَرْدھنا (ہ - متعدی) گائے پر
بیل چڑھانا یا چڑھنا -

بَرْدی (ہ - صفت) لدے ہوئے
مویشی کا گلہ -

بَرْدی (ع - مونث) ایک قسم کا
سرکنڈا جس کے گودے سے کاغذ بنتا ہے -

بِرُدَیت - بِرْدِیت (ہ - مذکر)
۱ ثناگو - شاعر - بھاٹ - کوی ۲ تیرانداز -
دھنش دھاری -

بَرْڈا (مذکر) **بَرْڈی** (ہ - مونث)
ریتلی زمین - نرم زمین -

بَرْذَون (ع - مذکر) للدو گھوڑا یا جانور ۲ سست
بَرْذِین (ع - مذکر) کھجور کے پتوں کا بنے کا برتن
بَرَرَت (ع - صفت) بارّ کی جمع - منصف
انصاف پسند - یا منصف مزاج آدمی -

بَرَرنا (ہ - لازم) بوجھ یا خشک
ہونے کی وجہ سے کج ہونا - اینٹھنا - غرور کرنا
(لکھنو)

بَرَزَ (ع - صفت) ۱ معزز - عزت دار
۲ پرہیزگار - متقی - پارسا -

بَرْزَر (ف - مذکر) ۱ بوئی ہوئی زمین
۲ کاشتکاری -

بَرْزَخ (ع - مذکر) ۱ دو چیزوں
کے درمیان پردہ یا آڑ - وہ چیز جو دو چیزوں یا
چیزوں کی دو قسموں کے درمیان فرق ڈالے ۲
(مونث) موت اور دوبارہ زندہ ہونے کے درمیان
وقفہ - وہ حالت جس میں روحیں مرنے کے بعد
قیامت تک رہیں گی ۳ عجیب شکل - انوکھی
صورت - نئی وضع یا دھج ۴ خیالی صورت یا شکل -

بَرْزَن (ف - مذکر) ۱ گلی - کوچہ -
سڑک - محلہ ۲ محل - مکان ۳ شہر کا ایک حصہ ۴
دشت - صحرا - جنگل -

بَرْزِین (ف - مذکر) ۱ آگ ۲
آتش پرستوں کا ایک راہب جس نے ایک
آتش خانہ بنایا تھا ۳ ایران کا ایک قدیم پہلوان
۴ دشت - صحرا ۵ گلی کوچہ - **بَرزین گُردس** (مذکر)
آتش پرستوں کا ایک راہب -

بَرَس (ع - مذکر) ارادے میں پکا ہونا -

بَرَس (ہ - مذکر) ۱ سال - سن سمت
۱ زمین کا سورج کے گرد پھرنے کا زمانہ جو ۳۶۵
دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۴۶ سیکنڈ کا ہوتا ہے - مگر
عام طور پر ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے - اس کمی کو پورا
کرنے کے لئے ہر چوتھے سال ایک دن بڑھاتے
ہیں - انگریزی حساب میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن
کا ہوجاتا ہے - اور اسے لیپ کا سال کہتے ہیں -
سینکڑے کے سالوں میں سوائے اس کے
جو چار پر تقسیم ہو اور کسی پر نہیں بڑھاتے ۲
قمری سال ۱۲ قمری مہینوں کا ہوتا ہے - ہندو
اور یہودی چند سال بعد ایک سال تیرہ مہینے کا
کرکے شمسی اور قمری سال کو برابر کر دیتے ہیں ۴
کسی سیارے کے سورج کے گرد پھرنے کا زمانہ
۵ ۱۲ مہینے (س وَرش) **برسا** (مذکر) برس - اُردو
میں تنہا استعمال نہیں ہوتا - **برسا برس** (مذکر)
۱ تمام سال - ہر سال - برسویں دن کا تیوہار -
عید ۲ (تف) سالہا سال ۳ برس بھر - **برس
بدھاوا** (مذکر) ہندوؤں میں ایک تقریب ہے
جو بیاہ ہونے کے ایک سال بعد عمل میں آتی
ہے - اس میں ناریل، چاول وغیرہ جو کچھ دولھا
کے گھر سے آیا ہوتا ہے واپس جاتا ہے - **برس برس**

کا دن (صفت) وہ خوشی کا دن جو سال بھر کے بعد آتا ہے۔ جیسے عیدین۔ **برس بیاور** (صفت) سال کے بعد بچہ جننے والی عورت یا جانور۔ **برس دن** (تف) سال بھر۔ **برس کا (رکے) برس دن** (تف) دیکھو برس برس کا دن۔ **برس گانٹھ** (مونث) ۱ ایک رسم جس میں ہر سال ایک ناڑے پر ایک گانٹھ دی جاتی ہے ۲ مجازاً سالگرہ **برسواں** (صفت) ۱ سالانہ ۲ ہر سال کا فاتحہ برسی۔ **برسوں** (تف) سالہا سال۔ **برسوں جھلانا** (متعدی) عرصے تک امیدوار رکھنا۔ مدتوں تک ترسانا۔ **برسوں جھولنا** (لازم) مدتوں کسی چیز کی امید یا تلاش میں رہنا۔ **برسوں کا بیمار** (مذکر) پرانا بیمار۔ مدت کا بیمار۔ **برسوں کا مرض** (مذکر) پرانا مرض۔ **برسوں کی راہ** (مونث)۔ **برسی** (مونث) مرنے کے بعد سال بھر کا فاتحہ۔ **برسی کا دن** (مذکر) وہ دن جب برسی ہو۔ **برسویں دن** (تف) سال بھر کے بعد۔ سال بعد اسی دن۔

امثال و اقوال۔ برس

بھر میں سکھی اور سوم برابر ہو جاتے ہیں۔ کسی شخص کی کفایت شعاری یا کنجوسی کی بابت کہا جاتا ہے۔ سال کے آخیر پر سخی اور کنجوس کا حساب برابر ہو جاتا ہے کنجوسی کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ **برس پندرہ یا کہ سولہ کا سن۔ جوانی کی راتیں مرادوں کے دن** عین عالم شباب کو ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ **برس روز میں سوانگ لائے کوڑھی کا** باوجود بہت انتظار کے حاصل کچھ نہیں۔ **برسوں کا سامان کرلے اور پرسوں وا کی میت**۔ انسان آئندہ کے لئے انتظام کرتا ہے اور اسے پتہ نہیں کس وقت موت آجائے۔

برس (ہ۔ امر) برسنا کا رس ورش برسنا) **برسا** (امر) برسانا کا ۲ (ماضی) برسینا کی ۳ (ہ۔ مونث) برسات۔ **برسانا** (متعدی) ۱ بارش بھیجنا یا لانا ۲ کثرت سے دینا۔ پھینکنا یا چلانا ۳ (دھن۔ دولت) کثرت سے دینا۔ لٹانا ۴ اناج کو گرا کر صاف کرنا ۵ چھڑکنا پھیلانا بکھیرنا۔ **برساؤ** (صفت) ۱ برسنے والا ۲ بارش کے متعلق ۳ برسنے کو تیار۔ **برساؤنا** (ہ) برسانا۔ **برس پڑنا** (لازم) مینہ کا زور سے پڑنا۔ بارش ہونا ۲ مارنا۔ ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ **برس کر کھلنا** (لازم) بارش ہو کر مطلع صاف ہو جانا۔ **برسنا** (لازم) ۱ بارش ہونا ۲ ناراض ہونا۔ مارنا۔ خفا ہونا ۳ ظاہر ہونا۔ ٹپکنا ۴ کثرت سے ملنا۔ بہت آمدنی ہونا۔

امثال و اقوال۔ برسا

تھوڑی بھبروتی بہت (ہ) بارش نہ ہو تو سخت قحط پڑتا ہے۔ **برسو رام کڑاکے سے بڑھیا مرگئی فاقے سے**۔ بارش کے نہ ہونے پر کہتے ہیں۔ **برسے آسوج اناج کی موج**۔ اگر اسوج میں بارش ہو تو اناج بہت ہوتا ہے۔ **برسے گا برسا دیگا پیسے سیر لگا دیگا**۔ بارش کے موقع پر خوشی میں کہتے ہیں۔ **برسے گا مینہ ہونگے آنند۔ تم ساہ کے ساہ ہم ننگ کے ننگ**۔ بارش سے فصل بہت ہوتی ہے۔ اور زمیندار خوب مزے اڑاتے ہیں۔ مگر بعد کو وہ ویسے کے ویسے ہی رہ جاتے ہیں۔ اور بنئے کا گھر بھر جاتا ہے۔ **برسے سارھ تو بن جائے ٹھاٹھ**۔ اگر اساڑھ میں بارش ہو تو زمیندار خوشحال ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ فصل بہت اچھی ہوتی ہے۔ **برسے ساون تو ہون پانچ کے باون**۔ ساون کے مہینے میں اگر بارش ہو تو فصل بہت اچھی ہوتی ہے۔ **برسے نہ برساوے ناحق جی ترساوے**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جسے ذرا رحم نہیں آتا۔

برس (ع۔ مذکر) ایک قسم کی گھٹیا روئی

برسات (ہ مونث) ۱ بارش کا موسم جو عام طور پر ہندوستان میں پندرہ اساڑھ سے پندرہ بھادوں تک ہوتا ہے (س ورش۔ برسنا رتو۔ موسم) ۲ بارش۔ **برسات کھا جانا** (لازم) برساتی اثر قبول کرنا ۲ برسات کا موسم گزار دینا۔ **برسات کی چاندنی** (مونث) ناپائیدار چیز۔ **برسات کی گرمی** (مونث) وہ گرمی جو موسم برسات میں ہوتی ہے۔ یہ بہت سخت ہوتی ہے اور کہتے ہیں۔ کہ اس سے ہرن کی پیٹھ سیاہ ہو جاتی ہے۔ **برسات کی گھٹا** (مونث) موسم باراں کا ابر یہ بہت سیاہ اور گھنا ہوتا ہے۔ **برسات کی ہوا** (مونث) موسم باراں کی ہوا بلحاظ موسم بہت ٹھنڈی ہوتی ہے۔ **برسات ہونا** (لازم) بارش ہونا۔ **برساتی** ۱ (صفت) بارش کا۔ بارش کے متعلق۔ برسات کے متعلق۔ برسات میں پیدا ہونے والا ۲ (مونث) بارش سے بچنے کے لئے کپڑا یا کوٹ۔ بارانی۔ واٹر پروف ۳ مکان کا سائبان چھت پر ایک کمرہ جس میں رات کو بارش کے موقع پر چارپائیاں بچھائی جاتی ہیں ۴ مکان کے آگے بڑھی ہوئی ڈیوڑھی ۵ گاڑی کا سائبان ۶ گھوڑوں کی ایک بیماری جو بڑی خطرناک ہوتی ہے۔ **برساتی سانپ** (مذکر) بے ضرر سانپ جو برسات کے موسم میں پایا جاتا ہے۔ **برساتی کیڑے** (مذکر) ۱ چھوٹے کیڑے مکوڑے جو برسات کے موسم میں پیدا ہوتے ہیں ۲ کثیر اور چھوٹی عمر کی اولاد۔ **برساتی فصل**۔ برسات کی رت۔ وہ غلہ جو برسات میں بویا جاوے۔ یا برسات کی فصل میں تیار ہو۔

امثال و اقوال۔ برسات

برکے ساتھ۔ برسات کا مراتب جو خاوند پاس ہو۔ **برسات میں کڑہائی گھر گھر** ۱ برسات میں ہر جگہ گلگلے بنتے ہیں ۲ موقع کی خوشی۔

برسالیہ (ہ۔ مذکر) وہ ملازم جو سال بھر کے لئے رکھا جائے۔

برسام (ف۔ مذکر) چھاتی کی سوجن۔ سینے کا درد۔ ذات الصدر۔ پھیپھڑوں میں پانی پڑ جانا۔

برسیک (ہ۔ مذکر) بچھو۔

برہسرک (نارو ے۔ عص)۔ ایک بہادر شخص جو لڑائی کے وقت بڑے جوش میں ہوتا۔ اور اس پر آگ اور لوہے کا اثر نہیں ہوتا تھا۔

برسن۔ برسنا (ہ۔ مذکر) ۱ بارش مینہ ۲ (ہ) دیکھو برس کے تحت میں۔

برسنا (ہ۔ لازم) ہار رہنا۔ ٹھینا ۲ بلسنا۔

برسوڑی۔ برسوڑی (ہ صفت) ۱ سالانہ۔ فی سال ۲ سالانہ محصول یا کرایہ ۳ سالانہ شرح ۴ سالانہ آمدنی

برسی (ہ۔ مونث) ۱ آگ جلانے کا مٹی کا برتن ۲ سنار کی انگیٹھی۔ کٹھالی۔

برش (ہ۔ مذکر) مینہ۔ بارش

برشاش (مذکر) سال کا اندوختہ۔ سال کی خوراک

سالانہ تنخواہ یا مشاہرہ **برشکال** (مذکر) موسم برسات **برشکالی** (صفت) برسات کے متعلق۔

بَرِش (ہ۔ مذکر) ۱ بیل۔ بقرے راس۔ برکھ برشجھ (مذکر) بیل۔

بُرُش (انگ۔ مذکر) ۱ موقلم **بُرُش** (ع۔ مذکر) ناخن کا سفید داغ۔ کپڑے۔ جوتے۔ بال وغیرہ صاف کرنے کا آلہ۔

بُرَش (ف۔ مونث) کاٹ۔ تیزی۔

بَرشا (ہ۔ مونث) ۱ مینہ۔ بارش ۲ برسات کا موسم ۳ برکھا رت۔ **برشات** (مونث) برسات **برشانا** (متعدی) برسانا **برشاؤ**۔ برساؤ۔

بَرشاوُش (ف۔ مذکر) ایک صورت کوکبہ۔ صورت تنین۔

بَرشتہ (ف۔ صفت) بھنا ہوا۔ بریاں

بَرَص (ع۔ مذکر) ایک مرض کا نام جس میں بدن پر سفید داغ پڑ جاتے ہیں۔ کوڑھ کی ایک قسم۔ کچا کوڑھ۔

بُرَص (ع۔ مذکر) ۱ تھوڑا دینا ۲ (صفت) تھوڑا ۲ چند۔

بَرطَلہ (ع۔ مذکر) کلاہ یا ٹوپی جو پگڑی کے نیچے پہنیں

برغُوث (ع۔ مذکر) پسّو

بَرف (ف۔ مونث) ۱ جما ہوا پانی ۲ پالا۔ یخ ۳ جما ہوا دودھ یا شربت ۴ (صفت) بہت سرد ۵ بہت سفید۔ **برفاب**۔ (مذکر) وہ سرد پانی جو برف کے گھلنے سے نکلتا ہے ۲ برف میں رکھ کر ٹھنڈا کیا ہوا پانی **برفانی** (صفت) ۱ بہت سرد ۲ برف کی طرف منسوب **برفانی پہاڑ** (مذکر) وہ پہاڑ جس پر ہمیشہ برف جمی رہتی ہے۔ **برفباری** (مونث) آسمان سے برف کا گرنا۔ **برف پروردہ** (صفت) برف میں ٹھنڈا کیا ہوا **برف پڑنا**۔ (لازم) برف کا آسمان سے گرنا ۲ پالا پڑنا۔ یخ جمنا ۳ نہایت سخت سردی پڑنا **برف پینا** (متعدی) برف کا پانی پینا **برف جمانا** (متعدی) کسی مائع چیز کو برف کی طرح منجمد کرنا جیسے پانی۔ دودھ۔ شربت وغیرہ۔ **برف جمنا**۔ (لازم) کسی مائع کا منجمد ہونا **برف زدی**۔ (صفت) برف سے ماری ہوئی زراعت ۲ (مونث) برف گرنے سے نقصان زراعت **برف کا دریا** (مذکر) گلیشر۔ جب پہاڑوں پر برف بہت ہو جاتی ہے تو اپنے بوجھ سے نیچے کی طرف پھسلنے لگ جاتی ہے یہاں تک کہ ایسی جگہ پہنچ جاتی ہے جہاں پانی ہو جاتی ہے یہ برف رواں برف کا دریا کہلاتی ہے برف کا ذخیرہ (مذکر) **برف کی کھتّی** (مونث) سردیوں کے موسم میں مٹی کے برتنوں میں پانی ڈال کر کھلے میدانوں میں رکھ دیتے تھے۔ پالے سے پانی جم جاتا تھا۔ اس برف کو کوڈں کی شکل کے گڑھوں میں جمع کر دیتے تھے اور گرمیوں میں کام میں لاتے تھے۔ جب سے برف بنانے کے کارخانے جاری ہو گئے ہیں۔ یہ کام بند ہو گیا ہے **برف کی قلفی** (مونث) ۱ ٹین کی لمبی نوکدار ڈبیا جس میں دودھ کو ڈال کر اور منہ کو بند کر کے برف میں رکھ کر جماتے ہیں ۲ برف جو اس طرح جمے **برف گرنا** (لازم) آسمان سے برف کا روئی کے گالوں کی طرح گرنا ۲ پالا پڑنا۔ **برف گلنا** (لازم) برف کا پگھلنا ۲ نہایت سخت سردی ہونا۔ **برف میں لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) برف میں سرد ہونا۔ **برف والا** (صفت) برف بیچنے والا۔ **برف ہونا** (لازم) نہایت سرد ہونا۔ **برفیا** (لکھنو) برف والا۔

بَرفی (ف۔ مونث) ایک قسم کی مٹھائی جو دودھ اور شکر سے بنتی ہے۔

بَرق (ع۔ مونث) ۱ بجلی۔ جب دو چیزیں رگڑی جائیں تو بجلی پیدا ہوتی ہے۔ جو گرمی کی ایک قسم ہے۔ مگر عام طور پر پیدا ہوتے ہی زمین میں چلی جاتی ہے۔ اسی طرح جب پانی بھاپ بنتا ہے تو بھی یہ پیدا ہو جاتی ہے۔ مگر پانی اور چند دیگر چیزوں میں سے گزر کر نہیں جا سکتی۔ اس کی دو مختلف قسمیں ہوتی ہیں جنہیں برق مثبت اور برق منفی کہتے ہیں۔ اور یہ ایک دوسری کو کشش کرتی ہیں۔ جب بادلوں میں دونوں قسم کی بجلیاں زیادہ مقدار میں ہوتی ہیں تو آپس میں مل جاتی ہیں۔ اور ان کے ملنے سے روشنی اور آواز پیدا ہوتی ہے۔ یہ روشنی برق کہلاتی ہے بعض دفعہ بادلوں کی مثبت یا منفی برق کو زمین کی مخالف برق کشش کرتی ہے تو بادلوں سے ایک شعلہ زمین پر گرتا ہوا نظر آتا ہے۔ اسے بجلی یا صاعقہ کہتے ہیں۔ مصنوعی طور پر مشینوں اور آبشاروں کے ذریعے برق پیدا کی جاتی ہے۔ جو روشنی پنکھے مشینیں ریل گاڑیاں ٹریموے وغیرہ چلانے کے کام آتی ہے (بَرَقَ۔ چمکنا) **برق آسا** (نعت) بجلی کی طرح۔ **برق آہنگ** (صفت) بجلی کی طرز کا۔ بجلی نما (معشوق کی تعریف) **برق افگن** (صفت) بجلی گرانے والا۔ تباہ کنندہ۔ برقانا۔ **برقاؤ** (علک) کسی چیز کو بجلی سے بھر دینا۔ **برق بن کر گرنا** (لازم) تباہ کرنا۔ **برق تاب** (صفت) بجلی کی طرح چمکنے والا۔ **برق تاز** (صفت) بجلی کی طرح دوڑنے والا۔ (معشوق کی تعریف) **برق ٹوٹنا** (لازم) بجلی گرنا۔ **برق جولاں** (صفت) بجلی کی طرح چلنے والا۔ (معشوق کی تعریف) **برق جہندہ** (مونث) کوندنے والی بجلی۔ تیزی یا پھرتی ظاہر کرنے کے لئے استعارہ کرتے ہیں۔ **برق خاطف** (مونث) بجلی جو آنکھ کو خیرہ کرے۔ **برق دم** (صفت) ۱ دھاردار ۲ تیز تلوار ۳ چالاک۔ تیز رفتار۔ **برق دمان** (مونث) چمکنے والی بجلی۔ **برق رُخسار** (صفت) حسین۔ خوبرو۔ **برق زدہ** (صفت) جس پر بجلی پڑے۔ **برق سوار۔ شتاب یا عنان** (صفت) معشوق کی صفت میں استعمال ہوتے ہیں۔ **برق سر طور** (مونث) وہ نور جو حضرت موسےؑ نے کوہ طور پر دیکھا تھا **برق شمشیر** (صفت) تلوار کا برق سے استعارہ کرتے ہیں **برق شمشیر تڑپ کر گرنا** (لازم) تلوار کی ضرب لگنا۔ **برقِ شمشیر چمکنا** (لازم) تلوار چلنا۔ **برق شعار** (صفت) بجلی کی طرح تیزی رکھنے والا۔ **برق کا مہتاب اُڑانا** (متعدی) بجلی چمکنا۔ **برق نگاہ** (صفت) شوخ نظر (معشوق کی تعریف) **برق نما** (مذکر) ایک آلہ جس سے بجلی کی موجودگی معلوم ہوتی ہے۔ **برق وزرق** (مذکر) دیکھو زرق برق۔ **برق وش** (صفت) بجلی کی طرح۔ چالاک۔ شوخ (معشوق کی تعریف) **برق ہے** تیز ہے۔ شوخ ہے۔ چالاک ہے۔ **برقی** (صفت) بجلی کے متعلق۔ بجلی کا۔ **برقی اثر** (علط) وہ اثر جو کسی چیز میں بجلی کے ذریعے پیدا کیا جائے۔ **برقی اشیا** (علط) وہ چیزیں جن میں رگڑنے سے بجلی پیدا ہو۔ **برقی بھٹی** (مونث) وہ بھٹی جس میں بجلی کے ذریعے گرمی پیدا کی جاتے۔ **برقی پنکھا**

(مذکر) وہ پنکھا جو بجلی کی طاقت سے چلے۔ برقی توانائی (علط) بجلی کی طاقت۔ برقی دور (علط) برقی رو کا مکمل راستہ۔ برقی رو (مونث) بجلی کی حالت موصل جسم میں۔ یہ اس طرح ہے جیسے نل میں پانی کا بہاؤ۔ برقی روشنی (مونث) وہ روشنی جو بجلی سے پیدا کی جائے۔ برقی ریلوے (مذکر) وہ ریلوے جس پر گاڑیاں بجلی کی طاقت سے چلیں برقی قوت (علط) بجلی کی کام کرنے کی قوت۔ برقی قوس (علط) وہ روشنی جو دو موصل جسموں کے درمیان کی خالی جگہ میں روشن ہونے والے بخارات کی وجہ سے ہو۔ بجلی کی رو کے گزرنے سے ہو۔ برقی گھنٹی (مونث) وہ گھنٹی جو بجلی کے ذریعے بجے۔ برقی لیمپ (مذکر) وہ لیمپ جو بجلی کی وجہ سے روشن ہو۔ برقی مزاحمت (علط) وہ قوت جس سے دو مادے۔ جن میں ایک قسم کی بجلی ہو ایک دوسرے سے ہٹ جائیں برقی مقناطیس (علط) وہ مادہ جس میں سے بجلی گزرے تو اس میں قوت مقناطیسی پیدا ہو جائے۔ اور اگر بجلی جانی بند ہو تو پھر وہ قوت نہ رہے۔ برقی موٹر (علط) ایک مشین جس کے ذریعے برقی طاقت کو مشینی طاقت میں بدل دیتے ہیں۔ برقی میدان (علط) وہ میدان جس کے ہر نقطہ پر بجلی کا اثر ہو۔

مثل۔ برق زدہ از آتش مے گریزد۔ بجلی کا مارا ہوا آگ سے بھاگتا ہے۔ دیکھو دودھ کا جلا۔

برقش (ع۔ مذکر) مختلف رنگ۔

برقش (ع۔ مذکر) ایک چھوٹا پرند جسے شرمور کہتے ہیں۔

بُرقع (ع۔ مذکر) ۱ ایک سفید یا دوسرے رنگ کا لباس جو مسلمان عورتیں پردے کے اوپر پہن کر باہر نکلتی ہیں۔ ۲ نقاب۔ ۳ اس پوشاک۔ ۴ وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔ برقع اُٹھنا یا اُلٹنا (متعدی) ۱ پردہ ہٹانا۔ منہ سے برقع ہٹانا۔ ۲ راز فاش کرنا۔ برقع اوڑھنا (متعدی) برقع پہننا۔ برقع پوش (صفت) برقع پہننے والا یا والی۔ نقاب پوش۔ برقع کی جالی (مونث) وہ جالی (ا) حصہ جو برقع میں منہ پر رہتا ہے۔ برقع ڈالنا (متعدی) برقع منہ پر لے لینا۔ برقع پہننا۔ برقع میں چھچھوڑے کھانا (متعدی) پردے میں بدچلنی کرنا۔

برقنداز (اردو۔ مذکر) عدالت یا پولیس کا سپاہی۔ محافظ۔ پاسبان۔ بندوق اٹھانے والا ملازم۔ بندوقچی (برق عربی انداز فارسی ہے۔ مگر یہ لفظ ایجاد ہندی ہے)

بَرک (ف۔ مذکر) اونٹ کے بالوں کا کپڑا۔

بُرک (ف۔ مذکر) ۱ ایک کپڑا جو اونٹ کے بالوں کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ ۲ واسکٹ۔ صدری۔ ۳ ستارہ سہیل ۴ ایک ملک ۵ ایک دریا۔

بَرک (ہ۔ مذکر) بھیڑیا۔ گرگ۔

بَرک (ہ۔ حرف انفصال) بلکہ۔ لیکن۔ علاوہ ازیں۔

بُرکار (ہ۔ مذکر) قاش۔ پھانک۔

بَرکات (ع۔ مونث) جمع برکت کی

بُرکانا (ہ) دیکھو برکنا۔

بَرکانی (ع۔ مونث) آتش فشانی

برکت (ع۔ مونث) ۱ ترقی۔ نعمتوں کی زیادتی۔ افزائش۔ کثرت۔ بہتات۔ افراط۔ فزونی۔ ازدیاد۔ بیشی ۲ خوش قسمتی۔ عروج۔ اقبالمندی۔ طالع مندی۔ بہرہ مندی۔ بختاوری۔ نیک بختی۔ سعادت۔ بہبودی۔ کامیابی۔ رونق۔ نمود۔ خوبی ۳ ایک۔ گنتی کے شروع میں بنئے اور عورتیں ایک کی بجائے برکت کہتی ہیں۔ مجازاً ختم ہونے کی جگہ۔ برکت اُٹھ جانا۔ اُٹھنا۔ اُڑ جانا۔ جاتی رہنا یا جانا (لازم) رونق نہ رہنا۔ چیز کا جلدی ختم ہو جانا۔ کثرت یا افراط نہ رہنا۔ نحوست آنا برکت دینا (متعدی) ترقی دینا۔ بڑھانا۔ اچھی چیزوں میں زیادتی کرنا۔ درازی عمر بخشنا۔ برکت ظاہر ہونا (لازم) خوبی نظر آنا۔ عروج ظاہر ہونا برکت کے دن (مذکر) عسرت کا زمانہ۔ عروج کا وقت۔ برکت ہونا (لازم) ۱ دراز ہونا۔ زیادہ ہونا۔ زیادہ ہونا وغیرہ ۲ مجازاً ختم ہونا۔ تمام۔

برکت۔ برکت (ہ۔ صفت) بے توجہ۔ بے دھیان۔ گریز۔ پرہیز۔ عدم اہتمام۔ متنفر۔ محترز۔ (مذکر) ایک قسم کا سادھو جس نے دنیا تیاگ دی ہو۔

برکش (ہ۔ مذکر) درخت۔ برچھ۔

بُرکُلا۔ برکُلا (ہ۔ مذکر) اُپلوں کا ہار۔ جو ہولی پر چڑھایا جاتا ہے۔ چھوٹا گول اُپلا جس میں چھید ہو۔ اور جسے برتنوں کے اوپر ڈھکنے کے طور پر دیتے ہیں۔

برکنا۔ برک دینا (ہ) بکھیرنا۔ چھڑکنا۔ ڈالنا۔ چھینٹا لگانا۔

برگوٹا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس

بِرکہ (ع۔ مذکر) تالاب۔ چھوٹا کنواں چشمے کا حوض۔ برکہٴ اردشیر (مذکر) ایک شہر جس کے پاس اردشیر نے ایک تالاب بنوایا تھا برکہ لاجورد (مذکر) آسمان۔

برکھا (ہ۔ مونث) برسات۔ بارش مینہ۔ برکھانا (متعدی) برسانا۔ برکھنا (متعدی) برسنا

بُرکی (ہ۔ مونث) ۱ چٹکی سفوف جو انگوٹھے اور اس کے پاس کی انگلی سے اُٹھایا جا سکے ۲ (پ) لقمہ۔ برکی ڈالنا یا مارنا (متعدی) ۱ چھڑکنا۔ ڈالنا ۲ جادو کرنا۔ سحر کرنا ۳ قابو کرنا ۴ عاشق بنانا فریفتہ کرنا (پ) لقمہ کھانا۔

برگ (ف۔ مذکر) ۱ پتا۔ پات ۲ توشہ۔ سامان ۳ ایک قسم کا ساز ۴ ایک تیر ۵ لڑائی کا ہتھیار۔ برگ تنبول (مذکر) پان۔ برگ نوال (مذکر) لڑائی کا ایک ہتھیار۔ برگ خزاں دیدہ یا رسیدہ (مذکر) وہ پتا جو خزاں کی وجہ سے گرے برگ سبز (مذکر) سبز پتا۔ برگ سبز است تحفۂ درویش۔ فقیر کی طرف سے سبز پتا نذر ہے یہ فقرہ کسی تحفے کے دینے پر کسر نفسی سے کہا جاتا ہے۔ برگ گل یا گل تر (مذکر) گلاب کی پتی معشوق کے ہونٹوں کو اس سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ برگ و بار (مذکر) پھل اور پتے۔ برگ و ساز۔ برگ و نوا (مذکر) ۱ گانے بجانے کا سامان ۲ زندگی کا سامان۔ کھانے پینے کا سامان۔ توشہ۔

برگ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک جیسی چیزوں کی جماعت یا گروہ۔ قسم۔ نوع۔ صنف۔ فرع ۲ باب فصل۔ حصہ (کتاب کا) ۳ ہجن یا حروف صحیح کی اقسام بلحاظ مخرج۔ جیسے تالو سے۔ زبان کی جڑ سے نکلنے والے وغیرہ ۴ (ریاضی) مربع کسی عدد کا ۵ (صفت) مربع۔

برگا (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی کا مربعہ ٹکڑا۔

شہتیر کڑی ۲ (صفت) عو - اسی قسم یا نوع کا - ویسا برابر کا -

بَرگَت (ھ) **برگد** (ہ - مذکر) بڑ کا درخت - بڑ - **برگد کی جٹا یا داڑھی** (مونث) بڑ کے ریشے جو ٹہنیوں میں سے نکل کر زمین پہ پہنچ کر جڑ پکڑ لیتے ہیں - اور نیا تنا بن جاتے ہیں اس طرح درخت پھیلتا چلا جاتا ہے - اس قسم کا ایک درخت کلکتے میں کئی ایکڑ میں پھیل گیا ہے

بَرگَن (ھ - مذکر) ۱ تقسیم - بانٹ - حصہ - بخرہ ۲ نسبت ۳ چندہ - باچھ -

برگیڈ (انگ - مذکر) ۱ انگریزی فوج کی ایک تقسیم ۲ پیدل فوج - رسالہ یا ملی جلی فوج جس میں دو یا زیادہ رجمنٹیں ہوں اور جو ایک برگڈیر جرنیل کے ماتحت ہو -

بَرگیل (ھ - مذکر) ایک پرندہ -

برل (ھ - صفت) ۱ جو گھنا نہ ہو ۲ پتلا - نازک - نفیس ۳ کھلا فاصلے پر ۴ عجیب نادر - غیر معمولی - کمیاب - چند - تھوڑا ۵ (تعف) شاذ و نادر - بہت کم - غیر معمولی طور پر - **برلا** (صفت) ۱ چند - تھوڑے سے ۲ نادر غیر معمولی ۳ (مذکر) ایک عجیب - نرالا یا چڑچڑا آدمی -

بُرلا (ھ - مذکر) ایک چھوٹی قسم کی بھڑ -

بُرَم (ع - مذکر) ۱ تھکنا اور متنفر ہونا ۲ تھکاوٹ ۳ جھنجھلاہٹ -

بَرَم (ھ - مذکر) زرہ - بکتر -

برما - برماہ (ہ - مذکر) ۱ لوہے کا آلہ جس سے سوراخ کرتے ہیں ۲ لوہے کا آلہ جس سے زمین میں چھید کر کے لوہے کی نالیاں زمین میں سے پانی یا مٹی کا تیل نکالنے کیلئے لگاتے ہیں برمانا برمے سے چھید کرنا - زخمی کرنا **مثل - برمے کا کام چھدنا نہیں ہونا** - دھوکے باز کو دھوکا دینا بہت مشکل ہے -

بَرما (ھ - مذکر) ایک پودا جو دواؤں میں کام آتا ہے -

برمانا (ھ) ۱ گھبرانا ۲ تابع کرنا - زیر کرنا - مطیع کرنا ۳ سکھلانا - سدھانا ۴ چھیڑنا - تنگ کرنا - مزاح کرنا ۵ ترسانا - للچانا - برماؤ - سدھانا - سدھایا ہوا - للچایا ہوا - ترسایا ہوا **برمنا** ٹھیرنا - کھڑا ہونا - رہنا - دیر کرنا -

برم ڈنڈی (ھ - مونث) ایک ہندوستانی گھاس جو دواؤں میں کام آتا ہے -

بُرمُوہی (ہ - صفت) ۱ بدشکل - معیب ۲ (مذکر) بدنما چہرہ بری شکل - بدصورت ۳ (مونث) بلی -

بُرمَہ (ع - مذکر) پتھر کی دیگ -

بُرمیل (ع - مذکر) ایک وزن -

بَرَن - (ف - مذکر) ایک ستارے کا نام

بَرَن (ھ - حرف اتصال) ۱ علاوہ ازیں لیکن - نیز - تاہم ۲ چونکہ جو کہ - ہرگاہ کہ ۳ یعنی - خاص کر - علی الخصوص - برخلاف اس کے -

بَرَن (ھ - مذکر) ۱ رنگ - لون - روپ ۲ قسم - نوع ۳ جماعت - قوم - فرقہ - ذات ۴ ہندوؤں کے چار برن برہمن - چھتری - ویش - شودر ۵ شہرت - ناموری - نیک نامی ۶ تعریف - صفت - توصیف - ثنا - ۷ حلیہ - سراپا ۸ خوبصورتی - حسن ۹ خاصیت خصوصیت سیرت - صفت ۱۰ (صرف و نحو) الف ب حروف تہجی کے ارکان - (الجبرا) سر - کمرر برن دھرم (مذکر) چار ذاتوں کے مذہبی فرائض برن سنگکار (مذکر) چاروں ذاتوں کا آپس میں شادی کر کے مل جل ہو جانا ۲ ایک شخص یا قوم جو مختلف ذاتوں کی نسل سے ہو ۳ وہ آدمی جو دوسری ذات والے کے ساتھ کھانا پسند نہیں کرتا برن مالا (مونث) الف ب کی تختی - قاعدہ برن ہین (صفت) ذات سے باہر بے ذات - ذات سے نکالا ہوا - برادری سے خارج -

بَرَن (ہ - مذکر) ۱ انتخاب - پسند - چھانٹ - چیدگی ۲ شادی کا وعدہ ۳ حفاظت - پردہ گرد و نواح ۴ پرورش - مقوی ۵ احاطہ - پشتہ - بند - اونچی سڑک ۶ پانی کا دیوتا ۷ ایک درخت جسے برنا بھی کہتے ہیں ۸ (مونث) مٹی جو دریا کسی جگہ ڈالے ۹ تازہ مٹی جو پانی نشیب میں جمع کر دے برن کرنا (متعدی) برہمن کو کسی بلدان یا رسم کی ادائیگی کے لئے بلانا -

بَرنا (ہ - مذکر) ۱ ایک درخت برن ۲ (مونث) ایک دریا کا نام جو بنارس کے شمال سے گزر کر دریائے گنگا میں ملتا ہے ۳ جلنا - بلنا ۴ شادی کرنا - بیاہ کرنا -

بَرنا (ف - صفت) ۱ نو عمر - نوجوان - جوان ۲ (مذکر) جوان یا نوجوان آدمی **برنائی** (مونث) جوانی - جوانی کا زمانہ -

بَرنار (ہ - صفت) رنگین - رنگا ہوا برنار مٹی - رنگدار مٹی زرد رنگ یا زرد و سفید رنگ سے رنگی ہوئی مٹی

بَرناس (ع - مذکر) بہت سے آدمی

بِرِنج (ف - مذکر) چاول - شالی -

برنجاری (مذکر) چاولوں کا سوداگر - اناج کا سوداگر بنیا جو رسد رسانی کا کام کرے - بنجارہ - **برنج پھل یا پھول** (مذکر) چاولوں کی ایک قسم برنج مشک (مذکر) بالنگو -

بِرِنج (ع - مذکر) ۱ پیتل ۲ لوہا (اصطلاح اہل کیمیا) **برنجن** - سونے چاندی کی چوڑیاں جو ہاتھ میں پہنی جاتی ہیں - **برنجی** (صفت) ۱ پیتل کا ۲ (مونث) چھوٹی کیل - کوکا -

بَرَند (ہ - مذکر) ۱ ڈھیر - تودہ ۲ تعداد - کثرت - افراط - وفور - اجتماع -

بَرَندہ (ف - صفت) لانے والا - لے جانے والا ۲ (مذکر) لانا - لیجانا (بردن - لیجانا) برندۂ خفیہ (مذکر) ۱ خفیہ ایجنٹ یا سفیر ۲ چنگی ہار گھاٹ مار - جو بغیر محصول دیئے چیز چھپا کر لیجائے -

بُرندہ (ف - صفت) ۱ کاٹنے والا مرکبات میں جیسے سو برندہ ۲ (مذکر) تیز تلوار (بریدن کاٹنا)

بُرنس (ع - مذکر) ایک قسم کی اونچی ٹوپی جو عیسائی پہنتے ہیں -

بَرَنگ (ف - مذکر) ۱ رسد - خوراک ۲ گھنٹہ ۳ چابی ۴ بلی - آگل - کھٹکا ۵ (تعف) جنس میں - طریقے یا طرز پر - مانند -

بَرَنگار (ہ - مذکر) لکڑی کا تختہ جو چھت پاٹنے کے کام آتا ہے -

برنن (ہ - مذکر) ۱ بیان - ذکر کیفیت - تذکرہ - برتانت ۲ تحریر ۳ تعریف - ثنا - صفت توصیف - برنن کرنا - برنتا (متعدی) تعریف کرنا وغیرہ

بَرنَہ (ف - مذکر) ایک ایرانی پہلوان کا نام

برنی (ھ - مونث) پلک - وہ جگہ جہاں پلکیں نکلتی ہیں -

بَرَنی (ہ۔ مونث) پیشگی یا نقدی جو کاشت یا کسی چیز کے بنانے کے لئے دیجائے۔

بَرَنی (ہ۔ مونث) ۱ بھڑ ۲ ایک چھوٹا دانہ یا اناج

بَرو۔ بَرُو (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی لمبی گھاس یا سرکنڈہ جو قلمیں بنانے کے کام آتا ہے

بَرَوٗ۔ بَرَوار (ہ۔ مونث) مچھلیاں کھانیوالا ایک پرندہ

بَروار (ہ۔ مونث) خراب قسم کی ریتلی زمین ۲ ایک راگنی کا نام جس سے جنگلی جانور اور سانپ رام ہو سکتے ہیں ۳ وہ مزدور جو پانی نکالنے کے وقت چرسے کو پکڑ کر پانی گراتا ہے۔

بِروار (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹا یا کم عمر کا درخت۔ درخت۔ پودا ۲ بچہ۔ لڑکا۔

بَروات (ع۔ مذکر) برات کی جمع۔ حکمنامے۔ پروانے۔ **بروات شریفیہ** (مذکر) شاہی پروانے۔

بِرواہی (ہ۔ مونث) ۱ باڑ۔ احاطہ۔ جھاڑ بندی۔ خار بندی جو کھیت یا باغ کے گرد ہو ۲ باغ پھلواری وغیرہ۔ **برواہی کرنا** (متعدی) ۱ باڑ لگانا۔ خار بندی کرنا ۲ باغ یا ذخیرہ لگانا

بِرُوپ (ہ صفت) ۱ بدشکل۔ بدصورت۔ بھونڈا۔ بدنما ۲ ڈراونا۔ مہیب۔ ہیبتناک ۳ (مذکر) خصلت کا فرق ۴ بدصورتی۔ بیڈولی۔ بدنمائی ۵ مخالفت۔ نفرت۔ **بروپ ہونا** (لازم) ۱ بدصورت ہونا ۲ بےعزت ہونا

بُرُوت (ف۔ مونث) مونچھیں۔

بَرَوَت (ہ۔ مونث) ایک قسم کا سانپ

بَرُوتھ (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی کا جنگلہ جو گاڑی کے اردگرد اسے ٹکر سے بچانے کے لئے لگاتے ہیں ۲ زرہ بکتر ۳ گھر۔ مکان ۴ گروہ۔ دل بادل ۵ تودہ۔ ڈھیر

بَرَوٹ (ہ۔ مونث) گلٹی جو پیٹ میں نکلے۔

بَرَوٹھا۔ برَوٹھا (ہ۔ مذکر) ڈیوڑھی برآمدہ۔

بُرُوج (ع۔ مذکر) بُرج کی جمع۔ آسمانی برج بارہ ہیں: ۱ حمل یا میکھ ۲ ثور یا برکھ ۳ جوزا یا متھن ۴ سرطان یا کرک ۵ اسد یا سنگھ ۶ سنبلہ یا کنیا ۷ میزان یا تلا ۸ عقرب یا برچھک ۹ راصی یا دھن ۱۰ جدی یا مکر ۱۱ دلو یا کنبھ ۱۲ حوت یا مین۔ یہ نام دو ہزار برس ہوئے مقرر ہوئے تھے۔ اس وقت یہ بارہ برج اسی نام کے اشکال کوکبہ کے مطابق تھے۔ مگر آج کل ہر برج اگلی شکل کوکبہ کے مطابق ہے مثلاً برج حمل صورت ثور کے مطابق ہے۔ **بروج ثوابت** (مذکر) ثور۔ اسد۔ عقرب اور دلو۔ **بروج جنوبی یا جنوبیہ** (مذکر) وہ برج جو خط استوا کے جنوب میں ہیں دیکھو بروج ۱ تا ۳ و ۱۰ تا ۱۲۔ **بروج خریفی یا خریفیہ** (مذکر) وہ برج جن میں سورج موسم خزاں میں ہوتا ہے۔ میزان عقرب اور راصی۔ **بروج ذوات الجسدین** (مذکر) جوزا۔ سنبلہ۔ قوس اور حوت۔ **بروج ربیع یا ربیعی** (مذکر) وہ بروج جن میں سورج موسم بہار میں ہوتا ہے۔ حمل۔ ثور اور جوزا۔ **بروج شتا۔ شتوی یا شتویہ** (مذکر) وہ بروج جن میں سورج موسم سرما میں ہوتا ہے۔ جدی۔ دلو اور حوت۔ **بروج شمالی یا شمالیہ** (مذکر) وہ بروج جو خط استوا کے شمال میں ہیں۔ دیکھو بروج ۴ تا ۹ **بروج عالیہ** (مذکر) وہ بروج جن میں سورج شمال کو جاتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ بروج ۱ تا ۶ **بروج منخفضہ** (مذکر) وہ بروج جن میں سورج جنوب کو جاتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ دیکھو بروج ۷ تا ۱۲ **بروج منقلبہ** (مذکر) وہ بروج جن کی شکلیں الٹی ہیں۔ سرطان۔ میزان یا جدی۔ ان کے علاوہ برجوں کی اور تقسیمیں بھی ہیں

بُرُود (ع۔ صفت) ۱ ٹھنڈا۔ سرد ۲ (مذکر) کوئی چیز جو ٹھنڈی ہو ۳ سُرمہ۔

بُرُود (ع۔ مذکر) سونا۔ مرنا۔

بُرُودَت (ف۔ مونث) سردی۔ ٹھنڈ (برد۔ سرد ہونا)

بَرودھ (ہ۔ مذکر) برگد کی شاخ

برودھ (ہ۔ مذکر) ۱ اختلاف۔ فرق۔ مخالفت۔ روک ۲ دشمنی۔ خصومت ۳ جھگڑا فساد۔ لڑائی۔ **برودھ کرنا** (متعدی) ۱ مخالفت کرنا۔ روکنا ۲ دنگا کرنا۔ **برودھی** (صفت) جھگڑالو۔ فسادی۔ لڑاکا۔

بُرُوز (ع۔ مذکر) ۱ جانا ۲ صاف ہونا ۳ شائع ہونا۔

بُرُوض (ع۔ مذکر) کوئیں سے پانی تھوڑا نکلنا۔

بُرُوع (ع۔ مذکر) خوبی عقل اور حسن میں بڑھ کر ہونا۔

بُرُوق (ع۔ مونث) برق کی جمع۔ چمکنا۔

بُرُوک (ع۔ مذکر) اونٹ کا بیٹھنا۔

بِروگ (ہ۔ مذکر) ۱ جدائی۔ تفرقہ۔ ہجر ۲ عاشق کی غیرحاضری۔ **بروگن**۔ عاشق یا خاوند سے جدا۔ ہجراں دیدہ۔ جدائی کی مصیبت میں مبتلا۔ **بروگی** (صفت) عاشق۔ ہجراں دیدہ۔

بَرُومَند (ف۔ صفت) ۱ پھل لانے والا۔ بارآور ۲ کامیاب۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ خوش و خرم۔

بِرُوں (ف۔ صفت) باہر۔ باہر کی طرف۔

بِرَونٹھا۔ برونٹھا (ہ۔ مذکر) دیوار کا حصہ دروازے کے اوپر ذرا بڑھا ہوا۔

بَرَوندھا (ہ۔ مذکر) وہ زمین جس میں روئی پیدا ہو۔

بُرُون ہلڈ (نارو ے جس) اوڈن دیوتا کے بہشت کی ایک حور جس نے اوڈن کے حکم کے برخلاف ایک بادشاہ کو جسے شکست ہونی تھی فتح دلادی۔ اسے بیہوش کردیا گیا۔ اور یہ سزا دی گئی کہ شادی کرے۔ چنانچہ سیگرڈ نے اسے رہائی دلاکر شادی کی۔

بَرْوَہ (ہ) بروا۔ ایک پرندہ۔

بَرُو (ف۔ تف) بَررو کا مخفف۔

بروئے ہوا (تف) ہوا پر۔

بَروی (ہ۔ مونث) ہندی شاعری کا ایک وزن۔

بَرَّہ۔ بَرَہ (ف۔ مذکر) ۱ بکری یا بھیڑ کا چھوٹا بچہ۔ حلوان۔ لیلا ۲ برج حمل ماسکھ **برہ فلک** (مذکر) برج حمل۔

بَرَّہ (ف۔ تف) ۱ راستے پر۔ بر سر راہ ۲ (مذکر) توشہ راہ۔

بَرِہ (س۔ مذکر) دم کے پر خصوصاً مور کے۔ **برہ لیتو** (مذکر) ۱ سگر کا ایک بیٹا ۲ زین منو کا ایک بیٹا

بِرَہ (ہ۔ مذکر) ۱ جدائی۔ فراق۔ ہجر ۲ عاشق کی غیرحاضری ۳ فراق کے مضمون کا گیت۔ **برہ ستائی۔ برہ کی ماری** (مونث) ہجراں دیدہ۔ جدائی کی ماری۔ بردگن۔

بَرہا (ہ۔ مذکر) ۱ رسّی۔ دھاگا۔ تسمہ ۲ پانی کی نالی۔ آڈ ۳ گاؤں کی زمین جو فاصلے پر ہو۔

وہ زمین جہاں مویشی چرتے ہوں۔ کھیت۔
برہا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو برہ ۲ (ہ)
دھوبیوں کا ایک گیت (گانا کے ساتھ) **برہاگی**
(مونث) آتشِ ہجراں۔ فراق کی آگ۔ غم جدائی۔
بُرہا (ہ۔ صفت) بُرا۔ بڈھا۔
بُرہان (ع۔ مونث) ۱ دلیل قطعی
دلیل۔ واضح بیان۔ پکی وجہ۔ ثبوت ۲ (منطق)
ایک قیاس جو مقدمات یقینیہ سے مرکب ہوتا ہے
تاکہ دوسرے مقدمہ یقینیہ کا نتیجہ حاصل ہو (برہن
کسی چیز کو ثابت کرنا)
برہانا (ہ۔ مذکر) وہ زمین جس میں
ترکاریاں بوئی جائیں۔
برہت (ع۔ مونث) لمبا وقفہ۔
بہت وقت۔
برہت (س۔ صفت) ۱ اونچا۔
بلند ۲ بڑا۔ عظیم ۳ کھلا۔ فراخ ۴ بہت۔ بہتات سے
افراط سے ۵ مضبوط۔ قوی۔ طاقتور ۶ ٹھوس۔ مادی
۷ روشن۔ نورانی ۸ صاف۔ اونچی (آواز) ۹ (مذکر)
ایک مدت ۱۰ ایک راجہ ۱۱ سوتر کا بیٹا اور اجمیڈھ
کا باپ۔ **برہت سین** (مذکر) ۱ کئی راجوں کا نام ۲
کرشن جی کا ایک بیٹا ۳ سنکشتر کا ایک بیٹا۔ **برہت
سینا** (مونث) دمینتی کی دایہ۔ **برہت کایہ**
(مذکر) برہد دھنس کا ایک بیٹا۔ **برہت کتھا**
(مونث) کہانیوں کی ایک کتاب مصنفہ گُناڈھ۔
جس کا خلاصہ کتھا سرت ساگر ہے جو ۱۸ جلدوں
میں ہے۔ **برہت کشتر** (مذکر) کئی راجوں کے نام۔
برہت کش۔ کشتر اور کیتو (مذکر) راجوں کے
نام۔ **برہتی** (مونث) ایک بحر یا وزن۔
برہس (س۔ مذکر) ۱ کشا گھاس ۲
بھینٹ ۳ برہد راجہ کا بیٹا۔
برہم (ف۔ صفت) ۱ پریشان۔
پراگندہ ۲ ناراض۔ خفا ۳ آشفتہ ۴ بے ترتیب خلط ملط
نیچے اوپر۔ گڈمڈ (کرنا ہونا کے ساتھ) **برہم و درہم**
(ف) بے ترتیب۔ تتر بتر۔ پریشان۔ زیادہ مستعمل
درہم برہم ہے۔ **برہمی** (مونث) ۱ پریشانی۔ ابتری
۲ بے ترتیبی ۳ غصہ۔ ناراضگی۔
برہن (س۔ مذکر) ۱ مور ۲ ایک
دیو کندھرو ۳ ایک رشی۔

بَرَہَن (س۔ صفت) مضبوط۔
پکا۔ **برہنا شو** (مذکر) راجہ جو کمبھ کا بیٹا۔ **برہن
چکر** (مذکر) ایک پہاڑی گاؤں۔
برہن (ہ۔ مونث) برہ کی ستائی
بروگن۔ ہجراں دیدہ۔ فراق کشیدہ۔
برہنگی (ف۔ مونث) ننگا ہونا۔
عریانی۔
برہنہ (ف۔ صفت) ننگا۔ عریاں
بغیر کپڑوں کے۔ کھلا۔ **برہنہ پا** (صفت) ننگے
پاؤں۔ بغیر جوتے کے۔ **برہنہ پائی** (مونث) پاؤں
کا ننگا ہونا۔ **برہنہ پیر کا بالکا** (مذکر) وہ شخص جو
ننگا دھڑنگا پھرتا ہو۔ **برہنہ بدن** (مذکر) بغیر کپڑے
پہنے۔ ننگا۔ **برہنہ سر** (مذکر) سر سے ننگا۔ بغیر ٹوپی
یا پگڑی۔
برہی (س۔ مذکر) مور۔
برہی (ہ۔ مونث) ۱ روٹی جس میں
دال یا قیمہ بھر کر پکائیں یا تلیں ۲ ایک گھاس جس میں
سے ترنج کی خوشبو آتی ہے۔
برہی۔ برہیا (ہ۔ صفت) ۱
فراق کا مارا۔ ہجراں دیدہ۔ جدائی کی تکلیف اٹھانے
والا۔ عاشق۔ شہوتی ۲ وہ شخص جو اپنے معشوق سے
جدا ہو۔
برھیانا (ہ۔ مذکر) بیر کے درختوں
کا جھنڈ۔
برھیلا (ہ۔ مذکر) بڑھیلا جنگلی سؤر
برئت۔ بریت (ع۔ مونث)
مخلوقات۔
بَرَئی (ہ۔ مذکر) پان بیچنے والا۔
پان کی کاشت کرنے والا (س وَرِت۔ تحفہ)
بری (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو بلی (مونث)
۲ دیکھو بڑی ۳ قلعی۔ چونا۔
بری (ہ۔ مونث) ساچق کے دن
شادی سے عموماً ایک دن پہلے دولھا کی طرف سے
کپڑے۔ زیورات۔ مٹھائی وغیرہ دولہن کے گھر
بھیجے جاتے ہیں۔ اسے بری یا ساچق کہتے ہیں
(بر بمعنی تحفہ سے)
بَری (ع۔ صفت) ۱ آزاد۔ رہا۔
مستثنےٰ ۲ بے جرم۔ پاک۔ فارغ۔ سبکدوش ۳
بے گناہ۔ بے عیب۔ بے قصور (بَرَئ۔ آزاد ہونا)

بری الذمہ (صفت) ۱ ذمہ داری سے مستثنےٰ
یا سبکدوش ۲ غیر ذمہ دار ۳ بے قصور ثابت
ہوا ہوا۔ **بریت** (مونث) ۱ سبکدوشی۔ نجات
معافی ۲ آزادی۔ رہائی۔ چھٹکارا ۳ بری الذمہ ہونا
بے قصور ہونا ۴ (قانون) ملزم کا بے گناہ ثابت
ہوکر چھوٹنا۔ بریت۔ **بری کرنا** (متعدی) ہونا
(لازم) آزاد ہونا۔ رہا ہونا۔ چھوٹ جانا ۲ بیگناہ
ثابت ہونا۔ بے قصور ٹھہرایا جانا ۳ ذمہ داری
سے فارغ کرنا۔
بری (ہ۔ مذکر) یہ کلمہ فیلبان ہاتھی
کو روکنے کے واسطے کہتے ہیں۔ **بری بری**
(مذکر) دیکھو آخری۔
بری (ہ۔ صفت) دیکھو بیڑھی
بری روٹی (مونث) دال یا پیٹھی بھری روٹی۔
بَرّی (ع۔ صفت) زمین کا۔
خشکی کا۔ صحرائی۔ جنگلی۔ زمین کے متعلق۔ **برّی
فوج** (مونث) وہ فوج جو خشکی پر لڑتی ہے۔
برّی و بحری (صفت) خشکی و تری کے متعلق
بَرّی (ہ۔ مونث) نالیوں میں بیج
ہاتھ سے بونا۔
برے (ف۔ تف) ۱ بارے۔
آخر کار ۲ ایک دفعہ۔ ہر کیف۔
برے (ہ۔ حرف اتصال)
لئے۔ واسطے۔
برئے (ہ۔ مونث) سورج مکھی
کا بیج۔
بَریا (ہ۔ مونث) ۱ پان کا کھیت۔
باغ ۲ (مذکر) پان کی کاشت کرنے والا۔ پان بیچنے
والا۔
بریا (ہ۔ مونث) عورت کے کان
کے زیورات۔
بُریا (ہ۔ مذکر) ۱ بُرا آدمی۔ بدچلن
شخص۔ بدمعاش ۲ شرارتی آدمی تہمت لگانے
والا ۳ دشمن۔
بُزیار۔ بُزیارا (ہ۔ صفت)
۱ مضبوط۔ طاقتور۔ شدید ۲ زرخیز ۳ (مذکر) ایک پودا
جسے بلا بھی کہتے ہیں۔
بُریال۔ بُریالہ (ہ۔ مذکر)
پودا بریار۔

بَرِیاں (ھ ۔ مذکر) دیکھو بریا۔
بِرِیاں (ھ ۔ مونث) وقت۔ عرصہ۔

بِرِیان (ف ۔ صفت) ۱ بُھنا ہوا ۔ تلا ہوا ۲ جلا ہوا ۔ **بِریانی** (مونث) ایک قسم کا پلاؤ جس میں چاول دو رنگ کے سفید اور زرد ہوتے ہیں ۔ اور گوشت بھون کر ڈالا جاتا ہے۔

بَرِیائی (ھ ۔ مونث) ۱ بڑائی ۔ شیخی ۲ امنگ ۔ آرزو ۔

بَرِیت (ہ ۔ مونث) کسی لچکدار چیز کی مار کے نشان بدن پر ۔

بَرِیت (ہ ۔ مونث) وہ رسّی جس سے پردہ کھینچتے ہیں ۔

بَرِیٹھا (ہ ۔ مذکر) ۱ دھوبی ۔ گاذر ۔ تیسرے درجے کی زمین ۔ وہ زمین جس پر گنّا بویا جا کر کٹ چُکا ہو ۔ **بریٹھن** (مونث) دھوبن ۔

برِیج ۔ برِیجا ۔ برِیجہ (ہ ۔ مذکر) وہ زمین جس کے گرد پان کی کاشت کے لئے باڑ لگائی گئی ہو ۔ پان کا باغ ۔

بِرِیجا (ھ ۔ مذکر) ایک قسم کی کڑوی گوند ۔

بَرِیچ (انگ ۔ مذکر) ۱ چھید ۔ سوراخ ۲ بندوق کی پیندی یا پچھا ۔ **بریچ یا بریج لوڈر یا لوڈنگ گن** (مونث) وہ بندوق جو پیچھے سے بھری جائے ۔

برِید (ف ۔ مذکر) ۱ قاصد ۔ پیغامبر ۔ ایلچی ۲ ہرکارہ ۔ **برید خوش نوید** (مونث) وہ ہرکارہ جو خوشخبری لائے ۔ **برید ملک** (مذکر) ۔ چاند ۔ زحل ۔ سنیچر ۔

بُرِید (ف ۔ ماضی) ۱ بریدن کی ۲ (مونث) کاٹ چھانٹ اُردو میں قطع و برید کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے ۔ **بریدہ** (صفت) ۱ کٹا ہوا ۲ چھانٹ کیا ہوا ۳ (مذکر) وہ کھیت جو کسی نے چوری سے کاٹ لیا ہو ۔

بریرا (ھ ۔ مذکر) بھڑ ۔

برِیڑ (ھ ۔ مونث) شرم ۔ حیا ۔ غیرت ۔ حجاب ۔

برِیز ۔ برِیز (ف ۔ صفت) ۱ بھاگا ہوا ۔ شکست خوردہ ۲ رحم کی درخواست کرنے والا ۳ (حرف ندبہ) رحم رحم ۔ مدد مدد ۔ **بریز بریز کرنا یا کہنا** (متعدی) ہاری ماننا ۔ دبنا ۔ شکوہ شکایت کرنا ۔

برِیس ۔ برِیسا (ھ ۔ مذکر) سال ۔ برس ۔

بَرِیشم (ھ ۔ مونث) ابریشم ۔ ریشم ۔

برِیشی (ھ ۔ مونث) شادی کا انتظام یا دعوت ۔

بریک (انگ فعل) ۱ توڑنا ۲ (مذکر) انجنوں ۔ گاڑیوں موٹروں وغیرہ میں ایک آلہ جس سے چلتی ہوئی گاڑی کو فوراً روکا جاتا ہے ۳ بریکمان ۔ **بریک لگانا** (متعدی) **لگنا** ۔ (لازم) بریک سے گاڑی کا کھڑا ہو جانا ۔ **بریک دان** (مذکر) ریل کی وہ گاڑی جس میں بریک لگا ہوا ہوتا ہے ۔ اور اس میں گارڈ رہتا ہے ۔

بَرِیم (ع ۔ مذکر) ۱ سفید اور سُرخ دھاگے کا ہار جس میں جواہرات گوندھ کر عورتیں بازوؤں یا کمر میں باندھتی ہیں ۔

بَرِیں (ف ۔ حرف جر) ۱ بر اور ایں کا مخفف ۔ اس پر ۲ (صفت) اُونچا ۔ بلند ۔ ۳ اعلےٰ ۔ عالی مرتبہ ۔ شریف ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے فردوس بریں ۴ دائم ہمیشہ ۔ سدا ۵ خوشگوار ۶ (مذکر) کسی چیز کا بہترین حصّہ ۔ ایک آتش خانہ کا نام ۔

امثال و اقوال ۔ بریں
عقل و دانش بباید گریست ۔ ایسی عقل اور سمجھ پر رونا چاہیے ۔ کوئی بیوقوفی کی بات کرے تو کہتے ہیں ۔ **بریں مژدہ گر جاں فشانم رواست** ۔ اس خوشخبری پر اگر میں جان بھی فدا کروں تو روا ہے ۔ کوئی خوشخبری سُننے پر کہتے ہیں ۔

بُرَیّن (ھ ۔ مذکر) کسی قسم کا بیج ۔ بھڑ ۔ برّ کی جمع ۔

بَرِیّہ (ع ۔ مذکر) خلق ۔ خلق خدا ۔

برڑ (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک چوڑے پتوں کا درخت ۔ جس کو گولر کی قسم کا چھوٹا پھل لگتا ہے ۔ اور شاخوں سے جڑیں پھوٹ کر زمین تک جا کر تنے بن جاتے ہیں ۔ برگد ۔

مثل ۔ برڑ تلے کا بھوت ۔ اس شخص کی نسبت کہا جاتا ہے جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو ۔ عام طور پر مشہور ہے کہ بھوت درختوں پر رہتے ہیں ۔ اور جو برڑ پر رہتے ہیں بڑے سخت ہوتے ہیں ۔ اگر کسی کے سر پر سوار ہو جائیں تو بڑی مشکل سے جاتے ہیں ۔

بَڑ (ہ ۔ صفت) بڑا کا مخفف ۱ عام طور پر ترکیبوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ **بڑ باگڑ** (مونث) چمگادڑ کی بڑی قسم ۔ **بڑ بولا** (صفت) ۱ بہت بولنے والا ۔ بکّی ۔ بکواسی ۲ شیخی خورا ۔ شیخی باز ۔ ڈینگ مارنے والا ۔ **بڑ بھاگی** (ھ ۔ صفت) بہت خوش قسمت ۔ (مذکر) خوش قسمت آدمی ۔ **بڑ بھکوا** (ھ) بڑا بیوقوف ۔ احمق ۔ **بڑ بینبا** (مذکر) بڑی ناک والا کبوتر ۔ بڑی ناک والا آدمی ۔ **بڑپن ۔ بڑپنا** (مذکر) بزرگی ۔ بڑائی ۔ عزّت ۔ شان ۔ شوکت ۔ **بڑ پیٹا** (صفت) بڑے پیٹ والا ۔ بڑی توند والا ۲ پیٹو ۔ لالچی ۔ **بڑ پیٹو** (صفت) بہت کھانے والا ۔ بڑا لالچی ۔ **بڑ دنتا** (صفت) بڑے دانتوں والا ۔ **بڑ کا** (صفت) سب سے بڑا بھائی ۔ **بڑ کنّا** (صفت) ۱ بڑے کان والا ۲ (مذکر) بڑے کان والا آدمی ۔ **بڑ کنّی** (ھ ۔ صفت) بڑے کان والی ۔ (مونث) نواب آصف دولہ کی ہتھنی کا نام تھا ۔ **بڑ کونیا** (مذکر) منفرج الزّاویہ ۔ **بڑ مونہی** (مونث) مادہ سور ۔ **بڑ نکّا** (صفت) ۱ بڑی ناک والا ۲ (مذکر) بڑی ناک والا آدمی ۔ **بڑ ہونٹا** (صفت) ۱ بڑے ہونٹوں والا ۲ (مذکر) بڑے ہونٹوں والا آدمی ۔

امثال ۔ بڑ رووے بڑائی کو چھوٹ رووے پیٹ کو ۔ بڑا آدمی اور عزّت چاہتا ہے ۔ چھوٹا کھانے پینے کی چیز کا خواہشمند رہتا ہے ۔ **بڑھی جب کھیت کو کھائے تو رکھوالی کون کرے** ۔ یہ اُس موقعہ پر کہتے ہیں ۔ جب مالک خود اپنا نقصان کرے ۔

بَڑ (ہ ۔ مونث) بکواس ۔ جھک ۔ ہذیان ۔ مجنونانہ کلام ۔ **بڑ لگانا** (متعدی) ۔ مجذوبانہ باتیں کرنا ۔ بہت بکنا ۔ **بڑ لگنا** (لازم) جھک ہونا ۔ **بڑ مارنا ۔ بڑ ہانکنا** (متعدی) مجذوبانہ باتیں کرنا ۔ بہت باتیں کرنا ۔ لفاظی کرنا ۔ **بڑ میں آنا** (لازم) جوش میں آنا ۔

بُڑ (ھ ۔ مونث) شرمگاہ ۔ فرج ۔

بُرچود (صفت) ایک گال - بدمعاش - بدذات بدچلن
بڑزادہ - صفت) ۱ دہانہ کلاں - چوڑا
چکلا - وسیع کشادہ - فراخ ۲ بہت زیادہ کثیر - فراوان
۳ اونچا - بلند - عظیم الشان ۴ گرانڈیل طویل - لمبا جسیم
بھاری بھرکم ۵ بہادر - شہزور - طاقتور ۶ بھاری - جسیم
وزنی ۷ بلند حوصلہ - اولوالعزم - جلیل القدر ۸ عالی
خاندان - معزز - ذی عزت ۹ عالی خیال
فیاض - عالی حوصلہ ۱۰ بہتر عمدہ ۱۱ کسی بات
میں زیادہ - عمر - مرتبہ - جسامت - تند
وغیرہ میں ۱۲ افسر - سردار - اعلےٰ ۱۳ امیر - دولتمند -
مالدار ۱۴ بہت - کثرت سے - نہایت ۱۵ ضروری -
جلدی کا ۱۶ سنگین - سخت ۱۷ آباؤ اجداد - باپ
دادا - بزرگ - بڑی عمر کا ۱۸ مربی - سرپرست (اس
وڈا - بڈا) ۱۹ مونگ یا اُردو کی تلی ہوئی ٹکیا - بڑا
آدمی (مذکر) ۱ امیر - ذی عزت - دولتمند ۲ معمر -
زیادہ عمر کا آدمی ۳ سردار - حاکم - بڑا آزار (مذکر)
سل - دق - بڑا آیا (طنزاً) کون ہے - اس کا
کیا حق ہے - اس کا منصب نہیں - اس کی نعمت
نہیں - بڑا ابّا (مذکر) تایا - خسر - بڑا استاد (مذکر)
ہوشیار - چالاک - گرو - بڑا افسر (مذکر) حاکم
اعلےٰ - دائیں کا افسر - حاکم - سردار - بڑا اندھیر
ہے - سخت ظلم ہے - کوئی انصاف نہیں -
سخت بے امنی ہے - بڑا استنجا کرنا (متعدی)
آبدست لینا - پائخانہ پھرنے کے بعد پہلے ڈھیلوں
سے صاف کرنا پھر پانی سے دھونا - پائخانہ پھرنا
بڑا بانٹنے والا (ریاضی) عاد - بڑا بیچارا
تحقیر کی جگہ - بڑا بوڑھا (صفت) ۱ معمر بزرگ
باپ دادا ۲ سرپرست - مربی - بڑا بول (مذکر)
غرور کا کلمہ - تکبر کی ڈینگ - غرور - شیخی - خودستائی
بڑا بول آگے آنا (لازم) غرور کی سزا ملنا -
بڑا بول بولنا (متعدی) شیخی مارنا - غرور کا کلمہ
مُنہ سے نکالنا - بڑا بول پیش آنا (لازم) مغرور
کا ذلیل ہونا - بڑا بھاؤ (مذکر) ۱ ایک قسم کا اندازہ
یا تخمینہ ۲ بھاری سود پر قرض لینا - بڑا بے پیر
ہے - بہت بے مروت ہے - بڑا بیٹا (مذکر) وہ
بیٹا جو عمر میں سب بیٹوں سے بڑا ہو - بڑا
بیڈھب (صفت) ۱ نرالا - عجیب - ٹیڑھا ۲
سرکش - بیجوڑ - خود غرض - ہوشیار - چالاک -
بے قابو - بڑا پا - بزرگی - بڑائی - بڑا پھنسر ہے

۱ بہت سنگدل ہے - بہت ظالم ہے ۲ بہت
بھاری ہے - بڑا پلّا کیا - بہت سفر کیا بہت
دُور گئے - بڑا پیٹ ہے - بہت کھانے
والا - بہت روپیہ ہضم کرنے والا ہے - بڑا
تقدیر والا (صفت) خوش نصیب - بڑا تیر مارا
(طنزاً) بڑا کام کیا - بہت ہمت کی - بڑا
جانور (مذکر) ۱ سور ۲ گائے - بیل - بڑا جگر
یا جگرا (مذکر) بڑا حوصلہ - بڑی ہمت - بڑا جنگی
(صفت) ۱ بھاری - وزنی ۲ بہت بڑا (بڑا
چھٹا ہوا ہے - بہت شریر ہے - بڑا چِلّا
(مذکر) زچہ کا چالیسواں دن - بڑا چنڈال ہے
نہایت بدذات ہے - بڑا داتا (صفت) بڑا
سخی - بہت دینے والا - بہت فیاض - بڑا دل
ہے - بڑا دل گردہ ہے - بڑا حوصلہ ہے
بڑا دن (مذکر) ۱ دسمبر کی ۲۵ تاریخ اس تاریخ
سے دن بڑھنے شروع ہوتے ہیں ۲ اس تاریخ
کو حضرت عیسےٰ پیدا ہوئے تھے - اس لئے یہ
عیسائیوں کا سب سے بڑا تیوہار ہے ۳ ۲۳
جون یہ سال کا سب سے لمبا دن ہوتا ہے ۴
زمین کے نصف کرہ جنوبی میں ۲۳ دسمبر سب سے
بڑا دن ہوتا - اور سخت گرمیوں کا موسم ہوتا ہے
اس کے بعد دن گھٹنے شروع ہو جاتے ہیں - ۲۳
جون سب سے چھوٹا دن ہوتا - بڑے دن کا
تیوہار عین گرمیوں میں آتا ہے - بڑا دیدہ ہے
شوخ چشم ہے - نڈر ہے - بڑا ڈُوبی
ڈھیری ہے - کم ہمت - سست -
نالائق ہے - بڑا رستہ پکڑنا (متعدی) ۱
مرجانا ۲ دُور کا سفر کرنا - بڑا روگ (مذکر)
تپ دق - بڑا سمندر (مذکر) بحر - بڑا سورما
ہے - بڑا بہادر ہے - بڑا سُور ہے - بڑا شریر
ہے - بڑا بدذات ہے - بڑا سیانا ہے بہت
ہوشیار ہے - بڑا سیاہ گلیم ہے - بڑا
بدنصیب ہے - بڑا شخص (مذکر) ۱ عالی حوصلہ
اولوالعزم - عالی ہمت ۲ مالدار - امیر - دولتمند ۳
تجربہ کار - عالی دماغ - ذہین ہوشیار ۴ (طنزاً)
شریر - شرارتی - بڑا شریر (شہدہ یا
شیطان) ہے - بہت شرارتی ہے - لُچّا
ہے - بدمعاش ہے - بیہودہ ہے - بڑا صاحب
(مذکر) ۱ افسر اعلےٰ ۲ بڑا آدمی ۳ ریاست میں

ریذیڈنٹ ۴ ضلع میں ڈپٹی کمشنر - بڑا قاف
(مذکر) قرمساق - بھڑوا - بڑا کارخانہ (مذکر)
۱ بڑا انتظام ۲ بڑی دکان - بڑا کام ضروری
کام - زیادہ کام - بڑا کام کرنا - قابل تحسین
کام کرنا - اہم کام کرنا - بڑا کام کیا (طنزاً)
خاک کام کیا - حقیقت میں کچھ نہیں - بڑا
کر دینا یا کرنا ۱ بڑھانا - اونچا کر دینا لمبا کر دینا
کھینچنا ۲ پالنا پوسنا - پرورش کر کے جوان کرنا ۳
(چراغ) بجھانا ۴ (رات وغیرہ) تابید کرنا ۵ عزت
دینا - بڑا کفر توڑنا - ضدی آدمی کو قابو کرنا - بڑا
کام کرنا - بڑا کلیجہ - بہت حوصلہ - بڑی ہمت
بڑا کوا - پہاڑی کوا - بڑا کونہ - زاویہ منفرجہ -
بڑا کوئی ہے (طنزاً) بڑا شرارتی ہے - بڑا
چالاک ہے - بڑا کھانا - دھوم دھام کی دعوت
بڑا گھان مارنا - بہت بڑی کامیابی حاصل کرنا
بڑا گھر وسیع مکان - شریف خاندان - امیر گھرانا
جیل خانہ - قید خانہ ۲ پاخانہ ۳ پنجاب میں ایک تھانے
اور گاؤں کا نام ضلع شیخوپورہ میں - بڑا گھرانا
امیر خاندان - اعلےٰ خاندان - نامی خاندان - بڑا
لائے - خوب کہی - چہ خوش - بڑا لے لوٹ
ہے - بڑا نادہند ہے - بڑا مزا ہو - خوب لطف
ہو - بڑا تماشا ہو - بڑا مکھی چوس ہے - بیحد
بخیل ہے - بڑا کنجوس ہے - بڑا منہ چڑھا
ہے - بڑی عزت و توقیر ہے - بڑا منہ زور
ہونا (لازم) بہت بولنے والا ہونا - بڑا نام کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) مشہور ہونا - عزت حاصل
ہونا - بڑا انکیلا ہے - وضعدار ہے - بڑا
نہان (مذکر) زچہ کا چالیسویں دن کا غسل -
بڑا وقت - بہت موقع - بڑی مہلت - بڑا
ہی پاجی ہے - بہت شریر ہے - بہت
چالاک ہے - بڑا ہی سخت - بہت بدمزاج
ہے - بڑا ایذا رساں ہے - بہت بیرحم ہے - بہت
جفاکش ہے - بڑا ہی سخت جان ہے -
بہت ڈھیٹ ہے - اس پر کچھ اثر نہیں ہوتا -
بڑی مشکل سے اس کی جان نکلے گی یا مرے گا -
بڑائی (مونث) ۱ بڑاپن - جسامت - وسعت -
ضخامت - حجم ۲ بزرگی - عظمت ۳ طوالت - لمبائی -
اونچائی ۴ عزت - آبرو ۵ فضیلت - خوبی ۶ شیخی -
لاف زنی ۷ غرور - گھمنڈ - ناز - بڑائی چھٹائی

(مونث) قد۔ عمر یا رتبے کا فرق۔ **بڑائی دینا** (متعدی) عزت دینا۔ رتبہ دینا۔ **بڑائی کرنا** (متعدی) 1 تعریف کرنا۔ ثنا کرنا 2 خودستائی کرنا۔ شیخی مارنا۔ **بڑائی کی لینا** (متعدی) 1 شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا 2 غرور کرنا۔ **بڑائی مارنا** (متعدی) شیخی مارنا ڈینگ مارنا۔ **بڑکا** (ھ۔ صفت) 1 بڑا۔ بزرگ 2 (مذکر) بزرگ آدمی۔ بوڑھا آدمی۔ بڑا بھائی۔ بڑا بیٹا۔ **بڑول** (صفت۔ مذکر) بڑا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **بڑی** (صفت) 1 مونث بڑا کی 2 (مونث) بڑھیا 3 گھر میں سب سے معمر عورت۔ **بڑے** (صفت) 1 جمع بڑا کی 2 بجائے بڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **بڑی آبرو سے گزر گئی** گزشتہ عمر عزت سے بسر ہو گئی۔ **بڑے آدمی** (مذکر) دیکھو بڑا آدمی۔ **بڑی آئیں**۔ دیکھو بڑا آیا۔ **بڑے ابا** (مذکر) دیکھو بڑا ابا۔ **بڑی اسامی** (مونث) امیر۔ مالدار۔ **بڑی الائچی** (مونث) سرخ الائچی۔ **بڑے باپ کا بیٹا** (مذکر) 1 مشہور شخص کا بیٹا۔ قابل آدمی کا لڑکا 2 عالی خاندان آدمی 3 شریف زادہ۔ **بڑے باپ کی بیٹی** (مونث) 1 مشہور یا قابل آدمی کی لڑکی 2 شریف زادی امیر زادی 3 عالی خاندان عورت۔ **بڑی بات** (مونث) 1 دشوار کام۔ مہم عظیم 2 تعجب انگیز بات۔ عجیب بات 3 قابل ترجیح امر 4 بہتر بات۔ اچھی بات۔ **بڑی بات نہیں**۔ دشوار کام نہیں۔ معمولی بات ہے۔ **بڑے برتن کی کھرچن** (مونث) امیروں کا بچا ہوا کھانا۔ **بڑے بڑے** (صفت) 1 نامی۔ معزز 2 قابل۔ ہوشیار۔ عقلمند۔ 3 امیر۔ امرا 4 بہت بڑے۔ بہت۔ **بڑی بڑی باتیں کرنا** (متعدی) بہت کچھ کہنا۔ برا بھلا کہنا۔ **بڑی بڑی زبانیں ہونا** (لازم) بدزبانی کی عادت ہونا۔ زبان درازی کا عادی ہونا۔ **بڑی بڑائی ہوئی** بہت کوشش کی تو۔ بہت ہوا تو۔ زیادہ سے زیادہ ہوا تو۔ **بڑے بڑے سامان ہونا** (لازم) بہت انتظام ہونا۔ **بڑے بزرگ ہیں** خدارسیدہ یا کامل ہیں۔ **بڑی بوڑھی** (مونث) زیادہ عمر کی تجربہ کار عورت۔ **بڑے بوڑھے** (صفت) دیکھو بڑا بوڑھا۔ **بڑی بھاری غلطی** (مونث) بڑا قصور۔ بڑی بھول۔ **بڑی بہو** (مونث) 1 بڑے بیٹے کی بیوی 2 بیوقوف پھوہڑ عورت۔ **بڑی بی** (مونث) تعظیماً بوڑھی عورت کو کہتے ہیں۔ **بڑے سبے تکے ہو**۔ بہت واہیات بکتے ہو۔ **بڑے بیچارے کہیں کے نکلے** (طنزاً) جب کوئی نصیحت کے طور پر کوئی بات کہے تو کہتے ہیں۔ تم کون کہنے والے ہو۔ **بڑے بیڈھب ہو**۔ بڑے چالاک ہو۔ بڑے شرارتی ہو۔ **بڑے پاپڑ بیلے ہیں** 1 بڑی تکلیف برداشت کی ہے۔ بڑی محنت اور کوشش کی ہے 2 بہت قسم کے کام کئے ہیں۔ **بڑے پاک ہو** (ع) طنزاً بڑے بے شرم ہو۔ **بڑے پاؤں پھیلائے** بڑا جھگڑا کیا۔ **بڑی پونچھ کا آدمی** مغرور آدمی کو مذاقاً کہتے ہیں۔ **بڑے جانور کا گوشت** 1 سور کا گوشت 2 گائے کا گوشت۔ **بڑے چلتے پرزے ہیں**۔ بہت چالاک ہیں۔ **بڑی چیز** (مونث) 1 مشکل کام۔ امر عظیم 2 بڑا آدمی 3 با رفعت یا باعزت شخص 4 غیر معمولی چیز 5 قیمتی یا بیش قیمت شے 6 نایاب عجیب یا نادر شے 7 قابل تعریف چیز یا امر 8 قرآن شریف۔ **بڑی چیز اٹھانا**۔ پر ہاتھ رکھنا یا ہاتھ پر رکھنا (متعدی) قرآن شریف کی قسم کھانا۔ حلف اٹھانا۔ **بڑی حرمت سے گزر گئی** گزشتہ عمر عزت سے بسر ہوئی۔ **بڑے حضرت ہیں**۔ طنزاً بہت شریر ہیں۔ **بڑی خیریت گزری یا ہوئی**۔ بہت اچھا ہوا۔ بڑا بچاؤ ہوا۔ **بڑی خیریت ہے**۔ بہت غنیمت ہے۔ بڑی اچھی بات ہے۔ **بڑے دانت پیسے** 1 بڑے ناراض ہوتے۔ بہت غصے ہوئے 2 بہت لالچ کیا۔ **بڑے دتار ہیں**۔ طنزاً بڑے کنجوس ہیں۔ **بڑے دل کا** (صفت) 1 بڑے حوصلے والا 2 صاحب ہمت۔ اولوالعزم 3 دلیر۔ بہادر۔ **بڑی دور کی بات** (مونث) دور اندیشی کی بات۔ تہ کی بات۔ **بڑی دور کی سوجھنا** (متعدی) نہایت اچھا خیال آنا۔ دور اندیشی کی بات سوجھنا۔ **بڑی دور کی گنتیاں باندھنا** (متعدی) **بڑی دون کی لینا** (متعدی) شیخی مارنا۔ اترانا۔ ڈینگ مارنا۔ **بڑی دھاک بندھنا یا ہونا** (لازم) 1 بہت ڈر یا رعب ہونا 2 بڑی شہرت ہونا۔ بڑی عزت ہونا۔ **بڑے دھڑے کا آدمی ہے**۔ بہت رعب داب والا ہے۔ **بڑی دیر میں** (ق) مدت کے بعد۔ **بڑی ڈیوڑھی** (مونث) فیاض۔ امیر آدمی۔ **بڑی رات آنا** (لازم) رات کا بہت حصہ گزر جانا۔ **بڑے رستم ہیں** 1 بہت بہادر ہیں 2 طنزاً بزدل ہیں۔ **بڑی روٹی** (مونث) مجازاً قرآن شریف۔ **بڑی روٹی (اٹھانا) پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) قرآن شریف کی قسم کھانا۔ **بڑے زہد کا پیسہ** (مذکر) بڑی محنت سے کمایا ہوا روپیہ۔ **بڑی سرکار** (مونث) فیاض شریف آدمی۔ **بڑے شادی** (مونث) ختنے کی تقریب۔ **بڑے صاحب** (مذکر) 1 دیکھو بڑا صاحب 2 مالک خانہ 3 گھر کا بڑا بوڑھا یا معمر آدمی۔ **بڑی فجر** (مونث) صبح سویرے۔ **بڑے کام آنا** (لازم) مصیبت کے وقت امداد دینا۔ بہت مفید ثابت ہونا۔ **بڑی کھسر پسر لگا رکھی ہے**۔ بہت کانا پھوسی ہو رہی ہے۔ **بڑے کوس** (مذکر) لمبا فاصلہ۔ ناگوار سفر میں کوس بہت لمبا معلوم ہوتا ہے۔ **بڑی گوٹی** (مونث) ایک بیماری جس میں بدن پر دانے نکل آتے ہیں۔ **بڑے گھر** (مذکر) جیل خانہ۔ **بڑے گھر جانا** (لازم) 1 جیل خانے جانا۔ قید ہو جانا 2 مر جانا۔ **بڑے لوگ** (مذکر) بڑے آدمی۔ خاندان کے بڑے بزرگ۔ **بڑی مائیں** (مونث) ایک دوا۔ **بڑے مرشد** (صفت) بہت شریر یا چالاک۔ **بڑے مزے سے گزرنا** (لازم) بڑے آرام چین سے زندگی بسر کرنا۔ **بڑے منہ** (مذکر) امیر۔ رئیس۔ **بڑے میاں** (مذکر) 1 مالک خانہ 2 بوڑھا آدمی 3 گھر کا سب سے بڑا مرد۔ **بڑی ناک والا** (صفت) 1 بہت عزت والا۔ بہت غیرت والا۔ بہت ہیبت والا۔ **بڑے نہان کا دن** (مذکر) دیکھو بڑا چلا۔

امثال و اقوال۔ بڑا آدمی

دال کھائے تو سادہ حال۔ غریب کھائے تو کنگال۔ دیکھو بڑے آدمی۔ **بڑا بول آگے آکر (آگے) رہتا ہے**۔ غرور کے کلمے کا نتیجہ خراب ہوتا ہے اور سامنے آجاتا ہے۔ **بڑا بول قاضی کا پیادہ (ایک نہ ایک دن سامنے آئے گا)**۔ غرور کا نتیجہ بہت جلد ملے گا۔ **بڑا بول نہ بولئے کرتار (ں)**

ڈریئے۔ غرور کا کلمہ زبان سے نہ نکالنا چاہئے خدا سے ڈرنا چاہئے بڑا بول نہ بولئے بڑا لقمہ نہ کھائیے۔ غرور کرنا اور بڑا لقمہ کھانا دونوں بُرے ہیں بڑا بُول نہ بولئے بڑا نوالہ کھائیے۔ غرور اچھا نہیں بڑا نوالہ کھانا اس سے اچھا ہے بڑا بول ہو کر رہتا ہے۔ تکبر اچھا نہیں ۲ جو مشہور ہوتا ہے۔ وہ اکثر ہو جاتا ہے۔ بڑا جانے کیا۔ چھوٹا جانے ہیا۔ بڑا کام کی طرف خیال کرتا ہے۔ بچہ محبت کی طرف۔ بڑا ساسُول نہ دینے کا ہے نہ لینے کا۔ جو شخص بہت حکومت جتائے اور کوڑی نہ دے اس کے متعلق کہتے ہیں بڑا کیا دل گردہ پیسہ کیا خرد ہ۔ مذاقاً بہت کنجوس کے متعلق کہتے ہیں کہ بڑا حوصلہ کیا ایک پیسہ خرچ کردیا۔ بڑا نوالہ حلق کا دربان۔ غرور کا نتیجہ بہت جلد ملے گا۔ بڑا نوالہ کھائیے۔ بڑا بول نہ بولئے۔ غرور اچھا نہیں۔ اس سے بڑا نوالہ کھانا بہتر ہے۔ بڑوں کا بڑا ہی بھاگ۔ امیروں کے پاس روپیہ بہت آتا ہے پڑتی پر پڑتی ہے۔ بڑوں کا بڑا ہی سُنہ۔ بڑوں کی ضرورتیں بھی بڑی ہوتی ہیں بڑوں کی بات بڑے پہچانیں۔ بڑوں کی باتوں کو بڑے ہی سمجھتے ہیں بڑوں کی بڑی بات بڑے آدمیوں کے خیالات بڑے اعلےٰ ہوتے ہیں ایک جاٹ ایک بڑے افسر سے ملنے گیا۔ وہاں ایک جگہ برومیٹر (آلہ مقیاس الہوا) لگا ہوا تھا۔ صاحب بہادر سے پوچھا کہ یہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ گرمی سردی معلوم کرنے کا آلہ ہے۔ کہنے لگا۔ کہ بڑوں کی بڑی باتیں ہمارے تو نوطے لٹک جائیں تو ہمیں معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ گرمی کا موسم ہے۔ بڑوں کے بڑے ہی کام۔ بڑے لوگ بڑے بڑے کام کرتے ہیں۔ بڑے لوگ بڑے خرچ کرتے ہیں بڑے آدمی نے دال کھائی سادہ مزاج ہے۔ غریب نے دال کھائی تو کہا کنگال ہے۔ بڑا آدمی جو کام کرے۔ خوشامدی اس کی تعریف کرتے ہیں ایک ہی بات میں کسی کی عزت اور کسی کی ذلت ہوتی ہے۔ بڑے ان پورنا بنے ہیں (ھ) اپنے آپ کو بڑا فیاض سمجھتے ہیں۔ بڑے برتن کا کھرچن بھی بہت ہے۔ بگڑے ہوئے رئیس سے کچھ نہ کچھ فائدہ ہو ہی رہتا ہے بڑے بڑے بہے جائیں (گدھا پوچھے کتنا پانی گدڑیا نہائے یا گدڑ رئیے سے پوچھیں کتنا پانی۔ بڑے بڑے واہ گئے بنائی کہے کتنا پانی۔ بڑے بڑے تو عقلمند عاجز ہیں معمولی عقل کے دخل دیتے ہیں بڑے بول سرنیچا۔ مغرور آدمی منہ کی کھاتا ہے۔ متکبر ذلیل ہوتا ہے۔ بڑے بھکاؤ. بھکدر کو چلے سیس لوائے۔ تھوڑے بھکاؤ بچھو کو۔ چلت دم الگائے۔ جو حقیقت میں بڑے ہوتے ہیں وہ سرنیچا کرکے چلتے یعنی غرور نہیں کرتے۔ مگر کمینے ذرا سی بات میں ابھر جاتے ہیں۔ جس طرح سانپ جس میں زیادہ زہر ہے سر جھکا کر چلتا ہے اور بچھو دُم اونچی کرکے بڑی بھابھی ماں کی جگہ۔ اگر ساس مرگئی ہو۔ تو بڑے بھائی کی بیوی ماں کی جگہ ہوتی ہے بڑی بہو بڑا بھاگ (ھ) بیوی عمر کی بڑی ہو۔ تو قسمت اچھی ہوتی ہے۔ جب دولہن دولہا سے بڑی ہو تو دولہا کے والدین کی تسلی کے لئے کہتے ہیں۔ بڑی بہو کو بلاؤ جو کھیر میں نمک ڈالے۔ جب کسی ہوشیار آدمی سے کوئی کام بگڑ جائے تو کہتے ہیں۔ بڑی بہو نے نکالے کرے وہی اترے پارم پار۔ جو طریقہ بزرگوں نے جاری کردیا۔ وہ چھوٹوں کا دستور العمل ہوگیا۔ بڑی بھینس پر بالائی۔ بڑی بھینس کے دودھ پر جس طرح بالائی بہت ہوتی ہے۔ ویسے ہی امیر آدمی سے فائدے کی بہت اُمید ہوتی ہے۔ بڑے تو تھے ہی چھوٹے سبحان اللہ دیکھو بڑے میاں الخ بڑی ٹیڑھی کھیر ہے بڑا مشکل کام ہے۔ کسی نے ایک اندھے سے کہا کھیر کھاؤگے۔ اس نے پوچھا کھیر کیسی ہوتی ہے اس نے کہا سفید اندھے نے پوچھا سفید کیا ہوتا ہے۔ اس نے جواب دیا بگلے کے رنگ کا۔ پھر اندھے نے پوچھا کہ بگلا کیا ہوتا ہے۔ اُس نے ہاتھ ٹیڑھا کرکے دکھایا تو اندھے نے ٹٹول کر کہا کہ یہ بہت ٹیڑھی کھیر ہے بڑے چور کا حِصّہ نہیں۔ زبردست جو چاہتے ہے لے اس کا کوئی مقرر حصہ نہیں ہوتا بڑی دیر میں اونٹ پہاڑ تلے آیا۔ مدت کے بعد سرکش قابو میں آیا۔ بڑی ڈیوڑھی بڑی سرکار بڑے دولت مند اور فیاض کا آستانہ بڑے شہر کا بڑا چاند۔ بڑے بڑے شہروں میں بدمعاش بھی بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ بڑی مجبر چولھے پر نظر۔ صبح سے ہی کھانے کا خیال۔ پیٹو کی نسبت کہتے ہیں۔ بڑے کڑاہی میں تلے جاتے ہیں۔ معززین کو بہت تکلیف ہوتی ہے بڑوں پر سخت مصیبتیں آتی ہیں بڑے بمعنی اُرد کی ٹکیاں ہے۔ اس لحاظ سے یہ مثل بنی ہے۔ بڑی کمائی پر نون بکوا۔ باوجود بہت آمدنی کے نمک بیچتے ہیں کنجوسی پر طنز ہے۔ بڑے کی بڑائی نہ چھوٹے کی چھٹائی۔ بڑا بدتمیز اور گستاخ ہے۔ بڑے کے کے کا اور آنولوں کے کھانے کا پیچھے سواد آتا ہے۔ بڑوں کی نصیحت گو کڑوی معلوم ہوتی ہے نتیجے پر اس کی قدر معلوم ہوتی ہے۔ بڑے گھر پڑے پتھر ڈھوڈھو مرئیے! بڑے گھر میں شادی ہو تو دُلہن کو بہت کام کرنا پڑتا ہے یا جیل خانے میں پتھر ڈھونے پڑتے ہیں۔ دونوں کا یہ مطلب ہے کہ ناموزوں کام نہیں کرنا چاہئے۔ بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو کھاتی ہے۔ زبردست زیردست کو تنگ کرتا ہے۔ بڑے آدمی چھوٹوں کا مال کھا جاتے ہیں۔ بڑے میاں سو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ۔ بڑے تو کہیں رہے چھوٹے بھی شرارتی ہیں۔ سارا کنبہ ہی ایک جیسا ہے۔ ایک سے ایک بڑھ کر ہے۔ بڑی نند بجلی پسند۔ بڑی نند شیطان کی چھڑی جب دیکھو تیز سی کھڑی۔ دُلہنوں کی عام طور پر نندوں سے نہیں بنتی۔ بڑے نہ بوڑن دیت ہیں جا کی پکڑیں بانہہ۔ جیسے لوہا ناؤ میں ترت پھرے جل مانہہ۔ (ھ) جس طرح کشتی میں لکڑی کے ساتھ لوہا تر جاتا ہے۔ اسی طرح بڑے آدمی جس کی مدد کریں وہ کامیاب ہو جاتا ہے۔

بڑا جانا (اردو۔ لازم) گھبرا جانا کسی آفت یا مصیبت سے گھبرا اُٹھنا۔ حواس باختہ ہوجانا۔ بولاجانا۔

بَڑاڑ (ھ۔ مذکر) بیلوں کا ریوڑ جن پر اناج وغیرہ لدا ہو۔

بڑانا (ف۔ متعدی) گھسیڑنا، ڈالنا، اندر کرنا۔

بڑانا (ف۔ لازم) ۱ برانا۔ سوتے میں باتیں کرنا ۲ ہذیان بکنا۔ غل مچانا۔ بڑ مارنا (س ح ۲ ودم)

بڑانا (ف۔ لازم) دیکھو بڑا جانا۔

بُڑانا (ف۔ متعدی) ڈبونا۔ غرق کرنا۔

بڑبانل (ف۔ مذکر) سمندر کی تہ کی آگ۔

بڑبڑ (ف۔ مونث) بک بک جھک جھک لاف وگزاف کی گفتگو (س ورور)

بُڑبُڑا (ف۔ مذکر) بلبلا۔

بڑبڑانا (ف۔ لازم) ۱ چپکے چپکے باتیں کرنا۔ منہ میں بولنا۔ زیرلب کچھ کہنا۔ آہستہ خود بخود باتیں کرنا ۲ منہ میں کسی کو برا کہنا۔ بکنا ۳ چپکے چپکے کچھ پڑھنا۔ بڑبڑاہٹ۔ بُڑبُڑاہٹ

بڑبڑائی۔ بُڑبُڑائی (مونث) بکواس۔ بک بک۔ آہستہ آہستہ منہ میں باتیں کرنا نیز۔ بڑبڑیا (صفت) بکّی۔ بیہودہ گو۔ بڑبڑ کرنے والا۔

بڑبڑ بڑی (اردو۔ مونث) بزرگوں کا فاتحہ جو عورتیں ہر تقریب شادی پر کرتی ہیں۔

بُڑبک (ف۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔ نادان۔

امثال واقوال۔ بڑبک

ایک گئے بڑ گاؤں۔ ڈیرا پائیں اونچے ٹھاؤں
بہے بیاڑ (آندھی چلی) **آڑ نہیں پاویں پھٹے گانڑ ملار گانویں**۔ بیوقوف بیوقوفی سے تکلیف پاوے تو زہرخند ہوتا ہے۔ **بڑبک بر کے سانجھے بچھونا**۔ بیوقوف دولھا شام کو ہی سو جاتا ہے۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جسے دنیاداری کی باتوں کا پتہ نہ ہو۔ **بڑبک داس گئے ہروائی** (ہل چلانے) **دوئی بیل میں ایکو ناہیں**۔ بیوقوف آدمی کوئی کام بھی کرے تو اس میں نقصان اٹھاتا ہے۔ **بڑبک دھنتی کا رہکا باس۔ کوٹھی میں چوہر گھر میں اپاس**۔ بیوقوف کو دولت سے بھی خوشی حاصل نہیں ہوتی۔ کیونکہ اسے خرچ کرنا نہیں آتا۔ گھر میں چاول ہوں تو گھر والے بھوکے رہتے ہیں۔ **بڑبک دیہی کی کلنھی کے آچھت**۔ بیوقوف دیوی پر چاول کی بجائے السی چڑھاتی جاتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بیوقوف کو کچھ نہیں ملتا۔ **بڑبک کے دھان نہیہ مار کھائے**۔ بیوقوف کی دولت عقلمند کھا جاتے ہیں۔ **بڑبک کی جورو سب کی بھوجائی**۔ بیوقوف کی عورت سے سب چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں۔ **بڑبک گنیلی مچھلی مارے۔ تاب اپنے گنوائے**۔ بیوقوف مچھلی پکڑنے گیا اور مچھلی پکڑنے کی لکڑی بھی گنوا آیا۔

بُڑبُھس (ف۔ مونث) ۱ بڑھاپے میں جوانی کی باتیں۔ بوالہوسی ۲ بڑھاپے کی وجہ سے عقل جاتی رہنا (بڑ بوڑھا کا مخفف)
بڑبھس لگنا (لازم) دیکھو آخری ۲۔ **بڑبھسیا** (صف) وہ جو بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرے۔

بُڑپن۔ بُڑپنا (ف۔ مذکر) بڑھاپا

بُڑرا (ف۔ مذکر) گیہوں اور چنے کا ملا ہوا اناج۔

بُڑرڑ (ف۔ مذکر) بوریا باف۔ ٹوکریاں بنانے والا۔ بہت سے چیزیں بنانے کا کام کرنے والا۔

بُڑک (ف۔ مونث) پانی میں گرنے یا ڈوبنے کی آواز۔ **بڑک بڑک** (مونث) کسی تنگ منہ کے برتن سے پانی کے نکلنے کی آواز۔

بُڑکا۔ بُڑکا (ف۔ مذکر) پکڑ جکڑ گرفت۔ **بڑکا مارنا** (متعدی) برکی مارنا۔ کاٹنا۔ پکڑنا۔

بڑکویاں (ف۔ مذکر) بڑا کنواں جس میں پکی چنائی نہ ہو۔

بُڑکی (ف۔ مونث) غوطہ۔ ڈبکی۔ **بڑکی مارنا** (متعدی) غوطہ مارنا۔ ڈبکی مارنا۔

بڑگت (ف۔ مذکر) بڑ۔ برگد۔

بُڑم (ف۔ مونث) ۱ کسی چیز کے ڈوبنے کی آواز ۲ پانی کی گہرائی دریافت کرنے کا آلہ۔

بڑنا (ف۔ لازم) ۱ دیکھو بڑھنا ۲ داخل ہونا۔ گھسنا۔ اندر جانا۔

بُڑنا (ف۔ لازم) بوڑنا۔

بڑنگا (ف۔ مذکر) کڑی۔ شہتیر۔

بڑوا (ف۔ صفت۔ مذکر) ۱ بڑا۔ **بڑکا** ۲ (مونث) گھوڑی (عص) اشونی جو دوست کی بیوی اور اشون دیوتاؤں کی ماں تھی ۳ (علا) ایک ستاروں کی شکل کا نام۔ **بڑوا گنی** (عص) سمندر کی آگ جس کے متعلق خیال ہے کہ قطب جنوبی میں ہے۔ اور پانی سے نہیں بجھتی۔

بڑوانل (عص) ۱ بڑوا گنی ۲ ایک چیز جو آگ کی بنی ہوتی ہے۔ اور گھوڑے کی طرح کا منہ ہے۔ اور جو اروا کی ران میں سے پیدا ہو کر سمندر میں چلی گئی تھی۔ **بڑوا مکھ** (عص) ۱ گھوڑے کا منہ ۲ نرک کا دروازہ جو قطب جنوبی میں ہے ۳ بڑوا گنی

بڑولی (ف۔ مونث) دیکھو بڑھنی۔

بڑونکھا (ف۔ مذکر) ایک قسم کا بڑا گنا۔ جس کی پوریں لمبی ہوتی ہیں۔

بڑھ (ف۔ صفت) بڑا۔ **بڑھ مول** (صفت) بڑا قیمتی۔ بیش قیمت۔

بڑھ (ف۔ امر) بڑھنا کا (س وردھ۔ بڑھنا) **بڑھا** (امر) بڑھانا کا ۲ (ماضی) بڑھنا کی۔ **بڑھ آنا** (لازم) آگے ہونا۔ **بڑھا چڑھا** (صفت) ناتی بالاتر۔ بڑھا ہوا۔ **بڑھا دینا** (متعدی) دیکھو بڑھانا **بڑھا لانا** (متعدی) ۱ آگے لانا ۲ فوج کو آگے لانا ۳ (شطرنج میں) کسی مہرے کو بہت آگے لے جانا۔ جہاں اس کی امداد کے لئے دوسرا مہرا نہ پہنچ سکے۔
بڑھانا (متعدی) ۱ آگے کرنا۔ آگے لے جانا ۲ زیادہ کرنا۔ بہت کرنا ۳ دراز کرنا۔ لمبا کرنا ۴ ترقی دینا۔ اضافہ کرنا ۵ امیر کرنا۔ دولتمند کرنا ۶ شامل کرنا۔ ملانا۔ جوڑنا ۷ پھیلانا۔ وسیع کرنا ۸ اٹھانا ۹ کھینچنا ۱۰ تعریف کرنا۔ مدح کرنا ۱۱ بنانا۔ تعریف میں مبالغہ کرنا ۱۲ سرکانا۔ آگے کرنا۔ پیش کرنا ۱۳ دیر لگانا ملتوی کرنا ۱۴ (دودھ) چھڑانا۔ عورتوں کا بچوں کو دودھ پلانا بند کرنا ۱۵ (دسترخوان) اٹھانا۔ ہٹانا ۱۶ (شمع وغیرہ) بجھانا۔ گل کرنا ۱۷ (زیور کپڑے وغیرہ) اتارنا۔ الگ کرنا ۱۸ (دوکان) بند کرنا ۱۹ (پتنگ) اڑانا۔ بلند کرنا ۲۰ (بال) لمبے کرنا۔ پالنا۔ رکھنا ۲۱ (دل وغیرہ) ہمت زیادہ کرنا۔ حوصلہ دینا۔ جرات دلانا ۲۲ (ہاتھ) مانگنا۔ ملانے کے لئے ہاتھ آگے کرنا ۲۳ (بات) دیکھو بات کے تحت میں۔ **بڑھاوا** (مذکر) ۱ حوصلہ جرات ۲ لالچ طمع ۳ ترغیب ۴ دم۔ فریب۔ جھانسا۔ دھوکا ۵ خوشا

مبالغہ۔ **بڑھاوا (چڑھاوا) دینا** (متعدی) [1] ترغیب دینا۔ لالچ دینا [2] ہمت بڑھانا۔ تعریف کر کے کسی کام پر آمادہ کرنا۔ شاباش دے کر لڑانا [3] سبز باغ دکھانا۔ **بڑھاون** (ھ۔ مذکر) [1] دیکھو بڑھاؤ [2] اُپلے جو اناج کے ڈھیر پر اس لئے رکھے جاتے ہیں کہ نظر نہ لگے۔ **بڑھاوے میں آنا** (لازم) [1] فریب میں آنا۔ لالچ میں پھنسنا [2] خوشامد سے خوش ہو کر کوئی کام کر دینا [3] مغرور ہو جانا۔ **بڑھاؤ** (ھ۔ مذکر) [1] بیشی۔ زیادتی۔ افزونی۔ اضافہ [2] ترقی۔ عروج [3] درازی۔ لمبائی۔ پھیلاؤ [4] چڑھاؤ۔ طوفان [5] خوشامد مبالغہ [6] بقایا۔ بچت۔ **بڑھاؤ گن** (مذکر) [1] تمدد۔ دھاتوں کی وہ خاصیت جس کی وجہ سے ان کے تار کھینچے جا سکتے ہیں۔ ملائمت۔ نرمائی۔ **بڑھائی** (ھ۔ مونث) دیکھو بڑھاؤ۔ **بڑھ بڑھ کے باتیں بنانا** (متعدی) چرب زبانی کرنا۔ بہت باتیں کرنا۔ **بڑھ بڑھ کے بولنا** (لازم) **کہنا** (متعدی) شیخی مارنا۔ فخر کرنا۔ بساط سے بڑھ کر باتیں کرنا۔ لاف و گزاف کرنا۔ **بڑھنا** (ھ۔ صفت) [1] آگے ہوتا ہوا۔ زیادہ ہوتا ہوا [2] آگے جاتا ہوا [3] پھیلتا ہوا [4] چڑھتا ہوا [5] ترقی پاتا ہوا [6] تیز ہوتا ہوا [7] مزید۔ زیادہ۔ فالتو۔ سوا۔ زاید [8] (مذکر) زیادتی۔ بیشی۔ افزونی۔ اضافہ۔ **بڑھتی** (صفت) [1] دیکھو بڑھنا [2] (مونث) زیادتی بیشی۔ افزونی۔ اضافہ۔ بڑھوتری [3] ترقی۔ عروج [4] برکت [5] خوشحالی۔ اقبالمندی۔ بہبودی [6] بقایا۔ بچت۔ **بڑھتی دولت** (مونث) وہ دولت جو آئے دن بڑھتی جائے۔ ترقی کرنے والا روپیہ۔ روز افزوں دولت۔ **بڑھتی کا پہرہ** (مذکر) بہبودی کے دن۔ ترقی کا زمانہ۔ **بڑھتی منانا**۔ ترقی چاہنا۔ ترقی کی دعا مانگنا۔ **بڑھ جانا** (لازم) [1] آگے چلا جانا۔ آگے ہونا [2] آگے نکل جانا۔ سبقت لے جانا [3] ترقی کرنا [4] امیر ہو جانا [5] (حد سے) متجاوز ہو جانا۔ تیزی کرنا۔ نکل جانا (گفتگو طوالت) ہو جانا۔ جھگڑا ہو جانا (چراغ) بجھ جانا۔ گل ہو جانا۔ (دل۔ حوصلہ وغیرہ) ہمت ہونا۔ دلیری ہونا (دکان) اُٹھ جانا (قد۔ بدن وغیرہ) لمبا ہو جانا۔ جسیم ہو جانا۔ **بڑھ چڑھ کے**۔ بہتر۔ برتر۔ فائق۔ زیادہ۔ **بڑھ چلنا**۔ **بڑھ کے چلنا** (لازم) [1] تیز چلنا۔ آگے ہو جانا [2] پیشقدمی کرنا۔ آگے بڑھنا [3] حد سے تجاوز کرنا۔ بے تکلفی کرنا [4] ترقی کرنا [5] گستاخ ہونا۔ گستاخی کرنا [6] غرور کرنا۔ فخر کرنا [7] اپنی طاقت سے بڑھ کر کوئی کام کرنا۔ **بڑھ کا** (صفت) زیادہ قیمتی۔ عمدہ تر۔ **بڑھ کر۔ بڑھ کے** (تف) زیادہ۔ زیادہ تر۔ **بڑھ کے بولنا** (متعدی) [1] شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا [2] گستاخی کرنا۔ بے ادبی سے بولنا [3] حد سے متجاوز ہو کر بولنا۔ **بڑھ کے بات کرنا** (متعدی) غرور کی بات کرنا۔ شیخی مارنا۔ **بڑھ کے بولیاں بولنا یا بولی دینا** (متعدی) نیلام میں دوسروں سے زیادہ قیمت لگانا۔ **بڑھ کے بولیاں بولنا یا مارنا** (متعدی) بہت طعنے دینا۔ بہت آوازے کسنا۔ **بڑھ کے لینا** (متعدی) پیشوائی کرنا۔ پیشوائی کے لئے آگے جانا۔ **بڑھنا** (لازم) [1] قد و قامت میں زیادہ ہونا۔ لمبا ہونا۔ موٹا ہونا۔ چاروں طرف سے زیادہ ہونا [2] بلند ہونا۔ اونچا ہونا [3] اُگنا۔ پھیلنا۔ نمو ہونا [4] زیادہ ہونا۔ پھیل جانا [5] آگے نکل جانا۔ سبقت لے جانا [6] آگے ہو جانا [7] بچنا۔ بچت ہونا۔ فاضل ہونا [8] نفع ہونا۔ فائدہ ہونا [9] امیر ہونا۔ خوشحال ہونا۔ دولتمند ہونا [10] عزت حاصل کرنا۔ قسمت بڑھنا۔ قدر و منزلت زیادہ ہونا [11] (رواج) عام ہو جانا۔ لوگوں کا اختیار کر لینا [12] (زیور) اترنا۔ منت پوری ہونے پر زیور اترنا [13] (قیمت) مہنگا ہو جانا۔ قیمت زیادہ ہو جانا [14] (دکان) بند ہونا [15] (شمع وغیرہ) بجھ جانا۔ گل ہونا [16] (دریا کا پانی) طغیانی آنا۔ چڑھنا [17] (دل ہمت وغیرہ) حوصلہ ہونا۔ جرأت بڑھنا [18] پھولنا پھلنا۔ سرسبز ہونا [19] (پتنگ وغیرہ) ہوا میں اُڑنا [20] (دودھ) بچے کا دودھ چھوٹنا [21] (دسترخوان) اُٹھایا جانا۔ ہٹنا [22] (حد سے) تجاوز کر جانا۔ گستاخی کرنا۔ بے ادبی کرنا۔ **بڑھنت۔ بڑھنتی۔ بڑھنی** (ھ۔ مونث) [1] دیکھو بڑھتی [2] تجارت۔ کاشتکاری یا صنعت کے لئے پیشگی روپیہ [3] جھاڑو۔ **بڑھنے نہ دینا** (متعدی) [1] آگے نہ جانے دینا [2] قد میں زیادہ نہ ہونے دینا۔ **بڑھے رہو بیٹا**۔ شاباش۔ مرحبا۔

مثل۔ **بڑھا (بڑھیں) تو امیر۔ گھٹا (گھٹیں) تو فقیر۔ مرا (مریں) تو پیر**۔ ہندوؤں کا مسلمانوں کے متعلق خیال ہے کہ یہ دولتمند ہو جائیں تو امیر۔ غریب ہو جائیں تو فقیر اور مر جائیں تو پیر کہلاتے ہیں۔ غرضکہ ہر حالت میں اچھے نام سے پکارے جاتے ہیں۔

بُڑھا (ھ۔ صفت) بوڑھا۔

بُڑھاپا (ہ۔ مذکر) **بڑھاپن۔ بڑھاپنا** (ھ۔ مذکر) پیری۔ کہن سالی۔ عمر زیادہ ہونے کا زمانہ۔ (س ورِدھ۔ بڑھنا) **بڑھاپا اُگلنا** (متعدی) بڑھاپے کے طعنے دینا۔ **بڑھاپا اُگلوانا** (م) بڑھاپے کے طعنے دلوانا۔ **بڑھاپے میں عقل ماری گئی ہے** بوڑھی عمر میں بیوقوف ہو گیا ہے۔ زیادہ عمر کی وجہ سے عقل نہیں رہی۔ **بڑھاپے میں مٹی خراب** پچھلی عمر میں بہت تکلیف ہوتی ہے۔

بُڑھرا (ہ۔ مذکر) ایک خوشبودار گھاس۔

بَڑھکا (ھ۔ مذکر) دیکھو بڑکا۔

بَڑھَل (ہ۔ مذکر) [1] ایک پھل دار درخت جس کے پتے چوڑے ہوتے ہیں [2] اس کا پھل۔

بَڑھَن (ھ۔ مونث) بڑھئی کی بیوی۔

بُڑھو (ہ۔ مذکر) تحقیر سے بوڑھا۔

بُڑھوا (ہ۔ صفت) بوڑھا۔ زیادہ عمر کا (س ورِدھ۔ بڑھا)۔ **بڑھوا منگل** (مذکر) ایک میلے کا نام جو بنارس میں منگل کو ہوتا ہے۔

بَڑھوتر۔ بڑھوتری (ہ۔ مونث) ترقی۔ زیادتی۔ سود۔ منافع۔ دیکھو بڑھاؤ (س ورِدھ۔ بڑھنا)

بُڑھوتی (ھ۔ مونث) بڑھاپا۔

بَڑھَیَن (ھ۔ مونث) بڑھئی کی بیوی۔

بَڑھَئی (ہ۔ مذکر) [1] ترکھان۔ نجار [2] ایک چھوٹا پرند (س ورِدھک)

بَڑھی (ہ۔ مونث) دیکھو بڑھوتری۔

بُڑھی (ھ۔ مونث) بوڑھی عورت۔

بَڑھیا (ہ۔ صفت) [1] قیمتی۔ بیش قیمت۔ نہایت اعلیٰ [2] زرخیز [3] ایک قسم کا پتھر [4] راجپوتوں کی ایک ذات [5] دال کی ایک قسم [6] اناج کے وزن کرنے کا ایک ماپ [7] ایک بیماری جو تلی۔ گنے وغیرہ کو ہو جاتی ہے (س ورِدھ۔ بڑھنا)

بُڑھیا (ہ۔ مونث) بوڑھی عورت۔ زال۔ آک کے درخت کی روئی جو قدرت نے بیج کو اُڑا کر دور پہنچانے کے لئے بنائی ہے اس درخ

بڑھنا) بڑھیا آفت کی پڑیا۔ فتنہ انگیز عورت کٹنی۔ بڑھیا کا کاتا۔ ایک قسم کی لچھے دار مٹھائی۔

امثال - بڑھیا دیوانی ہوئی پرائے برتن اٹھانے لگی یہ مطلب کی دیوانی ہے۔ دیوانگی میں بھی اپنا فایدہ سوجھتا ہے۔ بڑھیا کو پینٹھ بنا کب سرے - باوجود بوڑھی ہونے کے سیر تماشے کا شوق نہیں گیا۔ بڑھیا مری تو مری آگرہ تو دیکھا - نقصان ہوا تو ہوا دل کا ارمان تو پورا ہوگیا۔ بڑھیا مری تو مری فرشتوں نے گھر دیکھ لیا - ایک بار کا نقصان بہت سے نقصانوں کی تمہید ہے - اس نقصان کے بعد بڑے نقصان کے خطرے ہیں -

بَڑھیال (ھ - مذکر) بڑھاؤ (صفت) بڑھیا -

بَڑھیل (ھ - صفت) بڑھیا،

بَڑھیلا (ھ - مذکر) جنگلی سور - بنیلا -

بَڑھئی (ھ - مونث) بڑائی - (مذکر) بڑھئی -

بَڑی (ھ - مونث) مسالے دار پیٹھی کا ٹکڑا - یہ سالن بنانے کے کام آتا ہے -

بَڑبرا (ھ - مذکر) ۱ کھیت کی مینڈ (کہاروں کی اصطلاح) ۲ (ھ) بڑا بوڑھا ۔ معزز بوڑھا آدمی - سنجیدہ آدمی (بڑا سے)

بَڑبر (ھ - مذکر) شہتیر - کڑی -

بَزّ (ع - مذکر) ۱ زبردستی لے جانا ۲ نفیس سوتی کپڑا ۳ کپڑا ۴ ہتھیار ۵ گھر کا مال واسباب -

بُز (ف - مونث ومذکر) بکرا - بکری -

بزِ اخفش (مذکر) ۱ اخفش کا بکرا - اخفش ایک مشہور عرب نحوی تھا - اس نے ایک بکرا پالا - اسے اپنا سبق سنایا کرتا اور جب تک وہ سر نہ ہلاتا اخفش اسے سناتا رہتا - کہتے ہیں کہ جب یہ بکرا مر گیا اور اس کے سر کو چیرا گیا تو اس میں بھیجہ نہیں تھا ۲ (صفت) مجازاً نافہم - ناسمجھ ۳ ہاں میں ہاں ملانے والا - **بُزدل** - بزدلا (صفت) ڈرپوک - نامرد - کم ہمت - **بزدلی** (مونث) نامردی - کم ہمتی - (دکھانا کرنا ہونا کے ساتھ) **بُزغالہ** (مذکر) ۱ بکری کا بچہ - لیلا ۲ پہاڑی بکرا -

بُزّاره - مذکر) ایک قسم کا سیاہ وسفید بگلا (ف - بزک)

بزار (ف - مذکر) بازار کا مخفف -

بَزّاز - **بزّاز** (ع - مذکر) کپڑا بیچنے والا - پارچہ فروش - **بزازا** - **بزازه** (مذکر) کپڑے کی منڈی - کپڑے کا بازار - **بزازی** (مونث) ۱ کپڑے بیچنے کا پیشہ ۲ بیچنے کا کپڑا - مال -

امثال - بزاز بد ذات - بزاز ہمیشہ دھوکا دیتا ہے - بزاز کی گٹھڑی پر جھینگر (مالک) ناچے - بزاز کے مال کو عموماً کیڑا کھاتا ہے -

بُزاق (ع - مذکر) تھوک - پیک - رال (بزق - تھوکنا - گھونٹا -

بَزال (ف - صفت) بعدازاں کا مخفف - اس کے بعد - بعد میں - اس کے پیچھے -

بَزباز (ع - مذکر) ۱ چست لڑکا ۲ تیز چلنے والا آدمی ۳ دھونکنی کا منہ - ستر - پوشیدہ مقام -

بَزباز (ف - مذکر) جائفل کا سرکہ - جاوتری -

بَزر (ع - مذکر) ۱ مارنا ۲ ناک سنکنا -

بَزرِ قطونا (ف - مذکر) اسپغول -

بُزُرگ (ف - صفت) ۱ بڑا ۔ معمر - سن رسیدہ ۲ معزز - شریف - صاحب شان وشوکت ۳ باپ دادا ۴ سنجیدہ ۵ نیک - پارسا - متقی - خدا رسیدہ ۶ طنزاً شریر - شرارتی آدمی ۷ ایک شہر کا نام - **بزرگان** (مذکر) ۱ امرا ۲ حکما - **بزرگانہ** (صفت) بزرگوں کی طرح یا وضع کا - **بزرگداشت** (مونث) ۱ خاطرداری - خدمتگزاری ۲ مہمانداری - خبرگیری - نگہداشت (کرنا - ہونا کے ساتھ) ۳ مارپیٹ - مرمت - **بزرگ زاده** (صفت) مرشد زاده - شریف زاده - عالی خاندان - **بزرگ سال** (صفت) بوڑھا - معمر - سن رسیده - **بزرگ منش** (صفت) ۱ بزرگوں کی عادت - طریقے یا طرز والا ۲ شریف النفس - فیاض - **بزرگوار** (صفت) بزرگ عموماً والد - جد وغیرہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۲ امیر - عالی خاندان ۳ متقی - خدا رسیده ۴ عقلمند - دانا - **بزرگواری** (مونث) دولت واقبال عظمت وجلال - بزرگی - بزرگوں سے ایسا کلام کرنا مناسب نہیں - بڑوں سے گستاخی کی باتیں نہیں کرنی چاہئیں -

بزرگوں کا ٹھیکرا (مذکر) موروثی یا جدی مکان - **بزرگوں کی مٹی میں جان ڈالنا** (متعدی) بزرگوں کا نام روشن کرنا - **بُزرگی** (مونث) برتری - بڑائی - عزت وشان - شرافت - **بزرگی خورد ہی سب ڈوبی** - چھوٹے بڑے کا کوئی لحاظ نہیں -

اقوال - بزرگی بابدت بخشندگی کن - بزرگی چاہتا ہے تو لوگوں پر بخشش کر - بزرگی بعقل است نہ بسال - بزرگی عقل سے ہوتی ہے عمر سے نہیں ہوتی -

بَزَز (ع - مذکر) ہتھیار - اسلاح -

بَزق (ع - مذکر) تھوکنا -

بَزل (ع - مذکر) ۱ کاٹنا ۲ بدقسمتی - مصیبت ۳ توڑنا ۴ شراب کو صاف کرنا -

بَزلہ (ف - مذکر) دیکھو بذلہ -

بَزم (ع - مذکر) ۱ دانتوں سے کاٹنا ۲ کپڑا چرانا ۳ اونٹنی کو دوہنا انگلیوں کے سروں سے -

بَزم (ف - مونث) ۱ محفل - مجلس - جلسہ - خوشی کی محفل - دعوت - **بزم آرا** (مذکر) صاحب مجلس - میر مجلس - صدر جلسہ - **بزم افروز** (صفت) رونق مجلس - **بزم حسیناں** (مونث) خوبصورت عورتوں کی مجلس - پریوں کی محفل - **بزم سخن** (مونث) مشاعرے کی مجلس - زباندانوں کی محفل - **بزم طرب** (مونث) خوشی کی محفل - **بزم عروسی** (مونث) شادی کی مجلس - **بزم عیش** (مونث) خوشی کی مجلس - راگ ورنگ کا جلسہ - عیش ونشاط کی محفل - **بزمگاه** (مونث) ۱ بزم منعقد ہونے کی جگہ ۲ مجلس عیش ونشاط - **بزم گرم ہونا** (لازم) جلسہ زوروں پر ہونا محفل خوب جمنا - **بزم ماتم** (مونث) غم کی مجلس - **بزم نشاط** (مونث) دیکھو بزم عیش - **بزم نشین** (مذکر) صاحب مجلس -

بِزَن (ف - امر) ۱ مار - ب زائد ہے - جو عموماً فارسی امر کے پہلے لگائی جاتی ہے ۲ (مذکر) قتل کا حکم ۳ قتل عام ۴ جنگی فوج کا ایک حصہ - **بزن بولنا** (لازم) بزن کا حکم دینا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ قتل عام کا حکم ہونا ۲ حملہ ہونا - دھاوا ہونا - **بزن کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) قتل عام ہونا - مار لار ہونا -

بَزو (ع - مذکر) پکڑنا - گرفت کرنا -

بُزور (ع - مذکر) بزر کی جمع - بیج -

بزوغ (ع۔ مذکر) [1] سورج چاند یا ستارے کا نکلنا۔ [2] دن نکلنا [3] دانت نکلنا [4] فصد لینا

بزہ (ف۔ مذکر) گناہ۔ جرم۔ قصور۔

بزہکار (صفت) مجرم۔ گناہگار۔ قصوروار

بزیع (ع صفت) ہوشیار۔ ذہین (نوجوان)

بزیق (انگ۔ مذکر) تاش کا ایک کھیل جو چار تاشوں سے دو آدمی کھیلتے ہیں۔

بس (ف۔ تف) [1] کافی۔ بہت۔ کثرت سے [2] بہت یا نہایت زیادہ [3] موقوف۔ تمام ختم [4] حاصل کلام۔ القصّہ [5] خبردار [6] ٹھہرو۔ رکو۔ دم لو [7] فقط۔ صرف [8] اب۔ اس وقت [9] یعنی [10] سب۔ تمام۔ کُل [11] اور نہیں۔ اب نہیں۔ **بس اب چپ چُو**۔ اب جاؤ اور نہیں ہے۔ **بس بس** (تف) کافی ہے۔ اور نہیں۔ اتنا بہت ہے۔ ختم کرو۔ جانے دو زیادہ نہ کہو۔ **بس بیٹھو بھی**۔ چپ رہو باتیں نہ بناؤ۔ **بس دیکھ لیا**۔ امتحان کرلیا۔ **بس کرنا** (متعدی) [1] ختم کرنا۔ تمام کرنا [2] انکار کرنا [3] چپ رہنا [4] ٹھیرنا [5] موقوف کرنا۔ جانے دینا۔ **بس کرو** جانے دو۔ صبر کرو۔ **بس ہونا** (لازم) [1] ختم ہونا۔ تمام ہونا [2] چپ ہونا۔

امثال واقوال۔ بس کر میاں بس کر۔ دیکھا تیرا لشکر۔ جب کوئی بہت شیخیاں مارے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ **بس ہو چکی نماز مُصلّا اُٹھائیے**۔ جب کوئی کام ہو چکے تو مذاقاً کہتے ہیں۔

بس (ہ۔ مذکر) [1] طاقت۔ قوت [2] حکم۔ اختیار۔ قابو۔ قدرت [3] مرضی۔ رسوخ [4] موقع۔ داؤں [5] چارہ۔ علاج۔ زور (س وَگ) **بس چلنا** (لازم) قابو ہونا۔ اختیار ہونا۔ **بس کا** (صفت) قابو کا۔ اختیار کا **بس کرن** (ہ) ٹونا۔ ٹوٹکا۔ منتر۔ جادو۔ **بس کی بات** (مونث) قابو کی بات۔ اختیاری معاملہ۔ **بس میں آنا۔ پڑنا۔ رہنا یا ہونا** (لازم) قابو میں آنا۔ اختیار میں ہونا۔ **بس میں رکھنا۔ کرنا یا لانا** (متعدی) قابو کرنا۔ اختیار میں لانا۔ قبضے میں لانا۔ **بس نہ چلنا** (لازم) [1] چارہ نہ ہونا۔ علاج نہ ہونا [2] موقع نہ ملنا۔ زور نہ چلنا۔

بَس (ہ۔ امر) بسنا کا (س وس۔ کسی جگہ رہنا) **بسا** (امر) بسانا کا [2] ماضی بسنا کی۔

بسا بسایا (صفت) آباد۔ بسا ہوا۔ **بسانا** (متعدی) [1] آباد کرنا۔ ٹھہرانا۔ استقامت کرانا۔ رکھانا۔ بود و باش کرانا۔ رکھانا [2] معطر کرنا۔ مہکانا۔ **بساؤ** (ہ۔ مذکر) [1] رہنا۔ رہائش۔ استقامت۔ بود و باش [2] زندگی [3] رہنے کی جگہ۔ جائے رہائش۔ مکان۔ گھر۔ **بستا** (ہ۔ صفت) بسا ہوا۔ آباد۔ **بسنا** (لازم) [1] آباد ہونا۔ رہنا۔ گھر بنانا۔ بود و باش رکھنا۔ بسیرا لینا۔ ٹھہرنا [2] معطر ہونا۔ خوشبودار ہونا۔ خوشبو سے بسانا **بسی بسائی نگری سونا ہو گئی**۔ بنا بنایا کام بگڑ گیا۔

امثال واقوال۔ بساؤ شہر کا کھیت نہر کا۔ شہر کی رہائش اچھی ہوتی ہے اور کھیت وہ اچھا ہوتا ہے جسے نہر کا پانی ملے۔ **بسے تو گوجر نہیں تو اوجڑ**۔ یا گوجر بسینگے یا ویران ہوگا۔ یہ فقرہ نظام الدین اولیا سے منسوب ہے۔ جب فیروز شاہ تغلق اپنا قلعہ بنوا رہا تھا۔ اس وقت آپ ایک کنواں بنوا رہے تھے۔ فیروز شاہ نے معماروں اور مزدوروں کو وہاں کام کرنے سے روک دیا۔ اس پر آپ نے یہ فقرہ قلعہ کے متعلق کہا۔ آج کل یہ قلعہ ویران پڑا ہے۔ اور اس میں گوجر رہتے ہیں۔

بس (انگ۔ مونث) ایک قسم کی سواری کی موٹر۔

بَسّ (ع۔ مذکر) [1] آہستہ چلانا [2] مویشی چھوڑ دینا۔

بِس (ہ۔ مذکر) [1] زہر۔ سم۔ ہلاہل [2] بچھناگ [3] مجازاً کوئی کڑوی چیز۔ ناگوار چیز [4] فساد یا جھگڑا پیدا کرنے والی چیز [5] شرارت کی چیز۔ کینہ۔ حسد [6] عیب جوئی۔ نقص نکالنا (س وِش)۔ **بس اُگلنا** (متعدی) [1] بُرا کہنا۔ توہین کرنا [2] بدلہ لینا۔ بغض نکالنا [3] جس بات کا رنج ہو کہہ دینا۔ **بس بونا** (متعدی) بُرائی کی بنیاد رکھنا۔ بدی کا بیج بونا۔ فساد کی ابتدا کرنا۔ **بس بھرا** (صفت) کینہ ور۔ فسادی۔ زہریلا۔ **بس کھانا** (متعدی) زہر کھانا **بس کی پڑیا**۔ پوٹ کھان۔ گانٹھ یا گرہ (صفت) [1] شریر۔ فسادی۔ جھگڑالو [2] مردم آزار۔ کینہ ور۔ موذی [3] (مونث) شرارت کی جڑ۔ فساد کا بانی۔ **بس کھپرا یا کھوپرا** (مذکر) [1] ایک پودا [2] ایک لمبی گوہ۔ **بس گھولنا** (متعدی) بُرائی پھیلانا۔ فتنہ و فساد کی باتیں کرنا۔ کسی کے برخلاف بُری باتیں کرنا۔ **بس ملانا** (متعدی) نقصان کرنا۔ بُرا کرنا۔ بگاڑ دینا۔ **بس سنے** (ہ) زہریلا۔ زہر بھرا **بس ہونا** (لازم) کڑوا ہونا۔ زہر ہونا۔

بُس (ہ۔ امر) بُسنا کا **بُسا** (ماضی) بُسنا کی۔ **بس جانا** (لازم) دیکھو بسنا۔ **بس گیا**۔ سڑ گیا۔ بودار ہو گیا۔ **بُسنا** (لازم) الینا۔ سڑ کر بودار ہو جانا۔ بو دینا (دیکھو اُبسنا)

بَسا (ف۔ صفت) بہت۔ اکثر۔ **بسا اوقات** (تف) اکثر مرتبہ۔ بہت دفعہ۔ بارہا۔ **بسا بزرگ** (صفت) بہت بڑا آدمی) بہت نیک۔ بہت معزز۔ **بسا تعجب ہے**۔ بہت عجیب بات ہے۔

بَسا (ہ۔ مونث) ہڈی کا گودا۔ چربی۔ پٹھے کی چربی۔ مغز۔ چکنائی وغیرہ۔

بَسائس (ع۔ مذکر) بس بس کی جمع [1] صحرا [2] معمولی کھیل تماشے [3] بیوقوفی کی باتیں۔

بَساپَت (ہ۔ مونث) دیکھو بساؤ

بِسات (ہ۔ مونث) [1] وہ چیز جو پھیلائی جائے [2] مال تجارت۔ اشیائے فروختنی۔ بیچنے کی چیزیں [3] سرمایہ۔ پونجی۔ دھن۔ اسباب [4] (ہ) قوت۔ طاقت۔ قابلیت۔ استعداد۔ حیثیت [5] قدر۔ منزلت۔ وقعت (س ومرت۔ ع۔ بساط سے ملتا ہے۔ مگر اس کا منبع نہیں ہے) **بساتی** (ہ۔ مذکر) دوکاندار جو متفرق اشیاء بیچے۔ پھیری والا۔ خوردہ فروش۔

بساتین (ف۔ مذکر) بوستان کی جمع۔ باغات۔

بِسار۔ بسارا (ہ۔ مذکر) بیج جو فصل بونے کے موقع پر اس شرط پر اُدھار لیا جائے۔ کہ فصل ہونے پر کئی گنا واپس کیا جائیگا۔

بسارت (ہ۔ مونث) دیکھو بسات

بُسارَد (ہ۔ صفت) [1] عالم۔ فاضل۔ عاقل۔ ماہر۔ مشاق۔ ہنرمند۔ چابک دست۔ واقفکار۔ چتر [2] مشہور۔ معروف۔ نامور۔ کیرتی والا۔ پرسدھ [3] دلیر۔ دلاور۔ جری۔ حوصلے والا۔ بہادر۔ جوانمرد۔ بیر۔

بِسار دینا۔ بسارنا (ہ۔ متعدی) بھلا دینا۔ بھول جانا۔ فراموش کر دینا۔ چت سے

اُتارنا۔

بِساط (ع۔ مونث) ۱ کوئی چیز جو پھیلائی جائے ۲ سطح۔ پھیلاوٹ۔ وسعت ۳ بستر۔ قالین۔ دری۔ چٹائی ۴ حوصلہ۔ حیثیت سرمایہ۔ ہستی ۵ قدرت۔ طاقت۔ قوت ۶ چوسر کھیلنے کا کپڑا یا شطرنج کھیلنے کا کپڑا یا تختہ ۷ مالِ تجارت۔ پونجی وغیرہ۔ (بَسْط۔ پھیلانا) **بساط اُلٹنا** (لازم) درہم برہم ہو جانا۔ پچھلی حالت کا بدل جانا۔ **بساط بموجب** (تف) حیثیت کے مطابق۔ عمر یا قد کے مطابق۔ **بلبساطِ خاک** (مونث) زمین کا فرش۔ **بساط خانہ** (مذکر) بساطیوں کا بازار۔ **بساط سے باہر** (تف) مقدور سے باہر طاقت سے زیادہ۔ **بساط کیا ہے**۔ حیثیت کیا ہے۔ ہستی کیا ہے۔ حقیقت کیا ہے۔ **بساط نہ سمجھنا** (متعدی) ہستی نہ سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔ **بساطی** (مذکر) دیکھو بساتی۔

بَساطَت (ع۔ مونث) آزادی سے بولنا

بِساکھا (ہ۔ مونث) سولھویں قمری منزل۔ جس کی شکل دروازے کی طرح ہے۔ اور اس میں چار ستارے ہیں۔ منزل زبانے۔

بِسال (ہ۔ صفت) بڑا۔ کلاں۔ **بسالتا** (مونث) بڑائی۔ بڑاپن۔

بِسالَت (ع۔ مونث) دلیری۔ بہادری۔ شجاعت۔ حوصلہ۔ جرأت (ع بَسْل۔ بہادر ہونا)

بَسام (ع۔ صفت) وہ جو بہت ہنسے۔

بِسان (ف۔ صفت) مثل۔ طرح مانند۔ مشابہ۔ اضافت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے

بِسان (ہ۔ مونث) بساند۔

بِسانا (ہ۔ متعدی) ۱ بسارنا ۲ بساہنا۔

بِساند (ہ۔ مونث) **بساندھ** (ہ) **بساہند** (لکھنؤ) مچھلی یا کچے گوشت کی بو ۲ بدبو۔ سڑاند۔ عفونت۔ درگندھ ۳ عیب۔ نقص۔ کمینہ پن گنوارپن۔ خاندانی نقص (رس دسر۔ خراب + گندھ بو) **بساندا**۔ **بساہندا** (صفت) ۱ بدبودار۔ سڑا ہوا۔ گندا۔ متعفن۔ ۲ بسا ہوا ۳ کمینہ۔ گنوار **بساند نہ جانا** (لازم) گنوارپن باقی رہنا۔ کمینہ پن ظاہر ہونا۔

بِساوٹ (ہ۔ مونث) ۱ مہک۔ خوشبو ۲ وہ خوشبو جس سے حقّے کا نیچہ بساتے ہیں (بسانا سے)

بِساوری (ہ۔ مونث) زمین کا کرایہ یا لگان۔ لگان جو گاؤں میں بسنے کے لئے ان لوگوں سے لیا جاتا ہے جو مالک زمین نہیں ہوتے۔

بِساوَن۔ بِساہَن (ہ۔ مونث) دیکھو بساند۔

بِساہ (ہ۔ مونث) ۱ خرید۔ حصول۔ یافت ۲ خریدی ہوئی چیز۔ **بِساہنا** (متعدی) ۱ خریدنا۔ حاصل کرنا۔ پانا ۲ اپنے سر لینا۔ اپنے ذمے لینا۔

بَسائِط (ع۔ مذکر) بسیط کی جمع۔ اربع عناصر۔

بِسائن۔ بِسائند۔ بسائندھ (ہ۔ مونث) بساند۔

بَسباس (ہ۔ مذکر) ۱ رہائش ۲ جائے رہائش۔ مکان۔ گھر۔

بَسباسَت (ع۔ مونث) لونگ کا چھلکا

بَسباسہ (ف۔ مذکر) جاوتری۔ جائفل کا چھلکا۔ بزباز۔

بَسبَس (ع۔ مذکر) جنگل۔ غیر مزروعہ زمین

بِسبِس (ہ۔ مذکر) بلی کو بلانے کی آواز۔

بِسبِسانا (ہ۔ لازم) ایسی آواز نکالنا جیسے خمیر اٹھنے یا جوش آنے سے پیدا ہوتی ہے بجبجانا۔ ٹیس مارنا۔ جلنا۔ چرمرانا۔ جھنجھنانا۔ سرسرانا۔

بَسَنت (ہ۔ صفت) آباد۔ بسا ہوا

بَست (ف۔ ماضی) ۱ اس نے باندھا یا جکڑا ۲ (مذکر) عاشق بمعشوق ۳ پگڑی۔ پھولوں کا تاج ۴ گانٹھ ۵ پناہ گاہ ۶ پشتہ۔ بند ۷ پہاڑ ۸ پانی کی تقسیم نہروں اور نالیوں میں ۹ کسی کام کو گھٹا دینا یا کم کر دینا۔ **بست کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بندھا ہوا یا جکڑا ہوا ہونا۔ **بستگی** (مونث) ۱ بندھنا ۲ لگاؤ۔ تعلق ۳ بند ہونا۔ تفریح نہ ہونا ۴ قبض ۵ جمنا۔ انجماد ۶ (دل) تفریح سے دل بہلنا

بستنی (مونث) ۱ باندھنے کا کپڑا۔ وہ کپڑا جس میں کوئی چیز باندھی جائے ۲ پولیس یا فوج کی وردی باندھنے کا کپڑا ۳ کاغذات اور مسلیں باندھنے کا بستہ ۴ پنجرے۔ ستار یا سارنگی کا غلاف (اُلٹا باندھنا۔ بندھنا۔ چڑھانا۔ چڑھنا وغیرہ کے ساتھ) **بست و بند** (مذکر) بندوبست۔ انتظام **بست و کشاد** (صفت) ۱ بند اور کھلا ہوا ۲ (مذکر) حل و عقد۔ **بستہ** (صفت) ۱ بندھا ہوا یا جما ہوا ۲ بند۔ تہ کیا ہوا۔ مرکبات کے آخر میں جیسے دست بستہ ۳ افسردہ۔ رنجیدہ ۴ غیر متحرک ۵ (مذکر) وہ کپڑا جس میں کتابیں یا کاغذ باندھتے ہیں۔ **بستہ اصلاح دینا یا باندھنا** (متعدی) ۱ کتابیں یا کاغذات بستے میں باندھنا ۲ دفتر بند کر دینا۔

بَست (ہ۔ مذکر) ۱ چیز۔ شے ۲ مال اسباب۔ اثاثہ۔ جائداد۔ مال و متاع۔ دولت ۳ ذریعہ معاش ۴ (ہ) اردو میں صرف چیز کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **بستُ وبَل**۔ طبعی یا مادی ذریعہ **بست کے سبھاؤ یا گن** (مذکر) مادے کی خاصیتیں۔ **بست وِدیا** (مونث) علم طبیعات۔

بِست (ف۔ صفت) بیس۔ **بست در بست کا تعویذ** (مذکر) ایک قسم کا نقش جس کے خانوں کے اعداد کو کسی طرف سے جمع کرنے سے بیس کا میزان ہو۔

بُستن (ف۔ مذکر) پھلواری۔ بوستان۔ گلزار۔

بُستاخ (ف۔ صفت) گستاخ۔ بے ادب۔ شوخ۔ **بستاخی** (مونث) گستاخی وغیرہ

بِستار (ہ۔ مذکر) ۱ پھیلانا۔ پھیلاوٹ وسعت۔ کشادگی۔ چوڑائی۔ فراخی ۲ (ہ) تفصیل۔ تشریح۔ شرح ۳ مدح۔ تعریف۔ ثنا (کرنا کے ساتھ) **بستارنا** (متعدی) پھیلانا۔ بڑھانا۔ لمبا کرنا۔ **بستاری** (صفت) پھیلا ہوا۔ لمبا۔ بڑا۔ وسیع۔

بُستار (ہ۔ مذکر) دیکھو بستار (ع)

بُستان (ف۔ مذکر) پھلواری۔ باغ گلزار۔ گلستان۔ چمن۔ **بستاں افروز** (صفت) ۱ چمن کی رونق بڑھانے والا۔ باغ کی رونق ۲ گلغا ایک قسم کا پھول جو برسات کے موسم میں ہوتا ہے۔ **بستاں پیرا** (صفت) باغ کو سجانے والا۔ کانٹ

چھانٹ کر کے چمن کو آراستہ کرنے والا۔ **بستان سرا** (مذکر) مکان جس میں باغ ہو۔ باغ کا مکان۔ بنگلہ۔

بستانی (صفت) بستان کے متعلق۔ بستان کا۔

بَستَر (ہ۔ مذکر) کپڑا۔ پوشاک۔ لباس۔ خلعت۔

بِستَر (ف۔ مذکر) ۱ بستره۔ بچھونا ۲ قالین۔ غالیچہ۔ فرش۔ **بستر اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) بستره لپیٹا جانا۔ بچھونا اُٹھنا ۲ سکونت ترک ہونا۔ **بستر سے پیٹھ لگنا**۔ بیماری کی وجہ سے بستر پر لیٹنا۔ صاحب فراش ہونا۔ **بسترِ غم** (مذکر) وہ بستر جس پر غم کی حالت میں لیٹیں (پڑنا۔ لیٹنا وغیرہ کے ساتھ) **بستر کرنا یا لگانا** (متعدی) ۱ بچھونا بچھانا ۲ سکونت اختیار کرنا۔

بِستُرا (ہ۔ مذکر) ایک پودا جس کی جڑ بدن کی بیماریوں کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اور اس کا کوئلہ بھی بناتے ہیں۔

بِستَرا۔ بِستَره (ہ۔ مذکر) ۱ بستر۔ بچھونا خصوصاً سپاہیوں۔ فقیروں اور مسافروں کا ۲ فقیروں کا مسکن۔ تکیہ (ف بستر سے۔ ہ بستر۔ پوشاک) **بسترا بچھانا۔ جمانا۔ کرنا یا لگانا** (متعدی) بچھونا بچھانا۔ بسترا جمانا۔ زیادہ تر فقیر استعمال کرتے ہیں

بَستَق (ع) **بَستَک** (ف۔ مذکر) ۱ نوکر۔ ملازم۔ خدمتگار۔ ۲ وزیر۔

بُستنقان (ع۔ مذکر) ۱ باغبان ۲ کھولا۔

بَستَنی (ف۔ مونث) دیکھو بست کے تحت میں۔

بِستُوئی۔ بستوئیا (ہ۔ مونث) چھپکلی۔

بَستی (ہ۔ مونث) ۱ آبادی۔ آباد جگہ۔ گاؤں۔ قصبہ۔ شہر ۲ گھر۔ مکان ۳ آبادی۔ باشندے ۴ چہل پہل۔ رونق (رس وس۔ کسی جگہ رہنا)

بِسَد (ہ۔ صفت) سفید۔ ستھرا۔ صاف۔ خالص۔ پاک۔ پاکیزہ۔ پارسا۔ **بسد بانی** (مونث) پاک گفتگو۔ شیریں زبانی۔ خوش بیانی۔ فصاحت۔

بُسد (ف۔ مذکر) مرجان۔ مونگا۔ بیخ مرجان۔

بَسُدھا (ہ۔ مونث) دُنیا۔ جہان۔ زمین۔

بَسَر (ع۔ مذکر) ۱ کوئی چیز بے موقع مانگنا ۲ زخم کو اچھا ہونے سے پہلے کھول دینا ۳ پکی کھجوروں میں کچی کھجوریں ملا کر رس نکالنا ۴ مکھن بننے سے پہلے چھاچھ نکال لینا ۵ اونٹنی کو بے وقت ملانا ۶ شروع کرنا ۷ ٹھنڈا پانی۔

بَسَر (ف۔ تابع فعل) دیکھو ب کے تحت میں۔ سر سے خاتمے پر (مونث) گزر۔ گزاره۔ **بسر آنا** (لازم) غالب آنا۔ کامیاب ہونا (متروک) **بسر اوقات** (مذکر) گزاره۔ گزر اوقات (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بسر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ گزر ہونا۔ کٹنا ۲ ختم ہونا۔ انجام کو پہنچنا ۳ زندگی کے دن کٹنا۔ اوقات گزاری ہونا۔

بِسَر (ہ۔ امر) بسرنا کا ۲ (مذکر) بھول چوک۔ **بِسرا** (امر) ۱ بسرانا کا ۲ (ماضی) بسرنا کی ۳ (صفت) بھولا ہوا۔ اردو میں بھولا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **بسرانا** (متعدی) ۱ بھلا دینا۔ غلط رستے پر چلانا۔ بہکانا ۲ دل سے محو کر دینا۔ **بسر جانا۔ بسرنا** (لازم) بھول جانا۔ چوکنا۔ یاد نہ رہنا۔ خیال نہ رہنا۔

بِسَر (ہ۔ حرف ربط) بغیر۔ بن۔ بدوں۔

بُسر (ع۔ مذکر) ۱ کھجوریں جو پکنی شروع ہوئی ہوں ۲ بارش جو ابھی ہو چکی ہو ۳ کوئی نئی یا تازہ چیز ۴ نوجوان۔

بِسرام (ہ۔ مذکر) ۱ آرام۔ چین۔ استراحت۔ قرار۔ آسودگی۔ سکھ ۲ ٹھیراؤ۔ وقفہ۔ توقف ۳ تحریر میں نقطہ۔ **بسرام کرنا یا لینا** (متعدی) ۱ آرام کرنا۔ استراحت کرنا ۲ رات گزارنا۔ رات کو رہنا (خصوصاً سادھوؤں کا)

بِسرانت (ہ۔ صفت) آرام کیا ہوا۔ استراحت پذیر۔

بِسرانت (ہ۔ مونث) آرام۔ استراحت۔ بسرام۔

بِسراہٹ (ہ۔ مونث) بھول۔ فراموشی۔ نسیان۔ سہو۔ بھلاوٹ۔

بِسَرجَن (ہ۔ مذکر) ۱ چھوڑ دینا۔ ہٹا دینا۔ نکال دینا۔ موقوف کر دینا ۲ موقوفی ۳ کسی دیوتا کی مورتی دریا میں ڈالنا ۴ کسی مذہبی رسم کا اختتام یا ختم ۵ دینا۔ تحفہ۔ ہدیہ۔

بِسَرگ (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو بسرجن ۲ اخراج۔ نکاس ۳ روانگی۔ جدائی ۴ مکتی۔ نجات ۵ روشنی۔ چمک۔ شان ۶ (صرف و نحو) نشان : جو سخت اور اونچی آواز کو ظاہر کرتا ہے۔ **بسرگ سندھ** (مذکر) بسرگ کا سور اور ویجن کے درمیان یکجا شده یا مرکب بنانے کے لئے لگنا۔

بِسُرنا (ہ۔ متعدی) بسورنا۔ رونا۔

بَسط (ع۔ مذکر) ۱ پھیلانا ۲ پھیلاؤ انتشار۔ فراخی۔ کشادگی۔ وسعت ۳ تفصیل۔ وضاحت۔ صراحت (بسط۔ پھیلانا) ہاتھ پھیلانا۔

بُسطَت (ع۔ مونث) ۱ خوبی ۲ کمال علم ۳ وسعت ۴ لمبائی۔

بِسفائج۔ بِسفایج (ع۔ مذکر) ایک جڑ جو دوائی میں استعمال ہوتی ہے۔ بس پایہ۔

بِسکُٹ (انگ۔ مونث) اصل میں ضمہ کی بجائے کسرہ ہے۔ آٹے کی میٹھی یا نمکین پکی ہوئی ٹکیاں جو کئی قسم اور اشکال کی ہوتی ہیں۔

بِسکَہار (ہ) دیکھو بسوا کرہا بسوا کے تحت میں۔

بِسکھ (ہ۔ مذکر) تیر۔

بِسکھپرا (ہ۔ مذکر) ایک مشہور گھاس جس کے پتے لمبے اور چوڑے ہوتے ہیں۔ دواؤں میں کام آتا ہے۔

بِسکَت (ہ۔ مونث) جائے رہائش۔ مکان۔ گھر۔

بُسُل (ف۔ مونث) ۱ باجرا ۲ ایڑی ۳ خود۔

بَسم (ع۔ مذکر) ۱ مسکرانا ۲ مسکراہٹ۔

بِسمار (ہ۔ مذکر) ایک پودا۔

بِسم اللہ (ع۔ مونث) ۱ ساتھ نام اللہ کے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے پہلے دو الفاظ ہیں جو اختصاراً استعمال ہوتے ہیں ۲ مسلمان ہر کام کے شروع میں کہتے ہیں ۳ امیروں۔ رئیسوں کے اٹھنے بیٹھنے پر مصاحب کہتے ہیں ۴ جب کسی کو ٹھوکر لگتی ہے یا گرنے لگتا ہے تو کہتے ہیں ۵ بچہ جب

گر پڑتا ہے تو عورتیں کہتی ہیں ۲ جب کوئی کہے میں جاتا یا یہ کام کرنا چاہتا ہوں تو جواب میں کہتے ہیں بہت بہتر۔ بہت مناسب۔ ہاں ۳ کھانا چنا جانے پر کہتے ہیں بسم اللہ کیجئے ۴ کسی شاعر سے کچھ پڑھنے یا سنانے کی فرمائش ہوتی ہے تو کہتے ہیں ۵ مکتب نشینی کی رسم ۶ لڑکیوں کی شادی کے موقعہ پر ایک رسم ۷ ابتدا۔ آغاز ۸ عورتوں کا ایک نام ۹ خدا کا نام لینا۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**۔ دیکھو بسم اللہ **بسم اللہ اللہ اکبر**۔ کسی جانور کے ذبح کرنے پر کہتے ہیں۔ **بسم اللہ اللہ اکبر کر دینا** (متعدی) ذبح کر ڈالنا۔ **بسم اللہ کا طغرا** (مذکر) بسم اللہ کا اس طرح لکھا جانا کہ کوئی شکل بن جائے۔ **بسم اللہ کا گنبد** (مذکر) امن کی جگہ۔ **بسم اللہ کا مرغ** (مذکر) بسم اللہ کو اس طرح لکھنا کہ مرغ بن جائے۔ **بسم اللہ کرنا** (متعدی) ۱ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا۔ آغاز کرنا ۲ بسم اللہ کی تقریب کرنا ۳ کھانا شروع کرنا۔ ذبح کرنا حلال کرنا۔ **بسم اللہ کرو** ۱ شروع کرو۔ ابتدا کرو ۲ جاؤ۔ رخصت ہو جاؤ۔ کھانا شروع کرو۔ **بسم اللہ کی شادی** (مونث) بچے کے مدرسے بیٹھنے پر مٹھائی بانٹنا۔ **بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا یا رہنا** (لازم) ۱ گوشہ نشین ہونا۔ امن سے رہنا۔ دنیا و مافیہا سے بے خبر ہونا ۲ ناتجربہ کار ہونا۔ زمانے کے نشیب و فراز سے واقف نہ ہونا۔ **بسم اللہ سے تمت تک**۔ شروع سے آخیر تک۔ **بسم اللہ مجریہا و مرسٰہا**۔ ایک دعا جو کشتی میں چڑھنے پر پڑھتے ہیں۔ اس کا چلنا اور ٹھیرنا اللہ کے نام سے ہے۔ **بسم اللہ ہونا** (لازم) ۱ شروع ہونا ۲ بسم اللہ کی تقریب ہونا۔ **بسم اللہ ہی غلط**۔ پہلا ہی کام خراب۔ چھوٹتے ہی غلطی (کرنا ہونا کے ساتھ)

بسمانا (ہ۔ متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کرنا برباد کرنا۔ توڑنا۔

بسمت (ہ۔ صفت) حیران۔

بسمتھ (انگ۔ مذکر) ایک دھات اور عنصر پانی سے دس گنا بھاری ہے۔

بسمل (ع۔ صفت) ۱ بسم اللہ کا مخفف ۲ ذبح کیا ہوا۔ مذبوح۔ قربان کیا ہوا ۳ زخمی گھائل ۴ مجازاً عاشق۔ مفتون۔ مبتلا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بسمل چھوڑنا** (لازم) زخمی کر کے چھوڑ دینا۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی بہت اچھا گانے والا تھوڑا سا گا کر چپ کر جائے۔ **بسمل گاہ** (مونث) ذبح خانہ۔ قتل گاہ۔ **بسملی** (تف) ذبیحہ کے واسطے۔ قتل کے واسطے۔

بسمنا (ہ۔ لازم) ٹوٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ برباد ہونا۔

بسمے (ہ۔ صفت) ۱ حیرانگی۔ حیرانی۔ تحیر۔ حیرت۔ تعجب۔ اچنبھا۔ اچرج ۲ گھبراہٹ پریشانی۔ ہراس (کرنا ہونا کے ساتھ) **بسمینی** (صفت) حیران۔ متحیر۔ متعجب۔ ہراساں۔ پریشان گھبرایا ہوا۔

بسن (ہ۔ مذکر) ۱ رہائش۔ رہنا ۲ مکان۔ گھر۔ جائے رہائش ۳ قیمت۔ مزدوری تنخواہ ۴ دولت ۵ چیز۔ مادہ ۶ چادر۔ پوشش۔ کپڑا۔ پوشاک ۷ پہناوا۔ خلعت۔ **بسن ہار** (صفت) رہنے والا۔ باسی ساکن۔ مقیم۔

بسن (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو بشن ۲ قصور۔ جرم۔ عیب۔ نقص۔ بری عادت۔ بد عادت ۳ شہوت خواہش نفسانی۔ **بسن پت یا پن** (مذکر) بدکاری بدی۔ شرارت۔ بدذاتی۔ زناکاری۔ شہوت پرستی۔

بسنا (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھکنا۔ کپڑا۔ بستنی چادر۔ پوشش۔ پوشاک۔ پہنا۔ خلعت ۲ بینک۔ ساہوکارے کی دکان۔ صرافہ۔ کوٹھی ۳ (ہ) دیکھو بس کے تحت میں۔

بسنت (ہ۔ مذکر و مونث) ۱ موسم بہار جو چیت اور بساکھ کے مہینوں میں ہوتا ہے ۲ گانا جو بسنت کے موقعہ پر گایا جاتا ہے۔ ایک راگ کا نام ۳ زرد پھولوں کا ہار ۴ اکٹھے اُگے ہوئے زرد پھول ۵ بسنت پنچمی ۶ میلہ جو اس دن ہوتا ہے ۷ چیچک (س وسنت) **بسنت پنچمی** (مذکر) ہندوؤں کا تیوہار جو ماگھ سدی کی پانچویں تاریخ کو ہوتا ہے۔ **بسنت پھولنا** (لازم) ۱ سرسوں کے پھولوں کا کھلنا ۲ زردی چھانا۔ چاروں طرف زردی ہی زردی دکھائی دینا ۳ آنکھ میں چکا چوند ہونا ۴ (منہ پر) چہرہ پہ زرد دانے نکلنا۔ چہرہ زرد ہو جانا ۵ (آنکھوں میں) حیران ہو جانا بششدر ہونا۔ **بسنت جاڑے کا انت**۔ بسنت کے بعد جاڑا کم ہو جاتا ہے۔ **بسنت چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) بسنت کے روز مزاروں پر جا کر پھول چڑھانا۔ **بسنت رت یا رتو** (ہ) موسم بہار۔ **بسنت کی خبر ہے** (نہیں) ناتجربہ کار ہو۔ ناواقف ہو۔ بے خبر ہو۔ **بسنت منانا** (متعدی) بسنت کی خوشی کرنا۔ بسنت کے موقع پر ناچ رنگ دیکھنا یا دعوتیں اُڑانا۔ بسنت کے میلے پر جانا۔ **بسنتی** (صفت) ۱ زرد رنگ ۲ زرد رنگ کا لباس۔ عورتوں کا نام ۳ سیتلا دیوی کا ایک لقب۔ **بسنتی پوش** (صفت) ۱ زرد لباس پہننے والا ۲ معشوق۔

بسندر (ہ۔ مذکر) ۱ پوتر اگنی ۲ آگ کا دیوتا ۳ اگنی دیوتا کا ایک لقب۔

بسنی (ہ۔ مونث) تھیلی۔ کھتی (س واسنی)

بسنی (ہ۔ صفت) ۱ بدچلن۔ عیاش آوارہ۔ لچا۔ شہدا۔ رنڈی باز۔ بری عادتوں والا ۲ نازک نفیس۔ خوش پوشاک۔ خوش لباس ۳ (مذکر) عیاش آدمی۔ آوارہ شخص۔ رنڈی باز شخص ۴ کسبیاں ان آدمیوں کو جو ان کے پاس زنا کے لئے آتے ہیں بسنی یا بسنی کہتی ہیں (س وسینی)

بسنی (ہ۔ صفت) بے سنی کا مخفف جس کے آنے کی آواز نہ آئے۔ ناگہاں۔ یکایک۔ غیر مترقب۔

مثل۔ بسنی بلار ڈبری پر ڈیرا (بلار۔ بلی۔ ڈبری پیالہ) بلی چپ چاپ کھانے کے پیالہ پر آ بیٹھتی ہے۔ بن بلائے مہمان پر عائد کیا جاتا ہے۔

بسوا (ہ۔ مذکر) دیکھو بسوہ بسوانسی (مونث) بسوے کا بیسواں حصہ۔ بیس کچوانسی۔ **بسوا برار** (مذکر) بسوے کے حساب سے جمع کرنا یا چندہ لینا۔ **بسوادار**۔ دیکھو بسوہ۔

بسوار (ہ۔ مذکر) پسا ہوا مسالہ جو اچار اور سالن میں ڈالتے ہیں۔ گرم مصالحہ۔

بسواری (ہ۔ مذکر) بانسوں کا ملغ۔ بانس کا جنگل۔

بسواس (ہ۔ مذکر) ۱ اعتبار۔ اعتماد۔ یقین۔ ایمان۔ اعتقاد۔ دھرم۔ پرتیت ۲ بھروسہ آسرا۔ تقویت (رکھنا کرنا کے ساتھ) **بسواس گھات** (مونث) ۱ اعتبار گنوانا۔ وعدہ توڑنا ۲

خیانت۔ دغا۔ دغا کی دوستی۔ **بسواس گھاتی** (مذکر) وہ شخص جو اعتبار کھو دے۔ دغاباز آدمی۔ **بسواسی** (مذکر) اعتبار کرنے والا آدمی (صفت) اعتبار کرنے والا۔

بِسواس (ہ۔ مذکر) عربی وسواس کا بگڑا ہوا۔ شبہ۔ شک۔

بَس و باس (ہ۔ مذکر) بباس مکان۔

بُسُور (ع۔ مذکر) قہر کی نظر ہونا۔

بَسَورتی (ہ۔ صفت) دوسرے کے حکم کا پابند۔ تابعدار۔ فرمانبردار۔ محکوم۔

بِسُورنا (ہ۔ لازم) رونے کی صورت بنانا۔ رونے کی تیاری کرنا۔ چپکے چپکے رونا۔ رونی صورت بنانا (س سعد۔ ضرر پہنچانا) **بسوری** (صفت) رونے والا۔

بَسوڑ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قوم جو بانس کی ٹوکریاں بناتی ہے ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ ٹوکریاں بنانے والا آدمی ۴ گاؤں کا چوہڑا۔

بُسُوق (ع۔ مذکر) ۱ لمبا ہونا کھجور کے درخت کا ۲ نمو۔

بِسوک (ہ۔ صفت) رنج و غم سے آزاد۔ خوش۔ خرم۔

بِسوَکرما (س عص) ۱ دیوتاؤں کا انجنیر۔ دیکھو وشوکرم ۲ کاریگروں خصوصاً بڑھیوں کا دیوتا ۳ (مذکر) چالاک یا دغاباز شخص۔

بَسُولا۔ بَسولا (ہ۔ مذکر) بڑھیوں کا تیشہ (س واس) **بسولی** (مونث) تیشی۔ ایک آلہ جس سے معمار اینٹوں کو تراش کے برابر کرتے ہیں۔ بسولے کی خاصیت ہے جس طرح بسولا چھیلتے وقت اپنی طرف چھپٹیاں ڈالتا ہے۔ اسی طرح ہر وقت اپنے ہی فائدے کا دھیان ہے۔ خود غرض ہے۔ اکل کھرا ہے۔

بِسوَہ (ہ۔ مذکر) ۱ بیسواں حصہ ۲ بگیھہ کا بیسواں حصہ۔ ۲۰ بوانسی (س وِنش بیس) **بسوہ دار**۔ وہ شخص جو گاؤں میں کسی حصے کا مالک ہو۔

مثل - **بسوہ بس کی گانٹھ ہے**۔ گاؤں میں زمین کا حصہ بہت جھگڑے پیدا کرتا ہے۔

بِسوَہ (ہ۔ صفت) ۱ تمام کل۔ ہر۔ ہر ایک۔ مکمل۔ عام ۲ (مذکر) تمام دُنیا۔ تمام مخلوقات۔ عالم۔ **بسوی** (صفت) ۱ دنیا کے متعلق۔ عالم کا ۲ دُنیا دار۔

بَسَہ (ہ۔ مذکر) بیل۔ سانڈ۔

بِسَہارہ۔ صفت) ۱ زہریلا۔ زہردار۔ بکھیلا۔ سمّی ۲ (مذکر) زہریلا رینگنے والا جانور۔ سانپ۔ بچھّو وغیرہ ۳ ایک کتا جس کے زہریلے دانت اور بیس ناخن ہیں۔

بِسَہرو۔ بِسَہروا۔ بِسَہری (ہ۔ مذکر) خریدار۔ گاہک۔

بِسَہری (ہ۔ مونث) ۱ زہریلا رینگنے والا جانور۔ سانپ۔ ایک قسم کا دنبل یا پھوڑا جو ہاتھ کی انگلیوں پر ہوتا ہے (س وِش۔ زہر + دھر۔ مالک)

بسے (ف۔ صفت) ۱ زیادہ۔ بہت۔ کافی ۲ (تف) بڑھ کر۔ زیادہ۔ بہتات سے۔

بِسیار (ف۔ صفت) ۱ زیادہ۔ بہت ۲ کئی۔ بے انتہا۔ **بسیارگو** (صفت) زیادہ کہنے والا۔ بکواسی۔ بکی۔ باتونی۔ **بسیاری** (مونث) بہتات۔ افراط۔ کثرت۔

امثال و اقوال۔ بسیار خوار

بسیار خوار ۔ پیٹو ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے۔ **بسیار سفر باید تا پختہ شود خامی** ۔ بہت سفر کرنا چاہیئے تاکہ تجربہ کار ہو جاؤ۔ تجربے سے آدمی ہوشیار ہو جاتا ہے۔

بَسیت (ہ۔ مذکر) گاؤں کا چودھری نمبردار۔ پٹیل۔

بَسیٹ۔ بَسیٹھ (ہ۔ مذکر) ۱ گاؤں کا منتظم یا سب سے معزز شخص۔ مقدم۔ چودھری۔ پٹیل ۲ وہ شخص جو تمام احکامات اور رسومات کی احتیاط سے پابندی کرے ۳ منیب۔ گماشتہ۔ کارکن۔ منیم۔ وکیل۔ ایلچی۔ سفیر۔ پیغامبر۔ دلال ۴ دخل درمعقولات کرنے والا۔ دوسروں کے کاموں میں دخل دینے والا۔ شرارتی۔ چغلخور۔ لگائی بجھائی کرنے والا ۵ بشتی۔ **بسیٹھی** (مونث) بسیٹ کا کام۔ بسیٹ کا پیشہ۔

بِسَیر (ہ۔ مذکر) سانپ۔

مثل - **بِسیر پکڑ زہر کو چاٹ**۔

پرناری سنگ چال نہ بات۔ غیر عورت کے ساتھ تعلق رکھنے سے سانپ کو پکڑنا یا زہر کھانا بہتر ہے۔ ایسا تعلق سخت خطرناک ہے۔

بَسیرا (ہ۔ مذکر) ۱ رات کے آرام کرنے کی جگہ۔ رات کو آرام کرنے کا ٹھکانا ۲ پرندوں کا رات کو گھونسلوں میں یا درختوں پر آرام کرنا ۳ شام سے پیشتر کا وقت جب پرندے اپنی جگہوں پر بیٹھ جاتے ہیں (س وَس۔ کسی جگہ رہنا) **بسیرا اختیار کرنا** (متعدی) رہنا۔ **بسیرا بولنا** (لازم) شام کو درختوں پر چڑیوں کا بولنا۔ **بسیرا بھول جانا** (لازم) بہت حیران ہونا۔ **بسیرا دینا** (ہ۔ متعدی) رات کو رہنے کے لئے جگہ دینا۔ نقش وغیرہ کو ٹھیرانا یا کھڑا کرنا۔ پالتو پرندے کو صبح یا شام جنگل میں لے جانا تاکہ جنگلی پرندوں کی آواز سُنے۔ **بسیرا کرنا یا لینا** (متعدی) جانوروں کا رات کو آرام کرنا۔ رات کو آرام کرنا یا ٹھیرنا۔ **بسیرے کا وقت** (مذکر) شام کو پرندوں کے آرام کرنے کا وقت۔

بَسیسہ (ع۔ مذکر) ایک کھانا جو آٹے کو مکھن۔ تیل یا شہد میں بھان کر بنایا جاتا ہے۔

بَسیط (ع۔ صفت) ۱ طول طویل۔ چوڑا۔ وسیع۔ کھلا۔ فراخ۔ کشادہ۔ بے جزو۔ مفرد ۲ اوپری۔ بالائی ۳ خالص۔ بلا ملاوٹ۔ غیر مرکب ۵ (مذکر) چوڑائی سطح ۶ علم عروض کی ایک بحر۔ مستفعلن فاعلن مستفعلن فاعلن (بسط۔ پھیلانا) **بسیطِ زمین** (مذکر) زمین کی سطح۔ **بسیط مستوی** (مذکر) ہموار سطح۔

بَسیکت (ہ۔ صفت) آباد۔ بارونق۔

بِسیکھ (ہ۔ مذکر) ۱ فرق۔ امتیاز ۲ عادت۔ سبھاؤ۔ خاص حالت۔ خاصیت (س وِشیش)

بَسیل (ع۔ صفت) ۱ بدشکل۔ بدنما ۲ سخت۔ دُرشت۔

بِسیلا۔ بِسَیلا (ہ۔ صفت) ۱ زہریلا۔ زہردار ۲ (مذکر) دیکھو بسہری۔

بَسیم (ع۔ صفت) ۱ مسکرانے والا۔ خوش۔ بشاش ۲ خوش خلق۔ خلیق ۳ چنچل۔ شوخ۔

بَسینڈ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک جڑ جو جھیلوں میں پائی جاتی ہے۔ اور کھانے کے کام آتی ہے ۲ دیکھو بسوڑ۔

بَشّ (ع۔ صفت) بشاش چہرے والا۔

بِش (ہ۔ مذکر) بس۔ زہر۔ **بِش کنیا** (مونث) زہریلی لڑکی۔ کہا جاتا ہے کہ پرانے زمانے میں بعض لڑکیوں کو زہر پر پالتے تھے۔ اور بڑی ہونے پر تحفے کے طور پر کسی دشمن کے پاس بھیج دیتے تھے اگر وہ جماع کرتا تو مر جاتا۔

بِشاث (س۔ صفت) ! بساندھ ۲ کڑوا۔ بدمزہ۔ ناگوار۔ ناقابل خوردن ۳ بدخو۔ ترش مزاج۔ سڑیل۔

بَشارت (ع۔ مونث) ! مژدہ۔ خوشخبری ۲ الہام غیبی ۳ وہ امر جس کی نسبت خواب میں اشارہ ہو (دینا۔ ہونا کے ساتھ) (بَشر۔ خوشخبری دینا) **بشارت غیبی** (مونث) خوشخبری جو غیب کے ذریعہ حاصل ہو

بَشّاش (ع۔ صفت) ! خوش۔ خرم۔ خورسند۔ آنند۔ شاد۔ شادماں ۲ خندہ رو۔ ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی (ع بش۔ خوش ہونا) **بشاشت** (مونث) ! زندہ دلی۔ خوش طبعی۔ خوش اخلاقی ۲ خوشی شادمانی ۳ رونق۔ تازگی۔ فرحت۔

بِشاعت (ع۔ مونث) ! بدبودار ہونا ۲ خراب ہونا ۳ سڑنا (گوشت کا)

بَشام (ع۔ مذکر) ایک خوشبودار پودا۔

بِشَپ (انگ۔ مذکر) پادری گرجے کا بڑا پادری۔

بِشٹھارہ۔ مذکر پیخانہ۔ گندگی۔ غلاظت۔

بِشٹی (ہ۔ مونث) ! بارش ۲ لنگوٹی۔ کپڑا جو رانوں کے گرد باندھا جائے ۳ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔

بَشَر (ع۔ مذکر) انسان۔ آدمی۔ بنی آدم۔ انس (بَشَر۔ خوش ہونا) **بشر سے بعہدۂ بشری کام لینا چاہیئے**۔ انسان سے ایسا کام لینا چاہئے جو وہ کر سکے۔ **بشرہ** (مذکر) ! جاندار کا باہر کا چمڑا ۲ چہرہ مہرہ۔ شکل۔ حلیہ۔ قیافہ۔ پیشانی۔ اردو میں ضم با سے بھی استعمال ہوتا ہے **بشری** (صفت) متعلقہ بشر۔ بشر کا انسان کا۔ **بشریت** (مونث) ! بشر ہونا ۲ انسانیت۔ آدمیت۔

بَشَر (ع۔ مذکر) ۔خبر دینا۔ بشارت دینا ۲ کھونٹی نکالنا ۳ ٹڈی دل کا کھیت کو کھا جانا۔

بَشَرت (ع۔ مونث) بدن کا چمڑا۔

بُشرہ ع۔ مذکر) دیکھو مُبشر کے تحت میں۔

بَشَم (ع۔ مذکر) ! بدہضمی ہونا ۲ بدہضمی۔

بَشَم (ف۔ مذکر) ! پالا۔ شبنم۔

بِشَم (ہ۔ صفت) ! ناہموار۔ غیر مسطح اونچا نیچا۔ پُر از نشیب و فراز ۲ غیر مساوی۔ چھوٹا بڑا ۳ ناقابل گزر۔ جہاں ہاتھ نہ پہنچ سکے ۴ بیقاعدہ بے ترتیب ۵ طاق عدد ۶ مشکل۔ اہم سخت ۷ ناگوار۔ تکلیف دہ۔ پُر درد۔ رنج دہ ۸ غیر معمولی عجیب طرح کا۔ بیڈھب (بُرے معنوں میں) ۹ بے استقلال۔ بے ثبات۔ متبدل۔ متغیر ۱۰ بُرا۔ خراب۔ مخالف۔ منحوس

بِشماط (ع۔ مذکر) ! بسکٹ ۲ روٹی جو دو دفعہ پکی ہو۔

بِشنی (ہ۔ مذکر) بش سے ! عیاش۔ زانی۔ رنڈی کا آشنا ۲ (بیٹھ نیوں کی اصطلاح) وہ شخص جس سے آمدنی خوب ہو۔ لیکن امساک نہ رکھتا ہو۔

بَشُوتَن (ف۔ مذکر) ! بندر۔

بِشے۔ بِشئے۔ بِش (ہ۔ مذکر) ! محسوس ہونے والی چیز۔ وہ چیز جس کی طرف توجہ کی جائے یا جس کا ارادہ کیا جائے ۲ مقصد۔ غرض۔ مدعا۔ مطلب ۳ کوشش۔ پیروی۔ تلاش ۴ شغل۔ کام کاج۔ بیوہار۔ معاملہ۔ بیوپار۔ سوداگری ۵ مضمون عنوان۔ تذکرہ۔ پرسنگ۔ پرکرن۔ بھومکا ۶ دنیاوی خواہشات۔ عیش و عشرت۔ شہوت۔ (تف) معاملے میں۔ متعلق۔ بابت۔ **بِشے کرنا** (متعدی) ! عیش و عشرت کرنا۔ مزے اڑانا ۲ زنا کرنا۔ بھوگ کرنا۔ عیاشی کرنا۔ **بِشے میں** (تف) اس معاملے میں۔ اس بات میں (اس کے ساتھ)

بَشیڈو (جاپان۔ مذکر) شرفاء کے اصول شجاعت خصوصاً سُمرائی جماعت کے۔

بَشیر (ع۔ صفت) ! خوشخبری یا بشارت دینے والا۔ (بَشَر۔ خوشخبری دینا)

بِشیر (ہ۔ صفت) دیکھو بسیلا۔

بِشیش (ہ۔ مذکر) ! فرق۔ اختلاف تفاوت۔ انتر ۲ شخصیت۔ انفرادی فرق۔ خصوصیت سبھاؤ ۳ خاص واقعہ۔ خاص خاصیت ۴ وصف۔ خاصہ۔ صفت۔ گن ۵ خوبی۔ فضیلت۔ سبقت۔ فوقیت۔ ترجیح ۶ قسم۔ نوع ۷ (صرف و نحو) موصوف ۸ (قانون) خاص قاعدہ یا قانون ۹ (طب) حالت کی بہتری۔ بہتری کیطرف رجحان۔ بیماری میں کمی ۱۰ (صفت) خاص۔ مقررہ۔ معین ۱۱ منتخب۔ چیدہ۔ پسندیدہ ۱۲ افراط۔ بہتات۔ کثرت ۱۳ (تف) خاص طور پر۔ خاص کر۔ بالخصوص۔ خصوصاً۔ **بِشیشتا** (مونث) خاصیت۔ وصف۔ خاصہ۔ گن۔ افراط۔ بہتات۔ کثرت۔ **بِشیش کر۔ بِشیش کر کے** (تف) ! خصوصیت سے۔ بالخصوص ۲ بہت کر کے۔ ادھک **بِشیشَن** (صفت) ! خاص۔ خصوصی۔ میز ۲ خاص نشان۔ نشان خصوصی ۳ وصف۔ خاصہ۔ صفت گن ۴ لقب۔ نام ۵ (صرف و نحو) صفت۔

بِشیی۔ بِشئی (ہ۔ صفت) ! دنیاداری میں مشغول۔ نفسانی خواہشوں کا دلدادہ ۲ دنیادار۔ شہوتی۔ عیاش۔ نفس پرست ۳ (مذکر) کامدیو کا ایک لقب ۴ وہ شخص جو نفس پرستی اور عیاشی میں مشغول ہو ۵ شہوت پرست آدمی۔ نفس پرست شخص۔ عیاش آدمی۔ بشنی۔

بَصارَت (ع۔ مونث) ! نظر۔ بینائی۔ آنکھ کی روشنی ۲ شناخت۔ پرکھ۔ بصیرت۔ سمجھ۔ ادراک۔ عقل (بَصَر۔ دیکھنا)

بُصاق (ع۔ مذکر) گھونگا۔

بَصائِر (ع۔ مذکر) بصیرت کی جمع۔

بَصَر (ع۔ مونث) ! بینائی۔ نظر ۲ آنکھ۔ چشم (بَصَر۔ دیکھنا)

بُصرا (ع۔ صفت) بصیر کی جمع۔

بَصَع (ع۔ مذکر) ! جمع کرنا ۲ بہنا ۳ مشک کا سوراخ جس میں سے پانی ٹپکے ۴ کلمے کی اور درمیانی انگلی کے درمیان وقفہ۔

بَصَل (ع۔ مذکر) پیاز۔

بُصم (ع۔ مذکر) ! فاصلہ ۲ چھنگلیا اور تیسری انگلی کے درمیان فاصلہ۔

بَصیر (ع۔ صفت) ! دیکھنے والا۔ بینا ۲ ہوشیار۔ واقف کار۔ ماہر ۳ خدا تعالےٰ کا ایک نام (بَصَر۔ دیکھنا) **بصیرت** (مونث) ! بینائی۔ نظر ۲ دل کی بینائی۔ سمجھ۔ ادراک ۳ دانائی۔ ہوشیاری

رائے۔ خیال۔

بَصِیص (ع۔ مذکر) ۱ چمکنا ۲ روشنی نور

بَضّ (ع۔ مذکر) ۱ تھوڑا تھوڑا بہنا ۲ پتلے چمڑے والا موٹا اور نرم بدن کا آدمی۔

بِضاعَت (ع۔ مونث) ۱ سرمایہ پونجی۔ مال تجارت ۲ حصہ۔ ایجنسی کمشن (بَضْع۔ ایک چیز کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا)

بَضْع (ع۔ مذکر) ۱ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ ایک حصہ کاٹنا ۳ توڑنا۔ پھاڑنا ۴ پیاس بجھانا ۵ شادی کرنا۔ جماع کرنا ۶ طلاق دینا ۷ عیاں کرنا ظاہر کرنا ۸ بیکل ہونا۔

بَط (ع۔ مونث) ۱ ایک آبی جانور بطخ۔ راج ہنس ۲ شراب کی صراحی جو بط کی صورت نیں بنائی جاتی ہے (بَطّ۔ نشتر لگانا) **بط بادہ** ۔ شراب۔ صہبا یا مے (صفت) بط صراحی **بط کا کیچڑ کھانا** (متعدی) بے تمیزی سے اس طرح کھانا کہ سالن منہ میں لگا رہے ہیں۔

بَطّ (ع۔ مذکر) چیرا دینا۔

بَطارِقہ (ع۔ مذکر) بطریق کی جمع۔

بِطاقَہ (ع۔ مونث) ۱ آنکھ کی پتلی ۲ قیمت کی پرچی جو کپڑے پر لگی ہو۔

بَطّال (ع۔ صفت) زیادہ جھوٹا مکار یا بیہودہ۔ نکما۔ بہت بیوقوف۔ بہت شیخی باز (بَطَل۔ جھوٹا ہونا)

بَطالَت (ع۔ مونث) ۱ بیوقوفی شیخی۔ جھوٹ۔ دغا ۲ بیکار ہونا۔ نکما ہونا۔ نکماپن (بَطَل۔ بیکار ہونا)

بِطان (ع۔ مذکر) گھوڑے کا تنگ

بِطانَہ (ع۔ مذکر) اصل لفظ بکسر ہے۔ ٹوپی یا کپڑا جو پگڑی کے نیچے باندھا جائے۔ تہ پیچ (بَطَن۔ اندر ہونا)

بَطباط (ع۔ مذکر) ایک پودا۔

بَطح (ع۔ مذکر) منہ پر مارنا۔

بَطحا (ع۔ مذکر) ۱ ایسی زمین جو گزرگاہ آب ہو یا تہ دریا رہ چکی ہو ۲ وادیٔ مکہ۔ مکہ معظمہ (بَطْح۔ پھیلانا)

بُطحان (ع۔ مذکر) مدینہ منورہ کے قریب ایک دلدلی وادی۔

بَطخ۔ بَطّخ (ف۔ مونث) پالتو بط بطخا (مذکر) نر بط **بطخ کا کیچڑ کھانا** (متعدی) دیکھو بط کا الخ **بطخی** (مونث) ۱ چھوٹی بط ۲ بارود کی کپی۔

بَطر (ع۔ مذکر) توڑنا۔ پھاڑنا۔

بَطش (ع۔ مذکر) ۱ پکڑنا۔ زبردستی لینا ۲ حملہ کرنا۔

بَطَک (ف۔ مونث) بط کی تصغیر چھوٹی بط۔

بَطَل (ع۔ مذکر) بیکار کر دینا۔ بے اثر کر دینا۔ غیر ضروری بنا دینا (بَطَل۔ جھوٹا ہونا)

بَطَل (ع۔ مذکر) بہادر آدمی۔ غازی مرد

بَطلان (ع۔ مذکر) ۱ باطل ہونا۔ ضائع ہونا ۲ باطل کرنا ۳ مٹانا۔ بے اثر کر دینا (بَطَل۔ جھوٹا ہونا)

بُطم (ع۔ مذکر) تارپین کا درخت اور اس کا پھل۔

بَطن (ع۔ مذکر) ۱ پیٹ۔ شکم ۲ اندر۔ بھیتر۔ کسی چیز کا اندرونی حصہ (بَطَن۔ اندر ہونا) **بطناً بعد بطنٍ** ۱ نسلاً بعد نسلٍ پشت بہ پشت۔ خاندانی۔ موروثی ۲ ہمیشہ سے قدیم سے۔ **بطنُ الواد** (مذکر) پہاڑ کا اندرونی حصہ۔ غار۔ **بطنِ مادر** (مذکر) ۱ ماں کا پیٹ ۲ مجازاً رحم۔ **بَطنی** (صفت) پیٹ کا۔ رحم سے۔ ولد۔

بُطُون (ع۔ مذکر) ۱ بطن کی جمع۔ استعمال میں واحد ہے ۲ راز۔ بھید۔ دل کا حال ارادہ۔

بَطِیّ (ع۔ صفت) دیر کرنے والا۔ (بُطُؤ۔ سست ہونا) **بطی الحرکت** (صفت) وہ جو آہستہ حرکت کرے۔

بِطّیخ (ع۔ مذکر) خربوزہ۔ تربوز۔

بَطِیط (ع۔ مذکر) ۱ عجیب چیز ۲ جھوٹ

بُطَین (ع۔ مذکر) دوسرا نچھترا یا منزل قمر۔ بھرنی۔

بِعاد (ع۔ مذکر) ۱ دور کرنا ۲ فاصلہ ۳ جدائی۔

بِعال (ع۔ مذکر) ۱ اختلاط کرنا ۲ جماع ۳ بعل کی جمع۔ خاوند۔ بیویاں۔

بَعث (ع۔ مذکر) ۱ بھیجنا۔ سفیر بھیجنا ۲ اٹھانا۔ ابھارنا ۳ مُردے کو زندہ کرنا ۴ لشکر جو بھیجا جائے ۵ قیامت (بَعَث۔ قیامت) **بعثت** (مونث) رسالت۔ پیغمبری۔ پیغمبر کا بھیجا جانا ۲ رسالت کا زمانہ خصوصاً پیغمبر صلعم کا۔ **بعث و نشر** (مذکر) زندہ کرنا اور پریشان کرنا۔ مجازاً روز قیامت۔

بَعثَرَت (ع۔ مونث) پھیلانا۔

بَعج (ع۔ مذکر) ۱ پیٹ پھاڑنا ۲ عشق کا ستانا۔

بَعد (ع۔ تف) پیچھے۔ آخر۔ پس (بُعد۔ دور ہونا) **بعد ازاں** (تف) اس کے پیچھے **بعد از خرابی بسیار**۔ بڑی دقت سے۔ بڑی مشکل سے۔ **بعد از مرگ واویلا**۔ کام ہو چکنے کے بعد شور مچانا۔ **بعد غور و خوض** (تف) سوچنے کے بعد۔ سوچ کر۔ **بعد فراغ نماز** (تف) نماز پڑھ چکنے کے بعد۔ **بعد قطع منازل** (تف) منزلیں طے کر لینے کے بعد۔ **بعدِ مُردن** (مت) مرگ (تف) مرنے کے بعد۔ بعد میں۔ بعد کو (زیادہ فصیح) **بعدہٗ** (تف) اس کے پیچھے یا بعد۔ پھر۔

امثال و اقوال۔ **بعد از سر من کن فیکون شد شدہ باشد**۔ ہمارے بعد کچھ ہی ہو۔ ہمیں کیا۔ **بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر**۔ اصل تو یہ ہے خدا کے بعد تو بزرگ ہے۔ پیغمبر صلعم کی تعریف میں کہتے ہیں۔

بُعد (ع۔ مذکر) فاصلہ۔ دوری۔ فرق۔ مسافت (بُعْد۔ دور ہونا) **بعدُ المشرقین** (مذکر) بعید فاصلہ۔ بڑا فاصلہ۔ **بعدِ عظیم** (مذکر) بڑا فاصلہ۔

بَعر (ع۔ مذکر) لید کرنا۔

بَعرَت (ع۔ مذکر) اونٹ کی لید

بَعض (ع۔ صفت) ۱ چند۔ کچھ خاص۔ کوئی۔ کئی ۲ مختلف۔ متفرق۔ متعدد ۳ (مذکر) کچھ آدمی۔ خاص آدمی (بَعْض۔ تقسیم کرنا) **بعضا** (صفت) کوئی۔ خاص۔ **بعض اوقات** (تف) کسی وقت۔ **بعض بعض** (تف) کوئی کوئی۔ کہیں کہیں۔ کچھ کچھ **بعضی** (صفت) کوئی کوئی۔ کوئی۔ **بعضے** (صفت) بعض کی جمع۔ کچھ۔ چند۔ کئی۔

بَعل (ع۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا ۲ خاوند

۳ اُونچی زمین ۴ درخت - جسے بارش کا پانی ملے ۵ ایک دیوتا

بَعل (بابعص) سب سے بڑا دیوتا جو خالق سمجھا جاتا تھا - مصری - شامی اور بعض وقت یہودی بھی اس کی پرستش کرتے تھے - عرب بھی اسلام سے پہلے اسے پوجتے تھے - **بعل بیرت** (مذکر) ایک دیوتا جسے اہلِ سکیم پوجتے تھے - **بعل ذبوب** (مذکر) فلسطینیوں کا ایک دیوتا جو مکھیوں کو مارتا تھا - **بعل فیور** - ایک دیوتا جسے قوم معاب پوجتی تھی -

بَعُوض (ع - مذکر) مچھر -

بُعُول (ع - مذکر) بعل کی جمع -

بُعُولَت (ع مونث) ۱ شادی کرنا ۲ (مذکر) بعل کی جمع -

بَعِید (ع - صفت) ۱ دور - فاصلے پر - دور دراز - پرلے ۲ الگ - جدا - علیحدہ - خلاف ۳ اجنبی - بیگانہ (بُعْدَ - دور ہونا) **بعید از وہم و خیال** (قیاس) جو بات خیال میں بھی نہ آسکے - جس کو قیاس پہنچ نہ سکے - **بعید العقل** (صفت) خلافِ عقل - عقل سے دور - بیہودہ - فضول - **بعید القیاس** (صفت) قیاس کے خلاف - نہ ماننے والی بات - **بعید نظر آنا یا بعید ہونا** (لازم) خلافِ قیاس ہونا - غیر ممکن ہونا -

بَعِیر (ع - مذکر) اونٹ (بَعَرَ - لید کرنا)

بِغا (ع - مذکر) زنا کرانا -

بُغا (ع - مذکر) چاہنا - تلاش کرنا -

بُغاث (ع - مذکر) ایک قسم کی چیل -

بُغار - بُغارہ (ف - مذکر) ۱ کپڑے یا دیوار کا بڑا چھید ۲ رخنہ - درز - دراڑ - شگاف - چاک ۳ گڑھا ۴ زخم - گھاؤ - ریش **بغارہ پڑنا** (لازم) **ڈال دینا یا ڈالنا** (متعدی) چھید کر دینا - گڑھے بنا دینا -

بَغال (ع - مذکر) خچربان -

بِغال (ع - مونث) بغل کی جمع - خچر -

بَغاوت (ع - مونث) ۱ سرکشی - نافرمانی - غدر - بلوہ ۲ روگردانی - مخالفت - بدامنی - لوٹ مار کرنا - ہونا کے ساتھ) (بَغَیَ - ظلم کرنا) **بغاوت اختیار کرنا** (متعدی) سرکشی کرنا - بغاوت کرنا -

بَغبَغا (ع - مذکر) ۱ وہ گوشت جو انسان کی ٹھوڑی کے نیچے موٹا ہونے کی وجہ سے لٹکے ۲ غبغب ۳ وہ گوشت جو بیل یا دوسرے جانوروں کی ٹھوڑی کے نیچے لٹکے (بغبغ پاؤں کے نیچے لتاڑنا)

بغبغانا (لازم) ۱ اونٹ کا مست ہو کر بولنا ۲ کبوتر کا قوں قوں کرنا ۳ مست ہونا - شہوت میں آنا ۴ فخر کرنا - **بغبغا یا پھرنا** (لازم) اونٹ کی طرح سے مستا جانا - مست ہو جانا - بلبلایا پھرنا -

بَغبَغون (ہ - مذکر) کبوتروں کی مستی کی آواز -

بُغتَتَہً (ع - مونث) یکایک واقع ہونا

بَغچہ (ف - مذکر) باغیچہ کا مخفف چھوٹا باغ -

بُغچہ (ت - مذکر) چھوٹی گٹھڑی - بقچہ جامہ بند - **بُغچی** (مونث) بہت چھوٹی گٹھڑی - پوٹلی - **بغچیا** (مونث) چھوٹی سی گٹھڑی جس میں عورتیں سینے پرونے کا کام رکھتی ہیں -

بغدا (ف - مذکر) قصابوں کا چوڑا اور لمبائی میں چھوٹا قیمہ کرنے کا چھرا - چاپڑ -

بُغدی (ع - مذکر) ایک قسم کا اعلیٰ درجے کا اونٹ -

بَغَر (ع - مذکر) ۱ ایک بیماری جو اونٹوں کو پیاس کی وجہ سے ہو جاتی ہے ۲ خراب پانی -

بَغز (ع - مذکر) ۱ لاٹھی سے مارنا ۲ ٹھوکر مارنا ۳ چستی پھرتی -

بَغض (ع - مذکر) ۱ نفرت کرنا ۲ نفرت دشمنی ۳ قصاص - انتقام -

بُغض (ع - مذکر) ۱ دشمنی - عداوت مخاصمت - خصومت - مخالفت - بیر - لاگ ۲ کینہ حسد (رکھنا - رہنا - نکالنا - نکلنا - کرنا - ہونا کے ساتھ) (بَغَضَ نفرت کرنا) **بُغضِ لِلّٰہی** (مذکر) خدا کے واسطے کی دشمنی - خواہ مخواہ کی عداوت - بلا وجہ مخاصمت - مفت کا بیر - **بغضی** (صفت) بغض رکھنے والا -

بَغل (ف - مونث) ۱ مونڈھے کے نیچے کا حصہ - کنار - کانکھ ۲ پہلو - بازو ۳ وہ کپڑا جو کرتے انگرکھے وغیرہ میں شانے کے نیچے لگایا جاتا ہے ۴ علیحدہ - کنارے - ایک طرف - پہلو میں نزدیک **بغلانا** (لازم) ایک طرف ہو جانا - رستہ چھوڑ دینا - بغل ہو جانا - **بغل بِلائی** (مونث) بغل کا پھوڑا - گکرالی - عورتوں کا خیال ہے کہ بلّی کے چاٹنے سے یہ اچھا ہو جاتا ہے - اس لئے یہ نام ہے - **بغل بجانا** (متعدی) ۱ خوش ہونا - خوشی منانا ۲ دوسرا ہاتھ بغل کے نیچے رکھ کر آواز پیدا کرنا ۳ مضحکہ اڑانا - **بغل بند** (صفت) کپڑا یا رسّی جو بغل کے نیچے باندھی جاتی ہے - **بغل پروردہ** (صفت) گودیوں میں پلا ہوا - ناز و نعمت میں پلا ہوا - لاڈلا - **بغل جانا** (لازم) رستے میں سے ہٹ کر چلنا - ایک طرف کو چلنا - **بغل سونگھنا** (متعدی) ۱ سستی دور کرنے کو بغل سونگھتے ہیں ۲ شرمندہ ہونا - شرم آنا - تائب ہونا - پشیمان ہونا - متاسف ہونا - **بغل کا پھوڑا** (مذکر) ۱ گکرالی ۲ (صفت) تکلیف دینے والا - ایذا پہنچانے والا - **بغل کا دشمن یا گھونسا** (مذکر) ۱ دوست بن کر دشمنی کرنے والا - خفیہ دشمن - دغاباز دوست یا پڑوسی - آستین کا سانپ - چغلخور دوست ۲ غیبی مار **بغل گرم کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پہلو میں لیٹنا - ہم بغل ہونا - ساتھ سونا - **بغل گند** (مونث) بغل میں پسینے کی بو ہونے کی بیماری - **بغل گیر ہونا** (لازم) ہم آغوش ہونا گلے ملنا - ایک دوسرے کو لپٹا لینا - لپٹنا - ہم بغل ہونا - **بغل لگانا** - ایک طرف رکھنا یا کرنا - **بغل میں** - ایک طرف - پہلو میں **بغل میں ایمان داب کر بات کرنا** - ضمیر کے خلاف کوئی بات کہنا - سچائی اور صداقت کے برخلاف کہنا - جھوٹ کی حمایت کرنا - **بغل میں ایمان دابنا یا دبانا** - بے ایمانی کرنا - بددیانتی کرنا - جھوٹ بولنا - ایمان کے خلاف کچھ کہنا - **بغل میں بیٹھنا** (لازم) پہلو میں بیٹھنا - **بغل میں پالنا** (متعدی) حمایت میں پرورش کرنا - **بغل میں پرورش پانا** (متعدی) کسی کے زیر سایہ پرورش پانا - **بغل میں دابنا یا دبا لینا** (متعدی) ۱ بغل میں لینا - گلے ملنا ۲ کسی چیز کو بغل میں چھپانا - چوری کرنا - **بغل میں دبانا** (متعدی) ۱ آغوش میں لینا - بھینچ بھینچ کر گلے ملنا ۲ کسی چیز کو چھپا لینا یا سرقہ کرنا - چوری کرنا - فریب سے کوئی چیز لے لینا یا قبضے میں کرنا ۳ قابو کرنا ۴ پہلو میں لینا - **بغل میں سونا** (لازم) **سُلانا** (متعدی) پہلو میں سلانا - ساتھ سلانا - **بغل میں لے کر بیٹھنا** (لازم) ۱ ہم آغوش کرنا - گود

میں لینا ۲ پہلو میں بیٹھنا۔ ہمکنار ہونا۔ **بغل میں لینا** (متعدی) ۱ پہلو میں رکھنا۔ ایک طرف کو کر دینا ۲ گود میں لینا۔ ہم آغوش کرنا ۳ پہلو میں بٹھانا۔ ہمکنار ہونا ۴ اٹھالے جانا۔ **بغل میں مارنا** (متعدی) ۱ پہلو میں چھپانا۔ دبانا۔ رکھنا۔ لینا ۲ قبضہ کرنا۔ اٹھالے جانا۔ **بغل میں مُنہ ڈالنا** (متعدی) شرمندہ ہونا۔ خجالت ظاہر کرنا۔ **بغل میں ہونا** (لازم) پہلو میں ہونا۔ نہایت نزدیک ہونا۔ **بغل ہو جانا یا ہونا** (لازم) کنارے ہو جانا راستے سے الگ ہو جانا۔ ایک طرف ہو جانا۔ رستہ چھوڑ دینا۔ **بغلی** (صفت) ۱ بغل کا۔ ایک طرف کا ۲ (مونث) حمایل ۳ وہ تکیہ جو بغل میں رکھنے کے واسطے ہوتا ہے ۴ عورتوں کی تلاوانی ۵ ڈنڈے کھیلنے کا ایک طریقہ ۶ مگدر ہلانے کا ایک طریقہ ۷ کشتی کا ایک داؤں ۸ فقیر کی جھولی۔ زنبیل ۹ اُونٹ کا ایک عیب جس میں ران پیٹ سے لگتی ہے ۱۰ پرندے کا پروں میں منہ چھپانا۔ **بغلی تکیہ** (مذکر) بغلوں میں رکھنے کا تکیہ۔ **بغلی دشمن یا گھونسا** (مذکر) دیکھو بغل کا دشمن۔ **بغلی دینا** (متعدی) دیوار توڑ کر گھر میں گھس جانا۔ **بغلی ڈوبنا** (متعدی) ۱ بغل میں سے نکل کر پیچ کرنا ۲ چالاکی کرنا۔ **بغلی گور** (مونث) ایک قسم کی قبر جس میں مردہ رکھنے کی جگہ قبر کے منہ کے ایک طرف ہوتی ہے۔ **بغلیں** (مونث) ۱ بغل کی جمع ۲ آستین کے نیچے کا کپڑا۔ **بغلیں بجانا** (متعدی) ۱ بازوؤں کو حرکت دیکر بغل سے آواز پیدا کرنا ۲ خوشی ظاہر کرنا۔ خوش ہونا۔ **بغلیں بنانا** (متعدی) بغلوں کے بال صاف کرنا۔ **بغلیں بنوانا** (متعدی) بغلوں کے بال منڈوانا۔ **بغلیں جھانکنا** (متعدی) ۱ شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا ۲ بھاگنے کی راہ تلاش کرنا ۳ لاجواب ہونا۔ حیران ہونا ۴ پناہ ڈھونڈنا۔ **بغلیں جھکانا** (دم) شرمندہ کرنا۔ حیران و پریشان کرنا۔ **بغلیں سونگھانا** (متعدی) سونگھنا (لازم) دیکھو بغل سونگھنا۔ **بغلیں لینا** (متعدی) بغلیں بنانا۔

امثال واقوال

بغل تھا سیارا تو پوت تھا ہمارا۔ جب کمر ہوا کٹارا تو کنبہ ہوا تمہارا - جب بہو ساس سے لڑے اور خاوند کو لے جا کر الگ رہنا چاہے تو ساس کہتی ہے۔ **بغل کا چور بُرا ہوتا ہے** - بھیدی خوب چوری کرتا ہے۔ **بغل میں چھری مُنہ میں رام رام** - ظاہر میں دوست باطن میں دشمن۔ **بغل میں چھری نیت بُری** (مونث) جب آدمی کی نیت بگڑ جاتی ہے تو دوسرے کی ایذا رسانی کی فکر کرتا ہے۔ **بغل میں لڑکا شہر میں ڈھنڈورا** - چیز پاس ہے اور اس کی تلاش ہر جگہ ہو رہی ہے۔ **بغل میں سونٹا نام غریب داس** - شکل و صورت سے غریب اور ویسے ہر وقت لڑنے کو تیار۔ ظاہر کچھ باطن کچھ۔ **بغل میں طوطی کا پنجرہ نبی جی بھیجو** - سخت لالچی۔ ہر وقت دوسروں کے مال پر نظر۔

بُغلول (ہ۔ مذکر) ۱ بیوقوف۔ احمق۔ سادہ ۲ بدّھو ۳ چھچھورا۔ بیہودہ۔

بُغُو (ع۔ مذکر) عقد ثریا کا غروب ہونا جو بارش کی نشانی سمجھی جاتی ہے۔

بَغی (ع۔ صفت) ۱ باغی ۲ (مذکر) بغاوت ۳ ظلم۔ ستم۔ جور (بَغَی۔ ظلم کرنا کسی پر)

بَغیا۔ بغیچہ (ف۔ مذکر) باغیچہ کا مخفف۔ چھوٹا باغ۔

بُغیَت (ع مونث) ۱ کوئی چیز جس کی ضرورت ہو ۲ خواہش مراد۔

بَفارَ (ف۔ مونث) وہ سفید چھلکے جو انسان کے سر سے جھڑتے رہتے ہیں۔ روسی۔ سر کی خشکی۔ سبوس۔

بَق (ع۔ مذکر) ۱ مچھر ۲ کھٹمل۔

بَقا (ع۔ مونث) ۱ باقی رہنا۔ زندہ رہنا ۲ زندگی۔ وجود۔ قیام ۳ ہمیشہ کی زندگی۔ حیاتِ جاودانی (بَقِی۔ باقی رہنا) **بقائے اصلاح** (مونث) بہترین چیز کا باقی رہنا۔ دنیا میں کمزور اور نکمی ہستیاں عموماً تلف ہو جاتی ہیں۔ اور نباتات اور حیوانات میں طاقتور اور قابل افراد بچ جاتے ہیں اور نسل کے جاری رکھنے کا باعث ہوتے ہیں۔ **بقائے دوام** (مونث) ہمیشہ کی زندگی یا شہرت حیات جاودانی۔

بَقّار (ع۔ مذکر) ۱ مویشی کا سوداگر ۲ لوہار ۳ ایک وادی اور جنگل جن کی بابت مشہور ہے کہ ان میں شیطان رہتے ہیں (بَقَر۔ گائے۔ مویشی)

بِقاع (ع۔ مذکر) ۱ نیچی زمین جہاں پانی کھڑا ہو کر سڑتا ہے ۲ نشیب زمین ۳ عمارات ۴ خانقاہیں۔

بَقّال (ع۔ مذکر) ۱ اصل معنی سبزی فروش ۲ غلّہ بیچنے والا۔ بنیا (بَقْل۔ سبز ہونا پودوں سے) **بقّالنی** (مونث) بقّال کی عورت۔ بنئے کی بیوی بنیائن۔

بَقایا (ع۔ مذکر) ۱ بچا کچا۔ باقی بچا ہوا ۲ رقم فاضلہ۔ بچت۔ خرچ سے جو کچھ بچ رہے (بَقِیَ۔ باقی رہنا) **بقایا تقاوی** (مذکر) اس روپے کا بقایا جو کاشتکاروں کو زراعت کی امداد کے لئے دیا گیا ہو

بَق بَق (ع۔ مونث) بک بک بکواس (بَقبَق۔ باتیں کرنا) **بق بق زق زق** (مونث) بکواس۔ بک بک۔ **بق بق زق زق کا دماغ** (مذکر) بکواس کی برداشت۔

بُقچہ (ف۔ مذکر) کپڑوں کی گٹھڑی۔ بقچہ۔ **بقچی** (مونث) چھوٹی گٹھڑی۔

بَقَر (ع۔ مذکر) ۱ گائے۔ بیل ۲ قرآن شریف کی دوسری اور سب سے بڑی سورت۔ (بَقَر۔ کاٹنا) **بقرا عید** (غف) **بقر عید** (مونث) مسلمانوں کا وہ تیوہار جو حج کے دوسرے دن یعنی ذوالحجہ کی دسویں تاریخ کو ہوتا ہے۔ مسلمان اس دن قربانی کرتے ہیں۔ یہ حضرت ابراہیم کا اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیل کو قربانی کرنے پر تیار ہونے کی یادگار میں ہے۔ **بقرا عیدی** (مونث) بقر عید کا انعام۔ عیدی (غف) **بقرید** (غف) بقر عید۔

بَقع (ع۔ مذکر) ۱ کسی ملک میں جانا ۲ جھوٹی باتیں اور بُرے الفاظ کہہ کر اکسانا یا اشتعال دینا۔

بَقَع (ع۔ مذکر) سیاہ و سفید دھبے ہونا

بُقعہ (ع۔ مذکر) مکان۔ گھر۔ **بقعۂ نور** (مذکر) مکان جس میں بہت روشنی ہو۔

بَقل۔ بَقلہ (ع۔ مونث) ترکاری۔ سبزی۔ ساگ۔ **بَقلۃُ الحَمقا** (مذکر) خرفہ **بقلیّہ** (مذکر) ایک فرقہ جو قرمطی فرقہ کی ایک شاخ تھا۔ یہ لوگ گوشت لہسن اور شلغم نہیں کھاتے تھے ابو حاتم اس کا بانی تھا۔

بَقَم (ع۔ مذکر) ایک قسم کی لکڑی

بکم -

بَقُولات (ع - مونث) بقل کی جمع الجمع - بقول جمع ہے - سبزترکاریاں -

بَقِیع (ع - مذکر) وہ جگہ جہاں بہت سے درخت ہوں - **بَقِیع الغَرقَد** (مذکر) مدینہ کا قبرستان -

بَقِیَّہ (ع - صفت) بچا کھچا - بچا بچایا بقایا (بَقی - باقی رہنا) **بَقِیَّۃُ السیف** (مذکر) جنگ سے بچی ہوئی فوج -

بَک (ع - مذکر) ۱ زخمی کرنا - مارنا ۲ پھاڑنا توڑنا ۳ مجمع کرنا -

بَک (ہ - مونث) بکواس - بیہودہ گوئی - جھک - یاوہ گوئی (س وَچ - بولنا) **بک بک** (جھک جھک) **بک جھک** (مونث) بہت بکواس یا یاوہ گوئی - بہت باتیں **بک بک کرنا - لگانا یا مچانا** (متعدی) بہت فضول باتیں کرنا **بک بک کے بھیجا پکا دینا** (دماغ - سر - کان یا مغز) یا کھا جانا یا کھانا - **بک بک کے** (بکتے بکتے) **دماغ** (مغز) **چاٹ جانا - بکتے بکتے سر کھا جانا** (متعدی) فضول گوئی یا بکواس کر کے تھکا دینا **بک جانا** (متعدی) کوئی نہ کہنے والی بات کہہ دینا **بک دینا** (متعدی) ۱ کہدینا ۲ اقبال کرلینا - مان لینا - **بک جھک کے** (تھک) روپیٹ کر - غم و غصہ کھا کر - **بک لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) بک بک کرنا - بہت بکنا - فضول اور بے معنی باتیں ہونا - لگاتار کیے جانا **بکنا** (متعدی) ۱ فضول باتیں کرنا - بے معنی باتیں کیے جانا ۲ جھوٹ بولنا ۳ غصے ہونا - غصہ کرنا **بکواس** (مونث) جھک فضول گوئی - یاوہ گوئی - بیہودہ گوئی (کرنا ہونا کے ساتھ) **بکواس** (مونث) **بکواسی** (مذکر) بکی - جو بہت فضول باتیں کرے **بکوانا** (م) ۱ بہت باتیں کرانا ۲ اقبال کرا لینا - منوا لینا **بکی** (صفت) بکواس کرنیوالا - بہت بکنے والا - بہت باتیں کرنے والا - بسیار گو **بکے جانا** (لازم) ایک بات بار بار کہے جانا -

بَکَ (س - مذکر) **بَک** (ہ) ۱ ایک قسم کا بگلا ۲ دغا باز آدمی ۳ کوبر کا نام ۴ ایک دیت ۵ ایک اُسر جسے کرشن جی نے زیر کیا تھا ۶ ایک راکھش جسے بھیم نے قتل کیا تھا ۷ ایک رشی ۸ ایک راجہ ۹ ایک قوم - **بکاری** (مذکر) کرشن جی - **بکنا** (ماضی ناتمام) ۱ بکنا کی ۲ (صفت) وہ جو بکے - بکواسی - بکے - بکی -

بکجت (مذکر) بھیم کا لقب - **بک چال** (ہ - مونث) بگلے کی طرح چلنا - آہستہ آہستہ چلنا - **بک دیپ** (مذکر) ایک ملک کا نام - **بک دھیان لگانا** (متعدی) ریاکاری کا کام کرنا - دھوکا دینا - فریب دینا - **بک راجہ** (مذکر) بگلوں کا راجہ جس کا نام راجہ دھرمن تھا - یہ کشیپ کا لڑکا تھا - **بک چھ** (مذکر) ایک مقام - **بک کلپ** (مذکر) ایک خاص زمانے کا نام - **بک نکھ** (مذکر) وشوامتر کا ایک بیٹا - **بکی** (مونث) مادہ بگلا **بکیش** (مذکر) ایک مندر جو بک نے بنایا تھا -

بِک (ہ - امر) بکنا کا (س وکر - بدلنا) **بِکا** (ماضی) بکنا کی - **بکاؤ** (صفت) بیچنے کے واسطے ۲ بکری کے لائق - **بکاؤ** (ہ - مذکر) ۱ بکنا بیع - فروخت ۲ بکری - **بکاؤ ہونا** (لازم) بکنے کے واسطے ہونا - فروخت کے لئے ہونا - **بک جانا** (لازم) دیکھو بکنا - **بکری** (مونث) ۱ فروخت - بیع ۲ مانگ طلب ۳ (ہ) قیمت - نرخ - قیمت مقرر دیا ادا شدہ **بکری بٹہ** (مذکر) روپیہ جو فروخت سے حاصل ہوا ہو - **بکری پتر یا خط** (مذکر) بیع نامہ - **بکری کھاتہ** (مذکر) حساب فروخت - **بکنا** (لازم) ۱ بیچا جانا - فروخت ہونا - بیع ہونا ۲ مطیع ہونا - تابع ہونا ۳ ممنون ہونا - **بکوانا** (م) بکنا کا - فروخت کرانا - بیع کرانا - **بکوائی** (مونث) بکنے کی اُجرت -

بِک (ہ - مذکر) بھیڑیا - گرگ -

بُک (ہ - مذکر) ۱ بہت باریک پیتل کے ورق جو سجاوٹ کیلئے لگائے جاتے ہیں ۲ باریک کپڑا ململ -

بُک (انگ مونث) کتاب رجسٹر -

بُک بائنڈر - (مذکر) جلد ساز - **بُک بائنڈنگ** (مونث) جلد سازی - جلد بندی - **بُک پوسٹ** (مونث) کتابوں کا پارسل بذریعہ ڈاک - اس میں خطوں سے کم خرچ ہوتا ہے - **بُک کرانا** (متعدی) کوئی مال دوسری جگہ بھیجنے کے لئے ریل کے بابو کے سپرد کرنا - **بُک کرنا** (متعدی) ۱ بھیجنے والوں سے اسباب لینا ۲ اسباب دوسری جگہ بھیجنا - **بُک کیپنگ** (مذکر) حساب کتاب رکھنے کا علم - **بکنگ** (مذکر) ۱ بھیجنے والوں سے اسباب لینا ۲ مسافروں کو ٹکٹ دینا - **بکنگ آفس** (مذکر) وہ جگہ جہاں ٹکٹ بکتے ہیں **بکنگ کلرک** (مذکر) وہ بابو جو ٹکٹ بیچتا ہے - **بک ہونا** (لازم) ۱ بھیجنے والوں سے اسباب لیا جانا ۲ درج رجسٹر ہونا -

بُکّ (س - مذکر) ۱ دل ۲ بکرا -

بُکا (ع - مذکر) رونا - گریہ - ماتم (کرنا کے ساتھ) (بَکیٰ - رونا)

بُکّارہ - (مذکر) ۱ مٹھی - مٹھی بھر ۲ مشت خاک - مشت غبار ۳ بھاپ یا دھواں جو کثرت سے نکلے - لپٹ - لوکا (بکٹا کا مخرب) **بکے اڑانا** (متعدی) غبار پھیلانا - خوشبو پھیلانا -

بَکار (ہ - مذکر) فصل کی قیمت تخمینہ کر کے زبانی مقرر کرنا (س وچ - بولنا)

بِکار (ہ - مذکر) ۱ بدلنا - تبدل تغیر ۲ شکل یا خاصیت کا بدلنا ۳ برائی کی طرف تغیر - ابتری خرابی - نقص - بگاڑ ۴ صحت یا بیماری سے تغیر ۵ گھبراہٹ -

بُکار (ہ - امر) بکارنا کا - **بُکارا** (ماضی) ۱ بکارنا کی ۲ (مذکر) زبانی اطلاع بھیجنا ۳ قاصد - ایلچی - مخبر - پیغامبر ۴ جواب بھوت پریت کے سائے والے کا ۵ چالان - بیجک - خط - **بکارا دینا** (متعدی) جواب دینا - **بکارنا** (متعدی) جواب دینا -

بِکارت (ع - مونث) کنوارپن - دوشیزگی (بکر سے)

بِکاس (ہ - مذکر) ۱ کھلنا - پھیلنا ۲ کھِلنا - چٹکنا - چمکنا ۳ اظہار - نمائش - نمود ۴ خوشی - فرحت - خرمی ۵ (صفت) خوش خرم - **بکاست** کھلا ہوا - (صفت) کھلا ہوا -

بِکال (ہ - مذکر) دن کا پچھلا پہر - بعد دوپہر کا وقت -

بَکاوَل (ف - مذکر) باورچیخانے کا داروغہ - خانساماں - باورچی - رسوئیا - **بکاولنی** (مونث) بکاول کی بیوی - **بکاولی** ۱ بکاول سے متعلق ۲ کھانا پکانے کا سامان ۳ طشتری ۴ قصہ گل بکاولی یا گلزار نسیم میں وہ پری جس کے باغ سے اس کا گل حیات گم ہو جاتا ہے -

بَکائن - بَکاین (ہ - مذکر) ۱ ایک نیم کی قسم کا درخت جس کا پھل بہت کڑوا ہوتا ہے ۲ اس درخت کا پھل -

بکبکا (ہ۔ صفت) ۱. خراب۔ بے مزہ
بے لذت ۲. تیز۔ کسیلا۔ کڑوا۔ تیتا۔
بکبکانا (ہ۔ متعدی) بک بک کرنا
بکبوٹ (انگ۔ مذکر) اصل لفظ
بک بورڈ ہے۔ ایک بڑی ہلکی چار پہیہ گاڑی جس
پر دو آدمی سوار ہوتے ہیں۔ خراب سڑکوں پر اچھا
کام دیتی ہے۔
بکت (ہ۔ مونث) ۱. شخص۔ فرد۔
آدمی ۲. گھر کا کوئی آدمی۔ بیوی بچے۔
بکتر (ف۔ مذکر) زرہ۔ چار آئینہ۔
چلتہ۔ جوشن۔ **بکتر پوش** (صفت) زرہ پہننے والا
زرہ پہنے ہوئے۔ **بکتری** (صفت) بکتر پہننے والا۔
بکتر بنانے والا۔
بکٹ (ہ۔ صفت) ۱. بڑا۔ کلاں ۲.
خوفناک۔ خطرناک ۳. سخت مشکل کٹھن ۴. بدشکل
بدصورت۔ کریہ (س۔ وِکٹ) **بکٹ پہاڑہ** (مذکر)
کسروں کا پہاڑہ۔ جیسے سوایا۔ ڈیوڑھا۔ ڈھونچا۔
بکٹ (انگ۔ مذکر) طلایہ۔ پہرہ۔
گارد۔ دستہ (پکیٹ کا مخرب)
بکٹ۔ بکٹ۔ بکٹا۔ بکٹا
(ہ۔ مذکر) چنگل۔ مٹھی۔ پنجہ۔ بھرا ہوا ہاتھ (س وِکرت)
کاٹنا تقسیم کرنا۔ **بکٹا بھر** (صفت) مٹھی بھر۔ **بکٹا
بھرنا یا مارنا** (متعدی) ۱. چنگل مارنا۔ نوچنا ۲. انگلیاں
کو پھیلا کر کوئی چیز اس طرح پکڑنا کہ انگلیاں …
بکٹا ڈالنا (متعدی) مٹھی میں کوئی سفوف لے کر
کسی چیز پر ڈالنا
بکٹا۔ بکھٹا (ہ۔ صفت) کسیلا۔
کڑوا۔ بکسیلا۔
بکچا۔ بکچہ (ہ۔ مذکر) بقچہ کا مخرب۔
بکچی (مونث) ۱. بقچی ۲. ایک پودا جس کا بیج کھجلی کے
علاج کے لئے استعمال ہوتا ہے
بکر (ع۔ مذکر) جوان اونٹ۔ **بکرت**
(مونث) ۱. جوان اونٹنی ۲. چرخی۔
بکر (ع۔ مونث) ۱. دوشیزگی۔ کنوارپنا
کنوار پھلا ۲. غیر مستعمل چیز۔ کام میں نہ آئی ہوئی چیز ۳. نئی چیز ۴.
نازک۔ لطیف (بکر۔ کسی کی طرف جلدی کرنا) **بکر
توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) عورت کے ساتھ پہلی
دفعہ جماع ہونا۔ ازالۂ بکارت ہونا۔

بکرا (ہ۔ مذکر) ایک چوپایہ جو ۲ سے
۲½ فٹ تک اونچا اور ۳ فٹ کے قریب لمبا ہوتا ہے
اس کا گوشت عام طور پر کھاتے ہیں۔ مادہ کا دودھ پیتے
ہیں۔ نر کے سر پر سینگ اور ٹھوڑی پر ڈاڑھی ہوتی
ہے۔ بز۔ گوسفند (س۔ وَرکر یا بَرکَر) **بکر کود کرنا
یا مچانا** (متعدی) اچھلنا کودنا۔ **بکری** (مونث) بکرے
کی مادہ۔ بزمادہ۔ **بکرے** (مذکر) ۱. بکرا کی جمع ۲. بجائے
بکرا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **بکری کا سا منہ چلنا**
(لازم) ہر وقت کھاتے رہنا۔ **بکرے کا مستی کرنا**
(متعدی) بکرے کا مستی میں آواز کرنا یا بکری پر چڑھنا
بکرے کی اولاد (صفت) حرامی۔ ولدالزنا۔ **بکرے
کی بولی بولنا** (لازم) قے کرنا۔

**امثال واقوال۔ بکرا مٹائے
تب لکڑی کھائے۔** بکرا موٹا ہو تو شرارتیں کرتا
ہے۔ اور مار کھاتا ہے۔ ملازم جب ٹھیک کام نہ کرے
تو کہا جاتا ہے۔ **بکری جان سے گئی کھانے والے
کو مزا نہ آیا۔** وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کا کام کیا جا
اور وہ ناشکرگزاری کا اظہار کرے۔ **بکری سے ہل
جتتا تو بیل کون رکھتا۔** اگر یونہی کام ہو جائے
تو محنت کون کرے۔ **بکری کرے گھاس سے
یاری تو کھائے کہاں جائے۔** اگر کسی کی دوستی
کی وجہ سے مذاق چھوڑ دیا جائے تو کھائیں کہاں سے
بکری کی تین ہی ٹانگ۔ وہاں کہتے ہیں جب
کوئی فضول بات کرکے اس کے درست ہونے پر
ضد کرے۔ **بکری کی جان گئی کھانے والے
کو مزا نہ آیا۔** دیکھو بکری جان الخ۔ **بکرے کی
ماں کب تک خیر منائیگی۔ آخر ایک نہ ایک
دن چھری تلے آئیگی۔** یہ مثل آدھی اور پوری دونوں
طرح استعمال ہوتی ہے۔ جس شخص کو برے کام کی عادت
ہو وہ ہمیشہ نہیں بچ سکتا۔ ایک نہ ایک دن پکڑا جائیگا
بد ضرور بدی کا نتیجہ بھگتے گا۔ **بکری کے نصیبوں
چھری ہے۔** جو قسمت میں ہے وہ ضرور ہوگا۔
بکری نے دودھ دیا وہ بھی مینگنوں بھرا
وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی چیز دی جائے مگر خراب
کرکے یا کسی کا کوئی کام بددلی سے کیا جائے۔
بکرار۔ بکرال (ہ۔ صفت) خوفناک
ہیبت ناک۔ ڈراونا۔
بکرت (ع۔ مونث) صبح۔ صبح صادق۔

بکرم (انگ۔ مذکر) وہ موٹا کپڑا جس
کو قمیض کی آستینوں میں بطور استر کا اس غرض سے لگاتے
ہیں کہ کڑا پن رہے۔ سیان تہ۔ کتی۔ کنٹ۔
بکس (انگ۔ مذکر) صندوق۔ ڈبہ
ڈبیہ۔ **بکس والا** (صفت) پھیری والا۔ بساطی۔
بکس (ہ۔ امر) بکسنا کا (س وِکس
پھٹنا) **بکسا** (ماضی) ۱. بکسنا کا ۲. (صفت) کسیلا
کڑوا۔ **بکساہٹ**۔ کسیلاپن۔ **بکس کر رہ جانا**
(لازم) کھلتے ہی مرجھا جانا۔ **بکسنا** (لازم) ۱. کھلنا
پھیلنا ۲. کھلنا۔ شگفتہ ہونا۔ پھولنا۔ پھول آنا ۳.
خوش ہونا۔ خرم ہونا ۴. ہنسنا۔ مسکرانا ۵. مرجھانا
خشک ہونا۔ گل جانا۔ سڑنا۔
بکسِت (ہ۔ صفت) ۱. کھلا ہوا۔
شگفتہ ۲. خوش۔ خرم۔
بکسوا (انگ۔ مذکر) بکلس کا کانٹا۔
بکسیلا۔ بکسیلا (ہ۔ صفت)
کسیلا۔ بکٹا۔ بکسا۔
بکل (ع۔ مذکر) بکیلہ جو ایک قسم کا
کھانا ہے تیار کرنا۔
بکل (س۔ مذکر) بکل (ہ) ۱. مولسری
کا درخت ۲. شوخی ۳. ایک ملک **بکلا بھرن منی**
(مذکر) ایک منی **بکلاوتی** (مونث) ایک عورت کا نام **بکل
میدھی** (مذکر) ایک مندر۔
بکل (ہ۔ مذکر) ۱. بیوقوفی کی گفتگو ۲.
بے ترتیبی۔ پریشانی ۳. خلط ملط۔ آمیزش ۴. لوٹ۔
مال مسروقہ۔ مال غنیمت۔ شکار۔
بکل (ہ۔ صفت) بیکل۔ پریشان۔
گھبرایا ہوا۔
بکل۔ بکل۔ بکلا (ہ۔ مذکر) ۱. چھال
چھلکا۔ پوست (س وَلکل) **بکل اتارنا** (متعدی) ۱.
چھلکا اتارنا۔ درخت کی منی چھال اتارنا ۲. خوب مارنا۔
کھال ادھیڑنا۔ پیٹنا۔ **بکل اڑانا دو بکل چھیلنا**
(متعدی) **بکل کی آگ** (مونث) لکڑی کے چھلکوں کی
آگ جو حقہ پینے والے پسند کرتے ہیں۔
بکل (ہ۔ مونث) (ہ۔ مذکر) دوپٹہ
اس طرح اوڑھنا کہ بازو چھاتی پیٹ پیٹھ سر اور منہ چھپ
جائے۔ بعض عورتیں منہ کھلا رکھتی ہیں۔ دوپٹے کی لپیٹ
بکل مارنا (متعدی) عورتوں کا دوپٹے کو اوڑھنا۔

بَکلا (ہ۔ مذکر) بگلا۔
بُکلانا (ہ۔ متعدی) خود بخود باتیں کرنا منہ میں بولنا۔ دیوانوں کی طرح باتیں کرنا یا غل مچانا۔ بیوقوفی کی باتیں کرنا۔
بَکلس (انگ۔ مذکر) وہ لوہے کا چھوٹا سا آلہ جس میں کسی چیز کو اٹکانے کے لئے ایک کانٹا سا لگا ہوتا ہے۔ اور جسے واسکٹوں۔ پتلونوں۔ پیٹیوں گھوڑوں کے ساز اور زینوں وغیرہ میں لگاتے ہیں۔
بُکم (ع۔ مذکر) ابکم کی جمع ۔ گونگے اشخاص
بَکَم (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی سرخ لکڑی۔ بقم۔
بکمی (ہ۔ مونث) وہ عورت جو خاوند کے ہوتے ہوئے دوسری شادی کرے۔
بَکَن (ہ۔ مذکر) ایک ہندوستانی گھاس
بُکَن (ہ۔ مذکر) ۱ پیسنا۔ سفوف بنانا ۲ سفوف۔ چورا۔ بُرادہ۔ **بُکنا** (متعدی) پیسنا۔ سفوف بنانا ۲ (مذکر) سفوف۔
بُکنی (ہ۔ مونث) ۱ سفوف۔ چورا۔ بورا۔ برادہ ۲ چوبن ۳ چھوٹا ٹکڑا۔ کترن۔ دھجی۔ پرزہ ۴ دوا جس کے کھانے سے کبوتر تیز اڑتے ہیں۔
بُکوانا (ہ۔ مم) بُکنا کا پسوانا۔ سفوف کروانا۔
بَکواہا (ہ۔ مذکر) بکواسی۔
بَکوٹا (ہ۔ مذکر) بُکٹا۔
بَکوٹنا (ہ۔ متعدی) ناخن سے زخمی کرنا۔ نوچنا۔ پنجہ مارنا۔ کھرچنا رس کرت۔ کاٹنا۔
بُکور (ع۔ مذکر) صبح آنا۔ جانا۔ اُٹھنا۔ ملنے جانا یا کوئی اور کام کرنا۔
بَکولا (ہ۔ مذکر) کمبل یا کپڑے کا ٹکڑا جو فقیر اپنے سر پر ڈال لیتے ہیں۔
بَکولی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا سبز کیڑا جو دھان کی فصل کو تباہ کرتا ہے۔
بُکھ (ہ۔ مذکر) دنیا۔ عالم۔
بِکھ (ہ۔ مذکر) زہر **بکھمان** (مذکر) ایک زہر کا نام۔
امثال۔ بکھ کی اوکھد کیا۔ زہر کا کیا علاج بکھ سونے کے برتن میں رکھنے سے امرت نہیں ہوتا۔ بری چیز کسی صورت میں اچھی نہیں ہو سکتی۔

بَکھا (ہ۔ مذکر) گھاس جو چرائی کے لئے رکھی جائے۔
بَکھّا (اردو۔ مذکر) بوسہ (عف)
بِکھا۔ بپتھا (ہ۔ مونث) ۱ تکلیف۔ مشکل بپتا۔ بدقسمتی۔
بکھار۔ بکھاری (ہ۔ مونث) (اناج کا گودام۔ کھتا۔ کھتی۔ کھلیان۔ کوٹھی۔ ذخیرہ۔
بکھان (ہ۔ مذکر) ۱ تشریح۔ توضیح اظہار۔ شرح۔ تفسیر۔ تفصیل ۲ تعریف۔ کیفیت۔ حال۔ تذکرہ۔ بیان۔ سرگذشت۔ برنن ۳ نام رکھنا۔ بلانا ۴ تعریف۔ تحسین۔ توصیف۔ مدح ۵ (لا) تشہیر فضیحتا (اردو میں ذم کا پہلو لئے ہے دس دیا کھیاں)
بکھان ڈالنا (ہ۔ متعدی) ذلیل کرنے کی غرض سے کسی کا پوشیدہ حال کھول کھول کر بیان کرنا **بکھان کرنا** (متعدی) ۱ تشریح کرنا۔ توضیح کرنا ۲ بیان کرنا۔ تذکرہ کرنا ۳ تعریف کرنا۔ مدح کرنا ۴ (ہ) بیجابات کہنا۔ برائی بیان کرنا۔ برا بھلا کہنا **بکھانا** (متعدی) بکھان کرنا **بکھائی** (مونث) بکھان۔
بِکھائی جانا (ہ۔ لازم) بنام ہونا۔ برائی بیان ہونا۔
بَکھُر (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا بل یا پھاوڑہ
بکھر۔ بکھُر (ہ۔ مذکر) ۱ میل جو کچی شکر سے نکلتا ہے ۲ روغندار بیج ۳ مکان۔ احاطہ۔ گائے بھینس کے باندھنے کی جگہ **بکھر پکانا** (متعدی) کچی شکر۔ شکر میں سے میل نکالنا۔
بِکھَر (ہ۔ امر) بکھرنا کا رس دکری پھیلانا) **بکھرا** (امر) بکھرانا کا ۲ (ماضی) بکھرنا کی **بکھرا جانا** (لازم) ۱ گرا پڑنا بیٹھے جانا ۲ ٹوٹا جانا۔ کھلا جانا ۳ قابو سے نکلا جانا۔ ہاتھوں سے نکلا جانا۔ **بکھرانا** (متعدی) پریشان کرنا۔ **بکھرنا** (لازم) ۱ پھیلنا۔ منتشر ہونا۔ پراگندہ ہونا ۲ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ بپھرنا ۳ پریشان ہونا۔ بےترتیب ہونا ۴ خستہ ہونا ۵ (دجی) پریشان ہونا۔ بے حال ہونا۔ غشی کی حالت طاری ہونا ۶ بوہا جانا ۷ خراب ہو جانا۔ ضائع ہو جانا۔ برباد ہو جانا ۸ حالت خراب ہونا۔
بَکھری (ہ۔ مونث) مکان۔ گھر۔ جھونپڑی **بکھریا** (مذکر) مالک مکان۔
بَکھَل (ہ۔ مونث) مکان وغیرہ بکھر۔
بَکھَی (ہ۔ مونث) بغل کے نیچے کا حصہ (عف) (س کش) **بکھیاں توڑ دینا** (متعدی) بہت مارنا (عف) **بکھیاں ٹوٹنے لگیں۔** پیٹ میں ہنستے ہنستے بل پڑنے لگا۔ (ہندو)

بکھیر (ہ۔ امر) ۱ بکھیرنا کا ۲ (مونث) ۱ منتشر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ پریشان کرنا وغیرہ ۲ وہ چیز جو بکھیر دی جائے ۳ روپے پیسے جو دولہا کے سر سے نچھاور کئے جاویں **بکھیر کرنا** (متعدی) دولہا کے سر سے روپے پیسے نچھاور کرنا **بکھیرنا** (متعدی) ۱ منتشر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ پریشان کرنا ۲ ڈالنا۔ پھیلانا۔ چھڑکنا۔
بکھیڑا (ہ۔ مذکر) ۱ جھگڑا۔ تکرار۔ حجت قضیہ۔ غل۔ غپاڑا۔ غل شور۔ غوغا ۲ فساد۔ دنگا۔ لڑائی۔ مارکٹائی۔ ہنگامہ ۳ الجھاؤ۔ الجھیڑا۔ پیچ۔ جنجال۔ کھڑاگ ۴ دقت۔ مشکل۔ دشواری۔ تکلیف۔ کشٹ۔ بپتا ۵ اندیشہ۔ تردد۔ ڈر۔ خوف۔ انتشار۔ تشویش۔ پیچ۔ گھبراہٹ پریشانی ۶ روک۔ ہرج۔ اٹکاؤ۔ سدراہ۔ مزاحمت ۷ مال اسباب۔ سامان۔ چیز بست۔ مال و متاع۔ ساز و سامان بوریا بدھنا۔ اگڑ کھنگڑ ۸ اختلاف۔ نااتفاقی ۹ طریقہ۔ ڈھنگ ۱۰ چالاکی۔ حکمت۔ عیاری۔ چھل۔ حیلہ۔ فریب ۱۱ دنیاوی تعلقات۔ دنیاوی جھگڑے یا معاملے (س برکز) جھگڑنا ایک دوسرے سے) **بکھیڑا پڑنا** (لازم) جھگڑا ہونا **بکھیڑا چکانا** (متعدی) ۱ جھگڑا مٹانا۔ معاملے کرنا ۲ کام ختم کرنا۔ کام سے سبکدوش ہونا **بکھیڑا ڈالنا** (متعدی) ۱ جھگڑا ڈالنا ۲ کام بڑھانا **بکھیڑا کرنا** (متعدی) جھگڑا فساد کرنا **بکھیڑا لانا** (متعدی) جھگڑا نکالنا **بکھیڑا مچانا** (متعدی) بکھیڑا ڈالنا **بکھیڑا نکالنا** (متعدی) جھگڑا پیدا کرنا۔ جھگڑا پیش کرنا **بکھیڑا ہونا** (لازم) جھگڑا ہونا۔ **بکھیڑیا** (صفت) جھگڑالو۔ فسادی ۲ کام بڑھانے والا۔ **بکھیڑے میں ڈالنا** (متعدی) جھگڑے یا وقت میں پھنسانا۔ جھمیلے میں ڈالنا۔ مصیبت میں پھنسانا۔
بکھیڑت (ہ۔ صفت) بکھیرنا سے ۱ پھیلا ہوا۔ منتشر۔ پراگندہ ۲ بکھیڑا سے۔ جھگڑالو۔ فسادی۔
بَگّی (ہ۔ مذکر) ہاڑی۔ ساتھی۔ ساجھی۔ (کھیل میں)
بُکّی (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو بُکّل ۲ مٹھی بکٹی ۳ ہاتھ ملانا ۴ دوستی۔ آشنائی۔ یاری **بکی مارنا** (متعدی) بکل مارنا۔
بکیا (ہ۔ مونث) چاقو۔
بَنکیت (ہ۔ مذکر) ۱ بانک کا فن

جاننے والا ۳ بانکا معشوق (بانکا سے)

بَکیل (ہ۔ مذکر) ڈھاک کے درخت کی جڑوں سے بنی ہوئی رسی۔

بَکیلُو (ہ۔ مذکر) ایک گھاس کی جڑ جس کی رسیاں بنتی ہیں۔ مُونج۔

بَکینی (ہ۔ مونث) وہ گائے یا بھینس جس کا دودھ گھٹ گیا ہے۔

بَگ (ہ۔ مذکر) بگلا۔ بوتیمار **بگ پانتی** (مونث) بگلوں کی قطار **بگ چال** (مونث) آہستہ چال۔ پھونک پھونک کر قدم دھرنا **بگ رامی** (مذکر) بگلوں کا راجہ **بگ ہنس** (مذکر) بط۔ قاز (سیاہی مائل سفید رنگ کا)

بَگ (ہ۔ مونث) باگ کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے **بگٹٹ** (صفت)۔ **بگٹُوٹ** (ہ) باگ ٹوٹ کا مخفف۔ بہت تیز۔ بے تحاشا۔ سرپٹ (پھینکنا۔ جانا۔ دوڑانا۔ دوڑنا وغیرہ کے ساتھ۔

بگچھُٹ۔ بگچھُوٹ (نف) ۱ ڈھیلی باگوں سے۔ سرپٹ۔ بے تحاشا (دوڑنا کے ساتھ) **بگدھری** (مونث) گھوڑے کا اچھلنا اور کودنا **بگدھریاں یا بگدھری کرنا** (متعدی) گھوڑے کا اچھلنا اور کودنا۔

بُگّا (ہ۔ صفت) ۱ بھولا۔ سادہ معصوم ۲ بیوقوف۔ بے عقل ۳ موٹا۔

بَگار (ہ۔ مذکر) چراگاہ۔

بِگار (ف۔ مذکر) بیگار۔

بَگارنا (ہ۔ متعدی) ۱ پھیلانا۔ منتشر کرنا۔ بکھیرنا۔ پھینکنا۔ کھنڈنا ۲ دیکھو بگھارنا۔

بِگاڑ (ہ۔ امر) ۱ بگاڑنا کا (مذکر) ۲ جھگڑا۔ فساد۔ تکرار۔ لڑائی۔ دنگا ۳ خرابی۔ بربادی۔ تباہی۔ اجاڑا ۴ نقصان۔ عیب۔ ضرر۔ نقص ۵ بیماری۔ مرض۔ خلل۔ روگ ۶ ابتری۔ فتور۔ بدانتظامی۔ سرکشی۔ غدر۔ بغاوت ۷ نااتفاقی۔ رنجش۔ اختلاف۔ ناموافقت (س ۔ ذکر۔ آپس میں جھگڑنا) **بگاڑ آنا** (لازم) کسی چیز کو خراب کرنا ۲ جھگڑا کرنا۔ دشمنی پیدا کرنا ۳ کام، ہوتے ہوئے کام کو رکوا دینا۔ کام خراب کر دینا۔ **بگاڑ بیٹھنا** (لازم) جھگڑا کر لینا۔ دشمنی پیدا کر لینا۔ رنجش کر لینا ۱ خراب کر دینا۔ **بگاڑ پڑنا** (لازم) رنجش۔ ملال یا فساد ہو جانا **بگاڑ دینا** (متعدی) خراب کر دینا۔ **بگاڑ ڈالنا** (متعدی) ڈبونا (مم) فساد ڈالنا۔ رنجش کرا دینا۔ **بگاڑ کرانا یا کروانا** (متعدی) لڑائی کرا دینا۔ جھگڑا کرا دینا۔ **بگاڑ کرنا** (متعدی) رنجش پیدا کرنا **بگاڑ لینا** (متعدی) دشمنی پیدا کر لینا **بگاڑنا** (متعدی) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ ۲ دشمنی پیدا کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ رنجش پیدا کرنا۔ خفا کرنا۔ ناخوش کرنا ۳ پھیرنا۔ برگشتہ کرنا ۴ کھونا۔ ضائع کرنا۔ خراب کرنا ۵ بدمزہ کرنا۔ ذائقہ خراب کرنا ۶ (شکل) بدہیئت کرنا۔ بدصورت بنا دینا ۷ مٹانا۔ صاف کر دینا۔ توڑ دینا۔ کھو دینا ۸ توڑ پھوڑ ڈالنا ۹ بھکانا ۱۰ بیکار کر دینا۔ نکما کر دینا ۱۱ ناپاک کرنا ۱۲ خلل ڈالنا۔ لڑائی کرنا ۱۳ (دماغ وغیرہ) پاگل کرنا ۱۴ (بال) پریشان کرنا (عادت وغیرہ) خراب کرنا ۱۵ (عصمت صفت) آبرو لینا۔ عزت خراب کرنا ۱۶ (گلا) آواز خراب کرنا (گھر) خاندان تباہ کر دینا ۱۷ دوستوں میں جھگڑا پیدا کرنا **بگاڑو** (صفت) فضول خرچ۔ ضائع کر دینے والا۔ لٹا دینے والا **بگاڑ ہونا** (لازم) رنجش ہونا۔ ملال ہونا۔ جھگڑا ہونا۔

امثال۔ بگاڑ سنوار خدا کے ہاتھ۔ نیکی بدی سب خدا کے ہاتھ ہے۔ کسی کام کے خراب ہونے پر تسلی دیتے ہوئے کہتے ہیں۔

بِگانا (ہ)، **بِگانہ** (ف۔ صفت) اجنبی۔ غیر (س ۔ گُن) جس میں کوئی گن نہ ہو۔ ف بیگانہ کا مخفف، **بگانگی** (مونث) اجنبیت۔

امثال۔ بگانا سر بنیسری (برابر کی جگہ۔ غیر کا لحاظ نہیں ہوتا۔ **بگانی کھیتی پر جھینگر ناچے**۔ پرائے مال پر فخر کرنے یا شیخی مارنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

بَگبگانا (ہ۔ متعدی) اونٹ کی طرح آواز نکالنا۔ غرّانا۔

بَگپاتی (ہ۔ مونث) بغل کے نیچے کا حصہ۔ بکھی۔

بِگَت (ہ۔ مونث) برا چلن۔ بدچلنی۔ بداطواری۔ خرابی۔

بَگٹُٹ (ہ۔ صفت) دیکھو بگ کے تحت میں

بَگچھندا (ہ۔ مذکر) شیر دیکھنے پر سٹ پٹا جانا۔ ہوش قائم نہ رہنا۔ شیر کا ڈر (لگنا کے ساتھ)

بَگچھُوٹ (ہ۔ نف) ڈھیلی باگوں سے۔ سرپٹ۔ بے تحاشا (دوڑنا کے ساتھ)

بَگدانا (ہ۔ متعدی) ۱ واپس کرانا۔ واپس ہونے پر مجبور کرنا ۲ پیچھے ہٹانا۔ پسپا کرنا ۳ گمراہ کرنا۔ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ بگاڑنا **بگدنا**۔ (لازم) واپس ہونا۔ پسپا ہونا۔ گمراہ ہونا۔ خراب ہونا بگڑنا۔

بگرانا (ہ۔ متعدی) دیکھو بگارنا **بگرنا** (لازم) پھیلنا۔ بکھرنا۔

بِگراہ (ہ۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ۔ فساد۔ جھگڑا۔ تکرار۔

بَگری (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چاول

بگریلی (ہ۔ مونث) ایک چھوٹا پہاڑی پرند۔

بَگرینڈی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا پودا ۲ اس کا پھل۔

بگڑ (ہ۔ مذکر) گھر۔ مکان۔ احاطہ۔

بگڑی (مونث) دیکھو بگڑ۔

مثل۔ بگڑ میں بگڑ تین گھر تیلی دھوبی نائی۔ کمینے لوگوں کے پاس نشست برخواست ہونے پر کہا جاتا ہے۔

بگڑ۔ بگڑا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چاول۔ ناصاف چاول۔

بِگڑ (ہ۔ امر) بگڑنا کا (س ۔ وِکر۔ خراب کرنا۔ **بگڑا** (ماضی) ۱ بگڑنا کی ۲ (صفت) خراب۔ نکارا۔ نکما ۳ بدوضع بدچلن ۴ آزردہ ناراض ۵ برگشتہ۔ باغی۔ **بگڑا ہوا** (صفت) ۱ بدوضع۔ بدچلن ۲ آزردہ۔ ناراض **بگڑ بیٹھنا** (لازم) ۱ خفا ہونا۔ ناراض ہو جانا ۲ لڑ پڑنا۔ جھگڑے یا فساد پر ناراض ہو جانا ۳ باغی ہو جانا۔ ۴ آزردہ ہو کر بیٹھ رہنا **بگڑ جانا** (لازم) دیکھو بگڑنا۔ **بگڑ کر چلا آنا** (لازم) ناراض ہو کر آ جانا۔ **بگڑ کر چلا جانا** (لازم) ۱ ناراض ہو کر چلا جانا ۲ بغاوت کر کے دشمن کے ساتھ جا ملنا۔ **بگڑنا** (لازم) ۱ خراب ہونا۔ برباد ہونا۔ ناقص ہونا۔ فرق آنا ۲ کھو جانا۔ گم ہو جانا ۳ تلف ہو جانا۔ ضائع ہو جانا ۴ خفا ہو جانا۔ ناراض ہو جانا۔ غصے ہونا ۔ ناقص ہونا۔ فرق آنا ۵ رنجش ہونا۔ ملال ہونا ۶ پھرنا۔ برگشتہ ہونا۔ باغی ہونا ۷ عیاش ہونا۔ بدچلن ہونا ۸ عادت خراب

ہونا۔ ڈھنگ خراب ہونا ۹ بیکار ہونا۔ نکما ہونا۔ ناقابل استعمال ہونا ۱۰ گلنا۔ سڑنا۔ ریزہ ریزہ ہونا ۱۱ چھوٹنا ۱۲ ٹوٹ پھوٹ جانا۔ اکھڑ جانا ۱۳ مٹنا ۱۴ بھر جانا۔ لتھڑ جانا۔ سُن ہو جانا۔ ۱۵ ناپاک ہو جانا ۱۶ زہریلا ہونا۔ گندہ ہونا ۱۷ ٹھیک نہ ہونا۔ غلط ہونا ۱۸ شرارت کرنا۔ بدی پر آمادہ ہونا ۱۹ لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ ۲۰ ناخوش ہونا۔ خفا ہونا ۲۱ دوستی پھوٹ جانا۔ محبت ترک ہونا ۲۲ داغ لگ جانا۔ دھبہ پڑ جانا ۲۳ مفلس ہونا۔ غریب ہونا۔ دیوالیہ ہونا ۲۴ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۲۵ نااتفاقی ہونا۔ ان بن ہونا ۲۶ (کھیل) درہم برہم ہونا۔ ابتر ہونا۔ خراب ہونا ۲۷ (گلا) آواز بیٹھ جانا یا بھاری ہونا ۲۸ (سُر) بے سرا ہونا ۲۹ (ہاتھ) مشق جاتے رہنا۔ دہلانہ رہنا ۳۰ (حرف) روشنائی پھیلنا۔ حرفوں کا خراب ہو جانا ۳۱ (حالت) مردنی چھانا۔ مرنے کے قریب ہونا ۳۲ (طبیعت) بیمار ہونا۔ ناساز ہونا ۳۳ (صورت) بدشکل ہونا۔ چہرہ بدنما ہو جانا ۳۴ (دماغ) پاگل ہو جانا۔ حماقت کی باتیں یا کام کرنا ۳۵ (دبال)۔ بھیڑنا۔ پریشان ہونا ۳۶ (بات) ساکھ میں فرق آجانا۔

بگڑی (مونث) ۱ نقصان۔ زیاں۔ خسارہ ۲ ان بن۔ نااتفاقی ۳ لڑائی۔ جنگ ۴ غربت۔ مصیبت۔ تنگ دستی۔ **بگڑے** (صفت) بگڑا کی جمع **بگڑے امیر** (مذکر) وہ امیر جو اپنی فضول خرچیوں کی وجہ سے تباہ ہو گئے ہوں **بگڑی بات بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) خراب ہونے کام کا ٹھیک ہو جانا۔ گئی ہوئی ساکھ کا پھر قائم ہو جانا **بگڑی بنی** (صفت) اچھی بری۔ نیک و بد **بگڑی تو بگڑی ہی سہی**۔ دشمنی ہوئی تو اب ہو۔ خنکہ بگی ہوئی تو ہو جانے **بگڑے دل** (مذکر) نڈر۔ بیباک۔ آزاد **بگڑے رئیس** (مذکر) دیکھو بگڑے امیر **بگڑی زبان** (مونث) سخت کلامی یا گالیوں کی عادی زبان **بگڑی کا بنانے والا** (صفت) مجازاً خدا۔

امثال و اقوال۔ بگڑا شاعر مرثیہ گو۔ بگڑا گویا مرثیہ خوان۔ مرثیہ گو بحیثیت شاعر کے اور مرثیہ خوان بحیثیت گویے کے کمتر درجے کے ہوتے ہیں **بگڑی پر دوست بھی کنارہ کش ہو جاتے ہیں**۔ مصیبت یا غربت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا **بگڑی بن جاتی ہے جب فضل خدا** ہو جاتا ہے۔ خدا کی مہربانی ہو تو مصیبت راحت سے بدل جاتی ہے **بگڑی لڑائی بکتر پوشوں کے سر** شکست کے ذمہ دار افسر ہوتے ہیں۔

بگڑا (ہ۔ مذکر) ۱ تکلیف۔ رنج۔ دکھ۔ مصیبت ۲ (ہ) فساد۔ جھگڑا۔ تکرار۔ لڑائی۔ ۳ حیلہ۔ حوالہ۔ بہانہ ۴ آلا بالا۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل ۵ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ چھل۔ **بگڑا کرنا یا نکالنا** (متعدی) ۱ حیلہ حوالہ کرنا۔ بہانہ کرنا ۲ قرضہ ادا نہ کرنا۔ وعدہ وفا نہ کرنا۔

بگڑیا (ہ۔ مذکر) دھوکے باز۔ دغاباز۔ بے ایمان۔

بگل (انگ۔ مذکر) اصل لفظ بیوگل ہے ۱ قرنا منہ سے بجانے کا ایک باجہ جسے فوج یا پولیس میں مختلف کاموں کے لئے سپاہیوں کو بلانے کے لئے بجاتے ہیں۔ مختلف آوازوں کے مختلف معنی ہوتے ہیں ۲ ڈگڈگانے کے ہرکارے اپنی آمد کی خبر دور سے بگل بجا کر دیتے ہیں (بجن کے ساتھ)

بگلا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک آبی پرند بوتیمار ۲ نہایت سفید (رس بک) **بگلا بھگت** (صفت) ۱ بگلا شکار کے وقت بالکل چپ اور بے حرکت کھڑا ہو تو شکل سے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی بڑا بھلا مانس شخص ہے۔ جونہی کوئی مچھلی نزدیک آتی ہے نہایت پھرتی سے پکڑ کر نگل جاتا ہے اور پھر ویسے ہی ساکن کھڑا ہو جاتا ہے۔ اس لئے مجازاً اس کے معنی ایسا شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن برا ہو۔ ریاکار۔ منافق۔ مکار ۲ گندم نما جو فروش۔ **بگلا بھی دھوبی کا بھائی ہے**۔ ہر وقت پانی میں رہتا ہے۔ **بگلے کا پر** بہت سفید۔

مثل۔ بگلا مارے دکھنا (پنکھ ہاتھ)۔ بےفائدہ دوسروں کو نقصان پہنچانے یا بے سود کام کرنے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔

بگلولو (ہ۔ مذکر) بگلے کا بچہ۔

بگمار (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی بندوق

بگمیل (ہ۔ تف) باگ اور میل سے مل کرنا ہے۔ اکٹھے ہو کر۔ جمع ہو کر۔ مل کر۔

بگنا (ہ۔ لازم) ۱ جانا۔ حرکت کرنا ۲ استعمال ہونا۔ مستعمل ہونا۔ کھانا (سڑک کا) جاری ہونا۔ چلنا ۳ (قلم) لکھا جانا۔

بگند (ہ۔ صفت) بدبو۔ سڑاندہ۔ بسانده۔ عفونت۔

بگنولیا (انگ۔ مذکر) ایک بیل جو سدا بہار ہے۔ اور نہایت سرد موسم میں بے انتہا سرخ پھول نکالتی ہے۔

بگنہا (ہ۔ مذکر) ۱ لفظی معنی شیر کا پنجہ۔ ایک پودا جس کی جڑ خوشبودار ہوتی ہے۔ اور دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے ۲ ایک خوشبو۔

بگوتے پھرنا (ہ۔ متعدی) بدی برائی یا بدگوئی کرنا ۲ ہجو کرنا۔ بدنام کرنا۔

بگولا۔ بگولا (ہ۔ مذکر) بونڈلا۔ گردباد۔ دیوباد۔ سخت گرمی کی وجہ سے ہوا ہلکی ہو کر اوپر چڑھتی ہے۔ اور اردگرد سے ٹھنڈی ہوا اس کی جگہ لینے کے لئے چاروں طرف سے آتی ہے۔ جہاں یہ ہوائیں ملتی ہیں وہاں مٹی کا ایک چکر سا پیدا ہو جاتا ہے۔ اس چکر کو بگولا کہتے ہیں۔ پرانے زمانے میں لوگوں کا یہ خیال تھا کہ یہ بھوت کھیلتے ہیں۔ اس لئے اسے دیوباد بھی کہتے ہیں (رس وات۔ ہوا + گُلم۔ قلعہ) **بگولا یا بگولے اٹھنا یا اڑنا** (لازم)۔ بونڈلا پیدا ہونا۔ گردباد دکھائی دینا۔ **بگولے کی بلندی ہے**۔ تھوڑی دیر میں پست ہو جائیگا۔

بگونا۔ بگونا (ہ۔ لازم) تیرنا۔

بگونا (ہ۔ متعدی) ۱ الزام (بنانا الزام) لگانا۔ بدنام کرنا۔ عیب یا دوش لگانا ۲ مذمت کرنا۔ تحقیر کرنا ۳ تضحیک کرنا۔ ٹھٹھا کرنا ۴ نقصان کرنا برباد کرنا۔ تباہ کرنا (بدگوئی کرنا کا مخفف ہے) **بگویا** (صفت) ۱ بدنام۔ ملزم۔ عیب جا گیا ۲ (مونث) بدنامی برائی۔ مذمت۔ تحقیر ۳ ٹھٹھا۔ مذاق۔ حجت۔ ہجو۔

بگویا کرنا (متعدی) ۱ برائی یا عیب کرنا ۲ ہجو کرنا رسوا کرنا ۳ لڑائی کرنا۔ جھگڑا پھیلانا۔

بگونیا (انگ۔ مذکر) ایک پودا جس کے پتے اور پھول نہایت خوبصورت ہوتے ہیں۔ مگر خوشبو نہیں ہوتی۔

بگوئی (ف۔ مذکر) ۱ بگداتا کا مخفف۔ مخنث۔ ہیجڑا ۲ ایران کے بادشاہوں کے محلوں میں خواجہ سرا ہوا کرتے تھے ان میں سے سب سے مشہور اردشیر ثالث کا وزیر تھا۔ جس نے مصر فتح کیا۔ ۳۳۸ ق م میں اس نے شاہ کو قتل کر کے اس کے سب سے چھوٹے بیٹے پیروز کو تخت پر بٹھایا مگر

دو سال بعد اسے بھی قتل کر دیا۔ اور دارا کو تخت پر بٹھایا۔ مگر جب اُس نے آزاد ہونے کی کوشش کی تو بگوئی نے اسے زہر دینا چاہا مگر اس نے زہر کا پیالہ اِسے زبردستی پلا کر ہلاک کر دیا۔

بگھار (ہ۔ مذکر) ۱ وہ گھی یا تیل جس میں پیاز وغیرہ ڈال کر داغ دیا گیا ہو ۲ وہ پیاز یا مسالا جسے داغ دیا گیا ہے (س گھرش۔ ملنا) **بگھار ڈالنا** (متعدی) ریزہ ریزہ کر دینا۔ دبانا۔ **بگھار لگانا** (متعدی) ۱ داغ کرنا ۲ شراب پی کر حقّے کا دم لگانا۔ **بھگارنا** (متعدی) ۱ داغ کرنا ۲ مسالے کو گھی میں بھون کر دال ترکاری گوشت وغیرہ میں ڈالنا ۳ بولنا کے لئے حقارت کا لفظ ۴ (شیخی) ڈینگ کی لینا۔ شیخی مارنا ۵ (جامن) کسی برتن میں ڈال کر نمک ڈال کر ہلانا تا کہ نرم ہو جائیں ۶ (نخرے) نخرے کرنا۔

بگھٹی (ہ۔ مونث) کرایہ جو بیگھہ کے حساب سے مقرر کیا جائے ۲ (تف) فی بیگھہ۔

بگھن (ہ۔ مذکر) ۱ روک۔ اٹکاؤ۔ سدّراہ ۲ مزاحمت۔ روک ٹوک۔ ممانعت۔ مخالفت تعرض۔ امتناع ۳ مشکل۔ تکلیف ۴ قتل۔ جان سے مارنا۔ ذبح کرنا۔ **بگھن ڈالنا** (متعدی) رکاوٹ ڈالنا۔ مزاحمت کرنا۔ مخالفت کرنا۔ **بگھن کرنا یا مچانا** (متعدی) جان سے مارنا۔ قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔

بگھنا (ہ۔ مذکر) بھیڑیا۔

بگھوا (ہ۔ مذکر) باگھ۔ شیر۔

بگھوٹی (ہ۔ مونث) دیکھو بگھٹی۔

بگھی۔ بگہی (ہ۔ مونث) گھڑ مکھی۔ ڈانس۔ ایک مکھی جو گھوڑے کو کاٹتی ہے۔

بگھی (انگ۔ مونث) ایک گاڑی جس میں ایک دو یا چار گھوڑے جتتے ہیں۔ چار پہیے ٹپ ہو نہ ہو (اصل بگی)

بگھیل۔ بگھیلا (ہ۔ مذکر) ۱ شیر کا بچہ۔ نوجوان شیر ۲ راجپوتوں کی ایک ذات۔

بگی (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو بگھی ۲ دیکھو بگھی۔

بگیا۔ بگیچا (ہ۔ مذکر) بغیچہ۔ چھوٹا باغ۔ گلزار۔

بگیر بچہ (ف۔ مذکر) ایک رسم جو دہلی میں مسلمانوں میں ہے۔ اور زچہ کو تارے دکھانے کے بعد ادا کی جاتی ہے۔

بگیری (ہ۔ مونث) ایک قسم کی چڑیا۔ برگیل۔

بگیلنا (ہ۔ متعدی) دھکیلنا۔

بگینی (ہ۔ مونث) دیکھو بکینی۔

بُل (ہ) **بَل** (س۔ مذکر) ۱ زور۔ قوت۔ طاقت۔ توانائی۔ شکتی۔ قدرت۔ ہمت۔ برتا ۲ قابلیت۔ لیاقت ۳ کبر۔ غرور۔ نخوت ۴ تیزی۔ تندی۔ سختی۔ شدت۔ درشتی ۵ پہلو۔ جانب۔ رُخ۔ کروٹ ۶ کوشش۔ سعی۔ جدوجہد۔ محنت۔ جتن۔ اُپائے ۷ سہارا۔ حمایت۔ مدد ۸ فوج۔ لشکر۔ سپاہ دَل۔ عسکر۔ سینا کٹک ۹ فربہی۔ مٹاپا ۱۰ کوا ۱۱ (تف) کوشش سے۔ اختیارات سے ۱۲ مدد سے۔ سہارے پر۔ اوپر۔ **بلا** (مونث) ۱ ایک خاص ٹونے کا نام ۱۳ **بل بکرا** (مذکر) وہ شخص جو لڑائی میں یا اور کسی طرح بغیر کچھ کئے مرجائے۔ **بلا بَل** (مذکر) ۱ طاقت اور کمزوری ۲ ضروری اور غیر ضروری۔ **بل بل کرنا** (تف) ۱ بڑی کوشش محنت یا شوق سے ۲ جوش سے۔ سرگرمی سے۔ گرمجوشی سے۔ **بُل بوتا** (ہ۔ مذکر) ۱ طاقت۔ قوت۔ زور ۲ آسرا۔ سہارا۔ **بل بھدر** (مونث) جوان عورت۔ **بل بھرنا** (متعدی) ۱ زور میں آنا ۲ طاقت دکھانا۔ **بل بے** (ہ۔ کلمہ ندا) **بلبے تیری جرأت** (ہ) تیری بہادری کو شاباش کیا حوصلہ ہے۔ **بل بیر۔ بلبیر** (صفت) طاقتور۔ مضبوط۔ قوی۔ بلوان۔ **بل پر کودنا** (متعدی) بھروسے پر اترانا۔ سہارے پر ناز کرنا۔ **بَلج** (صفت) طاقت سے پیدا کیا ہوا۔ **بلجا** (مونث) ۱ خوبصورت عورت ۲ زمین ۳ ایک دریا۔ **بل چڑھنا** (لازم) ۱ قوت آنا ۲ با اثر ہونا۔ **بَلدَ** (مذکر) ۱ اگنی کی ایک شکل ۲ بیل۔ (صفت) طاقت دینے والا **بلدار** (صفت) دیکھو بلبیر۔ **بل دستی** (مونث) استحصال بالجبر۔ ناجائز اور ظالمانہ وصولی۔ **بل دھاری** (صفت) طاقتور۔ **بل کرنا** (متعدی) ۱ زور لگانا ۲ کوشش کرنا ۳ ناز کرنا۔ فخر کرنا۔ **بل والا یا وان** (صفت) ۱ طاقتور۔ قوی۔ مضبوط۔ توانا ۲ زور آور۔ زبردست۔ شہ زور ۳ موٹا تازہ۔ قوی ہیکل۔ فربہ اندام۔ ہٹا کٹا ۴ کسرتی۔ پہلوان ۵ ثابت قدم۔ برقرار۔ نہ ہٹنے والا۔ مستحکم۔ **بلوانتا** (مونث) طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔ **بلوَنت** (مذکر) بلوان۔ **بلوِدّیا** (مونث) علم جر ثقیل۔ **بلوردھن** (مذکر) طاقت بڑھانا۔ زور آور بننا۔ **بلونت** (صفت) بلوان۔ **بل ہَن** (صفت) ۱ طاقت گھٹانے والا ۲ (مذکر) بلغم۔ **بل ہونا** (لازم) ۱ طاقت ہونا۔ زور ہونا ۲ سہارا ہونا۔ آسرا ہونا۔ **بل ہین** (صفت) ناطاقت۔ کمزور۔ ناتواں۔ ضعیف۔ **بل ہینتا** (مونث) کمزوری۔ ناتوانی۔ ضعف۔

امثال واقوال

بل بن آدر نہیں۔ طاقت کے بغیر کوئی عزت نہیں۔

بل بے (رے بینے) پھنسی تیرا دل (ہ) کم حقیقت کے اترانے پر کہتے ہیں۔ **بل بے ندی تیرا بھانٹ** (ہ) کوئی شیخی مارے یا اترائے تو کہتے ہیں (عف)۔ **بل بے جمال تیری دھج** (ہ) طنزاً کسی شخص کی چالاکی یا بد وضعی پر کہتے ہیں۔ **بل تو اپنا بل نہیں جائے جل** (ہ) اپنی طاقت پر فخر ہونا چاہئے۔ **بل زور کا نہ زر کا۔** کوئی طاقت نہیں ہر طرح سے مشکل ہے۔ **بل سوں نامی ہوگئے رستم ارجن۔ بھیم۔ بل بن کیسی حاکمی کہہ گئے سانچ حکیم۔** طاقت کی وجہ سے جہان میں رستم، ارجن اور بھیم کا نام ہے۔ اور بغیر اس کے دنیا میں حکومت نہیں ہو سکتی جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔ **بل سے راجہ راؤ ہو بل بن بڑا نہ کو۔ سانچ بڈیرے کہہ گئے بل بن بڑا نہ ہو۔** طاقت سے راجہ راؤ بن جاتا ہے اور بغیر طاقت کے کوئی بڑا نہیں ہوتا۔ بڑے سچ کہہ گئے ہیں کہ بغیر طاقت کے کوئی بڑا نہیں ہو سکتا۔ **بلوان کا ہل بہت جوتے** (ہ) زبردست کا رعب لوگ بہت مانتے ہیں۔ کیونکہ وہ جوتے مار کر کام کروا لیتا ہے **بلوان کا ہل بھوت جوتے** (ہ) طاقتور آدمی بہت کام کر سکتا ہے وہ اتنا کام کرتا ہے کہ معمولی آدمی یقین نہیں کر سکتا کہ وہ کام اس نے کیا ہے۔

بَل (ہ۔ مذکر) بال کا مخفف **بلنا** (مذکر) وہ نر تاڑ جس میں پھل کی بجائے بالیں نکلتی ہیں **بلنوڑ** (مذکر) دیکھو بالتوڑ۔

بَل (ہ - مذکر) ۱ خم - شکن - کجی - ٹیڑھا پن ۲ پیچ - مروڑ - گانٹھ - پھیر - اینٹھن ۳ چھلا - گھونگر - حلقہ ۴ پیٹ کی شکن ۵ ماتھے کی شکن - ابرو کی چین ۶ کمر کا ٹیڑھا پن ۷ پہنچی - چوڑی ۸ کجروی - بغض - کینہ - کپٹ - ہٹ - ناراستی ۹ بھینٹ - قربانی - تصدق - فدیہ ۱۰ روک - رکاوٹ ۱۱ نفاق - ان بن - بگاڑ ۱۲ فرق - اختلاف ۱۳ دیوتاؤں وغیرہ کا روزانہ بھوگ گھی و اناج کا ۱۴ ایک راجہ جس کا غرور وشن جی نے وامن اوتار لے کر توڑا تھا - دیکھو بامن (س بَل) **بل آنا** (لازم) ۱ شکن پڑنا - خم آنا ۲ فرق آنا ۳ اینٹھ جانا ۴ حساب میں میزان کا برابر نہ ہونا - **بل اُترنا** (لازم) ۱ شکن دُور ہونا ۲ غصّہ رفع ہونا - **بل بل جانا** (لازم) صدقے ہونا - قربان ہونا - **بل پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱ خم ہونا - کجی ہونا ۲ شکن پڑنا - چین پڑنا ۳ حساب میں فرق آنا - میزان نہ ملنا ۴ نفاق ہونا - بگاڑ ہونا ۵ رکاوٹ ہونا - روک ہونا - خرابی آنا ۶ مروڑ پڑ جانا - گانٹھ پڑ جانا - **بل جانا** (لازم) صدقے ہونا - قربان ہونا - پیچ کھلنا - مروڑ - **بل دار** (صفت) پیچدار - مڑا ہوا - **بل دینا** (متعدی) ۱ مروڑنا - اینٹھنا - خم دینا ۲ بٹنا - پیٹنا ۳ قربانی کرنا - نذر چڑھانا - **بل رکھنا** (متعدی) عداوت رکھنا - رنجش رکھنا - **بل رہ جانا یا رہنا** (لازم) ۱ پیچ رہنا - خم رہنا ۲ رنجش رہنا - ملال رہنا ۳ فرق رہنا - اختلاف رہنا - **بل کرنا** (متعدی) ۱ اینٹھنا - ٹیڑھا ہونا ۲ پیچ و تاب کھانا - غصّہ کرنا ۳ اترانا - ناز کرنا - غرور کرنا ۴ کینہ رکھنا - بغض رکھنا ۵ قربانی کرنا - بھینٹ چڑھانا - **بل کھانا** (متعدی) ۱ غصّے ہونا - پیچ و تاب کھانا ۲ بگڑ بیٹھنا - ناراض ہو جانا ۳ ٹیڑھا یا ترچھا ہو کر چلنا - **بل کھلنا** (لازم) **کھول لینا** (متعدی) ۱ خم نکلنا - سیدھا ہونا - پیچ کھلنا ۲ سلجھنا - صاف ہونا ۳ رنجش دفع کرنا - ناراضگی رفع کرنا ۴ (پیٹ کا) پیٹ بھر کر کھانا - **بل کی بات** (مونث) شرارت یا چالاکی کی بات - **بل کی لینا** (متعدی) اترانا - غرور کرنا - **بل لانا** (متعدی) دیکھو بل کرنا - **بل میں آنا** (لازم) مغرور ہونا - غرور کرنا - فخر کرنا - اترانا - **بَلنا** (عف) ۱ بٹنا - بل دینا ۲ کسی زیور میں ڈورا بٹ کر ڈالنا - پٹولی کا کام کرنا -

بل نکال دینا یا نکالنا (متعدی) **نکل جانا یا نکلنا** (لازم) کجی دُور ہونا - پیچ کھلنا ۲ سزا ملنا - درست ہونا ۳ فرق نکلنا میزان درست ہونا ۴ غرور ٹوٹنا شیخی کرکری ہونا - **بلوں پر** (تف) غرور میں زوروں پر - **بلہار - بلہاری** - قربانی - بھینٹ - صدقہ - **بلہاری جانا** (لازم) ۱ صدقے ہونا - قربان ہونا - بھینٹ چڑھنا - **بل ہونا** (لازم) ۱ پیچ ہونا - خم ہونا ۲ حساب و کتاب میں فرق ہونا -

مثل - بَل جائے راج کو موتی لگیں پیاز کو - ایسی سلطنت تباہ ہو جہاں چیزیں اتنی مہنگی ہوں کہ پیاز موتیوں کے مول بکے بُری سلطنت کے متعلق کہتے ہیں -

بَل (ع - حرف) لیکن - بلکہ - تاہم -

بَلّ (ع - مذکر) ۱ گیلا کرنا - چھڑکنا ۲ نرم کرنا ۳ بیماری سے اُٹھنا ۴ عطا کرنا -

بَلِ (س - مذکر) ۱ بھینٹ ۲ تحفہ - نذر ۳ کھانے سے بچے ہوئے ٹکڑے ۴ قربانی کا بکرا یا بھینسا ۵ چوری کا دستہ ۶ ایک دیت جو زمین آسمان اور پاتال کا راجہ ہو گیا - اس پر بہت مغرور ہو گیا - وشن جی ایک بونے کا روپ دھار کر اس کے پاس آئے - اور تین قدم زمین مانگی - اس نے دینے کا وعدہ کیا - اس نے دو قدم میں زمین اور آسمان لے لئے اور اس پر ترس کھا کر پاتال چھوڑ دیا ۷ آٹھویں منونترے میں اِندر کا نام ۸ ایک مُنی ۹ ایک راجہ ۱۰ سُتپس کا باپ - **بلدان** (مذکر) ۱ بھینٹ وشن جی کے لئے چاول دودھ اور میوے کی اور شو جی - درگا جی کے لئے زندہ جانور کی - **بل نندان** (مذکر) ایک اُسر - **بل واک** (مذکر) ایک منی - **بل ورش ہن** (مذکر) ایک راجہ **بل وِندھبیہ** (مذکر) سنو ریوت کا ایک بیٹا -

بِل (ع - مذکر) کوئی چیز جس کی اجازت دی جائے -

بِل (ہ - مذکر) ۱ جانوروں کے رہنے کا سوراخ خصوصاً چوہے کا - غار - بھٹ (س بِل) ۲ بلی کو بھگانے کے لئے یہ لفظ بار بار کہتے ہیں (بلی کا مخفف) **بل ڈھونڈنا** (متعدی) پناہ کی جگہ تلاش کرنا - چھپتے پھرنا - **بلوں میں گھسنا** (لازم) اپنی اپنی جگہوں پر چلے جانا - چھپ جانا -

بِل (ہ - مذکر) ایک درخت اور اس کا پھل (س بلو)

بِل (انگ - مذکر) ۱ فرد حساب - قبض الوصول ۲ چک - ہنڈی ۳ قانون کا مسودہ ۴ چرچ - **بل ادا کرنا** (متعدی) فرد حساب کے بموجب روپیہ ادا کرنا - **بل ارسال کرنا یا بھیجنا** (متعدی) فرد حساب بھیجنا - **بل بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) فرد حساب تیار ہونا - حساب کا پرچہ اُترنا - **بل پاس کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ حساب کی فرد مانی جانا - اور روپیہ ادا کرنے کا حکم ہونا ۲ مسودہ قانون منظور ہو جانا - بل پاس ہونے پر ایکٹ کہلاتا ہے - **بل جاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ہنڈی یا چک کاٹنا - **بل دینا** (متعدی) فرد حساب بھیجنا - **بل سرکاری** - خزانے کا حکم - ہنڈی یا چک - **بل کاٹنا** (متعدی) فرد حساب میں جو نرخ یا قیمت لگائی ہو اس میں کمی کرنا - **بل منظور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو بل پاس ہونا -

بِل (س - مذکر) ۱ غار - بھٹ - سوراخ ۲ رکابی کا گڑھا ۳ پیچھے کا گڑھا ۴ اندر کا گھوڑا ۵ دو وزن یا بحر -

بُل (ہ - مونث) عورت کی جائے مخصوص فرج -

بَلا (ع - مونث) ۱ تکلیف - مصیبت - آفت - قہر - بپتا - دُکھ - ایذا ۲ سختی - زحمت - مشقت ۳ آسیب - سایہ - جن - بھوت ۴ وہ شخص جو نہایت تکلیف کا باعث ہو - بڑا تبا اور شرارتی آدمی کینہ یا نا چیز شخص ۵ حد سے زیادہ چیز - بے انتہا چیز ۶ چیز - شے ۷ پاپوش - پیزار کی جگہ ۸ (صفت) چست - چالاک - مشاق - تیز - قیامت - غضب ۹ خوفناک - مہیب - بھیانک ۱۰ حد سے زیادہ - غضب کا (بلو - آزمانا) **بلا آنا** (لازم) ۱ آفت آنا - مصیبت آنا ۲ (کیا) انقلاب ہونا - **بلا اپنے گلے باندھنا** (متعدی) کوئی عیب لگا لینا - کوئی مصیبت اپنے اوپر لینا - **بلا اُترنا** (لازم) آسمان سے مصیبت کا نازل ہونا - خدا کی طرف سے تکلیف کا آنا - **بلا بدتر** - (صفت - عو) خراب - ناکارہ - نکمی (چیز) **بلا غما** (صفت) عو - فضول - واہیات (چیزیں) ۲ بدشکل - بھدا - موٹا ۳ بدسلیقہ - بدتہذیب - بیہودہ - پھوہڑ - **بلا پالنا** (متعدی) بُری چیز محبت کے ساتھ رکھنا - **بلا پڑنا** (لازم) عو ۱

پیش آنا۔ مصیبت آنا۔ بلا پیچھے لگانا (متعدی) لگنا (لازم) روگ لگنا۔ خود مصیبت میں مبتلا ہونا۔ بلا ٹالنا (متعدی) مصیبت سے پیچھا چھڑانا۔ بلا ٹلنا (لازم) مصیبت سے خود بخود نجات ہونا۔ تکلیف دُور ہونا۔ بلا جانے۔ کچھ خبر نہیں۔ پاپوش جانے۔ بلا جھیلنا (متعدی) مصیبت برداشت کرنا۔ بلا چٹ (صفت) بلا نوش۔ بہت کھانے پینے والا۔ ہر چیز کھا جانے والا۔ بلا خیز (صفت) ہیبتناک۔ مصیبت انگیز۔ بلا دفع کرنا (متعدی) مصیبت ٹالنا۔ تکلیف رفع کرنا۔ بلا دُور ہو۔ بلا دُور رہے۔ دعائیں۔ مصیبت نزدیک نہ آئے۔ تکلیف سے بچا رہے۔ بلا رد ہونا (لازم) مصیبت کا دُور ہونا۔ بلا زدہ (صفت) مصیبت کا مارا ہوا۔ آفت رسیدہ۔ بلا سر پر آنا (لازم) مصیبت پڑنا۔ بلا سر پڑنا (لازم) خواہ مخواہ مصیبت آ پڑنا۔ کسی کا جھگڑا یا ذمہ داری کسی اور کے ذمے ہونا۔ بلا سر سے ٹالنا (متعدی) ٹلنا (لازم) مصیبت دُور ہونا۔ ذمہ داری سے بچنا۔ بلا سر لینا (متعدی) تکلیف یا ذمہ داری اپنے اُوپر لینا۔ بلا سر منڈھنا (متعدی) منڈھی جانا (لازم) الزام لگنا۔ مصیبت پڑنا۔ بلا سے نجات پانا (لازم) مصیبت سے چھوٹنا۔ بلا سے (تف) جوتی سے۔ پیزار سے۔ کچھ پروا نہیں۔ بلا کا (صفت) غضب کا۔ انتہا کا۔ بلا کا آدمی ہے۔ بڑا ہوشیار ہے۔ بہت محنت کش آدمی ہے۔ بلا کا بنا ہوا ہونا (لازم) نہایت چالاک ہونا۔ بہت ہوشیار ہونا۔ بلا کا پتلا (مذکر) نہایت چالاک۔ سخت پھرتیلا۔ بلا کا سر پر بولنا (لازم) جن یا بھوت کا کسی کے سر پر آ کر اپنا نام و نشان بتانا۔ بلا کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) مصیبت دُور ہونا۔ جھگڑا ختم ہونا۔ بلاکش (صفت) مصیبت اُٹھانے والا۔ آفت جھیلنے والا۔ عاشق۔ بلا کو اپنے سر لینا (متعدی) مصیبت اپنے اوپر لینا۔ بلا کو کیا غرض۔ کیا پروا ہے۔ پاپوش کو کیا پڑی ہے۔ بلا کی (صفت) بیحد۔ بہت۔ بلا کی طرح پیچھے پڑنا (لازم) پیچھا نہ چھوڑنا۔ بُری طرح سر ہونا۔ در پے نقصان ہونا۔ بلا کی طرح لپٹنا (لازم) گلے پڑنا۔ خواہ مخواہ سر ہونا۔ حجت کرنا۔ بلا کی طرح نازل ہونا (لازم) یکایک لوگوں کو تکلیف دینے کے لئے آ جانا۔ بلا گرداں (صفت) وہ شخص جو دوسرے کی مصیبت اپنے سر لے۔ صدقہ ہونے والا۔ قربان ہونے والا۔ بلا گردی (مونث) تصدق ہونا۔ بلا گلے پڑنا۔ مصیبت آ پڑنا۔ بلا لگانا (متعدی) روگ لگانا۔ بلا لگنا (لازم) روگ لگنا۔ مصیبت آنا۔ بلا لینا (متعدی) نثار ہونا۔ صدقے ہونا۔ پیار کرنا۔ بلا مول لینا (متعدی) اپنے سر مصیبت لینا۔ بلا مار جانا (لازم) آفت آ جانا۔ بلا میں پڑ جانا۔ پڑنا۔ پھنسنا یا گرفتار ہونا (لازم) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ بلا نازل ہونا (لازم) مصیبت آنا۔ قہرِ خدا پڑنا۔ بلا نصیب (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب۔ بلا نکلنا (لازم) آفت ہونا۔ غضب کا ثابت ہونا۔ ظالم ہونا۔ بلا نوش (صفت) بہت کھانے والا۔ بہت شراب پینے والا۔ بلاؤں (مونث) بلا کی جمع۔ بلاؤں سے بچنا (لازم) مصیبتوں یا تکلیفوں سے بچا رہنا۔ بلا ہو جانا (لازم) آفت بن جانا۔ مصیبت ہو جانا۔ بلائے آسمانی (مونث) ناگہانی مصیبت۔ خدا کا قہر۔ بلائے بد (صفت) بُری بلا۔ نہایت شریر۔ بلائے بے درماں (مونث) لاعلاج مصیبت۔ بلائے جان (صفت) جی کا جنجال۔ جان کی مصیبت۔ بلائے روزگار (صفت) نہایت چالاک۔ نہایت شریر۔ سخت ظالم شخص۔ بلائے مجسم (مونث) مصیبتوں کا پتلا۔ سچ مچ کی بلا۔ بلائیں (مونث) بلا کی جمع۔ بلائے ناگہاں (مونث) ایسی مصیبت جس کا سان و گمان نہ ہو۔ یکایک آنے والی مصیبت۔ بلائیں لینا (متعدی) بہت پیار کرنا۔ قربان ہونا۔ عورتوں کا عزیز یا بچوں کے سر پر ہاتھ پھیر کر اپنی کنپٹیوں پر دونوں ہاتھ رکھ کر انگلیاں چٹخانا۔ بلاگرداں ہونا۔ دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔

بَلا رس۔ مونث) ایک پودا جو دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔ (ھ) پہنچی۔ کڑا۔

بَلّا رہ۔ مذکر) شہتیر کڑی۔ ڈنڈا۔ کشتی کا تلابہ۔ ایک لکڑی کا آلہ جس سے کرکٹ۔ ٹینس یا اسی قسم کی اور کھیلوں میں گیند کو مارتے ہیں (س اولمب۔ پکڑنا)

بِلا رھ۔ مذکر) بل۔ سوراخ۔

بِلا رع۔ تف) یہ حرف ایران میں بنایا گیا ہے۔ عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔ بغیر۔ بے۔ بدوں۔ بنا۔ بن۔ بلا اُجرت (تف) بغیر مزدوری لئے۔ بلا ارادہ (تف) بغیر قصد۔ بلا اکراہ و اجبار (تف) بغیر کراہت اور جبر۔ رضا و رغبت سے برضی سے۔ بلا اشتباہ (تف) بے شبہ۔ بلا انتظار (تف) بغیر انتظار کئے۔ بلا اندیشہ (تف) بغیر ڈر۔ بے خطر۔ بلا پس و پیش (تف) بغیر ہچکچاہٹ۔ فوراً۔ بلا تحاشا (تف) بے خوف۔ بے تکلف۔ بلا تردّد (تف) بے تامل۔ بے وسواس۔ بلا تشبیہ (تف) بغیر مناسبت۔ بغیر نسبت۔ بلا تصنّع (تف) بغیر بناوٹ کے۔ درست۔ ٹھیک ٹھیک۔ بلا تکلف (تف) بلا وسواس۔ بغیر روک ٹوک۔ بے ساختہ۔ برجستہ۔ فی البدیہہ۔ بلا توقف (تف) فوراً۔ بہت جلد۔ اُلٹے پاؤں۔ بلا ٹھور ٹھکانے (تف) بغیر دیا تغیت بغیر ٹھیرنے کی جگہ۔ بلا حساب (تف) بے حساب بہت زیادہ۔ بلا سان و گمان (تف) جس کا پہلے سے خیال نہ ہو۔ بلا سبب (تف) خواہ مخواہ۔ بغیر سبب یا وجہ کے۔ ناحق۔ بلا سمجھے بوجھے (تف) بغیر سوچے سمجھے۔ بلا توقف۔ بلا شبہہ (تف) یقینی۔ بغیر شک کے۔ بلا شرط (تف) بغیر شرط کئے۔ یونہی۔ بلا شرکت غیرے (تف) بغیر کسی کی شرکت کے۔ بلا شک (تف) بے شک۔ بے شبہہ۔ البتہ۔ بلا عذر (تف) بغیر عذر کے۔ بلا غل و غش (تف) بلا فکر۔ بغیر کھٹکے۔ بلا فصل (تف) بغیر رُکنے یا ٹوٹنے کے (جاری رہنا کے ساتھ) بلا فیس (تف) بغیر اُجرت۔ بلا قید (تف) بلا شرط۔ بلا روک ٹوک۔ بلا کم و کاست (تف) بغیر کمی کے۔ پورا پورا۔ بلا مرضی (تف) بغیر رضامندی۔ بغیر قبولیت۔ بلا میعاد (تف) بغیر وقت مقرر کرنے کے۔ بلا ناغہ (تف) ہر روز۔ متواتر۔ برابر۔ بلا واسطہ (تف) براہِ راست۔ سیدھا۔ بغیر ذریعے کے۔ بغیر سفارش کے۔ ناحق۔ بغیر کسی غرض کے۔ بلا واسطے (تف) بے سبب۔ خواہ مخواہ۔ بلا وجہ (تف) خواہ مخواہ۔ بغیر وجہ کے۔ ناحق۔ بلا وسواس (تف) بغیر ڈر۔ فوراً۔ بغیر ہچکچاہٹ۔ بلا وضعات (تف) بغیر کمی کے۔ بغیر مجرا کئے۔ بغیر کاٹ کے۔

بِلّا (ہ۔ مذکر) بلی کا نر۔ بلاؤ۔ بلار۔ نشان۔ چپراس۔ تسمہ تلوار۔ فوج یا پولیس میں ملازمان ادنیٰ کے عہدے یا کسی کارگزاری کا نشان۔

بُلّا (ہ۔ مذکر) حباب۔ بُلبُلہ۔
بُلا (ہ۔ امر) بُلانا کا (س بُرُد۔ بولنا)
بُلا بھیجنا (متعدی) طلب کرنا۔ بلوانا۔ کسی کے ذریعے سے بُلانا۔ بُلا لانا (متعدی) ساتھ لانا۔ ہمراہ لانا۔ پکار لانا۔ بلا لو۔ منالو بزرگ سے کہتے ہیں۔ اور چھوٹے سے کہتے ہیں۔ خطا معاف کرائے۔ بُلا لینا (متعدی) طلب کرنا۔ بُلانا (متعدی) ۱ پکارنا۔ آواز دینا۔ طلب کرنا ۲ عدالت میں طلب کرنا ۳ مقابلے کے لئے طلب کرنا۔ ٹوکنا ۴ (حقہ) حُقّے میں سے آواز نکالنا۔ بلانا چلانا (متعدی) بُلانا۔ بلاوا (مذکر) طلب۔ دعوت۔ نیوتا۔ بلاوا پھرنا (لازم) بُلانے کا پیام جانا۔ جو عموماً نائی یا نائن لے جاتی ہے۔ بُلاوا دینا (متعدی) نائی کے ذریعے بُلانے کا پیغام بھیجنا۔
بُلاؤ (امر جمع) ۱ بلانا کا ۲ بلاوا۔ بلوانا (م م) بلا بھیجنا۔ بلائی (ماضی واحد مونث) بلانا کی۔ بلایا (ماضی واحد مذکر) بُلانا کی۔

امثال و اقوال۔ بُلائی نہ چلائی میں دُلھن کی چچی۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی بن بلائے آ جائے۔ اور خواہ مخواہ تعلق ظاہر کرے۔ بلائی نہ چلائی میرے تین بخرے وہاں کہتے ہیں۔ جہاں کوئی بن بلائے آ کر حصّے مانگنے شروع کر دے۔

بَلابَر (ع۔ مذکر) ایک قسم کی چکن۔
بِلاپ (ہ۔ مذکر) رونا پیٹنا چیخنا۔
بلاپ کر کے رونا یا کرنا (متعدی) رونا۔ چلّانا۔
بلاپنا (متعدی) چیخنا۔ چلانا۔ رونا۔ پیٹنا۔
بَلاتکار (ہ۔ مذکر) ۱ سختی۔ درشتی۔ ظلم۔ تعدی۔ جبر۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ بے رحمی ۲ قرضے کی وصولی کے لئے قرضدار کو قید کرنا یا اس پر تشدد کرنا۔ بلاتکار سے (تف) زبردستی۔ زور سے۔ سختی سے۔ ظلم سے۔
بَلاتمکا (س۔ مونث) ایک پودا۔ سورج مکھی کی ایک قسم۔
بُلاٹ (س۔ مذکر) ایک قسم کی پھلی۔
بَلاٹ (انگ۔ مذکر) دھبہ۔ داغ۔
بلاٹر یا بلاٹنگ پیپر (مذکر) جاذب کاغذ۔
بِلاد (ع۔ مذکر) بلدہ کی جمع ۱ شہر۔ ۲ قصبے ۳ ممالک۔ صوبے وغیرہ۔ بلاد الجرید (زمین) ایک علاقہ جس میں کئی نخلستان ہیں (۳۰) بلاد تحت الارض یا سمت القدم (مذکر) وہ ممالک جو زمین کے عین دوسری طرف ہوں۔
بَلادُر (ف۔ مذکر) ایک درخت۔ بھلانواں۔
بِلار (ہ۔ مذکر) بلّا۔ گربۂ نر۔
بَلاس (ع۔ مذکر) ۱ بالوں کا کپڑا ۲ چٹائی۔
بِلاس (ہ۔ مذکر) ۱ خوشی۔ خرمی فرحت۔ سرور۔ عیش۔ عیش و عشرت۔ راگ رنگ۔ آنند۔ مزا۔ لطف۔ لذت ۲ حظ نفس۔ عیاشی۔ مباشرت۔ رنگ رس۔ بلاس کرنا۔ بلاسنا (متعدی) عیش کرنا۔ مزے اڑانا۔ بلاسی (صفت) ۱ عیاش عیاشی کرنے والا ۲ (مذکر) عیاش آدمی۔ بندۂ عیش آنندی پرش۔
بَلاش (ف۔ صفت) ۱ با اصول۔ ہوشیار ۲ (مذکر) ایک بادشاہ ۳ ایک شہر۔
بَلاش (س۔ مذکر) ایک خاص بیماری ایک قسم کا تپ دق۔ بلغم۔
بَلاط (ع۔ مذکر) ۱ ہموار زمین ۲ پکا فرش ۳ کئی مقامات کا نام۔
بَلّاع (ع۔ مذکر) بہت کھانیوالا آدمی۔ پیٹو شخص (بلع۔ نگلنا)
بُلاغ (ف۔ مذکر) پہنچانا (بلغ۔ پہنچنا۔ فصیح ہونا) بلاغت (مونث) ۱ خوش گفتاری شیریں کلامی۔ خوش بیانی۔ فصاحت ۲ بلوغ۔ پختگی ۳ ایک علم جو اعلیٰ قسم کی خوش گفتاری سکھاتا ہے۔ اس کی تین شاخیں ہیں۔ علم معانی۔ علم بیان اور علم بدیع۔ بلاغت آئین (صفت) بلیغ۔ فصیح۔
بُلاق۔ بلاک (ت۔ مذکر) ۱ ناک کی درمیانی ہڈی ۲ ایک زیور جو اس میں پہنا جاتا ہے۔ اور چھوٹی بالی کی قسم کا ہوتا ہے۔ جس میں ایک موتی یا اور کوئی پتھر لگا ہوتا ہے ۳ کانچ کا لمبا موتی جو عورتیں بچوں کے ناک میں منت کے لئے ڈالتی ہیں۔
بَلاقع (ع۔ مذکر) بلقعے کی جمع۔ غیر آباد ممالک۔
بَلاک (س۔ مذکر) ایک قسم کا سارس ۲ شاکا پنی کا ایک شاگرد ۳ جانو کرنیا کا ایک شاگرد ۴ ایک شکاری ۵ پورو کا بیٹا اور جنو کا پوتا ۶ ونس پری کا ایک بیٹا ۷ ایک راکشس۔
بلاکا (مونث) ۱ کلنگ۔ سارس۔ کونج۔ لک لک ۲ معشوقہ ۳ ایک عورت کا نام بلاکاشو (مذکر) جنو کی نسل سے ایک شخص۔

بلاک (انگ۔ مذکر) ۱۔ عمارت یا احاطے کا حصہ۔ ۲۔ بہت سی عمارتوں کا مجموعہ۔ سلسلۂ عمارات۔ ۳۔ (طباعت) چھپائی کا ٹھپا۔ ۴۔ کُندا۔ ۵۔ مانع۔ رکاوٹ۔ ۶۔ اتحادیہ۔
بَلاکیڈ (انگ۔ مذکر) بحری ناکہ بندی۔
بَلال (ع۔ مذکر) ۱ نمی ۲ تازگی ۳ پانی۔
بَلالک (س۔ مذکر) ایک درخت۔
بِلا جانا۔ بِلانا (ہ۔ لازم) ۱ غائب ہو جانا۔ جاتے رہنا۔ اُڑ جانا۔ کافور ہو جانا۔ ہوا ہو جانا۔ چنپت ہونا ۲ مٹ جانا۔ کھو جانا۔ معدوم ہو جانا ۳ غائب کر دینا۔ اُڑا لینا ۴ مٹا دینا۔ ضائع کر دینا۔ بانٹنا۔ حصہ کر دینا (س وِلی غائب ہونا)
بَلالیر (ع۔ مذکر) بلّار یا بلّور کی جمع۔
بِلّانا (ہ۔ لازم) ۱ رونا۔ چلّانا۔ چیخنا۔ آہ و زاری کرنا۔ واویلا کرنا۔ نوحہ کرنا۔ ماتم کرنا۔ پیٹنا۔ نالہ و زاری کرنا۔ سسکیاں بھرنا۔ ہچکیاں لینا۔ ٹھنکیاں (س وِلپن)
بِلانْد (ہ۔ مونث) بالشت۔
بَلانُوت (س۔ صفت) ۱ طاقتور۔ طاقت والا۔ مضبوط ۲ فوج کی کمان کرنے والا۔
بِلاوڑ (ہ۔ مذکر) گربۂ نر۔ بلّا۔
بِلاوَل۔ بِلاوَلی (ہ۔ مونث) ایک راگنی جو رات کو گائی جاتی ہے۔
بلاہَت (ع۔ مذکر) ۱ کسی سے بہت محبت کرنا ۲ بیوقوف یا احمق ہونا۔
بلاہَر۔ بُلاہِر (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک نیچ ذات ۲ چوکیدار۔ گاؤں کا ہرکارہ یا رہبر ۳ ملاحوں یا ٹوکریاں بنانے والوں کی ایک ذات ۴ ٹہلیا خدمتی ۵ رہنما۔ رہبر۔
بلاہَکا (س۔ مذکر) ۱ بادل ۲ سات بادلوں میں سے ایک جو پرلو یا قیامت کے وقت آئینگے ۳ پہاڑ ۴ ایک ناگ دیت ۵ ایک سپہ سالار ۶ وشن جی کے چار گھوڑوں میں سے ایک ۷ جیدرتھ

ایک بھائی ۲ ایک پہاڑ کا نام۔
بَلاہو (ہ۔ چوکیدار۔ قاصد۔
بَلاہی (ہ۔ مذکر) ۱ چماروں کی ایک ذات ۲ اس ذات کا ایک آدمی۔
بَلاؤ (ہ۔ صفت) ۱ سستا خریدا ہوا۔ بہت سستا ۲ (مذکر) اچھا سودا۔
بِلاؤ (ہ۔ مذکر) بلا۔ گربۂ نر۔ **بلاؤ جو اپنے بچّوں کو نہیں چھوڑتا چوہوں کو کب چھوڑیگا** - جو اپنوں کا دشمن ہے وہ غیروں کو کیا فائدہ پہنچائیگا۔
بُلاؤ (ہ۔ مذکر) بلاوا۔
بَلائی (ہ۔ مونث) ۱ دُعا۔ اشیرباد ۲ عطیہ۔ دان۔
بَلائی (ہ۔ مذکر) گاؤں کا ایک ملازم جو لکڑیاں کاٹتا اور گاؤں کی حدود کی حفاظت کرتا ہے۔
بِلائی (ہ۔ مونث) ۱ بلّی۔ گربہ ۲ ریتی یا سوہن جس سے کدو وغیرہ رگڑتے ہیں ۳ ایک پودا جس کی جڑیں کھانے اور دوائی کے کام آتی ہیں۔
بُلائے۔ بلائیے (س۔ مذکر) ایک درخت کا نام۔
بِلائی کند (ہ۔ مذکر) ایک دوا کا نام۔
بَلب (انگ۔ مذکر) بجلی کا قمقمہ۔
بَلبال (ع۔ مذکر) غم۔ رنج۔ افسوس۔ فکر۔
بِلبال (ع۔ مذکر) ۱ بہت مغموم ہونا ۲ بھوت کا سایہ ہونا۔
بُلبُل (ع۔ مونث) ۱ ایک چھوٹا پرند جو چڑیا کے برابر ہوتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں ایک سفید سیاہ سر۔ دوسری سرخی مائل سیاہ سر۔ مشرقی شاعروں نے اسے گل کا عاشق تصوّر کیا ہے ۲ مجازاً عاشق۔ بعض شعرا نے مرکب بھی باندھا ہے (بُلبُل۔ بے آرام ہونا) **بُلبُل چشم** (مذکر) ایک ریشمی کپڑا جس میں مربع خانے ہوتے ہیں اور ہر خانے میں آنکھ کی شکل کا نشان ہوتا ہے **بلبل خامہ** (مونث) خامہ کو بلبل سے استعارہ کرتے ہیں۔ **بُلبلِ شیراز** (مذکر) شیخ سعدی کا لقب۔ **بلبل شیریں سخن** - خوشگو شاعر۔

بلبل کا بچہ پالنا (متعدی) ۱ پھنسی پھوڑوں وغیرہ کا علاج نہ کرنا ۲ تونا پالنا۔ **بُلبل کا طغرا** (مذکر) حروف کو بلبل کی صورت میں لکھنا۔ **بُلبلوں کی سی لڑائی ہے** - کسی طمع پر لڑتے ہیں بلبل گوندنی پر لڑتے ہیں۔ **بلبل ہزار داستان** (مونث) شیریں کلام۔ خوش گفتار۔ شیریں زبان۔ **بلبلی** (صفت) ۱ بلبل سے منسوب۔ بُلبل کے رنگ یا شکل کا ۲ بلبل کے رنگ کی شراب۔
بِلبلا (ہ۔ امر) بلبلانا کا (س وِلپ۔ چیخنا) **بلبلا اُٹھنا۔ پڑنا یا جانا** (لازم) بےچین ہونا۔ بیتاب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ گھبرا کر اُٹھ کھڑا ہونا۔ چیخ اُٹھنا۔ مضطرب ہونا۔ **بلبلا کر** (تف) گھبرا کر۔ مضطرب ہوکر۔ **بلبلا گیا**۔ عاجز ہوگیا۔ بدحال ہوگیا ۲ منت کرنے لگا ۳ بار کا متحمل نہ ہوا **بلبلانا** (لازم) ۱ بیتاب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ تکلیف سے گھبرانا ۲ تکلیف۔ رنج۔ درد۔ بھوک وغیرہ سے رونا یا چیخنا ۳ بچّے کا لوٹا لوٹا پھرنا ۴ بے چین ہونا۔ بیکل ہونا۔ رونا ۵ منت زاری کرنا۔ گڑگڑانا ۶ مشتاق ہونا۔ خواہشمند ہونا۔ خواستگار ہونا۔
بُلبُلا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ نصف کرہ کی شکل جو پانی کی سطح پر ہوا ابھرنے سے بن جاتی ہے حباب۔ پانی کا بُلا ۲ ناپائیدار چیز۔ نازک چیز (س بُدبُد)
بَلبَلانا (ہ۔ لازم) ۱ جوش اُٹھنا خمیر اُٹھنا۔ اُبلنا ۲ جوش مارنا ۳ اُونٹ کا مست ہوکر بولنا یا چلانا ۴ مستی پر آنا ۵ نہایت غصّے میں ہونا۔ ناراض ہونا۔ جھنجھلانا (س۔ بَلبَلا۔ ہکلانا)
بَلبَلَت ۱ زبانوں کا گڈمڈ ہونا ۲ اختلافِ رائے ۳ مال و اسباب بکھرنا ۴ سیاہ موتی ۵ بُری رائے۔
بُلبُلَت (ع۔ مونث) ۱ لوٹا ۲ قفس۔ پھلانواں۔
بُلبُل ٹین (انگ۔ مذکر) نقلی مخمل۔ سوتی مخمل (اصل ڈلوٹین)
بَلَبھ (ہ۔ صفت) ۱ پیارا۔ عزیز۔ معشوق ۲ (مذکر) دوست۔ یار۔ مُنہ لگا ملازم۔ مالک۔
تلبھانا (ہ۔ متعدی) لبھانا۔ للچانا۔ موہنا۔ بلمانا۔

بَل بَھکوا (ہ۔ صفت) بوالہوس۔ حریص۔ بڑھاپے میں جوانی کی خواہشیں رکھنے والا۔
بَلبت (ہ۔ صفت) ۱ گھرا ہوا۔ احاطہ کیا ہوا ۲ مڑا ہوا۔ پیچ دیا ہوا ۳ جھریاں پڑا ہوا۔
بَلت (ع۔ مونث) گیلا ہونا۔
بِلت (ع۔ مونث) نمی۔ گیلاپن
بَلتوڑ (ہ۔ مذکر) بال توڑ۔ وہ پھنسی جو بال کے ٹوٹنے کی وجہ سے ہو (بال توڑنا سے مشتق ہے)
بِلٹانا (ہ۔ متعدی) ۱ اُلٹ دینا ۲ ضائع کرنا۔ صرف کرنا (س وِلٹ۔ الٹنا۔ **بلٹنا** (لازم) ۱ ضائع ہونا۔ صرف ہونا ۲ مچلنا۔
بِلٹی (ہ۔ مونث) ۱ مال کی رسید جو جہاز یا ریلوے والوں سے ملتی ہے ۲ اسباب کی فہرست۔ فرد اشیا (انگ بل۔ فہرست اشیاء)
بَلَج (ع۔ مذکر) ۱ ابروؤں کا الگ ہونا ۲ صبح کا روشن ہونا
بِلچک (ہ۔ مونث) ۱ ضرب قبضۂ شمشیر ۲ تلوار کی لچک یا لپک۔
بِلچھنا (ہ۔ متعدی) ۱ کتاب میں انتخاب کے لئے نشان کرنا ۲ انتخاب کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ چن لینا۔ چھانٹنا۔
بَلَح (ع۔ مذکر) کچی کھجوریں۔
بِلَخ (ع۔ مذکر) مغرور۔ متکبّر
بَلَخ (ع۔ مذکر) غرور۔ تکبّر
بَلَد (ع۔ مذکر) شہر۔ قصبہ۔ ملک (بَلَدَ۔ آباد ہونا) **بلدہ** (مذکر) ۱ دیکھو بلد ۲ گاؤں قریہ۔ بستی ۳ اکیسواں نکشترہ یا منزل قمر۔ **بَلدِیہ** (مذکر) میونسپلٹی۔
بَلَد (ہ۔ مذکر) ۱ لفظی معنی۔ طاقت دینے والا ۲ بیل۔ نر گاؤ۔ سینگ دار جانور ۳ لدو بیل **بلدانہ** (مذکر) بیلوں پر محصول۔ **بلداؤ** (صفت) بیلوں کو ہانکنے والا۔ **بلدنا۔ بلدھنا** (متعدی) ۱ گائے پر بیل ڈالنا ۲ مذاقاً عورت کو حاملہ کر دینا۔ پیٹ رہ جانا۔ **بلدھائی** (مونث) چرائی کا محصول چرائی۔ **بلدی۔ بلدیا۔ بلدیان** (صفت) ۱ بیلوں کا ۲ بیل لادنے والا۔ بیل ہانکنے والا۔ گوالا ۳ اناج بیچنے والا۔
بُلدان (ع۔ مذکر) بَلَد کی جمع۔

بَلدَہ (ع - مذکر) ۱ شہر ۲ کشتزہ ۳ آسمان کا وہ حصہ جس میں تھوڑے ستارے ہوں ۴ چھاتی ۵ ناک کی جڑ اور ابرو کے درمیان کی جگہ۔

بَلرا (ھ - مذکر) ۱ بلّا ۲ ایک قسم کا کپڑا۔

بَل رانڈ (ھ - مونث) وہ لڑکی جو بچپن میں بیوہ ہو جائے - بال بدھوا -

بَلِس (ع - صفت) بدچلن - شریر۔

بَلسان (ع - مذکر) ایک پودا جس کے پتّوں سے روغن نکلتا ہے۔

بِلَست (ھ - مونث) بالشت -

بِلَسنا (ھ - لازم) ۱ خوش ہونا - فرحت حاصل ہونا - آرام پانا - زندگی کا لطف حاصل ہونا - مزے ہونا ۲ برتنا - استعمال یا کام میں لانا - کام نکالنا (س لس - کھیلنا - چمکنا)

بِلسُندَر (ھ - مذکر) ریت سے ملی ہوئی چکنی مٹی۔

بِلَش (ھ - صفت) ۱ حیران - پریشان - گھبرایا ہوا ۲ شرمندہ - شرمسار -

بِلِش - بِلِشت (ف - مونث) بالشت وہ فاصلہ جو ہاتھ کو پھیلانے پر انگوٹھے اور چھنگلیا کے سروں کے درمیان ہوتا ہے - یہ ۹ انچ کے برابر ہوتا ہے - اور گز کا چوتھا حصہ ہوتا ہے -

بِلِشنا (ھ لازم) دیکھو بلکنا اور بلکھنا۔

بَلع (ع - مذکر) نگلنا۔

بُلع (ع - مذکر) ۱ چکّی کا سوراخ ۲ بہت کھانے والا۔

بَلعَم (ع - مذکر) بہت کھانے والا۔

بُلعُوم (ع - مذکر) نرخرہ - حلقوم۔

بُلَغاء (ع - مذکر) بلیغ کی جمع۔

بُلغت (ع - مونث) تھوڑی چیز قوت لایموت

بَلغَم (ع - مذکر) ۱ یونانی طب کے بموجب اِنسان کے بدن میں چار خلطوں میں سے ایک - باقی صفرا - سودا اور خون ہیں ۲ وہ مادہ جو کھانسی یا زکام میں ناک یا منہ سے نکلتا ہے - کف - کھنکار - بلغم آنا یا خارج ہونا (لازم) مادہ کا ناک یا منہ سے نکلنا - بلغمی (صفت) ۱ بادی - بلغمی مزاج والا ۲ موٹا - فربہ ۳ کاہل - سست - بھدا ۴ موٹی سمجھ والا

بَلق (ع - مذکر) دروازہ بالکل کھول دینا۔

بَلقع (ع - مذکر) غیر آباد غیر مزروعہ ملک

بِلَک (ف - مذکر) ۱ تحفہ - عطیہ ۲ تازہ میوہ ۳ نئی پوشاک جس کو دیکھ کر انسان خوش ہو -

بِلَک (ہ - امر) بلکنا کا (س وِلَپن رونا) بلکا (امر) یا بلکانا کا ۲ (ماضی) بلکنا کی - بلکانا (متعدی) بچوں کو رولانا - بے قرار کرنا یا ستانا بِلکنا - رونا بچے کا - رونا - چیخنا - چلانا بلبلانا - بیتاب ہونا بےچین ہونا - مضبوط پکڑنا - چمٹنا گرفت کرنا -

بِلِک (ف - مذکر) کسی چیز کو ہاتھ یا انگلیوں سے پکڑنا ۲ چھچھا ہٹ - لیس -

بِلک (ف - مذکر) انگارہ - آگ -

بُلَک (ف - مذکر) بڑی اُبھری ہوئی آنکھ -

بَلکاوا (ھ - مذکر) آواز جو صاف سُنائی نہ دے - بناوٹی یا بگڑی ہوئی زبان -

بَلکَٹ (ھ - مذکر) ۱ پیشگی کرایہ یا لگان ۲ بغیر کٹائی فصل بالیاں توڑ لینا بلکٹی (مونث) ایک لگان جو اگلے وقتوں میں کٹائی کے موقعہ پر لیا جاتا تھا۔

بَلکَل (ھ - مذکر) درخت کی چھال - چھلکا - بکل یا پوست ۲ کپڑا چھال کا بنا ہوا -

بَلکِن (ھ - حرف ربط) بلکہ -

بَلکنا (ھ - لازم) ۱ خوشی یا لٹنے میں اس طرح بولنا کہ سمجھ نہ آسکے گڑ بڑ بولنا ۲ صاف طور پر نہ بولنا منہ میں بولنا - بلبلانا ۳ ابلنا - کھولنا -

بَلکہ (ع - حرف ربط) ایرانیوں نے "کہ" زیادہ کر دیا ہے - لیکن - مگر - و گرنہ - پھر بھی - علاوہ - سوا شاید -

بِلکھنا (ھ - لازم) - دیکھو بلکنا ۲ ناراض ہونا - غصے ہونا ۳ دیکھنا - نظر کرنا - تاکنا محسوس کرنا ۴ غائب ہو جانا - نظر سے دور ہو جانا - سامنے سے ہٹ جانا - کھسک جانا - چلے جانا - چنپت ہو جانا ۵ مٹ جانا - فنا ہو جانا -

بِلگ (ھ - امر) ۱ بلگنا کا ۲ (صفت) جُدا - علیحدہ - الگ ۳ (مذکر) جُدائی - نااتفاقی - اختلاف - فرق بلگانا (متعدی) جُدا کرنا - الگ کرنا - تقسیم کرنا - تفرقہ ڈالنا - بلگاؤ (مذکر) بلگائی (مونث) ۱ الگ کرنا - جُدا کرنا ۲ جدائی - تفرقہ **بلگ جانا** (لازم) دیکھو بلگنا **بلگ ماننا** (لازم) ناخوش ہونا - ناراض ہونا - خفا ہونا **بلگنا** (لازم) ۱ الگ ہونا - جُدا ہونا ۲ دبی جمنا - بلونا ۳ دیکھو بلنگنا۔

بَل گوندھن (ھ - مذکر) شادی کی ایک رسم جس میں دلھن کے بال گوندھے جاتے ہیں -

بَلَل (ع - مذکر) ۱ نمی ۲ تازگی -

بِلَل (ع - مذکر) بلّت کی جمع -

بَلَلّا (ھ - صفت مذکر) بَلَلّی (صفت مونث) بے سلیقہ - پھوہڑ - بیوقوف - بیہودہ - لغو (س لَٹ - رونا) **بللے پن کی باتیں** (مونث) پھوہڑ پن یا بیوقوفی کی باتیں - اول جلول باتیں -

بَلَم - بَلَم - بَلَما (ھ - مذکر) عاشق پیارا خاوند - محبوب -

بَلّم (ھ - مذکر) ۱ برچھا - نیزہ - بھالا ۲ عصا سونٹا (س اُدَلَم - پکڑنا) **بلم بردار** (صفت) عصا بردار - بلم اٹھا کر آگے چلنے والا - نیزہ باز -

بِلمانا (ھ - متعدی) ۱ برمانا - روکنا دیر کرنا - باز رکھنا ۲ تھامنا ۳ موہ لینا - پھنسانا -

بِلَمب - بِلَمبھ (ھ - مذکر) ۱ آہستگی سستی - کاہلی ۲ دیر - تاخیر - دیر ج ۳ لمبا وقت - دیر تک ٹھیرنا ۴ ٹال مٹول آجکل بلمب رہنا یا کرنا - بلمبنا (متعدی) دیر کرنا وغیرہ -

بَلَم ٹیرا (انگ - مذکر) والنٹیر کا بگڑا ہوا - وہ شخص جو اپنے آپ کو کسی خدمت کے لئے پیش کرے - فوجی ٹیکی وغیرہ -

بِلَمنا (ھ - لازم) دیکھو بلمبنا اور برسنا -

بَلِن (س - صفت) ۱ مضبوط - طاقتور قوی ۲ جھریاں پڑا ہوا - جھریدار - سکڑا ہوا - مرجھایا ہوا ۳ موٹا - فربہ ۴ (مذکر) سور ۵ سانڈ ۶ اونٹ ۷ ایک قسم کی دال ۸ ایک قسم کی چنبیلی ۹ ونس پری کا نام ۱۰ بلرام

بَلنا (ھ - متعدی) ۱ بٹنا - بل دینا - گوندھنا - بننا ۲ جلنا - آگ لگنا -

بُلَند (ف - صفت) اونچا - رفیع - بالا

لمبا۔ سرفراز۔ عالی۔ برتر۔ ممتاز۔ بڑا ۱۲ زور کا۔ بھاری۔ پُر
شور۔ بلند آشیاں (صفت) وُہ جو اپنا مکان کسی اُونچی
جگہ پر بنائے۔ بلند آواز (صفت) اونچی زور کی یا بڑی
آواز والا۔ بلند احتشام (صفت) بڑی شان و شوکت
والا۔ بلند اختر (صفت) خوش قسمت۔ خوش نصیب
طالع مند۔ بلند ارادہ (صفت) عالی حوصلہ۔ اولوالعزم۔
بلند ارکان۔ صفت) اونچے ستونوں پر بنا ہوا۔ بلند اقبال
(صفت) دیکھو بلند اختر۔ بلند اقتدار (صفت)
صاحب اختیار۔ بلند بالا۔ (صفت) اُونچے
قد کا۔ بلند بخت (صفت) دیکھو بلند اختر۔
بلند بین (صفت) عالی ہمت۔ بلند نظر۔ بلند پایا
(صفت) عالی رُتبہ۔ عالی مقام۔ بلند پر (صفت) اُونچا
اڑنے والا۔ بلند پرواز (صفت) عالی خیال۔ عالی دماغ
۲ اُونچا اُڑنے والا۔ بلند پروازی (مؤنث) عالی دماغی
عالی حوصلگی ۲ طنزاً خود نمائی۔ خود ستائی۔ بلند تر (صفت)
زیادہ اونچا۔ بلند ترین (صفت) سب سے اُونچا۔
بلند جاہ (صفت) بڑے مرتبے والا۔ بلند حوصلہ
(صفت) عالی ہمت۔ با حوصلہ۔ بہادر۔ بلند قامت
(صفت) دراز قد۔ بلند قصر (مذکر) اُونچا مکان۔ بلند
مرتبہ یا محل (صفت) عالی رُتبہ۔ عالی قدر۔ بلند
مکان (مذکر) ۱ اونچا مکان ۲ (صفت) عالی رُتبہ۔
عالی مرتبہ۔ بلند مضمون (مذکر) اعلیٰ مضمون۔ بلند
نظر یا نگاہ (صفت) عالی حوصلہ۔ عالی ہمت۔ اُونچی
نظر والا۔ معمولی باتوں کا خیال نہ کرنے والا۔ بلند و پست
(صفت) اُونچا نیچا۔ بلند و مرتفع (صفت) بہت
اُونچا۔ بلند ہمت (صفت) عالی حوصلہ۔ بلندی (مؤنث)
۱ اونچائی۔ رفعت۔ بلندی۔ درازی ۲ برتری ۳ غرور
فخر۔ بلندی پیما (مذکر) بلندی ناپنے کا پیمانہ۔ ہائیڈرو
میٹر۔ بلندی و پستی (مؤنث) نشیب و فراز۔

بلنگنا (ھ۔ لازم) ۱ کودنا۔ اچھل کر
پکڑنا ۲ کسی چیز کی طرف اُٹھنا یا چڑھنا۔ چڑھنا ۳ نکلنا
۴ پکڑنا۔ نہ چھوڑنا۔

بلنگنی (ھ۔ مؤنث) الگنی۔ وُہ
رسی یا بانس جس پر کپڑے سکھانے کے لئے ڈالتے
ہیں۔

بلنی (ھ۔ مؤنث) انجن ہاری۔ آنکھ
کی بیماری جس سے آنکھوں کی پلکیں گر پڑتی ہیں۔

بلنی (مؤنث) ۱ طاقتور عورت ۲
ایک پودہ۔

بلو (ع۔ مذکر) پرکھنا۔ جانچنا۔

بلو (س۔ مذکر) بل کا درخت۔

بلو (انگ۔ صفت) ۱ نیلا ۲ (مذکر)
نیلا رنگ۔ بلو بک (مؤنث) رپورٹیں جو افسران پارلیمنٹ
انگلستان یا گورنمنٹ کی اطلاع کے لئے لکھتے ہیں۔
اور جن پر نیلے سرورق لگے ہوتے ہیں۔

بلوا (ھ۔ مذکر) دیکھو بلوا۔ بلوائی
(صفت جمع) بلوا کرنے والے۔ بلوائے عام (مذکر)
بہت سے لوگوں کا آپس میں لڑنا۔

بلوا (ھ۔ صفت) ریتلا۔ کرکرا۔
کنکریلا۔

بلوٹا (ھ۔ مذکر) ۱ وُہ ٹوکرا جس میں
پان رکھے جاتے ہیں ۲ بلہارا ۳ (ہ) بلی کا بچہ۔

بلوج (ع۔ مذکر) چمکنا۔

بلور۔ بلّور۔ بلوّر (ف۔ مذکر) شیشے
کی ایک بہت موٹی قسم جو چونا پوٹاش اور ریت سے
بنائی جاتی ہے۔ عام طور پر خیال ہے کہ بلور کان سے
نکلتا ہے یہ غلط ہے بلور سا (صفت) چمکدار۔ شفاف
نرمل بلور کا ٹکڑا۔ بلور کی مانند (صفت) نہایت
صاف و شفاف۔ نہایت گورا بلوری۔ بلورین
(صفت) بلور کی طرح چمکدار یا شفاف۔ بلور کا بنا
ہُوا۔

بلورنا (ھ۔ متعدی) ناخنوں سے
کھرچنا۔ نوچنا۔

بلوڑنا (ھ۔ متعدی) ہلانا۔ حرکت
دینا۔ بونا۔

بلوط (ع۔ مذکر) ایک قسم کا درخت
جس کی لکڑی چیزیں بنانے کے کام آتی ہے بلوط
الملک (مذکر) ایک جدید صورت کو کہہ۔ شاہ بلوط
سیتا سپاری۔

بلوع (ع۔ مذکر) چوڑا۔ کھلا۔

بلوغ (مذکر) بلوغت (ع۔ مؤنث)
۱ حد کو پہنچنا ۲ وہ عمر جس میں مرد کو عورت کی اور
عورت کو مرد کی خواہش محسوس ہونی شروع ہوتی
ہے ۳ جوانی۔ شباب (بلغ۔ پہنچنا) بلوغیت (مؤنث)
بلوغت۔

بلوک (س۔ مذکر) ۱ ایک ٹکڑا ۲ ایک
ناگ دیوتا ۳ ایک تیر تفنگ۔

بلوکن (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھنا ۲
نگاہ ۳ نظارہ۔ ملاحظہ۔ بلوکنا (متعدی) دیکھنا۔
نظر ڈالنا۔ نگاہ کرنا ۲ ملاحظہ کرنا۔ سوچنا۔ امتحان کرنا۔
غور کرنا۔ خیال کرنا ۳ سمجھنا ۴ معلوم کرنا۔ محسوس کرنا

بلوکھا (ھ۔ مذکر) سوراخ۔ چاک
شگاف۔ دراڑ۔ درز۔ دریڑ۔

بلولا (ھ۔ مذکر) بلبلا۔

بلولا (ھ۔ صفت) بے سلیقہ۔ بھپلا۔
گندا۔ بھدا۔ خراب۔

بلونا (روما۔ عکس) لڑائی کی دیوی
اور مارز کی بہن۔

بلونا (ھ۔ متعدی) متھنا۔ بلوڑنا۔
متھنا۔ متھانی سے دودھ دہی کو حرکت دینا ۲ پانی
کے پانی کو حرکت دینا۔ گھنگھولنا (س ولوڈن)
بلونی (مؤنث) وہ برتن جس میں دودھ دہی بلوتے
ہیں۔ بلویا (صفت) بلونے والا۔

بلوں بلوں (اُردو۔ مونث) ۱ واویلا
ہائے ہائے ۲ کمی تنگی۔

بلونگی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس

بلوہ (ع۔ مذکر) ۱ لڑائی۔ دنگا۔ فساد
مار پیٹ۔ ہنگامہ ۲ کھلبلی۔ بدامنی۔ بدنظمی۔ باہمی
ہل چل ۳ غدر۔ بغاوت۔ شورش ۴ بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم
مجمع ۵ (قانون) اگر پانچ یا پانچ سے زیادہ آدمی
مل کر کسی ایک یا زیادہ اشخاص کو مارپیٹ کریں
تو یہ بلوہ ہوتا ہے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (بلو۔
کوشش کرنا)

بلوی (ع۔ مذکر) ۱ امتحان۔ پڑتال
مصیبت۔

بلہ (ع۔ صفت) بیوقوف۔ احمق۔
بے عقل۔ سادہ۔ کم عقل۔ ابلہ۔ غافل۔ جاہل۔ نادان
مورکھ (بلہ۔ بیوقوف ہونا)

بلہ (ع۔ صفت) اپنے کی جگہ

بلہانہ (۱۱) کشمیری۔ سنسکرت کا
شاعر۔ راجہ کشمیر نے ناراض ہو کر قتل کا حکم دیا۔
اس نے ایک قصیدہ لکھ کر خوش کیا۔ راجہ نے
اپنی لڑکی سے شادی کر دی۔

بلہ بندر (ھ۔ مذکر) ۱ زمینوں۔ مالگزاری
وغیرہ کا انتقال مختلف اقسام اور مدوں میں ۲

انتظام۔ بندوبست۔ بلہ بندی (مونث) ضلع کے بندوبست کی رپورٹ۔

بلَہرا (مذکر) **بلَہری** (ہ۔ مونث) پان رکھنے کا لمبا ۲ یا ٹوکری۔

بلَہری (ہ۔ مونث) تیل نکالنے کی پلی۔

بَلہَی (ہ۔ مونث) لمبوترا بوجھا بھاری بنڈل۔

بَلی (س۔ صفت) ۱ طاقتور۔ قوی۔ بلوان ۲ (ہ۔ مونث) بَل۔ جھریاں۔

بَلی (ہ۔ مذکر) ایک کلمہ جو فیلبان ہاتھی کا سر اُٹھانے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

بَلی (ہ۔ مونث) ۱ بیل۔ پودا جو دیوار اور درختوں پر بل کھاتا ہوا چڑھتا ہے یا زمین پر لمبا پھیلتا ہے ۲ لمبا بانس ۳ ناؤ چلانے کا بانس ۴ سال کے درخت کی لمبی شاخ ۵ لکڑی کا کھمبا جو چھت تھامنے کو لگایا جاتا ہے۔ تھونی۔ بڑنگا۔ مرنی (س اَوَلَمب۔ پکڑنا)۔ بَلّی کی بَلّی سے ہے۔ بڑا ہی لمبا ہے۔ بلّی مارنا (متعدی) کشتی چلانا۔ کھینا۔ بلیوں پانی اُچھلنا (لازم) سخت طوفان آنا۔ بلیوں پانی ہونا (لازم) بہت زیادہ پانی ہونا۔ بلیوں کلیجہ اُچھلنا (لازم) عو۔ سخت ڈر اور گھبراہٹ ہونا۔ دل بہت دھڑکنا۔

بِلّی (ہ۔ مونث) ۱ ایک گوشت خوار درندہ جو اگرچہ شیر کی قسم سے ہے مگر قد میں بہت چھوٹا ہوتا ہے۔ گربہ۔ بلّے کی مادہ ۲ ایک لکڑی جو کواڑوں کو بند رکھنے کے لئے لگائی جاتی ہے (س وِڈالی)۔ بلّی الانگ کر تو نہیں آئے۔ (عو) جب کوئی آتے ہی لڑنے لگے تو کہتی ہیں۔ بلّی الانگنا (متعدی) جس طرف سے بلّی گئی ہو ادھر سے نہ گزرنا ۲ لڑنے جھگڑنے کے لئے آنا۔ بلّی بنا رہنا (لازم) مسکین صورت بنا رہنا۔ بلّی کا توڑ جانا (لازم) بلّی کا کسی جانور کو مار ڈالنا۔ بلّی کا راستہ کاٹنا۔ بلّی کا رونا (متعدی) بہت منحوس سمجھا جاتا ہے۔ بلی لوٹن۔ ایک گھاس جس کی خوشبو سے بلیاں بہت خوش ہوتی ہیں۔ بالچھڑ۔ بلی نانگھ کر آنا (لازم) بلی الانگنا۔

امثال واقوال۔ بلی اور دودھ کی رکھوالی۔ ناممکن بات۔ بددیانت سے دیانتداری کی امید رکھنا۔ برے سے نیکی کی توقع رکھنا۔ بلی بھی دب کر حملہ کرتی ہے۔ جب کسی کو بہت تنگ کیا جائے تو وہ آخر مقابلے پر تیار ہو جاتا ہے ؎ ندانی کہ چوں گربہ عاجز شود۔ برآرد بچنگال چشم پلنگ۔ بلّی بھی لڑتی ہے تو منہ پر پنجہ دھر (رکھ) لیتی ہے۔ لڑاکے آدمی سے کہا جاتا ہے۔ کہ لڑنے سے انسان کو شرم کرنی چاہئے۔ بلّی بھی مارتی ہے چوہا تو پیٹ کے لئے۔ بلّی خدا واسطے چوہا نہیں مارتی۔ آدمی اپنے مطلب کے لئے کام کرتا ہے۔ بغیر مطلب کوئی کچھ نہیں کرتا۔ بلی جب گرتی ہے پنجوں کے بل۔ آدمی کو احتیاط کرنی چاہئے تاکہ نقصان یا تکلیف نہ ہو۔ بلّی سے چھچھڑوں کی رکھوالی۔ دیکھو بلّی اور الخ بلّی کا گوہ نہ لیپنے کا نہ پوتنے کا۔ نکمّے آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ بلّی شینہہ پڑھایا بلّی کو کھاون آیا۔ شاگرد اُستاد کے مقابلے کی جرات کرے تو کہتے ہیں۔ بلی کو چھیچھڑوں کے خواب۔ بلّی کو خواب میں چھیچھڑے نظر آئیں۔ آدمی جس مذاق کا ہوتا ہے۔ ویسا ہی اسے خیال رہتا ہے۔ بلّی کھائیگی نہیں تو پھیلائیگی ضرور کمینہ اور بدذات چاہے فائدہ نہ اُٹھائے نقصان ضرور اُٹھاتا ہے۔ بِلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا اتفاقیہ کوئی چیز مل جانے پر کہا جاتا ہے۔ بلی کے خواب میں چھیچھڑے (ہی چھیچھڑے) بلّی کے خواب میں چوہے کودیں دیکھو بلّی کو الخ۔ بلّی کی میاؤں (سے) ڈر لگتا ہے۔ بلّی کی میاؤں کو کون (پکڑ سکتا ہے) پکڑے یا سنبھالے گا۔ ظالم کا ڈر کانی ہوتا ہے۔ بلی کی میاؤں کو کون سنتا ہے۔ بڑے کے مقابلے میں چھوٹے کی کون عزت کرتا ہے۔ بلّی گوشت کی رکھوالی۔ ظالم کو حاکم بنانا۔

بَلَیّا (ہ۔ مونث) بلا۔ بلیا لینا (متعدی) ۱ بلائیں لینا ۲ چاروں طرف پھرنا۔ چوگرد پھرنا۔

بَلیّات (ع۔ مونث) بَلیّۃ کی جمع۔ بلائیں۔ الابلا۔

بلَیّاں (ہ۔ مونث) بلائیں کی تصغیر۔

بلَیّاں لینا (متعدی) دیکھو بلائیں لینا

بَلید (ع۔ صفت) کند ذہن۔ بیوقوف۔ احمق۔ سادہ۔ کم عقل۔ بے سمجھ۔ بُرا۔

بلیَرڈ (انگ۔ مذکر) انٹے کا کھیل۔ یہ ہاتھی دانت کی بڑی گولیوں سے میز کے اوپر لمبی لکڑیوں کے ساتھ کھیلا جاتا ہے۔

بَلیغ (ع۔ صفت) ۱ خوش بیان۔ اعلیٰ درجے کی زبان بولنے والا ۲ رسا۔ کامل۔ مکمل۔ پورا ۳ بالغ۔ جوان ۴ نہایت اچھا۔ اعلیٰ (کلام) (بَلَغ۔ پہنچنا)

بلَیک (انگ۔ صفت) ۱ سیاہ۔ کالا ۲ (مذکر) کالا آدمی۔ **بلیک بال** (مذکر) کلب کا ممبر بنانے کے لئے جو ووٹ لیتے ہیں۔ ان میں سے جو امیدوار کے برخلاف ہو اسے بلیک بال کہتے ہیں۔ کیونکہ پہلے زمانے میں مخالف ووٹر ایک کالی گولی صندوق میں ڈال دیتا تھا۔ **بلیک بال** کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) مخالف ووٹ پڑنا۔ **بلیک بورڈ** (انگ۔ مذکر) تختۂ سیاہ۔ **بلیک سٹون** (مذکر) حجر اسود۔ **بلیک سی** (مذکر) بحیرہ اسود۔ **بلیک گارڈ** (مذکر) بدمعاش بدچلن۔ **بلیک مین** (مذکر) کالا آدمی۔ **بلیک واٹر فیوَر** (مذکر) ایک قسم کا بخار جس سے بدن سیاہ ہو جاتا ہے۔ **بلیک مارکیٹ** (انگ مونث) کالا دھندا۔ چور بازاری۔ کالا کاروبار۔

بَلیلہ (ف۔ مذکر) ایک پھل۔

بَلیلی (ر باعص) پاتال کی دیوی۔ جو تموز کی ایک بہن تھی۔

بلیمورا (ہند) ریاست بڑودہ میں ایک قصبہ (ہ)

بَلینڈارہ (۔ مذکر) ۱ چھپر کے بیچ کا بڑا بانس ۲ لمبا آدمی ۳ چھت کی کڑی ۴ برانڈہ (س بلی۔ چوری کا دستہ۔ ونڈ۔ ڈنڈا) **بلینڈی** (مونث) لمبی عورت۔

بَلیوَرد (س۔ مذکر) بیل۔ بلد۔

بلے (ع۔ حرف) ہاں۔ بے۔

بَلیہ (ہ۔ صفت) ۱ طاقتور۔ قوی۔

زور آور - بلوان ۲ طاقت دہ - قوت دینے والا
۳ مذکر) منی - ویرج -

بَلِیّہ (ع - مونث) بلا - دُکھ - آزمائش
(بَلو - آزمانا)

بَم (ہ - مذکر) ۱ چشمہ - سوتہ - حوض -
پانی کا نل (س بم) ۲ گاڑی کے آگے کی لکڑیاں
جن میں گھوڑا جوتا جاتا ہے ۳ ایک ماپ - بازوؤں
کے پھیلانے پر جو فاصلہ دونوں ہاتھوں کی انگلیوں
کے درمیان ہو (س ویام) ۴ مہادیو جی کو پکارنے
کی آواز (برہما کا مخفف) **بم بولنا** (لازم) ۱ جے
پکارنا ۲ مذاقاً نقصان ہونا - **بم پھوٹنا** (لازم)
پانی کا چشمہ جاری ہونا - پانی کا پھوٹ کر نکلنا ۲ کسی چیز کی -
بہت بہتات ہونا - **بم (بم)** مہادیو - مہادیو کی جے یا بول بالا

بَم (ف - مذکر) ۱ راگ یا باجے کی
اونچی آواز ۲ ستار وغیرہ کا وہ تار جو اونچی آواز
دے ۳ نقارہ - دھونسا ۴ اونچائی بلندی - **بم
بج جانا یا بجنا** (لازم) نقارہ بجنا - شور مچنا ۲ شہرت
ہونا - **بم چخ مچانا** (متعدی) **مچنا** (لازم) ۱ شور و
غل مچنا ۲ جھگڑا پڑنا - فساد برپا ہونا - **بم مچانا**
(متعدی) **مچنا** (لازم) شور مچنا - فریاد ہونا -

بَم (انگ - مذکر) ۱ سرین - چوتڑ ۲
بمب - ایک خاص قسم کا گولہ جو گرنے سے پھٹ
جاتا ہے - **بم پڑنا** (لازم) پھٹنے والے گولے کا
پھینکا جانا - **بم پولس** (مذکر) اصل میں بم پلیس تھا -
جس کے معنی چوتڑ کی جگہ ہیں - گویہ محاورہ انگریزی
میں استعمال نہیں ہوتا - ہندوستان کی اختراع
ہے - پیخانہ - جائے ضرور - وہ پیخانے جو شہروں
میں عوام کے لئے جابجا بنوائے جاتے ہیں - **بم
پھینکنا** (متعدی) کسی شخص کا کسی مجمع یا عمارت
وغیرہ پر پھٹنے والا گولہ ڈالنا - جس سے بہت نقصان
ہوتا ہے - **بم کا گولہ** (مذکر) ایک قسم کا گولہ جس
کے اندر خلا ہوتا ہے - اور اس میں تیزاب اور
کیلیں - چاقو کے پھل وغیرہ ڈالے ہوتے ہیں -
جب پھینکتے ہیں تو زور سے پھٹ کر لوگوں کو
زخمی کرتا ہے - **بم باری** (ا - مونث) بم برسانا -
اوپر سے بم گرانا

بَمّ (ع - صفت) بربط کا تار -
بَمّ (ع - مذکر) اُلو -

بَماتر (ہ - مونث) سوتیلی ماں -
بَمان (ہ - مذکر) ۱ دیوتاؤں کی گاڑی
یا رتھ - ۲ گاڑی - سواری کی کوئی چیز ۳ وہ سجی
ہوئی ارتھی جو ہندو بڈھے یا امیر آدمیوں کی لاش
جلانے کے لئے لیجانے کے واسطے بناتے ہیں -
بَمب (انگ - مذکر) بمب کا گولہ -
بَمب (ہ - مذکر) وہ شخص جو مالگزاری
ادا نہ کرے -

بِمب (س - مذکر) ۱ سورج یا چاند
کی ٹکیہ ۲ عکس - سایہ - شکل - تصویر ۳ ایک پودا
جس میں نہایت سرخ کدو لگتا ہے ۴ اس کا پھل
بمبا (مونث) ۱ دیکھو بمب ۳ ۲ ایک بجر یا ذن
۳ بالا دیہہ راجہ کشمیر کی رانی **بمبی** (مونث) راجہ
بسا کی ماں ۲ بمب کا پھل - **بمبیشور** (مذکر)
ایک مندر جو رانی بمبا نے بنایا تھا -

بَمبا (ہ - مذکر) ۱ چشمہ - سوتہ -
نالہ - پانی کا نل ۲ انجن - کل - آگ بجھانے کا انجن
پانی کوئیں میں سے نکالنے کی کل ۳ (ہ) بڑی ناف
بمبی (مونث) ناف -

بِمباشی (ت - مذکر) بٹالین کا
کمان افسر -

بِمبُک (ہ - صفت) سُرخ - لال
شعلے کے رنگ کا -

بَمبو (انگ - مذکر) ۱ بانس - نرٹ -
بینت - بید ۲ ناؤ اور بجرے کی لکڑی ۳ چنڈو
پینے کی نے (اصل بیمبو) **بَمبو بخشیش** (مونث) ہندوستان
میں انگریزوں کی اختراع - اگر کوئی بخشیش مانگے تو یہ جواب
دیتے ہیں - بینت کی بخشیش یعنی مار **بَمبوکاٹ** (مذکر) ایک قسم
کی ٹمٹم - یہ لفظ بھی ہندوستان کی اختراع ہے - انگریزی میں
استعمال نہیں ہوتا (بمبو کارٹ کا مخفف)

بَمرِھا (ہ - صفت) بیمار -
بَمڑی (ہ - مونث) ۱ رونا چلانا -
واویلا کرنا ۲ (حرف ندبہ) افسوس - **بمڑی مارنا** (متعدی)
مُردوں کا ماتم کرنا ۲ پیٹنا -

بَمکنا (ہ - لازم) سُوجنا - ورم کرنا -
بَمکھ (ہ - صفت) ۱ مُنہ پھیرنے والا -
مُنہ موڑنے والا - روکش ۲ مخالف - برخلاف - الگ علیحدہ
۳ ناامید مایوس ۴ منحوس نحس -

بِمَل (ہ - صفت) بے داغ - سفید
صاف ستھرا - پاک - بے عیب - مصفا -

بَملا (ہ - مذکر) سوراخ جس میں سے
پانی پھوٹ نکلے - منبع چشمہ -

بَمَن (ہ - مذکر) ۱ سنے کرنا ۲ قے ۳
قے والی دوا - **بمنا** (متعدی) ۱ قے کرنا ۲ (لازم)
قے ہونا - متلی ہونا -

بَمَن - بَمَّن (ہ - مذکر) برہمن **بمنی**
(مونث) برہمنی **بمنیٹا** (ہ - مذکر) برہمن کا لڑکا -

بَمنا (ہ - مذکر) ایک قسم کا ایک رنگ کبوتر
کبوتر کی چونچ کے نیچے چند سفید پر **بمنی** (مونث) ایک رنگ کبوتری -

بِموچنا (ہ - متعدی) رہا کرنا - آزاد
کرنا - چھوڑنا - کھولنا - رہائی دینا - نجات دینا -

بِموہ (ہ - مذکر) ترغیب - اشتعالک -
بہکاوا - اکساؤ -

بَمھَن (ہ - مذکر) برہمن **بمھنی** -
(مونث) برہمنی **بمھنیٹا** (مذکر) نوجوان برہمن - برہمن
کا بیٹا -

بَمھنی (ہ - مونث) سرخ رنگ
کی نرم مٹی -

بَمیٹھا (ہ - مذکر) ۱ کیڑوں کا ٹیلہ
۲ بانبی -

بَمیل (ہ - مذکر) ایک قسم کی گھاس

بَن (ہ - مذکر) جنگل بیابان - صحرا رکھ -
درختوں کا جھنڈ ۲ روئی - روئی کا کھیت (س وَن) **بن
باس** (مذکر) ۱ جنگلوں میں رہائش جنگلی یا بیقاعدہ طرز
زندگی ۲ جلا وطنی - دیس نکالا ۳ جو جنگل میں رہے - **بن باسی**
(کرنا کے ساتھ) **بن باسی** (صفت) جنگلوں میں رہائش
جنگلی - جنگل میں رہنے والا ۲ جنگل کا داروغہ ۳ تیاگی سنیاسی -
سادھو ۴ (مونث) تنہائی کی زندگی **بن بلاؤ** (مذکر) **بلی**
(مونث) جنگلی بلا یا بلی **بن بہانا** (ہ) جنگلوں میں پھرنا یا
شکار کرنا **بن بھانٹا** - (مذکر) جنگلی بینگن **بن پرستھ** (ہ)
۱ جنگل میں رہنا یا زندگی بسر کرنا ۲ سنیاسی - سادھو
بن پشو (ہ) جنگلی جانور - وحشی جانور **بن پوستہ** (مذکر)
پودینہ سے ملی ہوئی ایک گھاس - **بن پھل** (ہ) جنگلی پھل
جنگلی درختوں کے پھل **بن ترئی** (ہ) ایک قسم کی جنگلی ککڑی
بن تیتر (مذکر) جنگلی تیتر **بن جاترا** (ہ) متھرا اور آگرہ کے
ضلع کے ۸۴ جنگلوں کی زیارت - **بن جاتری** (ہ) وہ جو
۸۴ جنگلوں کی زیارت کرے **بن جھاڑنا** (متعدی)
جنگل میں تلاش کرنا ۲ جنگل میں سے شکار کو شور مچا کر نکالنا

بن چل (ص) ۱ جنگل میں رہتا یا پھرتا ہُوا۔ جنگلی صحرائی ۔ وحشی ۲ بندر ۳ جنگل کا داروغہ یا منتظم ۴ جنگلی آدمی بن مانس بن چری (مونث) ایک جنگلی گھاس جسے ہاتھی بہت شوق سے کھاتے ہیں بن دیوتا (ص) جنگل کا دیوتا بن سٹی (مونث) کپاس کی لکڑی بن سلامی (مونث) وہ محصول جو مالک کاشتکاروں سے تاڑی کا رس اکٹھا کرنے کے لئے لیتے ہیں بن کٹی ۔ بن کٹی (ص) ۱ محصول جو جنگل سے لکڑی کاٹنے کے لئے لیا جاتا ہے ۲ وہ حق جو جنگل کو کاشت کے لئے صاف کرنے سے قائم ہو جائے ۳ صاف کی ہوئی زمین بن کٹھیا (مونث) ایک خاردار جنگلی بوٹی بن گنڈا (ص) سوکھا گوبر جو جنگل میں پایا جاتا ہے اور جلانے کے کام آتا ہے بن کر (ص) ۱ جنگلوں کی پیداوار مثل شہد و گوند ۲ جنگلوں کی آمدنی بن کریلا (مذکر) جنگلی کریلا بن کس (مذکر) گھاس جس کی رسیاں بنتی ہیں بن کھرا (ص) وہ زمین جس پر آخری فصل روئی کی بوئی گئی ہو بن کھنڈ (ص) جنگل ۔ صحرا بن کھنڈی (مونث) ایک جنگل کا نام بن گونٹھا یا گونٹھا (ص) بن کنڈا بن ماچھی (ص) ۱ جنگلی شہد کی مکھی ۲ ڈانس ۳ جنگلی مکھی بن مارنا (متعدی) بن جھاڑنا بن مالا یا مال (ص) ۔ جنگلی پھولوں کا ہار ۲ ہار جو کرشن جی پہنا کرتے تھے ۔ بن مالی (ص) بن مال پہنے ہوئے ۔ بن مال پہننے والا نام کرشن جی کا لقب بن مانس (مذکر) ۱ جنگلی آدمی ۔ وحشی آدمی ۲ ایک قسم کا بندر ۔ اد نگ اوٹنگ بن مجھاڑنا (ص) جنگل میں سے گزرنا ۔ بن جھاڑنا بن واس (ص) بن باس بنوٹ مسرگ (ص) ایک رسم جو باغ لگانے کے موقع پر کی جاتی ہے اور جس کے بغیر پھل نہیں کھاتے بن یُووتی (ص) جنگل میں رہنے والی عورت ۔

امثال و اقوال

بن بالک اور بھینس اُکھاری ۔ جیٹھ ماس یہ چار کُکھاری (ص) قاعدہ کلیہ بطور مثل ۔ جیٹھ کے مہینے میں جنگل ۔ بچے بھینس اور کمہار کو سخت تکلیف ہوتی ہے ۔ کیونکہ گرمی بہت ہوتی ہے اور ان چاروں کے لئے گرمی خراب ہے بن پہاڑ لین بلاری ۔ موسا (چوہا) کھیلی (کہے) بجے بھری جوسے (بیوی) (ص) بلی جنگل میں مر گئی ۔ تو چوہا کہنے لگا وہ میری بیوی ہے ۔ زبردست کی غیر حاضری میں کمزور شیخیاں مارتا ہے ۔ بن کے پات بن کا کھڑکا ۔ کبری کرت بالڑی کا لڑکا (ص) جنگل کے دار و غنہ کا لڑکا لکڑیوں اور پتوں سے کھیلتا ہے ۔ مطلب یہ ہے کہ جیسا موقعہ ہو ویسا ہی کرنا پڑتا ہے ۔ جیسا دیس ویسا بھیس ۔ بن میں اُگے سب کوئی کھائے گھر میں اُپجے گھر ہی کھائے (ص) پہیلی ۔ پھوٹ جنگل میں اُگے تو سب کھاتے ہیں اور گھر میں ہو تو گھر تباہ ہو جاتا ہے ۔

بَن (ہ ۔ امر) بننا کا اِس وزن ۔ رنگنا

بنا (امر) ۱ بنانا کا ۲ (ماضی) بننا کی ۳ (صفت) ۔ طے شدہ ۔ مقررہ ۔ مسلمہ ۴ تیار ۔ موجود ۔ مہیا ۵ ختم شدہ ۔ مکمل ۶ مرکب ۔ مرتب ۷ نقلی ۔ نمائشی ۔ مصنوعی ۸ امیر ۔ دولتمند ۹ مضبوط ۔ صحیح ۔ تندرست ۱۰ جسے دھوکا دیا جائے ۔ جو بنایا جائے ۱۱ جھوٹ ۔ غیر صحیح ۱۲ بے بنیاد ۔ خیالی ۔ وہمی ۔ بے اصل ۱۳ (مذکر) پیارا ۔ معشوق ۱۴ دولھا ۱۵ زمین جو بیج بونے کے لئے تیار ہو ۱۶ (لف) تیار کر کے بنا کر بن آنا (لازم) ۔ کام درست ہونا ۔ مطلب بامراد حاصل ہونا ۲ کارگر ہونا ۔ سود مند ہونا ۳ قسمت کھلنا فائدہ ہونا ۴ تدبیر چل جانا بن آئے کا سوداگر کی بات ہے ۔ موقع ملنے کا معاملہ ہے ۔ بس چلنے کا کام ہے ۔ بنا بنایا کام (کھیل) بگاڑنا (متعدی) بگڑنا (لازم) درست کام خراب ہو جانا ۔ ساکھ جاتی رہنا بنا بنایا گھر بگاڑ دینا (متعدی) بگڑ جانا (لازم) گھر تباہ ہو جانا ۔ اچھا خاندان برباد ہونا ۔ گھر میں کچھ نہ رہنا بنا بیٹھا ہے ۱ وضع بنائے ہے ۔ صورت بنائے ہے ۲ اپنے آپ کو کیا سمجھتا ہے ۔ بنا ٹھنا (صفت) ۱ لباس سے آراستہ ۲ بانکا چھیلا بنا چنا (صفت) ترتیب دیا ہوا ۔ تیار ۔ بنا ٹھنا بنا دینا (متعدی) بنا لینا ۔ بنا رہنا (لازم) ۱ زندہ رہنا ۔ سلامت رہنا ۲ موجود رہنا ۔ حاضر رہنا ۳ دولت اور حشمت کی ترقی ہونا ۴ برقرار رہنا ۔ آباد رہنا ۔ خوش و خرم رہنا ۔ سرسبز رہنا ۵ جاری رہنا ۔ ہوتے رہنا بنا لانا (متعدی) تیار کر لانا ۔ درست کر لانا ۔ بنا لینا ۔ (متعدی) ۱ تیار کر لینا ۔ درست کر لینا ۲ انتظام کر لینا ۔ بندوبست کر لینا ۳ نقصان کرنا ۔ نقصان پہنچانا ۔ بنانا (متعدی) ۱ پیدا کرنا ۔ مخلوق کرنا ۲ تعمیر کرنا ۳ تیار کرنا ۔ مرتب کرنا ۴ مکمل کرنا ۔ درست کرنا ۵ آراستہ کرنا ۔ سجانا ۶ بیوقوف بنانا ۔ احمق بنانا ۔ ہجو ملیح کرنا ۔ غندہ زنی کرنا ۷ خفیف کرنا ۔ شرمندہ کرنا ۸ ایک حالت سے دوسری حالت کر دینا ۔ طرز زندگی بدل دینا ۹ اصلاح کرنا ۔ صحیح کرنا ۱۰ موزوں کرنا ۔ تصنیف کرنا ۱۱ حاصل کرنا ۔ پیدا کرنا ۱۲ نقصان کرنا ۔ ضرر پہنچانا ۱۳ (مسودہ) ترمیم کرنا ۔ چھیل کاٹ کر درست کرنا ۱۴ (تیور وغیرہ) صورت بنانا ۔ انداز بنانا ۱۵ (آدمی) ادب سکھانا ۔ تمیز دینا ۱۶ (تصویر) کھینچنا ۱۷ (جھوٹ) دل سے کوئی بات کہنا ۔ ایسی بات کہنا جو کبھی نہ ہو ۱۸ (قلم) کلک یا کسی اور چیز کو چاقو سے کاٹ کر لکھنے کے لئے نوک بنانا ۱۹ (خط) مونڈنا ۔ حجامت کرنا ۲۰ (گھر) رہائش کا انتظام کرنا ۔ گھر کا بندوبست کرنا ۲۱ (کھانا) پکانا ۔ تیار کرنا ۲۲ (مرغی وغیرہ) ذبح کرنا ۔ پکانے کے لئے تیار کرنا ۲۳ (ساتھی وغیرہ) متفق کرنا ۔ ہمراہ لینا ۲۴ (کھیل) معمولی بات سمجھنا ۔ پرواہ نہ کرنا ۲۵ (مقدمہ) جھوٹا معاملہ کھڑا کرنا ۔ جھوٹا دعوےٰ کرنا ۲۶ (کوئی رشتہ) تعلق پیدا کرنا ۲۷ (مدعا) حاصل کرنا ۔ جیتنا ۲۸ (بات) جھوٹ بولنا ۔ فریب بنانا ۔ دیکھو بات ۲۹ (باتیں) شیخی مارنا ۔ خوشامد کرنا ۔ دیکھو باتیں ۳۰ دیگر بہت سے الفاظ کے ساتھ مختلف معنی دیتا ہے ان الفاظ کے تحت میں دیکھا جائے ۔ بناوٹ (مونث) ۱ وضع ۔ ساخت ۔ شکل ۔ ترکیب ۲ ظاہرداری ۔ تکلف ۳ تصنع ۔ ظاہری ۔ نمائش ۴ دستکاری ۔ کاریگری ۔ صنعت بناوٹ بنانا (متعدی) جھوٹ بنانا جھوٹا مقدمہ بنانا ۔ بناوٹ کی باتیں کرنا (متعدی) ظاہرداری کی باتیں کرنا بنا ہُوا (صفت) دیکھو بنا ۱۰ تا ۱۲ بناؤ (مذکر) ۱ بناوٹ ۲ زیبائش ۔ آرائش آراستگی ۳ دوستی ۔ میل جول ۔ بناؤ چنا (مذکر) سنگار بناؤ سنگار (سنگھار) آرائش ۔ زیبائش ۔ گہنا کپڑا پہن کر تیار ہونا بناؤ دینا (متعدی) زیبائش دینا ۔ بھلا معلوم ہونا ۔ سجنا ۔ بناؤ کرنا (متعدی) سنورنا ۔ سنگار کرنا ۔ آراستہ ہونا بنائے نہ بننا (لازم) باوجود کوشش کے کچھ نہ ہو سکنا (کچھ کے ساتھ) بنایا (ماضی) ۱ بنانا کی ۲ (صفت) بنا ہوا بنایا جانا (لازم) ۱ پیدا کیا جانا ۲ تیار کیا جانا بنایا ہُوا (صفت) وہ جو بنایا جائے ۔ بن بنا کر (لف) ۱ درست ہو کے ۔ تیار ہو کے ۲ بناؤ سنگار کر کے ۔ بن سنور کے بن بن کر (کے) (لف) ہو کر بن بن کے بگڑ جانا ۔ (لازم) ۱ کام ٹھیک ہو کر بار بار خراب ہو جانا ۲ خاص طور پر خفگی ظاہر کرنا ۳ راضی ہو کر ناراض ہو جانا ۔ بن بیٹھنا (لازم) از خود کوئی وضع اختیار کر لینا ۔ بن پڑنا (لازم) ۱ موقع ملنا یا ہاتھ آنا ۔ معاملے کا رو براہ ہونا ۔ کام درست ہونا ۲ مراد حاصل ہونا کامیابی ہونا ۔ سرسبز ہونا ۳ (تدبیر) کارگر ہونا سود مند ہونا ۴ مجبور ہونا ۵ کام ہو سکنا ۔ امکان

میں ہونا۔ **بن پڑے کی بات** (مونث) دیکھو بن آئے کی بات۔ **بن ٹھن کر** (تف) سج سجا کر۔ بناؤ سنگار کر کے (آنا۔ بیٹھنا۔ جانا۔ نکلنا وغیرہ کے ساتھ) **بن جانا** (لازم) ۱ مصیبت پڑنا۔ رنج۔ صدمے یا بلا میں پھنسنا ۲ اثر ہونا۔ مجبور ہونا ۳ ذائقہ دار ہو جانا۔ مزیدار بن جانا ۴ خوشنما ہو جانا۔ بہتر ہو جانا۔ بارونق ہو جانا ۵ نشان پڑ جانا ۶ وضع اختیار کرنا ۷ (کام) ہو جانا ۸ (بگڑی) خراب ہوا ہوا کام درست ہو جانا۔ مصیبت کا راحت سے بدل جانا۔ **بن سنور کر** (تف) سج سجا کر بناؤ سنگار کر کے۔ **بن کر** (تف) ۱ ہو کر ۲ دیکھو آخری ۳ بن کر۔ اکڑ کر۔ **بن کر چلنا** (لازم) اکڑ کے چلنا۔ **بننا** (لازم) ۱ وجود میں آنا۔ خلق کیا جانا۔ پیدا ہونا ۲ درست ہونا۔ ٹھیک ہونا ۳ تعمیر ہونا۔ مرمت ہونا۔ ایجاد ہونا۔ اختراع ہونا۔ نکلنا ۴ تیار ہونا۔ ختم ہونا۔ مکمل ہونا ۵ آراستہ ہونا۔ بناؤ سنگار کرنا ۶ سدھرنا۔ درست ہونا ۷ شکل اختیار کرنا۔ وضع اختیار کرنا ۸ مناسب ہونا۔ چارہ کار ہونا ۹ اصلاح ہونا۔ چال چلن درست ہونا ۱۰ مہذب ہونا۔ تہذیب سیکھنا ۱۱ مالدار ہونا۔ امیر ہونا ۱۲ اکڑنا۔ اینٹھنا ۱۳ نباہ ہونا۔ موافقت ہونا ۱۴ (میں) ان بن ہونا۔ ناوافق بننا ۱۵ موافق ہونا۔ میل ہونا۔ اتفاق ہونا ۱۶ بھیس بدلنا۔ وضع بدلنا ۱۷ ساکھ ہونا۔ آبرو ہونا ۱۸ ہو سکنا۔ ممکن ہونا ۱۹ طے ہونا۔ مقرر ہونا۔ فیصلہ ہونا ۲۰ مشکل ہونا۔ وقت ہونا ۲۱ (اناج وغیرہ) پھٹکا جانا۔ صاف ہونا ۲۲ (حجامت) منڈنا۔ اصلاح ہونا۔ کترا جانا ۲۳ (کھانا وغیرہ) پکنا۔ تیار ہونا ۲۴ (جانور) ذبح ہونا۔ صاف ہونا ۲۵ (کتاب وغیرہ) تصنیف ہونا۔ لکھا جانا۔ مرتب ہونا ۲۶ (مہرا) شطرنج میں پیادے کا آخیر کے خانے میں پہنچ کر دوسرا مہرہ ہو جانا ۲۷ (کام) کوئی چیز بل جانا۔ مزہ ہو جانا ۲۸ (تصویر) کھینچا جانا۔ منقش ہونا ۲۹ (رقم وغیرہ) حاصل ہونا ۳۰ (مقدمہ) دعوے ہو جانا۔ کوئی معاملہ کھڑا ہونا۔ **بننا ٹھننا** (لازم) بناؤ کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ **بننا سنورنا** (لازم) سنگار کرنا۔ **بنوانا** (م) بنانا کا۔ **بنوائی** (مونث) مزدوری۔ تیاری کی اجرت۔ **بنی** (صفت مونث) ۱ بنی ہوئی ۲ دلہن عروس ۳ موافقت۔ میل جول ۴ خوشحالی۔ دولتمندی۔

بنی بات (مونث) مسلمہ بات۔ **بنی بنائی بات** (مونث) طے شدہ امر۔ سدھرا ہوا معاملہ (بگاڑنا بگڑنا کے ساتھ) **بنی بیٹھی ہے**۔ **بنے بیٹھے ہیں**۔ وضع بنائے ہے۔ صورت بنائے ہے **بنی رہنا** (لازم) قسمت کا موافق رہنا۔

امثال واقوال۔ بن آئے

پر احمق بھی دانا ہوتا ہے۔ اگر بات بن جائے تو بیوقوف بھی عقلمند سمجھا جاتا ہے۔ **بن آئی کہئے کی جو پالکی بیٹھا جائے**۔ کمینے آدمی کو موقع مل جائے تو خوب مزے اڑاتا ہے۔ **بن آئے کی فقیری بھی بھلی**۔ موقع ملے تو انسان فقیری میں بھی بہت کما لیتا ہے۔ **بنتے دیر لگتی ہے بگڑتے دیر نہیں لگتی**۔ امیر ہونے میں بہت وقت خرچ ہوتا ہے مگر دولت ایک دم میں چلی جاتی ہے۔ **بنی بنائے بانیا بنی بگاڑے جاٹ مونڈیں سیس سراہ کر ڈوم کبیسر بھاٹ** (ہ) بنیئے دولت جمع کرتے ہیں۔ جاٹ جمع کی ہوئی کو اجاڑتے ہیں۔ ڈوم شاعر اور بھاٹ لوگوں کی تعریف کر کے لوٹتے ہیں۔ **بنی پھر بیسوا کھلے پھر کسبوا**۔ جو عورت بال کھولے پھرے عموماً بدچلن ہوتی ہے۔ **بنی تو بنی نہیں داؤد خاں پنی**۔ داؤد خاں پنی ایک امیر تھا جو غریبوں کی مدد کرتا۔ اور بہت لوگ اس کے یہاں پڑے رہتے تھے۔ مطلب یہ ہے کہ اگر اچھی نوکری مل گئی تو بہتر ورنہ جیسی حالت ہے ویسی ہی سہی۔ **بنی تو بھائی نہیں دشمنائی**۔ اتفاق رہا تو بہتر نہیں تو دشمنی ہی سہی۔ **بنی سنوری گڑیا بھی اچھی معلوم ہوتی ہے**۔ بناؤ سنگار اور خوش پوشاکی کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **بنی کے سب** (سو) **ساتھی بگڑے کا کوئی بھی نہیں**۔ **بنی کے سب یار ہیں۔ بنی کے سو سالے بگڑی کا ایک بہنوئی بھی نہیں**۔ اقبالمند کے سب دوست ہیں غریب کا کوئی نہیں۔ **بنے ہی سب سرا ہیں۔ بگڑی کہیں کمبخت**۔ امیر کی سب تعریف کرتے ہیں۔ غریب کو برا سمجھتے ہیں۔

بَن (ہ۔ مونث) ۱ چرائی کی فیس ۲ مزدوری جو کٹائی کے لئے دی جائے ۳ روزانہ محنت یا نکائی کے لئے جو اناج مزدوروں کو دیا جائے۔

بِن (ہ۔ حرف استثنا) بغیر۔ بجز۔ سوا۔ بدوں (س ونا) **بن آئی مرنا** (لازم) ناگہانی یا اتفاقیہ طور پر مرنا۔ بیوقت مرنا۔ **بن بوجھے** (تف) بغیر جانے۔ **بن بویا** (صفت) بغیر بونے کے۔ خودرو۔ جنگلی۔ **بن بیاہا** (صفت) کنوارا۔ **بن پانی ڈوبنا** (لازم) بہت بے شرم ہونا۔ **بن پانی موزے اتارنا** (متعدی) وقت پیش آنے سے پہلے اس کا انتظام کرنا۔ وہم میں پڑنا۔ **بن پڑھا** (صفت) ان پڑھ۔ **بن تیغ مارے شہید ہونا** (لازم) (عاشقوں کے متعلق) یونہی مر جانا۔ **بن جانے** (بوجھے) بغیر واقفیت۔ بلا ارادہ۔ **بن جوتے**۔ بغیر ہل چلائے۔ بغیر محنت۔ مفت میں۔ بغیر کوشش۔ **بن چھری حلال ہونا** (لازم) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ **بن داموں کا غلام** (صفت۔ مذکر) **کی لونڈی** (صفت۔ مونث) فرمانبردار۔ مطیع۔ بغیر کچھ لئے کام کرنے والا (والی) **بن داموں کھوٹا ہے**۔ مفت بھی کام کا نہیں۔ **بن دانت والا** (ہ) جس کے دانت نہ ہوں۔ پوپلا۔ **بن دانے پانی** (صفت) بھوکا پیاسا۔ **بن دھن** (ہ) غریب۔ مفلس۔ **بن دھیان** (ہ) بے خیال۔ بغیر سوچے بغیر سمجھے۔ **بن سمجھے بوجھے** بغیر سوچے سمجھے۔ **بن سور تھ** (ہ) بے فائدہ طور پر۔ یونہی ناحق۔ **بن مارے کی توبہ** (مونث) منت کی شکایت۔ ناحق کی فریاد۔ **بن مارے توبہ کرنا** (متعدی) بے وجہ ڈرنا۔ تکلیف سے پہلے ہی داویلا شروع کر دینا۔ **بن مارے شہید ہونا** (لازم) یونہی مر جانا (عاشقوں کا) **بن مارے مر جانا** (لازم) دیکھو بن تیغ مارے شہید ہونا۔ بن مارے شہید ہونا۔ **بن ملے** (تف) بغیر ملنے کے بغیر ملاقات کے۔ **بن ناتھی کا بیل** (مذکر) ۱ وہ بیل جس کی ناک میں رسی نہ ہو ۲ مجازاً (صفت) آزاد۔ شتر بے مہار۔ **بن ناحق** (ف) ناحق۔

امثال واقوال۔ بن بدیا

نر نار جیسے گدھا کمہار (ہ) بغیر علم کے عورت مرد کمہار کے گدھے کی مانند ہوتے ہیں۔ **بن بھائے پریت نہیں نہ بن پرچے پرتیت**۔ بغیر پسند کے محبت اور بغیر آزمائے اعتبار نہیں ہوتا۔ **بن بہو پریت نہیں** (ہ) بغیر بیوی کے سسرال میں خاطر مدارات نہیں ہوتی۔ بیوی

مرجاتے تو سسرال والے پوچھتے بھی نہیں۔
بن بلائی احمق لے دوڑی صحنک۔ بغیر بُلائے جانے یا بغیر پوچھے کسی معاملے میں دخل دینے پر کہتے ہیں۔ بن بلائی ڈومنی لڑکوں بالو سمیت آئی۔ کمینے لوگ ہر جگہ بن بُلائے چلے جاتے ہیں۔ کسی کے بن بلائے آجانے پر کہتے ہیں۔ **بن پکھاوج بن تال ناچے ہے** بے سامانی میں مغرور ہونا۔ **بن پیسے کوڑی کے تیلی ساہو ٹوٹی ہانڈی کانڈو ساہو** (ہ) کانڈو۔ بھٹیارہ۔ پیشہ ور آدمی بغیر پونجی کے اپنے گزارے کے موافق کما لیتا ہے۔ **بن پرچے پرتیت نہیں**۔ بغیر ثبوت کے کوئی نہیں مانتا۔ **بن تال پکھاوج ناچے ہے**۔ فضول کام کرتا ہے۔ **بن جانے کون مانے**۔ جب تک دیکھے نہیں اعتبار نہیں ہوتا۔ **بن جنے کا تھنیلا ہے** (ہ) بغیر اولاد چھاتیاں سوجی ہوئی ہیں۔ کام تو کچھ نہیں دکھلاوا ہی دکھلاوا ہے۔ **بن جولاہے عید نہیں**۔ اگر جولاہا کپڑا نہ بن کر دے تو عید نہیں ہوسکتی۔ جب تک وہ شخص کام نہ کرے جس کا کام ہے تو کام ٹھیک نہیں ہوتا۔ **بن جولاہے نماز نہیں بن ڈھولک تعزیہ نہیں**۔ بغیر مناسب انتظام کے کوئی چیز درست نہیں ہوتی۔ **بن چوچی بارہ برس لڑکے کو رکھتا ہے**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو جھوٹے وعدے کرے۔ **بن دیکھا چور باپ برابر**۔ جب تک کسی شخص کی کرتوتوں کا پتہ نہ چلے اس کی عزت ہوتی ہے۔ **بن روئے ماں بھی دودھ نہیں دیتی**۔ بے طلب کچھ نہیں ملتا۔ **بن رُکے بید کی گھوڑی نہ چلے**۔ انسان عادت کے بموجب کام کرتا ہے۔ **بن سیوا میوہ نہیں**۔ بغیر خدمت کے کچھ نہیں ملتا۔ **بن کٹنا پے چھنالا نہیں**۔ جب تک دلالہ نہ ہو بدچلنی نہیں ہوسکتی۔ **بن گانڑ کا بدھنا** (مذکر) ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں جن میں ہمت یا حوصلہ نہ ہو یا جو کم عقل یا کمزور ہو۔ **بن گھرنی گھر بھوت کا ڈیرہ** (ہ) بغیر بیوی کے گھر اُجاڑ معلوم ہوتا ہے۔ **بن گھرنی گھر پادت ہے۔ ہے گھرنی گھر گا جت ہے** (ہ) بیوی سے گھر کی رونق ہوتی ہے۔ بغیر بیوی کے گھر سونا معلوم ہوتا ہے۔ **بن لاگ جو کھیلے جوا۔ آج نہ مؤا کل مؤا**۔ جس کام کی واقفیت نہیں اس کے کرنے میں نقصان ہوتا ہے۔ **بن مانگے دودھ ملے ورمانگے ملے نہ بیچ (چھاچھ)** تقدیر کی بات ہے۔ کہ خود بخود تو دولت ملتی ہے اور مانگے جائیں تو کچھ نہیں ملتا۔ **بن مانگے ملے سو دودھ اور مانگے ملے سو پانی**۔ جو چیز بغیر مانگے ملے بہت اچھی ہوتی ہے۔ جو مانگ کر لی جاتے وہ بے لطف ہے۔ **بن مانگے موتی ملیں اور مانگے ملے نہ بھیک**۔ دیکھو بن مانگے دودھ الخ۔ **بن سے کو ہلا ئیے نہیں اور ہلے کو بڈاریئے نہیں** (ہ) ہر کام میں اوسط بہتر ہے۔ **بن ہونی ہوتی نہیں اور ہونی ہووت ہار**۔ جو قسمت میں ہے ضرور ہوگا۔

بِن (ع۔ مذکر) ابن کا مخفف۔ بیٹے اور باپ کے نام کے درمیان استعمال ہوتا ہے۔ جیسے قاسمؒ بن محمد بن حداد (۹۰۰ م) شام کے تین بادشاہ۔ **بن حر** (مذکر) ایک یہودی جو لیو والس کے اسی نام کے مشہور ناول کا ہیرو ہے۔

بُن (ع) مذکر) قہوہ۔ بھونے اور پیسے جانے سے پہلے۔

بُن (ف۔ مذکر) ۱ جڑ۔ بنیاد۔ انتہا۔ ۲ نچلا حصہ۔ سرا۔ نوک۔ **بُن بُن میں** (تمع) ہر جوڑ میں۔ بدن میں ہر جگہ۔ **بنِ ران** (مذکر) ران کی جڑ۔ **بنِ گوش** (مذکر) کان کی نوک۔ **بنِ مو** (مذکر) بال کی جڑ۔

بُن (ہ۔ امر) بُننا کا۔ **بناوٹ** (مونث) بننے کی وضع یا کام۔ بننا۔ **بنائی** (ہ) ۱ بُننا۔ بناوٹ۔ بنائی۔ بننے کی اُجرت۔ **بُننا** (متعدی) ۱ دھاگوں سے کپڑا بنانا ۲ رسیوں سے چارپائی میں سونے کی جگہ بنانا ۳ سلائیوں سے جرابیں وغیرہ بنانا ۴ بیت کی چھال سے کرسیوں کے بیٹھنے اور تکیہ لگانے کی جگہ بنانا۔ **بُنوانا** (م) بننا کا۔ **بنوائی** (مونث) بُننے کی اُجرت

بُن (ہ۔ صفت) بُھنا ہوا کا مخفف
بُن دھنیا (مذکر) بھنا ہوا دھنیا جو زچہ کو کھلایا جاتا ہے۔

بَنارہ۔ صفت و مذکر) دیکھو بن کے تحت میں۔

بَنّا (ہ۔ مذکر) معمار۔ مکان بنانے والا شخص۔

بِنا (ع۔ مؤنث) ۱ بنیاد۔ نیو۔ جڑ۔ اصل جڑ ۲ وجہ۔ باعث۔ سبب ۳ آغاز۔ ابتدا۔ شروع ۴ عمارت۔ مکان۔ **بنا بر** (تمع) اس وجہ سے۔ اس سبب سے۔ **بنا بریں** (تمع) دیکھو بنا بر۔ اس لئے۔ **بنا پڑنا** (لازم) ۱ ابتدا ہونا۔ آغاز ہونا ۲ عمارت کی بُنیاد رکھی جانا۔ بنیاد قائم ہونا۔ **بنا ڈالنا** (متعدی) ۱ بنیاد رکھنا۔ نیو ڈالنا ۲ شروع کرنا۔ ڈھنگ ڈالنا۔ **بناءً علیہ** (تمع) اسی بنا پر۔ اسی وجہ سے۔ **بنائے دعوے** (مذکر) دعوے کی وجہ۔ جھگڑے کی بنیاد۔ استغاثے کا سبب۔ **بنائے مخاصمت** (مذکر) ۱ لڑائی جھگڑے کی بنیاد ۲ (قانون) وہ فعل جس سے دعوے کرنے کا حق پیدا ہو۔

بِنا (ہ۔ حرف استثنا) بغیر دیکھو بن۔

امثال و اقوال

بنا ٹھگائی کام نہیں نکلتا۔ تجارت کا اصول جب تک گاہک کو دھوکا نہ دیا جائے نفع نہیں ہوتا۔ **بنا وسیلے چاکری بنا بدھ کے دیہ۔ بنا گرو کا بالکا سر میں ڈالے کھیہ**۔ ملازمت بغیر وسیلے اور سفارش کے نہیں مل سکتی۔ اور بدن بغیر عقل کے فضول ہے۔ اور جس چیلے کا گرو نہیں وہ بدچلن ہو جاتا ہے

بِنّا (ہ۔ متعدی) دیکھو بِننا
بُنّا (ہ۔ متعدی) دیکھو بُننا۔

بَنات (ہ۔ مونث) بانات کا مخفف۔

بنات (ع۔ مونث) بنت کی جمع۔ بیٹیاں گڑیاں۔ **بنات النعش** (مونث) وہ سات ستارے جو قطب کے ستارے کے گرد پھرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یہ حقیقت میں پھرتے نہیں۔ زمین کی گردش محوری کی وجہ سے ایسا معلوم ہوتا ہے سات سہیلیوں کا گچھا۔ سپت رشی۔ دُبِّ اکبر۔ **بنات نبات** (مونث) نئی شاخیں۔ نئی کونپلیں

بَنادِر (ع) مذکر) بندر کی جمع
بَنادِق (ع۔ مونث) بندق کی جمع

بناس (ھ۔ مذکر) ۱ تلفی۔ تباہی بربادی۔ ستیاناس ۲ گم شدگی۔ غائب ہوجانا۔ کھویا جانا ۳ موت۔ فنا۔ **بناس کرنا۔ بناسنا** (متعدی) تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔ جان سے مارنا۔

بناسپتی (ہ۔ مونث) ۱ درختوں کے پتے۔ جنگلی پھل۔ گھاس پات۔ ساگ پات۔ نباتات ۲ سبزی مائل زرد رنگ ۳ سبزی مائل زرد ہیرا رس ونسپتی۔ جنگلی درخت) **بناسپتی گھی**۔ نقلی گھی جو نباتی تیل سے بنتا ہے۔

بَناصِر (ع۔ مذکر) جمع بنصر کی۔

بِناگوش (ف۔ مونث) کان کی لو۔ کچیا۔

مُبنالا (ہ۔ مذکر) طلائی بانا (بُننا۔ سے)

بَنان (ف۔ مذکر) بنانہ کی جمع۔ بنانہ (مذکر) انگلی کا سرا۔

بَناوَری (ھ۔ مونث) ۱ تیاری۔ سرانجام۔ بندوبست ۲ کاریگری۔ ہنر۔ گن ۳ مہارت۔ شعور۔ طریقہ۔

بَناونا (ھ۔ متعدی) بنانا۔

بِنایک (ھ۔ مذکر) ۱ گورو۔ پاٹھک۔ پنڈت ۲ گنیش جی کا ایک نام ۳ گرو کا ایک نام۔

بن پُور (ہند) ضلع مدنا پور میں ایک قصبہ۔

بَنَت (ہ۔ مونث) ۱ لیس ۲ کپڑے پر لمبائی کے رُخ میں نقرئی اور طلائی کام ۳ ٹوپی یا کوٹ پر نقرئی یا طلائی کام ۴ (بنانا۔ ٹانکنا ٹکنا کے ساتھ (س ورن۔ رنگ) **بنت کی چنی** (مونث) شیشے کے ریزے جو بنت میں ٹکے ہوئے ہوتے ہیں۔

بِنت (ع۔ مونث) بیٹی۔ لڑکی **بنت العِنَب** بنتِ عِنَب (مونث) انگور کی بیٹی ۔ شراب

بَنتا (ھ۔ مونث) عورت معشوقہ بیوی۔ آشنا۔

وِنتی (ھ۔ مونث) ۱ جھکنا۔ آداب بجالانا ۲ عاجزی۔ انکساری ۳ شرم۔ لحاظ ۴ اطاعت۔ فرمانبرداری ۵ معافی۔ عذر۔ معذرت ۶ درخواست۔ عرض گذارش۔ التماس۔ منت۔ ارداس (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بنتی کر**۔ عرض کرتے ہوئے۔ گذارشی ہوکر۔ التماس کرکے۔

بَنْٹ (ھ۔ امر) ۱ بنٹنا کا ۲ (مذکر) حصہ بخرہ تقسیم۔ بانٹ **بنٹا** (امر) ۱ بنٹانا کا ۲ (ماضی) بنٹنا کی **بنٹانا** (متعدی) ۱ تقسیم کرانا ۲ تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔ حصے کرنا **بنٹنا** (لازم) تقسیم ہونا بٹنا۔ **بنٹوارا** (مذکر) دیکھو بٹوارا **بنٹوانا** (متعدی) بٹوانا **بنٹوَیا** (مذکر) بٹویا بانٹنے والا۔ تقسیم کرنے والا **بنٹیت** (مذکر) دیکھو بٹیت۔

بَنٹا (ھ۔ مذکر) پیتل کا بڑا برتن جس میں ہندو پانی رکھتے ہیں۔ کھانا پکانے کا برتن۔ کلسا۔

بنٹنا وھار (عم) کچھ بے معنی سا لفظ ہے صرف کردینا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے **بنٹنا دھار کردینا** (متعدی) برباد کردینا۔ تباہ کردینا۔

بِنج (ہ۔ مذکر) تجارت۔ سوداگری۔ بیوپار۔ خرید و فروخت۔ لین دین (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (س۔ بانج) **بنجنا** (متعدی) بیوپار کرنا۔ تجارت کرنا۔ **بنجی** (مذکر) سوداگر

امثال و اقوال۔ **بنج کرینگے بانئے اور کرینگے ریس۔ بنج کیا تھا بھاٹ (جاٹ) نے رہ گئے سو کے تیس**۔ سوداگری میں بنئے کا مقابلہ کوئی نہیں کرسکتا۔ **بنج کرے تو لوٹا آوے بیٹھ کھائے دھن چھیجے۔ کہے کبیر سنو بھائی سنتو مانگ کھائے سو جیتے** (مقولہ) بیوپار میں گھاٹا پڑتا ہے اور اگر گھر بیٹھ کے کھائے تو جائداد خراب ہوتی ہے۔ سو کبیر کی رائے میں مانگ کھانا سب سے بہتر ہے **بنج میں کیا بھائی بندی**۔ بیوپار میں کسی کا لحاظ نہیں ہر ایک کو نفسی نفسی پڑی ہوتی ہے **بنجی اور بٹاؤ نا سکھ پاویں جس گام۔ واکو تو جو کھوٹ میں کریں نیک سر نام** (ھ) سوداگر اور مسافر جس سے فائدہ اٹھائیں اسے سارے ملک میں نیک نامی کی شہرت دیتے ہیں۔

بَنِج (س۔ مذکر) ۱ سوداگر۔ تاجر۔ بیوپاری ۲ (علف) کرن کا چھٹا حصہ۔

بَنج (ع۔ مونث) بنگ کا معرب۔

بَنجارا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قوم جو خانہ بدوش ہے اور بیوپار بھی کرتی ہے ۲ غلے کا سوداگر ۳ بنجارا قوم کا فرد۔ یہ لوگ ہندو بھی ہیں اور مسلمان بھی۔

بنجاری (صفت) ۱ بنجارے کے متعلق ۲ مجازاً پائیدار۔ مضبوط۔ موٹا) ۳ (مونث) بنجارے کی بیوی ۴ آبالا ہوا غلہ ۵ ایک خیمہ جو بنجارے استعمال کرتے ہیں **بنجارے کا لاد چلنا**۔ (لازم) مجازاً موت کا آجانا۔ سفر آخرت اختیار کرنا۔

بَنجَر (ہ۔ مونث) ۱ وہ زمین جو قابل کاشت نہ ہو ۲ زمین شور۔ غیر مزروعہ زمین ۳ جنگل۔ ویرانہ۔ اُجاڑ **بنجر توڑنا** (متعدی) افتادہ زمین کی کاشت کرنا **بنجر جدید** (مذکر) زمین جو عرصہ تک غیر مزروعہ رہ کر کاشت ہوئی ہو **بنجر خارج الجمع** (مذکر) وہ بنجر زمین جس پہ لگان نہ لگا ہو۔ **بنجر قدیم** (مذکر) وہ زمین جو عرصے سے بغیر کاشت پڑی ہو۔ **بنجر کمی** بنجر کی وجہ سے لگان میں رعایت

بَنجَن (ھ۔ مذکر) ۱ زمین جو گاؤں کے قریب ہو ۲ ایک جنگلی بوٹی جو تین فٹ کے قریب اونچی ہوتی ہے اور فصل خریف کے ساتھ اگتی ہے۔

وِنجن (ھ۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو کھانے تیار کرنے کے لئے استعمال کی جائے۔ مسالا۔ چاشنی چاٹ۔ بگھار ۲ ترکاریاں ۳ (صرف و نحو) ونجن۔ حرف صحیح۔

بَنجھوٹی (ھ۔ مونث) ۱ گولی یا دوائی جو بنین کو ضائع کرنے کے لئے دی جائے ۲ وہ دوائی جو بانجھ پن پیدا کرے۔

وِنجی (ھ۔ مونث) خوانچے یا پھیری والے کا کام۔

بَنجیَہ (ھ۔ مذکر) سوداگری۔ بنج۔

بَنچ (انگ۔ مونث) ۱ ایک لمبا تختہ جس کے نیچے پائے لگے ہوتے ہیں اور بیٹھنے کے کام آتا ہے ۲ حکام عدالت **بنچ اینڈ بار** (مذکر) حکام عدالت اور وکلاء۔

بَنچ (ھ۔ امر) بنچنا کا **بنچا** (امر) ۱ بنچانا کا ۲ (ماضی) بنچنا کی **بنچانا** (متعدی) ۱ پڑھوانا۔ پڑھواکر سننا ۲ بچانا **بنچنا** (لازم) پڑھا جانا **بنچوانا** (م) پڑھوانا۔ پڑھواکر سننا۔

بَنْد (ف۔ مذکر) ۱ جوڑ۔ عضو۔ بدن کا جوڑ ۲ پشتہ۔ بینڈ۔ وہ مٹی کا پشتہ جو پانی کو روکنے کے لئے بنایا جائے ۳ قید۔ حبس۔ حوالات ۴ زنجیر کا حلقہ ۵ زنجیر۔ گرہ ۶ چوڑی قسم کی چوڑیاں ۷ کاغذ کی دھجی ۸ پٹی ۹ سلا ہوا فیتا جو کسی کپڑے کے ساتھ باندھنے کے لئے لگا ہو ۱۰ انگیا کے ٹکڑے جس سے پیٹھ کی طرف انگیا کسی جاتی ہے ۱۱ کشتی کا داؤں۔ پیچ ۱۲ وہ چند اشعار

جن کے بعد گرہ لگائی جاتی ہے ۱۳ جادو۔ سحر ۱۴ روک روکاوٹ ۱۵ تدبیر۔ گھات۔ حکمت ۱۶ ہنر۔ گن۔ فن ۱۷ وعدہ۔ عہد۔ قول و قرار۔ بچن ۱۸ قاعدہ۔ رسم ۱۹ فہرست فرد ۲۰ اسم کے بعد آکر اسم فاعل کے معنی دیتا ہے جیسے نعلبند ۲۱ (بھائی) عضو۔ رُکن۔ ممبر ۲۲ (صفت) رُکا ہوا بندھا ہوا ۲۳ موقوف۔ مسدود ۲۴ بھرا ہوا۔ مقفل۔ کنڈی ۲۵ خاموش۔ چپ ۲۶ مقید۔ محبوس ۲۷ گھرا ہوا۔ تنگ۔ ۲۸ سکڑا ہوا ۲۹ بند۔ جکڑا ہوا ۳۰ رسی سے بندھا ہوا ۳۱ مرکبات کے اخیر میں جیسے پابند۔ گلوبند وغیرہ۔ **بند آب** (مذکر) پانی کا بند۔ پانی کی روک۔ پشتہ پانی کو روکنے کے لئے بند۔ بندی روک ٹوک۔ **بند امیر** (مذکر) شیراز کے قریب ایک بند جو ایک شخص امیر نامی نے بندھوایا تھا۔ **بند باندھنا** ۱ (متعدی) گرہ لگانا۔ ۲ پشتہ بنانا۔ پشتہ باندھنا ۳ نیزہ بازوں یا پہلوانوں کا داؤ پیچ کرنا ۴ انتظام کرنا۔ تدبیر کرنا ۵ جادو کرنا۔ جادو سے روکنا ۶ منصوبہ کرنا۔ مشورہ کرنا ۷ تہمت لگانا۔ الزام دینا ۸ روک تھام کرنا۔ روکنا۔ ۹ پیش بندی کرنا۔ سبقت کرنا۔ **بند بٹائی** (مونث) مالگزاری کے ہر ایک حصے کا جنس میں حساب۔ **بند برداشت** (مذکر) ہر ایک زمیندار کی مالگزاری کی قسط کے حصے کا حساب۔ **بند بند** (مذکر) ۱ ہر ایک عضو۔ ایک ایک عضو ۲ ہر ایک حصہ ۳ ہر جگہ۔ **بند بند ٹوٹنا** (متعدی) ہر جوڑ میں درد ہونا۔ بدن کے ہر حصے میں درد ہونا۔ **بند بند جُدا کرنا** (متعدی)۔ ہونا (لازم) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ ہر ایک جوڑ کٹ جانا۔ ہڈی پسلی ٹوٹ جانا۔ **بند بند جکڑ جانا یا جکڑنا** (لازم) ہر جوڑ میں درد ہونا۔ جوڑوں کا اینٹھنا۔ ہل جل نہ سکنا۔ وجع المفاصل کا ہونا۔ **بند بند دُکھنا** (لازم) ہر ایک جوڑ یا عضو کا دُکھنا۔ **بند بند ڈھیلے کر دینا** (متعدی) تھکا دینا۔ جوڑ جوڑ ہلا دینا ۲ سخت مارنا۔ پیٹنا ۳ کمزور کر دینا۔ **بند بند ڈھیلے ہونا** (لازم) تھک جانا۔ خستہ ہونا ۲ ہر جوڑ کا ہل جانا۔ **بند بُجری** (مونث) گاؤں کے لگان کی ہر ایک قسط کا حساب۔ **بند بیٹھنا** (ھ) کامیاب ہونا۔ **بند پانی** (مذکر) رُکا ہوا پانی۔ پانی جو جاری نہ ہو۔ **بند پھانتا** (ھ) گاؤں کے قرض کے حصے کا حساب۔ **بند تال** (مذکر) پانی کی نالی میں آبپاشی کے لئے بند لگانا۔ **بند جُراب** (مذکر) وہ فیتہ جس سے جرابوں کو باندھتے ہیں۔ گارٹر۔ **بند جمع** (مذکر) ہر ایک کاشتکار کو اچھی یا بری زمین حصہ وار تقسیم کرنا۔ **بند چھڑانا** (متعدی) رہائی دلانا۔ قید سے چھڑانا۔ **بند حساب** (مذکر) گوشوارہ حساب کا چٹھا۔ **بند خانہ** (مذکر) قیدخانہ۔ **بند دست** (مذکر) پہنچا۔ ہاتھ اور کلائی کے درمیان کا جوڑ۔ **بند رہنا** (لازم) ۱ رُکا رہنا۔ قید رہنا ۲ افسردہ رہنا۔ چپ رہنا ۳ دبا رہنا ۴ چھٹی رہنا۔ تعطیل رہنا ۵ جماع سے رُکا رہنا۔ **بند سوالات** (مذکر) وہ سوالات تحریری جو بغرض استفسار حالات مقدمہ متنازعہ کسی شخص کے پاس جوابات دینے کی غرض سے بذریعہ عدالت بھیجے جائیں۔ **بند سیل** (مذکر) فروخت کا اقرارنامہ۔ **بند قبا** (مذکر) قبا کا فیتہ۔ **بند کر دینا یا کرنا** (متعدی) قید کرنا۔ حبس میں رکھنا۔ ۲ روکنا۔ روک لگانا ۳ ڈھکنا ۴ مقفل کرنا۔ بھیڑنا۔ کنڈی لگانا ۵ چپ کرنا۔ لاجواب کر دینا۔ قائل کرنا۔ ہرا دینا ۶ پاٹنا۔ بھرنا ۷ باندھ رکھنا۔ روک دینا ۸ منع کرنا۔ کسی کام سے روکنا ۹ ترک کرنا۔ چھوڑ دینا ۱۰ جادو یا منتر سے بے اثر کرنا ۱۱ (اصطلاح شطرنج) گھر روکنا ۱۲ (حساب) ختم کرنا۔ باقی نکالنا ۱۳ (منہ) منہ پر کوئی چیز باندھ دینا یا رکھ دینا۔ چپ کر دینا ۱۴ (کتاب) کتاب کے ورق اکٹھے کر دینا۔ پڑھنا ختم کر دینا ۱۵ (دوکان۔ دفتر وغیرہ) چھٹی کرنا۔ تعطیل کر دینا ۱۶ (کام) کام چھوڑ دینا۔ ختم کر دینا ۱۷ (آنکھیں) موندنا ۱۸ مر جانا۔ **بند کسنا** (متعدی) بند کو کس کر باندھنا۔ بند کو چست کرنا۔ **بند کھولنا** (متعدی) بند کی گرہ کھولنا **بند لگانا** (متعدی) ۱ زہر کو بدن میں پھیلنے سے روکنے کے لئے جہاں سانپ نے کاٹا ہو اس کے اوپر یا نیچے موٹے تاگے سے کس کر باندھ دینا ۲ کسی ٹوٹی ہوئی چیز کو ڈوری یا تانت سے باندھ دینا ۳ ٹوٹے ہوئے جوڑ کے نیچے اور اوپر لکڑی کی چپٹیاں رکھ کر کپڑے یا بند سے باندھ دینا ۴ **بند لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **بند میں آنا یا پڑنا** (لازم) قابو میں آنا۔ قید میں پڑنا۔ **بند میں گرہ دینا** (متعدی) یادداشت کے لئے بند میں گانٹھ لگانا۔ **بند نویس** (مذکر) کلرک۔ اکونٹنٹ۔ **بند نہ ہونا** (لازم) ۱ خوف نہ کرنا۔ نہ ڈرنا۔ پروا نہ کرنا ۲ عاجز نہ ہونا۔ منکر نہ ہونا ۳ ہر ایک سے زنا کرانا۔ **بند وا کرنا** (متعدی) بند کھول دینا۔ رہا کرنا۔ قید سے آزاد کرنا۔ **بندوبست** (مذکر) ۱ انتظام۔ اہتمام۔ ترتیب۔ ڈھنگ ۲ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ زمین کی حدبندی اور مالگزاری کی تشخیص ۳ (محکمہ) وہ محکمہ جو بندوبست کیا کرے۔ **بندوبست آخیر** (مذکر) آخری یا گزشتہ بندوبست۔ **بندوبست اسامی وار** (مذکر) بندوبست جو اسامی کی ترتیب سے ہو۔ **بندوبست استمراری یا دوامی** (مذکر) وہ بندوبست جو ایک دفعہ ہمیشہ کے لئے ہو جائے۔ اور پھر نہ بدلے۔ جیسے بنگال میں۔ **بندوبست چندروزہ یا سرسری** (مذکر) عارضی بندوبست ۲ **بندوبست سابق** (مذکر) ۱ آخری یا گزشتہ بندوبست ۲ آخری یا پچھلا انتظام۔ **بندوبستِ قانونی** (مذکر) وہ بندوبست جس میں جمع کی تشخیص اول مرتبہ کی جائے۔ اور کاغذات پہلی دفعہ تحریر کئے جائیں۔ **بندوبست کی پیمائش** (مونث) بندوبست کے دوران میں زمین کا ناپا جانا۔ **بندوبست مُلک** (مذکر) ملک کی کل مالگزاری۔ **بندوبست میعاد** (مذکر) بندوبست جو تھوڑے عرصے کے لئے ہو۔ **بندوبستی** (مونث) ۱ انتظام اہتمام ۲ کفایت شعاری۔ **بندوکشاد** (مذکر) حل و عقد۔ انتظام۔ **بند ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ دیکھو بند کرنا ۲ (دھار) کند ہونا ۳ (حقہ) نے میں کسی چیز کا پھنس جانا۔ اور ہوا نہ نکلنا۔ **بند ہیضہ** (مذکر) وہ ہیضہ جس میں قے اور دست جاری نہیں ہوتے **بند ہیضہ کرنا** (متعدی) بند ہیضے کے مرض میں مبتلا ہونا

امثال - بند کے جائے بند میں نہیں رہتے ۱ مصیبت ہمیشہ نہیں رہتی ۲ قیدی آزاد بھی ہو جاتے ہیں۔ بند منہ میں مکھی نہیں جاتی خاموش رہنے والے کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا

بِنْدُ (س۔ مذکر) ۱ قطرہ۔ بوند ۲ نقطہ صفر ۳ انسوارا کا نشان جو دیوناگری رسم الخط میں نون غنہ کا نشان ہوتا ہے ۴ منی۔ ویرج ۵ ایک انگیرس جس پر ویدوں کا ایک منتر اُترا تھا ۶ ایک مصنف ۷ ایک بہادر قوم۔ **بند تیرتھ** (مذکر) نیپال کا ایک مقدس مقام۔ **بند ریکھا** (مونث) ۱ نقطوں کی ایک قطار ۲ چندرما کی ایک بیٹی۔ **بند سار** (مذکر) ایک راجہ جو چندرگپت کا لڑکا تھا۔ **بند سرس** (مذکر) ایک جھیل۔ **بند سرس تیرتھ** (مذکر) ایک مقدس مقام۔ **بند شرما** (مذکر) ایک شاعر۔ **بند مُتّت** (مذکر) مریچی اور بندمتی کا ایک بیٹا۔ **بند متی** (مونث) ۱ ایک قسم کی نظم ۲ ایک ناٹک ۳ مریچی کی بیوی ۴ شتیندو کی بیٹی اور دھاتری کی بیوی **بندنا**

(مذکر) ایک گرو کا نام - بندھرد (مذکر) ایک جھیل
بَندا (مذکر) ۱ ایک بیل جو درختوں پر پھیل جاتی ہے ۲ زمین سے اونچا مکان جو اناج کے لئے بنایا جائے ۳ اناج کا گدام دیکھو بندہ
بِندا (ہ - مذکر) گول ٹیکا جو ہندو پوجا سے پہلے ماتھے پر لگاتے ہیں -
بُندا (ہ - مذکر) ۱ عورتوں کے کان کا ایک زیور - آویزہ - گوشوارہ ۲ بلاق ۳ (ہ) قطرہ - بوند (اُتارنا - ڈالنا وغیرہ کے ساتھ) (بُوند سے)
بندا بڑھانا (متعدی) ۱ بندا کان سے اتارنا ۲ منت بڑھانا - جن عورتوں کے بچّے نہیں جیتے وہ بچّوں کے کان میں منت کا بندا ڈالتی ہیں - اور جب بچّہ ایک خاص عمر میں پہنچتا ہے تو نیاز کرکے بندا اُتارتی ہیں -
بِندارا (ہ - مذکر) ۱ دریا کا کنارا - ساحل ۲ باغ کی ایک طرف - باغ کا کنارا -
بِندال (ہ - مونث) ایک بوٹی جو دوائی میں کام آتی ہے - ایک پھل کا نام -
بَندر (ہ - مذکر) ۱ ایک مشہور جانور جو انسان سے مشابہت رکھتا ہے بعض محققین کا قول ہے کہ بندر اور انسان ایک ہی نسل سے ہیں - بوزنہ - شادی - قرد ۲ مجازاً فرنگی - یورپین (رس دانر) بندر بھبکی (مونث) نمائشی دھمکی - بندر کی طرح خوفناک شکل بناکر ڈرانا (دبنا ہونا کے ساتھ) بندر کا پھوڑا یا گھاؤ - بندر کھت (مذکر) ۱ ایسا زخم جو ہمیشہ ہرا رہے یا اچھا نہ ہو ۲ وہ کام جو کبھی ختم یا مکمل نہ ہو - بندر کی ٹوپی (مونث) وہ شخص جسے ایک جگہ قیام نہ ہو - بندر کی سینا (مونث) ۱ بندروں کی فوج ۲ ایسا خاندان جس کے ایک آدمی سے جھگڑا ہو تو سارے گرد ہو جائیں ۳ فرنگی - انگریز - بندر کی طرح گھُرکی دینا (متعدی) بندر کی سی شکل بناکر ڈرانا - بندر کی طرح نچانا (متعدی) بہت ستانا - دق کرنا - بندر گھاؤ (مذکر) دیکھو بندر کا گھاؤ - بندر گھاؤ ہے - بڑھتا چلا جاتا ہے - اچھا نہیں ہوتا - جب بندر کا زخم اچھا ہونے کے قریب ہوتا ہے تو وہ اسے پھر چھیل ڈالتا ہے - بندر والا (مذکر) بندر نچانے والا - بندروں کی رسی) کونسل (مونث) ۱ نافہم لوگوں کا مجمع ۲ اینگلو انڈین ٹائپ کے لوگ ہندوستان کی مجالس قانون کا ذکر اس نام سے کرتے ہیں - بندری (ہ) بندر یار (مونث) ۱ بندر کی مادہ ۲ ایک قسم کی گھاس - کُتا گھاس ۳ فرنگی عورت

امثال واقوال - بندر ایک فسا جری لیا کری اپنی اردھنگی - لال داس رگھنا تھ دیا سے انہن ہوئے فرنگی (ہ) ایک بھوت نے ایک بندریا سے شادی کی لال داس پرمیشر کی مہربانی سے ان کی اولاد سے فرنگی ہوئے - مشہور ہے کہ راجہ رامچندر جی نے راون کی لڑائی کے فتح ہونے کے بعد ہنومان جی سے کہا کہ کچھ مانگ لو - انہوں نے درخواست کی کہ ان کی اولاد کو ہندوستان کی سلطنت ملے - راجہ نے وعدہ کیا کہ کلجگ میں ہندوستان پر آپ کی اولاد حکومت کریگی - اس مقولے میں اس وعدے کی طرف اشارہ ہے - **بندر کا حال مچھندر جانے** - انسان کی اصلیت کو واقف ہی سمجھتے ہیں - **بندر کو ملی ہلدی کی گرہ پنساری بن بیٹھا** چھچھورا آدمی معمولی باتوں پر فخر کرتا ہے - **بندر کی آشنائی گھر میں آگ لگائی** - کمینے سے دوستی کرنا گھر میں آگ لگانے کے برابر ہے - **بندر کیا جانے ادرک کا بھاؤ** - ہر ایک سے سب کام نہیں ہو سکتے - ہر کام کا انتظام ہر ایک نہیں جانتا - **بندر کیا جانے ادرک (کا سواد)** کی سار - فارسی چہ داند بوزنہ لذات ادرک کا ترجمہ - معمولی آدمی کو اعلیٰ درجے کی چیز کی قدر نہیں ہوتی - **بندر کی ترت پھرت سرت** مشہور ہے - بندر بہت چالاک اور پھرتیلا جانور ہے - **بندر کی دوستی جی کا جنجال (زیان)** کمینے کی دوستی میں ہمیشہ نقصان ہوتا ہے - **بندر کی کیا آشنائی** - شریر اور بے مروت کا کیا بھروسہ - **بندر کے گلے میں موتیوں (کا ہار) کی مالا** ۱ کسی شخص کے پاس ایسی چیز ہونا جس کی اسے قدر نہ ہو ۲ بدصورت کو خوبصورت بیوی ملنا ۳ نااہل کو اچھی چیز مل جانا - **بندر کے ہاتھ آئینہ** (چھونا یا ناریل) کمینہ معمولی سی بات پر اترانے لگ جاتا ہے - **بندر کے ہاتھ ناریل پنساری ہی بن بیٹھا** - ذرا سی بات پر فخر کرنے لگا - **بندر ناچے اُونٹ جل مرے** ایسی بات پر رشک کرنا - جو خود نہ کر سکے - **بندر ناریل سے پنساری بنا** - ذرا سی چیز پر فخر -

بَندر (ف - مذکر) وہ شہر جو سمندر کے کنارے پر ہو اور جہاں جہاز ٹھیرتے ہوں - بندرگاہ (مذکر) دیکھو آخری -
بَندرا (ہ - مذکر) امر بیل - آکاس بیل -
بَندری (ہ - مونث) ۱ مچھلی بندر کی بنی ہوئی ایک قسم کی چھینٹ ۲ ایک قسم کی تلوار جو راج بندر میں بنتی ہے ۳ (ہ) دیکھو بندر کے تحت میں -
بَندش (ف - مؤنث) ۱ گانٹھ - گرہ ۲ الفاظ کی ترکیب و ترتیب - عبارت کی ترکیب ۳ لفظوں کا باموقعہ اور باترتیب عبارت میں واقع ہونا - شعروں میں الفاظ کی موزونیت ۴ سازش - مشورہ ۵ الزام - بہتان - تہمت ۶ تدبیر - پیش بندی - روک ٹوک ۷ مناہی ۸ خیال - تمہید - فکر ۹ بناوٹ - ساخت گھڑت ۱۰ تکلیف - بناوٹ ۱۱ ایک ٹنک (بستن - باندھنا) **بندشِ الفاظ** (مونث) الفاظ کی موزوں ترتیب - نظم یا نثر میں - **بندش باندھنا** (متعدی) سازش کرنا - مشورہ کرنا -
بُندکی (ہ - مونث) ۱ چھوٹے چھوٹے نقطے یا دھبے ۲ چکتی ۳ پھوہاری کی بوندیں چھینٹے -
بَندگان (ف - مذکر) بندہ کی جمع - **بندگان حضرت عالی قدر یا قدرت** (مذکر) ۱ ملازمان حضور ۲ (تعظیماً) حضور - آنجناب - خود بدولت سرکار - **بندگان مغضوب (درگاہِ الٰہی یا خداوندی)** (مذکر) راندے ہوئے لوگ ۱ گناہگار ۲ کافر ۳ شیاطین -
بَندگی (ف - مونث) ۱ سلام تسلیم کورنش - آداب ۲ غلامی - نوکری - ملازمت ۳ احتراز اجتناب - پرہیز ۴ عجز - انکسار ۵ پرستش - عبادت - خدمت ۶ شکریہ ادا کرنے کی جگہ ۷ (طنزاً) مرحبا - شاباش - **بندگی ایسی اور انعام ایسا** - ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جہاں خدمت کے مقابلے پر انعام بہت کم ہو - **بندگی بجالانا** (لازم) خدمتگزاری یا تابعداری کرنا - **بندگی بیچارگی** (مونث) ملازمت میں فرمانبرداری ہے اور آزادی بالکل نہیں -

بندگی پہنچے - سلام قبول ہو - **بندگی دُور (رہیں) سے کرنا** (متعدی) پرہیز کرنا - احتراز کرنا - **بندگی عرض ہے** ۱؎ تسلیم کرتا ہوں ۲؎ (طنزاً) مرحبا - شاباش - کیا خوب - **بندگی قبول نہ ہونا** (لازم) رسائی نہ ہونا - **بندگی کرنا** (متعدی) ۱؎ سلام کرنا ۲؎ عبادت کرنا - پرستش کرنا - پوجا کرنا ۳؎ ترک کرنا - نفرت کرنا - **بندگی یہیں سے پہنچے** ۱؎ بندہ یہیں سے رُخصت ہوتا ہے ۲؎ سلام قبول ہو ۳؎ طنزاً دیکھ لیا - کیا خوب - **بندگی لینا** (متعدی) سلام قبول کرنا - **بندگی میں خدائی قبول کرنا** (متعدی) نوکری میں حکومت کرنا -

بُندلی (ہ - مونث) ایک قسم کا چاول جو بندیل کھنڈ میں ہوتا ہے -

بُنْدَن (ہ) دیکھو بندھن -

بَنْدَن (ہ - مذکر) تعریف - توصیف - ثنا - حمد - پرستش - عبادت - پوجا - بندگی - سلام - تسلیمات - آداب - تعظیم - تسلیم - فرمانبرداری - اطاعت - خوشامد - سنت - **بندن وار** - وہ پتّوں اور پھولوں کی مالا جو خوشی کے موقع پر دروازے پر لٹکاتے ہیں -

بَندوبَست (ف - مذکر) دیکھو بند کے تحت میں -

بَنْدُور - بَنْدُوڑ (ہ - مونث) ۱؎ لونڈی - باندی - کنیز ۲؎ کنیز زادی - لونڈی کا بچہ - پرستار زادی ۳؎ بدمزاج اور بدزبان لونڈی ۴؎ گھر میں ڈالی ہوئی لونڈی - **بندوڑپن** (مذکر) لونڈی کی عادت یا خو - **بندوڑی** (مونث) لونڈی -

بَنْدُوق (ع - مونث) تفنگ - توپک - ایک اسلحہ جو یورپ کی ایجاد ہے - یہ ایک لوہے کی نالی ہوتی ہے جس کے ایک طرف لکڑی کا کندہ ہوتا ہے جسے مونڈھے سے لگاکر بندوق کو چلاتے ہیں - بعض میں دو نالیاں ہوتی ہیں - اس کی کئی قسمیں ہیں - بھرنے کے لحاظ سے ٹوپیدار اور کارتوس دالی - اول الذکر کو مُنہ کی طرف سے بھرتے ہیں - دوسری میں لکڑی اور نالی کے جوڑ میں سے کارتوس ڈالتے ہیں جس میں گولی چلتی ہے - وہ عموماً ایک نالی ہوتی ہے - اِسے رائفل کہتے ہیں (بندق سے جو فندق کا معرب ہے - جس کے معنی گولی ہیں) **بندوق بھرنا** (متعدی) ۱؎ بندوق میں بارود اور چھرہ یا گولی ڈالنا ۲؎ بندوق میں کارتوس ڈالنا - **بندوق چلانا** (متعدی) بندوق کا گھوڑا دبانا - فائر کرنا - سر کرنا - **بندوق چل جانا** (لازم) ۱؎ بندوق کا خود بخود سر ہو جانا - اتفاقاً سر ہونا ۲؎ فائر ہو جانا - لوگوں پر گولی چل جانا - **بندوق چلنا - چھوٹنا یا سر ہونا** (لازم) بندوق کا فائر ہونا فلیتے کو آگ لگ کر یا گھوڑا دب کر بندوق چل جانا - **بندوق چھتیانا** (متعدی) بندوق کا نشانہ باندھنا - بندوق چھوڑنے کو تیار ہونا - **بندوق چھوڑنا یا داغنا** (متعدی) بندوق چلانا یا سر کرنا - فائر کرنا - **بندوقچی** (مذکر) وہ شخص جس کے ہاتھ میں بندوق رہتی ہے - بندوق اُٹھانے والا سپاہی - **بندوق کا پیالہ** (مذکر) توڑیدار بندوق میں اُوپر کی طرف ایک چھوٹی سی کٹوری ہوتی تھی جس میں چھید ہوتا تھا - اس میں تھوڑا سا بارود آگ لگانے کے لئے ڈالتے تھے اور جو اندر کے بارود سے ملا ہوتا تھا - اب ایسی بندوقیں نہیں بنتیں - **بندوق لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) **مارنا** (متعدی) بندوق چلانا -

بُنْدُول (ہ - مذکر) غلام زادہ - پرستار زادہ - غلام بچّہ -

بَنْدُوہا (ہ - مذکر) بگولا - گردباد -

بَنْدھ (ہ - امر) بندھنا کا - **بندھا** (ماضی) ۱؎ بندھنا کی ۲؎ (صفت) رُکا ہوا ۳؎ جکڑا ہوا - کسا ہوا ۴؎ معمولی - مقررہ - **بندھا توڑا** (مذکر) پوری تھیلی - **بندھا خرچ** (مذکر) مقررہ خرچ - وہ خرچ جس کی تعداد معیّن ہو - **بندھان** (ہ) ۱؎ مقررہ وظیفہ ۲؎ تنخواہ - مشاہرہ - ماہانہ - روزانہ - طلب ۳؎ بند جو بارش کے پانی کو روکنے کے لئے باندھا جائے ۴؎ فصل سے پہلے اناج کی خرید **بندھانا** (ہ) ۱؎ بندھوانا ۲؎ باندھنے پر مجبور کرنا ۳؎ باندھنا - جکڑنا ۴؎ کسنا ۵؎ فرض مقرر کرنا ۶؎ قایم کرنا ٹھہرانا **بندھائی** (ہ) ۱؎ وہ جو بوجھ اپنے کندھوں پر اُٹھائے - مزدور - قلی ۲؎ پنشن خوار - وظیفہ خوار ۳؎ توپچی - گولنداز - بندوقچی **بندھاوٹ** (ہ) ۱؎ باندھنے کا کام - بندھائی ۲؎ گانٹھ - بند **بندھا ہُوا** (صفت) دیکھو بندھا **بندھائی** (مونث) ۱؎ باندھنے کی اجرت یا مزدوری ۲؎ باندھنے کا فعل **بندھ جانا** (لازم) دیکھو بندھنا -

بندھن (مذکر) ۱؎ دیکھو بندھ (س) کے تحت میں ۲؎ چھپر کی بندش ۳؎ وہ رسی یا ڈورا جس سے کوئی چیز بندھی ہو **بندھنا** (لازم) ۱؎ گٹھڑی یا گٹھے کی طرح لپیٹا جانا - کسا جانا - جکڑا جانا ۲؎ گھر جانا - محدود ہو جانا ۳؎ قید ہونا - مجبور ہونا ۴؎ پکڑا جانا - دام میں پھنسنا ۵؎ بنایا جانا - درست بیٹھنا ۶؎ مقرر ہونا - جاری ہونا - جاری رہنا ۷؎ مدد کرنا - مل کر کام کرنا ساتھ دینا ۸؎ (مذکر) جو چیز باندھے یا پکڑے رکھے جیسے گانٹھ - بندھنی - رسی - بستہ بند - زنجیر - جال ۹؎ تلادانی - **بندھنی** (مونث) دیکھو بندھنا (مذکر) **بندھنو** (مذکر) دیکھو باندھنو **بندھوا** (ہ) بندھا ہُوا - قیدی - اسیر ۲؎ سزا یافتہ ۳؎ غلام - لڑائی میں پکڑا ہُوا غلام **بندھواں** (ہ) وہ زمین جس کے چاروں طرف اس طرح بند لگا ہُوا ہو کہ وہ پانی کو روک کر جذب کر سکے - **بندھوا لینا** **بندھوانا** (امر) ۱؎ کسوانا ۲؎ جکڑوانا ۳؎ قید کرانا - گرفتار کرانا ۴؎ گرہ دلوانا - گانٹھ دلوانا ۵؎ ادنٰے درجے کے سکے کو اعلٰی درجے میں تقسیم کرانا ۶؎ باندھنے کا حکم دینا - **بندھوائی** (مونث) دیکھو بندھائی - **بندھی** (صفت) ۱؎ مقرری معمولی ۲؎ (ہ) بند - بندھن **بندھی آواز** (مونث) ایک جیسی آواز وہ آواز جو گانے والے کے قابو میں ہو **بندھیا** (ہ) بند - بندھن **بندھی (ٹکی) بات** (مونث) مقررہ بات دستور - رواج - قاعدہ - **بندھی مٹھی جانا** (لازم) چُپ چاپ چلا جانا - بلا کھٹکے جانا -

امثال و اقوال - بندھا خوب مار کھاتا ہے مغلوب کو تمام مصیبت برداشت کرنی پڑتی ہے **بندھی رہے نہ ٹکے بکے** اگر کسی چیز کو وقت پر نہ بیچا جائے اور اس اُمید پر روکا جائے کہ مہنگی ہوگی تو بیچیں گے تو ممکن ہے کہ وہ سستی ہو جائے اور کم قیمت پر بیچنی پڑے **بندھی مٹھی لاکھ برابر** ۱؎ اتفاق میں بڑی قوت ہے ۲؎ بھید مخفی رہنا بڑا مفید ہے ۳؎ اگر کسی کو مٹھی بند کر کے دیا جائے تو وہ لوگوں کو زیادہ جتائیگا -

بَنْدھ (س - اسم) ۱؎ دیکھو بند و بندھک ۲؎ صفت) دیکھو بند **بندھ تنتر** (مذکر) مکمل فوج جس میں چار ڈویژن ہوتے ہیں **بندھ کمپ** (مذکر) ایک شاعر **بندھ میں آنا** (لازم) قابو میں آنا - گرفتار ہونا - قید ہونا -

بُندہ (ف - مذکر) غلام - نوکر
ملازم ۲ انسان - مخلوق - بشر - نفر ۳ تابعدار - مطیع
فرمانبردار ۴ عاجز نیازمند - خاکسار - فدوی (متکلم یا لکھنے
والا اپنے آپ کو اس طرح کہتا یا لکھتا ہے)
ضروریات سے بے پرواہ ہو بندۂ برگزیدہ (مذکر
منتخب ہستی مہاتما نیک بندہ بندہ بشر - (مذکر) انسان
آدمی بندہ بشر ہے - انسان کی فطرت میں سہو
خطا ہے - بندہ بنا لینا - بن جانا یا بننا (لازم) مطیع
ہونا - قابو میں آنا بندۂ بیدام - بے درم یا بے زر
(صفت) مفت کا غلام - بیحد مطیع - عاشق زار بندہ پرور
(مذکر) بحضور - جناب عالی - خداوند - سردار ۲ (صفت)
غلاموں کی پرورش کرنے والا - غلاموں کو پالنے والا
۳ سخی - فیاض - بندۂ حلقہ بگوش (مذکر) نہایت
فرمانبردار مطیع بندۂ خدا (مذکر) ۱ خدا کا غلام - لطف
کلام کے واسطے کسی کو خطاب کرتے ہیں بندۂ درگاہ
۱ (مذکر) شاہی ملازم - امیر کا ملازم ۲ نیازمند - فرمانبردار
خادم - غلام ۳ ڈیوڑھی بان - دروازے پر پڑا رہنے والا
۴ متکلم براہ انکسار اپنی نسبت کہتا ہے - خاکسار بندہ
زادہ - (مذکر) بندہ زادی (مؤنث) انکسار سے بیٹا بیٹی کو
کہتے ہیں - بندۂ زر (مذکر) لالچی - حریص - بندۂ شکم
(مذکر) جو کھانے کا بہت شائق ہو - پیٹو - بندہ عاجز
ہے - انسان بے بس ہے مصیبت پڑنے پر کہتے
ہیں بندہ گندہ (مذکر) عجز سے متکلم کہتا ہے - بندۂ
مخلص (مذکر) سچا انسان - خیرخواہ یا دل سے محبت
کرنے والا آدمی بندۂ ناچیز (مذکر) حقیر - بے وقعت -
بندہ نواز (مذکر) بندہ پرور حضور - خداوند - جناب عالی
۲ (صفت) غلاموں اور خادموں کو عزت و توقیر دینے
والا بندہ نوازی (مؤنث) مہربانی - عنایت بندی
(مؤنث) بندہ کی - عورتیں دعا یا بددعا کے وقت دوسری
عورت کے نام کے ساتھ لگاتی ہیں بندے (مذکر)
۱ بندہ کی جمع ۲ بجائے بندہ حروف مغیرہ سے پہلے بندے
(بندی) خدا سے ڈر کوئی جھوٹ بولے یا بہتان
لگائے تو کہتے ہیں -

امثال - بندہ جوڑے پلی پلی اور رام لڑھائے کپا - انسان تھوڑا تھوڑا کر
کے جمع کرتا ہے اور خدا ایک ہی دفعہ سب خرچ کرا
دیتا ہے - بندۂ عشق شدی ترک نسب کن جامی
کہ دریں راہ فلاں ابن فلاں چیزے نیست
عشق کی دنیا میں شاہ و گدا برابر ہیں بندے کا چاہا
کچھ نہیں ہوتا - اللہ کا چاہا سب کچھ ہوتا ہے -
خدا کی مرضی ہوتی ہے بندے کی نہیں ہوتی - بندے
کی خدا سے نہیں چلتی مشیت ایزدی کے مقابلے
میں انسان کی کوئی تدبیر کارگر نہیں ہوتی -

بِندھ (ہ - امر) بندھنا کا بندھا
(ماضی) بندھنا کی بندھ جانا - بندھنا (لازم) چھدنا -
سوراخ ہونا ۲ پرو دیا جانا ۳ پیوست ہونا - جذب ہونا ۴
ڈنک لگنا - زخمی ہونا - بندھنا (متعدی) دیکھو بیندھنا
بندھوانا (م) سوراخ یا چھید کرانا -

مثل - بندھ گیا سو موتی (رہ گیا
سو پتھر) ۱ تکلیف اٹھا کر انسان اعلیٰ ہو جاتا ہے ۲
جو کام بن گیا سو غنیمت ہے ۳ اس شخص کی نسبت
بھی کہتے ہیں جو موقع ملنے پر فائدہ اٹھا لے -

بَندھ (س - مذکر) ۱ تعلق - رشتہ -
بھائی چارہ ۲ رشتہ دار - تعلقدار - قرابتی ۳ دوست
یار ۴ بھائی ۵ خاوند ۶ ایک بحر یا وزن ۷ چوتھی منزل
قمر ۸ ایک رشی بندھ پالِست (مذکر) ایک راجہ بندھ
پربجھ (مذکر) ایک دریا دھر

بَندھایمان - (س صفت) بندھا -
ہوا - رکا ہوا - کسا ہوا -

بَندھتا (س - مؤنث) ۱ دوستی -
آشنائی - یارانہ ۲ رشتہ داری - تعلقداری - قرابت -
ناطہ داری - سمبندھ ۳ جوڑ میل تعلق - رشتہ ۴ رشتہ
دار - عزیز و اقارب - بھائی بند -

بَندھر (س - مذکر) ۱ ایک پودا جس کو
سرخ پھول لگتے ہیں ۲ ایک دوائی کا نام - برنگ رشبھ
۳ ایک قسم کا بگلا -

بَندھرا (س - مؤنث) رنڈی - طوائف
فاحشہ - چھنال - بدکردار - بدچلن -

بَندھک (س - مذکر) ۱ بند - قید
حبس ۲ خرید و فروخت - مبادلہ ۳ ضمانت - کفالت
۴ رہن گرو ۵ رہن نامہ - کفالت نامہ ۶ یرغمال -
کفیل ۷ تنخواہ - مشاہرہ - مزدوری بندھکی (مؤنث)
فاحشہ - چھنال - بدچلن عورت - طوائف - رنڈی
۲ بانجھ

بَندھن (س - مذکر) بند - ہٹی - گانٹھ
گرہ - بندش - قید - حبس - اسیری - سبندی - باندھنا - پکڑنا
کسنا - محنت - مشقت - جال - دام - پھندہ - روک - رکاوٹ
مزاحمت - ممانعت - مقررہ رسم یا رواج - روزانہ عمل ۲
کام (ہ) چھپر کی بندش - وہ رسی یا شیشہ جس سے
کوئی چیز بندھی ہو -

بَندھنوار (ہ - مذکر) بندن وار -
دیکھو بندن کے تحت میں -

بَندھوائی (ہ - مؤنث) رشتہ داری
قرابت - تعلقداری

بُندھور (ہ - مذکر) فصل سے پہلے
اناج کی خرید -

بَندھوک (ہ - مذکر) ۱ ایک پودا
بندھر ۲ ایک درخت بندھوک پشپ (مذکر)
ایک درخت -

بَندھیہ (س صفت) بندھا ہوا -
مقید - محبوس - گرفتار - بانجھ - بے پھل -

بِندھیہ (ہ - مذکر) بندھیاچل -

بَندی - (ف - مؤنث) باندھنا - بند
کرنا - قید کرنا - روکنا ۲ تعمیر ۳ قید - حراست - حبس ۴ ممانعت
روک ٹوک - بندش ۵ (قانون و مال) انتظام - بندوبست
اقرار ۶ تقسیم - اجازت - پیداوار ۷ کمی - کاٹ ۸ خرچہ لاگت
۹ قیدی - گرفتار - غلام ۱۰ لونڈی - باندی - ملازمہ ۱۱ نہر
کے پانی کا بند ہو جانا - زمینداروں کو نہر کا پانی نہ ملنا ۱۲
مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے جیسے ناکہ بندی
خاربندی (بستن باندھنا) ۱۳ دیکھو بندہ کے تحت
میں بندیخانہ (مذکر) قید خانہ بندی ہونا - نہر کا پانی
بند ہو جانا - زمینداروں کو پانی نہ ملنا -

بُندی (ہ - مذکر) ۱ قیدی - گرفتار -
غلام ۲ وہ جو تعریف یا ثنا کرے - قصائد گو - بھاٹ
۳ (مؤنث) ایک قسم کا زیور جو سر پر پہنا جاتا ہے اور
کان کے بھاری زیورات کو سہارا دیتا ہے ۴ ایک قسم
کی پوشاک جو لمبائی میں چھوٹی ہوتی ہے - بنڈی ۵
خشک چیزوں کا ایک ماپ بندی جان (مذکر) بھاٹ
قوم ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ ایک زیور - بندی گرہ یا
گھر (مذکر) قید خانہ - جیل -

بِندی (ہ - مؤنث) ۱ نقطہ - صفر
چھینٹ - نشان ۲ قشقہ - تلک - ٹیکا ۳ چھوٹا سا سرخ
ٹیکا جو ہندو عورتیں ناک کے عین اوپر ماتھے پر لگاتی
ہیں - یہ سہاگن کی نشانی ہے ۴ کانچ کا ٹکڑا جو ہندو
عورتیں ساون میں ماتھے پر لگاتی ہیں (لگانا لگنا کے
ساتھ) بندیا (مؤنث) بندی کی تصغیر - چھوٹا نقطہ
یا ٹیکا (لگانا لگنا کے ساتھ)

بُندیا (ہ - مؤنث) ایک قسم کی مٹھائی جو پانی کے قطرے کے برابر اور اسی شکل کی ہوتی ہے۔ ۲ بوندی۔

بَندیوان (س - مذکر) قیدی۔ اسیر گرفتار۔

بَنڈا (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کی ترکاری ۲ دیکھو بندا ۳ (صفت) دم کٹا۔ بے دم کا۔ بیدم بنڈا آلو (مذکر) ایک ترکاری جو شکرقند کی شکل کے ایک درخت کی جڑ میں پیدا ہوتی ہے۔

پَنڈا (ہ - مذکر) ۱ لکڑیوں کا گٹھا ۲ گھاس وغیرہ کا گٹھا ۳ جلانے کی لکڑیاں۔

مُنڈا (ہ - مذکر) ایک قسم کا زیور جو کان میں پہنا جاتا ہے۔

بَنڈالو (ہ - مذکر) ایک سالن جو سُور کے گوشت کا بنایا جاتا ہے۔

بَنڈل (انگ - مذکر) گٹھڑی۔ بوجھا۔ پلندا۔

بَنڈوا۔ بنڈوہا (ہ - مذکر) بگولا۔ گرد باد

بَنڈی (ہ - مؤنث) ۱ بے آستینوں کا چھوٹا کوٹ۔ صدری۔ واسکٹ ۲ بیل گاڑی (بندسے)

بَنڈیری (ہ - مؤنث) ۱ لمبی لکڑی جس پر چھپر رکھتے ہیں ۲ مکان کی تگری یا کھ جوڑ۔

بَنڈیلا (ہ - مذکر) جنگلی سُوّر۔

بَنرا۔ بَنڑا (ہ - مذکر) دولھا۔ بنا۔ (بنا کی تصغیر) بنری۔ بنڑی (مونث) دُلہن۔ عروس۔ بنی۔

بِنڑوا (ہ - مذکر) کپڑے کا چھوٹا تھان۔

بَنس (ہ - مذکر) ۱ بانس کا مخفف ۲ ہندی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۳ (ہ) شجرہ نسب ۴ خاندان۔ اولاد۔ نسل۔ گھرانا۔ کنبہ۔ بنساولی (مونث) شجرہ نسب۔ سلسلہ خاندان۔ بنسوڑ (مذکر) بانس پھوڑ۔ بسوڑ۔ ایک قوم جو بانس کی ٹوکریاں وغیرہ بناتی ہے۔ بنسلوچن (ہ - مذکر) ایک سفید دوائی جو بانس کے اندر سے نکلتی ہے طباشیر۔ بنسواری (مونث) بانسوں کا ذخیرہ یا جنگل۔

بَنسا (ہ - مذکر) ایک قسم کی گھا- جو دھان کے کھیت میں اُگتی ہے۔

بَنسپتی (ہ - مذکر) ۱ لفظی معنی جنگل کا بادشاہ ۲ ایک قسم کا بڑا درخت جسے پھل لگتا ہے مگر پھول نہیں لگتے۔

بُنسری (ہ - مونث) بانسری۔ بنسی۔

بِنسنا (ہ - لازم) ۱ بگڑنا۔ ناقص ہونا خراب ہونا ۲ مرنا۔ فنا ہونا ۳ تباہ ہونا۔ برباد ہونا

بَنسی (ہ - مونث) ۱ بانسری۔ بانسلی۔ مرلی۔ نَے ۲ ایک قسم کا گیہوں جس کی بالیاں سیاہ ہوتی ہیں (س وشی)۔ بنسی بٹ (مذکر) وہ درخت جس کے نیچے بیٹھ کر کرشن جی بانسری بجایا کرتے تھے۔

بنسی (ہ - صفت) ۱ خاندان کے متعلق۔ خاندان کا ۲ نسلی نسبی ۳ نسل سے (س ونشت) ۴ مچھلی پکڑنے کی ڈور یا کانٹا (س ودِشی)

بِنسنا (ہ - لازم) دیکھو بنسنا۔

بَنفشہ (ف - مونث) ۱ ایک خودرو پھولدار پودا جس کے پھول دوائی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۲ اس پودے کا پھول جو سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ بنفشۂ ارغوانی (مذکر) اس پودے کی ایک قسم جس کا پھول نیلے اور اودے رنگ کا نہایت خوشبودار ہوتا ہے۔ انگریزی میں اسے وائیولٹ کہتے ہیں۔ ادویہ بہت پسند کیا جاتا ہے۔

بَنک (انگ - مذکر) ۱ صرافی کی کوٹھی ۲ وہ دوکان یا کمپنی جو روپیہ امانت رکھے۔ اور صرافے کا کام کرے۔ بنک آف انگلینڈ (مذکر) دنیا کا سب سے بڑا بنک جو انگلستان کا سرکاری کام بھی کرتا ہے۔ بنکر (مذکر) روپیہ امانت رکھنے والا شخص۔ بنک کا مینجر۔ صراف۔ نقدی کا لین دین کرنے والا شخص۔ بنک کی چٹھی (مونث) ہنڈی۔ بنک گھر (مذکر) بنک۔ بنکنگ (مذکر) صرافے کا کام۔ بنک کا کام۔ بنکنگ کمپنی (مونث) وہ کمپنی جو صرافے کا کام کرے۔ بنک لوٹ یا نوٹ (مذکر) وہ ہنڈی جو بنکر جاری کرے ہنڈی

بُنک (ہ - مونث) ۱ ایک قسم کا میوہ ۲ ایک قسم کی ساٹن یا اطلس ۳ مہاسہ ۴ چہرے پر پسینے کا قطرہ۔

بَنک (ہ - مذکر) ۱ گولائی۔ معدہ ۲ دریا کا پھیر یا چکر۔ بنکائی (مونث) بنک۔

بَنک (ہ - مذکر) سوداگر۔ تاجر۔ بنیا۔ بنک بھاؤ (مذکر) تجارت۔ کاروبار۔ بنک پُتّر (مذکر) ۱ بنئے کا لڑکا ۲ نوجوان تاجر۔ بنک پتری (مونث) بنئے کی لڑکی۔ نوجوان بنیانی۔ بنک پتھ (مذکر) تجارت۔ کاروبار۔

بُنک (ع - مذکر) ۱ کسی چیز کی جڑ۔ اصل یا بہترین حصہ ۲ رات کا ایک گھنٹہ ۳ ایک خوشبودار جڑ۔

بَنکارنا (ہ - لازم) ۱ شور مچانا۔ غل مچانا۔ پکارنا۔ اونچے بولنا۔ چیخنا ۲ پوشیدہ بات کا اعلان کرنا۔ راز فاش کرنا ۳ بھوت پریت کے سائے کا سر پر آکر بولنا ۴ ڈینگ مارنا شیخی بگھارنا۔

بَنکٹا (ہ - مذکر) خراب یا برباد شدہ فصل جو کھیت میں ابھی کھڑی ہو۔

بَنکٹیا (ہ - مذکر) دیکھو بنگ کٹیا۔

بَنکڑی (ہ - مونث) ایک قسم کی بلدار چوڑی۔

بَنکیا (ہ - مونث) ٹیڑھی چھری جس سے قلم تراشتے ہیں۔

بَنکیت (ہ - مذکر) ۱ بانک کے فن کا ماہر ۲ مسلح۔ لڑائی پر تیار ۳ بانکا۔ خوش پوش۔ بنکیتی (مونث) بانکپن۔

بَنگ (ف - مونث) ۱ بھنگ۔ ایک پودا ۲ ایک نشئی چیز جو اس پودے کے پتّوں سے بنائی جاتی ہے۔

بَنگ (ہ - مونث) ۱ رانگا۔ قلعی۔ سیسہ ۲ قلعی کا کشتہ ۳ بینگن کا پودا ۴ صوبہ بنگال کا نام۔ بنگ کٹیا (مذکر) ایک پودے کا نام۔ بنکٹیا۔ بھٹ کٹیا۔ بنگی (صفت) بھنگ پینے والا۔

بَنگا (ہ - مذکر) ۱ بانس کی جڑ کی گانٹھ یا جوڑ۔ بانس کا ٹکڑا ۲ ڈنڈا سونٹا۔ میخ (س ونگ) بنگا ٹھوکنا (متعدی) میخ ٹھوکنا۔ چلتے کام میں روڑا اٹکانا۔

بَنگا (ہ - مذکر) کوئیں کا کھاری پانی

۲ ایک قسم کی زمین -
بُنگاہ (ف - مونث) ۱ فوج کا عقب ۲ فوج کا مال و اسباب ۳ فوج کے شاگرد پیشہ -
بُنگر (ہ - مذکر) ۱ جنگلی زمین ۲ جنگل کی پیداوار ۳ جنگل کی آمدنی -
بَنگری (ہ) بَنگڑی (ہ - مونث) شیشے یا لاکھ کی بلدار چوڑی -
بُنگا (ہ - مذکر) ایک کیڑا جو دھان کی فصل کو تباہ کرتا ہے -
بُنگلا (ہ - مذکر) ۱ ایک چھت کا مکان جس کے چاروں طرف باغ ہو - اور پھوس کی چھت ہو - مگر آج کل نہ ایک چھت کا ہونا ضروری ہے اور نہ پھوس کی چھت کا - کوٹھی (بنانا بنانا کے ساتھ) ۲ ایک قسم کا پان ۳ انگیا پر جو چھ پان کا ٹکا لگتا ہے ۴ (مونث) بنگالی زبان - بنگلا چھانا (لازم) بنگلا بنانا - بنگلیا (مونث) ۱ چھوٹا بنگلا ۲ بنگالی زبان ۳ چاول کی ایک قسم -
بَنگُو (ہ - مذکر) ایک آلہ جس سے شراب کی تیزی کو ناپتے ہیں -
بَنگی (ہ - مذکر) ۱ دیکھو بنگ کے تحت میں ۲ (مونث) ایک قسم کا آواز دینے والا لٹو - بھونرا -
بِنَنا (ہ متعدی) چننا - زمین پر گری ہوئی چھوٹی چھوٹی چیزوں کو ایک ایک کرکے اٹھانا -
بَنُو (ف - مونث) بانو کا مخفف ۱ بیگم - بیوی - خانم ۲ عروس - دلہن - بہو ۳ بوا کی بجائے ۴ چھوٹی - لاڈلی - نئی شادی شدہ ۵ عورتوں کا نام -
بَنواری (ہ - مذکر) دیکھو بنوالی بن کے تحت میں -
بَنوان اُپلا یا کنڈا (ہ - مذکر) گائے بھینس کا گوبر جو جنگل میں سوکھ جاتا ہے -
بَنَوَٹ (ہ - مونث) بناوٹ - مبالغہ (بننا سے)
بِنَوَٹ (ہ - مونث) سپاہ گری کا ایک فن - ڈنڈوں سے لڑنا -
دِنود (ہ - مذکر) ۱ ہٹا دینا - موقوف کردینا ۲ موقوفی - اجتناب - ترک - تیاگ ۳ سیر

تماشہ - تفریح - دل لگی - کھیل ۴ خوشی - خرمی - فرحت ۵ دلچسپی - شوق - جوش -
بَنَوَر - بَنَوڑ (ہ - اسم) بیل - ستو - ریشہ
بَنوریا (ہ - مونث) ایک جنگلی بوٹی جو خریف کی فصل کے ساتھ اگتی ہے ۱/۲ فٹ اونچی ہوتی ہے اور مویشیوں کا چارہ بنتی ہے -
بِنَولا - بَنَولا (ہ - مذکر) کپاس کا بیج - پنبہ دانہ - یہ مویشی کو دودھ بڑھانے کے لئے کھلایا جاتا ہے - اور تیل میں ڈال کر روشنی کے لئے جلایا جاتا ہے - بنولا چبا بنا (ہ) سخت بات کہنا - ناگوار باتیں کرنا - بنولی (مونث) ۱ بنولا ۲ چھوٹا اولا - بنولے (مذکر) ۱ بنولا کی جمع ۲ بجائے بنولا حروف مغیرہ سے پہلے -

مثل بِنولے کی لوٹ ہیں برچھی کا گھاؤ ۱ تھوڑے نفع میں بہت تکلیف ۲ تھوڑے سے فائدے کے لئے بہت ایذا -

بِنونا (ہ - متعدی) پوجا کرنا - پرستش کرنا - عبادت کرنا - حمد و ثنا کرنا -
بَنویار (ہ - مذکر) بنانے والا - دستکار - کاریگر -
بُنَہ (ف - مذکر) ۱ بنیاد - نیو ۲ بنگاہ - مال و اسباب - مال و متاع - اسباب -
بَنہا (ہ - مذکر) مداری - جادوگر - ساحر - بنہائی (مونث) مداری کی بیوی - جادوگرنی - ساحرہ -
بِنہَر (ہ - مذکر) کپاس چننے والا -
بَنہیاں (ہ - مذکر) دو ٹھا - بنڑا -
بَنی (ہ - مونث) ۱ دیکھو بن کے تحت میں ۲ چھوٹا جنگل - درختوں کا جھنڈ -
بَنّی (ہ - مذکر) اناج جو مزدور کو بطور مزدوری دیا جائے -
بَنی (ع - مذکر) بنین کا مخفف جو ابن کی جمع ہے - بیٹے - اولاد - نسل - بنی آدم (مذکر) انسان - بنی اسرائیل (مذکر) یہودیوں کا لقب - حضرت یعقوبؑ کا دوسرا نام اسرائیل تھا - بنی اسمٰعیل (مذکر) قریش کا لقب - بنی امیر (مذکر) افریقہ کے عربوں کی ایک قوم جو بحیرۂ قلزم کے کنارے پر آباد ہیں - بنی جان (مذکر) جنوں کی قوم - بنی عم (مذکر) چچیرے بھائی - بنی نوع انسان یا البشر (مذکر) انسان - بنی نوح (مذکر) حضرت نوح کی اولاد - انسان -
بِنَے (ہ - مذکر) ۱ دعا - التجا ۲ الحاح - منت زاری و عجز ۳ انکسار - فروتنی ۴ حیا - حجاب - غیرت ۵ خلق - اخلاق - تواضع - عزت - تعظیم -
بَنیا (ہ - مذکر) ۱ ہندوؤں میں ایک قوم جو تجارت کرتی ہے - ویش ۲ اناج بیچنے والا آدمی - جنس بیچنے والا - تاجر - بقال - دوکاندار - تاجر ۳ (بنگال میں) انگریزی کارخانے میں تجارت کا حصہ دار ۴ خزانچی ۵ (صفت) بخیل - کنجوس - کفایت شعار ۶ کمینہ - رذیل ۷ کم حوصلہ - بزدل ۸ سیدھا سادہ - سادی وضع کا - دس دنج - سوداگر - بنیا بقال (مذکر) بنیا - بنیان (ہ) بنیانی - بنیائن (مونث) ۱ بنئے کی بیوی ۲ بنیا قوم کی عورت - بنیوں جیسا (کا سا) چلن (مذکر) کی سی چال (مونث) کفایت شعاری - بنئے (مذکر) بجائے بنیا حروف مغیرہ سے پہلے - بنئے کا الّو (مذکر) معمولی چیز جسے بہت سنبھال کر رکھا جائے - ایک پٹھان نے ایک بنئے کا قرض دینا تھا - اس کے عوض اسے ایک الو باز کہہ کر دیدیا وہ اسے بہت سنبھال کر رکھتا - اور لوگوں کو دکھایا کرتا -

امثال و اقوال - بنیا بھولتا ہے تو زیادہ بتاتا ہے - بنیا بھول چوک میں بھی اپنا فائدہ مدنظر رکھتا ہے - بنیا بھی اپنا گڑ چھپا کر کھاتا ہے - اس کو کہا جاتا ہے جو کھلم کھلا برے کام کرے - بنیا تولتا ہی نہیں کہے پورا تول - دیکھو بنیا دیتا الخ بنیا جب اٹھاتا ہے جھاڑو دینے لگتا ہے - جب کوئی کسی کو الگ کرنا چاہے - تو ہزاروں بہانے ہیں - بنیا جب بولتا ہے زیادہ ہی بولتا ہے ۱ ہوشیار آدمی ہر حال میں اپنا مطلب حاصل کرتا ہے ۲ بنیا ہمیشہ قیمت زیادہ بتاتا ہے - تاکہ اگر گاہک کم بھی دے تو اصل قیمت سے زیادہ ہو - بنیا جس کا یار اس کو دشمن کیا درکار - بنیا سخت بیوفا ہوتا ہے - اس کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں - دوست بن کر دھوکا دیتا ہے - بنیا حاکم قہر خدا -

محبت بوسئے طفلی۔ لڑکپن کا اثر بو ہونا کچھ ہونا۔ تھوڑی سی خاصیت ہونا۔
مثل۔ بو گئی بودار گئی رہی کھال کی کھال شان وشوکت جاتی رہی۔ اصلی حالت رہ گئی۔

بُو (ع۔ مذکر) ابو کا مخفف۔ مرکب الفاظ میں استعمال ہوتا ہے باپ۔ والد۔ صاحب مالک۔ **بُواسحاق** (مذکر) ا کئی آدمیوں کا نام خصوصاً ایک صوفی شہزادہ جس کی حافظ نے تعریف لکھی ہے۔ ۲ نیشاپور میں فیروزوں کی ایک کان۔ **بوالعجب** (صفت) ا انوکھا۔ عجیب ۲ شعبدہ باز۔ **بوالعجبی** (مؤنث) انوکھی بات۔ عجیب معاملہ۔ **بوالفضول** (مذکر) ا بہت بکنے والا۔ بکواسی۔ بکی ۲ فضول کام کرنے والا۔ **بوالہوس** (صفت) ا خواہش نفسانی کا پابند ہوس رکھنے والا ۲ حریص۔ لالچی **بوالہوسی** (مؤنث) بڑی آرزو یا ہوس۔ حرص۔ لالچ۔ **بوتراب** حضرت علیؓ کی کنیت۔ ایک دن آپ زمین پر استراحت فرما رہے تھے پیغمبر صلعم نے یا بوتراب فرما کر بیدار کیا اس دن سے کنیت ہوئی۔ **بوتیمار** (مذکر) لفظی معنی غم کا باپ۔ بگلا چونکہ وہ شکل ایسی بنائے کھڑا ہوتا ہے۔ **بوجہل** (صفت) جاہل بیوقوف **بوحنیفہ** (مذکر) امام اعظم کی کنیت

بُو (ہ۔ مؤنث) ا بوا کا مخفف ۲ (ہ) دیکھو بُوئی **بوا** (مؤنث) ا بوڑھی عورت ۲ بہن۔ عورتیں ایک دوسرے کو خطاب کرتی ہیں ۳ (ہ) پھوپھی باپ کی بہن **بوبو** (مؤنث) ا بوا۔ بڑی بہن ۲ کنیز جس کی گھر میں کسی وجہ سے عزت ہو (دہلی) ۳ مالکہ۔ مالکِ خانہ ۴ مدخولہ۔ حرم۔

بو (ہ۔ امر) ا بونا کا ۲ (ہ۔ مؤنث) بونا۔ کاشت **بوار** (ہ۔ مؤنث) **بوارا** (ہ۔ مذکر) ا بونا بیج ڈالنا۔ کاشت ۲ بیج ڈالنے کا موسم یا وقت۔ **بوانا** (م) ا بیج بوانا۔ اگوانا ۲ گائے بھینس پر سانڈ چھڑوانا۔ گابھن کروانا **بوائی** (مؤنث) ا بیج بونا ۲ بیج بونے کا وقت **بوتا** (ماضی ناتمام) بونا کی **بوتی زمین** (ہ۔ مؤنث) وہ زمین جو گاؤں کا مالک اپنے قبضے میں عارضی کاشتکاروں کو دینے کے لئے رکھے **بوجو** (ہ) **بوجوت** (مؤنث) زراعت۔ کاشتکاری **بودینا** (متعدی) بونا۔ **بونا** (متعدی) ا کاشت کرنا ۲ بیج ڈالنا۔ زمین پر بیج بکھیرنا ۳ پودہ لگانا ۴ گائے بھینس پر سانڈ لوانا ۵ (ہ۔ مذکر) بیج ڈالنے کا وقت۔ کاشت کا موسم **بوناجوتنا** (متعدی) کھیت میں ہل چلانا اور بیج ڈالنا۔ کاشت کرنا۔ **بونی** (مؤنث) ا بونا۔ بیج بونے کا موسم **بوویا** (ہ) بیج بونے والا۔ **بوئی** (ہ۔ مؤنث) بونا کاشت **بوٹیا** (ہ۔ مذکر) ا چھوٹی ٹوکری جس میں بیج بونے کے لئے لے جاتے ہیں ۲ کام کرنے کی چھوٹی ٹوکری **بوئی بابچھ** (ہ۔ مؤنث) لگان جو کاشت شدہ فصل پر لگایا جائے۔ **بویر** (ہ۔ مذکر) زمین جو کاشت کی جائے۔ **بوبرا** (ہ۔ مذکر) ا بونا ۲ بونے کا وقت۔

امثال واقوال۔

بوئے آم پھلے بھنٹا۔ نیکی کا بدلہ بدی **بوئے پیڑ ببول کے تو آم کہاں سے ہوں** برے کاموں کا نتیجہ اچھا نہیں ہو سکتا **بویا گیہوں اگے جوں** نیکی کی اور بدلہ برا **بھلا بویا نہ جوتا اللہ میاں نے دیا پوتا**۔ کسی کو کوئی چیز مفت مل جانے پر کہتے ہیں۔

بوآ (انگ۔ مذکر) ا امریکہ کا ایک بڑا سانپ ۲ سمور کا گلوبند جو عورتیں پہنتی ہیں۔

بَوار (ع۔ مذکر) ا واپس آنا ۲ اقبال کرنا ۳ برابر ہونا ۴ بدل۔ مکانات

بَوّاب (ع۔ مذکر) چوکیدار۔ دربان (باب۔ دروازہ)

بَوادا۔ بوادہ (ہ۔ مذکر) ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے۔

بَوادی (ع۔ مذکر) بادیہ کی جمع۔ جنگلات۔ صحرا۔

بَوار (ع۔ مذکر) ہلاکت۔ تباہی۔ خرابی۔

بَوارِد (ع۔ مذکر) ا بارد کی جمع۔ تیز تلواریں ۲ باردت کی جمع۔ ٹھنڈی چیزیں۔

بَوارِق (ع۔ مذکر) بارقت کی جمع۔ چمکتے بادل۔ چمکتی تلواریں۔

بَواسِق (ع۔ مذکر) باسق کی جمع۔ لمبے کھجوروں کے درخت۔

بَواسیر (ع۔ مونث) باسور کی جمع۔ لفظی معنی زائد گوشت کے ٹکڑے۔ ایک بیماری جس میں مقعد میں مسے ہو جاتے ہیں۔ اگر خون آئے تو خونی ورنہ بادی کہلاتی ہے۔

بَواشِق (ع۔ مذکر) باشق کی جمع۔ شکرے باشے۔

بَواشیر (ع۔ مذکر) باشورت کی جمع۔ بروج

بَواطِن (ع۔ مذکر) باطنت کی جمع۔ اندرونی حصے۔

بُواعث (ع۔ مذکر) باعث کی جمع۔

بُواقی (ع۔ مونث) باقی کی جمع۔ باقیات۔

بُوال (ع۔ مذکر) ذیابیطس۔

بُوّال (ع۔ مذکر) بہت پیشاب کرنیوالا

بُوان (ع۔ مذکر) خیمے کی چوب

بِوان (ہ۔ مذکر) بمان۔

بُوانا (ہ۔ متعدی) ا بسانا۔ خوشبو لگانا ۲ بدبو دینا۔ بساندھ چھوڑنا۔

بِواہ (ہ۔ مذکر) شادی۔ بیاہ۔

بُواہا (ہ۔ صفت) ا آتشک کا مارا ۲ چیچک زدہ۔

بَوائِق (ع۔ مذکر) بائقت کی جمع۔ برائیاں خرابیاں۔ تکلیفیں۔

بِوائی (ہ۔ مونث) درزیں جو ایڑی کے پھٹنے سے پڑ جاتی ہیں۔ **بوائی پھٹنا** (لازم) ا ایسی درزیں پڑنا ۲ مصیبت پڑنا۔ تکلیف ہونا۔

بوب (ہ۔ مذکر) نالیاں نکال کر بیج بونا۔

بوبا (ہ۔ مذکر) مال واسباب۔ سامان۔ مال ومتاع۔

بُوبارہ۔ مذکر) پیٹ (تحقیر سے)

بُوباش (ف۔ صفت) ا پرانا۔ قدیم ۲ دائمی۔ قائم۔ پائیدار۔ لازوال ۳ ابناشی۔

بُوبھکشہ (س۔ مذکر) وہ شخص جو ہر وقت بھوکا رہے۔ فاقہ مست آدمی۔

بُوت (ہ) **بُوتا** (ہ۔ مذکر) ا طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل ۲ قابو۔ بس ۳ سہارا۔ امداد۔ حمایت۔ مدد۔

بوتا (ف۔ مذکر) اونٹ کا بچہ۔

بوتا (ہ۔ مذکر) ا تنا۔ درخت کا وہ حصہ جو بہت موٹا اور شاخوں سے نیچے ہوتا ہے ۲ (ہ) نریلے یا حقّے کی نالی ۳ دیکھو بوتہ۔

بُوتاپا (ہ۔ مذکر) طاقت۔ زور۔ سختی۔ تندی۔

بنیا حاکم بن جائے تو سخت بے انصافی اور ظلم کرتا ہے۔ پوری مثل ہے۔ جاٹ تحصل باہمن شاہ۔ بنیا حاکم قہر خدا۔ بنیا رت کھیے ہٹر دے۔ بنیا اگر کسی سے بہت خوش بھی ہو تو نہایت تھوڑی چیز دیتا ہے۔ بنیا دیتا ہی نہیں کہیں ذرا پورا تو لیو۔ کام شروع سے بنتا ہی نہیں۔ درستی انجام کی فرمائش۔ بنیا کے سکھ راج۔ راجوا کے ہین بید دائے پوت ہبادہ نہ چینہ۔ بھٹوا کے چپ چپ بیسوا کے مبل کہیں گھاگ پانچوں گھر کیل (ھ) بنیا بہت خرچ کرنے والا۔ کمزور راجہ۔ حکیم جس کا بیٹا نالائق ہو۔ بھاٹ جو بول نہ سکے اور گندی فاحشہ عورت۔ یہ پانچوں گھر کو تباہ کرتے ہیں۔ قاعدہ کلیہ بطور مثل۔ بنیا مارے جان ٹھگ مارے انجان۔ بنیا ٹھگ سے بھی بڑھ کر لٹیرا ہے۔ وہ تو ناواقف کو لوٹتا ہے اور بنیا واقف کو۔ بنیا میت نہ بیسوا ستی (ھ) یہ ناممکن بات ہے کہ بنیا دوست بنے یا بدکار عورت ستی ہو۔ بنئے کی بیوفائی پر طنز ہے۔ بنئے سے سیانا سود لوانہ۔ اگر کوئی بنئے سے زیادہ عقلمند بنے تو اُسے پاگل سمجھنا چاہیئے۔ بنئے کا بہکایا اور جوگی کا پھٹکارا (خراب ہوتا ہے) دونوں نقصان اُٹھاتے ہیں۔ سنبھلتے نہیں۔ بنئے کا بیٹا کچھ دیکھکر ہی گرتا ہے۔ بنیا اگر ظاہرا کچھ نقصان اُٹھائے تو حقیقت میں وُہ بہت زیادہ فائدہ دیکھکر نقصان اُٹھاتا ہے۔ ایک بنئے کا لڑکا تیل کا برتن اُٹھائے جا رہا تھا گر پڑا۔ کسی نے بنئے سے اطلاع کی اس نے یہ فقرہ کہا۔ دریافت پر معلوم ہُوا کہ لڑکے نے اشرفی پڑی دیکھی تھی۔ بنئے کا جی دھنیا۔ بنئے کا دل بڑا چھوٹا ہوتا ہے۔ بنیا بہت کم حوصلہ ہوتا ہے۔ بنئے کا چھیلا آدھا اُجلا آدھا میلا۔ بنیا شوقین بھی ہو تو اس کے آدھے کپڑے میلے ہونگے۔ کاروباری آدمی شوقین نہیں ہو سکتا۔ بنئے کا سلام بیغرض نہیں ہوتا۔ بنیا کوئی بات بغیر مطلب کے نہیں کرتا۔ بنئے کا ساہ بھڑ بھونجا۔ بنئے کو روپے کی ضرورت ہو تو بھڑ بھونجے کے پاس جاتا ہے۔ وہ اس سے بھی زیادہ کنجوس ہے۔ بنئے کا قرض گھوڑے کی دوڑ برابر ہے۔ سُود کی وجہ سے قرض دن دونا اور رات چوگنا بڑھتا ہے۔ بنئے کا مُنہ گراہ اور پیٹ موم (ھ) گراہ گر مچھ کو کہتے ہیں۔ اس کے مُنہ میں جو چیز آجائے وُہ چھوٹتی نہیں۔ مطلب یہ ہے کہ بنئے کے پاس جو چیز آجائے اُسے تو وہ چھوڑتا نہیں اور روپیہ بچانے کے لئے اپنی خوراک میں بھی کمی کر دیتا ہے۔ بنئے کی اچاپت اور گھوڑے کی دوڑ برابر۔ بنئے سے اگر قرضہ لیا جائے تو بہت جلدی بڑھتا ہے اگر آدمی اچاپت لینا شروع کرے تو بیضرورت بھی چیزیں خریدتا ہے جس سے قرض گھوڑے کی دوڑ کی طرح بڑھتا ہے اور سُود علیحدہ لگتا ہے۔ بنئے کے پیشاب میں چھُوسیدا ہونا ہے۔ بنئے کی مکاری اور ایذادہی پر طنز ہے۔ بنئے کی کمائی مکان یا بیاہ نے کھائی بنئے کا خرچ صرف انہیں دو کاموں پر ہوتا ہے۔ بنئے کی کون میں نو من کا دھوکا تھوڑے معاملے میں بہت سی غلطی پر بولتے ہیں۔

بُنیاد (ف۔ مؤنث) ۱ جڑ۔ اصل نیو ۲ ابتدا۔ آغاز۔ شروع ۳ حیثیت۔ مقدور۔ طاقت حوصلہ ۴ پونجی۔ سرمایہ۔ مال و دولت (بُن سے) **بُنیاد ڈالنا** (متعدی) آغاز کرنا۔ شروع کرنا۔ ابتدا کرنا ۲ نیو رکھنا۔ **بُنیاد رکھنا** (متعدی) آغاز تعمیر میں بُنیاد کے اندر پہلی اینٹ رکھنا۔ **بُنیادِ فساد مٹنا** (لازم) جھگڑا ختم ہونا۔ **بُنیاد کا پتھر رکھنا** (متعدی) ۱ بُنیاد رکھنا ۲ آغاز کرنا۔ **بُنیاد نہ ہونا** (لازم) اصلیت نہ ہونا۔ وجود نہ ہونا۔

بَنیالہ (ھ۔ مذکر) ایک پھل جو بنگال میں ہوتا ہے اور آلو کی شکل کا ہے۔

بُنیان (ع۔ مؤنث) ۱ بنیاد۔ نیو ۲ عمارت۔ خلقت۔

بُنیان (ہ۔ مؤنث) ۱ بُنی ہوئی چیز۔ وُہ بُنی ہوئی قمیص یا کُرتا جو کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے۔ ۲ وُہ پوشاک جو بنئے لوگ باہر آنے جانے کے وقت پہنتے ہیں ۳ انگریزی میں اس ہندوستانی تاجر کو کہتے ہیں جو ممالک غیر میں تجارت کی غرض سے آمد و رفت رکھتا ہے (بُننا سے)

بَنِیَّت (ع۔ مؤنث) کعبہ۔

بَنیت (ہ۔ مذکر) ۱ بانا چلانے میں مشاق ۲ وُہ شخص جو بہادری کا نشان رکھتا ہو ۳ کبوتر جس کے پاؤں میں پیچدار حلقہ پڑا ہو دیکھو بانا۔ **بنیتی** (مؤنث) بانا چلانے کی مہارت۔

بنیت (ھ۔ صفت) ۱ تربیت یافتہ۔ تعلیم یافتہ۔ مہذب۔ شائستہ ۲ فرمانبردار۔ سر تسلیم خم کرنے والا۔ حکم بجالانے والا۔ ماننے والا ۳ حلیم۔ شریف۔ سلیم۔ ملائم۔ نرم۔ متحمل۔

بنیٹی۔ بنیٹھی (ہ۔ مؤنث) ایک بانس جس کے سروں پر کپڑا لپٹا ہُوا ہوتا ہے جس کو آگ لگا کر سر اور بدن کے گرد پھراتے ہیں ۲ ایک قسم کی ورزش (پھینکنا۔ کرنا۔ ہلانا کے ساتھ)

بَنیج (ھ۔ مذکر) بنج۔ بیوپار۔

بَنیلا۔ بنیلا (ھ۔ صفت) ۱ جنگل کے متعلق ۲ جنگل کا ۳ جنگلی۔ وحشی (مذکر) جنگلی سور۔

بنینی (ہ۔ مؤنث) بنئے کی بیوی۔ **مثل بنینی پان دمڑی کے کھائے گھر کہے کہ جائے۔** بخیل آدمی تھوڑے سے خرچ کو بہت سمجھتا ہے۔

بُو (ہ۔ مؤنث) ۱ کونپل۔ شاخ ۲ گھاس کی شاخ جو زمین پر چلتی یا کسی چیز پر چڑھتی ہے ۳ زمیندار کا حق یا فیس جو کسی کاشتکار کی لڑکی کی شادی پر اسے ملتا ہے۔

بُو۔ بو (ف۔ مؤنث) ۱ مہک۔ خوشبو ۲ بدبو۔ سڑاہند۔ واؤ مجہول سے ۳ اثر۔ نشان۔ طرز ڈھنگ۔ علامت ۴ آن بان۔ شان۔ گھمنڈ ۵ خبر۔ راز۔ بھید ۶ شُبہ۔ شک۔ **بو آنا** (لازم) خوشبو ناک میں پہنچنا۔ خوشبو محسوس ہونا ۲ انداز ظاہر ہونا۔ طرز معلوم ہونا ۳ علامت پائی جانا۔ **بو اُڑنا**۔ بو پھیلنا۔ بُو کا جاتے رہنا۔ **بو باس** (مؤنث) ۱ بُو ۲ سراغ۔ نشان۔ **بو بدھنا**۔ بو بسنا۔ بو سما جانا۔ بو کا کسی چیز میں اثر کر جانا۔ **بو پانا**۔ خبر پانا۔ خبر سننا ۲ کُتے کا کسی چیز کی بُو سونگھ کر پیچھا کرنا۔ **بو پر لگنا**۔ تاک میں رہنا ۲ کُتے کا بو سونگھ کر پیچھا کرنا۔ **بو پھوٹنا** ۱ بُو نکلنا ۲ افشا ہونا۔ راز ہونا۔ شہرت ہونا۔ **بو پھیلنا** ۱ بُو کا پراگندہ ہونا ۲ مشہور ہونا۔ **بو جانا** ۱ بو دفع ہونا۔ اثر مٹنا ۲ گھمنڈ نکلنا۔ **بو چھو جانا**۔ خفیف سا اثر ہو جانا۔ **بو دار** ۱ بدبو دینے والا ۲ شکاری کتا۔ خوشبودار مینی جمرٹا۔ **بو دینا**۔ بدبو نکالنا۔ پتہ دینا۔ نشان دینا۔ **بو سمانا** ۱ بُو کا اثر کرنا ۲ کسی بات کا دل میں بیٹھ جانا ۳ مغرور ہونا۔ گھمنڈ۔ **بو شناس**۔ وہ جس کی قوت شامہ صحیح ہو۔ **بو کا مست ہونا**۔ بُو کا نہایت خوشگوار ہونا یا مست کرنے والا ہونا۔ **بو کرنا**۔ بو دینا۔ سونگھنا (متروک) **بو کش** ۱ خوشبو سونگھنا ۲ خوشبو سونگھنے والا۔ **بو نکلنا** ۱ بُو کا جاتے رہنا یا زائل ہونا ۲ بو ظاہر ہونا۔ بو پیدا ہونا ۳ راز کھلنا۔ بات معلوم ہو جانا۔ اثر ظاہر ہونا۔ **بو کشی** خوشبو سونگھنا۔ **بوئے محبت** (مؤنث) محبت کا نشان۔ محبت کی علامت

بوتات (ع - مونث) ۱ گھر کے خرچ کا حساب - بازار کا اُدھار - اجاپت (بیوتات کا مخفف ہے - بوتات نویسی (مونث) اجاپت کا حساب لکھنا - بوتاتی (صفت) بوتات کے متعلق -

بوتاد (ہند) ریاست بھاؤنگر میں ایک قصبہ (۸)

بوتام (انگ - مذکر) بٹن - سینگ - لکڑی - سیپ و دھات کا تکمہ یا گھنڈی -

بوتل (انگ - مذکر) کانچ کا لمبا برتن - جس کا اوپر کا حصّہ یا گردن پتلی ہوتی ہے - (پھٹنا - توڑنا - ٹوٹنا) (اصل بوٹل) بوتل اُڑانا (متعدی) بوتل میں جتنی شراب ہو پی جانا - بوتل تراشنا (متعدی) ہیرے کی قلم سے بوتل کو کاٹنا بوتل چڑھانا (متعدی) دیکھو بوتل اُڑانا - بوتل کاٹنا (متعدی) کٹنا (لازم) تلوار کی تیزی کا امتحان ہونا جو بوتل کو کاٹنے سے کیا جاتا ہے - بوتل کا کاگ (مذکر) وہ نہایت ہلکی لکڑی کا ٹکڑا جس سے بوتل کا مُنہ بند کرتے ہیں - بوتل کا نشہ - شراب کا نشہ - بوتل کی بوتل اُلٹ دی - ساری شراب پی گیا - بوتل والی چیز (مونث) شراب -

بوتو (ہ - مذکر) بکرا -

بوتہ - بوتہ (ف - مذکر) ۱ دھات گلانے کی کٹھالی ۲ پودا - بوٹا - وہ چھوٹا درخت جس کی شاخیں زمین کے قریب ہوں ۳ کپڑے پر بنا ہوا پھول - بوتۂ خار (مذکر) خاردار جھاڑی -

بوتہ (ت - مذکر) ۱ اُونٹ کا بچہ ۲ نوجوان اُونٹ ۳ مجازاً بدشکل اور بھدا آدمی -

بوتۂ خاک (مذکر) قالب انسانی - آدمی کا بدن - بوتی (مونث) اُونٹ کا مادہ بچہ -

بوٹ (انگ - مذکر) انگریزی جوتا جو ٹخنوں کے اُوپر جائے -

بوٹ (ہ - مذکر) کچے سبز چنے -

بوٹ پلاؤ (مذکر) چاول جن میں کچے چنے ڈال کر پکاتے ہیں -

بوٹ (انگ - مذکر) کشتی - بوٹنگ (مذکر) شوقیہ کشتی چلانا -

بوٹ (ہ - مذکر) ۱ برتن - مٹی کا برتن جس میں گنگا جل لاتے ہیں ۲ ایک قسم کا پردار کیڑا - گھاس کا ٹڈا ۳ اُنگلی ۴ اُنگلی کی چوڑائی ۵ گوشت کا بڑا ٹکڑا - گوشت کی بڑی بوٹی ۶ چڑیا کا بے بال کا بچہ -

بوٹا (ہ - مذکر) ۱ پودا - پھولوں کا چھوٹا درخت - جھاڑی ۲ پھول پتی جو کاغذ کپڑے وغیرہ پر بنی ہوتی ہے - گلکاری - بوٹا سا قد (مذکر) خوشنما قد - موزوں قد - بوٹا کاڑھنا (متعدی) دھاگے سے کپڑے پر بیل بوٹے بنانا نقش و نگار بنانا - بوٹیاں بنانا - بوٹے دار (صفت) پھولدار - جس پر نقش و نگار بنا ہوا ہو -

مثل - بوٹا بڑا باغ میں اچھا لگتا ہے - ہر چیز اپنی جگہ اور محل پر ٹھیک ہوتی ہے -

بوٹا (ہ - مذکر) ۱ گوشت کا بڑا ٹکڑا ۲ شہتیر (س وٹ)

بوٹانہ (ہند) ضلع رہتک میں ایک قصبہ (۸)

بوٹل (انگلستان) لنکا شائر کا ایک شہر جو لورپول کے قریب ہے (۴۰)

بوٹی (ہ - مونث) ۱ چھوٹا پودا - چھوٹا بوٹا - پھول یا شگوفہ ۲ چھوٹا جنگلی پودا جو دوا میں کے کام آتا ہے ۳ سبزی - بھنگ ۴ پھول پتی جو کسی کاغذ یا کپڑے وغیرہ پر بنائی جائے - بوٹی بنانا (متعدی) بننا (لازم) پھول پتی بننا - گلکاری ہونا - بوٹی بولنا (لازم) ساحروں کا پوجا پاٹ کرکے بوٹیوں کو قبضے میں لانا - اگر بوٹی بولے تو سمجھا جاتا ہے کہ قبضے میں آگئی - بوٹی کا پکارنا (لازم) دیکھو آخری - بوٹی وِدّیا (مونث) علم نباتات -

بوٹی (ہ - مونث) ۱ گوشت کا چھوٹا ٹکڑا ۲ پرند کا چھوٹا بچہ - جس کے ابھی پر نہ نکلے ہوں ۳ (صفت) نہایت سُرخ (س وٹکا) - بوٹیاں (مونث) جمع بوٹی کی - بوٹیاں اُڑانا (متعدی) اُڑنا (لازم) ۱ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۲ بہت مار کھانا ۳ دھجی دھجی کرنا - پُرزے پرزے کرنا - بوٹیاں توڑ توڑ کر کھانا (متعدی) ۱ تنگ کرنا - ستانا ۲ طعنے دینا - بوٹیاں نوچنا (متعدی) ۱ تکلیف دینا - چٹکیاں بھرنا ۲ بوٹیاں کاٹنا یا نوچنا ۳ طعنے دینا - بوٹیاں چیل کوّوں کو دینا (متعدی) ایک قسم کا کوسنا ہے - بوٹیاں کاٹ کاٹ کھانا (متعدی) سخت غصّے ہونا - بوٹیاں کاٹنا (متعدی) ۱ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ غصّے ہونا - ناراض ہونا ۳ کھٹمل وغیرہ کا خون چوسنا - لہو پینا بوٹیاں کتّوں کوّوں سے نچوانا (متعدی) ایک قسم کا کوسنا ہے - بوٹیاں نوچ کر کھانا یا نوچنا (متعدی) دق کرنا - تنگ کرنا - ستانا چٹکیاں لینا بوٹی بوٹی پھڑکنا (لازم) ۱ ہر عضو بدن کا متحرک ہونا یا جنبش کرنا ۲ رقاصہ کے بدن کا جنبش کرنا ۳ شوخی اور چلبلا پن ہونا - بوٹی بوٹی کانپنا (لازم) غصّے - رنج یا ضبطِ غصّہ سے بدن میں لرزہ ہونا - بوٹی بوٹی میں درد ہونا (لازم) تمام جسم میں تکلیف ہونا - بوٹی بھرنا (متعدی) دانتوں سے دوسرے کے بدن کا گوشت کاٹ لینا - بوٹی چڑھنا (لازم) فربہ ہونا - موٹا ہونا - بوٹی کانپنا یا لرزنا (لازم) بیحد خوف ہونا -

امثال و اقوال - بوٹی توڑا موچھ مروڑا - دھمکا کر کھانے والا - بوٹی دے کر بکرا لیتے ہیں - تھوڑا فائدہ پہنچا کر بہت سا عوضانہ لیتے ہیں - ذرا سا احسان کرکے بہت سا مفاد حاصل کرنا چاہتے ہیں - بوٹی نہیں تو شوربہ ہی سہی - بہت نہیں تو تھوڑا ہی سہی -

بوث (ع - مذکر) ۱ دریافت کرنا ۲ پھیلانا ۳ باہر لانا -

بوجاسب (ف - مذکر) توران کا ایک پہلوان -

بوجھ (ہ - امر) ۱ بوجھنا کا ۲ (مونث) سمجھ - فہم - ادراک - درایت - فراست - عقل - بودھ - گیان ۳ پہیلی کا حل ۴ گنجفے میں پتہ مانگنا - بوجھا بوجھی (مونث) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک بچے کی آنکھیں بند کرکے دوسرے ہاتھ لگاتے ہیں اگر وہ ہاتھ لگانے والے کا نام بتادے تو پھر اس کی آنکھیں باندھتے ہیں - بوجھ بجھکڑ (صفت) ۱ ہوشیار - قابل ۲ لال بجھکڑ ۳ طنزاً بیوقوف - بے عقل - بوجھ بجھوّل (مذکر) پہیلیاں بوجھنے کا کھیل ۲ پہیلی چیستاں معہ بوجھ بچار (ہ) سمجھ بوجھ عقل - دانائی - بوجھ جانا (لازم) ۱ سمجھ جانا - بتا

دینا۔ بوجھ کر (کے) (تف) اراداتاً۔ عمداً۔ قصداً۔ دیدہ و دانستہ۔ **بوجھنا** (متعدی) ۱ سمجھنا۔ محسوس کرنا۔ پہچاننا۔ جان لینا۔ معلوم کرلینا ۲ خیال کرنا سوچنا۔ غور کرنا۔ دھیان کرنا ۳ معمہ حل کرنا۔ پہیلی بتانا ۴ گنجفے میں ورق اخذ کرکے پتہ مانگنا۔ **بوجھ پڑنا** (لازم) ۱ سوجھنا۔ سمجھ آنا ۲ نظر آنا۔ محسوس ہونا۔ **بوجھ لینا** (متعدی) ۱ بوجھنا ۲ آپس میں فیصلہ کرلینا۔ حساب کرلینا۔ جوئے میں جیت ہار کا فیصلہ کرلینا۔ **بوجھنہار** (صفت) ہوشیار۔ دانا۔ زیرک۔

مثل۔ بوجھ کیا چکّی کا پاٹ

اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود دعوئے عقلمندی سخت بیوقوف ہو۔

بوجھ۔ بوجھا (ہ۔ مذکر) ۱ وزن۔ بار بھار ۲ کسی چیز کی گٹھڑی۔ لادی ۳ جہاز میں جو فالتو وزن ہو اس کو سیدھا رکھنے کے لئے لادا جاتا ہے ۴ جہاز کا بھرت۔ بار جہاز۔ کھیپ۔ لدونی ۵ قدر۔ وقعت۔ منزلت۔ وقر ۶ ذمہ داری۔ جوابدہی ۷ مشکل۔ تکلیف دہ چیز۔ دشواری۔ دقت (س دہ۔ لیجانا) **بوجھ اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) ۱ قرض اُترنا ۲ بری الذمہ ہونا۔ سبکدوش ہونا ۳ بیگار ٹلنا۔ **بوجھ اُٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) ذمہ داری لی جانا۔ کفالت اُٹھنا ۲ خرچ برداشت ہونا ۳ دوسرے کا قصور اپنے اُوپر لیا جانا۔ **بوجھ بٹانا** (متعدی) ۱ مصیبت میں شریک ہونا۔ **بوجھ بٹائی** (مونث) کٹے ہوئے اناج کو گٹھڑیاں باندھ کر یا انبار لگا کر بانٹنا۔ **بوجھ بھار** (مذکر) ۱ آدمیت۔ انسانیت۔ استقلال ۲ قدر۔ مرتبہ۔ **بوجھ بیچ** (ہ) مرکز ثقل۔ **بوجھ پڑنا** (لازم) ۱ خرچ ذمہ ہونا ۲ ذمہ داری ہو جانا ۳ فکر پڑ جانا ۴ دباؤ پڑنا۔ بار پڑنا۔ **بوجھ پکڑنا** (متعدی) اترانا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا۔ **بوجھ خاص** (ہ) وزن نوعی۔ ثقل نوعی۔ **بوجھ ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی پر ذمہ داری ڈالنا۔ کسی کو ذمہ دار کرنا ۲ دباؤ ڈالنا۔ اپنا وزن ڈالنا ۳ کسی وزنی چیز کو جو اُٹھائی ہوئی ہو گرا دینا۔ **بوجھ سر پر رکھنا** (متعدی) الزام رکھنا۔ **بوجھ سر پر ہونا** (لازم) ۱ کسی چیز کی ذمہ داری ہونا ۲ قرض ہونا ۳ فکر ہونا کسی کا احسان ہونا۔ **بوجھ سر سے اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) ۱ احسان اُترنا ۲ کسی بار کا سر سے اُتار کر زمین پر رکھا جانا ۳ کسی ذمہ داری سے سبکدوش ہونا ۴ بیٹی کی شادی ہونا۔ **بوجھ سنبھالنا** (متعدی) **سنبھلنا** (لازم) ذمہ داری اُٹھنا۔ بار اُٹھنا۔ **بوجھ کیا چکّی کا پاٹ**۔ پڑھا لکھا بیوقوف۔ **بوجھ گردن پر اُٹھانا** (متعدی) ذمہ داری لینا۔ کوئی مشکل کام کرنا۔ **بوجھ گردن پر رہنا** (لازم) ۱ بار احسان رہنا ۲ فکر رہنا۔ خیال رہنا۔ **بوجھ گردن سے اُترنا** (لازم) ذمہ داری سے سبکدوش ہونا۔ **بوجھل** (صفت) بھاری۔ وزنی۔ گراں۔ گرانبار۔ سنگین ۲ ثقیل۔ گراں ۳ لدا ہوا۔ بوجھ سے دبا ہوا ۴ بھاری بھرکم۔ **بوجھ لادنا** (متعدی) ۱ کسی جانور پر بوجھ رکھنا ۲ بار اُٹھانا ۳ ذمہ داری لینا۔ **بوجھنا** (متعدی) لادنا (ت) **بوجھوں** (مذکر) بوجھ کی جمع۔ **بوجھوں مرنا** (لازم) ۱ بہت بوجھ اُٹھانا ۲ سخت ذمہ داری لینا۔

بوجھائی (ہ۔ مونث) دیکھو بُجھائی۔

بوجھائی (ہ۔ مونث) بوجھا۔ جہاز کا بھرت۔ بار جہاز۔

بوجھنکا (ہ۔ صفت) پاگل۔ سودائی مجنوں۔ دیوانہ۔ مخبوط۔ سڑی۔ باؤلا۔ خبطی۔

بوجھنا (ہ۔ متعدی) چاولوں کو اُبالنا یا بھوننا۔

بوچ (ہ۔ مذکر) مگرمچھ۔ نہنگ۔ گھڑیال۔

بوچا (ہ۔ صفت) ۱ بغیر کانوں کا۔ جس کے کان کٹے ہوں۔ کن کٹا۔ گوش بریدہ ۲ چھوٹے کانوں والا (مذکر) کن کٹا آدمی یا کتا (نُنگا) بوچا تابع مہمل۔ نُنگا۔ اس جگہ بچا بھی استعمال ہوتا ہے۔ **بوچی** (صفت۔ مونث) دیکھو بوچا۔

مثل۔ بوچا سب سے اونچا

۱ گوش بریدہ پر سب کی نظر پڑتی ہے۔ جس میں کوئی نقص ہو اس کو ہر کوئی دیکھتا ہے ۲ بے ہنر اپنے آپ کو ہنرور جاننے لگا۔

بوچارہ (مذکر) ایک سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں۔ ہوادار۔ تام جان۔ جھپان۔

بوچرا (ہ۔ صفت) ۱ جس کے کنارے ٹوٹے ہوئے ہوں ۲ دندانے دار۔ دنتیلا ۳ گڑھے پڑا ہوا۔ درز پڑا ہوا۔ شگافدار۔

بوچڑ لانگ (مذکر) ۱ قصاب۔ قسائی۔ اُردو میں عموماً گائے ذبح کرنے والے کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۲ گوشت بیچنے والا۔

بوچھار۔ بوچھاڑ (ہ۔ مونث) ۱ ہوا کی وجہ سے ترچھی بارش۔ ہوا اور بارش۔ سخت بارش ۲ بھرمار۔ کثرت۔ بہتات (تیروں، گولوں کی۔ گالیوں کی۔ باتوں کی) **بوچھاڑ پڑنا** (لازم) ۱ مینہ کی بوندوں کا زور سے گرنا ۲ بھرمار ہونا دیکھو بوچھار۔ **بوچھاڑ کرنا** (متعدی) ۱ بھرمار کرنا ۲ بے انتہا روپیہ لٹانا۔ بہت خرچ کرنا ۳ کثرت سے اعتراضات کرنا۔ **بوچھاڑ لگا دینا** (متعدی) تار باندھ دینا۔ بھرمار کرنا۔ **بوچھاڑ ہونا** (لازم) بوچھاڑ پڑنا۔ **بوچھاڑی** (مونث) سائبان جو مکان کے آگے بوچھار روکنے کے لئے لگایا جائے۔

بوح (ع۔ مذکر) ۱ راز ظاہر کرنا ۲ کھل جانا

بوح (ع۔ مذکر) ۱ اصل۔ فرع ۲ احتیاط ۳ جماع ۴ روح ۵ عورت کا بدن ۶ بیوپار میں گڑبڑ ۷ سورج۔

بوخ (ع۔ مذکر) ۱ چپ کر جانا ۲ غصہ رفع ہو جانا ۳ آگ بجھ جانا ۴ تھک جانا ۵ خراب ہونا گوشت کا

بوخ (ع۔ مذکر) ۱ بیوپار میں گڑبڑ ۲ دل کی بےچینی۔

بود (ف۔ مونث) ہستی۔ وجود قیام ترجیح۔ **بودش** (مونث) ہستی۔ **بود و باش** سکونت۔ رہائش۔ رہنا سہنا۔ رہائش یا سکونت کی جگہ۔ **بود و نابود** (مونث) ہستی نیستی ہونا نہ ہونا۔

بود (ف۔ مضارع) بودن سے۔

امثال و اقوال۔ بود نقرہ

محتاج پالودگی۔ شریف کے لئے تعلیم و تربیت بھی ضروری ہے۔ **بود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن**۔ ایک قسم کے پیشے والوں کی آپس میں عداوت ہوتی ہے۔

بودا (ہ۔ صفت) ۱ کمزور۔ کم طاقت ابن ۲ بزدل۔ نامرد۔ ڈرپوک ۳ کم ہمت۔ بے حوصلہ پست ہمت (کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) ۴ گلا ہوا۔ سڑا ہوا۔ بوسیدہ ۵ (مذکر) بھینسا۔ **بوداپن** (مذکر) کم ہمتی۔ کمزوری ۲ بزدلی۔

بودر (ہ۔ مذکر) ۱ ایک مربع مٹی کا حوض جس میں آبپاشی کے لئے پانی جمع کرتے

ہیں ۲ وہ جگہ جہاں کھڑے ہوکر کنویں میں سے نکلے ہوئے پانی کے چرسے کو لنڈھاتے ہیں

بودلا (ہ - صفت) ۱ سیدھا سادہ - بھولا بھالا - معصوم ۲ احمق - بیوقوف ۳ (مذکر) سادہ آدمی - بھولا شخص **بودلی** (صفت) ۱ بیوقوف احمق ۲ (مؤنث) سیدھی سادھی عورت - بھلی ۳ وہ عورت جو بینوا فقیر کے ساتھ مردانے لباس میں رہتی ہے -

بودم (ف - ماضی) بودن سے میں تھا - بودم بے دال (مذاقاً) بوم ۱ اُو بودم بے دال ہونا ۱ اُو ہونا - بیوقوف ہونا -

بودھ (ہ - صفت) چپ - خاموش - لاجواب -

بودھ (ہ - مذکر) ۱ عقل - سمجھ - فہم - فراست ۲ علم - گیان - معرفت ۳ بدھ مذہب ۴ ضمانت - کفالت -

بودھ (س - مذکر) ۱ عقل کل ۲ پیپل وہ درخت جس کے نیچے کسی کو گیان حاصل ہو ۳ مرغا ۴ ایک مقام ۵ ایک قوم **بودھ دھرَ** (مذکر) ایک ارہت -

بودھا (ہ - صفت) ذہین - ہوشیار - ذکی - زیرک -

بودِھت (س - صفت) ۱ بتایا ہوا سمجھایا ہوا - سکھایا ہوا ۲ ظاہر کیا ہوا - مطلع کیا ہوا -

بودھک (س - صفت) ۱ جتانے والا ۲ اطلاع دینے والا - سکھانے والا ۳ (مذکر) اُستاد - معلم ۳ باعث ۳ مخبر - اطلاع دہندہ

بودھن (س - مذکر) ۱ علم - عقل - درایت - بوجھ - سمجھ ۲ علم - ہدایا ۲ سکھانا - سمجھانا ۳ ہوشیار کرنا - بیدار کرنا -

بودھنا (ہ - متعدی) ۱ سیکھنا - از بر کرنا - حفظ کرنا ۲ چاپلوسی کرنا - خوشامد کرنا - پھسلانا -

بودھنی (مؤنث) دیکھو بودھن -

بوڑھا (ہ - صفت و مذکر) بڑھا - بڈھا -

مثل - بوڑھوں نے جو کام سکھایا دھوکا مول نہ وا میں پایا - بڈھوں کی نصیحت بہت مفید ہوتی ہے -

بور (ع - مذکر) ۱ مرنا - قتل ہونا ۲ سست ہونا - منڈی کا ۳ جانچنا - پرکھنا - امتحان کرنا -

بوَر (ہ - مذکر) ۱ آم کا پھول ۲ بیل -

بور آنا (لازم) پھول لگنا -

بوُر (ہ - مؤنث) ۱ بھوکھر - بھوسی - چھلکا ۲ برادہ - چورہ ۳ فضول چیز - کوڑا کرکٹ **بور کا لڈو** (مذکر) ۱ بھوسے کا لڈو - شیرینی ملا کر بنایا ہوا سستے ہونے کی وجہ سے لوگ خرید لیتے ہیں - مگر بمزہ پاکر پچھتاتے ہیں اس لئے مجازاً دغاباز - دھوکے باز - یا جھوٹے وعدے کرنے والا شخص ۲ وہ چیز جس کا ملنا نہ ملنا پریشانی کا باعث ہو ۳ کوئی چیز جو ظاہر میں اچھی اور باطن میں بری ہو ۴ ایسا شخص جس کا ظاہر اچھا اور باطن خراب ہو -

بور بور (تف) پُرزے پُرزے - ٹکڑے ٹکڑے - پاش پاش - ریزہ ریزہ -

امثال - بور کے لڈو کھائے تو پچھتائے نہ کھائے تو پچھتائے

ایسی چیز جس کا ملنا نہ ملنا پریشانی کا باعث ہو - دیکھو بور کا لڈو **بور کے لڈو ہیں** - ظاہر کے اچھے باطن کے خراب -

بوُر (ہ - مؤنث) دلن جو ہندو شادی کے موقع پر کرتے ہیں -

بوُر (ہ - صفت) گہرا - عمیق -

بور - بوَر (ہ - مذکر) ۱ چھوٹی چھوٹی گھنٹیاں جو پازیب کے ساتھ لگاتے ہیں ۲ پھول دار سونے یا چاندی کے کیل - گلمیخ ۳ خودبینی - خودپسندی - خودنمائی ۴ غوطہ دینا - ڈبونا - ترکرنا ۵ ڈبکی - غوطہ ۶ مچھلی کا چارا یا دانہ **بور کرنا** (متعدی) فخر کرنا - غرور کرنا - شیخی مارنا - دکھاوا کرنا -

بَورا (ہ - صفت) باؤلا - پاگل **بورایا** **بوراپن** (مذکر) پاگل پن - باؤلاپن - **بوراہ** - **بوراہا** - (صفت) لپسا **بوراہٹ** - **بورائی** (مؤنث) بوراپن پاگل پن -

بوُرا (ہ - مرکز) ۱ چورا - برادہ ۲ سفوف ۳ کھانڈ ۴ صاف شدہ کھانڈ چینی (ہ) بن کھول یا ستر رق

بورا (ہ - مذکر) ۱ موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا تھیلا (س و ٹر) ۲ ایک قسم کی مچھلی (س ورَ و ٹ)

بُوراق (ع - مذکر) سہاگا -

بَورانا (ہ - لازم) پاگل ہونا - باؤلا ہونا - بولانا -

بورانس (ہ - مذکر) ایک درخت

بُورانی (ف - مؤنث) ایک کھانا جو بریاں بینگن کو دہی میں ڈالکر بناتے ہیں **بورانیہ** (مذکر) ایک کھانا جو بوران نے ایجاد کیا تھا -

بُورچی (ف - مذکر) باورچی **بورچیخانہ** (مذکر) باورچیخانہ -

بورڈ (انگ - مذکر) ۱ تختہ خصوصاً لکڑی کا ۲ کوئی تختہ جس پر اشتہار یا احکامات چسپاں کئے جائیں ۳ انجمن - مجلس - کمیٹی ۴ جہاز کی سطح ۵ کھانے کا میز ۶ کھانا - خوراک ۷ چند اشخاص جن کو قانوناً کسی خاص کام کے لئے مقرر کیا جائے - جیسے ریلوے بورڈ - بورڈ آف ٹریڈ ۸ جلد باندھنے کا موٹا کاغذ - جلد ساز کا تختہ -

بورڈ آف ٹریڈ (مذکر) پریوی کونسل کی ایک خاص کمیٹی جو تجارت کے متعلق ہے **بورڈ آف ڈائرکٹرز** (مذکر) کسی بنک یا کمپنی کے مالکوں کی کمیٹی **بورڈ آف ریوینیو** (مذکر) محکمہ مال کی سرکاری کمیٹی **بورڈر** (مذکر) وہ شخص جو روزانہ ہفتہ وار یا ماہانہ خرچ خوراک اور کرایہ ادا کرے - بورڈنگ ہوس یا ہوسٹل میں رہنے والا **بورڈنگ اسکول** (مذکر) ایسا مدرسہ جس میں طالبعلم رات دن رہتے ہیں **بورڈنگ ہاؤس** (مذکر) ۱ کوئی مکان جہاں بورڈر رہیں ۲ عام طور پر طالبعلموں کے رہنے کا مکان متعلقہ سکول یا کالج - ہوسٹل -

بوَرق (ع - مذکر) سہاگا -

بُورک (ع - مذکر) سہاگا -

بوَرن (انگ - مذکر) ایک غیر دھاتی عنصر جو پانی سے ۲½ گنا بھاری ہے - اس کے مرکبات زخموں پر چھڑکے جاتے ہیں - ان میں سے ایک سہاگہ ہے -

بورَہ (ف - مذکر) ۱ وہ نے جس کے قلم بنائے جاتے ہیں ۲ نالی - نہر - نل -

بورو (ہ - مذکر) ۱ قوس و قزح - دھنک ۲ ایک قسم کا چاول

بَوری (ہ - مؤنث) ۱ بھنے ہوئے چنے ۲ دیکھو بورا کے تحت میں -

بوری (ہ - مؤنث) ۱ چھوٹا بورا - تھیلی ۲ تھیلی جس میں ساہوکار روپیہ رکھتے ہیں ۳ ایک وزن تین من کا -

بوریا (ف - مذکر) کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی (بچھا بچھنا - بنانا - بننا لپیٹنا وغیرہ کیسا تھ)

بوریا باف (مذکر) چٹائی بنانے والا بوریا بدھنا (مذکر) غریب کا مال واسباب بوریا بدھنا اُٹھانا یا سمیٹنا (متعدی) چلے جانا۔ رخصت ہونا۔ بوریا بچھنا سنبھالنا (متعدی) روانگی کا سامان کرنا بوریا بغل میں دابنا (متعدی) چلے جانا بوریائے فلاکت (مذکر) ۱ ناداری کا بوریا ۲ وہ بوریا جس پر قتل ہونے والے شخص کو بٹھاتے ہیں۔

مقولہ۔ بوریہ باف گرچہ بافندہ است نہ برندش بہ کارگاہِ حریر۔ اگرچہ بوریا باف بھی جُلاہا ہے اسے ریشم کے کرگھے پر نہیں لے جاتے اعلےٰ کام ادنےٰ کے سپرد نہیں کرتے۔

بُوڑ (ہ۔ مونث) بیل۔ جانور۔

بُوڑا (ہ۔ صفت) ۱ پرانا۔ ردی۔ ٹوٹا۔ پھوٹا ۲ پوپلا ۳ بہرا۔

بوڑا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی پھلی۔ بورا۔

بُوڑپا۔ بُوڑپن (ہ۔ مذکر) بڑھاپا۔

بوڑمرنا (ہ۔ لازم) ڈوب کر مرجانا

بُوڑنا (ہ۔ لازم) ۱ ڈوبنا۔ غرق ہونا ۲ غوطہ لگانا۔

بُوڑنا (ہ۔ متعدی) ڈبونا۔ غرق کرنا۔

بُوڑھ (ہ۔ مذکر) بڑھاپا۔ بوڑھ سہاگن ہو۔ دعا۔ بڑھاپے تک سہاگن رہے یعنی خاوند زندہ رہے۔

امثال واقوال۔ بوڑھ بھئی گیاں دماغ مورو لیسے۔ بڑھاپے میں شوقینی **بُوڑھ بھیل بڑھکھوس نہ چھوٹل** (ہ) بوڑھا ہوگیا مگر بچپن کی باتیں نہیں جاتیں **بوڑھ بھیلن ناک لگ سے رہن** (ہ) بوڑھا ہوگیا مگر ناک صاف کرنا نہیں آتا۔ باوجود بوڑھا ہونے کے عقل نہیں۔ **بوڑھ نہ سود اگھیو کھچڑی** (ہ) بوڑھا ہوکر بھی گھی کھچڑی مانگتا ہے۔ بڑھاپے میں زبان کا چسکا نہیں جاتا۔

بُوڑھا (ہ۔ صفت) ۱ بڑی عمر کا۔ سن رسیدہ۔ پیر ۲ (مذکر) بڑی عمر کا آدمی مرد پیر بوڑھا آڑھا یا اڑھا (صفت) بوڑھا بوڑھا بالا (بچہ) برابر۔ دونوں خبرگیری کے محتاج ہیں ۲ دونوں میں عقل کم ہوتی ہے بوڑھا یا بڑھا (صفت) بوڑھا عقلمند آدمی۔ بوڑھا بوبک (صفت) بڈھا بیوقوف حریص۔ بوڑھاپا۔ بوڑھاپن یا پنا (ہ) بڑھاپا۔ بوڑھا پونگ (صفت) بیوقوف بوڑھا۔ بوڑھا پھونس (صفت) بہت بوڑھا۔ پیرفرتوت بوڑھا چوچلا (مذکر) بڑھاپے کا غمزہ یا نخرہ بوڑھا چونڈا (مذکر) سر کے سفید بال۔ بڑھاپا۔ بوڑھا چونڈا منڈوانا (متعدی) بڑھاپے میں ذلیل کروانا۔ بوڑھا چونڈا ہلانا (متعدی) بوڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز و نخرے کرنا۔ بوڑھا خرانٹ (صفت) تجربہ کار یا پالاک بوڑھا۔ جہاندیدہ بوڑھا۔ **بوڑھا ڈھونگ** (صفت) لمبے قد کا۔ بوڑھا رَتّا۔ کھٹّٹ۔ کھنگ یا کھنگڑ (صفت) بوڑھا پھونس۔ بوڑھا طوطا (مذکر) بوڑھا بیوقوف۔ بوڑھا گھاگ (صفت) بوڑھا جہاندیدہ آدمی۔ بوڑھا نخرا ہلانا (متعدی) دیکھو بوڑھا چونڈا ہلانا۔ بوڑھا ہو (دعا) عمر زیادہ ہو۔ بوڑھی (مونث) بوڑھا کی۔ بوڑھے ۱ جمع بوڑھا کی ۲ بجائے بوڑھا حروف مغیرہ سے پہلے۔ بوڑھی بخیہ (صفت) تجربہ کار۔ **بوڑھی جروا** (مونث) زیادہ عمر کی بیوی۔ بوڑھی **ڈھڈو** (صفت) بہت بوڑھی بوڑھے طوطے پڑھانا (متعدی) کا پڑھنا (لازم) زیادہ عمر کے آدمی کا تعلیم پانا یا سیکھنا بوڑھی عید (مونث) وہ عید جو رمضان کے پورے تیس دن کے بعد ہو۔

امثال واقوال۔ بوڑھا بینا اور بیر چنے۔ اپنی طاقت سے بڑھ کر کام میں ہاتھ ڈالنے پر کہتے ہیں۔ بوڑھا چوچلا (نخرہ) جنازے کے ساتھ۔ اس جگہ کہتے ہیں جہاں بڑھاپے میں جوانی کی حرکات کرتا ہے۔ بوڑھا جانے کیا اور بالا جانے ہیا۔ بڑی عمر کا آدمی کام کو دیکھتا ہے۔ اور بچہ پیار کو۔ بوڑھا ڈرائے مرنے سے اور جوان ڈرائے بھاگنے سے جب کوئی کام کرانا ہو تو بوڑھا ڈراتا ہے کہ خودکشی کرونگا اور جوان ڈراتا ہے کہ گھر سے بھاگ جاؤنگا بوڑھا طوطا ٹیں کرے (کاٹ کھائے) بوڑھے کی تعلیم و تربیت کیا اثر کرے۔ بوڑھا طوطا پلواناؤں (ہ) بڑھاپے میں جوانی کی باتیں۔ **بوڑھے بارے خلق دوارے** ۱ بوڑھے آدمی کا لوگ زیادہ اعتنا کرتے ہیں ۲ بوڑھا دربدر خراب ہوتا ہے۔ بوڑھی مجروا نام خدیجہ۔ بڈھی عورت نام جوانوں کا سا۔ ناموزوں بات۔ بوڑھے طوطے بھی کہیں پڑھتے ہیں (نہیں پڑھتے) بڑی عمر کے انسان کو تربیت دینا مشکل ہے۔ بوڑھے طوطے پڑھیں قرآن۔ تعجب خیز بات ہے۔ **بوڑھے کلانوت کی کون سُنے۔** بوڑھے گویّے کا گانا کوئی نہیں سُنتا۔ بوڑھے آدمی کی باتوں کی لوگ پروا نہیں کرتے۔ **بوڑھی گھوڑی لال لگام۔** بڑھاپے میں جوانی کا سنگار۔ **بوڑھے مُنہ مہاسے (لوگ چلے تماشے)** جب کوئی بوڑھا آدمی جوانوں کا سا کام کرے تو کہتے ہیں۔

بُوڑِھیا (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو بڑھیا ۲ دیکھو بوڑھا۔

مثل۔ بوڑھیا پان دمڑی کا۔ کھائے گھر رہے کہ جائے۔ ممسک آدمی تھوڑے سے خرچ کو بہت سمجھتا ہے۔

بُوڑی (ہ۔ مونث) ۱ زمین کا ایک ماپ ۲ کوڑی کا بیسواں حصّہ۔

بُوڑی (ہ۔ مونث) نیزے کی نوک سنان۔ بوڑی بردار (مذکر) نیزہ بردار۔

بوڑی (ہ۔ مونث) خشخاش کی بوندی

بُوڑیا (ہ۔ مذکر) غوطہ خور۔ غواص

بوزر (ف۔ مذکر) سفید گھوڑا جس کے رنگ میں سرخی یا بھورا پن جھلک دیتا ہے

بُوزنہ۔ بوزنہ۔ بوزینہ۔ بوزینہ (ف۔ مذکر) بندر۔

مثل۔ بوزنہ را باد رود گری چہ کار۔ اپنی حیثیت کے موافق کام کرنا چاہئے۔

بُوزِیدان (ف۔ مذکر) ایک درخت کی جڑ جو دوائیوں میں کام آتی ہے۔

بَوس (ع۔ مذکر) چومنا۔

بوس (ف۔ صفت) ۱ چومنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۲ (مذکر) چومنا۔ بوسہ بوسا (مذکر) دیکھو بوسہ **بوس و کنار** (مذکر) چومنا اور بغل میں لینا۔ بوسہ بازی و بغلگیری بوسہ (مذکر) ۱ چومنا پیار کرنا ۲ ہونٹوں کو گول کرکے کسی شخص کے بدن کے کسی حصّے کے ساتھ لگا کر کھولنا جو پیار یا شہوت کا اظہار ہوتا ہے (دینا لینا کے ساتھ) بوسہ بازی (مونث) ایک دوسرے کو چومنا **بوسہ زن** (صفت) بوسہ لینے والا۔ **بوسہ گاہ** (مونث) وہ مقام جس کو چومیں **بوسی** (مونث) چومنا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے قدم بوسی۔ دست بوسی۔

مثل۔ بوسہ بہ پیغام۔ دوسرے

سس کے ذریعہ حصول مطلب -

بُوس (ع - مذکر) ۱ مصیبت - آفت - ۲ غربت ۳ دردِ زہ -

بوستاں - بوستاں (ف - مذکر) سبزی کی جگہ - باغ - چمن - گلستان - **بوستانِ امارت** (صفت) بہت امیر - **بوستانِ محبت** مودت (مذکر) محبت کو بوستان سے استعارہ کرتے ہیں -

بوستھا (ھ - مؤنث) ہندو قانون کے بموجب فیصلہ -

بوسیدگی (ف - مؤنث) گلنے یا سڑنے کی حالت -

بوسیدہ (ف - صفت) سڑا - گلا - پُرانا -

بُوش (ع - مذکر) ۱ گروہ - جماعت ۲ بھیڑ - مجمع -

بَوص (ع - مذکر) ۱ جانا - پہٹ جانا ۲ بڑھ جانا - بہترین ہو -

بُوصِیر (ع - مذکر) ۱ ایک پودا ۲ ایک قسم کا حنظل -

بوغ (ف - مذکر) ۱ اوپر کا کپڑا - کپڑا جس میں گٹھری بندھی ہو - وہ چیز جس میں کچھ بندھا یا لپٹا ہو ۲ تھیلی - بٹوا **بوغبند** (مذکر) ۱ وہ کپڑا جس میں گٹھری بندھی ہو ۲ بڑا بقچہ ۳ کپڑا جس میں لحاف یا توشک وغیرہ باندھ کر رکھتے ہیں -

بوغرا (ف - مذکر) ایک کھانا جو گوشت چاول وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے **بوغرا نکالنا** (متعدی) نکلنا (لازم) خوب پیٹنا سخت زدوکوب ہونا -

بوغما (ف - مذکر) ۱ فضول چیزیں - الابلا - کوڑا کرکٹ ۲ گھوڑوں کی ایک بیماری جس میں سب اعضا سے پسینہ ٹپکتا ہے - بدہیضہ ۳ گلٹی - دنبل ۴ (بلا) الا بلا - واہی تباہی - بدشکل بھدی - بد قطع صورت)

بُوق (ع - مذکر) ترئی - قرنا نفیری سنکھ - بگل -

بُوقلموں (ع - صفت) ۱ رنگا رنگ مختلف رنگ - نوع یا وضع کا ۲ عجیب تعجب انگیز - عجیب وغریب ۳ (علا) ایک جدید جنوبی صورت جو گرگٹ کی شکل کی ہے اور صورت ہماد لنگر کے نیچے ہے - جربا **بوقلمونی** (مؤنث) رنگارنگی - نیرنگی -

بوقلہ (ف - مذکر) باقلہ - ساگ پات

بُوک (ع - مذکر) ۱ نر کا مادہ پر کود کر جانا ۲ چشمے یا نالی میں سے تنکے وغیرہ لکڑی سے ہٹانا ۳ کاروبار میں گڑبڑ ہونا ۴ موٹا ہونا -

بُوک - بوکارا (ھ - مذکر) وہ زمین جو دریا چھوڑ گیا ہو - اور اس پر ریت ڈال گیا ہو -

بوک (ہ - مذکر) بکرا - مینڈھا (س وَرکر) **بوکا** (مذکر) ۱ چمڑے کا ڈول جس سے کوئیں سے پانی نکالتے ہیں ۲ بکرا **بوکرا** (ھ) بکرا -

بوکری (ھ) بکری -

بُوکا (ھ - مذکر) ۱ سفوف کوئی پسی ہوئی چیز - (پھکنا سے) ۲ چھوٹا موتی - دُر (س مُرکا)

بُوکسِنگ (انگ - مذکر) مکوں سے لڑنا -

بوکلا (ھ - مذکر) بکلا - درخت کی چھال -

بُوکنا (ھ - متعدی) ۱ پیسنا - سفوف بنانا ۲ کھانا منہ سے اڑانا ۳ اندر کھینچنا -

بُوکنی (ھ - مؤنث) سفوف -

بُوکھل (ہ - صفت) ۱ گھبرایا ہُوا - بدحواس ۲ وحشی **بوکھلا جانا** (لازم) گھبرانا - پریشان ہونا - **بوکھلا دینا** (متعدی) گھبرا دینا - **بوکھلانا** (لازم) بد حواس ہونا گھبرانا پریشان ہونا **بوکھلاہٹ** (مؤنث) گھبراہٹ - پریشانی - بدحواسی - اضطراب **بوکھل ہے** بیوقوف ہے (تف)

بوگرا (ہ - مذکر) دیکھو بوغرا (نکالنا نکلنا کے ساتھ)

بوگی (انگ - مؤنث) ۱ ایک قسم کی ریل کی لمبی گاڑی ۲ ڈائن - ہوّا -

بَول (ع - مذکر) پیشاب **بول (و) براز** (مذکر) پیشاب - پاخانہ **بول خطا ہونا** (لازم) پیشاب نکل جانا **بولدان** (مذکر) پیشاب کا برتن - پش پاٹ **بول گاہ** (مؤنث) وہ جگہ جہاں سے پیشاب نکلتا ہے - فرج یا ذکر -

بَول (ھ - مذکر) ۱ دیکھو بوڑ ۲ شگوفہ کلی پھول - پھولوں کا گچھا ۳ کونپل - نئی شاخ -

بول (ہ - امر) ۱ بولنا سے ۲ بیلوں کو ہانک (گاڑیبانوں کی اصطلاح) ۳ کلمہ - بات - لفظ گفتگو - کہاوت - مقولہ - آواز ۴ محاورہ - فقرہ ۵ گیت کا ٹکڑا - ماگ - لے - تان ۶ حکم - فرمان ۷ (دو) نکاح - عقد (س بُرُو - بولنا) **بولا** (ماضی) ۱ بولنا کی ۲ زبانی عقد یا اقرار **بول اُٹھنا** (لازم) ۱ چلا اُٹھنا - کہہ دینا - بغیر بولے نہ رہ سکنا - بولنا ۲ خوش نما ہو جانا - خوش نما ۳ بہتر ہو جانا - **بولا چالی** (مؤنث) **بول چال بولا** چاہتی ہے - تصویر کی تعریف میں کہتے ہیں **بولا رہ** چپ رہ (دہقان کہتے ہیں) **بول اَنس** (ھ) اپنا حصہ کسی کو زبانی دیدینا **بول انسی** (ھ) کسی دوسرے کا حصہ لینے والا ۲ متہنہ **بول بالا** (مذکر) ۱ ترقی کلیا عزت وآبرو کا بڑھنا ۲ شہرت - ناموری ۳ فقیروں کی دُعا (رہنا ہونا کے ساتھ) **بول بٹھاؤ** (ھ) علم عروض **بول بناؤ** (ھ) علم صرف - **بولتا** (مذکر) ۱ سانس دم - روح ۲ خوب بولنے والا شخص ۳ حقہ ۴ (کماروں کی اصطلاح) آدمی **بولتی بند کر دینا یا کرنا** (متعدی) شرمندہ کر کے چُپ کرا دینا - بولنے نہ دینا **بولتی بند ہونا** (لازم) بول نہ سکنا - شرمندگی یا غم سے بات نہ کر سکنا **بولتی پر صدمہ ہے** - سخت رنج پہنچا ہے کہ بول نہیں سکتا - رنج وغم نے چُپ کرا دیا ہے **بولتی (چالتی) تصویر** (مؤنث) بالکل اصل کے مطابق تصویر - **بولتے کی آشنائی ہے** - لڑائی جھگڑے کے موقع پر جھگڑا روکنے کے لئے یا کسی کی وفات پر تسلی دینے کے لئے کہا جاتا ہے - دوستی زندگی کے دوران میں ہی ہوتی ہے **بولتے کی رگڑ** (کہاروں کی اصطلاح) پہلو میں آدمی ہے بچ کر چلو - **بولتی ملی جانا** (لازم) خاموش ہو جانا **بول جانا** (لازم) ۱ ہو چکنا ختم ہونا - تمام ہونا ۲ دیوالہ نکل جانا گھاٹا پڑ جانا نقصان ہو جانا ۳ جواب دے دینا - عاجز آ جانا ۴ ہار جانا - پست ہو جانا ۵ تھک جانا - رہ جانا - پُرانا ہو جانا - بوسیدہ ہو جانا ۶ گھس جانا کم ہو جانا ۷ گھبرا جانا - مضطرب ہونا - پریشان ہونا ۹ چلا اُٹھنا - برداشت نہ ہونا - سہار نہ سکنا ۱۰ استقلال ہاتھ سے جاتے رہنا ۱۱ بُرا بھلا کہنا سخت سُست کہنا ۱۲ مر جانا - گزر جانا -

بول جوڑ (ھ) علم نحو **بول چال** (مؤنث) ۱ بات چیت گفتگو ۲ ترتیب الفاظ جو اہل زبان کی زبان پر ہو - روزمرّہ ۳ طرز گفتگو ۴ لب ولہجہ ۵ میل جول - ربط ضبط - اتحاد - موافقت ۶ رفتار - گفتار - طرز - طریقہ ۷ جھگڑا - تکرار - **بول چال ہونا** ۱ گفتگو ہونا - باتیں ہونا ۲ بعد لڑائی مُصلح ہونا ۳ جھگڑا ہونا تکرار ہونا **بول چبانا** (متعدی) ۱ چُپ رہنا - نہ بولنا ۲ اپنے الفاظ واپس لینا **بول دینا** (متعدی) حکم دینا -

بول سُنانا (متعدی) ۱ بُرا بھلا کہنا ۲ گیت سُنانا۔ بول مارنا (متعدی) ۱ طعنہ زنی کرنا ۲ (ھ) بات نہ سُننا کہے کی پرواہ نہ کرنی۔ بولنا (لازم) کہنا۔ گفتگو کرنا۔ بات کرنا ۲ جواب دینا ۳ نیلام میں بولی دینا ۴ (گھڑی) بجنا ۵ (پرندوں کا) چہچہانا ۶ (کتا) بھونکنا ۷ (حقہ) آواز دینا ۸ (طرف سے) طرفداری کرنا ۹ (نوکری) پہرہ لگنا۔ مقرر ہونا ۱۰ (کسی کو) نارا من ہونا۔ خفا ہونا ۱۱ (بازار) چہل پہل ہونا۔ رونق ہونا ۱۲ (جیبیں) چلا اٹھنا۔ رونا۔ ضعف یا شرمندگی سے آواز نکل جانا ۱۳ آواز نکالنا ۱۴ اجماع کرنا ۱۵ (بول) لگانا ۱۶ کمزور لکڑی کا آواز دینا۔ چٹخنا۔ ٹوٹ جانا ۱۷ (پیٹ) پیٹ کے اندر سے آواز آنا۔ بولنا چالنا (لازم) ۱ بولنا۔ گفتگو کرنا ۲ ناراض ہونا۔ خفا ہونا ۳ چھیڑنا۔ مزاح کرنا ۴ اعتراض کرنا۔ عُذر کرنا۔ بیجا حرکت کرنا۔ بول نکلنا (لازم) ستار یا کسی دیگر ساز سے نغمے کی آواز نکلنا۔ بولن ہار یا ہارا (ھ) بولنے والا۔ گفتگو کرنے والا۔ بولنے پر آنا (لازم) ۱ بیباکی سے گفتگو کرنا ۲ لحاظ اٹھا دینا۔ بولی (مونث) ۱ زبان ۲ گفتگو۔ بول چال ۳ نیلام کی آواز ۴ جانوروں کی آواز۔ بولیاں (مؤنث)۔ بولی کی جمع۔ بولیاں بولنا (لازم) ۱ طرح طرح کی آوازیں نکالنا۔ چہچہانا۔ خوش الحانی کرنا ۲ نیلام میں قیمت لگانا ۳ آوازے کسنا۔ گالیاں دینا۔ بولیاں ٹھٹھولیاں مارنا (متعدی) آوازے کسنا۔ مضحکہ کرنا۔ بولیاں سُنانا (متعدی) سُننا (لازم) طعنے سننا۔ طعنوں کی برداشت کرنا۔ بولیاں مارنا (متعدی) طعنے دینا۔ آوازے کسنا۔ بولی بڑھانا (متعدی) کسی مال کی قیمت بڑھ کر لگانا۔ بولی بڑھنا (لازم) نیلام میں قیمت زیادہ ہوجانا۔ بولی بولنا ۱ جانوروں کا بولنا ۲ دوسرے کے لہجے میں گفتگو کرنا ۳ دوسری زبان بولنا۔ بولی بولنے والا (صفت) ۱ نیلام کرنے والا ۲ جانوروں کی زبان بولنے والا۔ بولی پھینکنا (متعدی) طعنے دینا۔ آوازے کسنا۔ بولی ٹھولی (مونث) ۱ طعن تشنیع۔ آوازے ۲ مضحکہ۔ بولی کسنا یا مارنا (متعدی) طعنے دینا۔ آوازے کسنا۔

امثال و اقوال۔ بولا اور مارا گیا۔ جو بولے اس پر آفت آتی ہے۔ چپ رہنا بہتر ہے۔ بولتا چاکر منیب کے آگے گونگا۔ ملازم مالک کے آگے نہیں بول سکتا۔ بولنا ہے جب تلک ہے بولنا۔ دم کے ساتھ گویائی ہے۔ بولو تو بولو نہیں پنجرا خالی کرو۔ طوطے کو کہا جاتا ہے۔ بولی بولی تو یہ بولی میری جوتی بولے (عو) بولتی ہی نہیں۔ بولے تو بیوی میری نہیں تو درکار نہیں تیری (عف) بیوی ناراض ہوکر نہ بولے تو کہتے ہیں۔ بولے سو دکنڈی کھولے گھی کو جائے۔ جو تدبیر بتائے وہی انجام دے۔ بولے کی نہ چالے کی میں تو سوتنے کی بھلی (عو) بہو کی سستی اور کام نہ کرنے پر کہتے ہیں۔

بول (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی گوند۔

بَولا (ھ۔ امر) بولانا کا۔ بولا دینا (متعدی) گھبرا دینا۔ بولانا (لازم) ۱ گھبرانا۔ بدحواس ہونا ۲ حواس باختہ ہونا۔ پریشان ہونا۔

بولا (ھ۔ مذکر) پوپلا۔

بُولنجک (ع۔ مذکر) کوئی عجیب چیز۔

بُوم (ف۔ مذکر) ۱ زمین۔ جگہ۔ مقام ۲ الّو۔ چغد۔ بوم صفت (صفت) منحوس تنہائی پسند۔ ویرانہ پسند۔

بُونا (ہ۔ صفت) ۱ پست قد۔ چھوٹے قد کا ۲ دشن جی کا پانچواں اوتار۔ دیکھو بامن بونی (مونث) پست قد۔

مثل۔ بونا بیوی کا کھلونا۔ چھوٹے آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

بُونٹ (ہ۔ مذکر) کونپل۔ شاخ۔ ٹہنی ۲ سبز کچے چنے اپنے ٹہنیوں کے کچے چنے (صفت) چھوٹے قد کا موٹا۔ چھوٹا مضبوط جیسے گھوڑا۔ بونٹ پلاؤ سبز چنے اور چاول پکے ہوئے۔

مثل۔ بونٹ بڑا ہوئے تو بھنسار نہ پھوڑے۔ ایک آدمی چاہے کیسا ہی زبردست ہو اکیلا کچھ نہیں کرسکتا۔

بونٹ۔ بونٹا (ھ۔ مذکر) ۱ شاخ۔ ٹہنی۔ تنہ ۲ انگلی۔ انگلی کی چوڑائی۔

بونٹا (ہ۔ مذکر) دیکھو بوٹا۔ بونٹی (مونث) ۱ دیکھو بوٹی ۲ بچوں کا ایک کھیل

مثل۔ بونٹا اپنے ہی دماغ میں خوب لگتا ہے۔ ہر کام اپنی جگہ پر اچھا معلوم ہوتا ہے۔

بُوند (ہ۔ مذکر) ۱ قطرہ چھینٹ۔ پانی یا کسی مائع کا چھوٹا سا حصہ جو ہوا میں سے گزرنے کی وجہ سے گول ہوجاتا ہے ۲ خون۔ منی ۳ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر چھتیاں سی پڑی ہوتی ہیں ۴ (صفت) نہایت اونچا ۵ نہایت آبدار۔ نفیس۔ اعلیٰ ۶ تھوڑا ذرا۔ بوندا باندی (مونث) ۱ تھوڑی تھوڑی بارش ۲ ترشح۔ بوند بھر (صفت) ذرا سا تھوڑا سا۔ بوند پڑنا ٹپکنا یا جھڑنا (لازم) قطرہ گرنا۔ بوند چرانا (متعدی) حاملہ ہونا۔ بوند چوٹی (مونث) حاملہ۔ بوند سا دن (مذکر) چھوٹا سا دن۔ بوند کی بوند (مونث) دو آتشہ شراب۔ نہایت تیز شراب۔ بوند گرنا (لازم) قطرہ گرنا۔ بوند ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ بہت بلند ہونا۔ اتنا بلند ہونا کہ آسمان پر ذرہ سا نظر آئے ۲ مجازاً غائب ہوجانا۔ بوندی (مونث) ۱ چھوٹی بوند۔ چھوٹا قطرہ ۲ ایک مٹھائی جس کے ریزے پانی کے قطرے کے مشابہ ہوتے ہیں ۳ ایک قسم کا درخت۔ بوندیاں (مونث) بوندی کی جمع۔ بوندیاں پڑنا (لازم) پھوہار پڑنا۔ باریک بارش ہونا۔ بوندی کا لڈو (مذکر) ایک قسم کا میٹھا لڈو جو بازاروں میں عام بکتا ہے۔ بوندیں (مونث) بوند کی جمع۔ بوندیں آنا یا پڑنا (لازم) بارش ہونا۔ مینہ برسنا۔ پانی کے قطرے ٹپکنا۔ چھینٹیں پڑنا۔

امثال و اقوال۔ بوند بوند (کرکے) تالاب بھرتا ہے۔ تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہوجاتا ہے۔ بوند کا چوکا گھڑے (ڈھلکائے) لنڈھائے (تو کیا ہوتا ہے)۔ بوند کا گیا حوض سے نہیں آتا۔ ایک دفعہ موقع ہاتھ سے نکل جائے تو کچھ نہیں بنتا۔

بَوندا (ہ۔ مذکر) بیج کا خول یا ڈوڈا۔ پھلی۔ خانہ۔

بَوندکی (ہ۔ مونث) ۱ بوند۔ قطرہ ۲ دھبہ۔ نشان۔ چھینٹا۔

بَوندی۔ بوندی (ہ۔ مونث) ۱ درخت کا کلّا جو پھول جھڑنے کے بعد پھوٹے ۲ جوار کا بھٹہ ۳ کچنار کا پھول (س ورت۔ نکلنا)

بَونڈ (انگ۔ مذکر) باسود قرضے کا سرٹیفکیٹ جو کوئی کمپنی یا میونسپلٹی یا گورنمنٹ جاری کرے۔ جو لوگ خرید لیتے ہیں۔ ان کو سود ملتا رہتا ہے۔ حتیٰ کہ اس سارٹیفکیٹ کی معیاد پوری ہوجائے اور روپیہ خریدار کو مل جائے۔ ہندوستان میں جنگ یورپ کے زمانے سے گورنمنٹ نے ایسے بونڈ جاری کئے ہیں۔

بونڈ (ہ۔ مذکر) بیل۔ دیکھو بنوار۔

بَونڈر۔ بَونڈر (ہ۔ مذکر) بگولا بونڈلا۔

بونڈلا (ہ۔ مذکر) بگولا۔ گرد باد۔

بونڈلے اُٹھنا (متعدی) بگولے اٹھنا۔

بَونڈنا (ہ۔ متعدی) ۱ مُڑوڑنا ۲ (لازم) چکّر کھا کر بیلوں کی طرح چڑھنا۔

بَونڈی (ہ۔ مونث) دیکھو بوندی۔

بونڈیانا (ہ۔ لازم) اردگرد لپٹنا ۲ بل کھاتے ہوئے دوڑنا۔ ٹیڑھا اور چکّر کھاتے ہوئے دوڑنا۔

بونس (انگ۔ مذکر) باقاعدہ تنخواہ کے علاوہ اور زائد رقم جو فالتو وقت میں کام کرنے کے لئے ملتی ہے۔

بونگ یا بونگ (ہ۔ مذکر) مردہ سنگ۔

بَونگا (ہ۔ صفت) ۱ بھدّا۔ غیر موزوں ۲ بیہودہ ۳ بیوقوف۔ نادان۔

بَونگا۔ بونگارہ (ہ۔ مذکر) بھس وغیرہ کا بندھا ہوا ڈھیر ۲ کھوکھلا بانس ۳ تونبا۔ ناریل۔

بَونگی (ہ۔ مونث) گستاخی کی باتیں۔ بدتمیزی کی باتیں۔

بَونہ (افریقہ) ساحل الجیریا پر ایک شہر (۴۶)

بَوہ (ع۔ مذکر) لعنت بھیجنا۔

بُوہ (ع۔ مذکر) بڑا اُلّو

بَوہا۔ بَوہایا (ہ۔ صفت) آتشک کے مرض کا مبتلا (س وات ہوا + ویادہ۔ بیماری)

بَوہائی (ہ۔ صفت مونث) آتشک کے مرض کی مبتلا۔ مرض آتشک۔ چیچک۔

بَوہت۔ بوہت (ہ۔ مذکر) جہاز۔ کشتی۔ ناؤ۔

بوہری (ہ۔ مونث) بھُنے ہوئے جو۔

بوہنی (ہ۔ مونث) ۱ وہ بکری جو دن میں پہلے پہل ہو ۲ وہ رقم جو پہلے پہل ملے (س پُوروہ۔ اول + اہنی۔ پہلا)

مثل۔ بوہنی تھوہنی رد بلا۔ بوہنی اچھی ہو تو سارا دن کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

بوہودیا (ہ۔ مذکر) وہ آدمی جو پہلا ماانگ کر کام کرے۔

بُوئی (ہ۔ مونث) ہوّا۔ ڈائن (س بھوت)

بویام (ہ۔ مذکر) مرتبان۔

بُویہ (ع۔ مذکر) ایک قبیلے کا جد اعلےٰ۔

بَہ (ع۔ ندا) شاباش۔

بَہ (ہ۔ امر) بہنا کا (س وہ۔ بہنا) بَہا (امر) ۱ بہانا کا ۲ (ماضی) بہنا کی ۳ (ہ) جاری۔ تیرتا ہوا۔ **بہار بہا) پھرنا** (لازم) ۱ کسی سیال چیز کا کثرت سے بہنا۔ ۲ مارا مارا پھرنا۔ آوارہ پھرنا ۳ شراب کے نشے میں ڈگمگاتے ہوئے جانا بہا بہا ڈولنا (لازم) دیکھو آخری معنی ۲۔ **بہا دینا** (متعدی) زور سے بہانا۔ **بہا دینا** (متعدی) ۱ چلتے پانی میں چھوڑ دینا۔ پانی کی رو میں ڈالنا۔ جاری کرنا ۲ لنڈھانا ۳ کسی چیز پر پانی ڈالنا ۴ سستا بیچنا۔ ارزاں فروخت کردینا۔ لٹا دینا ۵ ضائع کرنا۔ خراب کرنا ۶ (خون) زخمی کرنا۔ قتل کرنا۔ کشت وخون کرنا۔ **بہاؤ** (مذکر) ۱ پانی بہنے کا رُخ ڈھال ۲ طغیانی سیلان۔ پانی کا چڑھاؤ ۳ شعر کی روانی۔ **بہتا** (ماضی تمام) ۱ بہنا کی ۲ (صفت) جاری۔ بہتا ہوا۔ تیرتا ہوا ۳ جاتا ہوا۔ **بہتا پھرنا** (لازم) پانی کی سطح پر رواں ہونا۔ **بہتا دریا ہے۔** دولت لٹ رہی ہے۔ **بہتا ہوا جوڑا** (مذکر) جلد جلد انڈے دینے والا کبوتروں کا جوڑا۔ **بہ جانا۔ بہنا** (لازم) ۱ رواں ہونا۔ جاری ہونا۔ ڈھلکنا ۲ پانی کے اوپر جانا یا تیرنا ۳ پانی ہونا۔ پگھلنا۔ گلنا ۴ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۵ چلنا۔ گزرنا ۶ متفرق ہونا۔ تتربتر ہونا۔ جُدا جُدا ہونا ۷ سستا ہونا۔ کم نرخ پر بکنا ۸ (روپیہ وغیرہ) خرچ ہونا۔ صرف ہونا۔ ضائع ہونا ۹ (آنسو) رونا ۱۰ (کبوتر وغیرہ) گم ہو جانا۔ کھو جانا ۱۱ (گائے وغیرہ) اسقاط ہو جانا۔ حمل گر جانا ۱۲ (کبوتری کا) بہت انڈے دینا ۱۳ (زخم پھوڑا وغیرہ) مواد نکلنا۔ آلائش نکلنا ۱۴ (آنکھ) اندھا ہو جانا ۱۵ (ناک) زکام کی وجہ سے پانی جاری ہونا۔ آلائش نکلنا ۱۶ (ٹبیر کا) فصل پکنے کے موقعہ پر آنا ۱۷ (تیل وغیرہ) پھیل جانا۔ گر جانا ۱۸ (ہوا وغیرہ) چلنا ۱۹ (کنکوا یا کل کا) ڈور ڈھیلا پڑ جانا۔ پیٹا چھوڑنا ۲۰ (دال وغیرہ) رقیق ہونا پتلا ہونا ۲۱ (چھری۔ تلوار وغیرہ) بدن میں اتر جانا (خف) ۲۲ ادھلنا۔ خراب ہونا (خف)

امثال واقوال۔ بہتا پانی نرملا اور بندھا گندھلا ہوئے۔ سادھو جاں رمتا بھلا۔ داگ نہ لاگے کوئے (ہ)۔ بہتا پانی صاف ہوتا ہے۔ اور کھڑا گندا ہو جاتا ہے۔ سادھو بھی وہ اچھا جو چلتا پھرتا رہے۔ اگر ایک جگہ ٹھہر جائے تو بدنام ہو جاتا ہے۔ بہتا دریا ہے جو چاہے چلّو بھر لے۔ بہتے دریا میں جس کا جی چاہے ہاتھ دھو لے۔ بہتے دریا میں جو چاہے سو نہائے موقعہ ہے فائدہ اٹھا لو۔ بہتے کو بہ جانے دے مت بتلا دے ٹھور۔ سمجھائے سمجھے ناہیں دھکا دے دے اور (ہ) جو شخص تباہ ہو رہا ہو اور نصیحت نہ مانے اُسے تباہ ہونے دے۔

بَہُ (س صفت) ۱ بہت زیادہ کئی ۲ بڑا۔ اعظم ۳ اسا کیسا تھ مل کر بہت سے مرکبات جاتا ہے بہ باہو (مذکر) ایک راجہ بہ بُج (صفت) بہت بازوؤں والا بہ بھجا (مونث) درگاجی۔ بہ بھومی (مذکر) ایک راجہ بہ پتر (مذکر) ۱ بہت بیٹوں والا شخص ۲ ایک پراچینی پیرپتر کا پیدا ماپا دامن ۳ (مونث) سکندر کی ایک ماتری۔ بہ دنتی (مونث) ایک عورت بہ دنتی ست (مذکر) ایک مصنف۔ بہ رتھ (مذکر) ایک راجہ۔ بہ روپ (صفت) ۱ کئی رنگ کا۔ رنگا رنگ کا۔ بوقلموں۔ گوناگوں ۲ (مذکر) برہماجی۔ شوجی۔ وشن جی۔ کامدیو۔ رُدر ۳ میدھا تیتھی کا ایک بیٹا ۴ بدھ ۵ گرگٹ۔ بہ سَسیہ (مذکر) وہ جگہ جہاں بہت اناج ہو۔ ایک گاؤں۔ بہ سُورنک (صفت) ۱ جس پر بہت خرچ آئے ۲ (مذکر) ایک راجہ ۳ دریائے گنگا پر ایک اگرہار (جاگیر) بہ شرُت (مذکر) ۱ بڑا ودیا دان ۲ ایک وزیر بہ شکتی (مذکر) ایک راجہ بہ کیتو (مذکر) ایک پہاڑ۔ بہ کیٹ (مذکر) شمال میں ایک گرام کا نام۔ بہ گری (مذکر) ایک علاقہ۔ بہ گو (مذکر) ایک راجہ۔ بہ ماناگے انچھر (مذکر) قسمت کا لکھا۔ نوشتۂ تقدیر۔ بہ ودھ (مذکر) ایک راجہ۔

بِہ (ہ۔ مذکر) ۱ عورتوں کے کان یا ناک کا سوراخ جس میں زیور پہنتی ہیں ۲ موتی کا سوراخ۔

بِہ (صفت) بہتر۔ اچھا۔ بہبود۔

بہبودی (مونث) ۱ بھلائی۔ بہتری خوشحالی ۲ تندرستی صحت بہبودِ خلائق لوگوں کی بہتری یا خوشحالی۔ **بہتر** (صفت) ۱ زیادہ اچھا۔ عمدہ ۲ افضل اعلیٰ ۳ خیر۔ کیا مضائقہ ہے ۴ ہاں۔ ضرور ۵ (بہت)

بہت خوب - اچھا بہتر سے بہتر (صفت) بہت
اچھا - نہایت اعلیٰ - بہتری (مؤنث) بھلائی - بہبود
اچھی حالت بہتری کی صورت نظر نہ آنا (لازم)
بھلائی معلوم نہ ہونا کسی طرح بہبودی نظر نہ آنا بہترین
(صفت) نہایت اچھا - افضل - اعلیٰ -
بہثر (ف - مذکر) دیکھو بہی -
بہ (ع حرف جار) اس کے ساتھ اس
کے پاس - عموماً مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے
بھ (ہ - مذکر) ناگری الف سب کا
چوبیسواں حرف -
بہا (ف - مذکر) قیمت - مول بہائے
خلعت - ایک محصول جو خلعتوں کے لئے لیا جاتا تھا
بہائے خون (مذکر) دیکھو خون بہا - بہائے
کاغذ (مذکر) کاغذ قلم دوات کا الاؤنس -
بھابڑ (ہ - مؤنث - مذکر) ۱ ایک قسم
کی گھاس جس کی رسیاں بنتی ہیں ۲ ایک قسم کی بھربھری
۳ ہلکی سیاہ مٹی
بھابی - بھاوی (ہ - مؤنث) ۱ بھائی
کی بیوی - بھاوج - بھاوجہ ۲ رشتے کی بھاوج (س بھراتر
بھائی - وَدھو - بیوی)
بھاپ (ہ - مذکر) بھاپھ (ہ) ۱
بخارات جو پانی یا مرطوب اشیاء سے گرمی کی وجہ سے
اٹھیں ۲ منہ سے جو گرم ہوا نکلے (س واشپ) بھاپ
اٹھنا (لازم) پانی سے بخارات اٹھنا بھاپ بھرانا
(متعدی) پرندوں کا بچوں کو چونچ سے ہوا دینا - شروع
میں پرندے بچوں کو دانے کا چوگا نہیں … ہوا پہنچاتے
ہیں بھاپ دینا (متعدی) … پہنچانا
بھاپ نکالنا (متعدی) شکایت کرنا - دل میں جو دکھ ہے
کی بات ہو وہ ظاہر کرنا بھاپ لینا (متعدی) گرم پانی
میں دوائی ڈال کر اس کی بھاپ سانس کے ساتھ اندر لے جانا
بھاپنا (ہ - متعدی) بھاپھنا (ہ)
دیکھو بھانپنا -
بھات (ہ - مذکر) ۱ چاول اُبلے
ہوئے خشکہ ۲ میٹھے چاول جو ہندو سیتلا پر چڑھاتے
ہیں ۳ ایک رسم کا نام جو نہال کی طرف سے ادا
کی جاتی ہے اور جس میں لڑکی کو زیور کپڑے چاول مونگ
وغیرہ دیئے جاتے ہیں ۴ (ہ) رقم جو ہل چلانے والوں
کو پیشگی بلا سود دی جائے ۵ ایک قسم کی نرم زمین کا نام
۶ اونچی نیچی زمین ۷ صبح - علی الصبح (س بھکت) بھات
نوتنا (متعدی) دلہن کی ماں کا اپنے رشتہ داروں کو بھات
کی رسم پر بلانا بھاتئی بھاتی (مؤنث) ۱ نہال کے لوگ
جو کچھ دلہن کو دینے کے لئے لائیں اور جس کا کوئی عوض
نہ ہو ۲ (مذکر) بھات لانے والا - بھات کی چیزیں دینے
والا ۳ دولہا دلہن کے نہال کا کوئی آدمی ۴ گالی ۵
مسلمانوں میں میت والے کے گھر تین دن تک کھانا
بھیجنا -

امثال و اقوال - بھات بن
رہ جاوے پیا بن رہا نہ جاوے (ہ) عورت مرد
کے بغیر نہیں رہ سکتی بھات چھوڑا جاتا ہے
ساتھ نہیں چھوڑا جاتا - بھات چھوڑے
ساتھ نہ چھوڑے - فائدے پر نظر کرکے رفاقت
نہ چھوڑے ۱ کھانا ترک کیا جا سکتا ہے - مگر دوست
کا ساتھ نہیں چھوڑا جا سکتا ۲ نقصان گوارا ہوتا ہے
مگر دوست سے بیوفائی نہیں کی جا سکتی بھات کھاتے
ہاتھ پرائے (ہ) بہت نازک ہے - چاول کھانے سے
ہاتھ میں درد ہو جاتا ہے بھات کھانے بہتیرے
کام دولہا دلہن سے - کھانے والے تو بہت ہو
جاتے ہیں مصیبت دولہا دلہن کے سر پر پڑتی
ہے - خرچ انہیں دینا پڑتا ہے بھات ہوگا
تو کوے بہتیرے (بھی) آرہیں گے ۱ دولت
ہوگی تو خوشامدی بہت آ جائیں گے بھات سے
تو کوے بہت - پیسہ ہے تو دوستوں کی کیا کمی
بھاتا (ہ - مذکر) ۱ دیکھو بھتہ ۲
(صفت) خوشگوار - پسندیدہ - دلپذیر - دلپسند - سہانا -
بھاتھا (ہ - مذکر) ترکش
بھاتھی (ہ - مؤنث) دھونکنی -
بھاٹ (ہ - مذکر) - ایک قوم
جو نسب نامے یاد رکھتی اور لوگوں کی تعریف میں شعر
پڑھتی ہے ۲ شاعر قصیدہ گو - ثنا کہنے والا ۳ خوشامدی
۴ دیکھو بھٹ (س بھٹ) بھاٹ کی سی کبت
ہے - زبانی تعریف ہے دل میں کچھ نہیں بھاٹن
بھاٹ کی بیوی -

مثل - بھاٹ بھٹیارا بیسوا
تینوں جات کجات - آتے کا آدر کریں جات
نہ پوچھیں بات (ہ) یہ تینوں قومیں ایسی کمینہ ہیں
کہ جب کوئی ان کے پاس آئے تو بڑی خاطر کرتی ہیں
کیونکہ ملنے کی امید ہوتی ہے مگر جب آدمی جانے
لگے تو پرواہ نہیں کرتیں -
بھاٹا (ہ - مذکر) ۱ سمندر میں پانی
کا اتار - اردو میں صرف جوار کے ساتھ استعمال ہوتا
ہے ۲ پنگین یہ پتھر جو وزن کے طور پر استعمال ہو -
باٹ - بھاٹی (مؤنث) دریا کے بہاؤ کی طرف -
بھاٹا (ہ - مذکر) ۱ دیکھو بھاٹا -
۲ ندی - نالہ - دھارا - بہاؤ - بھاٹی
(مونث) ۱ ندی - نالہ ۲ دیکھو بھاٹی ۳
دھونکنی -
بہاجت (ع - مونث) خوبصورت ہونا
بھاجڑ - بھاجڑ (ہ - مذکر) بھاگڑ
افراتفری - گریز - فرار -
بھاجک (ہ - صفت) ۱ تقسیم
کرنے والا ۲ (مذکر) مقسوم علیہ -
بھاجن (ہ - مذکر) ۱ ریاضی میں
تقسیم کا قاعدہ ۲ باسن - برتن -
بھاجنا (ہ - متعدی) ۱ بھاگنا دوڑنا
۲ بھونا - تلنا - پکانا -
بھاجی (ہ مونث) ۱ حصہ ۲ بخرہ بخرہ ۳
دوستوں اور رشتہ داروں میں کھانے کی تقسیم ۴ چیز
جو تقسیم کی جائے ۵ پکی ہوئی ترکاری - پکا ہوا ساگ
(س بھج بانٹنا) بھاجیہ (ہ) ۱ تقسیم ہونے والا
قابل تقسیم ۲ (مذکر) حصہ بخرہ ۳ ریاضی مقسوم

مثل - بھاجی کی بھاجی گیا
دوسرے کی محتاجی احسان کے عوض احسان
کر دینا چاہئے - دوسرے کا احسان اپنے سر
نہیں رکھنا چاہئے -
بہادر (ع - مذکر) ۱ ایک خوشبودار پودا ۲
کوئی چیز جو خوبصورت ہو ۳ مرو کے نزدیک ایک گاؤں -
بہادر (ع - مذکر) ۱ بطہ ۲ ابابیل ۳ ایک
قسم کی سفید مچھلی ۴ ایک وزن ۵ شیشہ دمے ۶ سمندر
کے سفر کا سامان -
بہادر (ف - صفت) ۱ جری
شجاع - دلیر - دلاور - جوانمرد - مردمردانہ - سورما - شیر - بیر ۲ ایک
فوجی کتاب ۳ خان رائے سردار کے ساتھ ملکر اس قسم کا سب
سے بڑا خطاب بنا دیتا ہے ۴ لڑائی کا مرغ بہادرانہ (صفت)
دلیری سے شجاعت سے بہادری (مونث) ۱ دلیری
شجاعت - دلاوری - مردانگی جوانمردی - ہمت -
جرأت بہادری کا نشہ (مذکر) جوش شجاعت -
(آنا کے ساتھ)

امثال و اقوال - بہادری

دہ تاست۔ نہ تا گریختن است یکے پیش چشم نیامودن: بہادری کے دس حصے ہوتے ہیں۔ نو حصے بھاگ جانا اور ایک حصہ سامنے نہ آنا۔ بہادری کا کام نہ چاہیے نام۔ بہادری کے کام کو شہرت دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

بھادَر (س۔ مذکر) بھادوں کا مہینہ بھادر پَد (مذکر) بھادوں بھادر پدا (مذکر) تیسرا اور چوتھا نکشترہ۔

بھادوں (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کا پانچواں مہینہ جو نصف اگست سے نصف ستمبر تک ہوتا ہے (س بہادر پدا کا مخفف اس مہینے میں بدر اور نکشترے میں ہوتا ہے) **بھادوں کا جھلا** (مذکر) بھادوں کے مہینے کی تھوڑی مگر زور کی بارش بھادوں کی بھَرن (مونث) بھادوں کی بارش جس سے تالاب اور کھیت بھر جائیں۔ بھادوں کے بیٹرے (مذکر) گنگا جل جو برہمن بھادوں کے مہینے میں لئے پھرتے ہیں۔ بھادوں کے ڈونگرے یا سٹرکے (مذکر) بھادوں کے مہینے کی تھوڑی مگر زور کی بارش بھادونوی (صفت) ۱ بھادوں کے یا اس کی فصل کے متعلق ۲ فصل خریف۔

امثال و اقوال بھادوں دونوں ساکھ کا راجہ۔ بھادوں کی بارش دونوں فصلوں کیلئے مفید ہوتی ہے۔ ایک فصل پکنے کے قریب ہوتی ہے اور دوسری کی کاشت کا وقت ہوتا ہے۔ بھادوں سے بچے تو پھر ملیں گے۔ بھادوں میں بیماریاں بہت ہوتی ہیں۔ مثلاً ہیضہ۔ ملیریا وغیرہ اور لوگ بہت مرتے ہیں۔ اسلئے یہ مثل کہتے ہیں کہ اگر بھادوں میں بچ گئے تو پھر ملاقات ہوگی بھادوں کا گھام ساجھے کا کام۔ بھادوں کے مہینے کی گرمی اور ساجھے کا کام دونوں بُرے ہوتے ہیں۔ بھادوں کا جھلا ایک سینگ سوکھا ایک گیلا۔ بھادوں کی بارش عام نہیں ہوتی تھوڑی سی بارش ایک جگہ تھوڑی سی دوسری جگہ۔ اس مبالغے سے بیان کیا گیا ہے کہ بَیل کے ایک سینگ پر تو بارش ہوتی ایک پر نہیں ہوئی۔ بھادوں کے مینہ سے دونوں ساکھ کی جڑ بندھتی ہے۔ دیکھو بھادوں دونوں الخ بھادوں کی چھاچھ بھوتوں کو کاتک کی چھاچھ پوتوں کو بھادوں میں چھاچھ مضر پڑتی ہے اس لئے گرا دینی چاہیئے۔ کاتک میں بہت مفید ہوتی ہے۔ بچوں کو پلانی چاہیئے بھادوں کی دھوپ میں ہرن کالے ہوتے ہیں۔ بھادوں کی دھوپ اس قدر سخت ہوتی ہے کہ ہرن کی پیٹھ سیاہ ہو جاتی ہے بھادوں میں برکھا ہوئے کال بچھو کر جا کر روئے۔ بھادوں کی بارش قحط کو روکتی ہے۔

بھادی (ہ۔ مونث) تقدیر قسمت نصیبا۔

مثل۔ بھادی کے بس سنسار سارا عالم اپنی خواہش کا بندہ ہو رہا ہے۔

بھارَ (س۔ مذکر) بھار (ہ) ۱ وزن کشش ثقل ۲ سونے کا ایک وزن بیس تولے کے برابر ۳ بہنگی کا بانس ۴ سپردگی۔ تحویل۔ ذمہ داری ۵ وشن جی ۶ ایک راجہ ۷ (ہ) بوجھ۔ بار ۸ عزت۔ آبرو بھار اُتارنا (متعدی) ۱ بوجھ زمین پر رکھنا ۲ ذمہ داری چھوڑنا ۳ بچانا۔ چھڑانا۔ عوض دینا۔ کفارہ دینا ۴ احسان کا بدلہ دینا۔ بھار کس (مذکر) بیل گاڑی۔ وہ تسمہ جو جانور کو گاڑی کے بمبوں کے ساتھ باندھتا ہے۔

مثل۔ بھار ڈال سب بھاڑ میں سَتَن اترے پار۔ ذمہ داری چھوڑ کر مصیبت سے نکل گئے

بَہار (ف۔ مونث) ۱ پھولوں کے نکلنے کا موسم۔ ہندوستان کے میدانوں میں آخر فروری سے آخر اپریل تک یہ موسم ہوتا ہے اور پھر ستمبر اور اکتوبر کے مہینے میں یہ موسم ہوتا ہے۔ پہاڑوں میں اپریل سے ستمبر تک بسنت کا زمانہ ۲ گل نارنج کرنا ۳ سیر۔ تماشا۔ تفریح۔ دل لگی ۴ لطف کیفیت سماں ۵ خوشی۔ فرحت۔ شادمانی۔ آنند ۶ شباب۔ جوانی۔ اچھی حالت ۷ موسم فصل ۸ سرسبز۔ شاداب ۹ جوبن۔ شان۔ رونق۔ چڑھتی جوانی گدراہٹ ۱۰ سرور ۱۱ ایک راگنی ۱۲ طنزاً مزا۔ تماشا (س وسلہ) بہار آگین (صفت) پُر بہار سرسبز شاداب بہار آنا (لازم) ۱ بہار کا موسم آنا ۲ پھول آنا پھولنا ۳ مزا آنا۔ لطف آنا ۴ رونق بڑھنا۔ شان بڑھنا بہار اُڑانا (متعدی) رونق مٹانا بہار الاپنا (متعدی) بہار کی راگنی گانا بہاراں (مذکر) بہار کا موسم بہار بیچنا (متعدی) پھل پیدا ہونے سے پہلے بیچ دینا بہار پر آنا (لازم) عالم شباب ہونا جوبن یا رونق پر آنا۔ بہار پر (پہ) ہونا (لازم) سرسبز ہونا۔ شاداب ہونا۔ بہار پیرا (صفت) ۱ بہار کو سجانے والا ۲ (مذکر) بہار کی بارش ۳ بہار کی کلیاں۔ یا شگوفے بہار پیرائے عالم (صفت) دنیا کی بہار کو سجانے والا۔ مجازاً خدائے تعالیٰ۔ **بہارِ جوانی** (مونث) شباب کا وقت۔ جوانی کے دن۔ **بہارِ حُسن** (مونث) حسن کی شان۔ رونق وغیرہ۔ **بہار خریدنا** (متعدی) کسی باغ کا پھل لگنے سے پہلے خرید لینا۔ **بہار دانش** (مونث) فارسی میں قصوں کی ایک کتاب مصنفہ شیخ عنایت اللہ قنبوہ۔ بہار دکھانا (م) **دکھلانا** (م) **دیکھنا** (متعدی) سرسبزی دیکھنا لطف دیکھنا **بہار دینا** (متعدی) لطف دینا **بہار زندگی پر خزاں لانا** (متعدی) مار دینا۔ قتل کر دینا **بہارستان** (مذکر) ۱ پھولوں سے سجی ہوئی جگہ ۲ خوبصورت اور شاداب جگہ ۳ جامی کی ایک تصنیف **بہار کا تیل** (مذکر) تیل جس میں کرنا کی خوشبو ہو۔ **بہار کھلنا** (لازم) رونق ہونا **بہار کے دن** (مذکر) بہار کا موسم **بہار لوٹنا** (متعدی) ۱ مزے اُڑانا۔ عیش کرنا ۲ وصل حاصل کرنا ۳ سیر کرنا تماشا دیکھنا ۴ تاراج کرنا۔ لوٹنا **بہاری** (صفت) ۱ بہار والی۔ بہار کی متعلقہ بہار ۲ باد بہار کی ہوا۔ خوشگوار ہوا۔

بہار (ہ۔ مذکر) ۱ آوارہ پھرنا ۲ سیر ۳ مزہ یلطف ۴ کھیل۔ تماشا (کرنا ہونا کے ساتھ) بہار **ستھل** (مذکر) سیر تماشے کی جگہ۔

بھارا (ہ۔ مذکر) ۱ بوجھ۔ بار۔ لاد ۲ سبب ۳ دوسرے پر ذمہ داری یا بوجھ ڈالنا ۴ پاڑ۔ مچان۔ پاڑ باندھنے کا مصالحہ ۵ (پ) جھاڑو۔

بُہارَن (ہ۔ مذکر) ۱ جھاڑن۔ بٹورن ۲ جھاڑنے کا کپڑا (س بنگر۔ جھاڑو) **بہارنا** (متعدی) جھاڑنا۔ صاف کرنا۔ جھاڑو دینا

بہارنی (مونث) جھاڑنے کا آلہ جھاڑو۔ جھاڑن **بہارو** (مذکر) ۱ جھاڑو دینے والا۔ بھنگی ۲ جھاڑو کا تابع بھی استعمال ہوتا ہے۔

بہاری (ہ مذکر) ۱ بہارو ۲ (مونث) دیکھو بہارنی **بہاری دینا** (متعدی) جھاڑو دینا۔

بھاری (ہ۔ صفت) ۱ بوجھل۔ وزنی۔ گراں سنگین۔ گرانبار ۲ غالب ۳ قابل قدر۔ قابل ترجیح ۴ ثقیل۔ دیر ہضم ۵ موٹا جسیم ۶ ضخیم عظیم ۷ سوجا ہوا۔ پھولا ہوا ۸ مضبوط۔ محکم مستحکم ۹ دوبھر اجیرن۔ ناگوار۔ تکلیف دہ۔ شاق۔ گراں ۱۰ کثیر۔ بہت ۱۱ خوفناک خطرناک ۱۲ مشکل کٹھن ۱۳ منحوس۔ نحس۔

۱۴ کھلی ہوئی ۔ فاش ۱۵ گھمسان سنگین ۱۶ قیمتی بیش قیمت ۱۷ امیر ۔ دولتمند ۱۸ شجاعت کا ۔ بہادرانہ ۱۹ دراز ۔ لمبا موٹا ۲۰ وہ جس پر کام بہت رہا ہوا ہو (کپڑا) ۲۱ اداس ۔ رنجیدہ ۔ افسردہ (دل وغیرہ) ۲۲ آسیب زدہ (مکان) ۲۳ کم سننے والا ۲۴ بیٹھی ہوئی ۔ موٹی بلند (آواز) ۲۵ جسے قبض ہو (آنت) ۲۶ خراب یا سیاہی مائل (رنگ) ۲۷ سست ۔ آہستہ چلنے والا (قدم) ۲۸ (ھ) قلی ۔ مزدور ۔ کہار ۔ (س بھاری) **بھاری آنت** (مؤنث) قبض **بھاری آواز** (مؤنث) موٹی بھدی آواز بیٹھی ہوئی آواز **بھاری بھرکم** (صفت) بہت وزنی ۔ بوجھل **بھاری بھرکم** (صفت) ۱ موٹا تازہ ۔ فربہ ۲ معتبر ۔ ذی رتبہ ذی مرتبہ ۳ متحمل ۔ بردبار ۴ سنجیدہ ۔ باوقار متین ۵ وزنی بوجھل ۶ قیمتی ۔ گوٹے کناری سے لپے ہوئے ۔ **بھاری پن** (مذکر) بوجھ ۔ وزن گرانی **بھاری پتھر** (مذکر) ۱ بہت وزنی چیز ۲ مشکل کام **بھاری پیٹ** (مذکر) بدہضمی ۔ اپھرنا ۔ **بھاری پیر** (صفت) حاملہ ۔ **بھاری سر** (مذکر) سر درد ۔ **بھاری رات** (مؤنث) ۱ لمبی رات مشکل سے گزرنے والی رات ۔ تکلیف دہ رات **بھاری سے (تعف)** مطلب یہ ہے کہ کھڑے ہو جاؤ نہ رک جاؤ **بھاری لگنا** (لازم) دو بھر ہونا کٹھن معلوم ہونا ۲ بارِ خاطر ہونا ناگوار ہونا **بھاری ماتھا** (مذکر) سر درد **بھاری منزل** (مؤنث) دور دراز کا سفر یا فاصلہ ۔

امثال ۔ بھاری بیاج مول کو کھائے اگر سود بہت لگایا جائے تو مقروض تنگ آکر اصل سے بھی انکاری ہو جاتا ہے **بھاری پتھر (دیکھا) کو چوم کر چھوڑ دیا** مشکل کام دیکھ کر کھسک گئے ۔

بھاریا (ھ ۔ مؤنث) ۱ بیوی ۔ زوجہ منکوحہ ۲ شادی شدہ عورت ۳ ایک راگنی ۴ راگ کے دیوتا کی بیوی ۔ **بھاریاتک** (مذکر) وہ خاوند جو بیوی سے دب کر رہے ۔ **بھاریاتو** (مذکر) زوجیت بیوی ہونے کی حالت ۔

بھاریہ (صفت) ۱ وابستہ ۔ محتاج ۲ (مذکر) نوکر ۔ ملازم ۳ پیدا ہونا ۔

بھاڑ (ہ ۔ مذکر) وہ چولہا جس پر بھڑ بھونجے اناج بھونتے ہیں ۔ بھٹی ۔ تنور ۔ (س بھراش ۔ چکنا) **بھاڑ پڑا بھن رہا ہے** ۔ بہت سخت بخار کی تعریف میں کہتے ہیں ۔ **بھاڑ جھونکنا** (متعدی) ۱ بھاڑ میں ایندھن ڈال کر جلانا ۔ بھاڑ گرم کرنا ۔ بھڑ بھونجے کا کام کرنا ۲ بُری حالت میں زندگی بسر کرنا ۔ اوقات ضائع کرنا ۔ **بھاڑ سا بھننا یا بھُننا** (لازم) بکثرت قتل ہونا ۔ **بھاڑ میں پڑو پڑے جاؤ جانے** (دعو ۔ کوسنا) غارت ہو ۔ تباہ ہو **بھاڑ میں جھونکنا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ آگ میں ڈالنا ۲ ضائع کرنا ۔ پھینکنا ۳ جانے دینا ۔ تذکرہ نہ کرنا ۔ نام نہ لینا ۴ بیٹی کی شادی برے آدمی کے ساتھ کرنا ۔

امثال ۔ بھاڑ سے نکالا بھٹی میں جھونکا ۔ کم مصیبت سے نکالا اور زیادہ میں ڈال دیا ۔ **بھاڑ سے نکلا بھاڑ میں گرا** ۔ ایک مصیبت سے نکلا دوسری میں پڑا ۔ **بھاڑ لیپتی جائیں اور ہاتھ کالے کے کالے** ۔ بُری بات کو اچھا نہیں بنایا جا سکتا ۔ بُرے کام کو اچھا بنا کر نہیں دکھایا جا سکتا ۔ **بھاڑ میں پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان** ۔ دیکھو بھٹ پڑے الخ ۔

بھاڑا (ھ) ، **بھاڑا** (ہ ۔ مذکر) ۱ زنا کی کمائی ۔ خرچی ۲ کرایہ ۔ مزدوری ۔ گاڑی کا کرایہ (س بھاٹک) **بھاڑا یا بھاڑ کھانا** (متعدی) دوسرے کی زنا کی کمائی کھانا ۔ خرچی کھانا (مذکر) بھڑوا **بھاڑو** (مذکر) بھڑوا ۔ **بھاڑوتی** (مؤنث) دیکھو بھڑوتی **بھاڑو کے بھاڑو** (گالی) بھڑوے کے بیٹے ۔ **بھاڑے کا ٹٹو** (مذکر) ۱ کرائے کا ٹٹو ۲ کسی بات یا نشے کا عادی ۳ وہ چیز جو ہمیشہ مرمت کی محتاج رہے ۴ وہ شخص جو اجرت پر کام کرے ۵ وہ شخص جو بغیر اجرت کام نہ کرے ۔

مثل ۔ بھاڑا بیاج دکشنا پیچھے پڑے کچھ نا (ھ) کرایہ سود اور تحفہ وقت پر دیا جائے تو ٹھیک ہے ۔ دیر ہو تو تکلیف ہوتی ہے ۔

بھاس (س ۔ مذکر) ۱ روشنی ۔ نور چمک ۲ خیال ۳ گدھ ۴ گائیوں کے باندھنے کی جگہ ۵ ایک ٹانک نویس ۶ ایک داتو ۷ ایک پہاڑ ۔

بھاسُر (ھ ۔ مذکر) ۱ خاوند کا بڑا بھائی جیٹھ ۲ بلور ۳ ایک پودا ۴ بہادر ۔ شجاع ۵ (صفت) چمکیلا چمکدار ۔ عالیشان

بھاسکر (ھ ۔ صفت) ۱ روشنی پیدا کرنے والا ۔ روشن ۲ چمکدار چمکیلا ۳ (مذکر) سورج ۔ آفتاب ۴ آگ ۵ سونا ۔ زر ۶ بہادر ۔ شجاع ۷ ایک پودا ۸ شوجی ۹ کئی مصنفوں کے نام ۔ (آچاریہ ۔ بھٹ ۔ پنڈت ۔ سومیشت شاستری ۔ شیشہ ۔ کنٹھ ۔ سر وغیرہ کے ساتھ) ۹ ایک تیرتھ ۔

بھاسنا (ھ ۔ لازم) ظاہر ہونا ۔ نمودار ہونا ۔ مشہور ہونا ۔

بھاسُور (س ۔ صفت) ۱ بہادر ۲ (مذکر) سورج ۔ روشنی ۔ دن ۳ ایک پودا ۔

بھاش (س دھاتو) بولنا ۔ کہنا

بھاشا (مؤنث) ۱ زبان ۔ بول چال ۲ کسی ملک کی زبان ۳ (قانون) استغاثہ ۔ درخواست ۴ سرسوتی جی کا ایک لقب ۵ ایک راگنی ۶ (ہ) ہندوستان کی پرانی زبان ۔ پراکرت ۔ ہندی ۷ بنگالی ۔ بنگال کا آدمی ۔

بھاشت (صفت) ۱ کہا ہوا ۔ بولا ہوا ۔ منہ سے نکالا ہوا (مذکر) بولی ۔ گفتگو ۔ آواز ۔ **بھاشن** (مذکر) ۱ بولنا ۔ کہنا ۔ گفتگو کرنا ۲ گفتگو ۔ بات چیت زبان **بھاشیہ** (مذکر) ۱ بولنا گفتگو کرنا ۲ کوئی تصنیف عوام کی زبان میں ۳ تشریح ۔ تفسیر ۔ شرح ۔ ٹیکا ۴ پانی کے سوتروں کی شرح مصنفہ پتنجلی ۔ **بھاشیہ کار** (مذکر) کئی شارحوں کا نام ۔ **بھاشیہ کرت** (مذکر) ۱ شارح ۔ مفسر ۲ پتنجلی کا نام ۔

بھاکا (ھ ۔ مؤنث) دیکھو بھاشا و بھاکھا ۔

بھاکتہ ۔ بھاکتک (س ۔ مذکر) وہ جس کی دوسرا پرورش کرے ۔ طابع ۔ مطیع ۔ نوکر ۔ ملازم ۔

بھاکسی (ھ ۔ مؤنث) ۱ قید خانہ ۔ محبس ۔ زندان ۔ جیل خانہ ۲ خشک کنواں ۳ بھاڑ ۔ بھٹی ۔ تنور ۔

بھاکنا (ھ ۔ لازم) ۱ بولنا ۔ کہنا ۲ (متعدی) بُلانا ۔ بتانا ۔ آواز دینا ۔

بھاکھا (ھ ۔ مؤنث) دیکھو بھاشا ۔

بھاکا بھوکن (مذکر) علم ادب ۔ علم انشا ۔

بہاگ (ہ ۔ مذکر) ایک راگ کا نام ۔ (گانا کے ساتھ)

بھاگ (ہ ۔ امر) بھاگنا کا ۔ دوڑ ۔ جلدی چل (س بھج ۔ بھگانا) **بھاگا** (مضارع) بھاگنا کا ۱ دوڑا ۔ چلا ۲ (صفت) بھاگا ہوا ۔ فراری ۳ (مذکر) غدر ۱۸۵۷ء **بھاگ آنا** (لازم) دوڑ کر آنا ۔ چلے آنا **بھاگا بھاگ** (مؤنث) ۱ افراتفری ۔ بھاگڑ ۔ بھاگنے کی ہل چل ۲ (تف) جلدی سے ۔ دوڑا دوڑ ۔ تیز تیز **بھاگتا** (صفت) دوڑتا ہوا ۔ فراری (مذکر) دوڑنے والا آدمی ۔ مفرور **بھاگتے**

راستہ نہ ملنا۔ جواب نہ بن پڑنا۔ بچاؤ کی کوئی صورت نظر نہ آنا **بھاگا جانا** (لازم) جلدی چلا جانا۔ **بھاگا ہُوا** (صفت) مفرور۔ فراری **بھاگا ہے تو تُو ہے**۔ **بھاگتا پھرنا** (متعدی) دربدر مارا پھرنا کہیں قرار نہ ہونا۔ **بھاگ جانا** (لازم) ۱ فرار ہوجانا۔ دوڑ جانا ۲ ہمت ہارنا شکست کھانا۔ ۳ رمان بننا ۴ بھینس گائے کا دُودھ دینا بند کردینا۔ **بھاگڑ** (مؤنث) ۱ افراتفری۔ بھاگا بھاگ۔ بھاگنے کا اضطراب۔ غدر ۱۸۵۷ء **بھاگ کر کہاں جاؤ گے اب مجھ سے کیسے بچ گے بھاگ کھڑا ہونا** (لازم) چلدینا۔ فرار ہوجانا **بھاگم بھاگ** (تف) بھاگا بھاگ **بھاگنا** (لازم) ۱ دوڑنا۔ فرار ہونا ۲ شکست ہونا۔ ہارجانا ۳ نفرت کرنا۔ پرہیز کرنا دُور دُور رہنا ۴ روپوش ہونا مفرور ہونا **بھاگ نکلنا** (لازم) دوڑ جانا۔ ساتھیوں سے الگ ہوکر دوڑ جانا۔ **بھاگو** ساتھیوں کو چھوڑ کر بھاگ جانے والا۔ **بھاگوں بھاگ کرنا** (متعدی) بھاگنے پر تیار ہونا یا تُلا ہونا **بھاگے بھاگے آنا** (لازم) دوڑے دوڑے آنا۔ جلدی جلدی آنا۔ **بھاگے پھرنا** (لازم) ایک جگہ نہ ٹھہرنا کبھی کہیں جانا کبھی کہیں۔

امثال۔ بھاگتے بھوت (چور) کی لنگوٹی ہی سہی۔ جاتی ہوئی چیز میں سے جو ل جائے غنیمت ہے **بھاگتے کے آگے مارتے کے پیچھے** سخت بُزدل آدمی کے متعلق کہتے ہیں **بھاگتے کی لنگوٹی** دیکھو بھاگتے بھوت الخ۔ **بھگتے چور کھڑیا ہاتھ** (ہ) بھاگتا ہُوا چور جو کچھ ہاتھ لگے لے جاتا ہے۔ **بھاگے ہوئے لشکر کا مرد پیچھا نہیں کرتا**۔ دلیر آدمی ہارے ہوئے کو کچھ نہیں کہتا۔

بھاگ (ہ۔ مذکر) ۱ اچھی قسمت نصیب۔ کرم۔ طالع۔ تقدیر یا بخت ۲ (س) حصّہ بخرہ۔ ٹکڑا جز۔ کھنڈ۔ پارچہ۔ رقم۔ بھاجی ۳ تقسیم۔ بانٹ بٹوارہ ۴ کسی بیوپار یا دفتر میں حصّہ جنس میں حصّہ محصُول۔ مالگزاری ۵ (ریاضی) تقسیم ۶ تمام کا ایک حصّہ۔ کسر ۷ درجہ۔ محیط دائرے کا تین سو ساٹھواں حصّہ ۸ ایک راجہ ۹ ایک دریا **بھاگ آئے** قسمت نے یاوری کی۔ نصیب جاگے **بھاگ بٹائی** (مؤنث) حصّوں کی تقسیم ۲ جنس کا حصّہ **بھاگ بھرا** (صفت) خوش نصیب۔ خوش قسمت۔ اقبالمند بختاور۔ خوش **بھاگ بھروسہ** (ہ) ۱ قسمت پر شاکر ۲ تشفی دلجمعی **بھاگ بھری** (مؤنث) ۱ بھاگ بھرا کی ۲ ہندو عورتوں کا ایک

تیوہار **بھاگ پھوٹنا** (لازم) بدنصیب ہونا۔ نصیبہ پھوٹنا **بھاگ جاگنا یا کھلنا** (لازم) قسمت کا یاوری کرنا۔ روپیہ۔ عزت یا مُراد ملنا **بھاگ دار** (ہ) حصے دار **بھاگ دینا یا کرنا** (متعدی) حصے کرنا تقسیم کرنا۔ **بھاگ کھل جانا** (لازم) نصیبا جاگنا بخت کا یاوری کرنا۔ **بھاگ لگانا** (متعدی) ۱ دیکھو بھاگ دینا ۲ دن پھیرنا۔ ترقی دینا۔ اولاد دینا۔ دولت دینا۔ عزت دینا **بھاگ لگنا** (لازم) ۱ نصیب جاگنا قسمت کھلنا۔ اولاد۔ دولت یا عزت ملنا ۲ غرور کرنا۔ اترانا **بھاگمان** (ہ) ۱ خوش قسمت اقبالمند بختاور۔ بھاگ بھرا ۲ امیر۔ دولتمند ۳ فیاض۔ مخیر۔ **بھاگمانی** (ہ) خوش قسمتی۔ خوش نصیبی اقبالمندی۔ دولتمندی۔ امارت **بھاگمتی** (ہ) خوش قسمت عورت **بھاگوار** (ہ) ۱ حصوں کے بموجب ۲ (زمین) حصّوں پر لی ہوئی **بھاگوان** (صفت) دیکھو بھاگمان **بھاگوان گھڑی** (مؤنث) نیک ساعت وقت سعید **بھاگ ہار** (ہ) تقسیم کا قاعدہ **بھاگی** (ہ) ۱ حصہ دار ۲ خوش قسمت ۳ (مذکر) حصہ دار آدمی ۴ شریک جرم ۵ وارث ۶ خوش قسمت آدمی **بھاگیدار** (ہ) حصے دار۔ پتی دار۔ ساجھی۔ شریک

مثل۔ بھاگوان تو جگت ماں واسا کوئی نہ ہو۔ جو کوئی راجہ تیاؤں ہیں سگرہ عُمر دے کھو۔ اس سے بڑھکر خوش قسمت حاکم کوئی نہیں ہوتا جو اپنی عُمر انصاف کرنے میں صرف کرے

بھاگنی (س۔ مونث) ۱ بھاگی کا ۲ حصّہ دار عورت۔ حصّہ دار وارث ۳ بہن **بھاگنیہ** (مذکر) بہن کا بیٹا۔ بھانجا

بھاگیہ (س۔ مذکر) قسمت۔ نصیب دیکھو بھاگ۔

بھاگیہ ہین (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب۔ بدبخت۔ کمبخت۔

بھاگیہ۔ ہینتا (مونث) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ کمبختی۔ بدبختی۔

بھال (ہ۔ مونث) ۱ سنان۔ پیکان برچھی کا پھل۔ تیر کی نوک ۲ (ہ) لوہے کی کیل۔ نیزہ بھالا۔ برچھی۔ بلم (س) پھل ۳ ریچھ۔ بھالو ۴ (س) ماتھا۔ پیشانی ۵ قسمت۔ نصیب ۶ روشنی۔ چمک ۷ ایک ذات راجپوتوں کی ۸ (علم نباتات) نوکیلا (پتہ)

بھالدار (ہ) نیزہ باز۔ بھالا بردار **بھالانک** (ہ) ۱ آدمی جس کے ماتھے پر خوش نصیبی کی لکیریں ہوں ۲ ایک قسم کی مچھلی جسے روہی کہتے ہیں ۳ ایک پودہ۔

بھالا (ہ۔ مذکر) نیزہ۔ برچھا (س بھلک) **بھالا بردار یا بھالے بردار** (صفت) نیزہ باز۔ بھالا اٹھانے یا چلانیوالے **بھالے پر نیل ملنا** (لازم) نازیبا اطاعت کرنا۔

بھالک (س۔ مذکر) ریچھ۔

بھالکی (مذکر) ۱ ایک منی ۲ کئی مصنفوں کا نام۔

بھالنا (ہ۔ متعدی) دیکھنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈھنا۔ اُردو میں صرف دیکھنا کا تابع استعمال ہوتا ہے۔

بھالو (س۔ مذکر) سورج

بھالو (ہ)، **بھالوک** (ہ۔ مذکر) ریچھ **بھالو گولا** (مذکر) چرخ یا لگڑ بگڑ۔

بھالیت (ہ۔ مذکر) نیزہ باز بھالا بردار۔

بھام (س۔ مذکر) ۱ روشنی۔ چمک نور۔ تجلی۔ جلوہ تاب۔ درخشانی ۲ سورج آفتاب مہر (بھا۔ روشنی) ۳ غصّہ۔ جوش۔ تیہہ۔ کرودھ ۴ بہن کا خاوند۔ بہنوئی ۵ ایک شاعر۔ **بھاما** (مونث) غصیلی عورت **بھامنی** ۲ کرشن جی کی ایک بیوی۔

بھامن (صفت) غصیلہ۔ جوشیلا کرودھی ۲ (مذکر) غصیلہ انسان وغیرہ **بھامنی** (مونث) غصیلی یا جوش والی عورت جھگڑالو عورت (اکثر پیار سے استعمال ہوتا ہے) **بھامی** (صفت) دیکھو بھامن۔

بھان (ہ۔ مذکر) ۱ پوپھٹنا۔ صبح دن کی روشنی۔

بھانے (تف) ۱ صبح کے۔ صبح کے وقت۔ علی الصبح۔ صبح سویرے ۲ جلدی تھوڑی دیر میں۔

بھان (ہ۔ مونث) ۱ دکھاوا۔ ظہور۔ روئیت ۲ سوجھ۔ یاد۔ دھیان ۳ واقفیت آگاہی۔ خبر۔

بھان (ہ۔ مونث) بہن **بھان چارہ** (مذکر) ۱ بہناپا ۲ بہن کی جائداد ۳ بہن کا رشتہ دار۔ بہن کی محبت۔

بھان۔ بھال (ہ۔ مذکر) ۱

ایک قسم کا ناٹک کا تماشہ ۲ کہانی بنانا۔ بہانہ۔

بھانُ (س۔ مذکر) **بھان** (ھ) ۱ دکھاوا۔ ظہور۔ رویت ۲ روشنی۔ نور۔ تجلی ۳ روشنی کی کرن ۴ سورج۔ ستارہ۔ سیارہ ۵ مالک۔ آقا۔ ۶ راجہ۔ بادشاہ۔ سلطان ۷ شوخی۔

بھانا (ہ۔ لازم) ۱ پسند آنا۔ اچھا لگنا۔ بھلا معلوم ہونا ۲ موزوں ہونا۔ درست آنا ۳ پیار ہونا محبت ہونا۔

مثل بھائی تو کھائی نہیں چھینکے پہ دھرا اٹھائی۔ جو پسند آ گیا جو نہ پسند آیا نہ کیا۔

بھانپ (ہ۔ امر) بھانپنا کا (سوجھ ہونا) **بھانپ لینا** (متعدی) تاڑ لینا۔ جانچ لینا۔ پہچان لینا **بھانپنا** (متعدی) ۱ دیکھو بھانپ لینا ۲ غور سے دیکھنا ۳ تکنا۔ **بھانپو** (ھ) تاڑنے والا۔ جانچنے والا۔

بھانت (ہ۔ مؤنث) **بھانت** (ھ) طرح۔ طور۔ طرز۔ طریقہ۔ قسم۔ ڈھنگ۔ نوع۔ قماش۔ جنس ذات **بھانت بھانت کا** (صفت) قسم قسم کا۔ طرح طرح کا۔ گوناگوں۔ بوقلموں **بھانت بھانت کی بولیاں** (مؤنث) قسم قسم کی باتیں **بھانت بھانت کی تقریریں** (مؤنث) طرح طرح کی عجیب و غریب باتیں **بھانتیا** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر۔

بھانٹ (مذکر) ایک پودہ جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔

بھانج (ہ۔ مذکر) ۱ بھنائی۔ بٹہ جو نوٹ پونڈ روپیہ وغیرہ بھنانے میں دیا جائے ۲ خوردہ۔ ریزگاری۔

بھانج (ھ۔ مؤنث) بل۔ اینٹھ۔ پیچ۔ چکر۔ مروڑا۔

بھانج (ہ۔ مذکر) بھانجا کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے **بھانجا** (مذکر) بہن کا بیٹا (س بھنج تقسیم کرنا) **بھانج بہو** (مؤنث) بھانجے کی بیوی **بھانج داماد** (مذکر) بھانجی کا خاوند **بھانجی** (مؤنث) بہن کی بیٹی۔

بھانج (ہ۔ امر) بھانجنا کا۔ (س بھنج۔ توڑنا)

بھانجنا ۱ بٹنا۔ بل دینا ۲ توڑنا۔ پھوڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۳ چکر دینا۔ نرمے کا موڑنا ۴ چھپے ہوئے کاغذوں کو تہ کرنا ۵ ہلانا۔ گھمانا۔ پھرانا ۶ تسبیح یا مالا پھیرنا ۷ دعا مانگنا۔ پرارتھنا کرنا (تسبیح یا مالا کے ساتھ) (س بھنج تقسیم کرنا) **بھانجوان** (مذکر) دو تین رسیوں کو ملا کر بٹی ہوئی رسی **بھانجی** (مؤنث) ۱ روک۔ خلل۔ مزاحمت۔ ممانعت رخنہ ۲ چغلی **بھانجی خور** (صفت) ۱ رخنہ ڈالنے والا خلل انداز ۲ چغلخور **بھانجی دینا۔ کھانا۔ مارنا** (متعدی) ۱ رخنہ انداز ہونا۔ خلل ڈالنا۔ حارج ہونا۔ روڑا اٹکانا ۲ چغلی کھانا۔ شکایت کرنا۔

بھانڈ (س۔ مذکر) ۱ برتن۔ بھانڈا۔ مٹی کا برتن ۲ چیزیں۔ سامان تجارت۔ سوداگر کا مال جنس۔ سودا ۳ اثاثہ۔ اصل۔ پونجی۔ راس المال۔

بھانڈ (ہ۔ مذکر) ۱ نقال۔ بہروپیا۔ سوانگ بھرنے والا۔ وہ ناچنے گانے والا جو محفلوں میں نقلیں کرے اور گلے بجائے ۲ پیٹ کا ہلکا۔ جو راز کو مخفی نہ رکھ سکے۔ بھانڈا پھوڑ (س بھنٹ۔ توڑنا) **بھانڈ بھکتیے** (مذکر) نقال بھانڈوں کا پیشہ کرنے والے۔ **بھانڈن** (ھ۔ مؤنث) بھانڈ کی بیوی۔

امثال واقوال۔ بھانڈ ڈوبتا ہے لوگ کہتے ہیں (تماشا ہے) گاتا ہے۔ پرائی مصیبت کو کھیل سمجھتے ہیں غیر کی بربادی کو دل لگی جانتے ہیں۔ **بھانڈوں سنگ کھیتی کی۔ گا بجا کے اپنی کی۔ بھانڈوں کے ساتھ کھیتی کیا گا بجا سب انہیں نے لیا** ایسے لوگوں کے ساتھ کسی کام میں ساجھی ہونا جو نکمے ہوں سخت نقصان دہ ہے۔ وہ کام بھی نہیں کرتے اور سب کچھ کھا پی جاتے ہیں۔

بھانڈا (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی کا برتن ۲ گھڑا۔ ہانڈی وغیرہ (س بھانڈ) **بھانڈا پھوٹ جانا یا پھوٹنا** (لازم) بھید کھل جانا۔ راز افشا ہونا **بھانڈا پھوڑ** (صفت) راز افشا کرنے والا۔ پیٹ کا ہلکا۔ چغلخور **بھانڈا پھوڑ دینا یا پھوڑنا** (متعدی) راز افشا کرنا بھید ظاہر کرنا۔

بھانڈنا (ھ۔ متعدی) چھیڑ کرنا۔ ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا ۲ طعنہ دینا۔ الاہنا دینا ۳ سخت سست کہنا۔ گالی دینا ۴ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔

بھانڈو۔ بھانڈیت (ھ۔ مذکر) بھانڈ **بھانڈیتی** (مؤنث) نقالی کا پیشہ۔ بھانڈپن ۲ بھانڈن۔

بھانڈیر (س۔ مذکر) بڑ کا درخت۔

بھانڑ (ھ۔ مذکر) بھانڈ۔

بھانکری (ھ۔ مؤنث) ایک جنگلی جھاڑی

بھانکڑا (ھ۔ مذکر) ۱ بانکا ۲ بانکیت ۳ وہ پودے یا جانور جو دوسرے پودوں یا جانوروں کے بدن پر رہتے ہیں ۴ وہ آدمی جو دوسروں کی کمائی پر گزارا کرتا ہے۔

بھانگ (ھ۔ مؤنث) دیکھو بھنگ)

بھانگڑ۔ بھانگی۔ بھانگیرا (مذکر) دیکھو بھنگڑ۔ بھنگی۔ بھنگیرا

بھانمتا (ھ۔ مذکر) نقال۔ مداری۔ بازیگر۔ بھانڈ **بھانمتی** (مؤنث) بھانمتا کی بیوی۔

بھانمتی (ہ۔ مذکر) بازیگر۔ شعبدہ باز مداری۔ نقال۔ بھانڈ (بھانڈ سے) **بھانمتی کا تماشا** تماشہ جو بھانمتی دکھاتے ہیں۔

مثل (بھانمتی نے کنبہ جوڑا کہیں کی اینٹ کہیں کا روڑا۔ بیہودہ لوگوں کے مجمع پر یا جب کسی کا میل جول فضول آدمیوں سے ہو تو کہتے ہیں۔

بھانپنا (ہ۔ متعدی) دیکھو بھانجنا۔

بھانور۔ بھانوری (ہ۔ مؤنث) ۱ گردش۔ چکر۔ دورہ۔ پھیری ۲ بھنور۔ گھمیری ۳ شادی چونکہ ہندو اس میں آگ کے گرد چکر لگاتے ہیں (س بھرم۔ پھرنا چکر لگانا) **بھانور پڑنا یا پھرنا۔ بھانوری پھرنا** (لازم) ۱ چکر لگانا ۲ گرد پھرنا ۳ قربان ہونا ۴ شادی ہونا۔ دولہا دلہن کا آگ کے گرد پھرنا **بھانورنا** (لازم) بھانور پھرنا۔

بھانولی (ھ۔ مؤنث) ایک قسم کی دنبی

بھانویں (ہ۔ تف) ۱ از بسکہ ۲ حسابوں۔ سے۔ طرف سے ۳ خواہ۔ چاہے ۴ پرواہ (س بھاوے) **بھانویں نہیں** بے پرواہ نہیں۔ اثر نہیں

بہانہ (ف۔ مذکر) ۱ عذر۔ حیلہ۔ معذرت ۲ ظاہرداری۔ دھوکا۔ فریب۔ دم ۳ سبب۔ وجہ۔ وسیلہ ۴ موقعہ۔ مطلب ۵ ٹال مٹول۔ حیلہ حوالہ۔ لیت و لعل **بہانہ بتانا** (متعدی) حیلہ کرنا۔ ٹالنا **بہانہ جو** (صفت) ۱ بعید از ٹال مٹول کرنے والا ۲ دھوکا باز۔ حیلہ گر **بہانہ چلنا** (لازم) حیلہ کارگر ہونا۔ فریب دینا **بہانہ ڈھونڈھنا** (متعدی) حیلہ تلاش کرنا۔ عذر سوچنا **بہانہ خور** (صفت) فریبی۔ مکار **بہانہ رکھنا** (متعدی) ۱ الزام رکھنا ۲ ٹالنا۔ حیلہ کرنا۔ **بہانہ ساز** (صفت) حیلہ کرنے والا۔ دھوکا دینے والا **بہانہ طلب** (صفت) حیلہ ڈھونڈھنے والا **بہانہ کرنا** (متعدی) عذر کرنا۔ حیلے حوالے کرنا۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ دم جھانسا دینا **بہانہ ملنا** (لازم) موقع ہاتھ آنا۔ وجہ ملنا۔ حیلہ ملنا **بہانہ لانا** (متعدی) حیلہ یا عذر پیش کرنا۔

بہانے (مذکر) ۱ بہانہ کی جمع ۲ بجائے بہانہ حروف

مغیرہ سے پہلے بہانے سے (تف) حیلے سے ۔ وجہ سے بہلانے یاد ہونا (لازم) دھوکے یا فریب کی باتیں جاننا ۔

بھاؤ (س ۔ مذکر) بھاؤ (ھ) دیکھو بھاؤ تا مادہ چیز شے ۲ دنیا ۳ طاقت ۔ روحانی ۴ زندگی ہستی وجود حیات ۵ پیدائش ۔ ولادت جنم ۶ ارادہ ۔ منصوبہ تدبیر تجویز ۷ مطلب ۔ مراد معنی ۸ جی ۔ دل رُوح ۹ وِدیاوان ۱۰ کسی سیارے کی حالت ۱۱ بھاؤ پرکاش کا مصنف ۱۲ اختلاط ظاہری ۱۳ کسی حس کا عضو ۱۴ خارق عادت طاقت ۱۵ الیشور پرمیشور ۔ مراقبہ ۔ استغراق ۱۶ ستائیسواں کلپ ۱۷ ایک مصنف ۔ **بھاوکل** (مذکر) بدھی ستوہ کی دس قوتوں میں سے ایک **بھاویاد** (مذکر) ایک لغت نویس **بھاودیوی** (مؤنث) ایک شاعر **بھاؤرتن** (مذکر) ایک مصنف **بھاؤسنہا** (مذکر) ایک راجہ **بھاوسین** (مذکر) ایک نحوی **بھاوشرمن** (مذکر) ایک مصنف ۔

بھاوارتھ (س ۔ مذکر) معمولی یا اصلی معنی ۔ صاف مطلب ظاہر مقصد منشا مضمون کلام

بھاوِت (س ۔ مفعول) ۱ دی کیا گیا ۲ الہام کیا گیا ۳ اقرار شدہ ۴ اکسایا گیا ۔ ترغیب دیا گیا ۵ متوجہ ۔ متفکر ۔ فکرمند ۔ متردد ۔ خوفزدہ ۔ پریشان ۔ ڈرا ہوا ۔

بھاوَج (ہ ۔ مؤنث) بھائی کی بیوی ۔ بھابی ۔

بھاوک (ھ ۔ مذکر) دوست ۔ عاشق ۔ یار

بھاوِک (ھ ۔ صفت) قدرتی ۔ خلقی ۔ جبلی ۔ احساسی ۔ متعلق جذبہ ۔ خیالی (مذکر) (الجبرا) ایسی مساوات جن میں نامعلوم مقادیر کے حاصل ضرب دیئے ہوئے ہوں ۔

بھاوَن (س ۔ مذکر) خالق ۔ پیدا کرنے والا ۔ بنانے والا ۔ کامل سبب ۔ بانی ۔ موجد ۔ ایجاد کنندہ دیکھو بھاونا ۔ دیکھو بھاویں ۔

بھاوَن (ھ ۔ مذکر) بھاونا ۔ پسندگی

بھاونا (مذکر) ۱ عقلی یادماغی سمجھ یا ادراک ۲ گزشتہ خیالات یا احساسات کا علم ۳ یاد ۔ خیال ۔ تصور قیاس ۔ سوچ بچار ۴ گیان ۔ خیال ۔ استغراق ۔ مراقبہ ۵ شک شبہ ۶ ڈر ۔ خوف ۔ پریشانی ۷ خواہش ۔ رغبت ۔ آرزو ۔ حسرت ارمان ۔ شوق ۸ درخواست ۔ عرض ۔ سوال ۔ التجا ۔ التماس ۔ گذارش ۹ (ریاضی) اصول یا قاعدہ ۔ **بھاوَن کی چیزیں** (مؤنث) وہ چیزیں جو کسی کو بھاتی ہوں پسندیدہ چیزیں ۔

بھاوِنی (س ۔ مؤنث) بھاوی کا مؤنث خوبصورت یا خوش وضع عورت ۔ شریف عورت ۔ مجبوبہ ۔ حسینہ ۔ بدچلن عورت ۔

بھاوَہ (ھ ۔ صفت) بھاوج ۔ بھائی

بھاوُنی (ھ) **بھاوی** (س ۔ صفت) ۱ ہونے والا ۔ آنے والا ۔ جو ابھی ہوگا ۔ مستقبل ۲ (مذکر) لکھا جو ہونے والا ہے یا جو ہوگا ۔ جو قسمت میں ہے ۔ بھاوی کال (مذکر) زمانہ مستقبل ۔ آئندہ زمانہ ۔ **بھاوی** (س) (تف) مستقبل پر منحصر ۔ مستقبل کے متعلق ۔

بھاوے (س) **بھاویں** (ھ ۔ حرف جار) ۱ خیال میں ۔ قیاس میں ۔ دل میں ۔ تصور میں ۔ دھیان میں ۔ فکر میں ۲ بجائے ۔ متعلق ۔ لئے ۔ واسطے ۔ بابت ۳ خیال سے ۔ سبب سے ۔ اس لئے کہ ۴ طریقے پر ۔ طرز پر ۔ جیسے ۔ مانند ۔ نظر میں ۵ نزدیک ۔ چاہے ۔ آگے ۔ کو ۔ پر بھاویں یہ بھاویں وہ ۔ چاہے یہ چاہے وہ ۔

بھاوِیَہ (س ۔ صفت) مستقبل ۔ ہونے والا ۔ گزرنے والا ۔ ممکن ۔ اغلب (مذکر) جو کچھ ہونے والا ہے ۔ جو ضرور ہوگا ۔ مقسوم ۔ ممکن ۔

بَہائم (ع ۔ مذکر) بہیمہ کی جمع چوپائے **بہائمی** (صفت) ۱ چوپاؤں کے متعلق ۔ چوپاؤں کا ۲ (مونث) حیوانیت ۔ حیوانی خصلت ۔

بھاؤ (د ۔ مذکر) **بھاؤ** (ھ) ۱ جوش ۔ جذبہ ۔ حس ۔ محبت ۔ امنگ ۔ عشق ۔ دوستی ۔ پسند ۔ مرضی ۲ خیال ۔ موج ۔ ولولہ ۔ ترنگ ۳ اشارے سے دل کی حالت ظاہر کرنا ۔ ناز و انداز ۔ چونچلا ۴ حالت ۴ کیفیت ۔ روپ ۔ رنگ ۵ سمجھ ۔ عقل ۶ سبھاؤ ۔ عادت ۷ طور ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۸ عزت ۔ خاطر تواضع ۹ قیمت ۔ مول ۔ نرخ ۔ شرح (س ۔ بھاؤ) بھاؤ اُترنا (لازم) نرخ ارزاں ہونا ۔ قیمت گھٹنا ۔ سستا ہونا ۔ بھاؤ بتانا (متعدی) ۱ ناچ گانے میں ہاتھ یا دیگر اعضاء سے مضمون کا نقشہ دکھانا یا تصویر کھینچنا ۔ راگ کا سماں باندھ دینا ۲ نرخ بتانا ۔ بھاؤ بگاڑنا (متعدی) ، بگڑنا (لازم) نرخ خراب ہونا ۔ بھاؤ بنانا (متعدی) ، بننا (لازم) قیمت طے ہونا ۔ سودا چکنا ۔ بھاؤ بہانا (متعدی) نرخ بگاڑنا ۔ مول گھٹا کر قدر کم کرنا ۔ بھاؤ پڑ جانا (لازم) نرخ عام ہو جانا ۔ بھاؤ پر دھان (س) فعل جس پر صیغہ متکلم یا حاضر کا اثر نہیں ہوتا ۔ بھاؤ تاؤ (مذکر) نرخ ۔ قیمت ۔ دام ۔ بھاؤ تیز ہونا (لازم) مہنگا ہونا ۔ نرخ بڑھنا ۔ بھاوَج (س ۔ صفت) ۱ وہ جو دل میں پیدا ہو ۲ (مذکر) عشق ۔ محبت ۔ بھاؤ چڑھانا (متعدی) ، چڑھنا (لازم) قیمت یا نرخ بڑھنا ۔ بھاؤ کاٹنا (متعدی) ، کٹنا (لازم) نرخ مقرر ہونا ۔ بھاؤ کرنا (متعدی) قیمت ٹھہرانا ۔ مول چکانا ۔ بھاؤ نکالنا (متعدی) ، نکلنا (لازم) نرخ یا قیمت مقرر ہونا ۔ بھاؤ گرنا (لازم) نرخ کم ہونا ۔ قیمت گرنا ۔ سستا ہونا ۔

امثال و اقوال ۔ بھاؤ نہ جانے راؤ ۱ بازاری نرخ کسی کے اختیار میں نہیں ۲ حاکم نرخ نہیں جانتا جو چاہے قیمت دے ۔ بھاؤ راؤ خدا کے ہاتھ ۔ دونوں خدا ہی کی طرف سے ہوتے ہیں کسی کے اختیار میں نہیں ہوتے ۔ بھاؤ راؤ کی خبر نہیں ۔ بھاؤ اور راجہ کی طبیعت کے متعلق کوئی کچھ بتا نہیں سکتا کہ وہ کیا ہوگا اور وہ کیا کریگا ۔

بھاؤنا (ہ ۔ صفت) ۱ ہر دلعزیز ۔ پیارا ۔ پسندیدہ ۲ معشوق ۔ حبیب ۔

بھاؤلی (ھ ۔ مونث) ۱ لگان جو زمیندار کو جنس میں ادا کیا جائے ۲ مالک اور کاشتکار کے درمیان تقسیم ۳ (مذکر) زمین جو تھوڑے عرصے سے زیر کاشت ہو ۔ بھاؤلی پا (مذکر) زمین جو مدت سے زیر کاشت ہو ۔

بھاؤنا (ھ ۔ متعدی) ۱ چکر دینا ۔ پھیرنا ۲ دیکھو بھانا ۳ (مذکر) دیکھو بھاونا ۔

بَہائی (ھ ۔ مونث) ۱ وہ رُوح جو بچوں کو نیند میں ہنساتی رُلاتی ہے ۲ ایک گیت کا نام جو بچے پیدا ہونے پر گایا جاتا ہے ۔ بدھاوا ۳ (ہ) وہ خواب جس کو بچے دیکھ کر سوتے جاگتے ہنستے یا روتے ہیں ۔

بھائی (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک ہی باپ اور ماں کے بیٹوں میں سے ہر ایک ۔ برادر ۲ باپ کے بیٹوں میں سے ہر ایک ۳ ماں کے بیٹوں میں سے ہر ایک ۴ چچا ۔ ماموں ۔ خالہ یا پھوپھی کا بیٹا ۵ رشتہ میں بھائی ۶ ہمراہی ساتھی ۷ رشتہ دار ۔ برادری کا ۔ قوم کا ۔ ہمسر ۔ ہم وضع ۸ دوست ۔ یار ۔ ہم صحبت ۹ عورت مرد ایک دوسرے کو اس طرح خطاب کرتے ہیں ۱۰ عورتیں عموماً غیر مردوں کو اس طرح بُلاتی ہیں (س ۔ ودھایی) **بھائی انس** (ھ ۔ مذکر) بھائی کا حصہ ۔ **بھائی بانٹ** (ھ ۔ مذکر) ۱ برادری ۔

داری ؛ گاؤں جو ایک ہی نسل کے قبضے میں ہو۔ **بھائی بت** (ھ) بھائی کی طرح۔ بھائی کے مناسب۔ برادرانہ۔ دوستانہ۔ **بھائی بند** (مذکر) **بندھ یا بندھ** (ھ) بھائی۔ رشتے دار۔ دوست ساتھی۔ ایک ذات کے۔ ہم قوم۔ ہم مذہب۔ رفیق۔ **بھائی بندی** (مونث) برادری۔ رشتہ داری۔ یگانگت۔ **بھائی پھنّا** (ھ۔ مذکر) ایک ہندو تیوہار جو بھادوں بدی کی بارہ تاریخ یا اگست کی تاریک راتوں میں ہوتا ہے۔ **بھائی پنسی** (ھ۔ مونث) بھائی کا حصہ۔ **بھائی چارا** (مذکر) ۱ رشتہ داری۔ تعلق۔ خون کا رشتہ یا شادی کا ۲ برادری۔ بھائی بندی ۳ میل جول۔ اخوت۔ یگانگت۔ دوستی ۴ کھیت یا زمین جو رشتہ دار مشترکہ بوئیں اور جوتیں ۵ مشترکہ غیر منقسم جائداد ۶ پتی داری مطلق۔ شاملاتی۔ **بھائی چاری** (ھ۔ مونث) دیکھو بھائی چارا **بھائی حصّہ** (مذکر) بھائی کا حصہ۔

امثال واقوال۔ بھائی ایساں ہت نا۔ بھائی ایساں بیری نا۔ بھائی سے بڑھ کر دوست کوئی نہیں اور بھائی سے بڑھ کر دشمن کوئی نہیں۔ اگر بھائیوں میں نزاع پڑ جائے تو جان لیکر چھوڑتے ہیں۔ **بھائی بھاؤ کا نہیں اپنے داؤ کا** (ھ) بھائی وہ ہے جو محبت رکھے۔ نہ کہ وہ جو ہر وقت اپنے فائدے کا خیال کرے۔ **بھائی بھاؤ کرے تل مارے اوپر چاؤ کرے** (ھ) ظاہر تو بھائی کی طرح پیار کرے اور چاہت ظاہر کرے۔ اور باطن میں دشمنی کرے منافق کے متعلق کہتے ہیں۔ **بھائی جیسا دوست نہیں بھائی جیسا دشمن نہیں۔** دیکھو بھائی ایساں الخ۔ **بھائی دور پڑوسی نیڑے** ہمسایوں سے بھائیوں سے زیادہ تعلق ہو جاتا ہے۔ **بھائی نہ دے بھاؤ دے۔** بھاؤ کے مطابق بیچنا چاہئے۔ لحاظ نہیں کرنا چاہئے **بھا ہی سا ساہو نہ بھائی سا بیری** (ھ) دیکھو بھائی ایساں الخ **بھائی سو بھائی باقی چھینکے پر۔** بھائی کے سوا اور کسی کی پروا نہیں **بھائی کا بول اور ببولے کا چھول ترت جلتا ہے۔** بھائی کا طعنہ جلد اثر کرتا ہے اور ببولے کا چھلا ہوا فوراً جلتا ہے **بھائی کاٹھ کی روٹی پیٹ کو باندھوں بھوک نہ لگے۔** روپے کا کام باتوں سے نہیں چلتا۔ **بھائی کالے مانس صابن لگائے گورے نہیں ہوتے** بھیس بدلنے سے شریک نہیں ہوتا۔ **بھائی مار بڑا ریئے اور سالا گھر میں کھائے۔** یگانوں کا حق بیگانوں کو دینا **بھائی مس کھائے بھتیجے مس ڈکیے** احسان مند نہ رہنا چاہئے۔ **بھائیوں کے ڈنڈ ملو۔** اس جگہ کہا جاتا ہے جہاں کوئی شیخی مارے اور کام کر نہ سکے۔ پہلوان جیتے تو اس کے بازوؤں کو ملتے ہیں۔

بھائیپا۔ بھائیپن (ھ۔ مذکر) بھائی چارا۔

بھائیں (ھ) **بھائیں** (ہ۔ صفت) خوفناک۔ دہشتناک بھیانک **بھائیں بھائیں** (مونث) بھرے کی آواز **بھائیں بھائیں کرنا۔** (متعدی) خوف یا ڈر معلوم ہونا۔ ویرانی برسنا۔

بھبّر (ھ۔ مذکر) دیکھو بھبھر۔ **بھبروت** دیکھو بھبھوت۔

بھبّڑ (ہ۔ مذکر) ۱ ہجوم۔ انبوہ۔ بھیڑ مجمع کثیر ۲ شور و غل (عف) **بھبّڑ پڑنا** (لازم) ۱ غل و شور مچنا ۲ خوف یا دہشت پھیل جانا ۳ بھاگڑ یا افراتفری پڑنا۔

بھبک (ہ۔ امر) ۱ بھبکنا کا ۲ (مونث) شعلے یا بھاپ کا یکلخت اٹھنا۔ شعلے کی بھڑک ۳ نالی یا فوارے سے پانی کا زور سے نکلنا ۴ تیز بدبو کا یکلخت زور سے نکلنا ۵ سڑے کی بو تعفن ۶ شعلہ ۷ نہایت گرم بھاپ ۸ تیز بدبو (س باشپ۔ بھاپ) **بھبکا** (امر) ۱ بھبکانا کا ۲ (ماضی) بھبکنا کی ۳ (مذکر) دیکھو بھبک ۴ عرق کھینچنے کا ظرف ۵ پینے کا ایک برتن جو گلاس سے چوڑا ہوتا ہے۔ **بھبک اٹھنا** (لازم) ۱ بھڑکنا شعلہ اٹھنا ۲ سخت بدبو کی لپٹ آنا ۳ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا **بھبکانا** (ھ) ۱ جلانا۔ گرم کرنا ۲ بھڑکانا ۳ ابالنا ۴ روشن کرنا ۵ جوش میں لانا غصہ دلانا۔ ناراض کرنا ۶ گھوڑے کو ایڑ کرنا ۷ بندر کی طرح شکل بنا کر ڈرانا **بھبک جانا بھبکنا** (لازم) ۱ شیر کی طرح گرجنا ۲ زور سے نکلنا ۳ خوب کھولنا ۴ بھڑکنا۔ شعلہ اٹھنا ۵ جھلسنا۔ آگ لگنا ۶ غصہ ہونا۔ جوش میں آنا ۷ کثرت سے پانی گرنا ۸ ابلنا **بھبکی** (مونث) دھمکی گھرکی خوفناک شکل بنا کر ڈرانا **بھبکی دینا** (متعدی) ڈرانا۔ دھمکانا **بھبکی میں آجانا** (لازم) ڈر جانا۔ دھمکی میں آ جانا۔

بھبل (ھ۔ مونث) ۱ گھبرایا ہوا پریشان حیران ۲ ڈر یا گھبراہٹ سے سٹ پٹایا ہوا۔ آپے سے باہر ۳ اپنے آپ کو روکنے کے ناقابل۔

بھبوت (ہ۔ مونث) **بھبوتی** (ھ۔ مونث) وہ راکھ جو سادھو سنیاسی اپنے بدن پر ملتے ہیں (لگانا۔ ملنا کے ساتھ) (س وبھوت) **بھبوت رما لینا یا رمانا** (متعدی) سادھوؤں کا اپنے بدن پر راکھ ملنا ۲ سادھو ہونا۔ جوگ سادھنا بیراگ لینا۔

بہبود۔ بہبودی (ف۔ مونث) ۱ بھلائی بہتری خیر طلبی۔ فائدہ۔ نفع ۲ خیریت۔ عافیت ۳ خوش اقبالی۔ بلند بختی۔ طالع مندی ۴ ترقی۔ افزونی بیشی بہتات۔

بھبوکا (ہ۔ مذکر) ۱ شعلہ۔ شرارہ ۲ شعلے کی بھڑک بھبک ۳ (صفت) انگارے کی طرح سرخ۔ نہایت روشن ۴ سفید۔ براق۔ گورا ۵ خوبصورت حسین ۶ شوخ۔ طرار ۷ غضبناک خشمگیں ۸ گرم جلتا ہوا (س باشپ۔ بھاپ) **بھبوکا کرنا یا ہونا** (لازم) آگ بگولا ہونا غصے میں سرخ ہو جانا۔ بہت ناراض ہونا **بھبوکے اٹھنا** (لازم) غصے سے تن بدن میں آگ لگ جانا یا بخار چڑھ جانا یا شعلے اٹھنا۔ نہایت غصے ہونا ۲ آگ سے شعلے اٹھنا۔

بہبہا (ھ۔ صفت) ۱ بہتا ہوا۔ جاری۔ جاتا ہوا ۲ بہادر۔ دلیر ۳ عام۔ مشہور۔

بھبھاس (ہ۔ مذکر) ایک راگ کا نام۔

بھبھڑ بھبھڑ (ھ۔ مذکر) ڈر۔ خوف خطرہ ہیبت۔ ہول۔ کھٹکا۔ افراتفری۔ بھاگڑ۔ بھل بھل شور غوغا۔ شورش۔ ہلڑ۔ شور و غوغا **بھبھڑ پڑنا** (لازم) ڈرنا۔ ڈر سے بھاگنا۔ فرار ہونا۔ **بھبھرانا** (لازم) سوجنا۔ منہ کا سوجنا ۲ شبہ پڑ جانا۔ شک پڑنا ۳ ڈر لگنا۔ کھٹکا ہونا۔ ہول پڑنا۔ **بھبھڑنا** (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ کھٹکا ہونا۔ ہول پڑنا۔

بھبھکٹ (ھ۔ صفت) بھوکا

بھبھل (ھ۔ صفت) موٹا۔ فربہ

بھپارا (ھ) **بھبارا** (ہ۔ مذکر) ۱ جوش کی ہوئی دوا ۲ دم۔ فریب جھوٹ بات جو کسی کے خوش کرنے یا مطلب نکالنے کے لئے کی جائے ۳ (ھ) بھاپ بخارات۔ ابخرے ۴ جوش۔ ابال۔ تخمیر۔ سڑن ۵ دھونی تبخیر ۶ بخارات سے نہانا۔ بھپارا لینا (س واشپ۔ بھاپ) **بھپارا دینا** ۱ (متعدی) کسی جوش کی ہوئی چیز سے سینکنا یا بھاپ دینا ۲ (عف) فریب دینا **بھپارے دینا** (متعدی) دم جھانسا دینا۔ فریب دینا **بھپارے میں آنا** (لازم) دھوکے میں آنا۔ جال میں پھنسنا۔

بھپاڑا (ع۔ مذکر) ۱ بھپارا۔ دم ۲ دھوکا۔ فریب۔

بھپکا (ہ۔ مذکر) دیکھو بھبکا۔

بھپکنا (ہ۔ لازم) دیکھو بھبکنا۔ **بھپکی** (مونث) دیکھو بھبکی۔

بھپے (ہ۔ مذکر) جمعرات۔ پنجشنبہ۔

بھت (ہ۔ مذکر) بھات کا مخفف۔

بھت کلھیا (مونث) چھوٹی لڑکیوں کی ہنڈیا۔ وہ کھانے جو چھوٹی لڑکیاں چھوٹے برتنوں میں پکاتی ہیں۔

بہت (ع۔ مذکر) یکایک حملہ کرنا ۲ حیران کرنا ۳ تعجب۔ حیرانگی۔

بہت (ہ۔ صفت) ۱ نہایت زیادہ کثرت سے ۲ افراط سے۔ فراواں ۳ کئی ۴ نہایت زیادہ۔ بے انتہا۔ لاتعداد۔ انگنت ۶ بڑا۔ بسیج ۹ (مذکر) بہتات ۱ افراط۔ کافی۔ کثرت (س۔ تمیز) **بہت اچھا** ۱ بہتر۔ اچھا۔ نہایت اچھا ۲ ہاں۔ بہت بہتر (کسی سوال کے جواب میں) ۳ دیکھا جائیگا۔ کیا مضائقہ ہے (دھمکی کے طور پر) ۴ (طنزاً) کیا کہینگے واہ واہ **بہت اڑنا** (لازم) دون کی لینا۔ چالاکی کرنا **بہت اولاد بھی غضب ہے**۔ بہت بچے ہونا بھی بہت تکلیف کا موجب ہوتے ہیں **بہت برا کیا**۔ نہایت برا کام کیا۔ سخت غلطی کی **بہت بری کی**۔ خطا کی۔ غلطی کی۔ دھوکا کھایا **بہت بڑی چوک ہوئی**۔ بڑی غلطی ہوئی۔ خطا ہوئی **بہت بڑی عمر ہے** جب کسی کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ آجائے تو کہتے ہیں انگریزی میں اس کی جگہ کہتے ہیں۔ کہ شیطان کا ذکر کرو تو وہ آموجود ہوتا ہے یا فرشتے کا ذکر کرو تو اس کے پروں کی آواز سن لو **بہت بہت پوچھنا** (متعدی) ۱ مزاج پرسی کا پیغام دینے کے موقعہ پر کہتے ہیں ۲ ہماری طرف سے مزاج پرسی کرنا **بہت بہتر**۔ **بہت ٹھیک** (تف) بہت اچھا۔ **بہت چل نکلنا** (لازم) ۱ بہت ہوشیار یا چالاک ہوجانا ۲ اترانا یا غرور کرنا ۳ گستاخ ہوجانا **بہت خاک اڑانا** (لازم) بہت کوشش یا محنت کرنا۔ بہت تلاش کرنا۔ آوارہ گردی کرنا **بہت خاک چھانی ہے**۔ بہت تلاش کی ہے **بہت خوب** بہت اچھا **بہت دم دینا** (متعدی) بہت کوشش کرنا۔ بہت فریب کرنا **بہت دم دلاسا دینا** (متعدی) بہت تسلی دینا۔ بہت فریب دینا **بہت دن آگیا آیا یا چڑھا**۔ آفتاب بہت بلند ہونا۔ دن کا بہت سا وقت گزر جانا **بہت دنوں یاد کروگے**۔ بہت پچھتاؤگے **بہت دور** ۱ ہوشیار۔ چالاک۔ دوراندیش ۲ زیادہ فاصلے **بہت دور نکلنا** (لازم) بڑا ہوشیار یا چالاک ثابت ہونا **بہت دور و بک کرنا** (متعدی) دھمکانا۔ ڈانٹنا **بہت دور ہو**۔ بڑے حضرت ہو بڑے ہیڈ مصب ہو۔ نہایت مستغنی ہو۔ بڑے چالاک ہو **بہت دن پڑے ہیں** بڑا وقت ہے **بہت رات آئی یا گئی**۔ رات کا کافی حصہ گزر گیا **بہت رات آئے یا گئے**۔ رات کا بڑا حصہ گزرے یا گزرنے پر **بہت سا باسی** (صفت) کثرت سے **بہت سر پٹخا یا پٹکا**۔ بہت کہا۔ بہت سمجھایا۔ بہت کوشش کی **بہت شور سننا** (لازم) بڑی شہرت ہونا۔ بہت مشہور ہونا **بہت کچھ**۔ بڑا۔ زیادہ **بہت کچھ کہنا** منتیں کرنا۔ دیر تک سمجھانا **بہت کرکے** اکثر۔ بارہا۔ بکثرت **بہت کرنا**۔ زیادہ خاطر کرنا **بہت گھول میل ہے**۔ بڑا میل جول ہے۔ بڑا یارانہ ہے **بہت مبارک**۔ نہایت اچھا کام ہے۔ بہت اچھا **بہت مناسب ہے**۔ درست ہے۔ ٹھیک ہے **بہت نہا کاتنا** (متعدی) بہت سوچنا۔ بہت غور و فکر کرنا **بہت ہوگا**۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا **بہت ہے** ۱ کافی ہے۔ زیادہ ہے ۲ بڑی مہربانی ہے۔ بڑی بات ہے ۳ برکت ہے نہیں ہے (بعض عورتیں نہیں ہے کہنا منحوس سمجھتی ہیں وہ یہ کہتی ہیں) **بہت ہی بہت ہے** (؟) کچھ نہیں **بہت یاد ہیں** معلوم ہیں۔ مشق میں ہیں **بہت یار ہی بن گئے** بہت بے تکلف ہوگئے۔ بالکل نڈر ہوگئے۔

امثال و اقوال۔ **بہت آنتا ہی جیو کا کال ہے** (ہ) سخت ظلم کا نتیجہ ظالم کی موت ہے۔ ظالم عموماً قتل ہوتا ہے **بہت آتیت (بھنڈ) مٹھ خرابا** (ہ) بہت آدمی ہوں تو کام خراب ہوجاتا ہے **بہت سونا دلدر کی نشانی** ضرورت سے زیادہ سونا نحوست ہے۔ **بہت قریب زیادہ رقیب**۔ قرابتی کو حسد زیادہ ہوتا ہے۔ رشتے دار زیادہ دشمن ہوتے ہیں۔ **بہت کتھنی تھوڑی کرنی** (ہ) باتیں بہت کرنا اور کام تھوڑا کرنا۔ شور بہت اور کام تھوڑا۔ **بہت کٹ گئی۔ تھوڑی رہ گئی**۔ بہت گئی تھوڑی رہی۔ تھوڑی سی زندگی باقی ہے **بہت مار میں آدمی تو بہ بھول جاتا ہے** ۱ جب ہر طرف سے حملہ ہوتا ہے تو انسان بدحواس ہوجاتا ہے ۲ جب چاروں طرف سے مصیبتیں آپڑتی ہیں تو انسان کو کچھ نہیں سوجھتا۔ **بہت مار میں رونا نہیں آتا**۔ بہت مصیبتیں پڑ جائیں تو شکایت نہیں کی جاتی۔ **بہت مٹھائی میں کیڑے پڑتے ہیں**۔ بہت بے تکلفی کا نتیجہ جھگڑا فساد ہوتا ہے۔ بہت میل جول کا نتیجہ خراب ہوتا ہے۔ **بہت نکٹوں میں ایک ناک والا نکو**۔ بہت عیب داروں میں ایک بے عیب والا گنا جاتا ہے ÷

بھت (س صفت) ۱ دیوار۔ بھیت ۲ توڑنا۔ ٹوٹی ہوئی چیز۔ ٹکڑا ۳ شکل۔ تصویر ۴ نقص۔ سقم ۵ جگہ۔ موقعہ ۶ وقت۔ موقعہ۔ محل ۷ بنیاد گاہ۔ دارالامان۔ ملجا۔

بھت (ہ) دیکھو بھوت **بھت کا**۔ **بھتو کا** (صفت) کلمۂ تضحیک۔

بہتت (ع۔ مذکر) ۱ جھوٹا الزام لگانا بہتان لگانا۔

بہتا (س۔ مونث) ۱ دیکھو بہتات (صفت) تیسرا اترنے والے عموماً تیسرے کی بجائے بہتا کہتے ہیں

بھتا (ہ۔ مذکر) ۱ سفرخرچ۔ خوراک۔ روزانہ۔ زادراہ۔ کوئی رقم جو سرکاری ملازموں کو علاوہ تنخواہ کے ملے ۲ کاشتکاروں کو پیشگی بلا سود۔ جنس جو ہل چلانے والوں کی اجرت میں دی جائے۔ (س بھج۔ بانٹنا) ۳ دھونکنی ۴ ابلے ہوئے چاول ابھات سے) **بھتا خیمہ** (مذکر) خیمے کا خرچ ۲ دورے میں ۔

بہتات (ہ۔ مونث) زیادتی۔ کثرت افراط۔ وفور۔ افزونی۔ افزائش۔ بڑھوتری۔ (بہت سے)

بھتار (ہ۔ مذکر) لفظی معنی عزت لینے والا۔ خاوند۔ شوہر **بھتار کر لینا یا کرنا** (متعدی) شادی کرنا۔ بیاہ کرنا ÷

بہتان (ع۔ مذکر) ۱ تہمت۔ افترا۔ ظلم۔ کلنک۔ نندا۔ حرف۔ طوفان۔ تھڈا ۲ الزام۔ بدنامی۔ عیب (ع۔ ؟) **بہتان اٹھانا** (متعدی) الزام لگانا۔ **بہتان باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) الزام لگنا۔ تہمت لگنا۔ **بہتان**

(متعدی) بہتان باندھنا۔ بہتان دھرنا (متعدی) الزام لگانا۔ بہتان رکھنا یا لگانا (متعدی) لگنا (لازم) الزام لگنا تہمت لگنا بہتان لینا (متعدی) دیکھو بہتان رکھنا۔

بُھتاہا (ہ۔ صفت) ۱ جس پر بھوت سوار ہو ۲ شریر۔ پاجی۔ شیطان۔ موذی۔ خبیث۔

بُہتائی۔ بُہتایت (ہ۔ مونث) بہتات۔

بَہتّر (ہ۔ صفت) ۱ ستر اور دو۔ ۷۲۔ ۲ بہت کثرت (س دوی۔ دو سپتت۔ ستر) بہتر تن (مذکر) کنایہ حضرت امام حسینؑ کے ہمراہیوں سے جو کربلا میں ان کے ساتھ تھے بہتر کھیلنا (متعدی) کئی ادا کام کرنا۔ دیگر کام کرنا۔

بَہُتر (س۔ صفت) کئی طریقوں سے کئی طرح سے۔ کئی جگہ پر۔

بِہتر (ف۔ صفت) بہ کی تفضیل بعض ۱ زیادہ اچھا۔ عمدہ۔ اعلے۔ افضل ۲ (کسی بات کے جواب میں) بہت اچھا۔ ہاں بہت خوب ۳ خیر کچھ مضائقہ نہیں بہتر بہتر۔ بہت اچھا۔ ہاں۔ بہت اچھے زیادہ اچھے بہتر جاننا (لازم) اچھا سمجھنا۔ ترجیح دینا بہتر کام (مذکر) اچھا کام۔ عمدہ بات۔ بہتری (مونث) بھلائی۔ بہبودی۔ خیریت۔ بہتری جاننا (متعدی) بھلائی سمجھنا۔ بہترین۔ بہ کی تفضیل کل۔ نہایت اچھا۔ اعلے۔ افضل۔ بہترین خلق (مذکر) پیغمبر صلعم۔

بِھتِکا (س۔ مونث) ۱ دیوار ۲ چھچھوندر۔

بُھتنا (ہ۔ مذکر) بھوت کی تصغیر ۱ خبیث روح شیطان ۲ بدصورت آدمی ۳ مٹی میں لتھڑا ہوا بچہ۔ بُھتنی (مونث) بھتنا کی۔ بھتنے کی چڈی (مونث) لڑکوں کا کھیل بھتنی ہو کر چمٹنا (لازم) سر ہو جانا۔ پیچھے لگ جانا۔ گلے کا ہار ہونا۔

بھتّی (ہ۔ مونث) وہ کھانا جو ماتم کے موقع پر قریبی رشتہ دار بھیجتے ہیں۔ حاضری۔ طعام ماتم۔ بھتی پکاؤں (کوسنا) ماتم کروں۔ مرجاؤ۔ بھتی کھانا (متعدی) ماتم کرنا بھتی کھلانا (لازم) ۱ کوسنا۔ بد دعا دینا ۲ حلف دینا۔ بھتی کھائے (ع‍و) قسم دلانے کے موقع پر (بیماری کے ساتھ) ہمیں پیٹے۔ ہمیں روئے۔

بُھتیانا (ہ۔ لازم) ۱ شیطان کی طرح ہونا ۲ بہت تیز ہونا ۳ بہت غصے میں ہونا۔

بَھتیجا (ہ۔ مذکر) بھائی کا لڑکا۔ سالے کا لڑکا۔ جیٹھ دیور کا لڑکا (س بھاتری۔ بھائی + ج بیٹا) بھتیجی (مونث) بھائی کی لڑکی۔ سالے کی لڑکی۔ جیٹھ یا دیور کی لڑکی۔

بُہتیر (ہ) **بُہتیرا** (ہ۔ صفت) ۱ بہت۔ کئی۔ زیادہ۔ بہت زیادہ۔ بڑا ۲ کثیر۔ وافر۔ کافی۔ گھنا ۳ زیادہ تر۔ بہت سا۔ ہزار ہا مرتبہ۔ (بہت سے) بہتیرے (تف) کثرت سے بہتیرے ہاتھ پاؤں پیٹے یا مارے ۱ بہت کوشش کی بڑی محنت کی ۲ بہت منت کی۔ بہت دہائی مچائی۔

مثل۔ بہتیرا گاؤ بجاؤ کوڑی نہ پاؤ۔ چاہے کتنی کوشش کرو کچھ نہیں ملنے کا۔

بَھٹ (ہ۔ مذکر) ۱ بھٹی۔ چولھا۔ تنور ۲ بھٹا ۳ غار۔ کھوہ جن میں جنگلی جانور رہتے ہیں۔ سانپ کا بل ۴ بدقسمتی۔ نحوست (س بھراشٹر۔ تنور) ۲ (ہ) ایک قسم کی گھاس۔ بھٹ پڑنا (لازم) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ بدقسمت ہونا ۲ گالیاں پڑنا۔ بھٹ پڑو (کوسنا) مرو۔ تباہ ہو۔

امثال واقوال بھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان۔ جس چیز سے نقصان ہو وہ کس کام کی۔ **بھٹ پڑے وہ زمانہ نتنی کو گھورے نانا** (ہ) نتنی بیٹی کی لڑکی ایسا زمانہ تباہ ہو جب نانا اپنی بیٹی کی لڑکی کی طرف بری نظر سے دیکھے۔ یہ ایسے موقع پر بولتے ہیں جب بوڑھا آدمی جوان سے شادی کرنا چاہے۔

بَھٹ (ہ۔ مذکر) بھاٹ کا مخفف۔

مثل۔ بھٹ بھٹیاری طبیوا تینوں جات کجات۔ آتے کا آدر کریں جات نہ پوچھیں بات۔ یہ سب اپنی غرض کے یار ہوتے ہیں۔

بَھٹ (س۔ مذکر) ۱ تنخواہ دار سپاہی۔ مبارز ۲ جس کا حقہ پانی بند ہو۔ ذات برادری سے خارج کیا ہوا آدمی ۳ وحشی۔ جنگلی ۴ ایک رذیل قوم جو برہمن باپ اور نٹنی ماں کی اولاد ہے۔ بھاٹ بھٹ تیتر (ہ) ایک بڑا جنگلی تیتر جو ریگستانوں میں بہتات سے پایا جاتا ہے۔

بَھٹّ (س۔ مذکر) ۱ عالم۔ فاضل ۲ وِدوان۔ پنڈت ۳ فلسفہ دان۔ حکیم ۴ مرہٹہ برہمنوں کی ایک ذات ۵ مالک۔ آقا ۶ دشمن ۷ بھاٹ

بُہٹا (ہ۔ مذکر) ایک زیور جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔

بَھٹّا (ہ۔ مونث) اندرائن کا پھل تلخ کھیرا۔

بَھٹّا (ہ۔ مذکر) ۱ دھونکنی ۲ زرد رنگ کی مٹی جو دیواروں کو رنگنے کے کام آتی ہے ۲ (ہ) اینٹیں یا چونا پکانے کی بھٹی۔ پزاوہ ۳ چولھے کی کی جلی ہوئی مٹی۔ بھٹّا لگانا (متعدی) ۱ اینٹوں یا چونے کے پکانے کا کام کرنا ۲ بھٹے میں آگ لگانا۔ بھٹا لگ گیا۔ جل کر خاک سیاہ ہوگیا۔ دیمک کھا گئی۔

بِھٹا۔ بَھٹّا (ہ۔ مذکر) ۱ جھونپڑی کٹی۔ منڈھلیا ۲ بل۔ بھٹ یا غار جنگلی درندے کا۔ سور باڑہ۔ خوک خانہ۔

بُھٹّا (ہ۔ مذکر) مکی کی گکڑی۔ جوار کی بالی (س بھرشٹ۔ بھنا ہوا) بھٹا سا اڑا دینا (متعدی)، اُڑ جانا یا اڑنا (لازم) صفائی سے سر اُڑ جانا۔ ایک ہی ہاتھ میں فیصلہ ہونا۔ بھٹے کی بالی (مونث) مکی کی گکڑی۔ بھٹے کی گلی (مونث) بھٹے کا وہ حصہ جس میں دانے جمے ہوئے ہوتے ہیں۔

بَھٹّارک (س۔ صفت) ۱ قابل عزت یا تعظیم۔ معزز ۲ (مذکر) عالم۔ فاضل۔ حکیم۔ پنڈت ودوان۔

بَھٹک (ہ۔ اس) بھٹکنا کا ۱ (مونث) گمراہی۔ ضلالت۔ راہ راست سے دور جا پڑنا ۲ تیر کا نشانے پر نہ پڑنا ۳ کوٹے ہوئے لوہے کی خاک ۵ جلد۔ فوراً (س بھرشٹ۔ گرا ہوا) بھٹکا (امر) ۱ بھٹکانا کا ۲ (ماضی) بھٹکنا کی ۳ (صفت) گمراہ۔ گم گشتہ۔ راہ راست سے دور۔ بھٹکا بھٹکا کر مارنا (متعدی) ۱ سخت تنگ کرنا۔ آوارہ اور پریشان کرنا۔ بھٹکا پھرنا (لازم) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ بھٹکانا (متعدی) ۱ دھوکا دینا۔ بہکانا۔ گمراہ کرنا۔ راہ ضلالت میں ڈالنا ۳ آوارہ پھرانا ۴ ڈرانا۔ بھٹکاؤ (مذکر) وسوسہ۔ تردد۔ بھٹکنا پھرنا (لازم) ۱ گمراہ ہونا ۲ آوارہ پھرنا۔ بھٹکنا (لازم) ۱ گمراہ ہونا ۲ رستہ بھولنا۔ بے راہ

ہونا ۳ آوارہ ہونا۔ سرگرداں پھرنا ۴ ڈھونڈنا۔ تلاش میں رہنا ۵ چاہنا۔ خواہش کرنا۔ **بھٹکوانا** (مم) بھٹکنا کا۔

بھٹکٹائی۔ بھٹکٹیا (ہ۔ مونث) ایک خاردار جھاڑی۔ بن کٹیا۔ بنک کٹیا۔

بھٹلا (ہ۔ مذکر) ارہر۔ چنے اور مونگ کے ملے ہوئے آٹے کی روٹیاں یا چپاتیاں۔

بھٹ جانا۔ بھٹنا (ہ۔ لازم) ۱ کسی چیز پر رنگ یا میل کا چھا جانا ۲ آلودہ ہو جانا۔

بھٹنا (ہ۔ لازم) چھونا۔ دوسرے کو لگنا۔ چھوت سے پیدا ہو جانا۔

بھٹنی (ہ۔ مونث) ۱ بھاٹ کی بیوی ۲ بھاٹ قوم کی عورت۔ بھاٹن۔

بھٹنی (ہ۔ مونث) سر پستان۔ چوچی۔ ٹمکنا۔

بھٹو (ہ۔ حرف ندا) اے بہن۔ بہنا۔

بھٹو (ہ۔ صفت) بیوقوف۔ احمق

بھٹوا (ہ۔ مذکر) نرم خشک زمین جو صرف موسم خزاں میں فصل دے۔

بھٹواس (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا غلّہ۔ **بھٹولر** (ہ۔ مذکر) ۱ زمین جو بھاٹوں یا گویوں کو انعام دی جائے ۲ زمین جو برہمنوں کو دی جائے۔

بھٹھیال (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا مرثیہ جو حضرت حسنؑ اور حسینؑ کی یادگار میں پڑھا جاتا ہے۔

بھٹھیانا (ہ۔ لازم) ۱ دریا کے بہاؤ کی طرف چلنا ۲ پانی کا گھٹنا۔ اترنا ۳ (متعدی) غرق کرنا۔ ڈبانا ۴ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

بھٹئی (ہ۔ مونث) بھاٹ کا پیشہ یا کام۔ بھاٹ کی سی تعریف یا خوشامد۔ قصیدہ۔ ثنا۔ صفت۔ مدح۔ استوتی (بھاٹ سے)

بھٹی (ہ۔ مونث) ۱ لوہاروں شیشہ گروں دھوبیوں۔ شراب کھینچنے والوں۔ سناروں۔ بھٹیاروں وغیرہ کا آتشدان یا بڑا چولہا ۲ وہ جگہ جہاں شراب کھینچی جائے ۳ راجپوتوں کی ایک ذات ۴ پزاوہ۔ کمہاروں کا برتن بنانے کا آتشدان ۵ دھوبیوں کا بڑا دیگچہ جس میں کپڑے ابالتے ہیں (ہ) بھرا شہر۔ **بھٹی چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) کپڑوں کا صابون یا مسالا لگ کر بھٹی پر جوش دیا جانا۔ **بھٹی دار** (مذکر) کلال۔ شراب کھینچنے والا میفروش

بھٹیا (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا پزاوہ ۲ سب سے گھٹیا قسم کی زمین۔

بھٹیارا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو سرائے میں مکانات کرائے پر دیتا اور مسافروں کی خدمت کرتا ہو ۲ کھانا پکا کر بیچنے والا۔ نانبائی ۳ ایک قوم جو کھانا پکانے کا کام کرتی ہے (بھٹی سے) **بھٹیارپن** (مذکر) ۱ بھٹیارے کا پیشہ۔ باورچی گری ۲ کمینہ پن۔ **بھٹیارخانہ** (مذکر) ۱ سرائے کارواں سرائے ۲ کمینہ لوگوں کے مل بیٹھنے کی جگہ ۳ ٹھیرانے کی جگہ۔ ۴ بھٹیاری کا گھر ۵ وہ جگہ جہاں ہر شخص بغیر روک ٹوک جا سکے ۶ وہ جگہ جہاں بہت غل و شور مچتا رہے۔ مجمع عوام۔ **بھٹیارن۔ بھٹیاری** (مونث) بھٹیارے کی بیوی ۲ بھٹیارے کا کام کرنے والی عورت۔ بھٹیارہ کی عورت ۳ ایک پرندہ۔ **بھٹیاریوں کی سی لڑائی** (مونث) بھٹیاریاں لڑنے کے لئے مشہور ہیں۔

بھج (ہ۔ صفت) ۱ بھاگنے والا گریزاں مفرور ۲ زور سے دوڑنے والا۔

بھج۔ بھجا (س۔ مذکر) ۱ بازو۔ اوپر کا بازو ۲ ہاتھی کی سونڈ ۳ (علم ہندسہ) کسی مستقیم الخطین شکل کا ضلع۔ مثلث قائم الزاویہ کا ایک ضلع ۴ (علا) سورج کا فاصلہ زمین کے محور سے چاند کا فاصلہ کسی نقطہ راس ذنب سے **بھجا بھوشن** (مذکر) بازوبند۔ بازو کا زیور۔ **بھجا ڈنڈ** (مذکر) لمبا اور سخت بازو۔ **بھجا ڈنڈ ہی کہے دیتے ہیں** (ہ) طنزاً۔ جب کوئی شیخی مارے اور کام نہ کر سکے تو کہتے ہیں۔ **بھج بل** (مذکر) گھوڑے کے بازو کی بھونری۔ **بھج بل بھیم** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھج بلن** (مذکر) ایک جین گرو۔ **بھج بند یا بندھ** (مذکر) ۱ ایک زیور جو بازو پر باندھا جاتا ہے۔ بازوبند ۲ کوئی چیز جو بازو کے اوپر کے حصے میں باندھی جائے۔ **بھج بھر** (مذکر) ۱ بازو بھر کے ۲ بغلگیری۔ **بھج ڈنڈ** (مذکر) نہایت سخت بازو۔ ایسے سخت بازو جیسے ڈنڈا۔ **بھجرام** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھج مول**۔ بازو کا اوپر کا حصہ مونڈھے کے نزدیک۔ **بھج نگر** (مذکر) ایک شہر۔

بھجالی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی ٹیڑھی چھری۔

بھجانا (ہ) دیکھو بھگانا۔ دیکھو بہنا۔

بھجانا (ہ۔ متعدی) ۱ بھگونا ۲ بھجوانا۔

بھجاوٹ (ہ۔ مذکر) موٹا تختہ۔ جسے شہنیروں پر ڈاٹ لگانے یا چھت پاٹنے کے کام میں لاتے ہیں۔

بہجت (ع۔ مونث) ۱ خوبصورتی حسن۔ جمال ۲ خوبی۔ شان۔ برتری ۳ شوکت۔ رونق۔ جاہ و جلال۔ عظمت۔ احتشام۔ ٹھاٹھ ۴ خوشی۔ فرحت۔ خرمی۔ آنند ۵ پھرتی۔ چالاکی۔ چستی۔ مستعدی

بھجنت (س۔ صفت) ۱ عزت کرنے والا۔ خدمت کرنے والا ۲ انتظار کرنے والا۔ منتظر ۳ زنا کرنے والا۔

بھجشیہ (س۔ مذکر) ۱ آزاد یا خود مختار آدمی ۲ نوکر۔ خادم۔ غلام ۳ ایک دھاگا جو کمر میں لپیٹا جاتا ہے۔

بھجک (س۔ مذکر) ۱ بانٹنے یا تقسیم کرنے والا شخص ۲ پوجاری۔ **بھجک جمان** (صفت) ۱ حصہ کرنے والا ۲ مناسب۔ لائق ۳ (مذکر) کسی راجہ کا نام۔ **بھجک جن** (مذکر) ۱ ایک راجہ ۲ بانٹنے کا فعل ۳ قبضہ۔ عزت۔ پرستش۔ **بھجک جانند** (مذکر) ایک مصنف۔

بھجگ (س۔ مذکر) ۱ سانپ۔ مار۔ ناگ ۲ ناگ دیت۔ **بھجگ راجہ** (مذکر) شیش ناگ۔ **بھجگی** (مونث) ایک دریا کا نام۔

بھجن (س۔ مذکر) ۱ حصہ۔ بخرہ ۲ قبضہ ملکیت ۳ زنا کرنا۔ مجامعت کرنا ۴ خدمت۔ ملازمت نوکری ٹہل۔ سیوا ۵ عبادت۔ پرستش۔ پوجا ۶ خدا کی حمد و ثنا شعر یا گیت میں ۷ دیوتاؤں کی استوتی۔ **بھجنا** (متعدی) ۱ پوجا کرنا۔ بھجن کرنا ۲ بھاگنا۔ بھاجنا۔ **بھجن بھاؤ** (مذکر) دوسروں کی خدمت۔ ٹہل۔ سیوا۔ **بھجن پشتک** (مذکر) گیتوں یا پوجا کی پوتھی

یاکتاب۔ بھجن کرنا (متعدی) ۱ خدا کا نام یاد کرنا۔ حمد پڑھنا ۲ وظیفہ پڑھنا۔ عبادت کرنا ۳ وظیفہ کرنا۔ بھجن کرو ۱ ایشور کا نام لو۔ خدا کا نام لو۔ رام رام کرو۔ ۲ توبہ کرو۔ بھجن گانا (متعدی) ۱ خدا کا دھیان کرنا ۲ شکریہ ادا کرنا۔ قصیدہ کہنا ۳ خوشی منانا۔ آنند کرنا۔ آنند کے تار بجانا ۴ گیت گانا

مثل۔ بھجن اور بھوجن اکانت میں بھلے۔ دُعا اور کھانا تنہائی میں اچھے ہوتے ہیں۔

بھُجنا (ہ۔ مذکر) بھُنا ہوا اناج۔

بھُجنگ بھُجنگا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک سیاہ رنگ کا پرند جو کوئل سے مشابہ ہوتا ہے۔ بھنگراج ۲ کالا پھندار سانپ ۳ (صفت) نہایت کالا۔ سخت سیاہ۔ عموماً کالا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (س بھج۔ ٹیڑھا ہونا) بھجنگ پریات (ہ) ایک ہندی بحر۔ بھجنگے اُڑانا (متعدی) ۱ سخت تکلیف میں ہونا۔ بہت مصیبت ہونا ۲ مفلس ہونا۔ غریب ہونا۔ کنگال ہونا ۳ جھوٹی خبریں اُڑانا۔ غلط افواہیں مشہور کرنا۔

بھُجنگم (س۔ مذکر) سانپ۔

بھُجنگی (س۔ مونث) ایک ہندی بحر بھجنگ پریات۔

بھُجنیک (ہ۔ صفت) ۱ گانے والا۔ بھجن گانے والا ۲ پوجا کرنے والا۔ پرستش کرنے والا۔

بھجوا دینا۔ بھجوانا (ہ۔ م) بھیجنا کا

بھُجیا (ہ۔ مونث) ۱ پکایا یا بھنا ہوا ساگ۔ بھُنی ہوئی ترکاری۔ بھاجی ۲ بھُنے ہوئے دھان یا گیہوں۔

بھُجیو (س۔ مذکر) ۱ امیر۔ دولتمند ۲ تگر کا ایک بیٹا ۳ برتن۔ بھانڈا ۴ خوراک ۵ آگ۔

بھِچ (ہ۔ امر) بھچنا کا (س وِشری ٹوٹنا) بھچا (ماضی) ۱ بھچنا کی ۲ (صفت) دبا ہوا پست۔ تنگ۔ بھِچ جانا۔ بھچنا (لازم) ۱ دبنا۔ پچکنا ۲ سمٹنا۔ اکٹھا ہونا ۳ مجبور ہونا۔ لاچار ہونا ۴ شرمانا۔ لجانا۔ جھینپنا ۵ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۶ کچلا جانا۔ چورا چورا ہونا۔

بھچّ (ہ۔ صفت) ۱ بد اخلاق۔ بدتمیز۔ جاہل۔ گنوار ۲ نہایت موٹا۔ نہایت کالا ۳ ان پڑھ ۴ نوگرفتار (مذکر) وحشی یا جنگلی آدمی۔ گنوار شخص۔ بیوقوف یا جاہل شخص۔

بھچا (ہ۔ صفت) دبا ہوا۔ پست۔ تنگ۔

بھچ جانا (ہ) دیکھو بھچنا۔

بھچک (ہ۔ امر) بھچکنا کا ۲ (صفت) ڈرا ہوا۔ حیران۔ پریشان۔ متحیر ۳ حواس باختہ۔ حیرت زدہ۔ ہیبت زدہ۔ ہکا بکا۔ اُردو میں صرف بالفتح ہے (س بھئے۔ ڈرنا) بھچکانا (ہ۔ متعدی) ۱ حیران کر دینا۔ متحیر کرنا۔ تعجب میں ڈالنا ۲ خوفزدہ کرنا۔ ڈرانا۔ بھچک رہ جانا۔ بھچک رہنا۔ بھچکنا۔ بھچک ہو کر رہ جانا (لازم) ۱ حیران ہونا۔ ششدر ہونا۔ متحیر ہونا ۲ حواس باختہ ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔

بھچّھک (ہ۔ مذکر) دیکھو بھبکشک۔

بھچکر (س۔ مذکر) ۱ آکاس۔ چرخ فلک ۲ منطقۃ البروج۔ راس منڈل۔ راس چکر۔

بھچیڑ (ہ۔ مونث) تنگی۔ بے ایمانی (عف) بھچیڑ لانا (متعدی) تنگدلی کرنا۔ بے ایمانی کرنا ۲ مچلنا۔ فیل لانا ۳ انکار کرنا۔ کہ دینا ۴ دیتے دیتے رک جانا۔ ہاتھ کھینچ لینا۔

بھد (ہ۔ مونث) ۱ نرم چیز پر گرنے کی آواز ۲ ہلکی سی ضرب کی آواز ۳ ذلت۔ بدنامی۔ بے وقعتی (کرنا ہونا کے ساتھ) بھد بھد (مونث) ۱ لگاتار گرنے کی آواز ۲ موٹے آدمی یا بطخ کے چلنے کی آواز ۳ مار جو پیٹ بجانے سے نکلتی ہے بھدبھدانا (ہ) ۱ بھد بھد کی آواز پیدا کرنا ۲ دو نرم چیزوں کو ایک دوسرے پر مار کر آواز پیدا کرنا ۳ بار بار مارنا۔ کوٹنا ۴ درخت کی شاخوں کو ہلا کر میوہ گرانا ۵ کچا اناج کاٹنا بھد بھداہٹ (ہ) آواز جو پھل کے بار بار گرنے سے پیدا ہو۔ بھد سے (نف) بھد کی آواز کے ساتھ۔

بھدّا (ہ۔ صفت) ۱ بدشکل۔ بدصورت ۲ بہت موٹا۔ فربہ ۳ بھونڈا۔ بے ڈھنگا۔ بے ڈول ۴ بیوقوف۔ احمق ۵ سست۔ کاہل ۶ پھوہڑ۔ ناتراشیدہ۔ اناڑی (س بھدر)

بھداک۔ بھداکا (ہ۔ مذکر) نرم چیز پر گرنے کی آواز۔ دھماکا۔ پٹخنا۔ بھداکا دینا یا سنانا (متعدی) گرا دینا۔ دے مارنا۔

بھدانا (ہ۔ متعدی) کسی چیز میں نمک جذب کرنا

بھدانا (ف۔ مذکر) اصل میں بے دانہ ہے بمعنی بغیر بیج ۱ ایک قسم کا توت ۲ ایک قسم کا انار ۳ ایک قسم کا چھوٹا انگور ۴ (بہی دانہ) بہی کا بیج اس کا لعاب زکام اور گلے کی درد کے لئے بہت مفید ہے۔

بھدانہر (ہ۔ مذکر) اناج کاٹنا۔ جبکہ وہ ابھی کچا ہو۔

بھدر (س۔ صفت) ۱ اچھا۔ بھلا عمدہ۔ چنگا خوب ۲ حسین۔ خوبصورت ۳ کامیاب بختاور۔ اقبالمند۔ بھاگوان۔ پھیلتا پھولتا ۴ خوش۔ خرم۔ خورسند۔ آنند ۵ خوش قسمت۔ شبھ۔ مبارک۔ سعید ۶ مہربان۔ مشفق۔ شفیق۔ خیراندیش۔ خیرخواہ ۷ پاک۔ صالح۔ متقی۔ پارسا۔ دھرمی۔ ستی۔ جتی ۸ اعلیٰ۔ عمدہ۔ افضل۔ بہتر۔ قابل۔ لائق ۹ پیارا۔ عزیز۔ معشوق۔ محبوب۔ دلدار۔ دلارا۔ دلبر۔ چہیتا ۱۰ (مذکر) نہایت اچھا آدمی ۱۱ نجومی۔ جوتشی۔ رمال ۱۲ ٹھگ۔ مکار۔ فریبی ۱۳ خوش قسمتی۔ اقبال۔ اقبالمندی طالعمند۔ نیک بختی۔ سعادت۔ برکت۔ بہبودی۔ عروج۔ سہاگ ۱۴ خوشی۔ خرمی۔ آنند ۱۵ ایک خوشبودار گھاس ۱۶ سونا۔ زر۔ طلا ۱۷ لوہا۔ فولاد ۱۸ استوان کرن ۱۹ شوجی ۲۰ ایک جانور ۲۱ بیل۔ سانڈ ۲۲ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ طومار ۲۳ کوہ میرو ۲۴ ایک دیوتا ۲۵ ایک قوم۔ بھدر (مونث) ۲۶ گائے ۲۷ کئی پودے ۲۸ ایک بحر یا وزن ۲۹ دوسری ساتویں اور بارھویں تاریخ کا نام ۳۰ خوش قسمتی۔ صحت ۳۱ (مذکر) سونا ۳۲ کئی ساسنوں کا نام بھدر آسن (مذکر) ۱ تخت۔ گدی ۲ سادھوؤں کی نشست کا ایک طریقہ۔ بھدر اکشا (مونث) ایک بیج جس کی مالا بنتی ہے بھدر پد (مونث) پچیسویں اور چھبیسویں نچھتر کا نام بھدر پرانا (مونث) ایک پودا۔ بھدر پرنی (مونث) ایک درخت۔ ایک پودا۔ بھدر جو (مذکر) ایک پودے کا بیج۔ بھدر چوڑ (مذکر) ایک پودا بھدر داڑو (مذکر) چیل کے درخت کی ایک قسم۔ ایک خوشبودار گھاس۔ بھدر گندھک۔ ایک درخت۔ سرو ایک پودا بھدر مُستک (مذکر) ایک خوشبودار گھاس

بھدر ردنی (مذکر) ایک پودا۔ بھدر رَدلی (مونث) عربی چنبیلی سا ایک بیل۔ ایک پودا۔ بھدر ہونا (ہ) سر منڈا کر پوتر ہونا۔ کسی رشتہ دار کی موت کے بعد یا تیرتھ جاترا کے لئے بھدرَ یو (مذکر) بھدر جو۔

بھدّرا (ہ۔ مونث) ۱ منحوس گھڑی یا وقت ۲ بدقسمتی ۳ سر منڈانا ۴ وہ شخص جو بھدرا کرائے ۵ ایک پرند کا نام ۶ چاند کی دوسری۔ تیسری اور بارھویں تاریخ جو بہت منحوس گنی جاتی ہیں۔ بھدرا ان کو کھائینگی۔ منحوس ساعت مضرت پہنچائیگی۔ بھدرا کرانا (مم) کریا کرم یا تیرتھ جاترا کے لئے سر منڈانا چار ابرو کا صفایا کرانا۔ بھدرا ہونا (لازم) ۱ بھدرا کرانا کا ۲ لٹ جانا۔ منڈ جانا۔ حجامت ہونا۔

بَر دَرَ بَہ (ہ۔ تف) بہی در بہی کا مخرب بہی دار۔ مفصل۔ سلسلہ وار۔ تفصیل دار۔

بھدر بھدر کرنا (اردو۔ متعدی) دوڑنا اس طرح کہ پاؤں سے بھد بھد کی آواز پیدا ہو

بَھدَرَک (س۔ صفت) ۱ اچھا۔ بھلا۔ عمدہ۔ خوب ۲ قابل۔ لائق۔ سزاوار ۳ خوبصورت۔ نفیس۔ حسین۔ خوشگوار۔ دلخوش کن ۴ خوش قسمت۔ سعید۔ مبارک ۵ (مذکر) خوبی۔ نیکی۔ سلیقہ۔ شعور ۶ خوبصورتی۔ حسن۔ نزاکت۔ صفائی۔ ادا۔ لطافت۔ انداز ۷ فائدہ۔ نفع۔ حصول۔ یافت۔ لابھ ۸ لطف۔ مزہ ۹ استقلال۔ استحکام۔ پائداری۔ مضبوطی ۱۰ ایک خوشبودار گھاس کا نام ۱۱ ایک چیل کے درخت کی قسم۔

بَھدَرِی (ہ۔ مذکر) ۱ سامدرک۔ دست شناس۔ نجومی۔ رمّال۔

بَھدَکنا (ہ۔ متعدی) کشتی میں گرا دینا۔ ہرا دینا۔ شکست دینا (عف)

بَھدنا (ہ۔ لازم) ۱ پسے ہوئے نمک مرچ کا کسی دوسری چیز میں رل جانا یا سرایت کر جانا ۲ کسی چیز میں بو بس جانا (عف)

بھُدَنت (س۔ مذکر) ۱ ایک خطاب بدھ مذہب والوں کے لئے ۲ بدھ فقیر۔ لاما۔

بھَدوار (ہ۔ مونث) ۱ وہ زمین جو گنے کے واسطے تیار کی جائے ۲ وہ زمین جس میں خریف کے موسم میں ہل چلایا جائے۔ اور پھر کاشت کپاس تک پڑی رہے ۳ وہ زمین جس میں اساڑھ سے بھادوں تک ہل چلایا جائے اور فصل ربیع کے لئے تیار کی جائے۔

بَہُدھا (س۔ صفت) کئی طریقوں سے۔ کئی طرح سے۔ کئی طور سے۔ طرح طرح سے۔ کئی دفعہ۔ کئی بار۔ بار بار۔ عام طور پر۔ اکثر۔ بیشتر۔ عموماً۔ ہمیشہ۔ بہدھاگت (صفت) بکھرا ہوا۔ پھیلا ہوا۔

بَہدھا (ہ۔ مونث) ۱ تکلیف۔ درد۔ دکھ۔ پیڑ ۲ مخالفت۔ مزاحمت۔ روک۔ اٹکاؤ۔

بَھدَئی (ہ۔ صفت) ۱ بھادوں کے متعلق یا بھادوں کی کٹی ہوئی فصل کے متعلق ۲ بھادوں کی فصل۔ فصل جو بھادوں میں کاٹی جائے۔

بَھدِیال (ہ۔ صفت) ۱ بھادوں کی فصل کا ۲ بھادوں کا آم۔

بَھدلیس۔ بھدلیسا (ہ) **بھدیسل**

بھدلیسلا (ہ۔ صفت) بھدا۔ بدشکل۔ بدنما۔ گنوار۔

بَھڈا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جو ناقص زمین میں اگتی ہے۔

بَھڈِل (س۔ مذکر) ۱ نوکر۔ ملازم ۲ بہادر۔ شجاع۔

بُھڈِہائی (ہ۔ مونث) چوری۔ سرقہ۔ لوٹ مار۔

بَہر (ف۔ تف) ۱ لئے۔ واسطے۔ وجہ سے ۲ (مذکر) حصّہ۔ بخرہ ۳ ایک ملک۔ بہرِ استقبال (تف) خیر مقدم کے لئے۔ بہرِ تحفظ (تف) حفاظت کے لئے۔ بہرِ خدا (تف) خدا کے لئے۔ بہرِ خدا اور رسول (تف) خدا اور رسول کے لئے۔ بغیر کسی ذاتی مفاد کے۔ بہرِ شکار (تف) شکار کے لئے۔ بہرِ مقابلہ (تف) لڑائی کے لئے۔ جنگ کے لئے۔ بہرِ نثار (تف) نچھاور کرنے کے لئے۔

بَہَر (ہ۔ مونث) کشتیوں کا بیڑا۔

بُہر (س۔ صفت) ۱ باہر۔ بیروں۔ دور ۲ باہر کا۔ بیرونی ۳ غیر ملک کا۔ بدیسی۔ بہر آنا (لازم) باہر آنا۔ بہر دیس (مذکر) دوسرا ملک۔ بدیش۔ بہر کون (مذکر) زاویہ بیرونی یا خارجہ۔ بہر کھ (صفت) بے دین۔ ادھرمی۔ کافر۔

بُہَرِ (ہ۔ صفت) پھر۔ دوبارہ۔

بھَر (ہ۔ امر) ۱ بھرنا کا ۲ (صفت) پورا برابر۔ مکمل۔ تمام۔ کل ۳ بھرا ہوا۔ پُر۔ معمور ۴ مقدار یا اندازہ ظاہر کرنے کے لئے ۵ تک۔ اس قدر۔ کافی ۶ اعداد کے ساتھ وزن ظاہر کرتا ہے (س) وزن۔ بوجھ ۷ افراط۔ بہتات ۸ قدر۔ مقدار (س) بھر۔ پُر کرنا

بھر آنا (لازم) ۱ پٹ جانا۔ پُر ہو جانا ۲ (آنکھیں آنسو) رونے لگنا۔ آنسو نکلنا ۳ (دل) غمگین ہونا۔ رونے کے قریب ہونا ۴ (زخم) انگور آ جانا۔ مندمل ہو جانا ۵ (ہ) جن وغیرہ کا خلل ہونا۔ **بھرا** (امر) ۱ بھرانا کا ۲ (ماضی) بھرنا کی ۳ (صفت) لبریز۔ بھرا ہوا۔ پُر۔ لبالب ۴ کل۔ تمام۔ مکمل ۵ موجود۔ حاضر۔ جمع ۶ آباد۔ معمور ۷ موٹا تازہ۔ پُر گوشت ۸ (ہ۔ مذکر) بوجھ۔ بھرت۔ کھیپ۔ گولی بارود ۹ اسما کے آخیر میں آ کر صفت بناتا ہے۔ جیسے بس بھرا۔ لاج بھرا **بھرا بتولا یا بھنتولا** (صفت) آسودہ حال۔ مالدار۔ کھاتا پیتا ۲ صاحب اولاد۔ بال بچے دار ۳ آباد۔ معمور۔ بھرا ہوا۔ **بھرا بھرا** (صفت) آباد۔ معمور۔ پُر گوشت۔ موٹا تازہ۔ **بھرا بھرا گھر لگنا** ۔ گھر بارونق۔ یا آباد معلوم ہونا۔ **بھرا بھرایا گھر** (مذکر) سازوسامان سے بھرا ہوا گھر۔ آباد گھر۔ **بھرا بیٹھنا** (لازم) ۱ غصّے میں ہونا۔ ناراض بیٹھے ہونا ۲ رونے کے قریب ہونا ۳ شکوہ و شکایات کرنے کے لئے تیار ہونا۔ **بھرا پُرا** (صفت) آباد۔ بارونق ۲ صاحب اولاد۔ بال بچے والا ۳ کامیاب۔ خوشحال ۴ امیر۔ دولتمند ۵ خوش قسمت۔ بلند اقبال۔ طالعمند ۶ خوش خرم۔ خرسند۔ **بھرا دربار** (مذکر) مجمع۔ مجلس۔ **بھرا گھر** مال و اسباب سے بھرا ہوا آباد گھر (عو) خالی گھر کو بدشگونی کے خیال سے کہتی ہیں۔ **بھرا گھر برباد ہونا** ۔ گھر کی رونق جاتے رہنا۔ خاندان تباہ ہو جانا۔ آدمیوں کے مرجانے کی وجہ سے خاندان مٹ جانا۔ **بھرا گھر چھوڑ کے چلا جانا** ۔ ناراض ہو کر گھر سے چلے جانا۔ **بھرانا** (مم) ۱ پُر کرانا۔ لبریز کرانا ۲ گھوڑی کا بھن کرانا ۳ چوگا دینا۔ **بھراؤ** (مذکر) ۱ خس و خاشاک جو گڑھے میں ڈالی جائے۔ بھرتی ۲ ٹاٹ وغیرہ جو جوتے کے تلے کو موٹا کرنے کے لئے دیا جائے ۳ گڑھے کے بھرنے کی مقدار۔ **بھرا ہونا** (لازم) ۱ آزردہ ہونا ۲ بہت کچھ موجود ہونا۔ پُر ہونا ۳ کثرت ہونا۔ بہتات ہونا۔ **بھرائی** (مونث) ۱ آبپاشی ۲ کوئی چیز بھرنا ۳ بھرتی ۴ اجرت جو پانی۔ روئی۔ گھڑا وغیرہ بھرانے کے لئے دی جائے۔ **بھر پانا** (لازم) ۱ حاصل ہونا۔ بر آنا ۲ پھل پانا۔ نتیجہ پانا۔ کئے کی سزا پانا۔ بھگت لینا ۳ کل وصول ہونا ۴ (طنزاً) نیکی کر کے بدی پانا ۵ مایوس ہونا۔

بھر پایا (طنزاً) 1 نیکی کرکے بُرائی دیکھی۔ 2 وصول نہ ہُوا۔ **بھر پائی** (مذ) مکمل رسید۔ پورے قرضے یا داموں کی رسید۔ **بھرپور** (صفت) **پورن** (مذ) مکمل۔ تمام۔ کمال۔ کامل طور سے 2 بھرکر۔ بھرا ہوا 3 گردن تک 4 اونچا۔ چڑھا ہوا (جیسے دریا) 5 پُورا (چاند) **بھرپور انعام** (مذکر) بہت سا انعام جھولی بھر کر انعام (پانا۔ دینا۔ رکھوا لینا۔ لینا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) **بھرپوری** (مذ) پورا ہونے کی حالت۔ **بھر پیٹ**۔ اچھی طرح۔ جی بھر کے۔ پیٹ بھر کر۔ **بھر پیٹی** (صفت) بڑے پیٹ والا۔ **بھرتی** (مونث) 1 وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے 2 خس و خاشاک جو کسی گڑھے میں ڈالا جائے 3 بھرت جہاز یا گاڑی میں جو اسباب لادا جائے 4 ذخیرہ۔ کھتہ۔ گدام 5 تکمیل۔ اتمام 6 نوکر رکھنا۔ داخلہ۔ اندراج 7 پولیس یا فوج میں نوکر رکھنا 8 فالتو چیز 9 جھوٹ۔ بناوٹی چیز۔ **بھرتی بند ہونا**۔ فوج یا پولیس میں ملازم رکھنا کچھ دنوں کے لئے بند ہو جانا۔ **بھرتی بھرنا** (متعدی) 1 فضول چیزیں ڈالکر کسی چیز کو بھر دینا 2 نیا مکان بنانے پر نیچی جگہوں کو خس و خاشاک یا مٹی سے بھر دینا 3 کمی پوری کرنا 4 سوداگری کا مال اکٹھا کرنا۔ **بھرتی شدہ** (صفت) ملازم رکھا ہوا۔ نوکر رکھا ہوا۔ **بھرتی کا شعر** (مذکر) بُرا بھلا شعر۔ بے لطف شعر جو تعداد بڑھانے کو لکھے جائیں۔ **بھرتی کا مال** (مذکر) 1 سوداگری کا مال 2 معمولی مال۔ کم قیمت مال۔ **بھرتی کرنا** (متعدی) ملازم رکھنا۔ نوکر رکھنا۔ کسی محکمہ میں داخل کرنا۔ **بھرتی کھلنا** (لازم) پولیس یا فوج میں ملازموں کا عارضی بندش کے بعد نوکر رکھا جانا۔ **بھرتی ہونا** (لازم) نوکر ہونا۔ **بھر جانا** (لازم) 1 پُر ہو جانا۔ لبریز ہو جانا۔ پٹ جانا 2 آلودہ ہونا۔ لتھڑ جانا 3 سیر ہو جانا 4 پانی سے سینچ جانا 5 ختم ہو جانا۔ ختم پر آ جانا 6 (دل) اکتا جانا۔ نفرت ہو جانا 7 (گھوڑا) اینٹھ جانا۔ اعضا جکڑ جانا 8 (مادہ چوپاؤں کے ساتھ) حاملہ ہونا۔ گابھن ہونا۔ **بھر جی**۔ دل بھر کر۔ خوب۔ اچھی طرح۔ **بھر چکنا**۔ بھر دینا۔ **بھر چوک** (مذ) مکمل۔ سارا۔ تمام۔ **بھر دوڑ** (مذ) سرپٹ۔ جس قدر ہو سکے یا طاقت میں ہو۔ **بھر دینا** (متعدی) 1 پُر کرنا۔ لبریز کرنا 2 نقصان پورا کرنا۔ تلافی کرنا 3 ادا کرنا۔ بیباق کر دینا 4 آلودہ کرنا 5 رفو کرنا 6 مالا مال کر دینا۔ انعام دینا 7 پانی کھیت میں پہنچا دینا۔ **بھر سک یا شک** (مذ) حتی الوسع۔ جس قدر طاقت میں ہو۔ **بھر کوس** (مذ) کوس بھر۔ **بھر گرمی میں** (تف) گرمی کی کثرت یا شدت میں عین گرمی میں۔ **بھر لانا** (متعدی) 1 پُر کرکے لے آنا 2 (آنسو) آنسو نکل آنا۔ **بھر لینا** (متعدی) 1 پورا قرضہ وصول پانا 2 جو مانگنا سو لے لینا 3 نقصان پورا کر لینا۔ **بھر مار** (مونث) کثرت۔ افراط۔ بہتات (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بھر مٹھی** (تف) 1 مٹھی بھر 2 بکثرت بہت۔ **بھر مقدور** (تف) جس قدر ہو سکے یا طاقت میں ہو۔ حتی الوسع۔ **بھر منہ کوسنا** (متعدی) صاف صاف کوسنا۔ **بھر منہ گالی دینا** (متعدی) 1 نام لے کر گالی دینا 2 صاف صاف گالی دینا۔ **بھرنا** (لازم) 1 پُر ہونا۔ معمور ہونا 2 پُورا ہونا۔ مکمل ہونا۔ تمام ہونا 3 ختم ہونا 4 آنا۔ سمانا 5 رنج میں عمر بسر کرنا 6 بدمزاج کے ساتھ نباہ کرنا 7 رونے کے قریب ہونا۔ کھسیانا ہونا 8 بھگتنا 9 شل ہونا۔ تھک جانا 10 سیر ہونا۔ اگا ہنا 11 (زخم) انگور آنا 12 (کپڑا وغیرہ) لتھڑنا۔ آلودہ ہونا 13 (دکھ) سہنا۔ جھیلنا 14 (جگہ۔ آسامی وغیرہ) رکنا۔ پُر ہونا 15 (مکان) آباد ہونا۔ بسنا 16 (چیچک) پُورا نکل آنا 17 (بدن) موٹا ہو جانا 18 (جگہ وغیرہ) ہجوم ہو جانا۔ بھیڑ ہونا 19 (گھوڑی کتیا وغیرہ) حاملہ ہونا۔ گابھن ہونا 20 (بندوق وغیرہ) کارتوس یا گولی وغیرہ ڈالنا 21 غصے ہونا۔ ناراض ہونا 22 آسیب کا سر پہ آنا 23 (متعدی) پُر کرنا۔ معمور کرنا۔ کسی ظرف میں کوئی چیز ڈالنا 24 کسی چیز میں کوئی چیز ڈالنا 25 مالا مال کرنا۔ نہال کرنا 26 قرضہ ادا کرنا۔ تلافی کرنا۔ نقصان پُورا کرنا 27 لگائی بجھائی کرنا۔ بہکانا۔ کسی کے برخلاف کرنا 28 لادنا۔ بار کرنا 29 آبپاشی کرنا۔ پانی دینا 30 چھینٹ یا دھبہ ڈالنا 31 آلودہ کرنا۔ گندہ کرنا 32 اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا 33 (بندوق وغیرہ) کارتوس ڈالنا۔ گولی بارود ڈالنا۔ میگزین چڑھانا 34 (کاجل) لگانا 35 (رجسٹر۔ نقش وغیرہ) خانہ پُری کرنا 36 (منت چوکی وغیرہ) پوری کرنا۔ ادا کرنا 37 (حقہ وغیرہ) چلم پر تمباکو اور آگ رکھنا 38 (پانی) کوئیں میں سے نکالنا۔ نل سے کسی ظرف میں لینا۔ مشک سے ظروف میں بھرنا۔ سقے کا پانی ڈالنا 39 (رضائی وغیرہ) روئی ڈالنا 40 (سوت وغیرہ) لپیٹنا 41 (گھر) دے دینا۔ پہنچا دینا 42 (گود) اولاد دینا۔ بچے عطا کرنا 43 (کان) چغلی کھانا۔ شکایت کرنا 44 (دم) سانس پھولنا۔ محبت ظاہر کرنا 45 (مذکر) بھرنے مکمل کرنے وغیرہ کا کام 46 قرض 47 مصارف 48 وہ برتن جس میں کماد وغیرہ کا رس گرتا ہے۔ **بھرنا بھرنا** (متعدی) 1 کسی کا قرضہ چکانا 2 کسی کے گھاٹے یا کمی کا اپنی طرف سے پُورا ڈالنا۔ کسی کا خرچ اُٹھانا۔ **بھر نظر دیکھنا** (متعدی) پوری نظر سے دیکھنا۔ اچھی طرح دیکھنا۔ **بھر نیند سونا** (لازم) پوری نیند سونا۔ اچھی طرح سونا۔ خوب سونا۔ **بھروتی** (مونث) پُوری رسید۔ اقرار نامہ۔ **بھری** (صفت مونث) 1 بھرا کی 2 ایک وزن جو روپیہ بھر ہوتا ہے 3 ایک قسم کی گھاس جو ۹ فٹ تک بڑھ جاتی ہے۔ اور چھتوں پر ڈالنے کے کام آتی ہے 4 (پ) گنوں یا اناج کا بٹا مٹھا جو رسی سے باندھ کر اُٹھاتے ہیں۔ **بھرے** (صفت) بجائے بھرا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **بھری بتولی یا بھتولی** (صفت۔ مونث) دیکھو بھرا بتولا۔ **بھری برسات** (مونث) برسات کی شدت کا زمانہ۔ عین برسات کا موسم۔ **بھری بھری** (صفت۔ مونث) پُر گوشت اور گول گول (رانیں۔ پنڈلیاں وغیرہ کے ساتھ) **بھرے بھرے** (مذکر) بھرا بھرا کی جمع۔ **بھرے بھرے ڈنڈ** (مذکر) تیار یا فربہ بازو۔ **بھرے بیٹھے ہیں** ناراض ہیں۔ خفا ہیں غصے میں ہیں۔ **بھری پُری** (صفت۔ مونث) دیکھو بھری بتولی۔ **بھری تھالی میں لات مارنا** (متعدی) لگی نوکری چھوڑ دینا۔ ملی ہوئی اچھی چیز کو چھوڑ دینا۔ **بھری جوانی** (مونث) عین جوانی کا زمانہ۔ **بھری ڈاڑھی** (مونث) نہایت گھنی ڈاڑھی۔ **بھری ران** (مونث) موٹی فربہ ران۔ گاؤ دم گوشت والی ران۔ **بھری رکعت** (مونث) چار فرض والی نماز میں پہلے دو فرض جن میں الحمد کے ساتھ سورت ملائی جاتی ہے۔ **بھرے رہنا** (لازم) 1 پُر رہنا۔ لبریز رہنا 2 جمع رہنا۔ **بھری سبھا میں** (تف) دیکھو بھری مجلس میں۔ **بھرے کو بھرنا** (متعدی) ایسے شخص کو دینا جسے احتیاج نہ ہو۔ **بھری کچہری** (تف) سب کے سامنے۔ کھلم کھلا۔ **بھری کھیر کی تھالی میں لات مارنا** (متعدی) بھری تھالی الخ۔ **بھری گودی خالی ہونا** (لازم) اولاد مر جانا۔ **بھری مجلس یا محفل میں** (تف) 1 سب کے رو برو۔ علی الاعلان 2 بر سر محفل۔ **بھرے میں بھرنا** (متعدی) 1 دولت میں دولت ملانا 2 فضول کام کرنا۔ بھرے

ہونا (لازم) ۱ لبریز ہونا۔ پُر ہونا ۲ جمع ہونا ۳ ناراضگی ہونا۔ کینہ ہونا ۴ کسی کے متعلق شکایات ہونا۔ **بھروانا** (م) بھرنا کا۔ **بھروائی** (ہ) دیکھو بھرائی۔

امثال و اقوال۔ بھرا سو دھرا۔ دولتمند آدمی چین سے زندگی بسر کرتا ہے۔ **بھرا کنالا چھانے تھی۔ پھاگن کو نہیں جانے تھی**۔ ابتدا میں جو اتنا اسراف کیا ان دنوں کی خبر نہ تھی۔ **بھرا کھارا اور خالی کھار تیز جاتا ہے** قاعدہ کلیہ بطور مثل۔ **بھرتے کو بھریں شاہ مدار** دولتمند کے پاس اور بھی دولت آتی ہے۔ **بھر ہاتھ چوڑی پٹ سے رانڈ**۔ اگرچہ رانڈ ہے چوڑیاں پہنے ہے۔ **بھری برسات میں آبدست نہ لیوے** وہ بھڑوا آلسی ہے۔ **بھری برسات میں منہ نہ دھووے** وہ بھڑوا السیٹی ہے۔ نہایت سخت کاہلی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **بھری جوانی مانجھا ڈھیلا**۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود جوان ہونے کے سست کاہل اور پست ہمت ہو۔ **بھرے سمندر پیاسے**۔ باوجود بہت ہونے کے بھی حرص کم نہیں ہوتی۔ **بھرے سمندر گھونگا ہاتھ**۔ بڑے آدمیوں کی خدمت کرنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ **بھرے کو ہی بھرتا ہے**۔ خدا بھی دولتمند کو ہی دیتا ہے۔

بُہر (ع۔ مذکر) ۱ سانس کا جلد جلد آنا ۲ شہر۔ قصبہ۔ صوبہ ۳ وادی یا دریا کا وسط۔ کسی چیز کا وسط۔ **بہر کمان** (مذکر) کمان کا وسط۔

بُھر (ہ۔ مونث) پرندے کے اُڑنے کی آواز۔ پھڑ پھڑاہٹ۔ **بُھر سے اُڑ جانا** (لازم) یکایک پھڑ پھڑاتے ہوئے اُڑ جانا۔

بہرا (ہ۔ صفت) ۱ جسے سُنائی نہ دے جسکی سُننے کی قوت کم ہو گئی ہو ۲ لاپروا۔ توجہ نہ کرنیوالا۔ بے خبر۔ **بہرا بادل یا بھنڈ** (مذاق) اس شخص کو کہتے ہیں۔ جسے اونچا سنائی دے یا جو اپنے خیالات میں محو ہونے کی وجہ سے نہ سُنے۔ **بہرا پتھر** (صفت) بالکل بہرا۔ جس کی قوت سامعہ بالکل ضائع ہو چکی ہو۔

امثال و اقوال۔ **بہرا بہشتی اندھا دوزخی**۔ دیکھو اندھا دوزخی الخ۔ **بہرا روٹی کی بٹ ہٹ سنتا ہے**۔ ہر شخص اپنے مطلب کی بات سُن لیتا ہے۔ **بہرا سو گہرا**۔ بہرا بڑا چالاک ہوتا ہے۔ **بہرا سُنے دھرم کی کتھا** ناممکن بات ممکن نہیں ہوسکتی۔ **بہرے (کے) آگے گاونا۔ گونگے آگے گل۔ اندھے (کے) آگے ناچنا۔ تینوں (سارے) الل بلل**۔ ایسے شخص سے کچھ کہنا سُننا بیکار ہے جس پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

بھرّا (ہ۔ مذکر) ۱ فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ اشتعال۔ اُکساوا ۲ تحریک۔ ترغیب۔ تحریص ۳ نمائشی تعریف ۵ گھومنے والی چیز کی آواز ۶ جانوروں کے ایک ساتھ اُڑنے کی آواز ۷ ایک قسم کا آواز دینے والا پتنگ ۸ ڈر۔ خوف (س بھر۔ اشتعال دینا)۔ **بھرّا جانا**۔ بھرانا۔ **بھرّا دینا** (متعدی) ترغیب دینا۔ اُکسانا ۲ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ **بھرّانا** (متعدی) ۱ جھنجھلانا۔ غصّے ہونا ۲ گھبرانا۔ ڈرنا ۳ (آواز) بیٹھ جانا۔ بھاری ہو جانا۔ **بھرّوں** (مذکر) بھرّا کی جمع۔ **بھرّوں میں آنا** (لازم) دھوکا کھا جانا۔ فریب کھانا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔ **بھرّے** (مذکر) ۱ بھرّا کی جمع ۲ بجائے بھرّا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **بھرّے پر چڑھانا** (متعدی) دھوکا دینا۔ فریب میں پھانسنا۔ جھوٹی تعریف کرکے کسی بات پر آمادہ کرنا۔ **بھرّے میں آنا** (لازم) دھوکا کھانا۔ فریب میں پھنسنا۔

بُھرّا (ہ۔ صفت) بھونرا کا مخفف۔ بہت سیاہ۔ صرف سیاہ کے تابع استعمال ہوتا ہے۔

بھرانا۔ **بھراتر** (س۔ مذکر) بھائی۔ برادر۔ **بھراترک**۔ **بھراتریہ** (صفت) برادرانہ۔ بھائیوں کے متعلق یا بھائیوں جیسا (مذکر) بھتیجا۔

بھرّاٹا (ہ۔ مذکر) ۱ پرندوں کے اُڑنے کی آواز ۲ زور۔ طاقت۔ بھروسہ۔ زعم۔

بھراجا (ہ۔ صفت) چمکدار۔ روشن۔ تاباں۔ منور۔ مجلا۔ درخشاں۔ نورانی۔

بھرارو (ہ۔ مذکر) اجنبی۔ پردیسی۔ غیر ملکی۔

بہرام (ف۔ مذکر) ۱ سیارہ مریخ ۲ جلاد فلک۔ منگل سیارہ۔ **بہرام چرخ یا فلک** (مذکر) دیکھو بہرام۔

بھرامر (س۔ مذکر) ۱ ناچنا۔ چکر لگانا۔ چکر کھانا ۲ چکرانا۔ سر چکرانا ۳ مرگی ۴ ایک قسم کا مقناطیس ۵ گاؤں۔ دیہ ۶ شہد۔

بہراوا (ہ۔ مذکر) جو جان بوجھ کر بہرا بنے۔

بھربھانڈ (ہ۔ مذکر) ایک خاردار پودا۔ اونٹ کٹارہ۔

بھربھرا (ہ۔ امر) بھربھرانا کا۔ **بھربھرانا** (لازم) ۱ ورم ہونا۔ سوجنا ۲ چہرہ تمتمانا سرخ ہونا۔ ورم ہوکر چمکنا۔ **بھربھراٹ**۔ **بھربھراہٹ**۔ **بھربھری** (مونث) ۱ ورم۔ سوجن ۲ تمتماہٹ۔ سُرخی۔

بُھربُھرا (ہ۔ صفت) ۱ خستہ جو ہاتھ لگانے سے ریزہ ریزہ ہو جائے۔ نرم۔ پولا ۲ کرارا۔ بھنا ہوا ۳ مائل۔ فریفتہ۔ **بھربھراٹ** (مونث) بھربھراہٹ کا مخفف۔ **بھربھرا جانا** (لازم) ۱ فریفتہ ہونا ۲ شائق ہونا۔ چاہنا۔ خواہش کرنا۔ **بھربھرانا** (لازم) ۱ بھربھرا جانا ۲ نمک یا کوئی سفوف چھڑکنا ۳ بھرنا۔ خستہ ہونا۔ **بھربھراہٹ** (مونث) خستگی۔ خستہ پن۔ **بھربھرا ہونا** (لازم) بھربھرا جانا۔ **بھربھری** (صفت) ۱ بھربھرا کی مونث ۲ (مونث) امنگ۔ خواہش۔ جوش۔

بھَرَت (ہ۔ مذکر) ایک مرکب دھات جو پیسے تانبے اور جست سے بنائی گئی ہے **بھرتیا** (مذکر) ۱ بھرت کے برتن بیچنے والا ۲ برتن بنانیوالا۔ کٹھیار۔ کسیرا۔

بھرت (س۔ صفت) ۱ اٹھانے والا۔ لیجانے والا ۲ ایک جنگجو قوم۔

بھرت (ہ۔ مذکر) جو چیز بھری جائے ۱ بھرتی ۲ جگہ۔ مقام۔ جائے ۳ برتن۔ تھیلا ۴ مال واسباب ۵ مال جو جہاز یا گاڑی میں لادا جائے ۶ کرایہ۔ بھاڑا ۷ روپیہ جو ادا کیا جائے ۸ لگان جو کوئی شخص ادا کرے ۹ مکمل ادائیگی ۱۰ ایک قسم کا چنڈول۔ **بھرت بھرنا** (متعدی) ۱ بھرنا۔ پُر کرنا۔ بھرتی ڈالنا ۲ کمی پوری کرنا۔ نقصان پورا کرنا ۳ (ہ) سوداگری کا مال ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ دساور کو لے جانا۔ **بھرتیا** (مذکر) ۱ سوداگر ۲ مال لادنے والا۔

بھرت (س۔ مذکر) ۱ قایم یا محفوظ رکھا جانے والا۔ آگ جو انسان کی کوشش سے محفوظ رکھی جاتی ہے ۲ ایک خاص اگنی جو بھرت اور بھرتی کا باپ ہے ۳ برہمن بچاری ۴ ایکٹر۔ نقال۔ بھانمتی ۵ جلاہا ۶ تنخواہ دار سپاہی ۷ وحشی جنگلی آدمی ۸ پہاڑی آدمی ۹ آگ جس پر برہمن کے لیے چاول اُبالے جائیں ۱۰ رُدر کا نام ۱۱ اگنی بھرت کا ایک بیٹا تاپسند نسبی خاندان کا ایک راجہ جو دشینت اور شکنتلا کا ایک بیٹا تھا اور بارہ چکرورتیوں یا شہنشاہوں میں سے پہلا تھا ۱۲ ایک قدیم

راجہ جو راج پاٹ چھوڑ کر وشن جی کا تپسی بن گیا مگر اس حالت میں اسے ایک ہرن کا بچہ مل گیا جسے اس نے پالا اور اس سے اُسے بہت محبت ہو گئی جو مرتے دم تک نہ گئی۔ اس کی سزا میں وہ ہرن پیدا کیا گیا۔ اسے اپنی پچھلی حالت یاد تھی۔ اس لئے اس نے بڑی تپسیا کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مرنے کے بعد پھر برہمن کے گھر پیدا ہوا مگر بڑا بدشکل تھا۔ اخیر میں اچھے کاموں سے نروان حاصل کیا ۱۸ راجہ دسرتھ کا بیٹا اور راجہ رامچندر جی کا بھائی۔ ان کی ماں کیکئی نے اُس کے لئے راجہ رامچندر جی کو بارہ برس کا بن باس دلایا۔ مگر انہوں نے دسرتھ کی وفات پر راجہ بننے سے انکار کر دیا اور راجہ رامچندر جی کو لانے کے لئے گئے مگر انہوں نے آنے سے انکار کر دیا۔ اس لئے انہوں نے ان کی واپسی تک ان کے جوتوں کو تخت پر رکھ کر انتظام سلطنت کیا اور ان کی واپسی پر راج اور گدی اُن کے حوالے کی ۱۸ ایک رشی جس نے ناٹک ایجاد کیا تھا ۱۹ ایک منو جس کے نام پر ہندوستان بھارت کہلاتا ہے ۲۰ دھرو سمدھی کا بیٹا اور راست کا باپ ۱۹ اشبھ کا ایک بیٹا ۲۰ دشمنوتر کا ایک بیٹا ۲۱ منو بھوتیہ کا ایک بیٹا ۲۲ اشمک قوم کا ایک راجہ ۲۳ بہت سے مصنفوں گروؤں اور دیگر مشہور اشخاص کا نام ۲۴ ایک قوم **بھرتا** (مؤنث) ایک اپسرا۔ **بھرت رشبھ** (مذکر) وشوامتر **بھرت سوامی** (مذکر) ایک مصنف جس نے سام وید کی شرح لکھی ہے۔ **بھرت سین** (مذکر) ایک مصنف جس نے بہت سے کتابوں کی شرحیں لکھی ہیں **بھرت کھنڈ** (مذکر) بھارت ورش کا ایک حصہ **بھرت مل** (مذکر) ایک نحوی **بھرت ملک** (مذکر) ایک مصنف کا نام۔

بھرت (س صفت) ۱بھرا ہُوا۔ پُر۔

بھرت (ھ۔ مذکر) ۱مزدور۔ کرایہ پر کیا ہوا آدمی۔ قُلی (صفت) ۲لے جانے والا۔ اٹھانے والا (مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے)

بھرت (س مؤنث) ۱تنخواہ پر ملازمت ۲خوراک نشوونما گزارا۔ قوت لایموت ۳کرایہ۔ مزدوری۔ تنخواہ ۴اصل۔ پونجی۔ **بھرتیا** (مذکر) گزارا۔ نان ونفقہ روٹی کپڑا ۲کرایہ۔ مزدوری۔ **بھرتیتو** (مذکر) ملازمت۔ نوکری۔ غلامی۔ ماتحتی۔ **بھرتیہ** (مذکر) نوکر۔ ملازم۔

بھرتا (س۔ مذکر) ۱پالنے والا۔ مدد کرنے والا۔ پرورش کرنے والا ۲مربی۔ محافظ۔ مددگار ۳خاوند۔ مالک۔ **بھرتا کر لینا یا کرنا** (متعدی) خاوند کر لینا۔ شادی کرنا۔

بھرتا (ہ۔ مذکر) ۱ایک کھانا جو ابلی ہوئی اور بھلبھلی ترکاریوں کو کچل کر گرم مسالہ ڈال کر بناتے ہیں ۲(صفت) کچلا ہُوا۔ **بھرتا بنانا۔ کر دینا۔ کرنا یا نکالنا** (متعدی) ۱بھرتا تیار کرنا۔ بھلس دینا ۲خوب مارنا۔ مارتے مارتے کچومر نکال دینا۔

بھرتار (ھ۔ مذکر) بھتار۔ بھرتا۔ خاوند۔

بھرتر (س۔ مذکر) دیکھو بھرتا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

بھرتسنا (س مؤنث) ۱بُرا بھلا کہنا گالی گلوچ کرنا۔ کوسنا ۲گالی۔ سرزنش۔ ملامت۔

بھرٹ (س۔ مذکر) کمہار۔ نوکر۔ ملازم۔

بھرٹک (س۔ مذکر) بھُونا ہُوا گوشت

بھرج (ع۔ مذکر) ۱کھوٹا سکہ ۲فضول بے فائدہ۔

بھرج (س۔ مذکر) ایک قسم کا چھوٹا گیدڑ۔

بھرجانا (ہ۔ لازم) تھوڑا سا ٹوٹ جانا۔

بھرجن (س۔ مذکر) بھُوننا۔ پکانا۔ تلنا۔ جھلسنا۔ بھلسنا۔

بھردواج (س۔ مذکر) لفظی معنی کھانا لانے والا ۱اپنڈول۔ بھرت ۲(عص) ایک رشی جس پر بہت سے ویدوں کے منتر نازل ہوئے تھے۔ یہ برہسپتی کا لڑکا اور دروناچارج کا باپ تھا۔ مہابھارت اور رامائن دونوں میں اس کا ذکر آتا ہے۔

بھرڑی (ہ۔ مذکر) وہ اناج جو گاہنے کے بعد بالوں میں رہ جائے۔

بھرزام (ف۔ مذکر) جواہرات کا فرشتہ۔

بھرساری بھرسائیں (ہ مؤنث) بھٹی۔ تنور۔

بھرشٹ۔ بھرشٹ (س صفت) ۱ذلیل حقیر ۲بے عزت ۳نجس۔ ناپاک۔ غلیظ۔ گندہ ۴کریہہ مکروہ گھناؤنا ۵خراب۔ زبوں۔ ابتر ۶گمراہ۔ بے دین ملعون ۷لچا۔ شہدا۔ بدچلن۔ بدکار ۸اوباش۔ عیاش۔ شہوت پرست (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بھرشٹا** (صفت۔ مؤنث) ۱ذلیل حقیر وغیرہ ۲زنا بالجبر شدہ۔ وہ جس سے زنا ہُوا ہو ۳(مؤنث) زانیہ۔ فاحشہ۔ بدکار یا شہوت پرست عورت۔ **بھرشٹ آچرن** (مذکر) خراب یا بُرا چال چلن **بھرشٹ راجیہ** (مذکر) معزول شدہ راجہ۔

بھرشٹ (س صفت) ۱بھنا ہُوا تلا ہُوا پکا ہُوا بھُونا ہُوا جھلسا ہُوا۔

بھرشٹا۔ بھرشٹن (ھ۔ مذکر) ۱ذلت۔ بے عزتی کی حالت ۲خرابی۔ ابتری۔ بے دینی وغیرہ۔

بھرشتی (ھ مؤنث) جوگی یا ایت کا جلوہ جس میں راکھ کی مٹھی منتر پڑھ کر سر پہ ڈالی جاتی ہے۔

بھرک (ھ۔ مذکر) پھلوں کا باغ۔

بھرکا (ھ۔ مذکر) بجھا ہُوا چونا۔ **بھرکانا** (متعدی) چونے کو بجھانا۔ **بھرکی** (مؤنث) بجھا ہوا چونا۔

بھرکا (ھ۔ مذکر) صبح کا ستارہ۔

بھرکنٹی (س مؤنث) ۱بھوں ۲پیشانی کا بل۔ غصے کی نظر ۳تیوری۔ چین بجبیں چین ابروئی۔

بھرکس (ہ۔ مذکر) ۱ریزہ ٹکڑا۔ کرچ پھانس ۲چھلکا۔ بھوسی ۳چورا۔ **بھرکس نکال دینا یا نکالنا** (متعدی) **نکل جانا یا نکلنا** (لازم) مار پیٹ ہونا سخت پیٹنا ۲بے طاقت ہوجانا خستہ ہوجانا ۳تباہ ہوجانا برباد ہوجانا ۴مفلس ہوجانا۔ غریب ہوجانا۔

بھرکنس (س۔ مذکر) نقال۔

بھرکی (ھ۔ مؤنث) ۱سوراخ۔ دراڑ۔ رخنہ۔ درز۔ شگاف۔ چاک ۲پانی کا گڑھا ۳زمین کا ایک ماپ۔

بھرگ (س۔ مذکر) ۱نور۔ روشنی۔ تجلی جلوہ ۲شوجی ۳رُدر ۴برہماجی۔

بھرگ (س۔ مذکر) ۱سطح مرتفع پہاڑ کی ہموار چوٹی ۲ڈھلوان۔ ڈھال۔ کھڑا چٹان۔ بہت ڈھلوان زمین یا پہاڑ ۳جمدگنی ۴شوجی ۵دس مہارشیوں اور پرجاپتیوں اور منیوں میں سے ایک جو بھارگو نسل کے بانی تھے جمدگنی اور پرسرام ان کی نسل سے تھے؛

بھرم (ہ۔ مذکر) ۱چلن۔ شہرت۔ عزت۔ وقعت۔ آبرو ۲بھروسہ۔ ساکھ۔ اعتبار (س بھرم) **بھرم باندھنا** (متعدی) ساکھ جمانا۔ اعتبار قائم کرنا۔ **بھرم بنا رکھنا** (متعدی) ساکھ بنانا۔ آبرو قائم رکھنا۔ معزز بنا رہنا۔ **بھرم جانا** ساکھ جانا۔ اعتبار کھونا۔ **بھرم رہنا**۔ ساکھ رہنا۔ **بھرم کرنا** (متعدی) ۱اعتبار کرنا۔ بھروسہ کرنا ۲دیکھو بھرم (س)، **بھرم کھل جانا یا کھلنا** (لازم) اعتبار جاتے رہنا۔ ساکھ نہ رہنا۔ **بھرم کی ٹٹی**۔ وہ چیز جس سے آبرو قائم رہے۔ **بھرم گنوانا**۔ اعتبار کھو دینا۔ عزت کھو دینا۔ شہرت خراب ہونا۔ **بھرم نکلنا**۔ وقعت جاتی رہنا۔ بے عزت ہونا **بھرم نہ ہونا**۔ بھروسہ نہ ہونا۔ اعتبار نہ ہونا۔

مثل- بھرم مارے - بھرم جیاوے (ھ) ساکھ اچھی ہو تو آبرو قائم رہتی ہے ساکھ جاتی رہے تو زندگی موت کے برابر ہے- بھرم (س) بھَرَم (ھ- مذکر) ۱ پھرنا- چکر لگانا- گھومنا ۲ آوارہ پھرنا- آوارگی- گشت ۳ گناہ کرنا- گمراہ ہونا ۴ گھبراہٹ- پریشانی- حیرانی- بگولا- بھولا ۵ خراد- کمہار کا چاک ۶ (ہ) غلطی- سہو- خطا- بھول چوک ۷ شک- شبہہ ۸ عقدہ- پیچ- راز- بھید ۹ خیال- گمان- احتمال- امکان- بھرما (مذکر) خیال- دھیان- تصور- دیکھو بھرم- بھرمانا (متعدی) ۱ بدراہ کرنا- غلطی کرنا- گمراہ کرنا- غلط رستے پر لگانا ۲ ورغلانا بہکانا- پھسلانا ۳ دھوکا دینا- دغا کرنا ۴ ترغیب دینا- اکسانا ۵ لالچ دینا- للچانا ۶ حیران کرنا- پریشان کرنا- گھبرانا- بھرمَت (صفت) ۱ پھرنے والا- گھومنے والا ۲ آوارہ گشتی ۳ غلطی کرنے والا- گناہگار- بھرم دینا- راز ظاہر ہونے دینا- حال کھلنے دینا- بھرم رکھنا (متعدی) دیکھو بھرم کرنا- بھرمسانا (ھ) غلطی سے ملا ہوا بھرم کرنا (متعدی) ۱ شک یا شبہ کرنا ۲ بدگمانی کرنا تہمت لگانا ۳ دیکھو بھرم (ھ) بھرمنا- بھَرَمنا (لازم) آوارہ پھرنا چکر لگانا- گھومنا ۲ کھو جانا- غلطی کرنا- بھٹکنا- راہ راست سے پھر جانا- گمراہ ہونا- بھَرمی بھَرمی (صفت) ۱ دیکھو بھرمت ۲ شبہ کرنے والا شکی- اعتبار نہ کرنے والا ۳ مغرور- متکبر- ابھیمانی- گربھوان- خود بین- خود نما-

مثل- بھرما بھوت سنکا ڈائن

تصور بھوت دکھاتا ہے- اور ڈر ڈائن- مطلب یہ ہے کہ ایسی چیزوں سے ڈرنا نہیں چاہیئے- یہ سب خیالی باتیں ہیں-

بھَرَمِر (س- صفت) ۱ گھومتی ہوئی- چکر کھاتی ہوئی ۲ (مونث) بگولا- بھولا ۲ بھول- چوک- سہو ۲ غلطی- خطا-

بھَرمَر (س- مذکر) ۱ بڑی شہد کی مکھی ۲ عاشق- طالب- چاہنے والا ۳ عاشق مزاج- حسن پرست- عیاش ۴ سر کا گھومنا- دوران سر ۵ مرگی بھَرمَری (مونث) ۱ شہد کی مکھی ۲ ایک پودا جھنکا ۳ پودا پترداتری-

بھَرمَنی (س- مونث) ایک کھیل جو عورتیں اپنے خاوندوں یا عاشقوں کو دکھانے کے لئے کھیلتی ہیں-

بھَرمیلا (ھ- صفت) ۱ گول- مدور- چکردار- مستدیر ۲ مشکوک- مشتبہ- گول مول- مبہم ۳ حیران- پریشان ۴ شکی- وہمی- محتاط-

بھَرَن (ھ- مذکر) دیکھو دہرن اور بہرنا-

بھَرَن (س- مذکر) ۱ لیجانا- اٹھانا- سہارا دینا ۲ پالنا- خرچ دینا- نان و نفقہ دینا- روٹی کپڑا دینا- پرورش کرنا ۳ بھرنا- تسلی کرنا ۴ مکمل ادائیگی ۵ کرایہ- بھاڑا- مزدوری- تنخواہ ۶ (مونث) زور کی بارش- جل تھل- (حرف جار) کو- تک- تلک بھرن پڑنا (لازم) مینہ کا بڑے زور شور سے برسنا- بڑے زور کی بارش ہونا-

بھرن پوش (مذکر) نان ونفقہ- روٹی کپڑا-

بُھرنا (ہ- لازم) لوٹنا- واپس آنا پھر آنا-

بہَرنا (ھ- لازم) خوش ہونا- خوشی کرنا- مسرور ہونا- باغ باغ ہونا- خورسند ہونا- خوش وخرم ہونا-

بھرنا (ھ- لازم) کھلنا- پٹ ہو جانا-

بھَرَنس- بھَرنش (ھ- مذکر) ۱ گرنا ۲ کم ہونا ۳ گمراہ ہونا- برا ہونا ۴ ساتھ چھوڑ دینا- ترک کر دینا ۵ فرار (نیاگ) ترک ۶ بربادی تباہی- شکست-

بھَرِنگ (س مذکر) بڑی شہد کی مکھی- بھرمر ۲ ایک پرندہ- بھجنگی- بھنگراج ۳ سونے کا پھولدان ۴ عیاش- شہوت پرست- رنڈی باز ۵ ایک پودہ- بھرنگ راج (مذکر) ایک پودہ جو دوائیوں میں کام آتا ہے-

بھَرنگار (س- مذکر) ایک سونے کا پھول دان جو شاہی رسومات میں کام آتا ہے ۲ سونا ۳ لونگ ۴ ایک پودہ-

بھَرنگاری (س- مونث) جھینگر- ایک کیڑا جو برسات میں بہت بولتا ہے-

بھَرِنگ (س مذکر) ایک پرندہ از قسم بلبل-

بھَرنگی- (س مذکر) بڑی شہد کی مکھی- ایک قسم کی بھڑ- بھَرنگی پھل (مذکر) ایک پھل-

بھَرنی (س مونث) ۱ دوسرا نچھتر یا منزل قمر- بطین ۲ بانا ۳ نال- دھڑکی- ماکھو-

بھرُو (س مؤنث) بھوں-

بھرو بھنگ (مذکر) بھوں کو سکیڑنا- اظہار ناراضگی- قہر کی نگہ- غصے کی نظر

بہُروپ (ہ مذکر) دیکھو بہ کے تحت میں بہروپ بدلنا (متعدی) بھیس بدلنا- سانگ بھرنا ۲ دھوکا دینا- دغا دینا- فریب کرنا ۳ شعبدہ بازی کرنا بہروپ بھرنا (متعدی) سانگ بھرنا یا بنانا- تماشا کرنا- نئی وضع اختیار کرنا نئی حالت میں نظر آنا- بہروپ دکھانا (متعدی) تماشا دکھانا- رنگ لانا- نئی وضع اختیار کرنا- بہروپ لانا- (متعدی) نئی شکل میں ظاہر ہونا بہروپیا- دیکھو بہ کے تحت میں-

مقولہ- بہروپ بھرنے میں بھی کمال چاہیئے- ادنیٰ کام بھی عقل کے بغیر نہیں ہو سکتا-

بھَروتی (ھ- مؤنث) مکمل ادائیگی کی رسید ۲ رسید قبض الوصول- جواب ۳ معاوضہ- عوض نقصان-

بھَروٹا- بھَروٹھا (ہ- مذکر) بوجھا- لدا (گھاس وغیرہ کا)

بھَروسا (ہ- مذکر) امید- آسرا- سہارا ۲ اعتماد- اعتبار- ساکھ (پرتیت دینا- رکھنا- کرنا ہونا کے ساتھ) (س بھدرَ- اچھی آشا- امید) بھروسے کا آدمی (مذکر) اعتبار کا آدمی-

بھَرَول (ہ- مذکر) وہ فصل جس میں پھل بہت آئے-

بہُرون (ھ- متعلق) پھر دوسری دفعہ-

بھَرُون (ت- مذکر) ۱ کچا یا ادھورا بچہ- جنین- مضغہ ۲ حمل-

بھَرونا (ھ- مذکر) بوجھ سلدا (لکڑی کا)

بہَرہ (ت- مذکر) ۱ جائداد- دولت ۲ حصہ بخرہ ۳ قسمت- نصیب ۴ حوصلہ- دلیری ۵ فائدہ- نفع- یافت- بہرہ رکھنا (متعدی) ۱ حصہ کا مالک ہونا- حصہ دار ہونا ۲ کچھ ملنا- بہرہ کھل جانا- کھلنا (لازم) قسمت کھلنا- نصیبہ جاگنا ۲ برا بھلا کہنا- گالیاں دینا ۳ حوصلہ ہونا دلیری کرنا ۴ کامل ہونا- بہرہ مند (صفت)

۱ خوش قسمت - خوش نصیب - بختاور - طالعمند اقبالمند - بھاگوان ۲ جس کی اُمیدیں پوری ہوں - ۳ خوش - خرم - خورسند - آنند ۴ فائدہ اُٹھانے والا ۵ (مذکر) وہ شخص جو فائدہ یا نفع اُٹھائے - (کرنا ہونا کے ساتھ) **بہرہ مندی** (مؤنث) خوش قسمتی - طالعمندی - اقبال ۲ خوشی - خرمی **بہرہ ور** (صفت) دیکھو بہرہ مند **بہرہ یاب** (صفت) دیکھو بہرہ مند ۲ حصہ پانے والا - حصہ دار -

بَھرَئی (ھ - مذکر) بنارس کے ضلع میں ایک محصول ہوتا تھا - جس کا نصف محصول اکٹھا کرنے والا اور نصف سرکار لیتی تھی -

بَہری (ہ - مونث) ایک شکاری پرند (س بَدھ - مارنا ، ری - والی) **بہری جھپٹنا** (لازم) بہری کا شکار پر حملہ کرنا -

بِہری (ہ - مونث) ۱ برابر کا حصہ بخرہ - حصہ ۲ چندہ - قسط - دیکھو بیہری - **بہری باندھنا** (متعدی) چندہ مقرر کرنا - باری مقرر کرنا -

بِھڑی (ھ - مونث) ۱ انتشار - پراگندگی پھیلاؤ - بکھیر ۲ گریز - فرار - بھاگنا -

بُہری (ھ - مونث) بھنے ہوئے جو -

بھَرسے (ہ - مونث) ایک جنگلی گھاس - دیکھو بھری -

بُہریا (ھ - مذکر) اجنبی - پردیسی - دوسرے ملک کا -

بُہریا (ہ - مونث) ۱ بہو ... بیوی ۲ بالک کی بیوی ۳ ملازادے کی بیوی -

مثل - بہریا کے بڑے دُلار ہانڈی باسن چھوائی نہ پاوس (ھ) بہو سے بہت محبت ہے - مگر اس کے اختیار میں کچھ نہیں - وہاں کہتے ہیں جہاں ساس کے اختیار میں سب کچھ ہو -

بھَریا (ھ - مونث) وہ زمین جس میں پانی سینچا جائے -

بَھڑ (ہ - مذکر) ۱ بڑی کشتی ۲ جلتی ہوئی لکڑی کے چٹخنے کی آواز ۳ توپ - بندوق کی آواز ۴ کسی چیز کے پھٹنے یا تڑکنے کی آواز ۵ آندھی کے چلنے کی آواز ۶ ایک کلمہ جو فیلبان ہاتھی کو اُٹھانے کے واسطے کہتے ہیں - **بھڑ بھڑ** (مذکر) آگ کے جلنے کی آواز (تف) آواز سے - **بھڑ بھڑ کرنا** (متعدی) آگ کا بھڑکنا - آواز سے جلنا - تڑکنا چٹخنا -

بِھڑ (ہ - مونث) ایک پردار عموماً زرد رنگ کا کیڑا جس کے ڈنک میں تکلیف دہ زہر ہوتا ہے - یہ چھتے بنا کر رہتا ہے - **بھڑ کا چھتہ بھڑوں کا چھتہ** - بھڑوں کا گھر - ایسا خاندان جس کے افراد کا آپس میں بڑا اتفاق ہو اور اگر ایک کو چھیڑا جائے تو سب گرد ہو جائیں - **بھڑوں کے چھتے کو چھیڑنا** - شریر فسادی آدمی کو چھیڑنا یا غصہ دلانا - **بھڑوں کے چھتے میں ہاتھ ڈالنا** - بدآدمی کو چھیڑنا - شرارتی آدمیوں کو چھیڑ کر جھگڑا پیدا کر لینا - شرارت پیدا کرنا -

مثل - بھڑ کی لات کیا عورت کی بات کیا - بھڑ کی لات کمزور ہوتی ہے - ہاتھ میں پکڑو تو ٹوٹ جاتی ہے - اسی طرح عورت کی بات کمزور ہوتی ہے - مطلب یہ ہے کہ عورت کی بات کا اعتبار نہیں کرنا چاہئے - **بھڑوں کے چھتے کو مت چھیڑو** - بُرے آدمیوں سے جھگڑا مت پیدا کرو -

بِھڑا (ہ - اسم) بھڑنا کا - **بھڑا** (اسم) ۱ بھڑانا کا ۲ (ماضی) بھڑنا کی ۳ (صفت) ملا ہوا - جڑا ہوا - چھوتا ہوا ۴ بند ۵ جمع ہوا ہوا - بہت تنگ ۶ مخالف - لڑتا جھگڑتا ہوا **بھڑا دینا** (متعدی) دیکھو بھڑانا - **بھڑا رہنا** (لازم) ساتھ لگے رہنا وغیرہ - **بھڑا مارنا** (متعدی) لڑا دینا - **بھڑانا** (متعدی) ۱ لڑانا - مقابلہ کرانا - ٹکرانا - ابھار کر لڑا دینا ۲ قریب لانا - ملانا ۳ رشوت دینا - دینا ۴ ساجھا کرنا ۵ دروازہ بند کرنا ۶ داؤں پر رکھنا - **بھڑ پڑنا - بھڑ جانا** (لازم) دیکھو بھڑنا **بھڑ کر** (تف) مقابلے کے ساتھ - بہت قریب ہو کر - گھمسان کی **بھڑ کر تلوار چلنا** (لازم) فریقین میں زور و شور سے تلوار کی لڑائی ہونا - **بھڑنا** (لازم) قریب ہونا - متصل ہونا ۲ لڑنا - مقابل ہونا آمادہ بجنگ ہونا ۳ ٹکر کھانا - ٹکرانا ۴ دروازے کے پٹوں کا بند ہونا ۵ مباحثہ کرنا - جھگڑنا ۶ بغل میں لے لینا - ہم بغل کرنا - **بھڑوانا** (مم) بھڑنا کا متعدی - بھڑانا -

بھُڑ (ھ - مونث) ۱ سوراخ جس میں سے پانی بہے ۲ دریا کے کنارے کے کوئیں -

بھَڑا (ھ - مذکر) ایک قسم کی گھاس - بھری -

بَھڑا بھڑ (ہ - مونث) دو چیزوں کے ٹکرانے کی آواز - گوز کی آواز -

بھڑاس (ہ - مونث) ۱ دل کا بخار - غصہ ۲ کینہ - عداوت - دشمنی - **بھڑاس نکالنا** (متعدی) **نکل جانا یا نکلنا** (لازم) رو کر - بُرا بھلا کہہ کر - شکوہ شکایت کر کے دل کا غصہ یا رنج نکلنا -

بَھڑائی (ھ - مونث) ۱ میل - لگاوٹ ۲ ٹکر - مقابلہ ۳ (ہ) اردو میں لڑائی کا تابع استعمال ہوتا ہے - جیسے لڑائی بھڑائی -

بَھڑ بَھڑاہٹ (ہ - مونث) ۱ آگ کی بھڑ بھڑ ۲ اونچی اور لمبی آواز ۳ (توپ یا طوفان وغیرہ کی) گڑگڑاہٹ - گرج - وندناہٹ -

بَھڑ بَھڑانا (لازم) ۱ تڑکنا چٹخنا - ۲ آگ کا بھڑکنا - بھڑ بھڑ کرنا ۳ (ہ) طبلہ بجانا -

بَھڑ بھڑیا (ہ - صفت) ۱ بغیر سوچے سمجھے بولنے والا - پیٹ کا ہلکا - جو دل میں آئے کہہ دینے والا ۲ سادہ - بھولا بھالا - سیدھا سادہ ۳ صاف دل - صاف گو ۵ گپی بکی بکواسی -

مثل - بھڑ بھڑیا اچھا پیٹ پاپی دکا کپٹی بُرا - بکواسی آدمی لالچی اور طامع سے بہتر ہوتا ہے -

بَھڑ بھونجا (ہ - مذکر) ۱ بھاڑ جھونکنے والا - اناج بھوننے والا - ہندوؤں کی ایک نیچ ذات ۲ بدشکل - سیاہ فام - بدحیثیت ۳ میلا کچیلا - گندا (س - بھرج - بھوننا) **بھڑ بھونجا سا ہے** - میلا کچیلا بدحیثیت سا ہے - **بھڑ بھونجن** (مونث) ۱ بھڑ بھونجے کی بیوی ۲ بدشکل سیاہ فام عورت -

مثل بھڑ بھونجے کی بیٹی کیسر کا تلک (ٹیکا) غریب آدمی کے امیروں کی نقل کرنے پر بولتے ہیں -

بَھڑ تِنگا (ہ - مذکر) غل غپاڑہ - شور - دھوم دھام -

بَھڑری (ہ - مونث) اناج جو گاہنے کے بعد بالیوں میں رہ جائے -

بَھڑریا (ہ - مذکر) بھنڈیریا - مداری -

بَھڑ سائیں (ہ - مذکر) بھاڑ - بھٹی -

بھڑک (ہ - مونث) ١ چمک دمک روشنی۔ تجلی۔ تاب ٢ نمود۔ رونق۔ شان و شوکت ٣ پیاس۔ پانی کی خواہش ٤ جھجک۔ وحشت ٥ گرمی **بھڑک اٹھنا** (لازم) ١ مشتعل ہونا۔ آگ پکڑنا۔ جلنا۔ ٢ آگ کا تیز ہونا۔ شعلہ اٹھنا۔ آگ کا روشن ہونا۔ **بھڑکانا** (متعدی) آگ تیز کرنا۔ مشتعل کرنا۔ بہکانا۔ برافروختہ کرنا۔ غصہ دلانا۔ آگ لگانا ٢ ڈرانا چونکانا۔ وحشت دلانا ٣ (حقہ) توے کا زیادہ جلانا۔ تمباکو کا جلد سوختہ کرنا۔ **بھڑک جانا** (لازم) ١ ڈر جانا۔ جھجک جانا ٢ تیز ہو جانا۔ رنجیدہ ہو جانا۔ برا مان جانا ٣ اکھڑ جانا۔ ہٹ جانا ٤ رگ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ٥ (گھوڑے کا) ڈر کر اچھلنا یا بھاگ جانا **بھڑکدار** (صفت) بھڑکیلا۔ چمکیلا۔ **بھڑکنا** ١ خوف کھانا۔ ڈرنا ٢ جھجکنا۔ بدکنا۔ چمکنا ٣ پھڑکنا۔ ہلنا۔ دھڑکنا۔ تپکنا ٤ گرم ہونا۔ جلنا۔ مشتعل ہونا۔ شعلے نکالنا۔ آگ کا تیز ہونا ٥ آگ لگنا۔ جل اٹھنا ٦ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ جوش میں آنا ٧ ٹوٹنا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تڑکنا (برتن کا) ٨ اپنی جگہ سے ہٹ جانا ٩ رونق بڑھنا چمک آجانا ١٠ اعصاب کا کھچ جانا۔ پٹھوں کا تن جانا ١١ (حقہ) جل جانا۔ تمباکو کا سوختہ ہو جانا ١٢ گرمی کا تیز ہونا۔ حرارت کا بڑھنا ١٣ (پیاس) پانی کی سخت خواہش ہونا۔ بہت پیاس لگنا۔ **بھڑک نکل جانا یا نکلنا** (لازم) جھجک نکل جانا۔ ڈر یا خوف جاتا رہنا۔ وحشت دور ہونا **بھڑکول** (ہ) ١ وحشی۔ بھڑکنے والا ٢ چمکدار چمکیلا۔ زرق برق **بھڑکیل بھڑکیل** (صفت) ١ وحشی۔ بھڑکنے والا ٢ (ہ) بھڑکدار **بھڑکیلا** (صفت) ١ بھڑکدار۔ زرق برق۔ چمکدار ٢ (ہ) وحشی۔ بھڑکنے والا۔ **بھڑکیلپن**۔ (ہ) ١ وحشت۔ بھڑک ٢ چمک دمک روشنی۔ تاب۔

مثل۔ بھڑک بھاری کیسہ خالی۔ دکھاوا ہی دکھاوا ہے۔

بھڑمبا (ہ - مذکر) دھوکے کی بات۔ بھرا بھلاسرا **بھڑمبوں میں آنا** (لازم) دھوکے کی باتوں کا اعتبار کرنا۔ بھردں میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ **بھڑمبے دینا** (متعدی) بھرتا دینا۔ دھوکا دینا۔ بھلاسرا دے کر آکسانا

بھڑمل (اردو - صفت مذکر) ١ بے شرم۔ بے حیا ٢ مسخرا۔ بھڑوا (لکھنو)

بھڑنبا (ہ - مذکر) دیکھو بھڑمبا۔

بھڑنگ (ہ - صفت) دیکھو بھڑبھڑیا

بھڑوا (ہ - مذکر) ١ جو آدمی عورتوں کی کمائی پر بسر کرے ٢ جو غیر مرد اور عورتوں کو ملائے ٣ دلال۔ قرمساق۔ دیوث۔ تلتبان۔ کٹنا ٤ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے ٥ بدمعاش۔ بدچلن ٦ بے حیا۔ بے شرم۔ بے غیرت ٧ بیوقوف احمق ٨ طوائفوں کے ساتھ مردنگ بجانے والا (س۔ بھاٹ) **بھڑواپن** (مذکر) قرمساقی۔ دلالی۔ عورتوں کو مردوں سے ملانے کا کام۔ **بھڑوا تڑوا کرنا** (لکھنو) کسی کو گالی دینا۔ **بھڑوانا** (متعدی) غیر عورت کسی مرد کے واسطے لے جانا۔ مرد عورت کو ملانا۔ کٹنا پا کرنا۔ **بھڑوا ہے**۔ مست ہے۔ نشے میں چور ہے (دیوالی کے موقعہ پر) **بھڑوائی** (مونث) بھڑوے پن کی کمائی۔

مثل۔ بھڑوے کو بھی منہ پر بھڑوا نہیں کہتے۔ کسی شخص میں اگر کوئی نقص ہو تو اسے اس کے سامنے اس طرح بیان نہیں کرنا چاہیے کہ اسے برا معلوم ہو۔ جب کوئی شخص کسی کے متعلق برے لفظ استعمال کرے۔ تو کہتے ہیں۔

بھڑوت (ہ - مونث) روپے کے تبادلے کا فرق۔ بٹا۔

بھڑوتی (ہ - مذکر) جو کرایہ پر گاڑی چلائے۔

بھڑول دینا۔ بھڑولنا (متعدی) راز ظاہر کرنا۔ بھید کھولنا (متروک)

بھڑہا (ہ - مذکر) بھیڑیا۔

بھڑی (ہ - مونث) ١ چاٹ۔ لالچ اشتعال۔ پرچک ٢ کبوتروں کو اڑانا۔ کبوتروں کو پرواز سکھانا۔ کبوتروں کو بھوکا رکھ کر اڑانا تاکہ وہ دانے پر واپس آئیں۔ اور دوسرے کبوتر بھی ساتھ آئیں۔ **بھڑیا۔ بھڑیاں** (مونث) بھڑی۔ **بھڑی دینا بھڑیا دینا۔ بھڑیاں دینا** (متعدی) ١ کبوتروں کو اڑانا۔ کبوتروں کو پرواز سکھانا وغیرہ ٢ حیران کرنا دق کرنا۔ ستانا۔

بھڑبت۔ بھڑبتی (ہ - مذکر) کرلٹے دار۔ پٹے دار۔ اجارے دار۔ ٹھیکیدار۔ مستاجر۔

بھڑیت (ہ - مذکر) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ شورہ پشت۔

بھڑیری (ہ - مؤنث) ١ بھنڈولی۔ بھنڈیر۔ بانسوں کو تلے اوپر رکھنا ٢ (صفت و مذکر) دیکھو بھنڈیریا۔

بھہر (ع - مذکر) ١ حرکت کرنا۔ ہٹانا ٢ ہاتھوں اور پاؤں سے مارنا۔

بہس (ع - مذکر) بہادری۔ دلیری

بھس (س ہ - مؤنث) ١ راکھ۔ بھبوت۔ بھسم ٢ خاک۔ ہیچ **بھس بھسا** (س) **بھس بھسا** (ہ - صفت) ١ نرم۔ پھپھسا۔ پلپلا ٢ خستہ راکھ کی طرح کا **بھسنگا** (مؤنث) گوشت کی بھونی ہوئی بوٹی۔ کوئلوں پر بھونی ہوئی بوٹی۔

بھُس (ہ - مذکر) اناج کا چھلکا چوکر بھوسی پھنکن چھلکن (س بُش) **بھس اڑا دینا** (متعدی) ١ بہت مارنا۔ سخت زد و کوب کرنا ٢ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ **بھس اڑانا** (متعدی) مارنا۔ زد و کوب کرنا ٢ ماتم کرنا۔ اظہار غم کرنا۔ **بھس بھرانا** (متعدی) بھس بھروانا **بھس دینا یا بھرنا** (متعدی) کسی خالی چیز کو بھس سے بھر دینا کھال اتار کر اس میں بھس بھر دینا ٢ خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا۔ **بھس بھروانا**۔ (متعدی) پرانے زمانے کی ایک سزا جس میں آدمی کی کھال کھچوا کر بھس بھرا دیتے تھے ٢ بہت مارنا **بھس پر لیپنا** (متعدی) فضول کام کرنا۔ بیفائدہ کام کرنا۔ **بھس کھاجانا** (لازم)۔ بیہودہ باتیں کرنا بے وقوفی کی باتیں کرنا **بھس کے مول ہے**۔ سستا ہے۔ **بھس ملانا** (متعدی) خراب کر دینا **بھس میں چنگی یا چنگاری ڈالنا** (متعدی) آگ لگانا فساد کرانا۔ لڑائی کرانا۔ **بھس ہونا** (لازم) تھک جانا خستہ ہونا۔

امثلہ و اقوال۔ **بھس پر برات** مفت میں کوئی کام نکالنا **بھس پر چھٹی باڈ پر برات** خیالی پلاؤ کی نسبت کہتے ہیں۔ **بھس کے مول ملیدہ ہے**۔ بہت سستا ہے۔ اندھاں ہے۔ **بھس میں ٹیمی (چنگی یا چنگاری) ڈال جمالو دور کھڑی**۔ وہاں بولتے ہیں۔ جہاں کوئی لڑائی کرا کر تماشا دیکھے۔

بھسانا (ہ - متعدی) تیرانا۔ کشتی چلانا۔ کشتی دریا میں ڈالنا۔

بھساکو (اردو - مذکر) حقے میں پینے کا ہلکا تمباکو (لکھنؤ)

بھساون (ہ - مذکر) کشتیوں کے اناج پر محصول -

بھسترا (س - مذکر) دھونکنی -

بھسٹل (ہ - صفت) گندا - میلا نجس - کثیف -

بھسند (س - مؤنث) 1 فرج - شرمگاہ عورت 2 سورج - آفتاب 3 منہ - دہانہ -

بھسرا (ہ - مذکر) گھٹیا قسم کا گیہوں وہ گیہوں جس میں سے دانہ کم اور بھس زیادہ نکلے -

بھسٹر (اردو - صفت) 1 موٹا - فربہ 2 مجہول 3 بھدا - **بھسٹرا** (مذکر) موٹا بھدا آدمی - **بھسٹری** (مؤنث) بہت بھدی اور موٹی عورت -

بھسکار (ہ - امر) بھسکارنا کا بھسکارا (ماضی بھسکارنا کی) 2 (مذکر) پھنکار - سسکار - سانپ کی آواز **بھسکارنا** (متعدی) پھنکارنا - سسکارنا -

بھسکڑ (ہ - مذکر) دیکھو بھسکو -

مثل - بھسکڑ کے داماد کو بھات ہی مٹھائی - پیٹو آدمی کو جو کھانے کو ملے غنیمت ہے -

بھسکنا (ہ - لازم) گرنا - نیچے آ پڑنا 2 (متعدی) چبانا - کھانا - نوش کرنا بھوجن چھکنا -

بھسکو (ہ - مذکر) بہت کھانے والا آدمی - پیٹو یا طامع شخص **بھسکو** (ہ - مؤنث) 1 بہت کھانے والی عورت 2 ہرجائی عورت -

بھسلنا (ہ - لازم) چندھیا جانا - چکاچوند ہونا -

بھسم (س) **بھسم** (ہ - مذکر) راکھ بھبوت - بھس - جلی ہوئی چیز کی خاک - **بھسما سر** (مذکر) ایک اسر جس میں یہ طاقت تھی کہ جس کے سر پہ ہاتھ دھرتا وہ راکھ ہو جاتا - **بھسمنان** (مذکر) گائے کے گوبر کی راکھ بدن پر ملنا **بھسم رمانا** (متعدی) بھبوت ملنا **بھسم کر دینا یا کرنا** (متعدی) جلا دینا - راکھ کر دینا 2 ہضم کر جانا - **بھسم ہونا** (لازم) 1 جل کر راکھ ہو جانا - جلنا 2 حسد یا غصے میں جانا 3 ہضم ہو جانا - تباہ ہو جانا - برباد ہو جانا -

بھسمک - (س - مذکر) 1 ضعف بھوک اور لاغری 2 آنکھوں کی بیماری جس میں نظر کم ہو جاتی ہے -

بھسمنت (ہ - مذکر) 1 راکھ - بھبوت 2 وہ چیز جو بھسم ہو گئی ہو - کوئی برباد یا فنا ہو جانے والی چیز -

بھسمی (س - مؤنث) 1 راکھ - بھبوت 2 مردے کی راکھ 3 مردے جلانے کی جگہ - مرگھٹ - **بھسمی کرت** (صفت) راکھ کیا ہوا - کشتہ **بھسمی کرن** (مذکر) راکھ کرنا - بالکل جلا دینا پھونک دینا - کشتہ کرنا -

بہسنا (ہ - لازم) 1 مسکرانا - ہنسنا - 2 خوش ہونا - مسرور ہونا -

بھسنا (ہ - لازم) 1 تیرنا - پانی کے اوپر رہنا 2 بہنا - پانی کے اوپر جانا 3 ڈوبنا - بیٹھ جانا - غرق ہو جانا -

بھسنڈ (ہ - صفت) موٹا - فربہ بدصورت -

بھسنڈی (ہ - مؤنث) ایک گولی بارود والا ہتھیار - آتشیں ہتھیار 2 ایک قسم کی چھوٹی بندوق -

بھسورا (مذکر) **بھسوری** (ہ - مؤنث) بھسولا - بھسوندا - بھسیرا - بھسیڑا - بھسیلا بھسیہرا - (ہ - مذکر) بھس رکھنے کی جگہ - مکان میں وہ کوٹھڑی جس میں بھس رکھتے ہیں -

بھسونڈا (اردو - مذکر) ہاتھی کی کنپٹی -

بہش (ع - مذکر) 1 خوش ہونا کسی چیز کو پکڑنے کے لئے ہاتھ بڑھانا 3 اکٹھا ہونا 4 رونے یا ہنسنے کے لئے تیار ہونا 5 تازہ بھٹکی -

بہشت (ف - مذکر) 1 جنت - فردوس - عدن - باغ جناں - خلد - باغ رضواں - بیکنٹھ 2 فضا کا مقام - عیش و آرام کی جگہ - باغ 3 ایک قسم کی مٹھائی **بہشتا** (مذکر) بہشتی - **بہشت دنیا** (مذکر) 1 شہر سغد جو سمرقند کے قریب ہے 2 دمشق **بہشت بریں** (مذکر) سب سے اعلیٰ بہشت **بہشت شداد** (مذکر) شداد قوم عاد کا ایک بادشاہ تھا - اس نے عدن میں ایک باغ بنوایا تھا - جب تیار ہوا اور اس کو دیکھنے گیا گھوڑے سے اترتے ہوئے ملک الموت نے روح قبض کی - **بہشت کا جانور** (مذکر) مور طاؤس - **بہشت کا میوہ** - انار - انجیر 2 کوئی مزیدار میوہ **بہشت کی پری** (مؤنث) ناچنے گانے والی عورت **بہشت کی ہوا** (مؤنث) سرد خوشگوار ہوا - نسیم شمیم - **بہشت میں ٹھوکر (لات یا لاتیں) مارنا** (متعدی) 1 آرام و آسائش کو چھوڑنا - راحت ترک کرنا 2 خدا کی مہربانیوں کی ناشکری کرنا 3 نیک کے ساتھ بدی سے پیش آنا 4 ماں باپ سے بدسلوکی کرنا - اپنی عاقبت خراب کرنا - اپنے حق میں برائی کرنا - **بہشت والا** 1 (صفت) بہشت کا 2 (مذکر) بہشتی - **بہشتن** (مؤنث) بہشتی کا - **بہشت نشاد** (صفت) بہشت کی طرح کا - بہشت کے مانند باغ یا شہر کی تعریف - **بہشتی** (مذکر) 1 بہشت کا رہنے والا - جنتی 2 چونکہ مسلمانوں میں پانی پلانا بڑے ثواب کا کام سمجھا جاتا ہے - اس لئے - پانی پلانے والا - سقا - پانی بھرنے والا 3 عورتیں مرے ہوئے کے نام کے ساتھ یہ لفظ لگا کر ذکر کرتی ہیں - عورت کے نام کے ساتھ بہشتن - **بہشتی پرند** (مذکر) جزیرہ نیوگنی کا ایک نہایت خوبصورت پرندہ جس کی کئی اقسام ہیں -

بہشتا - بہشتی - (اردو - مذکر) دیکھو بہشتی 2 (عف)

بھشٹا (ہ - صفت) پاخانہ - فضلہ - براز - گو - میلا -

بھشٹل (مونث) 1 گندی عورت - میلی عورت 2 پھوہڑ - بیوقوف عورت -

بھشج (س - مذکر) 1 وید - حکیم - ڈاکٹر 2 دوا - علاج 3 شت دھون کا ایک بیٹا - **بھشجا درت** (مذکر) کرشن جی -

بھشرا (س - مذکر) ایک قسم کا چقندر

بہص (ع - مذکر) پیاس -

بہط (ع - مذکر) چاول جس پر دودھ اور مکھن پڑا ہو -

بہظ (ع - مذکر) 1 تکلیف دینا مصیبت ڈالنا 2 تھکانا -

بہق (ع - مذکر) 1 کوڑھ - برص 2 داد -

بھق بھق (ہ - مونث) انجن سے دھواں نکلنے کی آواز - بدبو -

بھقر بھقر بدبو آنا (اردو - لازم) بری بو آنا - بساندھ آنا -

بہک (ہ - امر) بہکنا کا 2 (مونث) بہکی باتیں - الٹی پلٹی باتیں - باتیں جن کا سر پیر کچھ نہ ہو 3 گمراہی - گم گشتگی - راہ راست سے دوری 4 بدقسمتی

شراب کے نشے میں کچھ کا کچھ کہنا۔ **بہکا** (امر) ۱ بہکانا کا۔ ۲ (ماضی) بہکنا کی ۳ (صفت) گمراہ۔ گم گشتہ ۴ بیوقوف بے عقل نافہم۔ **بہکا بہکا پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا۔ بھٹکتے پھرنا۔ **بہک اٹھنا** (لازم) بہکی باتیں کرنا۔ نشے میں ہو جانا **بہکا دینا** (متعدی) بہکانا۔ **بہکا لیجانا** (لازم) دم دیکر لیجانا۔ دھوکہ دیکر بہکا لیجانا۔ **بہکانا** (متعدی) ۱ راستہ بھلانا۔ غلط راستے پر لگانا ۲ ورغلانا۔ اغوا کرنا ۳ دھوکہ دینا۔ فریب دینا ۴ سبز باغ دکھانا۔ جھوٹے وعدے کرنا ۵ غلط بیانی سے یقین دلانا ۶ کان بھرنا۔ بدگمانی کرنا ۷ ڈرانا۔ دھمکانا۔ خوف دلانا ۸ اشتعال دینا۔ ترغیب دینا ۹ مست کرنا۔ **بہکاوا** (مذکر) **بہکاوٹ** (مونث) **بہکایا** (مذکر) دھوکا۔ فریب۔ ڈر۔ **بہکاوے یا بہکاسے میں آنا**۔ دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔ **بہکتے پھرنا** (لازم) بھٹکتے پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ **بہکنا** (عف) وہ شخص جو کسی کے بہکاوے میں آجائے۔ **بہک جانا** (لازم) دھوکا کھا جانا۔ فریب میں آنا ۲ راہ راست سے بچھڑ جانا۔ گمراہ ہو جانا۔ **بہک چلنا** (لازم) ۱ بد مست ہو جانا ۲ بہکنے لگنا۔ باولا ہو جانا ۳ حد سے متجاوز ہو جانا ۴ اترانا۔ مغرور ہونا۔ **بہکنا** (لازم) راہ راست سے دور ہو جانا۔ بچھڑنا ۲ نشے میں الٹی پلٹی باتیں کرنا۔ ۳ بخار میں بکنا ۴ دھوکا کھانا۔ فریب میں آجانا ۵ پھسلنا کہیں سے کہیں جانا ۶ نشانہ خطا کرنا ۷ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ ۸ حد سے بڑھ جانا ۹ (پاؤں) لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔ **بہکنے لگنا** (لازم) الٹی پلٹی باتیں کرنا۔ بے سر و پا باتیں کرنا۔ بہکوانا (لازم) بہکانا کا۔ **بہکی بہکی باتیں کرنا** (متعدی) ۱ الٹی پلٹی باتیں کرنا ۲ اس طرح باتیں کرنا جیسے نشے میں ہو۔ **بہکی ہوئی آواز**۔ وہ آواز جو بولنے والے کے قابو میں نہ ہو۔ بے سری آواز

بھک (ہ۔ مونث) بارود کے اڑنے کی آواز۔ گھی یا تیل کو آگ لگنے کی آواز۔ دھماکا بھڑاکا۔ اڑ جانیوالا مادہ۔ تمباکو کا باریک چورا۔ **بھک بھک** انجن سے دھواں نکلنے کی آواز۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز **بھک سے اڑ جانا** (لازم) بارود وغیرہ کا آواز دیکر یک لخت اڑ جانا۔ صاف کٹ جانا **بھک سے اڑ جانیوالا مادہ** (مذکر) بارود۔ نائیٹرو گلسرین۔ ڈائنا مائیٹ۔ گن کاٹن یا کوئی اور چیز جس کو جلد آگ لگ جائے اور دھماکا پیدا ہو۔

بھک (ہ۔ مونث) بھیک کا مخفف۔ **بھکاری**۔ **بھک منگا** (صفت) منگتا۔ فقیر۔ سادھو ۲ غریب۔ کنگال ۳ مانگنے میں حیا نہ کرنے والا۔

بُھک (ہ۔ مونث) بھوک کا مخفف **بھکّا** (صفت) بھوکا کا مخفف۔ **بھکّا پیر** (مذکر) ۱ وہ خبیث جو سب چیزیں نگل جاتا ہے ۲ (صفت) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔ طامع۔ **بھک موا** (صفت مذکر) **موئی** (صفت مونث) فاقہ کش بہت بھوکا یا بھوکی۔

بھکا۔ (مذکر) حرف یا آواز۔ بھ۔

بُھکا (ہ۔ امر) بھکانا کا۔ **بھکا** (**بُھکا**) کر (تف) تھکا تھکا کر۔ ستا کر۔ دق کر کے **بھکانا** (متعدی) ۱ دیکھو بھوکانا ۲ تھکانا۔

بُھکّا (س۔ مذکر) ایک راجہ۔ **بھکّا پال** (مذکر) ایک راجہ۔

بھکت (س۔ صفت) ۱ ایکا ہوا۔ تلا ہوا ۲ چاہنے والا۔ عاشق ۳ متوجہ۔ ملتفت ۴ یقین کرنے والا۔ دھرمی ۵ عابد۔ پارسا۔ زاہد ۶ (مذکر) سادھو سنت ۷ پوجاری۔ بالکا۔ چیلا۔ مرید۔ آدھین ۸ تماشا کرنے والا یا سوانگ بھرنے والا ہندو شخص ۹ ناچنے والا آدمی۔ تماشا کرنے والا شخص ۱۰ ابلے ہوئے چاول خشکا ۱۱ خوراک۔ پرشاد **بھکت ہونا** (لازم) سادھو بن جانا۔ کسی سادھوں یا جوگیوں وغیرہ کے فرقے میں شامل ہو جانا۔

بھکت (س۔ مونث) ۱ مذہب۔ دھرم۔ دین۔ اشٹ ۲ اعتقاد۔ عقیدہ۔ ایمان ۳ عبادت پوجا۔ بندگی۔ ارادھن۔ ارچن ۴ رفاقت۔ ہمدمی۔ وفاداری ۵ ریاضت۔ تقوے۔ تپ۔ تپسیہ ۶ خواہش آرزو۔ امید۔ **بھکتی** (ہ) بھکت۔

بھکت (ہ۔ مونث) شکستگی۔ ٹوٹ۔ بھنگ۔ بھنجن۔

بُھکت (س۔ صفت) کھایا ہوا۔ خوردہ۔ لطف لیا ہوا۔ مستعمل۔ استعمال کیا ہوا ۲ مقبوضہ مجرب۔ تجربہ کیا ہوا۔ برداشت کیا ہوا ۳ (مذکر) کھانا نوش کرنا۔ کھلانے والا۔ کھائی ہوئی چیز۔ خوردنی خوراک **بھکت** (مونث) مزے اڑانا۔ لطف۔ مزا۔ کمانا۔ خوراک۔ تصرف۔ حصول۔ بھوگ۔ بلاس۔ قبضہ۔ ان بھوگ پھل بھوگ۔

بھکتائی۔ بھکتا (ہ۔ مونث) ریاضت۔ تقویٰ۔ توکل۔ چاہ۔ انس۔ پیار۔ رفاقت۔ ہمدمی۔ وفاداری۔ زہد۔ تپ تپسیہ۔ تپسی کی زندگی۔

بُھک جانا (ہ۔ لازم) دیکھو بھکنا۔

بُھکرا (ہ۔ امر) بھکرانا کا **بھکرانا** (لازم) بدبو دینا۔ **بھکراند** (مونث) سڑے گلے اناج کی بو (دہلی) **بھکراندا** (صفت) جس میں سے بھکراند کی بو آتی ہو (دہلی)، **بکھراہند** (مونث) دیکھو بھکراند (لکھنو)، **بھکراہندا** (صفت) بھکراندا (لکھنو)

بھکاٹر (ہ۔ مذکر) مادہ گاؤ کا گوشت (قصابوں کی اصطلاح)

بُھکّڑ (ہ۔ صفت) بھوکا۔ جسے کھانے کو نہ ملے۔ ندیدہ۔ **بھکڑوں کی طرح (ٹوٹ پڑنا) گرنا** (لازم) بھوکوں کی طرح کھانا یا کھانے پر گرنا۔

بھکسا (ہ صفت) قابض۔ کسیلا۔

بھکسی (ہ۔ مونث) قید خانہ۔ محبس۔ جیل۔

بھکش (س۔ صفت) کھانے والا۔ ہضم کرنے والا۔

بھکشا (س۔ مونث) ۱ بھیک۔ مانگنا۔ مانگنا۔ خیرات مانگنا ۲ بھیک۔ خیرات۔ ۳ مانگی ہوئی خوراک ۴ مزدوری۔ بھاڑا۔ کرایہ۔ **بھکشا پاتر** (مذکر) کچکول گدائی۔ کاسۂ گدائی۔ **بھکشا مانگنا** (متعدی) بھیک مانگنا۔ **بھکشو** (مذکر) ۱ بھکاری۔ منگتا۔ فقیر ۲ برہمن کا چوتھا آشرم۔

بھکنا (ہ۔ لازم) نگلنا۔ بے احتیاطی سے کھانا۔ ناپ شناپ۔ کھانا۔

بُھکنا (ہ۔ لازم) چبھنا۔ کھبنا۔ گھس جانا۔ چھونا۔

بھکوا (ہ۔ صفت) ۱ بیوقوف۔ احمق۔ نادان ۲ مسخرہ۔ بیہودہ ۳ بھڑوا۔ ترساق۔ **بھکوانا** (لازم) بیوقوف۔ احمق وغیرہ بننا۔ عقل ماری جانا۔ بے عقل ہو جانا۔

مثل۔ بھکوا بھیگے گاؤں کے گوینڈے (ہ) بیوقوف آدمی فضول طور پر نقصان اٹھاتا ہے۔

بھکوسنا (ہ۔ متعدی) کھانا نگلنا ہڑپ کر جانا۔

بھکھ (ہ۔ مونث) بھیک کا مخفف

دیکھو بھک اور دیگر محاورات بھک کے تحت ہیں۔

بھکھری (ہ۔مونث) تھوتھا اناج۔ جھریلا اناج۔

بھکوی (ہ۔صفت) نادان۔ بیوقوف (عورت)

بھگ (س۔مذکر) ۱ خدائی طاقت۔ قوت ایزدی۔ سرو شکتی۔ قدرت کُلی۔ طاقت ربانی ۲ فضیلت۔ بزرگی۔ برتری ۳ عمدگی۔ جوہر۔ خوبی۔ گن ۴ شان۔ وقار۔ استوتی ۵ طاقت۔ قدرت۔ قوت۔ شکتی۔ زور۔ بل ۶ جلال۔ تجلی۔ جلوہ ۷ جمال۔ حسن۔ خوبصورتی۔ روپ ۸ اقبال۔ بخت۔ سہاگ۔ طالع ۹ خواہش۔ آرزو۔ امید ۱۰ کوشش۔ محنت۔ سعی۔ جتن ۱۱ مذہبی اطمینان یا تسکین ۱۲ خواہشات کا نہ ہونا ۱۳ شہوت۔ اختلاط۔ بوس و کنار ۱۴ فرج۔ جائے مخصوص۔ شرمگاہ۔ اندام نہانی ۱۵ (عص) ایک دیوتا جس کا ذکر ویدوں میں آتا ہے ۱۶ ایک نکشترہ جسے اترپھلگنی بھی کہتے ہیں ۱۷ سورج ۱۸ رُدر دیوتا۔ **بھگا** (مونث) ۱ خوبصورتی۔ حسن۔ جمال۔ روپ ۲ قوت۔ طاقت۔ قدرت۔ شکتی ۳ جائے مخصوص۔

بھگا (ہ۔ امر) بھگانا کا (س۔ بھجن)

بھگا (مذکر) وہ بنیہ جو لڑائی میں بھاگ گیا ہو۔ **بھگا لے جانا** (متعدی) کسی کو فریب دے کر ساتھ لیجانا ۲ دوڑ کر لے جانا ۳ دوڑ کر ساتھ لے جانا ۴ لے جانا ۵ (قانون) نابالغ بچے کو ولی جائز کے قبضے سے بغیر اس کی اجازت یا رضامندی کے لے جانا یا کسی شخص کو بغیر اس کی مرضی کے برٹش انڈیا سے باہر لیجانا۔ **بھگانا** (متعدی) ۱ بھاگنا کا متعدی دیکھو بھاگنا ۲ کسی عورت کو اغوا کر کے لیجانا۔ ورغلا کر لے جانا۔

بھگا (ہ۔ صفت) ۱ سادہ۔ سیدھا سادہ۔ سادہ لوح۔ بیوقوف ۲ (مذکر) چورا۔ بُرادہ ۳ (تل) ایک مٹھائی جو تلوں اور شکر کو کوٹ کر بناتے ہیں۔

بھگال (س۔ مذکر) انسانی کھوپری

بھگالن (صفت) ۱ کھوپریوں سے سجا ہوا ۲ (مذکر) شوجی کا ایک نام۔

بھگانا (ہ۔ متعدی) کھگونا گیلا کرنا۔

بھگت (ہ۔ صفت) ۱ نیک۔ پارسا۔ متقی۔ دھرمی۔ جتی ستی ۲ (مذکر) پرہیزگار آدمی۔ مقدس شخص۔ خدا پرست۔ دیکھو بھگت ۳ مذہبی ناٹک۔ سوانگ نقل۔ مذاقیہ۔ تماشا ۴ سیانا۔ گنڈے تعویذ کرنے والا۔ ۵ بھوت پریت اتارنے والا ۶ وہ ہندو جو گوشت کھانے سے پرہیز کرتے ۷ سازندہ۔ سفردائی ۸ (مونث۔ طنزاً) بیغیرتی۔ بے حیائی ۹ قطع۔ وضع۔ گت ۱۰ (آؤ) خاطرداری تواضع۔ **بھگتائی**۔ دیکھو بھگتن **بھگتائی** (ہ۔ مونث) دیکھو بھکتائی **بھگت باز** (مذکر) ایک فرقہ ہندوؤں میں جو ناچ گانے کا کام کرتا ہے۔ اور لڑکوں کو ناچنا گانا سکھاتا ہے۔ **بھگت بنانا** (مذکر) وضع بنانا۔ صورت بنانا۔ قابل مضحکہ وضع بنانا ۲ ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا۔ مارنا پیٹنا ۳ سوانگ بنانا۔ روپ بھرنا۔ **بھگت ہونا**۔ (لازم) خوب پٹنا۔ بُری گت بننا ۲ سادھو بننا۔ شراب وغیرہ چھوڑ کر پارسا بن جانا۔ **بھگتن** (مونث) بھگت کی جورو ۲ نیک۔ و پارسا عورت۔ سادھنی ۳ طنزاً طوائف رنڈی۔ کسبی۔ **بھگتی**۔ **بھگتیا** (مذکر) ناچنے گانے والا فرقہ۔ لڑکا جو لڑکی کی پوشاک میں ناچتا ہو۔ ایکٹر۔ تماشا کرنے والا۔ سوانگ بھرنے والا۔

بھگت (ہ۔ امر) بھگتنا سے **بھگتا** (امر) بھگتانا سے۔ **بھگتا ڈالنا** (متعدی) مار ڈالنا۔ فیصلہ کر دینا۔ بکھیڑا پاک کرنا۔ **بھگتان** (مذکر) ۱ سزا۔ جزا۔ بدلہ ۲ قرض کی بیباقی۔ **بھگتانا** (متعدی) ۱ بھگتنا کا ۲ کام کرنا۔ تعمیل کرنا ۳ انجام کو پہنچانا۔ ختم کرنا ۴ ادا کرنا۔ قرضہ بیباق کرنا ۵ تقسیم کرنا۔ بانٹنا حصہ دینا ۶ معاملہ فیصلہ کرنا۔ طے کرنا۔ چکانا ۷ تکلیف دینا۔ تکلیف پہنچانا ۸ مار دینا۔ قتل کر دینا۔ بدلہ دینا۔ صلہ دینا۔ سزا دینا۔ **بھگت جانا** (لازم) ۱ بیباق ہونا۔ ادا ہو جانا۔ معاملہ یا حساب صاف ہونا ۲ نجات پانا ختم ہو جانا ۳ قتل کیا جانا۔ **بھگت لینا** (متعدی) ۱ برداشت کر لینا۔ لڑنے مرنے کو آمادہ ہو جانا ۲ بدلہ لینا۔ سمجھ لینا ۳ کئے کی سزا پانا یا برداشت کرنا ۴ حساب سمجھ لینا۔ **بھگتمان** (ہ) ۱ قابل سزا ۲ لطف یا مزے کے قابل ۳ (مذکر) وہ شخص جو سزا کے قابل ہو۔ **بھگتنا** (متعدی) ۱ جھیلنا۔ برداشت کرنا ۲ سزا پوری کرنا۔ بھرنا ۳ پورا ہونا۔ مکمل ہونا ۴ ختم ہونا۔ تمام ہونا ۵ تصفیہ ہونا۔ فیصلہ ہونا ۶ نباہ کرنا ۷ تاوان دینا ۸ اپنے کئے کی سزا بھوگنا۔

بھگدر (ہ۔ مونث) ۱ بھاگنے کی ہلچل۔ افراتفری ۲ ۱۸۵۷ء کا غدر (دہلی)۔ **بھگدر پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) لوگوں کا بھاگنا۔ افراتفری ہونا۔ **بھگدری** (مونث) دوڑ۔ بھاگنا۔

بھگر (ہ۔ مذکر) ۱ گلا سڑا غلہ۔ غلہ جس سے بھکراند آئے ۲ دیکھو بھگل۔

بھگل (ہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ فریب۔ چھل بل۔ بتہ۔ دغا۔ دم ۲ بناوٹ۔ دکھاوا ۳ دورنگی ریا ۴ وضع قطع۔ صورت۔ سوانگ ۵ دیکھو بھگر۔ **بھگل بنانا** (متعدی) دم دینا۔ دھوکا دینا۔

بھگلپن (مذکر) ۱ بناوٹ۔ ریاکاری۔ ظاہرداری ۲ دھوکا۔ دغا وغیرہ۔ **بھگل گانٹھنا** (متعدی) دیکھو بھگل بنانا۔ **بھگل نکالنا** (متعدی) ۱ بناوٹ بنانا۔ شعبدہ بازی کرنا ۲ دغا کرنا۔ مکر کرنا۔ فریب بنانا ۳ ریاکاری کرنا۔ ظاہرداری کرنا۔ **بھگلی** (صفت) ۱ کھوٹا۔ جھوٹا۔ نقلی۔ بناوٹی ۲ دھوکا باز۔ دغاباز۔ مکار۔ بغلی گھونسا ۳ ریاکار۔ ظاہردار۔ **بھگلیا** (صفت) ۱ دغاباز۔ مکار۔ فریبی۔ ٹھگ۔ پاکھنڈی ۲ ریاکار۔ ظاہردار۔ دھوکے باز ۳ نیم حکیم۔ عطائی۔ بناوٹی حکیم۔ کٹھ بید۔ **بھگلی گہنا** (مذکر) کھوٹا زیور۔ نقلی گہنا۔

بھگلا (ہ۔ صفت) بھاگتا ہوا۔ دوڑتا ہوا۔

مثل۔ بھگلے چور کٹھر یا ہاتھ۔ بھاگتا ہوا چور جو ہاتھ لگے لے جاتا ہے۔ کٹھڑیا۔ لکڑی کا پیالہ۔

بھگن (ہ۔ مذکر) ایک بکریا وزن۔

بھگن (س۔ صفت) ۱ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ ۲ پھٹا ہوا۔ دریدہ ۳ شکست خوردہ۔ زیر شدہ۔ ہارا ہوا ۴ مصیبت زدہ۔ پریشان۔ حیران ۵ حقیر۔ ناچیز۔ گھٹیل **بھگناس بھگناش** (صفت) ناامید۔ مایوس۔ نراس۔ بیدل۔ دل شکستہ۔ افسردہ۔ **بھگن پادرکش** (مذکر) مفصلہ ذیل چھ نکشتروں کا مجموعی نام۔ پنرواسو۔ اتراشادھا۔ کرتکا۔ اترپھلگنی۔ پوروبھادرپدا اور وشاکھا۔

بھگون (س۔ صفت) ۱ خوش قسمت ۲ خوش ۳ عالیشان۔

بھگنا (ہ۔ متعدی) بھاگنا۔

بھگندر (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا پھوڑا جو مقعد یا اس کے پاس ہوتا ہے ۲ (س) بواسیر۔

بھگنی (س۔ مونث) ۱ بہن ۲ بھانجی ۳ کوئی عورت بیوی۔ **بھگنیہ** (مذکر) بھانجا۔

بھگوڑا (ہ۔ صفت) ۱ بھگوڑا۔ مقابلے سے بھاگا ہوا ۲ لڑائی سے بھاگا ہوا یا بھاگنے والا ۳ مالک یا آقا سے بھاگنے والا ۴ مفرور۔ فراری بھاگا

ہیڑا ۳ بزدل۔ نامرد۔ ڈرپوک۔

بھگو (ہ۔ امر) بھگونا کا۔ بھگوانا (م) بھیگنا کا۔ گیلا کرانا۔ **بھگو (بھگو) کے لگانا یا مارنا** (متعدی) ۱ جوتے کو تر کرکے مارنا کہ چوٹ زیادہ لگے ۲ شرمندہ کرنا۔ مذاق میں سخت سست کہنا۔ طعن و تشنیع کرنا ۳ ذلیل کرنا۔ نفرین کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ **بھگوا** (ہند) ضلع سورت میں ایک بندرگاہ

بھگوان (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گیروا۔ جوگیا ۲ کپڑا جو اس رنگ سے رنگا ہو۔

بھگوان (س ہ۔ مذکر) ۱ خوش قسمت۔ بلند اقبال۔ بختاور۔ طالعمند۔ کامیاب۔ سرسبز ۲ مبارک۔ سعید ۳ جلیل عظیم۔ ذوالجلال۔ جگت پرکاش ۴ قابل پرستش۔ معبود۔ پوجا جوگ ۵ (مذکر) ایشور پرمیشور۔ پرماتما۔ خدا ۶ معزز شخص۔ قابل عزت یا قابل قدر شخص۔ **بھگوان جانے**۔ خدا معلوم۔ اللہ جانے مجازاً مجھے پتہ نہیں۔ **بھگوان دیا** (مونث) خدا کی مہربانی۔ ایشور کی کرپا۔ **بھگوان کرے**۔ کلمہ تمنا۔ دعا۔ **بھگوان کی بانہہ بلند ہے**۔ خدا زبردست ہے۔ **بھگوان کی دوہائی**۔ خدا کی پناہ۔ نعوذ باللہ **بھگوان کی کرپا سے**۔ خدا کی مہربانی سے۔

بھگوانا (ہ۔ عمم) بھاگنا کا۔ دوڑانا۔ نکلوانا۔

بھگوت (س۔ صفت) ۱ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ بھگوان ۲ شاندار۔ عالیشان ۳ قابل عزت۔ قابل پرستش ۴ پاک۔ پوتر۔ دیوتاؤں کے نام کے لئے استعمال ہوتا ہے ۵ (مذکر) وشن جی۔ کرشن جی ۶ شو جی ۷ کوئی بدھ یا بودھی ستوا یا جین۔ **بھگوت پادچاریہ** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھگوت بدی** (مونث) گنگا کا منبع **بھگوتی** (مونث) ۱ قابل تعظیم عورت ۲ لکشمی جی ۳ درگا دیوی ۴ ایک تلوار کا نام ۵ توپ **بھگوتی پران** (مذکر) ایک پران کا نام۔

بھگوو (س۔ صفت) دیکھو بھگوت

بھگو دبھٹ (مذکر) رس ترنگنی کا ایک شارح **بھگو دبھاوک** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھگودلس** (مذکر) کیتنجلی کا ایک شارح **بھگوت گوبند** (مذکر) ایک شاعر۔ **بھگوت گیتا** (مونث) لفظی معنی بھگوان کا راگ۔ اس اپدیش کا نام جو کرشن جی نے کورو کشیتر کی لڑائی میں ارجن جی کو اپنے رشتہ داروں سے لڑنے سے جی چرانے کے موقع پر دیا تھا۔ یہ مہابھارت کا ایک حصہ ہے۔ یہ نظم تین حصوں میں ہے۔ اور ہر حصے کے چھ باب ہیں۔ یہ بھکتی کا اصول سکھلاتی ہے۔ اور ذاتوں کے فرائض کو دوستی اور رشتہ داری کے فرائض پر ترجیح دیتی ہے۔

بھگوڑا (ہ۔ صفت) دیکھو بھگنو۔

بھگون (س۔ حرف ندا) حضور والا۔ جناب والا۔ جہاں پناہ۔

بھگونت (س۔ صفت و مذکر) ۱ دیکھو بھگوت ۲ مکند ولاس کا مصنف۔ **بھگونت بھاسکر** (مذکر) نیل کنٹھ کی ایک کتاب۔ **بھگونت دیو** (مذکر) بھربہہ کا ایک راجہ جو سادیو کا بیٹا اور نیل کنٹھ کا سرپرست تھا۔

بھگی (ہ۔ مونث) بھاگڑ۔ افراتفری **بھگی پڑنا** (لازم) بھاگڑ مچنا۔ ہر ایک کا بھاگنے کی کوشش کرنا۔ افراتفری ہونا۔ کھلبلی پڑنا۔

بھگیرتھ (س۔ مذکر) ۱ دلیپ کا بیٹا اور سگر کے پوتے کا پوتا تھا۔ اس کی دعا سے گنگا بہشت سے نکل کر دنیا میں آئی۔ دیکھو سگر ۲ کئی مصنفوں کا نام ۳ ایک پہاڑ۔ **بھگیرتھ دت** (مذکر) ایک شاعر۔ **بھگیرتھ کنیا** (مونث) گنگا۔ **بھگیرتھی** (مونث) دریائے گنگا۔ چونکہ یہ بھگیرتھ کی دعا سے دنیا میں آئی تھی۔ **بھگیرتھ لیس** (مونث) پرسنجیت کی ایک بیٹی۔

بھگیل (ہ۔ مذکر) ۱ شکست۔ ہزیمت۔ زک۔ ہار۔ مات ۲ بھگوڑا۔ بھگو۔ **بھگیلا** (ہ۔ مذکر) بھگوڑا مرد جو لڑائی میں بھاگ جائے۔

بہل (ع۔ مذکر) ۱ بددعا دینا۔ لعنت بھیجنا ۲ آزاد چھوڑنا ۳ تھوڑی سی مقدار ۴ (صفت) آسان ۵ کچھ۔ تھوڑا سا۔

بہل (ف۔ صفت) معاف (بہلیدن چھوڑ دینا)

بہل (ہ۔ مونث) بہلی۔ بیل گاڑی سواری کی۔ **بہلوان**۔ بہلی چلانے والا۔

بہل (ہ۔ امر) بہلنا (س و ہ۔) **بہلا** (امر) بہلانا کا۔ **بہلا دینا** (متعدی) ۱ کھیل میں لگا کر بچوں کو رونے سے باز رکھنا ۲ ٹال دینا۔ دوسری طرف متوجہ کر دینا۔ **بہلانا** (متعدی) دل خوش کرنا ۲ سیر و تفریح کرنا۔ سیر تماشہ دکھلانا ۳ دوسرے کو خوش کرنا ۴ توجہ دوسری طرف کرنا۔ ٹالنا۔ جھوٹ موٹ تسلی کرنا ۵ فریب دینا۔ دم دینا ۶ بچے کو کھیل میں لگا کر رونے سے باز رکھنا۔ **بہلانا** ۷ (ہ) پانی کھیت میں لے جانا۔ کھیت میں پانی لگانا۔ **بہلاؤ۔ بہلاوا** (مذکر) ۱ تفریح ۲ مرکبات کے آخیر میں جیسے دل بہلاؤ یا بہلاوا۔ **بہل جانا۔ بہلنا** (لازم) ۱ دل لگنا۔ متوجہ ہونا۔ تفریح ہونا۔ مشغول ہونا ۲ ضبط ہونا۔ برداشت ہونا ۳ وقت مزے سے گزرنا ۴ بچے کا کسی کھیل میں مشغول ہو کر رونے سے باز رہنا۔

بہل (ع۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ ذرا سا تھوڑا ۲ (مذکر) لعنت۔ پھٹکار۔ کوسنا۔ سراپ۔ بددعا

بھل (ہ۔ مذکر) ۱ طرف۔ پہلو۔ بل ۲ (صفت) اچھا۔ بھلا۔ نیک۔ بھلا کا مختصر صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **بھل بھل اجالا** (مذکر) اچھی طرح چڑھا ہوا دن۔ **بھل گھوڑیا** ۱ (صفت) اچھے گھوڑے والا ۲ (مذکر) سوار۔ گھڑ چڑھا

بھلمانس (مذکر) دیکھو بھلا مانس۔ **بھلمنسات۔ بھلمنساہٹ** (ہ) **بھلمنسایت۔ بھلمنسائی۔ بھلمنسی** (مونث) ۱ شرافت۔ انسانیت ۲ حلم۔ نرمی۔ دھیرج ۳ وضع۔ وضعداری ۴ شریفانہ برتاؤ۔ **بھلمنسی** (ہ۔ مونث) بھلمنساہت۔ طنزاً شرارت

امثال۔ بھل جنمل بھل پنڈت بھیل۔ خوش قسمت وہ شخص پیدا ہوا جس نے علم حاصل کیا۔ **بھل ماتھ مرولن بھل بیل گرائین** اچھا سر منڈایا کہ سر پر بیل (ایک پھل) گرا۔ سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔

بھل (س۔ مذکر) ۱ بھالو۔ ریچھ۔ فرس ۲ ایک قسم کا تیر ۳ ایک پودا۔ بھلاواں۔

بہل (س۔ صفت) ۱ موٹا۔ گھنا۔ کثیف ۲ ٹھوس۔ گف۔ پیوستہ ۳ چوڑا۔ وسیع ۴ بڑا کلاں۔ لمبا ۵ فراخ۔ کشادہ۔ کھلا ۶ بہت۔ کثیر۔ وافر۔ بہتیرا۔ کافی۔ زیادہ۔ کئی گنا۔ کئی ۷ مکمل۔ جامع ۸ پروین کے وقت پیدا ہوا ہوا ۹ سیاہ۔ کالا ۱۰ (تف) اکثر۔ بیشتر۔ عموماً ۱۱ (مذکر) ایک راجہ ۱۲ ایک پراچیتی۔ ایک قوم۔ **بہلا** (مونث) ۱ گائے ۲ ایک دیوی ۳ سکند کی ایک ماتر ۴ اتم کی بیوی جو اتان پاد کا بیٹا تھا ۵ سمدر کی ماں ۶ ایک ندیا۔

بھل (ھ ۔ مذکر) ۱ بھیل ۲ جنگلی۔ وحشی ۳ جاہل۔ احمق۔

بَھلا (ہ ۔ صفت) بانجھ (مویشی)

بُھلا (ھ ۔ مذکر) پروین۔ عقد ثریا۔ سپت رشی۔ جھمکا۔

بَھلا (ہ ۔ صفت) ۱ اچھا۔ اعلےٰ۔ شریف۔ اشراف ۲ نیک۔ پاکدامن ۳ انوکھا عجیب۔ ۴ خوشنما۔ موزوں ۵ دیانتدار۔ معزز ۶ خوش قسمت۔ خوش نصیب ۷ امیر۔ دولتمند ۸ تندرست۔ باصحت ۹ ہاں۔ اچھا۔ خوب ۱۰ بطور تابع جیسے اچھا بھلا ۱۱ سمجھوں گا۔ دم لے۔ صبر کر۔ خیر۔ دیکھا جائیگا ۱۲ (مذکر) بھلائی۔ نیکی۔ بہتری۔ سلوک ۱۳ نیک آدمی۔ اچھا شخص (س تھدرک) **بھلا آدمی** (مذکر) ۱ شریف آدمی۔ معزز آدمی ۲ نیک آدمی۔ دیانتدار آدمی ۳ امیر شخص۔ بارسوخ شخص۔ **بھلا ایسی بات کتھی**۔ ایسا نہیں ہوسکتا تھا۔ یہ ممکن نہ تھا۔ یہ خیال نہ تھی۔ **بھلا ایسی کیا بات تھی**۔ یہ کونسی مشکل بات تھی۔ **بھلا ایسی میری کیا کھاٹ کنی تھی**۔ مجھے ایسی کیا ضرورت تھی۔ **بھلا بچا** خوب بچا۔ اچھا بچ گیا۔ **بھلا بچّا**۔ دیکھ تو سہی ۔ سمجھونگا۔ کہاں جاتا ہے۔ **بھلا بُرا** (صفت) اچھا بُرا۔ **بھلا بُرا کہنا یا سُنانا** (متعدی) بد زبانی کرنا۔ سخت کلامی کرنا۔ سخت سست کہنا۔ **بھلا ۔ بی ۔ بے ۔ ری ۔ رے ۔ جی یا صاحب**۔ یہ کلمات دھمکی اور بعض وقت تعجب و تعظیم ظاہر کرنے کے لئے کہے جاتے ہیں۔ **بھلا جی** (بھلا) ۱ دوسرے کی بات ٹھیک ہو تو کہہ یا نہ ہو کر کہتے ہیں ۲ (طنزاً) تم غلط کہتے ہو۔ تہارا کہنا ٹھیک نہیں ۳ کیا مضائقہ۔ کیا ڈر ہے۔ دیکھا جائیگا سمجھیں گے۔ **بھلا چاہنا** (متعدی) بہتری کی خواہش کرنا۔ **بھلا چنگا** (صفت) ۱ تندرست۔ اچھا بھلا۔ موٹا تازہ ۲ اچھا خاصا۔ **بھلا رہ تو سہی**۔ ٹھیر تو جا۔ دیکھ توسہی۔ **بھلا ری بھلا** (ھو) دیکھو بھلاری ۔ **بھلا فرمائیے**۔ اچھا کہئیے بتائیے تو سہی۔ **بھلا کچھ نہ ہوگا**۔ کم سے کم ہوگا۔ **بھلا کر بھلا ہوگا**۔ فقیروں کی صدا۔ **بھلا کرتے بُرا ہو**۔ جب کوئی کسی کے ساتھ بھلائی کرے۔ اور وہ شکایت کرے تو کہتے ہیں۔ **بھلا کرنا** (متعدی) نیکی کرنا۔ سلوک کرنا۔ اچھا برتاؤ کرنا۔ اچھی طرح پیش آنا۔ فضل کرنا۔ مہربانی کرنا (طنزاً) بُرا کرنا۔ سزا دینا۔ **بھلا کہنا** (متعدی) اچھا کہنا۔ **بھلا کیا** اچھا کیا۔ خوب کیا **بھلا لگنا** (لازم) زیب دینا۔ خوشنما معلوم ہونا۔ موزوں ہونا۔ سجنا۔ گوارا ہونا۔ پسند ہونا۔ اچھا معلوم ہونا۔ **بھلا مانس** (صفت) ۱ شریف۔ معزز۔ سفید پوش ۲ نیک مزاج۔ نیک دل ۳ صاحب جاہ۔ صاحب ثروت۔ ذی عزت (طنزاً) شریر۔ بدمعاش۔ بیوقوف۔ احمق۔ **بھلا ماننا** (متعدی) ۱ اچھا سمجھنا ۲ ممنون ہونا۔ احسان ماننا۔ **بھلا نہ ہونا** (لازم) ۱ بہتری نہ ہونا ۲ فائدہ نہ ہونا **بھلا ہو** ۱ کلمہ دعائیہ ۲ طنزاً بددعا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **بھلا ہوا**۔ اچھا ہوا۔ بہتر ہوا۔ **بھلا ہو جانا** (لازم) فائدہ ہو جانا۔ **بھلا ہونا** (لازم) بیماری سے صحت پانا۔ تندرست ہونا (مست)

بھلائی (مونث) ۱ خوبی۔ اچھائی۔ بہتری ۲ نیکی۔ سلوک ۳ فائدہ۔ نفع ۴ خوبصورتی۔ حسن ۵ مہربانی۔ شفقت۔ کرم ۶ تندرستی۔ صحت ۷ بہبودی۔ خوشحالی۔ بہتری۔ **بھلائی رہنا** (لازم) نیکی یاد رہنا **بھلائی کرنا** (متعدی) ۱ نیکی کرنا۔ سلوک کرنا ۲ مہربانی کرنا۔ شفقت کرنا۔ **بھلائی کی بات** (مونث) نیک بات۔ **بھلائی لینا** (متعدی) ۱ نیک نامی حاصل کرنا۔ ثواب حاصل کرنا ۲ بھلائی کرنا ۳ دعا لینا۔ تعریف کرانا۔ **بَھلی** (صفت مونث) دیکھو بھلا۔ **بھلے** (مذکر) ۱ بھلا کی جمع ۲ بجائے بھلا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **بھلے آدمی** (مذکر) نیک شخص۔ شریف آدمی۔ **بھلے آدمی ہو** (طنزاً) بڑے بدذات ہو۔ **بھلے آئے** (طنزاً) خوب آئے بڑی دیر میں آئے۔ اچھی راہ دکھائی **بھلی بات** (مونث) اچھی بات۔ **بھلی بات بُری جاننا** (متعدی) کسی شخص سے اس قدر بدگمان ہونا کہ اگر وہ اچھی بات بھی کرے تو اس سے بدگمان ہونا۔ **بھلی بُری** (صفت) ۱ کسی قسم کی اچھی بُری ۲ (مونث) بدزبانی۔ بُرا بھلا۔ **بھلے بُرے** (صفت) ۱ اچھے بُرے ۔ نیک و بد ۲ بدمعاش۔ ٹھگ۔ خراب آدمی۔ **بھلی بُری سب کے ساتھ ہے**۔ ہر شخص کی قسمت میں اچھی بُری باتیں ہوتی ہیں۔ **بھلی بُری سُنانا** (متعدی) بدزبانی کرنا۔ بُرا بھلا کہنا **بھلی چلائی** ۱ خوب کہا۔ ٹھیک کہا۔ بیفائدہ ہے۔ بے ضرورت ہے۔ **بھلی چنگی** (صفت مونث) دیکھو بھلا چنگا۔ **بھلے دن** (مذکر) اقبال کا زمانہ خوشحالی کے دن **بھلی طرح** (تف) سیدھی طرح۔ اچھی طرح۔ **بھلے کا زمانہ ہی نہیں**۔ اس زمانے میں کسی سے نیکی نہیں کرنی چاہئے کیونکہ لوگ نیکی کا بدلہ بُرائی سے دیتے ہیں ۲ شریف کے لئے آجکل ہر طرح مصیبت ہے۔ **بھلے کرنا** (متعدی) بھلا کرنا۔ **بھلے کو** (تف) ۱ خیر خواہی سے فائدے کے لئے ۲ خوش قسمتی سے ۳ اتفاقاً۔ **بھلے کو کہنا** (متعدی) فائدے کے لئے کہنا۔ **بھلی کہی** ۱ خوب کہا۔ سند نہیں ۲ فضول ہے۔ بیفائدہ ہے ۳ بے وقعت ہے۔ قابل توجہ نہیں۔ **بھلے کی** (صفت) فائدے کی۔ **بھلے کے لئے** (تف) بہتری کے واسطے۔

امثال واقوال۔ بھلا جو چاہے

آپ کا دینا نہ رکھے باپ کا قرض کی مذمت ہے یا اپنی بھلائی چاہتے ہو تو باپ کا بھی قرضہ ادا کر دو۔ بھلا کر بھلا ہو سودا کر نفع ہو۔ بھلائی کرنے میں ہمیشہ نفع ہوتا ہے۔ اگر دنیا میں نہیں تو عاقبت میں۔ فقیروں کی صدا۔ **بھلا کیا سو خدا نے بُرا کیا سو بندے نے** اچھی بات خدا کی طرف سے ہوتی ہے۔ بُری اپنے کرتوتوں کا نتیجہ ہوتی ہے۔ **بھلا مانس گھر میں بڑا یا گیا** نیو چلا۔ رذیلے نے رجانا سمجھا۔ مجھ سے ڈرا۔ شریف آدمی طرح دے جائے تو رذیل سمجھتا ہے مجھ سے ڈر گیا۔ **بھلا ہوا مری مٹکی لوٹی میں دہی بیچن سے چھوٹی** نقصان ہوا تو ہوا جھگڑا تو مٹ گیا۔ **بھلائی کر بُرائی سے ڈر**۔ جب کوئی بُرے کام پر آمادہ ہو تو کہتے ہیں **بھلے آدمی کو ایک بات بھلے گھوڑے کو ایک چابک**۔ صاحب غیرت کو تھوڑی نصیحت بہت ہوتی ہے۔ **بھلے آدمی کی مُرغی ٹکے ٹکے**۔ شریف آدمی کی چیز لوگ یونہی لے جاتے ہیں۔ **بھلے یا یا بند پڑی گوبر چھوڑ کشیدے پڑی** ایک مصیبت سے بچی دوسری میں پڑی۔ غریب لڑکی امیر کے گھر بیاہی گئی تو گویا پہلے آزاد تھی اب قید ہوئی۔ گوبرا اکٹھا کرنے کے لئے جہاں چاہتی تھی جایا کرتی تھی۔ اب سارا دن گھر بیٹھ کر کشیدہ کاڑھنا پڑا۔ **بھلے سنگ بیٹھئے کھائیے ناگرپان بُرے سنگ بیٹھئے کٹائیے ناک اور کان**۔ بھلے کی صحبت مفید اور بُرے کی بدنامی کا باعث ہوتی ہے۔ **بھلے کا بھلا** نیکی کا نتیجہ اچھا ہوتا ہے۔ **بھلی کمائی ساد کی جو لاگے ہر کے میت** (ہیت) وہ کمائی بہت اچھی جو خدا کی راہ میں خرچ ہو۔ **بھلے کی باتیں رس کی کان بُرے کی باتیں دکھ ندان** (ھ) بھلے

کی صحبت مفید ہوتی ہے اور بُرے کی نقصان دہ بھلے
کے بھائی اور نبڑی کے جنوائی خوشحالی میں سب
دوست ہوتے ہیں سب بھلے کے بھائی بُرے کے۔
جنوائی۔ا۔ چھے آدمی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہیے اور
بُرے آدمی کو سزا دینی چاہیئے۔ **بھلے گھوڑے کو ایک**
اٹھاری ا چابک سبھلے آدمی کو ایک بات
شریف کو ایک اشارہ کافی ہے **بھلے مانس کی** (سب
طرح خرابی ہے) مٹی خراب شریف آدمی کا ہر طرح
نقصان ہوتا ہے۔ **بھلے میاں الیاس۔ آپ گئے**
سو گئے کھویا آس پاس۔ آپ تو ڈوبے ہی تھے۔
اوروں کو بھی خراب کیا۔

بھلاوان (ہ۔ مذکر) ایک پھل جو
دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔اس کا داغ بدن سے نہیں
چھوٹتا۔

بھل بھل (ہ۔ مونث) وہ آواز جو
بہت سا پانی گرنے سے پیدا ہو۔ **بھلبھلانا**۔ (لازم)
بہنا۔

بھلبھل (ہ۔ مونث) بھوبھل بھلبھلا
جانا۔ گرم ریت میں بھن جانا۔ گرم زمین سے ۱؎ بہت گرمی سے
صدمہ پہنچنا۔ **بھلبھلانا**۔ گرم ریت یا بھوبھل میں بھونتا۔
گرم راکھ میں بھونتا۔

بھلتا (س۔ مونث) ۱؎ بہتات ۔افراط
کثرت ۲؎ اجتماع۔ ریل پیل ۳؎ وسعت پھیلاؤ۔ گھیر۔

بھلتا (س۔ مونث) ایک جھاڑی۔

بھلکڑ (ھ) دیکھو بھلکڑ۔

بھلس (ہ۔ امر) بھلسنا کا بھلسا
(امر) بھلسانا کا ۲؎ ماضی بھلسنا کی **بھلسا دینا بھلسانا**
(متعدی) جلانا جھلسنا۔ سوختہ کرنا **بھلساؤ** (مذکر) جلن۔
سوزش۔ **بھلسنا** (لازم) جلنا۔ جھلسنا نیم سوختہ ہونا۔

بھلک (ھ) **بھلک** (س۔ مذکر)
بھالو۔ ریچھ۔

بھلک بھلک رونا (اردو۔
لازم) خوب دل بھر کر رونا۔ خوب جی کھول کر رونا (عو)

بھلکا (ھ۔ مذکر) ۱؎ صبح۔ سویرا۔
بھور ۲؎ صبح کا ستارہ ۳؎ تارا جو نتھ پر لگایا جاتا ہے۔

بھلکا (س۔ مذکر) بھلاوان پھل۔

بھلکڑ (ہ۔ صفت) ۱؎ بھول جانیوالا۔
فراموش کنندہ۔ بسراؤ۔ بھلاؤ ۲؎ بے پروا۔ بے خبر۔

غافل۔ اچیت۔ اسوچ (بھول سے)

بھلو (ہ۔ صفت) بھلا۔

مثل۔ بھلو بھیو مری مٹکی ٹوٹی
میں دہی بیچن سے چھوٹی سست آدمی کام
کرنے سے بچ جائے تو بہت خوش ہوتا ہے گو نقصان
ہی کیوں نہ ہو۔

بھلوارہ (ہند) ۱؎ دیکھو بھوپاوا ۲؎
ریاست اودے پور میں ایک قصبہ۔

بھلوک (س۔ مذکر) بھالو۔ ریچھ۔

بہلول (ع۔ مذکر) ۱؎ بادشاہ جس
میں ہر ایک خوبی ہو ۲؎ بہت ہنسنے والا شخص ۳؎ (صفت)
مسخرہ۔ لطیفہ گو۔ لطیفہ سنج۔ بامذاق آدمی ۴؎ پاگل۔
دیوانہ۔

بھلونجی (ہ۔ مونث) بھلواں کا بیج

بہلہ (ف۔ مذکر) ۱؎ بڑا بٹوا جس میں
نقدی اور کاغذات رکھے جاتے ہیں ۲؎ چمڑے کا دستانہ
جس کو شکاری شکرے وغیرہ کو بٹھانے کے لئے پہنتے
ہیں۔

بھلّہ (س۔ مذکر) بھیل۔

بہلی (ہ۔ مونث) ایک سواری کی
اکّہ نما گاڑی جسے بیل چلاتے ہیں۔

بھلّی (س۔ مونث) ۱؎ ایک قسم کا تیر
جس کی نوک ہلال کے مانند ہوتی ہے ۲؎ بھلواں۔

بہلیا (ھ۔ مذکر) بہلی چلانے والا۔

بُہم (ع۔ صفت) بُہمت کی جمع۔ بہادر
سپاہی۔ شجاعان۔

بہم (ف۔ تف) ایک دوسرے کے
ساتھ۔ ساتھ۔ آپس میں (باہم کا مخفف) **بہم آنا**
(لازم) **پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) میسر آنا۔ ملنا
حاصل ہونا۔ مہیا ہونا۔ دیا جانا۔ **بہم دیگر** (تف) ایک
دوسرے کے ساتھ آپس میں۔

بھمباقا۔ بھمباکا۔ بھمبک
(ہ۔ مذکر) بڑا سوراخ۔ رخنہ۔ شگاف۔

بہمان (ف۔ مذکر) دو غیر معین شخص
یا چیزیں۔

بھمبو (ھ۔ مونث) موٹی بھدی عورت
بدشکل فربہ عورت۔

بہمت (ع۔ مذکر) لیلا۔

بُہمت (ع۔ مذکر) ۱؎ بہادر سپاہی
۲؎ مشکل کام ۳؎ فوج۔

بھمرانا (ھ۔ لازم) بھربھرانا۔

بہمن (ع۔ مذکر) ایک پودے کی جڑ
جو مولی کے مشابہ ہوتی ہے

بہمن (ف۔ صفت) ۱؎ چالاک۔
ہوشیار۔ ذہین ۲؎ عقل کل ۳؎ بادل جس سے مینہ برس
رہا ہو ۴؎ برف جو دھوپ سے پگھل کر پہاڑ سے نیچے
گرے ۵؎ ایرانی گیارھواں مہینہ ۶؎ ایک پودا جس کی
جڑ سرخ و سفید ہوتی ہے ۷؎ لدو جانوروں کا وکل
۸؎ جرجاں میں ایک چشمہ۔ **بہمن زمان** (مذکر)
اپنے عہد کا بادشاہ۔

بہمن (ھ۔ مذکر) دیکھو برہمن۔

بھمنا (ھ۔ لازم) گھومنا۔ چکر کھانا
چرخ مارنا۔ گردش کرنا۔

بہمنڈی (ھ۔ مونث) ایک قسم
کی بڑی ٹوکری۔

بہمنیٹا (ھ۔ مذکر) نوجوان برہمن۔

بھمی (ھ۔ مونث) پھرنے والا گردش
کرنے والا۔ گھومنے والا۔ آوارہ گرد۔

بھمبار (ہ۔ مذکر) پرانا سانپ بھمیا ہے
بہت پرانا باشندہ ہے۔ دوٹا ہے۔

بھمبیاں (ھ۔ مذکر) مالک زمین۔ زمیندار

بہن (ہ۔ مونث) کسی کے ماں اور باپ
کی بیٹی۔ باپ کی بیٹی۔ ماں کی بیٹی۔ چچا۔ ماموں۔ خالہ یا پھوپھی
کی بیٹی۔ ہم عمر عورتیں یا سہیلیاں ایک دوسرے کو اس نام
سے پکارتی ہیں (س۔ بھگنی۔ خوش قسمت۔ بھائی کے ہونے
سے وہ خوش قسمت سمجھی جاتی تھی) **بہناپا** (مذکر) منہ بولی
بہن کا تعلق۔

امثال واقوال۔ بہن بھلی نہ بھیّا
سب سے بھلا روپیہ۔ روپیہ سب سے بڑی چیز
ہے۔ **بہن سو برس کی بھائی پانچ برس کا**۔ بھائی خواہ
چھوٹا ہی ہو خاندان میں بڑا سمجھا جاتا ہے۔ **بہن کے گھر
بھائی کتا۔ سسرے جنوائی کتا۔ کتا پالے وہ کتا
سب کتوں کا وہ سردار جو باپ سے بیٹی کے
بار** (ھ) بہن کے گھر بھائی اور سسرے کے گھر داماد کتے
کے برابر ہے۔ جو شخص کتا رکھے وہ بھی کتا ہے مگر سب سے
بڑھکر کتا وہ شخص ہے جو اپنی بیٹی کے گھر جا کر ہے ہندستان
میں یہ باتیں بہت بری نظر سے دیکھی جاتی ہیں۔ البتہ آج
کل کتوں کا رکھنا ایسا برا نہیں سمجھا جاتا۔ **بہنیں بہنیں**

آپس میں لڑیں لوگوں نے جانا بیر پڑے آپس کی تکرار سے یہ ضروری نہیں کہ عداوت ہو جائے مگر یہ قاعدہ کلیہ بھی نہیں۔

بھُن (ھ۔ مؤنث) بھنبھن۔ بھنبھن۔

بِہن (ھ۔ مذکر) بیج۔ بونے والا بیج۔

بھِنّ۔ بِھن (س صفت) ۱ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ الگ الگ۔ منقسم ۲ بکھرا ہوا۔ پھیلا ہوا ۳ جدا۔ الگ۔ ایک طرف۔ نیارا ۴ قسم قسم کا گوناگوں رنگ رنگ کا ۵ مشہور معروف ۶ دوسرا۔ مختلف ۷ کھلا ہوا۔ شگفتہ ۸ (مذکر۔ حساب) کسر۔ **بھنّا بھن** (صفت) جدا اور اکٹھا۔ الگ اور ملا ہوا۔ **بھِنبھِن** (مؤنث) ۱ مختلف گوناگوں۔ قسما قسم ۲ جدا۔ الگ (تف) جدا جدا کر کے۔ ایک ایک کر کے۔ علیحدہ علیحدہ۔

بھُن (ہ۔ امر) بھنّا یا بھُننا کا (س بھنج۔ توڑنا) **بُھنا** (امر) ۱ بھنانا کا ۲ (ماضی) بھُنانا کا۔ **بھُنّا** (لازم) ۱ گوشت وغیرہ کا گھی میں تلا جانا۔ بریاں ہونا ۲ آگ یا کوئلوں پر گوشت وغیرہ کا کباب ہونا ۳ اناج وغیرہ کا کڑھائی میں گرم یا ریت میں بریاں ہونا ۴ غم و غصے سے جلنا۔ مغموم ہونا ۵ تکلیف میں ہونا۔ تپنا۔ پھکنا ۶ (متعدی) دیکھو بھُوننا ۷ روپیہ نوٹ وغیرہ کا خوردہ ہونا۔ **بھنانا** (متعدی) ۱ بریاں کرانا۔ کباب کرانا۔ دیکھو بھُنانا ۲ روپے وغیرہ کی ریزگاری لینا۔ **بھنائی** (مؤنث) ۱ اناج وغیرہ کے بھنانے کی مزدوری ۲ روپیہ یا نوٹ بھنانے کی کٹوتی۔ **بھنجا** (ھ) بُھنا ہوا اناج۔ **بھُن جانا بھُننا** (لازم) دیکھو بُھنّا۔ **بھُنوانا** (م) بھنانا کا۔ **بھُنوائی** (مؤنث) دیکھو بھنائی۔

بہنا (ہ۔ مؤنث) بہن۔ عورتیں پیار سے بلاتی ہیں۔

بِہنا (ہ۔ مذکر) دُھنیا۔ نداف۔ دھنا۔ (س بہن۔ بیج)

بھِنّا (ہ۔ امر) بھِنّانا کا (س بھن۔ بولنا) **بھِنّا جانا۔ بھِنّانا** (لازم) ۱ بھن بھن کرنا۔ بھنبھنانا۔ پردار کیڑوں کا اُڑ کر آواز پیدا کرنا ۲ کانوں کا سائیں سائیں کرنا ۳ سر چکرانا۔ دماغ چکرا جانا۔ دوران سر ہونا۔ درد سر ہونا ۴ گھبرانا۔ پریشان ہونا ۵ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا۔ چین بولنا ۶ ناک میں بولنا ۷ ڈرنا۔ خوف کھانا (یہ زیادہ ممکن ہے کہ کیڑوں کے اُڑنے کی آواز سے یہ لفظ بنایا گیا ہے)

بھُنّا (ہ۔ لازم) گوشت وغیرہ کا گھی میں تلا جانا۔ بریاں ہونا۔ آگ یا کوئلوں پر گوشت وغیرہ کا کباب ہونا۔ اناج کا کڑھائی میں گرم ریت میں بریاں ہونا۔ غم و غصے سے جلنا۔ مغموم ہونا۔ تکلیف میں ہونا۔ تپنا۔ پھکنا (متعدی) دیکھو بھوننا (س۔ ہ) روپے نوٹ وغیرہ کا خوردہ ہونا۔

بُھنّاس (ہ۔ مذکر) ۱ ہاتھی باندھنے کا کھونٹا ۲ ذکر۔ آلۂ تناسل (عف)

بھنانا (ھ۔ لازم) بولنا۔

بھَنّانا (ھ۔ لازم) بھنانا۔

بھنبوڑنا (ھ۔ متعدی) دیکھو بھنبھوڑنا۔

بھَنبھَن (ھ) **بھِنبھِن** (ہ۔ مؤنث) کیڑوں مکوڑوں کے پروں کی آواز (کرنا ہونا کے ساتھ) کانوں کی سائیں سائیں (س بھن۔ بولنا) **بھنبھنا** (صفت) وہ شخص جو بولنے میں ناک سے آواز نکالے **بھنبھنانا** (صفت) بھنکتا ہوا سست **بھنبھنانا** (لازم) ۱ پردار کیڑے مکوڑوں کے اڑنے کی آواز آنا ۲ مکھیوں کا کھانے کی چیزوں پر جمع ہونا ۳ ناک میں بولنا ۴ بھونرے کا بولنا ۵ بہت کانوں کا سائیں سائیں کرنا ۶ (ھ) کتے کا بھونکنا **بھنبھناہٹ** (مؤنث) بھنبھنانے کی آواز **بھِنبھِنی آواز** (مؤنث) وہ آواز جو ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔

بھُنبھُنیا (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو ہر جگہ مارا مارا پھرے۔

بھَنبھُوا (ہ۔ مذکر) وہ فقیر جو بھوک کی وجہ سے لوٹ مار کرے۔

بھنبھورنا۔ بھنبھوڑنا (ہ۔ متعدی) دندے کا نوچ نوچ کے کھانا۔ کاٹنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔ کھانا۔ ہاڈی کو منہ میں لینا۔

بھَنبِھیرا (ھ) **بھَنبھیری۔**

بھَنبِیری (ہ۔ مؤنث) ۱ ایک پردار کیڑا جس کے اُڑنے سے بھن بھن کی آواز نکلتی ہے۔ یہ ساون میں بہت ہوتا ہے ۲ تیتری **بھنبیری سا دوڑنا** (لازم) بچے کا تیز دوڑنا۔

بھُن پیرا یا پیری (ہ صفت) دیکھو بھُنڈ پیری۔

بَہَنت (ھ۔ مذکر) آندھی۔ ہوا۔

بھَنِت (ھ۔ صفت) بولا ہوا۔ کہا ہوا۔ منہ سے نکلا ہوا۔

بھَنِت (ھ۔ مؤنث) بولی۔ گفتگو۔ بات چیت۔ قیل و قال۔ ذکر اذکار۔ بیان۔

بھَنِتا۔ بھنِتری (س۔ مذکر) مصنف۔ مؤلف۔ کتاب بنانے والا۔ گرنتھ کرتا یا رچتا۔

بھَنٹا (ھ۔ مذکر) ۱ بینگن ۲ ہل چلانے والے کی مزدوری جنس میں۔

بھنٹماس۔ بھنٹواس (ھ۔ مذکر) ۱ کنول کا پھل ۲ ایک قسم کی دال۔ بٹماس۔

بھَنج (س۔ دھاتو) ۱ توڑنا ۲ تقسیم کرنا ۳ جھنکانا۔ روکنا۔ بھگانا ۴ شکست دینا ۵ برخاست کرنا جلسہ **بھنج پانا** (ھ) ریزگاری بھنانا **بھنجت** (صفت) ۱ توڑنے والا۔ کاٹنے والا۔ برباد کرنے والا ۲ کٹوتی۔ بھروتی۔ مجرائی۔ **بھنجن** (صفت) ۱ بھنجت ۲ (مذکر) دیکھو بھنج ۳ مصیبت ڈالنا ۴ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔ **بھنجنا** (متعدی) ۱ دیکھو بھنجن ۲ (لازم) ٹوٹنا۔ جدا ہونا۔ الگ ہونا۔

بھُنجنا (ھ۔ متعدی) بھوگنا۔ بھگتنا۔

بھنڈپال (ھ۔ مذکر) ایک چھوٹا تیر جو ہاتھ سے یا نالی کے ذریعہ پھینکا جاتا ہے۔

بھَنڈ (ھ۔ مذکر) ۱ ٹوٹنا۔ ٹوٹ۔ تجزیہ ۲ تفریق ۳ خرابی۔ بربادی۔ نقصان۔ ابتری ۴ پریشانی۔ الجھیڑا ۵ بے ترتیبی ۶ فضیحتی۔ بدنامی **بھنڈ خرابہ** (مذکر) دیکھو بھنڈ معنی ۱ تا ۴ (ہونا کے ساتھ) **بھنڈ کر دینا یا کرنا۔** توڑنا۔ برباد کرنا۔ خراب کرنا۔ نقصان کرنا۔ **بھنڈ ہونا** (لازم) ٹوٹنا۔ خراب یا برباد ہونا۔

بھَنڈ (س۔ مذکر) بھانڈ۔ **بھنڈ ملک** (مذکر) ایک شاعر۔ **بھنڈی** (مذکر) راجہ ہرش کا وزیر۔

بھَنڈ (س۔ مؤنث) ۱ لہر۔ موج ۲ ایک پودہ۔ مجیٹھ۔

بِہَنڈ (ھ۔ مذکر) زمین جو دریا بہا لے جائے۔

بِھنڈ۔ بھنڈا (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھیلا گول ڈلا ۲ ڈھیر ۳ پینے کا تمباکو کا ڈلا۔ پتا ہوا تمباکو ۴ کھیر یا کوئی اور چیز جس کا ڈلا بن جائے (س بھنڈ) **بھنڈ خانہ** (مذکر) حقہ اور حقے کے سامان کا کمرہ **بھنڈی بردار** (مذکر) وہ نوکر جس کے سپرد حقہ اور اس کا سامان ہو۔

بُھنڈ (ھ۔ صفت) بدشگون۔ منحوس۔ نحس (س بھے۔ ڈرنا) **بھنڈ پیرا** (صفت مذکر) **پیری** (مؤنث) جس کے آنے سے نحوست پھیل جائے۔ سبز قدم۔ منحوس۔ کمبخت۔

بھَنڈا (ھ - مذکر) بھانڈا کا مخفف ۱ مٹی کا برتن ۲ ایک قسم کا حقہ (پینا - نوش کرنا کے ساتھ)
بھَنڈار (ھ) **بھنڈارا** (ہ - مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں گھر کا سامان برتن وغیرہ رکھے جائیں۔ ذخیرہ - گدام ۲ دیسی گاڑی ۳ پانی کا ذخیرہ - تالاب یا خزانہ ۴ دریا کی سطح ۵ سر کھوپڑی ۶ وہ گاؤں جس کا انتظام ٹھیکہ دار یا زمیندار خود کرے ۷ ذاتی جائداد یا جاگیر۔ **بھنڈارا** (مذکر) ہندو سادھوؤں یا جوگیوں کی دعوت ۲ پیٹ۔ شکم ۳ پھکیتی کی ایک ضرب جو بائیں پہلو پر لگاتے ہیں۔ **بھنڈارا کھل جانا** (لازم) پیٹ کا کٹ کر آنتوں کا باہر نکل آنا **بھنڈاپن** (مذکر) دیکھو بھنڈاری پن **بھنڈاری** (مذکر) ۱ ذخیرہ دار - میر سامان - گماشتہ مہتمم - کارندہ ۲ خزانچی ۳ ہندوؤں کی ذات **بھنڈاری پن** (مذکر) ذخیرے دار کا کام - میر سامانی - خزانچی کا کام یا پیشہ۔
بھَنڈاریا (ھ - مذکر) بھنڈار کی تصغیر چھوٹا گدام۔
بھنڈساریا سال (ھ - مذکر) ۱ گدام - ذخیرہ - اناج کا گدام ۲ سامان جو مدت سے ذخیرے میں پڑا ہو - **بھنڈسالی** (مذکر) وہ شخص جو ہمیشہ اناج ارزانی کے موقع پر خریدے اور جب گران ہو تو فروخت کرے ۲ (صفت) گلا سڑا ہوا - بودا - مدت تک پڑا رہنے کی وجہ سے خراب۔
بھَنڈک (ھ - مذکر) ۱ دیکھو بھنڈ ۲ ایک آبی جانور - **بھنڈک بھنڈا یا بھنڑیا** (مذکر دیکھو بھنڈ کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ)
بھَنڈِل (س - صفت) ۱ خوش قسمت ۲ خوش - آئندہ ۳ (مذکر) ایک پودہ - لاجونتی ۴ ایلچی - قاصد۔
بھُنڈلی (ھ - مذکر) ایک کیڑا جس کے بدن پر بال ہوتے ہیں۔
بھَنڈَن (س - مذکر) ۱ دھوکا - دغا ۲ شرارت - برائی ۳ زرہ بکتر ۴ لڑائی - جنگ۔
بھَنڈنا (ہ - متعدی) ۱ گالیاں دینا - برا بھلا کہنا - بدنام کرنا (س بھنڈ - توڑنا)
بھَنڈوا (ھ - مذکر) نقل - مضحکہ - مذاق - طنز - مغلظات - پھکڑ۔
بھُنڈولی (ھ - مؤنث) بھنڈیری۔

بھڑپڑی - گھڑے جو ایک دوسرے کے اوپر رکھے ہوئے ہوں۔
بھَنڈی (س - مونث) ۱ مجیٹھ - ۲ لہر - موج۔
بھِنڈی (ہ - مونث) ایک عام ترکاری جو گرمیوں میں ہوتی ہے۔ **بھنڈیاں نکلنا** (متعدی) چیچک نکلنا۔
بھَنڈیر (س - صفت) دیکھو بھنڈل **بھَنڈیر** (ھ - مونث) دیکھو بھنڈولی **بھَنڈیری** (ھ) دیکھو بھنڈولی - **بھَنڈیری** (س) دیکھو بھنڈی۔
بھَنڈیری - بھَنڈیریا (ھ - صفت) ۱ جادو - سحر - نجوم رمل وغیرہ کے متعلق ۲ (مذکر) مداری کا کام - نجوم رمل کا کام ۳ ہندوؤں کی ایک ذات جو مداری اور نجوم رمل کا کام کرتی ہے ۴ اس ذات کا ایک فرد - مداری ۵ نجومی - رمال وغیرہ ۶ جگت باز - پھکڑ باز۔
بھَنڈیل (س - صفت) دیکھو بھنڈل۔
بھَنڈیلا (ھ - مذکر) ۱ بھانڈ - مسخرا - ۲ مداری - جادوگر - ساحر ۳ نجومی - رمال - بھنڈیریا - **بھنڈیلن** (مونث) بھنڈیلا قوم کی عورت بھنڈیلے کی بیوی - ناچنے گانے والی۔
بھنسار (مذکر) **بھنساری** (ھ - مونث) چولھا - انگیٹھی - بھاڑ - وہ جگہ جہاں آگ جلائی جائے۔
بھنسال (ھ - مونث) بھنڈسال۔
بھِنک (ہ - مونث) ۱ بھن کی تصغیر ۲ ہلکی یا دھیمی بھن بھن کی آواز ۳ ہلکی یا دھیمی آواز ۴ اڑتی ہوئی خبر (پانا - پڑنا - سننا کے ساتھ) **بھنکار** (مونث) پردار کیڑوں کا ہجوم جو دار کیڑوں خصوصاً مکھیوں کی آواز - **بھنکانا** کسی چیز کو اس طرح بے احتیاطی سے رکھنا کہ اس پر مکھیاں بیٹھیں - **بھنک پڑنا** (لازم) آواز کان پڑنا - آنا یا سنائی دینا **بھنکتی صورت** (مونث) بدشکل - مکروہ صورت۔
بھِنکنا (ہ - لازم) ۱ آواز دینا - بھن بھن کرنا کھیوں مچھروں وغیرہ کا اڑنے میں آواز دینا ۲ مکھیوں کا ہجوم کرنا یا کسی چیز پر بیٹھنا ۳ سخت گندہ یا میلا ہونا ۴ سخت کاہل یا سست ہونا۔

بھَنگ (س - مذکر) ۱ خارجی - گروہ میں سے نکل جانے والا - اہل بدعت - ہنیتی ۲ بدھ مذہب کا پیرو ۳ جین ۴ ایک سُر کا نام۔
بھَنگ (ہ - مؤنث) ۱ ایک پودہ جس کی پتیاں نشہ پیدا کرتی ہیں ۲ اس کی پتیاں ۳ وہ پانی جو بھنگ کی پتیوں کو گھوٹ کر تیار کیا جائے (س بھنگ بھنج بمعنی توڑنا سے) ۴ (صفت) ٹوٹا ہوا - شکستہ ۵ برباد تباہ ۶ خراب - خستہ ۷ شکست خوردہ - مغلوب - ہارا ہوا ۸ ناامید - مایوس - نراس ۹ رکا ہوا - بند (س بھنج - توڑنا) **بھنگ پڑنا** (لازم) ۱ کام خراب ہو جانا ۲ برباد ہونا - تباہ ہونا - **بھنگ پینا** (متعدی) گھلی ہوئی بھنگ پی جانا - نشے میں ہونا - **بھنگ تو نہیں کھائی** جو شخص فضول اور بے معنی باتیں کہے اسے کہتے ہیں۔ **بھنگ رہنا** (لازم) ۱ مست رہنا ۲ پریشان رہنا۔ **بھنگڑ** (مذکر) بہت بھنگ پینے والا - اول جلول - **بھنگڑ خانہ** (مذکر) بھنگ پینے کی جگہ - عام لوگوں کے ملنے کی جگہ - **بھنگ فروش** (مذکر) بھنگ بیچنے والا - **بھنگ کرنا** (متعدی) ۱ برباد کرنا - خراب کرنا - بگاڑنا - **بھنگ کھانا** (متعدی) نشے میں ہونا - بدحواس ہونا - **بھنگ کے بھاڑے میں جانا** (لازم) ۱ لٹنا - برباد جانا (دہلی) **بھنگ گھٹنا** (لازم) ۱ بھنگ کا پسنا ۲ (مذکر) وہ ڈنڈا جس سے بھنگ گھٹتی ہے (فصحا پہلا گاف نہیں بولتے) **بھنگن** (مؤنث) بھنگ پینے والی عورت - **بھنگ ہونا** (لازم) تباہ ہونا - برباد ہونا **بھنگی** (صفت) بھنگ پینے والا **بھنگیا جانا یا بھنگیانا** (لازم) نشے میں ہونا - بدحواس ہونا **بھنگیرا** (مذکر) بھنگ بیچنے والا **بھنگیرچی** (مذکر) بھنگی بھنگڑ **بھنگیر خانہ** (مذکر) بھنگڑ خانہ - **بھنگیر خانے کی گپ یا خبر** - بازاری افواہ - ناقابل اعتبار خبر **بھنگیرن** (مؤنث) ۱ بھنگ بیچنے والی عورت ۲ بھنگ فروش کی عورت۔

امثال و اقوال - بھنگ پینا
آسان موجیں جان مارتی ہیں بھنگ کھانا
آسان موجیں دق کرتی ہیں (مشکل) اس کو کہا جاتا ہے جو کسی کام کو بغیر سوچے سمجھے شروع کر دے اور پھر نباہ نہ سکے کام کا آغاز تو سہل ہوتا ہے لیکن انجام بہت مشکل ہوتا ہے۔ **بھنگ تو ایسی پیجیے جیسے کنج گلی کی کیچ گھر کے جانے مر گئے اور آپ نشے کے بیچ** - بھنگ پینے والے بھنگ کی تعریف

کرتے ہیں کہ بہت کا بھی بھنگ پینا چاہئے کہ لوگ سمجھیں مر گئے ہیں اور آپ نشے میں ہوں **بھنگ کھانا آسان موجیں مشکل** ۔ ابتدا میں کام آسان معلوم ہوتا ہے انجام میں مشکل پڑتی ہے **بھنگ کھائی تو نشہ چڑھا** ۔ جیسا کیا ویسا پایا ۔ **بھنگ کہے میں رنگی جنگی پوست کہے میں شاہجہان ۔ افیم کہے میں چپنی بیگم مجھکو پی کے جائے کہاں** ۔ بھنگ پوست اور افیون کے نشے کے اثرات دکھائے گئے ہیں ۔ بھنگ پینے والا نشے میں عجیب رنگ برنگے نظارے دیکھتا ہے ۔ پوست پینے والا آپ کو بادشاہ سمجھتا ہے ۔ مگر افیون کھانے والا افیون چھوڑ ہی نہیں سکتا ۔ افیون اس کے لئے رنڈی ثابت ہوتی ہے ۔ **بھنگیاں در باغ رفتند بیر گٹھلی سب روا (ہضم)** بھنگ پینے والوں پر طنز ہے ۔ بھنگی باغ میں گئے اور بیر مع گٹھلیوں کے کھاتے رہے ۔ مطلب یہ ہے کہ انہیں نشہ میں پتہ ہی نہیں لگتا کہ کیا کر رہے ہیں ۔

بھنگ (س ۔ مذکر) ۱ ٹوٹنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ شکستہ کرنا ۲ شگاف ۔ دراڑ ۔ چاک ۔ درز ۔ رخنہ ۳ شکست ۔ ہار ۔ مات ۴ ناامیدی ۔ شکستگی ۔ یاس ۵ حرج ۶ رکاوٹ ۷ وعدہ خلافی ۔ عہد شکنی ۔ فسخ ۔ خلاف ورزی ۸ دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۹ لہر ۔ موج ۔ سمندری لہر جو چٹانوں سے ٹکرائے ۱۰ رعشہ ۔ جھولا ۔ لقوہ ۱۱ درد ۔ تکلیف ۱۲ ٹکڑا ۱۳ ریزہ ۱۴ ایک ناچ ۱۵ دیت ۱۶ بدھوں کے نزدیک زوال یا تبدیلی جو ہر چیز میں ہوتی ہے ۔

بھنگا (ھ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا بلبل ۔ جھونگا ۲ ایک قسم کا کیڑا ۳ ایک قسم کی بھڑ ۔

بھنگا (ھ ۔ صفت) ۱ بھیگا ۔ گیلا ۲ (ہ) وہ جس کی پتلیاں کونے کی طرف چلی جاتی ہیں ۔ بھینگا ۔ احول ۔

بھنگا (ہ ۔ مذکر) ایک چھوٹا پردار کیڑا (س ۔ برنگ) **بھنگا سا** (صفت) چھوٹا ۔ ذرا سا ۔ کمزور ۔ ضعیف ۔ **بھنگا سا آدمی ہے** ۔ نہایت کمزور ہے ۔

بھنگان (ھ ۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی ۔

بھنگانا (ھ ۔ متعدی) بھگانا ۔ بھگونا ۔

بھنگرا ۔ بھنگڑا ۔ بھنگرا (ج ۔ ہ ۔ مذکر) ایک قسم کا پودا ۔ **بھنگرا** (ج ۔ مذکر) ایک چھوٹا سا سیاہ پرندہ ۔ قسم بلبل ہے ۔

بھنگڑا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کا ناچ ۔

بھنگم (ف ۔ صفت) بے ہنگام کا مخفف ۔ بے ڈھنگا ۔ بدقطع ۔ بدنما ۔ بھدا ۔ بیڈول ۔

بھنگن (ہ ۔ مؤنث) بھنگی کی بیوی ۔ بھنگی قوم کی عورت ۔ چوہڑی ۔ مہترانی ۔

بھنگی (ہ ۔ مذکر) ایک بانس یا ڈنڈا جس کے دونوں طرف بوجھ اٹھانے کے لئے رسیاں بندھی ہوتی ہیں ۔ **بھنگی بردار یا بردا لایا والا** (صفت) بھنگی اٹھانے والا ۔

بھنگی (ھ ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک بہت ادنے ذات جو میلا اٹھانے کا کام کرتی ہے ۔ چوہڑا ۔ مہتر ۔ حلال خور ۲ سکھوں کی ایک قوم (س بھنگ شکست دینا) **بھنگیوں کی توپ** (مؤنث) ایک توپ جو زمان شاہ ابدالی نے بنوائی تھی اور بعد میں بھنگیوں کے قبضے میں آ گئی ۔ اب لاہور میں آرٹ سکول کے سامنے نصب ہے ۲ مجازاً بہت موٹی بھدی عورت ۔ **مثل ۔ بھنگی کی ذات کیا جھوٹے کی بات کیا** ۔ جس طرح بھنگی کی ذات بہت ادنے ہے اسی طرح جھوٹے کی بات ادنے ہے جس کا کچھ اعتبار نہیں ہو سکتا ۔

بھنگی (ہ ۔ مؤنث) (قصابوں کی اصطلاح) عورت کا اندام نہانی ۔

بھنگیلا (ھ ۔ مذکر) ۱ موٹا سن کا کپڑا ۔ بوری کا کپڑا ۔ بوری ۔ بورا ۔

بھننی (ہ ۔ مؤنث) بات چیت ۔ گفتگو ۔ **بھننی سی جانا** (لازم) بات چیت ہونا ۔

بھنوت (ھ ۔ مذکر) بھانجا ۔

بھنور (ھ ۔ مؤنث) پودوں کا ذخیرہ ۔

بھنور (ہ ۔ مذکر) ۱ گرداب ۔ پانی کا چکر ۔ پڑنا کے ساتھ (ھ) ۲ گردش ۔ چکر ۔ دوران ۳ کشمیری ۴ ایک بڑی سیاہ مکھی ۔ بھونرا ۵ بیل ۔ لتا ۶ ستر (س بھرم چکر کھانا) **بھنور جال** (مذکر) دنیا اور اس کے بکھیڑے ۔ **بھنور کلی** (مؤنث) ایک پھرنے والا چھلا جس کے ساتھ رسی بندھی ہوئی ہوتی ہے ۔ اور جانوروں کے باندھنے کے کام آتا ہے ۔ کتے وغیرہ کا پٹا یا گلوبند ۔ **بھنور گیت** (ھ) وہ گیت جو متھرا کی گوالنیں بھونرا کو خطاب کر کے گاتی ہیں ۔ **بھنور میں پڑنا** (لازم) ۱ چکر کھانا ۲ گردش کرنا ۳ گرداب میں پھنس جانا ۴ مصیبت میں گرفتار ہونا ۔

بھنورا (ھ ۔ مذکر) بھونرا ۔ **بھنبوری** (مؤنث) چھوٹا بھونرا ۔

بھنوئی (ہ ۔ مذکر) بہن کا خاوند ۔ (بہن سے)

بھنوری (ھ ۔ مؤنث) ۱ بھنیری ۲ بھنوری ۔

بھنی (ہ ۔ مؤنث) سب سے پہلا سودا جو دکان کھولنے کے بعد دکاندار نقد داموں پر بیچے ۲ پہلی قیمت جو دکاندار کو ملے ۔ **بھنی کرنا** (متعدی) پہلا سودا نقد بیچنا ۲ پہلی قیمت وصول کرنا ۔

بھنیج (ہ ۔ مذکر) بھتیجا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ **بھنیجا** (مذکر) بھانجا ۔ **بھنیج بہو** (مؤنث) بھانجے کی بیوی ۔ **بھنیج داماد** (مذکر) بھانجی کا خاوند ۔ **بھنیجن** (مؤنث) بھانجی ۔

بھنیؤ (ھ ۔ مذکر) بہنوئی ۔

بھنیلا (ھ ۔ مذکر) ۱ محبت خواہرانہ ۔ بہناپا ۲ عورتوں میں آپس میں دوستی ۔ **بھنیلا جوڑنا یا کرنا** (متعدی) بہناپا کرنا ۔ **بھنیلی** (ہ ۔ مؤنث) منہ بولی بہن ۔

بھو (ع ۔ مذکر) ۱ ڈیوڑھی یا شامیانہ جو مکان یا خیمے کے آگے بڑھا ہوا ہو ۲ مویشی کا مکان ۳ وسیع کھلا میدان ۴ چھاتی کا نشیب ۵ رحم ۔

بھو (ہ ۔ مؤنث) ۱ بیٹے کی بیوی ۲ بیوی ۔ زوجہ ۳ دلہن ۔ بنی ۴ گھونگٹ والا چراغ دان ۵ معزز نوجوان سہاگن ۶ (ھ) بچے کا آلہ تناسل ۷ (ھ) مہترانی (س وَدھو) **بہو بیٹی یا بیٹیاں** (مؤنث) شریف نوجوان عورتیں ۔ **بہو بیٹی تکنا** (متعدی) غیر عورت پر بری نظر ڈالنا ۔ **بہو بیگم نام رکھنا** (متعدی) اپنے آپ معزز اور بڑا بننا ۔ فخر یا لقب اختیار کرنا ۔ **بہو جی** (مؤنث) ۱ عورت ۲ نوجوان عورت ۳ مرد جو عورتوں کی سی حرکت کرے ۔ **بہولانا** (متعدی) بیٹے کی شادی کرنا ۔ **بہو لگانا** (ھ) مہترانی نوکر رکھنا ۔

امثال و اقوال ۔ بہو بیٹی سب رکھتے ہیں ۔ اس شخص کو تنبیہ کے طور پر کہتے ہیں ۔ جو غیر عورتوں کی طرف دیکھے ۔ **بہو پاؤں پڑی کہ**

کرتب - بے ہنر زبان دراز عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ بہو رہی کنواری ساس رہی واری بہو آئی بیاہی پڑگئی خواری منگنی کے بعد بہو کی بڑی خاطر تواضع ہوتی ہے۔ مگر شادی کے بعد لڑائی جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں۔ بہو شرم کی بیٹی کرم کی۔ بیوی شرمیلی اچھی اور بیٹی جو اچھے گھر بیاہی جائے یا جس کی قسمت اچھی ہو۔ بہو لالی دلھن گھر گھالی (ھ) شوقین عورت بدچلن ہوتی ہے اور گھر برباد کر دیتی ہے۔ بہو نویلی اور گئو دودھیلی ٹی دلھن اور دودھ دینے والی گائے اچھی ہوتی ہے۔

بھَوَ (س۔ مذکر) ۱ ہستی۔ زندگی۔ وجود ۲ حیات ۳ حیات کی جگہ یا ذریعہ ۴ دُنیا۔ عالم ۵ دولت۔ دانہ ۶ نفع۔ فائدہ۔ یافت۔ منافع ۷ بہتری۔ بہبودی۔ کامرانی۔ سعادت۔ خوشحالی۔ اقبال مندی ۸ گن۔ خوبی۔ جوہر۔ لیاقت۔ قابلیت ۹ دیوتا ۱۰ شوجی اور رُدر ۱۱ گیارھواں عدد ۱۲ ماند نکشترہ ۱۳ شوجی اور بھوانی ۱۴ پہلا اور چوتھا کلپ ۱۵ ایک سادھیہ ۱۶ ایک راجہ ۱۷ پرتی ہرتی کا ایک بیٹا ۱۸ ولومن کا ایک بیٹا ۱۹ ایک مصنف **بھواتمج** (مذکر) ۱ گنیش جی ۲ کارتکیہ۔ **بھواتمجا** (مؤنث) منسیا دیوی۔ **بھوانند** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام **بھوبھوتی** (مذکر) ۱ خیریت۔ خیر و عافیت۔ بہبودی۔ فلاح ۲ اقبال۔ طالعمندی۔ سہاگ **بھوترا** (مذکر) ۱ بھو کا ایک بیٹا ۲ ایک قدیم گرو۔ **بھودا** (مؤنث) سکند کی ایک ماتری۔ **بھودت** (مذکر) ۱ ایک مصنف ۲ ایک شارح **بھودیو** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام (بال دیکھی۔ بھٹ۔ بھجنگ۔ پنڈت کوی۔ مسر وغیرہ کے ساتھ) **بھوسار۔ سندھو۔ سوامی۔ شیرمن** (مذکر) کئی مصنفوں کے نام۔ **بھومدجن** (مذکر) دُنیاوی ہستی سے نجات دینے والا۔ کرشن جی۔ **بھوناتھ** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام (ٹھاکر۔ مسر۔ مہا۔ مہوپادھیا کے ساتھ بھی) **بھوناسنی** (مؤنث) دریائے سرجو کا نام **بھوناگ** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھونندن** (مذکر) سکند کا لقب۔ **بھولیش** (مذکر) ۱ شوجی ۲ ایک راجہ جو ہرسنہا کا باپ تھا ۳ ایک مصنف۔

بھَو (ھ۔ مذکر) ۱ ڈر۔ بھے ۲ بھَو ۳ (مؤنث) بھُو ۴ بھوں۔ بھوی۔

بھَو۔ بھَو (ھ۔ مؤنث) دیکھو بھوں۔

بھوال (مؤنث) جمع بھَو کی۔ بھوں۔

بھُو (س۔ مؤنث) ۱ ارض۔ عالم۔ کرۂ زمین ۲ زمین۔ دھرتی۔ اراضی ۳ جگہ۔ موقعہ۔ بھومی ۴ پوترا گ ۵ (علم ہندسہ) کسی سطحی شکل کا قاعدہ ۶ شوجی ۷ ایک اکاہمہ کا نام۔ **بھوآل۔ بھُوال** (مذکر) دیکھو بھوپال۔ **بھوبھار**۔ زمین کا وزن یا بوجھ جو شوجی نے اٹھایا تھا۔ **بھُوبھٹ** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھوپ۔ بھوپال یا بھوپالک** (مذکر) ۱ دنیا کا محافظ ۲ بادشاہ۔ راجہ۔ سلطان۔ شاہ ۳ مالک زمین ۴ بھوج راجہ ۵ سوم پال کا ایک بیٹا ۶ ایک ملک۔ **بھوپال ساہی** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھوپال شری** (مؤنث) شوجی کا ایک مندر۔ **بھوپالی** (مؤنث) ایک راگنی۔ **بھوپاومان** (مذکر) راجہ کی ہتک یا گستاخی یا بے عزتی۔ **بھوَیمان** (مذکر) شاہی گاڑی۔ **بھوپتر** (مذکر) سیارہ مشتری **بھوپتری** (مؤنث) سیتاجی **بھوپتی** (مذکر) ۱ دیکھو بھوپال ۲ تا ۳ ۔ ۴ رُدر ۵ اندر ۶ ایک دسویدیو ۷ ایک راگ ۸ ایک شاعر۔ ایک مصنف ۹ دیوتاؤں کی ایک قسم۔ **بھوپرشٹھ** (مؤنث) سطح زمین۔ **بھوتل** (مذکر) کرہ زمین۔ سطح زمین۔ زمین۔ مٹی۔ **بھوجمبُو** (مؤنث) گیہوں **بھوجنتو** (مذکر) لفظی معنی زمین کا جانور۔ ایک قسم کا گھونگا۔ کینچوا۔ **بھوچال** (مؤنث) زمین کی حرکت یا راستہ بھونچال زلزلہ۔ **بھوچر** (صفت) زمین پر چلنے والا (مذکر) کوئی خشکی کا جانور۔ **بھوچکر** (صفت) خط استوا۔ استوائے فلک۔ گردش زمین۔ **بھودار** (مذکر) لفظی معنی زمین کو پھاڑنے والا۔ سور۔ **بھودان** (مذکر) جاگیر یا زمین کا عطیہ یا بخشش۔ **بھودان پتر** (مذکر) ہبہ نامہ۔ وقف نامہ۔ **بھودھر** (مذکر) ۱ پہاڑ۔ کوہ ۲ ایک قسم کا طبی آلہ جس میں ریت سے حمام کیا جاتا ہے ۳ کرشن جی ۴ بک بھیرو ۵ ایک پہاڑ ۶ شوجی ۷ شیش ناگ ۸ کئی مشہور آدمیوں اور مصنفوں کا نام۔ **بھودیو** (مذکر) ۱ دیوتا جو زمین پر آئے۔ برہمن ۲ شوجی ۳ کئی مشہور آدمیوں اور مصنفوں کا نام۔ **بھوڈول** (مذکر) بھونچال **بھورندھی** (مذکر) ایک قسم کا سورج مکھی **بھوسوامی** (مذکر) مالک زمین۔ زمیندار۔ **بھوسُورگ** (مذکر) فردوس ارضی۔ کوہ میرو کا ایک نام۔ **بھوکدمب** (مذکر) اجوائن۔ **بھوکشت** (مذکر) زمین پر بربادی کرنے والا۔ سور۔ **بھوکمپ** (مذکر) بھونچال۔ **بھوگربھ** (مذکر) بھوبھوتی کا نام۔ **بھوگول** (مذکر) کرہ ارض۔ زمین۔ **بھوگول ودّیا** (مؤنث) علم کرہ ارض۔ جغرافیہ **بھوگوکی وست ودّیا** (مؤنث) علم طبقات۔ **بھولتا** (مؤنث) کینچوا **بھولنگ** (مذکر) شالو کا ایک علاقہ **بھولنگا** (مذکر) ایک شاعر۔ **بھولوک** (مذکر) کرہ ارض زمین۔ فانیوں کی بستی۔ **بھومتر** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھومہیندر** (مذکر) راجہ۔ بادشاہ۔ **بھومدھیستھ** (صفت) جو زمین کے یا دُنیا کے وسط میں واقع ہو۔ **بھومدھیستھساگر** (مذکر) بحیرہ روم۔ **بھومنڈل** (مذکر) کرہ ارض۔ زمین۔ **بھومے** (صفت) مٹی کا یا مٹی سے بنا ہوا۔ مٹی کا۔ **بھومَیی** (مؤنث) سایہ یا چایا کا لقب جسے سُورج دیوتا کی بیوی بتاتے ہیں۔ **بھوناگ** (مذکر) ایک قسم کا کینچوا۔ **بھونَب یا نیمب** (مذکر) چرینتہ۔ **بھونندن** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھوواک** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھوودّیا** (مذکر) علم طبقات الارض۔ **بھوورت** (مذکر) خط استوا۔

بھُو (ھ۔ مذکر) ۱ آسمان۔ فلک ۲ اینتھر ۳ کرہ ہوا۔

بھُو (ھ۔ مؤنث) ۱ ارض۔ زمین۔ بھومی پرتھی ۲ (تف) زمین پر۔ زمین میں۔

بھُوآ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک کیڑا۔ جھانجھا پودوں کا کیڑا ۲ (مؤنث) پھوپھی۔ باپ کی بہن۔ **بھوا جانا**۔ چپچپا ہو جانا۔ ابس جانا۔

مثل۔ بھوآ کی ندی میں کون ہاتھ ڈالے۔ کون اپنے سر مصیبت لے۔

بَہوار (ہ۔ مذکر) لین دین۔ معاملت۔ **بہوار جاری ہونا** (لازم) لین دین ہونا۔ **بہوار کی بات** (مؤنث) لین دین کا معاملہ۔ ٹھیک بات۔

بَہُوار (ھ۔ مذکر) لسوڑے کا درخت۔

بَھوان (ہند) ضلع رائے بریلی میں ایک قصبہ۔

بھَوآجانا۔ بھَوآنا (لازم) ۱ لیسدار ہونا ۲ ابسنا۔

بھَوانیا (ھ۔ مذکر) چارپائی کے پائے۔

بھُوبَل۔ بھُوبھَل (ھ۔ مؤنث) گرم راکھ۔ گرم ریت۔ بھوبل میں روٹی داب کے تو نہیں آئی (عو) جب کوئی جلد جانے لگے تو کہتی ہیں۔

بھوبھیرا (ھ۔ مذکر) مونگا۔

بھوپا (ھ۔ مذکر) ۱ جوگیوں کی ایک قسم ۲ جادوگر۔ ساحر۔

بھوت (ہ۔ مذکر) 1 بری روح۔ خبیث۔ پریت۔ سایہ۔ بھتنا۔ جن۔ آسیب 2 ضدی۔ پیچھا نہ چھوڑنے والا 3 موذی۔ شریر۔ شیطان 4 بدصورت بدشکل۔ سیاہ فام 5 خاک آلودہ 6 آپے سے باہر 7 بھوت کی طرح لپٹنے والا (س بھوت) **بھوت آنا** (لازم) خبیث روح کا مسلط ہونا۔ آسیب سر پر سوار ہونا۔ **بھوت اُتارنا** (متعدی) **اُترنا** (لازم) 1 آسیب کا دفع ہونا 2 غصّہ اترنا۔ **بھوت بننا** (لازم) 1 آسیب کی طرح ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔ کسی بات کے پیچھے پڑ جانا 2 نشے میں چور ہونا۔ بدمست ہونا 3 مٹی میں آلودہ ہونا۔ خاک آلودہ ہونا 4 غصّے میں ہونا۔ آپے سے باہر ہو جانا 5 ہمہ تن مصروف ہونا بہت مشغول ہونا۔ **بھوت بن کر چمٹنا** (لازم) 1 پیچھے پڑ جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا 2 کسی بات کے سر ہونا یا پیچھے پڑ جانا۔ **بھوت پریت** (مذکر) دیکھو بھوت 1۔ **بھوت جلانا** (ہ) بھوت اتارنا۔ **بھوت چڑھنا** (لازم) 1 آسیب سوار ہونا 2 بدمست ہونا 3 دیوانہ ہونا 4 سخت غصّہ آنا 5 کسی طرح نہ ماننا ضد کرنا۔ **بھوت سوار ہونا** (لازم) 1 آسیب مسلط ہونا 2 غصّہ آنا۔ **بھوت کا پکوان** (مذکر) مفت کی دولت یا مال حرام جو جلد خرچ ہو جاتے۔ **بھوتنا** (مذکر) بھتنا۔ آسیب۔ **بھوت ناتھ** (مذکر) 1 روحوں کا مالک 2 شوجی کا ایک نام۔ **بھوتنی** (مونث) بھتنی۔ **بھوتنی والا** (مذکر) ایک گالی۔ چڑیل کا بچہ **بھوتوں** (مذکر) بھوت کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **بھوتوں سے گانڑ مانگنا** (متعدی) سیانے آدمی کو چکمہ دینے کی کوشش کرنا۔ **بھوت ہو جانا** (لازم) غصّے میں بیخود ہو جانا۔ آپ سے باہر ہو جانا **بھوت ہو کر چمٹنا یا لپٹنا** (لازم) سر ہو جانا۔ گلے پڑنا۔ پیچھے پڑنا۔ **بھوت ہونا** (لازم) بھوت بننا۔

امثال و اقوال۔ بھوت

جان نہ مارے۔ ستا مارے۔ جن پر بھوت سوار ہوتا ہے وہ مرتے نہیں۔ **بھوت سے پوت (کبھی سے آملے) نہیں ہوتا**۔ بیجا امید یا آرزو نہیں رکھنی چاہیے۔ **بھوت کو پتھر کی چوٹ نہیں لگتی**۔ چونکہ بھوت کا جسم نہیں ہوتا اسے چوٹ نہیں لگتی۔ جس پر بھوت سوار ہو اسے مارنا نہیں چاہیے۔

بھوتَ (س۔ صفت) 1 دیکھو بھوت (ہ) 2 ہونا۔ پیدا شدہ۔ وہ جو پیدا ہو 3 گزرا ہوا۔ گزشتہ۔ پہلا 4 درست۔ ٹھیک۔ موزوں 5 (مذکر) دیکھو بھوت (ہ) 1 تا 6 مخلوق 7 بیٹا۔ بچّہ 8 برا رشی یا تپسی۔ آدیوتا 9 شیطان۔ شریر آدمی 10 بدشکل یا بدصورت آدمی 11 شوجی کا ایک نام 12 (صرف) صیغہ ماضی مطلق 13 (فلسفہ) عنصر۔ ہندوؤں کے نزدیک پانچ عنصر ہیں۔ زمین۔ ہوا۔ پانی۔ آگ۔ آکاش 14 (قانون) اصل واقعہ۔ مقدمہ کی اصل حالت 15 وسودیو اور پوروی کا لڑکا 16 دکش کا داماد اور بہت سے رُدروں کا باپ 17 ایک یکش۔ **بھوتا** (مونث) 1 چودھویں بدی 2 کوئی زندہ چیز۔ مخلوق 3 دُنیا 4 روح (نیک یا خبیث) جن۔ بھوت۔ پریت 5 پانچ عنصروں میں سے کوئی ایک۔ **بھوتاتما** (مذکر) 1 برہماجی۔ شوجی۔ وشن جی 2 روح 3 لڑائی۔ جنگ 4 بدن 5 اصول اول۔ زندگی کی وجہ۔ **بھوتادی** (مذکر) 1 لفظی معنی کل مخلوق کا پیدا کرنے والا 2 روح اعلےٰ۔ پرم آتما۔ شوجی۔ **بھوتالہ** (مذکر) مخلوق کی جائے پناہ۔ پرمیشر۔ **بھوت پال** (مذکر) مخلوقات کو پالنے والا۔ ایشور۔ **بھوت پُرہ** (مذکر) ایک قوم۔ **بھوت پُری** (مونث) ایک شہر **بھوت جنا** (مونث) ایک پودا۔ **بھوت دھامن** (مذکر) اندر کا ایک بیٹا۔ **بھوت راج** (مذکر) ایک پودا۔ **بھوت سار** (مذکر) ایک پودا۔ **بھوت سرشٹ** (مونث) اشیا کی خلقت یا اصل **بھوت سنچار** (مذکر) آسیب کا قبضہ۔ **بھوت کال** (مذکر) ماضی بعید۔ **بھوت کیتو** (مذکر) 1 منو دکش ساورنی کا بیٹا 2 ایک ویتال۔ **بھوت گن** (مذکر) 1 کل مخلوقات 2 کل عالم۔ جنّات یا ارواح۔ **بھوت گندھ** (مذکر) ایک خاص قسم کی خوشبو۔ **بھوتگھن** (مذکر) 1 بھوت کو تباہ کرنے والا۔ لہسن 2 اُونٹ۔ **بھوتگنی** (مونث) ایک پودا۔ تلسی۔ **بھوت ماتری** (مونث) بھوتوں کی ماں۔ گوہری۔ برہمی وغیرہ۔ **بھوت ناتھ** (مذکر) 1 شوجی 2 ایک شاعر۔ **بھوت ناشن** (مذکر) 1 سرخ مرچ 2 سیائی رائی 3 ہینگ 4 بھلاواں **بھوت نایکا** (مونث) درگاجی۔ **بھوت نند** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھوت واس** (مذکر) 1 بھوتوں کا بسیرا 2 بہیڑے کا درخت۔ **بھوت ورکش** (مذکر) ایک درخت۔ **بھوت وشنو** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھوت وکریا** (مونث) بھوتوں کا قبضہ۔ مرگی۔ **بھوت ویر** (مذکر) زمانۂ قدیم کی ایک قوم۔ **بھوت یجن** (مذکر) مخلوقات کو خوراک دینا۔ **بھوتیش** (مذکر) 1 برہماجی 2 شوجی 3 کرشن جی 4 سورج۔ **بھوتیشور** (مذکر) 1 روحوں کا مالک 2 شوجی 3 آگرے اور متھرا کے درمیان ایک شہر اور مندر 4 جمنا کے کنارے ایک تیرتھ۔

بھوتِ (س۔ مونث) 1 عالم ہستی۔ حالتِ زندگی 2 زندگی۔ ہستی۔ وجود 3 پیدائش۔ پیدا ہونا 4 پاک اور پُرسکون زندگی 5 طاقت۔ قوت۔ بل 6 عظمت۔ وقر۔ شان 7 دولت۔ حشمت۔ اقبال 8 طاقت روحانی جو عبادت اور ریاضت سے حاصل ہوتی ہے 9 راکھ۔ بھبھوت 10 بھنا ہوا گوشت 11 لوٹ۔ مالِ غنیمت 12 ہاتھیوں کا بنایا ہوا رستہ 13 ایک سامن 14 رُچی یا کوی کی بیوی۔ منو بھوتیا کی ماں 15 (مذکر) وشن جی 16 شوجی 17 منو بھوتیہ کا باپ 18 ایک برہمن۔ **بھوت بلی** (مذکر) ایک نحوی۔ **بھوت تیرتھا** (مونث) سکند کی ایک ماتری۔ **بھوت دت و راج** (مذکر) مصنّفوں کے نام۔ **بھوتِک** (صفت) 1 ہست۔ موجود 2 مادی۔ مادے کا بنا ہوا 3 عنصری۔ متعلقہ عناصر 4 آسیب یا بُری روحوں کے متعلق۔ **بھوتک سرشٹ** (مونث) 1 پیدائش مخلوقات 2 جسمی مخلوقات۔ **بھوتک منٹھ** (مذکر) سادھوؤں کا استھان۔ دھرمسالہ۔ جہاں سادھو سنت ودّیا سیکھیں۔ **بھوتک ودّیا** (مونث) جادو۔ سحر۔ **بھوت لَے** (مذکر) ایک تیرتھ۔ **بھوت بستر** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھوت نند** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھوت ورمَن** (مذکر) پراگ جیوتش کا ایک راجہ 2 ایک راکھشس۔ **بھوتیشور تیرتھ** (مذکر) نہانے کا ایک مقدس مقام۔

بھوتار (ہ۔ صفت) کند۔ کھنڈا۔

بھوتی (ہ۔ مونث) محنت مشقت کام۔ **بھوتیہار** (مذکر) مزدور۔

بھوٹ (ہ۔ مونث) وہ زمین جس میں پانی نہیں رہتا۔ بھور۔

بھوٹیہ (س۔ اس) چودھواں منو۔

بھوج (ہ۔ مذکر) 1 کھانا۔ دعوت 2 عیش و عشرت 3 ایک درخت کا نام۔ **بھوج پتر** یا **پتّر**۔ بھوج درخت کی چھال جو لکھنے کے کام آتی تھی۔ اب جنتر منتر لکھتے ہیں یا حقّے کی نلیوں پر لپیٹتے ہیں۔

مثل۔ بھوج نہ بھات نیہرو کا سماد۔ دینا نہ لینا جھوٹی محبت جتانا۔

بھوج (س۔ صفت) ۱ لطف یا فرحت دینے والا۔ فیاض۔ سخی ۲ لطف اُٹھانے والا۔ مزے کی زندگی بسر کرنے والا ۳ راجہ جس میں اعلےٰ ترین صفتیں ہوں ۴ وندھیا چل کے قریب ایک ملک ۵ ایک قوم جو مہا بھوج کی اولاد ہے ۶ قوم بھوج کا راجہ ۷ کئی راجوں اور دیگر مشہور آدمیوں کا نام ۸ خاندان وید کا ایک راجہ جو زمانہ قدیم میں مالوے میں حکومت کرتا تھا ۹ (سـ۱۰۱۸) ریاست دھار کا ایک راجہ جو علوم و فنون کی قدر کے لئے مشہور تھا ۱۰ گوالہ۔ اہیر۔ گوپال۔ **بھوجا** (مونث) خاندان بھوج کی رانی ۲ ویر ورت کی بیوی ۳ گوالن **بھوجا دھپ** (مذکر) ۱ کنس ۲ راجہ کرن **بھوجا نتا** (مونث) ایک دریا۔ **بھوج پتری** (مونث) قوم بھوج کی کوئی رانی **بھوج پتی** (مذکر) ۱ قوم بھوج کا کوئی راجہ ۲ راجہ بھوج ۳ کنس **بھوج پربندھ** (مذکر) راجہ بھوج والئے دھار کے متعلق حکایات کی ایک کتاب مصنفہ بلال۔ **بھوج دُہتری** (مونث) بھوج [illegible] کی ایک رانی۔ **بھوج دیو** (مذکر) ۱ راجہ بھوج ۲ [illegible] کا ایک راجہ۔ **بھوج راج** (مذکر) ۱ [illegible] بھوج کا کوئی راجہ ۲ راجہ بھوج ۳ **بھوج کٹ** (مذکر) ۱ ایک شہر ۲ قوم بھوج کا ملک جو پٹنہ اور بھاگل پور کے نواح میں ہے ۳ بھوج کٹ کے باشندے۔ **بھوج کُل پردیپ** (مذکر) ودھرب قوم کا ایک راجہ۔ **بھوج نریندر** (مذکر) راجہ بھوج ۱۰ **بھوج نگر** (مذکر) ایک شہر۔ **بھوج نند** (مذکر) ایک مُصنف۔

بھوجائی (ھ۔ مونث) بھاوجہ۔

بھوج بُند (ہ۔ مذکر) دیکھو بُج بند

بھوجن (س۔ مذکر) ۱ کھانا ۔ خوراک ۔ غذا ۲ کھانے کا فعل ۳ ایک پہاڑ ۴ (صفت) خوراک دینے والا۔ پالنے والا (شوجی)۔ **بھوجن چھکنا** (متعدی) کھانا۔ روٹی کھانا۔ **بھوجن خرچ** (مذکر) کھانے کا خرچ **بھوجن کرنا** (متعدی) ۱ کھانا ۲ ہم کھانا کھلانا

امثال۔ بھوجن نہ بھات ہر ہر بات بات میں۔ غریب کو خدا بہت یاد آتا ہے **بھوجن نہ بھات نیہر کا سادھ۔** ہندو بیوگان کی حالت بہت قابل رحم ہوتی ہے۔ نہ کھانا نہ کپڑا نہ میکے کی خبر۔

بھوجی (ھ۔ مونث) بھاوج۔

بھوچک (ھ) **بھوچکّا** (ہ۔ صفت) ۱ ڈرا ہوا۔ خوف سے بدحواس۔ متحیر۔ پریشان۔ (سے بچے۔ ڈر)

بھودا (ھ۔ مذکر) ہلکی ریتلی زمین۔

بھوڈل (ھ۔ مذکر) ابرک۔

بھور (ھ۔ تف) پھر۔ ایک دفعہ اور۔

بھور (ھ۔ مذکر) بھنور۔

بھُور (س۔ مذکر) ۱ ایک مقدس مخفی لفظ جو تین ویا ہرتیوں میں سے ایک اور بھور بھوس میں سے پہلا ہے۔ برہمن پرارتھنا میں اوم کے بعد پڑھتے ہیں ۲ سات زمینوں میں سے اُوپر کی ۳ دوزخ نرک۔ **بھور بھوس** (مذکر) برہماجی کے بیٹوں میں سے ایک۔ **بھور لوک** (مذکر) ۱ زمین ۲ خط استوا سے جنوب کے مُلک۔

بھُوری (س۔ صفت) ۱ زیادہ ۔ بہت۔ افزوں۔ بیش ۲ بڑا۔ عظیم ۳ ضروری ۴ طاقتور۔ مضبوط۔ قوی ۵ (تف) بیحد۔ بکثرت الفراط ۶ اکثر۔ عموماً ۷ (مذکر) برہماجی۔ وشن جی۔ شوجی ۸ راجہ سومدت کا ایک لڑکا ۹ سونا ۱۰ (مونث) سمجھ۔ عقل۔ دانش۔ **بھوری تیجس** (مذکر) ایک شارح **بھوری بل** (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا۔ **بھوری پاش** (مذکر) ستروورن کا ایک نام **بھوری جیشٹھ** (مذکر) راجہ وپکشس کا ایک بیٹا۔ **بھوری دھامن** (مذکر) نویں منو کا ایک بیٹا۔ **بھوری دُمن** (مذکر) ایک راجہ جو ویردمن کا لڑکا تھا اور بڑا پارسا تھا **بھوری رام** (مذکر) گدھا۔ **بھوری شروس** (مذکر) راجہ سومدت کا ایک لڑکا ۲ اندر۔ **بھوری شین** (مذکر) ۱ ایک مُصنف ۲ دسویں منو کا ایک بیٹا ۳ راجہ شریاتی کا ایک نام۔ **بھوری سُوز** (مذکر) ایک وزیر ۲ ایک مشہور برہمن۔

بھُور (ھ۔ مونث) ۱ چشمہ۔ سوتا فوارہ ۲ (مذکر) خیرات۔ دان پن۔ دچھنا۔ **بھُور بانٹنا** (متعدی) غریبوں کو دان کرنا۔

بھور (ھ۔ مونث) ۱ صبح۔ سویرا۔ تڑکا۔ فجر۔ سحر ۲ (ہ) خاتمہ۔ مارپیٹ ۳ خرچ۔ **بھور اُڑانا** (متعدی) ۱ خرچ کر دینا۔ ضائع کر دینا ۲ مفلس بنا دینا۔ **بھور اُڑنا** (لازم) ۱ صبح ہونا۔ فجر ہونا ۲ خوب پٹنا ۳ ختم ہونا۔ تمام ہونا۔ آخر ہونا۔ **بھور کر دینا یا کرنا** (ہ۔ متعدی) بہت پیٹنا۔ خوب زدوکوب کرنا۔ **بھور کو** (تف) صبح کے وقت۔ علی الصبح۔ سویرے۔ **بھور ہونا** (لازم) دیکھو بھور اُڑنا۔

امثال واقوال۔ بھور بھیا جب جانیئے جب پِیرے بادل ہوئیں۔ جب بادلوں کا رنگ پیلا ہو تو جاننا چاہیئے کہ صبح ہونے والی ہے۔ **بھور کا مرغا بولا پنچھی نے منہ کھولا۔** صبح کا وقت ہو گیا۔ **بھورے بُھلائے سانجھ گھرے آوے۔ او بھلیل نہ کہلاوے** صبح کا بھولا شام کو گھر آ جائے تو اسے بھولا نہیں کہنا چاہیئے۔ جو شخص تھوڑی مدت کے بعد راہ راست پہ آ جائے اسے گمراہ نہیں سمجھنا چاہیئے۔

بھورا (ھ۔ مذکر) بھونرا۔

بھورا (ھ۔ مذکر) بھولا۔

بھُورا (صفت) ۱ ایک رنگ جو ۵ حصے سیاہ اور ۱۵ حصے سُرخ اور دس حصے زرد رنگ ملنے سے بنتا ہے ۲ دیکھو بھوٹا ۳ (مذکر) گاؤں کی زمین جو آبادی سے بہت دُور ہو ۴ نیلا کبوتر جس کے پروں پر سفید داغ ہوں۔ **بھوری** (صفت) ۱ بھورے رنگ کی ۲ (مونث) بھورے رنگ کی بھینس۔

مثل۔ بھُورا بھینسا چاندلی جورُئے۔ پوس مہاوٹ برسے ہوئے۔ بھورا بھینسا۔ گنجی عورت اور پوس میں بارش شاذونادر ہوتے ہیں۔

بھُورالا (ھ۔ صفت) بھونرے کے رنگ کا۔ بہت کالا۔

بھُورج (س۔ مذکر) درخت بھوج

بھُورسی (ھ۔ مونث) خیرات۔

بھُورِن (س۔ مونث) ۱ زمین۔ ارض ۲ ریگستان۔ جنگل ۳ ریتلی زمین۔

بہورو (ھ۔ مذکر) وہ ڈھلوان رستہ جس پر سے بیل چرسے کو کھینچنے کے بعد کوئیں کو واپس آتے ہیں۔

بہوری (ھ۔ مونث) ۱ عروس کی طرح بناؤ سنگار ۲ دیکھو بُہری۔

بھُوری (ھ۔ مونث) ایک قسم کی روٹی جو سرکنڈ کی راکھ پر پکائی جاتی ہے۔

بھُوری (ھ۔ مونث) ریتلی زمین۔ بھُوڑ۔

بھوڑ (ہ۔ مؤنث) ریتلی زمین چوتھے درجے کی زمین جس میں سات حصے ریت اور تین حصے مٹی ہوتی ہے۔

مثل۔ بھوڑ کے ہوڑ ہوتے ہیں۔ دیہاتی بیوقوف ہوتے ہیں۔

بھوڑا (ہ۔ مذکر) ۱۔ کھانا جو دلہن کے ساتھ برات کی واپسی پر بھیجا جاتا ہے ۲۔ دلہن کے رخصت ہونے کی رسم ۳۔ عرس کا چوتھی کے بعد دوبارہ شوہر کے گھر جانا **بھوڑے کا کھانا** (مذکر) دیکھو بھوڑا

بھوڑا (ھ۔ مذکر) ۱۔ ریت۔ بالو ۲۔ خاک راکھ ۳۔ سفوف چورا۔

بھوڑل۔ بھوڑل (ھ۔ مذکر) برک

بھوس (س۔ مذکر) ۱۔ آسمان۔ فلک چرخ۔ سما۔ ایتھر ایک مادہ لطیف جس کے متعلق خیال ہے کہ خلا میں بھرا پڑا ہے ۲۔ کرہ ہوا ۳۔ تین بڑے دیا ہر تیوں بھور۔ بھوس سو میں سے دوسرا لفظ۔

بھوس (ھ) **بھوسا** (ہ۔ مذکر) بھیو

بھُس **بھوسی** (مؤنث) ۱۔ اوپر کا چھلکا یا پوست ۔ سبوس ۲۔ خشکی۔ **بھوسی بتانا** (متعدی) انکار کرنا (دہلی)

بھوسی ہے۔ کچھ نہیں۔ لڑکے جب کوئی چیز ختم ہو جاتی اور دوسرا اور مانگے تو کہتے ہیں۔

مثل۔ بھوسی بہت آٹا تھوڑا فضول چیزیں بہت اچھی تھوڑی مفلس ہے غریب ہے۔

بھوسا (ھ۔ مذکر) بھوسڑا۔

بھوسڑا (مذکر) **بھوسڑی** (ہ ۔ مؤنث) عورت کی شرمگاہ۔ عورت کی پیشاب فرج چوت۔ **بھوسڑا مرانی** (مؤنث) ایک گالی فحشہ زانیہ۔ **بھوسڑی کا** (صفت) ایک گالی۔ چوتیا۔

بھوشت (س۔ صفت) ۱۔ سجا ہوا۔ مزین ۲۔ زیورات پہنے ہوئے ۳۔ لباس پہنے ہوئے ملبس۔

بھوشن (س۔ مذکر) ۱۔ سجاوٹ۔ زینت۔ بناؤ سنگار ۲۔ زیورات جواہرات ۳۔ پوشاک لباس

بھوشیت۔ بھوشیہ (س صفت) جو آئندہ ہوگا۔

بھوک (ہ۔ مؤنث) ۱۔ کھانے کی خواہش۔ اشتہا۔ گرسنگی ۲۔ خواہش۔ چاہ ۳۔ ضرورت۔ حاجت۔ ۴۔ ایک دوائی جو لڑنے والے بٹیروں کو دیتے ہیں (س بھج کھانا) **بھوکا** (صفت) ۱۔ کھانے کی خواہش کرنے والا۔ جس نے دیر سے کچھ کھایا نہ ہو۔ گرسنہ ۲۔ فاقہ کش۔ قحط زدہ ۳۔ خواہشمند مشتاق۔ طالب۔ خواہاں۔ متمنی۔ آرزومند ۴۔ نہایت مفلس۔ بہت غریب ۵۔ (مذکر) وہ دوائی جو لڑنے والے بٹیر کو دی جاتی ہے۔ **بھوکا بنگالی** (صفت) ۱۔ بہت مفلس۔ سخت غریب۔ **بھوکا ٹوٹا** (صفت) محتاج۔ مفلس۔ **بھوکا رہنا** (لازم) کھانے کو نہ ملنا۔ بھوک لگنے پر کھانا نہ کھانا۔ **بھوک اڑا دینا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) کسی وجہ سے بھوک نہ رہنا۔ اشتہا جاتی رہنا۔ **بھوکا مرنا** (لازم) بھوک سے سخت تکلیف ہونا۔ تنگی سے گزر ہونا۔ فاقہ کشی کرنا۔ **بھوکا ننگا** (صفت) مفلس۔ غریب۔ محتاج۔ بیچارہ۔ **بھوکا ننگا رکھنا** (متعدی) کھانے پہننے کو کافی نہ دینا۔ تکلیف میں رکھنا۔ **بھوک بڑھنا** (لازم) ۱۔ اشتہا زیادہ ہونا ۲۔ خواہش زیادہ ہونا۔ **بھوک بھاگ جانا یا بھاگنا** (لازم) ۱۔ اشتہا جاتی رہنا ۲۔ کھانے کی خواہش نہ رہنا۔ **بھوک پیاس** (مؤنث) ۱۔ کھانے پینے کی خواہش ۲۔ تنگی افلاس فاقہ کشی۔ **بھوک پیاس اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) **اڑجانا۔ اڑنا۔ جاتی رہنا یا جانا** (لازم) ۱۔ بھوک نہ لگنا ۲۔ سیری ہو جانا۔ کھانے کی خواہش دور ہونا ۳۔ (صرف جاتی رہنا کی صورت میں) خریداری کی خواہش نہ رہنا (نجوں کا محاورہ) **بھوک پیاس میں** (ظرف) ۱۔ غربت میں۔ ان ہوت میں۔ تنگی کے وقت۔ ضرورت کے وقت۔ **بھوک کی برداشت** (مؤنث) بھوک لگنے پر کھانا نہ کھانا یا اپنے آپ کو کھانے سے روکنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **بھوک تیز (کڑی) ہونا** (لازم) بھوک بہت لگنا۔ سخت اشتہا ہونا۔ **بھوک کا توڑ** (مذکر) ۱۔ بھوک کا علاج ۲۔ بھوک کی تسکین۔ **بھوک کی جھانجھ یا جھلاہٹ** (مؤنث) وہ غصہ جو بھوک کی شدت کی وجہ سے آئے۔ **بھوک کی سہار** (مؤنث) دیکھو بھوک کی برداشت۔ **بھوک لگ آنا یا لگنا** (لازم) کھانے کی خواہش پیدا ہونا۔ اشتہا پیدا ہونا۔ **بھوک مرجانا** (لازم) اشتہا جاتی رہنا۔ **بھوکوں** (مذکر) ۱۔ بھوک کی جمع ۲۔ (ظرف) بھوک کی وجہ سے۔ **بھوکوں کا مارا** (صفت) وہ شخص جسے مدت سے کچھ کھانے کو نہ ملا ہو۔ **بھوکوں کے پیٹ کاٹنا** (متعدی) حقداروں کا حق مارنا۔ **بھوکوں مرنا** (لازم) تنگی سے گزر ہونا۔ مشکل سے گزارا ہونا۔ **بھوک ہونا** (لازم) ۱۔ اشتہا ہونا ۲۔ خریداری کی خواہش ہونا۔ **بھوکی** (صفت مؤنث) دیکھو بھوکا۔ **بھوکے** (مذکر) ۱۔ بھوکا کی جمع ۲۔ بجائے بھوکا حروف مغیرہ کے بعد۔

امثال واقوال۔ بھوکا اٹھاتا ہے۔ **بھوکا سلاتا نہیں** سونے سے پہلے خدا ہر ایک کو کھانے کو دیتا ہے خدا سب کو رزق پہنچاتا ہے۔ **بھوکا بنگالی بھات بھات پکارے (کرے)** آدمی کو جس چیز کی عادت ہو وہی بار بار یاد آتی ہے۔ عادت مشکل سے جاتی ہے۔ **بھوکا ترک نہ چھیڑئیے ہو جائے جی کا جھاڑ** بھوکے آدمی سے چھیڑ چھاڑ نہیں کرنی چاہئے۔ ورنہ پیچھا چھڑانا مشکل ہو جاتا ہے۔ بھوکا آدمی بات بات پر لڑتا ہے **بھوکا جورو پیچھے رجا کے ادھار لوں۔** غریب کی ضرورت کا امیر فائدہ اٹھاتا ہے۔ **بھوکا چاہے روٹی دال رجا (دھایا) کہے میں جوڑوں مال** (ھ) بھوکا آدمی دال روٹی پر گزارہ کرتا ہے۔ امیر مال و دولت جمع کرنا چاہتا ہے۔ **بھوکا سو روکھا۔** بھوکا آدمی کسی سے اچھی طرح نہیں ملتا۔ **بھوکا گیا جو بیجنے اگاہنا کہے بندھک رکھو** (ھ) دستر کی حاجت سے فائدہ اٹھانے پر کتے ہیں۔ **بھوکا مرتا کیا نہ کرتا۔** مفلس آدمی ادنے سے ادنے کام کے لئے بھی تیار ہو جاتا ہے۔ **بھوکا مرے کہ ستوا سانے** (ھ) تھوڑا ہونا کچھ نہ ہونے سے بہتر ہے۔ **بھوک پیاس اللہ نے سب کے ساتھ لگا دی ہے۔** ہر شخص کو کھانے پینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ **بھوک جنم کی ہوک** (ھ) بھوکا رہنا زندگی کی سب سے بڑی تکلیف ہے۔ **بھوک سب سے میٹھی ہے۔** بھوک میں ہر چیز مزیدار معلوم ہوتی ہے۔ **بھوک کو بھوجن کیا اور نیند کو بچھونا کیا۔** سخت بھوک میں جو ملے انسان کھا لیتا ہے۔ اور سخت نیند میں بچھونے کی پروا نہیں کرتا۔ **بھوک گئے بھوجن ملے جاڑا گئے قبا رئی (قبائی) جوانی گئے تریا ملے تینوں ان سہار دیو بھائی)** جو چیز بے وقت ملے بیفائدہ ہوتی ہے۔ **بھوک لگی تو گھر کی سوجھی بھوک لگی بھڑوے کو تندور کی سوجھی۔** اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو لاپروا ہو اور کھیل کود میں مشغول رہے۔ **بھوک میں بھجن بھی نہ ہو۔** بھوکے آدمی سے عبادت بھی نہیں ہو سکتی **بھوک میں (رکوا پاپڑ) گولر پکوان۔** جب اشتہا بہت ہو تو معمولی چیز بھی مزیدار معلوم ہوتی ہے **بھوکے بھجن نہ ہو رئے۔ سادھو** (ھ) خالی پیٹ خدا کی یاد بھی نہیں ہو سکتی۔ **بھوکے بھلے مانس**

اور پیٹ بھرے گنوار سے نہ بولے - یہ دونوں ان حالتوں میں بے باک اور مغلوب الغضب ہوتے ہیں۔ **بھوکے بھلے مانس سے ڈریئے۔** بھوکے شریف سے بہت ڈرنا چاہئے - **بھوکے بیر اگا ہے گانڈ سے۔** ہر ایک آدمی کو خدا کچھ نہ کچھ کھانے کو دیدیتا ہے۔ غریب کے لئے بیر ہیں تو امیر کے لئے گنّے۔ **بھوکے سے کہا دو اور دو کُے کہا چار روٹیاں** مطلبی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ **بھوکے شریف سے پیٹ بھرے رذیل سے ڈریئے۔** دونوں لڑنے کو تیار رہتے ہیں۔ شریف تو بھوک کی حالت میں غصے سے بھرا ہوتا ہے۔ اور رذیل آسودگی میں مغرور ہو جاتا ہے۔ **بھوکے کے گھر میں نون نہاری۔** غریب گھر میں جو کھانے کو مل جائے غنیمت ہے۔ **بھوکے کو ان پیاسے کو پانی جنگل جنگل آوادانی (آبادی)** خدا کی قدرت کو ظاہر کیا ہے کہ بھوکے کو خوراک اور پیاسے کو پانی دیتا ہے اور جنگلوں میں بھی آبادی ہوتی ہے جہاں ہزاروں قسم کے جانور ہوتے ہیں۔ **بھوکے کو بھوکے نے مارا یہ بھی گرا وہ بھی گرا۔** کسی بے فائدہ مشقت کی نسبت کہتے ہیں۔ **بھوکے کو سوکھا کیا۔** بھوک میں سوکھی ہوئی روٹی بھی نعمت ہوتی ہے۔ **بھوکے کو کچھ دیجئے بیتھا شکت جو ہوئے۔** جہاں تک ہو سکے بھوکے کو کچھ دینا چاہئے۔ **بھوکے کو کھلا اور ننگے کو پہنا۔** دونوں ثواب کے کام ہیں۔ **بھوکے کو کیا روکھا اور نیند کو کیا رکھبونا (بچھونا) تکیہ۔** بھوک میں روکھا بھی نعمت ہے۔ اور نیند کے وقت بستر یا تکیہ کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ **بھوکے نے بھوکے کو مارا (کی ماری) دونوں کو غش آگیا۔** مشقت لاحاصل۔ **بھوکے ہو تو ہرے ہرے روکھ دیکھو!** عموماً بخیل سائل کو یہ جواب دیتے ہیں ۲ ٹالنے کے لئے بھی کہا جاتا ہے۔

بُھوک (س۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ شگاف۔ چھید۔ رخنہ۔ دراڑ ۲ دریا کا منبع۔ نکاس۔ ۳ سرچشمہ ۴ تاریکی۔ اندھیرا ۵ دقت۔

بُھوک ہڑتال (ا۔ مونث) اظہار رنج کے لیے بھوکے رہنا۔ کھانا پینا بند کر دینا۔

بھوکتا (س۔ مذکر) ۱ مزے اڑانے والا۔ عیاش ۲ کھانے والا ۳ خوش گزران۔ خوش خورد ۴ اچھے کھانوں کا شائق۔ شکم پرور ۵ کامیابی کا ذریعہ ۶ وہ جو دوسروں سے کام لے یا انکو کام پر لگائے ۷ وہ جو خوشی غم وغیرہ محسوس کرے یا دیکھے ۸ مالک۔ قابض۔ حاکم۔ سردار ۹ خاوند۔ شوہر۔ خصم ۱۰ روح۔ جان۔

بُھوکڑ (ھ۔ صفت) بھوکا۔ (عف)

بھوکنا (ھ۔ متعدی) گھسیڑنا۔ داخل کرنا گھونپنا۔ ٹھونسنا۔

بُھوکھر (ھ۔ مونث) دیکھو بھوک۔

بھوکھ مُوا (صفت) ۱ گرسنہ۔ فاقہ کش۔ بھوکا ۲ حریص۔ لالچی۔

بھوگ (س۔ مذکر) سرور۔ لطف۔ مزا ۲ استعمال۔ برتاؤ ۳ محاصل۔ جمع ہوئے روپے کا استعمال ۴ فائدہ۔ نفع۔ یافت ۵ قبضہ۔ ملکیت ۶ حفاظت۔ پرورش ۷ برداشت۔ تجربہ ۸ حس تجسیس۔ خوشی یا غم محسوس کرنا ۹ تفریح۔ لذت۔ حظ ۱۰ تکلیف تحمل ۱۱ بدلہ۔ عوض ۱۲ گالی۔ بے عزتی۔ بدتمیزی ۱۳ کھانا۔ طعام۔ خوراک ۱۴ مجامعت۔ مباشرت ۱۵ پکی ہوئی چیز جو بتوں پر چڑھائی جائے۔ حلوا ۱۶ خوشی۔ سکھ۔ چین ۱۷ ایک بھجن اور راگنی کا نام۔ بھجن پربھات ۱۸ تخلص ۱۹ (علم حساب) شمار کنندہ ۲۰ روپیہ۔ دولت مال و متاع ۲۱ رنڈیوں یا طوائفوں کو بلانا ۲۲ سانپ۔ ۲۳ سانپ کا پھن ۲۴ بدن ۲۵ فوجوں کی آرائش۔ قطار در قطار فوج۔ **بھوگ بلاس** (مذکر) ۱ خط نفسانی عیش و عشرت۔ رنگ رلیاں۔ لطف زندگانی۔ جشن و شادمانی ۲ وصل بتاں۔ مباشرت۔ مجامعت **بھوگ بلاس کرنا** (متعدی) مباشرت کرنا۔ جماع کرنا ۲ عیش و عشرت کرنا۔ رنگ رلیاں کرنا۔ مزے اڑانا۔ **بھوگ بلاسی** (مذکر) مباشرت کا شائق۔ عیاش۔ زانی۔ شہوت پرست۔ کامی۔ بھوگی۔ **بھوگ بھٹ** (مذکر) ایک شاعر۔ **بھوگ بھوگنا** (متعدی) ہمبستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔ **بھوگ پتی** (مذکر) ۱ قابض۔ مالک۔ سردار۔ حاکم ۲ افسر شہر یا قلعہ کا حاکم۔ **بھوگ پڑنا** (لازم) بُرا بھلا کہنا۔ گالیاں پڑنا۔ **بھوگدا** (مونث) ایک دیوی۔ **بھوگ دار** (مذکر) کسی جائداد کا قابض۔ **بھوگ دینا یا سُنانا** (متعدی) گالیاں دینا۔ بُرا بھلا کہنا ۲ الزام دینا۔ مطعون کرنا۔ **بھوگ کار** (مذکر) ۱ لطف دینے یا پیدا کرنے والا۔ خوراک یا عیش و عشرت کا سامان مہیا کرنے والا۔ **بھوگ کرمَن** (مذکر) ایک شاعر۔ **بھوگ کرنا** (متعدی) صحبت کرنا۔ ہمبستر ہونا۔ ۲ بھوگنا۔ **بھوگ کھانا** (متعدی) بُرا بھلا سُننا **بھوگ گرام** (مذکر) ایک گاؤں۔ **بھوگ لگا دینا لگا لینا یا لگانا** (متعدی) ۱ کھانا کھانا۔ بھوجن چکھنا ۲ کسی کے آگے کھانا چننا ۳ بتوں کے آگے کھانا رکھنا۔ **بھوگنا** (متعدی) ۱ برداشت کرنا۔ سہنا۔ بھگتنا ۲ مصیبت جھیلنا۔ تکلیف اُٹھانا ۳ حظ اُٹھانا۔ مزا اُڑانا ۴ رنج و تکلیف کو بغیر ظاہر کئے برداشت کرنا۔ **بھوگنی** (مونث) ۱ عیش پسند عورت ۲ راجہ کی آشنا۔ **بھوگ وتی** (مونث) بھوگ ونت کی ۱ وہ عورت جو جماع کرائے ۲ ناگوں کی نسل کا دار الخلافہ ۳ پاتال کی گنگا۔ **بھوگ ورمن** (مذکر) کئی مشہور آدمیوں اور مصنفوں کا نام۔ **بھوگ ونت** (مذکر) ۱ جو عیش و عشرت کا سامان مہیا کرے ۲ سانپ ۳ (صفت) جس کے لئے عیش و عشرت کا سامان مہیا کیا جائے ۴ وہ چیز جو لذت دے۔ دلکش فرحناک مسرت بخش۔ سہاونا۔ آنندمے ۵ چکردار۔ بلدار۔ **بھوگی** (صفت) لطف اُٹھانے والا۔ مزے اُڑانے والا۔ عیش کرنے والا ۲ استعمال کرنے والا۔ قبضہ کرنے والا ۳ برداشت کرنے والا۔ سہارنے والا ۴ عیش پرست ۵ خوش طبع۔ زندہ دل۔ ہنس مکھ ۶ عیاش۔ زانی ۷ چکروں والا۔ کنڈلوں والا۔ بلدار ۸ آرام طلب ۹ بھوجن کرنے والا ۱۰ (مذکر) عاشق ۱۱ بادشاہ۔ راجہ۔ شاہ۔ شاہزادہ ۱۲ نمبردار ۱۳ نائی۔ حجام ۱۴ سانپ۔ **بھوگیا** (صفت) تماش بین۔ شہوت پرست۔ زناکار۔ رنڈی باز۔ زانی۔ **بھوگیہ** (صفت) ۱ لطف کے قابل۔ مزیدار۔ پُرلطف ۲ (مذکر) جس چیز کا لطف اُٹھایا جائے ۳ مقبوضہ چیز ۴ محاصل۔ ملکیت۔ دولت۔

امثال و اقوال۔ بھوگ بھاگ

چھتیسوں راگ۔ خوش قسمتی اور عیش چھتیس راگ کے برابر ہیں۔ یعنی عیش و کامرانی کے برابر کوئی چیز نہیں۔ **بھوگ بلاس جب تک سانس جب تک زندگی ہے مزے اُڑانے چاہئیں۔** **بھوگی سو روگی۔** عیش پرست آدمی کی صحت عموماً خراب

رہتی ہے۔ بہت کھانے والا عموماً بیمار رہتا ہے۔

بھوگا (ھ۔ مذکر) دھوکا۔ دغا۔ مکر۔ فریب۔ دم۔ چھل۔

بھوگاوتی (ھ۔ مونث) دیکھو بھوگوتی۔

بھوگنا (ھ۔ مذکر) دیکھو بھوکتا اور بھوگی۔

بھوگلی (ھ۔ مونث) ناک کا ایک زیور جو نلی کے مانند ہوتا ہے۔ اور اس کے اندر طلائی لونگ ڈالی جاتی ہے۔

بھوگونتر (ھ۔ مذکر) کسی خاص شخص کے لئے جاگیر عموماً برہمن یا کسی مقدس شخص کے لئے ہوتی ہے۔

بھوگھیا (ھ۔ مونث) ایک ٹوکری جس میں بونے کے لئے بیج لے جاتے ہیں۔

بھول (د۔ امر) ۱ بھولنا کا ۲ (مونث) چوک۔ فراموشی۔ نسیان۔ سہو لسبراہٹ ۳ غلطی۔ خطا۔ قصور ۴ غفلت۔ بیخبری۔ عدم توجہی ۵ شبہ۔ دھوکا۔ لغزش (اس بھرنس کرنا) **بھولا** (ماضی) بھولنا کی ۲ (صفت) گم شدہ۔ گمراہ ۳ فراموش۔ بھٹکا ہوا بھولنے والا ۴ غافل۔ لاپروا (عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) **بھول آنا** (لازم) ۱ کوئی چیز بھول کر کہیں چھوڑ آنا ۲ بھولے سے آجانا۔ غلطی سے چلا جانا۔ **بھولا بسرا۔ بھٹکا یا چوکا** (صفت) ۱ وہ جو راہ بھول گیا ہو ۲ بھولا ہوا۔ وہ جو یاد نہ رہا ہو۔ **بھولا چپیا** (مذکر) بری یاد۔ خراب حافظہ۔ **بھولا ہونا** (لازم) یاد نہ رہنا۔ فراموش ہونا ۲ اترانا۔ نازاں ہونا۔ فخر کرنا۔ **بھول بھٹک** (مونث) ۱ بھول چوک ۲ گمراہی۔ ضلالت۔ **بھول بھلیاں** (مونث) ایک قسم کی عمارت یا باغ جس میں راستے اور دروازے اس طرح بنائے ہوتے ہیں کہ ایک دفعہ آدمی اندر چلا جائے تو پھر بآسانی باہر نہیں نکل سکتا۔ **بھول بھلیاں سے** مشکل سے ہے پیچدار ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا **بھول بیٹھنا** (متعدی) فراموش کر دینا۔ **بھول پڑنا** (لازم) غلطی ہونا۔ سہو ہونا **بھول جانا** (لازم) دیکھو بھولنا۔ **بھول چوک** (مونث) سہو۔ غلطی۔ **بھول چوک کا ڈر نہیں**۔ سہو معاف ہے۔ مذہبی معاملات میں عام طور پر کہتے ہیں۔ **بھول چوک لینی دینی**۔ اگر حساب میں کوئی غلطی بعد میں نکل آئی تو اس کے بموجب روپیہ ادا کر دیا جائیگا۔ یا لے لیا جائیگا۔ **بھول ڈالنا** (متعدی) غلط کر دینا۔ شبہ میں ڈالنا۔ **بھول کر بھی** (تف) غلطی سے (بھی)۔ بھولے سے (بھی) **بھول کر بات نہ کرنا**۔ (متعدی) سخت بے التفاتی یا عدم توجہی کرنا۔ **بھول کر یاد کر لینا یا کرنا** (متعدی) غلطی سے ذکر کرنا۔ **بھول کے آجانا** (لازم) غلطی سے آجانا۔ بھولے سے آجانا۔ **بھول کے نہ کرنا** (متعدی) بالکل نہ کرنا۔ ہرگز نہ کرنا۔ غلطی سے بھی نہ کرنا۔ **بھولنا** (لازم) ۱ فراموش ہونا۔ یاد نہ رہنا ۲ غلطی ہونا۔ چوکنا ۳ بھٹکنا۔ گمراہ ہونا ۴ دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا ۵ غافل ہونا۔ بیخبر ہونا ۶ فراموشی کرنا۔ یاد نہ رکھنا ۷ غلطی کرنا۔ قصور کرنا ۸ راستہ گم کرنا ۹ (پ) نازاں ہونا۔ فخر کرنا ۱۰ (رستہ) راہ گم کرنا۔ غلط راستے پر چلا جانا ۱۱ (خدا کو) مغرور ہونا ۱۲ ظلم کرنا ۱۳ خدا کو یاد نہ کرنا۔ عبادت نہ کرنا۔ **بھولنا چوکنا** (لازم) سہو ہو جانا۔ فروگذاشت ہو جانا۔ **بھولی** (صفت مونث) دیکھو بھولا۔ **بھولے** (صفت) بھولا کی بجائے حروف مغیرہ سے پہلے۔

بھولی بسری باتیں (مونث) وہ باتیں جو یاد سے جاتی رہی ہوں **بھولے بھٹکے** (تف) ۱ کبھی کبھی گاہے ماہے ۲ اتفاقاً ۳ سہواً ۴ راستہ بھول کر۔ **بھولے سے** (تف) سہواً۔ غلطی سے۔ دھوکے سے **بھولے سے بھی نام نہ لینا** (متعدی) ۱ بھول کر بھی یاد نہ کرنا۔ بالکل لاپرواہی یا بے اعتنائی کرنا ۲ ہرگز خیال نہ کرنا۔ ہرگز ایسا کام نہ کرنا۔ **بھولے سے نام لینا**۔ (متعدی) غلطی سے کسی کا نام پکار اٹھنا۔

امثال واقوال

بھولا بھاٹ دیوالی گائے۔ بے موقع کام کرنے پر کہتے ہیں گانے ہولی کے موقع پر گائے جاتے ہیں۔ **بھولے بھرے کسان جو کا تاب مانگے مینہ**۔ بیوقوف ہے وہ شخص جو ناممکن بات کی امید کرے۔ **بھولا جوگی دونی لابھ** (ھ) اس موقع پر کہتے ہیں جہاں کوئی فائدہ اٹھانے کے لئے بھول کر غلطی کرے۔ اگر فقیر بھول کر کسی کے گھر دوبارہ مانگنے کے لئے چلا جائے تو اسے دگنا فائدہ ہوتا ہے۔ **بھول گئی دن دہاڑ امنڈو ملے سہرا باندھا**۔ رذیل لوگوں کے متعلق کہتے ہیں جو امیر ہو جائیں اور اپنی اصلیت بھول جائیں۔ **بھول گئے ناچ رنگ بھول گئی چھکڑی تین چیز یاد رہی نون تیل لکڑی** انسان شادی کے بعد دنیا کے دھندوں میں سب کچھ بھول جاتا ہے۔ **بھول گئے گیان شاستر پڑھ کر سبھی ڈبویا** (ھ) لکھے پڑھے بے عمل کی نسبت بولتے ہیں۔ **بھول گئی ناری ہینگ ڈال دیا بھات میں** (ھ) ہینگ دال میں پڑتا ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب غلطی سے کوئی کام خراب ہو جائے۔ **بھولے باہمن گائے کھائی اب کھائے تو رام دہائی**۔ ایک دفعہ غلطی کھا کر انسان سمجھ جاتا ہے **بھولے بسرے رام سہائی**۔ غلطی کے وقت خدا مدد کرے **بھولے چوکے ڈنڈ نہیں**۔ سہو کی کوئی سزا نہیں **بھولی رے راگھوا تیری لال پگڑی پر**۔ ظاہری صورت پر دھوکا کھا گئی۔

بھول (ھ۔ مذکر) دوات۔

بھولا (ہ۔ صفت) ۱ سیدھا سادھا ۲ ناواقف۔ ناتجربہ کار ۳ نادان۔ کم فہم۔ کم عقل ۴ (مذکر) شوجی کا ایک نام (س بھاؤ۔ قدرتی) **بھولا بننا** (لازم) انجان بننا۔ **بھولا بالا یا بھالا** (صفت) ۱ سیدھا سادھا۔ سادہ لوح ۲ بھلا مانس۔ نیک مزاج ۳ معصوم **بھولاپن** (مذکر) ۱ سادگی۔ سادہ لوحی ۲ وہ نرمی اور معصومیت جو بچوں کے چہرے پر برستی ہے ۳ نادانی ناتجربہ کاری۔ **بھولی** (صفت مونث) دیکھو بھولا۔ **بھولی بالی یا بھالی** (صفت مونث) دیکھو بھولا بھالا۔ **بھولی (بھولی) باتیں** (مونث) پیاری باتیں۔ سادہ لوحی یا سادگی کی باتیں (کرنا ہونا کے ساتھ) **بھولی (بھولی) شکل یا صورت** (مونث) وہ شکل جس سے معصومیت برستی ہو۔

بھوم (س۔ صفت) ۱ زمینی۔ ارضی۔ ملکی ۲ (مذکر) سیارہ مریخ ۳ دوزخ۔ جہنم ۴ عنبر ۵ بھوم کا بیٹا۔ دیتیہ۔ نرک۔

بھوم (س۔ مونث) ۱ زمین۔ عالم۔ ارض ۲ سطح زمین۔ مٹی ۳ اراضی۔ علاقہ۔ ملک ۴ جگہ۔ موقعہ ۵ ریاست۔ مملکت۔ قلمرو ۶ کمرہ۔ کوٹھڑی ۷ خانہ۔ باسن۔ برتن ۸ (علا) قاعدہ ۹ (علا) ایک کا نشان ۱۰ (مذکر) ئیودھان کا بیٹا اور نگیندھر کا باپ **بھوم بکیشور** (ہند) ضلع بھیر بھوم میں چند گرم چشمے۔ **بھوم بھائی** (مذکر) وہ شخص جو زمین اس شرط پر دے کہ وہ اسے بیچ۔ رہن ہبہ کر نہ سکے **بھوم تلے** (صفت) زمین کے نیچے۔ تہہ میں **بھوم تندک** (مذکر) ایک علاقہ۔ **بھوم مجا** (صفت) ۱ زمین پر پیدا ہوا ہوا ارضی مخلوق ۲ ہندوؤں کی ادنیٰ ذات ۳ سیارہ مریخ

منگل ۲ دوزخ۔ **بھومپتنک** (مذکر) ایک پودہ خوشبودار پھولوں کا۔ ایک آتشبازی اس پھول کی شکل کی۔ **بھومدار** (مذکر) ۱ زمیندار۔ مالک زمین۔ ۲ لمبردار ۳ حاکم اعلیٰ **بھومدا ما** (صفت) جلاکر خاک بنا ہوا یعنی لاش۔ **بھوم دھر** (مذکر) ۱ پہاڑ ۲ راجہ بادشاہ ۳ ایک شاعر۔ **بھوم دیو** (مذکر) ایک برہمن مصنف **بھوم دیوی** (مونث) کئی عورتوں کا نام۔ **بھوم جَے** (مذکر) وراٹ کا بیٹا۔ **بھومی**۔ دیکھو بھوم۔

بھومکا (س۔ مونث) دیباچہ مقدمہ (کتاب کا)

بھومی (س۔ صفت) زمین۔ ارضی۔ (مونث) سیتاجی کا ایک لقب۔

بھومیا۔ بھومیاں (ہ۔ مذکر) ۱ زمیندار۔ مالک زمین ۲ پرانا باشندہ۔ قدیمی ساکن ۳ گاؤں کا دیوتا ۴ ایک قسم کا سانپ جس کے سر پر بال ہوتے ہیں۔ **بھومیا پتی** (مذکر) دیکھو بھومیہ۔

مثل۔ بھومیا تو بھومی پہ مرے تو کیوں مرے بٹیر۔ زمیندار تو زمین کے لئے لڑتا ہے۔ تو اے بٹیر کیوں لڑتی ہے۔ وہاں کہتے ہیں) جہاں کوئی خواہ مخواہ لڑائی مول لے۔

بھومیال (ہ۔ مذکر) وطن۔ جنم بھوم۔

بھومیاوَت (ہ۔ مونث) لوٹ غارت۔ بربادی۔ تباہی۔ لوٹ مار۔ لوٹ گھسوٹ۔ **بھومیاوَتی** (مذکر) ۱ لوٹ مار کرنیوالا شخص۔ لٹیرا۔ غارت گر ۲ باغی افسر۔

بھومیرا (س۔ مونث) مونگا۔

بھَوَن (س۔ مذکر) ۱ ہستی۔ وجود۔ پیدائش۔ ولادت۔ جنم ۲ خاصیت ۳ سرگ۔ بہشت ۴ (ہ) جائے رہائش۔ آبادی۔ مکان۔ محل۔ قصر ۵ (ہ) مندر۔ دھرم سالہ۔ جگہ۔ موقعہ۔ کھیت۔

بھَوں (ہ۔ مونث) **بھوں** (ہ) وہ بال جو آنکھوں اور پیشانی کے درمیان ہوتے ہیں۔ ابرو **بھوں پر بل پڑنا** (لازم) چہرے سے غصہ ظاہر ہونا۔ ناپسندیدگی ظاہر ہونا۔ **بھوں پر بل ڈالنا** (متعدی) ناپسندیدگی ظاہر کرنا **بھوں تاننا یا ٹیڑھی کرنا یا چڑھانا** (متعدی) ۱ غصہ دکھانا۔ ناراضگی ظاہر کرنا ۲ تیوری چڑھانا یا تیوری میں بل ڈالنا ۳ نخرا کرنا۔ ناز کرنا۔ **بھوں تننا ٹیڑھی ہونا یا چڑھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **بھوں میں بل ڈالنا**۔ آزردہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ **بھووں بھویں** (مونث) بھوں کی جمع **بھویں تاننا۔ ٹیڑھی کرنا چڑھانا** (متعدی) تننا۔ ٹیڑھی ہونا یا چڑھنا (لازم) دیکھو بھوں تاننا۔

امثال۔ بھوں کا گلہ آنکھ کے سامنے۔ کسی کا گلہ اس کے عزیز یا دوست کے سامنے کرنے پر بولتے ہیں۔ **بھووں سے چور پکڑا آتا ہے** (دہلی) جب کوئی کام کسی ناقابل یا ضعیف کے سپرد کیا جائے۔ تو کہا جاتا ہے۔

بھُوَن (س۔ مذکر) ۱ چیز۔ شے۔ ۲ زندہ چیز۔ زندہ مخلوق ۳ انسان۔ نسل ۴ دنیا۔ عالم ۵ آسمان ۶ زمین ۷ پانی ۸ تین عالموں آسمان۔ زمین اور درمیانی خلا میں سے کوئی ایک ۹ ایک خاص مہینہ ۱۰ رُدر کا نام ۱۱ رگوید کے ایک منتر کا مصنف ۱۲ یوگ کا ایک گرو۔ **بھونانند** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھون پال** (مذکر) ایک مصنف۔ **بھون پاوَن** (مذکر) پوتر کرنے والا۔ **بھون پاونی** (مونث) گنگا۔ **بھون چندر** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھون راج** (مذکر) ایک راجہ۔ **بھون ماتری** (مونث) درگاجی۔ **بھون متی** (مونث) ایک رانی۔ **بھون موہنی** (مونث) ۱ انسانی دلبر ۲ دولت یا مایا کا لقب ۳ خوبصورت اور دلربا عورت **بھونیش** (مذکر) ۱ دُنیا کا مالک ۲ رُدر ۳ ایک مقام۔ **بھونیشی** (مونث) ایک دیوی۔ **بھونیشوَر** (مذکر) ۱ راجہ۔ بادشاہ ۲ شوجی ۳ ایک مصنف ۴ ایک شہر دیکھو علیحدہ۔ **بھونیشوری** (مونث) ۱ بہت سی دیویوں کا نام ۲ (مذکر) ایک مندر اور ایک شہر جو شوجی کے نام پر ہیں۔

بھوں (ہ۔ مونث) ۱ کسی بادی سانس کی آواز ۲ موٹی آواز ۳ کُتے کی آواز۔ **بھوں بھوں** (مونث) ۱ کُتے کی آواز ۲ رونے کی آواز۔ **بھوں بھوں رونا** (لازم) اونچی آواز سے رونا۔ **بھوں بھوں کرنا** (متعدی) ۱ بھونکنا۔ کُتے کی طرح رونا ۲ بکنا۔ بیہودہ باتیں کرنا۔

بھُون (ہ۔ اسم) بھوننا کا (س بھرج بھوننا) **بھونا** (ماضی) ۱ بھوننا کی ۲ (صفت) بُھنا ہوا۔ تلا ہوا۔ کباب کیا ہوا۔ **بھونا گوشت** (مذکر) بھنا ہوا یا تلا ہوا گوشت۔ **بھون بھلس لینا** (متعدی) پکا لینا۔ کچا پکا پکا لینا۔ بھوننا۔ **بھون کھانا**۔ اپنے لئے انکساراً اور دوسرے کے لئے طنزاً استعمال ہوتا ہے۔ **بھون بھون کھانا** (متعدی) ۱ کسی چیز کو بھون کے کھا جانا ۲ دیکھنا۔ بھالنا۔ برتنا۔ **بھوننا** (لازم) ۱ بریاں کرنا۔ کباب کرنا۔ کوئلوں پہ رکھ کر گوشت کو بھوننا بھوبھل یا بالو میں اناج وغیرہ کو بھوننا ۲ گھی یا تیل میں تلنا ۳ بھلسنا۔ جلانا ۴ بندوق سے شکار مارنا۔ ۵ لڑائی میں باڑھ مار کر بہت سے لوگوں کو قتل کر دینا۔ ۶ طعنوں سے دل جلانا ۷ ستانا۔ دق کرنا۔ **بھونی** (صفت۔ مونث) دیکھو بھونا۔ **بھونے** (صفت) بھونا کی جمع۔ **بھونی بھنگ** (مونث) ۱ بھنگ کے بھنے ہوئے پتے ۲ مجازاً کچھ نہیں۔ **بھونی بھنگ نہ ہونا** (لازم) کچھ بھی نہ ہونا۔ مفلس ہونا۔ **بھونی سری** (مونث) کسی جانور کا کٹا ہوا سر جو بال جلا کر صاف کیا گیا ہو۔ **بھونے گیہوں** (مذکر) بھنے ہوئے گیہوں کے دانے۔

امثال۔ بھُون بویا اُپٹ گیا (ہ) اولاد خراب نکلے تو کہتے ہیں۔ **بھونی بھانگ نہ کڑوا تیل**۔ سخت مفلس کے متعلق کہتے ہیں۔

بھُوں بھوں (ہ۔ مونث) بھومی زمین۔ **بھوَنچال** (ہ) **بھُونچال** (مذکر) زلزلہ **بھونڈاری** یا **بھُونڈاری** (مونث) زمین جو ملازمان دیہ کو بغیر لگان کاشت کے لئے دی جائے۔ **بھونڈول** (مذکر) زلزلہ۔ **بھُونگٹی** (مونث) جنگلی پیداوار پر ایک محصول۔ **بھونگھرا** (مذکر) زمین دوز کمرہ۔ تہ خانہ۔ سرد خانہ۔ گرام۔ غار۔

بھَونا (ہ۔ لازم) پھرنا۔ گردش کرنا۔ چکر لگانا۔

بھَونپ۔ بھونپ۔ بھونپا۔ بھونپا (ہ۔ مذکر) **بھَونپو** (ہ) **بھونپو** (ہ) منہ سے بجنے والا باجہ۔ نرسنگھا۔ ترئی۔

بھَونت (س۔ ضمیر) حضور والی جناب۔ جناب والا۔

بھونتھا۔ بھونتھرا۔ بھونٹا (ہ۔ صفت) ۱ کند۔ کھنڈا۔ جو کاٹ نہ سکے ۲ کند ذہن ۳ سست کمزور۔ ضعیف ۴ کم قیمت۔ کم قدر۔

بھُونجا (ہ۔ مذکر) ۱ دانے بھوننے والا ۲ بھڑبھونجا۔

بھونچال (ہ۔ مذکر) دیکھو بھوں۔

بھونچکا (ہ۔ صفت) حیران۔ پریشان۔ خوفزدہ۔ گھبرایا ہوا۔

بھوندو (ہ۔ صفت) ۱ حلیم۔ نرم مزاج۔ سلیم۔ مسکین ۲ سادہ۔ سادہ مزاج۔ معصوم ۳ (ہ) احمق۔ جاہل۔ اناڑی۔ کندہ ناتراش۔ بھوندو ہے۔ بھولا ہے۔ بیوقوف ہے۔

مثل۔ بھوندو بھاؤ نہ جانے پیٹ بھرنے سے کام۔ بیوقوف کو کھانے کو مل جائے۔ تو اور کسی بات کی پروا نہیں۔

بھونڈ۔ بھونڈ۔ بھونڈا (ہ) بھونڈا (ہ۔ صفت) ۱ بدنما۔ بدصورت۔ بدشکل۔ ۲ ہیبت۔ بدقطع ۳ خراب۔ ناقص ۴ (ہ) منحوس۔ بدقسمت۔ **بھونڈا پن۔ بھونڈا پنا** (مذکر) ۱ بدصورتی۔ بدنمائی ۲ عیب۔ نقص۔ خرابی ۳ بدتمیزی۔ بدتہذیبی۔ **بھونڈا شعر** (مذکر) ناقص شعر۔ وہ شعر جو طبیعت کو اچھا معلوم نہ ہو۔ **بھونڈا نخرا** (مذکر) غیر موزوں یا بے ناز۔ شتر غمزہ۔ **بھونڈ پیرا** (مذکر) **بھونڈ پیری** (مونث) منحوس۔ سبز قدم (لکھنو) **بھونڈی** (صفت مونث) بھونڈا کا۔ **بھونڈی بات** (مونث) خراب بات۔ بدتمیزی کی بات۔ غیر موزوں بات۔ **بھونڈی صورت** (صفت) ۱ بدشکل ۲ (مونث) خراب شکل۔

بھونڈ (ہ۔ مذکر) گوبر کا سیاہ پردار کیڑا۔

بھونڈیا (ہ۔ مذکر) وہ جو ہل مانگ کر کاشت کرے۔

بھونرا (ہ۔ مذکر) بھونرا (ہ) ۱ بھنور ۲ وقت۔ مشکل ۳ لٹو ۴ ایک سیاہ رنگ کا بڑا پردار کیڑا جو کنول کے پھول پر شہد کھانے کے لئے بیٹھتا ہے ۵ گوبر کا سیاہ پردار کیڑا ۶ تہ خانہ (س بھومی زمین) **بھونرا سی آواز** (مونث) نہایت اونچی ایک سُر کی گونجنے والی آواز۔ **بھونرے میں پال رکھنا یا پالنا** (متعدی) **پلنا** (لازم) تہ خانے میں پلنا۔ نازو نعمت اور لاڈ پیار میں پلنا۔

بھونرالا (ہ۔ صفت) بھونرے کی طرح کالا۔ بہت سیاہ۔

بھونری (ہ۔ مونث) ۱ بھونرا کا۔ بھونرے کی مادہ ۲ چکر۔ گردش ۳ انسان یا حیوان کے بالوں کا چکر ۴ گھوڑے کا ایک عیب جیسے بال پیشانی پر حلقہ کئے ہوتے ہیں۔ یہ منحوس سمجھا جاتا ہے ۵ وہ روٹی جو انگاروں پر پکاتے ہیں ۶ ہندوؤں میں شادی کا پھیرا۔ **بھونری پھر جانا** (لازم) شادی ہو جانا۔

بھونریانا (ہ۔ متعدی) چکر کھانا۔ گھومنا۔ گردش کرنا۔

بھونس۔ بھونسا (ہ۔ مذکر) بھوسا **بھونسا جنس** (مذکر) ہرا ناج جب تک چھلکے میں ہو۔ **بھونسی** (مونث) بھوسی۔

بھونسانا (ہ متعدی) کتے کو بھونکانا **بھونسنا** (لازم) کتے کا بھونکنا۔

بھونک (ہ۔ امر) ۱ بھونکنا کا ۲ (مونث) کتے کی آواز ۳ (عف) کسی کی نسبت کلمۂ تضحیک۔ **بھونکار** (امر) بھونکانا کا ۲ (ماضی) بھونکنا کی۔ **بھونکانا** (متعدی) بھونکنا کا ۱ بکوانا۔ چھیڑ کر غل مچوانا ۲ دق کرنا۔ ستانا۔ **بھونکتا** (مذکر) کُتا۔ قصابوں کی اصطلاح۔ **بھونکنا** (متعدی) ۱ کتے کا منہ سے زور سے آواز نکالنا ۲ غل مچانا۔ چیخنا ۳ بیہودہ بکنا۔

بھونک (ہ۔ امر) بھونکنا کا ۲ (مذکر) گھونپ کھونپا۔ چوبھا۔ **بھونکا** (ماضی) ۱ بھونکنا کا ۲ (مذکر) دیکھو بھونک۔ **بھونکنا** (متعدی) دیکھو بھوکنا۔

بھونکڑا (ہ۔ صفت) ۱ موٹا اور بھدا ۲ (مذکر) موٹی اور بھدی ناک ۳ بڑا بڑا ٹانکا۔ سلنگا ۴ چلا کر رونا۔ گریہ زاری۔

بھونکس (ہ۔ مذکر) جادوگر۔ ساحر۔ جو لوگوں کو جان سے مارے۔

بھونگ (ہ۔ مذکر) سانپ۔

بھونی (ہ۔ صفت) ۱ چھوڑا ہوا۔ گذاشتہ ۲ علیحدہ۔ الگ ۳ دوسرے ملک کا۔ پردیسی۔ بدیشی۔

بھووہ (س۔ مذکر) بھوس۔ بھُو۔

بھوئی۔ بھوئی (ہ۔ مذکر) ۱ پالکی والا۔ مزدور۔ قلی ۲ قوم گونڈ کے گاؤں کا لمبردار ۳ سفید بلی۔

بھوئیاں (ہ۔ صفت) پھرنے والی رستوں سے واقف۔

بھوَیا (ہ۔ مذکر) ۱ ناچنے والا شخص۔ رقاص ۲ کہانی کہنے والا۔ قصہ گو۔ داستان گو۔

بھوئیں (ہ۔ مذکر) فوجی خدمات کے صلے میں زمین یا جاگیر۔ قوم گونڈ کے گاؤں کا لمبردار۔ بڑا حاکم۔

بھوئیں۔ بھئیں (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو بھوں و بھومی ۲ ایک نباتاتی کیڑا جس کے بدن پر بال ہوتے ہیں۔ جھنڈلی۔ **بھوئیں آملہ** (مذکر) آملے کی ایک قسم۔ **بھوئیں دگدھا** (مذکر) شادی اور موت پر چیزیں دینا۔ **بھوئیں مالی** (مذکر) ہندوؤں کی ایک نیچ ذات۔ **بھوئیں ہار** (مذکر) دیکھو بھونہار **بھوئیں ہاری** (مونث) زمین جو فوجیوں کو تھوڑے کرایہ یا مالگذاری پر دیجائے۔

مثل بھوئیں بسوا بھر نہیں نام پرتھوی پالک (پرتھی پال سنگھ) زمین ذرا قبضے میں نہیں نام زمین کا پالنے والا۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔

بھوین۔ بھوینی (ہ۔ مونث) بھوئی کی بیوی وغیرہ۔

بھویو۔ بھویا (س۔ تف) بار بار۔ متواتر۔

بھوتیا (مونث) **بھوتیو** (س۔ مذکر) ۱ تہذیب۔ خوش اخلاقی۔ آداب مجلس۔ قواعد مجلس ۲ خلق۔ ملنساری۔ تواضع۔

بھویہ (س۔ صفت) ۱ ممکن ہونے والا۔ ممکن الوقوع ۲ ضرور واقع ہونے والا ۳ ٹھیک۔ درست۔ موزوں۔ مناسب۔ شایاں۔ لائق۔ جوگ ۴ خوش اخلاق۔ مہذب۔ ملنسار ۵ (مذکر) ہستی۔ وجود۔ زندگی ۶ نتیجہ۔ ثمرہ۔ حاصل۔ پھل ۷ نویں منونترے کا ایک رشی ۸ دھرُو کا ایک بیٹا ۹ پریاوت کا ایک بیٹا ۱۰ ایک گروہ ۱۱ ایک شاعر ۱۲ ایک خاص قسم کے دیوتا۔ **بھویہ جیون** (مذکر) ایک مصنف۔

بھہرانا (ہ۔ لازم) تھرتھرانا۔ کانپنا۔ لرزنا۔

بھئی (ہ۔ ماضی) ۱ بھیا کا مونث۔ ہوئی ۲ (مونث) پہلو۔ طرف۔ رستہ۔

مثل۔ بھئی چھچھوندر سر پہ گتی۔ اگلے بنے نہ کھات۔ دیکھو سانپ کے منہ میں چھچھوندر الخ۔

بھئی (ہ۔ مذکر) ۱ بھائی کا مخفف۔ ۲ (کلمۂ ندا) ہمسر اور چھوٹوں سے خطاب کا کلمہ۔

بہی (ہ۔ مونث) مہاجنوں اور دوکانداروں

کی لمبی حساب کی کتاب جس کی جلد عموماً سُرخ ہوتی ہے۔ اور اسے عام طور پر دوہرا کرکے رکھتے ہیں۔ (س درد ہ۔ کاٹنا) بہیاں کی بہیاں (تف) بہی وار۔ تفصیل وار۔ بہی پر چڑھانا (متعدی) بہی پر لکھ دینا۔ خرید و فروخت کے وقت حساب کی یادداشت لکھ لی جاتی ہے۔ جو حساب بعد کو بہی میں درج کیا جاتا ہے۔ بہی پر چڑھنا (مونث) بہی میں لکھا جانا۔ بہی خسرہ (مذکر) بہی کھاتا۔ بہی دھروڑ (مذکر) پہلے ہوئے حساب کی بہی۔ بہی روزنامچہ (مذکر) روزنامہ حساب کی کتاب۔ بہی روکڑ (مونث) نقد حساب کی بہی۔ بہی کھاتا یا کھسرہ (مذکر) مہاجنوں اور دوکانداروں کی حساب کی کتابیں۔ پرانی حساب کی کتابیں۔ خسرہ۔ بہی یادداشت (مونث) نوٹ بک۔ یادداشت کی کتاب۔

بِہی (ف۔ مذکر) ۱ ناشپاتی کی شکل کا ایک پھل ۲ (بہ سے) نیکی۔ بہتری۔ اچھائی۔ بہی خواہ۔ خیرخواہ۔ بھلائی چاہنے والا۔ بہیدانہ (مذکر) بہی کے بیج۔ جن کا لعاب زکام کے لئے مفید ہے۔

بِھی (ہ۔ حرف ربط) ۱ نیز۔ اور۔ علاوہ۔ زیادہ۔ مزید ۲ اب۔ فوراً ۳ تک ۴ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کچھ بھی۔ کوئی بھی۔

بھَے (ہ۔ مذکر) بھائی۔

بھَے (س۔ مذکر) بھَے۔ بھَئے (ہ۔ مذکر) ۱ ڈر۔ خوف۔ باک۔ بیم۔ ہول۔ ہراس۔ دہشت ۲ خطرہ۔ خدشہ۔ اندیشہ ۳ بیماری۔ مرض ۴ ڈرکا دیوتا جو نرتی کا بیٹا اور یوَن قوم کا راجہ۔ اور وقت کی بیٹی کا خاوند بھیا (مونث) کال یا وَیوسوت کی بیٹی اور راکھش ہیتی کی بیوی بھیدَ (صفت) ۱ خطرہ پیدا کرنے والا ۲ (مذکر) ایک راجہ۔ بھیدا۔ بھیدرسک بھیدرسی (صفت) ڈر پیدا کرنے والا۔ خوفناک۔ دہشتناک۔ ہولناک۔ بھے دکھانا یا دینا (متعدی) ڈرانا۔ خوف دلانا۔ ہول دلانا۔ ہراساں کرنا۔ بھے ستھان (مذکر) خوف کی جگہ۔ خطرے کی جگہ۔ خطرے کا موقعہ بھے کارک (صفت) خوفناک۔ ہولناک۔ دہشتناک۔ بھے کرنا یا کھانا (متعدی) ہونا (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ بھیم کر (صفت) ۱ خوفناک ہیبتناک ۲ ایک قسم کا لوہا ۳ ایک قسم کا عقاب ۴ ایک وسوا دیو لینی آدمیوں کا نام۔ بھیم کری (مونث)

سکند کی ایک ماتری۔

بَہیا (ہ۔ مذکر) بہاؤ۔ طغیانی۔ طوفان۔ سیلاب۔

بَھیا (ہ۔ صفت) ہوا۔ واقع ہوا۔ اتفاق ہوا۔ بیتا۔

بَھیّا (ہ۔ مذکر) (عو) بھائی کا مخفف۔ غیر شخص کو بھی کہا جاتا ہے۔ بھیّا دوج (مونث) ہندوؤں کا ایک تیوار۔ اس میں بہنیں بھائیوں کے واسطے ٹیکا اور شیرینی وغیرہ لے کر جاتی ہیں۔ بھیّا چارہ (مذکر) بھائی چارہ۔ شرکت کی زمین۔ بھیا چارہ غیر مکمل (مذکر) زمین شاملات جو تقسیم شدہ نہ ہو۔

بھَیّاپا۔ بھَیّاپَت (ہ۔ مذکر) ۱ بھائی پن۔ بھائی چارہ ۲ بھائیوں کی محبت ۳ دوستانہ یارانہ۔

بَہیار (ہ۔ مذکر) اراضی جو گاؤں سے بہت دور ہو۔

بھیاسنا (ہ۔ متعدی) مطالعہ کرنا۔ پڑھنا دیکھو ابھیاسنا۔

بھَیانک (ہ۔ صفت) بھیاون بھیاونا۔ بھیاوہ (ہ) ڈراؤنا۔ خوفناک۔ دہشتناک ہولناک ۲ پریشان۔ حیران۔ وحشت زدہ۔ گھبرایا ہوا ۳ اُجاڑ۔ سنسان۔ سونا۔ ویران ۴ اُداس۔ اکیلا۔ تنہا۔ بھیانک آواز (مونث) وہ آواز جس سے ڈر معلوم ہو۔ دہشتناک آواز۔ بھیانک ہوکر دیکھنا (متعدی) گھبرا کر دیکھنا۔ ڈر کر نظر کرنا۔

بھیانی بدھ (ہ۔ مذکر) بدھ کی ایک قسم جو آدی بدھ سے نچلے درجے کی ہوتی ہے۔

بھیت (ہ۔ مونث) ۱ دیوار۔ دیوار کی چوڑائی ۲ بند۔ پرانے مکان کے نشانات۔

امثال۔ بھیت ہوگی تو لیو بہتیرے چڑھ رہینگے۔ بھیت ہے تو لیو بہت۔ اپنی ملکیت ہونی چاہیے۔ دولت یا اولاد کا ہونا ضرور ہے۔ بھیت کے بھی کان ہوتے ہیں۔ دیوار ہم گوش دارد اپنا بھید کسی سے نہیں کہنا چاہئے ورنہ تمام جہان میں مشہور ہو جائیگا۔ بھیت ٹلے پر بان نہ ٹلے۔ دیوار اپنی جگہ سے ہٹے تو ہٹے عادت نہیں جاتی۔

بھیت (س۔ صفت) ڈرا ہوا۔ خائف۔ دہشت زدہ۔ ہراساں۔ حیران۔ پریشان۔

بھیتی (س۔ مونث) ڈر۔ خوف دیکھو بھے۔ لرزہ۔ کانپنا۔

بھَیتا (ہ۔ مذکر) ناقص فصل جو چھوٹی چھوٹی رہ جائے۔

بھیتا (س۔ مذکر) جو فساد ڈلوائے یا لڑائی کرائے۔ لگائی بجھائی کرنے والا۔ باغی۔ سرکش مفسد۔ نمک حرام۔ غدار۔

بھیتر (ہ۔ تف) اندر۔ اندرون خانہ چار دیواری کے اندر۔ میں۔ مکان میں۔ بھیتر آنا (ہ) مکان میں داخل ہونا۔ بھیتر باہر۔ بھیتر باہرا (ہ) آدھا اندر آدھا باہر۔ بھیتر سے (ہ) اندر سے۔ بھیتر والا (ہ) ۱ (مذکر) گھر میں رہنے والا۔ ۲ دل۔ بھیتر والی (ہ) بیوی۔ گھر کی مالکہ۔ بھیتر ہونا (ہ) اندر ہونا۔ گھر میں ہونا۔ بھیتری (صفت) ۱ اندرونی۔ باطنی ۲ پوشیدہ۔ بھیتری مار (مونث) ۱ ایسی مار یا چوٹ جس کا نشان نہ پڑے مگر تکلیف بہت ہو ۲ اندرونی ایذا۔ دلی صدمہ۔ باطنی تکلیف۔ بھیتری چال (ہ۔ مونث) دو مانعات کا درمیانی پردے یا جھلی میں سے گزر کر آپس میں ملنا۔ بھیتری کون (ہ۔ مذکر) زاویہ اندرونی یا داخلی۔

مثل۔ بھیتر کا گاؤ رانی جانے یا راؤ گھر کے معاملات کو میاں بیوی ہی جانتے ہیں۔

بھیتریا (ہ۔ مذکر مونث) ۱ وہ لوگ جو گھر یا خاندان میں رہیں۔ گھر میں رہنے والے۔ نوکر۔ وہ جس کو گھر کے اندر آنے کی اجازت ہو ۲ شادی کا مہمان جو گھر والوں کے ساتھ بیٹھ کر کھائے ۳ وہ جو راز ظاہر کرے۔

بَہیتو۔ بَہیتو (ہ۔ مذکر) آوارہ گرد۔ خانہ بدوش۔ آوارہ۔

بھیتوری (ہ۔ مذکر) کرایہ اس زمین کا جس پر کوئی اجنبی مکان بنائے۔

بھیٹ۔ بھیٹنا (ہ۔ متعدی) دیکھو بھینٹ دبھینٹنا۔

بھیٹا (ہ۔ مذکر) پرانا گھر۔ قدیم مکان جس کے نشانات باقی ہوں۔

بھیٹا (ہ۔ مذکر) بینگن۔

بھیٹو (ہ۔ مذکر) بھیٹی (مونث)

ڈنٹھل۔ ڈالی۔ شاخ۔

بھیٹی (ھ۔ مونث) نظر۔ تحفہ یا ڈالی جو افسر کی خدمت میں ملاقات کے موقع پر پیش کی جائے۔

بھیج (ہ۔ امر) بھیجنا کا **بھیجا** (ماضی) بھیجنا کی ۲ (صفت) گیلا۔ بھیگا۔ نم۔ سیلا۔ مرطوب۔ **بھجنا** (لازم) ۱ بھیگنا۔ گیلا ہونا ۲ موثر ہونا۔ غم میں مبتلا ہونا (س ابھینج۔ چھڑکنا)

بھیج (ہ۔ امر) بھیجنا کا (س بھد۔ گزرنا) **بھیجا** (ماضی) ۱ بھیجنا کی ۲ (ھ) قاصد۔ نامہ بر۔ پیغامبر۔ پیام رسا۔ وہ شخص جو بھیجا جائے **بھیجا ہوا** (مذکر) دیکھو بھیجا ۲ **بھیج دینا۔ بھیجنا** (متعدی) ۱ روانہ کرنا۔ ارسال کرنا۔ ابلاغ کرنا۔ ترسیل کرنا۔ پہنچانا ۲ دینا۔ عطا کرنا۔ عنایت کرنا۔ مرحمت کرنا ۳ کہنا۔ منہ سے نکالنا۔ بولنا۔

بھیج (ھ۔ مونث) ۱ مناسب حصہ ۲ قسط ۳ زمین کا کرایہ۔ **بھیج برار** (مذکر) ایک قسم کی زمین کی ملکیت۔

بھیجا (ہ۔ مذکر) مغز سر۔ دماغ۔ سر کے اندر کا وہ سیاہی مائل سفید گودا جو جدید تحقیقات کے بموجب انسانی خیالات کے پیدا ہونے کی جگہ ہے اور بدن کے تمام اعضا کا تعلق اس سے ہے۔ تمام احساسات کا منبع بھی یہی ہے (س مجّن یا مدن) **بھیجا پکانا** (متعدی) مجازاً بہت باتیں کرنا۔ بک بک کرکے دماغ خراب کرنا۔ **بھیجا پک جانا یا پکنا** (لازم) ۱ کسی کی باتوں سے دماغ پریشان ہونا ۲ عاجز ہونا۔ تنگ ہونا **بھیجا کھا جانا یا کھانا** (متعدی) دیکھو بھیجا پکانا **بھیجا نکلا پڑنا** (لازم) سخت سر درد ہونا۔ **بھیجے کی کوٹھڑی** (ھ) وہ ہڈی جس کے اندر بھیجا ہے۔

مثل۔ بھیجا کھائیں سر سہلائیں اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی خوشامد کرکے کوئی چیز لے جائے یا نقصان پہنچائے۔

بھینچ (ہ۔ امر) بھینچنا کا ۲ (ھ۔ مونث) ۱ دبانا۔ دبوچنا ۲ دباؤ۔ دابا۔ دبوچا۔ انقباض ۳ تنگی۔ سکڑائی ۴ بخل۔ خست۔ تنگدلی۔ کنجوسی۔ (س پیڈ۔ دبانا) **بھینچ کرنا** (ھ۔ متعدی) ۱ کنجوسی۔ بخل کرنا ۲ دریغ کرنا۔ دینا تنگی میں رکھنا **بھینچنا** (متعدی) ۱ دبانا۔ دبوچنا۔ سکڑنا۔ کچلنا ۲ سلنا ۳ انگلیوں یا دانتوں کا زور سے بند کرلینا ۴ مجبور کرنا۔ جبراً کرنا ۵ کسی کو زور سے گلے سے لگانا۔ گلے سے لگا کر دبانا۔ زور سے گلے ملنا۔

بھید (ہ۔ مذکر) ۱ راز دل کی بات ۲ خفیہ معاملہ ۳ سراغ۔ پتا ۴ حال۔ احوال۔ اصلی کیفیت ۵ بوجھ۔ پہیلی۔ مسئلہ ۶ موتی کا سوراخ۔ کان میں چھدا ہوا سوراخ (س بھد۔ توڑنا) **بھید پانا** (لازم) ۱ پتہ لگانا۔ سراغ پانا ۲ راز معلوم کرنا۔ چھپی ہوئی بات سمجھ جانا ۳ معمہ یا مسئلہ حل کرنا۔ **بھید (دے) دینا** (متعدی) ۱ دل کی بات بتا دینا۔ گھر کے حالات ظاہر کر دینا ۲ راز افشا کر دینا۔ خفیہ بات ظاہر کر دینا۔ **بھید کہنا** (متعدی) افشائے راز کرنا۔ **بھید کھولنا** (متعدی) ۱ خفیہ بات یا راز ظاہر کر دینا ۲ عیب ظاہر کرنا۔ پردہ فاش کرنا۔ **بھید کی بات** (مونث) راز کی بات۔ خفیہ بات **بھید لگانا** (متعدی) پتہ لگانا۔ سراغ لگانا۔ **بھید (لے) لینا** (متعدی) ۱ راز معلوم کرنا۔ خفیہ بات معلوم کرنا ۲ عندیہ لینا۔ منشا دریافت کرنا **بھید ملنا** (لازم) راز کا پتہ چلنا۔ سراغ لگنا۔ **بھیدی۔ بھیدیا** (صفت) ۱ ہمراز۔ رازدان۔ رازدار ۲ سراغ رساں۔ پتہ لگانے والا ۳ مخبر۔ جاسوس ۴ محرم۔ واقف الحال۔

بھید (س۔ مذکر) ۱ دیکھو بھید (ہ) ۲ توڑنا۔ شکست کرنا ۳ جدائی۔ اختلاف۔ نا اتفاقی۔ تفاوت ۴ روک۔ حرج۔ مزاحمت ۵ چھید۔ سوراخ۔ شگاف۔ رخنہ ۶ دھوکا۔ دغا۔ افشائے راز ۷ ٹوٹ پھوٹ۔ شکستگی ۸ جانچ۔ تمیز۔ تشخیص۔ امتیاز ۹ قسم۔ نوع۔ قماش۔ بھانت ۱۰ جنس۔ صنف۔ فرع ۱۱ ترکیب۔ تدبیر۔ حکمت ۱۲ (ریاضی) وتر۔ **بھید بھاؤ کھلنا** (لازم) بھید ظاہر ہونا۔ دل کی بات کھلنا۔ منشا ظاہر ہونا۔ **بھیدت** (صفت) جدا۔ علیحدہ۔ تقسیم شدہ۔ **بھید رکھنا** (متعدی) ۱ اخفائے راز کرنا۔ راز چھپانا ۲ کسی سے دل کی بات نہ کہنا۔ **بھیدک** (صفت) ۱ توڑنے والا۔ تقسیم کرنے والا ۲ فساد ڈلوانے والا۔ نا اتفاقی پیدا کرنے والا ۳ فرق ڈالنے والا ۴ مخبر۔ جاسوس ۵ شرارتی آدمی۔ لگائی بجھائی کرنے والا آدمی **بھیدکر** (صفت) دیکھو بھیدک۔ **بھید کرنا** (متعدی) ۱ فرق معلوم کرنا۔ امتیاز کرنا۔ تمیز کرنا ۲ تفریق کرنا۔ تقسیم کرنا۔ اقسام میں تقسیم کرنا۔ **بھید کیا** (مذکر) ۱ مخبر۔ جاسوس۔ رازجو۔ سراغ رساں ۲ رازداں۔ ہمراز۔ بھیدی۔ **بھید** (صفت) ۱ واقفیت رکھنے والا۔ واقف کار۔ بھیدی۔ بھیدک۔ **بھیدیہ** (صفت) ۱ قابل تفریق۔ قابل جدا ۲ قابل اخفا۔ چھپانے کے لائق۔

بھیدنا (ہ۔ متعدی) اصل میں بیدھنا ہے۔ چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔ سوراخ بنانا (لکھنو)

بھیڈ (س۔ مذکر) ۱ مینڈھا۔ نر بھیڑ ۲ کشتی۔ بندھے ہوئے تختے ۳ ایک لغت نویس۔ ویدک (مونث) بھیڑ ۴ ایک ماتری۔ **بھیڈ گری** (مونث) ایک پہاڑ۔

بھیر (ف۔ مونث) ۱ بھیڑ۔ مجمع۔ انبوہ ۲ وہ مجمع جو لشکر کے ہمراہ ہوتا ہے ۳ لشکر کے بازاری لوگ یا ملازم علاوہ سپاہیوں کے ۴ لشکر کا مال و اسباب ۵ وہ خیمے یا مکانات لشکر کے قریب جہاں لشکریوں کی بیویاں رہائش کریں۔ **بھیر کھنگا۔ بھیر و بنگاہ** (مذکر) ۱ فوج کے شاگرد پیشہ ۲ لشکر کا مال و اسباب اور لوگ ۳ برات کے ساتھ کے خدمتگار۔ **بھیر و بنگاہ کے لوگ** (مذکر) فوج کے شاگرد پیشہ۔

بھیر (ھ۔ مذکر) ۱ بہادر دیکھو بیر ۲ دیکھو بھیڑ۔

بھیرُ (س۔ مذکر و مونث) دیکھو بھیرو

بھیری (س۔ مونث) ایک باجہ تانبے کا۔ ایک قسم کا بگل یا شہنائی۔ نقارہ۔ دھونسا۔ تاشہ۔

بھیرا (ھ۔ مذکر) دیکھو بھیڑہ ۲ (صفت) دیکھو بہرا۔

بھیراری (ھ۔ مونث) ایک راگنی

بھیرک (س۔ صفت) ۱ خوفزدہ۔ خائف۔ دہشت زدہ۔ ڈرا ہوا ۲ ڈرپوک۔ بزدل ۳ شرمیلا۔ محجوب (مذکر) ۱ بزدل شخص ۲ شرمیلا آدمی ۳ گیدڑ۔ شغال ۴ شیر۔ باگھ ۵ بکری۔ بز ۶ کنکھجورا۔ ہزار پا ۷ ایک قسم کی مکو ۸ ایک قسم کا مارچوبہ۔

بھیرُنڈ (س۔ صفت) ۱ خوفناک۔ ہیبتناک۔ ڈراؤنا ۲ گوشت خوار جانور۔ بھیڑیا۔ لومڑ۔ گیدڑ وغیرہ درندے ۳ شوجی کی ایک شکل **بھیرُنڈا** (مونث) ایک دیوی۔

بھیرو (ھ۔ مذکر) دیکھو بھیرو۔

بھیرَو (س۔ صفت) ۱ خوفناک۔ ہیبتناک۔ مہیب۔ ڈراؤنا۔ بھیانک۔ دہشت انگیز

۲ (مذکر) خوف۔ ڈر۔ دہشت۔ ہراس۔ بیم۔ باک۔ ۳ ڈر یا خوف پیدا کرنے کی خاصیت ۴ نفرت۔ حقارت ۵ ایک دریا ۶ ایک راگ جو ڈر یا خوف پیدا کرتا ہے ۷ شوجی کی ایک شکل ۸ ایک پہاڑ ۹ شوجی کا ایک بیٹا جو راجہ چندر شیکر کی بیوی تارا وتی کے بطن سے تھا ۱۰ ایک ناگ دیت ۱۱ ایک یکش ۱۲ دوراجوں کئی مصنفوں اور دیگر مشہور آدمیوں کا نام ۱۳ شوجی کے نام جو ان کی مختلف اشکال کی وجہ سے ہیں یہ تعداد میں آٹھ ہیں ۱ اسیتانگ۔ سیاہ بدن ۲ سنہار۔ تباہی ۳ رُر۔ گُستاخ ۴ کال۔ سیاہ ۵ کرودھ۔ غصہ ۶ تامرہ چوڑ۔ سُرخ تاج والا ۷ چندر چوڑ۔ چاند کے تاج والا ۸ مہا۔ بڑا۔ **بھیروانند** (مذکر) ۱ ایک یوگی ۲ ایک مصنف۔ **بھیرودَت** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام **بھیروسنہا** (مذکر) راجہ نرسنہا کا بیٹا جو اچھی پتی کا مربی تھا۔ **بھیروی** (مونث) ۱ پاربتی یا درگاجی کی ایک خاص شکل۔ دیکھو بھیرو نمبر ۲ ۱۲ برس کی لڑکی جو درگا پوجا کے موقع پر درگا بنائی جاتی ہے **بھیرویش** (مذکر) ڈر کا حاکم۔ وشن جی۔ شوجی۔

بھَیروں (ھ۔ صفت مذکر) دیکھو بھیرو۔ **بھیروں چڑھنا** (لازم) دیوانہ پن کی باتیں کرنا بکواس کرنا۔ **بھیروں ناچنا** (متعدی) ۱ لڑائی جھگڑا ہونا فساد ہونا ۲ رنگ مجلس بدل جانا۔ حالت پلٹنا ۳ ویرانہ پن برسنا یسکوت چھا جانا ۴ کام بند ہو جانا۔ ناغہ پڑ جانا۔

بھَیروی (س۔ مونث) ۱ بھیرو کی بیوی ۲ درگاجی کی ایک خاص شکل ۳ ایک راگنی جو صبح کے وقت گائی جاتی ہے۔

بھَیرویں (ہ۔ مونث) بھیروی راگنی۔ **بھیروی اڑانا** (متعدی) اُڑنا (لازم) بھیروی گائی جانا ۲ مزے اڑانا۔ عیش ہونا۔ خوشی ہونا۔ خوشی کے گیت گائے جانا

بھیری (س۔ مونث) دیکھو بھیر (مذکر) بگل یا شہنائی بجلنے والا آدمی۔

بھَیڑ (ہ۔ مونث) ۱ ہجوم۔ مجمع۔ انبوہ۔ جمگھٹ ۲ مصیبت۔ آفت۔ (س ابھیرن۔ نزدیک) **بھیڑ بھاڑ۔ بھیڑ بھڑکا** (مذکر) ہجوم۔ مجمع۔ اژدہام انبوہ۔ جمگھٹ ۲ دھوم دھام۔ **بھیڑ بُنگا** (ھ) بھنگا (مذکر) (ھ) دیکھو بھیرو بنگاہ۔ **بھیڑ پڑ جانا یا پڑنا**۔ (لازم) ۱ ڈاکہ پڑنا۔ بلوہ ہونا۔ مجمع کا حملہ آور ہونا ۲ وقت پیش آنا۔ مشکل پڑنا ۳ مصیبت پڑنا۔ آفت آنا۔ **بھیڑ چھٹ جانا یا چھٹنا** (لازم) ۱ مجمع کم ہو جانا۔ ہجوم گھٹ جانا۔ **بھیڑ کرنا۔ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ہجوم ہونا۔ مجمع لگنا۔ جمگھٹ ہونا۔

بھیڑ (ہ۔ امر) بھیڑنا کا (س ابھیرن نزدیک) **بھیڑا** (ماضی) ۱ بھیڑنا کا ۲ (ھ۔ صفت) دبا ہوا۔ سکڑا ہوا۔ بھنچا ہوا ۳ بھرا ہوا ۴ تنگ چست۔ سکڑا۔ اوچھا ۵ (مذکر) وہ شخص جس کی بھویں سُکڑی ہوئی ہوں۔ **بھیڑ دینا۔ بھیڑنا** (لازم) ۱ بند کرنا۔ باہم ملانا۔ دروازے کے کواڑ بند کرنا ۲ زبردستی دینا (غف) ۳ (ھ) احاطہ کرنا۔ گھیر ڈالنا۔ احاطے میں بند کرنا ۴ اچھلتے ہوئے دوڑنا۔ تگ و پو کرنا ۵ رشوت دینا۔

بھیڑ (ہ۔ مونث) ۱ ایک چوپایہ جو ڈیڑھ دو فٹ کے قریب اونچا ہوتا ہے۔ اس کے بالوں کے کپڑے بناتے ہیں۔ اور اس کا گوشت کھاتے ہیں۔ سیاہ بھورے یا سفید رنگ کا ہوتا ہے ۲ غریب۔ مسکین ۳ مجازاً دولتمند۔ امیر (س بھیڈ) **بھیڑا** (مذکر) نر بھیڑ۔ **بھیڑ چال**۔ (مونث) بھیڑوں کا گلہ ایک بھیڑ کے پیچھے جاتا ہے۔ جدھر وہ جائے سب ادھر جاتی ہیں۔ اس لئے بھیڑ چال اندھا دھند پیروی کو کہتے ہیں۔ دیکھا دیکھی کا کام۔ موافق دستور کام۔ **بھیڑ کا بچہ چھوڑ دے** ۱ کسی کے چڑانے کو آپس میں کہتے ہیں جس طرح سیتلا کے میلے پر خاکروب بھیڑ کا بچہ بیچا کرتے ہیں۔ اسی طرح تو بھی کر ۲ مذاقاً خاکروب معلوم ہوتا ہے **بھیڑی** (مونث) مادہ بھیڑ۔ **بھیڑیا** (صفت) ۱ بھیڑ کے متعلق۔ بھیڑ کا۔ بھیڑ کے مانند ۲ (مذکر) بھیڑ ۳ دیکھو علیحدہ۔ **بھیڑیا چال۔ بھیڑیا دھسان** (ھ) ۱ دیکھو بھیڑ چال ۲ باڑہ۔ احاطہ۔ وہ جگہ جہاں بھیڑیں رکھی جاتی ہیں۔

امثال و اقوال۔ بھیڑ یہ اون کس نے چھوڑی بھیڑ تو جہاں جائیگی مونڈی جائیگی۔ بھیڑ جہاں جائے وہیں منڈے ۱ غریب کو سب لوٹتے ہیں۔ غریب کی چیز ہر ایک سے جلتی ہے ۲ دولتمند کو ہر جگہ کچھ نہ کچھ دینا پڑتا ہے۔ **بھیڑ کی لات ٹخنوں تک**۔ کمزور کسی کا نقصان نہیں کر سکتا۔ کمزور کی بہادری کیا۔ ضعیف کیا جھگڑا کریگا۔ **بھیڑ کی لات کیا عورت کی بات کیا**۔ دونوں فضول ہیں۔

بھیڑ (ہ۔ مونث) دیکھو بھینٹ ۲ اردو میں منھ بھیڑ میں استعمال ہوتا ہے۔

مثل۔ بھیڑ نہ ٹھٹھا مار نہتنا خواہ مخواہ لڑنے والی عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

بہیڑا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک بہت بڑا درخت جس کا پھل دوائیوں میں کام آتا ہے ۲ ہلیلہ ہڑ کی ایک قسم سنذکورہ بالا درخت کا پھل۔

بھیڑنی (ہ۔ مونث) بھیڑئے کی مادہ۔

بھیڑُو (ھ۔ مذکر) لڑنے جھگڑنے والا آدمی۔

بھیڑی (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو بھیڑ ۲ بھیڑ۔

بھیڑیا (ہ۔ مذکر) ایک درندہ جو کتے سے ذرا بڑا ہوتا ہے۔ مگر سخت خونخوار ہوتا ہے گرگ۔ ذئب ۲ دیکھو بھیڑ کے تحت میں **بھیڑنی** (مونث) بھیڑنی۔ مادہ گرگ۔

مثل۔ بھیڑیا کھائے تو۔ نہ کھائے تو۔ مُنہ لال۔ بدنام آدمی پر بُرے کام کا الزام لگتا ہے۔ چاہے وہ اس کام کو کرے یا نہ کرے۔

بھیس (ھ۔ مذکر) کنول کی جڑ۔

بھیس (ہ۔ مذکر) **بھیش** (ھ) ۱ شکل۔ صورت۔ شباہت۔ پیکر ۲ مطابقت۔ مشابہت۔ مثل ۳ پوشاک۔ لباس جامہ رنگ روپ۔ برن ۴ وضع۔ ڈھنگ۔ نقشہ ہیئت۔ ۶ بدلی ہوئی شکل۔ بنائی ہوئی مشابہت ۷ مبدل پوشاک۔ تبدیل لباس۔ تلبیس۔ بہروپیا پن۔ ہندو جوگیوں کا کوئی پنتھ **بھیس بدلنا** (متعدی) وضع، شکل، پوشاک وغیرہ تبدیل کرنا۔ دوسری حیثیت تبدیل کرنا **بھیس بنانا** (متعدی) وضع اختیار کرنا۔ روپ بھرنا **بھیس بھرنا یا پلٹنا** (ھ) بھیس بدلنا **بھیس دھاری** (ھ) ۱ وضع تبدیل کئے ہوئے۔ شکل تبدیل کئے ہوئے ۲ (مذکر) بہروپیا۔ پُر نظرت شخص فریب آمیز آدمی۔

بھیشا (س۔ مونث) ۱ ڈر۔ خوف۔ خطرہ۔ دہشت۔ بیم۔ باک ۲ دھمکی۔

ؤانٹ تخویف۔

بھیشج (س۔ مذکر) ۱ دوا۔ دارو۔ جڑی بوٹی ۲ مرہم۔ ضماد۔ لیپ ۳ علاج۔ د۔ال۔ اُپائے ۴ ایک قسم کی سولف۔

بھیشم (س۔ صفت) ۱ خوفناک۔ دہشتناک۔ ہیبتناک ڈراونا۔ مہیب ۲ (مذکر) وحشت۔ خوف۔ ہیبت۔ ڈر ۳ جن۔ بھوت۔ راکھش ۴ راجہ سانتنو اور گنگاجی کا لڑکا پانڈوں کے دادا کا بھائی تھا اس کے باپ نے بڑھاپے میں ستیاوتی ایک ملاح عورت سے شادی کرنی چاہی۔ مگر عورت کے باپ نے یہ شرط کی کہ بھیشم تاج وتخت کا حق چھوڑ دے راجہ نہ مانتا تھا۔ مگر بھیشم نے نہ صرف حق ہی چھوڑا بلکہ یہ وعدہ کیا کہ وہ شادی بھی نہ کریگا تاکہ کوئی اور دعویدار پیدا نہ ہو۔ بلکہ کسی عورت کے قریب بھی نہ جائیگا۔ چنانچہ شادی ہوگئی بھیشم نے اپنے باپ کی وفات پر بھائی کو تخت پر بٹھایا۔ اس کی شادی کی اور اس کی وفات پر اس کے لڑکوں پانڈو اور دھرتراشٹ کو تعلیم دی۔ اور پھر ان کے بچوں پانڈوں اور کوروں کی بھی تعلیم وتربیت کی۔ کروچھیتر کی لڑائی میں کوروں کی طرف سے لڑتا ہوا زخمی ہو کر ۵۸ دن کے بعد مرگیا۔ باپ کی خدمت کی ایسی مثال تاریخ عالم میں کہیں نہیں ملتی۔ **بھیشم پتامہ**۔ بھیشم کو بہت بوڑھا اور پانڈو کا پڑدادا ہونے کی وجہ سے پتامہ کہتے ہیں **بھیشما شٹمی** (مونث) بھیشم کی یادگار میں ایک تیوار جو ماگھ کے مہینے کی چاند کی آٹھویں تاریخ کو منایا جاتا ہے۔ **بھیشم پرون** (مذکر) مہابھارت کی چھٹی کتاب کا نام۔ **بھیشم جننی** (مونث) بھیشم کی ماں۔ دریائے گنگا۔ **بھیشم مسر** (مذکر) دو مصنفوں کا نام۔ **بھیشمک** (س۔ عص) ۱ شوجی کا ایک نام ۲ کرشن جی کی استری رکمنی کا باپ ۳ بھیشم۔

بھیشن (س۔ صفت) ۱ دیکھو بھیشم۔ ۲ (مذکر) خوف کی حس ۳ وہ خاصیت جو خوف پیدا کرے ۴ ڈرپوک ۵ ایک درخت ۶ شوجی ۷ بھیرو کی ایک شکل۔ ۸ ایک راکھش۔ **بھیشنا** (مونث) ایک دیوی۔

بھیک (ہ۔ مونث) ۱ گداگری۔ فقیری۔ گدائی۔ بھکاری پن ۲ جو کچھ مانگنے سے ملے۔ خیرات۔ (س۔ بھکشا) **بھیک پر اوقات ہونا**۔ (لازم) خیرات پر گزر ہونا گدائی سے گزر کرنا۔ **بھیک دینا** (متعدی) خیرات دینا۔ دان کرنا۔ **بھیک کا ٹکڑا** (مذکر) ۱ خیرات کی روٹی ۲ مانگے کی چیز ۳ حرامی نطفہ بے تحقیق۔ **بھیک کا ٹھیکرا یا ٹیکرا** (مذکر) ۱ کاسۂ گدائی۔ فقیر کا پیالہ ۲ کمائی کا ذریعہ۔ جس کے ذریعے سے بھیک حاصل کریں ۳ نوچی۔ رنڈی **بھیک کا کاسہ** (مذکر) فقیر کا پیالہ۔ **بھیک کے نوالوں کا مزہ پڑنا** (لازم) مانگ کر گزارہ کرنے کی عادت ہونا **بھیک لینا** (متعدی) خیرات لینا۔ **بھیک مانگ کر گڈے یا سوار دینا** (متعدی) مانگ کر لڑکی کے جہیز کا سامان کر دینا۔ **بھیک مانگ کھانا** (متعدی) بھیک پر گزارہ کرنا۔ **بھیک مانگنا** (متعدی) گداگری کرنا خیرات مانگنا۔ **بھیک منگا** (صفت) گداگر۔ بھکاری۔ **بھیک منگوانا** (لازم) ۱ بھیک مانگنے پر مجبور کرنا ۲ اتنا غریب کر دینا کہ بھیک مانگے۔

امثال واقوال۔ **بھیک اور پچھوڑ پچھوڑ**۔ افلاس میں شیخی۔ سوال بھی تحکمانہ طور پر۔ جب سائل زیادہ لینے پر تکرار کرے تو کہتے ہیں۔ **بھیک کے ٹکڑے بازار میں ڈکار**۔ مفلسی میں شیخی بگھارنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **بھیک مانگے اور آنکھ دکھلائے**۔ تحکمانہ طور پر بھیک مانگنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ **بھیک مانگے اور پوچھے گاؤں کی جمع**۔ فقیر ہو کر تحکمانہ لہجے میں گفتگو کرے۔ **بھیک مانگے بغیر نہیں ملتی**۔ بغیر کوشش کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ **بھیک میں پچھوڑ**۔ دیکھو بھیک اور الخ۔

بھیک (س۔ مذکر) ۱ مینڈک ۲ بادل۔

بھیک (ہ۔ مذکر) دیکھو بھیس۔

بھیکری (س۔ مونث) اپسراؤں کی ایک قسم۔

بھیکشُ (س۔ مذکر) ۱ خیرات پر زندگی بسر کرنا۔ بھیک مانگ کر گزر کرنا ۲ بھیک مانگنا۔ مانگنا ۳ (مذکر) بھیک۔ خیرات۔ مانگی ہوئی خوراک۔

بھیکھ (ہ۔ مونث) دیکھو بھیک۔

بھیکھ (ہ۔ مذکر) لباس۔ پوشاک۔ دیکھو بھیس۔

مثل۔ بھیکھ سے بھیک ہے پوشاک کی وجہ سے خیرات ملتی ہے۔ پوشاک دیکھ کر لوگ اپنی رائے قائم کرتے ہیں۔

بھیکی (س۔ مونث) ۱ مادہ مینڈک۔ چھوٹا مینڈک ۲ ایک قسم کی بیل۔

بھیگ (ہ۔ امر) بھیگنا سے **بھیگا** (ماضی) **بھیگا** (صفت) گیلا۔ ترنم۔ مرطوب۔ شوربور **بھیگتے بھاگتے** (تمیز) بھیگتے ہوئے۔ **بھیگنا** (لازم) ۱ گیلا ہونا۔ تر ہونا۔ شوربور ہونا ۲ (رات) عیش ونشاط میں گزرنا۔ **بھیگی** (مونث) بھیگا کا۔ **بھیگی آواز** (مونث) بندھی ہوئی اور سر تال پر لگی ہوئی آواز۔ **بھیگی بلی** (صفت) ۱ مسکین۔ بےزبان۔ بےقوت ۲ ظاہر میں مسکین مگر اصل میں شریر۔ گربہ مسکین **بھیگی بلی بتانا**۔ (متعدی) حیلہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔ ٹالنا۔ ایک آقا نے اپنے نوکر سے پوچھا کہ مینہ تو نہیں برس رہا۔ اس نے بیٹھے بیٹھے جواب دیا۔ کہ برس رہا ہے۔ آقا نے پوچھا تو نے کیونکر جانا۔ اس نے جواب دیا بلی باہر سے بھیگی ہوئی آئی تھی۔ **بھیگا چوہا** (مذکر) وہ شخص جس کے تھوڑی سی داڑھی ٹھوڑی پر ہو اور بدمزاج ہو۔ **بھیگی رات** (مونث) نصف رات کے بعد کا حصہ **بھیگی مرغی** (صفت) نہایت مسکین۔ بڑا غریب۔ مصیبت کا مارا۔ **بھیگی مس** (مونث) سبزہ آغاز مونچھیں نکلتی ہوئیں۔

بھیَل (ہ۔ ماضی) بہیا کی دیہاتی شکل۔

بھیل (س۔ مذکر) ۱ ایک پرانا رشی جس نے طب کی کتابیں لکھی ہیں ۲ (صفت) ڈرپوک ۳ بیوقوف۔ احمق ۴ ایک قسم کا چھوٹا شیرۂ کشتی۔

بھیل (ہ۔ مونث) ۱ مرکب ۲ ملی جلی حالت ۳ جو چیز ملائی جائے ۴ مرکب دھات **بھیل سیل** (مونث) مرکب۔ مرکب دھات۔

بھیلا (ہ۔ مذکر) ۱ بھلاواں ۲ گڑ کا بڑا گول ڈلا۔ **بھیلی** (ہ۔ مونث) گڑ کی چکی گڑ کا گول ڈلا۔

مثل۔ بھیلی ٹوٹی اور روپیہ ٹوٹا پھر نہیں رہتا ۱ دونوں جلد خرچ ہو جاتے ہیں ۲ اتفاق عجیب چیز ہے۔

بھیلیا (ہ۔ مذکر) ۱ شکاری چڑیمار ۲ مسلح نوکر ۳ محافظ شکار ۴ راجپوتوں کی ایک قوم۔ بھیریا۔

بھیم (س۔ مذکر) ۱ خوفناک۔ دہشتناک۔ ہیبتناک۔ ڈراؤنا۔ مہیب ۲ خوف۔ خطرہ۔ ڈر ۳ شوجی کی ۸ صورتوں میں سے ایک ۴ ۱۱ رُدروں میں سے ایک ۵

ایک دیوگندھرو ۷ ایک بَن مَنش ۸ ایک دانو ۹ ایک
ودیادھر ۱۰ کمبھ کرن کا ایک بیٹا ۱۱ پانڈو کا ایک بیٹا جو
کنتی کے بطن سے اور دایو کے نطفے سے تھا۔ طاقت
قد اور بہت خوراک کھانے کے لئے مشہور تھا۔
زبردست پہلوان تھا۔ وراٹ کے راجہ کے پاس اس
نے باورچی کا کام کیا تھا۔ جنگ مہابھارت میں اس
نے دریودھن کو دھوکے سے قتل کیا تھا ۱۲ دمینتی
کا باپ ۱۳ کئی دیگر آدمیوں کا نام ۱۴ بھیم کی نسل بھیما
(مونث) ۱ جاپک ۲ پتھری جو بیل کے پتوں میں پیدا
ہو جاتی ہے ۳ درگاجی کی ایک شکل ۴ ایک اپسرا
۵ کئی دریاؤں کا نام ۶ ایک علاقہ ۷ ایک شہر ۸ (ہند)
ضلع پونا میں ایک نالہ بھیما بائی (ہ) ۱ جسونت راؤ
ہلکر والئے اندور کی بیٹی ۲ اندور کی ندی پر اس نے
پختہ پل بنوایا تھا بھیماورم (ہند) ۱ ضلع گوداوری
میں ایک تعلقہ رقبہ ۳۲۱ (۱۲۲) ۲ ایک قصبہ (۳)
۳ ایک گاؤں جہاں سیاہ سنگ خارا کا ایک مندر
ہے ۴ ضلع نیلور میں ایک گاؤں جہاں بہت سے
مندر ہیں بھیم بَل (مذکر) ۱ دھرت راشٹر کا ایک
بیٹا ۲ ایک بَن مَنش۔ بھیم کندھ (ہند) ضلع مونگیر میں
ایک مقام جہاں گرم پانی کے چشمے ہیں۔ بھیم بھٹ
و بھج (مذکر) دو مشہور آدمیوں کے نام۔ بھیم بھٹّ
(مذکر) ایک مصنف بھیم بھوا (مونث) دمینتی کا لقب بھیم پال
(مذکر) ایک راجہ بھیم پور (ہند) ۱ دریائے گنگا کے کنارے
پر ایک شہر ۲ ضلع مدناپور میں ایک گاؤں۔ ضلع گورداسپور
میں ایک گاؤں بھیم پور قَچ (مذکر) یہ مشٹو بھیم
تال (ہند) ضلع نینی تال میں ایک جھیل بھیم ترہ (ہند)
آسام میں ایک پہاڑی بھیم جا (مونث) دمینتی۔ بھیم
جانود (مذکر) ایک راجہ بھیم جنانی (مونث) دریائے
گنگا۔ بھیم چندر (مذکر) ایک راجہ بھیم داس بھوپا
و دیو (مذکر) مصنفوں کے نام۔ بھیم دوادشی (مونث)
ماگھ کے مہینے کی بارھویں شدھی۔ بھیم دھنون (مذکر)
ایک راجہ۔ بھیم راج (ہ) ۱ ایک چھوٹا پرندہ از قسم
بلبل۔ بھیم راجہ (ہ) ۲ محمود غزنوی کے حملہ سومنات
کے وقت گجرات کا راجہ تھا۔ بھیم رَتھ (مذکر) ۱ ایک
راکشس ۲ کئی مشہور آدمیوں کا نام۔ بھیم رتھا (مونث)
کوہ ہمالیہ میں ایک دریا۔ بھیم رتھی (مونث) ۱ خطرناک
رات ۲ انسان کی زندگی کے ستترویں سال کے ساتویں
مہینے کی ساتویں رات۔ اس کے بعد انسان تمام مذہبی
فرائض سے سبکدوش ہو جاتا ہے ۳ مجازاً بڑھاپا ۴ بڑھاپے

بڑھاپے کی بے عقلی بھیم ساہی (مذکر) ایک شاعر۔
بھیم سُتا (مونث) دمینتی۔ بھیم سنگھ (۱۸) ۱ اودے
پور کا رانا ۲ راٹھور (۔ ۱۸۰۳) راجہ جودھ پور۔ اپنے
پڑدادا کی وفات پر ظالم سنگھ کو شکست دے کر گدی
پر بیٹھا بھیم سنہا و پنڈت (مذکر) شاعروں کے نام۔
بھیم سوامی (مذکر) ایک گرو بھیم سین (مذکر) ۱
ایک دیوگندھرو ۲ ایک کِنّر ۳ پانڈو کا دوسرا بیٹا ۴
کئی دیگر آدمیوں کا نام ۵ ایک دید کا ٹتمہ (۱/۱۸)
بن رگھونندن داس۔ عالمگیر کا ایک امیر تھا۔ اس
نے راؤ کا خطاب اور تین ہزاری عہدہ عطا کیا تھا ۱۷۰۸ء
میں ذکری چھوڑ کر دلکشا کے نام سے عہد عالمگیری کی
تاریخ لکھی بھیم سینی (مذکر) ایک قسم کا کافور جو بھیم سین
کی ایجاد ہے۔ بھیم شاسن (مذکر) یم کا نام بھیم
شاہ (مذکر) ایک راجہ بھیم شَر (مذکر) دھرت راشٹر کا
ایک بیٹا۔ بھیم مُشکل (مذکر) ایک راجہ۔ بھیم شنکر (مذکر)
بارہ مشہور لنگوں میں سے ایک بھیمک (مذکر) ۱
ایک راکشس ۲ ایک مصنف۔ بھیم کھنڈ (مذکر) مہابھارت
اور سکند پران کا ایک باب بھیم گپت (مذکر) ایک
راجہ۔ بھیم گھوڑا (ہند) ضلع سہارنپور میں ایک تیرتھ
اور مقدس تالاب اور مندر بھیم ناتھ (مذکر) ایک
مصنف بھیم ناد (مذکر) ۱ شیر ببر ۲ پرلو کے دن کے
سات بادلوں میں سے ایک کا نام۔ بھیم نگر (ہند)
ضلع بھاگلپور میں ایک شہر۔ بھیمودری (مونث)
اُما کا ایک نام بھیمور (ہند) کاٹھیاواڑ میں ۱۲ گاؤں
کی ایک ریاست اور قصبہ بھیم وِکرم (مذکر) دھرت
راشٹر کا ایک بیٹا بھیم ویگ (مذکر) ۱ ایک دانو
۲ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا۔ بھیمیش (مذکر) شوجی
کے نام پر ایک مقدس مقام بھیمیشور (مذکر) ۱ دیکھو
آخری ۲ تیرتھ ۳ ایک تیرتھ کا نام بھیمیشور بھٹ (مذکر) ایک مصنف
بھیمرکا (س۔ مونث) کرشن جی اور
ستیا بھاما کی لڑکی۔

بھیمڑا (ہ۔ مذکر) منہ بھیمڑا پسارنا
(متعدی) بچے کا بری طرح سے منہ بنا بنا کر رونا۔

بَہیمہ (ع۔ مذکر) ۲ چوپایہ۔

بَہیمی (ع۔ مونث) حیوانیت۔

بھیمی (ہ۔ مونث) ۱ لفظی معنی بھیم
کی بیٹی ۲ دمینتی کا لقب ۳ ماگھ کے مہینے میں گیارھویں
بدی یا شدی ۴ بھیم کی یادگار میں ایک تیوہار۔

بھَیِن۔ بھَیین (ہ۔ مونث)
بہن۔

بھَیں (ہ۔ مونث) بھیڑ کی آواز۔
بھینس کی آواز۔ بھیں بھیں (مونث) بھیں۔
بچوں اور انسان کے رونے کی آواز بھیں بھیں
رونا۔ بلند آواز سے رونا۔ بری طرح رونا بھیں بھیں
کرنا۔ بھیڑ یا بھینس کی طرح آواز نکالنا۔ بڑے زور سے
رونا۔

بِہیں (ف۔ صفت) ۱ نہایت اچھا
۲ نہایت نفیس۔

بھینا۔ بھَینا (ہ۔ مونث) بہن کی
تصغیر حقارت سے۔

بھینا (ہ۔ صفت) ۱ گیلا۔ بھیگا۔ تر
۲ ہلکا رنگ یا خوشبو ۳ (مذکر) بہنوئی۔

بھینٹ (ہ۔ مونث) بھینٹا (ہ)
۱ چھوت۔ لگاؤ۔ میل۔ ملاؤ۔ مس ۲ ملاقات۔ ملاپ۔ درشن۔
دیدار ۳ نذر۔ نذرانہ۔ تحفہ۔ پیشکش۔ سوغات ۴ وہ نذر جو حاکم کو
ملاقات کے وقت دی جائے ۵ وہ نذر جو کسی دیوی دیوتا
کے نام پر دی جائے ۶ قربانی۔ صدقہ ۷ بھجن جو کسی دیوی
دیوتا کی تعریف میں گایا جائے ۸ رشوت۔ چٹّی ۹ بھڑنا۔ ڈٹنا۔
ٹکرانا۔ بھینٹ بکرا (مذکر) پوجا (مونث) کا چڑھاوے
کا بکرا۔ منت کا بکرا ۲ وہ بکرا جو کسی افسر کو نذر دیا جائے۔
۳ نذر بھینٹ ۴ رشوت۔ بھینٹ پَتر (ہ) دان پتر
جو بھینٹ بکرے کے موقع پر دیا جائے۔ بھینٹ
چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) قربانی ہونا۔ نذر دیا جانا
بھینٹ دینا یا کرنا (متعدی) ۱ قربانی کرنا ۲ برباد
کرنا۔ نقصان کرنا بھینٹ رہنا (لازم) مس رہنا۔
لگاؤ رہنا۔ بھینٹ لینا ۱ (متعدی) چڑھاوا لینا۔
نذر لینا ۲ مار ڈالنا۔ جان لینا۔ بھینٹ ملاقات
(مونث) میل۔ ملاپ۔ درشن۔ بھینٹ ہو جانا ۱
ہونا (لازم) ملنا۔ ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا ۲ نثار ہونا ۳ قربان
ہونا۔

بھینٹنا (ہ۔ متعدی) ۱ بھینٹ دینا ۲
ڈالی دینا۔

بھینچ۔ بھینچنا (ہ۔ متعدی) دیکھو
بھیچ دبھینچنا۔

بھینڈ (ہ۔ مذکر) ایک آبی پودہ جس
کے گودے سے کھلونے ٹوپیاں وغیرہ بنتی ہیں۔ سولا۔
شولا۔

بھینس (ہ - مؤنث) ۱ دودھ دینے
والا ایک چوپایہ جو گائے سے ذرا بڑا اور سیاہ رنگ کا ہوتا
ہے۔ مگر بعض کا رنگ بھورا بھی ہوتا ہے۔ پانی اور کیچڑ میں رہنا
پسند کرتا ہے۔ گاؤمیش ۲ مجازاً موٹی عورت (بہ ہنسی)
بھینسا (مذکر) ۱ بھینس کا نر ۲ مجازاً موٹا آدمی۔ بھینسا
داد (مذکر) ایک قسم کا داد جو فسادِ خون سے پیدا ہوتا ہے۔
بھینس بر جانا (لازم) بھینس کا برکیڑا کھا کر مر جانا۔
بھینسا سا۔ مذاقاً موٹے کم ہمت آدمی کو کہتے
ہیں۔ بھینس کا انڈا (عف) فربہ اندام سیاہ فام آدمی۔
بھینس کے آگے بین (رباب) بجانا (متعدی)
نالائق کو عمدہ بات کہنا۔ بھینسوں (مؤنث) بھینس
کی جمع۔ بھینسوں بخار چڑھنا (لازم) شدت سے
بخار ہونا۔ بھینسے (مذکر) بھینسا کی جمع۔ بھینسیا۔
(صفت) بھینس کے متعلق۔ بھینسیا داد (مذکر) دیکھو
بھینسا داد۔ بھینسیا گوگل (مذکر) ایک قسم کا
گوند جو اکثر دواؤں میں پڑتا ہے۔ بھینسیا اسن
(مذکر) ایک بڑا سرخ داغ جو اکثر ڈل یا گردن پر ہوتا ہے۔
بھینسیں (مؤنث) بھینس کی جمع۔

امثال و اقوال

بھینسا بھینسوں
میں یا قصائی کے کھونٹے۔ مطلب حاصل ہوگا یا
جان جائیگی۔ بھینس پکوڑے بک گئی۔ اس موقع
پر کہتے ہیں جب کسی نااہل کو کہیں سے دولت مل جائے۔
بھینس پہ دودھ کس نے چھوڑا۔ ملتی ہوئی چیزوں
کو کون چھوڑتا ہے۔ بھینس دودھ جو کڑھوا پیوے۔
ہنگ گھٹے نہ جب تک جیوے (ہ) بھینس کا دودھ
بڑا طاقت دہ ہوتا ہے۔ جو اسے کاڑھ کر پیتا ہے جب
تک جیتا رہے گا اس کی طاقت کم نہ ہوگی۔ بھینس دودھ
نہیں دیتی کٹڑے کی ٹانگ توڑ ڈالو۔ قصور
کسی کا سزا کسی کو۔ بھینس کا دودھ بلی کا گودا (ہ)
بھینس کا دودھ اتنی طاقت دیتا ہے جتنا ہڈی کا گودا۔
مطلب یہ ہے کہ بہت طاقت دہ ہوتا ہے۔ بھینس
کا گوبر بھینس کے چوتڑوں کو لگ جاتا ہے۔
گو بڑے آدمیوں کی آمدنی بہت ہوتی ہے سب خرچ
ہو جاتی ہے۔ بھینس کو اپنے سینگ بھاری
نہیں ہوتے۔ اپنے یا اپنے بچوں کے اخراجات دوبھر
معلوم نہیں ہوتے ہیں۔ بھینس کو ڈہر مزدور کو شہر۔
ڈہر نشیب زمین کو کہتے ہیں وہاں گھاس زیادہ ہوتی
ہے اور مزدور کو شہر میں مزدوری زیادہ ملتی ہے۔

بھینس کہے گن میرا پورا۔ میرا دودھ پی ہوئے
سورا جس کے گھر میں بندھ جاؤں۔ دودھ
دہی کی نال بہاؤں (ہ) بھینس کی تعریف ہے۔
بھینس کے آگے بین بجائے بھینس کھڑی
پگھرائے (پگراسئے) بیوقوف سے عقلمندی کی
امید رکھنا فضول ہے۔ بھینسے لڑے جھونڈوں
کا نقصان۔ جب سردار لڑتے ہیں تو رعیت اور غریب
لوگ تباہ ہوتے ہیں۔

بھینسونڈھا (ہ - مذکر) بھینسوں
کی چرائی۔

بھینسی (ہ - مؤنث) بھینس۔

بھینگر (ہ - صفت) ۱ خوفناک۔
ڈراؤنا بھیانک ۲ خطرناک۔

بھینگا (ہ - مذکر) وہ شخص جو آنکھ
کی پتلی پھرا کر دیکھے احول ۲ (صفت) ٹیڑھا دیکھنے
والا اس وکر۔ ٹیڑھا درشت نظر

بھینی (ہ - صفت مؤنث) ہلکی
دھیمی (ہ بھینا کی مؤنث) بھینی بھینی (صفت) ہلکی
ہلکی۔ دھیمی دھیمی۔ بھینی بھینی بو یا خوشبو (مؤنث)
پھولوں کی دھیمی دھیمی اور تازہ یا خوشگوار بو۔ بھینی
بھینی روشنی (مؤنث) دھیمی روشنی۔ بھینی بھینی
پھوار (مؤنث) ہلکی ہلکی بارش۔

بھیو (ہ - مذکر) پرندوں کا دانہ چگنے
کے لئے پہاڑ سے دوسرے مقامات کو جانا۔ یہ اکثر
موسم سرما میں پہاڑوں سے اتر کر میدانوں میں آجاتے
ہیں اور یہ شکار کا موسم ہوتا ہے۔

بھیو۔ بھیو (ہ) دیکھو بھیا۔

بھیو۔ بھیو (ہ - مذکر) ۱ حالت زندگی
قدرتی خاصیت ۲ طبیعت۔ قدرت۔ دیکھو بھو۔

بھیوا (ہ - مذکر) ۱ بھید (شعروں
میں) ۲ (صفت) بھگویا۔

بھیواد (ہ - مذکر) برادرانہ طور پر
لین دین۔ بھیونا (ہ - واؤ مجہول) بھگونا۔

بھیہو بھیہون (ہ - مؤنث)
چھوٹے بھائی کی بیوی۔ بھاوجہ۔

بھئی (ہ - مؤنث) ۱ پہلو۔ طرف
رستہ ۲ بھیا کا مؤنث۔

بیثار (ع - مذکر) بئر کی جمع کوئیں۔

بئر (ع - مذکر) کنواں۔ چاہ۔

بی (ہ - حرف ربط) بھی کا مخفف۔

بی (انگ - مؤنث) انگریزی الف ب
کا دوسرا حرف۔ بی۔ اے (مذکر) بیچلر آف آرٹس کا
مخفف۔ صیغہ آرٹ میں گریجویٹ کی ڈگری۔ ہندوستان
میں چودہویں جماعت کا امتحان پاس کرنے کے
بعد یہ سرٹیفکیٹ ملتا ہے۔ بی۔ ایس۔ سی (مذکر) صیغہ
سائنس میں گریجویٹ کی ڈگری۔ بی۔ اے کے برابر
ہے۔ بی این آر (مؤنث) بنگال ناگپور ریلوے کا
مخفف۔ بی بی اینڈ سی آئی آر (مؤنث) بمبئی
بڑودہ اینڈ سنٹرل انڈیا ریلوے جو بمبئی سے دہلی
تک براہ متھرا آگرہ و اجمیر ہے۔ اجمیر کی طرف چھوٹی پڑی
ہے اسے آر۔ ایم۔ آر بھی کہتے ہیں۔ بی ڈی آر
(مؤنث) بنگال دوار ریلوے کا مخفف۔ بی۔ سی
انگریزی میں سنہ قبل مسیح کو کہتے ہیں۔ بیفور کرائسٹ کا
مخفف ہے۔

بُو (ہ - مؤنث) بی بی کا مخفف۔
شریف۔ عزت دار عورت۔ خانم۔ بیگم وغیرہ۔ کلمہ
خطاب جو اسماء اور عورتوں کے نام کے پہلے
استعمال ہوتا ہے۔ بی آسا (مؤنث) بی عائشہ کا
مخفف۔ بی بتو (مؤنث) ۱ عورت کو خطاب کرتی
ہیں ۲ طنزاً بھی استعمال کرتی ہیں۔ بی بجھڑی کی
کڑھائی (مؤنث) یہ کڑھائی یا منت مخنث کرتے
ہیں۔ ان کے خیال میں جو اس کڑھائی کو کھائے
مخنث ہو جاتا ہے۔ بی بی (مؤنث) ۱ عزت دار
شریف عورت ۲ عورت۔ زوجہ۔ بیاہتا۔ بی بی ۳
عورت جو لونڈی نہ ہو ۴ بیگم۔ خانم۔ خاتون ۵ حضرت
فاطمہؓ کا لقب۔ زن صالحہ۔ پارسا عورت ۶ بوڑھی
عورت ۷ عروس۔ دلہن ۸ لڑکی۔ بیٹی۔ صاحبزادی
۹ عورتوں کے نام کے پہلے عزت کے لئے ۱۰ (ہندو)
بہن ہمشیرہ۔ بی بی بتو (مذکر) عورتوں کو بہلانے بی بی
کہتے ہیں۔ بی بی جی صاحب یا صاحبہ (مؤنث)
۱ ملازمہ گھر کی مالکہ کو اس طرح پکارتی ہیں ۲ (ہندو)
معزز عورتوں کے واسطے کلمہ خطاب ۳ خاوند کی بڑی
بہن۔ بڑی نند۔ بی بی زن (مؤنث) پارسا عورت
بڑی نیک بخت۔ پاکدامن۔ بی بی کا دانہ (مذکر)
کھنک جس پر حضرت فاطمہ کا فاتحہ دلا کر صرف پاکدامن
عورتیں کھاتی ہیں۔ بی بی کا کونڈا (مذکر) جلیبیاں

جن پر حضرت فاطمہ کی نیاز ہوتی ہے۔ **بی بی کی جھاڑو پھیرے** (کوسنا) مرے۔ تباہ ہو۔ برباد ہو۔ **بی بی کی پُڑیا** (مونث) وہ مٹھائی جو پڑیا میں لاکر بی بی فاطمہ کا فاتحہ دلاتی ہیں۔ **بی بی کی صحنک** (مونث) بی بی کا دانہ۔ **بی بی کی گڑیا** (مونث) گلہری۔ **بی بی کی نیاز** (مونث) حضرت فاطمہ کا فاتحہ جو صرف پاکدامن عورتیں کھاتی ہیں۔ **بی جی** (مونث) بیوی جی کا مخفف۔ وہ مرد جو عورتوں کی طرح چلے یا باتیں کرے۔ مخنث۔ **بی شادی** (مونث) بچوں کو ڈرانے کے لئے ایک فرضی نام۔ ہوّا۔ بیجا۔ **بی صاحبہ** (مونث) رنڈیوں اور طوائفوں کو خطاب کرتے ہیں۔ **بی متّو** (مونث) وہ عورت جو اپنے آپ کو عقلمند سمجھے مگر ہو بیوقوف۔

امثال واقوال۔ بی (بی) بکری

ناؤمیں خاک اڑاتی ہو۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے۔ جو خواہ مخواہ جھگڑا پیدا کرے۔ بھیڑئے اور بکری کی کہانی کی طرف اشارہ ہے۔ خوے بد را بہانہ بسیار۔ **بی بی خطا کرے باندی پکڑی جائے** بڑا آدمی خطا کرے اور چھوٹا پکڑا جائے تو کہتے ہیں۔ **بی بی خیلا دو چنے ایک میلا۔** سست اور کاہل عورتوں کے متعلق کہتے ہیں۔ جو کچھ کپڑے دھلے ہوئے پہن لیں اور کچھ میلے ہی رہنے دیں۔ ظاہر کچھ باطن کچھ۔ **بی بی کو باندی کہا ہنس دی۔ باندی کو باندی کہا رو دی۔** رذیل آدمی اپنی رذالت ظاہر ہونے پر سخت ناراض ہوتا ہے۔ اگر شریف آدمی کو رذیل کہہ دیا جاوے تو وہ ہنس پڑتا ہے۔ **بی بی کمے نہ گئیں لاڈلے ہو آئیں۔** اس موقعے پر کہتے ہیں۔ جب کوئی تھوڑے سے علم یا واقفیت پر بہت شیخیاں مارے۔ لوڈلا ایک قصبہ ہے جہاں ایک پیر کی قبر ہے۔ **بی بی نہ پیر پہلے فتّن فقیر۔** اس کی نسبت کہتے ہیں۔ جس کا حق تو کوئی ہو نہیں مگر حصہ پہلے مانگے۔ **بی بی نیک بخت چھٹانک دال دو وقت (موٹھ) مٹری کی دال تین وقت۔** بہت منتظم عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ جو تھوڑے خرچ میں گزارہ کرے۔ **بی بی وارے باندی کھلے گھر کی بلا کہیں نہ (گھرمیں) جائے** ساس کے متعلق بولتے ہیں جو اپنے گھر والوں رشتہ داروں غیرہ سے سلوک کرے۔ اور دوسروں کو کچھ نہ دے بی بی ہیں بھرمالی کان پتّر کی بالی۔ اِترانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ **بی خیلا دو چنّی ایک میلا** جہاں دو تین عورتیں جمع ہوجائیں ایک میلے جتنا شور ہوتا ہے۔ **بی دولتی اپنے دتیہے میں؛ آپ ہی کھولتی۔** اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو بہت غصیلا ہو۔ یا رشک وحسد سے جلتا رہے۔ **بی دیا سلائی صبح کی گئی شام کو آئی۔** بہت غیر حاضر رہنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ **بی مَتّو یہ تمہاری سوسوجھتیں۔** بیوقوف آدمی جتنی باتیں کرتا ہے بیوقوفی کی۔

بے (ہ۔ مونث) اردو حروف تہجی کے دوسرے حرف کا اردو تلفظ۔

بے (ہ۔ مذکر) ابے کا مخفف۔ لعریا کلمہ استفہام کے اخیر میں آتاہے۔ جیسے چل بے کیوں بے۔ **بے تے سُنانا۔ کرنا یا کہنا** (متعدی) گالیاں دینا سخت سُست کہنا۔ بدزبانی کرنا۔ غالباً ابے تبے کا مخفف ہے۔

بے (ف۔ حرف نفی) بغیر۔ بدون۔ اسماء کے شروع میں آکر مرکبات نفی بناتا ہے۔ **بے آب** (صفت) ۱۔ بغیر پانی ۲۔ بے رونق بغیر چمک۔ **بے آب وتاب** (صفت) بغیر رونق بغیر چمک دمک کے۔ **بے آبرو** (صفت) بے عزت۔ بے حرمت (کرنا ہونا کے ساتھ) **بے آبروئی** (مونث) ۱۔ بے عزتی ہتک ۲۔ عورت کے ساتھ زنا بالجبر (کرنا ہونا کے ساتھ) **بے آب ودانہ** (صفت) بغیر کھانے پینے کے۔ فاقہ سے (رہنا کے ساتھ) **بے آب ورنگ** (صفت) بے رونق۔ **بے آپے ہونا** (دہلی) ۱۔ قابو سے باہر ہونا۔ آپے سے باہر ہونا۔ بدحواس ہونا ۲۔ بیہوش ہونا۔ **بے آرام** (صفت) مضطرب بیچین۔ **بے آرامی** (مونث) بےچینی۔ دکھ تکلیف بیماری۔ **بے آزار** (صفت) بے ضرر۔ **بے آس** (صفت) مایوس۔ ناامید۔ **بے اتفاقی** (اسم) نا اتفاقی۔ مخالفت جھگڑا **بے اٹکل** (صفت) ۱۔ جو ٹھیک اندازہ نہ کرسکے۔ ۲۔ بے قیاس ۲۔ بدتمیز بے سلیقہ۔ بے شعور۔ **بے اثر** (صفت) ۱۔ بے تاثیر ۲۔ بے فائدہ۔ بے کار۔ **بے اثری** (مونث) ناقابلیت۔ **بے اجل مارنا** (متعدی) قبل از وقت موت آجانا یا ہلاک ہونا۔ **بے احتیاط** (صفت) لاپرواہ۔ غافل۔ کوتاہ اندیش۔ **بے احتیاطی** (مونث) لاپرواہی غفلت چیز کی حفاظت نہ کرنا۔ **بے اختیار** (صفت) ۱۔ مجبور۔ بے بس۔ بے قابو ۲۔ خود بخود۔ بلا ارادہ ۳۔ بہت۔ بیحد۔ **بے اختیارانہ** (صفت) جس پر اختیار نہ ہو۔ بلا ارادہ **بے اختیارانہ حرکت** (مونث) کوئی کام جو بلا ارادہ ہوجائے۔ **بے اختیار رونا** (لازم) ازحد رونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا۔ **بے اختیاری** (مونث) مجبوری۔ کمزوری۔ بے چارگی۔ بے بسی۔ بے خودی۔ **بے ادائیگی** (مونث) قرضہ لیکر واپس نہ دینا قیمت نہ دینا۔ **بے ادائی** (مونث) کام نہ کرنا۔ وعدہ نہ پورا کرنا ۲۔ بیوفائی ۳۔ گستاخی۔ بدتمیزی۔ **بے ادب** (صفت) گستاخ۔ بے تمیز۔ شوخ۔ شریر۔ دوسروں کے مرتبے کا لحاظ نہ کرنے والا۔ **بے ادبی** (مونث) بے تمیزی۔ گستاخی۔ شوخی۔ شرارت۔ **بے ارتھ** (صفت) ۱۔ بے معنی جس کا کچھ مطلب نہ ہو ۲۔ بے فائدہ۔ فضول ۳۔ بے اثر ۲۔ نالائق۔ **بے اسباب** (صفت) ۱۔ بغیر مال کے بغیر کسی چیز کے۔ **بے اسبابی** (مونث) کوئی چیز پاس نہ ہونا۔ مفلسی۔ **بے اشتباہ** (صفت) بلاشک۔ بلا شُبہ۔ **بے اصل** (صفت) خلاف واقعہ۔ غلط۔ بے بنیاد۔ **بے اطلاع** (صفت) بغیر خبر یا اطلاع دیئے۔ **بے اعتبار** (صفت) ناقابل اعتماد۔ مشتبہ۔ بے وقعت۔ **بے اعتباری** (مونث) اشتباہ۔ شُبہ ۲۔ بے اعتمادی۔ ساکھ نہ ہونا ۳۔ بے ایمانی۔ غداری۔ **بے اعتدال** (صفت) جس کی طبیعت میں اعتدال نہ ہو۔ **بے اعتدالی** (مونث) حد سے بڑھنا۔ بد پرہیزی۔ **بے اعتقاد** (صفت) نہ ماننے والا۔ نہ یقین کرنے والا۔ بے ایمان۔ **بے اعتقادی** (صفت) ۱۔ انکار۔ بے اعتباری۔ بے ایمانی ۲۔ ایمان نہ ہونا اعتقاد نہ ہونا۔ نہ ماننا۔ **بے اعتنائی** (مونث) بے پرواہی۔ اچھی طرح پیش نہ آنا۔ بے التفاتی۔ توجہ نہ کرنا۔ **بے التفات** (صفت) نہ توجہ کرنے والا۔ بے پرواہ۔ **بے التفاتی** (مونث) بے اعتنائی۔ **بے الفت** (صفت) جس میں الفت کا مادہ نہ ہو۔ جو قابل محبت نہ ہو۔ **بے الفتی** (مونث) محبت یا الفت کا نہ ہونا۔ **بے امتیاز** (صفت) بدتمیز۔ بے ادب۔ ناہموار۔ **بے امتیازی** (مونث) بدتمیزی۔ گستاخی۔ سادہ شناخت نہ ہونا۔ **بے انتظامی** (مونث) بدانتظامی۔ بدنظمی۔ **بے انتہا** (صفت) بہت۔ بے شمار۔ بے حد۔ بے اندازہ۔ **بے اندازہ** (صفت) ۱۔ بے حد۔ بہت ۲۔ بے اٹکل۔ بے قیاس۔ **بے اندیشہ** (صفت) ۱۔ بلاخطر۔ بلاخوف ۲۔ نڈر۔ بے خوف ۳۔ بغیر

سوچے سمجھے۔ **بے انصاف** (صفت) ! نامنصف
۲ ظالم۔ جابر ۳ سنگدل سخت مزاج۔ **بے انصافی**۔
(مونث) ! نامنصفی۔ ظلم۔ ستم۔ **بے انضباطی** (مونث)
غلبۂ نفس شہوت پرستی نفس پرستی۔ **بے اُن کے** (تف) بغیر
اُن کے۔ اُن کے کی بجائے میرے تیرے تمہارے
وغیرہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ **بے اولاد** (صفت) جس
کے کوئی بچّہ نہ ہو۔ **بے اولادی** (مونث)
! اولاد کا نہ ہونا ۲ بانجھپن۔ **بے ایمان** (صفت)
بے دین ! کافر جو خدا پر ایمان نہ رکھتا ہو۔ ۲
بددیانت۔ بدنیت۔ راشی ۳ دغاباز۔ بے وفا۔ نمک
حرام ۴ جھوٹا۔ دروغ گو ۵ نامنصف۔ بے انصاف
۶ غیر معتقد۔ **بے ایمانی** (مونث) ! بے دینی۔ لامذہبی
کفر۔ الحاد ۲ بددیانتی۔ خیانت۔ بدنیتی۔ دغابازی۔
۳ جھوٹ۔ دروغ۔ ناراستی ۴ نمک حرامی۔ بے وفائی (کرنا
ہونا کے ساتھ) **بے باعث** (تف) بلا وجہ۔ بلا سبب
بیباق (صفت) ! اپنے ذمہ بقایا نہ رکھنے والا ۲
بلا بقایا۔ مکمل ادا شدہ۔ برابر کیا ہوا ۳ (تف) مکمل طور
پر۔ پورا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بیباقی** (مونث) ! ادائگی
بیباق ۲ تکمیل۔ اختتام۔ **بے باک** (صفت) ! نڈر۔
بیخوف ۲ بہادر۔ دلیر ۳ گستاخ۔ آزاد۔ بے حیا (کرنا
ہونا کے ساتھ) **بیباکانہ** (تف) بیباکی سے۔ **بیباکی**
(مونث) بے حیائی۔ بیشرمی۔ گستاخی۔ آزادی۔ **بے
بال (و پر)** (صفت) ! بے یار و مددگار۔ بیکس۔
عاجز ۲ بے سرو سامان۔ **بے بال و پری** (مونث)
بیکسی وغیرہ۔ **بے بدل** (صفت) لاجواب۔ بے مثل
بے بر (صفت) ! بغیر پھل کے ۲ بانجھ۔ **بے برکت**
(صفت) کمی والا۔ نقصان دہ۔ بیفائدہ۔ **بے
برکتی** (مونث) کمی۔ نقصان۔ برکت نہ ہونا۔ **بے
برگ** (صفت) ! بغیر پتوں کے ۲ مجازاً محتاج۔ **بے
برگ و بار** (صفت) ! بغیر پتوں یا پھل کے ۲ ٹنڈ منڈ
۳ بغیر اولاد۔ یا رشتہ داروں کے ۴ محتاج۔ غریب۔
مفلس (کر دینا۔ کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) **بے
برگ و نوا** (صفت) ! بیکس۔ عاجز ۲ بے ساز و
سامان۔ **بے برگی** (مونث) بیکسی۔ محتاجی۔ **بے
بس** (صفت) ! بے اختیار۔ بیچارہ ۲ کمزور۔ مجبور۔
لاچار۔ عاجز۔ ناتواں (کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ)
بے بسی (مونث) بے اختیاری۔ مجبوری وغیرہ۔
بے بضاعت (صفت) بغیر پونجی کے۔ مفلس۔
بے بقا (صفت) عارضی۔ فانی۔ ناپائیدار۔ **بے بل**
(صفت) ! بے طاقت۔ کمزور ۲ محتاج۔ غریب۔ **بے
بلائے** (صفت) بغیر بلائے۔ **بے بندوبست** (صفت)
بلا انتظام۔ **بے بنیاد** (صفت) غلط۔ جھوٹ۔ خلاف
واقعہ۔ **بے بقا** (صفت) فانی۔ نہ زندہ رہنے والا۔
بے بہا (صفت) قیمتی۔ بیش قیمت۔ **بے بہار** (صفت)
بیموسم۔ بے موقع۔ **بے بھاؤ کی پڑنا** (لازم) بہت
پٹنا۔ بہت مار پڑنا ۲ بہت زیادہ جوتیاں لگنا۔ **بے
بہرہ** (صفت) ! بدنصیب۔ بدبخت ۲ غریب۔ مفلس ۳ بغیر حصے یا نفع ۴
نالائق۔ بے تمیز ۵ بدتہذیب۔ گستاخ۔ بے ادب ۶ آوارہ۔ بیہودہ گرد (پھرنا
ہونا کے ساتھ) **بے بیاہا** (مذکر) ! کتخدا۔ **بے بیاہی** (مونث) ناکتخدا
عورت۔ **بے پایاں** (صفت) بے انتہا۔ بے حد۔ **بے پیچ** (صفت) یکسو
بے طرفدار۔ **بے پدر** (صفت) بے باپ کا۔ یتیم۔ **بے پر** (صفت) [illegible]
بے پرکا۔ بیکس۔ محتاج ۲ (کماروں کی اصطلاح) آندھی۔
بے پر اڑانا (متعدی) بیجا تعریفیں کرنا۔ **بے پردگی**
(مونث) بے حجابی۔ پردہ ہٹ جانا۔ پردے سے نکل
جانا ۲ بیعزتی۔ بیحرمتی ۳ بے شرمی۔ بے لحاظی ۴ افشائے
راز۔ بھید کا اظہار۔ **بے پردہ** (صفت) ! پردے
سے باہر ۲ صاف صاف۔ کھلم کھلا ۳ کھلے منہ۔ بغیر نقاب
(کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بے پردہ نظر آنا** (لازم) کھلے
منہ پھرنا۔ پردے سے باہر دکھائی دینا۔ **بے پر کی
اڑانا** (متعدی) اڑنا (لازم) گپ اڑانا۔ غلط بات مشہور
ہونا۔ **بے پر کے کبوتر اڑاتا ہے**۔ ایسا چالاک ہے
جو کام نہ ہو سکے کر لیتا ہے۔ **بے پر و بال**۔ دیکھو بے بال
و پر۔ **بے پری** (مونث) بے بسی۔ بیکسی۔ **بے پرمان**
(صفت) بغیر اختیار۔ بغیر طاقت۔ **بے پروا** (صفت)
! غافل۔ بے فکر۔ لاپروا ۲ بے خوف۔ نڈر ۳ بے نیاز۔
خود مختار۔ **بے پروائی** (مونث) بیفکری۔ آزادی۔ غفلت
لاپرواہی۔ **بے پروانگی** (مونث)۔ بے اجازت۔ **بے
پرہیز** (صفت) بد پرہیز۔ **بے پوچھے گچھے** (تف)
بغیر دریافت کئے۔ بلا اجازت۔ **بے پیر** (صفت)
! بے استاد جس کا کوئی پیر یا مرشد نہ ہو ۲ سرکش۔ بدراہ ۳
بے رحم۔ ظالم۔ جفاکار ۴ بے ایمان۔ لامذہب ۵ خود غرض
۶ بے ہنر۔ بے کمال ۷ احسان فراموش۔ کافر۔ **بے پیرا**
(صفت) بے استاد۔ بغیر گرو (لکھنؤ) **بے پیندی
کا بدھنا** (مذکر) **کی ٹھیری** (مونث) ! جو ایک بات پر
قایم نہ رہے۔ ڈھلمل یقین ۲ جس کا ایک ٹھکانا نہ ہو۔ **بیتاب**
(صفت) پریشان۔ مضطرب۔ بیکل۔ بےچین (کرنا ہونا کے
ساتھ) **بیتابانہ** (تف) گھبراہٹ سے۔ اضطراب سے۔
بیتابی (مونث) پریشانی۔ بےچینی (کرنا ہونا کے ساتھ)
بے تابیاں کرنا (متعدی) کسی کام کے کرنے کے
لئے بہت بے تاب ہونا۔ **بے تال یا تالا** (صفت)
وہ شخص جو گانے میں تال سے باہر ہو جائے۔ **بے تاثیر**
(صفت) بے اثر۔ **بے تاک ہونا** (لازم) بے پروائی
سے خراب ہونا۔ **بے تامل** (صفت) بے اندیشہ۔ بے
فکر۔ بے دھڑک۔ **بے تحاشا** (تف) ! مضطربانہ۔
حواس باختہ ہو کر گھبرا کر ۲ بے دھڑک۔ **بے تال** ۳
(صفت) بے پروا۔ غافل ۴ بیفکر۔ پیٹ ۵ بہت۔
بے حد۔ اناپ شناپ۔ **بے تدبیر** (صفت) بے
اندیشہ۔ بے پروا۔ اسوچ۔ **بے ترتیب** (صفت)
گڈمڈ۔ بے سلسلہ۔ بے قاعدہ۔ **بے تردد (اراضی)**
(صفت) بوئی نہ جوتی ہوئی (زمین) **بے ترکیب**
(صفت) بے جوڑ۔ بے انداز۔ **بے تصدیع** (صفت)
بلا تکلیف بغیر محنت۔ **بے تعلق** (صفت) علیحدہ
الگ ۲ کنارہ کش۔ کسی بات میں دخل نہ دینے والا یا
دلچسپی نہ لینے والا۔ **بے تعلقی** (مونث) ! علیحدگی۔
تنہائی۔ کسی کے ساتھ واسطہ نہ رکھنا ۲ استغنا۔ **بے
تعویق** (صفت) بلا تامل۔ بلا توقف۔ **بے تقصیر**
(صفت) بغیر قصور گناہ یا خطا ۲ ناحق۔ بلا وجہ۔ **بے
تقیہ** (صفت) صاف صاف بغیر چھپائے۔ صاف
دلی سے۔ **بے تُک**۔ **بے تکا** (صفت) غیر موزوں
اول جلول۔ فضول۔ بے موقع۔ **بے تکان** (صفت)
بے تکلف ۲ آسانی سے ۳ بیحد۔ بہت ۴ بہت تیز۔
بغیر تھکے۔ **بے تکلف** (صفت) آزاد۔ سیدھا
سادھا ۲ آپس میں کھلے ہوئے۔ ہم مشرب۔ ہم
خیال ۳ بے حجاب۔ بے شرم۔ بے حیا ۴ بغیر بناوٹ
کے۔ بے ساختہ ۵ بیدھڑک۔ بے جھجک ۶ دلی دوست
محرم راز۔ **بے تکلفانہ** (تف) آزادی سے۔ بغیر
بناوٹ کے۔ بے ساختہ۔ بیدھڑک۔ **بے تکلفی**
(مونث) ! آزادی۔ بے حجابی ۲ آپس میں کھل جانا ۳
محرم راز ہونا۔ **بے تکی** (صفت) بے تکا کا مونث۔
بے تمنا (صفت) بغیر خواہش۔ بے آرزو۔ **بے
تمنائی** (مونث) ! استغنا۔ قناعت۔ **بے تمیز**
(صفت) ! بد لحاظ۔ بے ادب ۲ پھوہڑ۔ بدسلیقہ۔ **بے
تمیزی** (مونث) بدتہذیبی۔ پھوہڑپن ۲ بدلحاظی۔
بے ادبی۔ **بے تن** (صفت) جو کسی کے متعلق نہ ہو
لاوارث۔ **بے تن و مال** (مذکر) مال لاوارث جو
ضبط ہو جائے۔ **بے توجہ** (صفت) ! لاپرواہ۔ بیفکر
غافل جس کا دھیان دوسری طرف ہو ۲ بے التفات۔

بے شفقت۔ بے توجہی (مؤنث) ۱ غفلت۔ تغافل لاپروائی ۲ نامہربانی۔ بے رحمی۔ بے توفیق (صفت) کم حوصلہ۔ پست ہمت۔ بے موقع (صفت) ۱ ناامید مایوس۔ بے کشادہ۔ بے تہ (صفت) ۱ بہت گہرا یا عمیق ۲ بے ٹھکانے۔ بے معنی۔ فضول۔ بے تہی (مؤنث) سخت گہرائی۔ عمق ۲ بیہودگی۔ نامعقولیت ۳ بے صبری۔ اضطراب۔ بے ٹکٹ (صفت) جس کے پاس ٹکٹ نہ ہو۔ بیرنگ۔ بغیر اجازت نامہ کے۔ بے ٹونٹی کا بدھنا (مذکر) مخنث۔ ہیجڑا۔ بے ٹھکانا (صفت) ۱ ناقابل اعتبار۔ جس پر بھروسہ نہ ہو سکے۔ غیر معتبر ۲ غیر معین۔ ڈانواڈول۔ بے سروپا۔ غلط۔ بے ٹھکانے (صفت) بغیر پتے یا نشان کے ۲ (صفت) بغیر سبب جھوٹ۔ غلط۔ گڈمڈ ۳ بے قرینہ ۴ بے ٹھور۔ جس کا کوئی مکان۔ جائداد یا حیثیت نہ ہو۔ بے ٹھور (صفت) بے ٹھکانے۔ بے ٹھور ٹھکانے (صفت) بے گھر۔ آوارہ۔ بے موقع۔ بے محل۔ بے ثبات (صفت) ۱ ناپائیدار۔ فانی ۲ کمزور۔ بودا۔ بے ثباتی (مؤنث) ناپائیداری۔ فنا۔ کمزوری۔ بے ثمر (صفت) جس پر پھل نہ آئے ۲ بے اولاد ۳ بے فائدہ۔ بغیر نتیجہ کے۔ بیجا (صفت) ۱ ناجائز۔ خلاف قانون ۲ غلط۔ نامناسب ۳ بے محل۔ بے موقع ۴ ناشائستہ۔ بدتہذیب ۵ بے سبب۔ بے قصور۔ بیجا خرچ یا صرف (مذکر) فضول خرچ۔ بے موقع بے محل خرچ۔ بیجا طور پر (تف) نامناسب طریقے پر۔ بدتہذیبی سے۔ بیجادہ (مذکر) سنگ رنگی ہرن۔ بیجان (صفت) ۱ مرا ہوا۔ مردہ ۲ جس چیز میں جان نہ ہو غیر ذی روح ۳ پژمردہ۔ مرجھایا ہوا ۴ کمزور۔ نحیف ۵ بوسیدہ سڑا ہوا۔ بیجان کرنا (متعدی) قتل کر دینا۔ مار دینا۔ بیجان ہونا (لازم) ۱ مرجانا ۲ ادھموا ہو جانا۔ بے جانے بوجھے (تف) ۱ بغیر سوچے سمجھے ۲ بغیر واقفیت۔ بغیر شناسائی۔ بے جرأت (صفت) بزدل۔ ڈرپوک۔ بے جرأتی (مؤنث) بزدلی۔ نامردی۔ کم ہمتی۔ بے جرم (صفت) بے داغ۔ بے نقص (جواہر) بے جُرم (صفت) بے گناہ۔ بے قصور۔ بے جرمی (مؤنث) بے گناہی۔ معصومیت۔ بے جگر (صفت) بے پروا دلیر (فارسی میں اس کے معنی بزدل کے ہیں) بے جگری (مؤنث) حوصلہ۔ لاپرواہی (ف بزدلی) بے جمالی (مؤنث) بدصورتی۔ بے جواب۔ بے جوابی (دیکھو لاجواب اور لاجوابی)۔ بے جوت (صفت) ۱ بغیر کاشت جس میں ہل نہ چلا ہو ۲ (مذکر) وہ کھیت جس میں کاشت بند کر دی گئی

ہو۔ بے جوڑ (صفت) ۱ نامناسب غیر موزون ۲ جس میں جوڑ نہ ہو۔ بے جون (صفت) بے موقعہ۔ بے وقت۔ بے جہت۔ بلاوجہ۔ بلاسبب۔ بیچارگی (مؤنث) ۱ عاجزی۔ مجبوری ۲ ضرورت۔ غربت۔ بیچارہ (صفت) ۱ لاعلاج درماندہ ۲ عاجز۔ بے بس ۳ ناچار۔ مجبور غریب۔ مفلس ۴ بدنصیب۔ بدبخت۔ بیچاری (صفت، مؤنث) بیچارہ کی۔ بے چال (صفت) بے اصول بدذات۔ بے چالی (صفت) ۱ بے چال ۲ (مذکر) بداطواری۔ شرارت۔ بے چراغ (صفت) ۱ بغیر دیئے کے ۲ ویران۔ اجاڑ۔ سنسان۔ غیر آباد (کرنا کے ساتھ) بے چراغ ہونا (لازم) ۱ برباد ہونا۔ اجاڑ ہونا۔ ویران ہونا ۲ (مجاز) جوان لڑکے کا مرجانا۔ کمانے والے کا مرجانا۔ بے چشم (صفت) اندھا۔ بیچگوں (صفت) ۱ وہ جس کی صفات تک رسائی نہ ہو ۲ (مذکر) خدا۔ اللہ۔ بیچوبہ (مذکر) ایک قسم کا خیمہ جس میں ستون نہیں ہوتا۔ بیچوں (صفت) بے مثل۔ لاجواب۔ بے چون و چرا (صفت) بغیر حیل و حجت۔ بے عذر۔ بے دلیل۔ بے چھری حلال کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ بیحد ستم ہونا۔ بہت ظلم ہونا ۲ قبل از وقت مارا جانا۔ بیچین (صفت) بے قرار۔ بیکل۔ بیچینی (مؤنث) بیکلی۔ بے حاصل (صفت) بے فائدہ۔ لاحاصل۔ بے حاصلی (مؤنث) نقصان۔ لاحاصلی۔ بیحال (صفت) ۱ بیمار۔ جاں بلب۔ مرنے کے قریب ۲ برباد۔ تباہ ۳ پرانا۔ شکستہ ۴ خراب بیکار ۵ غریب۔ مفلس۔ بے حجاب (صفت) ۱ بے پردہ۔ کھلے خزانے ۲ بے شرم۔ بے لحاظ ۳ بے تکلف۔ بے حجابانہ (تف) ۱ بے تکلف۔ بے روک ٹوک ۲ علانیہ۔ کھلے خزانہ۔ بے حجابی (مؤنث) ۱ بے پردگی ۲ بے تکلفی۔ بیحد (صفت) بہت بہت زیادہ۔ بے شمار۔ لاانتہا۔ بے حرکت (صفت) ساکن۔ نہ ہلنے والا۔ قائم۔ بے حرکتی (مؤنث) سکون۔ قیام۔ بے حرمت (صفت) بے عزت۔ ذلیل۔ بے حرمت کرنا (متعدی) ۱ بے عزت کرنا۔ ذلیل کرنا ۲ زنا بالجبر کرنا ۳ برا کام کرنا۔ بے حرمتی (مؤنث) رسوائی۔ ذلت۔ بے عزتی۔ بے حس (صفت) ۱ بے حرکت۔ ساکن ۲ سُن۔ جس میں حس یا تمیز نہ رہے۔ بے حس و حرکت (صفت) ۱ بالکل ساکن۔ سُن ۲ جو حرکت نہ کر سکے۔ اور جس میں حس نہ رہے۔ حیران۔ ششدر رہ جانا۔ ہونا کے

ساتھ) بے حساب۔ لاانتہا۔ بے شمار۔ بے انتہا بہت زیادہ۔ بے حضار (صفت) غیر حاضر۔ غیر موجود۔ بے حقیقت (صفت) ۱ ناچیز۔ بے وقعت ذلیل ۲ بے اصل ۳ ناقابل خیال۔ کم قیمت۔ بے حکم (صفت) بلا مرضی۔ بغیر اجازت۔ بے حکم پتہ نہیں ہلتا۔ بغیر خدا کی مرضی کے کچھ نہیں ہوتا۔ بے حکمت (صفت) ۱ اناڑی۔ نادان ۲ بے تمیز۔ بے عقل۔ بے حلاوت (صفت) بدذائقہ۔ بے مزہ بے لطف۔ بے حمیت (صفت) بے حیا۔ بے شرم دیوث۔ بیحواس (صفت) ۱ بے خود۔ بیہوش۔ پریشان ۲ دیوانہ۔ پاگل (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) بیحواسی (مؤنث) ۱ بیخودی۔ بیہوشی۔ گھبراہٹ۔ پریشانی ۲ دیوانگی۔ پاگل پن۔ بے حوصلہ ۱ بغیر دلیری یا عزم ۲ کمینہ۔ ذلیل ۳ پست ہمت۔ مردہ دل ۴ بغیر لیاقت یا قابلیت۔ بے حیا (صفت) ۱ بے شرم ۲ بے ادب۔ گستاخ۔ بے حیا بوٹی (مؤنث) نہایت بے شرم عورت۔ بے حیائی (مؤنث) ۱ بے شرمی۔ بے غیرتی ۲ بے ادبی۔ گستاخی بیحیائی کا برقعہ اوڑھ لینا یا منہ پر ڈال لینا یا جامہ پہن لینا (متعدی) بے شرم اور ڈھیٹ ہو جانا۔ بے عزتی اختیار کر لینا۔ بے حیائی کے کام کرنا۔ بے خار (صفت) ۱ بغیر کانٹوں کا ۲ نڈر۔ بیخوف بے خطر ۳ نوجوان۔ نوخیز۔ جس کی ابھی داڑھی نہ نکلی ہو نوعمر۔ بے خایہ (صفت) بغیر فوطوں کے۔ بے خایہ کرنا۔ مخنث بنانا۔ بے خانماں (صفت) بے گھر بیوطن۔ بے خبر (صفت) ۱ بے علم۔ ناواقف ۲ غافل۔ نالائق ۳ بے وقوف۔ بے عقل ۴ لاپروا۔ ناعاقبت اندیش۔ بے شعور ۵ بیہوش۔ مدہوش۔ بے خرچ (صفت) بغیر روپے پیسے۔ بغیر ذرائع۔ بے خرچی (مؤنث) نقدی کا نہ ہونا۔ تنخواہ یا مزدوری نہ ملنا۔ آمدنی نہ ہونا۔ بے خرد (صفت) بے عقل۔ بیوقوف۔ احمق۔ بے خرو خاوند (صفت) بغیر مالک۔ بے خطا (صفت) بیگناہ۔ بے قصور۔ معصوم۔ بے خطر (صفت) نڈر۔ بے خوف۔ محفوظ۔ بے خلش (صفت) بغیر فکر یا اندیشہ۔ بغیر تشویش۔ بے خواب (صفت) بے نیند۔ بیدار۔ بے آرام۔ بے خوابی (مؤنث) نیند نہ آنا۔ بے خواہش (صفت) بغیر شوق یا آرزو۔ بے دل۔ مردہ دل۔ بے خود (صفت) ۱ بیہوش۔ بدحواس۔ مخمور۔ سرشار ۲ آپے سے باہر۔ خود رفتہ کر

دینا کرنا۔ ہو جانا۔ ہونا کیساتھ۔ بے خودی (مونث) ۱۔ بیہوشی ۲۔ وجد کی حالت۔ بے خبری کا عالم ۳۔ خود رفتگی۔ بے خودی کا جوش ہونا (لازم) بے خودی طاری ہونا۔ بے خور خواب (صفت) بغیر کھانے پینے کے۔ بغیر آرام کے۔ بے خوف (صفت) نڈر۔ لاپرواہ کر دینا کرنا ہونا کے ساتھ۔ بے خوف ہو کر بیٹھنا (لازم) کسی خطرے کی پروا نہ کرنا۔ چین سے زندگی گزارنا۔ بے خویش (صفت) بغیر رشتہ داروں یا عزیزوں کے۔ بے خیال (صفت) وہ جس کا خیال کسی کام کی طرف نہ رہے۔ لاپرواہ۔ بے خیالی (مونث) لاپرواہی۔ بے خیال ہونے کی حالت۔ بے داغ (صفت) بغیر دھبے کے۔ بے نقص۔ بے عیب۔ بیداد (صفت) ناانصاف۔ ظالم (مونث) بے انصافی۔ ظلم۔ جبر۔ تعدی۔ بیداد گر (صفت) ظالم۔ سفاک۔ بیداد گری (مونث) ظلم۔ ستم۔ تعدی۔ سفاکی۔ بیدادی (مونث) ۱۔ ناانصافی ۲۔ بیداد گری۔ بیدار (صفت) ۱۔ جاگنے والا۔ جاگتا ہوا ۲۔ ہوشیار۔ مستعد۔ تیار۔ بیدار باش۔ جاگتے رہو۔ چوکیدار کی صدا۔ بیدار بخت (صفت) صاحب اقبال۔ خوش نصیب۔ بیدار دل (صفت) ۱۔ ہوشیار۔ مستعد ۲۔ زندہ دل۔ روشن ضمیر۔ بیدار دلی (مونث) ہوشیاری۔ روشن ضمیری۔ زندہ دلی۔ بیدار کرنا (متعدی) جگانا۔ ہوشیار کرنا۔ بیدار مغزی (مونث) عالی دماغی۔ ہوشیاری۔ بیدار مغز (صفت) عالی دماغ۔ ہوشیار۔ بیدار ہونا (لازم) جاگنا۔ بیداری (مونث) ۱۔ نیند سے جاگنا۔ جاگنے کی حالت ۲۔ ہوشیاری۔ بیدالشت (صفت) لاپرواہ۔ بے خیال۔ غافل۔ بیدالشتی لاپرواہی۔ غفلت (خصوصاً مویشی کے متعلق)۔ بیداغ (صفت) ۱۔ بغیر دھبے یا نشان کے ۲۔ بے عیب۔ بے قصور ۳۔ پاک۔ صاف۔ بے دال کا بودم (مذکر) اُلو۔ بودم بغیر دال بوم ہوتا ہے۔ بے دام (صفت) بے قیمت۔ بے داموں کا غلام (کی لونڈی) ۱۔ مفت کا غلام (کی لونڈی) ۲۔ فرمانبردار۔ مطیع۔ بیدانشی (مونث) غفلت۔ بے عقلی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ بیدانہ (صفت) ۱۔ بغیر دانوں کے ۲۔ بغیر بیج یا گٹھلی کے ۳۔ ایک قسم کا انار ۴۔ ایک قسم کا انگور۔ ایک قسم کی سٹھائی ۵۔ ایک قسم کا توت۔ بے دانے پانی (صفت) بھوکا پیاسا۔ بغیر کھائے پیے۔ بے دخل (صفت) محروم۔ قبضہ سے نکالا ہوا (کر دینا کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ بیدخلی (مونث) اخراج۔

بے قبضہ ہونا۔ بے تعلق ہونا۔ بیدرد (صفت) ۱۔ بیرحم۔ ظالم۔ سفاک ۲۔ معشوق۔ بیدردی (مونث) بے رحمی۔ سنگدلی۔ بے درمان (صفت) ۱۔ ناامید ۲۔ لاعلاج۔ بے درنگ (صفت) ۱۔ بغیر دیر لگائے۔ یکایک۔ فوراً ۲۔ تیز۔ چالاک۔ بے دریغ (صفت) ۱۔ بے سوچے سمجھے۔ بلاتوقف۔ بلاتامل ۲۔ بغیر رنج یا افسوس کے ۳۔ کثرت سے۔ افراط سے ۴۔ سخی۔ فیاض ۵۔ ظالم۔ بے رحم ۶۔ سخت دل سے۔ بدل و جان۔ بے دست و پا (صفت) ۱۔ بے ہاتھ پاؤں کا۔ اپاہج۔ لولا لنگڑا ۲۔ عاجز۔ بیکس۔ بے اختیار ۳۔ جس کا کوئی رشتہ دار یا دوست نہ ہو ۴۔ عاشق۔ بے دستور (صفت) ۱۔ غیر معمولی ۲۔ بے تمیز۔ بدتہذیب۔ بیدل (صفت) ۱۔ رنجیدہ۔ دلگیر۔ پژمردہ۔ افسردہ۔ مغموم ۲۔ دل برداشتہ ۳۔ عاشق۔ بیدلی (مونث) ۱۔ افسردگی۔ پژمردگی۔ رنج ۲۔ دل برداشتگی۔ بیدم (صفت) ۱۔ بے جان ۲۔ تھکا ماندہ۔ خستہ ۳۔ سانس چڑھا ہوا۔ کند۔ سست۔ بودا۔ بوسیدہ۔ بے دعوے (صفت) جس چیز پر کسی کو دعوے نہ ہو۔ جس کو کسی پر دعوے نہ ہو۔ بے دعوے پتر (مذکر) دعوے چھوڑنے کا اقرار نامہ۔ بیدغدغہ (صفت) بلاخوف۔ بغیر ڈر کے۔ بغیر خطرے کے۔ بیدماغ (صفت) ۱۔ ناخوش۔ ناراض ۲۔ بدمزاج۔ زود رنج۔ بے دماغی (مونث) ۱۔ بدمزاجی۔ ناخوشی ۲۔ پریشانی۔ بدحواسی۔ غصہ۔ بے دوا (صفت) لادوا۔ بے دودھ کا لڑکا رکھنا (متعدی) جیسے ہوائے کرنا۔ ٹال مٹولے کرنا۔ بیدوس (صفت) بے گناہ۔ بے قصور۔ بے دولت (صفت) غریب۔ مفلس۔ بے دولتی (مونث) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ غربت۔ افلاس۔ بے دولھا کی برات (مونث) بے معنی جلسہ یا ہجوم۔ بے دھڑک (صفت) ۱۔ بے خوف و خطر۔ بے اندیشہ ۲۔ بے تامل۔ بے تکلف۔ اطمینان سے ۳۔ بہادر۔ دلیر۔ بے دہشت (صفت) دیکھو بے دھڑک۔ بے دہن (صفت) وہ شخص جس کے منہ سے گھبراہٹ سے بات نہ نکلے۔ بے دیا (ر) بے رحم۔ ظالم۔ بیدید (صفت) ۱۔ بے لحاظ۔ بے مروت۔ بیباک ۲۔ سنگدل۔ ظالم۔ بے دین (صفت) کافر۔ لامذہب۔ بے دیکھے بھالے (صفت) بے سمجھے بوجھے۔ بغیر تحقیق کئے۔ بے ڈر (صفت) بے خوف۔ نڈر۔

بیڈول (صفت) ۱۔ بدقطع۔ بدنما۔ بدوضع ۲۔ بدتہذیب۔ ناشائستہ ۳۔ بے طرح۔ بُری طرح ۴۔ ناگوار۔ ناپسندیدہ ۵۔ نازیبا۔ ناروا۔ بیجا۔ بیڈھب (صفت) ۱۔ بے ڈول ۲۔ بے موقع۔ بے محل ۳۔ زیادہ بہت۔ افراط سے ۴۔ چالاک۔ عیار۔ شریر۔ دلیر ۵۔ بے قابو۔ بے اختیار ۶۔ نہایت سخت۔ دشوار ۷۔ بُری طرح۔ نامناسب طور سے ۸۔ بے طرح۔ بے قرینہ ۹۔ بے محل۔ بے ٹھکانے ۱۰۔ عجیب۔ انوکھا۔ طرفہ ۱۱۔ سنگدل۔ تیز۔ تند ۱۲۔ مہلک۔ خطرناک۔ ڈراؤنی۔ خوفناک ۱۳۔ رقت۔ بداسلوبی۔ بیڈھب پڑنا۔ بُری طرح سے۔ بے ڈھب آدمی (مذکر) شریر شخص۔ برا آدمی۔ بیڈھب (مار) پڑنا (لازم) بہت پٹنا۔ بیڈھنگا (صفت) ۱۔ ناشائستہ۔ بدتہذیب۔ بدتمیز ۲۔ نامعقول۔ نازیبا۔ غیر موزوں ۳۔ بدچلن۔ بداسلوب ۴۔ شکل۔ بھدا۔ بدصورت۔ بے ڈھنگاپن (مذکر) ناشائستگی۔ بدتہذیبی۔ بھونڈاپن۔ بداسلوبی۔ بے ڈھنگا کارخانہ (مذکر) غیر موزوں طریقہ۔ بداسلوبی۔ بیڈھنگی (صفت مونث) دیکھو بیڈھنگا۔ بے ڈھنگی بات (مونث) بے موقع بات۔ فضول بات۔ بے ذوق (صفت) بے مزا۔ پھیکا۔ بے ذوقی (مونث) پھیکا پن۔ بے لطفی۔ بیراہ (صفت) ۱۔ گمراہ۔ لامذہب۔ بدچلن۔ بداطوار ۲۔ غلط۔ بیجا ۳۔ خلاف دستور۔ نامناسب۔ بیقاعدہ ۴۔ بے اصول۔ بیراہ چلنا (لازم) دستور کے خلاف عمل کرنا۔ بے ضابطگی کرنا۔ بدچلن ہونا۔ بیراہ قدم اٹھ جانا یا اٹھنا (لازم) ۱۔ قاعدے کے خلاف کام ہونا ۲۔ وضع کے خلاف کام ہونا۔ بیراہی (مونث) ۱۔ غلطی۔ بیجا مدگی ۲۔ بدچلنی۔ بدکاری۔ بیربط (صفت) بے جوڑ۔ بے میل ۲۔ بے موقع۔ بے ربطی (مونث) بے ترتیبی۔ ناہمواری۔ بے رُت (صفت) بے موسم۔ بے فصل۔ بے رتبہ (صفت) کم حیثیت۔ کمتیل۔ بیرحم (صفت) ظالم۔ بیدرد۔ سنگ۔ بیرحمی (مونث) ظلم۔ ستم۔ سفاکی۔ جبر۔ بے رخ ہو جانا یا ہونا (لازم) بے مروت ہونا۔ رخا ہونا ۲۔ کھنچیدہ ہونا۔ ناراض ہونا ۳۔ دھیان نہ رکھنا۔ خیال نہ رکھنا۔ بے رخی (مونث) بے توجہی۔ بے لحاظی۔ بے مروتی (کرنا۔ ہونا کیساتھ)۔ بے رضا (صفت) بلا مرضی۔ بغیر اجازت۔ بیرنگ (صفت) ۱۔ بے موقع ۲۔ بے لطف۔ پھیکا۔ بیرنگی (مونث) وہ حالت جس میں خدا کے سوا کسی سے تعلق نہیں رہتا۔ بیرو (صفت) بے حیا۔ ڈھیٹ

بے شرم ۲ بے رحم۔ بے رُوپ (مؤنث) ۱ بدشکل۔ بدنما بدصورت ۲ بے آب۔ بے رونق (کردینا کرنا ہونا کے ساتھ) بے روتا (صفت) بدقسمت۔ بے روزگار (صفت) نوکری سے موقوف جس کو کوئی آمدنی کا ذریعہ نہ ہو۔ بے روزگاری (مؤنث) آمدنی کا نہ ہونا۔ کام کا نہ ملنا۔ خالی رہنے کا زمانہ۔ بے روزہ (صفت) بغیر روزہ رکھے ہوئے۔ بے روزی (صفت) ۱ بغیر آمدنی۔ بغیر خوراک روزانہ ۲ بدقسمت۔ بے روغن چراغ جلنا مشکل ہے۔ روپیہ بغیر کیا ہوسکتا ہے بے روک ٹوک (صفت) بے اندیشہ۔ بے خوف وخطر۔ بے تکلف۔ اطمینان سے۔ بغیر روک کے جانے کے۔ بے رونق (صفت) ۱ بے لطف ۲ بغیر چہل پہل کے ۳ جس پر تازگی یا طراوت نہ ہو (کرنا ہونا کے ساتھ) بے رونقی (مؤنث) ۱ چہل پہل کا نہ ہونا سنسان ہونا ۲ تازگی یا طراوت کا نہ ہونا۔ بے رونقی چھا جانا (لازم) سنسان ہوجانا۔ بے روہت (صفت) بے رونق۔ بے رہی (صفت) بے راہی۔ بے رُوئی (مؤنث) ۱ بے شرمی بے حیائی ۲ سنگدلی بے رحمی۔ بے ریا (صفت) مخلص۔ صاف باطن۔ بے ریائی (مؤنث) صاف باطنی۔ صاف دلی۔ بے ریب وریا (صفت) بے ریا۔ بے ریش۔ بے ریشا (صفت) ۱ وہ شخص جس کے داڑھی مونچھیں نہ نکلی ہوں ۲ امرد۔ بے ریشہ (صفت) جس میں ریشے نہ ہوں۔ جیسے بے ریشہ آم یا گوشت بے ریو و ریب (تف) بغیر فریب و شک۔ بلانقص بیزار (صفت) ناراض۔ ناخوش ۲ افسردہ۔ پریشان ۳ بیمار (کرنا ہونا کے ساتھ) بیزاری (مؤنث) ناراضگی نفرت تھکاوٹ۔ بے زبان (صفت) ۱ خاموش کم سخن۔ کم بولنے والا۔ غریب مسکین۔ وہ جو اپنا حال خود بیان نہ کرسکے ۲ گونگا حیوان۔ بے زبانی (مؤنث) گونگاپن۔ بول نہ سکنا۔ بے زر (صفت) غریب مفلس۔ بے زر عشق ہیں نہیں۔ بغیر روپے کے عشق و عاشقی نہیں ہوسکتی۔ بے زری (مؤنث) افلاس۔ غربت۔ افلاسی۔ مفلسی۔ بے زن و فرزند (صفت) بغیر بیوی بچوں کے۔ بے زوال (صفت) نہ گھٹنے والا۔ قایم۔ پایدار۔ بے زہرا (صفت) ۱ بغیر پتے کے ۲ بغیر غصے یا کینے کے ۳ ڈرپوک۔ بے زیب و زینت (صفت) بدشکل و بدوضع۔ بدنما لباس پہنے ہوئے۔ بے زیر کئے بغیر نیچا کئے بغیر گرائے بغیر شکست

دیئے۔ بے زین (صفت) ۱ بغیر زین کے ننگی پیٹھ۔ (گھوڑا) بے زین سواری کا مٹھنا (متعدی) گھوڑے پر ننگی پیٹھ سواری کرنا ۲ زنا کرنا۔ بے ساختگی (صفت) سادگی۔ بھولاپن۔ سیدھا پن۔ بیساختہ (صفت) ۱ فی البدیہہ۔ بے غور و فکر۔ بے تکلف ۲ بے قصد۔ بے ارادہ ۳ فوراً۔ بیساختہ پن (مذکر) سادگی۔ بے ساز بے ساز و سامان۔ بے سامان (صفت) ۱ بغیر مال و اسباب کے۔ بغیر لوریا بستر کے ۲ بغیر آلات و ہتھیار کے۔ بے سامانی (مؤنث) مفلسی۔ بے زری۔ مال و اسباب کی محتاجی۔ بے سبب (صفت) بلا نتیجہ۔ بے ضرورت۔ بے وجہ۔ بے سَت (صفت) بے قابو۔ بے طاقت۔ بے ستری (صفت) ۱ بے پردگی ننگاپن ۲ بے عزتی۔ بے حرمتی ۳ بے شرمی۔ بے حیائی۔ بے ستوں (صفت) ۱ بغیر ستونوں یا پایوں کا ۲ بے بنیاد ۳ ہیچ۔ ناچیز۔ حقیر ۴ بکھو بیہودہ۔ بے سج (صفت) بدشکل۔ بدزیب۔ بے سخن (صفت) خاموش۔ چپ۔ بے سدھ۔ بے سدھ بدھ (صفت) بیہوش۔ مدہوش۔ بے سر (صفت) ۱ بغیر سر کے ۲ بغیر پہلے حرف کے۔ بے سرا (صفت) ۱ بلا سر بلا رہنما یا ہادی ۲ بدچلن آوارہ۔ خودسر خودرائے۔ لاوارث جس کا کوئی والی وارث نہ ہو۔ بے سُرا (صفت) بد آواز ۲ بے تالا جس کی آواز خلاف قاعدہ موسیقی اونچی نیچی ہوتی ہو۔ بے سر (پاؤں کا) پیرکا (صفت) مہمل۔ فضول۔ بے سُرت (صفت) ۱ بے ہوش ۲ بیوقوف احمق (پڑجانا۔ ہوجانا ہونا کے ساتھ) بے سرو پا (صفت) ۱ بے بنیاد۔ مہمل۔ لغو ۲ آوارہ۔ بے ٹھکانے۔ ۳ عاشق۔ بے سروسامان (صفت) غریب۔ محتاج مفلس۔ بے سُری آواز (مؤنث) وہ آواز جو سُروں سے میل نہ کھائے۔ بے سَری فوج لشکر بغیر سردار کے۔ بے سُقم (صفت) بغیر نقص۔ بے عیب۔ بے سلیقگی (مؤنث) بیڈھنگاپن۔ بدتمیزی۔ بدتہذیبی۔ بے سلیقہ (صفت) بدتمیز پھوہڑ۔ بے ہنر۔ بدانتظام۔ بے سمجھ (صفت) بیوقوف۔ بے عقل۔ بے سوچ (صفت) لاپرواہ۔ بے فکر۔ بے خبر۔ بے سوچے (سمجھے) (تابع فعل) بے پرواہی سے۔ بغیر احتیاط کے بغیر سوچ بچار۔ بے سود (صفت) بے فائدہ۔ عبث۔ بے نتیجہ۔ بے سیاق (صفت) بے قاعدہ۔ بے سیل (صفت) بے شرم۔ بے حیا۔ بے شاہد (صفت) بغیر گواہ۔ بے شائبہ یقیناً۔ بے شبہ۔ بے شُبہ (صفت) یقیناً۔

بے شک۔ بے شر۔ شرارت نہ کرنے والا بھلامانس۔ شریف۔ بے شرف (صفت) بغیر عزت یا شوکت۔ بے شرم (صفت) ۱ بے حیا ۲ بے ادب۔ گستاخ۔ بے شرمی (مؤنث) بے حیائی۔ بے شعور (صفت) بے عقل۔ نادان ۲ بے تمیز۔ ناشائستہ۔ بے شعوری (مؤنث) بے عقلی۔ نادانی ۲ بدتمیزی۔ بے شفقت (صفت) نامہربان۔ سخت۔ بے شک (و ریب) (و شبہ) (صفت) یقیناً۔ ضرور۔ بے شمار (صفت) ان گنت بے گنتی۔ بے انتہا۔ بہت۔ بے صبر (صفت) جس میں طاقت صبر نہ رہی ہو۔ ناصبور ۲ بیچین۔ بے قرار۔ بے صبرا (عو) بے صبر۔ بے صبر ہونا (لازم) بیزار ہونا۔ بیچین ہونا ۲ طاقت صبر نہ رہنا۔ بے صبری (مؤنث) بے قراری۔ گھبراہٹ۔ اضطراب۔ بے صَبُوری (مؤنث) بے صبری۔ بے صرفہ (صفت) ۱ بے انتہا۔ بہت زیادہ ۲ بے احتیاطی سے۔ بے صلاح (تف) ۱ بغیر مشورے ۲ (مؤنث) منہ زور سرکش۔ بے ضابطگی (مؤنث) بیقاعدگی۔ بے ضابطہ (صفت) بے قاعدہ۔ خلاف قانون۔ خلاف دستور۔ بے ضبط (صفت) ۱ بے قاعدہ ۲ جو اپنے آپ کو روک نہ سکے۔ بے لگام۔ آزاد۔ بے ضبط و ربط (صفت) ۱ بے قاعدہ و قانون ۲ بے ترتیب۔ بے ضرورت (تف) بلاضرورت۔ بغیر ضرورت کے۔ بے طاقت (صفت) کمزور۔ ناتواں ضعیف۔ بے طاقتی (مؤنث) کمزوری۔ بے طالع (صفت) کمبخت بدبخت۔ بدقسمت۔ بے طالعی (مؤنث) بدقسمتی۔ بدبختی۔ کمبختی۔ بے طرح (صفت) ۱ بیڈھب۔ غضب کا ۲ حد سے زیادہ ۳ وہ غزل جو طرح کے خلاف مشاعرے میں پڑھی جائے ۴ (تف) بُرے انداز سے۔ بُرے طریقے سے۔ بے طرفدار (صفت) جو کسی کی طرف نہ ہو ۲ جو کسی دھڑے کا نہ ہو۔ بے طرفداری (مؤنث) کسی کی طرف نہ ہونا۔ الگ تھلگ رہنا۔ بے طریق (تف) ناجائز طور پر۔ بے طریق ہاتھ لگانا (متعدی) زنا کرنا۔ بے طلب (صفت) ۱ بن بلائے ۲ بغیر اجازت بے طمع (صفت) بغیر لالچ۔ مستغنی۔ بے طمعی (مؤنث) استغنا۔ بے طور (صفت) بُری طرح بہت زیادہ ۲ بدتہذیب گستاخ۔ بے طور نظر آنا (لازم) غصہ میں ہونا۔ معمول سے مختلف حالت میں ہونا۔ بے عبرت (صفت) جس پر مثال کا اثر نہ ہو۔ بے خوف۔ نڈر۔ بے عزت (صفت) ۱ ذلیل۔ رسوا ۲ بے توقیر

بے حرمت۔ بے عزتی (مونث) بے حرمتی۔
ذلت۔ رسوائی (کرانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) بے عادل
(صفت) نا منصف۔ ظالم۔ بے عدیل (صفت)
بے نظیر۔ جس کے برابر کوئی نہ ہو۔ بے عقل (صفت)
احمق۔ نادان۔ بے عقلی (مونث) بیوقوفی۔ نادانی۔
بے علت (صفت) بے سبب۔ بےوجہ۔ بے عنوانی
(مونث) بے قاعدگی۔ بدچلنی۔ بے عیب (صفت)
بغیر نقص۔ بے داغ۔ بے غایت (صفت) بے
انتہا۔ بے پایاں۔ بے غرض (صفت) بے پروا۔ بے
تعلق۔ الگ۔ بے غرضانہ (تف)
بے غرضی سے۔ بلا طرفداری۔ بے غرضی (مونث)
بے تعلقی۔ بے پروائی۔ بے غل و غش (صفت)
بلا تکلیف۔ بے دریغ۔ بے تکلف۔ اناپ شناپ
اندھا دھند۔ (تف) کثرت۔ افراط سے۔ بیفکری
سے بے پروائی۔ بے غم (صفت) بے فکر۔
بغیر تردد۔ بے غمی (مونث) بے فکری۔ بے غور
(صفت) بلا سوچے سمجھے۔ بغیر تامل کے (تف)
لاپروائی سے۔ بے غیرت (صفت)
بے حمیت۔ بے حیا۔ تہذیب۔ غیر مہذب۔
گستاخ۔ بے چلن۔ شریر۔ بدکار۔ بے غیرتی
(مونث) بے حیائی۔ بے شرمی وغیرہ۔ بے غیرتی
پر کمر باندھنا (متعدی) بے حیائی پر آمادہ ہونا۔
بے شرم بن جانا۔ بے غیرتی کا ٹھیکرا آنکھوں
پر رکھنا) جامہ پہننا (متعدی) بیحیا بن جانا۔
بے غیرتی کا خدا بھلا کرے۔ جب کوئی چیز
مانگے جس کا وہ اہل نہ ہو تو کہتے ہیں۔ بے فائدہ
(صفت) فضول۔ بیکار۔ بغیر کسی مطلب یا فائدے
کے۔ بے فصل (صفت) بے موسم۔ بیوقت۔
بغیر فرق کے۔ مسلسل۔ بے فصل کی بہار (صفت)
وہ بہار جو موسم کے خلاف ہو یا بے وقت ہو۔
خوانچے والوں کی صدا جب کوئی بے موسم پھل
بیچ رہے ہوں۔ بے فضول (صفت) دیکھو فضول
بے فکرا (صفت) بے پروا۔ آزاد۔ ناعاقبت اندیش
رنگین مزاج۔ بے فکری (مونث) لاپروائی۔ کسی
بات کا اندیشہ نہ ہونا۔ قناعت۔ تسکین۔ بے
فہمید (صفت) جسے مشکل سے سمجھ آئے۔
بیوقوف۔ نادان۔ بے فیض جس سے کسی کو
فائدہ نہ ہو۔ (صفت) بخیل۔ کنجوس۔ بے قابو

(صفت) بس سے باہر۔ بے اختیار۔ بے قاعدگی
(مونث) قاعدے کے برخلاف بات یا کام۔ بے ترتیبی
بے قاعدہ (صفت) بے ترتیب۔ قاعدے یا
اصول کے خلاف۔ بیقدر (صفت) بے عزت
بے رتبہ۔ ناچیز۔ ناکارہ۔ خراب۔ بے وقعت۔
بے قدرا (صفت) وہ جو کسی خوبی یا ہنر کی داد
نہ دے یا دینے کے قابل نہ ہو۔ حق ناشناس۔
بے قدری (مونث) بے وقعتی۔ بے عزتی۔
فضیحت۔ ذلت۔ مذمت۔ بے قرار (صفت) مضطرب
بے چین۔ پریشان۔ بے کل (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
بے قراری (مونث) بے چینی۔ اضطراب۔ بے
قرینے (صفت) بے ترتیب۔ بے ٹھکانے۔ بیموقع۔
کوڑ بڑ۔ پریشان۔ بے قصد (صفت) بلا ارادہ۔
دفعتاً۔ یونہی۔ بے قصور (صفت) بے گناہ
بے خطا۔ معصوم۔ پاک۔ بے الزام۔ بے قضا
مارنا (متعدی) بے موت مارنا۔ بے قلعی (صفت)
جس پر قلعی نہ ہو (برتن)۔ بے قول (صفت)
بے ایمان۔ دغاباز۔ بات سے پھر جانے والا۔
بے قیاس (صفت) بے شمار۔ بے انتہا۔ بےحساب
بے قید (صفت) آزاد۔ بغیر بندش۔ مطلق العنان۔
آوارہ۔ بے روک۔ بے کاج۔ بیکار۔ بے کام
(صفت) بے شغل۔ بے روزگار۔ نوکری سے
علیحدہ۔ ناچیز۔ نکما۔ بے قدر۔ ناقص۔ ناکارہ۔
بیکار بیٹھنا (لازم) کچھ کام نہ کرنا۔ بیکاری
بے روزگاری۔ کوئی کام نہ ملنا۔ بے مشغلہ ہونا۔
خانہ نشینی۔ بے کارن (صفت) بیوجہ۔ بلا ارادہ
بے فائدہ۔ بے کام (صفت) ناامید۔ نامراد۔ مایوس
ناراض۔ بے کنائی (صفت) بغیر دلائی یا کنٹاپ۔
بے کراں (صفت) بیحد۔ بے انتہا۔ بے کس
(صفت) تنہا۔ بے یار و مددگار۔ محتاج۔ غریب۔
عاجز۔ لاچار۔ بے کسانہ (صفت) تنہا۔ بے یار و
مددگار وغیرہ (تف) عاجزی کے طریقے سے۔ بغیر امداد
یا مددگار کے۔ بے کس کا لنگا (عف) طویل القامت
بے کسی (مونث) عاجزی۔ لاچاری وغیرہ۔ بے
کفن (صفت) بغیر کفن کے۔ بے کفنی (مونث)
بغیر کفن دفن ہونا۔ بیکل (صفت) بے چین۔
بے آرام۔ بے قراری۔ بے ترتیب۔ اپنی جگہ سے
ہٹ جانا۔ بیکلی (مونث) بے چینی وغیرہ۔ بے
کلیجے (صفت) دیکھو بے جگر۔ بے کم و کاست

(صفت) بغیر گھٹائے بڑھائے۔ صحیح صحیح۔ درست
ٹھیک۔ کمل۔ بے کھٹکا (صفت) بے خوف و خطر
بے کھٹکے (تف) بغیر خطرے یا ڈر کے۔ بے
کیف و کم (صفت) ٹھیک ٹھیک۔ درست۔
بے کینڈے (صفت) بدقطع۔ بھدا۔ بیگانگی
(مونث) غیریت۔ بے تعلقی۔ بیگانہ (صفت)
غیر۔ ناآشنا۔ ناواقف۔ اجنبی۔ پرایا۔ دوسرے
کا۔ پردیسی۔ (سبزہ) خود رو۔ بیگانہ خو (صفت)
وہ جس کی سرشت میں میل جول نہ ہو۔ اکھڑ۔ غیر مانوس
بیگانہ وار۔ بیگانہ وش (صفت) دیکھو بیگانہ خو۔ اجنبی کی طرح
بیگانے بردے آزاد کرنا (متعدی) غیر کے مال پر فیاضی دکھانا
بیگاہ (صفت) بے وقت۔ بے موسم۔ بیگماں (تف) بیشک۔
بے شبہ۔ بیگناہ (صفت) بے قصور۔ بے جرم۔ ناحق۔ بیوجہ
بیگناہی (مونث) بے جرم ہونا۔ بے قصور
ہونا۔ معصومیت۔ بے قصوری۔ بے گنت
بے گنتی (صفت) بے شمار۔ بے انتہا۔ بےحساب۔
بے گور و کفن (صفت) وہ جسے کفن نہ ڈالا جائے
اور دفن نہ کیا جائے۔ بے گھاٹ (صفت)
ناقابل گزر۔ بغیر سیڑھیوں یا گھاٹ کے۔ بے
گھرا (صفت) جس کا گھر بار نہ ہو۔ بے خانماں۔
بے گھر و گھاٹ (صفت) دیکھو بے گھرا۔
آوارہ۔ بے لاج (صفت) بے شرم۔ بےحیا
گستاخ۔ بے لاگ (صفت) بغیر طرفداری
کے۔ صاف۔ کھرا۔ جس کا کسی کے ساتھ تعلق
نہ ہو۔ انصاف کرنے والا۔ کسی کی رعایت نہ کرنیوالا۔
بے تعلق۔ بے لاگ سنانا (متعدی) صلواتیں
سنانا۔ بیحد گالیاں دینا۔ بے لاگ لپیٹ
(صفت) بغیر کسی جنبہ داری کے۔ صاف صاف
بے لباس (صفت) ننگا۔ عریاں۔ بے لباسی
(مونث) عریانی۔ ننگاپن۔ بے لحاظ (صفت)
بے شرم۔ بے حیا۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے لحاظی
(مونث) گستاخی وغیرہ۔ بے لڑے بھڑے
(تف) بغیر لڑائی کے۔ بے لطف (صفت) نامہربان
بے شفقت۔ بے مزا۔ بے ذائقہ۔ بے نمک۔
بے لطفی (مونث) بے مزگی۔ نامہربانی وغیرہ۔ بے لگام
(صفت) گھوڑا بغیر لگام کے۔ مجازاً سرکش۔ منہ پھٹ
آزاد۔ گستاخ۔ بے ادب۔ بے قابو۔ بے روک۔
بے لگاؤ (صفت) بے جوڑ۔ بے ربط۔ علیحدہ۔
الگ۔ جدا۔ بے تعلق۔ غیر جانبداری۔ بے لو

(صفت) ۱ بغیر حوصلہ۔ بے حوصلہ ۲ سنگ دل۔
بے لوث (صفت) ۱ خالص۔ بے آمیزش ۲ پاک صاف۔ بے لئے دِئے (صفت) بغیر خرچ کرنے کے۔ بغیر رشوت دینے کے۔ بے مات (صفت) سوتیلا سوتیلی۔ بے مار کی توبہ (مونث) جب کوئی شخص بغیر وجہ کے رُوتا ہے تو کہتے ہیں۔ بے مارے مرنا (لازم) بے موت مرنا۔ قبل از وقت مرنا۔ بے مان (صفت) بے عزت۔ رسوا۔ ذلیل۔ خوار۔ بے مانند (صفت) بے مثل۔ بے ما و من (صفت) بیخود۔ جسے تن بدن کا ہوش نہ رہے۔ بے مایہ (صفت) مفلس۔ محتاج بے مائیگی (مونث) غربت۔ مفلسی۔ بے مثال یا مثل (صفت) لاجواب۔ بے نظیر۔ بے محابا (صفت) ۱ بے دھڑک۔ بے خوف ۲ بے تکلف بے جھجک ۳ بے حجاب۔ بے محاسبہ (تف) بے سوچے سمجھے۔ اٹکل پچو۔ بری الذمہ۔ بے مواخذہ۔ بے محل (صفت) ۱ بیموقع۔ بے ڈھب ۲ بیجا۔ بے وقت بے محل بات (مونث) ۱ بے موقع بات ۲ ناجائز فعل۔ بے مروت (صفت) ۱ طوطا چشم۔ جسے کسی کا لحاظ نہ ہو ۲ ظالم۔ نامہربان۔ بے مروتی (مونث) طوطا چشمی وغیرہ۔ بے مزگی (مونث) ۱ ملالت۔ ناسازگی ۲ رنجش۔ ملال (دوستوں میں) ۳ خرابی۔ بے لطفی ۴ پھیکا پن۔ بے نمکی۔ بے مزہ (صفت) ۱ بدذائقہ۔ خراب۔ بے لطف ۲ رنجیدہ۔ ناخوش ۳ علیل۔ ناساز۔ بے مصرف (صفت) ۱ بیکار۔ نکما ۲ بے فائدہ۔ بے نتیجہ۔ بے معنی (صفت) ۱ فضول۔ لغو۔ بیہودہ ۲ جس کا کچھ مفہوم نہ ہو (لفظ)۔ مہمل۔ بے معنی بات (مونث) فضول لغو یا مہمل بات۔ بے معین (صفت) غیر معین۔ غیر مشخص جس کی کوئی حد نہ مقرر کی گئی ہو۔ بے مغز (صفت) ۱ خالی۔ کھوکھلا ۲ بیوقوف۔ بے عقل ۳ پوچ۔ لچر۔ سبک۔ بے مقدار (صفت) بے وقار۔ بے وقعت۔ بے مَن (صفت) بد دل۔ بیدل۔ بے منت (صفت) بغیر احسان اٹھائے یار کھے ۲ بے پروا۔ بے نیاز ۳ بے سوچ بچار و بلا تردد۔ بلا تکلف۔ بیدریغ۔ بے منتا (مذکر) ۱ بھنگ چھاننے کی صافی ۲ وہ دوشاخہ لکڑی جس میں صافی باندھکر ایک شخص بھنگ چھان سکتا ہے۔ بے موت مارنا (متعدی) مرنا (لازم) ۱ قبل از وقت مرنا یا قتل ہونا ۲ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ بے موجب (صفت) بیموقع۔ خلاف دستور ۲ بے وجہ بے سبب ۳ ناحق۔ بے جا۔ بے موسم (صفت) ۱ بے وقت۔ بے رُت۔ بے موقع (صفت) ۱ بے محل۔ بے وقت ۲ نازیبا۔ نامناسب۔ بے مہار (صفت) آزاد۔ بے روک ۲ آوارہ۔ بے مہر (صفت) بے محبت بے رحم۔ بے مہری (مونث) بے رحمی۔ بے میل۔ انمیل جو کسی سے مطابقت نہ کھائے۔ بے ناپ (صفت) ۱ ان ناپا ہوا ۲ بے انتہا۔ بے ناپ کا پٹہ (مذکر) وُہ پٹہ جو پلنے کرائے یا لگان کو قایم رکھے۔ بے نام (صفت) گمنام۔ بے نام و نشان (صفت) بے پتہ بے ٹھکانے۔ وُہ گمنام شخص جس کا پتہ نہ لگے۔ بے ناموسی (مونث) بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بے نامی (صفت) گمنام بے نصیب (صفت) بدنصیب۔ تہی قسمت۔ محروم بے نصیبی (مونث) بدقسمتی۔ کمبختی۔ بے نظیر (صفت) بے بدل۔ لاثانی۔ لاجواب۔ بے مثل۔ بے نقط (صفت) بغیر نقطے کے۔ بے نقط سنانا یا گالیاں دینا (متعدی) فحش گالیاں دینا۔ بے تکی شا گالیاں دینا۔ بے نماز (صفت) ۱ تارک نماز۔ نماز نہ پڑھنے والا ۲ حائضہ۔ ایام ماہواری سے ۳ ناپاک۔ بے نماز ہونا (عو) حیض سے ہونا۔ بے نمک (صفت) ۱ بے مزہ۔ بغیر ذائقہ۔ پھیکا۔ ۲ برا۔ بیرونق۔ ناگوار ۳ بغیر شوخی کا ۴ جس میں نمک نہ پڑا ہو۔ بے نمک آواز (صفت) بے اثر آواز۔ آواز جو رسیلی نہ ہو۔ بے لطف آواز۔ بے ننگ (صفت) بے شرم۔ بے ننگ و ناموس (صفت) ۱ بے شرم۔ بے حیا ۲ بد چلن۔ بدوضع۔ آزاد۔ بے نوا (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ جو مذہبی قیدوں سے آزاد رہتا ہے۔ (صفت) بے سامان بیکس۔ بینوائی (مونث) مفلسی۔ غربت۔ افلاس۔ محتاجی۔ بینوائی کرنا۔ بے نوا فقیروں کا طریقہ اختیار کرنا۔ بے نوری (مونث) تاریکی۔ روشنی کا نہ ہونا۔ بے نہایت (صفت) بیحد۔ بے پایاں۔ بے نیاز (صفت) ۱ وُہ جو کسی کا محتاج نہ ہو ۲ بے پروا۔ آزاد ۳ جسے کسی چیز کی ضرورت نہ ہو یہ خدا کی صفت۔ بے نیازی (صفت) ۱ بے پروائی ۲ کسی چیز کی ضرورت نہ رہنا ۳ آزادی۔ خود مختاری۔ بے نیل مرام یا مقصود (صفت) ناکامیاب نامراد۔ بغیر حصول مطلب۔ بے نیام (صفت) ننگی ۲ (تلوار) نیام سے باہر ۳ بے روک ٹوک۔ بے نیام کرنا (متعدی) تلوار نیام سے باہر نکالنا۔ بے وارثا (صفت) بیکس۔ بغیر والی وارث۔ بے وارث مال (مذکر) وُہ مال جس کو کوئی لینے والا نہ ہو۔ بے وارثی (صفت مونث) وُہ جس کا خاوند مرجائے۔ وُہ جس کا کوئی مرد رشتہ دار نہ ہو نا (کھلانا ہونا کے ساتھ)۔ بیواسطہ۔

بیواسطے (صفت) ۱ بے وسیلہ۔ بے ذریعہ ۲ خواہ مخواہ۔ بے سبب ۳ خدا واسطے۔ ناحق۔ بے وجہ (صفت) بغیر کسی سبب کے۔ بے وحدت (صفت) ۱ بے حیا۔ بے شرم ۲ بے ادب۔ بدلحاظ ۳ بیہودہ۔ ابتذ۔ بے وطن (صفت) پردیسی (مذکر) جلا وطن آدمی۔ بیوطنی (صفت) پردیس میں ہونا۔ اکیلا اپنے شہر سے دُور ہونا۔ جلا وطنی۔ بے وفا (صفت) ۱ بدعہد۔ وُہ جو وعدے کا پکا نہ ہو ۲ وُہ شخص جو دوست کو دغا دے۔ نمکحرام ۳ بے مروت ۴ ناشکرگزار۔ بے وفائی (صفت) ۱ بدعہدی ۲ دغابازی۔ نمکحرامی ۳ بدکاری۔ حرامکاری ۴ ناشکرگزاری بے مروتی۔ بے وقت (صفت) ۱ بے موقع۔ بے موسم ۲ جو وقت کے خلاف ہو (راگ) ۳ اچانک ناگہاں (موت)۔ بے وقت کا الاپ (مذکر) خواہ مخواہ کا جھگڑا نامناسب جھگڑا۔ بے وقت کا راگ (مذکر) بے موقعہ بات۔ بے وقت کی چڑھنا۔ نامناسب فعل کرنا۔ بے موقعہ نشہ ہونا۔ بے وقت کی راگنی (مونث) بے موقعہ بات۔ بے وقت کی سوجھنا۔ نامناسب فعل کرنا۔ بے وقت کی شہنائی (مونث) بے موقع بات بے وقر (صفت) ۱ بے عزت۔ ذلیل۔ خوار ۲ فرومایہ سبکسر ۳ اوچھا۔ کم ظرف۔ بے وقری (مونث) بے عزتی۔ ذلت وغیرہ۔ بے وقعت (صفت) ۱ بے غیرت۔ بے شرم ۲ بے اعتبار۔ بے وزن ۳ بے عزت ذلیل۔ بیوقوف (صفت) کم عقل۔ احمق۔ نادان (بنا بنانا کے ساتھ)۔ بیوقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں۔ بیوقوف کی کوئی ظاہری شناخت نہیں وہ اپنی باتوں اور اپنے کاموں سے پہچانا جاتا ہے۔ بیوقوفی (مونث) نادانی۔ حماقت (مذاق) اولاد بیہودہ۔ دیکھو بیہودہ۔ بے ہمت (صفت) کم حوصلہ۔ پست ارادہ۔ سست۔ کاہل مجہول۔ بے ہمتا۔ (صفت) بے بدل۔ بے نظیر خدا کی صفت۔ بے ہمتی (مونث) نامردی۔ بزدلی۔ کم ہمتی۔ بیہمال (صفت) لاثانی۔ بے نظیر خدا کی صفت۔ بے ہمہ و با ہمہ (صفت) ۱ لفظی معنی کسی کے ساتھ نہیں اور سب کے ساتھ ۲ خدا کی صفت ۳ وُہ شخص جو لوگوں سے میل جول رکھے اور کسی کے ساتھ جھگڑا نہ کرے۔ بے ہنر (صفت) کام نہ جاننے والا ۲ اناڑی۔ ناواقف۔ پھوہڑ۔ بے ہنرا (مذکر)۔ بے ہنری ۱ (مونث صفت) ۱ بے ہنر (عورت) ۲ (مونث) پھوہڑپن۔ ناواقفیت ہنر۔ بے ہنگام (صفت) ۱ بیوقت ۲

بیوقوف ۔ بے ہنگم (عف) ا۔ بیڈول۔ بھدا ۲ بیوقت۔ بموقع ۳ بے ہنگام ۔ بگڑا ہوا ہے ۔ بیہودگی (مونث) ا۔ خرابی۔ بداسلوبی ۲ بے سلیقگی۔ پھوہڑپن ۳ نالائقی۔ حماقت بیوقوفی ۴ ناشائستگی۔ بدتہذیبی۔ بیہودہ (صفت) فضول بے فائدہ ۔ بے سود ۲ لغو۔ واہیات ۳ مفلس۔ خراب نکما ۴ ناشائستہ۔ غیر مہذب ۵ آوارہ۔ سرگرداں ۶ ناحق۔ باطل بیہودہ باتیں (مونث) فضول باتیں۔ بکواس۔ بک جھک۔ بیہودہ بکنا (متعدی) بکواس کرنا۔ فضول باتیں کرنا۔ بیہودہ پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ بیہودہ گو فضول بکنے والا۔ بیہودہ گوئی (مونث) فضول گفتگو۔ بکواس۔ بیہوش (صفت) غش میں ۔ نشے میں۔ نیند میں ۲ مکسن ۳ بدحواس۔ پریشان ۴ فریفتہ۔ شیدا ۵ غافل۔ بے خبر ناواقف ۶ مدہوش (کردینا کرنا ہوجانا ہونا کے ساتھ) بے ہوشی (صفت) ا غش۔ نشہ۔ مدہوشی ۲ بیوقوفی نادانی۔ بیہوشی طاری ہونا (لازم) غش آنا بیہوش ہو جانا۔ بے ایچ (صفت) بے سبب بے وجہ۔ یونہی بے یارو (مددگار یا یاور) (صفت) بیکس۔ بیچارہ۔ لاوارث

امثال واقوال۔ بے ادب بے نصیب۔ باادب بانصیب۔ دیکھو ادب الخ بے بلائے خدا کے پاس (گھر یا یہاں) بھی نہیں جاتے۔ بغیر طلب کہیں نہیں جانا چاہئے اپنی خودداری ظاہر کرنے کو کہا جاتا ہے بے بوجھ نگری بے بوجھ راجہ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا۔ بیوقوف حاکم کی بدانتظامی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ بے بیاہی کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں۔ لڑکیوں کی شادی پر بہت سا خرچ ہونے پر طنز ہے۔ بے تکلفی نفرت کا موجب ہے بے تکلفی میں نفرت پیدا ہوجاتی ہے اور دوستی جاتی رہتی ہے۔ بے بھا نگ چوری نہیں ہوتی۔ چوری مخبری اور سازش سے ہوتی ہے۔ بے حیا کی رد بلا۔ بے غیرت کو کچھ پروا نہیں ہوتی۔ وہ جس طرح ہو کام نکال لیتا ہے۔ بے حیا کے پیچھے روکھ جما اس نے کہا چھاؤں ہوئی۔ بے شرم آدمی بری سے بری بات کے لئے بھی کوئی نہ کوئی عذر پیش کر دیتا ہے۔ بے خار گل نہیں۔ فائدے کے ساتھ تکلیف بھی ہوتی ہے۔ بیدرد قصائی کیا جانے پیڑ پرائی۔ ظالم کو مظلوم کی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔ ایک شخص دوسرے کی تکلیف کا اندازہ نہیں کرسکتا۔ بیدل چاکر دشمن برابر۔

نوکر کو مالک بیجا تکلیف دے تو وہ دشمن ہوجاتا ہے بے دھرما بھئی اور بہنا کے ساتھ (ھ) مذہب بھی چھوڑا تو ایک دھنئے کے لئے۔ اس وقت کہتے ہیں جب کوئی فائدے کے لئے بے عزتی کا کام کرے۔ اور اس میں اُلٹا نقصان ہو۔ بیدل نوکر دشمن برابر۔ نوکر اگر بے دلی سے کام کرے۔ بے روئے لڑکا بھی دودھ نہیں پاتا۔ بغیر کوشش کے کچھ نہیں ملتا۔ بے ریاضت نتواں شہرۂ آفاق شدن۔ بغیر محنت کے دنیا میں ناموری حاصل نہیں ہوسکتی۔ بے زر بشنی بھڑوے برابر۔ عیاش آدمی کے پاس روپیہ نہ ہو تو وہ رنڈیوں کی چلمیں بھرنے لگتا ہے اور اس کی حالت بھڑوؤں جیسی ہوجاتی ہے۔ بے زر عشق ٹیں ٹیں مفلسی کی عشق بازی بری بے زر کا مرد بلی۔ گھر میں رہے کہ دلی مفلسی مرد کو مسکین بنا دیتی ہے بے زر مرد نپنسک (ھ) بے مایہ نامرد ہوجاتا ہے۔ بے سوادوں کا کیا سواد چھاچھ نہیں بلوئی توان بلوئی سہی مطلب ہوجائے کسی طرح ہو۔ جو ملتا ہے اُسے نہیں چھوڑتے۔ استغنا ظاہر کرکے اچھی چیز مانگنا بے عیب ذاتِ خدا ہے۔ خدا میں کچھ نقص نہیں۔ باقی ہر چیز میں کچھ نہ کچھ نقص ضرور ہوتا ہے بے فکری عجیب چیز ہے۔ جب کسی بات کی فکر نہ ہو تو انسان بڑے مزے سے عمر گزارتا ہے بے فیض اگر یوسف ثانی ہے تو کیا ہے جس سے اپنا مطلب پورا نہ ہو وہ کسی کام کا نہیں۔ بے فیض سے مرغی بھلی جو انڈے دیوے تیس۔ سالگ رام سے چکّی بھلی جو دنیا (عالم) کھاوے پیس۔ بے فیض امیر سے غریب اچھا جو لوگوں کا کام کردے۔ بیکار مباش کچھ کیا کر کپڑے ہی ادھیڑ کر سیا کر۔ بیکار رہنے سے کچھ نہ کچھ کرنا ہی بہتر ہے۔ بیکاری بھکاری۔ بیکار آدمی کو مانگ کر گزارہ کرنا پڑتا ہے۔ بیکاری سے بیگاری بھلی۔ اس سے بیگار کا کام کرنا بھلا ہے کہ کچھ نہ کیا جائے بیکاری میں شیطانی سوجھتی ہے۔ بیکار آدمی شرارتیں کرتا ہے بیگانہ سر سیری برابر (کی جگہ) بیگانہ سر کدو برابر۔ جب کوئی کسی کے سر کی قسم کھائے تو کہتے ہیں۔ بیگانی آس ہنت اُپاس۔ دوسروں پر بھروسہ کرنیوالا

ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔ اپنے بل پر کام کرنا چاہئے۔ دوسروں کا مُنہ نہیں تکنا چاہئے۔ بیگا نے بھروسے پر کھیلا جوا آج نہیں موا کل موا۔ غیر کے بھروسے پر کام کرنے والا ہمیشہ خراب ہوتا ہے۔ بیگانی تھیلی کا مُنہ سکڑا۔ دینے والا چاہے کتنا دے۔ لینے والے کو یہی خیال ہوتا ہے کہ کافی نہیں۔ بیگانی چھاچھ پر مونچھ مُنڈائی دوسرے کی دولت پر غرور کرنا۔ بیگانے فلانے (لوڑے) پر شکرا پالا۔ دوسرے کے بھروسے پر کوئی کام اپنے ذمے لیا۔ بیگانے کارن لولی نوڑنا (توڑے ٹانگ) (ھ) دوسروں کے لئے اپنا نقصان کرے۔ بیگانی کھتی (بیگانے کھتے) پر جھینگر ناچے۔ اس شخص کے متعلق بولتے ہیں۔ جو رشتہ داروں کے مال و دولت پر فخر کرے بے گھرنی گھر بھوت کا ڈیرہ (ھ) بغیر بیوی کے گھر اجاڑ ہوتا ہے۔ بے گھرنی گھر بادت ہے۔ بے گھرنی گھر گاجت ہے (ھ) بغیر بیوی کے گھر سونا معلوم ہوتا ہے۔ اگر بیوی گھر میں ہو تو گھر آباد ہوتا ہے۔ بے لجی بڑھیا پرائے گھر ناچے۔ بے شرم آدمی ذلیل سے ذلیل کام کرنے کے لائق ہو جاتا ہے۔ بے مارے کی توبہ۔ ڈر کے مارے قصور مان لینا۔ بے مُلّا بھی کہیں اذان درست ہے کوئی کام بے کام کرنے والے کے درست نہیں ہوتا۔ بے مت کی سومتیں بیوقوف سینکڑوں بیوقوفی کے کام کرتا ہے۔ بے موسم پھل لگتا ہے موسم پر نہیں لگتا۔ بے محل کام ہوتا ہے۔ وقت پر نہیں ہوتا۔ بے میر بازی ابتر ا بغیر سرپرست کے جماعت پریشان رہتی ہے ۲ تاش یا گنجفے کی پہلی بازی میں اگر تصویر نہ ہو تو یہ کہہ کر بازی پھینک دیتے ہیں۔ بے مینڈ کے دانوری گھوڑا بنا لگام۔ بے ماتھ کے لشکر تینوں بھیل ناکام (ھ) بغیر بارش کے کاشت بغیر لگام کے گھوڑا بغیر افسر کے لشکر بیکار ہوتے ہیں بے وارثی ناؤ ڈانوا نڈول۔ بغیر مالک کے چیز کا ستیاناس ہوجاتا ہے۔ بیوقت کی شہنائی موئے گدھے نے بجائی۔ بے موقع کام ہونے پر کہتے ہیں۔ بیوقوف کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں۔ بیوقوف کی کوئی خاص ظاہری پہچان نہیں۔ بے ہاتھ پاؤں ہلائے کچھ نہیں ملتا۔

بغیر کوشش کچھ نہیں ملتا۔ بے ہاتھ پاؤں ہلائے لقمہ مُنہ میں نہیں جاتا۔ بے محنت کھانا میسر نہیں ہوتا۔

بَیا (ہ۔ مذکر) ایک چھوٹا پرند جو بڑا مضبوط گھونسلا بناتا ہے ۲ تولا۔ وہ شخص جو بازار میں صرف مال تولنے کا کام کرتا ہے ۳ مٹھائی وغیرہ جو دُلہن دُولھا کو ماگھ کے مہینے میں سنکرانت کے موقع پر نذر کرتی ہے۔

بِیا (ہ۔ مذکر) بیج۔

بیا (ف۔ امر) آ۔ **بیا بیا**۔ آ آ۔ کبوتروں۔ بازوں وغیرہ کو اس آواز سے بلاتے ہیں۔

بَیاباں (ف۔ مذکر) جنگل۔ صحرا۔ وشت۔ ویرانہ۔ اُجاڑ۔ بادیہ۔ **بیابانِ قدس** بیت المقدس کا جنگل **بیاباں گرد** (صفت) جنگلوں میں پھرنے والا صحرانورد۔ **بیابانِ مرگ** (صفت) وہ شخص جو جنگل میں مرے اور کوئی اس کی خبر لینے والا نہ ہو۔ **بیاباں نورد** (صفت) بیاباں گرد۔ **بیابانی** (صفت) جنگل کا۔ جنگلوں میں پھرنے یا رہنے والا جنگلی۔

بیاپنا (ہ۔ متعدی) ۱ سرایت کرنا۔ پھیل جانا ۲ بھر دینا۔ گھسنا۔ داخل ہونا ۳ کام کرنا۔ کرنا ۴ اثر پیدا کرنا ۵ اثر کرنا ۶ محیط ہونا۔ چھانا۔

بَیات (ع۔ مذکر) ۱ رات گزارنا ۲ رات کو کوئی کام کرنا ۳ رات کو آنا ۴ واسط کے قریب ایک مقام۔

بیاج (ہ۔ مذکر) ۱ سود۔ نفع۔ منافع وہ روپیہ جو روپیہ قرض دینے کے لئے لیا جائے۔ ۲ (ہ) دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ مکر چھل ۳ (ہ) تبادلہ بھیس۔ خیالات یا اپنے آپ کو چھپانا ۴ عذر بہانہ حیلہ ۵ ذریعہ۔ وسیلہ۔ اسباب ۶ بچت منہائی کٹوتی بٹا۔ **بیاج بٹا** (مذکر) نفع نقصان۔ **بیاج بھرنا** (متعدی) سود ادا کرنا۔ **بیاج پہ بیاج** (مذکر) سود در سود۔ **بیاج خور** (مذکر) سود لینے والا۔ **بیاج خوری** (مونث) سود کھانا۔ **بیاج میں دینا** (متعدی) سود پہ لگانا۔ **بیاجو** (مذکر) اصل زر جو سود پر لگایا جائے (تابع فعل) سودی۔ سود پہ۔ نفع پر **بیاجو دینا**۔ (ہ۔ متعدی) روپیہ سود پہ لگانا۔ **بیاجو لینا** (ہ۔ لازم) سود پر روپیہ قرض لینا۔ **بیاجی** (ہ۔ مذکر) ۱ وہ جو سود پہ روپیہ دے۔ سود کھانے والا۔ ساہوکار ۲ (مونث) روپیہ جو سود پر لگایا جائے۔

بَیار (ہ۔ مونث) ہوا۔ آندھی۔

بِیار (ہ۔ مذکر) سوراخ۔ بل (سانپ یا چوہے کا) ۲ دیکھو بیاڑ ۳ دیکھو بیاری ۴ ہوا۔

بیار (ف۔ امر) لا۔

بیارتھ (ہ۔ صفت) ۱ بے اثر ۲ بے معنی۔ لغو ۳ بے فائدہ۔ فضول۔ بے منفعت۔

بَیاری (ہ۔ مونث) ہوا۔ آندھی بیار۔

بِیاری (ہ۔ مونث) رات کا کھانا۔ بیالو۔

بیاڑ (ہ۔ مونث) ۱ پود کا ذخیرہ ۲ وہ جگہ جہاں بیج بوئے جائیں ۳ شام۔

بیاز (ہ۔ مذکر) سود۔ بیاج کا بگڑا ہوا۔ **بیازو**۔ **بیازونہ** (صفت) سودی۔ بیاج پر لیا ہوا۔

بیاس (ہ۔ مذکر) ۱ زمین جس پر اگلے سال کے لئے ہل چلایا جائے ۲ دیکھو دیاس۔

بیاسی (ہ۔ صفت) اسی اور دو ۸۲ عدد (س دوی۔ دو۔ اشٹی۔ اسی)

بیاض (ع۔ مونث) ۱ سفیدی ۲ سفید کتاب اشعار یا نوٹ لکھنے کے لئے ۳ وہ کتاب جس میں یادداشت حساب وغیرہ لکھتے ہیں ۴ بل کی ایک شکل (بیض۔ سفید ہونا) **بیاضِ چشم**۔ آنکھ کا وہ حصہ جو سفید ہوتا ہے۔ **بیاضِ گردن**۔ گردن کی سفیدی **بیاضی** (صفت) متعلقہ بیاض۔ بیاض میں سے کنایتاً اشعار لطیف۔

بَیاطِرَہ (ع۔ مذکر) بیطار کی جمع۔ مویشی کے ڈاکٹر۔

بَیّاع (ع۔ مذکر) ۱ بیچنے والا ۲ دلّال ۳ نیلام کرنے والا۔

بیاکرن (ہ۔ مذکر) علم صرف و نحو **بیاکرن۔ بیاکرنی** (مذکر) نحوی۔ صرف و نحو کا عالم۔

بیاکل (ہ۔ صفت) ۱ بیکل گھبرایا ہوا۔ بےچین۔ بیزار ۲ خوفزدہ۔ ڈرا ہوا۔ (ہونا کے ساتھ)

بیاکھیا۔ بیاکھیان (ہ۔ مونث) تشریح۔ توضیح۔ شرح۔ تفسیر۔ ارتھ ۲ مطلب معنی۔

بیاگرنی (انگ۔ مونث) سوانح عمری۔ تذکرہ۔ سرگزشت۔ برتانت۔

بَیال (ہ۔ مونث) ہوا۔ آندھی بیار۔

بِیال (ہ۔ صفت) ۱ شریر شرارتی۔ مفسد فتنہ انگیز۔ بدمعاش۔ خراب۔ بُرا۔ بد ۲ ظالم سفاک ستمگر ۳ (مذکر) بدمعاش یا شریر آدمی وغیرہ ۴ بھوت۔ پریت ۵ سانپ۔

بَیالا (ہ۔ مذکر) ریح پیدا کرنے والا۔ بادی۔ نفاخ۔ **بیالاجی** (مونث) حاملہ عورت کی خواہش۔

بیالا (ہ۔ مذکر) ۱ دیوار کا سوراخ۔ روشندان ۲ (صفت) کھٹا۔ ترش۔

بیالو (ہ۔ مذکر) رات کا کھانا۔ بیاری۔

بیالیس (ہ۔ صفت) چالیس اور دو۔ ۴۲۔ عدد (س دوی۔ دو۔ چتوارشت۔ چالیس)

بَیان (ع۔ مذکر) ۱ گفتگو۔ تقریر قول بقول بات ۲ تفسیر تشریح تفسیر۔ بیاکھیان۔ ۳ گواہوں اور اہل مقدمہ کا اظہار۔ شہادت۔ گواہی ۴ خبر۔ اطلاع۔ رپورٹ ۵ کیفیت۔ حالت تذکرہ مذکور ۶ مقدمہ معاملہ ۷ مضمون ۸ فصل ۹ وضاحت صفائی۔ توضیح ۱۰ لیکچر وعظ۔ تقریر۔ اُپدیش ۱۱ بین۔ واویلا ۱۲ (علم) وہ علم جس میں تشبیہ استعارے وغیرہ کے ذریعہ ایک بات کو کئی طریقوں سے ظاہر کرتے ہیں۔ یہ علم بلاغت کی ایک شاخ ہے (بین جدا ہونا) **بیان امر واقعہ یا واقعی** (مذکر) ٹھیک بات کا اظہار۔ **بیان بدلنا** (متعدی) اپنے پہلے بیان کے خلاف بیان دینا۔ اپنے قول سے پلٹنا **بیان پڑنا** (لازم) بیان ہونا۔ **بیان تائیدی** (مذکر) وہ بیان جو کسی دوسرے کے بیان کی تائید کرے۔ **بیان تحریری** (مذکر) لکھا ہوا بیان ۲ (قانون) وہ لکھا ہوا بیان جو مدعا علیہ عرضی دعوے کے جواب میں دیوانی مقدمات میں داخل کرتا ہے۔ **بیان تقریری** (مذکر) بیان جو زبانی دیا جائے۔ **بیان دعوے** (مذکر) دعوے کی تفصیل حقیقت حال۔ **بیان زبانی** (مذکر) بیان تقریری۔ **بیان سُنانا** (متعدی) **سُننا** (لازم) ۱ بات سننا۔ شہادت لینا ۲ خبر سننا ۳ حالات یا کیفیت معلوم کرنا۔ **بیان سے باہر** (تف) مفصل کیفیت نہ ظاہر ہونے کے قابل۔ **بیان ضمنی** (مذکر) وہ بیان جو اصل مطلب

کے ضمن میں کیا جائے **بیان کرکے رونا** (متعدی) بین کرنا۔ مُردے کی خوبیاں بیان کرکے رونا۔ **بیان کرنا** (متعدی) ۱۔ کہنا ظاہر کرنا ۲۔ بُرا بھلا کہنا ۳۔ بین کرنا۔ سرگزشت سُنانا۔ **بیان ہونا** (لازم) اظہار ہونا ۲۔ افعال بتانا **بیانی** (مؤنث) گفتگو۔ تقریر۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خوش بیانی

بیان (ھ۔ مذکر) ۱۔ جننا۔ پیدائش۔ جا پایا ۲۔ (تف) بننے پر۔ **بیانا** (متعدی) ۱۔ جننا۔ بچہ دینا ۲۔ (جانوروں کا) **بیانت** (مذکر) بیان۔ جننا۔

بیانا (ھ۔ مذکر) بیانہ کا بگڑا ہوا۔

بیانو (ھ۔ مذکر) وہ فاصلہ جو دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کے درمیان ہاتھ پھیلانے پر ہو۔

بیاولا (ھ۔ مذکر) دیکھو بیاہلا۔ **بیاولی** (مؤنث) تازہ بیاہی ہوئی عورت۔ دلھن۔

بیاہ (ہ۔ مؤنث) شادی۔ عقد۔ ازدواج۔ گٹھ بندھن۔ نکاح (تلفظ بغیر کسرہ کے زیادہ صحیح ہے (س دِواہ) **بیاہا** (مذکر) وہ شخص جس کا بیاہ ہوا ہو۔ دولھا۔ **بیاہ آنا** (لازم) شادی کے بعد عروس کا رخصت ہو کر سسرال میں آنا **بیاہا بھیا** ہار (ھ۔ صفت) بیاہا۔ **بیاہا جانا**۔ شادی ہونا۔ **بیاہ ہونا۔ بیاہ پھیلا پڑا ہونا یا پھیلنا** (لازم) بیاہ کا انتظام ہو رہا ہونا۔ **بیاہتا** (مؤنث) وہ عورت جس کو برادری کے ساتھ برات چڑھا کر بیاہ کے لائے ہوں ۲۔ (مذکر) وہ مرد جس کے ساتھ باقاعدہ شادی ہوئی ہو۔ **بیاہ جانا** (لازم) شادی کے بعد لڑکی کا سسرال جانا۔ **بیاہ رچانا**۔ (متعدی) **رچنا** (لازم) شادی ہونا۔ شادی کا انتظام و رسومات شروع ہونا۔ **بیاہ کا جوڑا** (مذکر) وہ کپڑے جو دولھا اور دلھن بیاہ کے موقع پر پہنیں۔ **بیاہ کرانا**۔ (م) کسی عورت مرد کی شادی کا انتظام کر دینا **بیاہ کرائی** (مؤنث) برہمن جو شادی کرائے اس کی فیس **بیاہ کر دینا** (متعدی) دوسرے کی شادی کرنا۔ **بیاہ کرنا** (متعدی) ۱۔ شادی کرنا۔ **بیاہ لانا** ۱۔ کسی دوسرے کی شادی کرنا ۲۔ شادی کرکے عروس کو گھر لانا ۳۔ شادی کا انتظام کرنا۔ **بیاہ لانا۔ لے آنا۔ لے جانا یا لینا** (لازم) شادی کرکے بیوی گھر لے آنا۔ **بیاہ مانگنا** (متعدی) شادی کا تقاضا کرنا۔ شادی کی تاریخ مقرر کرانا۔ **بیاہنا** (متعدی) بیاہ کرنا۔ **بیاہ والا** (ھ۔ صفت) ۱۔ شادی شدہ ۲۔ شادی شدہ آدمی۔ **بیاہ ہو جانا یا ہونا** (لازم) شادی ہونا۔ **بیاہا جانا**۔ **بیاہی** (مؤنث) وہ عورت جس کی شادی ہو چکی ہو۔ **بیاہی بھیا ہی** (صفت مؤنث) شادی شدہ عورت۔

امثال واقوال

بیاہ پیچھے بڑھار (عید پیچھے ٹر) **بیاہ پیچھے برات**۔ موقع نکل جانے کے بعد کسی کام کی تدبیر سوچنا۔ موقع چوکنے کے محل پر کہتے ہیں۔ **بیاہ پیچھے پتل بھاری** (ہوتا ہے) بہت خرچ کر چکنے کے بعد تھوڑا خرچ بھی بہت معلوم ہوتا ہے۔ **بیاہ رچا دیکھ اور مکان بنا دیکھ**۔ ان کاموں میں بہت خرچ ہوتا ہے۔ **بیاہ کا شگن معلوم ہے۔ لہورے میں آئے بھٹا** (ھ) جس بیاہ سے پہلے تحفے کے طور پر بینگن آئے اس کے شگون خراب نظر آتے ہیں جس کام کے آثار پہلے ہی بُرے نظر آئیں اس کی تکمیل اچھی طرح نہیں ہوتی۔ **بیاہ کئے کی لاج ہے**۔ اپنے کئے کو نباہنا پڑتا ہے۔ **بیاہ میں بیج کا لیکھا**۔ ایک کام میں دوسرا بے محل کام کرنا۔ **بیاہ میں بید کا لیکھا** (ھ) بے موقع بات۔ **بیاہ میں کھائے بور۔ پھر کیا کھائیگی دھور** (ھ) جسے شادی کے موقع پر بور کھانے کو ملا اسے بعد میں کیا ملیگا۔ **بیاہ نہ کرا جھوٹ موٹ کا چاؤ** (ھ) شادی کا ارادہ نہیں صرف دھوکا دیتا ہے۔ نیت خراب ہے۔ **بیاہ نہیں کیا براتیں تو دیکھی ہیں**۔ اگرچہ یہ کام کیا نہیں ہوتے تو دیکھا ہے جب کوئی کسی بات کے متعلق جو اُس نے کی نہ ہو۔ واقف ہونے کا یقین دلانا چاہتا ہے تو کہتا ہے۔ **بیاہ ہوا نہیں گونے کا جھگڑا** ۱۔ اصل بات کا موقع نہیں آیا۔ بعد کی باتوں پر بحث شروع ہو گئی۔ **بیاہی بیٹی کا گھر رکھنا اور ہاتھی (باندھنا) پالنا برابر ہے**۔ بیاہی لڑکی کو گھر رکھنے سے اخراجات بہت ہوتے ہیں **بیاہی بیٹی پڑوسن داخل** بیاہی بیٹی کے ساتھ صرف میل جول کے تعلقات رہ جاتے ہیں۔ اس پر کچھ اختیار نہیں رہتا۔ **بیاہی بیٹی کا رکھنا ہاتھی کا باندھنا ہے**۔ بیاہی ہوئی بیٹی کا بہت خرچ ہوتا ہے اس لئے اسے گھر میں رکھنا۔ ہاتھی باندھنے کے برابر ہے **بیاہی بیٹی ماں باپ پر بھی دوبھر ہو جاتی ہے** بیاہی بیٹی اگر خاوند سے لڑ کر ماں باپ کے پاس آ جائے تو انہیں بھی بار ہوتی ہے۔ **بیاہی نہ برات چڑھی ڈولی میں بیٹھی نہ چوں چوں ہوئی** ۱۔ ابھی تک شادی ہی نہیں ہوئی ۲۔ جس بات کو دیکھا ہی نہیں اس کا پتہ کیا ہو سکتا ہے۔

بیاہ (ھ۔ مذکر) دیکھو آخری شادی (س دِواہ۔ **بیاہلا** (مذکر) کسی دیوتا کی شادی کا راگ **بیاہلی** (مؤنث) نئی شادی شدہ عورت۔ دلھن۔ **بیاہن** (مذکر) شادی کرنا۔ شادی۔ **بیاہن جوگ** (صفت) قابل شادی۔ **بیاہن کرنا** (متعدی) شادی کرنا بیاہنا۔ **بیاہنے جوگ** (صفت) قابل شادی۔

بیاہنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ دیکھو بیاہ کے تحت میں ۲۔ دیکھو بیانا۔

بیائی (ہ۔ مؤنث) ۱۔ غلہ تولنے والے کی اجرت ۲۔ مٹھی بھر غلہ جو تولا لیتا ہے۔

بیایام (ھ۔ مذکر) ۱۔ مشق کرنا۔ محنت کرنا۔ کسرت کرنا ۲۔ محنت۔ مشق۔ کسرت۔

بیب (ھ۔ تف) فاصلے پر۔ دُور۔

بیب (ھ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس۔

بیبھتس (س۔ مذکر) ۱۔ نفرت ۲۔ ارجن کا لقب۔

بیبھو (ھ۔ مذکر) ۱۔ طاقت۔ قوت اختیار ۲۔ دولت۔ مال و متاع۔ شان۔ بڑائی۔ بزرگی۔

بی بی (ہ۔ مؤنث) دیکھو بی کے تحت میں۔

بیوپار (ہ۔ مذکر) ۱۔ تجارت۔ لین دین۔ بیوپار۔ سوداگری۔ جنس کی فروخت۔ بیع۔ داد و ستد ۲۔ پیشہ۔ کاروبار۔ کسب۔ روزگار۔ محنت مشقت ۳۔ مال تجارت (کرنا ہونا کے ساتھ) **بیوپاری** (مذکر) تاجر۔ سوداگر۔ بیوپاری۔ بنجارا۔

بے پڑنا (اردو۔ لازم) آزمائش کرنا

بیت (ع۔ مذکر) ۱۔ مکان۔ گھر۔ خانہ۔ جائے رہائش۔ بھون۔ شالا۔ حویلی۔ کوٹھی۔ بنگلہ۔ کٹیا۔ ڈیرہ۔ استھان ۲۔ مندر۔ مسجد۔ گرجا۔ معبد۔ شوالا۔ (بات۔ بیت۔ رات گزارنا۔ مکان بنانا) **بیت الاقصیٰ**۔ **بیت الاقصیٰ** (مذکر) بیت المقدس۔ مسجد حضرت سلیمان **بیت الحرام** (مذکر) **بیت المحرم** (مذکر) خانہ کعبہ۔ **بیت الحزن** (مذکر) ۱۔ غم کا گھر ۲۔ مجازاً عاشق کا گھر ۳۔ وہ گھر جس میں حضرت یعقوب غم میں بیٹھے رہے **بیت الحمل** (مذکر) پہلا برج۔ میکھ۔ **بیت الخلا** (مذکر) پاخانہ۔ جائے ضرور۔ **بیت السلاح**

(مذکر) اسلحہ خانہ۔ **بیتُ الشرف** (علا) اس برج
کا نام جس میں سبع سیارات میں سے کسی کا شرف
ہو۔ **بیتُ الصنم** (مذکر) ! بُت خانہ ۲ معشوق کا
گھر۔ **بیتُ العتیق**۔ **بیتِ عتیق** (مذکر) پُرانا گھر
خانہ کعبہ جو حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ نے
تعمیر کیا تھا۔ **بیتِ العروس** (مذکر) ! دُلہن کا کمرہ
۲ خانہ کعبہ۔ **بیتُ المال** (مذکر) خزانہ عام۔
شاہی خزانہ ! مال لاوارث جو ضبط ہو جاتے۔
منضبطہ۔ خالصہ۔ نزول ۳ بد قسمت آدمی۔ بدنصیب
یا کمبخت شخص۔ **بیتُ المعمور**۔ **بیتِ معمور**
(مذکر) آسمان چہارم پر ایک مسجد جو مسلمانوں کے
اعتقاد میں خانہ کعبہ کے اُوپر بنی ہوئی ہے۔
بیتُ المقدّس۔ **بیتِ مُقدّس** (مذکر) !
دیکھو یروشلم ! حضرت سلیمانؑ کی مسجد۔ **بیت اللہ**
(مذکر) اللہ کا گھر۔ خانہ کعبہ۔ **بیتِ شہریار**
(مذکر) شاہی محل۔ **بیتِ عنکبوت** (مذکر) مکڑی کا
جالا۔ **بیتِ فراغ** (مذکر) پیخانہ۔ **بیتِ
معمور شریعت** (مذکر) عدالت۔

بَیت (ع۔ مونث) ملے ہوئے
ایک وزن کے دو مصرعے۔ شعر۔ فرد۔ دو بار باتَ
بَیتَ۔ رات گزارنا) **بیتُ الغزل**۔ **بیتِ
غزل** (مذکر) عمدہ شعر۔ منتخب شعر۔ **بیت بازی**
(مونث) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک لڑکا کوئی
شعر پڑھتا ہے اور جواب میں دوسرا ایسا شعر پڑھتا
ہے جس کے شروع میں وہ حرف ہو۔ جو پہلے
لڑکے کے شعر کے اخیر میں تھا۔ جو شعر نہ پڑھ سکے
ہار جاتا ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) **بیت بختی**
(دہلی)، بیت بازی۔ **بیت بندی** (مونث)
شعر کہنا نظم۔

بِیت (ہ سامر) بیتنا کا اس درت
گزرنا، بیتا (ماضی) بیتنا کا بیت جانا بیتنا لازم ! گزرنا
ہو چکنا ۲ ختم ہونا تمام ہونا ۳ واقعہ ہونا سوانح ہونا اتفاق ہونا
۴ سرزد ہونا۔ پڑنا۔ کٹنا ۵ تجربہ ہونا مصیبت آنا ۶ برداشت
کرنا بھگتنا سہنا جھیلنا۔ **بیتی** (مونث) ! سرگزشت۔ ماجرا
۲ آفت مصیبت ۳ آپ۔ اپنی سرگزشت۔

بِیسْت (ہ مونث) چرائی جو گوالے
ایک جانور کے وسطے لیتے ہیں چرواہوں کی فیس **بیسْت کھیت**
(مذکر) وہ کھیت جس میں جانور چریں ۲ وہ کھیت جس
میں بیگہ ... پیدا کاشت کرنی جائے۔

بیت (ہ۔ مذکر) بید ! ایک درخت کا
نام ۲ اس درخت کی پتلی لکڑی ۳ وہ لکڑی جس سے بچوں کو ملتے
ہیں ۴ اس لکڑی کی مار پڑنا لگانا لگنا۔ بانا۔ کھانا کے ساتھ (س فیڈر)

بیتا (ہ۔ مذکر) بالشت۔ بتہ۔

بیتارنی (ہند) ایک دریا جو افلدیسہ
میں سے نکل کر دھرا میں جا گرتا ہے۔ ہندوؤں کے اعتقاد
میں روحوں کو اس پر سے گزرنا پڑتا ہے۔ تیرتھ ہے۔

بیتال (ہ۔ مذکر) بھوت پریت خصوصاً
وہ جو مرگھٹوں یا قبرستانوں میں رہتے ہوں ۲ مُردہ جس میں کوئی
رُوح خبیث گھس آئے۔ **بیتال پچیسی** (مونث) ایک مشہور
ہندی کتاب کا نام جس میں ایک بھوت کی بیان کردہ پچیس کہانیاں ہیں

بیتر (ہ۔ مذکر) بینت۔ **بیتر بندی**
(مونث) وہ الاونس جو چیزوں کے بنڈل باندھنے کے لئے
چٹائیوں وغیرہ کے لئے دیا جائے۔

بیترا (ہ مونث) سونٹھ خشک ادرک

بیتَل۔ **بیتلا** (ہ صفت) کمبخت
بد قسمت۔ بدنصیب۔ شریر ۲ (مذکر) بد قسمت آدمی وغیرہ
بیتلی (صفت و مونث) دیکھو بیتل۔

بَیتلا (ع۔ مذکر) بیت المال کا مخفف
نما خراب (جواریوں کی اصطلاح) چوری کا مال۔

بیتن (ہ۔ مذکر) کرایہ۔ مزدوری۔ اجرت
پنشن۔ وظیفہ۔ روزینہ۔ انعام۔ پیشہ۔ کام۔ گزارا۔ چاندی۔
سیم۔

بَیتُوتَت (ع۔ مونث) ! رات
گزارنا ۲ رات کو کوئی کام کرنا۔

بیتھت (ہ۔ صفت) پریشان۔
حیران۔ خوفزدہ۔

بیتھی (ہ مونث) قطار۔ صف ۲
گلی۔ سڑک۔ رستہ۔ گھر کے آگے برآمدہ۔ دوکان۔ خوانچہ۔
ایک قسم کا ناٹک۔ تین سیاروں کی ایک تقسیم۔

بیتیت (ہ۔ صفت) گزرا ہوا۔
گزشتہ۔

بَیٹ (انگ۔ مذکر) گیند کھیلنے کا
بلا کرکٹ کا بلا۔ **بیٹنگ** (مذکر) کرکٹ کے کھیل میں بلا لے
کر کھیلنا۔

بیٹ (ہ۔ مذکر) بیا کی چوٹانی۔

بِیٹ (ہ۔ مونث) ! پرندوں کا
فضلہ ۲ ایک قسم کا نمک جس میں گندھک ہوتی ہے۔
بٹلون (ہ) دیکھو بیت۔ **بیٹ کرنا** (متعدی) پرندے
کا فضلہ نکالنا ۲ (عف) دھبہ لگانا۔ خراب کر دینا ۳ جانا
لمبا ہونا۔ **بیٹ کرو** (عف) چلتے پھرتے نظر آؤ۔ لمبے
بنو۔

بیٹا (ہ۔ مذکر) ! مرد کے نطفے سے اور
اس کی بیوی کے بطن سے پیدا شدہ پسر ۲ (قانون) آدمی
کی بیاہتا بیوی کا لڑکا ۳ عورت کا بچہ نر ۴ فقیر اپنے
چیلوں کو اس نام سے پکارتے ہیں ۵ بڑی عمر کے لوگ کم سن
بچوں کو بلا امتیاز تذکیر و تانیث کہتے ہیں ۶ دولہا۔ بنا ۷
کوئی لڑکا جسے متبنیٰ بنا لیا جائے ۸ پیار سے پالتو جانور کو
بھی کہتے ہیں ۹ صفت۔ مجازاً پیارا۔ عزیز (لاولد اس سے
اس کا دعا تو نہیں ملتا۔ دکیٹ بمعنی جوان سے نکلا ہوا
ظاہر کیا جاتا ہے) **بیٹا از غیبا** (مذکر) حرامزادہ (عف)
بیٹا بنانا (متعدی) متبنیٰ کرنا۔ گود لینا۔ **بیٹا بیٹی** (مونث)
بال۔ بچے۔ آل اولاد۔ **بیٹا کھاؤ** (صفت) وہ جس کی
زندگی میں اس کا بیٹا مر جائے۔ **بیٹا گلچھرو** (مذکر) کلمہ
تضحیک۔ **بیٹے پوتے والا** (مذکر) دادا **بیٹے
والا** (مذکر) دولہا کا باپ۔ **بیٹے والے** (مذکر)
دولہا کے رشتہ دار۔ براتی۔

امثال و اقوال۔ **بیٹا بن کے
سب کھاتے ہیں۔ باپ بن کے (کسی نے
نہیں کھایا) کوئی نہیں کھاتا** ۔ چھوٹا بن کے
یا خوشامد چاپلوسی سے مطلب نکل آتا ہے۔ اکڑنے سے
نہیں نکلتا۔ **بیٹا بیٹی تس کا اچھا** ۔ اولاد وہی اچھی
جو والدین کا کہا مانے یا ان کے قابو میں رہے **بیٹا بیٹی
جنے۔ لاہے لوٹے گئے** (ہ) اولاد کی وجہ سے
سب کچھ سُننا پڑتا ہے **بیٹا جن کر نیو چلے سونا
پہن کر ڈھک چلے**۔ اولاد یا دولت کا غرور نہیں
کرنا چاہئے۔ **بیٹا چڑھ جا سُولی پر خدا بھلا کریگا**۔
دوسرے کو اکسا کر کوئی نقصان دہ کام کرانا **بیٹا چمار
کا نام رکھا جگ جیون**۔ نام کا بٹا اوصفات کا ہیٹا۔
**بیٹا کھلائے باپ لکھائے۔ کلجگ اپنا بل
دکھلائے** (ہ) اس زمانے میں باپ بھوکا مرتا بیٹا مزے
اڑاتا ہے۔ **بیٹا لائے گا چمار ی وہ بھی کہلائے
گی بہو ہماری**۔ بیٹا بُرے کام کرے تو باپ کی ہی
بدنامی ہوتی ہے۔ **بیٹا مر لو پر تستر نہ بڑلیو**۔ تین بیٹے اوپر
تلے پیدا ہونا منحوس سمجھا جاتا ہے۔ **بیٹا ہوا تو جب
جانئے جب پوتا کھیلے باہر**۔ اگر پوتا نہ ہوا اور بیٹا مر
جائے تو سلسلہ نسب بند ہو جاتا ہے جب تک پوتا نہ
ہو۔ بیٹا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔ **بیٹا ہو کر کھنگ نہ**

پیوے۔ بیٹا نہیں وہ بیٹی ہے۔ جگروں کا منقولہ بیٹے کی بری بازار میں کھڑی۔ بیٹے کی شادی کی تیاری میں کچھ دیر نہیں لگتی۔

بِیٹْنا (ھ۔ متعدی) گرانا۔ چھلکا نکالنا۔ بکھیرنا۔ کھنڈانا۔

بِیٹُوا (ھ۔ مذکر) بیٹے کی تصغیر۔

بَیٹھ (ہ۔ امر) بیٹھنا کا (س و ش۔

بیٹھنا) **بیٹھا**: ماضی (بیٹھنا کا ۲ (صفت) بیٹھا ہوا۔ نشست ۳ تہ میں گیا ہوا ۴ گرا ہوا ۵ کاریگروں کی اصطلاح: بیٹھا ہوا مرد ۶ (ھ۔ بچہ) **بیٹھا جانا** (لازم) (دل جی کے ساتھ) سخت بے چین ہونا۔ بیقراری ہونا۔ ضعف کی حالت ہونا۔ **بیٹھا رہنا** (لازم) ۱ ٹھہرنا۔ دیر تک بیٹھنا ۲ انتظار کرنا ۳ سر پر رہنا ۴ بیکار رہنا۔ صبر کرنا۔ **بیٹھا کا بیٹھا رہنا** (لازم) ۱ اچانک مرجانا۔ یکایک دفعتاً جان نکل جانا ۲ سناٹا ہوجانا۔ منہ دیکھتے رہ جانا۔ **بیٹھتے اٹھتے** (تف) ہر وقت۔ ہر حال میں۔ **بیٹھ جانا** (لازم) ۱ نشست کرنا۔ جلوس کرنا ۲ متمکن ہونا۔ گرجانا ۳ ٹھیک ہونا۔ درست ہونا ۴ ٹھیک آنا ۵ دیوالہ نکل جانا ۶ طاقت نہ رہنا ۷ سوار ہونا۔ چڑھ جانا ۸ ابھری ہوئی چیز کا دب جانا ۹ پچک جانا ۱۰ کسی چیز کا دوسری چیز میں ٹھیک سما جانا ۱۱ (چاول) گلتھی ہوجانا۔ الگ الگ نہ رہنا ۱۲ (گرد وغیرہ کا) تہ دار رہ جانا ۱۳ ڈھیلا رہنا ۱۴ (آنکھ) ڈھیلے کا اندر دھس جانا۔ اندھا ہوجانا ۱۵ (تیر وغیرہ) بیوست ہوجانا ۱۶ (دل) افسردہ ہونا۔ مضمحل ہونا۔ گھبرا جانا ۱۷ (غم صدمے وغیرہ سے) طاقت نہ رہنا۔ ہمت نہ رہنا ۱۸ (عورت کا) گھر میں پڑ جانا۔ بغیر باقاعدہ شادی کے کسی مرد کے ساتھ رہنا یا بغیر نکاح ۱۹ (پانی پارہ وغیرہ) جم جانا ۲۰ (گواہ) مکر جانا۔ شہادت نہ دینا ۲۱ (گھر میں، خانہ نشین ہونا۔ کام کاج چھوڑ دینا ۲۲ پسند آنا ۲۳ اثر کرنا ۲۴ صبر کرنا۔ سہارا لینا ۲۵ بند ہونا۔ موقوف ہونا ۲۶ (چاندی وغیرہ) گھس جانا ۲۷ تہ میں چلا جانا ۲۸ ڈوب جانا۔ استقلال چھوڑ دینا۔ **بیٹھے رہنا** (لازم) ۱ اپنی جگہ سے نہ اٹھنا ۲ کوئی کام نہ کرنا۔ کبیدہ ہوکر کام چھوڑ دینا۔ نوکری چھوڑ دینا ۳ صبر کرنا۔ چپ ہوجانا ۴ آس چھوڑ دینا ۵ دیر لگانا۔ سستی کرنا ۶ ہمت ہارنا۔ کوشش چھوڑ دینا ۷ چپ ہو رہنا۔ خاموش ہوجانا ۸ دست بردار ہونا ۹ ہار جانا۔ شکست کھانا ۱۰ تہ میں چلے جانا۔

بیٹھک (مونث) ۱ بیٹھنے کا انداز ۲ نشست ۳ نشست گاہ۔ بیٹھنے کی جگہ ۴ پیندا۔ تلا ۵ ایک قسم کی ورزش۔ اٹھنا بیٹھنا ۶ پہلوانوں کی اصطلاح) مقابل کے لنگوٹ کو ایک ہاتھ سے پکڑ کر دوسرے ہاتھ سے دونوں ٹانگوں کے بل اس کو اٹھا لینا ۷ ایک قسم کی نذر نیاز۔ **بیٹھکا** (مذکر) ۱ کمرہ نشست گاہ ۲ ٹھہرنے کا مقام ۳ آدمیوں اور حیوانوں کے بیٹھنے کی جگہ (لکھنؤ) **بیٹھک دینا** (متعدی) مانی ہوئی منت پوری کرنا۔ **بیٹھ کر ٹانگ لگانا** (متعدی) مغلوب پہلوان کا بیٹھے بیٹھے اندر سے ٹانگ لڑانا اور ہاتھ پکڑ لینا۔ **بیٹھک سر پر ہونا** (لازم) منت مانی ہوئی ہونا۔ **بیٹھکو** (صفت) بہت بیٹھنے والا ۲ وہ کبوتر جو اڑنے کے بعد ہی فوراً بیٹھ جائے۔ **بیٹھکی** (مونث) ایک قسم کی ورزش۔ **بیٹھ میرے یار** یہ کیا کیا۔ غضب کیا۔ بہت کام خراب کیا۔ **بیٹھن** (مذکر) ۱ وہ کاغذ کپڑا یا لفافہ جس میں قیمتی کتابیں لپیٹ کر رکھتے ہیں ۲ چادر جو میز پر استری کرنے کے لئے بچھاتے ہیں ۳ نمونہ ۴ وہ موٹا کاغذ جو کاغذ کے رم کے گرد لپیٹتے ہیں۔ **بیٹھنا** (لازم) ۱ دیکھو بیٹھ جانا ۲ خرچ پڑنا۔ لاگت آنا ۳ قایم مقام ہونا ۴ کام خراب ہوجانا ۵ لاگت آنا ۶ قایم مقام ہونا ۷ کسی کام کا خراب ہوجانا ۸ وزن یا تول کا اترنا ۹ دخل ہونا۔ بھرتی ہونا ۱۰ مشق ہونا۔ درست ہونا ۱۱ (قماربازوں کی اصطلاح) جوا کھیلنا۔ داؤں پر لگانا یا رکھنا ۱۲ (چاند کی نسبت) دیر کرکے نکلنا ۱۳ (شطرنج میں) مہرے کا گھر پر رکھنا ۱۴ (پرندکا) جفتی کھانا ۱۵ انڈے سینا۔ جوڑا لگانا ۱۶ (تخت پر) تخت نشین ہونا۔ بادشاہ ہونا۔ **بیٹھنا اٹھنا** (لازم) ۱ نشست برخواست کرنا ۲ بیقراری ظاہر کرنا۔ **بیٹھنے کا سہارا** (مذکر) امن کی جگہ۔ امداد کی جگہ۔ **بیٹھو بھی**۔ الگ رہو۔ دخل نہ دو۔ **بیٹھوان** (صفت) ۱ چپٹا۔ بیٹھا ہوا ۲ جس کی پیندی چپٹی ہو۔ **بیٹھی ہوئی آواز** (مونث) وہ آواز جو دشواری سے نکلے۔ آہستہ اور بھاری آواز جو زکام وغیرہ سے ہوجاتی ہے۔ **بیٹھے بٹھائے یا بیٹھلائے** (تف) ۱ یکایک۔ اچانک۔ ناگہاں ۲ خواہ مخواہ ۳ بیکار۔ مفت میں ۴ ناحق۔ ناروا ۵ بے وجہ۔ بے سبب۔ **بیٹھے بیٹھے**۔ ناگہاں۔ یکایک۔ فوراً۔ اچانک ۲ خواہ مخواہ بے فائدہ۔ **بیٹھے بیٹھے سوکھ جانا** (لازم) انتظار کرتے کرتے تھک جانا۔ **بیٹھے بیٹھے کیا سوجھی** کیسی فضول بات کی۔ خواہ مخواہ کیا کرنے لگے۔ **بیٹھے جانا** (لازم) دھستے جانا۔ بیٹھ جانا۔ **بیٹھی روٹی** (مونث) وہ آمدنی جو بغیر مشقت کے ہو۔ پنشن۔ وظیفہ۔ جاگیر۔ **بیٹھے رہو**! دخل نہ دو۔ جانے دو۔ چپ رہو ۲ جاؤ اپنا کام کرو ۳ اس خیال کو چھوڑو۔ باز آؤ ۴ تمہیں کیا غرض۔ تم کون ہو۔

امثال و اقوال۔

بیٹھا بنیا کیا کرے۔ اس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں کرے۔ بیکار آدمی فضول کام کرنے لگ جاتا ہے۔ **بیٹھا پیر کھڑا مرید**۔ جو بیٹھا ہو اسے پیر سمجھنا چاہئے۔ جو کھڑا ہو اسے مرید۔ پیر کی عزت ہوتی ہے۔ **بیٹھا پیر کھڑا امیر**۔ کام کرنے سے نفع ہوتا ہے۔ **بیٹھے بیٹھے تو قاروں کا خزانہ بھی خالی ہوجاتا ہے**۔ بیکار بیٹھ کر خرچ کرنے سے کتنی ہی جائداد ہو ختم ہوجاتی ہے۔ **بیٹھے سے بیگار بھلی**۔ بغیر مزدوری لئے کام کرنا نہ کام کرنے سے بہتر ہے۔ **بیٹھی بڑھیا منگل گاوے**۔ بہت خوش ہے۔

بَیٹھ (ھ۔ امر) بیٹھنا کا۔ **بیٹھا دینا** **بیٹھارنا۔ بیٹھال دینا۔ بیٹھالنا۔ بیٹھانا** (متعدی) دیکھو بٹھانا۔

بیٹی (ھ۔ مونث) بیٹا کی ۱ دیکھو بیٹا ۲ دختر۔ لڑکی۔ **بیٹی بیوہار** (ھ۔ مذکر) ۱ شادی کا تعلق ۲ آپس کی شادیاں۔ **بیٹی بِٹارُو** (ع و) ناکتخدا لڑکی۔ (لکھنؤ) **بیٹی دینا** (متعدی) دختر کی شادی کرنا۔ **بیٹی ذات ہے**۔ عورت ہے۔ باحیا ہے۔ باشرم ہے۔ **بیٹی روٹی کرنا** (متعدی) گالی دینا۔ **بیٹی کا باپ** (صفت) ۱ ذلیل۔ حقیر ۲ کمزور۔ بودا۔ کم ہمت غریب۔ **بیٹی لینا** (متعدی) کسی کی لڑکی کو شادی کرکے لانا۔ **بیٹی والا** (مذکر) دلہن کا باپ۔ **بیٹی والے** (مذکر) دولہن کے رشتے دار۔ **بیٹی والیاں** (مونث) دولہن کی رشتے دار عورتیں۔

امثال و اقوال

بیٹی اور ککڑی کی بیل برابر ہے۔ دونوں بہت جلد بڑھتی ہیں۔ **بیٹی اور مری مچھلیاں رکھنے کی چیزیں نہیں**۔ بیٹی کی شادی جلد کرنی چاہئے۔ **بیٹی کا دھن ننانا ہے آتے بھی رلائے جاتے بھی رلائے** (ھ) بیٹی کی پیدائش اور شادی یا مرنے پر ماں باپ غمگین ہوتے ہیں۔ **بیٹی کی ذات موہنی ہے**۔ بیٹی بہت پیاری ہوتی ہے۔ **بیٹی نے کیا کمہار اماں نے کیا لوہار۔ نہ تم چلاؤ ہمار نہ ہم ہلائیں تمہار** (ھ) کوئی کسی کو طعنہ دینے کے قابل نہیں۔

بیٹیا (ہ۔ مونث) بیٹی کی تصغیر۔

بیج (ہ۔ مذکر) ۱ وہ دانہ یا گٹھلی جس سے پودا پیدا ہوتا ہے ۲ وہ غلہ جو بونے کے لئے دیا جائے ۳ وہ کماد جو اگلی فصل پر بونے کے لئے دبا کر رکھا جائے ۴ منی نطفہ ۵ اصل بنیاد جڑ وجہ (س بیجیا و بیج) **بیج آنا** (لازم) ۱ دانہ پڑنا تخم تیار ہونا **بیج بونا** (متعدی) ۱ تخم زمین میں یا گملوں میں کاشت کے لئے ڈالنا ۲ کسی امر کا باعث یا سبب ہونا۔ کسی بات کی بنیاد ڈالنا۔ کسی چیز کا موجد ہونا۔ **بیج پڑنا** (لازم) ۱ تخم بویا جانا ۲ بنیاد پڑنا ۳ حمل ٹھیرنا۔ نطفہ پڑنا۔ **بیج پھوٹنا** (لازم) بیج سے پودے کا نمایاں ہونا۔ **بیج جاتا رہنا** (لازم) ۱ تخم ضائع ہو جانا ۲ نسل منقطع ہو جانا یا مٹ جانا۔ **بیج جمنا** (لازم) تخم سے پودے کا پیدا ہونا۔ **بیج ڈالنا** (متعدی) بیج بونا۔ **بیج رُت** (مذکر) بیج ڈالنے کا موسم۔ **بیج کھاد** (مذکر) وہ غلہ جو کاشتکاروں کو کاشت اور خوراک کے لئے دیا جائے۔ **بیج مارا جانا** (لازم) ۱ بیج ضائع ہو جانا۔ بیج میں اُگنے کی طاقت نہ رہنا ۲ کسی چیز کا نیست و نابود ہو جانا ۳ نسل منقطع ہو جانا۔ **بیج مار دینا** (متعدی) بالکل غارت کر دینا۔ کسی چیز کو بالکل مٹا دینا۔ **بیج ناس کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ تباہ ہو جانا برباد ہو جانا ۲ مٹ جانا۔ معدوم ہونا۔ **بیج وار** (مذکر) کمینہ ذاتوں کا فصل اُٹھانے کے وقت بیج لینے کا حق۔

بیج (س۔ مذکر) دیکھو بیج۔ **بیجا** (تف) بیج کے ساتھ جو بیج بویا جائے۔ **بیجا کر** (مذکر) ایک شاعر۔ **بیج دھانی** (مذکر) ایک دریا۔ **بیج گنت** (مذکر) الجبر۔ **بیج گنت ناب** (مذکر) علم ہندسہ کا جبر و مقابلہ سے ثابت کرنے کا علم **بیج مار** (صفت) بیج کا مرجانا۔ **بیج مار دھرتی** (مونث) وہ زمین جس میں بیج نہ اُگے۔

بیجابر کھنڈ (ہ۔ مذکر) جنگل۔

بیجار (ہ۔ صفت) ۱ بیج والا ۲ جس میں بہت بیج پڑا ہو (زمین یا پھل)

بیجائی (ہ۔ مونث) بیج لینے کا حق

بیجڑ (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو بیجار ۲ وہ زمین جس میں اناج بویا جائے۔

بیجک (ہ۔ مونث) ۱ وہ ٹکٹ یا چٹ جو مال کی گٹھڑی پر چسپاں کرتے یا باندھتے ہیں ۲ وہ فہرست جس میں مال کی تعداد۔ شرح قیمت وغیرہ درج ہوتی ہے۔ چالان۔ فرد مال ۳ پونجی سرمایہ ۴ نشان علامت۔

بیجک (س۔ مذکر) ۱ بیج ۲ لیمو۔ چکوترا ۳ ایک شاعر۔

بیجلا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی سیاہ رنگ کی دال۔

بیجنا (ہ۔ مذکر) ۱ پنکھا۔ بادکش ۲ (پ۔ متعدی) بونا۔ **بیجنا ڈلانا یا ڈولنا** (متعدی) پنکھا ہلانا۔

بیجنتی (ہ۔ مونث) ۱ جھنڈا علم لوا۔ نشان۔ پھریرا ۲ وشن جی کا جھنڈا۔ **بیجنتی بیجنتی مالا** (مونث) ۱ ہار ۲ وشن جی کا ہار جس میں پانچ جواہرات ہیں جو پانچ عنصروں سے پیدا ہوئے ہیں نیلم زمین سے موتی پانی سے۔ یاقوت آگ سے۔ پکھراج ہوا سے اور ہیرا ایتھر سے۔

بیجواپاین (س۔ صفت) ۱ بیج ڈالنے والا۔ بونے والا ۲ ایک مصنف۔

بیجھا (ہ۔ مذکر) وہ جگہ یا نشان جس پر تیر انداز مشق کریں۔

بیجھڑ۔ بیجھڑ۔ بیجھڑا (ہ۔ مذکر و مؤنث) ۱ ملی جلی فصل ۲ ملے جلے اناج خصوصاً گیہوں اور جو یا چنا اور جو۔ **مثل** بیجھڑ کی پسنہاری گیہوں کی گیت گائے۔ حیثیت تھوڑی اور شیخی بہت۔

بیجھڑا (ہ۔ صفت) ۱ ملا جلا۔ گڈمڈ ۲ دوغلا۔ ملی جلی نسلوں کا۔

بیجھنا (ہ۔ متعدی) ۱ سینگوں یا کھروں سے مٹی اکھیڑنا (سانڈ کا) ۲ دھکیلنا۔ پیلنا۔ ریلنا۔ دھکا دینا ۳ کیڑا لگا ہونا۔ کرم خوردہ ہونا گھن لگا ہونا۔

بیجی۔ بیجی (ہ۔ مذکر) نیولا۔

بیجی (ہ۔ صفت) ۱ بیجوالا۔ بیجدار ۲ (مذکر) بیج بونا۔ تخم ریزی کرنا ۳ بیجنے والا آدمی ۴ باپ پدر۔

بیجیسر (ہ۔ مذکر) ایک درخت کا نام۔ سال۔

بیچ (ہ۔ مذکر) ۱ وسط۔ درمیان میانہ ۲ جھگڑا ۳ گفتگو ۴ وہ فاصلہ جو دو چیزوں میں ہو ۵ تفاوت فرق ۶ اوسط۔ ۷ مدد ۸ (حرف جار) میں۔ اندر۔ درمیان میں۔ دوران میں (س وِنیچ۔ پھیلنا) **بیچا بیچ** (مذکر) ۱ وسط۔ مرکز ۲ بیچ ۳ (تف) عین بیچ میں۔ درمیان میں۔ **بیچ ادھڑ میں چھوڑ دینا** (متعدی) ناتمام چھوڑ دینا۔ **بیچ بچاؤ** (مذکر) فیصلہ۔ تصفیہ۔ نبیڑا۔ وہ فیصلہ جو کوئی تیسرا آدمی کرائے (کرانا کرنا کے ساتھ) **بیچ بدل کون** (ہ) زاویہ متبادلہ۔ **بیچ بدل نسبت** (ہ) نسبت ترتیبی۔ **بیچ برابر زور** (ی) متوازی قوتیں۔ **بیچ برابر سگھر کاٹ** (ہ) قطع مکافی۔ شلجمی۔ **بیچ برابر کھیت** (ہ) متوازی الاضلاع **بیچ برابر لکیر** (ہ) خطوط متوازی۔ سمانتر ریکھا۔ **بیچ بولی** (ہ) درمیانی بولی یا بھاکا۔ اردو اور ہندی ملی ہوئی زبان۔ **بیچ پڑنا** (ہ) ۱ اختلاف کرنا ۲ دو شخصوں میں جھگڑا کرا دینا۔ **بیچ جگہ** (ہ) درمیانی نقطہ۔ **بیچ چکر ٹکڑا** (ہ) قطع دائرہ۔ **بیچ چورلہے میں** (تف) کھلی جگہ میں جہاں سب دیکھیں۔ **بیچ کا** (صفت) منجھلا۔ درمیانی۔ **بیچ کا کونہ** (ہ) زاویہ درمیانی۔ **بیچ کھیت** (تف) ۱ ڈنکے کی چوٹ۔ علانیہ۔ کھلم کھلا ۲ ضرور بالضرور۔ لازمی طور پر۔ **بیچ کی انگلی** (مونث) ہاتھ کی سب سے لمبی انگلی۔ درمیانی انگلی۔ **بیچ کی انگلی بڑی ہوتی ہے**۔ ہر بات کا اوسط اچھا ہوتا ہے۔ **بیچ کی بات** (مونث) آپس کی بات باہمی گفتگو۔ درمیان کا معاملہ **بیچ کی راس** (صفت) اوسط درجے کی۔ درمیانی۔ متوسط۔ **بیچ کے گھٹے کی** (صفت) مجازاً تیز یا خالص (شراب) **بیچ کی لکیر او کٹ** (ہ) وتر۔ کوئی ریکھا یم **بیچ** (ہ) دیکھو بیچا بیچ۔ **بیچ میں آپڑنا۔ آجانا یا آنا** (لازم) حائل ہونا۔ درمیان میں آجانا ۲ دوران میں آنا۔ **بیچ میں بول اٹھنا** (لازم) دو شخصوں کی گفتگو میں دخل دینا۔ **بیچ میں پڑنا** (لازم) ۱ ثالث بننا۔ پنچ ہونا ۲ بیچ بچاؤ کرنا۔ صلح کرانا ۳ دخل دینا۔ حائل ہونا ۴ ضامن ہونا ۵ وسیلہ بن کر کوئی کام کرانا۔ **بیچ میں ڈالنا** (متعدی) ۱ ثالث بنانا۔ پنچ کرنا ۲ وسیلہ کرنا۔ ذریعہ بنانا۔ **بیچ میں سان لینا** (متعدی) کسی جھگڑے میں شریک بنا لینا۔ **بیچ میں قدم ہونا** (لازم) واسطہ ہونا۔ حائل ہونا **بیچ میں کود پڑنا** (لازم) پرائی بات میں ناحق دخل دینا **بیچ والا** (صفت) وہ شخص جو درمیان میں پڑ کر کوئی کام کرائے۔ **بیچوں بیچ** (تف) بیچا بیچ۔

امثال و اقوال۔ بیچ کی انگلی بڑی ہوتی ہے۔ ہر بات کا اوسط اچھا ہوتا ہے۔ **بیچ کے چلے جائینگے کام دولھا دولھن سے پڑیگا۔** اُن اشخاص کے متعلق کہا جاتا ہے جو خواہ مخواہ لوگوں میں فساد ڈلوائیں۔ اور دوسروں کے معاملات میں دخل درمعقولات ہوں۔

بیچ (ہ۔ امر) بیچنا کا۔ (س وکری۔ بیچنا) **بیچا** (ماضی) ۱ بیچنا کا۔ (مذکر) بیچنے والا۔ فروخت کنندہ۔ **بیچا باچی** (مؤنث) خرید و فروخت۔ تجارت کاروبار۔ **بیچ ڈالنا** (متعدی) فروخت کر دینا۔ **بیچ کھانا** (متعدی) ۱ ضائع کر دینا ۲ صرف کر ڈالنا۔ **بیچنا** (متعدی) ۱ فروخت کرنا۔ بیع کرنا۔ مول دینا۔ ہُنڈی کی پُشت پر بیچا لکھ دینا۔ **بیچنا کھوچنا۔** (متعدی) بیچنا۔ فروخت کرنا (کھوچنا تابع مہمل ہے) **بیچنے کا اُدھکار** (ہ) بیچنے کا حق خاص۔ بیع کا اختیار خاص۔ **بیچنے کے لائق** (صفت) قابل فروخت۔ **بیچو** (مذکر) بیچنے والا آدمی۔ **بیچی کرنا** (ہ) (ہ) فروخت کی یادداشت لکھنا۔

امثال و اقوال۔ بیچ بیچ بیری پکھنی کا بیاہ۔ جب سب جائداد بیچ کر لڑکی کا بیاہ کیا جاتے تو کہتے ہیں۔ **بیچے ساگ کرے موتیوں کا دام۔** بہت مہنگا بیچنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ **بیچے سو بنجارا رکھے سو ہتیارا۔** بنیوں کے اناج جمع کر کے مہنگا بیچنے پر طنز ہے۔ اناج کے بیچنے والے کو بنجارہ کہتے ہیں اور جو رکھ چھوڑے وہ قاتل کے برابر ہوتا ہے۔ **بیچ کر پچھتانا بہتر ہے رکھ کر پچھتانے سے۔** چیز کو ہر صورت بیچ ڈالنا چاہیے۔ پڑی رہے تو زیادہ نقصان ہوتا ہے۔

بیچارہ (ہ۔ مونث) ۱ ہتّا۔ بچوں کو ڈرانے کے لئے کہتے ہیں ۲ بدصورت آدمی ۳ کاغذی چہرا جو منہ پر لگاتے ہیں۔ **بیچا بننا** (لازم) بچوں کو ڈرانے کے لئے ڈراونا کاغذی چہرہ منہ پر لگانا ۲ بدصورت یا بدشکل بننا ۳ مسخرہ یا احمق بننا۔

بیچرا (ہ۔ مذکر) وہ تختہ جس میں پود لگائی جائے۔

بیخ (ف۔ مونث) ۱ جڑ۔ اصل بول کند ۲ بنو۔ بنیاد ۳ اصلیت۔ آغاز۔ ابتدا۔ شروع۔ **بیخ بنیاد** (مونث) ۱ جڑ۔ اصل ۲ اصلی نسل حسب نسب سلسلہ نسب۔ **بیخ کن** (مذکر) ۱ تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا ۲ قاضی۔ منصف (مجرموں کو تباہ کرنے کی وجہ سے) ۳ چور۔ سارق۔ (لوگوں کا مال تباہ کرنے کی وجہ سے) **بیخ کنی** (مونث) ۱ لفظی معنی جڑ سے اکھاڑ ڈالنا ۲ بربادی۔ تباہی ۳ نیست و نابود کر دینا۔ قطع نسل کر دینا۔ ستیاناس کر دینا۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **بیخ و بن یا بنیاد** (مونث) جڑ۔ اصل۔ **بیخ و بن سے اکھاڑ دینا۔** (متعدی) ناپید کر دینا۔ **بیخ و بن سے اکھڑ جانا** (لازم) جڑ سے نکل جانا برباد ہو جانا۔

بَید (ہ۔ مذکر) طبیب۔ حکیم (س وَید)۔ **بیدائی** (مونث) طباعت۔ حکمت۔ طبیب کی فیس۔ اجرت۔ **بیدک** (مونث) علم طب۔ طبابت۔

امثال۔ بید کرے بیدائی چنگا کرے خدا ہی۔ اپنی طرف سے تدبیر کرنا چاہئے کامیابی خدا کے ہاتھ ہے۔ **بید کی بیدائی گئی کانڑی کی آنکھ گئی۔** صلاح کار کا معمولی نقصان ہؤا۔ مگر دوسرا سب کچھ گنوا بیٹھا۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کے مشورے سے نقصان ہو جائے۔

بَید (ع۔ مذکر) ۱ مرنا ۲ جُدا ہونا۔ کٹنا

بید (ف۔ مذکر) ۱ ایک درخت کا نام جو عموماً پہاڑوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کی ٹہنیاں پتلی اور نازک ہوتی ہیں ۲ ایک درخت جس کی ٹہنیوں کی چھال سے کرسیاں وغیرہ بنتے ہیں۔ بیت۔ (پڑنا۔ لگانا۔ لگنا۔ مارنا کے ساتھ) **بید انجیر** (مذکر) ارنڈ کا درخت۔ **بید باف** (مذکر) کرسیاں بننے والا۔ **بید بافی** (مونث) بید کی چھال سے کرسیاں بننا۔ **بید سادہ** سوراخ یا تبری (مذکر) بید کی قسمیں۔ **بید مجنوں** (مذکر) بید کی قسم جس کی ٹہنیاں زمین کی طرف جھکی رہتی ہیں۔ **بید مُشک** (مذکر) بید کی ایک قسم جس کے پھولوں سے عرق کھینچتے ہیں۔ **بید کھانا** (متعدی) مار کھانا۔ **بید کی طرح کانپنا۔** بہت ڈرنا (پہاڑی بید کی شاخیں ذرا سی ہوا سے زور زور سے ہلنے لگ جاتی ہیں۔ اور ٹوٹ جاتی ہیں)۔

بید (ہ۔ مذکر) دیکھو وید۔ **بیدانت** (مذکر) ۱ مکمل وید ۲ ہندوؤں کے علم فلسفہ کی ایک شاخ۔ **بیدانتی** (مذکر) بیدانت جاننے والا شخص۔ **بیدانگ** (مذکر) ویدوں کے متعلق چھ علوم ۱ سکشا یا علم ہجے ۲ کلپ یا علم رسوم ۳ دیاکرن یا صرف و نحو ۴ چھاند یا علم عروض ۵ نِرُکت یا مشکل الفاظ کے معنی ۶ جیوتش یا علم نجوم۔ **بیدُوا** (مذکر) بیدوں کا پڑھنے والا **بیدی** (مذکر) ۱ تعلیم یافتہ برہمن ۲ عالم۔ اُستاد ۳ پنجاب میں ایک قوم جو گرو نانک صاحب کی اولاد ہے۔

بِید (ع۔ مذکر) جمع بیداء۔ جنگلات۔

بَیداء (ع۔ مذکر) جنگل۔

بَیدَر (ع۔ مذکر) ۱ گاہنے کی جگہ۔ پیڑ

بیدر (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا میڑا یا ہینگا جس کو بیلوں کے ذریعے چاول کی کھڑی فصل میں چلایا جاتا ہے تاکہ زمین نرم ہو جائے۔ اور جڑی بوٹیاں نکالی جاسکیں۔

بیدَستَر (ہ۔ مذکر) ایک قسم اود بلاؤ کی

بَیدَق (ع۔ مذکر) شطرنج کا پیدل (پیادہ کا معرب)

بَیدِک (ہ۔ صفت) ۱ وید جاننے والا۔ (مذکر) وہ شخص جو وید پڑھے ۲ برہمن جو وید جانتا ہو۔

بیدِکا (ہ۔ مونث) بیدی۔ قربانگاہ چبوترہ۔ اگن ہوتر۔

بیدَن (مذکر)، **بیدَنا** (ہ۔ مونث) ۱ ادراک۔ احساس۔ علم ۲ علم جو حسوں کے ذریعے حاصل ہو ۳ تکلیف۔ درد۔ دُکھ۔ کشٹ ۴ مرض۔ روگ بیماری۔ آزار۔

بیدھ (ہ۔ مونث) ہندوؤں کی ایک رسم شادی سے تین یا سات دن پہلے جس میں نمک تر ہندی وغیرہ کو پیستے ہیں۔

بیدھ (ہ۔ امر) ۱ بیدھنا کا ۲ (ہ) چھید یا سوراخ کرنا۔ داخل ہونا یا کرنا۔ چیر کر نکل جانا ۳ سوراخ۔ چھید۔ دراڑ۔ گڑھا ۴ گہرائی (س: ویدھن: بیدھنا) **بیدھا** (مذکر) ۱ وہ شخص جس پر جادو کا اثر ہو یا جو کسی آفت میں مبتلا ہو ۲ مسحور۔ **بیدھک** (ہ) ۱ چھید کرنے والا۔ چیرنے والا ۲ تیز۔ دھاردار ۳ (مذکر) سوراخ کرنے والی چیز۔ زخم کرنے والی چیز۔ **بیدھن** (مذکر) بیدھنا۔ سوراخ کرنا۔ **بیدھنا** (متعدی) ۱ سوراخ کرنا۔ چھید کرنا۔ برمانا ۲ زخمی کرنا۔ چبھونا۔ خنجر مارنا۔ بھونکنا ۳ قابو میں لانے کے لئے جادو کرنا۔ **بیدھی۔ بیدھیا** (مذکر) دیکھو بیدھک

بیدھارا (ہ- مذکر) سرکاری مالگزاری مقرر کرنا- بند وبست-

بیدی (ہ- مونث) ۱- لکڑی اور کشا گھاس کا چبوترہ جس پر وہ برتن رکھے جاتے ہیں جن میں بھینٹ رکھی جاتی ہے ۲- وہ جگہ جہاں بھینٹ چڑھائی جائے یا قربانی کی جائے ۳- چبوترہ- پلیٹ فارم ۴- سکھوں کا ایک فرقہ جو گرو نانک صاحب کی نسل سے ہے-

بیڈا (ہ- مذکر) ۱- ٹیلہ ۲- ٹیلوں کا سلسلہ-

بیڈمنٹن (انگ- مذکر) ایک کھیل جس میں تانت سے بنے ہوئے بلّوں اور پردار گیندوں سے دو لکڑیوں کے بیچ میں اونچا جال لگا کر کھیلتے ہیں-

بیر (ہ- مذکر) ۱- دشمنی- عداوت- کینہ- بغض- خصومت ۲- مخالفت- ضد ۳- بدلہ- معاوضہ- انتقام (س ویر)- **بیر اکھری** (مونث) زبانی جھگڑا یا لڑائی- **بیر باندھنا یا بسانا** (متعدی) ۱- دشمنی کرنا- عداوت پر آمادہ ہو جانا ۲- مخالفت کرنا- ضد کرنا- **بیر پڑنا** (لازم) ۱- عداوت ہو جانا ۲- دشمن ہو جانا- **بیر رکھنا یا کرنا** (متعدی) دشمنی کرنا- عداوت رکھنا- **بیر کرنے والا** (صفت) دشمن- عداوت رکھنے والا- **بیر کے رشتے** (مذکر) دشمنی کے رشتے- عورت کے قدرتی دشمن سوت- ساس- نند- بھاوج وغیرہ- **بیر لینا** (متعدی) انتقام لینا- بدلہ لینا- **بیرن** (مونث) دشمن عورت- سوتن- سوکن- **بیر نکالنا** (متعدی) بیر لینا- **بیری** (مذکر) ۱- دشمن- عدو ۲- بدخواہ- مخالف ۳- کہاروں کی اصطلاح- کانٹا- خار- **بیریت یا بیکت** (ہ) مخالف- دشمن- بداندیشی- بدخواہ-

امثال و اقوال- **بیر جو راکھے سادھو ساتھ- کچھ نہ آوے اس کے ہاتھ** (ہ) نیک آدمی کی عداوت میں کچھ فائدہ نہیں بلکہ الٹا نقصان ہے- **بیری بول گھناؤنے مریئے اپنے کال** (ہ) دشمن کی بد دعاؤں سے کچھ نہیں بنتا- **بیری سنگ نہ بیٹھئے پی کر مدھ اور بھنگ جی کھووے ہے بیٹھنا جب بیری کے سنگ** (ہ) دشمن سے میل جول نہیں رکھنا چاہیئے- جب اس کا داؤ لگے گا نقصان پہنچائیگا- **بیری سے رنج پیار سے رنج**- دشمنوں سے دور رہنا چاہیئے اور دوستوں سے محبت بڑھانی چاہیئے- **بیری کا بول بسولے کا چھول** (ہ) دشمن کے طعنے تیشے کی طرح چھیلتے ہیں- یعنی سخت رنج دہ ہوتے ہیں- **بیری لاگے ہاتھ تو چھوڑ نہ لے کر مال اس کی جڑ کو مول ہی باہر پھینک نکال** (ہ) داؤ لگے تو دشمن کا مال ہی نہیں لینا چاہیئے بلکہ جان سے مار دینا چاہیئے- **بیری ہونا اپنا لاکھ جتن کر دیکھ- بیٹے سے مٹے ناہیں جوں کرموں کے لیکھ** (ہ) جس طرح کرموں کا لکھا نہیں مٹ سکتا اسی طرح دشمن دوست نہیں ہو سکتا- لاکھ کوشش کرو-

بیر (ہ- مونث) عورت- **بیر بانی** (مونث) بیوی- زوجہ-

بیر (ہ- صفت) ۱- بہادر- شجاع- دلیر ۲- طاقتور- زبردست ۳- (مذکر) بہادر- شجاع- غازی مرد ۴- بھائی ۵- پہلوان ۶- موکل- ہمزاد- جن- خبیث روح جو ساحر کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے مسلط کرتے ہیں ۷- (ہ) ایک جواہر جو کان میں پہنا جاتا ہے ۸- جادو- ٹونا ۹- (ہ- مونث) بہن ۱۰- ہاتھی دانت ۱۱- چراگاہ (س ویر)- **بیر بانی** (ہ) بیوی- **بیر بٹھانا** (متعدی) کسی پر خبیث روح مسلط کرنا- جادو کرنا- **بیر بلانا** (متعدی) موکل یا ہمزاد وغیرہ کو بلانا- **بیر بندھنی** (مونث) چاندی یا سونے کا ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے- **بیر جگانا** (متعدی) موکلوں کو منتر پڑھ کر کسی کام کے لئے تیار کرنا- **بیر دوڑانا** (متعدی) جادو کے زور سے خبیث ارواح سے کام لینا- موکل چھوڑنا- جن یا ہمزاد سے کام لینا-

بیر (ہ- مذکر) ۱- ایک درخت جس کا پھل کھاتے ہیں ۲- اس کا پھل گول یا بیضوی ہوتا ہے- خودرو کا عموماً گول ہوتا ہے- اور قلمی کا نوکدار بیضوی (س بدر)- **بیر گٹھلی**- سب کچھ- تمام- ہر چیز- **بیروں میں گٹھلیاں ملانا** (متعدی) اغلط ملط کر دینا- گڈمڈ کر دینا- بات بگاڑ دینا- معاملے کو گڑبڑ کر دینا- **بیر بہٹی** (مونث) گھوڑے کے گھٹنوں یا ٹخنوں میں ایک گرہ دار ہڈی پیدا ہو جاتی ہے- جس سے گھوڑا لنگڑانے لگ جاتا ہے- **بیری** (مونث) بیر کا چھوٹا درخت-

امثال و اقوال- **بیر کھانسی کا گھر ہیں**- بیر کھانے سے عموماً کھانسی ہو جاتی ہے **بیر گٹھلی سب ہضم** (لا) لاابلا سب کھا جاتا ہے ۲- مفید اور غیر مفید سب جائز ہے ۳- بڑا بدتمیز ہے-

بیر (ہ- مونث) ۱- دفعہ- بار- باری ۲- انقلاب- گردش ۳- وقفہ- عرصہ- اثنا- ضمن ۴- دیر- تاخیر- ڈھیل (س ویلا) **بیر بیر** (تف) بار بار- اکثر- بیشتر-

بیر (انگ- مونث) ایک قسم کی انگریزی شراب جو جو سے بنائی جاتی ہے-

بیرا (ہ- مذکر) وہ لکڑی جو دروازے کے بازوؤں کے ساتھ لگا کر دیوار میں دے دیتے ہیں تاکہ دروازہ اپنی جگہ سے نہ ہل سکے-

بیرا (انگ- مذکر) خدمتگار- ملازم- انگریزوں کا وہ ملازم جو ہر کام کرتا ہے اور دوسرے نوکر اس کے ماتحت کام کرتے ہیں جو اسے سردار کہتے ہیں (اصل بیئرر)

بیرا (ہ- مذکر) بھائی- بیر- دیکھو بیرا-

بیراق (ف- مذکر) دیکھو بیرق-

بیراگ (ہ- مذکر) دنیاوی خواہشات سے آزادی- خواہشات پر مکمل قابو- دنیاوی لذات کا ترک- دنیا کو تیاگ- تپسیا- ریاضت- زہد- جوگ- نفس کشی- **بیراگا** (مذکر) **بیراگن** (مونث) وہ ہیبت نما چھڑی یا لوہے کا ٹکڑا جو بیراگی اپنے بازوؤں کے نیچے رکھتے اور ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں- **بیراگ لینا** (متعدی) دنیا کو تیاگ کرنا- دنیاوی لذتوں کو ترک کرنا- زاہدانہ زندگی بسر کرنا- گوشہ نشینی اختیار کرنا-

بیراگن بیراگنی (مونث) بیراگی کا مونث- بیراگی کی بیوی- **بیراگی** (صفت) بیراگ لینے والا- دنیاوی خواہشات سے آزاد (مذکر) وہ شخص جس نے اپنی خواہشات پر مکمل قابو پا لیا ہو- زاہد- تپسی- جوگی- گوشہ نشین- سادھو- سنت ۲- ہندو سادھوؤں کا ایک فرقہ جو ملک میں پھرتے رہتے ہیں- اور مختلف قسم کی ریاضتیں کرتے ہیں- **بیراگیہ** (ہ- مذکر) بیراگ-

بیرام (ہ- صفت) بیمار کا مخرب- بیمار- مریض-

بیرانا (ہ- صفت) دیکھو برانا (مذکر) بیر کے درختوں کا جھنڈ-

بیر بوٹی- بہٹی- بہوٹی یا بہوٹی (ہ- مونث) سرخ رنگ کا ایک کیڑا جو برسات میں پیدا ہوتا ہے- اس کا بدن مخمل کی طرح ہوتا ہے- خشک

کرکے دواؤں کے کام میں لاتے ہیں (س ویرودھتی)

بیرتا (ھ۔ مونث) بہادری۔ شجاعت دلیری۔ جُرأت۔ ہمت۔

بیرج (ھ۔ مذکر) ۱ طاقت۔ قوت ۲ بیج۔ منی۔ **بیرج وان** (مذکر) نیوگی کا نیوگ کرنا۔

بیرسٹر (انگ۔ مذکر) ولایت کا پاس کیا ہوا وکیل۔ **بیرسٹر ایٹ لا** (مذکر) بیرسٹر۔ پورا نام یہ ہے۔

بیرق (ف۔ مذکر) **بیرک** (ھ)

بیرکھ (ھ) جھنڈا۔ علم۔ نشان۔ لوا۔ پھریرا۔ بادنما۔ دھجا۔

بیرم (ع۔ مذکر) ۱ لمبا پتھر ۲ برما ۳ بیلچہ۔ پھاوڑا ۴ کھلا ہوا سرمہ۔

بیرم (ت۔ مذکر) ۱ عید۔ کوچک بیرم عید الفطر۔ قربان بیرم۔ عید الضحیٰ۔ **بیرمیّہ** (مذکر) ایک فرقہ جس کا بانی حاجی بیرم ساکن انگورا تھا۔

بیرن (ھ۔ مذکر) ۱ بھائی۔ برادر ۲ ایک قسم کی گھاس جو بنجر زمینوں میں اُگتی ہے۔ **بیرن آکھنر** (مذکر) بیرن ۲

بیرنگ (انگ۔ صفت) وہ جس پر محصول ڈاک نہ ادا کیا گیا ہو (چٹھی یا پارسل محصولی) **بیرنگ (واپس) آنا** (لازم) بغیر حصول مطلب واپس آنا۔ بے نیل مرام واپس آنا۔ خالی ہاتھ آنا۔

بیرو (ھ۔ مذکر) چھوٹا درخت۔ نونہال۔

بیرُوا (ھ۔ مذکر) بیر۔

بیروزہ (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا گوند جو چیر کی لکڑی سے نکلتا ہے اور جسے گندہ بروزہ بھی کہتے ہیں ۲ دیکھو بے کے تحت میں۔

بیرومیٹر (انگ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے کرہ ہوا کے حالات معلوم ہوتے ہیں اور پہاڑوں کی اُونچائی ناپی جاتی ہے۔

بیرون (ف۔ صفت) ۱ باہر ۲ (تف) علاوہ۔ بغیر۔ **بیرونجات** (مذکر) شہر کے باہر کی بستیاں۔ مفصلات۔ دیہات۔ **بیرونجاتی** (صفت) مفصلاتی۔ دیہاتی۔ شہر سے باہر کے۔ آخری ہر دو الفاظ ہندوستان کی ایجاد ہیں۔ **بیرونی** (صفت) باہر کا۔ ظاہری

بیرونٹ (انگ۔ مذکر) ایک انگریزی خطاب جو نائٹ اور بیرن کے درمیان ہوتا ہے۔ جس کو یہ ملے وہ سر کہلاتا ہے۔ اور یہ خطاب نسلاً بعد نسلاً بڑے لڑکے کو ملتا رہتا ہے۔

بیری (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو بَیر کے تحت میں ۲ (مونث) دیکھو بیری۔

بیری۔ بیڑی (ھ۔ مونث) ۱ ہونٹوں پر پان کی سرخی ۲ ایک مسالا جو دانتوں پر ملنے سے مسوڑے سُرخ ہو جاتے ہیں۔

بیریز (ھ۔ مذکر) ۱ میزان کل ۲ کسی اراضی کا کل لگان ۳ ایک قسم کا سرکاری محصول۔

بیریلیم (انگ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۱.۹۳ گنا بھاری ہے۔

بیریم (انگ۔ مذکر) ایک سفید نرمی مائل چاندی کی شکل کی دھات جو پانی سے ۳ ۳/۴ گنا بھاری ہے۔

بیریہ (ھ۔ مذکر) بہادری۔ شجاعت دلیری۔ جُرأت۔

بیڑ (ھ۔ مذکر) ۱ احاطہ۔ چاردیواری گھیرا ۲ مینڈ۔ حد۔ آڑ ۳ وہ پودے جو اُگنے کی جگہ سے ہٹا کر دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں (س ویشٹ۔ گھیرنا) **بیڑ بندی کرنا** (متعدی) کھیت کی مینڈ بنانا۔ احاطہ بنانا۔

بیڑا (ھ۔ مذکر) ۱ تکون شکل کا بنا ہوا پان۔ پان پر کتھا اور چونا لگا کر کتری ہوئی چھالیہ تماکو اور دیگر مسالے ڈال کر تکون شکل میں لپیٹ لیتے ہیں یہ بیڑا ہے۔ گلوری۔ کھیلی۔ کھلی ۲ سگرٹ سگار ۳ تلوار کا تسمہ جو اسے از خود نیام سے نکلنے سے روکتا ہے ۴ تلوار کا قبضہ ۵ وہ دھاگا یا رسی وغیرہ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے (س ویشٹکا۔ بیڑی) **بیڑا اٹھانا** (متعدی) ۱ کسی مشکل کام کو کرنے کا ذمہ لینا یا عہد کرنا ۲ عزم بالجزم کرنا۔ ارادہ کرنا ۳ مستعد ہونا۔ آمادہ ہونا۔ تیار ہونا۔ **بیڑا اُٹھنا** (لازم) بیڑا اٹھانا کا۔ **بیڑا ڈالنا** (متعدی) اگلے زمانے میں دستور تھا کہ جب راجہ یا بادشاہ کو کوئی مشکل مہم یا کام درپیش ہوتا تو وہ دربار میں پان کی گلوری رکھ دیتا۔ جو اسے اُٹھا کر کھا لیتا وہ اس مہم یا کام پر تعینات کیا جاتا۔ اسے بیڑا ڈالنا کہتے تھے۔ کھانے والا بیڑا اٹھاتا تھا۔ **بیڑا دینا** (متعدی) ناچنے گانے والوں کو سائی دینا۔ **بیڑا چبانا** (متعدی) ۱ پان کھانا ۲ نسبت یا منگنی کرنا۔ **بیڑا چننا** (متعدی) شادی کی رسم۔ شہروں میں عروس کے جسم پر مصری اور پان رکھ دیتے ہیں۔ جو دولھا چن چن کر کھاتا ہے۔ **بیڑا سات پان کا** (مذکر) سات پانوں کا بیڑا بنا کر دُولہن کا باپ دولھا کو بھیجتا ہے۔ جس کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ نسبت پکی ہوگئی۔ **بیڑا کھانا** (متعدی) **کھلانا** (م) ۱ پان کھلانا ۲ سات پانوں کا بیڑا بھیجنا۔ نسبت پختہ کرنا۔

بیڑا (ھ۔ مذکر) ۱ کشتی۔ ناؤ ۲ ایک مشک نما چیز جس میں پھونک بھر کر چھاتی کے نیچے رکھ کر دریا کے پار اترتے ہیں۔ سرنائے ۳ بانسوں یا لکڑیوں کا ٹھاٹھر جس پر بیٹھ کر دریا سے پار گزرتے ہیں۔ گھرنئی ۴ بہت سے جہاز اور کشتیاں جب اکٹھی ایک شخص کے زیر حکم ہوں ۵ عمارتی لکڑیوں کے شہتیر جب دریا میں ڈالنے کے لئے اکٹھے باندھے جائیں ۶ بانس کی تیلیوں اور پھوس کی ناؤ جو بطور منت خواجہ خضر کے نام پر دریا میں چھوڑی جائے۔ (س ویڈا۔ کشتی) ۷ احاطہ چاردیواری صحن۔ آنگن ۸ فوج۔ رسالہ۔ سپاہ ۹ باڑ۔ گھیرا۔ ٹٹی۔ پردہ ۱۰ گروہ۔ مجمع ۱۱ جماعت۔ انجمن۔ سبھا ۱۲ قبیلہ۔ خاندان۔ گھر (س ویشٹ۔ گھیرنا) **بیڑا باندھنا** (متعدی) لوگوں کو اکٹھا کرنا۔ آدمیوں کو جمع کرنا بھیڑ یا مجمع اکٹھا کرنا ۲ فوج نوکر رکھنا لشکر اکٹھا کرنا۔ **بیڑا پار کرنا یا لگانا** (متعدی) ۱ کشتی یا جہاز کو سلامتی سے پار اتارنا ۲ مراد برلانا۔ کام کر دینا ۳ مشکل آسان کرنا مصیبت سے بچانا۔ **بیڑا پار ہونا** (لازم) مشکل حل ہونا۔ مراد برآنا۔ **بیڑا چڑھانا** (متعدی) بھادوں کے مہینے میں جمعرات یا جمعہ کے دن منت کی کشتی دریا میں چھوڑنا۔ **بیڑا چھوٹنا** (لازم) بیڑے کا پانی میں رواں ہونا۔ **بیڑا ڈوب گیا**۔ کام بگڑ گیا۔ تباہ ہوگیا۔ **بیڑا ڈوبنا یا غرق ہونا** (لازم) ۱ کشتیاں یا جہاز ڈوب جانا ۲ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۳ کام خراب ہونا یا بگڑ جانا۔ **بیڑا غرق**۔ بعض آدمیوں کا تکیہ کلام۔ **بیڑا غرق ہو** (بددعا) تباہ ہو۔ **بیڑے کی خیر ہو** (دعا) خاندان بنا رہے۔

بیڑمیں۔ بیڑویں (ھ۔ مونث) پیٹھی سے بھری ہوئی روٹی۔ پوری۔ کچوری۔ بڑھئیں

بیڑن (ھ۔ مونث) رنڈی۔ طوائف

فاحشہ عورت - **بیرڈنی** (مونث) وہ ہندو عورت جو گانے کا پیشہ کرے - گانے بجانے والوں کا ایک فرقہ -

بیرڈوی (ہ - مونث) دیکھو بیرڈین -

بیرڈویں (مونث) بیرڈیں -

بیرڈھ (ھ - مذکر) ۱ احاطہ - گھیرا وغیرہ دیکھو بیرڈھنا ۲ وہ مویشی جو دشمن زبردستی گھیر کر لے جائیں - **بیرڈھا** (مذکر) ۱ احاطہ - چاردیواری صحن - آنگن ۲ (ہ) ٹیرڈھا - ترچھا - کج - ٹیرڈھا بیرڈھا استعمال ہوتا ہے - **بیرڈھ لے جانا** (متعدی) مویشی گھیر کر لے جانا **بیرڈھنا** (متعدی) ۱ باڑ لگانا - چاردیواری بنانا - گھیر لینا - گھیر ڈالنا - محصور کر لینا ۲ مویشی گھیر کر لیجانا ۳ مویشی پھاٹک میں داخل کرنا

بیرڈھی (ہ) **بیرڈھیں** (ھ - مونث) دیکھو بھیرڈیں - **بیرڈھی روٹی** (مونث) دال بھری روٹی - برہی روٹی -

بیرڑی (ہ - مونث) ۱ پان کی گلوری - چھوٹا بیرا ۲ ایک قسم کا دیسی سگرٹ جو تمباکو کے پتے میں لپیٹ کر بنایا جاتا ہے ۳ کھلی رس دیشکا - بیرڑی **بیرڑی پلانا** (م) **پینا** (متعدی) دیسی سگرٹ پینا **بیرڑی کھانا** (متعدی) **کھلانا** (م) پان کھلانا -

بیرڑی (ہ - مونث) ۱ لوہے کی کڑی یا زنجیر جو مجرموں یا ہاتھی - گھوڑے وغیرہ کے پاؤں میں باندھ دیتے ہیں تاکہ بھاگ نہ جائیں ۲ وہ نیلا دھاگا جو بچوں کے پاؤں میں بطور منت باندھتے ہیں ۳ پازیب چاندی کی کڑی جو بطور منت بچوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں ۴ سونے چاندی کے موٹے لچھے جو کندے کش بناکر تارکشوں کو دیتے ہیں ۵ بیاہ - شادی ۶ تعلقات دنیاوی - زن و فرزند ۷ وہ ڈول جس سے آبپاشی کے لئے نشیب جگہ سے پانی لیجاتے ہیں ۸ روک ٹوک - (س ڈیکا - باندھنا **بیڑیاں بھرنا - پہنانا یا ڈالنا** (متعدی) دیکھو بیڑی پہنانا - **بیڑیاں پڑنا** بیڑی پڑنا - **بیڑیاں کاٹنا - بیڑیاں کٹنا - بیڑیاں کھڑکھڑانا** - دیکھو بیڑی کاٹنا وغیرہ - **بیڑی بڑھانا** (متعدی) منت کی کڑی بعد نذر نیاز اتارنا - **بیڑی پڑنا** (لازم) کڑی یا زنجیر پاؤں میں لگ جانا ۲ قید ہونا - محبوس ہونا ۳ پابند ہونا ۴ آزادی جاتے رہنا - نکاح ہونا - شادی ہونا - بال بچوں میں پھنسنا - **بیڑی پہنانا** - (متعدی) قید کرنا - پابند کرنا ۲ منت کی کڑی یا دھاگا پہننا - ۳ شادی کر دینا - **بیڑی پہننا** (لازم) **بیڑی پہنانا** کا - **بیڑی چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) ۱ کشتی رواں ہونا ۲ بیڑی کے ذریعے کھیت میں پانی ملنا - **بیڑی ڈالنا** (متعدی) ۱ مجرم کے پاؤں میں کڑی اور زنجیر ڈالنا ۲ قید کرنا - پابند کرنا ۳ **بیڑی کاٹنا** (متعدی) ۱ کڑی کاٹ ڈالنا ۲ قید سے رہا کر دینا ۳ آزاد کرنا - پابندی ہٹانا - نجات دلانا ۴ مصیبت سے چھڑانا - **بیڑی کٹنا** (لازم) بیڑی کاٹنا کا - **بیڑی کھڑکھڑانا** (متعدی) بیڑی ہلا کر اس سے آواز پیدا کرنا - **بیڑی گڑھنا یا گڑنا** (متعدی) بیڑی بنانا - **بیڑی لگانا** (متعدی) بیڑی کے ذریعے زراعت میں پانی پہنچانا -

مثل - بیڑی سونے کی بھی بری قید بری چیز ہے - چاہے کیسی آرام دہ ہو -

بیڑیا (ھ - مونث) رنڈیوں کی ایک قسم -

بیز (ف - امر) ۱ بیختن کا ۲ (صفت) پھیلانے والا - بکھیرنے والا - چھاننے والا - مرکبات میں جیسے مشک بیز - عنبر بیز -

بَیس (مصری عص) ناچ رنگ گانے مسوری وغیرہ کا دیوتا -

بَیس (ھ - مونث) ۱ طاقت - قوت - ہمت - زور - بل ۲ تندرست اور طاقت کا زمانہ - جوانی عالم شباب - عنفوان شباب ۳ زندگی - عمر - عہد زندگی زمانہ ہستی ۴ ہندوؤں کی چار بڑی ذاتوں میں سے تیسری - ویش - تاجر - بنیا ۵ زمیندار - کاشتکار ۶ راجپوتوں کی ایک ذات - **بیسنی** (مونث) بیس عورت **بیسواڑہ** (مذکر) بیس قوم کے رہنے کی جگہ -

بِیس (ہ - عدد) ۱ انیس اور ایک - ۲۰ - عدد ۲ (صفت) بہتر - زیادہ - اچھا (س وشت) **بیسا** (مذکر) ۱ بیس ناخنوں والا جانور مثلاً کتا بکوڑی - **بیسا بیس** (عدد) ایک سو بیس **بیسا سو برس کی عمر ہووے** (دعا) بڑی عمر ہو - ہزار برس جیو - **بیس باہو** (ھ) بیس بازوؤں والا - راون کا لقب - **بیس بسوے** (مذکر) ۱ تمام گاؤں - تمام زمین - تمام رقم - تمام فصل ۲ (صفت) تمام - پورا - مکمل ۳ یقیناً - غالباً - اغلباً - ضرور - **بیس راہ لگا دینا** (متعدی) مختلف کاموں میں لگا دینا - **بیسواں** (صفت) ۱ انیسویں کے بعد کا ۲ (مذکر) مرنے کے بعد کی ایک رسم - بیسویں دن مسکینوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور عورتیں جمع ہوتی ہیں - **بیسوں** (صفت) بیس کوڑی بہت سے - **بیسوں بسوے** (مذکر) دیکھو بیس بسوے **بیس بنڈیوں کا مزا چکھنا** (متعدی) ۱ بہت جگہ نوکری کرنا ۲ بہت عورتوں کے ساتھ شادی کرنا یا تعلق ناجائز رکھنا - **بیسی** (مونث) ۱ بیس کوڑی ۲ اناج کا ایک ماپ ۳ زمین کا ایک ماپ جو بیس نلیوں کے برابر ہوتا ہے -

امثال و اقوال - بیس پچیس کے اندر میں جو پوت سپوت ہوا سو ہوا مات پتا کلتارن کو جو گیا نہ گیا سو کہیں نہ گیا - برہمن لوگوں کو جاترا کے لئے گیا جانے کی ترغیب کے لئے کہتے ہیں - جس نے ماں باپ کی خدمت بیس پچیس برس کی عمر کے درمیان کی اسنے واقعی خدمت کی اور ماں باپ کو مکتی دلانے کے لئے جو گیا نہیں گیا - اس نے کوئی جاترا نہیں کی **بیسی کھیسی ساٹھا پاٹھا** - عورت بیس سال کی عمر میں بوڑھی ہو جاتی ہے - مرد ساٹھ سال کی عمر میں بھی جوان ہوتا ہے -

بَیسا (ھ - صفت) ۱ بیٹھا ہوا - نشستہ ۲ (مونث) بیس عورت -

بَیساکھ (ہ - مذکر) ہندوؤں کے سمت کا پہلا مہینہ جو اپریل مئی کے مطابق پڑتا ہے (س ویشاکھ) جو وشاکھا سے بنایا گیا ہے - یہ سولہویں نکشترے کا نام ہے - اور اس کے معنی شاخدار ہیں - اس مہینے میں بدر اس نکشترے میں ہوتا ہے) **بیساکھا** (مذکر) ۱ لاٹھی جو بیساکھ کے مہینے میں بنائی جاتی ہے ۲ وہ لاٹھی جس پر بہت سا لوہا جڑا ہوتا ہے ۳ لنگڑوں لولوں کی لاٹھی - **بیساکھی** (صفت) ۱ بیساکھ کے مہینے کے متعلق - بیساکھ کے مہینے کا ۲ بیساکھ کے مہینے میں اُگنے والا ۳ (بنیوں کی اصطلاح) بیوقوف - احمق - ناواقف ۴ (مذکر) ہندوؤں میں ایک مردانہ نام ۵ بیساکھ کا خربوزہ ۶ (مونث) ہندوؤں کا ایک تیوہار جو بیساکھ کی پہلی تاریخ کو ہوتا ہے ۷ بیساکھ کے مہینے میں پورے چاند کا دن ۸ بیساکھ کے مہینے کی فصل ۹ ایک قسم کی ہرن ۱۰ تھونی - لکڑی جو چھپر کے نیچے لگا دیتے ہیں ۱۱ وہ عورت جس کا پہلوٹھی کا لڑکا ہوتا ہے وہ خربوزے بیساکھ میں کھاتی ہے جیٹھ میں نہیں کھاتی -

مثل - بیساکھ جیٹھ ڈتیا بام اتر او نچو چاند - یہ پہنچے کر جانئے پرتھی میںہ شلبھ (ھ) اگر بیساکھ جیٹھ میں ہلال کے کونے

شمال کی جانب ہو تو سمجھ لو کہ برسات میں بارش بہت ہوگی۔

بِلبیا نڈو (ہ۔ صفت) ۱ چپ چاپ بیٹھا ہوا۔ بے حس و حرکت۔ ساکن ۲ سست۔ آلسی کاہل۔

بِلبیانی (ہ۔ مونث) بَیس قوم کی عورت۔

بیسبال (انگ۔ مذکر) امریکہ کا قومی کھیل۔

بیسر (ہ۔ مذکر) فصل کے کاٹنے کے بعد جو کچھ کھیت میں رہ جائے۔ یہ کمین لوگ اکٹھا کرتے ہیں۔

بیسَر (ہ۔ مذکر) خچر۔

بیسَر (ہ۔ مونث) چھوٹی ننھی جو ناک کے بیچ میں پہنی جاتی ہے۔

بیسرا (ہ) **بیسرہ** (ف۔ مذکر) ایک چھوٹا شکاری پرند۔ شکرہ۔

بیسک (ہ۔ مونث) ۱ بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھک ۲ جنگل میں وہ جگہ جہاں مویشی چرائے جائیں ۲ (؟) بوڑھا اور ناکارہ مویشی ۲ (صفت) بوڑھا۔ ناکارہ۔

بِلبسلانا (ہ۔ متعدی) دیکھو بٹھانا۔

بیسن (ہ۔ مذکر) ۱ چنے کا آٹا ۲ سفوف جس کو صابن کی جگہ استعمال کرتے ہیں (س ویسن) **بیسنی** (صفت) بیسن کی بنی ہوئی۔ **بیسنی روٹی** (مونث) چنے کے آٹے کی روٹی پیاز نمک مصالحے ڈال کر پکاتے ہیں۔

بیسَندر (ہ۔ مذکر) اگنی دیوتا کا لقب۔ آگ۔

بیسنوٹی (ہ مونث) بیسن کی بنی ہوئی روٹی۔

بیسوا (ہ۔ مونث) رنڈی۔ کسبی۔ طوائف۔ فاحشہ عورت۔ بدچلن عورت (س ویشیا) **بیسواپن** (مذکر) رنڈی یا کسبی کا پیشہ۔

امثال۔ بیسوا ستی نہ کاگا جتی ستی عورت کی عصمت کو اور جتی مرد کی پاکدامنی کو کہتے ہیں۔ بیسوا اور کوا نیک نہیں ہوسکتے **بیسوا عورت (لگائی) اور اُگلتی تلوار خصم کو مارتی ہے**۔ بدچلن عورت اور ایسی تلوار سے جو نیام سے نکلی ہے پرہیز کرنا چاہئے۔

بیسوانا دھ (ہ۔ مذکر) بیس دن جن کا سود بوہرے نہیں لگاتے۔ سود جو نہ لیا جائے۔

بیسیا (ہ۔ مونث) بیسوا۔

بیش (ہ۔ مذکر) دیکھو بیس۔

بیش (ف۔ صفت) زیادہ۔ بہت زیادہ۔ **بیش از بیش** (صفت) زیادہ سے زیادہ بہت زیادہ۔ انتہا کا۔ **بیش از کم**۔ زیادہ سے زیادہ بہت زیادہ۔ **بیش باد**۔ زیادتی ہو برکت ہو **بیش براری** (مونث) سے آنا کھینچ لینا۔ **بیش بریں نیست** اس سے زیادہ نہیں ہے۔ **بیش بہا** (صفت) قیمتی۔ بہت قیمت کا۔ نفیس۔ عمدہ **بیشتر** (صفت) بارہا۔ اکثر۔ **بیشتر** (صفت) بہت زیادہ **بیش قرار** (صفت) معقول۔ کافی۔ قابل اعتبار۔ **بیش قیمت**۔ دیکھو بیش بہا۔ **بیش وکم** (صفت) تھوڑا بہت۔ **بیشی** (مونث) ۱ زیادتی۔ اضافہ۔ افزونی ۲ معمول سے زیادہ کام کرنے کی اجرت ۳ نفع۔ بالائی سود ۴ بقایا۔ بچت **بیشی جمع** (مونث) مالگذاری کا اضافہ **بیشی زمین** (مونث) زمین زیر کاشت میں اضافہ **بیشی لگان** (مونث) لگان کا اضافہ یا زیادتی۔

بیشاکھ (ہ۔ مذکر) دیکھو بیساکھ۔

بیشانس (ہ۔ مذکر) یتاگی۔ گوشہ نشین۔ تارک دنیا۔

بیشنو۔ بیشنَو (ہ۔ صفت) ۱ وشن جی کا یا ان کے متعلق ۲ (مذکر) وشن جی کا پیرو ۳ سادھو کا ایک فرقہ جن کے ماتھے پر وشن جی کا نشان ہوتا ہے اور جو وشن جی کی تعریف میں بھجن گاتے ہیں۔ **بشنوتر** (مذکر) زمین جو وشن جی کے پجاریوں کو بطور معافی دی جاتی ہے **بیشنوی** (مذکر) ۱ وشن جی کا پیرو ۲ ہندؤں کا ایک فرقہ جو وشن جی کی پوجا کرتا ہے۔

بیشہ (ف۔ مذکر) جنگل۔ صحرا۔ بیاباں۔ ریگستان۔ **بیشہ نشین** (صفت) وہ آدمی جو دنیا کو چھوڑ کر جنگلوں میں جا رہے۔ صحرا نشین۔ راہب۔ بن باسی۔

بَیص۔ بِیص (ع۔ مذکر) ۱ مصیبت آفت ۲ گھبراہٹ ۳ مشکل۔ وقت۔

بَیض (ع۔ مذکر) ۱ انڈا دینا ۲ سخت گرمی ہونا ۳ دستخط۔ نشان جو حاکم کا غذات پر لگائے ۴ بیضہ کی جمع۔ انڈے۔ **بیضانہ** (مذکر) حاکم کا حق نشان کرنے کا۔

بِیض (ع۔ مونث) بیضا کی جمع ۱ خوبصورت عورتیں ۲ چمکدار تلواریں۔

بَیضا (ع۔ صفت) ۱ سفید۔ چٹا ۲ روشن۔ چمکدار۔ صاف۔ خالص ۳ (مذکر) سورج (بَیض سفید ہونا) ۴ (مونث) خوبصورت عورت۔

بیضا ضیائے (صفت) سورج کی سی روشنی اور چمک رکھنے والی (رائے کی تعریف میں مستعمل ہے) **بیضاوی** (صفت) ۱ شمسی ۲ آفتابی دائرہ۔

بَیضوی (ع۔ صفت) ۱ انڈے کی شکل کا۔ انڈاکار ۲ انڈے کے متعلق۔ انڈے کا بنا ہوا۔

بَیضہ (ع۔ مذکر) ۱ انڈا ۲ خصیہ۔ فوطہ (بَیض۔ سفید ہونا)۔ **بیضۂ نوروز** (مذکر) نوروز کے دن ایرانی انڈے لڑاتے ہیں۔ جس کا انڈا ٹوٹ جاتا ہے وہ ہار جاتا ہے۔

بَیطار (ع۔ مذکر) گھوڑوں اور جانوروں کا طبیب۔ وٹیرنری سرجن۔

بَیع (ع۔ مونث) فروخت۔ بیچنا۔ بکری (باع۔ بَیع۔ بیچنا) **بیع استطاعی** بمقدور افلاس۔ **بیعانہ** (مذکر) سائی۔ وہ رقم جو بیع مکمل ہونے سے پہلے فروخت کنندہ کو خریدار دیتا ہے۔ اگر پھر چیز نہ خریدے تو یہ رقم ضبط ہو جاتی ہے۔ (دینا لینا کے ساتھ) **بیع بات** (مونث) مال مرہونہ کی فروخت میعاد مقررہ پر روپیہ نہ ادا ہونے کی وجہ سے فروخت بلا شرط۔ **بیع بالمرابحہ** (مونث) بامنافع بکری۔ **بیع بالوفا** (مونث) وہ رہن جس کا روپیہ میعاد مقررہ پر ادا نہ ہونے پر مال مرتہن کا ہو جاتا ہے۔ فروخت بالشرط۔ شرطی رہن یا فروخت۔ **بیع بالوفادار** (مذکر) وہ شخص جس کے پاس شرطی رہن ہو۔ **بیع پٹہ** (مذکر) وہ پٹہ جو خریدا جائے۔ **بیع جائز یا حقیقی** (مونث) وہ فروخت جو ازروئے قانون ٹھیک ہو۔ **بیع خانگی** (مونث) وہ فروخت جو نجی کے طور پر کی جائے۔ **بیع دار** (مذکر) خریداری کے ذریعہ مالک۔ **بیع سازشی** (مونث) وہ بکری جو صلاح مشورے کے بعد جھوٹ موٹ کی جائے۔ **بیع سلطانی** (مونث) فروخت بحکم سرکار۔ **بیع شرطی** (مونث) وہ بکری جو کسی شرط پر موقوف ہو۔ **بیع فاسد** (مونث) ناجائز فروخت۔ **بیع فریبی** (مونث) ایسی فروخت جس میں خریدار کو دھوکا دیا جائے۔ **بیع قطعی غیر مشروطہ**۔

کامل۔ کٹ قبالہ۔ لاکلامی یا بیع مطلق (مونث) شے مرہونہ کی فروخت۔ فروخت بلا شرط۔ مکمل فروخت۔ بیع کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بکنا۔ فروخت ہونا۔ بیع کھٹ (مونث) فروخت۔ بکری۔ بیع میعادی (مونث) شرطی فروخت۔ بیع ناجائز (مونث) فروخت جس کا اختیار نہ ہو۔ بیع ناقص (مونث) فروخت جس میں کوئی قانونی نقص رہ جائے۔ نامکمل بکری۔ بیع نمائشی (مونث) فرضی فروخت۔ بیعنامہ (مذکر) بیع کا قبالہ۔ قبالہ نیلامی۔ وہ کاغذ جو فروخت کنندہ خریدار کو لکھ کر دیتا ہے۔ بیع و شراع (مذکر) خرید و فروخت۔

بیعت (ع۔ مونث) ۱ مرید ہونا۔ مرید بننے کا دعوے کرنا۔ مرید اپنے مرشد کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر فرمانبرداری کا دعوے کرتا ہے۔ ۲ فرمانبرداری اطاعت۔ تابعداری۔ تسلیم (بالغ۔ وعدہ کرنا) بیعت کرنا (متعدی) مرید بننا۔ بیعت لینا (متعدی) اطاعت اور فرمانبرداری کا عہد لینا۔ بیعت مانگنا (متعدی) اطاعت اور فرمانبرداری کا طالب ہونا۔

بَیک (انگ۔ مونث) ۱ پیٹھ۔ پشت ۲ فٹ بال۔ ہاکی وغیرہ کھیلوں میں وہ کھلاڑی جو گول کیپر اور فارورڈوں کے درمیان کھیلتے ہیں۔ جو گول کیپر کے قریب ہوتے ہیں۔ انہیں فل بیک اور جو فارورڈوں کے قریب ہوتے ہیں انہیں ہاف بیک کہتے ہیں۔ بیک گیمن (مذکر) ایک کھیل جو مہروں سے کھیلا جاتا ہے۔

بیکنگ (مونث) امداد۔ مدد۔ مددگار۔

بیک (ھ۔ مذکر) بھیڑیا۔

بیک (انگ۔ مصدر) پکانا۔ بیکر (مذکر) پکانے والا۔ باورچی۔ عموماً اس کو کہتے ہیں جو ڈبل روٹیاں کیک۔ پیسٹری وغیرہ بناتا ہے۔ بیکنگ پوڈر (مذکر) وہ سفوف جسے آٹے میں ڈال کر خمیر تیار کرتے ہیں۔

بیکارہ (صفت) ۱ پریشان۔ بکھرا ہوا ۲ بے قاعدہ ۳ ٹیڑھا۔ خمیدہ ۴ زخمی۔ مضروب۔ ٹوٹا پھوٹا۔

بَیکال (ھ۔ مذکر) پچھلا پہر۔ شام۔

بیکس (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جو نیچی مرطوب زمینوں میں ہوتی ہے۔ اور چارے کے کام آتی ہے۔

بیکَن (انگ۔ مذکر) سُور کا گوشت جو انگریز عموماً صبح چائے اور انڈوں کے ساتھ کھاتے ہیں۔

بیکنٹھ (ھ۔ مذکر) ۱ وشن جی کا ایک نام ۲ بہشت۔ سرگ۔ بیکنٹھ باشی (صفت) سرگباشی مرحوم۔ جنتی۔ بہشتی۔ بیکنٹھ باشی ہوجانا یا ہونا (لازم) مرجانا۔ سرگباش ہونا۔

بَیگ (انگ۔ مذکر) تھیلا۔ بوری۔ بیگ پائپ (مذکر) ایک باجہ جو مشک کی شکل کا ہوتا ہے۔ جس میں بانسریاں سی لگی ہوئی ہوتی ہیں اس میں مُنہ سے ہوا بھرتے ہیں۔ اور بغل میں رکھ کر دباتے ہیں تو بانسریوں میں سے نہایت باریک اور تیز آواز نکلتی ہے۔ سکاٹلینڈ کا قومی باجہ ہے اور ہائیلینڈر جنگ میں فوج کے آگے آگے بجتا ہے۔ بین۔

بیگ (ت۔ مذکر) ۱ سردار۔ آقا۔ مالک ۲ مغلوں کا خطاب انگریزی لارڈ کے مقابل ۳ ہندوستان میں مغلوں کے نام کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ بیگلر بیگی (مذکر) سرداروں کا سردار۔ سلطنت عثمانیہ کے عہد کا ایک خاص عہدہ۔ بیگنی (مونث) بیگ کی بیوی۔ اردو بیگنی کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

بیگ (ھ۔ مذکر) ۱ رفتار۔ تیزی۔ جلدی۔ شتابی۔ چستی ۲ جوش وخروش۔ جذبہ۔ زور۔ شدت ۳ گور ۴ (تف) جلدی سے شتاب۔ تیزی۔ بیگن (صفت) دیکھو بیگ۔ بیگی (صفت) دیکھو بیگ ۲ (مذکر) ہرکارہ ۳ باز۔

بیگار (ف۔ مونث) ۱ بغیر اجرت کے کام ۲ زبردستی کام کرانا چاہے مزدوری دی جائے یا نہ دی جائے ۳ لوگوں۔ گاڑیوں۔ بیل گاڑیوں وغیرہ کو کام کرنے کے لئے پکڑنا ۴ وہ آدمی جسے کام کے لئے مجبور کیا جائے ۵ بیدلی سے جو کام کیا جائے۔ بیگار پکڑنا (متعدی) زبردستی کام کرانا۔ بغیر اجرت کے کام کرنے کے لئے مجبور کرنا۔ بیگار ٹالنا (متعدی) بیدلی سے کوئی کام کرنا۔ بیگار دینا (متعدی) مجبوراً کام کرنا۔ کام دینا۔ بیگار سر پر ڈالنا (متعدی) کسی دوست سے خواہ مخواہ کوئی کام کرانا۔ بیگار کا کام (مذکر) کام جو بغیر اجرت کے کرایا جائے۔ بیگار (کے لئے) میں پکڑا جانا (لازم) کسی کا بغیر اجرت کام کرنے کے لئے مجبور کیا جانا۔ بیگار لینا (متعدی) زبردستی مفت کام کرانا۔ بیگاری (مذکر) ۱ وہ شخص جو مفت کام کرنے پر مجبور کیا جائے ۲ (مونث) کام کرنے کے لئے مجبور کرنا۔ بیگار۔ بیگاری لینا (متعدی) بیگار لینا۔

بیگ دینا (اردو۔ متعدی) پھینک دینا (غف)

بیگڑ (ھ۔ مذکر) ۱ جھلمل۔ پنی ۲ روغن جو چیزوں پر چمک پیدا کرنے کے لئے کیا جاتا ہے۔

بیگم (ت۔ مونث) ۱ ملکہ۔ خاتون۔ امیرزادی ۲ امیر کی زوجہ ۳ بھوپال کی ملکہ کا خطاب ۴ کوئی عزت دار عورت۔ بیگما (تصغیر) کم عمر بیگم۔ بیگمات (مونث) بیگم کی جمع۔ بیگمات اودھ (مونث) اودھ کے شاہی خاندان کی وہ عورتیں جن سے وارن ہیسٹنگز نے زبردستی روپیہ لیا تھا۔ بیگمی (صفت) ۱ بیگم سے منسوب ۲ (مونث) پان کی ایک قسم ۳ (پ) چاولوں کی ایک اعلےٰ قسم۔

بیگن (ھ۔ مذکر) دیکھو بینگن

بَیگنتی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی لکڑی۔

بیگھا۔ بیگھہ (ھ۔ مذکر) زمین کا ایک ماپ جو بیس بسوے کا ہوتا ہے۔ بیگھوٹی (مونث) ۱ زمین کا ماپ ۲ شرح فی بیگھہ ۳ (تف) فی بیگھہ۔

بیگی (ھ۔ تف) ۱ دیکھو بیگ (ھ) ہرکارہ۔ قاصد۔ خبررساں۔ نامہ بر۔ پیغامبر ۲ عقاب ۳ باز۔ شکرہ۔

بَیل (ھ۔ مذکر) ۱ ایک چوپایہ جو ہل جوتنے کے کام آتا ہے۔ گائے کا نر۔ نرگاؤ ۲ (صفت) مجازاً بیوقوف۔ احمق ۳ (علا) برکھ۔ ثور (س۔ بل۔ طاقتور یا بلی ورد) بیل بیاہا۔ وہ ہوگیا جو ناممکن تھا۔ بیل بیگاری (مذکر) وہ بیل جو بیگار میں پکڑا جائے۔ بیل گاڑی (مونث) سامان یا مال لادنے کی گاڑی جسے بیل کھینچتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ بیل بدھیا ساجھے ادھیا (ھ) غریب کسان اگر بیل مانگ کر کاشت کریں تو آدھا حصہ دینا پڑتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ کسی کی مدد سے اگر کوئی کام کیا جائے تو اسے بہت کچھ دینا پڑتا ہے۔ بیل بیاہا بھیجڑے کے بیٹا ہوا۔ غیر ممکن بات کے متعلق کہتے ہیں۔ بیل کا بیل گیا نو ہاتھ کا پگھا گیا۔ بہت سخت نقصان ہوا۔ بیل کبھی دودھ نہیں دیتا۔ کنجوس سے کچھ

نہیں ملتا بیل مریں بہتوا اور رنڈی کھائیں ترنگ
(م) محنتی مشقت میں رہیں اور عیاش چین کریں۔ بیل
کو دا کودی گون (پوری) یہ تماشا دیکھئے
گون - جب کوئی امید کے خلاف کام کرے یا دخل
در معقولات دے یا بے موقع بول پڑے یا شکایت کسی
اور سے کرنی ہو اور کرے کوئی اور تو کہتے ہیں۔ بیل
سرکاری یاروں کی ٹھٹکاری۔ مال کسی کا
استعمال کوئی کرتا ہے۔ جب کسی کو کوئی چیز مفت استعمال
کے لئے مل جائے تو کہتے ہیں۔

بیل (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک درخت جس
میں نارنگی کے برابر پھل لگتا ہے۔ ۲ اس درخت کا پھل
(س وبلو) ۳ ایک قسم کا موتیا جس کا پھول سفید دوہرا
اور خوشبودار ہوتا ہے۔ ۴ برتن ۵ کہاں ۶ وہ جگہ جہاں
شکر بناتے وقت برتن رکھتے ہیں (س تی) ۷ (مونث)
وہ پودا جو زمین پر چاروں طرف پھیلے یا رسی اور لکڑیوں
کے ذریعہ دیواروں دروازوں وغیرہ پر چڑھایا جائے ۸ بیل نما پھول پتے
جو کپڑا پر بنائے جائیں ۹ گل بوٹے جو کاغذ پتھر و دیگر چیزوں پر
بنائے جائیں ۱۰ ایک قسم کا فیتہ جو ریشم و زری کی تاروں سے بنایا جائے
۱۱ پتے اور شاخیں جو مکانوں یا خیموں میں لٹکائی جائیں
۱۲ زر تصدق۔ نچھاور ۱۳ وہ روپیہ جو شادی کے موقع
پر گانے والوں کو دیا جاتا ہے ۱۴ مجازاً آل و عیال۔
نسل۔ بیل بٹا (مذکر) نچھاور۔ زر تصدق (س تی)
بیل بجلا (مذکر) ایک پودا۔ بیل برہ (صفت) غمزدہ
رنجیدہ۔ غمگین جس کے یہاں موت واقع ہوئی ہو۔
بیل بڑھنا (لازم) ۱ بال بچے زیادہ ہونا۔ کنبہ بڑھنا
۲ ترقی ہونا ۳ قد بڑھنا۔ بیل بوٹا (مذکر) نقش و نگار۔
پتوں پھولوں درختوں کی تصویریں جو کپڑوں کاغذ
پتھروں وغیرہ پر بنائی جائیں۔ بیل پات۔ پتر
(مذکر) یا پتی (مونث) بیل درخت کی پتی جو شوجی
کو چڑھائی جاتی ہے۔ بیل پڑنا (لازم) ارباب نشاط
کو زر نچھاور یا انعام ملنا۔ بیل پھل (مذکر) ۱ بیل
کے درخت کا پھل ۲ بیل۔ بیل پھلنا (لازم) ۱
پھل لگنا ۲ اولاد ہونا ۳ خواہش پوری ہونا۔ مراد
ملنا۔ بیل چڑھنا (لازم) ۱ بیل کا دیوار یا درخت
پر چڑھ جانا ۲ چوٹی پر پہنچ جانا ۳ تکمیل ہونا۔ تکمیل پر
پہنچنا ۴ ترقی کرنا۔ سرسبز ہونا۔ پھولنا پھلنا۔
بیلدار (صفت) بیل لگا ہوا۔ لیس لگا ہوا کپڑا۔
ٹوپی وغیرہ) بیل (بیلیں) دینا (متعدی) شادی
وغیرہ کے موقع پر گانے والوں کو روپیہ دینا۔ بیل
سونٹھ (مذکر) ایک پودا۔ بیل گری (مونث) بیل
پھل کا گودا جو دوائیوں میں پڑتا ہے۔ بیل منڈھے
چڑھنا (لازم) ۱ شادی کا وقت آنا ۲ کسی کام کا تکمیل
کو پہنچنا۔

امثال و اقوال۔ بیل ببول
خاک اور دھول۔ بیل اور ببول دونوں سخت خاردار
ہوتے ہیں۔ آگے سے بھی بری حالت میں ہونے
کے موقع پر کہتے ہیں۔ بیل بڑھا دے اور جڑ
کاٹے۔ ظاہر میں تو ہمدردی کرے۔ مگر اندرونی طور
پر نقصان پہنچائے۔ ظاہر میں دوست باطن میں دشمن
بیل کے مارے ببول تلے۔ ببول کے
مارے بیل تلے۔ اس بدبخت کے متعلق کہتے
ہیں۔ جو جہاں جائے نقصان اٹھائے۔ بیل منڈھے
چڑھتی دکھائی نہیں دیتی۔ کامیاب ہوتا نظر
نہیں آتا۔ کام ہوتا معلوم نہیں ہوتا۔ بیل پکا تو
کوے کے باپ کو کیا۔ بیل کا چھلکا بہت
سخت ہوتا ہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص
کسی بات سے فائدہ نہ اٹھا سکے۔ بیل پھوٹا رائی
رائی ہو گیا۔ بیل کا پھل پک کر پھٹ جائے تو
بیج نکل کر پھیل جاتے ہیں مطلب یہ ہے کہ نا اتفاقی
میں نقصان ہوتا ہے۔

بیل (ف۔ مذکر) ۱ لوہے کا اوزار۔
جس سے زمین کھودتے ہیں۔ پھاوڑا۔ کدال ۲ نشان
رستہ یا سڑک کا جو بیل سے لگایا جائے ۳ کشتی کھینے
کا بانس۔ بیلچک۔ بیلچہ (مذکر) پھاوڑے کی قسم کا
چھوٹا اوزار۔ بیلچہ کار (مذکر) وہ آدمی جو بیلچے کے ساتھ
کھدائی کا کام کرے۔ بیلدار (مذکر) ۱ کھودنے والا
آدمی۔ وہ جو بیلچے کا استعمال کرے ۲ نہر یا بارک ماسٹری
کے محکمے کا ملازم جو نہر یا سڑک کی مرمت کرتا ہے ۳
فوج کا سپاہی جو سڑکیں وغیرہ بناتا ہے۔ بیلک
(مذکر) ۱ بیلچہ ۲ (مونث) تیر کی نوک یا سنان یا انی۔

بیلا (ھ۔ صفت) ۱ وہ گائے جو بچہ
نہ دے ۲ (مذکر) ایک پرندہ۔

بیلا (اردو۔ مذکر) تیل کا اندازہ کرنے
کا چوبی ظرف۔

بیلا۔ بیلا (ف۔ مذکر) وہ نقدی
جو خوشی کے موقع پر بطور خیرات تقسیم کی جائے۔ خیرات
تصدق۔ دادو دہش (ہ بٹنا۔ بٹنا کے ساتھ)
بیلا بردار (مذکر) وہ آدمی جو امیروں کے ہمراہ خیرات
تقسیم کرنے کے لئے رہتا ہے۔ بیلا خرچ (مذکر)
خیرات۔ تصدق۔ خیرات کا خرچ یا حساب۔

بیلا (ھ۔ صفت) ناتجربہ کار۔
ناآزمودہ کار۔

بیلا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودا جس میں
نہایت خوشبودار موتیے کی قسم کے سفید اور دوہرے
پھول لگتے ہیں ۲ اس پودے کا پھول ۳ کٹورا۔ پیالہ ۴
ایک ساز جو سارنگی کی قسم کا ہوتا ہے (س تی) ۵ (ھ)
وقت۔ زمانہ۔ موسم۔ موقع۔ لمحہ۔ لحظہ (س ویلا)

بیلاونا (ہ۔ متعدی) مویشی کو اکٹھا
کرنا۔

بیلٹ (انگ۔ مذکر) وہ چھپا ہوا
ٹکٹ جس پر انتخاب کرنے والے ممبر کا نام لکھ کر صندوقچی
میں ڈالتے ہیں (ڈالنا کے ساتھ)

بیلک (تر۔ مذکر) وہ علاقہ جس پر
بے حکومت کرے۔

بیلکی (ہ۔ مذکر) بیل پالنے والا شخص
گوالہ۔ مویشی چرانے والا شخص۔ چرواہا۔

بیلم (عبر۔ مذکر) ایک پیغمبر جن کو
شاہ معاب نے یہودیوں کو بددعا دینے کے لئے بھیجا
تھا۔ مگر اس کے گدھے نے بول کر اسے روکا۔ اور اس
نے یہودیوں کے لئے برکت کی دعا کی۔

بیلن (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی یا لوہے کا
لمبا گول اوزار جس سے روٹی پوری وغیرہ بناتے ہیں ۲
لوہے لکڑی پتھر وغیرہ کا بڑا مدور اوزار جس سے سڑکیں
کوٹتے یا زمین ہموار کرتے ہیں ۳ ایک پرزے کا نام جو
بعض باجوں میں لگا ہوتا ہے۔ اور چکر کھاتا رہتا ہے
(س ویل۔ ہلنا) بیلنا (متعدی) روٹی کو بیلن سے
بنانا یا چپٹا کرنا ۲ (مذکر) گنے کا رس نکالنے کا کولہو۔
بڑا بیلن۔ بیلنی (مونث) ۱ چھوٹا بیلن ۲ چکنی بٹی
۳ درخت یا درخت کی شاخ۔

بیلو (ھ۔ صفت) چپٹا کرنے والا۔
بیلنے والا۔

بیلور (آئرلینڈ ص) ایک بادشاہ
جس کی آنکھ میں مار ڈالنے کی طاقت تھی۔ لڑائی میں
اس کے پوتے لگس نے پتھر مار کر اس کی آنکھ پھوڑ دی
اور یہ مر گیا۔

بیلوس (ا بیریا۔عص) ۱ ایک قدیم بادشاہ جو نائینس کا باپ تھا۔ ۲ ٹائر کی ملکہ ڈائیڈو کا باپ۔ ۳ دیکھو بعل دیوتا۔

بَیلُون (انگ۔ مذکر) غبارہ۔ وہ ربڑ کا تھیلا جس میں ہلکی ہوا بھر کر ہوا میں اُڑاتے ہیں۔

بیلی (ھ۔ مونث) ۱ بیل۔ ۲ (مذکر) محافظ۔ نگہبان۔ مددگار۔ ۳ اردو میں صرف اللہ بیلی کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔ ۴ (پ) دوست۔ یار۔ ساتھی۔

بِیم (ف۔ مذکر) ۱ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ ۲ خطرہ۔ جوکھوں۔ **بیم و رجا** (مذکر) خوف اور امید۔ **بیم و ہراس** (مذکر) خوف و خطر۔

بِیما (ھ) دیکھو بیمہ۔ **بیمائی** (صفت) بیمے کے متعلق۔ **بیما چھٹّا** (مذکر) بیمہ کی سند۔

بیمات (ھ۔ مونث) سوتیلی ماں۔ **بیمات بھائی۔ بیماتر** (مذکر) سوتیلا بھائی۔

بِیمار (ف۔ مذکر) ۱ وہ شخص جسے کوئی مرض ہو۔ روگی۔ علیل۔ آزاری۔ مریض ۲ (صفت) خستہ۔ ماندہ ۳ عاشق۔ **بیمارانہ** (تف) ۱ بیمار کی طرح ۲ (صفت) بیمار۔ **بیمار پُرسی** (مونث) عیادت۔ بیمار کا حال پوچھنا۔ **بیمار پڑنا** (لازم) کسی مرض میں مبتلا ہونا۔ علیل ہو جانا۔ **بیمار داری** (مونث) بیمار کی خبرگیری یا خدمت کی ذمہ داری۔ تیمار داری۔ **بیمار ہفت صد سالہ** (مذکر) بہت دیر کا بیمار۔ **بیمار ہونا** (لازم) بیمار پڑنا۔ **بیماری** (مونث) مرض۔ دکھ۔ روگ۔ آزار۔ عادت۔ لت۔ علت۔ **بیماری سے اٹھنا** (لازم) صحت پانا۔ تندرست ہونا۔

امثال۔ بیمار کی خدمت خدا کی عبادت ۔ عیادت عبادت۔ تیمارداری کرنا عبادت کے برابر ہے۔ **بیمار کی رات پہاڑ کے برابر**۔ رنج اور مصیبت کا زمانہ بڑا کٹھن معلوم ہوتا ہے۔ **بیمار کی تکلیف بیمار جانے ۔ بھلے چنگے کو کیا خبر**۔ جس پر مصیبت پڑی ہو اس کو ہی تکلیف ہوتی ہے۔ دوسرے کو کیا خبر۔

بیموٹ (ھ۔ مذکر) چیونٹیوں کا گھر۔

بِیمہ (ف۔ مذکر) ٹھیکہ۔ ضمانت۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ مال پہنچانے کی ذمہ داری۔ مال کی قیمت یا مرجانے پر مقررہ رقم بھر دینے کی ذمہ داری انشورنس۔ شرح انشورنس (کرانا۔ کرنا کے ساتھ) (بیم بمعنی ڈر سے) **بیمہ اٹھانا** (متعدی) کسی چیز کو کسی جگہ پہنچانے کا ٹھیکہ لینا۔ **بیمہ اٹھانے والا یا بیچنے والا** ۔ بیمہ دار۔ بیمہ والا۔ **بیمہ زندگی** (مذکر) بیمہ کمپنی جب کسی شخص سے یہ اصرار کرے کہ وہ اگر مدت معینہ تک ایک خاص رقم ماہوار یا ششماہی یا سالانہ ادا کرتا رہے تو وہ میعاد معینہ کے اختتام یا موت پر ایک مقررہ رقم ادا کریگی۔ اس اقرارنامہ کو بیمہ زندگی کہتے ہیں۔ **بیمے کی سند** (مونث) بیمے کا اقرارنامہ۔ انشورنس پولیسی **بیمے والے کی کوٹھی** (مونث) انشورنس کمپنی۔ ایسی کمپنی کا دفتر۔

بَین (ع۔ مذکر) ۱ فاصلہ۔ فرق۔ درمیانی فاصلہ ۲ تفرقہ۔ علیحدگی ۳ (حرف جار) درمیان۔ بیچ میں۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (بَین۔ جدا ہونا) **بینُ السُّطور** (مذکر) وہ فاصلہ جو سطروں کے درمیان ہوتا ہے۔ **بین العصر و المغرب**۔ پچھلے پہر اور شام کے درمیان۔ **بین بین** (صفت) متوسط۔ درمیانی۔ بیچ کا۔ بیچوں بیچ۔ ملا جلا۔ **بین یدیہ** (تف) اپنے ہاتھوں کے درمیان۔

بَیِّن (ع۔ صفت) ظاہر۔ صاف۔ آشکارا۔

بَین (ھ۔ مذکر) ۱ مردے کی خوبیاں بیان کر کے رونا۔ گریہ و زاری۔ فغاں (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ (ھ) آواز۔ لفظ۔ گفتگو۔ مقولہ (رس دانی)

• **بَیں** (ھ۔ صفت) بایاں **بیں ہتھا** (صفت) کھبّا۔

بِین (ھ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا باجہ۔ جس کے دونوں طرف تونبے ہوتے ہیں اور سات تاریں ہوتی ہیں ۲ وہ باجہ جو سانپوں والے سانپوں کو لبھانے کے لئے بجاتے ہیں ۳ بیگ پائیپز۔

بِیں (ف۔ امر) دیدن کا ۱ دیکھ ۲ (صفت) دیکھنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دوربیں۔ خوردبیں۔

بینؔ۔ بَیں (ھ۔ مذکر) ۱ سرکنڈہ۔ نے۔ کلک۔ بانس ۲ نے۔ بانسری۔ مرلی۔ سرکنڈے یا بانس کا باجہ۔

بَینا (ھ۔ مذکر) ۱ مٹھائی یا کھانا جو تقریبات پر تقسیم کیا جاتا ہے ۲ جھومر کی قسم کا ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔

بِینا (ھ۔ مونث) بین باجہ۔

بِینا (ف۔ صفت) ۱ دیکھنے والا۔ نظر والا ۲ صاحب بصیرت۔ دانا۔ عقلمند۔ ہوشیار ۳ کنایتاً نابینا (کرنا ہونا کے ساتھ) **بینا دل** (صفت) وہ شخص جس کا دل باطنی نور سے روشن ہو۔ **بینائی** (مونث) ۱ آنکھ کی روشنی۔ بصارت ۲ دانائی عقلمندی بصیرت۔ **بینائی جاتی رہنا یا کم ہونا بینائی میں فرق آنا** (لازم) کم نظر آنا۔

بِینا (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو بہنا ۲ پنکھا دیکھو بیجنا ۳ ایک قسم کی گھاس۔

بَیِّنات (ع۔ مونث۔ صفت) بَیِّنت کی جمع۔ ثبوت۔ شہادتیں۔ روشن۔ واضح۔ جمع بیّنہ۔ ایک قسم کا حساب ابجد جس میں ہر حرف کے عدد بحساب اس کے تلفظ کے لیتے ہیں۔ اور پہلے حرف کے عدد کو چھوڑ دیتے ہیں (بَین۔ ظاہر ہونا)

بَیِّنَت (ع۔ مونث) یقینی ثبوت۔ صاف بات۔

بِینتانا۔ بینتوانا (ھ۔ م) کپڑے کو قطع کروانا۔ سلوانا یا بنوانا۔

بینٹ (ھ۔ مذکر) کسی اوزار کا گول یا مڑا ہوا دستہ۔

بَینَٹ (انگ۔ مونث) بندوق کی کرچ یا سنگین۔

بینڈ (ھ۔ مذکر) سرکنڈا۔ نے۔

بَینڈا (ھ۔ مذکر) تلک۔ ٹیکا۔ جو ہندو پوجا سے پہلے ماتھے پر لگاتے ہیں۔

بینڈر (اناطولیہ) ولایت سمرنا میں ایک شہر (۲۵)

بِیندھ (ھ۔ امر) ۱ بیندھنا کا ۲ (مذکر) بیندھنا۔ **بیندھا** (ماضی) بیندھنا کی۔ **بیندھنا** (متعدی) ۱ سوراخ کرنا۔ چھید کرنا۔ چھیدنا۔ برمانا ۲ پرونا۔ سختی کرنا۔ طنز کی باتیں کہہ کر زخمی کرنا۔ طعنے دینا۔

مثل۔ بیندھے موتی چوکے بٹورا۔ دقیقہ رس ہو کر چھوٹی چھوٹی باتوں کا خیال کرے۔

بینڈھنا (ہ۔ متعدی) گوندھنا۔ بینڈھیاں بنانا۔ موباف کرنا۔

بَینْدی۔ بینْدی (ہ۔ مونث) ۱ سہاگ کے لئے ماتھے پر گول نشان رنگدار مٹی سے ۲ ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔

بَینْڈ (انگ۔ مذکر) ۱ انگریزی باجہ جو برات وغیرہ کے موقع پر بجایا جاتا ہے ۲ اس باجہ بجانے والوں کا گروہ۔ بینڈ سٹینڈ (مذکر) وہ جگہ چھاؤنی یا باغ میں جہاں کھڑے ہو کر باجہ بجاتے ہیں۔ یا جہاں باجے کی سکھلائی ہوتی ہے۔ بینڈ ماسٹر (مذکر) وہ شخص جو بینڈ بجانا سکھاتا ہے یا باجہ بجنے کے وقت اشارات کرتا ہے۔

بینْڈ (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھیر۔ تودہ ۲ مٹھا (سرکنڈوں یا نرکلوں کا) ۳ گٹھا (گھاس یا بھوسے کا) پولا (گھاس کا) (س وِرند)

بَینْڈا (ہ۔ مذکر) **بینڈا۔ بینڈا** (ہ) ۱ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ آڑا۔ خمیدہ۔ کج ۲ بھدا۔ بھونڈا۔ بدوضع ۳ مشکل۔ سخت۔ بے قابو ۴ بدتہذیب۔ ناشائستہ۔ بدتمیز۔ اکھڑ۔ اجڈ۔ (مذکر) وہ لکڑی جو دروازے کے پیچھے ترچھی لگائی جاتی ہے۔ بینڈی (صفت) مونث بینڈا کا۔ بینڈی سنانا (متعدی) سخت جواب دینا۔ بدتمیزی سے بولنا۔ بینڈی کھوپری (کا) (صفت) مجازاً جاہل۔ بیوقوف شخص۔ اکھڑ مزاج آدمی۔ بینڈی چال (مونث) ٹیڑھی چال۔ بُری وضع۔

بینڈارہ (ہ۔ مذکر) ۱ مٹھا۔ گٹھا۔ پولا ۲ کاغذ کا مٹھا ۳ گھاس یا پودے کے ریشے جو بطور رسّہ استعمال ہوں (س وِرند)

بینڈھنا (ہ۔ متعدی) بینڈھنا۔

بَینْڈی۔ بینْڈی (ہ۔ مونث) ۱ تالاب یا جوہڑ میں سے پانی کاشت کے لئے اونچی جگہ پر پھینکنا ۲ دیکھو بینڈا کے تحت میں۔

بینڈی (ہ۔ مونث) بالوں کا جوڑا جو پیچھے لپٹا ہوتا ہے (گوندھنا کے ساتھ) (س وینی)

بینڈیارہ (ہ۔ مذکر) تیسرا یا پانچواں بیل جو جوڑی یا دو جوڑیوں کے آگے جوتا جاتا ہے۔

بِینِش (ف۔ مونث) دیکھنا۔ دید۔ بینائی۔ بصارت۔

بَینْگ (ہ۔ مذکر) بینڈک۔

بَینْگ (ہ۔ مذکر) طنز۔ طعن۔ رمز۔ نوک جھوک۔

بینگَن (ہ۔ مذکر) اناج جو کاشتکاروں کو پیشگی بونے کے لئے دیا جائے۔

بَینگَن (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودہ جو تقریباً ڈھائی فٹ اونچا ہوتا ہے۔ اور بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں۔ اودا۔ سیاہ یا سفید پھل لگتا ہے جو بطور ترکاری استعمال ہوتا ہے ۲ اس کا پھل ۳ (مذاقاً) خصیہ۔ **بینگنی** (صفت) بینگن کا رنگ۔ اودا سیاہی مائل

مثل۔ بینگنوں کا نوکر نہیں آپ کا نوکر ہوں ۔ دیکھو آپ کا نوکر الخ۔

بَینگی (ہ۔ مونث) دیکھو بہنگی۔

بَینُما (ع۔ تف) اس اثنا میں۔

بِیننا (ہ۔ متعدی) ۱ چننا۔ انتخاب کرنا ۲ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔ خوشہ چینی کرنا۔

بِینَندہ (ف۔ صفت) بینا۔ صاحب بصیرت۔ دانشمند۔

بَینُونَت (ع۔ مونث) ۱ فاصلے پر رکھنا ۲ جدا کرنا ۳ ملانا۔

بِینی (ف۔ مذکر) ۱ ناک ۲ دروازے کا وہ حصہ جو نیچے کے طاق پر آ جاتا ہے ۳ وہ لکڑی جو طاق کے نیچے اسے مضبوط کرنے کو لگا دیتے ہیں ۴ کتاب کی جلد کا وہ بڑھا ہوا حصہ جو کتاب بند کرنے پر اوپر آ جاتا ہے ۵ تلوار کے دستے کا وہ حصہ جو ہاتھ کو بچاتا ہے ۶ دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔ ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے کتاب بینی۔ بینی بریدہ (صفت) نکٹا۔ بینی پاک (مونث) تلوار۔ کٹار۔

بینی (ہ۔ مونث) ۱ بینڈھی گندھے ہوئے بال۔ جوڑا ۲ بینڈی وہ موقعہ جہاں دو یا زیادہ دریا ملیں۔ بینی ماڈھب (مذکر) الہ آباد کے ایک بُت کا نام۔ ایک مردانہ نام۔

بینیا (ہ۔ مذکر) بینا کی تصغیر۔

بَینیڈِکٹ (اطالوی۔ مذکر) پندرہ پوپ اس نام کے ہوئے ہیں۔

بیوا (ف۔ ہ۔ مونث) بیوہ۔ بیوا

بیواپن (مذکر) رانڈ ہونے کی حالت۔ رنڈاپا۔ بدھواپن

بیوگی۔ بیوائی (مونث) دیکھو بیواپا۔

بیوان (ہ۔ مذکر) بمان۔ دیوتاؤں کی خود بخود چلنے والی گاڑی۔

بیواہِک (ہ۔ صفت) ۱ شادی کے متعلق۔ ازدواجی۔ نکاحی۔ بیاہ کے متعلق ۲ شادی۔ بیاہ۔ ازدواج ۳ سمدھی اور سمدھن۔

بیوپار (ہ۔ مذکر) بیوہار۔ تجارت۔ بیپار۔ سوداگری۔ کاروبار۔ لین دین (کرنا کے ساتھ) (س ویاپار) **بیوپاری**۔ سوداگر۔ تاجر۔ بنیا۔ دکاندار

بُیُوت (ع۔ مذکر) بیت کی جمع۔ گھر۔ مکان۔ محل۔ **بیوتات** (مذکر) ۱ بیت کی جمع الجمع۔ شاہی محل۔ قصر ۲ گھر کے اخراجات ۳ گھر کے اخراجات کا حساب ۴ گھر کے محصولات وغیرہ۔

بیوٹ شائر (سکاٹ لینڈ) ایک کونٹی رقبہ (۲۱۸) (۴۳) صدر مقام رود سے۔

بُیُودر (ع۔ مذکر) ۱ دوستوں سے جدا ہونا ۲ مرنا ۳ سورج غروب ہونا۔

بیوَر (ف۔ مذکر) ۱ دس ہزار ۲ اخروٹ کا خشک اور کڑوا چھلکا ۳ ضحاک کا نام۔

بیورا۔ بیوَرا۔ بیوُرا (ہ۔ مذکر) ۱ اختلاف۔ فرق۔ تفاوت۔ انتر۔ بھید ۲ تفصیل۔ بیان کیفیت۔ حال۔ سرگزشت ۳ پیغام۔ خبر۔ اطلاع ۴ روزنامچہ۔ **بیورا دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ اطلاع دینا۔ خبر دینا ۲ حال بیان کرنا۔ تفصیل سنانا۔ **بیورے وار** (صفت) تفصیل وار۔ بالتفصیل۔ مفصل۔ واضح۔ صاف ۲ (تف) واضح طور پر۔ مفصل طور پر۔

بیورت (ہ۔ مذکر) ۱ گردش۔ چکر ۲ زندگی کا بدلنا۔

بیوَرد (ف۔ مذکر) ۱ ایک قدیم پہلوان ۲ خراسان کا ایک شہر۔

بیوگ (ہ۔ مذکر) ۱ جدائی۔ فراق ۲ تفرقہ ۳ محبت جس کا علم معشوق کو نہ ہو۔ بجوگ۔ بیوگی (مذکر) فراق کا مارا ہوا عاشق۔

بیوگی (ہ۔ مونث) رنڈاپا۔ بدھواپن

بیونت (ہ۔ مونث) ۱ کاٹ۔ تراش۔ قطع و برید۔ کاٹ چھانٹ۔ تراش خراش ۲ طرز۔ وضع۔ فیشن ۳ تجویز۔ تدبیر۔ منصوبہ ۴ موقع۔ ڈھب۔ ہم

دقت ۹ اتفاق - عہد - میل - جوڑ ۱۰ کفایت شعاری -
کم خرچی - صرفہ ۱۱ حساب - تقسیم - **بیونت پھیلنا**
(لازم) کھانا (متعدی) حساب ٹھیک بیٹھ جانا -
بیونتنا (متعدی) ۱ کپڑے کی قطع و برید کرنا - ناپ
لینا - کپڑے کو بدن پر ٹھیک بٹھانا ۲ (ہ) کاٹنا - ٹکڑے
ٹکڑے کرنا - مار ڈالنا - قتل کرنا -

بیونگا (ہ - مذکر) ایک آلہ جس سے
چمڑے کو کھرچتے اور صاف کرتے ہیں - **بیونگا پھرنا**
(لازم) ۱ کھال کو صاف کرنا - کمانا یا دباغت کرنا ۲ مجازاً
بچے کو سزا ملنا - **بیونگی** (مونث) بیونگا کی تصغیر -

بیوہ (ف - مونث) رانڈ - بدھوا -
بیوہ قابض - جو بیوہ اپنے خاوند کی جائداد پر قابض
ہو -

بیوہار (ہ - مذکر) ۱ پیشہ - کام کاج ۲
تجارت - سوداگری - بیوپار ۳ معاملہ - واسطہ - تعلق ۴
قاعدہ - دستور - ڈھنگ ۵ خط و کتابت - نامہ و پیام -
۶ لین دین روپے کا ۷ بیاہ - شادی - نسبت کا تعلق -
(کرنا - ہونا کے ساتھ) **بیوہار کی بات** - لین دین
کی بات - معاملے کی بات - درست بات - ٹھیک بات
بیوہاری (صفت) ۱ تجارتی - سوداگری کے متعلق ۲
معمولی - رسمی - موافق دستور ۳ (مذکر) تاجر - سوداگر ۴ کسی
معاملے کے فریقین میں سے کوئی فریق ۵ ساہوکار - مہاجن
سود پر قرضہ دینے والا - **بیوہر** (مذکر) قرضہ - ادھار -
بیوہرا - بیوہریا (مذکر) ۱ تاجر - سوداگر ۲ ساہوکار
مہاجن ۳ قرضخواہ -

بیوی (ف - مونث) ۱ بی بی - عورت
بیگم ۲ زوجہ - استری ۳ گھر کی مالک - **بیوی زن** (مونث)
دیکھو بی بی زن - **بیوی کا دانہ یا کونڈا** (مذکر)
حضرت فاطمہؓ کی فاتحہ یا نیاز - **بیوی کا دانہ کھاتا
ہے** ۱ پرہیزگار ہے - بدچلن نہیں ۲ مذاقاً جورو کے
ذریعے گزران کرتا ہے - **بیوی کا غلام** (مذکر) زن مرید
بیوی کا دانہ کھانے والا (صفت) جورو کی کمائی
کھانے والا - **بیوی کی صحنک یا نیاز** (مونث)
دیکھو بیوی کا دانہ -

**امثال و اقوال - بیوی بیوی
عید آئی چل دور تجھے اپنی دال ٹکیا سے**
کام - دنیا کی عیش و عشرت سے غریبوں کو کیا واسطہ -
**بیوی خیلا (ایک اجلا ایک میلا) دو چھلے
ایک میلا** - جس کے کام بے جوڑ ہوں اس کے متعلق
کہتے ہیں - **بیوی کو باندی کہو ہنس دے -
باندی کو باندی کہو جل مرے** - شریف کو کمینہ
کہو ہنس دیتا ہے - کمینے کو کمینہ کہو تو وہ ناراض ہو جاتا
ہے - **بیوی نیک بخت دمڑی کی دال تین
وقت** - کفایت شعار کی نسبت کہتے ہیں -

بیہ (ہ - مذکر) زمانہ - زمانۂ زندگی -
بیہ (ہ - مذکر) ۱ چھید - سوراخ ۲
کان یا ناک کا سوراخ -
بیہان (ہ - مذکر) دیکھو بہان -
بیہدہ (ف - صفت) بیہودہ کا
مخفف -

بیہری (ہ - مونث) ۱ چندہ - حصہ
رسد - باچھ ۲ قسط ۳ حصہ برابا چھ ۴ کل رقم کی تقسیم
۵ محصول - ٹیکس - بہری - **بیہری باندھنا** (متعدی)
چندے سے روپیہ اکٹھا کرنا - چندہ دینا - **بیہری برار**
(مذکر) جنسی مالگزاری پر چندہ - **بیہری بندی** (مونث)
سڑکوں کی مرمت کے لئے چندہ - **بیہری دار** (صفت)
حصہ دار -

بیہڑ - بیہڑ (ہ - صفت) ۱
غیر کاشت - بنجر ۲ ناہموار زمین - اونچی نیچی زمین - بنجر
زمین ۳ زمین جو زیر کاشت نہ لائی گئی ہو ۵ جنگل -
چراگاہ -

بیہش (ف - صفت) بیہوش کا
مخفف (شعر میں) -

بیہن - بیہن (ہ - مذکر) ۱ دھان
کی پود کی جگہ ۲ پیشگی جو بیج کے لئے دی جائے -
بیہنور (مذکر) دیکھو بیہن ۱

بیہنا - بیہنا (ہ - مذکر)
گاڑیبان -

بیہو (ہ - صفت) نجس - پلید (کرنا
ہونا کے ساتھ)

بیہی (ہ - مونث) مٹی کا برتن جو کہار
دولہا دولہن کو دیتا ہے -

بیئے (ہ - مذکر) ۱ نقصان - ٹوٹا -
ضرر - بربادی - تباہی ۲ خرچ - اخراجات ۳ تقسیم
۴ استعمال - ضائع کرنا - فضول خرچی - **بیہار**
(مذکر) دیکھو آخری -

پ (ہ) - مونث تلفظ پے ۱ اردو اور فارسی زبان کا تیسرا حرف - ناگری رسم الخط کا اکیسواں ویجن - عربی میں بولا نہیں جاتا ۲ فارسی الفاظ اگر عربی میں استعمال ہوں تو ف سے بدل جاتا ہے - جیسے پارسی سے فارسی ۳ ابجد میں ب کی طرح اس کے دو عدد فرض کئے جاتے ہیں ۴ بعض ہندی الفاظ کے آخر میں مصدر سے کے معنی دیتا ہے - جیسے ناپ - ملاپ ۵ بعض دفعہ ب کی بجائے بولا جاتا ہے - جیسے اپٹن بجائے ابٹن -

پ (س - مذکر) حرف پ - **پکار** (مذکر) لفظ یا آواز پ - **پوَرگ** (مذکر) شفتی حروف - وہ حروف جو ہونٹوں سے نکلیں -

پا (س - صفت و مذکر) ۱ پیتا ہوا - پینے والا - مرکبات کے اخیر میں جیسے دوِپ دوبارہ پینے والا یعنی ہاتھی ۲ حفاظت کرنے والا - بچانے والا - پالنے والا - حکومت کرنے والا - مرکبات کے اخیر میں جیسے بھوپ - زمین کی حفاظت کرنے والا یعنی راجہ - بادشاہ ۳ (مذکر) ہوا - آندھی ۴ ہوا کا دیوتا - وَرُن ۵ (ھ - صفت) پانچ کا مخفف - چند مرکبات میں استعمال ہوتا ہے پسیری پانچ سیر -

پا (ہ - مذکر) ۱ مرکبات کے اخیر میں آتا ہے - اور پن یا پنا کے معنی دیتا ہے - جیسے مٹاپا بڑھاپا ۲ (امر حاضر) پانا سے -

پا (ھ - امر) پانا کا - **پالینا - پانا** (متعدی) ۱ حاصل کرنا - لینا - قبضے میں کرنا - پکڑ لینا ۲ وصول کرنا تحصیل کرنا - اگاہنا ۳ کھوئی ہوئی چیز کا ملنا ۴ تاڑ جانا - معلوم کرنا - پہچاننا ۵ پکڑنا - سراغ لگانا ۶ کسی صفت میں برابر ہونا ۷ (دکھ وغیرہ) سہنا بھگتنا ۸ (پڑا) کوئی چیز پڑی ہوئی ملنا ۹ (مصدر کے ساتھ) سکنا - اجازت دینا - جیسے جانے پانا - کتنے پانا ۱۰ (ہندوؤں میں) کھانا - نوش کرنا بھوجن کرنا ۱۱ (پ) ڈالنا -

مثل - پائی چیز پرائی چیز ۱ پائی چیز پانے والے کی ہو گئی - مالک کی نہیں رہی ۲ پائی چیز پرائی ہے - پانے والے کی نہیں -

پا (ف - مذکر) ۱ پاؤں - پیر ۲ قدم ۳ درخت کا نچلا حصہ یا جڑ ۴ مجازاً ہاتھ - ٹانگ ۵ پائندہ کا مخفف - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دیرپا - **پا افتادگان** (مذکر) پا افتادہ کی جمع - **پا افتادہ** (صفت) بےکس - **پا انداز** (مذکر) ۱ چٹائی یا قالین جو دروازوں کے آگے پاؤں صاف کرنے کے لئے رکھتے ہیں - یا گاڑیوں میں پاؤں رکھنے کی جگہ بچھاتے ہیں ۲ وہ کپڑے یا قالین جو بادشاہوں یا بڑے افسروں کے آنے پر بچھائے جاتے ہیں - **پا بجولاں** (صفت) گرفتار - مقید - بیڑیاں پہنے ہوئے **پا بدست دگرے دست بدست دگرے** - لفظی معنی پاؤں ایک کے ہاتھ میں - ہاتھ دوسرے کے ہاتھ میں - کشاں کشاں - بالجبر - **پا بر رکاب** (صفت) چلنے کے لئے تیار - مستعد یا آمادہ - **پا برہنہ** (صفت) ننگے پاؤں - **پا بزنجیر** (صفت) گرفتار - مقید - **پا بگل** (صفت) ۱ مقید - گرفتار ۲ ہلنے جلنے کے ناقابل - بےبس ۳ حیران متحیر **پابند** (صفت) ۱ گرفتار - مقید ۲ تابع - مطیع - ماتحت ۳ مجبور - قائم رہنے والا ۴ خوگر - عادی ۵ (مذکر) بیڑی - گھوڑے کے پچھلے پاؤں کی رسی - پچھاڑی - (رہنا ہونا کے ساتھ) **پابند شریعت** (صفت) وہ جو شریعت کے احکامات پر چلے (کرنا ہونا کے ساتھ) **پابند کرنا** (متعدی) ۱ گرفتار کرنا مقید کرنا ۲ مجبور کر دینا ۳ کسی بات سے روک دینا ۴ شادی کر دینا - **پابندی** (مونث) ۱ اطاعت فرمانبرداری ۲ عادت - خو ۳ استقلال - قیام ۴ ممانعت - روک - (رہنا - کرنا - ہونا کے ساتھ) **پابوس** (مذکر) پابوسی ۲ (صفت) قدم بوس - پاؤں چومنے والا - تسلیمات یا آداب بجا لانے والا - (ہونا کے ساتھ) **پابوسی** (مونث) ۱ خاطر - تواضع - تعظیم ۲ قدم لینا - پاؤں چومنا - پاؤں چھونا (کرنا - ہونا کے ساتھ) **پاپوش** (مونث) ۱ جوتا - کفش ۲ بیزاری ظاہر کرنے کے لئے بلا یا بیزار کی جگہ - **پاپوش بھی نہ مارنا** (متعدی) نہایت بے وقعت سمجھنا - کچھ بھی لحاظ نہ کرنا **پاپوش پر مارنا** (متعدی) پروا نہ کرنا - ٹھکرانا - خاطر میں نہ لانا - **پاپوش جانے** کچھ خبر نہیں - پتہ نہیں - (ضمیر اضافی کے ساتھ) **پاپوش (کی نوک) سے** - (تف) جوتی سے کچھ پروا نہیں - **پاپوش کاری** (مونث) جوتیاں پڑنا - جوتیوں کی مار - **پاپوش کے برابر سمجھنا** (متعدی) نہایت ذلیل سمجھنا - حقیر سمجھنا - **پاپوش کی خاک سے** دیکھو پاپوش سے - **پاپوش کی گرو ہونا** (لازم) ہیچ ہونا - معمولی بات ہونا - **پاپوش کی نوک پر مارنا** (متعدی) دیکھو پاپوش پر مارنا - **پاپوش مارنا** (متعدی) ۱ جوتی مارنا ۲ بے توجہی کرنا - لاپرواہی کرنا ۳ (پر) ترک کر دینا - چھوڑ دینا - **پیادہ** (صفت) پیدل - بغیر سواری کے **پاتابہ** (مذکر) وہ چیز جو جوتے یا موزے کے اندر پاؤں پر پہنی جائے - جراب - موزہ **پاتراب** (مذکر) دیکھو پائے تراب (رکھنا کرنا - ہونا وغیرہ کے ساتھ) **پاجامہ** (مذکر) آزار - وہ سلا ہوا دو پائنچوں والا کپڑا جو نچلے دھڑ پر پہنا جاتا ہے - **پاجامے** (مذکر) ۱ پاجامہ کی جمع ۲ بجائے پاجامہ حروف مغیرہ سے پہلے - **پاجامے سے باہر ہو جانا یا نکل پڑنا** (لازم) بہت خفا یا ناراض ہونا - غصے سے آپے میں نہ رہنا **پاجامے میں ڈال کر پہن لینا** (متعدی) بدلحاظ ہونا - گستاخ ہونا - بیباک ہونا - ادب لحاظ نہ کرنا **پاجامے میں ہگ دینا** (متعدی) سخت خوفزدہ ہونا - ڈر یا خوف سے بدحواس ہو جانا - **پاچراغ** (صفت) چراغ پا - ایک پاؤں پر - پچھلے پاؤں پر (کرنا - ہونا کے ساتھ) **پاخانہ** - (مذکر) ۱ جائے ضرور - بیت الخلا - وہ جگہ جو ہگنے کے لئے خاص طور پر مکان میں یا مکان کے قریب بنائی گئی ہو ۲ انسان کا فضلہ - گوہ - **پاخانہ پھرنا** (متعدی) ہگنا **پاخانہ خطا ہونا** (لازم) ۱ بے اختیار گوہ کا باہر نکلنا ۲ سخت خوفزدہ ہونا **پاخانہ لگنا** (متعدی) ہگنے کی حاجت ہونا - **پاخانے میں لوٹا نہ رکھوا دوں** ۱ حقیر سمجھتی ہوں - ذلیل خیال کرتی ہوں - **پاداری** (مونث) دیکھو پائیداری - **پا دراز** (صفت) ۱ پاؤں پھیلائے ہوئے ۲ آرام میں ہونے میں (کرنا - ہونا کے ساتھ) **پا در رکاب** (صفت) چلنے کو تیار - مستعد - آمادہ - **پا در گل** (صفت) پابگل - **پا در ہوا** (صفت) خیالی - وہمی - **پارکاب** (صفت) دیکھو برکاب (مذکر) ہمرکاب - سواری کے ساتھ سوار یا پیدل بانزک و احتشام - **پاروب** (مونث) وہ لکڑی جس سے گھوڑوں کے سموں سے گھاس - لید وغیرہ صاف کرتے ہیں **پازیب** (مونث) عورتوں کے پاؤں کا زیور - خلخال **پاسنگ** (مذکر) ۱ وہ چھوٹا وزن جو ترازو کے پلے برابر کرنے کے واسطے ڈالتے ہیں - پائے سنگ ۲ وہ نقصان جو ترازو کے

پلّے ہموزن نہ ہونے کی وجہ سے وزن میں ہو۔ ۲ (صفت) برابر ہمسر۔ **پاسنگ بھی نہیں**۔ مقابلے میں کچھ نسبت نہیں۔ حقیقت نہیں۔ **پاسنگ نہ ہونا** (لازم) برابر کا نہ ہونا مقابلے میں کچھ حیثیت نہ ہونا۔ **پاسے تابفرق** (تف) سر سے پاؤں تک۔ کل۔ تمام۔ **پاشکستہ** (صفت) ۱ چلنے پھرنے سے معذور ۲ بیکس مفلس۔ غریب۔ **پاشویہ** (مذکر) بیمار کے پاؤں اور ٹانگوں کو گرم پانی یا کسی رقیق چیز سے دھونا۔ **پافشردہ ہونا** (لازم) پاؤں رکھنا۔ **پاکار** (مذکر) ۱ تحصیل کا پیادہ۔ چپڑاسی ۲ خدمتگار۔ مزدور۔ پیادہ۔ اردلی۔ **پاکوب** (صفت) لفظی معنی پاؤں مارنے والا۔ ناچنے والا۔ رقاص۔ **پاکوبی** (مونث) پاؤں دے دے مارنا۔ **پالغز** (مونث) پاؤں کی لغزش۔ پھسلن۔ ریٹن ۲ غلطی۔ خطا۔ گناہ۔ **پالکڑی** (مونث) وہ لکڑی جو پلنگ کے پایوں کے نیچے رکھتے ہیں۔ **پامال** (صفت) پاؤں سے روندا ہوا۔ خراب۔ خستہ۔ تباہ۔ برباد (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پامال زمین** (مونث) وہ ردیف اور قافئے جن میں بےانتہا شعر کہے گئے ہوں۔ **پامال شدہ** (صفت) دیکھو پامال۔ **پامالی** (مونث) ۱ تباہی۔ بربادی ۲ پاؤں سے روندنا۔ **پامرد** (صفت) مستقل مزاج۔ ثابت قدم۔ **پامردی** (مونث) ۱ بہادری۔ استقلال ۲ زور۔ طاقت ہمت ۳ مضبوطی۔ استحکام۔ **پاموز** (صفت) ۱ ایک قسم کا کبوتر جس کے پنجوں پر پر ہوتے ہیں ۲ ایک قسم کی مرغی جس کے پنجوں پر پر ہوتے ہیں۔ **پانام** (صفت) نامزد۔ مشہور۔ **پائتابہ** (مذکر) دیکھو پاتابہ۔ **پائجامہ** (مذکر) دیکھو پاجامہ۔ **پائے** (مذکر) پا اضافت کے ساتھ اس شکل میں لکھا جاتا ہے۔ پاؤں۔ پیر۔ **پائے ادب کو بوسہ دینا** (متعدی) کسی بزرگ کے پاؤں چومنا۔ **پائے باقی** (مذکر) بقایا۔ بچت۔ **پائے برہنہ** (تف) ننگے پاؤں۔ **پائے بستہ** (صفت) پاؤں بندھے ہوئے۔ مقید۔ گرفتار۔ **پائے بند** (صفت) دیکھو پابند۔ **پائے بوسی** (مونث) دیکھو پابوسی۔ **پائے تخت** (مذکر) دارالسلطنت۔ دارالخلافہ۔ راجدھانی۔ **پائے تراب** (مذکر) دیکھو پاتراب۔ **پائے ثبات** (مذکر) ثابت قدمی استقلال (قائم رکھنا رہنا کے ساتھ)۔ **پائے حساب لانا** (متعدی) ۱ حساب چکانا۔ حساب فیصل یا صاف کرنا ۲ حساب لینا۔ بازپرس کرنا۔ محاسبہ لینا۔ **پائیخانہ** (مذکر) دیکھو پاخانہ۔ **پائیدار** (صفت) ۱ پکا۔ مضبوط ۲ دیرپا۔ **پائیداری** (مونث) استحکام۔ مضبوطی۔ **پائیدام** (مذکر) جال۔ پھندا۔ دام۔ **پائیدان** (مذکر) گاڑی کا تختہ یا لوہے کا چوکور ٹکڑا جس پر پاؤں رکھ کر گاڑی پر چڑھتے ہیں۔ **پائے درگل** (صفت) پابگل۔ **پائے (در) زنجیر** (صفت) ۱ گرفتار۔ مقید۔ پاؤں میں زنجیر پڑے ہوئے ۲ دنیا کے دھندوں میں پھنسا ہوا۔ بال بچوں والا **پائے زیب** (مذکر) دیکھو پازیب۔ **پائیکار** (مذکر) ۱ وہ شخص جو بنانے والے سے اشیا خریدے اور دوکاندار کے پاس بیچے۔ ایجنٹ۔ دلال ۲ خوردہ فروش۔ بساطی۔ پھیری والا۔ خونچے والا۔ **پائیکوباں** (تف) ناچتے ہوئے۔ زمین پر پاؤں مارتے ہوئے۔ چلتے ہوئے۔ **پائیگاہ** (مونث) طویلہ۔ اصطبل ۲ کچہری۔ اجلاس ۳ قدر۔ منزلت۔ مرتبہ **پائیں** (مذکر) ۱ سرہانے۔ مقابل۔ پاؤں کی طرف ۲ نیچے پائنتی۔ **پائیں باغ** (مذکر) وہ باغیچہ جو مکان کے ساتھ مگر ذرا نشیب میں واقع ہو۔ **پائیں کوہ** (مذکر) پہاڑ کا دامن۔ **پائے نظر یا نگاہ** (مذکر) نظر۔ نگاہ۔ **پائے نگاہ (نظر) کا پھسلنا** (لازم) نظر کا نہ ٹھہرنا۔ نگاہ بھر کر نہ دیکھ سکنا۔ **پائیں میں بیٹھنا** (لازم) پاؤں کی طرف بیٹھنا۔ **پائے ہمت** (مذکر) استقلال۔ ثابت قدمی۔ **پائے ہمت گاڑنا** (متعدی) ثابت قدم رہنا۔ استقلال قائم رکھنا۔ **پایاب** (صفت) ۱ کم گہرا جس میں سے انسان آسانی سے گزر سکے (اترنا۔ ہونا کے ساتھ) **پایابی** (مونث) قابل گزر ہونا۔

امثال و اقوال

پابند ہنسے آزاد ہنسے۔ ایک آدمی پر مصیبت پڑے تو دوسرا ہنستا ہے **پابندی ایک کی بھلی**۔ ملازمت ایک آقا کی کرنی چاہئے۔ **پاسنگ کا چور تین جگہ ڈنڈائے۔ جھکتا تولے روکن دے پاسنگ دکھلائے** (ہ) جو شخص تولنے میں بےایمانی کرے اسے تین جگہ دھوکا دینا پڑتا ہے زیادہ تولتا ہے۔ کھوٹا سودا کرتا ہے۔ اور پاسنگ دکھاتا ہے مطلب یہ ہے کہ بےایمانی بہت بری چیز ہے۔ **پائیداری نمائش سے بہتر ہے**۔ مضبوط چیز خوبصورت سے زیادہ کارآمد ہوتی ہے۔ **پائے رفتن نہ جائے ماندن**۔ نہ جانے کی قوت نہ رہنے کی جگہ۔ نہ جاتے بن پڑے نہ ٹھہرتے۔ **پائے گدا (مرا) لنگ نیست ملک خدا تنگ نیست**۔ مانگنے والے کے لئے سارا ملک پڑا ہے۔ جہاں چاہے مانگتا پھرے۔

پاپ (ہ۔ مذکر) گناہ۔ خطا۔ دوش۔ اپرادھ ۲ جرم۔ برا کام۔ شرارت۔ حرامزدگی ۳ بدچلنی زنا۔ اغلام۔ **پاپ آتما** (صفت) بدطینت۔ بدسرشت مجرم۔ گناہگار۔ (مذکر) گناہگار شخص وغیرہ۔ **پاپ آچار** (مذکر) شریر۔ بدچلن۔ برا۔ برا یا خراب آدمی وغیرہ **پاپ آچارن** (مذکر) برے کاموں کے پیچھے لگنا۔ (کرنا کے ساتھ)۔ **پاپ آدھیں** (صفت) گناہ میں ملبوس۔ **پاپ آدے ہونا**۔ پچھلے جنم کے گناہوں کی سزا بھگتنا۔ **پاپ بدھ** (صفت) ۱ بدسرشت۔ بدطینت ۲ شریر۔ بدذات ۳ بدچلن۔ بدکار۔ پاپی۔ ادھرمی **پاپ بسانا** (متعدی) گناہ کرنا۔ جرم کرنا۔ برا کام کرنا ۲ گناہ کرکے خوش ہونا ۳ مصیبت لانا۔ **پاپ بھکشن** (مذکر) کال بھیرو کا نام۔ **پاپ پتی** (مذکر) یار۔ آشنا۔ دھگڑا۔ آنکھ لگا۔ **پاپ پرش** (مذکر) گناہوں کا پتلا۔ **پاپ پھل** (صفت) برے نتیجہ والا۔ برے انجام والا۔ منحوس۔ بدشگون۔ **پاپ چڑھنا** (لازم) گناہ کرنا۔ **پاپ چیلی** (مونث) ایک پودہ۔ **پاپ درسی** (مذکر) بدخواہ آدمی۔ بداندیش شخص (صفت) نکتہ چیں۔ دوسروں کے نقائص کی طرف دھیان رکھنے والا **پاپ درشون** (مذکر) کسی کام کو گناہ جاننے والا۔ (لازم) وہ شخص جو گناہ کو جانے یا جو گناہ میں ڈوبا ہوا ہو **پاپ دکھ** (مذکر) وہ تکلیف جو گناہ کا نتیجہ ہو۔ **پاپ دور کرنا** (ہونا) پاپ کا کاٹنا (کٹنا)۔ **پاپ روگ** (مذکر) وہ بیماری جو پاپ یا گناہ کا نتیجہ ہو۔ جیسے آتشک کوڑھ چیچک وغیرہ۔ **پاپ سمت** (صفت) برابر کا گناہگار۔ ایک جیسا پاپی۔ **پاپ کاٹنا** (متعدی)، **کٹنا** (لازم) ۱ گناہ معاف ہونا۔ نجات ملنا ۲ تکلیف سے بچنا مصیبت سے دور ہونا ۳ قرضہ چکانا۔ جھگڑا دور کرنا۔ **پاپ کرنا** (متعدی) ۱ گناہ کرنا ۲ زنا کرنا۔ **پاپ کمانا** دیکھو پاپ بسانا۔ **پاپ کھنڈن** (مذکر) گناہ کا برباد کرنا یا مٹانا۔ **پاپ کی پوٹ** (مونث) گناہوں کی گٹھری۔ بہت سے گناہ۔ **پاپ گرہ** (مذکر) ۱ منحوس ستارہ۔ کوئی قران نحس جیسے سورج و بدھ کا چاند کے ساتھ آخری ہفتے میں ۲ راہو۔ سنیچر۔ منگل ۳ مصیبت۔ شامت بلا۔ تباہی۔ بدقسمتی۔ **پاپگھن** (صفت) پاپ کو تباہ کرنے والا۔ پاپ کو معاف کرنے والا۔ **پاپ لگانا** (متعدی) الزام دینا۔ مجرم قرار دینا ۲ اتہام لگانا۔ **پاپ لگنا** (لازم) دیکھو پاپ چڑھنا۔ **پاپ مان** (صفت) برا۔ خراب۔ بزعمہاں۔ **پاپ ماننا** (متعدی) گناہ یا قصور کا اعتراف کرنا۔ **پاپ مت** (مونث) دیکھو پاپ بدھ۔ **پاپ متی** (مونث) گناہگار عورت۔ **پاپ مکتی** (صفت) نجات دیا گیا۔ نجات پایا ہوا۔ (مذکر) وہ شخص جسے نجات مل گئی ہو۔ **پاپ موکشن**۔

موچن یا موچھن (مذکر) گناہ سے نجات۔ معافی۔ رستگاری مکت۔ **پاپ مول لینا** (متعدی) دیکھو پاپ بسانا۔ **پاپ ناسی** (صفت) گناہ کو برباد کرنیوالا۔ گناہ سے پاک کرنے والا۔ **پاپ ناشن** (مذکر) شوجی۔ شوجی کا ایک منتر۔ **پاپ ہارک یا ہر** (مذکر) گناہ کو تباہ کرنے والا۔ برائی دور کرنے والا۔ **پاپ ہرا** (مذکر) ایک دریا۔ **پاپی** (صفت) گناہگار۔ ملزم۔ شریر۔ مجرم ۲ ظالم۔ بدطینت ۳ (مذکر)، وہ شخص جو گناہ کرے۔ **پاپی ڈون** (مذکر) جوا کھیلنے کا ایک تختہ جس پر چھ رنگ کے چھ خانے اور ہر خانے میں تصویریں ہوتی ہیں۔ تین مربع تختے جن پر یہی تصویریں بنی ہوتی ہیں۔ ایک ڈبے میں ڈال کر ہلاتے اور پھینکتے ہیں۔ جو تصویریں اوپر آئیں۔ اس خانے والے جیتتے ہیں۔ **پاپی کنواں** (مذکر)، وہ کنواں جس میں آدمی ڈوب مریں۔ **پاپی نکیت** (صفت)، گناہ کے متعلق۔ پُر گناہ۔

امثال واقوال۔ پاپ ابھرے

پرا بھرے۔ پاپ کبھی کبھی چھپائے سے چھپتا ہے گناہ ظاہر ہو جاتا ہے۔ گناہ ضرور ظاہر ہو جاتا ہے چھپ نہیں سکتا۔ **پاپ چھپائے نہ چھپے جیں لسن کی باس۔** جس طرح لسن کی بو نہیں چھپائی جا سکتی۔ اسی طرح گناہ نہیں چھپایا جا سکتا۔ **پاپ ڈبووے دھرم تراوے۔ دھرمی کدھی نا منہ دکھ پاوے** گناہ انسان کو خراب کرتا ہے اور نیکی انسان کو بچاتی ہے اور تکلیف نہیں ہونے دیتی۔ **پاپ کا گھڑا بھر کر (دھار میں) ڈوبتا ہے۔** گناہگار کے گناہ جب بہت ہو جاتے ہیں۔ تو تباہ ہو جاتا ہے۔ **پاپ کی ناؤ آج نہیں کل اور کل نہیں پرسوں ڈوبے اور ڈوبے۔** گناہگار کو سزا ضرور ملتی ہے۔ اور ایک نہ ایک دن ضرور تباہ ہوتا ہے۔ **پاپی پاپ کا بھائی اور نہ باپ کا۔** بدآدمی کو بدی سے کام ہوتا ہے اور کچھ مطلب نہیں۔ **پاپی کا مال اکارتھ جاتا ہے۔** حرام کا مال جلد ضائع ہو جاتا ہے۔ **پاپی کا مال پراچت جائے (چور پڑے یا ٹھگ لیجائے) ڈنڈ بھرے یا چور لے جائے۔** گناہگار کا مال یا تو معاف کرانے میں خرچ ہوتا ہے یا جرمانہ دینے میں یا چوری جاتا ہے۔ **پاپی کے من میں پاپ ہی بسے۔** شریر آدمی ہر وقت شرارت کی باتیں ہی سوچتا رہتا ہے۔ گناہگار کا خیال ہر وقت برے کاموں ہی کی طرف رہتا ہے۔ **پاپی کی ناؤ (بھر کے ڈوبے) ڈوبے پر ڈوبے۔** پاپی پاپ کے عروج پر ہو ضرور تباہ ہوگا۔ برائی کا نتیجہ ضرور برا ہوتا ہے۔ **پاپی کی ناؤ منجدھار میں ڈوبتی ہے** گناہ کی سزا گناہگار کے عروج کے وقت ملتی ہے گناہگار کو سخت سزا ملتی ہے۔ **پاپیوں کے مارنے کو پاپ مہابلی۔** گناہگار اپنے گناہوں ہی کی وجہ سے تباہ ہو جاتا ہے۔ گناہگار کو تباہ کرنے کے لئے اس کے گناہ ہی کافی ہیں۔

پاپا (انگ۔ مذکر) ۱ فادر۔ باپ۔ پتا ۲ پوپ۔ رومن کیتھلک فرقے کے عیسائیوں کا پیشوا جو شہر روما میں رہتا ہے۔

پاپا (مذکر)، ایک کیڑا جو چاول میں پیدا ہوتا ہے۔ گھن۔ پٹاری۔

پاپر (ھ) **پاپڑ** (ہ۔ مذکر)، ۱ مونگ یا ماش کے آٹے کی مسالحہ ملی ہوئی نہایت پتلی چپاتی جو تیل میں تل کر یا کوئلوں پر بھون کر کھاتے ہیں ۲ (ھ) چھلکا۔ پپڑی۔ کھرنڈ ۳ ہلکی پتلی زمین۔ زرخیز زمین (س پرپٹ)۔ **پاپڑ بیلنا** (متعدی) ۱ بیلن سے بیل کر پاپڑ بنانا ۲ سخت مصیبت برداشت کرنا۔ مصیبت کے دن بھرنا ۳ محنت کرنا۔ تنگی کی وجہ سے سخت کام کرنے پر مجبور رہنا ۴ بری حرکتیں کرنا۔ فضول کام کرنا ۵ بہت کم آمدنی پر گزارا کرنا۔ تنگی سے اوقات بسر کرنا۔ **پاپڑ پیٹنا** (دہلی)، پاپڑ بیلنا۔

پاپڑا (ھ۔ مذکر) ۱ ایک پودا۔ گارڈینیا ۲ ایک قسم کا کیلے کا درخت ۳ ڈھاک کے درخت کا پھل (س پرپٹکا)، **پاپڑا کھار۔ پاپڑ کھار** (مذکر)، وہ نمک جو پاپڑ میں ڈالتے ہیں۔

پاپشٹھ (س۔ صفت)، بڑا پاپی۔ سخت گناہگار۔ بہت بدکار۔

پاپن (س۔ صفت ومذکر)، دیکھو پاپی

پاپن (ھ۔ مونث) گناہگار عورت۔ بدچلن عورت۔ بدکارہ۔ زانیہ۔ **پاپنی** (مونث) پاپن۔

پاپیا (ھ۔ مذکر)، ۱ دیکھو پاپی ۲ ارنڈکی ایک قسم ۳ پپیا۔ ارنڈ خربوزہ۔

پات (ہ۔ مذکر)، ۱ پتا۔ برگ ۲ ایک زیور جو کان میں پہنتے ہیں ۳ (ھ) ہنڈی یا چک ۴ (ھ) دھات کا پتلا پرت (س پتر)، **پات بندی** (ھ) جائداد اور قرضے کا نقشہ۔ **پات کرمی** (ھ) درختوں کا سبز لمبا کیڑا۔ جھانجھا۔ **پات گھا بڑا**۔ (صفت) (دہلی) ڈرپوک۔ بزدل۔ **پاتوں آلگنا** (ھ) ۱ خزاں میں پتوں کا جھڑنا ۲ طاقت برداشت کا کم ہو جانا یا گھٹنا ۳ سخت مفلس ہو جانا۔ سخت تکلیف میں ہونا ۴ معشوق کی لاپروائی سے تنگ آجانا۔

امثال واقوال۔ پات پات

ڈال ڈال۔ آگے میں پیچھے تم۔ پہلے میں اور بعد میں وہ یا تم۔ ڈال ڈال سے پہلے وہ یا تم استعمال ہوتا ہے۔ **پات تیرتے ہیں پتھر ڈوبتے ہیں۔** معمولی آدمی مزے میں رہتے ہیں۔ عزت دار یا امیر تکلیف اٹھاتے ہیں۔

پات (س۔ مذکر) ۱ گرنا ۲ گناہ۔ شرارت۔ بدی ۳ اڑنا ۴ اڑنے کا طریقہ۔ پرواز ۵ گرنا۔ نیچے گرنا۔ گر پڑنا۔ تنزل۔

پات (ف۔ مذکر) تخت۔

پاتِ (ھ۔ مذکر۔ دیکھوتی ۲ دیکھو پانتی۔

پاتا (ھ۔ مذکر) ۱ پتا ۲ (صفت) حفاظت کیا گیا۔ محفوظ۔

پاتا (س۔ صفت ومذکر) دیکھو پاترِ۔

پاتال (س۔ مذکر) ۱ زمین کا سب سے نچلا اور ساتواں حصہ جہاں سانپ اور شیطان رہتے ہیں۔ اس کے سات حصے ہیں۔ اَتَل حاکم مہامایا۔ وِتَل حاکم ہتکیسور۔ سُتَل۔ حاکم بَل۔ تلاتَل۔ حاکم مایا۔ مہاتَل جہاں بڑے ناگ رہتے ہیں۔ رساتَل۔ جہاں دیت اور دانو رہتے ہیں۔ پاتال۔ حاکم واسکی ۲ دوزخ۔ نرک ۳ غار۔ گڑھا ۴ سمندری آگ ۵ ایک برتن جس میں دھاتوں کو کشتہ کرتے ہیں ۶ چھٹا نکشترہ ۷ پاتال میں ایک شہر ۸ ایک تبرتھ۔ **پاتال جنتر** (مذکر)، ایک آلہ ۲ ایک سیدھی ہنڈیا یا مٹی کے برتن کے اوپر دوسرا برتن الٹا رکھدیتے ہیں۔ اور جس چیز کو کشتہ کرنا ہو اس کے اندر رکھ کر دونوں کے منہ جوڑ کر بند کر دیتے ہیں۔ اور اُپلوں کی آگ میں رکھدیتے ہیں۔ **پاتال پرست** (مذکر) قوم باہیکا کا ایک گاؤں **پاتال کیتو** (مذکر)، ایک دیت کا نام **پاتال گنگا** (مونث)، وہ دریا جو پاتال میں بہتا ہے **پاتال لوک** (مذکر)، دوزخ۔ **پاتال نگری** (مونث)، پاتال میں ایک شہر۔

پاتت (س۔ صفت) نیچا کیا ہوا۔ ذلیل کیا ہوا۔ شکست دیا ہوا۔ اداس۔ افسردہ۔ دلگیر۔

پاتر (ھ۔ مونث) ۱ رنڈی۔ فاحشہ۔ چھنال۔ زانیہ ۲ طوائف۔ رقاصہ۔ ناچنے والی ۳ (صفت) دبلا پتلا۔ منحنی ۴ کمزور۔ ناتوان۔ **پاترباز**

(مذکر) رنڈی باز - عیاش - بدچلن - بدکار - زانی -
پاتّرتا (مونث) پاکدامن - باعصمت عورت -
مثل - پاترتا کو گزی نہیں بیسوا اوڑھے خاصا: نیک مصیبت میں رہتے ہیں - بد مزے اڑاتے ہیں ؛

پاتَر (ھ - مذکر) پروانہ - پتنگا - تیتری -
پاترَ (س - مذکر) ١ کٹورا - پیالہ - گلاس - رکابی - گھڑا - ناند - ہنڈیا ٢ باسن - ظرف - برتن ٣ وہ چیز جس میں اشیا رکھی جائیں ٤ جو کپڑے یا سہارا دے ٥ راجہ کے وزرا یا مشیر ٦ دریا کا راستہ ٧ پتہ ٨ (صفت) قابل - لائق - ہوشیار - مستعد ٩ موزوں - مناسب ١٠ واجب - معقول ١١ پورا - کامل - ختم (مرکبات کے آخیر میں ان معنوں میں استعمال ہوتا ہے) **پاترتا** - (مونث) **پاترتو** (مذکر) ١ لینے یا پانے کی حالت ٢ قابلیت - لیاقت - موزونیت - مناسبت ؛

پاتر (س - صفت - مذکر) ١ پینے والا ٢ محافظ - سرپرست - محافظت کرنا - پرورش کرنا ٣ پینا ؛

پاترِ (س - مذکر) ١ گناہ سے بچانیوالی چیز ٢ محافظ - سرپرست ٣ نجات دینے والا - مکت داتا - **پاترتا** (مونث) **پاترتوا** (مذکر) گناہ سے بچانے کی خاصیت - طاقت یا کام بچانے والے کا .

پاترتا (س - مذکر) ایک پودا ؛
پاتریا (ھ - مونث) ١ رنڈی - فاحشہ - چھنال - زانیہ - بدکارہ ٢ (مذکر) رنڈی باز - عیاش - بدکار - زانی ؛

پاتک (س - مذکر) ١ وہ جو باعث تنزل یا نقصان ہو ٢ گناہ - جرم - قصور ٣ ناپاکی - آلودگی - گنداپن - نجاست ٤ کسی کے مرجانے سے کنبے والوں کا ناپاک ہوجانا - **پاتک لگنا** (لازم) ١ ناپاک ہونا - گندا ہونا - موت کی وجہ سے ناپاک ہونا ٢ بدنام ہونا - اتہام لگنا - داغ لگنا - الزام لگنا - **پاتکی** (صفت) ١ گراہوا - گناہگار - مجرم ٢ (مذکر) گناہگار - مجرم شخص ؛

پاتِک (س - مذکر) دریائے گنگا کا کچھوا - سونس ؛

پاتُک (ھ - صفت) ١ گرنے والا جو عادتاً یا اکثر گرنے کی طرف مائل ٢ ذات جاتی رہنا یا بھرشٹ ہوجانا ٣ (مذکر) پہاڑ کی ڈھلوان کھڑی چٹان ٤ ایک دریائی جانور -

پاتک - پاتکوا (ھ - مذکر) ایلچی - قاصد - نامہ بر ؛

پاتِلا (ھ - مذکر) پتیلا - **پاتلی** (س - مونث) پتیلی - ایک مٹی کی ہنڈیا جو فقیر استعمال کرتے ہیں

پاتھ (س - مذکر) پانی - جل ؛
پھاتھَر (ھ - مذکر) پتھر ؛
پاتھَس (س - مذکر) پانی - جل ؛
پاتھو (س - مذکر) پانی - جل - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - **پاتھوجا - پاتھوج** (مذکر) پانی سے پیدا ہوا ہوا یا کنول کا پھول - **پاتھوڈ - پاتھودا** (مذکر) پانی دینے والا بادل - **پاتھودھر** (مذکر) پانی اٹھائے ہوئے بادل - **پاتھودھی - پاتھونادھی** (مذکر) پانی کا ذخیرہ - سمندر ؛

پاتھنا (ھ - متعدی) ١ اُپلے بنانا ٢ سانچے میں اینٹیں ڈھالنا (س - ستھاپن - کھڑا کرنا)

پاتھِیَہ (س - مذکر) زادِ راہ ؛
پاتِیلا - پاتیلہ (ھ - مذکر) پتیلا -
پاٹ (ھ - مذکر) دیکھو پاٹھ ؛
پاٹ (ھ - مذکر) ١ سل - تختہ - لوح - پٹڑا ٢ دروازے کے کواڑ ٣ چکی کا پتھر اوپر یا نیچے کا ٤ تخت - گدی ٥ دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا پتھر یا تختہ ٦ باغ یا کھیت میں پھولوں یا فصل کا تختہ ٧ کولھو کا وہ حصہ جس پر بیل ہانکنے والا بیٹھتا ہے ٨ لکڑی کا وہ لٹھا جو کوئیں پر پانی کھینچنے کے واسطے رکھتے ہیں ٩ لکڑی کا چکر جو کوئیں کی دیوار کے نیچے کوئیں کو گرنے سے روکنے کے لئے رکھتے ہیں ١٠ کولھو یا بیلن کا وہ حصہ جس سے بیل باندھے جاتے ہیں ١١ نیز وہ حصہ جس پر ہانکنے والا بیٹھتا ہے ١٢ کپڑے کی ایک طرف یا کنارہ ١٣ کپڑوں کو تہ کرنا اور قرینے سے رکھنا ١٤ ریشمی کپڑا - ریشمی کپڑے کے کونے ١٥ اناج کی بوری یا بورجھا ١٦ ایک پودا جس کے ریشوں سے بوریاں بنتی ہیں - پٹوا - موٹا سن ١٧ اونچا سُر - آواز کی بلندی - (س پٹ سلی) ١٨ کپڑے کا عرض ١٩ چوڑائی وسعت - پھیلاؤ ٢٠ دریا کی چوڑائی ٢١ (س پٹ) وہ نقطہ جہاں عمود اور کشتی کل کا پہلو بڑھا کر ملایا جائے ٢٢ شکل جو ایسے ملنے سے بنے (س پَٹ - بہنا) **پاٹدار آواز** (مذکر) بلند آواز - دور تک جانیوالی آواز - **پاٹ دینا** (متعدی) ١ ڈھیر کردینا - افراط سے کوئی چیز ڈالدینا ٢ گھر بھر دینا - مالا مال کردینا ٣ کوئیں کو بند کردینا ٤ چھت ڈالدینا - **پاٹ بڑھ جانا** - (لازم) دریا کی چوڑائی کا زیادہ ہوجانا - طغیانی کے وقت ایسا ہوتا ہے - **پاٹ رانی یا مہیشی** (ھ - مونث) وہ رانی جو بادشاہ کے ساتھ تخت پر بیٹھے - بڑی رانی -
پاٹ کرم (ھ - مذکر) ریشم کا کیڑا - **پاٹمبر** (ھ - مذکر) ریشمی کپڑا **پاٹنا** (متعدی) ١ ڈھانکنا - چھپانا ٢ دیکھو پاٹ دینا ٣ پانی دینا - سیراب کرنا ٤ کسی گڑھے کوئیں وغیرہ کو بھر دینا ٥ فرش لگانا - تختوں کا فرش بنانا ٦ کسی چیز پر تختے رکھنا ؛

پاٹا (ھ - مذکر) تختہ - پٹڑا - دھوبی کا پٹڑا ؛

پاٹَل (س - صفت) ١ گلابی یا پیازی رنگ کا ٢ (مذکر) گلابی رنگ - پیازی رنگ - سرخی ٣ ایک پھول ٤ ایک قسم کا چاول جو برسات میں تیار ہوتا ہے - **پاٹلا** (مونث) ایک پھول ١ ایک قسم کی مچھلی ٢ درگاجی کی ایک شکل ٣ داکشاینی کی ایک شکل - **پاٹلاوتی** (مونث) ١ ایک دریا ٢ درگاجی - **پاٹلکا** (مذکر) ١ شاگرد ٢ ایک شہر - **پاٹلوپل** (مذکر) لعل - یاقوت - **پاٹلی** (مونث) پھول پاٹلا ؛

پاٹَن (ھ - مونث) ١ چھت - چھت ڈالنا ٢ شہر - قصبہ ٣ منڈی ٤ پٹنہ کا نام ٥ (جمع) پاٹ کی تختے ؛

پاٹِن (س - مذکر) ایک قسم کی بہت دانتوں والی مچھلی ؛

پاٹَو (س - صفت) ١ چالاک - ہوشیار چابکدست ٢ (مذکر) چالاکی - ہوشیاری ٣ ذکاوت - پیچ ٤ تندی - شدت - سختی - تیزی ٥ بل - طاقت - زور - شکنی ٦ شعور - سلیقہ - مہارت - استعداد ٧ جلدی - سرعت - پھرتی ؛

پاٹوپل (ھ - مذکر) لعل - یاقوت -
پاٹوِک (س - صفت) ١ چالاک ہوشیار - تیز ٢ فریبی - فطرتی - عیار - دغاباز ؛
پاٹونی (ھ - مذکر) مانجھی - کھویا - ملّاح - گھٹوال - ملاح جو گھاٹ سے پار اتارے ؛

پاٹھ (س - مذکر) ١ پڑھنا - مطالعہ درس - سبق ٢ ویدوں کے پڑھنے کے تین پاٹھ ہیں سنہیتا پاد اور کرم ٣ وظیفہ - مقدس کتاب کی تلاوت ٤ متن مضمون - ایڈیشن - تقریر - **پاٹھ بھو** (مونث) وہ جگہ جہاں وید پڑھے جائیں - **پاٹھ پڑھنا** (متعدی) ١ پڑھنا مطالعہ

کرنا ۲ سبق یاد کرنا ۳ دید دل کو روز پڑھنا - **پاٹھت** (صفت) پڑھایا ہوا - سکھایا ہوا - **پاٹھ دینا** (متعدی) لکچر دینا - تقریر کرنا - اپدیش کرنا - **پاٹھ سالا یا شالا** (مذکر) ہندی کا ابتدائی مدرسہ - مدرسہ - سکول - کالج - پڑھنے کا کمرہ - **پاٹھ شالینی یا منجری** (مونث) ایک چھوٹا پرند **پاٹھک** (مذکر) ۱ استاد - مدرس - معلم ۲ پنڈت جو شاستروں کے بموجب قانون بتائے ۳ برہمن جو پران پڑھکر سنائے ۴ برہمن کا نسب - **پاٹھکا** (مونث) ۱ لڑکی شاگرد یا طالب علم - استانی - **پاٹھ کرنا** (متعدی) دیکھو پاٹھ پڑھنا - **پاٹھ گرو** (مذکر) استاد - مدرس - پنڈت - پاٹھک - معلم **پاٹھن** (مذکر) پڑھنا - اپدیش کرنا - سکھلانا - **پاٹھی** (صفت) ۱ جاننے والا - واقف ۲ (مذکر) برہمن جسنے اپنی تعلیم ختم کر لی ہو ۳ وہ شخص جس نے کوئی مضمون پڑھ یا سیکھ لیا ہو ۴ طالب علم ۵ وہ شخص جو سبق پڑھائے - استاد - معلم ۲ ایک پودہ ۷ ایک قسم کی مچھلی - **پاٹھین** (مذکر) ۱ دیکھو پاٹھک ۲ ایک قسم کی مچھلی - **پاٹھیہ** (صفت) ۱ پڑھنے یا مطالعہ کرنے کے قابل ۲ سکھلائے جانیوالا - جسے تعلیم کی ضرورت ہو ۳ جو پڑھا جا سکے - جسکے پڑھنے کی اجازت ہو ۔

پاٹھا (ہ - مذکر) ۱ ہاتھی کا نر بچہ ۲ مضبوط - جوان آدمی - پہلوان (پر ٹھک) کسی جانور کا بچہ

پاٹھاسا (صفت) پست قد - فربہ -

پاٹھکا (س - مونث) ایک خاردار پودا ۔

پاٹھار (ہ - مذکر) ہرکارہ - ڈاکیہ

پاٹی (ہ - مونث) ۱ چارپائی کے بازو ۲ تختی جسپر لڑکے لکھنا سیکھتے ہیں ۳ ایک قسم کی چٹائی ۴ مانگ بالوں کے درمیان میں ۵ ایک قسم کی مٹھائی ۔

پاٹی (س - مذکر) ۱ دیکھو پاٹن ۲ (مونث) علم حساب

پاٹیر (س - مذکر) ۱ صندل ۲ ایک تیز بودار جڑ - ایک قسم کی مولی -

پا جانا (ہ - لازم) ۱ حاصل کر لینا - وصول کر لینا ۲ (بات) سمجھ لینا ۳ (سزا) بھگتنا ۔

پاجی (ف - صفت) ۱ کمینہ - ذلیل - نیچ - سفلہ - رذیل - دون - ادنے ۲ لچا - بدذات - شریر - **پاجیانہ** (صفت) کمینوں یا رذیلوں کی طرح کا **پاجی پرست** (صفت) سفلہ پرور - کمینہ دوست - وہ آدمی جو رذیلوں سے میل جول رکھے یا ان کی خاطر تواضع کرے - **پاجی پن یا پنا** (مذکر) کمینگی - بدذاتی وغیرہ - **پاجی تو پاجی وہ بڑا اچکڑا ہے** - وہ نہایت ہی کمینہ آدمی ہے - **پاجی مزاج** (صفت) سفلہ - کمظرف - **پواج** (صفت) پاجی کی جمع ۔

مثل - پاجی بہ طواف کعبہ حاجی نمے شود - کمینہ آدمی کسی صورت میں شریف نہیں بن سکتا

پاچ (ہ - صفت) ۱ پانچ ۲ (س) زمرد ۔

پاچاکانک (پیرو - عس) دنیا کا پیدا کرنے والا - خالق ۔

پاچک (ف - مذکر) کنڈا - اُپلا - **پاچک دشتی یا صحرا** (مذکر) کنڈا - گائے بھینس کا خشک گوبر ۔

پاچک (س - صفت) ۱ پکایا ہوا ۲ ہاضم - پچانے والا - مقوی معدہ - تحلیل کرنے والا ۳ پکانے کا باعث ہونیوالا ۴ (مذکر) حضرا - زرداب - پتہ ۵ ہضم کرنے والی چیز یا دوا - چورن ۲ باورچی - رسوئیا ۔

پاچل (س - صفت) ہاضم - مقوی معدہ ۔

پاچن (س - صفت و مذکر) ۱ دیکھو پاچک ۲ ایک دوائی جو معدے کو تقویت دیتی ہے - **پاچن شکتی** (مونث) قوت ہاضمہ ۔

پاچنا (ہ - مذکر) ۱ دیکھو پاچن ۲ دیکھو بچنا ۳ دیکھو پچھنا ۔

پاچنک (س - مذکر) ۱ ایک ہاضم پینے کی چیز ۲ سہاگہ ۔

پاچنی (س - مونث) ہڑ کی ایک قسم

پاچہ (ف - مذکر) ۱ بھیڑ کا پاؤں ۲ پاؤں ۔

پاچھ (ہ - مذکر) ۱ دولتی - گھوڑے وغیرہ کا پچھلی ٹانگوں سے مارنا ۲ چیرا - پچھنا - چیر - تراش گودنا ۳ پوست کے ڈوڈے پر پچھنے لگانا کہ افیون نکلے **پاچھنا** (ہ - متعدی) ۱ چیر لگانا - پچھنا - گودنا - پچھنے لگانا ۲ پوست کے ڈوڈے کو گودنا ۳ پیوند لگانا - **پاچھی کرنا** - (متعدی) دولتی مارنا ۔

پاچھل - پاچھلا (ہ - تف) دیکھو پچھلا - **پاچھے - پاچھیں** دیکھو پیچھے ۔

پاخنت (مصر - عس) ایک دیوی جسے سکت بھی کہتے تھے - اس کا سر شیر کا تھا ۔

پاد (ہ - امر) ۱ پادنا کا ۲ (مذکر) گوز ریح - (س - پرد) **پادا** (ماضی) پادنا کی - **پادا پونی** (صفت) بزدل - **پاد اُڑانا** (ہ) گوز اُڑانا - **پادا لون یا نون** (مذکر) کالا نمک - بٹلون - **پاد بند ہونا** - (لازم) ۱ ریح بند ہونا - گوز نہ مار سکنا ۲ سٹ پٹا جانا - گھبرا جانا - پریشان ہونا - **پاد چھوڑنا** - (متعدی) گوز مارنا - **پاد گھاڑا** (صفت) بدحواس - بزدل - پریشان - پاد کی آواز سے گھبرا جانے والا - **پاد لگانا یا مارنا** (ہ) گوز مارنا - **پادنا** (متعدی) ۱ گوز مارنا ۲ چیں بول جانا - ہار جانا - ہار ماننا - **پادو** (ہ - صفت) ۱ پادنے والا ۲ (مذکر) پدوڑا ۔

امثال و اقوال - **پاد دری چڑ لو ساون آیا** - خوش ہو جاؤ تمہارے مطلب کا وقت آیا ہے - **پادے کوئی پٹے کھٹیاری والا** - خطا کسی کی ہو اور سزا کسی غریب کو ملے ۔

پاد (س - مذکر) ۱ پاؤں - پیر - ٹانگ - لات ۲ درخت کی جڑ ۳ دامن کوہ - پہاڑ کے دامن میں پہاڑی ۴ ہتھیلی کی تہ ۵ کرن - شعاع ۲ چوتھا حصہ - چوتھائی ۷ (علم عروض) اشلوک یا شعر کا چوتھا حصہ - شعر -

پادارتھ (ہ) دیکھو پدارتھ ۔

پاداش - پاداشت (ف - صفت) ۱ جزا - بدلہ - معاوضہ - اجر - ثمرہ - پھل - عوض ۲ سزا ڈنڈ - مکافات - **پاداش میں** (تف) بدلے میں - عوض میں ۔

پادامی (ف - مذکر) شکاری جو پرندوں کو جال سے پکڑتا ہے ۔

پادری (لا - مذکر) عیسائیوں کا ملا یا امام - اسقف - دین عیسوی کی تلقین کرنے والا ۔

پادشاہ - پادشہ (ف - مذکر) دیکھو بادشاہ و دیگر مرکبات - **پادشاہ چین یا ختن** - (مذکر) سورج - **پادشاہ نیمروز** (مذکر) ۱ شاہ سیستان ۲ سورج ۳ حضرت آدم ۴ پیغمبر صلعم ۵ (صفت) خوش قسمت - صاحب نصیب - بلند اقبال ۔

امثال و اقوال - **پادشاہ اور عاشق دوسرے کو نہیں دیکھ سکتا** - عاشق رشک کی وجہ سے اور بادشاہ ملک میں فساد ہونے کی وجہ سے - **پادشاہوں اور دریاؤں کا بھید کس نے پایا ہے** - **پادشاہوں اور دریاؤں کے بھید کس نے پہچانے** - دونوں کا کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ کیا کریں گے ۔

پادک (س - صفت) ۱ پاؤں

والا - پاؤں سے چلنے والا ۲ (مذکر) کوئی پاؤں والا جانور ۳ پادُ کا - (مونث) کھڑاویں - جوتا ؛

پادُو (ھ - مونث) جوتا - کھڑاؤں -

پادِوِک (س - مذکر) مسافر - راہرو ؛

پادھا (ھ - مذکر) استاد - معلم پنڈت -

پادی (س - صفت) ۱ پاؤں والا ۲ چوتھے حصے کا حقدار (مذکر) کوئی پاؤں سے چلنے والا جانور ۲ آبی جانور ۳ (ھ - مونث) دھان - چاول مع چھلکا ؛

پادِیہ (س - مذکر) پاؤں دھونے کے لئے پانی - پادیہ پاتر (مذکر) پاؤں دھونے کے پانی کا برتن ؛

پاڈھا (ھ - مذکر) ۱ دیکھو پادھا ۲ دیکھو پاڑھا ؛

پاڈِھی (ھ - مونث) دیکھو پاڑھی -

پار (ہ - مذکر) ۱ دوسری طرف ۲ دریا کا پرلا کنارا ۳ حد ۴ کسی چیز کا اختتام - ختم ۵ تہ - گہرائی - عمق ۶ گاؤں یا آبادی جو دریا کی دوسری طرف ہو ۷ زمین پر پہلی دفعہ ہل چلانا ۸ (ف) گزرا ہوا - گذشتہ (سال کے ساتھ) ۹ (تف) ادھر - اس طرف کو (س - پار) پاراپار (مذکر) دریا کے دونوں کنارے - سمندر - بحر - (تابع فعل) آرپار - وارپار - پار اتارد ینا یا اتارنا (متعدی) دریا سے عبور کرنا - دوسرے کنارے پر پہنچانا ۲ مراد پوری کرنا - کام بنا دینا ۳ انجام کو پہنچانا ۴ فارغ کر دینا - پار اترنا (لازم) ۱ دیکھو پار اتارنا ۲ مرتھنا رہنی - پاراوار (مذکر) دریا کے دونوں کنارے - پار پانا (ھ) تہ پر پہنچنا - اصلیت معلوم کرنا - تہ پانا - گہرائی ناپنا - پار پاڑنا (ھ) اختتام پہنچنا - گزر جانا - پار دَرشک (س - صفت) شفاف - اجلی - پار دِرِشوَن (س - صفت) نکتہ رس - دوربین - چوکس - سیانا - ہوشیار - عقلمند - دانا - پار سال (مذکر) پچھلا سال - گذشتہ سال - پار کرنا (متعدی) دوسرے کنارے پر پہنچانا - دریا سے عبور کرنا ۲ چھیدنا - بیدھنا ۳ پورا کرنا - انجام کو پہنچانا ۴ حد سے باہر نکالنا ۵ (قمار بازوں کی اصطلاح) جیتنا - پو بارہ ہونا ۶ گزارنا - نباہنا ۷ (بیڑا) مدد کرنا - مراد پوری کرنا - پارگ (س - صفت) ۱ پار جانے والا - پار ہونے والا - پار اترنے والا ۲ پورا واقف - ہوشیار - چالاک - کاریگر - قابل - لائق ۳ (مذکر) وہ شخص جو پار پہنچ گیا ہو وغیرہ - پارگَت (س - صفت) ۱ جو صحیح سلامت پار ہو گیا ہو ۲ جو دنیا سے گزر گیا ہو ۳ خالص - نیک - پاک - پوتر - نرمل ۴ (مذکر) وہ شخص جو پار اتر گیا ہو ۵ متوفی - آنجہانی - سرگباشی ۶ (جینیوں میں) وہ شخص یا سادھو جس کی دیوتا کی طرح عزت کی جائے - پار گزرنا (لازم) ایک طرف سے لگ کر دوسری طرف نکل جانا - پار لگانا (متعدی) دیکھو پار اتارنا - پار لگنا (لازم) دیکھو پار اترنا - پار لنگھانا (متعدی) پار اتارنا - پار لیجانا (متعدی) جیتنا - سبقت لیجانا - پار نکالنا (متعدی) آرپار کر دینا - پار نکلنا (لازم) ایک طرف سے لگ کر دوسری طرف نکل جانا - پار نہیں بسانا - زور نہیں چلتا - بس نہیں ہے - پار والے (صفت) دریا کے دوسری طرف رہنے والے - پار ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ عبور کرنا - دریا سے اتر جانا ۲ کسی چیز میں سے گزر جانا - توڑ کر نکل جانا ۳ (بیڑا) کام ہو جانا - مراد پا جانا ۴ ختم ہو جانا - مکمل ہو جانا ۵ بچ جانا - محفوظ ہو جانا ۶ چلا جانا - پاروار ۱ (تف) دونوں طرف کو - وار پار ۲ ایک طرف سے دوسری طرف - آرپار ؛

امثال واقوال - پار اتروں

تو بکری دوں - جھوٹے وعدے - ایک میو نے دریا سے گزرتے ہوئے بکری قربانی کرنے کا وعدہ کیا - مگر اتر کر جوں مار دی - کہ جان کے عوض جاں ہو گئی - **پار گئے موڑ ہو آئے** - مسافر گھر واپس آ کر بہت قصے سناتا ہے - جہاندیدہ بسیار گوید دروغ - **پار کہیں سو وار ہے وار کہیں سو پار** - پکڑ کنارہ بیٹھ رہ یہی وار اور پار - پار اور وار نسبتی الفاظ ہیں - ادھر والوں کے لئے دوسری طرف پار ہے - اور ادھر والوں کے لئے یہ پار ہے - سو فضول جھگڑے نہیں کرنے چاہئیں - بات ایک ہی ہوتی ہے - **پار والے کہیں وار والے اچھے وار والے کہیں پار والے اچھے** - ہر ایک دوسرے کی حالت کو اچھا سمجھتا ہے ؛

پارا - (ہ - مذکر) ۱ ایک سفید دھات جو سیال حالت میں ہوتی ہے - اور پانی سے ۱۳½ گنا بھاری ہے - سیماب ۲ چونکہ یہ بہت بھاری ہوتی ہے مجازاً بھاری - ثقیل - وزنی ۳ چونکہ یہ ہلتی رہتی ہے - مجازاً بیقرار - بے چین - ایک جگہ نہ ٹھیرنے والا - پارا اُڑنا - (لازم) گرمی سے سیماب کا گیس بن کر اڑ جانا - پارا بھرا ہونا (لازم) بہت بھاری ہونا - پارا بھرنا یا پلانا - (متعدی) ۱ کسی چیز میں پارا جذب کر دینا ۲ بھاری وزنی کر دینا - پارا پینا (متعدی) وزنی ہونا - بھاری ہونا - پارہ مارنا - (متعدی) سیماب کو کشتہ کر دینا - پارا سا ہے ۱ بہت بھاری ہے ۲ ایک جا پر قرار نہیں - پارے کا پیالہ (مذکر) پارے کو بوٹیوں کے ذریعے منجمد کر کے پیالے کی شکل بنا لیتے ہیں - پارے کا کافور - ایک انگریزی دوائی جو جلاب سے پہلے دیتے ہیں - پارے کا کشتہ (مذکر) دواؤں کے ساتھ ملا کر آگ دے کر پارے کو خاک کر لیتے ہیں - یہ پارے کا کشتہ ہے - پارے کا کنواں (مذکر) پارے کی کان (مونث) جہاں سے پارا نکلے - معدن سیماب - پارے کی دیوار (مونث) دیوار جو بغیر گارے اور چونے کے صرف اینٹوں یا پتھروں سے چنی جاتی ہے ؛

پارا (ھ - مذکر) دیکھو بہریا -

پاراشر (س - مذکر) ۱ دیاس جی کا ایک نام ۲ قوانین جو دیاس جی نے سادھوؤں کے لئے بنائے ہیں - پاراشری (مذکر) برہمن جو زندگی کے پہلے تین حصے گزار کر سادھو ہو گیا ہو ؛

پاراوُ (ف - مونث) ۱ بوڑھی عورت ۲ قزوین میں ایک علاقہ ؛

پاراوَت (س - مذکر) ۱ کبوتر - ۲ ایک قسم کا آبنوس ۳ ایک قسم کا سانپ ۴ ایک قوم جو دریائے جمنا کے کنارے پر رہتی تھی ۵ بندر ۶ ایک پہاڑ ۷ ایک قسم کے دیوتا - پاراوت دیش (مذکر) ایک ملک - پاراوت سَوَرن (مذکر) دھرشت ویمن کے گھوڑوں کا نام - پاراوَتی (مونث) ۱ اناس ۲ گوالوں کا ایک قسم کا گانا ۳ ایک دریا ؛

پارایَن (س - مذکر) ۱ پار اترنا - ۲ کلیت - تمامی - پورنتا - جھلگی ۳ مطالعہ - تعلیم ۴ پران کو لگاتار پڑھنا - سارے کو پھر پڑھنا - پارانیک (مذکر) ۱ پرانوں کو پڑھنے والا ۲ پاٹھک - مقرر - لیکچرار ؛

پاربَتی (س - عص) شوجی کی بیوی کا ایک نام جو راجہ ہموت کی بیٹی تھی ؛

پاربَرہَم (س - مذکر) روح اعلےٰ - برہماجی -

پاربھاوِیہ (س - مذکر) ۱ ایک دوائی کا نام ۲ ایک درخت ؛

پارِبھدر (س - مذکر) ۱ ڈھول - ڈھاک - ایک درخت جس کے پھول بہت سرخ ہوتے ہیں - اور چڑیوں کی شکل کے ہوتے ہیں ۲ نیم کا درخت

چڑے کے درخت کی ایک قسم [۲] ایک راجہ جو کن باہو کا بیٹا تھا [۵] شالمل دویپ میں ایک ملک جس میں حکومت کرتا تھا۔

پارِ پَنتھِک (س۔ مذکر) لٹیرا۔ راہزن۔ قزاق۔

پارِ تَنھیا (س۔ مونث) [۱] موتیوں کا ہار جو بالوں کو باندھنے کے لئے استعمال کیا جائے۔ ایک زیور جو ماتھے پر مانگ کے پاس پہنتے ہیں۔

پارِ توشِک (س۔ صفت) [۱] خوش کرنے والا۔ لذت بخش [۲] تسلی دہ تشفی بخش [۳] (مذکر) انعام۔ شکرانہ۔

پارَتھ (س۔ مذکر) [۱] بارہ مقدس کتابیں جو راجسو یگ کے دوران میں پڑھی جاتی ہیں [۲] یدھشٹر۔ ارجن اور بھیم کا نام [۳] کشمیر کا ایک راجہ [۴] ایک دیگر راجہ [۵] مطلق راجہ۔ پارتھ پور (مذکر) ایک شہر جو دوارکا اور دور بھاگ کے مقام اتصال پر ہے۔ پارتھ سارتھی (مذکر) کرشن جی بحیثیت ارجن کے رتھ بان کے۔

پارَتھکیہ (س۔ مذکر) [۱] شخصیت [۲] علیحدگی۔ تفرقہ [۳] تجرد۔ تنہائی۔

پارَتھِو (س۔ صفت) [۱] مٹی کا۔ زمینی۔ ارضی۔ زمین کے متعلق۔ زمین سے نکلا ہوا [۲] شاہ جہاں۔ مالک جہاں [۳] باشندہ زمین۔ زمین پر رہنے والا [۴] مالکِ ملک۔ راجہ۔ بادشاہ [۵] مٹی کا برتن [۶] کو شکر قوم کا ایک خاندان۔ پارتھوی (مونث) [۱] سیتا جی [۲] لکشمی

پارتھینوں (یو۔ عص) اتھینا دیوی کا مندر جو ایتھنز دار الخلافہ یونان کے پاس اکرو پلس کی پہاڑی پر تھا۔ یہ سنگ مرمر کا بنا ہوا تھا۔ اس کے کھنڈرات اب بھی موجود ہیں۔

پارِجات (س۔ مذکر) [۱] درخت ڈسول ڈھاک [۲] سرگ کے پانچ درختوں میں سے ایک کا نام جو سمندر کے دوہنے کے وقت پیدا ہوا تھا۔ یہ اندر مہاراج لے گئے تھے۔ اور ان سے کرشن جی لے آئے تھے [۳] ایک رشی [۴] ویدوں کے ایک منتر کا مصنف [۵] کئی کتابوں کا نام پارجاتک (مذکر) [۱] ایک رشی [۲] کئی دوسرے آدمیوں کا نام۔

پارجائیک (س۔ مذکر) زانی۔ پاپی۔

پارچا (ھ۔ مذکر) وہ حوض جس میں پانی کوئیں سے نکل کر پڑتا ہے۔

پارچات (ف۔ مذکر) پارچہ کی جمع۔

پارچہ (ف۔ مذکر) [۱] پارہ کی تصغیر ٹکڑا۔ چیتھڑا۔ دھجی [۲] کپڑا۔ تھان [۳] پوشاک۔ لباس۔ پیرہن خلعت۔ ملبوس [۴] ریزہ۔ پارہ۔ قاش۔ پرزہ لخت [۵] لکڑی یا سل جو کوئیں کے منہ پر کسیقدر اندر پڑی ہو [۶] ایک ریشمی کپڑے کا نام [۷] گھاٹ۔ پنگھٹ [۸] مکڑی کا جالا [۹] گوشت کا ٹکڑا [۱۰] (اصطلاح شکار) مچان۔ پارچہ باف (مذکر) جلاہا۔ کپڑا بننے والا۔ پارچہ فروش (مذکر) بزاز۔ کپڑا بیچنے والا۔ پارچہ فروشی (مونث) بزازی۔

پارچھا (ھ۔ مذکر) پارچہ۔

پارچیا (ف۔ مذکر) پارچہ فروش

پارَد (س۔ مذکر) پارا۔ سیماب۔

پاردارِجیہَ (س۔ مذکر) زنا۔ بدکاری۔ پاردارِک (مذکر) زانی۔ زناکار۔ پاپی۔

پاردیشک۔ پاردیشی۔ پاردیشیہ (س۔ مذکر) پردیسی۔

پارَس (ہ۔ مذکر) [۱] وہ پتھر جو کسی چیز کو چھو جائے۔ تو اسے سونا بنا دے [۲] کسوٹی جس سے جواہرات پرکھے جاتے ہیں [۳] (صفت) نہایت عمدہ۔ بانفیس۔ مالدار۔ پارس بن جانا (لازم) [۱] قابل ہو جانا۔ لائق ہو جانا [۲] کوئی بڑا عہدہ حاصل کرنا بہت ترقی کرنا۔ پارس پتھر یا پتھل (مذکر) پارس۔ پارس ناتھ (مذکر) [۱] جینیوں کے چوبیسویں ارہت [۲] ایک پہاڑی اور مندر صوبہ بہار میں جہاں پارسناتھ جی کو نروان حاصل ہوا تھا۔

مثل پارسناتھ سے چکی بھلی جو آٹا دیوے پیس۔ کڑھ نر سے مرغی بھلی جو انڈے دیوے بیس۔ جس شخص سے لوگوں کو فائدہ پہنچے وہ بے فیض شخص سے بہت اچھا ہے۔

پارَس (ھ۔ مذکر) پہلو پسلی وغیرہ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے پارس پیپل (مذکر) ایک درخت کا نام۔

پارسا (ف۔ صفت) [۱] پرہیزگار۔ صالح۔ خداپرست۔ زاہد۔ متقی۔ بھگت۔ سنت [۲] پاکدامن۔ عفیفہ۔ صاحب عصمت پارسائی (مونث) پرہیزگاری وغیرہ۔

پارسِک۔ پارسیک (س۔ مذکر) پارسی۔ ایرانی۔

پارسَل (انگ۔ مذکر) پلندہ۔ گٹھا۔ بقچہ۔ بستہ۔ کسی چیز کے اوپر کاغذ یا کپڑا لپیٹ کر اور اوپر سے باندھ کر یا سی کر ریل یا ڈاک کے ذریعے سے بھیجنے کے لئے ایک چھوٹا گٹھا بنا لیتے ہیں اسے پارسل کہتے ہیں۔

پارشَت (س۔ صفت) [۱] بارہ سنگے کا یا اس کے چمڑے کا بنا ہوا [۲] (مذکر) دروپد اور اس کے بیٹے دھرشٹ دمن کا لقب۔ پارشتی (مونث) [۱] درگا جی اور دروپدی کا لقب [۲] ایک درخت۔

پارِشد (س۔ صفت) [۱] کسی سبھا کے متعلق [۲] (مذکر) راجہ کا مصاحب [۳] دیوتا کا بندہ [۴] خدمتگار ملازم [۵] کوئی شخص جو کسی جلسے میں موجود ہو۔ تماشائی۔

پارشَو (س۔ مذکر) [۱] لوہا [۲] لوہے کا ہتھیار [۳] ایک دوغلی ذات کا نام۔ برہمن کا بیٹا شودر عورت سے [۴] بیٹا جو کسی اور کی بیوی سے ہو۔ حرامی بیٹا [۵] ایک کان کا نام جس سے موتی نکلتے ہیں [۶] مدھیہ دیس میں ایک قوم۔

پارشَو (س۔ مذکر) [۱] بدن کا وہ حصہ جو بغلوں کے نیچے ہے۔ پہلو۔ پسلی [۲] مڑی ہوئی چھری۔ بگڑی [۳] مربع شکل کا پہلو [۴] پٹے کا دور یا چکر [۵] ایک قدیم جینی گرو [۶] چوبیسواں ارہت۔ پارشو بھاگ (مذکر) پہلو۔ کوکھ۔ بکھی۔ پارشو شُول (مذکر) چھاتی کا درد۔ پہلو کی ہُوک پارشوستھ۔ پہلونشین۔ ہر وقت پاس رہنے والا۔ پارشوک (صفت) [۱] پہلو کا۔ بغلی [۲] شریک۔ ساجھی۔ شامل [۳] طرفدار۔ ساتھی۔ سنگتی [۴] ایک قدیم گرو کا نام۔ پارشوگ (مذکر) مصاحب۔ خدمتگار۔ پارشوگت (صفت) نزدیک۔ پہلو میں۔ پاس۔ پارشوناتھ۔ (مذکر) ایک جینی گرو جو مہاویر سے پہلے ہوا تھا۔ پارشو ورتی (صفت) [۱] پاس۔ پہلو میں [۲] مصاحب۔ پہلونشین۔ خدمتگار [۳] نزدیک قریب۔ متصل (مذکر) ملازم۔ خادم۔ پارشوکتر (مذکر) شوجی کا ایک پرستار۔

پارشیہ (س۔ مذکر) [۱] سختی۔ درشتی تیزی۔ تندی [۲] گالی گلوچ۔ درشت گفتگو [۳] بداطواری بدچلنی۔ جرم۔ قصور [۴] ایک قسم کی لکڑی۔

پارَک (س۔ صفت) [۱] پاک کرنے والا

۲ حفاظت کرنیوالا۔ پرورش کرنیوالا۔ خوشگوار۔ خوش کن ۳ (مذکر) ۱ ویلسے پار گزرنے کے قابل بنانا ۲ دنیا میں گزارا کرنے کے قابل بنانا ۳ کام کی تکمیل کرنا۔ کمل کرنا۔ (ھ۔ صفت) ۱ اچھی طرح واقف یا ماہر ۲ ہوشیار۔ چالاک۔ چست۔ مستعد۔

پارک (انگ۔ مذکر) ۱ باغ تبسکارگاہ ۲ موٹر گاڑیاں ایک جگہ سلسلہ وار کھڑی کرنا۔ **پارکنگ** (مذکر) گاڑیاں کھڑا کرنے کا انتظام۔

پارکانکشی (س۔ مذکر) وہ جوہر وقت پرمشورت دھیان لگائے۔ سادھو۔ سنت۔

پارکھ۔ پارکھی (ھ۔ مذکر) ممتحن۔ جانچنے والا شخص۔ محقق۔ نکتہ سنج۔ نکتہ داں۔

پارل (ھ۔ مذکر) ایک درخت

پارلوکک (س۔ صفت) اگلی دنیا کے متعلق۔

پارلیمنٹ (انگ۔ مذکر) برطانیہ کلاں و آئرلینڈ کی مجلس واضعان قوانین۔ جس کے پاس وزرائے انگلستان ذمہ دار اور جواب دہ ہوتے ہیں۔ اس کے دو حصے ہیں۔ دارالعوام اور دارالخواص۔ مگر اصل کام دار الذکر ہی کرتا ہے۔

پارماتھک (س۔ صفت) ۱ کسی اعلےٰ یا روحانی بات کے متعلق۔ راستی اور صدق کے متعلق ۲ نہایت ضروری ۳ بہت پسندیدہ۔ دلخواہ۔ مرغوب من بھاتا ۴ اچھا۔ نفیس۔ اعلےٰ۔ بہترین۔ مستحسن ۵ اصلی ضروری۔ لازمی۔ درست۔

پارمپریہ (س۔ صفت) ۱ ایک سے دوسرے کے پاس جانے والا ۲ ایک دوسرے کے بعد ۳ لگاتار سلسلہ یا ترتیب۔ نسلاً بعد نسلاً وراثت ۴ زبانی علم یا تعلیم ۵ روایت۔ نقل۔

پارن (س۔ مذکر) ۱ تکمیل۔ نبھاؤ پورا تاثی ۲ تعلیم۔ مطالعہ۔ تدریس۔ پڑھنا ۳ برت پورا کرنا۔ برت کے بعد کھانا پینا ۴ وہ شخص جو برت کے بعد کھائے ۵ بادل۔ **پورن کرنا** (متعدی) تکمیل۔ تکمل کرنا۔ کرنا۔

پارنا (ہ۔ متعدی) ۱ چراغ کے اوپر اوندھا برتن الٹا رکھ کر سیاہی جمع کرنا۔ کاجل بنانا ۲ کرنا۔ تکمیل کرنا۔ تکمل کرنا۔

پارنایہ (س۔ صفت) ۱ شادی کے متعلق۔ شادی کے موقع پر ملا ہوا ۲ (مذکر) وہ مال جو عورت کو شادی کے موقع پر ملے۔

پارنیسس (یو۔ عص) ایک پہاڑ جو زمانہ قدیم میں نہایت مقدس سمجھا جاتا تھا۔ اور اپولو دیوتا اور چند دیویوں کے مندر اس پر واقع تھے۔

پاروت (س۔ صفت) ۱ جو پہاڑ میں ہو۔ جو پہاڑ پر پیدا ہو۔ جو پہاڑ سے آئے ۲ پہاڑی کوہی ۳ (مذکر) نیم۔ بکائن۔ **پاروتک** (مذکر) سلسلۂ کوہ۔ **پاروتی** (مونث) ۱ پہاڑ ۲ ندی۔ دریا ۳ کئی درختوں کا نام ۴ ایک قسم کی مرچ ۵ گوپی۔ گوالن ۶ ہموت کی بیٹی اور شوجی کی بیوی ۷ دروپتی ۸ کئی مشہور عورتوں کا نام ۹ ہندوؤں میں ایک نام۔ پاربتی ۱۰ ایک دریا ۱۱ میرو پربت میں ایک غار۔ **پاروتی پتی یا پران ناتھ** (مذکر) شوجی۔ **پاروتی دھرم پترک** (مذکر) پرسرام کا نام۔ **پاروتی ناتھ** (مذکر) کئی مشہور آدمیوں کا نام۔ **پاروتی نندن**۔ (مذکر) کارتکیہ کا لقب **پاروتیہ** (صفت) ۱ پہاڑ میں رہنے والا۔ پہاڑی۔ کوہی ۲ ایک راجہ کا لقب۔

پاروَن (س۔ صفت) ۱ چاند کے بڑھنے اور گھٹنے کے متعلق ۲ چاند کا بڑھنا ۳ (مذکر) نصف تھینہ۔ پکش ۴ شرادھ جو ہلال اور بدر کے دن کرائے جائیں۔ **پاروں شرادھ** (مذکر) دیکھو پاروں۔

پارہ (ف۔ مذکر) ۱ حصہ۔ ٹکڑا۔ پرزہ۔ لخت ۲ بند۔ جوڑ۔ پیوند ۳ جز۔ ریزہ۔ کترن **پارہ پارہ** (تف) ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزے ریزے۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پارۂ جگر** (مذکر) کلیجے کا ٹکڑا۔ بہت عزیز۔ بیٹا۔ **پارہ دوز** (مذکر) موچی۔ چمڑا سینے والا۔ کپڑا سینے والا۔ خیمے میں چمڑہ لگانے والا۔ **پارۂ زرد** (مذکر) زرد رنگ کے کپڑے کا ٹکڑا جو بعض ملکوں میں یہودیوں کو اپنے کپڑوں پر سینا پڑتا ہے۔

پاری (ہ۔ مونث) ۱ گڑ کی بھیلی ۲ ایک قسم کا بارہ ۳ پیالہ۔ چمڑے کا بڑا برتن ۴ باری۔ **پاری باندھنا** (متعدی) باری مقرر کرنا۔

پاریاتر (س۔ مذکر) دیکھو پاریاتر۔

پارینَدر (س۔ مذکر) ۱ شیر ببر ۲ اژدہا۔

پارینہ (ف۔ صفت) قدیم۔ پرانا کہنہ۔ **پارینہ دفتر** (مذکر) پرانے کاغذات۔

پاڑ (ھ۔ مونث) ۱ لکڑیوں کی بیٹھک جو معمار کام کرنے کے لئے باندھتے ہیں ۲ مچان ۳ کوئیں پر لکڑی کا جال ۴ پھانسی پر چڑھنے کا تختہ۔ (باندھنا کے ساتھ)

پاڑا (ہ۔ مذکر) ۱ گاؤں کا حصہ وہ جھونپڑے جو گاؤں سے باہر ہوں ۲ حلقہ۔ ضلع ۳ کھیت کی حد ۴ بھینس کا بچہ ۵ (ھ) دیکھو پاڑ۔

پاڑنا (ھ۔ متعدی) ۱ گرانا نیچے پھینک دینا ۲ مار ڈالنا ۳ دیکھو پارنا۔

پاڑہ۔ پاڑھ (ھ۔ مذکر) پاڑ۔

پاڑھا (ہ۔ مذکر) داغدار بارہ سنگا۔ ایک قسم کا ہرن (س پرشت)

پاڑھی (ھ۔ مونث) ۱ دریا سے عبور کرنا۔ پار اترنا ۲ بھینس کا بچہ۔ پاٹھا کی تصغیر۔

پاڑی (ھ۔ مونث) بھینس کا بچہ پاڑا کی تصغیر۔

پازہر (ف۔ مذکر) زہر مہرہ۔ تریاق۔

پاس (ہ۔ تف) ۱ نزدیک۔ قریب۔ متصل۔ گرد و نواح میں ۲ قبضے میں۔ تصرف میں۔ قابو میں (س۔ پارشو۔ پہلو) **پاس آنا** (لازم) قریب آنا۔ نزدیک آنا ۲ ہم بستر ہونا۔ ہمخواب ہونا **پاس بیٹھنا** (لازم) ۱ نزدیک بیٹھنا۔ پہلو میں بیٹھنا ۲ استاد کے پاس تعلیم پانا ۳ صحبت میں بیٹھنا۔ **پاس بیٹھنے والا** (صفت) مصاحب۔ ہم نشین۔ **پاس پاس** (تف) قریب قریب۔ تقریباً۔ تخمیناً۔ کم و بیش۔ لگ بھگ۔ **پاس پڑوس** (تف) ارد گرد۔ قرب و جوار۔ ہمسایہ **پاس پھٹکنا** (لازم) قریب جانا۔ ملنا جلنا۔ **پاس پھٹکنے نہ دینا**۔ (متعدی) نزدیک بھی نہ جانے دینا **پاس جانا** (لازم) ۱ قریب جانا ۲ ہمبستر ہونا۔ جماع کرنا۔ **پاس رکھنا** (لازم) ۱ قریب رکھنا ۲ قبضے میں رکھنا ۳ تیار رکھنا ۴ مثل زوجہ کے رکھنا ۵ امانت رکھنا **پاس رہنا** (لازم) نزدیک رہنا۔ موجود رہنا ۲ خدمت میں رہنا۔ بیوی کی طرح رہنا ۳ ہم بستر ہونا۔ **پاس لگا رہنا** (لازم) قریب رہنا یا متصل رہنا۔ **پاس نہ بھٹکنے ہونا** (لازم) متنفر ہونا۔ پرہیز کرنا۔ دور رہنا

امثال واقوال۔ پاس رہیے جانیئے یا بات چلے جانیئے نیک و بد کسی کا جب معلوم ہوتا ہے کہ وہ پاس رہے یا سفر میں شریک ہو۔ **پاس کا کتا نہ دور کا بھائی** جو چیز پاس ہو وہ بہتر ہے۔ موجود

...کے بھائی سے بہتر ہے۔ **پاس کوڑی نہ بازار لیکھا**۔ بالکل بے حیثیت۔

پاس (ف۔ مذکر) ۱ مروت۔ لحاظ خیال۔ رعایت۔ اخلاص ۲ حق ۳ تین گھنٹہ کا وقفہ ۴ حراست۔ نگہبانی ۵ باعث۔ سبب۔ وجہ ۶ خاطر۔ طرفدار جانبداری۔ **پاس آبرو** (مذکر) عزت کا خیال حرمت کا لحاظ۔ **پاس آجانا** (لازم) لحاظ آجانا۔ **پاسِ ادب** (مذکر) ادب کا خیال **پاس انفاس** (اصطلاح صوفیاں) ہر سانس کے ساتھ اللہ کا لفظ نکلنا۔ **پاسبان** (مذکر) چوکیدار دربان۔ گڈریا۔ **پاسبانی** (مونث) چوکیداری۔ محافظت نگہبانی۔ **پاسِ خاطر** (مذکر) لحاظ۔ رعایت۔ **پاسداری** (مونث) ۱ رعایت۔ حمایت ۲ جانبداری۔ طرفداری **پاس سرکنا یا سرکنے لگنا** (لازم) لحاظ جاتا رہنا۔ ادب ننگ وغیرہ کا خیال نہ رہنا۔ **پاس شرع** (مذکر) شرع کا لحاظ۔ شرعی حکم کی تعمیل۔ **پاسِ ناموس** (و ننگ) (مذکر) عزت و حرمت کا لحاظ۔ **پاسِ نمک** (مذکر) کھانا کھانے کا لحاظ۔ ملازم رہنے کا لحاظ۔ **پاس کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ لحاظ ہونا۔ رعایت ہونا ۲ دیکھو پاس (انگ)

پاس (ھ۔ مذکر) رسی۔ پھندا۔ جال۔ کمند۔ دام۔

پاس (انگ۔ مذکر) ۱ کامیابی۔ بہرہ مندی ۲ ریل پر سفر کرنے یا تھیٹر میں جانے کا ٹکٹ جو مفت ملے ۳ سند۔ وظیفہ ۴ درہ۔ **پاس بک** (مونث) ۱ بنک کا حساب رکھنے کی کتاب ۲ وہ کتاب جس میں تاجران چیزوں کا حساب لکھتا ہے جو ادھار دی گئی ہوں **پاسپورٹ** (مذکر) پروانہ۔ راہداری (بنانا بننا حاصل کرنا۔ دینا لینا وغیرہ کے ساتھ) **پاس کرنا** (متعدی) (کو) منظور کرنا پسند کرنا ۲ (امتحان) کامیاب ہونا۔ ترقی کرنا۔ درجہ چڑھنا ۳ (امتحان میں) کامیاب کرنا۔ ترقی دینا ۴ عبور کرنا۔ طے کرنا ۵ چھوڑ دینا۔ نظر انداز کرنا ۶ اپنے پسند کے فقروں پر نشان کرنا۔ **پاس ہونا** (لازم) ۱ منظور ہونا ۲ (امتحان میں) کامیاب ہونا۔ ترقی پانا۔

پاسا (ھ۔ مذکر) رسی۔ کمند۔ جال۔ دام۔ پھندہ۔

پاسا۔ (ہ۔ مذکر) وہ شش پہلو ہڈی کا ٹکڑا جسے چوسر کھیلنے والے باری باری سے پھینکتے ہیں ۲ قرعہ جو رمال پھینکتے ہیں ۳ کسی دھات کا ڈلا ۴ چاندی کا ڈلا جس کا تار کھینچا جاتا ہے (س، پاشک)

پاسا الٹا پڑنا (لازم) ۱ چوسر میں پاسا اس طرح پڑنا کہ بازی بگڑ جائے ۲ تدبیر کے خلاف ہونا۔ آرزو پوری نہ ہونا **پاسا الٹنا** (لازم) ۱ چوسر میں پاسے کا رخ بدلنا۔ پہلے اگر جیت رہا تھا۔ تو ہارنے لگنا ۲ انقلاب ہونا۔ **پاسا پڑنا** (لازم) ۱ جیت کا داؤ نکلنا ۲ اقبال یاور ہونا۔ **پاسا پلٹنا** (لازم) داؤ اچھا نہ پڑنا۔ پہلے جیت کتی تو پھر ہارنا ۲ تدبیر کے خلاف واقع ہونا ۳ زمانہ بدل جانا۔ انقلاب ہونا۔ **پاسا پھینکنا** (متعدی) ۱ چوسر میں ہڈی کے ٹکڑے پھینکنا ۲ قرعہ ڈالنا۔ قسمت آزمائی کرنا۔ **پاسا کھیلنا** (متعدی) ۱ جوا کھیلنا ۲ کھیل کا پاسے پر منحصر ہونا۔ **پاسا نہ پڑنا** (لازم) خواہش کے مطابق اچھا داؤ نہ پڑنا۔

امثال واقوال۔ **پاسا پڑے اناڑی جیتے**۔ ناواقف آدمی اگر پاسا پھینکے تو داؤ اچھا پڑتا ہے۔ اور اکثر اچھے کھیلنے والے سے ناواقف جیت جاتا ہے۔ **پاسا پڑے سو داؤ۔ حاکم کرے سو نیاؤ**۔ حاکم جو کچھ فیصلہ کرے وہ انصاف ہوتا ہے۔ اور پاسے کا پڑنا اتفاق کی بات ہے۔

پاسپتی (س۔ عس) ردر کا ایک لقب۔ مخلوقات کا مالک۔

پاستان (ف۔ صفت) پرانا۔ قدیم۔ پچھلے زمانے کا۔ پیشتر کا۔ گذرا ہوا۔

پاسخ (ف۔ مذکر) جواب۔

پاسنا (ھ) ۱ دودھ اتارنا ۲ دودھ کا تھن میں آجانا۔

پاسنجر (انگ۔ مذکر) مسافر۔ مسافر گاڑی **پاسنجر بک کرنا** (متعدی) مسافروں کو ٹکٹ دینا۔ **پاسنجر ٹرین** (مونث) مسافر گاڑی۔

پاسی (ہ۔ مونث) ۱ وہ رسی جو گھوڑے کے پاؤں میں باندھی جاتی ہے ۲ گھاس یا بھوسہ باندھنے کی جالی ۳ مذکر۔ چڑیمار۔ شکاری۔ وہ جال یا پھندہ جس سے جانور پکڑیں ۴ ایک قوم جو تاڑ کے درخت سے رس نکالتی ہے ۵ (مونث) وہ رسی جس سے تاڑ کے درخت پر چڑھتے ہیں ۶ چوپایوں کے پانی پینے کا حوض ۷ پھانسی (دہلی) (س پاش)

پاش (ف صفت) پاشیدن بمعنی چھڑکنا سے ۱ چھڑکنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نمک پاش ۲ آب پاش ۳ پریشان تر بتر۔ **پاشاں** (صفت) دور دور۔ متفرق۔ ایسی تحریر کے متعلق کہتے ہیں جن میں حروف اور دائرے دور دور لکھے ہوں۔ **پاش پاش** (صفت) ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پاشی** (مونث) چھڑکنا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے نمک پاشی۔ آبپاشی۔

پاش (س۔ مذکر) ۱ گانٹھ۔ حلقہ ۲ جال ۳ زنجیر۔ بند۔ بیڑی ۴ دنیا۔ قدرت۔ **پاش دھر** (مذکر) ورن کا نام۔

پاشا (ھ۔ مذکر) پاسا۔

پاشا (ت۔ مذکر) ۱ ترکوں کا ایک خطاب۔ سردار ۲ ترک گورنر۔ وزیر۔

پاشان (س۔ مذکر) پتھر۔ سنگ کنکر۔ روڑی۔ **پاشان بھیدی** (مذکر) ایک پودہ **پاشان چتر داسی** (مونث) ماگھ بدی کی چودھویں تاریخ جبکہ ایک تیوہار گوری کے متعلق منایا جاتا ہے۔ **پاشان روپ یا روپی** (صفت) سنگدل۔ پتھر کا **پاشامے** (صفت) پتھریلا۔ جہاں پتھر بہت ہوں۔ **پاشانی** (مونث) ۱ چھوٹا پتھر جو وزن کے طور پر استعمال کیا جائے ۲ سنگتراش کی چھینی۔ معمار کی ہتھوڑی۔ **پاشانیہ** (صفت) پاشان مے۔

پاشپت (س۔ صفت) ۱ شو پشپتی کے متعلق ۲ (مذکر) شو پشپتی کو پوجنے والا ۳ ایک ہتھیار جو شو جی نے ارجن کو دیا تھا ۴ ایک مقام جو شو پشپتی کے لئے مقدس ہے۔

پاشت (س۔ صفت) بندھا ہوا گرفتار۔ پابہ زنجیر۔

پاشک (س۔ مذکر) ۱ پاسا ۲ پاؤں کا ایک زیور۔

پاشن (س۔ مذکر) ۱ وہ جس کے پاس جال ہو ۲ ورن کا نام ۳ یم کا نام ۴ دھرم راشٹر کا ایک بیٹا۔

پاشنڈ (س۔ مذکر) دیکھو پاکھنڈ۔

پاشنہ (ت۔ مذکر) ایڑی **پاشنہ کوب** (صفت) تعقب کرنے والا۔ بھاگتے ہوئے کا پیچھا کرنے والا۔

پاک (س۔ مذکر) ۱ کھانا پکانا ۲ ہاضمہ ۳ ایک مٹھائی۔ **پاک پھل** (مذکر) کروندا۔ ایک درخت کا پھل۔ **پاک رنجن** ایک درخت کے پتے۔ **پاکستمان**

پاکشالا (مذکر) باورچی خانہ - رسوئی۔

پاک (ف - صفت) ۱ صاف ستھرا - خالص - بے لوث - ہر عیب سے مبرا ۲ بے گناہ - بے قصور - نیک - پرہیزگار ۳ محفوظ - بری ۴ بیباق - ختم ۵ بے عیب ۶ مباح - حلال - جائز ۷ بے روک - آزادہ بیباک -

پاکباز (صفت) ۱ صاف دل - بے گناہ - نیک چلن ۲ زاہد - مجرد - متقی ۳ نیک نیت - دیانت دار - پاک محبت رکھنے والا ۴ (مذکر) عاشق صادق ۵ (اصطلاح بنگیاں) بھنگ چھاننے کا کپڑا - صافی - **پاکبازی** (مونث) نیک نیتی - صفائی - اخلاص - **پاک بیں** (صفت) پاک نظر سے دیکھنے والا - **پاک پروردگار** (مذکر) خدائے پاک - **پاک داماں یا دامن** (صفت) ۱ پارسا - صاحب عفت - نیک چلن - باعصمت معصوم ۲ پاکیزہ زندگی بسر کرنے والا ۳ (بی بی) وہ عورت جو سوائے ایک خاوند کے اور کسی مرد کے ساتھ نہ رہی ہو - **پاکدامانی - پاکدامنی** (مونث) عصمت - عفت - پارسائی - **پاک دل** (صفت) جس کے دل میں نیک خیال پیدا ہوں - یا برے خیال نہ آئیں ۲ نیک نیت - **پاک رائے** (صفت) وہ شخص جو عقل صحیح وسلیم رکھتا ہو - **پاک رَو** (صفت) نیک چلن - دیانتدار - **پاک روی** (مونث) دیانتداری - راستبازی - نیک چلنی - **پاک رہ بیباک رہ** (مقولہ) نیک چلن آدمی کو کسی بات کا خطرہ نہیں - **پاک ذات** (صفت) خدا کی تعریف - ہر عیب سے مبرا - **پاک زاد** (صفت) ۱ نیک طینت - نیک اصل ۲ خالص نسل کا - جو دوغلا نہ ہو - **پاکزادہ** (مذکر) دھوبی - **پاک سرشت** (صفت) نیک طینت - نیک طبیعت - **پاک شُہدا** (صفت) بدوضع - بدچلن - **پاک صاف** (صفت) ۱ صاف ستھرا - اجلا - نرمل ۲ نیک نیت - نیک خیال - **پاک کرنا** (متعدی) ۱ (مسلمانوں کی اصطلاح) دھو کر صاف کرنا ۲ میل دور کرنا - کوڑا کرکٹ صاف کرنا - پونچھنا ۳ ذبیحہ کی آلائش نکالنا - موئے زہار کا مونڈنا ۵ (آنسو) پونچھنا ۶ (حساب) ختم کرنا - تمام کرنا - چکانا ۷ (قصہ) قتل کرنا - **پاک محبت** (مونث) الفت یا دوستی جو خود غرضی یا خواہش نفسانی پر مبنی نہ ہو - **پاک مغز** (صفت) پاک رائے - **پاک نام اللہ کا** (مقولہ) اللہ کے سوا کوئی پاک نہیں کہلا سکتا - اللہ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے - **پاک نظر یا نگاہ** (مونث) وہ نظر جس میں خواہش نفسانی کا خیال نہ ہو - (صفت) نیک نیت - پاک بیں - **پاک نیت** (مونث) نیک نیتی - نیک ارادہ (صفت) نیک نیت - **پاک ولولہ** (مذکر) نیک جذبہ - **پاک ہونا** (لازمی) ۱ صاف ہونا - میل دور ہونا ۲ نجاست دور ہونا ۳ نہا دھو کر صاف ستھرا ہونا ۴ عورت کا حیض سے فارغ ہونا ۵ تمام ہونا - حساب ختم ہونا ۶ نہایت بدوضع ہونا - اچھی باتوں سے مبرا ہونا - **پاکی** (مونث) ۱ طہارت ۲ صفائی - ستھراپن ۳ پوترپن - تقدیس ۴ سر مونڈنے کا استرہ ۵ موئے زہار - **پاکی لینا** (متعدی) موئے زہار مونڈنا - **پاکیزگی** (مونث) ۱ صفائی - ستھرائی ۲ طہارت - پوترپن - **پاکیزہ** (صفت) ۱ صاف ستھرا ۲ نفیس - عمدہ ۳ بے عیب - بے نقص - بے جرم - بے داغ ۴ خوبصورت - خوش شکل - **پاکیزہ بوم** - خصلت - سرشت - سیرت یا طینت (صفت) نیک اصل نیک نیت - نیک دل - **پاکیزہ خیالات** (مذکر) اچھے یا نیک خیالات - **پاکیزہ شکل یا صورت** (صفت) خوبرو - حسین - خوبصورت - **پاکیزہ گوہر** (صفت) نہایت اچھا - خالص - **پاکیزہ نفس** (صفت) بے کینہ - بے شر

پاکَ (س - صفت) ۱ بچہ ۲ غافل جاہل ۳ دیانتدار ۴ مصنوعی ۵ (مذکر) جانور کا بچہ ۲ بچہ ۳ ایک دَیت جسے اندر نے قتل کیا تھا۔

پاکٹ (انگ - مونث) جیب کیسہ - **پاکٹ بُک** (مونث) جیب میں رکھنے کی نوٹ بک - **پاکٹ منی** (مونث) جیب خرچ۔

پاکڑ یا پاکڑیا (ھ - مذکر) گولر کا درخت

پاک ساسَن (س - عص) اندر مہاراج اور ارجن کا ایک نام۔

پاک سَنڑسی (ھ - مذکر) آہنی شکنجہ یا زنبور جو میز پر لگا ہوا ہو۔

پاکشیہَ (س - صفت) ایک فریق کا

پاکَل (س - صفت) ۱ پھوڑے کو پکانے والا - پھوڑے میں پیپ پیدا کرنے والا ۲ ایک قسم کا پودا۔

پاکِل (س - مذکر) کچنال کا پودا -

پاکلی (س - مونث) ایک قسم کی ککڑی -

پاکنا (ہ - متعدی) شربت میں آبالنا -

پاکھ (ھ - مذکر) قمری مہینے کا نصف پندرہ دن کی مدت - مہینے میں دو پاکھ ہوتے ہیں - اجالا پاکھ پہلے پندرہ دن - اندھیرا پاکھ پچھلے پندرہ دن - دیکھو پکھ و پکش -

پاکھا (ھ - مذکر) ۱ چھپر - چھان - آسارا ۲ پہلو کی دیوار ۳ چھوٹا مکان ۴ چھپر جو دیوار پر جھکا ہوتا ہے ۵ ڈیوڑھی - پیشگاہ - ایوان ۶ پہلو - بازو ۷ جانب - طرف - (س پکشک)

پاکھان (ھ - مذکر) دیکھو پاشان

پاکھر (ھ - مذکر) ۱ گھوڑے یا ہاتھی کی آہنی زرہ - ترپال - جھول - ٹاٹ کی پوشش ۲ ایک درخت کا نام (س پرگر)

پاکھڑ - پاکھل (ھ - مذکر) گولر کا درخت۔

پاکھنڈ یا پاکھنڈی (ہ - مذکر) ۱ شرارت - جھگڑا - بکھیڑا - بدذات - (دیکھو پاشنڈ) (پھیلانا - کرنا - مچانا کے ساتھ) **پاکھنڈی** (صفت) شریر - جھگڑالو - بدذات - شراستی -

پاکھی (ھ) دیکھو پاہی -

پاکیہ (س - مذکر) نمک - شورہ -

پاگ (ھ - مذکر) ۱ پگ - پاؤں - قدم ۲ (مونث) پگڑی ۳ شربت - **پاگ - پاگ تاگ** (مذکر) ایک ٹیکس جو اگلے زمانے میں ہر مرد سے جو بارہ برس سے اوپر ہوتا تھا - لیا جاتا تھا -

پاگا (ھ - مذکر) ۱ مرہٹوں کا ایک رسالہ ۲ نر گھوڑوں کا اصطبل ۳ (صفت) پکا ہوا - تیار -

پاگر (ہ - مذکر) جگالی - **پاگرانا** (متعدی) ۱ جگالی کرنا ۲ مال ہضم کر جانا -

پاگل (ہ - صفت) ۱ دیوانہ - سودائی مجنون - سڑی - باؤلا - خفقانی - خبطی - مخبوط ۲ احمق - بیوقوف - نادان - مورکھ (س - پاک - جاہل) **پاگل بنانا** (متعدی) اتنا تنگ کرنا کہ دوسرا اسٹ پٹا جائے - **پاگلپن** (مذکر) ۱ دیوانگی - خبط - جنون - باؤلا پن ۲ بیوقوفی - نادانی - **پاگل خانہ** (مذکر) وہ مکان جہاں پاگل رکھے جائیں - **پاگل کر دینا یا کرنا** (متعدی) دیکھو پاگل بنانا - **پاگل ہو جانا یا ہونا** (لازم) سودائی یا مجنوں ہو جانا -

امثال - **پاگل (پاگلوں) کے سر**

کیا سینگ (لگے) ہوتے ہیں۔ پاگلوں کی کوئی ظاہری شناخت کی نشانی نہیں ہوتی۔ وہ تو اپنی حرکات اور گفتگو سے پہچانے جاتے ہیں۔

پاگن (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا ڈھول

پاگنا (ہ۔ متعدی) کسی کھانے کی چیز پر شکر کا شیرہ چڑھانا (ہ) پکنا۔

پال (ہ۔ مذکر) ۱ وہ گھاس پھوس جس میں پھل دبایا جائے ۲ کچا پھل پکانے کے لئے پھوس میں دبا دیا جاتا ہے ۳ کچے پھل کو اس طرح پکانا (س۔ پلال یا پاگل) پال اٹھانا (متعدی) پھل کو پکنے کے بعد گھاس پھوس میں سے نکالنا۔ پال اٹھنا (لازم) پھل کا پکنا۔ پال پڑنا (لازم) ۱ کچے پھل کا پکنے کے لئے گھاس پھوس میں رکھا جانا ۲ کوئی چیز عرصے تک اپنے پاس پڑی رہنا پال دابنا یا دبانا (متعدی) دبنا (لازم) پھل کا پکنے کے لئے گھاس پھوس میں رکھا جانا۔ پال دبی ہوئی ہے۔ سب بیمار ہیں۔ پال ڈالنا یا رکھنا (متعدی) کچے پھل کو گھاس پھوس میں پکنے کے لئے رکھنا ۲ کسی چیز کو مدت تک اپنے پاس رکھ چھوڑنا۔ پال کا آم (مذکر) وہ آم جو پال میں رکھ کر پکایا گیا ہو۔ پال کا پکا (صفت) گھاس پھوس میں رکھ کر پکایا ہوا۔ پال میں رکھنا (متعدی) دیکھو پال ڈالنا۔ پال میں پکانا (متعدی) پال میں رکھنا تاکہ پک جائے۔

پال (ہ۔ امر) ۱ پالنا کا ۲ (مذکر) حفاظت۔ پناہ۔ اماں۔ سایہ ۳ سرکاری زمین جو سرکار کے اپنے قبضے میں رہے (س۔ پال۔ حفاظت کرنا) پالا (دامنی) ۱ پالنا کا ۲ (مذکر) حفاظت۔ پناہ۔ اماں۔ رکھشا ۳ پرورش۔ خبرگیری ۴ تحویل۔ ذمہ۔ سپردگی ۵ تعلق۔ واسطہ۔ سروکار۔ واسطہ ۶ قوت۔ طاقت۔ زور ۷ اثر۔ تاثیر ۸ قابو۔ چنگل۔ پنجہ ۹ سحر۔ جادو۔ منتر۔ ٹونا ۱۰ (صفت) پرورده۔ پرورش کیا ہوا۔ آورده پالا پڑنا (لازم) ۱ سابقہ یا واسطہ پڑنا۔ سروکار رہنا ۲ تعلق ہونا۔ شادی ہونا ۳ (ہ) قابو میں ہونا۔ پنجہ میں گرفتار ہونا ۴ شیدا ہونا مفتون ہونا ۵ پھنس جانا۔ دھوکے میں آ جانا۔ پالا پوسا (دامنی) ۱ پرورش کیا ۲ (صفت) پرورش کیا ہوا۔ پالا ڈالنا (متعدی) قابو میں دینا۔ اختیار میں دینا۔ سابقہ ڈالنا۔ پالک (صفت) پالا ہوا۔ پرورده۔ اردو میں صرف لے پالک ہی استعمال ہوتا ہے۔ پال لینا (متعدی) پرورش کرنا۔ پالنا (متعدی) ۱ پرورش کرنا۔ تربیت کرنا ۲ خدمت کرنا ۳ خبرگیری کرنا ۴ ناز و نعم سے رکھنا ۵ برداشت کرنا۔ ذمہ داری لینا ۶ (طوطا) دیکھو توتا کے تحت میں ۷ (ہ) مذکر) لے پالک متبنّیٰ لڑکا

پالنا پوسنا (متعدی) پالنا۔ پرورش کرنا۔ تربیت دینا۔

پالن ہار (ہ) پالنے والا (لازم) ۱ پرورش کرنے والا ۲ حفاظت کرنے والا ۳ پروردگار۔ پالے پڑنا (لازم) ۱ سابقہ یا واسطہ پڑنا ۲ قابو میں ہونا۔ بس میں ہونا ۳ سر پڑنا ۴ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔

مثل۔ پال پال تیرے جی کا ہو گا کال۔ کمینے آدمی پر مہربانی کرو گے تو موقع ملنے پر وہ نقصان پہنچائے گا۔

پال (ہ۔ مونث) ۱ بند جو پانی روکنے کے لئے بنایا جائے۔ پشتہ۔ مینڈ۔ (س۔ پالی) ۲ چھوٹا خیمہ۔ چھولداری ۳ بادبان (س۔ پٹل)

پال (س۔ مذکر) ۱ حفاظت کرنے والا بچانے والا ۲ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا۔ مرکبات میں جیسے گوپال ۳ چرواہا۔ گوالا ۴ محافظ۔ والی۔ سرپرست ۵ راجہ۔ بادشاہ ۶ ایک ناگ دیوتا جو واسکی کی نسل سے تھا ۷ ایک راجہ ۸ ایک مصنف پالی کوی راج (مذکر) ایک شاعر پالی (مونث) چرواہے کی بیوی۔

پالی (س۔ مونث) پالی زبان۔

پالا (ہ۔ مذکر) ۱ جمی ہوئی شبنم۔ سردیوں کے موسم میں اوس پڑنے کے بعد جم جاتی ہے اور صبح سورج نکلنے سے پہلے گھاس وغیرہ پر سفید برف کی سی جمی ہوئی نظر آتی ہے۔ یہ پالا ہے۔ اس سے نازک درخت عموماً مر جاتے ہیں۔ برف ۲ شبنم ۳ جاڑا۔ بستگی ۴ سخت سردی۔ ٹھنڈ ۵ پردہ جس میں جانور کا بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے۔ جھولی ۶ باری۔ بدلی ۷ وہ نشان یا مٹی کا ڈھیر جو کبڈی کے کھیل میں درمیان میں بنایا جاتا ہے ۸ کشتی کی جگہ۔ اکھاڑا ۹ پیر کے چھنے ۱۰ غلے یا اناج کا ڈھیر ۱۱ ٹہنی۔ شاخ ۱۲ جیت۔ فتح۔ جیت کا نشان۔ بازی (س۔ پرائے) پالا پڑنا (لازم) برف پڑنا۔ اوس کا جم جانا۔ سخت سردی ہونا۔ پالا بندھنا (لازم) شبنم کا جم جانا۔ برف جمنا۔ پالا جیتنا (متعدی) بازی جیتنا شکست دینا۔ پالا چھوڑ کر بھاگ جانا (لازم) مقابلے سے بھاگ جانا۔ مقابلے میں نہ ٹھہرنا پالا چھونا (لازم) ۱ کبڈی کے کھیل میں درمیانی لکیر کے پاس سے ہی مڑ جانا ۲ کنایتاً بہت جلدی کام کرنا۔ پالا خالی کرنا (متعدی) اکھاڑا خالی کرنا۔ مقابلے سے ہٹا دینا یا بھگا دینا۔ پالا گرم ہونا (لازم) محفل میں رونق یا چہل پہل ہونا۔ کھیلنا

پالا گرنا (لازم) برف پڑنا ۲ سخت سردی ہونا۔ ٹھٹھرنا

پالا مار جانا (لازم) سردی کی وجہ سے نباتات کا مرجھانا یا سڑ جانا۔ پالا مار لینا (متعدی) بازی جیت لینا۔

پالا ہاتھ رہنا (لازم) جیتنا۔ میدان ہاتھ رہنا۔

پالے کا مارا (صفت) سردی سے ٹھٹھرا ہوا ۲ سردی کی وجہ سے خشک ہوا ہوا (پودہ)

پالاش (س۔ صفت) ۱ پلش کے درخت کی لکڑی کا بنا ہوا۔ سبز ۲ (مذکر) سبز رنگ

پالاگن (ہ۔ مونث) ۱ قدم بوسی ۲ آداب۔ تسلیم ۳ پاؤں پر سر رکھنا (حضور [illegible] کے ذکرنا۔ ہونا کے ساتھ) (پاؤں اور لگنا سے مشتق ہے)

پالان (ف۔ مذکر) وہ کپڑا یا گدی جو گدھے یا اونٹ کی پیٹھ پر حفاظت کے لئے ڈالتے ہیں

پالان باندھنا (متعدی) کپڑا یا گدی رکھنا۔ پالانی (صفت، پالان) اٹھانے والا۔ پالان اٹھائے ہوئے (مذکر، پالان بنانے والا شخص ۲ سست لدو جانور۔

پالائش (ف۔ مذکر) کپڑ چھان [illegible] چھنائی۔

پالت (س۔ صفت) ۱ آورده پرورده۔ پرورش کیا ہوا۔ پالا ہوا۔ حفاظت کیا ہوا ۲ قائم رکھا ہوا۔ پورا کیا ہوا جیسے وعدہ۔

پالتا (ہ۔ مذکر) پالن ہار۔ پالنے والا

پالتیوں کو بھنوانا (متعدی) پالنے والے یعنی ماں باپ کو برا بھلا کہلوانا۔

پالتو (ہ۔ صفت) پالا ہوا۔ گھر میں پرورش کیا ہوا۔ سدھایا ہوا (جانور)

پالتی یا پالتھی (ہ۔ مونث) ۱ نشست کا ایک طریقہ جس میں داہنی ران کو بائیں پاؤں اور بائیں ران کو داہنے پاؤں پر رکھ کر بیٹھتے ہیں ۲ ایک قسم کا تیرنا جس میں چارزانو بیٹھ کر تیرتے ہیں۔ پالتی یا پالتھی لگانا (متعدی) پانی میں پالتی مار کر تیرنا پالتی یا پالتھی مار کر بیٹھنا (لازم) چارزانو بیٹھنا۔ سادھوؤں کی طرح بیٹھنا۔

پالٹ (ہ۔ مونث) لکڑی سے لڑنے میں وہ ضرب جو حریف کے پاؤں پر ماریں پالٹ دکا ہاتھ، مارنا (متعدی) پاؤں پر ضرب لگانا۔

پالسی (انگ۔ مونث) ۱ حکمت

عملی - داؤ پیچ ۔ مصلحت ۔ تدبیر - دوراندیشی ۔ انتظام کا طریقہ ۔ نظم و نسق - بندوبست ۔ دانائی ۔ حکمت - فطرت چالاکی - **پالسی باز** (مذکر) وہ شخص جو حکمت عملی سے کام کرے - چالاک - ہوشیار - **پالسی بدلنا** (متعدی) دوسرا طریق کار اختیار کرنا - تدبیر بدلنا - **پالیسی چلنا** (لازم) تدبیر کارگر ہونا -

پالش (انگ - مونث) 1 صیقل جلا - چمک - صفائی 2 چمک دینے کا روغن -

پالک (ہ - مونث) 1 ایک قسم کا ساگ 2 پلنگ - چارپائی - **پالک جوہی** (مونث) ایک قسم کی گھاس -

پالک - س (صفت) 1 پالنے والا 2 گوالا 3 راجہ 4 سائیس 5 سوتیلا باپ 6 کئی راجوں کا نام

پالک (ہ - صفت) 1 پالا ہوا - پرورده - پرورش کیا ہوا 2 (مذکر) پالنے والا شخص - محافظ - سرپرست - مربی 3 (ہ) وہ لڑکا جس کو کسی نے پرورش کیا ہو - اردو میں تنہا نہیں استعمال ہوتا - **پالک پتر** (مذکر) متبنیٰ لڑکا - **پالک پتری** (مونث) متبنیٰ لڑکی - **پالکڑا** (مذکر) متبنیٰ - **پالکڑی** (مونث) متبنیٰ لڑکی ؛

پال کاپیہ (س - بعض) ایک قدیم رشی جس نے طب کے متعلق تصنیفات کی ہیں - دھنونتری کا اوتار سمجھا جاتا ہے -

پالکی (ہ - مونث) ایک قسم کی ڈولی جسے کہار اٹھاتے ہیں - اگلے زمانے میں امیر لوگ سوار ہوا کرتے تھے - آج کل دلہنوں کو سوار کرتے ہیں - محافہ - نفس - (س - پرینکھ - گھیر لینا) **پالکی بردار** (مذکر) پالکی اٹھانے والا - کہار - **پالکی سوار** (مذکر) وہ شخص جو پالکی میں سواری کرتا ہو - **پالکی نشین** (مذکر) جو پالکی میں بیٹھنے کی حیثیت رکھتا ہو - امیر - حاکم -

پالن (س - مذکر) 1 پالنا - پرورش کرنا - حفاظت کرنا - تربیت کرنا 2 پوسا کرنا - ایفا کرنا (وعدہ) 3 تیمارداری کرنا - بیماری میں خدمت کرنا 4 حفاظت پناہ - سایہ - اماں 5 پرورش - خبرگیری - **پالن کرنا** (متعدی) پالنا - پرورش کرنا وغیرہ **پالن ہار** (صفت) پالنے والا - پرورش کرنے والا - حفاظت کرنے والا - خدا کا توصیفی نام - پروردگار رب

پالن لت (صفت) 1 وہ جس کی حفاظت کی جائے 2 ایک راجہ جو پراجیت کا لڑکا تھا 3 ایک شاعر - **پالن لتا** (مونث) سکند کی ایک ماتری -

پالنا (ہ - مذکر) پنگھوڑا -

پالند (ہ - مذکر) چنبیلی کی ایک قسم -

پالندھی (ہ - مونث) ایک بیل عشق پیچاں کی ایک قسم -

پالنگ (ہ - مذکر) 1 ایک گوند پیدا کرنے والا درخت 2 ایک قسم چقندر کی 3 باز - شکرا - **پالنکی** - **پالنکیہ** (مذکر) خوشبودار گوند - لوبان -

پالو (ہ - صفت) پالا ہوا (جانور)

پالتو

پالو (ہ - مذکر) 1 لکڑی شہتیر 2 گنے نرسل وغیرہ کا ابتدائی حصہ جو پتلا ہوتا ہے -

پالودہ (ف - مذکر) فالودہ - چاولوں کی پیچ - جسکو موسم گرما میں شربت ملا کر پیتے ہیں -

پالہنگ (ف - مذکر) باگ ڈور - وہ رسی جو گھوڑے کے پاؤں میں باندھتے ہیں -

پالی (س - مونث) 1 مگدھ کی پراکرت زبان جس میں بدھ مذہب کی کتابیں لکھی ہوئی ہیں اور جس میں لنکا - سیام - برہما وغیرہ کے پنڈت تعلیم دیتے ہیں - 2 کان کی لوک یالو - بناگوش 3 کنارہ 4 حد 5 تلوار یا کسی ہتھیار یا اوزار کی نوک 6 قطار - صف 7 بند - پشتہ - مینڈ - روک 8 پل 9 گود - آغوش - جھولی 10 چوتڑ - سرین 11 داغ دھبہ - نشان 12 داڑھی دار عورت 13 جوں 14 دیگچہ 15 گھٹنے کی چپنی - سرزانو 16 ایک ناپ یا پیمانہ 17 تعریف - حمد - مہاتما 18 دیگچی - ہنڈیا 19 ہنڈیا کا ڈھکنا 20 لمبوترا تالاب 21 (ہ) وہ جگہ جہاں مرغوں - تیتروں وغیرہ کو لڑاتے ہیں 22 پرندوں کی لڑائی - مرغوں کی لڑائی 23 چرواہا - گائے چرانے والا - گوالا - **پالی باہر ہونا** (ہ - لازم) تیتر کا ہار کر بھاگ جانا - مقابلے سے ہٹ جانا - ہاری بولنا - **پالی مارنا** (متعدی) لڑائی جیتنا - فتح پانا -

مثل - پالی ڈانگروں کی رکھوالی اسکی سمجھ بوجھ اتنی ہی ہے - یہی کام ملا ہے -

پالیٹیشن (انگ - مذکر) مدبر ملک

پالیز (ف - مونث) خربوزے تربوز ککڑی وغیرہ کا کھیت - فالیز -

پام - **پاما** (ہ - مذکر) خارش پھنسی

پام (ہ - مونث) وہ دھاگا جو گوٹا کناری کے کنارے پر بنتے ہیں -

پام (انگ - مذکر) 1 کھجور کا درخت - ستار کا درخت 2 وہ چھوٹے چھوٹے کھجور کی قسم کے پودے جنہیں گملوں یا ٹبوں میں لگا کر کوٹھیوں میں رکھتے ہیں 3 ہتھیلی -

پاماری (ہ - مونث) لفظی معنی خارش کو مارنے والا - گندھک -

پاماری (ہ - مونث) 1 دیکھو پامری 2 (مذکر) دیکھو پامر -

پامر (س - صفت) 1 خارش سے بیمار 2 برا - خراب - شریر - بدذات 3 کمینہ - پاجی 4 بیوقوف - احمق - نادان 5 (مذکر) شریر آدمی گنہگار شخص 6 کوئی شخص جو ذلیل کام میں مشغول ہو 7 بیوقوف - احمق آدمی - **پامری** (مونث) 1 شودر کی عورت - کمینے آدمی کی عورت 2 کمینی عورت -

پامری (ہ - مونث) 1 ایک قسم کا ریشمی کپڑا - پانوری 2 ایک خوشبودار پھول -

پامن (س - مذکر) 1 دیکھو پاما - 2 (صفت) خارش زدہ -

پان (س - مذکر) 1 پینا 2 پینے کی چیز **پان پاتر** (مذکر) پینے کا پیالہ - **پان کر لینا یا کرنا** (متعدی) پینا - اپنے آپ کو آسودہ کرنا / ستانا - کھانا (عموماً جل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)

پان (ہ - مذکر) 1 کلف - مانڈی 2 نئے کپڑے کے ان بنے کنارے یا دھاگے - (س - پان) 3 پانچ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے پانسو 4 ایک بیل جس کے پتے کھاتے ہیں 5 اس بیل کا پتا جس پر کتھا چونا لگا کر اور چھالیہ تمباکو وغیرہ ڈال کر کھاتے ہیں - برگ تنبول 6 پتا - برگ 7 چمڑے کا ٹکڑا پان کی شکل کا جو جوتوں کی ایڑیوں پر لگایا جاتا ہے 8 پان کی شکل جو شال دوشالوں پر بنی ہوتی ہے 9 انگیا کی کٹوری کا چھوٹا ٹکڑا 10 تاش کے پتوں کے ایک رنگ کا نام 11 ایک ٹکڑا کا غذ کا پان نما جو تکلوں کے ایک کونے پر لگا ہوتا ہے - (س - پرن) **پان اٹھانا** (متعدی) پان لینا - بیڑا اٹھانا - **پان بنانا** (متعدی) گلوری تیار کرنا - پان میں چونا کتھا لگانا - **پان بنوانا** (لازم) **پان بنانے کا** **پان پتا** (مذکر) 1 لوازم خانہ داری 2 مجلس شادی کی خبرگیری 3 زوجہ کا خرچ - بیوی کا جیب خرچ - **پان پھول** (مذکر) 1 برائی بھلائی - نیک و بد - نتیجہ 2 (صفت) نازک - نازک بدن - **پان چبانا** (متعدی) پان کھانا - **پان چیرنا** (دہلی) 1 برائے نام کام کرنا نکمے بیٹھے رہنا - کچھ کام نہ کرنا 2 وقت کاٹنا - **پاندان** (مذکر)

پان اور اس کے متعلق مصالح رکھنے کا
برتن۔ **پان دینا** (متعدی)، ۱۔ پان کھلانا۔ پان سے
تواضع کرنا ۲۔ رخصت کرنا۔ رخصت کا پان کھلانا۔
محبت کرنا۔ پیار کرنا ۳۔ منگنی کرنا۔ سگائی منظور کرنا۔
پان کا بیڑا (مذکر) گلوری۔ **پان کا لاکھا** (مذکر)
پان کا رنگ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں۔ (جمانا۔
جمنا کے ساتھ)۔ **پان کا لکھوٹا** (مذکر)، وہ سیاہی جو زیادہ
پان کھانے سے لبوں پر ہو جاتی ہے۔ **پان کھانا** (متعدی)
گلوری کھانا۔ پان کو منہ میں رکھ کر چبانا۔ **پان کھا کے
پیک ڈال دینا** (متعدی)، پان آلودہ تھوک کان
میں ڈالنا۔ یہ کان کے درد کا علاج سمجھا جاتا ہے۔ **پان
کھلانا** (متعدی)، ۱۔ دیکھو پان دینا ۲۔ منگنی کرنا۔ **پان
کھلائی** (مونث)، ۱۔ منگنی ۲۔ ہندوؤں میں وہ حق جو
نھاوجہ کو گھوڑی پر چڑھنے کے وقت دیا جاتا ہے۔ **پان
کی بتی** (مونث)، پان کا ٹکڑا جس پر چونا کتھا لگا ہوا ہو۔
پان کی تحریر (مونث) پان کا رنگ جو ہونٹوں پر
جما ہوا ہوتا ہے۔ **پان کی سرخی (لالی)** (مونث)
سرخی جو پان کی وجہ سے ہونٹوں پر نمایاں ہوتی ہے۔
پان لگانا (متعدی)، دیکھو پان بنانا۔ **پان مرجانا**
(لازم)، پانوں کا خشک ہو جانا۔

امثال واقوال۔ پان اور ایمان
پھیرے ہی سے اچھا رہتا ہے۔ پان بے خبری میں
گل جاتے ہیں۔ اور ایمان بے توبہ کے صاف نہیں ہوتا
**پان پرانا گھرت نیا اور کلونتی نار۔ یہ تینوں
تب پایئے جب پرسن ہوئیں مرار** (ھ)
پرانا پان۔ تیا گھی اور پاکدامن عورت تب ملتی ہے جب
خدا خوش ہو۔ **پان پھول دائی کے سر**۔ آئی ہوئی
برائی دوسروں کے سر تھوپنا۔ **پان سا پتلا چاند سا
چکلا**۔ بہت نازک اور خوبصورت۔ **پانوں کو اور
ایمان کو سنوارتا رہے**۔ پان اور الخ۔

پان (س۔ مذکر)، ۱۔ پینا ۲۔ پینے کی
چیز۔ **پان پاترا** (مذکر) پینے کا پیالہ۔ **پان کرلینا یا کرنا**
(متعدی)، ۱۔ پینا ۲۔ اپنے آپ کو آسودہ کرنا۔ ستانا
۳۔ کھانا عموماً جل کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

پان (س۔ اسم)، ہاتھ۔ دست
پانبیج (مذکر) گولر کا درخت **پان چندر** (مذکر)،
ایک راجہ **پان کھات** (مذکر)، ایک تیرتھ **پان
گرہ یا گرہن** (مذکر)، ہاتھوں کا پکڑنا۔ ہندوؤں میں
شادی کے دوران میں دولہا دولھن کے ہاتھوں کو
ملایا جاتا ہے۔ **پان گرہتا** (مونث) لفظی معنی ہاتھوں سے
پکڑی ہوئی۔ دولھن جس کے ساتھ شاستروں کے بموجب
شادی کی گئی ہو۔ **پان ہتا** (مونث)، ایک جھیل جو
گوتم بدھ کے لئے دیوتا نے بنائی تھی۔

پانپ (ھ۔ مذکر)، ۱۔ پاپ ۲۔ درد
دکھ۔ تکلیف **پانپی** (صفت) دیکھو پاپی۔

پانت (ھ۔ مونث)، ۱۔ قطار۔
صف ۲۔ سپاہیوں کی صف۔ **پانت پانت** (تف)،
قطار در قطار **پانتی** (مونث) دیکھو پانت۔

پانتر (ھ۔ مذکر)، ۱۔ اجاڑ کھیت یا
جگہ ۲۔ خطرناک جگہ۔

پانتھ (س۔ مذکر)، ۱۔ مسافر۔
آوارہ گرد ۲۔ سورج **پانتھ دیوتا** (مذکر) دیوتاؤں کی
ایک قسم۔

پانجر (ھ۔ مذکر)، ۱۔ پسلیاں۔ پہلو
۲۔ طرف۔

پانجنا (متعدی)، دھات کے
برتن میں ٹانکا لگانا۔ برتن کا چھید بند کرنا۔ جھالنا۔

پانچ (ھ۔ عدد)، ۱۔ چار اور ایک
۵۔ مہر ۲۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ چالاک ۳۔ زمرد۔ پنا۔
(س۔ پنچ)، **پانچ اندری** (ھ۔ مونث) حواس خمسہ
پانچ برسی (صفت)، پانچ برس کا۔ **پانچ جنیا** (مذکر)
کرشن جی کا ناقوس۔ **پانچ چھٹانک** (مذکر)، ایک
محصول جو بعض شہروں میں روپے کی قیمت کے چاول کی
لیا جاتا ہے۔ اس میں سے ان افسران کی تنخواہ ادا
کی جاتی ہے۔ جو اوزان کی پڑتال کرتے ہیں۔ **پانچ
راتر** (س۔ مذکر)، ۱۔ ہندوؤں کی ایک مقدس کتاب
۲۔ وشنویوں کا ایک فرقہ جو پانچ اصولوں کی پیروی کرتا ہے
پانچ سات (صفت)، ۱۔ تھوڑے سے چند ۲۔ (ھ۔ مونث)
پریشانی۔ افراتفری۔ **پانچ کرم** (ھ۔ مذکر) بدن کے
پانچ کام۔ نکسیر۔ پاخانہ۔ چھینک۔ پیشاب۔ قے **پانچ
میر چودہ خانوادے**۔ فقرا کے یہی سلسلے ہیں ان کا
سلسلہ حضرت علیؓ سے ملتا ہے۔ پانچ میر حضرت
علیؓ۔ حضرت حسنؓ۔ حضرت حسینؓ۔ حضرت حسن
بصریؒ۔ اور حضرت کمیل ابن زیاد ہیں۔ دیکھو
چودہ خانوادے۔

پانچواں (صفت) پنجم۔ پانچویں
درجے کا۔ پانچویں نمبر پر پہنچیں۔ **پانچوں** (صفت)
ہر پانچ۔ **پانچوں بھائی یا پانڈو** (مذکر) یدھشٹر
بھیم۔ ارجن۔ نکل۔ سہدیو۔ **پانچوں بھوتا لما** (ھ۔
مذکر)، پانچوں عنصروں کا بنا ہوا بدن۔ **پانچوں تر ہیں**
مطلب خوب حاصل ہے۔ کام بن رہا ہے۔ **پانچوں
حواس** (مذکر) حواس خمسہ۔ سامعہ۔ باصرہ۔ شامہ۔
لامسہ۔ ناطقہ۔ **پانچوں حواس ٹھکانے لگنا** (لازم)
بدحواس ہو جانا۔ **پانچوں عیب** (مذکر) گھوڑے کے
پانچ نقص۔ منہ زور۔ شب کور۔ کہنہ لنگ۔ عشری۔
کری۔ **پانچوں عیب شرعی** (مذکر) چوری۔ زنا
دروغ گوئی۔ قمار بازی۔ شراب خواری۔ **پانچوں
کپڑے** (مذکر)، پگڑی۔ انگرکھا۔ پاجامہ یا دھوتی۔
دوپٹہ۔ رومال۔ **پانچوں سواروں میں ملنا** (لازم)
نام لکھانا۔ لکھوانا۔ یا ہونا (لازم) خواہ مخواہ معززین
میں شامل ہونا۔ **پانچوں گھی میں ہونا** (لازم) مزے سے
گزرنا۔ مزے اڑانا۔ **پانچوں ہتھیار** (مذکر) نیزہ
تلوار۔ برچھی۔ تیر۔ کمان۔ **پانچویں** (مونث) پانچ تاریخ
پانچویں (صفت) پانچ نمبر پر۔ **پانچ ہاتھ کی زبان
ہونا** (لازم) بہت زبان دراز ہونا۔

**امثال واقوال۔ پانچ پنچ
مل کیجے کاج۔ ہارے جیتے نہ آوے لاج**۔ کام
صلاح مشورے سے ہونا چاہئے۔ پھر کوئی کسی کو الزام
نہیں دے سکتا۔ نہ ناکامیابی میں ذلت ہوتی ہے **پانچ
جوتیاں اور حقے کا پانی** جب کوئی شخص بہت مانگے
تو کہتے ہیں۔ **پانچ سات کی لاٹھی ایک جنے کا
بوجھ**۔ تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے۔ **پانچ مہینے
بیاہ کو بیتے پیٹ کہاں سے لائی**۔ جب کوئی
بے قاعدہ بات ہو تو کہتے ہیں۔ **پانچوں انگلیاں
برابر (یکساں) نہیں**۔ تمام آدمی ایک جیسے
نہیں ہوتے۔ فدا پنج انگشت یکساں نہ کرد۔ **پانچوں
انگلیاں پانچوں چراغ**۔ بہت تاباں ہے۔ ہیرا ہے
**پانچوں انگلیاں گھی میں (چھٹا سر کڑھائی
میں)** بڑے مزے میں ہیں۔ مختار کل ہیں مزے اڑاتے
ہیں۔ **پانچوں پانڈے چھٹے نارائن** ۱۔ پانچ پانڈو۔
اور چھٹے کرشن جی۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی شخص کے اچانک آجانے پر بہت
خوشی ہو ۲۔ مشورے میں برکت ہوتی ہے کرشن جی پانڈوؤں کے مشیر تھے
لڑائی میں حصہ لیتے تھے۔ **پانچوں سواروں میں داخل ہوئے**۔ نام
آوری کے طالب ہوئے۔ اوروں کی ہمراہی کی۔ چار سوار جا رہے تھے پیچھے
پیچھے ایک شخص گدھے پر سوار جا رہا تھا کسی نے پوچھا سوارو کہاں جا رہے ہو
گدھے سوار نے کہا کہ ہم پانچوں سوار دکن جا رہے ہیں تب سے
یہ مثل ہوگئی۔ **پانچے آم پچاسے املی**۔ تھوڑی اچھی

۔۔۔ بہت سی معمولی چیز سے بہتر ہے۔ پانچے میت پچ لے سے تھا کر۔ چھوٹے معاملے میں دوست سے اور بڑے میں حاکم سے نہیں بگاڑنی چاہیئے۔

پانچال (س۔ صفت) پنچال کا یا ان کے متعلق ۲ پنچال کے ملک میں رہنے والا یا حکومت کرنے والا ۳ (مذکر) پنچالوں کا راجہ ۲ پنچالوں کا ملک ۳ پانچ قوموں کی جماعت۔ دھوبی۔ نائی۔ جولاہا۔ موچی۔ بڑھئی۔ **پانچالی** (مونث) دروپتی بحیثیت پنچال کی راجکماری کے۔

پانچ جنیا (س۔ عص) کرشن جی کا نرسنگھا۔ دیکھو پنچ جن۔

پانچک (س۔ عص) یکشوں کا ایک سردار۔

پانڈ (ہ۔ مونث) وہ عورت جس کے پستان بڑھے ہوئے نہ ہوں۔ یا پستانوں میں دودھ نہ ہو۔

پانڈُ (س۔ صفت) پانڈو (ہ) ۱ زرد۔ سفید۔ پیلا ۲ (مذکر) پیلے رنگ کی زمین۔ ریت اور چکنی مٹی ملی ہوئی زمین ۲ ہستنا پور کے ایک راجہ کا نام پانچوں پانڈوؤں کا باپ ۳ جنمیجے کا ایک بیٹا اور دھرت راشٹر کا بھائی ۴ دھاتری اور آیتی کا ایک بیٹا ۵ ایک ناگ راجہ ۶ شوجی کا ایک پرستار (مونث) ایک پودہ جسے مثانی بھی کہتے ہیں۔ **پانڈ بھوم** (مونث) ہلکی زرد رنگ کی زمین۔ ملک جس کی زمین ہلکے زرد رنگ کی ہو۔ **پانڈ بھومی یا بھوم** (مونث) پانڈوں کی زمین ہستنا پور۔ **پانڈ پتر** (مذکر) پانڈو کا لڑکا۔ پانڈوؤں کا ایک لقب۔ **پانڈ تیرتھ** (مذکر) ایک تیرتھ۔ **پانڈ داس**۔ (مذکر) شری دھر کا ایک مربی۔ **پانڈر** (صفت) پیلا۔ ہلکا زرد۔ (مذکر) ۱ یرقان ۲ سفید کوڑھ۔ برص۔ **پانڈ درم** (مذکر) ایک پودا۔ **پانڈ رنگ** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ **پانڈ رنگا** (مونث) ایک دیوی۔ **پانڈ روگ** (مذکر) یرقان۔ **پانڈ شن** (مذکر) پانڈو راجکمار یا راجے۔ **پانڈ شرکرا** (مذکر) پتھری۔ ریگ (بیماری)۔ **پانڈ شرمرا** (مونث) دروپتی کا نام۔ **پانڈک** (مذکر) ۱ زرد رنگ ۲ یرقان ۳ پانڈو ۴ ایک جنگل۔ **پانڈ کمبل** (مذکر) ایک قسم کا کمبل اون کا۔ ایک قسم کا ہلکے زرد رنگ کا سنگ مرمر۔ **پانڈ کمبلی** (مونث) شاہی ہاتھیوں کا طویلہ۔ ایک گاڑی جو کمبلوں سے ڈھکی ہوئی ہوتی ہے۔ **پانڈ لوما** (مونث) ایک پودہ۔ **پانڈ مرنکا** (مونث)، ہلکے زرد رنگ کی زمین۔ دودھیا پتھر۔ **پانڈ ناگ** (مذکر) ۱ ایک قسم کا درخت ۲ سفید رنگ کا ہاتھی جو اصل میں بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔

پانڈو۔ دیکھو پانڈ۔ **پانڈو ادھ** (مذکر) ہلکے زرد رنگ کی زمین۔ ریت اور چکنی مٹی ملی ہوئی زمین۔ **پانڈوان** (مذکر) پانچوں پانڈو۔ **پانڈو ورم** دیو (مذکر) ایک راجہ۔ **پانڈو رن** (صفت) ۱ سفید۔ چٹا ۲ (مذکر) سفیدی۔

پانڈا (ہ۔ مذکر) ۱ برہمن جو مندر میں پوجا کراتا ہے ۲ برہمنوں کی ایک قوم جو قنوج۔ متھرا۔ بنارس وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔ **پانڈے** (مذکر) ۱ عالم فاضل۔ استاد ۲ برہمنوں کا ایک خطاب۔

امثال و اقوال۔ پانڈے

جئیں تو پتیائیں۔ زندگی سے یاس ہونا۔ **پانڈے جی پچھتائیں گے وہی چنے کی کھائیں گے**۔ کہنا نہ مانو گے تو پچھتانا پڑے گا۔ ضد چھوڑ دو ورنہ نقصان اٹھاؤ گے۔

پانڈے دونوں دین سے گئے (حلوا ملا نہ مانڈے) لالچ میں اپنا بھی گنوا بیٹھے۔ زیادہ ہوس میں جو ملتا تھا وہ بھی کھو دیا۔

پانڈِت (ہ۔ مونث) **پانڈِتیہ** (س۔ مذکر) ۱ علمیت۔ قابلیت۔ فضیلت۔ لیاقت۔ بدیا۔ گیان ۲ عقل۔ سمجھ۔ فہم۔ فراست۔

پانڈَر (س۔ صفت) ۱ پیلا۔ سفید۔ سفیدی مائل ۲ (مذکر) پیلا رنگ ۳ ایک قسم کی چنبیلی ۴ ایک ناگ کا نام ۵ ایک پہاڑ کا نام **پانڈر پشتکا** (مذکر) لفظی معنی زرد پودہ۔ شیتلا۔

پانڈرا (ہ۔ مذکر) گنے کی ایک قسم۔ پونڈا۔

پانڑی (ہ۔ مونث) ۱ ایک بیل جس کے پتے خوشبودار ہوتے ہیں ۲ پان کی بیل۔

پانڑے (ہ۔ مذکر) دیکھو پانڈے۔

پانزدہ (ف۔ عدد) پندرہ۔ **پانزدہم** (صفت) پندرھواں۔

پانس (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی۔ مٹی کا ذرہ ۲ کھاد۔ خشک فضلہ (پڑنا۔ ڈالنا کے ساتھ) (س۔ پانسو) **پانس ہو جانا** (لازم) مٹی ہو جانا سڑ جانا۔ گل جانا۔ کھاد بن جانا۔

پانسا (ہ۔ مذکر) پاسا۔

پانسنا (ہ۔ متعدی) کھاد ڈالنا

پانسَو (ہ۔ عدد) پانچ سو کا مخفف۔

پانسو (س۔ مذکر) ۱ مٹی۔ ریت بھربھری مٹی ۲ کھاد ۳ پھولوں کی زردی ۴ خون حیض ۵ جائداد غیر منقولہ۔ **پانسو جالک** (مذکر) وشن جی کا نام۔ **پانسو چندن** (مذکر) شوجی کا نام۔ **پانسو کول** (مذکر) میلا ڈالنے کی جگہ۔ روڑی۔ **پانسو کول سیون** (مذکر) وہ مقام جہاں بدھ نے فقیری لباس اختیار کیا تھا۔

پانسو۔ پانسُو (ہ۔ مونث) ۱ پسلی۔ پسلی کی ہڈی ۲ پہلو۔

پانسی (ہ۔ مذکر) دیکھو پاسی۔ جال۔

پانسے (ہ۔ عدد) پانچ سو گنا۔

پانشک (س) بجائے پانشو کے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو پانشو۔ **پانشک آسیس** (مذکر) ہیرا کسیس۔ لوہے۔ گندھک اور آکسیجن کا ایک مرکب۔

پانشکا (س۔ مونث) ایک پودا خوشبودار۔

پانشَل (س۔ صفت) ۱ میلا خاک سے بھرا ہوا۔ خاک آلود ۲ گندا۔ پلید۔ نجس۔ ناپاک ۳ بے عزت۔ بے حرمت۔ بے آبرو ۴ (مذکر) شرارتی۔ بدچلن یا زناکار شخص ۵ ایک درخت۔

پانشو۔ (س۔ مذکر) خاک۔ مٹی۔ پانس۔ **پانشو پتر** ایک ساگ۔ **پانشج** (مذکر) ایک قسم کا نمک۔ نمک جو کان میں سے نکلتا ہے۔

پانصد (ف۔ صفت) پانسو۔ پانچ سو۔ **پانصدی** (مذکر) مغلوں کے عہد کا ایک منصب۔ جس میں ہزار روپے سالانہ تنخواہ پاتا تھا۔

پانک (ہ۔ مذکر) ۱ کیچڑ۔ دلدل ۲ وہ مٹی اور ریت جو سیلاب کے بعد زمین پر رہ جاتی ہے (س۔ پنک)۔

پانکت (س۔ صفت) سیدھے خط میں۔ سیدھ میں۔ لکیر میں۔ قطار میں۔ صف میں۔

پانکو (چین۔ عص) دنیا کا خالق

پانگ (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو پانک

۲ جو لاٹ کا راچہ ‌۔

پانکا (ھ - مذکر) وہ نمک جو سمندر سے نکالا جائے ‌۔

پانگرا (ھ - مذکر) ایک درخت جس کے پھول سرخ چڑیا کی شکل کے ہوتے ہیں - ۲ ڈہول ڈھاک ‌۔

پانو - پانوُ (ھ - مذکر) دیکھو پاؤں - **پانوروٹی** (مونث) دیکھو پاؤ روٹی ‌۔

پانوڑا (ھ - مذکر) کپڑا یا قالین جو چلنے کے لئے بچھایا جائے - **پانوڑی** (مونث) کھڑاؤں -

پانوں (ہ - مذکر) دیکھو پاؤں (مت)

پانہر (ھ - مذکر) ایک قسم کا سرکنڈا ‌۔

پانہ (ہ - مذکر) ۱ وہ لکڑی - جو لکڑی چیرنے والا درز میں رکھتا ہے - پھانہ - پچڑ ۲ موچی کا پھانہ جو قالب کے پیچھے ایڑی میں ٹھوکا جاتا ہے ‌۔

پانی (ہ - مذکر) ۱ ایک مائع جو دو ہواؤں آکسیجن اور ہائیڈروجن کے ملنے سے بنتا ہے پہلے یہ عنصر خیال کیا جاتا تھا - آب - جل - ماء ۲ مینہ بارش ۳ نطفہ - منی ۴ عرق - پسینہ ۵ کنایتًا شراب ۶ آنسو ۷ رطوبت - تری ۸ تیزی - کاٹ ۹ چمک دمک ۱۰ آب شمشیر دم تیغ ۱۱ ہمت - حوصلہ ۱۲ تھاہ - گہرائی ۱۳ ملمع گلٹ ۱۴ اصل نسل ۱۵ شرم - حیا ۱۶ وہ وقفہ یا مدت جس میں مرغ بغیر چوٹ کھائے لڑتا ہے ۱۷ چلن - شہرت عزت ۱۸ (صفت) پتلا - رقیق ۱۹ ٹھنڈا - سرد ۲۰ پھیکا بے مزا ۲۱ کنکوے کی ڈور کی ڈھیل ۲۲ دنیا شرمندہ - شرمسار - **پانی آجانا** (لازم) موتیابند ہوجانا **پانی آنا** (لازم) بارش ہونا - مینہ برسنا ۲ ابر آنا - بادل چھانا ۳ زخم سے رطوبت نکلنا ۴ ناک یا آنکھ سے پانی جاری ہونا ۵ پانی ٹپکنا ۶ دریا یا نہر میں پانی جاری ہونا - **پانی اُبالنا** (متعدی) پانی کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر اسقدر گرم کرنا کہ اس میں جوش آجائے اور بھاپ نکلنے لگے - **پانی اُبلنا** (لازم) پانی کا اسقدر گرم ہونا کہ اس میں سے بھاپ نکلنے لگے یہ سو درجے کی گرمی پر ہوتا ہے - **پانی اُتارنا** (متعدی) ۱ پانی بلندی سے نشیب کی طرف لانا - اونچے مکان سے نیچے کی طرف بہانا ۲ پانی کم کرنا یا گھٹانا ۳ دولھا دولھن کے سر سے وار کر پانی پینا (ہندؤوں کی رسم) **پانی اُتر آنا** (لازم) ۱ موتیابند ہوجانا - نزول الماء ہونا ۲

پانی اُتر جانا (لازم) ۱ طغیانی کا موقوف ہوجانا ۲ پانی کا نچلی جانب بہ جانا ۳ پانی کا نہر میں کم ہوجانا ۴ موتی کی آب جاتے رہنا ۵ آئینے کا پارہ خراب ہوجانا ۶ ملمع یا گلٹ اتر جانا ۷ بے شرم یا بے حیا ہوجانا - بدلحاظ ہوجانا - **پانی اُترنا** (لازم) مینہ برسنا - بارش ہونا ۲ نزول الماء ہونا - آنکھوں کی بینائی کم ہوجانا ۳ فوطوں میں پانی بھر جانا - پانی کا حلق کے نیچے جانا ۵ پانی گھٹنا ۶ طغیانی کا موقوف ہونا - **پانی اُڑا دینا یا اُڑانا** (متعدی) آگ پر رکھ کر پانی خشک کردینا - **پانی اُڑ جانا یا اُڑنا** (لازم) پانی کا بھاپ بنکر غائب ہوجانا - **پانی اٹھانا** (متعدی) ۱ سقے کا بھری ہوئی مشک اٹھانا ۲ ہوا کا ابر کو اٹھانا ۳ رطوبت جذب کرنا ۴ نشیب سے بلندی پر پانی لانا ۵ بہت پانی خرچ کرنا - **پانی اُٹھنا** (لازم) ۱ پانی خرچ ہونا ۲ ابر آنا - گھٹا اٹھنا - **پانی اُنڈیلنا** (متعدی) ۱ کسی ظرف سے پانی گرانا ۲ ایک ظرف سے دوسرے ظرف میں ڈالنا ۳ پیٹ بھر کر پینا - **پانی باندھنا** (متعدی) ۱ بہتے پانی کو روکنا بند لگاکر ۲ پانی کو اپنے کھیت میں لگانا ۳ منتر پڑھنے سے بارش کو روک دینا - **پانی بجھانا** (متعدی) اینٹ یا لوہا گرم کرکے پانی میں ڈالنا تاکہ جراثیم مرجائیں - **پانی برسانا** (متعدی) مینہ برسانا - **پانی برسنا** (لازم) مینہ برسنا - بارش ہونا - **پانی بڑھنا** (لازم) ۱ طغیانی ہونا ۲ کوئیں نہر وغیرہ میں پانی زیادہ ہوجانا ۳ حد سے گزر جانا - **پانی بنانا** (متعدی) ۱ پانی کو صاف کرنا ۲ سوڈا واٹر وغیرہ بنانا - **پانی بند کرنا** (متعدی) ۱ کسی کو پانی نہ بھرنے نہ دینا ۲ کسی کو کھیت میں پانی نہ لگانے دینا ۳ بیمار کو پانی نہ پینے دینا - **پانی بوند** (مونث) پھوار - بارش - **پانی بہانا** (متعدی) پانی انڈیل دینا - موت کے بعد گھر کا پانی اس خیال سے بہا دیا جاتا ہے کہ اسمیں ملک الموت نے جان نکالنے کے بعد ہاتھ دھویا ہوتا ہے - **پانی بہ جانا** (لازم) ۱ شرم جاتی رہنا - بے حیا ہوجانا - پانی ٹپک کر ضائع ہوجانا ۲ مروت نہ رہنا - لحاظ نہ رہنا - **پانی بھر آنا** (لازم) طمع ہونا - لالچ ہونا - **پانی بھرنا** (متعدی) ۱ کوئیں میں سے پانی نکال کر کسی برتن میں ڈالنا ۲ نل سے برتن میں پانی لینا ۳ پانی لانا ۴ پانی لانے کی خدمت کرنا ۵ عاجز آنا - شرمانا - ہار ماننا ۶ نوکری کرنا - غلامی کرنا ۷ کسی کے سامنے حقیر ہونا - **پانی بہنا** (لازم) ۱ پانی جاری ہونا ۲ آنسو جاری ہونا ۳ رطوبت جاری ہونا ۴ شرم جاتی رہنا ۵ عورت کی ایک بیماری جس میں شرمگاہ سے سفید پانی نکلتا ہے - **پانی پانی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بار بار پانی مانگنا - مانگا جانا ۲ پسینے پسینے ہونا ۳ شرمندہ ہونا - غیرت آنا ۴ پتلا ہونا - رقیق ہونا - **پانی پر بنیاد ہونا** (لازم) ناپائیدار ہونا کمزور ہونا - **پانی پر پڑھکر پھونکنا یا دم کرنا** (متعدی) کوئی آیت یا دعا وغیرہ پڑھ کر پانی پر دم کرنا - **پانی پر لکھا ہونا** - ناپائیدار ہونا - عارضی ہونا - نقش برآب ہونا - **پانی پڑنا** - (لازم) ۱ بارش ہونا - خراب ہونا برباد ہونا - چیچک کے دانوں میں پیپ پڑنا ۲ (عو) چیچک کے بعد بچے کو نہلانا - پانی کے چھینٹے دینا - غسل ہونا - پانی بدن پر گرنا - **پانی پلانا** (متعدی) ۱ پیاسے کو پانی دینا ۲ پانی پلانے کا پیشہ یا نوکری کرنا ۳ کسی کو بہت دق کرنا - **پانی پھر جانا** (لازم) ۱ بے وقعت ہوجانا بے رونق ہوجانا - حقیر ہوجانا ۲ خراب ہوجانا - تباہ ہوجانا - برباد ہوجانا ۳ نقصان ہوجانا - ضائع ہوجانا ۴ اگر طغیانی یا بارش کا پانی کھیتوں میں اس قدر بھر جائے کہ پودے ڈوب جائیں تو فصل عمومًا تباہ ہوجاتی ہے) ۵ کسی دھات کے زیور یا برتن پر سونا یا چاندی کا پانی چڑھنا ۶ برتن کا قلعی ہونا - جلا آجانا - رونق پر ہونا - **پانی پھوٹ نکلنا یا پھوٹنا** (لازم) ۱ پانی کا سیم کی وجہ سے زمین سے باہر آجانا ۲ زمین سے چشمہ نکلنا - پانی جاری ہونا ۳ کسی آڑ یا بند کو توڑ کر پانی کا بہ جانا ۴ پانی کا کھولنا یا جوش کھانا پانی میں ابال آجانا - **پانی پھونکنا** (متعدی) ۱ پانی پر کچھ پڑھ کر دم کرنا ۲ حقے کا پانی پھونک کر نکالنا - **پانی پھیر دینا** (متعدی) ۱ محنت برباد کردینا - کام خراب کردینا ۲ کام کی قدر نہ کرنا - بیقدر کرنا - **پانی پھیرنا** (متعدی) ۱ تباہ کرنا - برباد کرنا ۲ جلا کرنا - صیقل کرنا **پانی پھینکنا** (متعدی) ۱ کسی پر پانی ڈالنا ۲ ہاتھی کا سونڈ سے پانی اچھالنا یا اپنے بدن پر پانی ڈالنا - **پانی پی پی کر** (تعف) ۱ منہ خشک ہونے پر پانی پی کر ۲ ہر وقت ہر گھڑی - بار بار - **پانی پی پی کر دعا دینا** (متعدی) ہر وقت دعا دیتے رہنا - بار بار دعا دینا - **پانی پی پی کر کوسنا** (متعدی) ہر وقت بد دعا دینا - **پانی پی کر ذات دگر پوچھنا** (متعدی) ۱ بات ہوچکنے کے بعد دریافت کرنا ۲ کام کرلے کے بعد نادم ہونا - بعد از وقت پچھتانا - **پانی پینا** (متعدی) ۱ پانی نوش کرنا پیاس بجھانا ۲ پانی جذب کرنا - **پانی کھینچنا** ۳ انجن کا نل سے پانی لینا - **پانی تارا ہونا** (لازم) گہرے کوئیں کی تہ میں پانی کا چمکنا - پانی تک نہ پہنچتا تھا - پانی بھی

قے ہو جاتا تھا۔ **پانی تلے دھار اوپر دھار برسنا** (لازم) سخت زور سے بارش ہونا۔ **پانی توڑنا** (متعدی)، ۱ پانی گھٹانا۔ کم کرنا۔ پانی کھینچ لینا ۲ پانی کاٹ لینا۔ پانی اپنے کھیت میں لگا لینا ۳ بند یا نہر سے پانی چھوڑنا ۴ دیکھو پانی مارنا۔ **پانی تھر جانا** (لازم)، مٹی وغیرہ کے بیٹھ جانے سے پانی کا صاف ہو جانا۔ **پانی ٹپکانا** (متعدی) پانی نچوڑنا ۲ کسی کپڑے میں دہی کو باندھ کر اور لٹکا کر پانی نکالنا ۳ پانی چوانا ۴ نزع کے وقت حلق میں پانی چوانا۔ **پانی ٹپکنا** (لازم)، پانی کا قطرہ قطرہ گرنا ۲ چھت میں سے پانی کا نکل کر نیچے قطرہ قطرہ کرکے گرنا۔ **پانی ٹوٹ جانا** (لازم) کوئیں میں پانی کا اسقدر کم ہو جانا کہ مٹی آنے لگے ۲ نہر میں پانی اتر جانا یا کم ہو جانا۔ **پانی ٹھنڈا لگنا** (لازم)، پانی سرد معلوم ہونا۔ **پانی جاری ہونا** (لازم)، ۱ پانی کا بہنا۔ پانی کا نکلنا ۲ منہ۔ آنکھ سے پانی نکلنا۔ **پانی جانا** (لازم)، ۱ آنسو بہنا ۲ نزول الماء ہونا۔ پانی اترنا ۳ بے عزت ہونا۔ **پانی جلنا** ـ (لازم)، ۱ پانی کہ بہت گرم ہونا ۲ رطوبت جاتی رہنا یا سوخت ہونا۔ **پانی جمنا** (لازم)، سردی سے پانی کا برف بنجانا۔ **پانی جھم جھم برسنا** (لازم)، زور کی بارش ہونا۔ **پانی جتینا** (متعدی)، مرغوں کی لڑائی میں جب مرغا تھک جائے تو اسے اٹھا کر پانی پلاتے ہیں۔ لڑنے سے پہلے فیصلہ ہو جاتا ہے کہ کے دفعہ اٹھایا جائے گا مقررہ تعداد کے بعد اٹھایا نہیں جاتا۔ اور اس کے بعد ہار جیت کا فیصلہ ہوتا ہے۔ **پانی چٹانا** (متعدی) مرغ کو لڑائی میں اٹھا کر ہتھیلی پر پانی پلانا۔ **پانی چرا جانا یا چرانا** (لازم)، ۱ پانی کا زخم میں سرایت کرکے پیپ پیدا کرنا ۲ رطوبت جذب کر لینا ۳ حاملہ ہونا۔ **پانی چڑھا جانا** (متعدی)، بہت سا پانی پی جانا۔ **پانی چڑھانا** (متعدی)، ۱ بہت سا پانی پینا ۲ ملمع کرنا۔ پانی پھیرنا ۳ جلا کرنا۔ صیقل کرنا ۴ پانی بلندی پر لے جانا ۵ آئینے پر پارا چڑھانا ۶ تلوار کو آب چڑھانا ۷ پانی چولھے پر رکھنا۔ **پانی چڑھنا** (لازم)، ۱ دریا میں طغیانی ہونا ۲ نہر میں پانی زیادہ ہونا ۳ کنویں یا تالاب میں پانی معمول سے زیادہ ہونا۔ **پانی چلانا** (متعدی)، آب پاشی کرنا۔ سینچنا (دہلی)، **پانی چلنا** (لازم)، دیکھو پانی جانا۔ **پانی چوانا** (متعدی)، دیکھو پانی ٹپکانا۔ **پانی چونا** (لازم)،

۱ کسی برتن میں سے پانی کا نکل جانا ۲ پانی کا قطرہ قطرہ ہو کر گرنا ۳ چھت میں سے پانی کا نکل جانا۔ **پانی چھاننا** (متعدی)، ۱ کپڑے میں سے پانی نکال کر صاف کرنا ۲ گھڑے میں چھید کرکے اس میں کپڑا دے کر نصف کے قریب ریت سے بھر کر پانی سے بھر دینا تاکہ اس میں سے پانی صاف ہو کر نکلے۔ **پانی چھاجوں برسنا** (لازم)، سخت بارش ہونا۔ **پانی چھڑکنا** (متعدی)، ۱ پانی کے چھینٹے دینا۔ کسی چیز پر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا ۲ مشک کے ذریعے سے مٹی پر پانی ڈالنا۔ فوارے کے ذریعے سے گرد پر پانی ڈالنا تاکہ بیٹھ جائے ۳ چھڑکاؤ کرنا۔ **پانی چھڑوانا یا چھڑکوانا** (متعدی)، پانی ڈلوانا۔ چھڑکاؤ کروانا۔ **پانی چھلکانا** (متعدی)، **چھلکنا** (لازم)، برتن نہر یا دریا میں اسقدر پانی ہونا کہ کناروں سے نکلا پڑے۔ **پانی چھوڑنا** (متعدی)، ۱ پانی پینا بند کر دینا ۲ نہر یا بند سے پانی کھول دینا۔ پانی جاری کرنا ۳ پکتے وقت گوشت یا ترکاری کا پانی نکل کر اکٹھا ہونا ۴ کسی نمدار چیز کا پانی الگ ہونا۔ اور ٹھوس چیز کا علیحدہ ہو جانا ۵ عورت کے اندام نہانی سے پانی کا نکلتے رہنا۔ یہ ایک بیماری ہے۔ **پانی چیرنا** (متعدی)، تیرنے میں بڑے زور سے پانی کو ہاتھوں سے ہٹانا۔ **پانی دکھانا** (متعدی)، جانوروں کے آگے پینے کے لئے پانی رکھنا۔ **پانی دم کرنا** (متعدی)، پانی پر کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ **پانی دیکھنا** (متعدی)، باؤلے کتے کا کاٹا ہوا پانی دیکھ کر جھجکتا ہے۔ **پانی دینا** (متعدی)، ۱ سینچنا۔ آبپاشی کرنا ۲ پانی پلانا ۳ (ہندو) نعش کو جلانے کے بعد بزرگوں کی پتریوں کو پانی پہنچانے کے لئے پیپل کے درخت کی جڑ میں پانی ڈالنا ۴ کنایتاً ذبح کرنا۔ ۵ لڑائی کے مرغ کو روک کر پانی چٹانا۔ **پانی دیوا** (مذکر)، ۱ وہ شخص جس کا فرض بزرگوں کی پتریوں کو پانی دینا ہو۔ بیٹا ۲ خبر لینے والا۔ گھر کا مالک **پانی ڈالنا**۔ (متعدی)، دیکھو پانی چوانا۔ **پانی ڈھل جانا یا ڈھلنا** (لازم)، ۱ آب و تاب جاتی رہنا۔ رونق نہ رہنا ۲ ایام شباب گزر جانا ۳ آنکھ کا پانی اترنا۔ **پانی رکھنا** (متعدی)، ۱ برتن میں پانی ڈال کر رکھنا ۲ تلوار یا چھری کو آب دینا۔ آبدار کرنا۔ **پانی روکنا** (متعدی)، ۱ دیکھو پانی بند کرنا ۲ نزلے کا پانی بند کرنا۔ **پانی سر سے اونچا ہونا یا گزر جانا** (لازم)، ۱ سخت مصیبت پڑنا ۲ کسی امر کا انتہا کو پہنچ جانا ۳ معاملے میں طوالت

ہو جانا۔ **پانی سمونا** (متعدی)، گرم پانی میں سرد پانی ملا کر معتدل کرنا۔ **پانی سونیرے چڑھانا** (متعدی)، **چڑھنا** (لازم)، ناحق بدنام ہونا۔ **پانی سا پتلا** (صفت)، ۱ نہایت رقیق ۲ حقیر۔ خفیف ۳ ارزاں۔ سستا ۴ بے آبرو۔ شرمندہ۔ **پانی سے پتلا کرنا** (متعدی)، آسان کرنا۔ سہل کرنا ۲ شرمندہ کرنا۔ **پانی سے پہلے پاڑ (پل) باندھنا** (متعدی)، ۱ کسی ایسے واقعہ کی پیش بندی کرنا جس کے ہونے کا امکان نہ ہو ۲ پیش از مرگ واویلا ۳ فضول پیش بندی کرنا۔ **پانی سے سر نکالنا** (متعدی)، پانی میں سطح سے نیچے تیرتے ہوئے سر باہر کرنا۔ **پانی قد آدم ہونا** (لازم)، پانی ـ انسان کے قد کے برابر گہرا ہونا۔ پانی ڈوبنے کے قابل ہونا۔ **پانی کا بتاسا** (مذکر)، ۱ حباب۔ بلبلہ ۲ (صفت)، جلد مٹنے والا ناپائیدار۔ **پانی کا بلا** (مذکر)، ۱ حباب۔ بلبلا ۲ انسان (لکھنؤ)، **پانی کا بلبلا** (مذکر)، احباب ۲ (صفت) ناپائیدار۔ فانی۔ **پانی کا سا بلبلا** (صفت)، ناپائیدار فانی۔ **پانی کاٹنا** (متعدی)، ۱ نہر سے پانی لینا ۲ تیرنے میں ہاتھوں سے پانی ہٹانا۔ پانی چیرنا ۳ کشتی چلانے میں بلیوں سے پانی ہٹانا ۴ پانی میں ہو کر گزرنا ۵ ایک نالی سے دوسری نالی میں پانی لیجانا ۶ پانی کی باری کسی اور کی ہو تو اپنے کھیت میں پانی توڑ کر لگا لینا۔ **پانی کا چڑھاؤ** (مذکر)، طغیانی۔ سیلاب۔ **پانی کا راستہ نکالنا** (متعدی)، ۱ پانی نکلنے کے لئے سوراخ کر دینا۔ یا نالی بنا دینا ۲ پانی نکال دینا۔ **پانی کا رہنے والا**۔ (مذکر)، وہ جانور جو پانی میں رہے۔ **پانی کا سانپ** (مذکر)، وہ سانپ جو مچھلی کی طرح پانی میں رہتا ہے۔ **پانی کا گھونٹ گلے سے نہ اترنا** (لازم)، ۱ نزع کی حالت یا کسی مرض کی وجہ سے پانی کا حلق سے نیچے نہ جانا ۲ غم و غصہ کے مارے پانی نہ پیا جانا۔ **پانی کا مول** (مذکر)، کوڑیوں کا مول۔ بہت کم قیمت۔ **پانی کر دینا** (متعدی)، ۱ پتلا کر دینا ۲ پیشاب کر دینا ۳ ملائم کر دینا۔ نرم کرنا ۴ پگھلانا ۵ غصہ دھیما کر دینا ۶ آسان کرنا۔ سہل کرنا ۷ شرمندہ کر دینا۔ **پانی کرنا** (متعدی)، ۱ پانی کر دینا ۲ پانی جیتنا۔ **پانی کمر کمر ہونا** (لازم)، اتنا پانی گہرا ہونا کہ آدمی کی کمر تک پہنچے۔ **پانی کھڑا ہونا** (لازم)، پانی بہتا نہ ہونا۔ پانی کا رکنا۔ **پانی کھلنا** (لازم) مینہ کا تھمنا۔ بارش کا بند ہو جانا۔ **پانی کھنچنا** (لازم) کوئیں سے پانی نکلنا۔ **پانی کھینچنا** (متعدی)، ۱ پانی کا نکلنا ۲ پانی جذب کرنا۔ **پانی کے آگے پاڑ باندھنا** (متعدی)

دیکھو پانی سے پہلے الخ - **پانی کی بھڑک** (مونث) سخت پیاس - **پانی کی پوٹ** (مونث) ۱ پانی کی مشک ۲ کوئی چیز جس میں پانی بہت ہو - جیسے ساگ پات - **پانی کی چادر** (لازم) ۱ پانی کی چوڑی دھار ۲ آبشار - **پانی کے چھینٹے لڑنا** (لازم) ایک دوسرے پر ہاتھوں سے پانی پھینکنا - **پانی کی دھونکنی لڑنا** (لازم) پیاس کی شدت ہونا - **پانی کے ریلے میں بہانا** (متعدی) ۱ پانی کی رو میں بہانا ۲ ضائع کرنا - برباد کرنا ۳ سستا بیچنا - ارزاں فروخت کرنا ۴ مفت دے ڈالنا - **پانی کے کچے گھڑے ...** (متعدی) دشوار بات کو پورا کرنا - **پانی ...** (لازم) پانی نہ ملنا - پانی بالکل بند ہونا - **پانی کے گھڑے پڑ جانا** - (لازم) سخت شرمندہ ہونا - **پانی کی لکیر** (صفت) ۱ ناپائیدار - عارضی ۲ کمزور - بودی **پانی کی لہریں گننا** (لازم) ۱ بیفائدہ کام کرنا ۲ ناممکن کام کرنا - **پانی کے مول** (صفت) بہت سستا ارزاں - **پانی کے نیچے نہ پانی کے اوپر** (لکھنؤ) کسی طرح نہیں مانتے - **پانی گرانا** (متعدی) ۱ پانی بہانا - پانی انڈیلنا - پانی پھینکنا ۲ نزلے کی رطوبت کا آنکھ - ناک یا منہ سے خارج کرنا - **پانی گرنا** (لازم) مینہ برسنا - بارش ہونا ۲ پانی ٹپکنا ۳ نزلے کی رطوبت خارج ہونا - **پانی گلے تک آجانا** (لازم) مصیبت کی انتہا ہو جانا - **پانی گلے سے (میں) اترنا** (لازم) پانی کا حلق کے نیچے جانا - **پانی گلے گلے ہونا** (لازم) پانی کی گہرائی انسان کے گلے تک ہونا ۲ موت کا وقت قریب آنا - **پانی گھٹنے گھٹنے ہونا** (لازم) پانی کی گہرائی گھٹنوں تک ہونا - **پانی گھسیٹنا** (متعدی) دیکھو پانی مارنا - **پانی گھول دینا** (دلی) پانی ڈال دینا پانی ملا دینا - **پانی گھومنا** (لازم) پانی میں بھنور پڑنا - **پانی لگانا** (متعدی) ۱ کسی چیز پر تھوڑا پانی ملنا ۲ کھیت میں پانی دینا - **پانی لگنا** (لازم) پانی ناموافق ہونا - کسی جگہ کا پانی راس نہ آنا - پانی پینے سے تکلیف یا بیماری ہونا ۲ ٹھنڈے پانی سے دانتوں کو تکلیف پہنچنا - **پانی لینا** (متعدی) ۱ پانی پینا ۲ استنجا کرنا - طہارت کرنا ۳ (انجن کا) بائلر میں پانی بھر لینا - **پانی مانگنا** (متعدی) ۱ پانی پینے کے لئے طلب کرنا ۲ بارش ہونے کی تمنا یا دعا کرنا - **پانی مارنا** (متعدی) جہاز یا کشتی کے تیرنے کے لئے کافی پانی کی ضرورت ہونا - **پانی مرنا** (لازم) ۱ نقص ہونا - عیب ہونا ۲ ذات یا نسب میں کوئی عیب ہونا ۳ پانی کا مکان یا دیوار میں جذب ہونا یا سرایت کرنا ۴ الزام آنا ۵ پوشیدہ کسی معاملے میں شامل ہونا - **پانی منجھانا** (متعدی) پانی میں سے گزر کر پار ہونا - **پانی منہ میں بھر آنا یا لانا** - (لازم) دیکھو منہ میں الخ - **پانی موسلا دھار برسنا** (لازم) زور کی بارش ہونا - **پانی میں آگ لگانا** (متعدی) دیکھو آگ پانی میں لگانا - **پانی میں بجھانا** (متعدی) کسی چیز کو گرم کر کے پانی میں ڈالنا - **پانی میں گہن دیکھنا** (متعدی) سورج گہن کو پانی میں دیکھنے سے آنکھ کو نقصان نہیں پہنچتا - اگر براہ راست دیکھا جائے تو اندھا ہو جانے کا اندیشہ ہوتا ہے - **پانی ناپنا** (متعدی) ۱ پانی کی تعداد دریافت کرنا ۲ کالے پانی جانا - **پانی نکالنا** (متعدی) کسی جگہ سے برتن کے ذریعے یا نالی نکال کر پانی بہا دینا **پانی نکلنا** (لازم) ۱ پانی ٹپکنا - قطرہ گرنا ۲ انزال ہونا ۳ رطوبت نکلنا - **پانی نہ پچنا** (لازم) پیٹ کا ہلکا ہونا بات چھپا نہ سکنا - راز فاش کر دینا - **پانی نہ مانگنا** - (متعدی) فوراً مر جانا - جھٹ پٹ مر جانا - **پانی وار کر پینا** (متعدی) بہت محبت ہونا - عورتیں بہت محبت ظاہر کرنے کے لئے ایسا کرتی ہیں - **پانی وانی** (مذکر) پانی - وانی تابع مہمل ہے - **پانی ہارنا** (متعدی) مرغ یا بٹیر کا ہار جانا - دیکھو پانی جیتنا - **پانی ہوا ہو جانا** (لازم) ۱ پانی کا بخارات بن جانا ۲ بارش کے آثار ہو کر مطلع صاف ہو جانا - **پانی ہو کر بہ جانا** - (لازم) ۱ پتلا ہو کر بہ جانا - مائع ہو کر ضائع ہو جانا ۲ فنا ہو جانا - **پانی ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ پگھل جانا گھل جانا ۲ نرم ہونا - ملائم ہونا ۳ سرد ہو جانا - تیزی جاتی رہنا ۴ غصہ جاتا رہنا - نرم پڑ جانا ۵ شرما جانا - شرم سے پسینہ پسینہ ہو جانا ۶ خراب ہو جانا - تباہ ہو جانا ۷ کند ہو جانا ۸ دشوار کام کا آسان ہونا ۹ پھیکا ہونا ۱۰ پتلا یا رقیق ہونا ؛

امثال و اقوال - پانی پیا منہ پر آتا ہے ۱ راز چھپا نہیں رہتا ۲ احسان اٹھایا ہوا یاد دلادیا جاتا ہے - **پانی بادھا ناؤ میں گھر میں بادھا دام دونوں ہاتھ اُلیچئے یہ ہی سہانا کام** (دوہرہ) گھر میں روپیہ رکھ چھوڑنا کشتی میں پانی بھر جانے کے برابر ہے جسطرح کشتی میں سے دونوں ہاتھوں سے پانی نکالنے سے خطرہ جاتا رہتا ہے - اسی طرح دونوں ہاتھوں سے خیرات کرنا اچھا کام ہوتا ہے - **پانی پیجے چھان کے گرو (پیر) کیجے جان کے** - ہر کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے - **پانی بیچ بتاسا جیسے** - بہت ناپائیدار **پانی پی کر ذات کیا پوچھنی** - ایک بات ہو چکی پیچھے اس کی تحقیق کرنی بے فائدہ ہے - **پانی پیویں چھان کے جیو ماریں جان کے** - ظاہر تو بہت پارسا ہیں - مگر حقیقت میں چھٹے ہوئے ہیں - **پانی تو بہتا بھلا کھڑا گندھیلا ہوئے** - کام ہوتا ہے تو اچھا ہے - **پانی دیں اور جڑ کاٹیں** - ظاہرا مدد کریں اندرونی طور پر نقصان پہنچائیں - **پانی کا سا بلبلہ ہے** - ناپائیدار ہے - فانی ہے - عارضی ہے - **پانی کا ہگا اوپر (منہ پر) آتا ہے** - بھید کھل جاتا ہے ۲ عیب ظاہر ہو جاتا ہے - کئے کا پھل ملتا ہے - **پانی میں پتھر نہیں سڑتا - پانی میں پکھان بھیگے پر چھیجے نہیں - مورکھ کے آگے گیان رتجھے پر بوجھے نہیں** (ھ) جسطرح پتھر پر پانی پڑنے سے اثر نہیں ہوتا - بیوقوف پر علم کا اثر نہیں ہوتا - **پانی میں مچھلی - نو نو ٹکڑے حصہ** - چیز ابھی قبضے میں نہیں آئی - اس کے متعلق جھگڑے شروع ہو گئے ؛

پانیہ (س - صفت) ۱ پینے کے قابل - پیا جانے والا ۲ پینے کے لئے ضروری **پانیہ ملک** (مذکر) ایک قسم کا میوہ - **پانیہ پرنج** (مذکر) ایک پانی کا پودہ - **پانیہ مولک** (مذکر) پانی کا ایک پودہ - **پانیہ نکل** (مذکر) سگ آبی اود بلاؤ ؛

پاوت (صفت) پاک - طاہر - صاف ؛

پاور (انگ - مونث) طاقت قوت - **پاور ہاؤس** (مذکر) وہ کارخانہ جہاں بجلی پیدا کی جاتی ہے ؛

پاوس (ھ - مذکر) ۱ موسم برسات ۲ بارش - مینہ ؛

پاوک (س - صفت) ۱ صاف کرنے والا - پاک کرنے والا - پوتر کرنے والا ۲ اگنی کے متعلق ۳ صاف - ستھرا (مذکر) اگنی دیوتا ۲ آگ آتش ۳ سنت یا سادھو جو تپسیا سے پوتر ہو جائے ۴ درختوں کی ایک قسم ۵ کئی قسم کے پودے ؛

پاومان (س - صفت) پاک یا صاف یا پوتر کرنے والا ؛

پاوَن (س۔ صفت) ۱ پاک یا پوتر کرنے والا ۲ اعراف ۳ گناہ سے پاک کرنے والا۔ پاپ سے پوتر کرنے والا ۴ پاک۔ پوتر۔ مبرا ۵ (مذکر) آگ ۲ پانی ۳ گوبر گائے کا ۴ پیشاب گائے کا ۵ خوشبو ۶ سخت تپسیا ۷ توبہ۔ کفارہ ۸ بیج ایک پودے کا جسکی مالا بنتی ہے ۹ ایک قسم کی گھاس ۱۰ ویاس جی ۱۱ ایک وسو دیو ۱۲ کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **پاون دھوانی** (مذکر) ناقوس۔ سنکھ۔ **پاوَنی** (مونث) ۱ تلسی ۲ گائے ۳ ایک دریا ۴ دریائے گنگا ۵ پوتر ہونے کا فعل ۶ توبہ ۷ پانی ۸ گائے کا گوبر ٭

پاوی (س۔ صفت) ۱ پاک یا پوتر کرنے والا ۲ (مذکر) جو چیز پاک یا پوتر کرے ٭

پاہ (ہ۔ مونث) ۱ وہ زمین جو تین سال سے بوئی گئی ہو ۲ ایک پتھر جسے پھٹکری اور لونگوں کے ساتھ گھسکر آنکھوں کے لئے لیپ تیار کرتے ہیں ٭

پاہات (س۔ مذکر) توت کا درخت ٭

پاہان (ہ۔ مذکر) پتھر۔ سنگ ٭

پاہَل (ہ۔ مونث) سکھ بنانے کا طریقہ ٭

پاہَن (ہ۔ مذکر) پتھر۔ سنگ ٭

مثل۔ پاہن ہیں کے ماریے چوکھا تیر نسائے ۔ اگر پتھر میں مارو گے تو اچھا تیر خراب کرو گے۔ مطلب یہ ہے کہ زبردست کے ساتھ جھگڑا کر کے نقصان اٹھاؤ گے ٭

پاہُن (ہ۔ مذکر) مہمان۔ پاہنا (مذکر) مہمان۔ داماد۔ **پاہنائی** (مونث) مہمان نوازی **پاہنی** (مونث) عورت مہمان ٭

مثل۔ پاہنا پیارا پر ایک دو دن۔ مہمان ایک دو دن رہے تو اچھا معلوم دیتا ہے اگر زیادہ دن ٹھیر جائے تو باعث تکلیف ہوتا ہے ٭

پاہو (ہ۔ مذکر) طنزاً شخص فرد ٭

پاہونا (ہ۔ مذکر) ۱ مہمان ۲ وہ گیت جو ڈومنیاں عروس کی رخصت کے وقت گاتی ہیں ٭

پاہی (ہ۔ مذکر) وہ کاشتکار جو اس گاؤں میں نہ رہے۔ جس میں کاشت کرتا ہو۔ عارضی کاشتکار۔ کاشتکار۔ ٹھیکیدار۔ **پاہی آسامی** (مذکر) پاہی۔ **پاہی پرتی** (مونث) زمین جو بغیر کاشت پڑی ہو۔ **پاہی کاشت** (مذکر) وہ کاشت جو دوسرے گاؤں کا آدمی کرے۔ وہ آدمی جو دوسرے گاؤں میں کاشت کرے ٭

پائتابہ (ف۔ مذکر) جرابیں۔ موزے ٭

پائچہ (ف۔ مذکر) دیکھو پائنچا۔

پائزہ (ف۔ مذکر) لوہے کا حلقہ جو دروازوں میں لگاتے ہیں۔ قلابہ ٭

پائل (ہ۔ مذکر) ۱ پاؤں کا ایک زیور۔ خلخال ۲ وہ شخص جو پاؤں کی طرف سے پیدا ہو ۳ چالاک اور تیز رو ہاتھی ۴ بانس کی سیڑھی ٭

پائن (ہ۔ مونث) ایک آسو کا چوتھا حصہ ٭

پاؤ (ہ۔ مذکر) ۱ سیر کا چوتھا حصہ ۴ چھٹانک ۲ چوتھائی۔ چوتھا حصہ۔ چہارم۔ **پاؤ آنہ** (مذکر) ایک پیسہ۔ تین پائی۔ **پاؤ ادھا رہنا** (لازم) چوتھائی یا نصف رہنا۔ **پاؤ بھر** (تف) تقریباً ایک پاؤ۔ **پاؤ بھر سے سوا پاؤ ہو جانا** (لازم) زیادہ ہو جانا سوایا ہو جانا۔ **پاؤٹکی** (مونث) قانون گو کی فیس جو چار آنے سیکڑہ مالگذاری پر لگائی جاتی تھی۔ **پاؤ چکر** (ہ۔ مذکر) دائرے کا چوتھا حصہ۔ **پاؤ روٹی**۔ (مونث) انگریزی طرز کی بنی ہوئی روٹی جو وزن میں پاؤ سیر ہوتی ہے۔ ڈبل روٹی۔ **پاؤ سیر** (مذکر) سیر کا چوتھا حصہ۔ ۴ چھٹانک۔ ۲۰ تولے۔ **پاؤ گھنٹہ** (مذکر) گھنٹے کا چوتھا حصہ۔ ۱۵ منٹ۔ **پاؤلا** (مذکر) ۱ کسی سکے کا چوتھا حصہ ۲ روپے کا چوتھا حصہ۔ چونی۔ **پاؤلی** (مونث) چونی۔ چار آنے کا چاندی کا سکہ ٭

مثل۔ پاؤ سیر چون چوبارے رسوئی شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں ٭

پاؤ (ہ۔ مذکر) پاہو ٭

پاؤں (ہ۔ مذکر) ۱ بدن کا وہ حصہ جو زمین سے لگتا ہے۔ پیر۔ پا۔ پگ۔ چرن ۲ ٹانگ ۳ قدم ۴ پاؤں کا نشان۔ کھوج ۵ جڑ۔ بنیاد ۶ آخر انجام۔ انتہا ۷ ڈھنگ۔ علامت۔ آثار ۸ چال۔ رفتار ۹ ذمہ داری۔ دخل۔ تعلق ۱۰ گن۔ خوبی ۱۱ استقلال استحکام ۱۲ دخل۔ قبضہ ۱۳ حصہ۔ بخرہ۔ بانٹ۔ **پاؤں آگے بڑھانا** (متعدی) بڑھنا (لازم) حد سے متجاوز ہونا۔ **پاؤں آگے نہ پڑنا** (لازم) بڑھنے کی ہمت نہ ہونا۔ **پاؤں آنا** (لازم) دخل ہونا۔ تعلق ہونا۔ **پاؤں آنکھوں سے لگانا** (متعدی) بہت عزت کرنا۔ کمال تعظیم کرنا۔ **پاؤں اُتر جانا** (لازم) ہرج آجانا۔ پاؤں کے جوڑ کا ہل جانا۔ **پاؤں اٹھاکے یا اٹھاکر** (تف) تیز تیز۔ جلد جلد۔ (آنا۔ جانا۔ چلنا کے ساتھ) لحہ بھر کے لئے۔ تھوڑی دیر کے لئے۔ **پاؤں اٹھا دینا** (متعدی) شکست دینا۔ بھگا دینا۔ **پاؤں اٹھا لینا** (متعدی) الگ ہو جانا۔ تعلق نہ رکھنا۔ **پاؤں اٹھانا** (متعدی) قدم بڑھانا۔ چلنا۔ جلد جلد چلنا۔ تیز چلنا۔ **پاؤں اٹھ جانا** (لازم) بھاگ جانا۔ شکست کھانا۔ قدم نہ تھمنا۔ **پاؤں اکھڑے جانا** (لازم) ہمت نہ رہنا استقلال جاتا رہنا۔ **پاؤں اٹھنا** (لازم) ۱ چلنا۔ ہمت ہونا ۲ قدم اٹھنا۔ **پاؤں اُٹھ نہ سکنا** (لازم) چل نہ سکنا۔ حرکت دشوار ہونا۔ **پاؤں اُڑا دینا** (متعدی) پاؤں قلم کر دینا۔ پاؤں کاٹ دینا۔ **پاؤں اڑا دینا یا اَڑانا** (متعدی) دخل در معقولات ہونا۔ خواہ نخواہ کسی معاملے میں دخل دینا۔ **پاؤں اُڑانا** (متعدی) حریف کی ضرب سے پاؤں بچانا۔ **پاؤں اکھاڑ دینا یا اُکھاڑنا** (متعدی) ۱ بھگا دینا ۲ شکست دینا ۳ بے دخل کر دینا۔ پیر نہ جمنے دینا ۴ ارادہ تبدیل کرا دینا۔ **پاؤں اکھڑ جانا یا اُکھڑنا** (لازم) ۱ پاؤں کا جوڑ سے جدا ہو جانا ۲ شکست کھانا۔ بھاگ جانا۔ ہار جانا ۳ ہمت پست ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ **پاؤں الٹا پڑنا** (لازم) آگے جانے کو دل نہ چاہنا۔ آگے جاتے ہوئے ڈرنا۔ **پاؤں اُلجھنا** (لازم) کسی معاملے میں پھنس جانا۔ پاؤں کسی چیز میں اٹک جانا۔ پا پھنس جانا **پاؤں اونچ نیچ پڑنا** (لازم) کوئی ایسی بات ہونا جس سے بدنامی ہو۔ **پاؤں ایک جگہ نہ ٹھیرنا** - (لازم) استقلال نہ ہونا۔ کہیں نہ ٹکنا۔ **پاؤں باندھ رکھنا** (متعدی) روکنا۔ جانے نہ دینا۔ **پاؤں باہر نکالنا** (متعدی) ۱ حد سے بڑھنا۔ غیر معمولی کام کرنا بساط سے باہر قدم رکھنا ۲ غرور کرنا۔ اترانا۔ **پاؤں باہر نکلنا** (لازم) باہر پھرنے کی عادت ہونا۔ پردے سے نکلنا۔ **پاؤں بچلنا** (لازم) ۱ پاؤں پھسلنا۔ ڈگمگانا ۲ نیت میں فرق آنا بے ایمانی کرنا ۳ استقلال میں فرق آنا۔ **پاؤں بڑھانا** (متعدی) ۱ جلد جلد

چلنا۔ قدم بڑھانا ۲ آگے آگے چلنا۔ قدم آگے رکھنا۔
۳ بڑھ کر چلنا۔ آگے رہنا ۴ دخل بڑھانا۔ قبضہ کرنا ۵
حد سے متجاوز ہونا۔ **پاؤں بھاری کرنا** (متعدی)
آمدورفت موقوف کرنا۔ نہ آنے کا عہد کرنا۔ **پاؤں
بھاری ہونا** (لازم) ۱ تھک جانا۔ چل نہ سکنا ۲
رک رک کے چلنا ۳ ہمت پست ہو جانا ۴ حاملہ ہونا
۵ عورت کا حیض سے ہونا (لکھنؤ)۔ **پاؤں بھر جانا**
(لازم) پاؤں لتھڑ جانا یا سن جانا۔ کسی گندی چیز کا
پاؤں کو لگ جانا۔ **پاؤں بہکنا** (لازم) ۱ پاؤں کا
لڑکھڑانا یا ادھر ادھر پڑنا ۲ لغزش ہونا۔ **پاؤں
بیچ میں ہونا** (لازم) ۱ ذمہ داری ہونا۔ ذمہ ہونا
۲ دخل ہونا۔ مداخلت ہونا ۳ شرکت ہونا۔ ساجھا
ہونا۔ **پاؤں پانی پر لگانا** (متعدی) ۱ پانی میں
داخل ہونا ۲ تیرنے کے لئے پاؤں ہلانا ۳ پیر سے پانی کو
چھونا۔ **پاؤں پاؤں** (تف) پیروں سے پاؤں پر
۲ چلتے ہوئے۔ **پاؤں پاؤں چلنا یا پھرنا** (لازم)
۱ بچے کا چلنا ۲ پاپیادہ چلنا۔ **پاؤں پاؤں ڈولنا**
(متعدی) بچے کا لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ۲ بچے کا چلنا
سیکھنا۔ **پاؤں پاؤں صندل کے پاؤں** جب وقت
بچہ پہلے پہل چلتا ہے تو عورتیں صندل گھس کر اس کے
پاؤں پر لگاتی ہیں۔ اور جب چلتا ہے تو یہ الفاظ کہتی
ہیں۔ **پاؤں پر آنکھیں نکال کے ڈال دینا یا
ڈالنا یا رکھنا** (متعدی) بہت عزت یا تعظیم کرنا
پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھنا یا سونا (لازم)
بے فکری سے بسر کرنا۔ چین سے رہنا۔ کسی بات کی
پروا نہ ہونا۔ **پاؤں پر پاؤں رکھنا** (متعدی)
پیروی کرنا۔ نقش قدم پر چلنا۔ **پاؤں پردے سے
نکالنا**۔ (متعدی) پردہ سے باہر آنا۔ پردہ ترک کرنا
پاؤں پر ڈالنا (متعدی) عفو قصور کے لئے یا تعظیم
کے لئے قدموں پر گرانا۔ **پاؤں پر سر دھرنا۔ رکھنا**
پاؤں پر گرنا۔ **پاؤں پر سنیچر سوار ہونا** (لازم) دیکھو
پاؤں گردش الخ۔ **پاؤں پر کھڑے ہونا**۔ (لازم)
سنبھل جانا۔ بچ جانا۔ عموماً اپنے کے ساتھ۔ **پاؤں پر
گرنا** (لازم) ۱ عاجزی کرنا۔ منت کرنا ۲ سر کو پاؤں پر
رکھ دینا ۳ پاؤں چومنا۔ تعظیم سے پیش آنا۔ ادب کرنا
قدم لینا۔ **پاؤں پر لوٹنا** (لازم) ۱ نہایت عاجزی
کرنا۔ منت کرنا ۲ کتے کا اظہار محبت کرنا۔ **پاؤں
پڑنا** (لازم) ۱ دیکھو پاؤں پر سر رکھنا ۲ قدم پڑنا۔

پاؤں پسارنا (متعدی) ۱ پاؤں پھیلانا ۲ مچلنا۔
ضد کرنا ۳ مرنا ۴ چین سے سونا ۵ لالچ میں آنا۔
پاؤں پسرنا (لازم) پاؤں پسارنا کا۔ **پاؤں پکڑنا**
(متعدی) عاجزی کرنا۔ منت کرنا ۲ پاؤں کو چھونا یا
ہاتھ لگانا ۳ پناہ لینا۔ حمایت میں آنا ۴ چلنے سے روکنا
پاؤں پوجنا (متعدی) ۱ تعظیم کرنا۔ بزرگ سمجھنا
بڑا ماننا ۲ ہار ماننا۔ قائل ہونا ۳ ترک کرنا۔ چھوڑنا۔ کنارہ
کشی کرنا۔ **پاؤں پھٹنا** (لازم) پاؤں پر زخم ہو جانا
پیروں میں بوائی نکل آنا۔ **پاؤں پھسلنا** (لازم)
۱ پاؤں کا کسی چیز پر پڑ کر یا پانی کیچڑ کی وجہ سے لغزش
کر جانا۔ پاؤں رپٹنا ۲ گر پڑنا ۳ لالچ میں آ جانا۔
پاؤں پھندنی (مونث) کہاروں کی اصطلاح میں
رسی۔ **پاؤں پھنسنا** (لازم) دیکھو پاؤں الجھنا۔ **پاؤں
پھولنا** (لازم) ۱ پاؤں سوج جانا۔ چلتے چلتے پاؤں
میں ورم ہو جانا ۲ خوف یا گھبراہٹ سے چل نہ سکنا
گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ **پاؤں پھونک پھونک کے
رکھنا** (متعدی) دیکھو پھونک پھونک کے الخ۔ **پاؤں
پھیرنا** (متعدی) عورت کا بچہ ہونے کے بعد اپنے
میکے یا کسی اور کے گھر جانا۔ **پاؤں پھیلا کر سونا**
(لازم) ۱ بے فکری سے یا بے کھٹکے سونا ۲ بے فکر رہنا۔
کسی بات کی پروا نہ کرنا۔ **پاؤں پھیلانا** (متعدی)
۱ پاؤں دراز کرنا ۲ مچلنا۔ ہٹ کرنا ۳ طمع کرنا۔
لالچ کرنا۔ زیادہ چاہنا یا مانگنا ۴ رنگ لانا۔ **پاؤں
پھیلنا** (لازم) پاؤں پھیلانا کا۔ **پاؤں پھیلائے
پڑا رہنا** (لازم) سست ہو جانا۔ کاہل ہو جانا۔ لاپرواہ
ہو جانا۔ بے فکر ہو جانا۔ **پاؤں پھیلائے سونا**
(لازم) ۱ لاپروا ہونا۔ بے فکر ہونا ۲ مر جانا۔ موت کی
نیند سونا۔ **پاؤں پیادہ**۔ پاپیادہ۔ **پاؤں پیٹرے سے
پڑنا**۔ طریقے سے چلنا۔ **پاؤں پیٹ پیٹ کے
مر جانا** (لازم) مصیبت اٹھا کر مرنا۔ **پاؤں پیٹنا**۔
(متعدی) ۱ پاؤں پر تکلیف کی وجہ سے ہاتھ زور
زور سے مارنا ۲ تکلیف یا جانکنی میں پاؤں زمین پر
دے دے مارنا ۳ سخت تکلیف میں ہونا۔ بےچین ہونا
۴ کوشش کرنا۔ ہاتھ پاؤں مارنا۔ **پاؤں پیچھے
ہٹانا** (متعدی) ہٹنا (لازم) پسپا ہونا۔ بھاگ جانا
۲ ثابت قدمی میں فرق آنا۔ لغزش کھانا۔ **پاؤں
تس جانا** (لازم) پاؤں تھک جانا۔ پاؤں تس
ہو جانا (دہلی)۔ **پاؤں تلے سے زمین نکل جانا**
(لازم) گھبرا جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ **پاؤں تلے

کی چیونٹی** (مونث) بے بس شخص۔ بےکس۔ عاجز
آدمی۔ **پاؤں تلے کی زمین سرکی (نکلی) جانا**
(لازم) سخت مصیبت پڑنا ۲ حواس باختہ ہونا ۳
سخت شرمندگی ہونا ۴ بےشرمی کی بات سن کر سخت
نفرت یا بیزاری ہونا۔ **پاؤں تلے کی مٹی چولھے
میں ڈالنا** (متعدی) جب کوئی کوسے تو عورتیں
اس کے پاؤں تلے کی مٹی چولھے میں ڈالتی ہیں کہ
کوسنے کا اثر نہ ہو۔ **پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا**۔
(لازم) ہوش اڑ جانا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا
پاؤں تلے ملنا (لازم) ۱ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔
پامال کرنا ۲ تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔ **پاؤں توڑ کر
بیٹھ رہنا** (لازم) تھک کر رہ جانا۔ ہمت ہار دینا
تھک کر تلاش چھوڑ دینا۔ گوشہ نشین ہو جانا۔ **پاؤں
توڑنا** (متعدی) ۱ بے فائدہ دوڑ دھوپ کرنا ۲
بے فائدہ دوڑانا۔ تھکانا یا دق کرنا ۳ ستانا۔ حیران
کرنا ۴ کسی سے ملنا چھوڑ دینا ۵ کسی شخص سے بہت
ملنا ۶ سخت تھک جانا ۷ کسی کے پیچھے بے فائدہ
پھرتے رہنا ۸ کسی چیز کی یا شخص کی بے فائدہ تلاش کرنا
۹ دھمکی کے طور پر بھی استعمال کرتے ہیں ۱۰ نہ جانے
دینا۔ **پاؤں تھرتھرانا یا تھرانا** (لازم) ۱ پاؤں
کانپنا۔ پاؤں میں لغزش ہونا ۲ کسی بات یا فعل سے
ڈر جانا۔ **پاؤں تھکنا** (لازم) عاجز ہونا۔ چلتے چلتے
ہار جانا۔ **پاؤں ٹکانا** (متعدی) قیام کرنا۔ دم لینا۔
پاؤں ٹکنا (لازم) ۱ ٹھیرنا۔ دم لینا ۲ مضبوطی سے
قائم رہنا ۳ قرار لینا۔ تھوڑا سا موقعہ پانا۔ **پاؤں ٹوٹنا**
(لازم) چلتے چلتے تھک جانا۔ پاشکستہ ہونا۔ دوڑ دھوپ
کرتے تھک جانا۔ **پاؤں ٹھیرنا** (لازم) چلنے سے باز
رہنا۔ نہ چلنا۔ **پاؤں ثابت رکھنا** (لازم) ثابت
قدم رہنا۔ ایک بات پر قائم رہنا۔ **پاؤں جمانا** (متعدی)
پاؤں جمنا (لازم) مضبوط رکھا جانا تاکہ پھسلے نہیں
۲ استقلال ہونا۔ بات پر قائم ہونا ۳ لڑائی کے میدان
میں ڈٹے رہنا۔ پسپا نہ ہونا ۴ اثر ہونا۔ رسوخ ہونا۔
پاؤں جوڑنا (لازم) دونوں پاؤں ملا کر رکھنا یا کھڑا
ہونا۔ **پاؤں جھنانا** (لازم) پاؤں سن ہونا۔ **پاؤں
چپی کرنا** (متعدی) پاؤں دبانا۔ **پاؤں چلانا** (متعدی)
۱ تیز چلنا ۲ لاتیں مارنا۔ **پاؤں چلنا** (لازم) ۱ بچے کا
اپنے قدموں چلنا ۲ پھرنا۔ پاؤں کا حرکت کرنا ۳ لاتیں
پڑنا۔ لاتیں ایک دوسرے کو مارنا۔ **پاؤں چل جانا**
(لازم) قدم کا لغزش کر جانا۔ **پاؤں چور ہونا**۔

(لازم) تھک جانا۔ **پاؤں چومنا** (متعدی) ۱ پاؤں کو بوسہ دینا ۲ تعظیم کرنا۔ عزت کرنا۔ **پاؤں چھڑانا** (متعدی) پلہ چھڑانا۔ اپنا تعلق ہٹالینا۔ ذمہ داری سے اپنے آپ کو بچالینا۔ **پاؤں چھلنی کرڈالنا** (متعدی) بہت دوڑ دھوپ کرنا۔ بہت کوشش کرنا۔ **پاؤں چھلنی ہونا** (لازم) پاؤں میں کانٹے چبھ چبھ کر سوراخ ہو جانا **پاؤں چھوٹنا یا چھٹنا** (لازم) ۱ حیض کا کثرت سے جاری ہونا۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد خون بہت زیادہ نکلنا ۲ جھگڑے سے چھوٹنا۔ ذمہ داری سے بچ جانا۔ تعلق نہ رہنا۔ **پاؤں چھونا**۔ (لازم) تعظیم کرنا۔ بڑوں کی تعظیم کے لئے پاؤں مس کرنا ۲ کسی کام کو شروع کرنے سے پہلے استاد یا پیر کے پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ **پاؤں دابنا یا دبانا** (متعدی) پاؤں چپی کرنا ۲ جوتے کا پاؤں کو تکلیف دینا ۳ بڑے آدمیوں کو جگانے کا طریقہ۔ **پاؤں دبجانا** (لازم) کسی معاملے میں پھنس جانا۔ بے بس ہو جانا۔ **پاؤں دبوانا**۔ (م) چپی کرانا۔ **پاؤں درد کرنا** (متعدی) پاؤں کو تکلیف ہونا۔ **پاؤں درمیان سے نکال لینا** (متعدی) ذمہ داری ہٹالینا۔ واسطہ نہ رکھنا۔ **پاؤں درمیان ہونا** (لازم) ۱ تعلق ہونا۔ دخل ہونا۔ واسطہ ہونا ۲ ذمہ داری ہونا۔ **پاؤں دکھنا** (لازم) پاؤں میں درد ہونا۔ **پاؤں دوڑنا** (لازم) چلنے کی خواہش ہونا۔ **پاؤں دوڑی** (ﮦ) کوشش محنت ہمت۔ **پاؤں دھرنا** (متعدی) ۱ قدم رکھنا۔ جانا چلنا ۲ دخل دینا۔ بیچ میں آنا ۳ شروع کرنا۔ اختیار کرنا۔ **پاؤں دھرنے کی جگہ** (مونث) قدم رکھنے کی جگہ۔ سہارا۔ **پاؤں دھلانا** (متعدی) دوسرے پاؤں پر پانی ڈالنا۔ **پاؤں دھو (دھو) کے پینا** (متعدی) ۱ بہت عزت۔ تعظیم یا محبت کرنا ۲ معتقد ہونا۔ مطیع ہونا۔ فرمانبردار ہونا ۳ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا ۴ اعتبار کرنا۔ **پاؤں ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی کام میں دخل دینا ۲ کام شروع یا آغاز کرنا۔ **پاؤں ڈگمگانا یا ڈگنا** (لازم) پاؤں لڑکھڑانا۔ لغزش ہونا۔ **پاؤں رکاب میں رہنا**۔ (لازم) ہر وقت تیار رہنا۔ مستعد رہنا۔ آمادہ رہنا۔ **پاؤں رکھنا** (متعدی) ۱ جانا۔ چلنا۔ قدم رکھنا ۲ دیکھو پاؤں دھرنا۔ **پاؤں رکھنے کا ٹھکانا**۔ پاؤں رکھنے کی جگہ (مذکر) ٹھیرنے کا سہارا۔ موقعہ۔ **پاؤں رگڑنا** (متعدی) ۱ کوشش

کرنا ۲ فضول طور پر پھرتے رہنا۔ بے فائدہ آوارہ گردی کرنا ۳ نزع کی حالت میں ہونا ۴ کسی چیز سے پاؤں کا میل صاف کرنا۔ **پاؤں آپس میں ملنا**۔ **پاؤں رہ جانا** (لازم) تھک جانا۔ پاؤں شل ہو جانا۔ **پاؤں زمین پر نہ ٹھیرنا** (لازم) مغرور ہونا۔ اترانا۔ **پاؤں زمین پر نہ رکھنا** (متعدی) نہایت اترانا۔ کسی امر پر ناز کرنا۔ **پاؤں سر پر رکھ کر بھاگنا** (متعدی) بے تحاشا بھاگنا۔ **پاؤں سرکنا**۔ (لازم) ۱ قدم ہٹ جانا ۲ استقلال میں فرق آنا۔ **پاؤں سکیڑنا یا سمیٹنا** (متعدی) ۱ پاؤں کھینچنا۔ پاؤں ہٹالینا ۲ کنارہ کشی کرنا۔ تعلق قطع کرلینا۔ **پاؤں سما جانا یا سمانا** (لازم) قدموں پر کھڑے ہونا۔ اپنے پیروں سے چلنا۔ **پاؤں سنسنانا** (لازم) پاؤں میں سنسنی سی پیدا ہونا جیسے سوئیاں چبھتی ہیں۔ یہ حالت کمزوری سے یا دو زانو بیٹھنے کی وجہ سے ہو جاتی ہے **پاؤں سن ہو جانا** (لازم) دیکھو پاؤں سو جانا۔ **پاؤں سوج کے چیکڑا ہو جانا** (لازم) پاؤں کا ورم سے بوجھل ہو جانا۔ **پاؤں سو جانا** (لازم) دوران خون رک جانے سے پاؤں کا بے حس ہو جانا۔ **پاؤں سوسو من کا ہو جانا** (لازم) دیکھو پاؤں بھاری ہو جانا۔ **پاؤں سے آنکھیں ملنا** (متعدی) دیکھو آنکھیں پاؤں سے الخ۔ **پاؤں سے پاؤں باندھ کر بٹھانا** (لازم) ۱ اپنے پاس رکھنا۔ جانے نہ دینا نگہبانی رکھنا۔ **پاؤں سے پاؤں باندھ کر چلنا** (لازم) ساتھ ساتھ چلنا۔ **پاؤں سے پاؤں جوڑ کر کھڑے ہونا** (لازم) نماز میں ایڑیاں ملا کر کھڑے ہونا سنی اسی طرح کھڑے ہوتے ہیں شیعہ پاؤں علیحدہ رکھتے ہیں **پاؤں سے لگی سر میں بجھی**۔ تن بدن جل گیا۔ نہایت ہی غصہ آیا **پاؤں سے مل ڈالنا**۔ ملنا (متعدی) روندنا۔ **پاؤں سے دل کو مل ڈالنا** (متعدی) ایسا کام کرنا جس سے دوسرے کے دل پر اثر ہو۔ یا دوسرا مفتون ہو۔ **پاؤں شل ہو جانا** (لازم) پاؤں تھک جانا۔ **پاؤں قائم کرنا** (متعدی) ۱ پاؤں جمانا ۲ کسی جگہ مستقل رہائش کرنا۔ مستقل رہائش کا انتظام کرنا۔ اڈا جمانا۔ **پاؤں کا انگوٹھا** (مذکر) پاؤں کی سب سے موٹی اور اندر کی انگلی **پاؤں کا پسینہ سر تک آنا** (لازم) بہت محنت کرنا۔ **پاؤں کاٹ** (مونث) کہاروں کی اصطلاح میں ڈور۔ **پاؤں کا چکر** (مذکر) پاؤں کی گردش۔ آوارہ گردی۔ پھرنا جو قسمت میں لکھا ہو۔ **پاؤں کا دھوون** (مذکر) ۱ پانی جس سے پاؤں دھویا گیا ہو ۲ مقابلے میں بہت حقیر۔ ذلیل۔ **پاؤں کاٹھ مارے جانا** (لازم) ۱ پرانے زمانے میں مجرموں کو ایک یہ سزا ملتی تھی۔ کہ دو لکڑیوں میں چھید کر کے پاؤں ان میں ڈال کر لکڑیوں کو باندھ دیتے تھے۔ اور اس طرح شارع عام پر کئی کئی روز تک بٹھا رکھتے تھے ۲ پاؤں کا چلنے سے معذور ہونا ۳ مقید ہونا۔ گرفتار

ہونا۔ مجبور ہونا۔ **پاؤں کاٹھ میں دینا** (متعدی) مقید کرنا۔ حبس میں رکھنا۔ **پاؤں کا کھٹکا** (مذکر) پاؤں کی آہٹ **پاؤں کا نشان** (مذکر) نقش قدم۔ مٹی پر پاؤں کے دباؤ کا اثر **پاؤں کانپنا** (لازم) ۱ پاؤں تھرتھرانا ۲ ہمت پست ہونا۔ **پاؤں کٹ جانا** (لازم) ۱ پاؤں قلم ہو جانا ۲ آمد و رفت بند ہو جانا۔ ملنا جلنا چھوٹ جانا ۳ آنے کے قابل نہ رہنا ۴ بے اختیار ہو جانا۔ **پاؤں کو بوسہ دینا** (متعدی) پاؤں چومنا کمال عزت ظاہر کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں۔ **پاؤں کا سر کا پسینہ آنا**۔ (لازم) سخت محنت یا مشقت کرنا۔ **پاؤں کھل جانا** (لازم) ۱ پاؤں میں چلنے کی طاقت آنا۔ چلنے کے قابل ہونا ۲ آمد و رفت میں روک نہ رہنا **پاؤں کھنچنا** (لازم) ۱ پاؤں میں کشش ہونا۔ چلنے کی خواہش ہونا ۲ کسی جگہ یا کسی شخص کے پاس جانے کو دل چاہنا۔ **پاؤں کھینچ کر بیٹھ رہنا** (لازم) آمد و رفت چھوڑ دینا۔ قطع تعلق کرلینا۔ آنا جانا موقوف کرنا۔ **پاؤں کھینچ لینا** (لازم) ۱ الگ ہو جانا۔ قطع تعلق کرلینا ۲ ذمہ داری ہٹالینا۔ **پاؤں کھینچنا** (متعدی) ۱ الگ ہو جانا۔ کسی کام میں دخل نہ دینا۔ غرض نہ رکھنا ۲ ذمہ داری ہٹالینا ۳ چلنا پھرنا چھوڑ دینا۔ **پاؤں کہیں (ڈالنا، رکھنا) پڑنا کہیں**۔ **پاؤں کہیں سے کہیں پڑنا** (لازم) نشے یا اضطراب یا گھبراہٹ یا سخت تھکاوٹ کی وجہ سے پاؤں کا ادھر ادھر پڑنا **پاؤں کی آہٹ** (مونث) چلنے کی آواز۔ چاپ۔ **پاؤں کے انگوٹھے بندھنا** (لازم) مسلمانوں میں نزع کے وقت پاؤں کے انگوٹھے باندھ دیتے ہیں۔ **پاؤں کی بیڑی** (مونث) ۱ روک۔ قید۔ پابندی۔ ممانعت ۲ بیوی بچے۔ عیال و اطفال ۳ خانہ داری۔ دنیا داری۔ تعلقات دنیوی۔ ۴ بن بیاہی بیٹی (کنواری بیٹی)۔ **پاؤں کے تلے ملنا** (متعدی) ۱ پامال کرنا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۲ حقیر کرنا۔ ذلیل کرنا۔ **پاؤں کی ٹھکرائی کا سر چڑھنا** (لازم) رذیل کا مقابلہ کرنا۔ ادنے کا اعلے کی برابری کرنا۔ **پاؤں کی جوتی** (مونث) ۱ پاپوش۔ پیزار۔ جوتا ۲ جورو۔ بیوی ۳ ذلیل۔ حقیر ۴ خوشامدی۔ چاپلوس ۵ نالائق۔ ناقابل ۶ کمین۔ نیچ ۷ نوکر۔ غلام۔ خادم۔ **پاؤں کی جوتی سر کو چڑھنا یا لگنا** (لازم) کمینے کا مقابلہ کرنا۔ ادنے کا اعلے سے برابری کرنا۔ **پاؤں کی خاک ہونا** (لازم) نہایت بے وقعت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ حقیر ہونا۔ **پاؤں کی چھچھوندر** (مونث) ماری ماری پھرنے والی عورت

پاؤں کی زنجیر (مونث) قید۔ روک۔ پاؤں کی
مہندی چھٹ جانا یا چھوٹ جانا۔ یا گھِسنا۔
(لازم) ہرج ہونا۔ نقصان ہونا۔ پاؤں کی مہندی
نہ چھٹ جاتی (گھس جاتی) (عو) کسی کے نہ آنے
یا نہ ملنے پر طنزاً بولتی ہیں۔ پاؤں کے نیچے کی مٹی
بھی ایسی نہ ہوگی۔ بہت عاجز یا حقیر ہوں۔ پاؤں کے
نیچے آنکھیں مَلنا (متعدی) ۱ بہت عاجزی کرنا ۲
ذلیل کرنا۔ پرواہ نہ کرنا۔ پاؤں کے نیچے ملنا (متعدی)
دیکھو پاؤں تلے۔ الخ۔ پاؤں گاڑنا (متعدی)
۱ پاؤں جمانا۔ استقلال کے ساتھ قائم ہونا۔ جگہ نہ چھوڑنا
پاؤں گردش میں ہونا (لازم) مارے مارے
پھرنا۔ قسمت میں آوارہ گردی ہونا۔ پاؤں گڑنا۔
(لازم) ۱ ایک جگہ سے ہل نہ سکنا ۲ ایک جگہ کا ہو جانا
کسی جگہ قائم ہو جانا۔ پاؤں گلے میں ڈالنا (متعدی)
قائل کر دینا۔ دوسرے کی دلیلوں سے ہی اسے قائل کرنا
پاؤں گن گن کے رکھنا (متعدی) سوچ سمجھ کے
قدم رکھنا۔ ٹھیر ٹھیر کے چلنا ۲ احتیاط کرنا۔ پاؤں
گور میں لٹکانا (متعدی) ۱ مرنے کے قریب ہونا
۲ بہت بوڑھا ہونا۔ بہت بیمار ہونا ۳ مرنے پر آمادہ
ہونا۔ پاؤں گھِسنا (متعدی) ۱ چلتے چلتے تھک جانا
چلنے میں تکلیف ہونا ۲ بے فائدہ دوڑ دھوپ کرنا۔
پاؤں گھٹانا (متعدی) حمل کے زمانے میں گھن پڑنا
اس سے بچوں کے عضو ناقص رہ جانے کا اندیشہ ہوتا ہے
پاؤں لٹکانا (متعدی) کسی اونچی چیز پر اس طرح
بیٹھنا۔ کہ پاؤں زمین پر نہ لگیں پاؤں لرزنا (لازم)
دیکھو پاؤں تھرانا۔ پاؤں لڑکھڑانا۔ (لازم) ۱
نشے یا کمزوری سے پاؤں کانپنا ۲ لغزش ہونا ۳ استقلال
میں فرق آنا۔ پاؤں لگانا (متعدی) ۱ پاؤں سے
چھونا ۲ لات مارنا۔ پاؤں مارنا ۳ بے عزت کرنا۔ ٹھکرانا
۴ (لکھنؤ) تیرنے میں پاؤں مارنا۔ پاؤں لگ جانا
یا لگنا (لازم) ۱ پاؤں کسی چیز سے چھو جانا ۲ تیرنے میں
پانی اتنا تھوڑا ہونا کہ پاؤں کا تہ پر جا لگنا۔ تہ پانا ۳ قائم
ہونا۔ کسی کام پر مستقل ہو جانا ۴ شہرت ہو جانا۔ کسی بات کا
پھیل جانا ۵ تیزی پیدا ہونا۔ جوش پیدا ہونا ۶ چلنے کی
قوت ہونا۔ بچے کا چلنے لگنا۔ پاؤں لنگر میں ہونا
(لازم) ۱ پاؤں میں بھاری بوجھ ہونا کہ چل نہ سکیں
۲ تکلیف یا گھبراہٹ کی وجہ سے پاؤں اٹھ نہ سکنا
پاؤں لینا (متعدی) ۱ قدم لینا۔ پاؤں چھونا ۲
تعظیم کرنا۔ عزت کرنا ۳ عاجزی کرنا۔ منت
کرنا۔ پاؤں مارنا (متعدی) ۱ تیرنے
میں پاؤں چلانا ۲ پاؤں سے صدمہ پہنچانا۔ ٹھکرانا ۳
(ہاتھ) کوشش کرنا۔ پاؤں مرید (مذکر) ۱ نوکر
غلام ۲ بڑا معتقد۔ نہایت فرمانبردار پاؤں
من بھر کا ہو جانا (لازم) دیکھو پاؤں بھاری
ہو جانا۔ پاؤں میدان سے نہ ہٹانا (متعدی)
ہٹنا (لازم) ۱ ثابت قدم رہنا ۲ لڑائی میں ڈٹے
رہنا ۳ بحث مباحثہ میں اپنی بات پر قائم رہنا۔
۴ شکست نہ ہونا۔ پاؤں میدان میں نہ
ٹھہرنا (لازم) میدان سے بھاگ جانا۔ مقابلہ
نہ کر سکنا۔ پاؤں میں باندھنا (متعدی) گھنگرو
وغیرہ ٹخنوں پر باندھنا پاؤں میں بلیاں بندھی
ہونا (لازم) بہت مارا مارا پھرنا۔ پاؤں میں
بیڑی یا بیڑیاں (پڑی) ہونا۔ (لازم) ۱
قید ہونا۔ گرفتار رہنا۔ پابند ہونا ۲ عیالدار ہونا
بال بچے دار ہونا ۳ مقروض ہونا۔ قرضدار ہونا۔
پاؤں میں بیڑی ڈالنا (متعدی) ڈلوانا (م)
شادی کرانا۔ پاؤں میں پھپھولے پڑنا (لازم)
پاؤں میں چھالے پڑنا۔ چل نہ سکنا۔ (مت) پاؤں
میں پہننا (متعدی) کوئی چیز پاؤں کے اوپر
چڑھانا۔ (جوتا موزہ وغیرہ کے ساتھ) پاؤں
میں چکر ہونا (لازم) دیکھو پاؤں گردش الخ
پاؤں میں چھالا (چھالے) پڑنا (لازم) بہت
چلنے کی وجہ سے تلوے میں پھپھولا ہو جانا۔ پاؤں میں
رُلنا (لازم) پاؤں میں روندا جانا ۲ بے حرمتی ہونا
پاؤں میں زنجیر پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) دیکھو
پاؤں میں بیڑی الخ پاؤں میں سر دینا (متعدی)
دیکھو پاؤں پر سر رکھنا۔ پاؤں میں سنیچر اتر آنا یا
ہونا۔ پاؤں میں گردش (گھن چکر) ہونا
(لازم) دیکھو پاؤں گردش میں ہونا۔ پاؤں میں
موچ آنا (لازم) پاؤں الٹا پڑ جانے سے ٹخنے کو
ضرب پہنچنا۔ پاؤں میں مہندی لگانا (متعدی)
۱ پاؤں سرخ کرنے کے لئے حنا گوندھ کر پاؤں میں ملنا
۲ چلنے پھرنے کے قابل نہ ہونا۔ پاؤں میں مہندی
لگی ہونا (لازم) اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی کہیں
آنے جانے میں تامل یا سستی کرے۔ پاؤں نکالنا
(متعدی) ۱ حد سے بڑھ جانا یا تجاوز کرنا ۲ چالاکی کرنا
ہوشیاری کرنا ۳ سرکشی کرنا ۴ پھرنا۔ چلنا۔ باہر جانا ۵
تعلق ہٹا لینا۔ الگ ہو جانا ۶ بدچلنی کرنا۔ عیش عشرت
میں پڑنا ۷ رہائی دینا۔ چھڑانا ۸ ناچنا۔ پاؤں نکلنا
(لازم) مشہور ہونا۔ بدنامی ہونا ۲ آزاد ہونا۔ پیچھا
چھوٹنا ۳ آوارہ ہو جانا۔ بے قید پھرنا ۴ باہر نکلنا۔
پاؤں نہ اٹھنا (لازم) چل نہ سکنا۔ طاقت رفتار
نہ ہونا۔ پاؤں نہ جمنا (لازم) ٹھہر نہ سکنا۔ مقابلے
کی تاب نہ لا سکنا۔ پاؤں نہ دھلوانا (متعدی)
بہت حقیر سمجھنا۔ حقارت سے دیکھنا۔ خاطر میں نہ لانا
پاؤں نہ رکھنا (متعدی) ۱ نہ جانا۔ قدم نہ رکھنا
۲ اترانا۔ غرور کرنا پاؤں نہ ہونا (لازم) مقابلے
کی طاقت نہ ہونا۔ مقابلے کی تاب نہ لا سکنا۔ پاؤں
ہزار من کے ہو جانا (لازم) دیکھو پاؤں اٹھ نہ
سکنا۔ پاؤں ہلانا (متعدی) ۱ جنبش کرنا۔ پاؤں کو
حرکت دینا ۲ چلنا۔ پھرنا ۳ (ہاتھ) کوشش کرنا۔
محنت کرنا ۴ کوئی کام کرنا۔ پاؤں ہونا (لازم)
دخل ہونا۔ تعلق ہونا۔

امثال واقوال۔ پاؤں کی
جوتی سر کو لگی۔ ادنےٰ نے اعلےٰ کا مقابلہ کیا۔ پاؤں
کی چیونٹی کیا اونچے سے گرے گی ۱ بے حقیقت کو
کیا نقصان پہنچے گا ۲ جو عروج پر نہ ہو اسے کیا تنزل
ہوگا۔ پاؤں لوٹنی سو لوگنتی (ھ) تعظیم کی حد
پاؤں پر گرنا ہے۔ اور گنتی کی حد سو ہے۔ پاؤں میں
جوتی نہ سر پر ٹوپی (چوٹی) ۱ سخت غربت
یا افلاس کی حالت ۲ مضطرب اور پریشان۔

پاوِنا (ھ۔ متعدی) ۱ دیکھو پانا
۲ ایک پودہ جو گندے پانی میں ہوتا ہے ۔

پاؤنڈ (انگ۔ مذکر) ۱ سونے کا
ایک سکہ جو پندرہ روپے کا ہوتا ہے ۲ ایک وزن
جو ۱۶۔ اونس کا ہوتا ہے اور آدھ سیر کے برابر ہوتا ہے

پائی (ہ۔ مونث) ۱ تانبے کا ایک
سکہ جو پیسے کا تیسرا حصہ یا آنے کا بارھواں حصہ ہوتا
ہے ۲ (ھ) ہندی میں ایک کھڑا نشان جو پائی کو ظاہر
کرتا ہے۔ (س پاد کا ¼) ۳ دیکھو پاہی ۴ جلاہوں کی
لکڑیاں جس سے تانے کو اکٹھا کرتے ہیں ۵ ایک قسم کا
بید یا چھڑی۔ چابک (س۔ پالی۔ لکیر۔ قطار) پائی
کرنا (متعدی) تانے کو کرگھے میں لگانے کے بعد صاف
کرنا۔

پائے (ہ۔ مذکر) گائے بکری

وغیرہ کے پاؤں جو لٹکائے جاتے ہیں (س۔ پاد) **پائے پر کھینچنا** (متعدی) بندوق یا پستول کے گھوڑے کو جہاں تک ہو سکے کھینچنا۔

پائے (ف۔ مذکر) ۱ پایہ کی جمع ۲ دیکھو پا کے تحت میں۔

پائپ (انگ۔ مذکر) ایک ظرف جس میں تمباکو ڈال کر پیتے ہیں۔ یہ ایک لکڑی کی لمبی نالی سی ہوتی ہے۔ جس کے ایک سرے پر چھوٹا پیالہ سا لگا ہوتا ہے۔ اس میں خشک تمباکو ڈال کر جلاتے ہیں۔ اور سرے سرے سے پیتے ہیں ۲ لوہے کی نالی۔ **پائپ واٹر** (مذکر) نل کا پانی۔

پائیرو میٹر (انگ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے بہت سخت گرمی ناپی جاتی ہے۔

پائیریا (انگ۔ مذکر) دانتوں کی ایک بیماری جس میں مسوڑھوں میں پیپ پڑ جاتی ہے اور دانت ہلنے لگتے ہیں۔

پائیرمیوس (یو۔ عص) تھسبی کا عاشق۔ اس کی موت کی خبر سن کر اس نے خودکشی کر لی۔ تھسبی نے اس کی لاش پر آ کر اسی خنجر سے اپنے آپ کو ہلاک کر دیا۔

پائیزہ (ف۔ مذکر) پائینچا۔

پائیں (ف۔ صفت) دیکھو پا کے تحت میں۔

پائندہ (ف۔ صفت) قائم استوار۔ پائیدار۔ پکا۔ مضبوط۔

پائنتی (ہ۔ مونث) چارپائی کے پاؤں کی طرف سرہانے کی ضد۔ (س۔ پاد۔ پاؤں۔ انتکا۔ نزدیک)

پائنچہ۔ پائینچہ (ف۔ مذکر) فارسی پاچہ کا بگڑا ہوا۔ پائجامے کا وہ حصہ جس میں ٹانگ رہتی ہے۔ **پائینچا بھاری کرنا** ۔۔۔ ی) گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ باہر نہ نکلنا ۲ کسی فعل کو ترک کرنے کا عہد کرنا۔ **پائینچا کھوسنا یا گھرسنا** (متعدی) پائینچے کو اونچا کرنے کے لئے نیفے میں لٹکانا۔ **پائینچوں** (مذکر) جمع پائینچا کی حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پائینچوں سے نکلی پڑتی ہے** (ہ) غصے سے آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے۔ بہت ناراض ہے **پائینچوں میں گرہ لگانا** (متعدی) تنگ پائینچے کے پاجامے کے سروں کو باندھ دینا۔ **پائینچے** (مذکر) ۱ پائینچا کی جمع ۲ بجائے پائینچا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پائینچے اٹھانا** (متعدی) چلنے میں بھاری پائینچوں کو ہاتھ سے اونچا رکھنا۔ **پائینچے تنگ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) پائینچے کا کم چوڑا ہونا۔ پائینچے کسے ہونا۔ **پائینچے چڑھانا** (متعدی) پائینچوں کو اوپر کر لینا۔

پایا (ہ۔ ماضی) ۱ پانا کا ۲ (مذکر) دیکھو پایا۔

پایاں (ف۔ مذکر) اختتام۔ حد انجام۔ آخیر۔ خاتمہ۔ انت۔ تمام۔ **پایانی** (مونث) دیکھو پایاں۔

پایٹھ (ہ۔ مذکر) وہ اونچی مڈہ جہاں معمار بیٹھ کر کام کریں۔

پایچہ (ف۔ مذکر) ۱ دیکھو پائینچا ۲ کچھا۔ نکر۔

پایز (ف۔ مذکر) خزاں۔

پایزہر (ف۔ مذکر) زہر مہرہ۔ تریاق۔

پایس (س۔ مذکر) چاول۔ دودھ اور کھانڈ سے بنی ہوئی چیز۔ کھیر۔ ان تینوں چیزوں کا چڑھاوا دیوتا پر۔

پایک (س۔ مذکر) پینا۔ پینے والا

پایک (ہ۔ مذکر) ۱ پیادہ سپاہی پیدل ۲ مسلح خدمتگار ۳ پولیس کا سپاہی۔ تحصیل کا پیادہ ۴ ہرکارہ۔ قاصد۔ خبر رساں۔

پایگاہ (ف۔ مذکر) دیکھو پائیگا پائے کے تحت میں۔

پائل۔ پایل (ہ۔ مونث) ۱ پاؤں کا زیور۔ پازیب۔ جھانجھ۔ خلخال ۲ وہ بچہ جس کی پیدائش کے وقت پاؤں پہلے نکلیں ۳ بانس کی سیڑھی ۴ (صفت) تیز رفتار (ہاتھی) (س۔ پاد پاؤں)

پایہ (ف۔ مذکر) ۱ پاؤں۔ پیر ۲ کسی بے جان چیز کا ڈنڈا جس پر وہ قائم ہو ۳ قدر۔ مرتبہ۔ درجہ ۴ بنیاد۔ نیو ۵ ستون کا نچلا حصہ ۶ نرنی اروواڑ۔ ٹیک ۷ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے چارپایہ۔ پیل پایہ۔ **پایہ بپایہ** (ق) درجہ بدرجہ **پایہ بلند ہونا** (لازم) مرتبہ زیادہ ہونا۔ **پایۂ ثبوت کو پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) ثابت ہونا۔ دعوے کی تصدیق ہونا۔ کسی امر یا بیان کی تصدیق ہونا۔ **پایہ تخت** (مذکر) دارالسلطنت۔ راجدھانی **پایۂ تخت** (مذکر) تخت کا پیر۔ **پایۂ تخت پر جگہ دینا** (متعدی) **ملنا** (لازم) بادشاہ جب کسی پر بہت خوش ہوتے تھے تو اسے تخت کے پائے پر بیٹھنے کی اجازت ملتی تھی۔ **پایۂ تخت کو بوسہ دینا** (متعدی) ۱ تخت کے پائے کو چومنا۔ بے حد اطاعت گزاری ظاہر کرنے کو تخت کے پائے کو چومتے تھے ۲ مجازاً اظہار اطاعت کرنا۔ **پایہ سا** (صفت) ننھا سا اور فربہ۔ عورتیں بچوں کے متعلق کہتی ہیں۔ **پایہ شناس** (صفت) مرتبہ شناس۔ **پایہ شناسی** (مونث) مرتبہ پہچاننا۔ **پایۂ عرش ہلانا** (متعدی) **ہلنا** (لازم) دعا کا عرش تک اثر پہنچنا۔ **پایہ کمی کا رکھنا** (متعدی) کسی سے کم ہونا ادنےٰ درجے کا ہونا۔ بیشتر نفی کے ساتھ۔

پب (ہ۔ مذکر) پانی نکلنے کا رستہ۔

پبلشر (انگ۔ مذکر) کتاب اخبار وغیرہ کا شائع کرنے والا۔ شائع کنندہ۔

پبلک (انگ۔ مونث) عوام الناس مخلوق۔ رعایا۔ پرجا۔ عام لوگ **پبلک انسٹرکشن** (مونث) تعلیم عامہ۔ **پبلک سروس** (مونث) سرکاری ملازمت۔ **پبلک ورکس** (مذکر) امور عامہ۔ **پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ** (مونث) محکمہ امور عامہ محکمہ بارک ماسٹری۔ وہ محکمہ جو سرکاری عمارتیں۔ سڑکیں اور نہریں بناتا ہے۔

پبئی (ہ۔ مونث) ایک چھوٹا سا جنگلی پرند۔

پبیانا (ہ۔ لازم) زخم میں پیپ پڑ جانا۔ **پبیاہٹ** (مونث) پکاؤ۔ پیپ پڑنا۔

پپیڑنا (ہ۔ متعدی) پھینکنا۔ بکھیرنا پھیلانا۔ بیج ڈالنا۔ بونا۔

پپاسا (س۔ مونث) ۱ پیاس ۲ خواہش۔

پپاسی (س۔ صفت) ۱ پیاسا۔ تشنہ ۲ خواہشمند۔

پپٹا (س۔ مونث) ایک مٹھائی کا نام۔

پپرمنٹ (انگ۔ مذکر) ایک انگریزی ست یا عرق جو اسی نام کے ایک پودے سے

بنایا جاتا ہے۔ یہ خوشبودار ہوتا ہے اور ہاضمہ کے لئے مفید ہے۔

پَپَڑ (ہ۔ مذکر) ا۔ د... کی کھال کا وہ حصہ جو پھول کر گر پڑتا ہے۔ پپڑیارا (مذکر) وہ خشک گوشت جو زخم کے کنارے پر چپکا رہتا ہے۔

پَپَڑ پپڑا (ہ۔ مذکر) چھلکا دیکھو پاپڑ۔

پَپَٹر۔ پپڑا (ہ۔ مذکر) ایک پودا پاپڑا۔

پَپَڑا (د۔ مذکر) اوپر کا چھلکا۔ چھال۔ پپڑا جانا۔ پپڑانا (متعدی) ا۔ پپڑ بندھنا۔ خشک ہو جانا۔ سوکھ جانا۔ خشک ہو کر پھٹ جانا ۲۔ ہونٹوں کا خشک ہو کر پھٹ جانا (لکھنؤ)

پَپڑی (د۔ مونث) ا۔ پتلا چھلکا۔ خشک چھلکا۔ چھال۔ خشک پوست۔ اوپر کی خشک تہ ۲۔ پھٹی ہوئی زمین جو خشک ہونے پر اوپر سے پھٹ جاتی ہے ۳۔ پتلا سا چھلکا جو مائعات کے اوپر جم جاتا ہے ۴۔ پاپڑ ۵۔ کائی یا چکنی مٹی کا پرت جو سوکھنے کے بعد سطح سے الگ ہو کر پھٹ جاتی ہے ۶۔ حلوا سوہن کی ایک قسم (س پرپٹی) ۷۔ پتلی چپاتی۔ پپڑی آنا (لازم) تہ جمنا۔ پرت بننا۔ پپڑیاں (جمع) پپڑی کی۔ پپڑیاں ہونٹوں پر بندھنا (لازم) ہونٹوں کا خشک ہو کر پھٹ جانا۔ پپڑی بندھنا (متعدی) دیکھو پپڑانا۔ پپڑی پڑنا (لازم) ا۔ پرت جمنا۔ ۲۔ دودھ پر ملائی بننا۔ پپڑی جمانا (متعدی) ا۔ تہ جمانا ۲۔ حق قائم کرنا۔ (دہلی) پپڑی جم جانا یا جمنا (لازم) ا۔ پپڑانا ۲۔ کتھے وغیرہ کا جمنا ۳۔ ملائی جمنا۔ پپڑیا کتھا (مذکر) سفید کتھا۔ ہلکے رنگ کا کتھا۔ پپڑا جانا۔ پپڑانا (لازم) پپڑی جمنا۔ سوکھ جانا۔ پھٹ جانا۔ پپڑیلا (صفت) چھلکے دار۔ تہ دار۔

پِپّل (ہ۔ مذکر) ا۔ پیپل ۲۔ نفس پرستی۔

پُپلا (ہ۔ صفت) پوپلا کا مخفف

پِپلِک (س۔ مذکر) چوچی۔ سرپستاں

پِپلی (س۔ مونث) لمبی مرچ۔ پپلی ا (مذکر) لمبی مرچ کی جڑ۔

پَپنی (ہ۔ مونث) پلک۔

پپوٹا (د۔ مذکر) آنکھ کے اوپر کی کھال۔ پردہ چشم۔ (س پکش۔ پر۔ پک۔ تہ)

پَپوٹن (ہ۔ مونث) ا۔ ایک درخت ۲۔ اس کا پھل۔

پَپولنا (د۔ متعدی) پوپلوں کی طرح سے کھانا۔ پپلانا (پوپلا سے)

پَپولی (ہ۔ مونث) پیپل کا پھل

پَپَیا (د۔ مذکر) ا۔ ارنڈ خربوزہ ۲۔ پپیہا ۳۔ بچوں کی سیٹی۔

پَپیتا (پرتگالی۔ مذکر) ارنڈ خربوزہ پپیا۔

پَپیتکی (س۔ مونث) بیساکھ بدی کی بارھویں ۔۔ جبکہ پانی پلانا پن خیال کیا جاتا ہے۔

پپیلک (ہ۔ مذکر) بڑی چیونٹی چیونٹا۔

پپیلکا (ہ۔ مونث) چھوٹی سرخ چیونٹی۔

پَپیہا (د۔ مذکر) ا۔ مٹی یا دھات کی سیٹی ۲۔ آم کے نئے اگے ہوئے پودوں کی گٹھلی جس کے اوپر کا چھلکا بچے پھینک دیتے ہیں۔ اور اندر کے حصے کو رگڑ کر سوراخ بنا کر بجاتے ہیں ۳۔ پتوں کو لپیٹ کر منہ میں رکھ کر آواز نکالتے ہیں۔ اسے بھی پپیہا کہتے ہیں ۴۔ ایک پرندہ جس کی سریلی آواز سے پی کہاں کی آواز نکلتی معلوم ہوتی ہے (پی۔ نا۔ بنانا کے ساتھ) (س وپہیہ)

پپیہے کی کوک (مونث) پپیہے کی آواز۔

پَت (ہ۔ مونث) آبرو۔ عزت عظمت۔ وقار (اتارنا۔ جانا۔ رکھنا۔ کھونا۔ گنوانا کے ساتھ) (س۔ پد) مقولہ پت چاہے تو بالکے پڑھ بدھیا بھر پور۔ بن بدھیا کے آدمی مہنگے جیسے ڈھور۔ اگر عزت چاہتے ہو تو علم پڑھو بغیر علم کے آدمی جانور کے برابر ہے۔

پَت (ہ۔ مذکر) پتا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ پت جھاڑ یا جھڑ (مذکر) پتے جھڑنا ۔ پتے جھڑنے کا موسم۔ خزاں۔ پت جھڑ ہونا (لازم) پتے گرنا ۲۔ بوڑھا ہونا ۳۔ کچھ نہ رہنا۔ گیا گزرا ہونا ہو چکنا۔ پت جھڑی (مونث) ا۔ پتے گرنا ۲۔ خزاں

پَتَن (س۔ مذکر) ا۔ اڑنا۔ گرنا ۲۔ حکومت کرنا۔

پَتِ (س۔ مذکر) ا۔ مالک والی آقا۔ سردار۔ حاکم ۲۔ خاوند۔ پتبرت۔ پتیبرت (مذکر) دیکھو پتورت۔ پت سیلوا (مونث) ا۔ خاوند کے ساتھ عورت کی محبت ۲۔ خاوند کی خدمت۔ پتونتی پتوتی

پتونتی (مونث) خاوند والی عورت۔ بیاہتا عورت

پتورت (مذکر) ا۔ خاوند سے وفاداری ۲۔ عصمت عفت۔ پتورتا (مونث) وفادار۔ باعصمت اور خدمتگزار بیوی۔

پَت (س۔ مذکر) ا۔ پیدل ۲۔ پیدل سپاہی ۳۔ (مونث) فوج کی سب سے چھوٹی تقسیم جس میں ایک رتھ۔ ایک ہاتھی۔ تین سوار اور پانچ پیدل ہوتے ہیں۔

پِت (د۔ مذکر) ا۔ صفرا۔ انسانی بدن کی چار خلطوں میں سے ایک کا نام ۲۔ زرد رنگ کا پانی جو پتے سے پیدا ہوتا ہے ۳۔ غصہ۔ رنج۔ پتا (س پت) پت پاپڑا (مذکر) ایک پودا جو دوائیوں میں کام آتا ہے۔ پت جوار (مذکر) صفراوی بخار۔ پت چھانٹنا یا ڈالنا (ہ۔ متعدی) زرد رنگ کی قے کرنا۔ قے میں پت کا نکلنا۔

پِت (س۔ مذکر) ا۔ رس۔ پانی ۲۔ پینے کی چیز ۳۔ (ہ پتا)

پُت (س۔ مذکر) ا۔ نرک۔ وہ دوزخ جہاں بے اولاد جاتے ہیں ۲۔ (ہ) پوت۔ پتر۔

پَتا (د۔ مذکر) ا۔ نشان۔ علامت سراغ ۲۔ سرنامہ۔ وہ عبارت جو خط کے اوپر لکھی ہوتی ہے ۳۔ ٹھکانا۔ ٹھور ۴۔ اشارہ۔ ہدایت ۵۔ وہ جگہ جہاں کسی کو جانے کا نشان دیا جائے ۶۔ مالگزاری تحصیل کرنے والوں کے لئے ہدایات کی کتاب ۷۔ تفصیل (س پترک پتا) پتا بتانا (متعدی) رہنے سہنے کی جگہ ظاہر کرنا۔ ٹھور یا ٹھکانا بتانا۔ پتا پانا (لازم) نشان معلوم ہونا سراغ ملنا۔ پتا پوچھنا (متعدی) ٹھور ٹھکانا دریافت کرنا۔ پتا چلنا (لازم) نشان یا سراغ ملنا۔ موجودگی معلوم ہونا۔ پتا دینا (متعدی) ا۔ دیکھو پتا بتانا ۲۔ کسی معاملے کے متعلق واقعات بتانا۔ پتا رکھنا (متعدی) واقفیت رکھنا۔ جاننا۔ پتا لکھوانا (لازم) لکھنا (متعدی) خط یا لفافے پر کسی شخص کے رہنے کی جگہ شہر بازار محلہ وغیرہ تحریر کرنا۔ پتا لگانا (متعدی) لگنا (لازم) کسی معاملہ کی بابت معلوم ہونا۔ سراغ چلنا۔ پتا ملنا۔ پتا ملنا (لازم) سراغ ملنا۔ نشان ملنا۔ پتا نکالنا (متعدی) ا۔ سراغ چلانا ۲۔ مکان دریافت کرلینا۔ پتا نہ ہونا (لازم)

۱ غائب نہ ہونا ـ سراغ نہ ملنا ۲ معلوم نہ ہونا ـ **پتا ہونا** (لازم) معلوم ہونا ـ واقفیت ہونا ـ **پتے** (مذکر) ۱ پتا کی جمع ۲ بجائے پتا حروف مغیرہ سے پہلے ـ **پتے** (مذکر) ۱ پتا کی جمع ۲ بجائے پتا حروف مغیرہ سے پہلے **پتے کی بات** (مونث) وہ بڑی بات جو کسی کے دل میں ہو ـ **پتے کی کہنا یا سنانا** (متعدی) راز فاش کرنا ـ عیب ظاہر کرنا ۲ چبھتی ہوئی بات کہنا ـ

پَتّا (ہ ـ مذکر) ۱ درخت کا وہ سبز حصہ جو ٹہنیوں میں سے پھوٹتا ہے اور عموماً چوڑا اور پتلا ہوتا ہے ـ بعض دفعہ سوئی کی شکل کا ہوتا ہے ـ درخت ہوا میں سے خوراک اس کے ذریعے حاصل کرتا ہے ـ برگ ۲ ورق ـ گنجفے یا تاش کا ورق ۳ پان ۴ ایک زیور جو کان کے اوپر کے حصے میں پہنا جاتا ہے ـ ایک پتے کی شکل کا ٹکڑا جو بالی میں لٹکتا ہے ۵ کاغذ جو پتنگ کے نیچے کے حصے میں لگایا جاتا ہے ۶ (صفت) ہلکا ـ سبک ـ پتلا ـ **پتا باندھنا** (متعدی) زخم یا چوٹ کی جگہ پر پتا رکھنا **پتا بولنا** (لازم) پتا منہ میں رکھ کر کسی پرندے کی آواز نکالنا ـ جسے پکڑنا منظور ہو ـ **پتا توڑ کر بھاگنا** (متعدی) جلدی سے بھاگنا ـ فوراً چل دینا ـ **پتا کھڑکنا** (لازم) ۱ آہٹ ہونا ۲ ہوا سے پتوں کا ہل کر آواز دینا سوکھے پتے کا پاؤں کے نیچے آکر آواز دینا ۳ دھیمی آواز ہونا ـ **پتا لگنا** (لازم) پتا نمودار ہونا ـ پتا نکلنا ۲ پتا جڑا ہونا ۳ پھلوں میں داغ لگنا ۴ عیب لگنا ـ **پتا نہ ہلنا** (لازم) حبس ہونا ـ ہوا بند ہو جانا ـ **پتا ہلانا** (متعدی) خفیف حرکت دینا ـ چھوٹا سا کام کرنا ـ **پتا ہو جانا یا ہونا** ـ (لازم) بھاگ جانا ـ رفوچکر ہو جانا ـ غائب ہو جانا اُڑ جانا ـ **پتوں والی** (مونث) کنایتاً مولی ـ عورتیں صبح کے وقت اس کا نام نہیں لیتیں ـ کیونکہ یہ مُردوں کی حاضری میں رکھی جاتی ہے اور اس وجہ سے منحوس خیال کی جاتی ہے ـ **پتی** (مونث) ۱ چھوٹا پتا ـ کونپل ۲ بھنگ کے پتے ۳ دھات کا پتلا مستطیل ٹکڑا ـ پترا ۴ سنجاف ـ مغزی ۵ حصہ ـ گاؤں کی زمین کا حصہ ـ **پتے** (مذکر) ۱ پتا کی جمع ۲ بجائے پتا حروف مغیرہ کے بعد ـ **پتے باز** (صفت) ۱ دھوکے باز ـ دغا باز ـ وہ جو تاش کے پتوں سے جوا کھیل کر ناواقف آدمیوں کو دھوکا دے کر روپیہ بٹورتا ہے ـ **پتے بازی** (مونث) ۱ دغا بازی دھوکا بازی ۲ تاش کے پتوں سے دھوکا دے کر روپیہ بٹورنا ـ **پتی جمانا** (متعدی) فقرہ دینا ـ **پتی جھاڑنا** (متعدی) درختوں سے بکریوں کے لئے سونٹے مار کر پتے توڑنا خصوصاً بیر کے درخت سے ـ **پتی جھڑنا** (لازم) خزاں میں درخت کے پتوں کا گرنا ـ **پتی دار** (صفت) ۱ حصہ دار ـ شریک ۲ گاؤں میں حصہ دار ـ پٹی دار **پتے رخ پر چھوڑنا** (متعدی) پتا ۲ بن کر اس طرح لٹکانا کہ چہرے کے پاس آ جائے ـ **پتے لگنا** (لازم) خزاں کے بعد درختوں کے پتے نکلنا ـ

امثال واقوال ـ **پتا بھی بے حکم خدا نہیں ہلتا** ـ بغیر خدا کی مرضی کے کوئی کام نہیں ہوتا ـ **پتا کھڑکا بندہ سرکا** ـ اس کے متعلق کہتے ہیں جو ذرا سے خطرے سے بھی بھاگ جائے ـ **پتا کھڑکا بوچا سٹکا** ـ بوچا کتے کو کہتے ہیں ـ دیکھو آخری **پتا کھڑکا چور سرکا** ـ چور ذرا سے خوف سے بھاگ جاتا ہے ـ

پِتا (ہ ـ مذکر) باپ ـ والد ـ ابا **پتا پتر** (مذکر) باپ بیٹا ـ **پتا کھاؤ** (مذکر) وہ جس کے پیدا ہوتے ہی باپ مر جائے ـ **پتا گھات یا گھاتک** (مذکر) باپ کا قاتل ـ **پتامہ** (مذکر) ۱ دادا ۲ برہما جی کا لقب ۳ بھیشم کا لقب ـ **پتامہا** ـ **پتامہی** (مونث) دادی ـ

پِتّا (ہ ـ مذکر) ۱ جگر کے نیچے ایک چھوٹی سی تھیلی جس میں پت جمع رہتی ہے اور وہاں سے انتڑیوں یا معدے میں جاتی ہے ۲ غصہ ـ جوش ـ تیزی ۳ طاقت ـ قوت ـ زور ـ ہمت ـ جرات ـ حوصلہ ـ تحمل ۴ خواہش نفسانی ـ ولولہ ـ امنگ ـ ترنگ ۵ شرم ـ حیا ـ (س ـ پت ـ صفرا ـ ک ـ کا) **پتا پانی کرنا** (متعدی) ۱ غصہ فرو کرنا ـ غصہ ٹھنڈا کرنا ۲ امنگ دبا دینا ـ **پتا پانی ہونا** (لازم) ۱ غصہ جاتا رہنا ـ امنگ نہ رہنا ۲ خوف کھانا ـ ڈر جانا ۳ ترس آنا ـ **پتا کھینچنا** (متعدی) پتا نکالنا ـ قتل کی سزا دینا ـ **پتا لگانا** (متعدی) کسی کام میں جی لگانا ـ **پتا لگنا** (لازم) کسی کام میں جی لگنا **پتا مارنا** (متعدی) ۱ غصے کا ضبط کرنا ـ تحمل کرنا ۲ امنگ کو دبا دینا ـ ولولہ نہ رہنا ۳ تکلیف برداشت کرنا صبر کرنا ۴ حرص یا بری باتوں سے اپنے تئیں بچانا ـ **پتا لے ڈالنا یا لینا** (متعدی) ستانا ـ تنگ کرنا ـ **پتا ماری** (مونث) مجازاً محنت ـ مشقت ـ تکلیف ـ **پتا ماری (کا) کام** ہے ـ تکلیف یا محنت کا کام ہے **پتا مرنا** (لازم) غصے اور تیزی کا جاتا رہنا ـ دل کلمرد ہو جانا ـ **پتا نکالنا** (متعدی) ۱ جان لینا ـ جان نکال لینا ۲ بہت تکلیف دینا ـ تنگ کرنا ـ خوب مار لینا **پتے** (مذکر) ۱ پتا کی جمع ۲ بجائے پتا کے حروف مغیرہ سے پہلے **پتے کو مارنا** (متعدی) دیکھو پتا مارنا ـ

پتاک ـ پتاکا (س ـ مذکر) ۱ جھنڈا ـ علامت ـ نشان ۲ خاص بڑی تعداد ۳ ناٹک میں کوئی اور قصہ ـ قصہ در قصہ ـ **پتاکن** (صفت) ۱ علم بردار ۲ علم ۳ رتھ ۴ کوروؤں کا ایک مددگار پہلوان ـ **پتاکنی** (مونث) ۱ فوج ۲ ایک دیوی ـ **پتاکی** (مذکر) جھنڈا ۲ علم ۳ وہ شخص جو اشارہ دے ـ

پَتال ـ پَتّال (س ـ مذکر ـ دیکھو پاتال ـ **پتال کی خبر لانا** (لازم) دور کی خبر لانا ـ بات کی تہ کو پہنچنا ـ **پتال جنتر** (مذکر) دیکھو پاتال جنتر ـ

پَتامبر ـ پَتانبر (ہ ـ مذکر) دیکھو پیتامبر ـ

پَتانا (ہ ـ لازم) ۱ گھبرانا ـ حیران ہونا ـ چکرانا ـ مضطرب ہونا ۲ شرمندہ ہونا ـ لجانا ـ خجل ہونا ـ منفعل ہونا ۳ ہوش باختہ ہونا ـ دنگ ہونا

پَتاوَر (ہ ـ مذکر) پھوس جس سے چھپر بناتے ہیں ـ

پَتائی (ہ ـ مذکر) پتوں کا ڈھیر خصوصاً نیشکر کے ـ

پُتائی (ہ ـ مونث) ۱ لپائی کہگل استرکاری ـ سفیدی یا پلستر ۲ پلستر وغیرہ کرنے والے کا پیشہ ۳ پلستر کرنے کی اجرت یا مزدوری (پتنا سے)

پَت پڑ (ہ ـ مذکر) دیکھو پٹ پڑ

پَتر (ہ ـ مذکر) ۱ سونے چاندی کے ٹھپے دار لمبے اور پتلے ٹکڑے ۲ دھات کے چوڑے مستطیل ٹکڑے جو صندوقوں وغیرہ پر مضبوطی کے لئے لگاتے ہیں

پَتر ـ پَتّر (ہ ـ مذکر) ۱ پرندے کے بازو ـ پر ۲ تیر کا پر ۳ کسی قسم کی گاڑی ۴ درخت کا پتا ۵ وہ پتا جسے لکھنے کے لئے تیار کیا جائے ۶ خط ـ چٹھی سند ـ دستاویز ـ وثیقہ ۷ زمین یا جاگیر کا حکم جو دھات کے ٹکڑے پر کندہ ہو ۸ لکیریں یا نشان جو چہرے پر مشک یا کسی خوشبو دار چیز سے بنائے جائیں ـ **پتر پشپ** (مذکر) ایک سرخ قسم کی تلسی ـ **پتر پشپک** (مذکر) ایک قسم کا صنوبر ـ **پتر بجن** (مذکر) صفحہ پر نقش ونگار کرنا ـ منبت کاری کرنا ـ طلاکاری کرنا ـ **پترکا** (مونث) ۱ پتا ـ لکھا ہوا پتا ۲ صفحہ ۳ چٹھی ـ خط ۴ دستاویز ـ وثیقہ **پتر گپت**

(مذکر) ایک درخت - پترولیسکر (مذکر) املتاس کی قسم کا ایک پودا - پتروتر (مذکر) خط کا جواب - پترورنا (مذکر) ایک درخت - پتری (مونث) وہ رکابی سی جو چند پتروں کو جوڑ کر بناتے ہیں (بنانا - بننا کے ساتھ)

پتر (س - مذکر) پتر (ھ) ۱ باپ ۲ آباؤ اجداد میں سے کوئی ۳ ان بزرگوں کی روح جو نسل انسان کے بانی تھے ۴ بزرگ کی روح پتر ارپن پتروں کے لئے بھوگ - بزرگ کی روح کے لئے نذر - پترائی (مذکر) رشتہ دار - باپ کے رشتہ دار تین پشت تک پتر بھوجن (مذکر) خوراک جو بزرگوں کی روحوں کو نذر کی جائے - پتر پانی آنا یا پڑنا (لازم) ۱ پتروں کو پانی پہنچنا ۲ مجازاً - سیری ہونا - ٹھنڈک پڑنا - مراد پوری ہونا - پتر پکش یا پکھ (مذکر) بھادوں کے مہینے کے پہلے پندرہ دن جب کہ ہندو سرادھ کرتے ہیں - پتر تیتھ (مذکر - مونث) ۱ نئے چاند کا دن - باپ یا ماں کی روح کے لئے مقررشدہ مقدس دن ۲ وہ دن جس دن سرادھ کرائے جائیں - پتر ترپن (مذکر) ۱ سرادھ کے موقع پر جو کچھ ارپن کیا جائے ۲ پتروں کو پانی دینا ۳ انگوٹھے اور چھنگلیا کے درمیان کا ہاتھ کا حصہ جو پتروں کے لئے مقرر ہے - پتر تیرتھ (مذکر) ۱ پتروں کے لئے تیرتھ کی جگہ - گیا کا لقب ۲ انگوٹھے اور چھنگلیا کے درمیان ہاتھ کا حصہ - پتر جوگ (مذکر) پتروں کے نام پر سینٹ یا سرادھ - پتردان (مذکر) پتروں کے نام پر دان یا خیرات پتر دھن (مذکر) جدی جائداد وراثت - پتر ستھان (مذکر) ۱ ولی - محافظ ۲ پتروں کی رہائش کی جگہ - پتر کاریا - پتر کاریہ پتر کلج پتر کرما (مذکر) پتر کریا (مونث) سرادھ - پتروں کی بھوگ - پتر گرہ (مذکر) ۱ باپ کا گھر - جدی مکان ۲ باپ کی طرف کے رشتے دار ۳ مرگھٹ - مسان - مدفن پتری گھاٹ (مذکر) باپ کا قتل - پدرکشی - پتر گھاتک (مذکر) ۱ پدرکش - باپ کا قاتل ۲ وہ بچہ جو باپ کے برخلاف ہو - پتر لوک (مذکر) ۱ باپ کا گھر جدی مکان ۲ پتروں کی رہائش کی جگہ پتر لوگ (مذکر) ابا و اجداد - بزرگ - پتروں کو پانی دینا (متعدی) اپنے ہاتھ سے پتروں کے نام پر پانی گرانا -

پتر (س - مذکر) جمع - آباو اجداد بزرگ -

پُتر - پُتّر (س - مذکر) ۱ بیٹا - لڑکا پسر - بچہ - طفل -

پترا (ہ - مذکر) ۱ دھات کا مستطیل ٹکڑا ۲ جنتری - وہ کتاب جس میں سال بھر کے حالات درج ہوں ۳ خول چڑھانے کا ورق (س پتر پتا) پترے کھل جانا کھلنا یا کھولنا (متعدی) بھید ظاہر کرنا - قلعی کھولنا - عیب ظاہر کرنا - اصل بات ظاہر کرنا -

پُترجیو (مذکر) ایک درخت اس کے پھل کے ہار بنا کر بچوں کے گلے میں پہناتے ہیں کہ تندرست رہیں - پتر شرینی (مونث) ایک پودہ جسکی جڑیں پھوٹ کر بہت سے چھوٹے چھوٹے پودے اردگرد ہو جاتے ہیں -

پُترک (مذکر) بیٹا - پترکا (مونث) بیٹی - لڑکی - وہ لڑکی جسکی شادی اس وجہ سے کی جائے کہ اس کا بیٹا اپنے نانا کا کریا کرم کرے گا - گڑیا - پتلی پترکا پتر (مذکر) ۱ بیٹی کا بیٹا - نبیرہ ۲ وہ لڑکا جو نانا کا کریا کرم کرنے کے لئے متبنیٰ بنایا گیا ہو - پتر بہو (مونث) بیٹے کی بیوی -

پَتَرول (انگ - مذکر) اصل لفظ پٹرول ہے ۱ سواروں کا ایک رسالہ جو فوج سے آگے سڑکوں یا ملک کے حالات دیکھنے کیلئے بھیجا جائے ۲ فوج پولیس یا کسی اور جماعت کا دستہ جو حفاظت ملک کے لئے جائے - طلایہ ۳ شب گشت - گشت - شب گرد - طلایہ گشت کا کام (بھیجنا جانا کے ساتھ)

پَتری (ھ - مذکر) چٹھی - خط رقعہ -

پَتری (س - صفت) ۱ پردار پروالا ۲ (مذکر) پرندہ ۳ تیر ۴ سوار - آدمی جو کسی سواری پر سوار ہو ۵ پہاڑ -

پُتری (س - مونث) ۱ بیٹی ۲ ایک پودہ -

پُتری (ھ - مونث) پتلی -

پَتریا (ھ - مونث) فاحشہ عورت رنڈی - کسبی - بیسوا -

امثال - پتریا کا ڈیرا جیسے ٹھگوں کا گھیرا - فاحشہ کے گھر جا کر آدمی لٹ جاتا ہے پتریا روٹھی دھرم بچا - اگر بیسوا ناراض ہو جائے تو انسان بچ جاتا ہے -

پُتنک (ف - مذکر) ہتھوڑا -

پُترکا (ھ - مونث) ۱ دیمک ۲ شہد کی مکھی کی ایک قسم -

پَتکی (ھ - مونث) ۱ چھوٹا برتن پتیلی ۲ مٹی کی چھوٹی ہنڈیا -

پَتنگ (س - مذکر) ۱ پردار جانور ۲ پرندہ ۳ تارکشا اور پتنگی کی اولاد جو اُڑنے والے جانور تھے -

پَتّل (ھ - مونث) ۱ پتوں کی تھالی جس پر ہندو مٹھائی رکھ کر کھاتے ہیں ۲ مٹھائی سے بھری ہوئی پتوں کی تھالی - پتّل باندھنا (متعدی) کھانا روک رکھنا - کھانا نہ دینا - پتّل بنانا (متعدی) پتوں کو جوڑ کر تھالی سی بنانا - پتّل پھاڑنا (متعدی) کھانا ختم کرنا - بھوجن چکھنا - پتّل پروسنا (متعدی) پتل پر کھانا چننا یا رکھنا - پتّل کھولنا (متعدی) روکنے کے بعد کھانا دے دینا -

مثل - پتّل پھاڑی اور چل دیئے خود غرض کی نسبت کہتے ہیں -

پتّل (ھ - صفت) ۱ صفراوی صفرا کے متعلق ۲ پیتل ۳ ونوبر کی ایک قسم - بھوج پتر

پَتلا (ہ - صفت) ۱ باریک مہین ۲ دبلا - لاغر ۳ رقیق - لطیف ۴ بہنے والا - مائع ۵ خراب کمزور - نازک (س پاترٹ - باریک) پتلا پان کی طرح (صفت) بہت پتلا - بہت باریک - پتلاپن (مذکر) ۱ دبلاپن - لاغری - باریکی ۲ لطافت نزاکت - رقت ۳ کمزوری - ضعف ۴ مائع ہونے کی حالت - کسی مائع میں پانی زیادہ ہونے کی حالت پتلا حال (مذکر) خراب حالت - غیر حال - پتلا حال کرنا (متعدی) ہونا (لازم) حالت خراب ہونا غیر حال ہونا - پتلا کپڑا (مذکر) باریک کپڑا - ہلکا کپڑا - کپڑا جس میں سے چیزیں نظر آئیں - پتلا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ باریک کرنا - دبلا کرنا - مہین کرنا ۲ پانی ڈال کر رقیق کرنا ۳ تیز کرنا (جیسے پنسل کو) پتلائی (مونث) دیکھو پتلاپن - پتلی (صفت - مونث) پتلا کی - پتلی آواز (مونث) باریک آواز - مہین آواز پتلی چیز (مونث) ۱ باریک چیز ۲ لطیف مادہ ۳ سیال مائع پتلی دال کھانے والا (صفت) کمزور - بزدل بودا - کم ہمت - پتلی کمر (مونث) باریک اور نازک کمر -

پتلا (ھ۔ مذکر) ایک پودا۔

پُتلا (ہ۔ مذکر) ۱بُت۔ مجسمہ۔ مورت۔ صنم۔ مورتی۔ لعبت: گڈا۔ گڑیا۔ صدقے کا گڈا گڑیا۔ ۲ آٹے کا بت جو ساحر اس انسان کی شکل کا بناتے ہیں۔ جسے نقصان پہنچانا منظور ہو۔ ۳ جسم۔ قالب۔ ڈھانچہ خاکہ۔ ہیولا ۵ خوبصورت آدمی۔ خوبرو شخص ۶ تلوار کا قبضہ۔ موٹھ ۷ (صفت) مجسم۔ ہوبہو۔ سرتاسر۔ (س پُتلکا۔ گڑیا) **پتلا بدھان** (ھ۔ مذکر) ۱پتلا بنا کر جلانا۔ اگر کوئی شخص کہیں دور مر جائے تو ہندو اس کا پتلا بنا کر جلاتے ہیں اور رسومات مرگ کرتے ہیں ۲ بعض دفعہ اظہار ناراضگی کے لئے کسی شخص کا پتلا بنا کر جلایا جاتا ہے۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پتلا خاک کا** (مذکر) انسان۔ قالب خاکی۔ تن خاکی۔ **پتلا گاڑنا** (متعدی) ایک قسم کا جادو۔ انسان کی شکل کا آٹے یا تھا کو کا پتلا بنا کر منتر پڑھ کر زمین میں دبا دیتے ہیں **پتلی** (مونث) ۱ پتلا کا ۲ آنکھ کا گول سیاہ حصہ ۳ گھوڑے کے سم کا وہ گوشت جو ابھرا ہوا ہوتا ہے ۴ شعبدہ گروں کی گڑیا ۵ کل۔ مشین۔ **پتلیاں** (مونث) پتلی کی جمع۔ **پتلیاں اُلٹ** (بدل، جانا (لازم) نزع کے وقت پتلیوں کا نیچے یا اوپر جانا۔ نزع کی حالت ہو جانا۔ **پتلیاں پتھرا جانا یا پتھرانا** (لازم) ۱ حیرت سے پتلیوں کا بے حس و حرکت ہو جانا ۲ پتلیوں سے نور جاتا رہنا۔ اندھا ہو جانا۔ **پتلیاں پھر جانا** (لازم) نزع کی حالت ہو جانا۔ **پتلی بن کے رہ جانا** (لازم) ساکت رہ جانا۔ دم بخود ہو جانا۔ **پتلی پھیر لینا** (متعدی) بے وفائی کرنا۔ طوطا چشم ہو جانا۔ بے مروتی کرنا۔ **پتلی پھیرنا** (متعدی) نگاہ پھیرنا۔ اشارہ کرنا **پتلی کا تارا** (صفت) بہت عزیز۔ بہت پیارا **پتلی کا تارا بنانا** (متعدی) بہت عزت کرنا تعظیم کرنا۔ **پتلی گھر** (مذکر) دخانی کارخانہ۔ کپڑا بننے کا کارخانہ **پتلی میں دم پڑنا** (لازم) نزع کی حالت ہونا۔ **پتلیوں** (مونث) پتلی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **پتلیوں سے نور جاتا رہنا** (لازم) اندھا ہو جانا۔ **پتلیوں کا تماشا** (مذکر) بھان متی کا تماشا۔ پتلیوں والے لکڑی کی پتلیوں کو تاروں کے ذریعے نچاتے اور کام کراتے ہیں۔ اور خود اس طرح سے بولتے ہیں۔ کہ معلوم ہوتا ہے پتلیاں باتیں کر رہی ہیں۔ **پتلیوں کا سانگ یا سوانگ۔ پتلیوں کا** ناچ (مذکر) پتلیوں کا تماشا۔ **پتلیاں نچانا** (متعدی) گڑیوں کا تماشا دکھلانا۔ **پتلیوں میں گھر کرنا** (متعدی) بہت عزیز ہونا۔ پیارا ہونا۔

پَتلانا (ھ۔ متعدی) پتلا کرنا۔

پِتلانا (ہ۔ لازم) ۱ پیتل کے برتن میں پکانے یا رکھے جانے سے کڑوا پن آجانا۔ کسلانا ۲ پیتل کی طرح رنگت ہو جانا (پیتل سے)

پُتلکا (ھ۔ مونث) گڑیا۔ پتلی لکڑی کی پتلی۔

پَتلو (ھ۔ مذکر) ۱ سوکھے پتے جو درخت سے گریں ۲ سرکنڈوں کے اوپر کے حصے جس کے چھپر باندھتے ہیں۔

پَتلُون (انگ۔ مونث) انگریزی وضع کا بٹن دار پاجامہ (اصل پنٹیلون)

پِتلی (ھ۔ صفت) پیتل کی بنی ہوئی

پِتمبر (ھ۔ صفت) دیکھو پیتامبر۔ **پتمبری** (صفت) زرد۔ پیلی۔ **پتمبرا** (ھ۔ مونث) ۱ وہ عورت جو اپنا خاوند خود انتخاب کرے ۲ ایک پودا

پَتمی (ھ۔ مونث) پرانا کماد اکھاڑ کر تازہ بونا۔

پَتَن (س۔ مذکر) ۱ گرنا۔ تنزل۔ گھٹاؤ ۲ نیکی۔ عزت وغیرہ میں کم ہونا یا گھٹنا ۳ لٹکنا۔ معلق ہونا ۴ سست ہو جانا۔ ڈھیلا ہونا۔ السانا۔ ۵ موت ۶ گل کر جانا ۷ سورج کا غروب ہونا ۸ تفریق ۹ کسی ستارے کا عرض بلد ۱۰ ایک راکشش ۱۱ (صفت) اڑنے یا گرنے والا۔

پَتَن (س۔ مذکر) ۱ شہر۔ قصبہ۔ آبادی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے مچھلی پتن۔ سرنگا پتن جو بگڑ کر مچھلی پٹم اور سرنگا پٹم ہو گئے ہیں ۲ ایک قوم کا نام۔ جو پتن میں رہتی تھی۔ **پتنا** (مونث) وکرم کی بیوی۔ **پتنا دکھتی** (مذکر) ایک راجہ۔

پَتَن (ھ۔ مذکر) ۱ دریا کی گزرگاہ گھاٹ ۲ بنانے والی چیزیں یا مال منگوانے کا کام۔

پَتنا (ہ۔ لازم) ۱ پوتا پھیرا جانا۔ پچارا پھرنا۔ پانی میں گھلی ہوئی مٹی۔ سفیدی یا کوئی رنگ پھرنا ۲ (مذکر) وہ کپڑا جس سے پوتتے ہیں۔

پَتنگ (ہ۔ مذکر) کنکوا (س۔ پتن اڑنا۔ گ۔ حرکت کرنا) **پتنگ اڑانا** (متعدی) کنکوا ہوا میں بلند کرنا۔ **پتنگ اڑنا** (لازم) کنکوے کا ہوا میں پرواز کرنا۔ **پتنگ باز** (صفت) کنکوے اڑانے یا لڑانے والا۔ **پتنگ بازی** (مونث) کنکوے اڑانا یا لڑانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پتنگ بڑھانا** (متعدی) ڈور باندھ کر کنکوا ہوا میں اڑانا **پتنگ بڑھنا** (لازم) پتنگ کا حریف کے پتنگ سے آگے نکل جانا۔ **پتنگ چھری** (مونث) ۱ لڑا دینے یا لگائی بجھائی کرنے والی عورت ۲ (صفت) لتری (لکھنؤ) **پتنگ ڈھا دینا** (متعدی) بڑھے ہوئے کنکوے کو گرا دینا (لکھنؤ) **پتنگ ڈھے جانا** (لازم) پتنگ کا بے قابو ہو کر گر جانا۔ **پتنگ کاٹ دینا** (متعدی) اپنے پتنگ کی ڈور سے دوسرے کے پتنگ کی ڈور کو کاٹ ڈالنا۔ **پتنگ کٹ جانا** (لازم) ۱ پتنگ کی ڈور کا کٹ کر پتنگ کا اڑ کر کہیں چلا جانا ۲ (تف) کہیں سے نکالا جانا۔ **پتنگ کی ڈور کا ہتے سے اکھڑ جانا** (لازم) ڈور کا ہتے کے پاس سے ٹوٹ جانا۔ **پتنگ گرنا** (لازم) کنکوے کا کٹ کر کسی جگہ گرنا۔ **پتنگ ملانا** (متعدی) پتنگ کا دوسری پتنگ کے برابر کرنا۔ یا اس کی طرف جھکانا (لکھنؤ)

پَتنگ (س۔ مذکر) ۱ پرندہ ۲ سورج ۳ گیند ۴ پتنگا ۵ ایک مصنف ۶ ایک پہاڑ ۷ کرشن جی **پتنگا** (مونث) ایک دریا جس کا ذکر قصوں میں آتا ہے **پتنگک** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **پتنگکا** (مونث) ایک چھوٹا پرندہ ۲ ایک قسم کی شہد کی مکھی۔

پَتنگا (ہ۔ مذکر) ۱ پروانہ۔ پروار کیڑا ۲ چنگاری جو ہوا میں اڑتی ہے۔ شرارہ۔ دہکتا ہوا چھوٹا کوئلہ (س۔ پت۔ اڑنا) **پتنگا ہونا** (لازم) جلدی جلدی حرکت کرنا۔ کسی کام کو چستی اور پھرتی سے کرنا۔ **پتنگے لگانا** (متعدی) شرارت کرنا۔ چھیڑنا۔ جلانا **پتنگے لگنا** (لازم) غصہ لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

پَتنی (س۔ مونث) ۱ پتی کا مونث ۲ بیوی۔ جورو۔ زوجہ۔ **پتنی بھاگ** (مذکر) بیواؤں کے درمیان خاوند کے مال کی تقسیم۔

پَتنی (ھ۔ صفت) حکم سے تیار کی ہوئی یا بنائی ہوئی (چیز)

پَتوا (ھ۔ مذکر) پتا۔

پَتوار (ہ۔ مونث) ۱ وہ لکڑی جو کشتی یا جہاز کے پچھلی طرف لگی ہوتی ہے اور اس کا رخ موڑنے کے کام آتی ہے۔ کنہر۔ دنبال۔ سکان ۲ کھمبا۔

اڑ و اڑ - (س - پاتر - برتن - پانی لیجانے والا)

پتواس (ہ - مذکر) ۱ پرندوں کے بیٹھنے کا اڈا ۲ ایک بانس کے اوپر بانس کی مربع چھتری باندھ کر کھڑا کر دیتے ہیں - اس پر پرندے بیٹھتے ہیں ۳ باز یا عقاب کے بیٹھنے کا اڈا -

پتوال (ہ - مونث) دیکھو پتوار -

پتوانا (ہ - مم) پوتنا کا پتوائی (مونث، دیکھو پتائی -

پتوریا (ہ - مونث) دیکھو پتریا اور پاتر -

پتود - پتوہو (ہ - مونث) بیٹے کی بیوی - بہو -

پتھ (س - مذکر) رستہ - سڑک راہ - شارع عام - شاہراہ - **پتھ خرچ** (مذکر) سفر خرچ - زاد راہ - **پتھک** (مذکر) **پتھک کا - پتھکی** (مونث) ۱ مسافر - راہ رو - راہگزر ۲ راہ دکھانے والا - **پتھن** - (مذکر) ۱ سڑک - رستہ ۲ نرک کا ایک حصہ -

پتھ (ہ - مذکر) مریض کے لئے ہلکی - لطیف یا موزوں غذا - پرہیزی کھانا - شربت جو دوائی کے طور پر استعمال کیا جائے

پتھا جانا (ہ - لازم) اپلے بنانا

پتھر (ہ - مذکر) **پتھر** (تف) ۱ چٹان کا ٹکڑا - سنگ ۲ جواہر - ہیرا - لال - یاقوت - زمرد - پکھراج - نیلم وغیرہ ۳ کسی قسم کا سنگ - سنگ مرمر - موسے یشب یا خارا وغیرہ ۴ سخت چیز - کڑوی چیز ۵ مجازاً کنواری بیٹی ۶ دشوار کام ۷ (صفت) سنگ دل - بے رحم ۸ بھاری - وزنی گراں ۹ دیر ہضم - ثقیل ۱۰ مشکل دقیق - دشوار ۱۱ کنجوس - ممسک ۱۲ کند ذہن - غبی ۱۳ بیوقوف - احمق ۱۴ ناخوشگوار - ناپسند ۱۵ بہت - بیحد ۱۶ ہیچ - معمولی ۱۷ ساکت - خاموش - چپ - **پتھر اچھوتا کرنا** (متعدی) پتھروں کی بوچھاڑ کرنا - بہت سے پتھر پھینکنا - **پتھر ادھیڑنا** (متعدی) پتھر اکھاڑنا پتھرا دینا (متعدی) **پتھرانا** (لازم) ۱ پتھر ہو جانا پتھر بن جانا - سخت ہو جانا ۲ اندھا ہو جانا - بینائی جاتی رہنا پتلی کا بے حس ہو جانا - **پتھراؤ** (مذکر) سنگ باری - پتھر پھینکنا **پتھراؤ کرنا** - **پتھراونا** (متعدی) پتھر پھینکنا سنگباری کرنا - **پتھر باز** (صفت) پتھر پھینکنے والا - وہ شخص جسے پتھر پھینکنے کا شوق ہو - **پتھر بازی** (مونث) پتھر پھینکنا - پتھر لڑنا - ایک دوسرے کو پتھر مارنا - **پتھر برسانا** (متعدی) بہ تعداد میں پتھر پھینکنا - پتھر مارنا - **پتھر برسنا** (لازم) اولے پڑنا - **پتھر بن جانا** (لازم) سخت دل ہو جانا - بے رحم ہو جانا - ترس نہ کھانا ۲ کسی بات کا اثر نہ ہو - **پتھر پانی ہو جانا** (لازم) سخت دل کا نرم ہو جانا - بے رحم کو رحم آ جانا - **پتھر پر لگانا** (متعدی) تیز کرنا دھار دار رکھنے کو - **پتھر پر دے مارنا** (متعدی) توڑ دینا - **پتھر پڑنا** (لازم) ۱ سنگ باری ہونا ۲ اولے پڑنا ۳ آفت آنا - مصیبت پڑنا ۴ تباہ ہونا - برباد ہونا ۵ بڑا کام ہونا - کارگزاری کرنا **پتھر پڑیں** (ہو) ۱ غارت ہو - تباہ ہو ۲ لعنت ہو تف ہے - **پتھر پسیجنا** (لازم) سنگدل کا موم ہونا - بے رحم کا رحم کرنا - **پتھر پگھلنا** (لازم) بے رحم کو رحم آنا - معشوق کا مہربان ہونا عموماً نفی کے ساتھ - **پتھر پھوڑ (۱)** (مذکر) سنگتراش ۲ پتھر توڑنے والا ۳ ہد ہد - کٹھ پھوڑا - **پتھر پھوڑیاں** (مونث) مونگ - ماش کے آٹے سے مسالے ڈال کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا لیتے ہیں - اور ان سے شوربا بناتے ہیں - **پتھر پھینکنا** (متعدی) پتھر مارنا - بہت سے پتھر برسانا - **پتھر تراشنا** (متعدی) پتھر کاٹنا - پتھر کو کاٹ کر کوئی چیز یا بت بنانا - **پتھر تلے دامن (ہاتھ) آنا یا دبنا** (لازم) مشکلات میں پھنسنا مصیبت میں پھنسنا تکلیف میں پھنسنا - **پتھر تلے سے ہاتھ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) زبردست کے پنجے سے رہائی پانا - نجات پانا مصیبت سے بچنا **پتھر تلے کا ہاتھ** (مذکر) بے اختیاری - مجبوری لاچاری - **پتھر تلے ہاتھ ہونا** (لازم) ۱ مجبور ہونا لاچار ہونا - بے بس ہونا ۲ زبردست کے قابو میں ہونا ۳ سخت مصیبت میں ہونا - مشکلات میں پھنسنا ۴ کسی بھاری چیز کے نیچے ہاتھ دب جانا - **پتھر چاٹنا** (متعدی) کسی دھار دار چیز کا پتھر پر رگڑے جانے سے تیز ہو جانا **پتھر چٹ** (مذکر) پتھر کاٹنے والا - سنگتراش **پتھر چٹا** (مذکر) ۱ وہ شخص جسے اپنے گھر سے بڑی محبت ہو ۲ سخت کنجوس - مکھی چوس ۳ ایک قسم کی گھاس ۴ ایک قسم کا سانپ ۵ ایک قسم کی مچھلی - **پتھر چٹانا** (متعدی) کسی دھار دار آلے کو تیز کرنا - سان پر رکھنا یا لگانا **پتھر چلانا** (متعدی) پتھر پھینکنا - **پتھر چلنا** (لازم) پتھروں کی بوچھاڑ پڑنا - بہت تعداد میں پتھر پڑنا **پتھر چھاتی** (پر) دھر لینا - دھرنا یا رکھنا (متعدی) ۱ صبر کرنا ضبط کرنا - چپ کرنا ۲ دل سخت کر لینا **پتھر ڈھلکانا** (متعدی) مصیبت جھیلنا - **پتھر ڈھونا** (متعدی) ۱ سخت محنت کرنا - بڑی محنت سے کام کرنا ۲ وقت ضائع کرنا - (مت) **پتھر روئی کا گالا ہو جانا** (لازم) سنگ دل کا نرم ہو جانا - بے رحم کا رحم کرنا - **پتھر زمین** (مونث) مشکل زمین - جس کے ردیف قافئے سخت مشکل ہوں - **پتھر سا پھینک مارنا - کھینچ مارنا یا مارنا** (متعدی) ۱ سخت یا کڑا جواب دینا ۲ بے سوچے سمجھے جواب دینا ۳ انکار کرنا - **پتھر سے سر پھوڑنا یا مارنا** (متعدی) ناسمجھ کو سمجھانے کی کوشش کرنا - بے عقل کو سمجھانا - بے وقوف اور کم عقل کو تعلیم دینا - **پتھر سے شرر نکلنا** (لازم) سخت گرمی پڑنا **پتھر سے نصیب پھوٹنا** (لازم) سنگدل سے پالا پڑنا - سخت بدقسمت ہونا - **پتھر کا بن جانا** (لازم) سنگدل ہو جانا - **پتھر کا پگھلنا** (لازم) سنگدل کا نرم ہو جانا - بے رحم کا رحم کرنا - **پتھر کا جگر** (مذکر) ۱ سخت کلیجہ ۲ (صفت) بے رحم - سنگدل - **پتھر کا جگر پانی ہونا** (لازم) سنگدل کو ترس آ جانا **پتھر کا چھاپا** (مذکر) اردو - فارسی - عربی وغیرہ کی کتابیں پتھر پر حروف جما کر چھاپی جاتی ہیں اس لئے ان کا چھاپا پتھر کا چھاپا کہلاتا ہے - **پتھر کا دل** (مذکر) ۱ سخت دل ۲ (صفت) بے رحم - سنگدل - **پتھر کا دل موم (نرم) ہو جانا** (لازم) بے رحم کو رحم آ جانا ترس آ جانا - **پتھر کا فرش** (مذکر) وہ فرش جس پر پتھر لگا ہو - یا پتھر کے ٹکڑے ڈال کر کوٹا گیا ہو - **پتھر کا کام** (مذکر) ۱ تعمیر جس میں اینٹوں کی بجائے پتھر لگایا گیا ہو ۲ پتھر پر نقش و نگار کر کے مکان میں لگانا **پتھر کا کلیجا** (مذکر و صفت) دیکھو پتھر کا جگر - **پتھر کا کلیجا (بھی) پگھل جانا یا پانی ہونا** (لازم) سخت سے سخت دل آدمی (بھی) رونے لگنا - سخت دل شخص کا (بھی) رحم کرنا - **پتھر کا کلیجا کر لینا** (متعدی) دل کو سخت کر لینا - سنگدل ہو جانا **پتھر کا کیڑا** (مذکر) پرانے زمانے میں خیال تھا کہ بعض پتھروں کے اندر ایک قسم کا کیڑا ہوتا ہے - جسے باہر نکلنے کو راستہ نہیں ہوتا - وہ پتھر کے اندر ہی اپنی خوراک حاصل کرتا ہے - **پتھر کا ہونا** (لازم) سخت دل یا سنگدل ہونا - **پتھر لڑکانا** (متعدی) دیکھو پتھر لنڈھانا

پتھر کلا (مونث) بندوق جس میں چقماق لگی ہوئی ہو۔ پتھر کلیجے پر دھرنا۔ پتھر چھاتی پر دھرنا۔ پتھر کو پانی کر دینا یا کرنا (متعدی) سنگدل کو نرم دل کر دینا۔ پتھر کو موم بنانا یا کرنا (متعدی) سخت چیز کو نرم بنانا: سنگدل کو نرم کر دینا۔ پتھر کھانا (متعدی) پتھروں کی مار کھانا۔ پتھر پڑنا۔ پتھر کھینچ مارنا پتھر کسی کی طرف غصے میں پھینکنا۔ سخت جواب دینا۔ ایسی بات کہنا جو دوسروں کو ناگوار ہو۔ پتھر کے پتھر رہے جیسے تھے جاہل کے جاہل رہے۔ پتھر کی تصویر بننا (لازم) چپ ہو جانا۔ خاموش ہو جانا۔ پتھر کے تلے ہاتھ دبانا (متعدی) خود اپنے آپ کو مصیبت میں پھنسانا یا مشکل میں ڈالنا۔ پتھر کے تلے ہاتھ دبنا (لازم) مجبور ہونا۔ بے بس ہونا۔ پتھر کی چھاتی (مذکر۔ صفت) بڑا حوصلہ۔ بڑا جگر۔ سخت جان۔ پتھر کی چھاتی کر لینا (متعدی) صبر کرنا۔ ضبط کرنا۔ تحمل کرنا۔ پتھر کی لکیر یا لیکھ (مونث) نہ مٹنے والی چیز: (صفت) پکا۔ پائدار۔ مضبوط۔ مستقل۔ نہ مٹنے والا۔ پتھر کے نیچے ہاتھ ہونا (لازم) مشکل میں پھنسنا۔ پتھر گھسنا (متعدی) کسی چیز پر رگڑ کر پتھر کو فرسودہ کرنا۔ (لازم) پتھر کا کسی چیز کے رگڑے جانے سے فرسودہ ہونا۔ پتھر لڑھکانا یا لنڈھانا (متعدی) پتھر پھینکنا اس طرح کہ زمین کے ساتھ لڑھکتے جائیں۔ پتھر پھسلانا: ثقیل لفظ استعمال کرنا۔ پتھر مارنا (متعدی) سنگ زنی کرنا۔ پتھر چپکانا: روکھے پن سے جواب دینا سخت جواب دینا۔ کڑی بات کہنا۔ دیوانے کی سی حرکتیں کرنا۔ پتھر مارے موت نہیں (محاورہ) سخت بےحیا اور بےغیرت کے متعلق کہا جاتا ہے۔ بہت سخت جان ہے۔ پتھر موم کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو پتھر کا موم۔ پتھر میں تخم الفت بونا (متعدی) سنگ دل سے محبت کرنا۔ پتھر میں جونک لگنا (لازم) حیرت انگیز بات ہونا۔ ناممکن بات ممکن ہو جانا: دشوار امر کا ہونا: بےرحم کا رحم کرنا۔ سنگدل کا نرم ہونا: بخیل کا فیاضی کرنا۔ پتھر نچوڑنا (متعدی) سنگدل کو رحم دلانا: ناممکن کام کو ممکن کر دینا: بخیل سے فیض پانا۔ ہمت۔ پتھروٹا (مذکر) پتھروٹی (مونث) پتھر کا پیالہ۔ پتھر ہو جانا یا ہونا (لازم) سخت ہو جانا۔ جم کر سخت ہونا: بھاری ہو جانا: خاموش ہو جانا۔ چپ ہو جانا: بیکار رہنا۔ نکما ہونا: سنگدل ہونا۔ بےرحم ہونا: دشوار ہونا۔ مشکل ہونا: اندھا ہونا: بےاثر ہونا۔ بےپروا ہونا: پتھر بن جانا۔ پتھرانا۔

پتھری (مونث) پتھر کا چھوٹا ٹکڑا: پتھر کا ٹکڑا جس پر استرہ چاقو وغیرہ تیز کرتے ہیں: سنگ چقماق جس سے آگ جھاڑتے ہیں: ایک مادہ جو مثانہ۔ جگر یا پتے کے اندر پیدا ہو جاتا ہے: سنگدان جو پرندوں کے پیٹ میں ہوتا ہے: سنگریزہ: ایک قسم کی گھاس جو پتھر پر اگتی ہے۔ پتھریل۔ پتھریل (ہ) پتھریلا (صفت) پتھر کا۔ پتھر ملا ہوا۔ پتھریلی (صفت۔ مونث) پتھر کی۔ پتھر ملی ہوئی۔ پتھریلی زمین (مونث) وہ زمین جس میں پتھر کے ٹکڑے پائے جائیں۔

امثال واقوال۔ پتھر پر دکو جونک نہیں لگتی: سنگدل پر کسی بات کا اثر نہیں ہوتا: ایسا بدذات ہے کہ اس کو کوئی نصیحت کارگر نہیں ہوتی: ایسا بیوقوف ہے کہ تعلیم اور تربیت کا اس پر کوئی اثر نہیں ہوتا: اس قدر کنجوس ہے کہ اس سے کچھ ملنے کی امید نہیں۔ پتھر پہ کیا اثر۔ بیوقوف پر تعلیم و تربیت کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ پتھر لوجے سر ملے تو میں پوجوں سنسار۔ خوشامد سے کام نکلے تو میں بےحد خوشامدی بن جاؤں۔ پتھر سے چکی بھلی جو پیس کھائے سنسار۔ بتوں کی پوجا پر طنز ہے۔ پتھر کا جواب پتھر۔ سخت بات کا جواب سخت ہونا چاہئے۔ پتھر کے کیڑے کو بھی خدا دیتا ہے رازق مطلق ہر ادنےٰ اور اعلےٰ کا روزی رساں ہے۔ پتھر مارے موت نہیں آتی۔ موت اپنے وقت مقررہ پر آتی ہے۔ پتھر موم نہیں ہوتا۔ سنگدل کو کبھی رحم نہیں آتا۔

پتھل (ہ۔ مذکر) پتھر۔

پتھنا (ہ۔ متعدی) گوبر کے اپلے بنانا: زدوکوب کرنا: (لازم) اپلے بننا۔

پتھواری (ہ۔ مونث) وہ جگہ جہاں اپلے تھپے جاتے ہیں۔

پتھی (ہ۔ مونث) پیاز کی آنڈی

پتھیا (س۔ مذکر) بڑی قسم کا ایک درخت: سنسکرت کا ایک وزن یا بحر۔

پتھیر (ہ۔ مونث) اینٹیں بنانے کی جگہ۔ پتھیرا (مذکر) وہ شخص جو کچی اینٹیں پاتھے۔

پتئی (ہ۔ مذکر) گھاس یا سرجو پودے یا تازہ بوئے ہوئے پودوں پر دھوپ کی تیزی سے بچانے کے لئے ڈالی جائے۔

پتی (س۔ مذکر) خاوند۔ دیکھو پت کے تحت میں۔

پتی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی خارش۔ جوش خون کی وجہ سے دانے بدن پر نکل آتے ہیں۔ پتی اچھلنا یا نکلنا (لازم) بدن پر دانے نکل کر خارش ہونا۔ پتی کا پیدا ہونا۔

پتیا (ہ۔ مونث) پتی کی تصغیر چھوٹی پتی: خط۔ چٹھی: تحریری رائے جو پنڈت ہندو شاستر کی رو سے کسی معاملے کے متعلق دے۔

پتیا (ہ۔ مذکر) چچا۔ پتر دیہ۔

پتیار (ہ۔ مونث) دیکھو پتوار

پتیارا (ہ۔ مذکر) اعتبار: اعتماد یقین۔ پرتیت۔ ساکھ۔ بھروسہ۔

پتیانا (ہ۔ متعدی۔ پتیانا دہ) یقین کرنا۔ باور کرنا۔ اعتبار کرنا: خیال میں لانا۔ نام میں لانا: راضی ہونا: نرمی کرنا۔ نرم ہونا: قابو میں آنا: رجوع کرنا۔ الگ نہ رہنا۔

پتیانی (ہ۔ مونث) باپ کی بہن۔ پھوپھی۔

پتیت (ہ۔ مذکر) غیر مزروعہ زمین۔ بنجر۔ پتیت کمی (مونث) زمین مزروعہ رہنے کی وجہ سے مالگزاری میں کمی۔

پتیری (ہ۔ مونث) ایک قسم کی چٹائی۔

پتیل (ہ۔ صفت) پتلا۔ باریک مہین۔

پتیل (ف۔ مذکر) فتیلہ۔ چراغ کی بتی۔ پتیل سوز (صفت) شمعدان۔

پتیلا (ہ۔ مذکر) کھانا پکانے کا بڑا چوڑے منہ کا برتن۔ پتیلا چڑھا ہونا (لازم) پتیلا جس میں سالن پک رہا ہو۔ چولھے پر رکھا ہونا۔ سالن پک رہا ہونا۔ پتیلی (مونث) چھوٹا پتیلا۔ دیگچی۔

پٹ (ہ۔ مذکر) کواڑ۔ دروازے کے دو تختوں میں سے ایک: کپڑا۔ موٹا کپڑا۔ کپڑے کا ٹکڑا: کپڑے کی تہ: چادر۔ گھونگھٹ۔ نقاب: کپڑے کا عرض

پاٹ ۵ شطرنج یا چوپٹ کھیلنے کا کپڑا۔ ۶ (ہ) کرسی تخت گدی ۷ پگڑی کلغی۔ تاج ۸ جاگیر کا حکم جو پتر یا پتھر پر کندہ ہوا ہو ۹ گانڈو۔ اوندھا ۱ (صفت) اوندھا سرنگوں۔ اوپر تلے ۲ الٹا پیٹ کے بل جھکا ہوا ۳ فضول بیفائدہ۔ بے اثر ۴ غیر مزروعہ۔ بغیر کاشت ۵ بنجر۔ ویران۔ اجاڑ ۶ جسکی طرف توجہ نہ ہو۔ بھولا ہوا۔ برباد تباہ ۷ (تف) جلدی سے۔ فوراً۔ یکلخت۔ دفعتاً۔ **پٹا پٹ** (مونث) ۱ کسی چیز کے لگاتار گرنے کی آواز ۲ بارش کی آواز ۳ مسلسل مارنے کی آواز ۴ پھلوں کے متواتر زمین پر گرنے کی آواز ۵ جوں مارنے کی آواز ۶ (تف) لگاتار متواتر۔ مسلسل۔ **پٹا پٹ بولنا** (لازم) متواتر یا لگاتار باتیں کرنا۔ **پٹاپٹی** (مونث) ایک دھاری دار کپڑا۔ **پٹاپٹی کا پردہ** (مذکر) وہ پردہ جس میں رنگ برنگی دھاریاں یا پھول ہوں۔ **پٹاپٹی کا موباف** (مذکر) چوٹی باندھنے کا دھاریدار کپڑا۔ **پٹاپٹی کی گوٹ** (مونث) کئی رنگ کی گوٹ۔ **پٹاپٹی کی نواڑ** (مونث) کئی رنگ کی دھاری دار نواڑ۔ **پٹ اڑ ھکنا** (ہ) **اڑکنا** (ہ) بند کرنا یا بھیڑنا (متعدی) کواڑ بند کرنا **پٹ پٹ** (مونث) ۱ متواتر گرنے کی آواز ۲ مسلسل مارنے کی آواز۔ **پٹ پٹ بولنا** (لازم) تڑاق پڑاق بولنا۔ بے جھجک گفتگو کرنا۔ **پٹ پٹ دینا** (ہ) بچے کو مارنا **پٹ پر یا پڑ** (صفت) ۱ ہموار برابر۔ یکساں ۲ بغیر درختوں کے ۳ (مذکر) چٹیل میدان۔ اجاڑ بنجر زمین ۴ گیلی زمین جو بارش کے بعد پھٹ جائے ۵ وہ زمین جو دریا کی طغیانی کے بعد قابل زراعت ہو جائے **پٹ پڑا** (مذکر) ۱ کھیوٹ پڑ ۲ (ہ) ہمسری۔ برابری **پٹ پڑ کی ناؤ** (مونث) بیل گاڑی۔ گاڑی جس میں بیل جتیں **پٹ پڑنا** (لازم) ۱ اوندھا گرنا۔ منہ کے بل گرنا۔ پیٹ کے بل گرنا ۲ تلوار کا چوڑائی کے بل گرنا ۳ بے اثر ہونا۔ غیر موثر ہونا بے سود ہونا۔ کارگر نہ ہونا ۴ خلاف ہونا۔ غلط ہونا۔ **پٹ دیوی یا رانی** (ہ۔ مونث) ۱ رانی جسکو تاج پہنایا جائے ۲ راجہ کی بڑی رانی۔ **پٹ سے بولنا** (لازم) بیچ میں بول اٹھنا۔ فوراً بول اٹھنا۔ **پٹ کھولنا** (ہ) ۱ پردہ ہٹانا۔ اوپر سے کپڑا یا چادر ہٹانا۔ گھونگھٹ اٹھانا۔ نقاب اٹھانا ۲ دروازہ کھولنا۔ کواڑ کھولنا۔ **پٹ لگانا** (متعدی) **مارنا** (ہ) دروازہ بند کرنا۔ کواڑ بند کرنا **پٹ وستر** ا (ہ) کپڑا جسے پٹ بھی کہتے ہیں **پٹ**

ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ اوندھا پڑ جانا۔ پیٹ کے بل لیٹ جانا ۲ بند ہو جانا۔

پَٹ (ہ۔ امر) پٹنا کا (س پٹ)

پٹا (امر) ۱ پٹانا کا ۲ (ماضی) پٹنا کی۔ **پٹا پڑنا** (لازم) کثرت سے ہونا۔ **پٹا دینا۔ پٹانا** (متعدی) ۱ چھت ڈلوانا ۲ پوشش کرانا ۳ فرش بنوانا۔ لکڑی کا فرش بنوانا ۴ پانی دلوانا۔ آبپاشی کرانا ۵ بھروانا۔ گڑھے کو پر کرانا ۶ وصول کرانا۔ تحصیل کرانا ۷ چوکا تیار کرانا۔ چوکے میں گوبری کرانا ۸ (معاملہ) سودا کرانا جھگڑا فیصلہ کرانا۔ چکانا۔ **پٹاؤ** (مذکر) ۱ چھت بندی ۲ تختوں کی فرش بندی ۳ تختہ جس کو دروازے پر رکھتے ہیں ۴ چھت ڈالنے کا سامان جیسے کڑیاں۔ تختے وغیرہ ۵ آبپاشی۔ **پٹاؤ رکھنا** (متعدی) ۱ چھت بندی کرنا ۲ تختوں کی فرش بندی کرنا ۳ دروازے پر تختہ رکھنا۔ **پٹاؤ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ چھت بندی ہونا ۲ تختوں کا فرش ہونا۔ **پٹ جانا۔ پٹنا** (لازم) ۱ بھرنا۔ اٹنا ۲ چھت پڑنا ۳ چھایا جانا ۴ آبپاشی ہونا۔ پانی ملنا ۵ بکثرت ہونا۔ بہت ہونا ۶ ادا ہونا۔ چکنا واپس ہونا۔ لوٹنا ۷ حاصل ہونا ۸ قبول کرنا۔ لینا (ہنڈی) ۹ اچھا کام چلنا۔ سرسبز ہونا ۱۰ پھیلنا۔ بڑھنا ۱۱ معاملہ طے ہونا چکوتا یا فیصلہ ہونا۔ **پٹوانا** (مم) ۱ دیکھو پٹانا ۲ قرضہ چکانا ۳ ہنڈی کا وصول کرانا ۴ آبپاشی کرانا ۵ روپے کا ادا کرنا۔

پَٹّ (س۔ مذکر) پٹ (ہ)

۱ نقاش کا تختہ یا پٹی ۲ دھات کا پتر جسپر شاہی حکم کندہ کیا جائے ۳ دستاویز۔ وثیقہ۔ شاہی فرمان جو پتر یا پتھر پر کندہ ہو ۴ بیٹھنے کی جگہ۔ کرسی۔ گدی۔ تخت ۵ ریشم کا کپڑا ۶ پٹی یا بند زخم یا چوٹ پر باندھنے کا۔ پگڑی کلغی تاج۔ مکٹ ۷ سربند۔ سرپیچ ۸ دھجی۔ کترن ۹ ایک پودہ جس کے ریشوں سے سن بنتا ہے۔ **پٹا بھرام** (مذکر) ایک مصنف۔ **پٹ بیج** (مذکر) ایک قسم کا ٹاٹ۔ **پٹ دیوی یا رانی** (مونث) بڑی رانی۔ **پٹرنگ** (مذکر) ۱ ایک پودا جو کپڑے رنگنے کے کام آتا ہے ۲ (د) کپڑے رنگنے والا۔ رنگریز ۳ رنگریزوں کی ایک ذات **پٹشاک** (مذکر) ایک قسم کا ساگ۔

پِٹ (ہ۔ امر) پٹنا کا (س پٹھ) تکلیف پہنچانا

پٹا (امر) ۱ پٹانا کا ۲ (ماضی) پٹنا کی۔ **پٹانا** (متعدی) ۱ چھیڑنا۔ تنگ کرنا ۲ (مم) دیکھو پٹوانا۔ **پٹ جانا**

(لازم) دیکھو پٹنا۔ **پٹ چکنا** (لازم) مار کھا چکنا۔ **پٹنا** (لازم) ۱ مار کھانا۔ زدوکوب ہونا ۲ سزا ہونا۔ تنبیہ ہونا ۳ چوٹ کھانا۔ مقابلے میں ہار جانا ۴ (مذکر) جھکڑ۔ جھک ۵ موگری۔ موسل۔ **پٹنا پڑنا یا ہونا** (لازم) فکر و تردد رہنا۔ خیال رہنا۔ **پٹوانا** (مم) ۱ زدوکوب کرانا۔ مار کھلوانا ۲ ماتم کرانا ۳ ستانا۔ تنگ کرنا ۴ پچھوانا۔ رلانا۔

پُٹ (ہ۔ مونث) ۱ بو ۲ چاشنی۔ آمیزش ۳ خمیر۔

پُٹّ (س۔ مذکر) پُٹ (ہ)

۱ کسی چیز کا سکڑنا یا تنگ ہونا ۲ کسی چیز کو تہ کرنا یا دوہرا کرنا ۳ تہ۔ گڑھا ۴ گولائی۔ دور ۵ چادر اوڑھنا ۶ غلاف ۷ لنگوٹا۔ انگوچھا ۸ گھوڑے کا سم ۹ دونا ۱۰ پگھلانے یا گلانے والی چیز۔ ملین۔ محلل۔

پَٹّا (ہ۔ مذکر) ۱ فن سپاہگری کا ایک کھیل جسے پھری گدکے سے کھیلا جاتا ہے ۲ (ہ) ایک قسم کی دو دھاری تلوار۔ لمبی تلوار ۳ لکڑی کی تلوار پھری اور گدکا ۴ ڈنڈا۔ سونٹا۔ لاٹھی عصا ۵ تختہ جس پر ہندو بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں ۶ دھاری چوڑی لکیر ۷ کپڑے یا چٹائی کا لمبا کر چوڑا ٹکڑا ۸ لگام کا تکمہ یا سربند ۹ ایلوے کا پتا ۱۰ آدھی داڑھی یا آدھا چہرہ ۱۱ ایک قسم کی بہنچی۔ **پٹا کھیلنا** (متعدی) گدکے پھری سے لڑنا۔ **پٹا ہلانا** (متعدی) گدکے کی چوٹ کرنا۔ **پٹے** (مذکر) ۱ پٹا کی جمع ۲ بجائے پٹا حروف مغیرہ سے۔ **پٹے باز** (مذکر) گدکا کھیلنے والا شخص ۲ ایک کھنونا ۳ ایک قسم کی آتش بازی ۴ نخرے باز۔ عشوہ گر۔ کرشمہ ساز۔ **پٹے بازی** (مونث)۔ **پٹا پٹے کے ہاتھ دکھانا یا نکالنا** (متعدی) ۱ ہاتھوں کو اس طرح حرکت دینا جیسے گدکے لڑنے میں دیتے ہیں ۲ مجازاً جھوٹی دھمکی دینا۔

پٹا (مصر۔ جس) قدیم ممفس کا سب سے بڑا دیوتا جو انسان کی شکل کا تھا۔

پَٹّا (د۔ مذکر) ۱ جانوروں کے گلے کا تسمہ ۲ دستاویز جو کاشتکار زمیندار کو لکھ کر دیتا ہے ۳ کمر کسنے کا چمڑا۔ پیٹی ۴ چپراسی کا سلا ہوا کپڑا جو گلے یا کمر میں ڈالا جاتا ہے ۵ ٹھیکیداری کی دستاویز ۶ کامدار جوتی یا بانات کا ٹکڑا۔ جس پر کام بنا ہوا ہوتا ہے ۷ مردوں کے سر کے دونوں طرف اور پیچھے کو لٹکے ہوئے بال۔ پٹھے ۸ ایک تختہ جسپر ہندو کھانا کھانے یا مذہبی رسومات کرنے کے لئے بیٹھتے ہیں ۹ (ہ) کمہار کا تختہ۔

تختہ۔ میز۔ نا بیٹھک۔ نشستگاہ ۵ گھوڑے کا تنگ ۶ ایک زیور جو بالی کے ساتھ پہنا جاتا ہے ۷ ایک ماتھے کا زیور یا سربند ۸ تحصیلداروں کے لئے ایک ہدایات کی کتاب۔ پٹا اتارنا (متعدی) چپراس چھین لینا۔ چپراسی کو موقوف کر دینا۔ پٹا پھیر (مذکر) ہندوؤں کی شادی میں دولہا دلھن کا اپنی جگہ بدلنا پٹا پھیر کرنا (متعدی) گونے کی رسم کا خرچ بیاہ میں ادا کر دینا۔ مکلاوہ کر دینا (ہندوؤں کی رسم) پٹا تڑا جانا یا تڑانا (متعدی) ۱ جانور کا کھل جانا۔ پٹا توڑ کر نکل جانا ۲ بھاگ جانا ۳ آزاد ہو جانا ۴ مغرور ہو جانا۔ پٹا تعلق (مذکر) وہ پٹا جس کا انحصار کسی اور پٹے پر ہو۔ پٹا ٹھیکہ یا ٹھیکہ داری (مذکر) ٹھیکہ کی دستاویز یا اقرار نامہ۔ پٹا جاجات (مذکر) وہ پٹا جو ہر ایک کاشتکار کو علیحدہ علیحدہ دیا جائے پٹا غائی (مذکر) بیج کے طور پر جو ٹھیکہ دیا جائے۔ کسی قانون کے ماتحت نہ ہو۔ پٹا دار (مذکر) ٹھیکیدار جسے پٹہ لکھ کر دیا ہو۔ پٹا دہ سالہ (مذکر) دس سال کے لئے ٹھیکہ۔ پٹا دینے والا (مذکر) وہ شخص جو ٹھیکہ دے۔ پٹا رہن (مذکر) اس جائداد کا پٹا جو پٹا دار کے پاس رہن ہو۔ پٹا سلامی (مذکر) پٹے کی منظوری پر نذرانہ پٹا قبولیت (مذکر) بندوبست کی منظوری کا کاغذ پٹا لکھوا لینا۔ (متعدی) قول لینا۔ معاہدہ کر لینا۔ پٹوں (مذکر) پٹا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ پٹوں میں گھسنا یا چپکنا (لازم) بہت رسوخ پیدا کر لینا۔ ہر وقت ساتھ رہنا۔ دل میں گھر کر لینا۔ ہمراز بننا۔ پٹے (مذکر) ۱ جمع پٹا کی ۲ بجائے پٹا جو حروف مغیرہ سے پہلے آئے پٹے چھوٹنا (لازم) سر کے دونوں طرف لمبے لمبے بال ہونا۔

پٹاپر (ہ۔ مذکر) ایک پھل۔ رس بھری۔

پٹاخ (ہ۔ مونث) پٹاخے بندوق یا تھپڑ کی آواز (اصل پٹاک) پٹاخا (مذکر) ایک قسم کی آتشبازی۔ جس کے چلنے پر دھماکے کی آواز نکلے ۲ چالاک یا طرار شخص ۳ بیچ میں بول اٹھنے والا آدمی ۴ فاحشہ یا بدکار عورت ۵ بندوق کی ٹوپی پٹاخا چلانا (متعدی) چلنا یا چھوٹنا (لازم) پٹاخے کو آگ لگنا اور اس کا دھماکے کی آواز دینا۔ پٹاخ سے (تمتم) آواز سے۔ دھماکے سے۔ پٹاخ سے بولنا (لازم) ۱ بیچ میں بول اٹھنا۔ بے لحاظ بول اٹھنا ۲ تڑاق پڑاق بولنا۔ جو منہ میں آئے کہہ دینا ۳ جلدی بولنا۔

پٹارا (ہ۔ مذکر) ۱ بانس یا بید کا گول ڈھکنے دار ٹوکرا جس میں کپڑے رکھتے ہیں ۲ پیسرنگے ٹوکرا (س۔ پٹک) پٹارا توڑنا (متعدی) پٹارے میں سے چوری کر لینا۔ پٹاری (مونث) ۱ چھوٹا پٹارا ۲ انگور رکھنے کی چھوٹی ٹوکری ۳ پاندان۔ پٹاری کا خرچ (مذکر) پاندان کا خرچ۔ جیب خرچ جو شادی کے وقت دولہا سے دلھن کو دینے کے لئے نکاح نامہ میں لکھوا لیتے ہیں۔ (لکھنا لکھوانا کے ساتھ) پٹاری میں بند رکھنے کے قابل (صفت، طنزاً) نادر عجیب عجیب و غریب۔

پٹاری (ہ۔ مونث) ایک کیڑا جو چاولوں میں پیدا ہوتا ہے ۲ (ہ) دیکھو پٹارے کے تحت میں۔

پٹاس (انگ۔ مذکر) پوٹاش ایک مرکب مادہ جو پٹاسیم آکسیجن اور ہائیڈروجن سے مرکب ہوتا ہے۔ بارود اور صابن بنانے میں کام آتا ہے۔ پٹاسیم (مذکر) ایک دھاتی عنصر پانی سے ۸۰ گنا ہلکا ہوتا ہے پانی میں ڈالنے سے جل اٹھتا ہے۔

پٹاق (دہلی) پٹاک (ہ۔ مونث) دیکھو پٹاخ۔

پٹ بندھک (ہ۔ مذکر) رہن گروی۔ کفالت ۲ ضمانت۔ وعدہ ۳ اقرار ۴ ایسا رہن جس میں اصل اور سود ایک مقررہ وقت پر ادا کرنے کا وعدہ ہو۔

پٹ بیجنا (ہ۔ مذکر) جگنو۔ کرم شب تاب۔

پٹ پٹ (ہ۔ مونث) پٹینا۔ تھکا فضیحتی۔ ٹھونا جھک جھک کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ پٹپٹانا (متعدی) حسرت کرنا ۲ افسوس کرنا۔

پٹپٹانا (ہ۔ متعدی) کسی چیز کو گرم ریت بھبل میں بھون لینا۔

پٹپٹیا (ہ۔ صفت) اون کو صاف کرنے والا۔

پٹ پچھنا (ہ۔ مذکر) آخری بچہ۔ وہ بچہ جو سب اولاد کے بعد پیدا ہوا ہو۔

پٹخ (ہ۔ امر) پٹخنا کا۔ پٹخ جا گی سوجن کم ہو جائے گی۔ پٹخ دینا۔ پٹخنا (متعدی) ۱ کشتی میں زمین پر دے مارنا۔ گرا دینا ۲ (مذکر) زمین پر دے مارنے کی آواز ۳ زمین پٹخنی (مونث) دیکھو آخری پٹخنیاں پٹخنی دینا (متعدی) زمین پر بار بار دے مارنا پٹخنیاں پٹخنی کھانا (متعدی) ۱ گر پڑنا ۲ گر گر کر سنبھلنا اور پھر گرنا ۳ پچھاڑیں کھانا پٹخوانا (لازم) کسی سے ذلیل کروانا۔

پٹر پٹر (ہ۔ تف) ۱ تڑاق پڑاق بے روک ٹوک۔ صاف صاف ۲ آنکھ ملا کر ۳ آنکھیں کھول کر۔ پٹر پٹر بولنا (لازم) تڑاق پڑاق باتیں کرنا۔ بہت باتیں کرنا۔ پٹر پٹر دیکھنا (متعدی) آنکھیں کھول کر دیکھنا۔

پٹرول (انگ۔ مذکر) ۱ دیکھو پٹرول ۲ نہایت صاف مٹی کا تیل جو موٹروں اور مشینوں کے چلانے کے کام آتا ہے۔ ہر دو معنوں کے لئے انگریزی میں ہجے مختلف ہیں۔

پٹڑا (ہ۔ مذکر) ۱ تختہ ۲ تختہ جس کے دونوں طرف چھوٹے چھوٹے پائے لگے ہوں نہانے کی چوکی ۳ دھوبیوں کے کپڑا دھونے کا تختہ ۴ سہاگا۔ لکڑی کا تختہ جو زمین ہموار کرنے کو پھیرتے ہیں ۵ تختہ جس پر آٹا گوندھتے ہیں ۶ کچا اناج ۷ تختہ جس پر مردے کو نہلاتے ہیں۔ پٹڑا پھیر دینا (متعدی) برباد کر دینا۔ دولت کا صفایا کر دینا۔ پٹڑا پھیر کرنا (متعدی) دیکھو پٹا پھیر کرنا۔ پٹڑا پھیرنا (متعدی) ۱ سہاگا پھیرنا ۲ دولت برباد کر دینا۔ پٹڑا کر دینا (متعدی) ۱ تباہ یا برباد کر دینا ۲ برابر یا ہموار کر دینا ۳ چپ کرا دینا ۴ کمزور کر دینا۔ طاقت کم کر دینا پٹڑی (مونث) ۱ چھوٹا تختہ۔ تختی ۲ روش۔ چمن یا باغ کا گھاس والا رستہ ۳ ران۔ گھوڑے پر سوار کی نشست ۴ ایک قسم کا ہاتھ کا زیور ۵ چاندی یا تانبے کی تختی جس پر تعویذ کھدا ہو ۶ کھپریل کا کھپرا جس پر نلیاں رکھتے ہیں ۷ کپڑے کے اوپر کی چوڑی لکیر ۸ نہر کا کنارا پٹڑیاں (مونث) پاؤں کا ایک زیور۔ پٹڑی توڑ دینا۔ یا توڑنا (متعدی) ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا (لازم) نہر کا کنارہ ٹوٹ جانا۔ نہر کے کنارے میں سوراخ ہو جانا پٹڑی جمانا (متعدی) جمنا (لازم) ۱ آسن جمنا۔ رانیں جمنا ۲ رانوں سے زین کو زور سے پکڑا جانا۔ پٹڑے (مذکر) ۱ جمع پٹڑا کی ۲ بجائے پٹڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ پٹڑے کا پٹڑا (صفت) موٹا تازہ

پٹس (ہ۔ مونث) ۱ پٹینا۔ ماتم

کہرام ۲ زدوکوب (پیٹنا سے) **پٹس پڑنا یا مچنا** (لازم) ۱ ماتم ہونا - کہرام ہونا ۲ محرم میں گریہ اور ماتم ہونا ۳ مار پڑنا -

پٹسن (ہ - مذکر) ایک پودہ جس میں سے سن نکالتے ہیں -

پٹش (س - مذکر) نیزہ - **پٹشی** (مذکر) نیزہ باز -

پٹک (ہ - امر) پٹکنا سے - پٹکا (امر) پٹکانا کا ۲ (ماضی) پٹکنا کی - **ٹپکانا** (متعدی) دیکھو پٹخا ۱ - **پٹکن** (مونث) ۱ گرنا ۲ زمین سے ٹکر ۳ دھکا - ضرب ۴ سوجن کا کم ہونا ۵ بے چینی جو بیماری کے بعد ہو - **پٹکنا** (متعدی و مذکر) دیکھو پٹخنا **پٹکنا دینا** (متعدی) زمین پر بار بار دے مارنا - **پٹکنا کھانا** (متعدی) دیکھو پٹخنی کھانا - **پٹکنی** (مونث) دیکھو پٹخنی - **پٹکی** (مونث) ضرب - دھکا - صدمہ - **پٹکی دینا** (متعدی) دیکھو پٹکنا دینا -

پٹک (ہ - امر) پٹکنا کا - **پٹک دینا** - پٹکنا - (متعدی) دیکھو پٹخنا - **پٹکنا** (لازم) سوجن یا ورم کم ہونا -

پٹک (ہ - مذکر) ۱ سوتی کپڑا ۲ پڑاؤ - چھاؤنی -

پٹک (ہ - مذکر) ۱ دستاویز - وثیقہ ۲ پٹی - بند ۳ سرپنا - سرپیچ -

پٹک (ہ - مذکر) دانتوں کا میل

پٹکا (ہ - مذکر) ۱ کپڑا جو کمر میں باندھا جائے - سوتی پیٹی - سیلی ۲ پگڑی - سر سے باندھنے کی ٹکی ۳ مٹی کی دیوار میں چونے کی پٹی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹی - **پٹکا باندھنا** (متعدی) ۱ کمر باندھنا - پٹکا کمر سے لپیٹنا ۲ تیار ہونا - تہیہ کرنا - مستعد ہونا **پٹکا پکڑنا** (متعدی) ۱ روکنا - کمر میں ہاتھ ڈالنا ۲ دامن پکڑنا - دامنگیر ہونا -

پٹکا (س - مذکر) ۱ پگڑی کا کپڑا ۲ فیتہ - کم چوڑا مگر لمبا کپڑے کا ٹکڑا -

پٹکارنا (ہ - متعدی) پٹکنا -

پٹکی (ہ - مونث) ۱ آفت - مصیبت - تکلیف ۲ صدمہ - دھکا - ضرب - چوٹ ۳ خدا کا قہر - موت ناگہانی (س پنپمٹ - صدمہ پہنچانا) **پٹکی پڑنا** (لازم) مصیبت نازل ہونا - آفت آنا - وغیرہ - **پٹکی پڑے** (بددعا) غضب نازل ہو - مرے

پٹکی جوگا (مذکر) **پٹکی جوگی** (ہ - مونث) قابل موت لڑکا یا لڑکی - ایک قسم کی بددعا **پٹکی ڈالنا** (متعدی) اندھا کر دینا - آنکھیں بند کر دینا (لکھنو)

پٹل (ہ - مذکر) ۱ چھت - چھپر ۲ ڈھکنا - اوپر کا کپڑا - دوپٹہ - نقاب ۳ جھلی آنکھ پر ۴ ڈھیر تعداد - مقدار ۵ گروہ - بھیڑ ۶ ڈگری ۷ جلو - تزک - حشم و خدم ۸ کتاب - باب - فصل - حصہ ۹ منتر - اشلوک جو عبادت میں پڑھے جائیں ۱۰ ماتھے پر صندل کا ٹیکہ -

پٹل (س - مذکر) ایک پودا -

پٹلو دھر (س - مذکر) لودھ درخت کی ایک سرخ قسم -

پٹم (ہ - صفت) بند - مندا ہوا **پٹم ہو جانا** (لازم) ۱ آنکھیں بند ہو جانا - اندھا ہو جانا ۲ کام خراب ہو جانا - چوپٹ ہو جانا - **پٹمی لگانا** (ہ - متعدی) گنے کے ٹکڑے بونا -

پٹن (ہ - مذکر) چھت - دیکھو پاٹن اور پاٹنا -

پٹن (س - مذکر) ۱ شہر - مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے ۲ بہت لمبے بڑے شہروں کو پٹن کہتے تھے - جیسے سومنات - انہلواڑہ ۳ پٹنہ -

پٹن (ہ - مونث) ۱ پٹس - ماتم - کہرام ۲ مار -

پٹنکاش (س - مذکر) ایک قسم کی لمبی مچھلی -

پٹنکاکی (س - مونث) ککڑی -

پٹنی (ہ - مذکر) ملاح - مانجھی - کھوتیا - بلی مار -

پٹو (ہ - صفت) ۱ تیز - کڑوا - کھٹا ۲ چالاک - ہشیار - پھرتیلا - چست - ماہر ۳ دغاباز - عیار - فریبی - نطرتی ۴ صاف - ستھرا ۵ ذی ہوش - صاحب عقل ۶ محنتی - تن دہ - محنت کش ۷ سخت - سخت مزاج - بے رحم - سنگدل -

پٹو (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کا اونی کپڑا ۲ بارانی - برساتی -

پٹوا (ہ - مذکر) ۱ وہ شخص جو مالا یا ہار میں ڈورے ڈالتا ہے ۲ زری باف - ریشم کا کام کرنے والا - علاقہ بند ۳ ایک ساگ - کھٹا ساگ - چوکا ۴ موٹا سن جو اس پودے سے بنتا ہے - پٹسن -

پٹوار - پٹواری (ہ - مذکر) وہ شخص جو ایک یا زیادہ گاؤں کی زمینوں کا حساب رکھے (س پتر - کاغذ - وارن رکھنے والا) **پٹوارگری** (مونث) پٹواری کا کام -

پٹوتن (ہ - مذکر) تختے جو چھت پر ڈالتے ہیں ۲ چھت بندی کرنا - پاٹنا -

پٹور (ہ - مونث) ماتم - کہرام -

پٹول پٹولکا (ہ - مذکر) ایک قسم کا کھیرا - پرول -

پٹولا (ہ - مذکر) ریشم کا کیڑا -

پٹولی (مذکر) پٹوا - ہاروں یا زیورات میں ریشم کے ڈورے ڈالنے والا -

پٹونی (ہ - مونث) دیکھو پٹنی -

پٹونیا (انگ - مذکر) ایک پودہ جس کے پھول کئی رنگ کے ہوتے ہیں - گملے یا زمین میں لگائے جاتے ہیں -

پٹوہیا (ہ - مذکر) الو - بوم -

پٹوی - پٹوی (ہ - مذکر) ریشم کا فیتہ - بانکڑی - چوڑی گوٹ - **پٹوی گر** (مذکر) پٹوا -

پٹہ (ہ - مذکر) دیکھو پٹا -

پٹہ (س - مذکر) نقارہ - ڈھول - تاشہ -

پٹھا (ہ - مذکر) ۱ جوان عمر جانور ۲ نوجوان - مضبوط جوان ۳ پہلوان ۴ درخت جس پر ابھی پھل نہیں آیا ۵ (ہ) مرغی کا بچہ - چوزا ۶ بکری کا مادہ بچہ ۷ وہ بکری جو بیائی نہ گئی ہو -

پٹھ (س - مذکر) پڑھنا - قرأت **پٹھت** (مفعول) پڑھا ہوا - مطالعہ کیا ہوا - آموختہ **پٹھک** (مذکر) ۱ پڑھنے والا ۲ کہنے والا - راوی **پٹھن** (مذکر) ۱ پڑھنا - پاٹھ کرنا ۲ طالب علم **پٹھنا** (لازم) پڑھنا -

پٹھ (ہ - مونث) ۱ دیکھو پُٹ ۲ (ہ) محلل - ملین ۳ محرک یا ترغیب دہ چیز -

پٹھا (ہ - مذکر) ۱ باریک سرخ ریشہ جس کے ذریعے سے بدن کے اعضا سکڑتے اور پھیلتے ہیں اور بدن میں حرکت پیدا ہوتی ہے - انسان کے بدن میں چار سو کے قریب پٹھے ہیں ۲ نوجوان نو عمر شخص ۳ انسان یا حیوان کا نوجوان بچہ - بچہ کبوتر - بچہ مرغ

۲ گھوڑے کا جوان بچہ ۵ کالے سانپ کا جوان بچہ ۶ (پہلوانوں کی اصطلاح) شاگرد - نوجوان پہلوان ۷ گھاس کا لمبا پتا ۸ چوڑا لمبا پتا ۹ خشک کھجور کا پتا جس کے بورئے - پنکھے وغیرہ بنتے ہیں ۱۰ کھانے کے تمباکو کا خشک پتہ ۱۱ پیاز کا پوست جسے زبان پر رکھ کر پرندوں کی آواز نکالتے ہیں ۱۲ کیلے کا پتہ جسے منہ میں رکھ کر بجاتے ہیں ۱۳ چوڑی گوٹ ۱۴ چوڑی پٹری ۱۵ موٹا ۱۶ نوز جسکو کتاب پر چڑھا دیتے ہیں ۱۷ تلوار کا پھل ۱۸ سر کے بال جو دائیں بائیں اور پیچھے کی طرف چھوٹے رہتے ہیں ۱۹ قاش - شاخ ۲۰ ایک پودا جو درختوں پر پیدا ہوتا ہے - **پٹھوں میں بیٹھنا یا گھسنا** (لازم) ۱ رگ و پے میں جگہ پکڑنا ۲ گاڑھی یا گہری دوستی ہونا - ہمدم ہونا - **پٹھی** (مونث) ۱ نوجوان عورت - لڑکی - بچی - **پٹھے** (مذکر) ۱ جمع پٹھا کی ۲ نوجوان لڑکے ایک دوسرے کو خطاب کرتے ہیں **پٹھے چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) **چڑھوانا** (لازم) تلوار کو تیز کروانا -

پُٹھا (ہ - مذکر) ۱ جانور کا چوتڑ وہ جگہ جہاں جانور کی دم ہوتی ہے ۲ گھوڑے کا چوتڑ ۳ (تف) فی کس - فی راس - فی درخت وغیرہ **پٹھے پر ہاتھ نہ (دھرنے) رکھنے دینا** (متعدی) ۱ گھوڑے کا کسی کو قریب نہ آنے دینا ۲ پاس نہ پھٹکنے دینا قریب نہ آنے دینا - **پٹھے کا گوشت** (مذکر) وہ گوشت جو جانور کے پٹھے میں ہوتا ہے - عام طور پر لوگ اسے بہت پسند کرتے ہیں -

پَٹھان (ہ - مذکر) ۱ ایک قوم جو ہندوستان کے شمال مغرب کے پہاڑوں میں آباد ہے افغان ۲ ہندوستان کے مسلمانوں کی چار بڑی ذاتوں میں سے ایک جو پرانے پٹھان فاتحوں کی اولاد ہیں ۳ (مجازاً) سپاہی - شجاع - غازی ۴ (مجازاً) ظالم - جلاد ۵ دہلی کے سلطان بادشاہوں کا ایک خاندان - **پٹھانی** (مونث) پٹھان عورت - پٹھان کی بیوی -

امثال واقوال - پٹھان کا پوت گھڑی میں اولیا - گھڑی میں بھوت پٹھان بہت تلون مزاج ہوتے ہیں - پٹھانوں کا کوئی اعتبار نہیں - ذرا سی بات میں ناراض ہو جاتے ہیں ذرا سی بات میں خوش - **پٹھان لڑائی ماریں اور بہنیں داڑھی پھٹکاریں** - مرد عورت سب لڑاکے ہیں - اگر مرد لڑتے ہیں تو بہنیں (عورتیں) کسانے اور شاباش دینے کو تیار رہتی ہیں - **پٹھانوں نے گاؤں مارا - جلاہوں کی چڑھ بنی** - فاتحوں کے پاس عموماً شروع میں کمینے لوگ ہی آتے ہیں - معززین دور ہی رہتے ہیں -

پَٹھاونا - پٹھاؤنا (ہ - متعدی) بھیجنا - ارسال کرنا - روانہ کرنا -

پِٹھ مُلّا (ہ - مذکر) جغے یا اچکن وغیرہ کا وہ حصہ جو پیٹھ کو چھپاتا ہے -

پِٹھّو (ہ - مذکر) ۱ مددگار معاون - طرفدار ۲ ہمراہی - ساتھی - لنگوٹیا - ہر وقت ساتھ رہنے والا ۳ جب کسی کھیل میں لڑکے دو فریق بنائیں اور ایک فریق میں ایک لڑکا کم رہے تو اس فریق میں سے ایک لڑکا دو کا کام کرتا ہے - یہ دوسرا فرضی شخص پٹھو کہلاتا ہے -

پِٹھوال (ہ - مذکر) مددگار - معاون - ممد - طرفدار - شریک -

پَٹھورا (ہ - مذکر) کسی جانور کا بچہ - بچھیرا - بچھیرا - لیلا - چوزہ -

پَٹھیا (ہ - مونث) ۱ کسی جانور کا مادہ جوان بچہ ۲ نوخیز کنواری لڑکی -

پَٹّی (ھ - مونث) تماشا گاہ کا پردہ

پَٹّی (ہ - مونث) ۱ ایک لمبا مگر کم چوڑا کپڑے کا ٹکڑا - بند - شریط ۲ پر باندھنے کا کپڑا ۳ کاغذ کا کم چوڑا مگر لمبا ٹکڑا ۴ ایک قسم کی پگڑی کی بندش ۵ کاغذ کی لمبی دھجی جو کنکوے میں ڈال دیتے ہیں ۶ کپڑا سینے میں کم چوڑا لمبا ٹکڑا جو کپڑے کو بڑا بنانے کے لئے ڈالتے ہیں ۷ ٹاٹ کا لمبا ٹکڑا ۸ نواڑ کا ٹکڑا ۹ لنگوٹ ۱۰ حاشیہ - کنارا ۱۱ وہ کپڑا جو زچہ اور بچہ کے سر پر بعد وضع حمل چند روز تک باندھتے ہیں ۱۲ کپڑا جو درد سر میں ماتھے پر باندھتے ہیں ۱۳ سربند - ایک لمبا کپڑے کا ٹکڑا جس کے بیچ میں دھات کا ٹکڑا ہوتا ہے - جو عموماً چیڑاسی پگڑی کے اوپر باندھتے ہیں ۱۴ لمبا کپڑا جو سردی سے بچنے کے لئے یا سفر میں پنڈلی پر لپیٹتے ہیں ۱۵ چارپائی کا بازو ۱۶ بچوں کے لکھنے کی تختی - لوح ۱۷ کڑی یا کڑیوں کی قطار جو مکان کے ایک طرف ہو ۱۸ گھوڑے کی لمبی اور سیدھی دوڑ ۱۹ گاؤں کا چھوٹا حصہ ۲۰ حصہ - ٹکڑا ۲۱ ایک قسم کی شیرینی کی قلمیں ۲۲ بالوں کی تہ جو ماتھے کے دونوں طرف مانگ نکال کر جماتے ہیں ۲۳ ترغیب - فریب ۲۴ سبق ۲۵ کنکوے کی ڈور لپٹنے کا خاص طریقہ ۲۶ روش پٹری ۲۷ جانب - طرف ۲۸ صف - قطار ۲۹ بچوں کی سلیٹ کاپی کی ایک سطر ۳۰ باب - فصل ۳۱ بانس کا لمبا اور پتلا ٹکڑا - لکڑی کا لمبا اور پتلا ٹکڑا جو ایک بڑے ٹکڑے کے ساتھ لگایا جاتا ہے ۳۲ پٹے کا ارہ ۳۳ لکڑی کا تختہ جس پر بڑھئی دوسری لکڑی رکھ کر چھیلتے ہیں ۳۴ پان کا کٹا ہوا ٹکڑا ۳۵ تحریری حکم یا فرمان ۳۶ چندے کی فہرست ۳۷ پہاڑ سے ایک طرف نکلی ہوئی چھوٹی پہاڑی (س پٹ - تختی) **پٹی آنکھوں پر باندھنا** (متعدی) بے مروت ہونا - دیکھو آنکھوں پر پٹی باندھنا - **پٹیاں** (مونث) ۱ پٹی کی جمع - دیکھو پٹی ۲ چارپائی کے طول کی طرف کے دونوں ڈنڈے ۳ عورتوں کے سر پر دونوں طرف جمائے ہوئے بال ۴ مذاقاً بانکے نوجوانوں کے سنوارے ہوئے بالوں کو بھی کہتے ہیں ۵ ٹانگوں پر لپیٹنے کے دونوں کپڑے **پٹیاں باندھنا** (متعدی) ٹانگوں پر پٹیاں لپیٹنا - **پٹیاں پارنا یا جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) بالوں کی تہ سر کے دونوں طرف جمائی جانا - بالوں کا درست ہونا - **پٹی باندھنا** (متعدی) ۱ لمبا کپڑے کا ٹکڑا باندھنا ۲ ضرب پر کپڑا لپیٹنا ۳ ماتھے پر درد سر کیلئے کپڑا باندھنا ۴ آنکھوں پر ، دیکھو آنکھوں کے تحت میں ۵ (منہ پر) دیکھو منہ کے تحت میں - **پٹی بنانا** (متعدی) بالوں کی تہ جمانا **پٹی پر سر مارنا** (متعدی) غم و غصہ میں ایسا ہوتا ہے - **پٹی پڑھانا** (متعدی) ۱ ترغیب دینا بہکانا - پھسلانا ۲ سکھلانا - تعلیم دینا - سبق دینا ۳ سمجھانا - بجھانا ۴ دھوکا دینا - فریب دینا - **پٹی پڑھنا** (لازم) پٹی پڑھانا کا - **پٹی پر قابض رہنا** (لازم) گاؤں میں اپنے حصے کا قبضہ نہ چھوڑنا - **پٹی پکڑ کے ملتے رہنا** (لازم) سخت کمزوری یا سستی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - **پٹی تلے کا** (صفت) ۱ حقیر - ذلیل - بے وقعت - کم رتبہ ۲ بہت پیارا - مقرب - **پٹی توڑنا** (متعدی) بیماری یا سستی کی وجہ سے بستر میں پڑے رہنا - **پٹی جمانا** (متعدی) دھوکا دینا - **پٹی چڑھانا** (متعدی) زخم پر یا ضرب پر پٹی باندھنا - **پٹی دار** (مذکر) گاؤں کی پٹی کا مالک - حصہ دار - پٹی دار گولا - پتنگ کی ڈور کا خاص طریقے پر لپٹا ہوا - گولا - **پٹی داری** (مونث) گاؤں کے حصے کی ملکیت - تھوک داری پتی داری - حصہ داری - **پٹی داری مطلق** (مونث) بھیا چارہ - شاملاتی - **پٹی داری ناممل** (مونث) وہ پٹی داری جس میں کچھ اراضی بٹی ہوئی ہو کچھ مشترک **پٹی دینا** (متعدی) ۱ دھوکا دینا - بہکانا - فریب دینا ۲ گھوڑے کو لمبا دوڑانا ۳ تختی دینا - **پٹی سے پٹی**

ملا کے کھاٹ بچھانا (متعدی) دو چار پائیاں بالکل ساتھ ملا کے بچھانا جیسے میاں بیوی بچھاتے ہیں پٹی سے سر پٹکنا (متعدی) سخت غمگین ہونا پٹی سے سر ٹکرانا (متعدی) غم و غصے سے سر پٹی پر دے مارنا۔ پٹی سے لگ کے رونا (لازم) پلنگ کی پٹی کے پاس بیٹھ کر رونا۔ پٹی بکالنا (متعدی) سر کے بالوں کو سر کے دونوں طرف بٹھانا۔ پٹی وار (صفت) حصے حصے کے مطابق۔ پٹیوں میں آنا (لازم) دم جھانسے میں آنا۔ فریب کھانا۔ بہک جانا۔

پٹی (ہ۔ مونث) پتوں کا بنا ہوا پیالا جس میں دوکاندار دہی دیتے ہیں۔ پتوں کی بنی ہوئی رکابی جس پر ہندو کھانا کھاتے ہیں۔

پٹے (ہ۔ مذکر) ۱ پٹا کی جمع ۲ سر کے بال جن کو مرد سر کے دونوں طرف کانوں تک یا پیچھے لٹکاتے ہیں۔ پٹے چھٹنا (لازم) چھوڑنا (متعدی) سر کے بالوں کا بڑھنے دینا۔ سر کے بالوں کو کانوں کے اوپر تک چھوڑنا۔ پٹے پھوٹنا (لازم) سر کے بال کان تک دونوں طرف بڑھنا۔

پٹیا (ہ۔ مونث) لکھنے کی تختی۔ سِل سلیٹ۔ چھوٹی چٹان۔

پٹیالا (ہ۔ مذکر) بہت سی تختیوں کو ایک لڑکے کی پیٹھ پر رکھنا ہندوؤں کے مکتبوں میں ایک سزا ہے۔

پٹیت (ہ۔ مذکر) ۱ پٹے باز ۲ بیوقوف۔ گنوار آدمی ۳ زرد سرخ کالا یا نیلا کبوتر جس کے گلے میں سفید طوق ہو ۴ پٹے وار ۵ گاؤں کا نمبردار یا پوجاری ۶ ہمسایہ۔ پڑوسی پٹیتی (مونث) ۱ پٹے کے فن میں مہارت ۲ دشمنی۔ عداوت۔ پڑوس میں رہنے کی وجہ سے عداوت۔

پٹیر (ہ) **پٹیرا** (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی موٹی گھاس جو ہاتھیوں کو بطور چارہ دی جاتی ہے ۲ ایک پودہ ۳ سرکنڈا ۴ بانس کا کاغذ۔

پٹیشن (انگ۔ مونث) واجب العرض۔ عرضداشت۔ میموریل۔ (دینا۔ کرنا۔ گزرانا۔ ہونا کے ساتھ)

پٹیل (ہ۔ مذکر) ۱ پٹے بازی ۲ حکومت۔ بادشاہت ۳ (ہ) گاؤں کا نمبردار۔ یا چودھری ۴ مقدم ۵ کسی قوم کا چودھری یا فرد معزز لوگوں کا ایک لقب۔ پٹیل ڈالنا (متعدی) ۱ دخل در معقولات ہونا۔ دخل دینا ۲ روکنا۔ روڑا اٹکانا ۳ مارنا۔ زدوکوب کرنا ۴ پیچ ڈالنا۔

پٹیلا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی گھاس۔ پٹیرا ۲ ایک قسم کی چوڑے پیندے کی کشتی ۳ زمین ہموار کرنے کا تختہ۔ سہاگا ۴ سِل۔ چٹان۔

پٹیل ڈالنا۔ پٹیلنا (ہ) ۱ حاصل کرنا۔ زبردستی لینا ۲ زیر کرنا۔ مغلوب کرنا ۳ کمانا۔ نفع اٹھانا ۴ دھوکا دینا۔ فریب دینا ۵ مارنا۔ زدوکوب کرنا۔

پٹیلوں (ہ۔ مونث) تیتر کی آواز۔

پٹیلی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی چھوٹی اور چوڑے پیندے کی کشتی۔

پٹیما (ہ۔ مذکر) تختہ جس پر کپڑا چھاپنے کے لئے بچھایا جائے۔

پٹین (انگ۔ مونث) ۱ کھریا مٹی کو السی کے تیل میں ڈال کر سخت لئی سی بنا لیتے ہیں۔ اس سے درزیں بھرنے یا شیشے کھڑکیوں دروازوں وغیرہ میں لگاتے ہیں (اصل پٹی) ۲ ایک قسم کی مٹھائی۔ جو کھانے کے بعد کھاتے ہیں (اصل پڈنگ)

پٹینا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پرندہ۔

پٹیئیت (ہ۔ مذکر) دشمن۔

پج (ہ۔ امر) پجنا کا۔ پجا (امر) ۱ پجانا کا ۲ (ماضی) پوجنا کی۔ پجاپا (مذکر) پوجا کی اشیا ۲ دھار چیزیں جو دیوتا پر چڑھائی جائیں ۳ بکھری ہوئی چیزیں۔ پجاری (مذکر) ۱ پوجا کرنے والا شخص۔ عابد ۲ پوجا کرانے والا۔ برہمن جو مندر میں رہے اور چڑھاوے لے۔ پجانا (متعدی) پوجا کرانا ۲ بھرنا۔ پورا کرنا۔ تکمیل کرنا۔ پجاوا (مذکر) دیکھو پجاپا۔ پجنا (لازم) ۱ پوجا جانا۔ پرستش ہونا ۲ مانا جانا۔ عزت کیا جانا۔ پجاونا (متعدی) دیکھو پجانا۔ پجوانا (م) پجانا کا۔ پوجا کروانا۔

پجا (ہ۔ صفت) بھرا۔ آباد۔

پجر (س۔ صفت) ۱ موٹا۔ فربہ مضبوط ۲ (مذکر) کشتیوں اور دیگر آدمیوں کا نام۔

پجرنا۔ پجلنا (ہ۔ لازم) ۱ جلنا آگ لگنا۔ شعلہ زن ہونا۔ راکھ ہو جانا ۲ غصے ہونا۔ ناراض ہونا ۳ بخار سے بدن جلنا۔

پجوڑا (ہ۔ صفت) پاجی کی تصغیر۔ کمینہ۔ ذلیل۔ بڑا پاجی۔

پجیب (ہ۔ مونث) پازیب کا بگڑا ہوا۔

پچ (ہ۔ امر) پچنا کا۔ پچادہ (ہ) ۱ پچانا کا ۲ (ماضی) پچنا ۳ (صفت) ہضم۔ غضب۔ پچا بیٹھنا (لازم) غضب کرنا۔ ہضم کرنا۔ پچا ڈالنا۔ پچانا (متعدی) ۱ ہضم کرنا ۲ تحلیل کرنا ۳ خمیر کرنا گلانا ۴ دوسروں کا مال خرچ کرنا۔ دوسروں کا مال مار لینا۔ مال اڑا لینا۔ دبا لینا۔ پچاؤ (مذکر) کھانے کا ہضم ہونا۔ پچتا نہیں ۱ قے ہو جاتی ہے ۲ ہضم نہیں ہوتا۔ پچ جانا (لازم) پچنا۔ پچ مرنا (لازم) ۱ سخت محنت کرنا ۲ بہت محنت کرنا۔ پچنا (لازم) ۱ ہضم ہونا۔ تحلیل ہونا۔ گلنا ۲ کھایا جانا۔ مارا جانا جلتے رہنا ۳ محنت کرنا۔ کوشش کرنا ۴ تھک جانا ہار ماننا ۵ کسی کی چیز اپنے پاس رہنا۔ کسی کا مال ہمیشہ کے لئے اپنا ہو جانا ۶ چھپنا۔ خفیہ رہنا ۷ جذب ہونا پچ مارنا (متعدی) بے فائدہ یا بے سود کوشش کرنا۔

پچ (ہ۔ مونث) ۱ پاس۔ طرفداری حمایت۔ سخن پروری ۲ مدد۔ حفاظت۔ سہارا ۳ تعصب ہٹ۔ ہٹ دھرمی۔ ضد۔ تمرد۔ پچ آپڑنا (لازم) پاس ہونا۔ سخن پروری کرنا۔ پچ پر ہونا (لازم) طرفدار ہونا۔ پچ پڑ گئی۔ اپنی بات کا نبھاؤ ہے۔ پچ کرنا یا لینا (متعدی) حمایت یا طرفداری کرنا۔ پچ ہونا (لازم) پاس یا حمایت ہونا۔

پچ (ہ۔ صفت) پانچ کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ پچ پکوانی (ہ۔ مونث) پانچ مٹھائیاں جو ہندوؤں کی دعوت پر دی جاتی ہیں۔ امرتی۔ خرما۔ کھجلی۔ لڈو اور کچوری پچ پہلو (صفت) مخمس۔ وہ شکل جس کے پانچ پہلو ہوں پچ درہ (مذکر) وہ مکان جس کے پانچ دروازے ہوں۔ پچ دھات یا رس (ہ۔ مذکر) ایک مرکب دھات جس کے گھنگھے بنتے ہیں پچ رنگ پچرنگا (صفت) پانچ رنگ کا۔ پچ کلیان (مذکر) وہ گھوڑا جس کے چاروں پاؤں اور ماتھا سفید ہو اور باقی کوئی اور رنگ ہو۔ بہت مسعود سمجھا جاتا ہے ۲ (صفت) دوغلا۔ مخلوط نسل کا۔ غیر پچ کس یا کھنا (ہ۔ صفت) پانچ حصوں والا۔ (مکان وغیرہ) (مذکر) پانچ چھت کا مکان۔ پانچ کمرے ایک قطار

میں پنچ کھونٹ۔ **پنچ گوشہ** (مذکر) دیکھو پنچ پہلو۔ **پنچ گٹیا** (ہ۔ مذکر) ایک کھیل جو بچے پانچ کنکروں سے کھیلتے ہیں۔ **پنچ گنا** (صفت) پانچ سے ضرب دیا ہوا۔ **پچلڑا** (مذکر) **پچلڑی** (مونث) ۱ پانچ لڑیوں کا ہار ۲ (صفت) پانچ لڑی کا۔ **پنچ لونا** (مذکر) پانچ نمک کا چورن **پنچ محلا** (صفت) ۱ پانچ چھتوں یا کمروں والا ۲ (مذکر) پانچ چھت کا مکان **پنچ منزلا** (مذکر) پانچ منزل کا مکان **پنچ میل** (صفت) ۱ پانچ چیزوں سے مرکب۔ ملا ہوا کئی طرح کا مختلف قسم کا ۲ (مذکر) مرکب چیز۔ مرکب۔ **پچوترا** (مذکر) ۵ فیصدی جو تجارت میں نکالا جائے **پچوترا** (مذکر) **پچوترت** (ہ) ۵ فیصدی محصول۔ مالگزاری کا پانچ فیصدی نمبرداروں کو دیا جاتا ہے۔ **پنچ ہتھا** (صفت) ۱ پانچ ہاتھ کے قد کا۔ بہت لمبا ۲ (مذکر) بڑے قد کا آدمی۔

مثل۔ پنچ پھولا رانی بنی ہیں
بہت نازک ہیں۔ نزاکت پہ بڑا غرور ہے۔ ہندوستانی قصوں میں اس رانی کا عموماً ذکر آتا ہے۔ یہ اس قدر نازک تھی کہ پانچ پھولوں سے تولی جاتی تھی۔

پچ (س۔ صفت) ۱ پکا ہوا۔ بھنا ہوا ۲ ہاضم۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ **پچا** (مذکر) پکانا۔ بھوننا۔

پچارا (ہ۔ مذکر) ۱ کوچی۔ برش جس سے سفیدی کرتے یا پوتتے ہیں ۲ چیتھڑا جس سے تیل یا مرہم لگاتے ہیں ۳ بندوق کو صاف کرنے کا چیتھڑا یا اسپنج ۴ سفیدی یا مٹی یا رنگ کی پتلی تہ ۵ دھوکا۔ فریب دم۔ جھانسا ۶ ہلکی رنگت (س۔ پر و نچھ۔ پونچھنا) **پچارا پھیرنا یا دینا** (متعدی) ۱ سفیدی کرنا۔ ہلکا رنگ کرنا ۲ دم دینا۔ دھوکا دینا۔ بہکانا۔ اکسانا۔ ترغیب دینا ۳ گیلے یا تیل والے کپڑے سے صاف کرنا یا پونچھنا ۴ بندوق کو تیل لگانا ۵ چمکانا۔ پالش کرنا ۶ (لکھنؤ) خوشامد کرنا۔ روغن قاز ملنا۔ **پچارے میں آنا** (لازم) فریب میں آنا۔

پچاس (ہ۔ صفت) سو کا نصف چالیس اور دس۔ ۵۰۔ ۵۰ (س پنچاشت) **پچاسا** (مذکر) ۱ پچاس تولے کا وزن ۲ پچاس روپے کے اندازے کی ترازو ۳ پچاس کی رقم۔ **پچاسواں** (صفت) ایک کو پچاس حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ان حصوں میں سے ایک۔ **پچاسوں** (صفت) بہت۔ بکثرت کثرت سے۔ **پچاسی** (صفت) اسی اور پانچ۔ ۸۵۔ ۸۵ (س پچاسانی) **پچاسیواں** (صفت) ایک کو پچاسی حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ان حصوں میں سے ایک

پچانوے (ہ۔ صفت) پانچ کم سو۔ ۹۵۔ ۹۵ (س۔ پنچنوتی)

پچ پچ (ہ۔ مونث) ۱ کیچڑ میں چلنے کی آواز ۲ پان کی پیک تھوکنے کی آواز (آواز سے یہ لفظ بنایا گیا ہے) **پچ پچ کرنا** (متعدی) کیچڑ میں چلنے کی آواز ۲ پیک تھوکنا۔

پچپچا (ہ۔ صفت) ۱ رطوبت سے بھرا ہوا۔ جس میں پانی زیادہ ہو ۲ وہ کیچڑ جس میں پانی جذب نہ ہوا ہو ۳ نرم۔ ڈھیلا۔ پلپلا (پچپچ سے) **پچپچانا** (متعدی) رطوبت سے بھرا ہونا **پچپچاہٹ** (مونث) پچپچانے کی کیفیت یا حالت۔

پچپن (ہ۔ صفت) پچاس اور پانچ۔ ۵۵۔ ۵۵۔ (س۔ پنچپنچاشت) **پچپن سالہ قانون** (مذکر) وہ قانون جس کی رو سے ملازمان سرکار انگلشیہ کو ۵۵ سال کی عمر میں پنشن پر جانا پڑتا ہے۔

پچتانا۔ پچتاوا (ہ مذکر) دیکھو پچھتانا۔ پچھتاوا۔

پچتولیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔

پچچٹ (س۔ مذکر) آنکھوں کی سوجن۔ آنکھوں کا دکھنے آنا۔

پچخنا (ہ۔ لازم) پچکنا (دہلی)

پچر (ہ۔ مونث) لکڑی کا ٹکڑا۔ جو کسی درز میں رکھا جائے یا کلہاڑی یا کسی اوزار کے دستے کے ساتھ مضبوط کرنے کے لئے ٹھوکا جائے۔ بھانہ ۲ میخ۔ کھونٹی (س۔ پچ۔ پھیلانا) **پچر اڑانا** (متعدی) ۱ لکڑی یا تختے کی درز میں لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا رکھنا ۲ روکنا یا مزاحمت کرنا۔ روڑا اٹکانا۔ روکنا۔ **پچر پڑنا** (لازم) ناگہانی آفت آنا۔ **پچر ٹھکنا** (لازم) **ٹھونکنا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا ۲ مزاحمت کرنا۔ مانع ہونا **پچر لگانا** (متعدی) ۱ لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے درز میں رکھنا ۲ کسی کی طرف سے کسی کے دل میں بدظنی پیدا کرنا یا کسی کو اکسانا۔ رخنہ اندازی کرنا۔ **پچر لگنا** (لازم) دیکھو پچر لگانا۔ **پچر مارنا** (متعدی) ۱ رخنہ انداز ہونا ۲ مزاحمت ہونا۔ مانع ہونا ۳ اشتعال دینا۔ اکسانا ۴ دشمنی کرنا۔ عداوت کرنا ۵ تنگ کر دینا۔ تکلیف دینا۔

پچر پچر (ہ۔ مونث) دیکھو پچ پچ

پچک (س۔ مذکر) ۱ پکانا ۲ باورچی رسویا۔

پچک (ہ۔ مونث) مرغی کے انڈے کے نیچے کا حصہ۔

پچک (ہ۔ امر) پچکنا کا (س پچ بھینچنا) **پچکا** (امر) ۱ پچکانا کا ۲ (ماضی) پچکنا کی **پچکانا** (متعدی) دبانا۔ بھینچنا۔ دھنسانا۔ **پچک جانا۔ پچکنا** (لازم) ۱ دب جانا۔ بھینچ جانا ۲ ڈر جانا ۳ مغلوب ہو جانا ۴ دھات کے برتن میں گڑھا پڑ جانا ۵ ربڑ کی گیند۔ کھلونے وغیرہ سے ہوا نکل جانا ۶ پھوڑے کا پیپ نکل کر بیٹھ جانا ۷ سکڑنا۔ سمٹنا

پچک (س۔ مذکر) ایک پودہ جس میں سفید پھول آتے ہیں۔

پچکار (ہ۔ مونث) وہ آواز جو منہ سکیڑ کر لبوں کو زور سے کھولنے سے پیدا ہوتی ہے جانوروں کو چمکارنے یا پیار کی آواز ہے (س۔ پش۔ پالنا) **پچکارنا** (متعدی) چمکارنا۔ پیار کرنا۔ تسلی دینا **پچکاری** (مونث) پیار کی آواز۔ پچکار۔

پچکارا (ہ۔ مذکر) پچارا۔

پچکاری (ہ۔ مونث) ۱ ایک آلہ جس میں کسی رقیق چیز کو ایک دستے کے ذریعے کھینچ کر پھر دستے کو زور سے دبا کر باہر نکالا جاتا ہے۔ یہ آلہ ایک لمبی نوکدار نالی ہوتی ہے۔ جس کے اندر ایک پھنسا ہوا ڈاٹ دستے کے ذریعے اونچا نیچا کیا جاتا ہے۔ دستے کو باہر کھینچنے سے نالی کے اندر خلا پیدا ہوتا ہے۔ اور ہوا کے دباؤ کی وجہ سے رقیق مادہ نالی میں پڑھ جاتا ہے۔ اس سے زخم یا کان دھوتے ہیں۔ ہندو ایک دوسرے پر ہولی میں رنگ ڈالتے ہیں اور اس کے آگے نوکھلی ہوئی لگا کر بدن کے اندر دوا داخل کی جاتی ہے ۲ پمپ ۳ حقنہ کرنے کا آلہ۔ جس کے آگے ربڑ کی ایک نلکی لگی ہوتی ہے۔ جس سے مقعد میں پانی داخل ہوتا ہے ۴ پان کی پیک جو منہ سے دھار مار کر پھینکی جائے (س۔ پنچ۔ بھینچنا) **پچکاری چلنا** (لازم) ۱ ایک دوسرے پر پچکاری سے رنگ پھینکنا ۲ پچکاری سے رقیق شے کی دھار کا زور سے نکلنا۔ **پچکاری دینا** (متعدی) کسی کو حقنہ کرنا۔ **پچکاری کا جلاب** (مذکر) حقنہ

پچکاری کرنا (متعدی) کان میں یا زخم پر پچکاری سے دھار ڈالنا۔ **پچکاری لینا** (متعدی) حقنہ کرنا **پچکاری مارنا** (متعدی) پچکاری سے رقیق چیز کی دھار پھینکنا۔

پچکر (ہ۔ مذکر) سر جھنگ، ٹھکاؤ، تکلیف۔

پچکھا (ہ۔ مونث) پانچ منحوس ستاروں کا قران۔

پچل (س۔ مذکر) ۱ روئی ۲ بحری کوا۔

پچمپچا (س۔ مذکر) ہلدی کی ایک قسم۔

پچن (س۔ مذکر) ۱ پکانا۔ پکانے کا کام ۲ پک جانا۔ پختہ ہونا ۳ کوئی چیز جو پک جائے یا پختہ ہو جائے ۴ کڑاہی۔

پچنیہ (صفت) پچنے کے قابل

پچنڈ (س۔ مذکر) ۱ پیٹ معدہ ۲ توند ۳ جانور کی پیٹھ۔ **پچنڈل** (صفت) توند والا موٹا۔ فربہ۔

پچنڈکا (س۔ مونث) ۱ پشت پا ۲ پنڈلی۔

پچوائی (ہ۔ مونث) چاول یا کسی اناج کی معطر شراب۔

پچور (ہ۔ مذکر) باغ کی وہ زمین جو تالاب کے پچھلی طرف ہوتی ہے۔

پچوکا (ہ۔ مذکر) پچکاری۔

پچونی (ہ۔ مونث) ۱ معدہ ۲ معدہ کے اندر کی چیز ۳ انتڑیاں وغیرہ (پچانا سے)

پچوی (ہ۔ مونث) دیکھو پچوائی

پچھ (ہ۔ مذکر) ۱ پر۔ بازو ۲ پہلو حصہ ۳ بیچ ۴ قمری مہینے کا نصف ۵ پندرہ دن۔

پچھ (س۔ مذکر) ۱ دم کے بال۔ مور کی دم کے بال۔ دم ۲ کلغی۔ **پچھوان** (صفت) دم والا۔ دمدار

پچھ (س۔ مونث) دم۔ پچھلا حصہ۔

پچھا (س۔ مونث) ۱ ابلے ہوئے چاولوں یا دوسرے اناج کا جھاگ ۲ درخت سنبل کا گوند ۳ سانپ کا زہریلا تھوک ۴ گروہ۔ مجمع ڈھیر ۵ خول۔ غلاف ۶ سپاری۔ چھالیہ۔ کیلے کا درخت ۷ شیشم ۸ زرہ۔ بکتر ۹ گھوڑے کے پاؤں کی ایک بیماری ۱۰ قطار۔ سلسلہ۔ صف۔

پچھار (ہ۔ مذکر) ۱ پوچھنا ۲ دریافت۔ تحقیق۔

پچھاڑ (ہ۔ مونث) ۱ پیٹھ کے بل زمین پر گرنا۔ پٹخنی ۲ بیہوش ہو کر گرنا ۳ (ہ) پٹکنا (س۔ پشچات ـ پیچھا)۔ **پچھاڑ دینا** (متعدی) ۱ چت کر دینا۔ گرا دینا ۲ ہرا دینا۔ مات کر دینا ۳ بیمار کر دینا۔ مضمحل کر دینا ۴ مار دینا۔ قتل کر دینا۔ **پچھاڑ کھانا** (متعدی) ۱ پیٹھ کے بل گرنا۔ پیٹھ کے بل گرایا جانا ۲ بیہوش ہو کر گرنا ۳ غم یا غصے یا تکلیف میں زمین پر گر کر لوٹنا ۴ ضد سے لوٹنا۔ **پچھاڑنا** (متعدی) ۱ چت کرنا۔ پیٹھ کے بل گرانا۔ پٹکنا۔ کشتی میں پیٹھ زمین سے لگا دینا۔ کشتی جیتنا ۲ جانور کو ذبح کرنے کے لئے لٹانا ۳ مات کرنا۔ ہرانا ۴ تھکانا ۵ زیر کرنا۔ مغلوب کرنا ۶ نیچا دکھانا۔ عاجز کرنا۔ ذلیل کرنا۔ **پچھاڑیں** (مونث) پچھاڑ کی جمع **پچھاڑیں کھانا** (متعدی) دیکھو پچھاڑ کھانا۔

پچھاڑی (ہ۔ مونث) ۱ وہ رسی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں میں باندھتے ہیں ۲ پچھلا حصہ۔ عقب ۳ (درگیات) انگیا کی آستینوں کے پاس کا کپڑا ۴ (تف) عقب میں۔ پیچھے۔ (پیچھا سے) **پچھاڑی مارنا** (متعدی) ۱ جانور کا دولتی مارنا ۲ فوج کے عقب پر حملہ کرنا ۳ سب سے پیچھے سودا خریدنا۔

پچھان (ہ۔ مذکر) **پچھات** (مونث) مغرب۔ **پچھانہ** (ہ۔ مذکر) مغرب۔ پچھم **پچھائیں** (صفت) پچھم کا باشندہ۔

پچھاوا۔ پچھایا (ہ۔ مذکر) انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے۔

پچھتا (ہ۔ امر) پچھتانا کا (س پشچات ـ پیچھے۔ تپ ـ تکلیف اٹھانا) **پچھتانا** (لازم) پشیمان ہونا۔ تاسف کرنا۔ بعد کو افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا۔ **پچھتاؤ** (ہ) **پچھتاوا** (مذکر) ۱ پشیمانی ۲ حسرت افسوس۔ انفعال۔ ندامت ۳ غم۔ رنج **پچھتاونا** (ہ) پچھتانا۔

پچھتّر (ہ۔ صفت) ستر اور پانچ۔ ۷۵۔ ۷۵ـ (س۔ پنچ سپرت)

پچھتکا (س۔ مونث) درخت شیشم۔

پچھڑ (ہ۔ امر) پچھڑنا کا (س پشچ (پچھلا) پچھڑا (ماضی) پچھڑنا کی۔ **پچھڑ جانا** **پچھڑنا** (لازم) ۱ چت گرنا۔ چت ہونا ۲ ہار جانا مات ہو جانا۔ شکست کھانا ۳ کشتی میں پیٹھ زمین سے لگ جانا۔ بیمار ہونا ۴ ناکامیاب ہونا۔

پچھڑ (ہ۔ امر) پچھڑنا کا (س پشچ ـ پچھلا) پچھڑا (ماضی) پچھڑنا کی۔ **پچھڑ جانا** **پچھڑنا** (لازم) ۱ پیچھے رہ جانا ۲ سبق میں پیچھے رہ جانا۔

پچھکا (س۔ مونث) مور کی دم کے پروں کا گٹھا۔

پچھل (ہ۔ صفت) پچھلا۔ پیچھے کا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ (پچھلا سے) **پچھل پائی** (مونث) ۱ چڑیل۔ بھتنی ۲ ڈائن۔ جادوگرنی ۳ عورت (تحقیر سے) لوگوں کا خیال ہے کہ ڈائن کے پاؤں پچھلی طرف مڑے ہوتے ہیں۔

پچھّل (س۔ صفت) کیچڑ سے لتھڑا ہوا۔ چکنا۔ تر۔ سیلا۔ **پچھل ڈلا** (مذکر) بیر کا درخت۔

پچھلا (ہ۔ صفت) ۱ پیچھے کا آخری۔ آخر کا ۲ گزرا ہوا۔ گذشتہ ۳ (مذکر) سحری ۴ آموختہ ۵ رات کا آخیر حصہ (س۔ پشچ) **پچھلا پہر یا پہرا** (مذکر) رات کا پچھلا حصہ۔ **پچھلا کھانا** (مذکر) سحری۔ **پچھلی** (صفت) مونث پچھلا کی۔ **پچھلے** (مذکر) بزرگ۔ آبا و اجداد۔ جیسے اگلے پیچھے **پچھلی باتوں کو تہ کر دینا** (متعدی) گذشتہ رنجشوں کو بھول جانا۔ **پچھلے پاؤں پھرنا یا ہٹنا** (لازم) ۱ فوراً واپس ہو جانا۔ جاتے ہی رخصت ہو جانا ۲ ہار جانا۔ شکست کھانا۔ **پچھلے پاؤں کھسکنا** (لازم) جس کے پاس گیا ہو اسکو ملے بغیر چپکے سے واپس ہو جانا۔ فوراً۔ بغیر اطلاع چلا جانا۔ **پچھلی پیٹھ** (مونث) کولھے کے اوپر کا گوشت (قصابوں کی اصطلاح) **پچھلے پہر** (مذکر) پچھلے پہر **پچھلی ٹکیا** (مونث) بچے ہوئے آٹے کی چھوٹی ٹکیا **پچھلی سَت** (مونث) الٹی سمجھ **پچھلے درجے کا** (تف) حد درجے کا۔ **پچھلے دن یا دنوں** (تف) گذشتہ زمانہ میں **پچھلی رات** (مونث) آدھی رات کے

بعد کا وقت۔ پچھلے کو (تف) آخر شب۔

مثل۔ پچھلی (ٹکیا) روٹی کھائے۔ پچھلی مت آئے۔ عورتوں کا خیال ہے کہ جو شخص آخری روٹی کھاتا ہے اس کی سمجھ الٹی ہو جاتی ہے۔ اور وہ بیوقوف ہوتا ہے۔

پچھلا (س۔ مونث) ۱ شوربا ۲ چٹنی ۳ سینبل کی روئی ۴ شیشم کا درخت ۵ اروی ۶ ایک قسم کا ساگ۔

پچھلا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ لمبا کاغذ جو کنکوے کے ایک سرے میں باندھ دیتے ہیں۔ دم گرا ۲ خوشامدی۔ ہر وقت پیچھے پھرنے والا۔

پچھلگ۔ پچھلگا (ہ۔ مذکر) ۱ بیوی کا پچھلے خاوند کا لڑکا ۲ پیرو۔ خدمتگا۔ (پچھلا سے) **پچھ لگو** (صفت) پیچھے پیچھے پھرنے والا (مذکر) طفیلی۔ مقلد۔

پچھلن (ہ۔ مونث) پھسلن۔

پچھلنا (ہ۔ لازم) پھسلنا۔

پچھم۔ پچھم۔ پچھتم (ہ۔ مذکر) ۱ مغرب ۲ مغربی ملک۔ مغرب کی طرف کا ملک ۳ (ہ۔ صفت) مغربی۔ وہ جو مغرب میں واقع ہو۔ مغربی مغرب کا (س۔ پکشم۔ مغرب) **پچھمی** (ہ۔ صفت) ۱ مغربی ۲ (مذکر) مغرب کا ملک۔

امثال واقوال۔ پچھم جاؤ کہ دکن وہی کرم کے لکھن۔ نوکری کی تلاش میں مارا مارا پھرنا فضول جو قسمت میں ہے مل رہے گا۔ **پچھم کا گھوڑا دکن کا چیر۔** چیر سنسکرت میں کپڑے کو کہتے ہیں۔ راجپوتانہ اور کاٹھیا واڑ کے گھوڑے مشہور ہیں۔ اور اگلے زمانے میں دکن کی طرف سے کپڑا اچھا آتا تھا۔

پچھنا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ اوزار جس سے بدن پر چرکے دیکر سنگی لگائی جاتی ہے ۲ (ہ) چرکے دینا۔ گودنا۔ سنگی لگانا ۳ چرکے دینے گودنے وغیرہ کا کام (س۔ پرچھو۔ نشتر لگا کر خون نکالنا) **پچھنی** (مونث) چرکے دینے گودنے وغیرہ کا کام۔ **پچھنے دینا یا لگانا** (متعدی) ۱ سنگی لگانا۔ نشتر یا استرے سے چرکے دیکر خون نکالنا ۲ طعنے دینا۔ طعن وتشنیع کرنا ۳ زخم، فصد لینا۔ نشتر لگانا۔ **پچھنے لگنا** (لازم) دیکھو پچھنے لگانا۔

پچھنا (ہ۔ لازم) ۱ پوچھا جانا ۲ (ہ) پوچھنا۔

پچھوا (ہ۔ مونث) ۱ پچھم کی ہوا ۲ انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کی طرف مونڈھے کے پیچھے رہتا ہے (س۔ پشچم۔ پچھم۔ وات۔ ہوا) **پچھوائی** (مونث) پچھوا ہوا۔

مثل۔ پچھوا چلے کھیتی پکے (پچھلے) پچھوا ہوا گرم ہوتی ہے۔ اس لئے کھیتی جلد پکتی ہے۔

پچھواڑ (ہ۔ مونث) بارش جو ہوا کے زور سے مکان کے اندر آئے (پیچھا سے) **پچھواڑا** (مذکر) **پچھواڑی** (مونث) ۱ مکان کا پیچھے کا حصہ ۲ (ہ۔ صفت) پچھلا۔ عقب کا۔ **پچھواڑ پڑنا** (لازم) ۱ بارش کا ہوا کے زور سے مکان کے اندر جانا ۲ (مجازاً) گالیاں ملنا۔ برا بھلا کہا جانا۔ بوچھاڑ پڑنا۔

پچھوانا (ہ۔ م) دریافت کروانا دوسرے کے ذریعے سے معلوم کرانا۔

پچھوپا (ہ۔ مذکر) خاندان گھرانا **پچھوپے کا اچھا** (صفت) خاندان یا گھرانے کا اچھا

پچھوت (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو پچھواڑا ۲ اخیر کی پیداوار ۳ وہ فصل جو پیچھے بوئی جائے یا اخیر میں پیدا ہو (پیچھا سے)

پچھورا (ہ۔ مذکر) چادر یا دوپٹہ جسے کندھوں پر ڈالتے ہیں۔ اور بیٹھتے ہوئے کمر میں باندھ لیتے ہیں۔ **پچھوری** (مونث) چھوٹی چادر سر پر ڈالنے کا رومال۔

پچھوڑ (ہ۔ مونث) ۱ غلے کو صاف کرنے کا کام ۲ کوڑا کرکٹ جو غلہ کو صاف کرنے پر نکلتا ہے۔ (س۔ پرچرت۔ ڈھیلا کرنا) **پچھوڑن** (مونث) پچھوڑ ۳ **پچھوڑنا** (متعدی) غلہ صاف کرنا

پچھوڑا۔ پچھوڑی (ہ۔ مونث) دیکھو پچھورا۔ پچھوری۔

پچھونڈ (ہ۔ مذکر) بوجھ جو پیٹھ پر اٹھایا یا باندھا جائے۔ **پچھونڈی** (ہ۔ مونث) پیٹھ پیچھے یا کسی طرف پیٹھ کرکے بیٹھنا۔

پچھویا (ہ۔ مذکر) پوچھنے والا دریافت یا تفتیش کرنے والا شخص۔

پچھی (ہ۔ مذکر) ۱ طرفدار۔ مددگار شریک۔ رفیق۔ دوست ۲ مربی۔ پشت پناہ۔ سرپرست ۳ ایک پرندہ۔

پچھی (ہ۔ مونث لفظی معنی ننی پونچھ) مویشی پر ایک محصول (پونچھ سے)

پچھیا (ہ) **پچھیاؤ** (ہ۔ مونث) پچھم کی ہوا۔

پچھیت۔ پچھیت (ہ۔ مذکر) پچھلا حصہ۔ پچھواڑا۔

پچھیت۔ پچھیتی (ہ۔ صفت) آخری۔ پچھلا۔ **پچھیت کھیتی** (مونث) فصل جو دیر سے بوئی جائے یا دیر میں پکے۔

پچھیرو (ہ۔ مذکر) ۱ پرندہ ۲ (صفت) پردار۔

پچھیلوا (مذکر) **پچھیلوی** (ہ۔ مونث) ایک قسم کی پہنچی جو چوڑیوں کے ساتھ پہنی جاتی ہے۔

پچی (ہ۔ صفت) ۱ چپکا ہوا۔ چسپاں۔ چمٹا ہوا۔ جما ہوا۔ لگا ہوا ۲ مضبوط۔ پکا۔ مستقل ۳ استوار ۴ (موسیقی) سر سے سر ملا ہوا۔ ہم آواز ۵ (مونث) جوڑ۔ پیوند (س۔ پکش۔ پکڑنا) **پچی کاری۔ پچے کاری** (مونث) ۱ جواہر اور رنگدار پتھروں کا پتھر میں جڑنا۔ جڑاؤ کام۔ مرصع کاری ۲ پیوند لگانا ۳ اینٹ اور چونے کا کام۔ چوپٹ کا فرش۔ خانے دار فرش **پچی کاری کرنا** (متعدی) مرصع کام کرنا۔ نقاشی کا کام کرنا۔ چونے اور اینٹ کا مضبوط کام کرنا۔ **پچی کرنا** (متعدی) ۱ پیوست کرنا۔ ٹھوک کر جوڑنا ۲ مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا۔ (پ) شرمندہ کرنا۔ شرم دلانا۔ **پچی ہو جانا۔ یا ہونا** (لازم) ۱ پیوست ہونا۔ جڑنا۔ وصل ہونا۔ جوڑ مل جانا ۲ مستقل ہونا۔ مضبوط ہونا۔ بیٹھ جانا۔ چسپاں ہونا ۳ دو چیزوں کے درمیان پھنس جانا۔ پھانے کی طرح ٹھک جانا ۴ بہت تعلق ہونا۔ آپس میں محبت ہونا۔ خلوص دل ہونا۔ بے تکلف ہونا ۵ (موسیقی) سر سے سر ملا ہونا۔ ہم آواز ہونا ۶ (دانت) مضبوط بیٹھ جانا جم جانا ۷ (پ) شرمندہ ہونا۔ شرمسار ہونا۔

پچی (ہ۔ صفت) ۱ دبا ہوا۔ چرنے سے جڑا ہوا ہوا ۲ کچلا ہوا۔ چیتھا ہوا ۳ پھنسا ہوا ٹھکا ہوا۔

پچیت (ہ۔ صفت) ۱ کشتی لڑنے والا۔ داؤ پیچ کرنے والا ۲ (مجازاً) فوجی۔ دغاباز ۳ ہنرمند۔ چالاک۔ ہشیار ۴ (مذکر) پہلوان۔

کشتی گیر۔ مشت زن (س پرشچ - پیچھے) **پچھلتی** (مونث) ۱ فن کشتی گیری۔ کشتی لڑنے کا فن ۲ چالاکی۔ فریب۔

پچّیس (ہ۔ صفت) بیس اور پانچ۔ ۲۵۔ ۲۵ (س۔ پنچ وِنشت) **پچیسواں** (صفت) ایک چیز کے پچیس حصوں میں سے ایک

پچیسی (ہ۔ مونث) چوسر کا کھیل جب پاسے کی بجائے کوڑیوں سے کھیلا جائے

پَخ (ف۔ مونث) ۱ بک بک۔ غل شور ۲ عیب۔ نقص ۳ جھگڑا۔ فساد۔ دقت ۴ روک۔ شرط ۵ (حرف ندا) شاباش۔ بہت خوب نہایت اچھا۔ **پخ پھیلانا یا کرنا** (متعدی) جھگڑا کھڑا کرنا۔ فساد پھیلانا۔ شرارت کرنا ۲ بکواس کرنا شور مچانا۔ **پخ لگانا** (متعدی) ۱ شرط لگانا۔ قید لگانا ۲ کسی کام میں روک ڈالنا۔ روڑا اٹکانا ۳ جھگڑا پیچھے لگانا۔ **پخ لگنا** (لازم) دیکھو پخ لگانا۔ **پخ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) عیب نکلنا۔ نقص نکلنا ۲ اعتراض ہونا۔ **پخیا** (مذکر) ۱ فسادی جھگڑالو ۲ (صفت) بیہودہ۔ فضول۔

پَخال (ہ۔ مونث) پکھال کا بگڑا ہوا۔ پانی بھرنے کی بڑی مشک **پخال بیٹیا۔** (صفت) بڑپیٹا۔ بڑپیٹو۔ بہت کھانے والا۔ بسیار خور۔

پخ پخی چھوٹنا (اردو۔ لازم) جھک ہوجانا۔ زڑ لگنا۔ (لکھنؤ)

پُخت (ف۔ مونث) پکنا۔ کھانا۔ پکنے کا فعل۔ **پختری** (مونث) ۱ روٹیاں جو سالن کے اوپر رکھ کر کھانا لاتے ہیں ۲ گھی سے تر ہوئی روٹیاں۔ روغنی روٹیاں۔ پراٹھے ۳ چپاتیاں روٹیاں (پختن۔ پکانا۔ س پچ) **پختریاں کھانا** (متعدی) ماما کی چرائی ہوئی روغنی روٹیاں یا پراٹھے کھانا۔ مجازاً۔ کسی کام کے قابل نہ ہونا۔ ناز و نعمت میں پلے ہونا۔ (ماما کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) **پختگی** (مونث) ۱ استحکام۔ مضبوطی۔ پکاپن ۲ بلوغ۔ جوانی ۳ تجربہ کاری ۴ پھل کا پک جانا۔ کھانے کا پک جانا۔ **پخت و پز** ۱ کھانا پکانا ۲ بحث مباحثہ ۳ درستی۔ پختگی۔ ٹھیک ٹھاک (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پختہ** (صفت) ۱ مضبوط۔ پکا۔ مستحکم۔ قوی۔ سخت ۲ پائیدار ۳ پکا ہوا۔ بھنا ہوا ۴ چونے گچ اور پکی اینٹوں کا بنا ہوا ۵ کامل۔ پورا۔ مکمل ۶ تجربہ کار آزمودہ کار۔ جہاندیدہ ۷ طے شدہ۔ فیصلہ شدہ ۸ بوڑھا۔ پوری عمر کا ۹ ہشیار۔ واقف۔ دانا ۱۰ مضبوط مستحکم۔ **پختہ بات** (مونث) طے شدہ۔ ٹھیک فیصلہ شدہ۔ **پختہ تعمیر** (صفت) پکا بنا ہوا۔ چونے کا بنا ہوا (مکان وغیرہ) **پختہ رائے** (صفت) ۱ ہوشیار۔ عقلمند۔ دانا ۲ (مونث) مستقل رائے۔ مضبوط رائے۔ **پختہ کار** (صفت) تجربہ کار۔ مشاق **پختہ کاری** (مونث) ۱ تجربہ۔ مشاقی۔ پختگی ۲ مضبوط اور پکی کاری گری۔ **پختہ کرنا** (متعدی) ۱ مضبوط کرنا ۲ مستحکم کرنا۔ پائیدار کرنا ۳ طے کرکے پکا کرنا ٹھیک ٹھاک کرنا ۴ واقف کرنا۔ تجربہ کار بنانا ۵ کمی نکالنا۔ نقص دور کرنا۔ **پختہ مزاج** (صفت) مستقل طبیعت۔ **پختہ مزاجی** (مونث) استقلال۔ مضبوطی **پختہ مغز** (صفت) عقلمند۔ دانا۔ ہوشیار۔ **پختہ ہونا** (لازم) ۱ پکنا ۲ بالغ ہونا۔ عمر رسیدہ ہونا ۳ ہوشیار ہونا۔ عقلمند ہونا ۴ پکا ہونا۔ فیصلہ ہونا ۵ (بات) منگنی ہونا۔

پَختو (پشتو۔ مونث) پشتو زبان۔

پَخس (ف۔ مذکر) ۱ گرمی ۲ ضعف دل۔ غشی ۳ مرض دل۔

پَخش (ف۔ صفت) ۱ روندا ہوا۔ پاؤں تلے دبایا ہوا ۲ پھیلا ہوا۔ وسیع ۳ لٹکا لاکھینچا ہوا ۴ سوکھا ہوا۔ جھری دار۔

پَخنا (اردو۔ صفت) ۱ کمینہ۔ رذیل ۲ جھگڑالو۔ یاوہ گو۔ **پخنی** (صفت مونث) کمینی۔ رذیل وغیرہ۔

پَد (س۔ مذکر) ۱ قدم ۲ چوتھا حصہ

پَدُ (س۔ مذکر) ۱ پاؤں پیر ۲ قدم پاؤں کا نشان۔ نقش پا۔ کھوج ۳ گھر۔ مکان۔ جائے رہائش۔ جگہ۔ مقام ۵ درجہ۔ رتبہ۔ پایا۔ منصب۔ جاہ ۶ ویدوں کے لکھنے کا ایک رسم الخط جس میں ہر ایک حرف علیحدہ لکھا جاتا ہے ۷ (صرف و نحو) لفظ۔ گردان کا لفظ ۸ مصرع شعر۔ رکن۔ چرن ۹ چیز۔ شے ۱۰ (قانون) قانونی یا عدالتی کارروائی کا عنوان۔ **پداتِ** **پداتک** (مذکر) ۱ پیدل۔ راہرو ۲ چپڑاسی ۳ پیدل سپاہی۔ پیادہ ۴ شطرنج کا پیادہ۔ **پدارپن** (مذکر) کسی عہدے پر تقرری۔ **پدارتھ** (مذکر) ۱ لفظ یا فقرے کے معنی ۲ چیز۔ شے۔ مادہ۔ ہستی کی مادی شکل ۳ برکت۔ نیکی۔ اچھائی ۴ نادر شے۔ عجیب چیز۔ تحفہ شے ۵ کھانے کی نفیس یا مزیدار چیز ۶ (منطق) سات صورتوں یا حالتوں کی تفصیل۔ **پدارتھ وِدیا** (مونث) علم طبعیات۔ **پدارگھ۔ پدارگھیہ** (مذکر) مہمان یا برہمن کو دہی شہد وغیرہ کا پیشکش۔ **پداسن** (مذکر) پاؤں رکھنے کی چوکی۔ **پداگھت** (مذکر) ٹھوکر لات مارنا۔ **پدانک** (مذکر) نقش پا۔ کھوج۔ **پدبھنجن** (مذکر) ۱ ترکیب فقرے کے الفاظ کو جدا کرنا ۲ مشکل الفاظ کے معانی ۳ علم زبان کی ایک شاخ جس میں الفاظ کے مادے معلوم کئے جاتے ہیں۔ **پدپد** (پر پر) میں (تقت) قدم قدم پر۔ **پدتران** (مذکر) پاپوش **پدماج** (مذکر) پاؤں سے پیدا ہوا ہوا۔ یعنی شودر۔ **پدچار۔ پدچاری** (مذکر) پیدل۔ **پدچینہ** (مذکر) نقش پا۔ کھوج۔ **پدچیوت** (صفت) عہدے سے گرا ہوا۔ بے عزت۔ **پدچیوت کرنا** (متعدی) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا۔ بے عزت کرنا۔ **پدَر** (مذکر) پاؤں کی آواز۔ **پداستھا** (صفت) عہدے۔ درجے یا رتبے میں پکا۔ **پدکرم** (مذکر) قدم۔ گام۔ **پدکمل** (مذکر) کسی معزز شخص یا دیوتا کا قدم۔ **پدودک** (مذکر) وہ پانی جس میں برہمن کے پاؤں دھوئے گئے ہوں۔ **پدورتی** (مونث) دو الفاظ کے درمیان ایسے دو مشکل حرف علت کا آنا کہ انکا تلفظ مشکل سے ہو۔

پَدّا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک چھوٹا پرندا ۲ غلیل کا نواڑ۔ کپڑے کا حصہ جس میں غلہ رکھ کر پھینکتے ہیں یا پھینکنا ۳ (صفت) چھوٹا سا۔ ناچیز۔ ضعیف۔ حقیر ادنے۔ **پَدّی** (مونث) پدا کی۔ **پدی سے پدم شاہ بن گیا۔** غریب سے امیر ہوگیا۔ **پدے کی چوں چوں** (مونث) پدے کی بولی۔ **پدے کی ضامنی** ایسے شخص کی ذمہ داری جو ناقابل اعتبار ہو۔ **شعر** **پدی والی بات جس ٹہنی پر بیٹھوں وہی جھکے** - کمینہ اپنے کو بڑے مرتبے کا سمجھتا ہے۔

پَداس (ہ۔ مونث) ۱ ریح۔ بادی۔ اپھرا ۲ پادنے کا میلان۔ **پداسا** (صفت) پادنے والا۔ پدوڑا۔

پُدانا (ہ۔ متعدی) ۱ پاد مرانا۔ ایسی حالت کر دینا کہ دوسرا پادے ۲ عاجز کرنا۔ تنگ کرنا ہرانا۔ تھکانا۔ بھگا بھگا کر مارنا (س پرد۔ پادنا)

پَدبی (ھ۔ مونث) پدوی۔

پَدَر (ھ۔ مذکر) ایک پودہ جسے رتن جوگ بھی کہتے ہیں۔

پدر (ف۔ مذکر) باپ۔ والد۔ پتا **پدرانہ** (صفت) باپ جیسا۔ جیسے باپ کرے۔ **پدر کش** (مذکر) باپ کا قاتل۔ **پدرکشی** (مونث) باپ کا قتل۔ **پدرمزاجی** (مذکر) وہ شخص جسنے کسی کو متبنےٰ بنایا ہو۔ منہ بولا باپ **پدری** (صفت) ۱ باپ کا۔ باپ والا ۲ آبائی۔ موروثی۔

امثال۔ پدرم سلطان بود میرا باپ بادشاہ تھا۔ کہتے ہیں کہ رات کو جو گیدڑ جمع ہوتے ہیں تو ایک یہ مصرع کہتا ہے۔ دوسرے ترا چہ۔ ترا چہ کہتے ہیں۔ اسوقت کہتے ہیں جب کوئی معمولی حیثیت کا شخص اپنے باپ دادا کے متعلق شیخیاں مارے۔ **پدر نکرد پسر تمام کرد**۔ باپ نے نہ کیا بیٹے نے پورا کر دیا۔ طنزاً کہتے ہیں۔

پَدرَود (ف۔ مذکر) ۱ رخصت اجازت ۲ الوداع۔ خدا حافظ۔ اللہ بیلی۔

پدڑی (ہ۔ مونث) ۱ ایک چھوٹا سا پرندہ۔ پھدکی ۲ تھوڑی سی چیز ۳ (صفت) حقیر ناچیز۔ بے حقیقت۔ بہت کمزور۔

پَدَک (س۔ مذکر) ۱ قدم۔ گام ۲ حیثیت۔ درجہ۔ مرتبہ ۳ عہدہ۔ منصب ۴ گلے کا زیور ۵ چھاپ۔ مہر ۶ کسی دھات کی چپٹی تھالی۔

پَدِک (س۔ صفت) ۱ پیدل ۲ (مذکر) پیادہ۔ پیدل ۳ مسافر۔ راہرو ۴ پیدل سپاہی ۵ پاؤں کی نوک۔

پَدکَرَٹ (س۔ مذکر) ۱ پدّو۔ پدوڑا ۲ (صفت) پادنے والا۔

پَدمَ (س۔ مذکر) ۱ کنول۔ نیلوفر ۲ شمار میں سو نیلم کا ایک پدم ہوتا ہے ۳ کنول کی شکل کا ایک زیور ۴ موقعہ۔ بگہ ۵ ایک خاص خال یا مسّہ ۶ فوج جو کنول کی شکل میں صف آرا ہو ۷ پوجا کے وقت ایک خاص نشست ۸ ایک ناگ کا نام ۹ ایک خوشبودار پودہ ۱۰ ہاتھی کے چہرے یا سونڈ پر سرخ یا دیگر داغ ۱۱ رامچندر جی کا لقب ۱۲ سکند کا ایک پرستار ۱۳ کشمیر کا ایک راجہ جس نے پدم پور آباد کیا تھا ۱۴ نو اں چکرورتن ۱۵ دوناگ دیت ۱۶ کئی آدمیوں کا نام ۱۷ ایک پہاڑ۔ **پدما** (مونث) ۱ لفظی معنی کنول کے رنگ کی۔ لکشمی ۲ گرڈہل کی ایک قسم ۳ ایک قسم کی بیں ۴ منی سُورت کی استری ۵ منسا دیوی جو جرت کارو کی استری تھی ۶ راجہ بر ہدرتھ کی بیٹی۔ کلکی کی استری۔ **پدماٹ** (مذکر) املتاس کی ایک قسم۔ **پدماچاریہ** (مذکر) ایک گورو۔ **پدماچل** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **پدمادھیش** (مذکر) وشن جی۔ **پدماسَن** (مذکر) ۱ کنول کی شکل کا درخت جس پر بتوں کو بٹھلاتے ہیں ۲ دھیان لگانے کی ایک نشست ۳ ایک آسن۔ **پدمالتی** (مذکر) لفظی معنی جس کا گھر کنول میں ہے۔ برہما جی۔ **پدمالیا** (مونث) ۱ لکشمی ۲ ایک شہر۔ **پدمانند** (مذکر) ایک شاعر۔ **پدماوت** (مذکر) ایک سلطنت جس کا بانی راجہ پدم ورن تھا **پَدماوتی** (مونث) ۱ گرڈہل ۲ ایک پراکرت وزن یا بحر ۳ لکشمی ۴ منسا دیوی ۵ سکند کی ایک ماتری ۶ ایک سرنگنا ۷ جینیوں کی ایک دیوی ۸ راجہ شریگال کی ایک رانی ۹ یدھشٹر راجہ کشمیر کی ایک رانی ۱۰ راجہ جے دیو کی ایک رانی ۱۱ راجہ ویر باہو کی ایک رانی ۱۲ راجہ نیا پال کی ایک رانی ۱۳ راجہ لنکا کی ایک بیٹی جسے رتن سنگھ راجہ چتوڑ زبردستی اٹھا کر لے گیا تھا۔ چتوڑ کی فتح کے بعد یہ علاء الدین کے قبضے میں آئی۔ کتاب ۱۴ اس کے متعلق لکھی گئی ہے ۱۵ ایک مشہور ہندی نظم مصنفہ عبدالقادر جائسی ۱۶ ایک شاعرہ ۱۷ اجینی کے شہر کا نام جو کرت یگ میں تھا ۱۸ ایک شہر جو وندھیاچل میں آباد تھا ۱۹ ریاست کھنڈ پاڑہ ضلع اوڑیسہ میں ایک قصبہ ۲۰ ایک دریا ۲۱ لفظی معنی جس میں بہت سے کنول ہوں۔ **پدم بھاس** (مذکر) وشن جی **پدم پَتَّر** (مذکر) ۱ کنول کے پھول کا پتا ۲ ایک پودہ۔ **پدم پران** (مذکر) ۱ کئی پرانوں کا نام ۲ ایک پران جس میں اس زمانے کا ذکر ہے جس میں زمین کنول کی شکل تھی۔ اس میں ۵۵ ہزار اشلوک ہیں۔ اور وشن جی کی تعریف میں لکھا گیا ہے۔ **پدم پَربھ** (مذکر) ۱ ایک آنے والا بدھ ۲ ایک دیوپتر ۳ چھٹا ارہٹ ایک مصنف۔ **پدم پربھا** (مونث) مہادنشتر کی ایک بیٹی۔ **پدم پَرکھو** (مذکر) ایک مصنف **پدم پریا** (مونث) منسا دیوی۔ **پدم پنڈت** (مذکر) ایک مصنف۔ **پدم پور** (مذکر) ایک شہر۔ **پدمج** (مذکر) پدم سے پیدا شدہ۔ برہما جی۔ **پدم چرن** (مذکر) شنکر اچاریہ کا ایک چیلہ۔ **پدم درشن** (مذکر) ۱ چیڑ کی گوند ۲ ایک آدمی کا نام۔ **پدم دھر** (مذکر) ایک راجہ۔ **پدم راجہ** (مذکر) ۱ کئی مشہور آدمیوں کا نام ۲ ایک شاعر **پدم راگ** (مذکر) لفظی معنی کنول کے رنگ کا۔ لعل یاقوت۔ **پدم رتن** (مذکر) تیئیسواں بدھ۔ **پدم رتھ** (مذکر) کئی راجوں کا نام۔ **پدم رتی** (مونث) دو رانیوں کا نام۔ **پدم سرس** (مذکر) کئی جھیلوں کا نام **پدم سمبھو** (مذکر) ایک بدھ گرو جو تبت کے سرخ فرقے کا بانی ہے **پدم سنشا** (مونث) گنگا ۔ لکشمی ۔ درگا **پدم سندر** (مذکر) ایک مصنف۔ **پدم سوامی** (مذکر) ایک مقدس عمارت جو راجہ پدم نے بنائی تھی۔ **پدم سین** (مذکر) کئی مشہور آدمیوں کا نام۔ **پدم سینا** (مونث) ایک عورت کا نام **پدم شری** (مذکر) ۱ ایک بودھی ستوہ ۲ (مونث) کئی عورتوں کا نام ۳ ایک عورت جس نے کام شاستر کی ایک کتاب لکھی ہے۔ **پدم شیکھر** (مذکر) کندھروں کا ایک راجہ۔ **پدمک** (مذکر) ۱ فوج جو کنول کی شکل میں صف آرا ہو ۲ ایک درخت ۳ کوڑھ کی ایک قسم **پدمکا** (مونث) ایک سرنگنا۔ **پدم کشٹھ** (مذکر) ایک خوشبودار لکڑی جو دوائیوں میں استعمال ہوتی ہے۔ **پدم کشیتر** (مذکر) اڑیسہ میں ایک علاقہ جو پوتر سمجھا جاتا ہے۔ **پدم کلپ** (مذکر) برہما جی کا آخری گذشتہ سال۔ **پدم کھنڈ** (مذکر) ۱ برہمانڈ پران کا ایک باب ۲ بہت سے کنول۔ **پدم کھنڈ نگر** (مذکر) ایک شہر **پدم کیش** (مذکر) گرو کا ایک بیٹا۔ **پدم کیل** (مذکر) پدم سے کھیلنا۔ **پدم گپت** (مذکر) ایک شاعر جسے پری مل بھی کہتے ہیں۔ **پدم گربھ** (مذکر) ۱ کنول سے پیدا شدہ برہما جی۔ وشن جی۔ شیوجی ۲ ایک بدھ ۳ سورج ۴ ایک جھیل ۵ ایک بودھی ستوہ ۶ ایک برہمن جسے ہنس بنا دیا گیا تھا۔ **پدم گربپران** (مذکر) ایک تعتہ۔ **پدم لانچَن** (مذکر) ۱ جس پر کنول کا نشان ہو۔ راجہ ۲ برہما جی ۳ کوبیر ۴ سورج۔ **پدم لانچنا** (مونث) ۱ لکشمی ۲ سرسوتی ۳ تارا۔ **پدم لوچن** (صفت) کنول نین جس کی آنکھ کنول کی شکل کی ہو۔ **پدم مالن** (مذکر) ۱ وہ جس نے کنولوں کا ہار پہنا ہوا ہو ۲ ایک راکشش کا نام۔ **پدم مِہرہ** (مذکر) ایک مصنف جس نے تاریخ کشمیر لکھی ہے۔ **پدم مکھی** (مونث) مکو کی ایک قسم **پدم مُول** (مذکر) کنول کی جڑ۔ اسے ہندو بہت شوق سے کھاتے ہیں۔ اور بڑی لذیذ ترکاری شمار ہوتی ہے۔ **پدم نابھ** (مذکر) ۱ جس کی ناف کنول کے مانند ہو۔ شوجی۔ ان کی ناف سے برہما جی پیدا ہوئے تھے۔ جنھوں نے دنیا کو پیدا کیا ۲ راجہ دھرت راشٹ کا ایک بیٹا ۳ ایک ناگ دیت ۴ کئی مصنفوں کا

نام (بھٹ - پوری - تیرتھ - دت - وکشت اور
پانیت کے ساتھ) **پدم ندھی** (مذکر) کوبر کا ایک
خزانہ۔ **پدم نندی** (مذکر) ایک مصنف۔ **پدموتر**
(مذکر) ۱ ایک پدم ۲ راجہ پدم کا باپ ۳ کمبھ۔ **پدم وتی**
(مونث) ۱ راجہ اشوک کی ایک بیوی ۲ ایک دریا
پدم ورن (مذکر) راجہ یدو کا ایک بیٹا۔ **پدم وشنی**
(مذکر) ایک ملک۔ **پدم وشن** (مذکر) ودیادھروں کا
ایک راجہ۔

پدمکی (س۔ مذکر) بھوج پتر کا درخت

پدمنی (س۔ مونث) ۱ کنول کا
درخت ۲ بہت سے کنول کے پھول جو اکٹھے اُگے ہوئے
ہوں ۳ کنولوں سے بھرا ہوا تالاب ۴ ایک قسم کا جادو
۵ بہترین عورت۔ عورت کی چار قسمیں۔ پدمنی۔ چترنی
سنکھنی۔ ہستنی میں سے پہلی اور بہترین ۶ رانا بھیم سنگھ کی
استری۔ علاؤالدین خلجی نے اس کی خوبصورتی کی شہرت
سن کر چتوڑ پر چڑھائی کی شکست ہونے پر رانی مع ہمراہیوں
کے چتا پر بیٹھ کر جل گئی ۷ کئی دیگر مشہور عورتوں کا نام ۔
مثل۔ پدمنی چماروں میں ہوتی
ہے۔ بعض دفعہ چماروں میں بھی بہت خوبصورت
عورت پائی جاتی ہے۔

پدنا (ہ۔ لازم) ۱ پادنا ۲ ہارنا۔
شکست ماننا ۳ بھاگ بھاگ کے تھک جانا۔

پدنا۔ پدو۔ پدوڑا (صفت)
۱ پادنے کا عادی ۲ پادنے والا ۳ بزدل۔ ڈرپوک ۴ (مذکر)
بزدل آدمی۔

پدنی (ہ۔ مونث) جیسوا۔ ننڈی
مثل۔ پدنی آئل نہ پٹھیا کل
بنیر رنڈی کے پیٹ نہیں مکمل ہوتی۔

پدوی (ہ۔ مونث) ۱ سڑک
رستہ۔ راہ ۲ جگہ۔ موقعہ۔ مقام ۳ درجہ۔ حیثیت
مرتبہ۔ رتبہ۔ حالت ۴ خطاب۔ لقب۔ کنیت۔ نام
تخلص۔ **پدوی دینا** (متعدی) خطاب دینا۔ رتبہ
بڑھانا۔

پدھارنا (ہ۔ لازم) ۱ جانا۔
رخصت ہونا۔ سدھارنا ۲ آنا۔ پہنچنا۔ بیٹھنا۔ تشریف
رکھنا۔

پدھان (ہ۔ مذکر) دیکھو
پردھان۔

پدھان (س۔ مذکر) ۱ ڈھانپنا
بند کرنا۔ چھپنا ۲ ڈھکنا۔ سرپوشی۔ جھنی ۳ خول۔ غلاف
۴ چغہ۔ جبہ۔ لبادہ۔

پدھت۔ پدھتی (س۔ مونث)
۱ رستہ۔ سڑک۔ راہ ۲ قطار۔ صف۔ سلسلہ ۳ ایک
قسم کی تحریر ۴ رسالہ۔ ہدایت نامہ کسی خاص مضمون
کی کتاب ۵ رسم۔ رواج ۶ کسی خاص رسم کے متعلق
ہدایات کی کتاب ۷ خطاب۔ لقب۔ نام۔

پدھرانا (ہ۔ لازم) پدھارنا۔

پدی (س۔ مونث) کشتیوں یا
جہازوں کا وزن یا ناپ۔

پدید۔ پدیدار (ف۔ صفت)
ظاہر۔ آشکار۔ کھلا۔ عام۔

پدینہ (ف۔ مذکر) دیکھو پودینہ

پدیہ (س۔ مذکر) ۱ وزن۔ بحر ۲
شعر۔ نظم۔

پڈا (ہ۔ مذکر) کھیت کی حد۔

پڈنگ (انگ۔ مونث) ایک
میٹھا کھانا جو اخیر میں کھایا جاتا ہے۔ یہ دودھ انڈے
اور کسی اور چیز سے بنتا ہے۔ اس کی سیکڑوں قسمیں
ہیں۔ پڈین۔

پذیر (ف۔ صفت) ۱ لینے والا
حاصل کرنے والا۔ موثر ہونے والا ۲ مرکبات کے
اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دلپذیر (پذیرفتن۔
لینا) **پذیرا۔ پذیرہ** (صفت) ۱ پسندیدہ۔ من
بھاتا۔ دلپسند ۲ قبول شدہ (دعا یا درخواست)
منظور ۳ (مذکر) قبولیت۔ منظوری (فرمانا کرنا۔ ہونا
کے ساتھ) **پذیرائی** (مونث) قبولیت۔ منظوری
پذیری (مونث) قبولیت۔ منظوری۔ مرکبات
میں استعمال ہوتا ہے۔

پر (ف۔ مذکر) پرندوں کے
بدن پر جو چیز اُگی ہوتی ہے۔ اور ان کے بدن کو
سردی سے بچاتی ہے اور محفوظ رکھتی ہے اور ان کے
اڑنے کا ذریعہ ہوتی ہے۔ پنکھ ۲ پتا ۳ پرکار کے
پرزوں میں سے ایک پرزہ ۴ تیر کے دونوں بازو ۵
(مجازاً) قوت۔ طاقت۔ سہارا۔ مدد (س۔ پرن)
پرافشاں (صفت) ۱ پر جھاڑتا ہوا ۲ پریشان۔
مضطرب۔ بیتاب ۳ پر پھڑ پھڑاتا ہوا۔ پر پھیلاتا ہوا
پر کھولتا ہوا۔ **پرافشانی** (مونث) پر کھولنا۔ پر پھیلانا
پر پھڑ پھڑانا۔ **پربال** (مذکر) دیکھو پر وبال۔ **پر
باندھ دینا یا باندھنا** (متعدی) ۱ پرندے کے پروں
باندھ دینا۔ کہ اڑ نہ سکے ۲ عاجز کرنا۔ بے بس
پربریدہ (صفت) کٹے ہوئے پر کا۔ **پربستگی** (مونث)
عاجزی۔ بے بسی۔ پر بندھنا۔ **پربستہ** (صفت) ۱ پر
بندھا ہوا۔ عاجز۔ بے بس۔ **پربند** (صفت) ۱ پربستہ
مقید۔ **پربند کرنا** (متعدی) پر باندھنا ۲ مقید کرنا
پرپا (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس کے پاؤں پر پر ہوتے
ہیں۔ **پرپرزہ** (مذکر) ساز وسامان۔ اپنے پیشے کے
متعلق چیزیں۔ **پرپرزوں سے درست ہونا**
اسباب ضروری ہمراہ ہونا۔ ساز وسامان موجود ہونا
پرپرزے جھاڑنا (متعدی) تیار ہونا۔ **پرپرزے
جھڑنا** (لازم) قوت زائل ہونا۔ سکت نہ ہونا۔
کمزور ہونا۔ **پرپرزے درست کرنا** (متعدی) تیاری
کرنا۔ بناؤ سنگار کرنا۔ **پرپرزے نکالنا** (متعدی)
۱ ہوشیار ہونا۔ ہوش سنبھالنا ۲ شرارت پر آمادہ ہونا
پرتولنا (متعدی) ۱ پرندے کا اڑنے پر آمادہ ہونا یعنی پرندے کا
اڑنے سے پہلے پروں کو پھیلا کر اور پیچھے ہونا ۲ آمادہ
ہونا۔ **پرٹوٹنا** (لازم) ۱ بازو کا شکستہ ہونا ۲ قوت کم
ہونا۔ زور گھٹنا ۳ خطرے میں ہونا۔ **پر جلتے ہیں۔**
ناچار ہے۔ سامنے نہیں جاسکتا۔ وہاں نہیں جاسکتا۔ پر جلنا (لازم) رسائی
نہ ہونا۔ باریابی نہ ہوسکنا۔ **پرجمنا** (لازم) پرندوں کے
پر پیدا ہونا۔ **پرجوڑنا** (متعدی) پرندوں کا پروں کو
ملانا۔ نیچے اترنے کے وقت ایسا کرتے ہیں۔ **پرجھاڑنا**
(متعدی) ۱ پر پھڑ پھڑانا ۲ پرنے پر گرانا۔ گریز کرنا۔
پرندے کا اڑنے کے لئے تیار ہونا ۳ کینچلی بدلنا۔ پوشاک
بدلنا۔ **پرجھڑنا** (لازم) دیکھو پرجھاڑنا ۳۔ **پردار**
(صفت) پروں والا۔ اڑنے والا۔ **پرریختہ** (صفت)
پر ہلاتا ہوا۔ اڑتا ہوا۔ **پرزاغ وزغن** (مذکر)
چیلوں اور کوؤں کے پر۔ **پرزنی** (مونث) پر
مارنا۔ اڑنا۔ **پرشکستہ** (صفت) ۱ پرٹوٹا ہوا ۲ مصیبت
زدہ۔ تکلیف میں ۳ بے کس۔ بے یار و مددگار۔ **پر
طاؤس** (مذکر) مور کا پر۔ قرآن شریف میں مسلمان
رکھتے ہیں۔ انگور لانے کے لئے زخموں پر باندھتے ہیں
پرفشانی (مونث) دیکھو پرافشانی۔ **پرقلیچ** (صفت)
کٹے ہوئے پر کا۔ پربریدہ (غف)۔ **پرقلیچ کرنا** (متعدی)
۱ پر کترنا۔ پر کاٹنا ۲ بے بس کرنا۔ **پرکا تکیہ** (مذکر) وہ
تکیہ جس میں روئی کی جگہ پر بھرے جاتے ہیں۔ **پرکاٹنا**
(متعدی) پر قینچی سے کتر دینا تاکہ طائر اڑ نہ سکے۔ **پرکا
قلم** (مذکر) لکھنے کا قلم جو پر سے بنایا جاتا ہے۔ **پرکا کبوتر**

اڑانا (متعدی) لڑکوں کا کھیل - پر کا کوا بنا دینا
(متعدی) بات کا بتنگڑ بنانا - بے حد مبالغہ کرنا - پرکاہ
(مذکر) گھاس پھوس کا پتا (صفت) بہت ہلکا
پر کترنا (متعدی) پروں کو قینچی سے کاٹنا - عاجز
کرنا - مغلوب کرنا - ہرا دینا - پرکٹ (صفت)
پر کٹا ہوا - پر کترا ہوا - پر کٹنا (لازم) پر کا تراشا جانا
ہمت نہ رہنا - جی چھوٹنا - عاجز ہونا - بے کس ہونا
کوئی مددگار نہ ہونا - طاقت کم ہو جانا - پر کٹی اڑانا
(متعدی) جھوٹ بولنا - گپ بازی کرنا - پر کھانا
(متعدی) داغ کھانا - پر کھلا (صفت) وہ (طائر)
جس کے پر نہ کاٹے گئے ہوں - پر کھل جانا (لازم)
کھولدینا (متعدی) بندھے ہوئے پروں کے ڈورے
کاٹ دینا - پر گرانا (متعدی) پر جھاڑنا - پر گیری
(مونث) تیر پر پر لگانا - پر جو لگایا گیا ہو - پر لگانا
(متعدی) قدرت کا شانے پر پر پیدا کر دینا (مجازاً)
تیز رفتار کر دینا - رونق بڑھا دینا - شان و شوکت زیادہ
کر دینا - ترقی دینا - پر لگا کے اڑ جانا (لازم) تیزی
سے اڑ جانا - غائب ہو جانا - خود بخود چلے جانا - پر لگنا
یا لگنا - (لازم) دیکھو پر لگانا - غائب ہو جانا - بات
یا خبر کا بہت جلد پھیلنا - پر لگ جائیں تو اڑ کر
پہنچوں - کہیں جانے کی بہت خواہش ہو تو کہتے ہیں
پر لینا (متعدی) پر کترنا - پر مارنا (متعدی) پرواز
کی تیاری کرنا - پر سے ضرب لگانا - نہایت کوشش
کرنا - بیتابی ظاہر کرنا - پر نہ ملنا (لازم) مشابہت
نہ ہونا - پر نکالنا (متعدی) پر نکلنا (لازم) پر پیدا
ہونا - نئے پر نکلنا - قابلیت ہونا - ہوشیار ہونا - چالاک
ہونا - شرارت پر آمادہ ہونا - شرارت کرنا - عیاش
ہو جانا - مال و دولت خرچ ہونا - لطف پیدا ہونا -
پر نہ مارنا (متعدی) پاس نہ پھٹکنا - رسائی نہ ہونا -
پر و بال (مذکر) پرندے کا پر - طاقت - قوت
پر و بال نکالنا یا نکلنا - دیکھو پر نکالنا یا نکلنا - پروں
(جمع) پر کی - حروف مغیرہ سے پہلے - پروں کو چھڑچھڑانا
(متعدی) پرندے کا پروں کو جلد جلد ہلا کر جھاڑنا -

پَر (ہ - حرف ربط) لیکن - تاہم
مگر - ورنہ - پرنتو (س - پَر) پرہاں (حرف ربط)
مانا - لیکن - مگر - باوجودیکہ - گویا -

پَر (ہ - حرف جار) اوپر کا مخفف
واسطے - لئے - وجہ سے - باوجود - باوصف - تک
تلک - کے - لئے - بعد - پیچھے - کو - تک - کیونکہ - بابت
میں - بارے میں - ضرور - (حساب) قبل ہندسہ کے
معنی میں - پر مفصلہ ذیل موقعوں پر بھی استعمال ہوتا
ہے - سلسلے کے واسطے دو ایک لفظوں کے درمیان
جیسے نہ گیا پر نہ گیا - شرح یا نرخ ظاہر کرنے کو - بعض
الفاظ کے بعد فاصلہ یا وقت ظاہر کرنے کو - بیرونی
تعلقات کے لئے - پیروی یا پابندی ظاہر کرنے کو - نتیجہ
ظاہر کرنے کو - بعض افعال کے پہلے -

پَر (ہ - صفت) پار کا مخفف
گذشتہ - پرسال (مذکر) گذشتہ سال -
مثل - پر کے موئی سا سو گج
کیوں آئے آنسو - گذشتہ باتوں کا گلہ شکوہ کرنا
یا مصیبت گزر جانے کے بعد رنج و الم کرنا -

پَر (ہ - صفت) پرایا کا مخفف
امثال و اقوال - پر آسانت
آپ اس جو دوسروں سے امید رکھے وہ بھوکا رہتا ہے
پر کا دھن گور یا ماو - دوسروں کا نقصان ہوتا
ہے - ہمیں کیا غرض ہے جو کسی کو روکیں - پر کو کواں
کھودے اور آپ ہی ڈوب ڈوب مرے
غیر کی برائی چاہنے میں اپنا ہی نقصان ہوتا ہے - پر
کی کھیتی پر کی گائے - وہ پاپی جو پر و دھن
(مارن) جائے - غیر کے کام میں دخل دینا حماقت
ہے - پر گھر کودیں موسل چند - اس شخص کی
نسبت کہتے ہیں - جو بن بلائے ہر کہیں چلا جائے - پر
گھر ناچیں تین جنے - کائستھ - بید - دلال
یہ تینوں دوسروں کی خدمت سے فائدہ اٹھاتے ہیں

پَر (س - صفت) دور کا - بعید
دور دراز - بیری - مخالف - بقایا - بچا ہوا - پرانا
قدیم - مختلف - اور دوسرا - باہر کا - دوسری جگہ کا
مفصلہ ذیل - بعد کا - دوسرا - اگلا - بہت اچھا -
اعلے - بڑھیا - افضل - بڑا - اونچا - پر آپکار (مذکر)
نیکی - فیاضی - دوسروں کے ساتھ نیکی اور مہربانی
پر اپکاری (صفت) نیک - فیاض - پرادھکار
(مذکر) دوسروں کا کام یا جگہ - پرادھین (صفت)
دوسروں پر انحصار رکھنے والا - تابع - ماتحت - وابستہ
عاجز - بیچارہ - پرارتھ (مذکر) سب سے
زیادہ نفع - بیحد نفع - سب سے بڑی خواہش یا مطلب
(وسل) اصل معنی - اصل خوبی - دوسرے کا
فائدہ یا نفع - (تف) دوسرے کے لئے - دوسرے کے
فائدہ کیلئے - پرارتھنا (مونث) سفارش - دوسروں کے لئے دعا
پرارتھی (مذکر) سخی - فیاض - پراردھا (صفت) لا انتہا - بے شمار
بے حد - لا انتہا - (مذکر) بہت بڑا عدد - برہما کی عمر جو برہما جی کے
پچاس دن کے برابر ہے - پراشریا (مونث) خلوت
ملازمہ - پراوَر (صفت) دور اور نزدیک - پہلے
اور اخیر - اونچا اور نیچا - اوپر اور سویر - اعلے اور
ادنے - جد اور اولاد - مکمل خیال - کلیت - پراشا
عالم - جہان - کائنات - پراورت (مذکر) تنسیخ - فسخی
فسخ - چھیکنا - پراہ (مذکر) دوسرا دن - پراہن
(مذکر) بعد دوپہر - پچھلا پہر - پرابس (صفت)
دوسرے کا تابع یا ماتحت - پر برہم (مذکر) پرماتما
برہما جی - روح القدس - پر بھرت (صفت)
جسے کوئی دوسرا پالے - لے پالک (مذکر) کوئل
دوسروں کو پالنے والا - کوا - پر بھاگ (مذکر)
اعلے خوبی - خوش قسمتی - اقبالمندی - برتری فضیلت
بڑائی - آخری حصہ - بچا ہوا - بقایا - پر بھومی (مونث)
غیر ملک - پردیس - دشمن کا ملک - پرپد (مذکر)
اعلے رتبہ و درجہ - منزلت - رفعت - پرپرش (مذکر)
دوسرا آدمی - پرایا - اجنبی - دوسری عورت کا خاوند
آشنا - یار - پرپشتا (مونث) کوئل - رنڈی - بلا
بیل جو درختوں پر اگے - پرتم (صفت) اعلے
اکبر - نہایت اچھا - برتر - جل ملے - پرجا (مونث)
پرائی عورت - متبنے لڑکی - پرجات (صفت)
پرایا جنا ہوا - وہ - جسے دوسرا متبنے بنائے - لے پالک
(مذکر) اجنبی - متبنے - پرجاتی (مونث) دوسری
ذات - دوسری قسم - پرجیت (صفت) دوسرے کا
فتح کیا ہوا - مفتوح - تابع - پردکھ (مذکر) دوسروں
کی تکلیف - پردوش (مذکر) دوسرے کا قصور یا جرم
پردھرم (مذکر) دوسرے کے فرائض - دوسری ذات
کے فرائض - پردھن (مذکر) دوسرے کا مال - پرستری
(مونث) پرائی عورت - کنواری عورت جو دوسرے
کے تحت میں ہو - (جیسے بیٹی - باپ کے - بہن - بھائی کے
پرکاج یا کریا (مذکر) دوسرے کا کام - پرکاج میں
ہاتھ ڈالنا (متعدی) دخل در معقولات ہونا - پر
لوک (مذکر) دوسری دنیا - اگلا جہان - سرگ
پرلوک سدھارنا (متعدی) آخرت سنوارنا -
پرلوک گامی (صفت) مرنے والا - پرلوگ گم یا
گمن (مذکر) موت - مرنا - پرمت (مذکر) دوسرے

کی رائے ۔مختلف رائے یا خیال ۲ دوسرا مذہب ۳ ساکھ ۔ مان ۔ بھرم ۔ آبرو ۔ عزت ۔ **پرناری** (مونث) ۱ دوسرے کی عورت یا بیوی ۔ **پرنندا** ۔ (مونث) ۱ دوسروں کی خدمت ۲ تہمت ۔ الزام

امثال واقوال ۔ پرآسا نت

آپاس ۔ جو دوسروں سے امید رکھے وہ بھکاری رہتا ہے ۔ **پراپکاری** ۔ **دھرم دھاری** دوسروں کا فائدہ کرنا ۔ بڑی اچھی بات ہے ۔ **پرادھین سپنے سکھ نہیں** ۔ ماتحت آرام کی نیند نہیں سوتا ۔ ماتحت ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے ۔ **پربس میں سکھ ہے نہیں نج بس ہی سکھ بھوگ پاتے پربس تیاگ کے رہیں سُبس بدھ لوگ** ۔ ملازمت میں آرام نہیں ۔ آزادی میں آرام ہے عقلمند اس لئے نوکری چھوڑ کر آزاد رہتے ہیں اور چین سے بیٹھتے ہیں ۔ **پرتریا پردھن کے اوپار جو کوئی ستادھرے ہے جب چھوٹے ہیں پران پیارے جاکے نرک پڑے ہے** ۔ جو شخص پرائی عورت اور پرائے مال پہ نظر رکھتا ہے وہ مرنے کے بعد ضرور دوزخ میں جائے گا ۔ **پرناری پینی چھری کوئی مت لاؤ سنگ دسوں سیس راون کے دھائے گئے اس ناری کے سنگ** غیر عورت کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رکھنا چاہئے ۔ راون نے دس سر اسی وجہ سے گنوائے ۔

پَر (س ۔ تف) ۱ پہلے ۔ آگے ۔ سامنے ۲ بڑھا ہوا ۔ بڑھ کر ۳ زیادہ ۔ بہت زیادہ ۴ دور ۔ بعید فاصلے پر (حرکت کے افعال کے شروع میں استعمال ہوتا ہے)

پَرِ (س ۔ حرف جار) ۱ قریب ۔ نزدیک ارد گرد ۲ مکمل ۔ کل ۔ بالکل ۔ بہت زیادہ (مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے)

پَرَ (س ۔ مذکر) ۱ عضو ۔ ہاتھ ۔ پاؤں جوڑ ۲ سرکنڈے کی گانٹھ ۔

پُر (ف ۔ صفت) ۱ بھرا ہوا ۔ لبریز ۲ مکمل ۔ بھرپور ۔ بکثرت ۔ بافراط ۔ بہت (عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) **پُرآب** (صفت) ۱ پانی سے بھرا ہوا ۲ آنسوؤں سے بھرا ہوا ۔ **پُرآبلہ** (صفت) چھالوں سے بھرا ہوا ۔ **پُرآرزو** (صفت) خواہشمند ۔ **پُرآشوب** (صفت) فتنہ انگیز ۔ فساد سے بھرا ہوا ۔ **پُرارمان** (صفت) امیدوں سے بھرا ہوا ۔ **پُراز** (تف) سے بھرا ہوا ۔ **پُر ازاشتیاق** (صفت) شوق سے بھرا ہوا ۔ **پُراز دشمناں** (صفت) دشمنوں سے بھرا ہوا ۔ **پُراز زر و جواہر** (صفت) مال و دولت سے بھرا ہوا ۔ **پُراز فتنہ و شر** (صفت) شرارتوں اور فسادوں سے بھرا ہوا ۔ **پُراشک** (صفت) آبدیدہ ۔ **پُرافشاں** (صفت) افشاں سے بھرا ہوا ۔ **پُرالم** (صفت) غمگین ۔ **پُرباد** (صفت) ۱ ہوا سے بھرا ہوا ۔ پھولا ہوا ۲ متورم ۳ مغرور ۔ متکبر ۔ **پُربار** (صفت) حاملہ ۔ **پُربجد ہونا** (لازم) سخت متعدد ہونا (مت) **پُربہار** (صفت) سرسبز پھولوں سے بھرا ہوا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **پُرپیچ** (صفت) پیچدار ۔ **پُرتاب** (صفت) روشنی ۔ چمک اور نور سے بھرا ہوا ۔ **پُرتکلف** (صفت) ۱ بہت آراستہ ۲ بڑی محنت اور اہتمام سے بنایا ہوا ۔ **پُرجاہ** (صفت) مرتبے سے بھرا ہوا ۔ بہت عالی مرتبہ ۔ عالیشان اونچا ۔ **پُرجفا** (صفت) ظالم ۔ جفاکار ۔ سفاک ۔ **پُرحذر** (صفت) محتاط ۔ چوکس ۔ دور اندیش ۔ **پُرحسرت** (صفت) حسرت سے بھرا ہوا ۔ **پُرخار** (صفت) کانٹوں سے بھرا ہوا ۔ تکلیف دہ ۔ **پُرخطر** (صفت) خطرے سے بھرا ہوا ۔ خطرناک ۔ **پُرخم** (صفت) ٹیڑھا ۔ ترچھا **پُرخمار** (صفت) نشے سے بھرپور ۔ **پُرخون** (صفت) خون سے بھرا ہوا ۔ **پُردرد** (صفت) درد سے بھرا ہوا غمناک ۔ **پُردغا** (صفت) دغاباز ۔ **پُردغل** (صفت) دغاباز ۔ دھوکے باز ۔ فریبی ۔ **پُردل** (صفت) ۱ بہادر شجاع ۔ جری ۔ دلیر ۲ فیاض ۔ سخی ۳ ہوشیار ۔ سمجھدار ۴ ناراض ۔ رنجیدہ ۔ **پُردلی** (مونث) ۱ بہادری دلیری ۔ شجاعت ۲ فیاضی ۔ سخاوت ۳ سمجھ ۔ عقل ۴ ناراضگی ۔ رنجیدگی ۔ **پُرذائقہ** (صفت) مزے دار خوش ذائقہ ۔ **پُررفعت** (صفت) بہت بلند ۔ **پُررفعت و وسعت** (صفت) بہت بلند اور وسیع ۔ **پُرزر** (صفت) جس پر طلائی کام زیادہ ہو ۔ زری کا ۔ سونے سے بھرا ہوا ۔ **پُرسالہ** (صفت) ... **پُرشرارت** (صفت) شرارت سے بھرپور ۔ بہت شرارتی ۔ **پُرشعور** (صفت) عقلمند ۔ ہوشیار ۔ **پُرشکم** (صفت) پیٹ بھرا ۔ سیر ۔ **پُرشکوہ** (صفت) عظمت والا بڑائی والا ۔ عظیم الشان ۔ **پُرغرور** (صفت) مغرور ۔ **پُرغرور** (صفت) مغرور ۔ **پُرغم** (صفت) غم سے بھرا ۔ غمگین ۔ اندوہناک ۔ **پُرفتنہ و فساد** (صفت) فسادی ۔ جھگڑالو ۔ **پُرفریب** (صفت) دغاباز ۔ دھوکا باز ۔ **پُرفضا** (صفت) بارونق ۔ سرسبز ۲ وسیع ۔ کشادہ **پُرفن** (صفت) ۱ چالاک ۲ ہشیار ۔ **پُرقلم** (صفت) جلی قلم سے لکھا ہوا ۔ **پُرکار** (صفت) ۱ دانا ۔ ہوشیار ۲ اچھا بنا ہوا ۳ موٹا ۔ دبیز ۔ **پُرکاری** (مونث) موٹاپن ۔ دباغت ۔ **پُرکدورت** (صفت) کدورت سے بھرا ہوا ۔ جس کے دل میں بہت ملال ہو ۔ **پُرکین یا کینہ** (صفت) کینہ ور ۔ دشمن ۔ بد اندیش ۔ **پُرگو** (صفت) بہت باتیں کرنے والا ۔ باتونی ۔ **پُرگوئی** (مونث) بیحد باتیں ۔ بکواس ۔ زیادہ گوئی ۔ **پُرمتن** (صفت) جس کے کنارے پر بہت سا کام بنا ہوا ہو (چادر یا دوشالہ) **پُرمحن** (صفت) غمناک ۔ مغموم ۔ **پُرمغز** (صفت) عمدہ مضمون سے بھرا ہوا ۔ **پُرملال** (صفت) رنجیدہ ۔ رنج سے بھرا ہوا ۔ **پُرنعمت** (صفت) نعمتوں سے بھرا ہوا ۔ کثیر ۔ وافر ۔ **پُرنقش و نگار** (صفت) بہت سجا ہوا ۔ جس پر بہت تصاویر اور نقوش ہوں **پُرنم** (صفت) ۱ تر ۔ گیلا ۲ آنسوؤں سے بھری ہوئی (آنکھ) **پُرنمود** (صفت) ظاہری نمائش والا **پُرنما** (صفت) رسے بھرا ہوا ۔ بہت اچھا گانے والا ۔ **پُرنور** (صفت) ۱ روشن ۔ چمکدار ۲ صاحب کمال ۔ روشن رائے ۔ اہل بصیرت (عموماً حضور کے ساتھ) **پُرہنر** (صفت) کاریگر ۔ کامل ۔ لائق ۔ **پُرہول** (صفت) ڈر سے بھرا ہوا ۔ سخت خوفناک ۔ ڈراؤنا ۔ **پُری** (مونث) ۱ بھرا ہونا ۔ مرکبات کے اخیر میں جیسے خانہ پری ۲ بہتات کثرت ۔ **پُری معدہ** (مونث) بہت کھانا ۔

پُر (س ۔ مذکر) شہر ۔ فصیلدار شہر قلعہ ۔ گاؤں ۔ کھیڑا ۔ قریہ ۔ محلہ ۔ بستی (عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) **پرباسی** (صفت) شہری ۔ شہر کا رہنے والا ۔ (مذکر) شہری ۔ رعایا ۔ **پرکھوپ** شہر کا حاکم ۔ **پردوار** ۔ شہر کا دروازہ ۔ **پردیوتا** شہر کا محافظ دیوتا ۔ **پررکھ** (تف) شہر کی طرف ۔ **پرستھا** (صفت) شہر میں واقع ۔ **پرکریا** ۔ شہر کا معاملہ گھر کا معاملہ ۔ **پرلوگ** ۔ رعایا ۔ شہر کے آدمی ۔ **پرواس** **پُرواسی** ۔ دیکھو پرباسی ۔

پَرا (ھ ۔ مذکر) ۱ قطار ۔ صف سلسلہ ۲ فوج کی قطار یا صف ۳ گروہ ۔ غول (ف پرہ کا ہند) **پرا باندھنا یا جمانا** (متعدی) **بندھنا یا جمنا** (لازم) قطار بندھنا ۔ صف میں کھڑا ہونا ۲ لڑائی کے لئے صف جمنا ۔ **پرے** (مذکر) ۱ جمع پرا کی بجائے پرا حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **پرے خالی کرنا**

(متعدی)، ہونا (لازم) آدمیوں کا قتل ہو جانا۔ پرے سے پرا ملانا (متعدی)، ملنا (لازم) ایک ہی قطار میں کھڑا ہونا۔ پرے کے پرے (مذکر) گروہ کے گروہ۔ غول کے غول۔ بہت آدمی یا جانور۔ دل بادل
پرے کے پرے صاف کر دینا یا کرنا (متعدی)، ہو جانا۔ یا ہونا (لازم) بے انتہا آدمی قتل ہو جانا

پَرا (س۔ حرف جار) ۱ دور۔ بعید ۲ اوپر۔ پرے ۳ پیچھے۔ عقب میں ۴ الٹا۔ نیچے۔ اوپر ۵ غلط (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)

پُرا (ہ۔ مذکر) ۱ شہر۔ قریہ۔ گاؤں محلہ: (پُرا کا تابع) ۲ (ھ) مرکبات میں۔ کرہ ۳ ڈھول کا چمڑہ۔ چمڑہ۔

پَرّا (ہ۔ مذکر) قینچی کا ایک پلڑا (پَرے)

پرابَلیہ (س۔ مذکر) ۱ طاقت قوت۔ زور ۲ غلبہ۔ بس۔ فوقیت۔

پَراپاگنڈہ (انگ۔ مذکر) دیکھو پراپیگنڈا۔

پَراپت (س۔ صفت) ۱ پایا ہوا۔ یافتہ۔ پہنچا ہوا ۲ ملا ہوا۔ جیتا ہوا۔ حاصل کیا ہوا ۳ اٹھایا ہوا۔ برداشت کیا ہوا ۴ مقسوم۔ قسمت کا لکھا ہوا۔ مقررہ ۵ درست۔ ٹھیک۔ موزوں ۶ تکلیف اٹھایا ہوا۔ برداشتہ۔ **پراپت کرنا** (متعدی) ۱ حاصل کرنا۔ پانا ۲ برداشت کرنا۔ حکم ماننا۔ تابعداری کرنا **پراپت ہونا** (لازم) حاصل ہونا وغیرہ۔

پراپت (س۔ مونث) ۱ واقعہ حادثہ ۲ پہنچ۔ رسائی ۳ منافع۔ نفع۔ فائدہ۔ یافت ۴ کامیابی۔ فتح مندی ۵ آمدنی۔ پیداوار۔ ثمر ۶ ترقی بہتری ۷ چڑھائی۔ عروج ۸ گیارھواں نکشترہ ۹ شکی بیوی۔ اسود مرم کی بہو ۱۰ جراسندہ کی بیٹی۔

پراپنا (ھ۔ متعدی) پانا۔ حاصل کرنا۔ قبضے میں لینا۔

پراپیگنڈا: انگ۔ مذکر، شہرت پھیلانا۔ مشہور کرنا۔ کسی کام کی تعریف یا کسی کے برخلاف کوئی معاملہ باقاعدہ طور پر مشہور کرنے کی کوشش۔

پُرات (ہ۔ مونث) بڑا تھال جس کے کنارے اونچے ہوتے ہیں اور عموماً آٹا گوندھنے کے کام آتا ہے۔

پَرات (ھ۔ مذکر) صبح سویرا صبح صادق ۲ (تف) صبح سویرے۔ بہت سویرے علی الصبح۔ **پراپت کال** (مذکر) ۱ صبح۔ سویرا ۲ (تف) صبح سویرے۔ علی الصبح۔

مثل۔ **پرات کال کرو اشنانا۔ روگ دوکھ تم کو نہیں آنا۔** صبح سویرے نہاؤ تو کبھی بیمار نہیں ہوگے۔

پُراتم (ہ)، **پُراتن** (س صفت) ۱ گذشتہ زمانے کا۔ پرانا۔ اگلے زمانے کا قدیم ۲ ہوشیار جہاندیدہ ۳ کارآزمودہ ۴ (مذکر) پرانے قصے یا کہانیاں۔

پَراٹھا (ھ۔ مذکر) توے پر گھی میں تلی ہوئی روٹی جس میں بعض وقت کئی تہیں ہوتی ہیں۔ **پراٹھا ہو کر رہ جانا** (لازم) کسی بھاری چیز کے نیچے دب کر مر جانا۔

پَراجت (س صفت) ۱ شکست کھانا۔ ہار ماننا ۲ مقدمہ ہارنا ۳ مفتوح۔ شکست خوردہ مغلوب۔

پراجنا (س۔ صفت) ۱ تفتیش یا دریافت حوصلے سے کرنے والا ۲ عقلمند۔ ہوشیار۔ عالم چالاک ۳ (مذکر) عالم آدمی وغیرہ۔

پَراجے (س۔ مذکر) ۱ پیراجے (ھ) شکست۔ ہار۔ مات ۲ نقصان۔ خسارا۔ گھاٹا ۳ فتح۔ جیت۔ ظفر۔ نصرت ۴ مقدمے میں پھنسنا **پراجے کرنا** (متعدی)، فتح کرنا۔ زیر کرنا۔ مغلوب کرنا **پراجیان** (صفت) فتح کرنے والا۔ زیر کرنے والا۔ شکست دینے والا ۲ شکست خوردہ۔ مغلوب ۳ (مذکر) وہ شخص جسنے شکست کھائی ہو یا مقدمہ ہارا ہو ۴ فاتح۔ ظفریاب

پراچیر (س۔ مذکر) ۱ احاطہ۔ باڑ آڑ ۲ دیوار۔ فصیل۔

پراچین (س۔ صفت) ۱ سامنے یا مشرق کی طرف ۲ سامنے کا یا شرق کا ۳ مشرقی۔ پوربی ۴ پہلا۔ اول۔ قدیم۔ پرانا ۵ (مذکر) قدیم شخص ۶ (مونث) احاطہ۔ باڑ۔ دیوار۔

پراچیہ (س۔ صفت) ۱ جو سامنے واقع ہو ۲ شرقی۔ شرق کا۔ شرق میں رہنے والا۔ پوربی ۳ شرق کے باشندے ۴ شرقی ملک ۵ وہ ملک جو دریائے سرسوتی کے جنوب اور شرق میں واقع ہے۔

پرادن (س۔ مذکر) ایرانی نسل کا گھوڑا۔

پَرار (س۔ مذکر) کریلا۔

پرارَبدھ (س۔ صفت) ۱ شروع کیا ہے۔ ابتدائی ۲ مقسوم۔ قسمت کا لکھا ہوا ۳ (مذکر) شروع۔ ابتدا۔ کار۔ مہم۔ جوکھوں۔

پرارتھنا (س۔ مونث) ۱ خواہش۔ امید ۲ التجا۔ التماس ۳ درخواست۔ عرض استدعا ۴ دعا۔ استونی۔ **پرارتھنا پتر** (مذکر) تحریری درخواست۔ **پرارتھنا کرنا** (متعدی) التجا کرنا وغیرہ

پرارَنبھ (س۔ مذکر) ۱ شروع ابتدا۔ آغاز ۲ کار۔ مہم (کرنا کے ساتھ)

پراس (س۔ مذکر) ایک دھاردار ہتھیار یا تیر۔

پراساد (س۔ مذکر) ۱ عمارت جو کسی دیوتا کے نام پر ہو یا جس میں راجہ رہتا ہو ۲ مندر شوالہ۔ محل۔ قصر۔

پراسپکٹس (انگ۔ مذکر) ایک رسالہ یا ورق جس میں کسی تجویز یا علمی یا تجارتی کام کے حالات درج ہوں۔

پراسک (س۔ مذکر) پاسا۔ داؤ

پراشری (س۔ مذکر) ۱ سادھو فقیر۔ منگتا ۲ فقیر جو پھر کر مانگے اور ایک جگہ نہ رہے۔

پراشن (س۔ مذکر) ۱ کھانے یا چکھنے کا فعل ۲ کھلانا یا چکھانا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)

پَراک (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی نفس کشی یا قسم جس میں ۱۲ دن تک ورت رکھے جاتے ہیں ۲ بھینٹ کی تلوار۔

پراک (س۔ صفت) مشرق کی طرف مڑنے والا۔ شرقی۔ پوربی۔ شرق کی طرف کا جگہ یا وقت میں پہلے۔ پہلے۔ آگے۔ سامنے۔ گذشتہ پہلا

پراکار (س۔ مذکر) احاطہ۔ گھیرا۔ باڑ۔ آڑ۔ دیوار۔ احاطہ۔ فصیل۔

پراکتن (س۔ صفت) ۱ پہلا۔ گذشتہ۔ پیشیں۔ اول۔ ماقبل۔ سابق ۲ کسی پچھلے جنم کے متعلق ۳ کسی پچھلے جنم کا نتیجہ ۴ (مذکر) کوئی کام جو پچھلے جنم میں کیا ہو ۵ قسمت۔ تقدیر۔ لکھا۔ ہونی۔ مقدر

پراکر (س۔ مذکر) ۱ وہ تہمت کا بیٹا ۲ ایک ورش۔

پراکرت (س۔ صفت) ۱ اصلی قدرتی۔ جو بناوٹی نہ ہو۔ نفس الامری ۲ غیر مبدل۔ جو تبدیل نہ کیا گیا ہو ۳ معمولی۔ عام۔ باقاعدہ ۴ ناتراشیدہ ناصاف۔ ناشستہ ۵ گنواری۔ دیہاتی۔ دیسی ۶ (مونث) کوئی دیہاتی زبان جو سنسکرت سے تعلق رکھتی ہو ۷ وہ زبان جو سنسکرت اور ہندوستان کی اصلی زبان سے مل کر بنی تھی۔ سکندر کے زمانے میں اس کی مختلف شاخیں ہندوستان کے مختلف حصوں میں بولی جاتی تھیں۔

پَراکرم (س۔ مذکر) ۱ طاقت قوت۔ زور۔ بل۔ شکتی۔ قابلیت ۲ حوصلہ۔ دلیری۔ شجاعت ۳ وشن جی ۴ کوروؤں کا ایک جرنیل ۵ ودیادھروں کا ایک راجہ۔ **پراکرم کیسرن** (مذکر) ایک راجہ۔ جو بکرم کیسرن کا لڑکا ہے۔

پراکسی (انگ۔ مونث) مختار نامہ۔ ایک شخص کا دوسرے کو اپنی جگہ رائے یا ووٹ دینے یا کوئی اور کام کرنے کا اختیار دینا۔

پراگ (س۔ مذکر) ۱ پھول کا زیرہ۔ سفوف۔ خوشبودار سفوف جو نہانے کے بعد استعمال کیا جائے ۲ ایک پہاڑ کا نام ۳ صندل ۴ سورج یا چاند کا گرہن ۵ مرکبات میں بجائے پراک کے استعمال ہوتا ہے دیکھو پراک ۶ (ھ) الہ آباد کا قدیم نام۔ **پراگ جیوتش** (عنس) ایک شہر جو کہ سروپ میں تھا۔ **پراگوال** (مذکر) پراگ کا برہمن۔

پراگر (س۔ مذکر) سب سے اونچی جگہ۔ چوٹی۔ **پراگراہار** (صفت) سب سے اچھا حصہ لینا۔ سب سے آگے ہونا۔ آگے لگنا ۲ بڑا۔ اعلےٰ۔ اصل

پَراگندگی (ف۔ مونث) ۱ انتشار پریشانی۔ گھبراہٹ ۲ تردد۔ فکر۔

پراگندَہ (ف۔ صفت) منتشر پریشان۔ گھبرایا ہوا۔ متردد۔ متفکر۔ حیران۔ **پراگندہ حال** (صفت) پریشان حال۔ پریشان۔ حیران۔ **پراگندہ دل** (صفت) دیکھو پراگندہ۔ **پراگندہ روزی** (مونث) بے روزگار۔ جس کی آمدنی باقاعدہ نہ ہو۔ یا تھوڑی ہو۔ **پراگندہ کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ منتشر کر دینا۔ پھیلا دینا ۲ پریشان کرنا۔ گھبرا دینا۔ **پراگندہ ہونا** (لازم) منتشر ہونا وغیرہ

مثل۔ پراگندہ روزی پراگندہ دل۔ بیکار اور مفلس ہمیشہ پریشان رہتا ہے۔ اسے کبھی اطمینان نصیب نہیں ہوتا۔

پراگیا (س۔ صفت) ۱ علم۔ واقفیت سمجھ۔ گیان۔ ادراک ۲ برہمن کی استری ۳ چالاک عورت یا لڑکی۔

پَراگیہ (ھ۔ صفت) ۱ دریافت یا تفتیش میں باحوصلہ ۲ عقلمند۔ سمجھدار۔ گیانی ۳ عالم۔ فاضل۔ پنڈت ۴ چالاک۔ ہوشیار۔ (س) اصل بڑا۔ اعلےٰ ۵ (مذکر) عالم شخص۔ پنڈت۔ سردار۔ حاکم۔

پرال (ھ۔ مونث) بھوسہ۔ پچھالی نال۔ **پرالی** (ھ۔ مونث) پرال۔ پچھالی (س۔ پلال)

پرالَمب (س۔ مذکر) ہار جو گلے سے چھاتی تک لٹکتا ہو۔ گلے کا زیور۔

پرامادیَہ (س۔ مذکر) ۱ پاگلپن سودائی پن۔ دیوانگی ۲ غصہ۔ جوش۔ کرودھ ۳ نشہ۔ بدمستی ۴ ایک پھولدار پودہ۔

پرامانِک (س۔ صفت) ۱ ثابت ثابت شدہ ۲ سند پر منحصر۔ حکم سے مقرر کردہ ۳ مستند معتبر ۴ درست۔ ٹھیک۔ قابل یقین۔ اصل ۵ (مذکر) وہ شخص جو سندوں سے کر بحث کرے۔ جس کی دجوہات مستند ہوں ۶ عالم آدمی۔ پنڈت ۷ کسی تجارت یا منڈی کا چودھری ۸ صدر نشین۔ میر مجلس۔ پردھان۔

پرامَرش (س۔ مذکر) ۱ یاد۔ سمرت۔ یادگاری ۲ خیال۔ سوچ۔ بچار۔ غور۔ خوض ۳ تمیز۔ فرق۔ امتیاز۔ رائے ۴ مشورہ۔ صلاح۔ **پرامرش کرنا** (متعدی) مشورہ کرنا وغیرہ

پرامس (انگ۔ مونث) وعدہ اقرار۔ **پرامِسری** (صفت) اقرار کیا گیا۔ **پرامسری نوٹ** (مذکر) تحریر جس میں لکھنے والا یا مقروض عند الطلب دینے کا وعدہ کرتا ہے۔ ہنڈی **پرامس کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) وعدہ ہونا۔

پراموده۔ پراموودھنا (س۔ مذکر) خوش کرنا۔ منانا۔ دم دلاسا دینا۔

پران (س۔ مذکر) پران (ھ) ۱ سانس۔ دم۔ نفس۔ پھونک ۲ زندگی۔ جان۔ روح ۳ ایسا عنصر جس پر زندگی کا مدار ہو۔ ہوا۔ ہوا جس سے دم لیا جائے ۴ پیارا۔ معشوق۔ جان سے زیادہ پیارا ۵ شاعرانہ قابلیت۔ الہام۔ آکاس بانی ۶ برہماجی اور پرمیشر کا ایک نام ۷ (صرف ونحو) حروف کے بولنے میں بسرگ لگانا ۸ برہماجی۔ وشن جی ۹ ایک سامن ۱۰ ایک وسو ۱۱ وسودھر کا ایک بیٹا ۱۲ مرت ۱۳ دھاتری کا ایک بیٹا ۱۴ دوھاتری کا ایک بیٹا ۱۵ ایک رشی۔ **پرانایام** (مذکر) دم کشی۔ ایک خاص طریق پر سانس لینا۔ پرمیشر کے دھیان میں۔ **پران بدیا** (مونث) علم روح۔ علم نفس۔ **پران پتی** (مذکر) ۱ زندگی کا مالک۔ روح دل ۲ خاوند۔ **پران پیارا** (مذکر) جان سے پیارا معشوق۔ محبوب۔ **پران تج دینا یا تجنا** (متعدی) ۱ جان دینا۔ مرنا ۲ دل ہارنا ۳ گھبرا جانا۔ حوصلہ ہارنا۔ **پران تیاگ** (مذکر) مرنا۔ موت۔ خودکشی۔ **پران تیاگ کرنا** (متعدی) ۱ مرنا ۲ خودکشی کرنا۔ **پران چھٹانا** (متعدی) ۱ جان سے مارنا۔ قتل کرنا ۲ (د) پیچھا چھڑانا۔ جان چھڑانا۔ جھگڑا ختم کرنا۔ **پران چھوٹ جانا یا چھوٹنا** (لازم) ۱ جان نکل جانا۔ مرنا ۲ گھبرا جانا۔ تھک جانا ۳ ڈر جانا۔ خوفزدہ ہونا۔ **پران چھوڑ دینا۔ چھوڑنا** (لازم) ۱ مرجانا ۲ ہمت ہار جانا۔ **پران داتا** (مذکر) زندگی دینے والا۔ وہ جو جان بچائے جان بخش۔ **پران دھر** (مذکر) ایک مصنف۔ **پران ڈنڈ** (مذکر) سزائے موت۔ قتل کی سزا۔ **پران ڈنڈ دینا** (متعدی) ۱ سزائے قتل دینا ۲ پھانسی دینا۔ قتل کرنا۔ **پران ڈنڈ کا پچار کرنا** (متعدی) قتل کے مقدمے کی سماعت کرنا۔ **پران ڈنڈ کھانا** (متعدی) پھانسی لگنا۔ **پران دھارن** (مذکر) ۱ زندگی کا سہارا۔ گزارا۔ غذا۔ قوت۔ آذوقہ ۲ زندگی قائم رکھنے کا ذریعہ ۳ زندگی قائم رکھنا ۴ قوت حیوانی۔ حیات **پران کھانا** (متعدی) پران لینا۔ **پران لینا** (لازم) ۱ جان لینا۔ مار ڈالنا ۲ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا ۳ تھکا مارنا۔ **پران ناتھ** (مذکر) زندگی کا مالک۔ عاشق۔ خاوند ۲ ایک نام۔ **پران نارائن** (مذکر) کوچ کا ایک راجہ۔ **پران ناش** (مذکر) جان کی تباہی۔ دم کشی۔ **پران نکل جانا یا نکلنا** (لازم) پران چھوٹنا **پران ہتنا** (متعدی) دیکھو پران لینا۔

پُران (س۔ صفت) ۱ پرانا۔ قدیمی پرانے زمانے کا۔ ابتدائی ۲ گھسا ہوا۔ نکما۔ مستعمل ۳ (مذکر) پہلے زمانے کی کوئی چیز ۴ گذشتہ واقعہ ۵ پہلے زمانے کے قصے۔ قدیم افسانے۔ قدیم تاریخی قصے ۶ ہندوؤں کی اٹھارہ مقدس کتابوں کا نام جو مذہب اور علم الاصنام کے متعلق ہیں۔ وہ یہ ہیں۔ وشن جی کے متعلق ۱ وشن ۲ نارد یا ۳ بھاگوت ۴ گرو ۵ پدم ۶ ورا۔ شوجی کے متعلق ۷

تیبا ۔ کرما ۔ لنکا ۔ شو ۔ سکند ۔ اگنی ۔ برہما جی کی تعلق ۔ برہم ۔ برہمنڈ ۔ برہم دیورت ۔ مارکنڈیہ ۔ بھوشیہ ۔ وامن ۔ انکے علاوہ ایک وایو پران بھی ہے ۔

پَرّاں (ف ۔ صفت) اڑنے والا

پَرّاں پَرّاں (تف) اڑتا ہوا ۔

پَرَانا (ھ ۔ متعدی) دوڑنا ۔ بھاگنا

چنپت ہونا ۔

پِرانا (ھ ۔ لازم) دکھنا ۔ درد ہونا

(س ۔ پِٹا ۔ درد)

پَرَانا (ہ ۔ متعدی) ۱ بھرنا ۔ لبریز کرنا ۲ تکمیل کرنا ۔ مکمل کرنا ۔ ختم کرنا ۳ پورا کرنا ۔ ایفا کرنا

پُرَانا (ہ ۔ صفت) ۱ قدیم ۔ اگلے زمانے کا ۔ دیرینہ ۔ پارینہ ۲ مستعمل ۔ بوسیدہ ۳ بوڑھا پیر ۴ تجربہ کار ۔ ہوشیار ۵ اگلی وضع کا ۔ دقیانوسی ۶ متروک ۔ منسوخ (س ۔ پُران ۔ قدیم) **پرانا پڑ جانا** (لازم) بوسیدہ ہو جانا ۔ بہت دنوں کا ہو جانا ۔ **پرانا ٹھیکرا** (مذکر) ردی مال ۔ بوسیدہ چیز ۔ پرانی بیوی بوڑھی عورت ۔ **پرانا خرانٹ** (صفت) بہت بوڑھا یا تجربہ کار ۔ **پرانا دکھڑا** (مذکر) پرانی شکایت ۔ پرانی تکلیف ۔ **پرانا دھرانا** (صفت) نکما ۔ مستعمل ۔ بوسیدہ بیکار ۔ **پرانا ڈھرانہ چھوڑنا** (متعدی) پرانا کام یا طریقہ جاری رکھنا ۔ **پرانا زمانہ** (مذکر) قدیم زمانہ اگلا وقت ۔ **پرانا فیشن** (مذکر) پرانی وضع ۔ پرانا انداز ۔ **پرانا گھاگ** (صفت) گرگ باراں دیدہ تجربہ کار ۔ **پرانا مال** (مذکر) بوسیدہ مال ۔ خراب اشیائے سوداگری ۔ **پرانا ہونا** (لازم) بوسیدہ ہونا ۔ نکما ہونا ۔ خراب ہونا ۔ **پرانی** (مونث) پرانا کا ۔ **پرانے** (صفت) پرانا کی جمع ۔ **پرانے چاول** (مذکر) چاول جتنے پرانے ہوں پکانے میں اچھے اور کھانے میں مزیدار ہوتے ہیں ۔ تجربہ کار ۔ جہاندیدہ ۔ **پرانے زمانے کی زندہ تصویر** (مونث) اگلے زمانے کے لوگوں کا نمونہ **پرانی کھوپری** (مونث) بوڑھا آدمی ۔ اگلے وقتوں کا شخص ۔ **پرانی لکیر کا فقیر** (صفت) پرانی وضع کا پابند ۔ پرانی رسومات کا مقلد ۔ **پرانے لوگ** (مذکر) ۱ بڑی عمر کے آدمی ۔ آباؤ اجداد ۔ قدما ۲ قدیمی ملازم پرانے نوکر ۳ تجربہ کار ۔ ہوشیار آدمی ۔ **پرانی لیکھ پر چلنا** پرانی وضع کا پابند ہونا ۔ پرانی رسومات کرنا ۔ **پرانے مردے اکھاڑنا یا اکھیڑنا** (متعدی) ۱ پرانی باتیں درمیان میں لانا ۔ پرانی شکایتیں کرنا ۔ پرانے معاملات کا ذکر کرنا ۲ پچھلی باتوں کا ذکر کرکے جھگڑا کرنا ۔ **پرانی ملاقات** (مونث) دیر کی واقفیت ۔ مدت کا میل جول ۔ **پرانے وقتوں کی باتیں** ۔ پرانے قصے ۔ پرانے زمانے کی باتیں ۔ **پرانی ہڈیاں اکھیڑنا** (متعدی) پرانے قصے چھیڑنا ۔ بیشتر نفی کے ساتھ ۔

امثال و اقوال ۔ **پرانی آنکھیں دیکھے ہوئے ہے** ۔ تجربہ کار ہے ۔ بڑوں کی صحبت میں بیٹھا ہوا ہے ۔ **پرانا ٹھیکرا اور قلعی کی بھڑک** ۔ **پرانے ٹھیکرے پر نئی قلعی** ۔ **پرانی دیگچی پر قلعی کی بھڑک** وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی بوڑھا مرد یا بوڑھی عورت نوجوانوں کی طرز اختیار کرے ۔ **پرانے چاولوں میں مزا ہوتا ہے** ۔ تجربہ کار کی رائے اچھی ہوتی ہے ۔ **پرانے گنبد پر قلعی** ۔ دیکھو پرانا ٹھیکرا الخ **پرانوں کو جھڑکی نیوں کو پیار** ۔ متلون مزاج آدمی کے متعلق کہتے ہیں

پُرانا (س ۔ مونث) جان سے پیاری معشوقہ ۔ محبوبہ ۔

پرانت (س ۔ مذکر) ۱ کنارا حاشیہ ۔ پلہ ۲ اخیر ۔ انتہا ۔

پرانتر (س ۔ مذکر) ۱ سنسان راستہ اجاڑ سڑک ۲ سنسان جگہ یا میدان ۔

پَرانٹھا (ھ ۔ مذکر) پراٹھا ۔

پَرانجلی (س ۔ مونث) دونوں ہاتھ اس طرح ملانا جیسے مسلمان دعا کے لئے اٹھاتے ہیں یعنی کنارے ملا کر بیچ میں سے نیچے رکھنا ۲ تعظیم یا منت کے لئے ہاتھ جوڑنا ۔

پرانسا (س ۔ مونث) ۱ طبابت آیورودیا ۔ علاج کرنا ۔ دوائی دینا ۔

پرانک (س ۔ مذکر) ۱ زندہ جانور یا انسان ۔ جاندار ۲ ایک درخت ۔

پرانِک (س ۔ صفت) زندگی کے متعلق ۔ جاندار ۔

پرانگن (س ۔ مذکر) ایک قسم کا ڈھول پاگن ۔

پرانگن (س ۔ مذکر) صحن ۔ آنگن

پرانگمکھ (س ۔ صفت) ۱ منہ موڑے ہوئے ۲ پیٹھ پھیرے ہوئے ۳ پھرا ہوا ۔ مڑا ہوا ۔

پرانن (س ۔ مذکر) ۱ گلا گھونٹ حلق ۔ کنٹھ ۲ سانس لینا ۔ دم کھینچنا ۳ زندگی ۔ حیات ۴ زندگی پیدا کرنا ۔ زندہ کرنا ۵ (صفت) زندگی پیدا کرنے والے ۔ زندگی دینے والا ۔

پِرانی (س ۔ صفت) ۱ زندہ جیتا ہوا ۔ جیتا جاگتا ۲ (مذکر) جاندار ۔ زندہ مخلوق حیوان ۔ انسان ۳ روح ۔ بھوت ۔ **پرانی پیڑا** (مذکر) بے رحمی جانوراں ۔ **پرانی ماتا** (مونث) ماں ۔

پراوِٹ ۔ **پراوِرت** (مذکر)

پراوِرتا (س ۔ مونث) نقاب ۔ چغہ ۔ جبہ ۔ جامہ ۔ لبادہ

پراوِرِت (س ۔ مونث) احاطہ چار دیواری ۔ باڑ ۔

پراوِرِٹ ۔ **پراوِرِش** (س ۔ مذکر) بارش کا موسم ۔ برسات ۔ ساون اور بھادوں کے مہینے

پُراوِنشل (انگ ۔ صفت) صوبے کے متعلق ۔ **پراونشل پولیس** (مونث) وہ پولیس جو کسی خاص صوبے میں بھرتی ہو ۔ اور اس سے باہر تبدیل نہ کی جا سکے ۔ **پراونشل سِوِل سَروِس** (مذکر) محکمہ سول کے وہ افسران جو کسی صوبے کی گورنمنٹ بھرتی کرے یہ دوسرے صوبے میں تبدیل نہیں کئے جا سکتے ۔

پراوِیڈنس (انگ ۔ مذکر) ۱ خدائی رزاقی ۲ دوراندیشی ۳ (شا) شمالی روڈ آئیلینڈ کا ایک شہر اور صدر مقام (۲۳۰۰۰) یہاں مٹی کے تیل کی بڑی منڈی ہے ۔

پَراہ (ھ ۔ مونث) ۱ بھاگنا ۔ گریز بھاگڑ ۔ فرار ۲ ہجرت ۔ ترک وطن ۔ دیس تیاگن ۔

پَراچہ (ف ۔ مذکر) ۱ کپڑے کا ٹکڑا چیتھڑا ۲ کپڑے کے ٹکڑوں سے ٹوپیاں بنانے والا ۳ مسلمانوں میں ایک ذات ۔

پرائز (انگ ۔ مذکر) انعام ۔ صلہ ۔ اجر (تقسیم کرنا ۔ دینا ۔ لینا ۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ)

پرائم (انگ ۔ صفت) ۱ پہلا ۔ ابتدائی ۔ مقدم ۲ اعظم ۔ اعلے ۔ کلاں ۳ اول درجہ کا ۔ عمدہ ۔ **پرائمر** (مونث) مبتدیوں کی ابتدائی کتاب ۔ **پرائمری** (صفت) ابتدائی ۔ پہلی ۔ شروع کی ۔ **پرائم منسٹر** (مذکر) وزیر اعظم

پرائن (ھ ۔ مونث) نہیر کی بیوی ۲ عورت جو ٹونے ٹوٹکوں سے علاج کرے ۔

پَرائیویٹ (انگ ۔ صفت)

دیکھو پرائیویٹ۔

پَرائی (ہ۔ صفت۔ مونث) پرایا کی۔ پرائے (مذکر۔ صفت)۔ پرایا کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے بجائے پرایا کے۔ پرائی آگ میں پڑنا کودنا یا گرنا (لازم) دوسرے کی مصیبت اپنے سر لینا۔ پرائی بات (مونث) دوسرے کا معاملہ۔ پرائے برتے پر (تف) دوسرے کے بھروسے پر۔ پرائے برتے (ہاتھ) پر شکرہ پالنا (متعدی) دوسرے کے بھروسے پر کام کرنا۔ پرائے بردے آزاد کرنا (متعدی) دوسرے کے مال پر فیاضی کرنا یا مزے اڑانا۔ پرائے بس میں (تف) دوسرے کے اختیار میں (پڑنا ڈالنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ پرائی بہو بیٹیاں (مونث) غیر عورتیں۔ پرائے سر کی بلا لینا (متعدی) دیکھو پرائی آگ الخ۔ پرائے شگون اپنی ناک کٹانا (متعدی) ۱ دوسرے کے لئے اپنا نقصان کرنا ۲ دوسرے کے لئے بدنام ہونا۔ پرائی کیا پڑی ہے۔ دوسرے کی فکر کیا ہے۔ پرائے گھر کا کوڑا ہے (یہ بیٹی کے حق میں بولتی ہیں۔ کہ وہ دوسرے کے گھر میں بیاہی جائے گی۔ پرائے گھر کا ہونا (لازم) ۱ لڑکی کا بیاہ ہو جانا ۲ دوسرے کی ملکیت ہونا۔ بیٹی کے متعلق کہتی ہیں۔ پرائے مکان میں چلا آنا کھیل سمجھ لیا ہے کوئی کسی کے مکان میں گھس آئے تو مالک اسے مار کر کہتا ہے۔

امثال و اقوال۔ پرائی آس چوڑھے پاس۔ بیگانے آسرے نہ رہنا چاہئے۔ پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں ۱ دوسرے کی مدد فائدہ نہیں دیتی ۲ غیر آدمی کام نہیں آتا ۳ پرایا اپنا نہیں ہوتا۔ پرائی بدشگونی کے لئے اپنی ناک کٹوائی۔ دوسرے کے نقصان کے لئے اپنا زیادہ نقصان کیا۔ پرائے بھروسے کھیلا جوا آج نہ موا کل موا جو شخص دوسرے کے بھروسے پر کام کرتا ہے وہ یقیناً نقصان اٹھاتا ہے۔ پرائی توند کا گھونسا۔ دوسرے کی مصیبت اثر نہیں کرتی۔ پرائی تھیلی کا منہ سکڑا۔ دوسرا آدمی دل کھول کر نہیں دیتا۔ پرائی جیب سے اپنی جیب میں (دھرنا۔ رکھنا) لانا مشکل ہے ۱ دوسرے سے روپیہ حاصل کرنا مشکل بات ہے ۲ پرایا مال ہضم کرنا آسان نہیں۔ پرائے خائے پر شکرہ پالنا (متعدی) دوسرے کی کمائی پر بسر کرنا۔ پرائے دھن پر لچھمی نارائن دوسرے کے مال پر فیاضی۔ پرائے دھن پر جھینگر ناچے دوسرے کے مال پر شیخی مارتے ہیں۔ پرائے دھن کو چور روئے۔ دوسرے کے مال کا لالچ کرنا۔ حاسد کی طرف اشارہ ہے۔ پرائی دھی اور ہنسیں بٹاؤ لوگ ۱ راہگذر پرائی عورتوں سے چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں ۲ پرائی مصیبت پر دیکھنے والے ہنستے ہیں۔ پرائی (سار) سرائے میں کون دھواں کرتا ہے۔ کوئی دوسرے کی مدد نہیں کرتا۔ پرائے شگون کے لئے اپنی ناک کٹائی غیروں کو نقصان پہنچانے کے لئے اپنا زیادہ نقصان کیا۔ پرائی گانڑ میں لکڑی گئی بھس میں گئی (تف) پرایا درد معلوم نہیں ہوتا۔ پرائے گنڈوں کے بھروسے پر نہ رہنا۔ دوسروں کی امداد پر بھروسا نہ کرو۔ خود ہمت کرو۔ پرائے مال پر (پہ) لال حسین (یا حسین) دوسروں کے مال پر شیخی مارنا دوسروں کا مال خرچ کرنا۔ پرائے ناموس میں رخنہ اندازی اچھی نہیں۔ دوسروں کی عورتوں کو بری نظر سے نہیں دیکھنا چاہئے۔ پرائی نوکری کرنا اور سانپ کھلانا برابر ہے۔ نوکری خطرناک کام ہے۔

پرائی اے پس (یو۔عص) پیداوار اور زرخیزی کا دیوتا۔ اس کا بت سرخ رنگ کا ہوتا تھا اور اس کا آلہ تناسل بہت بڑا بنایا جاتا تھا۔

پَرائیویٹ (انگ۔ صفت) ۱ خانگی گھر کا۔ نج کا ۲ (مذکر) سپاہی۔ فوج کا سپاہی۔ پرائیویٹ اسکول (مذکر) وہ اسکول جو گورنمنٹ نے نہ کھولا ہو مگر کسی رعایا کے آدمی نے اپنے خرچ پر جاری کیا ہو۔ پرائیویٹ امتحان (مذکر) وہ امتحان جو بغیر سکول میں داخل ہونے کے دیا جائے۔ پرائیویٹ پراپرٹی (مونث) ذاتی جائداد۔ پرائیویٹ طور پر (تف) نج کے طور پر خانگی طور پر۔

پَرایا (ہ۔ صفت) ۱ دوسرے کا۔ غیر کا ۲ بیگانہ۔ غیر۔ اجنبی۔ پردیسی (س۔ پر غیر) پرایا دھن یا مال (مذکر) کنواری لڑکی۔ پرایا گربھ (مذکر) خاوند کے سوا دوسرے کا حمل۔ پرایا ناموس (مذکر) دوسرے کی بیوی۔

امثال و اقوال۔ پرایا بگاڑی بڑا دھرم دھاری۔ غیر کا مددگار۔ بڑا ایماندار ہوتا ہے۔ پرایا دل پردیس برابر۔ دوسرے کا دل کا کچھ پتا نہیں ہوتا۔ کہ اس کے کیا خیالات ہیں۔ پرایا سر (پنسیری۔ دیوار) دل برابر۔ دوسرے کی تکلیف کی پروا نہیں ہوتی۔ پرایا سر قرآن برابر دوسرے کے سر کی قسم کھائی جائے تو اسے پورا کرنا چاہئے جتنی قرآن پر قسم کھانے کی اہمیت ہے۔ اتنی ہی دوسرے کے سر کی قسم کو دینی چاہئے۔ پرایا سر لال دیکھ اپنا سر پھوڑ ڈالیں۔ دوسرے کی نقل کر کے نقصان اٹھانے پر کہتے ہیں۔ پرایا کھائیے گا بجا اپنا کھائیے ٹٹی لگا۔ دوسروں کا مال ہنسی خوشی کھانا چاہئے مگر اپنا چھپا کر تا کہ کوئی اور نہ شامل ہو جائے۔ خود غرضوں کا مقولہ۔ پرایا مال پشم (جھانٹ) کا بال۔ دوسرے کے مال کی قدر نہیں ہوتی۔ پرایا مال لوٹئے اور بندے کا دل دریاؤ۔ سخی مشہور ہو کر لوگوں کا مال ٹھگنا۔

پرائیم (یو۔عص) ٹرائے کا آخری بادشاہ۔ اس کے بیٹے پیرس نے ہیلن کو اغوا کیا۔ اس پر سارے یونان کے بادشاہوں نے مل کر چڑھائی کی۔ یہ اور اس کے پچاس بیٹے لڑائی میں مارے گئے اور فاتحوں نے شہر کو جلا دیا۔ دیکھو پیرس ہیلن۔

پَرایَن (س۔ صفت) ۱ بہت سرگرم ۲ آرزومند۔ خواہش مند ۳ (مذکر) ارادہ۔ قصد۔ عزم مراد ۴ دنیا سے روانگی۔ موت۔ خود بخود مرنا۔ ارادتاً مرنا

پَرایَہ (س۔ مذکر) ۱ روانگی۔ رخصت ۲ زندگی سے رخصت۔ موت فاقے سے ۳ مرنے کے لئے فاقہ کرنا۔ جیسے دھرنے میں ۴ سب سے زیادہ حصہ۔ بڑا حصہ ۵ کثرت۔ بہتات۔ افراط ۶ بہت سے واقعات ۷ عام قاعدہ ۸ دعوت ضیافت ۹ زندگی کا ایک حصہ عمر کا ایک زمانہ۔ عمر ۱۰ (صفت) ملتا ہوا۔ ہم شکل (ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) ۱۱ (تف) اکثر۔ بیشتر زیادہ تر ۱۲ عام طور پر۔ عموماً ۱۳ تقریباً۔ قریب قریب تقریباً تمام ۱۴ غالباً۔ بظن غالب ۱۵ بہت۔ بکثرت۔ بافراط

پَرَب (ہ۔ مذکر) ۱ گانٹھ۔ جوڑ گرہ۔ عضو ۲ کتاب۔ حصہ۔ باب۔ فصل ۳ چاند کے بدلنے کے چار دن۔ پہلی۔ آٹھویں۔ چودھویں اور بائیسویں تاریخ ۴ سال کا خاص حصہ۔ جیسے ہری پد وشن پد ۵ سورج کے نئی منزل میں داخل ہونے کا وقت ۶ تیوہار۔ خوشی کا دن۔ چھٹی کا دن۔ تعطیل ۷ مقدس دن۔ عید ۸ موقعہ۔ محل۔ موزوں وقت ۹ لمحہ۔ لحظہ

۱۱ (ہ) کوئی قیمتی پتھر۔ جواہر۔

پَرباس (ہ۔ مذکر) ۱ پردیسی غیر ملک میں بود و باش رکھنے والا شخص ۲ غیر ملک کی رہائش عارضی ۳ سفر کرنا ۴ مسافرت۔ سفر۔ **پرباسی** (صفت) پردیس میں رہنے والا۔ مسافر۔

پَربال (س۔ مذکر) ۱ شگوفہ۔ کونپل ۲ نئی شاخ۔ نیا پتا ۳ مونگا ۴ تنبورے کی گردن۔

پَرباہ (ہ۔ مذکر) طوفان۔ سیلاب دیکھو پرواہ۔

پَربَت (ہ۔ مذکر) پہاڑ۔ کوہ۔ پہاڑی۔ **پربتی** (صفت) ۱ پہاڑی۔ کوہی ۲ پتھریلی پربتی۔ **پربتیا** (مذکر) ایک قسم کا کدو جو پہاڑ میں پیدا ہوتا ہے۔

مثل۔ پربت کو رائی کرے رائی پربت مان۔ خدا میں بڑی طاقت ہے۔

پَرَبَل (س۔ صفت) **پَرَبل** (عفت) طاقتور۔ قوی ۲ زور آور۔ زبردست ۳ زیادہ طاقت کا ۴ غالب۔ فائق۔ برتر ۵ کرشن جی کا ایک بیٹا ۶ وشن جی کا ایک پرستار ۷ ایک دیتیہ۔ **پَرَبلتا** (مونث) ۱ طاقت قوت۔ زور۔ شکتی ۲ غلبہ۔ فوقیت۔ **پربلتا کرنا** (متعدی) زور لگانا۔

پَرَبَندھ (س۔ مذکر) ۱ تعلق۔ جوڑ۔ میل۔ بند ۲ لگاتار۔ تعلق۔ برابر ۳ سلسلہ۔ تسلسل دور ۴ لگاتار کام یا توجہ ۵ ایک قسم کا گانا ۶ شاعرانہ تصنیف ۷ طرز تحریر۔ انشا ۸ سلسلہ وار قصہ یا کہانی ۹ لگاتار بحث۔ **پربندھ بنانا** (متعدی) تعلق پیدا کرنا۔ رشتہ بنانا۔

پَرَبودھ (س۔ مذکر) ۱ جاگنا۔ ہوش میں آنا ۲ بیداری۔ خبرداری۔ ہوشیاری چوکسی۔ نگاہداشت۔ احتیاط۔ سرت ۳ عقل۔ ہوش دانائی۔ فہم۔ سمجھ۔ گیان۔ فراست ۴ تعلیم تربیت ۵ تشریح۔ توضیح ۶ یقین پیدا کرنا۔ ذہن نشین کرنا باور کرانا ۷ ذہن نشینی۔ دل نشینی ۸ تسلی کرنا۔ دلاسا دینا ۹ تسلی۔ تشفی۔ دلاسا۔

پَرَبھا (س۔ مونث) ۱ روشنی۔ نور چمک۔ شان۔ دمک۔ آب ۲ سایہ۔ **پربھاکر** (مذکر) ۱ روشنی دینے والا۔ نورانی ۲ سورج۔ چاند ۳ آگ ۴ ایک قسم کے دیوتا ۵ شوجی ۶ ایک خاص سمادھی ۷ ایک ناگ دیت ۸ ایک رشی جو اتری کی نسل سے ہے ۹ جیوتش مت کا ایک بیٹا ۱۰ کئی مصنف اور گرو (چندر۔ دت۔ دیو۔ گرو۔ متر۔ نندن کے ساتھ) **پربھاکر وردھن** (مذکر) ایک راجہ۔ **پربھاکر ورمن** (مذکر) ایک وزیر **پربھاوت** (مذکر) روشن۔ منور۔ **پربھاوتی** (مونث) ۱ ایک بدھ دیوی ۲ ایک شرتی ۳ ایک اپسرا ۴ ایک سرگنا ۵ سکند کی ایک ماتری ۶ سریا کی بیوی ۷ اندر دمن۔ اسر کی بہن ۸ راجہ وجر نابھ کی بیٹی اور پردمن کی بیوی ۹ چتررتھ انگ کے راجہ کی بیوی ۱۰ سویر کی بیٹی اور مرت کی بیوی ۱۱ ایک تاپسی ۱۲ نویں ارہت تلی کی ماں ۱۳ سوم دت کی بیٹی اور مدن کی بیوی ۱۴ ایک دریا۔

پَرَبھات (س۔ مذکر) صبح۔ علی الصبح سویرا ۲ سریا اور پربھا کا ایک بیٹا۔ **پربھاتا** (مونث) وسو پرتیش اور پربھاس کی ماں۔ **پربھاتی** (مونث) ایک گیت جو صبح کو گایا جاتا ہے۔

پَرَبھاس (س۔ مذکر) دوارکا کے پاس ایک تیرتھ ۲ حسن۔ خوبصورتی ۳ شان و شوکت ۴ ایک وسو ۵ سکند کا ایک پرستار ۶ ایک دیوتا ۷ جینیوں کے گیارہ گنا دھیوں میں سے ایک ۸ چندر پربھ مدرا کے راجہ کا ایک وزیر ۹ رشیوں کی ایک جماعت۔

پَرَبھاشا (س۔ مذکر) ۱ گفتگو بول چال۔ بیان ۲ الزام۔ قصور۔ تہمت ۳ گالی تضحیک مضحکہ۔ ٹھٹھا ۴ تشریح۔ توضیح۔ تعریف ۵ اصطلاح محاورہ۔ مثل ۶ (طب) تشخیص مرض۔ روگ جانچ **پربھاشی** (صفت) بولتا یا گفتگو کرتا یا تشریح کرتا ہوا

پَرَبھان (س۔ مذکر) ۱ چمکتا ہوا روشن ۲ روشنی۔ نور۔ **پربھالو** (مذکر) کرشن جی کا ایک بیٹا۔

پَرَبھاؤ (س۔ مذکر) ۱ طاقت قوت۔ زور۔ بل۔ شکتی ۲ اثر۔ تاثیر۔ گن ۳ عظمت جلال۔ شان۔ شوکت ۴ آسمانی طاقت اور قوت ۵ جوش۔ حوصلہ۔ شجاعت۔

پَرَبھُت (ہ۔ مذکر) **پربھُتا** (س۔ مونث) **پربھتائی** (ہ۔ مونث) **پَرَبھتو** (س۔ مذکر) ۱ مالک ہونے کی حالت۔ ملکیت۔ حقیقت۔ سرداری حاکمی ۲ حکومت۔ سلطنت ۳ بڑائی۔ برتری۔ بزرگی ۴ فضیلت۔ فوقیت۔ غلبہ ۵ عظمت۔ سبقت۔ رسوخ ۶ بڑی طاقت۔ اختیار۔ **پربھتا کرنا** (متعدی) فوقیت پانا۔ غلبہ حاصل کرنا۔ سبقت لیجانا وغیرہ۔

پَرَبھنجن (س۔ مذکر) ۱ توڑنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا ۲ ہوا۔ باد۔ آندھی۔ طوفان۔ باد صرصر

پربھو۔ پَرَبھو (س۔ مذکر) ۱ برتر۔ فائق۔ غالب ۲ حاکم۔ سردار۔ مالک۔ خداوند ۳ (مجازاً) خدا۔ پرمیشر ۴ کسی فرقہ کا سردار ۵ ایک دیوتا ۶ کردمر کا بیٹا ۷ شک اور پوری کا بیٹا ۸ بھگ اور سدھی کا بیٹا ۹ ایک شاعر ۱۰ کئی مشہور آدمیوں کا نام **پربھو دیو** (مذکر) ایک یوگ کا گرو۔ **پربھو دیوی** (مونث) ایک شاعرہ۔

پَرِبھَو (س۔ مذکر) ۱ حقارت گستاخی۔ شوخی ۲ ہتک۔ بے عزتی۔ ذلت۔ رسوائی ۳ ضرر۔ نقصان ۴ شرمساری۔ خفت۔ شرمندگی

پَرَبھَو (س۔ مذکر) ۱ پیدائش۔ ولادت۔ جنم ۲ اصلیت۔ بنا۔ بنیاد۔ جڑ ۳ منبع۔ مبدا۔ آغاز۔ وجہ ہستی ۴ جنم کی وجہ یا ذریعہ جیسے ماں۔ باپ ۵ جائے ولادت ۶ خاندان۔ حسب نسب ۷ طاقت قوت ۸ فضیلت۔ فوقیت۔ برتری ۹ حکومت۔ اختیار ۱۰ ایک سادھیہ ۱۱ وشن جی۔ کئی آدمیوں کا نام

پَرَبھوشن (ہ۔ مذکر) اعلےٰ قسم کا زیور۔

پَرَبھوگ (س۔ مذکر) ۱ عیش نشاط۔ لطف۔ مزا۔ مسرت۔ فرحت۔ آنند۔ موج منگل ۲ جماع۔ مباشرت۔ صحبت۔ ہم بستری ۳ ملکیت۔ قبضہ ۴ عیش و نشاط کا کوئی ذریعہ ۵ دوسرے کے خرچ پر گذارہ ۶ دوسرے کے مال کا استعمال بغیر اس کی اجازت کے ۷ دوسرے کی چیز کا ناجائز استعمال

پَرَبھوی (س۔ مونث) مالکہ بیگم۔ گھروالی۔ مخدومہ۔ بی بی۔ صاحبہ۔

پَرَبھید (س۔ مذکر) ۱ کاٹنا۔ ٹکڑے کرنا۔ چیرنا۔ پھاڑنا ۲ تقسیم۔ بانٹ۔ انقسام ۳ علیحدگی۔ فرق۔ فصل ۴ قسم۔ نوع۔ جنس ۵ حرف حقارت کا نام۔ آدھا نام جو پکارا جائے۔

پَرَپ (س۔ مذکر) پہیئے دار کرسی جس میں بیمار ادھر ادھر جا سکتا ہے۔

پَرَپاٹی (س۔ مونث) ۱ تسلسل لگاتار۔ قطار۔ سلسلہ۔ ترتیب۔ ترکیب ۲ طریق۔ طرز ڈھنگ ۳ انتظام۔ بندوبست۔ دستور علم حساب

پَرَپالِت (س۔ صفت) محفوظ

پروردہ -

پَرَپَٹ (س - مذکر) ایک درخت جس کے پتے دوائیوں میں کام آتے ہیں - پاپڑا - **پَرَپَٹی** (مونث) ۱ خوشبودار مٹی جو سورت سے آتی ہے ۲ پاپڑی -

پَرپَر (ھ - مذکر) سنسناہٹ - جھنجھناہٹ - چنچناہٹ - ٹیس - ٹپک - جلن - سوزش **پرپرانا** (لازم) بدن میں سنسنی پیدا ہونا - ٹیس پڑنا جلن ہونا - (ہ) چڑچڑانا - **پرپراہٹ** (مونث) ۱ دیکھو پرپر ۲ تیزی - ترشی -

پَرَت (ھ - مذکر) اردو میں بالفتح ثانی ۱ تہ - پپڑی - چھلکا - طبق ۲ ورق - تختہ - تاؤ - (کاغذ وغیرہ) ۳ (ھ - صفت) ایک - یک - **پرت دار** (صفت) کئی تہوں والا - **پرت در پرت** (صفت) تہ پرتہ -

پَرَتِ (س - حرف جار) ۱ پھر دوبارہ ۲ برخلاف - خلاف - الٹا - برعکس ۳ واپس ۴ طرف - نزدیک - قریب ۵ مطابق - موافق ۶ لئے بدلے - جگہ پر - بجائے ۷ ہر ایک - ہر (مرکبات کے شروع میں بھی استعمال ہوتا ہے)

پَرتا (ہ - مذکر) ۱ اوسط (بیٹھانا پڑنا - پھیلانا وغیرہ کے ساتھ) ۲ (ھ - مذکر) پھرکی چرخی - پریتا -

پُرتا (ھ - تف) مکمل طور پر - پورے طور پر - کل - تمام -

پَرتاب (ف - مذکر) ۱ تیر کی تیر کا فاصلہ - تیر دا ۲ دور تک پہنچنے والا تیر ۳ روشنی چمک - نور ۴ سکہ ۵ تیر چلانا - نیزہ پھینکنا -

پَرتاپ (س - مذکر) دہکتی ہوئی آگ - سخت گرمی - حرارت ۲ شان و شوکت - بھڑک زیب و زینت - تجلی - تاب - تجمل ۳ بزرگی - عظمت وقر ۴ مرتبہ اور حکومت پر قبضہ ۵ برتری - فضیلت - فوقیت ۶ جوش - شوق - ولولہ - سرگرمی - طاقت - قوت - زور ۷ حوصلہ - جرأت - شجاعت - بہادری ۸ فیاضی - دریادلی - سخاوت - کشادہ دلی - عالی حوصلگی اولوالعزمی ۹ نیکی - مہربانی - شفقت - لطف - کرم -

پَرِتاپ (س - مذکر) ۱ گرمی - حرارت - تپش ۲ تکلیف - درد ۳ غم - رنج - اندوہ افسوس - مصیبت ۴ ایک دوزخ کا نام -

پَرَتارِت (س - صفت) جسے دھوکا دیا گیا یا فریب دیا گیا ہو - گمراہ کیا گیا ہو - **پرتارک** (صفت) دھوکا دینے والا - دغاباز - فریبی - بے وفا نمک حرام (مذکر) دغاباز - دھوکے باز یا عیار شخص - **پرتارکتا** (مونث) **پرتارکتو** (مذکر) دھوکا - دغا - فریب جعلسازی -

پَرتارَن (مذکر) **پرتارنا** (س مونث) دھوکا - فریب - دغا - جعلسازی - عیاری - مکاری - گھاٹ سے پار اتارنا - عبور کرانا - عبور کرنا دریا سے گزرنا -

پَرتال (ہ - مونث) ۱ کھیت کی پیمائش ۲ جانچ - پڑتال - نظرثانی ۳ جوتیوں کی لگاتار مار - صدمہ - **پرتال پڑنا** (لازم) جوتے پڑنا - یکبار پٹنا - **پرتال جریب** (مونث) کھیت کی پیمائش **پرتالنا** (متعدی) جانچنا - پیمائش کرنا -

پُرَتان (س - مذکر) ۱ شگوفہ - شاخ - ریشہ ۲ ریشوں والا پودہ - بیل ۳ ایک بیماری مرگی -

پَرَتَردان (س - جس) دیو و داس راجہ کاشی کا لڑکا - راجہ کے سارے خاندان کو وتیاہویا نے قتل کر دیا - بھرگو کے یگ سے راجہ کے گھر پرتردان پیدا ہوا - اس نے جوان ہو کر اپنے بھائیوں کا بدلہ لیا وتیاہویہ نے جا کر بھرگو کے پاس پناہ لی - جس نے اسے برہم رشی بنا دیا -

پَرَتِسٹھان (س - عس) ایک قدیم شہر جو چندربنسی خاندان کا شروع میں دار الخلافہ تھا - اور پراگ سے دریا کے دوسری طرف تھا -

پَرَتِسرگ (س - مذکر) ۱ پہلی پیدائش جس میں مادہ سے دنیا پیدا کی گئی ۲ دوسری پیدائش جس میں برہما جی کے ذریعے سے مخلوقات پیدا کی گئی ۳ مادہ کا پھر اصلی حالت پر آجانا - پرلو - قیامت ۴ ایک پران کا ایک حصہ جس میں پیدائش اور قیامت کا ذکر ہے -

پَرِتَشٹ (س - صفت) ۱ تسلی یاب - قانع - صابر ۲ خوش - خرم -

پَرِتَشٹھ (س - صفت) مشہور معروف - نامی - نامور - **پرتشٹھا** (مونث) ۱ چپ چاپ کھڑا رہنا - آرام کرنا - ٹھیرنا - رہنا ۲ آرام کی جگہ - آرام گاہ - جگہ - موقع ۳ بنیاد - نیو ۴ ایک قسم وزن شاعری کی ۵ تکمیل - کمالیت - پورا کرنا ۶ کسی رسم کا کسی عاقب کے متعلق پورا کرنا ۷ مندر یا بت کی کسی دیوتا کے نام پر سنکلپ کرنا - بت بنانا - مندر کے نام پر جائداد وقف کرنا ۸ بیٹی کو جہیز دینا ۹ آغاز کسی اچھے کام کا رسم کے بعد مسند نشینی - تخت نشینی ۱۰ شہرت - ناموری ۱۱ رتبہ - درجہ مرتبہ ۱۲ ساخت - بناوٹ - ترکیب ۱۳ طاقت - قوت زور - **پرتشٹھا کرنا** (ھ) مسند نشین کرنا - کسی کام کے آغاز کے لئے رسم کرنا - بت بنانا - مندر کو سنکلپ کرنا **پرتشٹھان** (مذکر) بنیاد - نیو - مضبوط جگہ کھڑا ہونے کی - زمین - بنا - موقعہ - جگہ - پاؤں - ٹانگ - ایک شہر جہاں گنگا اور جمنا ملتی ہیں - الہ آباد کے مقابل - ایک شہر دریائے گوداوری پر جو راجہ سالباہن دار السلطنت تھا - چندربنسی خاندان کے پہلے راجوں کا دار الخلافہ -

پَرَتِیکار (س - مذکر) ۱ بدلہ - معاوضہ عوض - جزا - انعام ۲ انتقام - پاداش - مکافات ۳ دوا لگانا - بیماری کو روکنا ۴ روک - علاج - دوائی -

پَرَتِکامِنی (س - مونث) رقیب عورت -

پُرَتِکَرَم (س - مذکر) ۱ انتقام - پاداش - مکافات ۲ پوشاک - لباس - بناؤ سنگار - دیکھو پرتکار -

پَرَتِگیا (س - مونث) ۱ اقبال - اقرار - عہد - عہد و پیمان - وعدہ - قسم ۲ بیان - اظہار عرضداشت - قول - بچن ۳ اقرار صالح ۴ (منطق) مسئلہ بات جو ثابت کرنا ہو ۵ نیائے شاستر کے بموجب کمل تیاگ کے پانچ رکنوں میں سے کوئی ایک ۶ (قانون) استغاثہ اطلاع - درخواست -

پُرتگیز (انگ - مذکر) پرتگال کا باشندہ - **پرتگیزی** (صفت) پرتگال کا - **پرتگیزی شرقی افریقہ** (افریقہ) دیکھو موزنبیق -

پَرَتَل (س - مذکر) بالشت - پاتال کا ایک حصہ -

پَرتَل (ہ - مذکر) سوار کا سامان جو ایک بیل یا گھوڑے پر لادا جائے - (س ورترا) **پرتل کا ٹٹو** (مذکر) لدو ٹٹو یا بیل - مزدور آدمی -

پَرتَلا (ھ - مذکر) ۱ تلوار کی پیٹی جو کندھے پر ڈالتے ہیں - یا جو ٹا تسمہ ۲ پیٹی - تسمہ -

پَرَتِما (س - مذکر) ۱ عکس - تصویر بت - مجسمہ ۲ ہاتھی کے سر کا وہ حصہ جو بڑے دانتوں کے

درمیان ہوتا ہے ۳ ایک وزن۔ **پرتمان** (مذکر) ۱ دیکھو پرتما ۲ مقابل۔ جوڑ۔ ہم پلہ ۳ نمونہ۔ مثال۔ نقشہ۔

پرتنا (س۔ مونث) ۱ فوج ۲ فوج کا دستہ جس میں ۲،۳ ہاتھی ۲۴۳ رتھ ۲۹، گھوڑے اور ۱۲۱۵ پیدل ہوتے ہیں۔ **پرتنانی** (مذکر) فوج کا جرنیل

پرتندھ (س۔ مذکر) ۱ عوض بدل ۲ نائب۔ وکیل۔ قائمقام ۳ ضامن۔ کفیل ۴ شبیہہ تصویر ۵ اصل شکل کا عکس یا نقشہ۔ بت مجسمہ۔ **پرتندھ کرنا** (متعدی) ۱ قائم مقامی کرنا ۲ ضمانت لینا۔

پرتو (ف۔ مذکر) ۱ روشنی۔ کرن شعاع۔ جھلک۔ عکس۔ سورج یا چاند کی کرن۔ **پرتو افگن۔ پرتو فگن** (صفت) شعاع ڈالنے والا۔ **پرتو انداز** (صفت) عکس ڈالنے والا۔

پرتوستان (ف۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں روشنی یا نور ہو ۲ دساتیر کی ایک تفسیر مصنفہ ساسان پنجم۔

پرتھ (س۔ صفت) ۱ چوڑا۔ وسیع۔ کھلا۔ بڑا ۲ چندربنسی خاندان کا پانچواں بادشاہ ۳ ایک قدیم راجہ جسنے انسانوں کو کھیتی کرنی سکھائی تھی ۴ (مونث) ایک پودہ جس کے بیج خوشبودار ہوتے ہیں ایک دوائی۔ ہنگ پتری۔

پرتھا (س۔ مونث) ۱ شہرت ناموری۔ نیک نامی۔ نام۔ جس۔ چرچا ۲ بری رسم زبوں رسم۔

پرتھک (صفت) ۱ جدا۔ اکیلا کئی ۲ (تف) علیحدہ علیحدہ۔ جدا جدا۔ ایک ایک کرکے ۳ (حرف ربط) ماسوا۔ سوائے۔ بغیر۔

پرتھم (س۔ مذکر) پرتھم (صفت) ۱ پہلا۔ اگلا۔ ابتدائی ۲ کسی سلسلے میں پہلا ۳ نہایت پرانا قدیم۔ اگلے زمانے کا ۴ اصلی۔ ذاتی ۵ گذشتہ۔ سابقہ۔ پیشین ۶ بڑا۔ اچھا۔ اعلے۔ عمدہ ۷ نہایت اعلے۔ لاجواب ۸ (حساب) پہلا حاصل ضرب ۹ (تف) پہلے پہل سب سے پیشتر۔ افضل۔

پرتھما (س۔ مذکر) بڑائی چوڑائی وسعت۔

پرتھو۔ پرتھوی۔ پرتھی (س۔ عس) ایک رشی جس کا ذکر ویدوں میں آتا ہے اور ایک منتر اس کے نام پر ہے۔ پرانوں کے بموجب یہ دنیا کا پہلا راجہ تھا۔

پرتھوی (س۔ مونث) ۱ دنیا عالم۔ زمین۔ ارض ۲ دنیا کی دیوی ۳ اراضی۔ زمین سطح ارض ۴ ایک بحر یا وزن۔

پرتھی۔ پرتھی (ھ۔ مونث) دیکھو پرتھوی۔

پرتی (ہ۔ مونث) افتادہ زمین غیر مزروعہ زمین۔ **پرتی جدید** (مونث) وہ زمین جو حال میں غیر مزروعہ ہوئی ہو۔ **پرتی قدیم** (مونث) وہ زمین جو مدت سے غیر مزروعہ پڑی ہو۔

پرتی (ھ۔ مونث) نقشہ کیفیت فرد حساب۔

پرتیت (س۔ مفعول) ۱ گزرا ہوا۔ گذشتہ۔ ماضی ۲ ثابت شدہ۔ تسلیم شدہ ۳ معتبر معتمد۔ تجربہ کار ۴ مشہور۔ نامی۔ نامور ۵ اعتبار کرتا ہوا۔ بھروسا کرتا ہوا ۶ تسلی یاب۔ خوش۔ خرم۔

پرتیت۔ پرتیت (س۔ مونث) ۱ صاف سمجھ یا نظریہ۔ بصیرت ۲ فکر مبین ۳ صریح یا واضح خیال ۴ مکمل واقفیت یا تحقیق۔ علم۔ تجربہ ۵ یقین۔ ایمان۔ دھرم ۶ بھروسہ۔ اعتبار۔ ساکھ ۷ شہرت۔ ناموری۔ شہرہ۔ **پرتیت کرنا** ۱ درست خیال قائم کرنا۔ تحقیق کرنا ۲ یقین کرنا۔ ایمان لانا۔ ماننا ۳ اعتبار کرنا۔ بھروسا کرنا۔ اعتماد کرنا۔

پرتیر (س۔ مذکر) ۱ کنارہ۔ ساحل ۲ منو بھوتیہ کا ایک بیٹا۔

پرتیرتھی (س۔ صفت) ۱ مخالف مجادل۔ مقابل ۲ (مذکر) دشمن۔ عدو۔ رقیب ۳ (قانون) مدعا علیہ۔ الزام علیہ۔

پرتیک (س۔ صفت) ۱ برخلاف برعکس۔ الٹا ۲ سر نیچے ٹانگیں اوپر۔ الٹا پلٹا۔ اوندھا ۳ عام ترتیب کے الٹ۔ حصہ۔ بجزہ۔ ٹکڑا۔ عضو بدن کا کوئی حصہ۔

پرتکش۔ پرتیکش (س۔ صفت) ۱ نمودار۔ ظاہر۔ صاف۔ صریح۔ واضح۔ عیاں ۲ حقیقی۔ واقعی اصلی ۳ (مذکر) حاضری۔ موجودگی ۴ احساس۔ محسوسیت ۵ صراحت۔ وضاحت ۶ مشاہدہ۔ ملاحظہ ۷ (تف) سامنے۔ موجودگی میں۔ علم میں ۸ صریحاً۔ صاف طور پر۔

پرت (س۔ مذکر) سونا۔ زر۔ طلا۔

پرج (ھ۔ مذکر) ۱ تلوار کا قبضہ ۲ ڈھال کا دستہ ۳ وہ لکڑی جو دستے میں قبضے کی جگہ پر لگی ہوتی ہے ۴ ایک راگنی۔ **پرجدار** (صفت) قبضے والی (تلوار)

پرجا (س۔ مونث) ۱ اولاد۔ بچے۔ نسل۔ آل بنس۔ سنتان ۲ خاندان۔ قوم ۳ پیدا کی ہوئی جاندار چیز۔ مخلوق ۴ رعیت۔ محکوم ۵ کرایہ دار۔ **پرجاپال** (مذکر) ۱ راجہ ۲ کرشن جی ۳ ایک راجہ **پرجاپالک** (مذکر) ۱ مخلوق کا محافظ۔ کرشن جی کا لقب ۲ رعیت کا محافظ۔ راجہ۔ بادشاہ۔ **پرجاپالن** (مذکر) رعیت یا ماتحتوں کی حفاظت یا پرورش۔ **پرجاپت** (مذکر) ۱ مخلوقات کا مالک۔ ایشور۔ برہماجی ۲ منو سوایمبھو ۳ برہماجی کے دس روحانی بیٹوں کا نام جو نسل انسان کے بانی سمجھے جاتے ہیں ۱ مریچی ۲ اتری ۳ انگیرس ۴ پلستیہ ۵ پلاہ ۶ کرتو ۷ وسشٹھ ۸ دکش ۹ بھرگو ۱۰ نارد۔ **پرجاپتی** (مونث) ۱ عورت۔ خاندانی عورت ۲ گوتم بدھ کی چچی اور دایہ **پرجالوگ** (مذکر) ۱ رعیت ۲ ماتحت۔ ملازم ۳ زمیندار کاشتکار۔ **پرجاوت** (صفت) ۱ جس کے بہت سے بچے ہوں ۲ (مذکر) ایک رشی ۳ رگ وید کا ایک منتر جو اس رشی پر اترا تھا۔

امثال واقوال۔ پرجا بھاگے چھوڑکے کنیائی کام۔ چھیوں اوڑ جگ مال کہے پھر اسے بدنام۔ ظالم راجہ کی رعیت سب کام چھوڑ کر بھاگ جاتی ہے اور پھر اسے دنیا میں بدنام کرتی ہے۔ **پرجا ہے جڑ راج کی راجہ ہے جوں رُوکھ۔ روکھ سوکھ کر گر پڑے جب جڑ جائے سوکھ۔** راجہ درخت ہے۔ رعیت جڑ ہے۔ اگر جڑ سوکھ جائے تو درخت گر پڑتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ راجہ کو رعیت کا بہت خیال رکھنا چاہئے۔ **پرجا مرن راجہ (کی ہانسی) ہلنسے۔** وہاں کہتے ہیں جہاں رعیت تو محنت کرے اور راجہ عیش وعشرت میں روپیہ اڑائے۔ **پرجا نہیں تو راجہ کہاں۔** رعیت اگر سکھ میں نہ ہو تو راجہ یا تو مارا جاتا ہے یا معزول ہو جاتا ہے۔

پرجاتا (س۔ مونث) وہ عورت جو بچہ جنے۔

پرجارنا (ھ۔ متعدی) جلانا۔ آگ لگانا۔ پھونکنا۔

پَرَبْتَن ۔ پَرَٹْن (ھ ۔ مذکر)[1] آوارہ پھرنا ۔ آوارہ گردی کرنا ۔ سفر کرنا ۔

پَرِجَن (س ۔ مذکر)[1] ہمراہیاں ملازمان ۔ خدمتگاراں ۔ ہمنشین[2] جلو ۔ حشم و خدم ۔ ترک[3] متعلقین ۔ وابستگان ۔ خاندان ۔ گھر والے ۔

پَرجَن (س ۔ صفت)[1] ہوشیار ۔ عقلمند ۔ سمجھدار[2] عالم ۔ واقفکار ۔

پرجنا (س ۔ مونث)[1] چالاک یا ہوشیار عورت[2] ہوشیاری ۔ چالاکی ۔ سمجھ ۔ عقل ۔ بدھ ۔ دانائی علم[3] تیزی ۔ فہم ۔ فراست ۔ **پرجنا شرم** (مذکر) ایک مصنف ۔ **پرجنان** (صفت)[1] عقلمند ۔ دانا[2] (مذکر) یادگار ۔ نشانی ۔ **پرجبانند ۔ پرجنیدر** (مذکر) مصنفوں کے نام ۔

پَرْجَنک (ھ ۔ مذکر) پلنگ چارپائی ۔

پَرجَنیہ (س ۔ مذکر)[1] بادل[2] مینہ[3] مینہ کا دیوتا اس کے متعلق رگ وید میں تین منتر ہیں[4] ایک آدتیہ کا نام[5] ایک دیوگندھرو[6] ایک رشی[7] ایک پراجپتی ۔ **پرجنیہ وات** (مذکر) مینہ اور ہوا کا دیوتا پرجنیہ ۔

پَرجوار (س ۔ مذکر) بخار کا زور

پَرجوت ۔ پَرجَوت (ھ ۔ مذکر)[1] مکانات کی زمین پر محصول[2] چکوتا ۔ لگان مقرری

پَرجیوَن (س ۔ مذکر) وجہ معاش روزگار ۔ روزی ۔

پِرِچ (ہ ۔ مذکر) چھوٹی رکابی جو پیالے کے ساتھ ہوتی ہے ۔

پَرچا (ہ ۔ مذکر)[1] امتحان تجربہ آزمائش ۔ جانچ ۔ پرکھ[2] ثبوت ۔ دلالت ۔ اثبات پرمان (س ۔ پرکشا) **پرچا دینا** (متعدی) ثابت کرنا ثبوت دینا ۔ **پرچا لینا** (متعدی) تجربہ کرنا ۔ جانچ کرنا آزمائش کرنا ۔ **پرچی** دیکھو علیحدہ ۔ **پرچے** (جمع)

مثل ۔ پرچے پر نیت نہیں

آزمائش کے بغیر اعتبار نہیں کرنا چاہئے ۔

پَرچا (ہ ۔ امر) پرچانا سے (پرچنا ۔ مشغول رکھنا) **پرچا رہنا** (لازم) دل بہلا یا لگا رہنا ۔ کسی کام میں مشغول رہنا ۔ **پرچا لینا ۔ یا پرچانا** (متعدی)[1] مانوس کرنا ۔ ہلا لینا[2] رام کر لینا[3] راضی کرنا ۔ لالچ دے کر ملا لینا[4] باتوں میں لگا لینا[5] (ھ) واقف کرانا ۔ ایک دوسرے سے واقفیت کرانا[6] بے تکلف ہونا ۔ رسوخ بڑھانا[7] بہلا لینا ۔ پھسلانا ۔[8] آگ روشن کرنا یا جلانا[9] حقہ سلگانا ۔

پَرچار (س ۔ مذکر)[1] جانا[2] نکلنا[3] ظاہر ہونا[4] استعمال ہونا[5] استعمال[6] چلن ۔ رویہ[7] انتشار ۔ پھیلاؤ[8] ظہور ۔ اعلان ۔ اظہار ۔ انکشاف پرکاش[9] شہرت ۔ تشہیر ۔ مشہوری[10] رسم رواج[11] چراگاہ ۔ جنگل ۔ بیہڑ[12] چرائی ۔ گلہ بانی ۔ **پرچارک** (مذکر)[1] مشہور کرنے والا ۔ شہرت دینے والا[2] چرواہا گلہ بان[3] نقیب ۔ مناد ۔ **پرچارک کرنا ۔ پرچارنا** (متعدی) مشتہر کرنا ۔ پھیلانا ۔ منادی کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ افشا کرنا ۔

پَرچارَک (س ۔ مذکر)[1] نوکر ۔ ملازم[2] محافظ ۔ پہرے والا ۔

پرچاری (س ۔ مذکر)[1] خدمت کرنا ۔ ملازمت کرنا ۔ تابعداری کرنا[2] ملازم ۔ نوکر ۔

پُرزے (اردو ۔ مذکر) پرزے **پرزے اُڑ جانا** (لازم) پرزے پرزے ہو جانا ۔

پُرچَک (ہ ۔ مونث)[1] چمکار ۔ پیار ۔ پھسلاوا ۔ بہلاوا[2] دھوکا ۔ فریب ۔ دغا بازی[3] حمایت ۔ جانبدار ۔ طرف داری ۔ شہ ۔ کمک[4] اشارہ ایما ۔ کنایہ ۔ رمز[5] اجازت ۔ (س پر ترچ ۔ چاروں طرف چمکنا) **پرچک پانا** (لازم)[1] حمایت پانا[2] اشارہ پانا **پرچک دینا** (متعدی)[1] شہ دینا ۔ اکسانا ۔ ابھارنا[2] بہکانا دھوکا دینا ۔ **پرچک کرنا** (متعدی) حمایت کرنا **پرچک لینا** (متعدی) طرفداری کرنا ۔

پَرچَل (س ۔ صفت) حرکت کرنے والا ۔ ہلنے والا ۔ کانپنے والا ۔ تھرتھرانے والا ۔ **پرچلِت** (صفت)[1] جاری ۔ رائج ۔ چلتا ۔ مستعمل[2] مانا ہوا ۔ مسلم ۔ موثر **پرچل داس اور سنہا** (مذکر) شاعروں کے نام ۔

پرچلن (س ۔ مذکر)[1] حرکت کرنا پھرنا[2] رائج ہونا ۔ استعمال ہونا ۔ مروج ہونا[3] پھرتی تیزی[4] چال ۔ حرکت ۔

پَرچم (ف ۔ مذکر)[1] پھریرا ۔ کپڑا جو جھنڈے پر باندھا جاتا ہے[2] وہ کپڑا یا ابریشم سیاہ کا جو جھنڈے کے سرے پر باندھتے ہیں ۔ (کھلنا ۔ لہرانا کے ساتھ) **پرچم اُڑانا** (متعدی) **اُڑنا** (لازم) جھنڈا لہرانا ۔ **پرچم کشا** (صفت) علمبردار ۔ **پرچم کو لپیٹنا** (متعدی) جھنڈے کے کپڑے کو گول تہ کرنا ۔

پَرچَنا (ہ ۔ متعدی)[1] مانوس ہونا بہلنا ۔ راضی ہونا[2] باتوں میں آنا ۔ رام ہونا[3] (ھ) واقفیت ہونا ۔ واقف ہونا ۔ آشنا ہونا[4] ماہر ہونا ۔ واقفکار ہونا[5] بے تکلف ہونا ۔ دوست بن جانا ۔

پَرچَنڈ (س ۔ صفت)[1] تیز ۔ تند ۔ جوشیلا ۔ سخت ۔ شدید[2] ناراض ۔ غصے ۔ غضبناک برہم[3] سخت گرم یا جلتا ہوا[4] ناقابل برداشت ۔ غیر متحمل[5] دلیر ۔ جوانمرد ۔ باحوصلہ ۔ بہادر ۔ شجاع ۔ سورما بیر[6] ایک دانو[7] دتسپری اور سنندا کا بیٹا **پرچنڈ سین** (مذکر) نام راپستکا کا ایک راجہ ۔ **پرچنڈ مادھو** (مذکر) ایک شاعر ۔ **پرچنڈ ورمن** (مذکر) ایک راجہ

پَرچول (ہ ۔ مونث) لت ۔ دھت ۔ عادت ۔ دھن (پرچہ ۔ بڑھانا)

پُرچول (ہ ۔ مونث) چھان بین ٹٹول ۔ دریافت (رہنا ۔ کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) (پرچھ ۔ پوچھنا)

پَرچُون (ہ ۔ مذکر) آٹا ۔ دال کھانے پینے کے متعلق مختلف اشیا (س ۔ پرچہ ۔ خوراک) **پرچونی** (مونث) آٹا دال بیچنے کا کام ۔ **پرچونیا** (مذکر) آٹا دال بیچنے والا ۔ بنیا ۔

پَرچہ (ف ۔ مذکر)[1] پارچہ کا مخفف[2] پرزا ۔ ٹکڑا ۔ کاغذ کا ٹکڑا[3] اخبار[4] ایک دن کا اخبار[5] رقعہ ۔ خط[6] خبر ۔ پیام[7] وکاغذ جس پر خبریں لکھ کر بادشاہ کے پاس بھیجا کرتے تھے[8] وہ کاغذ جس پر امتحان کے سوالات چھپا کرتے ہیں[9] امتحان کے سوالات[10] امتحان کے سوالات کے جواب کی کتاب[11] کھاتہ جات کی نقل جو پٹواری دیتا ہے[12] رپورٹ جرم جو پولیس تحریر کرے ۔ **پرچہ آسان ہونا** (لازم) امتحان کے سوالات سہل ہونا ۔ **پرچہ ابتدائی** (مذکر) جرم کی پہلی رپورٹ جو پولیس تحریر کرتی ہے ۔ **پرچہ الماس** (مذکر) ہیرے کا ٹکڑا ۔ **پرچہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) امتحان کے لئے سوالات لکھے جانا ۔ **پرچہ چاک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رپورٹ ابتدائی لکھی جانا ۔ **پرچہ خراب ہونا** (لازم) امتحان کے سوالات کے جوابات غلط ہونا **پرچہ دینا** (متعدی) مقدمہ درج رجسٹر کرنا ۔ **پرچہ کرنا** (متعدی) امتحان کے سوالات کا جواب لکھنا **پرچہ گزرانا** (متعدی) **گزرنا** (لازم) بادشاہ کے

پاس خبر پہنچنا۔ مخبری ہونا۔ عرضی دی جانا۔ **پرچہ لکھنا** (متعدی) ۱ ہرکارے سے خبر پاکر اخبار نویس کا حال قلمبند کرکے سرکار میں داخل کرنا ۲ پرچہ ابتدائی تحریر کرنا۔ **پرچہ لگانا** (متعدی) مخبری کرنا۔ اطلاع ہونا۔ **پرچہ لگنا** (لازم) **پرچہ گزرنا**۔ **پرچہ مرتب کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پولیس کے پاس مقدمہ درج ہونا۔ **پرچہ مشکل ہونا** (لازم) امتحان کے سوالات کڑے ہونا۔ **پرچہ نویس** (مذکر) ۱ خبر لکھنے والا۔ وقائع نگار ۲ جاسوس **پرچہ نویسی** (مونث) اخبار نویسی۔ **پرچہ ہونا** (لازم) ۱ دیکھو پرچہ مرتب ہونا ۲ سوالات کے جوابات لکھے جانا۔ **پرچے پر نیت نہیں**۔ جب تک دیکھا نہ جائے اعتبار نہیں۔

پرچھا (ہ۔ مذکر) ۱ جلاہوں کی نلی جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں ۲ بڑا دیگچہ یا دیگ ۳ ہجوم کی کمی ۴ قصے اور فساد کا فیصلہ ۵ دھان جو خود بخود اُگ آئیں ۶ (ص) صاف شدہ۔ **پرچھا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ معاملہ طے ہونا۔ جھگڑا ختم ہونا۔ فیصلہ ہونا ۲ ہجوم کم ہونا۔ بھیڑ چھٹنا۔

پرچھا (س۔ مونث) ۱ سوال کرنا پوچھنا ۲ سوال۔ استفسار ۳ دریافت تفتیش۔

پرچھانواں۔ پرچھاواں

پرچھائیں (ہ۔ مونث) ۱ عکس۔ پرتو۔ سایہ ۲ آسیب کا خلل۔ بھوت پریت کا اثر ۳ خو۔ خصلت ۴ صحبت کا اثر ۵ نشان۔ پتہ۔ **پرچھاواں یا پرچھائیں پڑنا** (لازم) سایہ پڑنا۔ عکس پڑنا ۲ صحبت کا اثر ہونا ۳ آسیب کا خلل ہونا۔ **پرچھانواں۔ پرچھائیں ڈالنا** (متعدی) ۱ سایہ ڈالنا ۲ اپنے جیسا کرنا۔ **پرچھاویں یا پرچھائیں سے بچنا۔ بھاگنا یا دور بھاگنا۔ یا ڈرنا** (لازم) کسی کی صحبت سے متنفر ہونا نفرت کرنا یا ڈرنا۔ **پرچھانوے سے اللہ کی پناہ** (عو) صحبت سے خدا بچائے کسی کی بری صحبت کے متعلق کہتے ہیں۔ **پرچھائیں نہ پانا** (لازم) نشان نہ پانا۔ پتہ نہ لگنا۔

پرچھتی (ہ۔ مونث) **پرچھپتی۔ پرچھٹی** (ہ) ۱ وہ سرپت کی ٹٹی جو کچی دیوار یا چھت پر ڈالتے ہیں ۲ مانڈ۔ مچان دپ مکان میں ایک اونچا دیوار میں لگا ہوا۔ چوڑا تختہ جس پر پرانا سامان و چیزیں رکھتے ہیں۔

پرچھنا (ہ۔ متعدی) ۱ آگ روشن کرنا ۲ حقہ سلگانا ۳ دولہا دلہن کے سر پر سے چراغ وارنا۔

پرچھنا (س۔ مونث) ۱ پوچھنا دریافت کرنا ۲ بلانا۔ مدعو کرنا ۳ سوال۔ دریافت۔

پرچھی (ہ۔ مونث) دونوں تھیلیوں میں سے ایک جو گھوڑے یا لدو جانور کی پیٹھ پر رکھتے ہیں۔ خورجی۔

پرچی (ہ۔ مونث) ۱ پرچہ کا مونث چھوٹا ٹکڑا۔ پرزہ ۲ وہ کاغذ جو کسی انتخاب کے موقعے پر اس امیدوار کا نام جسے منتخب کرنا ہو۔ لکھ کر صندوق میں ڈالتے ہیں ۳ مقدمے کی تاریخ یا پیشی کا کاغذ جو عدالت کا منشی مقدمے والوں کو دیتا ہے۔ (دینا۔ لینا کے ساتھ) **پرچی ڈالنا** (متعدی) انتخاب کی پرچی صندوق میں ڈالنا۔ رائے دینا۔

پرچے (س۔ مذکر) ۱ واقفیت شناسائی۔ ملاقات۔ جان پہچان ۲ بے تکلفی۔ ارتباط **پرچے رکھنا** (متعدی) واقفیت رکھنا۔ واقفیت قائم رکھنا۔ علم ہونا۔ جاننا۔

پرچے (س۔ مذکر) (الجبرا) کسی سلسلے کی دو ملحقہ رقومات کا فرق۔

پرچیتس (س۔ عص) ۱ ایک پراجا پتی ۲ ایک قدیم رشی اور واضع قوانین ۳ دس پرچیتس پرکھشت کے پوتے اور پراچن برہس کے بیٹے تھے۔ دس ہزار برس تک سمندر میں بیٹھ کر وشن جی کے نام کی جپ کرتے رہے۔ اور ان کو نسل انسان کے جد اعلیٰ ہونے کا فخر حاصل ہوا۔ انہوں نے کندو کی بیٹی مارشا سے شادی کی اور اس سے دکش پیدا ہوا۔ جو ہندؤں کا بادا آدم ہے ۴ ورن ۵ ایک راجہ جو دوہہ کا بیٹا ہے ۶ دریامن کا بیٹا ۷ دُرمد کا بیٹا۔

پرخاش (ف۔ مذکر) ۱ لڑائی جھگڑا۔ فساد ۲ کینہ۔ رنجش۔ غبار ۳ ضرر۔ نقصان ظلم ۴ پوچھ پرسش۔ **پرخاش جو** (صفت) جھگڑالو۔ **پرخاش رہنا** (لازم) کینہ رہنا۔ رنجش ہونا۔ **پرخاش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) لڑائی ہونا جھگڑا ہونا۔

پرختا (جرمنی۔ عص) فصل اور گھر کے کاموں کی دیوی۔

پرخچے (اردو۔ مذکر) ٹکڑے پرزے (اڑانا۔ اڑنا کے ساتھ)

پرد (ف۔ مذکر) پرت۔ تہ۔

پرد (ف۔ مذکر) پل۔

پردا (س۔ مونث) ۱ اپنے آپ کو دوسرے کے حوالے یا سپرد کرنا ۲ سپردگی۔ حوالگی۔ اطاعت

پرداخت (ف۔ مونث) ۱ پرورش دستگیری ۲ درستی۔ ٹھیک کرنا۔ ختم کرنا ۳ محافظت خبرگیری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (پرداختن۔ پرورش کرنا) **پرداختہ** (صفت) آراستہ کیا گیا۔ سنوارا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔

پردادا (ہ۔ مذکر) باپ کا دادا۔ دادا کا باپ۔ **پردادی** (مونث) باپ کی دادی یا دادا کی ماں۔

پرداز (ف) ۱ آرائش۔ درستی سجاوٹ۔ جلا ۲ تصویر کے خط و خال ۳ تصویر کا چوکھٹا ڈھنگ۔ طرز۔ طبیعت۔ خو۔ خصلت ۴ کام کرنا۔ مکمل کرنا۔ کرنا (ان معنوں میں مرکبات کے اخیر میں آتا ہے جیسے فتنہ پرداز۔ کارپرداز) ۵ تمہید۔ شروع۔ اٹھان **پرداز اڑانا** (متعدی) ۱ طرز اڑانا۔ نقل اتارنا **پرداز کرنا**۔ جلا کرنا۔ چمکانا ۲ نقش بنانا۔

پردان (س۔ مذکر) ۱ دینا۔ پیش کرنا۔ تحفہ۔ دینا۔ نذر دینا ۲ سپردگی۔ حوالگی۔ اطاعت ۳ شادی میں دینا۔ بیاہنا ۴ تحفہ۔ نذر۔ چندہ شادی۔

پردانا (ہ۔ متعدی) پردہ کرنا۔

پرداہ (س۔ مذکر) ۱ جلانا۔ سوختہ کرنا ۲ جلنے کی حالت۔ سوختگی ۳ دلی تکلیف۔ تکلیف رنج۔ غم۔

پردگی (ف۔ مونث) ۱ پردہ میں رہنے کی حالت ۲ مجازاً پردہ دار یا پاکدامن عورت

پردن (س۔ مذکر) پادنا۔ ریح خارج کرنا۔

پردوش (س۔ مذکر) پردوکھ (ہ) ۱ نقص۔ کمی۔ کوتاہی۔ کسر ۲ قصور۔ جرم۔ گناہ پاپ۔ تقصیر۔ خطا ۳ رات کا پہلا حصہ ۴ شام کی روشنی ۵ غروب آفتاب کے بعد دو مہورت۔

پردہ (ف۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو دروازے کے آگے لٹکائی جائے۔ چلمن۔ چک۔ اوٹ آڑ۔ ٹٹی۔ قنات۔ جھانپ ۲ طبقہ۔ سطح زمین ۳ گھونگھٹ۔ نقاب۔ برقعہ ۴ عورت کا چھپ کر رہنا۔ غیر مرد کے سامنے نہ ہونا ۵ چاردیواری۔ زنان خانہ۔ وہ جگہ جہاں عورتیں رہیں ۶ دروازے کے مقابل کی

دیوار ۷ انگرکھے کا وہ حصہ جو سینے پر رہے ۸ وہ خوبصورت کپڑا یا قالین جو امیر لوگ کمروں میں سجاوٹ کے لئے لگاتے ہیں ۹ وہ کپڑے کا ٹکڑا جس پر تصاویر بنی ہوئی ہوتی ہیں اور تماشوں میں لٹکاتے ہیں ۱۰ بادبان ۱۱ آنکھ کی پتلی جھلی ۱۲ کان کی جھلی ۱۳ کسی قسم کی جھلی ۱۴ عورت کے اندام نہانی کی جھلی جو بکارت کی نشانی ہے اور پہلی دفعہ جماع کرنے سے پھٹ جاتی ہے ۱۵ کسی گری دار میوے کے اوپر کا چھلکا ۱۶ الاپ ۔ آہنگ ۱۷ باجے کا وہ پرزہ جو سُر بتاتا ہے ۱۸ ہر ایک راگ ۱۹ راز ۔ بھید ۔ خفیہ بات ۲۰ اخفا ۔ پوشیدگی ۲۱ کولھے اور پسلیوں کے بیچ کا پتلا گوشت پیٹ کا گوشت ۔ **پردۂ آہن** (مذکر) آسمان ۔ **پردہ اٹھا دینا یا اٹھانا** (متعدی) **اٹھ جانا یا اٹھنا** (لازم) ۱ گھونگھٹ اٹھنا ۲ پردے کی رسم اٹھنا ۳ چلمن یا چک بندھنا یا اٹھنا ۴ پردہ دری ہونا ۵ افشائے راز ہونا ۔ بھید کھلنا ۶ عزت میں بٹہ لگنا ۷ ساکھ بگڑنا ۸ تماشے کا پردہ اونچا ہونا ۔ یا بدلا جانا ۔ **پردہ اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) **اڑ جانا ۔ اڑنا** (لازم) ۱ ہوا سے چلمن کا اونچا ہو جانا یا ہٹ جانا ۲ پردے کی رسم ہٹ جانا ۔ **پردہ اکھاڑنا** (متعدی) دیکھو پردہ اٹھا دینا ۔ **پردہ الٹ جانا یا الٹنا** (لازم) دیکھو پردہ اٹھنا ۔ **پردہ الٹ دینا یا الٹنا** (متعدی) دیکھو پردہ اٹھا دینا ۔ **پردۂ ایزدی** (مذکر) وہ بات جو خدا نے ظاہر نہ کی ہو ۔ خدائی راز ۔ **پردہ باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ پردہ لٹکنا ۲ لٹکے ہوئے پردے کا لپیٹا جانا ۔ یا ایک طرف فیتے سے باندھا جانا ۳ حجاب ہونا ۔ **پردۂ بکارت** (مذکر) پردہ ۱۴ (پھاڑنا ۔ پھٹنا وغیرہ کے ساتھ) **پردۂ بلبل** (مذکر) ایک سُر ۔ **پردۂ بینی** (مونث) ناک کی درمیانی کری ۔ **پردہ پردہ** (تف) در پردہ خفیہ ۔ پوشیدہ ۔ چھپ کر ۔ **پردہ پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱ چلمن پڑنا ۔ چک کا لٹکایا جانا ۲ حجاب ہونا ۔ اوٹ ہونا ۳ (آنکھوں پر) اندھا ہو جانا ۔ بیوقوف ہو جانا ۴ (عقل وغیرہ پر) بیوقوف ہو جانا ۔ **پردہ پکارنا** (متعدی) پردہ کرنے کے لئے آواز دینا ۔ **پردہ پوش** (صفت) عیب چھپانے والا ۔ رازدار ۔ **پردہ پوشی** (مونث) عیب پوشی ۔ رازداری (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **پردہ پوشیدہ ہو جانا** (لازم) ۱ عیب چھپنا ۔ راز ظاہر نہ ہونا ۲ مرنے سے عزت رہ جانا ۔ **پردہ پھاڑ دینا ۔ یا پھاڑنا** (متعدی) ۱ پردے کا ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ۔ پردے دریدہ کر دینا ۔ پردہ زبردستی اٹھا دینا ۲ پردے میں سوراخ کرنا ۳ باکرہ عورت سے ہم بستری کرنا ۔ **پردہ پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ کان یا آنکھ کی جھلی کا پھٹ جانا ۔ **پردۂ تصویر** (مذکر) ۱ وہ پردہ جس پر بہت سی تصویریں ہوں ۲ تصویر ۔ **پردۂ ثرب** (مذکر) پیٹ کا چربیلا پردہ ۔ **پردہ چاک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ پردے میں شگاف ہونا ۔ **پردہ چرخی پر کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) پردے کو پیٹنا ۔ **پردۂ چشم** (مذکر) آنکھ کا پردہ ۔ **پردۂ چگانہ** (مذکر) ایک سُر ۔ **پردہ چھوٹنا** (لازم) **چھوڑنا** (متعدی) ۱ بندھے ہوئے پردے کو کھولنا ۔ چک چھوڑنا ۲ گھونگھٹ نکالنا ۔ نقاب منہ پر ڈال لینا ۔ **پردہ چھیڑنا** (متعدی) سر ملانا ۔ **پردۂ خاک** (مذکر) زمین ۔ **پردۂ خاک میں نہاں ہونا** (لازم) مر جانا ۔ **پردہ خراسان یا خرم** (مذکر) ایک سُر ۔ **پردہ دار** (صفت) ۱ پردہ کرنے والا ۔ چھپنے والا ۔ پردہ نشین ۲ رازدار ۔ **پردہ داری** (مونث) رازداری ۔ عیب پوشی (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **پردہ در** (صفت) عیب ظاہر کرنے والا ۔ راز فاش کرنے والا ۔ **پردۂ در** (مذکر) دروازے کی چلمن ۔ **پردہ درمیان سے اٹھ جانا** (لازم) حجاب جاتا رہنا ۔ **پردہ درمیان ہونا** ۔ (لازم) ۱ حجاب ہونا ۲ بیچ میں پردہ پڑا ہونا ۔ **پردہ دری** (مونث) عیب ظاہر کرنا ۔ راز فاش ہونا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **پردۂ دل** (مذکر) دل کا غلاف ۔ حجاب القلب ۔ **پردۂ دماغ** (مذکر) وہ جھلی جس میں دماغ لپٹا ہوا ہوتا ہے ۔ **پردۂ دنیا** (مذکر) طبقہ زمین ۔ سطح زمین ۔ **پردہ ڈالنا** (متعدی) ۱ پردہ چھوڑ دینا ۲ عیب پوشی کرنا ۔ عیب دیکھ کر ظاہر نہ کرنا پردہ ڈھانکنا ۔ **ڈھک لینا یا ڈھکنا** (متعدی) **ڈھک جانا یا ڈھکنا** (لازم) ۱ عیب چھپنا ۔ اخفائے راز ہونا ۲ دنیا سے اٹھ جانا ۔ مر جانا ۔ **پردہ ڈھکن** (عف) خاوند ۔ شوہر ۔ **پردہ رکھ لینا یا رکھنا** ۔ (متعدی) ۱ عیب چھپانا ۔ آبرو بچانا ۲ پوشیدہ رکھنا ۳ راز چھپانا ۔ **پردہ رہ جانا یا رہنا** (لازم) بات رہ جانا ۔ شرم رہ جانا ۔ ذلت سے بچ جانا ۔ **پردۂ زرنگار** (مذکر) سنہری پردہ ۔ **پردۂ زنبور یا زنبوری** (مذکر) ۱ جالی دار پردہ جو دروازوں کے آگے ڈالتے ہیں (پڑنا ۔ ڈالنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ آسمان ۔

پردہ سوز (صفت) حجاب دور کرنے والا ۔ **پردۂ ظلمت** (مذکر) تاریکی ۔ **پردۂ عصمت** (مذکر) ناموس ۔ عصمت کا پردے سے استعارہ کرتے ہیں (داغ لگانا یا لگنا ۔ پھاڑنا ۔ پھٹنا ۔ خراب کرنا ۔ ہونا ۔ دریدہ کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **پردۂ عنکبوت** (مذکر) ۱ مکڑی کا جالا ۲ آنکھ کا ایک پردہ ۔ **پردۂ غیب** (مذکر) وہ خیالی پردہ جو عالم زیریں اور بالا کے درمیان ہے ۔ جو بات خدا کی طرف سے یا اتفاقاً ہو ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں ۔ **پردہ غیب سے (ظاہر ہونا) ظہور میں آنا** (لازم) کوئی بات واقع ہونا ۔ کسی بات کا ہونا ۔ **پردہ فاش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) افشائے راز ہونا ۔ عیب ظاہر ہو جانا ۔ **پردہ کرانا** (متعدی) عورتوں کو پردے میں رکھنا ۔ عورتوں کو غیر مردوں کے سامنے نہ ہونے دینا ۲ پردہ روکنا ۔ اوٹ کرنا ۔ **پردہ کرنا** (متعدی) ۱ اوٹ کرنا ۔ کپڑا تاننا ۲ عورتوں کا چھپنا ۔ گھونگھٹ نکالنا ۔ یا مردوں کے سامنے نہ ہونا ۳ بھید چھپانا ۔ اخفائے راز کرنا ۔ **پردہ کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) افشائے راز کرنا ۔ بھید ظاہر کر دینا ۔ **پردۂ گوش** (مذکر) کان کا پردہ جس پر آواز کی لہر لگ کر آواز سنائی دیتی ہے ۔ **پردہ گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) ۱ چلمن چھوٹنا ۔ پردہ کھلنا ۲ تھیٹر کا پردہ کھلنا **پردہ لگانا** (متعدی) پردہ لٹکانا ۔ **پردہ لگنا** (لازم) ۱ پردہ میں بیٹھنا ۔ پردہ نشین ہونا ۲ شریف بن جانا ۔ یہ الفاظ طنزاً کہے جاتے ہیں ۔ جب کوئی باہر پھرنے والی آوارہ بدچلن عورت پردہ نشینی اختیار کرے) **پردۂ ناموس یا ناموسی** (مذکر) عفت کا پردہ ۔ عصمت کا پردہ ۔ **پردۂ نام و ننگ** (مذکر) عزت و حرمت کا پردہ ۔ **پردہ نشین** (صفت) پردے میں رہنے والی عورت ۔ باحیا عورت (مونث) وہ عورت جو پردے میں رہے ۔ **پردۂ نیلگوں** (مذکر) آسمان ۔ **پردہ ہو جانا ۔ یا ہونا** (لازم) ۱ اوٹ ہونا ۔ آڑ میں ہو جانا ۲ حجاب ہونا ۔ سامنے ہوتے شرمانا ۳ چھپنا ۔ عورت کا مرد کے سامنے نہ ہونا ۔ **پردۂ یاقوت** (مذکر) ایک سُر ۔ **پردے** (مذکر) پردہ کی جمع ۱ وہ سات جھلیاں جو آنکھ میں ہوتی ہیں ۲ بجائے پردہ حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **پردے بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) پردہ نشین ہونا ۔ باہر کا آنا جانا بند ہونا ۔ **پردے پردے میں** (تف) ۱ خفیہ ۔ چھپے چوری ۔ بے خبری میں ۲ آڑ میں ۔ اوٹ میں ۔ **پردے چھٹنا** (لازم)

۱ پردے پڑنا۔ بندھے ہوئے پردے کھلنا ۲ حجاب ہونا **پردے سے لگنا**۔ (لازم) پردے کے قریب بیٹھنا۔ **پردے کو چھوڑنا** (متعدی) پردے کو ہاتھ سے گرا دینا **پردے کی بات** (مونث) راز کی بات۔ خفیہ معاملہ **پردے کی بوبو۔ بی بی یا رانی** (مونث) ۱ پردہ نشین عورت۔ چھپنے والی عورت ۲ طنزاً۔ خراب عورت بدچلن عورت۔ **پردہ کی دیوار** (مونث) ۱ ایسی دیوار جسکی وجہ سے مکان کے اندر باہر سے نظر نہ پڑے ۲ دروازے کے آگے جو پردہ اندر یا باہر بنایا جائے۔ **پردے کے لوگو پردے ہو**۔ جب کوئی کوٹھے پر چڑھے تو پردہ نشین عورتوں کی اطلاع کے لئے زور سے کہتا ہے۔ **پردے لگنا** (لازم) دیکھو پردہ لگنا۔ **پردے ملانا** (متعدی) سر ملانا۔ **پردے میں** (ق) ۱ چھپ کر۔ خفیہ ۲ درپردہ ۳ حجاب میں۔ آڑ میں۔ **پردے میں بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) دیکھو پردے بٹھانا۔ **پردہ میں پوچھنا** (متعدی) اس طرح پوچھنا کہ مخاطب کو پتہ نہ لگے کہ کوئی بات پوچھ رہے ہیں۔ **پردے میں رہنا** (لازم) حجاب میں رہنا۔ **پردے میں زردہ لگانا**۔ سوراخ کرنا (دہلی) شکار کھیلنا یا گردہ لگانا (متعدی) درپردہ فعل بد کرنا۔ پردہ نشین عورت کا بدچلنی کرنا۔

امثال واقوال۔ پردے کی بی بی چٹائی کا لہنگا (ھ) طنزاً جب کوئی غریب عورت بہت پردہ کرے تو کہتے ہیں۔ **پردے میں زردہ لگاتی ہے**۔ درپردہ فعل بد کرتی ہے۔

پَرِدھ (س۔ مونث) ۱ چاردیواری باڑ۔ احاطہ۔ گھیرا ۲ چاند کا ہالہ۔ نور کا حلقہ ۳ افق۔ آکاس گربھ۔ نظر گھیرہ ۴ محیط دائرہ۔ دور۔ گھیرہ ۵ پوترا آگ کے گرد جو لکڑی کا حلقہ رکھا جاتا ہے۔

پَرَدھان (س۔ مذکر پردھان) (صفت) ۱ سردار۔ راجہ کا بڑا امیر۔ وزیر۔ مشیر۔ درباری امیر۔ رئیس ۲ سرگروہ۔ پیشوا۔ میر۔ سالار۔ نایک۔ چودھری ۳ میر مجلس۔ صدر۔ صدر نشین۔ مہتمم ۴ روح القدس۔ روح اعلےٰ۔ مہادیو ۵ عقل۔ سمجھ۔ بدھ ۶ مادہ ۷ کسی چیز کی قدرتی حالت ۸ بڑی یا اصلی چیز۔ سب سے ضروری چیز ۹ اصلی یا اول مادہ ۱۰ وہ چھوٹی سے چھوٹی زندہ چیز جس سے زندہ اشیا پیدا ہوتی ہیں۔ جرم ۱۱ (صفت) اصل بڑا۔ اول۔ پہلا۔ اعلےٰ۔ مہا۔ عمدہ۔ افضل۔ اتم ۱۲ برتر۔ فائق۔ ممتاز ۱۳ گاؤں کا نمبردار ۱۴ ایک قدیم راجہ۔ پردھانا

(مونث) ایک شکتی کا نام۔

پَرَدِیپ (س۔ مذکر) ۱ دیا۔ شمع لمپ۔ چراغ۔ لالٹین ۲ روشنی۔ نور۔ چمک۔ **پردیپ سنہا** (مذکر) ایک مصنف۔

پَرَدیس (ھ۔ مذکر) ۱ غیر ملک وہ ملک جہاں کا کوئی شخص باشندہ نہ ہو۔ (س۔ پردیش۔ ملک) **پردیس جانا** (لازم) غیر ملک میں جانا ۲ سفر کرنا **پردیس چھانا یا سہنا** (لازم) غیر ملک میں سکونت پذیر ہونا۔ **پردیسن** (مونث) غیر ملک کی عورت۔ اجنبی عورت۔ **پردیسی** (مذکر) غیر ملک کا باشندہ۔ اجنبی۔ مسافر **پردیسی آدمی** (مذکر) وہ شخص جو وطن سے باہر سفر میں رہے۔ کبھی کسی سبب سے وطن میں آجائے۔

امثال واقوال۔ پردیس کلیس نرشن کو پردیس میں بادشاہوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے **پردیسی بلم تیری آس نہیں۔ باسی پھولوں میں باس نہیں** (ھ) جو خاوند پردیس گیا ہو اس سے وفاداری کی امید نہیں جیسے باسی پھولوں میں خوشبو نہیں ہوتی۔ **پردیسی کا جی آدھا ہوتا ہے** پردیس میں انسان کا حوصلہ نہیں رہتا۔ **پردیسی کی پیت کے سب کام للچائے۔ دو ہی بات کا کھوٹ ہے رہے نہ سنگ لے جائے** (ھ) پردیسی کی محبت میں دو بڑے نقص ہیں۔ نہ تو وہ رہتا ہے۔ نہ ساتھ لے جاتا ہے۔

پَرَدِیش (س۔ مذکر) ۱ کھانا ۲ اشارہ کرنا۔ اشارہ ۳ فیصلہ۔ ارادہ۔ مقصد ۴ مثال ۵ مقام جگہ۔ علاقہ ۶ ملک۔ صوبہ۔ ضلع ۷ غیر ملک۔ پردیس ۸ بالشت ۹ تھوڑا سا عرصہ ۱۰ دیوار۔ **پَرَدیشَن** (مذکر) ۱ تحفہ۔ نذر۔ پیشکش ۲ بھینٹ ۳ رشوت۔ **پَرَدیشنی** (مونث) کلمے کی انگلی۔

پَرَدِیمَن (س۔ مذکر) ۱ نہایت زبردست۔ کامدیو کا لقب۔ کامدیو۔ عشق کا دیوتا ۲ کرشن جی کے لڑکے کا نام جو رکمنی کے بطن سے تھا۔ یہ چھ دن کا تھا کہ راکشس سنبارا نے اسے چرا کر سمندر میں پھینک دیا جہاں ایک مچھلی اسے نگل گئی۔ یہ مچھلی پکڑی گئی۔ اور سنبارا کے گھر پہنچی۔ جب اس کا پیٹ چاک کیا گیا۔ تو یہ نکل پڑا مایا دیوی یا مایا وتی کو جو سنبارا کے گھر کی منتظمہ تھی۔ رشی نارد نے لڑکے کے حالات بتائے۔ جب وہ بڑا ہوا تو اس نے سنبارا کو قتل کیا اور مایاوتی سے شادی کی۔ پھر وہ دونوں آڑ کر کرشن جی کی خدمت میں حاضر ہوئے اسے کامدیو کا اوتار اور مایا دیوی کو رت دیوی کا اوتار سمجھا جاتا ہے۔ یہ دوارکا میں ایک معمولی جھگڑے پر قتل ہوا ۳ منو اور ند ولا کا ایک لڑکا ۴ ایک راجہ ۵ کئی مصنفوں اور گروؤں کا نام ۶ ایک پہاڑ ۷ ایک دریا۔ **پردمین پورہ** (مذکر) دریائے چندر بھاگا کے کنارے پر ایک شہر **پردمین شکھر** (مذکر) ایک پہاڑ۔

پَرَدیہ (س۔ مذکر) ۱ پلستر۔ مرہم لیپ۔ ضماد ۲ پلستر لگانا۔ مرہم لگانا۔

پَرَرُو (س۔ مذکر) ایک قسم کا ساگ۔

پُرزَہ (ف۔ مذکر) ۱ کاغذ کا ٹکڑا ۲ ٹکڑہ۔ لخت۔ پارہ ۳ دھجی۔ کترن۔ چیتھڑہ ۴ پرند کا رونگٹا ۵ مشین کا چھوٹا مکمل ٹکڑہ ۶ مختصر خط۔ رقعہ ۷ چالاک۔ ہوشیار۔ شرارتی (چلتا کا تابع) **پُرزے** (مذکر) ۱ پرزہ کی جمع ۲ بجائے پرزہ حروف مغیرہ کے بعد پرزے **پرزے اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) **اُڑنا** (لازم) ۱ ٹکڑے ہو جانا۔ پارہ پارہ ہونا۔ پھٹنا ۲ بہت مار پڑنا۔ بہت پٹنا۔ اچھی طرح زدوکوب ہونا۔ **پرزے (پرزے) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ٹکڑے ہونا۔ پھٹنا۔

پَرَس (ھ۔ مذکر) ۱ چھوت۔ مس ۲ پارس پتھر۔

پَرُس (س۔ مذکر) ۱ گانٹھ۔ جوڑ ۲ اتصال۔ میل۔

پُرَس (س۔ ق) آگے۔ سامنے بڑھ کر۔ موجودگی۔ حاضری میں (مرکبات میں پُر۔ پرش یا پرو میں بدل جاتا ہے)

پُرس (ف۔ مونث) پوچھ۔ دریافت تفتیش۔ سوال (مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے جیسے بازپرس)

پُرَش (ھ۔ مذکر) آدمی۔ آدمی کا بدن۔ برش۔

پُرسا (ف مذکر) دیکھو پرسہ۔

پُرسا (ھ۔ صفت) ۱ انسان کے قد کا ۲ (مذکر) اتنی لمبائی جہاں تک انسان کا ہاتھ سیدھا کھڑے ہو کر پہنچ سکے۔

پَرَساد (س۔ مذکر) ۱ صفائی۔ شفافی۔ پاکی۔ پاکیزگی۔ نرملتا ۲ وضاحت۔ صراحت توضیح ۳ آرام۔ راحت۔ سکھ۔ آسائش۔ استراحت

چین۔ آسودگی ۲ بردباری۔ تحمل۔ نیک خوئی نیک مزاجی ۳ مہربانی۔ عنایت۔ لطف۔ کرم۔ شفقت۔ کرپا ۴ منت۔ مانی ہوئی نذر۔ پراچیت ۵ برکت۔ رحمت فضل ۶ دیوتا کو بھینٹ ۷ بچی ہوئی خوراک۔ دیوتا کی بھینٹ۔

پرسادھنی (س۔ مونث) ۱ ایک دوا۔ سدھنی ۲ کنگھی۔ شانہ۔

پرسار (س۔ مذکر) ۱ جانا۔ نکلنا۔ پھیلنا ۲ انتشار۔ پھیلاوٹ۔ وسعت۔ فراخی کشادگی ۳ چارے کی تلاش میں جانا۔

پرسان (ف۔ صفت) ۱ پوچھنے یا دریافت کرنے والا ۲ خبرگیراں۔ فریادرس (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (پرسانیدن۔ پوچھنا) **پرسانِ حال** (صفت) حال پوچھنے والا۔ خبرگیراں۔ فریادرس۔ مددگار۔

پرست (ف۔ صفت) ۱ پرستش کرنے والا۔ ماننے والا ۲ پوجا کرنے والا۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خداپرست۔ بت پرست (پرستیدن۔ پوجنا) **پرستار** (مذکر) ۱ ملازم غلام۔ کنیز۔ خدمتگار۔ نوکر ۲ پرستش کرنے والا۔ پوجاری عاشق۔ **پرستاران** (مذکر) جمع پرستار۔ پرستش کرنے والے پوجاری۔ **پرستاری** (مونث) ۱ خدمت ۲ پوجا۔ پرستش۔ **پرستش** (مونث) عبادت۔ پوجا۔ اطاعت تعظیم۔ توقیر۔ محبت۔ عشق۔ **پرستش خانہ** **پرستش کدہ** **پرستش گاہ** (مذکر) عبادت خانہ۔ پرستش کی جگہ۔ معبد۔ **پرستش کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) عبادت ہونا۔ پوجنا ۲ محبت ہونا۔ **پرستندہ** (مذکر) ۱ نوکر۔ ملازم۔ غلام ۲ (صفت) پرستش کرنے والا۔ پوجاری۔ عاشق۔ **پرستی** (مونث) پوجا۔ مرکبات میں

مقولہ۔ پرستار زادہ نیاید بکار
اگرچہ بود زادۂ شہریار۔ لونڈی کا بچہ کسی کام نہیں آتا۔ اگرچہ کسی بادشاہ کی اولاد ہو۔ یہ شعر فردوسی نے محمود کی ہجو میں کہا تھا۔ محمود نے بجائے فی شعر ایک اشرفی دینے کے شاہنامہ کی تصنیف پر ایک روپیہ فی شعر بھیجا تھا۔ فردوسی نے یہ روپیہ حمام والے کو دیدیا۔ اور محمود کی ہجو کہی جس کا یہ ایک شعر ہے۔

پرستار (س۔ مذکر) ۱ بکھیرنا۔ پھیلانا ۲ منتشر کرنا ۳ پلنگ۔ چارپائی ۴ جنگل جس

میں بہت گھاس اگی ہو ۵ (الجبرا) تعداد ان تمام عددوں کی جو خاص عددوں کے ملنے سے بنیں ۶ ایک راجہ۔

پرستان (ف۔ مذکر) ۱ پریوں کے رہنے کی جگہ۔ پریوں کا اکھاڑا۔ پرانے خیالات کے بموجب کوہ قاف ۲ خوبصورت عورتوں کا مجمع (مجازاً) **پرستان کا عالم ہے۔** بہت خوبصورت عورتوں کا مجمع ہے۔ بڑی کیفیت آرہی ہے اندر کا اکھاڑا اترا ہے۔

پرستر (س۔ مذکر) ہموار۔ سطح میدان۔ چٹان۔ پتھر۔ جواہر۔ ہیرا۔ قیمتی پتھر۔ پلنگ چارپائی۔ گلدستہ۔ کش گھاس کا مٹھا۔ جو بھینٹ دیا جائے۔

پرستھ (س۔ صفت) ۱ ملاقات کرنے والا۔ ملاقاتی۔ ملنے والا ۲ سفر پر جانے والا ۳ مضبوط مستقل۔ مستحکم ۴ پھیلا ہوا۔ منتشر ۵ (مذکر) کھلا میدان سطح مرتفع ۶ ایک وزن جو ۳۲ مٹھی بھر ہوتا ہے۔

پرستھاپنا (ھ۔ متعدی) مقرر کرنا۔ قائم کرنا۔ کھڑا کرنا۔ بٹھانا۔ جمانا۔

پرستھان (س۔ مذکر) ۱ جانا۔ رخصت ہونا۔ روانہ ہونا ۲ روانگی۔ رخصت۔ کوچ ۳ فوج کا کوچ ۴ کوچ کا پہلا مقام۔ **پرستھان کرنا** (متعدی) ۱ جانا۔ روانہ ہونا۔ کوچ کرنا ۲ مکان تبدیل کرنا۔ جائے رہائش بدلنا۔ کسی اچھی مہورت پر سامان سفر روانہ کرنا۔

پرسدھ (س۔ صفت) ۱ مشہور نامی۔ نامور۔ معروف ۲ مکمل۔ ختم۔ تکمیل شدہ ۳ مقررہ معین۔ مشتبہ ۴ مزین۔ آراستہ۔

پرسر (س۔ مذکر) ۱ جگہ۔ موقع مقام۔ جائے ۲ کنارے۔ قربت۔ نزدیکی۔ قرب۔ حوالی قرب وجوار۔ ہمسائگی ۳ دریا یا پہاڑ کے کنارے پر زمین ۴ شہر کی حوالی میں زمین ۵ چوڑائی۔ وسعت۔ رقبہ جسامت۔

پرسش (ف۔ مونث) ۱ دریافت استفسار۔ پوچھ گچھ۔ تفتیش ۲ بازپرس۔ مواخذہ ۳ توجہ خبرگیری (کرنا ہونا کے ساتھ) **پرسشِ احوال** (مونث) حالات کی دریافت۔ **پرسشِ اعمال** (مونث) اعمال کا مواخذہ۔ حشر کے روز لوگوں کے اعمال کی بازپرس

پرسشِ حال (مذکر) حال پوچھنا۔

پرسن (س۔ صفت) ۱ صاف شفاف۔ روشن۔ نرمل ۲ خالص۔ بغیر ملاوٹ ۳ خوش شاد۔ مسرور۔ آنند ۴ راضی۔ موافق ۵ پسندیدہ۔ خوشگوار من بھاؤ ۶ سرسبز۔ ترقی یاب ۷ مستعد۔ تیار ۸ مہربان شفیق ۹ معاون۔ مددگار ۱۰ ایک راجہ۔ **پرسن چندر** (مذکر) ایک راجہ۔ **پرسن رکھنا** (متعدی) ۱ خوش رکھنا ۲ اطمینان کرنا۔ کام کرکے خوش کرنا۔ **پرسن کرنا** (متعدی) ۱ خوش کرنا۔ شاد کرنا۔ فرحت دینا۔ مسرور کرنا ۲ پسند کرنا۔ خوش ہونا۔ **پرسن ہونا** (لازم) خوش ہونا۔ پسند کرنا۔ اطمینان ظاہر کرنا۔ تسلیم کرنا۔ ماننا

پرسنا (ھ۔ متعدی) پرستش کرنا پوجنا۔ چھونا۔ ہاتھ لگانا۔

پرسنگ (س۔ مذکر) ۱ تعلق جوڑ۔ اتفاق۔ میل ملاپ ۲ استقامت۔ ثابت قدمی وفاداری ۳ محبت۔ چاہ۔ پیار۔ پریت۔ پریم ۴ تعلق ناجائز۔ آشنائی ۵ سلسلہ وار یا باترتیب بحث یا مناظرہ ۶ ذکر۔ تذکرہ ۷ والدین کا ذکر ۸ ادخال۔ اندراج ۹ وقت۔ موقعہ۔ نوبت۔ داؤں۔ اوسر ۱۰ واقعہ۔ مقدمہ۔ حادثہ۔ اتفاق ۱۱ کتاب کا حصہ۔ رسالہ ۱۲ مضمون۔ ارتھ۔ منشا۔ مفہوم۔ **پرسنگتی** (مونث) گفتگو بول چال۔

پرسنل (انگ۔ صفت) ذاتی۔ نج کا۔ اپنا۔ **پرسنل اسسٹنٹ** ایک عہدے دار جو کسی افسر کے سکریٹری کے طور پر کام کرتا ہے **پرسنل پراپرٹی** (مونث) ذاتی جائداد۔ اپنی پیدا کی ہوئی جائیداد۔ **پرسنل سکیورٹی** (مونث) وہ ضمانت جس کا دینے والا خود ذمہ دار ہو۔ اس میں صرف ضمانت لکھ کر دیا جاتا ہے۔

پرسو (س۔ مذکر) ۱ بچہ جننا۔ جنا پا۔ زائیدگی ۲ دردزہ۔ پرسوتی کی پیڑ۔ بیاہت ۳ بچہ۔ اولاد۔ نسل ۴ پھول۔ شگوفہ ۵ پھل۔ ثمر۔

پرسو (س۔ مونث) ۱ ماں۔ گھوڑی ۲ زمین پر پھیلنے والی بیل ۳ کیلے کا درخت۔

پرسواپ (س۔ صفت) ۱ نیند لانے والی۔ خواب آور ۲ (مذکر) نیند ۳ خواب۔ **پرسواپنی** (مونث) ستر جیت کی بیٹی اور کرشن جی کی استری۔

پَرسُوت (س - صفت، پرسوت (صفت) ۱ پیدا ہوا - جنا ہوا ۲ بڑھا ہوا ۳ (مذکر) جننا ۔ زائیدگی ۴ سفیدہ - عورتوں کی ایک بیماری جو زچہ کو ہوتی ہے - پرسُوتِکا (مونث) زچہ -

پَرسُوتِ (س - عص) منو کی بیٹی اور دکش کی بیوی -

پَرسُوں (ھ - مونث) گذشتہ کل سے پہلے اور آئندہ کل سے بعد کا دن - آج سے تیسرا دن - پرسوں کا ہوتا کل اور کل کا ہوتا آج - جلدی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں -

پُرسَہ (ف - مذکر) ۱ ماتم پرسی - تعزیت - پُرسَہ دینا (متعدی) ماتم پرسی کرنا - پرسہ لینا (متعدی) لوگوں سے تسلی اور ماتم پرسی کی باتیں سننا -

پَرسِیا (ھ - مذکر) داتی - ہنسیا - درانتی - فصل کاٹنے کا آلہ -

پَرسیاوشاں (ف - مذکر) سنبل - بالچھڑ - ایک قسم کی بوٹی -

پَرسِیفونی (یو - عص) زئیس اور ڈیمیٹر کی بیٹی - اسے پھول چنتے ہوئے پلوٹو جہنم کا دیوتا اٹھا لے گیا - اس کی ماں نے دنیا میں سخت قحط پھیلا دیا - زئیس نے یہ فیصلہ کیا کہ پرسیفونی چھ مہینے اپنی ماں کے اور چھ مہینے اپنے خاوند کے پاس رہے -

پَرسِیُس (یو - عص) زئیس اور دنائی کا بیٹا - اس کی ماں پر پولیڈکٹس شاہ سریفس عاشق ہوگیا - اور اسے میڈوسا کا سر لانے کے لئے بھیجا - ہرمیز کی مدد سے اس نے اس کا سر کاٹا - اور پولیڈکٹس اور اس کے ہیروں کو دکھا کر پتھر کا بنا دیا - رستے میں اس نے انڈرومیڈا کی جان بچائی - اور اس سے شادی کی - اس نے میڈیا اور مائی سینا شہر آباد کئے ۲ (۲۱۲ - ۱۶۴ ق م) مقدونیہ کا آخری بادشاہ ۳ (۳۴ - ۶۲) اولس فلیکس - روما کا ایک زبردست ہجو گو شاعر - ۲۸ سال کی عمر میں مرگیا - ہجوؤں کی کتاب یادگار ہے -

پَرسِین (س - عص) ۱ نکھمن کا بیٹا اور ستر جیت کا بھائی تھا - ایک شیر نے اسے مار دیا تھا ۲ اجین کا ایک راجہ جو بکرماجیت سے پہلے ہوا تھا - پرسین جیت (مذکر) کئی راجوں کا نام

پَرَش (س - مذکر) ۱ ایک قسم کا قیمتی پتھر - جواہر ۲ دیکھو پرسی -

پَرُش (س - صفت) ۱ کھردرا - اکھڑا - ناہموار - اونچا نیچا ۲ مالدار - پشم دار ۳ تیز - تند ۴ بدزبان - سخت یا طنزیہ (بات) ۵ سخت - نامہربان سنگدل - بے رحم - ظالم - سفاک ۶ برعکس - مخالف ۷ بھدا - موٹا ۸ میلا - گدلا ۹ (مذکر) گالی - بدزبانی سخت یا طنزیہ بات ۱۰ ایک درخت ۱۱ ایک نیلے پھول کا پودا پرشنی (مونث) دریائے راوی -

پَرَشُ (س - مذکر) ۱ کلہاڑی - تیشہ - تبر - پرشرام (عص) "تبر والا رام" تین مشہور راموں میں سے پہلے اور وشن جی کے چھٹے اوتار اور جمدگنی کے فرزند تھے - یہ جنم لوگوں کو چھتریوں کے ظلم سے بچانے کے لئے برہمن کے گھر میں لیا گیا تھا - انہوں نے ۲۱ دفعہ چھتریوں کو قتل کیا - راجہ رامچندر جی اور مہابھارت کی جنگ کے زمانے میں زندہ تھے -

پُرُش (س - مذکر) ۱ انسان - آدمی - مرد ۲ اونچائی - بدن - ڈھانچہ - انسان کی لمبائی ۳ روح - دنیا کی اصل بنا ۴ انسانی روح - آتما ۵ روح اعلیٰ - روح القدس - روح عالم - خدا - پرش نارائن (مذکر) ۱ پہلا نر - آدم ۲ برہما جی کا ایک نام - پرشوتم (مذکر) ۱ نہایت اعلیٰ انسان - بہترین انسان - افضل انسان ۲ اعلیٰ مخلوق - روح اعلیٰ ۳ وشن جی یا کرشن جی - کئی مصنفوں کے نام (آچاریہ - آشرم - آنند تیرتھ آنندیتی - بھارتی آچاریہ - بھٹ - بھٹاچج - پرساد پنڈت - داس - دکشت - دیو - دیو شرماں - مسر منو سدھیندر کے ساتھ) پرشوتم تیرتھ (مذکر) ایک مقدس نام - پرشوتم کشیتر (مذکر) پوتر علاقہ جو جگن ناتھ جی کے مندر کے گرد اوڑیسہ میں ہے -

مثل - پرش کی مایا برچھ کی چھایا - انسان کی دولت اور درخت کے سائے کا کوئی اعتبار نہیں -

پُرُشا (ھ - مذکر) جمع ۱ پرانے زمانے کے لوگ - قدما ۲ بزرگ - آبا و اجداد - آبا - باپ دادا -

پَرِشاپ (س - مذکر) لعنت پھٹکار - سراپ -

پَرَشاد (ھ - مذکر) ۱ دیکھو پرساد ۲ کھانا - طعام - پرشاد چکھنا (متعدی) کھانا کھانا

پَرَشاستا (س - مذکر) ۱ منتظم مہتمم ۲ حاکم - صوبہ ۳ راجہ -

پَرَشاسَن (س - مذکر) ۱ حکومت کرنا - سلطنت کرنا ۲ سلطنت - حکومت - سیاست مملکت - راج - عمل ۳ حکم دینا - قانون بنا - واضع کرنا -

پَرَشانت (س - مونث) ۱ قیام - قرار - تسکین - تسلی - اطمینان ۲ آرام - آسائش آسودگی -

پَرَشَست (س - صفت) ۱ جس کی تعریف یا صفت کی جائے - جس کو سراہا جائے ۲ موصوف معروف ۳ بہترین - نہایت اچھا - نہایت اعلیٰ -

پَرِشٹھی (ھ - مونث) حاکم یا سردار کی بیوی -

پَرِشَد (س - مونث) پنچایت جلسہ - سبھا - مجلس - بزم - جمگھٹا - مجمع - اجتماع ہجوم سامعین - حاضرین - برہمنوں کی ایک جماعت جو ویدوں کی تعلیم کے لئے بنائی جائے -

پَرِشَدھر (س - عص) منو ویوسوت کا ایک لڑکا جو اپنے گرو کی گائے کو مارنے کی وجہ سے شودر ہوگیا تھا -

پَرِشری (س - مذکر) ۱ احاطہ ۲ جلسہ ۳ ایک راجہ -

پَرِشکار (س - مذکر) ۱ سجاوٹ زینت - زیبائش - آراستگی ۲ اختتام - تکمیل - صاف کرنا - چمکانا ۳ پاک کرنا - پوتر کرنا ۴ مکان کی مرمت ۵ شمولیت - ادغال - سنسکار -

پَرَشن (س - مذکر) ۱ سوال - دریافت - تفتیش - پوچھ ۲ سوال نکالنے کے لئے - پرشن کرنا (متعدی) سوال کرنا - پوچھنا - دریافت

پَرِشنِ (س - عص) ۱ ویدوں اور پرانوں میں زمین کا نام جو مرت کی ماں ہے ۲ گائے ۳ کئی عورتوں کا نام جن میں سے ایک دیوکی کا اوتار تھی -

پَرَشنسا (س - مونث) ۱ تعریف صفت - ثنا - توصیف - مدح - استوتی - تحسین ۲ خوشامد ۳ شہرت - ناموری - پرشنسا کرنا (متعدی) تعریف کرنا - صفت کرنا - ثنا کرنا - حمد کرنا -

پَرِشودھ - پَرِشودھن (س

مذکر) ۱ صفائی۔ پاکی۔ پوترپن ۲ درستی۔ اصلاح ۳ انتقام۔ بدلہ ۴ واجبیت۔ رواداری۔ جواب ۵ ادائگی قرض کی ادائگی۔ چھٹکارہ۔

پرشونگ (س۔ مذکر) ۱ گلے ملنا ۲ چھوت۔ مس۔

پرشی (س۔ مونث) عورت۔

پرکار۔ پرگار (ف۔ مذکر و مونث) وہ آلہ جس سے دائرہ کھینچتے ہیں۔ **پرکاری** (صفت) پرکار سے بنا ہوا۔

پرکار (س۔ مذکر) ۱ قسم۔ نوع جنس۔ بھانت۔ فرع ۲ طور۔ طریق۔ صورت۔ طرح اسلوب۔ ڈھنگ۔ طرز۔ ڈول ۳ مشابہت۔ مطابقت ۴ فرق۔ اختلاف ۵ خصوصیت۔ تخصیص۔ خاصہ۔ سبھاؤ

پرکاس (ھ۔ مذکر) دیکھو پرکاش

پرکاش (س۔ صفت) ۱ دکھائی دینے والا۔ عیاں۔ ظاہر۔ آشکارا ۲ کھلا۔ علانیہ۔ صریح۔ فاش ۳ مشہور۔ معروف۔ نامی۔ نامور۔ شہرہ آفاق ۴ روشن۔ چمکدار۔ نورانی۔ منور ۵ (مذکر) صفائی۔ روشنی۔ چمک۔ دمک۔ آبداری ۶ روشنی۔ نور ۷ شان و شوکت۔ نمود۔ شکوہ ۸ ظہور۔ دکھاوا۔ رویت ۹ اظہار۔ افشا۔ انکشاف۔ توضیح۔ تشریح ۱۰ پھیلاؤ انتشار ۱۱ (تف) کھلے طور پر۔ ظاہرہ ۱۲ (عص) وشن جی کے قاصدوں کا نام۔ **پرکاش پانا** (لازم) شہرت پانا۔ مشہور ہونا ۲ ظاہر ہونا۔ فاش ہونا۔ کھلنا۔ **پرکاش کرنا** (متعدی) مشہور کرنا۔ ظاہر کرنا۔ تشریح کرنا۔ توضیح کرنا۔ دلالت کرنا۔ عیاں کرنا۔ **پرکاشنا** (لازم) ظاہر کرنا۔ دیکھو پرکاش کرنا۔

پرکالا (ف۔ مذکر) سیڑھی۔ زینہ

پرکالہ (ف۔ مذکر) ۱ چنگاری۔ پتنگا شرارہ ۲ شیشے کا ٹکڑا۔ ٹکڑی ۳ ٹکڑا۔ حصہ۔ **پرکالۂ آتش** (مذکر) آگ کا شرارہ ۲ چالاک۔ عیار۔ تیز۔ **پرکالۂ آفت** (مذکر) نہایت چالاک یا شریر آدمی۔

پرکان (ھ۔ مذکر) ۱ محور۔ دُھرا ۲ توپ کا دُھرا۔ جس پر توپ کا رخ بدلا جاتا ہے۔

پرکانا (ھ۔ متعدی) عادی کرنا۔ دستور باندھنا ۲ کسی فعل کے بار بار کرنے پر مائل کرنا۔ **پرک جانا۔ پرکنا** (لازم) ۱ عادی ہونا ۲ کسی کام کے کرنے پر مائل ہونا۔

پرکٹ (س۔ صفت) ۱ ظاہر عیاں۔ کھلا۔ آشکارہ۔ علانیہ۔ صریح۔ فاش ۲ جو نظر آئے ۳ مشہور۔ معروف۔ عام (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پرکٹنا** (متعدی) پرکٹ کرنا۔

پرکر (س۔ مذکر) نوکر۔ ملازم۔ جلو۔ تزک۔ حشم و خدام۔ خدام۔

پرکر (س۔ مذکر) ۱ بہتات۔ افراط۔ کثرت ۲ ایک درخت۔ ایلوا ۳ مدد۔ امداد اعانت۔ معاونت۔ دوستی ۴ رسم۔ رواج۔

پرکرت (س۔ صفت) ۱ بنایا ہوا۔ تکمیل کیا ہوا۔ مکمل ۲ اصلی۔ حقیقی۔ خالص۔ کھرا نرل ۳ درست۔ سچا۔ صحیح ۴ موزوں۔ ٹھیک۔

پرکرت (س۔ مونث) ۱ اصلی شکل کسی چیز کی ۲ اصلی حالت یا کیفیت ۳ اصلی یا پہلا مادہ ۴ وجہ۔ اصلی سبب ۵ اصلیت۔ نسل۔ بنیاد ۶ طبیعت۔ خاصیت۔ خصوصیت۔ بناوٹ ۷ عادت خصلت۔ طریقہ ۸ قاعدہ۔ دستور ۹ نمونہ۔ نظیر۔ مثال ۱۰ (فلسفہ) تمام اشیا کا اصلی منبع یا مبدا ۱۱ تمام مادی اشکال کا بانی ۱۲ (عص) دیوی۔ ایشور کی مرضی۔ یا منشا کی دیوی مایا (صرف و نحو) اصلی یا مادی صورت لفظ کی۔ مادہ (حساب) سر۔ مضروب فیہ۔ جس سے ضرب دیا جائے ۱۳ (علم بدن) طبیعت۔ مزاج۔ پیدائش کے وقت کسی نہ کسی خلط کا زیادہ ہونا ۱۴ راجہ کے وزرا و امرا ۱۵ رعیت لوگ۔ شہری۔ دستکار وغیرہ ۱۶ سلطنت کے مختلف اجزا

پرکرتتا (مونث) **پرکرتتو** (مذکر) ابتدائی حالت۔ اصلیت۔ صحت۔ سچائی۔ صداقت

پرکرش (س۔ مذکر) ۱ فضیلت فوقیت۔ برتری۔ بزرگی۔ ترجیح ۲ خوبیوں کی افراط ۳ لمبائی۔ طول ۴ (صرف و نحو) ایسرگ پر کا اثر دوسرے الفاظ پر۔ **پرکرشٹتو** (مذکر) برتری۔ فضیلت۔ فوقیت۔

پرکرم (س۔ مذکر) ۱ قدم۔ گام ڈگ ۲ چلنا۔ قدم بڑھانا۔ قدم اٹھانا ۳ جانا۔ گزرنا ۴ شروع ابتدا ۵ فقرہ۔ حصہ۔ دفعہ ۶ موقعہ۔ مہلت۔ فرصت ۷ تعلق۔ نسبت۔ مناسبت۔ **پرکرما** (مونث) ۱ ارد گرد یا ادھر ادھر پھرنا۔ طواف کرنا ۲ گھیرا۔ گرد چکر۔ دورا ۳ تعظیم کے لئے طواف کرنا یا ارد گرد پھرنا ۴ مندر کے گرد چھت دار جگہ ۵ (علم ہیئت) محوری گردش۔ **پرکرما دینا۔ کرنا یا لینا** (متعدی) ۱ طواف کرنا۔ گرد پھرنا ۲ پردکشن کرنا۔ کسی شخص یا بت کے گرد تعظیماً پھرنا۔

پرکرن (س۔ مذکر) ۱ بحث۔ مباحثہ مناظرہ ۲ تقریر۔ تشریح ۳ مضمون۔ عنوان۔ ارتھ۔ مدعا ۴ محکمہ۔ علاقہ۔ فرض۔ منصب ۵ کتاب۔ حصہ۔ باب۔ فصل۔ فقرہ ۶ دیباچہ۔ مقدمہ۔ تمہید ۷ موقعہ وقت۔ داؤں ۸ واقعہ۔ حادثہ۔ کیفیت۔ وقوع ۹ تعلق۔ نسبت ۱۰ قصہ۔ کہانی۔ نظم۔ قصہ یا نظم جس میں خیالی اشخاص کے حالات ہوں ۱۱ ٹھہرنے کی جگہ۔

پرکریا (س۔ مونث) ۱ طریقہ۔ رستہ ۲ رسم۔ رواج۔ ریت ۳ (صرف و نحو) گردان کے قواعد ۴ ترقی۔ عروج۔ عظمت۔ منزلت ۵ شاہی نشان لگی ہوئی چیز۔

پرکل (ھ۔ صفت) ہلا ہوا۔ پالتو
مثل۔ پرکل گھوڑا بسولے تھاڑھ۔ پالتو گھوڑا تھان کو بھاگتا ہے۔ انسان اپنی عادت کے موافق کام کرتا ہے۔

پرکمپ (س۔ مذکر) کانپنا۔ لرزنا۔ تھرانا۔ تھرتھراہٹ۔ لرزہ۔ تیز حرکت۔

پرکن (لتھوانیا۔ عص) کڑک اور گرج کا دیوتا۔

پرکنا (ھ۔ متعدی) دیکھو پرکانا کے تحت میں۔ دیکھو پرکھنا۔

پرکوپ (س۔ مذکر) ۱ جوش ۲ ابال۔ ابھان ۳ غصہ۔ تیزی۔ جوش۔ جذبہ۔ طیش ۴ جھنجلاہٹ۔ پیچ و تاب۔

پرکوٹا (ھ۔ مذکر) ۱ باڑ۔ روک ۲ فصیل۔ شہر کے گرد دیوار۔

پرکھ (ھ۔ مونث) ۱ تمیز۔ جانچ پہچان ۲ تجربہ۔ امتحان۔ آزمائش ۳ (ھ) ملاحظہ۔ معائنہ

پرکھانا (متعدی) ۱ جانچ کرانا۔ آزمائش کرانا ۲ دینا۔ ادا کرنا۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ **پرکھائی** (مونث) ۱ جانچ۔ تمیز ۲ سکہ جانچنے کی اجرت۔ **پرکھنا** (متعدی) ۱ جانچ کرنا۔ تمیز کرنا ۲ کسوٹی پر لگا کر کھوٹا کھرا دیکھنا ۳ برے بھلے میں تمیز کرنا ۴ امتحان کرنا۔ آزمانا ۵ (ھ) حاصل کرنا۔ پانا۔ فائدہ اٹھانا۔ **پرکھنے والا** (مذکر) پرکھیا۔ **پرکھوانا** (م) دیکھو پرکھنا۔ **پرکھوائی** (مونث)

دیکھو پرکھائی - پرکھی (ھ) پرکھیا (مذکر) پرکھنے والا شخص - ھ

پرکھ (ھ - مذکر) دیکھو پرش -

امثال و اقوال - پرکھ سا پکھیرو کوئی نہیں - انسان ایک جگہ نہیں رہ سکتا جا بجا پھرتا رہتا ہے - **پرکھ ساٹھا سو پاٹھا - استری بیسی سو کھیسی** - مرد ساٹھ سال کا بھی جوان ہوتا ہے - عورت بیس برس کی بوڑھی ہو جاتی ہے - **پرکھ کی مایا برچھ کی چھایا** - انسان کی شہرت درخت کے سائے کی طرح عارضی ہوتی ہے -

پرکھا (س - مونث) کھائی - خندق - نالی -

پُرکھا (ھ - مذکر) ۱ آدمی دیکھو پرش ۲ بڈھا آدمی - بڑا - بزرگ - جد امجد - باپ دادا - **پرکھن** (مونث) بوڑھی عورت - **پرکھے** (ھ - مذکر) ۱ آبا و اجداد - باپ دادا ۲ قدما - پرانے زمانے کے لوگ -

پرکھر (س - صفت) ۱ تیز - کڑوا - مرچ کی طرح کا - بہت سخت - کھردرا ۲ (مذکر) زرہ - جوشن - پاکھر -

پرکھیات (س - صفت) ۱ مشہور - معروف - نامور - نامی ۲ خوش - مسرور دلشاد - شادمان -

پرکھیان (س - مذکر) ۱ احوال و روایت - علم ۲ شہرت - چرچا - شہرہ -

پرکی (ھ - مونث) پھنسی پھوڑا

پرکیا (س - مونث) ۱ تعریف حمد - ثنا ۲ شہرت - ناموری ۳ بیان - اظہار - ذکر - تذکرہ -

پرکیرتن (س - مذکر) تشہیر کرنا منادی کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا ۲ زور سے تعریف کرنا ثنا کرنا - حمد کرنا -

پرکیہ (س - صفت) دوسرے کی ملکیت -

پرگ (ف - مذکر) ۱ گونج ۲ ایک دریا ۳ ستارہ سہیل -

پرگ (ھ - مذکر) قدم - گام - ڈگ

پرگار (ف - مذکر) ۱ پرکار ۲ گھر کا سامان سال و اسباب ۳ کالر - گلو بند - **پرگاری** (مونث) پرکار کا کام -

پرگاڑھ (ھ - صفت) ۱ زیادہ - بہت - بے انتہا ۲ مشکل - دشوار - کٹھن ۳ سخت مضبوط - پکا ۴ سنجیدہ - متین ۵ تکلیف - درد -

پرگامی (س - صفت) ۱ جانے کے لئے تیار - روانہ ہونے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو رخصت ہونے والا ہو -

پرگاہ (ف - مذکر) بے فائدہ چیزیں - کاٹھ کباڑ - گھاس پھوس -

پرگت ملنا (ھ - لازم) میل ہونا - ساز ہونا -

پرگٹ (ھ - صفت) دیکھو پرکٹ - پرکٹنا -

پرگرہ (س - مذکر) ۱ پکڑنا - گرفت کرنا ۲ لینا - قبول کرنا ۳ قبولیت ۴ گھیرنا - احاطہ کرنا ۵ قبضے میں لینا ۶ ہم بغل ہونا - بغل گیر ہونا ۷ قبضہ - ملکیت - جائداد ۸ انتخاب کرنا - منتخب کرنا - چننا ۹ شادی کرنا - بیاہ کرنا - بیاہنا ۱۰ بیوی - خاوند ۱۱ عزت کرنا - مہربانی کرنا ۱۲ عزت اعزاز تعظیم ۱۳ مہربانی - عنایت - لطف - کرم ۱۴ سمجھنا - سمجھ - عقل - توجہ ۱۵ کوئی کام کرنا - کسی کام کو اپنے ذمہ لینا ۱۶ تسخیر - فتح ۱۷ مملکت - سلطنت ۱۸ مادہ اصل ۱۹ گھر - مکان ۲۰ خاندان - بال بچے ۲۱ ملازم نوکر چاکر - تابعین - متعلقین - **پرگرہن** (مذکر) ۱ لینا - پکڑنا - قبضہ کرنا - قبضے میں لینا ۲ بند کرنا - قید کرنا - محبوس کرنا ۳ سورج گرہن کا آغاز -

پرگلبھ (س - صفت) ۱ دلیر - با حوصلہ - دلاور ۲ مستقل مزاج - ثابت قدم ۳ تیار - مستعد ۴ بہادر - شجاع - جوانمرد ۵ مغرور - متکبر - مدفع ۶ مضبوط - قابل - لائق ۷ گستاخ - بے ادب - شوخ ڈھیٹ ۸ مشہور - نامی -

پرگمن (س - مذکر) ۱ ترقی کرنا - بڑھنا ۲ ترقی - بڑھوتری - سلاح -

پرگنات (ف - مذکر) پرگنہ کی جمع - **پرگناتی** (صفت) پرگنے کے متعلق یا پرگنے کا - **پرگناتی جمع** (مونث) مالگزاری جو تحصیل یا پرگنے کے دفتر میں خرچ نکال کر جمع کی جائے - **پرگناتی خرچ** (مذکر) پرگنے کا خرچ جو کل مالگزاری میں سے منہا کیا جائے -

پرگنجات (ف - مذکر) پرگنے کی جمع -

پرگنہ (ف - مذکر) ۱ ضلع کا ایک حصہ - سب ڈویژن ۲ ملک - دیہات ۳ دور کی جگہ - پردیس ۴ جہاں کسی عورت کا خاوند ملازم ہو - **پرگنہ دار** (مذکر) پرگنے کا افسر اعلیٰ - سب ڈویژن افسر - **پرگنہ وار** (صفت) پرگنے کے حساب سے - ضلع وار (بندوبست)

پرگوپن (س - مذکر) ۱ بچاؤ - حفاظت ۲ مکتی -

پرگھ (س - مذکر) ۱ دروازہ یا پھاٹک بند کرنے کے لئے لوہے کی سلاخ ۲ لاٹھی جس پر لوہا چڑھا ہو - لوہے کا ڈنڈا ۳ سورج چڑھنے یا غروب ہونے کے وقت بادلوں کی قطار جو سورج کے سامنے آجائے ۴ محل - مکان یا شہر کا پھاٹک یا دروازہ ۵ انیسویں منزل قمر - یا نکشترہ -

پرگھٹ (ھ - صفت) دیکھو پرگٹ - پرگت -

مثل - پرگھٹ آن پیچھے کہہ آنا - ادھم نہ ایک جگ تا ہی سمانا - جو شخص سامنے کچھ کہے پیٹھ پیچھے کچھ - اور اس جیسا کمینہ دنیا میں کوئی نہیں -

پرگھٹی (س - مونث) پرگھٹی (ھ) لوہے کا سانچہ جس میں سونے یا چاندی کو گلا کر ڈالتے ہیں سنار کا سانچہ -

پرگھرا (ھ - مذکر) وہ کبوتر جو دوسرے کے گھر کو پہچانتا ہو -

پرگھن (س - مذکر) ۱ مکان کے دروازے کے آگے - چھت دار چبوترہ ۲ ڈیوڑھی - پیش گاہ ۳ تانبے کی ہنڈیا ۴ لوہے کا گرز یا سلاخ ۵ ایک قسم کی پھلی -

پرگیا (ھ - مونث) ۱ عقل - سمجھ فہم - فراست ۲ علم - گیان ۳ چالاک لڑکی یا عورت

پرگیان (ھ - مذکر) ۱ احساس محسوسیت ۲ علم - گیان - فضیلت -

پرگیتا (ھ - مونث) ۱ علم - بدیا فضیلت ۲ احتیاط - عاقبت اندیشی - پیش بندی - بصیرت

دانشمندی - بدھ جی

پَرگیری (ف - مونث) ایک پرند - برگیل - بگیری -

پَرگیہ (ھ - صفت) ۱ عقلمند - دانا - عالم - فاضل ۲ چالاک - ہوشیار ۳ واقف - ماہر ۴ (مذکر) چالاک یا ہشیار آدمی -

پَرلا (ھ - صفت) ۱ دوسری طرف کا دوسرے سرے کا ۲ اُس پار کا - انتہائی حد کا ۳ دوسرا - اگلا (س - پَر - دوسرا) **پرلے پار** (تف) ۱ دوسری طرف ۲ دور - بہت دور - نہایت دور - بڑے فاصلے پر - **پرلے درجے کا** (صفت) بے حد - انتہا کا انتہا درجے کا - بڑا - ازحد - **پرلے سرے کا** (صفت) ۱ دیکھو آخری ۲ (مذکر) بڑا بدمعاش - خراب آدمی (دہلی)

پَرلاپ (س - مذکر) ۱ گفتگو - بات چیت - ذکر اذکار - بولا چالی - بیان ۲ بچوں کی گفتگو - گپ بازی - یاوہ گوئی - بک بک - بکواس ۳ بڑ زٹ ۴ نالہ وزاری - فغاں - گریہ - رونا پیٹنا **پرلاپی** (صفت) ۱ بکواسی - بک بک کرنے والا - یاوہ گو - بڑ مارنے والا - زٹلی ۲ (مذکر) بکواسی آدمی وغیرہ -

پَرلَمب (س - صفت) ۱ لٹکا ہوا آویزاں معلق ۲ آہستہ - ڈھیلا - دھیمہ ۳ دیر - تاخیر ۴ ہار - پھولوں کا ہار ۵ شاخ - ٹہنی ۶ بیل کی نئی شاخ ۷ ایک راکھش جسے بلرام نے قتل کیا تھا -

پَرلو (س - مذکر) ۱ ٹکڑا - کاٹا ہوا حصہ چھیلن ۲ غلاف - خول (پتے کا)

پَرلوبھ (س - مذکر) ۱ بہکاؤ - ترغیب - موہ - پھسلاوا - دم جھانسا ۲ خواہش - آرزو حرص - لوبھ - لالچ - طمع -

پَرلے (س - مذکر مونث) ۱ تباہی - بربادی - قیامت ۲ ایک کلپ کے بعد دنیا کا تباہ ہونا ہر چیز کا برباد ہو جانا ۳ عام بربادی - جیسے طوفان نوح کے وقت ہوئی تھی ۴ موت - مرنا ۵ غشی - بیہوشی ۶ مجازاً تھکاوٹ - گھبراہٹ - سستی - نفرت - دکھ - تکلیف - **پرلے کال** (مذکر) قیامت -

پَرلیپ (س - مذکر) پلستر - مرہم - ضماد - لیپ -

پَرَم (س - صفت) پَرَم (خف) ۱ اعلےٰ - اول - افضل - اکرم ۲ بہترین - نہایت بڑا اصل - عمدہ - پہلا ۳ برتر - بالا - فائق - بڑھیا ۴ مکمل - کامل - پختہ ۵ بہت - حد سے زیادہ - بے انتہا ۶ (تف) حد سے بڑھ کر - زیادہ - بکثرت - بدرجہ غایت - بہتات سے ۷ ایک حد تک - نہایت اچھی طرح سے - **پرماتما** - (ھ - مذکر) روح اعلےٰ - روح عالم - ایشور - خدا ۲ سخی - فیاض - **پرمارتھ** (مذکر) ۱ اعلےٰ اور بلند صداقت یا سچائی ۲ پوری سچائی - اصلی صداقت ۳ علم روحانی ۴ اعلےٰ نیکی ۵ خوبی - نیکی ۶ کوئی اعلےٰ ارادہ یا اصول - اول درجہ کا شغل یا کام - بہترین انجام ۷ اعلےٰ نیکی - بہترین بھلائی - **پرمارتھ سُدھارنا** (متعدی) اعلےٰ نیکی کے کام کا انتظام کرنا ۲ مکتی یا نجات حاصل کرنے کے لئے نیکی کرنا **پرمارتھ کے ہیتو لگانا** (متعدی) مکتی کے لئے نیکی کرنا اچھے کام کرنا **پرمانند** (مذکر) ۱ اعلےٰ خوشی - کامل فرحت - افضل - شادمانی - آخری خوشی یعنی نجات ۲ روح اعلےٰ - خدا - **پرم پاون** (مذکر) خدا کا ایک نام کسی دیوتا یا دریا کا نام جس کی وجہ سے روح پوتر ہو سکے **پرم پَر** (مذکر) ۱ اعلےٰ درجہ - رتبہ یا عہدہ ۲ اعلےٰ خوبی ۳ مکتی - **پرم پرتاپ** (مذکر) اعلےٰ درجہ کی شان وشوکت یا نور - **پرم پُرش** (مذکر) روح اعلےٰ - ایشور خدا - **پرم دھام** (مذکر) بہشت بریں - سرگ - **پرم راج** (مذکر) مہاراجہ - ادھیراج - **پرمرکش** (مذکر) ایک راجہ - **پرمرشی** (مذکر) بڑا رشی - **پرم شیو** (مذکر) کئی مصنفوں کا نام - **پرم گَت** (مذکر) سب سے اعلےٰ مقصد - مکتی - کوئی بڑی چیز یا محافظ جیسے دیوتا یا دنیاوی مددگار - **پرم گیان** (مذکر) اعلےٰ علم - خدا کا علم - **پرم نند** (مذکر) ایک گرو - **پرم ہنس** (مذکر) اعلےٰ رشی جس نے تپسیہ سے اپنے حواس پر قابو پالیا ہو - **پرمیش** **پَرمیشر** - **پرمیشور** (مذکر) ۱ خدائے تعالےٰ - وشن جی کا لقب - بڑے بڑے دیوتاؤں کا لقب - بڑے آدمیوں یا راجوں کو بھی کہتے ہیں ۲ کئی مصنفوں کا نام - **پرمیشا** **پرمیشوری** (مونث) ۱ اعلیٰ دیوی - شوجی کی استری درگاجی کا لقب ۲ سیتاجی ۳ شوجی کا ایک مشہور لنگ - **پرمیشر کی دیا سے** - بفضل تعالےٰ - **پرمیشر نہ کرے** خدانخواستہ - **پرمیشر نے چاہا تو** - انشاء اللہ تعالےٰ - **پرمیشری دت** (مذکر) ایک مصنف - **پرمیشری رکشیت** (مذکر) ایک مصنف -

پَرَم (ھ - مذکر) پانی کی تہ معلوم کرنے کی ڈوری اور وزن - **پرم ڈالنا** (متعدی) پانی کی تہ دریافت کرنے کے لئے ڈوری اور وزن ڈالنا

پَرَما (س - مونث) ۱ علم صحیح - درایت کامل - ایسا علم جس میں غلطی کی گنجائش نہ ہو ۲ اختیار - طاقت ۳ مثال - نقل - نمونہ ۴ گیان - واقفیت

پَرماد (س - مذکر) ۱ مخموری - بیہوشی - سرابخوری ۲ پاگلپن - دیوانگی ۳ غفلت - بے احتیاطی ۴ تکلیف - گھبراہٹ - پریشانی ۵ غلطی - سہو - بھول - چوک -

پَرمان (س - مذکر) پرَمان (ھ) ۱ ناپ تول - وزن - کوئی پیمانہ جو تولنے - ناپنے یا گنجائش کا ہو ۲ وسعت - جسامت - مقدار ۳ لمبائی وزن - تعداد - نسبت - تفصیل ۴ رسم - رواج - قاعدہ - قانون ۵ فیصلہ - ثبوت - تصدیق ۶ مثال نمونہ ۷ شہادت - گواہی ۸ اعتبار - اعتماد - بھروسہ ساکھ ۹ مقدس کتاب - مذہبی تصنیف ۱۰ وجہ - سبب ۱۱ (صفت) اصلی - صحیح - ٹھیک - درست ۱۲ مستند معتبر ۱۳ روا - مباح - جائز ۱۴ قابل سماعت - شنوائی یا منظوری ۱۵ مانند - مثل - کسی خاص معیار یا پیمانے کا **پرمان چڑھنا** (ھ) اعلےٰ درجہ پر ترقی کرنا **پرمان کرنا** (ھ) ۱ ماننا - یقین کرنا - اعتبار کرنا ۲ شہادت یا گواہی دینا -

پَرمان (س - مذکر) ۱ تولنا - ماپ کرنا ۲ ماپ - مقدار - نسبت - تعداد ۳ لمبائی - قد - جسامت ۴ میعاد - عرصہ - مدت - زمانہ ۵ وزن ۶ عدد - قیمت - مالیت ۷ دائرے کا محیط - چکر - گھیرا -

پَرمٹ (انگ - مذکر) ۱ چنگی جہاں سرکاری محصول لیا جاتا ہے ۲ نمک کا محصول لینے کا محکمہ ۳ نمک اور شورے کا سرکاری محصول ۴ اجازت نامہ (اصل پرمیٹ) **پرمٹ بندر** (مذکر) وہ بندرگاہ جہاں باہر سے آکر مال اترے -

پَرمٹا (انگ - مذکر) ایک قسم کا اونی وسوتی کپڑا - اسی نام کے جرمنی کے ایک شہر کی وجہ سے یہ نام ہے -

پَرمحلہ (ھ - مذکر) دوسرا محلہ -

پَرمَد (س - مذکر) ۱ خوشی - مسرت شادمانی - فرحت - آنند ۲ (صفت) مدہوش - مخمور ۳ شہوت پرست - نفس پرست ۴ غصیلا - تیز - جلد ناراض ہو جانے والا - تیز طبیعت ۵ لاپروا - غافل ۶ ایک رشی

جو وسشٹھ کا بیٹا ہے۔ 8 ایک دانو۔ **پرمد ر وپیہ** (مذکر) دکن میں ایک شہر۔

پرمد (س۔ صفت) دیکھو پرمدت

پرمدا (مونث) 1 نوجوان۔ بدچلن عورت 2 خوبصورت نوجوان عورت 3 ایک بحر یا وزن کا نام۔ **پرمدت** (صفت) 1 خوش۔ مسرور۔ شادماں۔ آنند 2 قانع۔ صابر

پرمردن (س۔ صفت) 1 تباہ کرنیوالا۔ برباد کرنے والا۔ نکال دینے والا 2 وشن جی 3 شوجی کا ایک پرستار 4 ایک دیت جو بیماری پیدا کرتا ہے 5 ایک ودیا دھر 6 شمبر کا ایک جرنیل۔

پرمکھ (س۔ صفت) 1 سامنے۔ اول۔ ماقبل۔ پہلے۔ آگے۔ اصل۔ بڑا 2 نہایت اچھا۔ اعلےٰ۔ افضل۔ بہترین 3 (مذکر) سردار۔ حاکم۔ افسر 4 معزز آدمی۔ رئیس 5 رشی۔ منی 6 ایک درخت جو رنگنے میں کام آتا ہے۔

پرمل (س۔ مذکر) **پرمل** (خف) 1 خوشبو۔ مہک نکہت۔ سگندھ 2 کوئی خوشبودار مادہ 3 خوشبوؤں کا ملانا۔ یا تحلیل کرنا 4 جماع۔ ہم بستری 5 بھنی ہوئی جوار یا مکی۔ بھنا ہوا باجرہ۔ ایک قسم کا خوشبودار چاول 6 (صفت) خوشبودار۔

پرملو (ھ۔ مونث) ایک قسم کا اناج۔

پرملوچا (س۔ عص) اندر مہاراج کے دربار کی ایک پری جسے انہوں نے رشی کنڈو کو پھسلانے کے لئے بھیجا۔ وہ کئی سو سال اس کے پاس رہی جب اسے ایک دن معلوم ہوا۔ ہوش آنے پر اس نے پرملوچا کو نکال دیا۔ وہ حاملہ تھی۔ وضع حمل پسینے کی صورت میں ہوا جسے اس نے درختوں پر ڈال دیا۔ یہ قطرے جم گئے اور ان سے مارشا پیدا ہوئی۔

پرمند (س۔ صفت) بہت ہلکا بہت سست۔ بہت دھیما۔ بہت تھکا ہوا یا ماندہ۔

پرمنڈل (س۔ صفت) 1 گول چکردار۔ مدور۔ مستدیر۔ گردی 2 (مذکر) دائرہ۔ محیط دائرہ۔ چکر۔ گولائی 3 خط گردش 4 گیند سکرہ۔ سیارہ۔ ستارہ۔

پرموچنی (س۔ مونث) ککڑی کی ایک قسم۔

پرمود (س۔ مذکر) 1 بے حد خوشی فرحت۔ مسرت۔ شادمانی۔ آنند 2 زندہ دلی۔ ہنسی مذاق۔ چہل 3 سکند کا ایک پرستار 4 ایک منصف 5 ایک ناگ 6 کئی مشہور آدمیوں کا نام۔ **پرمودت** (مفعولی) خوش۔ مسرور۔ شادماں۔ **پرمودل**۔ **پرمودی** (صفت) 1 خوش کرنے والا۔ خوش کن۔ فرحت دینے والا 2 (مذکر) خوش شخص۔ شاد آدمی 3 وہ شخص جو خوشی پہنچائے یا مسرت پیدا کرے 4 وہ شخص جو دوسروں کو خوش رکھے۔ **پرمودن** (مذکر) ایک رشی۔

پرموہ (س۔ مذکر) 1 حیرانی۔ پریشانی۔ گھبراہٹ۔ آشفتگی۔ بےچینی۔ پنتا 2 فریفتگی۔ شیفتگی۔ بیہوشی۔ غشی۔

پرموہن (س۔ مذکر) حیران فریفتہ یا شیفتہ کرنے یا لبھانے کا فعل۔

پرموہی (س۔ صفت) دلفریب دلکش۔ دل لبھالینے والا۔ فریفتہ کرنے والا۔

پرملیستھن (س۔ مذکر) 1 افسر سردار۔ حاکم 2 کسی بڑے دیوتا کا نام 3 اجمیدھ کا ایک بیٹا 4 اندر ورمن کا ایک بیٹا۔

پرن (د۔ مونث) 1 طبلے کی گت 2 (ھ۔ مذکر) عفد ثریا کے ایک ستارے کا نام۔

پرن (ف۔ مذکر) 1 دیکھو پرون 2 کل گذشتہ 3 چاندنی 4 ایک قسم کا ریشم۔ **پرنا** (مذکر) پھولدار ریشمی کپڑا۔

پرن (ھ۔ مذکر) 1 وعدہ۔ اقرار 2 پیمان۔ قول۔ بچن۔ معاہدہ۔ اقرارنامہ۔ لکھت 3 قسم نیت۔ عہد۔ **پرن باندھنا یا کرنا** (متعدی) 1 وعدہ کرنا 2 نیت کرنا۔ عہد کرنا۔

پرن (س۔ مذکر) 1 پر۔ پنکھ 2 پتا۔ برگ 3 پان 4 ڈھاک کا درخت۔ پلاس۔ **پرناش** (مذکر) تن کا درخت۔ **پرناشا** (مونث) کئی دریاؤں کا نام۔ **پرن شالا** (مذکر) 1 پتوں اور ٹہنیوں کی جھونپڑی 2 مدھیادیش یعنی گنگا اور جمنا کے درمیان ایک ملک جہاں برہمنوں کی بڑی بھاری بستی تھی 3 بھدر اشو میں ایک پہاڑ **پرنوس** (مذکر) ایک گاؤں۔

پرناد (س۔ مذکر) 1 اونچی آواز۔ شور۔ غل۔ غوغا۔ چیخ۔ دھاڑ۔ چنگھاڑ۔ رینگ۔ ہنہناہٹ 2 خوشی کی آواز یا ندا۔ شاباش 3 کانوں میں بھنبھناہٹ

پرناش (س۔ مذکر) 1 غائب ہونا کافور ہونا۔ چنپت ہونا 2 نقصان۔ ضرر 3 انقطاع حرکت 4 موت۔ تباہی۔ بربادی۔

پرنال (س۔ مذکر) **پرنالہ** (ہ) **پرنالی** (مونث) چھت یا کوٹھے کی موری۔ **پرنالے بہادینا** (د) 1 شدت سے رونا 2 (ہ) کسی چیز کی کثرت کرنا۔ **پرنالی پڑتی ہے** (چابکسواروں کا محاورہ) گھوڑا تیار اور ترو تازہ ہے۔ گھوڑا موٹا ہو تو پٹھوں سے ریڑھ تک نالی سی معلوم ہوتی ہے۔

پرنام (س۔ مذکر) 1 فرق۔ تبادلہ تغیر یا ... 2 آخیر۔ انت۔ مآل۔ اختتام۔ انجام۔ آخری حالت یا وقت 3 نتیجہ۔ ثمرہ۔ حاصل 4 موت کے تیور 5 اثر۔ حاصل۔ وقوع 6 پختگی۔ پکاپن۔ **پرنام میں** (تعف) آخر میں۔ انجام کار۔ آخرکار۔

پرنام (س۔ مذکر) 1 جھکنا۔ خم ہونا۔ 2 تسلیمات کرنا۔ آداب بجالانا 3 (ہ) پاؤں پر سر رکھنا۔ نمسکار۔ ڈنڈوت (برہمنوں یا دیوتاؤں کو **پرنام کرنا** (ہ) نمسکار کرنا۔ ڈنڈوت کرنا۔ **پرنامی** (صفت) 1 ڈنڈوت یا نمسکار کرنے والا وغیرہ 2 (مذکر) پجاری وغیرہ۔

پرنانا (ہ۔ مذکر) نانا کا باپ۔ **پرنانی** (مونث) نانا کی ماں۔ ماں کی نانی۔

پرنانا (ھ۔ متعدی) 1 آگ کے گرد چکر لگانا 2 شادی کرنا۔ بیاہنا۔

پرناہ (س۔ مذکر) 1 محیط دائرہ۔ چکر۔ گولائی 2 وسعت۔ چوڑائی۔ عرض۔

پرنت (س۔ مونث) جھکا ہوا۔ خمیدہ۔ مسکین۔ عاجز۔ مودب تعظیمی۔ تکریمی۔ **پرنتپال** (صفت) غریب نواز۔ غریب پرور۔

پرنت (س۔ مونث) 1 جھکنا۔ خمیدہ ہونا 2 تسلیمات کرنا۔ آداب بجالانا 3 آداب۔ تسلیمات۔ تواضع۔

پرنت (س۔ حرف ربط) لیکن۔ تاہم۔ ابھی۔ تو بھی۔ علاوہ۔ علاوہ بریں۔ برخلاف اس کے۔ نیز۔ بعد میں۔ پر۔

پرنتر (ھ۔ صفت) دوسرے کے تابع۔ تابعدار۔ حکم بردار۔ ماتحت۔

پرنٹر (انگ۔ مذکر) چھاپنے والا۔

پرنجر (س۔ مذکر) بغل۔ بازو کا اندر کا حصہ۔

پرنجن (س۔ مذکر) 1 زندہ اصول۔ زندگی۔ روح۔ (بادشاہ کی مثال ہے) **پرنجنی** (مونث)

عقل۔ سمجھ۔ بدھ۔ گیان۔ فہم۔ فراست (بادشاہ کی بیوی کی مثال ہے)

پَرَنجے (س۔ عص) "فاتح شہر" کئی قدیم ہندو راجوں کا نام۔ سب سے مشہور سورج بنسی خاندان کا ایک راجہ تھا جو وکُشی کا بیٹا تھا۔ ترتیا یگ میں دیوتاؤں اور اسروں کے درمیان ایک یدھ ہوا جس میں دیوتاؤں کو شکست ہوئی۔ وشن جی کے مشورے سے پرنجے کو مدد کے لئے بلایا گیا۔ اندر مہاراج سانڈ بنے اور اس پر سوار ہو کر پرنجے نے اسروں کو قتل کیا۔

پَرِنْد (ف۔ صفت) ۱ پردار ۲ (مذکر) اڑنے والا جانور۔ پرندہ۔ طائر۔ پنکھی ۳ ایک قسم کا اڑنے والا کیڑا ۴ بالوں کے باندھنے کا ایک خوبصورت طریقہ ۵ (ف) آبدار تلوار۔ تلوار ۶ ایک قسم کا عمدہ اور پھولدار ریشمی کپڑا ۷ سادہ ریشمی کپڑا ۸ سات سہیلیوں کا گچھا ۹ ایک قسم کی گھاس ۱۰ جنگلی کھیرا ۱۱ بکری کا چمڑا ۱۲ شاہی جھنڈا ۱۳ موتی ۱۴ امید۔ **پرندِ آبی** (مذکر) ایسا پرند جو پانی میں سے مچھلیاں وغیرہ پکڑ کر کھائے۔ **پرندہ** (صفت) ۱ اڑنے والا۔ تیز ۲ (مذکر) طائر ۳ جہاز۔ کشتی ۴ پارہ۔ **پرندہ پر نہیں مار سکتا**۔ کوئی جانے نہیں پاتا۔ کسی کو جانے کی اجازت نہیں۔ کسی کا گزر نہیں۔ **پرند ہو جانا** (لازم) اڑ جانا۔ بہت جلدی حرکت کرنا۔

پُرَنْدَر (س۔ مذکر) "قلعہ شکن" ۱ اندر مہاراج کا ایک نام ۲ چور۔ نقب زن ۳ ایک قسم کی مرچ۔

پَرِنِدھان (س۔ مذکر) ۱ استعمال۔ عمل ۲ دروازہ۔ رستہ۔ راہ ۳ تعظیم کا برتاؤ۔ آؤ بھگت۔ آدر مان۔ توجہ۔ التفات ۴ تپسیا۔ مراقبہ۔ استغراق۔ محویت ۵ بہت کوشش یا محنت۔ قوت ۶ دعا۔ التجا۔ منت۔

پَرِنس (انگ۔ مذکر) شہزادہ کنور۔ راجہ۔ نواب۔ **پرنس آف ویلز**۔ ولیعہد سلطنت انگلستان۔ **پرنس کونسرٹ**۔ ملکہ کا خاوند جو تخت نشین نہ کیا گیا ہو۔ جیسے ملکہ وکٹوریا کا پرنس البرٹ۔

پَرِنسِپل (انگ۔ مذکر) ۱ کالج کا معلم اعلیٰ ۲ اصول۔

پَرَنْنا (ھ۔ متعدی) نمستے کرنا۔ ڈنڈوت کرنا۔ آداب بجالانا۔

پَرِنوار (س۔ مذکر) دیکھو پروار۔

پَرَنَوْنا (ھ۔ متعدی) ۱ کسی کے آگے جھکنا یا خم ہونا۔ تسلیمات عرض کرنا۔ آداب بجالانا ۲ سلام کرنا۔ ڈنڈوت کرنا۔

پَرنی (س۔ مونث) ۱ ایک آبی پودہ جو عموماً پرانے کنوؤں میں اگتا ہے ۲ ڈھاک۔ پلاس ۳ ہینگ کا پتا ۴ (ھ) دلھن۔ نوجوان لڑکی۔

پَرَنی (س۔ مذکر) ۱ سردار۔ حاکم ۲ رستہ دکھانے والا۔ رہبر۔ **پرنیتا** (مونث) ایک دریا۔

پَرَنَے (س۔ مذکر) ۱ اعتبار۔ اعتماد ۔ بھروسہ ۲ بے تکلفی۔ اختلاط۔ ارتباط۔ میل۔ ملاپ ۳ مکتی۔ نجات ۴ ڈنڈوت۔ نمسکار۔ آداب۔ تسلیمات ۵ درخواست۔ گذارش۔ عرض۔ التجا۔ التماس۔ سوال۔ مانگ ۶ محبت۔ عشق۔ دوستی۔ پیار۔ چاہ ۷ دوستانہ تعلق۔ بے تکلف دوستی۔ راز و نیاز ۸ مہربانی۔ نوازش۔ کرپا۔ شفقت۔

پَرِنَے (س۔ مذکر) "دلھن کو آگ کے گرد پھرانا" شادی۔ بیاہ۔

پُرَنِیا (ھ۔ صفت) ۱ پرانا۔ قدیم ۲ (مذکر) بوڑھا آدمی۔ پنچ۔ بزرگ شخص ۳ مددگار۔ حامی۔

پَرنِیان (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا پھولدار ریشم جو چین سے آتا ہے۔ دیبا ۲ اس ریشم کا بنا ہوا لباس۔

پَرَو (س۔ مذکر) ۱ گانٹھ۔ گرہ۔ عقد ۲ تہوار۔ دیکھو پرب۔

پُرو (س۔ مذکر) ۱ پھولوں کی زردی یا زیرہ ۲ ایک دریا کا نام جو سرسوتی کے شمال مغرب میں بہتا ہے ۳ چندر بنسی خاندان کا چھٹا راجہ ییاوتی اور شرمشٹھا کا چھوٹا بیٹا تھا۔ یہ اور اس کا بھائی یدو چندر بنسی خاندان کی دو بڑی شاخوں کے جد اعلےٰ تھے۔ اس کی اولاد پورو کہلاتی ہے۔ اور ان میں سے کورو اور پانڈو تھے۔ اور یدو کی اولاد یادو۔ سے کرشن جی تھے ۴ وسودیو اور سہادیوا کا بیٹا ۵ مدھو کا بیٹا ۶ منو چاکشش اور ندولا کا بیٹا ۷ (ق) بہت زیادہ۔ افراط سے۔ **پروج** (مذکر) ایک راجہ جو سناہی کا لڑکا تھا۔ **پروجیت** (مذکر) ۱ پانڈوؤں کا ایک مددگار جو کنت بھوج کا بھائی تھا ۲ ایک راجہ جو رچیک کا بیٹا تھا ۳ آنک کا ایک بیٹا۔ **پرودت** (مذکر) ایک راجہ۔ **پروراون** (مذکر) ایک دیت۔ **پُرورَوَس** (عص) چندر بنسی خاندان کا ایک راجہ جو مشہور ناٹک وکرم اروسی کا ہیرو ہے۔ اس کا ذکر ویدوں میں آتا ہے۔ یہ الا کا بیٹا تھا جو منو کی لڑکی تھی اس کا باپ بدھ تھا۔ دیکھو اروسی۔ **پروین** (مذکر) ایک شاعر۔ **پروکتس** (مذکر) کئی آدمیوں کا نام جن میں سے اکشواکو کا ایک بیٹا اور ایک ماندھاتری مشہور ہیں۔ دیکھو علیحدہ۔ **پروکتسانی** (مذکر) پروکتس کی بیوی **پروکتسو** (مذکر) اندر کا ایک دشمن۔ **پرومتر** (مذکر) کوروؤں کا ایک مددگار۔ **پرومیلہ** (مذکر) ۱ ایک رشی جس پر رگ وید کا ایک منتر اترا تھا ۲ سہوتر کا ایک بیٹا ۳ ہستن کا ایک بیٹا۔ اور سہوتر کا پوتا۔ **پرووش** (مذکر) ایک راجہ۔ **پرووشرت** (مذکر) وسودیو کا ایک بیٹا **پروہت** (مذکر) ایک راجہ۔ **پروہوت** (مذکر) اندر۔ **پروہوتا** (مونث) دا کشاینی کی ایک شکل۔ **پروہوتر** (مذکر) انو کا ایک بیٹا۔

پُرَو۔ پُرورَوَس (س۔ مذکر) دیکھو پرورس پرو کے تحت میں۔

پَرَوا (ف۔ مذکر) ۱ خواہش۔ چاہ ۲ محبت ۳ فکر۔ اندیشہ۔ چنتا ۴ ضرورت۔ حاجت۔ غرض ۵ آرام۔ فرصت (کرنا ہونا۔ نہ کرنا نہ ہونا کے ساتھ)

پَرَوا (س۔ صفت) ۱ چلتی ہوئی ہوا ۲ دکش کی ایک بیٹی۔

پَرِوا (ھ۔ مونث) قمری نصف مہینے کا پہلا دن۔ چاند کے بڑھنے اور گھٹنے کا دن۔

پُروا (ھ۔ مونث) پُرَوا (صف) ہوا جو پورب کی طرف سے پچھم کو چلے۔ یہ عموماً بارش لاتی ہے (س پروا چلنا)

مثل۔ پُروا نَہل سُو کھل گھاو

چھپھندل (ھ) پروا چلے تو زخم ہرے ہو جاتے ہیں۔

پُرْوا (ھ۔ مذکر) گاؤں۔ قصبہ۔ شہر۔ پور۔

پَرواد (س۔ مذکر) ۱ گفتگو۔ بول چال۔ بات چیت۔ باتیں۔ گپ شپ ۲ مقولہ۔ عام گفتگو ۳ شہرہ۔ افواہ ۴ ضرب المثل۔ کہاوت ۵ قصہ۔ کہانی داستان ۶ جھگڑے کی گفتگو۔

پَرِواد (س۔ مذکر) ۱ گالی۔ دشنام۔ گالی گلوچ ۲ تنبیہ۔ ملامت۔ سرزنش ۳ بدنامی۔ فضیحت رسوائی ۴ الزام۔ جرم۔ الاہنا۔

پَرِوار (ھ۔ مذکر) پَرِوار (ہ) ۱ حالی موالی۔ جلو کے لوگ۔ ہمراہی ۲ متعلقین۔ تابعین۔ ملازمان ۳ رعیت۔ رعایا۔ پرجا ۴ خاندان۔ قبیلہ۔ خاندان کے لوگ ۵ دوست۔ یار۔ ہمنشین۔

پَرْوارَن (س۔ مذکر) ۱ ممانعت۔ روک ۲ اعتراض۔ مخالفت ۳ تحفہ۔ نذر۔

پَرْواز (ف۔ مونث) ۱ اڑنا۔ اڑان ۲ فخر۔ ناز۔ (صفت) مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بلند پرواز (کرنا کے ساتھ) (پرواز یدن اُڑنا) **پروازکُناں** (صفت) اڑتا ہوا۔ **پرواز کنندہ** (صفت) اڑنے والا۔ **پروازی** (مونث) اڑنا۔ اڑان۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بلند پروازی۔

پَرْواس (س۔ مذکر) باہر رہنا دیکھو پرباس۔ **پرواسن** (مذکر) ۱ گھر سے نکال دینا۔ بدر کردینا ۲ دیس نکالا۔ شہر یا ملک بدر ۳ پردیس میں رہنا ۴ مارنا۔ قتل کرنا۔

پَرْوال (ھ۔ مذکر) آنکھوں کی ایک بیماری جس میں پلکیں گر جاتی ہیں۔ اور پپوٹوں کے اندر الٹے بال نکل آتے ہیں۔

پَرْوان (ہ۔ مذکر) ۱ بادبان کا ڈنڈا مستول ۲ (صفت) ٹھیک۔ اصل۔ درست دیکھو پرمان **پروان چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ کمال کو پہنچنا ۲ جوان ہونا۔ عمر طبعی کو پہنچنا ۳ پھلنا پھولنا ۴ مراد کو پہنچنا ۵ بیاہ ہونا۔

پَرْوانا (ھ۔ متعدی) پر کرانا۔ بھرانا۔

پَرْوانجات (ف۔ مذکر) پروانہ کی جمع۔ احکامات۔ شاہی احکام۔ اجازت نامے۔

پَرْوانگی (ف۔ مونث) ۱ حکم۔ فرمان ۲ اجازت۔ منظوری (پروازیدن۔ اُڑنا)

پَرْوانہ (ف۔ مذکر) ۱ حکم۔ فرمان منظوری (تحریری) ۲ اجازت نامہ۔ پاسپورٹ۔ حکمنامہ ۳ شاہی حکم۔ لائسنس۔ جاگیر کا حکم ۴ نوکری کا تحریری حکم ۵ تحریری حکم جو ماتحت کے نام جاری کیا جائے ۶ پتنگا چھوٹا پردار کیڑا ۷ مجازاً عاشق۔ شیفتہ۔ قربان ہونیوالا۔ صدقہ ہونے والا ۸ لشکر کا پیش رو ۹ وہ جانور جو شیر کے آگے آگے چلتا ہے (پروازیدن۔ اُڑنا) **پروانہ بیعات** (مذکر) حکمنامہ نیلام۔ **پروانہ تلاشی** (مذکر) خانہ تلاشی کا وارنٹ یا تحریری حکم۔ **پروانہ حفاظت ذات خاص** (مذکر) کسی شخص خاص کی حفاظت کرنے کا تحریری حکم۔ **پروانہ راہداری** (مذکر) دوسرے ملک میں جانے کا اجازت نامہ تحریری۔ پاسپورٹ۔ **پروانہ کی نقل** (مذکر) سالا۔ بیوی کا بھائی (عف) **پروانہ گرفتاری** (مذکر) وارنٹ گرفتاری۔ حکمنامہ گرفتاری **پروانہ لکھانا** (م) **لکھنا** (متعدی) حکم جاری کرنا۔ تحریری حکم بھیجنا۔ **پروانہ نویس** (مذکر) ۱ حکم لکھنے والا ۲ دفتروں میں ایک عہدہ۔ **پروانہ وار** (صفت) پروانے کی طرح۔ **پروانہ ہونا** (لازم) ۱ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ۲ مرنا۔ جان دینا۔ **پروانے** (مذکر) ۱ پروانہ کی جمع ۲ بجائے پروانہ حروف مغیرہ سے پہلے۔

پَرْوانی (ف۔ مونث) پروانگی کا بگڑا ہوا۔

پَرْواہ۔ پَرْواہ (عف)

پَرْواہ (س۔ مذکر) ۱ دریا۔ آب جو۔ ندی۔ نالہ دھار۔ بہاؤ۔ دھارا ۲ پانی کی رو۔ بہتا ہوا پانی ۳ کوئی چیز جو ندی کی طرح بہتی ہو ۴ انسانی کاروبار کی رو۔ کارروائی ۵ رسم۔ رواج ۶ زندگی۔ پیشہ۔ کام ۷ تالاب ۸ تیز یا خوبصورت گھوڑا ۹ مویشی کا ریوڑ۔

پَرِواہ (س۔ مذکر) پُر ہوکر بہ جانا چھلکنا۔ طغیانی۔ طوفان۔ پانی کی نالی۔ موری۔

پَرْواہا (اردو۔ مذکر) (لکھنؤ) ہمدستے کا گول تکیہ یا گدا جس میں بال بھر کر سرہانے کے پایوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

پَرْواہکا (س۔ مونث) بحث۔

پَرْوائی (ف۔ صفت) ۱ ضرورتمند جسے ضرورت ہو۔ حاجتمند ۲ (مذکر) ضرورتمند شخص۔

پُرْوائی (ہ۔ مونث) پُروا ہوا۔

پَرْوایا (ہ۔ مذکر) چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھنے کا لکڑی کا ٹکڑا۔

پَرُوبیشَن (انگ۔ مذکر) کام سیکھنے کا زمانہ یا وقت۔ **پَرُوبیشنر** (مذکر) کام سیکھنے والا شخص

پَرْوَت (س۔ مذکر) ۱ پہاڑ۔ کوہ۔ سلسلہ کوہ۔ پہاڑی۔ قلعہ کوہ۔ چوٹی پہاڑ کی ۲ چٹان۔ پتھر۔ اونچائی۔ بلندی۔ رفعت ۳ ایک قسم کا ساگ یا ترکاری ۴ ایک قسم کی مچھلی ۵ ایک وسو ۶ ایک رشی جو دیوتاؤں کا قاصد تھا۔ اور ویدوں کے چند منتر اسپر اترے ہیں ۷ پرنشن کا ایک بیٹا اور مریچی کا پوتا ۸ راجہ پرُو۔ روس کا ایک وزیر ۹ شنکر اچاریہ کے دس فرقوں میں سے ایک۔

پَرَوَت (ہ۔ مذکر) بیاہ شادی میں جو کمینوں کو دیتے ہیں۔ دال۔ آٹا۔ گڑ وغیرہ۔ بھتانہ

پَرْوَتا (ہ۔ مذکر) ۱ پوتے کا بیٹا۔ پرپوتا ۲ آٹا۔ گڑ وغیرہ جو شادی کے موقع پر خدمتیوں کو دیتے ہیں۔ **پروتی** (مونث) پوتے کی بیٹی۔ پرپوتی۔

پُرَوَٹ (ھ۔ مذکر) کوئیں سے پانی نکالنے کا چمڑے کا ڈول۔ چرسا۔ پروہا۔

پُرُوچنا (س۔ عص) ہرلودھن کا مخبر جسنے پانڈوؤں کو جلانے کی کوشش کی تھی مگر بھیم نے اسے جلادیا۔

پُرُودِھکا (س۔ مونث) پیاری بیوی۔ چہیتی بیوی۔

پَرْوَر (ف۔ صفت) ۱ پالنے والا محافظت کرنے والا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بندہ پرور (پروردن۔ پالنا) **پروردگار** (مذکر) پالنے والا۔ خدائے تعالےٰ۔ رب۔ **پروردگار حقیقی** (مذکر) اصل خدا۔ **پروردگار عالم (و عالمیاں)** دنیا (اور دنیا کے رہنے والوں) کا خدا۔ **پروردگار کا منہ کرکے**۔ خدا واسطے **پروردنی** (صفت) پلا ہوا۔ پرورش کیا ہوا۔ **پروردہ** (صفت) پلا ہوا۔ پرورش کیا ہوا ۲ (مذکر) ملازم۔ وہ شخص جس کی پرورش مدد وغیرہ کی جائے۔ **پرورش** (مونث) ۱ تعلیم و تربیت۔ پالنا ۲ مہربانی۔ شفقت (کرنا ہونا کے ساتھ۔ دینا کے ساتھ اب متروک ہے) **پرورش خاوندانہ** (مونث) مالک کی شفقت یا مہربانی۔ **پرورش یافتہ** (مفعول) پرورش پایا ہوا۔ **پرورندہ** (صفت) پالنے والا۔ پرورش کرنے والا ۲ (مذکر) مربی۔ سرپرست **پروری** (مونث) پرورش۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بندہ پروری۔

پَرْوَر (س۔ مذکر) ۱ انچاس گوتروں میں سے کوئی ایک ۲ بزرگوں میں سے کوئی ایک بزرگ ۳ منی جسکی وجہ سے کوئی گوتر مشہور ہو ۴ خاندان۔ قوم۔ نسل ۵ اولاد۔ رشتے دار ۶ دیوتاؤں کا ایک قاصد جو اندر کا دوست ہے ۷ ایک دانو ۸ (صفت) نہایت اچھا۔ اعلےٰ۔ بڑا۔ بہترین ۹ مشہور۔ ممتاز۔ عالی مرتبہ بزرگ۔ **پرورپور** (مذکر) کشمیر کا ایک شہر **پرور سین** (مذکر) کشمیر کے دو راجے۔ **پرورنرپت** (مذکر) ایک راجہ۔

پَرَوَرت (س۔ مذکر) ۱ شروع آغاز ۲ مشغولیت۔ مصروفیت ۳ برانگیختگی۔ اکساوہ۔ استعمال ۴ (صفت) مشغول۔ مصروف۔ تیار۔ مستعد

۵ مقرر۔

پَرَوَرت (س۔ مذکر) گردش کرنا۔ پھرنا۔ گردش (سیارگان) ؛ زمانہ۔ وقت۔ عرصہ۔ وقت کا گزرنا ؛ چار یگوں کا اختتام۔ دنیا کا اختتام۔ قیامت پروبھاگنا۔ فراری۔ واپسی۔ پسپائی۔ مفروری۔ فوج سے مفروری ؛ آواگون۔ تناسخ ؛ بدلہ۔ عوض۔ تبادلہ۔ لین دین۔

پَرَوَرتَن (س۔ مذکر) ۱ مبادلہ۔ لین دین ۲ عوض۔ ادلے کا بدلہ۔ معاوضہ۔

پَرَوَرشَن (س۔ مذکر) بارش۔ مینہ۔ پَرَوَرشَن (مذکر) ۱ بارش شروع ہونا۔ بارش ہونا۔ مینہ برسنا ۲ ایک پہاڑ۔

پَرَوسا (ھ۔ مذکر) طعام جو کسی ہمسائے یا دوست کو بھیجا جائے۔ یا مہمان کے آگے رکھا جائے۔ طعام کا کچھ حصہ۔

پَرَوستی (ھ۔ مونث) پرورش۔

پَرَوَسَن (س۔ مذکر) ۱ باہر جانا۔ پردیس جانا یا سفر کو جانا ؛ پردیس میں رہائش رکھنا۔

پَرَوسنا (ھ۔ متعدی) کھانا چننا۔ مہمانوں کے آگے کھانا رکھنا۔

پَرَوِیشَن (انگ۔ مذکر) جلوس۔ سواری۔ دھوم دھام سے نکلنا۔

پَرَوش (ف۔ مذکر) پھنسی۔

پُروف (انگ۔ مذکر) ۱ ثبوت ؛ چھپ جانے کے بعد جو پہلا کاغذ چھاپ کر تصحیح کرایا جاتا ہے۔

پروف اٹھانا (متعدی) پروف ۲ چھاپنا۔

پروف ریڈنگ (انگ۔ مونث) پروف خوانی

پروفیسر (انگ۔ مذکر) کالج کا استاد۔ معلم کسی مضمون کا ماہر۔ پیشہ ور استاد۔ مداریوں۔ بازی گروں کا استاد۔

پروفیشن (انگ۔ مذکر) پیشہ۔ کام۔

پروکتس (ھ۔ عص) ماندھاتری کا بیٹا۔ ہرنیدیک کے کنارے حکومت کرتا تھا۔ وشن جی نے مونیا قوم کو تباہ کرنے کے لئے اس کے جسم میں حلول کیا تھا۔ نرمدا دیوی سے اس کی شادی ہوئی تھی۔ اور ایک بیٹا ترسدسیو کا میں سے تھا۔

پَرَوکش (س۔ صفت) ۱ نظر سے باہر ۲ جہاں تک نظر جا سکے وہاں سے بھی پرے ؛ غائب نہاں۔ مخفی۔ پوشیدہ ؛ غیر حاضر۔ غیر موجود ۵ ماضی۔ گذشتہ ؛ تپسی۔ سادھو ؛ غیر حاضری۔ پوشیدگی۔ اخفا ؛ بھید راز ؛ (صرف ونحو) صیغہ یا زمانہ ماضی ؛ (تف) غیر حاضری میں۔ کسی کے پیچھے۔ نظر سے دور۔

پَرَوکشَن (س۔ مذکر) ۱ پانی چھڑک کر پوتر کرنے کا فعل ۲ پانی چھڑک کر پوتر کرنا ؛ جانوروں کا بلیدان بھینٹ میں جانوروں کی قربانی ؛ وہ منتر جو جانوروں کو بھینٹ کرنے کے وقت پڑھا جائے۔

پَرَوکلیمیشن (انگ۔ مذکر) اعلان تخت نشینی کے وقت کسی رعایت کا اعلان۔ اشتہار۔ ڈھنڈورا۔ منادی۔

پَرَوکنے (یو۔ عص) ٹرلیس کی بیوی اس نے اپنے بیٹے اٹیس کے قتل میں حصہ لیا تھا۔ اس لئے اسے ابابیل بنا دیا گیا تھا۔

پَرَوکھیات (س۔ مونث) شہرت۔ ناموری۔ نیک نامی۔ شہرہ۔ نام۔

پروگرام (انگ۔ مذکر) ۱ کام اور وقت کا تعین ؛ اوقات کا تقرر ؛ خاص کاموں کے لئے وقت مقرر کرنا۔

پرومتھیس (یو۔ عص) ایک دیوتا جو آسمان سے انسانوں کے لئے آگ چرا لایا تھا۔

پَرونا (ہ۔ متعدی، پُرونا (ھ) ۱ سوراخ دار چیز میں دھاگا ڈالنا۔ سوئی میں دھاگا ڈالنا۔ دانوں کو تاگے میں گوندھنا ؛ کوئی چیز پر گھسیڑ دینا۔ داخل کرنا ؛ سیخ میں لگا دینا۔

پَرَونچنا (س۔ مونث) دغا بازی دھوکا۔ فریب۔ مکاری۔ غداری۔ بیوفائی۔

پَرَوند (ف۔ مذکر) ۱ دلال۔ بھڑوا ؛ سیب ؛ بے ریش جوان ؛ قزوین کے قریب ایک میدان

پرونوٹ (انگ۔ مذکر) روپیہ کے لین دین کا اقرار نامہ جو روپیہ لینے والا لکھ کر دیتا ہے رقعہ۔ ہنڈی۔ (پرامیسری نوٹ کا مخفف)

پَرَوَہ (س۔ مذکر) ۱ ہوا۔ آندھی ؛ سات ہواؤں میں سے کوئی ایک ؛ اندر دھا سانج کا ایک نام

پرواہا (ہ۔ مذکر) چرسا

پُروہت (س۔ ہ۔ مذکر پُروہت (ہ) پروہت (صفت) خاندانی برہمن۔ راجہ کا اپنا برہمن۔ برہمن جو خاندان بھر کو پوجا پاٹ کرائے اور اس کی رسومات ادا کرے۔ پروہتانی (مونث) پروہت کی بیوی۔ پروہتائی۔ پروہتی (ہ۔ مونث) خاندانی برہمن کا کام۔ فرض یا ادھکار۔

پَرَوہن (ھ۔ مذکر) ۱ گاڑی بہلی۔ رتھ ؛ آمد و رفت کا ذریعہ۔

پَرَوہنا (ھ۔ متعدی) پروہا سے پانی نکالنا۔ پانی سے سینچنا۔

پَرَویا (ھ۔ مونث) پرواہوا۔

پَرَویاد (س۔ مذکر) ۱ سرکنڈے کی ایک قسم ؛ ایک بڑا درخت ؛ ایک قدیم رشی۔

پَرَویدَن (س۔ مذکر) ۱ مکمل اور صحیح علم ؛ بحث۔ مباحثہ ؛ شادی ؛ چھوٹے بھائی کی شادی بڑے بھائی سے پہلے ؛ تکلیف۔ درد۔ مصیبت بلا۔ آفت۔ چنتا۔ پرویدنا (مونث) ۱ ہوشیاری۔ چالاکی۔ چترائی۔ فطرت ؛ پیش بندی۔ عاقبت اندیشی۔ احتیاط ؛ تکلیف۔ مصیبت۔ آفت۔

پَرَویر (س۔ صفت) ۱ بہادر۔ شجاع دلیر۔ بیر ؛ مضبوط۔ طاقتور۔ زور آور۔ بلوان ؛ نہایت اچھا۔ اعلےٰ ؛ (مذکر) بہادر انسان وغیرہ ۵ غازی مجاہد جودھا ؛ سردار۔ حاکم ؛ راجہ۔ بادشاہ ؛ امیر۔ رئیس۔

پَرویز (ف۔ صفت) ۱ فاتح۔ فتحمند ؛ خوش قسمت۔ خوش نصیب ؛ خوش۔ مسرور ؛ قیمتی بیش قیمت ؛ نہایت اعلےٰ۔ نفیس ؛ باتہذیب۔ مہذب ؛ فیاضی سخاوت ؛ پرویں ؛ شان و شوکت۔

پرویزن (ف۔ مونث) چھلنی

پَرَویس (ھ، **پَرَویش** (س۔ مذکر) ۱ داخلہ۔ اندر جانا ؛ آمد۔ در آمد۔ گزر۔ رسائی۔ باریابی۔ مداخلت ؛ اجازت۔ دخل ؛ توجہ۔ غور۔ مشغولیت مصروفیت ؛ ایک رسم جو نئے مکان میں داخل ہونے سے پہلے کی جاتی ہے۔ پرویش کرنا (متعدی) داخل ہونا۔ پہنچنا وغیرہ۔

پَرَویشَن (س۔ مذکر) ۱ محاصرہ۔ گھیر لینا ؛ محیط دائرہ۔ چکر۔ گردا۔ گھیرہ۔ دور ؛ سورج یا چاند کا ہالہ ؛ خدمت میں حاضری۔ انتظار ۵ کھانا تقسیم کرنا۔ بھوجن پروسنا۔

پَرَویکشَن (س۔ مذکر) عاقبت اندیشی۔ پیش بینی۔ تدبیر۔

پَروین (ف۔ مذکر) ۱ ایک معروف گچھا۔ عقد ثریا ؛ تیسری منزل قمر۔ کچپچیا۔

پَرَوین (س۔ صفت) ۱ ہوشیار

ذہین۔ چالاک ۲ ماہر۔ استاد۔ واقف۔ کاری گر ۳ نہایت اچھا۔ سلجے ۴ (مذکر) ہوشیار آدمی وغیرہ۔

پَروینی (س۔ مونث) ۱ بغیر آرائش کے بالوں کو لپیٹنے کا طریقہ جو بیوائیں یا وہ عورتیں جن کے خاوند پردیس گئے ہوں اختیار کرتی ہیں ۲ ایک دریا۔

پَرَّہ۔ پَرَہ (ف۔ مذکر) ۱ اردو میں بلا تشدید ۲ قطار۔ صف ۳ کنارہ۔ دامن۔ پہلو۔ طرف ۴ فوج کا حلقہ شکار کو گھیرنے کے لئے ۵ دروازے یا قفل کی جھڑ ۶ چکی کا پاٹ ۷ نتھنا ۸ کنویں کی گرہ۔ **پرّہ باندھ کر کھڑا ہونا یا باندھنا** (لازم) قطار یا صف میں کھڑا ہونا **پرّہ بینی** (مذکر) نتھنوں کا درمیانی پردہ۔

پَرَہار (پ۔ مذکر) ۱ حملے کو رد کرنا روکنا ۲ تردید۔ بطلان۔ رد ۳ لے لینا۔ نہ دینا ۴ نفرت حقارت ۵ بے ادبی۔ بے وقری۔

پَرَہار (س۔ مذکر) ۱ مارنا۔ حملہ کرنا۔ چوٹ لگانا ۲ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا ۳ چوٹ۔ حملہ۔ ضرب۔ گھونسا۔ مکا۔ ٹھوکر۔ طمانچہ ۴ گولی مارنا۔ گرا دینا۔ **پرہار کرنا** (متعدی) مارنا وغیرہ۔ **پرہارنا** (متعدی) مارنا وغیرہ۔

پَرَہاس (س۔ مذکر) ۱ قہقہہ زور کی ہنسی ۲ مذاق۔ ٹھٹھا۔ تضحیک۔ مضحکہ۔ مزاح ۳ طنز۔ طعن۔ رمز۔ ہجو ۴ شوجی کا ایک نام ۵ شوجی کا ایک پرشاد۔ تھورن کا ایک وزیر ۶ ایک تیرتھ ۷ ایک سانس ۸ ایکٹر۔ تماشہ کرنے والا۔ بھان متی۔ ناچنے والا **پرہاسی** (صفت) ہنسنے والا۔ ہنسانے والا۔ مذاق کرنے والا وغیرہ۔

پَرَہاس (س۔ مذکر) مذاق۔ مزاح۔ ٹھٹھا۔ ہنسی۔ قہقہہ۔ خوشی۔ مسرت۔ دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ۔ کھیل کود۔ تضحیک۔ مضحکہ۔ طنز۔ طعن۔ **پرہاس پورہ** (مذکر) ایک قصبہ۔ **پرہاسک۔ پرہاسی** (صفت) ہنسنے والا۔ مذاق کرنے والا وغیرہ (مذکر) مسخرا۔ بھانڈ۔ دل لگی باز۔ ٹھٹھا باز۔ **پرہاس ہری** (مذکر) وشنوجی کا ایک مندر۔

پَرَہَر (س۔ مذکر) پہر۔ تین گھنٹے۔

پَرَہَرش (س۔ مذکر) بے حد خوشی۔ مسرت۔ شادمانی۔ آنند۔ فرحت۔ خرمی۔

پَرِہَرَن (س۔ مذکر) ۱ چھوڑنا ترک کرنا۔ تجنا ۲ ساتھ چھوڑ دینا۔ کنارہ کشی کرنا ۳ پرہیز کرنا۔ گریز کرنا۔ اجتناب کرنا ۴ پکڑنا۔ لے لینا ۵ رد کرنا۔ ہٹا دینا۔ پسپا کرنا ۶ بے عزتی کا برتاؤ۔ برا برتاؤ۔

پَرَہَرَن (س۔ مذکر) ۱ مارنا۔ زدوکوب کرنا ۲ چونچ مارنا۔ کاٹنا۔ دانتوں سے کاٹنا ۳ پھینکنا۔ ڈالنا ۴ حملہ کرنا ۵ لڑائی۔ جنگ۔ ۶ بند گاڑی پالکی ۷ کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ ۸ کرشن جی کا ایک لڑکا۔

پَرَہَرنا (ہ۔ متعدی) ۱ لیجانا۔ اڑا لینا۔ ہٹا دینا ۲ چھوڑ دینا۔ کنارہ کشی کرنا۔ تجنا۔ پرہیز کرنا۔

پَرَہلاد (س۔ مذکر) ۱ خوشی۔ خرمی مسرت۔ شادمانی۔ فرحت۔ آنند ۲ ایک پرہیزگار دیتا کا نام جو ہرنیاکشیپ کا لڑکا اور پاتال کے ایک ملک کا حاکم ہے ۳ ایک پراچیتی ۴ ایک ناگ ۵ ایک قوم۔ **پرہلادن** (مذکر) ایک شاعر جو راجہ دھارا ورش کا بھائی تھا۔

پَرَہیتی (س۔ مذکر) ۱ ہتھیار۔ اسلحہ ۲ راکھشوں کا ایک راجہ ۳ اسر۔

پَرہیز (ف۔ مذکر) ۱ منع کی ہوئی چیزوں سے یا ممنوعات شرعی سے بچنا ۲ بیمار کا مضر اشیا نہ کھانا ۳ بچاؤ۔ حفاظت۔ احتیاط ۴ احتراز۔ اجتناب۔ علیحدگی ۵ تقویٰ۔ زہد۔ بھگتی۔ **پرہیز ٹوٹنا** (لازم) ہر چیز کھانے کی اجازت ہونا۔ **پرہیز توڑنا** (متعدی) ہر چیز کھانا شروع کر دینا۔ **پرہیز کرانا** (م) حکیم کا بیمار کو موافق غذا دینا۔ **پرہیز کرنا** (متعدی) ۱ بچنا۔ احتیاط کرنا ۲ مضر اشیا نہ کھانا۔ **پرہیزگار** (صفت) صالح۔ متقی۔ زاہد۔ بھگت۔ **پرہیزگاری** (مونث) اتقا۔ زہد۔ تقویٰ۔ بھگتی۔ **پرہیزی** (صفت) ۱ پرہیزگار ۲ وہ جس سے پرہیز کیا جائے۔ وہ جو بیمار کے موافق ہو۔ **پرہیزی کھانا** (مذکر) ۱ بیمار کے موافق کھانا ۲ بدمزہ پھیکا کھانا۔

امثال واقوال

پرہیز بڑی دوا ہے۔ بیماری میں پرہیز کرنا دوائی کے برابر ہے۔ پرہیز بھی آدھا علاج ہے۔ پرہیز نصف بیماری کو کم کرتا ہے۔ پرہیز سب سے اچھا نسخہ ہے۔ بیماری میں پرہیز بہت فائدہ دیتا ہے۔

پَرَئی (ہ۔ مونث) ایک چھوٹا پرند۔

پَرِی (ف۔ مونث) ۱ ایک خیالی جنس کی عورت جن کے بازوؤں پر پر ہوتے ہیں۔ اور نہایت خوبصورت خیال کی جاتی ہے۔ الف لیلہ میں اس کا ذکر بہت آتا ہے۔ شاعرانہ تخیل کی ایجاد ہے۔ کوہ قاف اس کا وطن بیان ہوتا ہے ۲ خوبصورت عورت۔ حسین عورت ۳ (صفت) خوبصورت۔ حسین ۴ معشوق۔ محبوب ۵ اعلےٰ درجہ کا۔ نازک (پریدن۔ اڑنا) **پریا** (مونث) پری کی تصغیر ۱ خوبصورت۔ حسین ۲ پری کی طرح پریزاد۔ **پریاں** (مونث) پری کی جمع۔ **پری اندام** (صفت) پری کے بدن کا خوبصورت۔ حسین۔ **پریاں سر سے اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) **اتروانا** (م) عامل سے پریوں کا اثر دور کرانا۔ **پری بن جانا** (لازم) بہت خوبصورت ہونا۔ **پری بند** (مذکر) ۱ باتہ پر لٹکانے کا ایک زیور ۲ کشتی کا ایک پیچ۔ **پری پیکر** (صفت) پری کی صورت حسین۔ خوبصورت۔ **پری تمثال** (صفت) پری کی مثل۔ خوبصورت۔ حسین۔ **پری جمال** (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ **پری چہرہ** (صفت) جس کا چہرہ پری کی طرح ہو۔ خوبصورت۔ حسین۔ **پری خانہ** (مذکر) وہ مکان جہاں بہت سی پریاں رہیں۔ وہ جگہ جہاں حسینوں کا مجمع ہو۔ **پری خواں** (مذکر) عامل۔ حاضرات کرنیوالا۔ **پری خوانی** (مونث) عامل کا پیشہ۔ پریوں کو نکالنا۔ **پری دار** (صفت) ۱ جس پر پری کا سایہ ہو ۲ وہ جس کے قبضے میں پریاں ہوں۔ **پری رخسار یا رو** (صفت) ۱ حسین۔ خوبصورت ۲ معشوق۔ محبوب۔ **پریرویوں کا جھرمٹ** (مذکر) حسینوں کا مجمع۔ **پریزاد** (مذکر) ۱ پری کی اولاد۔ پری کا بچہ۔ پری کا نر ۲ معشوق۔ محبوب ۳ (صفت) پری کی نسل سے۔ خوبصورت۔ حسین۔ **پری زدہ** (صفت) وہ جس پر پریوں کا سایہ ہو۔ **پری سوز** (مذکر) ۱ ایک آتش کدہ جو خسرو پرویز نے بنایا تھا ۲ ایک مقام۔ **پری شیشے میں اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) خوبصورت عورت کا تسخیر ہونا۔ معشوق اپنا ہو جانا۔ اگلے زمانے میں خیال تھا کہ عامل منتر وغیرہ پڑھ کر پریوں کو شیشے میں بند کر دیتے تھے۔ اس سے یہ محاورہ لیا گیا ہے۔ **پری طلعت** (صفت) پری وش۔ خوبصورت۔ **پری کا ٹکڑا** (صفت) حسین۔ خوبصورت (صفت)۔ **پری کا سایہ** (مذکر) پریوں کا اثر۔ پریوں کا سر پر ہونا۔ **پری وش** (صفت) پری کی طرح کا خوبصورت۔ **پریوں** (مونث) پری کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پریوں دار** (مذکر) ایک قسم کا کنکوا جس پر پریوں کی تصویر بنی ہوئی ہوتی ہے۔ **پریوں کا اتارا** (مذکر) ۱ پریوں کا ڈیرہ۔ پریوں کی رہائش ۲ پریوں کا مجمع۔ **پریوں کا اڑا لیجانا** (متعدی) پریوں کا کسی کو تخت پر بٹھا کر لیجانا۔ **پریوں کا اکھاڑہ** (مذکر) ۱ پریوں کا ناچ گانے کا جلسہ۔ پریوں کا مجمع ۲ حسینوں کا مجمع۔ **پریوں کا تخت اتارنا** (متعدی) ۱ حسینوں کا مجمع کرنا۔ حسینوں کو

زبردستی بلانا ۲ عمل کے زور سے پریوں کے اڑتے ہوئے تخت کو اپنے پاس زمین پر لے آنا۔ **پریوں کا (کے) تخت اترنا** (لازم) مجازاً حسینوں کا مجمع ہونا۔ **پریوں کا جمگھٹا یا مجمع** (مذکر) حسینوں کا جلسہ۔ **پریوں کا طبق چھوڑنا** (متعدی) پریوں کی نیاز کر کے پھول رکھ کر دریا میں چھوڑنا

پُری (ہ۔ مونث) ۱ شہر۔ قصبہ۔ گاؤں ۲ جائے رہائش۔ آبادی ۳ محل ۴ جسم ۵ مرکبات میں شہروں کے نام میں استعمال ہوتا ہے۔ **پری داس** (مذکر) چیتنیہ چندرودی کا مصنف۔ **پری شریشٹ** (مذکر) بہترین شہر۔ بنارس۔ **پری لوک** (مذکر) شہر کے باشندے۔

پُری (ف۔ مونث) بھر جانا۔ بھرنا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے شکم پری۔ خانہ پری۔

پِری (س۔ صفت) ۱ پیارا۔ حبیب عزیز۔ دلپسند۔ من بھاؤ۔ جس کی خواہش ہو ۲ معشوق۔ محبوب ۳ قدروالا۔ قیمت والا۔ منزلت والا ۴ خوشگوار۔ خوش کن۔ مسرت انگیز۔ فرحناک ۵ ہردلعزیز ۶ مہربان۔ مشفق۔ شفیق ۷ (مذکر) عاشق۔ خاوند ۸ ایک پودہ ۹ ایک دوا۔ **پریا** (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو پری ۲ (مونث) معشوقہ۔ محبوبہ ۳ بیوی۔ چہیتی ۴ آشنا ۵ چھوٹی الائچی ۶ خبر ۷ موتیا ۸ مادہ جانور ۹ دکش کی ایک بیٹی۔ **پریا داس** ورامہہ (مذکر) مصنفوں کے نام۔ **پریاک** (مذکر) ایک مصنف۔ **پریمپرد** (مذکر) ایک ساحر جو شاکت منتروں کا مصنف ہے۔ **پریداس** (مذکر) ایک مصنف جس نے بھکت مالا کی تشریح لکھی ہے۔ **پریدرشکا** (مونث) ایک رانی۔ **پریدرشن** (صفت) ۱ دیکھنے میں خوبصورت ۲ طوطا ۳ کئی قسموں کے پودے ۴ وہ پودے جو مردیوں میں درختوں اور پتوں پر پھوٹتے ہیں ۵ ایک کلپ ۶ ایک گندھرو راجہ ۷ واسکی کا ایک بیٹا۔ **پریدرشنا** (مونث) ۱ ایک مرگنا ۲ کئی مشہور عورتوں کے نام۔ **پریسکھ۔ سوامی۔ لیسن** (مذکر) مصنفوں کے نام۔ **پری شیشیا** (مونث) ایک اپسرا۔ **پریم کر** (مذکر) ۱ ایک دانو ۲ کئی مشہور آدمیوں کا نام۔ **پریم ورد** (مذکر) ۱ ایک گندھرو ۲ کئی مشہور آدمیوں کا نام۔ **پرکمیدت** (مذکر) ۱ ایک رشی جو انگیرس کی نسل سے تھا اور جس پر رگ وید کے کئی منتر اترے ہیں ۲ ایک رشی جو اجمیدھ کی نسل سے تھا۔ **پریورت** (مذکر) ایک راجہ جو منو اور شتروپ کا بیٹا تھا۔ اس کی شادی کردم کی بیٹی کامیلے ہوئی۔ اس کے دس بیٹے تھے۔ تین تو سادھو ہو گئے۔ اور باقی زمین اس نے سات بچوں میں تقسیم کر دی۔

پَرے (ہ۔ تف) ۱ دور۔ فاصلے پر ۲ اس پار۔ اس طرف ۳ الگ۔ علیحدہ ۴ بعد۔ بعد کو ۵ اگلے جہان میں۔ موت کے بعد (س۔ پرے) **پرے بھاگنا** (لازم) ۱ دور رہنا۔ نزدیک نہ آنا ۲ سامنے آنے سے پرہیز کرنا۔ صحبت سے الگ رہنا۔ **پرے بٹھانا** (متعدی) ۱ الگ یا علیحدہ بٹھانا۔ دور رکھنا۔ پاس نہ آنے دینا ۲ حقیر سمجھنا۔ نظروں سے گرا دینا ۳ ہرا دینا۔ مات کر دینا۔ **پرے بیٹھنا** (لازم) علیحدہ یا الگ کر دینا۔ **پرے پرے** (تف) نفرت یا حقارت ظاہر کرنے کے واسطے بولتے ہیں۔ دور دور۔ علیحدہ علیحدہ۔ **پرے پھونک دو پھینک دو پھونکو یا پھینکو**۔ یہ چیز کسی کام کی نہیں۔ **پرے ہٹ**۔ دور رہو۔

پریا (ہ۔ مونث) ۱ محبت۔ عشق ۲ مہربانی۔ شفقت ۳ مرضی۔ خوشی ۴ خوش کرنے والی چیز۔ **پریا کرنا** (متعدی) خوش کرنا۔ مرضی کے موافق کام کرنا۔

پَرَیاس (س۔ مذکر) ۱ کوشش سعی۔ جدوجہد۔ جتن ۲ محنت۔ تکلیف۔ جانفشانی ۳ خواہش۔ ہوس۔ تمنا ۴ تلاش۔ تجسس۔ ڈھونڈھنا۔

پریاسی (ہ۔ صفت) محنت جفاکشی ۲ محنت کش۔ تن دہ۔ سرگرم۔

پَرَیاگ (س۔ مذکر) پراگ (خف) بھینٹ۔ قربانی۔ بھینٹ کی جگہ۔ دریا گنگا اور جمنا کے جائے اتصال پر ایک شہر جسے آج کل الہ آباد کہتے ہیں ۲ کوئی شہر جو کسی دو دریاؤں کے جائے اتصال پر واقع ہو۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے دیو پریاگ۔ نند پریاگ۔

پَرَیال (س۔ مذکر) ۱ روانہ ہونا۔ رخصت ہونا ۲ رخصت۔ روانگی ۳ سفر پر جانا ۴ سفر۔ کوچ ۵ حملہ۔ چڑھائی۔ لشکرکشی ۶ موت۔ **کال۔ پریان کال** (مذکر) ۱ روانگی کا وقت ۲ موت کا وقت۔ موت۔

پَرَیای (س۔ مذکر) ۱ گردش۔ چکر ۲ وقت کا گزرنا ۳ گزر۔ روانی ۴ دہراؤ۔ اعادہ۔ تکرار ۵ باری۔ نوبت۔ دفعہ ۶ انتظام۔ طریقہ۔ ترتیب۔ اسلوب ۷ ہم معنی لفظ۔ مترادف۔ ایک ارتھی شبد ۸ ہم معنی الفاظ کی فہرست۔ کام کرنے کا طریقہ۔ ترتیب یا انتظام ۹ ماہیت ۱۰ خصوصیت ۱۱ موقعہ۔ محل۔ وقت۔

پَرَیت (س۔ مذکر) ۱ رخصت ہوا۔ مرا ہوا ۲ مردے کی روح ۳ کریا کرم سے پہلے مرے ہوئے شخص کی روح ۴ بھوت۔ آسیب۔ خبیث۔ جن۔ **پریت ندی** (مونث) نرک کی ندی۔ جس پر سے مردہ روحوں کو گزرنا پڑتا ہے۔

پَرَیت (س۔ مذکر) دس لاکھ۔

پریت (س۔ مفعول) ۱ خوش۔ مسرور۔ آنند ۲ تسلی یافتہ۔ مطمئن ۳ معشوق۔ پیارا۔ محبوب ۴ مہربان۔ شفیق۔ مشفق۔

پریت (س۔ مونث) پریت (ہ) ۱ خوشی۔ خرمی۔ مسرت۔ فرحت۔ شادمانی۔ آنند ۲ مزے۔ لطف۔ عیش۔ عشرت۔ موج۔ بھوگ۔ بلاس ۳ مہربانی۔ عنایت۔ لطف۔ کرم۔ شفقت ۴ دوستی۔ یارانہ۔ آشنائی ۵ پیار۔ چاہ۔ اشتیاق۔ محبت۔ عشق ۶ محبت کی دیوی۔ دکش کی بیٹی اور کام دیو کی استری ۷ دھرتکشترا کا نام۔ بھرنی۔ بطین ۸ ایک شرتی۔ **پریت جُشا** (مونث) انردھ کی لڑکی۔ **پریت جوڑنا** (متعدی) ۱ محبت کرنا۔ عاشق ہونا ۲ دوستی پیدا کرنا۔ **پریت چندر** (مذکر) ایک گرو۔ **پریت رکھنا** (متعدی) پریت جوڑنا۔ **پریت کر** (صفت) ۱ خوش کرنے والا ۲ محبت پیدا کرنے والا ۳ پسندیدہ ۴ مہربان ۵ دو مصنفوں کا نام۔ **پریت کوٹ** (مذکر) ایک گاؤں۔ **پریت لگانا** (متعدی) دیکھو پریت جوڑنا۔

امثال واقوال

پریت جو کیجے ایکھ سے جامیں رس کی کھان۔ گانٹھ گانٹھ میں رس نہیں۔ یہی پریت کی ہان۔ محبت میٹھی تو بہت ہوتی ہے۔ مگر سخت مشکلات میں پھنساتی ہے۔ اس کی مثال گنے کی طرح ہے۔ جہاں گانٹھ ہے وہاں رس نہیں ہوتا۔ **پریت ڈگر جب پگ رکھا ہونی ہوئے سو ہو۔ تیہ نگر کی ریت ہے تن من دیو کھو۔** محبت میں دین دنیا کا ہوش نہیں رہتا انسان لاپرواہ ہو جاتا ہے **پریت نہ ٹوٹے ان ملے اُتم من کی لاگ۔ سو جگ پانی میں رہے چقمک تجے نہ آگ۔** سچی محبت غیر حاضری میں نہیں جاتی جس طرح چقماق پانی میں رہنے سے آگ نہیں کھوتا۔ **پریت نہ جانے جات کجات۔ نیند نہ جانے ٹوٹی کھاٹ۔ بھوک نہ جانے باسی بھات۔ پیاس نہ جانے دھوبی گھاٹ** ۔ محبت میں ذات پات کی پروا نہیں ہوتی۔ نیند میں چارپائی کی۔ بھوک میں باسی کھانے کی۔ اور پیاس میں میلے پانی کی۔ پریت ہر یں

سو باؤ رست کرکے توڑیں جھیل - گل میں رسہ ڈال کے اور نبھاویں بیل - عقلمند آدمی محبت کے مزے اڑا کر تعلق چھوڑ دیتا ہے - بیوقوف پھنس جاتا ہے - جس طرح بیل گلے میں رسا ڈلوا کر ساری عمر کام کرتا رہتا ہے -

پَرِیتّ (س - صفت) ۱ گھرا ہوا محدود ۲ اِرد گرد سے کٹا ہوا - **پریتابھ** (مذکر) دسویں درجے کے دیوتا **پریت ٹبھ** (مذکر) تیرھویں درجے کے دیوتا -

پریتمؔ (س - تفصیل کل) **پریتم** (ھ) ۱ نہایت پیارا - نہایت عزیز - چہیتم ۲ (مذکر) بہت دوست - نہایت عزیز - منہ لگا یا مقبول شخص - چہیتا ۳ عاشق - خاوند -

امثال و اقوال - پریتم پریتم سب کہیں پریتم جانے نہ کو - ایک بار جو پریتم ملے سدا آنند بھر ہو - ہر ایک محبت محبت کرتا ہے - مگر محبت کی سمجھ کسی کو نہیں - اگر ایک دفعہ سچی محبت ہو جائے - تو انسان سب کچھ بھول جاتا ہے - مطلب یہ ہے کہ محبت بڑی مشکل ہے - پریتم ہر سے نیہ کر جیسے کھیت کسان - گھاٹے دے اور ڈنڈ بھرے پھر کھیت سے دھیان - خدا سے محبت اس طرح ہونی چاہئے - جس طرح کسان کو اپنے کھیت سے ہوتی ہے - گو نقصان اٹھاتا ہے - مگر اسے چھوڑتا نہیں -

پَرِیتَنَ (س - مذکر) **پَرِیتَن** (غف) ۱ لگاتار کوشش یا سعی - سلسلہ وار جد وجہد ۲ حرکت فعل عمل - اقدام - **پریتن کرنا** (متعدی) ۱ کوشش کرنا سعی کرنا - جد وجہد کرنا -

پَرِیتنا (ھ - متعدی) لپٹنا - اٹیرنا -

پَرِیتنی (ھ - مونث) عورت کی روح - بھنی -

پریڈ (انگ - مذکر - مونث) اصل لفظ پریڈ ہے ۱ قواعد - صف آرائی - پابندی ۲ وہ میدان جہاں قواعد ہوتی ہے (جمانا - کرنا - ہونا کے ساتھ)

پَرِیٹَن (س - مذکر) ۱ آوارہ پھرنا مارے مارے پھرنا ۲ آوارگی - سفر - سیاحت - جاترا -

پَرِیٹوریا (افریقہ) جنوبی افریقہ کا دار الخلافہ (۵۷)

پرِیج (ھ - مذکر) رکابی - پرچ -

پَرِیدہ (ف - صفت) اڑتا ہوا - پرواز کناں - مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے - جیسے طائر پریدہ (پریدن - اڑنا)

پری دُخت (ف - مونث) ۱ دیکھو پری دخت ۲ دارا کی بیٹی اور سکندر کی بیوی - رشنک

پَرِیڈ (انگ - مذکر) ۱ قواعد - ڈرل ۲ وہ میدان جہاں سپاہیوں کو قواعد کرائی جائے (کرانا کرنا - ہونا کے ساتھ) **پریڈ گراؤنڈ** - دیکھو پریڈ ۲

پریزیڈنٹ (انگ - مذکر) دیکھو پریسیڈنٹ -

پَرِیس (انگ - مذکر) ۱ چھاپہ خانہ مطبع ۲ چھاپنے کی کل - دبانے کی کل یا پیچ **پریسمین** (مذکر) چھاپنے والا

پَرِیسیڈنٹ (انگ - مذکر) ۱ صدر صدر جلسہ - صدر انجمن - سرپنچ - افسر ۲ جمہوری سلطنت کا حاکم اعلےٰ ۳ کسی کمیٹی یا اسمبلی کا صدر - **پریسیڈنسی** (مونث) ہندوستان کے تین پرانے بڑے صوبے - بمبئی - مدراس اور بنگال میں سے کوئی ایک - پہلے پنجاب - صوبجات متحدہ بنگال میں شامل تھے - مگر اب نہیں ہیں - ان کے اور بہار کے علیحدہ گورنر مقرر ہوگئے ہیں ؎

پَرِیش (س - مذکر) ۱ کوڑا کرکٹ ۲ بچا ہوا کھانا ۳ فضلہ - پاخانہ - گوبر -

پَرِیشان (ف - صفت) **پَرِیشان** (عف) ۱ ابتر - تتر بتر - بکھرا ہوا - بیقاعدہ - بے ترتیب گڈمڈ ۲ حیران - مضطر - پراگندہ - گھبرایا ہوا ۳ فکرمند - تکلیف زدہ ۴ تباہ - برباد - **پریشان حال** (صفت) ۱ تنگ حال - مفلس ۲ مصیبت زدہ - تکلیف میں ۳ مضطر سراسیمہ - **پریشان حالی** (مونث) تنگی - مفلسی وغیرہ **پریشان خاطر یا دل** (صفت) وہ جس کا دل پریشان ہو - افسردہ دل - اداس - فکرمند - متردد - **پریشان خاطری یا دلی** (مونث) افسردہ دلی وغیرہ - **پریشان کرنا** (متعدی) ۱ ابتر بتر کرنا ۲ دق کرنا - فکر میں ڈالنا ۳ بالوں کو نوچنا کھسوٹنا یا بکھیرنا - **پریشان گوئی** (مونث) بیہودہ گفتگو - یاوہ گوئی - **پریشان نظری** (مونث) نگاہ کا درست نہ رہنا - **پریشان و زار** (صفت) بے چین اور روتا ہوا - **پریشانی** (مونث) ۱ تردد - فکر - گھبراہٹ بے چینی ۲ اضطراب - انتشار - سرگردانی ۳ مصیبت تکلیف - دکھ -

پریشا دِشال (ھ - مذکر) ایک

بوٹی جو برسات میں دیواروں پر اگتی ہے اور دواؤں کے کام آتی ہے -

پَرِیکٹِس (انگ - مونث) مشق - مہارت - ڈاکٹر یا وکیل کا کام - **پریکٹیکل** (صفت) عملی

پَرِیکشا (س - مونث) ۱ تفتیش دریافت ۲ تجربہ - امتحان - آزمائش ۳ ثبوت ۴ مقدمہ مختلف قسم کے قدیم طریقوں سے ۵ تفریق - تمیز - امتیاز - سمجھ - جانچ -

پَرِیکشا (س - مونث) ۱ دیکھنا - ملاحظہ کرنا - نظر کرنا ۲ نظارہ - نظر - درشن - دید ۳ کوئی عام نظارہ یا میلا - تماشا - منظر ۴ کھیل - ناٹک - ناچ ۵ سمجھ - بودھ - فہم - فراست - گیان ۶ ہوشیاری - احتیاط - لحاظ

پَرِیکشِت (س - عص) ۱ ابھیمنو کا بیٹا ارجن کا پوتا اور جنمیجے کا باپ - یدھشٹر کے بعد تخت پر بیٹھا اسوتھامن نے اسے ماں کے پیٹ میں ہی قتل کر دیا تھا اور یہ مردہ پیدا ہوا تھا - مگر کرشن جی کے حکم سے یہ زندہ ہوگیا ۲ کورو کا ایک بیٹا ۳ اجودھیا کا ایک راجہ ۴ انشون کا بیٹا اور بھیم سین کا باپ -

پَرِیکھا (ھ) دیکھو پریکشا - **پَرِیکھا کرنا** (متعدی) ۱ گلہ کرنا - شکوہ کرنا ۲ آزمائش کرنا - تجربہ کرنا -

پَرِیکھا (ھ - مذکر) ۱ رنج - افسوس غم ۲ نفرت - حقارت - اعتراض -

پریم (س - مذکر) ۱ محبت - پیار - الفت - عشق ۲ شفقت - مہربانی - عنایت - کرم - لطف ۳ دوستی - یاری - آشنائی - **پریم لیس** (صفت) محبت میں مخمور - عشق میں پھنسا ہوا - **پریم بھکت** (صفت) محبت کی مشق میں منہمک - **پریم پُر** (صفت) ۱ محبت سے پُر - محبت میں منہمک - پیار کرنے والا - محب - الفتی - وفادار ۲ (مذکر) وہ شخص جو ہمیشہ محبت رکھے - **پریم دھر** (مذکر) ایک مصنف - **پریم رس** (مذکر) محبت کا ست یا خاصیت - **پریم رکھنا** (متعدی) ۱ محبت کرنا - الفت کرنا ۲ دوستی رکھنا - **پریم ساگر** (مذکر) ۱ ایشور کا ایک نام ۲ بھاگوت پران کا ایک باب جس میں کرشن جی کے عشق کا حال درج ہے - **پریم سین** (مذکر) ایک راجہ

پرمُود (س - عص) ایک دو یادھرجو گندھروں کے بادشاہ کا لڑکا تھا -

پَرِین - پُرَیِن (ھ - مونث) ۱ کنول کا پودہ - کنول کا پتہ ۲ اکول تال - سکھیڑی - پھول

پَرنیت (س - مذکر) ۱ حد - کنارہ
سرحد ۲ حاشیہ - دامن - سرا ۳ اختتام - ختم - انجام ۴ (حرف) تک - تلک - حد تک - جہانتک ہوسکے - وہاں تک -
پَرنیر (ھ - مذکر) کرن - شعاع -
وانہ ۲ ایک پودا جو دوائیوں میں پڑتا ہے - ایک خوشبو ۳ سیاہ رائی ۴ لمبی مرچ - **پرنیگو دیپ** (مذکر) ایک ملک **پرنیگو - شیاما** (مذکر) نرواہن دت کی بیوی -
پرنیگو (س - مونث) ۱ ایک قسم کا
پریم کرنا (متعدی) محبت کرنا - الفت ظاہر کرنا -
پریم کہانی (مونث) عشقیہ کہانی - **پریم کی بتیاں** (مونث) محبت کی باتیں - لگاوٹ کی باتیں - **پریم نارائن** (مذکر) ایک راجہ - **پریم وان یاوت** (صفت) محبت سے پُر - عشق میں منہمک - **پریم وتی** (مونث) معشوقہ - بیوی **پریمی** (صفت) ۱ محبت کرنے والا - فریفتہ ۲ (مذکر) دوست - آشنا ۳ عاشق -
اقوال - پریم پیالہ وہ پیئے
جو سیس دچھنا دے - لو بھی سیس نہ دے سکے
نام پریم کا لے - محبت کا مزہ وہ اٹھا سکتا ہے - جو سر دینے کے لئے تیار ہو - بزدل آدمی کیا محبت کا لطف اٹھا سکتا ہے وہ صرف نام ہی محبت کا لیتا ہے - **پریم**
پیت کی ریت میں یہ ان ریت سہائے -
برسیں آنکھیں سوکھے کیا آگ لگے جی جائے
محبت میں یہ بات اچھی نہیں ہے کہ انسان روتا پھرے بدن سوکھ جائے اور آہیں بھرتا رہے - محبت میں ضبط ہونا چاہئے - **پریم کہانی کہت ہوں سو سکھی ری**
آئے پی ڈھونڈن کو ہم گئیں آئیں آپ ہرائے
محبت کی تلاش میں انسان اپنے آپ کو کھو دیتا ہے -
پَریوا (ھ - مذکر) ایک پرند - فاختہ
کبوتر -
پَریوا (ھ - مونث) پہلی تاریخ
قمری مہینے کی -
پَریوگ (س - مذکر) ۱ استعال -
برتاؤ ۲ معمول - دستور - رسم - رواج - ریت ۳ عمل درآمد ۴ کار - کام ۵ کوشش محنت ۶ وجہ - سبب مقصد - ارادہ ۷ نتیجہ - حصول ۸ تجویز - تدبیر - منصوبہ ۹ مثال - مقابلہ ۱۰ تماشہ - ناٹک - سوانگ - نقل ۱۱ کلمہ - فقرہ ۱۲ منتر - شبد - بانی ۱۳ اصل - اصل زر - روپیہ جس پر سود یا منافع آئے ۱۴ ایک رشی جس پر رگ وید کا ایک منتر اترا تھا -
پَریُون (ف - مذکر) ۱ داد ۲ ایک قسم کی بیماری جس سے ناخنوں کی جڑیں گل جاتی ہیں -
پریوی کونسل (انگ - مذکر) بادشاہ انگلستان کی کونسل جس کا کام آج کل صرف ہندوستان یا آبادیات کے مقدمات دیوانی کی اپیلیں سننا ہے -
پَریہ - پریہا (ھ - مذکر) زمین جس کو ہل چلانے کے بعد پانی دیا جائے - یا آخری دفعہ ہل چلانے سے پہلے سینچی جائے -

پَڑ (د - امر) پڑنا کا (س - پت گرنا) **پڑا** (امر) ۱ پڑنا کا جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا ۲ (ماضی) پڑنا کا ۳ مصدر کے ساتھ آکر کثرت اور جاری رہنے کے معنی پیدا کرتا ہے ۴ (صفت) ایک طرف رکھا ہوا - گرا ہوا ۵ (ھ) بے فائدہ ۶ غافل سست ۷ بغیر کاشت (کھیت) - خالی ۸ (ھ - تف) اپنی جگہ پر جیسا کہ ہے - **پڑا پانا** (لازم) راہ چلتے کسی چیز کا ملنا - مفت ملنا - **پڑا پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا - بیکار پھرنا - **پڑا چکر** (ھ - مذکر) عرض بلد - پڑی لکیر - **پڑا رونا** (لازم) لگاتار روتے رہنا - **پڑا رہنا** (لازم) ۱ بے حرکت رہنا ایک حالت میں رہنا ۲ لیٹا رہنا ۳ سوتا رہنا ۴ سست رہنا - بیکار رہنا **پڑا سڑنا** لازم ۱ کسی جگہ کس مپرسی کی حالت میں رہنا **پڑا کھیت** (مذکر) سطح - کھلا میدان - **پڑا گرا** (صفت) ۱ بیمار - مضمحل ۲ ناچیز بے حقیقت (رہنا کے ساتھ - لکھنؤ) **پڑا ملنا** (لازم) کوئی چیز مفت ملنا - بغیر کوشش کے ہاتھ آنا - **پڑانا** (ھ - متعدی) ۱ لٹانا - آرام دلانا ۲ سلا دینا - لٹا دینا ۳ گرا دینا - تھپڑ یا مکا مار کر گرا دینا ۴ اکٹھا کرنا - جننا - **پڑا ہونا** (لازم) ۱ آواز بیٹھ جانا ۲ گرا ہونا ۳ بے احتیاطی سے رکھا ہونا ۴ باقی رہنا ۵ فکر ہونا - دُھن ہونا ۶ کسی کے پاس رہنا - کسی کے ٹکڑوں پر گزارا کرنا - **پڑاؤ** (مذکر) پڑنا سے ۱ لشکر یا قافلے کے اترنے کی جگہ ۲ منزل پیدل کا ایک دن کا سفر - **پڑاؤ ڈالنا** (متعدی) **کرنا** (ھ) قیام کرنا - رہ پڑنا - **پڑاؤ مارنا** (متعدی) ۱ قافلے کو لوٹنا - چھاپا مارنا ۲ بڑا کام کرنا ۳ مفت کا مال حاصل کرنا - **پڑجانا** (لازم) ۱ لیٹ جانا ۲ تھک جانا - بیمار ہو جانا ۳ مشہور ہونا ۴ گر پڑنا ۵ ہوا کا ہلکا ہونا کم ہو جانا ۶ اونٹ بیٹھ جانا ۷ پھیل جانا کسی چیز پر رکھا جانا - یا بکھر جانا ۸ ہونا واقعہ ہو جانا ۹ (دانہ) پھل لگنا ۱۰ (آفت وغیرہ) مصیبت پڑنا - **پڑ جائے** (پتھر) **پٹکی** - عورتیں کسی بات پر خفا ہو کر غصے میں کہتی ہیں - **پڑ رہنا** (لازم) لیٹ رہنا سو رہنا - **پڑ مرنا** (لازم) عو - مرتے دم تک ساتھ نہ چھوڑنا - ہر وقت ساتھ رہنا - **پڑنا** (لازم) ۱ لیٹنا - صاحب فراش ہونا ۲ اترنا - ٹھیرنا - قیام کرنا - پڑاؤ کرنا ۳ آرام کرنا - سونا ۴ گرنا ۵ مشغول ہونا - مبتلا ہونا ۶ خالی ہونا - بیکار رہنا ۷ غیر آباد ہونا ۸ شامل ہونا - شریک ہونا ۹ مفید ہونا - فائدہ مند ہونا ۱۰ موجود ہونا - گرا ہونا ۱۱ اوسط آنا - قیمت بیٹھنا ۱۲ پیدا ہو جانا ۱۳ بیمار ہونا ۱۴ اتفاق ہونا - مجبور ہونا ۱۵ مصیبت آنا - آفت آنا ۱۶ منتشر ہونا - پھیلانا ۱۷ اثر پہنچانا یا ہونا ۱۸ آنا - ملنا - ہونا ۱۹ بیکار ہونا - بغیر مشغلے ہونا ۲۰ حملہ کرنا ۲۱ (نرخ) بولا جانا ۲۲ (آفت مصیبت وغیرہ) نازل ہونا ۲۳ (ڈور) پتنگ کی ڈور کا دوسری پتنگ کی ڈور پر گرنا ۲۴ (مدت وغیرہ سے) مقدمے کا ملتوی رہنا ۲۵ (پانی وغیرہ) برسنا - ٹپکنا - بارش ہونا ۲۶ (اسباب وغیرہ) بے احتیاطی یا بے پروائی سے پڑا ہونا ۲۷ (گردن وغیرہ) آویزاں ہونا - لٹکنا ۲۸ (بیچ میں) ضامن ہونا - قدم درمیان ہونا ۲۹ (معاملے میں) دخیل ہونا - مداخلت کرنا ۳۰ (معاملہ) تعلق ہونا - واسطہ ہونا ۳۱ (جان) زندہ ہونا - حلول ہونا ۳۲ (جان میں جان) ہوش آنا - تسلی ہونا ۳۳ (پر) مشابہ ہونا - ملنا ۳۴ (بیل وغیرہ) جفتی کھانا ۳۵ (حصہ میں) آنا ۳۶ (گھر میں) داخل ہونا - بیٹھنا - شادی کرنا - عورت کا اپنے طور پر بیاہ کرنا ۳۷ (بیج وغیرہ) نمودار ہونا ۳۸ فعل کے شروع میں تسلسل کے لئے ۳۹ (رجسٹر وغیرہ میں نام) درج ہونا ۴۰ (روٹیوں پر) دست نگر ہونا - محتاج ہونا ۴۱ امر کے بعد کسی کام کے یکلخت ظاہر کرنے کو جیسے جا پڑنا ۴۲ (جوتے) پٹنا - مار پڑنا - **پڑو بھاڑ** (چولھے) **میں** (عو) ہمیں کوئی غرض نہیں جو مرضی ہے کرو - **پڑے پڑے** (تف) ۱ بیٹھے بیٹھے - لیٹے لیٹے ۲ بیکاری میں - **پڑے پڑے چارپائی سے لگ جانا** (لازم) بیماری کی وجہ سے لیٹے لیٹے اٹھنے کے قابل نہ رہنا - **پڑی پہ پڑتی ہے** جہاں دولت ہو وہاں اور بھی آتی ہے - **پڑے جھول رہے ہیں** - بیچ میں لٹکے ہوئے ہیں - یکسوئی نہیں ہوتی - **پڑے ڈبکیاں کھا رہے ہیں** - **مصیبتیں** جھیل رہے ہیں - **پڑی کے گواہ** (مذکر) وہ گواہ جو کسی خاص مقدمہ اراضی کی بابت گواہی دیں - یہ نمبردار - ذیلدار کھیوٹ دار وغیرہ ہوتے ہیں جو اراضی متنازعہ فیہ کے قریب رہتے ہیں - **پڑیں پتھر** - کسی کام کے بگڑنے پر یا بات کے ناپسند ہونے پر غصے میں بولتے ہیں - **پڑیں پٹاک** (عو) کسی چیز کے بگڑنے پر غصے میں کہتی ہیں - **پڑے**

ہونا (لازم) بیکاری کی حالت میں ہونا۔

امثال و اقوال - پڑا شہتیر
کھڑا تختہ طاقت میں یکساں ہوتے ہیں۔ **پڑلی پیا توربے بس بننے چاہے تنے گھس** (ھ) حلیم بیوی خاوند سے کہتی ہے کہ میں تیرے بس میں ہوں جیسا چاہے برتاؤ کر۔ **پڑ نہ مرے لڑ مرے** - جاہل جھگڑالو کی نسبت کہتے ہیں۔

پُڑا (ہ۔ مذکر) بڑی پڑیا ؛ (عف) پٹھا ؛ ڈھول یا چمڑے کا خشک چمڑا۔ (س پُٹ تہ کرنا) **پُڑے** (مذکر) پڑا کی جمع۔ **پڑے پڑنا** (پ) ہاتھوں یا پاؤں پر کام کرتے کرتے سخت نشان ہو جانا۔ **پڑے توڑنا** (ھ) گائے کا بچہ دینے کے قریب ہونا۔

پَڑاپَڑ (ہ۔ مونث) ؛ جوتیاں پڑنے یا مینہ برسنے کی آواز ؛ (تف) پٹاپٹ۔ بار بار (س پت۔ مارنا)

پَڑاخا (ہ۔ مذکر) پٹاخا (عف)

پَڑاق (ہ۔ مونث) زور کی آواز پٹاخے۔ بندوق یا تھپڑ کی آواز (یہ لفظ پٹاخے کے چلنے کی آواز سے بنایا گیا ہے) **پڑاقا** (مذکر) ؛ پٹاخا۔ آتش بازی جس سے زور سے آواز نکلے ؛ بندوق کی ٹوپی ؛ بندوق وغیرہ کا گھوڑا ؛ پٹاخے کی آواز۔ **پڑاقے** (مذکر) ؛ پڑاقا کی جمع ؛ بجائے پڑاقا حروف مغیرہ کے بعد **پڑاقے کی گوٹ** (مونث) مختلف رنگوں کی گوٹ۔

پُڑاقچے اُڑجانا (اردو۔ لازم) ریزہ ریزہ ہو جانا (عف)

پَڑپَڑ (ہ۔ مونث) ؛ گھوڑوں کی ٹاپوں کی آواز ؛ بوندیں گرنے کی آواز ؛ لگاتار پادنے کی آواز۔ **پڑپڑانا** (متعدی) ؛ بہت باتیں کرنا۔ چرچرانا ؛ زبان میں مرچیں لگنا ؛ درد سے ٹیس پڑنا یا پکنا۔

پُڑتت (ہ۔ مونث) ؛ قیمت۔ اصلی قیمت یا لاگت ؛ بازاری نرخ۔ شرح۔ میزان۔ **پڑتت پھیلانا** (متعدی) ؛ خرابیات کو ہر ایک چیز پر برابر تقسیم کرنا ؛ لاگت یا حساب کا اندازہ کرنا۔

پَڑتا (ہ۔ مذکر) ؛ حصہ رسدی۔ حصہ۔ چندہ ؛ شرح۔ شرح مالگذاری فی بیگہ یا ہل۔ **پڑتا مالگذاری** (مذکر) لگان کی رقم جس کی شرح مقرر کی جا سکے۔ **پڑتا متوسط** (مذکر) اوسط شرح

پَڑتال (ہ۔ مونث) ؛ آزمائش کرنا جانچ کرنا۔ امتحان کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جانچنا ؛ نظرثانی ترمیم۔ اصلاح ؛ مقابلہ۔ مطابقت۔ ملن ؛ دوبارہ گننا یا شمار کرنا ؛ دوبارہ ماپ کرنا (جیسے کھیت کی) ؛ دوبارہ تولنا ؛ مار پڑنا۔ مار۔ زدوکوب۔ صدمہ۔ **پڑتال پڑنا** (لازم) مار پڑنا۔ جوتے پڑنا۔ سزا ملنا۔ **پڑتال کرنا۔ پڑتالنا** (متعدی) ؛ امتحان کرنا۔ جانچنا۔ تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ نظرثانی کرنا۔ ترمیم کرنا ؛ حساب ملانا۔ جائزہ لینا ؛ دوبارہ گننا۔ تولنا یا ماپ کرنا۔

پَڑتل (ھ۔ متعدی) دیکھو پرتل۔

پَڑتی - پڑتی جدید - پڑتی قدیم (ہ) دیکھو پرتی وغیرہ۔

پَڑوا (ہ۔ مذکر) بھینس کا نر بچہ۔ پڑا پاڑا۔

پَڑوا (ھ۔ مونث) دیکھو پرا۔

مثل - پڑوا گمن (سفر) نہ کیجئے جو سرب سونے کی ہو - قمری مہینے کی پہلی تاریخ کو سفر نہیں کرنا چاہئے۔ چاہے سونا ہی ملتا ہو۔

پَڑوانا (ھ۔ متعدی) ؛ دبوانا۔ کسانا کھنچوانا ؛ پسوانا۔ کچلوانا۔ کٹوانا ؛ عرق کھنچوانا ؛ نچڑوانا

پَڑوایا (ھ۔ مذکر) لکڑی کی ٹکیاں جو چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھی جائیں۔

پَڑوس - پَڑوس (ہ۔ مذکر) ہمسائیگی قرب و جوار۔ ارد گرد۔ نواح۔ اطراف۔ گرد و نواح۔ حوالی (س۔ پرت۔ نزدیک) **پڑوسن** (مونث) ہمسایہ عورت۔ پڑوس میں رہنے والی عورت۔ ہمسائی۔ **پڑوسی** (مذکر) پڑوس میں رہنے والا مرد۔ ہمسایہ۔

امثال و اقوال - پڑوس چھوڑ پیت کرے - بدمعاش آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ چونکہ اسے ہمسائے اچھی طرح جانتے ہیں۔ وہ اس سے دوستی نہیں کرتے تو اسے دور کے لوگوں سے دوستی پیدا کرنی پڑتی ہے۔ **پڑوسن کے (گھر) مینہ برسے گا تو اپنی بھی (اولتیاں ٹپکیں گی) اولتی ٹپکے گی پڑوسی کے مینہ برسے گا تو بوچھاڑ یہاں بھی آوے گی** ہمسایوں کو فائدہ ہوگا تو ہمیں بھی کچھ مل رہے گا۔ دولتمند کا مکان پاس ہونے سے پڑوسیوں کو کچھ نہ کچھ فائدہ ہو ہی رہتا ہے۔ **پڑوسی کا برا مت چاہو** - ہمسائے کو نقصان نہیں پہنچانا چاہئے۔

پَڑوی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا کماد جو خزاں میں بویا جاتا ہے۔

پَڑھ (ہ۔ امر) پڑھنا کا (س پٹھ پڑھنا) **پَڑھا** (ماضی) ؛ پڑھنا کی ؛ (صفت) تعلیم یافتہ پڑھا لکھا۔ خواندہ۔ عالم۔ **پڑھا جن** (مذکر) ؛ وہ جن جو کسی کے قابو میں نہ آئے ؛ شریر۔ بدمعاش۔ چالاک یا ہوشیار شخص۔ **پڑھا گنا** (صفت) عالم۔ پڑھا لکھا۔ خواندہ **پڑھا لکھا** (صفت) ؛ تعلیم یافتہ۔ خواندہ ؛ چالاک ہشیار۔ **پڑھانا** (متعدی) ؛ علم سکھانا۔ تعلیم دینا ؛ سبق دینا۔ درس دینا ؛ مطالعہ کرا دینا ؛ طائر کو بولنا سکھلانا ؛ پڑھنے کے لئے کہنا یا اشارہ کرنا ؛ لگائی بجھائی کرنا۔ بھڑکانا۔ **پڑھا نہیں** ؛ ناخواندہ ہے ؛ واقف نہیں۔ جانتا نہیں **پڑھا ہوا جن ہے** کسی کے قابو کا نہیں۔ ہر طرح زبردست ہے۔ **پڑھا ہونا** (لازم) ؛ واقف ہونا ؛ خواندہ ہونا۔ تعلیم یافتہ ہونا۔ **پڑھائی** (مونث) تعلیم۔ تعلیم کا نصاب تعلیم کی مقدار۔ تعلیم کی اجرت یا فیس۔ **پڑھ پتھر ہوئے نہ کچھ پڑھانا آیا** - جاہل کے جاہل رہے۔ **پڑھ (پڑھ) کر پھونکنا** (متعدی) منتر پڑھ کر پھونک مارنا۔ **پڑھ کر دم کرنا** (متعدی) آیت یا افسوں پڑھ کر پھونک مارنا **پڑھن** (مونث) پڑھنے کا انداز۔ **پڑھنا** (لازم) لکھنا تعلیم پانا ؛ کتاب سے دیکھ کر زبان سے بولنا ؛ سبق لینا ؛ طائر کا بولنا۔ الفاظ زبان سے نکالنا ؛ بار بار رٹنا۔ ورد کرنا ؛ منتر پھونکنا۔ آیت پڑھ کر پھونکنا۔ **پڑھنا وڑھنا** (متعدی) وڑھنا تابع مہمل ہے۔ پڑھنا۔ **پڑھنت** (مونث) منتر۔ جادو۔ افسوں۔ **پڑھنے بٹھانا** (متعدی) پڑھنے کی ابتدا کرنا۔ بچے کو مدرسے یا مکتب میں پڑھنے کے لئے بھیجنا۔ استاد کے پاس پڑھنے کے لئے بھیجنا۔ بسم اللہ کی تقریب کرنا۔ **پڑھنے بیٹھنا** (لازم) تعلیم کے لئے مکتب یا مدرسے جانا۔ **پڑھوانا** (م) پڑھ کا۔ **پڑھوائی** (مونث) پڑھانے کی اجرت۔ فیس۔ **پڑھی** (صفت۔ مونث) پڑھا کی۔ **پڑھے** (صفت) ؛ پڑھا کی جمع ؛ بجائے پڑھا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پڑھے جن کو شیشے میں اتارنا** (متعدی) چالاک آدمی کو قابو میں کرنا۔ **پڑھی چھری** (مونث) وہ چھری جس پر دم کیا ہوا ہو۔ **پڑھی نہیں** (مونث کے لئے) **پڑھے نہیں** (مذکر کے لئے) دیکھو پڑھا نہیں۔

امثال و اقوال - پڑھا بھلا یا مرا بھلا - شریف جاہل کا مرنا بھلا ہے۔ **پڑھا جن چڑھا** - تعلیم یافتہ آدمی بہت ہوشیار ہوتا ہے۔ **پڑھا نہ لکھا نام (بدیا دھر) محمد فاضل** - جو شخص ایسے کام کے متعلق جسے وہ نہ جانتا ہو تعلی لے تو کہتے ہیں **پڑھ**

پڑھے لکھے روڑا تھے اینٹیں باندھ کچہری گئے۔ بیوقوف اور جاہل جو عالمانہ وضع رکھے۔ پڑھ تم تی تو مر تم تی۔ نا پڑھ تم تی تو مر تم تی۔ عالم ہو یا جاہل موت سب کے لئے ہے۔ پڑھلو تو پڑھو نہیں پنجرا خالی کرو۔ سست آدمی سے کہتے ہیں کہ یا تو کام کرو یا نوکری چھوڑ دو۔ پڑھو میاں مٹھو جگ جگ جی پیر نبی جی حق اللہ پاک ذات اللہ۔ مسلمان عورتیں یہ کلمات عموماً طوطوں کو سکھاتی ہیں۔ پڑھوں میں ان پڑھا جیسے بگلوں ہنسوں میں کوا۔ عالموں میں بے علم نکو ہوتا ہے پڑھیو بیٹا وہی (پڑھئے بھیا سو ہی) جا میں ہنڈیا کھد بھد ہوئی (ھ) ایسا علم حاصل کرنا چاہئے جو حصول معاش کا ذریعہ ہو۔ پڑھے بھی مریں بن پڑھے بھی مریں دانتا کلکل کیوں کریں ۱ سب کو مرنا ہے پھر مشقت کیوں کریں ۲ اگر کسی کام سے رستگاری نہیں تو تدبیر کیوں کی جائے۔ پڑھے تو ہیں پر گنے نہیں تعلیم تو حاصل کی ہے مگر تجربہ نہیں۔ پڑھے طوطا پڑھے مینا کہیں پٹھان (سپاہی) کا پوت بھی پڑھا ہے نوجیوں یا اعلےٰ خاندان کی اولاد کے نہ پڑھنے پر طنز ہے پڑھے (پڑھیں) فارسی بیچیں تیل۔ یہ دیکھو قدرت کے کھیل۔ بدقسمت عالم کی نسبت کہتے ہیں۔ پڑھے کے آگے لوکرا ڈا لا اس نے کہا مجھے اپلوں کے لئے بھیجا عقلمند کو اشارہ کافی ہے۔ پڑھے کے پاس بیٹھئے دونا لابھ۔ عالموں کی صحبت میں بہت فائدہ ہوتا ہے پڑھے گھر کی پڑھی بلی۔ اچھوں کی صحبت میں برے بھی اچھے ہو جاتے ہیں۔ پڑھی نہ قضا کی۔ جس نے کبھی نماز پڑھی ہی نہیں وہ قضا کیا کرے گا۔ جب کوئی آدمی کام نہ کرے تو کہتے ہیں۔ پڑھے نہ لکھے نام (بدیا دھر) محمد فاضل۔ دیکھو پڑھا نہ لکھا الخ۔

پڑھلی (ہ۔ مونث) پیڑھی۔

پڑھن (ہ۔ مونث) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔

پڑی (ہ۔ مونث) دیکھو پہڑی۔

پڑیا (ہ۔ مونث) ۱ بھینس کا مادہ بچہ ۲ وہ کاغذ جس میں کوئی چیز باندھی گئی ہو ۳ کاغذ کی پوٹلی کوئی چیز جو کاغذ میں بندھی ہوئی ہو ۴ پسی ہوئی دوائی یا کوئی اور چیز۔ پوٹ ۵ سرتاپا۔ مجسم ۶ سیندور وغیرہ کی پوٹ جو شادی وغیرہ کے موقعہ پر استعمال ہوتی ہے ۷ کسی دیوتا کے نام کی بھینٹ جو کاغذ میں بندھی ہوئی ہو (س پٹ۔ تہ کرنا) پڑیا کا لٹھا (مذکر) ایک قسم کا قیمتی لٹھا جو کاغذ میں لپیٹ کر بکتا ہے۔ پڑیا میں آنا ہے۔ جب ارزاں شے مہنگی ہو جائے تو کہتے ہیں پڑیاں (مونث) پڑیا کی جمع۔ پڑیاں اڑانا۔ یا چھوڑنا (متعدی) ایک قسم کی منت۔ عورتیں نیاز دلوا کر عبیر اور سیندور کی پڑیاں شام کو ہوا میں اڑاتی ہیں۔

پڑیل (ھ۔ مونث) کوڑا کرکٹ۔ الا بلا۔ فضول اشیا۔

پڑیل (ہ۔ صفت) وہ شخص جو عموماً لیٹا رہے یا چلنے پھرنے سے عاجز ہو۔

پز (ف۔ صفت) ۱ پکانے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۲ پخت و پز کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

پزاوہ (ف۔ مذکر) پزیدن سے بھٹہ جس میں اینٹیں یا مٹی کے برتن وغیرہ پکاتے ہیں۔ آوہ بھٹی۔ پزاوے (مذکر) ۱ پزاوہ کی جمع ۲ بجائے پزاوہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ پزاوے کا پزاوہ کھنگر ہو جانا (لازم) سب کا بگڑنا یا خراب ہو جانا۔ ہر ایک کا بدچلن ہو جانا۔

پزیرا (ف۔ صفت) ۱ قبول کرنے والا یا کیا گیا ۲ منظور۔ مقبول (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) پزیرائی (مونث) منظوری۔ قبولیت۔ عموماً قابل کے بعد استعمال ہوتا ہے۔

پژمردگی (ف۔ مونث) ۱ مرجھانا کملانا ۲ کملاہٹ۔ افسردگی (پژمردن۔ کملانا)

پژمردہ (ف۔ صفت) ۱ مرجھایا ہوا۔ کملایا ہوا ۲ افسردہ۔ پژمردہ دل یا خاطر (مذکر) افسردہ دل۔ رنجیدہ۔ غمناک۔ متاسف۔

پژوہ (ف۔ مذکر) پکا ہوا۔ پختہ۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جالت پژوہ

پس (ف۔ تف) ۱ بعد۔ بعد ازاں۔ پیچھے ۲ علاوہ۔ پھر ۳ آخر کار۔ انجام کار۔ اخیر کو ۴ اس لئے۔ اس وجہ سے۔ لہذا ۵ یقیناً۔ بیشک۔ بے شبہ پسا دست (مذکر) پس از دست کا مخفف۔ ادھار۔ قرض۔ پس ازاں کہ (تف) اس سے پیچھے۔ اس کے بعد جب۔ پس افگندہ (مذکر) پیچھے پھینکا ہوا۔ گوبر۔ بیٹ۔ پس انداز (صفت) ۱ بچا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ باقی ۲ (مذکر) بقایا۔ مال۔ اندوختہ ۳ کفایت شعاری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) پسپا (صفت) ۱ پاؤں پیچھے کی طرف۔ پاؤں پر پاؤں رکھ کر بیٹھا ہوا ۲ پیچھے ہٹا ہوا شکست خوردہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) پسپائی (مونث) مراجعت شکست۔ پس پشت (تف) پیچھے۔ پیچھے کی طرف۔ پس پشت ڈالنا (متعدی) لاپروائی کرنا چھوڑنا۔ پروا نہ کرنا۔ پس پشت کھڑا ہونا (لازم) پیچھے جاکر استادہ ہونا۔ پس خوردہ (مذکر) بچا ہوا کھانا۔ جھوٹا۔ آگے سے بچا ہوا کھانا۔ پس رو (مذکر) ۱ چاکر۔ ملازم۔ نوکر۔ پیرو ۲ جلو۔ ہمراہی۔ تزک پس روئی (مونث) پیروی۔ پس غیبت (تف) غیر حاضری میں۔ عدم موجودگی میں (خف) پس فردا (مذکر) ۱ پرسوں ۲ قیامت کے بعد۔ پس کش (مذکر) پیچھے ہٹنا۔ پلٹنا۔ بازگشت۔ پسماندگان (مذکر) جمع پسماندہ کی۔ پسماندہ (صفت) ۱ پیچھے رہا ہوا۔ بچا ہوا ۲ (مذکر) وارث ۳ بقایا۔ بچت۔ پس مردن یا مرگ یا مردہ (تف) مرنے کے بعد۔ بعد مرگ۔ پس وپیش (مذکر) ۱ آگا پیچھا۔ انجام۔ حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول۔ لیت و لعل ۲ ادھیڑ بن۔ تامل۔ کشمکش پیچ ۳ فکر۔ اندیشہ (سوچنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴ بے کا آگا پیچھا ۵ حروف کا الٹ پلٹ یا آگے پیچھے ہونا۔

امثال واقوال۔ پس ازاں کہ من نہ مانم بچہ کار خواہی آمد۔ مقولہ جب ہم مر گئے تو تمہارے آنے کا کیا فائدہ۔ پس از صد سال ایں معنی محقق شد بخاقانی۔ کہ بورانی ست بادنجان و بادنجان بورانی۔ کوئی شخص مسلمہ بات کہے یا مان لے تو مذاقاً کہتے ہیں کہ سو سال کی تحقیقات کے بعد خاقانی اس نتیجہ پر پہنچا کہ بورانی اور بادنجان ایک ہی چیز ہیں۔

پس (ھ۔ مذکر) نوجوان بھینسا۔

پس (ہ۔ امر) پسنا سے (س۔ پش) پیسنا۔ پسا (امر) پسانا سے۔ پسا جانا (لازم) ۱ مصیبت میں آنا۔ برباد ہونا ۲ شرمندہ ہونا۔ دبنا۔ مغلوب ہونا ۳ عاشق ہونا۔ مرنا۔ فریفتہ ہونا۔ پسان (ھ۔ مذکر) ۱ کوئی پسی ہوئی چیز ۲ آٹا۔ سفوف۔ پسانا (متعدی) ۱ آٹا کرانا۔ باریک کرانا۔ چکی یا سل بٹے سے باریک کرانا ۲ کچلوانا۔ مسلوانا ۳ دبوانا۔ پسائی (مونث) پیسنے کی

مزدوری ۲ پینا ۳ پینے کا کام یا پیشہ۔ **پسائی والی** (مونث) پینے والی۔ **پس جانا۔ پسنا** (لازم) ۱ آٹا ہو جانا ۲ باریک ہونا ۳ چکنا چور ہونا ۴ کچلا جانا۔ مسلا جانا ۵ دبایا جانا۔ بھینچا جانا ۶ مغلوب ہونا۔ دبنا ۷ شرمندہ ہونا ۸ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۹ برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ **پسوانا** (دم) دیکھو پسانا۔ **پسوائی** (مونث) پینے کی اجرت۔ پسائی۔

پَسا (ھ۔ مذکر) اسقدر جتنا دو ہاتھوں میں آسکے۔

پُسا (ھ۔ مذکر) ۱ سورج دیکھو پوشا ۲ دیکھو پوشا۔

پَسار (ہ۔ امر) پسارنا کا دس پرکستہ پھیلانا) **پسارا** (ماضی) ۱ پسارنا کی ۲ (ھ۔ مذکر) ۱ پھیلانے یا کھولنے کا فعل ۲ کشادگی۔ فراخی۔ **پسارا کرنا** (ھ متعدی) ۱ پسارنا ۲ ٹال مٹول کرنا۔ تاخیر کرنا۔ لیت ولعل کرنا ۳ روکنا۔ روڑا اٹکانا۔ **پسارنا** (متعدی) پھیلانا کھولنا بڑھانا۔ لمبا کرنا۔ اردو میں صرف پاؤں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

پَسالینا (ھ) **پَسانا** (ہ۔ متعدی) ۱ کسی چیز کو ابال کر پانی نچوڑنا۔ پیچ نکالنا ۲ کسی ابلتی ہوئی چیز پر سے جھاگ اتارنا۔ میل اتارنا۔

پَسائی (ھ۔ مونث) ایک قسم کے جنگلی چاول جو ہندو ورتوں میں استعمال کرتے ہیں۔

پَسپُوت (ھ۔ مذکر) متبنّٰے۔ **پسپوت کرنا** (متعدی) متبنّٰے بنانا۔

پَست (ف۔ صفت) ۱ نیچا۔ نشیب ۲ کمینہ۔ نیچ۔ ادنےٰ ۳ پاجی۔ سفلہ۔ دون ۴ چھوٹا **پست پینے والا** (صفت) وہ جو چرس پینے میں پہلے دم لگائے۔ **پست خیال** (مذکر) ۱ چھوٹا خیال۔ کمینہ خیال ۲ چھوٹے خیال کا آدمی۔ کمینہ یا سفلہ شخص **پست فطرت** (صفت) ۱ کمینی طبیعت کا ۲ کمینہ۔ سفلہ۔ دون ۳ کم عقل۔ بیوقوف۔ **پست قد** (صفت) چھوٹے قد کا ٹھنگنا۔ کوتاہ قد **پست قسمت** (صفت) بدنصیب بدقسمت **پست کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ مغلوب کرنا۔ نیچا دکھانا ۲ تھکا دینا۔ ہلکان کر دینا ۳ نیچا کر دینا ۴ (ہمت) توڑ دینا ۵ ذلیل کرنا۔ خفیف کرنا۔ **پست وبلند** (صفت) اونچا نیچا۔ نشیب وفراز۔ **پست وبلند دہر یا زمانہ** (مذکر) زمانے کا نشیب وفراز۔ اونچ نیچ یا بدلنا **پست وبلند دیکھنا**۔ ۱ اونچ نیچ دیکھنا۔ ادھر ادھر دیکھنا ۲ نشیب وفراز دیکھنا۔ زمانے کی حالت دیکھ کر انتظام کرنا **پست وبلند ہموار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) زمین کا برابر کیا جانا۔ **پستہ قد** (مخف) پست قد۔ ٹھنگنا **پست ہمت** (صفت) کم ہمت۔ بزدل۔ **پست ہمتی** (مونث) بزدلی۔ کم ہمتی۔ **پست ہونا** (لازم) پست کرنا کا۔ **پستی** (مونث) ۱ نشیب ۲ کمینہ پن۔ سفلہ پن۔

پُست (س۔ مذکر) ۱ چمڑا کنا۔ ملنا لگانا ۲ لیپ کرنا۔ پلستر کرنا ۳ مٹی کے کھلونے بنانا ۴ کتاب۔ پوتھی۔ پستک۔

پُستارا (ھ۔ مذکر) دیکھو پُشتارا۔

پِستان (ف۔ مذکر) ۱ عورت کی چھاتی کا ابھار۔ سینے کی بالادگی ۲ چھاتی پر دائیں بائیں دو ابھار سے ہوتے ہیں۔ عورتوں کے یہ بہت بڑھ جاتے ہیں اور ان میں دودھ پیدا ہوتا ہے۔ چوپاؤں میں یہ ابھار پچھلی ٹانگوں کے پاس پیٹ پر ہوتا ہے اور اسے تھن کہتے ہیں اور عموماً چار ہوتے ہیں۔ بکریوں میں دو درندوں میں بہت سے ہوتے ہیں اور چھاتی سے پیٹ تک چلے جاتے ہیں ۳ اردو میں جمع بھی استعمال ہوتا ہے۔ **پستان پر ہاتھ ڈالنا۔ یا پستان پکڑنا** (متعدی) ۱ مرد کا جوش شہوت میں عورت کے پستانوں پر ہاتھ ڈالنا ۲ عورت کی بے عزتی کرنے کے لئے بھی ایسا کرتے ہیں۔ **پستان ملنا** (متعدی) مرد کا عورت کے پستانوں کو انگلیوں سے پکڑ کر مساس کرنا۔ **پستان منہ میں لینا** (متعدی) یہ بھی ایک قسم کا مساس ہے۔ **پستان میں ہڈی**۔ موہوم بات۔ ناممکن بات۔ **پستانوں** (مذکر) پستان کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پستانوں میں دودھ اترنا** (متعدی) ۱ بچے کی پیدائش کے بعد پستانوں میں دودھ کا پیدا ہو جانا ۲ کہتے ہیں کہ اگر کسی عورت کا بچہ بچپن میں گم ہو جائے۔ اور پھر وہ جوان ہو کر اس کے سامنے آئے تو گو وہ اسے نہ پہچانے اس کے پستانوں میں دودھ اتر آتا ہے۔

پُستک (ھ۔ مونث) کتاب۔ پوتھی صحیفہ۔ **پُستکاگر۔ پُستکا کنگ** (مذکر) کتاب گھر لائبریری۔ **پُستکی**۔ دیکھو پستک۔

پِستول (انگ۔ مذکر) طمنچہ (اصل پسٹل) **پستولیا** (صفت) پستول باندھنے والا۔

پِستہ (ف۔ مذکر) ۱ ایک گری دار میوے کا نام ۲ چھوٹے قد کا کتا۔ **پستہ لب** (صفت) چھوٹے لب کا۔ جس کے لب پتلے ہوں۔ معشوق کی تعریف

پِستئی (ف۔ صفت) پستے کے رنگ کا۔ ہلکے سبز رنگ کا۔ **پستئی رنگ** (مذکر) ہلکا سبز رنگ

پَسَر (ہ۔ مونث) رات کو مویشی چرنے کو بھیجنا۔ یا کسی کے کھیت میں چھوڑنا (چرانے کے ساتھ)

پِسَر (ف۔ مذکر) بیٹا۔ لڑکا۔ بچہ **پسر اخیافی** (مذکر) بیوی کا لڑکا جو پہلے خاوند سے ہو۔ گیلا بچہ۔ **پسر خواندہ** (مذکر) متبنّٰے۔ گود لیا ہوا لڑکا **پسر خواندگی** (مونث) بچہ گود لینا۔ متبنّٰے بنانا۔ **پسر زادہ** (مذکر) پوتا۔ **پسر صلبی** (مذکر) سگا بیٹا۔ اپنے نطفے کا بیٹا۔ **پسر متبنّٰے** (مذکر) گود لیا ہوا لڑکا **پسری** (مونث) ۱ بیٹا ہونے کی حالت ۲ بچپن۔ طفلی۔

مثل۔ پسر نوح با بداں بنشست خاندان نبوتش گم شد۔ خاندانی آدمی خراب صحبت میں بگڑ جاتا ہے۔ نوح کا بیٹا بروں کے ساتھ بیٹھا اس کے خاندان سے نبوت کا نشان جاتا رہا۔

پَسَرنا (ہ۔ لازم) ۱ پھیلنا۔ دراز ہونا ۲ لیٹنا۔ پڑنا ۳ بچوں کا ضد کرنا ۴ ٹانگیں پھیلا کر یا پیٹھ کے بل لیٹ جانا ۵ عورت کا مرد کے آگے لیٹ جانا ۶ ماننا۔ مطیع ہونا ۷ خواہش کرنا۔ تمنا کرنا (پر سر پھیلنا)

پَسَرہٹا (ہ۔ مذکر) وہ بازار جہاں پنساریوں کی دوکانیں ہوں۔

پَسٹرکی لینا (اردو۔ متعدی) اقرار سے پھر جانا۔

پَس قد (ف۔ مذکر) پست قد کا مخفف۔

پَسَلا (ھ۔ مذکر) مینہ کی بوچھاڑ۔ سخت بارش۔

پَسلانا (ھ۔ م) پسنا کا۔

پَسلی (ہ۔ مونث) ۱ چھاتی کے اندر کی پتلی لمبی ہڈیوں میں سے کوئی ایک ۲ پہلو۔ طرف (س پرشُ) **پسلیاں** (مونث) پسلی کی جمع۔ **پسلیاں توڑ دونگا**۔ دھمکی کے طور پر کہا جاتا ہے۔ بہت ماروں گا خوب پیٹوں گا۔ **پسلی پھڑک اٹھنا یا پھڑکنا** (لازم) معلوم ہو جانا۔ خود بخود خبر ہو جانا۔ **پسلی کا آزار** (مذکر) بچوں کی ایک بیماری کا نام۔ **پسلیاں گنی جانا۔ یا نکل آنا** (لازم) بہت لاغر ہونا۔ سخت دبلا یا کمزور ہونا۔

پِسن (ھ) دیکھو پشن۔

پسنجر (انگ - مذکر) دیکھو پیسنجر -

پسند (ف - صفت) ۱ مرغوب - مقبول ۲ (مونث) انتخاب - چننا - مرضی ۳ ترجیح ۴ منظوری - قبولیت ۵ مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دلپسند - حق پسند (آنا - پڑنا - کرنا - ہونا کے ساتھ) **پسند خاطر** (صفت) دل کو مرغوب **پسندیدگی** - مرضی - خواہش کے مطابق ہونا - **پسندیدہ** (صفت) پسند کے قابل - مرغوب - مقبول - ر

پسندا (ف - مذکر) کبابوں کی ایک قسم - **پسندوں کے کباب** (مذکر) گوشت کے ٹکڑوں کے کباب - **پسندے** (مذکر) جمع پسندہ کی ۱ گوشت کے پتلے پھلے ہوئے ٹکڑے ۲ قرص کی شکل کے کباب - **پسندے کباب** (لکھنؤ) بھنے ہوئے پسندے -

پسنگا - پسنگھا (ہ - مذکر) پلنگ کا بگڑا ہوا -

پسنہارا (ہ - مذکر) آٹا پیسنے والا **پسنہاری** (مونث) آٹا پیسنے والی -

امثال - پسنہاری کے پوت کو چبینہ (چنا) ہی لابھ - غریب کے بچے کو جو کچھ کھانے کو ملے نعمت ہے - **پسنہاری ماں بھلی امیر باپ سے** غریب ماں بہتر ہے -

پسو (ہ - مذکر) دیکھو پشو - مویشی چوپائے -

مثل - پسو کا ستانا نرا پاپ کمانا - جانور کو تکلیف دینا سخت گناہ ہے -

پسو (ہ - مذکر) ایک چھوٹا سرخ رنگ کا کیڑا جو سرد مرطوب مقامات پہ ہوتا ہے اور انسان و حیوان کا خون چوستا ہے -

پسوج (ہ - مونث) پہلی سلائی جس پر باریک سلائی کرتے ہیں - **پسوجنا** (متعدی) ۱ سینا ۲ کچا کرنا -

پسہی (ہ - مونث) دیکھو پسائی -

پسیج (ف - صفت) تیار - مستعد - لیس - کمربستہ ۲ (مذکر) سفر کی تیاری -

پسیج (ہ - امر) پسیجنا کا - پسیجا (ماضی) پسیجنا کی - **پسیج آنا** - **اٹھنا یا جانا** - **پسیجنا** - (لازم) ۱ پسینہ پسینے ہونا - پسینا آنا ۲ سردی سے ہوا کی رطوبت کا پانی بن جانا - عرق لانا ۳ گھل جانا - پگھلنا ۴ رحم کھانا - ترس کھانا - مہربان ہونا ۵ کنجوس کا کچھ دینا ۶ (ہ) ہلکی آگ پر بھننا یا پکنا - **پسیجتے نہیں** ۱ رحم نہیں کھاتے ۲ بیمروتی کرتے ہیں - رکھائی کرتے ہیں -

پسیری (ہ - مونث) پنج سیری کا مخفف - پانچ سیر کا وزن -

پسین (ف - صفت) ۱ پچھلا آخری - قدیم ۲ جدید - نیا - **پسینی** (صفت) ۱ جدید - نیا ۲ آج کل کا - متاخر - **پسیناں** (مذکر) پسینی کی جمع متاخرین -

پسینا (ہ - مذکر) وہ پانی جو بدن کے مسامات سے گرمی - محنت - کمزوری - تکلیف یا شرمندگی کی وجہ سے نکلتا ہے (س پر سرو - بہ نکلنا) **پسینا آجانا** (لازم) ۱ بدن سے رطوبت نکلنا ۲ گھبرا جانا - سٹ پٹا جانا **پسینا آنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ شرمندہ ہونا **پسینا بہنا** (لازم) پسینا اتنا نکلنا کہ دھار جاری ہو جائے - **پسینا پسینا ہو جانا** (لازم) ۱ سخت شرمندہ ہو جانا ۲ بیحد مشقت کرنا - **پسینا پونچھنا** (متعدی) پسینے کو کپڑے یا رومال سے صاف کرنا - **پسینا ٹپکنا** (متعدی) پسینا اتنا نکلنا کہ قطرے بن کر گرنے لگے - **پسینا جھاڑنا** (متعدی) ماتھے کا پسینا انگلی پھیر کر جھٹک دینا **پسینا چھوٹنا** (لازم) کثرت سے پسینا نکلنا - شرمندگی سے عرق آنا - **پسینا خشک کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ہوا یا پنکھے سے پسینا سوکھنا - **پسینا گرنا** (لازم) پسینے کے قطروں کا زمین پر ٹپکنا - **پسینا نکالنا** (متعدی) اتنی کسرت کرنا یا بھاگنا کہ پسینا نکلنے لگے - **پسینا نکلنا** (لازم) بدن سے پسینا جاری ہونا - **پسینا ہرا ہونا** (لازم) پسینا خشک ہونا (دہلی کے پہلوانوں کا محاورہ) **پسینوں** (مذکر) پسینا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - **پسینوں پر پسینے آنا** (لازم) ۱ بہت پسینا نکلنا ۲ شرمندہ ہونا **پسینے** (مذکر) ۱ پسینا کی جمع ۲ بجائے پسینا حروف مغیرہ سے پہلے - **پسینے پر پسینے آنا** (لازم) دیکھو پسینوں پر الخ - **پسینے پر لہو گرانا** (متعدی) ۱ جانفشانی کرنا - سخت وفاداری کرنا ۲ بہت امداد کرنا - **پسینے پسینے کر دینا** کر ڈالنا یا کرنا (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ بہت پسینا آنا - عرق عرق ہو جانا ۲ بہت شرمندہ ہونا **پسینے پسینے ہوئے جانا** (لازم) جھینپنا - شرمندہ ہوتے جانا - **پسینے سے تر ہونا** (لازم) اتنا پسینا آنا کہ بدن اور کپڑے سب تر ہو جائیں - **پسینے کی بوندیں** (مونث) کے قطرے (مذکر) وہ قطرے جو ماتھے یا بدن پر نکل آتے ہیں - **پسینے کی جگہ خون بہانا یا گرانا** (متعدی) کسی کی جگہ جان دینے میں بھی دریغ نہ کرنا - کمال محنت کرنا **پسینے کے ڈوب یا شرائے** (مذکر) شدت کا پسینا **پسینے میں ڈوبنا - شرابور یا لت پت ہونا - نہانا** (لازم) پسینے سے تر ہونا -

پسیو (ہ - مذکر) پیچ - ابلے ہوئے چاولوں کا پانی -

پسیو - پسیوا - پسوہا (ہ - مذکر) ۱ پسینا ۲ گرمی ۳ ابال - جوش ۴ تھوڑا سا کھانا جو ہنڈیا میں سے یہ دیکھنے کے لئے کہ پکا ہے یا نہیں - نکالا جائے -

پشاچ (س - مذکر) ۱ دیو - جن - بھوت - شیطان - عفریت - راکھش - اسر - بھتنا ۲ روح - پریت -

پشپ (س - مذکر) ۱ پھول ۲ کلی ۳ حیض ۴ آنکھ کی ایک بیماری جس میں داغ پڑ جاتے ہیں ۵ پکھراج - زبرجد ۶ کلی نکالنا ۷ پھیلنا ۸ کوبکارتہ

پشت (س - مذکر) ۱ گوشت ۲ گوشت خور ۳ گوشت کا شائق - گوشت خوار -

پشت (ف - مونث) ۱ پیٹھ ۲ پیچھے - پچھواڑی - عقب - پچھاڑی ۳ مدد - سہارا - آسرا ۴ محافظ - مددگار - مربی - حامی - معاون - سرپرست ۵ نسل - اولاد - جنس ۶ (ف) گانڈو ۷ خراسان میں ایک شہر ۸ نیشاپور کے پاس ایک علاقہ - **پشتا پشت - پشت بہ پشت - پشت در پشت** (تف) نسلاً بعد نسلاً باپ دادا سے - کئی پشتوں سے - **پشت بہ دیوار** (صفت) حیران - ششدر - **پشت بہ زمیں رسید** ۱ پیٹھ زمین پر لگ گئی - چت گرا ۲ گنجفے کا پتا پھینک کر اگر کوئی واپس لینا چاہے - تو دوسرا یہ کہتا ہے - مطلب یہ ہوتا ہے کہ پتا گر چکا - اب واپس نہیں ہو سکتا **پشت پا** (مونث) پیر کا اوپر کا حصہ جہاں ٹانگ اور پاؤں ملتے ہیں - **پشت پا مارنا** (متعدی) ۱ ہٹا دینا - دور کرنا ۲ نامنظور کرنا - رد کر دینا ۳ چھوڑ دینا - ہاتھ اٹھانا **پشت پالو** (مذکر) ۱ پشت پا ۲ ایک زخم یا دنبل جو پاؤں کے اوپر ہوتا ہے - **پشت پر رہنا یا ہونا** (لازم) امداد پر ہونا - مدد کرنا - **پشت پر لکھنا** (متعدی) خط کے پچھلی طرف لکھنا - مضمون خط کی تائید میں ۲ خط پر پتہ لکھنا **پشت پناہ** (مونث) ۱ مددگار - مربی - معاون ۲

جائے پناہ - ملجا و ماوی - **پشت تکیہ** (مذکر) وہ تکیہ جو بیٹھ کے پیچھے رکھتے ہیں - **پشت چرانا** (متعدی) ڈر سے کترانا - **پشت خار** (مذکر) ایک آلہ جس میں ہاتھی دانت یا لوہے کا پنجہ ایک لکڑی کے سرے پر لگا ہوتا ہے - اور جو پشت کھجانے کے کام آتا ہے - **پشت خم** (صفت) کبڑا **پشت دست** (مونث) ہاتھ کا اوپر کا حصہ جو ہتھیلی کے مقابل ہوتا ہے - **پشت دست کاٹنا** (متعدی) ۱ سخت غصے کی حالت میں تیز مزاج آدمی ایسا کرتا ہے سخت ناراض ہونا - جھنجلانا ۲ پچھتانا - تاسف کرنا - **پشت دست مارنا** (متعدی) دیکھو پشت پا مارنا - **پشت دکھانا یا دینا** (متعدی) پیٹھ دکھانا - بھاگ جانا - لڑائی میں فرار ہو جانا - **پشت قدم** (مونث) پشت پا - **پشت قوی ہونا** (لازم) مدد ملنے سے حوصلہ بڑھنا - **پشت مرکب** (مذکر) گھوڑے کی پیٹھ - **پشتہا پشت سے** (ف) کئی پشتوں سے باپ دادا سے - **پشتیں** (مونث) پشت کی جمع - پیڑھیاں - آباو اجداد - **پشتینی** (صفت) باپ دادا سے منسوب - خاندانی - قدیمی -

پشتا (س - مونث) ایک پودہ - بال چھڑ - سنبل الطیب - جٹاماسی -

پشتارا (ھ) **پشتارہ** (ف - مذکر) ۱ بوجھ - لدا ۲ گٹھڑی - گٹھا - (اٹھانا - باندھنا کے ساتھ)

پشتاشن (س - مذکر) گوشت کھانے والے بھوت یا شیطان جو نکشا کی اولاد ہیں -

پشتک (ف - مونث) دولتی جانور کی (پھینکنا - لگانا - مارنا کے ساتھ)

پشتو (ف - مذکر) افغانوں اور پٹھانوں کی زبان -

پشتو (س - مذکر) ۱ جانور کی حالت یا طبیعت ۲ حیوانیت - وحشی پن ۳ جانور کی حالت بلدان کے وقت -

پشتوارہ (ف - مذکر) پشتارہ -

پشتولیا (ھ - مذکر) ایک قسم کا باریک کپڑا -

پشتہ (ف - مذکر) ۱ چھوٹی دیوار یا مٹی کا ڈھیر جو بڑی دیوار کو مستحکم کرنے کے لئے بنایا جاتا ہے ۲ قلعوں کی دیواروں کے ساتھ تھوڑے تھوڑے فاصلے پر چند فٹ چوڑی اور موٹی دیوار جو تقریباً اصل دیوار تک بلند ہوتی ہے ۳ وہ مٹی کا بند یا دیوار جو دریا کے کنارے چڑھاؤ کے پانی کو پھیلنے سے روکنے کے لئے بناتے ہیں ۴ کنارہ جو سمندر کے کنارے پر بناتے ہیں ۵ ٹیلہ - پہاڑی ۶ مٹی کا ڈھیر ۷ بوجھ - پشتارہ (باندھنا - بنانا کے ساتھ) ۸ کتاب کی پشت پر چڑھا کپڑا (چڑھانا - لگانا کے ساتھ) **پشتہ بندی** (مونث) بند باندھنے کا فعل دیوار بند وغیرہ کو پشتہ بنا کر مضبوط کرنا - **پشتۂ دیوار** (مذکر) مٹی کا ڈھیر جو دیوار کے ساتھ اس کو مضبوط کرنے کے لئے بناتے ہیں -

پشتنی (ف - صفت) نسلی - جدی موروثی -

پشتی (ف - مونث) ۱ تائید - حمایت ۲ مدد - امداد - اعانت ۳ سہارا - آسرا - بھروسہ ۴ کتاب کی جلد - پٹھا - **پشتیبان** (مذکر) ۱ معاون - مددگار ۲ آڑ - تھونی ۳ آگل - بلی ۴ وہ لکڑی جو کواڑ یا تخت کے پیچھے مضبوطی کے لئے لگاتے ہیں ۵ جوڑ - **پشتیبانی** (مونث) امداد - اعانت - مدد - **پشتی پر ہونا** - (لازم) مدد پر ہونا - **پشتی کرنا** (متعدی) مدد کرنا - **پشتی لینا** (متعدی) مدد دینا - ساتھ دینا - اعانت کرنا - حمایت کرنا -

پشٹ (س - مذکر) ۱ کوئی سفوف ۲ آٹا - بیسن - ستو - چون - پسان وغیرہ -

پشٹ (س - مفعول) ۱ پروردہ پالا ہوا - پرورش کیا ہوا ۲ رجا ہوا - بھرا ہوا - موٹا ۳ مضبوط - قوی - طاقتور ۴ مقوی - برانگیختہ کرنے والا ۵ مشہور - معروف ۶ اونچا - زور کا - **پشٹ کرنا** (متعدی) موٹا کرنا -

پشٹ (س - مونث) ۱ اچھی طرح پلے ہوئے کی حالت ۲ مٹاپا - فربہی - تن و توش ۳ نشو و نما - بڑھنا - سرسبزی کی حالت - ترقی ۴ پالنا - پوسنا ۵ خوراک - غذا - قوت ۶ پرورش - خبرگیری - سہارا ۷ پشتی - ہند ۸ اعصابی بیماریوں کی ایک دوا ۹ مقوی یا شہوت انگیز دوائی -

پشٹپ (س - مذکر) دنیا - دنیا کا ایک حصہ - عالم کی ایک تقسیم -

پشٹک (س - مذکر) ۱ روٹی چپاتی پھلکا - پوری ۲ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ کا ڈھیلا تاریک ہو جاتا ہے -

پشٹکا (س - مونث) صدف - سیپی -

پشچات (س - تف) ۱ پیچھے - پیچھے سے - پیچھے کی طرف ۲ بعد - بعد میں - بعد ازاں - من بعد ۳ اسپر - پس - اس سبب سے ۴ (مذکر) مغرب کی طرف

پچھم (س - صفت) ۱ پیچھے ہونیوالا پیچھے - پچھلا - سب سے اخیر کا ۲ آخری - بعد کا - مغرب کا مغربی ۳ پچھم - مغرب ۴ غروب سورج - **پشچما** (مونث) مغرب - **پشچمی** (صفت) پچھم کا مغربی - پچھمی ۲ (مذکر) وہ شخص جو پچھم میں رہے -

پشکا (س - مونث) کوئی چھوٹا جانور

پشکر (س - مذکر) ۱ نیلا کنول - کنول ۲ چمچے کا اگلا گہرا حصہ ۳ فن رقص ۴ تالاب - جھیل - چشمہ ۵ بدمستی - خمار - نشہ ۶ ایک حصہ ۷ لڑائی - جنگ - جدال ۸ اتفاق - ملاپ - میل - جوڑ ۹ پنجرا - قفس ۱۰ ہوا - کرۂ ہوائی ۱۱ آسمان - چرخ - فلک ۱۲ تیر ۱۳ تلوار کا پھل ۱۴ تلوار کا نیام ۱۵ نقارہ - دمامہ ۱۶ دمامے کا چمڑا ۱۷ ایک قسم کا سانپ - ایک قسم کا بگلا ۱۸ ایک قسم کے بادلوں کا نام جو قحط کی نشانی ہوتے ہیں ۱۹ زمین کا ایک حصہ سات بڑے حصوں میں سے - دیکھو دیپ ۲۰ اجمیر کے علاقے میں ایک تیرتھ جسے آجکل پوکر کہتے ہیں ۲۱ نل کا بھائی جس کے پاس نل نے سلطنت ہار دی تھی ۲۲ بھرت جی کا بیٹا اور رامچندر جی کا بھتیجا جو گاندھاروں پر حکومت کرتا تھا - **پشکراوتی** گاندھاروں کا ایک شہر جو دریائے سندھ کے قریب تھا - **پشکردیپ** (مذکر) دنیا کے سات بڑے حصوں میں سے ایک حصہ -

پشکل (ف - مذکر) مینگنی -

پشکل (س - صفت) ۱ بہت - کئی بکثرت - متعدد ۲ بھرا ہوا - پر - بھرپور ۳ اچھا - عمدہ اعلے - بہت - اچھا - بہترین - نہایت اچھا - افضل نفیس ۴ (مذکر) چار لقموں کے برابر دان ۵ ایک پیمانہ چار مٹھی کے برابر ۶ نقارہ - ڈھول - دمدمہ ۷ کوہ میرو کا ایک نام ۸ تیرتھ دیکھو پشکر -

پشلنگ (ف - مذکر) پیچھے رہ جانا ۲ کدال -

پشم (ف - مذکر) ۱ نرم بال - اون رواں ۲ جھانٹ ۳ بے حقیقت چیز - ناچیز - فضول چیز ۴ بے وقعت شخص - ذلیل ناکارہ شخص - **پشم اپاڑنا** (مت) **اکھاڑ لینا یا اکھاڑنا** (متعدی) تھوڑا سا نقصان پہنچانا - **پشم پر مارنا** (متعدی) پروا نہ کرنا - خیال میں نہ لانا - حقیر سمجھنا - **پشم کندہ نہ کر سکنا** (متعدی) ۱ ہونا

(لازم) پشم نہ اکھڑنا (لازم) کچھ نقصان نہ کر سکنا۔ پشم (نہ) سمجھنا (متعدی) نہایت حقیر جاننا۔ پشمی۔ پشمیں (صفت) اونی۔ اون کا۔ بالدار۔ پشمینہ (مذکر) نہایت نرم اون کا کپڑا جو کشمیر میں بنتا ہے۔

مثل۔ پشم (پشموں) کے مونڈے سے مردہ نہیں ہلکا ہوتا ۱۔ ادنےٰ تسکین بڑی مصیبت کے وقت فضول ہے ۲۔ کثرت مصارف۔

پشن (س۔ صفت) ۱۔ اطلاع دہندہ جاسوس ۲۔ دغاباز۔ بیوفا ۳۔ بہتان باندھنے والا۔ جھوٹ سچ لگانے والا۔ چغلخور۔ تہمتی ۴۔ سخت۔ ظالم۔ تندجفاکار سفاک ۵۔ شریر۔ شرارتی ۶۔ بدذات۔ کینہ۔ نیچ۔ حقیر بدکار ۷۔ بیوقوف۔ احمق ۸۔ (مذکر) جاسوس وغیرہ ۹۔ وہ شخص جو امید دلا کر کام نہ کرے ۱۰۔ خوشامد۔ چاپلوسی ۱۱۔ روئی ۱۲۔ کوّا۔ زاغ ۱۳۔ نارَوی کا ایک لقب۔

پشنڈ (ھ۔ مذکر) دیکھو پاشنڈ۔

پشنگ (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک لمبا لوہے کا آلہ جس سے معمار دیوار میں سوراخ کرتے ہیں ۲۔ ایک اونی کپڑا جس کے دونوں سروں پر لکڑیاں لگی ہوتی ہیں اور جس پر اینٹیں مٹی وغیرہ رکھ کر اوپر کھینچتے ہیں ۳۔ ظلم جور ستم۔ سفاکی۔ تعدی ۴۔ تکلیف۔ درد۔ مصیبت کشت ۵۔ پانی نکلنا۔ پسینا۔ عرق۔

پشنگ (س۔ صفت) سرخی مائل سرخی مائل بھورا۔ بھونسلا۔ زردی مائل۔ گندمی۔ سانولا

پشو (س۔ مذکر) ۱۔ حیوان۔ چوپائے مویشی۔ جانور مثل گھوڑا۔ گدھا۔ بھیڑ۔ بکری۔ گائے بھینس کتا وغیرہ ۲۔ نوجوان بھینسا ۳۔ جانور جو بھینٹ چڑھایا جائے ۴۔ بیوقوف احمق شخص ۵۔ ایک دیوتا کا نام جو شو جی کے ماتحت ہے۔ روح۔

پشواز (ف۔ مونث) عورتوں کی ایک پوشاک جو پاؤں تک لمبی اور گھیر دار ہوتی ہے۔ آج کل طوائفیں ناچ کے وقت پہنتی ہیں۔ (پہننا۔ پہننا سلنا۔ سینا وغیرہ کے ساتھ)

پشہ۔ پشہ (ف۔ مذکر) ۱۔ مچھر ۲۔ تلوار کے قبضے پر پھل کے قریب دو گھنڈیاں ہوتی ہیں۔ جن میں سے ہر ایک کو پشہ کہتے ہیں ۳۔ بے حقیقت۔ حقیر چیز۔

مثل۔ پشہ چو پر شد بزند پیل را بہت سے کمزور مل کر زبردست کو مار لیتے ہیں۔

پشی (اردو۔ مونث) بچے کا پیشاب

پشیا (اردو۔ مونث) بلی۔ گربہ (دہلی)

پشیمان (ف۔ صفت) ۱۔ متاسف۔ پچھتانے والا۔ تائب ۲۔ شرمندہ۔ شرمسار۔ نادم۔ منفعل۔ خجل۔ خفیف (ہونا کے ساتھ) پشیمانی (مونث) افسوس۔ پچھتاوا۔ ندامت۔ خفت۔

پشیہ (س۔ صفت) ۱۔ صحبت یا پیار کا خواہشمند ۲۔ پوس کے مہینے کا نام ۳۔ آٹھواں نکشتر۔ نژرہ ۴۔ کل جگ۔ پشیہ پتر (مذکر) متبنیٰ۔ لے پالک۔

پف (ف۔ مونث) پھونک۔ ہوا منہ سے زور سے نکالی ہوئی انگریزی میں بالفتح ہے۔

پک (ہ۔ امر) پکنا کا (س۔ پچ۔ پکانا) پکا (ماضی) پکنا کی ۲۔ (امر) پکانا کا۔ **پکا پکایا** (صفت) تیار۔ بنا ہوا۔ پختہ۔ پکا دینا۔ **پکانا** (متعدی) ۱۔ آگ پر پختہ کرنا۔ رسوئی بنانا۔ کھانا تیار کرنا ۲۔ پختہ کرنا پھل کو ۳۔ زخم میں مواد ڈال دینا۔ تازہ چونے میں پانی ڈال کر جوش آنے دینا ۴۔ مٹی کے برتنوں یا اینٹوں کا آوے یا پژاوے میں پختہ کرنا ۵۔ رنج پہنچانا۔ جلانا ۶۔ منصوبہ کرنا۔ تجویز کرنا۔ **پکانا ریندھنا** (متعدی) پکانا تیار کرنا۔ **پکاؤ** (مذکر) پختگی۔ تیاری۔ **پکاؤ** (صفت) پکنے کے قریب۔ **پکائی** (مونث) ۱۔ پکنے کی اجرت زیادہ فصیح پکوائی ہے ۲۔ پختگی۔ پکاپن ۳۔ پکنا۔ کھانا۔ تیار ہونا۔ **پکپن۔ پکپنا** (مذکر) پختگی۔ دانائی (مت) **پک جانا۔ پکنا** (لازم) ۱۔ دیکھو پکانا ۲۔ بال سفید ہونا عمر رسیدہ ہونا ۳۔ چوسر کی گوٹوں کا اپنے گھر پہنچنا ۴۔ قیمت ٹھہرنا۔ معاملہ بننا ۵۔ مکمل ہونا۔ طے ہونا۔ **پکوان** (مذکر) کھانا جو گھی یا تیل میں تلا جائے۔ تلی ہوئی چیزیں۔ (پکانا پکنا۔ تلنا وغیرہ کے ساتھ) **پکوانا** (لازم) پکانا کا۔ **پکوائی** (مونث) پکانے کی اجرت۔ **پکی پکائی کھانے والا** دوسروں کی کمائی کھانے والا۔

امثال و اقوال۔ پکائی تھی کھیر ہو گیا دلیا کام بگڑ گیا۔ **پکائے سو کھائے نہیں کھائے کوئی اور۔ دوڑے سو پائے نہیں پائے کوئی اور** جو محنت کرے گا سو فائدہ اٹھائے گا۔ **پکوائی دینا اور کچی کھانا** اجرت دے کر کام خراب ہونا۔

پک (ھ۔ مونث) پیک کا مخفف **پکدان** (مذکر) پیک دان۔

پک (س۔ مذکر) کوئل۔ کوکلا۔ پپیہا (مونث) **پکی** (ھ) مادہ کوئل۔

پک (س۔ مذکر) جوان ہاتھی۔ بیس برس کا ہاتھی۔

پکا (ہ۔ صفت) ۱۔ پختہ۔ ابلا ہوا ریندھا ہوا۔ کھانا بنا ہوا ۲۔ پال میں پکا ہوا ۳۔ گھی میں تلا ہوا ۴۔ جہاندیدہ۔ تجربہ کار۔ عمر رسیدہ ۵۔ چالاک۔ ہوشیار ۶۔ سچا۔ بات کا پکا ۷۔ مصمم۔ مستقل ۸۔ پائیدار مستحکم۔ مضبوط ۹۔ پورے وزن کا ۱۰۔ پوری قیمت کا ۱۱۔ دلیر شوخ دیدہ ۱۲۔ چونے کا بنا ہوا۔ گچ کیا ہوا ۱۳۔ اسٹامپ لگا چھا ۱۴۔ نہ اڑنے والا۔ ہلکا نہ ہونے والا۔ دیر تک رہنے والا (رنگ) ۱۵۔ کنکر پتھر سے بنا ہوا ۱۶۔ وفادار۔ گہرا۔ بےحد ۱۷۔ مستند۔ بھروسے کے لائق۔ معتبر ۱۸۔ درست۔ ٹھیک صحیح دکھنے، **پکا آدمی** (مذکر) اپنی بات پر قائم رہنے والا شخص۔ وہ شخص جو وعدہ کر کے نہ پھرے۔ **پکا ارادہ** (مذکر) مستقل ارادہ۔ مصمم ارادہ۔ کسی کام کے کرنے کا مضبوط ارادہ۔ **پکا بال** (مذکر) سفید بال **پکا بدمعاش** (مذکر) پرانا تجربہ کار بدچلن آدمی **پکا بھوت** (صفت) بڑے غصے والا۔ غصیلا۔ سڑی۔ **پکا پان** (مذکر) بہت ضعیف۔ سن رسیدہ۔ **پکاپن** (مذکر) ۱۔ مضبوطی۔ پختگی ۲۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ **پکا پکایا** (صفت) بالکل تیار۔ ٹھیک **پکا پکوان** (مذکر) اچھی طرح پکا ہوا کھانا ۲۔ زیادہ عمر۔ طفلی سے نکلا ہوا۔ **پکا بوڑھا** (صفت) عو ۱۔ مضبوط۔ مستقل ۲۔ طے شدہ۔ **پکا پھوڑا** (مذکر) ۱۔ مواد بھرا ہوا پھوڑا ۲۔ (صفت) آزردہ۔ غمگین۔ ستم رسیدہ۔ **پکا پھوڑا پھوٹنا** (لازم) ستم رسیدہ آدمی کا اپنا حال بیان کرنا یا رو پڑنا۔ **پکا پھوڑا ہو رہا ہے**۔ سخت بھرا بیٹھا ہے۔ سخت غمزدہ ہے چھیڑنے کی دیر ہے۔ سب حال کہہ دے گا۔ **پکا پیسا** (صفت) ۱۔ نہایت ہوشیار۔ تجربہ کار۔ جہاندیدہ ۲۔ مکار۔ چالاک **پکا جن** (مذکر) دیکھو بڑھا جن۔ **پکا چٹھا** (مذکر) سالانہ حساب کا مکمل کاغذ۔ **پکا حساب** (مذکر) ۱۔ مکمل حساب ۲۔ پڑتال کیا ہوا حساب۔ **پکا دعوے** (مذکر) ۱۔ مضبوط مقدمہ ۲۔ مکمل حق۔ قانونی حق۔ **پکا رنگ** (مذکر) دیر پا رنگ۔ نہ اڑنے والا رنگ۔ **پکا سیر** (مذکر) ایک وزن جو معمولی سیر سے زیادہ اور تقریباً سو تولے کے برابر ہوتا ہے۔ **پکا شیطان** (صفت۔

سخت شریر۔ شرارتی۔ فتنہ انگیز۔ متفنی۔ **پکا قول** (مذکر) مضبوط۔ وعدہ۔ قرار۔ واثق۔ **پکا کاغذ** (مذکر) اسٹامپ لگا ہوا۔ **پکا کرنا** (متعدی) ۱ مستحکم کرنا۔ مضبوط کرنا ۲ پکا بنانا ۳ بہت مضبوط کرنا ۴ کسی کام کے لئے تیار یا مضبوط کرنا ۵ چالاک کرنا۔ ہوشیار کرنا ۶ بل دے کر مضبوط کرنا۔ اینٹھنا ۷ سبق کو خوب یاد کرنا ذہن نشین کرنا ۸ آخری مضبوط سلائی کرنا ۹ (دل) حوصلہ کرنا۔ دلیری کرنا۔ **پکا کھانا** (متعدی) تیار شدہ چیز پر قبضہ کرنا۔ جب کوئی معاملہ تیار ہو تو اس میں شامل ہو جانا۔ **پکا گانا** (متعدی) وہ گانا جس میں فن موسیقی کا کمال دکھایا جائے۔ اعلیٰ قسم کا گانا۔ **پکا مکان** (مذکر) چونے گچ سے بنا ہوا پکی اینٹوں کا مکان۔ **پکا وعدہ** (مذکر) سچا وعدہ۔ **پکا ہاتھ ڈالنا** (متعدی) ۱ مضبوط پکڑنا۔ زور سے پکڑنا ۲ پوری توجہ سے کام کرنا۔ **پکا ہونا** (لازم) معاملے کا طے ہو جانا۔ کام مضبوط ہو جانا۔ **پکی** (صفت۔ مونث) ۱ پکا کی ۲ کایستھوں میں پوری کچوری مٹھائی وغیرہ کی دعوت۔ **پکے** (صفت) ۱ پکا کی جمع ۲ بجائے پکا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پکی اینٹ** (مونث) وہ اینٹ جو پزاوے میں پکائی گئی ہو۔ **پکی بات** (مونث) ۱ یقینی بات ۲ طے شدہ امر ۳ ہوشیاری یا تجربے کی بات۔ **پکی بولی** (مونث) شہر والوں کی بولی۔ **پکی پکانا** (متعدی) ۱ مضبوط بنانا ۲ مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا ۳ قوت دینا۔ تقویت دینا ۴ معاملہ طے کرنا حق ثابت کرنا ۵ تحریر لینا۔ اقرار نامہ لکھا لینا ۶ مضبوط وعدہ کر لینا۔ تسلی کر لینا۔ اطمینان کر لینا۔ **پکی پکائی** (صفت) پکی ہوئی۔ تیار۔ **پکی پکائی کھانا** (متعدی) بغیر محنت و مشقت کے حاصل کر لینا۔ **پکی پیسی** (صفت) ہوشیار۔ تجربہ کار۔ **پکی تول** (مونث) صحیح وزن۔ وہ تول جس میں کمی بیشی نہ ہو۔ **پکی چھتیسی** (صفت) سیانی عقلمند۔ **پکی دیوار** (مونث) پختہ اینٹ اور چونے سے بنی ہوئی دیوار۔ **پکی زبان** (مونث) شہر والوں کی زبان۔ **پکی سلائی** (مونث) مضبوط سلائی۔ **پکی عمر** (مونث) جوان عمر۔ **پکی کر لینا** (متعدی) کسی بات کا پختہ کر لینا۔ سوچ سمجھ لینا۔ اطمینان کر لینا۔ **پکی کوٹھی** (مونث) چونے گچ کا مکان۔ **پکی کھیتی** (مونث) ۱ تیار فصل ۲ کوئی معاملہ جو بالکل تکمیل کے قریب ہو۔ **پکی ہونا** (لازم) ۱ معاملہ یقینی ہونا ۲ بات طے ہو جانا ۳ (بات) نسبت پختہ ہونا۔

امثال واقوال۔ پکا پان (پکوان) **کھانسی نہ زکام**۔ کچے پان یا خراب پکی ہوئی چیزوں سے بیمار ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ مذاقاً اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی بڑی عمر کی عورت کے ساتھ تعلق پیدا کرے۔ یا زیادہ عمر کے معشوق پر عاشق ہو۔ کیونکہ اس میں رقابت کا اندیشہ کم ہوتا ہے۔ **پکا پھوڑا تھا جو ٹھیس لگتے ہی پھوٹ پڑا۔ پکا پھوڑا ٹھیس لگی اور پھوٹا**۔ پوچھتے ہی ستم رسیدہ آدمی نے اپنا حال بیان کر دیا۔ **پکا ہونا چاہے تو پکے کے سنگ کھیل۔ کچی سرسوں پیل کے کھری (کھلی) ہوئے نہ تیل** (مہ) اگر تم عقلمند اور ہوشیار بننا چاہتے ہو تو تجربہ کار اور عقلمند آدمیوں کی صحبت میں بیٹھو۔ کچی سرسوں پیلنے سے نہ کھلی ہوتی ہے نہ تیل۔ **پکے آم کے ٹپکنے کا ڈر ہے**۔ سن رسیدہ آدمی کے مرنے کا خطرہ رہتا ہے۔ بوڑھے آدمی کی زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ **پکی بیری کا بیر کھانے والا ہے**۔ نہایت سست اور کم ہمت شخص ہے **پکی پھلی نہیں پھوڑتا ہے**۔ بہت سست ہے کچھ کام نہیں کرتا۔ **پکے گولر کوے کو نیند کیسے آئے**۔ چیز سامنے ہو تو لالچی آدمی کیسے ضبط کرے

پکار (ہ۔ امر) ۱ پکارنا سے ۲ (مونث) آواز۔ صدا۔ بانگ ۳ غل۔ شور ۴ شہرہ ۵ غوغا۔ فریاد دہائی ۶ جستجو۔ تلاش۔ مانگ ۷ منادی۔ اعلان ۸ فریقین مقدمہ یا گواہان مقدمہ کو عدالت کے چپڑاسی کا آواز دے کر بلانا (س۔ پھٹکار۔ چیخنا) **پکارا** (ماضی) ۱ پکارنا کی ۲ (مہ) پکار۔ **پکار اٹھنا** (لازم) ۱ صدا دینا۔ چونک اٹھنا ۲ صدا بلند ہونا۔ **پکار پڑنا** (لازم) ۱ شہرت ہونا۔ دھوم ہونا ۲ تلاش ہونا۔ جستجو ہونا۔ **پکار پکار کر کہنا** (متعدی) زور سے کہنا۔ اونچی آواز سے کہنا۔ **پکار دینا** (متعدی) ۱ بلا دینا ۲ آواز دینا ۳ جتا دینا۔ آگاہ کر دینا ۴ مشہور کر دینا ۵ چلانا۔ بلند آواز سے کہہ دینا۔ **پکار کرنا** (متعدی) ۱ غل کرنا۔ شور کرنا ۲ فریاد کرنا۔ شکایت کرنا۔ **پکار کے** (تف) ۱ کھلم کھلا۔ علانیہ۔ ڈنکے کی چوٹ ۲ اونچی آواز سے۔ زور سے بول کر۔ **پکار کے کہنا** (متعدی) ۱ زور سے کہنا ۲ علی الاعلان کہنا۔ کھلم کھلا کہنا۔ **پکار لگانا** (متعدی) بیچنے والے کا آواز دینا۔ **پکارن** (ہ۔ مونث) پکارنا۔ بلانا۔ **پکارنا** (متعدی) ۱ بلانا۔ ہانک دینا ۲ چلانا۔ غل مچانا۔ شور کرنا ۳ خبر کرنا۔ آواز دینا ۴ بلند آواز سے کہنا۔ چلا کر کہنا ۵ رٹنا یاد کرنا ۶ فریاد کرنا۔ شکایت کرنا ۷ بیچنے کی آواز لگانا ۸ فقیر کا صدا دینا ۹ عدالت کے چپڑاسی کا فریقین مقدمہ کو بلانا ۱۰ خدا سے مدد مانگنا۔ کسی دیوی دیوتا سے مدد چاہنا ۱۱ مشہور کرنا شہرت دینا ۱۲ حاضری لگانا۔ نام بلانا۔ **پکار ہونا** (لازم) غل ہونا۔ مشہور ہونا۔

پکتشول (س۔ مذکر) پیٹ کا درد درد شکم۔ قولنج

پکٹ (انگ۔ مذکر) پہرہ۔ گارد

پکٹنگ (مذکر) پہرہ یا گارد لگانا۔

پکچر (انگ۔ مونث) تصویر۔ سینما۔

پکرک ایسڈ (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا تیزاب جو بموں میں استعمال ہوتا ہے۔

پکروانا (ہ۔ مم) پکارنا کا۔ آواز دلانا۔

پکڑ (ہ۔ امر) ۱ پکڑنا کا ۲ (مونث) بات کی گرفت ۳ مواخذہ۔ بازپرس ۴ اعتراض۔ نکتہ چینی ۵ حراست۔ گرفتاری ۶ طلبی۔ سمن ۷ بحث مباحثہ ۸ حجت۔ تکرار ۹ کسی چیز کو مضبوطی سے پکڑنا۔ گرفت ۱۰ پہلوانوں کی کشتی ۱۱ وہ جگہ جہاں سے پکڑتے ہیں ۱۲ فائدہ نفع ۱۳ مشکل۔ دقت۔ دشواری ۱۴ دستہ۔ قبضہ (س پرکرش۔ کھینچنا) **پکڑا** (ماضی) ۱ پکڑنا کی ۲ (امر) پکڑانا کا **پکڑا دینا**۔ **پکڑانا** (متعدی) ۱ گرفتار کرانا ۲ ہاتھ میں دینا۔ مٹھی میں دینا ۳ حوالے کرنا۔ سپرد کرنا۔ **پکڑ بلانا** (متعدی) ۱ گرفتار کرا منگانا ۲ زبردستی بلانا۔ **پکڑ بندی** (مونث) ۱ اعتراض۔ نکتہ چینی۔ گرفت ۲ ثبوت۔ شہادت گواہی۔ **پکڑ پکڑنا** (لازم) ۱ کسی امر پر اڑ جانا ۲ گرفت کرنا۔ **پکڑ دھکڑ** (مونث) ۱ گرفتاری۔ دار و گیر ۲ بیگار میں پکڑنا۔ **پکڑ رکھنا** (متعدی) روک رکھنا۔ جانے نہ دینا۔ **پکڑ کرنا** (متعدی) لڑنا (لازم) کشتی کرنا۔ **پکڑ لانا** (متعدی) ۱ گرفتار کر لانا۔ باہر لے آنا ۲ حریف کو داؤ میں لانا۔ قابو میں لانا۔ دبا لینا۔ **پکڑ لینا یا پکڑنا** (متعدی) ۱ تھامنا۔ مٹھی میں لینا ۲ گرفتار کرنا۔ حراست میں لینا ۳ اعتراض کرنا۔ گرفت کرنا۔ نکتہ چینی کرنا ۴ سبق یا دوڑ میں برابر پہنچنا ۵ روکنا۔ ٹھیرانا ۶ دبانا ۷ کھوج لگانا۔ معلوم کرنا۔ پانا ۸ حاصل کرنا۔ اختیار کرنا ۹ زور سے ہونا ۱۰ سہارا دینا ۱۱ غلبہ کرنا۔ قابو پانا ۱۲ نکالنا۔ گزارنا ۱۳ (کان) توبہ کرنا ۱۴ (راستہ) جانا۔ **پکڑوا دینا**

پکڑوانا (م) پکڑنا کا۔ **پکڑ لے دینا** (متعدی) گرفتار کر کے لادینا۔ پکڑ کر لادینا۔

پَکَسنا (ہ۔ لازم) ۱ میوے کا پال میں پختہ ہونا ۲ سڑ جانا۔ خراب ہو جانا۔

پَکش (س۔ مذکر) ۱ پر۔ پنکھ۔ بازو ۲ مچھلی کا پر ۳ پہلو طرف ۴ چوکی۔ دستہ۔ فوج ۵ مدد۔ حفاظت ۶ جواب دعوے ۷ رائے۔ بحث۔ حالت ۸ استغاثہ۔ دعوے ۹ جواب ۱۰ تصدیق۔ بچاؤ۔ تائید ۱۱ طرفداری جانب داری ۱۲ دو میں سے ایک عوض۔ پلٹا ۱۳ قمری مہینے کا نصف ۱۴ نصف۔ آدھا ۱۵ جماعت۔ گروہ۔ جتھا۔ دھڑہ ۱۶ طرفدار۔ حمایتی۔ امدادی۔ مددگار **پکشالِکا** (مونث) سکند کی ایک ماتری۔ **پکش دھر** (مذکر) ۱ جانب دار۔ طرفدار ۲ دوست۔ یار ۳ ایک مصنف۔ **پکش کرنا** (متعدی) ۱ جانبداری کرنا۔ طرفداری کرنا ۲ حمایت کرنا۔ مدد کرنا۔ طرفداری کرنا **پکشی** (صفت) ۱ پردار ۲ جانبدار۔ طرفدار ۳ مددگار حامی ۴ (مذکر) پرندہ ۵ تیر **پکشیشوا** (مذکر) ایک مصنف۔

پَکلا (ھ۔ مذکر) ایک پھوڑا۔ جو پاؤں کی انگلیوں کے درمیان نمی کی وجہ سے ہوتا ہے

پَکلی (ھ۔ مونث) جال جس میں چارہ باندھتے ہیں

پِکنِک (انگ۔ مونث) ایک قسم کی سیر۔ چند دوست اپنا اپنا کھانا لے کر باہر چلے جاتے ہیں اور ایک کھلی جگہ بیٹھ کر کھاتے اور کھیلتے ہیں۔

پَکوڑا (ہ۔ مذکر) ۱ بیسن کی گھی یا تیل میں تلی ہوئی بڑی پھلکی ۲ کوئی چیز جو گول اور پھولی ہوئی ہو۔ **پکوڑا سی ناک** (مونث) موٹی ناک۔ **پکوڑی** (مونث) بیسن کی تلی ہوئی چھوٹی پھلکی۔ **پکوڑے** (مذکر) ۱ پکوڑا کی جمع ۲ بجائے پکوڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پکوڑیاں یا پکوڑے تلنا** (متعدی) بیسن کی پھلکیاں گھی میں بنانا۔

پَکوہ (ھ۔ صفت) ۱ اپکا ۲ ہضم شدہ بھسم ۳ سڑنے کے قریب۔ تلف ہونے کے قریب۔

پکھاٹا (ھ۔ مذکر) ۱ کمان کی نوک یا کونا ۲ پرندے کے پر کی جڑ۔

پکھارنا (ھ۔ متعدی) دیکھو پکھالنا

پکھال (ھ۔ مذکر) ۱ کیچڑ۔ دلدل ۲ مٹی ۳ کوڑا کرکٹ۔ خار و خس۔ خس و خاشاک۔ ملبہ ۴ پیچش۔ مروڑا۔

پکھال (ہ۔ مونث) **پکھالا** (مذکر) ۱ بڑی مشک ۲ بڑا پیٹ (س۔ پَیَس۔ پانی۔ کھل۔ چمڑا) **پکھال پیٹا۔ پیٹو یا پیٹیا** (صفت) بڑے پیٹ والا۔ بہت کھانے والا۔ **پکھالی** (مذکر) وہ جو پکھال میں پانی لے جائے۔

مثل۔ پکھال کا لادنا اور ڈاک چلانا ایک سا بہشتی کا اور ڈاک لیجانے کا کام دونوں جلدی ہونے چاہئیں۔

پَکھالنا (ھ۔ متعدی) دھونا۔ کھنگالنا۔ پانی ڈال کر صاف کرنا۔

پَکھان۔ پکھانا (ھ۔ متعدی) پتھر۔ پاشان۔

پکھاوَج (ہ۔ مونث) ایک قسم کی ڈھولک۔ طبلہ۔ **پکھاوجی** (مذکر) پکھاوج بجانے والا۔

پُکھراج (ہ۔ مذکر) زبرجد۔ زرد رنگ کا قیمتی پتھر (س۔ پُشپی بہترین۔ راج۔ راجہ)

پَکھروٹا (ھ۔ مذکر) ۱ چاندی یا سونے کا ورق جو پان کے بیڑے پر لپیٹا جاتا ہے ۲ بیڑا جس پر چاندی یا سونے کا ورق لپٹا ہوا ہو۔

پَکھری۔ پَکھڑی (ھ۔ مونث) ۱ پھول کی پتی پنکھڑی ۲ شانے کی ہڈی۔

پَکھُوا (ھ۔ مذکر) ۱ پہلو۔ طرف شانہ۔ پکش ۲ گود ۳ بازو ۴ مکان کا کونا۔ کنیٹا۔

پَکھَوٹا۔ پکھوٹا (ھ۔ مذکر) ۱ پرندے کے پر کی جڑ ۲ پر۔ مچھلی کا پر ۳ پہلو۔ طرف شانہ۔

پَکھوڑا (ھ۔ مذکر) شانے کی ہڈی۔

پکھیرو (ہ۔ مذکر) **پکھیڑو** (ھ) پرندہ۔ طائر۔

پکھیس (ھ۔ مذکر) نشان۔ مہر۔

پَگّی (ھ۔ مونث) بانہ کوئل۔

پَگ (س۔ مذکر) ۱ پاؤں۔ پیر ۲ قدم ۳ (پ) پگڑی۔ **پگ اٹھانا** (متعدی) کسی کام کو چھوڑ دینا۔ **پگ پگ پر** (تف) قدم قدم پر **پگ تلی** (مونث) پاؤں کا نیچے کا حصہ۔ **پگ دھارنا** (متعدی) ۱ چلنا۔ روانہ ہونا ۲ سفر کرنا۔ **پگ ڈنڈ** (مذکر) لڑکوں میں برابر کی تقسیم یا بانٹ۔ **پگ ڈنڈی** (مونث) تنگ راستہ۔ پیدلوں کے چلنے کا راستہ۔ **پگ ڈنڈی لینا** (متعدی) پگڈنڈی کے راستے روانہ ہونا۔ چلنا۔ گزرنا۔

امثال۔ پگ بن کٹے نہ پنتھ بغیر محنت کے کوئی کام نہیں ہوتا۔ **پگ پوتر تیرتھ گون کر پوتر کچھ دان مکھ پوتر جب ہوت ہے بھج لے سری بھگوان۔** پاؤں جاترا سے پوتر ہوتے ہیں۔ ہاتھ دان سے اور منہ رام کا نام جپنے سے۔

پگا (ہ۔ مذکر) وہ رسی جو جانوروں کے پاؤں میں ڈالی جاتی ہے۔ پچھاڑی۔ پگہا۔

پگار (ھ۔ مذکر) ۱ مکان بنانے کے لئے گیلی مٹی۔ گارا ۲ کھیت کے گرد باڑھ ۳ نالی ۴ بندھ

پگاہ (ف۔ مونث) صبح۔ سحر۔ تڑکا

پگرانا (ہ۔ متعدی) دیکھو پاگرانا

پگڑ (ہ۔ مذکر) بہت بھاری پگڑی۔

پگڑی (ہ۔ مونث) سر سے باندھنے کا دوپٹہ۔ عمامہ۔ دستار ۲ عزت۔ آبرو ۳ نفر۔ متنفس ۴ ایک قسم کا مخصول (س پریکر۔ گھیرنا) **پگڑی اتارنا** (متعدی) ۱ بے عزت کرنا ۲ آبرو لینا ۳ ٹھگنا۔ لوٹنا ۴ قیمت زیادہ لینا ۵ دغا سے کوئی چیز لینا۔ **پگڑی اتر جانا یا اترنا** (لازم) بے عزت ہونا۔ بے آبرو ہونا۔ **پگڑی اٹکانا**۔ (متعدی) ۱ کسی سے برابری کا دعوے کرنا ۲ جھگڑا کرنا۔ **پگڑی اٹکنا** (لازم) ۱ مقابلہ ہونا۔ جھگڑا ہونا ۲ ہمسری ہونا۔ **پگڑی اچھالنا** (متعدی) عزت بگاڑنا۔ بے عزتی کرنا۔ ذلیل کرنا۔ **پگڑی اچھلنا** (لازم) ۱ ہنسی کرکری ہونا ۲ رسوائی ہونا۔ ذلت ہونا۔ **پگڑی الجھنا** (لازم) پگڑی اٹکنا۔ **پگڑی باندھنا** (متعدی) ۱ دستار سر پہ لپیٹنا ۲ دستار بندی کرنا ۳ قائم مقام بنانا۔ خلیفہ کرنا ۴ استاد بنا دینا۔ تخت نشین کرنا۔ گدی پر بٹھانا ۵ کسی شخص کے مرنے کے بعد اس کے لڑکے کے سر پر دستار قائم مقامی رکھنا ۶ موتیی کے چوروں میں یہ رسم ہے۔ کہ جب لڑکا پہلی چوری کرے تو اس کو دستار باندھتے ہیں ۷ (لازم) قائم مقام ہونا۔ قائم

ہونا۔ **پگڑی بندھنا** (لازم) ۱۔ ایک رسم مسلمانوں میں فاتحہ کے تیسرے دن اور ہندوؤں میں وفات کے تیرھویں روز مرے کے بیٹے کو پگڑی باندھتے ہیں ۲۔ سرداری یا وراثت کی دستار سر پر رکھی جانا۔ پنچوں یا سرکار کی طرف سے وارث بنایا جانا ۳۔ خلعت ملنا۔ استاد کی جگہ ملنا۔ استاد مانا جانا ۴۔ عزت ملنا۔ توقیر ملنا۔ آبرو ہونا۔ **پگڑی بھیتر رکھ** (ف) عزت بچی۔ آبرو بچا۔ **پگڑی پھیر کر رکھنا** (متعدی) ۱۔ بات سے پھر جانا۔ قول سے منحرف ہو جانا ۲۔ تمکین یا غرور سے پگڑی ترچھی رکھنا ۳۔ فساد کے لئے تیار رہنا۔ **پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامنا** (متعدی) عزت بچانا۔ مشکل سے آبرو بچانا۔ **پگڑی جھپٹنا** (م) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ ٹھگنا۔ دغا دینا۔ بے وفائی کرنا۔ **پگڑی رکھنا** (متعدی) ۱۔ دستار سر پر لپیٹنا۔ بندھی ہوئی پگڑی سر پر رکھنا ۲۔ عزت بنائے رکھنا ۳۔ پگڑی کو گرو رکھنا ۴۔ خوشامد کرنا۔ **پگڑی سنبھالنا** (متعدی) عزت بچانا۔ **پگڑی کی شرم رکھنا** (متعدی) آبرو رکھنا۔ **پگڑی والا** (مذکر) حکیم۔ طبیب۔ بید۔ انکا نام صبح صبح لینا منحوس سمجھا جاتا ہے اس لئے عورتیں اس نام سے بلاتی ہیں ۲۔ خاوند کو بھی کہتی ہیں۔

امثال و اقوال۔ پگڑی دونوں ہاتھوں سے تھامی جاتی ہے۔ عزت بچانے کے لئے بڑی کوشش کرنی پڑتی ہے۔ **پگڑی رکھ اور گھی چکھ (کھا)** ۱۔ ایمان داری میں بڑا فائدہ ہوتا ہے ۲۔ اگر آدمی اپنی عزت قائم رکھے تو اس سے بڑھ کر کوئی بھی چیز نہیں ۳۔ جھوٹوں کا قول۔ پگڑی گروی رکھ اور حلوہ اڑا۔ **پگڑی کی عزت خدا کے ہاتھ ہے۔** عزت خدا ہی رکھے تو رہتی ہے۔ **پگڑی میں پھول رکھا گیا** بدنام ہو گیا۔ عیب لگ گیا۔

پگلا (ہ۔ صفت) ۱۔ پاگل کی تصغیر دیوانہ ۲۔ احمق۔ بیوقوف۔

پگلاٹ (ہ۔ مونث) پگھلنا۔ سیال ہونا۔ پگھلاؤ۔

پگلانا (ہ۔ متعدی) دیکھو پگھلانا۔

پگلنا (لازم) دیکھو پگھلنا۔

پگنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ قوام کیا جانا۔ قوام ہونا ۲۔ قوام میں ملایا جانا ۳۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ مفتون ہونا۔

پگھا (ہ۔ مذکر) دیکھو پگہا۔

پگھال (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک قسم کا سخت لوہا یا فولاد ۲۔ دھات۔

پگھالنا (ہ۔ متعدی) پگھلانا۔

پگھایا (ہ۔ مذکر) کپڑے لوہے وغیرہ کا سوداگر۔

پگھل (ہ۔ امر) پگھلنا کا (پڑ گلے۔ مرجھا جانا) **پگھلا** (امر) ۱۔ پگھلانا کا ۲۔ (ماضی) پگھلنا کی۔ **پگھلا لینا۔ پگھلانا** (متعدی) ۱۔ گلانا۔ سیال کرنا ۲۔ پتلا کرنا۔ ملائم کرنا۔ نرم کرنا ۳۔ راضی کرنا۔ رحم دلانا۔ **پگھلاؤ** (مذکر) پگھلنا۔ سیال ہونا۔ **پگھلوانا** (لازم) پگھلنا کا۔

پگھیا (ہ۔ مذکر) کپڑے لوہے وغیرہ سوداگر۔

پگیا (ہ۔ مونث) پگڑی کی تصغیر۔

پل (ہ۔ مذکر) ۱۔ وقت کا ایک پیمانہ ۲۴ لمحے کا زمانہ ۲۔ ایک لمحہ۔ آن۔ دم۔ (س پل)۔ **پل بھر میں** (تف) ایک دم میں۔ ایک لمحے میں۔ فوراً۔ **پل پل (میں)** ہر لمحہ۔ ہر وقت۔ ہر آن۔ **پل کٹنا** (لازم) وقت گزرنا یا صرف ہونا۔

امثال و اقوال۔ پل بھر کی آس نہیں کہی کل کی بات۔ زندگی کا ایک پل کا بھروسہ نہیں کل تک خدا جانے کیا ہوگا۔ جب کوئی کسی بات کو فوراً چاہے اور دوسرا کل کا وعدہ کرے تو کہتے ہیں۔ **پل پکھوارہ گھڑی مہینہ جو گھڑتے کا سال۔ جس کو لالہ کل کہیں اس کا کیا احوال** (ہ) جب لالہ کل کہے تو اس کا کیا مطلب سمجھیں۔ مہینہ۔ دو ہفتے یا سال۔ مطلب یہ ہے کہ جو شخص بہانہ کرکے ٹال دے اس کا کوئی اعتبار نہیں۔

پل (ہ۔ مونث) ۱۔ پپوٹا۔ پردہ چشم ۲۔ دم۔ لحظہ۔ آن ۳۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ (پلک کا مخفف)۔ **پل کی پل** (تف) تھوڑی دیر۔ پل (کے۔ پل) مارتے۔ **پل مارنے میں** (تف) لحظے میں۔ جلدی۔ فوراً۔ **پل مارنا** (متعدی) پپوٹا ہلانا۔ آنکھ جھپکنا۔ **پلوٹ** (ہ) ایک لمحے کے لئے۔

پل (ہ۔ امر) پلنا کا (س۔ پال۔ حفاظت کرنا) **پلا** (ماضی) پلنا کی۔ **پلا پلایا** (صفت) اچھی طرح پرورش کیا ہوا۔ موٹا تازہ۔ **پل پس (پلا) کر** (تف) پرورش ہو کر۔ پل جانا۔ **پلنا** (لازم) ۱۔ پرورش پانا ۲۔ گرمی پاکر نرم ہونا۔ **پلنا** (مذکر) گہوارہ۔ پالنا۔ **پلوانا** (لازم) پرورش کرانا۔

پل (س۔ مذکر) ۱۔ دیکھو پل (مذکر) ۲۔ ایک وزن جو چار کرش کے برابر ہوتا ہے۔ اور تولے کا سولھواں حصہ ہوتا ہے ۳۔ گوشت ۴۔ بھالی۔ پرالی ۵۔ بھوسہ۔ پلاؤ۔ **پلاشی** (مذکر) گوشت خوار شخص۔ راکشس۔ چڑیل۔ ڈائن۔ **پلاگنی** (مذکر) صفرا۔ پت۔

پل (ہ۔ امر) پلنا کا۔ **پلا** (ماضی) پلنا کی۔ **پلا آنا** (لازم) چلا آنا۔ گھسا پڑنا۔ **پل پڑنا۔ یا جانا۔ پلنا** (لازم) ۱۔ فساد پر آمادہ ہونا۔ لڑنے کے لئے تیار رہنا ۲۔ دھکا دینا۔ حملہ کرنا۔ ٹکر لگانا ۳۔ کسی ڈر کی جگہ دلیری سے چلا جانا ۴۔ تیل نکلنا۔ کولھو میں پسنا۔ کچلا جانا ۵۔ نہایت محنت یا کوشش کرنا۔ **پل پل کے آنا** (لازم) رہ رہ کر حملہ کرنا۔

پل (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک عمارت جو دریا پر بنائی جاتی ہے اور اسپر سے راستہ گزرتا ہے بعض دفعہ کشتیاں ساتھ ساتھ جوڑ کر اوپر رستہ بنا دیتے ہیں ۲۔ طاقچہ جس کے اوپر یا نیچے سے راستہ ہو۔ **پل باندھنا** (متعدی) ۱۔ دریا پر عمارت و رستہ بنانا۔ کشتیوں کے پل کی طرف اشارہ ہے ۲۔ مبالغہ کرنا ۳۔ کسی چیز کی کثرت کرنا۔ ڈھیر لگا دینا ۴۔ متواتر کوئی کام کرنا ۵۔ (جھوٹ کے) بہت جھوٹ بولنا۔ **پل بندھ جانا یا بندھنا** (لازم) پل باندھنا کا۔ **پل بندی** (مونث) ۱۔ پل بنانا ۲۔ پل کی مرمت۔ پل پر سے گذرنے کا محصول ۳۔ لفظ بازی۔ افلام (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **پل ٹوٹنا** (لازم) ۱۔ پل کا گر جانا۔ کشتیوں کے پل کے رسے ٹوٹ جانا ۲۔ کثرت ہونا۔ افراط ہونا ۳۔ ڈھیر ہونا۔ **پل صراط** (مذکر) مسلمانوں کے اعتقاد میں دوزخ کے اوپر ایک پل جس پر سے نیک بد سب گزریں گے۔ نیک تو آسانی سے گزر کر بہشت میں چلے جائیں گے اور بد کٹ کر دوزخ میں گریں گے کیونکہ یہ پل بال سے باریک اور تلوار کی طرح تیز ہوگا۔ نیک آدمیوں کے لئے چوڑا ہو جائے گا۔

امثال و اقوال۔ پل باندھ جائے۔ بہو کجری کھیلے۔ بہو کھیلے اور ساس بچائی کام کرے۔ **پل و مسجد و چاہ و مہمان سرائے** ایسی چیزیں جن سے سب کو فائدہ ہو۔ صدقہ جاریہ۔

پل (س۔ مذکر) ۱۔ رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا۔ بے صلابت کی نشانی ہے ۲۔ (ہ) ہر کا بگڑا ہوا چمڑے کا بڑا ڈول۔

پلا (ہ۔ مذکر) لوہے کا کھڑی ڈنڈی کا

چمچا جس سے ظروف سے تیل یا گھی نکالتے ہیں۔ **پَلی** (مونث) لوہے کا ایسا چھوٹا چمچا۔ **پلی پلی جوڑنا** (متعدی) تھوڑا تھوڑا کر کے اکٹھا کرنا۔

پَلا (ہ۔ ماضی) پلنا کا ۲ (صفت) پرورش کیا ہوا۔ موٹا تازہ۔

پَلّا (ہ۔ مذکر) ۱ چادر۔ دوپٹے وغیرہ کا آنچل ۲ کپڑے کا کنارہ۔ کھونٹ ۳ فاصلہ۔ وسعت مسافت۔ بعد ۴ بندوق یا تیر کی مار ۵ ایک پیمانہ تین من کا ایک وزن ۶ بوری۔ تھیلا ۷ بوجھ جو پیٹھ یا سر پر اٹھایا جائے ۸ مدد۔ اعانت۔ حمایت ۹ ترازو کا پلڑا ۱۰ کواڑ کا ایک پٹ ۱۱ قینچی کا ایک پھل ۱۲ دامن تیر کمان کا ایک بازو ۱۳ توڑ۔ لپک ۱۴ عورت کی شرمگاہ کا کنارہ ۱۵ چادر۔ ۱۶ بند (س پلّو۔ کپڑے کا ٹکڑا) **پلّا باندھنا** (متعدی) ۱ ۱۶ بند باندھنا ۲ دشمن کے مقابلے کے لئے تیار ہو جانا۔ **پلّا بھاری ہونا** (لازم) ۱ وزن دار ہونا بوجھل ہونا۔ وزنی ہونا ۲ ایک طرف بھاری ہونا ۳ قابل ترجیح ہونا ۴ گنا ہگار رہونا ۵ بکثرت حمایتی یا مددگار ہونا ۶ اولاد کثرت سے ہونا۔ کنبہ زیادہ ہونا۔ مرتبہ زیادہ ہونا ۷ تعلقات دنیاوی میں مبتلا ہونا ۸ بہت فاصلہ ہونا۔ **پلّا پاک ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ فیصلہ ہونا۔ خلاصی ہونا۔ معاملہ طے ہونا ۲ قرضہ ادا ہونا۔ **پلّا پکڑ لینا یا پکڑنا** (متعدی) دامن پکڑ لینا۔ آسرا لینا۔ **پلّا جھکنا** (لازم) ۱ غلبہ ہونا۔ زور ہونا ۲ وزنی ہونا۔ بھاری ہونا۔ **پلّا چھوڑانا** (متعدی) ۱ رہائی حاصل کرنا۔ پیچھا چھوڑانا ۲ طلاق حاصل کرنا ۳ عورت کو رونے سے باز رکھنا۔ **پلّا چھوڑنا** (متعدی) پیچھا چھوڑنا علیحدہ ہو جانا۔ **پلّا کرنا** (متعدی) ۱ دور جانا۔ فاصلہ طے کرنا ۲ تعاقب کرنا ۳ دامن پکڑنا۔ سہارا لینا ۴ منہ ڈھانک کے رونا۔ میت پر رونا ۵ گھونگھٹ نکالنا۔ **پلّا لینا** (متعدی) ۱ ماتم پرسی کرنا ۲ میت کو رونا۔ ماتم کرنا۔ **پلّا منہ پر رکھ کے رونا** (متعدی) سخت رونا۔ عورتوں کا آنچل منہ پر رکھ کر رونا۔ **پَلّے** (مذکر) ۱ پلّا کی جمع دیکھو پلّا ۲ بجائے پلّا حروف مغیرہ سے پہلے ۳ (تف) قبضے میں۔ پاس۔ گرہ میں۔ **پلّے باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ آنچل میں بندھنا ۲ عقد میں آنا ۳ بیاہ ہونا۔ شادی ہونا ۴ بات یاد ہونا۔ بات پر عمل ہونا ۵ فسے پڑنا۔ سر پڑنا۔ گلے مڑھ جانا ۶ قبضے میں ہونا۔ لیا جانا۔ **پلّے پار ہونا** (لازم) ایک طرف سے دوسری طرف نکل جانا۔ **پلّے پر** (تف) پہلو کے پاس طرفدار ۲ دور۔ فاصلے پر۔ **پلّے پر آنا** (لازم) زد پر آنا ۲ حمایتی بننا۔ طرفدار ہونا۔ مددگار ہونا۔ **پلّے پر رہنا** (لازم) طرفدار ہونا۔ **پلّے پر ہونا** (لازم) ۱ فاصلے پر ہونا ۲ ترازو کے پلے پر ہونا تاکہ وزن بھاری ہو ۳ حمایت کرنا۔ مدد کرنا۔ طرفدار ہونا۔ **پلّے پڑنا** (لازم) ۱ ملنا ہاتھ لگنا۔ وصول ہونا ۲ حصے میں آنا ۳ پالے پڑنا پنجے میں پھنسنا ۴ شادی ہونا۔ بیاہ ہونا۔ **پلّے ٹکا نہ ہونا** (لازم) کچھ پاس نہ ہونا۔ غریب یا مفلس ہونا۔ **پلّے جھاڑ کر کھڑا ہو جانا** (لازم) ۱ سب کچھ صرف کر دینا بانٹ دینا۔ ہار دینا ۲ الگ ہو جانا پیچھا چھڑا لینا۔ **پلّے جھنجی کوڑی نہ ہونا** (لازم) کچھ پاس نہ ہونا مفلس ہونا۔ **پلّے دار** (مذکر) وہ مزدور جو غلے کی بوریاں اٹھاتا ہے۔ **پلّے دار آواز** (مونث) دور تک پہنچنے والی آواز۔ گونجنے والی آواز۔ اونچی آواز۔ **پلّے سرے کا** (صفت) انتہا درجے کا (پرلے کا مخفف ہے) **پلّے سے باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) دیکھو پلّے بندھنا **پلّے کی** (صفت) دور تک مار نے والی (بندوق یا نفل) **پلّے کیچڑ میں پھنسنا** (لازم) بکھیڑوں میں گرفتار ہونا۔ دنیاوی تعلقات میں پھنسنا۔ **پلّے نہیں پڑتا**۔ وصول نہیں ہوتا **پلّے ہونا** (لازم) پاس ہونا۔ قبضے میں ہونا۔

پِلا (ہ۔ امر) پلانا کا۔ **پلا دینا۔ پلانا** (متعدی) پینا کا۔ کوئی سیال چیز نوش کرانا ۲ پانی دینا ۳ جسم کے اندر داخل کرنا۔ جذب کرانا۔ آتار نا ۴ برتن میں سیسہ یا رانگ وڑانا ۵ کسی کو مجبور کرنا۔ یقین کرانا ۶ ضرب لگانا۔ پھینکنا (گیند) ۷ چسانا (بچے کو دودھ) **پلانے والا** (صفت) کوئی چیز نوش کرانے والا ساقی **پلائی** (مونث) ۱ دودھ پلانے والی۔ انا ۲ وہ لڑکی جسے دودھ پلایا جائے ۳ دودھ پلانے کی اجرت۔ **پلایا** (مذکر) وہ لڑکا جسے دودھ پلایا جائے۔

پِلّا (ہ۔ مذکر) ۱ کتے کا بچہ ۲ (تحقیرسے) بچہ (س پِل۔ چُندھا)

پَلاتک (ہ۔ مذکر) ۱ مفرور بھاگا ہوا شخص۔ بھگوڑا ۲ کاشتکار جو زمین چھوڑ کر چلا جائے

پَلاٹن۔ پَلاٹون (انگ۔ مونث) پلٹن۔ فوج کا ایک دستہ ۲ آدمی کمپنی۔

پَلارَک (ف۔ مونث) تلوار خنجر وار۔

پلاس (ف۔ مذکر) موٹا کپڑا۔ ٹاٹ

پَلاس (ہ۔ مذکر) ڈھاک کا درخت (س۔ پلاش) **پلاس پاپڑا** (مذکر) ڈھاک کا بیج جو دوائیوں میں پڑتا ہے۔

مثل۔ پلاس کے تین پات دیکھو ڈھاک کے تین پات۔

پلاس (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا اوزار۔

پلاس (ہ۔ مونث) گھونٹ۔ پانی یا شربت۔

پَلاستر (انگ۔ مذکر) ۱ دیوار پر استر کاری کا چونا یا مٹی ۲ ضماد۔ لیپ ۳ کپڑا جس پر دوائی کا مسالحہ لگا ہوتا ہے۔ **پلاستر اڑا دینا** (متعدی) بہت مارنا۔ سخت زدوکوب کرنا۔

پلاسٹک (انگ) ایک مرکب جس سے کھلونے اور آرائش کا سامان بنتا ہے۔

پَلاسنا (ہ۔ متعدی) جوتا تراشا تیار ہونے کے بعد جوتے کو ٹھیک کرنا۔

پلاسی (ہند) بنگال میں ایک گاؤں جہاں کلائو نے ۱۷۵۷ء میں نواب بنگال کی فوج کو شکست دی تھی۔ اس فتح نے ہندوستان میں انگریزوں کی سلطنت کی بنیاد رکھی۔

پَلاش (س۔ مذکر) ۱ پتا ۲ سبزہ ۳ ڈھاک کا درخت ۴ ہلدی کی ایک قسم ۵ بہار یا مگدھ کا ایک پرانا نام۔ **پلاشا کھیہ** (مذکر) ہینگ **پلاش پاپڑا** (مذکر) ڈھاک کا بیج۔ **پلاشک** (مذکر) ڈھاک کا درخت **پلاشی** (صفت) ۱ پتے دار۔ پتوں سے ڈھنپا ہوا ۲ کوئی درخت ۳ مولسری کی ایک قسم ۴ ڈھاک کا درخت ۵ ایک گاؤں کا نام غالباً جسے آج کل پلاسی کہتے ہیں۔

پَلاشی (س۔ مونث) ۱ لاکھ۔ کرماً قرمز فرنگی ۲ (مذکر) دیکھو پل کے تحت میں ۳ (صفت مذکر) دیکھو پلاش کے تحت میں۔

پَلاک (س۔ مذکر) اُبلے ہوئے چاولوں کا ڈھیلا۔

پَلاکش (س۔ مذکر) گولر کی قسم کا پھل۔

پلاکود (ہند) ضلع سلیم میں ایک قصبہ (۴)

پَلال (س - مذکر) ۱ پرالی بھوسہ ۲ سوکھی ہوئی گھاس ۳ پیال کی ڈالی۔

پَلالی (ہند) ضلع جھالاوار میں ایک چھوٹی سی ریاست۔ رقبہ ۴

پَلان (ھ - مذکر) زمین کا خالی ٹکڑا جو دو کاشت شدہ ٹکڑوں کے درمیان اگلی فصل کے لئے چھوڑا جائے۔

پَلان۔ پلانا (ھ - مذکر) دیکھو پالان۔

پَلانا (ھ - متعدی) ۱ پرالی سے ڈھکنا۔ چھپر باندھنا ۲ بھاگنا۔ دوڑنا۔ فرار ہونا ۳ اترنا۔ تھنوں میں آنا (دودھ کا) ۴ پلان ڈالنا۔ گھوڑے یا بیل پر زین ڈالنا۔

پلانڈو (س - مذکر) پیاز۔

پلانگ (س - مذکر) ایک قسم کی دریائے گنگا کی مچھلی۔

پَلانی (مونث) **پَلاو** (ھ - مذکر) چھپر کی چھت۔

پَلاوَ (س - مذکر) ۱ بھر کر بہ جانا ۲ ڈوبنا غرقابی۔ ڈبکی۔ **پلاوَن** (مذکر) ۱ غرقابی۔ ڈوبنا ۲ سیلاب آنا۔ طوفان آنا ۳ طوفان۔ سیلاب۔ طغیانی۔

پُلاہا (س - عص) ایک پراجپتی اور مہارشی۔ انکی بیوی کشامائھی اور تین بیٹے کردم۔ اروَت اور رواَد سشنو تھے۔

پُلاوَ (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کا کھانا جو چاولوں کو گوشت کی یخنی میں پکا کر تیار کرتے ہیں۔ اس کی بہت سی قسمیں ہیں ۲ مٹر۔ چنے۔ کابلی چنے کے ساتھ پکے ہوئے چاولوں کو بھی پلاوَ کہتے ہیں (کھانا۔ کھلانا کے ساتھ) (س۔ پُلاک۔ ابلے ہوئے چاولوں کا ڈھیر یا ڈلا) **پُلاوَ پکانا** (متعدی)، **پکنا** (لازم) ۱ پلاوَ کا آگ پر پختہ کیا جانا ۲ (خیالی) ایسی باتیں سوچی جانا جو ممکن الوقوع نہ ہوں۔ **پُلاوَ تیار کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دیکھو پلاوَ پکنا ۱۔ **پُلاوَ دم کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) پلاوَ کا پکنے کے بعد تھوڑی دیر تک کوئلوں کی آگ پر رکھا جانا۔ اس سے چاول ملایم ہو جاتا ہے۔ **پلاوَ کا گوشت** (مذکر) بڑے بڑے تکوں والا گوشت۔ اس کی یخنی نکال کر اس میں پلاوَ پکاتے ہیں۔ اور گوشت کو دم کے وقت چاولوں کے اوپر رکھدیتے ہیں۔ **پلاوَ کی دیگ** (مونث) بڑا دیگچہ جس میں شادی بیاہ کے موقع پر پلاوَ پکاتے ہیں۔ **پلاوَ کا ڈھکن یا رکابی** (مونث) پلاوَ سے بھری ہوئی رکابی۔

پِلائی (ہ - صفت) ۱ دیکھو پلا کے تحت میں ۲ (ھ - مونث) زردی۔ پیلائی کا مخفف۔

پَلائے (س - دھاتو) ۱ بھاگنا۔ فرار ہونا ۲ غائب ہو جانا۔ **پلایک** (صفت) بھاگنے والا مفرور۔ (مذکر) بھاگنا۔ بھگوڑا۔ فراری۔ **پَلایمان** (صفت) بھاگنے والا۔ مفرور۔ **پَلائن** (مذکر) بھاگنا۔ دوڑنا۔ فرار ہونا۔ فرار۔ گریز۔ پسپائی ۔ روپوشی۔

پِلپِل (ف - مونث) فلفل۔ سیاہ مرچ۔

پِلپِلا (ہ - صفت) ۱ نرم۔ ڈھیلا پیچا ۲ تھل تھل ۳ صاف۔ چکنا۔ **پلپلانا** (متعدی) نرم کرنا۔ ملائم کرنا۔ **پلپلاہٹ** (مونث) نرمائش۔ ڈھیلا پن **پلپلی** (صفت - مونث) پلپلا سے۔ **پلپلی ٹھیکری** (مونث) ۱ چکنی ٹھیکری ۲ کنایتاً دہن فرج۔ **پلپلے** (جمع) پلپلا کی۔ **پلپلے گٹے** (ھ - مذکر) فضول خیال ناممکن بات۔

پُلپَلا (ہ - صفت) ۱ دیکھو پلپلا ۲ ہڈ سے خالی۔ کھوکھلا۔ **پلپلانا** (متعدی) ۱ دبا کر نرم کرنا۔ پھل کا ملائم کرنا ۲ منہ میں چوسنا۔ دانتوں سے نرم کرنا بے چبائے کھانا۔ **پلپلاہٹ** (مونث) منہ میں خوراک نرم کرنا۔

پُلپَلانا (ھ - لازم) ۱ ڈر سے رونگٹے کھڑے ہونا ۲ ڈر جانا۔ خوف کھانا۔ **پلپلاہٹ** (مونث) ڈر۔ خوف۔

پَلِت (س - صفت) ۱ سفید بالوں والا۔ بوڑھا۔ پرانا۔ قدیم ۲ (مذکر) بالوں کی سفیدی **پلتا** (مونث) بوڑھی عورت۔

پُلَت (س - مذکر) حرف علت کی لمبی آواز جو چھوٹی آواز سے تین گنا ہوتی ہے۔

پُلَت (س - مونث) ۱ اچھلنا۔ کودنا ۲ اچھل۔ کود۔ پھلانگ۔ چھلانگ۔ چوکڑی قلانچ۔ زقن۔

پَلتھی (ہ - مونث) چوتڑوں کے بل ٹانگیں اوپر نیچے رکھ کر بیٹھنے کا ایک طریقہ۔ **پلتھی باندھنا یا مارنا** (متعدی) چوتڑوں کے بل ٹانگیں اوپر نیچے رکھ کر بیٹھنا (س پرلیستی)

پَلٹ (ہ - امر) پلٹنا کا۔ پلٹا (امر) ۱ پلٹانا کا ۲ مانتی پلٹنا کی ۳ (مذکر) گھماؤ۔ چکر۔ گردش ۴ واپسی۔ پسپائی ۵ انقلاب۔ تغیر ۶ باری۔ دفعہ ۷ تبادلہ لین دین ۸ بدلہ۔ انتقام ۹ وہ آلہ جس سے تلنے والی چیزوں کو الٹتے ہیں۔ **پلٹ آنا** (لازم) واپس آنا۔ لوٹ آنا۔ **پلٹا دینا** (متعدی) ۱ الٹ پلٹ کرنا۔ ایک طرف سے دوسری طرف پلٹنا ۲ کچھ کہکر اس کے خلاف کہنے لگنا۔ **پلٹا کھانا** (متعدی) تبدیل ہونا الٹ پلٹ ہونا ۲ ایک حالت سے دوسری حالت ہو جانا ۳ الٹ جانا۔ ایک رخ سے دوسرے رخ ہو جانا ۴ گھومنا۔ چکر کھانا ۵ بات کہکر مکر جانا ۶ بیماری کا عود کر آنا۔ **پلٹا لینا** (متعدی) ۱ لوٹنا۔ تڑپنا ۲ واپس لینا بدلے میں لینا ۳ ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا۔ **پلٹانا** (متعدی) ۱ لوٹانا۔ واپس کرنا ۲ واپس لینا۔ **پلٹاوَ** (مذکر) الٹا صدمہ۔ مزاحمت۔ بازگشت۔ **پلٹ پڑنا** (لازم) ۱ ایک طرف سے دوسری طرف متوجہ ہونا ۲ جاتے جاتے واپس ہو جانا ۳ دوسرے شخص پر غصے کا اظہار کرنے لگنا۔ **پلٹ جانا** (لازم) ۱ برگشتہ ہو جانا ۲ راہ سے پھر جانا ۳ بات بدلنا ۴ کہہ کر مکر جانا۔ انکار کرنا ۵ (ہوا) حال دگرگوں ہو جانا **پلٹ چلنا** (لازم) لوٹ جانا۔ **پلٹ دینا** (متعدی) دیکھو پلٹنا۔ ہٹانا۔ پسپا کرنا۔ **پلٹ کر دیکھنا** (متعدی) مڑ کر دیکھنا۔ **پلٹ کے نہ دیکھنا** (متعدی) خبر نہ لینا۔ متوجہ نہ ہونا۔ **پلٹ لینا** (متعدی) واپس لے لینا۔ **پلٹنا** (متعدی) ۱ الٹنا۔ اوندھا کرنا ۲ رخ بدلنا۔ نیچے کا اوپر۔ اوپر کا نیچے کرنا ۳ بدلدینا۔ کچھ کا کچھ کر دینا ۴ پھیر دینا۔ پھیرنا ۵ حالت بدلنا ۶ (لازم) لوٹنا۔ واپس ہونا ۷ چکر کھانا۔ پھرنا۔ گردش کرنا ۸ مکرنا **پلٹی** (مونث) پلٹا کی دیکھو پلٹا ۲، ۳، ۴، ۶، ۷، ۸۔ **پلٹے** (مذکر) ۱ جمع پلٹا کی ۲ بجائے پلٹا حروف مغیرہ سے پہلے ۳ (تف) پلٹے میں۔ **پلٹیاں** (مونث) جمع پلٹی کی۔ **پلٹیاں (پلٹی) کھانا** (متعدی) دیکھو پلٹا کھانا۔ **پلٹیوں کو** (عو) پھرتے وقت۔ واپسی کے وقت **پلٹے دینا۔ کھانا یا لینا**۔ دیکھو پلٹا دینا وغیرہ **پلٹے میں** (تف) بدلے میں۔ عوض میں۔

پَلٹَس (انگ - مونث) پکی ہوئی السی یا آٹے کی روٹی جو پھوڑے پر اسے پکانے کے لئے باندھتے ہیں۔

پَلٹَن (انگ۔ مونث) پیادہ فوج کا دستہ۔ رجمنٹ۔ **پلٹن لیس ہونا** (لازم) فوج تیار ہونا۔

پَلٹھا (ھ۔ مذکر) پلتھی۔ صرف مارنا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **پلٹھا مارنا** (متعدی) دیکھو پلتھی مارنا۔

پُلج (ھ۔ مذکر) زمین جو ہر فصل پر کاشت کی جائے۔

پَلچنا (ھ۔ متعدی) چمٹنا۔ لپٹنا۔ چپکنا۔ لگا رہنا۔ **پلچ کے** (تف) ۱ مضبوطی سے۔ بالاستقلال ۲ سارے زور سے۔ پوری قوت سے۔

پِلچھی (ہ۔ مونث) ایک پودہ جو دریاؤں کے کناروں پر ہوتا ہے۔ اس کی شاخوں کی ٹوکریاں بنتی ہیں۔ لئی۔ جھاؤ۔

پَلرا (ھ۔ مذکر) ترازو کا پلا۔

پَلڑا (ہ۔ مذکر) دو بلی ٹوپی کا ایک پلا۔

پَلڑا (ہ۔ مذکر) ۱ ترازو کا پلا ۲ دو پلی ٹوپی کا ایک پلا (محاورات کے لئے دیکھو پلا) **پلڑی** (مونث) چھوٹے ترازو کا پلا۔

پلڑی (ھ۔ مونث) ۱ گوشت کا بوٹا یا لوتھڑا ۲ قیمے کی گھندسی بنی ہوئی۔

پِلساٹ (ھ۔ مونث) پیلا پن۔ پیلاہٹ۔

پُلَست (ھ) **پُلستیہ** (س عص) ایک مہا رشی اور پرجاپتی جنہیں برہماجی نے پیدا کیا تھا۔ ان پر بہت سے پران نازل ہوئے تھے۔ برہماجی نے وشن پران بیان کیا تھا۔ اور انہوں نے پرسارا کو سنایا تھا جنہے لوگوں کو بتایا۔ یہ وسرا اوس کے باپ اور راون اور کوبیر کے دادا تھے۔ راکشس ان کی اولاد بیان ہوتے ہیں

پُلستر (انگ۔ مذکر) دیکھو پلاستر۔ **پلستر اکھاڑنا** (متعدی) ۱ ضرب زدوکوب کرنا ۲ تعین نکالنا ۳ حیثیت بگاڑنا۔ ہیئت بگاڑنا۔

پُلشت (ف۔ صفت) پلیشت (ہ) پلید۔ ناپاک۔ نجس۔ پھوہڑ۔ زشت۔ ذلیل

پَلک (ف۔ مذکر) ۱ حزرہ ۲ آنکھ کا بال برنی ۳ لمحہ۔ دم۔ ثانیہ۔ **پلک بھیگنا** (لازم) آنسو سے تر ہونا۔ **پلک بچھانا** (متعدی) تعظیم کرنا۔ **پلک پسیجنا** (لازم) ۱ ترس یا رحم آنا ۲ آنسو آنا۔ رونا۔ **پلک پیٹیا** (صفت) بار بار پلک جھپکانے والا۔ چندھا۔ **پلک جھپکانا** (متعدی) ۱ پلک مارنا ۲ خوف کھانا ۳ تھوڑی دیر کے لئے سو رہنا۔ **پلک جھپکانے (جھپکنے) میں** (تف) فوراً۔ بہت جلد۔ تھوڑی سی دیر میں۔ **پلک جھپکنا** (لازم) ۱ دیکھو پلک جھپکانا ۲ قلیل زمانہ۔ **پلک دریا** (مذکر) ۱ بادل ۲ (صفت) بڑا سخی یا داتا۔ ایک پل میں دریا جاری کرنے والا۔ خدا تعالےٰ کی نسبت بولتے ہیں۔ **پلک سے پلک آشنا ہونا** (لازم) **پلک سے پلک نہ جھپکانا** (متعدی) نہ سونا۔ **پلک سے پلک نہ لگنا** (لازم) نیند نہ آنا۔ **پلک لگجانا یا لگنا** (لازم) تھوڑی دیر کیلئے سو جانا۔ جھپکی لینا **پلک مارنا** (متعدی) ۱ پلک کو جنبش دینا ۲ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ **پلک مارتے۔ پلک مارنے میں** (تف) تھوڑی سی دیر میں۔ لحظہ بھر میں۔ **پلک مٹکانا** (متعدی) پلک مارنا۔ **پلک موتنا** (صفت) رونیوالا جو ہر وقت روتا رہے (عف) **پلک نواز** (صفت) ذرا سی دیر میں قصور معاف کرنے والا۔ خدا کی صفت **پلک نہ پسیجنا** (لازم) رحم نہ آنا۔ **پلک ہلنا** (لازم) پلک سے اشارہ ہونا۔ **پلکوں سے اٹھانا** (متعدی) دیکھو پلکوں سے نمک اٹھانا۔ **پلکوں سے زمین جھاڑنا** (متعدی) ۱ بیحد اطاعت کرنا۔ سخت خدمتگزاری کرنا ۲ بہت عزت کرنا۔ **پلکوں سے نمک اٹھانا یا چننا** (متعدی) ۱ دشوار کام کرنا۔ سخت محنت سے کام کرنا ۲ عورتوں کا خیال ہے کہ نمک گرانا سخت گناہ ہے اور گرانے والے کو قیامت کے دن پلکوں سے اٹھانا پڑے گا۔ **پلکیں پٹ پٹانا** (متعدی) پلکوں کو جلد جلد مارنا۔ **پلکیں ٹانکنا** (متعدی) لڑائی کے وقت مرغوں کی پلکیں سی دینا۔ **پلکیں چڑھنا** (لازم) بے انتہا رنج یا غصے میں جب آنسو نہیں نکلتے تو کہتے ہیں **پلکیں کترنا** (متعدی) خوبصورت بچوں کی پلکیں نظر بد سے بچانے کے لئے کتر دیتے ہیں۔ **پلکیں گرجانا یا گرنا** (لازم) ایک بیماری ہے جس میں پلکیں نہیں رہتیں

پُلک (س۔ مذکر) ۱ بدن کے رونگٹوں کا کھڑا ہو جانا۔ خوشی سے ۲ خوشی کی لہر یا جوش ۳ خوشی۔ مسرت۔ فرحت۔ شادمانی۔ آنند۔ عیش ۴ لطف۔ مزا ۵ ایک ترکاری ۶ ایک قیمتی پتھر یا ہیرا ۷ روئی اور مٹھائی کا لڈو بنا ہوا جو ہاتھیوں کو دیتے ہیں ۸ کیڑے یا جو جانوروں کو چمٹ جاتے ہیں ۹ جواہرات کا نقص ۱۰ زرد ہڑتال ۱۱ شراب کا گلاس یا کاسہ۔ **پلکانا** (متعدی) ۱ رونگٹے کھڑے کرنا ۲ خوش کرنا۔ مسرت دینا۔ مسرور کرنا لذت دینا۔ محظوظ کرنا۔ **پلکنا** (لازم) سخت محظوظ ہونا مسرور ہونا۔ ملذذ ہونا۔

پلکا (ھ۔ مذکر) ابلق رنگ کا کبوتر۔

پَلکش (س۔ مذکر) ۱ پیپل کا درخت ۲ گردمل کی ایک قسم ۳ دنیا کے سات حصوں میں سے ایک جسے پلکش دیپ بھی کہتے ہیں ۴ گھر کا چور دروازہ۔

پَلکنی (س۔ مونث) ۱ بوڑھی عورت ۲ گائے جو پہلی دفعہ گابھن ہو۔

پِلکھن (ہ۔ مذکر) پیپل کی قسم کا ایک درخت۔

پَلکی (س۔ مذکر) درخت کدمب کی ایک قسم۔

پَلل (س۔ مذکر) ۱ کٹا ہوا یا پسا ہوا تل ۲ کیچڑ۔ دلدل۔

پَلم (ھ۔ مذکر) تہمت۔ بہتان۔ الزام نندا۔ کلنک۔ **پلم لگانا** (متعدی) تہمت لگانا۔

پُلن (س۔ مذکر) ۱ ریت کا جزیرہ جو دریا میں بن جاتا ہے ۲ نئی زمین جس سے دریا ہٹ جائے ۳ سمندر کا ریتلا ساحل۔

پلنٹیول (انگ۔ تف) بکثرت پلنٹی کا مخرب ہے (عف)

پُلَند (س۔ مذکر) ۱ ایک وحشی قوم ۲ اس قوم کا ایک فرد ۳ وحشی آدمی۔ بلچھ ۴ پہاڑی کوہی ۵ وہ شخص جو نافہم اور کرخت زبان استعمال کرے۔

پُلندا (ہ۔ مذکر) بنڈل۔ مٹھا گٹھا۔ گٹھڑی (پُڑیل گٹھا۔ ذت)

پَلنگ (ف۔ مذکر) بھیڑیا۔ گرگ **پلنگی** (صفت) بھیڑیے کے متعلق۔ بھیڑیے کا سا۔ بے رحم۔ خونخوار

پَلنگ (ہ۔ مذکر) بڑی چارپائی وہ بڑی چارپائی جسکے موٹے پائے ہوں (ہ پلنگ) **پلنگ آراستہ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) پلنگ بچھا یا جانا۔ **پلنگ بچھا دینا۔ بچھانا**

(متعدی)، بچھنا (لازم)، بچھوانا (مم)، بڑی چارپائی پر بستر لگوا دینا۔ پلنگ پر بٹھا کر روٹی دینا (متعدی) بغیر معاوضے کے کچھ دینا۔ سلوک کرنا۔ خدمت کرنا۔ پلنگ پر بٹھانا (متعدی) ا عوت کرنا تعظیم سے بٹھانا ۲ آرام دینا۔ خدمت دلینا ۳ افسر بنا کر بٹھانا

پلنگ پوش (مذکر) وہ کپڑا جو پلنگ پر بستر کی حفاظت کے لئے ڈالتے ہیں۔ پلنگ توڑ (صفت) ا سست آدمی جو ہمیشہ لیٹا رہے ۲ امساک کی ایک دوا

پلنگ تین چور (ہ) ایک صورت کوکبہ جو ستارہ قلب کے نزدیک ہے۔ دب اکبر۔ بنات النعش۔

پلنگ جھولا ہونا (لازم) پلنگ کی نوار کا ڈھیلا ہونا

پلنگڑی (مونث) چھوٹی چارپائی جس پر بچوں کو سلاتے ہیں۔ پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہو جانا (لازم) ا بچہ جن کر صحیح وسالم اٹھنا ۲ بیماری سے اٹھنا۔ پلنگ کے باندھ توڑنا (متعدی) خالی بیٹھے رہنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔ پلنگ کی پٹی تلے سونا (لازم) بالکل پاس سونا۔ پلنگ کے پاس زمین پر سونا۔ پلنگ کی پٹی نہ چھوڑنا (متعدی) ہر وقت پاس بیٹھے رہنا۔ پلنگ لگا دینا یا لگانا (متعدی) لگ جانا یا لگنا (لازم) دیکھو پلنگ بچھنا۔ یہ انگریزوں کے محاورات ہیں۔

پَلَنگ۔ پُلَنگ (ہ۔ مذکر) تذکیر۔ مذکر۔

پَلّو (ہ۔ مذکر) ا آنچل۔ دامن۔ ۲ کنارہ ۳ پہلو کسی چیز کا ۴ چوڑی گوٹ۔ چوڑا لچکا۔ پلاس نلو۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ پلو دار (مذکر) ا وہ لباس جس کے کنارے پر سونے چاندی کی چوڑی گوٹ لگی ہو ۲ سنہری روپہلی گوٹ بنانے والا۔ جھالر بنانے والا۔ پلو ملانا (متعدی) سازش کرنا۔ ہمراز ہونا۔

پَلّو (س۔ مذکر) پَلّو (ہ) ا نئی شاخ۔ شگوفہ ۲ شاخوں یا پھولوں کا گچھا ۳ کلی پھول گل ۴ شاخ کا سرا جس پر نئے پھول نکلے ہوں ۵ لاکھ کا سرخ رنگ ۶ گھاس کا تنکا۔ پلو گراہی (صفت) ا تنکے چننے والا۔ فضول کام کرنے والا۔ معمولی اشیا قبضے میں لینے والا ۲ نازک مزاج ۳ سطحی۔ باہری۔ کچا خام۔ پلو لینا (متعدی) ا تنکے چننا۔ کسی کام سے معمولی واقفیت ہونا ۲ کچا کام کرنا۔ خام ہونا۔

پَلّو (س۔ صفت) ا تیرنے والا۔ بہنے والا ۲ اچھلنے کودنے والا ۳ (مذکر) ڈونگا۔ بیڑا کشتی۔ ناؤ ۴ وہ جو کودتا ہوا چلے ۵ بندر ۶ مینڈک ۷ ایک آبی پرند۔ ماہی خور ۸ گرہ باز کبوتر ۹ گولر کی قسم کا ایک درخت ۱۰ ایک قسم کی گھاس ۱۱ سرخ رنگ کی لاکھ۔

پِلّو (ہ۔ مذکر) کیڑا۔ کرم۔

پَلوا (ہ۔ مذکر) ا گردھل کی ایک قسم ۲ وہ شخص جسے پالا یا پرورش کیا جائے۔ پروردہ ۳ (صفت) پلا ہوا۔ ہلا ہوا۔

پِلوا (ہ۔ مذکر) کیڑا کرم۔

پَلوار (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی کشتی جس میں سامان لادتے ہیں۔ پلواری (مذکر) ا ملاح کشتیبان ۲ پلوار کے ملاح۔

پِلوانا (ہ۔ مم) ا پینا کا ۲ پیلنا کا ۳ رس نکلوانا۔ کولھو کے ذریعے سے تیل نکلوانا ۴ دھکے دلوانا۔

پَلَوت (س۔ صفت) ا بہت سے شگوفوں والا ۲ لاکھ کے رنگ کا ۳ (مذکر) لاکھ کا سرخ رنگ۔

پَلوتھنی (ہ۔ مونث) روٹی چپاتی پچھلکا۔

پلوٹس (یو۔ عص) دولت کا دیوتا زیئس نے اسے اندھا کر دیا تھا تاکہ یہ اپنی عنایتیں بلا لحاظ چال چلن کے لوگوں پر کرے۔

پَلوٹنا (ہ۔ لازم) آہستہ چلنا۔

پَلوٹو (یو۔ عص) جہنم کا دیوتا زیئس کا بھائی تھا۔ سخت سنگدل واقع ہوا تھا کسی پر رحم نہ کرتا تھا۔ صرف آرفیس نے اسے گانے سے خوش کر کے اپنی بیوی یوریڈائسی واپس لی تھی۔

پَلوٹھا۔ پَلونٹھا (ہ۔ صفت) پَلوٹھا۔ پَلوٹھان (ہ) ا وہ لڑکا جو پہلے پہل پیدا ہو ۲ (مذکر) پہلے پیدا ہوا لڑکا۔ پلوٹھی۔ پلونٹھی (صفت مونث) پلوٹھا۔ پلونٹھی کی۔ پلوٹھی (پلونٹھی) کا بچہ یا لڑکا (مذکر) وہ لڑکا جو پہلے پہل پیدا ہوا ہو۔

پَلوک (ہ۔ مذکر) دیکھو پرلوک کے تحت میں۔

پَلوک (س۔ مذکر) ایک قسم کی مچھلی۔

پَلوُل (انگ۔ مونث) پیرول کا بگڑا ہوا۔ خاص الفاظ جو رات کو گزرنے کے لئے پہرے والے کو بتانے پڑتے ہیں۔ اور جو ہر روز مختلف ہوتے ہیں۔ پلول ملانا (متعدی)، ملنا (لازم) ا سازش ہونا۔ ہمراز ہونا ۲ گٹھ جانا۔

پَلوَل (س۔ مذکر) ایک قسم کا کھیرا۔ ایک قسم کی ککڑی پلول لتی (مونث) پلول کا پودہ

پُلومَن (س۔ عص) اندر مہاراج کی بیوی ساچی کا باپ۔ اپنے داماد کے ہاتھ سے قتل ہوا۔ کیونکہ انہیں اس لئے سراپ دینا چاہتا تھا کہ وہ ساچی کو زبردستی اٹھا لے گئے تھے۔

پَلوَن (س۔ مذکر) ا تیرنا۔ بہنا نہانا ۲ پانی میں کودنا ۳ کودنا۔ اچھلنا۔ چوکڑی بھرنا۔ قلانچ مارنا ۴ سیلاب۔ طوفان۔ طغیانی۔

پَلوِی (س۔ صفت) ا پھوٹنے والا نئی کونپلوں والا ۲ درخت۔

پَلوَیّا (ہ۔ مذکر) ا پالنے والا۔ پرورش کرنے والا ۲ نسل بڑھانے والا۔

پَلّہ (ف۔ مذکر) سیڑھی کا ڈنڈا ۲ ترازو کا پلڑا ۳ درجہ۔ مرتبہ۔ پہلو۔ پلہ کش (صفت) جانب دار۔ طرف دار۔ پلہ کشی (مونث) طرفداری جانبداری۔

پلہار (ہ۔ مونث) دیکھو پلائی۔

پَلہانا (ہ۔ متعدی) پھسلانا۔ بہکانا ترغیب دینا۔

پلہن (س۔ مذکر) تلی۔

پَلہنڈا۔ پَلہنڈا (ہ) پَلہنڈا (ہ۔ مذکر) پَلہنڈی۔ پَلہنڈی (ہ) پَلہنڈی (ہ۔ مونث) ا گھڑونچی۔ تپائی ۲ وہ جگہ جہاں پانی کے برتن رکھے جائیں۔ آبدارخانہ ۳ گھڑا۔ پانی کا برتن۔

پلہی۔ پَلئی (ہ۔ مونث) درخت کی نئی شاخ یا شگوفہ۔

پلئی (ہ۔ مونث) ا تلی ۲ تلی کا سوجنا

پَلی۔ پلی (س۔ مونث) ا چھوٹا گاؤں کھیڑا۔ پروا ۲ گاؤں کا علیحدہ حصہ۔ ڈیرہ ۳ شہر۔ اس معنی میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ترچناپلی ۴ چھپکلی

پِلّی (ہ۔ مونث) کتے کی مادہ بچی۔

پُلی (انگ۔ مونث) چرخی۔

پلی۔ پُلیا (ہ۔ مونث) چھوٹا پل

پَلیت (ف۔ صفت) پلید نجس

پَلیتا۔ پَلیتہ (ف۔ مذکر) ا روئی

یا کپڑے کی موٹی بتی ۲ چراغ کی بتی - بٹا ہوا کاغذ یا کپڑا ۳ وہ لپٹا ہوا کاغذ جس پر منتر وغیرہ لکھا ہوتا ہے اور اس کو جلاتے ہیں ۴ کپڑے کی موٹی بتی جو پنجشاخوں پر لگاتے ہیں ۵ وہ بتی جو پٹاخوں میں لگی ہوتی ہے ۶ بارود سے بھرا ہوا ڈورا جس سے بندوق یا توپ کو آگ دیتے ہیں توڑا - سوختہ ۷ کپڑا جو زخم میں دیتے ہیں ۸ دوائی کی بتی جو حقنے کے طور پر دیتے ہیں ۹ موم بتی - **پلیتا چاٹ جانا** (لازم) ۱ بندوق یا توپ کا نہ چلنا - رنجک کا اڑ جانا ۲ روغن کا زیادہ آگ کی وجہ سے بھڑک اٹھنا - **پلیتا دینا** **پلیتا لگانا** (متعدی) ۱ آگ لگانا - بتی جلا کر بھٹی میں رکھنا ۲ توڑا لگانا - آگ لگانا ۳ (طنزاً) جلانا - آگ لگانا ۴ بھڑکانا - اکسانا - لگائی بجھائی کرنا۔

پَلیتھن (ہ - مذکر) ۱ سوکھا آٹا جو پیڑوں میں روٹی پکانے کے وقت لگاتے ہیں - خشکی ۲ وہ پھوکس جو نشاستہ نکالنے کے بعد باقی رہے (س پر ئیس پھرانا) **پلیتھن پکانا** (متعدی) تباہ کرنا - برباد کرنا (مت) **پلیتھن نکال دینا یا نکالنا** (متعدی) خوب مارنا - پیٹنا - زد و کوب کرنا - **پلیتھن نکل جانا یا نکلنا** (لازم) بڑا نقصان ہونا - تباہ ہونا - برباد ہونا۔

پَلیٹ (انگ - مونث) بڑی رکابی

پَلیٹ فارم (انگ - مذکر) ۱ سطح چبوترہ ۲ اونچی جگہ جو لکڑی کی بڑی چوکیاں جوڑ کر بنائیں - سٹیج ۳ ریل کے سٹیشن کا چبوترہ جس کے پاس ریل کھڑی ہوتی ہے ۴ وہ چبوترا جس پر مقرر کھڑا ہو کر تقریر کرتا ہے ۵ وہ ٹکٹ جو خرید کر ریل کے سٹیشن میں داخل ہوتے ہیں - **پلیٹ فارم ٹکٹ** (مذکر) ہے مگر عام بول چال میں پلیٹ فارم ہی استعمال ہوتا ہے (بیچنا - خریدنا لینا وغیرہ کے ساتھ)

پَلیٹینَم (انگ - مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۲۱ گنا بھاری ہے اور سونے سے کئی گنا ہے۔

پَلید (ف - صفت) ناپاک - نجس غلیظ - اشد - (ہونا کے ساتھ) ۲ بھوت پریت ۳ گالی کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے۔

پَلیڈ (انگ - متعدی) ۱ وکیل کا عدالت میں بحث کرنا یا بولنا ۲ منت کرنا ، **پلیڈر** (مذکر) وکیل - وہ شخص جس نے ایل ایل بی کا امتحان پاس کیا ہو۔

پَلیَر (انگ - مذکر) کھلاڑی۔

پلیس (انگ - مونث) جگہ۔

پلیگ (انگ - مونث) ۱ وبا - مری ۲ طاعون۔

پَلینا (ہ - متعدی) ہل چلانے کے بعد پانی دینا۔

پَلیو (ہ - مذکر) ۱ گوشت کا شوربا ۲ پسے ہوئے چاول یا کوئی اور چیز جو شوربا گاڑھا کرنے کے لئے ڈالی جائے (س - پُرلیہ - چاٹنا)

پَلیو - پلیئو (ہ - مذکر) وہ زمین جس میں ہل چلانے کے بعد پانی دیا جائے - (پلینا سے)

پَمپ (انگ - مذکر) ۱ لوہے کا نل جس سے زمین میں سے پانی نکالتے ہیں ۲ ایک قسم کی پچکاری جس سے ربڑ کے پہیوں وغیرہ میں ہوا بھرتے ہیں۔

پمفلٹ (انگ - مذکر) رسالہ - چھوٹی کتاب - کتابچہ۔

پَن (ہ - مذکر) پان کا مخفف - **پن بٹا** - بھٹا یا ڈبا (مذکر) پان رکھنے کا ڈبہ - **پن کُٹی** - (مذکر) ایک آلہ جس میں پوپلوں کے لئے پان کوٹتے ہیں **پن مَلا** (ہ - مذکر) **پنواڑی** (مونث) پان کا باغ پان کی جگہ - **پنواڑن** (مونث) پان بیچنے والی - **پنواڑی** (مذکر) پان بیچنے والا۔

پَن (ہ) پانچ کا مخفف - **پنجیری** (مونث) ایک دوائی جو آٹے - گھی - کھانڈ - تل وغیرہ پانچ چیزوں سے بنی ہوئی ہوتی ہے اور زچہ کو کھلاتے ہیں - **پنسورہ** (مذکر) قرآن شریف کی پانچ سورتوں کا مجموعہ - پنجسورہ - **پنسُول** (مذکر) ۱ ایک قسم کا نیزہ جس کی پانچ نوکیں ہوتی ہیں ۲ پانچ نوکوں کا ایک آلہ جو سادھو ہاتھ میں رکھتے ہیں - **پنسیرہ** (مذکر) **پنسیری** (مونث) ۱ پانچ سیر کا باٹ ۲ وہ دیگچہ جس میں پانچ سیر کھانا پکے - **پنشاخہ** دیکھو پنج شاخہ

پَن (ہ - مذکر) پانی کا مخفف - **پن بدرا** (ہ) مینہ اور دھوپ - **پن بَھتّا** (مذکر) ۱ ابلے ہوئے چاول جنہیں شربت میں ڈال کر پیتے ہیں ۲ پتلے پکے ہوئے چاول - **پن بَھرا** (مذکر) پانی بھرنے والا شخص - سقہ - **پن بھرن** (مذکر) **پن بھری** (مونث) پانی بھرنے والی عورت - **پن تول** (ہ) علم مائعات - حساب کا وہ علم جو سیال چیزوں کے متعلق ہے - **پن چکی** (مونث) چکی جو پانی سے چلتی ہے **پنچال** (ہ) علم قوت آب **پنچورہ** یا **پنچورہ** (مذکر) ایک ظرف جس کے پیندے میں چھید ہوتے ہیں اسے پانی سے بھر کر اوپر سے منہ بند کر دیں تو نیچے سے پانی نہیں گرتا - اس سے بچے کھیلتے ہیں - یہ ارسطو نے ایجاد کیا تھا - **پن ڈبا** (مذکر) ۱ غوطہ خور ۲ اس شخص کا بھوت جو پانی میں ڈوب کر مر گیا ہو - **پن ڈُبی** (مونث) ایک آبی پرند جو مچھلی کا شکار غوطہ مار کر کرتا ہے - ایک قسم کی مرغابی - **پنسا** (صفت) ۱ پانی کی طرح ۲ پھیکا - بے مزہ - **پنسال** (مونث) ۱ زمین سطح کرنے کا آلہ ۲ وہ آلہ جس سے پانی کی کمی یا زیادتی معلوم کرتے ہیں - **پنسال** (مذکر) **پنسالا** - **پنسلا** (مونث) وہ جگہ جہاں مسافروں کو پانی پلانے کے لئے رکھا جاتا ہے - **پنسال نویس** (مذکر) وہ شخص جو نہر کی پنسال پر پانی کی کمی یا زیادتی معلوم کرتا ہے - **پن کال** (مذکر) ۱ پانی کی کمی ۲ خشک سالی - وہ قحط جو پانی کی زیادتی کی وجہ سے پڑے - **پن کپڑا** (مذکر) گیلا کپڑا جو زخم پر رکھا جاتا ہے - **پن ککڑی** (ہ) **پنکگڑی** (ہ - مونث) **پنکوا** (مذکر) ایک آبی پرند - **پن کچا** (ہ) پانی سے بھرا ہوا کھیت - **پنگنڈی** (مونث) ایک قسم کا کنکوا **پن گوٹی** (مونث) موتیا سیتلا - **پن گھاٹ** (ہ) **پن گھٹا** (ہ) **پن گھٹ** (مذکر) دریا پر پانی بھرنے کی جگہ - **پن گھڑی** (مونث) پانی کی گھڑی - یہ ایک کٹورہ ہوتا ہے جس کے پیندے میں باریک سوراخ ہوتا ہے - اسے پانی کی سطح پر رکھ دیتے ہیں سوراخ کے ذریعے پانی داخل ہونا شروع ہوتا ہے اور وقت معینہ پہ اتنا بھر جاتا ہے کہ کٹورہ ڈوب جاتا ہے - **پن مار** (مذکر) ۱ وہ زمین جو پانی کھڑا رہنے کی وجہ سے خراب ہو جائے ۲ نیچی زمین جہاں پانی کھڑا رہے ۳ فصل جو زیادہ بارش کی وجہ سے خراب ہو جائے - **پن میلا** (مذکر) وہ آدمی جو باغ کے تختوں میں پانی لگائے - **پنھیارا** (مذکر) **پنہارا** (ہ) **پن ہرا** (ہ) پانی بھرنے والا مرد - **پنہارن** (مونث) **پنہارنی** (ہ) **پنھیاری** (مونث) پانی بھرنے والی عورت - **پنیا** (صفت) ۱ پانی کا - پانی میں رہنے والا ۲ پھیکا - بدمزہ - **پنیا سانپ** (مذکر) سانپ جو پانی میں رہے - **پنیا سوت** (مذکر) تالاب جس میں پانی خود بخود زمین میں سے نکل کر بہے ۲ پانی کا چشمہ - سوتہ - **پنیا کال** (مذکر) پنکال۔

پَن (س - مذکر) ۱ کھیل - جوا ۲ شرط - داؤ - بازی ۳ پھینک - داؤں ۴ وعدہ - اقرار

قول بچن ۵ عہد نامہ ۔ اقرار نامہ ۸ عہد۔ اقرار نامے کی کوئی شرط ۹ قیمت ۔ دام ۔ مول ۔ بھاؤ ۔ روپیہ پیسہ ۔ نقدی ۔ مال ۔ جائداد ۱۰ جہیز ۱۱ شادی کی فیس ۱۲ بیچنے کا مال ۱۳ مٹھی کسی شے کی ۱۴ بیس گنڈے یا اسی کوڑیاں ۱۵ اس قیمت کے تانبے کے سکے کا وزن ۱۶ انعام ۔ معاوضہ ۱۷ اجرت ۔ مزدوری ۔ محنتانہ ۔ تنخواہ ۔ **پنہارن ۔ نپہارنی** (مونث) بے وفا عورت ۔ **پنہاری** (مذکر) بے وفا شخص ۔ وعدہ شکن یا عہد شکن مرد ۔

پن (س ۔ عص) ایک قسم کے کشمش پر ۔ ۔ جن کا ذکر ۔ وید میں آتا ہے ۔ یہ گائیں چرا کر لے جاتے تھے اور غاروں میں چھپا دیتے تھے ۔

پن ۔ پنا (ہ ۔ کلمہ) الفاظ کے اخیر میں لگائے جاتے ہیں ۔ اور مصدر یا نسبت یا سن و سال کے معنی دیتے ہیں ۔ جیسے بچپن ۔ لڑکپن ۔ لڑکپن (س ۔ تون)

پن (انگ ۔ مذکر) گھنڈی دار سوئی جس سے کاغذ ٹانکتے ہیں ۔

پن (ہ ۔ مذکر) شور ۔ غوغا ۔ زناہٹ ۔ بھنبھناہٹ سیٹی کی آواز (س ۔ پنگ ۔ آواز دینا)

پن (ہ ۔ امر) پننا کا ۔ پنّانا (متعدی) دیکھو پنہا پن کر رکھ دینا (متعدی) بہت گالیاں دینا ۔ بہت برا بھلا کہنا ۔ **پننا** (متعدی) ۱ ملامت کرنا ۔ سرزنش کرنا ۲ بے عزت کرنا ۔ گالیاں دینا ۔ برا بھلا کہنا ۔ **پنوانا** (لازم) ۱ گالیاں دلوانا ۲ بے عزت کرانا ۔

پن (س ۔ مذکر) ۱ مرد ۔ نر ۲ انسان ۳ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ **پن سون** (صفت) نر بچہ پیدا کرنے والا ۴ (مذکر) ایک رسم جو پہلی دفعہ حمل معلوم ہونے پر ادا کی جاتی ہے ۔ **پن شکتی** (مونث) ۱ قوت مردانہ ۔ قوت مردانہ ۲ مردانگی ۔ رجولیت ۔ **پنگو** (صفت) ۱ اعلےٰ ۔ نہایت اچھا ۔ بہترین ۔ شریشٹھ ۲ (مذکر) مشہور و معروف آدمی ۔ رئیس ۔ شجاع ۔ بہادر ۔ **پنلنگ** (مذکر) ۱ مرد کا نشان ۔ مردانگی ۔ رجولیت ۲ آلۂ تناسل ۳ (صرف و نحو) تذکیر ۔ مذکر ۔ **پن ناگ** (مذکر) ۱ مشہور و معروف آدمی ۔ بڑا آدمی ۲ سفید ہاتھی ۳ ایک درخت ۴ سفید کنول ۵ لونگ ۔ **پن نکشترہ** (مذکر) نر کشترہ ۔ وہ نکشترہ جس کے ماتحت نر پیدا ہو ۔

پُن (ہ ۔ مذکر) نیکی ۔ ثواب کا کام دیکھو پنیہ ۔ **پن دان** (مذکر) خیرات ۔

مثل ۔ پن کی جڑ سدا ہری
خیرات کرنے والا ہمیشہ آسودہ رہتا ہے ۔

پُنَ (ہ ۔ تف) پھر ۔ ایک دفعہ اور دیکھو پنر ۔ **پنَپُنَ ۔ پنَپُنِ** (تف) بار بار ۔ کئی بار دن بہ دن ۔

پَنا (ہ ۔ مونث) فارسی پہنا کا بگڑا ہوا عرض ۔ چوڑائی ۔ پاٹ ۔ تار ۔

پَنّا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک سبز رنگ کے قیمتی پتھر کا نام ۔ زمرد ۲ شربت جو املی یا کسی کھٹے پھل کو پانی میں بھگو کر بناتے ہیں ۳ کتاب کا ورق ۔ سونے چاندی یا قلعی کا ورق ۴ کسی دھات کی پتلی چادر ۵ جوتی کا اوپر کا حصہ ۔

پِنّا (ہ ۔ مذکر) ۱ کھلی ۲ ڈھیلا ۳ دھاگے کا گولا ۴ پیچک ۔ دھاگے کا ریل ۵ پینا ۶ پنا ۔

پُنّا (ہ ۔ متعدی) پُننا کا مخفف ۔

پنارا (ہ ۔ مذکر) **پناری** (مونث) دیکھو پنالا ۔ پنالی ۔

پناک (س ۔ مذکر) ۱ ڈنڈا ۔ سونٹا ۔ لاٹھی ۲ کمان ۔ قوس ۳ ایک ساز کمان کی شکل کا ۴ شوجی کی کمان ۵ ترسول ۔ تین نوک کا نیزہ ۔ **پناک نین** (صفت) ۱ بیرحم یا سخت آنکھوں والا ۲ (مذکر) ایسا شخص ۔ **پناکی** (صفت) ترسول سے مسلح ۱ ترسول پوش ۔ شوجی کا لقب ۲ (مونث) ایک قسم کا ساز ۔

پَنالا (ہ ۔ مذکر) ۱ نالی ۔ نلکا یا کوئی چیز جس کے ذریعے پانی نکلتا ہو ۲ ٹونٹی ۔ فوارہ ۳ موری بدرو ۔ پرنالہ ۴ (ہ) جانوروں کی پیٹھ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن پڑ جائے (س ۔ پرنال) **پنالی** (مونث) دیکھو پنالا ۔ **پنالی پڑنا** (لازم) موٹاپے کی وجہ سے شکن پڑنا ۔

پَنانا (ہ ۔ لازم) مویشی کے تھن میں دودھ اتارنا ۔

پِنانا (ہ ۔ متعدی) پہنانا کا مخرب

پُنانا (ہ ۔ متعدی) گالیاں دلوانا برا بھلا کہلوانا ۔

پَناہ (ف ۔ مونث) ۱ حمایت ۔ مدد سہارا ۲ بچاؤ ۔ حفاظت (آنا ۔ دینا ۔ لینا ۔ مانگنا ۔ ملنا ۔ لینا وغیرہ کے ساتھ) ۳ دیوار کا سایہ ۴ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے جہاں پناہ ۔ شہر پناہ ۔ **پناہ بخدا** ۔ خدا کی پناہ ۔ اللہ کی امان ۔ **پناہ دہی** (مونث) پناہ دینا ۔ **پناہ گاہ** (مونث) پناہ کی جگہ ۔ **پناہ گیر** (صفت) پناہ لینے والا ۔ **پناہی** (مونث) حفاظت ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔

پَنبہ (ف ۔ مذکر) روئی قطن کپاس ۔ **پنبہ بگوش یا در گوش** (صفت) ۱ غافل بے خبر ۲ بہرا ۔ **پنبہ دوز** (مذکر) ۱ روئی دھنکنے والا ۲ پرانے کپڑے سینے والا ۔ **پنبہ دہاں یا دہن** (صفت) ۱ چپ ۔ کم گو ۔ کم سخن ۲ چکنی چپڑی باتیں کہنے والا ۔ **پنبۂ مینا** (مذکر) روئی جو شراب کے شیشے میں لگاتے ہیں ۔ **پنبئی** (صفت) ۱ روئی دار ۲ (مذکر) روئی دار دوتہ کا کپڑا ۔ **پنبی** (صفت مونث) روئی کی بنی ہوئی ۔ **پنبی راوٹی** (مونث) ۱ روئی کا بنا ہوا خیمہ ۲ روئی کا خیمہ ۔ مکان یا بنگلہ ۳ سردخانہ ۔

پَنپانا (ہ ۔ متعدی) پنپنا کا ۔

پَنپنا (ہ ۔ لازم) ۱ سرسبز ہونا ۔ ترقی کرنا ۔ حالت سنبھلنا ۲ بیماری سے اچھا ہونا ۔ رو بصحت ہونا ۳ قوت پکڑنا ۔ طاقت حاصل کرنا ۴ دبلے کا موٹا ہونا ۔ فربہ ہونا ۵ درخت کا سرسبز ہونا ۔ بڑھنا ۔ نشو نما پانا ۔ ترو تازہ ہونا ۔ شاخیں نکلنا ۔

پِنپِنا (ہ ۔ امر) پنپنانا کا ۔ **پنپنانا** (لازم) سنسنانا ۔ سائیں سائیں کرنا ۔ زنانا ۔ **پنپناہٹ** (مونث) سنسناہٹ ۔ زناٹا ۔

پِنپِنہان (ہ ۔ صفت) نفرت انگیز ۔ ناخوشگوار ۔ مکروہ ۔ ناگوار ۔

پَنتوا (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کی مٹھائی ۔

پَنتھ ۔ پَنتھا (ہ ۔ مذکر) ۱ راستہ سڑک ۔ راہ ۲ مذہب یا اخلاق کا رستہ یا طریقہ ۳ مذہب فرقہ دین ۔ ملت ۴ پیشہ ۔ کام ۔ کار ۔ حرفہ ۔ **پنتھ کتھا** (مونث) کسی مذہبی فرقے کی تلقین یا تعلیم ۔

پَنتھی (ہ ۔ مذکر) ۱ مسافر ۔ راہرو سالک ۔ سیاح ۲ کسی خاص مذہبی فرقے کا پیرو یا فرد ۳ کسی خاص رسم کو کرنے والا ۴ ہم مذہب ۔ ایک ہی فرقے کا ۔

پنتھی پورنا (ہ ۔ متعدی) الٹی پالتی لگا کر بیٹھنا ۔ چار زانو بیٹھنا ۔

پَنتھان (س ۔ مذکر) نرک کا ایک حصہ

پَنتھ بگڑ جانا (اردو ۔ لازم)

زیر بار ہو جانا (خف)

پنج (ف۔ صفت) ۱ پانچ ۲ (چابک سواروں کی اصطلاح) سات سال کا گھوڑا۔ **پنج آیت** (مونث) قرآن شریف کی پانچ سورتیں جو ختم اور فاتحہ کے موقع پر پڑھی جاتی ہیں۔ سورہ فاتحہ اور چاروں قل۔ **پنج ارکان** (مذکر) مسلمانوں کے پانچ مذہبی فرائض۔ کلمہ۔ نماز۔ روزہ۔ حج۔ زکوٰۃ۔ **پنج انگشت** (مونث) ۱ ہاتھ کی پانچ انگلیاں ۲ تبریز کے علاقے میں ایک مقام۔ **پنجاہ** (صفت) پچاس۔ **پنجاہ سالہ** (صفت) پچاس برس کا۔ **پنجاہم** (صفت) پچاسواں۔ **پنجاہہ** (مذکر) عیسائیوں کا ایک تیوہار جسے انگریزی میں لنٹ کہتے ہیں۔ **پنج تن** (مذکر) (شیعہ مسلمانوں کی اصطلاح) حضرت محمدؐ۔ حضرت فاطمہؓ۔ حضرت علیؓ۔ حضرت حسنؓ۔ حضرت حسینؓ۔ **پنجتن پاک** (مذکر) پنجتن کو عزت سے اسطرح پکارا جاتا ہے۔ **پنج روزہ** (صفت) ۱ پانچ دن کا ۲ چند روزہ۔ عارضی۔ ناپائدار۔ **پنج سال** (مذکر) ۱ پانچ برس ۲ (صفت) پانچ سال کا۔ **پنج سالہ** (صفت) پانچ سال کا۔ **پنج سورہ** (مذکر) قرآن شریف کی پانچ سورتوں کا مجموعہ۔ **پنج شاخہ** (مذکر) ۱ لوہے کا پنجہ۔ جس کی پانچ شاخیں ہوتی ہیں اس کو بانس پر چڑھا کر فلیتے لگا لیتے ہیں اور روشنی کرنے کے لئے براتوں وغیرہ کے ہمراہ جلاتے ہیں ۲ پانچ شاخوں والی شمع۔ **پنجشنبہ** (مذکر) جمعرات۔ **پنج عیب** (مذکر) مفصلہ ذیل پانچ عیب گھوڑا ۱ منہ زور ۲ شب کور ۳ کہنہ لنگ ۴ حشری ۵ کمری۔ **پنج عیب شرعی** (مذکر) زنا۔ چوری۔ قمار بازی۔ شراب خواری۔ جھوٹ۔ **پنج عیبی** (صفت) پانچوں عیب والا۔ بد چلن۔ شریر۔ **پنج ککے** (مذکر) سکھوں کے پانچ نشان۔ کیس۔ کنگھا۔ کڑا۔ کرپان۔ کچھا۔ **پنج کلیان** (مذکر) ایک قسم کا گھوڑا جو بہت مسعود گنا جاتا ہے۔ اس کے چاروں پاؤں اور ماتھا سفید ہونا چاہیئے۔ **پنج گانہ** (مذکر) پانچوں وقت کی نماز۔ **پنج گنج** (مذکر) ۱ حواس خمسہ ۲ پانچوں نمازیں ۳ کوئی پانچ چیزوں کا مجموعہ ۴ خسرو پرویز کا خزانہ ۵ مسلمانوں کی ایک مذہبی کتاب ۶ نظامی گنجوی کی پانچ نظمیں۔ **پنج گنا** (صفت) پانچ دفعہ زیادہ۔ **پنج گوشہ** (صفت) پانچ کونے کا۔ **پنجم** (صفت) پانچواں۔ **پنج نوبت** (مونث) ۱ پانچ وقت کی نوبت جو بادشاہوں اور امیروں کے دروازوں پر بجائی جاتی ہے ۲ پانچ وقت کی نماز ۳ پانچ باجے جو شادی پر بجائے جاتے ہیں۔ مونسا۔ ڈھول۔ تاشہ۔ نفیری۔ دمامہ۔ **پنجوترا** (مذکر) پانچ فیصدی جو لگان سے زائد لمبردار کے لئے وصول کیا جاتا ہے۔ **پنجوقتی** (صفت) پانچوں وقت کی۔ **پنجہ** (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ **پنج ہزاری** (مذکر) شاہی زمانے کا ایک منصب۔ **پنج ہونا** (لازم) ۱ گھوڑے کا سات سال کی عمر کو پہنچنا۔ گھوڑے کا جوان ہونا ۲ نہایت شریر ہونا۔ **پنجی** (مونث) پنج شاخہ۔

پنج (س۔ مذکر) ۱ مارنا۔ قتل کرنا ۲ قتل ۳ چاند۔ قمر ۴ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔

پنج (س۔ مذکر) ۱ ڈھیر۔ تودہ انبار ۲ تعداد۔ مقدار ۳ ذخیرہ۔ افراط۔ کثرت ۴ کل تمام۔

پنجا (ہ۔ مذکر) پانچ گنا جیسے چار پنجے بیس۔

پنجارا (ہ۔ مذکر) دھنیا۔ کڈھیلا بہنا۔

پنجٹ (س۔ مذکر) آنکھ کا میل۔

پنجر (ہ۔ مذکر) ۱ ڈھانچ ٹھٹھری ۲ پسلی۔ چھاتی۔ سینہ ۳ (س) پنجرا۔ **پنجر ہونا** (لازم) سخت دبلا ہونا۔ پسلیاں نظر آنا۔ **پنجر ڈھیلے ہونا** (لازم) جوڑ جوڑ میں درد ہونا۔ جوڑ اپنی جگہ سے ہل جانا (عموماً بخار کے ساتھ)۔

پنجر (س۔ صفت) ۱ سرخی نما زرد۔ زرد ۲ (مذکر) زرد یا سرخی نما زرد رنگ ۳ ایک قسم کا گھوڑا سمند یا کمیت ۴ سونا ۵ زرد ہڑتال۔

پنجرا (ہ) **پنجرہ** (ہ۔ مذکر) ۱ پرندوں وغیرہ کے رکھنے کا تیلیوں یا لوہے کی سلاخوں کا گھر ۲ لوہے کی موٹی سلاخوں کا مضبوط گھر جس میں سرکس والے شیروں اور دیگر درندوں اور جانوروں کو بند کرتے ہیں (ہ) دیکھو پنجر۔ **پنجرا ہو جانا** (ہ) دیکھو پنجر ہو جانا۔ **پنجرے کی کھڑکی کھول دینا**۔ (متعدی) آزادی دینا۔ آزاد کرنا۔ **پنجری** (مونث) ۱ چھوٹا پنجرہ ۲ (ہ) ارتھی۔ جنازہ۔

پنجرہ (ف۔ مذکر) ایک ملک

پنجری (ہ۔ مونث) پسلی۔

پنجری (ہ۔ مونث) چوسر کے کھیل پر نمبر پانچ۔ جب دو پانسے دو دو مدھے کے اور ایک پانسا ایک کا پڑے ۲ اگر پانچ کوڑیاں چت پڑیں تو اس کو بھی پنجری کہتے ہیں۔

پنجک (ہ۔ مذکر) ایک جنگلی پھولدار پودہ۔ اسے پیغمبری پھول بھی کہتے ہیں۔

پنجکا (س۔ مونث) ۱ جنتری۔ پترا۔ تقویم ۲ بہی۔ روزنامچہ ۳ یم کا انسانی کاموں کا رجسٹر۔ **پنجکا کار** (مذکر) جنتری بنانے والا شخص۔ منجم۔

پنجکا (س۔ مونث) روئی کا ٹکڑا جسے کاتا جاتا ہے۔ پونی۔

پنجلی (س۔ مونث) کُشا گھاس کے دو تنکے۔ جن سے بھینٹ کے وقت اشیا کو پکڑتے ہیں۔

پنجم (ہ۔ مذکر) ایک سوتی کپڑا جو دکن میں بنتا ہے۔

پنجن (س۔ مذکر) وہ کمان کی شکل کا آلہ جس سے دھنیا روئی دھنکتا ہے۔ دھنکی۔

پنجنا (ہ۔ متعدی) ٹانکا لگانا۔ جوڑ لگانا۔ ٹانکے سے پیوست کرنا۔ **پنجوانا** (لازم) ٹانکا لگوانا وغیرہ۔

پنجوش (س۔ مذکر) کان کا میل۔

پنجول (س۔ مذکر) چراغ کی بتی۔

پنجوں (ف۔ مذکر) پنجہ کی جمع۔ **پنجوں پر چلنا۔ پنجوں کے بل چلنا** (لازم) ۱ غرور کرنا۔ اترانا ۲ ایڑیوں کو اونچا کرکے انگلیوں پر چلنا۔ پاؤں زمین پر نہ لگانا ۳ درندے کا اسطرح چلنا کہ پاؤں زمین پر نہ لگیں۔

پنجہ (ف۔ مذکر) ۱ پنج سے اسم موصول ۲ پانچ چیزوں کی مرکب چیز ۳ گنجفہ یا تاش کا وہ پتا جس پر پانچ کا نشان ہو ۴ پانسے پر پانچ کا نشان ۵ ہاتھ مع انگلیاں ۶ انسان کے پاؤں کا اگلا حصہ ۷ جانوروں کے ہاتھ یا پاؤں مع انگلیوں کے ۸ جوتے کا اگلا حصہ ۹ گرفت۔ قبضہ۔ موٹھ مٹھی ۱۰ علم کا وہ اوپر کا حصہ جو کھلے ہاتھ کی طرح ہوتا ہے ۱۱ پشت خار ۱۲ پنجشاخہ ۱۳ زور جو حریف کی انگلیوں میں انگلیاں ڈالکر کیا جاتا ہے ۱۴ قبضہ۔ قابو۔ اختیار ۱۵ سورج کی کرنیں ۱۶ فقیروں کا پانچ انگلیوں کا ایک ہتھیار ۱۷ پانچ نوک کا پھول جو دیوار پر بنایا جاتا ہے۔ **پنجہ آفتاب** (مذکر) کرنیں۔ **پنجہ بدعت** (مذکر) ظلم کا پنجہ۔ ظالم کے قابو پانے کے متعلق ہے۔ **پنجہ پھیرنا** (متعدی) ۱ پنجے میں پنجہ ڈال کر مروڑنا (پہلوانوں کی اصطلاح) ۲ قابو پانا

غلبہ حاصل کرنا۔ پنجہ ٹیکنا (متعدی) گنجائش پانا۔ سہارا لینا۔ موقعہ ملنا۔ پنجۂ خورشید (مذکر) کرنیں پنجۂ شانہ (مذکر) کنگھی کے دندانے۔ پنجہ قابض ہونا (لازم) قابو میں آنا۔ پر کے اور بیشتر نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔
پنجہ کرنا (متعدی) ۱: انسان کے پنجے میں پنجہ ڈال کر زور کرنا ۲: مقابلہ کرنا۔ پنجہ کش (مذکر) ۱: پنجہ کرنے والا شخص ۲: پنجے سے شکار کرنے والا جانور ۳: ایک قسم کی روئی جس میں پنجے کا نشان بنا ہوتا ہے ۴: وہ لوہے کا پنجہ جس میں ہاتھ ڈالکر پنجہ لڑانے کی مشق کرتے ہیں ۵: سید محمد رضوی دہلوی جو نہایت زبردست پنجہ لڑانے والا اور اعلےٰ درجہ کا خوشنویس تھا۔ اس لئے میر پنجہ کش کے لقب سے مشہور تھا
پنجہ لڑانا (متعدی) پنجہ سے پنجہ ملا کر زور کرنا۔ پنجہ لیجانا (متعدی) غالب آجانا۔ حریف کا پنجہ مروڑ دینا
پنجہ مارنا (متعدی) ۱: چنگل مارنا۔ جھپٹا مارنا ۲: پکڑنا قابو میں کرنا۔ پنجہ مرجان (مذکر) مرجان کی شاخ۔ مرجان سمندر میں درخت کی شکل کا ہوتا ہے۔ اور بیچ کے تنے سے چاروں طرف شاخ در شاخ ٹہنیاں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں۔ پنجہ مروڑنا (متعدی) پنجہ کرنا۔ پنجۂ مریم (مذکر) ایک گھاس کا نام جس پر حضرت مریم نے حضرت عیسےٰ کو جننے کے وقت پنجہ مارا تھا۔ خیال ہے کہ اگر اسکو بھگو کر حاملہ عورت کے پاس رکھیں تو بچہ جننے میں آسانی ہوتی ہے۔ پنجہ موڑنا (متعدی) پنجہ کرنا۔ پنجۂ نگارین (مذکر) معشوق کا ہاتھ۔ سجا ہوا پنجہ۔ پنجہ نما (صفت) پنجے کی شکل کا۔ پنجے (مذکر) ۱: جمع پنجہ کی ۲: بجائے پنجہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ پنجے جمانا (متعدی) دیکھو پنجے گاڑنا۔ پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا۔ چمٹنا یا لپٹنا (لازم) ۱: پیچھے پڑ جانا۔ گرد ہو جانا۔ برا بھلا کہنا ۲: کسی کام کو بڑی مستعدی سے کرنا۔ پنجے سے چھوٹنا (متعدی) ۱: آزاد ہونا۔ رہائی پانا ۲: چنگل سے چھوٹنا۔ پنجے گاڑنا (متعدی) قابض ہونا۔ قبضہ کرنا جم کر بیٹھ جانا۔ پنجے میں پنجہ ڈالنا (متعدی) ایک دوسرے کے پنجے کو انگلیوں میں انگلیاں ڈال کر پکڑنا۔
پنجے میں پھنسنا (لازم) قابو آنا۔ مصیبت میں گرفتار ہونا۔ پنجے میں لانا یا لینا (متعدی) قابو میں لانا پھنسانا۔ پنجے وار (صفت) ۱: بھوکوں کا مارا ہوا ۲: آفت زدہ۔ غم رسیدہ۔

پنجی (س۔ مونث) ڈھیر۔ تودہ پونجی۔

پنجیاڑا (ھ۔ مذکر) دھنیا۔ روئی دھنکنے والا۔

پنجیرا (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو برتنوں کو ٹانکے لگاتا ہے۔ قلعی گر۔

پنچ (ہ۔ عدد) ۱: پانچ کا مخفف ۲: (مذکر) دیکھو پنج (س)

پنچایت (ہ۔ مونث پنچایت پنچائتی۔ پنچایتی (ھ) ۱: کمیٹی۔ مجلس۔ مشورے کی مجلس۔ پنچ ۲: کسی خاص قوم یا فرقے کی مجلس یا جلسہ ۳: ثالثوں کی مجلس۔ بہت سے ثالث ۴: غل۔ شور ۵: ہجوم رذیلوں کے عزیزوں کا اجتماع ۶: ثالثی یا پنچوں کا فیصلہ ۷: صلاح۔ مشورہ۔ ثالثی۔ پنچایت بدنا (متعدی) معاملے کو ثالثوں کے سپرد کرنا۔ ثالث مقرر کرنا۔ پنچایت یا پنچایتی جاتی (مونث) فریقین کی ذات کے لوگوں کی پنچایت۔ پنچایت جوڑنا (متعدی) ۱: لوگوں کو مشورے کے لئے اکٹھا کرنا ۲: پنچایت کرنا۔ مشورہ لینا ۳: بھیڑ لگانا۔ پنچایت خانگی (مونث) ۱: پنچایت جو پنچ کے طور پر مقرر کی جائے ۲: خاندان کے جھگڑوں کا فیصلہ رشتے داروں سے۔ پنچایت سرکاری (مونث) ثالث جو سرکاری طور پر مقرر کئے جائیں پنچایت کرنا (متعدی) پنچایت جوڑنا۔ پنچایت نامہ (مذکر) پنچوں کا تحریری فیصلہ۔ پنچایتی (ہ۔ صفت) ۱: پنچوں یا پنچایت کے متعلق یا ان سے منسوب ۲: ساجھے کا۔ شاملات کا ۳: (مذکر) حرامی۔ نطفہ حرام۔ (عف) ۴: (ھ۔ مونث) رشتہ داری۔ تعلق۔ نسبت پنچایتی سالا (مذکر) ہر شخص کا سالا (گالی) پنچایتی فیصلہ (مذکر) پنچوں یا ثالثوں کا فیصلہ۔ پنچ پولیا (صفت) بڑا اور کشادہ۔ پنچ پیر (مذکر) مسلمانوں کے پانچ پیر۔ لاہور میں ایک پرانا مقبرہ ہے جو پنچ پیروں کا مقبرہ کہلاتا ہے۔ پنچ پیرا (مذکر) ۱: پانچ پیروں کو ماننے والا شخص۔ وہ شخص جو ہر مذہب میں شریک ہو ۲: بھنگیوں کی ایک قسم۔ پنچدرہ (مذکر) پانچ در یا دروازے جو بڑے بازاروں میں سواروں وغیرہ کے گزرنے کے لئے بنا دیتے ہیں۔ پنچ سلطانی (مذکر) وہ ثالث جو بادشاہ کی طرف سے مقرر ہو۔ پنچ فیصلہ (مذکر) پنچایتی فیصلہ۔ وہ فیصلہ جو پنچ مل کر کریں۔ پنچ محل (مذکر) پانچ چھت کا بڑا مکان۔ پنچوں (مذکر) پنچ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ پنچوں کا پیالہ (مذکر) حقہ۔ چلم۔ پنچوں کا پیالہ پینا (متعدی) برادری میں شامل ہونا۔

امثال واقوال۔ پنچ بلی

کہیں تو بلی ہی سہی۔ پنچایت جو کہے سو منظور ہے یا ٹھیک ہے۔ ایک چور بنئے کے مکان میں گھس گیا۔ بنئے نے کنڈی لگا دی۔ چور بلی کی بولی بولنے لگا۔ بنئے نے کہا کہ میں تو پنچوں کے آگے پیش کرونگا اگر انہوں نے بلی کہا تو بلی ہی سہی۔ پنچ پھولا رانی بنی ہیں۔ اپنے آپکو بہت نازک اور خوبصورت سمجھتی ہے۔ کسی عورت کے متعلق طنزاً کہا جاتا ہے۔ پنچ جہاں پرمیشر جہاں پنچ ہو وہاں خدا بھی ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پنچایت میں اصل بات معلوم ہو جاتی ہے۔ پنچ مانے خدا۔ خدا مانے پنچ (ہ) پنچ خدا سے ڈر کے کام کرتے ہیں اور خدا بھی ان کے کاموں کو درست کرتا ہے۔ پنچ مل خدا خدا مل پنچ (ہ) پنچایت کا فیصلہ خدا کا فیصلہ ہے پنچ مکھ پرمیشر (ھ) پنچایت کی بات گویا خدا کی بات ہے۔ پنچ مل کیجے کاج ہارے جیتے نہ آئے لاج۔ جب بہت سے آدمی مل کر کام کریں تو نقصان ہونے پر کسی ایک پر الزام نہیں آسکتا۔ پنچوں شامل مر گئے جانوں گئے برات (ہ) مرگ انبوہ جشنے دارد جب بہت سے آدمیوں کو اکٹھے تکلیف پہنچے تو مصیبت معلوم نہیں ہوتی۔ پنچوں کا جوتا اور میرا سر (ہ) پنچوں کا فیصلہ منظور ہے۔ پنچوں کا کہنا سر آنکھوں پر مگر پرنالہ یہیں رہے گا (ہ) ضدی آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔

پنچ (س۔ صفت) ۱: پانچ کا مخفف پانچ ۲: (مذکر) پانچ آدمیوں کی مجلس۔ مجلس۔ پنچایت ۳: ثالث۔ منصف ۴: حاکم۔ قوم کا سردار۔ گاؤں کا چودھری یا لمبردار ۵: صلاح کار۔ مشیر ۶: وہ ثالث جو کوئی عدالت مقرر کرے ۷: عام لوگ۔ عام لوگوں کی مجلس یا سبھا ۸: دلال بچولیا۔ پنچاپسرس (عص) ایک جھیل۔ پنچادھیا یا پنچادھیائی (مونث) بھاگوت پران کے وہ پانچ باب جن میں کرشن جی اور کنہیا کے کھیلوں کا ذکر ہے۔ پنچادھیے (مذکر) ۱: پانچ دفعہ پڑھنا ۲: پانچ باب یا فصلیں۔ پنچاگنی (مذکر) پانچ آگیں جن میں بعض سادھو بیٹھ کر تپسیا کرتے ہیں جن میں سے چار چاروں طرف اور پانچواں سورج سر پر ہوتا ہے ۲: وہ پانچ آگیں جو انسان کے بدن میں ہوتی ہیں۔ پنچامرت (مذکر) ۱: ایک مرکب جس میں دودھ، دہی، گھی، کھانڈ، شہد ہوتا ہے ۲: کسی پانچ چیزوں کا مرکب۔ پنچاملا (مذکر) پانچ کھٹے پھلوں کا مرکب۔ انار، کھٹا، بیر، املی، آملہ کا۔ پنچانگ (صفت) ۱: پانچ عضو کا ۲: (مذکر) بدن کے پانچ عضو ۳: بندگی کے پانچ طریقے۔ پرارتھنا سن میں بھینٹ۔

پانی دینا۔ بتوں کو نہلانا۔ برہمنوں کو کھانا کھلانا ؛ جنتری جن میں پانچ باتوں کا ذکر ہو۔ شمسی دن۔ قمری دن۔ ستاروں کی شکلیں۔ جوگ اور کرن ۵ تعظیم جو ہاتھوں۔ سر گھٹنوں۔ آواز اور نظر کے ساتھ کی جائے۔ **پنچانن** (صفت) ۱ پانچ چہروں والا ؛ شوجی کا ایک نام ۳ شیر۔ ان معنوں میں بڑے بڑے ودیا دانوں کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **پنچانی** (مونث) درگا جی کا ایک نام۔ **پنچ بندھ** (مذکر) ۱ ایک جرمانہ جو کھوئی ہوئی یا سرقہ شدہ اشیا کی قیمت کا پانچواں حصہ ہوتا ہے۔ **پنچ بھدرا** (مذکر) ۱ چٹنی یا سالہ جس میں پانچ چیزیں ہوں ۲ گھوڑا جس پر پانچ مسعود نشان ہوں ۳ چھاتی۔ پیٹھ۔ چہرہ اور دو پہلوؤں پر ۲ (صفت) پانچ اچھی خصوصیتوں والا۔ **پنچ بھوت** (مذکر) عناصر خمسہ پانی۔ خاک۔ آگ۔ ہوا اور آکاس۔ **پنچ بھوت آتما** (صفت) پانچ عنصروں سے مرکب۔ انسان کا لقب۔ **پنچ پاتر** (مذکر) ۱ پانچ پیالے یا برتنوں کا مجموعہ ۲ ایک شرادھ جس میں پانچ برتنوں میں بھینٹ دی جاتی ہے ۳ ایک چھوٹا برتن جس سے بت پر پانی ڈالا جاتا ہے۔ **پنچ پران** (مذکر) بدن کی پانچ حیات بخش ہوائیں۔ **پنچ پرنی** (مونث) ایک چھوٹا پودا۔ **پنچ پریا** (مذکر) پانچ پیروں کو ماننے والا چاہے ہندو ہو چاہے مسلمان۔ **پنچ پلو** (مذکر) ۱ پانچ شگوفوں کا مجموعہ۔ بیل۔ امرا۔ کھٹا۔ جامن کٹھ بیل ۲ ایک دوائی جو ان سے بنائی جائے۔ **پنچ پنچ نکھ** (مذکر) پانچ جانور جن کا شکار کرنے کی اجازت ہے خرگوش۔ سیہ۔ گھڑیال۔ گینڈا۔ کچھوا۔ **پنچ تپا** (مذکر) وہ سادھو جو موسم گرما میں پانچ آگوں کے درمیان بیٹھے۔ **پنچ تت یا تتوا** (مذکر) ۱ پانچ عنصر۔ پانچ بھوت ۲ بعض رسوم کی پانچ اشیا جو سب میم سے شروع ہوتی ہیں۔ مدیہ یا شراب ماس یا گوشت۔ متسیہ یا مچھلی۔ مدرا یا انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔ اور میتھن یا جماع۔ **پنچ تیرتھ یا تیرتھی** (مذکر) ۱ پانچ بڑے تیرتھ وشرانت۔ سوکر۔ نیمش۔ پریاگ۔ پشکر ۲ وشن پد اور ہری پد کے دنوں کا اشنان۔ **پنچ جن** (مذکر) ایک راکھشس جو سمندر میں سنکھ کی شکل میں رہتا تھا۔ اس نے کرشن جی کے استاد ساندی پنی کے لڑکے کو پکڑ لیا۔ کرشن جی نے اسے قتل کر کے لڑکے کو چھڑایا۔ سنکھ کا انہوں نے نرسنگھا بنایا جس کا نام پنچ جنی ہے۔ **پنچ جنی** (مونث) پانچ آدمیوں کی مجلس۔ **پنچ جننی** (مذکر) ۱ کرشن جی کا نرسنگھا ۲ مخلوق کی پانچ اقسام۔ دیوتا۔ انسان۔ گندھرو اور اپسرا سانپ۔ پتری۔ **پنچ جنیندر** (مذکر) ۱ راجہ۔ بادشاہ ۲ پانچ عنصر ۳ ایک راکھشس جسے کرشن جی نے قتل کیا تھا۔ **پنچ جن** ۴ سمرادھ کا ایک بیٹا ۵ سگر اور کیشنی کا ایک بیٹا ۶ سرنجی کا ایک بیٹا اور سومدت کا باپ۔ **پنچ جنیندری** (مونث) وسروپ کی بیٹی اور بھرت کی بیوی۔ **پنچ چول** (مذکر) کوہ ہمالیہ کا ایک حصہ۔ **پنچ وش** (عدد) پندرھواں۔ **پنچدھا** (تف) پانچ طریقوں میں۔ پانچ حصوں میں۔ پانچ گنا۔ **پنچ راتر** (صفت) ۱ جو پانچ رات یا دن جاری رہے ۲ پانچ راتوں کا عرصہ ۳ ایک یگ جو پانچ رات تک رہتا ہے ۴ وشنو فرقے کی مقدس کتابوں کا نام۔ **پنچ راشک** (صفت) ۱ پانچ نسبتوں کے متعلق ۲ (مذکر) اربعہ متناسبہ۔ **پنچ رتن** (مذکر) پانچ قیمتی چیزوں اور جواہرات کا مجموعہ۔ سونا ہیرا۔ نیلم۔ لعل اور موتی۔ **پنچ رس یا رسی** (صفت) پانچ دھاتوں یا پانچ مائع کا مرکب۔ **پنچ سبد** (ھ) دیکھو پنچ شبد۔ **پنچ گندھک**۔ پانچ خوشبودار مسالحوں کا مجموعہ۔ لونگ۔ جائفل۔ کافور۔ مصبر کی لکڑی اور گکولہ۔ **پنچ سونا** (مذکر) گھر کی پانچ چیزیں جن سے نقصان جان ہوتا ہے۔ چولہا۔ سل بٹہ۔ ہاون دستہ۔ جھاڑو۔ لٹیا۔ **پنچ شاخ یا شاخہ** (صفت) ۱ پانچ شاخوں والا ۲ (مذکر) ہاتھ۔ **پنچ شبد** (مذکر) ۱ پانچ قسم کی آوازیں ۲ پانچ ساز۔ **پنچ شر** (صفت) ۱ پانچ تیروں والا ۲ (مذکر) کامدیو کا نام۔ **پنچ کرم** (مذکر) ۱ بدن کے پانچ کام ۲ پانچ علاج قے آور دوائی۔ دست آور دوائی۔ چھینک لینے والی چیز دو قسم کا حقنہ۔ تیل والا اور بغیر تیل۔ **پنچ کنیا** (مونث) پانچ کنواریاں۔ تارا۔ کنتی۔ اہلیا۔ مندوری۔ سیتا۔ **پنچ کوسی۔ کوشی** (مونث) ۱ پانچ کوس کا فاصلہ ۲ بنارس کے گرد جاتریوں کی سڑک ۳ (پنجاب) ضلع فیروزپور میں ایک گاؤں۔ **پنچ کوش** (مذکر) پانچ خول جو روح کو گھیرے ہوئے ہیں۔ بدن۔ حواس ظاہری۔ حواس باطنی اصول شناخت اور عقل کل۔ **پنچ کول** (مذکر) پانچ مسالے۔ مرچ۔ مرچ کی جڑ۔ ادرک۔ چبنہ۔ چترک۔ **پنچ گول** (مذکر) پانچ لقمے۔ **پنچ کون** (مذکر) پانچ زاویوں کی شکل۔ مخمس۔ **پنچ کھن یا کھنا** (صفت) پانچ منزل کا۔ **پنچ گراس** (مذکر) پانچ لقمے۔ **پنچ گنا** (صفت) پانچ سے ضرب دیا ہوا۔ **پنچ گنگ یا گنگا** (مونث) ایک مقام کا نام۔ **پنچ گویہ** (مذکر) گائے کی پانچ چیزیں۔ دودھ۔ دہی۔ مکھن۔ گوبر۔ پیشاب۔ **پنچ لکشن** (صفت) ۱ پانچ خوبیوں والا ۲ (مذکر) پرانوں کا لقب۔ یہ پانچ باتوں کے متعلق ہونے چاہئیں دنیا کی پیدائش۔ قیامت اور دوبارہ پیدائش دیوتاؤں اور مہا پرشوں کے نسب نامے۔ منوون کے زمانوں کے حالات۔ سورج بنسی اور چندر بنسی خاندانوں کے حالات۔ **پنچ لوہا** (مذکر) ایک مرکب دھات جو پانچ دھاتوں تانبا۔ سیسہ۔ جست۔ لوہا اور رانگے سے بنائی جاتی ہے۔ **پنچ ماسہ** (صفت) ۱ پانچ مہینوں کا ۲ پانچ مہینوں کے بعد واقع ہونے والا ۳ (مذکر) کوئل۔ **پنچ مانش** (مذکر) پانچواں حصہ۔ **پنچ ماننا** (متعدی) ثالث تسلیم کرنا۔ منصف ماننا۔ **پنچ مکار** (مذکر) دیکھو پنچ تت ۲۔ **پنچ مول** (مذکر) **مولی** (مونث) پانچ جڑوں یا پودوں کا مجموعہ۔ **پنچ مہا یگیہ** (مذکر) ہندوؤں کے پانچ بڑے بلدان یا بھینٹ ۱ روحوں کی پوجا پھول اور خوشبوؤں سے ۲ بزرگوں کی پوجا کریا کرم سے ۳ دیوتاؤں کی پوجا اگنی پر بھینٹ سے ۴ ویدوں کی پوجا ان کے پڑھنے سے ۵ انسانوں کی پوجا خاطر تواضع سے۔ **پنچن** (مذکر) ۱ ساتھی۔ ہمراہی۔ دوست ۲ (عدد) پانچ۔ **پنچ ند** (مذکر) ۱ پانچ دریاؤں کا ملک یا پنجاب۔ پانچ دریا شت درو یا ستلج۔ وپاشا یا بیاس۔ ایراوتی یا راوی چندر بھاگا یا چناب۔ وتستا یا جہلم ۲ پنجاب کے پانچ دریاؤں سے مل کر جو دریا بنتا ہے۔ علی پور سے لے کر مٹھن کوٹ تک ہے۔ وہاں سے اٹک میں جا کر مل جاتا ہے۔ **پنچ نکھ** (صفت) ۱ پانچ پنجوں یا ناخنوں والا ۲ (مذکر) کوئی جانور جس کے پانچ ناخن ہوں۔ ہاتھی۔ شیر۔ کچھوا وغیرہ۔ **پنچ وتر** (مذکر) پانچ فیصدی محصول کرایہ یا مالگزاری میں سے پانچ فیصدی کی کمی۔ محصول کی چکی۔ **پنچ ورکش** (مذکر) سرگ کے پانچ درخت مندار۔ پریجاتک۔ سنتان۔ کلپ ورکش اور ہری چندن۔ **پنچ اندریہ** (مذکر) ۱ حواس کے پانچ عضو۔ آنکھ۔ ناک۔ کان۔ زبان اور جلد ۲ کام کرنے کے پانچ عضو ہاتھ۔ پاؤں۔ حلق۔ کون۔ آلۂ تناسل۔

پَنچ (ہ۔ مونث) کمان۔

پَنچا (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی دستے دار جس میں پانچ شاخیں ہوتی ہیں۔ کسان اس سے بھوسی کو دانہ سے علیحدہ کرنے کے لئے اچھالتے ہیں ۲ (ھ) کسی پانچ چیزوں کا مجموعہ (س۔ پنچک)

پَنچاس (ھ۔ صفت) پچاس

پَنچال (س۔ مذکر) ۱ زمانہ قدیم میں ایک ملک جو ہندوستان کے شمال میں تھا۔ غالباً روہیلکھنڈ کے گرد و نواح میں واقع تھا۔ اس کا دار الخلافہ

ماہی چیستر تھا ؛ ایک قوم جو اس ملک میں آباد تھی ؛ اس قوم کا ایک راجہ ؛ (ہ ۔ مذکر) دیکھو پانچال ؛ (ہ ۔ صفت) چالاک ۔ ہوشیار ۔ چابکدست ؛ دغاباز ۔ مکار ۔

پنچاوتی (س ۔ عص) ایک جنگل جو گوداوری کے منبع کے قریب تھا ۔ جہاں راجہ رامچندر جی نے مدت تک رہائش رکھی تھی اور یہاں سروپ نکھا کی ناک کٹی تھی ۔ غالباً ناسک کا علاقہ ہے ۔

پنچتر (س ۔ مذکر) کامیاب فریق سے پانچ فیصدی فیس لینا ۔

پنچتنتر (س ۔ مذکر) ایک مشہور قصوں کی کتاب جو وشنو سرمن برہمن نے پانچویں صدی میں تصنیف کی تھی ۔ اور ہت اپدیش کی پہلی صورت ہے ۔ فارسی میں انوار سہیلی اور عربی میں کلیلہ دمنہ اسی سے لی گئی ہیں ۔

پنچری (ہ ۔ مونث) ایک قسم کا وزن یا بحر ۔

پنچک (س ۔ صفت) ؛ پانچ کے متعلق ۔ پانچ سے بنا ہوا ۔ پانچ فیصدی لینے والا ؛ (مذکر) پانچ کا عدد ؛ پانچ چیزوں کا مجموعہ ؛ پانچ چیزیں ؛ زمیندار جو محصول لگان کی رقم سے زائد وصول کرے ؛ (ہ ۔ مونث) کمان کا تسمہ یا تانت ۔

پنچل (ہ ۔ مذکر) وہ پھل جو درخت کے سب سے چھوٹا ہو ۔

پنچم (س ۔ صفت) ؛ پانچواں ؛ (ہ ۔ مذکر) ہندو راگ کا پانچواں سر یہ نام اس لئے ہے کہ یہ بدن کے پانچ حصوں کے زور سے نکلتا ہے ۔ چھاتی ، گلا ۔ دل ۔ ماتھا اور ناف ؛ ایک راگ کا نام ۔

پنچمی (س ۔ مونث) چاند کے نصف مہینے کی پانچویں تاریخ ۔

پنچوپاکھیان (س ۔ مذکر) پنچتنتر ۔

پنچھا (ہ ۔ مذکر) ؛ زخم کا پانی ۔ زخم کی رطوبت ؛ رطوبت جو منہ سے نکلتی ہے ۔ رال (چھوٹنا کے ساتھ)

پنچھالا (ہ ۔ مذکر) ؛ کنکوے کے نیچے کا حصہ یا دم ؛ پیرو ۔ مرید ۔ چیلا ؛ صفت خور طفیلی ؛ وہ جو عورتوں کے پیچھے پیچھے پھرے ؛ ملازم ۔ نوکر خدمتگار ۔ جو پیچھے پیچھے پھرے ۔

پنچھی (ہ ۔ مونث) پرند ۔ پنکھی طیر ۔ مرغ ۔

پند (ف ۔ مذکر) ؛ نصیحت ۔ صلاح سیکشا ؛ ناصحانہ مقولہ ۔ پندار (مذکر) وہ جو نصیحت سنے یا اصلاح لے ۔ پندگو (مذکر) ناصح ۔ صلاح کار ۔ مشیر ۔ **پند و نصیحت** (مونث) نصیحت ۔

پندار (ف ۔ مذکر) ؛ خیال ۔ غور فکر ۔ خوض ۔ سوچ ۔ بچار ؛ تصور ۔ تفکر ؛ رائے ۔ قیاس ؛ غرور ۔ تکبر ۔ عجب ۔ خودی ؛ (صفت) خیال کرنے والا سمجھنے والا ۔ سوچنے والا ۔ (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے)

پندر ۔ پندرا (ہ صفت) پندرہ کا مخفف (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) پندرواڑا (ہ) پندرہ دن ۔ دو ہفتے ۔ پندرواں (ہ) پندرھواں پندرہ (عدد) دس اور پانچ ۔ ۱۵ ۔ (س پنچ دش) پندرھواں (صفت) پندرہ حصوں میں سے ایک پندرھویں (مونث) مہینے کا پندرھواں دن (ہ) نصف مہینے کا پندرھواں دن ۔ بدر یا ہلال کا دن ۔ پندھرس (ہ) مہینے کی پندرھویں تاریخ پندھرواڑا (ہ) پندرواڑا ۔

پندھلانا (ہ ۔ متعدی) پھسلانا دم دلاسا دینا ۔ منانا ۔

پنڈ (س ۔ مذکر) ؛ نامرد ۔ ہیجڑا زنخا ۔ خواجہ سرا ؛ گانڈو ۔

پنڈ (ہ ۔ مذکر) ؛ ڈھیر ۔ تودہ ۔ انبار ؛ مقدار ۔ تعداد ؛ گولا ۔ ڈلا ۔ لڈو ؛ گول بٹن ؛ بدن جسم ؛ کسی خوردنی چیز کا لڈو یا لقمہ ۔ نوالہ ؛ آٹے یا چاول کا لڈو جو ہندو بزرگوں کے نام پر دریا میں چھوڑتے ہیں ؛ کریا کرم کا لڈو ؛ شرادھ کے موقع پر جو لڈو دیئے جاتے ہیں پنڈادھیکار (مذکر) کریا کرم کرنے والا شخص جو کریا کرم کے لڈو دیتا ہے ۔ پنڈ پڑنا (لازم) پیچھے پڑنا ۔ ساتھ لگے رہنا ۔ پیچھا کرنا ۔ تلے ہونا ۔ مشغول ہونا ؛ سپردگی میں آنا ۔ حصے میں آنا ۔ پنڈ چھٹنا یا چھوٹنا (لازم) ؛ پیچھا چھٹنا ۔ رہائی پانا ۔ نجات ہونا ۔ پنڈ چھوڑانا (متعدی) ؛ پیچھا چھوڑانا ۔ بچانا ؛ نجات دلانا ۔ چھڑانا ۔ **پنڈا ۔ پنڈ داتا** یا داتری (مذکر) وہ رشتہ دار جو کریا کرم کے لڈو بزرگوں کے نام پر دان کرے ۔ پنڈ دان (مذکر) کریا کرم کے لڈو تقسیم کرنا ۔ پنڈ روگ (مذکر) ؛ جنم کے دن سے جو بیماری لگی ہو ۔ کمزوری اور بدن کا دبلا پن ؛ کوڑھ ۔ پنڈ روگی (صفت) ؛ جو جنم سے بیمار ہو ۔ پیدائشی بیمار ؛ وہ جسے سوکھنے کی بیماری ہو ؛ (مذکر) جنم روگی ۔ دائم المرض ؛ وہ شخص جسے سوکھنے کی بیماری ہو ؛ کوڑھی ۔ پنڈ کھجور یا کھرجور (مذکر) ؛ جنگلی کھجور کا درخت ؛ تازہ کھجوروں کا ڈھیر ۔

پنڈا (س ۔ مونث) ؛ عقل ۔ سمجھ بدھ ؛ علم ۔ فضیلت ۔ بدیا ؛ (ہ ۔ مذکر) برہمن جو کسی بت کے مندر کا پوجاری ہو ۔ پروہت ؛ برہمنوں کی ایک قوم ۔

پنڈا (ہ ۔ مذکر) ؛ جسم ۔ بدن ؛ مٹی کا ڈھیلا ۔ کھانے والی چیز کا لڈو یا گولا ؛ سوت یا دھاگے کا گولا ۔ پیچک ۔ پنڈا اچھوتا ہونا (لازم) باکرہ ہونا دوشیزہ ہونا ۔ ابھی مرد کا ہاتھ نہ لگا ہوا ہونا ۔ پنڈا پھیکا ہونا (لازم) بدن گرم ہونا ۔ خفیف حرارت ہونا ۔ پنڈا جلنا (لازم) بخار کی شدت ہونا ۔ تپ ہونا پنڈا دھلانا (متعدی) غسل کرانا ۔ نہلانا ۔ پنڈا دھونا نہانا ۔ غسل کرنا ۔ پنڈا غوطہ کر ڈالنا (متعدی) بدن دھو ڈالنا ۔ پنڈا کورہ ہونا (لازم) دیکھو پنڈا اچھوتا ہونا

پنڈار (س ۔ مذکر) ایک درخت جس کا پھول سفید نکلتا ہے اور بعد میں زرد ہو جاتا ہے اور بہت خوشبودار ہوتا ہے ۔

پنڈت (س ۔ صفت) پنڈت (ہ) ؛ عالم ۔ فاضل ۔ ودیاوان ؛ عقلمند ۔ دانا ؛ چالاک ہوشیار ۔ سمجھدار ؛ تعلیم یافتہ ؛ (مذکر) عالم یا فاضل شخص ؛ عقلمند یا سمجھدار آدمی ؛ پڑھا ہوا برہمن ؛ استاد ۔ معلم مدرس ۔ پروفیسر ۔ پاٹھک ؛ برہمنوں کا خطاب ؛ منجم جوتشی ؛ مذہبی قانون جاننے والا شخص ۔ **پنڈت مانی** (مذکر) وہ شخص جسے آتا کچھ نہ ہو مگر اپنے آپ کو بہت قابل سمجھے ۔ **پنڈتانی** (مونث) ؛ پنڈت کی بیوی برہمن عورت ؛ وہ عورت جو بچوں کو پڑھاتی ہے ۔ استانی ۔ **پنڈتائی** (ہ ۔ مونث) ؛ پنڈت کا کام یا پیشہ ؛ علمیت ۔ قابلیت ۔ لیاقت ؛ دانائی ۔ عقلمندی ؛ علمیت کا دکھاوا ۔ علم کی شیخی یا نمود ۔ پنڈتائی کرنا (متعدی) علمیت جتانا یا ظاہر کرنا ۔ شیخی سے اپنی قابلیت جتانا ۔ **پنڈتائن ۔ پنڈتانی** (ہ ۔ مونث) پنڈتانی ۔

اقوال ۔ پنڈت اور مشالچی
دونوں الٹی ریت اور دکھاوے چاندنی

آپ اندھیرے نیچ - پنڈت اور مشالچی کی مثال الٹی ہے - دوسروں کو روشنی دکھاتے ہیں - خود اندھیرے میں رہتے ہیں - پنڈت لوگوں کو پڑھاتے ہیں مگر خود علم سے فائدہ نہیں اٹھاتے - **پنڈت بھئے تو کیا بھئے گلے لپیٹا سوت - بھاؤ بھگت جانی نا ہیں بھئے جنگل کے بھوت** - پنڈت ہونے یا گلے میں جنیوڈالنے سے کوئی فائدہ نہیں اگر انسان میں سچا دھرم نہیں تو وہ جنگل کے بھوت کے برابر ہے یا کسی کام کا نہیں **پنڈت پوتھی بانچتے ملا پڑھے قرآن لوگ دکھاوو لاکھ کرو نا ملئے بھگوان** پوتھیاں یا قرآن پڑھنے یا مذہب کی باتوں کے دکھاوے سے خدا نہیں ملتا - **پنڈت کی جو زبان پر ہے وہی پوتھی میں** - پنڈت جو کچھ کہتا ہے سوچ سمجھ کر کہتا ہے -

پَنڈَت خانہ (ھ - مذکر) بندی خانے کا بگڑا ہوا ۱ قید خانہ - جیل خانہ ۲ قمار خانہ -

پِنڈَخی (ہ - مونث) پنڈکی کا بگڑا ہوا - فاختہ کی ایک قسم -

پُنڈَرِیا (ھ - مذکر) دیکھو پنڈریک

پُنڈَرِیک (س - مذکر) ۱ کنول کا پھول - سفید کنول ۲ ایک قسم کا کوڑھ ۳ ایک قسم کا چاول ۴ ایک قسم کی بھینٹ ۵ سانپ کی ایک قسم ۶ چیتا ۷ گوشہ جنوب مغرب کا ہاتھی - **پُنڈَرِیکاکش** (صفت) کنول نین - کنول جیسی آنکھوں والا (مذکر) وشن جی کا ایک نام -

پُنڈَرِیک (س - مذکر) ۱ گل عجائب ۲ ایک قسم کی دوائی -

پُنڈَرِیکاکش (س - مذکر) کنول کی آنکھ والا ۲ وشن جی کا ایک نام -

پَنڈَک (س - مذکر) ہیجڑا - مخنث زنانہ -

پِنڈَک (س - مذکر) ۱ طعام کا گولا - لڈو - پنڈ ۲ مست ہاتھی کے سامنے کے گولے ۳ دھوپ - لوبان - بخور -

پِنڈَک (س - مذکر) فاختہ قمری

پِنڈِکا (س - مونث) ۱ پنڈلی ۲ بدن کا کوئی گوشت والا حصہ ۳ پیٹے کا بیج یا ناہ -

پِنڈکی (س - مونث) فاختہ - قمری - پنڈک کی تصغیر -

پِنڈِلا (س - مونث) کھیرے کی ایک قسم -

پِنَڈلَم (انگ - مذکر) کلاک کا لٹکن -

پِنڈلی (ہ - مونث) ۱ ٹانگ کا وہ گوشت دار حصہ جو گھٹنے اور ٹخنے کے درمیان ہے ۲ (ھ) ٹانگ - پنڈلی کی ہڈی - **پنڈلی سے پنڈلی گتھی ہونا** (لازم) ٹانگوں میں ٹانگیں ہونا -

پَنڈَنی (ھ - صفت) پانڈوں یا ان کے بچوں کے متعلق -

پَنڈَو (ھ - مذکر) ۱ پکا ہوا پھل - کچل ۲ بیر ۳ (عص) اندر پرست کے ایک راجہ کا نام پانڈو -

پِنڈوری (ھ - مونث) باز کی ایک قسم -

پِنڈول (ھ - مونث) ایک قسم کی ہلکی زرد رنگ کی مٹی - جسے دیواروں پر بجائے سفیدی کے پھیرتے ہیں -

پِنڈولی (س - مونث) ۱ کھاتا بچا ہوا - جھوٹا کھانا ۲ منہ میں سے گرا ہوا روٹی کا ٹکڑا -

پِنڈی (س - مونث) ۱ گول ڈھیر یا تودہ - پنڈ ۲ سوت کی گولی ۳ لکدی - پینڈی ۴ پیٹے کا بیج ۵ شولنگ کا اوپر کا حصہ ۶ شوجی کی مورتی کا پتھر ۷ ریت کا چبوترہ جس پر پتریوں کو بھوگ دیتے ہیں ۸ مذبح ۹ ایک لمبا کدو ۱۰ چاندنی کا پودہ -

پَنڈِیائِن - پَنڈِیائِن (ھ - مونث) پانڈے یا پنڈت کی بیوی - **پنڈیائن کی میٹھی میٹھی بتیاں** - پنڈت کی بیوی کو میٹھی میٹھی باتیں کرنے کی عادت ہوتی ہے - کیونکہ اسے چاپلوسی کرکے لوگوں سے بہت کچھ لینا ہوتا ہے -

پُنَر (س - تف) ۱ پھر نئے سرے - ایک دفعہ اور ۲ پیچھے - سامنے کی طرف ۳ برخلاف اس کے ۴ ماسوا - اس کے سوا - علاوہ براں - لیکن - مگر - بہرکیف ۵ نیز - بھی - بعد میں - **پُنَر بچن** (مذکر) دہرائی - پڑھنا پاٹھ - **پنر بسو یا وسو** (مذکر) ۱ ساتویں نچھتر کا نام ۲ وشن جی اور شوجی کا ایک لقب - **پُنَر بھو** (مونث) ۱ دوبارہ جنم ۲ باکرہ بیوہ کی دوسری شادی - **پنر جنم** (مذکر) ۱ ملنا یا دوسرا جنم ۲ نئے اصولوں کا دل میں پیدا ہونا جس سے انسان کی زندگی کے حالات بدل جائیں ۳ اگلا جنم تناسخ یا آواگون کی وجہ سے - **پنر کتھن** (مذکر) ہرائی پڑھنا - پاٹھ -

پَنَس (س - مذکر) ۱ ایک پھل دار درخت - کٹہل ۲ کانٹا - خار ۳ سانپ کی ایک قسم -

پَنس (انگ - مذکر) ایک انگریزی تانبے کا سکہ جو شلنگ کا بارھواں حصہ ہوتا ہے اور آنے سے کم قیمت کا ہوتا ہے -

پِنس (انگ - مونث) پالکی - نفس -

پُنس (س - مذکر) ۱ نر - مرد - آدمی ۲ انسان ۳ نوکر - ملازم - خدمتگار ۴ روح - جان - بھوتاتما **پنس چلی** (مونث) مردوں کے پیچھے بھاگنے والی ۲ زناکار بدچلن عورت -

پَنسار (ہ - مذکر) **پنسارٹا پنسارھٹا** (ھ) ۱ دوائی بیچنے والے کا کام یا پیشہ ۲ دوائیاں مسالے وغیرہ بیچنا - **پنسار ہٹا** (مذکر) پنساریوں کا بازار - پسر ہٹا - **پنساری** (مذکر) دوائی فروش - دوائی بیچنے والا - نمک مرچ مسالے بیچنے والا -

پَنسِل (انگ - مونث) ۱ سرے کا قلم ۲ سیسے یا سرمہ کی بہت باریک سلاخ پر لکڑی کا خول چڑھا کرتے ہیں یہ پنسل ہے ۳ سلیٹ پر لکھنے کا سلیٹ کا بنا ہوا لمبا قلم ۴ لکڑی یا ربڑ یا دھات کا بنا ہوا قلم جس کے اندر سیسے کی سلاخ ڈالکر لکھتے ہیں -

پَنسوئی (ھ - مونث) ایک چھوٹی کشتی - ڈونگا -

پَنسی (ھ - مونث) ناک کی پھنسی

پَنشاخہ (ہ - مذکر) پنجشاخہ کا مخفف (مخف) **پنشاخہ ہاتھ میں رہ جانا** (لازم) ۱ بیوقوف بننا ۲ کچھ حاصل نہ ہونا (مخف)

پَنشَن (انگ - مونث) ۱ وظیفہ جو خدمت کے صلے میں بڑھاپے میں دیا جائے ۲ ایسی ملازمت جس میں کام برائے نام یا کچھ نہ ہو (دینا - لینا کے ساتھ) **پنشن کھاتے ہیں** - کام کچھ کرتے نہیں مفت کا وظیفہ لیتے ہیں - **پنشن لینا** (متعدی) ملازمت پوری کرکے جو ہندوستان میں تیس برس کا عرصہ ہے - وظیفہ پر ملازمت سے علیحدہ ہو جانا - **پنشن ہونا** (لازم) وظیفہ لگنا -

پَنک (س - مذکر) **پَنک** (ھ) ۱ کیچڑ - کیچ ۲ مٹی - دھول - خاک ۳ دلدل - دھسن **پنک برگھ** (مذکر) نرک کے سات حصوں میں سے ایک - کیچڑ کی دوزخ -

پِنک (انگ - مذکر) ایک پھولدار چھوٹا پودا جس کے پتے گھاس کی طرح ہوتے ہیں۔ مگر پھول مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں۔

پَنکار (س - مذکر) ۱ ایک آبی پودہ سنگھاڑا ۲ ٹیلہ - تودہ - پشتہ - مینڈ۔

پَنکتی (س - مونث) ۱ پانچ کی قطار یا صف ۲ پانچ کا مجموعہ ۳ قطار - صف - سلسلہ ۴ جتھا - گروہ - انبوہ - بھیڑ - مجمع (مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے ۵ دس - پنکتی رَتھ (مذکر) "دس رتھوں والا" راجہ دسرتھ کا ایک لقب۔

پَنکھ (ہ - مذکر) پر - بازو - (س پکش) پنکھ والا (صفت) پردار - پَنکھی (مذکر) پرداز ۲ پرندہ ۳ پتنگے کی ایک قسم ۴ (مونث) ایک اونی کپڑا جو پہاڑوں سے آتا ہے۔

پَنکھا (ہ - مذکر) ۱ ایک آلہ جس کے ذریعے ہوا پہنچاتے ہیں۔ یہ یا تو ہاتھ میں پکڑ کر ہلایا جاتا ہے یا چھت میں ڈال کر رسی کے ذریعے کھینچا جاتا ہے ۲ ایک دھات کا آلہ جو گرمی یا بجلی کے ذریعے چلتا ہے اور ہوا دیتا ہے ۳ موٹروں یا ہوائی جہازوں اور دیگر کلوں میں ایک آلہ جو ہوا دے کر پانی کو ٹھنڈا کرتا ہے ۴ لکڑی کا ایک آلہ جس کے اندر لکڑی کے پتلے تختے نکلتے ہیں اسے دستے سے پکڑ کر چکر دیتے ہیں تو اسمیں سے ہوا نکلتی ہے (جھلنا - کھینچنا - ہلانا - ہونا کے ساتھ) (س - پکشک) پنکھا ہانکنا (متعدی) پنکھا جھلنا (خف) پنکھی (مونث) چھوٹا دستی پنکھا - پنکھے کی ہوا دینا (متعدی) پنکھا جھلنا - پنکھے لگ جانا (لازم) ۱ پنکھوں کا لٹکایا جانا ۲ (عو) سخت دل دھڑکنا۔

پَنکھڑی (ہ - مونث) پھول کی پتی - برگ گل - (پنکھ سے)

پَنکھیا (ہ - مونث) ۱ چھوٹا دستی پنکھا ۲ ایک قسم کا پتنگا ۳ (مذکر) ایک قسم کا فقیر جو ہر ایک کو پنکھا جھلتا ہے ۴ بدکار آدمی - زناکار شخص ۵ (صفت) بدکار - بدچلن - زانی (پنکھا سے) پَنکھنی (صفت) بدکار - بدچلن - زانی۔

پِنکی (ہ - مونث) ۱ پینک - نشے کی حالت جو افیون کے کھانے سے ہوتی ہے ۲ (مذکر) وہ شخص جو نشے میں مبتلا ہو - افیمی (پینک سے)

پَنکیلا - پَنکیلا (ہ - صفت) ۱ کیچڑ سے لتھڑا ہوا ۲ خاکستر سے بھرا ہوا - میلا - گدلا۔

پَنَگ - پَنَگ (س - مذکر) ۱ رینگنے والا جانور - سانپ - افعی ۲ (عص) ایک سانپ کی شکل کا راکھشس ۳ زمرد - پنا۔

پِنگ (س - صفت) ۱ سرخی مائل بھورا - زردی مائل - سانولا - گندمی ۲ (مذکر) گندمی یا سانولا رنگ - پِنگاکش (صفت) ۱ بھوری آنکھوں والا ۲ (مذکر) کوئی بھوری آنکھوں والا جانور - بندر - لنگور ۳ شوجی کا ایک نام۔

پِنگ (ہ - مذکر) پوگ۔

پِنگا (ہ - صفت) ۱ پانی والا - پتلا کمزور ۲ نازک - نرم ۳ وہ جس کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوں۔

پَنگاس (ہ - مذکر) ایک قسم کی مچھلی۔

پَنگاش (س - مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ ایک جنگلی قوم کا سردار ۳ گاؤں کا لمبردار۔

پَنگت - پَنگت (س - مونث) ۱ قطار وغیرہ دیکھو پنکتی اور پانت ۲ آدمیوں کی قطار جو کھانے بیٹھیں ۳ وہ مجمع جس میں درجے کے مطابق لوگ بیٹھیں ۴ میل جول - سنگت - رفاقت - اختلاط ۵ تعلق بھائی چارہ ۶ گروہ - مجمع - جتھا - جماعت - منڈلی ۷ قوم ذات - پنگت بیچ لکھت (مونث) سطروں کے بیچ میں لکھنا - پنکھت سے باہر (صفت) ذات برادری سے خارج۔

پَنگریا (ہ - مونث) ناک کا ایک زیور۔

پِنگل (س - صفت) ۱ دیکھو پنگو اور پنگلا ۲ سفید گھوڑا - نقرہ ۳ دیکھو پنکتا۔

پِنگل (س - صفت) ۱ دیکھو پنگا ۲ (مذکر) سورج ۳ آگ ۴ شیر ۵ بندر ۶ ایک قسم کا نیولا ۷ علم عروض ۸ ایک قدیم ہندو نحوی کا نام ۹ (عص) پاتال کا ایک ناگ بادشاہ جس نے علم عروض پر ایک کتاب لکھی ہے۔

پِنگلا (س - صفت) ۱ لنگڑا - بدشکل وغیرہ ۲ (مذکر) دیکھو پنگو۔

پِنگلا (س - مونث) بدن کی ایک بڑی نس - ان تین میں سے داہنی جو سر کو جاتی ہیں ۲ جنوب مشرقی طرف کی ہتھنی ۳ (عص) ایک بیسوا جو بہت پرہیزگار بن گئی تھی۔

پِنگ پونگ (انگ - مذکر) ایک کھیل جو میز پر چھوٹے بلے اور گیند سے جال لگا کر کھیلتے ہیں ایک طرح کا ٹینس ہے۔

پِنگلت (س - صفت) سرخی مائل بھورا - گندمی - سانولے رنگ کا۔

پِنگلکا (س - مونث) ۱ ایک قسم کی شہد کی مکھی ۲ ایک قسم کا الو - ایک قسم کا بگلا۔

پَنگو (س - صفت) ۱ لنگڑا - لولا - اپاہج - بدشکل - بدصورت - ٹیڑھی ٹانگوں والا - کبڑا ۲ (مذکر) وہ شخص جسکی ٹانگیں نہ ہوں ۳ لولا آدمی ۴ ٹیڑھی ٹانگوں والا شخص۔

پَنگوڑا (ہ - ہنگوڑا) (ہ - مذکر) **پنگوڑہ ہنگولا** (ہ) ہنڈولا لکڑی کا - جھولا جسمیں بچوں کا لٹا کر ہلاتے رہتے ہیں۔

پَنگی (ہ - مونث) دیکھو پونگی پوگ

پَنگی پھل (مذکر) چھالیہ - سپاری۔

پَنَم (ہ - مذکر) پنیہ۔

پَنَم - پونَم (ہ) پورنما۔

پِننا (ہ - متعدی) روئی کو صاف کرنا یا دھننا - پنوانا (مم) روئی صاف کرانا - دھنوانا

پَنَو (س - مذکر) ۱ ایک ساز ۲ ایک چھوٹا ڈھول یا تاشہ ۳ ایک بحر یا وزن - پَنَوا (مونث) پنو۔

پُنوار (ہ - مذکر) املتاس کی قسم کا ایک درخت۔

پُنوار (ہ - مذکر) ۱ چکور ۲ راجپوتوں کی ایک ذات۔

پَنواڑا (ہ - مذکر) ۱ طول طویل قصہ طولانی بات - داستان ۲ (ہ) ایک قسم کی نظم جس میں کسی بہادر کے کارنامے - یا کسی دیو یا دان کی کارگذاری یا کسی شخص کی طاقت - نیکیوں یا خوبیوں کا تذکرہ ہوتا ہے ۳ رزمیہ نظم ۴ ساکھا - آلا - کرکا - پنواڑیا (مذکر) شاعر - کوی - بھاٹ - قصیدہ گو۔

پَنواڑا (ہ - مذکر) ۱ پتوں کی رکابی کھانا کھانے کے لئے بنی ہوئی ۲ کیکر کے درخت کی کٹی ہوئی شاخیں۔

پِنوائی (ہ - مونث) روئی صاف

کروانے کی اجرت۔

پَنولا (ہ۔ صفت) زمین جس میں ہل چلانے کے بعد پانی دیا گیا ہو۔

پُنَہ (س۔ تف) پھر۔ نئے سرے سے دیکھو پنر۔

پَنہا (ہ۔ صفت) ۱ چوڑا۔ کھلا فراخ ۲ (مذکر) دیکھو پنہی ۳ روپیہ جو سوانگ آرائی مال مسروقہ کے لئے دیا جائے ۴ وہ شخص جس کو روپیہ دیا جائے۔ **پنہی** (مونث) جوتی۔ جوتا۔ سلیپر۔ کھڑاویں۔

پِنہاں (ف۔ صفت) چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ۔ **پنہانی** (مونث) اخفا۔ پوشیدگی۔ راز

پَنچھتر بگاڑ دینا (ہ۔ متعدی) حواس بگاڑ دینا۔ پریشان کر دینا۔

پَنہیائی (ہ۔ صفت) وہ جسے جریان کی بیماری ہو ۲ (مذکر) مرض جریان کا بیمار۔

پَنّی (ہ۔ صفت) ۱ قسم کھائے ہوئے عہد کئے ہوئے ۲ مستقل مزاج۔ پکا۔

پَنّی (ہ۔ مونث) ۱ دھات کا ورق ۲ جوتی کا وہ حصہ جس پر کلابتون کا کام ہوتا ہے یا چمڑا جس پر روغن لگا کر گھوٹ دیتے ہیں ۳ جواہرات کی ٹھوکر یا ڈانک ۴ جھلمل جھوٹا کام۔

پِنّی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مٹھائی جو لڈوؤں کی طرح کی ہوتی ہے۔ ہندو عموماً کھاتے ہیں **مثل۔ پنّی کس پکوان میں سہگل کس جھان میں**۔ کسی شخص کی تحقیر کے لئے کہتے ہیں۔

پَنیا (ہ۔ صفت) ۱ پانی کا۔ پانی میں رہنے والا۔ جس میں پانی زیادہ ہو ۲ (مذکر) پانی ۳ کوئی چیز جو پانی میں رہے۔ پانی کا سانپ۔ آبی پرندہ ۴ مرغابی کی ایک قسم سرخ ڈبا۔ بن کا۔ **پنیا کال** (مذکر) ۱ پانی کی کمی ۲ قحط جو بہت پانی کی وجہ سے ہو۔

پَنِیا (س۔ مونث) ایک قسم کی بیل

پَنیار۔ پنیارا (ہ) **پنیالہ** (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا عنابی رنگ کا میوہ۔

پِنیاک (س۔ مذکر) کھلی۔ دوب بخور۔ زعفران۔ ہینگ۔

پَنیانا (ہ۔ متعدی) ۱ پانی سے تر کرنا پانی لگانا۔ سیراب کرنا۔ کھیت میں پانی دینا ۲ (لازم) پانی دینا۔ پانی چھوڑنا۔ ٹپکنا۔ پانی ہونا۔ پانی بھرنا۔ پتلا ہونا

پَنیاہ (ہ) دیکھو پنیہ۔

پَنیائی (ہ۔ مونث) کسی جنم میں پن کا کام کرنا۔ جس کا بدلہ اگلے جنم میں ملے گا۔ بزرگوں کا پن جس کا فائدہ بیٹے کو پہنچے۔

پِنیت (ہ۔ صفت) صاف ستھرا۔ خالص۔

پَنیر (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا انگریزی کتا جس کے لمبے گھونگر والے بال اور بڑے بڑے کان ہوتے ہیں۔

پَنیر (ف۔ مذکر) ایک کھانے کی چیز جو دہی سے پانی نکال کر بناتے ہیں۔ **پنیر چٹانا** (متعدی) ۱ خوشامد کرکے فائدہ اٹھانا ۲ لالچ دینا۔ رشوت دینا **پنیر جمانا** (متعدی) ۱ دہی سے پنیر تیار کرنا۔ پنیر کی چکتیاں بنانا ۲ دیکھو پنیری جمانا۔ **پنیر کے ساتھ خشکہ کھاؤ**۔ اپنی راہ لو۔ خوش رہو۔ اپنا کام کرو۔ **پنیر مایہ یا ماوا** (مذکر) جما ہوا دودھ۔ بکری کے بچے کو دودھ پلا کر دوڑاتے ہیں۔ پھر اسے ذبح کرکے دودھ نکال لیتے ہیں۔ **پنیری** (صفت) ۱ پنیر کا بنا ہوا ۲ (تف) پنیر کے بنانے کے طریقے پر۔ **پنیری (کا) جمانا** (متعدی) ۱ دوران گفتگو میں کسی مطلب کی بات کا ذکر کرنا ۲ (دہلی) کسی بات کی بنیاد ڈالنا ۳ (لکھنؤ) کوئی کام ایسا شروع کرنا جس سے بہت کام نکلیں ۴ براہ راست مطلب بیان نہ کرنا ۵ حق ظاہر کرنا۔ کسی چیز کی ملکیت کا دعوٰے کرنا۔

پَنیری (ہ۔ مونث) چھوٹے پودے جو بیج سے ایک جگہ پیدا کئے جائیں۔ پود ۲ وہ ٹکڑا زمین کا جہاں پود لگائی جائے ۳ پود کا ذخیرہ۔

پَنیلا (ہ۔ صفت) ۱ پانی والا پتلا ۲ بے مزہ۔ بد ذائقہ۔

پُنیم (ہ۔ مذکر) پورا چاند۔ بدر۔

پَنیہ (س۔ صفت) ۱ برائے فروخت قابل فروخت ۲ کوئی چیز جو برائے فروخت ہو۔ **پنیہ سالا** (مونث) ۱ منڈی۔ بازار۔ دوکان ۲ مالخانہ گدام۔ کوٹھی۔

پُنیہ (س۔ صفت) ۱ اچھا نیک صالح ۲ پاک۔ پرتر ۳ برگزیدہ ۴ دست منصف ۵ خوش۔ مسرور۔ شادماں ۶ سعید مبارک میموں۔ سہانی۔ بہت خوبصورت نفیس۔ روشن۔ چمک دار ۷ دل خوش کن ۸ خوشبودار۔ سوندھا معطر ۹ (مذکر) نیکی۔ بھلائی۔ وصف بہتری۔ خوبی ۲ مذہبی یا اخلاقی خوبی یا وصف ۱۱ نیکی۔ یا ثواب کا کام۔ پن کا کام ۱۲ خوشی۔ شادمانی۔ مسرت۔ آنند ۱۳ بہتری۔ بھلائی ۱۴ خوش قسمتی۔ سعادت۔ **پنیاتما** (صفت) نیک۔ پارسا۔ دھرماتما۔ بھگت۔ فیاض۔ مخیر۔ داتا۔ پرہیزگار جتی ستی۔ **پنیا رتھ لگانا**۔ ترک کر چھوڑنا۔ **پنیہ بھو یا بھومی** (مونث) ۱ ہندوؤں کا پوتر ملک جس کے شمال میں کوہ ہمالیہ جنوب میں کوہ وندھیاچل، اور شرق اور غرب میں سمندر ہے ۲ زچے کی ماں۔ **پنیہ شلوک** (مذکر) جس کے متعلق پوتر اشلوک کہے گئے ہوں ۲ کرشن جی یدھشٹر اور نل کا نام۔ **پنیہ شلوکا** (مونث) دروپتی اور سیتاجی کا نام۔ **پنیہ شیل** (صفت) نیک طبیعت۔ نیک پرہیزگار۔ پارسا۔ بھگت۔ دھرماتما۔ **پنیہ کاج یا کرم** (مذکر) نیکی یا خوبی کا کام۔ **پنیہ کرما** (صفت) اچھے کام کرنے والا۔ نیک۔ پارسا۔ راست باز۔ دیانت دار (مذکر) وہ شخص جس کے کام نیک یا اچھے ہوں۔

پَنیہا (ہ۔ مذکر) کوئی چیز جو پانی میں رہے۔

پَنئی (ہ۔ مونث) دیکھو پنہی۔

پَو (ہ۔ مونث) **پو** (ہ) صبح کی سپیدی تڑکا۔ سویرا۔ صبح صادق۔ **پو پھٹنا یا پھوٹنا** (مذکر) صبح ہو جانا۔ تڑکا ہو جانا۔

پَو (ہ۔ مونث) ۱ مویشی کو پانی پلانے کی جگہ ۲ سبیل۔ پیاؤ۔ پوہ ۳ پانسے کا صفر یا بارہ ۴ چوسر کے کھیل میں جب کوڑیوں کے دس پچیس یا تیس پڑیں تو ایک خانہ زائد شمار کرتے ہیں۔ اس ایک خانے کو پو کہتے ہیں ۵ (مذکر) پاؤ کا مخفف۔ **پو بارہ** (مذکر) پاسے میں صفر اور بارہ کا پڑنا۔ ہر طرح سے فائدہ یا جیت۔ **پو آنا** (لازم) دیکھو پو پڑنا۔ **پو بارہ (بارے) ہونا** (لازم) ۱ پاسے میں جیت ہونا۔ جوئے میں جیتنا ۲ فائدہ ہونا۔ مال ہاتھ لگنا۔ مزے میں ہونا ۳ بن آنا۔ موقعہ ملنا۔ **پو پڑنا** (لازم) ۱ پاسے کے صفر یا بارہ کا بہت آنا ۲ کسی شخص کو کوڑیوں پر دس پچیس یا تیس بہت دفعہ آنا۔ **پو چلنا** (لازم) زائد خانہ چلنا۔ **پو چھکا** (مذکر) جوا۔ قمار بازی۔ **پو چھکے اڑنا** (لازم) عیش میں بسر ہونا۔ **پو رکھنا** (متعدی) زائد خانہ نرد کا چلنا۔ **پو رہنا** (لازم) چوسر میں نرد کا آخری خانہ میں جا پڑنا۔ **پو سرا یا شالا** (مذکر) پو نمبر ۱ و ۲ سے۔ **پو سیرا** (مذکر) بیس تولے کا وزن پاؤ سیر کا باٹ۔ **پو سیری** (مونث) ۱ سیر میں پاؤ بھر ۲

پاؤبھر کی چیز یا پیمانہ ۔ **پوقدمی چال** (مونث) اس چال کو کہتے ہیں جس میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھے جائیں **پوکی آمد** (مونث) جو سر میں پو کا زیادہ آنا ۔

پُو (س ۔ مذکر) ۱ پہیئے کا ہال ۲ تیر یا نیزے کی نوک ۔ سنان ۳ اندر مہاراج کی بجلی کی کمان ۔

پَوّا (ہ ۔ مذکر) ۱ سیر کا چوتھا حصہ ۔ پاؤ سیر کا باٹ ۲ وہ بوتل جس میں پاؤ سیر سیال چیز سمائے خصوصاً شراب ۳ چوتھا ۔

پُوآ (ہ ۔ مذکر گھی یا تیل میں تلا ہوا آٹے اور شکر کا لڈو ۔ گلگلا ۔

پُوَا (ہ ۔ مذکر) ۱ کسی جانور کا شیر خوار یا بہت چھوٹا بچہ ۲ سانپ کا بچہ ۳ ایک پودا ۴ ایک قسم کی گھاس ۵ ایک ساگ ۔

پَواج (ہ ۔ مذکر) ۱ پاجی کی جمع بطرز عربی ۲ کمینے یا ادنے لوگ (عف)

پُوال ۔ پَوآل ۔ پُوآل (ہ ۔ مذکر) سوکھی گھاس ۔ موٹی خراب گھاس ۔ پھوس ۔

پَوانا (ہ ۔ متعدی) ۱ پوناکا ۔ دھاگا ڈلوانا ۲ روٹی پکوانا ۳ (لازم) دھوپ یا بھاپ سے گرم ہونا ۔ دھوپ سینکنا ۔

پَوانہ (ف ۔ مذکر) ایک درہ جس سے ایران میں داخل ہوتے ہیں ۔

پَوائی (ہ ۔ مونث) ۱ پاؤں میں ڈالنے کی بیڑی ۲ زنجیر ۳ جوتے یا جراب کا ٹانگ پر آنیوالا حصہ ۴ جوتے کا ایک پاؤں ۔

پُوپ (س ۔ مذکر) ۱ گلگلا ۔ پوا ۲ روٹی ۔ چپاتی ۔ **پوپاشٹک** (مونث) ماگھ کے مہینے کے دوسرے نصف کی آٹھویں تاریخ جب کہ پتروں کے لئے چاول کے لڈو دان کئے جاتے ہیں ۔ **پوپکار ۔ پوپکر** (مذکر) بھٹیارا ۔ **پوپالکہ** (مذکر) گلگلا ۔ **پوپالی** (مونث) ایک قسم کی روٹی یا گلگلا جو بھنے ہوئے جو کے آٹے سے بنایا جاتا ہے ۔

پوپٹا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا بیر ۲ پپوٹا ۔

پُوپلا (ہ ۔ مذکر) گلگلا ۔

پوپلا (ہ ۔ صفت) ۱ بے دانت کا جس کے دانت گر گئے ہوں ۲ (مذکر) وہ آدمی جس کے دانت گر گئے ہوں ۔ ڈھلپلا بمعنی نرم ، **پوپلا منہ** (مذکر) بوڑھے آدمی کا منہ جس میں دانت نہ ہوں **پوپلانا** (ہ) دیکھو پلپلانا ۔ **پوپلی** (مونث) بے دانت والی عورت ۔

مثل ۔ پوپلے سے ہڈی نہیں چبتی ۔ کمزور سے سخت کام نہیں ہوتا ۔

پوپلائی (ہ ۔ مونث) پلپلاہٹ

پَوپلن (انگ ۔ مونث) ایک کپڑا جس میں تانا ریشم کا اور بانا سوت کا ہوتا ہے لیکن بالکل سوتی کپڑا بھی بنتا ہے ۔

پوپنی (ہ ۔ مونث) ۱ منہ کا ایک باجہ ۲ بعض منہ کے باجوں کا سرا جو تنکے کا بنا ہوا ہوتا ہے ۳ آم کی گٹھلی کی گری کا پپیہا جو بچے بناتے ہیں ۔

پُوت (س ۔ مفعول) ۱ صاف شدہ پاک ۔ **پوتر** ۲ (صفت و مذکر) دیکھو پوتر ۔

پُوت (س ۔ صفت) پینے والا ۔

پُوت (ہ ۔ مذکر) بیٹا ۔ پسر ۔ فرزند (ہ) کسی جانور کا بچہ ۔ **پُوت بہو** (مونث) پوتے کی جورو ۔ **پوت زمبورا** (مذکر) جوان بندر ۔ **پوتوں پھلنا** (لازم) اولاد بہت ہونا ۔ کثرت سے بچے ہونا ۔ سر سبز ہونا ۔ بھرپور رہونا ۔ پھولنا پھلنا ۔ بڑھنا ترقی کرنا

امثال واقوال ۔ پوت لگانے چومئے منہ رالوں بھریئے ۔ پرائی اولاد سے محبت فضول ہے ۔ **پوت بھئے سیانے ۔ دکھ بھئے پرانے** (ہ) بیٹے جوان ہوں تو سب تکلیفیں جاتی رہتی ہیں ۔ کیونکہ وہ کمانے کے قابل ہو جاتے ہیں **پوت فقیرنی کا چال (چلے) احدیوں کی سی** اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جو غریب ہو کر امیروں کی سی حالت رکھے ۔ **پوت کی ذات کو سوجو کھوں** مرد کو سیکڑوں مصیبتیں اٹھانی پڑتی ہیں ۔ **پوت کرے بھٹار کے آگے آئے** (ہ) بیٹے کی کرتوتوں کی سزا باپ کو بھگتنی پڑتی ہے ۔ **پوت کپوت پنگوڑوں میں ہی پہچانے جاتے ہیں ۔ پوت کے پاؤں (تو) پالنے (ہی) میں (دکھلائی دینے) پہچانے جاتے ہیں** ۔ ہونہار بروا کے چکنے چکنے پات ۔ بچے میں شروع ہی سے اچھے یا برے ہونے کے آثار پائے جاتے ہیں ۔ **پوت کپوت ہو تو ہو ۔ پر ماں کماں کبھی نہیں ہو سکتی** ۔ بیٹا ماں کے ساتھ برا سلوک کرے تو کرے ماں بیٹے کے ساتھ نہیں کر سکتی ۔ **پوت مانگنے گئیں بھٹار (خاوند) لیتی آئیں** ۔ جو عورتیں فقیروں کے پاس بیٹا مانگنے جاتی ہیں وہ عموماً فقیروں سے زنا کراتی ہیں ۔ **پوت میٹھ بھٹار میٹھ کر یا کہہ کر کھاؤں** (ہ) خاوند اور بیٹا دونوں پیارے ہیں قسم کس کی کھاؤں ۔ سخت دقت میں ہوں سمجھ میں نہیں آتا کیا کیا جائے ۔ **پوت نہ بھٹار تسچھو ہی ٹائیں ٹائیں** (ہ) نہ بیٹا نہ خاوند مفت کا رونا اس کے متعلق کہا جاتا ہے جو اس کے ساتھ ہمدردی کرے جس سے اس کا کوئی تعلق نہیں ۔ **پوتوں رات دلبھکنی** (ہ) بیٹے بڑی مشکل سے جنے جاتے ہیں ۔ **پوت سپوت تو کیوں سنچے** (ہ) اگر بیٹا اچھا ہے تو اس کے لئے روپیہ جمع کرنے کی ضرورت نہیں اور اگر برا ہے تو بھی ضرورت نہیں ۔

پُوتَ (س ۔ مفعول) ۱ صاف شدہ ۔ مصفا ۔ پاک ۔ پوتر ۲ خالص ۔ بے میل ۳ مخلص سچا ۔ صادق ۔ **پوتاتما** (صفت) ۱ صاف دل ۔ پاک نیک ۲ مخلص ۔ سچا ۳ (مذکر) پاک شخص ۔ پوتر آدمی ۴ وہ شخص جو نہا دھو کر پاک ہو جائے ۔ صاف ستھرا شخص ۵ سنت ۔ سادھو ۔ درویش ۔ ولی ۔ **پوت پھل** (مذکر) ۱ صاف پھل والا ۲ پنس کا درخت ۔ کٹہل ۔

پُوتَ (س ۔ مفعول) ، **پُوت دھیہ** سڑا ہوا ۔ بدبودار ۔ گندا ۔ متعفن ۔

پُوتا (س ۔ مونث) ۱ پاکی ۔ طہارت پوترتا ۲ صفائی ۔ پاکیزگی ۔ نرملتا ۳ قدس ۔ تقدیس ۔

پُوتِ (س ۔ صفت) ۱ بدبودار ۔ گندا ۔ سڑا ہوا ۲ (مذکر) سڑاند ۔ بوسیدگی ۔ بساہند ۔ بدبو ۳ گندا پانی ۴ پیپ ۔ گندہ مادہ ۔ مواد ۵ ایک خوشبو زباد ۶ مشک بلاؤ ۔

پوتَ (س ۔ مذکر) ۱ کسی جانور کا بچہ ۲ دس برس کا ہاتھی ۳ جوان درخت یا پودہ ۴ کسی پودے کی نئی شاخ ۵ کپڑا ۔ پوشاک ۔ لباس ۶ مکان کی بنیاد یا جگہ ۷ کشتی ۔ جہاز ۸ جنین جو جھلی میں لپٹا ہوا نہ ہو ۔ **پوتج** (مذکر) کوئی جانور جس کا بچہ جھلی میں لپٹا ہوا نہ ہو ۔

پوت (ہ ۔ مذکر) ۱ شیشے کے دانے تسبیح یا مالا کے دانے ۲ خاصیت ۔ وصف ۔ سیرت ۔ صورت ۳ طبیعت ۔ خو ۴ عادت ۔ طریق ۔ طور ۔ چلن ۵ دفعہ ۔ باری ۶ پاخانہ ۔ گوبر ۔ فضلہ ۔ **پوت پورا کرنا** (متعدی) ۱ القدار پوری کرنا ۔ کمی پوری کرنا ۲ اپنا فرض ادا کرنا ۔ اپنے ذمہ کا کام کرنا ۔ **پوت پورا ہونا** (لازم) دیکھو آخری ۔ **پوت کا چھلا نہیں** (ہ) کوئی زیور نہیں ۔

پوت ۔ پوتا (ھ ۔ مذکر) ۱سرکاری خزانہ ۔ روپیوں کی تھیلیاں ۲ گاؤں کا روپیہ جو خزانے میں بھیجنے کے لئے تھیلی میں ڈالا جائے ۳ لگان جو کاشت شدہ کھیتوں پر لگایا جائے ۴ مالگزاری ۔ لگان محصول ۵ زراعت شدہ کھیتوں کا اقرار نامہ ۔

پوتا (د ۔ مذکر) ۱بیٹے کا بیٹا ۲ اولاد ۔ نسل (س ۔ پوتر) ۳ وہ کپڑا یا برش جس سے سفیدی یا لپائی کریں ۔ پچارا (س پتنک) ۴ زمین کا محصول ۔ لگان (س پت) ۵ سفید مٹی جسے پانی میں گھول کر دیواروں پر سفیدی کی طرح لگاتے ہیں ۶ دیکھو پوتہ ۔ **پوتی** (مونث) بیٹے کی بیٹی ۔

پوتانا (س ۔ عص) ایک راکھشی بل کی بیٹی جسنے کرشن جی کو طفلی میں قتل کرنے کی کوشش کی تھی اور انہیں اپنا زہریلا دودھ پلانا شروع کیا ۔ مگر انہوں نے اتنا دودھ پیا کہ یہ ہلاک ہوگئی ۔

پوتتو (س ۔ مونث) صفائی ۔ پاکیزگی پوترتا ۔ دیانت داری ۔ ایمانداری ۔ اخلاص ۔ سچائی صدق ۔ بدبو ۔ بساندہ ۔ تعفن ۔

پوتر (س ۔ مذکر) ۱پاک ہونے کا ذریعہ ۲ کشا گھاس ۔ بھینٹ کی گھاس ۳ پاک کرنے والا منتر یا پرتنا ۴ جنیو ۵ کوئی دیوتا ۶ (صفت) صاف کرنے والا ۔ پاک کرنے والا ۷ صاف ۔ خالص ۔ ستھرا ۸ چلن یا بدن میں صاف یا اچھا ۹ بے گناہ ۔ معصوم ۔ نردوش ۱۰ نفسانی خواہشات سے آزاد ۱۱ بے داغ ۔ اچھوتا ۔ پاک ۔ **پوترا** (مونث) پاک عورت ۲ تلسی ۳ ساون کے مہینے کی چاندنی راتوں کی بارھویں تاریخ ۴ ایک چھوٹا سا دریا ہردوار کے شمال مغرب میں ۵ پاک کرنے کا ذریعہ ۶ کشا گھاس کا بندھا ہوا گچھا ۷ جنیو ۸ ایک قسم کی مالا ۔ **پوتر آتما** (مذکر) روح القدس ۔ پوترتا ۔ **پوترتائی** (مونث) **پوترتو** (مذکر) بدنی یا چال چلن کی پاکیزگی ۔ پاکی ۔ طہارت ۔ پارسائی قدس ۔ بھگتائی ۔ صفائی ۔ ستھرائی ۔ **پوتری** (مونث) کشا گھاس یا سونے ۔ چاندی یا تانبے کا چھلا جو ہندو پوجا کے دوران میں پہنتے ہیں ۔

پوتر (س ۔ مذکر) پوتا ۔

پوتر (س ۔ مذکر) ۱سور کی تھوتھنی ۲ ہل کی پھالی ۔

پوترک (س ۔ صفت) بیٹے یا پوتے کا

پوتری (ھ ۔ مونث) ۱پتلی ۲ (مذکر) تھوتھنی والا ۳ سور ۔ خنزیر ۔

پوتڑا (ہ ۔ مذکر) ۱وہ کپڑا جو شیر خوار بچوں کے چوتڑوں کے نیچے رکھتے یا بچھاتے ہیں ۔ تاکہ پاخانہ پیشاب اسپر گرے ۲ (ھ) چیتھڑا ۔ لتا ۔ پھٹا پرانا ۔ کپڑا ۳ وہ کپڑا جو بیمار کے نیچے بچھایا جاتا ہے (س پترک) **پوتڑوں** (مذکر) پوتڑا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **پوتڑوں کا امیر بختا ور یا رئیس** (مذکر) خاندانی یا امیر یا دولتمند ۔ **پوتڑوں کا دلدری** (مذکر) سدا کا کنگال بڑا مفلس ۔ ہمیشہ کا غریب ۔ **پوتڑے** (مذکر) ۱پوتڑا کی جمع ۲ بجائے پوتڑا حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **پوتڑے بدلنا** (متعدی) بیمار کے نیچے کے کپڑے تبدیل کرکے اور رکھنا ۔ **پوتڑے دھلوانا** (م) **دھونا** (متعدی) ۱پوتڑے صاف کرنا ۲ ذلیل کام کرنا ۔

پوتڑی (ھ ۔ مونث) آنول نال ۔ نفاس ۔

پوتک (س ۔ مذکر) ۱کسی جانور کا جوان بچہ ۲ جوان پودہ ۳ جوان آم ۴ مکان کی بنیاد ۔ نیو ۔

پوتکا (س ۔ مونث) ۱ایک قسم کا ساگ ۲ ایک قسم کا جانور ۔ کھیکر ۳ مشک بلاؤ ۔

پوتکا (س ۔ مونث) ۱کسی جانور کا مادہ جوان بچہ ۲ ایک قسم کا ساگ ۔ پوئی ۔

پوتکی (س ۔ مونث) ۱ایک قسم کا ساگ ۔ پوئی ۲ ایک پرند ۔

پوتلک (س ۔ مذکر) بت پرست موتی پوجک ۔

پوتنا (ھ ۔ مونث) ایک دیوی کا نام جو بچوں میں ایک سکھا دینے والی بیماری پھیلاتی ہے ۔ اسے کنس نے کرشن جی کو طفلی میں قتل کرنے کے لئے بھیجا تھا ۔ اور جس وقت اس نے انہیں اپنا زہریلا دودھ اپنے پستانوں سے پلایا تو کرشن جی نے اسے تب تک نہ چھوڑا جب تک اس کی جان نہ نکل گئی ۲ ایک بیماری جو بچوں کو ہوتی ہے اور وہ سوکھ سوکھ کر مرجاتے ہیں ۳ ہڑ ۔

پوتنا (ہ ۔ متعدی) ۱کوچی پھیرنا ۔ پانی میں گھلی ہوئی مٹی پھیرنا ۔ سفیدی کرنا ۲ (مذکر) پوتا ۔ پچارا ۔ کوچی یا کپڑا جس سے پوتیں ۔ **پوتنا پھیرنا** (متعدی) پچارا پھیرنا ۔ سفیدی کرنا ۔

پوتہ (ف ۔ مذکر) اندکوش ۔ بیضوں کی تھیلی ۔

پوتھ (ہ ۔ مذکر) ۱شیشے کا چھوٹا دانہ ۲ مالگزاری جو حصہ داروں سے مقررہ وقت پر لی جائے ۔

پوتھا (ھ ۔ مذکر) ۱بڑی کتاب ۲ کتاب قلمی کتاب جو بڑے بڑے ورق پر لکھ کر بیچ میں سی دی گئی ہو ۔ **پوتھی** (مونث) ۱چھوٹی کتاب ۲ ہندوؤں کی مذہبی کتاب ۳ علم نجوم یا موسیقی کی کتاب ۴ لسن کی گرہ ۔

قول ۔ پوتھی تو تھوتھی بھئی پنڈت بھیا نہ کوئے ۔ ڈھائی اچھر پریم کے پڑھے سو پنڈت ہوئے ۔ جس نے عشق کا سبق

نہیں پڑھا وہ کیا عالم ہوگا ۔

پوتھکی (س ۔ مونث) آنکھوں پر سرخ مستے ۔

پوتھیا (ہ ۔ مونث) تمباکو کی تھیلی جسے گنوار اپنی پگڑی میں رکھ لیتے ہیں ۔

پوتی (ھ ۔ مونث) ۱نوجوان ہتھنی ۲ سرخ روئی ۔ روئی جو سرخ رنگ سے بھیگی ہوئی ہو ۔ التا ۔

پوتیا (ہ ۔ مذکر) ۱نہانے کے وقت جو کپڑا باندھا جائے ۔ انگوچھا ۲ دوسرا جس کی باری ہو ۳ ایک کھلونا ۔ پوستی ۔

پوٹ (ھ ۔ مذکر) ۱ایک ہڈی کا نام جو گائے کی دم کے اوپر ہوتی ہے ۲ حیض ۔ ایام ماہواری ۳ دھات پگھلانے والی چیز ۔

پوٹ (ہ ۔ مونث) ۱گٹھڑی پوٹلی ۔ بقچی ۲ گٹھا ۔ بنڈل ۔ پشتوارہ ۔ موٹ ۔ پارل ۳ ڈھیر ۔ انبار ۔ تودہ ۴ ایک کپڑا جس میں اناج باندھتے ہیں ۵ کفن ۔ کفن کی چادر ۶ کتاب کے اوراق کی وہ جگہ جو جلد بندی کے لئے خالی چھوڑی جاتی ہے ۷ نالی ۔ بہاؤ ۸ کثرت ۔ بہتات ۔ افراط ۹ پانی کا فوارہ جو سمندر میں اٹھتا ہے ۔ **پوٹ کی چادر** (مونث) کفن کا اوپری چادر جو مردے کے ساتھ دفن کی جاتی ہے ۔ **پوٹ گل** (مذکر) ۱ایک قسم کا سرکنڈہ ۲ ایک قسم کی گھاس ۔

پوٹا (ہ ۔ مذکر) ۱پرندوں کا معدہ معدہ ۲ جانور کا بچہ ۔ پرندے کا بچہ [illegible] چٹکی کے ساتھ استعمال ہوتا [illegible] حوصلہ ۔ جسمت ۔ طاقت [illegible] خاندانی [illegible]

۶ (ہ۔ مونث) داڑھی دار عورت ۷ (ہ) ایسا ہجڑا یا شخص جس میں مردانہ و زنانہ نشانیاں موجود ہوں ۸ (ہ) ملازمہ۔ خادمہ۔ **پوٹا بھرنا** (متعدی) پرند کا دانہ چگ کر سیر ہونا۔ **پوٹا تر ہونا** (لازم) ۱ شکم سیر ہونا ۲ بیکار رہونا ۳ مالدار ہونا سامیر ہونا یا مال ملنا۔

پوٹی (ہ۔ مونث) پوٹا کا۔ **پوٹیا** (ہ۔ تصغیر پوٹی کا

پوٹاش (انگ۔ مذکر) پوٹیسیم کاربن اور آکسیجن کا مرکب سفید رنگ کا ہوتا ہے اور صابون بنانے کے کام میں آتا ہے۔

پوٹکی (ہ۔ مونث) ۱ ایک گانی ۲ کُون۔ گانڑ۔

پوٹلا (ہ۔ مذکر) بڑا گٹھا۔ بنڈل۔ **پوٹلکا** (ہ) **پوٹلی** (مونث) ۱ بہت چھوٹی گٹھڑی۔ بقچی۔ تھیلی ۲ چھوٹی دھجی جس میں دوا یا کوئی شے بندھی ہوئی (باندھنا۔ بندھنا سنبھالنا وغیرہ کے ساتھ)

پوٹھ (ہ۔ مذکر) چوتڑ۔ دیکھو پٹھا

پوٹھا (ہ۔ مذکر) ۱ کتاب کی جلد پٹھا۔ وصلی ۲ پوٹا۔

پوٹی (ہ۔ مونث) ایک بیل جس کے پتے پان کے مشابہ ہوتے ہیں۔

پوٹیا (ہ۔ مذکر) وہ جو بوجھ اٹھائے قلی۔ مزدور۔

پوٹیسیم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات جسکو پانی میں ڈالنے سے آگ لگ جاتی ہے اور مٹی کے تیل میں رکھتے ہیں۔ پانی سے ہلکا ہوتا ہے۔ وزن نوعی ۰.۸۶ ہے۔ خود کسی کام نہیں آتا۔ مرکبات بہت مفید ہیں۔

پوج (ف۔ مذکر) دیکھو پوچ۔

پوج (ہ۔ صفت) ۱ عزت کیا ہوا جس کی عزت کی جائے ۲ معزز۔ باعزت۔ مکرم۔ بزرگ ۳ قابل عزت یا پرستش ۴ (مذکر) جینیوں کے سادھو جن کے منہ پر کپڑا بندھا ہوا ہوتا ہے۔ **پوجمان** (صفت) پوج۔

پوج (ہ۔ امر) پوجنا کا۔ **پوجا** ۱ (ماضی) پوجنا (مونث)۔ پرستش۔ عبادت ہندوؤں کی عبادت ۲ عزت۔ اکرام۔ فرمانبرداری۔ تسلیم ۳ دیوتاؤں کی پرستش ۴ بت پرستی۔ **پوج آنا** (لازم) نذر کر آنا۔ دے آنا۔ چڑھا آنا۔ **پوج انگلی** (مونث) وہ انگلی جس سے چندن لگاتے ہیں۔ **پوجا پا** (ہ) دیکھو پجاپا۔

پوجا پاٹ (مونث) عبادت۔ پرستش۔ **پوجا پاٹھ** (ہ۔ مونث) ۱ پوجا اور دھرم کی کتابوں کا پڑھنا ۲ مذہبی وجوہات کے لئے پوجا کرنا اور کتابوں کا پڑھنا۔ **پوجا استھان** (ہ۔ مذکر) پوجا یا بت پرستی کی جگہ۔ مندر۔ شوالہ۔ دیر۔

پوجاری (ہ) دیکھو پجاری۔ **پوجا کرنا** (متعدی) پوجنا۔ **پوجانا** (ہ) دیکھو پجانا۔ **پوجن** (س۔ مذکر) ۱ پوجا۔ پرستش۔ عبادت ۲ تعظیم۔ عزت ۳ مہمان کی خاطر و مدارات کرنا۔ تعظیم کرنا۔ پوجنا۔ **پوجن کرنا** (ہ) **پوجنا** (متعدی) ۱ عزت کرنا تعظیم کرنا۔ تکریم کرنا۔ آدر کرنا ۲ پرستش کرنا۔ عبادت کرنا ۳ بت پرستی کرنا ۴ مہمان کی خاطرداری کرنا ۵ نذر کرنا۔ دینا ۶ بیجا خرچ کرنا۔ گنوانا ۷ فضول خرچی کرنا۔ لٹانا ۸ (ہ۔ لازم) بھرنا۔ تسکین ہونا ۹ مکمل ہونا۔ تکمیل ہونا۔ پورا ہونا۔ لبریز ہونا۔

پوجنیہ (س۔ صفت) دیکھو پوجیہ و پوج۔ **پوجوانا** (مم) دیکھو پجوانا۔ **پوجیرو۔ پوجیری** (ہ۔ مذکر) پوجا۔ **پوجیمان** (س۔ صفت) دیکھو پوجمان و پوج

پوجیہ (صفت) قابل عزت یا پرستش۔ بزرگ۔ دیکھو پوج۔ **پوجیہ پاد** (س۔ مذکر) ۱ قابل عزت یا پرستش پاؤں ۲ قابل عزت شخص۔ وہ شخص جس کے پاؤں قابل عزت یا پرستش ہوں۔

مثل۔ پوج لے دیوتا چھوڑ دے بھوت۔ فضول باتیں چھوڑ دے۔ خدا کی طرف دھیان کر۔

پوچ (ف۔ صفت) ۱ خالی۔ بے مغز۔ ناقابل۔ فضول۔ ہیچ۔ نکما ۲ بے حیثیت۔ ادنٰے۔ کم۔ ورے ۳ بے وقوف۔ بے عقل۔ بیہودہ ۴ بے معنی لایعنی۔ لغو ۵ بدزبان۔ فحش گو۔ گندہ دہن ۶ کمینہ۔ نیچ سفلہ۔ دون۔ پاجی ۷ کمین نسل کا۔ نیچ ذات کا ۸ (مذکر) فضول چیز۔ نکمی شے۔ بے قیمت چیز ۹ فضول گوئی۔ بیہودگی وغیرہ۔ **پوچ بافی** (مونث) پوچ گوئی۔ **پوچ پادر ہوا** (صفت) ۱ فضول بیہودہ وغیرہ ۲ (مذکر) فضول گفتار۔ **پوچ گو یا مغز** (صفت) ۱ بیہودہ گو۔ فضول بکنے والا ۲ احمق۔ بیوقوف ۳ (مذکر) بیوقوف آدمی وغیرہ۔ **پوچ گوئی** (مونث) فضول گفتگو وغیرہ۔ **پوچ لچر** (صفت) ۱ پوچ۔ بے اصل مہمل ۲ سست۔ ضعیف۔ **پوچیات** (صفت) جمع پوچ کی۔

پوچھ (ہ۔ امر و حاصل مصدر) ۱ پوچھنا کا ۲ (مونث) پرسش۔ بازپرس ۳ دریافت ۴ تحقیقات۔ تفتیش ۵ تلاش جستجو ۶ عزت۔ توقیر آؤبھگت ۷ خواہش۔ طلب ۸ اردو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ (س پرچھ۔ پوچھنا) **پوچھا** (ماضی) ۱ پوچھنا کی ۲ (مذکر) پوچھ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۳ (مونث) نجومی سے حالات مستقبل کی دریافت

پوچھا پاچھی (مونث) **پاچھا** (ہ۔ مذکر) **تاچھی** (ہ) **پاچھی** (ہ۔ مونث) ۱ تفتیش۔ دریافت۔ تحقیقات ۲ ٹوہ ۳ تلاش۔ جستجو۔ **پوچھا جانا** (لازم) بازپرس ہونا **پوچھا پاچھی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دریافت ہونا۔ تفتیش ہونا ۲ حساب کی پڑتال ہونا۔ **پوچھ بچار** (ہ) **پاچھ** (ہ) **پچار** (ہ) **پچھ** (ہ) **تاچھ** (ہ) دیکھو پوچھا پاچھی۔ **پوچھ پاچھ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) دریافت ہونا وغیرہ۔ **پوچھ دینا** (عو) دعا سلام کہنا۔

پوچھ کچھ (مونث) ۱ پرسش۔ بازپرس ۲ آؤبھگت عزت۔ توقیر۔ قدر و منزلت ۳ تحقیقات تفتیش (کرنا ہونا کے ساتھ) **پوچھن** (ہ۔ مذکر) پوچھنا۔ دریافت کرنا وغیرہ۔ **پوچھنا** (متعدی) ۱ دریافت کرنا۔ معلوم کرنا واقفیت حاصل کرنا ۲ تفتیش کرنا۔ تحقیقات کرنا ۳ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا ۴ بیمار کا حال دریافت کرنا۔ بیمار پرسی کرنا ۵ اجازت حاصل کرنا ۶ متوجہ ہونا۔ ملتفت ہونا ۷ صلاح لینا۔ مشورہ لینا ۸ آؤبھگت کرنا۔ خاطر تواضع کرنا ۹ بلانا مدعو کرنا ۱۰ خبر لینا۔ نان و نفقہ کا خبرگیراں ہونا ۱۱ مدد کرنا امداد کرنا ۱۲ سوال کرنا ۱۳ پرسش کرنا۔ بازپرس کرنا حد نہ ہونا۔ شمار نہ ہونا ۱۴ یقین ہونا۔ قابل دریافت نہ ہونا۔ **پوچھنا پاچھنا** (متعدی) دریافت کرنا **پوچھنا گچھنا** (متعدی) پرسش کرنا۔ پرساں ہونا۔ **پوچھنے والا** (صفت) ۱ پرساں حال ۲ مشتاق۔ قدردان

پوچھوانا (مم) پوچھنا کا۔ پچھوانا۔

امثال و اقوال۔ پوچھتے

پوچھتے (تو دلی چلے جاتے ہیں) دلی پہنچ جاتے ہیں۔ پوچھتے پوچھتے خدا کا گھر مل جاتا ہے کوشش اور جستجو سے مشکل سے مشکل کام ہو جاتا ہے۔ **پوچھ لے رو کر اڑا دے ہنس کر**۔ اور کا بھید منت خوشامد سے حاصل کرے اپنا نہ بتلائے اگر کوئی پوچھے تو ہنس کر اڑا دے۔ **پوچھو دن کی بتلائے رات کی۔ پوچھو زمین کی تو کہے آسمان کی**۔ سوال کچھ۔ جواب کچھ اول جلول باتیں کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ **پوچھیں جب بولئے بلائیں جب جائیے** جب تک کوئی پوچھے نہیں تب تک بات بتانی نہیں

چاہئے اور جب تک کوئی بلائے نہیں اس کے گھر نہیں جانا چاہئے۔ **پوچھیں زمین کی تو کہیں آسمان کی** پوچھو کچھ جواب کچھ دیتے ہیں۔

پوچھن (ہ۔ مونث) دیکھو پونچھن

پوچھنا (متعدی) دیکھو پونچھنا۔

پوچھی (ہ۔ مونث) مچھلی کی دم یا پونچھ۔

پود (ہ۔ مونث) ۱ بیج سے پیدا کئے ہوئے پودے جو دوسری جگہ لگائے جاتے ہیں ۲ نسل۔ نوجوان لوگ۔ بچے ۳ باگ کی وہ جگہ جو سوار پکڑتا ہے۔ **پودا** (مذکر) ۱ چھوٹا درخت جس کا تنہ سخت لکڑی کا نہ ہو۔ بوٹا ۲ چھوٹی عمر کا درخت جس کا ابھی تک تنہ سخت نہ ہوا ہو ۳ بچہ۔ لڑکا یا لڑکی ۴ پھندا جو بلبل کی کمر میں باندھتے ہیں ۵ وہ حصہ باگ کا جہاں سے سوار باگ پکڑتا ہے۔ **پوداسا** (صفت) ۱ بہت ضعیف۔ کم طاقت ۲ چھوٹا سا۔ **پود پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) باگ پکڑنا۔ **پود جمانا** (متعدی) بنیاد قائم کرنا۔ مطلب برآری کے لئے کارروائی کرنا۔ **پود جمنا** (لازم) بیج کا اُگنا۔ **پود گھر** (مذکر) پودوں کا ذخیرہ۔ **پود لگانا** (متعدی) بیج گاڑنا ۲ پودا ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا۔ **پود لگنا** (لازم) بیج اُگنا ۲ پودا ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگنا۔ لگانا۔

پود (ف۔ مذکر) بانا۔ اردو میں تار کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ تار و پود۔ تانا بانا۔

پودار (ف۔ مذکر) پود فوطہ کا بگڑا ہوا ہے۔ جس کے معنی تھیلی کے ہیں ۱ وہ افسر جو سکوں کی جانچ کرے۔ کہ کھرا یا کھوٹا ہے ۲ خزانچی ۳ محصول لینے والا افسر

پودنا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک چھوٹا پرندہ ۲ پستہ قد۔ بونا ۳ (ہ) بھتنا۔ پریت۔ روح۔ شیطان۔ **پودنا سا** (ہ) ننھا سا۔ چھوٹا سا۔

مثل پودے کی مناسی ہی کیا سادنے کی بات کا کیا اعتبار۔

پودہ (ہ۔ مذکر) دیکھو پودا۔ **پودھ** (ہ) پودھا۔ دیکھو پودہ۔ **پودہ گاہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں پود لگی ہو۔

پودھیلا (ہ۔ مذکر) وہ زمین جہاں بیج لگا کر پودا اگائی جائے۔ پودوں کا ذخیرہ۔

پودینہ۔ پودِینہ (ف۔ مذکر) ایک بوٹی جو خوشبودار ہوتی ہے اور جس کی چٹنی بنائی جاتی ہے اور کھانوں میں پڑتی ہے۔ نعناع۔

پوڈر (انگ۔ مذکر) ۱ سفوف باریک پسی ہوئی چیز۔ برادہ ۲ سفید سفوف جو چہروں پر عورتیں یا ایکٹر ملتے ہیں۔ یہ کسی زمانے میں بالوں پر بھی چھڑکا جاتا تھا ۳ بال اتارنے کا سفوف۔ اصل پاؤڈر

پور (ہ۔ مذکر) دروازہ۔ پھاٹک در۔

پور (س۔ صفت) ۱ شہر یا قصبے کا ۲ شہری ۳ کسی شہر یا قصبے میں بنا ہوا ۴ (مذکر) شہر کا باشندہ۔ شہری ۵ ایک قسم کی گھاس۔ **پورسکھیا** (مذکر) شہریت۔ وہ حق جو کسی شہر میں دس برس رہنے سے حاصل ہو جائے۔

پور (ہ۔ صفت) پورا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے بھرپور۔ **پور پڑنا** (ہ) ۱ وعدہ پورا کرنا۔ کام پورا کرنا ۲ احسان اتارنا ۳ کامیاب ہونا۔ **پورم پور** (ہ۔ صفت) بھرا ہوا۔ پُر۔

پور (ف۔ مذکر) ۱ بیٹا ۲ گھوڑا ۳ فولاد ۴ وہ جو اپنے آپ کو جاہل ظاہر کرے ۵ جنگلی مرغ ۶ راجہ پورس۔ **پور آتبیں** (مذکر) فریدوں **پور آذر** (مذکر) حضرت ابراہیم۔ **پور دستان**۔ (مذکر) رستم۔ **پورِ سبکتگیں** (مذکر) محمود۔ **پورِ سقا** (مذکر) ایک ایرانی پیر۔ **پورِ سینا** (مذکر) ابوسینا۔ **پورِ شسب** (مذکر) زردشت۔ **پورِ صدف** (مذکر) موتی۔ **پورِ عذرا** (مذکر) شراب۔ **پورِ عمران** (مذکر) حضرت موسےٰ۔ **پورِ عنقا** (مذکر) زال۔ **پورِ قبا** (مذکر) نوشیرواں۔ **پورِ ملجم** (مذکر) فیروز ابن ملجم قاتل حضرت علی۔ **پورِ ہاجر** (مذکر) حضرت اسمٰعیلؑ

پور (ہ۔ مذکر) ۱ شہر۔ قصبہ۔ گاؤں دیکھو پُر و پرا۔ قصبوں وغیرہ کے ناموں کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کانپور۔ دھرم پور۔ علی پور ۲ چنے یا ماش کی دال جسے پوریوں میں ڈالتے ہیں۔

پُور (س۔ مذکر) ۱ بھرنا۔ لبریز کرنا ۲ تسلی کرنا۔ تشفی کرنا ۳ بہت سا پانی ۴ طغیانی۔ سیلاب جھیل ۵ پوری۔ کچوری ۶ ناک میں سے سانس آہستہ آہستہ کھینچنا ۷ جواب ۸ ایک زیور کانوں کا ۹ زخموں یا پھوڑوں کا صاف یا تندرست کرنا۔

پور (ہ۔ مونث) ۱ دو جوڑوں کے درمیان کا فاصلہ ۲ انگلیوں کے تین حصوں میں سے ایک ۳ گنے۔ بانس۔ بید۔ سرکنڈے۔ نے وغیرہ کے دو جوڑوں کے درمیان کا فاصلہ۔ **پور پور** (تف) ہر جوڑ۔ بند بند۔ ہر جگہ جسم کی۔ **پور پور چھلے پہننا** (متعدی) انگلیوں کے ہر جوڑ کے درمیان انگشتریاں ڈالنا (س پُردا)۔

پورا (ہ۔ صفت) ۱ مکمل۔ تمام کامل ۲ کُل۔ سب۔ سارا ۳ لبریز۔ پُر۔ بھرا ہوا ۴ ٹھیک۔ درست ۵ کامل فن۔ استاد ۶ کافی۔ بہت ۷ تسلی یافتہ۔ مطمئن ۸ وفادار۔ نمک حلال ۹ مضبوط۔ پکا۔ ۱۰ عہد ایفا کرنے والا ۱۱ تجربہ کار۔ جہاندیدہ۔ آزمودہ کار ۱۲ واقف کار۔ مشاق ۱۳ طاقتور۔ قوی۔ **پورا اترنا** (لازم) ۱ وزن میں ٹھیک ہونا ۲ امتحان میں کامل نکلنا ۳ منشا کے مطابق کام ہونا۔ کام کا انجام پانا ۴ کامیاب ہونا۔ **پورا اسٹامپ** (مذکر) پوری قیمت کا اسٹامپ یا ٹکٹ۔ **پورا پڑنا** (لازم) ۱ کافی ہونا ۲ کمی پوری ہونا ۳ اچھی طرح گزر ہونا۔ فراغت سے گزر ہونا۔ **پوراپن** (ہ۔ مذکر) ۱ تکمیل۔ کمال۔ اتمام۔ کمالیت ۲ انجام۔ اختتام۔ اخیر۔ خاتمہ ۳ کفایت۔ بس ۴ پختگی پکاپن۔ بلوغ۔ **پورا پورا** (صفت) مکمل۔ کامل۔ تمام۔ بکل۔ **پورا پورا بھر دینا** (متعدی) مکمل معاوضہ دینا۔ کچھ بقایا نہ رہنے دینا۔ **پورا ڈالنا** (متعدی) گزارا کرنا۔ نباہنا۔ **پورا کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ مکمل کرنا ۲ تسلی کرنا۔ تشفی کرنا ۳ ختم کرنا۔ تمام کرنا ۴ انجام پہنچانا ۵ (وعدہ) ایفا کرنا۔ جیسا کہا تھا ویسا کرنا ۶ نقصان بھر دینا مکمل معاوضہ دینا۔ **پورا وار** (مذکر) ایسا وار جس سے ایک ہی دفعہ کام تمام ہو جائے (لگانا مارنا کے ساتھ) **پورا ہاتھ پڑنا** (لازم)، **مارنا** (متعدی) کامل وار پڑنا (کرنا)۔ **پورا ہو جانا یا ہونا** (لازم) مقدار میں ٹھیک اترنا ۲ کامل ہونا۔ مکمل ہونا ۳ انجام کو پہنچنا ۴ ختم ہونا۔ تمام ہونا ۵ امید بر آنا۔ ارمان نکلنا ۶ تلافی ہونا۔ **پوری** (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو پورا ۲ ایک چھوٹی ٹکیا گیہوں کے آٹے کی جو گھی میں تلی جاتی ہے۔ **پوری اترنا** (لازم) دیکھو پورا اترنا۔ **پوری بات** (مونث) پورا فقرہ۔ پورا مضمون۔ **پوری پڑنا** (لازم) ۱ دیکھو پورا ہونا ۲ کامیاب ہونا ۳ کفایت کرنا۔ کافی ہونا۔ **پوری ڈالنا** (متعدی) پورا ڈالنا۔ **پوری حد کی گہری گنتی** (ہ۔ مونث) علم ریاضی کی ایک شاخ۔ **پورے دن** (مذکر) عورت کے حمل کا نواں یا آخری مہینہ۔ پورے دنوں بیٹھی ہیں۔ حمل کی

مدت ہوگئی ہے۔ نواں مہینہ ہے۔ **پورے دنوں (سے) ہونا** (لازم) وضع حمل کے قریب ہونا۔ بچہ جننے والا ہونا۔ **پورے دن لگنا** (لازم) حمل کا نواں مہینہ شروع ہونا۔ **پوری ڈالنا** (متعدی) پورا ڈالنا (س پُورَن)

امثال و اقوال۔ پورا تول چاہے مہنگا بیچ۔ دوکاندار کو کم چیز کبھی نہیں دینی چاہئے۔ اس سے اعتبار جاتا رہتا ہے۔ مہنگا بیچنا اس سے اچھا ہے۔ **پوری پڑے تو سپوت کہلائیں یا کہاویں**۔ اگر بیٹا والدین کی خدمت اچھی طرح کرے تو سپوت کہلانے کا مستحق ہے۔ **پوری سے پوری پڑے تو سب ہی نہ پوری کھائیں**۔ اگر صرف پوریوں پر ہی گزارا ہو سکے تو ہر ایک شخص پوریاں ہی کھالے۔ فضول خرچی سے ضرور دوالہ نکل جائے گا۔ **پورے گورو گھنٹال ہیں**۔ بڑے چالاک ہیں۔ بڑے دغا باز ہیں۔ **پوری لپسی گھر میں کھائے۔ جھوٹی دیبی سے آس لگائے** (ہ) جو چیزیں دیوی کو چڑھاتی ہیں وہ خود کھا جاتی ہے اور دیوی سے مرادیں مانگتی ہے اس شخص کے متعلق کہا جاتا ہے جو بہت خود غرض ہو اور دوسروں سے امید رکھے۔ **پوری لگی نہ پاپڑی بھدا کہو آپڑی**۔ بے مشقت اور بے خرچ مدعا حاصل ہوگیا۔

پورا (ہ۔ مذکر) پور۔ لکڑی کا ٹکڑا ۲ کڑی۔ شہتیر۔ **پوراسا** (صفت) چھوٹا اور جسیم۔

پُوران (ف۔ مذکر) ۱ قنوج ۲ وارث ۳ بیٹے ۴ نشانی۔

پورانک (س۔ صفت) ۱ ماضی یا پرانے زمانے کے متعلق ۲ پرانے زمانے کے قصے کہانیوں کا واقف ۳ پرانوں کے متعلق یا پرانوں کا ۴ (مذکر) برہمن جس نے پرانوں کو اچھی طرح پڑھا ہو یا جو پرانوں کو اچھی طرح سمجھتا ہو۔

پُوْرَب (ہ۔ مذکر) ۱ مشرق۔ وہ طرف جدھر سے سورج نکلتا ہے ۲ وہ ملک جو دریائے گنگا کے مغرب کی طرف کانپور سے بہار تک واقع ہے ۳ (ہ۔ صفت) شرقی ۴ پہلا۔ پرانا۔ قدیم دیکھو پورو۔ **پوربنی** (مونث) پوربئے کی بیوی۔ **پوربی** (صفت) ۱ شرقی۔ پورب سے منسوب ۲ (مونث) پورب کی زبان ۳ ایک راگنی کا نام ۴ ایک قسم کا خشک تیز تمباکو ۵ (مذکر) پورب کا باشندہ۔ **پوربی زردہ** (مذکر) ایک قسم کا تمباکو جو عورتیں کھاتی ہیں۔ **پوربیا** (مذکر) پورب کا باشندہ۔ عام طور پر وہ لوگ جو سائیسوں اور گھسیاروں کا کام کرتے ہیں (س پُوْرْو)

امثال و اقوال۔ پورب جاؤ یا پچھم وہی کرم کے لکھّن۔ کہیں رہو جو قسمت میں ہے وہی ملتا ہے۔ **پورب یا پچھم گھر سب سے اُتم**۔ اپنا وطن سب سے اچھا ہے کہیں ہو۔ **پوربی رینگ پہاڑی گدھا**۔ آپ کہیں کا ہے اور وضع کہیں کی ہے۔

پُوْرِت (س۔ صفت) ۱ بھرا ہوا لبریز۔ لبالب ۲ مکمل۔ پورا۔ کامل ۳ ختم شدہ۔ کیا ہوا

پُوْرتِ (س۔ مونث) ۱ بھرنا۔ پورا کرنا ۲ تکمیل۔ کمالیت۔ اتمام ۳ تسلی۔ سیری۔ آسودگی **پورتی** (صفت) ۱ بھرنے والا۔ مکمل کرنے والا ۲ موثر۔ کارگر۔

پورٹ (انگ۔ مذکر) ۱ بندر۔ بندرگاہ ۲ ایک قسم کی شراب (ان معنوں میں اوپورٹو سے جہاں یہ شراب بنتی ہے۔

پورٹیونس (رومن۔ عص) بندرگاہوں کا دیوتا۔

پورچیولاکا (انگ۔ مذکر) خرفے کی قسم کا ایک پودہ جس پر نہایت خوش رنگ پیالہ نما پھول آتے ہیں جو دھوپ میں کھلتے اور رات کو بند ہو جاتے ہیں جنوری سے مارچ تک بیج بونا چاہئے۔

پُوْرَس (۔۔ ۳۱۷) ایک راجہ جو سکندر کے حملے کے وقت دریائے جہلم اور چناب کے درمیان حکومت کرتا تھا۔ اس نے بڑی بہادری سے سکندر کا مقابلہ کیا۔ مگر شکست کھائی۔ مگر اس نے خوش ہو کر اسے سلطنت بخش دی اور کچھ اور ملک بھی دیا۔ بعد کو قتل ہوگیا۔

پُوْرُش (س۔ صفت) ۱ انسان کے متعلق یا اس کی ملکیت ۲ مردانہ۔ نرینہ۔ مرد صفت۔ انسانی ۳ انسان کے قامت کا جب ہاتھ اونچے کر کے اور کھول کر کھڑا ہو ۴ (مذکر) انسان کا قامت مذکورہ بالا ۵ وزن جو ایک انسان اٹھا سکے ۶ مردانگی۔ طاقت مردانہ۔ جرات۔ حوصلہ۔ بہادری۔ شجاعت ۷ طاقت قوت۔ زور۔ بل ۸ انسانی کام۔ محنت۔ کوشش۔ سعی جدوجہد۔ **پورشتا** (مونث) **پورشتو** (مذکر) مردانگی ۲ قوت مردانہ وغیرہ۔ **پورشی** (مونث) قامت انسان **پَوْرُشیہ** (صفت) ۱ مردانہ۔ نرینہ ۲ انسان کے متعلق یا اس سے ماخوذ ۳ انسان پر واقعہ ہونے والا ۴ روحانی۔

پُوْرَک (س۔ صفت) ۱ دیکھو پورا ۱ (مذکر) وہ جو بھر دے۔ یا مکمل کر دے ۳ (حساب) مضروب فیہ۔ پتروں کو دان دینے کی پوری ۴ داہنا نتھنا بند کر کے بائیں نتھنے سے سانس لینا جیسا کہ بعض مذہبی رسومات میں کرتے ہیں ۵ کھٹا لیموں۔ گلگل۔

پَوْرِک (س۔ مذکر) پوری۔

پُوْرَن (س۔ مذکر) ۱ بھرنا۔ لبریز کرنا ۲ مکمل کرنا۔ تکمیل کرنا ۳ تسلی دینا۔ تشفی دینا ۴ بند پشتہ۔ پل کی اونچی سڑک ۵ بحر۔ سمندر ۶ ایک خوشبودار گھاس ۷ (حساب) ضرب۔

پُوْرَن (س۔ صفت) دیکھو پورا **پورناہُت** (مونث) "پورا بھوگ" وہ بھوگ جو بھرے چمچے سے ڈالا جائے۔ بھینٹ جو کسی رسم کے اختتام پر دی جائے۔ **پورن برہما** (مذکر) ایشور کا ایک نام۔ محیط روح۔ ہر جگہ موجود ہونے والی روح **پورن بھوت (کال)** (مذکر) ماضی بعید۔ **پورن پاتر** (مذکر) ۱ بھرا ہوا پیالہ۔ لبریز برتن ۲ ایک وزن جو چاول کی ۲۵۶ مٹھیوں کے برابر ہوتا ہے ۳ چاولوں کا بھرا ہوا پیالہ جو بلدان کے موقع پر برہمن کو دیا جاتا ہے ۴ زیور اور کپڑوں کی گٹھڑی یا صندوق جو کسی تیوہار پر رشتے داروں اور مہمانوں کو دینے کے لئے جمع کئے جاتے ہیں **پورن پرتاپی** (مذکر) وہ جس کی شان و شوکت مکمل ہو۔ **پورن جیا** (مونث) وتر۔ **پورن چندر** (مذکر) بدر۔ **پورنما۔ پورنماس۔ پورنماسی** (مذکر) ۱ پورا چاند ۲ ایک ماہوار بلدان یا رسم جو بدر کے دن کی جاتی ہے **پورنماسی۔ پورنواسی** (مونث) ۱ پورا چاند ۲ پورے چاند کی رات یا دن **پورن کام** (صفت) ۱ امید بر آنے والا ۲ نسل پلپ ۳ (مذکر) وہ شخص جس کی امیدیں بر آئیں۔ **پورن کُمبھ** (مذکر) ۱ بھرا ہوا پیالہ یا برتن ۲ گنگا جل سے بھرا ہوا برتن جو راجوں کی گدی نشینی کے موقع پر استعمال ہوتا ہے۔

پُوْرنا (ہ۔ متعدی) ۱ بھرنا۔ لبریز کرنا۔ دیکھو پورا کرنا ۲ بننا (جالے کا) ۳ پھیلانا۔ مشہور کرنا ۴ روٹی میں چنے یا ماش کی دال ڈالنا ۵ مربع کھینچنا یا بھرنا **پورنائی** (مونث) ۱ تکمیل ۲ اتمام ۳ افراط۔ بہتات کثرت۔

پُوْرَنک (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا درخت ۲ نیل کنٹھ۔

پَوْرَنِک (ہ۔ صفت و مذکر) دیکھو

پورانک۔

پورنکا (س۔ مونث) ایک پرندہ جس کی دوہری یا اُلٹی ہوئی چونچ ہوتی ہے۔

پوُرنی (س۔ مونث) ۱ بانا ۲ سنبل کا درخت۔

پُوروَ (س۔ صفت) پورو۔ پورب (ھ) ۱ آگے ہونے والا۔ سامنے ہونے والا ۲ پہلا۔ اگلا۔ سب سے اگلا ۳ مشرقی۔ مشرق کی طرف۔ مشرق کی طرف کا یا کو ۴ گذشتہ۔ گزرا ہوا ۵ پیشتر۔ پیشتر کا ۶ مقدم پیش۔ سابقہ۔ اول۔ پہلے کا۔ ابتدائی ۷ (مذکر) شرق ۸ (تف) پہلے پہل۔ گذشتہ زمانے میں ۹ زمانہ دراز کا **پورواس** (مذکر) بزرگ۔ آباؤ اجداد۔ **پورواشارہا** (مونث) دو صورت کو کبہ میں سے ایک جنکو اشارہا کہتے ہیں ۲ اٹھارھواں یا بیسواں نکشترہ۔ جیشا یا کلب۔ **پوروھادرپد** (مونث) پچیسواں نکشترہ۔ سعد الاخبیہ۔ **پوروپرش** (مذکر) ۱ ابتدائی یا اصلی روح ۲ برہماجی کا نام۔ جد۔ بزرگ۔ بڑا۔ **پوروپکش** (مذکر) ۱ اگلا حصہ یا پہلو ۲ قمری مہینے کا پہلا نصف ۳ بڑھتے چاند کا نصف مہینہ ۴ بحث کا پہلا حصہ۔ مسئلہ۔ دعوےٰ ۵ بحث پر پہلا اعتراض ۶ مدعی کا پہلا بیان۔ ابتدائی رپورٹ **پوروپھلگنی** (مونث) گیارھواں نکشترہ۔ زبرہ۔ **پوروجاس** (مذکر) ۱ پراجپتی۔ انسانوں کے وہ بزرگ جو دیوتا شمار ہوتے ہیں ۲ بزرگ۔ آباؤ اجداد۔ **پوروچتی** (مونث) ۱ پہلا خیال۔ خیال سابقہ ۲ زعم ۳ ایک اپسرا کا نام۔ **پورودیش** (مذکر) پورب کا ملک۔ ہندوستان کا شرقی حصہ۔ **پورودیشی** (مذکر) پوربیا۔ پورب کا باشندہ **پورو راتر** (مذکر) ۱ رات کا پہلا حصہ یا پہر ۲ گذشتہ رات۔ **پوروسمندر** (مذکر) شرقی سمندر۔ **پوروسندھیا** (مذکر) صبح صادق۔ **پوروشاڈھا** (مونث) بیسواں نکشترہ۔ نعائم۔ **پوروشیلا** (مذکر) شرقی۔ پہاڑ جس کے پیچھے سے سورج نکلتا ہے۔

پوروک (س۔ صفت) ۱ پہلا۔ گذشتہ۔ قدیم۔ اگلا ۲ (مذکر) مورث۔ جد۔ بزرگ۔ بڑا ۳ ہمراہ۔ ہمرکاب۔ ساتھ۔ ان معنوں میں مرکبات میں اسماء کے اخیر میں آتا ہے۔ جیسے سکہ پروک۔ آرام سے **پوروکال** (مذکر) ۱ پہلا زمانہ۔ گذشتہ زمانہ ۲ (صرف و نحو) ماضی۔ **پوروکالک** (صفت) ۱ پہلے زمانے کا۔ پرانے زمانے کا ۲ (صرف و نحو) گذشتہ یا مستقبل کا ۳ (مذکر) اسم حالیہ۔ **پوروکالین** (صفت) گذشتہ زمانے کا۔

پوروگ یا گامی (صفت) پہلے جانے والا۔ گذشتہ۔ اگوا۔ ہرکارہ۔ نقیب۔ مورث۔ جد۔ **پوروگنگا** (مونث) نربدا۔ **پوروگکشن** (مذکر) کسی ہونیوالے واقعہ کی علامت۔ **پورومیمانسا** (مونث) ہندو فلسفے کی ایک شاخ۔ ویدانت فلسفے کی پہلی شاخ۔ شدرشنوں میں سے پانچواں درشن۔ اس کی غرض ویدوں کی تشریح بذریعہ دلائل ہے۔ اس کا بانی جیمنی تھا۔ **پورونواسی** (مذکر) ۱ بزرگ۔ جد۔ مورث ۲ مشرق کا باشندہ

پُورَوْ (صفت) پورو کی اولاد یا پوروں کا۔

پوروا (ھ۔ مذکر) ۱ چھوٹا گاؤں ۲ (ہ) مشرق کی ہوا۔

پوُروآ۔ پوروا (ھ۔ مذکر) ۱ انگلیوں کا جوڑ ۲ املی کا جوڑ۔ **پوروا کرنا** (متعدی) ۱ انگلیاں چٹخانا ۲ ستانا۔ تنگ ہونا۔

پُورِوک (س۔ صفت) ۱ گذشتہ زمانے کا پچھلا۔ پہلا۔ اگلا۔ قدیم۔ پرانا۔ ابتدائی۔ **پوروکا** (مونث) ۱ بزرگ عورت ۲ پوربنی۔

پورونی (س۔ مونث) پوربنی۔

پُوروہتیہ (ھ۔ مذکر) پروہت کا کام۔ عہدہ۔

پُوروی (س۔ صفت۔ مذکر و مونث) دیکھو پوربی۔

پُورویہ (س۔ صفت) مشرقی۔

پوُری (ھ۔ مونث) دروازہ۔ پھاٹک۔

پوُری (ہ۔ مونث) ۱ آٹے کی چھوٹی روٹی جس میں دال پیٹھی وغیرہ ڈال کر کڑھائی میں تلتے ہیں ۲ (صفت) دیکھو پورا کے تحت میں ۳ (ھ) دیکھو پوڑی ۴ دیکھو پور کے تحت میں۔ **پوری پڑ چکی** (ھ) طنزاً کامیابی نہیں ہوگی۔ **پوری پڑنا** (ھ) پوری تلی جانا۔ **پوری نہ پڑنا** (ھ) کامیاب نہ ہونا۔ ناکام رہنا۔

پوری (ہ۔ مونث) چھوٹا پور (پوند کے لگنے کا)۔ **پوریاں کرنا** (متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کرنا

پوُریا (ھ۔ مونث) دربان۔ پولیا۔ حاجب۔ پاسبان۔

پوُریا (ھ۔ مونث) ایک راگنی کا نام۔

پوُرِیتا۔ پوُرِیتر (مذکر) ۱ وہ شخص جو بھرے یا لبریز کرے ۲ جو تسلی یا تسکین دے ۳ وہ جو وعدہ وفا کرے۔

پوُڑا (ہ۔ مذکر) کلگلا۔

پوڑھ (ھ) دیکھو اگلا۔

پوُڑھا (ھ) **پوڑھا** (ہ۔ صفت) ۱ مضبوط۔ مستحکم ۲ قوی۔ طاقتور۔ شاہ زور۔ بلی ۳ مالدار۔ خوشحال ۴ چوڑا۔ وسیع۔

پوَڑھانا (ھ۔ متعدی) ۱ لٹانا۔ سلانا ۲ الٹانا۔

پوڑھائی (ھ۔ مونث) ۱ مضبوطی۔ استحکام ۲ موٹائی۔ حجم۔ ضخامت ۳ چوڑائی۔

پوَڑھنا (ہ۔ متعدی) آرام کرنا۔ لیٹنا۔

پوَڑی۔ پوڑی (ھ۔ مونث) سخت قسم کی مٹی۔

پوَز۔ پوز (ف۔ مذکر) ۱ ہونٹ منہ (گھوڑے کا) ۲ پوزمال۔ **پوزہ بند** (مذکر) منہ پر چڑھانے کا چھینکا۔ **پوزمال** (مذکر) وہ رسی جو نعلبند شرارتی گھوڑے کے منہ پر بوقت نعلبندی باندھ دیتے ہیں۔ **پوزہ** (مذکر) ۱ ہونٹ۔ منہ (گھوڑے کا) ۲ منہ کے ارد گرد کے حصے۔ **پوزی** (مونث) گھوڑے کے دہانے کا تسمہ جو منہ کے اوپر آتا ہے۔

پوزِش (ف۔ مونث) معذرت معافی۔ عذر۔ حیلہ۔ بہانہ۔

پوس (ہ۔ مذکر) ہندوستانی سال کا نواں مہینہ جو دسمبر جنوری میں آتا ہے (س پشی پُشیا نکشتر)

مثل۔ پوس کونے گھوس۔

پوس کے مہینے میں سردی بہت پڑتی ہے۔ اس لئے لوگ کونوں میں گرم ہونے کے لئے گھستے ہیں۔ یعنی باہر کم نکلتے ہیں

پوسا (ہ۔ ماضی) ۱ پالا ہوا۔ پرورش کیا ہوا ۲ پلا ہوا۔ پالتو۔ اردو میں صرف پالا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

پوست (ف۔ مذکر) ۱ چمڑا۔ کھال۔ جلد۔ بدن کا پرت۔ تہ ۲ باہر کا حصہ۔ چھلکا چھال۔ بکل۔ پپڑی ۳ ایک پودہ جس کا پھول نہایت سرخ رنگ کا ہوتا ہے ۴ اس کا پھل یا ڈوڈہ جس کے اندر سے خشخاش نکلتی ہے۔ اسپر شگاف دیتے ہیں تو رس نکل کر جم جاتا ہے۔ یہ افیمان ہے۔ **پوست استخوان**

باقی رہ جانا (لازم) نہایت دبلا ہو جانا۔ ہڈی چمڑا باقی رہ جانا۔ **پوست اُتارنا** (متعدی) کھال اُتارنا چھلکا الگ کرنا۔ **پوست بر پوست** (تف) تہ بر تہ پرت بہ پرت۔ **پوست کا ڈوڈہ** (مذکر) خشخاش کی بونڈی۔ وہ ڈوڈا جس میں سے خشخاش نکلتی ہے۔ **پوست کندہ** (صفت) صاف صاف۔ بغیر چھپائے۔ ملانیہ۔ **پوست کندہ بات ہے**۔ ٹھہری ہوئی یا مانی ہوئی بات ہے۔ جس سے تجاوز نہ کیا جائے۔ **پوست کندہ حالات سنا دینا** (متعدی) سب واقعات صاف صاف بیان کر دینا۔ **پوست کھینچنا** (متعدی) اگلے زمانے میں باغیوں کو یہ سزا دی جاتی تھی کہ ان کا چمڑا ادھیڑ کر بھس بھر کے سی دیتے تھے۔ جس سے بڑی تکلیف ہوتی تھی۔ ۲ بچوں کو دھمکی دینے کے لئے کہتے ہیں۔ **پوستی** (مذکر) ۱ وہ شخص جو پوست کو بھگو کر اس کا پانی نشے کے طور پر استعمال کرے۔ ۲ افیونی۔ ۳ کاہل۔ سست شخص۔ ۴ ایک کھلونا جو نیچے سے بھاری ہوتا ہے۔ اسے اگر لٹائیں تو کھڑا ہو جاتا ہے۔ پنجاب میں اسے دبلی کا پہلوان کہتے ہیں۔ **پوستین** (مذکر) ۱ بال دار چمڑے کا کوٹ۔ کمایا ہوا چمڑا جس پر بال قائم رہیں اور جس سے پہننے کی اشیا بنائی جا سکیں۔ لکھنو میں موٹ ہے۔ ۲ بدگوئی۔ عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ **پوستین دوز** (مذکر) پوستین بنانے والا۔ **پوستین کرنا** (متعدی) عیب جوئی کرنا (لکھنو)

مثل۔ پوستی کی آنچ (اوپر کو نہیں آنے کی) اوپر ہی اوپر نہیں جاتی
مظلوم کی آہ خالی نہیں جانے کی۔

پوسٹ (انگ۔ مذکر) ۱ ڈاک چٹھی۔ خط ۲ عہدہ۔ جگہ ۳ چوکی ۴ (تف) بعد۔ پیچھے **پوسٹ آفس** (مذکر) ڈاکخانہ۔ **پوسٹ آفس کلرک** (مذکر) محکمہ ڈاک کا بابو۔ **پوسٹ آفس گائیڈ** (مذکر) وہ کتاب جس میں ڈاکخانے کے قواعد اور ڈاکخانوں کے نام دیئے ہوتے ہیں۔ **پوسٹ بائے** (مذکر) وہ لڑکا جو چٹھیاں لے جاتا ہے یا ڈاک کے گھوڑے پر سوار ہوتا ہے۔ **پوسٹ بیگ** (مذکر) ڈاک کا تھیلا **پوسٹر** (مذکر) اشتہار۔ **پوسٹ کارڈ** (مذکر) پیسے دو پیسے تین پیسے۔ ولایت کے لئے ایک یا ڈیڑھ آنے کا کارڈ جس پر خط لکھ کر بھیجا جاتا ہے۔ **پوسٹل** (صفت) ڈاک کا۔ ڈاکخانے کا **پوسٹل آرڈر** (مذکر) ایک قسم کی ہنڈی جو ڈاکخانے والے روپیہ لے کر دیتے ہیں۔ اور بجائے روپے کے یہ ہنڈی بھیجدی جاتی ہے۔ ہنڈی پہنچنے پر پھر ڈاکخانے میں دیدی جاتی ہے۔ اور وہاں سے روپیہ وصول کر لیا جاتا ہے۔ **پوسٹل اسٹامپ** (مذکر) لفافے پر لگانے والا۔ ڈاکخانے کا ٹکٹ **پوسٹل ڈیپارٹمنٹ** (مذکر) ڈاکخانے کا محکمہ۔ **پوسٹل گائیڈ** (مذکر) دیکھو پوسٹ آفس گائیڈ۔ **پوسٹ مارٹم** (مذکر) لفظی معنی موت کے بعد۔ اردو میں موت کے بعد کے طبی معائنہ کو کہتے ہیں۔ پورا محاورہ پوسٹ مارٹم اگزامینیشن ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) **پوسٹ ماسٹر** (مذکر) ڈاکخانے کا بڑا افسر۔ **پوسٹ ماسٹر جنرل** (مذکر) ڈاکخانے کے محکمے کا سب سے بڑا افسر۔ **پوسٹ مسٹرس** (مذکر) ڈاکخانے کی عورت افسر۔ **پوسٹ مین** (مذکر) ڈاکیا۔ وہ شخص جو ڈاک تقسیم کرے۔

پوسٹر (انگ۔ مذکر) تصویر والا اشتہار جو بہت بڑا ہو اور بہت دور سے پڑھا جائے

پوسنا (ہ۔ متعدی) پرورش کرنا۔ اردو میں صرف پالنا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

پوسیڈن (یو۔ عص) سمندر کا دیوتا کرونس اور ریا کا بیٹا اور زیئس کا بھائی تھا۔

پَوش (س۔ مذکر) پوس کا مہینہ **پوشی** (مونث) پوس کے مہینے میں پورنماشی۔

پُوش (ہ۔ مذکر) آٹھواں نکشترہ پک۔ نثرہ۔

پُوش (س۔ مذکر) ایک قسم کا توت کا درخت۔

پوش (ف۔ مذکر) پہننے کی چیز۔ کپڑا۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے پاپوش سیاہ پوش (پوشیدن۔ پہننا) ۲ پیش شو کا مخفف لوگوں کو ہٹانے کے لئے گدھوں والے۔ بھنگی یا گاڑیبان کہتے ہیں۔ **پوشاک** (مونث) پہننے کے کپڑے۔ لباس (اتارنا پہننا۔ پہنانا وغیرہ کے ساتھ) **پوشاک بڑھانا** (متعدی) کپڑے اتارنا۔ **پوشاکی** (صفت) پوشاک بنانے کے قابل۔ **پوشش** (مونث) ۱ پہننے کا فعل ۲ غلاف اور پردہ ڈالنے کا کپڑا ۳ لباس۔ **پوشی** (مونث) چھپانا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے چشم پوشی۔ سیاہ پوشی **پوشیدگی** (مونث) اخفا۔ چھپانا۔ **پوشیدنی** (صفت) ۱ پہننے والے۔ پہننے کے قابل ۲ (ف) کپڑے۔ پوشاک **پوشیدہ** (صفت) ۱ چھپا ہوا۔ مخفی۔ نہاں۔ خفیہ ۲ (تف) درپردہ۔ چھپا کر۔ پیٹھ پیچھے (رکھنا کرنا ہونا کے ساتھ) **پوشیدہ خرچ یا مصارف** (مذکر) وہ خرچ جو چھپا کر کیا جائے ۲ خفیہ محکمے کے متعلق خرچ۔

پوش (س۔ مذکر) ۱ پالنا۔ پرورش کرنا ۲ اچھی حالت میں ہونا ۳ نشوونما۔ ترقی ۴ خوشحالی۔ بہبودگی۔ آسودگی۔ **پوشک** (صفت) ۱ پالنے والا۔ پرورش کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو پالے یا پرورش کرے ۳ معاون۔ مددگار۔ محافظ۔ **پوشن** (مذکر) ۱ پالنے یا پرورش کرنے کا فعل ۲ پرورش۔ حفاظت۔ **پوشنا** (ہ) پوسنا۔ پالنا۔ پرورش کرنا۔ **پوشی** (صفت و مذکر) دیکھو پوشک۔ **پوشیہ** (صفت) پرورش کیا جانے والا پروردہ۔ **پوشیہ پتر** (مذکر) متبنّیٰ۔ **پوشیہ ورگ** (مذکر) ۱ وہ لوگ جن کی پرورش۔ حفاظت یا احتیاط کرنا پڑے جیسے والدین ۲ بچے ۳ مہمان۔ پوتر اگ ۴ خاندان۔ گھروالے

پوشیک (س۔ مذکر) زنگار۔ کسیس

پوشکرنی (س۔ مونث) ۱ کنولوں کا تالاب ۲ بڑا تالاب۔

پَوشن (س۔ مذکر) اٹھائیسواں نکشترہ۔ رشا۔

پوکا (ہ۔ مذکر) ۱ پودوں کا کیڑا۔ جھانجا ۲ کرم۔ کیڑا۔

پوکنا (ہ۔ متعدی) ۱ گھوڑے کا پتلی لید کرنا ۲ کسی چوپائے کا پتلی لید یا پتلا گوبر کرنا۔

پوکھ۔ پُوکھ (ہ۔ مذکر) دیکھو پوش دپوشیہ۔

پوکھر (ہ۔ مذکر) **پوکھرا** (ہ) تالاب ساگر۔ سر۔

پوکھنا (ہ۔ متعدی) دیکھو پوسنا۔

پوگ (س۔ مذکر) ۱ مجلس جلسہ سبھا۔ انجمن۔ جماعت۔ سماج ۲ ڈھیر۔ تودہ ۳ تعداد انبوہ۔ ہجوم۔ مجمع ۴ خاصیت خصوصیت۔ طبیعت ۵ سپاری کا درخت۔ **پوگ پھل** (مذکر) سپاری۔ **پوگ روٹ** (مذکر) کھجور کی قسم کا درخت جو دلدلوں میں ہوتا ہے۔ **پوگی** (مونث) سپاری کا درخت۔ **پوگی پھل** (مذکر) دیکھو پوگ پھل۔

پوگنا (ہ۔ لازم) ۱ نزدیک پہنچنا پاس آنا۔ قریب ہونا ۲ آنا۔ پہنچنا ۳ (متعدی) پہنچانا بھیجنا۔ ملنا۔

پوگنڈ (س۔ صفت) ۱ چھوٹی عمر کا نوجوان ۲ (مذکر) لڑکا پانچ سے سولہ برس تک۔

پُول۔ پَول (ھ۔ مذکر) ۱۔ دروازہ ۲۔ پھاٹک۔ صحن۔ احاطہ ۳۔ شہر کا حصہ جس کا دروازہ ہو کوچہ بندی۔

پول (ہ۔ مذکر) خلا۔ کھوکھلا پن (س پَل۔ بڑا ہونا) **پولا** (صفت) ۱۔ اندر سے خالی۔ کھوکھلا ۲۔ نرم۔ ڈھیلا (ھ۔ مذکر) بیوقوف۔ احمق۔ **پولی** (صفت مونث) ۱۔ پولا کی ۲۔ (مونث) شہد کی مکھیوں کا چھتہ ۳۔ کہاروں کی چال سواریوں کو لیجاتے وقت ۴۔ بیوقوف یا احمق عورت۔

پول (انگ۔ مذکر) ۱۔ زمین ناپنے کا ۵½ گز کا پیمانہ جسے روڈ یا پرچ بھی کہتے ہیں ۲۔ پولینڈ کا باشندہ

پُولا (ھ۔ مذکر) ۱۔ گھاس کا مٹھا ۲۔ پھوس یا کانس کا گٹھا۔ **پولی** (مونث) مکی۔ جوار۔ باجرے وغیرہ کی گڈی جو فصل کے موقعہ پر چوکیداروں اور ملازمان دیہہ کو دی جاتی ہے۔ یا مویشی کے آگے ڈالی جاتی ہے **پولے پولے آنچ ہے**۔ ہر شخص اپنی اپنی مصیبت میں گرفتار ہے **پولے تلے گزراں کرنا** (متعدی) ۱۔ غربت اور تنگی میں بسر کرنا ۲۔ جھونپڑی میں رہنا۔

پُولاد۔ پولاد (ف۔ مذکر) ۱۔ فولاد ۲۔ سخت لوہے کی ایک قسم ۳۔ مضبوط۔ سخت۔ **پولاد گندی** (مذکر) ایک دیو جسے رستم نے قتل کیا تھا۔

پولس (انگ۔ مونث) ۱۔ وہ محکمہ جو انسداد جرائم اور امن عامہ کے قائم رکھنے کا کام کرتا ہے ۲۔ تھانے کے آدمی یا سپاہی ۳۔ تھانہ۔ **پولس اسٹیشن** (مذکر) تھانہ۔ **پولس افسر** (مذکر) تھانے دار اور اس سے اوپر کے درجے کے ملازمان پولس۔ **پولس تع[illegible]** (مونث) وہ زائد پولس جو کسی گاؤں شہر یا علاقے میں جہاں فساد ہوچکا ہو متعین کی جاتی ہے۔ اور اس کا خرچ وہاں کے باشندوں کو ادا کرنا پڑتا ہے۔ **پولس ڈیپارٹمنٹ** (مذکر) محکمہ پولس۔ **پولسمین** (مذکر) سپاہی پولس کا۔

پُولک (ہ۔ مذکر) ۱۔ تیر کا چھوٹا پھل ۲۔ گھاس کا مٹھا جسے ایک لمبے بانس کے سرے پر باندھ کر مست ہاتھی کو ڈراتے ہیں۔

پولنڈہ (ہ۔ مذکر) دیکھو پلندا۔

پولو (انگ۔ مونث) ایک انگریزی کھیل جو لکڑی کی گیند اور لمبے ڈنڈے سے گھوڑے پر چڑھ کر کھیلتے ہیں۔ چوگان کی قسم سے ہے (کھیلن کے ساتھ)

پَولوم (س۔ عص) کشیاپ کا بیٹا اور پلوم کے بطن سے بڑا زبردست دانو تھا۔ ارجن کے ہاتھ سے قتل ہوا۔

پَولی (ہ۔ مونث) ۱۔ دروازہ۔ پھاٹک ۲۔ ڈیوڑھی۔ دہلیز۔

پُولیا۔ پولیا (ہ۔ مذکر) ۱۔ دربان پہرہ دار۔ محافظ۔ حاجب۔ پاسبان۔ چوکیدار۔ دواریال ۲۔ دروازہ۔ مرکبات کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے ترپولیا

پولیٹیکل (انگ۔ صفت) ملکی۔ سلطنت کے متعلق۔ **پولیٹیکل آدمی یا شخص** (مذکر) چالاک یا ہوشیار شخص۔ چالباز شخص۔ **پولیٹیکل ایجنٹ** (مذکر) ایک عہدے دار جو ریاستوں میں یا دوسری سلطنتوں میں گورنمنٹ کی طرف سے رہتا ہے **پولیٹیکل ڈیپارٹمنٹ** (مونث) وہ محکمہ جس کا تعلق دوسری سلطنتوں کے ساتھ ہو۔ **پولیٹیکل ویوز** (مذکر) ملکی انتظام کے متعلق خیالات اور رائے۔

پولیفیمس (یو۔ عص) قوم سائیکلوپس کا حاکم۔ اوڈیسیس ٹرائے سے واپسی پر مع بارہ ساتھیوں کے اس کے قابو میں آگیا۔ اس نے ۲ کو توکھا لیا۔ مگر اوڈیسیس نے اسے شراب پلا کر اندھا کر دیا۔ اور جان بچائی۔

پَومان (س۔ مذکر) ۱۔ ہوا۔ باد۔ آندھی ۲۔ چاند کا ایک لقب ۳۔ ایک خاص آگ کا نام جو اگنی کا بیٹا تصور ہوتی ہے۔

پومچا (ھ۔ مذکر) ۱۔ ایک بھڑکیلا لباس یا کپڑا جو جے نگر میں بنتا تھا ۲۔ شادی کا گھاگرا۔

پومونا (یو۔ عص) ثمردار درختوں کی دیوی۔

پَون (ہ۔ صفت) ۱۔ ایک چوتھائی کم۔ تین چوتھائی ۲۔ ¾۔ ۳۔ (مذکر) تین چوتھائی حصہ۔ **پونا** (مذکر) تین چوتھائی کا پہاڑا **پون پیسہ** (مذکر) پیسے کے چار میں سے تین حصے۔ **پون دمڑی** (مذکر) ایک دمڑی کے چار حصوں میں سے تین حصے۔ **پون سیر** (مذکر) بارہ چھٹانک۔ **پون سو** (عدد) ۷۵۔ **پونے** (صفت) کل میں سے ایک حصے کا چوتھائی کم۔ **پونے دو سو** (عدد) دوسو میں ۲۵ کم ۱۷۵۔

پَوَن (س۔ مذکر) **پَون** (ھ) ۱۔ پوتر کرنے کا فعل۔ پوترپن۔ پاکیزگی۔ پاکی ۲۔ اڑانا۔ پھٹکنا۔ اناج کی صفائی ۳۔ صاف کرنے والی چیز۔ ہوا۔ باد ۴۔ بدن کی ہوا ۵۔ پھونک۔ سانس۔ دم۔ نفس ۶۔ گھر کی پوتر آگ ۷۔ جادو۔ ٹونا۔ ٹوٹکا ۸۔ بھوت پریت جو کوئی ساحر کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے استعمال کرے ۹۔ ہواؤں اور شمال مغربی طرف کا موکل۔ اب یہ لفظ اردو میں متروک ہے۔ **پون آہار** (مذکر) ہوا کھانا۔ کسرت کے لئے سیر کرنا۔ پھرنا یا سواری کرنا۔ **پون اُڑانا** (متعدی) جادو کرنا۔ جادو کی موٹھ پھینکنا (مت) **پوناہت** (صفت) جسے باؤ کی بیماری۔ وجع المفاصل یا گٹھیا ہو **پون بان** (مذکر) ۱۔ تیر جو ہوا سے چلایا جائے ۲۔ ایک تیر جس کے چلانے پر ہوا چلے۔ **پون بٹھانا** (متعدی) جادو کرنا۔ جادو کے ذریعہ مطیع کرنا۔ بیر یا موکل مسلط کرنا (مت) **پون پانی** (مذکر) ۱۔ آب و ہوا ۲۔ (دہلی) سانپ جو بہت تیز دوڑتا ہے۔ **پَون پرچھا** (مونث) ہوا کا رخ معلوم کرنا۔ **پون تاننا** (متعدی) پھونک مارنا (مت)، **پَون چکی** (مونث) چکی جو ہوا سے چلے۔ **پَون سُوت**۔ **پون کا پوت**۔ **پون کمار** (مذکر) ۱۔ راون کا بیٹا ۲۔ ہنومان۔ **پون کا سناٹا** (مذکر) ہوا کا سناٹا۔ **پون مارنا** (متعدی) جادو کرنا۔ بھوت پریت کے ذریعے نقصان پہنچانا۔ (مت) **پون وان** (مذکر) دیکھو پون بان۔

مثل۔ پون کا پوت پتال کا راجہ۔ جس کے رہنے کا کہیں قیام نہ ہو اس کے متعلق کہتے ہیں۔

پَون (انگ۔ مذکر) پونڈ کا وزن۔

پُون (ھ۔ صفت) پینے والا۔

پُول (ہ۔ مونث) گوز کی آواز۔ (ھ) دیکھو پینیہ۔

پول (ہ۔ مونث) ۱۔ بانسری کی آواز ۲۔ جھگڑا۔ پخ **پوں بول جانا** (لازم) دیوالہ نکلنا ۔ مفلس ہو جانا۔ غریب ہو جانا ۲۔ عاجز ہو جانا۔ چیں بولنا۔ ہار ماننا۔ **پوں لگانا** (متعدی) جھگڑا کرنا۔ پخ لگانا

پَونا (ھ۔ متعدی) کھانا۔ نوش کرنا

پَونا (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو پون کے تحت میں ۲۔ ایک قسم کا چمچہ جس سے تلی ہوئی چیز نکالتے ہیں۔ اس میں چھید ہوتے ہیں تاکہ گھی یا تیل نکل جائے ۳۔ ٹوٹا ہوا چاول۔ کنکی۔

پونا (ہ۔ متعدی) ۱۔ پرونا۔ دھاگا ڈالنا ۲۔ گرم کرنا تنور کا ۳۔ روٹی پکانا۔ پکانا۔

پونا (ہ۔ مذکر) دیکھو پَونا چمچہ۔

پَونال (س۔ مذکر) ایک قسم کا اناج۔ پَونال۔

پونٹا (ھ۔ مذکر) ناک کا چرہایا غلاظت۔

پون ٹوٹی (انگ۔ مونث) ٹون ڈیوٹی کا مخرب۔ چنگی محصول۔

پونٹھی۔ پونٹی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

پونجی (ہ۔ مونث) ۱ بساط حقیقت ۲ مال تجارت۔ اصل زر ۳ دولت۔ جائداد ۴ (ھ) ڈھیر۔ تودہ۔ ذخیرہ (س۔ پنج۔ ڈھیر) **پونجئے حصہ داراں** (مونث) کسی کمپنی کا سرمایہ۔ ساجھا پونجی۔

پونچا۔ پونچا (ھ۔ مذکر) ۱ ۵ کا پہاڑا۔

پونچھ (ہ۔ مونث) ۱ دُم۔ جانوروں کی پیٹھ کے سرے میں ایک لمبا عضو ہوتا ہے۔ جس کے سرے پر لمبے بال ہوتے ہیں۔ اس سے مکھیاں اڑاتے ہیں۔ درندوں کی دم پر چھوٹے چھوٹے بال ہوتے ہیں ۲ پرندوں کے پچھلے پر جن سے وہ ہوا میں اڑتے ہوئے سمت بدلتے ہیں ۳ مذاقاً پیرو طفیلی ۴ (ھ) دیکھو پوچھ۔ **پونچھار** (ھ۔ صفت) ۱ دم دار ۲ (مذکر) جانور جس کی دم لمبی ہو۔ **پونچھلا** (مذکر) دم۔ پونچھ۔

پونچھ (ہ۔ امر) پونچھنا کا۔ **پونچھ لاامی** پونچھنا کی۔ **پونچھ پانچھ کے**۔ صاف کرکے۔ جھاڑ کے۔ **پونچھ ڈالنا** (متعدی) دیکھو پونچھنا۔ **پونچھن** (مونث) ۱ وہ کپڑا جس سے کھانے کا برتن پونچھا جائے۔ صافی ۲ وہ کپڑا جس سے نجاست صاف کریں ۳ وہ کپڑا جس سے کوئی چیز صاف کرکے پھینکدیں ۴ بقیہ۔ بچا کھچا۔ کھرچن۔ **پونچھنا** (متعدی) ۱ جھاڑنا۔ صاف کرنا ۲ گیلی چیز کو کپڑے سے صاف کرنا ۳ چیزوں پر سے خاک جھاڑنا ۴ پسینہ کپڑے سے صاف کرنا ۵ آلائش پاک کرنا ۶ کسی چیز کو کھرچنا ۷ برتن سے چیز کو چھڑانا ۸ (مذکر) صافی پونچھن ۱ و ۲ و ۳۔ **پونچھوانا** (مم) پونچھنا کا۔

پونڈ (انگ۔ مذکر) دیکھو پاؤنڈ۔

پونڈ (ھ۔ مذکر) پونڈر۔

پونڈا (ہ۔ مذکر) موٹا گنا۔ سرخ یا زرد رنگ کا۔ (س۔ پنڈرک) **پونڈے** (مذکر) ۱ پونڈا کی جمع ۲ بجائے پونڈا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **پونڈ کی پھوک** (مونث) جھبونجھ (مت) گنڈیریوں کا پھوک جو کھانے کے بعد پھینک دیا جاتا ہے۔

پونڈھنا (ھ۔ متعدی) لیٹنا۔ پوڑھنا

پونر بھو (س۔ مذکر) دوسری شادی والی عورت کے بطن سے دوسرے خاوند کا لڑکا۔

پونرکت۔ پونرکتیہ (س۔ مذکر) تکرار الفاظ۔ دہراؤ۔

پونسرا (ھ۔ صفت) دیکھو پوسرا۔

پونسلائی (ہ۔ مونث) پتلی لکڑی جس پر پونیاں بناتے ہیں (س پونشلاک)

پونسون (ھ۔ مذکر) دیکھو پن سون

پونکا (ہ۔ مذکر) کیڑا۔ کرم سیب کا کیڑا۔

پونکنا (ہ۔ لازم) دست آنا۔ پیٹ چلنا (مویشی کے لئے)

پونگا (ہ۔ صفت) ۱ خالی۔ پولا کھوکھلا ۲ بیوقوف۔ احمق ۳ (مذکر) بانس کا پور ۴ خالی نالی ۵ بانس ۶ ٹانگ کی نالی۔ نلی۔ **پونگا ہی رہے** احمق رہے۔ **پونگیں** (مونث) پونگا کی جمع۔

پونگڑا (ھ۔ مذکر) ایک لڑکا۔

پونگڑی (ہ۔ مونث) مقعد (عف) **پونگڑی پر صدمہ ہونا** (لازم) نہایت تشویش یا تکلیف میں ہونا۔ **پونگڑی چلنا** (لازم) دست آنا۔ **پونگڑی ڈھیلی ہو جانا** (لازم) ہمت پست ہونا۔

پونگی (ہ۔ مونث) ۱ نے۔ بانسری ۲ سپیرن کی بین۔

پونو۔ پونوں۔ پونوں (ھ۔ مذکر) پورنما۔ پورے چاند کا دن۔

پونہچا۔ پونہوچنا (ھ۔ متعدی) دیکھو پہنچا۔ پہنچی اور پہنچنا۔

پونی (ہ۔ مونث) ۱ روئی کا گول ٹکڑا جس سے چرخے پر تار نکالتے ہیں ۲ تھوڑی مقدار

پونی۔ پونی (ہ۔ مونث) وہ لوگ جو شادی بیاہ کے موقع پر کچھ لیں۔ کمینی یا ادنے ذات کے لوگ۔

پونیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا ململ کا تھان جو پہلے پون تھان کے برابر ہوتا تھا اب عموماً بارہ گز ہوتا ہے۔

پوہ (ھ۔ مذکر) سبیل جہاں مسافروں کے لئے پانی رکھا جائے۔

پوہ (ہ۔ مذکر) ۱ پوس کا مہینہ ۲ (ھ) صبح کی پہلی کرن۔ صبح۔ سویرا۔ **پوہ پھٹنا** (لازم) دیکھو پو پھٹنا۔ **پوہ پھٹے** (ھ۔ تف) علی الصبح۔ صبح سویرے۔

پوہا (ھ۔ مذکر) ۱ کوئی بڑا پالتو جانور جو درندہ نہ ہو ۲ روئی کا پھاہا۔ **پوہے۔ پوہے** (ہ۔ مذکر) مویشی۔ بوہا کی جمع

پوہپ (ھ۔ مذکر) دیکھو پُشپ

پوئٹ (انگ۔ مذکر) شاعر **پوئٹری** (مونث) ۱ شاعری ۲ نظم۔ **پوئٹ لاریٹ** (مذکر) ملک الشعرا۔ انگلستان میں ایک عہدہ۔ سرکاری طور پر ایک شاعر منتخب ہوتا ہے۔ جسے باقاعدہ تنخواہ ملتی ہے۔

پوئی (ھ۔ مذکر) ایک چھوٹا پرند۔

پوئی۔ پویا (ہ۔ مونث) ایک ساگ۔

پوئی (مونث) **پوئیا** (ہ۔ مذکر) گھوڑے کی ایک چال جس میں چاروں پاؤں زمین سے اٹھتے ہیں۔ یہ سرپٹ سے ہلکی ہوتی ہے۔

پوئیس۔ پوئش (ف۔ حرف ندا) دیکھو پوش۔

پویا۔ پویا (ف۔ صفت) پوئیا چلانے والا۔ دوڑنے والا ۲ وہ شخص جو گھوڑے کو پوئیا چار ۳ جانے والا۔ دوڑنے والا۔ **پویاں** (صفت) پوئیا چلانے والا پوئیا چلاتا ہوا۔

پویالس (س۔ مذکر) ۱ گھٹنوں کی ایک بیماری ۲ جوڑوں کا پکاؤ ۳ سفید سوجن۔

پویرا (ھ۔ مذکر) ہاتھ سے بیج بونے کا فعل۔

پوین (س۔ صفت) پینے والا۔ پوت

پوین۔ پویہ (س۔ مذکر) ۱ پیپ مواد ۲ زخم یا پھوڑے سے جو پانی نکلے۔

پہ (ف) پر کا مخفف ہے۔ دیکھو پر اردو نثر میں فصیح نہیں سمجھا جاتا۔

پہ۔ پہ (ھ۔ مذکر) دیکھو پوہ۔

پھ (س۔ مذکر) ناگری رسم الخط کا بائیسواں حرف اور پانچویں قسم شفتی کا دوسرا حرف پ

اور ہ کا مرکب ہے۔ **پھکار** (س۔ مذکر) حرف اور آواز جیہ

پھابی (ہ۔ صفت) پھبا ہوا۔ سجا ہوا۔

پھاپا یا پھاپا کٹنی (ہ۔ مونث) مکار عورت۔ دلالہ۔ عورتوں کو دھوکا دے کر اڑا لیجانے والی عورت۔

پھاٹ (ہ۔ مذکر) ۱ تقسیم ۲ مالگزاری یا لگان کی تقسیم ۳ حصے داروں کے درمیان لگان کی تقسیم یا باچھ ۴ چوڑائی۔ عرض۔

پھاٹک (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا دروازہ ۲ باٹا۔ احاطہ۔ مویشی خانہ۔ کانجی ہوس ۳ آڑ۔ روک ۴ (ہ) عدالت کی باڑ جس کے پیچھے مدعی۔ مدعا علیہ کھڑے ہوتے ہیں ۵ (ہ) دروازے کا چوکیدار۔ دربان۔ **پھاٹک بند ہونا** (لازم) ۱ دروازہ بند ہونا ۲ سلسلہ بند ہونا ۳ راہ مسدود ہونا۔ **پھاٹک دار** (مذکر) دربان۔ ڈیوڑھی بان۔ **پھاٹک سے چھڑانا** (متعدی) جرمانہ ادا کر کے مویشی کو کانجی ہوس سے چھڑانا۔ **پھاٹک میں داخل کرنا** (مونث) ہونا (لازم) آوارہ مویشی کو کانجی ہوس میں دیا جانا

مثل۔ پھاٹک ٹوٹا گڑھ لوٹا ۱ جب حفاظت کی چیز جاتی رہے نقصان ہو جاتا ہے ۲ جب نااتفاقی ہوئی سب کو نقصان اٹھانا پڑا ۳ جب شروع میں آسانی ہو تو جلدی کامیابی ہوتی ہے۔

پھاٹنا (لازم) پھٹنا۔ پھٹانا۔

پہاڑ (ہ۔ مذکر) ۱ [illegible] بہت اونچے اونچے ٹیلے جو زمین پر بہت جگہ پائے جاتے ہیں۔ کوہ۔ جبل۔ پربت ۲ کوئی سخت بھاری یا بڑی چیز ۳ پتھر۔ چٹان ۴ ناگوار۔ دشوار یا مشکل چیز ۵ (صفت) بڑا۔ وزنی سخت ۶ مشکل۔ ناگوار۔ **پہاڑ اٹھانا** (متعدی) بڑا اہم کام کرنا۔ ذمہ داری لینا۔ **پہاڑ ٹالنا** (متعدی) مصیبت رفع کرنا۔ **پہاڑ ٹلنا** (لازم) ۱ مصیبت رفع ہونا ۲ آفت دور ہونا ۳ پہاڑ کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ **پہاڑ ٹوٹ پڑنا۔ ٹوٹنا** (لازم) سخت مصیبت پڑنا۔ ناگہانی آفت آ پڑنا۔ **پہاڑ دن پڑا ہونا** (لازم) بہت وقت ہونا۔ **پہاڑ ڈھانا** (متعدی) ظلم کرنا۔ **پہاڑ سی زندگی** (مونث) لمبی زندگی۔ طویل عمر۔ **پہاڑ سا دن** (مذکر) بہت بڑا دن۔ ایسا دن جس کا کاٹنا دشوار ہو۔

پہاڑ سی رات (مونث) بڑی مصیبت کی رات۔ لمبی رات۔ **پہاڑ سے ٹکر لینا** (متعدی) زبردست سے مقابلہ کرنا۔ **پہاڑ کاٹنا** (متعدی) ۱ دشوار کام کرنا ۲ مشقت کا کام کرنا ۳ سختی کے دن گزارنا۔ **پہاڑ کا دامن** (مذکر) دامن کوہ۔ میدان جو پہاڑ سے ملتا ہوا ہو۔ ترائی۔ **پہاڑ کٹنا** (لازم) پہاڑ کاٹنا کا۔ **پہاڑ کے آگے رائی** ۱ کسی چیز کے مقابلے میں بہت کم۔ **پہاڑ کے پتھر ڈھونا** (متعدی) سخت محنت کرنا۔ مشقت کرنا۔ **پہاڑ کی (ٹیکری) چوٹی** (مونث) پہاڑ کا اوپر کا حصہ۔ سرکوہ۔ **پہاڑ کی ڈانک** (مذکر) ۱ پہاڑوں کی قطار ۲ سلسلہ کوہ۔ **پہاڑ کی گھاٹی** (مذکر) پہاڑوں کے درمیان کھلا میدان۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ درہ کوہ۔ **پہاڑ کے نیچے دب جانا** (لازم) ۱ مصیبت میں مبتلا ہونا ۲ مجبور ہو جانا۔ ناچار ہو جانا۔ **پہاڑ گرنا** (لازم) اچانک مصیبت آ جانا۔ **پہاڑ گزرنا** (لازم) سخت ناگوار گزرنا۔ **پہاڑ گونج اٹھنا** (لازم) پہاڑ سے شور وغل کی آواز واپس آنا۔ **پہاڑن** (مونث) پہاڑی کی عورت۔ پہاڑی کی بیوی۔ **پہاڑ والی** (مونث) ۱ سیتلا ۲ سات دیویوں میں سے ایک جو بہنیں ہیں اور چیچک خسرہ وغیرہ کی دیویاں ہیں۔ کالکا دیوی۔ **پہاڑ ہو جانا** (لازم) ۱ مشکل ہو جانا۔ دشوار ہو جانا ۲ بھاری ہونا۔ وزنی ہونا ۳ ناگوار ہونا ۴ ختم ہونے میں نہ آنا۔

پہاڑی (مونث) ۱ چھوٹا پہاڑ ۲ پہاڑیوں کی زبان ۳ (مذکر) پہاڑ کا باشندہ ۴ ایک راگنی کا نام ۵ (صفت) پہاڑ کا۔ **پہاڑیا** (صفت) پہاڑ کا رہنے والا۔ کوہی۔ **پہاڑی بکرا** (مذکر) ایک قسم کا بڑا بکرا جو پہاڑ میں ہوتا ہے۔ **پہاڑی بھنگ** (مذکر) ایک قسم کی بھنگ جو پہاڑ میں ہوتی ہے۔ **پہاڑی کوا** (مذکر) نہایت سیاہ بڑا کوا جو کبھی کبھی میدانوں میں دکھائی دیتا ہے۔ اکثر پہاڑوں میں پایا جاتا ہے (س پراگ بھار۔ پہاڑ کی ڈھلوان)

امثال و اقوال۔ پہاڑ کے اٹھکن سلوٹ (ہ) پہاڑ کے ستون پتھر ہوتے ہیں بادشاہوں کی طاقت رعایا کی مدد سے ہوتی ہے۔ **پہاڑ کی اترائی چڑھائی دونوں پر لعنت۔** پہاڑ کی چڑھائی سخت ہوتی ہے۔ مگر ترائی بھی کم تکلیف دہ نہیں ہوتی۔ **پہاڑی گدھا پور بی رینگ۔** ان اشخاص کے متعلق کہا جاتا ہے جو دوسروں کی نقل کریں خصوصاً وہ دیسی جو انگریزوں کی نقل کپڑوں، فیشن اور باتوں میں کریں۔ **پہاڑ پیٹے مت کسکے بھت**

کھایا اور کھسکے۔ کوئی کھانا کھاتے ہی جانے لگے تو مذاقاً کہتے ہیں۔

پھاڑ (ہ۔ امر) ۱ پھاڑنا کا ۲ (ہ۔ مذکر) چاک۔ شگاف۔ کھونچ ۳ درز۔ دراڑ۔ **پھاڑا** (مذکر) پھاڑنا کی۔ **پھاڑ توڑنا** (متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ پرزے پرزے کر دینا۔ **پھاڑ دینا** (متعدی) دیکھو پھاڑنا۔ **پھاڑ کھانا** (متعدی) ۱ درندے کا کسی کو چیر کے کھا جانا ۲ جھلا کے غصے سے بات چیت کرنا ۳ سیدھی طرح نہ بولنا۔ **پھاڑ کھانے کو دوڑنا** (لازم) ۱ بدمزاجی سے پیش آنا۔ جھنجھلانا۔ **پھاڑ کھاؤ** (صفت) ۱ پھاڑ کھانے والا۔ بدمزاج۔ جھلا ۲ ظالم خونخوار جلاد (مذکر) درندہ۔ گوشت خوار جانور۔ **پھاڑنا** (متعدی) ۱ چیرنا۔ چاک کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شق کرنا۔ شگاف کرنا ۲ درندے کا کسی جانور کو مار کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۳ پھیلانا۔ کھولنا ۴ دودھ سے پانی جدا کرنا ۵ ناخوش کرنا۔ ناراض کرنا۔ رنج پہنچانا ۶ توڑنا۔ زخمی کرنا۔ زخم پہنچانا۔ **پھاڑے کھانا** (متعدی) ناگوار معلوم ہونا۔

پہاڑا (ہ۔ مذکر) کسی خاص ہندسے سے ضرب دیے ہوئے سلسلہ وار اعداد جو بچوں کو حفظ کرائے جاتے ہیں تاکہ ضرب دینے میں آسانی ہو (سکھانا۔ سیکھنا۔ یاد کرنا یا ہونا وغیرہ کے ساتھ) (س پرستر۔ پھیلانا)

پہاڑوا (ہ۔ مذکر) ۱ بچوں کے ایک کھیل کا نام۔ آتی پاتی ۲ پہاڑی۔ کوہی۔ پہاڑیا۔

پھاک (ہ) دیکھو پھاگ یا پھانک۔

پھاکڑا (مذکر) دیکھو پھاگ۔

پھاگ (ہ۔ مذکر) ۱ گلال۔ سرخ رنگ جو ہولی میں ہندو ایک دوسرے پر پھینکتے ہیں ۲ ہولی۔ ہولی کے کھیل تماشے ۳ رنگ پھینکنے یا ڈالنے کا فعل ۴ عیش و عشرت کا سامان۔ **پھاگ کھیلنا** (متعدی) ۱ ہولی کھیلنا۔ رنگ ڈالنا ۲ خوشیاں منانا۔ گلچھرے اڑانا۔

پھاگی (ہ۔ مونث) پھاگ۔

پھاگن (ہ۔ مذکر) ہندوؤں کا بارھواں مہینہ جو فروری۔ مارچ کے مہینے کے مقابل ہوتا ہے (س۔ پھالگن متعلقہ نکشترہ پھلگنی۔ بہ راس مہینے میں اس نکشترے میں ہوتا ہے)

پھال (ہ۔ مونث) ۱ تیر کے پیکان کی نوک ۲ ہل کے آگے لوہے کا ٹکڑا جو زمین کھودتا ہے ۳

چھالیا کا بڑا ٹکڑا ۲ (ھ) مہادیو جی اور بلرام کا ایک نام ۳ قدم پھلانگ۔ گام۔ پھالا (مذکر) پھالی (مونث) ہل کا لوہے کا ٹکڑا جو زمین کھودتا ہے۔

پھالگن (س۔ مذکر) ۱ پھاگن ۲ ارجن جی کا ایک نام ۳ ایک درخت۔

پھالگنی (س۔ مونث) ۱ پھاگن کے مہینے میں بدر کا دن ۲ سولھواں اور سترھواں نکشترہ۔ جنہیں اترا اور پروا پھالگنی کہتے ہیں۔

پھالنا (ھ) ۱ اچھلنا۔ کودنا۔ پھاندنا

پہان (ھ۔ مذکر) کھتے یا کھلیان کے منہ بند کرنے کی ڈاٹ۔

پھان (ھ۔ مذکر) پھندا۔

پھانا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ لکڑی جو جوتا بنانے والے جوتے میں رکھتے ہیں۔ تاکہ قالب پر پوری طرح آجائے ۲ وہ لکڑی یا لوہے کی بڑی کیل جسے آرہ کش یا لکڑہارے لکڑی میں رکھتے ہیں تاکہ چیرنے اور کاٹنے میں آسانی ہو۔ یہ آلہ اوپر سے موٹا اور نیچے سے پتلا ہوتا ہے۔ پچر۔ میخ۔

پھانپا (ھ۔ صفت) سوجا ہوا

پھانپنا (لازم) ۱ سوجنا۔ ورم کرنا۔ آماس کرنا۔ پھولنا ۲ ابھرنا۔ ہوا بھرنا۔

پھانپھر (ھ۔ مذکر) چھید۔ سوراخ

پھانت (ھ۔ مذکر) گاؤں کا رجسٹر۔

پھانٹ (ھ۔ مذکر) گاؤں کا افسر۔

پھاند (ہ۔ امر) ۱ پھاندنا کا ۲ (مذکر) پھندا۔ دام۔ جال ۳ ایک لمبی لکڑی جس کے آگے پھندا لگا ہوتا ہے ۴ وہ پھندا جس سے ہاتھی اور دوسرے جانوروں کو پکڑتے ہیں ۵ چھلانگ۔ قلانچ ۶ مشکل۔ دقت۔ دشواری ۷ حیرانی۔ پریشانی (س سپند جلدی سے حرکت کرنا) **پھاندا** (ھ) پھاند۔ **پھاند لگانا یا مارنا** (دہلی) ۱ پھندا لگانا۔ جال بچھانا ۲ پھندے سے پکڑنا ۳ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ **پھاندنا** (متعدی) ۱ کودنا ۲ جست کرنا ۳ دیوار پر سے کود جانا۔ پھلانگ جانا۔ جست بھرنا ۴ پھندے سے پکڑنا۔ پھندا لگانا۔ جال میں پھنسانا۔

پھانڈ (ھ) **پھانڈی** (ہ۔ مونث)

کنوؤں کا گلی۔ منڈیر کا پنستارا۔

پھانس (ہ۔ مونث) ۱ بانس یا باند کا چھوٹا سا ریشہ جو عموماً بدن میں چبھ جاتا ہے۔ لکڑی کا ریشہ۔ کرچ۔ ریزہ ۲ روحانی تکلیف یا ایذا ۳ خلش۔ کھٹکا۔ فکر ۴ گمی یا میل وغیرہ جو ناخنوں میں جم جائے۔ (س۔ سپرش۔ چھونا) پھانس۔ پھانسا (مذکر) ۱ پھاند۔ پھندا۔ کمند۔ روک۔ بالغت ۲ (ھ) باکھریل کا حصہ ۳ پاسہ۔ **پھانس چبھنا** (لازم) لکڑی وغیرہ کے ریشے کا بدن میں چبھنا۔ صدمہ پہنچنا۔ خلش ہونا۔ **پھانس کھٹکنا** (لازم) پھانس چبھنے سے درد ہونا۔ **پھانس لانا** (متعدی) پھانسنا۔ فریب دے کر لانا۔ **پھانس لگنا** (لازم) پھانس چبھنا۔ **پھانس ماردینا** (متعدی) بات یا کام میں حرج کر دینا۔ کچھ کہہ کر کسی کو نقصان پہنچانا۔ **پھانس نکال دینا** (متعدی) کانٹا نکال دینا۔ تکلیف رفع کرنا۔ خلش دور کرنا۔ **پھانس نکلنا** (لازم) ۱ خار نکلنا۔ کانٹا نکلنا ۲ تکلیف دور ہو جانا۔ **پھانس لانا** (متعدی) ۱ فریب سے پکڑ لانا گرفتار کر لانا ۲ دھوکا دے کر لانا۔ **پھانس لینا** (متعدی) قابو کر لینا۔ **پھانسنا** (متعدی) ۱ گرفتار کرنا۔ پکڑنا ۲ جال میں پھنسانا۔ گھیرنا ۳ قابو میں لانا۔ بس میں کرنا ۴ فریب میں لانا ۵ ڈول لوٹے وغیرہ کو رسی کے حلقے سے باندھ دینا۔ لوٹا یا ڈول کوئیں میں لٹکانا ۶ پیچ میں لانا ۷ داؤ کرنا ۸ الزام لگانا۔ مقدمہ بنانا ۹ دیکھو پھنسانا۔

پھانسی (ہ۔ مونث) ۱ پھندا ۲ وہ رسی کا حلقہ جس سے گلا گھونٹ کر مار دیتے ہیں ۳ موت کی سزا جو پھندے سے دی جاتی ہے ۴ وہ ٹکٹکی اور رسی کا پھندا جس پر چڑھا کر آدمی کو لٹکا دیتے ہیں (س پاش۔ گانٹھ) **پھانسی پانا** (لازم) پھانسی سے ہلاک کیا جانا۔ **پھانسی پڑنا** (لازم) پھانسی کا گلے میں ڈالا جانا پھانسی لگنا۔ **پھانسی چڑھانا یا دینا** (متعدی) مجرم کی گردن میں رسا ڈال کر جان سے مارنا۔ **پھانسی دینے والا** (مذکر) جلاد۔ جو شخص مجرموں کو پھانسی پر چڑھائے۔ **پھانسی کا ٹھ یا پھانسی کا کھمبا**۔ (مذکر) **پھانسی کی ٹکٹکی** (مونث) وہ لکڑی کا ستون جس پر پھانسی دینے کا پھندا لگا ہوتا ہے۔ **پھانسی کھڑی کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) پھانسی دینے کے واسطے ستون گاڑنا یا گڑنا۔ **پھانسی گار یا گر** (صفت) پھانسی سے گلا گھونٹ کر مارنے والا۔ ٹھگ۔ **پھانسی لگانا** (متعدی) پھانسی دینا۔ **پھانسی لگنا** (لازم) مجرم کا پھانسی کے ذریعے سے مارا جانا۔

پھانک (ہ۔ امر) ۱ پھانکنا کا ۲ (مونث)۔ قاش۔ تراشا ہوا ٹکڑا ۳ نارنگی لیموں وغیرہ کا وہ قدرتی ٹکڑا جو چھلکے کے اندر ہوتا ہے ۴ دیکھو پھنکا (س پراش کھانا) **پھانکا** (ماضی پھانکنا کی)۔ **پھانکنا** (متعدی) ۱ کسی سفوف یا دانے دار چیز کو ہتھیلی پر رکھ کر منہ میں ڈال لینا ۲ جلدی جلدی کھانا ۳ روپیہ اڑانا۔ دولت اڑانا ۴ جلدی جلدی کھا جانا ۵ (فاک) آوارہ پھرنا ۶ جھوٹ بولنا۔ بہتان لگانا۔ **پھانکی** (مونث) پھانک۔

پھانگر۔ پھانگڑا (ھ۔ مذکر) ۱ بانکا۔ البیلا۔ ترچھا ۲ قد آور۔ مضبوط ۳ بہادر۔ دلیر ۴ (مذکر) بانکا آدمی وغیرہ۔ **پھانگڑا ہے** (دہلی) بانکی وضع سپاہی صورت ہے۔ فضول گو ہے۔

پھانکی (ھ۔ مونث) ۱ سفوف یا دانہ جو ایک دفعہ پھانکا جائے ۲ میوے کا ٹکڑا یا پھانک ۳ (منطق) اعتراض ۴ قضیہ ۵ برہان کا پہلا حصہ ۶ دلیل باطل۔ دھوکا۔ چھل۔ فریب

پھانی (س۔ مونث) آٹا یا ستو جو چھاچھ یا دہی میں پڑے ہوئے ہوں۔

پھاؤ (ھ۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو خریدی ہوئی چیز سے زیادہ دوکاندار دے ۲ گھلوا۔ رونگھن سیٹکا ۳ (اقف) زائد۔ فالتو۔

پھاوڑا (ہ۔ مذکر) بیلچہ۔ کدال۔ کسی (س پرش۔ کلہاڑی)۔ **پھاوڑا بجانا** (متعدی) مکان گرانا۔ مسمار کرنا۔ **پھاوڑا سے دانت** (مذکر) چوڑے بدصورت دانت۔ باہر کی طرف نکلے ہوئے دانت۔ **پھاوڑی** (مونث) ۱ چھوٹا پھاوڑا ۲ لید ہٹانے کی لکڑی جس کے ایک طرف تختہ لگا ہوا ہوتا ہے ۳ وہ لکڑی جس پر ڈنڈ پیلتے وقت ہاتھ رکھتے ہیں جوگی کی لکڑی۔ بیراگی

امثال۔ پھاوڑہ نہ کدار کدال بڑا کھیت (ہمار) ہمارا (ھ) ایسے کام کرنے کا ذمہ لینا جو نہ ہو سکے۔ پلے کچھ نہ ہونا اور شیخیاں بہت مارنا۔ **پھاوڑے کے نام گل صفا نہیں جانتا** الف کے نام ب نہیں جانتا۔ بالکل جاہل ہے۔

پھاؤنا (ھ) پھینا۔

پھاہا (ہ۔ مذکر) **پھایا** (ھ) کپڑے کا گول ٹکڑا جس پر مرہم لگا کر زخم پر چپکاتے ہیں۔ **پھاہا چڑھانا**

(متعدی) مرہم لگاکر زخم پر پھاہا رکھنا۔ **پھاہا چڑھنا** (لازم) پھاہا لگنا۔ **پھاہا چھڑانا** (متعدی) **چھوٹنا** (لازم) زخم پر سے پھاہا ہٹانا۔ **پھاہا رکھنا** (متعدی) پھاہا زخم پر چپکانا۔ **پھاہا کترنا** (متعدی) کپڑے کا گول ٹکڑا کترنا۔ **پھاہا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) پھاہا زخم پر رکھا جانا۔

پھب (ہ۔ مونث) ۱ چھب ۲ زیبائش۔ آرائش ۳ تناسب۔ موزونی ۴ خوبصورتی حسن۔ **پھبا** (صفت) پھبتا۔ **پھبانا** (متعدی) پھبنا کا۔ **پھبتا** (صفت) موزوں۔ مناسب۔ **پھبتی** (مونث) تشبیہ۔ ایسی بات مذاق یا ٹھٹھے کے طور پر جو دوسرے پر ٹھیک چسپاں ہو۔ **پھبتی اُڑانا** (متعدی) کسی شخص کو ایسی بات کہنا جو اس پر چسپاں ہو۔ **پھبتیاں** (مونث) پھبتی کی جمع (اڑانا کہنا کے ساتھ) **پھبتی سوجھنا** (متعدی) موزوں تشبیہ سوجھنا۔ **پھبتی کہنا** (متعدی) ظرافت سے تشبیہ دینا۔ **پھبتی ہونا** (لازم) سخن موزوں کہا جانا۔ **پھبن** (مونث) دیکھو پھب۔ **پھبنا** (لازم) ۱ موافق ہونا۔ موزوں ہونا ۲ سجنا۔ زیبا ہونا۔ **پھبیلا** (صفت) موزوں۔ موافق۔

پھپ۔ پھپپ۔ پھپپ (ہ۔ مذکر) پھول۔ دیکھو لپ شپ۔

پھپا (ہ۔ مذکر) **پھپیا** (ہ) پھوپھی کا خاوند۔

پھپٹ (ہ۔ مذکر) ۱ ضد ہٹ کد۔ تمرد ۲ دھوکا۔ دغا۔ مکر۔ فریب ۳ غل۔ شور ۴ فتنہ فساد۔ **پھپٹ باز** (صفت) ۱ عو۔ ۱ مکار۔ فریبی۔ دغا باز ۲ فسادی۔ فتنہ انگیز۔ **پھپٹ بازی** (مونث) ۱ مکاری۔ عیاری ۲ فتنہ انگیزی وغیرہ۔ **پھپٹ بائی** (مونث) فسادی عورت۔

پھپدنا (ہ۔ لازم) پھد پھدانا۔

پھپڑ دلالے (ہ۔ مذکر) جھوٹی خوشامد۔ بناوٹ کی باتیں۔ ظاہری دکھاوے کی باتیں (دہلی)۔ **پھپڑ دلالیا** (صفت) مکار۔ خوشامدی۔ جھوٹے کھترے دے کر پھنسانا۔ **پھپڑ دلالے کرنا یا مچانا** (عو) جھوٹی محبت کا اظہار کرنا۔ **پھپڑے** (مذکر) پھپڑ دلالے۔ **پھپڑے کرنا** (متعدی) پھپڑ دلالے کرنا۔

پھپس۔ پھپسا (ہ۔ صفت) ۱ اتنا موٹا کہ چل نہ سکے۔ بہت موٹا۔ بھدا ۲ پھولا ہوا پولا ۳ پھیکا۔ بدمزہ۔

پھپسا (ہ۔ مذکر) لکڑی کی چھت پر گارے کی تہ۔

پھپک (ہ۔ مونث) نمو۔ بالیدگی بدن کی افزونی۔ **پھپکا** (مذکر) آبلہ۔ چھالا۔ **پھپکنا** (لازم) ۱ درخت کا بڑھنا ۲ جسم کا تروتازہ ہونا ۳ کثرت سے پھنسیاں نکل آنا۔

پھپکا (ہ۔ مونث) سانپ کیطرح پھنکارنے کی آواز۔

پھپولا۔ پھپھولا (ہ۔ مذکر) آبلہ۔ چھالا (س پرسپھت۔ پھٹنا۔ پھیلنا) **پھپولا ابھرنا** (لازم) آبلہ اٹھنا۔ **پھپولا بیٹھ جانا** (لازم) آبلے کا پانی بہ جانے کی وجہ سے نیچا ہو جانا۔ **پھپولا پڑنا** (لازم) چھالا پڑنا۔ **پھپولوں سے پھل جانا** (لازم) کثرت سے آبلے پڑ جانا۔ **پھپولے پڑنا** (لازم) ۱ چھالے پڑنا ۲ داغ پڑنا۔ صدمہ ہونا۔ **پھپولے پھوٹنا** (لازم) ۱ چھالوں سے پانی نکل جانا ۲ دلی آرزو پوری ہونا ۳ دشمنی نکلنا۔ غصہ نکلنا۔ بدلہ لینا۔ **پھپولے پھوڑنا** (متعدی) ۱ چھالے توڑنا ۲ دل کی بھڑاس نکالنا۔ عداوت ظاہر کرنا۔ **پھپولے جل اٹھنا** (لازم) پھپولوں میں سوزش پیدا ہونا۔

پھپوند (ہ۔ امر) پھپوندنا کا ۲ (ماضی) پھپوندنا کی۔ **پھپوندنا** (لازم) پھپوندی لگنا۔ **پھپوندی** (مونث) سفیدہ تہ جو نمی کی وجہ سے چیزوں پر جم جاتی ہے (لگنا۔ جمنا کے ساتھ) **پھپوندی لگی** (مونث) وہ عورت جس کے دانتوں پر میل جما رہے یا جو میلی کچیلی رہے

پھپھا (ہ۔ مذکر) دیکھو پھپا۔

پھپھس پھپھسا (ہ۔ صفت) دیکھو پھپس پھپسا۔

پھپھولا (ہ۔ مذکر) دیکھو پھپولا۔

پھپھوندی (ہ۔ مونث) دیکھو پھپوندی۔

پھپی (ہ۔ مونث) باپ کی بہن۔ **پھپیا ساس** (مونث) خسر کی بہن **پھپیا سُسر یا سُسرا** (مذکر) خسر کی بہن کا خاوند۔ **پھپیرا۔ پھپیرا بھائی** (مذکر) پھپی کا بیٹا۔ **پھپیری پھپیری بہن** (مونث) پھپی کی بیٹی۔

پھت (س۔ حرف ندا) نفرت اور حقارت ظاہر کرتا ہے۔ **پھتکار** (صفت) نفرت کرنے والا۔ متکبر۔ مغرور۔

پھتر (ہ۔ مذکر) پتھر۔

پھتکی (س۔ مونث) ایک پرندہ۔ بیا۔

پھتنگا (ہ۔ مذکر) پتنگا۔

پھٹ (ہ۔ مذکر) ۱ تمانچے کی آواز۔ کسی چیز پر ہاتھ مارنے کی آواز ۲ چابک یا کوڑے کی آواز ۳ گیلے کپڑے کو پتھر یا لکڑی کے تختے پر مارنے کی آواز ۴ بجائے پھٹکار۔ تُف۔ **پھٹ پھٹ** (مذکر) پھٹی ہوئی ایڑی کی جوتی کی آواز۔ **پھٹکار** (مذکر) ۱ دیکھو پھٹ ۲ لمبا چابک جو گھوڑے کی سدھائی میں کام آتا ہے ۳ جھڑکی۔ جھڑک دینا۔ **پھٹکارنا** (متعدی) ۱ چابک کی آواز نکالنا ۲ کپڑوں کو پتھر یا لکڑی کے تختے پر مارنا ۳ گالی دینا۔ لعنت ملامت کرنا ۴ چیز اڑا لینا۔ لیکر بھاگ جانا ۵ حاصل کرنا۔ لے لینا۔ جیتنا ۶ دیدینا۔ الگ کردینا ۷ بیچ دینا۔ فروخت کرنا ۸ چھاج یا سوپ میں پھٹکنا

مثل۔ پھٹ دا کا جینا جو تکے پرائی آس۔ پرائے بھروسے پر رہنا بہت برا ہے

پھٹ (ہ۔ امر) پھٹنا کا۔ **پھٹا** (ماضی) ۱ پھٹنا کی ۲ (صفت) پھٹا ہوا۔ دریدہ **پھٹا اُدھڑا** (صفت) پھٹا ہوا اور اُدھڑا ہوا (کپڑا)۔ **پھٹا پرانا** (صفت) ۱ بوسیدہ اور پرانا کپڑا ۲ گلا ہوا۔ خراب خستہ۔ **پھٹا پڑنا** (لازم) ۱ نکلا پڑنا ۲ درد سے سر یا آنکھوں کا شق ہونا ۳ نہایت موٹا ہونا ۴ زور پہ ہونا۔ جوبن پر ہونا۔ **پھٹا پھٹا پیخانہ** (مذکر) ایسا پیخانہ جس میں پانی علیحدہ اور پھٹکیں علیحدہ ہوں **پھٹا دودھ** (مذکر) وہ دودھ جس میں پانی علیحدہ ہو جائے۔ **پھٹانا** (متعدی) پھٹنا کا ۱ پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دریدہ کرنا **پھٹاؤ** (ہ۔ مذکر) پھٹنا وغیرہ۔ فرق۔ شگاف۔ دراڑ۔ **پھٹ پھٹانا** (لازم) ۱ پھڑپھڑانا ۲ دوڑ دھوپ کرنا۔ بیچین ہونا۔ **پھٹ پھٹ کے برسنا** (لازم) سخت برسنا۔ بہت بارش ہونا (مست) **پھٹ پڑنا** (لازم) شق ہو جانا۔ پھٹ جانا ۲ ٹوٹنا بوجھ سے گر پڑنا ۳ کثرت۔ افراط یا شدت سے ہونا ۴ بڑھ جانا خوب موٹا ہونا۔ یکلخت موٹا ہو جانا ۵ زور پر ہونا۔ **پھٹ جانا** (لازم) ۱ دیکھو پھٹنا ۲ (دل جی وغیرہ) بیزار ہونا۔ بہت رنجیدہ ہونا۔ سخت غمزدہ ہونا ۳ (آنکھیں) دولت پاکے مغرور ہونا۔ **پھٹ سے** (تف) فوراً۔ بے تامل۔ **پھٹ کے چلنا**

(لازم) علیحدہ ہو کے چلنا۔ الگ راستہ اختیار کرنا۔

پھٹنا (لازم) چاک ہونا۔ دریدہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا۔ شق ہونا۔ شگاف ہونا۔ (دودھ) پانی علیحدہ ہونا۔ (دل جی وغیرہ) نفرت ہونا۔ بیزاری ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ غمزدہ ہونا۔ (بالوں کا) خشکی کی وجہ سے تڑقنا۔ (گھوڑے کا) باگ کے اشارے کے خلاف جانا۔ (بادل) منتشر ہو جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ (آسمان) مصیبت آنا۔ **پھٹی پھٹی باتیں** (مونث) وہ باتیں جن سے ملال ظاہر ہو۔

پھٹے پھٹے دیدے (مذکر) بڑی بڑی ابھری ہوئی آنکھیں (لکھنؤ) چیڑے چندھے دیدے۔ **پھٹے حالوں** (سے) (تف) مفلسی کی حالت میں خستہ حالی میں

پھٹے حالوں (تف) خستہ حال۔ **پھٹے میں پاؤں اڑانا یا دینا** (متعدی) کسی کی بلا اپنے سر لینا کسی کے معاملے میں دخل دینا۔ بیچ میں بولنا۔ سمجھانا دخل در معقولات ہونا۔ **پھٹی ہوئی آواز** (مونث) بھاری آواز۔ بیٹھی ہوئی آواز۔ کنٹھ پھوٹنے یا بچپن میں زیادہ گانے سے خراب شدہ آواز۔

امثال واقوال۔ پھٹ پڑے وہ سونا جس سے ٹوٹیں کان۔ دیکھو پھٹ پڑے الخ۔ **پھٹے سے جڑتے نہیں کوٹن (کلنا) کرو اپاؤ۔ من موتی اور دودھ رس انکا یہی سبھاؤ** (ھ) یہ تینوں چیزیں دل۔ موتی اور دودھ اگر پھٹ جائیں تو پھر کسی طرح جڑ نہیں سکتے۔ چاہے کتنی ہی کوشش کی جائے۔ مطلب یہ ہے کہ دوستوں میں جب لڑائی ہو جائے تو صلح ہونے پر پہلے جیسی حالت کبھی نہیں ہوتی۔ **پھٹے کو نہ سیئے اور روٹھے کو نہ منائے تو کیسے گزارا ہو سکتا ہے** (عو) دنیا میں جھگڑے فساد مٹائے بغیر گزارا ہونا ممکن نہیں

پھٹے گا نڑ ملار گائیں۔ مجبور ہو کر کسی کام کو کریں مصیبت کو مجبوری کی حالت میں برداشت کریں۔

پھٹے میں پاؤں دفتر میں ناؤں۔ جھگڑے میں دخل دے کر کچہری میں گواہ کے طور پر جانا پڑتا ہے دخل در معقولات ہوتا ہے۔ **پھٹے نہ چھوٹے جی جان نہ چھوٹے۔** کسی طرح اس چیز یا بات سے چھٹکارہ نہیں ہوتا۔

پھٹ (ہ۔ مذکر) لعنت۔ نفرین۔ کوسنا۔ سراپ (حرف ندا) لعنت اور نفرین ظاہر کرتا ہے۔ **پھٹانا** (متعدی) کسی مانع میں ہاتھ یا چمچی یا کوئی اور چیز مار کر ہلانا۔ پھینٹنا۔ **پھٹ پھٹ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) لعن طعن ہونا برا بھلا کہا جانا۔ **پھٹکار** (مونث) لعنت۔ نفرین۔ بد دعا۔ سراپ۔ بے رونقی۔ ذلت و خواری۔ آمیزش چاشنی۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ **پھٹکار برسنا** (متعدی) لعنت برسنا۔ بے رونقی ہونا۔ اداسی چھانا۔ **پھٹکار منہ پر برسنا** (متعدی) چہرے کا بے رونق ہونا۔ **پھٹکارنا** (متعدی) لعنت ملامت کرنا۔ نفرین کرنا۔ حقارت یا نفرت سے منہ پھیر لینا۔ رد کرنا۔ نامنظور کرنا۔ ہٹا دینا نکال دینا۔ برا بھلا کہنا۔ کوسنا۔

مثل۔ پھٹ واکا جینا جو تکے پرائی آس۔ جو دوسروں کے سہارے پر رہے اس کی زندگی پر لعنت ہے۔

پھٹ (ھ۔ صفت) ایک طاق۔ ایک زائد۔ اکیلا۔ جدا۔ علیحدہ۔ الگ۔ منتشر کیا ہوا۔ **پھٹک** (مونث) دیکھو پھٹکی۔ **پھٹکر** (ہ۔ صفت) دیکھو پھٹ۔ مغرور۔ متکبر۔ بد دماغ۔ گھمنڈی۔ خود بیں۔ **پھٹکل** (ہ۔ صفت) دیکھو پھٹ پھٹکر۔ جدا۔ مختلف جگہ سے لیا ہوا (قرض) متعدد۔ بعضے متفرق۔ چند۔ مختلف۔ ریزگاری۔ خوردہ۔ **پھٹکی** (مونث) دیکھو پھٹ۔ **پھٹیل** (صفت) طاق۔ ایک کے جانوروں کے جوڑے میں سے جو ایک رہ جائے۔

پھٹنٹ (انگ۔ مذکر) فٹ کا بگڑا ہوا۔

پھٹا (ہ۔ مذکر) بانس کا طول میں پھٹا ہوا ٹکڑا۔

پھٹا (س۔ مونث) سانپ کا پھن

پھٹاکا (ہ۔ مذکر) معاملے کی یکسوئی فیصلہ۔

پھٹانا (ھ) پھوٹنا کا متعدی۔ دیکھو پھوٹنا۔ (بالنا) بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔

پھٹاہا (ھ۔ صفت) پھٹا ہوا۔ چوڑا۔ بڑا۔

مثل۔ پھٹا ہاتلک اور مدھری بانی۔ دغا باز کی یہی نشانی۔ چوڑا ٹیکا اور میٹھی باتیں بے ایمان کی نشانی ہیں۔

پھٹپٹ پھوٹ (ھ۔ تف) دیکھو پھوٹ پھوٹ۔

پھٹک (ھ۔ مذکر) بلور۔ پنجرا۔ جال۔

پھٹکا (ہ۔ مذکر) لمحہ۔ لحظہ۔ پنجرا۔ وہ خون یا پیپ کا دھبا جو پاخانے یا کھنکار کے ساتھ نکلتا ہے۔ **پھٹکا رہنا** (لازم) دور دور رہنا۔ الگ الگ رہنا۔ **پھٹکا نہ کھانا** (لازم) فوراً مر جانا۔ پھٹکنے کا موقع بھی نہ ملنا۔ **پھٹکے بھر میں** (تف) لحہ بھر میں۔ **پھٹکے رہنا** (لازم) دیکھو پھٹکا رہنا۔

پھٹکا (ہ۔ مذکر) بتاشے کی شکل کا بسکٹ۔

پھٹکری (ہ۔ مونث) ایک مرکب معدن جو الومینم۔ پوٹاسیم۔ گندھک آکسیجن اور پانی سے ملکر بنتا ہے۔ اور عام طور پر دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔ اس کی شکل نمک کی طرح سفید شفاف اور چمکدار ہوتی ہے۔

پھٹکل (ہ۔ مذکر) واحد۔ اکا دکا اکیلا۔ علیحدہ۔ جدا۔ متفرق۔ مختلف۔ خوردہ۔ ریزگاری متفرقات۔ گری پڑی چیزیں۔ ٹوٹی پھوٹی چیزیں۔ **پھٹکل حساب** (مذکر) متفرق چیزوں کا حساب۔

پھٹکن (ہ۔ مونث) کوڑا کرکٹ جو غلہ پھٹکنے سے نکلے۔ پچھوڑن۔ **پھٹکنا** (متعدی) چھاج سے غلہ صاف کرنا۔ پھٹک کر ناج سے کوڑا کرکٹ صاف کرنا۔ جھاڑنا۔ (لازم) دخل دینا۔ قریب جانا۔ جدا ہونا۔ الگ ہونا یا رہنا۔ اتفاقاً چلا آنا۔ بھولے سے آنا۔ **پھٹکنے نہ پانا** (لازم) نزدیک نہ جا سکنا

پھٹکنے نہ دینا (متعدی) آنے نہ دینا۔ گھسنے نہ دینا

پھٹکنا (ہ۔ مذکر) غلیل کا فیتہ جس میں غلہ رکھ کر پھینکتے ہیں۔

پھٹکنا (ہ۔ لازم) پھڑکنا۔ دھڑکنا

پھٹکی (ہ۔ مونث) چڑیماروں کی ٹوکری یا جال۔ شکاریوں کا پنجرا۔ ایک قسم کا بڑا پنجرا۔ کھٹکا جو میوہ دار درختوں پر پرندوں کو ڈرانے کیلئے لگاتے ہیں۔

پھٹکی (ہ۔ مونث) دھبہ۔ داغ چھینٹ۔ کسی سفوف کے گھولنے پر جو گتھی رہ جاتی ہے ایک چھوٹا پرند۔

پھٹنا (ھ۔ متعدی) دیکھو پھوٹنا۔

پھٹے (سے) منہ (ہ۔ کلمہ تحقیر) تف ہے۔ زہے۔ لعنت ہے۔

پھچا پھچ (ہ۔ مونث) کیچڑ میں

چلنے کی آواز۔

پھچارا (ﮨ۔ مذکر) چوتھیڑا جس سے تیل وغیرہ لگاتے ہیں۔

پہچان (ﮨ۔ ۔) ۱ پہچاننے کا۔ ۲ (مونث) علامت۔ نشانی ۳ تمیز۔ جانچ۔ شناخت ۴ واقفیت۔ شناسائی ۵ علم۔ تجربہ (س پرتیکش۔ پہچانا) پہچانا (لازم) ماضی پہچاننا کی۔ **پہچاننا** (متعدی) شناخت کرنا۔ جاننا ۲ سمجھنا۔ بوجھنا ۳ تمیز کرنا۔ امتیاز کرنا ۔ **پہچنوانا** (م) پہچاننا کا۔

پہچنا (ﮨ۔ لازم) پہنچنا۔

پھد پھدانا (ﮨ۔ لازم) ۱ بلبلے اٹھنا۔ گدبدانا۔ جوش کھانا ۲ درخت کا شاخیں یا شگوفے نکالنا ۳ بدن پر دانے پھنسیوں کا بافراط نکل آنا ۴ بدن پر کثرت سے رواں یا بال نکل آنا ۵ شہوت کا زور ہونا۔

پھدک (ﮨ۔ مونث) جوش۔ ابال

پھدک (ﮨ۔ امر) ۱ پھدکنا کا ۲ (مذکر) اچھل۔ کود۔ **پھدکا** (ماضی) ۱ پھدکنا کا ۔ ۲ (مذکر) ایک پرند۔ **پھدک پھدک کے** (تف) اچھل کود کر۔ **پھدکنا** (لازم) اچھلنا۔ کودنا۔ جست بھرنا ۲ خوشی سے کودنا ۳ چھوٹے پرندوں۔ مینڈکوں اور بچوں کے لئے یہ لفظ بولا جاتا ہے۔ مجازاً کبھی چھوٹے قد کے آدمی یا شخص کے لئے بھی بولتے ہیں۔ **پھدکی** (مونث) ۱ اچھل۔ کود۔ چھلانگ ۲ ایک چھوٹا پرند۔ **پھدکی مارنا** (متعدی) چھلانگ مارنا۔ جست بھرنا۔

پھڈّا (ﮨ۔ صفت) ۱ چپٹا۔ ٹیڑھے یا بیٹھے ہوئے منہ والا ۲ (مذکر) جوتا جس کی ایڑھی بیٹھی ہوتی ہو ۳ وہ شخص جس کے پیروں میں خم ہو اور چلنے میں ترچھے پاؤں رکھے ۴ وہ آدمی جو پاؤں رگڑتا ہوا یا لنگ کرتا ہوا چلے۔ **پھڈّی** (صفت) ۱ بیٹھی ہوئی ۲ (مونث) دیکھو پھڈّا۔

پُہڈّا (ﮨ۔ مذکر) گڑھا جو کسی دیوار یا کوئیں میں پاؤں رکھنے کے لئے بنایا جائے تاکہ اترنے چڑھنے میں آسانی ہو۔

پہر (ﮨ۔ مذکر) ۱ وقت کا ایک پیمانہ جو آٹھ گھڑی یا تین گھنٹے کا ہوتا ہے ۲ دن رات کا آٹھواں حصہ ۳ پہرے کا وقت۔ نوبت۔ **پہر بجنا** (لازم) نوبت یا گھنٹہ جو ہر پہر گذرنے پر بجاتے تھے۔ **پہر بھر** (تف) سارا پہر۔ تین گھنٹے۔ **پہر دن** (مذکر) صبح کے پہلے تین گھنٹے ۲ دن کا پہلا پہرا۔ **پہر دن چڑھے** (تف) ۹ بجے کے قریب۔ **پہر رات** (مونث) ۱ رات کے پہلے تین گھنٹے ۲ رات کا پہلا پہر۔ **پہر رات آنا۔ جانا یا گزرنا** (لازم) رات کے پہلے تین گھنٹے ہو چکنا۔ **پہر رات رہے** پچھلی رات۔ تھوڑی سی رات باقی رہے۔ **پہر کٹنا** (لازم) پہر گزرنا وقت گزرنا۔ بسر ہونا۔ **پہروں** (تف) دیر تک۔ مدت تک۔

پھَر (ﮨ۔ مذکر) پھل (گنواری)

مثل۔ پھر نہ پھری لغیچے کا ناؤں۔ پلے کچھ نہ ہونا اور شیخیاں مارنا۔

پھر (ﮨ۔ امر) ۱ پھرنا سے ۲ (تف) دوبارہ۔ بعد ازاں ۳ اس کے بعد۔ تب ۴ تاہم۔ باوجود اس کے ۵ ہرگز ۶ مگر۔ لیکن ۷ اسدم۔ اس وقت ۸ اس صورت میں۔ اسپر ۹ اب ۱۰ اور مزید براں ۱۱ مکرر۔ ضرور (س پر۔ گرد۔ ا۔ دیکھنا) **پھر آنا** (لازم) ۱ لوٹ آنا۔ مڑ آنا ۲ دوبارہ آنا۔ کئی بار آنا۔ **پھرا دینا** (متعدی) واپس کر دینا۔ واپس بھیج دینا۔ **پھرانا** (متعدی) ۱ چکر دینا۔ گھمانا ۲ سیر کرانا۔ گشت کرانا ۳ ساتھ لئے پھرنا۔ ۴ حیران کرنا۔ سرگرداں کرنا۔ بھٹکانا ۵ (گھوڑا) سدھانا سکھلانا ۶ (سر) باتیں کر کر کے درد سر کر دینا ۷ موڑنا۔ ایک طرف کر دینا۔ واپس کر دینا یا بھیج دینا ۸ بدل کے دینا۔ **پھراؤ** (صفت) ۱ واپسی کے اقرار والی (چیز) ۔ واپسی کی شرط پر لی ہوئی ۲ خاص وقت کے بعد آنے والا میعادی۔ فصلی۔ موسمی ۳ بدلتا ہوا۔ پھرتا۔ لوٹتا ہوا جیسے تیوہار یا میلا۔ **پھراؤ** (مذکر) ۱ واپسی۔ بازدہی۔ پلٹا ۲ چکر۔ گردش۔ گھماؤ۔ **پھرائی** (مونث) ۱ واپسی۔ بازدہی۔ پلٹا ۲ واپسی کا تاوان۔ **پھر بھی** (تف) دیکھو پھر۔ **پھر بیٹھنا** (لازم) باغی ہونا۔ منحرف ہو جانا۔ **پھر پڑنا** (لازم) غصے میں کسی کی طرف متوجہ ہونا۔ **پھر پھر۔ پھر پھر سے** (تف) بار بار مکرر۔ بارہا۔ **پھر پھر کر** (تف) بار بار۔ پلٹ پلٹ کے **پھر پھر کے دیکھنا** (متعدی) دیکھو پھر کے دیکھنا **پھرت** (مونث) ۱ گھوڑے کی گردش یا پھرنا ۲ ناچنے میں پھرتی سے چکر کھا جانا ۳ چلنا۔ سیر کرنا ۴ (ﮨ) نامنظور یا ناپسند چیزیں ۵ واپسی کا کرایہ ۶ سفر سے واپسی کا خرچ ۷ روپیہ جو کوئی بدچلن عورت اپنے آشنا کو دے ۸ چالت کا تابع استعمال ہوتا ہے۔ **پھرتا** (صفت) ۱ لوٹتا ہوا۔ واپس ہوتا ہوا۔ آوارہ ۲ (مذکر) واپسی بازدہی ۳ واپسی کا کرایہ یا خرچ ۴ خط کا جواب ۵ دلالی بٹہ۔ کمیشن۔ **پھرتا بھاڑا** (مذکر) واپسی کا کرایہ **پھرتا رہنا** (لازم) ۱ چلنا۔ آوارہ پھرنا ۲ گشت کئے جانا۔ سیر کرتے رہنا۔ **پھرتی** (مونث) ۱ واپسی بازدہی۔ پلٹا ۲ (صفت) جہاں سے چلی تھی وہاں واپس ہونے والی۔ **پھرتی کا بھاڑا** (مذکر) واپسی کا کرایہ **پھر جانا** (لازم) ۱ برگشتہ ہو جانا۔ باغی ہو جانا ۲ مڑ جانا۔ واپس ہو جانا ۳ (بات سے) بات کہہ کر بدل جانا ۴ (وعدے سے) نکر جانا۔ وعدہ توڑنا۔ **پھر سے** (تف) ازسرنو۔ نئے سرے سے۔ **پھر کہو۔** کیا کرو گے کیا ہوگا۔ **پھر کر (کے)** (تف) ۱ دیکھو پھر ۲ مڑ کر واپس ہو کر۔ **پھر کر دیکھتے جانا** (لازم) جاتے ہوئے مڑ مڑ کر دیکھنا۔ رخصت ہونے کے وقت ایسا کرتے ہیں۔ **پھر کر (کے) دیکھنا** (متعدی) ۱ اشتیاق۔ انتظار یا خوف کی وجہ سے مڑ کر دیکھنا ۲ جاتے ہوئے اشتیاق دیدار یار رخصت ہونے کے لئے پلٹ کر دیکھنا **پھر کر (کے) نہ دیکھنا** (لازم) ۱ چھوڑ کر جانے سے خوش ہونا ۲ سخت نفرت کرنا۔ بہت بیزار ہونا ۳ واپس نہ ہونا۔ مڑ کر نہ آنا۔ **پھر کے پس پشت نہ دیکھنا** (لازم) ایسا بھاگنا کے ڈر کے مارے مڑ کر کبھی نہ دیکھنا۔ **پھر کے نہ دیکھنا** (متعدی) سخت نفرت کرنا۔ بہت بیزار ہونا۔ واپس نہ ہونا۔ مڑ کر نہ آنا۔ **پھر کیا چاہئے۔** سب کچھ میسر ہے۔ ہزار نعمت ہے فہو المراد۔ **پھر مانگ یا مانگو۔** فقیر کو اس وقت کہتے ہیں جب کچھ دینا منظور نہ ہو۔ **پھرنا** (لازم) ۱ چلنا۔ سیر کرنا۔ گشت کرنا ۲ مڑنا۔ پلٹنا۔ واپس آنا ۳ گھومنا۔ چکر کھانا۔ گردش کرنا ۴ بدلنا۔ تبدیل ہونا ۵ متوجہ ہونا۔ مائل ہونا ۶ کسی خریدی ہوئی چیز کا واپس ہونا ۷ (پاخانہ) لگنا ۸ (دھار) ٹیڑھا ہونا ۹ واپس ہونا ۱۰ مارا مارا یا آوارہ پھرنا ۱۱ (سے) منحرف ہونا۔ باغی ہونا ۱۲ (قول وعدہ وغیرہ سے) مکرنا۔ پلٹنا ۱۳ (دہائی) مشہور ہونا۔ شہرہ ہونا ۱۴ (سر) چکر آنا ۱۵ (پانی) ملمع ہونا ۱۶ (طبیعت) سیر ہونا ۱۷ دل کراہیت آنا۔ نفرت ہونا ۱۸ (چھری وغیرہ) چل جانا ذبح ہونا۔ قتل ہونا ۱۹ سفر کرنا ۲۰ پہلو بدلنا۔ لوٹنا ۲۱ ایک طرف ہو جانا۔ رستے سے بے رستے ہونا ۲۲ گمراہ ہونا ۲۳ ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا ۲۴ (جھاڑو) کچھ باقی نہ رہنا۔ برباد ہو جانا ۲۵ ماضی یا تمام کے ساتھ مل کر کسی فعل کے جاری رہنے

کے معنی دیتا ہے۔ جیسے بہکتا پھرنا۔ لڑتا پھرنا ۔۲ (ھ) واپسی
بدلہ ۔۳ تبادلہ۔ ادل بدل پھروانا (لازم) پھرنا کا ۔ دیکھو پھرانا۔

امثال و اقوال۔ **پھر بھی موچی** **کے موچی رہے** ۔ باوجود اس کے بھی کوئی ترقی نہیں کی۔ **پھر بے گھوڑے یہیں سے** ۔ ایسے آدمی کے متعلق کہتے ہیں جو بات بات پر پلٹے یا مکرے۔ **پھر چکنے گھڑے کی طرح ویسے کے ویسے** ۔ بے شرم بدلحاظ **پھر کون جئے کس کا راج۔ پھر کون مرے کون جئے** ۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں کام فوراً کر لینا چاہئے۔ **پھر مُڑلی بیل تلے** ۔ پھر اپنے آپ کو خطرے میں ڈالا۔ بیل کا پھل بہت سخت ہوتا ہے۔ سر پر پڑے تو سر پھوٹنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ (مُڑلی۔ سرمنڈی)

پُھر (ہ۔ صفت) ۔۱ سچا۔ اصل ۔۲ صحیح۔ درست۔

پُھر۔ پُھر پُھر (ہ۔ مونث) **پُھر** (ھ۔ مذکر) چڑیوں کے اڑنے کی آواز۔ **پُھر پُھر کرنا** (متعدی) پردار کیڑے کا اڑنے کی آواز نکالنا **پُھر سے** (ظرف) جلد فوراً۔ **پُھر سے اڑ جانا** (لازم) جلد اور آواز سے اڑ جانا۔

پہرا (ہ۔ مذکر) ۔۱ سنتری۔ محافظ۔ دربان ۔۲ حفاظت چوکی ۔۳ رکھوالی کرنے کی باری ۔۴ گشت۔ ایک حوالدار اور ۴ سپاہی۔ رونڈ ۔۵ پہر دن رات کا آٹھواں حصہ ۔۶ زمانہ۔ وقت۔ دور ۔۷ حراست۔ قید۔ **پہرا اٹھنا** (لازم) سنتری کا ہٹایا جانا پہریدار نہ رہنا۔ **پہرا بٹھانا** (متعدی) حفاظت کے واسطے متعین کرنا۔ **پہرا بدلنا** (لازم) **پہرا بدلوانا** (متعدی) ایک سنتری کی جگہ دوسرا قائم کرنا۔ **پہرا بیٹھنا** (لازم) گارد تعینات ہونا۔ حراست ہونا۔ **پہرا چوکی دینا** (متعدی) حفاظت یا پاسبانی کرنا۔ سنتری کا ڈیوٹی پر ہونا **پہرا چوکی بٹھانا** (متعدی) محافظ کا مقرر کرنا۔ **پہرا دینا** (متعدی) ۔۱ رکھوالی کرنا ۔۲ جاگنا۔ **پہرا لگنا پہرا لگانا** ۔ مقرر کرنا (متعدی) لگنا مقرر ہونا (لازم) سنتری تعینات ہونا۔ پہرے پر سپاہی لگایا جانا **پہرا نکلنا** (لازم) سنتری لگنا۔ محافظوں کا حفاظت یا گشت کے لئے چوکی سے روانہ ہونا۔ **پہرے پر کھڑا ہونا** (لازم) ۔۱ سنتری کا اپنی باری پر نوکری پر جانا ۔۲ محافظت کرنا۔ نگراں ہونا۔ محافظ ہونا۔ **پہرے دار** (مذکر) چوکیدار۔ دربان۔ پاسبان۔ سنتری۔ **پہرے میں بٹھانا یا دینا یا ڈالنا** (متعدی) حراست میں دینا بند کر دینا۔ قید کر دینا۔ **پہرے میں رکھنا** (متعدی) ۔۱ حراست میں رکھنا۔ قید کرنا ۔۲ حفاظت میں رکھنا۔ **پہرے میں آ جانا** (لازم) گرفتار ہو جانا۔ حراست میں ہونا **پہرے میں ہونا** (لازم) **پہرے والا** (صفت) سنتری۔

پھرّاٹا (ہ۔ مذکر) ۔۱ فرّاٹا۔ پرندے کے اڑنے جھنڈے وغیرہ کے ہلنے۔ گھوڑے کے نتھنوں سے زور سے ہوا نکلنے یا جانور کے زور سے دوڑنے کی آواز ۔۲ (ھ) جھنڈے کا ستون یا ڈنڈا ۔۳ بانس کا ٹکڑا **پھرّاٹا یا پھرّاٹے بھرنا** (لازم) ۔۱ اڑ جانا۔ آواز سے اڑنا ۔۲ صاف اور جلد پڑھنا۔

پھرارا (ہ۔ صفت) خشک سوکھا۔

پھراس (ھ۔ مذکر) ایک درخت فراش۔

پھرّانا (ہ۔ لازم) ۔۱ کودنا۔ پھاندنا جست کرنا ۔۲ جھنڈے کا لہرانا یا پھڑپھڑانا ۔۳ پرندے کا پروں کو پھٹ پھٹانا ۔۴ گھوڑے کا نتھنوں سے زور سے آواز نکالنا۔

پہرانا (ھ۔ متعدی) پہنانا۔

پھرانس (ھ۔ مذکر) پھراس۔

پہراؤ۔ پہراوا (ھ۔ مذکر) پہناوا

پہراون (مذکر) ۔۱ پہناوا ۔۲ پہناون۔ وہ لباس جو شادی براتیوں کو دیا جائے۔ **پہراونی** (مونث) ۔۱ پوشاکیں جو شادی پر مہمانوں کو دی جائیں ۔۲ عورت جو مہمانوں کو پوشاک پہنائے۔

پُھر پُھرانا (ہ۔ لازم) **پُھر پُھرانا** (ھ) ۔۱ پھر پھر کرنا ۔۲ کانپنا۔ لرزنا ۔۳ پھڑپھڑانا ۔۴ جھنڈے کا ہوا سے ہلکی آواز دینا۔

پُھر پُھری (ہ۔ مونث) لرزہ۔ کپکپی۔ تھرتھری۔

پھر پھند (ہ۔ مذکر) ۔۱ فریب۔ مکر چھل۔ دغا۔ دھوکا ۔۲ شرارت۔ بدمعاشی (س پرپنچ۔ دھوکا) **پھر پھندی** (صفت) **پھر پھندیا** (ھ) ۔۱ دغاباز۔ فریبی وغیرہ ۔۲ چالباز۔ عیار ۔۳ (مذکر) دغاباز وغیرہ آدمی۔

پُھرت (ہ۔ مونث) پھرتی۔ اردو میں ترت کے تابع استعمال ہوتا ہے (س سپھرت تیزی سے جانا) **پھرتی** (مونث) تیزی۔ چستی۔ چالاکی۔ جلد بازی۔ **پھرتی سے** (ظرف) تیزی سے چستی سے **پھرتی کرنا** (متعدی) **کھیل جانا** (لازم) جلدی کر جانا۔ چالاکی دکھانا۔ **پھرتیلا** (صفت) چالاک۔ چست تیز۔ ہوشیار۔

پھرچا۔ پھرچانا (ھ) دیکھو پرچھا و پرچھانا۔

پھرچھا (ھ۔ مذکر) ۔۱ فیصلہ۔ حکم عدالت ۔۲ بندوبست۔ انتظام ۔۳ تصفیہ۔ نبیڑہ۔ سنبٹاؤ رہائی۔ بریت۔ چھٹکارہ۔ خلاصی ۔۴ آسمان کا صاف ہو جانا ۔۵ بادلوں کا اڑ جانا ۔۶ خوشگوار موسم ۔۷ (صفت) صاف۔ ستھرا۔ شفاف ۔۸ چمکدار۔ روشن۔ مبین ۔۹ دیانتدار۔ انصاف پسند۔ صاف گو۔ **پرچھا کرنا پرچھانا** (متعدی) ۔۱ صاف کرنا۔ مانجنا۔ دھونا۔ چمکانا۔ پونچھنا ۔۲ بادلوں کا اڑ جانا۔ مطلع صاف ہونا ۔۳ قرضے کا فیصلہ کرنا قرضہ چکانا۔ بیباق کرنا ۔۴ فیصلہ کرنا۔ فتوے دینا۔ **پھرچھائی** (مونث) ۔۱ صفائی۔ ستھراپن۔ چمک۔ دمک ۔۲ مطلع کی صفائی۔ موسم کا اچھا ہونا ۔۳ پاکیزگی۔ پاکی ۔۴ دیانتداری۔ منصفی۔

پھرسا (ہ۔ مذکر) کدال۔ کلہاڑی (س پرشا)

پھرک (ھ۔ مذکر) ۔۱ ڈھال ۔۲ (مونث) پھڑک۔ **پھرکنا** (متعدی) دیکھو پھڑکنا۔

پھرکی (ہ۔ مونث) ۔۱ بچوں کا ایک کھلونا۔ ہوا سے پھرنے والا لٹو ۔۲ ریل جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں۔ مدور لکڑی۔ چھوٹے پٹے کی شکل کی ۔۳ مدور لکڑی جسے تارکش استعمال کرتے ہیں ۔۴ چرخی کی مدور لکڑی ۔۵ کوئی چھوٹی سی چیز جو دھرے پر چکر کھائے۔ چمڑے کا ٹکڑا جس پر تکلا پھرتا ہے (پھرنا سے) **پھرکی کی طرح پھرنا** (لازم) ایک جگہ یا ایک حال پر قرار نہ ہونا۔

پھرکئی ڈنڈ (اردو۔ مذکر) وہ ڈنڈ جو ریاضت کی وجہ سے پھرے ہوئے ہوتے ہیں (لکھنؤ)

پہرنا (ھ۔ متعدی) ۔۱ دیکھو پہننا ۔۲ (مذکر) کپڑے۔

پھرنی (ھ۔ مونث) دیکھو پھرکی

پہرو۔ پہروا (ھ۔ مذکر) چوکیدار پاسبان۔ سنتری۔

پھروا (ھ۔ مذکر) پھاوڑا۔

پھرونا (ھ) پھرانا۔

پھروک (ھ۔ مذکر) پاندان۔

پھروہا (ھ۔ مذکر) پھاوڑا۔

پھَروہی (ہ۔ مونث) بھنے ہوئے چاول اور جو جو ملا کر کھاتے جاتے ہیں۔

پھَرہِرا (ہ۔ صفت) ۱ تری یا رطوبت پہنچنے کے بعد خشک ہونے والا ۲ خشک شدہ زخم ۳ چپکا ہوا (چاول یا دال) ۴ جھنڈا۔ جھنڈے کا کپڑا (اڑانا۔ اڑنا کھولنا کے ساتھ) (س سپھرکر) **پھَرہِری** (مونث) دیکھو پھرہرا۔

پھُرہری (ہ۔ مونث) دیکھو پُھریری۔

پھَری (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ (ہ) سوت اور بانس کی بنی ہوئی ڈھال۔ جو پٹہ کھیلنے والے استعمال کرتے ہیں۔ **پھری گتکا** (مذکر) پٹہ اور ڈھال ۳ پٹے بازی۔

پہَری پہَریا (ہ۔ مذکر) پہریدار پاسبان۔ محافظ۔ سنتری۔

پھَریا (ہ۔ مونث) ۱ گنوار عورتوں کا دوپٹہ ۲ ہندو عورتوں کی پوشش یا لباس۔ لہنگا ۳ پوتڑا یا کپڑا جسے بچے کے نیچے بچھاتے ہیں ۴ (مذکر) وہ شخص جو فصل کاٹنے کا ٹھیکہ لے۔

مثل۔ پھریا نہ ساڑھی بڑی سوبھا ہماری۔ پلے کچھ نہ ہونا اور بہت شیخیاں مارنا

پھَریرا (مذکر) **پھَریری** (ہ۔ مونث) دیکھو پھرہرا۔ پھرہری۔

پُھرَیری (ہ۔ مونث) ۱ لرزہ کپکپی ۲ ڈر سے کانپنا جس سے بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں ۳ تنکے۔ سینک یا کسی اور پتلی لکڑی پر روئی لپٹی ہوئی ۴ عطر کا پھویا ۵ بخار سے پہلے سردی لگنا اور ناخنے نکل آنا ۶ امنگ۔ جوش ۷ جھرجھری (س سپھر کانپنا) **پھریری آنا** (لازم) بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا۔ نفرت یا بیزاری کی وجہ سے جھرجھری آنا۔ **پھریریاں** (مونث) جمع پھریری۔ **پھریریاں لینا** (متعدی) پرندے کا پر جھاڑنا۔ **پھریری چھوٹنا** (دہلی) پھریری آنا۔ **پھریری لینا** (متعدی) ۱ کانپنا۔ تھرتھرانا ۲ پرندے کا پر جھاڑنا۔ کتے کا پھٹپھٹانا ۳ انسان کا جھرجھری لینا ۴ چوکنا ہونا۔ تازہ دم ہونا۔ تیار ہونا۔

پھَرِیسی۔ پھَرِیشی (عبر۔ مذکر) یہودیوں کا ایک فرقہ جس نے حضرت عیسٰے کی سخت مخالفت کی تھی۔

پھَڑ (ہ۔ مونث) ۱ وہ جگہ جہاں اسباب رکھ کر بیچیں۔ منڈی۔ بازار ۲ وہ جگہ جہاں لوگ جمع ہوں ۳ گاڑی کی بم ۴ توپ رکھنے کی جگہ ۵ توپ کی گاڑی کا پہیہ ۶ جوا خانہ۔ قمار خانہ ۷ (مذکر) جوا۔ **پھڑباز** (مذکر) جواری۔ **پھڑبازی** (مونث) قمار بازی **پھڑ پر رکھنا یا لگانا** (متعدی) ۱ داؤ لگانا۔ شرط بدنا۔ بازی لگانا ۲ غلے کی ڈھیری دوکان کے روبرو لگانا۔ **پھڑ پھکنا** (لازم) جوا ہونا۔ **پھڑ کھیلنا** (متعدی) قمار بازی کرنا۔

پھَڑا۔ پھَڑَّ (ہ۔ مذکر) ۱ گانٹھ یا جڑ جو علیحدہ علیحدہ ہو سکے۔ جیسے ادرک ۲ شاخ کا ٹکڑا یا سرا ۳ شاخ۔ فرع ۴ جوار یا باجرے کا ڈنٹھل۔

پھڑا پھڑی (ہ۔ مونث) ۱ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ تقضیہ ۲ لڑائی فساد ۳ گرفتاری۔ پکڑ۔

پھَڑانا (ہ۔ متعدی) پھاڑنا کا۔

پھَڑپھَڑ (ہ۔ امر) ۱ پھڑپھڑانا کا (س سپھر۔ تیر چلانا) ۲ (ہ۔ مونث) پروں کی یا جھنڈے کی یا کاغذ کی یا مینہ کی بوندوں کی یا بندوق کے چلنے کی آواز۔ **پھڑپھڑا** (ماضی) پھڑپھڑانا کی۔ **پھڑپھڑاٹ** (ہ) دیکھو پھڑپھڑاہٹ۔ **پھڑپھڑا کر رہ جانا** (لازم) تھوڑی دیر ہل کر مر جانا۔ **پھڑپھڑانا** (لازم) ۱ پروں کو پھٹپھٹانا یا زور سے ہلانا۔ پھڑکنا ۲ آزاد ہونے یا چھڑانے کی کوشش کرنا ۳ (ہ) جھنڈے کاغذ۔ بوندوں۔ بندوقوں وغیرہ کا آواز دینا ۴ بیقرار ہونا۔ تڑپنا۔ بے چین ہونا۔ **پھڑپھڑاہٹ** (مونث) ۱ پھڑاپھڑ ۲ گھبراہٹ۔ اضطراب ۳ چھڑانے کی کوشش۔ **پھڑپھڑ کرنا** (متعدی) پھڑپھڑانا **پھڑپھڑیا** (صفت) ۱ چالاک۔ چست۔ ہوشیار ۲ تیز۔ جلد باز ۳ پھڑپھڑ کرنے والا شخص یا پرندہ۔

پھَڑَک (ہ۔ امر) ۱ پھڑکنا کا ۲ (مونث) اضطراب۔ بیقراری۔ بےکلی۔ گھبراہٹ۔ پھڑپھڑاہٹ ۳ ہلنا۔ حرکت۔ دھڑکن۔ تڑپ۔ ٹپک ۴ نتھنوں کی حرکت ۵ کبوتر کو پنجوں سے پکڑ کر تنبیہ کے طور پر ہلانا۔ (س سپھر۔ تیر چلانا) **پھڑک اٹھنا** (لازم) ۱ بیقرار ہونا۔ بیتاب ہونا ۲ خوشی سے بیتاب ہونا کوئی اچھی بات دیکھ یا سن کر متاثر ہونا ۳ عاشق ہو جانا **پھڑکا مارنا** (متعدی) رلانا۔ **پھڑکانا** (متعدی) ۱ بیتاب کرنا۔ تڑپانا ۲ پہننا۔ زیب بدن کرنا ۳ ہلانا حرکت دینا ۴ ہلا کر آواز پیدا کرنا ۵ بدن کے کسی پٹھے کو ہلانا ۶ ترسانا ۷ تکلیف دینا ۸ پانی یا کسی چیز سے ترسانا ۹ کبوتر کے پنجے تنبیہ کے طور پر ہلانا۔ **پھڑکاؤ** (ہ۔ مذکر) دکھاوا۔ نمائش۔ تماشا۔ **پھڑکتا ہوا** (صفت) ۱ شوخ چلبلا ۲ برجستہ۔ باموقع۔ خوب **پھڑک پھڑک کر** (تف) سخت تکلیف اٹھا کر۔ ہاتھ پاؤں مار کر۔ **پھڑک جانا** (لازم) دیکھو پھڑک اٹھنا۔ **پھڑک کھانا** (متعدی) ۱ تڑپنے کا صدمہ برداشت کرنا ۲ فریفتہ ہو جانا **پھڑکن** (مونث۔ عو) پھڑک۔ **پھڑکن کی اولاد** (مونث) بڑی تمنا کی اولاد۔ **پھڑکنا** (لازم) ۱ سخت تکلیف سے ہاتھ پاؤں مارنا۔ لوٹنا۔ تڑپنا ۲ مضطرب ہونا۔ بیتاب ہونا۔ بے چین ہونا ۳ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۴ عضو کا حرکت کرنا ۵ طائر کا بیتابی میں بال و پر مارنا پھڑپھڑانا ۶ ذبح ہونے پر جانور کا ہاتھ پاؤں مارنا ۷ نہایت مشتاق ہونا۔ آرزومند ہونا ۸ خوشی سے بیتاب ہونا ۹ اچھی بات سے متاثر ہونا۔ **پھڑکنت** (ہ۔ مونث) پھڑکن۔ پھڑک۔

پھَڑکی (ہ۔ مونث) ۱ موٹا پردہ ۲ صدفاہل۔

پہُڑنا (ہ۔ لازم) لیٹنا۔ سونا۔ آرام کرنا۔

پھَڑنگا (ہ۔ مذکر) ۱ جھینگر ۲ ٹڈا ۳ ٹڈی۔

پھَڑوا (ہ۔ مذکر) دیکھو پھاوڑا۔

پھَڑوانا (ہ۔ مم) پھاڑنا کا۔

پھُڑوانا (ہ۔ مم) پھوڑنا کا۔

پھَڑولنا (ہ۔ متعدی) بے ترتیب کرنا کسی چیز کو تلاش کرتے ہوئے چیزوں کو اوپر تلے کر دینا گٹھڑی۔ صندوقچے وغیرہ کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

پھَڑی (ہ۔ مونث) ۱ پتھر۔ بڑا پتھر ۲ پتھروں کا ڈھیر (س پھلکا۔ پھاڑ) **پھڑی باز** (صفت) دغاباز۔ دھوکے باز۔ **پھڑیاں** (مونث) پھڑی کی جمع۔

پھَڑیا (ہ۔ مذکر) ۱ قمار خانے کا مالک ۲ خوردہ فروش۔ پھٹکل بیچنے والا ۳ بساطی۔ پھیری والا۔ خوانچہ فروش۔ جل دینے والا ۴ (مونث) قمار خانہ۔ جوا کھیلنے کی جگہ ۵ لمبی لکڑی جو ہل کے دونوں طرف لگاتے ہیں۔

پُھڑیا (ہ۔ مونث) پھوڑا کی تصغیر پھنسی۔

پھَڑیت (ہ۔ مذکر) قمار باز۔

جواری۔ پھڑباز۔

پھس پھس (ھ بھس) (ہ۔ مونث) ۱؎ ہلکی یا خفیف آواز ۲؎ پھسکی کی سی آواز (س پھسکت۔ پھٹنا) **پھس پھس** (مونث) ۱؎ ہلکی آواز ۲؎ کانا پھوسی ۳؎ نرمائی۔ پلپلاپن۔ ڈھیلاپن۔ **پھس پھسا** (صفت) ۱؎ نرم۔ ڈھیلا۔ ملائم ۲؎ کم تیز ۳؎ بودا۔ کمزور۔ پلپلا۔ ڈھیلا **پھس پھسانا**۔ کانا پھوسی کرنا۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔ **پھسپھساوٹ۔ پھسپھساہٹ** (ھ۔ مونث)۔ کانا پھوسی کرنا۔ چپکے چپکے باتیں کرنا۔ آہستہ سے بات کہنا ۲؎ کان میں سائیں سائیں ہونا۔ **پھس پھسر** (مذکر) ۱؎ کانا پھوسی ۲؎ کانوں میں سائیں سائیں ہونا۔ **پھس دے سے کہنا** (متعدی) چپکے سے کہنا۔ آہستہ کہنا۔ **پھس سے** (تف) آہستہ سے۔

پھس (اردو۔ مونث) جب کسی بچے سے کوئی کام نہ ہوسکے تو اس کو چھیڑنے کے لئے کہتے ہیں۔

پھسارنا (ھ۔ متعدی) پھنسانا

پھساکو (ہ۔ مذکر) خراب تمباکو (غف)

پھسانا (س۔ متعدی) پھنسانا۔

پھسانڈا (ھ۔ صفت) ۱؎ بودا ۲؎ سڑا ہوا۔

پھساو۔ پھساوا۔ پھساوٹ (ھ۔ مونث) ۱؎ پھنسانا۔ قابو میں لانا ۲؎ ورغلانا۔ پٹی دینا ۳؎ الجھیڑا۔ جھگڑا۔ دقت۔ الجھاؤ ۴؎ گھبراہٹ۔ مشکل

پھساہندا (ھ۔ صفت) بودا۔ گندا۔ متعفن۔

پھسپھسانا (ھ۔ لازم) ۱؎ ڈرنا۔ خوف کھانا ۲؎ پھنکارنا۔ سسکارنا۔

پھسڈا (ہ۔ مذکر) دیکھو پھسکڑا

پھسڈی (ہ۔ صفت) ۱؎ پیچھے رہ جانے والا۔ آخیر ۲؎ ناقص۔ ردی۔ کھٹیل پھسڈی ہے۔ کام میں سب سے آخیر رہنے والا ہے۔

پھسر پھسر (ہ۔ مونث) ۱؎ کانا پھوسی کرنا۔ آہستہ آہستہ یا چپکے چپکے باتیں کرنا ۲؎ پھوار پڑنا (پھس سے)

پھسڑی (ھ۔ مونث) پھانسی۔

پھسکا (ہ۔ مذکر) کمزور۔ ڈھیلا (پھس سے) **پھسکی** (مونث) ۱؎ ہلکا سا پاد جس کی آواز نہ ہو ۲؎ جانور کا پاد ۳؎ کانا پھوسی۔ تہمت یا بہتان کی بات آہستہ سے کہدینا۔

پھسکانا (ہ۔ متعدی) توڑنا۔ کاٹنا۔ چیرنا۔ کھولنا ۲؎ ڈھیلا کرنا (پھس سے)

پھسکٹ (ھ) **پھسکڑ** (ھ) **پھسکڑ** (ہ) **پھسکڑا** (ھ) **پھسکڑا** (ہ) ۱؎ زمین پر چوتڑ ٹیک کر چارزانو بیٹھنا ۲؎ پاؤں پھیلا کر یا کھل کر بیٹھنا۔ **پھسکڑا (مار کر بیٹھنا) مارنا** (متعدی) چوتڑ ٹیک کر چارزانو بیٹھنا

پھسکنا (ہ۔ لازم) ۱؎ پھٹنا۔ کھلنا چرنا ۲؎ ڈھیلا ہونا ۳؎ کیچڑ میں دھسنا ۴؎ دھسکنا۔ اندر کو بیٹھ جانا (پھس سے)

پھسکنا (ہ۔ لازم) ۱؎ پھنکارنا سسکارنا ۲؎ (مذکر) پھنکار۔

پھسکنا (ہ۔ لازم) ۱؎ اچھلی کھانا ۲؎ (پ) بچے کا آہستہ آہستہ رونا۔

پھسکی (ھ۔ مونث) ۱؎ اناج کی مٹھی جو ہر بوجھ میں سے بطور محصل سرکاری منڈی میں نکالی جاتی ہے ۲؎ تھوڑی سے زائد چیز جو خریدار کو دی جائے ۳؎ اناج کی مٹھی جو ہر طالب علم استاد کو خاص خاص موقعوں پر دیتا ہے ۴؎ اناج کی مٹھی جو عورتیں سال بھر ہر سوموار کو یا ساون کے مہینے میں ہر روز شوجی کو چڑھاتی ہیں۔

پھسل (ہ۔ امر) پھسلنا کا (س پھسل۔ پھسلنا) **پھسلا** (ماضی) پھسلنا کی ۲؎ (امر) پھسلانا کا **پھسلاٹ** (ھ) دیکھو پھسلن۔ **پھسلانا** (متعدی) ۱؎ گرانا۔ رپٹانا ۲؎ غلطی کرانا۔ گناہ کرانا۔ **پھسل پڑنا یا جانا** (لازم) ۱؎ گر پڑنا ۲؎ عاشق ہو جانا۔ فریفتہ ہو جانا ۳؎ کسی بات کے کرنے کو دل چاہنا ۴؎ للچانا۔ لالچ کرنا۔ **پھسلن** (مونث) ۱؎ پھسلنا۔ رپٹنا ۲؎ لغزش ۳؎ پاؤں پھسلنے کی جگہ رپٹنے کی جگہ۔ **پھسلنا** (لازم) ۱؎ رپٹنا۔ کھسکنا۔ لڑکنا ۲؎ بہکنا۔ چوکنا ۳؎ لغزش کھانا۔ گناہ کرنا ۴؎ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۵؎ للچانا۔ راغب ہونا۔ مائل ہونا ۶؎ (صفت) پھسلا دینے والا۔ گرا دینے والا۔ **پھسلنا پتھر** (مذکر) چکنا پتھر جس پر بیٹھ کر پھسلتے ہیں۔ **پھسلہا۔ پھسلہا** (ھ۔ صفت) پھسلا دینے والا۔ گرا دینے والا۔ **پھسلنی جگہ** (مونث) وہ جگہ جس میں پھسلن ہو۔ **پھسلے پڑنا** (لازم) فریفتہ ہونا۔ مائل ہونا۔

پھسلا (ہ۔ امر) پھسلانا کا (س سپرش۔ ہاتھ پھیرنا) **پھسلاٹ** (ھ) پھسلاہٹ کا مخفف۔ **پھسلا کے لے جانا** (متعدی) اغوا کرنا بھگا لیجانا۔ **پھسلا لینا** (متعدی) دم میں لانا۔ پھنسا لینا رضامند کر لینا۔ **پھسلانا** (متعدی) ۱؎ بہلانا۔ دھوکا دے کر خوش کرنا ۲؎ بچے کی نازبرداری کرنا ۳؎ اغوا کرنا۔ بھگلے جانا ۴؎ بہکانا۔ جھانسا دینا۔ دم دینا **پھسلانے میں آنا** (لازم) دم میں آنا۔ **پھسلاؤ** (ھ۔ صفت) ۱؎ پھسلانے والا۔ دم میں لانے والا۔ اغوا کنندہ ۲؎ (مذکر و مونث) پھسلانے والا مرد یا پھسلانے والی عورت **پھسلاؤ** (ھ) **پھسلاوا** (ہ۔ مذکر) **پھسلاہٹ** (ھ۔ مونث) فریب۔ جھانسا۔ دم۔ **پھسلاون۔ پھسلونیا** (ھ۔ مذکر) ۱؎ پھسلانے والا شخص ۲؎ اغوا کنندہ۔ نکال لیجانے والا۔ خوشامدی۔ **پھسلاونا** (ھ) پھسلانا۔ **پھسلایا** (ماضی) پھسلانا کی۔

پھسنا (ھ۔ لازم) دیکھو پھنسنا۔

پھسوڑا (ہ۔ مذکر) ۱؎ پھندا ۲؎ پھنس جانا (غف)

پھسیارا (ھ۔ مذکر) ٹھگ پھانسی گر۔

پھسینڈا (ہ۔ صفت) ۱؎ گندہ بسانده۔ بدبودار ۲؎ نامعقول۔ فضول **پھسینڈی** (صفت مونث) ۱؎ بدبودار۔ متعفن۔ گندی ۲؎ پھوہڑ

پھش (ہ۔ مونث) نفرت ظاہر کرنے کا کلمہ۔ تف **پھش پھش** (مونث) تف تف چھے چھے۔

پھشی (اردو۔ مونث) (عو) چھوٹے بچوں کا پیشاب۔

پھک (ہ۔ مونث) ۱؎ آواز شور ۲؎ ملائم چیز میں سخت چیز کے جلد داخل ہونے کی آواز۔ **پھک دیسی یا دینی** (ھ) **پھک سے** (تف) ۱؎ فوراً۔ جلدی۔ اکبارگی ۲؎ پھٹ سے

پھک (ہ۔ امر) پھکنا کا (س پھنکری۔ منہ سے ہوا نکالنا) **پھکا** (ماضی) پھکنا کی۔ **پھکا جانا** (لازم) جلا جانا۔ سوختہ ہونا۔ آگ یا بخار یا عشق کی گرمی سے۔ **پھکنا** (لازم) ۱؎ جلنا۔ آگ لگنا سوختہ ہونا ۲؎ جلن ہونا۔ سوزش ہونا ۳؎ روپیہ ضائع ہونا فضول طور پر خرچ ہونا ۴؎ کشتہ ہونا ۵؎ (متعدی) آگ کا بجھ نکالا جانا۔ آگ کو پھونک کر جلانا ۶؎ ہوا بھرنا۔ دیکھو پھونکنا ۷؎ (مذکر) مثانہ جس میں پیشاب جمع ہوتا ہے **پھکنی** (مونث) وہ نالی جس سے آگ پھونکتے ہیں **پھکوانا** (مم) پھکنا کا۔ **پھکنے وار** (صفت) پھکنی

بگاڑ لینا۔

پھڑکا (ھ۔ مذکر) دیکھو پھالکا۔

پھکا (ھ۔ صفت) پھیکا۔

پھکارنا (ھ۔ متعدی) ۱ سر ننگا کرنا ۲ بال کھولنا۔ بال کھلے چھوڑنا۔ مینڈھیاں کھولنا۔

پھکانا (ھ۔ مم) دیکھو پھنکوانا

پھکر (ھ۔ مذکر) دیکھو پوکھر۔

پھکڑ (ہ۔ مذکر) گالی گلوچ۔ بدزبانی ہزلیات۔ فحش۔ بکواس۔ ناشائستہ گفتگو (س پھکڑ۔ بدتمیزی کرنا) **پھکڑ باز** (صفت) فحش گفتگو کرنے والا۔ بکواسی وغیرہ۔ **پھکڑ بازی** (مونث) ناشائستہ گفتگو کرنا۔ ہزلیات بکنا وغیرہ۔ **پھکڑ لڑنا** (لازم) ۱ باہم ہزلیات میں گفتگو کرنا۔ گالی گلوچ کرنا۔ **پھکڑ ہونا** (لازم) بیہودہ باتیں ہونا۔ سخت بےتکلفی ہونا۔ ہزلیات بکنا۔

پھکڑی (ھ۔ مونث) ۱ بداخلاقی سے پیش آنے کا فعل ۲ بداخلاقی۔ بدتہذیبی ۳ بےعزتی۔ فضیحت۔ ذلت۔ **پھکڑی کرنا** (متعدی) ۱ بےعزتی کرنا۔ بداخلاقی سے پیش آنا۔ فضیحتا کرنا ۲ اتہام لگانا۔ بہتان لگانا۔

پھکِکا (س۔ مونث) ۱ پہلے بنائی ہوئی رائے ۲ پہلا بیان ۳ دیکھو پھانکی۔

پھکنا (ھ۔ متعدی) دیکھو پھانکنا

پھکنا (ہ۔ لازم) دیکھو پھنکنا۔

پھکنی (ہ۔ مونث) دیکھو پھنکی

پھکوا دینا۔ پھکوانا (ہ۔ مم) پھینکنا کا۔

پھکوڑیا (ھ۔ مذکر) ۱ پھکڑباز ۲ فحش گو ۳ بانکا۔ **پھکوڑیات** (مونث) ۱ ہزلیات فحش۔ بدزبانی۔ پھکڑ ۲ بانکپن۔

پھنکی۔ پھکیا (ھ۔ مونث) دیکھو پھنکی و پھانکی۔

پھکیت۔ پھنکیت (ہ۔ مذکر) پٹے باز۔ لکڑی پھینکنے کے فن کا واقف۔ گتکے باز۔ **پھکیتی** (مونث) پٹے کا فن۔ پٹے بازی۔

پھگلی (ھ۔ مونث) دیکھو پھاگ

پھگوا (ہ۔ مذکر) ۱ ہولی۔ پھاگ ۲ ہولی کا گیت ۳ ہولی کے موقع پر جو انعام دیا جائے

پہل (ہ۔ مذکر) ۱ روئی کا جوڑا جمایا ہوا ٹکڑا۔ دھنکی ہوئی روئی کا گالا (س پلک۔ پتا) ۲ پہلو۔ طرف (پہلو سے) ۳ (مونث) ابتدا۔ شروع۔ سبقت۔ پیش دستی۔ شروع ۴ زیادتی ۵ وضع طرح (س پراتھم۔ پہلا) **پہل چھالا ہے**۔ اس برسات کا پہلا مہینہ ہے۔ **پہل کرنا** (متعدی) ۱ ابتدا کرنا۔ شروع کرنا۔

پھَل (ہ۔ امر) ۱ پھلنا کا ۲ (مذکر) وہ گودا جو اکثر پودوں کے بیج کے گرد ہوتا ہے اور چھلکے سے ڈھنپا ہوا ہوتا ہے۔ یہ پھول کے درمیان سے پھوٹتا ہے۔ اور بڑھ کر کچھ عرصہ بعد پورے قد کا ہو جاتا ہے اور پک جانے پر کھانے کے قابل ہو جاتا ہے۔ ثمر۔ میوہ بار ۳ پیداوار۔ فصل۔ زراعت ۴ بچے۔ نسل۔ اولاد ۵ نتیجہ۔ ثمرہ ۶ تعبیر خواب ۷ فائدہ۔ نفع۔ مفاد ۸ عوض۔ معاوضہ۔ انعام۔ اجر۔ صلہ ۹ ہل کا وہ لوہے کا حصہ جو زمین کھودتا ہے ۱۰ چاقو۔ چھری۔ تلوار وغیرہ کا لوہے کا حصہ جو تیز ہوتا ہے ۱۱ تیر یا نیزے کی نوک۔ سناں ۱۲ ستاروں کی گردش کا اثر ۱۳ فال۔ شگون ۱۴ خارج قسمت تقسیم کے سوال کا جواب (س پھَل) **پھلا** (ماضی) ۱ پھلنا کی ۲ (صفت) بہت پھل والا۔ پھل سے لدا ہوا ۳ پھل والا۔ نوکدار (یا تو) مرکبات میں جیسے دو پھلا ۴ (ھ) مرکب حرف ۵ تیر کی نوک ۶ چمچہ کا اگلا حصہ **پھل آنا** (لازم) درخت پر پھل پیدا ہونا۔ درخت کا بارور ہونا۔ **پھلا پھولا** (صفت) ۱ دولتمند اور صاحب اولاد ۲ بارونق۔ شاداب۔ سرسبز۔ **پھل اترنا** (لازم) ۱ پھل کا درخت سے توڑا جانا۔ پھل حاصل ہونا۔ ثمر تیار ہونا۔ **پھل جھبول** (مذکر) بچوں کا ایک کھیل **پھل پات** (ہ۔ مذکر) میوہ ترکاری۔ پھل پھلاری۔ **پھل پانا** (لازم) ۱ نتیجہ ملنا۔ بدلہ ملنا۔ ثمرہ یا صلہ پانا ۲ میوہ ہاتھ لگنا۔ ثمر ملنا ۳ کئے کی سزا ملنا ۴ اولاد ہونا ۵ بھلائی پانا۔ نفع حاصل کرنا۔ فلاح پانا۔ **پھل پھلاری** (مونث) مختلف میوے اور ترکاریاں۔ **پھلت**۔ (مونث) ۱ پیداوار ۲ ستاروں کی چال کا اثر ۳ پھل دینے اور زرخیزی کی حالت ۴ زرخیزی۔ بارآوری۔ کثرت افراط۔ **پھل تاڑ** (مذکر) ۱ تاڑ کا درخت جس میں پھل لگتا ہے ۲ تاڑ کے درخت کا پھل۔ **پھلتے پھولتے رہو** (دعا) خوشحال رہو۔ کامیاب رہو۔ **پھل جانا** (لازم) ۱ بہت پھل لگنا۔ بارور ہونا ۲ بہت آبلے نکل آنا۔ **پھل چلنا** (لازم) کسی خاص پھل کا پہلی دفعہ بکنے کے لئے آنا۔ پھل کا رائج ہونا۔ **پھلدار** (صفت) جس میں پھل لگے ہوں۔ پھل والا۔ ثمردار بارآور۔ پھلنے والا۔ پھلا ہوا۔ **پھل دینا** (متعدی) ۱ ثمر لگنا۔ ثمر دینا ۲ صلہ دینا۔ ثمرہ دینا۔ **پھل کا نیا کرنا** (متعدی) موسم میں پھل کو پہلی دفعہ کھانا۔ اس موقع پر مسلمان نیاز دے کر ایسا پھل کھاتے ہیں۔ **پھل لانا** (متعدی) ۱ بارور ہونا۔ پھل لگنا ۲ نتیجہ ظاہر ہونا۔ **پھل لگنا** (متعدی) ۱ پھل آنا۔ پھل پیدا ہونا ۲ بارور ہونا۔ **پھل ملنا** (لازم) ۱ انعام ملنا۔ ثمرہ ملنا۔ صلہ ملنا ۲ سزا ملنا۔ برا نتیجہ ہونا۔ **پھلنا** (لازم) ۱ میوہ لگنا بارور ہونا ۲ فائدہ مند ہونا۔ مفید ہونا۔ مبارک ہونا ۳ دانے یا پھنسیوں کا کثرت سے نکلنا ۴ اولاد کثرت سے ہونا۔ خاندان بڑھنا۔ کامیاب ہونا ۵ خوش نصیب یا با اقبال ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔ نتیجہ ظاہر ہونا۔ **پھلنا پھولنا** (لازم) ۱ بارآور ہونا ۲ صاحب اولاد اور صاحب دولت ہونا۔ با اقبال ہونا ۳ کامیاب ہونا۔ بہبود ہونا۔ **پھلے پھولے** (دعا) بہت ترقی کرے بہت دولتمند اور صاحب اقبال ہو۔

امثال و اقوال۔ پھل کھانا آسان نہیں۔ درخت بو کر اس کا پھل کھانا بڑی مشکل بات ہے۔ سالہا سال لگ جاتے ہیں۔ **پھل وہ کھائے جو ہل جوتے**۔ جو محنت کرے وہ فائدہ اٹھائے۔

پھَل (س۔ مذکر) ۱ دیکھو پھَل (ہ) ۲ سوال یا پہیلی کا جواب ۳ رقبہ ۴ کسی فال کا پورا ہونا ۵ ڈھال ۶ ایک قسم کا بیر جو دوائی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ککولی ۷ جائفل۔

پھُل (ہ۔ مذکر) پھول کا مخفف بہت سے مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے **پھلروا** (صفت) پھول کی طرح کے۔

پھُلّ (س۔ مفعول) ۱ کھلا ہوا۔ کھلا ہوا۔ پھول کی طرح شگفتہ ۲ پھول نکلے ہوئے۔ پھولوں سے لدا ہوا ۳ آنکھیں کھلی ہوئیں ۴ خوش۔ مسکراتا ہوا **پھل لوچن** (صفت) ۱ آنکھیں کھولے ہوئے ۲ خوش۔ مسرور ۳ بڑی آنکھوں والا ۴ (مذکر) بڑی آنکھ ۵ خوش نظر آتا ہوا شخص ۶ ایک قسم کا ہرن۔ **پھل نین** (صفت) ۱ بڑی آنکھوں والا ۲ خوشی سے کھلی ہوئی آنکھوں والا ۳ مسکراتا ہوا۔ خوش۔ مسرور ۴ (مذکر) وہ شخص جو خوش نظر آئے۔

پہلا (ہ۔ صفت) ۱ اول۔ مقدم

اگلا ۔ آدۃ پرانا ۔ سابقہ ۲ ابتدائی ۔ اصلی ۵ بڑا ۔ صدر ۷ پیشتر ۔ سابقاً ۔ ابتدا میں ۸ جلدی ۔ فوراً ۹ قبل ۔ آگے (س پرتھم) **پہلا پھل** (مذکر) ۱ پھل جو درخت میں پہلی دفعہ آئے ۲ پہلوٹی کا بچہ ۔ **پہلا پھول** (مذکر) پہلی مرتبہ کا حمل ۔ **پہلا وار ہے** ۔ ابھی کیا ہے ایسے ایسے بہت چیں آئیں گے ۔ **پہلی** (صفت ۔ مونث) پہلا کی ۔ **پہلے** (صفت) ۱ جمع پہلا کی ۲ اول ۔ مقدم ۳ (پرانے اگلے زمانے کے) ۴ (تف) آگے زمانے میں ۔ ابتدا میں شروع میں **پہلی باتیں** (مونث) اگلے زمانے کے طریقے ۔ پرانی رسمیں ۔ **پہلی بسم اللہ** ۱ پہلی غلطی یا خطا پہلی بھول یا چوک ۔ **پہلے پہل** (تف) ۱ اول اول پہلی مرتبہ ۔ شروع شروع ۲ آگے ۔ اگلے زمانے میں ۔ شروع میں ۳ پرانے زمانے میں ۔ **پہلے پہلے** (تف) ۱ شروع میں ۔ ابتدا میں ۲ پرانے زمانے میں ۔ زمانہ قدیم میں ۳ اصل میں ۔ اولاً ۔ **پہلے سے** (تف) پیشتر سے **پہلے سے چھٹی کے دھان کوٹنا** (متعدی) قبل از وقت کسی کام کی فکر کرنا ۔ **پہلے سے سونا** (لازم) قبل از وقت غافل یا بے خبر ہونا ۔ پہلے سے خبر نہ لینا ۔ **پہلے سے کہیں اچھا ہے** ۔ بہت ترقی کی ہے ۔ آگے سے بہتر ہے ۔ **پہلی منزل** (مونث) قبر ۔ **پہلے ہی سے** (تف) شروع سے ۔ ابتدا سے ۔

امثال واقوال ۔ **پہلے آپ پیچھے باپ** ۔ **پہلے اپنی ہی داڑھی کی آگ بجھائی جاتی ہے** ۔ اول خویش بعدہٗ درویش پہلے اپنے فائدے کی بات کی جاتی ہے ۔ **پہلے لو پہلے کاٹ** ۔ جو پہلے کام کرے وہ فائدے میں رہتا ہے ۔ **پہلی بوہنی اللہ میاں کی آس** ۔ اگر پہلی فروخت اچھے آدمی کے پاس ہو تو سارا دن فائدہ ہوتا ہے ۔ سو خدا سے امید رکھنا سب سے اچھی بوہنی ہے ۔ **پہلے بھسٹر پھر دیوتا پتر** (ھ) پہلے اپنے پیٹ کی فکر پھر خیرات دیکھو آخری ۔ **پہلے پہرے سب کوئی جاگے دوجے پہرے بھوگی ۔ تیسرے پہرے چور جاگے چوتھے پہرے جوگی** (ھ) رات کو پہلے پہر میں ہر کوئی جاگتا ہے ۔ دوسرے میں عورت والا تیسرے میں چور اور چوتھے میں خدا کی یاد کرنے والا **پہلے پیوے بھکوا پھر پیوے تمکوا پیچھے پیوے چلم چاٹ** ۔ حقہ پینے میں وہ شخص فائدے میں رہتا ہے جو درمیان میں پئے ۔ پہلا شخص تو سلگانے میں رہتا ہے اور آخری کو سڑا ہوا تمباکو ملتا ہے ۔ خشک تمباکو کی صورت میں یہ درست نہیں ۔ **پہلے پیوے جوگی بیچ میں پیوے بھوگی پیچھے پیوے روگی** (ھ) کھانا کھانے میں جوگی پانی پہلے پیتا ہے ۔ تندرست اور خوش خور درمیان میں اور بیمار بعد میں ۔ **پہلے تم (آپ) پیچھے اور** ۔ پہلے آپ کا حق ہے پیچھے دوسرے کا ۔ **پہلے تولو پھر منہ سے بولو** ۔ بات کرنے سے پہلے سوچ لینا چاہئے ۔ **پہلے تو ناک کاٹ لی پھر تاش کے رومال سے پوچھنے لگے** ۔ پہلے ذلیل کرکے پھر قصور معاف کرانا ۔ **پہلے چومے گال کاٹا** ۔ شروع ہی میں شرارت کی ۔ ابتدا ہی میں ایذا دی ۔ **پہلے سوچ بچار پیچھے کیجے کار** ۔ سوچ سمجھ کر کام میں ہاتھ ڈالنا چاہئے ۔ **پہلے کھانا پھر (پھر بتانا) پیچھے بات کرنا** ۔ اول طعام بعدہٗ کلام ۔ باتیں کرنے سے پہلے کھانا کھا لینا بہتر ہوتا ہے ۔ **پہلے گھر میں پھر (تو پیچھے) مسجد میں** ۔ پہلے گھر میں چراغ جلتا ہے ۔ تب باہر جلتا ہے دیکھو اول خویش الخ ۔ **پہلے گھر کے تو پیچھے باہر کے** اپنوں سے بچے تو اور کو دیا جائے ۔ **پہلے لکھ اور پیچھے دے پھر بھولے تو کاغذ (مجھ) سے لے** ۔ لین دین میں پہلے لکھ لینا چاہئے ۔ **پہلے مارے سو میری** (مری) جو پہلے وار کرے وہ عموماً جیتتا ہے جو پہلے کام کرے وہ فائدے میں رہتا ہے ۔ **پہلی (ہی) بسم اللہ غلط** ۔ شروع ہی سے کام خراب ۔ پہلا ہی کام خراب ۔ **پہلے ہی گستے (لقمے) میں بال آیا** (ھ) ہندوؤں میں یہ برا شگون سمجھا جاتا ہے ۔ شروع ہی میں بدشگونی ہوئی ۔

پُھلا (ہ ۔ مذکر) ۱ پھول کی شکل کی کوئی چیز ۲ پھولی ہوئی چیز ۳ آنکھ کا ٹینٹ ۴ بھنی ہوئی مکی جو بھوننے سے کھل کر سفید ہو جاتی ہے (س پُھلک) **پُھلا پڑنا** (لازم) آنکھ میں ٹینٹ ہو جانا ۔ **پُھلا نکالنا** (متعدی) ٹینٹ کو دور کرنا ۔ **پُھلی** (مونث) ۱ لکھنؤ میں ٹینٹ کو کہتے ہیں ۲ چھوٹے بچے کا آلۂ تناسل ۳ ایک پھول کی شکل کا چھوٹا زیور جو ناک میں یا دوسرے زیور میں پہنتے ہیں ۴ بندوق کے گھوڑے کا کتا ۔ **پُھلی ہون** (مذکر) ایک مدراسی سکہ جو ۱/۴ ۳ روپے کا ہوتا تھا ۔

پَھلاس (ہ ۔ مذکر) ۱ قدم ۔ گام ۲ پھلانگ ۔ چھلانگ ۔

پُھلا سَرا (ہ ۔ مذکر) ۱ فریب کر ۔ دھوکا ۔ دغا ۔ مغالطہ ۔ بہلاوا ۔ پھسلاوا ۔ دم دلاسا ۲ خوشامد ۔ تملق ۔ چاپلوسی (پھسلانا سے) **پھلا سرا بازی** (مونث) خوشامد ۔ چاپلوسی ۔ زمانہ سازی ۔ **پھلا سرے میں آنا** (عو) دم یا فریب میں آنا ۔

پَھلانا (ہ ۔ متعدی) بارور کرنا زرخیز کرنا ۔ ابجانا ۔

پُھلانا (ہ ۔ متعدی) ۱ پھونک بھرنا ۔ ہوا بھر کر کسی چیز کو تاننا ۲ خوشامد کرکے مغرور کرنا ۔ دماغ چلانا ۳ موٹا کرنا ۔ فربہ کرنا ۴ آلۂ تناسل کو کھڑا کرنا ۵ دیکھو پھولنا (س پھل ۔ پھیلنا)

پَھلانس (ہ ۔ مذکر) دیکھو پھلاس ۔

پَھلانگ (ہ ۔ مونث) ۱ لمبا قدم ۲ چھلانگ ۔ قلانچ ۔ جست ۔ **پھلانگ مارنا** ۔ **پھلانگنا** (متعدی) جست بھرنا ۔ پھاند جانا چھلانگ مارنا ۔ کسی چیز کے اوپر سے کود جانا

پَھلاہی (ہ ۔ مونث) ایک درخت جو کیکر کی قسم کا مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے ۔ اس کی مسواکیں بنتی ہیں ۔

پُھلاؤ (ہ ۔ مونث) **پُھلاوٹ** (ہ) **پُھلاہٹ** (ہ ۔ مونث) ۱ سوجن ۔ ورم ۲ ابھار ۔ گانٹھ ۔

پُھلبار (مذکر) **پُھلباڑی** (ہ ۔ مونث) دیکھو پھلواری ۔

پُھلپُھلا (ہ ۔ صفت) ۱ پھولا ہوا ۔ پھس پھس ۔ بہت موٹا ۔ فربہ ۔ ڈھیلا ۲ جس میں فاصلہ یا چیر ہو ۳ بے جوڑ ۔ بے ربط ۴ اوچھا ۔ کم ظرف (س ۔ پھمت ۔ پھولنا)

پَھلَت (ہ ۔ صفت) ۱ وہ جو پھل پیدا کرے ۲ پھل دینے والا ۳ پھلدار ۔ زرخیز ۔ زرریز ۴ جس کا کچھ نتیجہ ہو ۵ کامیاب ۔ بہرہ مند مقصدور ۶ فائدہ مند ۔ مفید ۔ نافع ۔ **پھلتا رتھ** (مذکر) کنایہ ۔ اشارہ ۔ ایسا مطلب جو ظاہر نہ ہو ۔

پُھلِت (ہ ۔ صفت) پھولا ہوا تنا ہوا ۔ سوجا ہوا ۔

پَھلتا (ہ ۔ مذکر) گدکا ۔

پَھلٹھا (ہ ۔ مذکر) چھوٹا سا شگوفہ

پُھلٹی (ہ ۔ مونث) پھولوں کی دوکان ۔ پھولوں کا بازار ۔ پھولوں کے بکنے کی جگہ ۔

پُھلجھڑی (ہ ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی آتش بازی ۲ فساد کی بات ۔ شرارت یا فتنہ انگیزی کی

بات ۲ شرارت کرنے والی یا فتنہ انگیز عورت۔ فساد یا جھگڑا کرا دینے والی عورت۔ **پھلجھڑی چھوٹنا** (لازم)

پھلجھڑی چھوڑنا (متعدی) پھلجھڑی میں آگ لگانا ۲ فتنہ انگیزی کرنا۔ فساد کی بات کہنا۔

پُھلرَوا (ہ۔ صفت) ۱ پھول کے مانند۔ نازک۔ خوبصورت۔ ناز و نعمت میں پلے ہوئے

پَھلَرا (ہ۔ مذکر) دھار دار آلے کا پھل (مت) صرف عورتیں بولتی ہیں۔

پَھلَس (ہ۔ مذکر) ایک بڑا درخت پنس کی نسل۔

پَھلسا (ہ۔ مذکر) ۱ دروازہ۔ پھاٹک ۲ شہر کا حصہ۔

مثل۔ پَھلسا لُوٹا گاؤں لوٹا

بے احتیاطی یا نااتفاقی میں نقصان ہوتا ہے۔

پُھلسِرا (ہ۔ مذکر) کبوتر جس کا سر سفید اور بدن یک رنگ ہو۔

پِھلَسنا (ہ۔ لازم) پھسلنا۔

پَھلَسنی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی دریائی مچھلی۔ پھلکی۔ پھلیٹی۔

پَھلَک (ہ۔ مذکر) ۱ تختہ ۲ لکڑی کا بنچ ۳ سطح ۴ نیو۔ بنیاد۔ بنا ۵ لکھنے کا کاغذ یا پیز ۶ پیشانی کی ہڈی ۷ ڈھال ۸ ایک پودہ۔ ناگ کیسر۔ ناگیسر۔

پُھلکا (ہ۔ صفت) ۱ پھولا ہوا سبک۔ اردو میں ہلکا کا تابع استعمال ہوتا ہے ۲ (مذکر) توے پر پکی ہوئی ہلکی روٹی (پکانا۔ ڈالنا کے ساتھ) ۳ (ہ) چھالا۔ آبلہ ۴ (ہ) نرم زمین یا مٹی ۵ اکھاڑہ۔ ہندی میں بالفتح ہے **پُھلکی** (مونث) پھلکا کی تصغیر ۱ ہلکی روٹی ۲ نرم زمین ۳ (صفت) ہلکی کی تابع۔ سبک۔

پُھلکارنا (ہ۔ متعدی) پھیلانا۔ پھلانا۔ سانپ کا پھن پھیلانا۔

پُھلکاری (ہ۔ مونث) ۱ گل بوٹے کا کام۔ کشیدہ کاری ۲ ایک قسم کا کپڑا جس پر ریشم کے دھاگے کے ساتھ پھول بنائے جاتے ہیں ۳ (ہ۔ صفت) پھولدار۔ پھول بنے ہوئے۔

پُھلکَر (ہ۔ مذکر) ۱ ثمری پیداوار پھل کی آمدنی۔ جاگیر۔

پَھلکی (ہ۔ مونث) ڈھال بردار

پھلکی۔ پَھلکی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔ پھلیٹی۔ بھلیٹی۔

پَھلگ (س۔ صفت) ۱ سرخ۔ سرخی مائل ۲ چھوٹا۔ ننھا سا ۳ کمزور۔ ضعیف ۴ بے فائدہ۔ نکما۔ ناکارہ ۵ (مونث) ایک قسم کا بڑ کا درخت ۶ گلال ۷ موسم بہار ۸ ایک دریا جو گیا کے پاس ہے ۹ ایک نکشترہ ۱۰ ایک رشی۔ **پھلگ تیرتھ** (مذکر) گیا کے قریب ایک تیرتھ۔ **پھلگُدرا** (مونث) ایک دریا۔ **پھلگن**۔ (صفت) ۱ سرخ۔ سرخی مائل ۲ (مذکر) ایک آدمی کا نام ۳ پھاگن کا مہینہ ۴ ارجن۔ **پھلگ سُتنی** (مونث) ایک شاعرہ۔

پُھلنا (ہ۔ متعدی) پھولنا۔

پَھلنگ (ہ۔ مونث) پھلانگ

پَھلنگنا (ہ۔ ی) پھلانگنا۔

پُھلُنگ (ہ۔ مونث) دیکھو پھنگ

پَھلِنی (س۔ مونث) ۱ ایک بوٹی جو دوائیوں میں پڑتی ہے۔ پرینگو ۲ ایک قسم کا ساگ ۳ ایک پھولدار پودا۔ کلغا۔

پَہلُو (ف۔ مونث) ۱ بازو۔ کولہ پسلی ۲ طرف۔ جانب۔ رخ۔ سمت ۳ انداز۔ طرز۔ طریقہ ۴ بغل۔ آغوش۔ کنار ۵ تدبیر۔ ڈھب ۶ سہارا۔ تکیہ ۷ قرب نزدیکی۔ پڑوس ۸ نکتہ۔ رمز۔ کنایہ ۹ برابر۔ سامنے ۱۰ حیلہ۔ بہانہ ترکیب ۱۱ فائدہ۔ نفع ۱۲ فوج کا بازو۔ لشکر کی دائیں یا بائیں طرف۔ میمنہ۔ میسرہ ۱۳ نگینے یا الماس کی کٹی ہوئی چمکدار سطح (ن پارشو) **پہلو آباد ہونا** (لازم) معشوق کا عاشق کے پاس بیٹھنا۔ پہلو میں بیٹھنا۔ **پہلو بٹھانا** (متعدی) تدبیر کرنا **پہلو بچا جانا** (لازم) ۱ کترا جانا۔ کھسک جانا ۲ الگ یا علیحدہ ہو جانا۔ **پہلو بچانا** (لازم) ۱ دور رہنا۔ علیحدہ رہنا ۲ کترانا۔ کنارا کرنا ۳ طرح دینا۔ **پہلو بچہ** (ڈلن) (ہ) وہ پودہ جو کسی پودے کی جڑ میں سے پھوٹے جیسے ناشپاتی کے درخت کی۔ **پہلو بدلنا** (متعدی) ۱ انداز بدلنا ۲ حیلہ کرنا دوسری طرز ۳ منہ دوسری طرف کر لینا۔ منہ پھیر کر سونا **پہلو بسانا** (متعدی) ۱ بغل میں بیٹھنا یا ساتھ لیٹنا ۲ پڑوس میں آباد ہونا ۳ قبر کے پاس دفن ہونا۔ **پہلو بستر سے نہ لگنا** (لازم) سخت بے چینی ہونا۔ بہت بیقراری ہونا۔ **پہلو پر** (ہ) طرفدار۔ جانبدار ۲ ایک طرف۔ طرف سے **پہلو پر آنا** (لازم) انداز اختیار کرنا۔ روش اختیار کرنا۔ **پہلو پر نہ آنا** (لازم) کہانہ ماننا۔ **پہلو پھیرنا** (متعدی) روش پلٹنا۔ طریقہ بدلنا۔ **پہلو تہی** (مونث) ۱ ایک طرف ہٹنا الگ یا علیحدہ ہونا ۲ دریغ۔ پرہیز ۳ حیلہ حوالہ۔ حیلہ بازی ۴ غفلت۔ بے التفاتی ۵ چشم پوشی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پہلو چلنا** (لازم) تدبیر کارگر ہونا۔ **پہلو دار** (صفت) ۱ کئی معنوں والا۔ کئی طرفوں والا ۲ رمز والا۔ کنایہ والا ۳ مشتبہ۔ مبہم ۴ فائدہ والا۔ نافع ۵ سہارے والا ۶ ظاہر کچھ اصل کچھ۔ نمائشی۔ ظاہردار۔ زمانہ ساز۔ **پہلو دبا جانا** (لازم) حال چھپا جانا۔ **پہلو دبانا** (متعدی) ۱ حریف کے پہلو پر حملہ کرنا ۲ زیر کرنا۔ غالب آنا ۳ قریب بیٹھنا ۴ پہلو کی طرف زور دینا۔ **پہلو دینا** (متعدی) پہلو تہی کرنا۔ پرہیز کرنا۔ **پہلو ڈھونڈھنا** (متعدی) موقع تلاش کرنا۔ **پہلو سوچنا** (متعدی) تدبیر سوچنا۔ حیلہ ڈھونڈھنا **پہلو گرم کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم) ہم بغل ہونا۔ پہلو میں بیٹھنا۔ **پہلو مارنا** (متعدی) برابری کرنا۔ ہمسری کرنا۔ **پہلو ملنا** (لازم) موقع ملنا۔ تدبیر خیال میں آنا۔ **پہلو میں بٹھانا** (متعدی) پاس بٹھانا۔ **پہلو میں (لے کر) بیٹھنا** (لازم) ۱ ہم صحبت ہونا ۲ پاس رہنا۔ قریب رہنا۔ **پہلو نکالنا** (متعدی) ۱ موقع نکالنا۔ صورت نکالنا ۲ تجویز سوچنا۔ تدبیر نکالنا ۳ معنی یا مطلب نکالنا۔ **پہلو نکل آنا یا نکلنا** (لازم) ۱ موقع نکلنا۔ حیلہ نکلنا ۲ تدبیر ہاتھ آنا۔ مطلب براری کا ڈھنگ نکل آنا ۳ بات نکلنا۔ شبہ پیدا ہونا۔

پُھلوا (ہ۔ مذکر) جھالر۔ گرہ دار پھندنا گرہ دار جھالر کسی کپڑے کے کنارے پر۔

پُھلوا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک دوائی کا نام ۲ ایک قسم کا پان۔

پُھلواری (ہ۔ مونث پھلواڑی (ہ) ۱ پھولوں کا چھوٹا باغ۔ گلشن ۲ بچے۔ اولاد۔ نسل ۳ ایک قسم کی کودنے کی ورزش۔

پَہلوان (ف۔ مذکر) ۱ کشتی لڑنے والا ۲ بہادر۔ شجاع ۳ طاقتور۔ توانا یا قوی شخص ۴ قوی الجثہ آدمی (پہلو سے) **پہلوانی** (مونث) ۱ بہادری۔ شجاعت ۲ کشتی لڑنے کا فن۔ ورزش۔

پُھلوائی (ہ۔ مونث) پھلواری

پَہلَوٹا۔ پہلوٹھا۔ پہلَونٹا

پہلَونٹھا۔ پہلَوٹی۔ پہلَوٹھی۔ پہلَونٹی

پہلَونٹھی (ہ) دیکھو پہلوٹھا وغیرہ۔ **پہلوٹھیپن** (ہ۔ مذکر) بڑائی۔ بزرگی۔ بڑا لڑکا ہونا۔

پُھلَوری (ہ۔ مونث پُھلَوری (ہ۔ مونث) بیسن کی روغن میں تلی ہوئی چھوٹی پھلکی یا پکوڑی۔

پھُل ہتھا (ھ - مذکر) مار پیٹ سزا - بیت لگنا۔

پھُلائی (ھ - مونث) ایک قسم کی مچھلی۔ پھلسی۔ پھلکی۔

پھلی (ہ - مونث) ۱۔ بیج مع قدرتی غلاف ۲۔ ان پودوں کے پھل کو کہتے ہیں جس میں چھلکے اور بیج کے درمیان گودا نہیں ہوتا اور پھل لمبا اور پتلا ہوتا ہے۔ جیسے لوبیا۔ مٹر۔ باقلا۔ موٹھ۔ مونگ۔ املتاس سوہنجنا وغیرہ ۳۔ کیلے کا پھل اس میں بیج نہیں ہوتا سارا گودا ہی ہوتا ہے ۴۔ (ھ) ڈھال ۵۔ (ھ) حلقہ۔ پھندا ۶۔ (صفت) پھلدار۔ فمردار ۷۔ لوہے کی نوک والا۔ پھلدار مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے دو پھلی ۸۔ (ھ) دیکھو پھلنی (س پھلکا) **پھلیا** (مونث) ڈوڈا۔ پھلی۔ **پھلی بھی نہیں پھوڑتا**۔ ذرا سا بھی کام نہیں کرتا۔ **پھلی کش** (مذکر) وہ کانٹا جسے قنات کی حلقہ دار رسی بانس کے ساتھ چھید میں سے نکال کر باندھی جاتی ہے۔ **مثل** **سب پھلی لگی نہ پا پڑی پٹاک بہو آپڑی**۔ بے محنت ومشقت کام نہیں ہو سکتا۔

پھلی (ھ - مونث) پنڈلی۔ ٹانگ

پھلیار (مذکر) **پھلیاری**

پھلیری (ھ - مونث) دیکھو پھپل۔ پھل وغیرہ کھانا

پھلیانا (ھ - متعدی) پھل لگنا پھل دینا۔

پھُلیاں دَھرنا (اردو - لازم) دانت نکلنے سے پہلے مسوڑھوں کا سوجنا۔

پھلیر (ہ - صفت) سفید میں سیاہ داغ یا سیاہ میں سفید داغ۔ گائے کے متعلق کہتے ہیں۔ ایسا جانور منحوس سمجھا جاتا ہے۔

پھلیل (ہ - مذکر) ۱۔ تیل جس میں پھولوں کی خوشبو ملائی گئی ہو۔ خوشبودار تیل ۲۔ خوشبو۔ عطر۔

پھلیندا (ہ - مذکر) بڑی جامن۔

پھلیہ (س - مذکر) کلی پھول۔

پہم (ھ - مونث) پرتھوی۔

پہن (ف - صفت) ۱۔ کشادہ کھلا فراخ ۲۔ (مذکر) چوڑائی۔ عرض ۳۔ کشادگی۔ فراخی۔ وسعت **پہنا۔ پہناوار یا ور** (صفت) کھلا۔ فراخ۔ کشادہ وسیع۔ **پہنائی** (مونث) ۱۔ چوڑائی۔ عرض ۲۔ کشادگی۔ وسعت۔ فراخی۔

پہن (ف - مذکر) وہ دودھ جو فرط محبت سے ماں کی چھاتیوں میں اُتر آئے۔

پھن (ہ - مذکر) سانپ کا سر جو چوڑا ہو سکے (س پھن - حرکت کرنا) **پھنا** (ھ - مذکر) ۱۔ پھن ۲۔ جہاز کا اگلا حصہ۔ **پھن اٹھانا** (متعدی) سانپ کا سر کو چوڑا کرنا۔ **پھن پٹینا** (متعدی) پھن مارنا۔ **پھن دار** (صفت) پھن والا۔ **پھن دَھر یا کَر** (ھ) سانپ خصوصاً افعی۔ پھن دار سانپ۔ **پھن مارنا** (متعدی) ۱۔ سانپ کا پھن کسی چیز پر مارنا ۲۔ سانپ کا کاٹنا یا ڈسنا ۳۔ (ھ) بہت کوشش کرنا۔ سخت جد وجہد کرنا۔ **پھن منی** (ھ) ایک پتھر جس کے متعلق خیال ہے کہ سانپ کے سر میں ہوتا ہے۔ **پھن وان یا ونت** (صفت) ۱۔ پھن دار۔ پھن والا ۲۔ (مذکر) سانپ۔ ناگ۔

پہن (ہ - امر) پہننا کا (س اَپِنَہ باندھنا) **پہنا** (امر) پہنانا کا ۲۔ (ماضی) پہننا کی ۳۔ (ھ) پہننا۔ **پہنانا** (م) پہننا کا۔ **پہناوا۔ پہناؤ** (ھ - مذکر) ۱۔ پوشاک۔ لباس ۲۔ پوشاک پہننے کا ڈھنگ یا طرز۔ **پہناون** (ھ - مذکر) کپڑے جو مہمانوں کو شادی پر دیئے جائیں خلعت **پہنائی** (مونث) کپڑے پہنانے کی مزدوری۔ **پہننا** (لازم) ۱۔ کپڑا بدن پر ڈالنا۔ زیب تن کرنا ۲۔ زیور بدن پر سجانا ۳۔ کسی چیز کا بدن کے کسی حصے پر استعمال کرنا جیسے ٹوپی سر پر۔ جوتا پاؤں میں۔ دستانے ہاتھوں میں ۴۔ (ھ - مذکر) پوشاک - لباس -

پَہنا (ھ - مذکر) جوتا دیکھو پنہی -

پُہنا (ھ - مذکر) پاہنا۔ مہمان۔

پہنائی (مونث) مہمانداری۔ مہمان نوازی۔ تواضع خاطر۔ مدارات (کرنا کے ساتھ)

پھُنا (ھ - مذکر) پھندنا۔

پھنانا (ھ - متعدی) پھینٹنا۔

پھنپنتی (س - مذکر) دیکھو پھنپناتہ

پھنپھنا (ہ - امر) پھنپھنانا کا ۲۔ (ھ مونث) سانپ کی پھنکار۔ **پھنپھنانا** (متعدی) ۱۔ سانپ کا پھن پھیلانا ۲۔ پھنکارنا ۳۔ غضبناک ہونا۔ غصہ کرنا ۴۔ (ھ) جلدی سے کودنا۔ اچھلنا ۵۔ پودے کا بہت جلد پیدا ہونا یا بڑھنا ۶۔ سیدھا کھڑا ہو جانا۔ اٹھنا ۷۔ چستی سے چلنا۔ اچھلنا کودنا بچوں کا۔

پھنجکا (س - مذکر) ایک پودا جس کے سفید پھول ہوتے ہیں۔

پھنجھک (س - مذکر) نازبو۔

پھنجھکا (س - مونث) نازبو کی ایک قسم۔

پھنجی (س - مونث) ایک پودا پھنجکا

پھنجی پتر کا یا پتر کا (مذکر) ایک پودا۔

پہنچ (ہ - امر) ۱۔ پہنچنا سے ۲۔ (مونث) رسائی۔ باریابی ۳۔ دخل۔ اختیار ۴۔ عقل کی رسائی۔ فکر کی بلندی ۵۔ سمجھ۔ ادراک ۶۔ طاقت۔ قوت ۷۔ رسید (س پرشو - دینا) **پہنچا** (ماضی) ۱۔ پہنچنا سے ۲۔ (امر) پہنچانا سے ۳۔ (مذکر) کلائی۔ بند دست۔ **پہنچا پکڑنا** (مذکر) ۱۔ ایک قسم کی زور آزمائی جس میں ایک آدمی دوسرے کی کلائی دونوں ہاتھوں سے مضبوط پکڑتا ہے۔ اور دوسرا چھڑاتا ہے۔ اگر وہ چھڑالے تو وہ جیت جاتا ہے ورنہ ہار جاتا ہے ۲۔ بے تکلفی کرنا۔ پاؤں پھیلانا۔ **پہنچا دینا** (متعدی) دیکھو پہنچانا۔ **پہنچا لچکنا** (لازم) کلائی کا جوڑ ہل جانا۔ **پہنچانا** (متعدی) ۱۔ لیجانا۔ ہمراہ لے کر جانا ۲۔ بھجوانا ۳۔ رخصت کے لئے ہمراہ جانا ۴۔ بھیجنا ۵۔ لانا ۶۔ تکلیف یا ایذا دینا ۷۔ (سزا کو) سزا دینا (رنج) غم میں ڈالنا ۸۔ (فائدہ) مفید کام کرنا۔ نیکی کرنا۔ بھلائی کرنا۔ **پہنچانے کو جانا** (لازم) رخصت کرنے کے لئے ہمراہ جانا۔ **پہنچا ہوا** (صفت) خدا رسیدہ۔ برگزیدہ۔ کامل۔ **پہنچتی آسامی** (مذکر) پہنچنے والی اسامی۔ **پہنچنا** (لازم) ۱۔ کسی جگہ جانا ۲۔ آنا۔ وارد ہونا ۳۔ ملنا۔ پانا ۴۔ رسائی ہونا۔ دخل ہونا ۵۔ حاصل ہونا وصول ہونا ۶۔ جانا ۷۔ گھسنا۔ اندر جانا ۸۔ ہمسر ہونا۔ برابر ہونا بات کی تہ کو سمجھنا ۹۔ (تکلیف) ایذا پانا ۱۰۔ (سزا کو) سزا پانا ۱۱۔ (فائدہ) نفع اٹھانا ۱۲۔ (رنج) کسی کی وجہ سے غم ہونا۔ **پہنچی** (مونث) ایک کلائی کا زیور۔ **پہنچنے والی آسامی**۔ (مذکر) ۱۔ بہت بارسوخ آدمی ۲۔ افسروں سے ملنے والا شخص

پہنچوانا (م) پہنچنا کا۔

پھند۔ پھندا (ہ - مذکر) ۱۔ دام جال۔ کمند۔ حلقہ ۲۔ مصیبت۔ قید ۳۔ فریب۔ دم۔ جھانسا ۴۔ بس۔ قابو (س پش - باندھنا) **پھندا** (مذکر) کھاتے پیتے وقت کسی چیز کا گلے میں اٹک جانا ۲۔ وہ گتھی جو ریشم کے دھاگے میں پڑ جاتی ہے۔ **پھندا پڑنا**۔ (لازم) ۱۔ گرہ پڑ جانا ۲۔ طائر کے پکڑنے کے لئے جال لگنا ۳۔ شادی ہو جانا۔ بیاہ ہونا ۴۔ کھانے پینے میں کسی چیز کا گلے میں اٹکنا۔ اتھو آجانا۔ **پھندا چھڑانا** (متعدی) ۱۔ قید سے رہا کرنا۔ آزاد کرنا ۲۔ دھاگے کی گتھی کو کھولنا۔ **پھندا دینا** (متعدی) گرہ

دینا۔ پھندا لگانا۔ **پھندا ڈالنا** (متعدی) 1 پھندا دینا بکھیڑا ڈالنا 2 الجھا دینا 3 شادی کر دینا۔ **پھندا لگنا** (لازم) پھندا پڑنا۔ **پھندا مارنا** (متعدی) جال میں پھنسانا۔
پھندے سے چھٹنا یا نکلنا (لازم) 1 جال سے چھوٹنا۔ قید سے رہائی پانا 2 جھگڑے سے نجات پانا 3 چنگل سے چھوٹنا۔ قابو سے نکلنا۔ **پھندے میں آنا۔ پڑنا** (لازم) پھنسانا (متعدی)، **پھنسنا** (لازم) 1 دام میں پھنسنا۔ جال میں پھنسنا 2 فریب میں آنا۔ دم میں آنا 3 عاشق ہونا 4 بس میں آنا۔ قابو میں آنا۔ **پھندے میں لانا** (متعدی)، دم میں لانا۔ فریب میں پھنسانا۔

پھَنْدانا (ہ۔ متعدی) پھاندنا کا۔ کدانا۔ چھلانگیں مروانا۔

پھَنْدلانا (ھ۔ متعدی) پھندنا کا 1 جال یا دام میں پھنسانا 2 گرفتار کرنا۔ پکڑنا۔ پھنسانا۔ پھسلانا 3 کسی معاملے میں پھنسانا۔

پھَنْدنا (ھ۔ لازم) 1 جال یا دام میں پھنسنا 2 گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا 3 مشکلات میں پھنسنا

پھُنْدنا (ہ۔ مذکر) سوتی یا ریشمی دھاگے یا کلابتون کا پھول یا گچھا جو تسبیحوں ٹوپیوں وغیرہ پر سجاوٹ کے لئے لگاتے ہیں۔ **پھندنا سا** (صفت) ننھا سا چھوٹا سا۔

پھَنْدوڑنا (ھ۔ متعدی) کپڑوں کی گٹھری میں تلاش ۔۔۔ کپڑے الٹ پلٹ کرنا (دہلی)

پھَنْدَیت (ہ۔ مذکر) 1 دوسروں کو پھنسانے والا شخص پرند یا جانور 2 وہ جانور جو اپنے ہم جنسوں کو آواز دے کر جال میں پھنسائے۔ مثلاً بٹیر۔ ہاتھی 3 وہ شخص جو دوسروں کو اپنا ساتھی بنائے۔

پھَنْس (ھ۔ مذکر) ایک درخت دیکھو پنس۔

پھَنْس (ہ۔ امر) پھنسنا کا (س سپرش۔ پکڑا جانا) **پھنسا** (ماضی) 1 پھنسنا کی 2 (امر) پھنسانا کا۔ **پھنسانا** (متعدی) پھنسنا کا۔ **پھنساوا** (مذکر) 1 گرفتاری۔ حراست 2 روک۔ بندش **پھنساؤ** (ھ۔ مذکر) 1 الجھیڑا۔ جھگڑا۔ پیچ 2 جھگڑے ٹنٹے یا پیچدار معاملہ 3 ایسی جگہ جہاں انسان پھنس جائے۔ جیسے کیچڑ والی سڑک۔ دلدل۔ تنگ جگہ۔ **پھنس جانا۔ پھنسنا۔** (لازم) 1 پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا 2 اٹکنا۔ الجھنا 3 جال یا دام میں آنا 4 قابو یا بس میں ہونا 5 مقید ہونا 6 آشنائی ہونا عاشق ہونا 7 دبنا۔ کھبنا 8 کیچڑ یا دلدل یا تنگ جگہ میں رک جانا 9 (مصیبت یا تکلیف میں) مبتلا ہونا **پھنسوانا** (مم) پھنسنا کا۔

پھُنْسی (ہ۔ مونث) چھوٹا پھوڑا

پھَنْسیارا (ھ۔ مذکر) 1 قزاق جو لوگوں کو پھانسی دے کر لوٹے۔ ٹھگ 2 جلاد۔

پھَنِک (س۔ مذکر) سانپ۔ ناگ۔

پھَنِکا (ھ۔ مونث) ایک آبی پودہ۔ جل کھمبی۔

پھَنْکا (ہ۔ مذکر) سفوف یا دانہ دار چیز کے ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار۔ **پھنکا لگانا یا مارنا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) کسی چیز کا پھنکا منہ میں پڑنا

پھُنْکار (ہ۔ مونث) سانپ کے منہ سے ہوا نکالنے کی آواز۔ سانپ کا دم (س پھُتکری پھونک مارنا) **پھنکار مارنا۔ پھنکارنا** (متعدی) سانپ کا منہ سے زور کے ساتھ ہوا نکالنا **پھنکاری** (ھ۔ مونث) پھنکار (مارنا کے ساتھ)

پھنکنا (ہ۔ لازم) گرنا۔ ضائع ہونا

پھُنْکنا (ہ۔ مذکر) دیکھو پھکنا پھنکنا

مانگتے پھرنا (لازم) کسی ضرورت سے مارا مارا پھرنا

پھَنْکوانا (ھ۔ مم) دیکھو پھکوانا۔

پھُنْکوانا (ہ۔ مم) پھونکنا کا۔

پھَنْکِیل (س۔ مذکر) بٹیر۔

پھَنْکی (ہ۔ مونث) **پھنکیا** (ھ) 1 سفوف۔ پسی ہوئی خشک دوا 2 ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار (پھانکنا کے ساتھ)

پھَنِکیشر (س۔ مذکر) ایک درخت

پھَنْگا (ھ۔ مذکر) آنکھ پھوڑ ٹڈا۔

پھَنْگَنک (س۔ مذکر) بلبل۔

پھُنْگی (ہ۔ مونث) 1 شگوفہ نئی شاخ 2 اناج کی بال کا سرا 3 ناک کا سرا۔

پھَنِن (س۔ مذکر) پھندار سانپ۔ افعی۔ کوئی سانپ۔ ناگ۔ **پھِن ناتھ** (مذکر) 1 شیشناگ کا ایک نام 2 پتنجلی کا لقب۔

پھُنَنگ (ہ۔ مونث) 1 درخت کی چوٹی۔ شاخ کا سرا 2 کوٹے کا سرا 3 کوئی چیز جو باہر کو نکلی ہوئی ہو (س پُر پہلے۔ آو۔ اوپر۔ گ۔ حرکت کرنے والا)

پَہَنْو (س۔ مذکر) دیکھو پہلو۔

پھُنو (ہ۔ مذکر) بچے کا آلہ تناسل

پھُنْوار۔ پھُنْہار (ھ۔ مذکر) دیکھو پھوار۔

پھَنی (ہ۔ صفت) 1 پھندار 2 (مذکر) ایک قسم کا سانپ 3 گوٹا وغیرہ بننے کا آلہ۔

پھَنی (ہ۔ مونث) چھوٹا پھانا جو آرہ کش استعمال کرتے ہیں (پھانا سے)

پھُنی۔ پھُنیا (ھ۔ مونث) 1 پھندنا 2 گانٹھ 3 بچے کا آلہ تناسل۔

پھَنِیشور۔ پھَنِیندر (س) دیکھو پھنناتھ۔ پھن کے تحت میں۔

پھُو (ہ۔ مونث) 1 پھونکنے کی آواز 2 (حرف ندا) نفرت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے بولا جاتا ہے۔

پہُوا (ھ۔ مذکر) ایک پرندہ۔

پھُوا (ہ۔ مونث) 1 پھوپھی۔ باپ کی بہن 2 (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا گرگٹ **پھوا پھو** (مذکر) لڑکیوں کا ایک کھیل۔

پھُوار (ہ۔ مونث) 1 چھوٹی چھوٹی باریک بوندوں کی ہلکی بارش۔ باریک بوندیں (اڑانا۔ اڑنا۔ پڑنا۔ چھوڑنا وغیرہ کے ساتھ) 2 ایک قسم کا باریک کپڑا جس پر بوندیں سی بنی ہوتی ہیں۔ (س پرش۔ گیر ہونا) **پھوار دار** (صفت) جس پر بوندیں سی پڑی ہوں۔ داغدار۔ گلدار۔

مثل۔ پھوار سے کھیت نہیں بھرتے۔ تھوڑی پونجی سے بڑا کام نہیں ہوتا

پھُوارا (ہ۔ مذکر) فوارے کا بگڑا ہوا۔

پھُوارڑ (ھ۔ مونث وصفت) دیکھو پھوہڑ۔

پھُوپا۔ پھُوپھا (ہ۔ مذکر) پھوپھی کا خاوند۔ **پھوپھو۔ پھوپھی۔ پھوپی** (مونث) باپ کی بہن۔

پھُوپَس (ھ۔ مونث) پھوپیا ساس کا مخفف۔ بیوی کی پھوپھی۔ **پھوپسرا** (مذکر) پھوپس کا خاوند۔

پھوپھسا (ھ۔ مذکر) دیکھو پھپیا

پھوپھی (ہ۔ مونث) پھپی۔

مثل۔ پھوپھی مس لینا، بھتیجے مس دینا۔ انسان کو اپنے فرائض ادا کرنے ہی پڑتے ہیں۔

پھوپھیرا۔ پھوپیرا (مذکر)

پھوپھیری۔ پھوپیری (ھ۔ مونث) دیکھو پھپھیرا وغیرہ۔

پھوپھیری (ھ۔ مونث) فضول خرچی۔ اسراف۔ دولت اجاڑنا۔ روپیہ لٹانا۔ جائداد برباد یا تباہ کرنا۔

پھوٹ (ہ۔ امر) پھوٹنا کا ۲ (مونث) نااتفاقی۔ بگاڑ۔ نزع۔ ان بن۔ نفاق۔ تفرقہ ۳ جدائی۔ علیحدگی۔ مفارقت ۴ جھگڑا۔ فساد۔ تنازعہ۔ لڑائی ۵ اتفاق رائے نہ ہونا ۶ درز۔ شگاف۔ بال۔ خط ۷ شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ ۹ ایک پھل خربزے کی قسم کا ۱۰ (تف) باہر۔ بیروں ۱۱ اوپنے زور سے شدت سے ۱۲ زار زار۔ ڈھاڑیں مار کے۔ درد ناکی سے ۱۳ (صفت) جدا۔ علیحدہ ۱۴ اکیلا۔ فرد (س سپھٹ پھٹنا) **پھوٹا** (ماضی) پھوٹنا کی ۲ (صفت) ٹوٹا ہوا شکستہ۔ ٹوٹا کا تابع۔ **پھوٹ آنا** (لازم) ۱ باہر نکل آنا نمودار ہونا ۲ شگوفہ نکلنا ۳ (بیج) اگنا۔ **پھوٹا پڑنا** (لازم) خود بخود ظاہر ہونا۔ **پھوٹا مقدر** (مذکر) بدقسمتی **پھوٹ بکھیرا** (ھ) بکھرا ہوا۔ منتشر۔ تتر بتر۔ **پھوٹ بہنا** (لازم) زار زار رونا۔ دھاڑیں مار کر رونا ۲ پانی کے تالاب وغیرہ کی دیواریں توڑ کر نکل جانا ۳ پھوڑا خود بخود پھوٹ کر مواد جاری ہونا ۴ بھید ظاہر ہو جانا۔ واقعات بتا دینا۔ دل کی بات ظاہر کر دینا۔ کینہ یا شکایت ظاہر ہو جانا۔ **پھوٹ پڑنا** (لازم) نااتفاقی ہونا۔ ان بن ہونا۔ نفاق ہونا (میں درمیان کے ساتھ) ۲ اتفاق رائے نہ ہونا۔ **پھوٹ پھٹک** (مونث) عو۔ جدائی علیحدگی۔ **پھوٹ پھٹک رہنا** (لازم) ۱ نااتفاقی رہنا۔ ان بن رہنا ۲ جھگڑا فساد رہنا۔ **پھوٹ پھوٹ (سکے)** (تف) ۱ باہر۔ بیروں ۲ زور سے۔ شدت سے ۳ زار زار ۴ ڈھاڑیں مار کر۔ **پھوٹ پھوٹ (کر یا کے) رونا** (لازم) شدت سے رونا۔ بہت رونا۔ زار زار رونا۔ **پھوٹ پھوٹ (کے) نکلے** (بددعا) کوڑھ ہو۔ چیچک نکلے۔ **پھوٹ جانا** (لازم) دیکھو پھوٹنا۔ **پھوٹ ڈالنا** (متعدی) دو شخصوں میں نااتفاقی۔ جھگڑا یا فساد کرا دینا۔ **پھوٹ کر رونا** (لازم) زور زور سے یا زار زار رونا۔ **پھوٹ سا کھل جانا** (لازم) شق ہو جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا **پھوٹ کر نکلنا** (لازم) ۱ زمین سے کسی چیز کا نکلنا یا اگنا ۲ درخت سے شاخ نکلنا ۳ کسی سیال چیز کا دیوار سے یا کسی اور چیز سے نکل جانا۔ **پھوٹن** (ھ۔ مونث) ۱ جوڑوں کا درد ۲ نااتفاقی۔ بگاڑ جھگڑا۔ **پھوٹنا** (لازم) ۱ ٹوٹنا۔ تڑخنا۔ بال آنا ۲ اگنا۔ شگوفہ نکلنا ۳ کھلنا۔ شگفتہ ہونا ۴ نکلنا۔ ظاہر ہونا ۵ راز ظاہر ہونا۔ بھید افشا ہونا ۶ پھنسیاں نکلنا۔ جذام ہو جانا ۷ جدا ہو جانا۔ فریق مخالف سے مل جانا ۸ کہنا۔ بولنا (کچھ کے ساتھ) ۹ سیال چیز کا توڑ کر نکل جانا ۱۰ آلائش نکلنا۔ مواد بہنا ۱۱ (آنکھ) روشنی جاتی رہنا ۱۲ (قسمت) بدنصیبی ہونا ۱۳ تکلیف ہونا ۱۴ (رنگ) نمایاں ہونا۔ ظاہر ہونا جھلک معلوم ہونا ۱۵ (سر وغیرہ) زخمی ہونا۔ پھٹنا ۱۶ (پھوڑا وغیرہ) پھٹنا۔ سوراخ ہونا ۱۷ (حرف) سیاہی کا ورق کے دوسری طرف ظاہر ہونا ۱۸ (پانی) جوش ہو جانا۔ گرم ہو جانا ۱۹ (بو) پھیلنا۔ منتشر ہونا۔ **پھوٹ نکلنا** (لازم) ۱ کسی سیال چیز کا زور سے بہ نکلنا ۲ جاری ہونا۔ ٹپک پڑنا ۳ نمودار ہونا۔ ظاہر ہونا ۴ بھید کھل جانا۔ افشائے راز ہونا ۵ جسم پر پھنسیاں ہو جانا ۶ مواد کا جسم پر ظاہر ہو جانا **پھوٹ ہونا** (لازم) نااتفاقی ہونا۔ جھگڑا ہونا **پھوٹی** (صفت) ۱ ٹوٹی ہوئی۔ شکستہ ۲ (ھ۔ مونث) نااتفاقی بگاڑ۔ جھگڑا ۳ خربوزے کی ایک قسم۔ **پھوٹی آنکھ** (مونث) (تحقیر سے) آنکھ۔ **پھوٹی آنکھ (آنکھوں نظروں) نہ بھانا** (لازم) بالکل پسند نہ آنا۔ برا لگنا **پھوٹی آنکھوں سے سوجھتا ہے**۔ کچھ دکھائی دیتا ہے۔ کچھ سمجھ میں آتا ہے۔ کچھ معلوم ہوتا ہے۔ **پھوٹی آنکھ کا تارا یا دیدہ** (مذکر) نہایت عزیز بیٹا۔ جو کئی بیٹوں میں سے زندہ بچا ہو۔ **پھوٹی تقدیر یا قسمت**۔ **پھوٹے نصیب** (مذکر) بدنصیبی۔ تقدیر کی خرابی۔ **پھوٹے دیدوں نہ بھانا** (لازم) بالکل پسند نہ آنا۔ نہ بھانا۔ **پھوٹی کوڑی نہ ہونا**۔ کچھ بھی نہ ہونا۔ سخت مفلس یا قلاش ہونا۔ **پھوٹے منہ سے** (تحقیر سے) برے منہ سے۔ بد دلی سے۔ **پھوٹے منہ سے بولنا یا پوچھنا** (متعدی) برے منہ سے یا بد دلی سے کہنا

امثال و اقوال۔ پھوٹا تو پھوٹا جھوجھرا کیوں کیا۔ زیادہ نقصان کی شکایت کے وقت بولتے ہیں۔ **پھوٹ ہندوستان کا میوہ ہے**۔ یہ پھل ہندوستان ہی میں پیدا ہوتا ہے ہندوستان میں مختلف اقوام میں بہت نااتفاقی ہے **پھوٹی آنکھوں سے سوجھتا ہے کچھ**۔ تم کو کچھ معلوم ہوتا یا سجھائی دیتا ہے۔ **پھوٹی دیگچی قلعی کی بھڑک**۔ بری بات کو چھپانا۔ ظاہر اچھا باطن برا۔ **پھوٹی سہی (سہیں) آنجی نہ سہی (سہیں)** (ھ) آنکھ پھوٹ جائے مگر انجن نہیں لگانا۔ اس کنجوس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو نقصان سے بچنے کے لئے خرچ نہ کرے۔ **پھوٹی ہانڈی آواز سے ہی پہچانی جاتی ہے** نقص آسانی سے معلوم ہو جاتا۔

پھوٹک (ہ۔ مونث) وہ چیز جو ریزہ ریزہ ہو جائے۔ ریزہ (اصطلاح مہوساں)

پھوڑ (ہ۔ صفت) پھوہڑ۔ بے سلیقہ (دہلی عو) **پھوڑپن** (مذکر) بدسلیقگی۔

پھوڑ (ہ۔ امر) ۱ پھوڑنا کا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے آنکھ پھوڑ ۲ (عو) گوردس سپھٹ۔ پھٹنا) **پھوڑا** (ماضی) پھوڑنا سے۔ **پھوڑ ڈالنا** **پھوڑنا** (متعدی) ۱ توڑنا۔ ٹکڑے کرنا ۲ (بھانڈا) بھید ظاہر کرنا۔ راز فاش کرنا ۳ (آنکھ) اندھا کرنا ۴ (دیوار) سوراخ کرنا۔ نقب لگانا ۵ (قسمت) بدقسمت بنانا۔

پھوڑنی (ھ) توڑنے کا ایک آلہ۔

پھوڑا (ھ۔ مذکر) پھاوڑا۔

پھوڑا (ہ۔ مذکر) بدن پر ایک بڑا سخت ابھار جو سخت تکلیف دہ ہوتا ہے اور جس میں پیپ پیدا ہو جاتی ہے۔ اگر چھوٹا رہے تو پھنسی کہلاتا ہے دنبل (س سپھونک) **پھوڑا بہنا** (لازم) بڑی پھنسی سے مواد جاری ہونا۔ **پھوڑا بیٹھ جانا** (لازم) پھوڑے کے مندمل ہو جانا۔ **پھوڑا پکنا** (لازم) پھوڑے کا پیپ سے بھر جانا۔ **پھوڑا پھنسی** (مونث) پھنسی۔ **پھوڑا پھوٹنا** (لازم) ۱ پھوڑے کا پک کر پھٹ جانا اور پیپ بہنا ۲ بری بات ظاہر ہو جانا۔ **پھوڑا ٹپکنا** (لازم) پھوڑے میں ٹیس ہونا۔ **پھوڑا چھیڑنا** (متعدی) پھوڑے میں نشتر دینا۔ **پھوڑا رسنا** (لازم) پھوڑے سے تھوڑا تھوڑا مواد آنا۔ **پھوڑا لپکنا** (لکھنؤ) دیکھو پھوڑا ٹپکنا **پھوڑا نکلنا** (لازم) پھوڑے کا پیدا ہونا۔ **پھوڑے کا منہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں سے پھوڑا پھوٹتا ہے۔

پھوس (ہ۔ مذکر) ۱ پرانی خشک گھاس جو چھپر باندھنے کے کام آتی ہے ۲ کوئی چیز جو کمزور یا پرانی ہو ۳ فضول چیز۔ نکمی چیز ۴ ہلکا تمباکو جو کڑوا نہ ہو ۵ (صفت) جلد جل جانے والا ۶ بڈھا ۷ گھاس اور بڈھا کے ساتھ تابع کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **پھوس کا پولا** (صفت) کمزور اور بھس۔ **پھوس کا تاپنا**

(متعدی) ۱ کینے سے فائدے کی امید رکھنا ۲ بے بنیاد کام کرنا۔ فضول کام کرنا۔ **پھوس کی آگ** (مونث) تھوڑی دیر۔ **پھوس میں چنگاری ڈالنا** (متعدی) فساد کرانا۔ جھگڑا کرانا۔ اشتعال دینا۔

پھُوس (ھ۔ مذکر) پوس (عف)

پھُوسرا (ھ) **پھُوسڑا** (ہ۔ مذکر) ۱ دھاگے کے کنارے کا کھلا ہوا ریشہ ۲ کپڑے کاغذ وغیرہ کا کھلا ہوا ریشہ ۳ بچہ۔ لڑکا ۴ (ھ) پھل کے اوپر کا باریک بال ۵ فضول چیز۔ بیکار چیز (پھوس سے)

پھُوسکا (ھ۔ مذکر) ۱ چھالا۔ پھپی ۲ سوجن۔ ابھار ۳ کوئی پھولی یا ابھری ہوئی چیز۔

پھُوسی (ہ۔ مونث) ۱ پھوس۔ کوڑا کرکٹ (پھوسی سے) ۲ کانا کے ساتھ تابع استعمال ہوتا ہے یہ لفظ غالباً پنجابی کا ہے جس کے معنی پھسکی ہیں۔

پھُوک (ھ۔ مونث) پھونک۔

پھوک (ہ۔ مذکر) ۱ کسی چیز کا رس نکال لینے کے بعد جو خشک مادہ رہ جاتا ہے ۲ فضلہ۔ سفل ۳ فضول بیکار چیز ۴ (دلالوں کی اصطلاح) چار۔

پھوک۔ پھوکا (ھ۔ صفت) ۱ خالی۔ کھوکھلا۔ تھوتھا ۲ رس یا اثر نکلا ہوا۔ نچڑا ہوا ۳ ہلکا۔ بے وزن ۴ نرم۔ ملائم ۵ سادہ۔ صوفیانہ۔ **پھوک** (مونث) ۱ کھوکھلا پن۔ خلا۔ جوف ۲ سوفار۔ تیر کی چٹکی

پھوکٹ (ہ۔ مونث) ۱ مفت کی چیز۔ بلاقیمت شے ۲ (مذکر) نکما یا نالائق شخص۔ مفلس شخص۔ (پھوک سے) **پھوکٹ کا** (صفت) مفت کا۔ بے قیمت **پھوکٹ میں** (صفت) بلاخرچ۔ مفت۔ خالی خولی۔

پھُوکر (ھ۔ مذکر) عقلمند ہوشیار نوجوان۔

پھوکڑ (ھ۔ مذکر) دیکھو پھوک۔

پھوکل۔ پھوکلا (ہ۔ صفت) ۱ خالی۔ کھوکھلا ۲ مفلس۔ قلاش۔ دیکھو پھوکا۔

پھُوکنا (ھ۔ متعدی) پھونکنا۔
مثل۔ پھوکنے کے نہ پھاکنے کے۔ ٹانگ اٹھا کے تاپنے کے۔ خود غرض کی نسبت بولتے ہیں۔

پھوکی (ھ۔ مونث) نرم زمین جس میں ہل آسانی سے چل سکے۔

پھوک (ھ۔ مذکر) دیکھو پھوک

پھُول (ہ۔ مذکر) ۱ بعض پودوں کا آلۂ پیدائش جدید یا مجموعۂ آلات پیدائش جدید ۲ گل۔ پشپ ۳ گل کی شکل کا نقش جو کپڑوں پر بنا ہوتا ہے ۴ کاغذ یا کپڑے کا گل ۵ گلدار کیل ۶ فیتوں کا گچھا ۷ فیتہ جو ٹوپی یا کوٹ کے بٹن میں لگایا جائے ۸ شرارہ۔ پتنگا ۹ ایک سفید دھات ۱۰ نقش و نگار ۱۱ کھانے کے تمباکو کے پتے ۱۲ کسی چیز کی تھوڑی سی مقدار جیسے بنگ یا ساگ کے دو پھول دینا ۱۳ آنکھ کی پھلی ۱۴ برص کے سفید داغ ۱۵ حیض ۱۶ نشتر کی نوک ۱۷ گل کی شکل کا پان کترا ہوا ۱۸ اعلیٰ قسم کی شراب ۱۹ کیڑا جو گوشت یا زخم میں پڑ جائے ۲۰ ہندوؤں کے مردوں کی جلی ہوئی ہڈیاں ۲۱ مسلمانوں میں تیسرے یا پانچویں دن کی فاتحہ ۲۲ روشنی یا آگ جو رات کو نظر آئے ۲۳ کسی پتلی چیز کے جما کر سکھائے ہوئے ورق ۲۴ نمک۔ شورے وغیرہ کا سفوف جو دیوار پر جم جاتا ہے ۲۵ پیتل کا نشان جو ڈھال پر ہوتا ہے ۲۶ سوجن ۲۷ (صفت) ہلکا۔ سبک ۲۸ نازک ۲۹ (امر) پھولنا کا (س پھل)، **پھُولا** (ماضی) ۱ پھولنا کی ۲ (صفت) کھلا ہوا۔ پھولوں سے بھرا ہوا۔ **پھول آملہ** (مذکر) ایک قسم کی گھاس۔ **پھول آنا** (لازم) ۱ درخت میں پھول لگنا ۲ حیض آنا۔ عورت کا بالغ ہونا **پھولا پھلا رہے** (دعا) سرسبز رہے۔ صاحب اقبال ہو۔ دولت اور اولاد ملے۔ **پھول اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) پودے سے پھولوں کا چنا جانا۔ پھولوں کا ٹوٹنا یا جھڑنا۔ **پھول اُٹھنا** (لازم) سوم کی فاتحہ ہونا۔ **پھول بُجھنا** (لازم) شرارہ بجھنا۔ **پھول بھیجنا** (متعدی) پھولوں کی ایک خاص زبان ہے جس کے ہر پھول کے لئے اشارہ مقرر ہوتا ہے۔ عاشق یا معشوق دوسرے کو خط لکھنے کی بجائے پھول بھیج دیتا ہے۔ اور وہ مطلب سمجھ جاتا ہے۔ **پھول پان سے نازک ہونا** (لازم) بہت نازک ہونا۔ نازک بدن ہونا۔ **پھول پان دینا** (متعدی) خاطر تواضع کرنا **پھول پان کی گدھی** (مونث) بچوں کا ایک کھیل (دہلی)، **پھول پان کی طرح الٹ پلٹ کرنا** (متعدی) بیمار کی خبرگیری کرنا۔ **پھول پتی** (مونث) نقش و نگار۔ بیل بوٹا۔ **پھول پڑنا** (لازم) ۱ شرارہ گرنا ۲ آگ لگنا ۳ سفید داغ پڑنا۔ **پھول پڑے** (بددعا) آگ لگے۔ **پھول پلانا** (متعدی) پھول شراب نوش کرانا۔ **پھول پھلی** (مونث) ایک قسم کی گھاس۔ **پھول پھولنا** (لازم) گل شگفتہ ہونا۔ **پھول پینا** (متعدی) شراب پینا۔ **پھول توڑنا** (متعدی) دیکھو پھول چننا۔ **پھول جھڑنا** (لازم) ۱ شاخ سے پھول خود بخود گرنا ۲ نہایت شیریں گفتگو کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔ میٹھی میٹھی باتیں کرنا ۳ رگڑ سے آگ کی چنگاریاں نکلنا ۴ آگ۔ آتشبازی یا چراغ سے شرارے نکلنا۔ **پھول چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) قبر پر پھول رکھے جانا۔ **پھول چُننا** (متعدی) پھول اتارنا گلچینی کرنا۔ پھول اکٹھے کرنا۔ پھول توڑنا۔ **پھولدار** (صفت) جس پر پھول بنے ہوئے ہوں۔ گلدار۔ **پھول ڈالنا** (متعدی) ۱ آگ کی چنگاری ڈالنا ۲ پھول بنانا کپڑے دیوار وغیرہ پر پھول پتی بنانا۔ **پھول ڈول** (ھ۔ مذکر) ایک کھیل۔ **پھول سا** (صفت) ۱ نازک ۲ خوبصورت۔ گلابی۔ **پھول سا بدن** (مذکر) نازک بدن۔ **پھول سونگھ کر جینا یا رہنا** (لازم) بہت کم کھانا۔ **پھول سے گال** (مذکر) گلابی رخسار۔ **پھول کان میں رکھنا** (متعدی) کان کے سوراخ میں پھول دھرنا۔ یہ ایک قسم کا سنگار ہے۔ **پھول کاڑھنا** (متعدی) دھاگے سے کپڑے پر پھول بنانا۔ **پھول کا ہنسنا** (لازم) پھول کھلنا۔ **پھول کترنا** (متعدی) ۱ قینچی سے کاغذ یا کپڑے کا پھول کاٹنا ۲ چراغ کا گل کترنا ۳ انوکھا کام کرنا۔ **پھول کرنا** (متعدی) سوم کرنا۔ **پھول کڑھنا** (متعدی) کپڑے پر پھول بننا۔ **پھول کملانا** (لازم) پھول کا مرجھا جانا۔ **پھول کھِلنا** (لازم) ۱ پھول شگفتہ ہونا ۲ شادی ہونا۔ **پھول کی چھڑی نہ چھوانا یا لگانا** (متعدی) کبھی کچھ سزا نہ دینا۔ کبھی نہ مارنا۔ بڑے ناز و نعم سے پالنا۔ **پھول کے دن** (مذکر) حیض کے دن۔ **پھول گوبھی** (مونث) ایک پودہ جس کا پھول بہت بڑا ہوتا ہے اور ترکاری کے طور پر پکایا جاتا ہے۔ اس کا بیج جون سے ستمبر تک بویا جاتا ہے۔ انگریزی اقسام کا جتنی دیر سے بویا جائے اچھا ہے۔ **پھول لانا** (متعدی) درخت یا پودے کا پھول نکالنا۔ پھول کا درخت پر ظاہر ہونا **پھول لگنا** (لازم) درخت پر پھول کا ظاہر ہونا۔ پھول پیدا ہونا۔ **پھول لے (کر) جانا** (لازم) ہندوؤں کا مردے کی سوختہ ہڈیاں لے کر گنگا میں ڈالنے کے لئے جانا۔ **پھول مارنا** (متعدی) گلفشانی کرنا۔ کسی پر پھول پھینکنا۔ **پھول مَرجانا یا مُرجھانا** (متعدی) پھول کملانا یا سوکھ جانا۔ **پھول منہ سے جھڑنا۔** (لازم) شیریں کلام ہونا۔ نہایت شائستہ گفتگو ہونا۔

پھولنا (متعدی) ۱ پھول کا کھلنا ۲ شفق کا نمودار

ہونا۔ **پھولنا پھلنا** (لازم) ترقی ہونا۔ دولت اور اقبال بڑھنا۔ **پھول نہ کھلنے پانا** (لازم) شادی نہ ہونا۔ **پھول والا** (صفت) ۱ جس پر پھول نکلے ہوئے ہیں ۲ (مذکر) مالی۔ **پھولو پھلو** (دعا) خوش و خرم رہو صاحب اقبال ہو۔ دولت اور اقبال میں ترقی ہو۔ **پھول والوں کا میلا** (مذکر) **کی سیر** (مونث) ایک میلا جو مہرولی (پرانی دہلی) میں ہر سال منایا جاتا تھا کچھ عرصے سے بند ہے۔ **پھولوں سے لدنا** (لازم) شاخوں پر کثرت سے پھول ہونا ۲ کسی شخص یا چیز پر کثرت سے پھول ڈالے جانا۔ **پھولوں کا (کی)** (صفت) پھولوں سے بنا ہوا (بنی ہوئی) **پھولوں کا بچھونا یا بستر** (مذکر) ۱ اس قدر پھول بچھائے جانا کہ بستر معلوم ہو ۲ آرام کی زندگی۔ **پھولوں کا دن** (مذکر) تیجے کا دن **پھولوں کا گہنا** (مذکر) پھولوں کا بنا ہوا زیور **پھولوں کا ہار** (مذکر) **کی بدھی** (مونث) گردن میں پہننے کا زیور جو پھولوں سے بنا ہوا ہو۔ **پھولوں کے بستر پر سونا** (لازم) آرام کی زندگی بسر کرنا۔ **پھولوں کی ٹوکری** (مونث) پھولوں سے بھری ہوئی ٹوکری۔ مالنوں یا مالیوں کی ٹوکری جو پھولوں سے بھری ہوئی ہوتی ہے۔ **پھولوں کی چادر** (مونث) وہ چادر کی شکل میں گندھے ہوئے پھول جو بزرگوں کی قبروں پر ڈالتے ہیں، چادر گل۔ **پھولوں کی چھڑی** (مونث) ۱ وہ چھڑی جس میں پھول پروئے ہوئے ہوتے ہیں ۲ وہ چھڑی جس پر پھولوں کے ہار چوتھی کھیلنے کے لئے لپیٹے جاتے ہیں ۳ بہت ہلکی چیز۔ **پھولوں کی سیج** (مونث) بستر پر پھولوں کی تہ **پھولوں کے کانٹے میں تلنا** (لازم) ۱ نہایت نازک بدن ہونا ۲ نہایت سبک ہونا ۳ عیش و عشرت میں زندگی بسر کرنا۔ **پھولوں میں جانا** (لازم) مردوں کے تیجے پر جانا۔ **پھول ہونا** (لازم) مسلمانوں میں رسم فاتحہ ہونا **پھولو لے پھلے** (دعا) سرسبز ہو۔ صاحب اقبال ہو اولاد اور دولت میں ترقی ہو (غائب آدمی کے لئے ہے)

امثال و اقوال۔ پھول

آئے ہیں تو پھل بھی (آئے گا) آئیں گے۔ پھول آیا پھل بھی آئے گا۔ عورتیں تسلی کے لئے کہتی ہیں۔ **پھول باغ ہی میں خوب کھلتا ہے**۔ شگفتگی اور مسرت اپنے ہی ہم جنسوں سے خوب ہوتی ہے۔ **پھول پھول کر کے چنگیر بھرتی ہے**۔ تھوڑا تھوڑا کر کے بہت ہو جاتا ہے۔ قطرہ قطرہ می شود دریا۔ **پھول ٹہنی ہی میں (اچھا لگتا ہے) ٹھیک رہتا ہے**۔ ہر چیز اپنی اصلی جگہ میں ہی ٹھیک معلوم ہوتی ہے۔ **پھول جھڑے تو پھل لگے**۔ پھل پھول کے درمیان میں سے پیدا ہوتا ہے جس وقت پھل بڑھنا شروع ہوتا ہے تو پھول گر جاتا ہے ایک شخص کا نقصان ہو تو دوسرے کا فائدہ ہو جاتا ہے **پھول کی بیرن دھوپ اور گھی کا بیری کوپ** (ھ) دھوپ سے پھول مرجھا جاتے ہیں اور کپے میں ڈالنے سے گھی خراب ہو جاتا ہے۔ **پھول کی جگہ پنکھڑی**۔ بہت کی بجائے تھوڑا ہی سہی ۲ وہاں بھی کہتے ہیں جہاں امید زیادہ ہو اور ملے تھوڑا **پھول کی ڈال نیچے کو جھکے**۔ شریف آدمی غرور نہیں کرتا۔ **پھول نہ پان دیبی ہاں ہاں** (ھ) نرمی کی باتوں سے کام نہیں چلتا کچھ خرچ بھی کرنا چاہئے۔ **پھول نہ سہی نہ سہی**۔ بہت نقصان گوارا نہ کیا خیر تھوڑا گوارا کر لیا **پھول نہیں پنکھڑی سہی**۔ جو ملے غنیمت ہے از خرس موئے بس است۔ **پھولوں کی ماری گر پڑی ٹھول کی ماری اٹھ بیٹھی**۔ بڑی تکلیف برداشت کر لی تھوڑی نہ کر سکی۔ **پھول وہی جو مہیش (مہیشر) چڑھے**۔ چیز وہی اچھی جو کسی کام آئے۔

پھول (ہ۔ امر) ۱ پھولنا کا ۲ (ھ) سوجی ہوئی جلد (س پھل۔ پھیلنا) **پھولا** (ماضی) ۱ پھولنا کی ۲ (صفت) سوجا ہوا۔ ہوا یا پانی سے بھرا ہوا ۳ (مذکر) پرندوں کا مرض جس میں جانور پھول جاتا ہے ۴ سفیدی کا نشان جو گھوڑوں کے پٹھوں پاؤں یا ران پر ہوتا ہے ۵ یہ بہت منحوس سمجھا جاتا ہے۔ **پھولا بدن میں نہ سمانا** (لازم) دیکھو پھولا نہ سمانا۔ **پھولا پھولا پھرنا** (لازم) خوش خوش پھرنا۔ اینٹھا ہوا پھرنا۔ **پھولا کھڑا ہونا** (لازم) غصے میں بھرا ہونا۔ **پھولا لگنا** (لازم) غصے یا رنج کی وجہ سے چپ ہو جانا۔ **پھولا نہ سمانا** (لازم) نہایت خوش ہونا۔ خوشی میں آپے سے باہر ہونا۔ **پھلاؤ** (ہ) دیکھو پھلاؤ۔ **پھول بیٹھنا** (لازم) روٹھ جانا۔ ناراض ہو جانا۔ **پھول پڑنا** (لازم) دیکھو پھولنا۔ **پھولنا پھرنا** (لازم) دیکھو پھولا پھولا پھرنا۔ **پھول جانا** (لازم) ۱ ہوا بھر جانا۔ تن جانا ۲ سوجنا۔ سوجن ہونا ۳ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا ۴ مغرور ہونا۔ اترانا۔ **پھول کے کپا (گڑگچ۔ مٹکا) ہو جانا** (لازم) بہت موٹا یا فربہ ہو جانا۔ **پھولنا** (لازم) ۱ ہوا بھرنے سے تن جانا ۲ اترانا۔ فخر کرنا۔ نازاں ہونا ۳ ناراض ہونا۔ خفا ہونا ۴ خوش ہونا ۵ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا ۶ (پیٹ) ابھرنا ۷ (سر) سر پر پھنسیاں نکل آنا ۸ (ہاتھ پاؤں) سٹ پٹا جانا۔ گھبرا جانا۔

امثال و اقوال۔ پھولے

پھولے پھرت ہیں آج ہمارو بیاہ۔ تلسی گئے بجائے کے دیو کاٹھ میں پاہ (ھ) گو شادی کی بہت خوشی ہوتی ہے انسان مصیبتوں میں پھنس جاتا ہے۔ **پھولی پھولی گونے کو۔ ٹھسک نکل گئی رہنے کو**۔ بیاہ اور گونے کی بڑی خوشی تھی باقی عمر پڑی روتے گی۔ بیاہ کے بعد مصیبتوں کا زمانہ شروع ہوتا ہے

پھولا (ھ۔ مذکر) ۱ آبلہ۔ پھپھولا ۲ روئی کا گالا ۳ دھاگے کی انٹی۔ سوت کی پیچک ۴ کاجل

پھولام (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔

پھوں (ہ۔ مونث) ۱ سانپ کی پھنکار ۲ کتے کا سونگھنا ۳ گھوڑے کا خراٹا (س پھت ہوا) **پھوں پھاں** (مونث) شیخی۔ اکڑفوں۔ **پھول پھول** (مونث) ۱ آگ بھڑکنے کی آواز ۲ آگ پھونکنا **پھوں پھوں کرنا** (متعدی) پھنکارنا ۲ غصے ہونا۔

پھونپھی (ہ۔ مونث) نلی۔ نے کوئی چیز جس میں چھید ہو اور اس میں پھونکا جا سکے۔

پھوٹی (ہ۔ مونث) پھوٹ خربوزہ

پہونچ (ہ۔ مونث) دیکھو پہنچ دیگر محاورات کے لئے بھی۔

پھونچڑا (ہ۔ مذکر) پھونسڑا۔

پھونس (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو پھوس ۲ دیکھو پوس۔

پھونسڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو پھوسڑا

پھونک (ہ۔ امر) ۱ پھونکنا سے ۲ (مونث) ہوا جو منہ سے زور سے نکالی جائے ۳ دم۔ منتر۔ دعا ۴ (مذکر) حقے کا کش ۵ (صفت) ہلکا۔ سبک۔ **پھونکا** (ماضی) پھونکنا کی۔ **پھونک (پھونک) کے (پاؤں) قدم رکھنا** (متعدی) بہت احتیاط کرنا۔ ڈرتے رہنا۔ **پھونک دینا** (متعدی) دیکھو پھونکنا **پھونک ڈالنا** (متعدی) ۱ جلا دینا۔ آگ لگا دینا۔ ۲ تباہ کر دینا۔ برباد کرنا ۳ روپیہ فضول خرچی میں اڑا دینا

فضول خرچ کر دینا۔ **پھونک سا آدمی** (مذکر) نہایت ضعیف اور لاغر۔ **پھونک مارنا** (متعدی) زور سے منہ سے ہوا نکالنا ۲ دیکھو پھونکنا۔ دف۔ چراغ بجھانے یا آگ جلانے کے لئے۔ **پھونک نکل جانا** (لازم) ۱ بھری ہوئی ہوا نکل جانا ۲ دم نکل جانا۔ مرجانا۔ **پھونکنا** (متعدی) ۱ پھونک مارنا ۲ جلانا۔ آگ لگانا ۳ ہندوؤں کا مردے کو جلانا ۴ دم کرنا۔ دعا یا منتر پڑھ کر پھونک مارنا ۵ حقے کا پانی منہ کی ہوا کے زور سے نکالنا ۶ کشتہ کرنا ۷ بہکانا اغوا کرنا ۸ برباد کرنا۔ ضائع کرنا ۹ بھڑکا دینا۔ لگائی بجھائی کرنا ۱۰ دھونکنا۔ بھڑکانا ۱۱ بجانا ۱۲ آواز نکالنا ۱۳ دل جلانا ستانا ۱۴ مشہور کرنا۔ شائع کرنا ۱۵ حلول کرنا۔ پہنچا دینا۔ **پھونکی چھری** (مونث) وہ چھری جس پر دعا یا منتر پڑھکے پھونکا گیا ہو۔

امثال و اقوال۔ پھونکے کے نا پھانکے کے۔ ٹانگ اٹھاکے تاپے کے کام نہیں کرتا مگر آرام چاہتا ہے۔ خود غرض سست شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ **پھونک مشال اٹھا چوپالا** تیار ہو جلدی کر۔ ڈولی اٹھانے والوں سے یہ مثل لی گئی ہے۔

پھونک (ہ۔ مونث) تیرکا سوفار بیچ سے خالی۔ کھوکھلا۔

پھونگ (ھ) دیکھو پھنگ

پھونوار۔ پھونہار۔ پھونہی

پھونٹی (ھ۔ مونث) دیکھو پھوار۔

پھونیارا (ھ۔ مذکر) فوارہ۔

پھوہا (ہ۔ مذکر) ۱ روئی کا ٹکڑا۔ جسے ترکر کے بچے کے منہ میں رکھیں کہ وہ چوسے ۲ روئی کا چھوٹا گالا ۳ روئی کا چھوٹا ٹکڑا جو عطر سے تر ہو۔

پھوہار (ھ۔ مونث) پھوار۔

پھوہڑ (ھ) **پھوہڑ** (ہ۔ صفت) ۱ بدسلیقہ۔ بے ہنر۔ بے حیا۔ بے شرم ۲ بیوقوف۔ احمق ۳ ناشائستہ۔ بے تمیز ۴ گندی۔ میلی ۵ بھدی۔ گنوار (یہ لفظ اردو میں عورت کے واسطے استعمال ہوتا ہے) ۶ (مونث) پھوہڑ عورت ۷ (پ) چٹائی۔ **پھوہڑا** (ھ۔ صفت۔ مذکر) پھوہڑ۔ بیوقوف۔ **پھوہڑائی** (ھ) پھوہڑ پن۔ **پھوہڑپنا** (مذکر) بدسلیقگی۔ بے ہنری وغیرہ۔ **پھوہڑی** (مونث) ۱ پھوہڑ عورت ۲ (پ) چٹائی۔

امثال و اقوال۔ پھوہڑ چالے نو گھر ہالے (ھ) پھوہڑ گھر سے نکلے تو لوگ گھبراتے ہیں کیونکہ وہ ہر جگہ بیوقوفی کی باتیں کرتی ہے **پھوہڑ جروا ساگ میں شروا۔** ساگ خشک پکا ہوا اچھا معلوم دیتا ہے۔ لیکن بے ہنر عورت ساگ میں شروا رکھتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بدسلیقہ عورت عموماً کام خراب کرتی ہے **پھوہڑ چلے تو گھر ہلے** دیکھو پھوہڑ چالے الخ۔ **پھوہڑ سینے بیٹھے تب سوئی نوڑ سے۔** بے ہنر عورت ہر کام میں نقصان کرتی ہے۔ **پھوہڑ کا مال (سراہ سراہ) ہنس ہنس کھائیے** بیوقوف کا مال خوشامد سے کھاتے ہیں۔ **پھوہڑ کرے سنگار مانگ اینٹوں سے پھوڑے۔** بیوقوف عورت کے پاس بوقت ضرورت کوئی چیز نہیں نکلتی۔ اس لئے اسے غیر موزوں چیزیں استعمال کرنی پڑتی ہیں۔ **پھوہڑ کی جھاڑو سگھڑ کا لیپا دونوں چھپتے نہیں۔** بدسلیقہ اور خوش سلیقہ عورت کام سے معلوم ہو جاتی ہے۔ **پھوہڑ کے گھر آگی چنبیری۔ گوبر مانڈا سی پر گیری** (ھ) بدسلیقہ عورت کی ناواقفی ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ **پھوہڑ کے گھر کھڑکی لگی سب کتوں کو چنتا پڑی۔ بانڈا کتا بانچے سوں۔ لگی تو ہے پر دیگا کون** (ھ) بدسلیقہ عورت کے گھر میں دروازہ لگا تو کتوں کو فکر پڑی مگر ایک بے دم کتے نے کہا کہ دروازہ لگا تو ہے اسے بند کون کرے گا۔ مطلب یہ ہے کہ بدسلیقہ عورت بڑی بے احتیاطی سے کام کرتی ہے اور اپنا نقصان کرتی ہے۔

پھوہی (ھ) **پھوئی پھوئیں**

پھوئی (ہ۔ مونث) ۱ پھوار۔ باریک قطرہ ۲ پھپھوندی ۳ گھی کا پھول جو تاؤ دیتے وقت اوپر آجاتا ہے ۴ وہ آلہ جس سے عطر چھڑکتے ہیں۔ **پھوئیاں** (مونث) جمع پھوئیں کی۔ ننھی ننھی بوندیں۔ پھوار۔ **پھوئیوں پھوئیوں برسنا** (لازم) پھوہار پڑنا۔

امثال و اقوال۔ پھوئی پھوئی تالاب بھر جاتا ہے۔ پھوئیاں پھوئیاں تالاب بھر جاتا ہے۔ پھوئیں پھوئیں کرکے تالاب بھر جاتا ہے۔ پھوئیوں پھوئیوں تالاب بھر جاتا ہے۔ تھوڑا تھوڑا کرکے بہت ہو جاتا ہے۔

پھویا (ہ۔ مذکر) پھوہا (لکھنو)

پھہار (ھ۔ مونث) پھوار۔

پھہرانا (ھ۔ متعدی) جھنڈا ہلانا

پھہرنا (ھ۔ لازم) جھنڈا ہلنا

پھہڑائی (ھ۔ مونث) دیکھو پھوہڑائی۔

پہیا (ہ۔ مذکر) ۱ کوئی چیز لکڑی یا یا لوہے وغیرہ کی۔ جو اپنے محور پر پھرے مگر چوڑی کم ہو۔ گول حلقہ۔ چکر۔ چرخی ۲ گاڑی کا وہ حصہ جو زمین پر چلتا ہے ۳ مشینوں۔ گھڑیوں وغیرہ میں وہ گول حصہ جو اپنے محور پر گردش کرتا ہے ۴ لکڑی کا حلقہ جو کوئیں میں ڈالتے ہیں (تانا بنا پھرنا ٹوٹنا چلنا وغیرہ کے ساتھ) (س۔ پتھک) **پہیا پھر جانا** (لازم) پہئے کا کسی چیز پر سے گذر جانا۔ **پہیا پھری ناک** (مونث) بیٹھی ہوئی یا چپٹی ناک

پھیا (ھ۔ مذکر) دو پیسے فی روپیہ ٹیکس جو مالگذاری کے ساتھ پٹواری کیلئے لگایا جاتا ہے۔

پھیپڑا (ہ۔ مذکر) چھاتی کے اندر وہ عضو جس کے ذریعے خشکی کے جانور سانس لیتے ہیں۔ (س پھپھس) **پھیپڑا جلانا** (متعدی) کسی کی خیرخواہی کرنا۔ تنگ و دق کرنا۔

پھیپڑی (ہ۔ مونث) پپڑی۔ ہونٹوں کی خشکی (پپڑی سے) **پھیپڑی بندھ جانا** (لازم) پیاس سے ہونٹوں کا نہایت خشک ہونا پپڑی بندھ جانا۔

پھیپھڑا۔ پھیپھڑا (ھ۔ مذکر) دیکھو پھیپڑا۔

پھیپھڑی (ھ۔ مونث) چلنے یا حرکت کرنے کی ناقابلیت۔

پھیٹ۔ پھیٹا۔ پھینٹنا (ہ۔ متعدی) دیکھو پھینٹ وغیرہ۔

پھیر (ہ۔ امر) ۱ پھیرنا کا ۲ (مذکر) چکر۔ گھماؤ۔ موڑ۔ راہ کی کجی ۳ فاصلہ۔ دوری۔ فرق ۴ تفاوت۔ بل ۵ دائرہ۔ حلقہ۔ احاطہ۔ گھیر ۶ گردش۔ چکر ۷ فریب۔ دھوکا۔ پیچ۔ جال ۸ مشکل۔ بکھیڑا ۹ تشویش۔ گھبراہٹ ۱۰ انقلاب۔ تغیر۔ تبدل ۱۱ فکر۔ سوچ ۱۲ ٹیڑھاپن ۱۳ کجی ۱۴ واپسی ۱۵ اندازہ۔ تخمینہ ۱۶ باتوں میں معنوں کا فرق۔ ابہام۔ ذومعنی۔ (س۔ پر۔ گرد۔ ا۔ کھینا)

پھیرا (ماضی) ۱ پھیرنا کا ۲ (مذکر) گشت۔ دورہ۔ چکر ۳ موڑ۔ گھماؤ ۴ طواف ۵ ہندوؤں میں دولہا دلہن کا

پاتر آگ کے گرد پھرنا ۲ گداگروں کا پھرنا ۳ حلقہ۔ دائرہ
۴ واپسی۔ لوٹا دینا ۵ لکڑی کا چوکھٹا جس سے جونا وغیرہ ناپتے
ہیں ۶ تیسرے پہر کا بچوں کا ناشتہ ۷ آسیب کا خلل ۸ شکار کو
گھیر کر شکاری کے پاس لے جانا۔ **پھیرا پھاری۔ پھیرا پھیری** (مونث) ہیرا پھیری۔ ادل بدل۔ پھیر پھار
پھیرا دینا (متعدی) شکار کے ساتھ ساتھ جال کے
قریب آنا۔ **پھیرا ڈال دینا** (متعدی) سلسلہ باندھنا۔
پھیرا کر جانا (متعدی) کبھی کبھی آنا۔ **پھیرا کرنا یا لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) ۱ گشت ہونا۔ دورہ ہونا
۲ بار بار آنا جانا ۳ چوکیدار کا گشت کرنا۔ **پھیرا مارنا**
(ھ) پھیرا لگانا۔ **پھیر باندھنا** (متعدی) ۱ تار باندھنا
۲ محدود کر دینا ۳ سلسلہ ڈال دینا۔ **پھیر بدل** (مذکر)
۱ تبدیلی۔ انقلاب ۲ ادلے کا بدلہ ۳ کسی چیز کو ادل بدل
کرنا کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **پھیر بندھنا** (لازم) دور بندھنا
پھیر پڑنا (لازم) ۱ چکر پڑنا ۲ تسلسل پڑنا ۳ فرق ہونا
تفاوت ہونا۔ **پھیر پھار** (مذکر) ۱ ہیرا پھیری۔
الٹ پلٹ ۲ پیچ۔ فریب ۳ چکر۔ **پھیر دینا** (متعدی)
۱ لوٹا دینا۔ واپس کر دینا ۲ سمت بدلنا۔ رخ بدلنا ۳ کسی
پتلی چیز کا پچارا کرنا۔ **پھیر ڈالنا** (متعدی) پھیر باندھنا
پھیر کھانا (متعدی) ۱ چکر کاٹ کے جانا۔ دور کی
راہ سے جانا ۲ چکر کھانا ۳ گھاٹا پڑنا۔ بدقسمتی کی حالت
ہونا ۴ مصیبت میں پھنسنا۔ **پھیر لانا** (متعدی)
۱ کسی چیز کو واپس لے آنا ۲ گھوڑے کو پھرا لانا۔ **پھیر لینا** (متعدی) ۱ واپس لے لینا۔ لوٹا لینا ۲ بچے کا پیدائش
کے آثار کے بعد چند روز تک پیدا نہ ہونا۔ **پھیر میں آنا یا پڑنا** (لازم) ۱ چکر میں آنا۔ گردش میں آنا ۲ نقصان
ہونا۔ گھاٹا پڑنا ۳ مصیبت میں پھنسنا ۴ دھوکے میں
آنا۔ فریب میں آنا۔ **پھیر میں ڈالنا** (متعدی)
۱ مصیبت میں پھنسانا۔ چکر میں ڈالنا ۲ روڑا اٹکانا۔
روک ڈالنا ۳ بھٹکانا۔ گمراہ کرنا۔ دھوکا دینا۔ **پھیر لانا** (متعدی) ۱ واپس لے آنا ۲ گھوڑے کو مشق کرا کر لانا
پھیرنا (متعدی) ۱ پھرنا کا۔ چکر دینا۔ گھمانا ۲ لوٹانا۔
واپس کرنا ۳ گشت کرانا۔ پھرانا ۴ موڑنا۔ ایک جانب
دوسری جانب کرنا ۵ گھوڑے کو دائیں بائیں آگے پیچھے
یا واپس کرنا ۶ لٹے کو سیدھا۔ سیدھے کو الٹا کرنا ۷ اندر سے
باہر کرنا ۸ (زبان) بدلنا۔ مکرنا ۹ (دل) بیزار کرنا۔ نادم
کرنا ۱۰ (گھوڑا) نکالنا۔ سدھانا ۱۱ (تسبیح یا مالا) جپنا۔
حمد کرنا ۱۲ (سبق) دہرانا۔ آموختہ پڑھنا ۱۳ (قلعی رنگ
وغیرہ) پوتنا۔ پھیلا دینا ۱۴ (ہاتھ) رگڑنا۔ ملنا ۱۵ کسی کے

الفاظ کو غلط طور سے بیان کرنا۔ **پھیری** (مونث)
۱ گداگروں کی گشت ۲ خوردہ فروشوں کی گشت ۳ کسی
چیز کے گرد پھرنا ۴ پھرنا۔ چکر لگانا ۵ گنے کے گرد کاٹنے کیلئے
نشان لگانا ۶ دھوکا۔ فریب۔ چھل۔ چالاکی۔ **پھیرے**
(مذکر) جمع پھیرا کی۔ **پھیرے پڑنا** دیکھو پھیرے ہونا
پھیری پھرنا (لازم) **کرنا یا لگانا** (متعدی) گداگر
یا خوردہ فروشوں کا گشت کرنا۔ **پھیرے پھرنا** (لازم)
دیکھو پھیرے ہونا۔ **پھیری دار** (مذکر) آوارہ گرد۔
پھیرے ڈالنا (متعدی) ۱ دلھن کو آگ کے گرد پھرانا
۲ شادی کرنا ۳ شادی کر دینا غریبانہ بیاہ کر دینا۔ **پھیری والا** (مذکر) وہ شخص جو پھر کر چیزیں بیچے۔ **پھیرے ہونا** (لازم) آگ کے گرد پھرنا دولہا دلھن کا۔ شادی
ہونا۔ بیاہ ہونا۔

مثل۔ پھیروں کی گنہگار ہے۔ اس کے متعلق کہا جاتا ہے جو بچپن میں ہی بیوہ ہو گئی
ہو۔

پھیر (ھ۔ نف) ۱ پھر ۲ پیچھے۔
پھیرانا (ھ۔ متعدی) پھرانا۔
پھیرو (س۔ صفت) ۱ دغاباز۔
حیلہ ساز۔ فریبی۔ بد اندیش۔ کینہ ور۔ ضرر رساں ۲
(مذکر) بدمعاش۔ لچا۔ غنڈا ۳ ٹھگ۔ دغاباز ۴ گیدڑ
۵ راکشس۔ عفریت۔

پھیرو (س۔ مذکر) گیدڑ۔
پھیک (ھ۔ مونث) ۱ چابک کا
نرم حصہ یا تسمہ ۲ کوڑے یا تازیانے کا سرا۔
پھیکا (ہ۔ صفت) ۱ ہلکا۔ خفیف
۲ بے نمک ۳ کم شیریں ۴ بدمزہ۔ سیٹھا ۵ بدرنگ۔ بے رونق
۶ رنگت میں مدہم ۷ (شعر وغیرہ) سست۔ بدمزہ ۸
جس میں امنگ باقی نہ ہو ۹ (آدمی) کج خلق۔ روکھا ۱۰
(دل۔ جی) بیزار (س پِنک)۔ **پھیکا پڑ جانا** (لازم)
۱ رنگ مدھم ہو جانا۔ ماند ہو جانا۔ شوخی جاتی رہنا ۲
شرمندہ ہو جانا۔ **پھیکا پنڈا ہونا** (لازم) خفیف
حرارت ہونا۔ **پھیکا شلغم** (صفت) بدرنگ **پھیکا غمزہ** (مذکر) بے لطف نخرہ۔ شتر غمزہ (کرنا ہونا کے
ساتھ)۔ **پھیکی** (صفت۔ مونث) پھیکا کی۔ **پھیکے**
(صفت) پھیکا کی جمع۔ **پھیکی گرمیوں کے چونچلے** (مذکر) بڑھاپے کے غمزے۔ **پھیکی ہنسی**
(مونث) بناوٹ کی ہنسی۔

پھیل (ہ۔ امر) ۱ پھیلنا کا ۲

(س بِھائی۔ پھیلنا۔ پھیل۔ حرکت کرنا)۔ **پھیلا** (امر)
پھیلانا کا ۲ (ماضی) پھیلنا کی۔ **پھیلا پڑنا** (لازم)
خواہشمند ہونا۔ گرا پڑنا۔ **پھیلا دینا۔ پھیلانا**۔
(متعدی) ۱ بچھانا۔ فرش کرنا ۲ بکھیرنا۔ کھولنا۔ کشادہ
کرنا ۳ دراز کرنا۔ لمبا کرنا ۴ تخمینہ کرنا۔ جانچ پڑتال
کرنا ۵ رسدی بانٹنا۔ کل خرچ کو تمام اشیا پر تقسیم کرنا
۶ بکھیرنا۔ منتشر کرنا ۷ لگا لگنا ۸ مشتہر کرنا۔ شائع کرنا
۹ حساب کرنا۔ سوال نکالنا۔ **پھیلاؤ۔ پھیلاوا۔ پھیلاوٹ** (مونث) ۱ وسعت۔ کشادگی۔
چوڑائی ۲ درازی۔ طول ۳ حساب کی جانچ پڑتال
۴ اندازہ تخمینہ ۵ (ھ) شہرت۔ اشتہار۔ مشہوری
۶ (ھ) بہتات۔ کثرت۔ افراط۔ تقسیم۔ بٹائی ۷
(ھ) طول کلامی۔ لفاظی۔ طوالت۔ **پھیل پھیل (پھیل) کے سونا** (لازم) مزے سے سونا۔ کشادہ ہو کر
سونا۔ **پھیل جانا** (لازم) دیکھو پھیلنا۔ **پھیل کر بیٹھنا** (لازم) ۱ دیکھو پھیلانا ۲ موٹا ہونا۔ فربہ ہونا
۳ سایہ دار ہونا۔ چھانا ۴ ضد یا ہٹ کرنا ۵ کثیرالاولاد
ہونا۔ پود بڑھنا ۶ طمع کرنا۔ لالچ کرنا۔ زیادہ مانگنا ۷
بکثرت ہونا۔

پھیل (س۔ مذکر) **پھیل**
پھیلکا (مونث) ۱ جھوٹا بچا ہوا۔ آلش ۲ منہ سے
جو کچھ گرے۔ اگال۔
پہیلی (ہ۔ مونث) معمہ۔ چیستاں
بجھ بجھول (س پرہیلکا)۔ **پہیلی بجھانا یا بجھوانا**
(متعدی) ۱ چیستان کا حل کرنا۔ معمہ کہنا ۲ اشاروں میں
بات کرنا۔ گول مول باتیں کرنا۔ **پہیلی بوجھنا** (متعدی)
معمہ حل کرنا۔ **پہیلی کہنا** (متعدی) ۱ دوسروں کو
بوجھنے کے لئے پہیلی بیان کرنا ۲ پہیلی بنانا۔
پھین۔ پھینا (ہ۔ مذکر) ۱ جھاگ
کف ۲ رطوبت جو منہ سے نکلے (س پھین)۔ **پھینانا**
(ھ) جھاگ اٹھنا۔ کف اٹھنا۔ **پھینی** (ھ) کفدار۔
پھینٹ (ہ۔ امر) ۱ پھینٹنا کا ۲
(ھ۔ مونث) پٹکا جو کمر میں باندھا جائے۔ پیٹی۔ کمربند
۳ (س پرویشٹن۔ پٹی)۔ **پھینٹا** (ماضی) ۱ پھینٹنا کی
۲ (مذکر) کپڑے کا ٹکڑا جو ملازم سر پر لپیٹ لیتے ہیں ۳
چھوٹی پگڑی۔ عمامہ۔ دستار۔ **پھینٹ باندھنا**
(ھ) کمر کسنا۔ تیار ہونا۔ ارادہ کرنا۔ **پھینٹنا** (متعدی)
۱ ملانا ۲ ہاتھ یا کوئی چیز مار کر جھاگ پیدا کرنا۔ **پھینٹی**
(مونث) ۱ سوت کی لچھی۔ انٹی۔ انٹی ۲ چھوٹی پگڑی

کپڑا جو سر کو لپیٹ دیا جائے۔

پھینچ (ہ۔ امر) پھینچنا کا (س پش) پھینچنا **پھینچیا** (ماضی) پھینچنا کی۔ کھینچ ڈالنا **پھینچنا** (متعدی) ۱۔ پانی ڈال کے صاف کرنا ہاتھ سے ملنا۔ نچوڑنا ۲۔ اس طرح دھونا کہ اچھی طرح صاف نہ ہو ۳۔ کھنگالنا۔

پھیلنس (ھ۔ مذکر) بچہ دینے کے بعد چند روز تک گائے بھینس وغیرہ کا دودھ۔

پھینک (ہ۔ امر) پھینکنا کا (س پراش۔ آگے پھینکنا) ۲ (مونث) بکھیر بچھاور **پھینکا** (ماضی) پھینکنے۔ **پھینکاؤ پھینکاؤ** (ھ۔ صفت) پھینکنے کے قابل۔ **پھینک پھانک** (تف) پھینک کے۔ **پھینک دینا** (متعدی) ۱۔ گرا دینا۔ زمین پر ڈال دینا ۲۔ اچھال دینا ۳۔ بکھیر دینا ۴۔ ضائع کر دینا۔ تلف کر دینا۔ **پھینک مارنا** (متعدی) کوئی چیز اس طرح پھینکنا کہ دوسرے کو چوٹ لگے **پھینکنا** (متعدی) ۱۔ ڈالنا۔ گرانا۔ تلف کرنا۔ ضائع کرنا ۲۔ پٹکنا۔ دے مارنا ۳۔ بکھیرنا ۴۔ (گیند وغیرہ) اچھالنا ۵۔ (پانسا) ڈالنا ۶۔ (گھوڑا) سرپٹ دوڑانا ۷۔ (پٹا) کھیلنا ۸۔ تیر چلانا ۹۔ (روپیہ وغیرہ) بچھاور کرنا ۱۰۔ (دل) عاشق ہونا (غیر فصیح) **پھینکوانا** (م) پھنکوانا **پھینکیت** (ھ) پھکیت۔

پھینکا (ھ۔ صفت) پھیکا۔

پھینکا (ھ۔ مونث) ریٹھا۔ ٹوڈن

پھینل (س۔ صفت) جھاگ دار کفدار۔

پھینل (س۔ صفت) ۱۔ جھاگ دار ۲۔ کفدار ۳۔ (مذکر) ریٹھے کا درخت ۴۔ بیر کا درخت اور اس کا پھل۔

پھینی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مٹھائی جس کی ساخت ریشے کے لچھوں کی طرح ہوتی ہے دودھ یا چائے میں ڈال کر کھاتے ہیں۔

پھیھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ پھپا ۲۔ مرغی کا مرض جس میں پیٹ پر ورم ہو جاتا ہے۔ اور انڈے نہیں دیتی۔

پئے (ف۔ حرف جر) واسطے لئے۔

مقولہ۔ پئے علم چوں شمع باید گداخت۔ کہ بے علم نتواں خدا را شناخت۔ علم حاصل کرنے کے لئے بہت کوشش کرنی چاہئے۔ کیونکہ جاہل خدا کی قدرت کو نہیں سمجھ سکتا

پی (انگ۔ مونث) انگریزی حرف P کا سولھواں حرف۔ **پی او** (مذکر) ۱۔ پوسٹ آفس کا مخفف ۲۔ پوسٹل آرڈر کا مخفف ۳۔ پولیس افسر کا مخفف **پی اے** (مذکر) پرسنل اسسٹنٹ کا مخفف۔ ذاتی مددگار ایک قسم کا انگریزی داں منشی۔ **پی پی** (مذکر) ۱۔ پنجاب پولیس کا مخفف ۲۔ پراونشل پولیس کا مخفف۔ **پی سی ایس** (مونث) ۱۔ پنجاب سول سروس کا مخفف ۲۔ پراونشل سول سروس کا مخفف۔

پی۔ پیا (ہ۔ مذکر) ۱۔ شوہر۔ خاوند ۲۔ معشوق۔ پیارا (س پری)

امثال و اقوال۔ پیا جسے چاہے وہی سہاگن۔ جس سے خاوند خوش ہو۔ یا جس سے وہ محبت رکھے اصل میں وہ سہاگن کہلانے کی مستحق ہے۔ محبت سے قدر ہے۔ **پیا کی کمائی مو ہے نہیں لہنا۔ مو یہ بازو بند نہیں اور سب گہنا۔** عورت کی زیور کی خواہش کبھی پوری نہیں ہوتی۔ ایک بازوبند کے ہونے سے کہتی ہے کہ خاوند کی کمائی میں میرا کوئی لہنا نہیں۔ **پی کے کارن پیری بھی لوگ کہیں پنڈ روگ چھپ چھپ ننکھن میں کٹئے پی ملن کے جوگ** (ھ) پی کی خاطر پینے ورت رکھے اور دبلی ہو گئی۔ لوگ کہتے ہیں یرقان ہو گیا ہے۔ خواہ نخواہ کا الزام لگایا گیا ہے۔ **پی کے پاتن سر دھرو دھرو چرن پہ سیس۔ باسا ہو بیکنٹھ پھر تو لبسوا بیس** (ھ) عورت بیٹی کو نصیحت کرتی ہے کہ خاوند کی تابعداری اور خدمت کرنا۔ اس سے سرگ ملے گا۔ **پی کی سہاگن سے کیا کام جگ کی سہاگن چاہئے** ایسا کام کرنا چاہئے جس سے سب تعریف کریں۔ ایک کی تعریف کیا۔

پی (ہ۔ امر) پینا کا (س پا پینا) **پیا** (ماضی) ۱۔ پینا کی ۲۔ (ھ) بدمست۔ **پیاؤ** (ھ۔ مذکر) سبیل۔ پینے کی جگہ۔ **پی جانا۔ پینا** (متعدی) ۱۔ کسی سیال چیز کو حلق سے نیچے اتارنا ۲۔ شراب نوش کرنا ۳۔ حقے کا دم لگانا ۴۔ جذب کرنا۔ چوسنا ۵۔ (غصہ) ضبط کرنا۔ برداشت کرنا ۶۔ چھیننا ۷۔ (خون) دیکھو خون کے تحت میں۔ **پیئے ہونا** (لازم) مخمور ہونا۔

امثال و اقوال۔ پی پیالہ مار بھالا۔ نشے میں انسان لڑنے مارنے پر تیار ہوتا ہے۔ **پینے کو پانی نہیں چھڑکنے کو گلاب۔** ویسے تو مفلس ہے۔ شان و شوکت امیروں جیسی ہے۔ **پینے میں نہ کھانے میں۔** پہیلی بوجھنے میں کہتے ہیں۔ **پیئے دودھ اور کھائے مال** عیش و عشرت میں زندگی بسر کرتا ہے۔

پے (ہ۔ حرف جر) پر۔ اوپر۔

پئے۔ پئے۔ پے (ھ۔ مذکر) دودھ پانی۔ رس۔ کوئی پینے والی چیز۔ **پید۔ پیدہ** (صفت) ۱۔ دودھ یا پانی دینے والا ۲۔ (مذکر) عورت کی پستان یا چھاتی بادل۔ **پیندھ** (مذکر عص) ۱۔ دودھ کا سمندر ۲۔ سمندر بحر۔

پے (ہ۔ مونث) پئے (ھ) قصور۔ نقص۔ حرج۔ قباحت۔ عیب۔ **پے لگانا یا نکالنا** (متعدی) نقص وغیرہ نکالنا۔ عیب جوئی کرنا۔

پے (ف۔ مذکر) ۱۔ پائے کا مخفف۔ پاؤں ۲۔ نشان ۳۔ آثار۔ علامت ۴۔ نقش پا۔ کھوج۔ پیڑ ۵۔ تعقب۔ پیچھا۔ عقب ۶۔ تانت۔ روودہ ۷۔ پٹھا۔ ریشہ نس ۸۔ (صفت) پیچھے۔ قدم بہ قدم۔ نشان پر۔ بعد ۹۔ اس لئے۔ اس وجہ سے ۱۰۔ واسطے۔ لئے۔ طفیل میں۔ صدقے میں۔ وسیلے سے۔ **پیاپے۔ پے بہ پے۔ پے درپے** (تف) لگاتار۔ مسلسل۔ متواتر۔ **پے آنا** (لازم) گھوڑے کے سم میں کانٹا چبھنا۔ **پیجامہ** (مذکر) دیکھو پاجامہ۔ **پیخانہ** (مذکر) ۱۔ جائے ضرور۔ بیت الخلا۔ ٹٹی ۲۔ براز۔ فضلہ۔ گو۔ **پیخانہ آنا یا پھرنا** (لازم) اجابت ہونا۔ ہگنا۔ **پیخانہ خطا ہونا** (لازم) ڈر سے گو خود بخود نکل جانا ۲۔ بے مدہ ڈرنا۔ **پیرو** (مذکر) ۱۔ مقلد۔ مرید۔ چیلا ۲۔ (صفت) پیروی کرنے والا۔ تقلید کرنے والا۔ **پیروکار** (مذکر) ۱۔ وکیل۔ نیب۔ ایجنٹ ۲۔ (صفت) کسی کی طرف سے کسی معاملے کی نگرانی کرنے والا۔ **پیروی** (مونث) تقلید اطاعت۔ فرمانبرداری ۲۔ نگرانی۔ کوشش (کرنا۔ ہونا) کے ساتھ۔ **پے کرنا** (متعدی) پیچھا کرنا۔ تعقب کرنا ۲۔ کونچیں کاٹنا۔ پاؤں قلم کرنا ۳۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔ **پے کڑا پے کڑھا** (مذکر) **پے کڑی** (مونث) ۱۔ بیڑی جھلا زنجیر ۲۔ پازیب۔ پیال۔ **پے بیجانا** (متعدی) ۱۔ سراغ لگانا۔ کھوج لگانا ۲۔ دریافت کرنا۔ معلوم کرنا۔ سمجھنا

مثل۔ پیجامہ سیتے ہیں تو پہلے پیشاب کے لئے راہ رکھ لیتے ہیں۔ ہر کام میں عاقبت اندیشی ضرور چاہئے۔

پے (انگ ۔ مونث) تنخواہ ۔ مشاہرہ ۔ مایا ۔ طلب ۔ **پے افسر** (مذکر) پولیس کے محکمے میں اکاؤنٹنٹ اور تنخواہ تقسیم کرنے والا ۔ **پے ماسٹر جنرل** ۔ فوج میں ایک عہدے کے عہدہ دار جو تنخواہ تقسیم کرتا ہے ۔ بری فوج میں لفٹنٹ یا لفٹنٹ کمانڈر جو تنخواہ تقسیم کرتا ہے ۔ **پیمنٹ** (مونث) ادائیگی (کرنا ہونا کے ساتھ)

پیا (ہ ۔ مذکر) دیکھو پیتا ۔

پیا بانسا (ہ ۔ مذکر) ۔ بانس کی ایک قسم ۔ ایک پودہ جس سے سرخ رنگ نکالتے ہیں ۔

پیادہ (ہ ۔ مذکر) ۔ وہ آدمی جو پیدل سفر کرے ۔ فوج کا سپاہی جو پیدل چلے ۔ چپڑاسی اردلی ۔ شطرنج کا ایک مہرہ جو ایک خانہ سیدھا چلتا ہے اور کونے کی طرف کے اگلے مہرے کو مارتا ہے ۔ اگر دوسری طرف کے آخری خانوں میں سے کسی میں پہنچ جائے تو فرزین یا اس خانے کا مہرہ بن جاتا ہے ۔ **پیادہ پا** (صفت) پیدل ۔ **پیادہ پائی** (مونث) پیدل چلنا ۔ **پیادہ محاصل** (مذکر) ۔ وہ چپڑاسی جو مقروض کے مکان پر تعینات کیا جاتا ہے اور جب تک مقروض قرضہ ادا نہ کرے اس کے مکان پر اس کے خرچ پر رہتا ہے ۔ وہ سپاہی جو مالگزاری وصول کرنے پر مقرر کیا جائے ۔ **پیادہ لکڑی** (مونث) وہ درخت جن پر کھانے کا عمدہ میوہ نہیں آتا جیسے گولر جمو یا وغیرہ ۔

پیار (ہ ۔ مذکر) ۔ ایک قسم کی گھاس ۔ پیال ۔ بجر ۔ وزن ۔

پیار (ہ ۔ مذکر) ۔ محبت ۔ الفت عشق ۔ شفقت ۔ مہر ۔ لاڈ ۔ ممتا ۔ چاہ ۔ پریم ۔ پریت حب ۔ دوستی ۔ اخلاص ۔ بوسہ (س پریال) **پیارا** (صفت) ۔ وہ جس پر پیار آئے ۔ قابل محبت ۔ خوبصورت خوشنما ۔ عمدہ ۔ قابل قدر ۔ لاڈلا چہیتا ۔ (مذکر) معشوق محبوب ۔ دوست ۔ عزیز ۔ رشتہ دار ۔ قریبی ۔ **پیار آنا** (لازم) ۔ محبت ہونا ۔ چاہ ہونا ۔ بوسہ لینے کو دل چاہنا **پیارا پیارا** (صفت) بہت خوشنما ۔ جس پر بہت پیار آئے ۔ **پیارا جاننا** (متعدی) بہت محبت کرنا **پیار اخلاص** (مذکر) مہر و محبت ۔ میل جول ۔ **پیارا کرنا** (متعدی) ۔ عزیز رکھنا ۔ کسی چیز کے دینے میں دریغ رکھنا **پیارا لگنا** (لازم) ۔ بہت اچھا معلوم ہونا ۔ بھلا لگنا ۔ بہت محبت ہونا ۔ **پیارا ہونا** (لازم) ۔ عزیز ہونا محبت ہونا ۔ (ہ) مہنگا ہو جانا ۔ **پیار رکھنا** (متعدی) محبت ہونا ۔ الفت رکھنا ۔ **پیار کا نام** (مذکر) کنیت جو پیار کی وجہ سے ہو ۔ **پیار کرنا** (متعدی) ۔ چمکارنا ۔ بوسہ لینا ۔ چاہنا ۔ محبت کرنا ۔ **پیار کی آنکھ یا نظر** (مونث) ۔ محبت کی نظر ۔ محبت کا اندازہ ۔ محبت کرنا محبت سے دیکھنا ۔ **پیار کی باتیں** (مونث) محبت کی باتیں ۔ لگاوٹ کی باتیں ۔ **پیار نکالنا** (متعدی) حسرت نکالنا ۔ ارمان نکالنا ۔ **پیاروں پیٹی پلمونی** (مونث) عورتوں کا کوسنا جس کے عزیز مر گئے ہوں ۔

پیاری (مونث) پیارا کی ۔ **پیاری پیاری باتیں** (مونث) میٹھی میٹھی باتیں ۔ محبت کی باتیں ۔

پیار انگا (ہ ۔ مذکر) ایک جڑ جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے ۔

پیاز (ف ۔ مذکر) ۔ ایک پودے کی بودار اور گانٹھ دار جڑ جو کھائی جاتی ہے اور سالوں میں ڈالی جاتی ہے ۔ بصل ۔ **پیاز فروش** (مذکر) پیاز بیچنے والا ۔ **پیازک** (مذکر) ۔ چھوٹا پیاز ۔ گرز ۔ ایک گاؤں ۔ (علن) بیرونی گٹھک ۔ **پیاز کی گنٹھی** (مونث) پیاز کی جڑ یا گرہ ۔ **پیاز کے سے پرت اتارنا** (متعدی) بہت باریک چھیلنا ۔ **پیاز کے سے چھلکے ادھیڑ کر رکھ دینا** (متعدی) بری گت بنانا ۔ برا بھلا کہنا ۔ **پیازہ** (علن) ۔ گنٹھی بعض پودوں کی وہ جڑ جو موٹی ہو کر پیاز کی طرح گنٹھی بناتی ہے ۔ (صفت) گنٹھی دار **پیازہ نما** ۔ (علن) گنٹھی نما ۔ **پیازی** (صفت) ۔ پیاز کے رنگ کا نہایت ہلکے گلابی رنگ کا ۔ ایک قسم کا لعل **پیازچہ** (علن) چھوٹا پیازہ ۔ گٹھک ۔ **پیازی رنگ** (مذکر) ہلکا گلابی رنگ ۔

پیاس (ہ ۔ مونث) ۔ پانی کی خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ خواہش ۔ بچوں کی ایک بیماری جس میں پیاس زیادہ ہوتی ہے (س ۔ پیاسا) **پیاسا** (صفت) ۔ جسے پانی کی بہت خواہش ہو ۔ تشنہ ۔ خواہشمند آرزومند ۔ مشتاق ۔ حاجتمند ۔ **پیاسا مرنا** (لازم) پانی کی سخت خواہش ہونا ۔ پانی کے لئے بیقرار ہونا **پیاس بجھانا** (متعدی) **بجھنا** (لازم) پانی پیا جانا ۔ تشنگی دور ہونا ۔ خواہش پوری ہونا ۔ **پیاس بھڑکنا** (لازم) پانی کی بہت خواہش ہونا ۔ پیاس کی شدت ہونا ۔ **پیاس کی تشنگی** (مونث) پیاس (عف) **پیاس لگنا** (لازم) پانی کی خواہش ہونا ۔ **پیاس مارنا** (متعدی) پیاس کو ضبط کرنا یا روکنا ۔ **پیاس مرجانا یا مرنا** (لازم) ۔ پیاس نہ رہنا ۔ خواہش نہ رہنا ۔ دل بجھ جانا ۔ **پیاس کا چسکا** (مذکر) بار بار پیاس لگنے کی حالت ۔ **پیاسی** (صفت مونث) ۔ پیاسا کی ۔ (مونث) ایک قسم کی مچھلی ۔

مثل ۔ پیاسا کوئیں کے پاس جاتا ہے ۔ کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا ضرورتمند دوسرے شخص کے پاس جاتا ہے ۔ ضرورتمند کے پاس دوسرا نہیں آتا ۔

پیال (ہ ۔ مذکر) ۔ خشک لمبی گھاس ۔ دھان یا کودوں کا بھس جس کو زمین پر بچھاتے ہیں (س پلالی) **پیال کے پاؤں** (صفت) ناپائیدار **پیال کے پاؤں کھڑے کرنا** (متعدی) ہمت ہارے ہوئے کو پھر کام کے لئے تیار کرنا ۔

پیاستر (ت ۔ مذکر) ایک سکہ چاندی کا

پیال (س ۔ مونث) ایک درخت کا میوہ ۔ چرونجی ۔

پیالہ (ف ۔ مذکر) ۔ پینے کا برتن کاسہ ۔ ظرف ۔ جام ۔ کٹورا ۔ پیمانہ ۔ توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ ۔ عرس ۔ سوم کی فاتحہ ۔ فقیروں کی دعوت فقیروں کے گھر ۔ تفنگ کا کٹورا ۔ جلترنگ کا کٹورا ۔ فقیروں کا پیالہ یا بھیک مانگنے کا ٹھیکرا ۔ **پیالہ اٹھانا** (متعدی) گداگری اختیار کرنا ۔ **پیالہ بجانا** (متعدی) سقے پیالہ بجاتے ہیں ۔ تاکہ پیاسوں کو خبر ہو جائے ۔ سقوں کی طرح پانی پلانا ۔ سقاگری کرنا ۔ **پیالہ بجنا** (لازم) ۔ دور دورہ ہونا ۔ عروج ہونا ۔ فیشن ہونا ۔ جلترنگ کے پیالوں کا بجنا ۔ **پیالہ بھر جانا** (لازم) ۔ عمر تمام ہونے کے قریب ہونا ۔ بڑھاپا ہونا ۔ مصیبتوں کی حد ہونا ۔ **پیالہ بہنا** (لازم) حمل ساقط ہونا ۔ **پیالہ بھر دینا** (متعدی) شراب سے جام لبریز کر دینا **پیالہ پلانا** (متعدی) ۔ مرید کرنا ۔ جام شراب پلانا ۔ **پیالہ پھوٹنا** (لازم) پیالے کا شکستہ ہو جانا ۔ **پیالہ پینا** ۔ (لازم) پیالہ پلانا کا ۔ **پیالہ چڑھانا** (متعدی) کسی نشی چیز کا پیالہ پینا ۔ **پیالہ چھلک جانا** (لازم) ۔ راز کھل جانا ۔ کمینے آدمی کا آپے سے باہر ہو جانا ۔ کمینہ پن کی بات کرنا ۔ **پیالہ گردش میں آنا** (لازم) شراب کا دور چلنا ۔ **پیالہ لبریز ہونا** (لازم) دیکھو پیالہ بھر جانا **پیالہ نما** (صفت) پیالے کی شکل کا ۔ **پیالہ نوالہ** (مذکر) کھانا پینا ۔ **پیالہ ہونا** (لازم) ۔ مرنا ۔ عرس ہونا ۔ آزادوں کی دعوت آزاد کے یہاں ۔ بٹے باز کی بٹہ باز کے یہاں ہونا ۔ **پیالی** (مونث) چھوٹا پیالہ

پیام (ف ۔ مذکر) ۔ پیغام ۔ زبانی

خبر۔سندیسا۔سماچار ۲ نسبت منگنی ۳ زبانی سوال۔
(آنا۔بھیجنا۔پہنچانا۔جانا۔دینا۔سنانا۔سننا۔لانا۔لیجانا
کے ساتھ) **پیام اجل پہنچانا** (متعدی) جان سے
مار ڈالنا۔ **پیامبر۔بُردہ یا رساں** (مذکر) ایلچی۔نامہ
سفیر۔ **پیام سلام** (مذکر) پیام (کرنا۔ہونا کے ساتھ)
پیام کرنا (متعدی) کہلا بھیجنا۔پیغام بھیجنا۔ **پیامی**
(مذکر) پیام لے جانے والا۔پیامبر۔

پیان (ھ۔مذکر) ۱ روانگی۔سفر
جانا۔فاصلہ پر جانا۔روانہ ہونا ۲ موت ۳ (ھ) پایان کا
مخفف۔ **پیانا** (مذکر) پیان۔ **پیان کرنا** (متعدی)
روانہ ہونا۔جانا۔سفر کرنا۔ **پیانک** (صفت) ۱ جانے
کے متعلق ۲ (مذکر) جانا۔سفر۔کوچ۔

پیانا۔پیاؤنا (ھ۔متعدی) ۱ پلانا ۲
سیراب کرنا۔زمین میں پانی لگانا۔

پیانو (انگ۔مذکر) ہاتھ سے
بجانیوالا ایک بڑا باجہ۔ **پیانولا** (مذکر) پیانو کی قسم کا
ایک چھوٹا باجہ۔

پیپ (ہ۔مونث) سفید مادہ جو
پھوڑوں۔زخموں دانتوں میں پڑ جاتا ہے۔ریم۔مواد
(رس پینونا) **پیپ پڑنا** (لازم) ۱ زخم میں مواد پیدا
ہونا ۲ غم ہونا ۳ روحانی ایذا ہونا۔ **پیپ کلیجے میں
ڈالنا**۔(متعدی) بہت رنج دینا۔

پیپا (ہ۔مذکر) ۱ لکڑی کا ڈھول کی
شکل کا ظرف ۲ (صفت) بہت موٹا ۳ بہت شراب
پینے والا۔ **پیپاپن (ہو) جانا** (لازم) بہت موٹا ہو جانا
سوج جانا۔ **پیپے (کے پیپے) خالی کرنا یا لنڈھانا**
(متعدی) بہت شراب پینا۔جو چیز پیپوں میں رکھی جاتی
ہے اس کا بہت استعمال کرنا۔

پیپر (انگ۔مذکر) کاغذ۔اخبار۔
پرچہ۔ **پیپرنگ** (مذکر) دیوار پر بجائے سفیدی کے
پھولدار کاغذ لگانا۔ **پیپرویٹ** (مذکر) وزن جو کاغذوں
کے اوپر رکھا جاتا ہے تاکہ وہ ہوا سے نہ اڑیں۔

پیپڑا (ھ۔مذکر) بڑا چیونٹا۔ **پپیڑی**
(مونث) چھوٹی سرخ چیونٹی۔

پیپل (ہ۔مذکر) ۱ ایک بڑا سایہ
دار درخت جسے ہندو مقدس سمجھتے ہیں اور پتریوں کو
پانی پہنچانے کے لئے اسے سینچتے ہیں ۲ لمبی مرچ کا پودا
اور پھل۔ **پیپلا** (صفت) ۱ پیپل یا مرچ کے متعلق ۲
تلوار کی انی یا نوک۔تلوار کا آخری نوکدار حصہ۔ **پیپلا
توڑنا** (متعدی) نیام سے تلوار نکالنا۔ **پیپلا سا زخم**
(مذکر) اوچھا سا زخم۔زخم جو بہت گہرا نہ ہو۔ **پیپلا مول**
(ھ) مول یا مونڈ (ھ) مرچ کی جڑ جو بطور دوا استعمال
ہوتی ہے۔ **پیپلی** (مونث) مادہ پیپل کا درخت۔چھوٹا
پیپل کا درخت پیپل کا پھل۔

**امثال۔ پیپل کاٹے۔پال بناسے
بھگوان بھیس ستاوے۔کایا کوڑھی ہیں دیا
نہ بیاپے جڑ امول سے جاوے۔** جو شخص پیپل
کاٹے۔مکان گرائے۔نیک آدمیوں کو ستائے لوگوں پر
رحم نہ کھائے اس کا ہر طرح ستیاناس ہوتا ہے۔ **پیپل
پوجن ہیں چلی نگم لودھ کے گھاٹ پیپل پوجت
پی ملے۔ایک پنتھ دو کاج۔** اچھے کام کرنے میں
فائدہ ہی ہوتا ہے۔پیپل کو پوجنے گئی تو عاشق بھی مل گیا۔

پیت (ھ۔مونث) ۱ محبت
الفت عشق۔پریت۔پیار۔پریم۔شفقت ۲ دوستی
اخلاص (کرنا۔ہونا کے ساتھ)

**امثال واقوال۔ پیت تو
ایسی کیجئے جوں ہندو کی جوئے۔جیتے جی تو
سنگ رہے مرے پہ ستی ہوئے۔** محبت
ایسی ہونی چاہئے جیسے ہندو کی بیوی کی۔جیتے جی ساتھ
رہتی ہے اور مرنے پر ستی ہوتی ہے۔ **پیت تو ایسی کیجئے
جیسے روئی کپاس جیتے جی تو سنگ رہے
موئے پہ ہووے ساتھ۔** محبت ایسی ہونی
چاہئے جیسے روئی جیتے جی پہنی جاتی ہے اور مرنے پر کفن
بنایا جاتا ہے۔ **پیت کری تھی نیچ سے پلے
لاگی کیچ سیس کاٹ کے آگے دھر انت
نیچ کا نیچ۔** کمینے آدمی سے محبت نہیں کرنا چاہئے۔
چاہے اس کی کتنی ہی خدمت کی جائے اس کا کمینہ پن
نہیں جاتا۔ **پیت کی ریت (رہی) نرالی
ہے**۔محبت کا خاص انداز ہے۔محبت میں انسان عجیب
عجیب کام کرتا ہے۔ **پیت نہ جانے ذات
کجات**۔ محبت میں ذات پات کا خیال نہیں رہتا

پیت (س۔صفت) ۱ زرد۔
پیلا بسنتی ۲ (مذکر) زرد پیلا یا بسنتی رنگ۔ **پیتامبر**
(صفت) ۱ زرد پوشاک پہنے ہوئے ۲ (مذکر) کرشن جی
وشن جی کا ایک نام ۳ زرد رنگ کا ریشمی کپڑا۔ایک
قسم کا ریشمی کپڑا ۴ ناچنے والا۔تماشے والا۔رقاص۔
ایکٹر ۵ سادھو جو زرد کپڑے پہنے۔ **پیتامبری** (صفت)
زرد۔بسنتی۔ **پیت دارو** (مذکر) دیودار کا درخت
چیڑ کا درخت۔ **پیت رس** (مذکر) ہلدی۔ **پیت
رکت** (مذکر) پکھراج۔زبرجد۔ **پیت سر** (مذکر)
سین کا درخت۔ **پیت کڈالی** (مونث) کیلے کی
ایک قسم۔ **پیت کنڈ** (مذکر) گاجر۔ **پیت لوہ**
(مذکر) پیتل۔ایک زرد رنگ کی مرکب دھات۔
پیت مستک (مذکر) ایک زرد سر کا چھوٹا پرندہ
پیلک۔ **پیت منی** (مذکر) پکھراج۔زبرجد۔ **پیت
ورن** (صفت) ۱ زرد۔بسنتی۔پیلا ۲ (مذکر) زرد
بسنتی یا پیلا رنگ۔ **پیت یوتھی** (مونث) زرد چنبیلی

پیتابا۔پیتاوا (ہ۔مذکر) ۱ پتلا
چمڑا جسے جوتے میں رکھتے ہیں ۲ پاتابہ۔موزہ۔

پینترا (ہ۔مذکر) ۱ کشتی یا پٹے کا
داؤ کرتے وقت کا ٹھاٹھ یا ڈھنگ ۲ نقش قدم۔ **پینترا
بدل کر خالی دینا** (متعدی) پاؤں اس طرح ادھر
ادھر رکھنا کہ دشمن کا وار خالی جائے۔ **پینترا بدلنا** (لازم)
کشتی یا پٹے میں پاؤں کا آگے پیچھے رکھنا۔ٹھاٹھ سے
کھڑا ہونا ۲ فن سپہ گری دکھانا ۳ نازو انداز سے چلنا۔
پینترا پہچاننا (متعدی) نقش قدم سے جان لینا کہ کس کا
ہے۔ **پینترا ناپنا** (متعدی) نقش قدم کے ناپ کو دریافت
کر لینا کہ کس کا قدم ہے

پیترسب (ف۔مذکر) زرد
دشت کا دادا۔

پیترک (س۔صفت) ۱ بزرگوں کا
یا ان کے متعلق ۲ پتریوں کا یا ان کے متعلق ۳ آبائی
جدی۔موروثی۔ **پیترک بھومی** (مونث) ۱ اجدی
زمین ۲ وطن۔باپ دادا کا ملک۔

پیتس (ھ۔مونث) سسر کے
بھائی کی بیوی۔ **پیتسرا** (مذکر) سسر کا بھائی۔

پیتک (س۔صفت) صفراوی
طبیعت کا۔صفراوی۔

پیتل (ہ۔مذکر) ۱ ایک مرکب
دھات جو جست اور تانبے کو ملا کر بنائی جاتی ہے ۲
(س) زرد رنگ ۳ کوئی مرکب دھات ۴ (صفت)
زرد۔بسنتی (س پیت۔زرد) **پیتلا** (ھ) ۱ پیتل کا
۲ پیتل کے رنگ کا۔ **پیتلی** (صفت) ۱ پیتل کے رنگ کا
۲ پیتل کا۔بنجی۔

پیتم (ھ۔صفت) ۱ نہایت یا نہایت

پیارا ۲ (مذکر) خاوند - عاشق - پریتم -

اقوال - پیتم بسیں پہاڑ پر اور ہم جمنا کے تیر - اب کا ملنا کٹھن ہے کہ پاؤں پڑی زنجیر - پیارا پہاڑ پر رہتا ہے اور ہم جمنا کے کنارے - اب ملنا مشکل ہے کہ نگہبانی ہوتی ہے پیتم تیری پریت کو جھک جھک کروں سلام - جب سے تو سنگ نیہ کرو سنو نہ سکھ کا نام - پیارے تیری محبت کو سلام جب سے تجھ سے محبت ہوئی ذرا سکھ نہیں پایا - پیتم تم مت جانیو بھیا دور کا باس - دیہ گیا کتا رہے پران تمہاری آس - پیارے یہ خیال نہ کرنا کہ میں تم سے دور رہوں بدن اور ملک کہیں ہوں - میری جان تمہارے پاس ہے -

پیتن (س - مذکر) ۱ ایک پھلدار درخت - آمرا ۲ جنگلی پیلی - ورہ ۳ زعفران ۴ ہڑتال زرد -

پیتیہ (ک: صفت) صفراوی صفرا کے تعلق -

پیٹ (ہ - امر) پٹنا کا پیٹنا (ماضی) ۱ پٹنا کی ۲ (صفت) بیجا - نامناسب پیٹیا پانی (مذکر) زور شور کا مینہ - پیٹ پیٹ کر (تف) ۱ بڑی دقت یا مشکل سے ۲ سر اور سینہ کوٹ کر - ماتم کرکے - مار مار کر پیٹ پیٹ کر اپنا خون کر ڈالنا (متعدی) اپنے آپ کو کوٹ کوٹ کر مار ڈالنا - بہت پٹنا یا ماتم کرنا - پیٹ ڈالنا (متعدی) ۱ بہت مارنا ۲ بری طرح جھاڑنا پیٹک پٹیا یا پچھیا (مونث) ۱ پیٹنا - ماتم - نوحہ - کہرام ۲ جھگڑا - فساد - لڑائی (پڑنا - ڈالنا - ہونا کے ساتھ) پیٹ لینا (متعدی) ۱ کٹنا پیتم پانی ۲ (مونث) دیکھو پیٹک پٹنا - پیٹنا (متعدی) ۱ مارنا ۲ کوٹنا - چوٹ لگانا - کچلنا ۳ نوحہ کرنا - ماتم کرنا - ماتم کے لئے سر اور سینے کو کوٹنا ۴ چوڑا کرنا - چپٹا کرنا ۵ گوٹ مارنا - مہرا مارنا ۶ حاصل کرنا - کمانا ۷ دکھڑا رونا ۸ برا چاہنا - موت چاہنا ۹ جھاڑنے کے لئے بھاری کپڑے کو کوٹنا ۱۰ محنت کرنا - مزدوری کرنا ۱۱ (مذکر) لڑائی - جھگڑا ۱۲ ماتم - نوحہ ۱۳ مصیبت - آفت - پیٹنا پڑنا (لازم) ۱ مصیبت آنا ۲ ماتم ہونا - پیٹو (صفت) بہت ماتم کرنے والا -

پیٹ (ہ - مذکر) ۱ بدن کا وہ سامنے کا حصہ جو پسلیوں سے نیچے ہوتا ہے - شکم ۲ پوٹا ۳ معدہ ۴ رحم - بچہ دان ۵ حمل - بارداری ۶ اندرونی حصہ - باطن - بھیتر ۷ غار ۸ گنجائش ۹ بھوک - اشتہا ۱۰ حرص - لالچ ۱۱ جوف - دور - گولائی ۱۲ دائرے کا اندرونی حصہ ۱۳ مقدار - جسامت - ضخامت ۱۴ بندوق یا توپ کے پیالے کے قریب کی جگہ ۱۵ توپ کی وہ جگہ جہاں گولا ٹھیرے ۱۶ حوصلہ - ظرف ۱۷ وجہ - معاش - روزگار (س - پیٹ - تخیلی ذکری) پیٹ ابھرنا (لازم) بدہضمی کی وجہ سے پیٹ پھول جانا - پیٹ باندھنا (متعدی) ۱ ضرورت سے کم کھانا - فاقہ کرنا - پیٹ بجانا (متعدی) ۱ پھولے ہوئے پیٹ پر ہاتھ مار کر آواز نکالنا ۲ خوشیاں منانا - پیٹ بری بلا ہے - بھوک مجبور کر دیتی ہے پیٹ بڑا ہونا (لازم) ۱ پیٹ بڑھنا ۲ ہوس زیادہ ہونا - پیٹ بڑھانا (متعدی) ۱ زیادہ کھانا خوراک بڑھنا ۲ ہوس بڑھانا ۳ دوسرے کے حصے پر نظر رکھنا - پیٹ بڑھنا (لازم) ۱ پیٹ بڑا ہونا ۲ ہوس زیادہ ہونا ۳ بھوک کا ترقی کرنا - خوراک زیادہ ہونا - پیٹ بولنا (متعدی) پیٹ کے اندر سے آواز آنا - قراقر ہونا - ریح کی آواز آنا - پیٹ بھاری ہونا (لازم) بدہضمی ہونا - پیٹ میں بوجھ ہونا - پیٹ بھر (کر) ۱ سیر ہو کر - جی بھر کے ۲ بہت - بے حد - زیادہ - پیٹ بھرا (مذکر صفت) یا بھری (صفت مونث) ۱ شکم سیر ۲ دولتمند - امیر ۳ بے فکر - آزاد - بے پروا ۴ مغرور - تنک - پیٹ بھرا ہونا (لازم) سیر ہونا - پیٹ بھراؤ (ہ - صفت) ۱ پیٹ بھرنے کے لئے کافی ۲ (مذکر) شکم سیر - پیٹ بھر جانا (لازم) ۱ سیر ہو جانا - اکتا جانا - گھبرا جانا ۲ دولتمند یا امیر ہو جانا ۳ مغرور ہو جانا - پیٹ بھر کر (تف) ۱ سیر ہو کر (کھانا کے ساتھ) ۲ بے حد - بہت (بگڑنا کے ساتھ) پیٹ بھر لینا (متعدی) جو ملے کھا کر سیر ہونا - روکھا سوکھا کھا کے دن گزارنا - پیٹ بھرنا (لازم) ۱ غذا کی خواہش پوری کرنا - کھانا ۲ دیکھو پیٹ بھر لینا ۳ اکتانا - گھبرانا ۴ آسودہ ہونا - سیر ہونا ۵ دولتمند یا امیر ہونا ۶ (متعدی) دوسرے کو شکم سیر کرنا - پیٹ بھرے کی باتیں ہیں - پیٹ بھرے کے گن ہیں ۱ دولتمند ہونے کی وجہ سے ایسی باتیں کرتا ہے ۲ شیخی یا بے پروائی یا غرور کی باتیں ہیں - پیٹ پاپی ہے - پیٹ بہت گناہ کراتا ہے بھوک کی وجہ سے انسان بہت گناہ کرتا ہے - پیٹ پالنا (لازم) پیٹ بھرنا - تنگی ترشی کی حالت میں کسی طرح گزارا کرنا - پیٹ پالنا (متعدی) ۱ کھانا کچھ کھا کر گزارا کرنا ۲ دقت سے گزر کرنا - پیٹ پالو (ہ) ۱ لالچی - حریص ۲ (مذکر) لالچی آدمی - پیٹ پانی ہونا (لازم) ۱ دست آنا ۲ پریشان ہونا - پیٹ پتلا جانا (متعدی) بخل ظاہر کرنا - بخل سے عاجز ہونا - پیٹ پر پتھر باندھنا (متعدی) فاقے کی اذیت برداشت کرنا - پیٹ پکار رہا ہے - سخت بھوک لگی ہے - پیٹ پکڑ کر بھاگنا (متعدی) سخت گھبراہٹ میں بھاگ جانا - پیٹ پکڑ کر بیٹھ جانا (لازم) پیٹ کی تکلیف کی وجہ سے بیٹھنا - گھبرا کر بیٹھنا پیٹ پکڑ کر لوٹنا (لازم) بہت ہنسی کی وجہ سے درد ہونے پر آدمی کا پیٹ پر ہاتھ رکھ کے لیٹ جانا پیٹ پکڑنا (لازم) پریشانی ہونا - گھبراہٹ ہونا - پیٹ پکڑے پھرنا (لازم) گھبراہٹ میں پھرنا - گھبرا جانا - پیٹ پکنا (ہ) بے اختیار ہنس پڑنا - پیٹ پورا کرنا (متعدی) پیٹ بھرنا - پیٹ بھر کھانا - پیٹ پوسو (صفت) ۱ حریص - لالچی ۲ (مذکر) حریص آدمی - پیٹ پونچھن - پوچھن - (مذکر) آخری بیٹا - پچھلا بچہ - پیٹ پھاڑنا (متعدی) ۱ پیٹ چاک کرنا ۲ بے صبر ہونا - حرص کرنا ۳ کسی کام میں جلدی کرنا ۴ بیقراری ظاہر کرنا ۵ حسد کرنا ۶ دل کا بھید ظاہر کرنا ۷ حصہ لینے میں جلدی کرنا ۸ نظر لگانا ۹ نہ ماننا - انکار کرنا ۱۰ لڑنے کو تیار ہونا - پیٹ پھٹنا (لازم) ۱ شکم چاک ہونا ۲ بے صبر ہونا - قناعت نہ کرنا - ۳ بہت ہنسنا ۴ رشک کرنا - حسد کرنا ۵ چاولوں کا پھول کر شق ہونا - پیٹ پھلانا (متعدی) ۱ پیٹ کو اونچا کرنا ہوا بھر کر یا زور سے ۲ لالچ کرنا - طمع کرنا ۳ جی جلانا ۴ کھانے کے شوق میں تیار ہو کر بیٹھنا ۵ حمل رکھا لینا پیٹ پھول کر نقارہ ہو جانا (لازم) پیٹ بہت ابھر جانا - پیٹ پھولنا (لازم) ۱ ابھر جانا - ریح ہونا ۲ ہنسی سے بیتاب ہونا - بے چین ہونا ۳ حمل ہونا - پیٹ پیٹنا (متعدی) ۱ پیٹ بجانا ۲ بھوک سے بیتاب ہونا - بے صبری کرنا - ہوس کرنا ۳ پھڑ پھڑانا بے چین ہونا - پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا (لازم) ۱ بھوک شدت سے لگنا - بھوک سے پیٹ ساتھ لگ جانا ۲ نہایت دبلا ہو جانا - پیٹ پیٹھ بتانا (متعدی) سخت کمزوری یا بھوک ظاہر کرنا - فرمانبرداری کرنا - پیٹ پیٹھ سے لگ جانا (لازم) بہت دبلا ہو جانا - پیٹ تو سب کے ساتھ لگا ہوا ہے - ہر ایک کو کھانے کی ضرورت پڑتی ہے - پیٹ ٹھنڈا رہنا (لازم)

رہنا۔ صاحب اولاد رہنا۔ اولاد کا زندہ رہنا۔ **پیٹ جاری ہونا** (لازم) پتلے دست آنا۔ **پیٹ جل رہا ہے**۔ سخت بھوک ہے یا پیاس ہے۔ **پیٹ جلنا** (لازم) بچے کو بخار ہونا۔ **پیٹ چپاتی یا سا لگ جانا یا ہو جانا** (لازم) ۱ بھوک کے مارے پیٹ دھس جانا یا بیٹھ جانا ۲ پیٹ کا ملائم ہو جانا۔ **پیٹ چلنا**۔ (لازم) دست آنا **پیٹ چوٹٹی** (صفت) وہ عورت جس کا حمل ظاہر نہ ہو یا حمل میں پیٹ کم بڑھے۔ **پیٹ چھنٹنا** (لازم) دبلا ہونا پیٹ کی موٹائی کم ہونا۔ **پیٹ چھوٹنا یا چھٹنا** (لازم) دست آنا۔ دست جاری ہونا۔ **پیٹ خالی ہونا** (لازم) دیر سے کچھ کھایا نہ ہونا۔ بھوک لگنا۔ **پیٹ دکھانا** (متعدی) ۱ بھوک کی شکایت کرنا۔ افلاس کا اظہار کرنا ۲ دائی سے حمل کی شناخت کرانا۔ دائی سے پیٹ ملوانا۔ **پیٹ ڈالنا** (متعدی) حمل گرانا۔ **پیٹ رکھانا** (لازم) ۱ حاملہ ہونا ۲ (متعدی) حاملہ کر دینا۔ **پیٹ رکھوانا** (م) دیکھو پیٹ رکھانا۔ **پیٹ رہ جانا یا رہنا** (لازم) حاملہ ہو جانا حمل قرار پانا۔ **پیٹ سے** (صفت) حاملہ۔ **پیٹ سے پاؤں باہر نکالنا یا کاڑھنا** (متعدی) ۱ ناشائستہ حرکات کرنا۔ بد وضعی اختیار کرنا ۲ بدی پر آنا۔ شرارت کرنا ۳ پر پرزے نکالنا۔ **پیٹ سے پاؤں نکلنا** (لازم) عیب یا ہنر ظاہر ہونا۔ **پیٹ سے اینٹ یا پٹی یا کاٹھ کی روٹی باندھنا** (متعدی) بھوک کی تکلیف برداشت کرنا۔ **پیٹ سے سوتے جاری ہو جانا یا ہونا** (لازم) کثرت سے دست آنا۔ **پیٹ سے مٹکا باندھنا** (متعدی) مسلمان عورتوں کے اعتقاد میں دوزخ کی ایک سزا اس کے لئے جو ماں کو ستائے۔ **پیٹ سے ہاتھ نکالنا** (متعدی) قدیم محاورہ ہے۔ اب ہاتھ کی بجائے پاؤں استعمال ہوتا ہے۔ **پیٹ سے ہونا** (لازم) حاملہ ہونا۔ **پیٹ کا بچہ** (مذکر) ۱ سگا بچہ۔ عورت کا اپنا جنا ہوا بچہ ۲ بچہ جو ابھی پیٹ میں ہو۔ **پیٹ کا پانی ہے**۔ بے ایمان ہے۔ **پیٹ کا پانی نہ ہلنا** (لازم) بڑے آرام سے سواری کرنا۔ سواری میں ذرا تکلیف نہ ہونا۔ سبک سواری کرنا۔ **پیٹ کا پٹھو** (مذکر) کھانے کا ساتھی۔ بہت دوست۔ ہر وقت کا ساتھی۔ **پیٹ کا پردہ** (مذکر) ۱ آنتوں کی جھلی ۲ اوجھڑی۔ **پیٹ کاٹ کے** (تف) اپنی خوراک میں سے۔ اپنی بھوک

رکھ کے۔ **پیٹ کاٹنا** (متعدی) ۱ خوراک کم کرنا کم کھا کر گزارا کرنا ۲ کسی کی خوراک کم کرنا۔ **پیٹ کا ٹوٹا** (صفت) بھوکا۔ فاقوں کا مارا۔ **پیٹ کا دکھ دینا** (متعدی) بھوکا مارنا کھانے کو نہ دینا۔ **پیٹ کا دکھیا** (صفت) ۱ وہ شخص جسکے بہت کھانے کی وجہ سے پیٹ میں درد رہے ۲ بھوکا شخص۔ غریب آدمی ۳ وہ شخص جو پیٹ کی خاطر سب کچھ کرنے کو تیار ہو ۴ بسیار خور بلا نوش آدمی۔ **پیٹ کا کپٹی** (صفت) بدمعاش بے ایمان۔ منافق۔ **پیٹ کا کتا** (مذکر) شورا (ھ) سخت حریص۔ کھانے پر دم دینے والا۔ بندۂ شکم۔ شکم پرور۔ **پیٹ کا گڑگڑانا** (لازم) ڈر سے پیٹ کا بولنا **پیٹ کا گہرا** (صفت) راز چھپانے والا۔ **پیٹ کا مزورا** (ھ) وہ شخص جو پیٹ کی خاطر مزدوری کرے **پیٹ کا ہلکا** (صفت) وہ شخص جو راز نہ چھپا سکے اوچھا۔ کم ظرف۔ **پیٹ کو دھوکا دینا** (متعدی) بھوکا رہ جانا۔ تھوڑی خوراک کھانا۔ **پیٹ کو لگنا** (لازم) سخت بھوک لگنا۔ اشتہا کا غلبہ ہونا **پیٹ کو مرنا** (لازم) بھوکا مرنا۔ **پیٹ کھل جانا** (لازم) ۱ بھوک بڑھ جانا ۲ بہت کھانا۔ **پیٹ کی آگ یا آنچ** (مونث) ۱ بھوک۔ اشتہا ۲ مامتا۔ ماں کی محبت ۳ بال بچے اولاد۔ **پیٹ کی آگ بجھانا** (لازم) ۱ کھانا کھانا۔ بھوک مٹانا ۲ (متعدی) بھوکے کو کھانا کھلانا۔ روٹی دینا۔ کسی کا پیٹ بھرنا۔ **پیٹ کی انگار** (مونث) ۱ سخت بھوک ۲ سخت جوش **پیٹ کی بات** (مونث) دل کا بھید۔ راز۔ **پیٹ کے بال** (مذکر) وہ بال جو بچے کے بدن پر پیدائش کے وقت ہوتے ہیں۔ **پیٹ کے پاؤں باہر نکالنا** (متعدی) دیکھو پیٹ سے باہر الخ۔ **پیٹ کی فکر** (مونث) ۱ رزق حاصل کرنے کا خیال ۲ فکر معاش۔ **پیٹ کے کارن۔ لئے یا واسطے** (تف) معاش کے واسطے۔ روزی بہم پہنچانے کے واسطے۔ **پیٹ کے لئے دوڑنا** (لازم) روٹی کی فکر میں دوڑنا۔ فکر معیشت میں مارے مارے پھرنا۔ **پیٹ کی مار** (مونث) بھوک کی تکلیف رزق کی کمی۔ **پیٹ کی مار دینا** (متعدی) بھوکا مارنا۔ سزا کے طور پر بھوکا رکھنا۔ **پیٹ کی مامتا** (مونث) اولاد کی محبت۔ **پیٹ گدرانا** (لازم) حمل کی علامت ظاہر ہونا۔ **پیٹ گرانا** (متعدی) حمل گرانا۔ **پیٹ گرنا** (لازم) حمل ساقط ہونا۔ **پیٹ**

گروانا (م) کسی سے ایسا علاج کروانا کہ حمل ساقط ہو۔ **پیٹ گڑگڑانا یا گڑبڑانا** (لازم) پیٹ میں قراقر ہونا۔ **پیٹ لگ جانا یا رہنا** (لازم) بھوک سے پیٹ کا اندر کی طرف دھس جانا۔ فاقہ کرنا۔ بھوکا مرنا۔ **پیٹ مارنا** (متعدی) ۱ کم کھانا۔ بھوک کے مطابق نہ کھانا ۲ نفس کشی کرنا ۳ اپنے پیٹ میں چھری مارنا۔ خودکشی کرنا ۴ مالکی دبہ سے بچانا ۵ چشم پوشی کرنا۔ **پیٹ مرانی** (مونث) ۱ وہ عورت جو پیٹ کے لئے محنت کرے ۲ وہ عورت جو پیٹ کے لئے زنا کرائے ۳ فاحشہ عورت۔ رنڈی۔ **پیٹ مسوس کے رہ جانا** (لازم) پیچ و تاب کھانا۔ **پیٹ مسوسنا** (لازم) بھوکا رہنا۔ **پیٹ ملوانا** (م) پیٹ کی مالش کرانا۔ **پیٹ میں آزار رہنا** (لازم) پیٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کا پتہ نہ لگے **پیٹ میں آڑ ہونا** (لازم) بچوں کے پیٹ میں قبض کی وجہ سے درد ہونا۔ **پیٹ میں انگارے بھرنا** (لازم) ۱ مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ جو مال حرام کھائے۔ دوزخ میں اس کے پیٹ میں انگارے بھرے جائیں گے ۲ مال حرام کھانا۔ **پیٹ میں بات رکھنا** (متعدی) کسی سے دل کا بھید نہ کہنا۔ راز مخفی رکھنا۔ **پیٹ میں بات نہ پچنا یا سمانا** (لازم) راز مخفی نہ رکھ سکنا۔ بات کہہ دینا۔ **پیٹ میں بل پڑنا** (لازم) ہنستے ہنستے دہرا ہو جانا ۱ بہت ہنسنا۔ **پیٹ میں پانی پڑ جانا** (لازم) ایک بیماری جس میں گردے اسقدر خراب ہو جاتے ہیں کہ پیشاب خارج نہیں ہوتا اور پیٹ میں جمع ہو جاتا ہے **پیٹ میں پانی پڑنا** (لازم) خوف کی وجہ سے دست آنا **پیٹ میں پانی نہ پچنا** (لازم) راز کی بات چھپا نہ سکنا۔ **پیٹ میں پانی ہونا** (لازم) ۱ دست آنا ۲ پریشان ہونا۔ **پیٹ میں پالنا** (متعدی) کوئی بات دل میں رکھنا۔ فکر کرنا۔ سوچ میں پڑنا۔ **پیٹ میں پاؤں ہونا** (لازم) بہت مکار ہونا۔ دوسرے کو نقصان پہنچانے کے خیالات ہونا۔ **پیٹ میں پٹھو** (مذکر) بچوں کے کھیلوں میں اگر بچوں کی تعداد طاق ہو تو تقسیم کرنے میں جس طرف ایک کم رہے۔ اس طرف کا ایک بچہ دو کا کام کرتا ہے۔ یہ دوسرا پٹھو ہوتا ہے۔ **پیٹ میں پڑنا** (لازم) ۱ کوئی کھانے کی چیز پیٹ میں جانا ۲ حمل ہونا۔ **پیٹ میں بیٹھنا** (لازم) ۱ راز معلوم

کرنا ۔ اپنے مطلب کے لئے دوست بنانا ۔ ربط اتحاد پیدا کرنا ۔ **پیٹ میں (ٹکڑا) ڈالنا** (لازم) ۱ معمولی کھانا کھانا ۲ (متعدی) کھانا دینا ۔ کفالت کرنا ۔ روزی بہم پہنچانا ۔ **پیٹ میں چوہوں کا قلا بازی کھانا** (متعدی) بہت بھوک لگنا ۔ **پیٹ میں چوہوں کی گھوڑ دوڑ ہونا** (لازم) گھبرا جانا ۔ سٹ پٹا جانا ۔ **پیٹ میں چوہے چھوٹنا یا دوڑنا** (متعدی) گھبرا جانا ۔ سٹ پٹا جانا ۔ **پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا** (لازم) بہت کم خوراک ہونا ۔ **پیٹ میں داڑھی ہونا** (لازم) بچپن میں عقلمندی کی باتیں کرنا ۔ **پیٹ میں ڈالنا** (متعدی) جلدی جلدی کھانا ۔ بے رغبتی سے کھانا ۔ **پیٹ میں رکھنا** (متعدی) اظہار نہ کرنا ۔ **پیٹ میں روٹی پڑنا** (لازم) کھانے کو ملنا ۔ **پیٹ میں سانس نہ سمانا** (لازم) ۱ سانس پھول جانا ۔ تھک جانا ۲ سخت گھبرانا ۔ **پیٹ میں سے پاؤں نکالنا** دیکھو پیٹ سے پاؤں نکالنا ۔ **پیٹ میں قراقر ہونا** (لازم) پیٹ بولنا ۔ ریح ہونا ۔ **پیٹ میں کھلبلی پڑنا یا مچنا** (لازم) پریشانی ہونا ۔ گھبراہٹ ہونا ۔ **پیٹ میں گڑبڑ ہونا** (لازم) پیٹ بولنا ۔ **پیٹ میں کن بھرے ہونا** (لازم) باطن میں شرارت ہونا ۔ **پیٹ میں گھسنا** (لازم) دیکھو پیٹ میں بیٹھنا ۔ **پیٹ میں گھوڑے دوڑنا** (متعدی) قراقر ہونا ۔ **پیٹ میں گیدڑ (گیدڑیاں) دوڑ جانا یا دوڑنا** (لازم) پیٹ میں چوہے دوڑنا ۔ **پیٹ میں لینا** (متعدی) ہڑپ کر جانا ۔ کھا لینا ۔ برداشت کرنا ۔ صبر کرنا ۔ **پیٹ میں ہول سمانا (سی اٹھنا)** (لازم) بہت گھبرانا ۔ پریشان ہونا ۔ **پیٹ نہیں مانتا** ۔ بھوک کی برداشت نہیں ہوتی ۔ پیٹو (صفت) بہت کھانے والا ۔ لالچی ۔ حریص ۔ **پیٹ والی** (مونث) حاملہ ۔ **پیٹ ہڑ بھڑانا** (لازم) پیٹ بولنا ۔

امثال واقوال ۔ **پیٹ بھر اور پیٹھ لاد** ۔ کھا کر محنت کرنی چاہئے ۔ **پیٹ بھر و پیٹے لادو** ۔ کھانے کو دو اور محنت لو ۔ **پیٹ بھرے رذالے اور بھوکے بھلے مانس سے ڈریئے** ۔ کمینہ دولتمندی کی حالت میں اور شریف مفلسی میں لڑنے کو تیار رہتے ہیں ۔ **پیٹ بھرے (کی کھوٹی چال) کے کھوٹے چالے** ۔ امیر آدمی عموماً عیاش ہوتے ہیں ۔ **پیٹ کبھی خالی گود کبھی خالی** ۔ مفلس اور بے اولاد ۔ **پیٹ بیچ پڑی روٹیاں تو سبھی باتیں موٹیاں** (ھ) امیر ہو کر بہت باتیں آ جاتی ہیں ۔ **پیٹ پٹاری منہ سپاری** ۔ دیکھنے میں تو دبلا ہے پر کھاتا بہت ہے ۔ **پیٹ چلے من بھکتوں کو** (ھ) مصیبت پڑی ہوئی ہے اور دل ایسی باتوں کو چاہتا ہے جس سے مصیبت اور بڑھے ۔ **پیٹ جو چاہے سو کرائے** بھوک کی وجہ سے آدمی ہر بات کے لئے تیار رہے ۔ **پیٹ پالنا کتا بھی جانتا ہے** ۔ دنیا میں پیٹ پالنا ہی کام نہیں ۔ نہایت خودغرض شخص کو کہا جاتا ہے ۔ **پیٹ سب رکھتے ہیں** ۔ اسے کہتے ہیں جو مفت کھانے کو مانگے ۔ مطلب یہ ہے کہ محنت کر کے کمانا چاہیئے ۔ **پیٹ سب کچھ کراتا ہے** ۔ معاش کے لئے آدمی ہر کام کیلئے تیار ہے ۔ **پیٹ سے فاقہ طبیعت خوش بے اندازہ** ۔ لاپروا آدمی کو کہتے ہیں کہ کھانے کو نہیں مگر ہر وقت خوش ہے ۔ **پیٹ کے آگے نا ہے** ۔ پیٹ بھرا ہوا ہو تو آدمی کھانے سے انکار کر دیتا ہے ۔ **پیٹ کے بگاڑ سے سارے بگاڑ ہیں** ساری بیماریاں فساد معدہ سے ہوتی ہیں ۔ **پیٹ کے گن کون جانے** ۔ باطن کا حال کسی کو معلوم نہیں ۔ **پیٹ کے واسطے پردیس جاتے ہیں** فکر معاش میں لوگ سفر کرتے ہیں ۔ گھر بیٹھے کھانا نہیں ملتا ۔ **پیٹ کوئی منہ سوئی** (ھ) چہرے سے تو دبلا پتلا معلوم ہوتا ہے مگر کھاتا بہت ہے ۔ **پیٹ میٹ کار سمیٹ** ۔ پہلے کام ختم کر ۔ پھر کھانے کو مانگ ۔ **پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت** ۔ بہت بوڑھا ۔ **پیٹ میں پاؤں ہیں** ۔ محنت کرو تو کھانے کو ملتا ہے ۔ **پیٹ میں پڑا چارہ تو کودنے لگا بیچارہ** ۔ **پیٹ میں پڑی روٹیاں تو سب کلاں موٹیاں** ۱ غریب امیر ہو کر پچھلی باتیں بھول جائے تو کہتے ہیں ۲ کھانے کو ملے تو شرارت کی سوجھتی ہے ۳ کھانے سے طاقت آتی ہے ۴ مددگار ہوں تو آدمی دلیر ہو جاتا ہے ۔ **پیٹ میں پڑی بوند تو نام رکھا محمود** ۔ کام ہوا نہیں خوشی پہلے ہی منانی شروع کر دی ۔ **پیٹ میں پڑے تو عبادت سوجھے** ۔ بھوکے سے عبادت نہیں ہوتی ۔ **پیٹ میں پڑی جب دور کی سوجھی بھوک لگی تندور کی سوجھی** ۔ بے فکری عجیب شے ہے عجیب عجیب باتیں سوجھنے لگتی ہیں ۔ بھوکے کو روٹی کی فکر رہتی ہے ۔ **پیٹ میں گھسے تو بھید ملے** کسی سے بہت دوستی ہو جائے تو راز معلوم ہوتا ہے ۔ **پیٹو مرے پیٹ کو نامی مرے نام کو** ۔ پیٹو کو ہر وقت کھانے کا خیال رہتا ہے اور عزت دار کو اپنی عزت بچانے کا ۔ **پیٹ ہے یا بے ایمان کی قبر** ۔ بہت بڑے پیٹ والے کو مذاقاً کہتے ہیں ۔ **پیٹ ہے یا چمڑے کی پکھال** ۔ بہت زیادہ شراب پینے والے کی نسبت کہتے ہیں ۔ **پیٹ ہے یا کٹھار** ۔ بہت کھانے والے کی نسبت کہتے ہیں ۔

پیٹا (ہ ۔ مذکر) ۱ پیٹ ۔ شکم ۲ اوجھڑی حیوانات کی ۳ دور ۔ گھیر ۔ گولائی ۴ اڑتے ہوئے پتنگ کا جھول ۵ جوف ۔ کسی چیز کا وسط ۶ تنی ہوئی رسی یا زنجیر کا جھول ۷ دریا کا راستہ یا پاٹ ۸ ورق کا بیچ کا حصہ ۔ متن ۹ حساب کی تفصیل ۔ میزان ۱۰ فاصلہ ۔ دوری ۱۱ قابو ۔ بس ۱۲ حمایت ۱۳ (تف) تقریباً ۔ تخمیناً ۔ قریب قریب ۔ اندازاً (س پٹیک ۔ **پیٹا توڑنا** (متعدی) اڑتے ہوئے پتنگ کی ڈور بیچ میں سے توڑ لینا ۔ **پیٹا چھوڑنا** (متعدی) پتنگ کی ڈور کا ڈھیلا ہونا ۔ **پیٹا کاٹ جانا** (لازم) پتنگ کے پیٹے سے دوسرا پتنگ کٹ جانا ۔ **پیٹے میں آجانا** (لازم) زیر بار ہو جانا ۔ **پیٹے میں پڑنا** (لازم) قابو میں ہونا ۔ بس میں ہونا ۔ **پیٹے میں ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ قریب قریب ہونا ۔

پیٹا (س ۔ مونث) پٹاری ۔ بڑی ٹوکری ۔

پیٹاہا (ہ ۔ مذکر) بڑے پیٹ والا توند والا ۔

مثل ۔ **پیٹاہا چاکر گھساہا گھوڑا کھائے بہت کام کرے تھوڑا** ۔ توندوالا نوکر اور موٹا گھوڑا کھاتے بہت ہیں کام تھوڑا کرتے ہیں ۔

پیٹرن (انگ ۔ مذکر) حامی ۔ سرپرست مربی ۔ مددگار (بنانا ۔ بننا ۔ ہونا کے ساتھ)

پیٹرن (انگ ۔ مذکر) ۱ نمونہ ۲ نقشہ ۔ خاکہ ۔

پیٹک (س ۔ مذکر) ۱ تھیلیوں کی ٹوکری جس میں کپڑے یا کتابیں رکھی جائیں ۲ کثرت بہتات افراط ۔ وفور ۔

پیٹک (ہ ۔ صفت) پیٹو ۔

پیٹکا (ہ ۔ مونث) صندوق ۔

پیٹل (ہ ۔ صفت) بڑے پیٹ

پیٹنٹ (انگ۔ مذکر) ۱ رجسٹر شدہ ایجاد۔ سرٹیفکیٹ ۲ رجسٹری شدہ ایجاد جو دوسرا نہ بنا سکے ۳ (صفت) رجسٹری شدہ ۴ مسلمہ۔ مستند

پیٹنی (ھ۔ مونث) حاملہ عورت

پیٹوکھا (ھ۔ مذکر) دست آنا۔ پیچش ہونا۔ انتڑیوں کی تکلیف۔

پَیٹھ (ھ۔ امر) پیٹھنا کا ۲ (مونث) ۱ داخلہ۔ دخل۔ رسائی۔ باریابی ۳ ہنڈی کی نقل **پیٹھا** (امر) پیٹھانا کا ۲ (ماضی) پیٹھنا کی۔ **پیٹھالنا** (مم) پیٹھنا کا۔ **پیٹھانا** (متعدی) پیٹھنا کا۔ **پیٹھاؤ** (مذکر) داخلہ۔ رسائی۔ باریابی۔ **پیٹھ جانا پیٹھنا** (لازم) ۱ گھسنا۔ پیوست ہونا۔ داخل ہونا ۲ سرایت کرنا۔ **پیٹھنے دینا** (متعدی) داخل ہونے کی اجازت دینا۔ باریابی کی اجازت دینا۔ گھسنے دینا۔ **پیٹھنے والا** (صفت) ۱ گھسنے والا۔ مداخلت کرنے والا ۲ غوطہ خور۔ غواص ۳ کنواں صاف کرنے والا۔

پِیٹھ (ہ۔ مونث) ۱ انسان کے بدن کا پیچھے کا حصہ جو گردن سے نیچے اور کمر سے اوپر ہے۔ پشت ۲ کسی چیز کا پیچھے کا حصہ ۳ جانوروں کا اوپر کا حصہ ۴ مدد۔ حمایت۔ پناہ۔ **پیٹھ پر کا** (صفت) ۱ بعد کا۔ پیچھے کا ۲ بچہ جو کسی بچے کے بعد پیدا ہوا ہو ۳ چھوٹا بھائی۔ **پیٹھ پر کی** (صفت۔ مونث) دیکھو آخری **پیٹھ پر کھانا** (متعدی) ۱ بھاگتے ہوئے پٹنا ۲ چوتڑوں پر مار کھانا۔ **پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا** (متعدی) ۱ پیار کرنا ۲ حوصلہ بڑھانا۔ ہمت بڑھانا۔ **پیٹھ پر ہاتھ ٹھوکنا** (متعدی) دیکھو پیٹھ ٹھوکنا۔ **پیٹھ پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) ۱ معمولی معنوں میں ۲ سرپرستی کرنا۔ **پیٹھ پر ہونا** (لازم) ۱ حمایت یا مدد کرنا ۲ ایک بچے کے بعد دوسرے کا پیدا ہونا۔ **پیٹھ پھیر کر بیٹھنا** (لازم) ۱ پیٹھ موڑ کر بیٹھنا۔ بیزار ہونا۔ ناراض ہونا ۲ عورت کا بڑوں کے سامنے منہ کر کے نہ بیٹھنا۔ **پیٹھ پھیرنا** (متعدی) ۱ مڑ کر بیٹھنا۔ رخ بدل کر بیٹھنا ۲ ناراضگی کی وجہ سے منہ پرلی طرف کر لینا ۳ روانہ ہونا جانا۔ رخصت ہونا ۴ لڑائی سے بھاگنا۔ ہزیمت اٹھانا۔ **پیٹھ پیچھے** (ہے) (غو) ان کی غیبت میں میں ان کی تعریف کرتی ہوں۔ منہ دیکھے کی خوشامد نہیں۔ **پیٹھ پیچھے** (تف) غیر حاضری میں غیبت میں۔ **پیٹھ پیچھے ڈال دینا** (متعدی) بے پروائی کرنا۔ **پیٹھ پیچھے (برا) کہنا** (متعدی) غیبت کرنا بدگوئی کرنا۔ **پیٹھ توڑنا** (متعدی) ٹوٹ جانا **ٹوٹنا** (لازم) کمر ٹوٹنا۔ ہمت ٹوٹنا۔ پست ہمت ہونا **پیٹھ ٹھوکنا یا ٹھونکنا** (متعدی) ۱ شاباش دینا ہمت بڑھانا ۲ پیار کرنا۔ **پیٹھ جھک جانا یا خم ہونا** (لازم) ۱ ضعف پیری کی وجہ سے پیٹھ ٹیڑھی ہو جانا ۲ بوجھ اٹھانے کی وجہ سے جھکنا۔ **پیٹھ چارپائی سے لگ جانا** (لازم) سخت بیمار ہونا دیر تک بیمار رہنا۔ چارپائی پر بیماری کی وجہ سے پڑا رہنا۔ **پیٹھ چرانا** (متعدی) جانور کا تکلیف کی وجہ سے سوار کے سوار ہونے کے وقت پیٹھ نیچی کر لینا **پیٹھ دکھانا** (متعدی) ۱ بھاگ جانا۔ شکست کھانا ۲ سفر کو جانا۔ روانہ ہونا۔ رخصت ہونا۔ **پیٹھ دینا** (متعدی) پیٹھ دکھانا۔ **پیٹھ زمین (سے) کو لگنا** (لازم) پچھڑ جانا۔ چت ہونا۔ کشتی ہار جانا۔ **پیٹھ سیدھی کرنا** (متعدی) بہت دیر جھک کر کام کرنے کے بعد سیدھا ہونا۔ آرام کرنا۔ **پیٹھ کا** (صفت) دیکھو پیٹھ پر کا۔ **پیٹھ کا کچا** (مذکر) وہ جانور جس کی پیٹھ سواری سے جلد لگ جائے۔ **پیٹھ کے پیچھے ڈال لینا** (متعدی) حفاظت کرنا۔ بچانا۔ حمایت کرنا۔ پناہ دینا۔ **پیٹھ لگانا** (متعدی) ۱ چت کر دینا دے مارنا ۲ جانور کی پیٹھ زخمی کر دینا۔ **پیٹھ لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱ چت ہونا۔ کشتی میں مغلوب ہو جانا ۲ پیٹھ زخمی ہو جانا ۳ لیٹے لیٹے پیٹھ میں گھاؤ پڑ جانا ۴ سخت بیمار ہونا ۵ چت لیٹنا۔ آرام پانا۔ **پیٹھ مُلا** (مذکر) دیسی کوٹ کا پیچھے کا ٹکڑا۔ **پیٹھ موڑنا** (متعدی) دیکھو پیٹھ پھیرنا اور پیٹھ دکھانا۔ **پیٹھ نہ لگنا** (لازم) تڑپنا۔ بیقرار ہونا ۲ آرام نہ پانا۔

امثال و اقوال۔ پیٹھ پیچھے بادشاہ کو (بھی) برا کہتے ہیں، گالیاں دیتے ہیں۔ اگر کوئی غیر حاضری میں برا کہے تو اس کی پروا نہیں کرنا چاہئے۔ **پیٹھ پیچھے ڈوم راجا۔** افسر کی غیر حاضری میں چھوٹے سے چھوٹا آدمی بھی حکم چلاتا ہے **پیٹھ پیچھے کچھ ہی ہو۔** اپنے بعد بیشک خرابی ہو مگر موجودگی میں ہر بات ٹھیک ہونی چاہئے۔

پِیٹھ (س۔ مذکر) ۱ پیڑھی۔ نپائی کرسی۔ مونڈھا۔ موڑھا ۲ دیوتا کی جائے رہائش ۳ بت کی نشست گاہ ۴ اگن ہوتر۔ قربان گاہ ۵ پائے ستون۔ کھمبے کی کرسی۔ نیو۔ بنیاد ۶ ایک قسم کا زیور ۷ وہ ۵۱ جگہ جہاں پاروتی جی کے ٹکڑے گرے تھے جب شو جی کے چکر نے انہیں قتل کر دیا تھا۔ ان میں سے جوالا مکھی۔ وندھیا واسنی اور کالی گھاٹ پر مندر بنے ہوئے ہیں ۸ (علم) چکر ٹکڑے یا قطع دائرہ اور نوے درجے کا فرق ۹ سورج ۱۰ ایک اسر کا نام ۱۱ کنس کا ایک وزیر۔ **پیٹھستان** (مذکر) ۱ پیٹھ نمبر ۷ ۲ ایک شہر۔ **پیٹھ نائکا** (مونث) ۱۴ برس کی لڑکی جسے ابھی حیض آنا نہ شروع ہوا ہو اور جسے تیوہاروں پر درگا جی بنایا جائے۔

پیٹھا (ھ۔ مذکر) ایک مٹھائی جو چاول کے آٹے ناریل اور شکر سے بنائی جاتی ہے۔

پیٹھا (ہ۔ مذکر) ایک ترکاری کا نام جو گول کدو کی قسم کی مگر بڑی ہوتی ہے۔ **پیٹھے کی مٹھائی** (مونث) ایک قسم کی مٹھائی جو پیٹھے کی قاشیں بنا کر قوام شکر میں ڈال کر بناتے ہیں۔

پیٹھوتا (ھ۔ مذکر) کتاب کا صفحہ۔

پِیٹھی (ہ۔ مونث) ماش۔ مونگ وغیرہ کی دال بھگو کر پیسی ہوئی (س پشٹکا)

پِیٹھیا (ھ۔ مونث) پشت۔ پیٹھ۔ **پیٹھیا ٹھونک** (صفت) ۱ کوٹ کر بھرا ہوا اچھی طرح کوٹا ہوا ۲ (تف) پاس پاس۔ قریب قریب ۳ تنگی سے۔ کس کر۔ جکڑ کر۔

پیٹھیا (ھ۔ مونث) پیٹھ کی تصغیر۔

پیٹی (ہ۔ مونث) ۱ چمڑے یا کپڑے کا چوڑا ٹکڑا جو کمر میں باندھتے ہیں۔ پٹکا۔ کمربند ۲ وہ کپڑا جو زچہ کی کمر میں باندھتے ہیں ۳ وہ کپڑا جو طفل نوزائیدہ کی کمر میں لپیٹتے ہیں ۴ وہ ڈورا جو بلبل وغیرہ کی کمر میں باندھتے ہیں ۵ وہ چمڑے وغیرہ کا ٹکڑا جو شکاری دوندوں چیتے وغیرہ کی کمر میں باندھتے ہیں ۶ لوہے، ٹین یا رکھنے کا صندوق ۷ لکڑی کا صندوق یا پارسل جس میں سامان تجارت آتا ہے ۸ چمڑے کا چوڑا ٹکڑا جو مشینوں کے پہیوں پر دوسرے پہئے کو چکر دینے کے لئے چڑھایا جاتا ہے ۹ توپ یا بندوق کے سامان رکھنے کا بکس ۱۰ نیفے کا استر ۱۱ وہ کپڑا جو عورتیں چوٹی گوندھنے کی غرض سے پہلے لپیٹ کر موباف باندھتی ہیں ۱۲ خرجی۔ جامہ دانی ۱۳ (ھ) سینہ۔ چھاتی۔ صدر (س پیٹکا) **پیٹی اتارنا** (متعدی) سپاہی کو معطل کرنا۔ جب افسران کسی سپاہی کو معطل کرنا چاہتے ہیں۔ تو اس کی پیٹی اتار لیتے ہیں۔ **پیٹی اترنا** (لازم) معطل ہونا۔ **پیٹی باندھنا** (متعدی)

۱ کمر کسنا ۲ پرندوں کی کمر میں پیٹی باندھ دینا ۳ زچہ یا بچے کی کمر میں پیٹی باندھ دینا وغیرہ۔ **پیٹی توڑنا** (متعدی) چور کا لوہے کے صندوق کو شکستہ کر دینا۔ **پیٹی چڑھانا** (متعدی) **پیٹی چڑھنا** (لازم) پیٹی کو مشین کے پہیوں پر لگا دینا۔ **پیٹی کھولنا** (متعدی) ۱ سامان کا صندوق کھولنا ۲ چوری کے لئے نقدی اور زیورات کا صندوق کھول لینا۔ **پیٹی کھلنا** (لازم) پیٹی کھولنا کا۔ **پیٹی لڑانا یا مارنا** (ھ) جماع کرنا۔ **پیٹی سے لینا یا لینا** (متعدی) معطل کر دینا۔

پیٹیا (ھ۔ مذکر) ۱ روزانہ خشک خوراک۔ رسد ۲ وظیفہ۔ پنشن۔

پیچ (ھ۔ مونث) ۱ اقرار صالح۔ اقرار۔ وعدہ۔ حلف۔ قسم ۲ دشمنی یا بدلہ لینے کا حلف یا قسم (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ دیکھو پیٹھ۔ **پیچنا** (لازم) قسم کھانا وغیرہ۔

پیچ (ہ۔ مونث) پانی جس میں چاول ابلے ہوئے ہوں۔ چاولوں کا پساؤ (س۔ پیچھ) **پیچ پی** (ہزار) **نعمت کھائی**۔ معمولی چیزوں کو غنیمت خیال کیا اور کبھی شکایت نہیں کی۔ اب برداشت نہیں ہو سکتی۔

پیچ (ف۔ مذکر) ۱ لپیٹ۔ بل ۲ چکر۔ موڑ۔ پھیر۔ گھماؤ۔ دور۔ گردش ۳ بند کشتی کا داؤں ۴ داؤں ۵ مروڑ۔ پیٹ کا درد ۶ وہ کیل جس میں چوڑیاں کٹی ہوئی ہوتی ہیں ۷ دشواری۔ مشکل۔ دقت ۸ دھوکا فریب۔ چال ۹ خلل۔ روک۔ اٹک ۱۰ پھندہ۔ گرہ ۱۱ پتلی پگڑی ۱۲ کنکووں کی لڑائی۔ ایک کنکوے کی ڈور کا دوسرے کنکوے سے الجھنا ۱۳ سویوں کے لچھے ۱۴ کل مشین ۱۵ کپڑے کا تھان ۱۶ کنڈلی۔ حلقہ۔ **پیچا** (ھ) پتنگ کا پیچ۔ **پیچا پیچ** (ھ۔ مذکر) ۱ چکر پہ چکر۔ تہ پہ تہ ۲ (صفت) مشکل۔ پیچیدہ۔ دشوار۔ **پیچ اٹھانا** (متعدی) ۱ تکلیف پانا۔ رنج اٹھانا ۲ ایک کنکوے کی ڈور کا دوسرے کی ڈور سے علیحدہ کر لینا۔ **پیچ اٹھنا** (لازم) پیٹ میں مروڑا اٹھنا۔ **پیچ اکھڑنا** (لازم) ۱ بل کھل جانا ۲ کیل نکل جانا۔ **پیچاں** (صفت) ۱ بل کھائے ہوئے ۲ (زلف) حیران پریشان۔ **پیچاں و غلطاں** (صفت) حیران پریشان۔ لوٹ پوٹ کر۔ **پیچ باندھنا** (متعدی) کشتی کا داؤں کرنا۔ **پیچ پاچ یا پانچ** (مذکر) مکاری۔ فریب۔ چالاکی۔ چال دھوکا۔ **پیچ پانچ کی باتیں** (مونث) شرارت کی باتیں۔ چالاکی کی باتیں۔ **پیچ پر پیچ** (مذکر) سخت وقت۔ سخت مشکل۔ **پیچ پر پیچ اٹھانا** (متعدی) رنج پر رنج سہنا۔ **پیچ پر پیچ پڑنا** (لازم) دقت پر دقت ہونا مشکل پر مشکل پڑنا۔ **پیچ پر پیچ کھانا** (متعدی) غصے سے بیتاب ہونا۔ **پیچ پر چڑھانا** (متعدی) کشتی کے داؤں میں لانا۔ **پیچ پر چڑھنا** (لازم) داؤں میں پھنسنا۔ **پیچ پڑجانا یا پڑنا** (لازم) ۱ مشکل یا دقت پیش آنا ۲ خلل پڑنا۔ ہرج ہونا ۳ الجھ جانا ۴ ایک پتنگ کی ڈور کا دوسری پتنگ پر پڑنا۔ **پیچ تاب** (مذکر) دیکھو پیچ و تاب۔ **پیچ چلنا** (لازم) ۱ داؤں کا کامیاب ہونا ۲ تدبیر کارگر ہونا۔ چال چل جانا ۳ دغا فریب سے کام نکالنا۔ **پیچ چننا** (لازم) پگڑی کے پیچوں کو احتیاط سے درست کرنا۔ **پیچ چھٹنا** (لازم) کنکووں کی ڈوروں کا علیحدہ ہو جانا۔ **پیچدار** (صفت) ۱ بل کھایا ہوا ۲ پیچیدہ۔ مشکل ۳ الجھا ہوا ۴ دھوکے باز دغا باز۔ مکار ۵ ٹیڑھا۔ کج۔ خمدار ۶ مبہم۔ ذومعنی **پیچ در پیچ** (تف) ۱ لپیٹ پر لپیٹ۔ بل پہ بل ۲ نہایت مشکل۔ پیچیدہ۔ دشوار۔ **پیچ دینا** (متعدی) ۱ بل دینا۔ مروڑنا۔ لپیٹنا ۲ پیچ کسنا ۳ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ **پیچ ڈالنا** (متعدی) ۱ الجھانا۔ ایک پتنگ کی دوسرے پتنگ کی ڈور سے الجھانا ۲ مشکل میں پھنسانا۔ دقت میں ڈالنا ۳ فریب یا دھوکے کے جال بچھانا ۴ پیچیدگی بڑھانا ۵ جھگڑا پیدا کرنا۔ شرارت کرنا ۶ خلل ڈالنا۔ ہرج کرنا ۷ داؤں کرنا۔ **پیچش** (مونث) مروڑ کی بیماری جس میں پاخانے کے ساتھ آؤں آتی ہے۔ **پیچک** (مونث) ریل۔ پکے سوت کی گکڑی یا گولی۔ چھوٹا تنچہ۔ جس میں پیچدار نال ہوتی ہے۔ **پیچ کا** (ھ) پیچدار۔ **پیچ کا توڑ** (مذکر) کشتی میں حریف کے داؤں کا جواب۔ **پیچ کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) کنکوا کٹنا۔ **پیچ کرنا** (متعدی) ۱ کشتی میں داؤں کرنا ۲ پتنگ کا پیچ لڑانا ۳ دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ جل دینا۔ **پیچ کسنا** (متعدی) لوہے کے پیچ کا چکر دے کر دبانا۔ **پیچکش** (مذکر) ایک آلہ جس سے پیچ کھولتے یا کستے ہیں۔ **پیچ کھانا** (متعدی) ۱ اول ہی دل میں رنجیدہ یا غصے ہونا ۲ بل کھانا۔ اینٹھنا ۳ چکر کھانا۔ **پیچ کھل جانا یا کھلنا** (لازم) ۱ بل یا لپیٹ ادھڑ جانا ۲ بل دور ہو جانا۔ سلجھنا ۳ پوشیدہ بات ظاہر ہو جانا۔ راز افشا ہونا ۴ مشکل حل ہونا۔ **پیچ کھیلنا** (متعدی) ۱ داؤں کرنا ۲ جل دینا۔ فریب دینا۔ **پیچ کھینچنا** (متعدی) پیچ کسنا۔ **پیچ کی بات** (مونث) ذومعنی بات۔ وہ بات جس کا ظاہری مطلب کچھ ہو۔ اصل کچھ اور ہو۔ **پیچ لانا** (متعدی) جھگڑے نکالنا۔ مصیبت لانا۔ **پیچ لڑانا** (متعدی) **لڑنا** (لازم) ۱ پتنگ کی ڈور کا دوسری پتنگ کی ڈور پر پڑنا ۲ لنگر کا پیچ لڑنا۔ **پیچ لینا** (متعدی) ۱ پیچ لڑانا ۲ گلے ملنا۔ **پیچ مارنا** (متعدی) ۱ کشتی کا داؤں کرنا ۲ دھوکا دینا۔ جل دینا۔ فریب کرنا ۳ بل کھانا۔ اینٹھنا ۴ کام اٹکانا۔ مانع ہونا۔ **پیچ میں آنا یا پڑنا** (لازم) **پھنسانا** (متعدی) **پھنسنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) مصیبت میں پھنسنا یا نقصان کرنا۔ جھگڑے میں پھنسانا۔ **پیچ میں لانا** (متعدی) ۱ فریب دینا۔ جل دینا۔ ۲ پھنسانا۔ **پیچوان** (مذکر) ایک قسم کا حقہ جس کی نالی بہت لمبی ہوتی ہے اور اسے پیچ در پیچ کر کے رکھتے ہیں۔ **پیچ و تاب** (مذکر) ۱ اضطراب۔ بے چینی ۲ بل۔ چکر ۳ فکر۔ اندیشہ۔ غم ۴ غصہ۔ قہر و غضب (کھانا کے ساتھ) ۵ گندھی ہوئی چوٹی۔ **پیچ و خم** (مذکر) چکر۔ پھیر۔ بل۔

پیچا (ھ۔ مذکر) بل۔ لپیٹ چکر۔ پیچ۔

پیچا (ھ۔ مذکر) الو۔ چغد۔ بوم

پیچک (س۔ مذکر) ۱ الو۔ بوم ۲ جوں ۳ بادل ۴ بسترہ ۵ ہاتھی کی دم کی جڑ۔

پیچنا (ھ۔ متعدی) لتاڑنا۔ دبانا۔

پیچو (ھ۔ مذکر) کریل کے درخت کا پھل۔

پیچو (س۔ مذکر) ایک پودہ جس کی گانٹھ دار جڑ کھانے کے کام آتی ہے۔

پیچھ (ھ۔ مونث) دیکھو پیچ۔

پیچھا (ہ۔ مذکر) ۱ پچھلی طرف۔ پیٹھ کی طرف۔ عقب ۲ پچھلا حصہ ۳ تعاقب ۴ پیروی ۵ غیر حاضری۔ غائبانہ ۶ ایذا رسانی۔ تکلیف دہی۔ (س۔ پشچ۔ پیچھے) **پیچھا بھاری ہونا** (متعدی) ۱ بہت سے طرفدار ہونا ۲ آخری حصہ مشکل ہونا۔ آخیر میں مشکل پیش آنا ۳ (ھ) دشمن کا پیچھے ہونا۔ تعقب ہونا۔ **پیچھا پکڑنا** (متعدی) ۱ کسی کے ساتھ لگا رہنا۔ پیروی کرنا ۲ کسی کام کے پیچھے پڑ جانا ۳ ستانا۔ تنگ کرنا۔ **پیچھا پھیرنا** (متعدی) ۱ ہٹ جانا۔ چلا جانا۔ دستکش ہونا دست بردار ہونا۔ **پیچھا پیچھا ہی ہے**۔ دیرسے

کام کرنے میں نقصان ہوتا ہے۔ جو کرنا ہے فوراً کرنا چاہئے۔
پیچھا چھٹانا (متعدی) **چھٹنا** (لازم) **چھڑانا** (متعدی) **چھوٹنا** (لازم) **چھوڑنا** (متعدی) ۱ مخلصی دینا۔ معاف کرنا ۲ تعاقب چھوڑ دینا۔ **پیچھا دبائے چلا جانا** (لازم) تعاقب کرنا۔ **پیچھا دکھانا** (متعدی) بھاگنا۔ فرار ہونا۔ **پیچھا کرنا** (متعدی) ۱ تعاقب کرنا ۲ پیچھے دوڑنا۔ رگیدنا ۳ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا ۴ درپے ہونا۔ سر ہونا۔ پیچھے پڑنا ۵ بندوق کا دھکا مارنا ۶ گھوڑے کا پیچھے ہٹنا۔ **پیچھا لینا** (متعدی) ۱ تعاقب کرنا۔ رگیدنا۔ پیچھے دوڑنا ۲ لتاڑنا۔ تنگ کرنا۔ دق کرنا ۳ پیچھے پڑنا۔ درپے ہونا۔ سر ہونا ۴ الزام دینا ۵ پیروی کرنا ۶ بار بار ملنا۔ **پیچھا نہ چھوڑنا** (لازم) ۱ ساتھ نہ چھوڑنا۔ ساتھ ساتھ رہنا ۲ مسلسل رہنا۔ لگاتار رہنا ۳ ستانا۔ تنگ کرنا ۴ تعاقب کئے جانا ۵ درپے رہنا۔ **پیچھا ہو جانا** (لازم) مر جانا (عف)۔ **پیچھے** (تف) ۱ بعد میں۔ عقب میں ۲ غیبت میں۔ عدم موجودگی میں ۳ پھر۔ بعد کو ۴ باعث۔ وجہ سے ۵ ہر ایک سے فی ۶ پچھلی طرف۔ عقب۔ بعد ۷ بعد ازاں۔ من بعد ۸ مرنے کے بعد۔ **پیچھے آنا** (لازم) ۱ عقب میں آنا ۲ بعد کو آنا ۳ دیر میں آنا۔ **پیچھے کر کے** (تف) بعد میں۔ **پیچھے بلا لگنا** (لازم) مصیبت میں پڑنا۔ **پیچھے پڑا رہنا** (لازم) ۱ پشت کی طرف رہنا ۲ پیچھے رہنا ۳ پیچھے پڑنا ۴ رسوائی چاہنا۔ **پیچھے پڑنا** (لازم) ۱ بار بار مانگنا ۲ ہر وقت تنگ کرنا۔ ستانا ۳ دشمنی کرنا۔ درپے آزار ہونا ۴ رسوا کرنا۔ رسوائی چاہنا ۵ درپے ہونا۔ سر ہونا ۶ آڑے ہاتھوں لینا۔ دہانا۔ **پیچھے پھرنا** (لازم) ۱ واپس ہونا۔ لوٹنا۔ **پیچھے پیچھے** (تف) ۱ عقب میں بعد میں ۲ ساتھ ساتھ ۳ تھوڑی دیر کے بعد۔ **پیچھے پیچھے پھرنا** (لازم) ۱ ساتھ ساتھ جانا ۲ جہاں کوئی جائے وہیں جانا ۳ منتیں کرنا۔ **پیچھے چھوڑنا** (متعدی) مرنے کے بعد جائیداد اور وارث چھوڑنا۔ **پیچھے ڈالنا** (متعدی) عقب میں دوڑانا۔ تعاقب کرنا۔ **پیچھے رہ جانا یا رہنا** (لازم) ساتھ نہ چل سکنا۔ ہمراہ نہ رہنا۔ بچھڑ جانا۔ **پیچھے سے** (تف) ۱ عقب سے ۲ تھوڑی دیر کے بعد ۳ بعد ازاں۔ **پیچھے کر** (تف) بعدہ (دہلی)۔ **پیچھے کرنا** (متعدی) ۱ عقب میں رکھنا عقب میں ڈالنا ۲ روکنا۔ ٹھیرانا۔ **پیچھے کو پھرنا** (لازم) ہٹ جانا۔ پسپا ہونا۔ **پیچھے لپٹنا** (لازم) پیچھے پڑنا۔
پیچھے لگا دینا (متعدی) ۱ مخالف بنا دینا۔ سر کرنا۔ درپے کرنا ۲ ساتھ کر دینا۔ **پیچھے لگ جانا یا رہنا** (لازم) دیکھو پیچھا کرنا۔ **پیچھے لگنا** (لازم) ۱ ہمراہ ہونا ساتھ ہونا ۲ پیچھے پڑنا۔ سر پڑنا۔ پیدا ہونا۔ **پیچھے ہو لینا** (لازم) ۱ پیروی کرنا۔ متابعت کرنا ۲ مرید ہونا ۳ کسی کے پیچھے پیچھے روانہ ہونا۔ عقب میں چلنا۔

پیچھان پیچھاننا (ھ) دیکھو پہچان۔ پہچاننا۔

پیچھل (ھ۔ تف) پیچھے۔ پچھلا۔

پیچھو (ھ۔ تف) پچھلا۔

پیچھوا (ھ۔ مذکر) پچھلا حصہ خصوصاً زین کا۔

پیچھوت (ھ۔ تف) پیچھے۔

پیچیدگی (ف۔ مونث) ۱ مروڑ۔ بل ۲ دقت۔ مشکل۔

پیچیدہ (ف۔ صفت) ۱ مشکل دقت طلب ۲ لپٹا ہوا۔ الجھا ہوا ۳ قابل غور و فکر۔ **پیچیدہ راہ** (مذکر) ٹیڑھا راستہ۔ **پیچیدہ معاملہ** (مذکر) مشکل بات۔ وہ معاملہ جس میں سمجھ نہ آئے کہ کیا کرنا چاہئے۔

پیخال (ف۔ مونث) پرندوں کی بیٹ۔ فضلہ۔ **پیخال کرنا** (متعدی) ۱ بیٹ کرنا ۲ مجازاً فیل کرنا۔

پیخنا (ہ۔ لازم) دیکھو پیکھنا۔

پیدا (ف۔ صفت) ۱ آشکارا۔ ظاہر۔ مبین ۲ جنا ہوا۔ زائیدہ ۳ خلق کیا ہوا۔ بنایا ہوا اگایا ہوا ۴ میسر۔ دستیاب ۵ معلوم کیا ہوا۔ ایجاد کیا ہوا ۶ حاصل کیا ہوا۔ کمایا ہوا ۷ (مونث) کمائی۔ آمدنی ۸ حصول۔ یافت۔ سود۔ منافع ۹ ایجاد۔ اختراع۔ **پیدا کر کے لانا** (متعدی) کما کے لانا۔ **پیدا کرنا** (متعدی) ۱ عالم وجود میں لانا۔ خلق کرنا ۲ ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا ۳ کمانا۔ معاش حاصل کرنا ۴ جنانا۔ تولد کرنا ۵ حاصل کرنا بہم پہنچانا۔ بنانا ۶ ایجاد کرنا۔ اختراع کرنا ۷ اگانا۔ **پیداوار** (مونث) ۱ زراعت۔ فصل۔ فصل کی آمدنی ۲ تجارت کی آمدنی۔ نفع۔ **پیداوار خود رو** (مونث) فصل جو بغیر لئے جوتے پیدا ہو۔ **پیدا ہونا** (لازم) دیکھو پیدا کرنا۔ **پیدائش** (مونث) ۱ آفرینش۔ خلقت ۲ توریت کی پہلی کتاب کا نام جس میں دنیا اور حضرت آدم کی پیدائش کا تذکرہ ہے ۳ نفع۔ آمدنی ۴ جنم۔ ولادت ۵ اصل۔ شروع۔ ابتدا۔ آغاز۔ **پیدائشی** (صفت) اصلی۔ جبلی۔ قدرتی۔ فطرتی۔ خلقتی۔

مثل۔ پیدا ہوا نا پید کے لئے۔ جو پیدا ہوا اس کو ضرور مرنا ہے۔

پیدڑی (ھ۔ مونث) پدڑی۔ پدی۔

پیدل (ہ۔ صفت) ۱ چلنے والا پاؤں سے چلنے والا ۲ (مذکر) پیادہ۔ سپاہی فوج کا ۳ پیادہ لشکر ۴ شطرنج کا مہرہ۔ پیادہ۔

مثل۔ پیدل اور سوار کا کیا ساتھ۔ امیر اور غریب کا کیا مقابلہ۔

پیڈ (انگ۔ مذکر) ۱ جاذب ۲ جاذب رکھنے اور کاغذات رکھ کر لکھنے کا گتا یا زیر مشق۔ کاغذ کی گدی ۳ بوٹ صاف کرنے کا چھوٹا سا تکیہ ۴ گدی کپڑے کی

پیڈ (انگ۔ صفت) ۱ محصول ادا کیا ہوا ۲ ادا کیا ہوا۔

پیڈل (انگ۔ مذکر) بائیسکل۔ پیانو اور سینے کی مشینوں وغیرہ میں ایک پرزہ جسے پاؤں سے چلاتے ہیں۔

پیڈومیٹر (انگ، مذکر) ایک آلہ جو پیدل چلنے والے کا طے کیا ہوا سفر ظاہر کرتا ہے۔

پیر (ہ۔ مذکر) ۱ پاؤں۔ انسان اور جانوروں کے بدن کا وہ حصہ جس پر وہ چلتے ہیں ۲ سراغ نقش پا ۳ قدم ۴ اناج صاف کرنے۔ کولھو چلانے یا پانی کوئیں میں سے نکالنے کے لئے بیلوں کے چلنے کی جگہ ۵ اناج صاف کرنے کی جگہ ۶ کھلیان۔ انبار ۷ اناج جو صاف نہ کیا گیا ہو ۸ حیض جاری رہنے کی بیماری (س۔ پد۔ پاؤں۔ چلنا) **پیرا** (مذکر) جانوروں کے پاؤں کا نشان ۲ دیکھو پیر ۳ (عو) قدم کا شگون۔ آنے کا شگون۔ **پیر اٹھانا** (متعدی) ۱ پاؤں اونچا کرنا ۲ روانہ ہونا۔ **پیر بھاری ہونا** (لازم) حاملہ ہونا۔ **پیر پسارنا** (متعدی) زیادہ مانگنا۔ **پیر پھنسانا** (متعدی) اپنے آپ کو دقت میں ڈالنا۔ **پیر پھیرنے جانا** (لازم) دیکھو پاؤں پھیرنا۔ **پیر پھیلا کر سو رہنا یا سونا** (لازم) دیکھو پاؤں پھیلا الخ۔ **پیر چھٹنا یا چھوٹنا** (لازم) حیض کا معمول سے زیادہ جاری ہونا۔ **پیر دھرنا یا رکھنا** (متعدی) قدم رکھنا۔ چلنا۔ **پیر ڈالنا** (متعدی) ۱ دخل در معقولات ہونا۔ دخل دینا ۲ اناج صاف کرنا شروع کرنا۔ **پیر کا ناخن نہ دیکھنا** (متعدی) صورت نہ دکھانا۔ روبرو یا سامنے نہ ہونے دینا۔ **پیر کہیں ڈالنا اور پڑنا**

کہیں - سخت بےچینی اضطراب فکر یا رنج ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ عشق میں بھی یہ حالت ہوتی ہے **پیر کی جوتی** (مونث) طنزاً بیوی - **پیر نکالنا** (متعدی) پیچھا چھڑانا - پاؤں نکالنا - **پیرول** (تف) پیدل چل کر۔

مثل - پیر جو پچھواماں برساوے وہی نرمل راس اٹھاوے - جو پچھوا میں پیر ڈالے اس کا اناج ٹھیک صاف ہوتا ہے۔

پَیر (ہ - امر) پیرنا کا : س پر تری - سمندر عبور کرنا) **پیرا** (امر) ۱ پیرانا کا ۲ (ماضی) پیرا کی **پیراک** (مذکر) پانی میں تیرنیوالا تیراک - شناور - **پیراکرنا** (متعدی) لگاتار تیرتے رہنا **پیراکی** (مونث) تیرنے کا ہنر - شناوری ۲ تیرنے کا فعل - **پیرانا** (ہ تیرانا) شناوری سکھلانا یا کرانا **پیراؤ** (ہ) اتنا پانی جس میں آدمی کو تیرنا پڑے تیرنے کے قابل پانی - **پیرائی** (مونث) ۱ پیرنے کا ڈھنگ یا طریقہ ۲ شناوری سکھانے کی اجرت ۳ پیرنے کی جگہ ۴ وہ فاصلہ جسے پیر کر گزرنا پڑے - **پیرنا** (لازم) ۱ تیرنا - شناوری کرنا ۲ سطح پر بہنا یا رواں ہونا ۳ عبور کرنا ۴ خنجر تلوار وغیرہ کا آرپار ہونا - **پیر نکلنا** (لازم) تیر کر پار چلا جانا۔

مثل - پیراک ہی ڈوبتا ہے - ہوشیار ہی نقصان اٹھاتا ہے

پِیر (ف - مذکر) ۱ بوڑھا آدمی بزرگ ۲ رہنما - ہادی - مرشد ۳ دوشنبہ - ویروار - اتوار کے بعد کا دن ۴ (صفت) بوڑھا سن ۵ چالاک - ہوشیار - استاد **پیران** (جمع - مذکر) ۱ بوڑھے آدمی ۲ ہادی - مرشد ۳ (مونث) وہ زمین جو پیر کی خدمت کے لئے دی جائے ۴ وہ زمین جو پیروں کی امداد کے لئے کسی پیر کے مقبرے کے ساتھ وقف کی جائے ۵ افراسیاب کا ایک جرنیل **پیرانِ پیر** (مذکر) حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانی کا لقب - **پیرانہ** (صفت) بوڑھے کی طرح - **پیرانہ سال** - سالی - سر - سرا یا سری (مونث) بڑھاپے کا زمانہ - ایام پیری - **پیرانی** (مونث) پیر کی بیوی - **پیرائی** (مذکر) ڈفالی قوم - پیروں کے گیت - گانے والی قوم - **پیر بنانا** (متعدی) بننا (لازم) کسی کا مرشد بنانا - کسی سے بیعت لینا - کسی کا پیر ہونا - **پیر بھائی** (مذکر) ایک پیر کا پیرو - **پیر بھچڑی** (مذکر) ہیجڑوں کا پیر - **پیر بھچڑی کی کڑھائی** (مونث) حلوا یا پکوان جو پیر بھچڑی کی فاتحہ کے موقع پر تقسیم کیا جاتا ہے

پیر پال (مذکر) دیکھو پیراں نمبر ۳ و ۴ - **پیر پرست** (صفت) وہ جو پیروں کا بہت معتقد ہو **پیر پرستی** (مونث) پیر کی تابعداری یا مطالعت - **پیر جی** (مذکر) سیدوں کو عموماً عزت سے پکارتے ہیں - **پیرِ خدا** (مذکر) حضرت سلیمان - **پیرِ خرابات** (مذکر) مرشد کامل جو قیود مذہبی سے پاک ہو - **پیر دیدار** (مذکر) ایک فرضی پیر جو بچھڑوں کو ملاتا ہے - **پیر دیدار کا کونڈا** (مذکر) ایک منت جو عورتیں کسی عزیز کے پردیس سے واپس آنے کے لئے مانتی ہیں **پیرزادہ** (مذکر) ۱ مرشد کا بیٹا ۲ ایک لقب جو پیروں کی اولاد اکثر اختیار کرتی ہے - **پیرزال** (مونث) بہت بوڑھی عورت - **پیرزالِ دنیا** (مونث) دنیا کو بوڑھی عورت سے استعارہ کرتے ہیں - **پیرِ زَر** (مذکر) بوڑھا آدمی ۲ زال - **پیر زمیں گیر** (مذکر) بہت بوڑھا آدمی ۲ وہ بوڑھا آدمی جو بڑھاپے کی وجہ سے جھک گیا ہو - **پیر زن** (مونث) بوڑھی عورت - **پیر سال** (صفت) بوڑھا - بوڑھی - **پیرِ سراندیب** (مذکر) حضرت آدم - **پیرِ صنعا** (مذکر) ایک مشہور خدا پرست آدمی تھے - **پیرِ طریقت** (مذکر) صوفیوں کا پیر - **پیرِ فرتوت** (مذکر) بہت بوڑھا - **پیرِ فلک** (مذکر) ۱ آسمان ۲ ستارہ زحل - **پیر کا نیزہ** (مذکر) متبرک - قابل تعظیم - **پیر کرنا** (متعدی) پیر بنانا - **پیرِ کنعاں** (مذکر) حضرت یعقوب - **پیر کی جوتی** (صفت) طنزاً بزرگ - جاہل لوگ بوقت رخصت یا مشکل کام کے موقع پر کہتے ہیں **پیر مرد** بوڑھا آدمی - **پیرِ مغاں** (مذکر) ۱ آتش پرستوں کا پیشوا ۲ گرو گھنٹال ۳ شراب خانے کا مالک - ساقی ۴ بزرگ ۵ (تصوف کی اصطلاح) مرشد کامل - حضرت علی - **پیر مولا** (مذکر) فقیر - کامل - **پیرِ نابالغ** (مذکر) وہ بوڑھا جو بچوں کی طرح سے باتیں کرے - بیوقوف بوڑھا **پیرو مُرشد** (مذکر) ۱ استاد ۲ بزرگ ۳ ہادی - رہنما ۴ بادشاہ یا رئیس کو خطاب کرتے ہیں ۵ طنزاً گورو گھنٹال - **پیر ہٹیلے** (مذکر) عورتوں کا ایک پیر - **پیرِ ہفت خلد** (مذکر) رضواں - **پیرِ ہفت فلک** (مذکر) زحل سنیچر - **پیری** (مونث) ۱ بڑھاپا - ضعیفی ۲ مرید بنانے اور ان سے روپیہ بٹورنے کا پیشہ ۳ چالاکی - عیاری استادی ۴ اجارہ - دعوے - حکومت ۵ کرامت اعجاز۔

امثال و اقوال - پیر تو آپ ظہیر (ہی درماندہ ہیں) شفاعت کس کی کریں (کرینگے) جو خود ہی محتاج ہو وہ کسی کے واسطے کیا کر سکتا ہے - **پیراں نمے پرند (و) مریداں مے پرانند** پیر تو نہیں اڑتے - مرید اڑاتے ہیں - پیروں کی کرامات مرید مشہور کرتے ہیں - خوشامدی غلط اور جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں - **پیر باورچی بہشتی خر** ہندو برہمن سے ان سب کا کام لیتے ہیں - **پیر جی کی سگائی میر جی کے یہاں** - کند ہم جنس باہم جنس پرواز - ایک حیثیت کے آدمی آپس میں تعلق رکھتے ہیں **پیر شو بیاموز** - انسان ساری عمر سیکھتا رہتا ہے - بڑھاپے میں بھی سیکھنا چاہئے - **پیر کو نہ شہید کو پہلے کانے چور کو (نکٹے دیو کو)** جب کوئی کم حیثیت شخص اپنے آپ کو مقدم سمجھے تو کہتے ہیں - **پیر کی پیری سے کام - پیر کے فعلوں سے کیا کام** پیروں کی کرتوتوں کو نہیں دیکھنا چاہئے - ان سے فائدہ اٹھانا چاہئے - **پیر من خس است - اعتقاد من بس است** - پیر میں تو کچھ نہیں ہوتا - مریدوں کی عقیدتمندی اصل چیز ہے - **پیر میاں بکری مرید میاں بانگا - آگئی بکری چر گئی ہانگا** - پیر صاحب تشریف لائیں تو مرید کا دوالہ نکل جاتا ہے - **پیری و صد عیب (چنیں گفتہ اند)** بڑھاپا سیکڑوں نقائص پیدا کرتا ہے - **پیرے کہ دم ز عشق زند بس غنیمت است** - اس بوڑھے کی نسبت کہتے ہیں جو جوانی کا دم بھرے -

پِیرا (ف - صفت) ۱ سجا ہوا - مزین آراستہ - مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے ۲ سجانے والا آراستہ کرنے والا ۳ (مذکر) وہ شخص جو کسی چیز کو نہایت سلیقے سے آراستہ کرے (پیراستن سجانا) **پیراستہ** (صفت) سجا ہوا - مزین - آراستہ (کرنا - ہونا کے ساتھ) **پیرائش** (مونث) سجاوٹ - آراستگی - زیبائش - زینت - **پیرائی** (مونث) سجاوٹ - زینت - زیبائش مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے - **پیرائے** (مذکر) ۱ پیرایہ کی جمع ۲ بجائے پیرایہ حروف مغیرہ سے پہلے - **پیرائیاں** (جمع) پیراکی - سجانے والے **پیرایہ** (مذکر) ۱ آرائش - زیبائش - زینت ۲ طریقہ ڈھنگ - طرز - روش - **پیرایۂ دامنِ دولت** (مذکر) زیر سایۂ حضور -

پیرا (ہ - صفت) پیلا - زرد -

پیرا (ہ - مونث) ایک سانپ سلٹی

پیراکلیٹ (یو- مذکر) مددگار شفیع- وکیل- انجیل- یوحنا میں حضرت عیسےٰ باب ۱۴- ۱۶ میں وعدہ کرتے ہیں کہ وہ پیراکلیٹ کو بھجوائیں گے عیسائی اس سے روح القدس مراد لیتے ہیں- مسلمان پیغمبر صلعم کے متعلق پیشین گوئی سمجھتے ہیں-

پیراگراف (انگ- مذکر) ۱ عبارت کا بڑا ٹکڑا جس میں ایک ہی مضمون پر بحث ہو ۲ جملہ- عبارت-

پیرامن- پیرامون (ف- مذکر) ۱ اردگرد- آس پاس- اطراف ۲ چکر دائرہ- دور- گردا- گھماؤ ۳ کپڑے کا دامن ۴ (تف) چاروں طرف- چوگرد-

پیراہن (ف- مذکر) ۱ کپڑے لباس- پوشاک ۲ چغہ- چادر- لمبا کوٹ- ایک خاص قسم کی قبا (پہنانا- پہننا کے ساتھ) **پیراہن کاغذی** (مذکر) ایران میں مظلوم کو کاغذ کا لباس پہنا کر بادشاہ کے پاس پیش کیا کرتے تھے- **پیراہن چاک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کپڑے پھٹنا-

پیرس (یو- عص) پرائم شاہ ٹرائے اور ملکہ ہیکوبا کا لڑکا- اس کی ماں نے اس کی پیدائش پر خواب دیکھا کہ اس نے انگارا جنا ہے- نجومیوں نے تعبیر کی کہ لڑکا ملک کی تباہی کا موجب ہوگا- اس لئے اسے جنگل میں پھنکوا دیا گیا- اسے گڈریوں نے پالا- جوان ہو کر اس کا تعلق ایک دریائی دیوی اینونی سے ہوگیا- ان ایام میں دیوتاؤں کے یہاں ایک شادی ہوئی- اس پر سب دیوی دیوتا مدعو ہوئے- مگر جنگ کی دیوی کو نہ بلایا گیا- اس نے ناراض ہو کر جیوپیٹر کے باغ کا ایک سونے کا سیب جس پر یہ لکھا تھا کہ سب سے خوبصورت کے لئے- دسترخوان پھینک دیا- اسپر تین دیویوں ہیرا- اتھینا اور افرودائتی میں جھگڑا ہوگیا کیونکہ ہر ایک سب سے زیادہ خوبصورت ہونے کا دعوے رکھتی تھی- پیرس منصف مقرر ہوا- تمام دیویاں اس کے سامنے ننگی پیش ہوئیں- پیرس ان کا حسن و جمال دیکھ کر گھبرا گیا اور تذبذب میں پڑ گیا- اس پر دیویوں نے اسے لالچ دینا شروع کیا- ہیرا نے سلطنت کا اتھینا نے بے حد عقل کا اور افرودائتی نے سب سے خوبصورت عورت کا لالچ دیا- پیرس نے موخرالذکر کے حق میں فیصلہ کیا- اس زمانے میں ہیلن زوجہ مینیلوس نہایت حسین عورت تھی- پیرس افرودائتی کی مدد سے اسے اڑا کر اپنے باپ کے پاس ٹرائے میں لے گیا جس پر یونان کے بادشاہوں نے مل کر ٹرائے پر جو ایک جزیرہ تھا چڑھائی کی- کئی سال جنگ رہی- ایکلیز پیرس کے ہاتھ سے مارا گیا- بعد کو ٹرائے فتح ہوا- اور پیرس سخت زخمی ہوا- اس کا علاج سوائے اینونی کے اور کسی کے پاس نہ تھا- مگر اس نے علاج کرنے سے انکار کر دیا- اور پیرس مرگیا- اس پر اینونی نے خودکشی کرلی- یہ قصہ ہومر کی الیڈ سے لیا گیا ہے- اس میں قابلِ غور یہ امر ہے کہ یہ قصہ رامائن کے قصے سے بہت مشابہ ہے- اس میں راون راجہ رامچندر جی کی بیوی کو اٹھا کر لنکا میں جو ایک جزیرہ ہے لے جاتا ہے اور راجہ رامچندر جی ہندوستان کے راجاؤں کی مدد سے لنکا فتح کرکے سیتاجی کو چھڑا لاتے ہیں- بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ ہردو قصے ایک ہی پرانے قصے کی یادگار ہیں- جو آریہ قوم میں اس زمانہ میں مشہور تھا- جب یہ وسط ایشیا میں آباد تھی- اس قوم کا ایک حصہ ہندوستان میں آیا ایک یونان کو گیا- یونان میں الیڈ تحریر ہوئی اور ہندوستان میں رامائن لیکن اصل قصہ ایک ہی ہے- حالات جدا جدا بموجب تہذیب ملک دکھائے گئے ہیں-

پیرکوا (ہ- مذکر) ۱ ایک پردار کیڑا جو پانی کے اوپر اڑتا رہتا ہے ۲ ایک لکڑی جو مچھلی کے شکاری کانٹے سے کچھ ہٹا کر باندھ دیتے ہیں اور یہ پانی کے اوپر تیرتی رہتی ہے-

پیرو (ف- صفت) ۱ تقلید کرنیوالا ۲ چلنے والا ۳ (مذکر) چیلا- مرید- **پیروکار** (صفت) کسی کی طرف سے کسی معاملے کی پیروی کرنے والا- وکیل **پیروکار سرکاری** (مذکر) سرکاری وکیل- وہ وکیل یا پولیس افسر جو سرکار کی طرف سے مقدمات کی پیروی کرے- **پیروی** (مونث) ۱ اطاعت فرمانبرداری ۲ تقلید ۳ کوشش (کرنا- ہونا کے ساتھ) **پیروی میں آنا** (لازم) کسی کی وجہ سے یا کسی کی تقلید میں آنا-

پیرو- پیرو (پر- مذکر) ۱ ایک قسم کا مرغ جو اصل میں شمالی امریکہ کا جانور ہے- عیسائی اسے بڑے دن کے موقع پر کھاتے ہیں ۲ ایک قسم کا میوہ-

پیرو (ہ- مذکر) ایک نام جو اس لڑکے کا رکھا جاتا ہے جو پیر کے دن پیدا ہو-

پیرو (س- مذکر) ۱ سمندر- بحر ۲ سورج ۳ آگ-

پیروڈی (انگ- مونث) تضمین- ہجو- مضحک نقل-

پیروز (ف- صفت) ۱ فتحمند مظفر- منصور ۲ مبارک ۳ ایک پہلوان-

پیروزہ (ف- مذکر) فیروزہ-

پیرون (سلاو- عص) بجلی اور کڑک کا دیوتا-

پیرہن (ف- مذکر) دیکھو پیراہن

پیری (ہ- مونث) ۱ غلہ جو صاف کرنے کے بعد باقی رہے ۲ پازیب- خلخال ۳ اناج اور بھوسے کا ڈھیر-

پیڑ (ہ- مذکر) ۱ دیکھو پیر ۲ معاروں کی نشست- پاڑ ۳ قدم کا نشان- کھوج-

پیڑ (ہ- مونث) ۱ درد ۲ (ہ) مصیبت آفت (س پیڈا) **پیڑا** (مونث) ۱ درد- تکلیف دکھ- کشٹ ۲ دردزہ ۳ رنج- مصیبت- آفت ۴ زر- ضرب- نقصان- صدمہ ۵ ظلم- تعدی ۶ بیماری آزار- مرض- روگ ۷ رحم- ترس- رقت- افسوس **پیڑا بودھک** (صرف و نحو) حرف ندبہ جو تکلیف ظاہر کرے- **پیڑا دینا** (متعدی) دیکھو پیڑانا **پیڑاکر** (صفت) تکلیف دہ وغیرہ- **پیڑانا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا- دکھ پہنچانا ۲ تکلیف ہونا- درد ہونا **پیڑ پڑنا** (ہ- لازم) ۱ تکلیف یا درد ہونا ۲ مصیبت پڑنا- آفت آنا ۳ حاجتمند ہونا- ضرورت ہونا **پیڑت** (صفت) ۱ دبا ہوا- بھینچا ہوا- چپٹا ہوا ۲ تکلیف زدہ درماندہ- دکھیا ۳ مصیبت زدہ- مظلوم ۴ بیمار- آزاری- مریض- روگی- **پیڑک** (صفت) ۱ دبانے والا ۲ بھینچنے والا ۳ تکلیف دینے والا- دکھ دینے والا- درد پہنچانیوالا ۴ ستانیوالا- تنگ کرنیوالا ۵ ظلم کرنے والا ۶ (مذکر) ظالم یا سفاک آدمی- **پیڑنا** (لازم) تکلیف میں ہونا- درد ہونا-

پیڑ (ہ- مذکر) ۱ درخت- شجر ۲ پودا بوٹا (س پتری) ۳ (ہ) ڈھیلا- دیکھو پنڈا (س پنڈ) **پیڑی** (مونث) ۱ درخت کا تنہ ۲ جڑیں جس سے دوسری فصل حاصل کی جائے ۳ نیل کا پودہ جس کی شاخیں قلم ہو کر تنہ رہ گیا ہو ۴ ایک قسم کا پان ۵ لگان جو کاشتکار زمیندار کو پھل دار درختوں کے لئے دیتے ہیں-

امثال و اقوال- پیڑ بوئے ببول کے تو آم کہاں سے ہوں- برے کام کا

نتیجہ برا ہوتا ہے۔ پیڑ پھل سے ہی پہچانا جاتا ہے۔ انسان کی باتوں سے معلوم ہو جاتا ہے۔ کہ شریف ہے یا کمینہ۔ پیڑ چڑھے یونہی دکھائی دیتا ہے۔ اگر تم میری جگہ ہو تو تم بھی ایسا ہی کرو۔ پیڑ گننا یا آم کھانا۔ اپنی غرض سے مطلب رکھو چاہے کہیں سے ہو۔

پیڑا (ہ۔ مذکر) ۱ بیلوں کے چلنے کی جگہ ۲ کھڑاؤں (پیڑے)

پیڑا (ہ۔ مذکر) کھوئے کی بنی ہوئی ایک مٹھائی جو گول اور چپٹی ہوتی ہے ۲ گندھے ہوئے آٹے کی لوئی ۳ (صفت) گول اور چپٹا ۴ خستہ ۵ گول مول۔ پیڑا توڑنا (متعدی) لوئی بنانا۔ پیڑی (ہ) ایک قسم کی مٹھائی۔

پیڑنا (ہ۔ لازم) ۱ دبانا۔ بھینچنا ۲ کوٹنا۔ پیسنا ۳ نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔ پیلنا ۴ اذیت یا تکلیف دینا۔

پیڑو (ہ۔ مذکر) ناف سے نیچے کا حصہ۔ پیڑو پرکی (صفت) تماش بین۔ چرسیوں کی اصطلاح میں وہ منتخب اور عمدہ چرس جسے سائیں کپڑے کے بٹوے میں ڈال کر پیڑو پر گھر س لیتی ہیں۔ (پلانا پینا کے ساتھ) پیڑوں کی آنچ (مونث) مرد کے لئے خواہش نفسانی۔ عورت کے لئے شہوت

مثل۔ پیڑو کی آنچ بھر گیا سات پانچ۔ عشق میں عورت سب کچھ بھول جاتی ہے۔ عزت وغیرہ کی پروا انہیں رہتی۔

پیڑھا (ہ۔ مذکر) لکڑی کی مربع چھوٹی نشستگاہ جس کے پائے چھوٹے ہوتے ہیں اور رسی یا نواڑ یا بیت سے بنی ہوئی ہوتی ہے۔ تکیہ لگانے کے لئے لکڑی کی پشت ہوتی ہے (س پیٹکا) پیڑھا بندھ (ہ۔ مذکر) کتاب کا دیباچہ۔ پیڑھی (مونث) ۱ چھوٹا پیڑھا جس کی پشت نہیں ہوتی ۲ نسل پشت ۳ بزرگوں یا اولاد کا سلسلہ ۴ قدامت۔ قرن۔ پیڑھی پُننا (متعدی) بزرگوں کو گالیاں دینا۔ پیڑھی در پیڑھی (تف) ۱ پشت در پشت۔ نسلاً بعد نسلاً ۲ (صفت) موروثی۔ پیڑھیوں سے (تف) پشتہا پشت سے۔ مدت سے۔

پیز (ف۔ مونث) پیزار کا مخفف ضد۔ دشمنی۔ مخالفت۔ عداوت۔ پیز پڑجانا (لازم) ۱ مخالفت ہو جانا ۲ ضد پر ہونا۔

پیز (ف۔ صفت) چھاننے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ پیزنہ (مونث) چھلنی

پیزار (ف۔ مونث) ۱ جوتی۔ پاپوش۔ کفش ۲ بے پروائی ظاہر کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ پیزارا پیزاری (مونث) جوتم جوتا۔ باہم جوتوں سے لڑنا۔ پیزار پٹی (مونث) جوتوں کی مار پیزار پر مارنا (متعدی) بے حقیقت جاننا۔ حقیر سمجھنا پرواہ نہ کرنا۔ پیزار خور (صفت) کمینہ۔ رذیل پاجی۔ پیزار دکھانا (متعدی) شوخی سے انکار کرنا بے پروائی جتانا۔ پیزار سے۔ پیزار کے صدقے سے۔ پیزار کی نوک پر (سے) (تف) پاپوش سے۔ بلا سے۔ پیزار کاری (مونث) جوتوں کی مار۔ پیزار کھانا (متعدی) جوتوں کی مار کھانا۔

پیَس (س۔ مذکر) پیو (مرکبات میں) رس۔ عرق۔ پانی۔ دودھ۔

پیس (ہ۔ امر) پیسنا کا۔ پیسا (ماضی) پیسنا کی۔ پیس پاس کے (تف) پیس کے۔ پیس دینا یا ڈالنا (متعدی) ۱ چکی میں ڈال کر باریک یا آٹا کر دینا۔ ریزہ ریزہ کر دینا ۲ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۳ رنج پہنچانا ۴ تکلیف دے کر برباد کر دینا۔ پیس مارنا (متعدی) نہایت ستانا۔ دق کرنا۔ پیسنا (متعدی) ۱ چکی میں ڈال کر آٹا کر دینا ۲ سل بٹے سے رگڑ کر سفوف بنا دینا ۳ ریزہ ریزہ کرنا۔ سفوف بنانا ۴ رگڑنا۔ گھسنا ۵ محنت شاقہ برداشت کرنا ۶ ستانا۔ برباد کرنا۔ دکھ دینا ۷ (چکی) چلانا ۸ (دانت) کچکچانا۔ غصے میں دانتوں کو آپس میں رگڑنا ۹ (مذکر) غلے کی وہ مقدار جو ایک دفعہ پیسنے کو دی جائے ۱۰ ایک شخص کے پیسنے کی مقدار۔ پیسن (ہ۔ مذکر) ۱ پیسنا ۲ آٹا۔ پیسنا پیسنا (متعدی) ۱ سخت محنت کرنا ۲ دکھ بھرنا۔ تکلیف اٹھانا۔ پیسنی (مونث) ایک دفعہ پیسنے کی مقدار پیسنے والی (مونث) پسنہاری۔ وہ عورت جو آٹا پیسے (س پش۔ پیسا)

امثال واقوال ۔ پیسا پیسا

چینی بھر اٹھایا۔ بہت محنت کے بعد تھوڑا حاصل ہونا ۲ سست اور کاہل کی نسبت بھی کہتے ہیں۔ پیس لوں تو پیٹوں۔ پہلے روزی کی فکر کر لوں تو پھر اور کام کروں۔ پیس موئی پکا موئی آئے لونڈے کھا گئے۔ کمائے کوئی اور کھائے کوئی۔ پیسنے والیاں پیس لے جائیں گی۔ ہتھا تھوڑی اکھاڑ لے جائیں گی۔ لوگوں کو اپنے کام سے غرض ہے خواہ مخواہ نقصان نہیں کرتے۔

پیس (ہ۔ صفت) ۱ سفید۔ ابیض ۲ کوڑھی۔ جذامی ۳ کم اصل۔ رذیل۔ کمینہ ۴ (مذکر) کوڑھی جذامی پیسی (صفت) کوڑھی۔ جذامی۔

پیَسا (ہ۔ مذکر) تانبے کا ایک ہندوستانی سکہ جو تین پائی کے برابر یا آنے کا چوتھا حصہ ہوتا ہے ۲ روپیہ نقدی۔ زر۔ مال و دولت (س پادکا۔ چوتھا حصہ) پیسا اٹھانا (متعدی) روپیہ صرف کرنا۔ پیسا اٹھنا (لازم) پیسا اڑانا (متعدی) دولت برباد کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ روپیہ چوری کرنا یا دھوکے سے لینا۔ پیسا اڑنا (لازم) پیسا پھونکنا (متعدی) روپیہ برباد کرنا۔ پیسا پیسا کر کے اکٹھا (جمع) کرنا (متعدی) بڑی محنت اور کنجوسی سے روپیہ جمع کرنا۔ پیسہ ٹھیکری کر دینا (متعدی) روپیہ بے دریغ خرچ کرنا۔ دولت اڑانا۔ پیسہ جوڑنا (متعدی) روپیہ پیسہ جمع کرنا۔ بخل کرنا۔ پیسہ چلنا (لازم) قرضہ یا لگان کا روپیہ وصول ہونا۔ پیسہ دنیا سے اڑ جانا (لازم) دولت کا ناپید ہونا۔ پیسہ دھو کر اٹھانا (متعدی) ایک قسم کی منت۔ عورتیں مشکل کشا کے نام کا پیسہ دھو کر رکھ چھوڑتی ہیں۔ منت پوری ہونے پر خیرات کر دیتی ہیں۔ پیسا ڈبونا (متعدی) روپیہ خراب کرنا۔ ضائع کرنا۔ پیسا ڈوبنا (لازم) دولت تلف ہونا۔ نقصان ہونا۔ پیسا کھانا (متعدی) کسی کا روپیہ مار لینا ۲ خرچ ہو جانا۔ کسی چیز پر۔ پیسا لگانا (متعدی) روپیہ خرچ کرنا۔ پیسے بھر کی بوٹیاں کرنا (متعدی) سخت مارنا۔ کھال اڑانا۔ پیسے بھر کی بوٹی کٹوا (دو) ڈالو (عو) وعدہ پورا نہیں کرتے۔ زبان کٹوا ڈالو۔ پیسے پر بوٹیاں کٹوانا (متعدی) معمولی بات کے لئے بے حد تکلیف دینا۔ پیسے پر دھر کے (رکھ کے) بوٹیاں اڑانا یا کاٹنا (متعدی) بہت مارنا۔ زدوکوب کرنا۔ سخت ناراضگی کی حالت میں عورتیں کہتی ہیں پیسے پر دھر کے بوٹیاں اڑاؤں تب بھی آہ نہ آئے (عو) سخت سے سخت تکلیف دینے پر بھی رحم نہ آئے۔ پیسے پیسے کو حیران (صفت) نہایت مفلس تنگ دست۔ پیسے دھڑی (صفت) بہت سستی۔ پیسے ڈولی (عو) فاصلہ بتانے کو عورتیں کہتی ہیں۔ پیسے کا میت (مذکر) زر پرست۔ پیسے کا یار۔ پیسے کی جگہ دھیلا اٹھانا (متعدی) بہت

کفایت شعاری کرنا۔ **پیسے کی خرابی** (مونث) پیسا ضائع کرنا۔ **پیسے کے کام کا نہ ہونا** (لازم) نکما ہونا۔ بے حیثیت ہونا۔ **پیسے والا** (صفت) دولتمند امیر۔

امثال واقوال **پیسا آوے پیسا جاوے لوگ نفع میں روٹی کھاویں** روپیہ پیسہ کھانے پینے کی چیز نہیں۔ لیکن کھانا پینا ان سے مہیا ہوتا ہے۔ **پیسا بچانا پیسا کمانے کے برابر ہے** کفایت شعاری بمنزلہ کمائی ہے۔ **پیسا پاس کا گھوڑی ران کی**۔ روپیہ اور گھوڑی جو اپنے قبضے میں ہوں اپنے سمجھنے چاہئیں۔ **پیسا روپیہ ہاتھ کا میل ہے**۔ دولت ادنےٰ چیز ہے۔ **پیسا کبھی نہیں ٹکتا**۔ دولت ہمیشہ نہیں رہتی۔ **پیسا گانٹھ کا جورو ساتھ کی**۔ روپیہ اور بیوی جو اپنے پاس ہوں اپنے سمجھنے چاہئیں۔ دونوں اگر دوسرے کے قبضے میں چلے جائیں تو پھر نہیں ہاتھ آتے **پیسا گانٹھ کا یار ساتھ کا**۔ دوست وہ ہے جو وقت پر مدد کرے اور روپیہ وہ اپنا سمجھنا چاہئے جو پاس ہو **پیسا گانٹھ کا بیٹا پیٹ کا**۔ اپنی دولت اور اپنا بیٹا وقت پر کام آتے ہیں۔ متبنےٰ کا کوئی اعتبار نہیں ہوتا **پیسا نہ کوڑی بانکے پور کی سیر۔ پیسا نہ کوڑی بازار کو دوڑی**۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا **پیسا نہیں پاس تو کیونکر سونگھیں باس**۔ بغیر پیسے کچھ نہیں ہو سکتا۔ **پیسا نہیں پاس چلے نواب کے ساتھ**۔ غریب ہو کر امیروں کی صحبت اختیار کرنا۔ اپنی [illegible]ت سے بڑھکر کام کرنا **پیسا ہاتھ کا میل ہے** روپیہ بے وقعت چیز ہے۔ **پیسا ہوتا تو بیاہ ہی نہ کر لیے**۔ بہت مفلس ہیں۔ کوئی پیسا مانگے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ **پیسے کے تین دھیلے بھناتا ہے** بڑا کفایت شعار جزرس ہے۔ یا بہت بڑا دانشمند ہے۔ **پیسے بن ماتا کہے جا ما پوت کپوت ۔بھائی بھی پیسے بنا ماریں لاکھ سر جوت** (ھ) غریب کو ماں اور بھائی بھی اچھا نہیں سمجھتے۔

پیسار (ھ۔ مذکر) ۱ پہنچ۔ رسائی اجازت۔ باریابی ۲ پھیلاؤ۔ وسعت ۳ طاقت قوت۔ قابلیت۔

پیسٹ (انگ۔ مذکر) ۱ لئی ۲ دانتوں کو ملنے کی لئی کی شکل کی دوائی۔

پیسٹری (انگ۔ مونث) انگریزی مٹھائی جو بھر بھری ہوتی ہے اور چائے کے ساتھ استعمال ہوتی ہے۔

پیسلچی پیسل (ھ۔ صفت) وہ جس کی حیثیت ایک پیسے کی ہو۔ بہت غریب مفلس۔

پیسنا (ھ۔ لازم) داخل ہونا دیکھو پیٹھنا۔

پیسنجر (انگ۔ مذکر) مسافر۔ گاڑی۔ **پیسنجر ٹرین** (مونث) مسافر گاڑی۔

پیش (ف۔ تف) ۱ سامنے۔ آگے۔ پہلے۔ قبل ۲ (مذکر) تسبیح کا امام ۳ ضمّہ کی علامت (ـُ) ۴ انگرکھے وغیرہ کی کلی ۵ اگلا حصہ سامنے کا حصہ ۶ (صفت) ترقی یافتہ۔ بڑھا ہوا ۷ معزز۔ شریف ۸ قابل اعتبار ۹ بارسوخ۔ **پیش آمد** (مونث) ۱ سامنے آنا۔ پیش قدمی ۲ اجازت باریابی۔ رسائی ۳ سلوک۔ رعایت ۴ ترقی۔ سرفرازی۔ **پیش آنا** (لازم) ۱ سامنے آنا۔ آگے آنا ظہور میں آنا ۲ واقعہ ہونا۔ گزرنا ۳ سلوک کرنا۔ برتاؤ کرنا۔ **پیش از** (تف) پہلے۔ قبل۔ **پیش ازیں** (تف) ۱ اس سے پہلے۔ اس سے آگے ۲ پہلے۔ سابق میں۔ **پیش امام** (مذکر) نماز پڑھانے والا۔ امام۔ **پیش اندیشہ** (تف) عاقبت اندیش۔ **پیش بند** (مذکر) زیر بند۔ **پیش بندی** (مونث) دور اندیشی۔ پہلے تدبیر کر چھوڑنا (باندھنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پیش بیں** (صفت) دور اندیش۔ عاقبت اندیش۔ دوربیں۔ **پیش بینی** (مونث) دور اندیشی۔ **پیش پا افتادہ** (صفت) بہت معمولی۔ **پیش پانا** (متعدی) غالب آنا۔ جیتنا۔ **پیشتر** (تف) پہلے۔ قبل۔ پہلے زمانے میں۔ قبل ازیں۔ سابق میں۔ **پیش جانا** (لازم) ۱ اثر ہونا۔ قابو چلنا ۲ سبقت لیجانا آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ **پیش چلنا** (لازم) دیکھو پیش جانا۔ **پیش خدمت** (مونث) امیرزادیوں کی خادمہ۔ **پیش خواں** (صفت) پہلے پڑھنے والا۔ **پیش خوانی** (مونث) ابتدا میں پڑھنا۔ جو نظم ابتدا میں پڑھی جائے **پیش خیمہ** (مذکر) ۱ وہ خیمہ جو اگلی منزل پر بھیجدیا جاتا ہے تاکہ پہنچنے پر انتظار نہ کرنا پڑے ۲ کسی چیز کے ظہور کا سامان ۳ مقدمۃ الجیش۔ ہراول ۴ ہرکارہ۔ پیادہ۔ نقیب۔ **پیش دالان** (مذکر) ۱ برآمدہ۔ اگلا دالان ۲ ڈیوڑھی جو مکان کے آگے بنی ہو۔ **پیش دست** (مذکر) ۱ نائب۔ پیشکار ۲ پیشگی۔ بیعانہ ۳ وہ شخص جو سبقت کرے ۴ (صفت) سبقت لیجانے والا۔ پہل کرنے والا۔ **پیشدستی** (مونث) ۱ سبقت۔ پہل ۲ فوقیت۔ ترجیح۔ فضیلت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پیش رخ** (عسلن) اندرونی رُخ۔ **پیش رس** (صفت) ۱ پہلا۔ پہلے ہونے والا ۲ (مذکر) وہ پھل یا ترکاری جو موسم سے پہلے ہو ۳ شروع کا پھل یا ترکاری۔ **پیشرفت** (صفت) موثر۔ کارگر (جانا۔ ہونا کے ساتھ) **پیشرو** ۱ (صفت) آگے آگے چلنے والا۔ پہلے گزرنے والا ۲ (مذکر) فوج کا دستہ جو آگے جا کر حالات ملک دیکھے۔ ہراول ۳ حاکم۔ سردار۔ لیڈر ۴ جو کسی کام کو پہلی دفعہ کرے **پیشروی** (مونث) آگے چلنے یا جانے کا کام یا فعل **پیش قبض** (مونث) ۱ خنجر جو آگے لگایا جاتا ہے۔ کٹار ۲ کشتی کے ایک داؤں کا نام۔ **پیش قدمی** (مونث) ۱ سبقت۔ پہل ۲ فوقیت۔ فضیلت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پیشکار** (مذکر) ۱ نائب۔ نیب۔ منیجر۔ مددگار ۲ مسلخواں۔ نائب سرشتہ دار۔ نائب تحصیلدار **پیشکاری** (مونث) نیابت۔ مسل خوانی۔ نائب تحصیلداری۔ **پیش کرنا** (متعدی) ۱ حاضر کرنا۔ موجود کرنا ۲ مقدمے کی مسل آگے رکھنا ۳ نذر دینا۔ تحفہ آگے رکھنا ۴ گواہ یا فریق کو عدالت کے روبرو کرنا ۵ ماتحت کو افسر کے پاس سزا کے لئے لے جانا۔ **پیشکش** (مذکر) ۱ وہ چیز جو بطور نذر آگے رکھی جائے۔ تحفہ۔ ہدیہ ۲ خراج۔ محصول ۳ حاکم سے ملازمت یا جاگیر ملنے پر نذرانہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **پیش گاہ** (مونث) ۱ سامنے کی جگہ۔ سب سے اگلی جگہ ۲ ایوان۔ جلوخانہ ۳ اجلاس۔ دربار ۴ بادشاہ۔ صاحب تخت یا مسند ۵ صدر مجلس۔ **پیشگاہ میں** (تف) سامنے۔ ملاحظے میں۔ **پیشگوئی** (مونث) دیکھو پیشیں گوئی۔ **پیش لیجانا** (لازم) سبقت لے جانا **پیش نظر یا نگاہ** (تف) ۱ سامنے۔ روبرو ۲ چیز۔ شے۔ نظارہ (رہنا ہونا کے ساتھ) **پیش نگاہ** (ندا) نقیبوں کی آواز خبردار نگاہ سامنے۔ **پیش نماز** (مذکر) امام۔ **پیش نہاد** (مذکر) ۱ جو چیز سامنے رکھی جائے ۲ مثال۔ نمونہ ۳ عادت۔ رسم۔ رواج۔ ریت ۴ طریقہ۔ طور۔ وضع ۵ ارادہ۔ مدنظر ۶ قانون۔ قاعدہ۔ **پیش و**

پس (تف) آگے پیچھے - پیشی وغیرہ - دیکھو علیحدہ -

امثال واقوال - پیش از مرگ واویلا - تکلیف سے پہلے ہی شور مچادینا کسی معاملے کے پیش آنے سے پہلے ہی تجویزات سوچنا شروع کردینا - **پیش ازیں من ہم دریں باغ آشیانہ داشتم** - کبھی ہم بھی ان سے تعلق رکھتے تھے **پیش طبیب (حکیم) مرو پیش کار آزمودہ (تجربہ کار) برو** - تجربہ کار سے مدد طلب کرنا بہتر ہے -

پیشاب (ف - مذکر) ۱: موت بول - قارورہ ۲: نطفہ - **پیشاب بند** (مذکر) ایک بیماری جس میں پیشاب نہیں آتا - حبس البول حصر البول - **پیشاب بند ہونا** (لازم) ۱: موت نہ آنا ۲: نہایت ڈرنا - **پیشاب بھی نہ کرنا** (متعدی) بہت حقیر سمجھنا - نفرت کرنا - **پیشاب خطا ہونا** (لازم) ۱: ڈر کے مارے موت نکل جانا ۲: نہایت ڈرنا - **پیشاب کا انکاؤ** (مذکر) دیکھو پیشاب بند - **پیشاب کرنا** (متعدی) ۱: موتنا - ۲: حقیقت سمجھنا ۳: خود بخود انزال ہوجانا - **پیشاب کی دھار پر مارنا** (متعدی) بہت ذلیل سمجھنا **پیشاب کی راہ بہانا** (متعدی) فضول خرچی کرنا - کھانے پینے میں اڑادینا - **پیشاب لانیوالا** (صفت) وہ چیز جو پیشاب لائے - مدر - پیشاب کی حاجت - **پیشاب میں چراغ جلنا** (لازم) دھاک بیٹھنا - رعب جمنا - **پیشاب نہ کرنا** (متعدی) ۱: ذلیل سمجھنا ۲: حقیر سمجھنا - خاطر میں نہ لانا **پیشاب نکل جانا یا نکلنا** (لازم) ۱: موت دینا ۲: نہایت ڈرنا - خوف سے کانپنا -

مثل - پیشاب سے چراغ جلتا ہے ۱: سکہ بیٹھا ہوا ہے - رعب جما ہوا ہے ۲: صاحب اقبال ہے -

پیشاچ (س - صفت) پشاچ کے متعلق ۱: شیطانی - دوزخی - جہنمی - نرک کا ۲: (مذکر) شادی کی آٹھویں یا سب سے کمتر قسم جو عاشق کے عورت کو خفیہ طور پر بغل گیر کرلینے سے جبکہ وہ سورہی ہو یا نشے میں ہو یا پاگل ہو واقع ہوجاتی ہے ۳: راکھشس دیو - شیطان -

پیشانی (ف - مونث) ۱: چہرے کا وہ حصہ جو بھوؤں اور سر کے بالوں کے درمیان ہوتا ہے - ماتھا - جبیں - سیما ۲: قسمت - تقدیر - پیش آنے والی بات ۳: القاب - سرخی ۴: کاغذ کے اوپر کا خالی حصہ ۵: نقشوں اور فارموں کے اوپر جو کچھ لکھا جائے عنوان - **پیشانی پر بل (شکن) آنا یا پڑنا** (لازم) ۱: ملال ہونا - رنج ہونا ۲: چہرے سے رنج کے آثار ظاہر ہونا - **پیشانی پر بوسہ دینا** (متعدی) محبت سے بزرگوں کا ماتھے کو چومنا - **پیشانی پر لکھا ہونا** (لازم) ۱: قسمت میں ہونا ۲: چہرے سے ظاہر ہونا - **پیشانی رگڑنا** (لازم و متعدی) ۱: جبیں سائی کرنا ۲: کمال خوشامد کرنا - کمال اطاعت اور فرمانبرداری کرنا - **پیشانی روشن ہونا** (لازم) ۱: آدمی کی اچھی خصلت کا چہرے سے ظاہر ہونا ۲: آدمی کا نور ایمان سے چہرہ دمکنا - **پیشانی کا داغ** (مذکر) سجدے کا نشان - محراب - جبیں - **پیشانی کا خط** (مذکر) **کی تحریر** (مونث) قسمت کا لکھا - تقدیر - **پیشانی کی شکن کو تحریر بنا کر پڑھنا** (متعدی) چہرے سے عندیہ یا دل کی بات تاڑ لینا - **پیشانی لکھنا** (متعدی) عنوان تحریر کرنا - **پیشانی میں تحریر فرمانا یا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) قسمت میں لکھا ہونا - تقدیر میں ہونا - **پیشانی میں لکھا ہونا** (لازم) قسمت میں ہونا - نوشتۂ تقدیر ہونا -

پیشگی (ف - مونث) ۱: کسی چیز کی قیمت یا قیمت کا کچھ حصہ جو چیز لینے سے پہلے ادا کیا جائے ۲: وہ رقم جو بعض افسران کے پاس ضروری اخراجات کے لئے رہتی ہے ۳: وہ تنخواہ یا روپیہ جو واجب الادا ہونے سے پہلے دیا جائے - بیعانہ (دینا - لینا وغیرہ کے ساتھ)

پیشن (س - مذکر) ۱: اطلاع - خبر ۲: چغلی - تہمت - بہتان - لم ۳: مخبری - جاسوسی ۴: بغض - بدخواہی - دشمنی - **پیشنیہ** (مذکر) پیشن -

پیشن (س - مذکر) ۱: پیسنا - کچلنا کوٹنا - سفوف بنانا ۲: کوئی پیسنے یا کوٹنے کا آلہ - چکی سل بٹہ ۳: پیڑھ ۴: ایک پودا جسے نکانٹا سج یا ندھارا بھی کہتے ہیں - **پیشنی** (مونث) سل بٹہ چکی پیسنے کی مشین -

پیشوا (ف - مذکر) ۱: ہادی - رہنما - امام - مقتدا ۲: سردار - گرو ۳: مرہٹوں کا وزیر

پیشوا کرنا (متعدی) ۱: ہادی بنانا - رہنما اختیار کرنا (مت) **پیشوا لینا** (متعدی) پیشوائی کرنا (مت) **پیشوائی** (مونث) ۱: استقبال - لینے جانا ۲: رہنمائی - ہدایت (کرنا - کے لئے جانا - ہونا کے ساتھ)

پیشواز (ف - مونث) دیکھو پشواز -

پیشہ (ف - مذکر) ۱: جو کچھ تحصیل معاش کے لئے کیا جائے - کسب - حرفہ - کام دھندا روزگار - ۲: زم ۳: شغل - عمل - ہنر - **پیشہ کرانا** (ھ) دلالہ کا کام کرنا - نوچیاں رکھ کر ان کی کمائی کھانا **پیشہ کرنا** (متعدی) ۱: کام کرنا - کسب کرنا ۲: (ھ) تحصیل معاش کے طور پر زنا کرانا - رنڈی یا کسبی کا کام کرنا - **پیشہ ور - وریا والا** (مذکر) ۱: اہل حرفہ - اہل ہنر ۲: دوکاندار - تاجر - **پیشے بیٹھنا** (ھ) دیکھو پیشہ کرنا -

مثل - پیشہ حبیب اللہ جو نہ کرے لعنت اللہ - محنت کرکے کھانا خدا کو پسند ہے - حرام خور کو خدا برا سمجھتا ہے ۲: محنت کی کمائی اچھی ہے -

پیشی (ف - مونث) ۱: سامنے رکھا جانا - سامنے آنا - حضوری ۲: زیر تجویز - زیر نظر ۳: مقدمے کی سماعت کی تاریخ ۴: کاغذات کا سننا ۵: سبقت - تقدیم - **پیشی کا محرر یا منشی** (مذکر) پیشکار - مسل خواں - وہ شخص جو اردو کاغذات پیش کرے - **پیشی کرنا** (متعدی) افسر کا اردو کاغذات سنکر حکم احکام صادر کرنا - **پیشی لینا** (متعدی) سبقت لینا (مت) **پیشی میں رہنا** (لازم) ۱: کسی کاغذ کا محرر پیشی کے پاس زیر تعمیل رہنا ۲: دیر تک محرر پیشی رہنا - **پیشی میں لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) مسلخواں تعینات ہونا - **پیشی ہونا** (لازم) ۱: افسر کے سامنے اردو کاغذات سنائے جانا ۲: افسر کے سامنے کسی وجہ سے پیش کیا جانا -

پیشی (س - مونث) ۱: گوشت کا ٹکڑا - بوٹی ۲: نیام - میان - خول ۳: پرند کا انڈا - بیضہ ۴: ایک پودہ - بالچھڑ - جٹاماسی - سنبل الطیب ۵: کھلا ہوا پھول -

پیشیں (ف - صفت) پہلا - اگلا

قدیم - پرانا - **پیشین گوئی** (مونث) کسی واقعہ کا قبل از وقت بیان کرنا - غیب کی بات بتانا - الہام بانی - **پیشینیاں** (مذکر) پیشین کی جمع - قدما - پرانے زمانے کے لوگ -

پیغار (ف - مذکر) ۱ خندق - کھائی ۲ ہل کا نشان یا لکیر -

پیغام (ف - مذکر) ۱ پیام - خبر - زبانی بات - سندیسہ - سماچار ۲ شادی کی درخواست **پیغا یا پیغامی** (مونث) پیام ادھر سے ادھر اور ادھر سے ادھر لانا - **پیغام سلام** - **پیغامبر** (مذکر) پیام رساں - ایلچی - قاصد - **پیغام بھیجنا** (متعدی) ۱ خبر بھیجنا - سندیسہ بھیجنا - زبانی بات کہلا بھیجنا ۲ شادی کی درخواست بھیجنا - **پیغام پہنچانا** (متعدی) پہنچنا (لازم) خبر پہنچنا - سندیسا ملنا ۲ شادی کا سوال آنا **پیغام دینا** (متعدی) ۱ کسی سے کوئی بات کہلا بھیجنا ۲ شادی کا سوال کرانا - **پیغام ڈالنا** - شادی کی درخواست کرنا **پیغام زبانی** (مذکر) زبانی بات دوسرے کے ذریعے سے کہنا - **پیغام سلام** (مذکر) دیکھو پیام سلام **پیغام سلام ہو رہا ہے** - منگنی کی گفتگو ہو رہی ہے - **پیغام کرنا** (متعدی) سوال کرنا - درخواست کرنا - خواہش کرنا - **پیغامی** (مذکر) پیغامبر -

پیغمبر (ف - مذکر) ۱ پیغامبر کا مخفف ۲ خدا کا حکم لانے والا - رسول - نبی - مرسل **پیغمبر صلعم** (مذکر) حضرت محمد - **پیغمبری** (مونث) رسالت - نبوت - خدا کا پیغام پہنچانے کی خدمت **پیغمبری پھول** (مذکر) ایک جنگلی پو... کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں - **پیغمبری وقت پڑنا** (لازم) سخت مصیبت پڑنا -

پیک (ف - مذکر) ۱ قاصد - ہرکارہ - نامہ بر - چٹھی رساں ۲ تعزیے کے آگے دوڑنے والا ۳ چوکیدار - محافظ - سنتری - **پیک بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) منتوں سے حاصل کئے ہوئے بچے کا محرم میں قاصد کا لباس پہننا - **پیکِ خیال** (مذکر) پیک کا خیال سے استعارہ کرتے ہیں - **پیکِ نظر یا نگاہ** (مذکر) نظر - پیک کا نگاہ سے استعارہ کرتے ہیں (دوڑانا کے ساتھ)

پیک (ہ - مونث) ۱ پان کا رنگین تھوک ۲ بوتلوں میں سیال چیز ڈالنے کا آلہ ۳ (دکن) تمار فصل ۴ (ہ) تلوار کی نوک - چابک کا سرا ۵ (ہ) مذکر) کوئل (س - پکا) **پیکدان** (مذکر) اگالدان - **پیک ڈالنا** (متعدی) تھوکنا -

پیکار (ف - مذکر) ۱ لڑائی - جنگ ۲ پائے کار کا مخفف - پھیری والا ۳ ایجنٹ دلال -

پیکان (ف - مذکر) ۱ نیزے یا تیر کی نوک - برچھی کی انی - بھال ۲ کوئی نوک دار پھینک کر مارنے کا ہتھیار - تیر - بھالا ۳ (پیک کی جمع) ہرکارے - قاصد ۴ مسلح چوکیدار - وہ مسلح لوگ جو سپاہ کا کام دیں مگر باقاعدہ سپاہی نہ ہوں ۵ محصول یا لگان جو پیکان کے خرچ کے لئے وصول کیا جائے - **پیکانی** (صفت) یاقوت کی ایک قسم -

مثل - پیکاں از جراحت بدر آید آزار در دل بماند - تیر زخم سے نکل آتا ہے - مگر رنج دل میں رہتا ہے - رنج دے کر مصالحت کرو تو بھی دوسرے کے دل میں کھٹکا رہتا ہے -

پیکٹ (انگ - مذکر) ۱ بنڈل کڈی - چھوٹا پلندہ ۲ (اصطلاح ڈاکخانہ) ایسا بنڈل جو دونوں طرف سے کھلا ہو تاکہ چیز نظر آئے - اس میں محصولِ ڈاک کم لگتا ہے -

پیکر (ف - مذکر و مونث) ۱ چہرہ - شکل - صورت - ہیئت - روپ ۲ تصویر - شبیہ ۳ (صفت) چہرے والا - مانند - ملتا جلتا - ان معنوں میں مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے جیسے پری پیکر - خوک پیکر - **پیکر بیجان** (مذکر) مردہ - وہ بدن جس میں جان نہ ہو -

پیکنگ (انگ - مذکر) ۱ پیکٹ بنانا - پارسل بنانا ۲ پارسل بنانے کا فعل -

پیکھن (ھ - مذکر) ۱ دیکھنا ۲ خواہش کرنا - **پیکھنا** (لازم) ۱ دیکھنا - نظر کرنا - تکنا ۲ خواہش کرنا - آرزو کرنا ۳ (مذکر) پتلیوں کا تماشہ ۴ تماشا - کھیل - ناٹک - نقل - نظارہ - سین ۵ نظر کا دھوکا ۶ کھلونا - کٹھ پتلی ۷ عورتوں کی چترائی یا مکر ۸ (ہ) ناپسندیدہ - فضول کام (مت) **پیکھنیا** (مذکر) تماشا کرنے والا - ایکٹر - بھانمتی -

پیکی (ھ - مذکر) ۱ حقہ پلانے والا جو پیسے لے کر حقہ پلاتا ہے ۲ بازی گر - نٹ ۳ (مونث) بازیگری - نٹوں کا پیشہ -

پیگیسس (یو - عص) ایک پردار گھوڑا جو میڈوسا کے بدن سے اسوقت پیدا ہوا تھا جب پرسیس نے اس کا سر کاٹا تھا -

پیل (س - عص) ایک برہمن جسے زمانہ قدیم میں ویدوں کو جمع کرنے پر تعینات کیا گیا تھا -

پیل (ف - مذکر) ۱ ہاتھی - فیل - گج ۲ شطرنج کے ایک مہرے کا نام جو ٹیڑھا چلتا ہے پیلا (مذکر) شطرنج کا مہرہ - **پیلبان** (مذکر) مہاوت فیلبان - **پیلبند** (مذکر) جب شطرنج کا پیل دو پیدلوں کے زور پر ہوتا ہے تو اسے پیلبند کہتے ہیں (ہونا کے ساتھ) **پیلپا** (مذکر) ایک بیماری کا نام جس سے پاؤں اور ٹانگیں بہت موٹے ہو جاتے ہیں **پیلپایہ** (مذکر) پتھر یا چونے کا ستون **پیلبانی** (مونث) مہاوت کا پیشہ - **پیل پیکر** (صفت) قوی ہیکل **پیلتن** (صفت) ۱ قوی ہیکل - بڑے جثے کا ۲ رستم کا لقب **پیلِ دماں** (مذکر) طاقتور یا خوفناک ہاتھی **پیلِ دنداں** (مذکر) ۱ ہاتھی دانت ۲ (صفت) بڑے بڑے دانتوں والا **پیلِ گردوں** (مذکر) پیل کا استعارہ گردوں سے کرتے ہیں - **پیل مال** (مذکر) ہاتھی کے پاؤں کے نیچے کچلوانا - **پیل محمود** (مذکر) وہ ہاتھی جس پر ابرہا چڑھ کر مکہ پر حملہ کرنے کے لئے آرہا تھا - **پیلِ محمودی** (مذکر) ان ہاتھیوں میں سے ایک جو محمود ہندوستان سے لے گیا تھا - خصوصاً وہ جس پر سونا لاد کر اس نے عنصری کو دیا تھا - **پیل مرغ** (مذکر) امریکہ کا ایک پرند جو ملک پیرو میں پایا جاتا ہے - اسے پیرو بھی کہتے ہیں - **پیل نشیں** (صفت) ۱ ہاتھی پر بیٹھنے والا ۲ ہاتھی کا سوار -

پیل (ہ - امر) ۱ پیلنا کا ۲ (مذکر) دھکا - ریلا - ٹھیل ۳ بھیڑ - ہجوم - اژدہام ۴ افراط کثرت - بہتات ۵ انبار - ڈھیر - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے ریل پیل - دھکا پیل (س پیڈ - دبانا) **پیلا** (ماضی) پیلنا کی - **پیل پال** **پیلم پالا** (مذکر) دھکا پیل - دھکم دھکا - ایک دوسرے کو دھکیلنا - **پیل ڈالنا** (متعدی) بہت ظلم و ستم کرنا - **پیل مارنا** (متعدی) دھکیلنا **پیلنا** (لازم) ۱ دھکیلنا - ریلنا - دھکا مارنا ۲ تیل نکالنا ۳ داخل کرنا - گھسیڑنا ۴ (ڈنڑ) ڈنڈ لگانا - **پیلو** (مذکر) ۱ دھکیلنے والا شخص ۲ پہلوان - کشتی گیر -

مثل - پیلتے پیلتے انسان کولھو کا بیل بن جاتا ہے - اگر آدمی ہر وقت کام ہی کرتا رہے تو اس کی حالت اچھی نہیں رہتی۔

پیل (س - مذکر) بیضہ - فوطہ -

پیلا (ھ - مذکر) ۱ ایک برتن جس سے گیہوں ماپتے ہیں ۲ ایک قسم کی بڑی ٹوکری ۳ (صفت) پہلا کا مخرب -

پیلا (ہ - صفت) ۱ زرد - ہلکا بسنتی (س - پیٹلک - پیتل کے رنگ کا) ۲ (مذکر) شطرنج کا مہرہ (ف - فیل سے) ۳ (ھ) چنا - **پیلاپن** (مذکر) زردی - **پیلائی** (ھ) زردی **پیلی** (صفت - مونث) ۱ زرد ۲ (مونث) اشرفی - **پیلے** (صفت) ۱ پیلا کی جمع ۲ بجائے پیلا حروف مغیرہ سے پہلے - **پیلے بادل** (مذکر) صبح - پو پھٹنا - **پیلے چمڑے پر اترانا** (لازم) طنزاً - خوبصورتی پر غرور کرنا -

پیلا (ھ - مذکر) ۱ فوطہ - بیضہ (س پیل) ۲ ستون - پایا - ٹیک - تھونی ۳ ظلم - ستم ۴ غلطی - قصور (پیلنا سے)

پیلار (ھ - تف) ۱ پرے - پار اُس طرف - دور ۲ گذشتہ یا آئندہ زمانہ جس میں پورے سال کا وقفہ ہو - **پیلار کا برس** (مذکر) ۱ گذشتہ سے گذشتہ برس ۲ اگلے سے اگلا برس -

پیلاطس (ف - مذکر) دیکھو پائیلیٹ -

پیلام (ھ - مذکر) اطلس - سائن

پیلڑ - پیلڑا - پیلرلھ (ھ - مذکر) فوطہ - بیضہ - خصیہ -

پیلسم (ف - مذکر) پران کا بھائی جسے رستم نے قتل کیا تھا -

پیلک (س - مذکر) ۱ سیاہ چیونٹا ۲ (ھ) کویل ۳ زرد سر کا ایک چھوٹا پرندہ ۴ پیت مُتک -

پیلن (ھ - صفت) ۱ پہلا ۲ (مذکر) پہلوٹھا بچہ -

پیلنگ (ایشیا) مجمع الجزائر - ملایا میں ایک جزیرہ ۵۰ میل لمبا ۲۰ میل چوڑا -

پیلو (ہ - مذکر) ۱ ایک درخت جس کی شاخوں اور جڑ کی مسواکیں بنتی ہیں اور پھل کو جو چھوٹا چھوٹا زرد رنگ کا ہوتا ہے غریب لوگ کھاتے ہیں - کبھی - بکبا ۲ ایک پھول ۳ تیر - خدنگ بان ۴ کیڑا - کرم ۵ ہاتھی ۶ (ھ) فیل مرغ ۷ (مونث) ایک راگنی کا نام - **پیلو پرنی** (مونث) ۱ دو تین قسم کے پودوں کا نام ۲ ایک دوائی کا نام -

پیلو (انگ - مذکر) پیرو کا مخرب -

پیلوپس (یو - عص) ٹنٹیلس کا بیٹا اس کے باپ نے اس کے ٹکڑے کر کے اور پکا کر دیوتاؤں کے آگے رکھ دیا - ان کو پتہ لگ گیا - انہوں نے اسے زندہ کر دیا - اور اس کے باپ کو سزا دی -

پیلور (ف - مذکر) ۱ دوائی فروش عطار ۲ خونچے والا - پھیری والا - بساطی -

پیلہ (ف - مذکر) ۱ ریشم کا کیڑا کویا ۲ شطرنج کا مہرا - پیلا -

پیلھا (ہ - مونث) تلی -

پیلھڑ - پیلھڑا (ھ - مذکر) دیکھو پیلڑ -

پیلی (ہ - صفت - مونث) ۱ زرد ۲ (مونث) اشرفی -

پیلے (ھ - صفت) پہلے کا بگڑا ہوا -

پیلیا (ھ - مذکر) ایک زرد چادر جو زچہ چھٹے دن بچہ جننے کے بعد پہنتی ہے -

پیلیڈیم (انگ - مذکر) ایک سفید اور نادر دھات جو پانی سے ۱۱½ گنا بھاری ہے -

پیلیز (رو - عص) گلوں اور گڈریوں کی دیوی -

پیلیس (یو - عص) تھسلی کا بادشاہ اور اکلیز کا باپ

پیلیئس (یو - عص) ایک بادشاہ جس نے جیسن کو سنہری اون لینے کے لئے بھیجا تھا - میڈیا نے اس کی لڑکی کو سکھلایا کہ اگر وہ اپنے باپ کے ٹکڑے کر کے منتر پڑھ کے اس کو ابلے تو وہ جوان ہو جائے گا اس طرح اس کا خاتمہ ہو گیا -

پیلین (یو - عص) تھسلی میں ایک پہاڑ جسے دیووں نے کوہ اوسا پر اس لئے رکھا تھا کہ اولمپس پر حملہ کریں - اسپر سنٹور رہتے تھے -

پیم (ھ - مذکر) پریم **پیمی** (صفت) دیکھو پریمی -

پیما (ف - صفت) ۱ ماپنے والا - تولنے والا ۲ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے - جیسے بادیہ پیما - سخن پیما - **پیمان** (مذکر) ۱ ماپ کرنا - تولنا ۲ عہد - اقرار - قول و قرار - عہد کے ساتھ عموماً استعمال ہوتا ہے ۳ قسم - حلف ۴ ضمانت ۵ اقرار نامہ - عہد نامہ - **پیمان توڑنا** (متعدی) عہد شکنی کرنا - **پیمان شکن - پیمان گسل** (ف - صفت) عہد توڑنے والا عہد پر قائم نہ رہنے والا - مجازاً معشوق - **پیمان کرنا** (متعدی) وعدہ کرنا - عہد کرنا - **پیمان لینا** - (متعدی) قول لینا - وعدہ لینا - **پیمان ہونا** (لازم) ۱ عہد نامہ ہونا - اقرار ہونا - قول و قرار ہونا - **پیمانہ** (مذکر) ۱ ایک ماپ جس سے خشک چیزوں کو تولا جاتا ہے ۲ ناپنے کا آلہ ۳ سیال چیزوں کے وزن کرنے کا آلہ ۴ وہ ماپ جو نقشوں پر دیا ہوتا ہے ۵ جام شراب پیالہ گلاس - **پیمانۂ بارش** (مذکر) وہ پیمانہ جس سے بارش کی مقدار معلوم ہوتی ہو - **پیمانہ بھر جانا** (لازم) موت آجانا - **پیمانہ بھر دینا** (متعدی) مار ڈالنا - **پیمانہ پُر ہونا** (لازم) مرنا - عمر ختم ہونا - **پیمانہ چڑھانا** جام پینا - **پیمانہ چھلکنا** (لازم) ۱ پیمانے سے پانی وغیرہ کا لبریز ہو کر گرنا ۲ کم ظرفی دکھانا ۳ آنسوؤں کا تار بندھنا بہت رونا ۴ مصیبتوں کا حد سے زیادہ بڑھ جانا - **پیمانۂ عمر کا بھر دینا** - (متعدی) **پیمانہ عمر بھر جانا - بھرنا یا لبریز ہونا** (لازم) مرنا - **پیمانہ کش یا گسار** (صفت) شراب خوار - **پیمانہ (معمور) لبریز ہونا** - زندگی ختم ہونا - مرنے کے قریب ہونا - **پیمانے** ۱ جمع پیمانہ کی ۲ بجائے پیمانہ حروف مغیرہ سے پہلے - **پیمانے کا گردش (کرنا) میں (آنا) لانا** - **پیمانے کا گھومنا** (لازم) شراب کا دور چلنا **پیمائی** (مونث) پیمائش - مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے - جیسے بادیہ پیمائی - **پیمائے** - دیکھو پیما **پیمائش** (مونث) ۱ ناپ - اندازہ ۲ زمین کا ماپ ۳ پیمائش کا علم - **پیمائش بندوبست** (مونث) تعین مالگذاری کے وقت کی پیمائش - خسرے کی پیمائش - **پیمائش دار** (صفت) پیمائش کرنے والا - **پیمائش کمپاس** (مونث) کمپاس وغیرہ کے ذریعے زمین کا ماپ - **پیمائش کنندہ** (صفت) زمین کی پیمائش کرنے والا - **پیمائش و آزمائش** (مونث) آبکاری کے متعلق شراب وغیرہ کا

ماپ اور پرکھ۔

پیمبر (ف۔ مذکر) پیغمبر۔

پیمفلٹ (انگ۔ مذکر) رسالہ چھوٹی کتاب۔

پیمک (ہ۔ مونث) ۱۔ سنہری یا روپہلی کلابتون کی ڈوری یا لیس (ٹانکنا۔ لگانا کے ساتھ) ۲۔ سونے چاندی کے بنے ہوئے تار۔

پیموو (ف۔ صفت) ناپا ہوا **پیمود ہونا** (لازم) ناپا جانا۔

پین (ہ۔ مذکر) ۱۔ نالی۔ پرنالہ موری۔ بدررو ۲۔ نالہ۔ ندی ۳۔ تالاب۔ پانی کا ذخیرہ۔ **پینالہ** (مذکر) پین ۱ و ۲۔

پین (یو۔ عص) جنگلوں اور پہاڑوں کا دیوتا۔ اس کے پاؤں بکری کے ہیں اور سر پر سینگ ہیں۔

پیں پیں (ہ۔ مونث) ۱۔ باریک آواز۔ نقلی آواز ۲۔ گانے کی یا نفیری کی آواز۔ چیں چیں کی آواز۔

پیں (ہ۔ مذکر) غرور۔ تکبر **پیں بلانا** (متعدی) **پیں بولنا** (لازم) عاجز ہونا۔ چیں بولنا۔ **پیں نکالدینا یا نکالنا** (متعدی) عاجز کرنا۔ غرور نکالنا۔

پین (یو۔ صفت) تمام۔ **پین اسلامزم** (مذکر) ایک لفظ جو یورپ والوں نے تمام اسلامی قوموں کا اتفاق ظاہر کرنے کے لئے گھڑا ہے۔ اس کے معنی ہیں مسلمانوں کی ایک سلطنت ہونے کا خیال۔ **پین اسلامک** (صفت) پین اسلامزم کے متعلق۔

پین (س۔ صفت) ۱۔ موٹا۔ فربہ۔ تن و توش والا ۲۔ بڑا۔ لمبا چوڑا ۳۔ بھاری بھرکم۔

پین (انگ۔ مونث) تکلیف۔ درد

پینا (ہ۔ صفت) ۱۔ تیز۔ نوکدار ۲۔ انکس بیل یا ہاتھی کا۔ **پینا کرنا**۔ **پینانا** (متعدی) تیز کرنا۔ نوکدار بنانا۔

پینا (ہ۔ متعدی) ۱۔ دیکھو پی کے تحت میں ۲۔ (مذکر) کھوک۔ تل کی کھلی۔

پینتالیس (ہ۔ صفت) چالیس اور پانچ۔ ۴۵۔ (س پنچ تو ارشت)

پینتالیسواں (صفت) پینتالیس حصوں میں سے ایک سلسلے میں چوالیسویں کے بعد کا۔

پینتانا۔ پینتانا (ہ۔ مذکر) پائنتی۔ چارپائی یا قبر کا پاؤں کی طرف کا حصہ۔

پینترا (ہ۔ مذکر) دیکھو پیترا۔

پینتھی (ہ۔ مونث) وہ جگہ جہاں سے آدمی پانی کو اونچی جگہ پر چڑھانے کے لئے پھینکتا ہے۔

پینتیس (ہ۔ صفت) تیس اور پانچ۔ ۳۵۔ (س پنچ ترشت)

پینتیسواں (صفت) ۱۔ سلسلے میں چونتیس کے بعد کا ۲۔ پینتیس حصوں میں سے ایک۔

پینٹھ۔ پینٹھ (ہ۔ مونث) ۱۔ مقررہ دن کی منڈی۔ آٹھویں روز کا بازار۔ ہاٹ ۲۔ منڈی۔ مارکٹ ۳۔ منڈی کا دن (س پن۔ خرید و فروخت کرنا۔ ستھان۔ جگہ) **پینٹھ اٹھنا** (لازم) بازار یا منڈی کا ختم ہوجانا۔ **پینٹھ لگنا** (لازم) مقررہ دن پر دوکانداروں کا مقررہ جگہ پر دوکانیں لگانا۔

مثل۔ پینٹھ ابھی لگی نہیں ہے۔ گٹھ کترے آموجود ہوئے ۔ معاملہ ابھی طے نہیں ہوا۔ خود غرض لوگ آگئے کام ابھی ہوا نہیں مانگنے والے آگئے۔

پینجن۔ پینجن (ہ۔ مونث) ایک قسم کا پاؤں کا زیور جس میں چھوٹی چھوٹی گھنٹیاں لگی ہوتی ہیں۔ **پینجنی۔ پینجنیا** (مونث) ۱۔ پینجن ۲۔ کبوتروں یا بچوں کے پاؤں میں پہنانے کا جوف دار حلقہ جو بجتا ہے۔ **پینجنی** (مذکر) ایک لکڑی جو گاڑی کے دھرے کو سہارا دیتی ہے

پینجنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ روئی کو بنولوں سے الگ کرنا ۲۔ دھنکنا۔

پینچ (ہ۔ مذکر) مور کی دم۔

پینچ (ہ۔ مذکر) پیچ۔

پینچا (ہ۔ مذکر) ۱۔ واپسی۔ ادائیگی۔ بیباقی ۲۔ عوض۔ بدلہ۔ معاوضہ ۳۔ قرض ادھار۔ عاریت ۴۔ ادائیگی قرضہ۔

پینچنا (ہ۔ متعدی) پھٹکنا۔ پچھوڑنا۔

پیندا (ہ۔ مذکر) ۱۔ کسی چیز کا نیچے کا حصہ (برتن۔ صندوق۔ ہنڈیا وغیرہ کا) ۲۔ کسی چیز کی بیٹھک ۳۔ توپ یا بندوق کی کوٹھی۔ (س پرانتک) **پیندی** (مونث) ۱۔ دیکھو پیندا ۲۔ گاجر یا مولی کی جڑ۔ **پیندی جڑا** (ملن) ایک قسم کا پتہ جو ٹہنی کے پاس دوسرے پتے سے جڑا ہوا ہو۔ **پیندے کے بل بیٹھنا** (لازم) ۱۔ چوتڑوں کے بل بیٹھنا ۲۔ مٹی کے برتن کا بوجھ کی وجہ سے نیچے سے ٹوٹ جانا ۳۔ ڈوبنا۔ غرق ہونا۔ دیوالہ نکل جانا ۴۔ عاجز ہوجانا۔ ہار ماننا ۵۔ سٹ پٹا جانا۔ گھبرا جانا۔ **پیندے کا ہلکا** (صفت) ۱۔ پتلے پیندے کا ۲۔ اوچھا پیٹ کا ہلکا جو راز کو نہ چھپا سکے۔

پینڈ (ہ۔ مذکر) ۱۔ قدم۔ گام ۲۔ رستہ۔ راہ۔ فاصلہ۔ **پینڈا۔ پینڈھا** (مذکر) رستہ۔ راہ۔ فاصلہ۔ **پینڈا کرنا** سفر کرنا۔ **پینڈا مارنا** (متعدی) راہ میں لوٹنا ڈاکہ مارنا۔

پینڈ (ہ۔ مذکر) ۱۔ بیلن۔ لوڑھا ۲۔ (ہ۔ مونث) درخت کی جڑ مع ریشوں کے

پینڈ (ہ۔ مذکر) ۱۔ ڈلا۔ ڈھیلا ڈھیم ۲۔ اونچی زمین۔ سطح مرتفع۔ **پینڈا لو۔ پینڈ کھجور**۔ دیکھو پنڈالو اور پنڈ کھجور۔

پینڈا (ہ۔ مذکر) دیکھو پلہنڈا۔

پینڈورا (یو۔ عص) جب پرومیتھیس آسمان سے آگ چرا لایا تو زیئس دیوتا نے ایک عورت بنا کر دنیا میں بھیجی جسے ایک صندوق دیا اور کہدیا کہ اسے مت کھولنا پرومیتھیس کے بھائی نے اس عورت سے شادی کر لی۔ پینڈورا نے ایک دن صندوق کھولدیا اس میں مصیبتیں بند تھیں جو نکل کر دنیا میں پھیل گئیں۔ صرف امید باقی رہ گئی۔

پینڈی (ہ۔ مونث) دیکھو پلینڈی۔

پینڈی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا لڈو جو زچہ کو دیتے ہیں۔ یا دولہا دلھن کو شادی سے ایک دن پہلے کھلاتے ہیں۔ (رکھوانا رکھنا۔ کھانا کھلانا۔ لگانا لگنا وغیرہ کے ساتھ)

پینڈیالی (مونث) میوے کے لڈو جو دلھن والوں کی طرف سے دولہا کو مانجھے کے روز

بھیجے جاتے ہیں ۳ وہ لڈو جو دواؤں کو کوٹ کر بناتے ہیں اور جاڑوں میں کھاتے ہیں۔

پینس (ہ۔ مذکر) ۱ زکام۔ ناک کی ایک بیماری ۲ پالکی ۳ ایک قسم کی کشتی۔ بجرا ۴ (انگ) آلہ تناسل۔

پینسٹھ (ہ۔ صفت) ساٹھ اور پانچ۔ ۶۵۔ ۶۵ (س پنچ ششٹی) پینسٹھواں (صفت) ۱ پینسٹھ حصوں میں سے ایک ۲ سلسلے میں چونسٹھ سے اگلا۔

پینک (ہ۔ مونث) افیون یا پوست کے نشے کی اونگھ یا غنودگی۔ **پینک آنا** (لازم) اونگھ آنا۔ غنودگی آنا۔ **پینک میں ہونا** (لازم) ۱ غافل ہونا۔ بے خبر ہونا ۲ افیون یا پوست کے نشے میں ہونا۔

پینکڑا (ہ۔ مذکر) وہ رسی جو جانوروں کے اگلے دونوں پاؤں کو باندھی جاتی ہے۔

پینگ (ہ۔ مونث) ۱ جھولے کی رسی ۲ جھولے کا لمبا جھونکا ۳ ایک پرندہ **پینگ بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) ۱ جھولے کا لمبا جھونکا لیا جانا ۲ بے تکلفی زیادہ ہونا۔ زیادہ میل جول ہونا۔ **پینگ چڑھانا** (متعدی) دیکھو پینگ لینا۔ **پینگ دے کر جھلانا** (متعدی) کسی کا دوسرے کو لمبا جھونکا دے کر جھولا جھلانا۔ **پینگ دینا** (متعدی) جھولے میں جھونکا دینا۔ **پینگ لینا** (متعدی) جھولے کا لمبا جھونکا لینا۔ پینگ کے جھونکے کو بڑھاتے جانا۔

پین گنگا۔ پین گنگا (ہند) برار میں ایک دریا جو وردھا کا ایک معاون ہے

پینینا (ہ۔ متعدی) پینجنا۔

پینینا (ہ۔ متعدی) پہننا۔

پینہائی (ہ۔ مونث) شفقت۔ مہربانی۔ کرم۔ عنایت۔ لطف۔

پینی پینی (ہ۔ مونث) ، آنکس۔

پینی (انگ۔ مونث) تانبے یا جست کا ایک سکہ جو شلنگ کا بارھواں حصہ ہوتا ہے۔ تقریباً ایک آنے کے برابر ہوتا ہے۔

پنس جمع ہے۔

پینیٹیز (رو۔ عص) گھر کے محافظ دیوتا۔

پینیلوپے (یو۔ عص) اوڈیسس کی بیوی۔

پیو (ہ۔ صفت و مذکر) ۱ دیکھو پریا ۲ باپ۔

پیوا (ہ۔ مونث) پانی۔ کوئی پینے کی چیز۔

پیور (س۔ صفت) ایک درخت کیکر کی قسم کا۔ کھیر۔ کچ۔

پیوز (س۔ صفت) ۱ موٹا۔ فربہ بھاری بھرکم۔ بڑا عظیم الجثہ ۲ گھنا۔ گاڑھا کثیف **پیورستنی** (مونث) ۱ بہت ابھری ہوئی چھاتی والی عورت ۲ گائے جس کے تھن بڑے بڑے ہوں۔

پیوری (س۔ مونث) ایک پودہ شقاقل۔ ستور۔

پیوڑی پیوڑی پیوڑی (ہ۔ مونث) زرد رنگ کی مٹی۔ زرد رنگ۔

پیوس (ہ۔ مذکر) ۱ گائے کا دودھ بچہ دینے کے سات دن کے اندر کا ۲ کوئی گاڑھی سیال چیز۔ ملائی۔ رس ۳ دیوتاؤں کی خوراک۔ (س پیوش) پیوسی (ہ۔ مونث) دیکھو پیوش ۱۔

پیوست (ف۔ صفت) ۱ جڑا ہوا ملا ہوا ۲ جوڑ۔ ملاپ۔ پیوستگی۔ **پیوست کرنا** (متعدی) ۱ جوڑنا۔ چپکانا۔ لگانا ۲ کھپا دینا۔ جذب کر دینا ۳ مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا۔ **پیوستگان** (مذکر) اقربا۔ تعلقدار ۲ ملازم۔ **پیوستگی** (مونث) ۱ جوڑ۔ ملاپ ۲ لگاؤ۔ چپک۔ چمٹ ۳ دوستی۔ انس۔ الفت۔ پیار۔ محبت۔ **پیوستہ** (صفت) ۱ ملا ہوا۔ جڑا ہوا ۲ بیٹھا ہوا۔ کھبا ہوا ۳ متصل مسلسل۔ لگاتار ۴ ہمیشہ۔ مدام ۵ گذشتہ۔ گزرا ہوا ۶ (مذکر) گزشتہ سال سے پیشتر کا سال۔ پار سال **پیوستہ ابرو** (صفت و مذکر) جس کی ابرو جڑی ہوئی ہوں **پیوستہ کر کے لگانا** (متعدی) پوری طرح بٹھا کر ملانا **پیوستہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جڑنا۔ لگنا۔ **پیوست ہونا** (لازم) دیکھو پیوست کرنا۔

پیوکڑ۔ پیوکڑ (ہ۔ مذکر) پینے والا شخص۔ پی کر بدمست ہو جانے والا شخص۔

پیون (انگ۔ مذکر) چپراسی چٹھی رساں۔

پیونت (ہ۔ صفت) پینے والا۔

پیوند (ف۔ صفت) ۱ جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ پیوستہ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۲ (مذکر) جوڑ۔ میل ۳ مناسبت۔ تعلق ۴ کپڑے کا ٹکڑا ۵ الفاظ کی بندش ۶ رشتہ داری۔ عزیز و اقربا۔ خاوند۔ جورو ۷ ایک ہم جنس درخت کی شاخ کا دوسرے ہم جنس درخت سے جوڑ ۸ بندش الفاظ کی۔ **پیوند خاک ہونا** (لازم) دفن ہونا۔ مرجانا۔ **پیوند دار** (صفت) جس میں پیوند لگا ہو۔ پیوند لگا ہوا۔ **پیوند دینا**۔ جوڑ لگانا۔ سینا **پیوند زمین کرنا** (متعدی) زمین میں دفن کرنا۔ **پیوند زمین ہونا** (لازم) مرجانا۔ **پیوند کار** (مذکر) جوڑ لگانے والا۔ درزی۔ موچی۔ باغبان **پیوند کاری** (مونث) پیوند لگانے کا پیشہ۔ **پیوند کر دینا یا کرنا** (متعدی) دیکھو پیوند لگانا **پیوند گانٹھنا** (متعدی) کپڑے کا جوڑ لگانا ۲ جوتے میں چمڑے کا ٹکڑا لگانا۔ **پیوند لگانا** (متعدی) ۱ کپڑے کا ٹکڑا سینا۔ جوڑ لگانا ۲ ایک درخت میں دوسرے درخت کی شاخ لگانا ۳ جوتے میں چمڑے کا ٹکڑا لگانا۔ **پیوند میں پیوند مل جانا یا ملنا** (لازم) برابر کا رشتہ ہونا۔ اپنی ذات برادری میں شادی ہونا۔ لڑکی کا لڑکے کے یا لڑکے کا لڑکی کے قابل ہونا **پیوند ہونا** (لازم) جڑ جانا۔ جڑ لگ جانا **پیوندی** (صفت) ۱ قلم لگایا ہوا۔ پیوند لگایا ہوا ۲ (مذکر) پیوند شدہ درخت ۳ اس کا پھل ۴ آڑو۔ شفتالو ۵ دوغلا ۶ حرامی۔ **پیوندی مونچھیں** (مونث) نقلی مونچھیں۔

پیہ (ف۔ مونث) چربی۔

پیہر (ہ۔ مذکر) میکا۔ عورت کا خاندان۔

پیہم (ف۔ تف) لگاتار۔ متواتر۔ پے درپے۔ یکے بعد دیگرے۔

پیہو (ہ۔ مذکر) پسو۔ **پیہو پیہو** (مونث) پپیہے کی آواز۔

پیئن (یو۔ عص) دیوتاؤں کا ڈاکٹر۔

پیئی (ہ۔ مونث) پاؤ کا

مخفف - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے
اَدپَی -

پَیْشْنا (ہ - مذکر) چابک -

چھڑی - بیت -

پَیْئی (ہ - مؤنث) وہ صندوق
یا پٹارا جس میں پہننے کے کپڑے رکھے جاتے
ہیں -

پِیْئیَہ (س - صفت) ۱ - پینے
کے قابل ۲ - (مذکر) پانی - دودھ - کوئی دیگر
چیز -

ت

ت (ہ۔ مؤنث) ۱ تلفظ تے۔ فارسی تا۔ ہندی ت ۲ اس کو تائے قرشت یا تائے مثنات فوقانیہ بھی کہتے ہیں ۳ اُردو اور فارسی زبان کا چوتھا حرف عربی کا تیسرا اور ناگری رسم الخط کا سولھواں بجن ہے ۴ ترک الفاظ کا پہلا حرف ہے ۵ ابجد میں اس کے ۴۰۰ عدد فرض کئے گئے ہیں۔ لیکن جب ۂ کی صورت میں لکھا جائے تو صرف پانچ ہیں ۶ اُردو میں بعض الفاظ کے آخر میں مصدر کے معنی دیتا ہے جیسے لکھت پڑھت رنگت ۷ ہندی میں الفاظ کے شروع میں تین کے معنی دیتا ہے اور تین کا مخفف ہے ۸ تے دو طرح پر لکھی جاتی ہے لمبی یا ہ کی صورت میں۔ عام طور پر لمبی لکھی جاتی ہے مگر عربی مصادر کی تائے تانیث مرکب الفاظ میں اور تائے تانیث و تائے مصدری تائے نقل و تائے مبالغہ جب اسماء کے آخیر میں ہوتی ہیں ہائے ہوز سے لکھی جاتی ہیں ۹ فارسی الفاظ میں زبان فارسی کی تقلید کی جاتی ہے اور عربی مرکب الفاظ میں عربی کی۔

تَ (س۔ مذکر) حرف ت ۲ تکار (مذکر) حرف ت یا اس کی آواز۔ تورگ (مذکر) وہ حرف جو دانتوں سے نکلے۔

تَ (ع۔ حرف جار) سے۔ ساتھ۔ اردو میں صرف تاللہ میں استعمال ہوتا ہے۔

تَ (س۔ مذکر) ۱ شجاع۔ بہادر ۲ شرارتی آدمی ۳ چور ۴ ذات سے خارج کیا ہوا شخص ۵ بلھ ۶ چھاتی ۷ رحم۔ بچہ دان ۸ دم ۹ چوتڑ ۱۰ درخت شجر ۱۱ ہیرا۔ جواہر ۱۲ امرت۔ آب حیات ۱۳ گزرنا۔ عبور کرنا۔

تِ (ہ۔ صفت) تین کا مخفف۔ مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے تبارہ۔ ترا ہا۔

تا (ف۔ تعف) ۱ تک۔ تلک ۲ جب تک جہاں تک ۳ اگر۔ جس وقت۔ جب ۴ تہ۔ پیچ۔ بل ۵ تمام۔ آخیر تک۔ بھر ۶ مانند ۷ اس طریقے سے۔ اس طرح (دیکھ) بے مثل۔ **تا اِلَی الْآن**۔ اس وقت تک **تا اِمکان**۔ جہاں تک طاقت ہے۔ مقدور بھر۔ **تا اینکہ**۔ یہاں تک کہ۔ **تا باوج فلک** (تعف) بہت اونچا۔ **تا بحیات**۔ **تا بہ زیست**۔ عمر بھر تمام عمر۔ **تا بدامن** (تعف) دامن تک۔ **تا بکجا تا بکے** کب تک۔ کہاں تک۔ **تا بمقدور**۔ حتی الامکان۔ مقدور بھر۔ **تا بناک** (تف) ناک تک۔ **تا چند**۔ کب تک۔ **تا چند بار**۔ کے بار۔ کے دفعہ۔ **تا چنیں** اب تک۔ آج تک۔ یہاں تک۔ **تا حال**۔ اب تک۔ اس وقت۔ **تا دم زیست**۔ **تا زندگی**۔ **تا زیست** زندگی تک۔ عمر بھر۔ **تا کہ** (حرف علت) ۱ اس لئے اس واسطے ۲ کیونکہ۔ **تا کجا**۔ **تا کے** (تف) کب تک کہاں تک۔ **تا مقدور** (تف) حتی الامکان۔ حتی المقدور مقدور بھر۔ **تا وقتیکہ** (تف) اس وقت تک۔ جب تک۔ **تا ہم** (تف) تو بھی۔ پھر بھی۔ **تا ہنوز** (تف) ابھی۔ اس وقت تک۔ اب تک۔

امثال و اقوال

تا تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ مردہ شود (سعدی) جب تک تریاق عراق سے آئے سانپ کا ڈسا مر جائے گا۔ سخت انتظار ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **تا تو بمن رسیدی من بخدا رسیدم**۔ جب تک تو میرے پاس پہنچے۔ میں خدا کے پاس پہنچ رہوں گا یعنی مر جاؤں گا۔ شدت انتظار ظاہر کرنے کو بولتے ہیں۔ **تا سال دگر کے خورد زندہ کے ماند**۔ اگلے سال تک کون شراب پیئے کون جئے۔ اگلے سال تک کون جئے کون مرے۔ کیا ہو کیا نہ ہو۔ **تا شود مرد فربہ لاغر۔ لاغرے مردہ باشد از سختی**۔ جس سختی یا مصیبت سے موٹا آدمی لاغر ہو لاغر مر جاتا ہے۔ جس کام میں امیر کو معمولی نقصان ہو غریب کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ **تا صدف قانع نشد پُر دُر نشد**۔ جب تک سیپی قناعت نہیں کرتی موتی سے نہیں بھرتی۔ قناعت کی تعریف میں کہتے ہیں۔ لوگوں میں مشہور ہے کہ سیپی مُنہ کھول کر شبنم کا قطرہ لیتی ہے۔ اور منہ بند کر لیتی ہے۔ یہ قطرہ موتی بن جاتا ہے۔ مگر تحقیق سے یہ بات غلط ثابت ہوئی ہے۔ سیپی کے اندر ایک کیڑا ہوتا ہے۔ کسی چیز کا ذرہ اگر سیپی میں چلا جائے تو اس کیڑے کو تکلیف ہوتی ہے۔ وہ لعاب دہن میں اس ذرّے کو لپیٹ دیتا ہے۔ آہستہ آہستہ یہ بڑا ہوتا جاتا ہے اور موتی بن جاتا ہے۔ **تا کہ احمق باقی است اندر جہاں مرد عاقل کے شود محتاج نان**۔ جب تک جہان میں احمق زندہ ہیں۔ عقلمند کب روٹی کا محتاج ہوتا ہے۔ **تا مرد سخن نگفتہ باشد۔ عیب و ہنرش نہفتہ باشد** (سعدی) جب تک آدمی بات نہ کرے اس کے عیب و ہنر چھپے رہتے ہیں۔ **تا نباشد چیزکے مردم نہ گویند چیزہا**۔ جب تک کوئی بات نہ ہو لوگ بڑھا کر نہیں کہتے۔

تا (ہ۔ حرف) ۱ امر حاضر کے ساتھ مل کر ماضی تمنائی ۲ کبھی اسم فاعل بناتا ہے ۳ کم عمر بچے کسی چیز کی اوٹ میں کھڑے ہو کر یہ کلمہ کہتے ہیں ۴ بچوں سے کھیلنے والے یہ کلمہ کہکر چھپ جاتے ہیں یہ لفظ اصل میں جھا ہے۔ پنجابی میں چا استعمال ہوتا ہے۔ (ہ) برج بھاشا میں اس تس کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔ جیسے تا کو یعنی اس کا۔ **تا تھا**۔ امر حاضر کے ساتھ مل کر ماضی بعید بناتا ہے۔ **تا ہوا**۔ امر کے ساتھ مل کر فاعل حالیہ بناتا ہے۔ **تا ہوگا**۔ امر حاضر کے ساتھ مل کر ماضی شرطیہ بناتا ہے۔ **تا ہے**۔ امر حاضر کے ساتھ مل کر صیغہ حال بناتا ہے۔

تا (ف۔ مؤنث) ۱ ت ۲ ت کا تلفظ۔

تائے ثقیلہ (مؤنث) ٹ۔ **تائے قرشت یا مثناے فوقانیہ** (مؤنث) ت **تائے ہندی** (مؤنث) ٹ۔

تا (ف۔ مذکر) ۱ تہ۔ پرت ۲ اکیلی چیز ۳ اکائی ۴ کاغذ کا ایک تختہ ۵ مرکبات میں گنا کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دو تا

تاب (ف۔ مؤنث) ۱ گرمی۔ حرارت۔ تپش ۲ روشنی۔ نور چمک۔ رونق ۳ سوزش۔ جلن ۴ غم۔ تکلیف مصیبت ۵ خم۔ پیچ۔ بل ۶ طاقت۔ قدرت۔ مجال ۷ صبر۔ تحمل۔ برداشت ۸ غصہ۔ ناراضگی ۹ (صفت) مروڑنے والا ۱۰ گرمی پہنچانے والا ۱۱ روشن کرنے والا۔ روشن۔ مرکبات میں جیسے جہانتاب (تافتن۔ جلانا) **تاباں** (صفت) ۱ روشن۔ چمکدار۔ نورانی۔ منوّر ۲ خمدار۔ بل کھائے ہوئے۔ پیچاں۔ **تابانی** (مؤنث) روشنی۔ نور۔ چمک۔ **تاب باقی نہ رہنا** (لازم) ضبط نہ ہو سکنا۔ **تاب تلی** (مؤنث) بڑھی ہوئی تلی۔ تاپ تلی۔ **تاب خانہ** (مذکر) گرم کمرہ۔ **تاب دادہ** (صفت) مروڑا ہوا۔ **تابدار**۔ (صفت) ۱ دیکھو تاباں ۲ گرم۔ حار۔ **تابدان** (مذکر) ۱ روشندان۔ روزن دیوار ۲ کھڑکی **تاب دینا** (متعدی) ۱ روشن کرنا۔ منوّر کرنا۔ چمک دینا ۲ تیز کرنا ۳ مروڑنا۔ مروڑا دینا۔ **تاب رہنا** (لازم) برداشت کرنا۔ تحمل ہو سکنا۔ صبر کرنا۔ عموماً نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **تابستان** (مذکر) موسم گرما۔ گرمی۔ **تابستانی** (مؤنث) موسم گرما کی طرح خوشگوار۔ موسم گرما کے مانند۔ **تابش** (مؤنث) ۱ گرمی۔ حرارت۔ تپش ۲ روشنی۔ چمک۔ نور

۲ خم۔ تابشِ آفتاب (مؤنث) سُورج کی گرمی دھوپ کی چمک۔ تاب ضبط نہ رہنا (لازم) ضبط کی طاقت نہ رہنا۔ تاب کھانا (متعدی) مروڑا کھانا۔ خم کھانا۔ تاب مقاومت نہ لانا (متعدی) مقابلے کی طاقت نہ رکھنا۔ تابناک (صفت) دیکھو تاباں۔ تابندگی (مؤنث) روشنی۔ چمک۔ تابندہ (صفت) روشن۔ چمکدار۔ نورانی (رہنا ہونا کے ساتھ) تاب نہ جھلنا (لازم) ۱ برداشت نہ رہنا۔ غُصّہ آجانا ۲ بیقرار ہو جانا۔ تاب نہ لاسکنا یا لانا (متعدی) ۱ برداشت نہ کرسکنا ۲ غصہ میں آنا۔ تاب و تپ (مؤنث) سخت گرمی۔ تاب و تواں (مذکر و مؤنث) ۱ برداشت۔ صبر تحمل ۲ ظرف۔ حوصلہ۔ مجال۔ طاقت۔ تاب و طاقت (مؤنث) ۱ حوصلہ۔ مجال ۲ صبر تحمل ۳ قوت و طاقت۔ تاب و طاقت کا جواب دینا (متعدی) کمزور ہو جانا۔ تابی (مؤنث) ۱ گرمی پہنچانا ۲ مروڑنا مرکبات میں جیسے گردن تابی۔

تابڑ توڑ (ہ۔ تت) ۱ لگاتار۔ پیہم۔ سلسلہ وار۔ متواتر۔ تلے اوپر۔ بار بار ۲ فوراً۔ یکلخت۔ تابڑ توڑ خبریں پہنچنا یا ملنا (ودم) لگاتار خبریں آنا۔

تابع (ع۔ صفت) ۱ مطیع۔ فرمانبردار ۲ نوکر۔ ماتحت۔ پابند (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ تبع۔ پیچھے آنا۔ تابعدار (صفت) مطیع۔ فرمانبردار (بنانا کرنا۔ ہونا کے ساتھ) تابعداری (مؤنث) اطاعت۔ فرمانبرداری (کرنا ہونا کے ساتھ) تابع فرمان (صفت) حکم کا تابع۔ فرمانبردار۔ تابع مرضی مالک (قانون) وہ مزارع جو مالک کی مرضی کا تابع ہو۔ خود کسی بات کا مجاز نہ ہو۔ تابعی (مذکر) وہ شخص جس نے کسی اصحاب پیغمبر صلعم کو دیکھا ہو۔ تابع مہمل (مذکر) بے معنی لفظ جو دوسرے لفظ کے ساتھ زائد بولا جائے جیسے پانی وانی جھوٹ موٹ میں وانی اور موٹ تابعین (مذکر) جمع تابعی کی۔

تابُوت (ع۔ مذکر) ۱ مردے کا صندوق ۲ وہ لکڑی کا صندوق جس میں لاش رکھ کر دوسری جگہ لیجاتے ہیں یا امانت کے طور پر بند کر دیتے ہیں ۳ لکڑی کا خول جو قبر پر چڑھاتے ہیں ۴ وہ صندوق جو حضرت آدم کو بہشت سے نکلنے کے بعد دیا گیا تھا۔ جس میں پیغمبروں کی تصویریں تھیں ۵ ایک قسم کا تعزیہ ۶ ایک ٹیکس جو مرہٹے مسلمانوں سے تابوت نکالنے کا لیتے تھے (تو بہ خدا کی طرف لوٹنا) تابوت اُٹھانا (متعدی) ۱ تعزیہ نکالنا ۲ جنازہ لے جانا۔ تابوت اُٹھنا (لازم) تابوت گر (مذکر) تابوت بنانے والا۔

تابہ (ف۔ مذکر) ۱ توا۔ لوہے کا برتن۔ جس پر روٹیاں پکاتے ہیں ۲ لوہے کا برتن جسے حمام پر لگاتے ہیں (تافتن۔ جلانا)

تابید (ع۔ مونث) ۱ دائم بنانا ابد تک رکھنا ۲ دوام۔ ابد۔ ہمیشگی۔

تابین (ع۔ مونث) ۱ برا بھلا کہنا۔ سرزنش کرنا ۲ پیچھے چلنا۔ مطابعت کرنا ۳ مردے کی تعریف کرنا۔

تاپ (ہ۔ مذکر) ۱ گرمی۔ حرارت۔ سوزش۔ تپش ۲ بخار۔ تپ ۳ تکلیف۔ درد۔ مصیبت ۴ غُصّہ۔ جوش ۵ (امر) تاپنا سے (س۔ تاپ) تاپا (ماضی) تاپنا سے۔ تاپا کرنا (متعدی) سینکتے رہنا تاپ تلی (مؤنث) ۱ تلی جو بخار کی وجہ سے بڑھی ہوئی ہو ۲ ورم۔ طحال۔ تاپتے رہنا (لازم) سینکتے رہنا تاپ ٹھنڈ (ہ۔ مؤنث) پالے کا بُخار لرزہ۔ تاپ چڑھنا (ہ) بُخار ہونا۔ تاپنا (متعدی) ۱ سینکنا ہاتھ پاؤں آگ سے سینکنا ۲ (لازم) دھوپ میں بیٹھنا۔ تاپیشور تیرتھ (س) ایک مقدس مقام۔

تاپاک (ف۔ مذکر) تپاک۔

تاپی (س۔ مؤنث) ۱ دریائے تاپتی ۲ دریائے جمنا کا نام (س تاپ۔ بخار) ان دونوں دریاؤں کے ملحقہ علاقوں میں ملیریا بخار بہت ہوتا ہے۔ تاپی تٹ (مذکر) دریائے تاپتی کے کنارے پر ایک مقام۔

تاپیہ (س۔ مذکر) ایک معدن۔ ہیرا۔ کسیس۔

تات (س۔ صفت) ۱ معزز۔ مکرم ۲ بزرگ۔ بڑا ۳ پیارا ۴ (مذکر) باپ ۵ ایک لفظ جس سے کسی چھوٹے کو پیار سے بُلائیں ۶ (حرف ندا) میرے پیارے۔ تاتاریا (مذکر) ایک راجہ۔ تات مات یا ماتو (مذکر) ماں باپ۔ والدین۔

تات۔ تاتا (ہ۔ صفت) گرم کیا ہوا۔ گرم۔ گرم کرنے والا۔

امثال واقوال۔ تاتا تیتا

آملہ تنبول دھات بناس۔ گرم کڑوا اور کھٹا قوت باہ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ تاتے دودھ جلا ناچے۔ جس چیز پر ہاتھ نہ پہنچے انسان بہت تلملاتا ہے

تاتا تھئی یا تھئیا (ہ۔ مؤنث) کلمہ جس کو ناچنے والے تال پر آنے کے واسطے زبان سے ادا کرتے ہیں۔

تاتار (ف۔ مذکر) ۱ ملک ترکستان ۲ ترک۔ تاتاری (صفت) ۱ تاتار کا۔ تاتار کے متعلق۔ تاتار کا بنا ہوا ۲ (مذکر) ترک (مؤنث) ایک قسم کا چغہ جو ترک پہنتے ہیں ۳ مشک۔

تاتپرج (ہ) تاتپریہ (س۔ مذکر) ۱ مقصد۔ اشارہ کسی چیز کی طرف ۲ ارادہ۔ منشا۔ مراد۔ مدعا ۳ معنی۔ مطلب نفس المطلب ۴ تشریح۔ توضیح ۵ دوسرے کی خواہش یا خیال سمجھ جانا ۶ ضرورت۔ موقعہ۔

تاتی (ع۔ اسم) ۱ کسی بات کے لئے تیار ہونا ۲ جلد ختم ہونا کام کا ۳ کوئی کام کرانے کے لئے آنا ۴ مہربان ہونا۔ دوست ہونا۔

تاثر (ع۔ مذکر) (۱ اثر ہونا۔ موثر ہونا ۲ اثر۔ تاثیر نشان (اثر۔ نشان کرنا)

تاثُّل (ع۔ مذکر) ۱ جڑ پکڑنا ۲ دولت جمع کرنا ۳ کنواں کھودنا۔

تاثّم (ع۔ مذکر) ۱ گناہ سے بچنا۔ ۲ اپنے آپ کو گناہگار سمجھنا۔

تاثیر (ع۔ مونث) ۱ اثر۔ خاصیت۔ ثمرہ۔ نتیجہ۔ پھل ۲ اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ نشان (اثر۔ نشان کرنا) تاثیرات (مونث) جمع تاثیر کی۔ تاثیر دکھانا۔ تاثیر کرنا (متعدی) ۱ اثر دکھانا۔ خاصیت ظاہر کرنا ۲ سرایت کرنا۔ عمل کرنا۔ تاثیر قانون (مذکر) قانون کا اثر۔ نتیجہ یا کارگر ہونا۔ تاثیر کم کرنا (متعدی) اثر تھوڑا کرنا۔ اثر کو کم کرنا۔ تاثیر ہونا (لازم) تاثیر کرنا۔

تاثیل (ع۔ مونث) ۱ مضبوط کرنا پکا کرنا ۲ جڑ پکڑوانا۔

تاثیم (ع۔ مونث) جرم کا الزام لگانا۔ سزا دینا۔

تاج (ف۔ مذکر) ۱ شاہی ٹوپی۔ سرپیچ مکٹ۔ کلاہِ شاہی ۲ پرند کی کلغی ۳ مکان کا چھجا۔ دیوار کی کنگنی ۴ برجی جو کسی مکان یا دیوار پر سجاوٹ کے لئے لگاتے ہیں ۵ گنجفے کی پہلی بازی کا نام۔ تاج بخش (مذکر) وہ شہنشاہ جو بادشاہ بنائے یا بادشاہوں کو شکست

دے کر پھر تاج (تخت دیدے۔ تاج بخشی (مؤنث)
تاج یا سلطنت دینے کا فعل (کرنا کے ساتھ) تاجپوشی
(مؤنث) بادشاہوں میں ایک رسم جبکہ نیا بادشاہ ہو تو
وہ ایک خاص وقت پر تاج سر پر رکھتا ہے اور جشن
کرتا ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) تاج خروس (مذکر)
مرغ کے سر کے گوشت کا سرخ ٹکڑا۔ مرغ کا کیس ۲ ایک
پھول جسے مرغ کیس یا کلغا بھی کہتے ہیں۔ تاج خوا
(مذکر) تاج بخش۔ تاجدار (مذکر) بادشاہ۔ راجہ شہنشاہ
مہاراجہ۔ والیئے ملک۔ تاجداری (مؤنث) بادشاہت
حکومت سلطنت۔ تاج رکھنا (متعدی) ۱ تاج پہننا ۲
بادشاہ ہونا ۳ تاج پہنانا۔ بادشاہی دینا۔ سلطنت
بخشنا۔ تاج (دولت یا شاہی) سر پر رکھنا
(متعدی) ۱ بادشاہ بنانا ۲ خود بادشاہ بننا۔ تاج سر
سے گرنا (لازم) بادشاہت جاتی رہنا۔ تاج سر
پر قربان ہونا (لازم) بادشاہ ہونا تاج شمع (مذکر)
شعلہ تاج فیروزہ (مذکر) کیخسرو کا تاج۔ تاجور (مذکر)
بادشاہ۔ تاجوری (مؤنث) بادشاہت۔ سلطنت۔
عہدۂ بادشاہت۔ تاج ہُدہُد (مذکر) ہُدہُد کی کلغی۔

تاجر (ع۔ مذکر) سوداگر۔ دوکاندار۔
(تجر۔ لین دین کرنا)

تاجُودار (دو۔ صفت) وہ عورت جو بھلائی
کے ساتھ بدسلوکی کرے۔ بیرحم عورت۔

تاجیل (ع۔ مونث) ۱ دیر کرانا۔
دوسرے وقت پر اٹھا رکھنا ۲ سزا سے بچانا۔
۳ علاج کرنا۔ اچھا کرنا۔

تاحُّد (ع۔ مذکر) ایک ہونا۔
ملنا۔

تاخ (ف۔ مذکر) ۱ پردہ۔ نقاب ۲
تاریکی۔ اندھیرا ۳ جلانے کی لکڑی۔ ایندھن۔

تاخت (ف۔ مذکر) ۱ فوج کا حملہ۔
دھاوا ۲ مار۔ غارت۔ بربادی (کرنا۔ لانا کے ساتھ)
تاخت و تاراج (مذکر) بربادی۔ تباہی۔ ستیاناس (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

تأخُّر (ع۔ مذکر) دیر۔ تاخیر (آخر۔ پیچھے رکھنا)

تاخیر (ع۔ مؤنث) دیر۔ ڈھیل۔ وقفہ
(کرنا ہونا کے ساتھ)

تاداتمیہ (س۔ مذکر) یکسانیت۔ مطابقت۔
مشابہت۔ میل

تأدُّب (ع۔ مذکر) ۱ ادب۔
تہذیب یا علم ادب سکھایا جانا ۲ تعلیم۔

تادرِش (س۔ صفت) اس کے مانند
اس طرح کا۔

تأدّی (ع۔ مونث) ۱ ادا کرنا
۲ لانا۔

تادیب (ع۔ مونث) تنبیہ۔ چشم نمائی۔
ادب سکھانا۔ علم سکھانا (اَدَب۔ سکھانا)

تادیت (ع۔ مونث) ۱ پہنچانا
۲ بھیجنا۔

تاڈکا (س۔ عص) دیکھو تارکا۔

تأذّن (ع۔ مذکر) ۱ خاص اطلاع
دینا ۲ بتانا۔ جتلانا ۳ مشہور کرنا۔ اعلان کرنا۔

تأذّی (ع۔ مونث) ایذا اٹھانا۔ آزردہ
ہونا (اذی۔ تکلیف اٹھانا)

تاذین (ع۔ مونث) ۱ کان ملنا۔
۲ جوتے کا فیتہ بنانا ۳ اجازت دینا ۴ نماز کے
لئے بلانا۔

تار (ف۔ صفت) تاریک کا مخفف جیسے
شبِ تار۔

تار (ف۔ مذکر) ۱ کسی دھات کا باریک
ڈورا ۲ دھاگا۔ بال۔ ڈورا ۳ مکڑی کا جالا ۴ تانا ۵ تار برقی۔
تلغراف ۶ خبر جو بذریعہ تلغراف آئے ۷ چھلّا۔ زیور کا حصہ
۸ پارہ۔ ٹکڑا۔ ریزہ۔ قوام کا چیپ ۹ بادلا ۱۰ سلسلہ۔
قطار۔ جھڑی ۱۱ کاغذات یا خطوط رکھنے کا تار ۱۲ دھات کا
ڈورا ۱۳ ستار۔ سارنگی۔ ستار وغیرہ کا ڈورا ۱۴ بال ۱۵ ایک قسم
کا باریک لمبا کیڑا ۱۶ پردہ۔ کیڑوں کے بال یا چونے کی سونڈ
تار بابو (مذکر) وہ کلرک جو تار کے ذریعے خبر بھیجے۔ تارِ
باراں (مذکر) مینہ کی جھڑی۔ تار باندھنا (متعدی) کوئی
کام لگاتار کئے جانا۔ سلسلہ جاری رکھنا۔ تار بتار
(رکتار) ہونا (تار بے تار کا مخفف) برا حال ہونا۔ کام بگڑ
جانا۔ تار بجلی (مؤنث) وہ تار جو مکانات وغیرہ پر لگایا جاتا
ہے تاکہ بجلی انہیں نقصان نہ پہنچا سکے۔ بلکہ اس کے
ذریعے زمین میں چلی جائے۔ تار برقی (مؤنث) وہ تار جس
کے ذریعے خبر ایک جگہ سے دوسری جگہ بجلی سے پہنچائی
جاتی ہے۔ تار بندھنا (لازم) تار باندھنا کا۔ تار
بھیجنا (متعدی) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا۔ تار
پتار (تف) تتر بتر۔ پریشان۔ تار تار (صفت) ۱
ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ ۲ پھٹا ہوا۔ بوسیدہ (کرنا ہونا
کے ساتھ) ۳ (مذکر) ہر ایک تار۔ کپڑا ۴ تمام زیور۔ تار
تار بکنا (لازم) سارا زیور بک جانا۔ تار تار بولنا
(متعدی) ہر ایک لفظ جدا جدا بولنا۔ تار تڑنگا (مؤنث)
(ع) جھرجھرا۔ دور دور فاصلے پر بنا ہوا۔ ستار۔ تلّا (تار طلا
کا بگڑا ہوا) پرانا گوٹا۔ تار تنویر۔ روشنی کی کرن۔ تار
توڑ (مذکر) ایک قسم کا سوئی کا کام۔ کارچوبی کام۔ تار
توڑنا (متعدی) تار ٹوٹنا (لازم) ۱ تار کا شکستہ ہونا
۲ سلسلہ ٹوٹنا ۳ کام رک جانا۔ کام میں ہرج واقع ہو
جانا ۴ سانس بند ہو جانا۔ تار چڑھانا (متعدی) تار
لگانا۔ ساز کے تار کھینچنا۔ تار چڑھنا (لازم) تار خبر
(مؤنث) وہ خبر جو تار برقی کے ذریعے آئے۔ تار دبکنا
(متعدی) گوٹے کے واسطے تار کو کوٹ کر چوڑا کرنا۔
تار دیکھنا (متعدی) قوام یا چاشنی کا حال دریافت کرنا۔
تار دینا (متعدی) تار برقی کے ذریعے خبر بھیجنا۔ تار
شُمار (مذکر) ایک ریشمی کپڑا جس سے دولھنوں کے
دوپٹے بنتے تھے۔ تار شعاع (مہر) نور (مذکر) سورج
کی روشنی کی کرن۔ تار عنکبوت (مذکر) مکڑی کا جالا
تار کا محکمہ (مذکر) وہ محکمہ جس کے متعلق تاروں کا بھیجنا
ہے۔ تار کش (مذکر) تار بنانے والا۔ دھات کو کھینچ کر
تار بنانے والا۔ تار کشی (مونث) ۱ تار بنانے کا کام
یا پیشہ ۲ کپڑے کے تار کھینچ کر بیل بوٹے بنانے کا کام
تار کھنچنا (لازم) تار کھینچنا (متعدی) کپڑے میں سے
تار نکالنا۔ تار گھر (مذکر) تار دینے کا دفتر۔ تار لگانا
(متعدی) ۱ کسی کام کو جاری رکھنا۔ سلسلہ باندھنا ۲ بار
بار آنا ۳ لگاتار کئے چلا جانا۔ برابر رٹے جانا۔ ۴ بتے
کھڑے کر کے اس پر تار برقی کے لئے تار باندھنا۔ تار
لگا نہ رکھنا (متعدی) تسمہ نہ رہنے دینا۔ کسر باقی
نہ رکھنا۔ تار لگا نہ رہنا (لازم) کسر باقی نہ رہنا۔ تار
لگنا (لازم) تار لگانا کا۔ تار مسطر (مذکر) وہ دھاگا جو
سطر میں لگا دیتے ہیں۔ تارِ نفس (مذکر) سانس کا سلسلہ
تار نکالنا (متعدی) ۱ تار کھینچنا ۲ سراغ نکالنا۔ پتہ
لگانا ۳ سویاں بٹنا۔ تار نگاہ (مؤنث) نگاہ کا بار بار
ملنا۔ تار نہ ٹوٹے۔ کام نہ رکے۔ تار و پود (مذکر)
تانا بانا۔ تارِ پیشتر (ہ۔ مذکر) تار کی مشین۔

تار (ہ۔ امر) تارنا کا۔ تار دینا۔

تارنا (متعدی) ۱ پار لگا دینا۔ پار کر دینا ۲ بچانا۔ آزاد
کرنا ۳ گناہ سے بچانا ۴ تناسخ کے چکروں سے بچانا۔

تارَن (س۔ صفت) ۱ بچانے والا۔ نجات
دلانے والا ۲ محافظ ۳ اونچی۔ تیز (آواز) ۴ روشن۔
چمکدار ۵ صاف۔ ملیاں ۶ اچھا۔ نفیس ۷ (مذکر) ستارہ
۸ شہاب ثاقب ۹ چاندی ۱۰ دیا کا کنارہ ۱۱ آنکھ کی

۳ ایک مصنف جس کا نام منی رام ہے۔ ۱۳ ایک دیت جسے وشن جی نے قتل کیا تھا۔ ۱۴ راجہ رام چندر جی کا ایک جرنیل جو برہسپتی اور تارا کا لڑکا تھا۔ ۱۵ صاف موتی۔ تارا (مؤنث) ۱ ستارہ ۲ صورت کوکب۔ بکشترہ ۳ آنکھ کی پتلی ۴ شہاب ثاقب ۵ ایک راگ ۶ دوکشا منی کی ایک شکل ۷ ایک بدھ دیوی ۸ بدھ اموگھ سدھ کی بیوی ۹ برہسپتی کی بیوی ۱۰ اشٹ شین کی بیٹی۔ بالن کی بیوی اور انگو کی ماں۔ اسے سوم (چاند کا دیوتا) اٹھا لے گیا۔ جس پر دیوتاؤں اور اسروں کے درمیان جنگ ہوئی۔ برہما جی نے جنگ بند کرا کر اسے واپس دلا دیا۔ یہ حاملہ تھی۔ اور سوم کے نطفے سے اس کا ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام بدھ رکھا۔ ۱۱ جینیوں کی ایک شکتی ۱۲ ایک یوگنی ۱۳ آٹھ سدھیوں میں سے ایک۔ تارا پتی (مذکر) ۱ برہسپت ۲ بالن ۳ ایک راجہ۔ تارا پور (مذکر) ایک شہر۔ تارا پید (مذکر) چاندکنی راجوں کا نام تارا تیرتھ (مذکر) ایک مقدس مقام۔ تارا چندر (مذکر) ۱ ایک شارح کا نام ۲ ایک راجہ۔ تارا دھرم (مذکر) تارا پور کا راجہ۔ تارا کش (مذکر) ۱ ایک دیت ۲ قوم نشدھ کا ایک راجہ ۳ ایک پہاڑ۔ تارا گرو (مذکر) منتروں کا ایک مصنف۔ تارا وتی (مؤنث) ۱ درگا جی کی ایک شکل۔ چندر شیکر کی بیوی گتستھ کی ایک بیٹی ۲ دھرم دھوج کی بیوی۔ تارا ولوک (مذکر) ایک راجہ۔ تارا پال (مذکر) ایک ست دیش۔ تار کشت (مذکر) ایک ملک۔ تار ناتھ (مذکر) ایک تبتی مصنف جس نے بدھ مذہب کی ایک تاریخ لکھی ہے۔ تارا دلی (مؤنث) ایک کیش راجہ کی بیٹی ۲ کئی عورتوں کا نام۔

تارا (ہ۔ مذکر) ۱ ستارہ۔ اختر۔ کوکب نجوم ۲ شہاب ثاقب ۳ چاندی کا گول چھوٹا ٹکڑا جو جوتوں وغیرہ پر لگاتے ہیں ۴ آنکھ کی پتلی ۵ ترمرا۔ باریک ذرہ جو صدمہ دماغی کی وجہ سے نظر آئے۔ تارہ برس (مذکر) وہ برس جس کا ناپ ستاروں کی گردش کے ساتھ ہو۔ ستاروں کا برس۔ تارہ پتھ (ہ) تاروں کا راستہ۔ آسمان۔ فلک۔ تارا ٹوٹنا (لازم) شہاب ثاقب گرنا۔ تارا چمکنا (لازم) عروج ہونا۔ ترقی ہونا تارا دن (ہ) دیکھو تارا کال۔ تارا ڈوبنا (لازم) ستارہ غروب ہونا ۲ (علم جوتش) زہرہ کا نظر نہ آنا۔ یہ اس وجہ سے ہوتا ہے۔ کہ یہ ستارہ بعض وقت دن کو چڑھتا اور دن میں ہی غروب ہو جاتا ہے۔ اور اس لئے نظر نہیں آتا۔ ہندو اس عرصے میں کوئی مبارک کام نہیں کرتے تاراس (آنکھ) آنکھیں (مؤنث) نہایت چمکدار آنکھیں۔ تاراسی آنکھیں ہو جانا (لازم) آنکھوں کا صاف ستھرا ہو جانا۔ آنکھوں کی بیماری جاتی رہنا۔ تارا گن (ہ۔ مذکر) ستاروں کا گروہ۔ تارا منڈل (مذکر) ستاروں کی دنیا۔ آسمان۔ فلک۔ تارا وارا (مذکر) دارا تابع مہمل۔ تارا۔ تارا وارا دیکھنا (متعدی) دیکھو تارا دیکھنا ۱ تارا ہو جانا یا ہونا (لازم) کسی چیز کا اونچا ہونا۔ بہت اونچا ہونا۔ تاروں (مذکر) تارا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ تاروں بھری رات (مؤنث) نہایت صاف رات جس میں تارے چھٹکے ہوں۔ تاروں کی انجمن (مؤنث) بہت تارے جو صاف رات میں دکھائی دیں۔ تاروں کی چھاؤں (مؤنث) تاروں کی روشنی۔ تاروں کی محفل (مؤنث) ۱ دیکھو تاروں کی انجمن ۲ نورانی محفل۔ مجمع حسیناں۔ تارے (مذکر) ۱ تارا کی جمع ۲ بجائے تارا حروف مغیرہ سے پہلے۔ تارے اتارنا (متعدی) ۱ ایسا کام کرنا جو کوئی اور نہ کر سکے ۲ عیاری کرنا۔ مکاری کرنا۔ تارے باندھنا (متعدی) ایک ٹوٹکا جو بارش بند ہونے کے لئے کرتے ہیں۔ تارے توڑنا (متعدی) دیکھو تارے اتارنا۔ تارے ٹانکنا (متعدی)، ٹکنا (لازم) تارے سے جانا۔ تارے ٹوٹتے نظر آنا (لازم) تارے ٹوٹتے ہوئے دکھائی دینا۔ تارے ٹوٹنا (لازم) ۱ شہاب ثاقب گرنا ۲ آتشبازی کے پھول جھڑنا۔ تارے چھٹکنا (لازم) آسمان کا بالکل صاف ہونا اور بہت سے تاروں کا نظر آنا۔ تارے وار (صفت) وہ چیز جس پر تارے ٹکے ہوئے ہوں۔ تارے دکھانا (متعدی) ۱ ایک رسم مسلمانوں میں۔ زچہ کو چھٹی کے روز نہلا دھلا کر دلہن بناتے ہیں۔ اور بچہ گود میں دیکر روشنی دکھاتے ہیں۔ سر پر قرآن مجید رکھتے ہیں ۲ کبوتر بازوں کا کبوتر کو رات کے اڑنے کے لئے سدھانا ۳ بدحواس کر دینا۔ تارے دکھائی دے جانا یا دینا (متعدی) کمزوری یا صدمہ دماغی کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے سیاہ داغ دکھائی دینا ۲ مصیبت پڑنا۔ گھبراہٹ ہونا۔ تارے دیکھنا (لازم) تارے دکھانا کا۔ تارے کھلنا (لازم) صاف رات میں تارے نکلنا۔ تارے گنوانا (متعدی) تارے گننا (لازم) نیند رات بھر نہ آنا۔ سخت پریشانی میں رات کاٹنا۔ تارے نظر آنا (لازم) دیکھو تارے دکھائی دینا ۲ خوفزدہ ہونا۔ گھبرانا۔ تارے نکل آنا (لازم) رات ہونا۔ تارے نظر آنے۔

تاراج (ف۔ مذکر) بربادی تباہی لوٹ مار۔ غارت (کرنا ہونا کے ساتھ) تاراج گاہ (مؤنث) لوٹ مار کی جگہ۔ تاراج گر (صفت) لوٹنے والا۔

تارپیڈو (انگ۔ مذکر) سگار کی شکل کا ایک اسلحہ۔ یہ بحری جنگ میں استعمال کرتے ہیں ایک نالی کے ذریعہ اسے دوسرے جہاز کی طرف پانی کے اندر پھینکا جاتا ہے۔ اس کے اندر آتشگیر مادہ ہوتا ہے جو نشانے پر لگتے ہی جل اٹھتا ہے۔ اور جہاز کو توڑ پھوڑ کر غرق کر دیتا ہے۔ (اصل ٹورپیڈو)

تارپین (انگ۔ مذکر) ایک قسم کی گوند جو چیڑ کی قسم کے درختوں سے نکلتی ہے (اصل ٹرپنٹائین) تارپین کا تیل (مذکر) ایک قسم کا تیل جو تارپین سے بنایا جاتا ہے اور چوٹوں پر ملنے کے کام آتا ہے۔

تارت (ع۔ اسم) ۱ باری ۲ ایک دفعہ۔ ایک وقت ۳ بعض وقت۔

تارک (ف۔ مذکر) ۱ پہاڑی۔ ٹیلہ ۲ ڈھیر۔ تودہ ۳ چوٹی۔ قلعہ ۴ سر کی چوٹی ۵ لوہے کا خود ۶ ایک خاص قسم کی ٹوپی ۷ مانگ۔

تارک (ع۔ صفت) ۱ چھوڑنے والا۔ ترک کرنے والا ۲ معزور (ترک۔ چھوڑنا) تارک الدنیا (صفت) دنیا سے قطع تعلق کرنے والا۔ فقیر۔ راہب۔ گوشہ نشین۔ تارک الصلوٰۃ (صفت) نماز نہ پڑھنے والا۔

تارک (س۔ صفت) ۱ بچانے والا۔ نجات دلانے والا ۲ محافظ۔ مہربان۔ مربی ۳ ستارہ ۴ آنکھ ۵ آنکھ کی پتلی ۶ ایک دیت جو وجرانک کا بیٹا تھا۔ اس نے اس قدر تپسیا کی کہ دیوتاؤں کو خوف ہوا کہ ان کی حکومت نہ جاتی رہے۔ اس کو قتل کرنے کے لئے لڑائی کا دیوتا سکند پیدا کیا گیا۔ تارکا (مؤنث) ۱ تارا۔ شہاب ثاقب ۲ ایک دیتیہ جو سندھ کی بیٹی اور مریچا کی ماں تھی۔ اگستیہ رشی نے اسے راکھشسی بنا دیا۔ یہ دریائے سرجو کے کنارے ایک جنگل میں رہتی تھی۔ اور ارد گرد کے علاقے میں قتل و غارت کیا کرتی۔ وشوامتر نے راجہ رامچندر جی کو اس کے قتل کے لئے کہا۔ انہوں نے

اسے عورت سمجھ کر قتل تو نہ کیا۔ مگر اس کے بازو کاٹ ڈالے۔ لچھمن جی نے اس کے ناک اور کان کاٹ دیئے۔ اس پہ اس نے سحر کے زور سے ان پر پتھروں کی بارش شروع کر دی۔ اور مجبوراً رامچندر جی نے اسے قتل کیا۔ **تارک تیرتھ** (مذکر) ایک مقدس مقام۔ **تارک سجے** (مذکر) پدم پران کا نام۔ **تارک سمے** (مذکر) وہ جنگ جو تارا یا تارکا کے اغوا کی وجہ سے دیوتاؤں اور اسروں میں ہوئی۔

تارَک (س۔ مذکر) کرایہ۔ محصول۔

تارکش (س۔ مذکر) 1 ایک پرندہ 2 گرڑ کا نام 3 ایک پودا۔ **تارکشیہ** (مذکر) 1 گرڑ کا ایک نام 2 سریا دیوتا کا ایک اوتار جو گھوڑے یا پرندے کی شکل میں ہوا تھا 3 ایک منی 4 دیوتاؤں کی ایک قسم جو گندھرو۔ یکش اور چارن کے ساتھ شمار ہوتی ہے 5 شوجی 6 ایک قوم۔

تارکک (س۔ صفت) 1 منطق کے متعلق 2 (مذکر) منطقی۔ فلسفہ دان 3 چھ شاستروں میں سے کسی کا پیرو۔

تارن (س۔ صفت) 1 پار اتارنے والا۔ مدد کرنے والا۔ بچانے والا 2 مسیح 3 کشتی 4 بانسوں کا بنا ہوا چھت کا ڈھانچہ جس پر چھپر باندھتے ہیں 5 پار اترنا۔ دوسرے کنارے پر پہنچنا 6 نجات۔ بچاؤ۔ **تارن ترن** (مذکر) 1 مکتی دینے والا شخص۔ مکتی حاصل کرنے والا شخص۔ **تارن کارک** (صفت) 1 مکتی دینے والا 2 مسیح۔ نجات دہندہ۔ **تارن کرنا** (متعدی) 1 پار اتارنا 2 نجات دینا۔ بچانا۔ **تارنی** (صفت) 1 نجات دینے والی 2 (مؤنث) درگا جی 3 جینیوں کی ایک دیوی۔

تاری (ہ۔ مؤنث) تالی۔ چابی۔ کنجی 2 دھیان میں مشغول 3 چیت۔

تاری (ف۔ مؤنث) 1 تاریکی 2 (مذکر) ملا علی محدث کا تخلص۔

تاریخ (ع۔ مؤنث) 1 مہینے کا ہر ایک دن 2 وہ دن جو مقدمے کی سماعت کے لئے مقرر ہو 3 ایسا شعر یا فقرہ جس کے اعداد بحساب ابجد جوڑنے سے کسی واقعہ کا حال معلوم ہو 4 واقعات گزشتہ کا تذکرہ 5 وہ کتاب جس میں واقعات بادشاہوں اور ملکی حالات کا تذکرہ ہو 6 وہ علم جس میں واقعات گزشتہ و حال سے بحث کی جاتی ہے 7 تذکرۂ مشاہیر 8 کسی چیز کے ظہور کا وقت۔ کسی امر عظیم کے وقت کا تعین 9 قصص و افسانہائے زبان زد عام۔ روایات 10 جنگ نامہ۔ (از رخ۔ دن لکھنا) **تاریخ ارجاع** (مؤنث) مقدمہ دائر ہونے یا پہلی درخواست گزرنے کا دن۔ **تاریخ اسکندری** (مؤنث) وہ سنہ جو ۳۱۲ قبل مسیح سے شروع ہوتا ہے۔ **تاریخ الہجرت** (مؤنث) سنہ ہجری **تاریخ پڑنا** (لازم) مقدمے کی سماعت کے لئے تاریخ مقرر ہونا۔ **تاریخ ٹھہرانا** (متعدی) **ٹھہرنا** (لازم) شادی وغیرہ کے لئے دن مقرر ہونا۔ **تاریخ جلالی** (مؤنث) سنہ جو جلال الدین نے مقرر کیا تھا۔ یہ ۱۰۷۹ء سے شروع ہوتا ہے۔ **تاریخ چڑھانا** (متعدی) کاغذات پر تاریخ لکھنا۔ **تاریخ چسپانی** (مؤنث) مقدمات کی پیشی کی تاریخوں کا ترتیب وار بورڈ پر چسپاں کر دینا تاکہ اہل مقدمہ خود دریافت کرلیں۔ **تاریخ دینا** (متعدی) عدالت کے منشی کا کاغذ پر مقدمے کی تاریخ لکھ کر مقدمہ والوں کو دینا۔ **تاریخ ڈالنا** (متعدی) مقدمے کی سماعت کے لئے دن مقرر کرنا۔ **تاریخ رومی** (مؤنث) دیکھو تاریخ اسکندری۔ **تاریخ الشہدا یا قبطی** (مؤنث) وہ تاریخ جو ڈائیو کلیشین کے زمانے سے ۲۸۴ء سے شروع ہوتی ہے۔ اس تاریخ کو بہت سے عیسائیوں کو شہید کیا گیا تھا۔ **تاریخ ظہور بنا سے دعوے** (مؤنث) بنائے دعوے کے واقع ہونے کی تاریخ۔ **تاریخ کہنا** (متعدی) ایسا فقرہ یا شعر کہنا جس سے کسی واقعہ کی تاریخ معلوم ہو۔ **تاریخ لکھنا** (متعدی) 1 دیکھو تاریخ کہنا 2 کاغذات پر تاریخ تحریر کرنا 3 تاریخ کی کتاب تصنیف کرنا۔ **تاریخ مقرر کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مقدمے کی سماعت کے لئے دن مقرر ہونا۔ **تاریخ مقررہ** (مؤنث) وہ دن جو کسی خاص کام کے لئے مقرر کیا جائے۔ **تاریخ وار** (تف) روزانہ۔ ایک ایک دن کا۔ سلسلہ وار۔ دن بدن۔ تاریخ کے حساب سے۔ **تاریخی** (صفت) تاریخ سے منسوب **تاریخی واقعات** (مذکر) 1 واقعات جو تحریر ہو چکے ہوں 2 سچے واقعات۔

تاریق (ع۔ مونث) جگائے رکھنا۔ سونے نہ دینا۔

تاریک (ف۔ صفت) 1 سیاہ۔ کالا 2 مکدر۔ دھندلا 3 اندھیرا۔ **تاریک چشم** (صفت) 1 جس کو اچھی طرح نظر نہ آئے۔ کمزور نظر 2 کوتہ بیں۔ کوتہ نظر 3 جسے رات کو نظر نہ آئے۔ **تاریک دل** (صفت) بد باطن۔ برا۔ جو دوسروں کو نقصان پہنچانے کے درپے رہے۔ **تاریک کرنا**۔ سیاہ کر دینا۔ اندھیرا کر دینا۔ **تاریک ہونا**۔ اندھیرا ہونا۔ کچھ نظر نہ آنا (جہاں) گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ **تاریکی** (مؤنث) 1 سیاہی۔ ظلمت 2 اندھیری۔ دھندلاپن۔ **تاریکی آجانا چھاجانا یا چھانا** (لازم) اندھیرا ہو جانا۔ گھبرا جانا۔ **تاریکی (ہر طرف) دور ہونا** (لازم) اجالا ہونا۔ روشنی ہونا۔ **تاریکی شب** (مؤنث) رات کا اندھیرا۔

تاڑ (ہ۔ مذکر) ایک کھجور کی قسم کا اونچا درخت جس کے پتے پنکھے کی شکل کے اور بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ **تاڑ کا سا قد**۔ بہت لمبا اور ناموزوں قد۔ **تاڑی** (مونث) تاڑ کے درخت کا رس جسے نشے کے لئے پیتے ہیں کٹار کا دستہ۔

تاڑ (ہ۔ اس) 1 تاڑنا سے 2 (مؤنث) فہم فراست۔ سمجھ۔ **تاڑباز** (صفت) 1 زود فہم سمجھدار 2 عورتوں کی طرف دیکھنے والا۔ **تاڑبازی** (مؤنث) 1 فہم۔ فراست 2 عورتوں کی طرف دیکھنا۔ **تاڑ جانا** (لازم) بھانپ لینا قیافے سے پہچاننا۔ **تاڑ لینا** (متعدی) تاڑ جانا۔ **تاڑنا** (متعدی) 1 جانچنا۔ بھانپنا۔ پہچاننا 2 قیافے سے پہچان لینا 3 معلوم کرلینا۔ دریافت کرلینا 4 ایک پتھر سے دوسرے پتھر کو ہموزن کرنا 5 تولنا 6 دیکھنا۔ نظر ڈالنا۔

تاڑک (ہ۔ مذکر) تنبیہ کرنے والا۔ سزا دینے والا۔ درست کرنے والا۔

تاڑن۔ تاڑنا (ہ۔ مذکر) 1 مارنا۔ سزا دینا۔ پیٹنا 2 سزا۔ تنبیہ۔ زجر و توبیخ۔ **تاڑن کرنا۔ تاڑنا** (متعدی) 1 تنبیہ کرنا 2 سزا دینا۔ پیٹنا 3 نکال دینا۔ دور کر دینا۔ **تاڑنی** (مؤنث) چابک۔ **تاڑنیہ** (صفت) قابل سزا یا تنبیہ جسے سزا دیجائے یا تنبیہ کی جائے۔

تاڑنک۔ تاڑنگ (ہ۔ مذکر) کان کا بالا۔ تاٹنک۔

تاز (ف۔ صفت) 1 دوڑنے والا۔ بھاگنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ترکتاز 2 (مونث) دوڑ۔ بھاگ 3 حملہ۔ چڑھائی۔ لشکرکشی۔ **تاز وتگ** محنت۔ کوشش۔ جفاکشی۔ دوڑ دھوپ۔ تگ و پو۔

تازگی (ف۔ مونث) 1 ہرا پن۔ سرسبزی 2 نیا پن۔ رونق 3 چہرے کی رونق 4 تری۔ تراوت 5 خوشی۔ سرور۔

تازہ (ف-صفت) ۱ نیا - جدید ۲ تر - مرطوب ۳ سبز - سرسبز ۴ نیا اترا ہوا - ڈال کا ٹوٹا ۵ تندرست - بے تکان ۶ نوبنو - گرما گرم ۷ نیا سوجھا ہوا ۸ حال کا ۹ موٹا فربہ ۱۰ خوش - مسرور ۱۱ حال کا بھرا ہوا - کوئیں سے حال میں نکلا ہوا (پانی) ۱۲ ترکیا ہوا - پانی بدلا ہوا (حقہ) ۱۳ حال کا کیا ہوا (وضو) **تازہ بات** (مونث) نئی بات - عجیب بات - **تازہ بتازہ** (تف) ۱ نیا - جدید ۲ گرما گرم ۳ نیا سوجھا ہوا ۴ ڈال سے اُترا ہوا - **تازہ بدن** (مذکر) موٹا بدن - فربہ جسم - **تازہ بہار** (مونث) تازگی شگفتہ - جوبن **تازہ توانا ہونا** تازہ - نوجوان اور مضبوط - **تازہ خیال** (صفت) ۱ وہ جسے نئی سوجھے ۲ (مذکر) نیا خیال - جدت ۳ موجد - **تازہ دم** (صفت) ۱ تکان اترا ہوا - بے تکان ۲ چست مستعد - **تازہ دم ہے** - کسی کام کے کرنے پر آمادہ ہے ۲ ابھی کا بنا ہے ۳ سفر میں جانے کو تیار ہے - **تازہ دماغ** (صفت) جس کا دماغ تھکا ہوا نہ ہو - **تازہ رو** (صفت) شگفتہ رو - خوش - **تازہ شگوفہ** (مذکر) ۱ نئی کلی - نئے پتے ۲ نئی بات - انوکھی بات - **تازہ شگوفہ پھولنا یا کھلنا** (متعدی) ۱ نئی بات ہونا - انوکھی بات ہونا ۲ بدنامی کی بات ہونا - **تازہ شگوفہ چھوڑنا** (متعدی) انوکھی بات کہنا - **تازہ فقرہ** (مذکر) فریب - دھوکا - نئی چال (دینا کے ساتھ) **تازہ کار** (صفت) نیا کام کرنے والا - مبتدی - **تازہ کرنا** (متعدی) ۱ تازگی بخشنا ۲ تکان رفع کرنا - آرام دینا ۳ بہلانا - خوش کرنا ۴ یاد دلانا - ہرا کرنا ۵ نیچہ بھگونا - حقے کا پانی بدلنا - **تازہ کھانا** (متعدی) گرما گرم کھانا - حال کا پکا ہوا کھانا - **تازہ گل پھولنا یا کھلنا** - دیکھو تازہ شگوفہ الخ **تازہ مشق** (صفت) نیا سیکھا ہوا - نومشق - **تازہ وارد** (صفت) نووارد - نیا آیا ہوا - حال کا آیا ہوا - **تازہ و تر** (صفت) تر و تازہ - نیا - **تازہ ولایت** (صفت) ۱ نووارد - دوسرے ملک سے نیا آیا ہوا ۲ وہ جو کسی کی زبان نہ سمجھے - وحشی - نوگرفتار - **تازہ ہونا** (لازم) دیکھو تازہ کرنا - فربہ ہونا - موٹا ہونا - **تازی** (صفت مونث) تازہ کی - **تازی بات** (مونث) ۱ نئی بات - جدت ۲ حال کی بات - **تازی تر ہیں** - دہلی میں کچھریا بیچنے والوں کی صدا -

تازی (ف-صفت) ۱ عربی - عرب کا ۲ (مذکر) عرب کا گھوڑا ۳ شکاری کتا ۴ عربی زبان ۵ (قواعد) وہ حروف جو خاص عربی زبان کے ہیں جیسے ث - خ - غ - ق (تاختن - حملہ کرنا - دوڑنا) **تازی خانہ** (مذکر) وہ مکان جس میں کتے رکھے جائیں - **تازی کتا** (مذکر) شکاری پتلی کمر کا کتا - حجازی کتا - **تازی نژاد** (صفت) عربی نسل کا - گھوڑے کی تعریف میں کہا جاتا ہے -

امثال اقوال - تازی پرس

نہ چلا ترکی کے کان اینٹھے - زبردست کے سامنے پیش نہ گئی غریب کو تنگ کرنا شروع کیا - **تازی مارا ترکی کانپا** - ایک کی سزا سے دوسرے کو عبرت ہوتی ہے - **تازی مار کھائے ترکی (آس لگائے) آش کھائے** - لائق تباہ ہوتے ہیں - نالائق ترقی کرتے ہیں -

تازیانہ (ف - مذکر) چابک - کوڑا - قمچی (جڑنا - کھانا - لگانا - لگنا - مارنا کے ساتھ) **تازیانہ ہونا** (لازم) ۱ چابک لگنا ۲ تنبیہ ہونا -

تازیک (ف - مذکر) ۱ تاجیک - غیر عربی آدمی یا گھوڑا جو دوسرے ملک میں پرورش پائے ۲ عرب نسل کا دوغلہ گھوڑا -

تاس (ف - مذکر) ۱ بڑا تشت ۲ تاش ۳ زربفت - کمخواب ۴ سونے کا ورق ۵ جھلمل - پنی -

تاسا (ف - مذکر) تاشہ -

تاسپندر (س - مذکر) ۱ ایک رسی ۲ دو سامن -

تاسع (ع - صفت) ۱ نواں ۲ وہ جو نو بنائے -

تأسف (ع - مذکر) ۱ افسوس - رنج - ملال - غم ۲ پچھتاوا - حسرت (کرنا ہونا کے ساتھ) **تاسفاً** (تف) افسوس کھاتے ہوئے - افسوس میں (اسف - غم کھانا) **تاسف کھانا** (متعدی) افسوس کرنا (متروک)

تاسی (ع - اسم) ۱ تسلی یاب ہونا ۲ صابر یا قانع ہونا -

تاسیس (ع - مونث) ۱ وہ الف ساکن جس کے اور رے کے درمیان ایک حرف متحرک ہو ۲ (علم معانی) ایسا لفظ لانا جو پہلے سے زیادہ معنی رکھتا ہو ۳ بنیاد - جڑ - نیو - بنیاد کا نشان لگانا - (اُسّ - بنیاد رکھنا)

تاش (ھ - مذکر) ۱ دیکھو تاس - پتے جس سے کھیلتے ہیں - ایک کھیل (کھیلنا - ملانا ہونا کے ساتھ)

مثل - تاش پر مونج کا بخیہ - بے جوڑ بات -

تاشا - تاشہ (ہ - مذکر) ایک نصف کرہ کی شکل کا ڈھول (بجانا - بجنا - کڑکنا کے ساتھ)

تاشِ مُنّم (با - عص) ایک دیوی نیبو کی بیوی -

تاغ (ف - مذکر) ۱ ایک بڑا درخت ۲ چنار ۳ انار ۴ ترمندی ۵ جھنڈے کا ڈنڈا -

تافتہ (ف - صفت) ۱ روشن منور ۲ گرم ۳ (مذکر) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۴ چمکدار سفید رنگ کا گھوڑا یا کبوتر (تافتن گرم ہونا)

تافہ (ع - مذکر) تھوڑی سی چیز معمولی چیز -

تاقی (ت - صفت) نقص دار (گھوڑا) منحوس (مذکر) وہ گھوڑا جس کی آنکھیں مختلف رنگ کی ہوں -

تاک (ف - مونث) ۱ انگور کی بیل ۲ کوئی بیل ۳ کسی درخت کی شاخ بیل کی طرح بڑھتی ہوئی ۴ انگور - **تاک انگور** (مونث) انگور کی بیل -

تاک (ہ - مونث) ۱ نشانہ - شست ۲ نظر - نگاہ ۳ ٹکٹکی - گھات ۴ تلاش - جستجو ۵ انتظام توقع ۶ نگہبانی - حفاظت - خبرداری - اوقات کا لحاظ ۷ کتے بلی وغیرہ کا گھات لگانا (س ترک - سوچنا) **تاکا تاک** (مونث) ایک دوسرے کی طرف دیکھنا - نگاہیں لڑانا - نظر بازی - **تاک باک** (مونث) عین وقت یا موقعہ - **تاک بازی** - تاڑ بازی - **تاک باندھنا** شست باندھنا - نشانہ لگانا - غور سے دیکھنا - نگاہ لڑانا - کتے بلی کا گھات لگانا - امید رکھنا - توقع رکھنا - **تاک پر آنا** - کسی امید یا توقع پر آنا - **تاک پر ملنا** ضرورت کے وقت کسی چیز کا ملنا - **تاک جھانک** (مونث) نظر بازی - گھورا گھاری (کرنا - لگانا - لگنا - ہونا کے ساتھ) **تاک رکھنا** (متعدی) گھات میں رہنا ۲ موقعہ کی تلاش میں رہنا ۳ جانچ رکھنا ۴ پہلے سے پہچان یا دیکھ رکھنا ۵ حفاظت رکھنا - خبرداری رکھنا ۶ اوقات کا لحاظ - **تاک کر** - سیدھ باندھ کر - موقع دیکھ کر - **تاک کر آنا** (لازم) غور کر کے آنا - کسی کو دیکھ کر آنا - **تاک کر مارنا** (متعدی) شست لگا کر نشانہ لگانا - نشانہ نہ چوکنا - **تاک لگانا** (متعدی) گھات لگانا - موقع کے انتظار میں رہنا - موقع تاکنا - گھورنا - غور سے دیکھنا - **تاک لگنا** (لازم) دیکھو تاک لگانا -

ٹکٹکی بندھنا۔ **تاک لینا** (متعدی) خبر لینا۔ نگرانی کرنا حفاظت کرنا۔ وقت پر پہنچانا یا مہیا کرنا۔ **تاک میں رکھنا** کسی کو نظر میں رکھنا۔ **تاک میں رہنا** موقعہ تاکنا۔ گھات میں رہنا۔ **تاک میں لگنا** گھات میں ہونا۔ تلاش میں ہونا۔ **تاک میں ہونا** (لازم) منتظر رہنا۔ داؤ لگائے رہنا۔ تاکنا۔ نشانہ باندھنا۔ شست لگانا۔ نظر رکھنا۔ دیکھنا۔ جھانکنا۔ چھپ کر دیکھنا۔ تاڑنا۔ پہچاننا۔ گھورنا۔ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔ پہلے سے جان یا پہچان رکھنا۔ پسند کرنا۔ نگاہ میں رکھنا۔ خواہش رکھنا۔ امید رکھنا۔ توقع رکھنا۔ تلاش کرنا۔ ڈھونڈنا۔

تاکو لے بھاگو (مذکر) اُچکے۔ چوٹٹے۔ جیب کترے۔

مقولہ۔ تاک جھانک کر چال مت یہ ہے بُرا سبھاؤ۔ جار کہیں یا چور تا یا کہیں اود بلاؤ۔ تاک جھانک نہیں کرنی چاہئے لوگ بدچلن چور یا بیوقوف سمجھیں گے۔

تاکید (ع۔ مونث) ۱ تقاضا۔ زور۔ کوشش ۲ سخت حکم دینا ۳ باربار کہنا۔ اصرار کرنا ۴ ضد۔ ہٹ۔ اصرار (اکّد۔ پکا کرنا) **تاکیداً** (ف) زور ڈال کر۔ نہایت اصرار سے۔ **تاکید اکید** (مونث) سخت حکم۔ سخت اصرار۔ **تاکید بلیغ** (مونث) پوری تاکید۔ سخت تاکید۔ **تاکید شدید** (مونث) سخت تاکید۔ **تاکید کرنا** (متعدی) ۱ اصرار کرنا۔ بار رکھنا ۲ زور ڈالنا ۳ سخت حکم دینا۔ **تاکید میں مبالغہ کرنا** (متعدی) بہت تاکید کرنا۔ **تاکید ہونا** (لازم) دیکھو تاکید کرنا۔ **تاکیدی** (صفت) ضروری۔ سخت ۲ اصرار کا۔ زور کا۔ **تاکیدی حکم** (مذکر) ضروری حکم۔

تاگ (ھ) **تاگا** (ھ۔ مذکر) سوت۔ دھاگا۔ ڈور۔ تار۔ رشتہ۔ سلک (س تنت۔ تاگا) **تاگا پرونا یا ڈالنا** (متعدی) سوئی کے چھید میں سے دھاگا نکالنا۔ **تاگ توڑ** (ھ۔ مذکر) فیتہ۔ لیس۔ **تاگ یا تاگے ڈالنا** (متعدی) روئی دار یا دوہرے کپڑے کو اس طرح سینا کہ روئی کی تہ نہ بگڑے۔ **تاگنا** (متعدی) ۱ تاگا پرونا ۲ تاگے ڈالنا ۳ سینا۔ سلائی کرنا۔ گوتھنا۔

تاگا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا ٹیکس۔

تاگڑی (ھ۔ مونث) زنجیر کی قسم کا زیور جو کمر میں باندھتے ہیں۔

تال (ھ۔ مونث) ۱ گانے بجانے کا وزن ۲ تالی ۳ پہلوانوں کا ہاتھ بازو پر مارنا۔ خم ٹھونکنا ۴ مجیرے کی جوڑی۔ پیتل کی کٹوریاں جو طبلے یا ڈھولک کے ساتھ بجاتے ہیں ۵ (مذکر) عینک کا شیشہ (س تل) **تال اُڑنا** (لازم) تال کا ساز کے ساتھ مطابق نہ ہونا۔ **تالاکھیا** (س مونث) ایک قسم کی نباتی خوشبو۔ **تال پرتی**۔ **تال بے تال** (صفت) بے سرا۔ **تال بے تال ہونا** (لازم) گانے میں بے سرا ہونا۔ بےموقع یا بے محل کوئی بات یا کام کرنا۔ **تال پڑنا** (لازم) دیکھو تال دینا۔ **تال ٹھونکنا** (لازم) خم ٹھونکنا۔ **تال دینا** (لازم) گانے میں سر قائم رکھنے کے لئے تالی بجانا یا سہارا دینا۔ **تال سے بے تال گانا یا ہونا** (لازم) بے سرہو جانا۔ اُکھڑ جانا۔ بےموقع تان لینا۔ **تال مار کر اڑنا** (لازم) پھڑپھڑا کر ہوا میں بلند ہونا۔ **تال مارنا** (ھ۔ متعدی) خم ٹھونکنا۔ **تال مکھانا** (مذکر) ۱ ایک قسم کا بیج۔ کنڈیاری کے پودے کا بیج ۲ ایک پودہ جو دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے۔ **تال میل** (مذکر) ۱ میل جل۔ راہ رسم ۲ اتحاد۔ اتفاق ۳ مناسبت۔ ربط۔ **تال میل کھانا** (متعدی) ۱ تال کا سُر کے ساتھ مل جانا ۲ باہم اتفاق ہونا۔ اتحاد ہونا میل جول ہونا ۳ مناسبت ہونا۔ موزوں ہونا۔

مثل۔ تال بجا کے مانگے بھیک اُس کا جوگ رہا کے ٹھیک۔ ان منگتوں پر طنز ہے جو گھنگھنے بجا کر بھیک مانگتے ہیں۔

تال (ھ۔ مذکر) تالاب۔ جوہڑ۔ سر۔ حوض۔ جھیل۔ چشمہ (س تل)

امثال واقوال وغیرہ۔ تال اُچھل کر اُچھلیں کیار۔ جب برکھا ہو پورم پار (ھ) جب بارش خوب زور سے ہو تو تالاب بھر کر کھیتیاں بھی بھر جاتی ہیں۔ جب خدا کی مہربانی ہو تو لہر بہر ہو جاتی ہے۔ **تال تو بھوپال تال باقی سب تلیاں ہیں** (ھ) کسی چیز کی بہت تعریف کرنا ہو تو کہتے ہیں۔ **تال سُوکھے ٹیبر بھیو۔ ہنسا کہیں نہ جائے۔ مرے پُرانی پیت کو چُن چُن کنکر کھائے** (ھ) وطن بہت پیارا ہوتا ہے چاہے آدمی کو کھانے کو نہ ملے۔ اسے چھوڑ کر جانا نہیں چاہتا۔ **تال سے تلیا گہری۔ سانپ سے سنپولا جہری** (ھ) تالاب سے جھیل گہری ہوتی ہے اور چھوٹا سانپ بڑے سانپ سے۔ جب چھوٹے بڑوں سے زیادہ چالاک ہوں تو کہتے ہیں۔ **تال میں چمکے تال مچھریا رن چمکے تلوار۔ تنبوا چمکے میاں پگڑیا سیج پہ بندیا آمار** (ھ) ہر چیز اپنے مقام پر اچھی معلوم دیتی ہے۔ **تال نہ تلیا بوو سنگھاڑے بھیا** (ھ) شیخی مارنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

تال (س۔ مذکر) ۱ تاڑ کا درخت ۲ دیکھو تال (مونث) ۳ ایک قوم ۴ ایک دوزخ ۵ درگا جی کا تخت۔ **تال بھٹ** (مذکر) ایک بہادر کا نام۔ **تال جنگھ** (صفت) ۱ تاڑ جیسی ٹانگوں والا ۲ تال جنگھ قوم کا ۳ (مذکر) ایک قوم کا نام ۴ اس قوم کا ایک راجہ ۵ بھوت قوم کا ایک راجہ ۶ ایک راکھشس اور ایک دیت کا نام ۷ تال جنگھ قوم کا جد اعلےٰ جو شریاتی کی نسل سے تھا ۸ جے دھوج کا لقب۔ **تال کیتو** (مذکر) ۱ بھیشم ۲ بلرام ۳ کرشن جی کا ایک حریف ۴ ایک دانو جو پاتال کیتو کا چھوٹا بھائی تھا۔

تالا (ھ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے صندوق دروازے وغیرہ بند کرتے ہیں۔ یہ چابی سے لگایا یا کھولا جاتا ہے۔ قفل (س۔ تالک) **تالا بھڑ جانا یا بھڑنا** (لازم) ۱ قفل لگ جانا ۲ گھر اجڑ جانا۔ **تالا توڑنا** (متعدی) ۱ چابی گم ہو جانے کی وجہ سے یا چوری یا مکان پر قبضہ کرنے کی نیت سے قفل شکستہ کرنا۔ **تالا جڑنا** (متعدی) قفل لگانا۔ **تالا چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) **چڑھوانا** (م) ۱ قفل لگوانا خصوصاً دوسرے کے مکان پر ۲ دوسرے کے مکان پر قبضہ کر لینا۔ **تالا کنجی** (مونث) قفل اور چابی ۲ ایک کھیل کا نام۔ **تالا کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) قفل کھولنا۔ **تالا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) قفل چابی سے بند کیا جانا۔

تالاب (ف۔ مذکر) ۱ پانی کا بڑا حوض۔ سر۔ جوہڑ۔ وہ جگہ جو پانی کے جمع ہونے کے لئے زمین کھود کر بنائی جائے ۲ وہ چونے یا گچ کا اونچی جگہ پر بنا ہوا حوض جس میں پینے کا پانی ذخیرہ ہوتا ہے (س تٹاک)

تالاش (ف۔ مونث) ۱ تلاش (عف) ۲ شہاب الدین کا تخلص۔

تالاو۔ تالاؤ (ھ۔ مذکر) تالاب۔

تالد (ع۔ مذکر) ۱ دولت جو ورثہ میں ملے ۲ گھر کا پیدا شدہ جانور۔

تالسپتری۔ تالشپتری (ھ۔ مونث) ایک پودا جس کے پتے کڑوے ہوتے ہیں اور پیچش کا علاج ہیں۔

تآلف (ع۔ مذکر) الفت باہمی۔

محبت۔ دوستی (الف۔ مانوس ہونا)

تَاَلُّق (ع۔ مذکر) چمکنا۔

تالک (س۔ مذکر) زنجیر۔ بلّی۔ کھٹکا۔ آگل۔ چٹخنی۔

تالِک (س۔ مذکر) تالی۔ تالکا (مونث) ہتھیلی۔

تالکیتُو (س بعص) ۱ کھجور کا جھنڈا ۲ بھیشم کا لقب ۳ ایک شخص جسے کرشن جی نے قتل کیا تھا۔

تَاَلُّم (ع۔ مذکر) تکلیف۔ درد۔ رنج۔ غم۔ ملال ۲ اداسی۔ افسردگی ۳ دکھ پانا (اَلَم۔ دکھ پانا)

تالم (س۔ عص) دُرگا جی کا تخت۔

تالو (ہ۔ مذکر) ۱ مُنہ کے اندر کی چھت ۲ سر کا اُوپر کا حصّہ۔ چندیا ۳ بچّوں کے سر کا وہ حصّہ جو نرم ہوتا ہے۔ اور بعد میں سخت ہو جاتا ہے ۴ گھوڑے کی ایک بیماری ۵ ایک قسم کی مچھلی۔ تیبو مچھلی (س تالک) تالو آنا تالو میں ورم ہونا۔ تالو اُٹھانا۔ نوزائیدہ بچّے کے حلق کے کوّے کو اونچا کرنا۔ تالو بگڑنا (لازم) آواز کا تالو سے اچھی طرح نہ نکلنا۔ تالو سے زبان لگانا (متعدی) چپ کر رہنا (بیشتر نفی کے ساتھ) تالو سے (جیب) زبان لگنا (لازم) چپ ہونا۔ تالو سے زبان نہ لگانا (متعدی)، لگنا (لازم) ۱ بہت رونا ۲ باتیں کئے جانا۔ بکواس لگ جانا۔ بکنا۔ تالو لٹکنا (لازم) ورم کی وجہ سے تالو کا نیچے ہو جانا۔

تالوشَک (س۔ مذکر) تالو۔

تالوِیہ (س۔ صفت) تالو کے متعلق۔ تالویہ وَرن (مذکر) تالو سے نکلنے والا حرف۔

تَاَلُّہ (ع۔ مذکر) ۱ عبادت کرنا۔ ۲ پوجنا ۳ پرہیزگار ہونا۔

تالی (ع۔ اسم) ۱ گھوڑدوڑ میں چوتھا گھوڑا ۲ تابع ۳ بوڑھا آدمی ۴ امام۔

تالی (س۔ صفت) ۱ وہ جس کے پاس منجیرے ہوں ۲ (مذکر) وہ آدمی جس کے پاس منجیرے ہوں ۳ شوجی کا لقب ۴ (ہ۔ مونث) چابی۔ کنجی ۵ ایک درخت ۶ پہاڑی کھجور۔ ایک پودہ۔

مثل۔ تالی بن کیسا تالا۔ جورو بن کیسا سالہ۔ غیر موزوں بات اچھی نہیں ہوتی۔

تالی (ہ۔ مونث) ۱ کف دست۔ ہتھیلی ۲ ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کی آواز۔ ہتھیلی کو ہتھیلی پر مارنے کا فعل (س تالک) تالیاں (جمع تالی کی۔ تالیاں بجالے بنوں بیاہ ہوگا۔ چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں۔ جب وہ خوشی میں تالیاں بجاتی ہیں۔ **تالیاں بجانا** (متعدی) ۱ خوشی منانا ۲ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا ۳ ہنسی اڑانا۔ تضحیک کرنا۔ **تالیاں دینا**۔ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ مضحکہ اُڑانا۔ ہنسی اُڑانا۔ **تالی ایک ہاتھ سے بجنا** ناممکن بات ہونا۔ **تالی بجانا** (متعدی) ۱ ہتھیلی پر ہتھیلی مار کر آواز نکالنا ۲ دستک دینا ۳ کسی کو بلانے کیلئے ہتھیلی پر ہتھیلی مارنا تالی بجانا یا پٹنا (لازم) ۱ رسوائی ہونا۔ فضیحتا ہونا۔ بدنامی ہونا ۲ دوالہ نکالنا۔ **تالی پیٹنا** (متعدی) ۱ ہنسی اڑانا تضحیک کرنا ۲ تالی بجانا۔ **تالی دینا** (متعدی) دیکھو تالیاں دینا۔

امثال واقوال۔ تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی۔ تالی دونوں ہاتھوں (دو ہاتھ) سے بجتی ہے۔ تالی دونوں ہاتھ بجتی ہے۔ تالی دو ہُو کر بجے (ہ) لڑائی جھگڑا یا عشق و محبت اس وقت تک نہیں ہوتے جب تک دونوں فریق تیار نہ ہوں۔

تالیف (ع۔ مونث) ۱ کسی دوسرے کی تالیف شدہ کتاب کو ترتیب دینا ۲ مختلف کتابوں سے انتخاب کرکے ایک نئی کتاب مرتب کرنا ۳ الفت پیدا کرنا۔ دوستی پیدا کرنا ۴ (صفت) مؤلّف۔ مصنّف۔ مرتبہ۔ (اَلِف۔ مانوس ہونا) **تالیفِ قلوب** (مونث) لوگوں کے دلوں کو قابو کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **تالیف کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ کتاب کا مرتب ہونا ۲ الفت پیدا ہونا ۳ مطیع ہونا۔

تالِیک (س۔ مذکر) منجیرا۔

تام (ع۔ صفت) تمام۔ مکمل۔ پورا (تَمَّ۔ مکمل ہونا)

تام (س۔ مذکر) ۱ شام۔ تاریکی ۲ گھبراہٹ (چینی تمرہ) تانبا۔ تاما۔ تامب۔ تامبا (ہ) تانبا۔

تام چینی (ہ۔ مذکر) مینا کاری کیا ہوا تانبا۔ **تامر** (صفت) ۱ تانبے کے رنگ کا ۲ تانبے کا بنا ہوا ۳ ایک قسم کا کوڑھ جس میں سرخ نشان پڑ جاتے ہیں ۴ (مذکر) تانبا ۵ تانبے کا برتن ۶ نرک سھوم کا ایک لڑکا۔ **تامرا** (مونث) ۱ ایک قسم کی مرچ ۲ دکش کی ایک بیٹی اور کشیپ کی بیوی جو پرندوں کی ماں تھی ۳ ایک دریا۔ **تامر پرن** (مذکر) بھارت ورش کا ایک حصّہ۔ **تامر پرنی** (مونث) ۱ ایک قسم کا تالاب ۲ ایک دریا۔ **تامر پکش** (مذکر) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **تامر پکشا** (مونث) کرشن جی کی ایک بیٹی۔ **تامر تپت** (مذکر) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **تامر دویپ** (مذکر) لنکا **تامرس** (مذکر) ۱ کنول ۲ سونا ۳ تانبا۔ **تامرسا** (مونث) ۱ سونا ۲ تانبا ۳ ایک وزن یا بحر۔ **تامر ساگر** (مذکر) ایک سمندر۔ **تامر سین** (مذکر) ایک راجہ۔ **تامر لپت** (مذکر) ۱ ایک قوم ۲ ایک ملک جہاں یہ قوم آباد ہے۔ یہ دریائے گنگا کے دہانے کے مغرب میں تھا۔ اور اس میں تاملوک ہجالی اور مدنا پور تھے ۳ اس قوم کا ایک راجہ **تامر لپتا** (مونث) اس قوم کی راجدھانی۔ **تام لپت** (مذکر) دیکھو تامر لپت۔

تام جان۔ جھام یا وان (اُردو۔ مذکر) ۱ ہوادار ۲ ایک قسم کی پالکی۔

مثل۔ تام جھام لگے۔ کسی کمینے کے ہاتھ تام جھام لگ گئی ہر وقت اس میں چڑھا پھرتا۔ بیوی ذرا سے کام کو بھی کہتی تو جھٹ حکم دیتا تام جھام لگے۔ تب سے یہ کمینے آدمی کی شیخی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

تامبُول (س۔ مذکر) ۱ پان ۲ سپاری۔ **تامبولی** (مذکر) ۱ پان بیچنے والا آدمی۔ پان بنانے والا نوکر۔ پان لانے والا شخص ۲ (مونث) پان۔

تامِر (ع۔ صفت) جہاں کھجوریں زیادہ ہوں۔

تَاَمُّر (ع۔ مذکر) ۱ حاکم یا سردار مقرر ہونا ۲ حکومت کرنا۔

تامری (س۔ مونث) پانی کی گھڑی۔

تامڑا (ہ۔ صفت) ۱ تانبے کے رنگ کا ۲ (مذکر) کبوتر کی ایک قسم ۳ ایک قسم کا کاغذ ۴ گنجے کی کھوپری۔ کھوپری ۵ ادنےٰ قسم کا یاقوت۔ بدرنگ یاقوت (س تامر) **تامڑا نکل آنا** (لازم) ۱ تانبے کے رنگ کا ہو جانا۔ بدرنگ ہو جانا ۲ بال اڑ کر کھوپری صاف ہو جانا۔ گنجا ہو جانا

تامَس (س۔ صفت) ۱ تاریک۔ سیاہ ۲ سیاہی کے متعلق (جیسے غفلت۔ بدچلنی۔ بدکاری وغیرہ) ۳ بیوقوف۔ جاہل ۴ سست۔ کاہل ۵ شرارتی کینہ ور ۶ تندمزاج۔ مغلوب الغضب ۷ (مذکر) شرارتی یا کینہ ور شخص۔ بدمعاش وغیرہ (ہ) سیاہی۔ تاریکی ۸ غفلت ۹ غلطی نقص۔ عیب ۱۰ غصّہ۔ ناراضگی۔ **تامسی** (ہ۔ صفت) دیکھو تامس۔

تامسرہ (س۔ مذکر) ۱ نصف تاریک قمری مہینہ۔ پندرھویں تاریخ سے پہلی تک ۲ غصّہ۔ کرودھ۔ خفگی۔ ناراضگی ۳ نرک کا ایک حصّہ۔

تامَسَہ (س۔ مذکر) چوتھا منو۔

تَاَمُّل (ع۔ مذکر) ۱ سوچ۔ غور۔ بچانا ۲

توقف ۔ ڈھیل ۔ وقفہ ۔ دیر ۔ ۲ اندیشہ ۔ فکر ۔ ۳ شک ۔ شبہ ۔ تذبذب (وکرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **تامّل پذیر ہونا** (لازم) تامل کرنا ۔ سوچنا ۔ **تامّل کا آدمی نہ ہونا** (لازم) ایسا آدمی جو دیر نہ کرے ۔ جلدی کرنے والا (زائل ۔ امید رکھنا)

تاملکی (س ۔ مونث) ایک درخت ۔

تام لوٹ یا لیٹ (انگ ۔ مذکر) غالباً ٹمبلر کا بگڑا ہوا ۔ ٹین کا لوٹا بغیر ٹونٹی ۔ ٹین کا گلاس ۔

تامور (ع ۔ مذکر) ۱ کوئی آدمی ۔ ۲ کوئی چیز ۳ روح ۔ جان ۴ خون ۔

تامیر (ع ۔ مونث) حاکم یا سردار مقرر کرنا ۔

تامیسور ۔ تامیشور (ہ ۔ مذکر) تانبے کا کشتہ ۔

تامیل (ع ۔ مونث) امید کرنا ۔

تامین (ع ۔ مونث) آمین کہنا ۔

تال (ہ ۔ تف) تھاں کا مخفف ۔

تان (ہ ۔ مونث) ۱ گانے میں ایک خاص قسم کی بلند آواز ۲ لوہے کی سلاخ جو پلنگ ۔ پالکی ۔ گاڑی وغیرہ کو مضبوطی کی غرض سے لگاتے ہیں (س ۔ تن ۔ آواز دینا) **تان اُڑا لینا** (متعدی) کسی کے گانے کی طرز سیکھ لینا ۔ **تان اُڑانا** (متعدی) ۱ گانے میں سروں کو خوبصورت انداز سے ادا کرنا ۲ مذاق کرنا ۔ ہنسی اُڑانا ۳ کوئی ایسی بات کہنا جس سے جھگڑے کا اندیشہ ہو ۴ تنبیہ کرنا ۔ سرزنش کرنا ۔ **تان اُڑنا** (لازم) سروں کا خوبصورت انداز سے ادا ہونا ۔ **تان بھرنا یا تاننا** (متعدی) دیکھو تان اُڑانا ملا ۔ **تان توڑنا** (متعدی) ۱ تان اُڑانا ۲ گیت کا سم پر لاکر ختم کرنا ۔ **تان جوڑنا** (متعدی) ۱ دیکھو تان اُڑانا ملا ۲ ختم کرنا ۔ **تان رس خاں** (مذکر) داروغہ ارباب نشاط ۔ **تان کی جان** (صفت) ۱ سریلی ۔ رسیلی ۲ (مونث) خلاصہ ۔ مطلب ۔ ماحصل ۔ مدعا ۔ مغز سخن ۔ **تان کی لینا** (متعدی) الاپنا ۔ گانا ۔ **تان لینا یا مارنا** (متعدی) تان اُڑانا ۔ **تان میں تکلیں اُڑانا** (متعدی) بہت اونچی تان لینا ۔ **تانوں** (مونث) تان کی جمع ۔ حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **تانوں کے لچھے** (مذکر) تانوں پر تانیں مارنا ۔ **تانیں** (مونث) تان کی جمع **تانیں اُڑانا** (متعدی)، **اُڑنا** (لازم)، **مارنا** (متعدی) ۱ دیکھو تان اُڑانا ملا ۲ تان کے بعد تان اُٹھانا ۔

تان (ہ ۔ امر) ۱ تاننا کا ۲ (ہ) تانا ۔ دھاگا ۳ ابرو پر بل ڈالنا ۴ کھنچاؤ ۔ زور (س تن ۔ پھیلانا

تانا (ماضی) ۱ تاننا کی ۲ (مذکر) سوت کے تاگے جو کپڑے میں لمبائی کی طرف ہوتے ہیں ۔ **تانا بانا** (مذکر) کپڑے کے عرض و طول کے دھاگے ۔ **تانا بانا ادھیڑ دینا** (متعدی) ۱ کام خراب کر دینا ۲ لاجواب کر دینا ۳ بھید مفصل کھول دینا ۔ **تانا بانا کرتے پھرنا** (لازم) بار بار آنا جانا ۔ آوارہ پھرنا ۔ خواہ مخواہ چکر لگانا ۔ **تانا بنجھاری** (مونث) ابتری ۔ پریشانی ۔ **تانا تاننا** (متعدی) سوت کو بُننے کے لئے لمبائی کے رُخ خاص طریقے پر پھیلانا

تانا شاہ (مذکر) ۱ ابوالحسن قطب شاہ بادشاہ دکن کا لقب نازک مزاجی کی وجہ سے ۲ نازک مزاج ۔ **تان توڑنا** (متعدی) تان دینا ۔ لٹکا دینا ۔ **تان کے** (تف) خوب زور سے ۔ کھینچ کر ۔ **تان لینا** (متعدی) ۱ کھینچ لینا ۔ سیدھا کر لینا ۲ اوڑھ لینا ۔ **تاننا** (متعدی) ۱ پھیلانا ۔ بڑھانا ۔ لمبا کر لینا ۔ لمبے کپڑے کو سر پر کھینچ لینا یا تنابّ کی طرح لگانا ۳ تار لگانا ۴ کسنا ۔ جکڑنا ۵ باندھنا ۔ لٹکانا ۶ جھول دور کرنا ۷ قید کرنا ۔ سزا دینا ۸ میعاد مقرر کرنا ۹ سیدھا کھڑا کرنا ۱۰ حملے کے واسطے اُٹھانا ۱۱ اکسانا ۔ اشتعال دینا ۱۲ بھیجنا ۔ روانہ کرنا ۱۳ زور سے کھینچنا ۱۴ (ابرو) ابرو پر بل پڑنا ۱۵ (جالا) بننا ۔ بنانا ۱۶ (لمبی) سونا ۔ مرنا ۔ **تانی** (مونث) تانا کی ۱ وہ تنے ہوئے دھاگے جو بننے کے لئے تیار کئے جاتے ہیں ۲ تاننے کی مزدوری ۔ **تانے** (مذکر) ۱ تانا کی جمع ۲ بجائے تانا حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **تانے تاننا** (متعدی) ۱ تانا تاننا ۲ بُننا ۳ ادھر اُدھر چکر لگانا ۴ بے فائدہ تگ و دو کرنا ۔

امثال و اقوال

تانا بانا سوت پُرانا ۔ بیفائدہ محنت کرنا ۔ **تانا شاہ دیوانہ جس کی چھٹی نہ پروانہ** ۔ اس کی نسبت کہتے ہیں جو فضول جھگڑوں میں پڑا رہے ۔ **تانی گھاٹ کہ بانی گھاٹ** ۱ کسی طرح گھاٹا نہیں ۔ کسی طرح کمی نہیں ۲ دونوں کا قصور ہے ۔

تانِ (اُردو ۔ مذکر) طعن کا مخرب ۔ **تانا** (مذکر) طعنہ ۔ **تان تروز** (مذکر) طعن تعریض کا بگڑا ہوا ۔ آوازہ ۔ اشارہ ۔ کنایہ ۔ طعن تشنیع ۔ **تان تروز پھینکنا** (متعدی) اشارہ کنایہ کرنا ۔ **تان دینا** (متعدی) ۱ طعنہ دینا ۔ طعن کرنا ۲ اشتعال دینا ۔ **تان لینا** (متعدی) طعنہ دینا ۔ **تان مارنا** (متعدی) طعنہ دینا ۔ **تانے تشنے** (مذکر) طعن و تشنیع کا مخرب ۔

تانب (ہ ۔ مذکر) تانبا ۔ **تانب چول** (مذکر) برادہ تانبا ۔

تانبا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک سرخی مائل عنصر دھات جو کانی مرکبات میں پائی جاتی ہے ۔ یہ پانی سے نوگنا بھاری ہوتی ہے ۔ مسلمانوں کے برتن عموماً اس کے بنتے ہیں (س تامرک) ۲ گوشت کا ٹکڑا جو شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں (یہ طعمہ کا بگڑا ہوا ہے) **تانبا سا** ۔ سرخی مائل ۔ تانبے کے رنگ کا ۔ **تانبا سا آسمان ہو جانا** آسمان پر بادلوں کا نہ ہونا اور آسمان کا سرخی مائل نظر آنا بوجہ گرد و غبار ۔ قحط کی نشانی ہے ۔ **تانبا کار** ۔ ٹھٹھیرا کسیرا ۔ **تانبا گربھ** (ہ ۔ مذکر) تانبے کا زنگار ۔ کیس ۔ **تانبا نکل آنا** (لازم) دیکھو تامڑا نکل آنا ۔ **تانبے تاثیر** (صفت) بہت کم ۔ کم سے کم ۔ اتنی چیز جس پر گزر ہو سکے ۔ **تانبے کا تار** (چھلا) **نہیں** ۔ نہایت مفلس ہے ۔ **تانبے کا روپیہ** (مذکر) قلبی روپیہ ۔ قلبی سکّہ ۔ **تانبے کا چراغ** (مذکر) پیسہ جو خیرات کیا جائے ۔

مثل ۔ **تانبا دیکھے چینتا** (رکھ) **من دیکھے بیوپار** (ہ) انسان نقد روپیہ دیکھنے سے ہوشیار ہو جاتا ہے اور خریدار کا منہ اور حیثیت دیکھ کر بیوپار کرتا ہے ۔

تانبڑا (ہ ۔ صفت و مذکر) دیکھو تامڑا ۔ **تانبڑی مٹی** (مونث) سُرخ رنگ کی مٹی ۔

تانت (ہ ۔ مونث) ۱ بھیڑ بکری کی انتڑیاں جو بٹ کر دھاگا سا بنا لیتے ہیں ۲ دھاگا ۔ تاگا ۔ ریشہ ۳ سارنگی ۔ ستار وغیرہ کا تار ۴ جلاہے کا ریچھ (س تنت ۔ دھاگا) **تانت باندھنا** (متعدی) بہت باتیں کرنے والے آدمی کو چپ کرانا ۔ **تانت سا** (صفت) بہت دُبلا پتلا ۔ **تانتیا** (صفت) دُبلا پتلا ۔ لمبا اور پتلا ۔

امثال و اقوال

تانت باجی راگ (رس) **بوجھا** (پایا یا معلوم ہوا) باتوں سے دل کا حال معلوم کر لیا ۔ قرینے سے بات پالی ۔ **تانت سی دیہ ۔ پاؤں نہ ہاتھ ۔ لڑن چلی سوتن کے ساتھ** اس کے متعلق کہتے ہیں جو ایسے کام میں ہاتھ ڈالے جس کو کر نہ سکے ۔

تانِت (یونانی) کارتھیج کی ایک دیوی چاند اور آسمان کی دوشیزہ ملکہ تھی ۔

تانتا (ہ ۔ مذکر) ۱ سلسلہ ۔ قطار ۔ تسلسل ۲ مجمع ۔ گروہ ۳ نسل ۔ خاندان ۔ اولاد (تنتر ۔ تانی) **تانتا پنواڑہ** (مذکر) لمبا چوڑا قصہ ۔ طول طویل داستان **تانتا لگانا** (متعدی) لگ جانا ۔ **لگنا** (لازم) سلسلہ آمد و رفت شروع ہونا ۔ سلسلہ جاری ہونا ۔ قطار بندھنا ۔

تانتر (س۔ صفت) ۱. تاروں والا۔ وہ جس میں تار لگے ہوئے ہوں ۲. وہ جس کا انحصار کسی عام قاعدے پر ہو ۳. وہ جو تنتروں کے متعلق ہو ۴. (مذکر) گانا جو تار والے ساز سے نکالا جائے

تانترک (ہ۔ صفت) تانتروں کے متعلق جس کا ذکر تانتروں میں ہو۔ تانتروں کی مطابقت میں۔ (مذکر) کسی علم کا ماہر۔ پنڈت۔ عالم۔ فلسفہ دان۔ شاستری۔

تانترہ (س۔ صفت) تانت والا جس کے تار ہوں۔ (مذکر) ستار وغیرہ کا سُر۔

تانتڑی (ہ۔ مونث) ۱. تانت کی تصغیر ۲. (صفت) دُبلا پتلا۔ **تانتڑی سا** (تف) تانت سا نہایت دُبلا پتلا۔

تانتواہ (ہ۔ مذکر) آنت اتر آنے کی بیماری فتق۔ اندسوت (تانت سے)

تانتی (ہ۔ مونث) ۱. تانتا کی مونث ۲. (مذکر) جلاہا۔

تان جان (اُردو۔ مذکر) تام جھام۔

تاندکہ۔ تاندیہ (س۔ عس) سام وید کے آٹھ برہمنوں میں سے ایک کا نام۔

تانڈا (ہ۔ مذکر) ٹانڈا۔

تانڈو۔ تانڑو (ہ۔ مذکر) ناچ۔ رقص۔ شوجی اور ان کے پجاریوں کا ناچ۔

تانس (ع۔ مذکر) واقفیت۔ تعلق۔ بےتکلفی۔ الفت۔ انس۔ ہل جانا۔ مانوس ہونا (واقف ہونا)

تانس (ہ۔ مونث) دھمکی۔ ڈر۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ **تانس کر دینا یا کرنا۔ تانسنا** (متعدی) ۱. ڈرانا۔ دھمکانا۔ ڈانٹنا چشم نمائی کرنا ۲. بھوکا مارا جانا۔ خوراک سے کم کھانے کو دینا ۳. بُرا کہنا۔ طعنے دینا ۴. سختی سے پیش آنا۔

تانگا (ہ۔ مذکر) ایک دو پہیہ گاڑی جس میں دو آدمی آگے دو پیچھے بیٹھتے ہیں (س تنگک چبوترا) **تانگے والا** (مذکر) تانگا چلانے والا شخص۔ تانگے کا کوچوان

تانو (ہ۔ مذکر) تاؤ۔

تانو (ہ۔ مذکر) تانبا۔

تانہ (ف۔ مذکر) دیکھو تانا۔

تانی (ہ۔ مونث) ۱. انتظار۔ انتظار کرنا۔

۳. تاخیر دیر ۴. ٹال مٹول (اُنس۔ نزدیک آنا)

تانیب (ع۔ مونث) ۱. کسی کو سرزنش کرنا ۲. سختی سے پیش آنا۔

تانیث (ع۔ مونث) ۱. مونث ہونا ۲. مونث ۳. مونث کی علامت (انث۔ مادہ ہونا) **تانیث معنوی** (مونث) وہ اسم جس میں کوئی نشانی مونث کی نہ ہو۔ مگر اہل زبان مونث بولتے ہیں۔ جیسے ارض۔ رحم۔ بطن۔

تانیس (ع۔ مونث) ۱. مانوس کرنا۔ عادی کرنا ۲. ہلانا۔

تاوا (ہ۔ مذکر) ۱. چکر۔ گردش ۲. کبوتروں کا مکان کے گرد چکر لگانا۔ **تاوا کھلانا** (متعدی) تاوا دینا

تاوان (ف۔ مذکر) ۱. جرمانہ ۲. وہ رقم جو شکست خوردہ مفتوح کو بطور جرمانہ یا حرجہ ادا کرتا ہے (ادا کرنا بھرنا۔ ڈالنا۔ ملنا۔ لگانا۔ لینا کے ساتھ) **تاوان باندھنا** (متعدی) جرمانہ کرنا۔ ڈانڈ لگانا۔ حرجانہ لینا

تاوانی (صفت) منسوب بہ تاوان (مونث) تاوان۔ جرمانہ۔ ڈانڈ۔

تاوت (س۔ صفت) ۱. اس قدر۔ اتنا۔ ایسا ۲. اتنا بڑا ۳. اتنی دور ۴. اتنا لمبا ۵. یہاں تک۔ اس درجہ تک۔

تاوّل (ع۔ مذکر) ۱. تشریح کرنا ۲. خواب کی تعبیر۔

تاول۔ تاولا (ہ۔ صفت) دیکھو اتاول۔ اتاولا۔ تاولا (تف) جلدی سے۔ تیز۔

امثال و اقوال۔ تاول مت کرے کارماں دھیرا دھیر بنا۔ تانا بھوجن با سے لکے دیوت جیب جلا (ہ) **تاولا دھنا مونچھ کی تانت تاولا سو باولا**۔ جلدی میں کام خراب ہوتا ہے۔ **تاولا سو باولا دھیرا سو گھمبیر** (ہ) جلدی کا کام خراب ہوتا ہے۔ اور آہستگی کا اچھا۔

تاونا (ہ۔ متعدی) دیکھو تانا۔

تاویب (ع۔ مذکر) سارا دن سفر کرنا۔

تاویش (س۔ مذکر) ۱. سمندر ۲. آسمان

تاویشی (مونث) اندر کی ایک لڑکی۔

تاویل (ع۔ مونث) ۱. تشریح۔ توضیح۔ شرح ۲. ظاہری مطلب سے کسی بات کو پھیر دینا ۳. ایسا مطلب بیان کرنا جو ظاہری معنوں سے مختلف ہو ۴. عذر۔ بچاؤ کی دلیل (کرنا ہونا کے ساتھ) (اول۔ لوٹنا پھرنا)

تاویل بن آنا یا پڑنا۔ کوئی عذر سوجھنا۔ بچاؤ کی کوئی صورت نظر آنا۔

تاہ (ع۔ صفت) لاپرواہ۔ غافل۔

تاہ (ف۔ مونث) دیکھو تہ۔ حیرانی۔ پریشانی۔ دقت۔

تاہان (ہ) تہاں۔

تاہب (ع۔ مذکر) تیار ہونا۔ ترتیب دیا جانا۔

تاہری (ہ۔ مونث) چاول اور بڑیاں ملا کر پکی ہوئی

تاہل (ع۔ مذکر) ۱. شادی کرنا۔ صاحب اہل و اطفال ہونا (اہل۔ شادی کرنا)

تاء (ع۔ مونث) ت کا عربی اور فارسی تلفظ۔ **تائے ثقیلہ** (مونث) ٹ **تائے قرشت یا مثناۃ یا فوقانیہ** (مونث) ت۔ **تائے ہندی** (مونث) ٹ۔

تائب (ع۔ مذکر) توبہ کرنے والا۔ گناہ یا جرم سے معافی مانگنے والا (توب۔ خدا کی طرف لوٹنا) **تائبہ** (مونث) تائب کی۔

تائت (ہ۔ مذکر) تعویذ کا بگڑا ہوا۔

تائرا (ہ۔ مذکر) دیکھو تانیرا (دہلی)

تائق (ع۔ صفت) خواہشمند۔

تاؤ (ہ۔ مذکر) ۱. باپ کا بڑا بھائی ۲. بزرگ بڑا ۳. ہوشیار یا عقلمند شخص ۴. بدمعاش (س تاگو)

تاؤ (ہ۔ مذکر) ۱. گرمی۔ حرارت ۲. تیز آنچ ۳. کسی دھات کو آگ میں پگھلانا۔ چرخ ۴. بل۔ مروڑ۔ خم ۵. تختہ کاغذ کا ۶. (ف) غصہ۔ غضب۔ جوش ۷. پیچ و تاب ۸. طاقت۔ قوت۔ زور ۹. تیزی۔ رفتار ۱۰. شان و شوکت (س تاپ۔ گرمی) **تاؤ آجانا یا آنا** (لازم) ۱. دھات کا آگ میں سرخ ہو جانا۔ چرخ کھا جانا ۲. چاشنی کا پکنے پر آجانا ۳. جوش کھانا ۴. غصے میں آنا۔ **تاؤ بگڑنا** (لازم) ۱. پکنے میں کسی چیز کا خراب ہو جانا ۲. موقع نکل جانا۔ دیر ہونا۔ **تاؤ بند** (مذکر) ایک دوائی جس سے سونے کا نقص گرم ہونے پر بھی ظاہر نہ ہو۔ **تاؤ بھاؤ** (تف) تھوڑا سا ذرا ذرا۔ کسی قدر خفیف۔ **تاؤ بھاؤ کا فرق** (تف) تھوڑا سا فرق۔ ذرا سا اختلاف۔ **تاؤ پر ہونا** (لازم) جوش پر ہونا۔ **تاؤ پر تاؤ آنا** (لازم) بہت غصے ہونا۔ **تاؤ پیچ** (مذکر) پیچ و تاب۔ غصہ (آنا۔ کھانا کے ساتھ) **تاؤ دیکھیں**

نہ بھاؤ۔ بغیر سوچے سمجھے کام کرتے ہیں۔ **تاؤ دینا**
۱ گرم کرنا۔ پگھلانا جوش دینا۔ آگ میں سرخ کرنا ۲ غصہ
دلانا ۳ بل دینا۔ مروڑنا۔ **تاؤ کھانا** (لازم) ۱ سرخ ہونا
چرخ کھانا ۲ جوش آنا۔ پگھل جانا ۳ توام کا زیادہ پک جانا
یا جل جانا ۴ انسان یا جانور پر گرمی کا اثر ہوجانا ۵ کشتہ
کا زیادہ آنچ کھا جانا ۶ غصے ہونا۔ پیچ و تاب کھانا ۷ بہت
ناراض ہونا ۸ اینٹھنا۔ بل کھانا۔ **تاؤ لگنا** (لازم) ۱ گرم
ہونا۔ زیادہ گرمی کا اثر ہونا ۲ زیادہ جل جانا۔ **تاؤ میں
آنا** (لازم) جوش میں آنا۔

تائی (ہ۔ مونث) تایا کی بیوی۔ **تائے**
(مذکر) ۱ تایا کی جمع ۲ بجائے تایا حروف مغیرہ سے پہلے۔

تائی (ہ۔ مونث) گرم کی ہوئی چیز۔ مٹی کا توا

تائے (ف۔ مذکر) ۱ تہ ۲ کپڑا ۳ کاغذ کا
تختہ ۴ طاق۔ **تائے تشریف** (مذکر) خلعت۔

تائید (ع۔ مونث) ۱ مدد۔ امداد۔ معاونت
حمایت ۲ طرفداری۔ رعایت ۳ تصدیق۔ تقویت بہم پہنچانا
۴ دعوے کے ثبوت میں دستاویز کرنا۔ ہونا کے ساتھ)
(تائید۔ مدد کرنا) **تائیدات** (مونث) تائید کی جمع۔ امدادیں
حمایتیں **تائید ربانی** (مونث) خدا کی مدد۔ **تائید شہادت**
(مونث) بیان کی تصدیق کے لئے دستاویز یا کسی اور کا
بیان۔ **تائید غیبی** (مونث) غیب سے مدد۔ خدا کی مدد۔
تائید کلام (مونث) بات کی پیچ۔ سخنوری۔ **تائید
مزید** (مونث) زیادہ مدد۔ زیادہ تصدیق۔ **تائید یزدانی**
(مونث) خدا کی مدد۔ **تائیدی** (صفت) تصدیق کرنے
والی۔ **تائیدی شہادت** (مونث) کسی امر یا بیان کے
ثبوت میں دستاویز یا کسی گواہ کا بیان۔

تائیرا (ہ۔ مذکر) تاؤ کا یا تاؤ کے متعلق۔
تائیرا بھائی (مذکر) تاؤ کا بیٹا۔ **تائیری** (مونث)
تائیرا کی۔ **تائیری بہن** (مونث) تاؤ کی بیٹی۔

تائیں (ہ۔ مونث) ۱ تائی کا ۲ ضمیر
دیکھو تئیں۔

تایہ (ع۔ صفت) ۱ آوارہ۔ راہ گم
کردہ ۲ حیران۔

تایا (ہ۔ مذکر) باپ کا بڑا بھائی۔ تاؤ۔
تایرا (مذکر) تائے کا بیٹا۔ **تایری** (مونث) تائے کی بیٹی
تایا جانا (ہ۔ لازم) ۱ گرم کیا جانا ۲ جلایا جانا ۳
پگھلایا جانا ۴ آزمایا جانا۔

تایس (ہ۔ مونث) بیوی کی تائی۔
ساس سسر کے بڑے بھائی کی بیوی۔ **تایسرا** (مذکر) خسر کا
بڑا بھائی۔

تب (ع۔ مذکر) نقصان۔ ضرر۔

تب (ہ۔ ظرف زمان) ۱ پھر ۲ بعد میں
بعد ازاں ۳ اس وقت ۴ اس پر۔ اس حالت میں ۵ اس
لئے۔ اس سبب سے ۶ (جزائے شرط) جب کے بعد آتا
ہے (بس تا وقت) **تب بھی** (ظرف) ۱ پھر بھی۔ تاہم اس
پر بھی ۲ باوجود اس کے۔ **تب تک یا تلک** (ظرف) اس
وقت تک۔ جب تک۔ تا وقتیکہ۔ **تب تو** (ظرف) پھر تو
(مت) **تب توڑی یا تئیں** (ظرف) تب تک (مت)
تب سے (ظرف) اسوقت کے بعد **تب لگ تب لوں** (ظرف)
تب تک (مت) **تب ہی تبھی** (ظرف) ۱ اسیوقت اسیدم۔
جب ہی فوراً ۲ اسلئے اسوجہ سے تب ہیں۔ **تب ہوں۔
تبھی** (مت) **تب ہی تک** (ظرف) صرف اسوقت تک **تب
ہی تو** (ظرف) اسلئے اسوجہ سے تو **تب ہی سے** (ظرف) اسوقت سے

**امثال واقوال۔ تب کا لیپا
گیا سرانے۔ اب کا لیپا دیکھو آئے۔** پرانی
بات کو جانے دیجئے۔ نئی حالت کو دیکھئے۔ **تب لگ
جھوٹ نہ بولئے جب لگ پار بسائے** (ہ)
جہاں تک ہو سکے جھوٹ نہیں بولنا چاہئے۔

تب (ف۔ مونث) تپ بخار۔ **تب دروں**
(مونث) اندر کی گرمی۔ عشق۔ **تب کہنہ** (مونث) پرانا بخار

تبادر (ع۔ مذکر) ۱ جلدی کرنا ۲ آگے
ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔

تبادل (ع۔ مذکر) بدلنا۔ تبدیل
کرنا دبدلا۔ ایک چیز کی جگہ دوسری چیز رکھنا **تبادل
سزا** (مذکر) ایک سزا کا دوسری سزا سے بدل دینا۔
تبادلہ (مذکر) ۱ بدل۔ عوض۔ معاوضہ ۲ ایک جگہ سے
دوسری جگہ جانا۔ بدلی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **تبادلہ
خیالات** (مذکر) دو یا زائد اشخاص کا باہم اظہار رائے۔

تبادیل (ع۔ مونث) تبدیل
کی جمع۔

تبار (ع۔ مذکر) تباہی۔ بربادی۔

تبار (ف۔ مذکر) ۱ خاندان۔ گھرانا ۲
قوم۔ ذات۔ لوگ ۳ اولاد۔ نسل۔ عموماً خویش و تبار کی ترکیب
سے اردو میں استعمال ہوتا ہے۔

تبارا (ہ۔ صفت) دیکھو تبارہ۔

تبارک (ع۔ صفت) ۱ بزرگ۔ بڑا
عالی ۲ (مونث) قرآن شریف کے انتیسویں پارے کے
شروع میں ایک سورت ۳ ایک رسم۔ رجب کے مہینے
میں جمعرات یا جمعہ کو سورہ تبارک ۴۰ مرتبہ پڑھ کر مُردے
کو بخشتے ہیں۔ اور میدے کی روٹیاں تقسیم کرتے ہیں ۴ اس
روٹی کا نام ۵ برکت۔ مضبوط ہونا۔ **تبارک الذی**
بزرگ ہے وہ ذات **تبارک اللہ (و تعالیٰ)** بزرگ
ہے اللہ تعالیٰ۔ تعجب کے وقت کہتے ہیں۔ **تبارک
کی روٹی** (مونث) روٹی جو تبارک کے موقع پر خیرات
کی جائے۔

تبارہ (ہ۔ صفت) ۱ تین دفعہ تیسری
دفعہ ۲ (مذکر) ایک کمرہ جس کے تین دروازے ہوں۔
تباری (مونث) تبارہ کی۔

تباسی (ہ۔ صفت) تین روز کی
رکھی ہوئی۔

تباشیر (ف۔ مذکر) ۱ ایک دوائی۔
بنسلوچن۔ یہ ایک قسم کے بانس کی جڑوں پر جم جاتا ہے
۲ مجازاً صبح کاذب کی روشنی۔

تباع (ع۔ مذکر) ۱ مطابعت کرنا۔
۲ نقل کرنا ۳ جاری رہنا۔

تباعت (ع۔ مونث) پیچھے آنا

تباغض (ع۔ مذکر) باہم بغض رکھنا
عداوت رکھنا (بغض۔ عداوت رکھنا)

تباکھیر (ہ۔ مونث) تباشیر اگر سفید ہو
تو تباکھیر کہتے ہیں۔

تبالہ (ع۔ مذکر) جان بوجھ کر
بیوقوف بننا۔

تبان (ع۔ مذکر) گھاس چارہ
بیچنے والا۔

تباہ (ف۔ صفت) ۱ ویران۔ برباد۔
خستہ حال ۲ اجڑا ہوا ۳ خراب۔ برا۔ شریر۔ بدکار **تباہ
حال یا روزگار** (صفت) خستہ حال۔ دیکھو تباہ۔ **تباہ
کردینا یا کرنا** (متعدی) ۱ برباد کرنا۔ ویران کرنا۔ اجاڑنا
۲ لٹانا۔ ضائع کرنا۔ فضول خرچ کرنا ۳ دیوالہ نکالنا۔ مفلس
بنادینا ۴ غرق کرنا ۵ ڈبونا ۶ بگاڑنا۔ ستیاناس کرنا ۷
(کبوتر) کھونا۔ گم کرنا۔ **تباہ ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱
دیکھو تباہ کرنا ۲ (پتنگ کنکوا) اکھڑنا ۳ مرشنا۔ **تباہی**
(مونث) ۱ بربادی۔ خرابی۔ ویرانی ۲ آفت۔ مصیبت۔ بلا
۳ ذلت۔ رسوائی (آنا۔ پڑنا کے ساتھ) **تباہی زدہ یا
تباہی کا مارا** (صفت) مصیبت زدہ۔ آفت زدہ۔
خراب و خستہ۔ تباہ حال۔ کمبخت۔

تباہی (ع مونث) ۱ رتبہ حاصل کرنے کے لئے مقابلہ کرنا ۲ ایک دوسرے کے مقابلے پر اپنی تعریف کرنا۔

تبایع (ع۔ مذکر) ۱ بیچنا۔ سودا کرنا ۲ معاہدہ کرنا۔ ٹھیکہ کرنا۔

تباین (ع۔ مذکر) ۱ فرق۔ تفاوت۔ اختلاف ۲ جدائی۔ انتر۔ بھید ۳ ضد۔ مخالفت۔ تخالف۔ ۴ نامطابقت۔ ناموافقت (بان۔ جدا ہونا)

تبت (ع۔ مونث) بری حالت تکلیف کی حالت۔

تبتل (ع۔ مذکر) تارک الدنیا ہونا۔

تبجح (ع۔ مذکر) خوش ہونا۔

تبجیل (ع۔ مونث) ۱ تعریف کرنا ثنا کرنا ۲ عزت کرنا۔

تبحر (ع۔ مذکر) ۱ بڑا عالم ہونا۔ کسی علم فن یا ہنر میں ماہر ہونا ۲ نہایت امیر ہونا (بحر۔ بڑا ہونا) **تبحر علمی** (مذکر) علم کی فراوانی۔

تبخال۔ تبخالہ (ف۔ مذکر) چھالا جو تپ کی گرمی سے ہونٹوں کے اردگرد نکل آتا ہے۔

تبختر (ع۔ مذکر) ۱ ناز سے چلنا۔ غرور سے چلنا ۲ غرور۔ تکبر۔ فخر۔ اترانا (بختر۔ غرور سے جھوم جھوم کر چلنا)

تبخیت (ع۔ مونث) ۱ چپ کرانا ۲ بیوقوفی کی بات کرنا ۳ اتفاق سے اصل بات کو پہنچنا۔

تبخیر (ع۔ مونث) ۱ بھاپ۔ بخارات ۲ مہک۔ بو۔ معدہ میں کھانے کے تحلیل ہونے پر بخارات کا اٹھنا ۳ (بخر۔ بھاپ اٹھنا)

تبدل (ع۔ مذکر) ۱ بدل۔ تغیر۔ فرق۔ عزل ونصب ۲ بدلنا (بدل۔ کسی چیز کو بدلنا)

تبدیل (ع۔ مونث) ۱ بدلنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ کرنا یا رکھنا۔ تغیر کرنا۔ پلٹنا ۲ تغیر۔ فرق۔ بدل۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ نقل مکان ۳ پلٹ۔ پھیر پھار (بدل۔ ایک چیز کی جگہ دوسری چیز رکھنا) **تبدیل آب و ہوا** (مونث) صحت کے فائدے کے لئے ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ **تبدیل صورت** (مونث) بھیس بدلنا۔ دھوکا دینے کے واسطے صورت بدلنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **تبدیل کرنا** (متعدی) ۱ بدلنا۔ پلٹنا ۲ ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا ۳ ایک چیز کو دوسری کے بدلے لینا یا دینا ۴ ایک چیز کی جگہ دوسری چیز رکھ دینا ۵ (صورت) بھیس بدلنا ۶ (کپڑے) دوسرا لباس پہننا ۷ (جگہ) ایک جگہ سے اٹھ کر دوسری جگہ بیٹھنا یا رکھنا۔ **تبدیل مذہب** (مذکر) اپنے مذہب کی بجائے کوئی اور مذہب اختیار کرنا۔ **تبدیل ناجائز** (مونث) دستاویز وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا۔ جعلسازی **تبدیل ہونا** (لازم) دیکھو تبدیل کرنا۔ **تبدیل ہیئت** (مونث) دیکھو تبدیل صورت۔ **تبدیلی** (مونث) ۱ ملازم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جانا ۲ نوکری پر ایک سپاہی یا پہرے دار کی جگہ دوسرے کا آنا ۳ ایک حالت سے دوسری حالت ہونا ۴ موسم کا بدل جانا ۵ تغیر۔ تبدل۔ فرق۔

تبدن (ع۔ مذکر) بوڑھا ہونا۔

تباذر (ع۔ مذکر) پانی کا زرد اور بدمزہ ہونا۔

تبذل (ع۔ مذکر) ۱ کپڑے احتیاط سے نہ رکھنا ۲ کپڑے ہر روز پہننا۔

تبذیر (ع۔ مونث) ۱ پھیلانا۔ منتشر کرنا ۲ خرچ کرنا ۳ پھوٹنا۔ اگنا۔

تبر (ع۔ مذکر) تباہی۔ بربادی۔

تبر (ف۔ مذکر) ۱ ایک آلہ جس سے لکڑی چیرتے ہیں۔ کلہاڑی ۲ ایک ہتھیار۔ **تبر بردار** (مذکر) ۱ تبر سے مسلح آدمی۔ سپاہی جس کے پاس تبر ہو ۲ لکڑہارا **تبرزان** (مذکر) ۱ تبر سے مسلح سپاہی ۲ لکڑہارا **تبرزین** (مذکر) سوار کا تبر۔ **تبرگن** (صفت) ۱ تبر کی طرح مڑا ہوا ۲ (مذکر) وہ گھوڑا جس کی کمر نیچی ہو۔ **تبر مارنا** (متعدی) کلہاڑی کا استعمال کرنا۔ لکڑہارے کا کام کرنا۔

تبر (ع۔ مذکر) سونا یا چاندی جو تازہ کان سے نکلی ہو۔

تبرا (ع۔ مذکر) ۱ گالی۔ لعنت ۲ بیزاری نفرت۔ تنفر ۳ ناملائم الفاظ جو کسی کے لئے استعمال کئے جائیں ۴ وہ الفاظ جو اہل تشیع پہلے تین خلفائے راشدہ کے متعلق استعمال کرتے ہیں۔ لعن طعن (برا۔ صفائی کرنا۔ بری کرنا) **تبرا بھیجنا** (متعدی) گالیاں دینا۔ نفرین کرنا۔ **تبرا کرنا** (متعدی) برا بھلا کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ **تبرائی** (مذکر) تبرا کرنے والا۔ اہل تشیع کا وہ گروہ جو تبرا کرنے کو اصول مذہب سمجھتے ہیں۔ رافضی۔ **تبرے بازی** (مونث) ۱ گالیاں دینا۔ لعن طعن کرنا ۲ جھگڑبازی (کرنا ہونا کے ساتھ)

تبرج (ع۔ مذکر) اپنے آپ کو سجانا بناؤ سنگار کرنا۔ آرائش کرنا (برج۔ ظاہر ہونا)

تبرز (ع۔ مذکر) ۱ نکلنا۔ ظاہر ہونا ۲ مشہور ہونا ۳ جنگل جانا۔

تبرزین (ف۔ مذکر) ۱ ایک ہتھیار جو کلہاڑی کی شکل کا ہوتا ہے ۲ نمک۔

تبرع (ع۔ مذکر) دینا۔ بخشنا۔ بغیر کسی ذات مفاد کی امید کے دینا (برع۔ بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا)

تبرک (ع۔ مذکر) ۱ وہ چیز جس میں برکت ہونے کا اعتقاد ہو ۲ تحفہ جو کسی بزرگ یا پیر سے ملے ۳ بزرگ کا الش ۴ ولی یا پیشوائے دین کے فاتحہ کی چیز ۵ وہ چیز جو کسی وقف کا متولی تحفے کے طور پر دے ۶ مقدس بزرگوں کی چیز ۷ برکت۔ دعائے خیر۔ اشیرباد ۸ مبارک باد۔ تہنیت ۹ (صفت) تھوڑا سا قلیل (برک جھکنا) **تبرکاً** (تف) ۱ برکت کے ساتھ۔ برکت کے طور پر ۲ مقدس آثار کے طور پر۔ **تبرکات** (مذکر) تبرک کی جمع بزرگان دین کی چیزیں جو برکت کے طور پر رکھی جائیں۔ بزرگوں کے آثار ۲ افراط۔ کثرت۔ بہتات ۳ فضیلت۔ عزت۔ **تبرکاً و تیمناً** (تف) مبارک اور متبرک جان کر۔ یمن و برکت کے لحاظ سے۔

تبرکوں (ہ۔ مذکر) گھوڑے کا ایک عیب۔

تبرید (ع۔ مونث) ۱ ٹھنڈا کرنا۔ تروتازہ کرنا ۲ ٹھنڈائی ۳ ٹھنڈی دوا۔ وہ دوا یا شربت جو تپ کے پہلے تین دن اور مسہل کے بعد اس کی حرارت کو کم کرنے کے لئے دیتے ہیں ۴ تروتازہ اور ٹھنڈا کرنے والا شربت یا پینے کی چیز۔ ٹھنڈا کرنیوالی چیز (برد۔ ٹھنڈا کرنا)

تبریز (ع۔ مونث) ۱ اگانا ۲ بلانا۔ لڑائی کے لئے بلانا ۳ دکھانا۔ ظاہر کرنا۔

تبرق (ع۔ مونث) آنکھیں کھولنا اور کسی چیز کی طرف ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا

تبڑی (ہ۔ مونث) دیکھو تمڑی۔

تبسم (ع۔ مذکر) ۱ ایسی ہنسی جس میں ہونٹ پھیلیں مگر کھلیں نہیں ۲ مسکرانا۔ مسکراہٹ (کرنا کے

ساتھ) (بَسَم۔ مسکلانا) **تبسّم افشاں یا پاش** (صفت) مسکرانے والا۔ جو ہر وقت مسکراتا رہے۔ **تبسّم برق** (مذکر) بجلی کی چمک۔ **تبسّمِ گُل** (مذکر) کلی کا کھلنا۔ **تبسّمِ مینا** (مذکر) صراحی سے شراب نکلنے کی آواز۔

تَبَشّش (ع۔ مذکر) ۱ ہنس مکھ ہونا۔

تبشیر (ع۔ مونث) خبر پہنچانا۔

تَبَصُّر (ع۔ مذکر) ۱ دیکھنا۔ غور کرنا ۲ نظر۔ بصیرت ۳ غور۔ خوض۔ فکر۔ سوچ (بَصَر۔ دیکھنا)

تبصِرہ (ع۔ مذکر) ۱ تفصیل۔ تصریح توضیح۔ تشریح ۲ کسی بات کے متعلق اپنی رائے ظاہر کرنا (پیش کرنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (بَصَر۔ دیکھنا)

تَبَطُّن (ع۔ مذکر) ۱ پیٹ کے نیچے رکھنا ۲ استر لگانا۔

تبطین (ع۔ مونث) ۱ استر لگانا ۲ تنگ کسنا ۳ رازدار بنانا۔

تَبَع (ع۔ مذکر) ۱ پیروی کرنا ۲ پیروی کرنے والا۔ **تبع تابعین** (مذکر) مسلمانوں میں وہ لوگ جنھوں نے تابعین کو دیکھا۔

تَبِعَت (ع۔ مونث) ۱ سزا تشدد ۲ بُرا انجام۔

تَبَعُّض (ع۔ مذکر) حصوں میں تقسیم ہونا۔

تَبَعَہ (ع۔ مذکر) ۱ مضمون ۲ شخص۔

تَبعِیّت (ع۔ مونث) ۱ تقلید۔ پیروی ۲ نقل ۳ اطاعت۔ فرمانبرداری۔ حکم برداری (تَبَع۔ پیروی کرنا)

تبعید (ع۔ مونث) دور بھیجنا۔

تبعیض (ع۔ مونث) حصے کرنا۔

تبغیض (ع۔ مونث) ۱ دشمنی ڈالنا۔ بغض پیدا کرنا ۲ لڑائی کرا دینا ۳ متنفر کر دینا (بُغض۔ نفرت کرنا)

تَبقِیَت (ع۔ مونث) ۱ بچی ہوئی چیز کو رکھ لینا ۲ زندہ رکھنا ۳ بچانا۔

تَبکِیَت (ع مونث) ۱ رونا ۲ رلانا۔

تَبَلُّج (ع۔ مذکر) ۱ پو پھٹنا ۲ چمکنا

تَبلَق (ع۔ مونث) طبلق کا بگڑا ہوا۔ کاغذوں کا بنڈل یا مٹھا۔

تَبلی (اُردو۔ مونث) ۱ وہ چھوٹی سی تھیلی جس میں کارتوس وغیرہ رکھتے ہیں۔ توشدان ۲ وہ تختہ جو ستار یا طنبورے کے تونبے پر لگایا جاتا ہے۔

تَبَلی (ہ۔ مونث) ڈور جس کو کئی دھاگے بٹ کر بناتے ہیں۔

تبلیغ (ع۔ مونث) ۱ پہنچانا ۲ کسی مذہب کی تلقین کرنا۔ احکام شریعت پہنچانا۔ خدا کا حکم پہنچانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (بَلَغ۔ پہنچنا)

تَبن (ع۔ مذکر) ۱ چارہ ڈالنا ۲ بھوسہ۔

تَبَن (ع۔ مذکر) ہوشیار رہنا۔ ذہین ہونا۔

تَبِن (ع۔ صفت) ہوشیار۔ ذہین۔

تَبَن (غ۔ مذکر) شریف یا فیاض مالک یا آقا۔

تَبَنچہ (ت۔ مذکر) تپنچہ۔

تَبَنّی (ع۔ مونث) ۱ متبنے بنانا ۲ متبنے بنانے کا فعل (بَنیٰ۔ بنانا)

تَبنِیَت (ع۔ مونث) متبنے بنانا۔ گود لینا۔ لے پالک بنانا۔

تَبَوُّء (ع۔ مذکر) قبضہ لینا۔ رہنا۔ آباد ہونا۔

تبویب (ع۔ مونث) کتاب کو بابوں میں تقسیم کرنا (بوب۔ بابوں میں تقسیم کرنا)

تَبَہ (ف۔ صفت) تباہ کا مخفف۔ خراب اُجاڑ وغیرہ۔ **تبہ کار** (صفت) ۱ بدکار۔ بدچلن ۲ برباد۔ اُجاڑ۔

تِبیان (ع۔ مونث) ۱ ظاہر کرنا۔ آشکارا کرنا ۲ ظہور۔ پرکاش (بین۔ جدا ہونا)

تَبِیع (ع۔ مذکر) ۱ مقروض آدمی ۲ مرید۔ پیرو ۳ ایک سال کا بچھڑا ۴ مددگار۔ ماتحت ۵ (صفت) انتقام لینے والا۔

تبیعت (ع۔ مونث) پیروی۔ اطاعت

تَبَیّن (ع۔ صفت) ظاہر۔ آشکار۔

تبیین (ع۔ مذکر) ۱ ظاہر کرنا ۲ مطلب یا معنی بتانا ۳ صاف ظاہر ہونا۔

تَپ (ف۔ مونث) ۱ گرمی۔ حرارت ۲ جوش ۳ بخار۔ بدن میں حرارت کا معمول سے زیادہ ہونا انسان کے بدن کی معمولی حرارت ۹۸.۴ درجے ہوتی ہے۔ تپ کی مختلف وجوہات ہوتی ہیں۔ اور اس لئے ہر قسم کی تپ کے مختلف نام ہیں جو اپنی اپنی جگہ پر آئینگے۔ **تپ آنا** (لازم) ۱ بخار آنا ۲ مجازاً ڈرنا۔ خوف کھانا۔ **تپ اُتر جانا یا اُترنا** (لازم) بدن کی حرارت کا اصلی حالت پر آجانا۔ بخار زائل ہو جانا۔ **تپ اچھلی** (مونث) تبخالہ۔ **تپِ بلغمی لازم** (مونث) وہ بخار جس میں مادہ بلغمی کا تعفن داخل عروق ہوتا ہے۔ اور ہر وقت ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے۔ **تپِ بلغمیّہ** (مونث) وہ بخار جو بلغم کے تعفن سے لاحق ہو۔ **تپِ بیہوشی** (مونث) وہ بخار جس کے دورے کے وقت مریض کو غشی لاحق ہو جائے۔ **تپِ تلّی** (مونث) دیکھو تاپ تلی۔ **تپ ٹوٹنا** (لازم) تپ اُتر جانا۔ **تپ چڑھ آنا یا چڑھنا** (لازم) ۱ بخار چڑھنا۔ بخار سے بدن جلنا ۲ ترساں ہونا۔ لرزاں ہونا۔ **تپِ چہارم** (مونث) چوتھیا بخار۔ **تپخالہ** (مذکر) وہ آبلہ جو بخار کے بعد ہونٹ پر پڑ جاتا ہے۔ **تپِ خزاں** (مونث) وہ بخار جو موسم خزاں میں آئے۔ **تپِ خلطی** (مونث) وہ بخار جو اخلاط کی عفونت یا ان کے جوش سے پیدا ہو۔ **تپِ خونی** (مونث) وہ تپ خلطی جو خون کی عفونت یا جوش سے ہو۔ **تپِ دق** (مونث) تپ کہنہ پُرانا بخار جو عموماً پھیپھڑوں کے خراب ہونے کی وجہ سے آتا ہے۔ **تپ زدہ** (صفت) جس کو جاڑے کا بخار آتا ہو۔ **تپِ زرد** (مونث) ایک قسم کا بخار جس کے ہمراہ یرقان ہو جاتا ہے۔ یہ افریقہ جزائر غرب الہند اور جنوبی امریکہ میں ہوتا ہے۔ **تپِ سرخ** (مونث) ایک قسم کا بخار جو سخت متعدی ہوتا ہے۔ اس میں گلا متورم ہو جاتا ہے۔ اور دوسرے تیسرے روز بدن پر سرخ دھبے پڑ جاتے ہیں۔ **تپِ سوداوی** (مونث) وہ بخار جو سودا کی عفونت سے ہوتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ جن میں سے سب سے مشہور چوتھیا بخار ہے۔ **تپِ سوزشی** (مونث) وہ بخار جو کسی ورم کی وجہ سے ہو۔ **تپِ سیاہ** (مونث) ایک قسم کا بخار جو آسام وغیرہ میں ہوتا ہے۔ تلی اور جگر بڑھ جاتے ہیں۔ اور مریض سال دو سال میں لاغر ہو کر مرجاتا ہے۔ **تپِ شدید** (مونث) تیز بخار۔ اس کی مدت تھوڑی ہوتی ہے۔ مگر بخار میں تیزی بہت ہوتی ہے۔

تپِ صفراوی (مونث) وہ تپ جو صفرا کی عفونت کی وجہ سے ہوتی ہے۔ دیکھو تپِ غب۔ **تپِ عشق** (مونث) عشق کا جوش یا گرمی۔ **تپِ غب** (مونث) اس بخار کی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ غب دائرہ جس میں تیسرے روز بخار آتا ہے اور غب لازمہ جو ہر وقت چڑھا رہتا ہے۔ مگر تیسرے روز زور ہوتا ہے۔ یہ ملیریا بخار کی قسم ہے **تپِ غددی** (مونث) وہ بخار جو غددوں کی سوزش کی وجہ سے ہوتا ہے۔ **تپِ غلیانی** (مونث) خون کے جوش کا بخار۔ **تپِ غم** (مونث) وہ بخار جو غم کی وجہ سے ہو جائے۔ **تپِ قحطی** (مذکر) ایک قسم کا وبائی بخار جو قحط کے دوران میں ہوتا ہے۔ اور پانچ پانچ چھ چھ دن کے بعد ہو جاتا ہے۔ **تپ (کا) موت جانا** (لازم) ہونٹوں پر بتخالوں کا نمودار ہونا جو تپ اُتر جانے کی علامت ہے۔ **تپِ کہنہ** (مونث) پُرانا بخار۔ **تپِ گرم** (مونث) ایک قسم کا بخار جس میں جوڑوں اور ہڈیوں میں سخت درد ہوتا ہے۔ اور جس میں بدن پر سُرخ سُرخ دھبے پڑ جاتے ہیں۔ ڈنگو فیور۔ **تپِ لرزہ** (مونث) وہ بخار جو لرزے کے ساتھ ہو۔ **تپِ مُحرِق یا محرقہ** (مونث) میعادی بخار وہ بخار جو ۱۴، ۲۲ یا ۳۰ دن کے بعد اُترے۔ یہ بخار کی بہت سخت قسم ہوتی ہے۔ اور اس میں حرارت بہت زیادہ ہوتی ہے۔ **تپِ مرکبہ** (مونث) وہ بخار جو دو یا زیادہ خلطوں کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے **تپِ موازہ** باری کا بخار۔ **تپِ نزلی** (مونث) نزلے کا بخار۔ **تپِ نزلی وبائی** (مونث) انفلوانزہ۔ **تپِ نوبت یا نوبتی** (مونث) باری کا بخار۔ **تپِ نہاری** (مونث) وہ بخار جو دن کو چڑھے **تپِ نیزاری** (مونث) دلدلی بخار۔ ملیریا بخار جو موسم برسات کے بعد ہوتا ہے۔ **تپِ وبائی** (مونث) وبائی بخار۔ جنگی بخار۔ انفلوانزہ۔ **تپِ ورمی** (مونث) وہ بخار جو ورم کی وجہ سے ہو جائے۔ **تپ ہرروزہ** (مونث) روزانہ بخار۔ **تپ ہو جانا یا ہونا** (لازم) تپ آنا (عف) **تپِ یک روزہ** (مذکر) ایک دن کا بخار۔

تَپ (ہ۔ امر) تپنا کا (س تپ۔ گرم ہونا) تپا (امر تپانا کا)۲ (ماضی) تپنا کی۔ **تپا کرنا** (متعدی) ۱گرم ہونا ۲غم کھانا۔ **تپانا** (متعدی) ۱گرم کرنا۔ حرارت پہنچانا۔ سینکنا ۲تاؤ دینا۔ سونا چاندی وغیرہ کو گرم کرکے کھرا کھوٹا پرکھنا۔ ۳شراب وغیرہ کو جلا کر اس کا خالص یا غیر خالص دیکھنا ۴دکھ دینا۔ رنج پہنچانا۔ **تپن** (مونث) ۱گرمی۔ حرارت ۲سوزش۔ جلن۔ **تپنا** (لازم) ۱گرم ہونا جلنا۔ بھبکنا ۲دہکنا۔ تمتانا۔ دمکنا ۳دھوپ سے گرم ہونا ۴رنج یا غم سے تکلیف میں ہونا ۵ (ہ) اُچھلنا۔ کودنا ۶روشن ہونا۔ چمکنا۔

امثال واقوال۔

تپے جیٹھ تو برکھا ہو بھر پیٹ۔ اگر جیٹھ کے مہینے میں گرمی سخت پڑے تو بارش بہت ہوتی ہے۔ **تپے نکھت مرگشیرا جو سے۔ تب برکھا پورن جگ ہوئے۔** جیٹھ کے مہینے میں گرمی بہت پڑے تو برسات میں بارش بہت ہوتی ہے۔ مرگشیرا ایک نکھترے کا نام ہے۔ جس میں سورج جون جولائی کے مہینے میں ہوتا ہے۔

تَپ (س۔ مذکر) ۱عبادت۔ ریاضت ۲تپسیہ ۳گرمی کا موسم ۴سخت گرمی۔ **تپا** (ہ۔ مذکر) ۱گرمی کا موسم ۲سخت گرمی ۳تپسی۔ تپ کرنے والا جوگی۔ سادھو **تپاس** (ہ۔ مونث) ۱دھوپ۔ سورج کی کرنیں ۲محنت شقت۔ **تپت** (صفت) **تپتا** (ہ) ۱گرم کیا ہوا جلا ہوا ۲گرم۔ محرق ۳روشن منور ۴سوزاں ۵گرمی تکلیف یا رنج سے۔ **تپس** (مذکر) ۱گرمی۔ حرارت ۲آگ جب اسے اپنے آپ کو تکلیف دینے کے لئے استعمال کیا جائے ۳تکلیف۔ درد۔ دُکھ۔ ایذا۔ اذیت۔ عقوبت ۴تپسیہ۔ ریاضت۔ بدن کو تکلیف پہنچا کر عادی بنانا ۵نیکی۔ خوبی۔ درجہ۔ رتبہ ۶ہر ذات کا خاص فرض۔ برہمن کا وید سکھانا۔ چھتری کا رعایا کی حفاظت کرنا۔ ویش کا برہمن کو دان دینا۔ شودر کا خدمت کرنا ۷سات عالموں میں سے ایک عالم جہاں تپسیوں کی روحیں رہتی ہیں ۸گرمی کا موسم۔ **تپسون۔ تپسوی** (ہ۔ صفت) تپ کرنے والا۔ جو تپسیہ میں لگا ہوا ہو ۲ (مذکر) سادھو۔ جوگی۔ تپ کرنے والا شخص۔ **تپسّی** (ہ۔ صفت و مذکر) ۱دیکھو تپسوی ۲دیکھو تپسیہ۔ **تپسیا** (مونث) ریاضت تپ۔ تپس ۲ **تپسیہ** (مذکر) ۱گرمی سے پیدا ہوا ہوا ۲پھاگن کا مہینہ ۳تپسیا۔ **تپسیہ کرنا۔ تپ کرنا** (متعدی) ریاضت کرنا۔ عبادت کے خیال سے بدن کو تکلیف پہنچانا۔ **تپن** (مونث) ۱گرمی۔ حرارت ۲سوزش۔ جلن ۳گرمی سے سرخ ہونا ۴ (مذکر) سورج ۵گرمی کا موسم ۶نرک کا ایک حصہ ۷دل کی سوزش ۸رنج۔ غم۔

تپاری (ہ۔ مونث) ایک پھل جسے انگریزی میں کیپ گوزبری کہتے ہیں۔

تپاک (ف۔ مذکر) ۱گرمجوشی۔ شوق ۲آؤ بھگت۔ خاطر مدارات ۳اخلاص۔ التفات۔ انس۔ دوستی ۴محبت عشق۔ پیار۔ پریم ۵ (طنزاً) بے پروائی اچھا برتاؤ نہ کرنا ۶شک۔ رنج تکلیف۔ **تپاک سے پیش آنا یا ملنا** (لازم) گرمجوشی سے ملنا۔ آؤ بھگت کرنا **تپاک ظاہر کرنا** (متعدی) محبت یا دوستی کا اظہار کرنا۔ **تپاک کرنا** (متعدی) تواضع کرنا۔

تپال (ف۔ صفت) ۱گرم۔ سوزاں ۲تڑپنے والا ملتزنے والا۔

تپانا (ہ۔ متعدی) ۱دیوتاؤں یا پتروں کو پانی دینا ۲تحفہ یا بھینٹ دینا ۳ (ہ) دیکھو تپ (امر) کے تحت میں۔

تُپانا (ہ۔ مم) ۱دفن کرانا ۲ڈھنپوانا چھپوانا۔

تپانچہ (ف۔ مذکر) ۱تھپڑ۔ کھلے ہاتھ کی ضرب جو مُنہ پر ماری جائے ۲پالٹ۔ وہ ضرب جو حریف کے دستِ چپ پر ماریں۔ **تپانچہ آنا** (لازم) تھپڑ لگنا۔ **تپانچہ اُٹھانا** (متعدی) ۱مارنے کے لئے ہاتھ اُٹھانا ۲دھمکانا۔ **تپانچہ پڑنا** (لازم) تھپڑ لگنا **تپانچہ جڑنا۔ دینا۔ لگانا یا مارنا** (متعدی) تھپڑ مارنا۔ **تپانچہ کھانا** (متعدی) مُنہ پر تھپڑ لگنا **تپانچہ لگنا** (لازم) تھپڑ پڑنا۔

تپاوَن (ہ۔ مذکر) ۱دیوتاؤں یا پتروں کو پانی دینا ۲پانی یا شراب جو دیوتاؤں کو چڑھائی جائے۔

تپاونا۔ تپاؤنا (ہ۔ متعدی) تپانا

تپائی (ہ۔ مونث) تین پایوں کی چھوٹی میز یا چوکی۔

تپچانا (اُردو۔ متعدی) کپڑے کی نوک سے نوک ملا کر سینا۔

تپرلوک (س۔ مذکر) وہ ملک جہاں ویراگی دیوتا رہتے ہیں۔

تپرہاؤ (ہ۔ مذکر) ۱کھیت جن کے درمیان مینڈیں بنی ہوں ۲بنجر زمین کے درمیان کاشت شدہ ٹکڑے۔

تپری (ہ۔ مونث) ۱تودہ۔ پشتہ ۲چھوٹی پہاڑی۔ ٹیلہ ۳کھیت کی مینڈ۔

تپڑ (ہ۔ مذکر) ٹاٹ کی گدّی جس پر بنئے بیٹھتے ہیں۔ **تپڑ اُلٹ دینا** (متعدی) دیوالہ نکال دینا۔ افلاس ظاہر کر دینا۔

تپش (ف۔ مونث) ۱گرمی۔ حرارت۔ آفتاب کی تمازت ۲سوزش۔ جلن ۳اضطراب۔ بیقراری بے چینی ۴دل کی دھڑکن (ہونا کے ساتھ)

تپک (ہ۔ مونث) پھوڑے کا درد۔

ٹیس۔ لپک۔ جلن (س تپ۔ گرم ہونا) ٹپکنا (لازم) ٹیس پڑنا۔ لپک ہونا۔

تُپَک (ت۔ مونث) توپ کی تصغیر

تُپکچی (مذکر) توپچی۔ گولہ انداز۔ بندوق چلانے والا سپاہی۔

تُپکچی (ت۔ مذکر) ایک افسر جو ماگذاری کے کام پر لگایا جاتا تھا۔

تَپنچا۔ تَپنچہ (ف۔ مذکر) ایک چھوٹا آتشی ہتھیار جو جیب میں رکھا جا سکتا ہے۔ اور جس میں کئی کارتوس بغیر بار بار بھرنے کے چلائے جا سکتے ہیں۔ پستول۔ تپنچہ باندھنا (متعدی) تپنچہ کمر میں لگانا۔ تپنچہ بھرنا۔ تپنچے میں گولی بارود یا پستول بھرنا۔ تپنچہ پائے پر کھینچنا (متعدی) تپنچے کے گھوڑے کو جہانتک ہو سکے اٹھانا۔ تپنچہ چلانا (متعدی) تپنچے کا گھوڑا دبانا۔ تپنچہ سر کرنا۔ تپنچہ چلنا چھوٹنا (لازم) تپنچہ چلنا۔ تپنچہ خود بخود چل جانا۔ تپنچہ چھوڑنا (متعدی) تپنچہ چلانا۔ تپنچہ خالی کرنا (متعدی) ۱ تپنچے سے گولی بارود یا کارتوس نکالنا۔ ۲ تپنچہ چلانا۔ تپنچہ داغنا یا سر کرنا (متعدی) تپنچہ چلانا۔ تپنچہ مارنا (متعدی) تپنچے کو بھر کر چلانا۔ تپنچے پر پتھر چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) چقماق کا ٹکڑا تپنچے پر لگنا تاکہ بارود کا گھوڑا اس پر گر کر آگ پیدا کر کے بارود کو لگائے۔ اس قسم کے تپنچے اب نہیں بنتے پرانا نمونہ تھا۔

تَپتی (ھ۔ مونث) دریائے گوداوری کا ایک نام۔

تَپّہ (ھ) دیکھو ٹپا۔

تپیا (ھ۔ مذکر) تپائی۔

تَپیدَن (ف۔ مصدر) ۱ تڑپنا۔ پھڑکنا ۲ گرم ہونا۔ تتا ہونا ۳ دھڑکنا۔ لرزنا۔ کانپنا ۴ تڑپ پھڑک وغیرہ ۵ بے قراری۔ بے چینی (اردو میں فارسی مصدر کا استعمال فصیح نہیں) تپیدن دار (صفت) ۱ بے قرار۔ بے چین ۲ بیقراری یا بے چینی کی حالت میں (ت)

تَت (س۔ صفت) وہ۔ اس کا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ تت پر (صفت) ۱ کسی چیز کو اسے اعلیٰ مقصد یا عزم بنانے والا ۲ پورے طور پر فدا یا محو ۳ بہت متوجہ۔ نہایت مشغول۔ بہت خدمت یا ٹہل کرنے والا ۴ (مذکر) وہ شخص جو بہت مشغول متوجہ وغیرہ ہو ۵ ماہر۔ کامل۔ تت خالصہ (مذکر) سکھوں کا ایک فرقہ۔ تت کال (مذکر) ۱ اس وقت ۲ حال۔ موجودہ وقت ۳ وقت موجودہ ۴ اسی وقت ۵ وقت مذکورہ ۶ وقت جس پر کوئی کام ہو ۷ اس وقت پر۔ تب ۸ ایک خاص وقت پر ۹ اُس دم ۱۰ جبھی۔ اُسی وقت۔ اسی گھڑی۔ تت کال دھی (صفت) ۱ وقت پر عقلمند یا ہوشیار۔ حواس بجا رکھنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو حواس قائم رکھے۔ تت گشن (مذکر) ۱ موجودہ وقت۔ حال۔ وقت مذکورہ ۲ ایک ہی وقت ۳ ایک ہی وقت پر۔ اسی وقت۔ اسی دم فوراً۔

تَت (س۔ مذکر) باپ۔

تَتّ (ھ۔ مذکر) دیکھو تتوا۔

تِتّ (ھ۔ ظرف) وہاں۔ اس طرف۔

تَتّا (ھ۔ صفت) ۱ گرم۔ حار۔ جلتا ہوا ۲ جوشیلا۔ سرگرم۔ پرجوش ۳ غصیلا۔ تند۔ تیز مزاج۔ (س تپت) تتا تاؤ (مذکر) ۱ جب تنور گرم کیا جائے تو اس کی ابتدائی گرمی تتا تاؤ کہلاتی ہے۔ اس میں روٹی اچھی طرح نہیں پکتی ۲ مجازاً۔ فوراً۔ جلد۔ تتا تاولا (صفت) جلد باز۔ تیز مزاج۔ تتا توا (مذکر) ۱ گرم توا ۲ وہ شخص جو بات بات پر لڑے۔ نہایت غصیلا۔ جھگڑالو۔ لڑاکا۔ تتا ہونا (لازم) ۱ گرم ہونا ۲ ناراض ہونا۔ غضبناک ہونا۔ تتے پڑنا (لازم) رسوائی ہونا۔ بدنامی ہونا۔ ذلت ہونا۔ تتے توے پر قسم کھانا (متعدی) سخت قسم کھانا۔

امثال و اقوال۔ تتا کور (نوالہ) نہ نگلنے کا نہ اُگلنے کا (ھ) اس موقع پر کہتے ہیں جب کچھ بن نہ آئے۔ تتے توے کی بوند ۱ بہت خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی شمار میں نہیں ۲ چیز کم ہے۔ جلد ہو چکے گی۔ تتے توے کی بوند ہو گئی۔ آمدنی معدوم بھی نہ ہوئی کہ کدھر گئی۔ بڑے خرچ میں تھوڑی آمدنی کسی شمار میں نہیں۔ تتی کھچڑی گھی نہ پیا۔ اب کا سیالا یونہی گیا (ھ) غربت کی حالت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

تَتابُع (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کے بعد جانا۔

تَتار (س۔ مذکر) ۱ مالش کی دوا۔ لیپ ضماد۔ طلا ۲ سینک گرم پانی کا ۳ گرم پانی ڈالنا ۴ گرم پانی میں کپڑا بھگو کر اوپر رکھنا ۵ سوجی ہوئی جگہ پر ٹھنڈا پانی ڈالنا ۶ مدہوش آدمی پر ٹھنڈا پانی چھڑکنا۔ تتارنا (متعدی) سینکنا۔ گرم کرنا وغیرہ۔

تَتاری۔ تتاڑی (ھ۔ مونث) ۱ سورج کی گرمی ۲ گرم ہوا۔ لو۔

تَتال (ھ۔ صفت و مذکر) دغاباز۔ دھوکے باز۔ چال باز۔ عیار۔ مکار۔ فریبی۔ تتالی (مونث) چالاکی۔ فریب وغیرہ۔

تتانا (ھ۔ متعدی) گرم کرنا۔ سینکنا۔ تتارنا۔

تَتَبُّع (ع۔ مذکر) ۱ پیروی۔ تقلید ۲ نقل (رس) ۳ تلاش۔ تفتیش۔ دریافت (کرنا ہونا کے ساتھ) (تبع۔ پیچھے آنا)

تَتَر (س۔ ظرف) ۱ اس جگہ۔ وہاں ۲ اس میں۔ اُس میں ۳ اس صورت میں۔ تب۔ اِس لئے ۴ اس وجہ سے۔

تَترانا (ھ۔ لازم) تُتلانا۔

تِتَر بِتَر (دہلی) تتر بتر (ھ۔ صفت) منتشر۔ بکھرا ہوا۔ پریشان۔ بے ترتیب۔ الگ الگ۔ (س تتر تتر۔ وہاں وہاں)

مقولہ۔ تتر بتر ہو گئے سگر ڈوم کے کام۔ مر گئے جھان جب گانٹھ گرہ کے دام۔ ڈوم لوگوں کا مقولہ جب دام ختم ہو جائیں تو سب کام خراب ہو جاتے ہیں۔

تَتَری (ف۔ صفت) تاتاری۔

تَتَری (ھ۔ مونث) ناز و نخرے کرنے والی عورت۔ اٹھکیلن۔

تِتَری (ھ۔ مونث) دیکھو تیتلی۔

تَترىٰ (ع۔ تعف) ایک ایک کر کے۔ ایک دوسرے کے بعد۔

تَتڑی (ھ۔ مونث) بدقسمت عورت۔

مثل۔ تتڑی نے دیا جنم جلی نے کھایا نہ جیب جلی نہ سواد آیا۔ ایک بدقسمت شخص دوسرے بدقسمت کی مدد کرے تو کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ بہت تھوڑا کھانا دیا جائے تو بھی کہتے ہیں۔

تُتُق (ف۔ مذکر) پردہ۔ سراپردہ۔ خیمہ۔ تتق گرد (مذکر) اڑی ہوئی خاک۔ اس قدر خاک کہ کچھ نظر نہ آئے۔ تتق نیلی (مذکر) آسمان۔ ابر سیاہ۔

تِتِنک (ھ۔ مذکر) جہاز کا تختہ۔

تِتِکشا (س۔ مونث) ۱ صبر۔ قناعت ۲ برداشت۔ بردباری۔ تحمل۔ ثابت قدمی ۳ تسلیم رضا۔ توکل۔

تِتِکشو (س۔ صفت) ۱ برداشت کرنے والا۔ متحمل۔ بردبار۔ ثابت قدم ۲ صابر۔ قانع۔

۲ راضی برضا۔ مسلم۔

تِنگی (ہ۔ صفت) ۱ تین دھاگوں والا ۲ وہ دھاگہ جس میں تین باریک دھاگے بٹے ہوئے ہوں

تِنِل (س۔ مذکر) ۱ ایک مٹھائی جو تِل اور شکر سے بنائی جاتی ہے ۲ سات کرنوں میں سے ایک کرن۔

تُتلا (ہ۔ صفت) ۱ وہ جو صاف نہ بول سکے۔ وہ جو ٹ ڈ وغیرہ کو ت د بولے ناکلنت کرنیوالا۔ (س بھت بھتوکنا) تتلا تتلا کر باتیں کرنا (متعدی) ہکلانا چھوٹے بچوں کی طرح رُک رُک کر باتیں کرنا۔ تتلانا (متعدی) ۱ لکنت کرنا۔ صاف نہ بولنا۔ رُک رُک کر بات کرنا۔ ہکلانا ۲ ٹ ڈ وغیرہ کی جگہ ت د بولنا۔ تتلائی (ہ۔ مونث) تتلانا۔ تتلی (مونث) تتلاکی۔

تِتلی (ہ۔ مونث)، **تِتُلی** (ہ) ۱ تیتری۔ بھمبیری۔ کوئی پردار کیڑا۔ جس کے پر بڑے اور خوبصورت ہوں ۲ (ہ) مجازاً خوب سجی ہوئی عورت۔ خوش پوش عورت ۳ کالادانا۔ اسپند۔ سداب ۴ ایک دوائی جو باری کے بخار میں دیتے ہیں (س تریک)

تِتَمبا (ہ۔ مذکر) ۱ روک۔ ممانعت ۲ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ زبانی تکرار ۳ سازش۔ توڑ جوڑ۔ داؤں۔ گھات۔ چال ۴ بغاوت۔ سرکشی۔ غدر ۵ دنگا فساد (س تم۔ سانس کرنا) تتمبے (جمع) تتمبا کی۔ تتمبے لگے ہونا (لازم) گھر کے جھگڑوں بکھیڑوں میں پھنسے ہونا۔

تِتِمّہ (ف۔ مذکر) ۱ بقیہ چیز۔ باقی۔ بچی ہوئی شے۔ کسی چیز کا آخری حصّہ ۲ وہ زائد حصّہ جو کسی کتاب کے آخیر میں اسی کے متعلق لگا دیتے ہیں ضمیمہ۔ خاتمہ ۳ خط کا ضمیمہ ۴ (مذاقاً) بچہ (تم۔ مکمل ہونا) تتمہ بیانِ تحریری (قانون) تحریری بیان کا ضمیمہ۔ تتمہ چالان (قانون) وہ چالان جو نامکمل چالان کے بعد مقدمے کی تفتیش ختم ہونے پر عدالت میں پیش کیا جائے۔ تتمہ وصیت نامہ (مذکر) دستاویز متعلقہ وصیت نامہ جس میں وصیت نامہ کے مطالب کی توضیح یا اس میں اضافہ یا تبادلہ کیا جائے۔

تِتَمّے (ہ۔ مذکر) تتمبے کا بگڑا ہوا۔ جھگڑے بکھیڑے۔

تَتمیم (ع۔ مونث) ۱ پورا کرنا۔ مکمل کرنا ۲ تکمیل۔ تمام۔ پوراپن۔ انت (تم۔ ختم ہونا)

تِتنا (ہ۔ صفت) ۱ اتنا۔ اس قدر ۲ اتنی دیر تھا اتنی دور۔ تتنے (صفت) اتنے۔ تتنے میں (تف) اس قدر عرصے میں۔ اتنے میں۔ اس وقت میں۔ اس اثنا میں۔

تَتوُ (س۔ مذکر) چھلنی۔

تَتّو تھمبو (ہ۔ مونث) روک تھام۔ دم دلاسا (تو تو۔ زبان اور تھمبو۔ تھامنا سے) تتو تھمبو کر دینا (متعدی) ہو جانا (لازم) ۱ دم دلاسا دیا جانا۔ بات بنی رہنا ۲ رفع دفع ہو جانا۔

تَتوَہ (س۔ مذکر) ۱ ایسا ہونے کی حالت۔ اصل حالت۔ اصلیت۔ صداقت۔ قدرتی حالت ۲ اصول اول۔ امر بدیہی ۳ اصلی خاصیت۔ مادہ۔ ماہیت۔ ذات۔ مول ۴ ست۔ جوہر۔ لب لباب ۵ روح کی اصلیت ۶ سمجھ۔ فہم۔ ادراک۔ عقل ۷ گانے میں آہستہ سر ۸ ایک ساز۔

تتھ (ہ۔ صفت) ۱ اصل۔ حقیقی۔ سچا ۲ درست۔ ٹھیک ۳ مکمل۔ کامل۔

تِتھ (س۔ مونث)، **تِتھ** (ہ) ۱ قمری دن ۲ چاند کے زمانہ گردش کا تیسواں حصّہ ۳ دن۔ تاریخ۔

تِتھکشے (مذکر) ۱ نئے چاند کا پہلا دن ۲ وہ دن یا عرصہ جس میں قمری دن سورج چڑھنے کے بعد شروع ہو۔ اور سورج چڑھنے سے پہلے ختم ہو جائے ۳ ایک یگ میں قمری اور شمسی دن کا فرق۔

تُتّھ (س۔ مذکر) نیلا تھوتھا۔ توتیا جو آنکھوں کے انجن کے طور پر استعمال کیا جائے۔ تتھانجن (مذکر) توتیا جو انجن یا دوائی کے طور پر استعمال کیا جائے

تتھا (ہ۔ مونث) طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور۔

تَتھا (س۔ تف) ۱ اس طریقے سے۔ اس طرح۔ ایسے ۲ اس طرح بھی۔ اور بھی ۳ ایسے طریقے سے۔ تتھاپ (حرف عطف) تو بھی۔ تاہم۔ ابھی۔ تتھاستو (تف) ہاں۔ بہت۔ تتھاگت (مذکر) ۱ بدھ ۲ جین ۳ مذہبی اُستاد۔

تَتَہرا (ہ۔ مذکر) تتہری۔ تتہڑا۔ تتہڑی۔ تتبڑا۔ تتبڑی (ہ) پانی گرم کرنے کا برتن۔ گاگر۔

تُتّی (ہ۔ مونث) ٹونٹی دار مٹی کا لوٹا۔ لٹیا۔

تَتّی (ہ۔ مونث) دیکھو تتری۔ مثل تتی پر تین بال وہ بھی ناچیں تین تال۔ بے نگی میں اترانا۔

تِتیا (ہ۔ مونث) ۱ لال رنگ کی بھڑ ۲ چھوٹی مرچ جو بہت کڑوی ہوتی ہے ۳ (صفت) تیز ذہن۔ ذکی۔ تتیا مرچ (مونث) ۱ تتیا ۲ (صفت) تتیا ۳ تتیا کا ناچ نچانا (متعدی) ستانا۔ تنگ کرنا۔ سزا دکھانا۔

تَتَّٹ (س۔ مذکر) ۱ ڈھلوان سطح۔ ڈھال۔ اتار۔ جھکاؤ ۲ افق۔ اکاس۔ گربھ۔ نفر گھیرہ ۳ دریا کا کنارہ ۴ ساحل۔ کنارہ ۵ کمیت۔ تتستھا (صفت) ۱ کنارے یا ڈھلوان پر واقع ۲ لاپروا ۳ (مذکر) بے پروا آدمی۔ دوست نہ دشمن۔

تَثَبُّت (ع۔ مذکر) مقرر ہونا گاڑا جانا۔

تَثَبُّط (ع۔ مذکر) روکنا۔ رکھ لینا۔

تَثبیت (ع۔ مونث) ۱ مقرر کرنا۔ گاڑنا ۲ پکا یا مستقل بنانا۔

تَثبیط (ع۔ مونث) ۱ روکنا۔ کسی کو سودا کرنے سے روکنا ۲ مشغول کرنا۔ کام پر لگانا۔

تَثریب (ع۔ مونث) ناراض ہونا

تَثَقُّل (ع۔ مذکر) بھاری ہونا۔

تَثقیب (ع۔ مونث) سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔

تَثقیل (ع۔ مونث) بھاری بنانا

تَثلیث (ع۔ مونث) ۱ تین حصوں میں تقسیم کرنا ۲ تین خدا ماننے یا الوہیت کے تین حصّے سمجھنے کا عقیدہ۔ عیسائیوں کا خدا۔ حضرت عیسےٰ اور رُوح القدس کو علیحدہ علیحدہ خدا مان کر ایک خدا کا جزو سمجھنا ۳ ہندوؤں کا برہما جی وشن جی اور شو جی کو ایک خدا کی تین طاقتیں سمجھنا ۴ (علم الافلاک) سیاروں کا تہائی دائرے کا بُعد۔ دو سیاروں کے درمیان ۱۲۰ درجے یا دائرے کے تیسرے حصّے کا فاصلہ (ثلث۔ تیسرا ہونا)

تَثمین (ع۔ مونث) ہشت پہلو بنانا۔

تَثنیہ (ع۔ مذکر) ۱ دوگنا۔ دونا کرنا ۲ صیغہ جس میں دو سمجھے جائیں ۳ (صفت) دو نقطوں والا جیسے ت۔ ق۔ ی (ثنی۔ دوگنا کرنا)

تثویب (ع۔ مونث) ۱ انعام دینا ۲ الصلوۃ خیر من النوم کہنا۔

تج (ف۔ مونث) ۱ ایک درخت جس کی چھال خوشبودار ہوتی ہے۔ دارچینی کا درخت ۲ دارچینی۔

تج (ف۔ امر) ۱ تجنا کا ۲ (مونث) دست برداری۔ کنارہ کشی۔ تیاگ۔ دست کشی۔ تج چکنا (لازم) چھوڑ چکنا۔ دستبردار ہونا۔ تج دینا۔ تجنا (لازم) چھوڑنا۔ کنارہ کش ہونا۔ ہاتھ اٹھانا۔ باز آنا۔ دستبردار ہونا۔ تیاگنا۔

تجادُل (ع۔ مذکر) آپس میں جھگڑنا۔ مقدمہ بازی کرنا۔

تجاذُب (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کو ادھر ادھر کھینچنا۔

تُجّار (ع۔ مذکر) جمع تاجر کی۔

تجارِب (ع۔ مذکر) جمع تجربہ کی۔

تجارَت (ع۔ مونث) سوداگری۔ بیوپار۔ دوکانداری خرید و فروخت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (تجر۔ بیچنا) تجارت گاہ (مونث) تجارت کی جگہ۔ منڈی۔ تجارت گاہِ عالی (مونث) بڑی منڈی۔ تجارتی (صفت) متعلقہ تجارت۔ تجارتی شہر (مذکر) وہ شہر جہاں تجارت کی منڈی ہو۔ تجارتی مال (مذکر) سوداگری کا اسباب۔ تجارتی منڈی (مونث) شہر یا قصبہ جہاں کسی چیز کی خاص طور پر تجارت ہو (تجر۔ بیچنا)

تجاری (ف۔ مونث) تیجے کا بخار۔ وہ بخار جو تیسرے دن آئے۔

تجاسُر (ع۔ مذکر) جسارت۔ دلیری جرأت (جسر۔ حوصلہ کرنا)

تجافی (ع۔ مذکر) ۱ جدا ہونا۔ دور ہونا ۲ نہ چھونا۔

تجانُف (ع۔ مذکر) ہٹ جانا جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔

تجاوُز (ع۔ مذکر) ۱ حد سے بڑھنا۔ پاؤں گزرنا ۲ معاف کرنا۔ درگزر کرنا ۳ بھٹک جانا۔ بے راہ ہو جانا ۴ اپنے اختیار سے بڑھ کر کام کرنا ۵ انحراف۔ عدول حکمی۔ خلاف ورزی ۶ فرق۔ تفاوت ۷ زیادتی۔ گستاخی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (جوز۔ بیچ میں سے گزرنا یا حد سے گزرنا)

تجاوِیف (ع۔ مذکر) تجویف کی جمع۔

تجاہُل (ع۔ مذکر) ۱ جان بوجھ کر نادان بننا ۲ بے خبر یا غافل ظاہر کرنا ۳ اغماض۔ چشم پوشی ۴ بے پروائی۔ لاپروائی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (جہل۔ غافل ہونا) تجاہلِ عارفانہ (مذکر) ۱ جان بوجھ کر ناواقفیت ظاہر کرنا یا انجان بننا ۲ کسی معلوم بات کو نامعلوم کی طرح ظاہر کرنا ۳ ارادتاً عدم واقفیت کا اظہار کرنا۔

تَجَبُّر (ع۔ مذکر) ۱ مغرور ہونا ۲ پتے نکالنا درخت کا ۳ دولت حاصل کرنا ۴ تندرست ہونا۔

تجبیر (ع۔ مونث) ۱ ٹوٹی ہڈی کو جوڑنا ۲ دوست کو روپیہ دینا ۳ غریبوں کی امداد کرنا۔

تجدُّد (مذکر) **تجدید** (ع۔ مونث) ۱ ایجاد۔ اختراع ۲ تازگی۔ نیا پن ۳ نیا کرنا۔ نئے سرے کسی کام کو کرنا (جدّ۔ کاٹنا) تجدید بنائے دعوے (مونث) بنائے دعوے کو نئے سرے سے کرنا۔

تجدیر (ع۔ مونث) ۱ دیوار کو اونچا کرنا ۲ چیچک نکلنا ۳ قابل یا لائق بنانا۔

تَجر (ع۔ مذکر) تجارت کرنا۔

تجربہ (ع۔ مذکر) **تجرُبہ** (عف) ۱ ایسا کام جس سے کسی چیز کی ماہیت یا اس کا اصول یا اثر معلوم ہو ۲ آزمائش۔ جانچ۔ امتحان۔ پرکھ ۳ کرنے کا طریقہ۔ واقفیت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (جرب۔ کوشش کرنا) تجربہ حاصل کرنا (متعدی) کسی کام کو کر کے سیکھنا۔ تجربہ کار (صفت) ہوشیار۔ واقفکار۔ ماہر۔ جہاندیدہ۔ تجربہ کاری (مونث) واقفیت۔ کرنے کا طریقہ یا علم۔

تجرُّد (ع۔ مذکر) ۱ خلوت گزینی۔ اکیلا رہنا ۲ خلوت۔ عزلت ۳ مجرد رہنا۔ شادی نہ کرنا ۴ ترکِ دنیا (جرد۔ ننگا ہونا)۔

تجرید (ع۔ مونث) ۱ کپڑے اتارنا۔ ننگا ہونا ۲ ایک چیز کو دوسری سے جدا کرنا ۳ تنہائی۔ علیحدگی۔ خلوت۔ عزلت ۴ مجرد رہنا۔ شادی نہ کرنا ۵ علم بیان کی ایک صنعت کا نام جس میں صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں (جرد۔ ننگا ہونا)

تجرُّع (ع۔ مذکر) شراب پینا۔

تجریع (ع۔ مونث) ۱ پلانا ۲ غم غلط کرانا۔

تجزّی (ع۔ مونث) علیحدہ علیحدہ کرنا۔ فرد فرد کرنا۔ تقسیم کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (جزأ۔ تقسیم کرنا) تجزیہ (مذکر) دیکھو تجزی۔

تجزیہ (ع۔ مذکر) تقسیم کرنا ۲ علیحدہ علیحدہ کرنا۔ ترکیب۔

تجسُّس (ع۔ مذکر) ۱ تلاش۔ جستجو ۲ تگاپو۔ ڈھونڈ ڈھانڈ۔ تفحص ۳ دریافت۔ تحقیقات ۴ شوق تحقیق (کرنا۔ میں جانا۔ ہونا کے ساتھ) (جسّ۔ تلاش کرنا) تجسس کناں (نف) تلاش کرتا ہوا۔

تجشُّم (ع۔ مذکر) ۱ منتخب کرنا بہت سے لوگوں میں سے ۲ کسی شخص یا چیز کی طرف سیدھا جانا ۳ کوئی کار عظیم اپنے ذمہ لینا ۴ کسی کام کے بہت مشکل حصے کو سیکھنا ۵ پہاڑ کے سب سے اونچے حصے پر چڑھنا۔

تجشیم (ع۔ مونث) شامل کرنا۔ بنانا۔

تجفاف (ع۔ مذکر) گھوڑے کی زرہ۔ سپاہی کی زرہ۔

تجفیف (ع۔ مذکر) ۱ کپڑے کو ٹھیک طور پر خشک کرنا ۲ گھوڑے پر پسینہ خشک کرنے کے لئے کپڑا ڈالنا ۳ گھوڑے پر زرہ ڈالنا

تجلّا (ع۔ مذکر) دیکھو تجلی۔

تجلُّد (ع۔ مذکر) ۱ مقابلہ کرنا۔ لڑنا ۲ مشکلات میں حوصلہ رکھنا ۳ سختی۔ بہادری۔

تجلجُل (ع۔ مذکر) ۱ موثر ہونا ۲ بیکلی۔ اضطراب۔ بیقراری۔ بےچینی ۳ زمین میں غرق ہونا۔ دھنس جانا (جلجل۔ حرکت کرنا۔ چیخنا)

تجلّی (ع۔ مونث) ۱ روشنی۔ نور۔ جوت۔ اُجالا۔ چمک ۲ شان و شوکت۔ جلال۔ عظمت ۳ تار ۴ ظہور۔ جلوہ۔ جھلک (جلو۔ صاف نظر آنا) تجلیات (جمع) ۱ تجلی کی ۲ مشاہدات قدرت خدا۔ تجلی بخش (صفت) روشن کرنے والا۔ شان و شوکت بخشنے والا۔ عظمت یا وقار دینے والا۔ تجلی خیز (صفت) شان و شوکت میں بڑھنے والا۔ تجلی زادہ (صفت) عالی خاندان جو شان و شوکت میں پیدا ہوا ہو۔ تجلی زار۔ کدہ (مذکر) گاہ (مونث) وہ جگہ جہاں شان و شوکت یا روشنی زیادہ ہو۔ تجلی طور

(مؤنث) وہ نور جو حضرت موسیٰ کو کوہ طور پر نظر آیا۔ **مثل**۔ تجلی کو تکرار نہیں۔ جو بات عیاں ہو اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔

تجلید (ع۔ مونث) ۱ جلد بندی کرنا۔ ۲ اونٹ کی کھال ادھیڑنا۔

تجمّع (ع۔ مذکر) اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔

تجمّل (ع۔ مذکر) ۱ شان و شوکت۔ ٹھاٹھ ۲ عظمت۔ وقار۔ جلال ۳ جلو۔ تزک حشم و خدم ۴ مال و متاع۔ ساز و سامان۔ لوازمہ ۵ جمال کی آرائش۔ زیب و زینت ۶ حسن۔ خوبصورتی (جَمَل۔ خوبصورت ہونا) **تجملات** (جمع۔ مذکر) ساز و سامان۔ لوازمات۔ اسباب خانہ داری۔ **تجمل شاہانہ** (مذکر) بادشاہی ٹھاٹھ۔ شاہانہ شان و شوکت۔

تجمیع (ع۔ مونث) احتیاط اور کوشش سے جمع کرنا۔

تجنارہ۔ (لازم) گھلنا۔ دُبلا ہونا۔

تجنّب (ع۔ مذکر) ۱ ہٹ جانا۔ کنارہ کش ہو جانا۔ اجتناب کرنا ۲ گوشہ نشین ہونا ۳ اجتناب۔ کنارہ کشی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (جَنَبَ۔ فاصلے پر رکھنا)

تَجَنَّہ (س۔ مذکر) **تجنّہ** (ہ) ۱ ہوشیار آدمی۔ ماہر شخص ۲ (صفت) تجربہ کار۔ ماہر۔ مشّاق۔ ہوشیار۔

تجنیس (ع۔ مؤنث) ۱ ہم جنس ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔ مشابہت ہونا ۲ شابہت ۳ لطافت۔ علم بدیع کی ایک صنعت جس میں ایک فقرے میں دو الفاظ جو ایک ہی شکل یا تقریباً ایک ہی شکل کے ہوتے ہیں لائے جاتے ہیں۔ اس کی کئی قسمیں ہیں (جَنَسَ۔ ایک دوسرے سے ملنا) **تجنیس تام** (مونث) اس میں کئی ایک قسم کے الفاظ مختلف معنوں میں استعمال ہوتے ہیں جیسے ۔ وہ نیچی کافر سیاہ پٹی کر جل کے زخموں کو باندھے پٹی پڑھی ہے جس نے کہ اس کی پٹی وہ پٹی سر سے پٹک رہا ہے۔ اس میں پٹی مختلف معنوں میں استعمال ہوا۔ **تجنیس خطی یا محرّف** (مونث) اس میں الفاظ ایک قسم کے مگر اعراب اور نقطے مختلف ہوتے ہیں۔ جیسے حمار خمار جار جار۔ جُنَّۃُ البرد اور جَنَّۃُ البرد۔

تجوّز (ع۔ مذکر) معاف کرنا۔ ۲ نظر انداز کرنا ۳ نماز کا اختصار کرنا ۴ کنایتاً کوئی بات کہنا۔

تجوید (ع۔ مونث) قرآن شریف کو پڑھنے کا فن اس کی تین قسمیں ہیں۔ ترتیل۔ حدر اور تدویر (جَوَّدَ۔ اچھی طرح کرنا)

تجویز (ع۔ مؤنث) رائے۔ تدبیر۔ صلاح ۲ سوچ بچار۔ غور۔ فکر۔ تامل ۳ فیصلہ۔ تصفیہ۔ انفصال ۴ بندوبست۔ انتظام ۵ منصوبہ۔ ڈھنگ۔ جتن اپاے ۶ دریافت۔ تحقیق۔ تفتیش ۷ (قانون) وہ کارروائی جو فرد قرار داد جرم کے لکھے جانے کے بعد عمل میں آئے ۸ وہ معاملہ جو کسی مجلس میں پیش کیا جائے۔ تاکہ اس کی منظوری کے بعد اس پر عملدرآمد ہو (جَوَّزَ۔ بیچ میں سے گزرنا) **تجویز آخر** (مؤنث) واقعات کی رو سے مقدمہ کا آخری فیصلہ۔ **تجویز پاس کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دیکھو تجویز منظور ہونا۔ **تجویز پیش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کوئی نیا معاملہ کسی جلسے میں پیش ہونا۔ **تجویز ثانی** (مؤنث) نظر ثانی یا فیصلے کی پڑتال۔ **تجویز جدید** (مؤنث) مقدمہ دوبارہ کرنا۔ نئے سرے سے پھر مقدمہ سننا۔ **تجویز ثبات جرم** (مؤنث) جرم کی نسبت فیصلہ کہ کس نے کیا ہے۔ **تجویز روئیدادی** (مؤنث) دیکھو تجویز آخر۔ **تجویز ضمنی** (مؤنث) عارضی فیصلہ۔ درمیانی فیصلہ۔ **تجویز طلب** (صفت) جس کا فیصلہ ہونا ہو۔ جس کا مقدمہ ہونا ہو۔ **تجویز کرنا** (متعدی) ۱ دریافت کرنا۔ تفتیش کرنا ۲ تجربہ کرنا۔ امتحان کرنا۔ جانچ کرنا ۳ فیصلہ کرنا۔ تعین کرنا ۴ چننا۔ منتخب کرنا ۵ مقرر کرنا۔ معین کرنا ۶ منصوبہ سوچنا۔ تدبیر کرنا ۷ سمجھنا۔ قرار دینا ۸ معاملہ منظوری کے لئے کسی مجلس میں پیش کرنا۔ **تجویز منظور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی مجلس میں معاملہ بعد بحث مباحثہ کے تسلیم کیا جانا کہ آئندہ اس تجویز کے بموجب عملدرآمد ہو۔ **تجویزنا** (متعدی) تجویز کرنا۔ **تجویز نامنظور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) کسی مجلس میں معاملہ بعد بحث و مباحثہ رد کیا جانا۔ **تجویز ہونا** (لازم) تجویز کرنا کا۔ **تجویزی** (صفت) تجویز کیا ہوا۔ ثابت کیا ہوا۔ تعین کیا ہوا۔ **تجویز یک طرفہ** (مؤنث) ایک فریق کی باتیں سن کر اس کے حق میں فیصلہ کر دینا۔

تجویع (ع۔ مونث) بھوکا مرنا۔

تجویف (ع۔ مؤنث) خالی کرنا یا ہونا۔ کھوکھلا کرنا۔ گہرا کرنا۔ مجوف بنانا (جَوَفَ۔ خالی ہونا)

تُجھ (ہ ضمیر) تو۔ تیرا۔ میں سے پر کو تک تلک وغیرہ کے ساتھ تو کو تجھ سے بدل دیتے ہیں۔ **تجھ بن یا بنا** (تف) بغیر تیرے۔ **تجھ سے تو** پیخانے (جا ضرور) میں بھی (پانی) لوٹا نہ رکھواؤں۔ سخت ناپسند ہے۔ پھوٹی آنکھ نہیں بھاتا۔ **تجھ کو** (تف) **تجھے** (ت) **تجھ مجھ** (مذکر) ہر کوئی۔ اپنا بیگانہ۔ ہر کس و ناکس۔ **تجھی** (تف) تجھ ہی۔ **تجھے** (تف) تجھ کو۔ **تجھے کیا**۔ تو کیوں دخل دیتا ہے۔ **تجھے گھری گور میں تو پوں** (عو) کوسنا۔ تو مر جائے۔

امثال و اقوال۔ **تجھ پڑے جو حادثہ دل میں مت گھبرا۔ جب سائیں کی ہو دیا کام ترت بن جا** (م) اگر مصیبت پڑے تو گھبرانا نہیں چاہئے۔ خدا کی مہربانی ہو تو سب کام درست ہو جائینگے۔ **تجھ سے پھرے تو خدا سے پھرے**۔ ایک قسم کی قسم۔ **تجھے دھوکا دوں تو کافر ہوں**۔ **تجھ کو پرائی کیا پڑی (اپنی نبیڑ تو) تو اپنی تو نبیڑ**۔ **تجھے اور کی (پرائی) کیا پڑی تو اپنی سنبھال** (نباہ) تو دوسروں کے کام میں کیوں دخل دیتا ہے اپنے کام سے کام رکھ۔

تجھّز (ع۔ مذکر) ۱ آراستہ ہونا۔ سجنا ۲ کسی بات کے لئے تیار ہونا۔

تجہیز (ع۔ مؤنث) ۱ مردے کو دفن کے لئے تیار کرنا ۲ تیار کرنا۔ مرتب کرنا۔ آراستہ کرنا (جَھَّزَ۔ تیار کرنا) **تجہیز کرنا** (متعدی) تیار کرنا۔ آراستہ کرنا۔ انتظام کرنا۔ **تجہیز لشکر** (مؤنث) لشکر مرتب کرنا۔ تیار کرنا۔ **تجہیز و تکفین** (مؤنث) مُردے کی آخری رسومات ادا کرنا۔ کفن دفن کا انتظام کرنا۔ گور گڑھا کرنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

تجہیل (ع۔ مؤنث) نادان بنانا یا کہنا ۱ کسی کو بیوقوف کہنا ۲ جاہل قرار دینا۔ (جَہَلَ۔ غافل ہونا) **تجہیل ترتیب موت** (مؤنث) کئی آدمیوں کے اکٹھا مرجانے کی صورت میں یہ نہ معلوم ہونا کہ پہلے کون مرا ہے۔

تَج (ہ۔ امر) تجنا سے۔ **تجا** (ماضی) ۱ تجنا کی ۲ امر تجانا۔ **تجانا** (متعدی) ۱ گرم کرنا۔ سینکنا۔ آگ پر رکھنا ۲ بھونا۔ بھلسنا ۳ پگلانا۔ تانا۔ **تجنا** (لازم) تجانا کا۔

تُچّھ۔ تُچھ (س۔ صفت) **تُچھ** (ہ) ۱

خالی۔ کھوکھا۔ کھوکھلا۔ مجوف 2 ناچیز۔ ناقابل۔ بیقدر۔ ناکارہ۔ نالائق۔ بے وقعت 3 حقیر۔ ذلیل۔ رذیل۔ کمینہ۔ **تچھّ جاننا** (لازم) حقیر سمجھنا وغیرہ۔ **تچھُنڈرو** (مذکر) ارنڈ کا درخت۔ **تچھّنیہ** (صفت) ناچیز۔ ناقابل وغیرہ۔ حقیر۔ ذلیل وغیرہ۔

تحابّ (ع۔ مذکر) 1 ایک دوسرے سے محبت کرنا 2 ایک دوسرے کی محبت۔

تحارُب (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے جنگ کرنا۔

تحارُج (ع۔ مذکر) وارثوں میں ایک یا زیادہ کا مال متروکہ میں سے کچھ لے کر تمام مال سے دستبردار ہو جانا (خرج۔ روکنا)

تحاسُد (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے رشک کرنا۔

تحاسین (ع۔ مونث) تحسین کی جمع۔ خوبیاں

تحاشا (ع۔ مذکر) خوف۔ ڈر۔ پروا۔ بے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (حَشیٰ۔ دمہ سے بیمار ہونا) **تحاشی** (مؤنث) 1 علیحدہ رہنا۔ بیزاری ظاہر کرنا۔ اظہارِ ناپسندیدگی 2 پروا۔ خوف۔ ڈر۔

تحاکُم (ع۔ مذکر) قاضی کے پاس اکٹھے جانا۔

تحالُف (ع۔ مذکر) مشورہ کرنا۔ سازش کرنا 2 کسی کے ساتھ عہد نامہ کرنا۔ حلف اٹھانا۔ قسم کھانا (حَلَف۔ قسم کھانا)

تحامی (ع۔ مذکر) 1 محتاط ہونا 2 اپنی حفاظت کرنا۔

تحاوُر (ع۔ مذکر) 1 باتیں کرنا۔ 2 ایک دوسرے کو جواب دینا 3 گفتگو۔ بول چال۔

تحائف (ع۔ مذکر) تحفہ کی جمع۔ سوغاتیں۔ عمدہ اشیاء۔

تحت (ع۔ مذکر) 1 نیچے کا حصہ۔ نچلا حصہ 2 گہرائی 3 نظیر السمت۔ سمت القدم 4 قابو۔ تسخیر۔ دباؤ۔ اختیار 5 تصرف۔ قبضہ۔ عمل 6 (تف) نیچے۔ زیر 7 قبضے میں۔ قابو میں (تَحت۔ نیچے) **تحت الثریٰ** (مذکر) زمین کا سب سے نیچے کا طبقہ۔ پاتال۔ **تحتُ الشعاع** (مذکر) چاند کا بدلنا۔ چاند اور سورج کا قران۔ **تحتُ اللّفظ** (تف) حرف بحرف۔ لفظی ترجمہ 2 شعر یا مرثیہ کو سیدھی طرح پڑھنا راگ میں نہ پڑھنا۔ **تحتانی** (صفت) نیچے لایا ہوا۔ وہ (حرف) جس کے نیچے نقطے ہوں۔ **تحت تصرف حکومت یا فرمان** (مذکر) 1 زیر حکم۔ ماتحت 2 محکومیت۔ تابعداری۔ **تحت میں** (تف) 1 زیر حکم 2 قابو میں 3 نیچے صفحہ کے آخیر میں۔ **تحت میں آنا** (لازم) 1 زیر حکومت ہونا 2 ماتحت ہونا۔ زیر فرمان ہونا۔ **تحت میں رکھنا** (متعدی) 1 قابو میں رکھنا۔ دباؤ میں رکھنا۔ ہاتھ میں رکھنا 2 قبضے میں رکھنا۔ قبضہ کرنا۔ لینا۔ **تحت میں لانا** (متعدی) 1 قبضہ کرنا۔ قبضے میں لینا 2 زیر کرنا۔ فتح کرنا 3 قابو میں لانا۔ پابندِ حکم کرنا۔ **تحت و تصرُّف** (مذکر) 1 قبضہ۔ قابو 2 زیر حکم۔ ماتحت 3 قبضہ اور صرف۔ خرچ۔ **تحت و تصرف میں لانا** (متعدی) قبضہ کرنا اور خرچ کرنا۔ صرف کرنا۔ کام میں لانا۔

تحجُّر (ع۔ مذکر) 1 پتھر کی طرح سخت ہونا 2 سختی۔ درشتی۔ کرختگی۔ سنگدلی (حَجر۔ پتھر)

تحجیل (ع۔ مونث) 1 گھوڑے کے سفید سُم ہونا 2 حجلۂ عروسی کو آراستہ کرنا۔ دولھن کو حجلۂ عروسی میں لانا۔

تحدُّب (ع۔ مذکر) ابھرا ہوا ہونا۔

تحدّی (ع۔ مونث) 1 دوسرے کی مثل کوئی کام کرنا 2 دشمن کو مقابلے کے لئے بلانا 3 مغلوب کرنے کی کوشش کرنا۔

تحدید (ع۔ مونث) 1 چاقو یا تلوار کو تیز کرنا 2 حد مقرر کرنا 3 منطقیانہ طور پر تعریف کرنا۔

تحدیق (ع۔ مونث) غور سے دیکھنا۔

تحذیر (ع۔ مونث) 1 ڈرانا۔ خوف دلانا 2 ہوشیار کرنا۔ خبردار کرنا۔ محتاط بنانا (حَذر۔ احتیاط کرنا)

تحذیق (ع۔ مونث) 1 اپنے آپ کو ہشیار ظاہر کرنا۔

تحرُّز (ع۔ مذکر) 1 محتاط ہونا 2 اپنی حفاظت کرنا۔

تحرُّک (ع۔ مذکر) 1 ہلنا۔ حرکت 2 حرکت دینا (لفظ کو) 3 گھبراہٹ۔ بے چینی (دینا۔ ہونا کے ساتھ) (حَرَک۔ ہلنا)

تحرُّمز (ع۔ مذکر) 1 ہشیار یا ذہین ہونا 2 حرامزادہ سے۔ حرامزادہ ہونا۔ شرارت کرنا۔

تحرّی (ع۔ مؤنث) قبلے کی طرف منہ کرنا۔ قبلہ رو ہونا (حَرَیٰ۔ بہترین انتخاب کرنا) 2 لائق آدمی کو منتخب کرنا 3 توجہ کرنا۔ ارادہ کرنا 4 دیر کرنا 5 ٹھہرنا۔

تحریر (ع۔ مؤنث) 1 لکھنا۔ قلمی کرنا۔ ارقام کرنا 2 خط لکھنا 3 عبارت۔ مضمون 4 لکھائی۔ لکھت 5 خط۔ رقعہ۔ خط و کتابت 6 دستاویز۔ نوشتہ۔ وثیقہ۔ تمسک 7 ہلکی لکیر یا ہلکا نقش کھینچنا 8 لکیر۔ خط جو موٹے قلم سے کھینچا جائے 9 لکھنے کا ڈھنگ۔ مضمون نگاری کا طریقہ یا انداز 10 لکھنے کی اُجرت۔ لکھائی 11 تصنیف تالیف 12 سرمے کی لکیر جو آنکھ کے اندر کھینچتے ہیں 13 گٹکری گانے کی آواز۔ راگ کی آواز کا سلسلہ 14 گوٹے وغیرہ کی مغزی۔ جو سنجاف کے نیچے لگاتے ہیں 15 لکیریں جو خوبصورتی کے لئے ڈالی جائیں 16 (عربی میں) غلام آزاد کرنا 17 لڑکے کو مسجد کی خدمت کے لئے دینا 18 کلام کو نقائص سے پاک کرنا 19 علم ہندسہ۔ اقلیدس کی علم ہندسہ کی کتاب 20 (صفت) نوشتہ۔ لکھا ہوا (حَرّ۔ غلام کو آزاد کرنا۔ چونکہ اس کا حکم لکھ کر دیا جاتا تھا۔ اس لئے لکھنا کے معنی میں استعمال ہوا۔ **تحریراً** (تف) لکھ کر۔ تحریر کر کے۔ **تحریرات** (مونث) جمع تحریر کی۔ **تحریرِ اقلیدس** (مونث) اقلیدس کی علم ہندسہ کی کتاب۔ اسے تحریر بھی کہتے ہیں۔ **تحریر بین السطور** (مونث) 1 سطروں کے درمیان کی تحریر 2 مجازاً وہ مطلب جو عبارت میں مخفی ہو۔ ظاہرا کچھ اور معنی کچھ ہوں مطلب کچھ اور ہو۔ **تحریرِ ظہری** (مونث) تحریر جو کاغذ کی پشت پر لکھی جائے۔ **تحریر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) لکھا جانا رقم ہونا۔ قلمی ہونا۔ **تحریری** (صفت) لکھا ہوا۔ نوشتہ۔ **تحریری حکم یا فرمان** (مذکر) وہ حکم جو لکھ کر دیا جائے۔

تحریش (ع۔ مونث) 1 چھیڑنا 2 آدمیوں یا کتوں کو لڑانا۔

تحریص (ع۔ مؤنث) 1 لالچ دینا۔

حرص دلانا۔ ۱ لالچ۔ ترغیب۔ حرص ۲ اغوا۔ ورغلانا۔ (کرنا کے ساتھ) (حَرَص۔ بہت خواہش کرنا)

تحریض (ع۔ مونث) اکسانا۔ اشتعال دلانا۔ ابھارنا۔

تحریف (ع۔ مؤنث) ۱ بدل دینا۔ تحریر میں اصل الفاظ بدل کر کچھ اور لکھ دینا ۲ لفظوں کے معنی ترجمہ کرنے میں اراداتاً اصل معنوں سے مختلف کرنا ۳ رد و بدل۔ تغیّر و تبدّل۔ ادل بدل۔ پھیر پھار ۴ تغلب حساب میں اراداتاً غلط اندراج کرنا ۵ قلم کو ٹیڑھا خط لگانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **تحریفات** (مؤنث) جمع تحریف کی۔ تغیّرات۔ تبدلات وغیرہ (حَرَفَ بشکل بدلنا)

تحریق (ع۔ مونث) آگ سے جلانا۔

تحریک (ع۔ مونث) ۱ متحرک کرنا۔ ہلانا ۲ حرکت۔ جنبش ۳ تجویز۔ سلسلہ جنبانی کسی بات کی چھیڑ یا شروع ۴ اشتعال۔ ترغیب۔ برانگیختگی ۵ نزلے کی شکایت۔ ہوا کا چلنا۔ متحرک ہونا (دینا کرنا ہونا کے ساتھ) (حَرَکَ۔ ہلنا) **تحریک کرتا ہوں۔** مجلسوں میں جب کوئی شخص کوئی معاملہ منظور کرانا چاہتا ہے تو اپنی سپیچ کے اختتام پر یہ الفاظ کہہ کر ریزولیوشن پیش کرتا ہے۔

تحریم (ع۔ مؤنث) ۱ حرام کرنا۔ ممانعت کرنا ۲ حرمت کرنا۔ عزت کرنا ۳ نیت باندھ کر پہلی دفعہ نماز میں اللہ اکبر کہنا (کہنا کے ساتھ) (حَرَمَ محفوظ رکھنا بچانا) **تحریمہ** (مذکر) ۱ نماز کے شروع میں اللہ اکبر ۲ نماز کا شروع ۳ حاجی کا لباس پہننا۔

تحزّن (ع۔ مذکر) ۱ مصیبت ہونا ۲ مغموم ہونا۔

تحزین (ع۔ مذکر) مغموم کرنا۔ رنج دینا۔

تحسّر (ع۔ مذکر) غم۔ رنج۔ افسوس حسرت۔ اظہار افسوس کسی کی موت پر (حَسَرَ۔ افسوس کرنا)

تحس نحس (ع۔ صفت) تحس مہمل ہے۔ اردو ترکیب ہے ۱ خراب۔ منحوس ۲ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ ۳ پریشان۔ تتر بتر۔ منتشر ۴ برباد۔ ویران و برباد کرنا کرنا۔ کھونا کے ساتھ) ۵ بدقسمت۔ بدنصیب۔

تحسیر (ع۔ مونث) ۱ گھسانا ۲ مغموم کرنا ۳ ضرر پہنچانا ۴ تکلیف دینا۔

تحسیس (ع۔ مونث) محسوس کرنا۔ معلوم کرنا۔ دیکھنا۔ جاننا۔

تحسین (ع۔ مؤنث) تعریف۔ آفرین۔ مرحبا۔ واہ وا۔ شاباش (کرنا ہونا کے ساتھ) **تحسین تلفظ** (مذکر) حسن تلفظ۔ شستگی الفاظ یا زبان۔ سندھی۔ **تحسین ناشناس** (مؤنث) ناواقف کی واہ واہ۔ ایسے شخص کی طرف سے شاباش جسے کچھ واقفیت نہ ہو (حَسُنَ۔ خوبصورت ہونا)

تحشّم (ع۔ مذکر) شرمندہ ہونا۔ جھینپنا۔

تحشیہ (ع۔ مذکر) حاشیہ لکھنا۔ حاشیہ چڑھانا (حَشَیٰ۔ کنارے پر لگانا۔ کنارہ لگانا)

تحصّن (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو بچانا ۲ پاکدامن ہونا ۳ قلعہ بند ہونا ۴ سانڈ ہونا۔

تحصیل (ع۔ مونث) ۱ حاصل کرنا لینا۔ وصول کرنا ۲ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ۳ سیکھنا ۴ نفع۔ فائدہ ۵ خراج۔ محصول۔ مالگزاری۔ اکتساب ۶ محصول لینا۔ مالگزاری وصول کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) تحصیلدار کا علاقہ ۸ تحصیلدار کی کچہری ۹ تحصیلدار کی کچہری کی عمارت۔ (حَصَلَ پیدا ہونا۔ لینا) **تحصیلات** (مونث) تحصیل کی جمع۔ محاصل۔ منافع۔ **تحصیل حاصل** (صفت) ۱ بے فائدہ۔ بے سود ۲ موجود چیز کی تلاش۔ **تحصیلدار** (مذکر) محکمہ مال کا ایک افسر جس کا کام مالگزاری وصول کرنا ہوتا ہے۔ **تحصیلداری** (مونث) ۱ تحصیلدار کا کام ۲ تحصیلدار کا عہدہ **تحصیلدار اختیارات**۔ وہ طاقت جو قانونی طور پر تحصیلدار برتتا ہے۔ وہ اختیارات جو تحصیلدار کو اپنے کام کے متعلق برتنے کی اجازت ہوتی ہے۔ **تحصیل علم** (مؤنث) علم حاصل کرنا۔ **تحصیلنا** (متعدی) ۱ حاصل کرنا وصول کرنا ۲ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ۳ کمانا **تحصیلوار** (تعف) تحصیل بہ تحصیل۔ ایک ایک تحصیل کر کے۔ **تحصیلوانا** (م) ۱ تحصیل کرانا۔ اکٹھا کرانا ۲ جمع کرانا۔

تحصین (ع۔ مونث) ۱ حفاظت کرنا ۲ مضبوط بنانا ۳ قلعہ بنانا ۴ فصیل بنانا۔

تحضیض (ع۔ مونث) ۱ لالچی یا حریص بنانا ۲ اکسانا۔ ابھارنا۔

تحفجات (ع۔ مذکر) جمع تحفہ کی۔ تحائف۔

تحفّظ (ع۔ مذکر) حفاظت۔ بچاؤ۔ احتیاط (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (حَفِظَ۔ بچانا)

تحفگی (ع۔ مونث) خوبی۔ عمدگی۔ فوقیت۔ اچھائی (تحفہ۔ نذر کرنا) **تحفگی نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) فوقیت حاصل ہونا۔ بھلائی ملنا۔ تعریف ہونا۔ نام ہونا (عیب۔ طنزاً بولا جاتا ہے)

تحفہ (ع۔ مذکر) ۱ سوغات ۲ نذر۔ پیشکش ۳ انعام ۴ خوبصورت نفیس چیز ۵ (صفت) نفیس۔ عجیب۔ چیدہ۔ اچھا۔ اعلیٰ۔ **تحفۂ محقر** (مذکر) حقیر تحفہ۔ ناچیز تحفہ۔ **تحفہ معجون** (مذکر) انوکھا آدمی۔ عجیب شخص (طنزاً) نقل محفل۔ مسخرہ۔

تحفیظ (ع۔ مونث) حفظ کرانا۔

تحقّق (ع۔ مذکر) ۱ سچائی۔ اصلیت یا واقفیت ثابت کرنا ۲ یقین۔ تیقن۔ یقینی علم۔ تحقیق۔ (حَقَّ۔ درست ہونا)

تحقیر (ع۔ مونث) ۱ حقیر سمجھنا۔ نفرت کرنا ۲ نفرت۔ حقارت ۳ بے حرمتی۔ بے قدری۔ ذلت ۴ غفلت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **تحقیر عدالت** (مؤنث) عدالت میں کوئی ایسی بات کرنا جس سے عدالت کے رعب و داب میں فرق آئے یا اس کی بے وقری ہو۔ عدالت کے متعلق کوئی ایسی بات کہنا یا لکھنا (حَقُرَ۔ ذلیل ہونا)

تحقیق (ع۔ مؤنث) ۱ اصلیت معلوم کرنا۔ دریافت کرنا ۲ دریافت۔ تفتیش۔ تشخیص۔ جانچ۔ پڑتال (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ درستی۔ صحت ۴ سچائی۔ صداقت۔ اصلیت ۵ تیقن۔ یقین ۶ تصدیق۔ پایہ ثبوت کو پہنچنا ۷ (صفت) اچھی طرح دریافت کیا ہوا۔ ثابت شدہ ۸ درست۔ ٹھیک۔ سچا۔ اصلی۔ یقینی ۹ (تعف) حقیقت میں۔ یقیناً (حَقَّ۔ درست ہونا) **تحقیقات** (مونث) تحقیق کی جمع۔ اردو میں مفرد ۱ تفتیش۔ جانچ۔ پڑتال ۲ مقدمے کی ابتدائی کارروائی بیانات کا لکھنا اور ثبوت کا اکٹھا کرنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **تحقیقات ابتدائی** (مؤنث) بیانات وغیرہ کا تحریر کرنا یہ دیکھنے کے لئے سماعت مقدمہ کے لئے ثبوت کافی ہے یا

ملیں۔ تحقیقاتِ مقدمہ (مؤنث) مقدمے کی تفتیش یا دریافت (کرنا ہونا کے ساتھ) تحقیقاتِ موقعہ (قانون) وہ تفتیش جو مقام وقوع پر ہو۔ تحقیقانہ (صفت) اصلیت یا سچائی کے بموجب۔ یقیناً۔ تحقیقی (صفت) یقینی۔ دریافت شدہ۔ سچا۔ درست۔ ٹھیک۔

تحکّم (ع۔ مذکر) ۱ حکم کرنا۔ حکومت کرنا ۲ زبردستی کی حکومت۔ قوت۔ طاقت۔ غلبہ۔ حکم ۳ زبردستی زور آوری۔ غضب۔ تعدّی (کرنا کے ساتھ) (حکم۔ روکنا) تحکم جتانا۔ زبردستی کرنا۔ دبانا۔ رعب ڈالنا۔

تحکیم (ع۔ مؤنث) ۱ حاکم بنانا ۲ حکم۔ طاقت۔ قوت ۳ ثالثی پنچایت (حکم۔ روکنا)

تحلِّت (ع۔ مونث) ۱ حلال قرار دینا ۲ قسم پوری کرنا۔

تخلخل (ع۔ مذکر) ۱ کسی جگہ سے ہٹنا۔ چھوڑ دینا ۲ حرکت میں ہو جانا۔ متحرک ہونا۔ ہلنا (خلخل۔ نکال دینا۔ ہٹانا)

تحلّق (ع۔ مذکر) لوگوں کا حلقہ باندھ کر بیٹھنا۔

تحلُّم (ع۔ مذکر) ۱ قانع ہونا ۲ حلیم ہونا۔

تحلّی (ع، مونث) ۱ مٹھائی کھانا ۲ کسی چیز کو میٹھا پانا ۳ زیورات سے آراستہ ہونا۔

تحلیف (ع۔ مؤنث) قسم دلانا۔ حلف لینا (حلف۔ قسم کھانا)

تحلیق (ع۔ مونث) ۱ سر مونڈنا۔ ۲ اونٹ کے بدن پر دائرے بنانا ۳ پرند کا بہت اونچا جا کر منڈلانا۔

تحلیل (ع۔ مؤنث) ۱ کھلنا۔ علیحدہ علیحدہ ہونا ۲ گھل جانا ۳ ہضم ہونا۔ پچنا ۴ لاغر ہونا۔ دُبلا ہونا ۵ اجزا کا الگ الگ ہو جانا ۶ ہضم۔ پچاؤ ۷ حلال کرنا۔ قانوناً جائز قرار دینا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۸ (علم معمہ) کسی لفظ کے دو حصے کر کے ہر ایک کے علیحدہ معنی لینا اور بعض جگہ کسی کو اپنے معنوں پر قائم رکھنا ۹ مر جانا۔ تمام ہونا۔ تحلیل کرنے والا (صفت) گھلانے پگھلانے یا گلانے والا۔ ہاضم (حل۔ کھلنا)

تحلیم (ع۔ مونث) ۱ قانع یا صابر بنانا ۲ کسی کو مصیبت زدہ تصور کرنا۔

تحمُّل (ع۔ مذکر) ۱ برداشت۔ بردباری سہار ۲ حلم۔ نرمی ۳ صبر سے برداشت کرنا ۴ امن۔ مہلت توقف۔ وقفہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (حمل۔ بوجھ اٹھانا) تحمل کا یارا نہ ہونا۔ برداشت کی طاقت نہ ہونا۔

تحمید (ع۔ مؤنث) ۱ ثنا۔ حمد۔ تعریف ۲ خدا کی تعریف بار بار کرنا۔ الحمد پڑھنا (کرنا کے ساتھ) (حمد۔ تعریف کرنا) تحمید و تقدیس (مؤنث) ۱ تعریف کرنا اور پاکیزگی بیان کرنا ۲ حمد اور قدس کی آیتیں پڑھنا۔

تحمیق (ع۔ مؤنث) احمق بنانا۔ بیوقوف بنانا (حمق۔ بیوقوف ہونا)

تحمیل (ع۔ مؤنث) ۱ بوجھ اٹھانا یا لیجانا ۲ بوجھ لادنا ۳ حق سے زیادہ مانگنا ۴ مانگ کر تنگ کرنا (دیکھو۔ تحمل)

تحنّی (ع۔ مونث) ۱ ٹیڑھا یا خمیدہ ہونا ۲ پھرنا۔ مڑنا۔

تحوُّر (ع۔ مذکر) ۱ جلدی۔ تیزی۔ سرعت ۲ غصہ۔ غیض۔ غضب (حور۔ واپس ہونا)

تحوُّل (ع۔ مذکر) ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنا۔

تحویل (ع۔ مؤنث) ۱ بدلنا۔ نقل مکان کرنا۔ حالت بدلنا ۲ تبادلہ۔ بدل۔ تجدید۔ نیا کرنا ۳ سپردگی۔ حوالگی۔ قبضہ۔ امانت ۴ جمع۔ مالگزاری کا روپیہ ۵ نقدی مال۔ دھن۔ پونجی۔ سرمایہ۔ خزانہ ۶ ایک قسم کی رقم کو دوسری قسم کی رقم میں لیجانا۔ جیسے آنے کے روپے ۷ کسی ستارے کا ایک بُرج سے دوسرے بُرج میں آنا۔ ستارے کا عمل ہونا۔ تحویلات (مؤنث) تحویل کی جمع (حول۔ بدلنا) تحویل امانتی (مؤنث) کسی چیز کی تحویل جو اس شرط پر کی جائے کہ غرض مذکور کے حصول کے بعد چیز واپس دیجائیگی۔ تحویل تصرف (مؤنث) امانت میں خیانت۔ تحویلدار (مذکر) خزانچی۔ امین۔ روکڑیا جس کے پاس روپیہ رہے۔ تحویلداری۔ تحویلدار کا عہدہ یا کام (حول۔ بدلنا) تحویل میں دینا (متعدی) کسی کے سپرد کرنا۔ امانت رکھنا۔ تحویل میں لینا (متعدی) قبضے میں لینا۔

تحیّات (ع۔ مونث) تحیت کی جمع

تحیّت۔ تحیّہ (ع۔ مونث) اسلام کرنا سلام تسلیمات۔ آداب ۲ دعا۔ برکت (حیّ۔ زندہ رہنا)

تحیّر (ع۔ مذکر) ۱ حیرانگی۔ تعجب۔ حیرانی اچنبھا ۲ حیران ہونا۔ گھبرانا۔ پریشان ہونا (کرنا کے ساتھ) (حیر۔ چندھیا جانا)

تحیُّز (ع۔ مذکر) سانپ کا کنڈلی مار کر بیٹھنا۔

تحییر (ع۔ مونث) حیران کر دینا۔ گھبرا دینا۔

تخارُج (ع۔ مذکر) جائداد باہمی فیصلے سے تقسیم کرنا یا جائداد بیچ کر روپیہ آپس میں تقسیم کر لینا (خرج۔ نکلنا)

تخاطُب (ع۔ مذکر) رو برو ہو کر باتیں کرنا۔

تخاطُر (ع۔ مذکر) شرط لگانا۔

تخافُت (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کو راز بتانا۔

تخالُط (ع۔ مذکر) لوگوں سے میل جول رکھنا۔

تخالُف (ع۔ مذکر) مخالفت۔ خصومت۔ تنازعہ۔ بیر۔ لاگ۔ دشمنی (خلف۔ سڑنا)

تخامُص (ع۔ مذکر) ۱ رات اندھیری ہونا ۲ قرضہ بیباق کرنا ۳ پہلو پر لٹایا جانا۔

تخبُّر (ع۔ مذکر) ۱ دریافت کرنا ۲ خبر پوچھنا ۳ واقف ہونا۔

تخبُّط (ع۔ مذکر) ۱ راہ گم کرنا ۲ بیوقوف ہو جانا ۳ پاگل بنا دینا۔

تخت (ف۔ مذکر) ۱ بڑی چوکی ۲ بادشاہ کے بیٹھنے کی بڑی چوکی ۳ دارالسلطنت۔ دارالخلافہ ۴ بادشاہی سلطنت۔ حکومت ۵ پلنگ ۶ زین ۷ (صفت) کلاں۔ بڑا۔ تختِ آبنوسی (مذکر) کنایتاً رات۔ تخت آراستہ ہونا (لازم) بادشاہ کے بیٹھنے کے لئے تخت کا لگایا یا سجایا جانا تخت اُترنا (لازم) پریوں کے تخت نیچے آنا۔ پرانے زمانے میں خیال تھا کہ پریاں تختوں پر سوار ہو کر سفر کرتی ہیں تختِ اردشیر (مذکر) ایک سُر۔ تخت بخت (مذکر) عیش و آرام۔ راگ سہاگ۔ خوش نصیبی اور اقبال۔ خاوند اور اولاد۔ تخت بردار (صفت) تخت اٹھانے والا۔ تخت پر بٹھانا (متعدی) بادشاہ بنانا۔ تخت نشین کرنا۔

برسرِحکومت کرنا۔ **تخت پر بیٹھنا** (لازم) تخت نشین ہونا۔ بادشاہ ہونا۔ **تخت پر جلوہ فرما ہونا** (لازم) فرمانا یا کرنا (متعدی) تخت پر بیٹھنا۔ **تخت پوش** (مذکر) تخت پر ڈالنے کی چادر۔ تخت پر بچھانے کا فرش۔ **تختِ جمشید** (مذکر) استخر پرسیپولس۔ **تخت چڑھنا** (لازم) ۱ پلنگ پر لیٹنا۔ آرام کرنا۔ سونا ۲ شادی ہونا۔ **تخت چھوڑنا** (متعدی) بادشاہی سے کنارہ کش ہونا۔ سلطنت چھوڑنا۔ **تخت حیران و داؤد** (مذکر) یزد میں تفت کے قریب دو پہاڑ۔ **تختِ خواب** (مذکر) پلنگ۔ **تختِ خواب پر استراحت فرمانا** (متعدی) پلنگ پر سونا۔ **تخت دار** (مذکر) بادشاہ۔ **تخت رواں** (مذکر) ۱ ہوادار۔ تخت جس پر بادشاہ سوار ہو کر نکلتا ہے ۲ وہ تخت جس پر شادیوں میں لڑکے ناچتے ہوئے نکلتے ہیں۔ تخت گدّوں پر یا آدمیوں کے مونڈھوں پر ہوتے ہیں ۳ کاغذوں کی بنی ہوئی سجاوٹ جو براتوں کے آگے آگے ہوتی ہے ۴ حضرت سلیمان کا اُڑنے والا تخت ۵ اُڑن کھٹولا ۶ لمبے ڈنڈوں والی پالکی جس پر امیر سوار ہوتے تھے۔ **تختِ حکومت** (حکمرانی۔ سلطنت۔ شاہی یا فرمانروائی) **پر جلوہ گر ہونا** (لازم) تخت پر بیٹھنا۔ بادشاہ ہونا۔ **تختِ سراج** (مذکر) ۱ ابو اسحاق کے مدرسے کا نام ۲ کشمیر میں ایک پہاڑ جس پر حضرت سلیمانؑ کا تخت اترا تھا ۳ کاشغر کا مشہور قلعہ۔ **تختِ سلیمان یا سلیمانی** (مذکر) وہ تخت جس پر حضرت سلیمان بیٹھ کر اڑا کرتے تھے۔ **تخت سے اُتارنا** (متعدی) ۱ بادشاہی سے ہٹا دینا ۲ طلاق دینا۔ زوجیت سے نکال دینا۔ **تختِ طاقدیسی** (مذکر) ۱ فریدوں کا تخت ۲ ایک سُر۔ **تختِ طاؤس یا طاؤسی** (مذکر) وہ تخت جو شاہجہان نے بنوایا تھا۔ اس پر ایک مرصع مور پر پھیلائے کھڑا تھا۔ جن کا سایہ بادشاہ کے سر پر ہوتا تھا۔ نادر شاہ اسے لے گیا تھا۔ **تختِ عاج** (مذکر) ۱ ہاتھی دانت کا تخت ۲ کنایتاً دن ۳ معشوق کی ساق بلوریں۔ **تختِ عزّت** (مذکر) عزّت کا درجہ۔ عزّت۔ **تخت کا تختہ ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ بادشاہی جاتی رہنا ۲ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ کچھ نہ رہنا۔ **تخت کی رات** (مؤنث) شادی کی رات۔ شبِ زفاف۔ **تخت گاہ** (مؤنث) ۱ دار السلطنت دار الخلافہ۔ راجدھانی ۲ وہ مکان جس میں تخت رہے۔ **تخت نشان** (صفت) تخت پر بٹھانے والا۔ سلطنت دینے والا۔ **تخت نشین** (صفت) ۱ تخت پر بیٹھنے والا ۲ (مذکر) بادشاہ۔ **تخت نشینی** (صفت) ۱ تخت پر بیٹھنا۔ **تخت نشینانِ خاک** (صفت) ۱ خاک پر بیٹھنے والے ۲ (مذکر) فقرا۔ **تخت سے پاؤں چومے**۔ تخت پر بیٹھا۔ **تخت و بخت** (مذکر) دیکھو تخت بخت۔ **تختہ** (مذکر) ۱ لکڑی کا لمبا چوڑا اور قدرے موٹا ٹکڑا ۲ پٹڑا ۳ لوح۔ تختی ۴ جہاز کا لکڑی کا ہر ایک ٹکڑا۔ جہاز کے فرش کا ہر ایک لکڑی کا ٹکڑا۔ جہاز کا فرش ۵ چبوترا ۶ زمین یا باغ کا ٹکڑا ۷ چمن۔ کیاری۔ کھیت ۸ وہ کاغذ یا کپڑا جس پر شطرنج کھیلتے ہیں ۹ کلدار پل۔ پل تختہ ۱۰ وہ لکڑی کا تختہ جس پر اشتہار لگاتے ہیں ۱۱ وہ لکڑی کا سیاہ ٹکڑا جس پر بچوں کو سکھاتے ہیں ۱۲ میز۔ بنچ۔ لمبی تپائی ۱۳ وہ لکڑی کا پٹڑا جس پر مُردے کو نہلاتے ہیں ۱۴ تابوت ۱۵ دھوبی کا کپڑا دھونے کا پٹڑا۔ **تختہ اُلٹ جانا** (لازم) **اُلٹ دینا۔ اُلٹنا** (متعدی) ۱ برباد کرنا ۲ (لازم) برباد ہونا۔ اُجڑنا۔ تباہ ہونا۔ **تختۂ اوّل** (مذکر) بچّوں کے لکھنے کی تختی ۲ لوحِ محفوظ۔ **تختۂ بلّور** (مذکر) اس کو پیٹ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **تختہ بند** (صفت) ۱ محبوس۔ قید کیا ہوا ۲ (مذکر) قیدی ۳ قید۔ حبس ۴ وہ لکڑی کا پتلا ٹکڑا اور پٹی جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھتے ہیں **تختہ بندی** (مؤنث) ۱ لکڑیوں کے ٹکڑوں کا فرش یا دیوار۔ خانم بندی ۲ چمن بندی۔ پھولوں کے تختوں کا قرینے سے بنا ہونا۔ **تختۂ پُل** (مذکر) وہ پُل جو خندق پر بنا ہوتا ہے۔ اور جب چاہتے ہیں کھینچ لیتے ہیں۔ کلدار پُل **تختہ پھولنا** (لازم) کیاری میں پھولوں کا بکثرت نکلنا۔ کیاری کا پھولوں سے بھرا ہونا۔ **تختۂ تابوت** (مذکر) وہ پٹڑا جس پر یا صندوق جس میں مردے کو لے جاتے ہیں **تختۂ تابوت پر سُلانا** (متعدی) **سونا** (لازم) قتل ہو جانا مرجانا۔ **تختہ تاراج ہونا** (لازم) دیکھو تختہ اُلٹنا۔ **تختہ تباہ ہونا** (لازم) ۱ دیکھو تختہ اُلٹنا ۲ کیاری یا کھیت ویران ہونا۔ **تختۂ تعلیم** (مذکر) وہ سیاہ تختہ جس پر لکھ کر طالب علموں کو سمجھاتے ہیں۔ **تختۂ خاک** (مذکر) زمین۔ **تختۂ صندل** (مذکر) پیٹ کو اس سے استعارہ کرتے ہیں۔ **تختۂ گردن** (مذکر) سخت سیدھی اور موٹی گردن کا گھوڑا۔ **تختہ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) پھولوں کی کیاری تیار ہونا۔ ایک ٹکڑے میں پودے لگنا۔ **تختۂ مرگ** (مذکر) وہ تختہ جس پر مردے کو نہلاتے ہیں۔ **تختۂ مُسطّح** (مذکر) ایک قسم کی میز جو پیمائش میں استعمال ہوتی ہے۔ **تختۂ مشق** (مذکر) ۱ وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے ۲ بچّوں کی تختی (بنانا بننا۔ ہونا کے ساتھ) **تختۂ میّت** (مذکر) وہ تختہ جس پر مردے کو نہلاتے ہیں۔ **تختۂ مینا** (مذکر) آسمان۔ **تختۂ نرد** (مذکر) وہ تختہ جس پر نردیں رکھ کر کھیلیں **تختہ نرد** (مذکر) چوسر کا کھیل (کھیلنا کے ساتھ) **تختہ ہو جانا یا ہونا** (لازم) اکڑ جانا۔ بدن کا سخت ہو جانا۔ **تختی** (مونث) ۱ چھوٹا تختہ ۲ وہ لکڑی کا تختہ جس پر بچے مشق کرتے ہیں ۳ وہ لوح جس پر تعویذ وغیرہ لکھ کر گلے میں پہنتے ہیں ۴ وہ دھات کا ٹکڑا جس پر کوئی چیز کندہ ہو ۵ رنگین اور پھولدار شیشے کا ٹکڑا۔ چھاتی اور کمر ۶ جسم کا انداز یا چھب ۷ کبوتر کی چھاتی ۸ حروف جو خط صاف کرنے کے لئے لکھتے ہیں ۹ لوح جس پر کچھ لکھ کر مزار پر یا کسی اور جگہ لگاتے ہیں ۱۰ (صفت) تخت کا۔ تخت پر بیٹھنے والا یا سجنے والا ۱۱ سونے چاندی کے ورقوں سے سجا ہوا۔ **تختے** (مذکر) ۱ تختہ کی جمع ۲ بجائے تختہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **تختیاں پڑنا** (لازم) میاں جی سے تختیوں کی مار پڑنا۔ **تختے کے تختے سیاہ کرنا** (متعدی) بہت لکھنا۔

امثال و اقوال۔ تخت یا تختہ

تخت یا تختۂ تابوت۔ کامیابی یا موت۔ ترقی یا تنزّل۔ **تختی پر تختی میاں جی کی بھنی تختی پر** تختی رکھنا میاں جی کے لئے منحوس سمجھا جاتا ہے۔

تختّم (ع۔ مذکر) مہر لگانا۔

تخجیل (ع۔ مونث) شرمندہ کرنا۔

تخدیر (ع۔ مونث) حقہ پینے کی عادت۔

تخدیع (ع۔ مونث) فریب دینا۔ دھوکا یا دغا دینا (خدع ع۔ دھوکا دینا)

تخدیم (ع۔ مونث) ۱ خدمت کرانا ۲ گھوڑے کے پیچھے پاؤں پر سفید دائرہ ہونا۔

تخرجہ (ع۔ مذکر) تاریخ گویوں کی اصطلاح کسی مادہ تاریخ میں سے اعداد گھٹا کر ٹھیک تاریخ نکالنا۔ مادہ تاریخ کی زیادتی کو درست کرنا (خرج نکلنا)

تخریب (ع۔ مونث) خرابی۔ بربادی۔ تباہی۔ ویرانی (خرب۔ اُجڑنا)

تخریج (ع۔ مونث) خارج کرنا۔ نکالنا (خرج۔ نکلنا) نتیجہ نکالنا۔ اخذ کرنا۔

تخریق (ع۔ مونث) پھاڑنا۔ زخمی کرنا۔

تخسیر (ع۔ مونث) نقصان کرنا۔ برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

تخشب (ع۔ مذکر) مرگی۔

تخشع (ع۔ مذکر) انکسار کرنا۔

تخصیص (ع۔ مونث) خصوصیت۔ اختصاص۔ گن۔ سبھاؤ۔ تخصیصی (صفت) خصوصیت کا (خص۔ تیز کرنا)

تخضع (ع۔ مذکر) انکسار کرنا۔

تخطی (ع۔ مونث) ۱ غلطی کرنا ۲ ناراض کرنا۔

تخطیط (ع۔ مونث) ۱ کپڑے پر دھاریاں ڈالنا ۲ لکیریں کاڑھنا۔

تخطیہ (ع۔ مذکر) کسی کے کام میں نقص نکالنا (خطی۔ غلطی کرنا)

تخفر (ع۔ مونث) ۱ حفاظت کرنا۔ ۲ شرمندہ کرنا۔

تخفیف (ع۔ مونث) ۱ ہلکا کرنا۔ کمی کرنا۔ تھوڑا کرنا۔ چھوٹا کرنا ۲ حرف کو بولنے میں ہلکا یا کم کرنا ۳ کمی۔ گھٹاؤ ۴ اختصار۔ مصارف میں کمی ۵ افاقہ۔ آرام ۶ موقوفی۔ برطرفی۔ تخفیف تصدیع (مونث) ملاقات کے بعد رخصت ہونے پر یہ کلمہ کہتے ہیں۔ لفظی معنی تکلیف کم کرنا۔ تخفیف جرم (مونث) جرم کا ہلکا کرنا۔ چھوٹے جرم والی دفعہ عائد کرنا۔ تخفیف جمع (مونث) لگان میں کمی۔ تخفیف دینا (متعدی) دیکھو تخفیف کرنا (متروک) تخفیف کا قلم جاری کرنا (متعدی) تخفیف کا عام تحریری حکم جاری کرنا۔ تخفیف کرنا (متعدی) ۱ کمی کرنا۔ گھٹانا ۲ خرچ کم کرنا۔ خرچ میں کمی کرنا ۳ نوکروں کو کم کرنا۔ ملازموں کو گھٹانا۔ موقوف کرنا۔ تخفیف لگان (مونث) لگان میں کمی۔ تخفیف میں آنا (لازم) ۱ موقوف ہونا۔ برخاست ہونا۔ ملازموں میں کمی ہونے کی وجہ سے ملازمت سے ہٹ جانا ۲ ٹوٹ جانا محکمہ کا تخفیف میں لانا (متعدی) دیکھو تخفیف کرنا ہونا (لازم) تخفیف کرنا کا۔

تخفیفہ (ع۔ مذکر) چھوٹی پگڑی جو رات کو یا خلوت میں پہنتے ہیں۔

تخلخل (ع۔ مذکر) ۱ خلخال پہننا ۲ کھوکھلا پن ۳ پرانا ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۴ جدائی۔ فراق (خلخل۔ ہلانا)

تخلف (ع۔ مذکر) ۱ پیچھے رہ جانا یا رہنا ۲ دیر لگانا۔ واپس جانا۔ پھر جانا ۳ بدعہدی کرنا۔ وعدہ خلافی ۴ وعدہ خلافی۔ بدعہدی (خلف۔ پیچھے آنا)

تخلق (ع۔ مونث) ۱ جھوٹ گھڑنا ۲ دوسرے کی نقل کرنا ۳ مہربانی۔ ۴ اخلاق۔

تخلل (ع۔ مذکر) ۱ جھگڑا۔ فساد۔ تنازعہ ۲ نااتفاقی۔ ناموافقت ۳ مزاحمت۔ روک ۴ چھید کرنا۔ بدھائی۔ برمائی (خل۔ چھید کرنا) تخلل آسودگی عام خلائق (مذکر) عام خلقت کی آسائش میں خلل اندازی

تخلی (ع۔ مونث) ۱ خالی چھوڑنا ۲ اکیلا ہونا۔ خالی ہونا۔ فرصت ہونا۔

تخلید (ع۔ مونث) پہنچیاں پہنانا۔ کان میں بالیاں ڈالنا ۲ دائم بنانا۔

تخلیص (ع۔ مونث) ۱ بچانا۔ چھڑانا ۲ خلاصی دینا رہائی دینا ۳ خلاصی ۴ آزادی۔ چھٹکارا۔ بچاؤ (خلص۔ محفوظ ہونا) ۵ برائی سے بچانا۔ ۶ محبت ظاہر کرنا۔

تخلیط (ع۔ مونث) کلام میں باطل کا ملانا (خلط۔ ملانا) ۱ ملانا ۲ خراب کرنا گڈمڈ کرنا ۳ پھنس جانا۔

تخلیف (ع۔ مونث) ۱ پیچھے چھوڑنا ۲ بوتھن باندھ دینا۔

تخلیق (ع۔ مونث) ۱ ٹھیک بنانا ۲ مکمل کرنا ۳ زعفران لگانا۔

تخلیل (ع۔ مونث) داڑھی میں انگلیاں ڈالنا (خل۔ چھید کرنا)

تخلیہ (ع۔ مذکر) ۱ خالی کرنا ۲ خلوت۔ تنہائی (رہنا، کرنا، ہونا کے ساتھ) (خلو۔ خالی ہونا) تخلیہ پذیر ہونا (لازم) تخلیہ میں جانا۔

تخم (ع۔ مذکر) بدہضمی ہونا۔

تخم (ع۔ مذکر) دو ملکوں کے درمیان حد۔

تخم (ف۔ مذکر) ۱ بیج۔ دانہ۔ دیکھو بیج ۲ گٹھلی ۳ نطفہ۔ بیرج ۴ اولاد۔ نسل ۵ انڈا۔ بیضہ (س۔ تج) تخم بالنگو (مذکر) تخم ملنگاں۔ ایک بیج جو دوائیوں میں کام آتا ہے۔ تخم بد (صفت) بداصل۔ بدذات۔ کمینہ۔ حرامی۔ تخم بونا (متعدی) بیج بونا۔ تخم پاشی (مونث) بیج بونا۔ بیج ڈالنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) تخم ڈالنا (متعدی) بیج بونا۔ تخم پاشی کرنا۔ تخم ریز (مذکر) کاشتکار۔ زراعت کرنے والا۔ تخم ریحاں (مذکر) خرفے کا بیج۔ دوائی میں استعمال ہوتا ہے۔ تخم ریزی (مونث) بیج بونا۔ بیج ڈالنا۔ تخم مرغ (مذکر) مرغ کا انڈا۔ تخمی (صفت) بیج سے پیدا شدہ۔ جو قلمی نہ ہو۔

اقوال۔ تخم تاثیر صحبت اثر۔ نطفے میں اور کسی کے پاس نشست و برخاست رکھنے سے کچھ نہ کچھ اثر ضرور ہوتا ہے۔ تخم تاثیر یا صحبت کا اثر۔ کس کا اثر زیادہ ہوتا ہے نسل کا یا کسی کی صحبت میں بیٹھنے کا۔

تخمہ (ع۔ مذکر) ۱ بدہضمی۔ گرانی بسوہضمی ۲ ہیضہ (وخم۔ بدہضمی ہونا) تخمہ نکلنا (لازم) کبوتر کے جسم پر پھنسیاں یا مسے نکلنا۔

تخمیر (ع۔ مونث) خمیر ہونا۔ خمیر (خمر۔ خمیر ہونا)

تخمیس (ع۔ مونث) ۱ پانچ حصوں میں تقسیم کرنا ۲

تخمین (ع۔ مونث) ۱ اندازہ کرنا۔ قیاس کرنا۔

تخمیناً (ع۔ نف) تقریباً۔ قریب قریب۔ کم و بیش۔ اٹکل سے۔ تخمینہ (مذکر) اندازہ۔ اٹکل۔ قیاس۔ سرسری حساب (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) تخمینہ لگانا (متعدی) سرسری طور پر حساب کرنا۔ اندازہ لگانا۔ اٹکل سے مقرر کرنا (خمن۔ اندازہ کرنا)

تخوف (ع۔ مذکر) ۱ ڈرنا۔ ۲ کم ہونا۔

تخوّل (ع - مذکر) حفاظت کرنا۔ خبرگیراں ہونا۔

تخوّن (ع - مذکر) ۱ حق روک لینا ۲ خبرگیراں ہونا۔ انتظام ہونا۔

تخویف (ع - مونث) دھمکی۔ ڈر۔ خوف (خاف۔ خوف۔ ڈرنا) **تخویفِ مجرمانہ** (قانون) ناجائز دھمکی۔

تخویل (ع - مونث) ۱ قبضہ دینا ۲ درخواست منظور کرنا ۳ ایک کو دوسرے پر ترجیح دینا ۴ بادشاہ بنانا۔

تخوین (ع - مونث) ۱ دغابازی کا الزام لگانا ۲ کسی بات کو دغابازی قرار دینا۔

تخیّل (ع - مونث) خیال۔

تخیّل (ع - مذکر) ۱ خیال کرنا۔ سوچنا ۲ تصور کرنا ۲ خیال۔ تصور۔ قیاس۔ سوچ۔ بچار ۳ شبہ۔ شک (خال۔ خیل۔ سوچنا) **تخیّلات** (مذکر) تخیّل کی جمع۔

تخییم (ع - مذکر) خیمہ لگانا (خیم۔ اٹھانا)

تخییر (ع - مونث) پسند کرنے کا اختیار دینا۔

تخییل (ع - مونث) ۱ دھوکا دینا ۲ بہانہ کرنا ۳ کسی کو فرض کرانا۔

تَد (س۔ اسم ضمیر) ۱ وہ (مرد۔ عورت یا چیز) ۲ یہ۔ **تدنتر** (تف) اس کے درمیان۔ علاوہ اس کے۔ بغیر اس کے۔ ماسوائے۔ علاوہ ازیں۔ **تدنَنتر** (تف) تب۔ اس پر۔ فوراً اس کے بعد۔ بعد میں۔ مابعد۔ **تدِھت** (صرف و نحو) ۱ وہ لفظ جو اسما کے آخیر میں لگ کر مادہ بنائے ۲ اسم جو مادے کے ساتھ ایسا لفظ لگانے سے بنے۔ اسم مشتق۔ **تدِھَن** (صفت و مذکر) کنجوس۔ بخیل۔ شوم۔ مسک۔

تَد۔ تَدا (س۔ تف) ۱ اس وقت۔ تب ۲ اس صورت میں۔

تدابیر (ع - مونث) تدبیر کی جمع۔

تداخل (ع - مذکر) ۱ بدہضمی جو بار بار کھانے کی وجہ سے ہو ۲ ایک دوسرے میں داخل ہونا ۳ جوڑوں کا ایک دوسرے میں داخل ہونا ۴ داخلہ ۵ خلط ملط۔ گڈمڈ ۶ مداخلت۔ دخل (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (دخل۔ گھسنا)

تدارُک (ع - مذکر) ۱ انتظام ناجائز فعل کے روکنے کا انسداد ۲ سزا۔ سرزنش۔ جرمانہ۔ وغیرہ جس سے کسی ناجائز فعل کا انسداد ہو ۳ مرمت۔ درستی۔ اصلاح ۴ اُپائے۔ جتن۔ چارہ۔ علاج۔ دوا ۵ تیاری ۶ احتیاط ۷ ذریعے اور وسائل جو کسی نقصان کو روکنے یا انصاف حاصل کرنے کے لئے اختیار کئے جائیں۔ مثلاً وکیل۔ گواہ۔ تمسک۔ دستاویزیں وغیرہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (درک۔ پانا۔ حاصل کرنا) **تدارکِ باقیات** (قانون) باقیات کا انتظام۔ **تدارکِ خفیف** (مذکر) خفیف سزا دینا۔

تداعی (ع - مونث) ۱ ایک دوسرے کو جنگ کے لئے بلانا ۲ حریف کے قریب پہنچنا ۳ بربادی کی دھمکی دینا۔

تدافُع (ع - مذکر) ۱ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ روکنا۔ مخالفت کرنا۔ مدافعت کرنا ۲ مخالفت۔ مدافعت۔ مزاحمت (دفع۔ ہٹانا)

تدامیر (ع - مونث) تدمیر کی جمع۔

تداوُل (ع - مذکر) ۱ باری سے کرنا ۲ ایک دوسرے کو پکڑانا ۳ روایت۔ نقل (دَوَل دالَ بدلنا)

تداوی (ع - مونث) علاج کرنا۔ معالجہ کرنا۔ دوا دارو کرنا (دَوَیٰ۔ بیمار ہونا)

تدبّر (ع - مذکر) تاٰل اندیشی۔ مآلِ کار پر غور (دَبَرَ۔ کسی کا ہمراہ جانا)

تدبیر (ع - مونث) ۱ مآل اندیشی۔ پیشبندی۔ احتیاط ۲ کسی کام کی ابتدا اور انتہا سوچنا ۳ سوچ۔ فکر۔ خیال۔ غور۔ تامل۔ اندیشہ۔ منصوبہ ۴ رائے۔ تجویز۔ نصیحت ۵ علاج۔ چارہ۔ تدارک۔ اپائے۔ جتن ۶ انتظام۔ بندوبست ۷ حکمت۔ چالاکی۔ فطرت ۸ کسی کو زک دینے یا تکلیف دینے کا بندوبست (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (دَبَرَ۔ سوچنا۔ انتظام کرنا) **تدبیرات** (مونث) تدبیر کی جمع۔ تدابیر۔ تدبیریں۔ **تدبیر الٹنا یا الٹی ہونا** (لازم) منصوبہ بگڑ جانا۔ ہر انتظام برعکس ہونا جو سوچا تھا اس کے برخلاف ہونا۔ **تدبیر المنزل** (مونث) انتظام خانہ داری۔ **تدبیر باقی ہونا** (لازم) ایک تجویز اور ہونا۔ **تدبیر بتانا** (متعدی) تجویز بتانا۔ رائے دینا۔ نصیحت کرنا۔ **تدبیر بن نہ آنا یا پڑنا** (لازم) ۱ تدبیر کا اثر نہ ہونا ۲ کچھ نہ سوجھنا۔ **تدبیر پیش جانا** (لازم) تجویز کارگر یا باثر ہونا۔ بن آنا۔ **تدبیر پیش رفت نہ ہونا** (لازم) تدبیر کا اثر نہ ہونا۔ بن نہ آنا۔ **تدبیر ٹھہرانا** (متعدی) تجویز کرنا۔ **تدبیر چلنا** (لازم) تدبیر کا اثر ہونا۔ **تدبیر ذہن میں آنا** (لازم) تجویز خیال میں آنا۔ **تدبیر سلطنت** (مونث) انتظام۔ نظم و نسق۔ امور سلطنت۔ معاملہ سیاستی۔ راج نیتی۔ **تدبیر سوجھنا** (لازم) تجویز خیال میں آنا۔ **تدبیر سوچنا** (لازم) تجویز نکالنا۔ **تدبیر سے** (تف) حکمت سے۔ احتیاط سے۔ مآل اندیشی سے۔ **تدبیر غذا** (مونث) خوراک کی پابندی۔ **تدبیر فاسد** (مونث) شرارت۔ فریب۔ سازش۔ **تدبیر فاسد سے** (تف) دھوکے سے۔ چالاکی سے۔ **تدبیر کارگر ہونا** (لازم) تدبیر کا باثر ہونا۔ **تدبیر گر** (صفت) خوب فکر کرنے یا سوچنے والا۔ تجویز نکالنے والا۔ **تدبیر لڑانا** (متعدی) ربط پیدا کرنا۔ **تدبیر لڑنا** (لازم) تجویز کارگر ہونا۔ **تدبیر مملکت** (مونث) دیکھو تدبیر سلطنت۔

امثال و اقوال۔ تدبیر سے قسمت کی برائی نہیں جاتی۔ بگڑی ہوئی تقدیر بنائی نہیں جاتی۔ اگر قسمت بری ہو تو انسان لاکھ تدبیریں کرے کچھ نہیں ہوتا۔ **تدبیر کنند بندہ تقدیر کنند خندہ۔** جو تقدیر میں ہے ضرور ہوگا۔ چاہے کتنا ہی انتظام کیا جائے۔

تدبیخ (ع - مونث) آگے کو جھکنا۔ **تدبیع** (ع - مونث) سر جھکانا اطاعت اور انکساری کی وجہ سے۔

تدثّر (ع - مذکر) ۱ اپنے آپ کو کپڑے یا چغے میں لپیٹنا ۲ مادہ پر چڑھنا ۳ گھوڑے کی پیٹھ پر چڑھنا۔

تدحرُج (ع - مذکر) ۱ پھرایا جانا ۲ پھرنا۔

تدخین (ع - مونث) دھواں دینا۔

تَدَرا (ہ۔ صفت) ۱ تین دروازوں والا۔ ۲ (مذکر) تین دروازوں والا مکان ۳ چوکھٹ جس میں تین دروازے ساتھ ساتھ ہوں۔ تدری (مونث) دیکھو تدرا۔

تَدَرُّب (ع۔ مذکر) ۱ عادی ہونا ۲ محنتی ہونا۔

تَدَرُّج (ع۔ مذکر) رفتہ رفتہ چڑھنا ۲ آہستہ آہستہ پہنچنا۔

تَدرو۔ تَذَرو (ف۔ مذکر) ایک پرند جو ایران کے بعض علاقوں میں ہوتا ہے۔ کبک۔ چکور۔ اصل لفظ تذرو ہے۔ تدروِ کوہساری (مذکر) پہاڑی چکور۔

تَدرِیب (ع۔ مونث) عادی کرنا۔ ہلانا۔

تَدرِیج (ع۔ مونث) ۱ درجہ بسلسلہ ۲ (یہ) آہستہ آہستہ۔ درجہ بدرجہ۔ تھوڑا تھوڑا (دَرَج۔ چلنا)

تَدرِیس (ع۔ مونث) تعلیم۔ پڑھائی ۲ درس دینا۔ پڑھا کر سکھلانا۔ تعلیم دینا (دَرس۔ پڑھنا)

تَدفِین (ع۔ مونث) ۱ دفن کرنا۔ دفنانا۔ گاڑنا ۲ گور گڑھا۔ دفن کفن (دَفن۔ گاڑنا)

تَدقِیق (ع۔ مونث) غور۔ فکر۔ سوچ بچار (دَقّ۔ باریک ہونا)

تَدَلُّک (ع۔ مذکر) نہاتے ہوئے بدن کو ملنا۔

تَدَلُّل (ع۔ مذکر) ۱ اختلاط کرنا۔ پیار کرنا ۲ ناز و نخرے ۳ غصہ یا الفت ظاہر کرنا۔

تَدَلّی (ع۔ مونث) ۱ کسی چیز کا درخت سے لٹکنا ۲ پہنچنا ۳ اترنا ۴ انکسار کرنا۔

تَدلِیس (ع۔ مونث) فروخت کے وقت چیز کا نقص چھپانا۔

تَدمِیر (ع۔ مونث) ۱ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔

تَدَنُّس (ع۔ مذکر) نجس ہو جانا۔ خراب ہو جانا۔ پلید ہو جانا۔

تَدَنّی (ع۔ مونث) آہستہ آہستہ پہنچنا۔

تَدنِیس (ع۔ مونث) داغ یا دھبہ لگانا۔ میلا کرنا۔ گندہ کرنا۔

تَدنِیق (ع۔ مونث) ۱ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ۲ سورج کا زوال پر ہونا۔ ۳ غفلت یا کمزوری سے دیکھنا ۴ آنکھ کا اندر کو گھسا ہوا ہونا۔

تَدوِیر (ع۔ مونث) قرآن شریف کا نہ آہستہ نہ جلد پڑھنا (دَوَر۔ پھرنا)

تَدوِیر (ع۔ مونث) ۱ چکر دینا۔ ۲ چکر۔ گردش۔

تَدوِین (ع۔ مونث) مرتب کرنا۔ جمع کرنا۔ تالیف کرنا (دَوَن۔ انتخاب کرنا)

تَدھارا (ہ۔ مذکر) ۱ تھوہر کی قسم کا ایک پودا جس کی تین ٹہنیاں ہوتی ہیں ۲ تین دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔ تدھاری (مونث) تین لکیریں۔ تین دریا۔ تدھاری سیندھ (مذکر) تدھارا پودا (تین دھارا کا مخفف)

تَدھال (ہ۔ تف) تدا کا بگڑا ہوا۔

تَدھر (ہ۔ ظرف) وہاں۔ اس طرف۔

تَدَھُّن (ع۔ مذکر) ۱ بدن کو تیل لگانا ۲ تیل لگایا جانا۔

تَدھی (ہ۔ ظرف) تبھی۔

تَدہِین (ع۔ مونث) تیل لگانا۔ ملنا۔ ڈالنا یا چپڑنا (دُہن۔ تیل لگانا)

تَدَیُّن (ع۔ مذکر) ۱ دین پر قائم رہنا۔ دینداری ۲ دیانتداری (دین۔ حکم ماننا)

تَڈاگ (س۔ مذکر) تالاب۔

تَذَبذُب (ع۔ مذکر) ۱ شک و شبہہ ۲ گھبراہٹ۔ بے چینی۔ بے قراری ۳ حیرانی۔ پریشانی ۴ تردد۔ متردد ہونا ۵ ٹھیک طور پر سوچ نہ سکنا۔ (ذَبذَب۔ لٹکنا)

تَذَرو (ف۔ مذکر) ایک جانور جو ایران کے بعض علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ اس کی چال نہایت خوبصورت ہوتی ہے۔ اور معشوق کی چال کو اس سے تشبیہہ دیتے ہیں۔ کبک دری۔ تدرو غلط ہے۔

تَذکار (ع۔ مذکر) ذکر (ذِکر۔ یاد رکھنا)

تَذَکُّر (ع۔ مذکر) یاد رکھنا۔ یاد کرنا۔

تَذکِرَتاً (ع۔ تف) ذکر کے طور پر۔ یاد دہانی کے طور پر۔

تَذکِرہ (ع۔ مذکر) ۱ یادداشت۔ یادگار ۲ کوئی نشانی یاد رکھنے کے لئے جیسے رومال کو گانٹھ دینا ۳ ذکر۔ چرچا ۴ سرگزشت۔ سوانح عمری (اُردو میں نمبر ۳ و ۴ میں استعمال ہوتا ہے) (ذِکر۔ یاد رکھنا) تذکرہ چلنا (لازم) ذکر ہونا۔ تذکرہ چھِڑنا (لازم) چھیڑنا (متعدی) ذکر شروع کرنا۔ تذکرہ رہنا (لازم) ذکر ہوتا رہنا۔ تذکرہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ذکر ہونا۔

تَذکِیر (ع۔ مونث) ۱ مذکر ہونا۔ مرد ہونا ۲ مذکر کا صیغہ (ذَکَر۔ مرد)

تَذکِیہ (ع۔ مذکر) ۱ جانور ذبح کرنا۔ ۲ بجھتی ہوئی آگ کو روشن کرنا۔

تَذَلُّل (ع۔ مذکر) اپنے تئیں حقیر سمجھنا عجز کرنا۔ فروتنی کرنا (ذُل۔ کمزور ہونا)

تَذلِیق (ع۔ مونث) کوئی چیز تیز کرنا یا نوکدار بنانا۔

تَذلِیل (ع۔ مونث) ذلیل۔ رسوا کرنا خوار کرنا۔ بے عزت کرنا (ذل۔ کمزور ہونا)

تَذنِیب (ع۔ مونث) جھالر یا پھندنا لگانا۔

تَذہِیب (ع۔ مونث) ۱ ملمع کا کام ۲ کتاب پر منبت کاری کرنا (ذَہَب۔ سونا)

تَذیِیل (ع۔ مونث) ضمیمہ۔

تَر (ف۔ صفت) ۱ تازہ۔ نیا ۲ سبز۔ ہرا ۳ آبدار ۴ گیلا ۵ نرم۔ ملائم ۶ ڈھیلا۔ کشادہ۔ ۷ زیادہ۔ افزوں (ان معنوں میں صفت کے آخیر میں تفضیل بعض بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۸ آلودہ لتھڑا ہوا ۹ چکنا۔ گھی والا ۱۰ خوش۔ عمدہ۔ دولتمند۔ امیر۔ مالدار۔ خوشحال۔ تربتر (صفت) ۱ سخت گیلا۔ پانی ٹپکتا ہوا ۲ پسینہ ٹپکتا ہوا۔ شرابور ۳ آلودہ (خون سے) تربند (صفت) گیلی پٹی۔ تربندی (مونث) گیلی پٹی باندھنا۔ تردامن (صفت) لتھڑے ہوئے پلے والا مجازاً۔ بدکار۔ گناہگار۔ مجرم۔ تردامنی (مونث)

گناہگاری۔ **تردست** (صفت) ۱ چالاک۔ چست ۲ کاریگر۔ صناع۔ **تردستی** (مونث) ۱ چالاکی ۲ کاریگری۔ صناعی۔ **تردماغ** (صفت) ۱ عقلمند۔ ہوشیار ۲ سرور۔ مست۔ **تردماغی** (مونث) ۱ سرور۔ فرحت۔ تازگی ۲ عقل۔ شعور۔ دانشمندی۔ **ترزبان** (صفت) فصیح۔ خوش بیان۔ **ترزبانی** (مونث) خوش بیانی۔ فصاحت۔ **تر غٹکا** (مذکر) غٹکا اصل میں گٹکا ہے جو ایک قسم کی مٹھائی ہے۔ آسانی سے حلق سے اُتر جانے والی چیز۔ مجازاً ایسی چیز جو آسانی سے لی جاسکے۔ **ترکرنا** (متعدی) بھگونا۔ گیلا کرنا۔ **ترکرنے والا** (طب) ایسا جو سوزش کو کم کرے۔ ملائم۔ نرم۔ **ترلقمہ مال یا نوالہ** (مذکر) عمدہ غذا۔ اچھی چیز کھانے کی۔ **تروتازہ** (صفت) ۱ بارونق۔ سرخ و سفید۔ آبدار ۲ سرسبز۔ شاداب۔ ہرا بھرا ۳ تازہ اُترا ہوا (پھل یا ترکاری) ۴ بلانکان۔ تازہ دم۔ **تروخشک زمانہ** (مذکر) دُنیا کا نشیب و فراز۔ آرام اور تکلیف۔ **تر ہونا** (لازم) بھیگنا۔ **تری** (مونث) ۱ رطوبت۔ سیل ۲ گیلاپن۔ نمی ۳ سمندر۔ خشکی کی ضد ۴ دریا کے کنارے کی نیچی زمین ۵ زمین جس پر پانی ہو ۶ دلدل؛ کھانڈ۔ **تری سے** (تف) پانی سے۔ دریا سے۔ **تری کی راہ** (مونث) دریا کے رستے۔ دریا کا سفر۔ پانی کا سفر۔ **ترین** (صفت) ۱ صفت کے آخر میں آکر تفضیل بعض بناتا ہے ۲ تر۔ گیلا۔

تر (اردو۔ مذکر) اس قسم کی اور چیزیں۔ وغیرہ۔ **ترترکاری** (مونث) ترکاری اور اس قسم کی چیزیں۔ **ترتیوہار** (مذکر) تیوہار وغیرہ۔

تر (ہ۔ تف) تلے۔

تر (س۔ مذکر) درخت۔

ترّ (ع۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ دور ہونا ۳ جدا۔ دور۔

تر (ہ۔ امر) ترنا کا۔ **ترا** (امر) ترانا کا ۲ (ماضی) ترنا کا۔ **ترا کرنا** (لازم) تیرتا رہنا۔ **ترانا** (متعدی) ۱ پیرانا۔ اُبھارنا۔ ڈوبتے کو نکالنا ۲ گناہوں سے بچانا۔ **ترنا پھرنا** (لازم) اِدھر اُدھر پیرتے رہنا۔ **تر جانا** (لازم) ۱ کسی فعل کی وجہ سے نیکنام ہونا۔ نام پانا ۲ مالامال ہونا ۳ رُتبہ عالی پانا ۴ نجات حاصل کرنا۔ مستوجب ثواب ہونا۔ **ترنا** (لازم) ۱ پیرنا۔ پانی کے اُوپر آنا ۲ دیکھو تر جانا۔

مثل۔ تریگا سو ڈوبیگا۔ ہنرمند ہی نقصان اُٹھاتا ہے۔

ترُ (ہ۔ مونث) ۱ جلاہوں کا کچ ۲ تال۔

ترُ (ع۔ مذکر) ۱ اصل۔ فرع۔ جڑ ۲ شاقول کا دھاگا۔

ترا (ہ۔ مذکر) دیکھو تلا۔ ترسے (تف) تلے۔

ترا (ہ۔ ضمیر) تیرا کا مخفف۔ نظم میں استعمال اور خدا کی طرف خطاب ہوتا ہے۔ **ترا کیا خرچ ہوتا ہے۔ تیرا کیا حرج ہے۔ تیرا کیا اجارہ ہے۔** **تری** (ضمیر مونث) دیکھو ترا۔ **ترے** (ضمیر) تیرے کا مخفف۔ **تری آواز مکے اور مدینے** (دعا) تیری بہت شہرت ہو۔

تراف (ضمیر) تجھ کو۔ **تراچہ**۔ تجھ کو کیا۔ کہتے ہیں کہ رات کو جب گیدڑ اکٹھے ہوتے ہیں تو ایک کہتا ہے۔ پدرم سلطان بود۔ دوسرے اس کا منہ چڑھانے کو تراچہ کہتے ہیں۔

ترا (تر۔ مذکر) تورہ کا مخفف۔

تراب (ع۔ مونث) مٹی۔ خاک۔ **ترابی** (صفت) مٹی کا۔ زمینی (تُرب۔ مٹی سے لتھڑا ہوا)

ترَاتا۔ ترا تری (س۔ صفت) ۱ حفاظت کرنے والا۔ بچانے والا ۲ (مذکر) محافظ۔ حامی۔ مددگار۔ مربی۔ ناصر۔ حمایتی۔ دستگیر۔ رکھشک۔

تراث (ع۔ مذکر)۔ وراثت میں پانا ۲ وراثت۔

تراجع (ع۔ مذکر) ۱ مڑنا۔ واپس ہونا ۲ انکار کرنا۔

تراجم (ع۔ مذکر) ترجمان کی جمع۔

ترادف (ع۔ مذکر) ۱ یکے بعد دیگرے ایک کے بعد دوسرے کا جانا ۲ سلسلہ۔ تواتر۔ تسلسل ۳ ہم معنی ہونا۔ مترادف ہونا ۴ ہم معنی لفظ ۵ (صفت) سلسلہ وار۔ مسلسل۔ متواتر۔ لگاتار ۶ ایک کے بعد دوسرے کو لیجانے والا (گھوڑا)۔ (ردف۔ پیچھے سوار ہونا۔ پیچھے آنا)

ترار۔ ترّار (ہ۔ صفت) ۱ چالاک۔ تیز۔ چست۔ پھرتیلا ۲ اُچکا۔ گٹھ کترا۔ چور (س تور۔ جلدی کرنا)۔ **ترارا** (ہ۔ مذکر) ۱ تیزی۔ چستی۔ پھرتی ۲ چھلانگ۔ کلانچ۔ گھوڑے کی جست ۳ شیخی۔ ڈینگ ۴ سرور۔ نشہ۔ ترنگ ۵ تیز رفتاری۔ **ترارا بھرنا** (متعدی) ۱ جست لگانا۔ چھلانگ مارنا۔ زقند بھرنا ۲ تیز جانا۔ سرپٹ جانا ۳ کوئی کام جلدی کرنا۔ نہایت مشاق ہونا۔ **ترارا مارنا** (متعدی) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ گپ مارنا۔ **ترارے بھرنا** (متعدی) دیکھو ترارا بھرنا۔

تراز (ف۔ مذکر) ۱ کپڑے کے نقش ۲ زینت و آرائش۔ طراز۔

ترازو (ف۔ مذکر) ۱ وزن کرنے کا آلہ۔ کانٹا۔ تکڑی ۲ برج میزان۔ **ترازو بیٹھنا۔ لگنا ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ دونوں طرف برابر ہونا ۲ نشانے پر لگنا ۳ ایک جتنا آرپار ہونا جیسے تیر کا۔ **ترازوئے عدل** (مذکر) ۱ وہ ترازو جس کے دونوں پلے برابر ہوں ۲ انصاف کرنے کا اختیار۔ **ترازوئے قیامت** (مذکر) وہ ترازو جس سے قیامت کے دن اعمال تولے جائینگے (س ترس۔ ترازو)

مقولہ۔ ترازو سے کھڑے ہوکر نہ تولو برکت جاتی رہتی ہے (عو) کھڑا ہوکر تولنا اچھا نہیں سمجھا جاتا۔

تراس (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کو راز بتانا۔

ترّاس (ع۔ مذکر) ڈھال بردار۔

تراس (س۔ مذکر) ڈر۔ خوف۔ دہشت۔ اندیشہ۔ بھے۔ بھو۔ **تراسا** (ہ۔ ڈرا ہوا۔ دہشت زدہ۔ **تراسن** (صفت) ۱ خوفناک۔ ہیبتناک۔ وحشتناک ۲ ڈرانے کا فعل ۳ ڈرانے کا ذریعہ ۴ ڈرنے کی وجہ ۵ ڈر۔ خوف۔ دہشت وغیرہ۔ **تراسی** (صفت) ۱ ڈرنے والا۔ ڈرپوک۔ بزدل۔ خائف ۲ (مذکر) ڈرنے والا آدمی۔ ڈرپوک شخص۔

تراس (ہ۔ مذکر) پیاس۔ **تراس آنا یا لگنا** (لازم) پیاس لگنا۔ پیاسا ہونا۔

تراسی (ہ۔ صفت) اسی اور تین۔ ۸۳۔ (س تری‌شتی) **تراسیواں** (صفت) ۱ سلسلے میں ۸۲ کے بعد کا ۲ تراسی حصوں میں سے ایک۔

تراش (ف۔ امر) ۱ تراشنا کا ۲ (مونث) کاٹ۔ چھانٹ۔ کتر بیونت۔ کٹاؤ۔ چھوٹے چھوٹے کترے ہوئے ٹکڑے ۳ کاٹنے کا ڈھنگ یا انداز۔ کپڑے کو کاٹنا لباس کی صورت میں ۴ اختراع۔ ایجاد ۵ قطع۔ وضع۔ طرز ۶ بناؤ سنگار۔ آراستگی۔ آرائش ۷ کسی پھل کی پھانک۔ قاش ۸ تاش یا گنجفے کے پتوں کی کاٹ۔ پتے جو تراشنے کے بعد حاصل ہوں ۹ اسمائے

فارسی کے بعد آکر مرکبات بناتا ہے۔ جیسے سنگتراش۔ بت تراش (تراشیدن۔ کاٹنا) **تراشا** (ماضی تراشا کی) **تراشا جانا** (لازم) تراشنا کا۔ **تراش خراش** (مونث) ۱ وضع قطع۔ طرز انداز۔ زیب وزینت۔ وضع طریق ۲ قطع برید۔ کاٹ چھانٹ۔ **تراش خراش کرنا** (متعدی) اپنے آپ کو سجانا۔ اچھا لباس پہننا ۲ الفاظ کو کاٹنا یا چھیلنا۔ **تراش خراش نکالنا** (متعدی) نئی وضع اختیار کرنا۔ نیا انداز نکالنا۔ **تراش ڈالنا** (متعدی) چھیلنا۔ کترنا وغیرہ۔ **تراشنا** (متعدی) ۱ کاٹنا۔ کترنا۔ چھانٹنا۔ چھیلنا۔ قطع کرنا ۲ قاش اُتارنا ۳ کاٹ کر کوئی صورت بنانا ۴ مونڈنا۔ حجامت بنانا ۵ گنجفہ یا تاش کے پتّے کاٹنا۔ گنجفے میں کھلاڑی کے ہاتھ میں سے پتّے اٹھانا ۶ بات بنانا ۷ (اپنے تئیں) اپنے آپ کو سجانا۔ بانکا بننا (مت) ۸ اپنے آپ کو دوسروں سے بہتر سمجھنا۔ **تراش نکالنا** (متعدی) ۱ وضع پیدا کرنا ۲ بہونت ایجاد کرنا۔ **تراشہ** (مذکر) ۱ چھیلن۔ کترن ۲ فولادی اوزار جس سے سنگتراش پتھر تراشتے ہیں ۳ پھانک قاش۔ **تراشی** (مونث) ۱ تراشنا کرنا۔ ہونا کے ساتھ ۲ مرکبات میں جیسے سنگ تراشی۔ **تراشیدہ** (صفت) کٹا ہوا۔

تَرَاصّ (ع۔ مذکر) بہت قریب قریب رکھنا۔

تَرَاضی (ع۔ مونث) ۱ راضی ہونا۔ خوش ہونا (رضی۔ خوش ہونا) **تراضی طرفین** (قانون) دونوں فریقوں کا باہم راضی ہونا۔

تراق۔ تراک (ف۔ مونث) تڑاق۔ پتھر کے ٹوٹنے۔ کسی چیز کے گرنے یا تمانچے کی آواز۔

تراکڑی (ھ۔ مونث) ترازو کا ڈنڈا۔

تَراکُم (ع۔ مذکر) ۱ ڈھیر لگنا۔ اکٹھا ہونا ۲ ڈھیر۔ تودہ۔ انبار۔ (رکم۔ ڈھیر لگانا)

تَراکیب (ع۔ مونث) ترکیب کی جمع۔

تَرامی (ع۔ مونث) ۱ ایک دوسرے پر تیر پھینکنا ۲ کساد بازاری ہونا ۳ دیر کرنا۔

تَران (ھ۔ مذکر) محصول۔ لگان۔ ٹیکس آمدنی۔

تَرانْ (س۔ مذکر) ۱ بچانا۔ حفاظت کرنا ۲ حفاظت۔ بچاؤ۔ امان۔ سلامتی ۳ نجات۔ مکتی ۴ مدد۔ پناہ ۵ بدن کی حفاظت کی چیز۔ محافظ۔ گارد۔ زرہ۔ **تران کرنا** (متعدی) ۱ بچانا۔ حفاظت کرنا ۲ نجات دینا۔ مکت کرنا۔ **ترانی** (صفت) ۱ حفاظت کرنے والا۔ محافظ وغیرہ ۲ حفاظت کے متعلق ۳ محافظ مربی وغیرہ۔

تَرانا (ھ۔ مذکر) خشکہ چاول جو پانی میں رات کو رکھ کر صبح کھائے جائیں۔ **ترُانی** (مونث) ترانا۔

تِرانوے (ھ۔ صفت) نوّے اور تین ۹۳ (س ترینوات)

تَرانہ (ف۔ مذکر) ۱ گانا۔ نغمہ۔ راگ ۲ ایک خاص قسم کا گیت ۳ ایک سر یا لَے۔ **ترانہ پرداز** (صفت) ترانہ بنانے والا۔ ترانے کا موجد ۲ ترانہ گانے والا۔ **ترانہ سرا۔ زن۔ سنج۔ ریز یا ساز** (صفت) ترانہ گانے والا۔

تَرانی (ھ۔ مونث) رشوت جو اس شرط پر دی جائے کہ اگر مقدمہ ہر گیا تو واپس کی جائیگی۔

تِراوْ (ھ۔ مذکر) تیرنا۔ تیر کر پار اُترنا۔

تَراوَت (ھ۔ مونث) تازگی۔ ٹھنڈک۔ دیکھو تری۔ طراوت کا بگڑا ہوا ہے۔

تَراوَتی (ھ۔ صفت) جلدی۔ تیزی۔ پھرتی۔

تَراوٹ (ھ۔ مونث) تراوت کا بگڑا ہوا۔

تَراوِش (ف۔ مونث) ۱ ٹپکنا۔ چھڑکنا۔ بہنا۔ پھوٹنا ۲ مجازاً اشارے کنائے سے ظاہر ہونا انداز سے معلوم ہونا۔ ترشح ہونا (تراویدن۔ ٹپکنا) **تراوش پانا** (لازم) ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا۔ جھلکنا۔ **تراوش کرنا** (متعدی) ۱ اشارے کنائے یا انداز سے پایا جانا ۲ ٹپکنا۔ قطرے قطرے ہوکر گرنا ۳ چھڑکنا۔ **تراوش ہونا** (لازم) ۱ ٹپکنا ۲ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا ۳ انداز سے پایا جانا ۴ برسنا۔

تِراونا۔ تراوُنا (ھ۔ متعدی) ترانا۔

تَراوی (ع۔ مونث) تراویح کا بگڑا ہوا۔

تَراوِیح (ع۔ مونث) جمع ترویحہ۔ نماز کی بیس رکعتیں جو رمضان کے مہینے میں نماز عشاء کے بعد پڑھتے ہیں۔ ہر چار رکعت کے بعد وقفہ لیتے ہیں اور آرام کرتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ نام ہوا (روح۔ آرام کرنا)

تراہِ (س) **تراہ** (ھ) **تراہ** (ھ۔ حرف ندا) ۱ بچاؤ۔ چھڑاؤ۔ مدد ۲ دہائی۔ فریاد۔ واویلا۔ **تراہ تراہ** (حرف ندا) دیکھو تراہ۔ **تراہ تراہ پڑنا** (لازم) پکارنا کرنا۔ **مچانا** (متعدی) **مچنا۔ ہونا** (لازم) ۱ ہر شخص کی زبان پر آہ و فغان ہونا۔ شور و فریاد کرنا ۲ کسی چیز کی کمی کے باعث اس کی مانگ یا خواہش زیادہ ہونا۔

تِراہا (ھ۔ مذکر) وہ جگہ جہاں تین راستے ملیں۔

تَرائب (ع۔ مذکر) تریبت کی جمع۔ پسلیاں۔

تَرائِن (ھ۔ مونث) ترائی کی جمع۔ ستارے۔

تَرائی (ع۔ مونث) ۱ ایک دوسرے کو دیکھنا ۲ روح یا بھوت کا نظر آنا ۳ آئینے یا تلوار کے پھل میں اپنا منہ دیکھنا۔

تَرائی (ھ۔ مونث) ۱ وہ زمین جو دریا یا ندی کے قریب ہو ۲ نیچی زمین جس میں پانی بھرا رہے ۳ مرطوب زمین۔ دلدلی زمین۔ دلدل ۴ وہ علاقہ جو کوہ ہمالیہ کے دامن میں پہاڑ کے ساتھ ساتھ جمنا سے برہم پتر تک چلا جاتا ہے ۵ نینی تال کے ضلع کا ایک حصّہ جو دامن ہمالیہ میں ہے۔ جہاں بہت سے چشمے اور نالے ہیں۔ **ترائی کھیوا** (صفت) ۱ پانی میں یا پانی کے پاس رہنے والا۔ آبی۔ دریائی ۲ (مذکر) آبی پرند یا جانور۔

تِرائی (ھ۔ مونث) دیکھو ترانی۔

تُرائی (ھ۔ صفت) ۱ اعلےٰ۔ نہایت اچھا۔ نفیس۔ بہترین۔ اُتّم ۲ (ضمیر) تمہاری ۳ (مونث) تُرئی ۴ لفظی معنی روئی سے بھرا ہوا لحاف۔ توشک ۵ (تمن) جلدی سے۔ پھرتی سے۔ تیزی سے۔ ترت۔

تَرایمان (س۔ صفت و مذکر) دیکھو ترانی تران کے تحت میں۔

تَرَب (ھ۔ مونث) ۱ گت ۲ ایک راگنی۔

تَرَب (ھ۔ مذکر) وہ تار جو ستار وغیرہ میں اصل تار کی مدد کے لئے لگاتے ہیں۔

تُرُب (ف۔ مونث) سولی۔

تُرب (ع۔ مذکر) مٹی۔ خاک۔

تُرب (انگ۔ مذکر) ٹرمپ کا بگڑا ہوا۔ تاش کی بعض کھیلوں میں ایسا رنگ جس کا پتہ دوسرے ہر رنگ کے پتّے کو کاٹ لیتا ہے۔

ترِبالی (ف۔ مونث) ایک مکان جس کے اوپر آتش خانہ تھا جو اردشیر بابگاں نے ایران کے ایک شہر میں بنایا تھا۔

تُربَت (ع۔ مونث) قبر۔ مزار۔ مقبرہ۔ **تربت پر پھول چڑھانا** (متعدی) بزرگوں کی قبر پر تعظیماً پھول رکھنا۔ **تربت پر (پھولوں کی) چادر چڑھانا** (متعدی) میت کی قبر کو تعظیماً پھولوں کی چادر یا خالی چادر سے ڈھانکنا۔ **تربت خانہ** (مذکر) مقبرہ۔ **تربتِ طیّبہ** (مونث) مدینہ منورہ۔ **تربت کی چادر** (مونث) چادر جو قبر پر ڈالی جائے۔ **تربتی** (صفت) گور کا۔ قبر کا۔

تِربِد (ھ) **تُرْبُد** (ہ۔ مذکر) ایک پودا جس کی جڑ مسہل کے طور پر دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔ نیوڑی

تَربُّص (ع۔ مذکر) انتظار کرنا۔

تَربُوز (ف۔ مذکر) ایک پھل جو ایک بیل سے لگتا ہے اور گول اور بڑا ہوتا ہے۔ باہر سے سبز اور اندر سے سرخ اور میٹھا ہوتا ہے۔ **تربوز کی بیل** (مونث) ایک بیل جو عموماً ریگستانوں اور ریتلی زمینوں میں ہوتی ہے۔ (س شدتج)

تَربُوش (ت۔ مذکر) ترکی ٹوپی۔

تِربُھج (س۔ صفت) ! تین بازوؤں پہلوؤں یا زاویوں والا ! (مذکر) مثلث۔

ترِبھر (س۔ صفت) غصّے سے بھرا ہوا۔ **تربر ہونا** (لازم)۔ غصّے ہونا۔ بگڑنا ! منتشر ہونا۔

تربھنگ (س) **ترِ**... (ہ۔ صفت) ! ٹیڑھا۔ ترچھا۔ جھکا ہوا۔ تین بل والا ! (مذکر) ایک شخص جو ٹیڑھا کھڑا ہو۔ **تربھنگی** (صفت) ! تین بل والا ! (مذکر) کرشن جی کا ایک لقب ! ایک بحر یا وزن۔

ترِبھَوَن (س۔ مذکر) **تر بُھون** (عف) ! تین عالم آسمان۔ زمین اور پاتال ! عالم۔ ترلوک۔ **تربھون اُجاگر** (مذکر) تین عالموں کی شان و شوکت یا تجلی۔ **تربھون پتی یا ناتھ** (مذکر) تین عالموں کا مالک۔ شو جی کا ایک نام۔ **تری بھون دھنی** (صفت) ! تین عالموں کا مالک ! اندر مہاراج کا لقب۔ **تربھون سُندری** (مونث) ! تین عالموں کی خوبصورتی ! نہایت حسین عورت۔

تَربِیَت (ع۔ مونث) ! پالنا۔ پوسنا۔ پرورش کرنا ! تعلیم دینا۔ سکھلانا ! پرورش۔ پرداخت۔ پالن ! تعلیم۔ تادیب۔ تہذیب الطوار۔ تعلیم اخلاق۔ (زر بو۔ بڑھنا)۔ **تربیت پذیر** (صفت) قابل تعلیم تربیت کے لائق۔ اصلاح پذیر۔ **تربیت کرنا** (متعدی) تعلیم دینا۔ سکھانا۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ **تربیت ہونا** (لازم) تربیت کرنا۔

مقولہ۔ **تربیت نااہل راچوں گردگاں بر گنبد است**۔ کمینے پر تربیت کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

تَرْبِیح (ع۔ مونث) (تجارت میں) نفع ! نفع دینا۔ فائدہ پہنچانا۔

تَربیع (ع۔ مونث) ! چار میں تقسیم کرنا ! مربع یا مستطیل بنانا ! (علا) سیاروں کی وہ ہیئت جب ایک دوسرے سے چوتھائی دائرے کا فرق ہو ! ۹۰ درجے کا زاویہ۔ زاویہ قائمہ (ربع۔ چار بنانا)

ترِبینی (ہ۔ مونث) ! وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں ! الہ آباد کیونکہ یہاں گنگا جمنا اور ہندوؤں کے خیال میں زمین کے نیچے سے سرسوتی ملتی ہیں (س وینی۔ مینڈھی)

تُرُپ (انگ۔ مذکر) ٹروپ کا بگڑا ہوا۔ فوج۔ ۶۰ یا اسی سواروں کی جماعت۔

تُرُپ (ہ۔ امر) ترپنا سے۔ **ترپا** (امر) ! ترپانا سے ! (ماضی) ترپنا سے ! (ھ۔ مذکر) ٹانکا۔ **ترپانا** (متعدی) ترپنا کا۔ **ترپائی** (مونث) بخیہ کے اوپر کی سیون (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **ترپن** (مونث) ایک سلائی جو اکثر کنارے پر کنارہ دبا کر کی جاتی ہے۔ **ترپنا** (متعدی) کنارے دبا کر سینا۔ سیون پر ایک اور سلائی کرنا۔ **ترپوانا** (مم) ترپنا کا۔

ترِپاد (س۔ مذکر) "تین پاؤں والا" بخار کا ایک نام جس کے متعلق خیال ہے کہ ایک دیو یا جن ہوتا ہے جس کے تین پاؤں یا ہاتھ ہوتے ہیں۔ غالباً گرمی سردی اور پسینے کی طرف اشارہ ہے۔

ترپال (انگ۔ مذکر) ٹارپالن کا بگڑا ہوا۔ رال چڑھا ہوا ٹاٹ۔

ترِپت (س مفعول) **ترِپت** (نف) سیر۔ تسلی یافتہ۔ قانع۔ **ترپتا** **تما** (صفت) دیکھو ترپت۔ **ترپت کرنا** (متعدی) خوش کرنا۔ راضی کرنا

ترِپتِ (س۔ مونث) **ترپت** (عف) تسلی۔ قناعت۔ سیری۔ خوشی۔ رضا۔ تشفی۔

ترِپتاک (س۔ مذکر) تین متوازی لکیروں والا ماتھے کا ٹیکا۔

ترِپتھ (س۔ مذکر) وہ جگہ جہاں تین رستے ملیں۔ تراہا۔

ترِپد (س۔ مذکر) **ترپد** (ھ) ! تپائی ! (صفت) تین رکن کی (مقدار) **ترپدی** (مونث) ! ہاتھی کا تنگ ! ایک قسم کی بیل۔

ترِپداہ (س۔ عص) ! ایک شہر تھا جو ہوا میں واقع تھا۔ دیوتاؤں کی جنگ میں تباہ ہوا ! بانا کا ایک نام کیونکہ اسے تین شہر ملے تھے۔ اسے شو جی نے قتل کیا تھا۔

ترِپُری (س۔ عص) دریائے نربدا کے کنارے پر ایک شہر تھا۔ جو چیدی خاندان کی راجدھانی تھا۔ اب چھوٹا سا گاؤں رہ گیا ہے۔ اور توار کہلاتا ہے۔

ترِپَن (س۔ مذکر) ! تسلی۔ تشفی ! خوش یا راضی ہونے کی حالت ! خوشی۔ رضا ! سیری۔ پری آسودگی ! دیوتاؤں یا پتریوں کو پانی دینا۔

ترِپن (ہ۔ صفت) پچاس اور تین۔ ۵۳ - ۵۳ (ترِ پنجاشت) **ترپن بیل** (مونث) ایک قسم کی کشیدہ کاری جس میں بیل اور پھول ہوتے ہیں۔

ترِپنڈ (ھ) **ترپنڈرا** (س۔ مذکر) تین خمدار پڑے ٹیکے جو صندل اور گوبر کی راکھ سے شو جی کے پجاری ماتھے پر دیتے ہیں۔ اور جو ان کی پوجا کے وقت ضروری طور پر ہونے چاہئیں۔

ترِپولیا (ہ۔ مذکر) ! تین بڑے دروازے جو بازار میں بناتے ہیں ! تین در کی عمارت۔ سہ درہ۔

ترُپھرا (ہ۔ صفت) چالاک۔ پھرتیلا

ترِپھلا (ہ۔ مذکر) ! ایک دوائی جو ہڑ۔ بہیڑا اور آملہ سے مرکب ہوتی ہے ! (صفت) تین پھل کا

تَرپھنا (ہ۔ لازم) تڑپنا۔

تُرَت (ہ) **تُرَنت** (ہ۔ صفت) جلد۔ شتاب۔ فوراً۔ جھٹ پٹ۔ چٹ۔ فی الفور۔ **ترتا پھرتی** (ھ) **ترت پھرت** (ہ۔ صفت) ! دیکھو ترت ! (مونث) پھرتی۔ چالاکی۔ تیزی۔ طراری۔ **ترت کا** (صفت) نیا۔ تازہ۔ **ترت کا بالک** (مذکر) نوزائیدہ بچہ۔ **ترت کا جنما** (صفت) ! نوزائیدہ

۲ (مذکر) نوزائیدہ بچہ۔ ترنت ماتھا ٹھنکا۔ اسی وقت شک پیدا ہوگیا۔

امثال و اقوال۔ **ترنا پھرتی کام میں اچھی ناہیں جان۔ سانچ کہلے سادھو نے جلدی میں نقصان۔** کام میں جلدی نہیں کرنی چاہئے نقصان ہوتا ہے۔ **ترنت بھلائی وہ نر پاوے جو دھن داتا نام لٹاوے۔** جو خدا کے نام پر مال خرچ کرے اُسے فوراً خدا بدلا دیتا ہے۔ **ترنت پھرت ہوں سگرے کام۔ جب ہوویں مٹھی میں دام۔** روپیہ پاس ہو تو ہر ایک کام ہو جاتا ہے۔ **ترنت پھرت ہو وہ بھی کار مدد کرے جس کی سرکار۔** جس کام میں خدا کی مدد ہو وہ جلد ہو جاتا ہے۔ **ترنت دام دھاپن۔** فوراً مزدوری یا قیمت دینا بڑا ثواب کا کام ہے۔ **ترنت دان مہا** فوراً خیرات دینا بڑے ثواب کا کام ہے۔ **ترنت دان مہا کلیان۔** فوراً خیرات کرنا نجات کا باعث ہوتا ہے۔ **ترنت کے تھپے ترنت نہیں جلتے** اعمال بد کا بدلا یا سزا فوراً نہیں ملتی۔ **ترنت فتح ہو اس کے ناٸیں جس کا حامی ہووے سائیں۔** جس کا خدا مددگار ہو اسے فوراً کامیابی ہوتی ہے۔ **ترنت مجوری جو پھٹ کاوے واکا کار ترنت ہو جاوے** (ھ) جو مزدوری فوراً ادا کرے اس کا کام جلد ہوتا ہے۔ **ترنت ہی پوو ترنت ہی کھاؤ۔ باسی کھاؤ اوجھ بڑھاؤ** (ھ) تازہ پکا کر فوراً کھانا چاہئے۔ باسی کھانے سے پیٹ بڑھتا ہے۔

ترنا (ھ۔ صفت) تین گنا۔

تُرَتّب (ع۔ مذکر) ۱ مضبوط یا پکا ہونا ۲ سلیقے سے لگا ہونا ۳ بے حرکت ہونا۔

تُرتُرا (ھ۔ امر) ۱ ترترانا کا ۲ (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی تھالی یا رکابی۔ **ترترانا** (صفت) ۱ گھی میں ڈوبا ہوا۔ مرغن۔ چرب ۲ بہت گیلا یا تر۔ بہت چکنا۔ **ترترانا** (لازم) ۱ گھی میں ڈوبا ہوا ہونا۔ گھی ٹپکتا ہوا ہونا ۲ دیکھو تڑتڑانا۔

تُرتُرا (ھ۔ صفت) ۱ چالاک۔ چُست۔ پھرتیلا۔ تیز ۲ تیار۔ مستعد ۳ بہت باتیں بنانے والا ۴ چرب زبان ۵ طرار۔ لسان۔ **ترتری** (صفت۔ مونث) ۱ بہت باتیں بنانے والی۔ چرب زبان۔ باتونی۔ **ترتری زبان** (مونث) تیز زبان۔ **ترتریا** (صفت) ۱ دیکھو ترترا ۲ سخن چین۔

تر ترانا (ھ۔ لازم) ٹپکنا۔ قطرے گرنا۔ چونا۔

تَرتَرَہ (س۔ مذکر) کشتی۔

تُرتُری (ھ۔ مونث) ۱ لمبی تری ۲ (ھ) دیکھو ترترا کے تحت میں۔

ترِتسُو (س۔ عص) برہمنوں کی ایک قوم جس کا ذکر ویدوں میں آتا ہے۔ وسشٹھ ان میں سے تھا۔

ترِتو۔ ترِتی (س۔ مذکر) تین کا مجمع یا گروہ۔ تثلیث۔ تکڑی۔

تَرتیب (ع۔ مونث) ۱ درجہ بدرجہ رکھنا۔ ٹھکانے سے رکھنا۔ چننا ۲ آراستگی۔ درستی۔ سجاوٹ۔ سدھار ۳ انتظام۔ بندوبست۔ تسلسل۔ صف بندی ۴ طریقہ۔ ڈھنگ۔ ڈول ۵ جنسواری۔ سلسلہ بندی۔ تقسیم (رُتب۔ باقاعدہ طور پر رکھنا) **ترتیب آنا** (لازم) طریقہ آنا۔ ڈھنگ آنا۔ **ترتیب پذیر ہونا**۔ ترتیب پائے ہوئے ہونا۔ **ترتیب دینا** (متعدی) ۱ مرتب کرنا ۲ درست کرنا۔ ٹھکانے سے رکھنا۔ **ترتیب سے** (تف) ۱ ڈھنگ سے۔ قرینے سے ۲ سلسلہ وار۔ درجہ بدرجہ۔ **ترتیبِ صفوف** (مونث) صفوں کی درستگی۔ **ترتیبِ عالم** (مونث) دنیا کا انتظام۔ **ترتیب کرنا** (سے لگانا) طریقے سے رکھنا۔ سجانا۔ **ترتیب نو** (مونث) نیا طریقہ۔ نیا انتظام۔ **ترتیب وار** (تف) سلسلے سے قرینے سے۔ درجہ بدرجہ۔ **ترتیبی** (صفت) ۱ مرتب کرنے والا ۲ باقاعدہ۔ قرینے سے ۳ دربیانی ۴ (مذکر) تمہیدی کارروائی۔

تَرتیل (ع۔ مونث) قرآن کو ٹھہر ٹھہر صاف پڑھنا۔ آہستگی سے حروف مخارج سے ادا کرکے پڑھنا (رَتَل۔ سلسلہ وار ہونا)

ترِتییہ (س۔ صفت) ۱ تیسرا ۲ (مذکر) تیسرا حصہ۔ **ترتیانش** (مذکر) تیسرا حصہ۔ **ترتیہ پرکرت** (مونث) ۱ ہیجڑا۔ زنانہ۔ مخنث (صرف ونحو) وہ جو نہ مذکر ہو نہ مونث۔ اُردو میں یہ صیغہ نہیں۔

تَرُٹی (س۔ مونث) ۱ نہایت تھوڑا وقت یا عرصہ۔ لحظہ ۲ نقصان۔ تباہی۔ بربادی۔

ترِجٹا (س۔ عص) ایک راکھشسی جس نے سیتاجی کی امداد کی تھی۔ جب وہ راون کی قید میں تھیں۔

تَرَجّع (ع۔ مذکر) ۱ ادھر ادھر حرکت کرنا ۲ ایک طرف جھک جانا۔

ترِجگ (ھ) **ترِجگت** (س۔ مذکر) تین عالم۔ تربھون۔ ترلوک۔

تَرَجُّل (ع۔ مذکر) ۱ پیدل سفر کرنا ۲ کوئیں میں اترنا ۳ دن چڑھنا ۴ سورج چمکنا۔

تَرَجُّم (ع۔ مذکر) اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھنا۔

تَرجُمان (ع۔ مذکر) ۱ مترجم۔ ترجمہ کرنے والا۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں بتانے والا ۲ شارح۔ مفسر (تَرجَمَ۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں بدلنا بعض کا خیال ہے کہ ترزبان کا معرب ہے) **ترجمانی** (مونث) ۱ ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ مترجم **ترجمانِ حقیقت** (مذکر) ۱ اصل واقعات کو بیان کرنے والا ۲ اصلیت ظاہر کرنے والا۔ وہ شاعر جو حقیقی واقعات کے متعلق شعر کہے۔ ڈاکٹر اقبال کا لقب ہے۔ **ترجمہ** (مذکر) ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کی ہوئی عبارت (کرنا ہونا کے ساتھ) **ترجمہ نویس** (مذکر) مترجم۔

تَرجَن (س۔ مذکر) ۱ ڈرانا۔ خوف دلانا۔ دھمکانا ۲ الزام دینا۔ قصور وار ٹھیرانا ۳ ڈر۔ خوف۔ **ترجنا** (ھ) ۱ دھمکانا۔ ڈرانا۔ خوف دلانا ۲ سرزنش کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ **ترجنی** (مونث) کلمے کی انگلی چونکہ دھمکی کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

تَرَجّی (ع۔ مونث) ایسی چیز کی امید جس کا حاصل ہونا آسان ہو ۱ امید کرنا ۲ مانگنا۔ استدعا کرنا۔ (رَجَا۔ امید رکھنا)

ترِجیا (س۔ مونث) جیب زاویہ قائمہ عمود کی لمبائی کو وتر پر تقسیم کرنے سے جو حاصل ہو اس صورت میں $\frac{1}{2}$ ہوتا ہے یا ۰۸۶۶ ۔ نصف قطر۔

تَرجیب (ع۔ مونث) ۱ عزت کرنا ۲ درخت کی شاخوں کو سہارا دینا تاکہ پھل کے بوجھ سے ٹوٹ نہ جائیں ۳ رجب کے مہینے میں قربانی کرنا۔

تَرجیح (ع۔ مونث) فوقیت۔ فضیلت۔ برتری۔ سبقت (رَجَحَ۔ بڑھ جانا) **ترجیح بلا مُرَجِّح** (مونث) بلا وجہ فوقیت دینا۔ **ترجیح دینا** (لازم) فضیلت دینا۔ بہتر سمجھنا۔ **ترجیح رکھنا** (لازم) اچھا یا بہتر ہونا۔ فوقیت رکھنا۔ سبقت لے جانا۔

تَرجیع (ع ۔ مونث) ١ واپس کرانا ۔ دوبارہ کرانا ٢ اِنّا لِلّٰہِ و انّا الیہِ راجعون کہنا ۔ **ترجیع بند** (مذکر) ایک قسم کی نظم جس میں ایک شعر کئی شعروں کے بعد بار بار آتا ہے ۔

تَرجیل (ع ۔ مونث) بال کھلے چھوڑ دینا ۔

ترچھا (ہ ۔ صفت) ١ ٹیڑھا ۔ کج ۔ آڑا بینڈا ۔ اوریب ٢ مخالف ۔ منحرف ٣ ناراض ۔ ناخوش ٤ بیوقوف ۔ احمق ٥ بانکا ۔ چھیلا ٦ ایک قسم کا کپڑا جس کے پاجامے بنتے ہیں ۔ (س ترس ۔ ٹیڑھا) **ترچھا پن** (مذکر) بانکپن ۔ ترچھا ہونا ۔ **ترچھا جوڑا** (مذکر) وہ جوڑا جو سر کے ایک طرف بندھا ہوا ہو ۔ **ترچھا دیکھنا** (متعدی) ١ ترچھی نظروں سے دیکھنا ۔ کن انکھیوں سے دیکھنا ٢ بھینگا ہونا یا دیکھنا ۔ **ترچھا کرنا** (متعدی) ٹیڑھا کر دینا ۔ ڈھلوان کرنا ۔ **ترچھا لگنا** (لازم) ٹیڑھا ہو کر لگنا ۔ آڑا لگنا ٢ چھونا ۔ **ترچھا ہونا** (لازم) ١ ٹیڑھا ہونا ٢ ناراض ہونا ۔ غصّے ہونا ۔ **ترچھی آنکھ نظر یا نگاہ** (مونث) ١ غصّے کی نظر ۔ نگاہ غضب ٢ نگاہِ ناز معشوقانہ انداز سے دیکھنا ٣ کن انکھیوں سے دیکھنا ٤ محبت بھری نگاہ سے دیکھنا (سے دیکھنا ۔ کرنا ۔ ہونا کے ساتھ)

ترچھانا (ہ ۔ متعدی) ١ ترچھا کرنا ٢ بانکا بننا ۔ ناز کرنا ٣ مخالف ہونا ۔ **ترچھیانا** (متعدی) ٹیڑھا چلنا ۔ اڑا ہو کر چلنا ۔

تَرَح (ع ۔ مذکر) غربت ۔ افلاس ۔

تَرَح (ع ۔ مذکر) مغموم یا اداس ہونا ۔

تَرِح (ع ۔ صفت) نکما ۔

تَرحّل (ع ۔ مذکر) رخصت ہونا ۔ سفر کرنا ۔ ہجرت کرنا ۔

تَرحُّم (ع ۔ مذکر) ١ رحم ۔ ترس ٢ مہربانی ۔ شفقت کرنا (آنا کے ساتھ) (رَحِم ۔ معاف کرنا)

تَرحیب (ع ۔ مونث) مہمان کی آؤ بھگت مرحبا کہہ کے کرنا ۔

تَرحیل (ع ۔ مونث) جانے کا حکم دینا ۔ بھیجنا ۔

تَرحیم (ع ۔ مونث) کسی پر رحم کرنا ۔

٢ کسی کو یرحمک اللہ کہنا ۔

ترخان (ع ۔ صفت) ١ آزاد ٢ جیسے سب محصول معاف ہوں ٣ کھلا ۔ بے روک ٤ (مذکر) ایک ترک قوم ٥ ایک چینی پہلوان ٦ دیکھو نور الدین سفیدونی

تَرخُّص (ع ۔ مذکر) ١ آسان ہونا ٢ سست ہونا ٣ رخصت ٤ حاصل کرنا ۔

ترخنا (ہ ۔ لازم) ترخنا ۔ تڑکنا ۔ پھٹ جانا ۔ شگاف ہونا ۔

تَرخیص (ع ۔ مونث) رخصت ۔ اجازت (رَخص ۔ کم ہونا)

تَرخیم (ع ۔ مونث) ١ کاٹنا ۔ کم کرنا ٢ (نحو) کسی لفظ کے آخری حرف کو دور کرنا یا گرا دینا (رَخم ۔ آواز کا نرم ہونا)

تَرَدُّد (ع ۔ مذکر) ١ سوچ ۔ فکر ۔ اندیشہ ٢ کشش و پنج ۔ پس و پیش ۔ تذبذب ٣ گھبراہٹ ۔ پریشانی ۔ بیقراری ٤ انکار ۔ رد ٥ محنت ۔ مشقت ۔ کام ٦ زراعت ۔ کاشتکاری (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَدّ ۔ لوٹانا) **تردّدات** (مذکر) تردّد کی جمع ۔ **ترددِ ناجائز** (مذکر) ناجائز کاشت ۔ خلافِ قانون کاشت ۔

تِردش (س ۔ صفت) ١ پیاسا ٢ (مذکر) تینتیس دیوتاؤں کا نام جن میں تردیو شمار نہیں ہوتے ٣ دیوتا ٤ تینتیس دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ ۔ سرگ ۔

تِردلا (س ۔ مونث) ایک بیل ۔

تَرَدُّم (ع ۔ مذکر) اولاد کی محبت شفقت بزرگانہ ۔

تِردوش (س ۔ مذکر) بدن کی تین رطوبتوں کی بیماریاں یعنی خون ۔ بلغم اور صفرا ۔

تِردھا (س ۔ تف) تین طرح تین حصوں میں ۔ تین جگہوں میں ۔ تین گنا ۔

تَرَدّی (ع ۔ مونث) ١ چغہ یا لبادہ پہننا ٢ مرجانا ٣ اونچی جگہ سے گرنا ۔

تَردید (ع ۔ مونث) ١ رد کرنا ۔ جواب دینا ٢ مخالفت کرنا ٣ رد ۔ جواب ۔ بطلان ٤ تنسیخ ۔ منسوخی (فیصلے کی) (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) (ردّ ۔ لوٹانا)

تَردیف (ع ۔ مونث) ١ پیچھے جانا ۔ پیروی کرنا (رَدف ۔ پیچھے آنا)

تِردیو (س ۔ مذکر) ہندو تثلیث برہما جی وشن جی اور شو جی ۔

تِرڈنڈی (س ۔ مذکر) ١ سادھو جو دنیا کو تیاگ کر بانس کے تین ٹکڑے باندھ کر لیے پھرتا ہے ٢ وہ سادھو جس کا بدن دل اور زبان یا خیالات الفاظ اور کام قابو میں ہوں ۔

تَرس (ف ۔ مذکر) ڈر ۔ خوف ۔ بیم ۔ ہراس ۔ دہشت ۔ باک ۔ حول ۔ **ترسا** (صفت) ڈرنے والا ۔ خوف کھانے والا ۔ **ترساں** (صفت) خوفزدہ ۔ **ترساں و ہراساں** (صفت) خوفزدہ ۔ دہشت زدہ ۔ **ترسناک** (صفت) ڈرا ہوا ۔ **ترسندہ** (صفت) دہشت زدہ ۔ ڈرا ہوا ۔

تَرس (ہ ۔ مذکر) ١ رحم ۔ ترحم ۔ (س ترس ڈرنا) **ترس آنا** (لازم) رحم آنا ۔ **ترسا** (امر) ١ ترسانا کا ٢ (ماضی) ترسانا کی ۔ **ترسا ترسا کر** (تف) شوق دلا کر منتیں کرا کر ۔ **ترسا ترسا کے دینا** (متعدی) تھوڑا تھوڑا دینا ۔ خواہش سے کم دینا ۔ شوق دلا کر تھوڑا سا دینا ۔ **ترسا ترسا کے مارنا** (متعدی) سخت شوق دلا کر نہ دینا ۔ للچا للچا کر نہ دینا ٢ پھڑکا پھڑکا کے مارنا ۔ بڑی تکلیف سے مارنا ۔ **ترسا مارنا** (متعدی) ١ للچا للچا کے نہ دینا ۔ بیقرار کر دینا ٢ تڑپانا ۔ للچانا ۔ **ترسانا** (متعدی) ١ للچانا ۔ شوق دلانا ۔ نہ دینا ۔ امید دلا کر نا امید کرنا ٢ خواہش سے کم دینا ۔ ضرورت کے موافق نہ دینا ۔ **ترس جانا** (لازم) دیکھو ترسنا ۔ **ترس کھانا** (متعدی) رحم کرنا ۔ **ترس کے مارے رونا** (لازم) رحم کھا کر کسی کے حال پر رحم آنا ۔ **ترس لگنا** (ہ) رحم کھانا ۔ **ترسنا** (لازم) ١ سخت خواہش کرنا ۔ خواہشمند ہونا ٢ ندیدہ ہونا ۔ کسی چیز کا بھوکا ہونا ٣ پھڑکنا ۔ بے چین ہونا ٤ اشتیاق میں رہنا ۔ مشتاق رہنا ٥ ناممکن یا مشکل بات کی امید باندھنا ٦ بیم و رجا میں رہنا ۔

مثل ۔ ترستی نے دیا بلکتی نے کھایا جیب جلی سواد نہ پایا ۔ ایک بدبخت دوسرے پر احسان کرے تو کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔

تَرَس (س ۔ صفت) ١ حرکت کرنے والا ٢ (مذکر) حرکت کرنے والی مخلوق ٣ دل ٤ جنگل ۔ **ترس دسیو** (مذکر) ایک راجہ جو پُرکتس کا بیٹا تھا اور بہت فیاض تھا ۔ دیوتا اس پر بڑی مہربانی کرتے تھے ۔ اس پر ویدوں کے کئی منتر اترے تھے ۔

تِرَس (س ۔ تف) ١ ترچھا ۔ ٹیڑھا بینڈا ۔ کج ٢ اشارتاً ۔ کنایتاً ٣ خفیہ طور سے ۔ **ترس کار** (مذکر) **کریا** (مونث) ١ بے عزتی ۔ گستاخی ٢ گالی گلوچ

دشنام ۲ سرزنش۔تنبیہ ۳ حقارت۔ نفرت (کرنا کے ساتھ)

تُرس (ع۔ مذکر) ڈھال۔

تَرسا (ف۔مذکر) ۱ عیسائی۔نصرانی ۲ آتش پرست۔گبر ۳ کافر۔مشرک۔ترسا بچہ (مذکر) عیسائی وغیرہ کا بچہ۔عیسائی نوجوان وغیرہ۔

تُرسا (ھ۔مذکر) چرسا۔

تِرسَٹ (ھ) **تِرسَٹھ** (ھ۔صفت) ساٹھ اور تین۔ ۶۳۔ ۶۳ (س ترش تر) ترسٹھواں (صفت) سلسلے میں ساٹھ کے بعد۔ترسٹھ حصوں میں سے ایک۔

تِرسِر س (س عص) ۱ تین سر والا ۲ ویدوں میں توشتری کا ایک بیٹا جسے وشوا روپ بھی کہتے ہیں ۳ سنجار دیکھو ترپا دکو یر دولت کے دیوتا کا لقب ۴ ایک اسر جسے وشن جی نے قتل کیا تھا ۵ راون کا ایک دوست جسے راجہ رام چندر جی نے قتل کیا تھا۔

تَرسُّل (ع۔مذکر) آہستگی۔آرام سے یا سوچ بچار کر کام کرنا ۲ آہستہ آہستہ پڑھنا۔آرام آرام سے اور صاف طور پر پڑھنا (رَسل۔ اونٹ کا آہستہ چلنا)

تَرسنا (ھ۔متعدی) ترس کھانا۔ رحم کھانا ۲ دیکھو ترس کے تحت میں

تِرسندھیا (مونث) **تِرسندھیہ** (س۔مذکر) دن کے تین حصے۔صبح۔دوپہر۔شام۔

تِرسنکو (س عص) دیکھو ستیاورت

تِرشول (ھ۔مذکر) ۱ تین نوک کا نیزہ یا بھالا ۲ شو جی کا ہتھیار ۳ لوہے کا تین نوکوں کا نشان جو ہندو مندروں پر لگاتے ہیں ۴ تین نوکوں کا ایک آلہ جو سادھو ہاتھوں میں رکھتے ہیں۔ ترسول کھینچنا (متعدی) ترسول کا نقشہ بنانا۔

تَرسوں (ھ۔مذکر) اترسوں۔گزرا ہوا یا آنے والا تیسرا دن۔

تَرسیل (ع۔مونث) بھیجنا۔روانہ کرنا۔ارسال (رَسل۔بھیجنا)

تَرَش (ع۔مذکر) ۱ ہلکا ہونا ۲ ناپائیدار یا بے ثبات ہونا۔

تَرش (ف۔امر) ترشنا کا (تراشیدن۔ کاٹنا) ترشا (مادی) ترشا کی۔ ترشا ہونا (لازم) کٹا ہونا۔چھلا ہونا۔قلم ہونا۔ ترشن (مونث) چھیلن کترن۔ ترشنا (لازم) تراشنا کا۔کاٹا جانا۔چھیلا جانا۔قلم ہونا۔ترشوا دینا۔ترشوانا (م) کٹوانا۔چھلوانا۔قلم کرانا۔

تَرَش (س۔مذکر) ۱ پیاس ۲ خواہش۔ ترشا (مونث) ۱ پیاس ۲ خواہش۔

تُرش (ف۔صفت) ۱ کھٹا ۲ سخت۔ بدمزاج۔بدخو۔کڑوا۔روکھا ۳ ناخوش۔ناراض (تُرشیدن کھٹا ہونا) **ترش اَبرو** (صفت) بدمزاج۔بدخو۔**ترشا جانا**۔**ترشنا** (لازم) کھٹا ہو جانا۔کھٹاس آ جانا۔ **ترشاوا** (مذکر) کھٹے لیموں وغیرہ کے درخت۔**ترشائی** (مونث) ترشی۔کھٹائی۔ **ترش رخسار۔رو یا طبع** (صفت) بدمزاج۔بدخو۔چڑچڑا۔**ترش روئی** (مونث) بدمزاجی (کرنا ہونا کے ساتھ) **ترش مزاج** (صفت) بدمزاج۔بدخو۔**ترش ہونا** (لازم) ۱ کھٹا ہونا ۲ رنجیدہ ہونا۔برہم ہونا۔**ترشی** (مونث) ۱ کھٹائی ۲ رنجیدگی۔ناراضگی

تِرشا (س۔مونث) ۱ پیاس۔تشنگی ۲ سخت خواہش۔تمنا۔آرزو۔شوق۔اشتیاق ۳ لالچ۔حرص ۴ خواہش کی دیوی جو کام دیو کی بیٹی ہے۔**ترشارت** (صفت) ۱ پیاسا۔تشنہ ۲ سخت مشتاق۔تمنائی۔

تَرشت۔تِرشِت (س۔صفت) ۱ پیاسا۔تشنہ ۲ خواہشمند۔شائق ۳ لالچی۔حریص۔

ترشٹھُ (س۔مونث) ایک وزن یا بحر۔

تَرَشُّح (ع۔مذکر) ۱ ٹپکنا۔نکلنا ۲ ظاہر ہونا۔معلوم ہونا۔عیاں ہونا ۳ پھوہار (ہونا کے ساتھ) (رَشَح۔پسینہ یا پانی پھوٹنا)

تِرشِرا (ھ۔صفت) ۱ تین سر والا ۲ تین نوکوں والا ۳ (مذکر) ایک راکھشس جسے وشن جی نے قتل کیا تھا۔

تِرشَرَن (س۔مذکر) ۱ بدھ مذہب والوں کے نزدیک تین پناہ کی جگہیں بدھ۔قانون اور سبھا ۲ بدھ ۳ جینیوں کا سادھو یا مہنت۔

تُرُشک (س۔مذکر) ۱ ترک۔تورانی ۲ ترکستان۔توران۔ ترشکا (مذکر) ترک قوم۔

تَرشَن (س۔مذکر) ۱ پیاس۔تشنگی ۲ پیاس لگنا ۳ خواہش کرنا ۴ خواہش۔

تِرشنا (س۔مونث) ۱ پیاس تشنگی ۲ تمنا۔اشتیاق ۳ لالچ۔حرص ۴ عالی حوصلگی۔اولوالعزمی **ترشنارت** (صفت) بہت پیاسا۔سخت خواہشمند۔ بیحد مشتاق۔ ترشنا گشتی (مذکر) ۱ خواہش جاتی رہنا ۲ اطمینان قلب۔صبر۔قناعت۔حوصلہ۔

تِرِشنج (س۔صفت) ۱ پیاسا۔تشنہ ۲ خواہشمند۔مشتاق۔تمنائی۔

ترشُول (س۔مذکر) دیکھو ترسول۔ **ترشول پانی** (صفت) ترسول ہاتھ میں لئے ہوئے شو جی کا لقب۔**ترشولی** (مذکر) ترسول والا۔شو جی کا لقب۔

تَرشیح (ع۔مونث) شاعری کی ایک صنعت جس میں شعر اس طریق سے لکھے جاتے ہیں کہ ہر مصرع کے پہلے حرف ملائے جائیں تو کسی کا نام پیدا ہو (رَشَح۔پھوٹنا۔نکلنا)

تَرَصُّد (ع۔مذکر) انتظار۔امید۔آس۔تمنا۔خواہش (رَصَد۔انتظار کرنا)

تَرصیع (ع۔مونث) ایک صنعت شاعری کی جس میں دو مصرعوں کے سب الفاظ کا بالترتیب ایک وزن ہونا (رَصَع۔چپٹنا)

تَرطیب (ع۔مونث) رطوبت پہنچانا۔تر کرنا۔مزاج میں تری پیدا کرنا (رَطب۔گیلا ہونا)

تَرَع (ع۔مذکر) ۱ بھرا ہونا ۲ بوتل برتن یا حوض جو بھرا ہوا ہو ۳ کسی برے کام میں جلدی کرنا۔

تُرعَت (ع۔مونث) **تُرعَہ** (مذکر) ۱ دروازہ ۲ قدم ۳ باغ یا کھیت ۴ کوئیں کے پاس وہ جگہ جہاں مویشی پانی پیئیں۔

تَرَعرُع (ع۔مذکر) لڑکے کا قد میں بڑھنا۔

تَرغیب (ع۔مونث) ۱ رغبت دلانا۔لالچ دلانا ۲ کسی کام کے کرنے پر آمادہ کرنا۔اکسانا ۳ شوق۔فریفتگی ۴ بہکاوا۔اغوا۔اکساؤ۔ترغیب اچھے اور برے دونوں کاموں کے لئے ہوتی ہے۔معنی ۴ صرف برے کاموں کے لئے ہوتے ہیں۔ (دینا کے ساتھ) (رَغِب۔خواہش ہونا)

تَرَف (ع۔مذکر) آسودہ حال ہونا۔

تَرفان (اردو۔ مذکر) ایک نکو آلہ یا ریتی جس سے بندوق کی نال صاف کرتے ہیں۔

تَرَفُّع (ع۔مذکر) ۱ بلندی ڈھونڈنا ۲ مجازاً تکبر۔غرور (رَفَع۔اٹھانا)

ترفّہ (ع - مذکر) دولتمندی - آسودگی - امیری - خوشحالی (رَفَہ - لطف اُٹھانا)

تَرفیہ (ع - مذکر) ۱ آسان یا سہل بنانا ۲ مقروض کو وقت دینا -

ترفانا (متعدی) توڑنا - شق کرنا - (ترقیدن - ٹوٹنا) **ترقنا** (لازم) پھٹنا - بال آنا - شق ہونا -

ترقّب (ع - مذکر) ۱ امید کرنا - انتظار کرنا ۲ امید - انتظار - توقع - اسرار (رَقَبَ - انتظار کرنا) ۳ ارادہ کرنا -

ترقّی (ع - مونث) ۱ بڑھنا - اونچا ہونا ۲ افزونی - زیادتی - اضافہ ۳ بلندی - برتری (رَقیٰ - آہستہ آہستہ اونچا ہونا) **ترقیات** (جمع) ترقی کی - **ترقی اقبال ہو** (دعا) اقبال بڑھے - ترقی کرو - **ترقی بخش** (صفت) اضافہ کرنے والا - **ترقی پانا** (لازم) ۱ عہدہ بڑھنا - درجہ بڑھنا ۲ تنخواہ میں اضافہ ہونا ۳ لڑکوں کا اوپر کی جماعت میں چڑھایا جانا - **ترقی پذیر** (صفت) بڑھنے والا - **ترقی پر ہونا** (لازم) ترقی کرنا - **ترقی حیثیت** (مونث) حالت کی ترقی - **ترقی پکڑنا** (متعدی) زیادہ ہو جانا - بڑھ جانا - **ترقی خواہ** (صفت) دعاگو - خیرخواہ - خیراندیش - **ترقی دینا** (متعدی) ۱ عہدہ یا درجہ بڑھنا ۲ تنخواہ بڑھانا ۳ جماعت چڑھانا - **ترقی کرنا** (متعدی) ۱ مرتبہ زیادہ ہونا - آگے بڑھنا ۲ عہدہ بڑھنا ۳ مال و دولت زیادہ ہونا ۴ کسی امر میں زیادہ واقفیت حاصل کرنا - علم زیادہ ہونا - **ترقی کے معراج پر پہنچنا** (لازم) پوری ترقی حاصل کرنا - **ترقی ہونا** (لازم) ترقی کرنا کا -

ترقیق (ع - مونث) ۱ پتلا ہونا - ہلکا ہونا - پانی کی طرح ہونا ۲ باریک کرنا - پتلا کرنا - نرم کرنا ۳ نہایت عزیب کر دینا ۴ پتلا پن - رقت (رَقَّ - پتلا ہونا)

ترقیم (ع - مونث) ۱ لکھنا - تحریر کرنا ۲ تحریر - لکھت (رَقَمَ - لکھنا)

ترقین (ع - مذکر) ۱ نشان کرنا ۲ ایک دوسرے کے قریب لکیریں کھینچنا ۳ خوبصورت لکھنا ۴ کتاب پر نقش و نگار بنانا ۵ حروف پر نقطے لگانا ۶ نقطہ جو کسی خالی جگہ کو پر کرنے کے لئے لگایا جائے ۷ سطروں کے درمیان لکھنا -

تِرک (ھ - مذکر) شہتیر - کڑی -

تَرک (ع - مذکر) ۱ چھوڑنا - دستکش ہونا ۲ بھول - چوک - سہو - فروگزاشت ۳ دستبرداری - دستکشی - کنارہ کشی ۴ (مونث) وہ عبارت جو لکھنے سے رہ جائے اور حاشیہ پر لکھ دی جائے - ٹوٹ ۵ وہ کلمہ جو صفحہ کے آخیر میں لکھا جائے اور پھر اگلے صفحہ کے ابتدا میں لکھا جائے (تَرَکَ - چھوڑنا) **ترکِ ادب** (مذکر) ۱ گستاخی - بے ادبی - بدتہذیبی ۲ جرأت - حوصلہ - **ترکِ اسلام** (مذکر) مسلمانوں کے مذہب سے ہٹ جانا - کافر ہو جانا - **ترکِ اُولےٰ** (مذکر) اس فعل کا ترک جس کا کرنا افضل ہے - **ترکِ حیوانات** (مذکر) ان چیزوں کا ترک جو حیوانات سے پیدا ہوتی ہیں - جیسے گوشت - دودھ - دہی وغیرہ - **ترکِ دُنیا** (مذکر) خلوت گزینی - فقیر ہو جانا - **ترکِ رسا** (مذکر) عیش و عشرت چھوڑ دینا - دنیاداری سے قطع تعلق کر لینا - کسی چیز سے توبہ کرنا - **ترکِ شراب** (مذکر) شراب نوشی چھوڑ دینا - **ترکِ عادت** (مذکر) کسی عادت کو چھوڑ دینا - **ترک کرنا** (متعدی) ۱ چھوڑ دینا - تیاگنا ۲ کسی چیز سے باز آنا - قطع تعلق کر لینا - الگ ہو جانا - **ترکِ لذّات** (مذکر) عیش و عشرت چھوڑ دینا - آرام و آسائش کی چیزیں چھوڑ دینا - **ترک لگانا** (متعدی) اجزا کی ترتیب دینا - **ترکِ صحبت** (مذکر) دوستی توڑ دینا - قطع تعلق کر لینا - **ترکِ مذہب** (مذکر) ۱ مذہب چھوڑ کر کوئی دوسرا مذہب اختیار کر لینا ۲ دہریہ بن جانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **ترکِ موالات** (مذکر) کسی کے ساتھ مل کر کام نہ کرنا - عدم تعاون - نان کواپریشن - **ترکِ وطن** (مذکر) ۱ ہجرت کرنا - دیس چھوڑنا ۲ مہاجرت - ہجرت - **ترک ہونا** (لازم) چھوٹ جانا -

تَرک (ف - مذکر) ۱ کھائی ۲ ایک قسم کی مٹھائی ۳ دوشیزہ لڑکی ۴ ایک دریا -

تَرک (س - مذکر) ۱ تصور - گمان - خیال - غور - بچار - قیاس - اندازہ ۲ بحث - مناظرہ - مباحثہ ۳ عذر - جواب - التماس ۴ دلیل - حجت ۵ - شک - شبہ ۶ بحث کا علم - منطق ۷ (علم منطق) مسئلہ - **ترک اٹھانا** (متعدی) اعتراض کرنا - جواب دینا - **ترک شاستر** (مذکر) **ودیا** (مونث) بحث کا علم - منطق - مناظرے کا علم - **ترک کرنا - ترکنا** (متعدی) ۱ سوچنا - قیاس کرنا - غور کرنا ۲ دریافت کرنا ۳ تفتیش کرنا ۴ بحث کرنا - مناظرہ کرنا ۵ شک کرنا - شبہ کرنا -

تُرک (ف - مذکر) ۱ تاتار یا ترکستان کا باشندہ ۲ یافث بن نوح کے ایک بیٹے کا نام جس سے ترکوں کا سلسلہ چلتا ہے ۳ سپاہی - بہادر ۴ (مجازاً) معشوق ۵ (ھ) مسلمان - ملچھ ۶ لٹیرا - قزاق - **ترکان** (مذکر) ترک کی جمع - **ترکانِ تاتار** (مذکر) تاتار سے آئے ہوئے ترک - **ترکانِ چرخ** (مذکر) سات ستارے - **ترکانہ** (صفت) ترک کی طرح - ترکی - **ترکانی** (مونث) ایک ڈھیلا ڈھالا کپڑا جو ترک عورتیں پہنتی ہیں - **ترکانیہ** (صفت) ترکانہ - **ترک بچہ** (مذکر) ترک کا لڑکا - حسین نوجوان - **ترکتاز** (مذکر) ۱ سپاہی - عسکری - لشکری - تلنگا ۲ لٹیرا - قزاق - **ترکتازی** (مونث) لوٹ - مار - تاخت و تاراج - حملہ - **ترکِ چین - ترکِ روز - روزگار یا نیمروز** (مذکر) آفتاب - سورج - **ترکستان** (مذکر) ترکوں کا ملک جو بحیرہ کیسپین اور چین کے درمیان سائبیریا سے افغانستان تک پھیلا ہوا ہے - آج کل کچھ حصہ سلطنت چین میں جہاں جنگِ آزادی ہو رہی ہے کچھ روس میں اور کچھ افغانستان میں شامل ہے - **ترکِ ستمگر** (مذکر) ظالم معشوق - **ترک سوار** (مذکر) مسلمان سپاہی جو گھوڑے پر سوار ہو - **ترک غزی** (مذکر) ترکستان کی ایک نہایت ظالم قوم - **ترکِ فلک یا گردوں** (مذکر) مریخ - آفتاب - **ترکمان** (مذکر) ترکوں کی ایک قوم - **ترک مزاج** (صفت) ۱ ظالم - سفاک ۲ حیلہ باز - مستغنی ۳ بدچلن - بدکار - شرارتی - **ترکن** (مونث) ۱ ترک قوم کی عورت ۲ ترک کی بیوی ۳ سپاہی عورت ۴ (ھ) مسلمان عورت - **ترکنی** (مونث) وہ عورت جو شاہی محل میں پہرا دیتی ہے - قلماقنی - **ترکی** (مونث) ۱ ترکستان کی زبان ۲ مجازاً غرور - نخوت ۳ (مذکر) ترکستان کا باشندہ ۴ (صفت) ترکستان یا روم کا باشندہ - ترکستان کا بنا ہوا ۵ ترکستان کے متعلق یا ترک کے متعلق - **ترکی بترکی جواب دینا** (متعدی) ۱ سخت جواب دینا ۲ جیسا کوئی کہے ویسا جواب دینا - **ترکی تمام شد** سارا غرور نکل گیا - ساری شیخی جاتی رہی - **ترکی تمام کرنا** (متعدی) ۱ غرور نکال دینا - گھمنڈ توڑ دینا ۲ کچھ باقی نہ چھوڑنا - **ترکی تمام ہونا** (لازم) ۱ غرور جاتے رہنا - گھمنڈ نکلنا ۲ خاتمہ ہونا - کچھ باقی نہ رہنا ۳ ساری بہادری نکلنا - سپاہگری کا خاتمہ ہونا ۴ مر جانا - کام تمام ہونا -

امثال و اقوال - ترک بھی تو

بہنا سنگ ۔ ذلیل سے قلیل منفعت اُٹھانا۔ ترک کا کے میت ۔ سرپ سے کا پیت (ہ) مسلمان سے دوستی کرنا سانپ سے دوستی کرنے کے برابر ہے۔ ترک تتیا تو تڑا نا یہ کس کے میت بھیر پڑت مُنہ پھیر لیں راکھیں نہ پریت ۔ مسلمان ۔ بھڑ اور تو تا کسی کے دوست نہیں ہوتے مصیبت کے وقت چل دیتے ہیں ۔ ترکی پٹے تازی کا نپے ۔ ترکی پٹے تازی کے کان ہوں ۔ ایک کو سزا ہو دوسرے پر اثر ہو۔ ترک مُوہوئے تو بھی نا (ہ) باوجود مذہب بدلنے کے کچھ فائدہ نہ ہُوا۔

ترِک (س ۔ صفت) ۱ تین گنا ۲ (مذکر) تین کا مجموعہ ۳ ترسول ۴ ٹھوڑی کی ہڈی ۵ چوتڑ کولا۔ ترکا (مونث) ۱ گھونسا۔ ڈھانچ جو کوٹیں کے اوپر لگاتے ہیں ۲ گول لکڑی جو کوئیں کی دیوار کے نیچے رکھتے ہیں۔

ترکا (س ۔ مونث) منطقی دلیل۔

ترکاری (ہ ۔ مونث) ۱ وہ سبزی جو اِنسان پکا کر کھاتا ہے ۲ ساگ پات ۔ وہ پودا جس کا کوئی نہ کوئی حصہ پکایا جاتا ہے ۳ (ہندو) گوشت (ریجنا۔ رچنا ۔ پکنا ۔ خریدنا ۔ کھانا ۔ لینا وغیرہ کے ساتھ) ترکاریاں (مونث) ترکاری کی جمع ۔ **ترکاری بنانا** (متعدی) ۱ سبزی کو چھیل چھال کر پکانے کے لئے تیار کرنا ۔ سبزی پکانا ۲ گوشت پکانا ۔ **ترکاری چڑھانا** (متعدی) ۱ ترکاری کو بنا کر چولھے پر رکھنا ۲ ہندوؤں میں حمل کے ساتویں مہینے میکے سے ترکاری مٹھائی جوڑے وغیرہ آنا ۔ سادہ چڑھانا ۔ سدھوری بھیجنا ۔ **ترکاریوں** (مونث) ترکاری کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **ترکاریوں کے بیج** (مذکر) وہ بیج جن سے ترکاریاں پیدا ہوتی ہیں

ترِکال (س ۔ مذکر) ۱ تین اوقات یا زمانے ماضی ۔ حال اور مستقبل ۲ صبح دوپہر اور شام۔

ترکُّب (ع ۔ مذکر) ۱ ایک چیز کا دوسری میں جڑا جانا جیسے نگینے کا انگوٹھی میں ۲ لگایا جانا جیسے پیتل کی نوک کا لکڑی پر۔

ترکُّت (ع ۔ مونث) ۱ فربہ ہونا ۲ خود۔

ترِکِت (س ۔ صفت) ۱ تفتیش شدہ امتحان کیا ہوا ۔ آزمایا ہوا ۲ بحث کیا ہوا ۔ بحث شدہ ۳ مشتبہ ۔ مشکوک ۔ جھگڑا کیا ہوا ۴ جھگڑالو ۵ (مذکر) جھگڑالو شخص۔

تُرکت (ع ۔ مونث) دیکھو ترکہ۔

ترکُٹ (س ۔ مذکر) چرخے پر دھاگا نکالنا ۔ کاتنا۔

ترِکَٹ (س ۔ مذکر) ایک سُرخ رنگ پھول والا پودا۔

ترِکٹا ۔ ترکٹو (ہ ۔ مذکر) **ترکٹا** (ہ) تین مسالوں کا سفوف جو ہاضمے کے لئے بناتے ہیں۔

ترکُٹی (س ۔ مونث) تکلا ۔ سلائی۔

ترکَش (ف ۔ مذکر) تیروں کے رکھنے کا آلہ ۔ تیردان ۔ تیرکش کا مخفف ۔ ترکش بند صفت ترکش لگائے ہوئے سپاہی

مقولہ ۔ ترکش میں تو (دو) تیر نہیں پر شرما شرمی لڑتے ہیں ۔ امید تو ہی نہیں ، مگر کوشش جاری ہے۔

ترکل (س ۔ مذکر) ایک جنگلی پودا جو عام ہوتا ہے ۔ اور برسات میں زرد پھول نکالتا ہے۔

ترکل (ہ ۔ مذکر) تاڑ کے درخت کا پھل ۔ تاڑ پھل۔

ترکم ترکا (اردو ۔ مونث) عو ۔ ان بن ترک ملاقات ۔ جُدائی۔

ترکن (س ۔ مذکر) ۱ ترک شاستر کا پیرو ۲ منطقی ۳ جھگڑالو ۔ بحث کرنے والا۔

ترکنٹک (س ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی مچھلی ۲ ایک پودا ۔ ترکٹ۔

ترکو (س ۔ مونث) تکلا ۔ سلائی **ترکو پنڈ** **ترکو پیٹھی** (مونث) مٹی کا گولا سلائی کے نچلے سرے پر جو سلائی کے چکر دینے میں کام آتا ہے ۔ **ترکو شان** (مذکر) پتھر جس پر تکلا تیز کرتے ہیں۔

ترکوٹ (س ۔ صفت) ۱ تین چوٹیوں والا ۲ (مذکر) ہندوستان میں کئی پہاڑوں کا نام ۳ نمک جو سمندر کے پانی سے تیار کیا جائے ۴ وہ پہاڑ جس پر لنکا کا شہر آباد تھا ۔ جسے راجہ رامچندر جی نے فتح کیا تھا ۵ ایک سلسلہ کوہ جو کوہ میرو کے جنوب میں ہے۔

ترکون (س ۔ صفت) ۱ تین کونے والا ۲ (مذکر) تکونٹا ۔ مثلث ۳ فرج ۔ عورت کی شرم گاہ **ترکون متی** (وِدّیا) علم مثلث۔

ترکہ (ع ۔ مذکر) ۱ مردے کی جائداد ۔ وہ جائداد جو انسان مرنے پر چھوڑے ۲ ورثہ ۔ مال متروکہ (اصل لفظ ترکہ ہے ۔ ترک ۔ چھوڑنا) **ترکہ بٹنا** (لازم) جائداد وارثوں کو تقسیم ہونا ۔ **ترکہ بلا وصیت نامہ** (مذکر) وہ ترکہ جس کے متعلق مردے نے کوئی وصیت نہ کی ہو ۔ **ترکہ پانے والا** (صفت) وارث ۔ **ترکۂ پدری** (مذکر) باپ کا چھوڑا ہوا مال ۔ **ترکے** (مذکر) ۱ ترکہ کی جمع ۲ بجائے ترکہ حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **ترکے میں آنا** (لازم) ورثے میں ملنا ۔ **ترکے میں چھوڑنا** (متعدی) وصیت میں کسی کو دینا۔

ترکھا (ہ ۔ صفت) ۱ تیز ۔ تیز رفتار ۲ چُست ۔ ہشیار۔

ترکھنٹی ۔ ترکھونٹ ۔ ترکھونٹی
(ہ ۔ مونث) ۱ تین پہلوؤں والا شکل ۔ مثلث ۔ تکون ۲ تپائی ۳ ایک مثلث کی شکل کا ہتھیار ۴ مثلث کی شکل کا نمک کا ٹکڑا ۔ **ترکھونٹ سا** (علم نباتات) مثلثی ۔ تکون شکل کے پتوں والا۔

ترکی (س ۔ مذکر) ۱ دیکھو ترکن ۲ (ہ) ایک قسم کی بالی (پہننا کے ساتھ)

ترکیب (ع ۔ مونث) ۱ اکٹھا کرنا ۔ مرکب کرنا ۔ ملا کر بنانا ۔ ملانا ۲ نگینہ جڑنا ۳ ملاوٹ ۔ ساخت بناوٹ ۔ تناسب ۴ ارکان ۔ اجزا ۵ مرکب ۔ کھپل ۶ کسی چیز کے بنانے کا خاص طریقہ ۷ ڈھنگ ۔ طور ۔ ڈھب ۔ طریقہ ۔ تدبیر ۸ (نحو) جملے کے ہر لفظ کی قسم اور تعلق بتانا (مذکب ۔ سوار ہونا) **ترکیبات** (مذکر) ترکیب کی جمع ۔ **ترکیب بتانا** (متعدی) ۱ بنانے کا طریقہ بتانا ۲ اجزا یا ارکان بتانا ۳ جملے کے الفاظ کی اقسام اور ان کے تعلقات بتانا ۔ **ترکیب بند** (مذکر) نظم کی ایک قسم چند بند ایک بحر میں مختلف القوافی ہوتے ہیں اور ہر بند کے بعد ایک شعر غیر مکرر متفق الوزن مگر مختلف القوافی آتا ہے ۔ **ترکیب دار** (صفت) اچھی بناوٹ کا ۔ سڈول ۔ **ترکیب دینا** (متعدی) ۱ ملانا ۔ بنانا ۲ مختلف اجزا کو ملا کر تیار کرنا ۔ **ترکیب سوجھنا** (لازم) طریقہ خیال میں آنا ۔ تدبیر سوجھنا ۔ **ترکیب سے** (ف) طریقے سے ۔ احتیاط سے ۔ کفایت شعاری سے ۔ ہوشیاری سے (چلنا کے ساتھ) **ترکیب کرنا** (متعدی) ۱ تدبیر کرنا ۔ صورت نکالنا ۲ بنانا ۔ ملانا ۔ مرکب کرنا ۳ بندوبست یا انتظام کرنا ۴ جملے کے الفاظ کی اقسام پر تعلقات بتانا ۔ **ترکیب نکالنا** (متعدی) تدبیر بتانا ۔ ڈھنگ نکالنا ۔ طریقہ سوچنا ۔ **ترکیب نکلنا** (لازم) طریقہ نکلنا ۔ ڈھنگ معلوم

ہونا۔ ترکیبی (صفت) ۱۔ مرکب۔ بنا ہوا۔ ملا ہوا ۲۔ بناوٹی۔ مصنوعی۔ ساختہ۔

ترگ (س۔ مذکر) "تیز چلنے والا" گھوڑا۔ ترنگ۔ ترگی (صفت) ۱۔ گھوڑے سے سوار ۲۔ گھوڑے کے متعلق ۳۔ سواری کرنے والا ۴۔ (مذکر) سوار ۵۔ شہ سوار۔ جنگی سوار ۶۔ (مونث) گھوڑی ۷۔ تیاری۔

ترگرتا (س۔ مونث) ۱۔ بیسوا۔ بدکار عورت ۲۔ (ھ) بدکار عورتوں کا ملک ۳۔ (عص) تین قلعوں کا ملک۔ بعض اسے ریاست کونک خیال کرتے ہیں اور بعض دوآبہ بست جالندھر اور کانگڑہ۔

ترگن (س۔ مذکر) زندگی کی تین چیزوں کا مجموعہ نیکی خوشی اور دولت۔

ترگن (س۔ مذکر) ۱۔ قدرت اور ہر چیز کی تین صفتیں خلقتیں یا ۲۔ کوئی مخلوق جس میں تین خاصیتیں ہوں ۳۔ (صفت) تین دھاگوں والا ۴۔ تین گنا ۵۔ تین گن یا خاصیتوں والا۔

ترل (س۔ صفت) ۱۔ کانپنے والا۔ لرزنے والا۔ غیر مستقل۔ متغیر ۲۔ بدلنے والا۔ ناپائدار۔ بیقرار ۳۔ بیوفا ۴۔ بدچلن۔ بدکار ۵۔ چمکدار۔ روشن۔ منور۔ تاباں۔ درخشاں۔ چمکیلا۔ بھڑکیلا ۶۔ (مذکر) بے وفا شخص وغیرہ۔

ترلا (ھ۔ مذکر) ۱۔ تہ۔ نچلا حصہ۔ تلا ۲۔ گہرائی۔ عمق ۳۔ ایک قسم کا بانس ۴۔ (صفت) نچلا۔ نیچے کا۔

ترلوچن (س۔ عص) تین آنکھوں والا شوجی۔ ایک دفعہ شوجی تپسیا میں مشغول تھے ان کی بیوی نے پیار سے ان کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ دیا۔ فوراً تیسری آنکھ پھوٹ نکلی۔ یہ بڑی ہلاکت انگیز آنکھ تھی۔ اس نے کامدیو کو پل میں جلا کر راکھ کر دیا۔

ترلوچن داس (س۔ صفت) ۱۔ تین آنکھوں والا۔ سہ چشمی ۲۔ (مذکر) شوجی کا ایک نام۔

ترلوک (س۔ مذکر) ۱۔ تین عالم۔ آسمان۔ زمین۔ ہوا یا آسمان زمین اور پاتال ۲۔ عالم۔ کائنات۔ جہان ۳۔ تینوں عالموں کی مخلوقات۔ ترلوک ناتھ (مذکر) تینوں عالموں کا مالک۔ اندر مہاراج کا نام۔ ترلوکی (مونث) ۱۔ عالم ۲۔ تینوں عالموں کا مجموعہ۔ ترلوکی ناتھ (مذکر) کائنات کا مالک۔ وشن جی اور شوجی کا ایک نام۔

تُرَم (ہ۔ مذکر) ترئی۔ بگل (س تُرئی) ترم کی سلامی (مونث) فوج کی سلامی جو بگل کے ساتھ لی جاتی ہے۔ ترم باز خاں۔ ترم خاں یا ترَّم خاں (مذکر) شیخی باز شخص۔

تُرَم (ھ۔ مذکر) ۱۔ بیڑی۔ بیکار ۲۔ کاٹھ پرانی۔

ترماترک (س۔ مذکر) ۱۔ حرف علت جس کی آواز کھینچ کر نکالی جائے اور تین ماتروں کے برابر ہو۔ پلت ۲۔ (صفت) ایسے حرف علت کے متعلق۔

ترمارگی (س۔ مونث) ۱۔ تین رستے ۲۔ تین رستوں کے ملنے کی جگہ۔

ترمتی (ہ۔ مونث) باز یا شکرے کی ایک قسم۔

ترمدھو (س۔ مذکر) ۱۔ تین میٹھے مادے شکر۔ شہد اور گھی ۲۔ رگوید کا ایک حصہ جو لفظ مدھو سے شروع ہوتا ہے ۳۔ وہ شخص جو یہ حصہ پڑھے یا جانتا ہو۔

ترمرا (ھ۔ مذکر) ۱۔ آنکھوں میں اندھیرا ۲۔ چکا چوند ہونا۔ چندھیانا ۳۔ چکنائی کا ذرہ جو پانی پر تیرتا ہے ۴۔ سیاہ ذرہ جو آنکھ کے سامنے اڑتا ہوا نظر آئے۔ ترمراتا (صفت) چندھیایا ہوا۔ ترمرانا (لازم) ۱۔ چندھیا جانا۔ چکا چوند ہو جانا ۲۔ بدن میں سنسناہٹ ہونا۔ تھرتھرانا ۳۔ پانی کے اوپر چکنائی کے ذروں کا چمکنا۔ ترمراہٹ (مونث) ۱۔ چمکنا۔ چندھیانا ۲۔ سنسناہٹ۔ تھرتھراہٹ۔ ترمری (مونث) ۱۔ آنکھوں کے آگے تاریکی ۲۔ سر پھرنا۔ دوران سر۔ چکر۔ ترمرے (ہ) ترمرا کی جمع۔ اردو میں صرف جمع استعمال ہوتا ہے (پھرنا۔ چلے آنا۔ نظر آنا کے ساتھ)

ترمس۔ تُرمُس (ع۔ مذکر) ایک پودا جس کے پھول نہایت خوبصورت ہوتے ہیں (دیکھیو ...)

ترمکٹ (س۔ مذکر) پہاڑ جس کی تین چوٹیاں ہوں۔

ترمکھ (س۔ صفت) ۱۔ تین چہروں والا۔ تین منہ والا ۲۔ (مذکر) تین دریاؤں کے ملنے کی جگہ۔

ترمورتی (س۔ صفت) ۱۔ تین شکلوں یا صورتوں والا جیسے برہما جی۔ شوجی اور وشن جی ۲۔ (مذکر) بدھ ۳۔ جینیوں کا سنت ۴۔ (مونث) ہندو تثلیث برہما جی شوجی اور وشن جی۔

تُرمیل (ع۔ مونث) خون چھڑکنا۔

ترمیم (ع۔ مونث) ۱۔ درستی۔ اصلاح مرمت۔ سنوار ۲۔ تبدل۔ تغیر۔ نظر ثانی (کرنا ہونا کے ساتھ) (رَم۔ مرمت کرنا) ترمیم شدہ (صفت) جس میں تغیر تبدل ہو چکا ہو۔

ترن (س۔ مذکر) ۱۔ گزرنا۔ پار ہونا ۲۔ بچنا۔ چھٹکارا پانا ۳۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ نجات۔ مخلصی ۴۔ سرگ ۵۔ کشتی۔ بیڑا۔ چوگھرا ۶۔ وہ شخص جو رہائی پائے۔ ترنا (متعدی) ۱۔ گزرنا۔ پار ہونا۔ پار اترنا ۲۔ (لازم) پار لیجایا جانا۔ نجات دیا جانا۔ ترنتارن (مذکر) نجات دہندہ اور نجات یافتہ۔

ترن (س۔ صفت) ۱۔ نوجوان۔ بچہ ۲۔ بالغ۔ جوان ۳۔ نیا۔ تازہ۔ جدید (مذکر) نوجوان آدمی۔ بالغ شخص ۴۔ ارنڈ کا درخت ۵۔ مرمری ہڈی۔ چپٹی ہڈی ۶۔ شگوفہ کونپل۔ کلا۔ ترناپن (مذکر) ترنائی (مونث) ۱۔ جوانی۔ بلوغت ۲۔ جوانی کا زمانہ۔

ترن (س۔ مذکر) ۱۔ گھاس۔ بوٹی۔ گھاس کی طرح کا کوئی پودا ۲۔ گھاس کی پتی ۳۔ گھاس کا تنکا۔ ترناگنی (مونث) ۱۔ گھاس کی آگ یعنی جلدی بجھنے والی آگ ۲۔ آگ یا بھوسے میں آتش زدگی ۳۔ ملزم کو آگ میں لپیٹ کر جلانا۔ ترنپلو (مذکر) گھاس کی پتی۔ ترن پیڈا (مذکر) "گھاس کی طرح گنجان" گھمسان کی لڑائی۔ ترنجاتی (مونث) نباتات۔ ترنس (صفت) گھاس دار۔ گھاس کا بنا ہوا۔ ترنمے (صفت) ۱۔ گھاس سے بھرا ہوا۔ گھاس دار ۲۔ گھاس کا بنا ہوا۔ ترنوت (صفت) گھاس کے مانند۔ قلیل۔ ہیچ۔ ادنے۔

ترناورت (س۔ عص) ایک راکھشس جو بگولا بن کر طفل کرشن جی کو اٹھا لے گیا۔ مگر انہوں نے اسے قتل کر دیا۔

ترنت (س۔ مذکر) ۱۔ سمندر۔ بحر ۲۔ موسلا دھار بارش۔ مینہ کی جھڑی ۳۔ کوہر۔ دھند ۴۔ ایک سامن کا مصنف۔ ترنتی (مونث) کشتی۔ ناؤ۔ جہاز۔

تُرنج (ف۔ مذکر) ۱۔ لیموں کی ایک بڑی قسم۔ گلگل۔ کھٹا ۲۔ بڑا بوٹا جو چادر یا تبا پر ریشم وغیرہ سے کاڑھا جاتا ہے (بنوانا۔ بنانا کے ساتھ) (س ترنگ۔ جھربیدار) ترنجی (صفت) ۱۔ ترنج کا ۲۔ بسنتی رنگ کا کھٹے رنگ کا۔ نارنجی رنگ کا۔

ترنجبین (ع۔ مذکر) فارسی ترنگبین کا معرب۔ ایک قسم کی دوا جو اونٹ کٹارے کے کانٹوں پر جم جاتی ہے۔

ترنڈ (س۔ مذکر) ۱ بیڑا۔ چوگھرا ۲ کشتی ناؤ۔ ایک مقام کا نام۔

ترنشت (س۔ صفت) تیس۔ ترنشہ (صفت) تیسواں۔

ترنگ (ف۔ مونث) آواز جو کمان سے تیر چھوٹنے یا تیر یا گرز کے جسم پر لگنے یا تلوار ٹوٹنے یا ساز بجنے کے وقت نکلے۔ ترنگ ترنگا (مونث) تلواروں کی جھنکار۔ تلوار کی آواز جو سخت چیز پر پڑنے سے نکلے۔

ترنگ (ہ۔ مونث) ۱ لہر۔ موج ۲ امنگ۔ جوش۔ جذبہ۔ وجد ۳ نشے کی حرکت ۴ خیال۔ دھیان ۵ غرور۔ گھمنڈ۔ تعلی۔ لاف و گزاف (س ترنگ) ترنگ آنا (لازم) جوش پیدا ہونا۔ دھیان آنا۔ ترنگ سوجھنا (متعدی) ۱ اور ارادہ ہونا۔ تدبیر بدل جانا ۲ دھیان بندھنا۔ ترنگی (صفت) ۱ لہردار۔ لہر کی طرح چلنے والا۔ ادھر اُدھر بے چینی سے حرکت کرنے والا ۲ بے قرار ۳ وہمی۔ موجی ۴ متلون مزاج ۵ گپی ۶ مغرور۔ گھمنڈی

ترنگ (س۔ صفت) ۱ جلدی چلنے والا ۲ (مذکر) گھوڑا۔ ترنگم (مذکر) گھوڑا۔ ترنگ و کتر (عص) ۱ گھوڑے کی شکل کے لوگ۔ قوم کنارا۔ حایو۔ ترنگی (مونث) گھوڑی۔

ترنگبین (ف۔ مذکر) ترنجبین۔

ترنگت (س۔ صفت) لہردار۔ بھرا ہوا

ترنگنی (س۔ مونث) ۱ دریا۔ ندی۔ نالہ ۲ ایک دریا کا نام ۳ کئی کتابوں کا نام۔

ترنگنی (ہ۔ مذکر) کابلی مکھی۔

ترنم (ع۔ مذکر) گانا۔ الاپنا ۲ غنا۔ الاپ (زمزم۔ گانا) ترنم زا (صفت) جس سے ترنم نکلے۔ (آواز کی تعریف) ترنم سرا (صفت) گانے والا۔ ترنم سرا ہونا (لازم) گانا۔ ترنم سرائی (مونث) گانا۔ الاپ۔ غنا۔ ترنم سرائی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) گایا جانا۔

ترنی (س۔ صفت) ۱ سرایت کرنے والا۔ بیچ میں سے گزرنے والا ۲ (مذکر) سورج ۳ کرن ۴ (مونث) کشتی۔ بیڑا۔ چوگھرا ۵ پودا گھرتل ۶ ایک اور پودا جسے کنوار کہتے ہیں۔

ترنی (س۔ مونث) ۱ نوجوان عورت سولہ برس سے لے کر تیس برس تک ۲ نوجوان بیوی۔

ترُوار (ہ۔ مونث) تلوار۔

تروٹ (ہ۔ مونث) ایک راگنی۔

تروٹک (س۔ مذکر) ۱ چھوٹا ناٹک ۲ ایک بحر یا وزن۔ تروٹکی (مونث) ایک راگنی۔

تروٹی (س۔ مونث) ۱ چونچ۔ منقار ۲ مچھلی کا مُنہ ۳ ایک قسم کی مچھلی۔

تروُّح (ع۔ مذکر) ۱ بہت پودے اُگنا ۲ بو دار ہو جانا پانی کا کسی خراب چیز کی قربت کی وجہ سے۔

تروِدھ (س۔ صفت) ۱ تین قسم کا ۲ تین گنا ۳ تین طریقوں پر۔ ترودھ تاپ (مذکر) تین قسم کی تکالیف ۱ دیہی جو بدن سے پیدا ہوں ۲ دیوت جو پرمیشور کی طرف سے ہوں ۳ بھونک جو لوگوں سے ملنے جلنے سے ہوں۔

ترور (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ہے اور پھل اور بیج دوائیوں میں کام آتے ہیں۔

تروَر (ہ۔ مذکر) درخت۔ پودا۔

مقولہ۔ ترور اچھا چھانولا اور روح سہانا سانولا۔ درخت سایہ دار اچھا اور معشوق ملیح۔

تُرُّور (ع۔ مذکر) ۱ دور ہونا۔ غیر حاضر ہونا ۲ بیچ وغیرہ کا کرنا۔

تروَرگ (س۔ مذکر) تر برگ۔ تبرگ (ہ) ۱ تین چیزوں کا مجموعہ ۲ زندگی کے تین مقاصد۔ دھرم۔ کام اور ارتھ ۳ راج یا راجہ کی تین حالتیں۔ وردھ (ترقی)، ستھان (قیام) اور کشے (تنزل) ۴ تجارت کی تین حالتیں نفع۔ برابری اور نقصان ۵ انسانی طبیعت کی تین حالتیں۔ پاکیزگی۔ جہالت اور بدچلنی ۶ تین اونچی ذاتیں برہمن چھتری اور ویش۔

تروَرنگ (س۔ مذکر) ۱ تین پھل ہرڑ۔ بہیڑا اور آملہ ۲ تین مسالے ۳ ایک درخت۔

تروَریا (ہ۔ مذکر) ۱ تلوار ۲ تلوریا۔

ترِوغہ (ع۔ مذکر) ترئی کی آواز۔

ترِوکرم (س۔ صفت) ۱ وہ جو تین قدم اُٹھائے ۲ (مذکر) وشن جی کا لقب۔ یہ ان تین قدموں کی طرف اشارہ ہے جو انہوں نے وامن اوتار میں اُٹھائے تھے ۳ یہ تین قدم۔

ترولی (س۔ مونث) تربلی (ہ) پیٹ کے تین بل یا شکن۔

تروندا (ہ۔ مذکر) ۱ بیڑا۔ چوگھرا ۲ روشن مینار۔ اکاس دیا ۳ ایک آلہ جس سے تیرتے ہیں تریری بویا۔ تریت۔

ترووَر (س۔ مذکر) دیکھو تروا۔

ترِوہِت (س۔ صفت) ۱ ڈھنپا ہوا چھپا ہوا۔ پوشیدہ ۲ سامنے سے ہٹایا ہوا۔

ترویت (ع۔ مونث) ۱ اکیلا کرنا ۲ توجہ کرنا ۳ وہ بات لکھنا جو کسی نے کہی ہو۔

ترویج (ع۔ مونث) ۱ رواج۔ شہرت فیشن۔ منگ ۲ سکہ چلانا ۳ سکہ (رَوَج۔ مانگ ہونا) ۱ کسی چیز کی قیمت لگانا ۲ بیچنے کے لیے چیزیں بنانا۔ ترویج دینا (متعدی) رواج دینا۔ سکہ چلانا۔

ترویح (ع۔ مونث) ۱ چپ کرانا ۲ آرام دینا ۳ شام کو مویشی کو گھر لیجانا ۴ خوشبو دینا۔

ترویَد (س۔ مذکر) تربید (ہ) تین وید رگ۔ یجر اور سام۔ ترویدی (صفت) ۱ تین وید جاننے والا ۲ (مذکر) وہ برہمن جس نے تین وید پڑھے ہوں۔

ترویق (ع۔ مونث) ۱ چھاننا صاف کرنا ۲ رات کا تاریکی پھیلانا ۳ چھت کو چٹائی وغیرہ سے ڈھانپنا۔

تروینی (س۔ مونث) دیکھو تربینی۔

ترویہ (ع۔ مذکر) آٹھویں ذوالحج کو کہتے ہیں۔ اس دن حج شروع ہوتا ہے۔

ترہ (ف۔ مذکر) ساگ۔ ترکاری۔ سبزی۔ ترہ تیزک یا تیزک (مذکر) ہلیم۔ ہالم۔ ایک قسم کی بوٹی جس کی چٹنی بناتے ہیں۔ ترہ فروش (مذکر) سبزی یا ترکاری بیچنے والا۔

ترّہ (ع۔ صفت) ۱ بیوقوف

...ن ۲ خود پسند بمغرور ۳ (مذکر) جھوٹ۔
تَرَہُّب (ع - مذکر) ۱ پابند مذہب ہونا ۲ راہب ہوجانا ۳ ڈرنا۔ خوف کھانا۔
تِرہَٹ (ہ۔مونث) دیکھو ترہٹ
ترہتیا (صفت) ۱ ترہت کا۔ ترہت کا بنا ہوا ۲ ترہت کا باشندہ۔
تُرَّہَت (ع۔مذکر) بیوقوفی کی بات فضول بات۔ معمولی بات۔
تَرَہنارہ۔ مذکر) جلاہوں کا ایک اوزار۔ ترہتالے۔ جولاہے کو کہتے ہیں۔ چل اپنا کام کر
تَرہ تَرہ (ہ۔مذکر) دیکھو تراہ تراہ۔
ترہی۔ ترئی۔ ترہی (ہ۔مونث) ایک قسم کا بگل یا باجہ منہ سے بجانے کا (بجانا۔ بجنا۔ پھکنا۔ پھونکنا وغیرہ کے ساتھ (س۔ توری) ترہیا۔ ترہی نواز (صفت) ترہی بجانے والا۔
تَرہیب (ع۔مونث) ۱ روکنا ۲ ڈرانا۔
ترئی (ہ۔مونث) ۱ ایک بیل ۲ ایک ترکاری جو اس بیل میں لگتی ہے (س۔ ترگی) (ہ) ستارہ (تارا ے) ترئی کے سے پھول (مذکر) مجازاً چمکدار نئے روپے۔ نقد (ہندو روپے کے متعلق کہتے ہیں)
مقولہ۔ ترئی کدو لعنت ہردو دونوں بے مزہ ہوتے ہیں۔
تِری (س۔صفت) تِرے (مرکبات میں) ۱ تین گنا۔ تین کا مرکب ۲ تین حصوں میں تقسیم شدہ ۳ (مرکبات میں) تین ۴ (مذکر) تین چیزوں کا مجموعہ ۵ تثلیث ۶ سہ مصرعیہ۔ مثلث۔ تین مصرعوں کا بند۔
تریراشک (حساب) اربعہ متناسبہ۔ تریریکھا (مونث) ۱ تین لکیریں دیکھو ترولی ۲ تین قطاریں۔
تریلوک (مذکر) ترلوک کا حاکم۔ اندر مہاراج کا ایک نام۔
تریودیا (مذکر) ۱ تین علوم ۲ تین وید ۳ تین ویدوں کا مطالعہ یا علم ۴ وہ شخص جو تین ویدوں کا عالم ہو ۵ وہ شخص جو تین علم جانتا ہو۔
تری (س۔مونث) کشتی۔
تری (ف۔مونث) دیکھو تر کے تحت میں۔
تری (س۔صفت) تین مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
تری (ہ۔ضمیر) ۱ دیکھو ترا کے تحت میں ۲ (مونث) تاش کا وہ پتہ جس میں تین نشان ہوں۔
تَرُّی (س۔مونث) ۱ جلاہوں کا کچ ترّ ۲ مصوّروں کا قلم۔
تِرّے (ہ۔کلمہ) ہاتھی کے لٹانے کا کلمہ۔
تُرے (ہ۔مذکر) ارے کے ساتھ تابع استعمال ہوتا ہے۔ تری (مونث) اری کا تابع۔
تَریّا (ہ۔مونث) ستارہ۔
تِریا (ہ۔مونث) ۱ عورت۔ زن۔ ناری ۲ بیوی۔ تریا بید (مونث) علم نسوان۔ عورتوں کی ذاتیت
تریاچرتر یا چلتّر (مذکر) ۱ عورتوں کا طریقہ یا چال ۲ عورتوں کے مکر و فریب ۳ عورتوں کے ناز و کرشمے ۴ تریا راج یا راجیہ (مذکر) ۱ عورتوں کی حکومت ۲ بیوی کی حکومت۔ جورو کا دباؤ۔ تریاہٹ (مونث) عورت کی ضد۔ تریا بُدّھ میں آنا (لازم) عورت کی عقل پر چلنا۔
امثال و اقوال۔ تریا بس کی بیل ہے یاں سوں بچ کر چال۔ یا کا نیہا کھوٹ ہے دین دھرم دھن مال۔ عورت زہر کی بیل ہے اس سے بچ کر چلنا چاہیے۔ اس کی محبت ذات مال دولت سب گنوا دیتی ہے۔ **تریا بن نر ہے ایسا راہ بٹاؤ ہووے جیسا**۔ عورت کے بغیر مرد مسافر کی طرح ہوتا ہے۔ **تریا بھلی وہی ہے بھائی جو پر کھا سنگ کرے بھلائی**۔ وہ عورت جو مرد کے ساتھ نیکی کرے اچھی عورت ہے یا جس کی وجہ سے مرد نیک ہو جائے۔ وہ عورت اچھی ہے۔ **تریا بھی نر بن ہے ایسی بنا دھنی کے کھیتی جیسی**۔ عورت بغیر خاوند کے ایسی ہے جیسے کھیت بغیر مالک کے۔ **تریا پرکھ بن ہے دکھی جیسے ان بن دیہ۔ جلے بلے ہے جیوڑا جوں کھیتی بن مینہ**۔ بغیر خاوند کے عورت اس طرح تکلیف میں رہتی ہے جیسے بدن بغیر اناج کے اور اس طرح جلتی ہے جیسے کھیتی بغیر بارش کے۔ **تریا تجھ سے جو کہے مول نہ تو وہ مان۔ تریا مت پر جو چلیں وہ نر ہیں نرگیان**۔ عورت کے کہنے پر نہیں چلنا چاہیے۔ جو ان کے کہنے پر چلے وہ بیوقوف ہے۔ **تریا تجھ میں تین گن اوگن ہیں لکھ چار۔ منگل گاوے۔ سل رچے اور کوکن اپچیں لال**۔ عورتوں میں تین خوبیاں اور لاکھوں نقص ہیں۔ خوبیاں یہ ہیں کہ گاتی ہے۔ ستی ہوتی ہے اور بیٹے جنتی ہے۔ **تریا تو ہے سوبھا گھر کی۔ جو ہو لاج رکھا وا نر کی**۔ جو عورت اپنے خاوند کی عزت برقرار رکھے۔ وہ گھر کی زینت ہے۔ **تریا ٹھرکت جو چلے واکو بھلا نہ جان۔ جیسے ہاتھ لکھیر کا کانپے ہو نقصان**۔ جو عورت ناز و نخرے سے چلے اسے اچھا نہیں سمجھنا چاہیے۔ اگر مصوّر کا ہاتھ کانپے تو کام خراب ہوتا ہے۔ **تریا تیرہ مرد اٹھارہ** شادی کے لئے موزوں عمر تیرہ برس کی عورت اٹھارہ برس کا مرد۔ **تریا جات کمان ہے جت چاہے تت تان** عورت کمان کی طرح ہے جتنا چاہو اسے موڑ لو۔ عورت کو جیسا خاوند چاہے بنا سکتا ہے۔ **تریا چرتر جانے نہیں کوئی خصم مار کے ستی ہوئی**۔ عورت کے مکر و فریب کو کوئی نہیں سمجھ سکتا خاوند کو قتل کر کے ستی ہو جاتی ہے۔ **تریا چلتر اور چور کے گھات۔ پائی پڑے نا کہہ گئے ناتھ** عورت کے مکر و فریب اور چور کی چالاکیوں کو کوئی نہیں سمجھ سکتا۔ **تریا روو ے پرکھ بنا کھیتی روو ے مینہ (برکھا) بنا**۔ عورت بغیر خاوند کے اور کھیتی بغیر بارش کے خراب ہو جاتی ہے۔ دوسری صورت میں عورت اور کھیتی بغیر مالک کے خراب ہو جاتی ہے۔ **تریا مت میں جو نر آوے۔ وہ نر اک دن لاج گنواوے** جو عورتوں کا کہنا مانے گا وہ اک دن روئے گا۔
تِریاق (ع۔مذکر) ۱ زہر مہرہ۔ زہر کی دوائی ۲ افیون۔ غم و رنج کو مٹانے کی وجہ سے (یو۔ تریاکا۔ زہر مہرہ۔ ف۔ تریاک) تریاقی (صفت) ۱ بدمست ۲ (مذکر) افیونی۔
تریاک (ف۔مذکر) تریاق۔ اردو میں استعمال نہیں ہوتا۔
تِریاما (س۔مونث) ۱ تین پہروں والی ۲ رات ۳ دریائے جمنا کا ایک نام۔
تِریاٹک (س۔مذکر) "دنیا کے تین مقاصد کو روکنے والا" گناہ۔
تِتری بِتری (ہ۔صفت) تتر بتر۔ پراگندہ۔ منتشر۔ پریشان۔ جدا جدا۔ بکھرا ہوا (غالباً تتر بتر کا مخرب)
تِرپَٹ (ہ۔مذکر) ۱ بیڑا۔ چوگھڑا ۲ بویا۔ تروندا۔
تِرپتا (س۔مونث) ۱ تین کا مجموعہ۔

تثلیث - ۲ تین مقدس آگوں کا مجموعہ جنوبی - گھر کی اور ہون کی ۳ ہندوؤں کا دوسرا یگ جو ۱۲۹۶۰۰۰ برس کا تھا - تریتا اگنی (مذکر) ۱ دیکھو ۲ - ۲ وہ شخص جو تینوں آگوں کو قائم رکھے -

مثل - تریتا کے بیجوں کو پہنچ گئے - بہت تنزل ہوا - بہت گر گئے -

تربیزہ (س - مذکر) کشتی -

تربینہ - تربینہ آپنیہ (س - عص) ایک دیوتا جس کا ذکر رگ وید میں آتا ہے -

تربیرنا (ہ - متعدی) تاڑنا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا - تکنا -

تربڑا (ہ - مذکر) ۱ پانی کا دھار باندھ کر ڈالنا ۲ پانی کی دھار جو کسی اونچی جگہ سے پڑے ۳ دوائی کے پانی کی دھار عضو یا زخم پر ۴ نجاست آلود کپڑے یا عضو پر پانی کی دھار جو زور سے ڈالی جائے (دینا - کرنا کے ساتھ) (س ندیا ند - اٹھنا) تربڑنا (متعدی) دھار باندھ کر پانی ڈالنا -

تربیزف (ف - مونث) کپڑے کا مثلث ٹکڑا جو کپڑے کا دامن چوڑا کرنے کے لئے یا جو بغل کے نیچے ڈالا جاتا ہے -

ترلنشٹی (س - مذکر) ایک پودا جو دوا میں استعمال ہوتا ہے -

ترنک (س - صفت) ترچھا - ٹیڑھا مرکبات میں بصورت ترنگ استعمال ہوتا ہے - ترنکتا (مونث) ۱ ترچھا چلنے کی حالت ۲ حیوانیت -

تریکہ (ع - مذکر) ۱ خود ۲ کوئی چیز جو چھوڑ دی جائے - جیسے عورت جسے آشنا چھوڑ جائے یا کھیت سے مویشی چلے جائیں -

تریل (ہ - مونث) ہتھنی جس پر ہاتھیوں کا چارہ لاد کر لاتے ہیں -

ترنبک (س - مذکر) ۱ تین آنکھوں بیویوں یا بہنوں والا شخص ۲ شوجی کا ایک نام ۳ رُدر ۴ تین بڑے لنگوں میں سے ایک -

ترنیچ (س - صفت) ۱ ترچھا - ٹیڑھا ۲ مذکر) جانور - حیوان - چوپایہ ۳ آبی جانور -

ترنبند - ترنبندا (ہ - مذکر) ۱ وہ تیرنے والی لکڑی یا وہ پر جو مچھلی پکڑنے کی چھڑ میں لگاتے ہیں -

ترییہ (س - صفت) ۱ چوتھا ۲ چوتھا حصہ ۳ وہ جس کی طاقت چاروں طرف ہو - طاقتور - زبردست ۴ برہما یا طاقت کل ۵ آتما کی چوتھی حالت جب وہ پرماتما سے مل جاتی ہے -

تریی (س - مونث) ۱ تکڑی - تثلیث ۲ تین وید رگ - یجر اور سام ۳ ایک پودا - تریا دھرم (مذکر) فرائض جو تین ویدوں میں درج ہیں -

تڑ (ہ - مذکر) ۱ تھپڑ کی آواز - ضرب یا صدمے کی آواز - چٹاخ ۲ (ہ) فریق - طرف - دھڑا - تھوک (س تٹ مارنا) تڑا پڑ (مونث) دیکھو تڑ پڑ - تڑا تڑ (مونث) ۱ متواتر آواز ۲ لگاتار مارنے کی آواز ۳ جوتی ہاتھ یا لکڑی سے مارنے کی آواز ۴ بوندوں کے گرنے کی آواز ۵ چٹاخ - پٹاخ - کڑاکا ۶ (صفت) جلدی سے - جلد جلد - فوراً - تڑا تڑ پڑنا (لگاتار مار پڑنا) تڑا تڑ جواب دینا (متعدی) جلد جلد جواب دینا - تڑ پڑ (مونث) ۱ کسی کے جواب میں بغیر توقف کے کچھ کہنا ۲ گڑبڑ - جلد جلد - تڑ پڑا (ہ - مذکر) پانی گرنے کا شور - تڑ تڑ (مونث) ۱ بندوق یا پٹاخوں کی آواز ۲ خشک لکڑی یا کسی چیز کے پھٹنے کی آواز ۳ جلتے ہوئے سرکنڈوں کی آواز ۴ (صفت) جلد جلد - تڑ تڑانا (متعدی) تڑ تڑ کی آواز دینا ۱ پھٹنے کی آواز دینا - تڑ تڑنا ۲ متواتر بوندوں کے گرنے کی آواز دینا ۳ ناراض ہونا - غصے ہونا ۴ شیخی یا ڈینگ مارنا ۵ درد کرنا - جلنا - ٹپکنا ٹیس مارنا - تڑ تڑاہٹ (مونث) ۱ دیکھو تڑ تڑ ۲ غصہ - ناراضگی ۳ شیخی - ڈینگ ۴ درد - جلن - ٹپک - ٹیس - تڑ دے سے (تف) تڑاق سے - تڑ کی آواز سے - تڑ سے (تف) ۱ فوراً - جلدی سے ۲ گستاخی سے - بیباکی سے -

تڑا (ہ - مذکر) جزیرہ - ٹاپو -

تڑا (ہ - امر تڑانا کا - تڑانا (م) توڑنا کا ۱ ٹکڑے ٹکڑے کرانا ۲ تڑوا لینا ۳ روپیہ بھنانا - ریزگاری لینا ۴ قیمت کرانا ۵ چھڑوانا - پھڑوانا ۶ علیحدہ کرانا - جدا کرانا - تڑائی (مونث) ۱ پھل تڑوانے کی اجرت ۲ روپیہ نوٹ بھنانے کا بٹہ -

تڑابھڑی (ہ - مونث) ۱ گھبراہٹ بے چینی - بے قراری - بیکلی ۲ بھاگڑ - دوڑ - افراتفری ۳ مری - بہت لوگوں کا مرنا - موت کی گرم بازاری (پڑنا - ہونا کے - ابھی)

تڑاخا (ہ - مذکر) دیکھو تڑاق -

تڑاق - تڑاک (ہ - مذکر) ۱ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۲ جوتے تھپڑ یا لکڑی کی آواز ۳ چٹاخ پٹاخ ۴ پٹاخے یا بندوق کی آواز (س تٹ مارنا) تڑاقا - تڑاکا (مذکر) ۱ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۲ بندوقیں چلنے کی آواز ۳ چٹاخا - بوسے کی آواز ۴ چٹخارا - ذائقے کی آواز ۵ بجلی کا کڑاکا - صاعقہ ۶ حقے کی زور کی آواز ۷ شور - غل ۸ طوفان کی گڑگڑاہٹ - مینہ کا شور ۹ گرمی کی شدت - دھوپ کی تیزی ۱۰ پیاس کی شدت ۱۱ کسی چیز کا قحط ۱۲ چمکدار چیز جو لمپ کی روشنی بڑھانے کو لمپ کے پیچھے لگا دیتے ہیں - تڑاقا بیتنا (لازم) فاقہ گزرنا - کچھ نہ کھانا - تڑاقا کھا جانا (لازم) یکایک چیخ جانا - پھٹ جانا ۱ بیہوش ہو جانا - غش آ جانا ۲ مر جانا - تڑاق پڑاق (مذکر) ضربوں کی آواز (جوتے تھپڑ یا کوڑوں کی آواز) تڑا تڑ - سڑا سڑ ۲ پھرتی سے کوئی کام کرنا ۳ کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز ۴ تو تو میں میں - بیباکا گفتگو ۵ (تف) جلد - جلد - پے در پے - متواتر ۲ فوراً - جلد ۳ تیز زبان - طرار - شوخ - چلبلا - تڑاق پڑاق پر آمادہ ہونا (لازم) تو تو میں میں پر آ جانا - تڑاق تڑاق (مذکر) دیکھو تڑاق پڑاق - تڑاق - سے (تف) ۱ فوراً - جلدی سے یکلخت گستاخی سے - زور سے شیخی بگھار کر - تڑاق سے بول اٹھنا (لازم) یکلخت یا بغیر پوچھے بول اٹھنا - تڑاق سے بول اٹھنا (متعدی) ۱ فوراً جواب دینا - بے تامل جواب دینا ۲ جو منہ میں آئے کہہ دینا - بے تامل کہہ دینا ۳ بے سمجھے بوجھے بول اٹھنا

تڑاقے بھرنا (دہلی) پرند کا زور شور سے اُڑ جانا - تڑاقے سے ہونا (لازم) بناؤ سنگار سے ہونا - تڑاقے کا (صفت) ۱ چمکیلا - بھڑکدار ۲ لذیذ - مزیدار خوش ذائقہ - چٹپٹا - تڑاقے کی دھوپ (مونث) بہت تیز دھوپ -

تڑانا (ہ - لازم) تڑانا (ہ) زخم کا پھٹنا پڑنا - سخت درد ہونا - زخم کا چرانا - ٹپکنا - ٹیس پڑنا - (س تڈ مارنا)

تڑاوا (ہ) تڑایا (ہ - مذکر) ۱ خوش پوشاکی - تیزی - بانکپن - رنگیلا پن ۲ دکھلاوا - نمائش - خودپسندی ۳ زعم (تڑاکا ۱۲ سے) تڑایا دار (

(صفت۔ مذکر) ۱ خود پسند۔ خود بیں۔ مغرور۔ گھمنڈی ۲ رنگیلا۔ بانکا۔

تَڑَپ (ہ۔ امر) ۱ تڑپنا کا ۲ (مونث) بیقراری۔ بیتابی۔ بے چینی۔ اضطراب۔ گھبراہٹ۔ بیکلی ۳ پھرتی۔ چالاکی۔ شوخی ۴ کود۔ پھاند۔ جست ۵ جلدی۔ تیزی ۶ چمک۔ دمک ۷ بجلی کا چمکنا۔ کوندنا ۸ دل کا پھڑکنا۔ دھڑک ۹ پرندے کا پھڑپھڑانا۔ بیحد خواہش ۱۰ تمنا ۱۱ آرزو ۱۲ جوش۔ جذبہ ۱۳ وہ چمکدار چیز جو لیمپ کے پیچھے روشنی بڑھانے کو لگا دیتے ہیں (س تٹ یا تڈ۔ مارنا) **تڑپ اُٹھنا** (لازم) بے چین ہو جانا۔ بیقرار ہونا۔ **تڑپا دینا** (متعدی) ۱ بے قرار کر دینا ۲ ہنسا دینا۔ لٹا دینا۔ **تڑپانا** (متعدی) ۱ بیقرار کرنا۔ بے چین کرنا۔ پھڑکانا۔ اضطراب میں ڈالنا ۲ ترسانا ۳ کُدانا (گھوڑے کا)۔ **تڑپتا ہوا** (صفت) بیقرار کرنے والا۔ پھڑکا دینے والا۔ **تڑپ تڑپ کر** (ت) پھڑک پھڑک کر۔ بیتاب ہو کر۔ بیچین ہو کر (مرجانا کے ساتھ) **تڑپ جھڑپ** (مونث) ۱ پھرتی۔ چالاکی۔ شوخی ۲ جوش۔ زور شور۔ **تڑپڑاہٹ** (مونث) **تڑپڑی** (ہ) ۱ بیقراری۔ بےچینی۔ بیکلی۔ اضطراب ۲ مرچ وغیرہ کی تیزی کا اثر زبان پر۔ **تڑپ کر** (ت) ۱ گھبرا کر۔ بے قرار ہو کر۔ بےچین ہو کر ۲ جلدی سے پھرتی سے ۳ کود کر۔ پھاند کر۔ **تڑپن** (مونث) تڑپن۔ بے چینی بیکلی۔ **تڑپنا** (لازم) ۱ بیقرار ہونا۔ بیکل ہونا۔ بیتاب ہونا ۲ پھڑکنا۔ لوٹنا ۳ کود کر چلا جانا۔ پھاند جانا۔ جست کرنا ۴ دھڑکنا ۵ اُچھلنا۔ کودنا ۶ بیحد مشتاق ہونا۔ خواہشمند ہونا ۷ پھڑپھڑانا۔ اُڑنے کی کوشش کرنا ۸ ہاتھ پاؤں مارنا۔

تڑپھ۔ تڑپھانا۔ تڑپھڑانا۔ تڑپھڑی۔ تڑپھنا (ہ) دیکھو تڑپ وغیرہ اُردو میں متروک۔

تَڑبیلا (ہ۔ صفت) ۱ جلدباز ۲ مشتاق شائق ۳ چست۔ چالاک۔

تَڑَت (ہ۔ مونث) بجلی۔ برق۔

تَڑَخ (ہ۔ امر) ۱ تڑخنا سے ۲ (مونث) دیکھو تڑک (س تٹ۔ ٹوٹنا) **تڑخ کر بولنا** (متعدی) غصے سے کسی چیز کا جواب دینا۔ جھنجھلا کر بولنا **تڑخ کر جواب دینا** (متعدی) تڑخ کر بولنا۔ **تڑخنا** (لازم) دیکھو تڑکنا۔

تَڑَق (ہ۔ امر) دیکھو تڑخ۔ نیز محاورات کے لئے۔

تَڑَک (ہ۔ امر) تڑکنا کا ۱ ٹوٹنا پھٹنا شق ہونا ۲ دراڑ۔ شگاف۔ شق۔ تریڑ۔ خط۔ بال۔ درز۔ چاک (س تٹ۔ ٹوٹنا) **تڑکا** (امر) ۱ تڑکانا کا ۲ (ماضی) تڑکنا کا ۳ (مذکر) صبح۔ سویرا۔ علی الصبح۔ صبح کا وقت۔ بہت سویرے۔ **تڑکا دینا۔ تڑکانا** (متعدی) تڑکنا کا۔ **تڑکاؤ** (ہ) دیکھو تڑکا ۳ **تڑکاؤ دیوا** (ہ) ۱ چراغ سحری۔ مرنے کے قریب ۲ (صفت) بے رونق بے آب۔ **تڑکا ہونا** (لازم) ۱ صبح ہونا۔ دن چڑھنا۔ سویرا ہونا ۲ دیوالہ نکلنا۔ غریب ہو جانا ۳ صدمہ دماغی کی وجہ سے تارے نظر آنا ۴ خوب پٹنا ۵ ہوش آنا۔ عقل آنا۔ آنکھیں کھلنا ۶ حیران ہونا۔ متحیر ہونا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ **تڑکنا** (لازم) ۱ پھٹنا۔ کھلنا۔ شق ہونا ۲ بال آنا۔ دراز پڑنا ۳ زخم کا پھٹنا ۴ رنجیدہ ہو کر سخت سست کہنا۔ جھنجھلا کر بولنا۔

امثال واقوال **تڑکے کا بھولا سانجھ کو آئے تو بھولا نہیں کہلاتا**۔ اگر کوئی شخص تھوڑا سا بھٹک کر راہِ راست پر آجائے تو اُسے گمراہ نہیں سمجھنا چاہیے۔ **تڑکے اُٹھ کر کھاٹ سے چھوڑ چھاڑ سب کام۔ مالا لیکر ہاتھ میں جپ سائیں کا نام** (ہ) علی الصبح اُٹھ کر پہلے عبادت یا پوجا کرنی چاہیے۔

تَڑنا (اُردو۔ لکھنؤ) تُلنا۔ تولا جانا۔

تَڑنا (ہ۔ مذکر) ۱ بندوق کی آواز۔ تڑاق پڑاک ۲ بادل کی گرج۔

تُڑوا (ہ۔ امر) تڑوانا کا۔ **تڑوانا** (م) توڑنا کا۔ **تُڑوائی** (مونث) دیکھو تڑائی۔

تَڑھ مُنہا (ہ۔ صفت) ٹیڑھے مُنہ کا۔

تَڑی (ہ۔ مونث) ۱ مار پیٹ۔ ضرب ۲ دھمکی۔ دھونس ۳ دھوکا۔ دم جھانسا ۴ نقصان خسارہ۔ گھاٹا ۵ تاڑی بمعنے تالی کا مخفف ۶ گیند تڑی کھیلنے میں جب چور کسی کی کمر میں گیند مار دیتا ہے تو کہتا ہے تڑی ہے۔ اس پر وہ جسے گیند لگی ہو چور ہو جاتا ہے (س تڈ۔ مارنا) **تڑی دینا** (متعدی) ۱ دھمکانا۔ دھونس دینا ۲ دھوکا دینا۔ دم دینا۔ جھانسا دینا ۳ بیوقوف بنانا۔ احمق بنانا ۴ ہار کی تالی بجانا۔ **تڑی میں آنا** (لازم) دھوکا کھانا۔

تڑیانا (ہ۔ لازم) پر کٹے ہوئے پرند کا اُڑ جانا۔

تَڑی بَڑی (ہ۔ مونث) دیکھو تری بری۔

تَڑیڑا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو تریڑا ۲ (مذکر) بیڑا۔ چوگھڑا ۳ پر یا لکڑی جو چھڑ کے ساتھ باندھی جائے ۴ بویا۔ تزئین۔

تَزاحُم (ع۔ مذکر) ۱ بھیڑ ہونا ۲ ہجوم۔ بھیڑ۔

تَزاوُر (ع۔ مذکر) ۱ ایک دوسرے کو ملنا ۲ منہ پھیر لینا ۳ انکار کر دینا۔

تَزایُد (ع۔ مذکر) ۱ بڑھنا ۲ زیادتی۔ بڑھوتری۔ افزونی۔ افزائش (زید۔ بڑھنا)

تَزَحُّر (ع۔ مذکر) ۱ پیچش ہونا۔ مروڑ ہونا۔

تَزحیر (ع۔ مونث) ۱ درد زہ سے کراہنا ۲ مروڑ لگنا۔

تَزَعزُع (ع۔ مذکر) ۱ درخت کا ہوا سے ہلنا ۲ ہلچل۔ گڑبڑ۔

تُزُک (ت۔ مذکر) ۱ قاعدہ۔ قانون ۲ ترتیب۔ انتظام ۳ ضابطہ لشکر۔ ضابطہ مجلس ۴ جلو۔ جلوس۔ ہمراہی ۵ شان و شوکت۔ نمائش۔ حشمت۔ شکوہ ۶ خود نوشتہ حالات۔ اپنی زندگی کے حالات **تزکِ بابری** (مذکر) ایک کتاب جس میں بابر نے اپنی زندگی کے حالات تحریر کئے ہیں۔ **تزکِ جہانگیری** (مذکر) ایک کتاب جس میں جہانگیر نے اپنی زندگی کے حالات تحریر کئے ہیں۔ **تزک و احتشام** (مذکر) شان و شوکت حشمت۔ شان و شکوہ۔

تَزَکّی (ع۔ مونث) زکوٰۃ دینا ۲ پاک کرنا۔ پوتر کرنا۔

تَزکیہ (ع۔ مذکر) ۱ پاک کرنا صاف کرنا ۲ اُگانا۔ بڑھانا۔ اچھی حالت میں رکھنا ۳ پاکی۔ صفائی (زکو۔ پاک ہونا) **تزکیۂ نفس** (مذکر) نفس کو پاک کرنا۔

تَزَلزُل (ع۔ مذکر) ۱ ہلنا۔ حرکت کرنا ۲ زلزلہ۔ بھونچال ۳ ہلچل۔ کھلبلی۔ گڑبڑ۔ تہلکہ ۴ جنبش۔ حرکت ۵ راہ راست سے بھٹکنا۔ گمراہی ۶ خیانت

غبن۔ بددیانتی ۔ بدنیتی (زَلزَل ۔ ہلنا) تزلزل (آشکار ہونا) پڑنا (لازم) ۱ زلزلہ آنا۔ بھونچال آنا ۲ شور مچنا۔ قیامت برپا ہونا۔ غضب ہونا۔ تزلزلِ بیاناتی (مذکر) بیانات میں لغزشیں کھانا۔ بیان کرتے وقت لغزشیں کھانا۔ تزلزلِ عقائد (مذکر) عقیدے میں فرق آجانا۔ تزلزل میں پڑنا (لازم) ہل چل مچنا کھلبلی ہونا۔

تَزَمیر (ع ۔ مونث) بانسری بجانا۔

تَزَمیل (ع ۔ مونث) کپڑے میں لپیٹنا۔

تَزَنْدُق (ع ۔ مذکر) زندیق ہوجانا زندیقوں کے سے خیالات ہونا۔

تَزَوُّج (ع ۔ مذکر) ۱ شادی کرنا ۔ بیاہ کرنا ۲ نکاح۔ شادی۔ بیاہ (زَوَج ۔ جوڑا ہونا)

تَزَوُّد (ع ۔ مذکر) زاد سفر تیار کرنا۔

تَزوِیج (ع ۔ مونث) دیکھو تزوّج۔

تَزوِیر (ع ۔ مونث) ۱ جھوٹ۔ دروغ۔ کذب ۲ دغا فریب۔ دھوکا چھل۔ حیلہ (زَوَر ۔ جھکا ہونا)

تَزوِیق (ع ۔ مونث) ۱ پارہ چڑھانا ۲ کام بہت اچھی طرح کرنا ۳ مصوری ۴ سنہری تصویر لوہے پر پارہ کے ذریعہ بنانا۔

تَزَہُّد (ع ۔ مذکر) زاہد ہونا۔

تَزہِید (ع ۔ مونث) زاہد ہونے کی کوشش کرنا۔

تَزیِین (ع ۔ مونث) ۱ زینت۔ آرائش۔ آراستگی۔ سجاوٹ ۲ بناؤ سنگار ۳ عزت حرمت ۔ رہنا کرنا میں مصروف ہونا۔ ہونا کے ساتھ) (زَیَن ۔ سجانا)

تَزیِلا (ہ ۔ مذکر) تازی گھوڑا ۔ عربی گھوڑا۔

تَزَیُّن (ع ۔ مذکر) آراستہ کیا جانا

تَزَیّی (ع ۔ مذکر) لباس پہننا

تَزیِیف (ع ۔ مونث) سکے کو کھوٹا بنانا۔ سکے سے چاندی یا سونا اتار لینا۔

تِس (ہ ۔ ضمیر) جیسا ویسا۔

مثل۔ تِس مکند تِس پاون گھوڑی بدھی نے آن ملائی جوڑی۔ جیسا انسان ہوتا ہے ویسی ہی چیزیں اس کو مل جاتی ہیں۔

تِس (ہ ۔ ضمیر) اس ۔ یہ (مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا تھا۔ سنت) **تِس اُپرانت** (ہ) بلکہ ۔ اس پر بھی ۔ علاوہ ۔ **تِس پَر ۔ تِس پہ** (تف) ۱ اس پر ۔ پس ۔ لعبازاں ۲ علاوہ ۔ مزید ۔ اس پر بھی ۳ نیز ۔ تاہم ۔ تو بھی ۔ **تِس پر بھی** (تف) اس پر بھی ۔ باوجود اس کے بھی ۔ تاہم ۔ تو بھی ۔ **تِس پیچھے** ۱ (ہ) اس کے بعد ۔ اس پر ۔ تب ۔ پھر ۲ علاوہ ازیں ۔ ماسوا ۔ (یہ الفاظ اب اُردو میں متروک ہیں)

تِس (ہ ۔ مونث) ۱ پیاس تشنگی ترشا ۲ سخت خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ **تسایا** (صفت) پیاسا تشنہ ۔ **تِس بُجھانا** (متعدی) **بُجھنا** (لازم) پیاس بجھنا۔

تُس (ہ ۔ مذکر) **تسا** (ہ) اناج کا چھلکہ ریشہ ۔ دیکھو تُش۔

تَسابُق (ع ۔ مذکر) ۱ شرط لگاکر دوڑنا ۲ آگے بڑھ جانا۔

تَساقُط (ع ۔ مذکر) گرنا۔

تِسالا (ہ ۔ صفت) ۱ تین برس کا ۲ تین برس کے لیے۔

تَسالُم (ع ۔ مذکر) صلح کرنا۔

تَسامُح (ع ۔ مذکر) ۱ باہمی شفقت۔ مہربانی یا معافی ۔ باہمی فیاضی ۲ چشم پوشی ۔ اغماض ۳ اس طرح بولنا کہ مطلب صاف سمجھ میں نہ آئے ۴ ذومعنی بات کہنا ۵ سہو غلطی (سَمَح ۔ فیاض ہونا)

تَساوی (ع ۔ مونث) ۱ برابری ۔ مساوات ۔ ہمسری ۲ مشابہت ۔ مطابقت ۔ یکسانیت (سَوَی ۔ برابر ہونا)

تَساہُل (ع ۔ مذکر) ۱ غفلت سستی لاپروائی ۔ بے احتیاطی ۔ تغافل ۔ عدم توجہی ۲ آسان سمجھنا ۳ دیکھو تسامح ۴ (سَہَل ۔ آسان ہونا)

تَساہُم (ع ۔ مذکر) قرعہ ڈالنا پاسہ پھینکنا

تَسَبُّب (ع ۔ مذکر) ۱ کوئی ذریعہ استعمال کرنا ۲ کوئی کام کراتا ۳ محنت کرنا۔

تَسبِیح (ع ۔ مونث) ۱ خدا کو ہر عیب سے مبرّا اور ہر چیز سے بڑا سمجھنا ۲ سبحان اللہ کا ورد کرنا ۔ سبحان اللہ کہنا ۔ سبحان اللہ ۳ وظیفہ ۔ ورد ۴ مالا جو مسلمان استعمال کرتے ہیں ۔ اس میں سو دانے ہوتے ہیں ۵ سو بار سبحان اللہ کہنا ۔ سو مرتبہ (سَبَح ۔ خدا کی تعریف کرنا) **تسبیح اُٹھانا** (متعدی) ایک قسم کی قسم ۔ **تسبیح پڑھتے رہنا** (متعدی) ہر وقت کسی کی یاد میں رہنا ۔ **تسبیح پڑھنا** (متعدی) وظیفہ کرنا ۔ ورد کرنا ۔ **تسبیح پڑھی جانا** (لازم) بار بار کسی کا نام لینا ۔ **تسبیح پھیرنا** (متعدی) وظیفہ کرنا **تسبیح خواں** (صفت) ۱ وظیفہ کرنے والا ۔ ورد کرنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو اُجرت پر کسی کے واسطے تسبیح پھیرے ۔ **تسبیح خوانی** (مونث) ۱ وظیفہ پڑھنا ۲ وظیفہ خواں کا عہدہ یا پیشہ ۔ **تسبیح سلیمانی** (مونث) ایک قسم کی سیاہ رنگ کی تسبیح ۔ **تسبیح فاطمہ یا فاطمی** (مونث) حضرت فاطمہؓ یہ ورد کیا کرتی تھیں ۔ سبحان اللہ والحمد للہ و لا الہ الا اللہ ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ بعد ہر نماز کے (سَبَح ۔ تعریف کرنا)

مثل۔ تسبیح پھیروں (ستّر کو) رکس کو گھیروں ۔ سخت ریاکار یا مکّار کے متعلق کہتے ہیں۔

تَسبِیع (ع ۔ مونث) ۱ سات حصّوں میں تقسیم کرنا ۲ سات پہلو شکل بنانا۔

تَسبِیغ (ع ۔ مونث) ایک زحاف کا نام (علم عروض) (سَبَغ ۔ لمبا ہونا)

تَسَتُّر (ع ۔ مذکر) چھپا ہونا ۔ پردے میں ہونا ۔ نقاب ڈالے ہونا۔

تَسجِیع (ع ۔ مونث) مسجع عبارت لکھنا۔

تَسجِیل (ع ۔ مونث) ۱ معاہدے کی تصدیق کرنا ۲ اقرار نامہ یا معاہدہ لکھنا ۳ مسجع عبارت لکھنا۔

تَسَحُّب (ع ۔ مذکر) ناز و نخرے کرنا ۔ عاشق و معشوق کا دکھاوے

کے لئے ایک دوسرے سے نفرت کرنا۔

تَسَحُّر (ع۔ مذکر) ۱ دن چڑھنے سے پہلے اٹھنا ۲ علی الصبح ناشتہ کرنا۔

تَسخِیر (ع۔ مونث) ۱ جادو کرنا ۲ موہ لینا۔ مفتون کرنا ۳ دھوکا دینا۔

تَسخَر۔ تَسخَرَہ (ع۔ مذکر) ۱ تمسخر۔ ٹھٹھا مذاق ۲ ہجو۔ طنز۔

تَسَخُّر (ع۔ مذکر) ۱ ٹھٹھا۔ مذاق۔ ہنسی تمسخر۔ استہزا۔ تضحیک ۲ مطیع کرنا۔ تابع بنانا۔ فرمانبردار بنانا تابعدار بنانا۔ ۱ دبانا ۲ کسی کو کام کرنے پر مجبور کرنا۔ (سَخَر۔ ٹھٹھا کرنا)

تَسخِیر (ع۔ مونث) ۱ فرمانبردار کرنا۔ مطیع کرنا یا بنانا۔ تابع کرنا ۲ جن و پری کو قید یا قابو کرنا ۳ گھیرنا۔ محاصرہ کرنا ۴ کسی کا دل اپنی طرف مائل کرنا ۵ شاہزادہ مرزا سلیمان قدر کا تخلص۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (سَخَر۔ ٹھٹھا کرنا) **تسخیر قلب** (مونث) دل کو اپنی طرف مائل کرنا۔

تَسخِین (ع۔ مونث) پانی گرم کرنا۔

تَسدِید (ع۔ مونث) ۱ راہ راست دکھانا۔ ہدایت کرنا ۲ ہدایت پانا۔

تَسدِیس (ع۔ مونث) ۱ چھ بنانا۔ چھ میں تقسیم کرنا ۲ شش پہلو شکل بنانا ۳ (علا) دو سیاروں کا مظہر جب ان کا فاصلہ ۶۰ درجے کا ہو۔

تَسَر (ھ۔ مذکر) ۱ جلاہوں کی نال۔ ناکو ۲ ٹسر۔

تِسرا (ھ۔ صفت) ۱ تیسرا ۲ (مذکر) دیکھو اگلا۔ **تسرایت۔ تسربت** (مذکر) ۱ تیسرا شخص ثالث۔ منصف ۲ پنچایت۔

تَسَرِّی (ع۔ مونث) لونڈی سے ہمبستری کرنا۔

تَسرِیح (ع۔ مونث) ۱ مویشی چرنے کو بھیجنا ۲ بیوی کو طلاق دینا ۳ بال گوندھنا ۴ آسان کرنا۔

تَسطِیح (ع۔ مونث) ہموار کرنا۔

تَسطِیر (ع۔ مونث) ۱ لکھنا۔ تحریر کرنا۔ قلمبند کرنا ۲ تحریر۔ ترمیم (سَطر۔ لکیر کھینچنا)

تَسبِیع (ع۔ مذکر) نو بنانا۔

تِسعَ (ع۔ صفت) نو۔ **تسعمئت** (صفت) نو سو۔ سنہ ہجری کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔

تُسع (ع۔ مونث) نواں۔ نواں حصہ۔

تِسعُون۔ تِسعِین (ع۔ عدد) نوے۔

تَسعِیر (ع۔ مونث) ۱ آگ جلانا ۲ قیمت مقرر کرنا ۳ ٹیکس لگانا ۴ قیمت ٹیکس۔

تَسَفُّہ (ع۔ مذکر) ۱ غلطی کرنا۔ بیوقوفی کا کام کرنا ۲ ہوا کا درختوں کو ٹیڑھا کرنا ۳ دھوکا دینا ۴ بیوقوف بنانا ۵ گمراہ بنانا۔

تَسفِیہ (ع۔ مذکر) ۱ کسی کو بیوقوف بنانا ۲ کسی پر بیوقوفی یا غفلت کا الزام لگانا۔

تَسکَر (س۔ مذکر) ۱ چور۔ رہزن۔ سارق ۲ میتھی کی قسم کا ایک ساگ ۳ ایک درخت۔ **تسکری** (مونث) ۱ چوری وغیرہ ۲ پُر شہوت عورت۔

تَسکِین (ع۔ مونث) ۱ تسلی۔ تشفی۔ اطمینان۔ ڈھارس۔ دلاسا۔ دلجمعی۔ طمانیت۔ بے فکری چین ۲ افاقہ۔ آرام دینا۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) متحرک کو ساکن کرنا (سَکَن۔ ٹھہرنا) **تسکین آمیز کلام کرنا** (متعدی) تسلی اور ڈھارس والی باتیں کرنا۔ **تسکین بخش** (صفت) تسلی دہ۔ اطمینان دینے والا۔ دلاسا تسلی یا ڈھارس دینے والا۔ **تسکین دل** (مونث) دلجمعی۔ ڈھارس۔ **تسکین دینا۔ فرمانا** (متعدی) تسلی کرنا۔ اطمینان کرنا۔ **تسکین گزین ہونا** (لازم) تسلی سے رہنا۔ اطمینان سے رہنا۔

تَسلا (ہ۔ مذکر) پرات۔ تانبے یا پیتل کا برتن۔ جو آٹا گوندھنے یا کھانا چھننے کے کام آتا ہے۔ (س تکش۔ کاٹ کر بنانا) **تسلوا** (مذکر) تسلا کی تصغیر۔ چھوٹا برتن۔

مثل۔ تسلوا تو رکے مور۔ چیز کس کی ہے تیری یا میری۔ اپنی ملکیت جتاتا ہے۔

تَسَلُّح (ع۔ مذکر) اپنے آپ کو مسلح کرنا۔ ہتھیار لگانا۔

تَسَلُّغ (ع۔ مذکر) بدن کو داغ دینا۔

تَسَلُّس (ع۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا ۲ منافقت (فارسی سالوس سے بنایا گیا ہے)

تَسَلسُل (ع۔ مذکر) ۱ بہنا۔ رواں ہونا ۲ ملنا۔ پیوستہ ہونا ۳ سلسلہ۔ لڑی۔ زنجیر۔ تار ۴ (منطق) سلسلہ بندی) کسی کام کا جاری ہونا ۵ سلسلہ خیالات (تَسَلسُل۔ زنجیر سے باندھنا) **تسلسل بول** (مذکر) ذیابیطس۔

تَسَلُّط (ع۔ مذکر) ۱ قابو۔ غلبہ۔ حکومت۔ عمل ۲ قبضہ۔ دخل (سَلَطَ۔ غلبہ پانا) **تسلط بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) ۱ غلبہ ہونا۔ حکومت ہونا ۲ قبضہ ہونا۔ **تسلط پانا** (متعدی) ۱ قبضہ کرنا ۲ غلبہ پانا۔ حکومت قائم کرنا۔ **تسلط جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) ۱ حکومت قائم ہونا۔ غلبہ ہونا۔

تَسَلُّف (ع۔ مذکر) کسی چیز کیلئے پیشگی قیمت لینا

تَسَلّی (ع۔ مونث) ۱ کسی کی یاد کو بھلانے کے لئے توجہ دوسری طرف کرنا۔ ۲ دلاسا۔ تشفی۔ دلجمعی۔ ڈھارس۔ دلجوئی ۳ اطمینان خاطر جمع۔ یقین ۴ قناعت ۵ (دینا ہونا کیساتھ) (سَلَو۔ بھول جانا) **تسلی بخش** (صفت) جس سے تسلی ہو۔

تَسَلِیخ (ع۔ مونث) جائے نماز۔

تَسلِیط (ع۔ مونث) تسلط کرانا بیحد اختیار دینا۔

تَسلِیم (ع۔ مونث) ۱ سپرد کرنا۔ سونپنا ۲ سلام۔ آداب۔ بندگی ۳ قبول۔ منظوری ۴ تابعداری فرمانبرداری۔ کسی چیز کے ملنے پر شکریہ ادا کرنے کے وقت ۵ کہتے ہیں (سَلِمَ۔ محفوظ ہونا) **تسلیمات** (جمع) مگر اردو میں مفرد استعمال ہوتا ہے۔ سلام۔ کورنش۔ آداب۔ **تسلیمات بجالانا یا عرض کرنا** (متعدی) کسی بزرگ یا بڑے آدمی کو جھک کر سلام کرنا۔ **تسلیم بجالانا** (متعدی) ۱ سلام کرنا ۲ کسی کا دعوے غلط ثابت ہونے پر طنزاً کہتے ہیں۔ **تسلیم عرض ہے** سلام کرتا ہوں۔ **تسلیم کرنا** ۱ سلام کرنا۔ آداب بجالانا۔ بندگی کرنا ۲ ماننا۔ قبول کرنا۔ منظور ہونا ۳ سپرد ہونا۔

تَسمات (س۔ حرف) اس لئے۔ اس وجہ سے۔ اس سے

تَسَمُّع (ع۔ مذکر) سننا۔ سماعت کرنا۔

تَسمہ (ف۔ مذکر) ۱ چمڑے کا پتلا کم چوڑا اور لمبا ٹکڑا۔ ۲ جوتے یا بوٹ کا چمڑے کا فیتہ ۳ رکاب دوال۔ تسمہ بازی (مونث) ایک قسم کا جوا جو چمڑے کے ٹکڑوں اور ایک چھڑی کے ساتھ کھیلا جاتا ہے۔ تسمہ جمانا (متعدی) ۱ تسمے سے مارنا ۲ حصہ لگانا۔ پتی لگانا۔ تسمہ کش (مذکر) ۱ ٹھگ۔ وہ شخص جو لوگوں کا گلا گھونٹ کر مار ڈالے ۲ جلاد ۳ (صفت) گونگا تسمہ کھینچنا۔ تسمے سے گلا گھونٹ کر مارنا۔ پھانسی دینا۔ تسمہ لگا (نہ) رہنا (لازم) ۱ کسر باقی (نہ) رہنا۔ کوئی رگ کٹنے سے باقی (نہ) رہ جانا۔ تسمہ لگا نہ رکھنا (متعدی) ۱ دو ٹکڑے کر دینا۔ صاف کاٹ دینا ۲ جان سے مار دینا ۳ ذرا کسر نہ رکھنا ۴ دو شخصوں میں ناچاقی کرا دینا۔ تسمہ لنگوٹا باندھنا (متعدی) ۱ فقیر کا مرید ہونا۔ فقیر یا قلندر بن جانا ۲ جوگی کا چیلہ ہونا۔ تسمے (مذکر) ۱ تسمہ کی جمع ۲ بجائے تسمہ حروف وغیرہ سے پہلے۔ تسمے کے واسطے بھینس مارنا (متعدی) تھوڑی بات کے واسطے بہت نقصان کرنا۔

تَسمِیر (ع۔ مونث) ۱ دودھ میں پانی ملانا ۲ میخ گاڑنا میخوں سے جوڑنا۔

تَسمِیط (ع۔ مونث) ۱ زین کے ساتھ کوئی چیز باندھنا ۲ ایک شعر میں ایک قافیہ چار دفعہ لانا۔

تَسمِیع (ع۔ مونث) ۱ راز ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔ بتلانا ۲ بدنام کرنا ۳ کسی کو دوسرے کی بات سنوانا۔

تَسمِین (ع۔ مونث) ۱ مکھن لگانا ۲ موٹا کرنا۔

تَسمِیہ (ع۔ مذکر) ۱ نام رکھنا ۲ رفتہ، بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ کہنا۔ تسمیہ خوانی (مونث) بسم اللہ کی تقریب (سُمُوّ۔ اونچا ہونا)

تَسَنُّم (ع۔ مذکر) چوٹی پر ہونا۔

تَسَنُّن (ع۔ مذکر) ۱ سُنّی ہونا ۲ سُنّت کی پیروی کرنا۔ ۳ اپنی زندگی کے طریقے کو باقاعدہ کرنا (سنّ۔ رستے پر چلنا)

تَسَنّی (ع۔ مونث) تَسنِیَہ (مذکر) سال گزارنا ۲ سال بھر یا کئی سال قحط برداشت کرنا۔ ۳ خراب ہونا (روٹی کا)

تَسنِیم (ع۔ مونث و مذکر) بہشت کا ایک چشمہ۔

تَسُّورہ (مذکر) ایک پیمانہ جو چار جو کا ہوتا ہے کلمے اور بیچ کی انگلی کی چوڑائی۔ گز کا چوبیسواں حصہ۔

تِسوانسی (ہ۔ مونث) بسوانسی کا بیسواں حصہ۔ کچھانسی۔

تَسَوُّر (ع۔ مذکر) ۱ دیوار پر چڑھنا ۲ سوار یا پہنچیاں پہننا۔

تَسوِید (ع۔ مونث) ۱ لکھنا۔ تحریر کرنا ۲ سیاہ کرنا۔ سیاہی لگانا ۳ پہلا مسودہ۔ خط کا مسودہ ۴ نقشہ۔ خاکہ (سود۔ سیاہ ہونا)

تَسوِیر (ع۔ مونث) ۱ پہنچیاں پہننا ۲ شہر کے گرد دیوار بنانا ۳ دیوار پر چڑھنا۔

تَسوِیغ (ع۔ مونث) ۱ اجازت دینا ۲ دینا۔ عطا کرنا۔

تَسوِیف (ع۔ مونث) ۱ بار بار وعدہ کرنا ۲ دیر کرنا۔

تَسوِیل (ع۔ مونث) واقعات میں جھوٹ ملانا۔

تَسوِیم (ع۔ مونث) ۱ دشمن کے ملک پر دھاوا کرنا ۲ کسی کو منتظم بنانا ۳ کسی کو جیسا وہ چاہے کرنے دینا ۴ مویشی کو چرنے بھیجنا۔

تَسوِیہ (ع۔ مذکر) ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ برابر کرنا (سَوّی۔ برابر ہونا)

تَسہِیل (ع۔ مونث) ۱ سہل کرنا۔ آسان کرنا ۲ سہولت۔ آسانی (سَہَل۔ آسان ہونا)

تَسیِیر (ع۔ مونث) علم نجوم میں ایک طریقہ جس سے واقعات کے ہونے کے اوقات معلوم کرتے ہیں۔

تُش (ہ۔ مونث) ۱ اناج یا چاول کا چھلکا۔ خشک گھاس ۲ اناج کی بالی کی داڑھی ۳ ہر تُشانل (مذکر) ۱ بھوسے یا چھلکے کی آتش دگی ۲ سزائے سنگین جو ملزم کو بھوسے میں لپیٹ کر آگ لگانے سے دی جاتی ہے۔

تَشابُہ (ع۔ مذکر) مشابہت۔ مطابقت۔ یکسانیت۔ تشابہ لگنا (لازم) حافظ قرآن کا الفاظ یکساں ہونے سے کچھ کا کچھ پڑھنا (شبہ۔ ملانا)

تَشاتُم (ع۔ مذکر) ناراض ہونا۔ برا بھلا کہنا۔

تَشاجُر (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے لڑنا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

تُشار (س۔ صفت) ۱ سرد۔ بارد۔ ٹھنڈا ۲ شبنم پڑا ہوا ۳ (مذکر) سردی۔ پالا۔ کہر۔ اولے۔ دھند۔ شبنم۔ پھوہار۔ تقاطر ۴ وہ فصل جو سردیوں میں پکے۔ تشار گری (مذکر) برفانی پہاڑ۔ ہمالیہ (س۔ تش خوشی)

تَشارا (س۔ عص) دیکھو تکھارا۔

تَشارِیف (ع۔ مونث) تشریف کی جمع۔

تَشاعُر (ع۔ مذکر) شاعر بننا۔

تَشاکُل (ع۔ مذکر) باہمی مشابہت (شکل۔ نشان کرنا)

تَشاوُر (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے مشورہ کرنا۔

تَشاہُد (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے ملنا۔ ملاقات کرنا۔

تَشاؤُم (ع۔ مذکر) برا سمجھنا۔

تَشَبُّث (ع۔ مذکر) ۱ پکڑنا۔ مضبوط پکڑنا ۲ کسی چیز میں میخیں یا پنجہ گاڑنا۔

تَشَبُّہ (ع۔ مذکر) مانند ہونا۔ مثل ہونا (شبہ۔ مانند ہونا)

تَشبِیب (ع۔ مذکر) مضامین عاشقانہ شعر میں یا قصیدے کے شروع میں بیان کرنا۔ قصیدے کی تمہید (شبّ۔ جوان ہونا)

تَشبِیک (ع۔ مونث) ۱ مروڑنا ۲ پکڑنا ۳ انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا۔

تَشبِیہ (ع۔ مونث) ایک چیز کو دوسری کے مانند ٹھہرانا۔ لو دینا کے ساتھ (شبہ۔ مطابق کرنا)

تَشت (ف۔ مذکر) ۱ پرات۔ برتن۔

لگن۔ تسلا۔ ۲ پاخانے کا برتن۔ پاٹ۔ **تشت از بام ہونا** (لازم)۔ ۱ ظاہر ہونا۔ کھل جانا۔ ۲ مشہور ہو جانا برائی کے ساتھ شہرت پانا۔ بدنام ہونا۔ رسوا ہونا۔
تشت چوکی (مونث) وہ چوکی اور برتن جو پاخانہ میں رکھا جاتا ہے۔ **تشت زر۔ زریں** (مذکر) آفتاب۔ سورج۔

تُشٹ (س۔ مونث) ۱ تسلی۔ قناعت ۲ دکش کی بیٹی، دھرم کی ماں۔ قناعت کی دیوی ہے۔ ۳ ایک شکتی۔

تشتت (ع۔ مذکر) پریشانی۔ پراگندگی۔ گھبراہٹ۔ اضطراب (شتّ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا)
تشتت پیدا کرنا (متعدی) پریشانی یا گھبراہٹ پیدا کرنا۔

تشتری (ف۔ مونث) تشت کی تصغیر چھوٹی رکابی۔ بھتالی۔

تشتیت (ع۔ مونث) ۱ جدا کرنا ۲ بکھیرنا۔

تُشٹ (س۔ صفت) ۱ صابر۔ قانع ۲ خوش۔ مسرور۔ تشٹمنا (مونث) تشٹی (مونث) صبر۔ قناعت۔ خوشی۔ مسرت۔

تشجیر (ع۔ مونث) درخت کی شکل کا بنانا۔

تشحیذ (ع۔ مونث) تیز کرنا۔

تشخص (ع۔ مذکر) امتیاز۔ خصوصیت۔ شخصیت (شخص۔ سامنے آنا)

تشخیص (ع۔ مونث) ۱ جاننا۔ پہچاننا ۲ ٹھہرانا۔ معین کرنا۔ قرار دینا ۳ مرض کا پہچاننا ۴ پہچان۔ شناخت ۵ جانچ۔ تخمینہ ۶ مالگزاری۔ جمع (کرنا ہونا کے ساتھ) (شخص۔ کسی چیز کو واضح کرنا) **تشخیص جمع۔ جمع بندی** یا مالگزاری (مونث) مالگزاری کی رقم کا معین کرنا۔ **تشخیص خام** (مونث) کچا اندازہ۔ **تشخیص لگان** (مونث) لگان کا مقرر کرنا۔

تشدُّد (ع۔ مذکر) سختی۔ جبر۔ زیادتی۔ مار پیٹ (کرنا ہونا کے ساتھ) (شدّ۔ پکا کرنا) **تشدُّدات** جمع تشدد کی (شدّ۔ حملہ کرنا۔ باندھنا)

تشدید (ع۔ مونث) دو ایک جیسے حرفوں کو اکٹھا پڑھنا جن میں سے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک پڑھا جاتا ہے۔ جیسے بِلّی میں لام۔ نشان ّ ۲ جو اس کو ظاہر کرتا ہے۔ شدّ (شدّ۔ کسی حرف پر ّ لکھ کر اس کو دگنا کرنا)

تشرُّع (ع۔ مذکر) ۱ شرع کی پابندی ۲ شرع کے مطابق کام کرنا۔ شرع پر چلنا۔ متشرع ہونا (شرع۔ قانون بنانا)

تشرُّف (ع۔ مذکر) عزت ہونا

تشریح (ع۔ مونث) ۱ سمجھانا۔ حل کرنا۔ بتانا۔ تفصیل۔ تفسیر۔ شرح۔ توضیح۔ وضاحت۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (شرح۔ بیان کرنا) ۲ بدن کے اعضا کا علم ۳ پنجر یا اور کوئی چیز بدن کا حال سکھانے کے لئے (شرح۔ نعش کی چیر پھاڑ کرنا) **تشریح دان** (مذکر) عالم علم تشریح۔ **تشریح وار** (نفت) مفصل طور پر تفصیلاً۔ باریکی سے۔ علیحدہ علیحدہ کر کے۔ **تشریحی** (صفت) متعلقہ علم تشریح۔

تشریف (ع۔ مونث) ۱ عزت کرنا۔ بزرگ بنانا ۲ بزرگی۔ عزت۔ شرف ۳ خلعت (شرف۔ معزز بنانا) **تشریف آوری** (مونث) آنا۔ آمد **تشریفات** (جمع) تشریف کی۔ عزتیں۔ شرف۔ خلعت **تشریف ارزانی فرمانا** (متعدی) آنا۔ قدم رنجہ فرمانا **تشریف رکھنا** (متعدی) ۱ بیٹھنا ۲ ٹھہرنا۔ قیام کرنا **تشریف فرمانا یا فرما ہونا یا لانا** (لازم) آنا۔ قدم رنجہ فرمانا۔ **تشریف لیجانا** (لازم) جانا رخصت ہونا **تشریف لے چلنا** (لازم) کسی جگہ جانا (شرف۔ عزت میں بڑھنا)

تشریق (ع۔ مونث) ۱ دھوپ میں گوشت سکھانا ۲ مشرق کی طرف پہنچنا مشرق کی طرف مائل ہونا۔ منہ مشرق کی طرف کرنا۔

تشریک (ع۔ مونث) ۱ شریک بنانا۔ ساجھی بنانا۔ حصہ دار بنانا ۲ شرکت۔ حصہ داری (شرک۔ حصہ دار ہونا)

تشرین (عبر۔ مذکر) یہودیوں کا پہلا مہینہ۔

تشطُّط (ع۔ مذکر) حد سے بڑھ جانا یا گزر جانا۔ (شطّ۔ حد سے بڑھنا)

تشفُّع (ع۔ مذکر) شفاعت کرنا۔ سفارش کرنا۔

تشفّی (ع۔ مونث) ۱ شفا۔ صحت۔ بحالی ۲ دلجمعی۔ تسکین۔ تسلی۔ ڈھارس۔ اطمینان ۳ قرار۔ قیام (کرنا ہونا کے ساتھ) (شفو۔ اچھا کرنا)

تشفیع (ع۔ مونث) ۱ سفارش ماننا ۲ کسی کی سفارش کرنا۔

تشقُّق (ع۔ مذکر) پھٹا ہونا۔

تشقیق (ع۔ مونث) ۱ پھٹنا ۲ الفاظ اچھی طرح ادا کرنا۔

تشکُّر (ع۔ مذکر) ۱ نعمتوں کا شکریہ ادا کرنا ۲ مشکور ہونا۔

تشکُّک (ع۔ مذکر) شبہ کرنا۔ شبہ۔ شک (شکّ۔ شبہ ہونا)

تشکُّل (ع۔ مذکر) ۱ شکل پیدا کرنا۔ شکل بنانا ۲ خوبصورت ہونا ۳ انگور کا تھوڑا سا پکا ہونا

تشکّی (ع۔ مونث) درد کی شکایت کرنا۔

تشکیک (ع۔ مونث) ۱ شک میں ڈالنا ۲ شک۔ شبہ (شکّ۔ دوسرے کو شک میں ڈالنا)

تشکیل (ع۔ مونث) بنانا۔ شکل بنانا۔

تشمُّر (ع۔ مذکر) تیار ہونا۔ کام کے لئے مستعد ہونا۔

تشمیر (ع۔ مونث) ۱ کپڑا گھرسنا ۲ تیار چست ہونا ۳ کام کرنا ۴ بھیجنا جہاز وغیرہ۔

تِشنارہ (صفت) پیاسا۔ ترشا۔

تِشنا (ع۔ مذکر) تشنیع کا بگاڑا ہوا۔ لعنت۔ ملامت۔ بدگوئی۔ طعن (دینا کے ساتھ)

تشنُّج (ع۔ مذکر) ۱ پٹھوں کا کھچنا ۲ اینٹھن۔ اکڑ جانا ۳ اکڑ جانا۔ جکڑا جانا (ہونا کے ساتھ) (شنج۔ سکڑنا)

تشنک (ف۔ مذکر) لوہے کا ایک اوزار جس سے دیوار میں سوراخ کرتے ہیں۔

تشنگان (ف۔ مذکر) جمع تشنہ کی۔

تشنگی (ف۔ مونث) ۱ پیاس ۲ خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔ شوق (تشنہ سے)

تشنہ (ف۔ صفت) ۱ پیاسا ۲ خواہشمند ۳ آرزو مند۔ مشتاق۔ **تشنہ جگر یا دل**

۳ (منطق) چند تصوّرات کے ساتھ حکم ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) (صَدَّقَ۔ قابلِ اعتبار سمجھنا) تصدیق بلا تصوّر (مونث) پہلے ہی دل میں خیال بٹھا لینا۔ تصوّر پیش از وقوع۔

تَصدِیَہ (ع۔ مذکر) تالی بجانا۔

تُصدِیر (ع۔ مونث) ۱ گھوڑے کا چھاتی نکال کر گھوڑدوڑ میں آگے نکل جانا۔ ۲ صدر میں بٹھانا ۳ سردار بنانا۔ افسر مقرر کرنا۔ ۴ تمہید سے خط شروع کرنا۔

تَصَرُّف (ع۔ مذکر) ۱ استعمال۔ عمل ۲ قبضہ۔ اختیار ۳ خرچ۔ صرف ۴ تغیر و تبدل۔ اپنی طرف سے کچھ شامل کرنا یا بنانا ۵ غیر زبان کے لفظ میں کمی بیشی کر کے استعمال کرنا ۶ طاقت۔ قوت۔ اثر۔ رسوخ ۷ اعجاز۔ کرامت (کرنا ہونا کے ساتھ) (صَرَّفَ۔ خرچ کرنا) تصرّفات (جمع) تصرف کی۔ تصرّف بیجا (مذکر) غبن۔ کسی دوسرے کی چیز اپنے استعمال میں لے آنا۔ تصرّف بیجا مجرمانہ (قانون) زیر دفعات ۴۰۳ سے ۴۰۴ دوسرے شخص کی پڑی ہوئی چیز لے لینا جرم ہے۔ تصرّف میں لانا (متعدی) ۱ خرچ کرنا۔ صرف کرنا ۲ غبن کرنا ۳ استعمال کرنا۔ مصرف میں لانا۔ تصرّف میں ہونا (لازم) استعمال میں ہونا۔ تصرّفی (مونث) کھانا جو نوکروں کے لئے تیار کیا جائے۔

تَصَرُّم (ع۔ مذکر) کاٹا جانا۔

تَصرِیح (ع۔ مونث) ۱ واضح کرنا۔ صاف طور پر بیان کرنا ۲ تشریح۔ توضیح (کرنا ہونا کے ساتھ) (صَرَّحَ۔ ظاہر ہونا) تصریح وار (لف) بالتّصریح۔ واضح طور پر۔

تَصرِیع (ع۔ مونث) ۱ مغلوب کرنا۔ چت کر دینا ۲ غزل یا قصیدے میں قافیہ بندی کرنا۔

تَصرِیف (ع۔ مونث) ۱ پھیرنا۔ بدلنا ۲ (صرف) گردان کرنا۔ گردان (کرنا ہونا کے ساتھ) (صَرَّفَ۔ رُخ بدلنا)

تَصرِیم (ع۔ مونث) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

تَصَعُّب (ع۔ مذکر) سخت مقابلہ۔

تَصَعُّد (ع۔ مذکر) ۱ دشوار ہونا۔ مشکل ہونا ۲ اپنی طاقت سے بڑھ کر ہونا۔

تَصعِید (ع۔ مونث) ۱ بلند ہونا۔ اونچی جگہ پر چڑھنا ۲ کسی دوائی کو آگ دے کر سرپوش پر منجمد کرنا (صَعِدَ۔ چڑھنا)

تَصعِیر (ع۔ مونث) منہ چڑانا۔

تَصغِیر (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹا کرنا۔ تخفیف۔ تقلیل ۲ (صرف) وہ اسم ذات جس میں چھوٹے کے معنی پائے جائیں۔ جیسے لُٹیا۔ بچونگڑا (صَغُرَ۔ کم کرنا)

تَصَفُّح (ع۔ مذکر) ۱ غور سے دیکھنا۔ اچھی طرح پڑتال کرنا ۲ ٹھیک طور پر سمجھنا یا سوچنا ۳ صفحہ بصفحہ مقابلہ کرنا یا درست کرنا۔

تَصفِیح (ع۔ مونث) ۱ چوڑا کرنا۔ پھیلانا ۲ تالی بجانا۔

تَصفِیق (ع۔ مونث) ۱ درخت کو ہلانا ہوا کا ۲ تالی بجانا ۳ ایک برتن سے دوسرے برتن میں شراب ڈالنا ۴ مویشی کو ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ میں لے جانا۔

تَصفِیَہ (ع۔ مذکر) ۱ صاف کرنا۔ واضح کرنا ۲ صفائی۔ رفع۔ تکرار۔ صلاح ۳ چکوتا۔ بیباقی ۴ فیصلہ (صفو۔ خالص ہونا) تصفیہ حساب (مذکر) حساب کی صفائی۔ تصفیہ طلب امور (قانون) وہ امور جن کا فیصلہ کرنا ہو۔ تصفیہ نامہ (مذکر) فیصلے کی تحریر۔

تَصَلُّب (ع۔ مذکر) سخت ہونا۔

تَصَلُّف (ع۔ مذکر) شیخی مارنا۔ لاف و گزاف کرنا۔ تعلّی کی لینا۔

تَصلِیب (ع۔ مونث) ۱ صلیب پر چڑھانا۔ صلیب کا نشان بنانا ۲ کپڑے پر صلیب کے نشان (صَلَّبَ۔ صلیب پر چڑھانا)

تَصمِیم (ع۔ مونث) مضبوطی (ارادے رائے وغیرہ کی) ارادہ۔ قصد (صَمَّمَ۔ ارادہ کرنا)

تَصَنُّع (ع۔ مذکر) ۱ بناوٹ۔ دکھلاوا۔ نمود۔ تکلّف ۲ مکر۔ دھوکا ۳ تبدیلی۔ تلبیس (صَنَعَ۔ بنانا)

تَصنِیف (ع۔ مونث) ۱ کتاب لکھنا۔ مضمون بنانا۔ طبیعت سے کوئی بات نکالنا ۲ ایجاد۔ بنایا ہوا ۳ لکھی ہوئی کتاب (کرنا ہونا کے ساتھ) (صَنَّفَ۔ کتاب لکھنا) تصنیفات (جمع) تصنیف کی۔ تصنیف را مصنّف نیکو کند بیان (ف) مصنّف اپنی لکھی ہوئی چیز کو اچھی طرح ادا کر سکتا ہے۔

تَصَوُّب (ع۔ مذکر) بارش کا برسنا۔

تَصَوُّر (ع۔ مذکر) ۱ دل میں تصویر بنانا ۲ خیال۔ دھیان۔ قوتِ متخیلہ۔ قیاس۔ سوچ بچار۔ منصوبہ۔ سوجھ ۳ کسی چیز کا خیال کرنا بغیر یاد دہانی یا حکم کے (آنا۔ باندھنا۔ بندھنا۔ رہنا۔ کرنا وغیرہ کے ساتھ) (صَوَّرَ۔ بنانا) تصوّر پیشِ نظر رہنا یا ہونا (لازم) کسی بات کا خیال ہونا۔ تصوّر سے لرز جانا (لازم) خیال سے ڈر جانا یا کانپ جانا۔

تَصَوُّف (ع۔ مذکر) ۱ صوفیوں کا عقیدہ ۲ علم معرفت ۳ دل سے خواہشوں کو دور کر کے خدا کی طرف دھیان لگانا ۴ تزکیۂ نفس کا طریقہ (صَوَفَ۔ صاف ہونا۔ خالص ہونا)

تَصوِیب (ع۔ مونث) ۱ درست۔ سچا یا فصیح سمجھنا ۲ تعریف کرنا۔ ماننا ۳ سر نیچا کرنا۔

تَصوِیر (ع۔ مونث) ۱ صورت بنانا۔ صورت گری ۲ مورت۔ شبیہ۔ نقشہ۔ روپ۔ بت۔ نقش۔ فوٹو۔ چترام (اُتارنا۔ اُترنا۔ بنانا۔ بننا۔ کھنچنا۔ کھینچنا وغیرہ کے ساتھ) ۳ (صفت) نہایت خوبصورت حسین۔ نہایت عمدہ۔ قابلِ تصویر کھینچنے کے (صَوَّرَ۔ کسی چیز کی شکل بنانا) تصویر آنکھوں کے تلے (میں) پھرنا (لازم) ہر وقت کسی کا خیال تصوّر یا دھیان رہنا۔ تصویرات (جمع) تصویر کی۔ تصویر بنا دینا (متعدی)۔ بن جانا (لازم) حیران ہو جانا۔ حیرت سے چپ ہو جانا۔ تصویرِ خیالی (مونث) کسی کی شکل جو خیال میں دکھائی دے۔ تصویرِ عکسی (مونث) فوٹو۔ فوٹوگراف۔ کیمرے سے لی ہوئی تصویر۔ تصویرِ قالی یا قالیں (مونث) ۱ قالین کے نقش و نگار ۲ (صفت) مجازاً خاموش (بن جانا۔ ہونا کے ساتھ) تصویر کا ابر (مذکر) تصویر کا سایہ۔ تصویر میں سائے کو ظاہر کرنا۔ تصویر کھدنا (لازم) پتھر یا دھات پر تصویر کندہ ہونا۔ تصویر کھودنا (متعدی) پتھر یا دھات

(صفت) مشتاق۔ تشنۂ خون (صفت) خون کا پیاسا دشمن تشنۂ دیدار (صفت) دیکھنے کا خواہشمند۔ تشنہ کام (صفت) پیاسا۔ تشنہ کامِ محبت (صفت) محبت کا پیاسا۔ عاشق۔ تشنہ کامی (مونث) ناکامی۔ تشنہ کرنا (متعدی) ۱ پیاسا کرنا۔ خواہشمند کرنا ۲ کسی دھات میں قوتِ جاذبہ پیدا کرنا۔ تشنہ لب (صفت) ۱ نہایت پیاسا ۲ ناکامیاب۔ تشنہ لبی (مونث) پیاس۔ تشنۂ صحبت (صفت) محبت کا پیاسا۔ عاشق۔ تشنہ ہونا (لازم) پیاسا ہونا (س تُش۔ پیاس۔ خواہش)

مثل۔ تشنہ رامی نماید اندر خواب۔ ہمہ عالم بچشم چشمۂ آب۔ آدمی کو جس چیز کی ضرورت ہوتی ہے وہی ہر دم پیشِ نظر رہتی ہے۔

تُشنی بھُوت (ہ۔ نف) چپکے سے خاموشی سے۔

تَشْنیر (ع۔ مونث) شکایت کرنا ملامت کرنا۔

تَشْنیع (ع۔ مونث) لعن طعن برا بھلا کہنا۔ ملامت۔ طعنہ۔ عموماً طعن کے ساتھ مستعمل ہے (شَنُعَ۔ بے عزت کرنا)

تَشَوُّر (ع۔ مذکر) جھینپانا۔ شرمندہ کرنا۔

تَشَوُّش (ع۔ مذکر) حیران ہونا۔ گھبرانا ۲ گھبراہٹ۔ پریشانی۔

تَشَوُّق (ع۔ مذکر) شوق ظاہر کرنا۔

تَشْوِیر (ع۔ مونث) ۱ گھبرا دینا ۲ شرم۔ گھبراہٹ۔

تَشْوِیش (ع۔ مونث) ۱ گھبراہٹ۔ پریشانی۔ بے قراری۔ بے چینی۔ بیکلی۔ اضطراب ۲ سوچ فکر۔ تردد (کرنا ہونا کے ساتھ) (شَوَّش۔ تکلیف دینا) تشویش میں پڑنا (لازم) فکر میں ہونا۔ سوچ پڑنا۔ گھبراہٹ ہونا۔

تَشْوِیق (ع۔ مونث) ۱ اکسانا۔ ابھارنا ۲ شوق۔ رغبت (شَوَّقَ۔ خواہش بھڑکانا)

تَشْوِیک (ع۔ مونث) ۱ لڑکی کی چھاتی کا ابھرنا ۲ ڈاڑھیں نکالنا ۳ حجامت کے بعد بالوں کا اگنا ۴ باغ کے گرد باڑ لگانا۔

تَشْوِیَہ (ع۔ مذکر) ۱ بھوننا ۲ (طب) دوا کو گرم بھوبھل میں بھلسنا (شَوّیٰ۔ بھوننا)

تَشْوِیہ (ع۔ مونث) ۱ بدنما یا بدصورت بنانا ۲ نظر لگانا۔

تَشَہُّد (ع۔ مذکر) ۱ کلمہ شہادت پڑھنا۔ خدا کی وحدانیت اور پیغمبر صلعم کی رسالت کی گواہی دینا ۲ شہادت چاہنا (شَہِدَ۔ گواہ ہونا)

تَشْہِیر (ع۔ مونث) ۱ شہرت دینا۔ مشہور کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا ۲ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ۳ گدھے پر چڑھا کر منہ کالا کر کے شہر میں پھرانا ۴ مجرم کے ماتھے وغیرہ پر داغ لگا دینا (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ) (شَہَرَ۔ دوسرے کے کام ظاہر کرنا)

تِشْیٰ (س۔ مذکر) ۱ ایک فلکی تیرانداز ۲ چھٹا یا آٹھواں نکشترہ۔ تشیا (مونث) آملہ۔ تشیہ رکشتا (مونث) اشوک کی دوسری بیوی۔ تشیکیتو (مذکر) شوجی۔ تشی گپت (مذکر) ایک جین ریفارمر جو دوسرے فرقے کا بانی ہے۔

تَشَیُّخ (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا۔ بزرگی جتانا ۲ عزت یا وقار کا اظہار کرنا (شَیَخَ۔ بوڑھا ہونا)

تَشَیُّع (ع۔ مذکر) اپنے آپ کو شیعہ ظاہر کرنا۔ شیعہ ہونا (شَیَعَ۔ پھیلنا)

تَشْیِیع (ع۔ مونث) کسی کے ساتھ اسے رستہ دکھلانے اور رخصت کرنے کے لئے جانا۔

تَشْیِین (ع۔ مذکر) عظمت۔ شان۔ مرتبہ۔

تِشْیَہ (س۔ مذکر) ۱ چھٹا نکشترہ جس میں تین ستارے ہیں ۲ کل یگ۔

تَشْیِید (ع۔ مونث) اونچا کرنا بکھیڑا کرنا۔

تَصَادُق (ع۔ مذکر) ۱ دوستی یا اخلاص پیدا کرنا ۲ ایک دوسرے کے ساتھ محبت اور وفاداری کرنا۔

تَصَادُم (ع۔ مذکر) باہم ٹکرانا۔ ٹکر ہونا۔ صدمہ دینا۔ دھکا دینا (صَدَمَ۔ ضرر پہنچانا۔ دھکیلنا)

تَصَاعُد (ع۔ مذکر) ۱ چڑھنا۔ اُوپر جانا ۲ مشکل ہونا (صَعَدَ۔ چڑھنا)

تَصَافُح (ع۔ مذکر) ہاتھ ملانا۔

تَصَانِیف (ع۔ مونث) تصنیف کی جمع۔ تصنیفات۔ اپنی تحریر کی ہوئی کتابیں۔

تَصَاوِیر (ع۔ مونث) تصویر کی جمع۔

تَصَبُّح (ع۔ مذکر) ۱ سلام کرنا صبح کو ۲ صبح کے وقت ملاقات کیلئے آنا۔

تَصْحِیح (ع۔ مونث) صحیح کرنا۔ درست کرنا۔ درستی۔ صحت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) تصحیحہ (مذکر) ۱ گھوڑوں کا اجتماع نشان دینے کے لئے ۲ رجسٹر جس میں ملازمان کی فہرست اور حلیہ لکھا جاتا ہے (صَحَّ۔ درست ہونا)

تَصْحِیف (ع۔ مونث) ۱ لکھنے میں غلطی کرنا ۲ تحریر کی غلطی ۳ الفاظ کے اعراب اس طرح بدل دینا کہ ان کا تلفظ مختلف ہو جائے (صَحَّفَ۔ لکھنے یا پڑھنے میں غلطی کرنا)

تَصَدُّد (ع۔ مذکر) صدر میں بیٹھنا۔

تَصَدُّع (ع۔ مذکر) بکھرنا۔ منتشر ہونا۔

تَصَدُّق (ع۔ مذکر) ۱ صدقہ دینا۔ کوئی چیز وار کر خیرات کرنا۔ وارنا ۲ قربانی۔ صدقہ۔ خیرات۔ بھینٹ۔ بلدان ۳ صدقے۔ نثار ۴ بدولت۔ طفیل۔ وجہ سے (صَدَقَ۔ وعدہ پورا کرنا) تصدق اتارنا (متعدی) کوئی چیز وار کر خیرات کرنا۔ تصدق جانا (لازم) نثار ہونا۔ تصدق کرنا (متعدی) صدقہ دینا کوئی چیز وارنا۔ تصدق کا تیل۔ تصدق کے ماش (مذکر) یہ دو چیزیں عموماً تصدق دی جاتی ہیں تصدق ہونا (لازم) نثار ہونا۔ صدقے ہونا۔

تَصَدِّی (ع۔ مونث) سامنے آنا۔ مقابلے میں آنا۔

تَصْدِیع (ع۔ مونث) تصدیعہ (مذکر) ۱ دردِ سر ۲ تکلیف۔ دکھ۔ درد۔ مصیبت۔ بپتا۔ ایذا۔ مضرت (اٹھانا۔ دینا کرنا کے ساتھ) (صَدَعَ۔ کاٹنا) تصدیع دہ (صفت) تکلیف دہ۔

تَصْدِیق (ع۔ مونث) ۱ سچا ہونے کی تائید کرنا۔ سچا ثابت کرنا ۲ تائید۔ ثبوت۔ اثبات

بر تصویر کندہ کرنا۔ تصویر کھینچ دینا (متعدی) اصل واقعات بتا دینا۔ اس طرح بیان کرنا کہ واقعات کا نقشہ سامنے آجائے۔ تصویر کی حالت (صفت) نہایت خوبصورت یا حسین۔ تصویر گلی (مونث) مٹی کی مورتی۔ مٹی کا بت تصویر لگانا (متعدی) تصویر نصب کرنا۔ دیوار پر تصویر لٹکانا۔ تصویر نیم رُخ (مونث) ایک طرف سے لی ہوئی تصویر۔ وہ تصویر جس میں چہرہ کا ایک رُخ آئے۔ تصویر ہو جانا یا ہو کر رہنا (لازم) حیران ہو جانا۔ چپ ہو جانا (متحیر۔ بننا)۔

تَصَیُّر (ع۔ مونث) ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلنا۔

تَضَاد (ع۔ مذکر) ۱ ضد۔ مخالفت ۲ تخالف ۳ (مونث) ایک صفت کا نام جس میں نثر یا نظم میں مخالف الفاظ جمع کرنا (متضد۔ غالب آنا)

تضاعف (ع۔ مذکر) ۱ دوگنا ہونا ۲ دوچند ہونا ۳ دوگنا۔ دوچند (ضعف۔ دوگنا ہونا)

تضافر (ع۔ مونث) ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تضایف (ع۔ مذکر) ۱ تنگ ہونا ۲ متعلق ہونا ۳ قریب قریب ہونا۔

تضایق (ع۔ مذکر) ۱ تنگ ہونا جگہ یا دل کا ۲ بھیڑ ہونا۔

تضجّر (ع۔ مذکر) ۱ دل تنگ ہونا۔ پریشان ہونا ۲ مغموم ہونا

تضجع (ع۔ مذکر) ۱ ایک جگہ میں رہنا ۲ بادل کا ایک جگہ ٹھہرا رہنا۔

تضجیع (ع۔ مونث) ۱ غافل ہونا۔ ۲ اس سے کم کام کرنا جتنا کہ کسی کو کرنا چاہئے ۳ سورج یا ستارے کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔

تضحّی (ع۔ مونث) ۱ کھانا۔ ۲ قربانی کرنا۔

تضحیک (ع۔ مونث) ۱ ہنسی اڑانا ۲ مضحکہ ہونا ۳ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ مزاح۔ مضحکہ ۴ رسوائی۔ ذلت ۵ (کرنا ہونا کے ساتھ) (ضحک۔ ہنسنا)

تضرّر (ع۔ مذکر) ۱ ضرر پہنچنا۔ نقصان اٹھانا ۲ مغموم ہونا۔

تضرّع (ع۔ مذکر) ۱ رونا۔ گڑگڑانا۔ منت کرنا ۲ گریہ وزاری ۳ منت۔ سماجت ۴ عجز۔ انکسار (کرنا کے ساتھ) (ضرع۔ عاجز ہونا) تضرع وزاری (مونث) گڑگڑانا اور رونا۔

تضرّم (ع۔ مذکر) ۱ آگ کا بھڑکنا۔ ۲ غصے سے آگ بگولا ہونا۔

تضریب (ع۔ مونث) چھیڑنا۔ اکسانا بھڑکانا۔

تضریس (ع۔ مونث) ۱ تجربہ کار بنانا لڑائی یا سفر کا ۲ کھردرا یا ناہموار بنانا ۳ دانتوں کا کھٹا ہونا۔

تضریم (ع۔ مونث) جلانا۔ سلگانا۔

تضعضع (ع۔ مذکر) ۱ برباد کرنا ۲ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔

تضعیف (ع۔ مونث) ۱ دگنا کرنا۔ دوچند کرنا ۲ تہ کرنا۔ دوہرا کرنا ۳ افزوں کرنا۔ زیادہ کرنا (ضعف۔ بڑھنا)

تضلیل (ع۔ مونث) ۱ غلطی کا الزام لگانا ۲ گمراہ کرنا۔

تضمّن (ع۔ مذکر) ۱ شامل رکھنا ۲ محیط کرنا ۳ ماننا ۴ قبول کرنا۔

تضمید (ع۔ مونث) ۱ کسی قسم کے سربند سر کو باندھنا ۲ پلستر یا پلٹس لگانا۔

تضمیر (ع۔ مونث) گھوڑے کو تیار کرنے کے لئے تھوڑی خوراک دینا۔

تضمین (ع۔ مونث) ۱ ضامن لینا۔ ضمانت دینا ۲ ملانا۔ شامل کرنا ۳ کسی دیگر شاعر کے مصرع یا شعر کو اپنے شعروں میں لانا۔ مصرع پر مصرع لگانا۔ بند لگانا (کرنا ہونا کے ساتھ) (ضمن۔ ذمہ دار ہونا)

تضوّع (ع۔ مذکر) بو دینا۔

تضیع (ع۔ مونث) اصل میں تضییع ہے۔ مگر اردو میں مخفف کر لیا گیا ہے۔ ضائع کرنا۔ گنوانا (ضیع۔ کھونا) تضیع اوقات (مونث) وقت گنوانا یا ضائع کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

تضیّع (ع۔ مذکر) خوشبو دینا۔

تضیّق (ع۔ مذکر) تنگ ہونا۔

تضییع (ع۔ مونث) ۱ مار ڈالنا ۲ تلف کرنا۔ برباد کرنا ۳ وقت ضائع کرنا ۴ تھکاوٹ۔ تھکن ۵ سستی۔ کاہلی۔

تضییق (ع۔ مونث) ۱ تنگ کرنا۔ ستانا ۲ روکنا۔ دبانا ۳ دشمن کو گھیر لینا ۴ بحث میں ناطقہ بند کر دینا۔

تطابق (ع۔ مذکر) مطابقت۔ بہت یکسانیت۔ مناسبت۔ موافقت۔ میل۔ لگاؤ (طبق۔ لگنا)

تطامن (ع۔ مذکر) ۱ آرام کرنا ۲ آرام میں چین

تطاول (ع۔ مذکر) ۱ ظلم۔ جور۔ ستم۔ جفا ۲ گھمنڈ۔ غرور۔ نخوت ۳ بداخلاقی۔ بدتہذیبی۔ گستاخی۔ بے ادبی ۴ دست درازی۔ غضب۔ تعدی ۵ فتح۔ حکومت کو پھیلانا (طول۔ لمبا ہونا)۔

تطبّق (ع۔ مذکر) ڈھانپا جانا۔

تطبیق (ع۔ مونث) ۱ برابر کرنا۔ مقابل کرنا ۲ موافقت۔ مطابقت۔ میل (طبق۔ لگنا)

تطریف (ع۔ مونث) ۱ دشمن کی فوج کے یمین و یسار پر لڑنا ۲ دشمن کو پسپا ہونے پر مجبور کرنا۔

تطریق (ع۔ مذکر) سفر کرنا۔

تطفّل (ع۔ مذکر) ۱ دعوت پر بن بلائے جانا ۲ طفیلی بننا۔

تطفیف (ع۔ مونث) کسی برتن یا جگہ کو بھر دینا۔

تطفیل (ع۔ مونث) ۱ سورج کا غروب ہونے کے قریب ہونا ۲ کسی کو بن بلائے دعوت پر لے جانا۔

تطلیق (ع۔ مونث) طلاق دینا۔

تطوّع (ع۔ مذکر) فرض سے زیادہ کام کرنا۔ ایسے حکم کی تعمیل کرنا جس کا کرنا فرض نہ ہو۔ مستحب و نوافل کا ادا کرنا (طوع۔ مطیع ہونا)

تطوّف (ع۔ مذکر) جلوس بنا کر پھرنا۔

تطوّق (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو آراستہ کرنا ۲ زنجیر۔ گلوبند یا طوق پہننا گردن

میں کوئی زیور ڈالنا۔

تَطَوُّل (ع۔ مذکر) ۱ فائدہ پہنچانا۔ ۲ حد سے بڑھنا ۳ دوسرے کے حقوق مارنا۔

تَطوِیع (ع۔ مذکر) ۱ ممکن بنانا۔ ۲ کسی کو کسی کام کرنے کے قابل بنانا۔

تَطوِیف (ع۔ مونث) چکر لگانا۔ گرد پھرنا۔

تَطوِیق (ع۔ مونث) ۱ طوق ڈالکر سجانا ۲ حاکم بنانا ۳ قابل بنانا ۴ اختیارات دینا۔

تَطوِیل (ع۔ مونث) ۱ لمبا کرنا۔ دراز کرنا۔ پھیلانا ۲ طول دینا۔ دیر لگانا ۳ لمبائی۔ وسعت ۴ دیر۔ التوا (طَالَ۔ طَوَلَ۔ لمبا ہونا)

تَطَہُّر (ع۔ مذکر) ۱ پاک کرنا۔ صاف کرنا ۲ خالص ہونا ۳ گناہ سے بچنا۔

تَطہِیر (ع۔ مونث) ۱ پاک کرنا۔ صاف کرنا ۲ تنقیہ۔ تزکیہ ۳ پاکی۔ طہارت (طَہُرَ۔ پاک ہونا)

تَطَیُّر (ع۔ مذکر) بدشگونی سمجھنا۔

تَطیِیر (ع۔ مونث) ۱ اڑنا ۲ تیز چلانا ۳ سرنگ اڑانا۔

تَطیِین (ع۔ مونث) مٹی ملنا۔ کہگل کرنا۔ پلستر کرنا۔

تَظَالُم (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا ۲ ایک دوسرے کو ضرر پہنچانے کی شکایت کرنا ۳ اپنے آپ کو مظلوم ظاہر کرنا۔

تَظَاہُر (ع۔ مذکر) ۱ پیٹھ سے پیٹھ ملاکر کھڑا ہونا ۲ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

تَظَرُّف (ع۔ مذکر) اپنے آپکو ظریف با مذاق یا فصیح ظاہر کرنا۔

تَظَلُّم (ع۔ مذکر) ۱ ظلم وستم کی شکایت یا فریاد کرنا ۲ فریاد ۳ ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا ان معنوں میں اس کا استعمال درست نہیں (ظَلَمَ۔ سختی کرنا)

تَظلِیل (ع۔ مونث) سایہ ڈالنا ۲ سایہ کرنا۔

تَظلِیم (ع۔ مونث) ۱ ظلم کا الزام لگانا ۲ ظلم کرنا۔

تَعَادُل (ع۔ مذکر) توازن۔ برابر ہونا۔

تَعَادِی (ع۔ مذکر) ۱ ایک دوسرے کے برخلاف جنگ کرنا ۲ بدچلن ہونا ۳ مخالفت۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

تَعَارُض (ع۔ مذکر) ۱ ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ آپس میں جھگڑنا ۲ برابری کرنا۔ ریس کرنا ۳ مخالف ہونا۔ متزاد ہونا۔ متناقض ہونا۔ (عَرَضَ۔ واقعہ ہونا)

تَعَارُف (ع۔ مذکر) ۱ ایک کا دوسرے کو پہچاننا ۲ واقفیت۔ جان پہچان (کروانا۔ ہونا کے ساتھ) (عَرَفَ۔ جاننا)

تَعَاطِی (ع۔ مذکر) ہاتھ سے دینا۔ عطیہ دینا۔ ایک دوسرے کو دینا (عَطَوَ۔ کوئی چیز دینا یا لینا)

تَعَاقُب (ع۔ مذکر) پیچھے جانا یا دوڑنا۔ پیچھا کرنا (عَقَبَ۔ پیچھے آنا)

تَعَاقُد (ع۔ مذکر) معاہدہ کرنا۔

تَعَال (ع۔ حرف ندا) برتر ہو۔ بزرگ ہو۔ بلند ہو (عَلَاَ۔ عَلِیَ۔ اونچا ہونا) **تعال اللہ** (کلمہ تعجب) ۱ خدائے بزرگ اور برتر ۲ سبحان اللہ۔ واہ وا۔ **تعالےٰ** (ماضی) بلند ہوا (صفت) بزرگ۔ برتر۔ بلند۔ عالی مرتبہ۔ **تعالےٰ اللہ** (کلمہ حیرت و تعجب) دیکھو تعال اللہ۔

تَعَامِی (ع۔ مذکر) اندھا بننا۔

تَعَاوُن (ع۔ مذکر) ۱ ایک دوسرے کی مدد کرنا ۲ باہمی امداد (عَوَنَ۔ مدد کرنا)

تَعَاہُد (ع۔ مذکر) ۱ سازش کرنا ۲ عہد کرنا ۳ ضامن ہونا۔ ضمانت دینا۔

تَعَب (ع۔ مذکر) ۱ محنت۔ مشقت ۲ سختی۔ تکلیف ۳ تھکاوٹ۔ تکان۔ ماندگی (تَعِبَ۔ تھکنا)

تَعَبُّد (ع۔ مذکر) ۱ عبادت کرنا۔ بندگی کرنا۔ پوجا کرنا ۲ عبادت۔ بندگی (عَبَدَ۔ پرستش کرنا)

تَعبِیَت (ع۔ مونث) ۱ مال و اسباب کو ترتیب سے لگانا ۲ فوج کو ترتیب دینا۔

تَعبِیر (ع۔ مونث) ۱ بیان کرنا۔ الفاظ میں لانا ۲ خواب کا نتیجہ بیان کرنا۔ نتیجۂ خواب ۳ وصف۔ صفت (عَبَرَ۔ خواب کا نتیجہ بیان کرنا) **تعبیرات** (جمع) تعبیر کی۔ **تعبیر گو** (صفت) خواب کا نتیجہ بتانے والا۔ **تعبیر کرنا** (متعدی) ۱ مراد لینا۔ مراد رکھنا ۲ خواب کا نتیجہ بتانا۔

تَعبِیہ (ع۔ مذکر) ۱ آراستہ کرنا۔ سجانا۔ ترتیب دینا ۲ ترتیب۔ انتظام۔ آراستگی ۳ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ فوج کو آراستہ کرنا ۴ پچی کاری کرنا۔ جڑنا (عَبَیَ۔ آراستہ کرنا فوج کا)

تَعَجُّب (ع۔ مذکر) حیرت۔ حیرانگی۔ اچنبھا۔ تحیر (عَجَبَ۔ حیران ہونا)

تَعَجُّل (ع۔ مذکر) ۱ جلدی کرنا ۲ جلدی کرانا۔ اکسانا۔ ابھارنا۔

تَعجِیب (ع۔ مونث) حیران کردینا۔ حیرت زدہ بنادینا۔

تَعجِیل (ع۔ مونث) ۱ جلدی۔ عجلت ۲ تیزی۔ شتابی۔ سرعت۔ تیز رفتاری۔ شتابکاری ۳ چستی۔ چالاکی (عَجَلَ۔ جلدی کرنا)

تَعجِیم (ع۔ مونث) ۱ نقطہ دینا ۲ اعراب لگانا ۳ فارسی میں ترجمہ کرنا۔

تَعدَاد (ع۔ مونث) ۱ گنتی۔ شمار ۲ اندازہ۔ تخمینہ۔ مقدار۔ رقم۔ مبلغ (عَدَّ۔ شمار کرنا)

تَعَدُّد (ع۔ مذکر) ۱ تعداد میں زیادہ ہونا ۲ کثرت۔ بہتات ۳ اعداد۔ گنتی ۴ ضرب دینا۔ بڑھنا (عَدَدَ۔ گننا) **تعدد ازواج** (مذکر) بہت سی بیویاں کرنا۔

تَعَدِّی (ع۔ مونث) ۱ ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ زیادتی ۲ ناانصافی۔ ناحق ۳ (صرف ونحو) متعدی ہونا یا بن جانا (عَدِیَ۔ دشمن ہونا)

تَعدِید (ع۔ مونث) ۱ نہایت صحیح طور پر گننا ۲ کسی آئندہ بات کے لئے تیار رہونا۔

تَعدِیل (ع۔ مونث) برابر کرنا۔ درست

کرنا۔ ٹھیک کرنا (عَدَّ۔ برابر کرنا) **تعدیلِ اَرکان** (مونث) فقہ میں ارکان نماز کا آہستہ آہستہ ٹھیک ادا کرنا۔

تَعدِیَہ (ع۔ مذکر) ۱ متعدی کرنا متعدی بنانا ۲ متعدی فعل (تَعَدِّی۔ متعدی ہونا)

تَعَذُّر (ع۔ مذکر) ۱ عذر کرنا۔ حجت کرنا ۲ عذر۔ حجت۔ معذوری ۳ کسی کام کا دشوار ہونا۔ مشکل ہونا (عُذر۔ معاف کرنا)

تَعذِیب (ع۔ مونث) ۱ سزا دینا۔ تکلیف دینا۔ دُکھ دینا ۲ سزا۔ تکلیف۔ دکھ۔ عذاب (عَذَّبَ۔ سزا دینا)

تَعذِیر (ع۔ مونث) ۱ عذر پیش کرنا۔ معافی مانگنا ۲ معذوری ظاہر کرنا ۳ عذر۔ معذوری (عَذَّرَ۔ عذر پیش کرنا)

تَعَرُّض (ع۔ مذکر) ۱ ہونا۔ واقعہ ہونا ۲ سامنے آنا۔ پیش ہونا ۳ روکنا۔ مخالفت کرنا ۴ روک۔ مخالفت۔ مزاحمت۔ ۳ و ۴ میں اُردو میں استعمال ہوتا ہے (عَرَضَ۔ سامنے آنا)

تَعَرُّف (ع۔ مذکر) ۱ سیکھنے کے لئے دریافت کرنا۔ شناخت کرنا ۲ جستجو سے علم دریافت کرنا۔ سیکھنا ۳ بتانا۔ جتانا (عَرَفَ۔ جاننا)

تَعرِیب (ع۔ مونث) کسی غیر زبان کے لفظ کو عربی بنا لینا بغیر صورت بدلنے کے۔ اگر عربی صورت بنائی جائے تو معرب کہتے ہیں (عَرَّبَ۔ عربی بنانا)

تَعرِیَت (ع۔ مونث) **تَعرِیَہ** (مذکر) ننگا کرنا۔ عریاں کرنا۔

تَعرِیس (ع۔ مونث) رات ختم ہونے پر مقام کرنا مسافر کا۔

تَعرِیض (ع۔ مونث) ۱ چوڑا کرنا۔ وسیع کرنا۔ بڑا کرنا ۲ مخالفت کرنا۔ مزاحمت کرنا ۳ کنایہ سے بات کہنا۔ اشارہ سے کوئی بات جتانا ۴ کسی معاملے کو مشکل بنا دینا ۵ بدخط لکھنا۔ ایسا لکھنا جو پڑھا نہ جا سکے ۶ تبادلہ کرنا۔ بدلنا۔ لین دین کرنا ۷ اعتراض۔ گرفت ۸ اراضی کی مفصل فہرست جو افسر مال کے دفتر میں داخل کی جاتی ہے (عَرُضَ۔ چوڑا ہونا۔ واقعہ ہونا پیش ہونا وغیرہ)

تَعرِیف (ع۔ مونث) ۱ واقفیت کرانا شناسائی کرانا ۲ واقفیت۔ شناسائی ۳ ثنا۔ توصیف۔ مدح ۴ بیان کرنا۔ شرح کرنا کسی چیز کا حلیہ بیان کرنا ۵ صفت۔ پہچان ۶ ذکر (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۷ درآمد برآمد کے محصول کا نقشہ (عَرَّفَ۔ اطلاع دینا۔ حلیہ بیان کرنا) **تعریفات** (جمع) تعریف کی۔ **تعریفُ المَجہُولِ بِالمَجہُول** مجہول کی تعریف مجہول الفاظ سے۔ کسی فضول بات کو ایسے الفاظ میں بیان کرنا جو خود فضول ہوں۔ **تعریف کناں** (صفت) تعریف کرتا ہوا۔ **تعریف کرتے مُنہ سوکھتا ہے**۔ تعریف ہو نہیں سکتی۔ تعریف میں اتنا بولنا پڑتا ہے کہ مُنہ خشک ہو جاتا ہے **تعریف کے پُل باندھ دینا یا باندھنا** (متعدی) بیحد تعریف کرنا۔ **تعریف میں زبان رطبُ اللسان ہے**۔ ہر وقت زبان مداح ہے۔ **تعریفی** (صفت) قابل تعریف۔

تَعرِیق (ع۔ مونث) عرق لانا۔ پسینہ نکالنا (عَرِقَ۔ پسینہ لانا)

تُعِزُّ (ع۔ مضارع) ۱ عزت دیتا ہے (عَزَّ۔ عزت دینا) ۲ عرب کے جنوب میں ایک شہر۔ **تُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَ تُذِلُّ مَن تَشَاءُ**۔ جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے جس کو چاہتا ہے ذلت دیتا ہے (خدا کی تعریف)

تَعزِیَت (ع۔ مونث) ماتم پرسی۔ پرسا۔ ماتم۔ **تعزیت خانہ** (مذکر) تعزیت کی جگہ۔ ماتم کا گھر۔ **تعزیت نامہ**۔ ماتم پرسی کا خط (عَزِیَ۔ صبر سے برداشت کرنا)

تَعزِیر (ع۔ مونث) ۱ سزا۔ ڈنڈ۔ سیاست ۲ تنبیہ۔ سرزنش ۳ (فقہ) حد شرعی سے کم سزا ۴ کم سے کم چالیس دُرّے لگانا (عَزَّرَ۔ سخت سزا دینا) **تعزیرات** (مونث) تعزیر کی جمع۔ **تعزیراتِ ہند** (مونث) ایک کتاب جس میں ہندوستان کا فوجداری قانون منضبط کیا گیا ہے۔ یہ دُنیا میں اس قسم کی بہترین کتاب سمجھی جاتی ہے۔

تَعزِیل (ع۔ مونث) معزول کرنا۔ موقوف کرنا۔ عہدے سے برطرف کرنا (عَزَلَ۔ ہٹانا)

تَعزِیَہ (ع۔ مذکر) امام حسنؓ اور امام حسینؓ کی تربتوں کی نقل جو محرم کے موقع پر بنائی جاتی ہے **تعزیہ اٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) تعزیہ کو گشت یا دفن کے واسطے لے جانا۔ **تعزیہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) کاغذ بانس لکڑی وغیرہ سے تعزیہ تیار ہونا **تعزیہ ٹھنڈا کرنا** (متعدی) تعزیہ دفن کرنا۔ **تعزیہ ٹھنڈا ہونا** (لازم) ۱ تعزیہ دفن ہونا ۲ دیوالہ نکل جانا۔ کوٹھی بیٹھ جانا ۳ بڑے آدمی کا مر جانا۔ **تعزیہ دار** (صفت) جو تعزیہ بنا کر رکھے۔ **تعزیہ داری** (مونث) تعزیہ بنانا اور ماتم وغیرہ کا انتظام کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **تعزیہ دفن کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) تعزیہ کا زمین میں دبایا جانا۔ دسویں محرم کو معمولی قسم کے کاغذوں کے تعزیے زمین میں دبائے جاتے ہیں۔ **تعزیہ رکھنا** (متعدی) ۱ امام باڑے میں امام حسنؓ یا حسینؓ کی تربت کی نقل بنا کر دھرنا ۲ تعزیے کو لیجاتے ہوئے دم لینے یا گتکا وغیرہ کھیلنے کے وقت تعزیہ کندھوں سے اُتار دینا ۳ کسی بات پر ناراض ہو کر تعزیہ زمین پر اتار دینا۔ اور تعزیہ داروں کا چلا جانا۔ **تعزیہ سرانا** (متعدی) تعزیہ کو دریا میں ڈال دینا ۲ تعزیہ دفن کر دینا **تعزیہ لینا** (متعدی) تعزیہ کے ساتھ ماتم کرنا۔ محرم میں ماتم کرنا ۲ سوگ کرنا (ہمت) **تعزیہ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) دیکھو تعزیہ اُٹھنا (عَزِیَ۔ صبر سے برداشت کرنا)

تَعَس (ع۔ مذکر) ۱ مر جانا ۲ گرنا۔ ۳ برباد ہونا۔ تلف ہونا ۴ بربادی۔ تلخی ۵ برائی ۶ فاصلہ۔

تَعَسُّر (ع۔ مذکر) ۱ مشکل ہونا۔ دشوار ہونا ۲ مشکل۔ دشواری (عَسُرَ۔ مشکل ہونا)

تَعَسُّف (ع۔ مذکر) ۱ راہ گم کرنا ۲ آوارہ ہو جانا۔

تَعَشُّق (ع۔ مذکر) ۱ عشق۔ پیار۔ محبت۔ پریم۔ چاہ ۲ شوق۔ اشتیاق۔ تمنا۔ آرزو۔ رجھانا۔ ہونا کے ساتھ) (عَشِقَ۔ محبت کرنا) **تعشق سے** (تف) محبت سے۔ پیار سے (عَشِقَ۔ ازحد محبت کرنا)

تَعَشِّی (ع۔ مونث) رات کا کھانا کھانا۔

تَعشِیش (ع۔ مونث) ۱ کھجور کے درخت کا پتلا تنا اور تھوڑی ٹہنیاں ہونا۔ ۲ گھونسلا بنانا ۳ خشک اور خراب ہو جانا روٹی کا۔

تَعَصُّب (ع۔ مذکر) ۱ طرفداری۔ حمایت۔ پشتی ۲ پیچ۔ ہٹ ۳ مذہبی طرفداری ۴ بیجا حمایت (عَصَبَ۔ چمٹنا۔ اردگرد جمع ہونا)

تَعصِیب (ع۔ مونث) ۱ کسی کا گھر کا سردار مقرر ہونا ۲ کسی کو بھوکا رکھنا ۳ تباہ کرنا۔

تَعَطُّف (ع۔ مذکر) مہربانی کرنا۔ مہربانی (عطف۔ جھکنا)

تَعَطُّل (ع۔ مذکر) ۱ بلا زیور رہنا ۲ بیکار ہونا ۳ خالی ہونا ۴ سستی۔ کاہلی۔ بیکاری (عطل۔ بیکار ہونا۔ غریب ہونا)

تَعطِیر (ع۔ مونث) خوشبو دینا۔

تَعطِیل (ع۔ مونث) ۱ خالی کرنا بیسنان کرنا ۲ کام سے فارغ کرنا ۳ چھٹی۔ تیوہار کا دن۔ کام نہ کرنے کا دن (عَطَّل۔ نوکری چھوڑ دینا)

تَعَظُّم (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرنا ۲ غرور یا رعونت سے پیش آنا ۳ تکبر۔ غرور۔ رعونت (عَظُمَ۔ بڑا ہونا)

تَعظِیم (ع۔ مونث) عزت۔ حرمت۔ وقعت۔ توقیر۔ قدر و منزلت (عَظَّمَ۔ دوسرے کو بڑا سمجھنا) **تعظیم بجا لانا** (لازم) ۱ عزت کرنا ۲ آداب بجا لانا۔ **تعظیم دینا** (متعدی) کسی کی آمد پر کھڑے ہو جانا۔ استقبال کرنا۔ استقبال کرکے صدر میں بٹھانا۔ **تعظیم سے پیش آنا** (لازم) عزت کرنا۔ خلق سے ملنا۔ **تعظیم کرنا** (متعدی) ۱ عزت کرنا ۲ آداب بجا لانا۔

امثال و اقوال۔ **تعظیم دفع ماندگی۔** تعظیم کے لئے اٹھنا بیماری کو دفع کرتا ہے۔ **تعظیم کاریگراں معاف۔ تعظیم و تکریم معاف۔** کوئی شخص کام میں مشغول ہو تو اسے مالک کی تعظیم معاف ہوتی ہے۔ کوئی کام کرتا ہوا اٹھنے لگے تو کہتے ہیں۔ **تعظیم ہند بر کوچۂ تنگ یا بر کاسۂ بنگ۔** ہندوستان کے تکلفات پر طنز ہے۔ آگے آپ چلیں یا پہلے آپ نوش کریں۔

تَعَفُّف (ع۔ مذکر) ۱ پارسائی۔ پرہیزگاری۔ عفت ۲ دینداری (عفّ۔ پاکدامن ہونا)

تَعَفُّن (ع۔ مذکر) بدبو۔ عفونت۔ سڑاند (عَفِنَ۔ سڑ جانا)

تَعفِیَت۔ تَعفِیہ (ع۔ مونث) مٹا دینا۔ چھیلنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا (عَفَوَ۔ مٹ جانا)

تَعَقُّب (ع۔ مذکر) دیکھو تعاقب۔

تَعَقُّل (ع۔ مذکر) ۱ سمجھنا۔ سوچنا۔ فکر کرنا کسی کام میں ۲ اطلاع دینا۔ خبر دینا (عَقَلَ۔ عقلمند ہونا)

تَعقِیب (ع۔ مونث) نماز پڑھنے کے بعد وظیفے یا دعا کے لئے بیٹھنا (عقّب۔ بیٹھ کر دعا مانگنا)

تَعقِید (ع۔ مونث) ۱ مضبوط باندھنا۔ گرہ دینا ۲ ملانا۔ شامل کرنا۔ جوڑنا ۳ پوشیدہ بات کہنا (عَقَدَ۔ گرہ باندھنا) **تعقید لفظی** (مونث) لفظوں کو آگے پیچھے کر دینا جس سے معنی سمجھنے میں دقت ہو۔ **تعقید معنوی** (مونث) ایسا لفظ استعمال کیا جائے جس سے شاعر کی مراد کچھ اور ہو۔ مگر محل استعمال میں کچھ اور معنی دے رہا ہو (عَقَدَ۔ باندھنا)

تَعقِیر (ع۔ مونث) بہت زخمی کرنا۔ (عَقَرَ۔ زخمی کرنا)

تَعَلُّق (ع۔ مذکر) ۱ مناسبت لگاؤ۔ علاقہ ۲ رشتہ داری ۳ جائداد۔ ملکیت ۴ محبت الفت پیار۔ انس ۵ ملازمت۔ خدمت ۶ آشنائی۔ یارانہ۔ (عَلِقَ۔ لٹکنا) **تعلقات** (جمع) تعلق کی۔ **تعلقات اچھے ہونا** (لازم) یارانہ ہونا۔ آپس میں الفت و پیار ہونا۔ **تعلقاتِ دنیاوی** (مذکر) گھر بار کی فکریں۔ لوگوں کے ساتھ میل جول۔ **تعلقات ضعیف ہونا** (لازم) الفت کم ہو جانا۔ دوستی کم ہو جانا۔ **تعلقجات** (جمع) تعلقہ کی۔ **تعلقِ خاطر** (مذکر) دل کی طرف لگاؤ ہونا۔ میلان طبع۔ فکر۔ **تعلقدار** (مذکر) ۱ رشتہ دار ۲ دوست۔ میل جول رکھنے والے ۳ تعلقہ دار **تعلقداری** (مونث) ۱ تعلقہ دار کی حالت۔ تعلقہ دار ہونا ۲ رشتہ۔ تعلق۔ دوستی۔ میل جول۔ **تعلق رکھنا** (متعدی) ۱ دوستی رکھنا۔ میل جول رکھنا ۲ علاقہ رکھنا۔ سروکار رکھنا ۳ دلچسپی لینا۔ **تعلق رہنا** (لازم) ۱ محبت رہنا۔ الفت رہنا ۲ دوستی رہنا۔ آشنائی رہنا۔ **تعلق منقطع ہو جانا** (لازم) دوستی جاتی رہنا۔ تعلق نہ رہنا۔ **تعلق ناجائز** (مذکر) آشنائی۔ یارانہ (پیدا کرنا رہنا ہونا کے ساتھ) **تعلق ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ملازمت ہو جانا۔ نوکر ہو جانا ۲ آشنائی ہو جانا۔ آنکھ لڑ جانا۔ **تعلقہ** ۱ ملکیت۔ جائداد ۲ دیکھو تعلق ۳ صوبے کا ایک حصہ۔ ضلع ۴ زمینداری۔ علاقہ جاگیر۔ حقیت۔ **تعلقہ دار** (مذکر) تعلقہ کا مالک۔ جاگیردار۔ علاقہ دار۔ رئیس۔ رئیس جو قانون اودھ کے مطابق حق اعلیٰ رکھتا ہو۔ **تعلقہ داران** (جمع) تعلقہ دار کی۔ **تعلقہ داران اَوَدھ** (مذکر) اس قسم کے رئیس اودھ کے علاقے میں بہت ہیں۔ یہ بڑے بڑے زمیندار ہیں **تعلقہ داری** ۱ دیکھو تعلقداری ۲ تعلقہ ۳ حق اعلیٰ۔

تَعَلُّل (ع۔ مذکر) ۱ دل بہلانا۔ کسی کام میں مشغول ہونا دل بہلانے کے لئے ۲ وقت گزارنا ۳ عذر پیش کرنا۔ عذر کرنا ۴ عذر۔ بہانہ۔ حیلہ۔ (عَلَّ۔ متوجہ کرنا)

تَعَلُّم (ع۔ مذکر) ۱ علم پڑھنا۔ سیکھنا ۲ علم و تعلیم ۳ تحصیل علم۔ مطالعہ۔ کتب بینی۔ ابجیانس (عَلِمَ۔ جاننا)

تَعَلِّی (ع۔ مونث) ۱ شیخی۔ ڈینگ۔ لن ترانی۔ لاف و گزاف۔ دون۔ ہانک ۲ (ع) ترقی۔ بڑائی۔ برتری۔ بزرگی (عَلُوَ۔ بلند ہونا) **تعلیاں یا تعلی کرنا** (متعدی) شیخیاں مارنا۔ لاف و گزاف کرنا۔ **تعلی پر آنا۔ تعلی کی لینا** (متعدی) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔

تَعلِیق (ع۔ مونث) ۱ ایک چیز کو دوسری چیز کے متعلق کرنا یا اس پر منحصر کرنا ۲ لٹکانا۔ دیر لگانا۔ ایک قسم کا خط جو ایرانی لکھتے ہیں (عَلِقَ۔ لٹکنا) **تعلیق بالمحال** (مونث) کسی امر کو ناممکن الوقوع امر پر منحصر کرنا۔ **تعلیق میں رہنا** (لازم) ملتوی رہنا۔ **تعلیقہ** (مذکر) ۱ مال و اسباب کی ضبطی۔ مکان کی قرقی ۲ کتاب کا ضمیمہ ۳ حاشئے پر تنبیہ ۴ قرق شدہ اسباب کی فہرست (کرنا ہونا کے ساتھ)

تَعلِیل (ع۔ مونث) ۱ متوجہ کرنا۔ توجہ دلانا ۲ وجہ بیان کرنا۔ سبب نکالنا ۳ (صرف و نحو) حرف علت یا اعراب کو بدلنا (عَلَّلَ۔ وجہ بتانا)

تَعلِیم (ع۔ مونث) ۱ سکھلانا۔ بتلانا ۲ اپدیش کرنا ۳ پڑھانا ۴ سکھلائی۔ تلقین۔ ہدایت۔ تربیت ۵ اپدیش ۶ وہ باتیں جو پیر اپنے مرید کو سکھلاتا ہے ۷ ناچنے گانے کی مشق ۸ گھوڑے کی سکھلائی۔ **تعلیم ابتدائی** (مونث) پرائمری کی پہلی پانچ جماعتوں کی تعلیم۔ **تعلیم اطفال** (مونث) بچوں کی تعلیم۔ **تعلیم اعلیٰ** (مونث) کالج کی تعلیم۔ **تعلیم پانا یا حاصل کرنا** (لازم) علم سیکھنا۔ پڑھنا لکھنا سیکھنا۔ تربیت پانا۔ تلقین حاصل کرنا۔ ناچ گانا سیکھنا۔ **تعلیم دینا** (متعدی) **تعلیم کرنا**

(متروک) دیکھو تعلیم پانا۔ تعلیم گاہ (مونث) تعلیم کی جگہ۔ مکتب۔ تعلیم لینا۔ ناچنا۔ گانا سیکھنا۔ گانا بجانا سیکھنا۔ تعلیم نسواں (مونث) عورتوں اور لڑکیوں کی تعلیم۔ تعلیم نسواں کا رواج ہونا (لازم) عورتوں کو عام طور پر پڑھایا جانا (عَلَمَ۔ جاننا) تعلیم ہونا (لازم) پڑھا ہوا ہونا۔ تربیت یافتہ ہونا۔ تعلیم یافتہ (صفت) پڑھا ہوا۔ تربیت یافتہ۔ تعلیمی (صفت) تعلیم کا۔ تعلیم کے متعلق۔ تعلیمی ادارہ (مذکر) وہ مجلس جو لوگوں کی تعلیم کا انتظام کرے۔ تعلیمی حالت (مونث) علمیت تعلیم (اچھی ہونا خراب ہونا وغیرہ کے ساتھ)

تَعَمُّد (ع۔ مذکر) ۱ ارادتاً کوئی کام کرنا ۲ ارادہ کرنا۔

تَعَمُّق (ع۔ مذکر) کسی چیز کی تہ کو پہنچنا۔ غور کرنا۔ گہرائی۔ باریک بینی (عُمق۔ گہرا ہونا)

تَعَمُّل (ع۔ مذکر) ۱ مطالعہ کرنا ۲ محنت کرنا۔

تَعَمُّم (ع۔ مذکر) ۱ پگڑی باندھنا ۲ کسی کو چھا لینا۔

تَعَمّی (ع۔ مونث) اندھا ہونا۔

تَعمِید (ع۔ مونث) ۱ سہارا دینا۔ پشتی دینا ۲ بند لگانا۔ پشتہ باندھنا (ندی یا دریا میں) ۳ بپتسمہ دینا (عَمَدَ۔ سہارا دینا)

تَعمِیر (ع۔ مونث) ۱ مکان بنانا۔ عمارت بنانا ۲ مرمت کرنا ۳ عمارت۔ مکان۔ گھر ۴ بناوٹ۔ ساخت (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَمَرَ۔ مکان بنانا)

تَعمِیق (ع۔ مونث) غور کرنا۔ سوچنا۔ دُور اندیشی سے کام لینا (عُمق۔ غور سے دیکھنا)

تَعمِیل (ع۔ مونث) ۱ عمل کرنا۔ عمل میں لانا ۲ حکم بجالانا۔ حکمنامے کے بموجب کارروائی کرنا ۳ بجا آوری۔ انصرام۔ عملدرآمد (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَمَلَ۔ حاکم مقرر کرنا) تعمیل حکم (مونث) حکم بجالانا۔ فرمان کی بجا آوری کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) تعمیل حکمنامہ طلبی (قانون) اس کی تعمیل اس شخص کے گواہوں کے روبرو دستخط کرانے سے ہوتی ہے جس کے نام یہ حکمنامہ ہو۔ تعمیل حکمنامہ گرفتاری (قانون) اس کی تعمیل وارنٹ گرفتاری کی تعمیل کی طرح ہوتی ہے۔ تعمیل سمن (قانون) سمن کے دو پرت ہوتے ہیں۔ ایک جس کے نام ہو اس کو دیا جاتا ہے دوسرے پر اس کی رسید اور دو گواہوں کے دستخط کرائے جاتے ہیں۔ اگر وہ شخص نہ ملے تو اس کے بالغ مرد رشتے دار کو دیا جاتا ہے۔ اگر وہ بھی نہ ہو تو اس کے مکان کے دروازے پر چسپاں کیا جاتا ہے اگر مکان بھی نہ ہو تو اس کے گاؤں میں کسی عام جگہ چسپاں کیا جاتا ہے۔ تعمیل کنندہ (صفت) تعمیل کرنیوالا حکم بجالانیوالا۔ تعمیل معاہدہ (مذکر) کسی معاہدے کی بجا آوری۔ تعمیل وارنٹ قرقی (قانون) اس وارنٹ کے بموجب تعمیل کنندہ جس جائیداد کی قرقی کا حکم ہو اسکو اپنے قبضے میں لیتا ہے۔ تعمیل وارنٹ گرفتاری (قانون) جس شخص کی گرفتاری کا حکم ہو اس کو ہاتھ لگا کر بتایا جاتا ہے کہ اسے گرفتار کیا گیا ہے۔ اگر وہ کہے تو اسے وارنٹ دکھایا جاتا ہے۔ اگر ضرورت ہو تو ہتھکڑی لگائی جاتی ہے۔

تَعمِیم (ع۔ مونث) ۱ عام کرنا۔ ہر ایک کو شامل کرنا ۲ عمومیت۔ کلیت (عَمَّ۔ عام کر دینا)

تَعمِیَہ (ع۔ مذکر) ۱ اندھا کرنا ۲ کسی شعر یا فقرے کا مطلب مبہم کر دینا ۳ معمہ۔ پہیلی ۴ مادہ تاریخ کی کمی کسی حرف لفظ یا فقرے سے پوری کر دینا (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَمِیَ۔ اندھا ہونا)

تَعَنُّت (ع۔ مذکر) ۱ عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ بدگوئی ۲ گناہ۔ جرم۔ غلطی۔ عیب (عَنِتَ۔ جرم کرنا)

تَعنِیف (ع۔ مونث) ۱ سرزنش کرنا۔ سخت الزام دینا ۲ سرزنش۔ شکایت۔

تَعنِین (ع۔ مونث) کمزوری۔ نامردی۔

تَعَوُّد (ع۔ مذکر) ۱ عادی ہونا ۲ عادت یا رسم بنانا۔

تَعَوُّذ (ع۔ مذکر) اعوذ باللہ کہنا (عَوَذَ۔ پناہ مانگنا)

تَعَوُّق (ع۔ مذکر) ۱ رُک جانا۔ مڑنا ۲ پیچھے ہٹ جانا

تَعوِیج (ع۔ مونث) ۱ جھکنا۔ ٹیڑھا کرنا ۲ مروڑنا ۳ الٹنا۔

تَعوِید (ع۔ مونث) ۱ عادی کرنا ۲ کتے کو سدھانا ۳ کوئی طریقہ رسم یا فیشن نکالنا۔

تَعوِیذ (ع۔ مذکر) ۱ وہ کاغذ جس پر خانے بنا کر اعداد یا اسماء الٰہی یا دعا سے خانہ پُری کر کے حصول مراد یا حفاظت کے لئے گلے میں ڈالتے یا کسی اور عضو پر باندھتے یا زمین میں گاڑتے یا کنوئیں دریا وغیرہ میں ڈالتے ہیں ۲ وہ مٹی اینٹوں یا پتھر کا نشان جو قبر کے اُوپر بناتے ہیں ۳ چاندی کا خول جس میں کاغذ کا تعویذ ڈال کر ڈنڈ وغیرہ پر باندھتے ہیں ۴ گلے کا ایک زیور (عَوَذَ۔ خدا سے پناہ مانگنا) تعویذ باندھنا (متعدی) تعویذ کپڑے میں سی کر یا چاندی کے خول میں ڈال کر کسی عضو پر باندھنا تعویذ بخشنا (متعدی) ۱ تعویذ دینا ۲ تعویذ لکھنے کی اجازت دینا۔ تعویذ بنانا (متعدی) کسی کو ہر وقت پاس رکھنا۔ تعویذ بہانا (متعدی) دریا میں تعویذ پھینک دینا۔ تعویذ جلانا (متعدی) آگ میں تعویذ ڈال دینا۔ دونوں ٹونے ہیں حصول مقصد کے لئے۔ تعویذ دھو کے پینا (متعدی) کاغذ کا یا قبر کا تعویذ برائے دفع مرض یا بلا دھو کر پیتے ہیں۔ تعویذ عمل میں ہونا (لازم) کسی شخص میں اتنی طاقت ہونا کہ اس کے ہاتھ کا لکھا ہوا تعویذ اثر دکھائے۔ تعویذ کرنا (متعدی) کسی کاغذ کو بہت حفاظت سے رکھنا۔ تعویذ گاڑنا (متعدی) تعویذ زمین میں دفن کر دینا حصول مقصد کے لئے۔ تعویذ لحد (مذکر) تعویذ کی شکل جو قبر کے درمیان بنی ہوتی ہے۔ تعویذ لکھنا (متعدی) کاغذ پر خانے بنا کر اعداد وغیرہ سے خانہ پری کرنا۔ تعویذ و طومار (مذکر) گنڈا تعویذ (ع و) تعویذی (صفت) تعویذ کے متعلق۔ تعویذ کی شکل کا۔ تعویذیا (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس کے گلے میں سفید پر تعویذ کی شکل کے ہوتے ہیں۔ تعویذی گلوری (مونث) مربع بیڑا (عَوَذَ۔ پناہ مانگنا)

مثل۔ تعویذ گنڈے کے بھروسے پر نہ رہنا کچھ کمر کا بھی زور لگانا۔ کام محنت سے ہوتا ہے۔ خود بھی کوشش کرنی چاہئے۔ خالی توکل پر نہیں رہنا چاہئے۔

تَعوِیض (ع۔ مونث) ۱ عوض بدلہ یا انعام دینا ۲ تبادلے میں کوئی چیز دینا ۳ کسی چیز کی بجائے دوسری چیز دینا۔

تَعوِیق (ع۔ مونث) ۱ ڈھیل۔ دیر۔ تاخیر۔ توقف۔ التوا ۲ لیت و لعل۔ ٹال مٹول ۳ روک۔ مخالفت (کرنا۔ میں ڈالنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) (عَوَّقَ۔ دیر کرنا۔ روکنا)

تعوِیل (ع ۔ مونث) کسی پر کوئی بوجھ ڈالنا ۲ مدد مانگنا ۳ مینہ سے بچنے کے لئے کوئی محفوظ جگہ بنانا۔

تعوِیم (ع ۔ مونث) ۱ اناج کاٹ کر مٹھے رکھتے جانا ۲ کھجوروں کے درخت کا ہر دوسرے برس پھل دینا ۳ تیرانا۔

تعہُّد (ع ۔ مذکر) ۱ وعدہ ۔ عہد ۲ عہدنامہ ۔ اقرارنامہ ۔ پٹہ ۳ لگان ۔ کرایہ (عَہد ۔ اقرار کرنا) تعہد دار (مذکر) پٹے دار۔

تعیُّش (ع ۔ مذکر) ۱ عیش کرنا عیش کا سامان مہیا کرنا ۲ (ع) محنت اور مشقت کر کے روزی کمانا۔ کمائی کے لئے محنت کرنا ۳ خوش گزران کرنا ۔ خوش ہونا (عَیش ۔ رہنا ۔ زندہ رہنا)

تعیُّل (ع ۔ مذکر) ۱ زمین جو شاہی خاندان کے افراد کو عطا کی جائے (خصوصاً وہ جو خاندان مغلیہ کے شاہزادوں کو دی جاتی تھی) ۲ جاگیر یا مشاہرہ جو بادشاہ اپنے نابالغ بچوں کے خرچ کے لئے مقرر کرے۔ تعیل شاہی (مذکر) شاہی مقبوضات جو دہلی کے گرد و نواح میں تھے۔

تعیین (ع ۔ مذکر) ۱ تعیین یا تعیین کا مخفف ۲ مقرر کرنا ۔ مخصوص کرنا ۔ تقرر کرنا ۔ معین کرنا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَین ۔ دیکھنا) تعینات (جمع) تعیینات یا تعینات کا مخفف جو تعین یا تعیین کی جمع ہیں ۔ مقرر ۔ مسلط ۔ معین (فرمانا کرنا ہونا کے ساتھ) تعیناتی (مونث) تقرری ۔ تقرر (فرمانا کرنا ہونا کے ساتھ)

تعیُّن (ع ۔ مذکر) ۱ ٹھہرانا ۔ مقرر کرنا معین کرنا ۔ مخصوص کرنا ۲ تقرری ۔ تقرر ۔ تعیناتی (کرنا ہونا کے ساتھ) (عَین ۔ دیکھنا) تعینات (جمع) ۱ تقرریاں ۔ تعیناتیاں ۔ نوکری ۔ فرض ۔ عام طور پر اردو میں بغیر تشدید یا ے کے استعمال ہوتا ہے ۲ (ع) فوج ۔ سپاہ ۔ تعیناتی (مونث) اردو میں بلا تشدید استعمال ہوتا ہے ۔ دیکھو تعیناتی ۲ (ع) فوج ۔ سپاہ ۔ پولیس ۔ کوئی گروہ جو کسی کام کے لئے تعینات کیا جائے ۳ گارد ۔ تعین دعوے (مذکر) دعوے کا مقرر کرنا۔

تعییر (ع ۔ مونث) بے عزت کرنا سرزنش کرنا۔

تعییل (ع ۔ مونث) ۱ خاندان پر خرچ کرنا ۲ خاندان کی پرورش کے لئے کافی انتظام کرنا۔

تعیین (ع ۔ مونث) مقرر کرنا۔ تعین کرنا۔

تغابُن (ع ۔ مذکر) ایک دوسرے کو دھوکا دینا ۔ باہمی دغابازی (غَبن ۔ دھوکا دینا)

تغار (ف ۔ مذکر) ۱ وہ گڑھا جس میں گارا بنایا جاتا ہے ۲ کونڈا ۔ ناند (یہ لفظ عربی زبان میں نہیں ۔ ترکی اور فارسی میں ہے اور غالباً عربی غ سے بنایا گیا ہے) تغاری (مونث) چھوٹا کونڈا ۔ وہ مٹی کا برتن جس میں آٹا گوندھتے ہیں ۔ وہ مٹی یا لوہے کا برتن جس میں چونا خمیر کرتے ہیں۔

تغافل (ع ۔ مذکر) بے پروائی ۔ غفلت ۔ کم توجہی ۔ بے التفاتی ۔ سستی ۔ بے خبری (کرنا ہونا کے ساتھ) (غَفل ۔ لاپروا ہونا) تغافل پسند ۔ پیشہ ۔ دستگاہ ۔ شعار ۔ شیوہ یا کیش (صفت) غافل ۔ بےخبر ۔ بےپروا ۔ عموماً معشوق کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۔ تغافل پسندی یا شعاری (مونث) دیکھو تغافل ۔ تغافلی (مونث) تغافل۔

تغالُب (ع ۔ مذکر) ایک دوسرے پر غالب آنا۔

تغایُر (ع ۔ مذکر) ۱ فرق ۔ تفاوت ۔ پھیر ۲ باہم مغایر ہونا ۔ غیریت (غَیر ۔ غار ۔ رشک کرنا)

تغدّی (ع ۔ مونث) ۱ ناشتہ کرنا ۲ کھانا کھانا۔

تغذیہ (ع ۔ مذکر) خوراک ۔ غذا ۔ خورش ۔ طعام ۔ پرشاد (غِذَو ۔ خوراک دینا)

تغریب (ع ۔ مونث) ۱ فاصلہ پر لے جانا ۔ الگ کر دینا ۲ ملک بدر کرنا ۔ جلاوطنی ۔ بن باس دیس نکالا ۳ قید ۔ حبس (غرُب ۔ چلا جانا)

تغریر (ع ۔ مونث) ۱ اپنے آپکو خطرے میں ڈالنا ۲ بوتل بھرنا ۳ اڑنے کیلئے تیار ہونا۔

تغریم (ع ۔ مونث) جرمانہ کرنا۔

تغزیر (ع ۔ مونث) دودھ ایک وقت نہ دوہنا تاکہ دوسرے وقت زیادہ ہو۔

تغشّی (ع ۔ مونث) ۱ اپنے آپکو ڈھانپنا ۲ ہمبستری کرنا ۔ جماع کرنا۔

تغضیہ (ع ۔ مذکر) ۱ حصوں میں تقسیم کرنا ۲ ایک طرف رکھ دینا ۔ باقیوں سے جدا کرنا۔

تغطّی (ع ۔ مونث) چھپانا ۔ ڈھانپنا۔

تغطیہ (ع ۔ مونث) ۱ ڈھانپنا ۲ رات کا اندھیرا ہونا۔

تغفیل (ع ۔ مونث) ۱ کسی آدمی کو غفلت کے لئے سرزنش کرنا ۲ کسی کو غافل یا جاہل کہنا یا سمجھنا۔

تغلُّب (ع ۔ مذکر) ۱ غبن ۔ خیانت ۔ دغا ۔ تصرف بیجا ۔ جعلسازی ۔ خورد برد ۲ کھوٹ ۔ آمیزش (کرنا ہونا کے ساتھ) (غَلَب ۔ زبردستی لینا) تغلبی (مونث) تغلب۔

تغلیب (ع ۔ مونث) ۱ اعلیٰ یا سردار بنانا ۲ غلبہ ۔ اثر۔

تغلیس (ع ۔ مونث) رات کو سفر کرنا۔

تغلیط (ع ۔ مونث) ۱ غلطی کسی کے ذمہ لگانا ۔ الزام دینا۔

تغلیظ (ع ۔ مونث) کسی چیز کو تکلیف دہ بنانا۔

تغلیف (ع ۔ مونث) غلاف چڑھانا۔

تغلیق (ع ۔ مونث) دروازہ بند کرنا۔

تغما ۔ تغمہ (ت ۔ مذکر) دیکھو تمغہ۔

تغما بٹھانا یا جمانا (متعدی) رعب جمانا ۔ سکہ بٹھانا تحکم جتانا۔

تغمُّد (ع ۔ مذکر) ۱ خدا کے بندے پر رحم کرنا ۲ گناہ سے بچانا ۳ برتن بھرنا۔

تغمیض (ع ۔ مونث) ۱ آنکھیں نیم باز کرنا ۲ چشم پوشی کرنا ۳ ایسی باتیں کرنا جو سمجھ میں نہ آئیں ۴ گفتگو میں چالاکی۔

تغنّی (ع ۔ مونث) ۱ قناعت ۲ گانا ۳ بے پروا ہونا ۴ (ع) پرندوں کا بولنا ۔ معشوقہ کی تعریف شعروں میں کرنا۔

تَغیر (ع۔ مونث) تَغییر کا مخفف۔

تَغَیُّر (ع۔ مذکر) بدلنا۔ پلٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت میں جانا ۲ تبدیل حالت ۳ انقلاب ۴ ابتری (غیر۔ رشک کرنا) **تغیرات** (جمع تغیر کی۔ **تغیرات ہر سالہ** (مذکر) ایک کتاب جو تحصیلدار کے پاس رہتی ہے۔ جس میں داخل خارج وغیرہ لکھے جاتے ہیں۔ **تغیّر و تبدُّل** (مذکر) ۱ تبدیلیاں۔ فرق ۲ انقلاب (کرنا ہونا کے ساتھ)

تَغْبِیض (ع۔ مونث) ۱ گھٹانا ۲ آنسو روکنا ۳ جنگل میں رہنا۔

تَغِیظ (ع۔ مونث) غصے ہونا۔ طیش میں آنا۔

تَغییب (ع۔ مونث) غیر حاضر ہونا۔

تَغییر (ع۔ مونث) دیکھو تغیّر۔

تَف (ف۔ مذکر) ۱ بخارات۔ بھاپ۔ دھواں ۲ گرمی (تفنیدن۔ گرم ہونا) **تفت** (صفت) ۱ گرم۔ تپتا۔ حار ۲ (مذکر) گرمی۔ حرارت۔ **تفنگی** (مونث) ۱ گرم ہونے کی حالت ۲ گرمی۔ حرارت۔ جوش۔ شوق ۳ تکلیف۔ رنج۔ دکھ۔ درد۔ **تفتہ** (صفت) ۱ بہت گرم۔ حار ۲ سوختہ۔ گداختہ ۳ آزردہ۔ ناراض ۴ بے چین۔ بیقرار۔ مضطرب ۵ مرجھایا ہوا۔ مُرجھایا ہُوا۔ پیچیدہ۔ **تفتہ جاں جگر یا دل** (صفت) غمزدہ۔ غمگین۔ اندوہناک۔ عاشق۔ دل جلا ۶ تپ۔ گرمی ۷ **تفنبیدہ** (صفت) گرم۔

تُف (ع۔ کلمہ نفرین) ۱ وف۔ لعنت ملامت۔ شرم۔ تھوک۔ لعاب دہن (تفل۔ تھوکنا) **تف ہے** (اس کی) تیری اوقات پر۔ لعنت ہے تیرے کاموں پر یا ڈھنگوں پر۔ **تف نہ کرنا** (متعدی) پروا نہ کرنا۔ ادنےٰ توجہ بھی نہ کرنا۔

تُفّاح (ف۔ مذکر) سیب۔

تَفاخُر (ع۔ مذکر) ۱ غرور کرنا۔ فخر کرنا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنا ۲ غرور۔ فخر۔ تکبر (فخر۔ ڈینگ مارنا)

تَفارُق (ع۔ مذکر) جُدائی۔ فرق (فرق۔ دو چیزوں کے درمیان فرق کرنا)

تَفارِیق (ع۔ مونث) جمع تفریق کی ۱ جُدائیاں۔ تفرقات۔ فرق ۲ وقفے ۳ قسطیں۔

تَفاسِیر (ع۔ مونث) تفسیر کی جمع۔

تَفاصِیل (ع۔ مونث) تفصیل کی جمع۔

تَفاضُل (ع۔ مذکر) افضلیت کا دعوےٰ کرنا۔ افضل ہونے کے لئے جھگڑنا۔

تُفال (ع۔ مذکر) تھوک۔

تَفاؤُل (ع۔ مذکر) ۱ نیک فال لینا۔ ۲ اچھی پیشین گوئی کرنا۔

تَفانی (ع۔ مونث) ۱ ایک دوسرے کو ہلاک کرنا ۲ اکٹھے مرنا۔

تَفاوُت (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے جُدا یا فاصلے پر ہونا ۲ فاصلہ۔ دوری ۳ وقفہ۔ فرق جدائی۔ اختلاف (فَوْت۔ گزر جانا) **تفاوت بولنا** (لازم) غلط بیانی کرنا۔ مختلف بیان دینا (ست) **تفاوت کر دینا** (متعدی) علیحدہ کر دینا۔ الگ کر دینا۔ **تفاوت کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ جُدا ہونا۔ علیحدہ ہونا ۲ فرق ہونا (فَوْت۔ گزرنا)

تَفاؤُل (ع۔ مذکر) فال نکالنا۔ شگون لینا (فال۔ مستقبل کا حال پوچھنا)۔ پیشین گوئی کرنا ۲ پیشین گوئی کرنا۔

تَفَتُّت (ع۔ مذکر) ٹوٹنا۔ مرجھانا۔

تَفتیح (ع۔ مونث) کھولنا (فتح۔ کھولنا)

تَفتیش (ع۔ مونث) ۱ دریافت۔ تحقیقات۔ چھان بین۔ پوچھ پاچھ۔ اردو میں عام طور پر پولیس کی دریافت کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۲ (کرنا ہونا کے ساتھ) (فَتَش۔ امتحان کرنا)

تَفتیل (ع۔ مونث) رسی کو بل دینا۔

تَفتِین (ع۔ مونث) ۱ فتنہ اٹھانا۔ بغاوت کرنا۔ سازش کرنا۔ غدر مچانا۔ ۲ اغوا کرنا۔ عاشق بنانا۔ مفتون کرنا ۳ جادو کرنا۔ بہانا۔

تَفَث (ع۔ مذکر) حج سے پہلے اپنے آپکو پاک کرنا۔

تَفَجُّر (ع۔ مذکر) پھٹ جانا۔ بہنا۔ پیپ نکلنا (فجر۔ کھولنا رستہ پانی کے لئے)

تَفجِیر (ع۔ مونث) ۱ پھاڑ دینا ۲ پانی بہانا ۳ پیپ نکالنا۔

تَفجیع (ع۔ مونث) تکلیف دینا۔ درد کرنا۔

تَفَحُّص (ع۔ مذکر) جستجو۔ تلاش۔ تجسس۔ ٹوہ۔ ڈھونڈ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فحص۔ تلاش کرنا)

تَفَحُّل (ع۔ مذکر) ۱ سانڈ کی طرح ہونا ۲ بہادر ہونا۔

تَفحِیم (ع۔ مونث) منہ کالا کرنا۔

تَفَخُّر (ع۔ مذکر) دیکھو تفاخر۔

تفخیم (ع۔ مونث) ۱ تعریف کرنا۔ عزت کرنا ۲ کسی لفظ کو پورا ادا کرنا۔

تَفَرُّث (ع۔ مذکر) حاملہ عورت کا بیہوش ہونا۔

تَفَرُّج (ع۔ مذکر) سیر تماشہ۔ تفریح۔ دل لگی (فرج۔ کھولنا۔ توڑنا) **تَفَرُّج کناں** (صفت) تفریح کرتے ہوئے۔

تَفَرُّح (ع۔ مذکر) آسائش۔ آرام۔ آسودگی۔ فرحت۔ سکھ۔ چین (فرح۔ خوش ہونا)

تَفَرُّد (ع۔ مذکر) ۱ اکیلا ہونا۔ یکتائی ۲ تنہائی۔ خلوت (فَرْد۔ اکیلا ہونا)

تَفَرُّس (ع۔ مذکر) ۱ کسی چیز کو غور سے دیکھنا۔ علامات وغیرہ سے کسی چیز کو شناخت کر لینا قیافے سے پہچاننا ۲ عقل۔ سمجھ۔ دانائی۔ فراست۔ فہم (فَرَس۔ ماہر ہونا سواری میں)

تَفَرُّع (ع۔ مذکر) ۱ پیدا ہونا ۲ اگایا جانا ۳ شاخوں کا زیادہ ہونا۔ شاخیں پیدا کرنا ۴ نکالا جانا فروعات سے مشتقات کا۔

تَفَرُّغ (ع۔ مذکر) خالی ہونا۔ بیکار ہونا۔ فارغ ہونا۔

تَفَرُّق (ع۔ مذکر) ۱ جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا ۲ تقسیم ہونا ۳ منتشر ہونا ۴ دوڑنا ۵ شکست کھانا۔

تَفرِقہ (ع۔ مذکر) ۱ فرق۔ اختلاف۔ تفاوت ۲ فاصلہ۔ جدائی ۳ پھوٹ۔ نااتفاقی۔ نفاق۔ انتشار۔ پراگندگی۔ بکھیر ۴ رنج۔ مصیبت۔ تکلیف ۵ طلاق (فرق۔ دو چیزوں کے درمیان فرق کرنا) **تفرقہ اٹھ جانا**

(لازم) کوئی فرق نہ رہنا۔ **تفرقہ انداز یا پرداز** (صفت) پھوٹ یا جدائی ڈالنے والے۔ فلک کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **تفرقہ اندازی یا پردازی** (مونث) پھوٹ یا جدائی وغیرہ ڈالنے کا فعل۔ **تفرقہ پڑنا۔ ڈلوانا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) نااتفاقی پیدا کرنا۔ فساد کرانا۔ **تفرقہ کرنا** (ت) تفرقہ ڈالنا۔

تَفَرَّہ (ع۔ مذکر) ۱ غرور۔ تکبر۔ فخر۔ نخوت ۲ شان و شوکت دکھانا (فَرِہ۔ ماہر ہونا)

تَفرِیج (ع۔ مونث) غم دور کرنا۔ فکر نہ کرنا۔

تَفرِیح (ع۔ مونث) ۱ دل لگی۔ خوش طبعی۔ ہنسی۔ چہل۔ ٹھٹھا۔ مذاق ۲ سیر۔ ہوا خوری۔ دل بہلانا ۳ تازگی۔ فرحت (فَرِح۔ خوش ہونا) **تفریحاً** (تف) ہنسی سے۔ دل لگی سے۔ **تفریح حاصل ہونا** (لازم) فرحت پانا۔ دل خوش ہونا۔ شگفتہ ہونا۔ تازگی پانا **تفریح طبع** (مونث) تفریح ملے۔

تَفرِید (ع۔ مونث) ۱ اکیلا رہ جانا۔ جدا ہو جانا ۲ عزلت نشینی۔ گوشہ نشینی (عبادت کے لئے) ۳ کسی علم میں فرد ہونا (فَرَدَ۔ اکیلا ہونا)

تَفرِیس (ع۔ مونث) ۱ کسی غیر زبان کے لفظ کو فارسی بنا لینا (فُرس۔ ایرانی) ۲ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ چیرنا پھاڑنا (فَرَس۔ گردن توڑنا جانور کی)

تَفرِیط (ع۔ مونث) کسی کام میں کمی کرنا۔ غفلت کرنا۔ کوتاہی (فَرَطَ۔ غفلت کرنا)

تَفرِیع (ع۔ مونث) ۱ نکالنا ۲ ایک اصول سے مسئلے نکالنا ۳ پہاڑ پر چڑھنا۔

تَفرِیغ (ع۔ مونث) ۱ برتن خالی کرنا ۲ ڈالنا۔ نکالنا۔

تَفرِیق (ع۔ مونث) ۱ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا ۲ فرق ڈالنا۔ فرق دیکھنا ۳ علیحدگی۔ جدائی ۴ حصے کرنا۔ تقسیم کرنا ۵ اختلاف۔ فرق ۶ اقسام جدا جدا کرنا ۷ (حساب) بڑے عدد میں سے چھوٹا منہا کرنا۔ منہائی۔ جھگڑا۔ غلط فہمی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (فَرَق جدا کرنا۔ **تفریق نامہ** (مذکر) ۱ ایک دستاویز جس میں ہر ایک فریق کے حصے درج ہوں ۲ اقرار نامہ جو ان حصوں کا فیصلہ کر دے۔ جن کا مختلف اشخاص نے دعوے کیا ہو۔

تَفزِیع (ع۔ مونث) ۱ ڈرانا۔ ۲ ڈر نکالنا۔

تَفسِیدَہ (ف۔ مونث) گرم۔ جلا ہوا۔ (تفسیدن۔ گرم ہونا)

تَفسِیر (ع۔ مونث) ۱ تشریح۔ توضیح و ضاحت۔ شرح کرنا۔ سمجھانا ۲ قرآن شریف کی شرح کے لئے اردو میں استعمال ہوتا ہے **تفسیر دان** (صفت) علم تفسیر کا جاننے والا۔ **تفسیر کرنا** (متعدی) واضح طور پر یا کھول کر بیان کرنا (فَسَرَ۔ کھولنا۔ بیان کرنا)

تَفسِیق (ع۔ مونث) ۱ کسی کو فاسق کہنا یا قرار دینا ۲ خراب کرنا۔ بدچلن بنانا۔

تَفصِیل (ع۔ مونث) ۱ تشریح۔ تصریح توضیح ۲ فہرست۔ فرد ۳ کیفیت۔ بیان۔ تذکرہ (کرنا ہونا کے ساتھ) (فَصَّلَ۔ جدا کرنا) **تفصیلاً۔ تفصیلوار** (تف) مفصل طور پر۔ وضاحت سے۔ **تفصیلی** (صفت) مفصل۔ مشرح۔

تَفَضُّل (ع۔ مذکر) ۱ زیادتی۔ بیشی ۲ بہتری۔ برتری۔ فضیلت ۳ مہربانی۔ عنایت۔ لطف۔ کرم ۴ کوئی مفاد پہنچانا (فَضَلَ۔ بڑھنا۔ نہایت اعلے ہونا)

تَفَصّی (ع۔ مونث) ۱ مشکلات سے نکلنا ۲ کسی کام کے کرنے کے لئے فرصت ہونا۔

تَفضِیح (ع۔ مونث) ۱ فضیحت کرنا۔ دوسرے کے عیب ظاہر کرنا ۲ شرم دلانا۔ رسوائی۔ بدنامی۔ فضیحت۔ بے عزتی۔ ذلت (فَضَحَ۔ بے عزت کرنا)

تَفضِیل (ع۔ مونث) ترجیح۔ فوقیت فضیلت۔ شرف (دینا کے ساتھ) (فَضَلَ۔ نہایت اعلیٰ ہونا۔ بڑھنا)

تَفطِیر (ع۔ مونث) ۱ روزہ کھلوانا۔ ۲ کھانا کھلانا۔

تَفطِین (ع۔ مونث) سمجھانا۔ دکھانا۔ کسی بات پر غور کرانا۔

تَفَقُّد (ع۔ مذکر) ۱ تلاش۔ جستجو ۲ (مجازاً) دلجوئی۔ مہربانی (فَقَدَ۔ گم ہونا)

تَفَقُّہ (ع۔ مذکر) علم الہیات کا مطالعہ کرنا۔ علم فقہ کا ماہر ہونا۔

تُفَک (ف۔ مذکر) تپک کا معرب جو توپ کا مخفف ہے۔

تَفَکُّر (ع۔ مذکر) سوچ۔ بچار۔ فکر۔ اندیشہ (فَکَرَ۔ سوچنا) **تفکرات** (جمع) فکریں۔ **تفکراتِ دنیا** (مذکر) بال بچوں کی کمانے کی فکریں۔

تَفَکُّہ (ع۔ مذکر) ۱ طعنہ زنا ۲ تعجب حیرت ۳ غم۔ رنج۔ فکر ۴ ندامت۔ انفعال۔ توبہ ۵ میوہ کھانا (فَکِہَ۔ خوش ہونا۔ لطف اٹھانا)

تَفکِیر (ع۔ مونث) ۱ سوچنا۔ غور کرنا ۲ فکر۔ سوچ۔ غور۔

تَفکِیک (ع۔ مونث) ایک چیز کو دوسری سے جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

تُفل (ع۔ مذکر) تھوکنا۔

تَفل (ع۔ مذکر) تھوک۔

تَفلِیس (ع۔ مونث) دوالیہ قرار دینا۔

تَفَنگ (ف۔ مذکر) ۱ ایک لمبی نالی جس میں سے پھونک کے ذریعے تیر یا کنکر پھینکتے ہیں ۲ ہوائی بندوق۔ توڑیدار بندوق۔ **تفنگ انداز** (صفت) ۱ اس نالی کے استعمال کا ماہر۔ تیر انداز۔ بندوق چلانے والا ۲ (مذکر) وہ فاصلہ جہاں تک تیر یا کنکر یا چھرّو پہنچے۔ **تفنگچی** (مذکر) وہ شخص جو تفنگ چلانے کا ماہر ہو۔ بندوقچی **تفنگ کا پیالہ** (مذکر) وہ مقام جہاں بندوق کا گھوڑا گرتا ہے۔ **تفنگ کا تونا** (مذکر) توڑے دار بندوق کا وہ پرزہ جس میں فتیلہ رکھ کر بارود کو آگ دیتے ہیں۔

تَفلِیک (ع۔ مونث) ۱ چھاتیوں کا ابھرنا ۲ دوشیزہ کی چھاتیوں کا ابھار ۳ اونٹ کے بچے کے منہ پر کوئی چیز باندھنا کہ ماں کا دودھ نہ پی سکے۔

تَفَنُّن (ع۔ مذکر) خوش طبعی۔ چہل۔ دل لگی۔ ہنسی۔ مذاق۔ مشغلہ۔ چھیڑ چھاڑ۔ شغل **تفننِ طبع** (مذکر) دیکھو تفنن۔

تَفنِید (ع۔ مونث) ۱ جھوٹ بولنے کا الزام دینا ۲ کسی کام کرنے کے لئے اکسانا ۳ غلطی کا الزام لگانا ۴ دھوکا یا دغا کا الزام

لگانا ۵ کسی کو بیوقوف۔ پاگل یا کمزور کہنا ۷ حقارت سے دیکھنا

تفوّق (ع۔ مذکر) ترجیح۔ فوقیت۔ فضیلت۔ بڑائی۔ برتری (فوق۔ بڑا ہونا) **تفوق حاصل کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ترجیح ہونا۔ فوقیت ہونا۔

تفوّل (ع۔ مذکر) فال نکالنا۔ (فال۔ پیشنگوئی کرنا) اچھا شگون لینا۔ اچھی پیشینگوئی کرنا (نکالنا کے ساتھ)

تفوّہ (ع۔ مذکر) ۱ بولنا۔ کہنا۔ وعظ کہنا ۲ لکچر دینا ۳ باتونی ہونا۔

تفویض (ع۔ مونث) ۱ سپردگی۔ حوالگی ۲ تحویل ۳ عورت شادی میں دینا (فوّض۔ کوئی کام دوسرے کے سپرد کرنا)

تفہ (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹا یا کمینہ ہونا ۲ مکروہ ہونا۔

تَفِہ (ع۔ صفت) پھیکا۔ بدمزہ۔

تُفَہ (ع۔ مذکر) سیاہ گوش۔

تفہّم (ع۔ مذکر) ۱ خود سمجھنا ۲ سمجھ۔ عقل۔ فہم (فہم۔ سمجھنا)

تفہیم (ع۔ مونث) سمجھانا (فہم۔ سمجھنا)

تقا (ع۔ مذکر) پرہیزگاری (تقیٰ۔ خدا سے ڈرنا۔ بچنا برائی سے)

تقابُل (ع۔ مذکر) مقابلہ۔ آمنے سامنے کھڑے ہونا (قبل۔ آگے آنا)

تقاتُل (ع۔ مذکر) ۱ لڑنا ۲ ایک دوسرے کو قتل کرنا۔

تقادُم (ع۔ مذکر) ۱ پرانا یا قدیم ہونا ۲ آخری گزرا ہوا ۳ حد زمانہ جس کے بعد سزا نہیں ہو سکتی۔

تقادیر (ع۔ مونث) تقدیر کی جمع۔

تقارُب (ع۔ مذکر) پاس ہونا قریب ہونا۔ ایک دوسرے کے نزدیک پہنچنا (قُرب۔ نزدیک ہونا)

تقاریب (ع۔ مونث) تقریب کی جمع۔

تقاسُم (ع۔ مذکر) ۱ تقسیم کرنا آپس میں حصہ بخرہ کر لینا ۲ ایک دوسرے کے سامنے قسم کھانا۔

تقاصّ (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے قصاص لینا۔

تقاصیر (ع۔ مونث) تقصیر کی جمع۔

تقاضا (ع۔ مذکر) ۱ طلب۔ تاکید۔ تشدد۔ عموماً دیا ہوا قرضہ واپس مانگنے کے متعلق استعمال ہوتا ہے ۲ خواہش۔ ضرورت۔ حاجت۔ احتیاج (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (قضیٰ۔ فیصلہ سنانا۔ قرضہ دینا) **تقاضا اترنا** (لازم) وہ چیز دیجانا یا وہ فعل کیا جانا جس کے لئے اصرار ہو۔ **تقاضا اٹھانا** (متعدی) شے مطلوب کے نہ دینے کی وجہ سے تقاضے کی باتیں سن کر چپ ہو رہنا۔ تقاضا کیا جائے۔ **تقاضائے سن عمر یا وقت** (مذکر) عمر کی ضرورت کے لحاظ سے عمر کی خواہشات قدرتی کے مطابق۔ **تقاضائے شدید** (مذکر) سخت طلب۔ از حد تاکید۔ ادائیگی قرضہ کے لئے بہت زور دینا۔ **تقاضائی** (صفت) تقاضا کرنے والا۔ طلب کرنے والا۔ **تقاضے کا حقہ بھی نہیں پیا جاتا** جس بات میں جھگڑا ہو وہ نہیں کرنی چاہئے۔ قرض نہیں لینا چاہئے (قضیٰ۔ ادا کرنا)

تقاضی (ع۔ مونث) ۱ مانگنا۔ تقاضا کرنا ۲ وصول کرنا۔

تقاطُر (ع۔ مذکر) بوندا باندی۔ بھوہار (قطر۔ گرنا)

تقاطُع (ع۔ مذکر) ایک کا دوسرے کو کاٹنا۔ قطع کرنا۔ منقطع کرنا۔ دو خطوں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔ جیسے ✕ میں (کرنا ہونا کے ساتھ) (قطع۔ کاٹنا)

تقاعُد (ع۔ مذکر) غفلت۔ سستی کاہلی۔ سہل انگاری۔ آلکس۔ آلس۔ ڈھیل۔ پیچھے رہنا (قعد۔ بیٹھنا)

تقالیب (ع۔ مونث) تقلیب کی جمع۔

تقاوت (ع۔ مونث) تقوے۔ پرہیزگاری (تقیٰ۔ خدا سے ڈرنا۔ برائی سے بچنا)

تقاوُل (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔

تقاوُم (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کے برخلاف اٹھنا۔ اٹھ کر لڑنا۔ ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

تقاوی (ع۔ مونث) وہ روپیہ جو غریب زمینداروں کو زراعت کے سامان کے مہیا کرنے کے لئے سرکار دیتی ہے (قوی۔ مضبوط ہونا)

تقاویم (ع۔ مذکر) تقویم کی جمع۔ جنتریاں۔

تقبّض (ع۔ مذکر) تبادلہ۔ لین دین۔ (قبض۔ لینا)

تقبیح (ع۔ مونث) ۱ برے کام کا انکشاف کرنا ۲ کوئی کام برے یا فضول طریقے سے کرنا ۳ بدشکل بنانا۔

تقبیل (ع۔ مونث) چومنا (قبل۔ چومنا)

تقتیر (ع۔ مونث) ۱ بچت کرنا ۲ گھر والوں کو خرچ تھوڑا دینا۔

تقدّس (ع۔ مذکر) پاکیزگی۔ پاکی۔ قدس (قدس خالص یا پاک ہونا) **تقدس و تعالےٰ** پاک اور برتر۔ خدا کی تعریف۔ **تقدس مآب** (صفت) پاکیزہ۔ پاک۔ بزرگ۔ پرہیزگار آدمی کے متعلق استعمال ہوتا ہے لفظی معنی پاکیزگی کی جگہ۔

تقدّم (ع۔ مذکر) ۱ پیش قدمی۔ آگے بڑھنا ۲ ترجیح۔ پہلے ہونا (قدم۔ آگے جانا)

تقدمہ (ع۔ مذکر) ۱ پیش کرنا۔ درپیش ہونا ۲ (منطق) قضیے کا مسئلہ ۳ پیشگی روپیہ ۴ آخری فیصلہ یا چکوتا ۵ تخمینہ۔ اندازہ ۶ پیشوا۔ مقدمہ **تقدمۃ الجیش** (مذکر) پیشوائے لشکر۔

تقدیر (ع۔ مونث) نصیب۔ قسمت۔ مقدر۔ بخت۔ مقسوم۔ مشیت۔ لکھا ہوا (قدر۔ ناپنا) **تقدیر آزمانا** (متعدی) قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا۔ قسمت آزمانا۔ بخت آزمائی کرنا **تقدیر آزمائی** (مونث) دیکھو آخری۔ **تقدیرات** (جمع) تقدیر۔ **تقدیر اچکنا۔ الٹنا یا بگڑنا** (متعدی) قسمت خراب ہونا۔ ادبار ہونا۔ بداقبالی ہونا۔ بخت پھرنا۔ نصیب برگشتہ ہونا۔ **تقدیر اونچی جگہ لڑنا** (لازم) امیر گھر میں شادی ہونا۔ **تقدیر پر چھوڑنا** (متعدی) صابر (و شاکر) رہنا (لازم) کسی معاملے میں کوشش نہ کرنا۔ راضی برضائے خدا ہونا۔ **تقدیر پلٹنا۔ پھر جانا یا پھرنا** (لازم) دیکھو تقدیر الٹنا۔ **تقدیر پھوٹ جانا** (لازم) ۱ دیکھو تقدیر الٹنا ۲ بری جگہ شادی ہونا ۳ معاملہ خراب ہو جانا مقدمہ بگڑ جانا۔ **تقدیر جا لڑنا** (لازم) دیکھو تقدیر لڑ جانا۔ **تقدیر جاگنا۔ جوان ہونا یا چمکنا** (لازم) نصیب یاور ہونا۔ بخت جاگنا۔ بھلے دن آنا۔ وقت کا

موافق ہونا۔ **تقدیر سو جانا** (لازم) بخت کا ناموافق ہونا۔ **تقدیر سے** (لفف) خوش قسمتی سے۔ اتفاقیہ طور پر۔ **تقدیر سے زور نہیں چلتا۔** قسمت میں جو ہے وہی ہوگا۔ تدبیر سے آدمی بری بات کو روک نہیں سکتا **تقدیر سیدھی ہونا** (لازم) بخت یاور ہونا۔ بھلے دن آنا **تقدیر سیدھی ہے تو سب کچھ۔** قسمت اچھی ہو تو ہر کام ہو جاتا ہے۔ **تقدیر کا ربدا** (صفت) قسمت کا لکھا۔ نوشتہ تقدیر۔ **تقدیر کا بل نکل جانا** (لازم) بدبختی دُور ہونا۔ بُرے دن نکل جانا **تقدیر کا برگشتہ ہونا** (لازم) تقدیر پھر جانا۔ **تقدیر کا بگاڑ** (مذکر) بدبختی۔ **تقدیر کا بناؤ** (مذکر) خوش قسمتی۔ اقبال کی موافقت۔ **تقدیر کا پلٹا کھانا** (متعدی) اچھی سے بُری یا بُری سے اچھی حالت ہو جانا۔ **تقدیر کا پھیر** (مذکر) بدبختی۔ کمبختی۔ **تقدیر کا دامن پکڑنا** (لازم) کام قسمت پر چھوڑنا **تقدیر کا دھنی** (مذکر) خوش قسمت شخص۔ صاحب نصیب **تقدیر کا دکھانا** (متعدی) قسمت کا لکھا پیش آنا۔ **تقدیر کا سکندر** (صفت) نہایت خوش قسمت بہت خوش اقبال۔ بلند اقبال۔ **تقدیر کا سو جانا** (لازم) قسمت کا پھوٹ جانا۔ بدبختی آجانا۔ **تقدیر کا کھیل** (مذکر) قسمت کی باتیں یا کرشمے **تقدیر کا کھوٹا** (صفت) بدقسمت۔ بدنصیب۔ کمبخت۔ بدبخت۔ **تقدیر کا لکھا** (مذکر) دیکھو تقدیر کا۔ **تقدیر کا لکھا پورا ہونا** (لازم) جو قسمت میں تھا وہ ہو جانا۔ **تقدیر کا لکھا یونہی تھا** اسی طرح ہونا تھا۔ اسی طرح قسمت میں تھا۔ **تقدیر کا مُنہ پھیر لینا** (متعدی) دیکھو تقدیر اُلٹنا۔ **تقدیر کا موافق آجانا یا ہونا** (لازم) دیکھو تقدیر پھرنا۔ **تقدیر کا نکما یا ہیٹا** (صفت) دیکھو تقدیر کا کھوٹا۔ **تقدیر کرنا** (متعدی) خدا کا کوئی کام کرنا۔ خدا کی طرف سے کسی کام کا ہونا۔ **تقدیر کو رونا** (لازم) بدقسمتی کا شکوہ کرنا۔ **تقدیر کو سونپنا** (متعدی) کام میں خدا سے بہتری کی امید رکھنا۔ قسمت پر چھوڑنا۔ **تقدیر کھل جانا** (لازم) [1] دیکھو تقدیر چمکنا [2] شادی ہو جانا۔ **تقدیر کھوٹی ہونا** (لازم) بدقسمت ہونا۔ بدنصیب ہونا۔ **تقدیر کے ہاتھ بات ہے۔** جو ہونا ہے وہ ہوگا۔ دل کی تسلّی کے لئے کہتے ہیں۔ مگر امید بہتری کی ہوتی ہے۔ **تقدیر کی یاوری** (مونث) بخت کی امداد۔ خوش قسمتی۔ **تقدیر لڑ جانا یا لڑنا** (لازم) [1] تقدیر کا موافق آجانا یا ہونا [2] قسمت کھل جانا [3] قسمت کا یکساں ہونا۔ **تقدیر لوٹ جانا** (لازم) تقدیر پھر جانا۔ **تقدیر موافق ہونا** (لازم) بخت یاور ہونا۔ **تقدیر میں لکھا ہونا** (لازم) قسمت میں ہونا۔ **تقدیر میں لکھنا** (متعدی) خدا کا مقدر کرنا۔ نصیب میں ہونا۔ **تقدیر والا** (صفت) خوش نصیب **تقدیری** (صفت) تقدیر کے متعلق۔ قسمت کا **تقدیری امر یا معاملہ** (مذکر) ہونے والی بات۔ لکھا۔ **تقدیر یاور ہونا** (لازم) بخت اچھا ہونا۔ **تقدیر یونہی تھی۔** نقصان کے موقع پر تسلّی کے لئے کہتے ہیں۔

امثال واقوال۔ تقدیر سیدھی ہے تو سب کچھ۔ اگر نصیب اچھے ہیں تو جو چاہو گے ہو جائیگا۔ **تقدیر کا کھوٹا کیوں نہ اٹھائے ٹوٹا** بدنصیب ہمیشہ نقصان اُٹھاتا ہے۔ **تقدیر کے آگے نہیں تدبیر کی چلتی۔** قسمت خراب ہو تو اس کا کوئی علاج نہیں۔ **تقدیر کے لکھے کو تدبیر کیا کرے** (گر حاکم خفا ہو تو وزیر کیا کرے) قسمت کے مقابلے میں کچھ نہیں ہو سکتا۔ **تقدیر کے لکھے کو کون میٹے۔** تقدیر بدل نہیں سکتی۔ جو قسمت میں لکھا ہے ضرور ہوگا۔ **تقدیروں بازی ہے۔** یہ تو قسمت کے ساتھ مقابلہ ہے۔

تقدیس (ع۔ مونث) [1] پاکیزگی۔ پاکی۔ تقدس [2] پاکی۔ بیان کرنا۔ پاک بنانا (قُدس۔ پاک کرنا) **تقدیس وتحمید** (مونث) خدا کی پاکی بیان کرنا۔ اور حمد کرنا۔ تقدس اور حمد کی آیتیں پڑھنا۔

تقدیم (ع۔ مونث) [1] پیش کرنا [2] مقدم سمجھنا۔ ترجیح دینا [3] ترجیح۔ فوقیت۔ برتری [4] پہل۔ پیشقدمی [5] آگے پیچھے کرنا [6] آگے بھیجنا (قَدَم۔ آگے چلنا) **تقدیم وتاخیر** (مونث) پہلے کو پیچھے اور پیچھے کو پہلے کر دینا۔

تقرُّب (ع۔ مذکر) [1] نزدیک ہونے کی کوشش کرنا۔ قرب ڈھونڈنا [2] نزدیکی۔ قرب (قُرب۔ نزدیک ہونا)

تقرُّح (ع۔ مذکر) پھوڑا۔

تقرُّر (ع۔ مذکر) مقرر کرنا۔ معین کرنا۔ تعین۔ ملازم ہونا۔ ملازمت۔ نوکری (کرنا ہونا کے ساتھ) (قَرّ۔ رہنا۔ مضبوط رہنا) **تقرری** (مونث) دیکھو تقرر (کرنا ہونا کے ساتھ)

تقرُّع (ع۔ مذکر) پہلو بدلنا۔ بستر پر بیقراری میں پہلو بدلنا۔

تقریب (ع۔ مونث) [1] قریب پہنچنے دینا۔ نزدیک آنے دینا۔ نزدیک آنا [2] سبب۔ باعث۔ وجہ [3] شادی ختنہ یا اور کوئی رسوم جب رشتہ دار جمع ہوں [4] سفارش۔ ذکر۔ تذکرہ۔ وہ ذکر کسی کا جو ملاقات کرانے سے پہلے کیا جائے [5] موقع محل [6] (ع) نزدیک۔ قربت؛ پہنچ۔ رسائی [7] قرینہ۔ قیاس۔ احتمال (کرنا ہونے کے ساتھ) (قَرُب کسی کو نزدیک لانا) **تقریباً** (تف) تخمیناً۔ قریب۔ قریب۔ **تقریبات** (مونث) تقریب کی جمع۔ رسوم۔

تقریر (ع مونث) [1] بیان۔ ذکر۔ گفتگو۔ بات چیت [2] بحث مباحثہ۔ حجت [3] وعظ۔ تذکرہ۔ بیان سپیچ (کرنا ہونا کے ساتھ) (قَرَّرَ۔ بیان لکھنا) **تقریراً** (تف) زبانی۔ تقریری۔ **تقریر کا شہد وشکر ہونا** (لازم) نہایت شیریں اور فصیح گفتگو ہونا۔ **تقریر کا لچھا بندھ جانا** (لازم) نہایت شستہ اور سلسلہ وار گفتگو ہونا۔ بیان کی تصویر کھنچ جانا۔ **تقریر میں تکریر نہ چاہیے۔** ایک بات کو بار بار نہ کہنا چاہیے۔ **تقریر لانا** (متعدی) حجت پیش کرنا۔ حجت کرنا۔ **تقریری** (صفت) زبانی۔ تحریری کے خلاف۔ **تقریریا** (صفت) [1] حجتی۔ بحث کرنے والا [2] جھگڑالو۔ جھکی [3] زیادہ گو۔ فضول گو **تقریریں چھٹنا** (لازم)۔ باتیں ہونا۔ حجت ہونا بحث مباحثہ ہونا۔

تقریس (ع۔ مونث) [1] ٹھنڈا کرنا۔ سرد کرنا [2] جمانا [3] ٹھنڈ۔ سردی۔ جماؤ (قرَس۔ پانی کو جمانا)

تقریظ (ع۔ مونث) کسی تصنیف کے متعلق رائے دینا۔ ریویو (قَرَظ۔ تعریف کرنا زندہ آدمی کی)

تقریع (ع۔ مونث) [1] سرزنش کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ برا بھلا کہنا [2] مارنا۔

تقسُّم (ع۔ مذکر) تقسیم ہونا۔ منتشر ہونا۔

تقسیم (ع۔ مونث) [1] حصّہ کرنا۔ بانٹنا [2] بانٹ۔ انقسام۔ قسمت۔ بٹوارہ [3] حساب کا قاعدہ۔ جس میں ایک عدد کو دوسرے عدد پر بانٹتے ہیں (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (قَسَم۔ کسی چیز کو کئی آدمیوں میں تقسیم کرنا) **تقسیم بھیّا چاری** (مونث) زمین کی تقسیم ان حصّے داروں میں جو کل مالگذاری کے ادا کرنے کے ذمہ دار ہوں **تقسیم جائداد** (مونث) جائداد کو باہم بانٹ لینا۔ حصّے کر لینا **تقسیم دیہات خالصہ** (مونث) ان ریاستوں کی

تقسیم جو گورنمنٹ کو خراج دیتی ہیں۔ **تقسیم مختصر** (حساب) معمولی تقسیم چھوٹی تقسیم۔ **تقسیم مرکب** (مونث) وہ تقسیم جس میں مقسوم کوئی رقم یا ناپ ہو۔ **تقسیم مکمل** (مونث) پوری پوری تقسیم۔ **تقسیم نامہ** (مذکر) اقرارنامہ یا دستاویز جس میں تقسیم جائداد کی تفصیل درج ہو۔ **تقسیم ہونے کی رقم** (مونث) مقسوم یا نٹوانک۔ **تقسیمی** (صفت) بانٹی جانے والی۔ قابل تقسیم۔

تقشف (ع۔ مذکر) غربت میں رہنا غریبی کپڑے پہننا اور غریبی کھانا کھانا (قشف۔ گندہ ہونا)

تقشیر (ع۔ مونث) چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔

تقصیر (ع۔ مونث) ۱ خطا۔ قصور۔ غلطی۔ گناہ ۲ کوتاہی۔ کمی ۳ سہو۔ بھول۔ چوک ۴ ناکامیابی شکست (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (قصر۔ کام نہ کرسکنا) **تقصیرات** جمع تقصیر کی۔ **تقصیر معاف**۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب سننے والے کو ناگوار ہو۔ **تقصیر معاف کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) گناہ معاف ہونا۔ **تقصیر مند یا وار** (صفت) ملزم۔ گناہگار۔ قصوروار۔

تقطع (ع۔ مذکر) تقسیم ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

تقطیب (ع۔ مونث) تیوری چڑھانا۔

تقطیر (ع۔ مذکر) ۱ قطرہ قطرہ ڈالنا ٹپکانا یا نکالنا ۲ ٹپکاؤ۔ تقاطر۔ چکیدگی ۳ پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا ۴ (ع) سوزاک۔ ذیابیطس۔ حبس البول (قطر۔ ٹپکنا)

تقطیع (ع۔ مونث) ۱ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ کاغذ کی لمبائی چوڑائی۔ سائز ۳ الف ب کے مرکبات جن سے حروف ملانا سکھایا جاتا ہے۔ جیسے با بب بت بث بج وغیرہ۔ تا تب تت تث تج وغیرہ ۴ (عروض) کسی شعر کے ارکان کو بحر کے ارکان پر وزن کرنا۔ مثلاً داغ ؎

زیادہ	سے طاعت	تی بندے	نہیں ہو
فعولن	فعولن	فعولن	فعولن
۴	۳	۲	۱

ان میں ۱ میں دوسرا ن ۲ میں پہلی یا ے اور ۳ میں یا ے نہیں بولتے۔ یہ تقطیع میں شمار نہیں ہوتے (کرنا ہونا کے ساتھ) (قطع۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا)

تقعید (ع۔ مونث) ۱ رکنا ۲ روکنا ۳ غفلت کرنا ۴ توجہ کرنا۔

تقعیر (ع۔ مونث) تہ میں جانا۔

تقفیل (ع۔ مونث) ۱ دروازے بند کرنا ۲ رکھنا۔ بچانا۔ محفوظ رکھنا۔

تقلب (ع۔ مذکر) ۱ پھیرنا۔ الٹنا ۲ الٹ۔ پھیر۔ بدل (قلب۔ الٹا کرنا) **تقلبات** (مذکر) تقلب کی جمع۔ الٹ پھیر۔

تقلد (ع۔ مذکر) ۱ عورت کا گلے کا زیور پہننا ۲ جانور کے گلے میں پٹہ ہونا ۳ کسی نوکری پر مستقل ہونا ۴ دخل ملنا۔ قبضہ ملنا۔

تقلیب (ع۔ مذکر) ۱ سیدھے کو الٹا یا اندر کو باہر کرنا ۲ تناسبی تبادلہ کرنا ۳ جگہ کی تبدیلی۔ تقدیم و تاخیر (قلب۔ الٹا کرنا) **تقلیبی** (صفت) الٹا ہوا۔ پھرا ہوا۔ الٹا۔

تقلید (ع۔ مونث) پیروی۔ نقل۔ کسی کے قدم بقدم چلنا۔ کسی کی مطابعت کرنا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (قلد۔ دوسرے کی پیروی کرنا) **تقلیدی** (صفت) نقل کیا ہوا۔ نقلی۔

تقلیس (ع۔ مونث) دف بجاتے ہوئے بادشاہوں یا امیروں کے سامنے کسی تقریب پر جانا۔

تقلیل (ع۔ مونث) ۱ کم کرنا۔ تھوڑا کرنا ۲ کمی۔ قلت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (قلل۔ کم ہونا)

تقلیم (ع۔ مونث) ناخن کاٹنا۔

تقماق (ت۔ مذکر) ۱ ہتھوڑا ۲ ایک ترک قوم۔

تقنع (ع۔ مذکر) قناع۔ پہننا یہ ایک قسم کی ٹوپی ہوتی ہے۔

تقنیع (ع۔ مونث) ۱ قانع ہونا ۲ سر پر ٹوپی پگڑی یا برقعہ ڈالنا۔

تقوّم (ع۔ مذکر) سیدھا ہونا سیدھا کیا جانا۔

تقویٰ (ع۔ مذکر) خدا کا خوف۔ پرہیزگاری۔ پارسائی۔ اپنے آپ کو گناہ سے بچانا (کرنا ہونا کے ساتھ) (قوی۔ مضبوط ہونا)

تقوی (ع۔ مونث) ۱ طاقتور ہونا۔ مضبوط ہونا ۲ مضبوط کرنا۔ امداد کرنا (مزارعوں کو تقاوی دے کر)

تقویت (ع۔ مونث) ۱ مضبوط کرنا پکا کرنا۔ مقرر کرنا ۲ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل ۳ تسلی۔ تسکین ہمت ۴ مدد ۵ اعتبار۔ سہارا۔ بھروسہ ۶ آسرا (دینا پہنچانا کے ساتھ) (قوی۔ مضبوط ہونا) **تقویت دل** (مونث) حوصلہ۔ تسلی۔ تسکین۔ دل کی مضبوطی۔

تقویض (ع۔ مونث) ۱ مسمار کرنا ۲ خیمہ اکھاڑنا۔

تقویل (ع۔ مونث) کسی کے متعلق جھوٹ کہنا کہ اس نے فلاں بات کہی ہے۔

تقویم (ع۔ مونث) ۱ سیدھا کرنا۔ درست کرنا۔ ٹھیک کرنا ۲ مقرر کرنا۔ ٹھیرانا۔ قائم کرنا ۳ تخمینہ لگانا۔ قیمت مقرر کرنا ۴ تناسب۔ اندازہ ۵ جنتری۔ پترا (اردو میں صرف آخری معنوں میں استعمال ہوتا ہے) (قوم۔ درست بنانا) **تقویم پاریا پارینہ** (مونث) ۱ پرانی جنتری ۲ بیکار چیز۔ نکمی چیز۔ کنایتاً بڑی عمر عورت۔ **تقویم پارینہ ہے**۔ کہتا ہے۔ کسی کام کا نہیں۔ بیکار محض ہے۔

مثل۔ تقویم پارینہ بکار نے آید۔ پرانی جنتری کسی کام نہیں آتی۔ فضول چیز کو سنبھال رکھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

تقی (ع۔ صفت) خدا سے ڈرنے والا۔ پرہیزگار۔ پارسا (تقی۔ خدا سے ڈرنا)

تقی (ع۔ مذکر) خدا کا ڈر۔ تقوے۔ پرہیزگاری (تقی۔ خدا سے ڈرنا)

تقید (ع۔ مذکر) تاکید۔ تنبیہ۔ روک ٹوک تقیید کا مخفف ہے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (قید۔ منع یا کسی چیز کی ممانعت کرنا)

تقیید (ع۔ مذکر) ۱ توجہ۔ تندہی۔ مشغولیت ۲ محنت۔ کوشش۔ جدوجہد۔ مشقت ۳ سختی۔ سخت گیری۔ تاکید ۴ نگہبانی۔ نگرانی۔ خبرگیری ۵ حکم۔ ہدایت (کرنا ہونا کے ساتھ) (قید۔ قاد۔ پابند ہونا)

تقیظ (ع۔ مذکر) جاگنا۔

تقیہ (ع۔ مذکر) خدا کا ڈر۔ پرہیزگاری

پارسائی ۲ تقویٰ ۳ کوئی بات جو ڈر کی وجہ سے کی جائے گو کرنے کو دل نہ چاہتا ہو ۴ وہ راز جو دل میں رکھا جائے اور ظاہر نہ کیا جا سکے ۵ دھوکا جو نیک کام کرنے کے لئے دیا جائے (تُقٰی - خدا سے ڈرنا)

تَقیید (ع - مونث) روکنا - بند کرنا۔

تک (ہ - حرف جار) ۱ پاس - نزدیک ۲ نیز - بھی ۳ حد ظاہر کرنے کے لئے (اب تب جب کب کے ساتھ) جیسے کب تک ۴ فاصلہ ظاہر کرنے کے لئے سے کے ساتھ جیسے دہلی سے لکھنؤ تک۔

تَک (ہ - امر تکنا کا رس ترک دیکھنا) تکا (ماضی تکنا کی) - تکا کرنا (متعدی) ۱ دیکھا کرنا - حسرت سے دیکھنا ۲ موقع ڈھونڈا کرنا - **تک رہنا** (لازم) ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا - دیکھا کرنا - **تکنا** (متعدی) ۱ دیکھنا ۲ ٹکٹکی باندھنا - غور سے دیکھنا ۳ امید رکھنا - آسرا رکھنا ۴ نظر بازی کرنا ۵ نیت بد سے دیکھنا ۶ کوئی چیز اڑانے کا موقع دیکھنا - دانت رکھنا ۷ اختیار کرنا لینا ۸ قبول کرنا - منظور کرنا ۹ (منہ) حیران ہونا حسرت سے دیکھنا ۱۰ (راہ) انتظار کرنا - راہ دیکھنا۔

امثال اقوال - تکا پرایا ہاتھ تو گیا نرک - جس نے دوسروں کے بھروسے پر کام کیا تباہ ہوا - **تک تریا کو اپنی پر تریا مت تاک** - **پرناری کے تاکنے پڑے سیس میں خاک** - دوسرے کی عورت کی طرف دیکھنے میں بے عزتی ہوتی ہے۔

تُنک (ف - اس) ۱ تاکیدن کا ۲ (مونث) دیکھو تنگ۔

تَنک (ہ - مونث) ۱ تاک کا مخفف ۲ سنسکرت تکڑا سے - بڑی ترازو جس سے بھاری اشیا تولتے ہیں - **تک باندھنا یا لگانا** (متعدی) دیکھو تاک باندھنا۔

تُک (ہ - مذکر لکھنؤ میں مونث) ۱ غزل یا نظم کا ایک شعر ۲ قافیہ - سجع ۳ وہ بات جو اپنی طرف سے بنائی جائے - ڈھل ۴ (ہ) تال - سم ۵ لمحہ - لحظہ (س ستوک - چھوٹا) **تک بندی** (مونث) ڈھل قافیے ہانکنا - ایسے شعر کہنا جن کا وزن - ردیف - قافیہ درست نہ ہو ۲ بکواس ۳ (ہ) شعر کہنا (کرنا - ہونا کے ساتھ) **تک جوڑنا یا ملانا** (متعدی) ۱ قافیہ ملانا ۲ (ہ) شعر کہنا - **تک میں تک ملانا** (متعدی) ۱ قافیہ ملانا ۲ (ہ) شعر کہنا ۳ میل جول رکھنا ۴ وہ گیت گانا جو دوسرا گا رہا ہو ۵ متفق ہونا - اتفاق رائے کرنا ۶ طرفداری کرنا - جانبداری کرنا۔

تِکّا (ف - مذکر) گوشت کا ٹکڑا - بوٹی - لمبی یا پتلی بوٹی ۲ مضغہ - لوتھڑا ۳ بچہ ۴ (صفت) تولد شدہ - زائیدہ - بنا ہوا (ملاحظہ تکہ) **تکا اتارنا** (متعدی) گوشت کی بوٹیاں وار کر چیلوں کو ڈالنا - **تکا بوٹی کر ڈالنا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ٹکڑے ٹکڑے اڑنا - دھجیاں اڑنا ۲ تقسیم ہو جانا - بٹ جانا - **تکوں** (مذکر) تکا کی جمع - حروف مغیرہ سے پہلے - تکوں پر گزارہ ہے - توکل پر بسر اوقات ہے - **تکوں کے کباب** (مذکر) گوشت کے ٹکڑے سیخوں پر چڑھا کر کوئلوں پر بھونے ہوئے - **تکّے** (مذکر) تکا کی جمع ۲ بجائے تکا حروف مغیرہ سے پہلے - **تکّے پکانا یا لگانا** (متعدی) ۱ کباب لگانا ۲ چھیڑنا - طنز کرنا ۳ طعن و تشنیع کرنا۔

تُکّا (ف - مذکر) ۱ وہ تیر جس میں بھال نہ ہو - بلکہ گھنڈی یا تکمہ ہو - بان - تیر ۲ (پ) گلی کی گلّی (س مُنگ) **تکا چلانا** (متعدی) ۱ اٹکل پچو تیر چلانا ۲ کوئی فضول کام کرنا - **تکا سا** (صفت) تیر کی طرح - سیدھا - **تکا سا کھڑا رہنا** (لازم) ہر وقت موجود یا تیار کھڑا رہنا - سر پر کھڑا رہنا - **تکا سی ڈاڑھی** (مونث) وہ ڈاڑھی جو ٹھوڑی پر ہی ہو - **تکا سی سیدھی** (صفت) بہت سیدھی - **تکا فضیحتی** (مونث) دیکھو فضیحتی - **تکوں** (مذکر) تکا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - تکوں پر گزارہ ہے - توکل کی گزران ہے۔

تکاپو - تکاپوئی (ف - مونث) دیکھو تگاپو۔

تَکاثُر (ع - مذکر) فضیلت کے لئے جھگڑنا۔

تَکاثُف (ع - مذکر) ۱ موٹا ہونا - دبا ہونا - جما ہونا ۲ موٹائی۔

تِکار (ہ - مذکر) تین دفعہ ہل چلانا۔

تَکاسُل (ع - مذکر) ۱ سستی - کاہلی - آرام طلبی - آلس ۲ غفلت - بے پروائی - بے احتیاطی (کسل - سست ہونا)

تَکافُؤ (ع - مذکر) ۱ برابری ۲ مطابق ہونا۔

تُکاکشیری (س - مونث) تباشیر - تکاکشیری۔

تَکالیف (ع - مونث) تکلیف کی جمع۔

تَکامُل (ع - مذکر) کمل ہستی۔

تَکامیش (ع - مونث) تکمیش کی جمع۔

تَکان (ف - مونث) ۱ حرکت جنبش ۲ اشارہ - جھٹکا - **تکان دینا** (متعدی) ۱ برچھی یا نیزے کو جھٹکا دینا ۲ حرکت دینا - ہلانا ۳ جھاڑنا (تکانیدن - پیٹنا - جھٹکنا)

تَکان (ہ - مونث) تھکان کا مخفف ۱ تھکاوٹ - کسلمندی - ہچکولوں کی وجہ سے تھکاوٹ ۲ سستی - کاہلی - **تکان اتارنا** (متعدی) ۱ تھکاوٹ رفع کرنا ۲ تازہ دم ہونا - سستی دور کرنا ۳ (عف) جماع کرنا - ہمبستر ہونا - **تکان اترنا** (لازم) ۱ تھکاوٹ رفع ہونا ۲ سستی دور ہونا - تازہ دم ہونا - **تکان پہنچنا** (لازم) صدمہ پہنچنا - **تکان چڑھنا** (لازم) ۱ تھکنا ۲ سستی ہونا - **تکان ہونا** (لازم) ۱ تھک جانا - تھکاوٹ ہو جانا ۲ سستی ہونا۔

تَکاہُل (ع - مذکر) غفلت - سستی - کاہلی۔

تَکَبُّر (ع - مذکر) غرور - عجب - خود بینی - گھمنڈ - ابھیمان - شیخی - فخر - نخوت - خود پسندی - اکڑ - اینٹھ (کرنا - ہونا کے ساتھ) (کبر - بڑا ہونا) **تکبری** (مونث) تکبر۔ **مقولہ** - تکبر عزازیل راخوار کرد - بزندان لعنت گرفتار کرد - غرور نے شیطان کو ذلیل کیا - اور لعنت کے طوق میں گرفتار کیا - تکبر ہرگز نہیں کرنا چاہئے۔

تکبیر (ع - مونث) اللہ اکبر کہنا - خدا کی بڑائی کرنا - **تکبیر اولے** (مونث) نماز کی پہلی تکبیر - **تکبیر تحریمہ** (مونث) وہ تکبیر جس میں اول دفعہ امام کے ساتھ شرکت کی جائے۔

تِکت (س - صفت) ۱ کڑوا - کسیلا - تلخ - تیز - تیکھا ۲ خوشبودار - سوندھا - معطر ۳ (مذکر) کڑوا مزا ۴ تلخی - کڑواپن - تیزی جیسے مرچ کی ۵ خوشبو۔

تک تک (ہ - مذکر) ۱ دیکھو ٹک ٹک ۲ تاک تاک کا مخفف۔

تِکتِک (ہ - مذکر) ایک قسم کا کدو۔

تک تک (ہ۔ مونث) بیل کو چلانے کی آواز۔

مقولہ۔ تک تک سمجھے آپ سمجھے کہے سنے سے ہو کھرا۔ کہے کبیر سنو بھئی سادھو اس مانس سے بیل بھلا۔ جو شخص حکم نہ مانے اس سے بیل اچھا ہے جو حکم مانتا ہے۔

تکتکا (ہ۔ مونث) ایک قسم کا کریلا۔

تکتکی (ہ۔ مونث) گنیا سادھنی۔

تکثّر (ع۔ مذکر) بہتات یا افراط ہونا۔

تکثیر (ع۔ مونث) زیادتی۔ افزونی۔ بہتات۔ افراط۔ کثرت (کثّر۔ بڑھانا)

تکثیف (ع۔ مونث) گاڑھا پن۔ کثافت (کثّف۔ گاڑھا کرنا)

تکحّل (ع۔ مذکر) سرمہ لگانا۔

تکحیل (ع۔ مونث) سرمہ لگانا۔

تکدّو (ع۔ مذکر) محنت۔ مشقت (کدّ۔ محنت کرنا)

تکدّر (ع۔ مذکر) ۱۔ مکدر ہونا۔ پریشان ہونا ۲۔ گدلا ہونا۔ میلا ہونا ۳۔ گدلاپن۔ میلاپن۔ آلودگی ۴۔ کدورت۔ پریشانی دل کی۔ تردد۔ بیکلی (کَدَر۔ گدلا ہونا)

تکدمہ (ع۔ مذکر) تخمینہ۔ اندازہ۔ بجٹ خرچ کی جانچ رہنا۔ لکھنا کے ساتھ (قدم۔ آگے جانا)

تکذیب (ع۔ مونث) جھٹلانا۔ جھوٹ بولنے کا الزام لگانا (کذب۔ جھوٹ بولنے کا الزام لگانا)

تکذیب دینا (مت) یا کرنا۔ جھٹلانا۔

تکر (س۔ مذکر) چھاچھ جس میں چوتھا حصّہ پانی ہو۔ تکرات (مذکر) متعانی۔

تکرار (ع۔ مذکر) ۱۔ دوہرانا۔ بار بار کہنا ۲۔ کرر کہنا ۳۔ جھگڑا۔ لفظی یا زبانی لڑائی۔ بحث۔ حجت۔ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (کرّ۔ واپس آنا) تکراری (صفت) جھگڑالو۔ لڑاکا۔ فسادی۔ حجتی۔ تکراری ہے۔ مانتا نہیں آگے سے جھگڑتا ہے۔

تکرر (ع۔ مذکر) دوہرانا۔ بار بار کہنا۔

تکرّع (ع۔ مذکر) نماز سے پہلے نہانا اور اپنے آپ کو پاک کرنا۔

تکریر (ع۔ مونث) ۱۔ دوہرانا ۲۔ جواب ۳۔ تجدید ۴۔ نظر ثانی۔ اصلاح۔

تکریم (ع۔ مونث) ۱۔ عزت۔ تعظیم۔ ادب ۲۔ آؤ بھگت۔ خاطر مدارات (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (کرّم۔ عزت کرنا)

تکڑا (ہ۔ صفت) ۱۔ مضبوط۔ قوی۔ طاقتور ۲۔ موٹا تازہ۔ فربہ اندام۔ تکڑی (مونث) ۱۔ تکڑا کی ۲۔ (مونث) چھوٹی ترازو۔

تکڑارہ (صفت) مثلث۔ تین مصرعوں کا بند۔

تکڑی (ہ۔ مونث) ۱۔ تین آدمی۔ تین آدمیوں کا اتفاق ۲۔ تین گھوڑے جو ایک ساتھ گاڑی میں جوتے جائیں۔

تکسّر (ع۔ مذکر) ۱۔ ٹوٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ خرچ ہونا ۲۔ کمزور ہونا۔ ناتواں ہونا ۳۔ حساب میں حاصل آگے لے جانا ۴۔ پرندے کا پروں کو اکٹھا کر لینا جب کہ بیٹھنے لگے (کَسر۔ توڑنا)

تکسّل (ع۔ مذکر) ۱۔ سست ہونا۔ کاہل ہونا ۲۔ سستی۔ کاہلی۔ آلس پن ۳۔ بیماری۔ مرض۔ کسلمندی (کسَل۔ سست ہونا)

تکسیر (ع۔ مونث) ۱۔ توڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲۔ حساب میں حاصل لیجانا ۳۔ اس طرح تقسیم کرنا کہ کسر آ جائے ۴۔ اعداد کو تعویذ کے خانوں میں اس طرح لکھنا کہ مجموعہ ہر طرف برابر ہو (کسر۔ توڑنا)

تکش (س۔ مذکر) ۱۔ کاٹنے والا شخص ۲۔ ایک ناگ راجہ کا نام ۳۔ بھرت کا ایک بیٹا ۴۔ ورک کا ایک بیٹا۔

تکش شِل (مذکر) تکش شلا کا باشندہ۔ تکششلا (مونث) پنجاب میں زمانہ قدیم میں گندھرو قوم کا دارالسلطنت۔ اسے بعد کو ٹکسلا کہتے تھے۔ اور آج کل شاہوں کی ڈھیری کہلاتا ہے۔ اور راولپنڈی سے چند میل کے فاصلے پر اس کے کھنڈرات ہیں۔ تکشک (مذکر) ۱۔ لکڑیاں کاٹنے والا شخص۔ لکڑہارا ۲۔ بڑھئی ۳۔ ایک قسم کا سرخ سانپ ۴۔ سانپوں کا راجہ جو کدرو کا بیٹا ہے ۵۔ وسواکرم کا لقب۔ ۶۔ بھرت کا بیٹا اور راجہ رام چندر جی کا بھتیجا۔ یہ گندھرو قوم کا راجہ تھا اور اس نے ٹکسلا آباد کیا تھا۔

تکش (ہ۔ مذکر) ترکش کا بگڑا ہوا۔

تکشمر (ف۔ مذکر) کشمیری بننا۔ فارسیوں نے عربی قاعدے سے یہ لفظ کشمیر سے بنایا ہے۔

تکشمیر (ف۔ مونث) اپنے آپ کو کشمیری ظاہر کرنا۔ کشمیریوں کی نقل اتارنا۔

تکعیب (ع۔ مونث) ۱۔ لڑکی کی چھاتی کا ابھرا ہوا ہونا ۲۔ مکعب شکل بنانا۔

تکفّل (ع۔ مذکر) ۱۔ ضمانت لینا۔ ضامن بننا ۲۔ ضمانت۔ کفالت (کفَل۔ ضامن ہونا)

تکفیر (ع۔ مونث) ۱۔ کافر ٹھہرانا۔ کافر کہنا۔ کفر کا الزام لگانا ۲۔ کفارہ دینا ۳۔ دوسرے کے آگے جھکنا (کَفر۔ کفر کا الزام لگانا)

تکفیل (ع۔ مونث) ضامن بننا۔ ضمانت دینا۔ کفالت کرنا۔ ذمہ وار ہونا۔

تکفین (ع۔ مونث) کفن دینا۔ عموماً تجہیز کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (کفن۔ نعش کو کفن میں لپیٹنا)

تکل (ہ۔ مونث) تُکلا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پتنگ (اڑانا۔ اُڑنا۔ بڑھانا کے ساتھ)

تکلا (ہ۔ مذکر) آہنی نوکدار سلائی جو بیچ میں سے موٹی اور کناروں پر سے پتلی ہوتی ہے اور جس پر چرخے میں لکڑیاں بنی جاتی ہیں (س ترکٹ) تکلے (مذکر) ۱۔ تکلا کی جمع ۲۔ بجائے تکلا حروف مغیرہ سے پہلے تکلے کا بل۔ تکلے کا خم یا ٹیڑھا پن۔ تکلا بعض دفعہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے تو اس کو چوٹیں لگا لگا کر سیدھا کرتے ہیں (نکالنا۔ نکلنا کے ساتھ) تکلے کا سا بل نکل گیا۔ درست ہو گیا۔ مار کھا کھا کر ٹھیک ہو گیا۔ تکلے کا گھاؤ۔ زخم جو تکلے کی نوک سے ہو۔ تکلے کے سے بل نکال دینا (متعدی) مار پیٹ کر درست کرنا۔ شرارت دور کر دینا۔ خوب سیدھا بنانا۔ تکلے کی طرح بل نکلنا (لازم) تکلے کی طرح سیدھا۔ نہایت سیدھا۔ تکلا ٹیڑھا ہو جائے تو ٹھیک کام نہیں دیتا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

تکلّا (ہ۔ مذکر) ڈور پتنگ کا جو چرخیا اور انگوٹھے پر لپیٹا جاتا ہے۔

تُکلان (ع۔ مذکر) بھروسا۔ (اعتماد در خدا)

تکلّف (ع۔ مذکر) ۱۔ تکلیف اٹھا کر کوئی کام کرنا۔ تکلیف گوارا کرنا ۲۔ نمائش۔ ظاہرداری۔ بناوٹ۔ تصنّع ۳۔ حجاب یا پاس لحاظ کی وجہ سے تکلیف

وقّت ۷ غیریت۔ مغایرت۔ حجاب۔ شرم ۹ ٹھاٹھ۔ آرائش۔ آراستگی۔ ٹیپ ٹاپ (برتنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۱۰ تامل۔ ہچکچاہٹ۔ روک ٹوک۔ کھٹکا۔ ان معنوں میں بے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **تکلفات** (جمع) تکلف کی۔ **تکلفات دربار** (مذکر) بہت اخراجات۔ **تکلفات رسمی** ظاہری نمائش۔ ظاہرداری کی باتیں **تکلفات مجلس** آداب مجلس **تکلفات لایعنی** فضول ٹھاٹھ یا ظاہرداریاں **تکلّف برطرف**۔ بے تکلف۔ بلا تصنع صاف صاف۔ بے حجابانہ کھلے طور پر **تکلف کا کھانا** (مذکر) نہایت اچھا امیرانہ کھانا **تکلف کا مکان** (مذکر) خوب آراستہ اور سجا ہوا مکان۔ **تکلف مزاج** بہت تکلیف کرنیوالا۔ پر تکلف **تکلف میں ریل چل دی** لکھنؤ کے دو شریف آدمی کہیں جا رہے تھے۔ ایک نے کہا حضرت سوار ہو جیئے دوسرے نے کہا قبلہ آپ پہلے نے کہا نہیں قبلہ آپ۔ غرض دیر تک اسی طرح ہوتا رہا۔ اتنے میں ریل چل دی۔ **تکلف میں ہے تکلیف** سراسر تکلف میں ہمیشہ تکلیف ہوتی ہے **تکلف نکلنا** خوبی نکلنا۔ لطافت نکلنا۔ (کلف مشکل کام کرانا)

تکلّم (ع۔ مذکر) ۱ کلام کرنا۔ بولنا۔ بات کرنا ۲ گفتگو۔ باتیں۔ بول چال (کرنا کے ساتھ) (کلّم۔ خطاب کرنا)

تکلیف (ع۔ مونث) ۱ دُکھ۔ درد۔ کشٹ ۲ مصیبت۔ بلا۔ آفت۔ بپتا ۳ مفلسی۔ ناداری۔ تنگی ۴ دشواری۔ دقت ۵ رنج۔ غم ۶ ضرر۔ نقصان ۷ بیماری۔ روگ۔ آزار ۸ تکلف (کلّف۔ کوئی مشکل کام دینا) **تکلیف آنا** (لازم) ۱ مصیبت آنا ۲ بیماری ہونا ۳ تنگی کی حالت ہونا۔ **تکلیفات** (جمع) تکلیف کی۔ **تکلیف اُٹھانا برداشت کرنا یا سہارنا** (متعدی)، [illegible] **یا ہونا** (لازم) مصیبت سہی جانا۔ **تکلیف دکھائی دینا** (متعدی) [illegible] کو دکھ یا درد معلوم ہونا۔ **تکلیف دینا** ایذا دینا۔ دکھ دینا۔ کسی کام کو کہنا۔ کسی بات کی درخواست کرنا۔ کسی خاص کام کی تحریک کرنا۔ جسکے کرنیکو دل نہ چاہے **تکلیف فرمانا یا کرنا** (متعدی) آنا۔ تشریف لانا۔ قدم رنجہ فرمانا **تکلیف مالا یطاق**۔ ایسی تکلیف جس کی برداشت کی طاقت نہ ہو (کلّف۔ مشکل کام کرانا)

تکلیل (ع۔ مونث) ۱ چمکنا ۲ تاج پہنانا ۳ جنگ میں دل چھوڑ دینا ۴ کوشش کرنا۔

تکلیم (ع۔ مونث) ۱ بولنا۔ گفتگو کرنا ۲ زخمی کرنا۔

تکمِلَہ (ع۔ مذکر) ۱ مکمل کرنے والی چیز۔ تتمہ۔ ضمیمہ ۲ تکمیل۔ اتمام (س۔ پورا کرنا)

تکمَہ (ف۔ مذکر) اصل معنی گھنڈی ہیں مگر اردو میں اس حلقے کو کہتے ہیں جس میں گھنڈی لگائی جائے ۱ گھنڈی ۲ کبوتروں کا ایک مرض جس میں آنکھوں میں سخت دانے نکل آتے ہیں۔

تکمید (ع۔ مونث) سینکنا اور گرم پٹی باندھنا عضو کو جس پر چوٹ لگی ہو۔

تکمیل (ع۔ مونث) ۱ پورا کرنا۔ تمام کرنا۔ انجام کو پہنچانا ۲ تمام۔ انجام۔ کمال (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (کمّل۔ پورا کرنا) **تکمیل پانا** (لازم) مکمل ہو جانا۔ ختم ہو جانا۔ **تکمیلِ تفتیش** (مونث) مقدمے کے ہر پہلو کی دریافت کرنا۔ کوئی معاملہ متعلقہ مقدمہ بغیر دریافت کے نہ چھوڑنا۔ **تکمیل تمسّک** (مونث) تمسّک کی قانونی شرائط کا پورا ہونا۔ **تکمیل رہن** (مونث) رہن کی میعاد کا پورا ہونا۔ **تکمیل کو پہنچانا** (متعدی) مکمل کرنا۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ **تکمیل مسل** (مونث) مسل کے نقائص کو رفع کرنا۔ ہر ایک ضروری کاغذ مسل کے ساتھ شامل کرنا۔ **تکمیل مقدمہ** (مونث) مقدمے کا انجام کو پہنچنا یا مکمل طور پر ختم ہو جانا۔

تکنّارہ (صفت) دیکھو تکون۔

تکنّی (ع۔ مونث) ۱ کنیت سے پکارا جانا ۲ اشارہ یا کنایہ ہونا۔

تکوا (ہ۔ مذکر) تکلا۔

تکواہی (ہ۔ مونث) ۱ غور سے دیکھنا حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ دیکھتے رہنا ۲ نگہبانی۔ نگہداشت حفاظت۔

تکوّر (ع۔ مذکر) ۱ اکٹھا ہونا ۲ اکٹھا کیا جانا ۳ عرق کھینچنا ۴ گرنا۔

تکوّن (ع۔ مذکر) ۱ خوبصورت ہونا ۲ زندگی حاصل کرنا۔

تکون۔ تکونا (ہ۔ صفت) ۱ سہ گوشہ ۲ (مذکر) مثلث (بنانا۔ کھینچنا کے ساتھ) **تکونیا** (صفت) سہ گوشہ۔

تکویر (ع۔ مونث) ۱ سر پر پگڑی لپیٹنا ۲ پھینکنا ۳ بڑھانا۔ زیادہ کرنا ۴ چیزوں کا ڈھیر کرنا اور ان کی گٹھڑیاں باندھنا۔

تکوین (ع۔ مونث) پیدا کرنا۔ خلق کرنا۔ عالم وجود میں لانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (کوّن۔ پیدا کرنا)

تکہ۔ تکّہ (ہ۔ مذکر) ۱ بکرا خصوصاً وہ جو گلّے کے آگے چلے ۲ ایک ترک قوم جو مرو کے گرد و نواح میں آباد ہے۔ **تکہ ریش** (مذکر) بکرے کی سی داڑھی۔ بکرہ داڑھی۔ **تکہ ریشی** (مونث) بکرے کی سی داڑھی رکھنے کی حالت۔

تکّہ (ف۔ مذکر) دیکھو تکا۔

تُکّہ (ف۔ مذکر) دیکھو تکا۔

تکھار (ہ۔ مذکر) تنّار۔

تکھار (س۔ عص) ایک قوم جو غالباً ترکستان میں رہتی تھی۔

تکھارنا (ہ۔ متعدی) ۱ بونے سے پہلے تین دفعہ ہل چلانا ۲ پوری طرح دریافت کرنا۔ اچھی طرح تفتیش یا تحقیقات کرنا ۳ ثابت کرنا۔ ثبوت یا وجہ پیش کرنا۔ ٹھیرانا۔

تکھان (ہ۔ مذکر) بڑھئی۔ نجار۔

تکھانا (ہ۔ متعدی) تکھارنا۔

تکھرا (ہ۔ صفت) ۱ تین دفعہ ہل چلا ہوا ۲ (مذکر) تین دفعہ ہل چلانے کا فعل (کرنا کے ساتھ)

تکھری۔ تکھڑی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹی ترازو ۲ ترازو کے پلّے۔

تکھن (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو تکشن ۲ (تعلم) اس وقت۔ تب۔

تکھنا۔ تکھونٹ۔ تکھونٹا (ہ۔ مذکر) دیکھو تکون۔

تکئے (ہ۔ مذکر) ۱ تکیہ کی جمع ۲ بجائے تکیہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **تکئے سے سر نہ اُٹھا سکنا** (لازم) بہت بیمار ہونا۔ بیماری سے بہت کمزور ہونا۔ **تکئے کا کتّا** (مذکر) وہ شخص جو دوسروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہے۔

تکی لگانا (ہ۔ لکھنو) دیر تک دیکھتے رہنا۔ ٹکٹکی لگانا۔ غور سے دیکھتے رہنا۔ گھورنا (تکی۔ ٹکٹکی کا مخرب ہے)

تکینی (ہ۔ مونث) چھوٹا تکیہ۔ **تکینیاں** (مونث) جمع تکینی کی۔

تکیہ (ف۔ مذکر) ایک گول لمبا کپڑا۔ روئی یا کسی اور نرم چیز سے بھرا ہوا جسے سونے کے لئے سرہانے رکھتے ہیں۔ اور زیادہ بڑا ہو تو ٹیک لگاتے

ہیں۔ سرہانہ بالش۔ گیندوا ۲ بھروسہ۔ اعتماد۔ آسرا۔ آس۔ اعتبار۔ توکل ۳ امدادی فوج۔ کمک ۴ فقیروں کے رہنے کی جگہ ۵ آرام کرنے کی جگہ ۶ قبرستان۔ گورستان۔ تکیہ بھرنا (متعدی) تکیہ میں روئی یا کوئی اور نرم شے بھرنا۔ تکیہ پروردگار پر ہونا (لازم) خدا پر بھروسہ ہونا۔ تکیہ دار (مذکر) وہ فقیر جو تکیہ میں رہے۔ سجادہ نشین۔ تکیہ دینا (متعدی) ۱ ٹیک لگانا ۲ آؤ بھگت کرنا۔ تکیہ دھوپ میں رکھنا (متعدی) درد گردن کا علاج سمجھا جاتا ہے۔ تکیہ کرنا (متعدی) ۱ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا ۲ امید رکھنا۔ آس رکھنا ۳ بیٹھ رہنا۔ ٹیک لگانا کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا (ان معنوں میں پر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) تکیہ کلام (مذکر) وہ بات جس کے بار بار کہنے کی عادت ہو۔ تکیہ گاہ۔ بھروسے کی جگہ۔ تکیہ لگا کر بیٹھنا (متعدی) تکیہ یا کسی اور چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنا۔ تکیہ لگانا (متعدی) ۱ کسی چیز سے پیٹھ لگا کر بیٹھنا ۲ بھروسہ کرنا۔ آس لگانا۔ تکیہ نشیں (مذکر) تکیہ دار۔ تکیوں کی لڑائی (مونث) بورڈنگ ہاؤسوں میں لڑکے چراغ بجھنے کے بعد شرارت سے ایک دوسرے کو تکیوں سے مارتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ سرا ہار مان جائے۔ تکیئے (مذکر) دیکھو علیحدہ۔

تگ (ھ۔ حرف جار) ۱ تک ۲ (مونث) ترازو۔ تک۔

تگ (ف۔ مونث) دوڑنا۔ بھاگنا اُردو میں تنہا استعمال نہیں ہوتا۔ تگاپو۔ تگاپوئی۔ تگادو۔ تگ تاز۔ تگ دو۔ تگ و پو۔ تگ و تاز۔ تگ و دو (مونث) ۱ دوڑ دھوپ کوشش۔ سعی ۲ نوکری یا مزدوری کی تلاش ۳ جستجو۔ تلاش ۴ بے فائدہ تردد۔ چنتا۔ فکر۔ تگ و دو لگی رہنا (لازم) ۱ نہایت تلاش و جستجو رہنا ۲ طبیعت کا کسی جستجو میں لگا رہنا ۳ ادھیڑ بن رہنا۔ فکر رہنا۔ چنتا رہنا۔

تگّا رت۔ مذکر) دایہ یا انا کا شوہر۔ دھاوڑا۔ انکہ۔

تگّا (ھ۔ مذکر) تاگا۔ سینے کا تاگا۔ تگّا باندھنا (متعدی) لچھمی جی کے اعزاز میں داہنے ہاتھ کو تاگا باندھنا۔

تگّا (ھ۔ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ کبڑا ۲ (مذکر) وہ شخص جو ٹیڑھا یا کبڑا ہو کر چلے ۳ پیادہ جیتنے

یا پیغام لے جانے والا۔ چوکرا۔

تگاشیر (س۔ مونث) تباشیر۔ تگاکشیری (مونث) تباشیر۔

تگانا (ھ۔ متعدی) تاگنا کا ۱ سلوانا ۲ تاگا ڈلوانا ۳ رضائی سلوانا۔ گندے ڈالنا۔

تگاور (ف۔ مذکر) ۱ تیز رو گھوڑا ۲ گھوڑے کی ٹکر۔ تگاور زن ہونا یا لگانا۔ اپنے گھوڑے کی دوسرے گھوڑے کے ساتھ ٹکر لگانا۔

تگائی (ھ۔ مونث) ۱ رضائی کی سلائی ۲ سلائی کی قیمت۔

تگدمہ (ع۔ مذکر) دیکھو تکدمہ۔

تگڈا۔ تگڈم (ھ۔ مذکر) ۱ تین چیزوں کا ملنا۔ تین آدمیوں کا ملنا ۲ تین پتنگوں کا پیچ۔

تگر (س۔ مذکر) ایک قسم کا پودہ۔ چاندنی۔

تگرگ (ف۔ مذکر) ۱ اولا۔ ژالہ ۲ شبنم۔

تگڑ (س۔ مذکر) ۱ دھات کی چادر یا ورق ۲ نغمہ ۳ ڈھال پر نشان۔

تگڑا (ھ۔ صفت) مضبوط۔ طاقتور۔ قوی۔ فربہ بدن۔

تگڑی (ھ۔ مونث) دھاگا یا سونے چاندی کی زنجیر جو کمر میں باندھتے ہیں۔ کردھنی۔

تگمہ (س۔ صفت) ۱ تیز۔ نوکدار (ہتھیار) ۲ تیز۔ تلخ۔ کڑوا ۳ غصیل۔ تیز۔ لڑاکا۔ تندخو ۴ (مذکر) تلخ یا تیز مزا ۵ گرمی۔ تیزی۔ تلخی۔ تگمہ گا (صفت) تیز بھاگنے والا۔ تیز بھاگتا ہوا۔

تگن (س۔ مذکر) بجر یا وزن۔

تگنا (ھ۔ لازم) ۱ سینا۔ گندنا ۲ ڈورے ڈالنا۔

تگنا (ھ) **تگنا** (ھ۔ صفت) تین گنا سہ چند۔ تگنی (صفت۔ مونث) تگنا کی ۲ (مونث) ایک سُر۔ تگنی کا ناچ نچانا۔ حیران و پریشان کرنا۔ تنگ کرنا۔ ستانا۔

تگوائی (ھ۔ مونث) دیکھو تگائی۔

تگی (ھ۔ مونث) ۱ لچھی کا دھاگا ۲ بٹے ہوئے دھاگے کا ہر ایک باریک دھاگا ۳ ایک قسم کی مچھلی پکڑنے کی ڈور۔

تگی (ھ۔ مونث) پیٹھ پر چڑھنا۔ آدمی کی پیٹھ پر سواری۔ چڑھی (لڑکوں کی زبان)

تگیانا (ھ۔ متعدی) ۱ تاگا ڈالنا۔ رضائی نگندنا ۲ دُور دُور ڈورے ڈالنا (تاگے سے)

تگیاں کرنا (اُردو۔ متعدی) خوش طبعی کرنا (عف)

تگیڑنا (ھ۔ متعدی) پیچھا کرنا۔ تعقب کرنا۔ مدد کرنا۔

تگین (ف۔ صفت) ۱ بہادر۔ شجاع ۲ طاقتور۔ قوی ۳ ایک پہلوان کا نام ۴ آگ۔

تل (ھ۔ مذکر) تلا کا مخفف۔ تلپٹ (صفت) ۱ نیچے اوپر۔ الٹ پلٹ ۲ تباہ۔ برباد۔ رونا ۳ مویشی کا اُجاڑا ہوا ۴ اُڑایا ہوا۔ چرایا ہوا ۵ فراموش ۶ گمشدہ غائب کر دینا۔ کرنا۔ ہو جانا۔ ہونا کے ساتھ۔ تلچھٹ (مونث) وہ چیز جو کسی مائع کے نیچے بیٹھ جائے۔ تل دھار موسل دھار (مونث) سخت بارش (برسنا کے ساتھ) تل کرنا (متعدی) نیچے رکھنا۔ چھپا دینا۔ چرا لینا۔ اڑا لینا۔ غائب کر دینا (اصطلاح قماربازاں) تلکی تلکی مچ رہی ہے ۱ کسی کے مرنے کی شہرت ہو رہی ہے۔ شور ہو رہا ہے کہ فلاں مر رہا ہے۔ ہندوؤں میں جب کوئی مرنے لگے تو اسے تلے زمین پر اُتار کر لٹا دیتے ہیں ۲ کسی چیز کی بہت مانگ یا پکار ہو رہی ہے۔ قحط پڑ رہا ہے۔ تل کی دھرتی اُوپر کرنا (متعدی) نہایت پریشان کرنا۔ تل نظر (صفت) وہ جو آنکھیں چار نہ کرے۔

تل (ھ۔ امر) تلنا کا۔ تلا (امر) تلانا کا ۱ ماضی تلنا کی۔ تلانا (امر) تلنا کا۔ تلائی (مونث) ۱ تلنے کی مزدوری۔ تلنا (متعدی) گھی یا تیل خوب گرم کرکے اس میں کوئی چیز ڈال کر پکانا۔ تلوانا (امر) تلنا کا۔

تل (س۔ مذکر) ۱ سطح۔ جائے ہموار۔ یکساں زمین ۲ نیچائی۔ پستی۔ ادنے حالت ۳ تا سب سے نیچے کا حصہ ۴ نیچی زمین۔ نشیب کی زمین۔ گھاٹی ۵ پیٹھ ۶ پاؤں کا نچلا حصہ ۷ نیچے کی جگہ ۸ ہاتھ کی ہتھیلی ۹ زمین فرش ۱۰ تختۂ جہاز ۱۱ نچلا حصہ۔ تلا ۱۲ (ف) نیچے۔ تلے نیچے سے۔ تلاتل (مذکر) چوتھا نرک۔ دوزخ کے سات حصوں میں سے چوتھا۔ تل اُپر یا اُوپر (ف) ۱ نیچے اوپر جیسے گھڑے ۲ اُوپر اور نیچے ۳ نیچے کا حصہ اوپر اور اوپر کا نیچے۔ نیچے کا حصہ اوپر۔ تل جڑ آیا جُڑا (مذکر) ۱ وہ نرم زمین جس کے نیچے سخت زمین ہوتی ہے۔ اور بارش کے بعد بہت نرم ہو جاتی ہے ۲ حیض۔ ایام ماہواری۔

تلو پری (نف) تل اوپر۔

امثال واقوال۔ تل گھیرا

اُوپر سہرا۔ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ۔ **تل منڈیا** پاتال ڈھونڈیا۔ نیچی نظریں کرکے دوزخ ڈھونڈنے والا یعنی بہت بدمعاش ہے۔ ہر وقت شرارت کی سوچتا رہتا ہے۔

تَل (ع۔ مذکر) ۱ پہاڑی۔ ٹیلہ ۲ ڈھیر۔ تودہ ۳ کھنڈرات کا ڈھیر۔ **تل العمرنہ** (مصر) دریائے نیل کے دائیں کنارے پر ایک مقام۔ یہاں سے کچھ کتبے برآمد ہوئے تھے۔ جو برلن کے عجائب خانے میں ہیں۔ یہ فراعنہ مصر کے زمانے کے ہیں۔ **تل الکبیر** (مصر) ایک گاؤں (۲) یہاں جنرل ولزلی اور عربی پاشا کے درمیان ۱۸۸۲ء میں جنگ ہوئی تھی۔ **تل باشر** (شام) ایک قلعہ۔ **تل خالد** (شام) ایک قلعہ۔ **تل سلطان** (شام) حلب کے قریب ایک مقام۔ **تل صافیہ** (فلسطین) ایک مقام **تل کیسان** (شام) ساحل پر ایک مقام۔

تِل (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودہ ۲ اس پودے کا بیج جس میں سے میٹھا تیل نکلتا ہے ۳ سیاہ داغ۔ خال ۴ وہ نقطہ جہاں سُورج کی کرنیں آتشی شیشے میں سے گزر کر جمع ہوتی ہیں ۵ آنکھ میں سیاہ نقطہ۔ پتلی ۶ ذرہ۔ تھوڑی سی چیز ۷ لمحہ۔ لحظہ (س تِل) **تل انجلی۔ تلانجلی یا تلنجلی** (مونث) پانی جتنا ایک یا دو ہاتھوں میں آئے اور جس میں تل ڈال کر بزرگوں کی روحوں یا پتروں کو دیتے ہیں **تلانجلی دینا** (متعدی) پانی پتروں کو دینا۔ کریا کرم کرنا۔ **تل برابر** (صفت) ذرا سا تھوڑا سا۔ چھوٹا سا۔ ذرہ بھر **تل بنانا** (متعدی) ۱ ہندو عورتوں کے … پر سیاہ چھوٹا سا نشان کاجل سے گود کر بنانا۔ جس سے خوبصورتی دوبالا ہو جاتی ہے ۲ بچوں کو نظر بد سے بچانے کے لئے نشان کاجل کا لگا دینا۔ **تل بندھنا** (لازم) آفتاب کی کرنوں کا آتشی شیشے میں سے گزر کر ایک جگہ جمع ہونا **تل بھر** (صفت) دیکھو تل برابر۔ **تل بُھگا** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو شکر اور تلوں کو کوٹ کر بنائی جاتی ہے۔ **تل پچھٹ** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔ **تل پنج یا ہیچ** (مذکر) وہ تل کا پودا جسے پھول اور پھل نہ آئے۔ **تل پھوٹی آنا** (لازم) چور کا مکان میں داخل ہونا۔ **تل پیلنا** (متعدی) تلوں کا تیل کولھو میں نکالنا۔ **تل تل** (کھبر) ۱ (ملف) تھوڑا تھوڑا کرکے۔ ذرہ ذرہ ۲ آہستہ آہستہ۔ **تل تل کا حساب یا لیکھا** (مذکر) ذرّے ذرّے کا حساب۔ **تل تیل** (ہ۔ مذکر) تل کا تیل۔ **تل چاٹنا** (متعدی) مسلمانوں میں دولھا کو دُلہن کے ہاتھ سے تل کھلوانا تاکہ وہ مطیع رہے۔ یہ ایک قسم کا ٹونا ہے۔ **تل چاولی یا چاوُلی** (مونث) ۱ تل اور چاول ملے ہوئے ۲ سیاہ و سفید بال۔ **تل چاولی ڈاڑھی** (مونث) سیاہ و سفید ڈاڑھی۔ **تل چٹا** (مذکر) ایک قسم کا جھینگر۔ **تل چوری** (مونث) ایک قسم کی مٹھائی۔ ایک قسم کی ڈور۔ **تل چُوری** (مونث) ایک قسم کی مٹھائی **تل دھرنے کو (رکھنے) جگہ نہ ہونا** (لازم) بہت بھرا ہوا ہونا۔ ذرا جگہ نہ ہونا۔ **تل دھینو** (ہ۔ مونث) تل کی بنی ہوئی گائے جو برہمنوں کو دیتے ہیں۔ **تل شکری** (مونث) ایک قسم کی مٹھائی جو تل اور شکر سے بناتے ہیں۔ گزک۔ ایک رسم۔ دُلہن کے ہاتھ پر تل اور شکر رکھ دیتے ہیں۔ اور دُولھا سات مرتبہ چاٹتا ہے۔ **تل کالک** (ہ۔ مذکر) ۱ بدن کا سیاہ خال یا مسہ ۲ وہ آدمی جس کے بدن پر یہ ہو۔ **تل کٹ** (مذکر) تلوں کا آٹا۔ **تل کُٹ** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی۔ **تلکڑی** (مونث) ایک زیور۔ **تلمے** (ہ۔ صفت) تل کا بنا ہوا۔ تل کا۔ جس میں تل بہت ہوں۔ **تلوتما** (مونث) ایک اپسرا کا نام۔ **تلوا** (مذکر) تل کے لڈو۔ **تلوَون** (مذکر) ایک کھانا جس میں دودھ چاول اور تل ہوتے ہیں **تلوں میں تیل نہ کہنا** (متعدی) ظاہر بات کو چھپانا **تلوں میں تیل نہ ہونا** (لازم) مروّت نہ ہونا محبت نہ ہونا (دان کے ساتھ) **تلوں میں سے تیل نکالنا** (متعدی) ۱ کفایت شعاری کرنا ۲ زیادہ قیمت لگانا۔ **تلوں (ہی) میں سے تیل نکلتا ہے۔** فائدہ اور خرچ اصل چیز میں سے ہی حاصل کیا جاتا ہے۔

امثال واقوال۔ تل اوٹ

پہاڑ اوٹ۔ ظاہر میں مشکل مگر آسان۔ **تل بھر لہو پہاڑ بھر محبت**۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب دُور کا رشتے دار قریبی سے زیادہ امداد کرے۔ **تل تل بھر دھن جوڑے سا سُو ہو کے ٹھاوت جھڑے نہ آنسو** (ہ) کسی کی محنت کو خاطر میں نہ لانا۔ کسی کی محنت پر ذرا رحم نہ کھانا۔ **تل تیکھر دانہ گھی شکر میں سانا کھائے بڈھا ہوئے جوانا** (ہ) تل۔ السی اور خشخاش کو اگر گھی شکر میں ملایا جائے تو اسے کھا کر بڈھا بھی جوان ہو جائے۔ **تل چور سو بجّر چور** تھوڑی چوری اور بہت چوری ایک برابر ہوتی ہے۔ جو تھوڑی چوری کرتا ہے وہ بہت بھی کریگا۔ **تل دھار موسلا دھار برس رہا ہے**۔ بڑے زور سے بارش ہو رہی ہے۔ **تل رہے تو تیل نکلے** اصل چیز ہونی چاہئے۔ روپیہ ہو تو سب کام ہو جاتے ہیں **تل کی (اوٹ) اوجھل پہاڑ** اگر آنکھ کی پتلی کے آگے تل برابر چیز آجائے تو پہاڑ بھی نظر نہیں آتا۔ ذرا سے پردے میں بڑی بات پوشیدہ ہونا۔ **تل گڑ بھوجن ترک متائی آگے میٹھ پاچھے کڑوائی** (ہ) تل گڑ کے کھانے اور مسلمان کی محبت میں پہلے مٹھاس ہوتی ہے۔ بعد میں کڑواہٹ غالباً مسلمانوں کے آسانی سے طلاق دینے پر طنز ہے۔

تُل (ہ۔ امر) ۱ تلنا کا ۲ (صفت) برابر یکساں۔ مانند ۳ ہم شکل۔ ہم صورت۔ اُردو میں ان معنوں میں تنہا مستعمل نہیں ہوتا (س تُل۔ اُٹھانا، بنا کرنا۔ وزن کرنا) **تلا** (ماضی) ۱ تلنا کی ۲ (مذکر) ترازو ۳ ساتویں راس۔ برج میزان ۴ (س) ایک وزن جو سو پلوں کا ہوتا ہے ۵ سونے اور چاندی سے تلنے کی رسم ۶ علم میزان اجسام یا ثقل۔ بوجھ بدھیا (ہ) **تلا ہوا** ۱ برابر۔ ہموزن۔ **تلا بیٹھنا** (لازم) آمادہ ہونا۔ **تلا پریکشا** (س۔ مونث) مجرم یا بیگناہ معلوم کرنے کا ایک طریقہ۔ مجرم کو پہلے تولتے ہیں۔ پھر منتر پڑھ کر دوبارہ تولتے ہیں اگر وزن کم ہو جائے تو بیگناہ ورنہ گنہگار۔ **تلادان** (مذکر) برہمن کو آدمی کے وزن کے برابر سونے چاندی وغیرہ کا دان۔ **تلا رتھک** (س) ذو معنی لفظ **تلا رہنا** (لازم) آمادہ رہنا۔ **تلا کوٹھی** (س) ۱ پاؤں کا ایک زیور ۲ دس کروڑ۔ **تلا کوش** (س) دیکھو تلا پریکشا **تلا لگن** (س) سورج کا بُرج میزان میں داخل ہونا۔ **تلانا** (لازم) تلنا کا **تلاؤ** (ہ) ہموزن کرنا۔ وزن برابر کرنا۔ **تلا بیج** (س) ایک درخت کا سُرخ بیج جو سونا چاندی تولنے کے کام آتا ہے۔ گھونگچی۔ رتک۔ **تلا ہوا** (صفت) ۱ برابر۔ ہموزن ۲ جو تولا جائے۔ **تلا ہنا** (لازم) جوش سے آمادہ ہونا۔ **تلائی** (مونث) ۱ تولنے کی اُجرت ۲ تولنے کا کام **تل بٹھانا** (متعدی) **بیٹھنا** (لازم) ایسا سیدھا بیٹھنا کہ کسی طرف جھکاؤ نہ ہو۔ ہموزن ہو کر بیٹھنا۔ سونے چاندی وغیرہ کے ساتھ تلنا۔ پرانے زمانے میں بادشاہ راجے اور امرا ایسا کرتے تھے۔ اور جس چیز کے ساتھ تلتے اسے خیرات میں دیا جاتا۔ **تل پڑنا** (لازم) کسی کام کے کرنے کے لئے مستعد ہو جانا۔ **تل رہنا** (لازم) مقابلے میں کھڑا ہونا۔ سامنے ہونا۔ لڑائی کے لئے مقابلے میں کھڑے ہونا **تل کی ترازو** (مونث) وہ ترازو جس پر بادشاہ اور راجے تولے جاتے ہیں۔ **تلنا** (لازم) ۱ وزن کیا جانا۔ تولا جانا ۲ انداز ہونا۔ جانچ ہونا ۳ آمادہ ہونا۔ تیار ہونا ۴ مغرور ہونا

۵ چکی رہنا۔ ۶ مقابل ہونا جیسے فوج کا۔ ۷ (ہ) نیچا ہونا۔ ۸ لٹکنا۔ **تلوانا** (م) تولنا کا۔ **تلوائی** (مونث) دیکھو تلائی۔ **تلے ملے زور** (ہ) برابر کی طاقتیں (غلط)

مثل۔ تلی بوٹی نپا شوربا۔ خرچ میں روک ٹوک ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

تلا (ہ۔ مذکر) ۱ نیچے کا حصہ۔ تہ۔ پیندا ۲ جوتی کے نیچے کا حصہ ۳ (ہ) گہرائی عمق ۴ جہاز یا ناؤ کا پیندا ۵ ٹیکن ستون سہارا۔ ۶ حفاظت۔ (دکشا دس۔ تل۔ نچلا حصہ) **تلا دینا** (متعدی) ہنڈیا کے نیچے گیلی مٹی لگانا تاکہ آگ سے پیندا محفوظ رہے۔ **تلا لگانا** (متعدی) جوتی کے نیچے کا حصہ میں چمڑا لگانا۔

تلا (س۔ مونث) چمڑے کا خول جو تیر انداز بائیں بازو پر پہنتے ہیں۔

تِلا۔ تِلّا (ہ۔ مذکر) ۱ ضماد۔ مرہم ۲ طلائی کام۔ سونے کا دھاگا یا تار ۳ گوٹا کناری وغیرہ ۴ سنہری جھالر ۵ لنگی یا پٹکے کا سنہری پلہ۔ **تلہ دانی** (مونث) تلے دانی۔ سوئی دھاگا وغیرہ رکھنے کا بٹوا۔

تِلّا (ہ۔ مذکر) تلی کا مخرب۔ **تلا گودن کرنا** (متعدی) عو ۱ طعنے دینا۔ کڑوی کسیلی باتیں کہنا ۲ ستانا جلانا۔ دق کرنا۔ بھونتا۔

تلابلی (اُردو۔ مونث) عو۔ بیقراری۔ اضطراب۔

تلاحق (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کو ملانا یا جوڑنا۔

تلاحی (اُردو۔ مونث) لکھنؤ۔ ترکاریاں ساگ وغیرہ۔

تلاد (ع۔ مذکر) جدی جائداد۔

تُلا دھارا (س۔ عص) ایک ویش قوم کا آدمی جس کا ذکر مہا بھارت میں آتا ہے۔ جس کے پاس ایک آسمانی آواز نے جاجلی کو دانائی سیکھنے کے لئے بھیجا تھا۔

تلازم (ع۔ مذکر) باہم لازم ہونا (لزم۔ چمٹنا) **تلازمہ** (مذکر) الفاظ کا استعمال مضمون کے لحاظ سے (لزم۔ چمٹنا)

تلاش (ت۔ مونث) ۱ جستجو۔ ڈھونڈ ۲ تفتیش۔ تحقیقات ۳ کوشش۔ سعی ۴ چھان بین۔ تفحص۔ (کرانا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **تلاش آب و دانہ** (مونث) روزی یا نوکری کی جستجو۔ **تلاشان** (مذکر) اصفہان کے علاقے میں ایک باغ۔ **تلاش روزگار یا معاش** (مذکر) نوکری کی جستجو۔ فکر روزی۔ محنت مزدوری یا کام کی جستجو۔ **تلاشی** (مذکر) ۱ وہ شخص جو تلاش کرے۔ تلاش کنندہ آدمی ۲ (مونث) جھاڑا۔ کسی مال کی جستجو ۳ کسی گمشدہ چیز کے لئے گھر بار کی دیکھ بھال ۴ (قانون) مال مسروقہ کے لئے کسی شخص کے کپڑوں یا مکان کی پڑتال یا دیکھ بھال ۵ کسی شخص کے لئے مکان کی پڑتال یا علاقے میں جستجو (لینا کے ساتھ)

تلاشی (ع۔ مونث) ۱ فنا۔ ناس۔ نیستی ۲ غائب ہو جانا ۳ پھیلاؤ۔ بکھیر۔ انتشار (لشو۔ لشا۔ خراب ہونا)

تلاطم (ع۔ مذکر) ۱ موجوں کا زور۔ پانی کی تھپیڑیں ۲ موج۔ لہر ۳ جوش و ولولہ ریا کرنا یا بہنا پڑا ہونا۔ ڈال دینا۔ ڈالنا۔ مچانا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) (لطم۔ تھپڑ مارنا)

تلاطم امواج (مذکر) موجوں کا زور۔ طوفان۔ **تلاطم میں لانا** (متعدی) طوفان بپا کرنا۔ تہ و بالا کر دینا۔

تلافی (ع۔ مونث) کسی نقصان کا عوض یا بدلہ جو اپنی مرضی سے دیا جائے۔ پاداش مکافات (لفو۔ نقصان پہنچانا) **تلافیٔ مافات** (مونث) جو امر فوت ہو گیا یا گزر گیا ہو اس کا معاوضہ۔

تلاق (ع۔ مذکر) ملنا۔ ملاقات

تلاقی (ع۔ مونث) ۱ ملاقات میل جول ۲ باہم ملنا۔ ملاقات کرنا۔

تِلام (ع۔ مذکر) تلم کی جمع۔ ملازم۔ خادم۔ نوکر۔

تلامذ (ست) **تلامذہ۔ تلامیذ** (ع۔ مذکر) تلمیذ کی جمع۔ شاگرد۔ طالب علم۔

تلاملی (ہ۔ مونث) ۱ تلملی۔ بے چینی۔ بیقراری۔ اضطراب۔ بیکلی۔ گھبراہٹ ۲ جلدی۔ **تلاملی پڑنا یا لگنا** (لازم) ۱ بے چینی ہونا۔ بیقراری ہونا۔ گھبراہٹ ہونا ۲ جلدی پڑنا۔

تلامع (ع۔ مونث) روشن دھاریاں۔

تِلانا (ہ۔ مذکر) ترانہ کا بگڑا ہوا۔ ایک قسم کا گیت۔

تِلاوا (ہ۔ مذکر) طلایہ کا بگڑا ہوا۔ رات کو گشت کرنے والا فوج کا دستہ۔ شب گشت۔

تلاوا (ہ۔ مذکر) دیسی گاڑی کا وہ حصہ جو دھرے کے اُوپر ہوتا ہے۔ اور جس پر بوجھ تلا رہتا ہے (تلانا سے)

تِلاوت (ع۔ مونث) قرآن شریف کا پڑھنا (تلو۔ پیچھے پیچھے آنا)

تلائی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا تالاب ۲ دیکھو تل کے تحت میں۔

تِلائی (ہ۔ مونث) ۱ تیل ڈالنا ۲ مشعل کو کپی سے تیل پلانا ۳ تلنے کا برتن۔ کڑاہی۔ فرائنگ پین ۴ برات سے پیشتر وہ دن جس میں دُلہن کو تیل لگایا جاتا ہے (تیل سے)

تلبث (ع۔ مذکر) ۱ دیر کرنا ۲ دیر۔ تاخیر۔

تلبّد (ع۔ مذکر) پاس پاس بیٹھنا۔

تِلبَر (ہ۔ مذکر) لفظی معنی دھبے دار یا داغدار۔ ایک پرندہ۔ تیتر۔

تلبّس (ع۔ مذکر) ۱ ڈھنپا ہونا ۲ کپڑے پہننا۔

تلبیت (ع۔ مونث) لبیک کہنا۔

تلبیس (ع۔ مونث) ۱ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ مکر۔ چھل ۲ (قانون) جب کوئی شخص ایک شے میں دوسری شے کی مشابہت پیدا کرے اس نیت سے کہ وہ اس مشابہت کے ذریعے سے مغالطہ دے یا اس علم سے کہ اس کے ذریعے سے مغالطہ چل جانے کا احتمال ہے تو کہا جائیگا کہ اس شخص نے تلبیس کی (لبس۔ ڈھانپنا) **تلبیس سکہ** (مذکر) قلب سکہ۔ جھوٹا سکہ بنانا (کرنا کے ساتھ) **تلبیس لباس** (قانون) دھوکا دینے کے واسطے سرکاری وردی پہننا۔

تلبیہ (ع۔ مذکر) حج میں لبیک کہنا (لبی۔ بلائے جانے پر جواب دینا)

تلپٹ (ہ۔ صفت) دیکھو تل کے تحت میں۔

تلپنا (ہ۔ لازم) تڑپنا۔

تلپنیاں (ہ۔ مذکر) پانی اور تیل دونوں ملاکر دروازوں اور لکڑی کی چیزوں پر صفائی کے لئے ملتے ہیں (کرنا کے ساتھ)

تلپھلا (س۔ مونث) ایک درخت جسے سمبل یا سمل بھی کہتے ہیں۔ اس میں سے ایک قسم کی

روئی نکلتی ہے۔

تلپے (لنکا) ایک قصبہ (۹)

تلتا لا (س۔ مذکر) تالی۔

تلتلانا (ھ۔ متعدی) ہلانا۔ کھڑکھڑانا۔ تڑتڑانا۔

تلتلانا (ھ۔ متعدی) ۱۔ نرم ہونا نمی سے یا پیپ سے ۲۔ پلپلانا۔ پکنا ۳۔ بہنا۔ پھوٹنا ۴۔ ٹپکنا

تلتلی (ھ۔ مونث) دھار پانی خون یا کسی رقیق مادے کی جو تھوڑی بلندی سے گرے **تلتلی چلنا** (لازم) دھار چلنا۔ پانی یا خون بہنا۔

تلثم (ع۔ مذکر) منہ پر نقاب ڈالنا۔

تلثیث (ع۔ مونث) تثلیث۔

تلثیم (ع۔ مونث) چومنا۔ بوسہ دینا۔

تلجلج (ع۔ مذکر) ہکلانا۔

تلچھنا (ھ۔ لازم) تڑپنا۔

تلچھو ما چھو رکرتے پھرنا) کرنا (ھ۔ متعدی) عو۔ بےتابانہ یا مضطربانہ پھرنا۔ گھبرائے ہوئے پھرنا۔ نچلا نہ بیٹھنا۔ ناچتے پھرنا۔

تلخ (ف۔ صفت) کڑوا تیز۔ ترش ۲۔ بدمزا۔ بدذائقہ ۳۔ ناگوار۔ ناپسندیدہ ۴۔ ناملائم۔ سخت۔ تند ۵۔ غمگین۔ اندوہناک۔ **تلخا** (مذکر) ۱۔ ستو ۲۔ پتا۔ **تلخ ابرو** (صفت) بددماغ۔ غصہ والا۔ **تلخانا** (متعدی) تلخی دینا مزے میں۔ **تلخ بات** (مونث) ناگوار بات۔ **تلخ بولنا** (لازم) غصے سے بولنا۔ ناملائم الفاظ میں گفتگو کرنا۔ **تلخ جواب** (مذکر) سخت جواب۔ ناگوار جواب۔ **تلخ دانہ** (مذکر) ایک قسم کی گھاس کا بیج۔ **تلخ رو** (صفت) بدمزاج۔ تندخو۔ **تلخ زبان** (مذکر) بدزبان آدمی۔ وہ شخص جس کی باتیں طنز کی ہوں۔ **تلخ عیش** (صفت) وہ شخص جس کی زندگی برے حالوں گزرے۔ **تلخ کام** (صفت) ۱۔ بدمزا ۲۔ ناکام۔ مجازاً عاشق۔ **تلخ کامی** (مونث) ۱۔ خراب مزا ۲۔ ناکامیابی۔ ناکامی۔ **تلخ کرنا** (متعدی) ۱۔ کڑوا کرنا ۲۔ بدمزا کرنا۔ ناگوار بنانا۔ **تلخ گو یا گفتار** (صفت) تلخ زبان۔ **تلخ گوئی** (مونث) بدزبانی۔ سخت کلامی۔ **تلخ مزاج** (صفت) بدمزاج تندخو۔ تیز مزاج۔ **تلخ نگاہ** (صفت) جو بری نظر سے دیکھے۔ تند نگاہ۔ **تلخ و ترش** (صفت) مجازاً دنیا کی محنت و مشقت۔ **تلخ ہونا** (لازم) ۱۔ تلخ کرنا کا ۲۔ ناخوش ہو جانا۔ **تلخہ** (مذکر) خلط صفراوی کا پت۔ **تلخی** (مونث) ۱۔ شدت۔ تیزی۔ سختی ۲۔ کڑواہٹ۔ ترشی ۳۔ سکرات ۴۔ مخالفت۔ دشمنی۔ **تلخیِ مرگ** (مونث) موت کی سختی۔

تلخیص (ع۔ مونث) ۱۔ خلاصہ کرنا۔ خلاصہ ۲۔ پاک صاف کرنا (تخلّص۔ خالص یا بےمیل ہونا) **تلخیص جی** (مذکر) ایک ترک افسر جو کاغذات کے خلاصے تیار کرکے وزیر اعظم کے پاس پیش کیا کرتا تھا۔

تلد۔ تلد (ع۔ مذکر) جدی جائداد۔

تلذذ (ع۔ مذکر) ۱۔ لذت حاصل کرنا۔ لطف اٹھانا ۲۔ لطف۔ لذت۔ مزہ (لذّ۔ میٹھا یا خوشگوار ہونا)

تلمر (ف۔ مذکر) قدیم ایرانی بادشاہوں کا پتھر کا تخت۔ جو دارا کی قبر پر نقش رستم کے قریب بنا ہوا ہے۔ اس پہ بادشاہ تخت نشینی کے وقت بیٹھتے تھے۔

تلڑا (مذکر) **تلڑی** (ھ۔ مونث) تین لڑی کا گلے کا ہار۔

تلڑ میں رکھ لیا (اردو) قبضے میں آگیا۔ زبردستی لے کر کھا گیا۔

تلسی (ھ۔ مونث) ۱۔ ایک پودا جسے ہندو متبرک سمجھتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ یہ تلسی دیوی کے بالوں سے پیدا ہوئی تھی۔ ملیریا بخار کے لئے بہترین دوائی ہے ۲۔ ایک دیوی کا نام۔ **تلسی پھول** (مذکر) ایک قسم کا خوشبودار چاول جس میں تلسی کے پتوں کی سی خوشبو ہوتی ہے۔ **تلسی دانہ** (مذکر) ہار کی قسم کا ایک گلے کا زیور۔ **تلسی دل** (مذکر) تلسی کے پتے **تلسی دل چڑھانا** (متعدی) بت یا برہمن کے سر پہ تلسی کے پتے بکھیرنا۔ **تلسی کا ہیرا** (مذکر) تلسی کی لکڑی کا بنا ہوا دانہ۔

مثل۔ تلسی کا پتا کون چھوٹا کون بڑا۔ وہاں کہتے ہیں جہاں سب اعلے درجے کے آدمی ہوں۔

تلسی داس (۱۵۳۲ - ۱۶۲۳) ہندی زبان کا سب سے بڑا شاعر راجہ پور ضلع باندہ میں آتمارام برہمن کے گھر میں ہمایوں کے عہد میں پیدا ہوا۔ بچپن میں سادھوؤں کے ساتھ پھرتا رہا۔ پھر اجودھیا میں آباد ہوا۔ بعد کو بنارس آیا۔ مشہور تصنیفات رامائن (۱۵۷۴) رام ستسئی (۱۵۸۴) پاربتی منگل (۱۵۸۶) راماگیا (۱۵۹۸) کبت رامائن (۱۶۱۲) ہیں۔ جہانگیر کے عہد میں ۹۱ سال کی عمر میں وفات پائی۔ اس کے کبت اور اشعار ضرب المثل کے طور پر مشہور ہیں۔

اقوال۔ تلسی آہ غریب کی ہری سے سہی نہ جائے۔ مری کھال کی پھونک سے لوہا بھسم ہو جائے۔ خدا غریب کی آہ کو برداشت نہیں کرسکتا۔ مرکی ہوئی کھال یعنی دھونکنی کی ہوا لوہے کو جلا دیتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ غریب کی آہ ظالم کو تباہ کر دیتی ہے۔ کیونکہ خدا اسے برداشت نہیں کرسکتا۔ بترس از آہ مظلوماں کہ بر وقت دعا کردن۔ اجابت از در حق بہر استقبال مے آید۔ **تلسی ایسے متر کو کود پھاندکے جائے۔ آوت ہی تو نہیں ملے اور چلت رہے مرجھائے**۔ ایسے دوست کو بڑے شوق سے ملنا چاہیئے جو ہنستا ہوا ملے اور جاتا ہوا اندوہناک ہو۔ **تلسی بانہہ سپوت کی بھولے سے چھو جائے آپ نبھاوے عمر بھر بیٹے سے کہہ جائے**۔ سپوت آدمی اگر غلطی سے بھی کسی کا امدادی ہو جائے تو پھر عمر بھر نبھاہتا ہے۔ اور مرتا ہوا بیٹے کو بھی اس کی مدد کے لئے کہہ جاتا ہے۔ **تلسی پر گھر جائے کے دکھ نہ کہئے روئے۔ بھرن گنواوے اپنا بانٹ نہ سکے کوئے**۔ دوسرے سے جاکر اپنا دکھ بیان نہیں کرنا چاہیئے۔ کوئی دکھ بٹا نہیں سکتا۔ اپنا بھرم جاتا رہتا ہے۔ **تلسی پیسہ پاس کا سب سے نیکو ہوئے۔ ہوتے کے بہن اور باپ ہیں ان ہوتے کی جوئے**۔ روپیہ وہی اچھا ہے جو اپنے پاس ہو۔ بہن اور باپ تبھی تک ہیں جب تک پیسہ ہے۔ غربت میں صرف بیوی ہی ساتھ دیتی ہے **تلسی تب ہی جانئے پرمیشر سے پریت۔ ہرکھ اٹھے آوار کے آوت دیکھ اتیت**۔ خدا کے ساتھ اس کی محبت سمجھنی چاہیئے جو فقیر کو آتے دیکھ کر خوش ہو اور اس کی خاطر تواضع کرے۔ **تلسی جگ میں آئے کے**

اوگن تج دے چار۔ چوری جاری جامنی اور پرائی نار۔ دُنیا میں چار کام نہیں کرنے چاہئیں چوری۔ تعلق ناجائز۔ ضمانت دینا اور دوسرے کی عورت کو تاکنا۔ تلسی جگ میں جب رہے یا رہے رام کا نام۔ دُنیا میں یا تو شہرت یا خدا کا نام رہتا ہے۔ تلسی جپے تو رام جپ اور نام مت لے۔ رام نام شمشیر ہے جم کے سر میں دے۔ رام کا نام لینا چاہئے اور کسی کی مدد نہیں مانگنی چاہئے۔ رام کا نام موت کے سر میں تلوار ہے۔ تلسی کالی کاملی چڑھے نہ دوجا رنگ۔ سیاہ کمبل پر دوسرا رنگ نہیں ہوسکتا۔ جبلی عادتیں نہیں بدل سکتیں۔ تلسی کدی نہ چھانڈئے چھیما سیل سنتوش۔ گیان گریہی ہے ی بھجن کومل بچن آوش۔ رحم۔ نیکی۔ قناعت عقل حلم خدا کی پرستش۔ شیریں کلامی اور معصومیت کو کبھی نہیں چھوڑنا چاہئے۔ تلسی کرے کرم کر نکمہ سے بھج لے رام۔ ایسا سماں نہ پائے کو جو لاکھوں کھرچے دام۔ اب موقع ہے اچھا کام کرلو اور خدا کا نام جپ لو پھر لاکھوں روپے خرچ کرنے سے یہ موقع نہیں ملیگا تلسی کلجگ کے سمائے دیکھو یہ کرتوت رام نام کو چھوڑکے پوجن لگے اب بھوت۔ کلجگ میں لوگ خدا کو چھوڑکر شیطانوں کی پرستش کرنے لگ گئے ہیں۔ تلسی کہت پکار کے سنو سکل دے کان۔ ہیدان گجدان سے بڑا دان سمان سونے اور ہاتھی کی خیرات سے خوش خلقی زیادہ اچھی ہے۔ تلسی مورکھ مانے نہیں جب لگ کھتا نہ کھائے جیسے بدھوا استری گربھ رہے پچھتائے بیوقوف جب تک نقصان نہ اُٹھائے سمجھتا نہیں جس طرح بیوہ عورت حمل ہونے پر پچھتاتی ہے تلسی میٹھا بول لئے سب سے کرکے پریت۔ کریں پریم تا سے سبھی لکھی کوکل کی ریت۔ ہر ایک سے محبت اور شیریں کلامی سے پیش آنا چاہئے۔ ہر ایک تم سے محبت کریگا۔ جس طرح کوئل سے تلسی وہ دووٗ گئے پنڈت اور گرہست۔ آئے آدر نہ کیا جات دیا نہ ہست۔ گرہستی اور برہمن وہ دونوں برے ہیں جو آنے ہوئے خوش خلقی سے پیش نہ آئیں اور جنھوں نے جاتے ہوئے امداد نہ کی۔ تلسی یا سنسار میں یا کھنڈ کی مان۔ سیدھوں کو سیدھا نہیں جھوٹوں کو پکوان۔ دُنیا میں ریاکاروں کی عزت ہوتی ہے بھلے مانسوں کو تو کھانے کو نہیں ملتا اور جھوٹے نعمتیں اُڑاتے ہیں۔ تلسی یا سنسار میں پانچ رتن ہیں سار۔ سادھو ملن اور ہری بھجن دیا دھرم اپکار۔ اس دُنیا میں پانچ جواہرات ہیں۔ نفیروں سے ملنا۔ خدا کی پرستش۔ رحم۔ ایمان اور دل کی نرمی تلسی یاں سنسار میں سب سے ملئے دھائے۔ ناں جانوں کس بھیس میں نارائن مل جائے۔ اس دُنیا میں ہر ایک سے دوڑ کر ملنا چاہئے۔ تمہیں کیا پتہ ہے خدا کس بھیس میں ملے۔

تَلَطُّخ (ع۔ مذکر) گندہ ہونا۔ پلید ہونا۔

تَلَطُّف (ع۔ مذکر) مہربانی۔ عنایت۔ شفقت۔ لطف۔ کرم (کرنا ہونا کے ساتھ) (لطف اچھا یا نیک ہونا)

تَلطِیخ (ع۔ مونث) گندہ کرنا۔ میلا کرنا ۲ تیل لگانا۔

تَلَظّی (ع۔ مونث) ۱ جلنا۔ ۲ بھڑک۔

تَلغَراف (انگ۔ مذکر) ٹیلیگراف کا مفرس۔

تَلَف (ع۔ صفت) ۱ برباد۔ خراب۔ تباہ۔ رائگان۔ ناس۔ اُجاڑ ۲ نیست ونابود۔ ہلاک۔ فنا ۳ گم۔ ضائع (تلف۔ مرنا) تلف کر دینا یا کرنا (متعدی) برباد کرنا۔ ضائع کرنا۔ نیست ونابود کرنا۔ تلف ہوجانا یا ہونا (لازم) ۱ ضائع ہونا۔ گم ہونا۔ مرجانا۔ فوت ہوجانا ۲ (بچہ) حمل گرجانا۔ تلفی (مونث) ۱ بربادی۔ تباہی ۲ ضائع کرنا۔ تلفی کے کاغذات۔ وہ کاغذات جن کے تلف کرنے کا حکم ہوچکا ہو۔

مثل۔ تَلَفُ المال خَلَفُ العمر۔ مال جاتے رہنے سے عمر بڑھ جاتی ہے۔

تَلَفُّظ (ع۔ مذکر) ۱ لفظ کا ٹھیک طریقے سے منہ سے نکالنا۔ مخرج صحیح ۲ لہجہ (لفظ۔ منہ سے نکالنا)

تَلفِیف (ع۔ مونث) ڈھانپنا۔ لپٹنا۔

تَلفِیق (ع۔ مونث) سینا۔ جوڑنا۔ اکٹھا کرنا (لفق۔ سینا)

تِلقَا (ع۔ مذکر) ۱ ملنا۔ پہنچنا ۲ مقابلہ کرنا۔ منھ بھیڑ ہونا ۳ منھ بھیڑ۔ مقابلہ ۴ ملاقات ۵ الزام۔ تہمت (لقی۔ ملنا)

تَلَقُّب (ع۔ مذکر) ۱ لقب حاصل کرنا ۲ کہلانا۔ مسمی ہو۔

تَلَقُّف (ع۔ مذکر) نگلنا کھانا۔

تَلَقّی (ع۔ مونث) ۱ ملنا ۲ قبول کرنا۔ لینا۔

تَلقِیب (ع۔ مونث) لقب دینا۔ خطاب دینا۔ نام رکھنا۔

تَلقِیَت (ع۔ مونث) ۱ کسی طرف پھینکنا ۲ القا ہونا۔

تَلقِیح (ع۔ مونث) مادہ کھجور پر نر پھول چھڑک کر اس کو باردار کرنا۔

تَلقِیف (ع۔ مونث) ۱ نگلنا ۲ نگلوانا۔ لقمہ دینا۔

تَلقِین (ع۔ مونث) ۱ سکھلانا۔ تعلیم دینا ۲ تعلیم۔ تربیت ۳ نصیحت۔ پند۔ ہدایت ۴ کسی مذہب کی تعلیم ۵ کسی آدمی کو کسی مذہب یا فرقے میں داخل کرنا ۶ مردے کو قبر میں اُتارنے کے وقت آیتیں پڑھنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (لقن۔ دوسرے کو سمجھانا) تلقین اسلام (مونث) مذہب اسلام کے اصول سکھلانا۔ تلقین مذہب (مذکر) کسی مذہب کے اصول سکھلانا۔

تَلَک (ہ۔ حرف جار) تک (رت)

تَلَک (س۔ مذکر) ۱ چھوٹی گاڑی جس میں جلتے ہوئے کوئلے ہوں ۲ مٹی کی ہنڈیا ۳ ایک راجہ۔

تِلَک (س۔ مذکر) ۱ زیور۔ گہنا ۲ زینت دینے والی چیز (ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۳ ایک درخت کا نام ۴ ایک قسم کی شروح۔ ٹیکا ۵ (ہ) قشقہ۔ ٹیکا ۶ گدی نشینی کی رسم۔ گدی نشینی کا ٹیکا ۷ ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے ۸ روپیہ جو دُلہن کا باپ داماد کے گھر بھیجتا ہے ۹ پیدائشی نشان جو بدن پر ہوتا ہے۔ تل ۱۰ کمپنا کے ایک راجہ کا نام۔ تلکا چاریا (مذکر) شنو بربھ کا ایک شاگرد جو کئی کتابوں کا مصنف ہے۔ تلک چڑھانا یا دھارنا یا دھارن کرنا

(متعدی) ٹیکا لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔ **تلک دھاری** (مذکر) وہ شخص جو تلک لگائے۔ **تلک کرنا** (متعدی) ۱۔ ٹیکا لگانا ۲۔ گدی پر بٹھانا۔ تخت نشین کرنا ۳۔ منگنی کرنا۔ بیاہ کرنا۔ شادی کرنا ۴۔ رخصت کرنا۔ وداع کرنا۔ **تلک لگانا** (متعدی) ٹیکا لگانا۔ قشقہ کھینچنا۔ **تلک وتی** (مونث) ایک دریا۔

تلک (ت۔ مذکر) ترلیک کا بگڑا ہوا ۱۔ ایک لباس جس کی آستینیں نہیں ہوتیں۔ پشواز۔ خلعت۔

تلکار (س۔ مونث) چابی۔ کلید۔

تلکا (س۔ مونث) ایک قسم کا گلے کا گہنا ۲۔

تلکا (ہ۔ صفت) ۱۔ داغدار۔ دھبے دار۔ مہاسے والا ۲۔ بڑا۔ صدر۔ سردار۔ حاکم ۳۔ (مذکر) ایک ماپ جو کا چوتھا حصہ۔

تلکار (س۔ مذکر) ایک چھوٹے پرندے کا نام۔

تلگرام (ہند) ضلع فرخ آباد میں ایک قصبہ۔

تلگی (ہ۔ مونث) دھار (ہندھنا) چلنا کے ساتھ)

تلماک (یو۔ مذکر) یولیسس کا بیٹا

تلمبا (ہند) ضلع ملتان میں ایک قصبہ (۳)

تلمذ (ع۔ مذکر) شاگرد ہونا (تلمذ۔ شاگرد بننا)

تلمذت (ع۔ مونث) سکھلانا۔

تلملا (ہ۔ امر تلملانا کا۔ **تلملائے پھرنا۔ تلملا جانا۔ تلملانا** (لازم) ۱۔ گھبرانا۔ تڑپنا۔ مضطرب ہونا۔ بے چین ہونا ۲۔ غم کرنا۔ رنج کرنا ۳۔ بے صبر ہونا ۴۔ ترسنا۔ للچانا۔ **تلملاہٹ** (مونث) گھبراہٹ۔ بے چینی۔ بیقراری۔ تڑپ۔ **تلملی** (مونث) دیکھو تلملاہٹ (لگنا کے ساتھ)

تلملا ہو جانا (ہ۔ لازم) ذراسی دیر دکھائی دے کر چھپ جانا۔

تلمسان (الجیریا) ایک شہر (۴) مدت تک شمالی افریقہ کی اسلامی سلطنت کا دارالخلافہ

تلمیح (ع۔ مونث) کلام میں کسی قصے کی طرف اشارہ کرنا (فج۔ آنکھ چرا کر دیکھنا)

تلمیذ (ع۔ مذکر) شاگرد۔ طالب علم چیلا۔ مرید۔ اصل لفظ بالکسر ہے (تِلمیذ۔ شاگرد بنانا)

تلمیذ الرحمٰن (مذکر) خدا کا شاگرد (مجازاً) شاعر۔

تلن (ہ۔ مذکر) تلنا۔

تلنگ (ہ۔ مونث) ۱۔ ایک راگنی کا نام ۲۔ (مذکر) ایک ملک کا نام۔

تلنگا (ہ۔ مذکر) تلنگانہ سے ۱۔ فوج کا باوردی سپاہی۔ (انگریزوں نے جو پہلی باوردی فوج بھرتی کی تھی ملک تلنگانہ میں کی تھی۔ اس لئے سپاہیوں کا یہ نام ہوا ۲۔ فوج کا سپاہی۔ پولیس کا سپاہی ۳۔ ایک قسم کا کنکوا۔ **تلنگنی** (مونث) ۱۔ ایک قسم کی مٹھائی پتلی شیشے کی طرح کی ۲۔ عورت سپاہی جو عموماً شاہی محلوں میں پہرہ دیا کرتی تھیں۔ **تلنگی** (صفت) تلنگانہ کا باشندہ ۲۔ (مونث) تلنگانہ کی زبان۔

تلنگانہ (س۔ عص) وہ ملک جہاں تلگو زبان بولی جاتی ہے یہ مغربی ساحل ہند پر گوا کے جنوب میں ہے۔

تلو (ع۔ صفت) ایک دوسرے کے بعد۔ لگاتار۔

تلوا (ہ۔ مذکر) پاؤں کا نیچے کا حصہ جو پنجے اور ایڑی کے درمیان ہوتا ہے۔ اور زمین سے اونچا رہتا ہے۔ کف پا۔ **تلوا چاٹنا** (متعدی) خوشامد کرنا۔ منت کرنا ۲۔ مشہور ہے کہ اگر ریچھ عورت کو پکڑ لیجائے تو اس کے تلوے چاٹ کر پاؤں اس قدر نرم کر دیتا ہے کہ وہ چل نہیں سکتی۔ اور اسی کے پاس رہتی ہے۔ **تلوا چھلنی ہو جانا** (لازم) پاؤں کا زخمی ہو جانا۔ **تلوا کھجانا یا کھجلانا** (متعدی) تلوے میں خارش۔ سفر کی نشانی سمجھی جاتی ہے۔ **تلوا نہ ٹکنا۔ لگنا یا مرنا** (لازم) ایک جگہ جم کر نہ بیٹھنا۔ ایک جگہ نہ ٹھیرنا۔ **تلووں** (مذکر) تلوا کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **تلووں تلے ملنا یا میٹنا** (متعدی) روندنا۔ پامال کرنا۔ **تلووں سے آگ لگنا** (لازم) غصہ آنا۔ ناراض ہونا۔ جل جانا۔ برافروختہ ہونا۔ **تلووں سے آنکھیں ملنا** (متعدی) دیکھو آنکھیں تلووں الخ۔ **تلووں سے پار ہونا** (لازم) تلووں میں چبھ جانا۔ گڑ جانا۔ **تلووں سے لگنا** (لازم) ۱۔ اثر کرنا۔ دل پر اثر کرنا ۲۔ پیچھا کرنا۔ تعقب کرنا ۳۔ دھن ہونا ۴۔ بیقرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ **تلووں سے لگنا سر میں (جاکر) بجھنا** (لازم) سخت غصہ آنا۔ سخت برافروختہ ہونا۔ **تلووں سے لگی سر میں سے نکل گئی**۔ سخت غصہ آیا۔ نہایت ناراض ہو گئے۔ **تلووں سے لگی ہے**۔ پیچھا نہیں چھوڑتی ہر وقت ساتھ رہتی ہے (بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں) **تلووں سے ملنا** (متعدی) پامال کرنا۔ روندنا۔ خاک میں ملانا۔ **تلووں کا کچا** (صفت) جلد تھک جانے والا۔ وہ جس کے پاؤں تھوڑا سا چلنے سے زخمی ہو جائیں۔ **تلووں کی سے کہنا** (متعدی) تلووں کے تلے جو رشوت کا روپیہ آ گیا ہے اس کی رعایت برتنا۔ **تلووں میں لہو اترنا**۔ زیادہ چلنے سے پاؤں زخمی ہونا۔ **تلوے** (مذکر) ۱۔ تلوا کی جمع ۲۔ بجائے تلوا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **تلوے تلے آنکھیں ملنا** (متعدی) دیکھو آنکھیں تلوے الخ۔ **تلوے تلے ہاتھ دھرنا** (متعدی) خوشامد کرنا۔ منت کرنا۔ **تلوے جلنا**۔ تلووں میں سوزش ہونا۔ گرمی سے تلووں میں جلن ہونا۔ **تلوے چاٹنا** (متعدی) دیکھو تلوا چاٹنا۔ **تلوے چھلنی ہو جانا** (لازم) بہت چلنے سے تلووں کا زخمی ہونا۔ **تلوے دھو دھو کے پینا** (متعدی) دیکھو پاؤں دھو الخ۔ **تلوے سہلانا** (متعدی) خوشامد کرنا۔ **تلوے کھجانا یا کھجلانا** (لازم) سفر کی علامت سمجھی جاتی ہے۔ **تلوے کی مالش کرنا** (متعدی) دیکھو تلوے ملنا۔ **تلوے گرم کرنا**۔ کنایتاً رشوت دینا۔ ہتھیلی گرم کرنا۔ **تلوے گھس جانا** (لازم) بہت پھرنا۔ بہت سفر کرنا۔ **تلوے ملنا** (متعدی) تلووں پر تیل یا کوئی اور چیز ہاتھ سے بار بار لگانا۔ **تلوے نہ ٹکنا یا لگنا** (لازم) دیکھو تلوا نہ ٹکنا۔

امثال۔ تلووں کی سی کہوں یا جیب کی سی۔ جہاں رشوت خوار مذبذب میں ہو تو کہتے ہیں۔ روایت ہے کہ ایک راشی قاضی کو ایک فریق نے تو مٹھائی بھیجدی اور دوسرے نے اشرفی پاؤں تلے رکھ دی تو اس نے یہ فقرہ کہا۔ **تلووں کی سی کہوں یا دل کی**۔ سچی بات کہوں یا رشوت کی وجہ سے جھوٹ کہوں۔ دیکھو آخری۔

تلوار (ہ۔ مونث) لڑائی کا ایک ہتھیار جو چاقو کے پھل کی شکل کا مگر ایک گز کے قریب لمبا ہوتا ہے۔ ایک سرا نوکدار ہوتا ہے۔ اور دوسرے پر دستہ لگا ہوتا ہے۔ بعض تلواریں سیدھی ہوتی ہیں۔ بعض خمدار۔ بعض کی ایک دھار ہوتی ہے بعض کی دو۔ تیغ۔ شمشیر۔ کرپان۔ سیف۔ کرچ ۲۔ ہندوؤں کی ایک

ذات۔ **تلوار آزمانا** (متعدی) تلوار کی کاٹ کا امتحان کرنا۔ **تلوار اُٹھانا** (متعدی) ۱۔ تلوار علم کرنا۔ تلوار ہاتھ میں لینا ۲۔ لڑائی کے لئے تیار ہونا۔ **تلوار اُٹھنا** (لازم) تلوار اُٹھانا کا۔ **تلوار اُگلی پڑنا** (لازم) ۱۔ ہر وقت لڑنے کے لئے تیار ہونا ۲۔ قتل پر آمادہ ہونا۔ **تلوار باندھنا** (متعدی) تلوار کمر میں لگانا۔ **تلوار بجنا** (لازم) ۱۔ تلواروں کے ٹکرانے کی آواز آنا ۲۔ سخت جنگ ہونا۔ **تلوار برسنا** (لازم) بہت تیغ زنی ہونا۔ سخت جنگ ہونا۔ **تلوار بند** (مذکر) وہ شخص جو تلوار ہر وقت باندھے رہے۔ **تلوار بندھنا** (لازم) تلوار کمر میں لگنا۔ **تلوار بھر مار کر چلنا** (لازم) سخت شمشیر زنی ہونا۔ **تلوار پٹ پڑنا** (لازم) ۱۔ تلوار کا دھار کے رُخ نہ پڑنا ۲۔ تلوار کا وار خالی جانا۔ **تلوار پر ناچنا** (متعدی) بازیگروں کا ایک کھیل جس میں دو آدمی تلوار دونوں طرف سے پکڑتے ہیں۔ اور تیسرا ان کے کندھوں پر ہاتھ رکھ کے کود کر تلوار پر ظاہرا تلوے رکھ دیتا ہے۔ جو حقیقت میں اس کو چھوتے نہیں۔ پھر پاؤں کو جنبش دیتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے تلوار پر ناچ رہا ہے۔ **تلوار پر ہاتھ رکھنا یا دھرنا** (متعدی) ۱۔ تلوار کے قبضے کو پکڑنا ۲۔ تلوار پر ہاتھ رکھ کر قسم کھانا۔ **تلوار پڑنا** (لازم) تلوار کا کاٹ کرنا۔ **تلوار پکڑنا** (متعدی) لڑائی کی تیاری کرنا۔ **تلوار پھرنا** (متعدی) تلوار چلنا۔ **تلوار پھینک دینا یا پھینکنا** (متعدی) ۱۔ ہتھیار ڈال دینا۔ جنگ سے باز آنا ۲۔ اطاعت کرنا۔ **تلوار تولنا** (متعدی) ۱۔ تلوار کو وار کرنے سے پہلے ہلانا یا جانچنا تاکہ وار درست پڑے ۲۔ لڑنے کو تیار ہونا۔ تلوار سنبھالنا۔ **تلوار تھامنا** (متعدی) تلوار ہاتھ میں لینا۔ **تلوار تیر جانا** (لازم) تلوار کا کاٹ کر دوسری طرف نکل جانا۔ **تلوار جڑنا یا جھاڑنا** (متعدی) ۱۔ تلوار لگانا ۲۔ تلوار مارنا۔ **تلوار چلانا** (متعدی) **تلوار چلنا** (لازم) ۱۔ تیغ زنی ہونا ۲۔ جنگ یا لڑائی ہونا۔ **تلوار چمکانا** (متعدی) تلوار میان سے نکال کر ہلانا۔ ننگی تلوار علم کرنا۔ **تلوار چھوڑنا** (متعدی) تلوار کا وار کرنا۔ **تلوار حلق پر پھیرنا** (متعدی) تلوار سے گلا کاٹنا۔ **تلوار حمائل رکھنا** (متعدی) تلوار گلے میں لٹکانا۔ **تلوار درمیان رہیں رکھ کر سونا** (لازم) مرد کا اپنے اور عورت کے درمیان تلوار رکھ لینا تاکہ وصل میں روک رہے۔ یہ ایسے وقت برتا جاتا ہے جب عاشق و معشوق بلا شادی اکٹھے ہوں۔ مانع وصل ہونا۔ **تلوار دکھانا** (متعدی) ڈرانا۔ قتل کی دھمکی دینا۔ **تلوار زیب کمر کرنا** (متعدی) تلوار باندھنا۔ تلوار کمر میں لگانا۔ **تلوار سونتنا** (متعدی) تلوار میان سے نکالنا۔ تلوار کھینچنا۔ **تلوار سے دو ٹکڑے کرنا** (متعدی) تلوار کا وار کر کے دو حصوں میں کاٹ دینا۔ **تلوار عرش پر رہے) جھولنا** (لازم) شمشیر زنی میں عروج پانا۔ تیغ زنی کی شہرت ہونا۔ **تلوار کا آری بننا** (لازم) بہت دیر تک تلوار سے لڑنے پر تلواروں پر دندانے پڑ جاتے ہیں۔ مجازاً سخت جنگ ہونا۔ **تلوار کا ابر** (مذکر) تلوار کے اُوپر جو زنگاری خطوط بنے ہوتے ہیں۔ **تلوار کا بال** (مذکر) تلوار کی دھار۔ **تلوار کا بل** (مذکر) تلوار کی کجی۔ **تلوار کا پانی** (مذکر) ۱۔ تلوار کی کاٹ یا تیزی ۲۔ تلوار کی آبداری۔ **تلوار کا پانی پلانا** (متعدی) تلوار سے زخمی کرنا۔ **تلوار کا پٹھا** (مذکر) تلوار کی دھار کی مخالف طرف جو چوڑی ہوتی ہے۔ **تلوار کا پھل** (مذکر) تلوار کا کاٹنے والا حصہ۔ **تلوار کا جوہر** (مذکر) ۱۔ تلوار کی آب و تاب۔ تلوار کے بدنی نقوش ۲۔ تلوار کی خوبی۔ **تلوار کا چھالا** (مذکر) داغ جو تلوار میں پڑ جائے۔ **تلوار کا دندانہ** (مذکر) تلوار کی دھار خراب ہو کر آرے کی طرح ہو جائے تو اُونچی جگہ کو دندانہ کہتے ہیں۔ **تلوار کا دھنی** (مذکر) تلوار سے بہت اچھی طرح لڑنے والا۔ بہادر۔ سورما۔ **تلوار کا دونوں باگوں سے کسنا** (مذکر) تلوار کو دوہرا کر کے دونوں سرے ملا دینا۔ **تلوار کا ڈورا** (مذکر) ۱۔ دھار۔ باڑھ ۲۔ ایک دھاگا یا چمڑا جسے تلوار کے نیام کو پیٹی کے ساتھ باندھ دیتے ہیں۔ **تلوار کا رومال** (مذکر) وہ کپڑا جو تلوار کے قبضے میں سجاوٹ کے لئے باندھتے ہیں۔ **تلوار کاری پڑنا** (لازم) تلوار کا پوری طرح کاٹ کرنا۔ **تلوار کا سبزہ** (مذکر) ۱۔ وہ سبزی جو تلوار ہلانے میں پھل میں نظر آتی ہے ۲۔ وہ سبزی جس کی اچھے لوہے یا فولاد کو گرم کریں تو جھلک نظر آتی ہے۔ **تلوار کا قبضہ** (مذکر) وہ دستہ جو تلوار پکڑنے کے لئے اس کے اُوپر کے سرے پر لگاتے ہیں۔ **تلوار کا قبضہ چومنا** (متعدی) تلوار لے کا تلوار نکال کر لڑنے سے پہلے قبضے کو بوسہ دینا۔ **تلوار کا کاٹ** (مذکر) تلوار کا کاٹنے کی قوت یا تیزی۔ **تلوار کا کاٹنا** (متعدی) ۱۔ تلوار میں کاٹ کا ہونا ۲۔ تلوار کا چیز کو دو ٹکڑے کر دینا۔ **تلوار کا کسنا** (لازم) تلوار کا خم ہونا۔ لچکنا جھکنا۔ **تلوار کا کھیت** (مذکر) میدان جنگ۔ **تلوار کا گھاٹ** (مذکر) وہ جگہ جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔ **تلوار کا گھاٹ سے پڑنا** (لازم) تلوار کا اس جگہ سے پڑنا جہاں سے خم شروع ہوتا ہے۔ **تلوار کا لعاب** (مذکر) دیکھو تلوار کا پانی۔ **تلوار کا مالا** (مذکر) تلوار کا جوہر۔ **تلوار کا منہ** (مذکر) تلوار کی باڑھ۔ **تلوار کا مینہ برسانا** (متعدی) **برسنا** (لازم) بہت شمشیر زنی ہونا۔ **تلوار کا وار** (مذکر) تلوار کا حملہ (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **تلوار کا ہاتھ** (مذکر) تلوار کا حملہ (دینا لگانا کے ساتھ)۔ **تلوار کِرِ جانا** (لازم) تلوار میں دندانے پڑ جانا۔ **تلوار کرنا** (متعدی) تلوار سے حملہ کرنا یا لڑنا۔ شجاعت یا بہادری دکھانا۔ تلوار مارنا۔ **تلوار کسانا یا کسنا** (لازم) تلوار کا لچکنا یا خم ہونا۔ **تلوار کو پھاڑنا** (متعدی) پتھر پر مار کر آگ پیدا کرنا۔ **تلوار کو پتھر چٹانا** (متعدی) تلوار کو تیز کرنا۔ **تلوار کو پتھر سے رگڑنا** (متعدی) آگ پیدا کرنے کے لئے تلوار کو پتھر پر زور سے گھسنا۔ **تلوار کو خالی دینا** (متعدی) تلوار کے وار سے بچنا۔ **تلوار کو میان میں کرنا** (متعدی) ۱۔ تلوار کو نیام میں ڈالنا ۲۔ قتل سے باز آنا۔ لڑائی بند کرنا۔ **تلوار کھنچ جانا یا کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) تلوار سونتنا۔ **تلوار کی آب** (مونث) تلوار کی چمک یا آبداری۔ **تلوار کی آنچ** (مونث) تلوار کی چمک۔ گرمی یا تیزی۔ **تلوار کی باڑ یا دھار** (مونث) دم شمشیر۔ وہ باریک تیز کنارہ جو کاٹتا ہے۔ **تلوار کی جھنکار** (مونث) تلواروں کے ٹکرانے کی آواز۔ **تلوار کی چمک** (مونث) تلوار کی آبداری۔ **تلوار کے قبضے پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) تلوار نکالنے کے لئے اس کے قبضے کو پکڑنا۔ **تلوار کے گھاٹ اُتارنا** (متعدی) مار ڈالنا۔ تلوار سے قتل کر ڈالنا۔ **تلوار کے مُنہ** (ننف) تلوار کی باڑھ سے۔ تلوار سے۔ **تلوار کی موت** (مونث) تلوار سے قتل ہونا۔ **تلوار کی ناب** (مونث) تلوار کی چوڑی طرف کا لمبا نشان جو نوک سے قبضے تک دونوں طرف ہوتا ہے۔ **تلوار کے ہاتھ** (مذکر) تلوار چلانے کے طریقے۔ **تلوار کے حملے** (بتانا۔ دکھانا۔ لگانا کے ساتھ)۔ **تلوار گر جانا** (لازم) بہادری جاتی رہنا۔ نامرد ہو جانا۔ ہار جانا۔ **تلوار گھسیٹنا** (متعدی)

تلوار میان سے نکالنا ۔ **تلوار لگانا** (متعدی) تلوار سے حملہ کرنا ۔ **تلوار لئے پھرنا** (لازم) لڑنے کے لئے آمادہ یا تیار رہنا ۔ **تلوار مارنا** (متعدی) تلوار کا وار کرنا ۔ تلوار سے حملہ کرنا ۔ **تلوار منہ پر کھانا** (متعدی) تلوار کے وار سے منہ نہ پھیرنا ۔ **تلوار میان (نیام) سے کھینچنا** ۔ **نکال لینا** ۔ **نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) تلوار میان سے باہر آنا ۔ تلوار سونتی جانا ۔ لڑنے کو تیار ہونا **تلوار میان (نیام) سے نکلی پڑنا** (لازم) ہر وقت لڑنے کے لئے آمادہ یا تیار رہنا ۔ **تلوار میان (نیام) میں کرنا** (متعدی) ۱ تلوار کو غلاف میں رکھنا ۲ لڑنے سے باز رہنا ۔ یہ محاورات بغیر میں بھی استعمال ہوتے ہیں ۔ **تلوار میں بال آجانا** (لازم) تلوار کا ٹوٹ جانا ۔ مگر اس طرح کہ اس کے ٹکڑے علیحدہ نہ ہوں ۔ **تلوار میں چھالے پڑنا** (لازم) تلوار میں جگری داغ پڑنا ۔ **تلوار میں کاٹ ہونا** (لازم) تلوار کا اس قدر تیز ہونا کہ جس چیز پر پڑے اس کو کاٹ دے ۔ **تلواروں** (مونث) تلوار کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ **تلواروں پر رکھ لینا** (متعدی) تلواروں سے حملہ کرنا ۔ **تلواروں کا لہریں لینے لگنا** (لازم) لڑائی میں تلواروں کا چلنا ۔ **تلواروں کی چھاؤں (کے سائے) میں** (تف) ۱ دوران جنگ میں ۲ بہادر قوموں میں ۳ تلواروں کی حفاظت میں ۔ تلواروں کے اثر میں ۴ کمال حفاظت میں ۔ **تلواروں کی محراب** (مونث) یہ انگریزی محاورہ ہے ۔ جب کسی فوجی افسر کی شادی ہوتی ہے تو رسم نکاح کے بعد جب دولھا دلہن گرجے سے نکلتے ہیں تو دروازے پر بہت سے افسران تلواریں نکال کر آمنے سامنے کھڑے ہو کر تلواروں کے کونوں کو اونچا ملا کر محراب سی بنا دیتے ہیں ۔ اور دولھا دلہن اس کے نیچے سے گزرتے ہیں ۔ **تلوار یا** (مذکر) ۱ تلوار چلانے والا ۔ تلوار سے لڑنے والا ۔ شمشیر زن ۔ تیغ زن ۲ بہادر ۔ شجاع ۔ **تلواریں** (مونث) تلوار کی جمع ۔ **تلواریں نیام میں ہو جانا** (لازم) صلح ہو جانا ۔

امثال و اقوال

تلوار تو پٹ پڑی نیمچہ کاٹ (کام) کر گیا ۔ جو کام بڑے سے نہ ہوا ۔ وہ چھوٹے نے کر لیا ۔ **تلوار سے پانی جدا نہیں ہوتا** ۔ ایک خاندان کے آدمی گو آپس میں جھگڑتے ہیں ۔ بوقت ضرورت اکٹھے ہو جاتے ہیں ۔ **تلوار کا زخم بھر جاتا ہے بات کا نہیں بھرتا** ۔ دیکھو تلوار کا گھاؤ الخ ۔ **تلوار کا کھیت ہرا نہیں** ۱ جس جگہ جنگ ہو چکی ہو وہاں کاشتکاری نہیں ہو سکتی ۲ جو شہر یا ملک لڑائی کی وجہ سے برباد ہو جائے وہ پھر کبھی آباد نہیں ہوتا ۔ **تلوار کا گھاؤ بھر جاتا ہے (بات) زبان کا نہیں بھرتا** ۔ طعن و تشنیع کا اثر دل پر سے کبھی نہیں جاتا ۔ کسی کی رنجیدہ بات کبھی نہیں بھولتی ۔ **تلوار کی آنچ بری ہوتی ہے** ۔ تلوار سے سب ڈرتے ہیں کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا ۔ **تلوار کی آنچ کے سامنے کوئی برلا ہی ٹھہرتا ہے** تلوار کے مقابلے پر بہادر ہی ٹھہرتا ہے ۔ **تلوار کے تلے (نیچے) دم لینے دو** ۔ ذرا انتظار کرو ۔ جو دم بچے غنیمت ہے ۔ **تلوار کی مار ایک بار احسان کی مار بار بار** ۔ دیکھو تلوار مارے الخ ۔ **تلوار گری پر جا پھری** ۔ نالائق اور بزدل حاکم سے رعایا باغی ہو جاتی ہے ۔ بغیر تلوار اور طاقت کے رعایا قابو میں نہیں رہتی ۔ **تلوار مارے ایک بار احسان مارے بار بار** ۔ احسان آدمی کبھی اتار نہیں سکتا ۔ اس کا بوجھ ہمیشہ رہتا ہے ۔ جس نے احسان کیا ہو وہ اس کی یاد دہانی ہمیشہ کرتا ہے ۔

تلواس (مونث) **تلواسہ** (ف ۔ مذکر) ۱ بے چینی ۔ بے قراری ۔ گھبراہٹ ۔ اضطراب ۲ غم ۔ رنج ۔ تکلیف ۳ حیرانی ۔ پریشانی ۔ حیرت ۔

تلواسنا (ہ ۔ لازم) تلووں کا بہت سخت زمین پر چلنے سے گھس جانا ۔

تلوال (ہ ۔ صفت) قیمتی ۔ وزنی (دہلی)

تلوانسا (ہ ۔ مذکر) تلوے کا زخم ۔

تلوانسا (ہ ۔ صفت) ٹیڑھا ۔ جھکا ہوا یا اس طرح رکھا ہوا کہ چراغ کا تیل بتی کے قریب رہے (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ)

تلوتما (س ۔ عص) ایک اپسرا یہ اصل میں برہمن عورت تھی ۔ مگر بیوقت نہانے کے جرم میں اگلے جنم میں اپسرا پیدا ہوئی ۔ اور سندہ اور اپسندہ دیتوں کے قتل کا موجب ہوئی ۔

تلود (ع ۔ مذکر) پرانا یا قدیمی قبضہ ہونا ۔ وراثت میں ملنا ۔

تلور (س ۔ مذکر) تلیر ۔

تلوری (ہ ۔ مونث) ایک چھوٹا خوش آواز پرندہ ۔

تلوریا (ہ ۔ مذکر) ۱ تلوار چلانے والا ۔ تیغ زن ۔ شمشیر زن ۲ (ہ ۔ مونث) تلوار ۔ شمشیر (تلوار سے) **تلوریا ہے** ۔ بڑا بہادر ہے ۔

امثال و اقوال

تلوریا واکو مت کہو جو کھانڈا لے کر ہاتھ ۔ رن سے بھاگے اکیلا چھوڑ ٹول کا ساتھ (ہ) جو میدان جنگ سے ساتھیوں کو چھوڑ کر تلوار ہاتھ میں لئے بھاگ جائے اُسے تلوریا نہیں کہنا چاہئے ۔ **تلوریا وہی بھلا جو رن میں ہاتھ دکھائے ۔ بیری کے ٹکڑے کرے اور آپ ترت بچ جائے** (ہ) تلوریا وہ ہے جو لڑائی میں دشمن کو قتل کرے اور خود بچ جائے ۔

تلوّن (ع ۔ مذکر) ۱ رنگ بدلنا ۲ چنچل پن ۔ چھچھورپن ۔ اوچھا پن ۳ ایک حالت یا بات پر قائم نہ رہنا ۔ بے ثباتی ۴ بے آرامی ۔ بے چینی ۔ **تلوّن تاب** (مت) (لون ۔ انگ کرنا)

تلوّن خیز (صفت) ایسی طبیعت کے لئے آتا ہے جو ایک حالت پر نہ رہے۔
تلوّن مزاج (صفت) وُہ جو ایک بات پر قائم نہ رہے۔ غیر مستقل مزاج۔ متلوّن مزاج۔
تلوّن مزاجی (مونث) غیر مستقلی۔ بے استقلالی۔
تلوکارا (س۔عص) کینا اپنشد کا نام۔
تلونڈا۔ تلونہار (ھ۔ صفت) تیل کی طرف جھکا ہوا (دیا) تلوانسا۔
تلویا (ھ۔ مذکر) تولنے والا۔ تولا دار۔
تلویث (ع۔مونث) گندہ کرنا۔
تلویح (ع۔مونث) ۱ زرد بنانا ۲ گرم کرنا ۳ کپڑوں کو چمکدار بنانا ۴ تلوار کو صیقل کرنا ۵ اشارہ یا کنایہ کرنا۔
تلوین (ع۔ مونث) ۱ رنگ کرنا ۲ مختلف ہونا۔
تلّہ (ع۔ مذکر) بربادی۔ تباہی۔
تلہ (ف۔ مذکر) سونے کا نار۔
تلہار (ھ۔صفت) چکنا۔ روغنی۔ تیل سے لتھڑا ہوا۔ **تلہائی** (مونث) چکنائی۔
تلہّب (ع۔ مذکر) جلنا۔ دہکنا
تلہرو (ھ۔ صفت) ۱ ماتحت۔ کم درجہ کا ۲ (مذکر) ماتحت شخص۔
تلہّف (ع۔ مذکر) ۱ واویلا کرنا ۲ رونا ۳ افسوس کرنا پچھتانا۔
تلّی (ع۔ صفت) تلیل کی جمع۔ افتادہ۔ گرا ہوا۔
تلی (ہ۔مونث) ۱ پیندا۔ تلا ۲ جوتے کا تلا ۳ اُونٹ کا پاؤں ۴ سفوف۔
تلی جھاڑ (ھ۔مونث) مکمل صفائی
تلے (ہ۔ تف) ۱ نیچے۔ پائیں۔ زیر۔ تحت۔ زمین پر۔ **تلے آنا** (لازم) ۱ نیچے آنا۔ اُوپر سے اُترنا (کسی چیز کے) ۲ ماتحت ہونا۔ محکوم ہونا ۳ نقصان اُٹھانا۔ غریب ہو جانا ۴ کسی چیز کے نیچے گر پڑنا۔ کسی چیز کے نیچے دب جانا ۵ کسی چیز کے سائے میں آجانا ۶ زنا یا اغلام کرانا۔ **تلے اُوپر**۔ پے درپے۔ لگاتار۔ متواتر۔ درہم برہم۔ تہ و بالا (ہونا کے ساتھ) **تلے اُوپر کے**۔ وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوں۔ **تلے پڑنا** (لازم) ۱ زمین پر لیٹنا ۲ نیچے لیٹنا۔ آگے پڑنا ۳ زنا یا اغلام کرانا **تلے تلے دیکھنا**۔ نیچی نظروں سے دیکھنا۔ آنکھ چُرا کر دیکھنا۔ **تلے کا پاٹ (پتھر) بھاری ہے**۔ بیوی زبردست ہے۔ **تلے کا دم تلے رہ گیا اُوپر کا اُوپر**۔ کوئی بُری خبر سننے کے موقعے پر کہتے ہیں۔ **تلے کے دانت تلے اُوپر کے اُوپر رہ جانا** (لازم) حیرت سے مُنہ کھلا رہ جانا۔ **تلے کے سانس تلے اُوپر کے سانس اُوپر**۔ حیران رہ جانے کے موقعہ پر بولتے ہیں۔ **تلے کی دُنیا (زمین) اُوپر ہونا** (لازم) تہ و بالا ہونا۔ گڑبڑ ہو جانا ۔ انقلاب عظیم ہونا۔ تلے کی زمین اوپر کر دینا۔ گڑبڑی مچا دینا۔ گھبرا دینا۔

امثال و اقوال۔ **تلے پڑی کا مول کیا**۔ جو چیز قبضے میں ہو اس کی قدر نہیں ہوتی۔ **تلے تیس اوپر بیس**۔ تہ و بالا ہونے کے موقعہ پر کہتے ہیں۔ **تلے ٹانگ اُوپر مانگ**۔ غریب بانکا۔ ٹانگوں سے ننگا اُوپر مانگ نکلی ہوئی۔ **تلے دھرتی اُوپر رام** قسم کھانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **تلے گھیرا اُوپر سہرا**۔ گھیرا چھلّے کو کہتے ہیں۔ ایسی شادی پر طنز ہے۔ جس میں لڑکی کو زیور کچھ نہ ملے۔

تلی (ھ) دیکھو تیلی۔
تلی (ہ۔مونث) ۱ ایک اندرونی عضو جو انسانوں میں معدے کے بائیں جانب ہوتا ہے۔ یونانی طب کے بموجب سودا پیدا کرتا ہے۔ انگریزی طب میں ابھی ٹھیک طور پر اس کا اثر معلوم نہیں ہوا بخار میں بڑھ جاتا ہے ۲ طحال۔ تل۔ گندگی۔ ۳ کف پائے شتر مرغ۔ **تلی کا بڑھنا**۔ بخار کی وجہ سے تلی بڑی ہو جانا۔ **تلی کا نبل** (مذکر) میٹھا تیل۔
تلی (ہ۔ مونث) جولاہوں کی کوچی۔ مصوّر کی کوچی۔ ایک سلاخ۔ جسے پگھلتی ہوئی دھات میں ڈال کر دیکھتے ہیں کہ اچھی طرح سب پگھل گئی ہے یا نہیں۔ تیلی۔ چھوٹا ترازو۔
تلیا (ہ۔مذکر) تلاؤ کی تصغیر۔ چھوٹا تالاب
تلبنا (س۔ مذکر) برابری۔ مشابہت مطابقت۔
تلیٹی (ھ۔ مونث) ۱ کسی چیز کا تلا ۲ دریا کا راستہ ۳ کمرے کا فرش ۴ سوادِ شہر۔ شہر کا گرد و نواح ۵ دامنِ کوہ۔
تلید (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو غیر مُلک میں پیدا ہو اور اپنے وطن میں تربیت پائے ۲ جدی جائداد۔
تلیدانی (ھ۔مونث) تلادانی۔
تلیر (ھ۔ مذکر) تلیر (ھ) ایک چھوٹا پرند جو ٹڈی کو بہت مارتا ہے۔ اور توت کے موسم میں آتا ہے۔
تلیس (ع۔مذکر) پالان۔
تلیا (ھ۔ مذکر) قمری۔ فاختہ۔
تلینچا (ہ۔ مذکر) چھت کا اونچان (اصطلاح معماراں)
تلینڈو (ہ۔صفت) تابعدار۔ فرمانبردار۔ مطیع۔
تلینڈی (ھ۔مونث) ہولی کا تیسرا دن۔
تلینی (ھ۔مونث) ایک قسم کا بھونرا۔
تُلیہ (س۔صفت) ۱ برابر۔ تُلا ہوا ۲ کافی ۳ مانند۔ ملتا جلتا۔ ہمشکل ہشبیہ ۴ اسی قسم کا ۵ وہی ۶ بے غرض۔ بے مطلب۔ **تلیہ بل** (صفت) برابر کی طاقت کا۔ **تلیہ پان** (صفت) اکٹھے پینے والے۔
تلیین (ع۔ مونث) نرم کرنا۔
تم (س۔ مذکر) دیکھو تمس۔
تمّ (ع۔ ماضی) ختم یا تمام ہو گیا ہے۔ مکمل ہو گیا ہے۔ (تمّت) ختم ہونا۔ **تمّ الکتاب**۔ کتاب ختم ہو گئی ہے۔ **تمّت**۔ ختم ہوئی۔ **تمّت بالخیر**۔ خیریت سے ختم ہوئی۔ آخری دونوں عموماً کتاب کے اخیر میں لکھتے ہیں۔
تِم (س۔مذکر) ۱ ایک قسم کی بڑی مچھلی ویل مچھلی ۲ دُورز کا ایک بیٹا ۳ (مونث) دکش کی ایک بیٹی جو کشیپ کی ایک بیوی اور سمندر کے بڑے جانوروں

کی ماں تھی۔

تُم (۱) ضمیر، جمع مخاطب۔ ایک شخص کے لئے بھی بجائے تو بولا جاتا ہے۔ اور عزت سے خطاب کرنے کا کلمہ ہے۔ اس سے زیادہ عزت کرنی ہے۔ تو آپ پھر جناب اور پھر حضور کہتے ہیں۔ تم آپ۔ تم خود۔ تاکید کے لئے۔ تم آگ کے جلے ہوئے کو سینکتے ہو۔ آفت رسیدہ کو اور زیادہ تکلیف دیتے ہو۔ تم اور جلے گھاؤ میں مرچیں لگانے۔ ایک تو تکلیف تھی ہی تم اور تکلیف دینے لگے۔ تم ایسے۔ تم جیسے بہتوں کو میں چرا چکا ہوں۔ میں نے تمہارے جیسے بہت دیکھے ہیں۔ اور تم سے زیادہ چالاک ہوں۔ تم بھی کیا ہو۔ کہنا کچھ کرنا کچھ۔ سامنے کچھ پیچھے کچھ۔ تم پوچھنے والے کون؟ جب کوئی ناواقف شخص کسی سے بے تکلفی سے کوئی بات پوچھے تو غصے میں کہتے ہیں۔ کبھی پیار سے بھی کہتے ہیں۔ تم تنو (ھ) تمہارا۔ تم تو آسمان کے قلابے ملاتے ہو۔ مقدور سے زیادہ باتیں کرتے ہو۔ گپیں ہانکتے ہو۔ تم تو اپنی ہی گاتے ہو۔ اپنی ہی مطلب کی کہے جاتے ہو۔ تم سال (ن ف) تم سے۔ تم سے خدا بچائے (پناہ میں رکھے۔ تمہاری شرارتوں سے خدا محفوظ رکھے۔ تم کو بھی جوئیں لگ گئیں۔ تمہیں بھی غرور ہو گیا۔ تم کو قسم ہے۔ دوسرے سے کوئی بات کرانے یا کسی بات سے روکنے کے موقع پر کہتے ہیں تم کہاں جاؤ گے ست جاؤ۔ تم کہیں اور رہیں ہم کہیں۔ علیحدہ ہو جانا۔ پھر ملنے کا موقع نہیں ملے گا۔ تم کیا قاضی ہو۔ تم کو اس معاملے سے کیا تعلق۔ تم کیوں دخل دیتے ہو۔ تم کیا ہو۔ حقیقت ہو۔ کچھ بھی نہیں۔ تم نوں۔ تم کو (مت) تمنے۔ تم کی بجائے متعدی افعال کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ تمنے سوں۔ تم سے (مت)۔ تمنے کوں۔ تم کو (مت) تمہارا لہم سب کا۔ ایک آدمی کے لئے عزت کے طور پر بولتے ہیں۔ تمہارا سر (کلیجہ) جب کوئی شخص کم رتبہ یا برابر کا کوئی غلط بات کہے تو کہتے ہیں۔ بالکل غلط ہے۔ جھوٹ ہے۔ کیا کرتے ہو کہ جواب میں بھی بعض وقت غصے سے کہتے ہیں۔ تمہارا دماغ چل گیا ہے۔ تم بڑے مغرور ہو گئے ہو۔ تمہارا کیا بوتا (حوصلہ) ہے۔ تمہاری کیا مجال ہے کہ ہمارا مقابلہ کرسکو۔ تمہارا کیا کلیجہ (منہ) ہے۔ کہ بولو۔ ہمارے سامنے بولنے کی تمہاری مجال نہیں۔ تمہاری (ضمیر مونث) تمہارا کی۔ تمہارے۔ تمہارا کی جمع۔ تمہاری بات کاٹتا ہوں۔ کسی کی بات ختم ہونے سے پہلے کوئی اور بات شروع کرے۔ تو معافی کے طور پر کہتا ہے۔ تمہاری بلا جانے (عو) نہیں کیا پتہ ہے۔ تمہیں معلوم نہیں ہو سکتا۔ کسی کے پوچھنے پر اگر وہ بات معلوم نہ ہو تو کہتے ہیں۔ تمہارے سر کی قسم۔ قسم پر زیادہ زور دینے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تمہارے سوا میرے اور کون بیٹھا ہے۔ جب کسی سے کوئی کام کرانا ہو تو کہتے ہیں۔ تمہاری سوں (قسم) بعض لوگوں کا تکیہ کلام ہوتا ہے۔ تمہاری کیا بساط (طاقت یا مجال) ہے۔ تم ہمارے مقابلے کی طاقت نہیں رکھتے تمہاری کیا حیثیت ہے۔ تم بالکل بے حیثیت آدمی ہو۔ تمہارے منہ کون لگے۔ تمہارے ساتھ کون جھگڑا کرے۔ تم ہو کس لائق۔ تمہاری کیا مجال ہے۔ کہ تم ہمارا مقابلہ کرسکو۔ تم ہی بڑے باپ کے بیٹے سہی۔ تم ہی بڑے درجے کے سہی۔ تم ہی غم کھاؤ تم ہی عمل کرو تم ہی جانے دو۔ تم ہی نقصان اٹھاؤ۔ تمہیں۔ تم ہی۔ تمہیں۔ تم کو۔ تمہیں بھی دیکھا (دیکھ لیا) کہتے کچھ ہو کرتے کچھ ہو۔ تمہارے قول و فعل کا اعتبار نہیں۔ تمہیں تم ہو۔ تمہارا بڑا رسوخ ہے۔ تم سب کچھ ہو۔ تمہیں جانو گے۔ تمہارے حق میں اچھا نہ ہوگا۔ تمہیں کیا۔ تم مت دخل دو۔

امثال و اقوال تم انت گئے ہم انت کرلیوا ماڑوں چوں کو تن نے کھایو (ھ) آپس کی لڑائی میں دوسرے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ تم بڑا تنا کاتتی ہو (ھ) تم بڑی کنجوس ہو۔ تم بھی کورے چالیس سیرے بیوقوف ہو۔ تم بے حد بیوقوف ہو۔ تم بھی کہو گے کوئی مجھے جورو کرے۔ اسے کہتے ہیں جسے اپنی لیاقت کا گھمنڈ ہو۔ تم بھی کہو گے مجھے چرخہ لے دے۔ کوئی بیوقوفی کی بات کہے تو کہتے ہیں۔ تم تو زمین و آسمان کے قلابے ملاتے ہو۔ تم اپنی حیثیت سے زیادہ باتیں بناتے ہو۔ تم تو بڑھ بڑھ کے باتیں بناتے ہو۔ تم تو جب ماں کے پیٹ سے بھی نہیں نکلے ہوگے۔ تمہارے پیدا ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ بہت پرانی بات ہے۔ تم تو عقل کے پیچھے لٹھ لئے پھرتے ہو۔ کوئی بیوقوفی یا نقصان کا کام کرے تو کہتے ہیں۔ تم تو کچھ جانتے ہی اوندھے منہ دودھ پیتے ہو۔ بچوں کی سی باتیں کرتے ہو۔ تم (تو) مجھے چھیڑو گے۔ دوسرے کو کوئی بات جو اس کے خیال میں نہ ہو جتانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تم تو نام خدا انگلی پکڑتے پہنچا پکڑتے ہو۔ (عو) جب کوئی ذرا سے التفات سے بے تکلف ہو جائے تو کہتی ہیں۔ تم تھوکتے ہو ہم تھوکتے بھی نہیں۔ تم یہ کام کرسکتے ہو۔ مگر ہماری خاندانی غیرت ایسا کام کرنے سے مانع ہوتی ہے۔ تم جانو تمہارا کام جانے۔ جو چاہو کرو ہم دخل نہیں دینے کا۔ تم جیسے سینکڑوں (مارے مارے) پھرتے ہیں۔ تم کیا چیز ہو۔ تم بہت معمولی آدمی ہو۔ تمہاری کیا پرواہ ہے۔ تم کاٹو میری ناک اور (کان) کانی۔ میں نہ چھوڑوں اپنی (بان) بانی۔ جہاں عورت زباندراز ہو اور روز میاں سے مار کھائے۔ تو کہتے ہیں۔ تم کس کھیت (کے تھوے) کی مولی ہو۔ تم بالکل ناچیز ہو۔ تمہاری حیثیت کچھ نہیں۔ تم کو ہمی انیک ہیں ہم کو تم سا ایک۔ روی کو کنول انیک ہیں کنول کو روی ایک (ھ) بادفا بیوی اپنے خاوند سے کہتی ہے۔ کہ تمہارے لئے تو میرے جیسی بہت عورتیں ہیں۔ مگر میرے لئے تم ایک ہی ہو۔ جیسے سورج کے لئے کنول بہت ہیں۔ مگر کنول کے لئے سورج ایک ہی ہے۔ تم کیوں پھٹے میں پاؤں دیتے ہیں۔ تم کیوں دوسروں کے جھگڑے میں دخل دیتے ہو۔ تم نے اڑائیں ہم نے بھون بھون کھائیں۔ ہم تم سے زیادہ چالاک ہیں۔ اور ہم تمہاری چالیں سمجھتے ہیں۔ تم نے کہا اور میں نے (ہم نے) مان لیا تمہارا کوئی اعتبار نہیں۔ تمہارا مال سو ہمارا مال ہمارا مال سو نہیں ہیں۔ خود غرض آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو دوسروں کا مال تو ہضم کر جائے۔ اور اپنی دفعہ ہنس کے ٹال دے۔ تمہاری ایڑی میں کیا لگا ہے۔ نظر بد سے بچنے کے لئے یہ کہتے ہیں۔ تمہاری بات اٹھائی جائے نہ دھری جائے۔ تمہاری بات تھل کی نہ بیڑے کی۔ تمہارا کوئی اعتبار نہیں۔ تم بہت بے اعتبارے آدمی ہو۔ تمہاری بات پر بھروسہ نہیں کیا جاسکتا۔ تمہاری برابری وہ کرے (ٹانگ اٹھا کر موتے) جو دوڑتے ہرن کو پکڑنے۔ جو اپنی تعریف کرے اسے مذاقاً کہتے ہیں۔ تمہارے (پان) منہ کا اگال۔ ہمارے پیٹ کا ادھار جو چیز تمہارے کام کی نہیں وہ ہمارے لئے کافی ہے۔ تمہارے پیٹ میں چینٹے کی گانٹھ ہے۔ بہت کم کھانے والے کو کہتے ہیں۔ تمہاری جوتی اور تمہارے ہی سر۔ تمہارا مال ہی تم پر خرچ ہو رہا ہے۔ تمہارے فرشتوں کو بھی خبر

نہیں ہے۔ تمہیں کچھ پتہ نہیں ہے۔ تمہیں معلوم ہی نہیں ہوتا ہے۔ تمہارے لڑکے بھی کبھی پاؤں (گھٹنوں) چلیں گے ! تم بھی اپنا وعدہ کبھی کروگے؟ تم بھی کبھی سچ بولوگے۔ تم بھی کبھی راہ راست پر آؤگے۔ تمہارے مرے دیس خاک ہمارے مرے دیس پاک۔ فروتنی اور عاجزی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ تمہارے مرے دیس پاک ہمارے مرے دیس خاک۔ شیخی مارنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تمہارے منہ میں خاک۔ جب کوئی بری بات کہے یا حیثیت سے زیادہ مانگے تو کہتے ہیں۔ تمہارے منہ میں کے دانت ہیں یہ تو کوئی پوچھتا ہی نہیں۔ نہایت اچھے ملکی انتظام کے موقع پر کہتے ہیں۔ تمہارے منہ میں گھی شکر۔ کوئی حسب خواہش بات کرے تو کہتے ہیں۔ تمہارے نیوتے بھی کبھی (اگھاتے ہیں) نہیں کھاتے۔ تمہارا وعدہ کبھی پورا نہیں ہوتا۔ تمہارے ہی دو توڑ نظر آتے ہیں۔ ایک تمہیں میں زور معلوم ہوتا ہے۔ تمہاری یہ راہ ہماری وہ راہ ! ہمارا تمہارا کوئی تعلق نہیں ۲ کوئی پروا نہیں۔ تم ہمیں بلاؤگے تو کیا کھلاؤگے۔ تم ہمارے گھر آؤگے تو کیا لاؤگے۔ ہر حال میں اپنے ہی نفع کا خواستگار ہونا۔

تَمّار (ھ۔ مذکر) گرمی۔ تیزی۔

تَماثُل (ع۔ مذکر) ! برابر ہونا ۲ مشابہ ہونا۔ مانند ہونا ۳ جائداد کے برابر حصے (مثل ۔ مانند ہونا)

تَماثِیل (ع۔ مذکر) تمثال کی جمع ! تصویریں۔ مورتیں ۲ فرمانِ شاہی۔ تماثیلِ طلا (مذکر) سونے کی تصویریں یا مورتیں۔

تماچا۔ تماچہ (ہ۔ مذکر) دیکھو تمانچہ۔ مثل۔ تماچا مارے منہ لال رکھتے ہیں ! جن کو نقصان پہنچایا گیا ہو وہ کبھی نہیں بولتے ۲ ان لوگوں کے متعلق بھی کہتے ہیں، جو اپنی غربت ظاہر نہیں ہونے دیتے۔

تماخرا (ہ)، تماخرہ (ف۔ مذکر) غالباً تمسخر کا بگڑا ہوا ہے۔ مذاق ہنسی۔ دل لگی۔ ٹھٹھا۔ چھیڑ چھاڑ۔ ٹھٹھولی۔ تمسخر۔ کھلی۔

تماخورہ (مذکر) تماکو (فف)

تَمّار (ع۔ مذکر) ! کھجور بیچنے والا ۲ دوا فروش۔

تَمارُض (ع۔ مذکر) ! بیماری کا بہانہ کرنا۔ بیار بننا (کرنا کے ساتھ) ۲ (مرض۔ بیمار ہونا)

تَمارِی (ع۔ مونث) ! شک کرنا ۲ لڑنا۔ جھگڑنا۔

تَمازَت (ع۔ مونث) گرمی۔ گرمی کی تیزی یا شدت۔ تمازتِ آفتاب۔ سورج کی گرمی

تَمازُح (ع۔ مذکر) ایک دوسرے سے چہل کرنا۔

تَماس (ع۔ مذکر) ! ایک دوسرے کو چھونا ۲ میل۔ اتصال۔ لمس۔ (مسّ۔ چھونا)

تَماسُخ (ع۔ مذکر) ! ہیت بدلنا صورت بدلنا ۲ تناسخ۔ آواگون۔ ملول ۳ منانا۔ اڑانا۔ چھیلنا۔ (مسخ۔ بدلنا)

تَماسُک (ع۔ مذکر) اپنے آپکو روکنا۔ ضبط کرنا۔

تَماسِیح (ع۔ مونث) تمساح کی جمع۔ گھڑیال۔

تَماش (ع۔ مذکر) تماشا کا مخفف مرکبات میں جیسے تماشبین۔ تماشا (مذکر) ! سیر تفریح ۲ دید۔ نظارہ ۳ مزہ۔ لطف ۴ مجمع۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ ہنگامہ فساد ۵ کھیل۔ بازیچہ ۶ مذاق۔ ٹھٹھا ۷ عجیب بات ۸ نمائش نمود ۹ کیفیت ۱۰ سوانگ۔ ناٹک۔ کرتب۔ نمائش۔ میلا (مشی۔ چلنا) تماشا بنانا (متعدی) ہنسی اڑانا۔ مذاق اڑانا ۲ نقل کرنا۔ سوانگ بنانا۔ تماشا بن جانا (لازم) ایسا ہو جانا کہ لوگ دیکھنے لگیں۔ قابل تضحیک ہو جانا۔ تماشا بیں (صفت) تماشا دیکھنے والا۔ تماشا خانم (مونث) مسخری عورت۔ عجیب قسم کی عورت۔ انوکھی عورت۔ تماشا خانہ۔ کدہ یا گاہ (مذکر) تماشے کی جگہ۔ تھیٹر۔ اکھاڑہ۔ ناچ گھر۔ نقل خانہ ۲ سیرگاہ۔ منظر۔ تماشا خیز (صفت) سیر کرنے والا۔ سیرکناں (ہونا کے ساتھ)۔ تماشا دکھانا (متعدی) دیکھنا (لازم) ! سیر دیکھنا۔ لطف دیکھنا ۲۔ ناٹک وغیرہ دیکھنا ۳ سزا پانا۔ مزا چکھنا ۴ نظارہ دیکھنا تماشا کرنا (متعدی) ناٹک کرنا۔ سوانگ بھرنا۔ کرتب دکھانا۔ تماشا کرنے والا (صفت) ایکٹر۔ بازیگر نٹ۔ بھانڈ۔ مداری۔ تماشا کناں (صفت) تماشا دیکھتا ہوا۔ سیر کرتا ہوا۔ تماشا گاہِ عالم۔ دنیا۔ تماشا گر (مذکر) تماشا کرنیوالا۔ تماشا ہونا (لازم) ! انوکھی یا عجیب بات ہونا ۲ ناٹک وغیرہ ہونا ۳ مزہ ہونا ۴ لطف ہونا۔ مسخرہ ہونا۔ انوکھا بننا۔ تماشائی (مذکر) تماشا دیکھنے والا۔ تماش بین (صفت) ! تماشا دیکھنے والا تماشائی ۲ عیاش۔ بدکار۔ اوباش۔ رنڈی باز۔ تماش بینی (مونث) عیاشی۔ بدکاری۔ رنڈی بازی۔ تماشے (جمع) تماشا کی۔ تماشوں (مذکر) ! تماشا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۲ بجائے تماشا حروف مغیرہ سے پہلے تماشے کا (صفت) عجیب۔ انوکھا۔ تماشے کی بات۔ عجیب یا انوکھی بات۔ تماشے کی باتیں بچے کی ایسی باتیں جن سے جی خوش ہو۔ تماشے کی جگہ (مونث) دیکھو تماشا خانہ (مشی۔ چلنا)

مقولہ۔ تماش بین کو اکس کیا تماشا دیکھنے والا بیکار ہوتا ہے۔ اسے یہ کہنا کہ وہ سستی کرتا ہے۔ فضول بات ہے۔

تماکُو (ہ۔ مذکر) ! تمباکو ۲ لکھنؤ میں کھانے والے تمباکو کو کہتے ہیں۔ زردہ۔

تَمال (س۔ مذکر) ! ذات کا ٹیکا جو ماتھے پر لگایا جائے ۲ ایک درخت کا نام۔

تَمالَک (س۔ مذکر) ایک قسم کا ساگ۔

تَمالُک (ع۔ مذکر) اپنے اوپر قابو رکھنا۔

تَمالی (س۔ مونث) ایک بوٹی کا نام۔

تَمام (ع۔ صفت) ! کل۔ سب ۲ مکمل۔ ختم۔ تیار ۳ کامل۔ خالص۔ پورا ۴ (مذکر) آخیر۔ آخر۔ خاتمہ ۵ ساری چیز۔ (تم۔ ختم ہونا) تمام تر (صفت) ! مکمل طور پر ۲ مطلق۔ محض۔ بالکل۔ تمام شد۔ ختم ہوگیا۔ عموماً کتاب کے خاتمہ پر لکھتے ہیں۔ تمام شہر (مذکر) ! کل شہر ۲ شہر کے تمام باشندے۔ تمام عالم (مذکر) کل جہان۔ تمام عمر (تف) ساری زندگی۔ تمام عیار (صفت) کامل مکار۔ خالص۔ تمام کرنا (متعدی) مکمل کرنا ۲ پورا کرنا ختم کرنا ۳ مار ڈالنا۔ تمام و کمال (صفت) ! مکمل۔ کل۔ سب کا سب ۲ پورے طور سے۔ بہمہ وجوہ ۳ کھول کے۔ پوست کندہ۔ واضح طور پر۔ تمام ہو جانا یا ہونا (لازم) پورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا ۲ ختم ہو جانا۔ خرچ ہو جانا۔ ہو چکنا ۳ مر جانا۔ تمامی (مونث) ! تکمیل ۲ کمال ۳ انجام۔ آخر۔ خاتمہ ۴ کل۔ تمامی ۵ ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔ اطلس۔

تَمانا (ھ۔ متعدی) میلا کرنا۔

کم دینا۔

تُمانا (ھ۔ متعدی) روئی کوصاف کرانا یا کھلوانا۔

تماشچا (ہ۔ مذکر) تماچا۔

تُمائی (ھ۔ مونث) روئی کوصاف کرانے کی مزدوری۔

تَمایُل (ع۔ مذکر) اٹھکنا۔ چلتے ہوئے ایکطرف جھکنا ۲ گردان کرنا۔

تمائم (ع۔ مذکر) تمیمہ کی جمع۔ تعویذ۔

تُمبا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کاکدو۔ تومڑی۔

تَمباکُو (انگ۔ مذکر)۔ ایک پودہ۔ اس کے پتے بڑے بڑے ہوتے ہیں۔ ان کو سکھاکر حقے یا پائپ پر رکھ کر پیاتے۔ سگرٹ یا بیڑیاں بناکر پیتے ہیں۔ بعض لوگ اسے کھاتے ہیں۔ کھانے والے کو لکھنو میں تماکو اور بریلی میں زردہ کہتے ہیں (بونا۔ پینا۔ کھانا کے ساتھ) (امریکہ کے اصلی باشندوں کا لفظ تھا جو ٹوبیکو ہے)۔

تُمبُرو (س۔ عس) ایک گندھرو کا نام۔ دیکھو دراوڑ۔

تَمبُورہ۔ مذکر) اغیمہ ۲ ایک قسم کی مچھلی۔

تَمبورَہ (ہ۔ مذکر) دیکھو تنبورا۔

تَمبول، **تَمبولن**، **تَمبولی** (ہ۔ مذکر) دیکھو تنبول وغیرہ۔

تُمبی (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کالمبا سفید کدو ۲ ایک قسم کاکدو جسے سکھاکر فقیر پانی وغیرہ بھرتے ہیں ۳ سانپ والوں کا باجا۔ بین۔

تَمَتُّت (ع۔ مذکر) دیکھو تحت کے تحت میں۔

تَمَنّت (س۔ صفت) ۱ خواہشمند آرزومند۔ مشتاق۔ شائق۔

تِمِت (س۔ صفت) ۱ گیلا۔ نمدار ۲ بے حرکت ۳ لاپرواہ۔

تَمتام (ع۔ مذکر) ہکلا۔

تَمَتُّع (ع۔ مذکر) ۱ فائدہ اٹھانا یا حاصل کرنا ۲ استعمال کرنا ۳ پھل پانا ۴ فائدہ۔ نفع ۵ خوشی۔ فرحت۔ لذت۔ تمتعات (جمع) تمتعات دنیوی (مذکر) دنیا کے فائدے۔

تَمتَمَ (ع۔ مذکر) ہکلاپا۔ ہکلانا۔ حروف ت اور میم بار بار کہنا۔

تَمتَمانا (ہ۔ لازم) ۱ چہرے کا سرخ ہوجانا۔ بخار یا گرمی سے ۲ (ھ) چمکنا۔ جگمگانا ۳ ٹمٹانا۔

تِمتِمانا (ھ۔ لازم) ٹمٹانا۔

تَمتَماہَٹ (ہ۔ مونث) ۱ سرخی چہرے کی جوگرمی یا بخار کی وجہ سے ہو ۲ دمک۔ چمک۔ سرخی

تِمتھی (ا) سینٹ پال کا ایک ہمراہی انجیل میں اس کے نام سینٹ پال کی دو خطوط ہیں۔

تَمتیع (ع۔ مونث) ۱ مزے اڑانے دینا ۲ دینا۔ عطا کرنا ۳ لمبا کرنا۔ وقت دینا۔

تَمثال (ف۔ مونث) ۱ مشابہت۔ مطابقت۔ (مَثَل۔ مانند ہونا)

تِمثال (ف۔ مونث) ۱ تصویر۔ پیکر ۲ صورت۔ شکل ۳ فرمان شاہی (مَثَل۔ مانند ہونا) تمثال گر (صفت) مصور۔ نقاش۔

تَمَثُّل (ع۔ مذکر) ۱ مشابہ یا مطابق ہونا ۲ مثال دینا۔ ضرب المثل کہنا۔ تشبیہ دینا۔ (مَثَل۔ مطابق ہونا)

تَمثیل (ع۔ مونث) ۱ تشبیہ دینا۔ مشابہ کرنا ۲ تشبیہ۔ مثال۔ نظیر ۳ مشابہت۔ مطابقت (دینا۔ لانا کے ساتھ) (مَثَل۔ مانند ہونا) تمثیلاً۔ مثال کے طور پر۔ تشبیہ کے طور پر تمثیلات (جمع) تمثیل کی۔

تَمَجُّس (ع۔ مذکر) مجوسی ہونا۔

تَمَجمُج (ع۔ مذکر) ۱ خوش ہونا۔ خوشی سے کانپنا ۲ کودنا۔ اچھلنا۔

تَمجید (ع۔ مونث) ۱ بزرگی کرنا۔ خدا کی بزرگی کی تعریف کرنا ۲ ایک کلمہ کا نام (دیکھو کلمہ کے تحت میں)۔ (مَجَدَ۔ بزرگ ہونا)

تَمجیس (ع۔ مونث) مجوسی بنانا۔

تَمَحُّل (ع۔ مذکر) دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ بیوفائی کرنا۔ مکر

تَمحیص (ع۔ مونث) ۱ آزمانا۔ پرکھنا ۲ کم کرنا۔

تَمحیض (ع۔ مونث) ۱ پاک کرنا ۲ مخلص بنانا۔

تَمَخُّط (ع۔ مذکر) ناک صاف کرنا۔

تَمخیض (ع۔ مونث) درد زہ ہونا۔

تَمَدُّح (ع۔ مذکر) اپنی تعریف کرنا۔ تعریف کرانے کی کوشش کرنا۔

تَمَدُّد (ع۔ مذکر) کشیدگی۔ رنجش۔ کھنچاؤ۔ (مَدّ۔ کھینچنا)

تَمَدُّن (ع۔ مذکر) ملکر رہنے کا طریقہ۔ طرز معاشرت (مَدَن۔ شہر میں آنا یا رہنا)

تَمدید (ع۔ مونث) پھیلانا۔ لمبا کرنا۔

تَمر (ع۔ مذکر) پکی ہوئی کھجوریں۔ پختہ کھجور۔ کھجور۔ تمرستان (مذکر) کھجوروں کا باغ۔

تمرہندی (مونث) ۱ املی ۲ املی کا درخت۔

تِمِر (س۔ مذکر) ۱ تاریکی۔ اندھیرا ۲ کم بینائی۔ اندھاپن ۳ ایک آبی پودہ ۴ (صفت) تاریک اندھیرا۔ تیرہ۔ تمرناسک (صفت) ۱ اندھیرے کو دور کرنے والا ۲ (مذکر) کوئی چیز جو اندھیرے کو دور کرے۔

تَمَرُّد (ع۔ مذکر) ۱ ہٹ دھرمی۔ ڈھٹائی ۲ گستاخی۔ نافرمانی ۳ بغاوت۔ سرکشی ۴ (قانون) توہین عدالت ۵ حکم یا اجرا کی مخالفت کرنا ۶ (مَرَدَ۔ گستاخ یا شریر ہونا) تمرد شعاری (مونث) سرکشی کرنا۔ گستاخی کرنا۔ تمردی (مونث) دیکھو تمرد۔

تَمَرُّغ (ع۔ مذکر) ۱ خاک میں لیٹنا ۲ تھوکنا۔

تِمِرلنگ (ف۔ مذکر) دیکھو تیمور۔

تَمَرُّن (ع۔ مذکر) ۱ نرم ہونا ۲ عادی ہونا۔ عادت اختیار کرنا۔

تَمریخ (ع۔ مونث) بدن کوتیل ملنا۔

تَمرید (ع۔ مونث) ۱ دیوار کو نرم کرنا ۲ عمارت کو خوبصورت اور چکدار بنانا۔

تَمریض (ع۔ مونث) تیمارداری کرنا۔

تَمرین (ع۔ مونث) عادت ڈالنا۔ خوگر کرنا۔ (مَرَن۔ عادت ڈالنا)

تمڑی (ھ۔ مونث) خالی خشک کدو۔ تومبڑی۔

تمزُّق (ع۔ مذکر) پھٹنا کپڑے کا۔

تمزیق (ع۔ مونث) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ پھاڑنا۔

تمس (س۔ مذکر) تاریکی ظاہری و باطنی۔ اندھیر۔ تیرگی۔ ظلمت۔ تتر۔ اندھیارا ۲ جہالت۔ ظلمت۔ انسان میں جو قدرتی ہے ۳ غصہ۔ کرودھ ۴ رنج غم ۵ دل کا دھوکہ ۶ جہنم کی تاریکی ۷ ایک جہنم کا نام ۸ راہو کا ایک نام ۹ نقطہ راس الذنب۔ راہو کیت ۱۰ نا (مرکبات میں تمر استعمال ہوتا ہے) ۱۱ دکش کا ایک بیٹا ۱۲ پرتھو شروس کا ایک بیٹا۔ تمسا (مونث) ایک دریا جو گنگا کا معاون ہے تمس پران (مذکر) شوجی کے متعلق ایک پران۔

تمسا (س جص) دریائے تونسے جو کوہ رکشا سے نکل کر دریائے گنگا میں گرتا ہے۔

تمساح (ع۔ مذکر) مگرمچھ۔

تمسخ (ع۔ مذکر) مسخ ہونا۔

تمسخر (ع۔ مذکر) مذاق۔ ٹھٹھہ۔ مزاح۔ ٹھٹول۔ مسخراپن۔ کھلی۔ ہنسی۔ (تمسخر۔ ٹھٹھہ کرنا)

تمسرا (س۔ مونث) ۱ تاریک رات کوئی رات جو چاند کے زوال کے دوران میں پڑے ۲ (ھ) مہینے کا وہ نصف حصہ جو بدر کی رات سے ہلال کی رات تک ہو۔

تمسک (ع۔ مذکر) وہ نوشتہ جو قرضدار قرضخواہ کو لکھ دیتا ہے۔ ہنڈی۔ پرامیسری نوٹ۔ اقرار نامہ (تمسک۔ مضبوط پکڑنا) تمسکات (مذکر) جمع تمسک کی۔ تمسک مناط دعوے (مذکر) وہ تمسک جس پر دعوے کی بنیاد ہو۔ تمسکی (صفت) تمسک کے متعلق۔

تمسکن (ع۔ مذکر) غریب ہونا۔

تمسیح (ع۔ مونث) ۱ کسی چیز سے مٹی یا میل دور کرنے کے لئے ہاتھ پھیرنا ۲ بہت کام کرنے سے تھکا دینا ۳ خوشامد۔

تمش (س۔ مذکر) ایک قسم کا کدو ۲ تربوز۔

تمشی (ع۔ مونث) ۱ چلنا ۲ کرنا۔

تمکین کو پہنچانا۔

تمشیت (ع۔ مونث) ۱ کاروبار کو بڑھانا ۲ ترقی ۳ تعلیم۔ سکھانا۔

تمضّر (ع۔ مذکر) ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔

تمضیر (ع۔ مونث) ۱ تکلیف دینا ۲ برباد کرنا۔

تمطّر (ع۔ مذکر) بارش میں باہر جانا۔

تمطّی (ع۔ مونث) جماہی لینا۔

تمغا (ت۔ مذکر) ۱ سونے چاندی وغیرہ پر مہر ۲ مہر سلطانی ۳ نشان۔ مہر ۴ نشان جو جانوروں پر لگائے جاتے ہیں ۵ تجارتی نشان ۶ سند۔ معافی کی سند ۷ معافی یا انعامی زمین ۸ سونے اور چاندی کا بنا ہوا نشان جو انعام کے طور پر دیا جاتا ہے ۹ سکہ۔ ٹھپہ ۱۰ داغ۔ نشان ۱۱ چرکا۔ زخم ۱۲ محصول۔ چنگی ۱۳ نشان جو امیر آدمیوں کی گاڑیوں اور چیزوں پر بنایا جاتا ہے ۱۴ ڈپلوما۔ نشان جو حاکم۔ یونیورسٹی یا کالج وغیرہ کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ (دینا۔ لگانا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) تمغا بٹھانا (متعدی)، بیٹھنا (لازم) سکہ بیٹھنا۔ رعب جمنا۔ حکومت ہونا۔

تمک (س۔ مذکر) ۱ چھاتی کا دباؤ۔ ایک قسم کی دمہ کی بیماری۔

تمک (ھ۔ مونث) ۱ خود بینی۔ خود پسندی خود نمائی ۲ غرور۔ تکبر۔ فخر۔ گھمنڈ ۳ ضد کی تمتماہٹ۔

تمکارہ (مذکر) گرمی۔ صدمۂ آفتاب۔ سرسام

تمکّن (ع۔ مذکر) ۱ طاقت رکھنا۔ اختیار ہونا۔ قابو میں رکھنا ۲ طاقت۔ اختیار۔ قوت۔ قابو (تمکن۔ مضبوط پکڑنا یا اپنانا)

تمکنا (ھ۔ لازم) ۱ منہ سرخ ہونا۔ تمتانا ۲ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا ۳ خواہ مخواہ ناراض ہونا۔

تمکنت (ع۔ مونث) ۱ غرور۔ گھمنڈ۔ نخوت۔ فخر۔ تعلی۔ کبر (کرنا کیساتھ) ۲ طاقت۔ قوت۔ زور۔ اختیار۔ حکومت۔ قدرت ۳ نمود۔ شان و شوکت (بمعنی عربی میں استعمال نہیں ہوتا)

تمکین (ع۔ مونث) ۱ دیکھو تمکنت ۲ رتبہ ۳ مرتبہ۔ رتبہ ۴ وقار۔ عزت۔

تملّل (س۔ صفت) ۱ شور مچانے والا۔ غل کرنے والا ۲ شوریدہ سر ۳ حیران۔ پریشان۔ گھبرایا ہوا ۴ جوش میں آیا ہوا ۵ (مذکر) شور و غل۔ غوغا۔ غلغلہ ۶ شور و غل۔ بلڑ۔ ہاکت پکار ۷ ہنگامہ ۸ لڑائی۔ جھگڑا۔ تملل دو وا دونکر جھگڑا یا بحث جس میں بہت شور ہو یا پر جوش بحث

تملّق (ع۔ مذکر) خوشامد۔ چاپلوسی۔ للو پتو (آنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ (تملق۔ خوشامد کرنا)

تملّک (ع۔ مذکر) قبضہ ہونا ۲ سلطنت کرنا۔

تملیح (ع۔ مونث) نمک لگانا ۲ اشعار کا ملیح غزل یا نظم لکھنا۔

تملیک (ع۔ مونث) ۱ مالک بنانا کسی کو کسی چیز کا مالک کر دینا ۲ انتقال جائیداد تصرف جائیداد ۳ ملکیت۔ قابض ہونا۔ تملیک نامہ (مذکر) مالک بنانے کی تحریر۔

تمن (س عص) ایک بڑی مچھلی اسے سمدرا بھی کہتے ہیں۔ تمن گلہ عص، تمن سے بھی بڑی مچھلی جو تمن کو کھا جاتی ہے تمن تمن گلہ یا تمن گلہ گلہ (عص) ایک بڑی مچھلی جو تمن گلہ کو بھی کھا جاتی ہے

تمن (ت۔ مذکر) ۱ تومان کا مخفف لفظی معنی دس ہزار ۲ گروہ۔ غول۔ ہجوم۔ ٹھٹھ۔ بھیڑ۔ جمگھٹ ۳ فوج۔ دستہ۔ سواروں کا غول۔ رسالہ ۴ سو سوار کا دستہ ۵ ایک طلائی سکہ ۶ بھائی چارہ ۷ تعلق۔ رشتہ۔ ذات۔ تمن باندھنا (متعدی) فوج جمع کرنا۔ تمندار (مذکر) تمن کا کمانڈر۔ رسالدار۔ تمن کا کمانیر۔ تمنداری (مونث) تمن کی کمان۔

تمنا (ع۔ مونث) خواہش۔ آرزو۔ ارمان۔ شوق۔ اشتیاق (رکھنا۔ کرنا۔ ہونا کیساتھ) (تمنی۔ کوشش کرنا) تمناکش۔ تمنائی (صفت) خواہشمند۔ مشتاق۔ آرزومند (ہونا کیساتھ) تمنائے دلی بر آنا (لازم) دلی خواہش پوری ہونا۔ تمنائیں (جمع تمنائی) تمنائیں بر آنا (لازم) خواہشیں یا آرزوئیں پوری ہونا۔

تمنچہ (ت۔ مذکر) ۱ پستول (چلانا۔ چلنا۔ سنانا۔ مارنا۔ لگانا کے ساتھ) ۲ چھوٹا سا معشوق۔ پھکانا ۳ آم کی ایک قسم

تمنّی (ع۔ مونث) ۱ چاہنا۔ خواہش کرنا ۲ دیکھو تمنا۔

تموّج (ع۔ مذکر) ۱ پانی کی موجیں مارنا۔ لہریں اٹھنا۔ پانی کا تھپیڑے۔ پانی کا جوش خروش پانی کا۔ تلاطم۔ تموج ہوا۔ ہوا کا زور (تموج۔ لہریں اٹھنا)

تموز (ع۔ مذکر) ۱ شامیوں کا ایک مہینہ جو جولائی یا اساڑھ میں آتا ہے ۲ (مجازاً) گرمی کی شدت

تموز (بابل۔ عص) ایک دیوتا جو ہر سال مرتا اور زندہ ہوتا تھا۔ یہ گلوں اور آب پاشی کا دیوتا تھا۔

تَمَوُّل (ع۔ مذکر) دولتمندی۔ امارت۔ مالداری (مَوَل۔ امیر ہونا)

تَمْوِیل (ع۔ مونث) امیر بنا دینا۔

تَمْوِیہ (ع۔ مونث) ۱ ملمع کرنا ۲ غلط خبر پہنچانا ۳ پانی سے بھرا ہونا ۴ بارش ہونا۔

تَمَہ (ع۔ مذکر) خراب ہونا۔ سڑنا گوشت کا۔

تَمَہُّل (ع۔ مذکر) آہستہ آہستہ کام کرنا۔ کاروبار میں سُست ہونا۔

تَمْہِید (ع۔ مونث) ۱ کسی بات کا آغاز۔ کسی معاملے کی تقریب۔ کسی مضمون کا عنوان۔ ۲ دیباچہ۔ مقصد۔ خطبہ کتاب ۳ عذر کسی معاملے کا۔ **تمہیدات** (جمع) تمہید کی۔ **تمہید اُٹھانا** (متعدی) کسی بات یا مضمون کا عنوان شروع کرنا۔ **تمہید کرنا** (متعدی) کسی بات کا پیش کرنا۔ کسی معاملے کی تقریب کرنا۔ **تمہیدی** (صفت) ۱ شروع کا۔ ابتدائی ۲ تمہید کے طور پر۔ **تمہیدیں باندھا کرنا** (متعدی) فضول باتیں کرتے رہنا۔ فضول باتیں سوچا کرنا۔ **تمہیدیں باندھنا** (متعدی) فضول باتیں پیش کرنا۔ بے معنی عذرات پیش کرنا۔ فرضی باتیں سوچنا۔ (مَہَد۔ برابر پھیلانا)

تَمی (س۔ مونث) ۱ رات۔ شب ۲ اندھیرا۔ تاریکی۔

تِمی (س۔ مذکر) ایک مچھلی جو سو یوجن لمبی بتائی جاتی ہے۔ **تِمی گِل** (مذکر) "تمی کو کھانے والی" ایک قسم کی بہت بڑی مچھلی۔ **تمی گِلگِل** (مذکر) "تمی گل کو کھانے والی" ایک بہت بڑی مچھلی۔

تَمیز (ع۔ مونث) تمییز کا مخفف۔ ۱ شناخت۔ جانچ۔ پہچان ۲ فرق۔ تفاوت۔ امتیاز ۳ عقل۔ ہوش۔ دانش ۴ ادب۔ قاعدہ۔ اہلیت ۵ عقل سلیم ۶ (نحو) جو لفظ یا الفاظ کسی اسم یا فقرہ سے شک یا ابہام رفع کریں۔ **تمیز** دیکھنا۔ کرنا ہونا کے ساتھ (مَیز۔ جدا کرنا)۔ **تمیز دار** (صفت) ہوشیار۔ باشعور۔ باتہذیب

تَمَیُّز (ع۔ مذکر) تمیز کیا جانا۔ جانا پہچانا جانا (مَیز۔ جدا کرنا)

تَمِیْشَہ (ف۔ مذکر) آمول کے قریب ایک جنگل جہاں فریدوں نے کوش کا شہر آباد کیا تھا۔

تَمْییز (ع۔ مونث) ۱ جدا کرنا ۲ فرق کرنا۔ تمیز کرنا ۳ دیکھو تمیز۔

تَن (ہ۔ امر) تننا کا (س تن پھیلانا) **تَنا** (ماضی) تاننا کی۔ **تَنّا** (امر) ۱ تنّانا کا ۲ (لازم) دیکھو تننا۔ **تناتنی** (مونث) کھینچا تانی۔ کشیدگی۔ ان بن (لگنا ہونا کے ساتھ)۔ **تَنّانا** (لازم) ۱ پھیلنا ۲ سیدھا ہونا۔ کھڑا ہونا ۳ ساز کے تار کا آواز دینا ۴ زخم کا پھٹا پڑنا۔ ٹیس پڑنا ۵ عضو تناسل کا اکڑنا یا کھڑا ہونا ۶ جھنجھنانا۔ تنتنانا۔ سنانا۔ **تناہٹ** (مونث) وہ کھنچاؤ جو ورم کی وجہ سے ہوتا ہے۔ **تنا ہونا** (لازم) ۱ کھنچا ہونا ۲ اکڑا ہونا ۳ ضد پر ہونا۔ **تناؤ** (مذکر) ۱ کھنچاؤ۔ کسی چیز کی کھینچنے کی قوت ۲ سختی۔ کرختگی۔ **تناؤ کے بانس** (مذکر) وہ دو بانس جو بیچ میں سے کیل سے جڑے ہوتے ہیں۔ ایک طرف رسی بندھی ہوتی ہے۔ دوسری طرف کے سروں کو کھولیں تو رسی تن جاتی ہے۔ **تن جانا** (لازم) ۱ کھنچ جانا ۲ ناراض ہو جانا۔ خفا ہو جانا۔ **تننا** (لازم) ۱ پھیلنا۔ بڑھنا۔ دراز ہونا ۲ کھنچنا ۳ اکڑنا۔ اینٹھنا ۴ غرور کرنا۔ گھمنڈ کرنا ۵ سینہ ابھار کر چلنا ۶ روٹھنا۔ خفا ہونا ۷ قید ہونا۔ مقید ہونا ۸ سیدھا بیٹھنا ۹ (خیمہ) لگنا۔ گڑنا ۱۰ (مشک) پھولنا ۱۱ (مقدمہ) پکڑنا ۱۲ (متعدی) پھیلانا ۱۳ بُننا۔

تَن (ف۔ مذکر) ۱ انسان یا کسی جانور کا تمام جسم۔ بدن۔ سریر۔ انگ۔ قالب خاکی۔ پنڈا۔ جُثّہ۔ کاٹھی۔ کایا۔ ڈھانچ۔ دیہ۔ باڈی ۲ شخص۔ آدمی فرد ۳ اپنا آپ۔ خود۔ **تن آساں** (صفت) آرام طلب۔ تن پرور۔ **تن آسانی** (مونث) آرام آسائش بدن کو تکلیف سے بچانا۔ **تناور** (صفت) ۱ موٹا۔ فربہ ۲ مضبوط۔ قوی۔ طاقتور ۳ (مذکر) کوئی عظیم الجثہ چیز۔ **تن بدن** (مذکر) سارا بدن۔ تمام بدن۔ **تن بدن اولا ہو جانا** (لازم) بدن ٹھنڈا ہو جانا۔ سرد ہو جانا۔ **تن بدن پھونک دینا** (متعدی) جلا دینا۔ سوزش پیدا کر دینا۔ بخار کی حالت پیدا کر دینا۔ **تن بدن ڈھانک لینا** (متعدی) کپڑے پہننا۔ ستر پوشی کرنا۔ **تن بدن کی ہوش نہ ہونا** (لازم) ۱ مدہوشی ہونا ۲ خود کی چیزوں کی خبر نہ رہنا ۳ پاگل دیوانہ ہونا ۴ لاپروا ہونا۔ **تن بدن کی خبر نہ رہنا** (لازم) محو ہو جانا۔ بے خبر ہو جانا۔ **تن بدن میں آگ پھنکنا یا لگنا** (لازم) سخت غصہ آنا۔ **تن بہ تقدیر** اپنے آپ کو تقدیر پر چھوڑنا۔ جب کچھ بن نہ پڑے تو کہتے ہیں۔ **تن بے جاں** (مذکر) مردہ۔ نعش۔ لاش۔ **تن بے جان میں جان آنا** (لازم) دیکھو جان میں جان آنا۔ **تن بیجان میں روح پھونک دینا** (متعدی) ازسرنو تر و تازہ کرنا۔ تنزل کے بعد ترقی دینا۔ **تن پرست** (صفت) جو ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہے۔ **تن پرستی** (مونث) ہر وقت کھانے پینے میں مشغول رہنا۔ **تن پَرَوَر** (صفت) ۱ تن کو پالنے والا۔ کھانے پینے میں مشغول رہنے والا ۲ خود غرض۔ مطلبی ۳ آرام طلب عیش پرست۔ **تن پروری** (مونث) ۱ آرام طلبی۔ عیش پرستی ۲ خود غرضی۔ **تن پھنکنا** (لازم) بدن جلنا۔ بخار ہونا۔ **تن پیٹ کا مزہ** (صفت) اچھا پہننے اور کھانے کا چکا۔ **تن پیٹ کہاں رکھ آویں** کھانے پینے کا خرچ ضروری ہے۔ کوئی مفت خدمت لے تو کہتے ہیں۔ **تن تنہا** (صفت) اکیلا۔ تنہا۔ مجرد۔ جریدہ۔ **تن توڑ لینا** (متعدی) کسی کے رشتہ داروں کو بہکا لینا (دفعہ)۔ **تن چھین** (ہ۔ صفت) لاغر۔ دبلا۔ **تندرست** (صفت) جس کو کوئی بیماری نہ ہو۔ باصحت۔ بھلا چنگا۔ صحیح سالم۔ **تندرستی** (مونث) صحت۔ سلامتی۔ خیریت آرام۔ خیر و عافیت۔ طبیعت کی درستی۔ **تندہ**۔ (صفت) جفاکش۔ محنتی۔ متوجہ۔ کوشش کرنے والا۔ **تندہی** (مونث) محنت۔ کوشش۔ سعی۔ جانفشانی توجہ۔ جفاکشی (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **تن ڈالنا** (متعدی) ۱ فربہ ہونا۔ موٹا ہونا ۲ سست یا کاہل ہونا۔ حرام خوری کرنا۔ **تن ڈھانکنا** (متعدی) معمولی کپڑے پہننا۔ ستر پوشی کرنا۔ **تن زیب** (مذکر) ۱ ایک قسم کا کپڑا جو ململ کی قسم کا مگر زیادہ باریک ہوتا ہے ۲ ایک قسم کی صدری جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں۔ **تن سُکھ** (صفت) ۱ آرام کرتا ہوا۔ آرام میں رہنے والا ۲ (مذکر) تن آسانی۔ **تن سے دکو لگنا** (لازم) ۱ فکر ہونا۔ خیال ہونا ۲ دل پر اثر کرنا ۳ جزو بدن ہونا ۴ موٹا کرنا۔ فربہ کرنا۔ **تن کی تپت بجھانا** (ہ) بھوکے کو کھانا کھلانا۔ **تن کی سُدھ نہ رہنا** (لازم) ہوش و حواس قائم نہ رہنا۔ **تن گھلنا** (لازم) لاغر یا دبلا ہونا۔ **تن اِلگو یا اِلگُو** (ہ) ۱ جاں نثار۔ وفادار ۲ محنتی۔ چست۔ چالاک۔ تندہ ۳ دوسرے کی خاطر خود تکلیف اٹھانے یا مصیبت برداشت کرنے والا۔ **تن من** (مذکر) جسم و جاں۔ روح قالب۔ **تن من ایک ہونا** (لازم) بہت دوست ہونا۔ بڑا یارانہ ہونا۔ **تن من بھر جانا** (لازم) ۱ سیری ہو جانا۔ دل بھر جانا ۲ خوش ہونا۔ **تن من سے** (تمیز) جان و دل سے۔ پوری کوشش سے۔ **تن ان کی سدھ بدھ نہ رہنا** (لازم) ۱ بدحواس ہو جانا۔ گھبرا جانا ۲ مدہوش ہو جانا۔ پاگل ہو جانا۔ **تن من مارنا** (متعدی) ۱ خواہشوں کو قابو میں رکھنا ۲ ضبط کرنا۔ خاموش رہنا ۳ بہت کوشش کرنا۔ محنت

کسی چیز کو خراب کرنا)

تَنازُعہ (ع۔ مذکر) دیکھو تنازع عوام تنازع کی بجائے استعمال کرتے ہیں۔

تَنازُل (ع۔ مذکر) ۱؎ اترنا۔ نازل ہونا ۲؎ اُتار۔ نزول ۳؎ قیمت کا گرنا یا گھٹنا ۴؎ عہدہ کا جاتا رہنا۔ تنزل ۵؎ گھوڑے سے کودنا ۶؎ فوجوں کا لڑنے کے لئے میدانوں میں آنا۔ (نُزُول۔ اُترنا)

تَناسُب (ع۔ مذکر) ۱؎ باہم نسبت رکھنا ۲؎ باہمی تعلق۔ رشتہ۔ مناسبت۔ موافقت۔ مطابقت ۳؎ نسبت ۴؎ (حساب) دو نسبتوں کا برابر ہونا جیسے ½ اور ۲/۴ برابر ہیں (نَسَب۔ اپنے آباواجداد کا نام بتانا) تناسبات (جمع) نسبتیں وغیرہ۔ تناسب اعضا (مذکر) بدن کے حصوں کا موزوں ہونا۔

تَناسُخ (ع۔ مذکر) ۱؎ بدلنا۔ ایک شکل سے دوسری شکل میں جانا۔ روح کا دوسرے قالب میں جانا ۲؎ آواگون۔ حلول (نَسخ۔ بدلنا)

تَناسُل (ع۔ مذکر) نسل پیدا کرنا یا بڑھانا۔ اولاد پیدا کرنا (نَسْل۔ اولاد پیدا کرنا)

تَنافُر (ع۔ مذکر) ۱؎ نفرت کرنا۔ بھاگنا ۲؎ منصف کے روبرو عزت حاصل کرنے کیلئے جھگڑنا یا مقابلہ کرنا ۳؎ (علم معانی) ثقیل الفاظ کا جمع ہونا (نفر۔ ڈر کر بھاگنا)

تَنافی (ع۔ مونث) ۱؎ نکال دینا ۲؎ تعقب کرنا۔ پیچھا کرنا ۳؎ نقصان پہنچانے کی کوشش کرنا۔ تنگ کرنا ۴؎ انکار کرنا کہ دوسرے نے اپنا عہد یا اقرار پورا کیا ہے (نَفی۔ انکار کرنا۔ روکنا)

تَناقُض (ع۔ مذکر) ۱؎ ایک دوسرے کی ضد یا مخالف ہونا ۲؎ ناموافقت۔ ضد ۳؎ (قانون) دو مخالف حقوق کا دعوے کرنا۔ ایک جائیداد کے لئے ایک دوسرے کے برخلاف دعوے کرنا (نَقض توڑنا)

تَناقُل (ع۔ مذکر) آپس کی خط و کتابت۔ آپس کا میل جول (نَقل۔ لے جانا)

تَنانیر (ع۔ مذکر) تنور کی جمع۔

تَنانین (ع۔ مذکر) تنین کی جمع۔ اژدہے۔

تَناوُب (ع۔ مذکر) باری سے کام کرنا۔

تَناوُش (ع۔ مذکر) کوئی چیز لینے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

تَناوُل (ع۔ مذکر) کھانا کھانا۔ کھانا نوش فرمانا (فرمانا کرنا ہونا کے ساتھ) (نَوْل۔ پکڑنا)

تَناہی (ع۔ مونث) ۱؎ آخیر پر پہنچنا۔ سفر کے اختتام پر پہنچنا۔ ختم ہونا ۲؎ آخیر۔ اختتام۔ تکمیل (نَہی۔ پہنچنا)

تَنْبا (ہ۔ مذکر) دیکھو تنبان۔

تَنْباکُو (ف۔ مذکر) دیکھو تمباکو (پینا کے ساتھ) تنباکو کا ہاتھی (مذکر) عورتوں کا ایک ٹوٹکا جو بخار اترنے کے لئے کرتی ہیں۔ تنباکو کو ہاتھی بنا کر سرہانے رکھتی ہیں۔ اور پانی اور انگارے وارتی ہیں۔

تَنْبالُو (ہ۔ مذکر) پیتل یا تانبے کی ہنڈیا۔

تُنْبان (ت۔ مذکر) ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا پاجامہ۔ غرارہ نما پاجامہ۔

تَنْبُو (ہ۔ مذکر) خیمہ۔

تَنْبُور۔ تَنْبُورا۔ تَنْبُورہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا ساز جسے تونبے میں لکڑی لگا کر تار باندھ کر بناتے ہیں (غالباً تونبے سے یہ لفظ بنایا گیا ہے۔ ایک مولف کا خیال ہے کہ یہ لفظ دنب برہ۔ دنبے کی دم سے بگڑا ہوا ہے۔ مگر یہ کچھ ایسا معقول معلوم نہیں ہوتا) تنبورچی (مذکر) تنبور بجانے والا۔

تَنْبول (ہ۔ مذکر) ۱؎ پان ۲؎ ایک رسم جس میں شب زفاف کی صبح کو دلہن کے لئے پان کے مرکب عرق کا شیشہ آتا ہے ۳؎ ایک درخت کا نام ۴؎ نیوتا (دینا دینا کے ساتھ) ۵؎ ایک مقام کا نام (س تامبول تنبول آنا (لازم) گھوڑے کے منہ کا لگام سے زخمی ہوجانا۔ تنبول بانٹنا یا دینا (متعدی) دیہاتی ہندوؤں میں بھانجے یا بھانجی کی شادی کے بعد رخصت ہوتے وقت بہن کی رشتہ دار عورتوں کو نقدی دینا۔ تنبول پینا (متعدی) پان کا عرق پینا۔ تنبولن (مونث) ۱؎ پنواڑن۔ تنبولی کی بیوی تنبولی (مذکر) پان بیچنے والا پنواڑی۔

تَنَبُّہ (ع۔ مذکر) ۱؎ تنبیہ۔ دھمکی ۲؎ آگاہی خبرداری (کرنا ہونا کے ساتھ)

تَنْبیا (ہ۔ مذکر) تانبے یا پیتل کا برتن۔ تنباں تنبیا جانا۔ تنبیا نا (ہ۔ لازم) ۱؎ تانبے کا رنگ ہو جانا ۲؎ تانبے کا مزا کھانے میں پیدا ہوجانا جو تانبے کے برتن میں رکھا ہوا ہو ۳؎ گوٹا کناری وغیرہ کا رنگ خراب ہو جانا۔

تَنْبیہ (ع۔ مونث) ۱؎ سرزنش۔ تہدید جھڑکی۔ فہمائش۔ ملامت ۲؎ نصیحت۔ پند۔ عبرت ۳؎ واقفیت۔ خبرداری۔ آگاہی ۴؎ تاکید۔ (کرنا۔ کیا جانا۔ ہونا کے ساتھ) (تَنَبُّہ۔ خیال رکھنا)

تُن پُھن یا فُن (اردو۔ مونث) ۱؎ اکڑفوں۔ غصّہ اور غرور کا انداز ۲؎ غصّہ میں جلی کٹی باتیں (کرنا ہونا کے ساتھ)

تَنْت (ہ۔ صفت) ۱؎ ٹھیک۔ صحیح۔ درست ۲؎ معین۔ مقرر ۳؎ باموقع۔ مناسب۔ بروقت۔ برمحل ۴؎ عین موقع پر۔ ٹھیک طور سے۔ بعینہٖ ہوبہو ۱؎ (مذکر) عین وقت۔ عین موقع۔ مناسب موقع تت سے۔ نازک وقت ۲؎ ضروری حصّہ۔ بڑا حصّہ ۳؎ روح۔ جوہر۔ ست جان ۴؎ امر ضروری۔ اصل۔ نقطہ ۵؎ اصل۔ اصول۔ ضروری مسئلہ ۶؎ نمونہ۔ مثال ۷؎ تانت کا مخفف تار۔ دھاگا۔ ساز کا تار۔ تنتکار (مذکر) کلونت۔ سازندہ مطرب۔ مغنی۔ بجنتری۔ تنت کے تنت (ہ) عین وقت پر۔ کم فرصتی پر۔ تنت مندرا (مذکر) ۱؎ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد۔ لڑائی ۲؎ تعلقات دنیا (چھوڑنا کے ساتھ)

تَنْت (س۔ مونث) دھاگا۔ رسی جس سے بچھڑے بندھیں۔ تنت پال (مذکر) ۱؎ سہدیو کا نام جب اس نے دیگر بھائیوں کے ہمراہ راجہ وراٹ کی ملازمت کی تھی ۲؎ کنوک کے ایک بیٹے کا نام۔

تَنْتُ (س۔ مذکر) ۱؎ دھاگا۔ ڈور۔ رسی ۲؎ جالا ۳؎ جبلی ۴؎ شجرہ نسب ۵؎ اولاد۔ نسل

تَنْتا توڑی (اردو۔ مونث) کسی کی ناراضگی سے کسی سے علحدگی چاہنا (لکھنؤ)

تَنْتال (ہ۔ صفت) دیکھو تنتال۔

تَنْتَڑی (ہ۔ مونث) املی کا درخت

تَن تَن (ہ۔ مونث) تار کی آواز۔ (س تن۔ آواز دینا) تنتنا (امر) تنتنا نا کا۔ تنتنانا (متعدی) آواز نکالنا۔ بجانا۔ ستار یا سارنگی وغیرہ کے تار کو بجانا۔ تنتناہٹ (مونث) آواز۔ بجنے کی آواز۔ تار کی آواز۔ تن تن تنتنی (مونث) ایک قسم کا تار والا ساز۔ دو تارا۔ ایک ادنے قسم کا ساز۔ مقولہ تنتنی بجانے میاں کھانے

کرنا۔ تن من میں پھولے نہ سمانا (متعدی) خوشیاں منانا۔ تن من دھن وارنا (لازم) ہر چیز فدا کرنا۔ تن جان اور دولت نثار کر دینا۔ تن من وارنا۔ (لازم) جان فدا کر دینا۔ اپنے آپ کو نثار کر دینا۔ تن میں جان آنا (لازم) ۱ ہوش و ہواس درست ہونا ۲ فرحت ہونا۔ تازگی ہونا۔ تن و توش (مذکر) طاقت (جسمانی) اور طاقت۔ قوت مضبوط بدن۔ تن و توش کا آدمی۔ فربہ اور طاقتور شخص۔ مضبوط بدن آدمی تنومند (صفت) مضبوط بدن۔ قوی جسم۔ تنومندی (مونث) ۱ قوت۔ طاقت ۲ فربہی۔ موٹاپا۔

امثال و اقوال۔ تن اجلا من

سانولا بگلے کا سا بھیک توسے تو کاگا بھلا جو اندر باہر ایک۔ ریاکاروں پر طنز ہے۔ ریاکار بگلے کی طرح ہے۔ ظاہر میں تو سفید اور بھگت نما۔ مگر ہر وقت مچھلی پکڑنے کے لئے تیار۔ ریاکار سے کوا اچھا جو اندر باہر سے کالا ہے۔ یعنی اس شخص سے جس کا اندر باہر یکساں ہو وہ اچھا ہے۔ جو اندر باہر سے برا ہو۔ تن پتلا ہے خاک کا اسے دیکھ مت بھول۔ ایک دن ایسا ہوئیگا ملے دھول میں دھول (ھ) یہ ایک سچی بات ہے۔ اس بات کو کبھی نہیں بھولنا چاہئے۔ تن پر چیتھڑا نہ گھر میں ناج۔ دوسرے کا روپا کاج (ھ) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنا چاہے۔ تن پر سوہے کا پڑا اوڑ رن سوہے رنجیت۔ پیر پرکھ سو ہی بھلے جو سب سے رکھیں پریت (ھ) ہر چیز [illegible] سے موقعے پر موزوں ہوتی ہے کپڑا بدن پر بہادر [illegible] وہ اچھا ہے جو ہر ایک سے محبت رکھے۔ تن پر نہیں لتا مسی سلے البتہ مفلسی میں آرائش کا خیال ہے۔ تن پنجرا من تیترا سانس جیون کا سول۔ جب تیترا اڑجات ہے تو ہو جا پنجر دھول۔ تن پنجرا ہے روح تیتر جب روح نکل جائے تو خاک [illegible] جاتی ہے۔ تن پھوہڑ کا بھینس سوں بھاری۔ کہے کہو موہے لاج پیاری۔ اس فربہ عورت کے متعلق کہتے ہیں جو اپنے آپ کو بہت سنوار کر رکھے۔ تن تنا جار تو قلندر راجہ۔ پیٹ بھرا ہو تو قلندر بھی راجہ ہے۔ تن پر در کی نسبت کہتے ہیں۔ تن تکیہ من بسرام۔ جہاں پڑ رہے وہاں آرام قانع آدمی کے لئے ہر جگہ آرام ہے۔ تن بدن میں جان نہیں نام زور آور خاں۔ ناموزوں بات۔

طاقت ہونی چاہئے۔ نام کا کیا فائدہ۔ تندرستی ہزار نعمت ہے۔ صحت سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ تن دے من لے۔ محنت کر اور کما۔ تن سکھی تو چین ہے نا تو دن دکھ رین ہے۔ اگر صحت ہو تو زندگی آرام سے گزرتی ہے وگرنہ ہر وقت انسان تکلیف میں رہتا ہے۔ تن سکھی تو من سکھی۔ بدن کو آرام ہو یعنی صحت اچھی ہو اور کھانا اچھا ملے تو انسان کو کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ تن سنتیل ہو سیت سوں من سنتیل ہو میت سوں۔ دودھ بدن کو خوش کرتا ہے اور دوست دل کو۔ تن سکھائے پنجر کرے دھرے رین دن رھیا تلسی مٹے نہ باسنا۔ بنا بچارے گیان (ھ) بدن کو سکھا لیتے ہیں۔ اور دن رات دھیان لگائے رہتے ہیں۔ مگر دل سے خواہش اور لالچ نہیں نکل سکتا جب تک گیان حاصل نہ ہو۔ تن سوکھا کبڑی پیٹھ ہوئی گھوڑے پر زین دھرو بابا۔ اب موت نقارہ باج چکی چلنے کا فکر کرو بابا۔ (ھ) بڑھاپا آگیا مرنے کی تیاری کرو۔ تن کا بیری تاپ ہے۔ اور من کا بیری نیہ جس تن میں یہ دو دونوں ہے تو گئے جیو اور نیہ (ھ) بدن کا دشمن بخار ہے اور دل کی دشمن محبت۔ جس میں یہ دونوں ہوں وہ کہیں کا نہیں رہتا۔ تن کسرت میں من عورت میں۔ کسرت کرنے والوں کا خیال عموماً عورتوں کی طرف رہتا ہے۔ تن کو کپڑا نہ پیٹ کو روٹی بہت غریب ہے۔ تن کی تنک سرائے میں نیک نہ پائیو چین۔ سانس نقارہ کوچ کا باجت ہے دن رین۔ تن سرائے کی مانند کبھی آرام میں نہیں رہتا ہر وقت موت نزدیک آتی جاتی ہے۔ تن کی کہنے تنتی اور من کے کرے تار پھر جس گاہری نام کے جو ترت ملے کرتار (ھ) عموماً فقیر کہتے ہیں۔ بدن کو ستار بنا اور دل کو تار اور پھر ہری نام جب تو پرمیشور ملیگا۔ تن گدڑی من تاگا کوئی کچھ ہی لکھے من لاگا (ھ) ہول بدن کو ٹھیک رکھنا ہے بغیر دل کے بدن کچھ نہیں فقیروں کا قول ہے۔ تن لگی دھپڑی تو بلا چاہے چھپڑی (ھ) انسان کی تکلیف گزر جائے تو پھر وہ پرواہ نہیں کرتا۔ کہتے ہیں کہ ایک شخص کو رات بہت سردی لگی اسنے کہا کندی کو جھونپڑی بناؤں گا دن کو دھوپ لگی تو اسنے جھونپڑی بنانے کا خیال چھوڑ دیا۔ تن ملا تو کیا ہوا من کی بجھی نہ پیاس جیسے سیپ سمندر میں کرے تراس تراس (ھ) جب دل میں قناعت نہ ہو تو بدن کا کیا فائدہ۔ سیپ سمندر میں ہر وقت پیاس پیاس کرتا رہتا ہے۔ اگلے زمانے میں لوگوں کا خیال تھا کہ شبنم کے قطرے جب سیپ کے منہ میں جاتے ہیں۔ تو موتی بن جاتے ہیں۔

تَن (ھ۔ مذکر) ہاتھی پر ہودج یا گدی کسنا (زنانوں کی اصطلاح)

تَنُ (س۔ صفت) ۱ پتلا۔ دبلا ۲ چھوٹا ۳ نازک ۴ (مذکر) ایک رشی کا نام ۵ (مونث) بدن۔ تنج (مذکر) بیٹا۔ تنجی (مونث) بیٹی۔ تنوی (مونث) ۱ نازک عورت ۲ کرشن جی کی ایک بیوی کا نام۔

رَتَن (ہ۔ مونث) گھاس جس سے چھپر بناتے ہیں۔

تُنَّ (س۔ صفت) ۱ تکلیف زدہ۔ دکھی۔ مصیبت زدہ ۲ کاٹا ہوا۔ تراشیدہ۔ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ ۳ (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کی لکڑیوں کی کرسیاں میزیں وغیرہ بنتی ہیں ۴ (ہ۔ مونث) تن کا پھول جس سے زرد رنگ رنگتے ہیں۔ تن وایہ (مذکر) درزی۔

تَنا (ہ۔ مذکر) درخت کا موٹا حصہ جڑ سے اوپر اور شاخوں سے نیچے (س تَنُ۔ بدن)

تَنابُز (ع۔ مذکر) ایک دوسرے کو گالیاں دینا۔

تَناپا (ھ۔ مذکر) ۱ جوانی۔ شباب ۲ جوش جوانی۔ غرور جوانی (س۔ تَنُ بدن)

تَناجُش (ع۔ مذکر) چیزوں کی قیمت بڑھانے کے لئے ان کی تعریف کرنا۔ بولی دینا اس مطلب کے لئے گو خریدنے کا ارادہ نہ ہو۔

تَناجی (ع۔ مونث) ایک دوسرے کو راز بتانا۔ خلوت میں باتیں کرنا۔

تَنادّ (ع۔ مذکر) ۱ منتشر ہونا ۲ بھاگ جانا فرار ہونا۔ بھاگنا ۲ بھاگڑ۔ فرار۔ گریز۔ (نَدّ۔ بھاگنا)

تَنادی (ع۔ مونث) ۱ ایک دوسرے کو بلانا ۲ اکٹھے باتیں یا مشورہ کرنا۔

تَناریری (ہ۔ مونث) ۱ معینہ کلمے جو گانا سیکھنے میں استعمال ہوتے ہیں ۲ جھگڑا۔ بکھیڑا ۳ بے لطف راگ۔ بیوقت کا گانا۔ تناریری لگا رکھنا یا لگانا (متعدی) ۱ بے وقت کا راگ گانا ۲ جھگڑا لگانا۔

تَنازُع (ع۔ مذکر) ۱ جھگڑنا۔ جھگڑا کرنا ۲ جھگڑا۔ لڑائی۔ فساد۔ دنگا ۳ رنجش۔ نفاق عداوت۔ بغض (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (نَزْع۔

شکرگھی۔ نوکری کی ایسی تیسی اب کے بچے جی۔ فقیروں کو بڑا آرام ہے مانگ کھاتے ہیں۔ نوکری میں جان جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ بیفکروں اور اہلکاروں کی نسبت کہتے ہیں۔

تَنتَنا (ہ۔ مذکر) ۱ آواز۔ شور۔ غل غپاڑہ۔ ہلڑ۔ چیخ پکار ۲ شان و شوکت۔ کروفر۔ نمود شان۔ دھوم دھام۔ شکوہ۔ طمطراق ۳ غصہ۔ خفگی۔ عتاب۔ تیہا۔ کرودھ ۴ غرور۔ تکبر۔ فخر۔ عُجب۔ ابھمان ۵ شہرت۔ افواہ۔ چرچا۔ اوائی (س۔ تن۔ آواز دینا ع طنطنہ بجانا) **تنتنا پیٹنا۔ توڑنا یا کرنا** (متعدی) ۱ فخر کرنا ۲ ناک بھوں چڑھانا۔ غصے ہونا۔ **تنتنانا** (متعدی) غصہ میں ہونا۔ خفا ہونا ۲ شور و غل ہونا۔ ہلڑ ہونا۔ کھڑکنا۔ بجنا ۳ سنسنانا۔ **تنتناہٹ** (مونث) ۱ سوجن۔ ورم ۲ تکلیف جو ورم کی وجہ سے ہو۔ تپک۔ جلن۔ سوزش ۳ جانچھ۔ **تنتنے باز** (صفت) ۱ مغرور۔ متکبر ۲ نازک دماغ یا مزاج (طنطنہ۔ بجنے کی آواز۔ شان و شوکت)

تَنتَھا (ہ۔ مذکر) (ع) قوت۔ زور۔ طاقت۔ بل۔

تَنتی (س۔ مذکر) جولاہا۔

تَنٹی (س۔ مونث) ایک پودا۔ تربد۔

تَنجُز (ع۔ مذکر) وعدہ کے ایفا کرنے کے پیچھے کہنا۔

تَنجُس (ع۔ مذکر) نجس ہونا۔

تَنجِیبت (ع۔ مونث) آزاد کرنا ۲ بچانا ۳ (وہی) زمین پر پھینک دینا۔

تَنجِید (ع۔ مونث) ۱ گھر کو سجانا ۲ پرکھنا۔ آزمانا۔

تَنجِیز (ع۔ مونث) پورا کرنا۔ تکمیل کرنا۔

تَنجِیس (ع۔ مونث) نجس کرنا۔

تَنجِیم (ع۔ مونث) ۱ ستاروں کے ذریعے پیشین گوئی کرنا۔ ستارہ شناسی۔ علم نجوم ۲ ستاروں سے سعد و نحس بتانا (نجم۔ ظاہر ہونا)

تَنجِیہ (ع۔ مذکر) تنجیر۔

تَنچھی (ہ۔ صفت) دیکھو تنگ۔

تَنَحّی (ع۔ مونث) ۱ دور ہونا۔ پرے ہونا ۲ ہٹنا یا جانا۔

تَنحِیت (ع۔ مونث) ہٹانا دور رکھنا۔

تَنَحنُح (ع۔ مذکر) کھنکھارنا۔ کھانسنا۔ (نحنح۔ ہٹانا)

تَنخواہ (ف۔ مونث) ۱ مشاہرہ۔ طلب۔ ماہانہ۔ سالانہ۔ وظیفہ۔ مزدوری ۲ روپیہ جو ملازمت کے صلے میں دیا جائے (بانٹنا۔ بٹنا۔ پانا۔ دینا۔ لگانا۔ لگنا۔ لینا۔ مقرر کرنا یا ہونا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) **تنخواہ جاری ہونا** (لازم) تنخواہ بحال ہونا یا پہلے کی طرح ملنا **تنخواہ دار** (صفت) تنخواہ پانے والا۔ وہ جسے مزدوری ہفتہ وار ماہانہ یا سالانہ ملتی ہو۔ **تنخواہِ ذاتی** (مونث) ایک خاص رقم جو کسی عہدہ دار کو علاوہ تنخواہ کے ملے)۔ **تنخواہ کاٹ لینا** (متعدی) تنخواہ کا کچھ حصہ یا ساری نہ دینا۔ **تنخواہ کرنا** (متعدی) تنخواہ مقرر کرنا۔

تَنَد (ہ۔ مذکر) دیکھو تندو۔

تُند (ف۔ صفت) ۱ تیز۔ جلدی کرنے والا۔ چست۔ چالاک ۲ پرجوش۔ غصیلا۔ غضبناک۔ جنگیں ۳ جلد باز۔ تیز مزاج ۴ سخت۔ شدید۔ پرزور ۵ تلخ۔ کڑوا۔ **تندخو** (صفت) تیز مزاج۔ جلد ناراض ہونے والا۔ بدمزاج۔ **تندخوئی** (مونث) بدمزاجی۔ تیز مزاجی **تندرائے** (صفت) نا عاقبت اندیش۔ کوتہ اندیش **تندرفتار** (صفت) تیز چلنے والا۔ تیز قدم۔ تیز رفتار۔ **تندزبان** (صفت) جلد جلد بولنے والا۔ **تندفہم**۔ (صفت) تیز فہم۔ **تندمزاج** (صفت) تندخو۔ **تند ہونا** (لازم) ناراض ہونا۔ غصہ ہونا۔ **تندی** (مونث) ۱ تیزی چستی۔ چالاکی ۲ چرچڑاہٹ۔ چڑچڑاپن ۳ سختی۔ خشونت۔ غصہ ۴ بدمزاجی۔ تیز مزاجی ۵ شہوت۔ استادگی

تُنْد (س۔ مذکر) ۱ توند۔ پیٹ بڑھا ہوا ۲ (مونث) ناف۔ **تندک۔ تندِل** (صفت) ۱ بڑے پیٹ والا۔ توند والا ۲ موٹا۔ فربہ۔ **تندی** (صفت) ۱ دیکھو تندل ۲ (مذکر) توند والا آدمی۔ **تندیل** (ہ۔ صفت) دیکھو تندیل۔

تُندُر (ف۔ مذکر) ۱ گرج۔ رعد ۲ بلبل۔

تَندرا (س۔ مونث) ۱ تھکاوٹ۔ ماندگی۔ کسل۔ تھکان ۲ ناتوانی۔ کمزوری۔ ضعف ۳ سستی۔ کاہلی۔ غفلت ۴ خماری۔ خواب آلودگی۔ اونگھ۔ **تندرالو** (صفت) ۱ تھکا ہوا۔ ماندہ۔ تھکا ماندہ ۲ خواب آلودہ۔ نیند کے مارے پریشان ۳ سست۔ کاہل۔ **تندری** (مونث) دیکھو تندرا۔

تَندُکی (س۔ مونث) آبنوس کا پھل۔ تندو۔

تَندُل (س۔ مذکر) اناج۔ چاول۔

تَنَدُّم (ع۔ مذکر) ۱ توبہ۔ استغفار ۲ ندامت۔ انفعال۔ شرمساری ۳ شرم۔ حیا۔ لاج۔ حجاب (ندم۔ توبہ کرنا)

تَندو (س۔ عص) شوجی کا ایک خدمتگار جس نے تاندوا راگ ایجاد کیا تھا۔

تِندو (س۔ مذکر) آبنوس کی ایک قسم۔

تَندُور (ہ۔ مذکر) دیکھو تنور۔

تَندِید (ع۔ مونث) ۱ مشہور کرنا ۲ نقاب زبردستی اٹھانا ۳ بدنام کرنا۔

تُنڈ (س۔ مذکر) ۱ ایک راکھشس جسے نہش نے قتل کیا تھا۔ اس کے بیٹے وتنڈ کو درگاجی نے قتل کیا تھا ۲ چونچ ۳ تھوتھنی ۴ سونڈ ۵ حقارتاً منہ۔

تَنڈُل (س۔ مذکر) اناج خصوصاً چاول جب صاف ہو جائیں۔

تَنڈُلو (س۔ مذکر) ایک پودا جس کے بیج کیڑوں کو مارنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

تَنَزُّل (ع۔ مذکر) ۱ زوال۔ کمی۔ اُتار۔ انحطاط ۲ درجہ ٹوٹنا۔ تنخواہ میں کمی ہونا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (نزل۔ اُترنا)

تَنَزُّہ (ع۔ مذکر) ۱ خالص ہونا۔ عیب سے پاک ہونا ۲ باعصمت ہونا۔ نیک چلن ہونا ۳ گلگشت کرنا۔ باغ کی سیر کرنا ۴ خوشی۔ فرحت (نزہ۔ برائی سے پاک ہونا)

تَنزِیل (ع۔ مونث) ۱ مسافر کو اُتارنا ۲ مہمانداری کرنا۔ خاطر تواضع کرنا ۳ نازل کرنا۔ اُتارنا ۴ وحی۔ الہام ۵ قرآن مجید (نزل۔ اُترنا)

تَنزِیہہ (ع۔ مونث) ۱ بُری باتوں سے دور رکھنا۔ عیب سے پاک کرنا۔ صاف کرنا ۲ پاکی۔ صفائی (نزہ۔ اپنے آپ کو روکنا)

تَنزِیَہ (ع۔ مونث) ۱ خواہش پیدا

کرنا۔ ۲ خواہش۔ آرزو۔ اشتیاق (نزوٗ۔ تابو کرنا)

تنزُّک (ع۔ مذکر) پرہیزگار ہونا۔

تنسُّل (ع۔ مذکر) شجرہ نسب۔ نسب نامہ۔ پیڑھی۔ کرسی نامہ۔ سلسلہ خاندان (نسل۔ اولاد پیدا کرنا)

تنسُّم (ع۔ مذکر) ۱ سانس لینا ۲ کوئی خوشبودار چیز سونگھنا۔

تنسیت (ع۔ مونث) بھلانا۔

تنسیخ (ع۔ مونث) ۱ منسوخ کرنا۔ رد کرنا۔ فسخ کرنا۔ باطل کرنا ۲ منسوخی۔ رد۔ بطلان۔ انہدام (نسخ۔ مٹانا) **تنسیخ تبنیت** (مونث) متبنّیٰ بنانے کو منسوخ کرنا۔

تنسیق (ع۔ مونث) ۱ ترتیب دینا ۲ موتی پرونا۔

تنش (س۔ مذکر) شیشم کی ایک قسم۔

تنشُّط (ع۔ مذکر) چست ہونا ہوشیار ہونا ۲ کوئی کام خوش ہو کر کرنا ۳ جلد جلد سفر کرنا۔

تنشیط (ع۔ مونث) خوش کرنا۔ چست بنانا۔ ہشیار کرنا۔

تنصُّر (ع۔ مذکر) عیسائی ہونا۔ نصرانی ہونا۔ کرسشان ہونا۔ مذہب عیسوی اختیار کرنا۔ (نصر۔ مدد کرنا۔ فتح پانا)

تنصیص (ع۔ مونث) ۱ صاف کرنا۔ عیاں کرنا ۲ مانگنا۔ تقاضا کرنا۔

تنصیف (ع۔ مونث) دو برابر حصّوں میں تقسیم کرنا۔ دو برابر حصّے کرنا (نصف۔ درمیان میں پہنچنا)

تنضید (ع۔ مونث) ترتیب سے پاس پاس یا تلے اوپر رکھنا۔

تنظُّف (ع۔ مذکر) ۱ صاف رکھنا۔ ۲ صاف و پاک رکھنے کی کوشش کرنا۔

تنظُّم (ع۔ مذکر) ۱ ترتیب دیا جانا ۲ پرویا جانا۔

تنظیر (ع۔ مونث) ۱ دیکھنا۔ ملاحظہ کرنا۔ مطابق ہونا۔ مشابہ ہونا۔ ملنا ۲ ملانا۔ تشبیہ دینا (نظر۔ دیکھنا)

تنظیف (ع۔ مونث) پاک ہونا۔ صاف ہونا۔

تنظیم (ع۔ مونث) ۱ شعر کہنا۔ نظم بنانا ۲ موتی پرونا ۳ درستی کرنا۔ انتظام کرنا ۴ انتظام۔ بندوبست (نظم۔ ملانا۔ پرونا)

تنعُّل (ع۔ مذکر) جوتا پہننا۔

تنعُّم (ع۔ مذکر) ۱ دنیاوی نعمتیں بہتات سے ہونا۔ زندگی آرام و آسائش میں بسر کرنا ۲ لطف۔ آرام۔ مزا ۳ خوشی۔ فرحت ۴ اقبالمندی۔ عروج۔ بہبودی (نعم۔ آرام میں ہونا) **تنعّمات** (جمع) تنعم کی۔

تنعیم (ع۔ مونث) ۱ برکت دینا بہت دینا۔ آرام و آسائش سے رکھنا ۲ نعم یا ہاں کہنا ۳ تسلیم۔ قبولیت (نعم۔ آرام دینا)

تنغّش (ع۔ مذکر) منغص ہو جانا۔ طبیعت مکدر ہو جانا (نغش۔ ہلنا)

تنغیص (ع۔ مونث) زندگی حرام کر دینا۔ ستانا۔ تنگ کرنا۔

تنفخ (ع۔ مذکر) پھولنا۔

تنفّر (ع۔ مذکر) ۱ پرہیز کرنا۔ کنارہ [illegible]زاری۔ نفرت۔ کراہیت۔ گھن۔ اکراہ (نفر۔ ڈر کر بھاگنا)

تنفّس (ع۔ مذکر) سانس لینا۔ دم لینا (نفس۔ سانس لینا)

تنفّل (ع۔ مذکر) ۱ جتنا کا شرع کا حکم ہو اس سے زیادہ کرنا ۲ نفل پڑھنا۔

تنفیذ (ع۔ مونث) ۱ حرف یا ترتیب بدلنا ۲ گزارنا۔ داخل کرنا ۳ اثر رکھنا۔

تنفیر (ع۔ مونث) ۱ ڈرانا۔ ۲ بھگانا۔

تنفیس (ع۔ مونث) ۱ تسلی دینا۔ تشفی کرنا ۲ آرام دینا۔ تازہ کرنا۔

تنفیل (ع۔ مونث) ۱ تحفہ دینا۔ ۲ مال غنیمت دینا۔

تنقُّل (ع۔ مذکر) نُقل کرنا۔ تھوڑا تھوڑا ٹھونگنا (نقل۔ لیجانا)

تنقیح (ع۔ مونث) ۱ صاف کرنا چمکانا ۲ انتڑیوں کا صاف کرنا۔ جلاب دینا ۳ عیوب سے پاک کرنا ۴ تفتیش۔ دریافت۔ تحقیق۔ تفحص ۵ جھگڑا فیصلہ کرنا ۶ (قانون) وہ سوال جو امور متنازعہ کو فیصلہ کرنے کے لئے بنائے جاتے ہیں (کرنا۔ نکالنا کے ساتھ) (نقح۔ چھلکا اتارنا) **تنقیح امور تصفیہ طلب** (قانون) امور متنازعہ کو واضح کرنا۔ **تنقیح طلب** (صفت) جس میں تفتیش کی ضرورت ہو۔ فیصلہ ہونے والا۔

تنقید (ع۔ مونث) جانچ۔ پرکھ۔ تمیز۔ ایسی جانچ جو اچھے برے۔ کھرے کھوٹے ضعیف مضبوط میں تمیز کرے (نقد۔ تحریر پر اعتراض کرنا)

تنقیر (ع۔ مونث) ۱ آزمانا۔ امتحان کرنا ۲ پرندے کا چہچہانا یا گانا۔

تنقیص (ع۔ مونث) ۱ کم کرنا۔ گھٹانا ۲ نقصان۔ گھاٹا۔ کمی ۳ اعتراض (نقص۔ کم کرنا)

تنقیل (ع۔ مونث) ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا۔

تنقیہ (ع۔ مذکر) ۱ صاف کرنا۔ پاک کرنا ۲ فیصلہ۔ مقدمات کا فیصلہ کرنا ۳ اناج کو بھوسے سے الگ کرنا ۴ آنتوں کو صاف کرنا۔ جلاب لینا (نقیٰ۔ صاف کرنا) **تنقیۂ دماغ** (مذکر) دوائیوں سے دماغ صاف کرنا۔

تنک (ف۔ صفت) ۱ تھوڑا۔ ذراسا ۲ چھوٹا ۳ پتلا۔ دبلا ۴ بہت چھوٹا (س تنک تنک سے (تف) ۱ ذراسا ۲ تھوڑی دیر۔

تُنک (ف۔ صفت) ۱ تھوڑا چھوٹا۔ ذراسا ۲ پتلا۔ ضعیف۔ کمزور ۳ بے حقیقت۔ کمزور ۴ زنانہ ۵ (مذکر) پتلی روٹی **تنک حواس** (صفت) ۱ ہوشیار۔ عقلمند ۲ حساس۔ محسوس کرنے والا **تنک حواسی** (مونث) ۱ عقلمندی۔ شعور ۲ احساس **تنک صبر** (صفت) بے صبر **تنک صبری** (مونث) بے صبری **تنک ظرف** (صفت) ۱ کم حوصلہ۔ اوچھا۔ چھچھورا ۲ پیٹ کا ہلکا جسے بات نہ پچے

۳ جو بہت شراب نہ پی سکے ۴ سادہ بیوقوف ۵ چغلخور۔ **تنک ظرفی** (مونث) کم حوصلگی۔ چھچھورا پن۔ **تنک مایہ** (صفت) بے حیثیت۔ بے مایہ۔ **تنک مزاج** (صفت) نازک مزاج۔ چڑچڑا۔ زود رنج۔ **تنک مزاجی** (مونث) نازک مزاجی وغیرہ۔

تِنکا (ہ۔ مونث) ۱ گھاس کا تنکا ۲ چھوٹی سی چیز۔ نازک شخص۔ کمزور آدمی۔

تِنکارہ۔ مذکر) ۱ سوکھی گھاس ۲ سوکھی **گھاس کا ٹکڑا** ۳ کوڑا کرکٹ۔ کسی چیز کا چھوٹا سا ٹکڑا ۴ ذرا سی چیز۔ ذرہ ۵ (صفت) ہلکا۔ نازک۔ کمزور۔ س۔ ترنک۔ **تنکا اتارنا** (متعدی) تھوڑا سا احسان کرنا۔ **تنکا اتارنے کا احسان ماننا** (متعدی) تھوڑے سے احسان کا شکر گزار ہونا یا اس کو بہت ماننا۔ **تنکا ادھر اُدھر ہونا** (لازم) ۱ بے ترتیبی ہونا ۲ تھوڑا سا نقصان ہونا۔ **تنکا بھی نہ توڑ سکنا** (لازم) ۱ نہایت کمزور ہونا ۲ کاہل ہو جانا۔ سست ہو جانا۔ **تنکا بھی پاس نہ رہنا** (لازم) ۱ مفلس ہو جانا۔ غریب ہو جانا ۲ روپیہ بالکل خرچ ہو جانا۔ صفایا ہو جانا۔ **تنکا توڑنا** (متعدی) تھوڑا سا کام کرنا۔ **تنکا تنکا** (تف) ۱ ہر ایک تنکا ۲ ذرا ذرا۔ الگ الگ۔ علیحدہ علیحدہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **تنکا دانتوں میں پکڑنا یا لینا** (متعدی) ۱ اطاعت کرنا۔ مغلوب ہونا۔ شکست ماننا ۲ پناہ یا امان مانگنا ۳ گڑگڑانا۔ عاجزی کرنا۔ معافی چاہنا۔ **تنکا سا توڑنا** (متعدی) انکار کرنا۔ دو ٹوک جواب دینا۔ **تنکا سر سے اتارنا** (متعدی) تھوڑا سا احسان کرنا۔ **تنکا منہ میں لینا** (متعدی) دیکھو تنکا دانتوں الخ **تنکا ناک میں پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) عورتوں کا ناک کے چھید میں تنکا ڈالنا۔ **تنکا نہ توڑنا** (متعدی) کچھ نہ کرنا۔ **تنکا نہ رہنا** (لازم) ۱ کچھ پاس نہ رہنا۔ سب کچھ چوری ہو جانا۔ صفایا ہو جانا۔ جھاڑو پھر جانا ۲ کنگال ہو جانا۔ مفلس ہو جانا۔ **تنکا ہو جانا** (لازم) دبلا ہو جانا۔ **تنکوں** (مذکر) تنکا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **تنکوں کا کھیل** (مذکر) نکما اور فضول کام۔ کچا کام۔ **تنکے** (مذکر) تنکا کی جمع ۲ بجائے تنکا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **تنکے اوٹ پہاڑ ہونا** (لازم) ادنےٰ چیز کی اوٹ میں بڑی چیز کا ہونا ۲ مشکل چیز کا ذرا سی تدبیر سے حل ہو جانا۔ **تنکے چننا یا چننے لگنا** (متعدی) چنوانا (لازم) بدحواس کر دینا۔ گھبرا دینا ۲ پاگل کر دینا ۳ بدمست کر دینا۔ **تنکے کا احسان** (مذکر) تھوڑا سا احسان۔ **تنکے کا احسان بھی بہت ہونا** (لازم) تھوڑے سے احسان کا بھی بوجھ بڑا ہوتا ہے۔ تھوڑا سا احسان بھی قابلِ شکرگزاری ہے۔ **تنکے کا احسان ماننا** (متعدی) ذرا سے احسان کا بھی شکر گزار ہونا۔ **تنکے کا سہارا** (مذکر) تھوڑی سی مدد۔ ذرا سی امداد۔ **تنکے کا سہارا نہیں** - گزارے کی کوئی صورت نہیں۔ ذرا سی آمدنی نہیں۔ **تنکے کو پہاڑ کر دکھانا** (متعدی) ۱ بات کا بتنگڑ بنانا۔ مبالغہ کرنا ۲ ادنےٰ کو اعلےٰ بنا دینا۔

امثال و اقوال

تنکا اتارنا اور چھپّر رکھ دینا۔ تھوڑا سا احسان کرنا اور اس کے عوض میں بہت کچھ وصول کر لینا۔ **تنکا گرا گیند رکھ نیک نہ گھٹو آہار۔ سو لے چلی پپیل کا پالن کو پرد ار** (ہ) ہاتھی کے منہ سے تنکا گرا تو اس کے کھانے میں کوئی فرق نہیں پڑا۔ کیڑی اسے اٹھا لے گئی اور اس کا گزارہ ہو گیا۔ امیر کا اگال غریب کا ادہار۔ **تنکا ہو تو توڑ لوں۔ پیت نہ توڑی جائے۔ پیت لگت چھوٹت نہیں جب لگ موت نہ آئے** (ہ) محبت موت آنے تک نہیں جاتی۔ **تنکے کی اوٹ (اوجھل) پہاڑ**۔ دیکھو تل کی اوجھل پہاڑ۔ **تنکے کی چٹائی نو بیگھہ پھیلائی**۔ اتنا وعدہ کرنا جو نہ ہو سکے۔

تِنکار (ف۔ مذکر) درست لفظ تنگار ہے۔

تِنکنارہ۔ لازم) ۱ ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ بگڑنا ۲ چبھنا۔ تپکنا ۳ دھڑکنا۔ پھڑکنا (س ترد۔ توڑنا)

تِنکی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی میٹھی پتلی روٹی (س تنک۔ پتلا)

تَنکیر (ع۔ مونث) نکرہ کرنا (نکر۔ شکل بدلنا۔ نکرہ بنانا)

تَنکیس (ع۔ مونث) اوپر تلے ہونا۔ الٹنا۔

تَنگ (ف۔ صفت) ۱ سکڑا ہوا۔ بھچا ہوا ۲ چھوٹا۔ ناکافی ۳ غریب۔ محتاج۔ مفلس۔ نادار ۴ تھوڑا۔ قلیل۔ کوتہ ۵ عاجز۔ مغموم ۶ ملول۔ غمگین۔ رنجیدہ ۷ مشکل۔ دشوار ۸ (مذکر) زین کسنے کا چوڑا سوت کا تسمہ ۹ تھیلا۔ بوری ۱۰ گھوڑے اونٹ یا بیل کا نصف بوجھ ۱۱ گھنٹہ۔ گھڑیال ۱۲ درہ ۱۳ وہ تختہ جس پر مصوّر پہلا خاکہ تیار کرتے ہیں ۱۴ مانی کا تصویر خانہ ۱۵ ترکستان میں ایک مقام ۱۶ بدخشاں کے قریب ایک علاقہ۔ **تنگ آنا** (لازم) ۱ عاجز آنا۔ مجبور ہونا ۲ بیزار ہونا ۳ تھک جانا ۴ مشکل میں پھنسنا۔ مصیبت میں پڑنا۔ **تنگا ترشی سے گزرنا**۔ آمدنی کم خرچ زیادہ ہونا۔ **تنگا تنگ** (تف) بھینچ کر زور سے (تعکیر کرنا ہونا کے ساتھ) **تنگ بخت** (صفت) ۱ بدبخت ۲ مفلس۔ نادار۔ **تنگ پکڑنا** (متعدی) ۱ زچ کرنا۔ عاجز کر دینا۔ مجبور کرنا ۲ تنگ کسنا۔ **تنگ پوش** (صفت) چست کپڑے پہننے والا۔ **تنگ پوشی** (مونث) کپڑوں کی چستی۔ **تنگ ٹوٹنا** (لازم) گھوڑے کے تنگ کا دو ٹکڑے ہو جانا۔ **تنگ جائی** (مونث) تنگی۔ **تنگ چشم** (صفت) ۱ کمینہ۔ ادنیٰ ۲ لالچی۔ حریص۔ طامع ۳ بخیل۔ کنجوس ۴ اوچھا۔ کم ظرف ۵ پست ہمت۔ کم حوصلہ۔ **تنگ ترکاں** (مذکر) ترکستان میں ایک مقام جہاں کے لوگوں کی خوبصورتی کی شہرت ہے۔ **تنگ چشمی** (مونث) کمینہ پن وغیرہ۔ **تنگ حال** (صفت) ۱ غریب۔ نادار۔ مفلس ۲ (مذکر) قریب مرگ۔ جانکنی ۳ تباہ حالت۔ **تنگ حالی** (مونث) غربت۔ مفلسی۔ ناداری۔ **تنگ حال ہونا** (لازم) ۱ غریب ہونا۔ نادار ہونا ۲ مصیبت میں ہونا۔ **تنگ حوصلہ** (صفت) ۱ کم ظرف۔ پیٹ کا ہلکا ۲ کمینہ۔ اوچھا۔ **تنگ حوصلگی** (مونث) ۱ کم ظرفی وغیرہ ۲ پست ہمتی۔ کم ہمتی۔ **تنگ درزی** (مونث) باریک سلائی۔ **تنگدست** (صفت) مفلس۔ نادار (ہونا کے ساتھ) **تنگدستی** (مونث) مفلسی۔ غربت۔ ناداری۔ **تنگدل** (صفت) ۱ کمظرف۔ کمینہ۔ اوچھا ۲ کنجوس۔ بخیل ۳ بے حوصلہ۔ **تنگ دلی** (مونث) کمظرفی وغیرہ۔ **تنگ دہن** (صفت) ۱ چھوٹے منہ کا غنچہ دہن ۲ مجازاً معشوق۔ **تنگ روزی** (صفت) مفلس۔ غریب۔ نادار۔ **تنگ ڈھیلا ہونا** (لازم) تنگ پوری طرح کسا نہ ہونا۔ اس سے سوار کے گر جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ **تنگ رہنا** (لازم) ۱ تہی دست ہونا۔ کم آمدنی زیادہ خرچ ہونا ۲ پریشان رہنا۔ **تنگ زیست** (صفت) تنگ دست۔ **تنگ طلبی** (مونث) زور دے کر مانگنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **تنگ ظرف** (صفت) کمظرف۔ **تنگ عیش** (صفت) تنگ دست۔ **تنگ فرصت** (صفت) کم فرصت۔ **تنگ کرتی** (مونث) وہ کرتی

جو بدن پر کسی ہوئی ہو۔ اور اس میں پستانوں کا اُبھار نظر آتا ہو۔ **تنگ کرنا** (متعدی) ۱ ستانا۔ دق کرنا۔ حیران کرنا ۲ مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔ **تنگ کسنا** (متعدی) زین کے تسمے کھینچ کر باندھنا کہ زین اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ **تنگ گیری** (مونث) ظلم۔ جور ستم۔ زیادتی۔ **تنگ لینا** (متعدی) تنگ کسنا۔ **تنگ مایہ** (صفت) مفلس غریب۔ **تنگ مایہ** سے بہ مفلس ہے۔ **تنگ معاش** (صفت) تنگ دست۔ **تنگنائے** (مونث) ۱ تنگ جائے۔ تنگ رستہ ۲ قبر ۳ انسان کے بدن کا کوئی چھوٹا حصہ۔ **تنگ و تاریک** (صفت) چھوٹی جگہ جہاں اندھیرا ہو۔ **تنگ ورزی** (مونث) کفایت شعاری۔ **تنگ وقت** (مذکر) ۱ مشکل کا وقت۔ ضرورت کا وقت ۲ مصیبت کا وقت۔ **تنگ وقت پر** (ف) تھوڑا سا وقت رہ جانے پر۔ بے وقت۔ کافی وقت نہ ہونے پر۔ **تنگ ہاتھ ہونا** (لازم) ۱ چھوٹا ہونا۔ کھلا نہ ہونا۔ فراخ نہ ہونا ۲ گھبرانا۔ رنج ہونا ۳ ناراض ہونا۔ **تنگی** (مونث) ۱ کمی قلت۔ کوتاہی چھوٹا پن ۲ مصیبت۔ تکلیف۔ سختی ۳ مفلسی۔ غربت۔ ناداری ۴ مشکل۔ دشواری۔ دقت ۵ بخل۔ کنجوسی ۶ کم ظرفی ۷ کھیلا بوری۔ **تنگیانا** (متعدی) تنگ کسنا۔ **تنگیاب** (صفت) کمیاب۔ نادر۔ **تنگی ترشی** (مونث) کفایت شعاری۔ **تنگی ترشی سے گزارہ ہونا** (لازم) بڑی کفایت شعاری سے گزارہ ہونا۔ **تنگی کرنا** (متعدی) ۱ تکلیف دینا ۲ سختی کرنا۔ جبر کرنا ۳ کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا ۴ کوتاہی کرنا۔ **تنگی ہونا** (لازم) ۱ تکلیف ہونا۔ آمدنی کی کمی ہونا۔

امثال و اقوال۔ تنگی کے ساتھ فراخی اور فراخی کے ساتھ تنگی لگی ہوئی ہے۔ کوئی ہمیشہ امیر یا غریب نہیں رہتا حالت بدلتی رہتی ہے۔ امیری اور غربت کا ساتھ ہے **تنگی گئی فراخی آئی**۔ مصیبت کا زمانہ گزر گیا آرام کے دن آ گئے۔ **تنگی و فراخی بدست خود**۔ ۱ تنگی اور فراخی اپنے ہاتھ ہے۔ مذاقاً مخلوق کی نسبت کہتے ہیں ۲ آدمی کے اپنے اختیار میں ہے کہ تکلیف یا آرام میں رہے۔ اگر فضول خرچ ہے ہمیشہ تکلیف میں رہے گا۔ اگر کفایت شعار ہے تو آرام سے زندگی بسر کریگا۔

تُنگ (س۔ صفت) ۱ اونچا۔ مرتفع بلند ۲ مضبوط۔ قوی ۳ جوشیلا۔ تیز ۴ (مونث) بلندی اونچائی ۵ چوٹی۔ سب سے اونچی جگہ ۶ ایک درخت کا نام ۷ میسور میں ایک دریا۔ **تنگ بھدرا** (مذکر) میسور میں ایک دریا۔ **تنگ بَل** (مذکر) ایک پہاڑ کا نام۔ **تنگ پرستھ** (مذکر) ایک پہاڑ۔ **تنگ دھنون** (مذکر) سُسم کا ایک راجہ۔ **تنگ شیل** (مذکر) ایک پہاڑ جس پر شوجی کا ایک مندر ہے۔ **تنگ کوٹ** (مذکر) ایک تیرتھ۔ **تنگ وینا** (مونث) دکن میں ایک دریا۔ **تنگی** (مونث) اونچائی۔ بلندی ۲ تلسی کی ایک قسم۔ **تنگیشور** (مذکر) شوجی کا ایک مندر۔

تُنگ (ف۔ مذکر) ۱ ایک برتن جس کی گردن لمبی اور پتلی ہوتی ہے ۲ فوج کا دستہ۔

تنگا۔ تنگہ (ف۔ مذکر) ایک سکہ جو دو پیسے کے برابر ہوتا ہے۔ ٹکا۔

تنگیانا (ہ۔ متعدی) ۱ گھوڑا سرپٹ دوڑانا ۲ تنگ کسنا۔

تنماتر (س۔ صفت) صرف یہ۔ صرف یہی۔

تَنمیت (ع۔ مونث) ۱ جھوٹی خبریں مشہور کرنا ۲ بدنام کرنا ۳ آگ پر لکڑی ڈالنا اور اسے بھڑکانا۔

تَنمیق (ع۔ مونث) خوبصورت خط لکھنا۔

تنوالا (ہ۔ مذکر) ۱ آنکھوں کے آگے کی تاریکی ۲ بیہوشی۔ غشی۔

تنوّر (ع۔ مذکر) ۱ دور سے آگ کو دیکھنا ۲ چمکنا ۳ ایسا مسالہ لگانا جس سے بال اڑ جائیں۔

تنور۔ تنّور (ع۔ مذکر) ۱ ایک گول گڑھا جس کو گرم کرکے اس میں روٹیاں پکاتے ہیں ۲ ایک گول لمبوترا کچی مٹی کا برتن جسے گڑھے میں لگا کر یا زمین کے اوپر رکھ کر روٹیاں پکاتے ہیں ۳ انگریزی طریقے کا ڈبل روٹی۔ کیک۔ مٹھائی وغیرہ بنانے کا چولھا (نار۔ دہکنا) **تنور بازی** (مونث) تنور پر جاکر روٹی کھانا۔ **تنور جھونکنا** (متعدی) تنور گرم کرنا۔ **تنور خانہ** (مذکر) باورچی خانہ۔ **تنور کی سوجھنا** (لازم) تنور پر جاکر روٹی کھانا۔ **تنور گرم ہونا** (لازم) تنور کا اس قدر گرم ہو جانا کہ اس میں روٹیاں پکائی جا سکیں۔

امثال و اقوال۔ تنور بازی اور اللہ راضی۔ فقیر عموماً کہتے ہیں۔ **تنور سے بچنے کے لئے بھاڑ میں گرے**۔ ایک مصیبت سے بچنے کے لئے دوسری مصیبت میں پڑے۔

تَنوّع (ع۔ مذکر) گوناگوں۔ مختلف رنگ۔ قسم قسم (نوع۔ تقسیم کرنا)

تنونی۔ تنوی (س۔ مونث) نازک اندام عورت۔

تنوّہ (ع۔ مذکر) ۱ اعلیٰ ہونا ۲ ثنا کیا جانا۔ حمد کی جانا۔

تنوی (س۔ مونث) ۱ ایک پودا ۲ (عروض) ایک قسم کی رباعی۔

تنویر (ع۔ مونث) روشنی۔ نور۔ چمک (نار۔ چمکنا)

تنویم (ع۔ مونث) لوری دے کر سلانا۔

تنوین (ع۔ مونث) کسی لفظ کے آخری حرف پر دو زبر دو زیر یا دو پیش لگا کر نون کی آواز نکالنا۔ جب دو زبر کی تنوین ہو تو الف بڑھا دیتے ہیں۔ لیکن جب آخر میں ت بشکل ۃ ہو تو الف نہیں بڑھاتے (حرف نون سے)

تنویہ (ع۔ مونث) ۱ تعریف کرنا۔ حمد کرنا ۲ بلانا ۳ بڑائی۔ شان۔

تنہ (ف۔ مذکر) دیکھو تنا۔

تنہا (ف۔ صفت) ۱ اکیلا۔ مجرد۔ فرد۔ جریدہ ۲ عجیب۔ نادر۔ لاثانی۔ بے نظیر ۳ طاق ۴ فرض فقط ۵ علیحدہ۔ الگ۔ جدا (چھوڑنا۔ رہنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) **تنہا خوری** (مونث) ۱ اکیلے کھانا ۲ خود غرضی کرنا ۳ کسی کے ساتھ مل کر رشوت نہ لینا (کرنا کے ساتھ) **تنہائی** (مونث) ۱ علیحدگی۔ گوشہ نشینی ۲ مفارقت ۳ اکیلا رہنا۔

تنی (ہ۔ مونث) ۱ کسی چیز کے باندھنے کی ڈوری۔ بند ۲ حصہ۔ ساجھا ۳ (ہ) بیٹی۔ پوتی وغیرہ۔ **تنی میں گانٹھ دینا** (متعدی) ۱ یادداشت کے واسطے تنی میں گرہ لگانا ۲ منگنی کرنا۔ سگائی کرنا نسبت کرنا۔ **تنی رہنا** (لازم) جھگڑا رہنا۔ دانتا کلکل

رہنا۔

تَنّیے (س۔ مذکر) بیٹا۔ اولاد نرینہ۔

تَنّی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا چاول۔

تَنَیا (س۔ مونث) بیٹی۔ پوتی وغیرہ

تَنِیا (ہ۔ مذکر) ¹ کلائی پر باندھنے کا کپڑا ² لنگوٹ۔ کپڑا جو ستر ڈھانکنے کو باندھا جائے

تِنّین (ع۔ مذکر) ¹ بڑا سانپ۔ اژدہا ² ایک صورت کوکبہ دیکھو التنین۔

تَو (ہ۔ حرف جزا) پھر۔ اس وقت۔ اس حالت میں (اگر کے بعد جزا میں آتا ہے چاہے اگر محذوف ہو) **تو بھی** (تف) ¹ پھر بھی ² تاہم۔ باوجودیکہ **توسہی** (تف یقینی۔ شرطی۔ بالضرور) **تولگ** تولوں (تف) جب تک اسوقت تک (اردو میں متروک ہے) **توہو۔ توہی** (ہ) توبھی۔

تَو (ع۔ تف) ¹ اکیلا۔ تنہا ² ایک بل کی رسی ³ لاپروا شخص ⁴ عمارت۔

تُو (ہ۔ ضمیر واحد حاضر) ¹ اپنے سے ادنٰے درجے والے کو خطاب کرتے ہیں ² اپنے سے چھوٹے کو کہتے ہیں ³ کبھی پیار اور بے تکلفی سے استعمال کرتے ہیں ⁴ خدا تعالٰے کو خطاب کرتے ہیں (س تُو تیرا) **تو تڑاق کرنا** (متعدی) ¹ جھگڑنا۔ لڑنا ² بدزبانی کرنا۔ گالیاں دینا۔ زبان درازی کرنا ³ گستاخی سے پیش آنا۔ **تو نکار** (ہ) بدزبانی۔ زباندرازی گالی۔ **تو تو**۔ کم سے کم تو۔ تاکید کے لئے بھی کہتے ہیں **تو تو کرنا** (متعدی) دیکھو تو تڑاق کرنا۔ **تو چل میں چل**۔ ایک ایک کرکے کھسکنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **تو تو میں میں** (مونث) ¹ جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی ² گالی گلوچ۔ زباندرازی۔ بدزبانی (کرنا ہونا کے ساتھ) **توکرنا** (متعدی) دیکھو تو تڑاق کرنا۔ **توکون ہے** ¹ استفہامیہ ² دخل در معقولات کرنے والے کو تنبیہ۔ **توکہاں اور میں کہاں**۔ تیرا میرا کیا مقابلہ ہے۔ اگر اعلٰے سے خطاب ہے تو اپنے آپ کو کمتر اور اگر ادنٰے سے خطاب ہے تو اپنے آپ کو افضل ظاہر کیا جاتا ہے۔ **توکیا ہے**۔ تیری کچھ ہستی نہیں **توکیوں پیٹ پھاڑتا ہے**۔ توکیوں نہیں مانتا۔ تیرا کیا نقصان ہے۔ توکیوں ہٹ کرتا ہے۔ **توکیوں جلتا ہے**۔ توکیوں رشک کرتا ہے یا بُرا مانتا ہے۔ **تو مانتا نہیں**۔ دیکھو تو نہیں مانتا۔ **تو ناشاد و نامراد (دُنیا سے) جائے** (ع) تو رنج و غم کھاکر مرے۔ تیری مرنے سے پہلے کوئی آرزو پوری نہ ہو **تو نہیں تیرا بھائی سہی** ¹ تو نہیں کرتا تو کوئی اور اس کام کو کریگا ² اگر تونے یہ کام نہیں کیا تو کسی تیرے بھائی نے کیا ہے۔ **تو نہیں جاتا**۔ چلا جا نہیں تو تیرے واسطے اچھا نہ ہوگا۔ **تو نہیں مانتا** (استفہامیہ) مان لے ورنہ تیرے واسطے بُرا ہوگا۔ **تُو ہو اور دُنیا ہو**۔ تو ہمیشہ زندہ رہے۔ **تو ہے اور میں ہوں** ¹ اب اور کوئی نہیں ² اب ایسا بدلہ لونگا کہ تو بھی یاد کرے۔ **تو ہی تو ہے** تیرے سوا اور کوئی نہیں۔ ہر جگہ تو ہی ہے۔ خدا کو خطاب کرتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ تو بھی رانی

میں بھی رانی کون بھرے (پن گھٹ پر) گا پانی (ع) کاہل ملازمہ کو کہتی ہیں یا جہاں سب سست ہوں اور کام نہ کرتے ہوں کہتی ہیں۔ **تو تیلی کا بیل تجھے کیا سیر لگا رہو (گھاس) گھانی سے** جو شخص ہر وقت کام میں لگا رہے اُسے طنزاً کہتے ہیں **تو چاہ میری جائی کو میں چاہوں (تیری چارپائی کو) تیرے کھاٹ کے پائے کو**۔ ساس اپنے داماد کو کہتی ہے۔ **تو چھوٹے اور میں موئی**۔ **تو چھوئی کہ میں موئی**۔ جھوٹی نزاکت پر طنز ہے۔ **تو دیورانی میں جیٹھانی۔ تیرے آگ نہ میرے پانی**۔ دونوں مفلس اور کنگال ہیں۔ **تو ڈال ڈال تو میں پات پات**۔ دیکھو تم ڈال الخ **تو کر اپنا کام تو لیا بھوس دے** (ہ) تو اپنا کام کئے جا کتوں کو بھونکنے دے۔ دوسرے لوگ کچھ کہیں اپنے کام کو نہیں روکنا چاہئے۔ **تو کنر کے مارے پھرت کیوں من میں پچھتایو۔ جس نے جیسا دیو ہے تس نے تیسا پایو** (ہ) ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ پچھلے جنم میں جیسا کام کیا ہو ویسا اگلے جنم میں بدلا ملتا ہے۔ **تو کو نہ موکو چولہے میں جھونکو**۔ چیز کو خراب کرکے کسی کے کام کا نہ چھوڑنا **تو کھول میرا لکنا میں گھر سنبھالوں اپنا** جب نئی دلہن گھر کے کاموں میں دخل دینے لگے تو ساس کہتی ہے۔ **تو کہے سو سچ ہے بڈھی تو کہے سو سچ**۔ جب کوئی گپ مارے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ **تو گدھی کمہار کی تجھے رام سے کام (کو تجھ)** تو اپنا کام کر تجھے ایسی باتوں سے کیا تعلق۔ اسے کہتے ہیں جو باوجود کم لیاقت ہونے کے دوسرے کے کام میں رائے دے یا دخل در معقولات ہو۔ **تو گور کھود (موکو) میری۔ میں گاڑ آؤں تو کو**۔ تو اگر میرا بُرا چاہیگا تو تیرا ہی بُرا ہوگا۔ **تو مجھ کو تو میں تجھ کو** ¹ تو میرا ساتھ دیگا تو میں تیرا ساتھ دونگا ² تو مجھ سے محبت کریگا تو میں تجھ سے محبت کرونگی۔ **تو میرا بالا کھلا میں تیری کھچڑی کھاؤں**۔ احمق کو دم دیکر راضی کر لیتے ہیں۔ **تو میرا لڑکا کھلا میں تیری کھچڑی پکاؤں**۔ تو میرا کام کر میں تیرا کام کردوں **تو میرے بالے کو چاہے تو میں تیرے بُوڑھے کو چاہوں**۔ اگر تم میری خیر خواہی کروگے تو میں تمہاری خیر خواہی کرونگا۔ **تو میری گور کھود میں گاڑ آؤں تجھ کو**۔ تو اگر میرا بُرا چاہیگا تو تیرا ہی بُرا ہوگا۔ **تو نے کہی میں نے مانی**۔ مجھے تمہارا اعتبار نہیں۔ **تو نے کی رام جنی میں نے کیا رام جنا** (ہ) بدکار عورت بدکار خاوند سے کہتی ہے۔ چونکہ تو بدکاری کرتا ہے میں بھی کرتی ہوں۔

تو (ہ۔ حرف جزا) ¹ پھر۔ اس وقت اس حالت میں ² تب۔ بس ³ کم سے کم ہی ⁴ جواب کے ساتھ زور دینے کے لئے ⁵ پس۔ اس لئے (حرف ربط) پھر۔ تب۔ بس (س تاوت) **تو بات ہے** تب مزا ہے۔ تب لطف ہے۔ **تو پھر** (تف) اس وقت۔ اس حالت میں۔ **تو کیا**۔ کچھ نہیں۔ کچھ نقصان نہیں کچھ مضائقہ نہیں **تو کیا ہوا** کچھ نہیں ہوا کچھ فائدہ نہیں ہوا **تو کیا ہوتا** کچھ نقصان نہ ہوتا ² کسی صورت میں ہوتا۔ کیا شے ہوتا

تُو (ت۔ ضمیر) واحد حاضر۔

امثال و اقوال۔ تو بر آئے

پدر چہ کردی خیر۔ کہ ہمہ چشم داری از پسر رت۔ تو نے اپنے بزرگوں سے کیا بھلائی کی جو اس کا اپنے بیٹے سے امیدوار ہے۔ **تو بر اوج فلک چہ دانی چیست۔ چوں ندانی کہ در سرائے تو کیست**۔ تجھے پاس کی خبر نہیں تو دور کی باتیں کیا جانے۔ اپنی طاقت سے بڑھ کر کیوں باتیں بناتا ہے۔ **تو کار زمیں را نکو ساختی کہ با آسماں نیز پرداختی**۔ تو نے معمولی کاموں میں کیا کامیابی حاصل کی جو اب بڑے کاموں میں ہاتھ ڈالتا ہے۔

تو (ہ۔ ضمیر) تجھے۔ **توکو** (تف) تجھ کو۔ توہی۔ تو ہے تجھے۔

امثال - توکو نہ بھناؤں تیرا
بھنیا اور ملاؤں - پوربیوں کی کنجوسی پر طنز ہے - کہتے ہیں ایک پوربیہ سودا خریدنے گیا - روپیہ بھنانے کو دل نہ چاہتا تھا - اتنے میں ہاتھ میں پسینہ آگیا - سمجھا روپیہ جدائی کی وجہ سے روتا ہے - سو اس نے یہ فقرہ کہا - **توکو نہ موکو لوچھے ہیں چھوکو** - نہ اپنا نفع کیا نہ غیر کا - مفت میں ضائع کردیا -

تو - تو تو (ہ - مونث) ۱۔ کتے کو بلانے کی آواز ۲ (ہ) کوئل کی آواز - کوکو - **تو (تو) کرنا** (متعدی) کتے کو بلانا -

تُوا (ع - صفت) ۱۔ برباد - تباہ ۲۔ گمشدہ ۳۔ (مذکر) بربادی۔

توا (ہ - مذکر) ۱۔ لوہے کا گول پتلا بیچ میں سے ابھرا ہوا ظرف جسے آگ پر رکھ کر روٹی بنا کر پکنے کے لئے ڈالتے ہیں ۲۔ ٹھیکرے کا گول ٹکڑا جسے چلم میں تباکو کے اوپر اور آگ کے نیچے رکھتے ہیں - اس سے تباکو جلد نہیں جلتا ۳۔ ایک بڑا لوہے یا سیسے کا گول ٹکڑا جس میں سوراخ ہوتے ہیں اور کوئیں کی تہ میں رکھا جاتا ہے ۴۔ وہ لوہے کا گول ٹکڑا جسے پانی گرم کرنے کے لئے حمام یا سقابے میں لگاتے ہیں - اس کے نیچے آگ جلائی جاتی ہے - اور یہ گرم ہو کر پانی کو گرم کرتا ہے ۵۔ (ہ) دریا کی تہ ۶۔ لوہے کا آئینہ - لوہے کے ٹکڑے کو جلا دیکر بطور آئینہ استعمال کرتے ہیں ۷۔ تہ - پرت - طبق ۸۔ (صفت) سیاہ - کالا (رس تاپک) **توا چڑھنا** (لازم) روٹی پکانے کے لئے توے کا چولھے پر رکھا جانا - کھانا پکانے کی تیاری ہونا - **توا سر پر رکھ لینا** (متعدی) توے کی سپر بنانا - کہیں بہت پٹ نہ جاؤ اپنا بچاؤ کر لینا (نصیحتاً) **توا سر سے باندھنا** (متعدی) ۱۔ سر کی حفاظت کر کے جنگ کے لئے تیار ہونا ۲۔ اپنے آپ کو مضبوط یا مستحکم بنانا - **توا لال ہونا** (لازم) آگ کی تیزی سے توے کا سرخ ہو جانا **توا ہنسنا** (لازم) توے کے نیچے سیاہی کا روشن ہو جانا - یہ خوش قسمتی کا نشان سمجھا جاتا ہے - **توی** (مونث) بڑا توا جس پر فوجی سپاہی یا پولیس والے روٹیاں پکاتے ہیں - ایک ہی وقت بہت سی روٹیاں اس پر پک سکتی ہیں - **توے** (مذکر) ۱۔ جمع توا کی ۲۔ بجائے توا حروف مغیرہ کے بعد - **توے پر کی بوند** دیکھو توے کی بوند - **توے کا حقہ** (مذکر) وہ حقہ جس کی چلم میں توا رکھا جائے - **توے کی بوند** (مونث) ۱۔ بہت معمولی چیز - ذرا سی چیز ۲۔ ناپائدار چیز - **توے کی تپائی** (مونث) ایک لوہے کی تپائی جس پر چلم کے بہت سے توے رکھ کر نیچے چنگاریاں رکھ دیتے ہیں - تاکہ گرم رہیں - اور حقہ سلگانے میں دیر نہ لگے - **توی کی روٹی** (مونث) وہ روٹی جو توی پر پکائی جائے -

امثال و اقوال - توانگاری
آگ جل ان ایندھن جت ہوئیں - بار ادو اجاڑ ہیں بھوکے منکھ نہ روئیں (ہ) اگر توا آٹا گوندھنے کا برتن آگ پانی اناج اور ایندھن ہو تو بڑے جنگل میں بھی انسان بھوکا نہیں رہتا -
توا چڑھا اور جی بڑھا - روٹی پکتے دیکھ کر بھوکے کو تسلی ہو جاتی ہے - **توا چڑھا بیٹھی مسرانی - گھر میں ناج اگن نہ پانی** - ہے تو غریب مگر دکھانے کو امیرانہ کام کرتی ہے - **توا نہ تغاری کاہے کی بھٹیاری - توا نہ کونڈا نہ چلہاری کیے نار ہیں ہوں بھٹیاری** - پاس کچھ نہ ہو اور ظاہرداری بہت ہو تو کہتے ہیں - **توے کی تیری (تغار - تغاری - گھٹی یا) ہاتھ کی میری** - دوسرے کی جلدی کا اظہار کرنے کے لئے کہتے ہیں - بہت زیادہ تیرا تھوڑا میرا -

تَوّاب (ع - صفت) ۱۔ توبہ کرنے والا - تائب ۲۔ رحم کرنیوالا - ترس کھانے والا ۳۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام -

تَوابِع (ع - مذکر) تابع کی جمع - پیرو - ماتحت - ملازم -

تَوابِل (ع - مذکر) ۱۔ گوشت کو لگانے کے مسالے ۲۔ بوٹیاں -

تَوابیت (ع - مذکر) تابوت کی جمع -

تَواتُر (ع - مذکر) لگاتار - سلسلہ - تسلسل - تابڑتوڑ (وتر - جدا کرنا)

تَواجُد (ع - مذکر) وجد - جذبہ - بیخودی - سرمستی - وراگ - بگنتا (وَجد - بیخود ہونا)

تُوار (ہ - مونث) ایک قسم کی دال - ارہر -

تُوارا (ہ - مذکر) تین دروازوں کا کمرہ - تبارا -

تُوارائن (ہ - مونث) تواری کی بیوی -

تَوارُد (ع - مذکر) ۱۔ دو شخصوں کو ایک ہی مضمون سوجھنا ۲۔ دو شخصوں کا ایک ہی بیت یا مصرعہ لکھنا (ہونا کے ساتھ) (وَرَد - داخل ہونا)

تَواری (ع - مونث) چھپا ہونا - اپنے آپ کو چھپانا -

تَوارِیخ (ع - مونث) تاریخ کی جمع

تُواڑی (ہ - مذکر) دیکھو تواری -

تَوازُن (ع - مذکر) ہموزن کرنا (وَزن - تولنا)

تَوازی (ع - مونث) ۱۔ جمع ہونا ۲۔ ایک دوسرے کو ایذا پہنچانا - بجائے توذی -

تُواسی (ہ - صفت) دیکھو تباسی -

تُواسی (ف - مونث) ایک قسم کا قالین -

تَواضُع (ع - مونث) ۱۔ خاطر مدارات آؤ بھگت ۲۔ مہمانداری - مہمان نوازی ۳۔ پیش کرنا دینا ۴۔ ظاہرداری کی خاطر مدارات - دکھاوے کی مہربانی (کرنا - ہونا کے ساتھ) **تواضع سمرقندی** (مونث) ظاہرداری کی خاطر مدارات یا آؤ بھگت (وَضع - رکھنا - ڈالنا)

تَواطُع (ع - مذکر) ماننا - اتفاق کرنا -

تَواعُد (ع - مذکر) ایک دوسرے سے وعدہ کرنا -

تَوافُق (ع - مذکر) ۱۔ موافقت - مطابقت - یکجائی - اتفاق - سازگاری ۲۔ میل - اتحاد - دوستی ۳۔ اتفاق - سنجوگ ۴۔ سازش ۵۔ علم حساب میں تقسیم جس میں کچھ باقی نہ رہے ایسے دو عددوں کا تعلق جن کو تیسرا عدد تقسیم کر سکے ہم مقداری - ہم وزنی (وَفق - ملنا)

تَواقیع (ع - مذکر) توقیع کی جمع شاہی خطوط -

تُوالا (ہ - صفت) دیکھو تتوالا -

تَوالُد (ع - مذکر) ۱۔ اولاد پیدا کرنا ۲۔

نسلاً بعد نسل پیدا ہونا - **توالد و تناسل** (مذکر) اولاد پیدا ہونا اور نسل چلنا (وَلَد - جننا)

توالی (ع - مونث) متواتر - پے در پے - لگاتار - ١ وَلَی - نزدیک ہونا)

توام (ع - مذکر) وہ بچّہ جو دوسرے کے ساتھ پیدا ہو - جُڑواں - جوڑلا - **توامان** (مذکر) ١ وہ دونوں بچّے جو اکٹھے پیدا ہوں ٢ صورت جوزہ کے دو ستارے - (وَاَم - اکٹھا رہنا)

توان (ف - مذکر) طاقت - قوت - زور - بل - قدرت - ہمّت - **توانا** (صفت) طاقتور وغیرہ - **توانائی** (مونث) دیکھو توان - **توانائے مطلق** (مذکر) خدا تعالےٰ - قادر مطلق - **توانگر** (صفت) ١ طاقتور وغیرہ ٢ دولتمند - امیر - مالدار - **توانگری** (مونث) مالداری - دولتمندی - امارت -

توانی (ع - مونث) ١ سُست ہونا ٢ دیر ٣ سُستی -

تَواوا (ھ - مذکر) ایک پرند -

تَوائی (ھ - مونث) ١ تباہی ٢ مجازاً جلدی (پڑنا کے ساتھ)

تَوب (ع - مذکر) ١ توبہ کرنا ٢ پھرنا - رحم کرنا -

تَوباہ (ع - مونث) توبہ کا مصدر -

توبَت (مونث) توبہ - مرکبات میں جیسے **توبۃُ النّصُوح** (مونث) ١ سچّی توبہ ٢ مولوی نظیر احمد صاحب کا ایک مشہور ناول -

توبرا (ث) **توبرہ** (ف) **توبڑا** (ہ - مذکر) ١ وہ تھیلا جس میں گھوڑا دانہ کھاتا ہے - (چڑھانا - چڑھنا کے ساتھ) ٢ مُنہ (تحقیر) **توبڑا چڑھائے رکھنا** (متعدی) ہر وقت مُنہ پُھلائے رکھنا - ہر وقت چیں بجبیں رہنا -

توبہ (ع - مونث) **توبَہ** (عف) ١ استغفار ٢ افسوس - پچھتاوا - ندامت - انفعال - پشیمانی ٣ کسی بُرے کام سے باز رہنے کا عہد - اصلاح اخوان ٤ زنہار ٥ (حرف ندبہ) نفرت - حقارت - عبرت - تاسّف کے مقام پر یا غرور کی بات یا خلاف مذہب دشنام کوئی بات سُن کر یہ کلمہ کہتے ہیں (توب - خدا کی طرف پھرنا) **توبہ بلوا دینا** (متعدی) اتنا تنگ کرنا کہ دوسرا پناہ مانگے - دق کرنا - **توبہ بند سے** - دق کر ڈالا - بہت ستایا (خطاب ہے) **توبہ** (رہی) **بھلی** (عو) توبہ کی جگہ بولتی ہیں - **توبہ بھولی جانا** (لازم) حواس گم ہونا - پریشان ہونا - **توبہ تلّا** (مذکر) شور و فغاں - واویلا - فریاد - ہائے وائے - **توبہ تنسوہا** (عو - عف) توبہ نصوحا کا بگڑا ہوا - **توبہ توبہ** (حرف ندبہ) دیکھو توبہ (کرنا - کہنا - ہونا وغیرہ کے ساتھ) **توبہ توبہ مچا دینا** (متعدی) ایسا ظلم یا گناہ کا کام کرنا کہ ساری دُنیا توبہ توبہ کرے - **توبہ توڑنا** (متعدی) عہد سے پھرنا - قول سے پھر جانا - **توبہ ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) توبہ توڑنا کا - **توبہ دھاڑ** (مونث) سزا ملنے پر شور و غل مچانا - **توبہ دھاڑ کرنا یا مچانا** (متعدی) ١ سزا پر شور و غل مچانا ٢ پناہ مانگنا ٣ استغفار کرنا - معافی مانگنا گناہ سے ٤ اظہارِ عجز کرنا ٥ شکوہ شکایت کرنا - **توبہ شکن** (صفت) ١ توبہ توڑنے والا ٢ مجازاً معشوق **توبہ قبول فرمانا** (متعدی) **کرنا** (م) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) گناہوں کی معافی ہونا - **توبہ کا در بند ہو جانا** (لازم) استغفار کرنے کا وقت نہ رہنا یا گزر جانا - قیامت کے شروع ہونے کے بعد توبہ قبول نہ ہوگی - **توبہ کرانا** (متعدی) ١ بُری بات چھڑوانا ٢ معافی منگوانا - **توبہ کر بندے** - جب کوئی غرور کی بات کہے یا سزا پائے تو کہتے ہیں - **توبہ کر کے کہنا** (متعدی) خدا سے معافی مانگ کر دعوے شیخی سے کہنا - **توبہ کرنا** (لازم) کسی بُری بات کو چھوڑ دینا - گناہ سے باز آنا - **توبہ کرو یا کیجے** - کوئی غرور کا کلمہ کہے یا کسی پر ہنسے یا خلاف مذہب کوئی بات کرے تو کہتے ہیں - **توبہ نصوحا** (مونث) سچّی توبہ - **توبہ نوازنا** (متعدی) توبہ قبول کرنا - **توبہ ہے** - اب نہیں کرونگا - باز آؤنگا ٢ ایسا نہیں ہو سکتا -

مقولے - توبہ بڑی سپر ہے گنہگار کے لئے - توبہ کرنے سے گنہگار سزا سے بچ جاتا ہے - **توبہ ربڑ ہے اور گناہ پنسل کی تحریر** - توبہ کرنے سے خدا گناہ بخش دیتا ہے - **توبہ کا دروازہ کُھلا ہے** - توبہ ہر وقت قبول ہو سکتی ہے - **توبہ کر بندے اس گندے روزگار سے** ایسی کمائی کو چھوڑ دے جس کے لئے گناہ کرنا پڑتا ہے -

تَوبیخ (ع - مونث) ١ جھڑکی - ملامت - سرزنش ٢ عموماً زجر کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (وَبخ - الزام لگانا - سرزنش کرنا)

توپ (ت - مونث) ١ آلۂ جنگ جس سے گولہ دُور پھینکا جاتا ہے ٢ (مذاقاً) بہت موٹا آدمی یا موٹی عورت (بنانا - بننا وغیرہ کے ساتھ) **توپ بھرنا** (متعدی) توپ میں گولہ بارود ڈالنا - **توپ بھنگیاں** (مونث) ایک بہت بڑی توپ جو زمان شاہ نے بنائی تھی - آج کل لاہور میں آرٹ سکول کے سامنے نصب ہے - **توپ پر رکھنا** (متعدی) کسی شخص کو توپ سے اُڑانے کے لئے توپ کے مُنہ پر باندھ دینا - **توپ چلانا یا چھوڑنا** (متعدی) **چلنا یا چھوٹنا** (لازم) ١ توپ کی بارود کو آگ لگنا ٢ گوز لگنا - پاد اجانا - **توپچی** (مذکر) توپ چلانے والا شخص - گولنداز - **توپخانہ** (مذکر) ١ چھاؤنی میں وہ جگہ جہاں توپیں رکھی جائیں - اور ان کے چلانے والے اور عملہ رہے - **توپخانہ دستی** (مذکر) بندوقیں - رفلیں - پستول - **توپ داغنا** (متعدی) **دغنا** (لازم) دیکھو توپ چلنا - **توپ دکھا دینا** (متعدی) توپ پر رکھنا - **توپ دم کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) توپ کے مُنہ پر بندھ کر اُڑایا جانا - **توپ ڈھالنا** (متعدی) توپ کو سانچے میں تیار کرنا - **توپ سے اُڑا دینا** (متعدی) **اُڑنا** (لازم) توپ کے مُنہ پر باندھ کر اُڑایا جانا - **توپ کو بتّی دکھانا** (متعدی) توپ کی بارود کو آگ لگانا - **توپ کے مُنہ اُڑا دینا** (متعدی) توپ کے مُنہ پر باندھ کر توپ چلا کر مار ڈالنا - **توپ کے مہرے** (تف) مصیبت کے سامنے - مصیبت میں - **توپ لگانا** (متعدی) ١ توپ چلانا ٢ توپ کو ایک جگہ نصب کرنا - **توپ لگنا** (لازم) توپ کا نصب ہونا - **توپ مارنا** (متعدی) توپ چلانا - **توپوں** (مونث) توپ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - **توپوں کی کڑک** (مونث) توپوں کے چلنے کی آواز - **توپیں** (مونث) توپ کی جمع -

توپ (ہ - امر) تو پنا کا - **توپا تاپی** تو پناکی - **توپ دینا** - **توپنا** (متعدی) ١ زمین میں گاڑنا - دفن کرنا - دبانا ٢ گڑھا بند کرنا ٣ چھپانا - ڈھانپنا

توپ (ھ - مذکر) ١ ڈھیر - تودہ - انبار ٢ جھنڈ ٣ بدھ مذہب والوں کی یادگار ٤ وہ عمارت جو کسی مقدس شے پر تعمیر کی جائے - جیسے بدھ کے دانت یا ہڈیوں پر ٥ درختوں کا جھنڈ - ذخیرہ - باغ -

توپڑا (ھ - مذکر) ١ مکھی ٢ ایک قسم کا کبوتر -

توپک۔ تُوپک (ف۔ مونث) دیکھو تُپک)

توُت (ہ۔ مذکر) ۱ ایک درخت ۲ اس کا پھل۔ شہتوت۔

توتا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک سبز رنگ کا پرندہ جس کی چونچ مڑی ہوئی ہوتی ہے۔ یہ بڑا نقال ہے ہر آواز کی نقل اُتار لیتا ہے۔ اس لئے اسے بولنا سکھایا جاتا ہے۔ طوطا ۲ بچہ۔ طفل۔ جو پیاری پیاری باتیں کرے (س شُکتھ کرت) ۳ بھنگ کی لگدی ۴ بندوق کا گھوڑا (س تروٹک۔ تباہ کرنے والا) **توتا پالنا** (متعدی) ۱ کوئی ایسا کام کرنا جس کی وجہ سے کوئی اور کام نہ ہو سکے ۲ پھوڑے پھنسی کا علاج نہ کرنا ۳ آتشک یا سوزاک کی بیماری لگا لینا۔ **توتا جوڑنا** (متعدی) یہ توتا توتیا کا معرب ہے۔ دیکھو توتیا جوڑنا۔ **توتا چشم** (صفت) بیمروت۔ بے وفا۔ **توتا چشمی** (مونث) بے مروتی۔ بیوفائی۔ **توتا سا بولنا یا پڑھنا** (متعدی) بچوں کے بولنے یا پڑھنے کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **توتی** (مونث) توتے کی مادہ **توتے** (مذکر) توتا کی جمع۔ **توتے اُڑانا** (متعدی) بھنگ کی لگدی یا پھوک کھا جانا (بھنگڑوں کی اصطلاح) **توتے اُڑ جانا** (لازم) گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہو جانا اوسان خطا ہو جانا (عموماً ہاتھ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **توتے پڑھانا** (متعدی) ایسے شخص کو پڑھانا جو سخت کند ذہن ہو ۲ توتے کو بولنا سکھلانا۔ **توتے کی سی آنکھیں بدلنا یا پھیرنا** (متعدی) **توتے کی طرح آنکھ بدلنا** (متعدی) **آنکھ یا آنکھیں بدل جانا** (لازم) بے مروت ہو جانا۔ بے وفائی کرنا۔ محبت سے منہ موڑنا۔ کسی کی طرف سے بے پروائی کرنا۔ **توتے کی طرح پڑھنا یا یاد کرنا** (متعدی) بے سمجھے بوجھے زبانی یاد کر لینا۔

تُوتیا (ہ) دیکھو توتیا۔

توتر (ہ۔ صفت) توتلا۔ **توتلانا** (لازم) تتلانا۔ **توتر پچن** (مذکر) تتلانا۔

توتک (ہ۔ مذکر) توتیا۔

توتلا (ہ۔ صفت) ۱ وہ جو اچھی طرح نہ بول سکے ۲ وہ جو بچوں کی طرح بولے۔ **توتلا پن** (مذکر) بچوں کی طرح بولنے کی عادت۔ **توتلانا** (ہ) دیکھو تتلانا۔ **توتلی** (مونث) توتلا کی۔

توتن (ہ۔ مذکر) ٹکڑے ریزے پرزے چھلکے۔

توتنا (ہ۔ متعدی) فیتے بننا۔

توتو (ہ۔ مونث) ۱ کتے کو بلانے کی آواز ۲ بولنا۔ باتیں کرنا ۳ مجازاً زبان (ت) **توتو نہ رہنا** (لازم) بہت باتیں کرنا۔ چپ نہ رہ سکنا بولتے رہنا۔

توتوا (ہ۔ مذکر) دیکھو توتیا۔

توتئی (ہ۔ مونث) دیکھو تتئی۔

توتئے (ہ۔ مذکر) توتیا کی جمع۔

توتئے جوڑنا (متعدی) الزام لگانا۔

توتی (ف۔ مذکر) ایک خوش آواز چھوٹا پرند۔ **توتی بولنا** (لازم) ۱ کسی ہنر یا خوبی کی وجہ سے مشہور ہونا۔ شہرہ آفاق ہونا۔ دور دورا ہونا ۲ اقبال یاور ہونا۔ کسی افسر یا امیر کے پاس رسوخ ہونا۔ **توتی کا پڑھنا** (متعدی) توتی کا بولنا یا چہچہانا۔

امثال و اقوال۔ توتی پالیں توتیا اور عاشق پالیں لال۔ کبوتر پالیں چوتٹے جونکیں پرایا مال۔ کبوتر بازی اور پرندوں کے پالنے پر طنز ہے۔ **توتی چگیں تو اونچ چگ نیچ چگن مت جا۔ گلے لگائے آپنے کہیں اکبر شاہ** (ر) اگر احسان اٹھانے کی ضرورت پڑے تو شریف کا احسان اُٹھانا چاہیئے ورنہ خاندان کی بدنامی ہوگی۔ **توتی کی آواز نقار خانے میں کون سنتا ہے**۔ بڑوں کے سامنے چھوٹوں کی رائے کی کوئی وقعت نہیں ہوتی

تُوتی بیگم (ہ) اکبر کی ایک بیگم۔ اس نے آگرے میں توتا باغ اور ایک تالاب توتا تال بنوایا تھا۔

تُوتیا (ہ۔ مذکر) نیلا تھوتھا۔

توتیا (ع۔ مذکر) سرمہ۔ سرمے کا پتھر

توتیائے چشم (مذکر) آنکھ کا سرمہ۔

توتیا (ع۔ مذکر) توطیہ کا بگڑا ہوا۔ الزام تہمت۔ دوش۔ چھدا۔ **توتیا باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) الزام لگنا۔ **توتیا طوفان جوڑنا** (متعدی) الزام لگانا۔

توتک (ہ۔ مذکر) ایک بھر یا وزن

توتک سویا (مذکر) ایک قسم کی رباعی۔

توث (ع۔ مذکر) تُوت۔

توثیق (ع۔ مونث) مضبوطی۔ استحکام وثوق (وثق۔ مضبوط ہونا)

توجانا (ہ۔ لازم) حیوان کا حمل گر جانا۔

توجع (ع۔ مذکر) ۱ تکلیف میں ہونا ۲ غم کے آثار ہونا ۳ غم کرنا ۴ متوفی کی تعریف کرنا۔

توجہ (ع۔ مونث) ۱ میل۔ میلان۔ رغبت۔ رجوع ۲ خیال۔ لحاظ ۳ مہربانی۔ عنایت۔ شفقت (وجہ۔ منہ سامنے کرنا) **توجہات** (مونث) توجہ کی جمع۔ **توجہ باطن** (مونث) دلی رجوع یا باطن **توجہ پھیرنا** (متعدی) متوجہ ہونا۔ **توجہ کسی طرف کرنا توجہ رہنا** (لازم) ۱ خیال رہنا ۲ مہربانی رہنا۔ **توجہ سے دیکھنا** (متعدی) غور سے ملاحظہ کرنا۔ **توجہ کرنا** (متعدی) ۱ بات کو غور سے سننا ۲ متوجہ ہونا۔ رجوع ہونا۔ **توجہ کی نظر ہونا** (لازم) مہربانی ہونا۔ شفقت ہونا۔ لحاظ کرنا۔ **توجہ مبذول ہونا** (لازم) کسی طرف توجہ کا جانا۔ **توجہ نہ رہنا** (لازم) خیال کسی اور طرف ہو جانا۔ **توجہ ہونا** (لازم) توجہ کرنا کا۔

توجیہ (ع۔ مونث) ۱ وجہ بیان کرنا دلیل لانا۔ تشریح کرنا ۲ توجہ دلانا ۳ دلیل۔ وجہ ۴ حساب بیباق کرنا ۵ تشخیص۔ جانچ ۶ حلیہ کیفیت حال تذکرہ ذکر کرنا ہونا کے ساتھ (وجہ۔ منہ سامنے کرنا)

توجیہ نویس (مذکر) حلیہ نویس۔

توچ (س۔ مونث) ۱ جلد۔ کھال۔ چمڑا ۲ چھال۔ چھلکا ۳ (مذکر) دارچینی۔ **توچا** (مذکر) ۱ جلد وغیرہ ۲ ایکھ کا چھلکا۔

توحّد (ع۔ مذکر) ۱ اکیلا ہونا۔ تنہا ہونا ۲ خدا کا اپنی حفاظت میں لینا۔

توحش (ع۔ مذکر) ۱ وحشت۔ نفرت ۲ شہر کا برباد ہونا ۳ وحشت ہونا۔ اکیلا رہ جانا۔ (وحش۔ ڈر کر بھاگنا)

توحید (ع۔ مونث) ۱ خدا کو ایک ماننا ۲ وحدانیت۔ یکتائی (وحدۃ۔ اکیلا ہونا)

تَوَخّی (ع۔ مونث) قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

تُو د (س۔ ضمیر) تیرا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **تودنگھسری** (مذکر) تیرا پاؤں۔ **تودیہ** (ضمیر) تیرا۔ تمہارا۔ آپ کا۔

تُود (ف۔ مذکر) ۱ برجی۔ وہ مٹی کا ڈھیر جو حدود اراضی پر قائم کرتے ہیں۔ ۲ چاندماری کا تختہ یا نشان۔ **تودجات** (مذکر) تودہ کی جمع۔ **تودہ** (مذکر) ۱ ڈھیر۔ انبار۔ پشتہ۔ ٹیلہ۔ ۲ حد کا مٹی کا نشان یا ڈھیر ڈھورا ۳ وہ مٹی کی دیوار جس پر بیٹھ کر تیرانداز تیراندازی کرتے ہیں۔ **تودہ بندی** (مونث) حدود بندی۔ **تودہ پشت** (مذکر) تیراندازی میں پشت کا تودہ سے استعارہ کرتے ہیں۔ **تودہ طوفان** (مذکر) ۱ بہت الزام۔ ۲ بہت جھوٹا الزام لگانے والے۔ فتنہ انگیز۔ شریر۔ فسادی۔

تَوَدُّت (ع۔ مونث) آہستگی۔ تحمل۔ برد باری۔

تُودَری (ف۔ مونث) گلخیرو یا خطمی کا بیج۔

تَوَدِیع (ع۔ مونث) ۱ وداع کرنا۔ رخصت کرنا۔ ۲ سپرد کرنا۔ سونپنا (وَدَعَ۔ رخصت کرنا)

تَوَر (ع۔ مذکر) ۱ بیچ بچاؤ کرنے والا۔ بچولیہ۔ ثالث ۲ ایلچی ۳ پینے کا پیالہ۔

تُوَر (ھ۔ مذکر) دیکھو تنور۔

تُور (ف۔ مذکر) ۱ فریدوں کا ایک بیٹا ۲ توران ۳ ترک ۴ پہلوان ۵ معشوق ۶ مہمانی۔ خاطر تواضع ۷ برتن ۸ جال ۹ (مونث) ایرج کی بیٹی اور منوچہر کی ماں ۱۰ بیوہ۔

تُور (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو طول ۲ روئی تطن۔

مقولہ۔ تور تیل تاپنا۔ جاڑ مانس ہو آپنا۔ اگر روئی۔ تیل اور ایندھن ہو تو جاڑا بڑے آرام سے گزر جاتا ہے۔

تُور (ھ) **تور** (ہ۔ مونث) ایک قسم کی دال۔

تور (ت۔ مونث) چھلکا۔ جالی کی پوشش جو پالکی یا پینس پر ڈالتے ہیں۔ توڑ وہ رسّی جو پالکی یا پینس وغیرہ کے گرد پردے کو اُڑنے سے روکنے کے لئے باندھتے ہیں۔

تور۔ تورا (ھ۔ ضمیر) تیرا۔ **توری** (ضمیر۔ مونث) تیری۔

اقوال۔ تورہیں مور گھُست ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ مور کو ایک ترئی کے کھیت میں جاتے ہوئے دیکھ کر اکبر نے بیربل کو ندا قا کہا تھا۔ **توری بنت بنت بن جائی۔ تو ہری سے لگا رہو بھائی**۔ خدا سے دھیان لگائے رکھ آہستہ آہستہ تیرے بھلے دن آجائینگے

تورا (ھ۔ مذکر) دیکھو تورہ۔

تُورا (س۔ مونث) جلدی۔ سرعت۔ تیزی۔ **توراونت** (صفت) جلدباز۔ تیز۔ سریع السیر

تَورات (ع۔ مونث) دیکھو توریت۔

تُورِت (س۔ صفت) ۱ جلدباز۔ تیز۔ پھرتیلا۔ سریع السیر ۲ جلدی سے۔ تیزی سے ۳ (مذکر) جلدی۔ تیزی۔ سرعت۔ چستی۔

تُورَج (ف۔ مذکر) ۱ فریدوں کا بڑا بیٹا۔ تُور۔

تَوَرُّع (ع۔ مذکر) پرہیزگاری۔ زہد۔ اتقا (ورع۔ کسی چیز سے پرہیز کرنا)

تَوَرُّق (ع۔ مذکر) نرمی۔ ملائمت۔

تَوَرُّک (ع۔ مذکر) سہارا لگا کر بیٹھنا ۲ نماز میں ایک چوتڑ ائیں پاؤں پر اور ایک زمین پر رکھنا جو ممنوع ہے۔

تَوَرُّم (ع۔ مذکر) سوچنا۔

تُورَن (س۔ مذکر) محراب۔ دروازہ۔ پھاٹک ۱ دروازے یا پھاٹک کی منقش محراب ۲ پھولوں کے ہار جو خوشی کے موقع پر دروازوں پر سجائے جاتے ہیں۔

تُورَہ (ت۔ مذکر) ۱ شرع۔ سُنّت۔ قانون۔ طریق۔ رسم و رواج۔ دستور العمل ۲ چنگیز خاں کی قانون کی کتاب اس کا تلفظ تُرَہ ہے ۳ حکم شاہی فرمان سلطانی۔

تُورَہ (ہ۔ مذکر) ۱ مختلف کھانوں کے خوان جو امیر لوگ تقریبات پر بھیجتے ہیں ۲ خوان میں لگے ہوئے قسم قسم کے کھانے ۳ امیر۔ نواب۔ وزیر ۴ غرور۔ فخر۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ناز۔ نمود ۵ عزت۔ رتبہ۔ حیثیت۔ **تورہ بندی** (مونث) ۱ مختلف کھانوں کے خوان بھیجنے کی تقریب ۲ شاہی زمانے میں تخت نشینی کی سالگرہ پر بادشاہ کی طرف سے امرا کو حسب حیثیت کھانا جاتا تھا۔ ۲۰ خوان سے ۲۰۰ خوان تک ہوتے تھے۔ **تورہ پوش** (مذکر) ۱ سرپوش بانس کی تیلیوں کا جو تورہ کے خوانوں پر رکھتے ہیں ۲ خوان پوش۔ **تورہ پیٹی** (مونث) ۱ شیخی باز عورت ۲ وہ عورت جو ظاہر میں پابند شریعت ہو **تورہ توڑنا** (متعدی) غرور توڑنا۔ گھمنڈ نکالنا۔ **تورہ جتانا** (متعدی) ۱ فخر کرنا۔ غرور کرنا۔ تعلی کرنا ۲ اپنی بزرگی دکھانا۔ شیخی مارنا ۳ پرہیزگار جتانا۔ **تورہ ڈھانا** (متعدی) تورہ توڑنا۔ **تورہ لگ جانا یا لگنا** (لازم) غرور کرنا۔ اترانا۔ فخر کرنا۔ **تورے والی** (صفت۔ مونث) ۱ مغرور۔ متکبر (عورت) ۲ پرہیزگار۔

تُوَری (س۔ مونث) مسور کی ایک قسم۔ توار۔

توریارہ (ھ۔ مذکر) سرسوں کا پودا یا بیج۔

تَوَرِیَت (ع۔ مونث) ۱ چھپانا۔ اخفا کرنا ۲ کسی چیز پر کوئی چیز مار کر آگ پیدا کرنا ۳ چاہنا کوئی بات اظہار کرنا کوئی اور۔

تَوَرِیث (ع۔ مونث) ۱ وارث مقرر کرنا ۲ آگ بھڑکانا۔

تَوَرِیس (ع۔ مونث) کپڑا یا پودہ ورس سے زرد رنگنا۔

توڑ (ہ۔ امر) ۱ توڑنا کا ۲ (مذکر) شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ ۳ رد۔ جواب ۴ علاج۔ چارہ۔ دفعیہ ۵ داؤ پیچ کا دفعیہ ۶ جادو منتر کا دفعیہ ۷ روک۔ آڑ۔ سدّراہ ۸ انتظام۔ بندوبست۔ روک ۹ دریا یا نہر کا ٹوٹا ہوا پانی۔ بہاؤ کا زور۔ روانی کا زور ۱۰ پانی کی نالی کاٹ کر کھیت میں آبپاشی ۱۱ شگاف۔ درز۔ دراڑ ۱۲ شکستگی استخواں یا نس ۱۳ گولی یا گولے کی توڑنے کی قوت ۱۴ پلا۔ فاصلہ جو تیر یا گولا طے کرے ۱۵ سردی۔ گرمی۔ بیماری وغیرہ کی حد ۱۶ دہی کا پانی ۱۷ جال جو بھینس یا گھوڑے پر ڈالتے ہیں۔ تور ۱۸ چیز کی قیمت کا فیصلہ۔ چکوتا ۱۹ پتنگ کی ڈور کا ایک دھاگا (س) خرُٹ۔ توڑنا م توڑا (ماضی) ۱ توڑنا کی ۲ (امر) توڑانا کا ۳ (مذکر) روک۔ آڑ۔ سدراہ ۴ کمی۔ قلت۔ تنگی۔ قحط ۵ نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا ۶ بندوق چھوڑنے کی بتی ۷ رسّی کا ٹکڑا ۸ ہل کی لمبی لکڑی جس کے دونوں طرف بیل جتتے ہیں ۹ گت کا سلسلہ توڑ کر

کوئی اور حرکت کرنا ۱ اشرفی یا روپیوں کی تھیلی ۲ سونے یا چاندی کی زنجیر جو گلے میں پہنتے ہیں ۳ پاؤں میں پہننے کی زنجیر ۴ فولادی زنجیر جو پہلوان بازوؤں پر باندھتے ہیں ۵ سونے یا چاندی کی زنجیر جو پگڑی پر لپیٹتے ہیں ۶ ریت کا جزیرہ جو دریا یا سمندر میں بن جاتے۔ چر۔ **توڑا پڑنا** (لازم) کمی ہونا۔ قحط ہونا۔ گھاٹا پڑنا۔ **توڑا توڑن کرنا** (ھ) الگ ہو جانا۔ جدا ہو جانا۔ تعلق چھوڑ دینا لڑائی یا تکرار ہو جانا۔ **توڑا جانا** (لازم) ۱ ٹوٹنا ۲ کم غذا ملنا ۳ کم غذا ملنے سے طاقت گھٹنا۔ **توڑا ڈالنا** (متعدی) کمی کرنا۔ تنگی دینا۔ **توڑا لگنا** (لازم) گھاٹا پڑنا۔ خسارہ ہونا۔ نقصان ہونا۔ **توڑا مروڑی** (مونث) ۱ ہاتھا پائی۔ چھینا جھپٹی۔ ملنا دلنا (رہنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ توڑنا مروڑنا۔ **توڑانا** (مت) دیکھو تڑانا۔ **توڑا ہونا** (لازم) کمی ہونا۔ **توڑ پر** (نف) ضد پر۔ **توڑ پھوڑ یا تاڑ** (مونث) ۱ شکستگی۔ ٹوٹ پھوٹ ۲ خرابی۔ پائمالی۔ ویرانی ۳ سازش۔ اغوا۔ چالبازی (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **توڑ تڑاؤ کرنا** (ھ) دیکھو توڑا توڑن کرنا۔ **توڑ جوڑ** (مذکر) ۱ تدبیر۔ سازش۔ داؤ پیچ۔ داؤ گھات ۲ کاٹ چھانٹ قطع و برید ۳ چال۔ چالبازی ۴ مکاری۔ شرارت ۵ دانائی۔ عقلمندی ۶ دو آدمیوں میں نفاق ڈلوا دینے کا طریقہ ۷ تراش خراش ۸ الفاظ کی ترکیب کا ڈھنگ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **توڑ جوڑ چلنا**۔ (لازم) چال چلنا **توڑ جوڑ کا اُستاد (پورا) ہے**۔ بڑا چلتا پرزہ ہے۔ بڑا بدمعاش ہے۔ لڑائی جھگڑا کرا دینے میں استاد ہے۔ **توڑ دینا۔ توڑ ڈالنا** (متعدی) دیکھو توڑنا۔ **توڑ کرنا** (متعدی) ۱ داؤ کا رد کرنا ۲ حساب صاف کرنا ۳ گولی کا داخل ہونا وغیرہ دیکھو توڑ۔ **توڑ کسر** (مذکر) حساب کا ایک قاعدہ۔ کسر عام۔ **توڑ کی صراحی** (مونث) وہ صراحی جس کے حصے علیحدہ علیحدہ ہو جائیں۔ **توڑ کے نکل جانا** (لازم) کسی مضبوط چیز کے آرپار ہونا۔ **توڑ لانا** (متعدی) الگ کر لانا۔ **توڑ لینا** (متعدی) ۱ الگ کر لینا۔ اپنی طرف کر لینا ۲ پھول چننا ۳ جدا کر دینا۔ نفاق ڈال دینا۔ **توڑنا** (متعدی) ۱ ٹوٹنا کا ۲ ٹکڑے کرنا۔ شکستہ کرنا ۳ جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا ۴ چور چور کرنا۔ پاش پاش کرنا ۵ دور کرنا مٹانا ۶ گرانا۔ ڈھانا۔ منہدم کرنا ۷ بھانجی مارنا ۸ کمزور کرنا۔ ناتواں کرنا۔ ضعیف کرنا ۹ ہل سے جوتنا ۱۰ ورزش کرنا ۱۱ نفاق ڈلوانا۔ لڑائی کرا دینا ۱۲ ازالہ بکارت کرنا ۱۳ رد کرنا۔ منسوخ کرنا۔ فسخ کرنا ۱۴ (پانی) کوئیں میں سے اتنا نکالنا کہ ریت آنے لگے ۱۵ پانی بغیر باری کے لگا لینا ۱۶ نہر سے پانی لینا ۱۷ (دوستی وغیرہ) قطع تعلق کر لینا۔ چھوڑ دینا ۱۸ (پھول پھل ترکاری) چننا۔ اکٹھا کرنا ۱۹ (کوٹھا۔ مکان) نقب لگانا۔ سیندھ لگانا ۲۰ (قلعہ) فتح کرنا۔ لے لینا ۲۱ (منہ) کچلنا ۲۲ ایسی بات کہنا کہ جواب نہ دے سکے ۲۳ (گواہ) ملا لینا۔ اپنی طرف کر لینا ۲۴ (قفل) شکستہ کر کے کھولنا۔ چوری کر لینا ۲۵ (شخص کو) نقصان پہنچانا۔ دیوالہ نکلوا دینا ۲۶ (روپیہ) بھنانا ۲۷ خوردہ کرنا ۲۸ (دل) ناامید کرنا۔ شکستہ دل کرنا ۲۹ (ہمت) حوصلہ کم کر دینا ۳۰ (محکمہ) موقوف کر دینا ۳۱ (روپے) کم کر دینا۔ تنزل کر دینا۔ تنخواہ میں کمی کر دینا ۳۲ (ذات) توڑ یا نکال دینا ضرب سے ۳۳ (روٹیاں) کام نہ کرنا اور مفت کھانا ۳۴ (قسم وعدہ وغیرہ) پورا نہ کرنا ۳۵ (قانون رسم وغیرہ) برخلاف ان کے کام کرنا ۳۶ (پتھر) سخت مشکل کام کرنا ۳۷ (اعضا) بہت مارنا ۳۸ (جان) بہت کام کرنا۔ محنت سے کام کرنا ۳۹ (ٹانگیں) بہت چلنا۔ بہت کام کرنا ۴۰ بلی کا کسی طائر کو زخمی کرنا ۴۱ (علم حساب) بڑی رقم کو چھوٹے اجزا میں کرنا۔ **توڑنا چھوڑنا** (متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شکستہ کرنا۔ **توڑنا جوڑنا** (متعدی) بنانا بگاڑنا سنوارنا۔ **توڑنا مروڑنا** (متعدی) ۱ ملنا دلنا۔ ہاتھا پائی کرنا۔ چھینا جھپٹی کرنا ۲ کسی شے کو بل دینا ۳ لوہے کے تار کو بلدار کرنا۔ **توڑوانا** (م) توڑنا کا۔ **توڑوائی** (مونث) دیکھو تڑائی۔ **توڑے** (مذکر) ۱ توڑا کی جمع ۲ بجائے توڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **توڑے پوش** (مذکر) وہ کپڑا یا ڈھکنا جو روپوں یا اشرفیوں کی تھیلیوں پر پڑا ہو۔ **توڑے دار بندوق** (مونث) وہ بندوق جسے فلیتہ دیتے ہیں۔ **توڑے کا منہ کھول دینا** (متعدی) بہت بخشش اور فیاضی کرنا۔ روپیہ لٹانا۔ **توڑے لینا** (متعدی) گت کے سلسلے توڑ کر اور حرکتیں کرنا۔

امثال و اقوال۔ توڑ ڈال تاگا۔

توکس بھڑوے کے منہ لاگا (ع) بدچلن عورت سے کہا جاتا ہے کہ تو نے بدچلنی کر کے نکاح ٹوٹنے کا کام کیا ہے۔ **توڑنے آئے چارہ اور کھیت کا اجارہ** ایک تو پرائی چیز لیں اور دوسرے رعب ڈالیں۔

توڑنا (ھ۔ مذکر) توری کی خشک پھلی جو بیج کے لئے رکھی جائے۔

توڑل (ھ۔ مذکر) موٹا سونے یا چاندی کا کڑا جو کلائیوں یا پاؤں میں پہنتے ہیں۔

توڑی (ھ۔ حرف جار) تک۔ کو۔ تلک۔

توڑی۔ توڑیا (ھ۔ مونث) ۱ رائی کا پودا ۲ رائی کا بیج ۳ سرسوں ۴ ایک راگنی کا نام۔

توز (ف۔ مونث) ۱ صنوبر کی باریک چھال ۲ لوٹ۔ مال غنیمت۔

توز (ع۔ مذکر) ۱ اصل۔ جڑ۔ فرع ۲ ایک درخت ۳ خاصیت۔ قسم۔

توزّع (ع۔ مذکر) ۱ آپس میں تقسیم کرنا ۲ غم۔ رنج۔

توزیع (ع۔ مونث) ۱ ایک کاغذ جس میں تمام رقومات جو کسی زمیندار نے درج کی ہوں درج کی جاتی ہیں ۲ حساب۔ فرد حساب ۳ جمعبندی۔ فرد لگان ۴ حلیے کا نقشہ ۵ پراگندہ کرنا۔ بانٹنا (توزیع۔ ہڑتال کرنا) **توزیع حال** (مونث) ہر مہینے کا حساب جس میں ہر مالک کا زر مطالبہ اور تحصیل اور باقی درج ہو۔

توس (انگ۔ مذکر) ڈبل روٹی کا پتلا ٹکڑا جو چوڑائی کے رخ کاٹتے ہیں (بنانا۔ سینکنا۔ کاٹنا کے ساتھ) **توس اور مکھن** (مذکر) توس پر عموماً مکھن لگا کر کھاتے ہیں۔

توس (ع۔ مذکر) سخت زمین۔

توسّخ (ع۔ مذکر) میلا ہونا۔ گندہ ہونا۔ ناپاک ہونا۔

توسّد (ع۔ مذکر) ۱ تکئے سے ٹیک لگانا ۲ کوئی چیز سر کے نیچے تکئے کی بجائے رکھنا ۳ قرآن شریف کو تکئے کے نیچے رکھنا۔

توسدان (ف۔ مذکر) دیکھو توشدان

توسّط (ع۔ مذکر) ۱ درمیان۔ وسط ۲ اعتدال۔ میانہ روی ۳ وسیلہ۔ ذریعہ (توسط۔ درمیان میں ہونا)۔

توسّع (ع۔ مذکر) ۱ آرام سے بیٹھنا ۲ بھیڑ نہ ہونا ۳ فراخی۔ کشادگی۔ وسعت۔

توسعت (ع۔ مونث) وسعت فراخی۔

توسّل (ع۔ مذکر) ۱ ذریعہ۔ سفارش۔ وسیلہ۔ شفاعت ۲ کسی کو وسیلہ ڈھونڈنا یا بیچ میں ڈالنا (توسل۔ منت کرنا دوسرے کے لئے)

توشکلہ (س۔عص) ایک پہلوان جسے کرشن جی نے کنس کی موجودگی میں قتل کیا تھا۔

توشُم (ع۔مذکر) ۱ چہرے سے معلوم کرنا۔ ۲ شروع موسم بہار میں چرانا۔

توسَن (ف۔مذکر) گھوڑا۔اسپ۔ شبدیز۔ترنگ۔مرکب۔ **توسن اُڑانا** (متعدی) گھوڑا دوڑانا۔ **توسن اَڑنا** (لازم) گھوڑے کا نہ چلنا **توسن اُڑنا** (لازم) گھوڑے کا تیز جانا۔ **توسن بھڑکنا** (لازم) گھوڑے کا ڈر جانا۔ **توسن چمکانا** (متعدی) گھوڑا تیز کرنا۔ **توسن چمکنا** (لازم) ۱ گھوڑا تیز ہونا ۲ گھوڑے کا ڈر جانا۔ **توسن خیز کرنا** (متعدی) گھوڑا تیز کرنا۔ **توسنِ قلم یا کلک** (مذکر) قلم کو توسن سے استعارہ کرتے ہیں۔ **توسن کا بگھدر یا کرنا** (متعدی) گھوڑے کا طرارے بھرنا۔

توسُّوس (ع۔مذکر) حیران ہونا۔ گھبرانا۔ وسوسہ۔شک۔شبہہ (وَسوَسَ۔ بُرا خیال پیدا کرنا)

توسیخ (ع۔مونث) کپڑوں کو میلا کرنا۔

توسید (ع۔مونث) تکیہ رکھنا۔

توسیط (ع۔مونث) ۱ درمیان میں رکھنا ۲ درمیان میں تقسیم کرنا۔ دو کرنا۔

توسیع (ع۔مونث) ۱ وسعت۔ کشادگی ۲ زیادتی ۳ بڑھانا۔ زیادہ کرنا (دینا کے ساتھ) **توسیعِ اشاعت** (مونث) کسی چیز کی اشاعت کو زیادہ کرنا۔ **توسیعِ زبان** (مونث) زبان میں نئے الفاظ اور محاورے زیادہ کرنا۔ **توسیعِ ملازمت** (مونث) پچپن سال کی عمر یا تیس سال کی نوکری جب پوری ہو جائے تو پنشن مل جاتی ہے۔ خاص لوگوں کو اس سے زیادہ عرصہ کے لئے بھی نوکری میں رکھ لیا جاتا ہے۔ اسے توسیعِ ملازمت کہا جاتا ہے (وَسِعَ۔ فراخ ہونا)

توسیم (ع۔ مونث) مکّہ میں جمع ہونا۔

توش (ف۔مذکر) ۱ طاقت۔ قوت ۲ بدن۔ تن ۳ ایک وقت کے کھانے کے لئے کافی خوراک اردو میں تن و توش کی ترکیب سے مستعمل ہے۔

توش (س۔مذکر) ۱ اطمینان تسکین تسلّی۔ خاطر جمعی ۲ صبر۔ قناعت ۳ خوشی۔ فرحت۔ شادمانی۔ **توشک** (صفت) ۱ خوش کرنے والا۔ خوش کن ۲ (مذکر) وہ شخص جو خوشی کا موجب ہو۔ **توشن** (صفت) ۱ دیکھو توشک ۲ (مذکر) خوش کرنے کا فعل ۳ خوشی۔ تفریح۔ لذت۔ سیری۔ **توشنا** (متعدی) خوش کرنا۔ لذت دینا۔ **توشی** (صفت) ۱ قانع۔ صابر۔ سیر ۲ کسی سے خوش ۳ خوش کرنے والا۔ خوش کن۔

توِشٹری (س۔عص) ایک دیوتا جس کا ذکر رگوید میں آتا ہے۔ یہ دیوتاؤں کا کاریگر ہے اور ہر چیز کو اس نے بنایا ہے۔ اور شکل دی ہے ۲ بھارت کے خاندان کا ایک راجہ۔

توَشٹا (س۔مذکر) ۱ سنجار۔ بڑھئی۔ کھاتی بنز کھاں ۲ ایک دیوتا جو دیوتاؤں کا کاریگر ہے **توشٹی** (مونث) بڑھئی کا کام۔ نجاری۔

توَشُّح (ع۔مذکر) ۱ پیٹی یا کمر بند جسے وشح کہتے ہیں باندھنا ۲ تلوار لگانا۔

توشدان (ف۔مذکر) ۱ وہ چمڑے کی تھیلی جس میں سپاہی کارتوس رکھتے ہیں ۲ وہ ظرف جس میں سفر کے لئے خوراک رکھیں (توش۔ مسافروں کا کھانا)

توشک (ف۔مونث) روئی دار بستر۔ گبھا۔ نہالی۔ **توشک خانہ** (مذکر) ۱ وہ مکان جس میں امیروں کی پوشاک و سامان متعلقہ رہتا ہے ۲ وہ جگہ جہاں سامان خانہ داری رہتا ہے (تُوشک۔ سامان خانہ داری)

توشہ (ف۔مذکر) ۱ وہ سامان سفر جو مسافر ساتھ لیجائے۔ زاد راہ ۲ وہ کھانا جو مسافر ساتھ لیجائے ۳ وہ کھانا جو مردے کے ساتھ لیجاتے ہیں اور بعد دفن کرنے کے تقسیم کرتے ہیں ۴ کسی ولی یا بزرگ کے نام کا کھانا۔ **توشۂ عاقبت** (مذکر) ۱ اعمال نیک۔ اچھے کام۔ خیرات ۲ وہ بچہ جو ماں باپ کے سامنے مر جائے۔ مسلمانوں کا اعتقاد ہے کہ وہ گناہ بخشوائیگا۔ بچے کی موت پر صبر۔ **توشہ خانہ۔ توشے خانہ** (مذکر) توشک خانہ کا بگڑا ہوا۔ **توشہ خانۂ عام** (مذکر) گدام۔ ذخیرہ۔ **توشے کی روٹی** (مونث) کھانا جو لاش کے دفن کرنے پر تقسیم کرتے ہیں۔

توشیح (ع۔مونث) شعر اس ترتیب سے کہنا کہ ان کے پہلے الفاظ مل کر شاعر یا ممدوح کا نام ظاہر کریں (وَشَحَ۔ سجانا)

توصُّل (ع۔مذکر) ملا ہونا ۲ تعلق دریافت کرنا ۳ حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔

توصیت (ع۔مونث) ۱ وصیت کرنا ۲ سرزنش کرنا۔ الزام لگانا۔

توصیف (ع۔مونث) ۱ خوبی بیان کرنا ۲ صفت۔ خوبی۔ تعریف۔ وصف (کرنا۔ لکھنا۔ ہونا کے ساتھ) (وَصَفَ۔ بیان کرنا) **توصیفِ رسالت** (مونث) پیغمبر صلعم کا وصف بیان کرنا۔ نعت لکھنا حمد لکھنا۔

توضُّو (ع۔مذکر) ۱ وضو کرنا ۲ سن بلوغ کو پہنچنا (وَضَاءَ۔ صفائی میں بڑھ جانا)

توضیح (ع۔مونث) ۱ واضح کرنا کھول کے بیان کرنا ۲ شرح۔ وضاحت۔ تشریح ۳ (قانون) مالگذاری کا نقشہ (وَضَحَ۔ روشن کرنا۔ صاف کرنا)

توضیع (ع۔مونث) ۱ رکھنا ۲ افسردہ کرنا۔ غمگین کرنا ۳ پست کرنا۔ عاجز کرنا۔ غرور ڈھانا (وَضَعَ۔ رکھنا)

توطُّن (ع۔مذکر) کسی ملک یا شہر کو اپنا وطن بنانا۔ وطن اختیار کرنا (وَطَنَ۔ رہنا)

توطِئت (ع۔مونث) لتاڑنا۔

توطین (ع۔مونث) ۱ رہنے کیلئے منتخب کرنا ۲ آرام دینا۔

توطِیَہ (ع۔مذکر) ۱ تمہید مدعا ۲ قافیہ کی تکرار شعر میں ۳ الزام۔ بہتان (وَطیٰ۔ پاؤں سے روندنا)

توظیف (ع۔مونث) حصہ کرنا۔ لکھ دینا۔

توعُّد (ع۔مذکر) ڈرانا۔

توغُّل (ع۔مذکر) ۱ دھن۔ لے ۲ کسی کام میں بہت مشغول رہنا۔ پوری مشق (وَغَلَ۔ داخل ہونا)

توفان (ف۔مذکر) ۱ طوفان ۲ الزام۔ بہتان۔ چھدا ۳ وامق کا ایک دوست۔ **توفانِ شیطانی** (مذکر) جھوٹ۔ بہتان۔

توفُّر (ع۔ مذکر) بہتات ہونا۔

افراط سے ہونا۔

توفّی (ع۔ مونث) ۱ جو حق ہو سب مل جانا ۲ خدا کا اپنی رحمت میں لینا

توفیر (ع۔ مونث) ۱ تکمیل ۲ زیادتی۔ بہتات۔ بیشی۔ وفور ۳ بچت۔ باقی۔ بقایا (وَفَر۔ زیادہ یا بھرا ہونا)

توفیق (ع۔ مونث) ۱ ہدایت۔ خدا کی طرف سے رہنمائی ۲ خدا تعالےٰ کا بندے کی خواہش کے مطابق سامان بہم پہنچانا ۳ خدا کا فضل یا مہربانی ۴ طاقت۔ ہمت۔ حوصلہ (وَفق۔ مفید پانا) **توفیقِ خیر** (مونث) نیک کاموں کی ہمت۔ **توفیق ہونا** (لازم) ہمت ہونا۔

توق (ع۔ مذکر) ۱ سخت خواہش کرنا ۲ خواہش۔

توقُّد (ع۔ مذکر) جلنا۔ بھڑکنا۔

توقُّر (ع۔ مذکر) ۱ نرمی۔ حلم۔ انکسار ۲ متانت۔ سنجیدگی ۳ عزت۔ تعظیم۔ حرمت۔ حلیم یا شریف ہونا (وَقَر۔ نرم ہونا)

توقُّع (ع۔ مذکر) امید۔ آسرا۔ بھروسہ (رکھنا۔ رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (وَقَع۔ گرنا)

توقُّف (ع۔ مذکر) دیر۔ ڈھیل۔ تاخیر۔ وقفہ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (وقف۔ ٹھیرنا) **توقف پذیر ہونا** (لازم) ٹھیرنا۔ دیر کرنا۔

توقّی (ع۔ مونث) ۱ ڈرنا۔ گھبرانا۔ کھسکنا ۲ بچانا۔ حفاظت کرنا۔

توقیت (ع۔ مونث) کسی کام کے لئے وقت مقرر کرنا۔

توقیر (ع۔ مونث) عزت۔ وقعت عظمت۔ تعظیم و تکریم (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (وَقَر۔ عزت کرنا)

توقیع (ع۔ مونث) شاہی دستخط۔ مہر سلطانی لگا کر دستخط کرنا۔ فرمان شاہی (وَقَع۔ گرنا)

توقیف (ع۔ مونث) ۱ کھڑا کرنا ۲ ایک دوسرے کے پیچھے صفوں کا کھڑا ہونا ۳ سمجھانا ۴ پہنچیاں پہنانا۔

توک (س۔ مذکر) ۱ چھال۔ چھلکا ۲ کھال۔ چمڑا۔ توچ۔ **توک چھند** (مذکر) ۱ زخم بدن ۲ جھرپٹ ۳ ختنہ۔ **توک کشیرا** (مذکر) تباشیر۔ **توک کندور** (مذکر) بدن کا زخم۔ زخم۔ ناسور۔

تَوکُّد (ع۔ مذکر) پکّا ہونا۔ مستقل ہونا۔

توکّل (ع۔ مذکر) ۱ خدا پر بھروسہ کرنا ۲ سب کچھ چھوڑ کر خدا کی طرف توجہ کرنا ۳ بھروسہ۔ آسرا۔ نسچا ۴ تابعداری۔ تسلیم و رضا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (وَکَل۔ سپرد کرنا) **توکّلاً** (تف) توکّل پر۔ **توکّل بخدا** (مذکر) خدا پر بھروسہ کرنا۔ **توکّل پر بیٹھنا۔ کر لینا یا گزارہ کرنا** (متعدی) ۱ اپنے سب کام خدا پر چھوڑ دینا ۲ بیکار بیٹھنا۔ خالی بیٹھنا۔ **توکّلتُ علَی اللہ** ۔ میں خدا پر بھروسہ کرتا ہوں۔ اس وقت بولتے ہیں جب سب کچھ چھوڑ کر خدا پر بھروسہ کر کے صبر کر لیتے ہیں (وَکَل۔ بھروسہ کرنا)

توکّو (ع۔ مذکر) لاٹھی پر جھکنا۔

توکھر (ہ۔ مونث) وہ جگہ جہاں تین موضعوں کی حدود ملتی ہیں۔ وہاں ایک بڑا استون بنا دیتے ہیں۔

توکید (ع۔ مونث) ۱ مضبوط کرنا۔ مستقل کرنا۔ پکا کرنا ۲ طاقت۔ قوت ۳ زور۔

توکیل (ع۔ مذکر) ۱ قید میں رکھنا ۲ قید۔ حبس (وَکَل۔ سپرد کرنا)

تول (ہ۔ مذکر) ۱ وزن۔ جانچ۔ اندازہ۔ ۲ مقررہ وزن (اصل لفظ تول ہے مگر فصحاء کی زبان بالفتح ہے) **تول تال** (مذکر) تولنا۔ وزن کرنا۔ **تولانا** (امر) تُلوانا۔ **تُلائی** (مونث) تولنے کی اُجرت۔ تولنے کا فعل۔

تول (ہ۔ امر) ۱ تولنا کا ۲ (مذکر) وزن جانچ۔ اندازہ ۳ مقررہ وزن (س تُل۔ تولنا) **تولا** (ماضی) تولنا کی ۲ (مذکر) تولنے والا آدمی ۱ ایک خاص آدمی جو منڈیوں میں اجناس تولنے پر مقرر ہوتا ہے۔ **تولادار** (مذکر) دیکھو تولا۔ **تول کسا ہے**۔ روپیہ وزن میں پورا نہیں۔ **تول لینا** (متعدی) آزما لینا۔ جانچ لینا ۱ لیاقت اور قابلیت کی جانچ کرنا۔ امتحان کرنا ۳ (تلوار) تیغ کو ہاتھ میں جانچنا ۴ (دل) محبت کی آزمائش کرنا ۵ (بات کو) بات اچھی طرح سمجھنا۔ **تولواں** (صفت) ۱ بھاری وزنی ۲ جس پر بہت سا طلائی کام ہوا ہو (کپڑا)

تولا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو تولی ۲ ایک شراب جو مہوا کے پھولوں سے بنائی جاتی ہے۔

تولّا (ع۔ مذکر) ۱ محبت۔ الفت۔ پیار۔ انس ۲ دوستی پیدا کرنا۔ محبت رکھنا (وَلی۔ نزدیک ہونا) **تولّائی** (مذکر) ۱ محبت رکھنے والا شخص ۲ شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرا نہ کرے۔

تولا۔ تولہ (ہ۔ مذکر) ۱ بارہ ماشے کا وزن ۲ بارہ ماشے۔ **تولا بھر** (تف) وزن میں ایک تولہ۔ **تولا ماشہ** (صفت) غیر مستقل مزاج بے ثبات جو گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ہو۔

امثال و اقوال۔ تولا بھر کی آرسی نانی بولے فارسی۔ تھوڑا سلوک کر کے بہت احسان جتانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تعلی یا شیخی کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔ **تولا بھر کی تین چپاتی کے جمانے چالو ہاتھی** (ہ) پاس کچھ نہ ہونے اور شیخی بڑھ کر مارنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **تولا بھر کی چار کچوری۔ کھرما ماشے ڈھائی کا۔ لالہ جی نے بیاہ رچایا دبھلا بیچ لگائی کا** (ہ) غریب آدمی بیاہ پر اپنی حیثیت سے زیادہ خرچ کرے تو کہتے ہیں۔ **تولا کے پیٹ میں گھونگھی**۔ بڑے لوگ چھوٹوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

تَوَلَت (ع۔ مونث) بدقسمتی مصیبت۔

تِوَلَت (ع۔ مونث) ۱ کوئی ٹونا جس سے عورت اپنے خاوند کو قابو میں رکھے ۲ ناز نخرہ جو دل کو موہ لے ۳ جادو۔ سحر۔ ٹونا۔

تولُّد (ع۔ مذکر) ۱ پیدا ہونا ۲ پیدائش جنم (وَلَد۔ بیٹا جننا)

تولک (ہ۔ مذکر) ۱ تولہ ۲ تولنے والا آدمی۔

تِوَلَہ (ع۔ مذکر) ۱ ٹونا۔ ٹوٹکا۔ جنتر ۲ تعویذ۔ گنڈا۔ **تُوَلَہ** (مذکر) مصیبت۔ تباہی۔ بلا (تَال۔ جادو کرنا)

تولہ (ہ۔ مذکر) تولا۔ بارہ ماشہ۔

تولّی (ع۔ مونث) ۱ مستقل ہونا کسی ملازمت پر ۲ پیٹھ پھیرنا۔ بھاگ جانا ۳ کسی کا

کام کرنا ۷ ملازمت دینا۔

تولی۔تولیا (ھ۔مونث) ہندوؤں کا ایک تانبے کا برتن۔تنبیا۔

تولی (س۔مونث) ۱ کپاس۔روئی ۲ چراغ کی بتی ۳ جلاہے کا کچھ ۴ مصوّر کا قلم۔ کوچی۔

تولیا (انگ۔مذکر) ایک لمبا رومال جس سے ہاتھ منہ پونچھتے یا نہا کر بدن خشک کرتے ہیں (اصل ٹوول)

تولیت (ع۔مونث) ۱ حاکم بنانا۔ گورنر مقرر کرنا۔افسر کرنا۔ کسی کمپنی کا منتظم ۲ سربراہی نگرانی۔ انتظام روائی۔ مدد کرنا۔ حکومت کرنا) **تولیت نامہ** (مذکر) ولی بنانے کی تحریر۔

تولید (ع۔مونث) ۱ پیدائش جنم ۲ جنانا۔ دائی کا کام کرنا ۳ نمو۔اُگنا ۴ جننا۔ پیدا کرنا وَلَدَ۔جننا

توم (ھ۔امر) تومنا سے۔**توم ڈالنا۔ تومنا** (متعدی) ۱ روئی صاف کرنا یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ عیب نکالنا ۳ سخت گالیاں دینا ۴ بہت مارنا ۵ ناک میں دم کر دینا۔عاجز کر دینا۔

تومیا (مذکر) بہت باریک اور عمدہ کتا ہوا سوت۔

تومار (ع۔مذکر) طومار کا بگڑا ہوا۔ بچوں کے پڑھنے کے لئے بہت سے خطوط چپکا کر اس پر قاعدے کا ورق لگا دیتے ہیں۔ یہ جلدی نہیں پھٹتا۔

تومان (ت۔مذکر) ۱ ایک سکّہ ۲ لاکھوں۔کروڑوں ۳ دس ہزار ۴ روپے کی تعداد جو دس ہزار درہم کے برابر ہوتی ہے ۵ صوبہ۔ضلع چونکہ اس میں سے دس ہزار فوج لی جاتی ہے۔

تومبری۔ تومبری۔ تومبڑی۔ تومبڑی (ھ۔مونث) دیکھو تومڑی۔

تومر (س۔مذکر) ۱ لوہے کی سلاخ ۲ نیزہ ۳ برچھی ۴ راجپوتوں کی ایک ذات۔ جسے تور اور تنور بھی کہتے ہیں۔ ۵ ایک بحر یا وزن۔

تومری (ھ۔مونث) دیکھو تومڑی۔

تومڑا (ھ۔مذکر) ۱ ایک قسم کا کدو ۲ فقیروں کا برتن جو اس کدو کو سکھا کر اور اندر سے خالی کر کے بناتے ہیں۔

تومڑی (ھ۔مونث) ۱ ایک ساز جو تونبے کا بناتے ہیں ۲ چھوٹا تونبا۔سوکھے ہوئے تونبے کا فقیروں کا برتن ۳ سپیروں کی بین ۴ گمریا گھڑیال کی کھوتھنی ۵ چراغ جو تونبی یا تربوز کا بناتے ہیں ۶ ایک قسم کی آتشبازی۔پھلجھڑی ۷ ایک قسم کی سینگی جو چھوٹے کدو سے بناتے ہیں۔ رسولی۔ بالتوڑ۔ بتوری (س تُمبر۔تونبا) **تومڑی بھر دے** فقیروں کی صدا۔

توں (ھ۔ضمیر) ۱ وہ مرد۔ وہ عورت ۲ وہ شے ۳ وہ۔ وہی۔

توں توں (ھ۔تنف) ۱ اس طرح۔ ایسے ۲ تب۔ پھر۔ کو۔ **توں ہی** (تنف) ۱ بالکل اس طرح سے ۲ اسی وقت۔ وہیں ۳ پھر بھی۔

توں (ھ۔ضمیر تو رمت) **توں تاں کرنا** (متعدی) لڑنا۔ جھگڑنا۔تُو تُو مَیں مَیں کرنا۔

تون (ف۔مذکر) ۱ حمام کی انگیٹھی ۲ رحم۔ بچہ دان ۳ انتڑی جو ابھی صاف نہ کی ہو ۴ خراسان کا ایک شہر۔ **تونی** (مذکر) تون کا باشندہ۔

تون (س۔مذکر) ۱ ترکش ۲ (ھ) تن کا درخت۔

تونا (ھ۔لازم) حیوان کا حمل گر جانا۔

تونبا (ھ۔مذکر) **تونبا** (ھ) ایک قسم کا تلخ کدو جس کا چھلکا بہت موٹا ہوتا ہے۔ اور فقیر سکھا کر کشکول بناتے ہیں۔ **تونبی** (مونث) ۱ چھوٹا کشکول ۲ چھوٹا کدو۔ **تونبی ہاتھ میں لینا** (متعدی) فقیر بننا۔ جوگی بننا

تونبڑا۔ تونبڑا۔ تونبڑی

تونبڑی (ھ) دیکھو تومڑا و تومڑی۔

تونبڑیا (ھ۔مذکر) ۱ کھوتھنی والا ۲ گھڑیال۔ مگرمچھ۔

توند (ھ۔مذکر) بڑھا ہوا پیٹ۔ بڑا پیٹ (س تُند) **توندالا** (ھ)، **توندل۔ توندو** (ھ۔صفت) بڑے پیٹ والا۔ **توند کا دورہ نکلا ہونا** (لازم) پیٹ بہت بڑھا ہونا۔ **توندی** (مونث) ۱ ناف ۲ سرانگشت۔انگلی کا سرا۔ **توندیل۔ توندیلا** (صفت) ۱ بڑے پیٹ والا ۲ (مذکر) بڑے پیٹ والا شخص۔

تونڈی (ھ۔مونث) ناف۔

تونس (ھ۔مونث) ۱ دھوپ کی گرمی ۲ گرمی ۳ شدّت کی پیاس۔ **تونسا** (مذکر) سرسام۔ **تونسانا** (متعدی) گرمی سے تکلیف پہنچانا۔ **تونسنا** (لازم) ۱ آفتاب کی گرمی سے بیتاب یا مضمحل ہونا ۲ سخت پیاس لگنا۔

تونگر۔ تونگری (ف) دیکھو توانگر۔ توانگری۔

مثل۔ تونگری بدل است نہ بمال ۔ امیری حوصلے سے ہوتی ہے مال سے نہیں۔ جس شخص میں دینے کا حوصلہ نہیں وہ باوجود بہت سامال ہونے کے امیر نہیں کہلا سکتا۔

تونیر (س۔مذکر) ترکش۔

توہم (ع۔مذکر) وہم۔ وسواس۔گمان۔ شک (وَہَم۔سوچنا) **توہمات** (مذکر) جمع توہم کی (پیدا ہونا۔ہونا وغیرہ کے ساتھ)

توہن (ھ۔مذکر) برف۔ پالا۔

توہین (ع۔مونث) ۱ ہتک۔اہانت۔ بے عزتی ۲ ذلت۔ حقارت (کرنا۔ہونا کے ساتھ) (وَہَن۔ سکر، درہونا) **توہین عدالت** (مونث) عدالت کی ہتک۔ کوئی ایسا لفظ کہہ دینا یا ایسا کام کرنا جس سے عدالت کی تحقیر پائی جاتی ہو۔

توئی۔توئی (ھ۔مونث) ایک قسم کی بیل کپڑے پر بنی ہوئی جو دوپٹوں وغیرہ کے کنارے پر لگاتے ہیں۔

توئی (ھ۔مذکر) عورت۔ استری۔

توئے (ف۔مونث) دعوت۔ ضیافت۔

تویہ (س۔مذکر) پانی۔ جل۔ آب۔ **تویہ دھی** (مذکر) ۱ پانی کا ذخیرہ ۲ سمندر۔ بحر۔ بحیرہ۔ تالاب۔ ذخیرہ آب۔ **تویہ کرچھرا** (مذکر) ایک قسم کی تپسیا جس میں کئی دن تک صرف پانی پیا جاتا ہے۔

تہ (ف۔مونث) ۱ نچلا حصّہ ۲ کوئیں کا فرش۔ دریا کے پانی کے نیچے کا حصّہ۔ قعر چاہ یا دریا۔ تھاہ۔ انتہا ۳ پیندی۔تلا ۴ پرت۔ورق۔ کپڑے کا اکہرا حصہ ۵ تکیہ۔ باریکی۔ فی کنایہ۔ رمز ۶ فرش۔سطح۔زمین ۷ تلچھٹ ۸ جھلک۔ تحریر ۹ باریک اور پتلا ورق۔ بنیاد ۱۰ (صفت) نیچے تلے (ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) **تہا تہی رکھ چھوڑنا** (متعدی) احتیاط سے رکھنا

صرف میں نہ لانا۔ تہ بازار (مذکر) بازار کی زمین۔ تہ بازاری (مونث) ۱ وہ کرایہ جو وہ لوگ دیتے ہیں جن کی دوکان تو نہیں ہوتی۔ مگر زمین یا سٹال پر رکھ کر چیزیں بیچتے ہیں۔ ۲ بازار کا محصول جو دوکاندار دیتے ہیں۔ تہ بہ تہ (صفت) ۱ ایک کے اُوپر یا نیچے ایک۔ طبق در طبق ۲ تہ کے اندر تہ ۳ ہر ایک پرت میں۔ ہر ایک تہ میں ۴ پیچیدہ۔ مشکل (کرنا ہونا کے ساتھ) تہ بند (مذکر) ۱ وہ کپڑا جو عام طور پر مسلمان بجائے پاجامے کے باندھتے ہیں۔ یہ عموماً کھدر یا لٹھے کا ہوتا ہے ۲ لنگی۔ دھوتی۔ لنگوٹ۔ تہ بندی (مونث) ۱ کتاب کی جزبندی ۲ وہ رنگ جو کپڑے کو اصلی رنگ سے پہلے دیتے ہیں۔ تہ پانا (لازم) اصل مطلب کو پالینا۔ اصل حقیقت دریافت کرلینا۔ تہ پوشی (مونث) زنانہ پاجامہ جو ساڑی کے نیچے پہنا جاتا ہے۔ تہ پیچ (مذکر) پگڑی کے نیچے کا کپڑا۔ بطانہ۔ تہ توڑ دینا یا توڑنا (متعدی) ۱ سب کھا جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ برتن چاٹ جانا ۲ سب کچھ صرف کر دینا۔ کچھ باقی نہ رکھنا ۳ صفایا کر دینا۔ جھاڑو پھیر دینا۔ تہ تیغ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تلوار سے قتل ہونا۔ تہ ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا (لازم) ۱ مفلس ہو جانا ۲ دوالہ نکلنا۔ تہ جرعہ یا جرعگی (مونث) تلچھٹ۔ تہ جمانا (لازم) ۱ اُوپر تلے رکھنا ۲ کھانے پر کھانا۔ بہت کھانا۔ تہ جمنا (لازم) کسی مائع چیز کے نیچے کے حصے کا جم جانا۔ تہ خاک (صفت) زمین کے نیچے دفن (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) تہ خاک و خوں کرنا (متعدی) قتل کر دینا۔ جان سے مار ڈالنا۔ تہ خانہ (مذکر) سرد خانہ۔ بھونرا۔ مکان کے اور سطح زمین سے نیچے جو کمرہ بناتے ہیں۔ تہ دار (صفت) ۱ پیچیدہ۔ مشکل۔ دقیق ۲ ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ ۳ گہرا عمیق ۴ معقول ۵ جس کی تہ یا بنیاد ہو۔ تہ داری (مونث) ۱ گہرائی۔ عمق ۲ تہ۔ بنیاد ۳ دقت۔ مشکل۔ پیچیدگی۔ تہ دام آنا (لازم) پکڑا جانا۔ گرفتار ہونا۔ قابو میں آنا۔ تہ درز (صفت) یا زرد (صفت) نیا۔ بالکل نیا ۲ (مذکر) نیا کپڑا جس کی تہ نہ ٹوٹی ہو۔ تہ دل سے (تمیز) نہایت خلوص سے۔ سچے دل سے تہ دلی (مونث) اطمینان قلب۔ تہ دیگ یا دیگی (مونث) کھرچن۔ نیچے کا کھانا جس میں گھی زیادہ ہوتا ہے۔ تہ دینا (متعدی) کسی چیز کا نیچے اُوپر رکھنا ۲ ہلکا رنگ دینا ۳ استر اور اصل کپڑے کے بیچ کپڑے

ٹکن وغیرہ دینا ۴ استر لگانا ۵ کچے پھلوں کو پھونس کی تہ میں رکھنا۔ تہ کا (صفت) عمیق۔ گہرا۔ پیچیدہ۔ مشکل۔ دقت طلب۔ تہ کا سچا (صفت) وہ کبوتر جو گھر نہ بھولے۔ تہ کر رکھو۔ رکھ چھوڑو۔ ضرورت نہیں۔ تہ کرنا (متعدی) ٹھیک طور سے لپیٹنا۔ لپیٹنا ۲ فیصلہ کرنا۔ تصفیہ کرنا ۳ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ تہ کو پانا یا پہنچنا (متعدی) ۱ (متعدی) اصل مطلب پالینا۔ منشا کو پہنچنا ۲ حقیقت کو پہنچنا۔ تہ کی بات (مونث) اصل بات۔ گر۔ تہ لگانا (متعدی) کپڑے کو ٹھیک طور پر لپیٹنا۔ تہ مارنا (مذکر) ۱ گھوڑے کی ایک بیماری جس میں سخت پیاس لگتی ہے ۲ (متعدی) مادہ کو نر سے ملانا۔ نر چڑھانا۔ جوڑا لگانا۔ تہ میں بیٹھ جانا (لازم) ۱ نیچے بیٹھ جانا۔ ڈوب جانا ۲ کسی کے دل میں گھر کرنا بھید لے لینا۔ تہ نال (مذکر) ۱ لوہے کا ٹکڑا جو تلوار کے قبضے کے نیچے ہوتا ہے ۲ نیام کا نیچے کا حصہ جس میں تلوار کا پیپلا رہتا ہے۔ تہ نامہ (مذکر) اقرار نامہ۔ عہد نامہ۔ تہ نشان (مذکر) وہ سونے یا جواہرات کا کام جو تلوار کے قبضے پر ہوتا ہے۔ تہ نشین (صفت) ۱ نیچے یا تہ میں بیٹھنے والا ۲ ذہن میں آجانے والا۔ دل میں بیٹھ جانے والا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۳ (مذکر) دُرد۔ تلچھٹ۔ تہ نکالنا (متعدی) اصل بات کو پا جانا رمز پہچاننا۔ تہ نہیں ٹوٹی۔ نیا ہے (کپڑے کے متعلق) تہ و بالا (صفت) نیچے اُوپر۔ زیر و زبر۔ اُلٹ پلٹ (کر دینا۔ کرنا ہونا کے ساتھ)

تہ (ف۔ صفت) خالی۔ تہی۔

ٹھ (ھ۔ مذکر) ناگری الف ب کا ستارھواں حرف صحیح ٹھکار (مذکر) حرف یا آواز ٹھ۔

تھا رہ۔ ماضی بعید) کا واحد مذکر ہونا سے۔ تھی۔ صیغہ واحد مونث۔ تھے۔ صیغہ جمع مذکر۔ تھیں۔ صیغہ جمع مونث۔

امثال و اقوال۔ تھا سوچا

جو کچھ اول آخر وہی پیش آیا۔ جیسا کہا تھا۔ ویسا ہی ہوا۔ تھی دل کی سادی جس کا پانی اس کا کھانی۔ بے حیا اور بے عزت کی نسبت بولتے ہیں۔

تھاپ (ہ۔ امر) ۱ تھاپنا کا ۲ (مونث) تھپڑ۔ تمانچہ۔ تھپکی ۳ طبلے کی آواز جس ستر۔ ضرب پہنچانا) تھاپا (ماضی) ۱ تھاپنا کی ۲ (مذکر) پنجے کا نشان ۳ پنجے کا مہندی کا نشان جو دیوار پر یا سمدھی کی کمر پر شادی کے موقع پر لگاتے ہیں ۴ مکان پر نشان جو چور لگا دیتے ہیں۔ جہاں انہوں نے چوری کرنا ہو ۵ خون کا پنجے کا نشان جو قاتل کے مکان پر لگا دیتے ہیں ۶ نشان۔ مہر ۷ وہ نشان مٹی کا جو زمیندار کھلیان پر لگا دیتے ہیں تاکہ کوئی چوری کرے تو معلوم ہو جائے ۸ اناج وغیرہ جو کھیت میں بکھرا ہوا رہ جائے۔ تھاپ پڑنا یا لگنا (لازم) ۱ طبلے پر ہاتھ قاعدے سے پڑنا ۲ طبلہ بجنا۔ راگ رنگ ہونا۔ تھاپ دینا (متعدی) ناچ گانا موقوف کرنے کے لئے طبلے پر زور سے ہاتھ مارنا۔ طائفہ بدلنے پر بھی ایسا کرتے ہیں۔ تھاپ سہارنا (متعدی) سختی یا مصیبت اُٹھانا تکلیف جھیلنا۔ تھاپ مارنا (متعدی) ۱ شیر کا تھپڑ مارنا ۲ پہلوانوں کا ماتھے پر تھپکی دینا ۳ طبلہ بجانا ۴ گوبر تھاپ کر دیوار کی مرمت کرنا۔ تھاپنا (متعدی) ۱ پاتھنا۔ اُپلے بنانا ۲ تھپکی دینا۔ تمانچہ مارنا ۳ دیوار پر اُپلے لگانا ۴ دیوار کی مرمت گوبر سے کرنا تھاپی (مونث) ۱ تھپکی ۲ تھاپنے کی آواز ۳ کمہار کا اوزار جس سے برتن گھڑتا ہے ۴ معمار کا اوزار جس سے مٹی یا چونہ کوٹتا ہے ۵ کرکٹ ٹینس وغیرہ کا بلا ۶ (پ) چھوٹا اُپلا۔

تھاپنا (ھ۔ مونث) ۱ پوجا کے لئے بت نصب کرنا ۲ ایک مذہبی رسم جو آگرہ کے گرد و نواح میں ہوتی ہے۔ تھاپنا کی پوجا (مونث) دیوی کی پوجا جو چیت سدی میں ہوتی ہے۔

تھاتھی۔ تھاتی (ھ۔ مونث) کوئی چیز جو کسی کے سپرد کی جائے۔ امانت۔

تہادی (ع۔ مونث) ۱ ہدیہ بھیجنا ۲ چلتے ہوئے وزن قائم رکھنا۔

تھار (ھ۔ مذکر) دیکھو بھال۔

تُہار۔ تہارو (ھ۔ ضمیر) تمہارا۔

تھاری (ھ۔ مونث) تھالی۔

تہاڑا (ھ۔ مذکر) ۱ تقسیم تین برابر حصوں میں ۲ تیسرا حصہ ۳ بٹائی تین حصوں میں ایک مالک کا دو مزارع کے۔ تہاڑا کی بٹائی (مونث) دیکھو تہاڑا ۳

تہافت (ع۔ مونث) ۱ ایک

چھینے کے بعد دوسرے کا گرنا ۲ ایک کتاب مصنفہ امام غزالی۔

تھاک (ہ۔ مذکر) حد کی پکی برجی۔ **تھاک بست** (مذکر) حد بندی۔

تھاکنا (ہ۔ لازم) ۱ تھکنا ۲ (متعدی) تھکانا۔

تھال (ہ۔ مذکر) ۱ دھات کا بڑا چپٹا گول برتن۔ خوان۔ طباق ۲ شیرینی کا برتن ۳ بعض تقریبوں کا خاص قسم کا کھانا ۴ پیتل کا برتن جس پر ہندو کھانا چنتے ہیں ۵ لڑکیوں کا ایک کھیل (س ستھال۔ کوئی برتن) **تھالا** (مذکر) ۱ دیکھو تھالا ۱ ۲ درختوں کے گرد پانی دینے کا گڑھا یا نالی ۳ وہ گڑھا جس میں درخت لگایا جائے ۴ وہ مٹی کا ڈھیر جو درخت کے گرد لگاتے ہیں۔ **تھال لگانا** (متعدی) تھال پر کھانا چننا۔ **تھالی** (مونث) ۱ دھات کا چھوٹا گول چپٹا برتن جن میں عموماً چپاتیاں رکھتے ہیں ۲ وہ مٹھائی یا کھانا جو رشتے داروں یا دوستوں کو بھیجا جاتا ہے ۳ تشتری۔ رکابی ۴ گلاس وغیرہ کے نیچے جو برتن رکھا جائے۔ **تھالی بجانا** (متعدی)، **بجنا** (لازم) ۱ تھالی پر ہاتھ یا کوئی چیز لگ کر آواز پیدا ہونا ۲ سانپ کے کاٹے ہوئے کے سامنے تھالی کی آواز کے ساتھ منتر پڑھا جانا ۳ بچہ پیدا ہونے پر اس کا ڈر نکالنے کے لئے تھالی سے آواز پیدا کی جانا۔ **تھالی پھرانا** (متعدی) ماریوں کا ایک کرتب۔ **تھالی پھرنا** (لازم) سخت ہجوم ہونا کہ تھالی پھینکی جائے تو سروں پر چلی جائے اور زمین پر نہ گرے۔ **تھالی پھینکو تو زمین پر نہ گرے (سر ہی پر گرے)** سخت ہجوم ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **تھالی جوڑ** (مذکر) پیالہ، سرپوش اور نیچے کی رکابی جس میں امیروں کو پانی پلایا جاتا ہے **تھالی (ہیں) کا بینگن** (مذکر) غیر مستقل مزاج شخص۔ رکابی مذہب۔ وہ جو کبھی کسی طرف ہو کبھی کسی طرف لالچ کی وجہ سے۔ **تھال کھلائی** (مونث) چھٹی کے بعد ایک رسم جس میں تھال میں خشکہ اس پر گھی شکر اور میوہ ڈال کر چومک روشن کرکے زچہ کو کھلاتے ہیں۔ وہ کھا لیتی ہے تو پھر اور سہاگنیں کھاتی ہیں۔

امثال و اقوال۔ **تھالی پڑے بھوکا نہیں اُٹھا جاتا**۔ کھانا سامنے ہو تو آدمی بغیر سیر ہوئے نہیں اُٹھتا۔ **تھالی پھوٹی تو پھوٹی** جھنکار تو سُنی۔ نقصان ہوا مگر مطلب تو حاصل ہو گیا۔ جب کوئی بے غیرت آدمی پردہ فاش ہونے پر خوش ہو تو کہتے ہیں۔ **تھالی گری جھنکار سب نے سُنی**۔ جب کوئی بُری بات ہوتی ہے تو ہر کسی کو خبر ہو جاتی ہے۔

تھانک (ع۔ مذکر) ۱ تباہی اور بربادی کی طرف جانا ۲ بستر میں گھُسنا۔

تھام (ہ۔ امر) تھامنا سے۔ **تھاما** (ماضی) تھامنا سے۔ **تھام لینا** (متعدی) ۱ دیکھو تھامنا ۲ لینا۔ منظور کر لینا۔ روپیہ پیشگی وغیرہ۔ **تھامنا** (متعدی) ۱ ہاتھ سے پکڑنا ۲ سہارا دینا آسرا دینا ۳ پشتی دینا۔ مدد دینا ۴ روکنا۔ بند کرنا ۵ ٹھہرانا۔ کھڑا کرنا ۶ حفاظت کرنا۔ بچانا ۷ باز رکھنا۔ مقابلہ کرنا۔

تھامجان (ہ۔ مذکر) تام جھام۔

تہاں (ہ۔ تف) ۱ وہاں۔ اُدھر ۲ تب۔ اس موقع پر۔ اُردو میں جہاں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **تہاں تہاں**۔ ہر جگہ میں۔

تھان (ہ۔ مذکر) ۱ جگہ۔ موقع۔ مقام ۲ مکان۔ جائے رہائش ۳ گھوڑے ہاتھی یا مویشی کی طویلہ ۴ دانہ یا گھاس کھلانے کا برتن ۵ نسل ۶ اولاد ۷ کپڑے ریشم وغیرہ کا معینہ لمبائی کا ٹکڑا ۸ ایک عدد سکہ ۹ اکائی۔ ایک عدد (س ستھان۔ جگہ) **تھان پر باندھنا** (متعدی) گھوڑے کو اس کی جگہ پر یا طویلہ میں رسے سے جکڑنا ۲ کسی کو شرارت یا بُرے کام سے روکنا۔ **تھان کا ٹرا** (صفت) ۱ تھان پر شرارت کرنے والا گھوڑا کہا جاتا ۲ وہ شخص جو گھر پر بہت شرارت کرے گلی کا کتا۔ **تھان کا سچا** (صفت) گھوڑا جو چھوٹ کر گھر آ جائے۔ **تھان لیا**۔ گھوڑا استراحت کے لئے لوٹنے لگا۔ **تھان میں آنا** (لازم) گھوڑے کا تکان اتارنے کو خاک میں لیٹنا۔ **تھان سے تھان**۔ سائیس کہتے ہیں جب گھوڑا سوتے ہوئے یکایک ڈر کر ہنہنائے۔

تھانی (ہ۔ صفت) ۱ کھڑا ہوا ۲ ساکن ۳ رہنے والا۔ ساکن ۳ (مذکر) تھان کا مالک۔ مالک مکان ۴ مزارعہ دائمی۔

تہانا (ہ۔ متعدی) تہ کرنا۔

تھانا (ہ۔ دیکھو تھانہ۔

تھانب۔ **تھانبھ** (ہ) دیکھو تھمب۔

تھانبنا۔ **تھانبھنا** (ہ) دیکھو تھامنا۔

تھانجات (ہ۔ مذکر) تھانہ کی جمع بطرز فارسی۔

تھانگ (ہ۔ مذکر) جگہ۔ مقام۔ موقعہ۔

تھانگ (ہ۔ مونث) ۱ لفظی معنی ٹھیک جگہ یا گم شدہ چیز کا موقعہ ۲ چوروں کا مقام ۳ مال مسروقہ کا پتہ ۴ کھورہ۔ کھوج۔ نشان ۵ سازش بھید ۶ چوروں کی کمین گاہ ۷ مال مسروقہ (س ستھانک جگہ) **تھانگ دار** (مذکر) دیکھو تھانگی۔ **تھانگداری** (مونث) دیکھو تھانگیداری۔ **تھانگ گیری** (مونث) چوری کا مال لینا۔ رسہ گیری۔ **تھانگ لگانا** (متعدی) ۱ چوروں کو پناہ دینا ۲ سراغ چلانا۔ چوری کا پتہ لگانا۔ **تھانگنا** (ہ۔ متعدی) سراغ چلانا۔ **تھانگی** (مذکر) **تھانگیا** (ہ) ۱ چوروں کا مددگار ۲ وہ شخص جو چوروں کو پناہ دے ۳ مال مسروقہ لینے والا شخص ۴ وہ شخص جو مال مسروقہ کا پتہ چلائے۔ سراغی۔ کھوجی۔ **تھانگی** (مونث) تھانگ۔ **تھانگی دار** (مذکر) تھانگ دار۔ **تھانگی داری** (مونث) چوروں کی مدد کرنا۔ مال مسروقہ لینا۔ **تھانگی ہے**۔ چوروں کا معاون ہے۔ بدمعاش ہے۔

تھانولا (ہ۔ مذکر) دیکھو تھالا۔

تھانہ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں پولیس رہے۔ اور جرائم کی رپورٹ ہوتی ہو ۲ (قانون) کوئی جگہ یا چوکی جسے سرکار تھانہ قرار دے ۳ کوتوالی۔ پولیس کی چوکی ۴ چھاؤنی کی لائن کی اندرونی جگہ ۵ زمیندار کا گاؤں میں مکان (بنانا۔ بننا۔ ٹوٹنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) (س ستھانک۔ جگہ) **تھانہ بٹھانا** (متعدی) چوکی بٹھانا۔ پہرہ بٹھانا۔ **تھانہ بیٹھنا** (لازم) **تھانہ چڑھ آنا** (لازم) پولیس کا کسی جگہ برائے تفتیش یا گرفتاری یا تلاشی جانا۔ **تھانے پر پکڑا جانا** (لازم) کسی جرم میں گرفتار ہو کر تھانے پر جانا۔ **تھانیدار** (مذکر) تھانے کا افسر۔ سب انسپکٹر۔ کوتوال۔ **تھانے داری** (مونث) ۱ تھانے دار کا عہدہ یا منصب ۲ تھانیدار کا کام۔

تھاور (ہ۔ مذکر) ۱ ساکن غیر متحرک ۲ کوئی ساکن یا غیر متحرک چیز۔ جڑ بستو ۳ سنیچر وار۔ **تھاور جنگم**۔ **تھاور و جنگم** (مذکر) ۱ متحرک اور غیر متحرک چیزیں ۲ جاندار اور بیجان چیزیں۔

تھاوس (ہ۔ مذکر) ۱ پائداری۔ مضبوطی۔ قیام۔ استقلال ۲ صبر۔ حوصلہ۔ **تھاوس کرنا یا لینا** (متعدی) صبر کرنا۔ صبر سے برداشت کرنا۔

تھاول (ہ۔ مذکر) دیکھو تھاور۔

تہاون (ع۔ مذکر) نفرت۔ حقارت غفلت۔ لاپروائی۔ سستی (ع تہون۔ بُرا ہونا)

تھاہ (ہ۔ مونث) ۱ عمق۔ گہرائی ۲ کوئیں۔ دریا وغیرہ کی تہ کی زمین ۳ انتہا۔ آخیر۔ انجام ۴ پتہ۔ ٹھکانا ۵ منشا۔ منصوبہ۔ مرضی ۶ (ہ) گھاٹ پایاب (س ستھل۔ جگہ) **تھاہ پانا** (لازم) دیکھو تھاہ ملنا۔ **تھاہ لانا** (متعدی) گہرائی دریافت کرنا عمق معلوم کرنا۔ **تھاہ لینا** (متعدی) ۱ عمق دریافت کرنا ۲ عندیہ یا منشا معلوم کرنا ۳ بھید لینا۔ **تھاہ مانگنا** (متعدی) پوچھنا کہ گہرائی کتنی ہے۔ **تھاہ ملنا** (متعدی) ۱ گہرائی معلوم ہونا۔ عمق کا پتہ لگ جانا ۲ منشا معلوم ہونا۔ کھوج یا پتہ لگنا۔ **تھاہی** (ہ۔ مونث) ۱ پایابی ۲ (صفت) پایاب۔

تہائی (ہ۔ مونث) ثلث۔ تیسرا حصّہ $\frac{1}{3}$

تہبج (ع۔ مذکر) ورم۔ سوجن۔ (ہبج۔ مارنا چھڑی سے)

تھپانا (ہ۔ متعدی) تھوپنا کا۔

تھپڑ (ہ۔ مذکر) **تھپڑا** (ہ) ۱ تمانچہ۔ لپڑ ۲ تھاپ۔ شیر کا پنجہ ۳ تہ۔ پرت (تھاپنا سے) **تھپڑانا** (ہ) **تھپڑ دینا۔ لگانا یا مارنا** (متعدی) تمانچہ مارنا۔ **تھپڑ کھانا** (لازم) تمانچہ لگ... کھانا۔ **تھپڑی** (مونث) تالی **تھپڑی بجانا۔ پیٹنا یا مارنا** (متعدی) ۱ تالی بجانا ۲ بے عزت کرنا۔ تضحیک کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ **تھپڑی بجنا** (لازم) بیعزتی ہونا۔ بدنامی ہونا۔

تھپک (ہ۔ امر) ۱ تھپکنا کا ۲ (مونث) تھپکی دینا ۳ تھاپ۔ تمانچہ۔ تھپکی (تھاپ سے) **تھپک۔ تھپک** (کر) کے **رکھنا** (متعدی) دم دلاسا دے کر روکنا۔ روک تھام کرنا۔ **تھپک تھپک کے سلانا** (متعدی) تھپکی مار کے سلانا۔ بچوں کو اس طرح سلاتے ہیں۔ **تھپک دو۔ سلا دو۔ تھپکنا** (لازم) ۱ آہستہ آہستہ ضرب لگانا ۲ بچے کو سلانے کے لئے تھپکی لگانا ۳ چمکارنا ۴ سنانا۔ ٹھنڈا کرنا ۵ ٹالنا۔ بہانہ کرنا۔ **تھپکی** (مونث) ۱ وہ ضرب جو ہتھیلی سے ماتھے یا پیٹھ پر لگائیں ۲ کشتی کا داؤں۔ **تھپکی دینا** (متعدی) ۱ حریف کے ہتھیار پر اس طرح ہاتھ سے ضرب لگانا کہ ہتھیار رپٹ پڑے ۲ کسی کے ماتھے پر ہتھیلی سے ضرب لگانا۔

تھپنا (ہ۔ لازم) ۱ تھپکی ملنا۔ تھپکی دیا جانا ۲ اُپلے بننا ۳ (متعدی) لگانا۔ مقرر کرنا۔ رکھنا۔ کھڑا کرنا۔

تھپنا (ہ۔ لازم) ۱ گوبر گارے وغیرہ کا تھوپا جانا ۲ مٹی کا لیس ہونا ۳ الزام لگنا۔ ذمے لگنا ۴ برداشت کرنا۔ سہنا (تھوپنا سے)

تھپیڑ (ہ) **تھپیڑا** (ہ۔ مذکر) تھپڑ کی تصغیر ۱ تمانچہ ۲ تیز ہوا کا جھونکا ۳ موجوں کی ضرب ۴ وہ ظرف جس پر آٹے کی لوئی بڑھاتے ہیں ۵ (ہ) چندیا۔

تثبت (ہ۔ مونث) ۱ دوام ہمیشگی قیام ۲ ٹھیرنا۔ رہنا ۳ رکھنا۔ پرورش کرنا ۴ مستعدی استقلال۔ ثابت قدمی۔

تھتّا (ہ۔ مذکر) انبار۔ ڈھیر۔ تودہ۔

تھتّے (مذکر) تھتّا کی جمع۔ **تھتّے جما دینا** (متعدی) کسی کے سر بہت سا قرضہ کر دینا۔

تہتّر (ہ۔ صفت) ستر اور تین ۷۳۔

تہتّر واں (صفت) تہتر حصّوں میں سے ایک۔

تہتک (ع۔ مذکر) ۱ بے عزتی۔ بے آبروئی۔ بدنامی۔ ہتک ۲ بھید کا کھل جانا ۳ جھگڑا۔ فساد (ہتک۔ پھاڑنا نقاب)

تھتکار (ہ۔ امر) ۱ تھتکارنا کا ۲ (مونث) تھوکنے کی آواز (س تھتکار) **تھتکارا** ۱ (ماضی) تھتکارنا کی ۲ تھوکنے کی آواز ۳ تھو تھو کرنے کے قابل۔ نام نہ لینے کے قابل ۴ درد سر ۵ ہیضہ۔ زکام ۶ بچوں کی ایک بیماری۔ مسان ۷ (صفت) مردود۔ نالائق۔ **تھتکارا ہو جانا** (لازم) بچوں کو مسان کی بیماری ہو جانا۔ **تھتکار دینا** (متعدی) دھتکار دینا۔ نکال دینا۔ **تھتکار لینا** (متعدی) تھوکنے کی آواز نکالنا۔ **تھتکارنا** (متعدی) ۱ تھو تھو کرنا ۲ نفرت ظاہر کرنا ۳ کسی چیز پر بار بار تھوکنا۔ **تھتکاری** (مونث) عو۔ ۱ بیڑی۔ زنجیر (پہننا کے ساتھ) ۲ چڑیل۔ ڈائن ۳ جوتی۔ پیزار۔

مثل۔ تھتکارا ہوا اور چاٹ(ک) موا۔ مسان کی بیماری ہو جائے تو پھر بچہ نہیں بچتا

تہتّم (ع۔ مذکر) ٹوٹنا۔

تھتھانا (ہ۔ مذکر) ۱ مُنہ بنانا (غصہ یا ناراضگی سے) ہونٹ لٹکانا ۲ مُنہ پھیر لینا ۳ چیں بجبیں ہونا۔ ناک بھوں چڑھانا۔ منہ سجانا (ہ۔ تھوتھ۔ مُنہ)

تھتھنی (ہ۔ مونث) دیکھو تھوتھنی۔

تھتھی۔ تھتی (ہ۔ مونث) ۱ انبار ۲ ڈھیر ۳ تودہ۔

تہتے (ہ۔ اسم ضمیر) اس سے۔

تھٹکنا (ہ۔ لازم) دیکھو ٹھٹکنا۔

تہجّد (ع۔ مذکر) ۱ رات کو جاگنا ۲ خوب سونا ۳ نماز جو آدھی رات کے بعد پڑھی جاتی ہے (پڑھنا کے ساتھ) (ہجد سونا۔ جاگنا) **تہجد گزار** (صفت) آدھی رات کے بعد اُٹھ کر نماز پڑھنے والا بہت پرہیزگار۔

تہجّی (ع۔ مونث) ۱ ہجے کرنا۔ حروف کا پڑھنا ۲ علم حروف (ہجو۔ حروف ملانا) **تہجّی کرنا** (متعدی) ہجے کرنا۔

تہجین (ع۔ مونث) ۱ بے عزت کرنا۔ بری بات ظاہر کرنا ۲ دوغلی نسل پیدا کرنا۔

تہدّد (ع۔ مذکر) ڈرانا۔

تہدید (ع۔ مونث) ۱ تنبیہ۔ سرزنش دھمکی۔ گھرکی ۲ ڈرانا۔ دھمکانا (ہد۔ توڑنا) **تہدیدات** (مونث) تہدید کی جمع۔ دھمکیاں۔ سزائیں۔

تہذیب (ع۔ مونث) ۱ شائستگی۔ انسانیت۔ خوش اخلاقی ۲ آراستگی۔ پاکیزگی۔ اصلاح (پانا۔ حاصل کرنا۔ دینا۔ سکھانا۔ سیکھنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) (ہذب۔ چھانٹنا۔ صاف کرنا) **تہذیب اخلاق** (مونث) اخلاق کی درستی۔ خوش اخلاقی۔ انسانیت **تہذیب الاخلاق** (مونث) ایک کتاب چار جلدوں میں جس میں سر سید احمد۔ نواب محسن الملک۔ مولوی چراغ علی۔ مولوی ذکاء اللہ۔ سید محمود۔ مولانا حالی وغیرہ کے مضامین درج ہیں۔ **تہذیب یافتہ** (صفت) تعلیم یافتہ۔ مہذب۔ شائستہ۔

تہرا (ہ۔ اسم ضمیر) تیرا۔

تھر (ہ۔ مذکر) ۱ کوئی چیز پھیلائی ہوئی ۲ تہ۔ پرت۔ طبق ۳ پلستر یا روغن کی تہ ۴ دیکھو تھل۔

تھر (ہ۔صفت) ۱ مضبوط۔مستحکم ۲ مستقل ثابت قدم ۳ پائیدار۔ پکا ۴ دائمی۔ مدام ۵ فیصلہ شدہ ۶ مطمئن۔ دلجمع ۷ ٹھیرا ہوا۔ خاموش۔ استقر۔ تھر تا (مونث) مضبوطی وغیرہ دیکھو تر۔ تھر رہنا (لازم) ۱ مضبوط رہنا ۲ مستحکم رہنا ۳ پائدار ہونا ۴ مدت تک رہنا۔

تہرا (ہ۔صفت) ۱ تگنا۔ سہ چند ۲ تین تہ کا ۳ تین لڑکا ۴ تین قسم۔ تین طرح کا (تین سے) تہرانا (متعدی) ۱ تیسری دفعہ کہنا ۲ کسی کام کو تیسری دفعہ کرنا ۳ تین تہیں کرنا ۴ تین لڑیں کرنا ۵ تین گنا کرنا تہراوٹ (مونث) تگنا پن۔ تہری (صفت۔مونث) تہری سواری۔ ڈولی وغیرہ میں تین عورتوں کے سوار ہونے کو تہری سواری کہتے ہیں۔

تھرا (ہ۔امر) تھرانا کا (س شر تھ ڈھیلا ہونا) تھرا اٹھنا (لازم) سخت کانپنا۔ تھرا جانا (لازم) کانپنے لگ جانا۔ تھرانا (لازم) ڈر یا خوف سے کانپنا۔ لرزنا۔ تھر تھرانا۔

تھرانا (ہ۔لازم) ۱ تہ میں بیٹھنا۔ تہ بیٹھ جانا ۲ تہ سے اوپر آجانا ۳ سوجن کا جاتے رہنا ۴ خاموش ساکن۔

تھر تھر (ہ۔صفت) ۱ کانپتا ہوا۔ لرزاں ۲ کانپنے والا ۳ (مذکر) لرزہ۔کپکپی (س شر تھ ڈھیلا ہونا) تھر تھرا دینا (متعدی) لرزہ پیدا کر دینا۔ تھر تھرانا (لازم) کانپنا۔ لرزنا۔ تھر تھرا ہا (ہ۔صفت) لرزاں۔ کانپتا ہوا۔ تھر تھراہٹ (مونث) لرزہ کپکپی جنبش۔ تھر تھر کانپنا (لازم) سخت کپکپانا جسم کا لرزنا۔ تھر تھر کمپی (مونث) ایک پرند جو ہر وقت ہوا میں تھر تھراتا رہتا ہے۔ تھر تھر کرنا (متعدی) ۱ جاڑے میں مرنا ۲ ڈر کر کانپنا۔ تھر تھرنا (ہ) تھر تھرانا۔ تھر تھری (مونث) ۱ لرزہ۔کپکپی۔ تھر تھراہٹ ۲ جاڑے کا بخار۔ لرزہ۔ تھر تھری چھوٹنا (متعدی) کپکپانا۔ کانپنا۔ تھر تھرانا۔ لرزنا۔

تھرکنا (ہ۔لازم) ۱ پھڑکنا۔ اعضا کا حرکت کرنا ۲ ناچنا۔ مٹکنا ۳ بڑے نخرے سے چلنا ۴ پرند کا اڑنا۔ منڈلانا (دکن) (س ستھر۔ پکا)

تھرمامیٹر (انگ۔ مذکر) گرمی کے اندازہ کرنے کا آلہ۔ آلہ مقیاس الحرارت۔

تھرنا (ہ۔لازم) نتھرنا۔ پانی کا گرد وغبار سے صاف ہونا یا میل کچیل کا پانی کی تہ میں بیٹھ جانا۔

تہری (ہ۔مونث) ۱ ایک قسم کا کھانا چاولوں کو گوشت ڈال کر پکاتے اور ہلدی کا رنگ دیتے ہیں۔

تہرتج (ع۔مونث) ایک قسم کا کاغذ متعلقہ مالگزاری (ہرتج۔ ڈرانا)

تھریس (یورپ) ایک ملک جو کچھ تو یونانیوں کے پاس اور کچھ ترکوں کے پاس ہے مشرقی حصے میں اڈریا نوپل اور قسطنطنیہ ہیں۔ جو ترکوں کے پاس ہیں۔

تھڑ (ہ۔امر) ۱ تھڑنا کا ۲ (صفت) تھوڑا کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ تھڑا (ماضی) تھڑنا کی۔ تھڑ جانا (ہ) دیکھو تھڑنا۔ تھڑ جیا (صفت) پست ہمت۔ کم حوصلہ۔ تھڑ دلا (صفت) ۱ تنگدل۔ کم ظرف ۲ بزدل۔ ڈرپوک۔ کم حوصلہ تھڑنا (ہ) ۱ ناکافی ہونا۔ کم ہونا ۲ ختم ہونا ۳ ناکامیاب ہونا۔ تھڑی (مونث) ۱ تھوڑی کا مخفف۔ کمی۔ قلت۔ تنگی۔

تھڑا (ہ۔ مذکر) ۱ چبوترا۔ پلیٹ فارم ۲ بیٹھنے کی اونچی جگہ ۳ نہانے کی جگہ۔

تھڑکنا (ہ۔لازم) ۱ تھرکنا ۲ (پ) چوکنا۔ ہبکنا۔

تھڑم تھڑا کرنا (اردو۔متعدی) لعنت ملامت کرنا۔ نفرین کرنا۔

تھڑی (ہ۔مونث) ۱ نفرت سے تھوکنا ۲ بے عزتی۔ بے حرمتی۔ بدنامی۔ شرم ۳ (کلمہ نفرین) لعنت۔ تف۔ ژدف (تھو سے) تھڑی تھڑی (مونث) بدنامی۔ بے عزتی۔ رسوائی۔ فضیحت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

تہرج (ع۔ مذکر) ۱ اگانا چھپانا ۲ تار بجانا۔

تہزل (ع۔ مذکر) ہزل گو ہونا۔ زٹل ہانکنا۔ مسخرا پن کرنا۔

تہزؤ (ع۔ مذکر) ٹھٹھا کرنا۔ تمسخر کرنا۔

تہس نہس (ہ۔صفت) عو۔ تباہ۔ برباد۔ خراب۔ اجاڑ۔ ناس۔ غارت (کرنا ہونا کے ساتھ) تہس نہس گئی (صفت) بے ٹھکانے (عورت) خانہ خراب۔

تہشیش (ع۔مونث) خوش کرنا۔

تھک (ہ۔امر) تھکنا کا (س ستم گھبرانا) (ماضی) ۱ تھکنا کی ۲ (صفت) ماندہ۔ عاجز۔ شکستہ۔ ہارا۔ تھکا بکا۔ پکا یا پھکا (ہ) ۱ تھکا ہوا۔ ماندہ ۲ گھبرایا ہوا۔ حیران۔ پریشان۔ تھکا بیل (صفت) کام چور۔ سست۔ مجہول۔ نکما۔ تھکا دینا (متعدی) دیکھو تھکانا۔ تھکا مارا (صفت) محنت اور مشقت کر کے تھکا ہوا۔ تھکا مارنا (متعدی) ۱ تنگ کرنا۔ دق کرنا ۲ جی چھڑا دینا۔ عاجز کر دینا۔ تھکا ماندہ (صفت) بہت تھکا ہوا۔ تھکان (ہ) تھکن۔ تکان۔ ماندگی۔ تھکانا (متعدی) ۱ ماندہ کر دینا۔ ہرا دینا۔ شل کر دینا ۲ دق کرنا۔ تنگ کرنا ۳ حیران کرنا۔ پریشان کرنا۔ تھکاوا (مذکر) تھکاوٹ (مونث) دیکھو تھکاؤ۔ تھکا ہارا (صفت) ۱ بہت تھکا ہوا ۲ (تف) تھک کر۔ تھکاؤ (مذکر) تھکائی (مونث) تھکن۔ تکان۔ تھک جانا (لازم) دیکھو تھکنا۔ تھک کر چور ہو جانا (لازم) بہت تھک جانا۔ شل ہو جانا۔ تھک کے بیٹھ رہنا (لازم) جی چھوڑ دینا۔ عاجز ہو کر کام چھوڑ دینا۔ تھکن مٹانا (متعدی) تھکن دور کرنا رفع تھکن (مونث) تکن۔ ماندگی۔ کوفتگی۔ تکان۔ تھکنا (لازم) ۱ تکان ہونا شل ہونا۔ محنت سے ماندہ ہونا ۲ عاجز ہونا۔ رہ جانا ۳ مایوس ہونا۔ ناامید ہونا ۴ کام سے جاتا رہنا۔ بوڑھا ہونا۔ طاقت نہ رہنا ۵ ہمت ہارنا ۶ بند ہو جانا۔ ترک جانا۔ تھکن اتارنا (متعدی) اترنا (لازم) دیکھو تکان اتارنا و اترنا۔ تھکی ہوئی آواز (مونث) آواز جو گانے یا چلانے سے بیٹھ گئی ہو۔

امثال و اقوال

تھکا اونٹ سرائے کو تکتا یا دیکھتا ہے مصیبت زدہ مخلصی کا طالب ہوتا ہے۔ تھکا ہوا آدمی چھٹکارا حاصل کرنے کی خواہش کرتا ہے۔ تھکا پیراکو چھپیں جائے جب انسان اپنی جائداد تباہ کر چکتا ہے تو گزارے کے لئے چھوٹے چھوٹے کام تلاش کرتا ہے۔ تھکے بیل گون بھئی بھاری۔ اب کیا لدوگے بیوپاری مصیبت سر پر آپڑی اب کیا کریں گے۔

تھکک (ہ) تھکا (ہ۔صفت) ۱ جمی ہوئی۔ بستہ ۲ (مذکر) کوئی جمی ہوئی چیز ۳ ڈلا۔ ڈھیلا لوندا ۴ چاندی سونا جو گھل گیا ہو ۵ جما ہوا دہی ۶ ڈھیر۔ انبار۔ تھکک بست (مونث) دیکھو تھوک بست۔ تھکک تھکک (صفت) ۱ جما ہوا

بستہ ۲ جڑا ہوا ۳ اکٹھا ۴ بہت تر۔ گیلا۔ **تھکّے کا تھکّا** (رکے تھکّے) (مذکر) دیکھو تھکا۔ **تھکّے کا دہی** (مذکر) جما ہوا دہی۔

تُھک (ہ۔ مونث) تھوک کا مخفف۔ **تھکار** (مذکر) تھوک۔ اُردو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **تُھڑکا فضیحت یا فضیحتی** (مونث) ۱ لعن طعن گالی گلوچ ۲ بے عزتی۔ بے حرمتی ۳ جھگڑا لڑائی فساد۔ **تُھکانا یا تُھکوانا** (متعدی) تھوکنا سے۔ دوسرے سے تھوک ڈلوانا۔ **تُھڑکائی** (ہ۔ صفت) ۱ تھوکنے کے قابل ۲ کمینہ۔ رذیل۔ قابل نفرین ۳ (مذکر) قابل نفرین شخص وغیرہ۔ **تُھک بند کام کرنا** (متعدی) تھوک سے جوڑ دینا۔ نہایت ناپائدار کام بنانا۔ بودا کام بنانا۔ **تھکتُھکانا**۔ تھوکنا کسی بیماری کا نام سن کر یا نظر بد سے بچانے کے لئے۔ عورتوں کا خیال ہے کہ اس طرح کرنے سے ان کا اثر نہیں ہوتا۔ **تُھک تُھک ہونا** (لازم) فضیحتی یا بے عزتی ہونا۔ **تُھکم تُھکّا** (مونث) دیکھو تھکا فضیحتی۔ **تھکیل** (مونث) قابل نفرت عورت۔ **تھکیل ماری** (صفت، مونث) بے غیرت۔

تھکت (ہ۔ صفت) ۱ ٹھہرا ہوا۔ بے حرکت۔ بُت بنا ہوا ۲ حیران۔ پریشان ۳ تھکا ہوا۔

تَہَکُّم (ع۔ مذکر) اکڑ کر چلنا۔ ۲ تمسخر کرنا ۳ حقارت۔ نفرت۔ تمسخر ۴ غرور۔ ۵ توبہ۔

تُھگت (ھ) دیکھو تھکت۔

تِھگلا (ہ۔ مذکر) (ہ۔ مونث) ۱ کپڑے کا ٹکڑا ۲ پیوند۔ جوڑ ۳ تھوڑی سی جگہ۔ مجازاً مکان۔ جھونپڑا۔ **تھگلی لگانا** (متعدی) ۱ کپڑے میں پیوند لگانا۔ جوڑ لگانا ۲ رسائی کرنا۔ پہنچنا ۳ کسی مقام کی خبر لانا ۴ نہایت چالاکی یا دغابازی کا کام کرنا۔

تھَل (ہ۔ مذکر) ۱ خشک اور سخت زمین ۲ خشکی۔ زمین۔ مٹی ۳ جگہ۔ مقام۔ موقعہ ۴ شیر کے رہنے کی جگہ ۵ اونچی زمین ۶ ٹیلہ۔ تودہ ۷ ریگستان۔ ریتلا علاقہ ۸ دریائے اٹک اور جہلم کے درمیان ریگستان جو کوہستان نمک کے جنوب میں واقع ہے۔ ۹ (لکھنؤ) مقیش کے گول پھول ۱۰ کامدار گول چکتی جسے جہاں چاہیں ٹانک لیں ۱۱ کبوتر یا مرغ کی اصالت (س ستھک۔ ڈھانپنا) **تھل اَندر وِدّیا** (ھ) علم معاون۔ **تھل بیڑا** (مذکر) ۱ کشتی۔ گھاٹ ۲ رہنے کی جگہ۔ مکان۔ گھر گھاٹ ۳ کسی چیز کا سراغ ۴ کسی شخص کا پتہ یا مسکن ۵ مجازاً حصول خواہش کا ذریعہ۔ **تھل بیڑا تباہ ہونا** (لازم) سارا خاندان اجڑنا۔ **تھل بیڑا لگانا** (متعدی) ساحل مراد پر پہنچانا۔ ٹھکانا لگانا۔ **تھل بیڑا ملنا** (لازم) سراغ لگنا۔ پتہ لگنا۔ **تھل بیڑا نہ لگنا** (لازم) ۱ ٹھکانا نہ لگنا۔ سہارا نہ ملنا ۲ پتہ سراغ نہ ملنا۔ **تھل بیڑے سے رکھ دینا** (متعدی) ٹھکانے سے رکھنا۔ **تھل چاری یا چر** (ھ۔ صفت) زمین پر حرکت کرنے والا۔ زمینی۔ ارضی۔ (مذکر) ارضی جانور۔ **تھل چڑھ جانا یا چڑھنا** (متعدی) ڈھیر یا انبار لگ جانا۔ **تھل سے بیٹھنا** (لازم) اطمینان سے بیٹھنا۔ ٹھور ٹھکانے سے بیٹھنا۔ **تھل کترنا** (متعدی) مقیش کے گول گول پھول بنانا۔ **تھلی** (مونث) ریگستان کی زمین۔

تھلتھل (ہ۔ صفت) ۱ نرم۔ ڈھیلا۔ پلپلا۔ پھپھس۔ پچپچا۔ موٹا ۲ لرزاں۔ ہلنے والا۔ لہریں لینے والا (س شتھل۔ ڈھیلا ہونا) **تھلتھلا** (صفت) دیکھو تھلتھل۔ **تھلتھل کرنا۔ تھلتھلانا** (لازم) ۱ ہلنا۔ لرزنا ۲ موٹاپے کی وجہ سے جسم کے گوشت کا ہلنا ۳ مٹی ریت وغیرہ کا زیادہ پانی کی وجہ سے ہلنا۔ **تھلتھلی** (صفت۔ مونث) تھلتھل کی۔

تھل تھل (ھ۔ تف) آہستہ آہستہ گرتا ہوا۔ ٹپکتا ہوا۔ چوتا ہوا۔

تھلکنا (ہ۔ لازم) ۱ ہلنا۔ تھلتھلانا ۲ لرزنا۔ کانپنا۔ پھڑکنا۔ دھڑکنا (س شتھل۔ ڈھیلا ہونا)

تَہلکہ (ع۔ مذکر) کھلبلی۔ شور و غل برپا ہونا۔ پڑنا۔ مچنا۔ ڈال دینا۔ ہونا کے ساتھ (ہلک۔ مرنا)

تَہلُّل (ع۔ مذکر) ۱ چہرہ چمک اٹھنا ۲ چمکنا بجلی کا ۳ آنسو یا پانی کا بہنا۔

تھلیا (ہ۔ مونث) تھالی کی تصغیر تشتری۔

تھلیاں دھرنا یا رکھنا (اردو۔ عو) بچوں کے مسوڑوں کا دانت نکلنے سے پہلے پھولنا۔

تَہلیک (ع۔ مونث) برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔

تَہلیل (ع۔ مونث) لاالہ الاالله کہنا (ہل۔ زور سے بلانا)

تھَم (ہ۔ امر) ۱ تھمنا کا ۲ (مذکر) ستون۔ پیل پایہ ۳ کھمبا۔ کھم ۴ درخت کا تنا خصوصاً کیلے کا ۵ ایک مٹھائی بشکل ستون جو ہندو عورتیں بتوں کو چڑھاتی ہیں ۶ روک۔ آڑ۔ اٹکاؤ۔ مزاحمت (س ستمبھ۔ کھڑا ہونا) **تھما** (امر) تھمانا کا ۲ (ماضی) تھمنا کی۔ **تھما دینا** (متعدی) پکڑا دینا۔ حوالے کر دینا۔ **تھما رہنا** (لازم) رکا رہنا۔ **تھمانا** (متعدی) ۱ دینا۔ پکڑانا ۲ روکنا۔ باز رکھنا ۳ ملتوی کرنا ۴ ٹھہرانا۔ اٹکانا۔ **تھم تو سہی**۔ ایسی کیا جلدی ہے۔ **تھمنا** (لازم) تھمانا کا۔ دیکھو تھمانا۔ چپ رہنا۔ خاموش رہنا۔ **تھم ہو جانا** (لازم) پاؤں کا سوج جانا۔

تھمب (ھ۔ امر) ۱ تھمنا کا ۲ (مذکر) دیکھو تھم۔ **تھمبا** (امر) ۱ تھبانا کا ۲ (مذکر) دیکھو تھم ۳ **تھمبا دینا۔ تھمبا رہنا۔ تھمبانا۔ تھمبنا** دیکھو تھما دینا وغیرہ۔ **تھمبھ** (مذکر۔ امر) ۱ تھمبھنا کا ۲ (مذکر) دیکھو تھم۔ **تھمبھا۔ تھمبھا دینا۔ تھمبھا رہنا۔ تھمبھانا۔ تھمبھنا**۔ دیکھو تھما وغیرہ۔

تھَمبھانا (ھ۔ لازم) **تھمبھنا** (متعدی) دیکھو تھمانا۔ تھمنا و دیگر محاورات۔

تہَمت (ع۔ مونث) ۱ مکہ اور اس کے اردگرد کا علاقہ ۲ شہر۔

تہَمت (ف۔ مونث) ۱ بری رائے۔ برا گمان ۲ شک شبہہ ۳ الزام۔ بہتان ۴ افترا۔ طوفان۔ جھوٹا الزام۔ جھوٹی بدنامی۔ (تراشنا۔ جوڑنا۔ دھرنا۔ دینا۔ رکھنا۔ لگانا۔ لگنا

سے مرنا۔ لینا کے ساتھ) (تہمت۔ پھیلانا) **تہمت سر لگنا** (لازم) الزام لگنا۔ متہم ہونا۔ **تہمت کا گھر** (مذکر) **کی ٹٹی** (مونث) ۱ بدنامی یا عیب کی جگہ ۲ ایسا شخص جس کی ملاقات سے الزام لگ جائے ۳ وہ چیز جس میں بدنامی کا اندیشہ ہو ۴ وہ شخص جو ہر ایک کو الزام لگائے۔ **تہمت لگا دینا لگانا یا لے مرنا** (متعدی) الزام لگانا۔ عیب لگا دینا۔ بہتان لگانا۔ **تہمتی** (صفت و مذکر) الزام لگانے والا (شخص) **تہمتیں تراشنا** (متعدی) خواہ مخواہ تہمت لگانا۔ جھوٹی تہمت لگانا۔

تَہَمتَن (ف۔ مذکر) ۱ بڑے جثے یا بدن کا آدمی ۲ دلیر۔ شجاع ۳ رستم کا لقب۔

تَہمَد (ف۔ مذکر) غالباً تہ بند کا بگڑا ہوا۔ تہ بند۔

تھمڑا (ہ۔ صفت) ۱ موٹا۔ دبیز ۲ فربہ۔ جسیم ۳ (مذکر) ستون۔ ستون کی شکل کا نشان (تھمب سے)

تہمُورَث۔ تہمورس (ف۔ مذکر) ۱ دیکھو طہمورث ۲ آسمان کی رُوح۔

تَہَن (ہ۔ تف) تہاں کا مخفف۔

تِہَن (ہ۔ تف) اس کو بھی۔ اسی کو۔

تُہَن (ہ۔ مذکر) ۱ دھند۔ کہر ۲ شبنم ۳ پالا۔ برف ۴ سردی ۵ چاندنی۔ **تہن گِری** (مذکر) برفانی پہاڑ۔ ہمالیہ۔

تھن (ہ۔ مذکر) ۱ جانوروں کے پستان ۲ (عف) پستان (س ستَن) **تھن تلے کا دودھ** (مذکر) تازہ دوہا ہوا دودھ **تھن ٹٹا یا ٹوٹا** (صفت) ۱ بچہ جس نے دودھ پینا قبل از وقت چھوڑ دیا ہو ۲ بہت دبلا۔ منحنی (بچھڑا وغیرہ) **تھن دار** (صفت) ۱ جس کا تھن ہو ۲ (مونث) وہ جانور جس کا تھن بہت بڑا ہو۔ **تھنی** (مونث) گھوڑوں کی ایک بیماری **تھنیلا** (مذکر) ۱ سوجن جو عورتوں کے تھن میں ضرب یا بیماری سے ہو جاتی ہے ۲ سوجے ہوئے پستان ۳ ایک جانور کا نام۔

تَہنُّؤ (ع۔ مذکر) ۱ کھانا کھا کر تازہ دم ہونا ۲ آسانی سے ہضم کرنا۔

تَہنِیَت (ع۔ مونث) مبارکباد۔ مبارکباد دینا یا لینا (رہنا۔ خوش ہونا) **تہنیت خوانی** (مونث) مبارکباد پڑھنا۔ **تہنیت نامہ** (مذکر) مبارکباد کا خط۔

تَہنِید (ع۔ مونث) کسی غیر زبان کے لفظ کو ہندی بنا لینا۔ یہ کئی طریقوں پر ہوتا ہے ۱ بہ تبدیل اعراب جیسے انجن۔ بسکٹ ۲ بہ تبدیل حروف جیسے پستول۔ رنگروٹ ۳ بزیادت حروف جیسے الپین۔ جرنیل ۴ بہ تبدیل تخفیفِ حروف اکتوبر۔ اردلی ۵ بہ تبدیل و زیادتِ حروف جیسے بوچر۔ فلالین ۶ بہ حذف حروف جیسے ٹائیٹل۔ موٹر ۷ بزیادتِ الفاظ ہندی جیسے بنک گھر۔ جیل خانہ ۸ بہ تبدیل لفظ و زیادت حروف جیسے کیل گھر ۹ جمع بجائے واحد جیسے جنس ۱۰ بہ تبدیل معانی لغوی جیسے خصم۔ ریل ۱۱ جمع سے واحد کے معنی لینا جیسے احوال۔ اصول ۱۲ دوسری زبان کے مادہ سے ایسے صیغے بنانا جو اس میں مستعمل نہ ہوں۔ جیسے معاف۔ معتوب وغیرہ (ہند۔ ہندی بنانا)

تھُو (ہ۔ مونث) ۱ تھوکنے کی آواز ۲ تھوکنے کی آواز کی نقل ۳ (کلمہ نفرین) تف۔ لعنت۔ **تھو تھُو** (مونث) ۱ بار بار تھوکنے کی آواز ۲ (کلمہ نفرین) تف۔ لعنت ۳ نوج۔ خدا نہ کرے۔ چھائیں پھوئیں۔ **تھو تُھو تھدّا** (مونث) جب کوئی بچہ ہارنے لگتا ہے تو عذر کے طور پر یہ لفظ کہتا ہے۔ یعنی ابھی سہی نہیں ہے۔ **تھو تھو کرنا** (متعدی) ۱ تھوکنا ۲ نفرت سے تھو تھو کی آواز نکالنا ۳ نفرین کرنا ۴ کراہت ظاہر کرنا **تھو تھو وبا** (عو) وبا ہیضے کو کہتی ہیں۔ اور اس کا ذکر کرنے سے پہلے تھو تھو کہہ دیتی ہیں۔ **تھو تھو ہونا** (لازم) بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔ بےعزتی ہونا۔

تَہوا۔ تہواں (ہ۔ تف) تہاں۔

تھُوا (ہ۔ مذکر) ۱ تودہ۔ ڈھیر۔ انبار ۲ مٹی کا ڈھیلا ۳ مٹی کی برجی جو حدود پر بناتے ہیں ۴ مجازاً نکما آدمی (س ستُوپ ڈھیر)

تَہوار (ہ۔ مذکر) دیکھو تیوہار۔

تھَوب (ہ۔ مذکر) فنس کے چار کہاروں میں سے اگلا اور پچھلا کہار (کہاروں کی اصطلاح)

تھوبَڑ (ہ) **تھوبڑا** (ہ۔ مذکر) مُنہ۔ تھوتھنی۔ توبڑا (س تھوتھ۔ مُنہ) **تھوبڑا چڑھائے رکھنا** (متعدی) توبڑا چڑھائے رکھنا **تھوبڑا سجانا** (متعدی) روٹھنا۔ مُنہ سجانا۔ خفا ہونا۔

تھوپ (ہ۔ امر) ۱ تھوپنا کا ۲ (مذکر) کوئی چیز جو دوسری چیز کے ڈھکنے کے لئے استعمال ہو ۳ ٹوپی۔ ٹوپ ۴ چھڑی کا دستہ ۵ تمانچہ۔ تھاپ (س ستوپ۔ ڈھیر کرنا) **تھوپا** (ماضی) تھوپنا کی۔ **تھوپ تھاپ دینا** (متعدی) رفع دفع کر دینا۔ دبا دینا۔ مٹا دینا **تھوپ تھاپ کر حوالے کرنا** (متعدی) جلدی جلدی اور خراب طور پر مرمت کر کے یا بنا کر دینا۔ **تھوپ دینا** (متعدی) سر منڈھنا۔ الزام لگا دینا۔ **تھوپنا** (متعدی) ۱ ڈھیر لگا دینا۔ انبار لگانا ۲ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ۳ کسی کے ذمہ ڈالنا ۴ کسی چیز کے سر پر کوئی چیز لگانا ۵ لیپنا۔ لینا ۶ کسی گاڑھی چیز کی موٹی تہ لگانا ۷ گنواروں کی طرح توے پر ڈال کر روٹی پکانا ۸ کوئی چیز جلدی جلدی سے اور خراب بنانا ۹ اُپلے تھاپنا۔

تھوپی (ہ۔ مونث) دیکھو تھاپی۔

تھوت (ہ) دیکھو تھوتھ **تھوتا** دیکھو تھوتھا۔

تھوتر۔ تھوترا (ہ۔ صفت) ۱ کند۔ جس کی دھار کاٹ نہ کرے۔ کھنڈا بھُترا۔ مُتھرا ۲ کوٹا ہوا۔ ملا دلا ۳ گھسا ہوا۔ پُرانا ۴ بلا دنداں۔ بے دانت ۵ کھوکھلا۔ اندر سے کھایا ہوا۔ گھن لگا ہوا۔ **تھوتر** (مونث) کرم خوردہ یا گھن لگا ہوا اناج۔ کھوکھلا اناج۔

تھوترڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو تھوتھڑا۔

تھوتلا (ہ) دیکھو تھوتھلا۔

کھونتھنا (ہ۔ متعدی) دیکھو تھوتھنا

کھونتھنی (ہ۔ مونث) دیکھو تھوتھنی

تھوتھ (ہ۔ مذکر) ۱ گھوڑے اُونٹ وغیرہ کی ناک یا مُنہ ۲ سور کا منہ ۳ (تحقیر سے) مُنہ۔ چہرہ ۴ کھوکھلاپن۔ کھوتھاپن ۵ گڑھا۔ غار۔ **تھوتھڑا** (مذکر) جانور کا مُنہ یا تھوتھنی ۲ (تحقیر سے) مُنہ۔ چہرہ **تھوتھڑا سُجائے رہنا** (لازم) دیکھو تو بڑا چڑھائے رہنا **تھوتھن تھوتھنا** (مذکر) ۱ جانور کا مُنہ ۲ (حقارت سے) انسان کا مُنہ۔

تھوتھا (ہ۔ صفت) ۱ کرم خوردہ۔ گھن لگا ہُوا۔ اندر سے خالی ۲ کند۔ بلا نوک ۳ خالی۔ مجوف ۴ بلا دانت ۵ بے معنی۔ مہمل ۶ لغو۔ بیکار ۷ دم کٹا سانپ ۸ ایک دوائی جسے نیلا تھوتھا بھی کہتے ہیں۔ **تھوتھی** (صفت مونث) تھوتھا کی۔ **تھوتھے** (صفت) ۱ جمع تھوتھا کی ۲ بجائے تھوتھا حروف مغیرہ سے پہلے **تھوتھی اُڑانا** (متعدی) حال بتانا۔ جھوٹی خبریں پھیلانا **تھوتھی بات** (مونث) بے معنی لغو بات **تھوتھے پچھوڑنا** (متعدی) بے فائدہ باتیں کرنا جھوٹے قول و قرار کرنا۔ بیفائدہ کام کرنا۔ **تھوتھے تیروں سے اڑانا** (متعدی) کند تیروں سے تیر باراں کرنا۔ سخت سزا دینا۔ بہت صدمے پہنچانا۔ نہایت تکلیف سے کسی کو مارنا۔

امثال و اقوال۔

تھوتھا چنا باجے گھنا۔ کمینہ آدمی بہت شیخی مارتا ہے۔ **تھوتھے (پچھوڑے) پھٹکے اڑ اڑ جائیں** فضول کام کرنے سے کوئی فائدہ نہیں۔

تھوتھنی (ہ۔ مونث) ۱ جانور کا مُنہ ۲ (حقارت سے) انسان کا مُنہ **تھوتھنی پھلانا یا سجانا** (متعدی) مُنہ سجانا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔

تھوّع (ع۔ مذکر) ۱ توبہ کرنا ۲ بیہودی ہونا ۳ نیک چلن۔

تہوّر (ع۔ مذکر) بہادری۔ شجاعت (کاہ۔ اکسانا) **تہور شعار** (صفت) بہادر۔ شجاع۔ **تہوّری**۔ بہادری۔ دلیری (کرنا کے ساتھ)

تھور (سوئیڈن۔ مذکر) گرج کا دیوتا اوڈن کا بیٹا تھا۔ دیووں کا دشمن اور انسانوں کا دوست تھا۔

تھوُر (ہ۔ مونث) دیکھو تھوہر۔

تھورنا (ہ۔ مذکر) دیکھو تھوہڑ ۔ (صفت) تھوڑا۔

تھورنا (ہ۔ متعدی) ۱ مارنا۔ پیٹنا ۲ نقصان پہنچانا۔ تباہ کرنا ۳ کھانا۔ نگلنا۔

تھوریم (انگ۔ مذکر) ایک مفرد دھات جو پانی سے گیارہ گنا بھاری ہے گیس منٹل بنانے کے کام آتی ہے۔

تھوڑ (ہ۔ مذکر) ۱ کیلے یا دھان کی بال پودے سے باہر نکلنے سے پہلے ۲ (صفت) تھوڑا کا مخفف۔

مثل۔ تھوڑ مول کی کالی کرے بڑوں کا کام۔ محمودی اور بافتہ سب کی رکھے مان۔ تھوڑی قیمت کی چیز بھی ویسا ہی کام دیتی ہے جیسی بیش قیمت۔

تھوڑا (ہ۔ صفت) خفیف۔ کچھ۔ ادنے۔ ناکافی۔ چھوٹا ۲ (ٹف) ذرا سا۔ قدرے۔ قلیل ۳ شاذ و نادر۔ کم ۴ ہرگز نہیں کسی طرح نہیں۔ مشکل سے ۵ ذرا بھی نہیں (رس ستھوک۔ تھوڑا) **تھوڑا بہت** (صفت) کسی قدر۔ کم و بیش۔ کچھ۔ **تھوڑا تھوڑا** (ٹف) بہت ذرا سا۔ **تھوڑا تھوڑا کر کے** (ٹف) آہستہ آہستہ۔ رفتہ رفتہ۔ **تھوڑا تھوڑا ہونا** (لازم) خفیف ہونا۔ شرمندہ ہونا **تھوڑا جاننا یا سمجھنا** (متعدی) کم سمجھنا۔ بے وقت سمجھنا۔ **تھوڑا سا** (ٹف) ذرا سا۔ نہایت تھوڑا۔ **تھوڑا کرنا** (متعدی) کم کرنا۔ گھٹانا **تھوڑا لکھا بہت جاننا**۔ خط کے آخیر میں اس وقت لکھتے ہیں۔ جب کسی آدمی کو کوئی کام کرنے کے لئے لکھا جائے **تھوڑا ہونا** (لازم) **تھوڑا ہی** (ٹف) ہرگز نہیں کبھی نہیں۔ بالکل نہیں۔ **تھوڑا ہے** ۱ کم ہے ۲ (استفہامیہ) کم نہیں۔ کافی ہے **تھوڑے** (صفت) ۱ تھوڑا کی جمع ۲ (استفہامیہ) نہیں۔ **تھوڑے پانی کا بُلّا** (بُلبلا) کمینہ۔ کم ظرف۔ کم حوصلہ۔ **تھوڑے دِنوں سے** (ٹف) کچھ عرصہ سے۔ حال میں۔ چند روز سے **تھوڑی سی** (صفت) ذرا سی۔ کسی قدر۔ مختصر۔ **تھوڑے سے تھوڑا** (صفت) بہت تھوڑا۔ کم سے کم۔ **تھوڑی سی رہ گئی ہے**۔ بیشتر حصہ عمر کا گزر چکا ہے کم باقی ہے۔ **تھوڑے ہیں**؟ نہیں ہیں۔

امثال و اقوال۔

تھوڑا آپ کو بہت غیر کو۔ اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو اپنوں کو کم دے اور غیروں کو زیادہ۔ **تھوڑا تھوڑا ہی کر کے بہت ہو جاتا ہے**۔ قطرہ قطرہ میشود دریا۔ **تھوڑا دینا بہت آرزو کرنا**۔ معمولی کام پر بہت صلے کی امید رکھنا۔ **تھوڑا کریں غازی میاں بہت کریں ڈفالی**۔ تعریفیں کرنے والے زیادہ شہرت دیتے ہیں۔ خوشامدی جھوٹی تعریفیں کرتے ہیں **تھوڑا کھانا بنارس میں رہنا** ۱ گھر کی آدھی باہر کی ساری سے بہتر ہے وطن کی تھوڑی بے وطنی کی بہت سے اچھی ہے ۲ ہندوؤں میں بنارس میں فاقے سے رہنا بہتر ہے۔ کیونکہ وہاں مرنے والے کی مکتی ہو جاتی ہے۔ **تھوڑا کھانا جوانی کی موت**۔ جوان آدمی تھوڑا کھائے تو جلدی مرتا ہے۔ **تھوڑا کھانا (بنارس) دہلی کا رہنا** ۱ خرچ اتنا ہونا چاہئے کہ آدمی عزت سے رہے یا اسے وطن سے جانے کی ضرورت نہ پڑے ۲ وطن کی آدھی باہر کی ساری سے اچھی ہے۔ **تھوڑا کھانا سکھی رہنا**۔ تھوڑا کھانے سے انسان تندرست رہتا ہے۔ **تھوڑا کھانا عزت سے رہنا**۔ پیٹو آدمی کی کوئی عزت نہیں کرتا۔ اس شخص کو کہا جاتا ہے جو کھانے پر بہت خرچ کرے۔ **تھوڑی آس مدار کی بہت آس گلگلوں کی**۔ شاہ مدار مکھن پور کے ولی ہیں۔ ان کے مزار پر شیرینی تقسیم ہوتی ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پیروں کی قبروں

پر چاہے کام ہونے کی امید کم ہو مٹھائی کی امید پر کئی آدمی جاتے ہیں۔ **تھوڑے پانی میں اُبھرے پھرتے ہیں۔** ذرا سی بات پر اتراتے ہیں۔ کمظرف ہیں۔ کمینے کو تھوڑی سی دولت مل جائے تو وہ اترانے لگ جاتا ہے۔ **تھوڑی پونجی خصموں کھائے۔** تھوڑے روپے سے بیوپار کرنے میں گھاٹا رہتا ہے۔ **تھوڑے تیزاب سے یہ گلٹ اُتر سکتا ہے۔** ذرا سی سختی سے اصل حال معلوم ہو جائیگا۔ **تھوڑے دھن میں کھل اترائے** (ھ) تھوڑا سا روپیہ مل جانے پر بیوقوف آدمی غرور کرنے لگ جاتا ہے۔ **تھوڑی سی بچھیا بڑی سی ہتیا۔** ہندوؤں میں بچھیا یا گائے کو مارنا مہا پاپ گنا جاتا ہے۔ **تھوڑے لکھے کو بہت جاننا۔** خط میں کسی کام کی تاکید کرنی ہو تو یہ لکھتے ہیں۔

تھوڑنا (اُردو۔ متعدی) کھانا نوش کرنا (عف)

تہوُّع (ع۔ مذکر) قے کرنے کی خواہش۔ دل متلانا۔ متلی (تہوّع۔ قے کرنا)

تہوُّک (ع۔ مذکر) ۱ حیران ہونا ۲ بے احتیاطی سے مشکلات میں پھنسنا۔

تھُوک (ہ۔ مذکر) ۱ پانی جو منہ سے نکلتا ہے۔ لعاب دہن ۲ تف۔ تھڑی ۳ (ھ) جالا (س ستھُو) **تھوک اُچھالنا** (متعدی) ناحق حجت کرنا۔ بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ **تھوک بلونا** (متعدی) فضول باتیں کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ بیفائدہ باتیں کرنا۔ **تھوکتے بھی نہیں** مُنہ نہیں لگاتے۔ توجہ نہیں کرتے۔ **تھوک دینا یا ڈالنا** (متعدی) تھوک زور سے مُنہ سے پھینکنا ۲ چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔ عاق کر دینا ۳ (غصے کو) معاف کرنا۔ جانے دینا۔ **تھوک کر چھوڑنا** (متعدی) ذلیل کرکے چھوڑنا۔ رسوا کرنا۔ **تھوک (کر۔ کے) چاٹنا** (متعدی) وعدہ کرکے مکر جانا۔ اقرار کرکے پھر جانا۔ **تھوک کے سَتُّو گھولنا** (متعدی) کچّا یا نکمّا کام کرنا یا بنانا۔ بودی یا ناپائدار چیز بنانا۔ **تھوک لگا کر چھوڑنا** (متعدی) ۱ ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا ۲ نقصان پہنچانا ۳ ہرا دینا۔

تھوک لگاکر رکھنا (متعدی) ۱ بڑی حفاظت سے رکھنا ۲ بڑی کنجوسی سے جمع کرنا۔ جوڑ جوڑ کر رکھنا۔ **تھوک لگانا** (متعدی) ۱ لعاب دہن لگانا ۲ نیچا دکھانا۔ ذلیل کرنا ۳ شکست دینا۔ ہرا دینا۔ مات کر دینا ۴ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ **تھوک لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **تھوک لگوانا** (م) مجازاً دھوکا کھانا۔ فریب کھانا۔ **تھوک جانا** (متعدی) لعاب دہن پھینکنا۔ **تھوک میٹھا کرنا** ۱ تھوڑی سی میٹھی چیز کھانا۔ مُنہ میٹھا کرنا ۲ میٹھی باتیں بنانا۔ جھُوٹی باتیں ملانا۔ **تھوکنا** (متعدی) ۱ لعاب دہن پھینکنا۔ **تھوک نکالنا** ۲ حقارت سے دیکھنا۔ ذلیل سمجھنا ۳ لعنت ملامت کرنا۔ برا بھلا کہنا ۴ (نہ) توجہ نہ کرنا۔ پروا نہ کرنا۔ **تھوکوں بھی نہیں** مجھے اس سے سخت نفرت ہے۔ میں اسے دیکھنا بھی نہیں چاہتا۔ **تھوک ہے** تف ہے نفرین ہے لعنت ہے

امثال و اقوال۔ تھوک تیرے جنم میں۔ نہایت غصے میں الزام دینے کو ادنےٰ آدمی کو کہتے ہیں۔ **تھوک داڑھی پھٹے مُنہ۔** لعنت ہے۔ نفرین ہے۔ تمہارے مُنہ پر لعنت کرتا ہوں۔ **تھوک سے تیل بننا۔** تھوڑے خرچ سے بڑا کام نکالنا۔ **تھوک میں پکوڑے نہیں تلے جاتے۔** مفت کام نہیں ہو سکتا۔ **تھوک میں (تھوکوں) سَتُّو نہیں سنتے۔** تھوڑے خرچ سے بڑا کام نہیں ہو سکتا۔

تھوک (ہ۔ مذکر) ۱ مقدار۔ تعداد ۲ کثرت۔ افراط۔ وفور۔ بہتات ۳ ڈھیر۔ انبار۔ تودہ۔ ۴ جماعت۔ جتھہ۔ گروہ۔ ہجوم ۵ اکٹھا۔ یکمشت ۶ تقدی۔ جمع۔ رو کڑ ۷ میزان۔ تعداد ۸ حصّہ۔ جزو۔ پتی۔ تقسیم ۹ پٹہ۔ سند۔ قبضہ۔ تعلقہ۔ ملکیت۔ پتی ۱۰ بھیا چارا۔ آبادی کا بڑا حصہ جس میں کئی بستیاں ہوں ۱۱ وہ جگہ جہاں تین سے زیادہ حدود ملیں ۱۲ وہ دھات کا خول جو پینس پالکی وغیرہ کے ڈنڈوں پر لگاتے ہیں (س ستھا۔ کھڑا ہونا) **تھوکا** (مذکر) برجی۔ ٹھٹا۔ توکھ۔ **تھوک باندھنا** (متعدی) ۱ جماعت یا پارٹی بنانا ۲ حصوں میں تقسیم کرنا ۳ زمین کی حد بندی کرنا۔ **تھوک بست** (مذکر) پیمائش کرکے حد باندھنا۔ حد بندی دیسی طریقے پر یا سرکاری حد بندی سے پہلے۔ **تھوک بندی** (مونث) ایک تحریری اقرار نامہ جو گاؤں کے برابر تقسیم کرنے کی نسبت لکھا جاتا ہے۔ **تھوک دار** (مذکر) ۱ سرگروہ۔ سردار ۲ پٹہ دار ۳ اکٹھا بیچنے والا سوداگر۔ **تھوک فروش** (مذکر) اکٹھا مال بیچنے والا سوداگر۔ **تھوک فروشی** (مونث) اکٹھا مال بیچنا۔

تھولی (ھ۔ مونث) بیٹھا دلیا۔

تہُوں (ھ۔ صفت) ۱ تینوں۔ تین ۲ تہن۔ اسکو بھی۔ اسکیو۔

تھونبا (ھ۔ مذکر) گیلی مٹی جو ترازو کی لکڑی پر وزن برابر کرنے کے لئے لگائیں۔

تھُونی (ہ۔ مونث) ۱ کھمبا۔ تھم۔ کھم۔ ستون ۲ وہ لکڑی جو چھپر یا چھت کے نیچے سہارا دینے کے لئے لگاتے ہیں ۳ وہ لکڑی جو کنوئیں پر سیدھی لگاتے ہیں۔ (لگانا کے ساتھ) (س ستھونا)

تھُونیا (ھ۔ مذکر) وہ لکڑی جو ٹہنی کو سہارا دیتی ہے۔

تھوہر (ھ)، **تھُوہر** (ھ) **تھُوہڑ** (ہ۔ مذکر) ایک خاردار پودہ جس کے پتے سبز ہوتے ہیں۔ پھول رنگ برنگی ہوتے ہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ چھتر تھوہر اور ڈنڈا تھوہر۔ پہلی قسم کے چوڑے پتے ہوتے دوسری کے نہ ہونے کے برابر۔ اسکی شاخیں سیدھی اوپر کو اگتی ہیں۔ سیج۔ تیدھارا۔ زقوم۔

تھَوئی (ہ۔ مذکر) معمار۔

تہوِیر (ع۔ مونث) گرانا۔

تہوِیس (ع۔ مونث) ۱ خواہش پیدا کرنا ۲ خوش کرنا۔

تہوِیل (ع۔ مونث) ۱ ڈرانا ۲ بھوت۔ پریت۔

تہوِین (ع۔ مونث) آسان یا ہلکا کرنا۔

تھہرانا (ھ۔ لازم) تھر تھرانا۔

تھئی (ہ۔ مونث) ۱ تلے اوپر رکھی ہوئی روٹیاں یا پان ۲ لادی۔ تہ بتہ رکھے ہوئے کپڑے **تھئی تھئی** (مونث) ۱ تال سم۔ تالی۔ آواز جو گویّے نکالتے ہیں ۲ گانا۔ ناچنا۔ ناچنے گانے کی آواز۔ تھاپ کی آواز (کرنا ہونا کے ساتھ)، **تھئی تھئی ناچ ہونا** (لازم) ناچ رنگ ہونا۔ (دہلی)

تہی (ف۔ صفت) خالی جس میں کوئی چیز نہ ہو۔ **تہی دست** (صفت) خالی ہاتھ۔ مفلس۔ غریب۔ نادار۔ **تہی دستانِ قسمت** (صفت)

بدقسمت (لوگ)۔ تہیدستی (مونث) مفلسی۔ تہی دماغ (صفت) جاہل۔ بیوقوف۔ تہی گاہ۔ کوکھ۔ تہی مغز (صفت) احمق۔ بیوقوف۔ سادہ لوح۔

مثل۔ تہیدستان را دست دلیری بستہ پنجۂ شیری شکستہ۔ مفلسی میں نہ دلیری ہوتی ہے نہ دلاوری۔ مفلسی میں حوصلہ کسی بات کا نہیں ہوتا۔

تَہَیّات (ع۔ مذکر) تہیہ کی جمع۔

تَہَیَّت (ع۔ مونث) دیکھو تہیہ۔

تھیتھلا (ہ۔ صفت) کم گہرا۔ تھیتھلی (صفت۔ مونث) کم گہری۔

مثل تھیتھلی رکابی پھلپھلا بھات لو بچوں ہاتھوں ہاتھ۔ تھوڑی چیز پر بہت نمود۔

تھیٹر (انگ۔ مذکر) ۱ تماشا گاہ ۲ ناچ گھر ۳ ناٹک تماشا۔

تھیٹس (یو۔ مص) ایک پری جو اکلیز کی ماں تھی۔

تہیُّج (ع۔ مذکر) ۱ غصہ یا خاک اٹھنا ۲ سوجنا۔

تھیسیس (یو۔ مص) ایک شجاع جس کا ذکر قصے کہانیوں میں بہت آتا ہے۔

تھیکر۔ تھیکرا (ف۔ مذکر) گاؤں کا پہرا دینے کا فرض۔

تھیگلی (ہ۔ مونث) تھگلی۔

تھیلا (ہ۔ مذکر) موٹے کپڑے یا ٹاٹ کا بنا ہوا بورا (س تھلی) تھیلا کر دینا یا کرنا (متعدی) بہت مارنا۔ سخت زدوکوب کرنا۔ ہڈیاں پسلیاں توڑ دینا۔ تھیلی (مونث) ۱ چھوٹا تھیلا ۲ توڑا ہزار روپے کی تھیلی ۳ انڈکوش۔ بیضوں کی تھیلی تھیلیاں (مونث) تھیلی کی جمع۔ تھیلیاں چڑھانا (متعدی) چڑھنا۔ چڑھی ہونا (لازم) انگور یا کھجور وغیرہ کے خوشوں پر تھیلیاں باندھی جانا تاکہ پرندے خراب نہ کریں۔ تھیلی بردار (صفت) روپیوں کی تھیلی اٹھا کر ساتھ چلنے والا۔ تھیلی کا منہ کھول دینا (متعدی) بہت خرچ کرنا۔ بہت فیاضی کرنا۔

امثال واقوال۔ تھیلیاں بھی سلا لیں۔ ایسے شخص سے کہا جاتا ہے۔ جو بہت مانگے۔ تھیلی میں روپیہ تو منہ میں گڑ۔ بہت خوش قسمت آدمی ہے۔

تھیلیم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات سفید رنگ کی بلور کی شکل کی ہوتی ہے۔ پانی سے ۱۱ء۸۵ گنا بھاری ہے۔

تھیمس (یو۔ مص) انصاف کی دیوی۔ زیئس کی بیوی اور یورینس اور جیا کی بیٹی اور قسمتوں کی ماں تھی۔

تہیں (ہ۔ تف) تہاں ہیں کا مخفف۔ وہاں۔ اسی جگہ۔ وہیں۔ اسی طرف۔

تھینتھا (ہ۔ مذکر) ایک آلہ جس کا لمبا دستہ اور چوڑا پھل ہوتا ہے۔ اور جس سے توے پر روٹیوں کو دباتے ہیں۔

تھینک (انگ۔ مذکر) شکریہ۔ تھینکس (مذکر) تھینک کی جمع۔ بہت سے شکریے اردو میں جمع استعمال ہوتا ہے۔ تھینک یو تمہارا شکریہ ہے۔ شکریہ۔

تھینورا (ہ۔ مذکر) ۱ تختہ باغ کا ۲ پھولوں کا تختہ۔

تہیُّو (ع۔ مذکر) تیار کرنا۔ تیار ہونا۔

تھیوا (ہ۔ مذکر) انگوٹھی کا نگینہ۔

تھیوڈلیم (انگ۔ مذکر) ایک عنصر دھات جو بہت کمیاب ہے۔

تَہِیَّہ (ع۔ مذکر) ۱ مستعدی۔ آمادگی ۲ سامان۔ انتظام (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) تہیۂ جنگ (مذکر) جنگ کی تیاری (کرنا ہونا کے ساتھ)

تہییج (ع۔ مونث) ۱ اکسانا۔ بھڑکانا اشتعال دینا ۲ خشک کرنا۔ سکھانا۔

تَئِق (ع۔ صفت) ۱ جلد باز ۲ تیز ۳ جوشیلا۔

تئی (ہ۔ مونث) چھوٹا توا۔ توی۔

مثل۔ تئی کی تیری کھچڑی کی میری۔ ازحد خود غرضی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

تئیں (ہ۔ ضمیر) ۱ آپکو۔ خود کو ۲ کو۔ اب متروک ہے۔ صرف دہلی میں اپنے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

تی (ہ) دیکھو تیا۔

تیّے (ہ۔ مونث) اتنے۔ تتے۔ بیر (تف) اتنی دفعہ۔

تے (ہ۔ ضمیر) تا کی جمع یعنی وہ سے۔ تیتا۔ تیتک (صفت) اسقدر۔ اتنا۔ اتنے بہت۔ تیہے۔ تیہی (ضمیر) ۱ اسکو۔ تکو ۲ اسوقت فوراً۔

مثل۔ تیتے پاؤں پسارئیے جیتی لمبی سوڑ۔ جتنے ملنے کی امید ہو اتنا ہی مانگنا چاہئے۔

تَیا (ہ۔ مذکر) دیکھو توا۔

تِیا (ہ۔ مونث) بیوی۔ زوجہ۔ استری۔

تِیا (ہ۔ صفت) ۱ تین کا ۲ سب تین ۳ تین کی ضرب ۴ (مذکر) تین کا مجموعہ۔ تین چیزیں ۵ تاش یا گنجفہ کا تین کا پتہ ۶ چوسر کا داؤ جس میں تین پڑیں۔ تین کانے۔ تیا پانچا کرنا (متعدی) ۱ بانٹنا۔ تقسیم کرنا۔ حصے بخرے کرنا ۲ بکھیڑا پاک کرنا۔ جھگڑا چکانا ۳ بیچ ڈالنا۔ کوڑے کر ڈالنا۔

تیاجیہ (س۔ صفت) ۱ چھوڑ جانے کے قابل ۲ جس کو چھوڑنا ہو ۳ جس کو چھوڑنے پر مجبور کیا جائے۔

تیّار (ع۔ صفت) ۱ مستعد۔ آمادہ ۲ قابل استعمال ۳ پکا ہوا۔ پختہ ۴ مکمل۔ تکمیل شدہ۔ ختم۔ ۵ موٹا۔ فربہ ۶ پورے زوروں پر۔ جوان ۷ آراستہ۔ ملبوس۔ (ع طیار۔ تیز۔ چالاک) تیار کرنا (متعدی) ۱ آمادہ کرنا۔ مستعد کرنا ۲ درست کرنا۔ لیس کرنا ۳ بہم پہنچانا۔ مہیا کرنا ۴ کھانا پکانا ۵ پلانا۔ سدھانا ۶ موٹا کرنا۔ فربہ کرنا ۷ پہلوان کو کسرت اور خوراک سے طاقتور اور لڑنے کے قابل بنانا ۸ گاڑی کو جتنا۔ گھوڑے پر زین لگانا۔ جوتنا۔ تیار ہونا (لازم) ۱ دیکھو تیار کرنا ۲ مکان کا مکمل ہو جانا یا بن جانا۔ عمارت کا ختم ہو جانا ۳ پک جانا۔ تیاری (مونث) ۱ آمادگی۔ مستعدی ۲ درستی ۳ موجودگی ۴ آرائش۔ آراستگی ۵ سامان کی درستی ۶ موٹاپن۔ فربہی ۷ انتظام۔ تیاری کا رنگ روغن (مذکر) وہ روغن جو چمک دمک کیلئے لگاتے ہیں۔ وارنش۔ تیاری کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) کہیں جانے کا سامان ہونا۔ لیس ہونا ۲ کسی کی آؤ بھگت کا انتظام ہونا۔

تَیاسُر (ع۔ مذکر) ۱ آسان ہونا ۲

بائیں طرف جھکنا۔

تیاگ (س۔ مذکر) ۱ چھوڑنا۔ دست کش ہونا ۲ کنارہ کش ہونا۔ ہاتھ اٹھانا ۳ ترک کرنا۔ دست کشی۔ دست برداری۔ واگذاشت۔ درگزر۔ اعراض۔ استغنا۔ فرار۔ ہجرت ۴ تخت یا گدی چھوڑنا۔ راج پاٹ چھوڑنا ۵ طلاق۔ عورت سے جدائی۔

تیاگ پتر (مذکر) طلاق نامہ۔ **تیاگ دینا** (ہ) تیاگ کرنا۔ **تیاگ کرنا** (ہ) چھوڑنا۔ دست بردار ہونا۔ دست کش ہونا وغیرہ دیکھو تیاگ۔ **تیاگن** دیکھو تیاگی۔ **تیاگنا** (ہ) دیکھو تیاگ کرنا۔ **تیاگی** (صفت) ۱ چھوڑنے والا۔ ترک کرنے والا وغیرہ ۲ (مذکر) وہ شخص جو مذہبی وجوہ سے دنیا چھوڑ دے ۳ سادھو۔ جوگی۔ اتیت۔ یتی۔

تیامُن (ع۔ مذکر) ۱ داہنی طرف جھکنا ۲ یمین میں پہنچنا۔

تیپچی (ہ۔ مونث) کچی سیون۔ کچی سلائی۔ **تیپچی بھرنا** (متعدی) کچی سیون کرنا۔ **تیپچی کا نکاح** (مذکر) کچا نکاح۔ نکاح جس کے بعد جلد طلاق ہو جائے۔

تیپی (ہ۔ تف) توبھی۔

تیت تیتا (ہ۔ صفت) کڑوا۔ تلخ۔ تیز۔

تیتا (ہ۔ صفت) گیلا۔ نم۔ بھیگا ہوا۔

تیتالا (ہ۔ صفت) ۱ تین حصوں کا ۲ تین چھت کا ۳ (مذکر) تین چھت کا مکان۔

تیتالیس (ہ۔ صفت) چالیس اور تین۔ ۴۳۔ [علامت]

تیتر (ہ۔ مذکر) ایک بھورے رنگ کا پرندہ جس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے۔ اور اکثر لوگ لڑانے کے لئے پالتے ہیں۔ **تیتری** (مونث) تیتر کی مادہ۔

امثال و اقوال۔ تیتر بائیں بول جا تو سگرے کار ہوں ٹھیک۔ داہنے بولت نا بھلا سانچ جان یہ سیکھ (ہ) تیتر سفر کو یا کام کو جاتے ہوئے بائیں طرف سے بولے تو اچھا سمجھا جاتا ہے۔ مگر داہنی طرف سے منحوس **تیتر بولا مارا۔** بولنے والے پر مصیبت آتی ہے۔ **تیتر تو اپنی آئی مرا تو کیوں مرے بٹیر** ایک تو اپنی آئی خطا کی سزا پائے۔ دوسرا کیوں رنج کر کر مرجائے۔ **تیتر کے منہ لچھمی** ۱ بعض وقت معمولی آدمیوں کی باتوں پر بڑے بڑے کاموں کا انحصار ہوتا ہے ۲ فی تراس میں تیتر کا بگڑا ہوا ہے۔ جس کے معنی تیسرا ہیں۔ یعنی تیسرے آدمی کے ہاتھ میں دولت کا فیصلہ۔ حاکم کے ہاتھ بات ۳ تیتر کی آواز سے چور مال ہاتھ لگنے کا شگون لیتے ہیں۔ اس لئے قسمت آزمائی کے موقع پر بھی اس کا استعمال ہوتا ہے۔

تیتر۔ تیترا (ہ۔ صفت) تیسرا۔

مثل۔ تیترا بیٹا راج رجائے تیتری بیٹی بھیک منگائے۔ ہندؤں کے خیال کے مطابق تیسرا بیٹا مسعود اور تیسری بیٹی منحوس ہوتی ہے۔

تیتری (ہ۔ مونث) ایک قسم کا خوبصورت پروں والا کیڑا۔ بھنبیری۔ تتلی ۲ تیتر کی مادہ ۳ خوش پوشاک شوقین عورت ۴ ایک دوا۔

تیتل (س۔ مذکر) ایک کرن ۲ ایشور۔

تی تی (ف۔ مونث) آواز جس سے مرغیوں کو بلاتے ہیں۔

تیتی (ہ۔ صفت) اتنے۔ وہ ۲ اتنے۔ بہت۔

تینتیس (ہ۔ صفت) تیس اور تین۔ ۳۳۔ [علامت]

تیج (س۔ مذکر) ۱ تیزی۔ کڑواہٹ۔ تلخی ۲ جوش۔ سرگرمی۔ کلیجہ۔ گردہ۔ حوصلہ ۳ ہمت۔ طاقت۔ قوت۔ بل۔ زور ۴ گرمجوشی۔ اشتیاق۔ لگن ۵ غصہ۔ غیظ۔ غضب۔ کرودھ ۶ شان۔ شوکت۔ جلال۔ رونق۔ تجلی۔ شکوہ۔ جاہ و جلال۔ ٹھاٹھ ۷ رعب۔ ڈر۔ خوف ۸ ایک درخت۔

تیج (ہ۔ مونث) ۱ نصف قمری مہینے کی تیسری تاریخ ۲ ایک ہندو تیوہار جو ساون سدی کی تیسری تاریخ کو ہوتا ہے ۳ بیربہٹی۔ **تیجا** (صفت) ۱ تیسرا ۲ مسلمانوں میں مرنے کے بعد تیسرا دن۔ فاتحہ سوم ۳ کھانا جو اس دن غریبوں کو تقسیم کیا جائے۔ **تیج تیوہار** (مذکر) کوئی تیوہار۔ تیوہار کی شیرینی۔ تیر تیوہار۔

مثل۔ تیج پڑے کھیت میں بیج۔ ساون کی تیسری تاریخ کو فصل کی کاشت شروع ہو جاتی ہے۔

تیجان (ع۔ مذکر) تاج کی جمع۔

تیجس (س۔ مذکر) ۱ شعلہ۔ آگ۔ آتش۔ اگنی ۲ روشنی۔ چمک۔ دمک ۳ شان و شوکت۔ جاہ و جلال۔ ٹھاٹھ۔ جلال۔ تجلی ۴ حسن۔ خوبصورتی۔ روپ ۵ رعب۔ وقار۔ دبدبہ ۶ طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل ۷ ظلم۔ سختی ۸ منی۔ بیرج (مرکبات میں تیجو استعمال ہوتا ہے)

تیجنا۔ تیجنا (ہ۔ متعدی) چھوڑنا۔ تجنا۔ تیاگ کرنا۔

تیر (ہ۔ صفت) گذرا ہوا۔ گذشتہ۔ خرچ کیا ہوا۔

تیر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) گزرنا۔ بسر ہونا۔

تیر (ہ۔ امر) تیرنا کا۔ (س) ترین۔ دریا کو عبور کرنا۔ **تیرا** (امر) تیرانا کا ۲ (ماضی) تیرنا کی۔ **تیرا دینا** (متعدی) پانی پر بہا دینا۔ **تیراک** (مذکر) وہ شخص جو اچھی طرح تیرنا جانتا ہو۔ شناور۔ **تیراکی** (مونث) تیرنے کا فن۔ شناوری۔ **تیرنا** (متعدی) پانی پر چلنا۔ **تیراؤ** (مذکر) پانی کا تیرنے کے قابل ہونا۔ **تیراؤ پانی** (مذکر) گہرا پانی۔ تیرنے کے قابل پانی۔ **تیرا ہوا ہونا** (لازم) کسی علم یا فن کا مکمل طور پر واقف ہونا۔ ماہر ہونا۔ **تیرائی** (مونث) شناوری۔ **تیر جانا** (متعدی) ۱ کسی دھار دار آلے کا جسم کے پار ہو جانا ۲ گولی کا جسم سے پار ہو جانا ۳ گھس جانا۔ پار ہو جانا۔ بیٹھ جانا ۴ نگاہ کا ایک سرے سے دوسرے تک چلا جانا۔ **تیرنا** (لازم) ۱ پیرنا۔ سطح پر آ جانا ۲ شناوری ۳ ماہر ہونا۔ واقف ہونا۔

امثال و اقوال۔ تیراک ہی ڈوبتے ہیں۔ جو آدمی کسی کام کو کرتا ہے اس میں نقصان بھی اٹھاتا ہے۔ **تیرا ہی ڈوبتا ہے۔ سوار ہی گرتا ہے۔ مدتیرے گا سو ڈوبے گا۔** ہنرمندی ہی سے غلطی بھی ہوتی ہے۔

تیر (ف۔ مذکر) لکڑی کا پتلا۔ سیدھا اور دبلا ٹکڑا جس کے سرے پر لوہے کی نوک لگی ہوئی ہوتی ہے۔ اور کمان میں رکھ کر چلایا جاتا ہے۔ یہ بطور آلہ حرب استعمال ہوتا ہے۔ خدنگ۔ ناوک۔ بان ۲ ایرانیوں کا چوتھا مہینہ جو ساون کے مقابلے پر ہے ۳ تیج کا تیوہار ۴ سیدھی لکڑی ۵ شہتیر۔ ستون ۶ عطارد۔ دبیر فلک ۷ طعن و تشنیع۔ طعنہ تشنہ ۸ ہر مہینے کا تیرھواں دن۔ **تیرآہ** (مذکر) ٹھنڈی سانس۔ **تیر ادا** (مذکر) ناز و انداز جو دل پر اثر کرے

تیر اُرنا (لازم) ہوا میں تیر کا جانا۔ **تیر افگن** (صفت) تیر چلانے والا۔ **تیر افگنی** (مونث) تیر چلانے کا فن۔ تیر مارنا۔ **تیر انداز** (مذکر) تیر چلانے والا سپاہی تیر چلانے کا ماہر۔ **تیر اندازی** (مونث) تیر چلانے کا فن۔ تیر چلانا۔ **تیر باراں** (مذکر) ۱ تیر چلنے کی کثرت۔ تیروں کا مینہ ۲ ایک سزا جس میں ملزم کو تیروں سے مروا ڈالا جاتا تھا (کرانا۔ کرنا۔ کیا جانا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **تیر برسانا** (متعدی) بہت سے تیر چلانا۔ **تیر بن کر کلیجے میں اترنا** (لازم) سخت رنج یا ایذا دینا۔ **تیر بلا** (مذکر) سخت مصیبت لانیوالا تیر۔ **تیر بھال** (مذکر) پیکانی۔ تیر کی شکل کا۔ **تیر بہدف** (صفت) ۱ عین نشانے پر ٹھیک جگہ پر۔ بے خطا ۲ سریع التاثیر۔ **تیر بہدف ہونا** (لازم) تیر کا نشانے پر لگنا ۲ تدبیر کا اثر ہونا ۳ دعا کا قبول ہونا ۴ مطلب کا خاطر خواہ پورا ہونا۔ **تیر بہک جانا** (لازم) تیر کا نشانے پر نہ لگنا یا ادھر ادھر نکل جانا۔ **تیر بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) تیر کا نشانے پر جا لگنا۔ **تیر پار ہونا** (لازم) تیر کا نشانے میں سے گذر جانا۔ **تیر پرتاب** (مذکر) وہ فاصلہ جو تیر طے کرے۔ **تیر پڑنا** (لازم) تیر نشانے پر لگنا۔ **تیر پیٹھ جانا** (مو) تیر بیٹھ جانا۔ **تیر پھینکنا** (متعدی) تیر چلانا۔ **تیر تاک کر مارنا** (متعدی) نشانہ لے کر تیر مارنا۔ **تیر ترازو ہونا**۔ (لازم) تیر کا نصف اندر نصف باہر ہونا۔ **تیر تظلّم** (مذکر) مظلوم کی آہ۔ **تیر تفنگ** (مذکر) تفنگ کا چھرا۔ **تیر تکوں پر گزارہ (گزران) ہونا** (لازم) باقاعدہ روزگار نہ ہونا مشکل سے گزر ہونا۔ دربدر پھر کر گذر ہونا۔ **تیر تیوہار** (مذکر) دیکھو تیج تیوہار۔ **تیر جوڑنا** (متعدی) تیر کمان میں چلانے کے لئے لگانا۔ **تیر چلانا** (متعدی) ۱ تیر پھینکنا۔ تیر اندازی کرنا۔ تیر نشانے پر مارنا ۲ کار عظیم کرنا۔ **تیر چلنا** (لازم) ۱ تیر کا کمان سے نکلنا ۲ تیر اندازی ہونا۔ **تیر چھوٹنا** (متعدی) تیر کا کمان سے نکلنا۔ **تیر چھوڑنا**۔ (متعدی) دیکھو تیر چلانا۔ **تیر چکّی** (مذکر) وہ تیر جو نشانہ خطا نہ کرے۔ شرطیہ تیر۔ **تیر خاکی** (مذکر) ایک تیر ہلکا چھوٹے سرے کا۔ **تیر خدنگ** (مذکر) درخت خدنگ کا بنا ہوا تیر۔ **تیر خوردہ** (صفت) ۱ تیر لگا ہوا۔ تیر کا زخمی ۲ مجازاً عاشق۔ **تیر دان** (مذکر) ترکش۔ **تیر دعا** (مذکر) تیر کا دعا سے استعارہ کرتے ہیں۔ **تیر دعا ہدف (اجابت) پر لگنا یا سے مقرون ہونا** (مراد پر پہنچنا) (لازم) دعا قبول ہونا۔ **تیر دو پہلو** (مذکر) وہ تیر جس کے دونوں پہلو ہوں۔ **تیر ڈوب جانا** (لازم) تیر کا نشانے میں گھسنا۔ **تیر ڈوب کے رہ جانا** (لازم) تیر کا نشانے میں گھس کے رہ جانا یا باہر نہ نکلنا۔ **تیر رس** (مذکر) وہ فاصلہ جہاں تک تیر جائے۔ تیر کی مار۔ **تیر رہا کرنا**۔ (متعدی) ہونا (لازم) تیر چلنا۔ تیر کا کمان سے نکلنا۔ **تیر زن** (صفت) تیر انداز۔ **تیر زنی** (مونث) تیر اندازی **تیر سا** (صفت) تیر کی طرح۔ سیدھا۔ **تیر سا لگنا** (لازم) ۱ تیر کی طرح چبھنا ۲ کسی بات کا سخت برا لگنا۔ **تیر سحر** (مذکر) ۱ صبح کی آہ ۲ بددعا ۳ صبح کاذب کی روشنی۔ **تیر سہ پہلو** (مذکر) وہ تیر جس کے تین پہلو ہوں۔ عام طور پر تیر گول ہوتا ہے۔ **تیر عشق سینے کے پار ہونا** (لازم) کھانا (متعدی) لگنا (لازم) عاشق ہونا۔ **تیر غم** (مذکر) تیر کا غم سے استعارہ کرتے ہیں۔ **تیر فلک** (مذکر) عطارد بدھ۔ **تیر قضا** (مذکر) قضا کا حملہ۔ موت۔ **تیر قضا کا نشانہ کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) قتل ہونا۔ مر جانا۔ **تیر کا خطا کرنا** (متعدی) تیر کا نشانے پر نہ لگنا۔ نشانہ چوکنا۔ **تیر کا دستہ** (مذکر) بہت سے تیروں کا مجموعہ۔ **تیر کاری** (مونث) تیر کا بدن کے پار کر دینا۔ **تیر کمان میں پیوست کرنا۔ جوڑنا یا رکھنا** (متعدی) تیر چلانے کے لئے کمان میں لگانا۔ تیر چلانے پر آمادہ ہونا۔ **تیر کمان سے نکلنا** (لازم) تیر کا چلنا۔ **تیر کوے** تیر۔ کوؤں کو ڈرا کر اڑانے کے لئے آواز دیتے ہیں۔ **تیر کھانا** (متعدی) تیر کا زخم کھانا۔ **تیر کی طرح سیدھا آنا** (لازم) بالکل سیدھا آنا۔ ادھر ادھر نہ ہونا۔ **تیر کی مار** (تف) اتنا دور جتنا کہ تیر جائے۔ قریب ہی۔ **تیر گر** (صفت) تیر بنانے والا۔ **تیر گری** (مونث) تیر بنانے کا پیشہ۔ **تیر لگانا** (متعدی) تیر چلانا۔ **تیر لگنا** (لازم) تیر کا نشانے پر پہنچنا۔ نشانہ لگنا۔ **تیر مار** (مذکر) سانپ کا دانت۔ سانپ۔ **تیر مارنا** (متعدی) دیکھو تیر چلانا۔ **تیر مژگاں** (مذکر) مژگاں کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔ **تیر ناوک** (مذکر) ۱ چھوٹا تیر ۲ تیر جو نالی سے چلایا جائے۔ **تیر نتھنوں میں دینا** (متعدی) ہو بہت دق کرنا۔ سخت تنگ کرنا۔ **تیر نگاہ** (مذکر) معشوق کی نگاہ کا تیر سے استعارہ کرتے ہیں۔ **تیر نگاہ کا صید (نشانہ) بنانا** (متعدی) عاشق بنا لینا۔ فریفتہ کر لینا۔ **تیر نہیں تکا ہی سہی**۔ اعلٰے نہیں تو ادنےٰ ہی سہی۔ اچھی چیز نہیں تو بُری ہی سہی۔ **تیروں** (مذکر) تیر کی جمع۔ **تیروں سے چھدنا** (لازم) تیروں سے زخمی ہونا۔ نشانے کا سوراخ دار ہونا۔ **تیروں کا مینہ برسانا** (متعدی) **برسنا** (لازم) بہت تیر چلائے جانا۔ کثرت سے تیر چلنا۔ **تیر ہدف** (مذکر) ۱ نشانے پر بیٹھنے والا تیر ۲ کامیاب **تیر ہدف پر بیٹھنا** (لازم) تیر نشانے پر لگنا۔ **تیر ہوائی** (مذکر) ۱ تیر جو نشانے پر نہ چلایا جائے۔ ہوا میں چھوڑا جائے ۲ بیکار۔ فضول۔ بفائدہ۔ **تیر ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ غائب ہو جانا۔ گم ہو جانا۔ بھاگ جانا ۲ سیدھا ہو جانا۔ کجی چھوڑ دینا۔

امثال واقوال۔ تیر ترمتی

استری چھوٹ بس نہ آئیں۔ چھوٹ جو مانیں یہ بچن وہ کر دھ نر کھلائیں دو تیر عقاب بیوی بس کے ہی اچھے ہیں۔ اگر ایک دفعہ قابو سے نکل جائیں پھر نہیں آتے۔ **تیر چوں ترشود کماں گردد** بہادر آدمی مصیبت سے نہیں گھبراتا۔ **تیر نہ کمان کا ہے کے پٹھان**۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی آبا و اجداد کے متعلق شیخی مارتا ہو۔ **تیر نہ کمان تیرے چچا خوب لڑے**۔ دیکھو آخری۔ **تیر نہ کمان میاں کا اللہ نگہبان**۔ حفاظت کی کوئی صورت نہیں [illegible]۔

تیر (ف۔ صفت) تیرہ کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **تیر و تار یا تاریک** (صفت) نہایت سیاہ۔ اندھیری رات۔

تیر (ہ۔ صفت) تیرا کا مخفف۔ **تیر میر** (مونث) ۱ بیگانگی۔ غیریت ۲ اپنی اپنی چیز کو الگ رکھنا۔ **تیر میرا اچھی نہیں**۔ آپا دھاپی نہیں چاہیئے۔

تیرا (ہ۔ ضمیر مذکر) مخاطب واحد ۱ چھوٹے یا ادنےٰ کو خطاب کرتے ہیں ۲ خدا کو بھی خطاب کرتے ہیں۔ **تیرا برا نہ ہو** (مو) جب کسی عزیز سے ناراض ہوتی ہیں تو تیرا برا ہو کی بجائے کہتی ہیں۔ **تیرا بھلا ہو** ۱ دیکھو آخری ۲ فقیروں کی صدا۔ **تیرا بیڑا غرق ہو**۔ (بد دعا) تو تباہ ہو۔ **تیرا دامن میرا ہاتھ**۔ تیرا دامن پکڑ لونگا تجھ سے لوں گا۔ **تیرا حلوا اور بھتی کھاؤں** (کوسنا) تو مر جائے۔ **تیرا ستیاناس ہو جائے** (کوسنا) تو تباہ ہو۔ **تیرا دم رہے**۔ تو سلامت رہے **تیرا سر کھجلتا ہے**۔ تیرا مار کھانے کو دل چاہتا ہے۔ **تیرا سر گالا ہو**۔ (دعا) بچوں کو۔ تیری عمر دراز ہو۔ تو بوڑھا ہو۔ **تیرا کیا اجارہ ہے**۔ تو کیوں دخل دیتا ہے۔ تو کون ہے۔ **تیرا کیا بگڑتا ہے**۔ **تیرا کیا نقصان ہے**۔ **تیرا منہ کالا ہے**۔ کسی کتے کو خفگی میں کہتے ہیں۔

تیرا منہ ہے۔ تیرا حوصلہ ہے۔ تیری جرأت ہے۔ (سوالیہ فقرہ) **تیرا میرا** (صفت) ۱ اپنے بیگانے کا۔ ۲ جھگڑا۔ تو تو میں میں (کرنا ہونا کے ساتھ) **تیرا نور اڑ جائے** (بد دعا) تو تباہ ہو جائے۔ تیرا منہ کالا ہو **تیرا ہی کام تھا** ۱ تیرے سوا کسی سے نہ ہو سکتا تھا ۲ طنزاً بھی کہتے ہیں۔ **تیری** (ضمیر۔ مونث) تیرا کی۔ **تیرے** (صفت) ۱ جمع تیرا کی۔ ۲ بجائے تیرا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **تیری ایڑی میں گھُہ** (مو) عورتیں ٹوٹکے کے طور پر نظر بد سے بچانے کے لئے بولتی ہیں۔ **تیرے باپ سے لونگا۔** کبھی نہ چھوڑوں گا۔ **تیرے باپ کا کیا اجارہ ہے** تو کیوں دخل دیتا ہے۔ تو دخل دینے والا کون۔ **تیری بات گڑ سے میٹھی۔** تیری بات بہت پسند ہے **تیری باتیں تجھ ہی کو بن آئیں۔** تیری چالاکی تجھی کو سازگار رہے۔ **تیرے توڑے** (چھوٹے) **تو میں بیر بھی نہ کھاؤں** (مو) مجھے تجھ سے بہت نفرت ہے۔ **تیرے جیئے کتّا بھی نہ جیئے** (مو) تیری زندگی سے کتے کی زندگی بھی بہتر ہے۔ **تیرے چاروں راہ کھلے ہیں۔** تیرا کوئی مزاحم نہیں۔ جہاں چاہے چلا جا۔ **تیری دُم کو رسّا** (بندا) کسی کو دھمکا کر کہتے ہیں **تیری شامت** (آئی ہے)، نے دھکا دیا ہے۔ تو سزا کا طالب ہو رہا ہے۔ مار کھانے کی نیت سے **تیرے صدقے میں** ۱ تمہاری طفیل۔ تمہاری وجہ سے ۲ تم پر تصدق ہو کر۔ **تیرے منہ میں گوہ** دیتا ہوں۔ تجھے جھوٹا ثابت کرتا ہوں۔ **تیرے نام کا کتا بھی نہیں پالتا۔** انتہائی نفرت کا اظہار ہے۔ **تیرے ہاتھ ٹوٹیں** (مو) کوسنا۔ مارنے والے کو کہتی ہیں کہ جن ہاتھوں سے تو مار رہا ہے۔ یہ ٹوٹ جائیں

امثال و اقوال۔ تیرا پانی میں بھروں میرا بھرے کہار (مو) ۱ شیخی خورخادم کہتی ہے ۲ دنیا میں ایک سے ایک بڑھ کر ہے۔ **تیرا پی تو من بسے جوں پتھر میں آگ۔** دیکھا چاہے دیدار کو چکمک ہو کے لاگ (ھ) محبت دل میں اس طرح ہے۔ جس طرح پتھر میں آگ۔ جب تک دل دل سے نہ ملے محبت ظاہر نہیں ہوتی۔ **تیرا ڈھکا رہے میرا بکے۔** سخت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔ **تیرا کیا تیرے آگے آئے**، ایک قسم کی بد دعا۔ جیسا تو نے میرے ساتھ کیا ہے۔ ویسا ہی تیرے ساتھ ہو۔ **تیرا مال سو میرا مال۔ میرا مال سو ہیں ہیں۔** سخت خود غرضی کے موقع پر کہتے ہیں۔ جہاں کوئی دوسرے کی چیز تو استعمال کرے مگر اپنی نہ دے۔ **تیرا ہاتھا اور میرا منہ۔** تو کما اور میں کھاؤں۔ **تیرا ہوا جو میرا تھا برائے خدا ٹک دیکھنے تو دے۔** ساس اس بہو سے کہتی ہے۔ جو خاوند کو لے کر الگ ہو جائے۔ **تیری آن یا تیرے گسّیاں کی آن۔** سخت گستاخی یا لاپروائی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **تیری آواز مکّے اور مدینے۔** دیکھو تیری آواز الخ۔ **تیری بات گدھے کی لات۔** بے توقیر اور بے اعتبار ہے۔ **تیرے بینگن میری چھاچھ۔** اس کے متعلق کہتے ہیں۔ جو خود تھوڑا دے اور دوسرے سے زیادہ مانگے **تیرے دیا دھرم نہیں من میں۔ مکھڑا کیا دیکھے درپن میں** ہے جس کے دل میں رحم اور ترس نہیں وہ انسان نہیں۔ **تیرے جو تیری درانتی چلے ہے جیسے کاٹ۔** جو مرضی ہے کر میں تیری بات میں دخل نہیں دیتا۔ **تیری قدرت کے آگے کوئی زور کسی کا چلے نا ہیں چینٹی پر ہاتھی چڑھ بیٹھے تب وہ چینٹی مرے نا ہیں** (ھ) خدا کی قدرت کی تعریف ہے۔ **تیری قدرت کے قربان۔** کوئی عجیب بات دیکھ یا سن کر یا خوشی میں کہتے ہیں۔ **تیری کرنی تیرے آگے میری کرنی میرے آگے** جس کے ساتھ نیکی کی ہو اگر وہ برائی کرے تو کہتے ہیں جیسا تو نے کیا ہے۔ اس کا بدلہ ملے جیسا میں نے کیا ہے ویسا مجھے صلہ ملے۔ **تیری گود میں بیٹھوں اور تیری داڑھی نوچوں۔** ناشکرگزار آدمی کو کہتے ہیں۔ کہ جس سے فائدہ اٹھائے اسے ذلیل کرے۔ **تیرے منہ میں گھی شکر** (دعا) خوشی کی خبر سن کر کہتے ہیں۔ **تیرے منہ میں خاک۔** عورتیں کسی کے منہ سے بری بات یا فال بد سن کر کہتی ہیں۔ **تیرے میرے صدقے ہیں اس کی جورو پیٹ سے۔** بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ **تیرے ہی تلے تو گنگا بہتی ہے۔** تو ہی تو بڑا زور آور۔ حکومت والا۔ مالدار ہے۔

تیراں (ہ۔ صفت) تیرہ۔ تیراں تیزی۔ دہلی کی عورتیں استعمال کرتی ہیں۔ دیکھو تیرہ تیزی

تیرتھ (س) **تیرَتھ** (ھ۔ مذکر) ۱ نہانے کی جگہ ۲ مقدس مقام یا مندر جہاں لوگ جاترہ کے لئے جائیں۔ ایسے مقام عموماً پوتر دریاؤں کے کناروں پر ہوتے ہیں ۳ درشن۔ زیارت۔ جاترہ ۴ دریا۔ کنارۂ دریا۔ گھاٹ ۵ برہمنوں کی قوم ۶ سنیاسی فقیروں کا خطاب۔ **تیرتھ پتی** (مذکر) سمندر کو پوجنے والے ایک فرقے کا بانی۔ **تیرتھ جاترا** (مونث) کسی پوتر مقام پر جانا۔ زیارت۔ **تیرتھ راج** (مذکر) الٰہ آباد کا لقب۔ **تیرتھ سینی** (مونث) سکند کی ایک ماتری کا نام۔ **تیرتھ کار** (مذکر) مقدس بزرگ۔ **تیرتھ کرنا** (متعدی) جاترا کے لئے جانا۔ زیارت کو جانا۔ **تیرتھ گوپال** (مذکر) ایک مقدس مقام۔ **تیرتھ وتی** (مونث) ایک دریا۔

اقوال۔ تیرتھ گئے (منڈا آئے سر) **منڈائے بسدھ۔** تیرتھ جانے والے کو سر منڈانا پڑتا ہے۔ اور ویسے بھی سر سنڈ جاتا ہے۔ برہمن سب کچھ لے لیتے ہیں۔ **تیرتھ مورت پوج کرنا مت عمر گنوا۔ پوجا کر کرتار کی جو ترت مکت ہو جائے۔** بت پرستی اور تیرتھ جاترا میں عمر نہیں گنوانی چاہئے۔ خدا کی پوجا کرنے سے نجات حاصل ہو جائیگی۔

تیرَس (ہ۔ مونث) ہندو قمری مہینے کی تیرہویں تاریخ۔

تیرُس (ہ۔ مذکر) دیکھو تیورس۔

تیرَگی (ف۔ مونث) ۱ سیاہی۔ تاریکی اندھیرا۔ دھندلاپن ۲ دل کی کدورت۔ گدلاپن رنجش۔ **تیرگی بخت** (مونث) بدقسمتی۔ قسمت کی خرابی۔ **تیرگی چھانا** (لازم) اندھیرا ہونا۔ **تیرگیِ شب** (مونث) رات کی تاریکی۔

تیرَہ (ہ۔ صفت) دس اور تین ۱۳۔ یک عیسائی اسے بہت منحوس عدد سمجھتے ہیں۔ تیرہ آدمی کھانے پر نہیں بیٹھتے۔ نمبر ۱۳ مکان میں نہیں رہتے وغیرہ (س ترَیُ دَش) **تیرہ تالی** (مونث) ۱ وہ عورت جو تیرہ تالوں پر ناچ سکے ۲ (صفت) چالاک عیار۔ پرفن۔ **تیرہ تیزی** (مذکر) ھو۔ صفر کے مہینے کے پہلے ۱۳ دن۔ حضرت صلعم اس ماہ میں بیمار ہوئے اور تیرہ دن کے بعد وفات پائی۔ عورتیں صفر کے مہینے کو بہت منحوس سمجھتی ہیں۔ **تیرھواں** (صفت) تیرہ سے نسبت رکھنے والا۔ بارھویں کے بعد کا۔ **تیرھویں** (مونث) ہندوؤں میں مرنے کے بعد تیرہویں دن کی رسم جب تیرہ برہمن کھلائے جاتے ہیں۔ **تیرھویں صدی** (مونث) منحوس سمجھی جاتی تھی اب یہی حال چودھویں کا ہے۔ **تیرھویں صدی میں**

شرح کی باتیں کوئی نہیں مانتا۔ کلجگ کا زمانہ سمجھا جاتا ہے۔ بری باتیں زیادہ ہیں۔ اچھی کم۔

تیرہ (ف۔ صفت) کالا۔ سیاہ۔ دھندلا (کرنا ہونا کے ساتھ) تیرہ ابر (مذکر) سیاہ بادل۔ **تیرہ بخت۔ روز یا روزگار** (صفت) بدقسمت۔ بدبخت۔ بدنصیب۔ **تیرہ بختی** (مونث) بدقسمتی۔ بعصیت۔ بدبختی۔ **تیرہ خاکدان** (مذکر) دنیائے فانی۔ **تیرہ دل** (صفت) ۱ سیاہ دل۔ ظالم۔ شریر۔ شقی القلب ۲ جاہل۔ کندہ ناتراش ۳ گمراہ۔ کافر۔ **تیرہ دروں** (صفت) سیاہ دل۔ بے ایمان کافر۔ **تیرہ رنگ** (صفت) سیاہ۔ دھندلا۔ سیلا۔ **تیرہ روزگار** (صفت) بدقسمت۔ **تیرہ سر۔ مغز** (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **تیرہ و تار** (صفت) بہت تاریک۔

تیرتیج (ھ۔ مونث) ۱ رقومات جو جمع کی جائیں ۲ کاغذ جس پر وہ درج ہوں ۳ ان میں سے ہر ایک رقم ۴ ان رقومات کا میزان کرنا ۵ میزان میزان کل ۶ ایک سلسلہ وار فہرست ۷ رجسٹر۔ بہی کھاتہ۔

تیز (ف۔ صفت) ۱ دھاردار۔ کٹکدار۔ بڑاں ۲ تلخ۔ چرپرا۔ تیتا ۳ زیادہ طاقت والا یا مقدار والا ۴ جلد۔ شتاب ۵ چالاک۔ ہوشیار۔ ذہین۔ جلد جواب دینے والا ۶ بدمزاج۔ غصیلا تند ۷ مضبوط۔ قوی ۸ شدید۔ سخت ۹ غالب۔ فوقیت رکھنے والا ۱۰ گرم۔ تتا ۱۱ سرگرم۔ مستعد ۱۲ شریر۔ شوخ ۱۳ (نظر کی صفت میں) باریک بیں۔ دوربیں۔ فائز بیٹھنی والی ۱۴ زخم یا آنکھ میں لگنے والا ۱۵ بہتر۔ بڑھ کر ۱۶ جلا دینے والا۔ زخم کرنے والا ۱۷ جوشیلا۔ آتشی مزاج ۱۸ مہنگا گراں (س تیج۔ تیز کرنا) **تیزاب** (مذکر) ایک سیال مرکب جس کا بڑا جز ہائیڈروجن ہوتی ہے۔ اور اس کیساتھ کوئی معدن یا گیس ملکر ایک سیال چیز بن جاتی ہے یہ بدن پر لگے تو اس کو جلا دیتا ہے۔ اور کئی چیزوں کے رنگ کو بدل دیتا ہے کیونکہ چیز کی تیزی کی موجودگی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ **تیز بال** (صفت) جلد چلنے والا۔ سریع السیر۔ **تیز پات** (مذکر) دیکھو تیج پات۔ **تیز پر** (صفت) جلد اڑنے والا۔ اونچا اڑنے والا۔ **تیز پری** (مونث) اڑنے کی تیزی۔ **تیز پرواز** (صفت) تیز پر۔ **تیز پروازی** (مونث) تیز پری۔ **تیز چنگال** (صفت) تیز پنجہ والا۔ **تیز دست** (صفت) جلد جلد کام کرنے والا۔ **تیز دستی** (مونث) پھرتی۔ چالاکی۔ جلدی کام کرنا۔ **تیز دستی دکھانا۔** (متعدی) پھرتی دکھانا۔ **تیز دم** (صفت) جوشیلا۔ **تیز دندان** (صفت) ۱ تیز دانتوں والا ۲ مجازاً حریص۔ لالچی۔ **تیز رفتار یا رو** (صفت) ۱ جلد چلنے والا۔ بادپا ۲ چالاک۔ پھرتیلا۔ **تیز رفتاری یا روی** (مونث) جلد چلنا۔ جلدی۔ شتابی۔ عجلت۔ **تیز روی کرنا** (متعدی) ۱ جلد چلنے کی مشق کرنا ۲ جلدی چلنا۔ تعجیل کرنا۔ **تیز زبان** (صفت) جلدی جلدی گفتگو کرنے والا۔ جس کی زبان بہت چلے۔ منہ پھٹ۔ **تیز طبع یا عقل** (صفت) ذکی۔ ذہین ہوشیار۔ **تیز طبعی** (مونث) ذہانت۔ ذکاوت۔ ہوشیاری۔ **تیز فہم** (صفت) جلدی سمجھنے والا۔ ذہین۔ ذکی۔ **تیز فہمی** (صفت) جلد سمجھنے کی قوت۔ **تیز قدم** (صفت) تیز چلنے والا۔ **تیز قدمی** (مونث) جلد چلنا۔ **تیز قلم** (صفت) زود نویس۔ جلدی لکھنے والا۔ **تیز کرنا** (متعدی) ۱ باڑ نکالنا۔ دھار نکالنا ۲ زیادہ کرنا۔ بڑھانا ۳ ناراض کرنا۔ خفا کرنا ۴ طاقت یا قوت بڑھانا۔ تند کرنا۔ **تیز گام** (صفت) جلد چلنے والا۔ **تیز گامی** (مونث) جلد چلنا۔ **تیز گوش** (صفت) تیز سننے والا۔ **تیز مزاج** (صفت) تند غصیلا۔ زود رنج۔ **تیز مزاجی** (مونث) تندی غصیلاپن۔ **تیز مغز** (صفت) تند۔ غصیلا۔ **تیز ناخن** (صفت) جس کے ناخن دھاردار ہوں۔ **تیز نظر یا نگاہ** (صفت) ۱ جس کو دور تک نظر آئے ۲ دقیق باریک بیں۔ غائر ۳ (مونث) نہایت اچھی دیکھنے کی قوت۔ **تیز و تند** (صفت) بہت تیز (شراب کی تعریف) مدہوش کر دینے والی۔ **تیز ہوش** (صفت) عقلمند۔ صاحب لیاقت۔ **تیز ہونا** (لازم) ۱ دیکھو تیز کرنا ۲ مہنگا ہونا۔ گراں ہونا ۳ گرمی ہونا۔ حدت ہونا۔ **تیزی** (مونث) ۱ دھاردار ہونا وغیرہ دیکھو تیز ۲ مانگ۔ ضرورت۔ خواہش ۳ صفر کا مہینہ۔ **تیزی کا چاند** (مذکر) صفر کے مہینے کا چاند **تیزی کرنا** (متعدی) ۱ جلدی کرنا ۲ چالاکی کرنا ۳ شوخی کرنا۔ **تیزی ہونا** (لازم) ۱ دیکھو اخیر ۲ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا

تیزک (ف۔ مذکر) علیم۔ ترا تیزک چنسر۔ ایک قسم کا تیز اور خوشبودار پودا جس کے پتے فرنگی چٹنی کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

تیس (ع۔ مذکر) ۱ بکرا ۲ ہرن۔

تیس (ہ۔ صفت) ۱ بیس اور دس۔ ۳۰۔ (س تریشت) **تیس دن** (مذکر) ۱ مہینہ ۲ کنایتاً۔ ہر روز۔ روزمرہ ۳ ہمیشہ۔ مدام۔ سدا۔ نت۔ دائم۔ **تیس روز** (مذکر) مہینہ۔ **تیس کا چاند نہیں بھاتا** ہرجائی کی قدر نہیں ہوتی **تیس مار خاں** (مذکر) ۱ ایک سپاہی ملازمت کے لئے گیا بیوی نے اسے تیس لڈو بنا دئے جن میں غلطی سے زہر ڈال دیا۔ راستے میں اسے چوروں نے پکڑ لیا تیس چور تھے تیس ہی لڈو تھے۔ وہ کھا کر مر گئے۔ جب دار الخلافہ میں پہنچا۔ تو کوتوال کو اس پر شبہ ہوا۔ پکڑ لیا تو بات کھلی۔ بادشاہ نے تیس مار خاں خطاب دیا اور نوکر رکھ لیا ۲ طنزاً بہادر آدمی۔ **تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں۔** اپنے آپکو بہت بہادر سمجھتے ہیں۔ بہت اتراتے ہیں **تیسواں** (صفت) تیس کے بعد کا۔ **تیسوں** (صفت) تیس سے نسبت رکھنے والا۔ **تیسوں دن** (مذکر) دیکھو تیس دن۔ **تیسوں کلام** (مذکر) قرآن شریف جس کے تیس پارے ہیں **تیسوں کلام اٹھانا۔** (متعدی) قرآن شریف کی قسم کھانا۔

اقوال۔ تیس کا چاند نہیں بھاتا۔ ہرجائی کی قدر نہیں ہوتی۔ **تیس مار خاں بنے پھرتے ہیں۔** اپنے آپ کو بہت بہادر سمجھتے ہیں۔ بہت اکڑتے ہیں۔

تیسا (ہ۔ صفت) ۱ اسی طرح کا جیسے کے مقابل استعمال ہوتا ہے اور ایسا کے ساتھ ۲ اس طرح پر۔ سو ۳ اس وقت۔ اس موقع پر۔ **تیسے** (تلف) اسی طرح پر۔ ایسے۔ سو۔

تیسّر (ع۔ مذکر) ۱ آسان ہونا ۲ کام ٹھیک انجام کو پہنچنا۔

تیسرا (ہ۔ صفت) ۱ دو کے بعد کا ۲ تین سے نسبت رکھنے والا۔ ثلث۔ **تیسرا آثار** (ھ۔ مذکر) ۱ جز ۲ مکعب۔ کعب۔ مرل ۳ کسی رقم کا تیسرا آثار وہ عدد جس کو تین دفعہ ضرب دینے سے اصل رقم نکل آئے جیسے ۸ کا تیسرا آثار دو ہے۔ دو کو تین دفعہ آپس میں ضرب دو تو آٹھ آجائے گا۔ **تیسرا پہر** (مذکر) دوپہر کے بعد کا پہر۔ **تیسرا چڑھاؤ** (مذکر) مکعب۔ کسی عدد کو تین دفعہ آپس میں ضرب دیں تو جو رقم آئے جیسے ۲ کا تیسرا چڑھاؤ ۸ ہے۔ **تیسری** (صفت مونث) ۱ تیسرا کی ۲ (مونث) تین دفعہ ہل چلی ہوئی

تین ۳ (مونث) مہینے کا تیسرا دن۔ تیسرے (صفت) تین کی تعداد ظاہر کرنے کو ۲ سوم۔ تیسری تاریخ کا چاند۔ عورتیں منحوس سمجھتی ہیں۔ تیسرے فاقے (تف) تین دن کے فاقے سے۔

امثال واقوال۔ تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا۔ دو شخص باتیں کرتے ہوں تو تیسرا آجائے تو برا معلوم ہوتا ہے۔ تیسرے دن (فاقے) مردہ بھی حلال ہے ۱ مسلمانوں میں مردار حرام ہے مگر تین دن فاقے سے ہونے کے بعد اس کے کھانے کی اجازت ہے ۲ مجبوری کی حالت میں ناروا بات بھی روا ہے۔

تیسی (ہ۔ صفت) ایسی کے تابع استعمال ہوتا ہے۔ اور گالی کا کلمہ سمجھا جاتا ہے۔

تیسی (ہ۔ مونث) السی۔

مثل۔ تیسی کے کھیت میں جولاہا بھٹلائے۔ جولاہوں کی بیوقوفی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

تیسیر (ع۔ مونث) ۱ آسان کرنا۔ ۲ مدد کرنا ۳ زیادہ ہونا۔ افراط سے ہونا ۴ بائیں طرف جانا۔

تیشہ (ف۔ مذکر) بڑھئیوں کا ایک اوزار جس سے لکڑی تھوڑی تھوڑی چھیلتے ہیں۔ بسولا۔ تیشہ زن (مذکر) بسولا چلانے والا۔ بڑھئی۔ تیشہ مارنا (متعدی) بڑھئی کا کام کرنا۔

تیغ (ف۔ مونث) تلوار۔ شمشیر۔ (اٹھانا۔ پکڑنا۔ تھامنا۔ چلانا۔ چاٹنا۔ کا وار کرنا یا ہونا۔ ہاتھ میں لینا وغیرہ کے ساتھ) تیغا (مذکر) ۱ چھوٹی تلوار ۲ کشتی کا ایک داؤ ۳ محراب یا دروازے کا چنا جانا (آخری دو معنوں میں کرنا ہونا کے ساتھ) تیغ آزمائی (مونث) تلوار چلنا۔ شمشیر زنی (کرنا ہونا کے ساتھ) تیغ ابرو (مونث) ابرو کا استعارہ تیغ سے کرتے ہیں۔ تیغ ابرو کا گھائل ہونا (لازم) عاشق ہونا۔ تیغ انتقام کو نیام سے کھینچنا (متعدی) بدلہ لینے کے لئے تیار ہونا۔ تیغ براں (صفت) کاٹنے والی تلوار۔ تیغ بردار (صفت) وہ شخص جو ننگی تلوار لے کر سوار کے ساتھ چلے۔ تیغ بکف (صفت) ہاتھ میں تلوار لئے ہوئے۔ تلوار چلانے پر آمادہ۔ لڑنے کو تیار۔ تیغ بے پناہ (صفت) وہ تلوار جس سے کوئی نہ بچے۔ تیغ بے دریغ (مونث) تلوار جو فی الفور نکالی جائے۔ تیغ تیز (مونث) تیز دھار والی تلوار تیغ جوہر دار (مذکر) وہ تلوار جس میں جوہر کے نشان ہوں۔ تیغ جہازی (مونث) بھاری تلوار تیغ دودستی۔ دودم۔ دودمہ یا دوروئے (مونث) وہ تلوار جس کے دونوں طرف دھار ہو۔ تیغ رواں (مونث) جلد جلد کاٹنے والی تلوار۔ تیغ زبان (مونث) طنزیہ گفتگو۔ رنجیدہ باتیں۔ تیغ زبان سے زخمی کرنا (متعدی) طنزیہ باتوں سے رنج دینا۔ تیغ زن (صفت) تلوار چلانے والا شمشیر زن۔ تیغ زنی (مونث) تلوار چلانا۔ شمشیر زنی۔ تیغ ساز یا گر (صفت) تلوار بنانے والا۔ تیغ ستم (مونث) ظلم کی تلوار ظلم وستم۔ تیغ قلم (مونث) قلم کی تیزی کو تلوار سے استعارہ کرتے ہیں۔ تیغ فلک (مونث) ۱ مریخ ۲ آسمان ۳ سورج کی کرنیں تیغ کوہ (مذکر) پہاڑ کی چوٹی۔ تیغ کے گلے ملنا۔ (لازم) تلوار کا مقابلہ کرنا۔ تیغ گلوگیر (مونث) گلا کاٹنے والی تلوار۔ تیغ گراں (مونث) بھاری تلوار) تیغ لپکنا (لازم) تلوار ملنا (مت) تیغ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) تلوار کا وار ہونا۔ تیغ محرّف۔ (مونث) خمدار تلوار۔ تیغ مہنّد (مونث) ہندوستان کی بنی ہوئی تلوار۔ تیغ ناز (مونث) ناز وانداز کی تلوار تیغ نطق (ف) زبان فصیح۔ تیغ وکفن باندھ کے جانا (لازم) لڑنے مرنے کے لئے تیار ہو کر جانا۔ تیغوں (مونث) تیغ کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ تیغوں سے چنگاریاں اڑانا (متعدی) اڑنا (لازم) تیغ کے دوسری تیغ پر لگنے سے شرارے نکلنا۔ تیغ ہلالی (مونث) شمشیر۔ ہلال کی طرح خمیدہ تلوار اس سے زلفوں کو تشبیہ دی جاتی ہے۔ تیغہ (مذکر) چھوٹی تلوار۔ تیغۂ آبدار (مذکر) تیز تلوار۔ چمکدار تلوار۔ دھار تلوار۔ تیغہ باز (مذکر) تیغ زن۔ تیغۂ برق تاب (مونث) بجلی کی طرح چمکنے والی تلوار۔ تیغہ نما۔ (مذکر) ایک قسم کی تلوار۔

مثل۔ تیغ کج را نیام کج باشد ۱ ٹیڑھی تلوار کے لئے نیام بھی ٹیڑھا چاہئے ۲ جیسا آدمی خود ہو ویسے ہی اس کے دوست ہوتے ہیں۔

تیقّظ (ع۔ مذکر) خبرداری ہوشیاری بیداری (تیقظ۔ جاگنا۔ حفاظت کرنا)

تیقن (ع۔ مذکر) یقین اعتبار (کرنا ہونا کے ساتھ) یقین۔ ٹھیک طور سے جاننا

تیکٹ۔ تیکٹھ (ہ۔ مذکر) چوتڑ۔

تیکشن (س۔ صفت) ۱ تیز۔ باریک۔ پتلا۔ نفیس ۲ (مذکر) قلمی شورہ ۳ مرچ ۵ رائی ۶ ہتھیار کا لڑائی ۷ موت۔

تیکنا (ہ۔ متعدی) نشانہ لگانا۔ تاکنا۔ تکنا۔

تیکھا (ہ۔ صفت) ۱ تیز۔ چرپرا۔ کڑوا ۲ تیز فہم۔ ذہین۔ ہشیار ۳ تیز مزاج۔ تند ۴ چمکدار۔ روشن۔ منور ۵ خوبصورت۔ حسین ۶ شوخ۔ چالاک ۷ بانکا۔ چست۔ چلبلا ۸ گانے میں تیز آواز ۹ (مذکر) بانکا شخص۔ معشوق (س تیکشن۔ تیز) تیکھاپن (مذکر) ۱ شوخی چلبلاہٹ۔ چنچلاہٹ ۲ کج ادائی۔ روکھاپن۔ تیکھی (صفت۔ مونث) ۱ تیکھا کا ۲ البیلی۔ رعنا ۳ بانکی۔ ٹیڑھی۔ ترچھی۔ تیکھی بھال (مونث) سونے کی شکل کی۔ تیکھی چتون (مونث) ترچھی نظر۔ ٹیڑھی نگاہ (معشوق کی) تیکھی چتون کرنا (متعدی) ترچھی نظر کرکے دیکھنا۔ کج نگاہی سے یا شوخی سے دیکھنا تیکھی نظر یا نگاہ۔ (مونث) تیکھی چتون۔

تیکھر (ہ۔ مونث) ۱ ایک درخت ۲ ایک دوا جو اس کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے۔

تیل (ہ۔ مذکر) ۱ وہ سیال مادہ جو پودوں کے بیجوں میں سے دبا کر نکالا جاتا ہے اور چکنا ہوتا ہے۔ روغن۔ روغن جو جانوروں کی چربی پگھلا کر نکالا جائے ۲ مٹی کا تیل ۳ کئی کیمیائی مرکبات کو بھی تیل کہتے ہیں جیسے تیل کاربالک ۴ بعض چکنے پتوں میں سے دبا کر نکالا ہوا روغن جیسے یوکلپٹس کا تیل۔ (س تیل) تیل بان کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مائیوں بیٹھنا۔ ہندوؤں کی ایک رسم جس میں دولہا دولہن کے سر ہاتھ پاؤں میں تیل اور ہلدی ملی جاتی ہے۔ تیل پانی پر ڈالنا (متعدی) جاہل لوگوں کا خیال ہے۔ کہ تیل پانی پر ڈالنے سے ابر کھل جاتے ہیں ۲ یورپ کے ملاحوں کا خیال ہے۔ کہ تیل پانی پر ڈالنے سے طوفان رک جاتا ہے تیل پانی کا گلاس (مذکر) وہ گلاس جس میں تیل اور پانی ڈال کر جلاتے ہیں۔ کنول۔ تیل پڑنا (متعدی) تیل لگنا تیل پھل (مذکر) تیل۔ ناریل وغیرہ جو دولہا

کے یہاں سے شادی سے کچھ دن پہلے دولہن کے گھر جاتا ہے۔ تیل پیلنا (متعدی) کولھو میں بیج ڈال کر تیل نکالنا۔ تیل توا (کالا) (صفت) بہت کالا۔ نہایت کالا۔ ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی تیل میں ملی ہو۔ تیل جل چلا بوڑھا ہو گیا۔ ضعیفی آگئی۔ مال خرچ ہو چکا۔ تیل چڑھانا (متعدی) دیکھو تیل بان کرنا تیل چڑھنا (لازم) شادی کی تیاری ہونا۔ تیل چڑھنے کی رسم ہونا۔ تیل چلاؤ کرنا (متعدی) دیکھو تیل پانی پڑ ڈالنا۔ تیل ڈالنا (متعدی) ۱تیل لگانا ۲کسی چیز میں تیل ٹپکانا۔ تیلڑی (ھ) تیل کا چھوٹا برتن۔ تیل لگانا (متعدی) تیل ملنا۔ تیل سے چکنا نا۔ تیل لگنا (لازم) دیکھو تیل لگانا۔ تیل ماش ۱ان کا صدقہ اتارتے ہیں ۲تصدق۔ صدقہ۔ تیل ماش اتارنا (مذکر) ایک رسم ہے۔ جب کوئی مسافر گھر واپس آئے یا بیمار اٹھے تو اس کو تیل میں ماش ڈال کر منہ دکھاتے ہیں۔ پھر یہ بھنگی کو دے دیتے ہیں۔ تیل ماش کرانا (متعدی) کسی اور کو صدقہ اتارنا۔ اپنی جگہ کسی اور کو خطرے کے کام پر بھیجنا۔ تیل ماش ہونا (لازم) صدقے ہونا۔ قربان ہونا۔ تیل کی بوند (مونث) تیل کا قطرہ۔ تیل ملنا (لازم) تیل کی مالش کرنا۔ تیل ملوانا (م) تیل کی مالش کرانا۔ تیل میں ہاتھ ڈالنا۔ (لازم) سخت قسم کھانا۔ پرانے زمانے میں صداقت کے ثبوت میں جلتے ہوئے تیل میں ہاتھ ڈالتے تھے۔ اگر ہاتھ نہ جلتا تو سچا یا بے گناہ سمجھا جاتا۔ تیل نکالنا (متعدی) ۱روغن کشی کرنا۔ بیجوں کو دبا کر تیل حاصل کرنا۔ تیل پیلنا ۲سخت محنت سے کام لینا۔ بہت کام لینا ۳ست نکال لینا۔ کمزور کر دینا۔ تیل نکل جانا یا نکلنا (لازم) ۱بیجوں سے تیل حاصل ہونا ۲طاقت کا ضائع ہونا۔ سخت کمزور ہونا ۳دوالہ نکل جانا۔ کوٹھی بیٹھ جانا ۴غریب ہو جانا۔ مفلس ہو جانا۔ تیل ہو کے بہ جانا (لازم) رقیق ہو کر نکل جانا۔ ضائع ہو جانا۔ تیلن (مونث) ۱تیلی کی بیوی ۲تیلی قوم کی عورت۔ تیلنی (ھ۔ مونث) ۱تیلن ۲بتی ۳ایک قسم کا کیڑا جو تیل میں پایا جاتا ہے ۴ایک قسم کی مکھی۔ تیلی (مذکر) ۱تیل نکالنے والا شخص ۲ایک قوم جو تیل نکالتی ہے ۳اس قوم کا ایک فرد ۴روغن فروش۔ تیل بیچنے والا ۵مجازاً نہایت گندا آدمی۔ بہت میلا شخص۔ تیلیا (صفت) ۱تیل کے رنگ کا۔ میلا۔ گہرا ۲چکنا۔ چکنائی لئے ہوئے ۳(مذکر) ایک سیاہی مائل رنگ ۴تیسرے درجے کی چرس جو تیل سے مرکب ہوتی ہے۔ تیلیا پانی (مذکر) کھاری اور تیل ملا ہوا پانی جو پرانے کوؤں میں سے نکلتا ہے۔ تیلیا سُرنگ (مذکر) سیاہی مائل سرخ رنگ کا گھوڑا۔ کمیت گھوڑا۔ تیلیا سہاگہ (مذکر) ایک قسم کا سہاگہ جو دیکھنے میں چکنا ہوتا ہے۔ تیلیا کاکریزی (مذکر) گہرا اودا رنگ۔ تیلیا کتھا (مذکر) کتھا جو اندر سے سیاہ نکلے۔ تیلیا کمیت (مذکر) سیاہی مائل کمیت گھوڑا۔ اس کے بدن کا رنگ زیادہ تر سرخ اور بال سیاہ ہوتے ہیں۔ تیلیا مسان (مذکر) خبیث تیلی کی روح جو بھوت بنے۔ ۲بہت کالا آدمی۔ تیلیا مونگیا (مذکر) بہت سیاہی مائل سبز رنگ۔ تیلی تنبولی (مذکر) رذیل قوموں کے لوگ۔ کمینے لوگ۔ تیلی تنبولی جمع ہونا رذیل قوموں کے لوگوں کا اکٹھا ہونا۔ کسی شخص کے پاس رذیل قوم کے لوگوں کا آنا جانا۔ تیلی راجہ (مذکر) ۱فقیروں کا ایک فرقہ جو تیل مانگ کر اپنے کپڑوں اور سر پر ملتا ہے ۲وہ شخص جو بہت میلے کپڑے پہنے۔ تیلی کا بیل (مذکر) وہ شخص جو رات دن ایک ہی جگہ محنت کرتا ہے۔ تیلی کا بیل ہو جانا۔ ہر وقت کام میں لگا رہنا۔ تیلی کا کولھو (صفت) بہت موٹا۔ نہایت فربہ۔ تیلی کے بیل کی طرح ایک ہی چکر میں پھرنا (لازم) بہت محنت کرنا۔ مگر بے فائدہ۔

امثال واقوال

تیل تلوں ہی میں سے نکلتا ہے ۱ہر ایک چیز کا خرچ اس کی آمدنی ہی میں سے نکالا جاتا ہے ۲رعایا پر جو خرچ ہوتا ہے اسی سے وصول کیا جاتا ہے۔ تیل تلی نہ ادھیلی۔ نہایت کنگال۔ تیل تیلی کا بھگت بھیا جی کی تماش بین کا کیا گیا خرچ کسی کا محنت کسی کی اور لطف کسی نے اٹھایا۔ تیل جلے گھی۔ گھی جلے تیل۔ تیل تیز آگ پر گرم کرنے سے اچھا ہوتا ہے۔ اور گھی خراب ہو جاتا ہے۔ تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو۔ ابھی انتظار کرو دیکھو کیا ہوتا ہے۔ تعجیل کی برائی اور تاخیر کی تعریف میں کہتے ہیں۔ تیل ڈال کپلی کا ساجا۔ ذرا سا کام کر کے ساری چیز کے دعویدار۔ کپلی بن کر اس کو چمک دینے کے لئے تیل لگاتے ہیں۔ تیل کی جلیبی مُوا دُور سے دکھائے۔ دھوکا دیتا ہے۔ وعدہ کر کے پورا نہیں کرتا۔ تیل نہ مٹھائی چولھے دھری کڑھائی۔ پاس کچھ نہیں اور شیخی بہت۔ تیلی جوڑے پلی پلی اور رام (رحمٰن) لڑھاوے کپّا۔ دیکھو بندہ جوڑے الخ۔ تیلی خصم کرا اور پھر بھی روکھا ہی کھایا۔ برا کام کیا بھی اور مراد نہ ملی۔ تیلی کا بیل (رے کے) مرے کمہاری ستی ہوتے۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کے ساتھ بیفائدہ ہمدردی کی جائے۔ تیلی کا تیل بھگت بھیا جی کی۔ جب کام کوئی کرے اور تعریف کسی کی ہو تو کہتے ہیں۔ تیلی کا تیل جلے مشعلچی کا دل جلے یا سر دُکھے یا مفت کڑھے۔ خرچ کسی کا ہو کڑھے کوئی۔ تیلی کا تیل گرا ہینا ہوا۔ بنئے کا لون گرا دونا ہوا۔ بنئے پر طنز ہے۔ مٹی مل کر نمک زیادہ ہو جاتا ہے۔ تیلی کا کام تنبولی کرے۔ چولھے میں آگ اٹھے (لگے) اگر کوئی اپنے کو چھوڑ کر دوسرے کا پیشہ اختیار کرے تو نقصان اٹھاتا ہے۔ تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس۔ غریب آدمی گھر میں ہی کام کرتے کرتے تھک جاتا ہے۔ تیلی کے تینوں ترین اوپر سے ٹوٹے لٹھ۔ کسی کا نقصان ہو۔ ہمیں کیا۔ اپنی لاپرواہی جتانے کو کہتے ہیں۔ تیلی کی جورو ہو کر پانی میں کیا نہاوے۔ آدمی کی جیسی حیثیت ہو ویسا کام کرنا چاہئے۔

تیُل (ھ۔ مونث) زنانی پوشاک جس میں اوڑھنی۔ انگیا اور لہنگا شمار ہوتا ہے۔

تیلاّ (ہ۔ مذکر) برجتے کے کھیل میں وہ شخص جس کی گٹھا دوتے سے ہٹ کر پڑے۔ یا گولیاں کھیلنے والوں میں وہ شخص جس کی گولی دوتے سے ہٹ کر جائے۔

تیلی (ہ۔ مونث) ۱لکڑی بانس یا دھات کی باریک سیخ۔ سینک ۲لبی دھاری ۳(ھ) پنڈلی رس تُونکا۔ تیلیاں بکھر جانا (لازم) گھر والوں کا مختلف جگہ پر چلا جانا۔ سب کا تتر بتر ہو جانا۔

تَیم (ع۔ مذکر) نوکر۔

تیم (ھ۔ مونث) ۱نمی۔ گیلاپن ۲تازگی۔ سبزی۔

تیما (ع۔ مذکر) جنگل

تیمار (ف۔ مذکر) ۱خبر گیری۔ احتیا

خیال. غور ۳ بیماری. طبیعت کی ناسازگی ۴ علاج. معالجہ ۵ بیمار کی خوراک ۵ رنج. غم. افسوس ۶ ہمدردی بیمار پرسی۔ تیماردار (مذکر) بیمار کی خدمت کرنے والا ۲ بیمار پرسی کرنے والا۔ تیمارداری (مونث) ۱ بیمار کی خدمت ۲ ہمدردی ۳ علاج۔ معالجہ۔

تیمّم (ع. مذکر) مسلمانوں کا اگر پانی نہ ملے تو بجائے وضو کے دونو ہتھیلیاں معہ انگلیوں کے پھیلا کر منہ کہنیوں وغیرہ پر پھیرتے ہیں یمّم ہے (کرنا کے ساتھ) ۱ (اثم. قصد کرنا)

تیمن (ہ. مذکر) ۱ گیلا کرنا. بند ارکرنا ۲ نمی. گیلاپن ۳ چٹنی

تیمّن (ع. مذکر) ۱ برکت ۲ کامیابی ۳ یُمن. برکت دینا ۴ تیمّناً (تف) برکت کے طور پر۔ تیمّناً و تبرکاً (تف) برکت کے طور پر۔

تیمنی (س. مونث) آگ جلانے کی جگہ. انگیٹھی۔

تِین (ع. مونث) انجیر۔

تین (ہ. صفت) دو اور ایک۔ ۳۔ سہ۔ (س. ترین) تین پانچ (مونث) ۱ جھگڑا. فساد. تکرار ۲ دغا. مکر. چالاکی. فریب۔ تین پانچ آٹھ بتانا (متعدی) دھوکا دینا. فقرہ کرنا. چال بازی کرنا۔ تین پانچ جاننا کرنا یا لانا (متعدی) ۱ جھگڑا کرنا ۲ دغا بازی کرنا۔ تین تیا (مذکر) عدد۔ تین. طاق عدد۔ تین تفرقہ (صفت) ہوا ۱ پریشان. پراگندہ. منتشر ۲ متفرق. تتر بتر تین تلوک نظر آنا (لازم) بیحد پریشان ہونا۔ تین تھان (ہ) آلۂ تناسل۔ تین تیرہ (صفت) دیکھو تین تفرقہ۔ تین تیرہ (آٹھ اٹھارہ) کرنا (متعدی) ۱ پریشان کرنا. تتر بتر کرنا ۲ خرچ کرنا۔ اڑا دینا۔ تین تیرہ بارہ باٹ (صفت) ضائع. برباد. تباہ۔ تین تیرہ ہونا (لازم) ۱ تتر بتر ہو جانا. بکھر جانا ۲ خرچ کر دینا. اڑا دینا۔ تین تین کر کے (تف) ایک ایک دفعہ تین. اکٹھے تین۔ تین چار (صفت) تھوڑے. چند۔ تین ٹانگ کا گھوڑا (مذکر) معیوب نکمی چیز۔ تین حرف (مذکر) ل ع ن کی طرف اشارہ. لعنت۔ تین حرف بھیجنا (متعدی) ۱ لعنت بھیجنا ۲ ترک کرنا. چھوڑ دینا۔ تین دن (مذکر) چند روز. تھوڑی مدت۔ تین دن صاف گزر جانا (لازم) تین دن کا فاقہ ہونا۔ تین دن کا بچہ یا چھوکرا (مذکر) ۱ کم عمر ۲ نادان شخص۔ تین دن کی بادشاہی (مونث) شادی سے چوتھی تک کا زمانہ جس میں دولھا کو نوشاہ کہتے ہیں۔ تین راہ (صفت) جدا جدا. علیحدہ. متفرق. مختلف طور یا ڈھنگ پر۔ تین رقمی قانون (علم حساب) اربعہ متناسبہ۔ تین روزہ زندگی (مونث) انسان کی عمر۔ تین کال (مذکر) ۱ تین زمانے ماضی حال اور مستقبل ۲ صبح۔ دوپہر اور شام۔ تین کانڑے یا کانے (مذکر) پانسے کے تین نقطے جب تین نشان ایک ایک کر کے اکٹھے پڑیں۔ یہ سب سے کم شمار ہوتے ہیں ۲ مجازاً. ناکامی. نامردی تین کونی (ہ) تین کونوں والی۔ جس کے تین زاویے ہوں۔ تین لوک دکھائی دے جانا (لازم) تینوں جہان آنکھوں کے آگے آجانا. مصیبت پڑنا۔ تینوں (صفت) تین. تمام تین. سب تینوں۔ (ہ) آلۂ تناسل۔ تینوں اوستھا (ہ) انسانی زندگی کے تین زمانے بچپن. جوانی. بڑھاپا۔ تینوں دکھ (ہ) ۱ تین قسم کی تکالیف۔ دیتک جو بدن سے ظاہر ہوں ۲ بھوتک جو دنیاداری کا نتیجہ ہو ۳ دیوک جو آسمانی ہوں۔ تینوں دیوتا (مذکر) برہما جی. شوجی. وشن جی۔ تینوں رن (ہ) انسان کے تین فرائض ۱ دیوتاؤں کی پوجا کے متعلق ۲ بزرگوں کی نسل کے متعلق ۳ رشیوں کے متعلق۔

امثال و اقوال۔ تین بلائے تیرہ آئے دے دال میں پانی۔ تین بلائے تیرہ آئے دیکھو یہاں کی ریت۔ باہر والے کھا گئے اور گھر کے گاویں گیت۔ تین بلائے تیرہ آئے سنو گیاں کی بانی۔ راگھو چیتن یوں کہے تم دو وال میں پانی۔ عام طور پر کئی بن بلائے مہمان آجاتے ہیں۔ ایسے موقع پر سوائے اس کے کہ دال میں پانی ڈال کر اسے پتلا کیا جائے اور کچھ نہیں ہو سکتا۔ تین پاؤ بھیتر تو دیوتا اور بیتر (ہ) آدمی سیر ہو تو خدا اور بزرگ یاد آتے ہیں۔ تین پاؤ کی تین پکائیں سوا سیر کی ایک جیٹھ پوتا تینوں کھا گیا میں سنو تھن ایک۔ (ہ) عورت جو خاوند کے رشتے داروں کو پسند نہ کرے کہتی ہے۔ تین بیر بکائین کے میاں (باغبان) باغ ہیں۔ غریب شیخی باز کے متعلق کہتے ہیں۔ تین تتالا چوتھے کا منہ کالا۔ تین تکٹ مہا بکٹ اور چار کا منہ کالا اور پانچ ہو تو بھالا۔ دو دوست باتیں کر رہے ہوں تو تیسرے کا آنا اچھا نہیں سمجھا جاتا تھا۔ چوتھے کا آنا اس سے برا اور پانچویں کا لڑائی جھگڑے کی بنا۔ تین ترہٹی ملے پکنا رہ گیا۔ ترہٹی یعنی کسی اور کے ہاتھ کا پکا ہوا نہیں کھاتے۔ اور اگر کہیں اکٹھے ہو جائیں تو باتوں میں لگے رہتے ہیں۔ اور کھانا پکانا رہ جاتا ہے۔ اس پر طنز ہے۔ تین تھان چوتھا میدان۔ تین دن گھوڑا بندھا رہے تو چوتھے دن اسے ضرور دوڑانا چاہیے۔ تین تھان چوتھی جان ان کا اللہ نگہبان۔ ایک میں ہوں اور تین مرے بچے۔ خدا پر آسرا ہے۔ تین تیرہ ہو گئے۔ تتر بتر ہو گئے۔ عموماً ہندوؤں میں جائداد بانٹ لینے پر کہتے ہیں۔ تین تیرہ بارہ باٹ ہو گیا ۱ خراب اور پریشان ہو گیا ۲ خرچ ہو گیا۔ تین ٹانگ کا گھوڑا ہے۔ نکمی اور عیب دار چیز ہے۔ تین ٹانگ کی گھوڑی نو من کی لادنی۔ طاقت سے زیادہ کام لینے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تین ٹانگ میاں بکائین تلے۔ دیکھو تین بیر الخ۔ تین دن کا چھوکرا ہمیں سکھاتا ہے۔ جب کوئی کم عمر آدمی مشورہ دے تو عمر رسیدہ عموماً کہتا ہے۔ تین دن کا چھوکرا ہمیں سکھاوت بات۔ جب لے وہ لہیں ٹھیکرا۔ تب لے مار ب لات (ہ) دیکھو آخری۔ تین دن قبر (گور) میں بھی بھاری ہوتے ہیں۔ مسلمانوں کے اعتقاد میں قبر میں تین دن تک حساب کتاب ہوتا ہے۔ مطلب یہ ہے۔ کہ دنیا کے معاملات بعد مرگ بھی پیچھا نہیں چھوڑتے۔ تین دئے اور تیرہ پائے۔ کیسے نوبھ بیلاج کا جائے۔ سود خواروں پر طنز ہے۔ تین کا ٹھو تیرہ کا زین۔ کسی کم قیمت چیز کی سجاوٹ پر زیادہ خرچ کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ تین کوری نو براتی کھاد پوروم چوراے گھر باسی تیرے بیاہ ہے یا لوٹم لوٹ بدی جب کرتی ہے ایسا ہی کرتی ہے۔ غریب اپنی حیثیت سے

بھکر کرے تو طنزاً کہتے ہیں۔ **تین گناہ** خدا بھی بخشتا ہے۔ جب کسی سے معافی مانگنی ہو تو کہتے ہیں۔ **تین لوک سے متھرا نیاری** (ہ) جب کوئی نرالی بات کرے تو کہتے ہیں۔ تین میں نہ تیرہ میں ! اس شخص کے متعلق کہتے ہیں۔ جو بہت معمولی حیثیت کا ہو اور جس کی کوئی قدر نہ ہو۔ ۲ بیوقوف آدمی۔ نکما آدمی۔ تین میں نہ تیرہ میں نہ سیر بھر سوتلی میں نہ گڑوا بھر میں۔ تین نہ تیرہ سُتلی کی گرہ۔ دیکھو آخری۔ کہتے ہیں ایک رنڈی نے اپنے پاس آنے والوں کے چار درجے مقرر کئے تھے۔ جن سے باقاعدہ تعلق تھا۔ وہ تین تھے جو عموماً آتے تھے وہ تیرہ تھے۔ جو کبھی کبھی آتے تھے۔ ان کی تعداد یاد رکھنے کے لئے سُتلی میں گرہیں دے رکھی تھیں۔ اور جو ایک بار آتے تھے۔ ان کی تعداد ظاہر کرنے کے لئے ایک گزوی میں رائی کے دانے ڈال دیتی تھی۔ تین نری میں تیرہ گز۔ تین بکری کی کھال تیرہ گز میں پھیلائی جاسکتی ہے۔ تھوڑی چیز سے بہت سا کام لیا جاسکتا ہے۔ تینوں ترلوک دکھائی دے گئے۔ بھوک کی شدت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ بہت پھرے مگر کچھ کھانے کو نہ ملا۔ تین ہیں ساہ کسان کے۔ جانڈ جال اور کیر۔ قحط کے زمانے میں کسان کو جنڈ جال اور کیر کے درختوں پر گزارہ کرنا پڑتا ہے۔

تینتالیس (ہ۔ عدد) دیکھو تیتالیس۔

تینترا (ہ۔ مذکر) وہ بیٹا جو تین بیٹیوں کے بعد پیدا ہو۔ تینتری (مونث) بیٹی جو تین بیٹوں کے بعد پیدا ہو۔ مقولہ تینترا بیٹا راج رجلائے تینتری بیٹی بھیک منگائے۔ تین بیٹیوں کے بعد جو بیٹا ہوتا ہے وہ بہت مسعود گنا جاتا ہے اور تین بیٹوں کے بعد جو بیٹی ہو وہ منحوس۔

تینتیس تینتیس (ہ۔ عدد) دیکھو تینتیس۔

تینڈورہ (ہ۔ مذکر) ایک درخت کا پھل۔

تینڈوا (ہ۔ مذکر) ایک درندہ جو چیتے کی قسم کا ہوتا ہے (س تُرد)

تیواں (ایشیا) دیکھو فارموزا۔

تیور (س۔ مذکر) ! شکاری۔ صیاد۔ بھیلیا۔ ۲ ماہی گیر۔ تیوری (مونث) شکاری یا ماہی گیر کی بیوی۔

تیوَر (س۔ صفت) ! تیز۔ ۲ مضبوط۔ ۳ بہت زیادہ۔ ۴ گرم ۵ (مذکر) تیزی ۲ کنارہ ۳ تین ۴ لوہا۔ فولاد۔

تیورا (س۔ مونث) ! سیاہ رائی ۲ تلسی ۳ ایک مورچنا ۴ ایک شرُتی ۵ دریا پدم دتی جو مشرقی بنگال میں ہے۔

تیوَر (ہ۔ مذکر) ! نظر۔ چتون۔ نگاہ کا انداز ۔ ۲ آنکھ۔ چشم ۳ چہرے کا طور یا ڈھنگ ۴ بھوں۔ ابرو ۵ آنکھوں کے آگے اندھیرا تیرگی۔ سر کا پھیر۔ دوران سر غشی (س تمر) تاریکی۔ تیوا آنا۔ تیوانا (لازم) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا تیرگی چھانا۔ غشی کی حالت ہونا۔ تیورا کر گرنا (لازم) غشی کی حالت میں ہو کر گر پڑنا۔ بیہوش ہو جانا۔ تیور بجھا دینا یا بجھانا (متعدی) غصہ فرو کر دینا۔ غرور مٹا دینا۔ گھمنڈ توڑ دینا۔ تیور بد ہونا (لازم) آثار برے ہونا۔ شرارت کا ارادہ ہونا تیور بدل جانا (متعدی) بیمروت ہو جانا۔ انداز نگاہ اور ہونا۔ تیور بدلنا۔ غصے سے دیکھنا۔ قہر کی نگاہ سے دیکھنا۔ تیور برے نظر آنا (لازم) نگاہ بد معلوم ہونا۔ نقصان پہنچاتے معلوم ہونا۔ تیور بگڑ جانا یا بگڑنا (لازم) ! پہلی سی نظر نہ رہنا بیمروت ہو جانا ۲ نگاہوں سے خفگی ظاہر ہونا ۳ موت کے آثار ظاہر ہونا۔ آنکھوں کی پتلیاں پھر جانا۔ تیور پر بل آنا یا پڑنا (لازم) لانا (متعدی) ناراضگی ظاہر کرنا۔ ناراض ہونا۔ غصے میں ہونا۔ تیور پر میل آنا (لازم) غصے کے آثار ظاہر ہونا۔ ناراض ہونا۔ تیور پہچاننا (متعدی) قیافے سے مزاج کا حال معلوم ہونا۔ تیور تاڑ جانا (لازم) دیکھو آخری۔ تیور جلنا (لازم) لچکا چوند ہونا۔ روشنائی برداشت نہ کر سکنا ۲ بینائی کم ہونا۔ بصارت میں فرق آنا۔ تیور دیکھنا (متعدی) دیکھو تیور پہچاننا۔ تیور میلے ہونا (لازم) چہرے یا نگاہ سے ناراضگی ظاہر ہونا۔ تیوری (لکھنو۔ مونث) تیوڑی (دہلی) تیوُری (م) ! ماتھے کا بل۔ ماتھے کی سلوٹ جو غصے سے پڑے۔ چین ابرو۔ چیں بجبیں ۲ انداز نگاہ۔ تیوریاں (مونث) تیوری کی جمع۔ تیوریاں چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) چیں بجبیں ہونا۔ پیشانی پر بل پڑنا۔ ناراض ہونا۔ تیوری بدلنا (متعدی) انداز نگاہ بدلنا۔ تیوری پر بل آنا (لازم) ڈالنا (متعدی) ماتھے پر شکن ڈال لینا ناراض ہو جانا۔ غصے ہونا۔ تیوری میلی (صفت) مغرور بدمغ۔ تیوری چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) دیکھو تیوریاں چڑھنا۔ تیوری کا بل کھلنا (لازم) رنجش رفع ہونا۔ تیوری میں بل پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) دیکھو تیوری چڑھانا۔

تیوڑی (ہ۔ مونث) ! تیوری ۲ ایک بیل۔ عشق پیچاں۔

تیون (ہ۔ مذکر) چٹنی اچار۔ مثل۔ تیون بن نہ روٹی سوہے گوندھے بن نہ چوٹی سوہے۔ چٹنی بغیر روٹی کا مزا نہیں۔ اور چوٹی بغیر گوندھے اچھی معلوم نہیں ہوتی

تیوہار (ہ۔ مذکر) خوشی کا دن۔ عید۔ جشن۔ پرب۔ اتشب۔ تیوہاری (مونث) ! تیوہار کا انعام۔ عیدی ۲ (صفت) تیوہار کے متعلق۔ تیوہار کا۔

تیہہ (ہ) **تیہا** (ہ۔ مذکر) ! غصہ۔ غضب ۲ تیزی۔ جوش۔ حرارت ۳ (ہ) مستقل مزاجی۔ ثابت قدمی۔ تیہا دلانا (متعدی) غصہ دلانا۔ جوش دلانا۔

تیہ (ع۔ مذکر) ! جنگل ۲ اجاڑ ملک ۳ غرور۔ تکبر۔ فخر۔

تیہار (ع۔ مذکر) اجاڑ زمین۔

تیہر (ہ۔ مونث) ایک زیور جو عورتیں پاؤں میں پہنتی ہیں۔

تیہرا (ہ۔ صفت) تین گنا تہرا۔ تیہرا پیلا (صفن) سہ پیرا۔ تیہرا تیتیا (صلن) سہ رکنی

تیہورن مذکر ایک چھوٹا سا پرندہ (قسم تیتر) ہوا۔

تئیس (ہ) **تیئیں** (ہ صفت) بیس اور تین۔ ۲۳۔ ۲۳

ٹ

ٹ (ہ ۔ مونث) ۱ تلفظ ٹ ۔ اسے تائے ثقیلہ اور تائے ہندی بھی کہتے ہیں ۲ اردو کا پانچواں حرف اور ناگری رسم الخط کا گیارھواں وینجن ہے ۳ موردھن یا مغزی حروف میں پہلا حرف ہے ۴ فارسی اور عربی میں نہیں ہے ۵ ابجد میں ت شمار ہوتا ہے اور اس کے چار سو عدد ہیں ۶ بعض کلمات کے آخر میں آکر مصدری معنی دیتا ہے ۔ جیسے سجاوٹ ۔ لگاوٹ ۷ اگر امر کے آخر میں واقع ہو تو اسم مونث کے معنی دیتا ہے جیسے کاٹ ۔ چھانٹ ۔ ڈانٹ ۔ لوٹ ۔ کھسوٹ لپیٹ سمیٹ ۔

ٹَ (ھ ۔ مذکر) حرف ٹ ۔

ٹکار (مذکر) حرف ٹ یا اس کی آواز ۔ **ٹو رگ** (ھ) موردھن یا مغزی حروف ۔

ٹابَر (ہ ۔ مذکر) ۱ چھوٹی جھیل ۔ تالاب تال ۔ ڈبرا ۔ ڈابر ۲ چھوٹا سا گھر ۔ جھونپڑا ۳ کنبہ ۔ خاندان ۴ (ھ) لڑکا ۔ چھوکرا (س ڈمبر)

ٹاپ (ہ ۔ امر) ۱ ٹاپنا کا ۲ گھوڑے کے سم کا حلقہ ۔ گھوڑے کا سم ۳ گھوڑے کے سم کی آواز جو دلکی پویہ اور سرپٹ جانے میں نکلتی ہے ۴ (ھ) تھاپ ۔ ہاتھ مارنے کی آواز ۵ مچھلیاں پکڑنے کا جال جو تھوڑے پانی میں استعمال ہوتا ہے ۶ پلنگ کے پائے کا گردا ۷ مگدر کا موٹا حصہ ۸ چوب جس سے ڈہل بجاتے ہیں ۹ فرشی حقے کے نیچے کا حصہ جو چوڑا ہوتا ہے (س ۔ ستھا ۔ کھڑا کرنا) **ٹاپا** (ماضی) ۱ ٹاپنا کی ۲ (مذکر) مرغیوں کے بند کرنے کا ٹوکرا یا کھانچا ۳ لکڑی کی چوکھٹ جس میں جالی ہوتی ہے اور بچوں کے پنگوڑوں پر ڈالتے ہیں ۴ ایک قسم کا چوکھٹ والا ڈھکنا ۵ کوئی چیز جس پر اس قسم کا ڈھکنا ہو جیسے کشتی ۔ جھونپڑا ۶ کپڑے کا غلاف ۔ **ٹاپا توڑ نکل جانا** (لازم) صاف نکل جانا ۔ بچ جانا ۔ **ٹاپا ٹوہیا** (مونث) جستجو ۔ تلاش (پڑنا کے ساتھ) **ٹاپا ٹوئی (ٹوہیا) کرنا** (متعدی) ۱ ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا ۔ چھان مارنا ۲ مرمت کرنا ۔ مکان کے ٹپکنے کی جگھوں کو بند کرنا ۔ **ٹاپتا** (ماضی ناتمام) ٹاپنا کی ۔ **ٹاپتا پھرنا** (لازم) ۱ مارا مارا پھرنا ۔ حیران پھرنا ۔ بھٹکنا ۲ غصے میں اچھلنا کودنا ۔ **ٹاپتا رہ جانا** (لازم) ۱ کسی چیز کی آرزو میں بیٹھا رہنا ۲ کسی چیز کے نہ ملنے کی وجہ سے تلملاتا رہ جانا ۳ افسوس کرنا ۔ **ٹاپدار** (صفت) آگے سے چوڑا پیچھے سے چھوٹا ۔ شیر دہاں ۔ موٹے سرے کا **ٹاپر** (ھ) مکان ۔ جھونپڑا ۔ دیکھو ٹاپا ۔ **ٹاپ سہارنا** (متعدی) تکلیف یا مصیبت جھیلنا ۔ **ٹاپ مارنا** **ٹاپنا** (لازم) ۱ گھوڑے کا زمین پر پاؤں مارنا ۲ زمین پر غصے یا غم میں پاؤں مارنا ۳ بیکل ہونا ۔ بیچین ہونا ۔ گھبرانا ۴ دیوار پر سے کود جانا ۔ چھلانگ مار کر کود جانا ۔

ٹاپتی (ہ ۔ مونث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔

ٹاپو (ہ ۔ مذکر) جزیرہ ۔ دویپ ۔ چَر ۔

ٹاٹ (ہ ۔ مذکر) ۱ سن کا بنا ہوا موٹا کپڑا ۔ بوریوں کا کپڑا ۲ چٹائی ۳ ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی یا قالین ۴ بونٹ کا سبز خول جس میں چنا ہوتا ہے (س ۔ ترانر ۔ بچانے والا) **ٹاٹ الٹ جانا یا الٹنا** (لازم) ۱ دیوالہ نکلنا ۔ دیوالیہ ہونا ۲ دیوالیہ ہونے کی علامت ظاہر ہونا ۔ ساہوکار دیوالہ نکالنے پر اپنے بیٹھنے کی گدی الٹ دیتے ہیں ۔ **ٹاٹ باف** (صفت) ۱ ٹاٹ بننے والا ۲ زردوز کپڑوں کے سونے چاندی کے تار لگانے والا ۔ ان معنوں میں غالباً تار باف کا بگڑا ہوا ہے ۔ **ٹاٹ بافی** (مونث) ۱ ٹاٹ بننے کا کام ۲ زردوزی کا کام ۳ زردوزی کا کام کا جوتا ۴ (صفت) زردوز ۔ زردوزی کام کا ۔ **ٹاٹ بافی جوتا** (مذکر) زردوزی کام کا جوتا ۔ کامدار جوتا ۔ کلابتون کے کام کا جوتا ۔ **ٹاٹ باہر ہونا** (لازم) برادری سے خارج ہونا (خف)

امثال واقوال

ٹاٹ کا لنگوٹا (کی لنگوٹی) نواب سے یاری ۔ مفلسی میں امیروں سے ملاقات ۔ اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام ۔ ٹاٹ کا ملاڈ و لرا تینوں جات گلام ۔ جب چاہے جب بیٹھ کر ترت کر و بسرام (ھ) ٹاٹ کمبل اور دوتہی تینوں گھٹیل چیزیں ہیں ۔ مگر بہت آرام دہ ہیں ۔ ٹاٹ کا ملی گھر ہیں گھلے ۔ باہر بتاوے شال دوشالے (ھ) معمولی حیثیت کا آدمی شیخیاں بگھارے تو کہتے ہیں ۔ ٹاٹ کی انگیا مونجھ کی تنی ۔ دیکھ میرے دیورا میں کیسی بنی ۔ بیجا کام پر اترانے کے موقع پر کہتے ہیں ۔ ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ ۔ موزوں کام ۔ جیسی چیز ویسا اس کا سامان ۔

ٹاٹری (انگ ۔ مونث) انگریزی مسالا جس سے خمیر بناتے ہیں (کریم آف ٹارٹر کا مخفف)

ٹاٹکا (ھ ۔ مذکر) ۱ دیکھو ٹٹکا ۲ ٹوٹکا ۔ ٹونا ۳ بازی گری ۔ نظر بندی ۔ شعبدہ بازی ۔

ٹاچنی (ھ ۔ مونث) لمبین ۲ یادداشت ۔ نوٹ ۔

ٹار (انگ ۔ مونث) سیاہ رنگ کا ایک سیال مادہ جو پتھر کے کوئلے سے نکلتا ہے ۔ دیمک سے لکڑی کو بچانے کے لئے اسے لگاتے ہیں ۔ تک ۔ **ٹار کول** (مذکر) دیکھو ٹار ۔

ٹارا (ہ ۔ مذکر) کبوتر جو دیر تک اڑے (لکھنو) **ٹاراتوک** (صفت) وزن میں ٹھیک یا پورا (لکھنو)

ٹارٹرس (یو ۔ عص) ۱ یتھر اور جی کا لڑکا ۔ ۲ زرٹا ئیفس اور دیوؤں کا جد اعلے ۳ جہنم ۔ دوزخ

ٹارٹن (انگ ۔ مذکر) ایک قسم کا اونی کپڑا ۔ جس پر بڑے بڑے رنگدار خانے بنے ہوتے ہیں ۔ اور ہر قبیلے کا نمونہ جدا ہوتا ہے ۔ یہ سکاٹلینڈ کی ایجاد ہے ۔

ٹاری (ھ ۔ مونث) فاصلہ ۔ دوری تفاوت ۔ وقفہ ۔ نتر ۔

ٹاڑی (ھ ۔ مونث) چھوٹی کلہاڑی

ٹاکھنا (ھ ۔ مذکر) ٹخنہ ۔

ٹال (ہ ۔ مونث) ۱ اناج گھاس لکڑی وغیرہ کے ذخیرہ کرنے کی جگہ ۲ لکڑیوں یا بھس کی دوکان ۳ لکڑیوں کا ڈھیر ۔ اناج کا ڈھیر ۔ تودہ ۔ ایک قسم کا گھنٹہ جو ہاتھی یا گائے کے گلے میں باندھتے ہیں ۔ (س اتال) **ٹالا** (ھ ۔ مذکر) ٹال ۔ **ٹال کرنا** (متعدی) ۱ لکڑی یا بھس کی دوکان کھولنا ۲ ڈھیر لگانا ۔ انبار کرنا **ٹال مارنا** (متعدی) ۱ ڈھیر لگانا ۔ انبار کرنا ۲ تولنے میں ترازو کی ڈنڈی کو انگلیوں سے نیچا کر دینا ۔ جھوک مارنا ۔ کم تولنا ۔ **ٹالی** (مونث) ۱ دیکھو ٹال ۲ اٹھنی (دلالوں کی اصطلاح)

مثل ۔ ٹال بجا کے مانگے بھیک ۔ اس کا جوگ رہا کب ٹھیک گھنٹی بجا کر مانگنے والے سادھوؤں پر طنز ہے ۔

ٹال (ہ ۔ امر) ۱ ٹالنا کا ۲ (مونث) حیلہ حوالہ ۔ لیت ولعل ۔ بہانہ ۔ بالا بتا ۳ کشتی کا ایک داؤ (س تری) **ٹالا** (ماضی) ۱ ٹالنا کی ۲ دیکھو ٹالا ۔ **ٹالا بالا** (مذکر) دیکھو ٹال ۲ ۔ **ٹالا بالا بتانا یا دینا**

(متعدی) ٹالنا۔ **ٹالا ٹولی** (مونث) دیکھو ٹال ۲۔ **ٹالا دینا** (متعدی) بہانہ کرنا۔ ٹالنا۔ **ٹال ٹول** (مذکر) ٹال ۲۔ **ٹال ٹول کی باتیں** (مونث) حیلے حوالے۔ بہانے۔ **ٹال جانا** (لازم) طرح دینا درگزر کرنا۔ **ٹال دینا** (متعدی) حیلہ یا بہانہ کرنا۔ **ٹال کر دینا** (متعدی) ۱کہیں جانے کا ارادہ فسخ کر دینا کسی کام کے کرنے سے باز رہنا۔ **ٹال مٹول کرنا** (متعدی) ۱حیلہ حوالہ کرنا۔ بہانہ کرنا ۲ دیر لگانا۔ **ٹالنا** (متعدی) ۱ بہانہ کرنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ لیت ولعل کرنا ۲ ملتوی کرنا۔ گزار دینا ۳ ہٹانا۔ دفع کرنا ۴ طرح دینا ۵ درخواست نامنظور کرنا۔ **ٹالے** (مذکر) ٹالا کی جمع **ٹالے بالے بتانا یا دینا** (متعدی) ۱دیکھو ٹالنا ۲ دائیں بائیں بتا کر نکل جانا ۳ دیر لگانا۔

امثال و اقوال۔ ٹال بتا

اس کو نہ تو جس سے کیا قرار۔ چاہے ہووے بیری تیرا چاہے ہووے یار (ھ) وعدہ کر کے پورا کرنا چاہیئے۔ چاہے دوست سے ہو چاہے دشمن سے **ٹال مٹولے مت کرے کیا بچن کھکتا۔ جو نر بچنوں سے پھرے وہ پت دیت گنوا** (ھ) وعدہ کر کے جو شخص پورا نہیں کرتا اس کی عزت جاتی رہتی ہے۔ **ٹال مٹول وقت کا چور۔** حیلے حوالے کر کے وقت ٹال دینے والا۔ وقت پر جواب دینے والا۔

ٹال (انگ۔ مونث) جنوبی افریقہ کے ولندیزوں کی زبان۔

ٹامک ٹوئیے (دو متعدی)

اندازہ کرنا۔ اندازے پر چلنا۔ اٹکل پر چلنا۔

ٹانٹ (ہ۔ مونث) آدمی کی کھوپڑی (س تنتری) **ٹانٹ پر ایک بال نہ چھوڑنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) ۱ بہت جوتے لگنا ۲ مفلس ہو جانا۔ **ٹانٹ کے بال اڑ جانا۔ ٹانٹ گنجی ہو جانا** (لازم) بہت جوتے لگنا۔ **ٹانٹ کھجانا یا کھجلانا** (متعدی) ۱ چاند میں کھجلی ہونا ۲ پٹنے یا جوتے کھانے کو دل چاہنا ۳ گھاٹا یا نقصان اٹھانے کا کام کرنا۔

ٹانٹا۔ ٹانٹھا (ہ۔ صفت)

۱ مضبوط۔ توانا ۲ موٹا۔ فربہ ۳ طاقتور۔ قوی ۴ پکا۔ ٹھوس ۵ سخت۔ کرخت۔ کڑا (س۔ تنترک) ٹانٹا بنا ہوا ہے۔ مضبوط ہے۔ قوی الجثہ ہے۔ **ٹانٹھائی** (مونث) مضبوطی وغیرہ۔ **ٹانٹھی** (صفت مونث) ٹانٹھا کی۔

ٹانچ (د۔ صفت) ۱ بدمزاج۔ کج طبع۔ اکھڑ۔ تنک مزاج ۲ اپنا مطلب حاصل کرنے کے لئے دھوکا دینے والا ۳ شوخ۔ گستاخ ۴ (مذکر) جھگڑا ٹکرا ۵ ٹیڑھا چلنا ۶ چکر لگانا۔ منڈلانا ۷ برسرِ مقابلہ آنا ۸ کجروی مخالفت۔ ضد (س تریچ۔ ٹیڑھا) **ٹانچرا** (د۔ صفت) دیکھو ٹانچ۔ **ٹانچ کرنا یا لانا** (متعدی) ۱ تکرار کرنا۔ جھگڑا کرنا ۲ اینٹھنا۔ اکڑنا ۳ برسرِ مقابلہ آنا۔ **ٹانچنا** (متعدی) ۱ ٹیڑھا چلنا ۲ ٹانگیں مارنا ۳ منڈلانا چکر لگانا ۴ پھانسنا۔ دھوکا دینا۔ جل میں لینا ۵ وصول کرنا۔ تحصیل کرنا ۶ کبوتر کا مستی میں سینہ ابھار کر چلنا۔ **ٹانچ نہ اٹھائی جانا** (لازم) کسی کی اکڑفوں کی سہار نہ ہونا۔ جھگڑا یا تکرار کی برداشت نہ ہونا۔

ٹانڈ (ھ۔ مذکر و مونث) ۱ مچان جس پر بیٹھ کر پرندوں کو کھیت میں سے اڑاتے ہیں ۲ چبوترا۔ پلیٹ فارم ۳ دیوار میں لگا ہوا تختہ ۴ (مونث) کڑا جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔ **ٹانڈی** (مونث) دیکھو ٹانڈ۔

ٹانڈا (ہ۔ مذکر) ۱ مویشی کی قطار ۲ سوداگروں کا گروہ ۳ بنجاروں کا اسباب ۴ سوداگری کا مال ۵ مال و اسباب۔ گھر کا سامان (س۔ تنترک۔ کرگھے میں سے تازہ نکلا ہوا) **ٹانڈا بھانڈا** (مذکر) مال و اسباب۔ **ٹانڈا لادنا** (متعدی) **لد جانا یا لدنا** (لازم) ۱ سامان بندھ جانا یا لد جانا۔ گھر کا سامان اور جورو بچوں کو لے کر کہیں چلا جانا ۲ سفر کو چلا جانا ۳ سواری کے لئے روانہ ہونا ۴ مر جانا۔ رحلت کر جانا۔ **ٹانڈے کا نایک** (مذکر) ۱کسی گروہ کا سردار۔ قافلہ سالار ۲ مربی۔ وارث۔

ٹانڈھ (ہ۔ مونث) دیکھو ٹانڈ ۱۔

ٹانڑ۔ ٹانڑی (ھ۔ مونث) دیکھو ٹانڈ و ٹانڈی۔

ٹانک (ہ۔ امر) ۱ ٹانکنا کا ۲ (مذکر) چار ماشے کا جواہرات تولنے کا وزن ۳ (مونث) کمان جانچنے کا وزن جو چوبیس سیر کا ہوتا ہے۔ اسے کمان کے چلے میں لٹکا دیتے ہیں۔ ایک تیر کے اندازے تک کھینچ جانے کو ٹانک کہتے ہیں ۴ لوہے کا بیلنا ۵ کیل۔ میخ ۶ سیون۔ بخیہ۔ ٹانکا ۷ حصہ۔ بخرہ ۸ جانچ۔ اندازہ۔ تشخص (س ٹنک۔ چار ماشے کا وزن) **ٹانکا** ۱ (مذکر) ٹانکنا کی ۲ سیون۔ سلائی۔ سوئی۔ تاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکلنا ۳ زخم کا ایک مرتبہ بخیہ ۴ دھات جوڑنے کا مسالا ۵ جوڑ یا پیوند۔ زیور ظروف وغیرہ کے جوڑنے کا ۶ پتھر کا حوض یا تالاب ۷ کیل۔ میخ ۸ لوہے کا بیلن ۹ پیوند۔ جوڑ کپڑے کا۔ **ٹانکا ادھڑ جانا یا ادھڑنا** (لازم) دیکھو ٹانکے ادھڑ جانا۔ **ٹانکا بھرنا یا پھیرنا** (متعدی) ۱ سینا۔ پھٹا پرانا مرمت کرنا ۲ زخم سینا ۳ عیب پوشی کرنا ۴ مصیبت میں تسلی دینا۔ **ٹانکا پانا** (مذکر) محبت۔ یارانہ۔ پیار (غنت) **ٹانکا پاتال گیا** (ھ) صلح ہو گئی۔ جھگڑا ختم ہو گیا۔ **ٹانکا ٹوٹنا** (لازم) ۱ سیون کا دھاگا ٹوٹ جانا۔ سیون ادھڑنا ۲ زخم کی سیون کا دھاگا ٹوٹ جانا۔ **ٹانکا جانا** (لازم) کسی جگہ اپنے مطلب کی تدبیر کرنا۔ **ٹانکا جھالنا** (متعدی) کسی ٹوٹے زیور یا برتن کو ٹانکے سے جوڑنا۔ **ٹانکا دینا** (متعدی) ۱ سینا ۲ ٹوٹے برتن کو ٹانکے سے جوڑنا۔ **ٹانکا کاٹ لینا** (متعدی) ٹانکے کی قیمت کاٹ کر دام دینا۔ **ٹانکا کھانا** (متعدی) ۱ ٹانکا لگنا ۲ ٹانکا لگنے کی قابلیت ہونا۔ **ٹانکا کھلنا** ۱ سیون ادھڑ جانا ۲ بھید کھل جانا راز ظاہر ہو جانا۔ عیب کھلنا۔ **ٹانکا لگانا** (متعدی) ۱ کپڑے کا سینا ۲ زخم کا سینا ۳ ٹوٹے ہوئے زیور یا برتن میں ٹانکے سے جوڑ لگانا ۴ دو شخصوں میں دوستی کرا دینا ملاپ کرانا ۵ نسبت کرا دینا۔ شادی کرا دینا ۶ پرندکی آنکھیں سی دینا۔ **ٹانکا لگنا** (لازم) دیکھو ٹانکا لگانا۔ **ٹانکا مارنا** (متعدی) موٹی سلائی کرنا۔ **ٹانکم جلنا** (لازم) دیکھو ٹانکنا۔ **ٹانک دینا** (متعدی) دیکھو ٹانکنا۔ **ٹانک رکھنا** (متعدی) یادداشت کے واسطے لکھ رکھنا۔ **ٹانک لینا** (متعدی) کسی رقم کو لکھ لینا۔ **ٹانکنا** (متعدی) ۱ سینا ۲ موتی یا بنت یا لچکا سوئی تاگے سے لگانا ۳ زخم سینا ۴ جوتا سینا ۵ ملانا۔ باندھنا۔ جوڑنا ۶ نتھی کرنا۔ شامل کرنا ۷ ٹوٹے ہوئے زیور یا برتن کو جوڑنا ۸ لکھنا۔ یادداشت رکھنا۔ درج کرنا ۹ داخل کرنا۔ لگانا۔ دینا۔ کھاجانا **ٹانکنی** (مونث) دیکھو ٹانک۔ **ٹانکے** (مذکر) ۱ ٹانکا کی جمع ۲ بجائے ٹانکا۔ وغیرہ سے پہلے۔ **ٹانکے ادھڑ جانا یا ادھڑنا** (لازم) ۱ سلائی ادھڑنا ۲ برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ غریب ہونا ۳ بھید کھلنا۔ حقیقت ظاہر ہونا **ٹانکے ادھیڑنا** (متعدی) دیکھو آخری۔ **ٹانکے بھرنا** (متعدی) دیکھو ٹانکا بھرنا۔ **ٹانکے ٹوٹ جانا یا ٹوٹنا** (لازم) ۱ کپڑے یا زخم کی سلائی کا ٹوٹنا ۲ کرنے کا

پرانا یا مستعمل ہوجانا ۔ ہمت ہارجانا گھبراجانا۔ **ٹانکے ڈھیلے ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ بدحواس ہونا ۲ اعضا میں سستی یا ضعف آنا۔ **ٹانکے کا کچا** (صفت) ۱ وہ سینے والا جس کے ہاتھ کی سیون جلد ادھڑ جائے ۲ وہ زیور جس میں کمزور ٹانکا لگا ہو۔ **ٹانکے کھانا** (متعدی) زخمی کا زخم سلوانا۔ **ٹانکے کھلنا** (لازم) دیکھو ٹانکا کھلنا۔ **ٹانکے مارنا** (متعدی) موٹی سلائی کرنا ۲ جلدی جلدی سینا۔ **ٹانکے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سیا جانا۔ زخم سیا جانا۔

ٹانکھ (ھ۔ مذکر) زمین دوز تالاب جس میں پانی کا ذخیرہ کیا جائے۔

ٹانکی (ہ۔ مونث) ۱ سنگ تراشوں کا ایک اوزار۔ چھینی ۲ آرے کا دندانہ۔ دانتا ۳ سوراخ چھید۔ گڑھا ۴ آتشک یا سوزاک کا زخم ۵ خربوزے وغیرہ کی پھانک جس سے دیکھا جائے کہ میٹھا ہے یا نہیں ۶ (لکھنؤ) لکڑی یا لوہے کا برتن جس میں پانی بھر کر رکھا جائے (س ٹنکا۔ چھینی) **ٹانکی بجنا** (لازم) ۱ سنگ تراشی کا کام ہونا ۲ عمارت کا بننا یا چلنا ۳ عمارت کا گرایا جانا۔ **ٹانکی لگانا** (متعدی) خربوزے وغیرہ کو تراش کر دیکھنا ۲ سوراخ کرنا۔

ٹانکی (انگ۔ مونث) ٹینک سے لوہے کا حوض جس میں پانی کوئیں سے نکال کر ذخیرہ کیا جاتا ہے۔

ٹانگ (ہ۔ مونث) لات۔ ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصہ ۲ ٹانک ۳ (دلالوں کی اصطلاح) چوتھا حصہ (س ٹنگ۔ چلنا) **ٹانگ اٹھا کر موتنا** (متعدی) کتے کی طرح موتنا۔ کتا بننا۔ عموماً شیخی باز سے کہتے ہیں۔ **ٹانگ اٹھانا** (متعدی) ۱ ٹانگ اونچی کرنا ۲ صحبت کرنا۔ **ٹانگ اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) ۱ پاؤں پھنسانا ۲ بیچ میں دخل دینا یا بولنا مزاحمت کرنا۔ **ٹانگ اڑانا** (متعدی) (پہلوانوں کی اصطلاح) ٹانگ اٹھا کے چت کر دینا۔ **ٹانگ توڑ کے مرگیا**۔ بےکسی کی حالت میں کوئی خبر گیراں نہ ہوا۔ **ٹانگ برابر** (صفت) ذرا سا چھوٹے گستاخ بچے کو عموماً کہتے ہیں۔ **ٹانگ پھنسنا** (لازم) ۱ پابند ہونا۔ مجبور ہونا ۲ تعلق ہونا۔ حصہ ہونا شرکت ہونا۔ **ٹانگ تلے (کے نیچے) سے نکال دینا یا نکالنا** (متعدی) ۱ عاجز کر دینا۔ مغلوب کرنا۔ نیچا دکھانا ۲ (عف) برتنا۔ استعمال یا کام میں لانا۔ ہم بستری کرنا۔ **ٹانگ تلے سے نکل جانا یا نکلنا** (لازم) ہرنا۔ مغلوب ہونا۔ نیچا دیکھنا۔ **ٹانگ توڑ کے بیٹھنا** (لازم) جم کے بیٹھنا۔ ایک جگہ بیٹھنا۔ **ٹانگ توڑنا** ۱ بیکار کرنا۔ معطل کرنا ۲ بگاڑنا خراب کرنا۔ **ٹانگ دبنا** (لازم) ٹانگ پھنسنا۔ **ٹانگ دینا** ۱ عاشق سے ہم بغل ہونا۔ صحبت کرانا ۲ اغلام کرانا۔ **ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھلانا** (متعدی) اپنے پاس بٹھانا۔ پہلو میں بٹھانا۔ پاس سے ہلنے نہ دینا۔ **ٹانگ لگانا** (متعدی) ٹانگ کا پیچ کرنا۔ **ٹانگ لینا** (متعدی) ۱ ٹانگ پکڑنا ۲ کتے کا کاٹنا۔ کتے کی طرح کاٹنا۔ کاٹنے کو دوڑنا ۳ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ **ٹانگ مارنا** (متعدی) ٹانگ کا پیچ کرنا۔ **ٹانگوں** (مونث) ٹانگ کی جمع حروف وغیرہ سے پہلے۔ **ٹانگوں کا جواب دے دینا** (متعدی) سخت تھک جانا۔ ٹانگوں کا چلنے سے رہ جانا۔ **ٹانگوں کی قینچی بندھ جانا یا بنی ہونا** (لازم) مرد و عورت کا اس طرح ہونا کہ ٹانگیں گتھی ہوئی ہوں۔ **ٹانگوں میں ٹانگیں ڈالکر سونا یا ڈالنا** (متعدی) ہم بغل ہوکر سونا۔ ہم بستر ہونا۔ **ٹانگوں میں ٹانگیں ہونا** (لازم) ہم بغل ہوکر لیٹنا۔ اسطرح لیٹنا کہ ٹانگیں آپس میں گتھی ہوئی ہوں۔ **ٹانگوں میں منہ ڈال کے چوتھے کے آگے نام لینا** (متعدی) ٹوٹکا ہے جو عورتیں کسی کو جلد بلانے کے لئے کرتی ہیں۔ **ٹانگیں** (مونث) ٹانگ کی جمع۔ **ٹانگیں اٹھانا** (متعدی) جماع کرنا۔ **ٹانگیں پسار کے سونا**۔ بے فکر ہونا بے پرواہ ہونا۔ **ٹانگیں توڑنا** (متعدی) ۱ بہت دوڑنا۔ بہت پھرنا ۲ بہت دوڑانا یا پھرانا۔ **ٹانگیں ٹوٹنا** (لازم) نہایت تھک جانا۔ چور ہو جانا۔ **ٹانگیں رہ جانا** (لازم) ۱ تھک جانا ۲ بیماری سے ٹانگیں بیکار ہو جانا۔ سوکھ جانا۔

امثال و اقوال۔ ٹانگ اٹھے نا چڑھا جائے ہاتھی پر اپنی طاقت سے بڑھ کر کام کرنے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ **ٹانگ پکڑ کے لائے اور پونچھ پکڑ کے بہا دیا**۔ سخت بےعزتی کی۔

ٹانگ (ہ۔ امر) ٹانگنا کا (س ٹنگ۔ تکلیف میں ہونا) **ٹانگا** (ماضی) ٹانگنا کی۔ **ٹانگ دینا** (متعدی) ۱ لٹکا دینا ۲ پھانسی چڑھا دینا۔ **ٹانگنا** (متعدی) ۱ لٹکانا۔ دھاگا باندھ کر لٹکانا ۲ پھانسی دینا۔

ٹانگ (۱۸۰۷-۶۱۸) چین کے بادشاہوں کا ایک خاندان۔ یہ چین کا طلائی زمانہ کہلاتا ہے۔ اس میں چھاپنے کا فن ایجاد ہوا۔

ٹانگانیکا (افریقہ) ۱ وسطی افریقہ میں دنیا کی میٹھے پانی کی سب سے لمبی جھیل۔ ۴۵۰ میل لمبی اور ۳۰ سے ۴۵ میل تک چوڑی ہے۔ رقبہ ۱۲۷۰۰ اس کی گہرائی ۴۷۰۰ فٹ ہے ۲ ایک ملک شرقی وسط افریقہ میں۔ پہلے جرمنوں کے قبضے میں تھا۔ اب انگریزوں کے پاس ہے۔ رقبہ تین لاکھ ۶۵ ہزار میل (۱۲۸) سوائے چند ہزار کے سب لوگ حبشی ہیں۔ دارالخلافہ دارالسلام ہے۔

ٹانگری (ھ۔ مونث) دیکھو ٹنگری

ٹانگن۔ ٹانگھن (ہ۔ مذکر) ٹٹو۔ پہاڑی ٹٹو۔ (س ٹنک۔ پہاڑ کی چوٹی)

ٹانگہ (انگ۔ مذکر) ایک قسم کی دو پہیہ گاڑی جس پر دو آدمی آگے دو پیچھے بیٹھتے ہیں۔ **ٹانگے والا** (صفت) ٹانگا چلانے والا۔ سائیس۔

ٹانگی (ہ۔ مونث) کلہاڑی۔ بسولا تبر۔

ٹاور (انگ۔ مذکر) مینار۔ برج

ٹائپ (انگ۔ مذکر) ۱ ڈھلے ہوئے حروف ۲ چھاپے کے نقش ۳ نمونہ۔ **ٹائپ رائٹر** (مذکر) وہ مشین جس سے کاغذات پر حروف لکھتے ہیں۔ **ٹائپسٹ** (مذکر) وہ شخص جو ٹائپ رائٹر پر لکھے۔ **ٹائپ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ٹائپ رائٹر پر چٹھیاں چھپنا۔

ٹائیٹل (انگ۔ مذکر) ۱ نام ۲ خطاب **ٹائیٹل پیج** (مذکر) کتاب کا پہلا ورق۔ لوح۔

ٹائر (انگ۔ مذکر) پہیوں پر چڑھانے کا ربڑ۔

ٹائم (انگ۔ مونث) وقت۔ **ٹائم پیس** (مونث) میز پر رکھنے یا دیوار پر لگانے والی گھڑی جو گھنٹہ نہ بجائے۔ اگر گھنٹہ بجائے تو اسے کلاک کہتے ہیں **ٹائم ٹیبل** (مذکر) وقت کی تقسیم کا نقشہ۔

ٹاؤن (انگ۔ مذکر) قصبہ۔ شہر نگر۔ **ٹاؤن ہال** (مذکر) ایوان۔ دیوان عام۔

ٹائی (انگ۔ متعدی) ۱ باندھنا ۲ نکٹائی کا مخفف۔ گلے میں باندھنے کا خوبصورت کپڑا۔

ٹائی باندھنا (متعدی) **بندھنا** (لازم) ٹائی کا گلے میں ڈال کر صلیب کی شکل کا بنایا جانا۔ **ٹائی پریس** (مذکر) ایک قسم کا آلہ جس میں ٹائی کو رکھ کر دباتے ہیں تاکہ شکن نکل جائے۔ **ٹائی پن** (مونث) ٹائی میں لگانے کی پن۔

ٹائیپ (انگ۔ مذکر) دیکھو ٹائپ۔

ٹائیفن (یو۔ عص) ایک ہیبتناک دیوجس کے سو سر تھے۔ یہ جی یا زمین کا بیٹا اور سربرس وغیرہ کا باپ تھا۔ زیئس دیوتا سے باغی ہونے کی وجہ سے صاعقہ سے قتل کیا گیا۔ اور کوہ اٹنا کے نیچے دفن ہوا۔

ٹائیفون (انگ۔ مونث) باد تند جو بحر ہند میں گرد باد کی شکل میں چلتی ہے اور بہت نقصان پہنچاتی ہے۔

ٹائیں (ہ۔ مونث) طوطے کی طرح کی آواز۔ یہ لفظ اکیلا استعمال نہیں ہوتا۔ **ٹائیں ٹائیں** (مونث) ۱ طوطے کی آواز ۲ بکواس۔ چیں چیں۔ کائیں کائیں (کرنا کئے جانا ہونا کے ساتھ) **ٹائیں ٹائیں فش**۔ باتیں بہت کام تھوڑا۔ خرچ بہت نتیجہ کچھ نہیں۔

ٹائر (مذکر) **ٹائری** (ھ۔ مونث) چھوٹا اور دبلا گھوڑا یا گھوڑی۔

اقوال۔ ٹائر کھلانا لانگرا۔ روکھو کھلانہ جو لانگڑا۔ لنگڑی گھوڑی اور خاردار درخت دونوں اچھے نہیں ہوتے۔ **ٹائر ٹٹو گج گاؤ پوت میت دھن مال۔ کو کبھی سنگ نہ جہ ہے جب لیں جیو نکال** موت میں کوئی ساتھ نہیں دیتا جانور بیٹا دوست مال سب بیکار ہوتے ہیں

ٹب (انگ۔ مذکر) نہانے کا برتن کٹھرا۔

ٹبا۔ ٹبہ (انگ۔ مذکر) اونچی جگہ ٹیلہ

ٹبر (ہ۔ مذکر) ۱ اہل و عیال ۔ خاندان ۲ مال و اسباب ۳ گھر کا خرچ ۴ بار انتظام۔

ٹبھا (ھ۔ امر) ٹبھانا کا **ٹبھانا** (متعدی) ۱ تھوڑا تھوڑا دینا ۲ روزانہ تھوڑا سا خرچ دینا ۳ لالچ دینا۔ طمع دینا۔ **ٹبھاؤ** (مذکر) تھوڑا سا روزانہ وظیفہ یا خرچ (دینا کے ساتھ)

ٹھبک (ھ۔ امر) ۱ ٹھبکنا کا ۲ (مذکر) گرتے ہوئے پانی کی آواز ۳ ٹپک۔ دھڑک۔ **ٹھبکنا** (لازم) ۱ گرنا۔ ٹپکنا ۲ تپکنا۔ دھڑکنا۔

ٹھبک (ھ۔ مونث) ۱ غرارہ کرنے کی آواز ۲ قلقل۔

ٹپ (ہ۔ مذکر) ۱ گاڑی کا سائبان جو دھوپ کے واسطے کھولتے ہیں ۲ خیمے کے اوپر کا حصہ ۳ (مونث) ٹپکنے کی آواز۔ بوندوں کی آواز ۴ کود۔ چھلانگ (س ستھاپ۔ کھڑا کرنا) **ٹپاٹپ** (مونث) ۱ بوندیں گرنے کی آواز ۲ پھل کے درخت سے گرنے کی آواز۔ **ٹپ ٹپ** (مونث) ۱ آنسوؤں کے گرنے کی آواز ۲ بوندوں کے لگاتار گرنے کی آواز ۳ (صفت) لگاتار۔ سلسلہ وار ۴ قطروں کے گرنے کی آواز کی طرح **ٹپ ٹپ آنسو گرنا** (لازم) آنسوؤں کی قطار بندھنا **ٹپ سے بول اٹھنا یا بولنا** (لازم) جھٹ پٹ بول اٹھنا۔

ٹپ (ہ۔ امر) ٹپنا سے (س ستھاپ کھڑا ہونا) **ٹپ پڑنا** (ھ) ۱ اچک جانا۔ کود جانا ۲ نیچے کودنا ۳ دخل در معقولات ہونا۔ دخل دینا۔ **ٹپ جانا** (لازم) اچک جانا۔ کسی چیز پر سے کود جانا۔ **ٹپنا** (لازم) ۱ اچھلنا۔ کودنا ۲ اچک جانا۔ پھاند جانا۔ چھلانگ مارنا ۳ اوپر چڑھنا ۴ پرندوں کا جفتی کرنا۔ جوڑا لگنا ۵ جماع کرنا ۶ شوخی کرنا۔ طرارے بھرنا ۷ ڈھانکنا۔ سرپوش رکھنا۔ **ٹپا** (ھ۔ مذکر) جزیرہ۔ ٹاپو۔

ٹپا (ہ۔ مذکر) ۱ کود۔ پھاند۔ چھلانگ ۲ زد۔ گولی کی حد جہاں جاکر وہ گر پڑے ۳ فاصلہ۔ بیچ۔ مسافت ۴ موٹی سیون۔ دور دور کا بخیہ ۵ ڈاک کی یا پالکی برداروں وغیرہ کی چوکی ۶ مقام۔ مرحلہ۔ پڑاؤ۔ منزل ۷ ڈاکخانہ ۸ کشتی جو بادبانوں سے چلے ۹ ایک راگنی ۱۰ ایک قسم کی کنڈی یا ہک ۱۱ ملک کا ایک حصہ جو پرگنے سے چھوٹا ہوتا ہے (س۔ ستھاپ۔ کھڑا ہونا) **ٹپا بھرنا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ دور دور کی سلائی کرنا کچی سلائی کرنا۔ موٹا بخیہ کرنا۔ **ٹپا کھانا** ۱ گولی کا لگ کر واپس ہونا ۲ اچھلنا۔ کودنا ۳ رکنا۔ اٹکنا۔ **ٹپا گانا۔** (متعدی) ٹپا راگ گانا۔ **ٹپا مارنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ بے ڈھنگے طور سے پڑھنا ۳ کودنا۔ لمبی چھلانگ مارنا۔ **ٹپے** (مذکر) ٹپا کی جمع ۲ بجائے ٹپا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ٹپے کھانا** (متعدی) دیکھو ٹپا کھانا۔ **ٹپے گانا** (متعدی) بیکار بیٹھے رہنا۔ کچھ نہ کرنا۔

ٹپالوا (مذکر) **ٹپالوئی** (ھ) **ٹپالوئی یا ڈوئی** (ہ۔ مونث) محسوس کرنا۔ ہاتھ سے ٹٹولنا (ٹپنا سے) **ٹپے ٹوٹے کرتے پھرنا۔ کرنا یا مارنا** (متعدی) ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا۔ چھان مارنا

ٹپال (ھ۔ مذکر) ۱ چوکی ۲ ڈاکخانہ ۳ ڈاک کے ہرکاروں کی چوکی۔ **ٹپال والا** (مذکر) ڈاکیہ۔ ڈاک والا۔ ڈاک کا ہرکارہ۔ **ٹپالی** (مذکر) دیکھو آخری۔

ٹپانا (ھ۔ متعدی) کدانا۔ چھلانگ مروانا۔

ٹپانا (ہ۔ متعدی) بوجھ لگانے کے لئے گنجفے کے پتوں کو بے ترتیب کرنا ۲ مخفی کر دینا۔ (عف)

ٹپانا (ھ۔ متعدی) ۱ ڈھکوانا ۲ کسی چیز کو دفن کرانا۔ گڑوانا۔

ٹپپانا (ھ۔ لازم) ٹپکنا۔ قطرہ قطرہ گرنا

ٹپر (ہ۔ مذکر) چھپر جو پرانے چھپر پر ڈال دیا جاتا ہے۔

ٹپس (ہ۔ مونث) ۱ تھوڑا سا تعلق ذرا سا وسیلہ۔ علاقہ ۲ (ھ) مضبوط قدم۔ اڈا ۳ وجہ۔ بنیاد بنا ۴ دعوے۔ حق ۵ اتفاق میل جول ۶ غرور۔ فخر تکبر زعم۔ **ٹپس جمانا یا لگانا** ۱ تعلق پیدا کرنا۔ چاپلوسی کرکے کام نکالنا۔ ۲ لڑانا مطلب نکلنے کا ڈھنگ بنانا ۳ بنیاد رکھنا ۴ دعوے کرنا۔

ٹپسٹری (انگ۔ مونث) ایک دبیز کپڑا جس میں پھول بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور کوچوں پر چڑھانے یا پردے بنانے کے کام آتا ہے۔ سوتی اور ریشمی دونوں قسم کا ہوتا ہے۔

ٹپک (ہ۔ امر) ۱ ٹپکنا سے ۲ (مونث) پیہم پانی کے قطروں کے گرنے کی آواز ۳ پانی کے قطروں یا آنسوؤں کا پیہم گرنا ۴ قطرہ ۵ تپک۔ دھڑک۔ پھڑک (ٹپ سے) **ٹپکا** (ماضی) ۱ ٹپکنا سے ۲ (مذکر) قطروں کا پیہم گرنا ۳ چھت سے پانی ٹپکنا ۴ مینہ کا قطرہ ۵ آم جو پک کر گرے ۶ پکے میوے۔ خصوصاً آم کا درخت سے گرنا ۷ دھبا۔ انگلی سے لگا یا ہوا رنگ ۸ وہ جو دوسروں کی باتوں میں دخل دے (دہلی) ۹ ٹھگی کی ایک قسم۔ پیتل کا کڑا سڑک پر ڈال کر منتظر رہتے ہیں۔ جب کوئی سادہ لوح اٹھا کر چلے تو اس کے پاس جاکر اس سے کچھ وصول کر لیتے ہیں۔ **ٹپکا پڑنا** (لازم) ۱ کسی چیز کا کثرت زیادتی سے رک نہ سکنا۔ نکلا پڑنا۔ ظاہر ہونا ۲ مائل ہوئے جانا۔ گرا پڑنا ۳ خواہش نفسانی سے

بے چین یا بیقرار ہونا۔ ٹپکا ٹپکنا (لازم) دیکھو ٹپکا لگنا
ٹپکا ٹپکی لگ جانا۔ لگنا یا شروع ہونا (لازم) ۱ بوندا باندی شروع ہونا ۲ ایک آدھ آدمی کا روز مرنے لگنا ۳ پھل کا پک کر گرنے لگنا ۴ نئے دوکاندار کے پاس اکادکا گاہک کا آنا۔ **ٹپکا لگ جانا۔ لگنا** (لازم) ۱ چونا۔ رسنا ۲ ٹپکنا۔ چھت سے بوندیں گرنا ۳ میوے کا درختوں سے گرنا۔ پک پک کر گرنا ۴ گرا دینا ۵ آنسوؤں کا لگا تار گرنا جھڑی لگنا۔ **ٹپکانا** (متعدی) ۱ گرا دینا ۲ قطرہ قطرہ پانی گرانا یا ڈالنا ۳ نچوڑنا۔ عرق نکالنا۔ مقطر کرنا ۴ گولی مارنا۔
ٹپکاؤ (ھ۔ مذکر) ۱ ٹپکنا ۲ مقطر ہونا ۳ عرق کشی ٹپک پڑنا۔ **ٹپکنا** (لازم) ۱ چونا۔ رسنا۔ قطرہ قطرہ گرنا ۲ عرق نکلنا۔ نچڑنا ۳ ظاہر ہونا۔ نظر آنا ۴ پکے پھل کا گرنا ۵ زخمی ہو کر گرنا ۶ پھوڑے کا پک کر بہنا۔ پھوٹنا ۷ فکر کے وقت بے تکلف نکلنا ۸ پرندوں کا بلندی سے اترنا ۹ رجوع ہونا مائل ہونا ۱۰ ٹپکنا۔ دھڑکنا۔ پھڑکنا ۱۱ حیض آنا ۱۲ دخل دینا۔ بیچ میں بول اٹھنا ۱۳ گائے کا بچہ جن دینا۔
ٹپکوا (مذکر) ٹپکا۔ **ٹپکوے کا ڈر** (مذکر) ناگہانی آفت کا خوف۔ **ٹپکے کا** (صفت) ۱ گرا ہوا ۲ پکا ہوا۔ **ٹپکے کا آم** (مذکر) وہ آم جو پک کر خود بخود گر پڑے۔ **ٹپکے کا ڈر** (مذکر) مصیبت کا ڈر۔ آفت آنے کا ڈر۔ **ٹپکے کا ڈر ہے**۔ کہتے ہیں کہ ایک بوڑھا سپاہی ایک دفعہ ایک گاؤں میں گیا۔ ایک غریب عورت کے مکان پر اترا اس سے پوچھا کہ یہاں کسی چیز کا ڈر تو نہیں۔ عورت نے کہا ٹپکے کا ڈر ہے۔ ایک شیر یہ سن رہا تھا۔ اس نے سمجھا کہ ٹپکا کوئی اس سے بھی زبردست چیز ہوگی۔ اتنے میں سپاہی کا گھوڑا کھل گیا۔ وہ لاٹھی لیکر نکلا۔ اندھیرے میں شیر کو خوب پیٹا۔ اس نے سمجھا یہ ٹپکا ہے۔ کان تک نہ ہلایا۔ سپاہی نے اسے رسی سے باندھ دیا دوسرے دن یہ بات مشہور ہوگئی۔ بادشاہ نے بھی سنی اس نے آکر دیکھا تو بہت خوش ہوا۔ سپاہی کو انعام دیا اور نوکر رکھ لیا۔ تب سے یہ مثل مشہور ہوگئی۔ مطلب یہ ہے ناگہانی آفت کا ڈر ہے۔
ٹپکا (ھ۔ مذکر) ۱ قطرہ۔ بوند ۲ دھبہ داغ ۳ آتشی شیشے کا نقطۂ شعاعی۔
ٹپکی (ھ۔ مونث) شوخی۔ اچپلاہٹ چنچل پن۔ چالاکی۔ **ٹپکی پڑنا** (لازم) شوخ ہونا۔ شوخی کرنا ۲ عورت کا آوارہ ہونا۔ بدچلن ہونا۔
ٹپن (انگ۔ مذکر) دیکھو ٹفن۔

ٹپن (ھ۔ مونث) شرح۔ ٹیکا۔
ٹپنی (س۔ مونث) دیکھو آخری۔
ٹپور (ھ۔ مذکر) ۱ فخر کرنا۔ غرور کرنا ۲ گپ مارنا (ناز کرنا کے ساتھ)
ٹپہ (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹپا۔
ٹپی (ہ۔ مونث) دیکھو ٹپس۔ **ٹپی لگانا** (متعدی) دیکھو ٹپس لگانا۔
ٹٹا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑی ٹٹی ۲ ٹٹی کا پردہ ۳ چھپنے کی جگہ ۴ (پ) فوطہ۔ **ٹٹا لگانا** (متعدی) ۱ گھیرا ڈال لینا۔ چاروں طرف سے حلقہ کر لینا ۲ بڑی ٹٹی باندھنا ۳ بھیڑ کرنا۔ **ٹٹا لگنا** (لازم) دیکھو ٹٹا لگانا
ٹٹانا (ھ۔ لازم) ۱ خشک ہونا ۲ درد ہونا۔ دکھنا۔
ٹٹبھ (س۔ مذکر) ایک پرند ٹٹیہرا
ٹٹ پونجیا (ہ۔ صفت) ۱ تھوڑی پونجی والا۔ کم مایہ ۲ دیوالیہ ۳ (مذکر) چھوٹا سوداگر۔ تھوڑی پونجی کا سوداگر ۴ دیوالیہ شخص (ٹٹ مخفف ہے ٹاٹ کا۔ ایسا شخص جس کی پونجی ٹاٹ پر آجائے جیسے بازاروں میں زمین پر بیٹھ کر بیچتے ہیں۔ معنی ۲ و ۴ میں ٹٹ ٹوٹ کا مخفف معلوم ہوتا ہے)
ٹٹانا (ھ۔ لازم) درد ہونا۔ دکھنا
ٹٹخارنا (ہ۔ متعدی) ۱ وہ آواز نکالنا جو جانور کو چلانے کے لئے منہ سے نکالتے ہیں ۲ آواز منہ سے نکال کر ہانکنا۔ اصل ٹٹکارنا۔ **ٹٹخاری** (مونث) ایسی آواز۔ ٹٹکاری۔
ٹٹر۔ ٹٹرا (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹٹا اور ٹھٹر۔
مثل۔ ٹٹرا (ٹٹر) کھول نکھٹو آئے ۱ شیخی بہت اور حقیقت کچھ نہیں ۲ جہاں بیوقوف حاکم ہوں اور ظلم کا ڈر ہو وہاں بھی کہتے ہیں۔
ٹٹروں ٹوں (ہ۔ مذکر) ۱ فاختہ کی آواز۔ ٹوٹروں کی آواز ۲ (صفت) اکیلا تنہا۔ تن تنہا **ٹٹروں ٹوں رہ جانا** (لازم) اکیلا رہ جانا۔ اور کوئی نہ رہنا۔
ٹٹری (ہ۔ مونث) ۱ کھوپری چندیا (گنجی ہونا۔ مونڈنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) ۲ ٹٹی۔ ڈھانچہ باڑ۔ **ٹٹری گرم کر دی یا جھینت دی** ۱ سخت مارا ۲ زیربار کر دیا۔ **ٹٹری گھسنا** (لازم) ۱ دبلا ہونا ۲ روپیہ خرچ ہونا۔ **ٹٹری گنجی ہونا** (لازم) ۱ بہت پٹنا۔ بہت جوتے لگنا ۲ مفلس ہو جانا۔ **ٹٹری پر نج رہی ہے**۔ کام سخت پیش آرہا ہے۔ **ٹٹری مونڈنا** (متعدی) کسی کو دھوکے یا فریب سے خوب لوٹنا۔ سر مونڈنا۔
ٹٹری (س۔ مونث) ۱ مذاق ٹھٹھا مزاح ۲ جھوٹ۔ دروغ ۳ نقارہ۔ دھونسا۔
ٹٹکا (ھ۔ صفت) تازہ۔ نیا۔ جدید
ٹٹکار (ہ۔ امر) ۱ ٹٹکارنا کا ۲ (ھ۔ مذکر) دیکھو ٹٹکاری۔ **ٹٹکارا** (ماضی) ٹٹکا سا کی۔ **ٹٹکارنا** (متعدی) ۱ دیکھو ٹٹخارنا ۲ ایڑ لگانا۔ **ٹٹکاری** (مونث) ۱ ٹٹخاری ۲ زبانی جمع خرچ۔ خواہ مخواہ کی کارگذاری **ٹٹکاری پر لگنا** (لازم) ۱ اشارے یا سیٹی کی آواز پر آنا۔ آواز پر لگنا ۲ مانوس ہونا۔ ہل جانا ۳ مطیع ہونا۔ تابع ہونا۔
ٹٹو (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹا گھوڑا۔ ٹائر ۲ زور۔ طاقت۔ قابو۔ **ٹٹو بڑھانا** (لازم) جانا۔ **ٹٹو بھڑکنا** (لازم) ۱ گھوڑے کا گھوڑی کو دیکھ کر اچھلنا کودنا ۲ گھوڑے کا ڈر کر بھاگ جانا ۳ خیزش ہونا۔ استادگی ہونا۔ جماع کی خواہش پیدا ہونا۔ ہم بستری کو جی چاہنا۔ **ٹٹو پار ہونا** (لازم) کام کا پورا ہونا۔ کامیابی ہونا۔ بیڑا پار ہونا (عف) **ٹٹو سے** (تف) بلا سے۔ بیزار سے۔ ہمارے اس سے (عف)
مثل۔ ٹٹو کو کوڑہ اور تازی کو اشارہ۔ عقلمند اشارے پر کام کرتا ہے۔ بیوقوف کو مار کر سمجھانا پڑتا ہے۔
ٹٹوا (ہ۔ مذکر) حقیر ٹٹو۔ دبلا پتلا ٹٹو
ٹٹوانی (مونث) چھوٹے قد کی گھوڑی۔
ٹٹول (ہ۔ امر) ۱ ٹٹولنا کا ۲ (مونث) ہاتھ سے چھونا یا محسوس کرنا ۳ تلاش۔ تجسس۔ ڈھونڈھ **ٹٹول دیکھنا** (متعدی) ۱ ڈھونڈ لینا۔ تلاش کر لینا ۲ آزما لینا۔ امتحان کر لینا۔ **ٹٹول کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) تلاش کرنا۔ تجسس کرنا۔ چھان بین کرنا **ٹٹولنا** (متعدی) ۱ ہاتھ سے محسوس کرنا یا تلاش کرنا۔ ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا ۲ ہاتھ پھیرنا۔ چھونا ۳ خفیہ طور پر دریافت کرنا۔ عندیہ معلوم کرنا ۴ امتحان کرنا۔ آزمانا۔ پرکھنا۔ **ٹٹولواں** (تف) اٹکل سے۔ اٹکل پچو۔ اندازے سے ٹٹول کر۔
ٹٹونا۔ ٹٹوہنا (متعدی) ٹٹولنا۔

ٹٹھری۔ٹٹھیا (ھ) دیکھو ٹٹیری

ٹُٹھیا (ھ۔مونث) ایک قسم کی تھالی جسے ہندو استعمال کرتے ہیں۔

ٹٹی (ہ۔مونث) ۱ بانس یا سرکنڈوں کا چھوٹا چھپر ۲ پردہ۔اوٹ۔آڑ۔حجاب ۳ وہ بانس وغیرہ کا ڈھانچہ جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں ۴ خس کا چھپر ۵ آتشبازی کی دیوار جو بانس کی کھپچیوں سے بناتے ہیں ۶ شکار کھیلنے کی آڑ ۷ بانس کا ٹھاٹھر جس پر چراغ رکھ کر روشنی کرتے ہیں ۸ مہندی وغیرہ کی باڑ جو پردے کے طور پر لگاتے ہیں ۹ آرائش جو بیاہ شادیوں میں لیجاتے ہیں۔تخت رواں ۱۰ پاخانہ۔جائے ضرور ۱۱ لمبی داڑھی (س تنتری) **ٹٹی باندھنا** (متعدی) ٹٹی بنانا۔ بنا کر کسی جگہ لگانا۔**ٹٹی بندھنا** (لازم) مجمع ہونا۔لوگوں کا اکٹھا ہو جانا۔**ٹٹی توڑنا** (متعدی) ۱ آڑ یا روک ہٹا دینا ۲ بدانتظامی کرنا۔بندوبست توڑنا ۳ پردہ فاش کرنا۔**ٹٹی جانا** (لازم) پیخانے جانا۔**ٹٹی کا آئینہ** (مذکر) پتلا قلعی دار شیشہ۔**ٹٹی کترنا** (متعدی) سبزباڑ کو کتر کر برابر کرنا۔**ٹٹی کی آڑ** (مذکر) ٹٹی کا پردہ۔**ٹٹی کی آڑ اوٹ یا اوجھل شکار کرنا یا کھیلنا** (متعدی) درپردہ کوئی برا کام کرنا چھپ کر عیب کرنا۔**ٹٹی کی اوٹ بیٹھنا** (لازم) ۱ پردے کے پیچھے بیٹھنا ۲ خفیہ طور پر کوئی کام کرنا ۳ کمیں گاہ میں بیٹھنا۔**ٹٹی لگانا** (متعدی) ۱ بھیڑ لگانا۔ہجوم کرنا ۲ ٹٹی کھڑی کرنا ۳ اوٹ کرنا۔آڑ کرنا۔**ٹٹی لگ جانا یا لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔**ٹٹیا** (تصغیر) چھوٹی ٹٹی۔

ٹٹیری (ہ۔مونث) ۱ ایک پرند جس کی آواز پر یہ نام رکھا گیا ہے ۲ بچوں کا کھلونا جسے چکر دینے پر ٹٹیری کی آواز نکلتی ہے ۳ بہت لاغر آدمی (س ٹٹبھ)

مثل۔ٹٹیری سے آسمان نہیں تھمتا۔جب کوئی اپنی طاقت سے زیادہ کام کرنے کی کوشش کرے تو کہتے ہیں۔مشہور ہے کہ ٹٹیری اپنے پنجے آسمان کی طرف کرکے سوتی ہے تاکہ آسمان گرے تو اسے سنبھال لے۔اس لئے یہ مثل ہوئی۔

ٹٹہرا (مذکر) **ٹٹہری** (ھ۔مونث) دیکھو ٹٹیری۔

ٹچا (ہ۔صفت) ۱ اوچھا۔چھچھورا۔کم حوصلہ ۲ رذیل۔کمینہ ۳ بیہودہ۔لچا (س تچھ۔خالی)

ٹخاسے دیدے کھلنا (اردو۔لازم) **کھولنا** (متعدی) آنکھوں کو پوری طرح سے کھولنا۔

ٹخ ٹخ (اردو۔مونث) گھوڑے گدھے کو ہانکنے کی آواز۔ٹٹخاری۔

ٹخر ٹخر (اردو۔صفت) ۱ بوڑھیوں کی سی (چال) ۲ آہستہ (چال)

ٹخنا (ہ۔مذکر) پاؤں کی وہ ابھری ہوئی ہڈی جو ٹانگ اور پاؤں کے جوڑ پر ایڑی کے اوپر ہوتی ہے۔گٹا (س ٹنک۔ٹانگ)

ٹڈا (ہ۔مذکر) ایک قسم کا پردار کیڑا جو آک یا گھاس پر ہوتا ہے ۲ دبلا پتلا چھوٹے قد کا آدمی (س ترتین۔شٹھک۔کھڑا ہونیوالا)

ٹڈی (ہ۔مونث) ایک قسم کا پردار کیڑا جو زراعت اور درختوں کو سخت نقصان پہنچاتا ہے۔یہ ریت میں انڈے دیتا ہے۔جب بچے پیدا ہوتے ہیں تو کئی دن تک پیدل چلتے ہیں۔اور اس حالت میں بہت سخت نقصان کرتے ہیں۔جب پر نکلتے ہیں تو اڑ جاتے ہیں۔اس صورت میں کم نقصان کرتے ہیں (ٹڈا کی تصغیر) **ٹڈی دل** (مذکر) ٹڈیوں کا لشکر عموماً اڑتی ہوئی ٹڈیوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ ہجوم بھیڑ (آنا۔گزر جانا وغیرہ کے ساتھ)

مثل۔ٹڈی کا آنا کال کی نشانی۔چونکہ ٹڈی دل کھیتوں اور درختوں کو تباہ کر دیتا ہے۔اس لئے قحط پڑ جاتا ہے۔

ٹر (ہ۔مذکر) ۱ مینڈک کی آواز ۲ زور کی آواز۔چیخ ۳ بکواس۔بیہودہ بات۔لچر بات ۴ ہٹ۔ضد۔بڑائی ۵ عید کے دوسرے دن کا میلا ۶ بگلا ۷ (ھ) گستاخی۔ٹراپن ۸ خوشی کی آواز۔خوشی ۹ (ھ۔صفت) بیوقوف۔احمق ۱۰ بے خیال۔کم توجہ۔لاپرواہ ۱۱ مدہوش۔**ٹر ٹر** (مونث) ۱ بکواس۔بک بک۔جھک جھک۔کائیں کائیں ۲ گستاخی (کرنا۔ہونا کے ساتھ) ۳ مینڈک کی آواز۔**ٹرٹرانا ٹرٹر کرنا** (متعدی) ۱ بکنا۔بک بک کرنا ۲ رونا۔بڑبڑانا ۳ مینڈک کا بولنا۔ٹرانا۔**ٹرٹر چلا جانا** (لازم) بہت بکواس ہونا۔بک بک ہونا۔**ٹرٹری** (ھ۔مونث) ٹرٹر۔**ٹرواس** (مونث) بیہودہ کلام (لکھنو) **ٹرواسن** (صفت۔مونث) بیہودہ بکنے والی (لکھنو) **ٹرواسی** (صفت۔مذکر) بیہودہ بکنے والا۔(لکھنو)

ٹرہانکنا (متعدی) ۱ شیخی مارنا ۲ بیہودہ بکنا۔

ٹرا (ہ۔امر) ٹرانا کا ۲ (صفت) بک بک کرنے والا۔بکواسی ۳ گستاخ۔بے ادب ۴ شریر۔شوخ۔سرکش ۵ ضدی۔ہٹیلا ۶ مضبوط۔مشٹنڈا تناور۔**ٹراپن** (مونث) بکواس وغیرہ دیکھو آخری

ٹرانا۔دیکھو ٹرٹرانا۔

ٹرالی (انگ۔مونث) ٹھیلا گاڑی جو ریل کی سڑک پر آدمی دھکیل کر چلاتے ہیں عموماً انسپکٹر ان سے کام لیتے ہیں۔

ٹرائسکل (انگ۔مونث) پاؤں سے چلانے والی تین پہیوں کی گاڑی۔

ٹربنگا (ہ۔صفت) ٹیڑھا۔ترچھا۔بانکا۔

ٹربیم (انگ۔مونث) ایک مفرد دھات جو بہت کمیاب ہے۔اس کا وزن نوعی معلوم نہیں۔

ٹرپھس (ہ۔مونث) ۱ شرارت فتنہ۔بدذاتی ۲ بدمزاجی۔اکھڑپن (کرنا ہونا کے ساتھ) **ٹرپھس کرنا۔لانا یا لگانا** (متعدی) ۱ کڑنا۔اینٹھنا اکڑ فون کرنا ۲ شرارت کرنا۔دنگا فساد کرنا۔**ٹرپھس نہ کی**۔حیلہ حوالہ نہ کیا۔دنگا فساد نہ کیا۔

ٹرخا (ہ۔امر) ٹرخانا کا۔ٹرخا دینا

ٹرخانا (متعدی) ۱ ٹرکانا۔ٹالنا۔بے دلی سے کام کرنا ۲ بہانہ کرنا۔بالا بتانا (ترکانا کا مخرب ہے)

ٹرخل (ہ۔مونث) ۱ حقارت سے عورت کو کہتے ہیں ۲ بوڑھی بدتمیز عورت۔بیہودہ عورت ۳ بدچلن عورت۔زانیہ۔

ٹرخو (ہ۔صفت۔مونث) عورت ۱ بوڑھی۔بےتمیز ۲ ناپائیدار۔پوچ (لکھنو)

ٹرکانا (ہ۔متعدی) دیکھو ٹرخانا۔

ٹرنا (ھ۔لازم) ٹلنا۔

ٹرنک (انگ۔مذکر) لوہے کی چادر کا صندوق جس میں کپڑے رکھتے ہیں۔

ٹرو (ا۔مذکر) عید سے اگلا روز

ٹرو (ہ۔مذکر) ۱ مینڈک ۲ بچوں کا ایک کھلونا جس کے پھرانے سے مینڈک کی طرح آواز نکلتی ہے۔

ٹرہ منہا یا موہا (ہ۔صفت) ٹیڑھے منہ کا۔**ٹرہ منہی یا موہی** (صفت۔مونث)

ٹیڑھے منہ کی (عورت)

ٹرپانا (ہ - لازم) پرند کبوتر کا اڑ جانا

ٹریڈ (انگ - مونث) تجارت - **ٹریڈ مارک** (مذکر) نشان تجارت -

ٹریفک (انگ - مونث) گاڑیوں یا مسافروں کی آمد و رفت -

ٹریم (انگ - مذکر) ایک قسم کی گاڑی جو ریلوں پر گھوڑے یا بجلی سے چلتی ہے - **ٹریم وے** (مونث) لوہے کی سڑک جس پر ٹریم چلے -

ٹرین (انگ - مونث) ریل گاڑیوں کی قطار - ریل گاڑی - گاڑیاں جو انجن کے ساتھ سفر کریں -

ٹریننگ (انگ - مونث) کسی فن کی باقاعدہ تربیت حاصل کرنا -

ٹسر (ہ - مونث) ۱ ایک ادنے قسم کا ریشم ۲ اس ریشم کا کپڑا (س ترسر)

ٹسر ٹسر رونا (اردو - لازم) زار زار رونا - بسورنا - پھوٹ پھوٹ کر رونا (بچوں کا)

ٹس سے مس نہ کرنا (متعدی) **ہونا** (اردو - لازم) ۱ کچھ اثر نہ ہونا - متاثر نہ ہونا ۲ ذرا نہ سرکنا - متحرک نہ ہونا ۳ کسی چیز کا باوجود بہت حرارت پہنچانے کے نہ گلنا - گداز نہ ہونا -

ٹسر مسر (ہ - مونث) دیر - توقف ڈھیل (کرنا - ہونا کے ساتھ)

ٹسک (ہ - مونث) ٹیس - تپک درد - کسک (س ترس - حرکت کرنا) **ٹسکانا** (متعدی) ۱ حرکت دینا - ہلانا - چلانا ۲ تکلیف دینا ۳ (لازم) ٹپکنا درد کرنا - ٹیس پڑنا - **ٹسکنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ گلنا - گداز ہونا ۳ دلوں کا ... متاثر ہونا - اثر پذیر ہونا -

ٹسکنا (ہ - لازم) رونا - ٹھنکنا - بسورنا (بچوں کے لئے)

ٹسن (ہ - امر، ٹسنا کا ۲ (مونث) برت جانا - ٹوٹ جانا - پھٹ جانا ۳ جھگڑا - فساد - پھوٹ - **ٹسن کرنا یا لانا** (متعدی) ۱ جھگڑا کرنا - جھگڑنا ۲ شرارت یا بدمعاشی کرنا - بے ایمانی کرنا - **ٹسنا** (لازم) پھٹ کر پھٹ جانا - زور یا دباؤ پڑنے سے کپڑے کا پھٹ جانا -

ٹسوے (ہ - مذکر جمع) جھوٹ موٹ کے آنسو اردو میں صرف ٹسوے بہانا میں استعمال ہوتا ہے - **ٹسوے بہانا** (متعدی) جھوٹ موٹ کے آنسو رونا - **ٹسوے گھلانا** - دیکھو آخری - (مت)

ٹفن (انگ - مذکر) دوپہر کا کھانا

ٹک (ہ - مونث) ۱ تاک - نظر ٹکٹکی ۲ خاصیت - طبیعت - سیرت - مزاج - **ٹکا ٹک** - ٹکٹکی باندھ کر - تاک لگا کر - **ٹک باندھنا یا لگانا** (متعدی) تاک باندھنا یا لگانا -

ٹک (انگ - مونث) ۱ گھڑی کی آواز ۲ گھڑی کی آواز کی طرح کی آواز - **ٹک ٹک** (مونث) دیکھو ٹک (کرنا - ہونا کے ساتھ)

ٹک (ہ - امر) ٹکنا کا - ٹکا (امر) ۱ ٹکانا کا - (ماضی) ٹکنا کی - **ٹکا دینا** (متعدی) دیکھو ٹکانا - **ٹکا رہنا** (لازم) دیکھو ٹکنا - **ٹکانا** (متعدی) ۱ سہار اینا - کسی چیز کو کسی چیز کے سہارے رکھنا - بوجھ اتارنا ۲ روکنا - ٹھیرانا ۳ مکان یا سرا میں اتارنا - گھر پر ٹھیرانا ۴ مارنا - لگانا ۵ کسی لکڑی کے سہارے کھڑا کرنا (لکھنؤ) **ٹکانی** (مونث) بہل کی لکڑی جو جھونک کے لئے لگا دیتے ہیں - **ٹکاؤ** (مذکر) قیام - ٹھکانہ - قرار - ٹھیراؤ - **ٹکاؤ** (صفت) مضبوط - پائیدار - دیرپا - **ٹکائی** (مونث) ٹکنے کا کرایا - **ٹک جانا یا رہنا - ٹکنا** (لازم) ۱ دیکھو ٹکانا ... ۲ صبر کرنا - تحمل کرنا ۳ جاری رہنا - مدت تک رہنا ۴ پھنس جانا - پاگل ہو جانا ۵ (پ) سو جانا - **ٹکوانا** (لازم) دیکھو ٹکانا -

ٹک (ہ - صفت) ۱ ذرا - کچھ تھوڑا سا ۲ تھوڑی دیر (مت) **ٹک سا** (تف) تھوڑا سا - ذرا سا - **ٹک جیئے تو کیا جیئے - ٹک جیا تو کیا جیا**) ذرا سی راحت کا کیا لطف تھوڑی دیر جینے کا کیا مزا -

امثال - ٹک ٹک کر کے من بھر کھاوے - تنک بیگماں نام بتاوے جو عورت نخروں سے کھائے اس کے متعلق کہتے ہیں **ٹک جیئے اَمر ہوئے** - قلیل زندگی کا بھی شکرانہ ہے -

ٹکا (ہ - مذکر) ۱ دو پیسے ۲ ادھنا - دو پیسے کا پیسہ ۳ (مجازاً) روپیہ - نقدی - دولت **ٹکا بھر** (صفت) ۱ دو پیسے وزن کا - دو تولے ۲ ذرا سا - تھوڑا سا - کسی قدر - **ٹکا بیڑا** (مذکر) ایک قسم کا لگان جو مالکوں کو منگنی کے موقع پر دیا جاتا ہے - **ٹکا پاس نہ ہونا** (لازم) غریب ہونا - کنگال ہونا - بہت بھوکا ہونا **ٹکا چوٹ کر دینا** (متعدی) ٹکے ٹکے کو بیچ دینا - ہر ایک سے زنا یا بدفعلی کرانا - **ٹکا سا جواب** (مذکر) ۱ صاف جواب - انکار ۲ فی الفور جواب ۳ شوخ جواب گستاخانہ جواب (دینا - ملنا کے ساتھ) **ٹکا سا دم** - (مذکر) سی جان (مونث) وہ شخص جو دنیا میں اکیلا ہو - جس کا کوئی رشتہ دار نہ ہو - **ٹکا گانٹھ میں ہونا** (لازم) روپیہ پاس ہونا - دولتمند ہونا - **ٹکے** (جمع) ۱ ٹکا کی ۲ بجائے ٹکا حروف مغیرہ سے پہلے - **ٹکے ٹکے بکنا** (لازم) بہت سستا یا کم قیمت ہونا **ٹکے دھڑی کر دینا یا لگا دینا** (متعدی) ۱ بہت سستا بیچنا ۲ دیکھو ٹکا چوٹ کر دینا - **ٹکے دھڑی لگنا** (لازم) بہت سستا بکنا - **ٹکے سے گننا** (متعدی) ۱ فرفر پڑھنا - فراٹے بھرنا ۲ کانپنا - خوب سردی لگنا سردی سے دانت بجنا ۳ حقے کا کڑکے سے بولنا - **ٹکے ٹکے کے آدمی** (مذکر) کم حیثیت لوگ - بے وقعت آدمی - **ٹکے سیدھے کرنا** (متعدی) روپیہ حاصل کرنا - روپیہ کمانا - روپیہ وصول کرنا - **ٹکے سیر مارے مارے پھرنا** (لازم) بے وقعت ہونا ذلیل ہونا - **ٹکے کا ٹھرا پینا** (متعدی) سستی شراب پینا - **ٹکے کا کام کرنا** (متعدی) اپنے نام کا کام کرنا - **ٹکے کی اوقات** (مونث) کم حیثیتی غربت مفلسی - **ٹکے گز کی** (صفت - مونث) بہت سستی **ٹکے گز کی چال چلنا** (لازم) ۱ کفایت شعاری کرنا - معمولی خرچ کرنا ۲ میانہ روی اختیار کرنا ۳ کمینوں کی سی چالاکی کرنا - رذیل کام کرنا - **ٹکے گننے لگنا** (متعدی) ٹکے سے گننے لگنا - **ٹکے والی** (صفت مونث) فاحشہ - بدکار -

امثال واقوال - ٹکا روٹی

اب لے چاہے تب - اس سے زیادہ نہیں ملے گا **ٹکا کرائی اور گنڈا دوائی** - چیز کے لئے دو پیسے خرچ کرتا ہے - اور مرمت پر ایک آنہ - بعض باتوں میں سخت کنجوس ہے اور بعض میں فضول خرچ - **ٹکا ہو جس کے ہاتھ میں وہ بڑا ہے ذات میں** - دولتمند آدمی بڑی ذات کا ہوتا ہے - **ٹکے تیتر مہنگا - پانچ روپے پر سستا** - غربت میں جو چیز ٹکے کو مہنگی معلوم ہوتی ہے - امیری میں پانچ روپے کو سستی معلوم ہوتی ہے

ٹکے کا سارا کھیل۔ سب دولت کے کرشمے ہیں دولت سے آدمی ہر کام کر سکتا ہے۔ **ٹکے کی بڑھیا نو ٹکے سر منڈائی۔** کم قیمت چیز پر یا تھوڑے فائدے کے لئے بہت خرچ کرنا۔ **ٹکے کے پان (کی لونگ) بنیاین (بنیئی) کھائے۔** کھو گھر رہے کہ جائے۔ بنیوں کی کنجوسی پر طنز ہے۔ **ٹکے کی مرغی چھ ٹکے محصول۔** دیکھو ٹکے کی بڑھیا۔ **ٹکے کی نہاری میں ٹاٹ کا ٹکڑا** ا تھوڑی قیمت میں اچھی چیز نہیں مل سکتی۔ کہتے ہیں ایک آدمی نے دو پیسے کی نہاری منگوائی۔ اس میں ٹاٹ کا ٹکڑا نکلا۔ غصے سے نوکر کی طرف دیکھا۔ اس نے کہا کہ ٹکے کی نہاری میں کیا زربفت کا ٹکڑا نکلتا۔ **ٹکے کے واسطے مسجد ڈھانا۔** بہت تھوڑے فائدے کے لئے نامعقول کام کرنا۔

ٹِکّا (ھ۔ مذکر) ٹیکا کا مخفف۔

ٹکے لگنا (لازم) اپنی خواہش یا مطلب کے موافق کوئی کام ہونا۔

ٹِکا شری (ھ۔ مونث) ٹھیرنے کی جگہ۔ مقام۔ قیام گاہ۔ اڈا۔ سرائے۔

ٹکائی (ہ۔ مونث) ۱ ٹانکنے کی اجرت ۲ ٹانکنا (ٹکنا سے)

ٹِکَٹ (انگ۔ مذکر) ۱ موٹے کاغذ کا مستطیل ٹکڑا ۲ وہ ٹکڑا جس پر نام اور پتہ لکھا ہو ۳ وہ ٹکڑا جس کو دکھا کر کہیں جائیں یا گاڑی پر سوار ہوں۔ پرچہ۔ پاس۔ پروانہ راہداری ۴ تاگوں کا پتہ ۵ اسٹامپ۔ ڈاکخانے کے محصول کا اسٹامپ ۶ لوہے کی چھوٹی تختی جس پر نمبر یا نام لکھ کر لگواتے ہیں ۷ سوداگری کے مال کا پرچہ جس پر کارخانے کا نام لکھا ہوتا ہے ۸ چندہ۔ قیمت۔ اجرت ۹ ٹیکس۔ محصول۔ لگان (یہ ٹیکس کا بگڑا ہوا ہے) ۱۰ اجازت نامہ جو فاحشہ عورتیں انگریزی چھاؤنیوں میں پیشہ کرنے کے لئے لیتی ہیں۔ (بکنا۔ بیچنا۔ تقسیم کرنا۔ تقسیم ہونا۔ خریدنا۔ دینا۔ لینا ملنا وغیرہ کے ساتھ) **ٹکٹ بنانا** (متعدی) اگر ٹکٹ گھر میں کسی خاص سٹیشن کے ٹکٹ نہ رہیں تو بکنگ کا ر ک ٹکٹ لکھ کر دیتا ہے۔ اسے ٹکٹ بنانا کہتے ہیں **ٹکٹ بننا** (لازم) ٹکٹ لکھا جانا۔ **ٹکٹ بنوانا** (مت) ٹکٹ بننا کا۔ **ٹکٹ چسپاں یا دار** (صفت) ٹکٹ لگا ہوا۔ **ٹکٹ کھلنا** (لازم) گاڑی آنے سے کچھ عرصہ پہلے ٹکٹ دیا جانا۔ **ٹکٹ لگانا** (متعدی) لگنا (لازم) خطوط وغیرہ پر ٹکٹ چسپاں ہونا۔ محصول لگنا۔

ٹَکٹکا (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹکٹکی۔

ٹکٹکی۔ ٹِکِٹکی (ہ۔ مونث) ۱ تاک نظر۔ نظارہ۔ کسی کی طرف غور یا حیرت سے تکنا ۲ آنکھیں انتظار میں کھلی رہنا (س درش۔ دیکھنا) **ٹکٹکی باندھنا یا لگانا** (متعدی) **لگیانا یا لگنا** (لازم) غور سے دیکھنا۔ بغیر پلک جھپکے دیکھنا۔

ٹِکٹِکی (ھ۔ مونث) ۱ چھپکلی ۲ ایک سہ گوشہ حلقہ یا ڈبی بچہ ۳ مثلث۔ تکون ۴ تپائی۔

ٹِکٹھی (ہ۔ مونث ہند وہ تین لکڑیاں جن سے ملزم کو باندھ کر بید لگاتے ہیں ۲ تین ٹانگوں کا سٹول ۳ تپائی (س تری۔ تین۔ کاشٹھ۔ لکڑی) **ٹکٹھی پر کھڑا کرنا** (متعدی) جب کوئی مرغ لڑائی میں مر جائے تو مرغ باز تین لکڑیاں گاڑ کر اسکی لاش کو کھڑا کر دیتے ہیں۔ اور دوسرے مرغ کو جو قاتل ہے اس کے روبرو چھوڑ دیتے ہیں۔ اگر اسنے لات مار کر ٹکٹھی کو گرا دیا تو فتح سمجھا جاتا ہے اور اگر بغیر لات مارے چلا گیا تو بازی ہارتا ہے۔

ٹِکٹی (ھ۔ مونث) ۱ ٹکٹکی کا مخفف ۲ جنازہ۔

ٹَکَّر لیشی (ھ۔ مونث) سفید بالک

ٹَکَّر (ہ۔ مونث) ۱ دو چیزوں کا آپس میں لڑ جانا ۲ دھکا۔ ٹھوکر۔ ٹھیس۔ صدمہ ۳ ماتھے پر ماتھے کا مارنا ۴ نقصان۔ ضرر۔ گھاٹا۔ ٹوٹا ۵ مدمقابل۔ ہمسر۔ برابر ۶ مقابلہ۔ مٹھ بھیڑ ۷ برابری۔ مشابہت (س ستک۔ کسی چیز پر مارنا) **ٹکر اٹھانا** (متعدی) دیکھو ٹکر جھیلنا۔ **ٹکر بلندی** (مونث) درخت (کہاروں کی اصطلاح) **ٹکر پہاڑ سے لینا** (متعدی) اپنے سے زبردست سے مقابلہ کرنا۔ **ٹکر جھیلنا** (متعدی) ۱ صدمہ نقصان یا مصیبت برداشت کرنا ۲ زبردست سے مقابلہ کرنا **ٹکر کھانا** (لازم) ۱ لڑ جانا۔ ٹکرا جانا ۲ مٹھ بھیڑ ہو جانا ۳ صدمہ اٹھانا۔ چوٹ کھانا ۴ نقصان اٹھانا ۵ مقابلہ کا ہونا۔ ہم پلہ ہونا **ٹکر کھلانا** (متعدی) لڑا دینا۔ ٹکرانا۔ **ٹکر لڑنا** (لازم) پیشانی دوسرے کی پیشانی پر مارنا۔ **ٹکر لگانا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ کسی چیز سے پیشانی ٹکرانا۔ **ٹکر لگنا** (لازم) ۱ دیکھو ٹکر لگانا ۲ صدمہ یا تکلیف پہنچنا ۳ نقصان ہو جانا۔ گھاٹا آ جانا۔ **ٹکر لینا** (متعدی) ۱ مقابلہ کرنا۔ ہمسری کرنا ۲ پہلوانوں کا کشتی میں ایک دوسرے کو ٹکر مارنا ۳ بالخصوص ابتدائے لڑائی میں ایک دوسرے کو ٹکر مارنا ۴ مینڈھوں کا ٹکر لڑنا ۵ صدمہ سہنا۔ چوٹ سہارنا۔ **ٹکر مارنا** (متعدی) ۱ ٹکر لگانا ۲ ٹکر لینا ۳ دکھاوے کی نماز پڑھنا۔ بے توجہی سے نماز پڑھنا ۴ کوشش کرنا۔ سعی کرنا ۵ سب نامرادہ کوشش کرنا۔ بے سعی کرنا ۶ مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ **ٹکریں** (مونث) ٹکر کی جمع۔ **ٹکریں لڑنا** (لازم) مینڈھوں کا ایک دوسرے کی پیشانی پر بار بار ٹکر لگانا۔ **ٹکریں مارنا** (متعدی) دیکھو ٹکر مارنا نمبر ۳ و ۵

ٹکرا (ہ۔ امر) ٹکرانا کا (س ستک کسی چیز پر مارنا) **ٹکرانا (ٹکرائے) پھرنا** ۱ تلاش کرتے پھرنا۔ ڈھونڈتے پھرنا ۲ ڈانواں ڈول پھرنا۔ **ٹکرا جانا** ۱ مقابلہ ہو جانا ۲ دو چیزوں کا آپس میں ٹکر کھانا **ٹکرا دینا** (متعدی) دیکھو ٹکرانا۔ **ٹکرانا** (لازم) ۱ ٹکر لگنا۔ لڑ جانا ۲ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا ۳ آوارہ پھرنا۔ ڈانواں ڈول پھرنا ۴ اندھیرے میں ڈھونڈنا یا ٹٹولنا ۵ (متعدی) کسی چیز سے سر مارنا۔ ٹکر لگانا ۶ کسی چیز کو کسی چیز پر مارنا ۷ دو شخصوں کا سر پکڑ کر لڑا دینا۔

ٹَکَر ٹَکَر (اردو۔ تف) دیکھو ٹکڑ ٹکڑ۔

ٹِکری (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو ٹکڑی ۲ ایک قسم کی زمین جو نمی کو محفوظ نہیں رکھتی۔

ٹکڑ (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹکڑا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **ٹکڑ خور** (صفت) ۱ وہ شخص جو روٹی کے ٹکڑوں پر گذارا کرے ۲ طفیلیہ۔ لقمہ چوٗ ملازم۔ خادم۔ **ٹکڑ گدا** (مذکر) وہ فقیر جو دروازے دروازے بھیک مانگتا پھرے۔

ٹکڑا (ہ۔ مذکر) حصہ۔ لخت۔ جز۔ ریزہ۔ پرزہ۔ پھانک۔ کھنڈ ۲ روٹی۔ رزق۔ روزی ۳ نوالہ۔ لقمہ ۴ تقسیم۔ کسر ۵ فصل۔ فقرہ (س ستوک تھوڑا۔ چھوٹا) **ٹکڑا توڑ جواب دینا۔ ٹکڑا توڑ کر (ہاتھ پر) دھر یا رکھ دینا** (متعدی) صاف جواب دینا۔ بے مروت ہو کر جواب دینا۔ دو ٹوک جواب دینا ۲ صاف صاف جواب دینا۔ لگی لپٹی نہ رکھنا **ٹکڑا توڑنا** (متعدی) کھانا کھانا۔ **ٹکڑا ٹیڑا** (مذکر) ٹکڑا۔ ٹیڑا تابع مہمل ہے۔ **ٹکڑا چکھ لینا یا لکھنا** (متعدی) تھوڑا سا کھا لینا۔ **ٹکڑا دینا** ۱ روٹی دینا ۲ رزق دینا روزی دینا ۳ وظیفہ دینا۔ **ٹکڑا سا توڑ کر جواب دینا** (لازم) صاف صاف انکار کر دینا۔ **ٹکڑا سا**

ٹوڑ کے ہاتھ پہ رکھ دینا یا ہاتھ میں دے دینا۔ ٹکڑا سا جواب دینا (متعدی) دیکھو ٹکڑا توڑ جواب دینا۔ ٹکڑا مانگنا (متعدی) بھیک مانگنا گدائی کرنا۔ ٹکڑا میسر نہ آنا۔ بھوکا مرنے لگنا۔ ٹکڑا نہ توڑنا: بالکل نہ کھانا: بغیر شرکت کام نہ کرنا۔

ٹکڑوں (مذکر) ٹکڑا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **ٹکڑوں پر پڑنا یا پڑے ہونا** (لازم) دوسروں کے سہارے ہونا۔ دوسروں کی منت کی روٹیاں کھانا۔ **ٹکڑوں کا پالا (پلا) ہوا۔** بچپنے سے ملازم رکھا ہوا غلام۔ **ٹکڑی** (مونث) شیشے یا آئینے کا ٹکڑا: کبوتروں یا پرندوں کا غول: گروہ جتھا زمرہ: فوج کا حصہ: کپڑے کا تھان: جواریوں کا مجمع جوا کھیلنے کے لئے۔ **ٹکڑے** (جمع) ٹکڑا کی: روٹی یا نان کے ٹکڑے گھی اور شکر میں پکاتے ہیں انہیں ٹکڑے کہتے ہیں۔ **ٹکڑے اڑانا** (متعدی) خوب مارنا۔ کھال اڑانا: کاغذ یا لباس کا بار بار پھاڑنا۔ **ٹکڑے اڑنا** (لازم) ٹکڑے اڑانا کا **ٹکڑے پکانا** (متعدی) روٹی یا نان کے ٹکڑے گھی یا شکر میں پکانا۔ **ٹکڑے پکنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **ٹکڑے توڑنا** (متعدی) کسی کے پاس ہمیشہ کھانا۔ منت خوری کرنا۔ **ٹکڑے ٹکڑے کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) پرزے پرزے ہونا پاش پاش ہونا۔ **ٹکڑی دار** (صفت) ٹکڑی کا افسر۔ **ٹکڑے کر ڈالنا یا کرنا** (متعدی) پرزے کرنا: حصے کرنا۔ تقسیم کرنا۔ **ٹکڑے لگانا** (متعدی) حصے جوڑنا۔ مختلف حصوں کے ٹکڑے لے کر اپنی طرف سے ایک قصہ بیان کرنا۔ **ٹکڑی لگنا** مجمع ہونا: جواریوں کا جمع ہو کر جوا کھیلنا۔ **ٹکڑے کے کارن (مارے) پھرنا** (لازم) روٹی یا پیٹ کی خاطر پھرنا۔ روزگار ڈھونڈتے پھرنا۔ **ٹکڑے مانگ کر پیٹ بھرنا** (متعدی) بھیک مانگ کر گزارا کرنا۔

امثال واقوال۔ ٹکڑے

دے (دے) کے بچھڑا پالا سینگ (سے) لگے جب (لے) کر مارن آیا سخت احسان فراموشی یا ناشکری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **ٹکڑے کھائے دن بہلائے کپڑے پھٹے گھر کو آئے** نکھٹو کی نسبت بولتے ہیں۔ **ٹکڑے مانگ کھانا پونجی گانٹھ باندھنا** عقلمند کنجوس ایسا ہی کرتے ہیں

ٹکر ٹکر (... نف) حیرت سے حیرانی سے۔ حسرت سے **ٹکر ٹکر دیدم دم نہ کشیدم** حیرت سے دیکھتا تھا اور دم نہ مارتا تھا۔ حیرت اور تعجب ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ ہندوستان کی ایجاد ہے۔ **ٹکر ٹکر دیکھنا** (متعدی) حیرت سے دیکھنا حسرت یا شوق سے دیکھنا۔

ٹکرڑی (ہ۔ مونث) ایک درخت کا نام: دیکھو ٹکلی۔

ٹکس (انگ۔ مذکر) محصول۔ لاگ کر۔ لگان۔ مالگزاری (ٹیکس۔ اصل لفظ ہے)

ٹکسال (ہ۔ مونث) وہ جگہ جہاں سکے بنائے جائیں۔ دار الضرب (س ٹنک۔ سکہ۔ شالا جگہ) **ٹکسال باہر** (صفت) وہ جو دار الضرب میں نہ بنایا گیا ہو (سکہ): غیر مستند۔ غیر مروج۔ متروک۔ غیر معتبر: وہ جو کسی فن میں کسی معتبر استاد کا شاگرد نہ ہو: وہ جو اہل زبان نہ بولتے ہوں (محاورہ): بد اصل۔ بد ذات۔ بدنژاد: ان پڑھ۔ بدتہذیب کھوٹ: (مذکر) وہ سکہ جو دار الضرب میں نہ بنا ہو ٹکسال باہر ہے۔ کھوٹا ہے **ٹکسال چڑھنا** (لازم) دار الضرب میں بننا یا پرکھا جانا: کھرا کھوٹا پرکھا جانا: تعلیم حاصل کرنا: تہذیب یافتہ ہونا: کسی فن میں استاد مانا جانا: امتحان میں پورا اترنا: رسوا ہونا۔ بدنام ہونا: بے حیا ہو جانا۔ بے شرم ہو جانا: سند حاصل کرنا۔ سندی ہونا۔ **ٹکسال کا پھوٹا یا کھوٹا** (صفت) شریر۔ بدذات۔ کمینہ: حرامی۔ حرامزادہ: ٹکسال میں خراب شدہ: بدتہذیب۔ لاڈ سے خراب ہوا ہوا۔ وہ جس نے بچپنے میں خراب تعلیم اور تربیت پائی ہو۔ **ٹکسال میں دھکا لگ جانا** (لازم) بہت خرچ ہو جانا **ٹکسال والی** (صفت مونث) وہ رنڈی جس کے یہاں روپیہ پیسا بہت آئے۔ **ٹکسالی** (صفت) ٹکسال کی ضرب لگا ہوا۔ کھرا۔ درست: آزمودہ۔ جانچا ہوا: فصیح۔ مستند۔ رائج۔ مانا ہوا: (مذکر) ٹکسال کا داروغہ۔ **ٹکسالیا** (مذکر) دیکھو ٹکسالی۔ **ٹکسالی آدمی** (مذکر) ... دار۔ کھرا یا معتبر آدمی: طنزاً۔ بد معاش۔ چالاک یا مکار آدمی: (صفت) ... بے شرم آدمی۔ **ٹکسالی بات** (مونث) کھری بات۔ پکی بات جچی تلی بات۔ **ٹکسالی بولی یا زبان** (مونث) مستند یا فصیح زبان۔ **ٹکسالی دکان** (مونث) رنڈی کی دکان **ٹکسالی روپیہ** (مذکر) دار الضرب میں بنا ہوا روپیہ کھرا روپیہ۔

ٹکلی (ہ۔ مونث) ٹکلی (ھ) ماتھے کا ایک زیور۔ ٹپکا۔ ٹیکا: دھات کا چھوٹا گول ٹکڑا: چھوٹی سی روٹی۔

مقولہ۔ ٹکلی سیندور گیل تو کھانے میں بھی بجر پڑے۔ ہندو عورت بیوہ ہو جائے تو اسے اچھا کھانا نہیں ملتا۔

ٹکنا (ہ۔ لازم) سیا جانا۔ ٹانکا جانا ٹنکنا: گوٹا موتی مقیش وغیرہ لگنا: کند سوہن کا تیز ہونا: پرویا جانا (س ٹنک۔ بند کرنا): (ھ۔ مذکر) ٹخنا۔

ٹکنا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی چھوٹی ٹوکری۔

ٹکوا (ہ۔ مذکر) ایک اوزار جس سے چارا کاٹتے ہیں (پ ٹکنا سے۔ کاٹنا): (ھ) تکلا (س ترک)

ٹکوانا (ہ۔ م) دیکھو ٹنکوانا۔

ٹکوانا (ہ۔ م) ٹوکنا کا

ٹکور (ہ۔ مونث) ہلکی ضرب چوٹ یا دھکا۔ ٹھیس: سینک۔ بھوسی ریت کی پوٹلی کو گرم کر کے سینکنا: گرم کپڑا بار بار رکھنا: تکمید کی دوا۔ پلٹس: نوبت نقارے کی صدا۔ ٹنکار (س ستن۔ جواب دینا) **ٹکورا** (مذکر) ٹکور: چھوٹا کچا آم کیری: چھوٹی کلہاڑی: چٹکی۔ **ٹکور کرنا۔ ٹکورنا** (متعدی) سینکنا۔ گرمی یا حرارت پہنچانا۔ پوٹلی وغیرہ سے سینکنا۔

ٹکونا (ھ۔ مذکر) دیکھو ٹکا۔

ٹکھائی۔ ٹکھیائی (ہ۔ مونث) ادنے درجہ کی کسبی۔ فاحشہ عورت۔

ٹکی (ھ۔ مونث) ٹکٹکی۔

ٹکی (ہ۔ مونث) چھوٹی روٹی ٹکیا: گزارا۔ تھوڑی آمدنی: رسوخ۔ لگا۔ اثر (س تلک۔ ٹیکا۔ تل۔ لگانا) **ٹکی لگانا** (متعدی) روٹی پکانا یا تنور میں لگانا: تھوڑا کمانا: کسی تعلق کی وجہ سے کچھ حاصل کرنا۔ **ٹکی لگنا** (لازم) دیکھو آخری: فائدہ حاصل ہونا۔ مطلب کے موافق کام ہونا: مطلب کامیاب ہونا۔ **ٹکی نہ لگنا** (لازم) قابو نہ چلنا

ٹکیا (ہ۔ مونث) چھوٹی روٹی: قرص چکتی: وہ روٹی جو بچے ہوئے آٹے سے پکائی جائے: دواؤں کا قرص: انگریزی مٹھائی کا قرص: تمباکو

کی گولی جو چلم میں رکھ کر پیتے ہیں ۴ پیشانی ۔ ماتھا ۵ ٹکڑی ٹیڑی ۔ کٹی ہوئی ۶ داؤں کا ٹرم جو کسی جگہ چوٹ پر باندھتے ہیں ۷ کٹے ہوئے کوئلہ کا ٹرم جسے چلم میں تمباکو پر رکھ کر آگ لگا دیتے ہیں (س ٹانک ۔ ٹیکا ۔ تل ۔ لگانا) ٹکیا

چوٹی (صفت ۔ مونث) عو ۔ بد دیانت ۔ رذیل کمینی ۔ نوکروں کو ناراضگی میں کہتی ہیں ۔

مثل ۔ ٹکیا روٹی اب لے کر تب لے ۔ یہی ہے جو ہم دے سکتے ہیں ۔

ٹکیت ۔ ٹکیت ۔ ٹکیتا ۔ ٹکیتا (ھ ۔ صفت) ۱ جس کے پلے ٹکے ہوں ۲ امیر ۔ دولتمند ساہوکار ۳ (مذکر) امیر آدمی وغیرہ ۔ **ٹکیٹ چند بارہ آنے** ۔ **ٹکیٹ چند کا لڑکا** (مذکر) امیر آدمی کے لئے کنیت کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔ بڑا دولتمند ۔ بڑا مالدار لکھمی چند ۔

ٹکر (ھ ۔ مذکر) ۱ سہاگا ۲ چھیڑ چھاڑ شرارت ۔ چہل ۳ خیال کا ادھر ادھر ہونا ۔ گھبراہٹ بےچینی ۔ حیرانی ۔

ٹکرا (ھ ۔ صفت) بھینگا ۔ اینچا تانا احول ۔

ٹگرانا ۔ ٹگھرانا (ھ ۔ متعدی) ۱ ادھر ادھر چلانا یا ہلانا ۔ حرکت دینا ۲ تیل ملنا ۳ لڑھکانا ڈھلکانا ۴ بہانا ۔ **ٹگرنا ۔ ٹگھرنا** (لازم) ٹگرانا کا ۔

ٹگھلانا (ہ ۔ متعدی) پگھلانا ۔ گلانا پتلا کرنا ۔ **ٹگھلنا** (لازم) پگھلنا ۔ گلنا ۔

ٹل (ہ ۔ امر) ٹلنا کا ۔ **ٹلا** ۱ (امر) ٹلانا کا ۲ (ماضی) ٹلانا کی (س تری ۔ گزرنا) **ٹلا دینا** (ھ) دیکھو ٹلانا ۔ **ٹلا رہنا** (لازم) باز رہنا ۔ رکا رہنا ۔ **ٹلانا** (ھ) دیکھو ٹالنا ۔ **ٹل جانا ۔ ٹلنا** (لازم) ۱ جگہ سے ہٹنا ۲ کسی کام سے باز رہنا ۳ ہٹ جانا ۔ ادھر ادھر ہو جانا ۴ گزر جانا ۔ بیت جانا ۵ بھاگ جانا ۔ غائب ہو جانا ۶ چشم پوشی کرنا ۔

ٹلا (ہ ۔ مذکر) جماع کے وقت کی ضرب دھکا ۔ گھسا ۔ رگڑا (س تری ۔ گزرنا) **ٹلے نویسی** (مونث) بے فائدہ کام ۔ بے سود کام ۔ بیکاری ۲ وقت بے فائدہ ضائع کرنا ۔ آوارہ پھرنا ۔ **ٹلے نویسی کرنا** ۔ (متعدی) ۱ بیکار کی خوشامد کرنا ۲ کچھ کام نہ کرنا ۔ تضیع اوقات کرنا ۔ بیکار پھرنا ۔

ٹلپ (ھ ۔ مونث) ٹکڑا ۔ حصہ پرزہ ۔ ذرہ ۔

ٹلٹلانا (ہ ۔ لازم) ۱ دستوں کا آواز سے آنا ۔ دستوں کی آواز نکلنا ۲ بکواس کرنا ۔

ٹلٹل کرنا (اردو ۔ متعدی) بد زبانی کرنا ۔

ٹلٹلی چلنا (ہ ۔ لازم) دست آنا ۔

ٹلکنا (ھ ۔ لازم) ۱ پھل کا گرنا ۲ بڈھوں کی طرح لڑکھڑاتے ہوئے چلنا ۔

ٹلم (اردو ۔ صفت) مہمل ۔ فضول بیکار ۔

ٹلملانا (ھ ۔ لازم) ۱ لڑکھڑانا ۲ (متعدی) خواہش پیدا کرنا ۔ ترسانا ۔ للچانا ۔

ٹلوا (ھ ۔ مذکر) ٹال کا چوکیدار یا مالک ۔

ٹلوا (ہ ۔ مذکر) گرد دار چھوٹی لکڑی ۲ (صفت) خوشامدی ۔ چاپلوس ۳ (بازی گروں کی اصطلاح) بیوقوف ۔ احمق ۔

ٹلیا (ھ ۔ مونث) ۱ چوزہ ۔ پٹھا مرغی کا بچہ ۔ چھوٹی مرغی ۲ (طنزاً) موٹی نوجوان عورت

ٹلی للی (اردو ۔ مونث) بیچ کی انگلی نچا کر چڑانے کی آواز ۔ **ٹلی للی ہوں** (مذکر) بازاری لڑکے ننگے لڑکے کو دیکھ کر یہ کہتے ہیں ۔

ٹلیوریم (انگ ۔ مذکر) ایک مفرد دھات جو پانی سے ۶ گنا بھاری ہے ۔ اس کا رنگ سفید ہے اور آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے ۔

ٹلین (اردو ۔ مونث) گپیں ۔ زٹل ۔ **ٹلیں مارنا** (متعدی) زٹل ہانکنا ۔ گپیں مارنا (صرف اسی محاورے میں استعمال ہوتا ہے اور غیر فصیح ہے)

ٹما (ہ ۔ مذکر) چھوٹے قد کا آدمی بونا ۔ ٹھنگنا آدمی ۔ دبلا پتلا چھوٹے قد کا شخص ۔ **ٹما بھما** (صفت) کمینہ ۔ رذیل ۔ ایرے غیرے (لکھنؤ)

ٹماخ ۔ ٹماک (ہ ۔ مونث) عورتوں کا بناؤ سنگار ۔ کرّوفر ۔ ٹیم ٹام ۔ ٹھسا ۔ نمود ۲ غرور ۔ نخوت

ٹمپرنس (انگ ۔ مونث) ۱ میانہ روی ۲ شراب سے اجتناب ۔ **ٹمپرنس سوسائٹی** (مونث) ایک جماعت جس کے افراد شراب نہ پینے کا حلف اٹھاتے ہیں ۔ **ٹمپرنس ہال** (مذکر) وہ مکان جس میں ٹمپرنس کے متعلق جلسے ہوں ۔

ٹمٹم (ھ ۔ مونث) چھوٹا تاشا یا دف ۲ ڈھول یا طبلے کی آواز ۔

ٹمٹم (انگ ۔ مونث) دو پہیے کی گاڑی جس میں دو آدمی آگے اور چار پیچھے بیٹھتے ہیں ۔ (ٹینڈم کا بگڑا ہوا)

ٹمٹم (ھ ۔ مذکر) ۱ ہلکی بارش ۔ پھوار ۲ آہستہ آواز ۔ ہلکی آواز ۔ کوئی آواز ۔

ٹمٹمانا (ہ ۔ لازم) ۱ ستاروں کی طرح روشنی دینا ۔ جھلملانا ۔ تھوڑی تھوڑی روشنی دینا ۲ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا ۳ مرنے کے قریب ہونا دم واپسیں ہونا ۴ (آنکھیں) ذرا سی آنکھیں کھولنا (س ستم)

ٹمٹماہٹ (ھ ۔ مونث) ہلکی روشنی ۔ جھلملاہٹ ۔

ٹمکنا (ھ ۔ مذکر) دیکھو ٹنا ۔

ٹمکی (ھ ۔ مونث) ۱ چھوٹا تاشہ یا ڈھول جو دھات یا لکڑی کا بنا ہوا ہو ۲ پیتل یا کانسی کی تھالی ۳ گھنٹہ ۔ گھڑیال ۔

ٹن (ہ ۔ مونث) ۱ گھنٹے یا دھات کے برتن کی آواز ۔ جھنکار ۲ خود پسندی ۔ شیخی ۔ خود نمائی (لکھنؤ) ۳ بدمزاجی ۔ نخوت ۔ **ٹن ٹن** (مونث) گھنٹے کی آواز (گھنٹے بجنے کی آواز سے یہ لفظ بنایا گیا ہے) (کرنا ہونا کے ساتھ) **ٹنٹنانا** (متعدی) ۱ گھنٹہ بجانا ۔ ٹن ٹن کرنا ۲ ساز درست کرنا ۔

ٹن (انگ ۔ مذکر) ایک انگریزی وزن جو ۲۰ ہنڈرڈ ویٹ ۔ ۸۰ کوارٹر ۲۲۴۰ پونڈ یا ۲۷ من کے برابر ہوتا ہے ۔

ٹن (انگ ۔ مونث) قلعی ۔ رانگ ایک دھات جو پانی سے ۳ و ۷ گنا بھاری ہوتی ہے ۲ لوہے کی پتلی چادر جس پر قلعی ہوتی ہے اور اس کے ٹکڑے برتن بنتے ہیں ۳ ڈبا جس میں تیل وغیرہ بند ہو کر آتا ہے **ٹن کٹر** (مذکر) ٹین کاٹنے کا آلہ ۔

ٹنا (ہ ۔ مذکر) **ٹنا** (ھ) ۱ آلہ تناسل ۲ عورت کی اندام نہانی ۔

ٹنا (ہ ۔ مذکر) ۱ وہ لکڑی جس میں پھل لگا ہوا ہوتا ہے ۔ ڈالی ۔ شاخ پھل کی ۲ ٹہنی ۔ مروڑی ۳ کھٹنی ۔ سرپستان ۴ دیکھو ٹنا ۔

ٹنانا (ھ) دیکھو تانا ۔

ٹنٹا (ہ ۔ مذکر) جھگڑا ۔ فساد ۔ لڑائی

تکرار۔ ردوکد۔ **ٹنٹے باز** (صفت) جھگڑالو۔ لڑاکا فسادی (س ستن۔ بجنا)

قول۔ ٹنامت کرجب تلک بن ٹنٹے ہوتے کام۔ ٹنٹا بس کی بیل ہے یا کامرت لے نام ۔ جب تک ہو سکے کسی کام میں جھگڑا نہیں کرنا چاہئے۔ جھگڑے میں نقصان ہی ہوتا ہے۔

ٹنڈا (ہ۔ صفت) ٹنڈا (دہلی)

ٹنٹال (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹنٹا۔

ٹنٹال مار (صفت) جھگڑالو۔ ٹنٹے باز ۲ (مذکر) جھگڑالو آدمی۔

ٹن ٹن (ہ۔ مونث) گھنٹے کی آواز۔ **ٹنٹنانا** (متعدی) ۱ گھنٹہ بجنا۔ ٹن ٹن کرنا ۲ ساز درست کرنا۔

ٹنٹنا (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹنٹا۔

ٹنٹیلس (یو۔عص) ایک دیوتا جو زیس اور پلوٹو کا بیٹا تھا۔ یہ سپلس کا بادشاہ تھا اور دیوتاؤں کا دوست تھا۔ اس نے دیوتاؤں کے راز انسانوں پر ظاہر کردئے۔ اس لئے اسے جہنم میں یہ سزا دی گئی کہ گردن تک اسے پانی میں کھڑا کر دیا مگر اس طرح کہ یہ پی نہ سکے اور میوہ جات اس کے سر کے پاس لٹکتے تھے مگر یہ پکڑ نہ سکتا تھا۔

ٹنٹیلم (انگ۔ مذکر) ایک دھات جو پانی سے ۱۶۰۶ گنا بھاری اور سفید رنگ کی ہے۔

ٹنچ (ہ۔ صفت) بہت تھوڑا۔ ذرا سا۔ چھوٹا سا۔ **ٹنچ لڑانا** (متعدی) ۱ تھوڑی شرط بدنا ۲ آہستہ آہستہ جیتنا۔

ٹنچ (ہ۔ صفت) ۱ کنجوس۔ بخیل ۲ شوم ۲ سخت۔ سنگدل ۳ مستعد۔ تیار۔ آمادہ ۲ (ہ) دیکھو ٹنچ۔ **ٹنچ بنا ہوا ہے**۔ بڑا مستعد ہے۔ تیار ہے **ٹنچ رہنا** (لازم) تیار رہنا۔ لیس رہنا۔ مسلح رہنا **ٹنچ لڑانا** (متعدی) جہاں کچھ آدمی کوئی معاملہ کر رہے ہوں یا جوا کھیل رہے ہوں۔ اس میں اپنا بھی تھوڑا سا روپیہ لگا کر شامل ہو جانا ۲ خالی باتیں بنا کر کسی کام میں ساجھی بن جانا۔

ٹنڈ (ہ۔ مذکر) ۱ کٹا ہوا ہاتھ ۲ کٹی ہوئی شاخ ۳ بازو کا وہ حصہ جو ہاتھ کٹنے کے بعد رہ جائے ۳ موٹی لکڑی جس میں شاخیں نہ ہوں ۵ کٹی ہوئی دم۔ ٹنڈ ضرب پہنچانا۔ **ٹنڈا** (صفت) ۱ وہ جس کے ہاتھ نہ ہوں یا ایک ہاتھ کٹا ہوا ہو ۲ وہ جو کام نہ کرسکے ۳ (مذکر) ہٹہ کٹا آدمی ۲ (ہ) پگڑی کا چھوٹا شملہ جو لٹکا رہنے دیا جاتا ہے۔ **ٹنڈی** (صفت مونث) ۱ ایک ہاتھ والی ۲ (مونث) ایک ہاتھ والی عورت ۳ ناف ۲ بازو۔ ڈنڈ (ان معنوں میں اردو میں صرف ٹنڈیاں باندھنا۔ کسنا اور کھینچنا میں استعمال ہوتا ہے)

ٹنڈیاں (جمع ٹنڈی کی دیکھو ۲) **ٹنڈیاں** (ہ) **ٹنڈیاں باندھنا** (متعدی) **کس جانا** (لازم) **کسنا** (متعدی) **کھینچنا** (لازم) مشکیں بندھنا۔ گرفتار ہونا

ٹنڈے دار (ہ۔ صفت) شملے والی (پگڑی)

ٹنڈا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی گول ترکاری (س ٹنڈ)

ٹنڈر (انگ۔ مذکر) ٹھیکے کی درخواست جس میں نرخ کی تفصیل دی ہو (بھیجنا۔ دینا۔ مانگنا۔ لینا وغیرہ کے ساتھ)

ٹنڈوار (ہ۔ مونث) لکڑی یا چھت کی دیوار میں کپڑا باندھنے یا منتش چھت جڑنے کے لئے لگاتے ہیں۔

ٹنڈیل (ہ۔ مذکر) ۔ قلیوں یا خلاصیوں کا افسر ۲ میگزین کا داروغہ۔

ٹنک (ہ۔ مونث) ۱ سخت آواز ۲ جھنکار۔ ٹن ٹن۔ گھنٹے۔ دھات کے برتن یا چینی کے برتن کی آواز ۲ تپک۔ ٹیس ۲ جوش۔ ہمت۔ دلیری

ٹنک (ہ۔ امر) ٹنکنا سے۔ **ٹنکا** (امر) ۱ ٹنکانا سے ۲ (ماضی) ٹنکنا سے۔ **ٹنکانا** (مم) دیکھو ٹانکنا۔ **ٹنکائی** (مونث) ۱ ٹانکنے کی مزدوری ۲ ٹانکنا۔ **ٹنکنا** (لازم) سیا جانا۔ سلنا۔

ٹنک (س۔ مذکر) ۱ تلوار۔ شمشیر ۲ کھنڈا ۲ چاقو یا چھری جس سے بھینٹ کی چیز کو ذبح کریں ۳ کلہاڑی ۲ سنگتراش کا اوزار تراشنے کا ۲ ریلچہ۔ پھاوڑا ۶ ایک وزن جو ۲ ماشے کا ہوتا ہے ۷ سہاگا ۸ ایک قسم کا پھل ۹ ڈھلواں زمین ۱۰ چاندی جو سکے کے لئے کاٹی جائے۔ **ٹنک پتی** (مذکر) داروغہ ٹکسال۔ **ٹنک شالا** (مذکر) ٹکسال۔

ٹنکا (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹنک ۱ تا ۲

ٹنکار (ہ۔ مذکر) **ٹنکار** (ہ) ۱ تانت یا طلیل کی آواز ۲ آواز۔ جھنکار ۳ (ہ) جانوروں کا چیخنا ۲ حیرت۔ حیرانی۔ تعجب۔ اچنبھا ۵ شہرت۔ مشہوری۔ چرچا۔ شہرہ (س ستن۔ آواز دینا)

ٹنکارنا (متعدی) ۱ آواز نکال کر بجانا۔ جھنکارنا ۲ ظروف گلی کو بجانا یہ دیکھنے کو کہ ٹوٹا تو نہیں ۳ تانت کھینچ کر آواز نکالنا ۲ (لازم) آواز دینا ۵ گھنٹے وغیرہ کا بجنا ۲ کانپنا۔

ٹنکانک (س۔ مذکر) توت کا درخت

ٹنکور (ہ۔ مونث) کمان کی آواز ٹنکار (س ستن۔ آواز دینا) **ٹنکور دینا** (متعدی) **ٹنکورنا** (لازم) کمان کا آواز دینا۔

ٹنگ (س۔ مذکر) سہاگا۔

ٹنگ (ہ۔ مذکر) ٹانگ کا مخفف **ٹنگا** (صفت) ۱ ٹانگ والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے اک ٹنگا۔ دو ٹنگا وغیرہ ۲ (مذکر) ایک قسم کی گھاس۔

ٹنگ (ہ۔ امر) ٹنگنا کا (س ٹنک تکلیف میں ہونا) **ٹنگا** (ہ۔ امر) ۱ ٹنگانا کا ۲ (ماضی) ٹنگنا کی۔ **ٹنگا دینا**۔ **ٹنگانا** (ہ۔ متعدی) آویزاں کرانا۔ لٹکوانا۔ **ٹنگاؤ** (ہ۔ مذکر) لٹکاؤ **ٹنگ جانا**۔ **ٹنگنا** (لازم) لٹکنا۔ آویزاں ہونا ۲ پھانسی پر چڑھنا ۳ گھوڑے کا سیخ پا ہونا ۲ (ہ۔ مذکر) رسی جسے دو کھونٹیوں سے کپڑے لٹکانے کے لئے باندھ دیتے ہیں **ٹنگوانا** (مم) دیکھو ٹنگنا۔

ٹنگا (ہ۔ مذکر) چھوٹی دم۔ ٹنڈ۔

ٹنگار (ہ۔ مونث) ۱ تھوڑا تھوڑا کھانا ۲ ٹھونگنا ۲ پھل توڑنا۔ **ٹنگارنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ پوشاک کو اکٹھا کرنا (غالباً ٹھونگنا سے ہے)

ٹنگاری (ہ۔ مونث) چھوٹی کلہاڑی۔

ٹنگسٹن (انگ۔ مذکر) ایک دھاتی عنصر جو پانی سے ۱۹ گنا بھاری ہے۔ اس کے تار بجلی کی روشنی کے لیمپوں میں استعمال ہوتے ہیں

ٹنگنا (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

ٹنگنی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا پودہ۔

ٹنہا (ہ۔ مذکر) ٹنہایا (مذکر)

ٹنہائی (مونث) دیکھو ٹونہا اور ٹونہائی۔

ٹُنیا (ہ۔ صفت) بہت چھوٹا۔ ذرا سا۔ **ٹُنیا طوطا** (مذکر) ایک قسم کا چھوٹا طوطا۔

ٹُوا (ھ۔ مذکر) ٹٹولنے کا فعل چھونا۔ **ٹوا ٹوا کرنا** (متعدی) ٹٹولنا۔ ہاتھ سے تلاش کرنا۔ **ٹواٹوئی** (مونث) ٹٹولن۔ تلاش کرنا۔ محسوس کرنا۔ **ٹوائی** (مونث) دیکھو آخری۔

ٹوبا (ھ۔ مذکر) ۱ لمبی سلائی۔ ٹپا ۲ (پ) غوطہ خور جو کوئیں میں اتر کر چیز نکالے۔

ٹوپ (ہ۔ مذکر) ۱ بڑی ٹوپی۔ وہ ٹوپی جس سے کان ڈھک جائیں ۲ روئیں دار ٹوپی جو جاڑوں میں پہنتے ہیں ۳ انگریزی ٹوپی ہیٹ ۴ خود ۵ انگشتانہ ۲ (ھ) لمبی سلائی۔ ٹپا۔ ٹوبا ۳ ایک قطرہ ۴ مچھلی کا چارا ۵ بدھ مذہب والوں کا مقبرہ جو بدھ کی ہڈیوں پر بناتے ہیں (س۔ ٹوپ) **ٹوپا** (ھ۔ مذکر) دیکھو آخری ۱ تا ۳ **ٹوپی** (مونث) ۱ ایک قسم کی سر کی پوشاک۔ کلاہ ۲ بندوق میں رکھنے کی تانبے کی ایک چیز جس پر گھوڑا لگنے سے آگ پیدا ہوتی ہے ۳ وہ تھیلی جو شکاری پرندوں کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں ۴ دوربین کے منہ کا ڈھکنا ۵ یورپ کی قومیں ۶ حشفہ۔ سر ذکر ۷ پھل کے اوپر کا خول ۸ (پ) چلم۔ **ٹوپی اتارنا** (متعدی) ۱ اپنی ٹوپی اپنے سر سے اٹھا لینا ۲ کسی کو بے عزت کرنا۔ **ٹوپی پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) بے عزت کرنا۔ پگڑی اتارنا۔ **ٹوپی اترنا** (لازم) بے عزت ہونا۔ **ٹوپی اچھالنا** (متعدی) **اچھلنا** (لازم) خوشی ہونا۔ اظہار مسرت ہونا۔ **ٹوپی اوڑھنا** (لازم) ٹوپی خود سر پر رکھنا۔ **ٹوپی بدل بھائی** (مذکر) وہ دوست جس کے ساتھ ٹوپی بدلی جائے۔ نہایت دوستانہ تعلق ہونے کی نشانی ہے **ٹوپی بدلنا** (متعدی) بھائی بنانا۔ بھائی چارہ کرنا **ٹوپی پہنانا** (متعدی) کسی کے سر پر ٹوپی رکھنا۔ **ٹوپی پہننا** (لازم) اپنے سر پر ٹوپی رکھنا۔ **ٹوپی چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) شکاری پرندوں کے منہ پر ٹوپی رکھنا۔ **ٹوپی دار** (صفت) وہ (اسلحہ) جس میں بارود ڈال کر ٹوپی چڑھا کر چلائیں۔ **ٹوپی دار بندوق توپ** (مونث) **پستول** (مذکر) وہ بندوق یا توپ یا پستول جس پر ٹوپی چڑھا کر چلائیں۔ **ٹوپی دینا** (لازم) ٹوپی اوڑھنا (لکھنو) **ٹوپی والا** (صفت) ۱ معشوق ۲ قزلباش۔ احمد شاہ اور نادر شاہ کی فوج کا آدمی ۳ فرنگی۔ انگریز۔

مقولہ۔ ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیئے۔ کوئی کام بغیر صلاح یا مشورے کے نہیں کرنا چاہیئے۔

ٹوپا (ہ۔ مذکر) ٹانکا۔ سیون۔ **ٹوپا بھرنا** (متعدی) ٹانکا لگانا۔ سینا۔

ٹوٹ (ہ۔ امر) ۱ ٹوٹنا کا ۲ (مونث) شکستگی۔ پھوٹ۔ بھنجن۔ ٹوٹن ۳ وہ فقرہ یا لفظ جو بعد صحت حاشئے پر لکھا جاتا ہے ۴ دوستوں میں لڑائی۔ پھوٹ۔ ناراضگی ۵ نقصان۔ ہرج ۶ کمی۔ گھاٹا۔ ناکامی (س ترٹ۔ ٹوٹنا) **ٹوٹا** (ماضی) ۱ ٹوٹنا کی ۲ (صفت) شکستہ ٹکڑے ٹکڑے۔ مرمت طلب۔ پھوٹا ہوا ۳ تھکا ہوا خستہ۔ ماندہ مضمحل۔ **ٹوٹا پڑنا** (لازم) دیکھو ٹوٹ پڑنا۔ **ٹوٹا پھوٹا** (صفت) ۱ شکستہ۔ پھوٹا ہوا ۲ ناقص معمولی۔ **ٹوٹ پڑنا** (لازم) ۱ حملہ کرنا۔ دھاوا بولنا ۲ بہت سے خریداروں کا اکٹھا آجانا۔ بہت سے لوگوں کا دفعتہً آجانا۔ ہجوم ہونا۔ پل پڑنا ۳ سخت مشغول ہونا کسی کام میں بہت مصروف ہونا ۴ گر پڑنا۔ دبا لینا ۵ (مصیبت وغیرہ) اکبارگی آجانا۔ یکلخت نازل ہونا **ٹوٹ پھوٹ** (مونث) ۱ ٹوٹن پھوٹن۔ ٹکڑے پرزے ۲ ریزہ۔ ریزگی۔ چور۔ **ٹوٹ پھوٹ کر ملنا** (لازم) ریزہ ریزہ ہو کر ملنا۔ **ٹوٹ ٹوٹ کر** (کے) (تف) دیکھو ٹوٹ کر۔ **ٹوٹ ٹوٹ کے برسنا** (متعدی) موسلادھار بارش ہونا۔ شدت سے مینہ برسنا۔ **ٹوٹ جانا** (لازم) ٹوٹنا۔ **ٹوٹ کر** (تف) شدت سے کثرت سے۔ تیزی سے ۲ بڑی کوشش سے۔ سخت محنت سے ۳ کسی فریق سے قطع تعلق کرکے۔ **ٹوٹ رہنا** (لازم) ۱ کام کرکر کے تھک جانا ۲ غریب ہو جانا۔ مفلس ہو جانا ۳ اعضا شکنی ہونا۔ درد ہونا ۴ جدا ہو جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ **ٹوٹ کر گرنا** (لازم) دیکھو ٹوٹ پڑنا ۱ تا ۳۔ **ٹوٹن** (مذکر) ۱ ٹوٹ پھوٹ۔ چورا۔ ریزگی ۲ کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔ برتن یا لکڑی کا ٹوٹا ہوا حصہ ۳ دیکھو ٹوٹ ۳۔ **ٹوٹنا** (لازم) توڑنا کا ۱ شکستہ ہونا۔ پھوٹنا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔ ٹکڑے ہونا ۲ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا ۳ کمی ہونا۔ ٹوٹا ہونا ۴ ناتواں ہونا۔ کمزور ہونا ۵ دو ٹکڑے ہونا ۶ گرنا جھکنا مائل ہونا ۷ زیر بار ہونا ۸ مفلس ہونا۔ غریب ہونا۔ دیوالیہ ہونا ۹ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۱۰ جنس کا کم قیمت ہونا ۱۱ ہجوم ہونا۔ پل پڑنا ۱۲ علیحدگی اختیار کر لینا کسی سے ۱۳ (وضو روزہ) فاسد ہو جانا ۱۴ (کان) پھٹنا ۱۵ (مصیبت وغیرہ) واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ یکلخت آپڑنا ۱۶ (روپیہ) ۱ بقایا میں پڑنا ۲ ختم ہو جانا۔ خرچ ہو جانا ۱۷ (پھل) اترنا ۱۸ (بدن وغیرہ) اعضا شکنی ہونا۔ درد ہونا ۱۹ (نہر کا پانی) پھوٹنا۔ کنارہ توڑ کر نکل جانا ۲۰ (کوئیں کا پانی) کم ہو جانا ریت آنے لگنا۔ نہ نکل آنا ۲۱ (گواہ) فریق مخالف سے مل جانا ۲۲ جرح میں بگڑ جانا ۲۳ (دل) ناامید ہو جانا ۲۴ (دوستی وغیرہ) تعلق نہ رہنا۔ علیحدہ ہو جانا ۲۵ (بینک) دیوالہ نکل جانا۔ بند ہو جانا ۲۶ (کمر) ناامید ہو جانا۔ حوصلہ نہ رہنا۔ لڑکا مر جانا ۲۷ (بازو) بھائی مر جانا ۲۸ (سر نخمی ہونا سر میں) ۲۹ (ہمت) حوصلہ نہ رہنا۔ جرات نہ رہنا **ٹوٹنا پھوٹنا** (لازم) شکستہ ہونا۔ ثابت نہ رہنا۔ **ٹوٹی** (ھ۔ مونث) نقصان وغیرہ دیکھو ٹوٹ۔ **ٹوٹے بال کھونسنا** (متعدی) کنگھی کرتے ہوئے جو بال ٹوٹتے ہیں انہیں دیواروں کے سوراخوں میں ڈال دینا **ٹوٹے پڑنا** (لازم) مجمع ہونا۔ ایک پر ایک گرنا۔ بھیڑ ہونا ۲ بہت خریدار ہونا ۳ بوجھ کے مارے جھک جانا **ٹوٹے دل کو جوڑنا** (متعدی) جس شخص کو صدمہ پہنچا ہو۔ اس کو دلاسا دینا۔ دل شکستہ یا رنجیدہ کی تسلی و تشفی کرنا۔

امثال و اقوال۔ ٹوٹا یا ٹن

کیسر سے کے سر۔ ٹوٹی چیز مالک کو فوراً واپس دی جاتی ہے۔ **ٹوٹا تیلی کرمیں ادھیلی** ۱ تیلیوں کی غربت پر طنز ہے ۲ بہت غریب ہے۔ پاس کچھ نہیں۔ **ٹوٹا مت رہ ٹول سوں راد پھیر کے بیچ۔ ایک اپنے منکھ کو سوجھے اوچ نا بیچ** (ھ) رستے یا لڑائی میں ہمراہیوں سے الگ نہیں ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اکیلا آدمی بے بس ہو جاتا ہے۔ **ٹوٹ نہ دکھ دے بالکے سب سے مل کر چال۔ ٹوٹا ڈھو بردیت ہیں گام گلی میں ڈال** (ھ) دنیا میں لڑنا جھگڑنا نہیں چاہیئے۔ ہر ایک سے مل کر رہنا چاہیئے۔ ٹوٹے برتن کو گلی میں پھینک دیتے ہیں۔ لڑنے جھگڑنے والے آدمی سے کوئی نہیں ملتا۔ **ٹوٹی بانھ گلچنداڑی (گلے پڑی)** گلے میں پٹی لٹکا کر ٹوٹی ہوئی بانھ اس میں رکھ دیتے ہیں۔ یہ گلچنداڑی ہے کہ کوئی بری چیز جسے چھوڑ نہ سکیں **ٹوٹی پھوٹی موگری کمہار کے برتنوں کے لئے کافی ہے**۔ تھوڑے سے کام کے لئے ذرا سی ہمت بھی کافی ہے۔ **ٹوٹی ٹانگ پاؤں نہ ہاتھ کیسے چلوں گھوڑوں کے ساتھ**۔ اس بیوقوف کی نسبت کہتے ہیں۔ جو ایسے کام میں ہاتھ ڈالے جو بڑوں بڑوں سے نہ ہو سکے۔ **ٹوٹے سے پھر کے جوڑے گانٹھ**

گنٹھیلا ہو۔ ٹوٹی کا کیا جوڑنا گانٹھ پڑے اور نا رہے۔ جہاں ایک دفعہ شکر رنجی ہو جائے پھر پہلی سی دوستی نہیں ہوتی۔ ٹوٹی کمان میں دونوں کو ڈر ہوتا ہے۔ تیر چلانے والا جانتا ہے کہ نشانہ نہیں لگنے کا اور دشمن تیر سے ڈرتا ہے۔ ٹوٹے کو (جو پھر کر) جوڑے گانٹھ گٹھیلا (گٹھیلی) ہو۔ دیکھو ٹوٹی کا الخ۔ ٹوٹی کی بوٹی بتا دو حکیم جی۔ جب جینے کی کوئی امید نہ رہے تو کہتے ہیں۔ موت کا کوئی علاج نہیں ٹوٹی کی کیا بوٹی۔ موت کا کوئی علاج نہیں۔ ٹوٹی ہے تو کسی سے جڑی نہیں اور جڑی ہے تو کوئی توڑ سکتا نہیں۔ بیمار آدمی کو حوصلہ دلانے کیلئے کہتے ہیں۔

ٹوٹا (ہ۔ مذکر) ۱ نقصان۔ گھاٹا خسارہ ۲ ضرر ۳ آمدنی کی کمی۔ تجارت میں نقصان ۴ کمی قلت غربت۔ مفلسی (اٹھانا۔ پڑنا۔ سہنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) ۵ تاوان (کھینا۔ دینا کے ساتھ) ۶ (ہ) بانس کی نلی نالی ۷ کارتوس ۸ پٹاخہ ۹ شمع کا آخری ٹکڑا جو جلنے سے بچ رہے (س تڑٹ۔ ٹوٹنا)

امثال و اقوال۔ ٹوٹا ٹالے نہ ٹلے جب لگ مٹے نہ لیکھ۔ سادھ کہیں رے بالکے لاکھ جتن کر دیکھ (ہ) جب تک قسمت اچھی نہ ہو نقصان ہوتا رہتا ہے جتنی کوشش چاہے کوئی کرے۔ **ٹوٹا ٹامک ٹوٹر و چھپانے رہیں نہ مول۔ یوں پرگھٹ ہوں جگت میں جوں لشکر کی دھول** (ہ) نقصان ڈھول اور ختنہ چھپائے نہیں چھپ سکتے۔ ضرور ظاہر ہو جاتے ہیں۔ جسطرح لشکر کی گرد نہیں چھپائی جا سکتی۔ **ٹوٹا کردے منہ کو کالا ٹوٹے والا جگت کا سالا** گھاٹا سخت بدنام کرتا ہے اور آدمی ہر ایک کی نظر میں ذلیل ہوتا ہے۔ **ٹوٹے سے ہو گھر کا ٹیپا ٹوٹا گیا تو کھلا نصیبا۔** گھاٹا گھر کا ستیاناس کر دیتا ہے گھاٹا نہ پڑے تو خاندان کی قسمت کھل جاتی ہے۔ **ٹوٹے مارا بانیا بھر جوگی کا بھیس۔ ہانڈے بچھا مانگتا پھرے دیس بدیس** (ہ) بنئے کو گھاٹا پڑے تو فوراً جوگی بن کر دیس بدیس مانگتا پھرتا ہے۔ لوگوں کے خواہ مخواہ جوگی بننے پر طنز ہے۔

ٹوٹرو (ہ۔ مذکر) **ٹوٹڑو** (ہ) ۱ فاختہ کی قسم کا ایک پرند ۲ بھنگ کا بھوک (س۔ ترو ٹکی)

ٹوٹک (س۔ مذکر) ایک وزن یا بحر رباعی کی۔

ٹوٹکا (ہ۔ مذکر) ۱ ٹونا۔ جادو جنتر منتر۔ ٹکا۔ افسوں ۲ وہ ٹونا جو عملاً کیا جاتا ہے (کرنا ہونا کے ساتھ) (س۔ تنترک۔ جادو) **ٹوٹکا کرنے آنا** (لازم) آکر تھوڑی دیر ٹھہرنا۔ کھڑے کھڑے آنا۔ جلدی چلے جانا۔ **ٹوٹکا ہونا** ۱ جادو ہونا۔ افسوں ہونا ۲ کسی کام کا جلدی ہونا۔ **ٹوٹکے ہائی** (مونث) وہ جو ہر ایک پر ٹوٹنے کرتی پھرے

امثال۔ ٹوٹکوں سے کیا قضا ٹلتی ہے۔ ٹوٹکوں سے گاجیں نہیں ٹلتی ہیں۔ ٹوٹکوں گاج نہیں ٹلتی۔ معمولی تدبیروں سے بڑے کام انجام نہیں پاتے۔

ٹوٹل (انگ۔ مذکر) میزان۔ جوڑ جمع۔

ٹوٹن (ہ۔ مذکر) لڑائی کے مرغ کی چونچ۔

ٹوٹی (ہ۔ مونث) دیکھو ٹونٹی۔

ٹوڈی (انگ۔ صفت) خوشامدی چاپلوس۔

ٹوڑا (ہ۔ مذکر) جھانجھر۔ پاؤں کا ایک زیور۔

ٹورا۔ ٹوڑا (ہ۔ مذکر) چھجالکڑی کا ٹکڑا جو چھجے میں لگایا جائے (س تڑٹ۔ توڑنا)

ٹوڑا (د۔ صفت) ۱ بدوضع بیہودہ فضول ۲ بونا۔ ٹھنگنا ۳ (مذکر) ایک پرند کا نام جو بٹیر سے چھوٹا ہوتا ہے ۴ پرند کا لاغر بچہ۔ **ٹوری** (مونث) ایک راگنی۔

ٹورنمنٹ (انگ۔ مذکر) کھیلوں کا سالانہ جلسہ۔

ٹوسا (ہ۔ مذکر) ۱ شاخ۔ شگوفہ ۲ آک کا پھل ۳ کسا گھاس کی جڑ۔ **ٹوسی** (مونث) ناشگفتہ کلی۔

ٹوسٹ (انگ۔ مذکر) ۱ ڈبل روٹی کا چوٹا ٹکڑا ۲ جام صحت (نوش فرمانا کے ساتھ)

ٹوک (ہ۔ امر) ۱ ٹوکنا سے ۲ (مونث) روک۔ مزاحمت۔ تعرض ان معنوں میں اردو میں روک ٹوک اور ٹوک ٹاک میں استعمال ہوتا ہے ۳ نظر بد (س ترک۔ پوچھنا) **ٹوکا** (ہ۔ صفت) ۱ جسے روکا جائے ۲ جس سے پوچھا جائے ۳ ثابت کیا ہوا۔ دریافت کیا ہوا ۴ (مذکر) ایک آلہ جس سے چارہ کاٹتے ہیں۔ **ٹوکا پٹہ** (مذکر) پٹہ دائمی۔ **ٹوک ٹاک** (مونث) ٹوک ۲۔ **ٹوک دینا** (متعدی) ٹوکنا۔ **ٹوک کر مارنا** (متعدی) للکار کر قتل کرنا۔ **ٹوک لگنا۔ ٹوک میں آنا** (لازم) نظر لگنا۔ **ٹوکنا** (متعدی) ۱ روکنا۔ مزاحمت کرنا ۲ ایک پہلوان کا دوسرے کو لڑنے کا پیغام دینا۔ للکارنا ۳ پوچھنا۔ دریافت کرنا ۴ آنے جانے والوں سے دریافت کرنا ۵ مقروض سے روپے کا تقاضا کرنا ۶ کسی کو پیچھے سے آواز دینا ۷ کسی کو کہیں آنے جانے سے روکنا ۸ غلطی بتانا۔ غلطی نکالنا ۹ اعتراض کرنا ۱۰ الزام لگانا۔ سرزنش کرنا ۱۱ رشک کرنا حسد کرنا ۱۲ نظر لگانا۔

ٹوک (د۔ مذکر) ۱ ٹکڑا۔ حصہ۔ پارچہ ۲ ذرہ۔ ریزہ۔ کن (س۔ ستوک۔ چھوٹا) **ٹوکا** (مذکر) ۱ چھوٹا ٹکڑا۔ دیکھو ٹوک ۲ ڈھول پر ایک ضرب۔ **ٹوک ٹوک کرنا** (ہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا وغیرہ۔ **ٹوک سا** (صفت) ۱ تھوڑا سا۔ ذرا سا ۲ (مذکر) چھوٹا ٹکڑا۔

ٹوکرا (ہ۔ مذکر) ۱ بانس جھاؤ وغیرہ کا بنایا ہوا بڑا برتن۔ جھابا ۲ کشتی۔ ڈونگا ۳ بوجھ ۴ پچیسی کی ہاری ہاری ہوئی بازی۔ **ٹوکرا دینا** (متعدی) پچیسی میں بازی ہرا دینا۔ **ٹوکرا سر پر ہونا** (لازم) بار سر پر ہونا۔ سر پر بوجھ ہونا۔ **ٹوکروں اترنا** (لازم) پھل کے درخت سے بکثرت تیار ہونا۔ بہت پھل گرنا۔ **ٹوکری** (مونث) چھوٹا ٹوکرا۔ ڈلیا۔ **ٹوکرے پر کا ہاتھ رہ جانا یا رہنا** (لازم) شرمندہ ہونے سے بچ جانا قلعی نہ کھلنا۔ بھرم بندھا رہنا۔ **ٹوکری ڈھونا** (متعدی) مزدوری کرنا۔ قلی کا کام کرنا۔

ٹوکم ٹاک (اردو۔ صفت) ٹھیک درست۔ تول میں پورا۔ **ٹوکم ٹاکا** (مذکر) عو۔ لڑائی جھگڑے کی بات۔

ٹوکنا (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کا پانی کا بڑا برنجی برتن۔ کلسا (س ستوک۔ چھوٹا ٹکڑا) ۲ دیکھو ٹوک کے تحت میں۔ **ٹوکنی** (مونث) ٹوکنا۔

ٹوکی (اردو۔ مونث) انگیا کی کٹوری کا اوپر کا حصہ۔

ٹول (ہ۔ مذکر) ۱ نطفہ۔ منی۔ بیرج

۳ بچہ - لڑکا - اولاد ۲ دھکا - صدمہ - تھپڑ ۵ گروہ مجمع
بھیڑ ۶ چھوٹا گاؤں - **ٹولا** (مذکر) ۱ شہر کا ایک حصہ
جس میں خاص فرقے - قوم یا پیشے کے آدمی رہتے ہوں
۲ کوچہ - محلہ ۳ چیزوں کا سیٹ یا مجموعہ ۴ مجمع - گروہ - طائفہ
۵ مختلف چیزوں کا ڈھیر یا مجموعہ ۶ روڑا - سنگریزہ ۷ بڑی
کوڑی ۸ دھکا - صدمہ ۹ نشان - ضرب - بدھی - نیل -
ٹولا پڑنا (لازم) نشان پڑنا - نیل پڑنا - **ٹول مارنا**
(متعدی) ایک چیز کو دوسری چیز سے ٹکرانا - **ٹولن**
(ھ) جمع ٹولا کی - **ٹولی** (مونث) چند شخصوں کا گروہ -
مجمع - طائفہ ۲ دیکھو ٹولا نمبر ۳ بھاری پتھر -

مثل - ٹولن میں گھر ٹول بھلا سب باجن میں ڈھول بھلا - سب جگہوں سے
اچھی جگہ گھر ہے اور ڈھول سب باجوں میں اچھا باجہ ہے

ٹول (انگ - مذکر) محصول سڑک کا
چنگی - **ٹول کلکٹر** (مذکر) محصول وصول کرنے والا افسر

ٹول (انگ - مونث) ایک قسم کا
کپڑا جو عام طور پر سفید یا خاکی ہوتا ہے اور دھاری دار
بھی ہوتا ہے - سوت یا ریشم کا بنایا جاتا ہے (اصل ٹوِل)

ٹولنا (ہ - متعدی) جوانمرد (زنانوں
کی اصطلاح)

ٹوم (ہ - مونث) ۱ زیور - گہنا پاتا
۲ چھوٹی موٹی چیزیں ۳ کوئی نئی یا خوبصورت چیز - کوئی
عجیب چیز ۴ خوبصورت عورت ۵ مالدار عورت - سونے
کی چڑیا ۶ چالاک آدمی - چلتا پرزا آدمی ۷ انتڑیاں ۸
کبوتروں کی چھتری ۹ (لکھنؤ) حریف کے کبوتر کو کسی
بہانے سے اپنے مکان پر بٹھالینا ۱۰ نوچی ۱۱ نیا پودہ - **ٹوم
ٹام** (مذکر) ۱ گہنا پاتا - چھوٹا موٹا گہنا ۲ کوئی کوئی چیز - چند
چیزیں ۳ کم قیمت چیز ۴ تھوڑا سا زیور - **ٹوم چھلا** (مذکر)
چھوٹا موٹا زیور - ادنے قسم کا گہنا - **ٹوم دینا** (متعدی)
کبوتر کو چھتری پر سے ابھارنا -

امثال واقوال - ٹوم تیریا (عورت) کی پت بڑھاوے - ٹوم بچھے دھنونت کہاوے - عورت کی عزت گہنے سے
ہوتی ہے - اور انسان گہنے کی وجہ سے امیر کہلاتا ہے - **ٹوم
بنا تیریا (عورت) ہے ایسی بن پانی کے کھیتی
جیسی** - بغیر گہنے کے عورت ایسی جیسی کھیتی بلا پانی - **ٹوم
کپڑے جس گھر پاویں - ایک چھوڑ دس بیر
آویں** - امیر آدمی چاہے تو متعدد شادیاں مرضی سے کرلے

ٹوم دینا - ٹومنا (ھ - متعدی) آہستہ سے دھکیلنا -

کہنی مارنا -

ٹوں (ہ - مونث) گوز کی آواز -
پوں (کرنا ہونا کے ساتھ)

ٹونا (ہ - مذکر) جادو - منتر - افسوں سحر
(کرنا - ہونا کے ساتھ) ۲ شادی کے موقع کا ایک گیت -
جس میں دولہا سے فرمانبرداری کا عہد لیا جاتا ہے (گانا کے
ساتھ) (س - تنتر - جادو) **ٹونا الٹنا** (متعدی) جادو کا
اثر نہ ہونے دینا - ایسا توڑ کرنا کہ جادو کرنے والے پر اصل
جادو کا اثر ہو - **ٹوناٹامن** (مذکر) **ٹانی** (ھ - مونث)
جادو - جنتر منتر - **ٹونا مارنا** (مونث) ٹونا کرنا - منتر پڑھ کر
پھونکنا - **ٹونا ہائی** (مونث) ٹونا کرنے والی عورت -
ٹونے باز (مذکر) جادوگر - ساحر - منتری - **ٹونے
ٹوٹکے** (مذکر) جنتر منتر - گنڈے تعویذ - جھاڑ پھونک

ٹونٹ (ہ - مونث) چونچ (س -
ترونٹ) **ٹونٹ بندھ رہنا** (؟) سخت ہو جانا - اکڑ جانا -

ٹونٹا (ہ - مذکر) ۱ ایک قسم کی آتشبازی
۲ بانس کا ٹکڑا ۳ (ہ) دیکھو ٹونڈا ۴ (صفت) جس کا ہاتھ
کٹا ہوا ہو -

ٹونٹی (ہ - مونث) لوٹے وغیرہ کی
نلی جس میں سے پانی نکلتا ہے (س ترونٹ - چونچ) **ٹونٹی
داریا والا** (صفت) وہ برتن جس کی ٹونٹی ہو - **ٹونٹی
دار لوٹا** (مذکر) بدھنا -

ٹونڈی (ہ - مونث) ناف -

ٹونڈی (ہ - مونث) ۱ ناف ۲ گاجر
مولی وغیرہ کی ڈنک ۳ چھوٹی شاخ جو آگے سے ٹوٹی ہو اور
بغیر پتوں کے ہو - **ٹنڈ** ۴ کٹا ہوا بازو (س تنڈکا)

ٹونک (ھ - مذکر) ۱ چونچ - بل ۲
ہتھیار یا اوزار کی نوک ۳ عمارت - گاؤں زمین وغیرہ کا
سرا -

ٹونک (ھ - مونث) دیکھو ٹوک
اور ٹھونک -

ٹونگ (ہ - امر) ۱ ٹونگنا کا ۲ (مونث)
ٹونگنا - **ٹونگا** (ماضی) ٹونگنا کی - **ٹونگا ٹانگی** (مونث)
ٹونگنا - **ٹونگنا** (متعدی) تھوڑا تھوڑا کھانا - ایک ایک
دانہ اٹھا کر کھانا ۲ پرندوں کا چونچ سے دانہ کھانا -

ٹونگ (ھ - مونث) نوک - سرا -

ٹونوا (ھ - مذکر) ۱ ٹونا ۲ باز کی ایک
قسم -

ٹونہا (ھ - مذکر) ۱ وہ شخص جو جادو
ٹونے کے ذریعے بیماروں کو اچھا کرے ۲ ساحر - جادوگر
ٹونے باز - **ٹونہائی** (مونث) دیکھو ٹونہا -

ٹوہ (ہ - امر) ۱ ٹوہنا کا ۲ (مونث)
تلاش - جستجو ۳ چھونا - محسوس کرنا ۴ کھوج - سراغ ۵
احساس - مس - لمس - **ٹوہا ٹوہی** (مونث) چھان بین
دیکھ بھال - تلاش جستجو - **ٹوہ یوہ یا ٹاہ** (مونث)
تلاش - خبر - حفاظت (رکھنا کے ساتھ) **ٹوہ ٹاہ میں
رہنا** (لازم) دیکھو ٹوہ میں رہنا - **ٹوہ رکھنا** (متعدی)
تلاش رکھنا - **ٹوہ لگانا** (متعدی) ۱ تلاش رکھنا - جستجو
کرنا ۲ خبر لگانا - پتا لگانا - سراغ لگانا - **ٹوہ لینا** (متعدی)
۱ پتا لگانا ۲ عندیہ دریافت کرنا - **ٹوہ میں رہنا** (لازم)
۱ تلاش میں رہنا ۲ عیب جوئی کے درپے رہنا - **ٹوہنا**
(لازم) تلاش کرنا - جستجو کرنا ۲ کھوج لگانا - پتا لگانا ۳ عندیہ
دریافت کرنا ۴ ٹٹولنا - محسوس کرنا - **ٹوہیا** (مذکر) تلاش
کرنے والا - جاسوس - سراغی - کھوجی -

ٹوہنا (ھ - مذکر) دیکھو ٹونہا -

ٹوئی (ھ - مونث) نے کا ٹکڑا جس کا
قلم بنتا ہے -

ٹوِیاں (ہ - صفت) تلفظ ٹیاں
چھوٹا سا - پستہ قد - بونا - ننھا سا ۲ (مذکر) ایک قسم کا
چھوٹا طوطا -

ٹوِیڈ (انگ - مونث) ۱ ایک قسم کا
اونی کپڑا جس کے سوٹ وغیرہ بنتے ہیں ۲ (سکاٹلینڈ)
ایک دریا -

ٹھ (ہ - مذکر) ۱ ناگری - الف بے کا
بارھواں حرف ۲ حساب جمل میں ت وہ شمار ہوتا
ہے - اور اس کے ۵۰۰ عدد ہوتے ہیں - **ٹھکا** (مذکر)
حرف ٹھ یا اس کی آواز -

ٹھا (ہ - مذکر) ۱ زور کی آواز
پٹاخے کی آواز - ایک چیز کے دوسری پر گرنے یا دوسری
سے ٹکرانے کی آواز (کرنا ہونا کے ساتھ) (پٹاخے کی آواز
سے) ۲ (مونث) جگہ - مقام ۳ گویوں کی اصطلاح
میں نصف آواز - مدہم آواز - متوسط آواز (س
ستھد - جگہ)

ٹھاٹ (ہ - مذکر) دیکھو ٹھاٹھ

ٹھاٹر (ہ - مذکر) ڈھانچ - ٹٹی
جعفری ۲ مرغی خانہ - کبوتر خانہ - چڑیا خانہ ۳ روشنی
کرنے کی ٹٹی جو خوشی یا دیوالی کے موقع پر بنائی جاتی ہے
(س ستھم - کھڑا ہونا) **ٹھاٹر بندی** (لازم) ٹٹی کے

باندھنا۔

مثل۔ ٹھاٹر کھول نکھٹو آیا۔ کاہل اور سست خاوند پر طنز ہے۔

ٹھاٹھ (ہ۔ مذکر) ۱ ٹٹی۔ ٹھاٹر ڈھانچ ۲ چھت کا ڈھانچ جس پر چھپر باندھے جاتے ہیں ۳ ڈھنگ۔ طریقہ۔ فیشن۔ ناز و انداز ۴ تجمل۔ زیب و زینت۔ آرائش ۵ جلوس۔ سامان سواری دھوم دھام۔ جلو ۶ ساز و سامان۔ لوازم۔ مال و اسباب تکلف ۷ شان و شوکت۔ دبدبہ۔ رعب ۸ مجمع۔ انبوہ بھیڑ ۹ بہتات۔ کثرت۔ افراط ۱۰ تجویز۔ تدبیر۔ انتظام ۱۱ پیترا۔ لکڑی پھینکنے والوں کا خاص طریق سے کھڑا ہونا ۱۲ دیکھ کا انداز جو شاندار ہو ۱۳ مرغ یا کبوتر کا پر جھاڑنا ۱۴ ستار کی کھونٹی کا درست کرنا ۱۵ مرغ کا لڑتے وقت بڑھنے کا انداز (س ستم۔ کھڑا ہونا) **ٹھاٹھ باٹ سے رہنا** (لازم) شان و شوکت سے رہنا۔ آن بان سے رہنا۔ **ٹھاٹھ باندھنا** (متعدی) ۱ ٹٹی باندھنا ۲ ٹھاٹھ ۳ شوکت دکھانا۔ **ٹھاٹھ بدلنا** (متعدی) ۱ پیترا بدلنا۔ نئے انداز سے کھڑا ہونا ۲ نئی طرز سے آرائش کرنا ۳ نیا انداز بدلنا۔ طرز بدلنا ۴ نیا لباس بدلنا۔ **ٹھاٹھ پڑا رہ جانا** (لازم) سب سامان دنیا میں رہ جانا۔ **ٹھاٹھ پھیلانا** (متعدی) کسی امر کی درستی کا انتظام کرنا۔ **ٹھاٹھ کرنا** (متعدی) ۱ آراستگی کرنا۔ آرائش کرنا ۲ کبوتر کا مستی میں پر مارنا ۳ لڑائی کے وقت مرغ کا تن کر چلنا۔ **ٹھاٹھ مار کر (کے) اٹھنا** (لازم) پرند کا پر جھاڑ کر اڑنے کے واسطے اٹھنا۔ **ٹھاٹھ مارنا** (متعدی) ۱ پرند کا اڑنے سے پہلے پر تولنا یا مارنا ۲ مرغوں کا بال و پر ہلانا ۳ جفتی کر کے کبوتر کا اٹھ جانا۔ موج کرنا یا مارنا۔ مزے اڑانا۔ چین کرنا۔

ٹھاٹھا (ہ۔ مذکر) ۱ بیل کا کوہان ۲ (پ) وہ کپڑا جو چہرہ و منہ پر باندھ لیتے ہیں کہ شناخت نہ ہو سکیں۔

ٹھاڈا (ہ۔ صفت) دیکھو ٹھاڑا۔

ٹھار (ہ۔ مذکر) ۱ ارادہ قصد ۲ برف۔ پالا۔

ٹھاری (ہ۔ مونث) لکڑی جو لکڑی کے پھینکنے والے دوسرے کے سر پر مارتے ہیں۔

ٹھاڑ۔ ٹھاڑا۔ ٹھاڑھا (ہ۔ صفت) ۱ گڑا ہوا۔ ٹھہرا ہوا۔ قائم ۲ سیدھا۔ کھڑا ۳ زبردست۔ جابر۔ طاقت والا ۴ بہت ڈھلوان۔ اونچا۔ عمودی ۵ (مذکر) ٹھہرنے کی جگہ۔ **ٹھاڑھنا** (لازم) ۱ قائم ہونا۔ گڑنا۔ ساکن ہونا ۲ ٹھہرنا۔ رہنا۔ قائم ہونا ۳ کھڑا ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا

ٹھاڑھو (ہ۔ صفت) دیکھو ٹھاڑ۔

امثال و اقوال۔ ٹھاڑا مارے اور (آگے رکھ لے) رونے نہ دے زبردست جو چاہے سو کرے۔ **ٹھاڑے کی جورو سب کی دادی۔ غریب کی جورو سب کی بھابی**۔ زبردست کی بیوی کی سب عزت کرتے ہیں اور غریب کی بیوی سے سب بے تکلفی کرتے ہیں۔ زبردست کا ساتھی زبردست غریب کا غریب۔

ٹھاس (ہ۔ صفت) ٹھوس اور ٹھس۔

ٹھاسنا (ہ۔ متعدی) دیکھو ٹھانسنا۔

ٹھاکر (ہ۔ مذکر) ۱ بت۔ دیوتا ۲ ایشور ۳ مالک۔ آقا۔ سردار (راجپوتوں میں) ۴ راجپوتانے کا امیر ۵ زمیندار ۶ عزت کا لفظ۔ صاحب جناب ۷ معزز شخص۔ عہدہ دار ۸ ہندوؤں کی ایک ذات ۹ نائی کا لقب۔ خلیفہ ۱۰ دولتمند۔ مالدار۔ امیر۔ **ٹھاکرانی** (مونث) ۱ ٹھاکر کی بیوی ۲ ٹھاکر قوم کی عورت۔ **ٹھاکرائی** (مونث) ۱ ٹھاکر کا عہدہ یا رتبہ ۲ نائی کا کام ۳ سرداری۔ حکومت۔ **ٹھاکر باپ** (مذکر) دادا۔ **ٹھاکر باڑی** (مونث) کسی بت کا مندر۔ **ٹھاکر جی** (مذکر) ۱ عزت کا لقب ۲ بیراگیوں میں ایشور کا نام۔ **ٹھاکر دوارہ** (مذکر) کسی بت کا مندر۔ **ٹھاکر سیوا** (مونث) ۱ بت کی پوجا۔ دیوتا کی پرستش ۲ کسی مندر کے لئے جاگیر۔ **ٹھاکر ما** (مونث) دادی۔

مقولہ۔ ٹھاکر بیچ پھر مالا لکر گنگا جمنا پانی۔ جب لگ من میں سانچ نہ آئے چاروں بید کہانی۔ جب تک کہ انسان کا دل ایمان نہ لائے تب تک مذہبی باتیں قصہ کہانی ہوتی ہیں۔

ٹھال (ہ۔ مونث) ۱ کام سے آزادی۔ بیکاری۔ بے شغلی ۲ فرصت۔ مہلت ۳ چھٹکارا۔ چھٹی۔ رخصت۔ تعطیل۔ **ٹھالا** (صفت) ۱ بیکار ۲ جسے چھٹی ہو۔ **ٹھالا پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا۔ ادھر ادھر پھرنا۔ ٹہلنا۔ **ٹھالا ہونا** (لازم) ۱ بیکار ہونا۔ کاہل ہونا ۲ فرصت ہونا۔ **ٹھالی** (صفت مونث) ٹھالا کی۔

مثل۔ ٹھالی بنیا کیا کرے اس کوٹھی کے دھان اس کوٹھی میں کرے بیکار آدمی فضول کاموں میں لگا رہتا ہے۔

ٹھال ٹھالا (ہ۔ مذکر) تراشیدہ شاخ مع پتوں کے۔ **ٹھالی** (مونث) چھوٹی شاخ۔

ٹھام (مذکر) ٹھامو (شعر میں)

ٹھامی (مونث) **ٹھان** (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹھانو۔

ٹھاں (ہ۔ مونث) بندوق کی آواز۔ **ٹھاں ٹھاں** (مونث) ۱ بندوق کی پیہم آواز ۲ ڈھول کی آواز۔ **ٹھاں ٹھاں ہونا** (لازم) ۱ بندوقوں کی آواز ہونا۔ بندوقیں چلنا ۲ تکرار ہونا۔ بحث ہونا۔ جھگڑا ہونا۔ **ٹھاں ٹھو** (ہ۔ مذکر) ۱ ٹھاں ٹھاں ۲ (صفت) قابل اعتبار۔ معتبر شخص

ٹھان (ہ۔ امر) ٹھاننا کا۔ ٹھانا (ماضی) ٹھاننا کی۔ **ٹھان لینا** (متعدی) پکا ارادہ کرنا۔

ٹھان۔ ٹھانا (ہ۔ مذکر) جانور کے باندھنے کی جگہ۔ اصطبل۔ طویلہ۔ **ٹھان بند۔ ٹھانے بند** (صفت) وہ جو ہر وقت طویلے میں رہے (جانور) **ٹھان بندی۔ ٹھانے بندی** (مونث) جانور کا طویلے میں ہمیشہ رہنا۔

ٹھانس (ہ۔ امر) ۱ ٹھانسنا کا ۲ (مذکر) کھانسی (س تکش۔ کاٹ کر بنانا) **ٹھانسا** (ماضی) ٹھانسنا کی ۳ (ہ۔ مذکر) کوئی چیز جو ٹھونسی جائے۔ بھرتی۔ بھراؤ حشو ۴ بندوق میں بھرنے کی ڈاٹ یا چیتھڑا۔ **ٹھانسنا** (متعدی) ۱ بھرنا۔ ٹھونسنا۔ کچا کچ یا داب کر بھرنا ۲ گھسیڑنا داخل کرنا ۳ مضبوط بنانا۔

ٹھاننا (ہ۔ متعدی) پکا ارادہ کرنا نیت کرنا۔ منصوبہ باندھنا۔ ۔۔۔ کرنا۔ عزم کرنا۔ ارادہ مصمم کرنا۔ قرار دینا۔ طے کرنا۔ ٹھیرانا۔ مقرر کرنا۔ (س تکش۔ دل میں سوچنا) **ٹھانی ہے**۔ مصمم ارادہ کیا ہے۔ پکا منصوبہ کیا ہے۔

ٹھانو۔ ٹھانو (مذکر و مونث) **ٹھانی ٹھانیں** (مونث) **ٹھاؤ۔ ٹھاؤں۔ ٹھاؤ** (مذکر و مونث) **ٹھائی۔ ٹھائیں** (ہ۔ مونث) جگہ۔ مقام۔ ٹھکانا۔ ستھان۔ موقعہ۔ محل۔ جائے

ٹھاؤں ؎ رہنے کی جگہ۔ مکان۔

مثل۔ ٹھاؤں گن کا جل ٹھاؤں گن کا لک۔ چیز موقع محل پر اچھی معلوم ہوتی ہے۔ اگر سرمے کو آنکھ میں لگایا جائے تو کاجل کہلاتا ہے۔ اگر اس کا داغ ماتھے یا منہ پہ لگایا جائے کالک کہلاتا ہے یا کوئی چیز کسی کو اچھی معلوم دیتی ہے کسی کو بری۔

ٹھاہر (ہ۔ مونث) دیکھو ٹھہر۔

ٹھائیں۔ ٹھائیں ٹھائیں (ہ۔ مونث) دیکھو ٹھاں۔ ٹھائیں ٹھائیں کرنا۔ (متعدی) تکرار کرنا۔ حجت کرنا۔ ٹھائیں ٹھائیں ہونا (لازم) دیکھو ٹھاں ٹھاں ہونا۔

ٹھپا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ایک آلہ جس سے نقش کرتے یا چھاپتے یا نشان لگاتے ہیں ۲۔ نقش۔ سکہ ۳۔ مہر۔ ابھرا ہوا نقش ۴۔ سانچہ۔ قالب ۵۔ نشان نقش جو ٹھپے سے لگے یا چھاپا جائے ۶۔ نشان جو ہاتھ یا پنجے سے لگے ۷۔ چوڑا روپہلی گوٹا یا لیس ۸۔ (زنانوں کی اصطلاح) روپیہ۔ ٹھپا ثبت کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) ٹھپے کا نشان ڈالا جانا۔ ٹھپا دینا یا کرنا (مت) یا لگانا (متعدی) مہر لگانا۔ نقش کرنا۔ نشان ٹھپے سے لگانا ۲۔ اپلا دیوار پر لگانا۔ ٹھپا لگنا یا ہونا (لازم) ۱۔ مہر لگنا۔ ٹھپے سے نشان لگنا ۲۔ اپلا دیوار پر لگنا۔

ٹھپڑ (ہ۔ مذکر) ایک پیسہ (زنانوں کی اصطلاح)

ٹھپنا (ہ۔ متعدی) ۱۔ مارنا۔ پیٹنا ۲۔ ٹھونکنا ۳۔ اپلا تھپنا ۴۔ نشان کرنا۔ ٹھپا کرنا۔ ٹھپوانا (امر) ٹھپنا کا۔

ٹھٹ (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھو ٹھٹھ ۲۔ دیکھو ٹٹ۔ ٹھٹا (مذکر) دیکھو ٹھٹھا۔ ٹھٹر (مذکر) دیکھو ٹھٹھر۔

ٹھٹر۔ ٹھٹرا۔ ٹھٹرنا (ہ۔ لازم) دیکھو ٹھٹھر وغیرہ

ٹھٹک۔ ٹھٹکنا (ہ۔ لازم) دیکھو ٹھٹھک اور ٹھٹھکنا۔

ٹھٹول۔ ٹھٹولی (ہ۔ مونث) دیکھو ٹھٹھول۔ ٹھٹھولی۔

ٹھٹھ (ہ۔ مذکر) انبوہ۔ غول۔ ہجوم۔ بھیڑ۔ جمگھٹا۔ اژدہام۔ جم غفیر (لگنا کے ساتھ) (س ستم۔ کھڑا ہونا) ٹھٹھ کے ٹھٹھ (مذکر) بڑی بھیڑ سخت ہجوم۔ جم غفیر۔

ٹھٹہ۔ ٹھٹھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ اچھی حالت ۲۔ تازگی۔ شان۔ خوبصورتی ۳۔ شہرت۔ مشہوری۔

ٹھٹھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ ہنسی۔ مذاق چہل۔ مزاح۔ تمسخر ۲۔ قہقہ۔ زور کی ہنسی ۳۔ آسان۔ نہایت سہل (س ہرشت۔ خوش) ٹھٹھا اڑانا۔ (متعدی) ۱۔ ہنسی اڑانا۔ مزاح کرنا ۲۔ تضحیک کرنا۔ (مت) ٹھٹھا سمجھنا (لازم) ۱۔ آسان سمجھنا ۲۔ سہل خیال کرنا ۳۔ مذاق سمجھنا۔ ٹھٹھا کرنا (متعدی) ۱۔ مذاق کرنا۔ چہل کرنا۔ ہنسنا۔ ٹھٹھا لگانا (متعدی) ۱۔ قہقہہ لگانا ۲۔ تمسخر کرنا۔ ٹھٹھا مارنا (متعدی) قہقہ لگانا ٹھٹھا مزاج (مت) ٹھٹھے باز (صفت) ٹھٹھول۔ مسخرا۔ ظریف۔ خوش طبع ۲۔ (مذکر) ظریف شخص۔ ٹھٹھے بازی (مونث) ہنسی۔ مذاق۔ مزاح ۲۔ آسان بات۔ ٹھٹھے مار کر (تف) ۱۔ ہنسی میں مذاق میں ۲۔ تضحیک کرکے۔ ٹھٹھے میں اڑا کر ٹھٹھے میں اڑا دینا یا اڑانا (متعدی) مسخرا بنانا۔ تضحیک کرنا۔ ہنسی میں اڑانا۔

ٹھٹھانا (ہ۔ متعدی) ۱۔ مارنا۔ پیٹنا ۲۔ ماتھا کوٹنا ۳۔ اپنے آپ کو تکلیف دینا (س تٹ۔ مارنا)

ٹھٹھائی (ہ۔ مونث) ۱۔ مار پیٹ ۲۔ اپنے آپ کو تکلیف۔

ٹھٹھر (ہ) **ٹھٹھر** (ہ۔ امر) ۱۔ ٹھٹھرنا کا ۲۔ (مونث) سردی۔ ٹھنڈ۔ کپکپی۔ ٹھٹھرا (ماضی) ٹھٹھرنا کی ۲۔ (امر) ٹھٹھرانا کا ۳۔ (صفت) سردی کا مارا ہوا۔ ٹھنڈ لگا ہوا ۲۔ نامرد۔ کمزور۔ ٹھٹھرا جانا (لازم) دیکھو ٹھٹھرنا۔ ٹھٹھرانا (متعدی)

ٹھٹھراہٹ (مونث) ٹھنڈ۔ کپکپی۔ سردی۔

ٹھٹھرنا (لازم) ۱۔ سخت سردی لگنا۔ سردی سے اینٹھنا۔ کپکپی لگنا ۲۔ بڑھنے سے رہ جانا ۳۔ سردی سے پوست کا کھنچ جانا۔

ٹھٹھر (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹھٹھہ ٹھٹرا اور ٹھٹھری۔

ٹھٹھرا (ہ۔ مذکر) باڑ۔

ٹھٹھری (ہ۔ مونث) ۱۔ لاش کا ڈھانچا ۲۔ مکان کی چھت وغیرہ کے لئے ۳۔ چٹائی کے پردے کا ڈھانچا ۴۔ ارتھی۔ جنازہ ۵۔ پنجر۔ ڈھانچہ ۶۔ نہایت دبلا پتلا آدمی۔

ٹھٹھک (ہ۔ امر) ۱۔ ٹھٹھکنا کا ۲۔ (مونث) ٹھٹھکنا۔ ٹھٹھکا (ماضی) ٹھٹھکنا کی۔ ٹھٹھک ٹھٹھک کے (تف) دیکھو ٹھٹھک کے ٹھٹھک جانا یا رہ جانا یا رہنا۔ ٹھٹھکنا (لازم) ۱۔ ڈر کر رکجانا۔ چلتے چلتے رکجانا۔ حیرت سے رکجانا۔ ٹھہرجانا ۲۔ رکنا۔ ٹھہرنا ۳۔ الگ ہونا ۴۔ کشش وپنج میں ہونا ہچکچانا۔ ٹھٹھک کے (تف) حیران ہو کر ہچکچا کر

ٹھٹھنا (ہ۔ لازم) ۱۔ جاری رہنا مدت تک رہنا ۲۔ مقابلہ کرنا۔ مقابلے میں کھڑا ہونا۔ مخالفت کرنا ۳۔ (متعدی) انتظام کرنا۔ آراستہ کرنا سجانا ۴۔ دل میں مقرر کرنا۔ ارادہ کرنا۔

ٹھٹھور (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹھٹھول

ٹھٹھول (ہ۔ صفت) ۱۔ خوش طبع۔ ظریف۔ مسخرا ۲۔ (مونث) ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ خوش طبعی۔ ظرافت۔ چھیڑ۔ مزاح۔ چہل ۳۔ (مذکر) ٹھٹھے باز۔ ظریف شخص۔ خوش طبع آدمی (س ہرش۔ خوش ہونا) ٹھٹھولپن۔ ٹھٹھولی (مونث) دیکھو ٹھٹھول ۲۔ ٹھٹھولیا (ہ۔ صفت) دیکھو ٹھٹھول ۱و۳۔ ٹھٹھولی کرنا۔ ٹھٹھولیاں کرنا (متعدی) مذاق کرنا۔ ٹھٹھا کرنا۔ تمسخر کرنا۔

ٹھٹھیرا (ہ) **ٹھٹھیرا** (ہ۔ مذکر) ۱۔ کسیرا۔ تانبے وغیرہ کے برتن بنانے والا ۲۔ جوار یا باجرے کا ڈنٹھل۔ ٹھٹھیری (مونث) ٹھٹھیرے کی بیوی (س تشتھا۔ بیٹھ کر کام کرنے والا) ٹھٹھیرے بازار (مذکر) وہ بازار جس میں ٹھٹھیروں کی دکانیں ہوں ٹھٹھیرے کی بلی (صفت) ڈھیٹ۔ ٹھٹھیرے مارنا (عو) خیال ہے کہ منگل کے دن جوار یا باجرے کے ڈنٹھل سے مارنا بچے کو دبلا کرتا ہے۔

مثل۔ ٹھٹھیرے ٹھٹھیرے کی بدلائی۔ دو ایک جیسے یا ہم پلہ اشخاص کے درمیان معاملہ۔ جھگڑا۔ مباحثہ یا لڑائی۔

ٹھٹھرا (ہ۔ مذکر) جھگڑا۔ بکھیڑا لڑائی۔ فساد۔ قضیہ۔ ٹنٹا۔ خرخشہ۔

ٹھڈا (ہ۔ مذکر) ۱۔ کنکوے کے بیچ کی موٹی تیلی ۲۔ ریڑھ کی ہڈی (س ستھو۔ موٹا ہونا) ٹھڈا ٹوٹ گیا۔ عاجز ہوگیا۔ جھک گیا۔ ٹھڈا ٹوٹی (صفت) کبڑی۔ کرٹوٹی۔

ٹھڈّھی (ھ) **ٹھڈّی** (ہ - مونث) ۱ ٹھوڑی - ذقن ۲ بھنا ہوا اناج جو خستہ نہ ہو ۳ (ھ) گُلی - **ٹھڈی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا** (لازم) فکر مند ہونا - سوچ میں ہونا - غمگین ہونا - **ٹھڈی پکڑنا** (متعدی) خوشامد کرنا - منت سماجت کرنا **ٹھڈی تک بہ آنا** (لازم) بہ کر ٹھڈی تک آ جانا - پان کی پیک یا ۔سی کے متعلق بولتے ہیں - **ٹھڈی کا گڑھا** (مذکر) چاہ ذقن - **ٹھڈی میں ہاتھ دینا** (متعدی) ٹھڈی پکڑنا - **ٹھڈی کے نیچے ہاتھ رکھنا** (متعدی) ۱ حیران ہو جانا ۲ افسوس میں ہونا - غمگین ہونا - سوچ میں پڑنا -

ٹِھر (ہ مونث) سخت سردی بہت ٹھنڈ - پالا - (س ستِھر) **ٹھِرانا** (متعدی) **ٹِھر جانا - ٹھِرنا** (لازم) بہت سردی لگنا - سردی کی سخت تکلیف ہونا -

ٹھَرّا (ہ - مذکر) **ٹھَرّی** (مونث) ۱ ایک بہت معمولی قسم کی دیسی شراب ۲ (ھ) ایک قسم کا جوتا جو دہقان پہنتے ہیں -

ٹِھرا (ھ - مذکر) چھوٹا گاؤں - قریہ - دیہ - کھیڑا - پروا - ماجری -

ٹَھرَر - ٹَھرَک (ھ - مذکر) خراٹا خرخر - نفیرِ خواب - **ٹھرک پڑنا** (لازم) خراٹے لینا

ٹَھریا (ھ - مذکر) ایک قسم کا مٹی کا حقہ -

ٹَھڑا (ھ - صفت) سیدھا کھڑا

ٹَھڑا (ھ - صفت) مشکل سخت ناگہانی تکلیف دہ -

ٹَھَس (ہ - صفت) **ٹُھس** (ھ) بندوق کے چلنے کی ہلکی آواز - گھی جل اٹھنے کی آواز (کرنا - ہونا کے ساتھ)

ٹُھس (ہ - امر) ٹُھسنا کا ۲ (صفت) ٹھوس - پر مغز ۳ چھوٹا بڑا - غیر مساوی - کم و بیش - (پتنگ کے کنّے جب برابر نہ ہوں) ۴ غبی - کند ذہن کودن ۵ نکما - سست ۶ جس میں جھنکار نہ ہو (روپیہ) ۷ ٹھسا ہوا - بھرا ہوا ۸ ضدی - ہٹیلا - سرکش ۹ (مذکر) کم وزن یا ماپ (ٹھونسنا سے) **ٹھسا ٹھس** (صفت) بہت بھرا ہوا - پُر - بھرپور - معمور - کھچا کھچ (بھرنا کے ساتھ) **ٹھس پن** (مذکر) بھدا پن - **ٹھس پن کرنا** (متعدی) ۱ جم کر بیٹھنا ۲ سستی کرنا - آہستہ کام کرنا مچلا پن کرنا -

ٹُھس (ہ - امر) ٹھسنا کا - **ٹھسا** (امر) ۱ ٹھسانا کا ۲ (ماضی) ٹھسنا کی - **ٹھسا دینا** ٹھسانا (متعدی) بہت کھلا دینا - بہت بھر دینا - **ٹھسنا** (لازم) ٹھونسنا کا ۱ بھر دینا - پر کر دینا ۲ ایک چیز کا دوسری چیز میں بمشکل آنا - **ٹھسنی** (ھ - مونث) ٹھونسنے والی چیز - بندوق کا گز - سنبا - **ٹھسوانا** (م) ٹھسنا کا بھونا پر کرانا -

ٹَھسّا (ہ - مذکر) ۱ دیکھو ٹھپا ۲ تکبر غرور گھمنڈ - دماغ - فخر - ابھیمان - عجب - خود بینی - گربھ ۳ شان - ٹھاٹھ - انداز خاص - زیب و زینت (ٹھسک سے) **ٹھسا ڈالنا** (متعدی) ۱ سکہ بنانا ۲ نقش ڈالنا - مہر لگانا - **ٹھسّے** (مذکر) ۱ جمع ٹھسا کی ۲ بجائے ٹھسا حروف مغیرہ سے پہلے - **ٹھسّے سے چلنا** (لازم) دیکھو ٹھسک سے چلنا - **ٹھسّے کرنا** (متعدی) ۱ اترانا ۲ نخرے یا ناز کرنا -

ٹَھَسَک (ہ - مونث) **ٹھسکا** (ھ) ۱ کھانسی کی آواز - دھسک - زکام کی وجہ سے گلے میں خراش ۲ زکام - کھانسی ۳ شان - ٹھاٹھ - بھڑک - دھوم دھام ۴ ناز و انداز - نخرہ ۵ خرام معشوقانہ - خوش خرامی ۶ تکبر - غرور - فخر - دیکھو ٹھسا ۷ ضرب - چوٹ ۸ تنک کلی ۹ بانکا - رنگیلا - البیلا (س - تکش - بنانا) **ٹھسکا** (ہ) کھانسی کی آواز - کھانسی **ٹھسک سے چلنا** (لازم) ناز و انداز سے چلنا - اٹھلاتے ہوئے چلنا - **ٹھسکنا** (متعدی) ایک مٹی کے برتن کو دوسرے سے ٹکرا کر توڑ دینا - گرا دینا - دے مارنا (لازم) برتن میں ٹھیس لگنے سے دراڑ پڑ جانا -

ٹَھسَکنا (ہ - لازم) ۱ بچوں کا آہستہ آہستہ رونا ۲ (ھ) پادنا (تو کش - پیدا کرنا)

ٹَھسکی (ہ - مونث) پھسکی ہلکا گوز -

ٹَھسنا (ہ - لازم) ۱ پانی کا کسی جگہ جمع ہو جانا ۲ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا -

ٹَھسّی (ہ - مونث) گلے کا ایک زیور جس میں کڑیاں اور گھنگرو ہوتے ہیں -

ٹَہک (ھ - مونث) تکلیف - درد - ٹسک -

ٹُھک (ہ - امر) ٹھکنا کا - **ٹھکا** (ماضی) ٹھکانا کی - **ٹھک جانا - ٹھکنا** (لازم) ۱ مار کھانا - پٹنا - سزا پانا ۲ گڑنا - گھسڑنا - اندر گھسنا ۳ شکست کھانا - مغلوب ہونا ۴ پچھڑنا - کشتی میں چت ہونا ۵ نقصان اٹھانا - گھاٹا پڑنا - خسارا اٹھانا ۶ قید خانے میں جانا - قید ہونا ۷ کاٹھ میں دیا جانا ۸ داخل ہونا - دائر ہونا - پڑنا - **ٹھکوانا** (م) ۱ ٹھکنا کا ۲ جماع کرانا (عف)

ٹِھکانا (ہ - مذکر) ۱ دائمی جگہ یا مقام ۲ گھر - مکان ۳ موقعہ - مقام ۴ پتہ - نشان - کھوج - سراغ ۵ جائے قرار - مرکز ۶ اعتبار - بھروسہ ۷ رشتے داری ۸ حجام - مہتر وغیرہ کا کام کرنے کا علاقہ - ججمان - برت ۹ حد - انتہا ۱۰ تیقن - قیام - ثبات - تقرر ۱۱ یقینی علم ۱۲ مناسبت میل - مساوی ۱۳ منبع - اصل - بنا ۱۴ انتظام بندوبست (س ستھر - ٹھرنا - ستھان - جگہ) **ٹھکانا ڈھونڈنا** - (متعدی) ۱ رہنے کا مکان تلاش کرنا - گھر ڈھونڈنا ۲ نوکری تلاش کرنا - **ٹھکانا کرنا** (متعدی) ۱ ٹھیرنا - رہنا - قیام کرنا ۲ انتظام کرنا - بندوبست کرنا ۳ شادی کرنا - بیاہنا ۴ کسی بات کا سراغ لگانا - کسی معاملے کی تہ کو پہنچنا - **ٹھکانا لگانا** (متعدی) ۱ معلوم کرنا - پتہ چلانا - سراغ لگانا ۲ کسی کا مکان دریافت کرنا ۳ ثابت کرنا - قرار دینا - ٹھیرانا - **ٹھکانا نہ پانا** (لازم) کہیں جائے قرار نہ ملنا - پناہ نہ پانا - **ٹھکانے** (مذکر) ٹھکانا کی جمع - **ٹھکانے بھرنا** (متعدی) سقوں کا اپنی اسامیوں میں پانی پہنچانا - **ٹھکانے چکانا** - (متعدی) کسی کے مرنے پر نوکروں میں روپیہ تقسیم کرنا **ٹھکانے سے بیٹھنا** (لازم) دائمی جگہ پر رہنا - کسی مکان میں ہمیشہ کے لئے رہائش رکھنا - آرام سے بیٹھنا **ٹھکانے سے رکھ دینا** (متعدی) ترتیب سے رکھ دینا - مناسب موقع پر رکھ دینا - **ٹھکانے سے لگانا** (متعدی) مناسب جگہ پر پہنچانا - مناسب موقع پر رکھ دینا - **ٹھکانے سے لگنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ مناسب موقع پر پہنچنا **ٹھکانے کا** (صفت) ۱ مناسب - موزوں - ٹھیک - درست برمحل ۲ عقلمند - ہوشیار - **ٹھکانے کا آدمی** (مذکر) بھلا مانس آدمی - ہوشیار آدمی - عقلمند آدمی **ٹھکانے کی آواز** (مونث) ٹھیک ٹھیک سروں پر پہنچنے والی آواز - **ٹھکانے کی بات** (مونث) معقول بات - ٹھیک بات - **ٹھکانے لگانا** (متعدی) ۱ کامیاب کرنا - منزل مقصود پر پہنچانا ۲ خرچ کرنا ۳ صَرف

کرنا۔ اڑا دینا ۱۲ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا ۱۳ بیاہ کر دینا گھر بسا دینا ۱۴ نوکر کرا دینا۔ کام سے لگا دینا ۱۵ مناسب جگہ پر خرچ کرنا۔ موقع پر صرف کرنا ۱۶ کسی کام کو انجام پر پہنچانا ۱۷ پورا کرنا ۱۸ کام ٹھیک کرنا۔ رائیگاں نہ کرنا ۱۹ کام ختم کرنا یا مکمل کرنا ۲۰ انتظام کرنا۔ بندوبست کرنا **ٹھکانے لگنا** (لازم) دیکھو آخری ۲ ساکن ہونا چپ ہونا۔ قرار پکڑنا ۳ گھر میں ہونا۔

ٹھک ٹھک (ہ۔ مونث)

ٹھکٹھکا (ہ۔ مذکر) ۱ کھٹ کھٹ۔ کھٹکھٹانے یا ہتھوڑا مارنے کی آواز ۲ لڑائی جھگڑا۔ فساد۔ بکبک جھک جھک۔ بکھیڑا (س تکش۔ بنانا) **ٹھکٹھکانا** (متعدی) کھٹکھٹانا۔ **ٹھکٹھکیا** (مذکر) جھگڑنیوالا شخص۔ بکھیڑا ڈالنے والا شخص۔

ٹھکٹھوا (ہ۔ مونث) ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔ پنسوئی۔

ٹھکٹھیلا (ہ۔ صفت) بھیڑ میں پھنسا ہوا۔ کھچا کھچ۔ مچامچ۔

ٹھکر۔ ٹھکر (س۔ مذکر) دیکھو ٹھاکر۔ **ٹھکرانی** (مونث) ۱ ٹھاکر کی بیوی ۲ نائن ۳ سیتاجی کی مورتی کسی دیوی کی مورتی۔ **ٹھکرائن** (مونث) ٹھکرانی۔ **ٹھکرائی** (مونث) ۱ خدائی ایشورتا۔ الوہیت ۲ سرداری۔ حکومت۔ راج ۳ امیری۔ دولتمندی۔ امارت ۴ ٹھاکر کا عہدہ ۵ نائی کا عہدہ۔ **ٹھکراین** (مونث) دیکھو ٹھکرانی **ٹھکرسہاتی** (مونث) ۱ خوشامد۔ چاپلوسی ۲ تعریف ثنا۔

ٹھکرا (ہ۔ امر) ٹھکرانا کا ٹھکرا دینا۔ **ٹھکرانا** (متعدی) ۱ ٹھوکر مارنا۔ روندنا ۲ برا سمجھ کر لات مارنا۔ ذلیل سمجھنا ۳ ترک کرنا۔ چھوڑنا (ٹھوکر سے)

ٹھکرا (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹھیکرا۔

ٹھکری (ہ۔ مونث) ٹھیکری۔

ٹھکنا (ہ۔ لازم) ٹپکنا ٹھسکنا

ٹھکنا (ہ۔ متعدی) کھٹکھٹانا۔

ٹھکنا (ہ۔ لازم) ٹھسکنا۔ سسکنا رونا۔

ٹھگ (د۔ امر) ۱ ٹھگنا کا ۲ (مذکر) ایک قوم جو مسافروں کو پھانسی یا زہر سے مار کر لوٹ لیتی تھی۔ لارڈ ولیم بنٹنگ کے عہد میں ۱۸۲۸ء–۱۸۳۵ء تک ان کا قلع قمع کیا گیا۔ اور ۱۵۶۲ ٹھگوں کو پھانسی دی گئی ۲ ٹھگنے والا یا دغا باز شخص۔ لٹیرا۔ قزاق۔ ڈاکو۔ چور سارق۔ **ٹھگا** (ماضی) ٹھگنا کی۔ **ٹھگا جانا** (لازم) دھوکا کھانا۔ فریب کھانا۔ دھوکا کھا کر مال دیدینا **ٹھگانا** (لازم) ٹھگا جانا ۲ (متعدی) ٹھگنا ۳ ٹھگوانا **ٹھگائی** (مونث) ۱ رہزنی۔ قزاقی ۲ دغا۔ فریب چھل۔ **ٹھگ بازی** (مونث) دیکھو ٹھگائی **ٹھگ بدیا** (مونث) ۱ علم ٹھگی یا قزاقی ۲ مکاری۔ دغا بازی۔ فریب۔ دھوکا۔ **ٹھگ بدیا یا دہونا** (لازم) سخت فریبی یا مکار ہونا۔ **ٹھگ لانا**۔ (متعدی) دھوکا دے کر مال لے آنا۔ موس لانا۔ **ٹھگ لینا** (متعدی) دھوکا دے کر مال لے لینا۔ **ٹھگنا** (متعدی) ۱ لوٹنا۔ سرقہ کر لینا ۲ دھوکا دے کر مال لینا ۳ چھلنا۔ چھل دینا۔ فریب دینا **ٹھگنی** (مونث) ۱ ٹھگ کی بیوی ۲ ٹھگ قوم کی عورت ۳ ٹھگنے والی عورت۔ فریب دینے والی یا دغا باز عورت ۴ دلالہ۔ کٹنی۔ **ٹھگوانا** (متعدی) ٹھگنا کا۔ **ٹھگوری۔ ٹھگنی** (ہ۔ مونث) دیکھو ٹھگی ۱ و ۲۔ **ٹھگی** (مونث) ۱ ٹھگ کا پیشہ ۲ قزاقی۔ چوری۔ سرقہ ۳ محکمہ پولیس جو ٹھگی کا انسداد کرتا ہے۔ **ٹھگیا** (مذکر) ٹھگ۔ قزاق۔ راہزن۔

امثال واقوال۔ ٹھگائی سے ٹھاکر بنتا ہے۔ چوری دغیرہ سے روپیہ جمع کر کے پھر بڑا آدمی ہو جاتا ہے۔ **ٹھگ ٹھگ کی بھاکا جانے**۔ دلی را دلی می شناسد۔ اپنے جیسے کا حال ہر ایک جانتا ہے۔ **ٹھگ نہ دیکھے۔ دیکھے قصائی۔ شیر نہ دیکھے دیکھے بلائی**۔ اگر تم نے ٹھگ نہیں دیکھا تو قصائی کو دیکھ لو۔ اگر شیر نہیں دیکھا تو بلی دیکھ لو۔ قصابوں پر طنز ہے۔ **ٹھگ نہ دیکھے دیکھے کلوار**۔ اگر تم نے ٹھگ نہیں دیکھا تو کلوار کو دیکھ لو۔ کلوار قوم پر طنز ہے۔

ٹہل (ہ۔ امر) ٹہلنا کا ۲ (مونث) خدمت گزاری۔ نوکری۔ خدمتگاری۔ ملازمت۔ سیوا۔ غلامی ۳ کام۔ خدمت۔ فرض ۴ محنت۔ مشقت ۵ گھر کا کام۔ گرہست (س ترس۔ ہلنا) **ٹہلا** (ماضی) ۱ ٹہلنا کی ۲ (امر) ٹہلانا کا **ٹہلا دینا** (متعدی) ۱ ٹالنا۔ ہٹانا ۲ غائب کر دینا۔ اڑا دینا ۳ موقوف کرنا۔ خارج کرنا۔ **ٹہلانا** (متعدی) ۱ ادھر ادھر پھرانا یا چلانا ۲ بچے یا گھوڑے کو پھرانا ۳ سیر کرانا ہوا کھلانا ۴ ہٹا دینا۔ ایک طرف کر دینا ۵ ٹالنا۔ ملتوی کرنا ۶ موقوف کرنا۔ خارج کرنا۔ **ٹہل جانا** (متعدی) ۱ چلا جانا۔ ٹل جانا ۲ بھاگ جانا ۳ مر جانا۔ **ٹہلنا** (لازم) ۱ آہستہ آہستہ پھرنا ۲ ادھر ادھر پھرنا ۳ سیر کرنا۔ ہوا کھانا ۴ مرنا ۵ چلا جانا۔ ٹل جانا ۶ علیحدہ ہو جانا۔ جدا ہو جانا **ٹہلنی** (مونث) ٹہل کرنے والی عورت۔ خدمتگار۔ ملازمہ۔ لونڈی۔ **ٹہلو** (ہ۔ مونث) ۱ ٹہل (شعروں میں) ۲ (مذکر) ٹہلوا۔ **ٹہلوا** (مذکر) خادم۔ خدمتگار **ٹہلوانا** (متعدی المتعدی) ٹہلنا کا۔ **ٹہلوئی** (ہ) **ٹہلوی** (مونث) ٹہلنی۔ **ٹہلیا** (ہ۔ مذکر) ٹہل کرنے والا۔

امثال واقوال۔ ٹہل کرو فقیر کی جو دیوے تمہیں اسیس۔ رین دنا راضی رہو جگ میں بسوا بیس (ہ) فقیر کی خدمت کرنی چاہئے انسان سکھی رہتا ہے۔ **ٹہل کرو ماں باپ کی جو ہوئیں سنپورن آس۔ یا ٹہل سو جو پھریں ترک انہوں کا باس** (ہ) ماں باپ کی خدمت کرنے والوں کی سب امیدیں پوری ہوتی ہیں۔ جو ان کی خدمت نہ کریں وہ دوزخ میں جلتے ہیں۔ **ٹہل نہ ٹکوری لاؤ مجوری موری** کام کچھ کیا نہیں اور معاوضہ مانگنے کے لئے تیار ہیں۔

ٹھلوا (ہ۔ صفت) بیکار۔ بے شغل

ٹھلوا (اردو۔ صفت) دل لگی باز۔ بے فکرا۔

ٹھلوئی (ہ۔ صفت مونث) بیکار۔ بے شغل (عورت)

ٹھلیا (ہ۔ مونث) مٹی کا چھوٹا گھڑا (س ستھا۔ کوئی برتن) **ٹھلیا بھرنا** (متعدی) ۱ ٹھلیا میں پانی ڈالنا ۲ (مذکر) ہندوؤں میں ایک رسم جس میں پتروں کو پانی دیتے ہیں۔

ٹھمرا (ہ۔ صفت) چھوٹے قد کا۔ بونا۔ چھوٹا۔ ٹھگنا

ٹھمری (ہ۔ مونث) ۱ ایک ہندی بحر یا وزن ۲ ایک قسم کا چھوٹا سا گیت (گانا کے ساتھ) **ٹھمری اٹھانا** (متعدی) ۱ ٹھمری گانا ۲ ڈینگ ہانکنا۔ گپ اڑانا۔

ٹھمک (ہ۔ مونث) ٹھمکنا کا (ہ۔ مذکر) ۱ ناز و انداز کی چال۔ اٹھلاتی ہوئی چال۔ رفتار مستانہ۔ خرام ناز ۲ (صفت) چھوٹے قد کا۔ بونا۔ پستہ قد۔ ٹھنگنا ۳ چست۔ چالاک (س ستم۔ کھڑا ہونا) **ٹھمک ٹھمک** (تف) نخرے سے۔ ناز و انداز سے

مٹک مٹک کر۔ خرام ناز سے۔ **ٹھمک ٹھمک چلنا**
(لازم) خرام ناز سے یا معشوقانہ انداز سے چلنا۔ **ٹھمک**
چال (مونث) رفتار معشوقانہ۔ خرام ناز۔ **ٹھمکانا**
(متعدی) ۱ معشوقانہ انداز یا خرام ناز سے چلانا ۲ جھٹکا
دینا۔ کنکوے کو ٹھمکی دینا ۳ چھوٹے قد کا بنانا ۴ ہتھوڑے سے
کوٹنا۔ **ٹھمکنا** (لازم) معشوقانہ انداز سے چلنا۔ خرام ناز
سے چلنا۔ اکڑ اکڑ آہستہ آہستہ چلنا۔ **ٹھمکی** (مونث) ۱ ہلکا
جھٹکا جو کنکوے کی ڈور کو دیتے ہیں (دینا۔ لگانا کے ساتھ)
۲ (مذکر) سست یا کاہل آدمی ۳ (صفت) سست
کاہل۔

ٹھن (ھ۔ مونث) ۱ آواز۔
شور ۲ گھنٹہ بجنے کی آواز۔ ٹن ٹن (آواز کی نقل)
ٹھنا ٹھن (مونث) ۱ بار بار آواز آنا ۲ شور و
غل ۳ ٹن ٹن کی آواز۔ گھنٹہ بجنے کی آواز ۴ ہتھوڑے
تلوار خنجر وغیرہ کی آواز۔ چکا چاک۔ جھنکار ۵ (صفت)
گھنٹے کی آواز سے۔ ٹن ٹن کرکے۔ **ٹھناک** (مذکر) ٹھناکا
(ہ) دیکھو ٹھنکار۔ **ٹھنٹھنانا** (ہ۔ متعدی) ۱ گھنٹہ بجانا
ٹن ٹن کرنا ۲ مزے اڑانا۔ دندنانا ۳ (لازم) کھنکنا۔ بجنا
۴ گھڑیال یا ثابت برتنوں کا آواز دینا ۵ ہنہنانا۔ گھوڑے کا
زور سے نتھنوں سے آواز نکالنا ۶ جانور کا مستی میں بولنا
ٹھنکار (مونث) بجنے کی آواز۔ آواز جو کسی سخت
چیز کے بجنے والی چیز سے لگ کر پیدا ہو۔ جھنکار۔ ٹن ٹن
ٹھن ٹھن (مونث) دیکھو ٹھنا ٹھن۔ **ٹھن ٹھن گوپال**
(صفت) ۱ وہ جو ٹھن ٹھن کرے اور جے گوپال کہنے کے
سوا اور کچھ نہیں جانتا۔ مٹی کا مادھو۔ بیوقوف۔ سادہ
مزاج۔ مودھو۔ مورکھ ۲ ہیچ۔ خالی جس میں کچھ نہ ہو۔

ٹھنا (ہ۔ مذکر) درخت کی بڑی
شاخ۔ **ٹھنی** (مونث) ۱ درخت کی چھوٹی شاخ ٹہلی
۲ کنول یا گلاس لگانے کی لوہے کی شاخ۔ **ٹھنی ہلانا**
(متعدی) آتشک کے زخم سے کھیاں اڑانا ۲ آتشک
سے گلنا یا سڑنا۔

ٹھنٹھ (ہ۔ مذکر) ۱ ٹنڈ۔ کٹا ہوا
ہاتھ ۲ درخت جس کی ٹہنیاں کٹی ہوئی ہوں اور سوکھا
تنا کھڑا ہو (س ٹنڈ۔ تکلیف دینا)

ٹھنڈ (ہ۔ مونث) گرمی کا نہ ہونا
سردی۔ خنکی۔ **ٹھنڈا** (صفت) سرد۔ خنک ۲ متحمل
بردبار۔ حلیم ۳ وہ جو چالاک یا تیز نہ ہو ۴ بے غصہ۔
رحم دل ۵ بے محبت۔ بے اثر ۶ تازہ۔ تازہ دم ۷
مردہ۔ بے جان ۸ سست و کاہل۔ نامرد کم شہوت
۹ ساکت۔ ساکن ۱۰ مطمئن۔ خاطر جمع ۱۱ سست۔
ڈھیلا (منڈی۔ تجارت) ۱۲ بغیر جڑی بوٹیوں کے (زمین)
ٹھنڈا برف (صفت) عو ۱ بہت سرد ۲ مردہ
مردے کے مانند۔ **ٹھنڈا پڑ جانا یا پڑنا** (لازم)
۱ سرد ہو جانا ۲ کام سست پڑ جانا (تجارت کا) ۳
نامرد ہو جانا۔ شہوت کم ہو جانا ۴ غصہ جاتا رہنا۔ ڈھیلا
پڑنا ۵ سست او بے رونق ہو جانا ۶ مر جانا۔ **ٹھنڈا**
جی کرنا (متعدی) کسی کا دل خوش کرنا دیکھو جی ٹھنڈا
کرنا۔ **ٹھنڈا رکھنا** (متعدی) خوش رکھنا۔ آرام سے
رکھنا۔ **ٹھنڈا رہنا** (لازم) ۱ خوش رہنا۔ آسودہ رہنا
۲ بے رونق ہونا۔ **ٹھنڈا سانس** (مذکر) وہ سانس جو
کسی غم یا فکر کی وجہ سے بھرا جائے (بھرنا کے ساتھ) (دہلی)
زیادہ تر مونث بولا جاتا ہے۔ **ٹھنڈا کرکے کھانا** (متعدی)
سوچ سمجھ کر کام کرنا۔ آہستگی سے کام کرنا۔ **ٹھنڈا کرنا**
(متعدی) ۱ سرد یا خنک کرنا ۲ غصہ دھیما کرنا ۳ گرانا۔ پھینکنا
۴ مار ڈالنا ۵ دلاسا دینا ۶ ڈبونا۔ غرق کرنا ۷ (چراغ آگ)
بجھانا ۸ (تعزیہ) دفن کرنا ۹ (چوڑیاں مالا) توڑنا ۱۰ (کلیجہ)
کسی دشمن کو نقصان پہنچا کر دل خوش کرنا۔ ۱۱ مقصد پورا
کرنا ۱۲ تر و تازہ کرنا۔ پیاس بجھانا۔ **ٹھنڈا گرم نہ دیکھنا**
(متعدی) ۱ کسی معاملے کو ہر پہلو سے نہ دیکھنا ۲ ناتجربہ کار
ہونا۔ **ٹھنڈا لوہا کیوں کاٹتا ہے**۔ کیوں بے
فائدہ محنت کرتا ہے۔ **ٹھنڈا مزاج** (مذکر) غصے
میں نہ آنے والا مزاج۔ دھیما مزاج۔ **ٹھنڈا مکان**
(مذکر) مکان جس میں گرمی کم ہو یا دھوپ کا اثر کم پہنچے
ٹھنڈا ملمع (مذکر) ملمع جو تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے
چڑھایا جائے۔ **ٹھنڈا موسم** (مذکر) موسم سرما۔ سردی کا
موسم۔ **ٹھنڈا وقت** (مذکر) ٹھنڈا وقت۔ شام کا
وقت۔ **ٹھنڈا ہونا** (لازم) ۱ دیکھو ٹھنڈا کرنا ۲ افسردہ
ہونا۔ دل مرنا ۳ خوش ہونا۔ آرام و آسائش پانا ۴ متبرک
چیز کا گر پڑنا ۵ سرد بازاری ہونا۔ خرید و فروخت کم ہونا
۶ سرگرمی نہ رہنا۔ جوش کم ہونا ۷ تازہ دم ہونا۔ بستانا
دم لینا ۸ نامرد ہو جانا۔ شہوت کم ہو جانا ۹ ہنگامہ رقص و
سرود کا بے رونق ہونا۔ محفل بے رونق ہونا ۱۰ (کپڑا)
چل جانا ۱۱ (کھانا) گرمی نکل جانا۔ **ٹھنڈائی** (مونث)
۱ دوائی جو گرمی دفع کرنے کے لئے دی جائے۔ تبرید ۲
دوائی ۳ بھنگ بادام وغیرہ گھوٹ کر جو پیتے ہیں۔
ٹھنڈ پڑنا (لازم) ہلکی سردی ہونا۔ گلابی جاڑا شروع
ہونا۔ خنکی ہونا۔ **ٹھنڈک** (مونث) سردی۔ خنکی
۲ خوشی۔ فرحت۔ راحت۔ آرام ۳ تسلی۔ اطمینان ۴
(صف) فرج مادۂ خر۔ **ٹھنڈک پڑنا** (لازم) ۱ جلن
دور ہونا۔ تکلیف کم ہو جانا ۲ غصہ رفع ہونا ۳ تسلی ہونا۔
صبر ہونا ۴ فتنہ یا فساد رفع ہونا ۵ (طنزاً) مقصد یا اصل غرض
مراد بر آنا۔ **ٹھنڈ کرنا** (متعدی) خنکی پیدا کرنا۔ سردی
پیدا کر دینا۔ **ٹھنڈی** (صفت مونث) ۱ سرد۔ خنک
۲ بے رونق ۳ خوش۔ خرم۔ آسودہ ۴ چیچک۔ ان
معنوں میں عموماً جمع استعمال ہوتا ہے۔ **ٹھنڈی آگ**
(مونث) برف۔ یخ۔ اولا۔ **ٹھنڈے** (صفت)
ٹھنڈا کی ۲ بجائے ٹھنڈا حروف مغیرہ سے پہلے **ٹھنڈی**
آگ سے جلانا (متعدی) کسی کو دغا سے مارنا۔ دھوکا
دینا۔ **ٹھنڈے پانی کا چھینٹا دینا** (متعدی) ۱ کسی
چیز پر ٹھنڈا پانی چھڑکنا ۲ بیہوش آدمی پر ٹھنڈا پانی چھڑکنا
۳ چاولوں کو دم دینے سے پہلے بھی ایسا کیا جاتا ہے۔ **ٹھنڈے**
پہرے (صفت) سویرے۔ علی الصبح۔ **ٹھنڈے**
پیٹ رہے۔ بال بچوں کا سکھ دیکھے۔ **ٹھنڈے**
پیٹوں (تف) ۱ خوشی سے۔ آرام سے۔ بخوشی ۲ بے
لڑے جھگڑے۔ سیدھے۔ سادھے۔ **ٹھنڈے ٹھنڈے**
(صفت) ۱ آرام سے۔ بخوشی ۲ علی الصبح۔ سویرے
ٹھنڈے ٹھنڈے جانا یا چلنا (لازم) ۱ علی الصبح
روانہ ہونا۔ ٹھنڈ میں رخصت ہونا ۲ آرام سے جانا۔
خوشی سے جانا ۳ (طنزاً) دفع ہونا۔ جان سلامت
لے کر جانا۔ **ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جاؤ** ۱ خوشی
خوشی گھر جاؤ ۲ کہیں ہٹ نہ جانا۔ **ٹھنڈے چولھے**
بیٹھے ہیں۔ ناامیدی اور یاس کی حالت میں ہیں
ٹھنڈے دل سے (تف) صبر سے۔ بغیر غصے کے
ٹھنڈی ڈھلنا (لازم) چیچک سے آرام ہونا۔ کھرنڈ
اترنا۔ **ٹھنڈی** (مونث) **ٹھنڈے سانس** (مذکر)
آہ سرد جو غم کی وجہ سے کھینچی جائے (بھرنا۔ کھینچنا۔ لینا
کے ساتھ) **ٹھنڈی کڑھائی** (مونث) حلوا جو تنئے
اور حلوائی پکوان پک چکنے کے بعد شادی پر بنا کر تقسیم
کرتے ہیں (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **ٹھنڈی گرمیاں**
(مونث) معشوق کی بے تاثیر شوخیاں۔ جھوٹی گرم
جوشی۔ اوپری یا ظاہری محبت۔ دکھاوے کی الفت
ظاہری اختلاط (کرنا ہونا کے ساتھ) **ٹھنڈی مار**
(مونث) وہ سزا جس کا بدن پر نشان نہ پڑے
مگر تکلیف بہت زیادہ ہو (دینا کے ساتھ)
ٹھنڈی مٹی (مونث) ۱ دیر سے بالغ ہونے والا
بچہ ۲ کم بڑھنے والا جسم ۳ وہ شخص جس پر کسی بات کا
اثر نہ ہو۔ **ٹھنڈے وقت** (تف) علی الصبح سویرے

ٹھنڈیوں کی آگ مڑنا (لازم) چیچک کے دانوں کا مرجھا جانا۔

امثال واقوال۔ ٹھنڈا کھائے گرم سے نہائے سایہ میں سوئے اس کا بیری کچھوا ڑنے روئے۔ ان باتوں سے آدمی بیمار نہیں ہوتا اور دشمن کو خوش ہونے کا موقع نہیں ملتا۔ **ٹھنڈا لوہا گرم لوہے کو کاٹتا ہے** دھیما مگر مستقل مزاج آدمی تیز طبع پر غالب رہتا ہے۔ **ٹھنڈا ہے برف سے بھی میٹھا ہے جیسے اولا کچھ پاس ہے تو دیجا نہیں بیچارا وہ مولا** سقوں کی صدا۔ **ٹھنڈی چھاؤں جو میٹھی جل جاتا وہ روکھ۔ جلتی بلتی میں پھروں بن میں دیتی کوک۔** میں اسقدر بدقسمت ہوں کہ اگر درخت کے نیچے بیٹھوں تو وہ بھی خشک ہو جائے۔ **ٹھنڈے لوہے بھی کہیں پٹنے سے ڈھیلے پڑے ہیں** اصلاح بچپنے میں ہونی چاہئے۔ عمر زیادہ ہو جائے تو کچھ نہیں ہو سکتا۔

ٹھنسانا۔ ٹھنسوانا (ہ۔ متعدی) دیکھو ٹھسانا اور ٹھسوانا۔

ٹھنک (ہ۔ امر) ٹھنکنا کا ۲ (مونث) ٹھن ٹھن کی آواز (س۔ ستن۔ آواز دینا) **ٹھنکا** (امر) ٹھنکانا کا ۲ (ماضی) ٹھنکنا کی۔ **ٹھنکانا** (متعدی) ٹھن ٹھن کی آواز پیدا کرنا۔ **ٹھنکنا** (لازم) ٹھن ٹھن کی آواز پیدا کرنا۔

ٹھنک (ہ۔ امر) ۱ ٹھنکنا کا ۲ (مونث) بچے کا آہستہ آہستہ رونا۔ بچے کے رونے کی آواز (س ستن۔ آواز دینا) **ٹھنکانا** (متعدی) **ٹھنکنا** (لازم) بچے کا آہستہ آہستہ سے رونا۔ ناز سے رونا ۲ ضد کرنا۔ لاڈ سے رونا۔

ٹھنگنا (ہ۔ صفت) چھوٹے قد کا پستہ قد۔ بونا۔ ناٹا۔ **ٹھنگنائی** (ھ۔ مونث) قد کا چھوٹا ہونا۔ **ٹھنگنی** (صفت۔ مونث) ٹھنگنا کی۔

ٹھنگی (ھ۔ مونث) چنگاری چنگی۔

ٹھنگیر (ہ۔ مونث) ۱ ٹھونگنا۔ کسی چیز کا ایک ایک کرکے کھانا ۲ گزک۔ نقل (لگانا لگنا کے ساتھ) (ٹھونگنا سے) **ٹھنگیرنا** (لازم) ٹھنگیر ۱

ٹھنا۔ ٹھننا (لازم) ٹھاننا کا ۱ دل میں پکا ارادہ ہونا ۲ قرار پانا۔ مقرر ہونا ۳ نزاع ہونا۔ ان بن ہونا (س تکش۔ دل میں سوچنا)

ٹھو (ھ۔ صفت) عدد نمبر۔

ٹھوٹ (ھ۔ صفت) ۱ بیوقوف احمق۔ بے عقل۔ بے مغز ۲ ان پڑھ۔ جاہل۔ ناواقف ٹھوس۔

ٹھور (ہ۔ مونث) ۱ جگہ۔ موقع۔ مقام ۲ مقررہ جگہ ۳ رہنے کی جگہ۔ مسکن ۴ سراغ۔ کھوج (س ستھاور۔ غیر منقولہ جائداد) **ٹھور بے ٹھور** (عو) ۱ کسی جگہ ۲ موقع بے موقع ۳ نازک جگہ۔ ایسی جگہ میں جہاں لگنے سے سخت تکلیف ہو یا موت واقع ہو (مارنا بیٹھنا کے ساتھ) **ٹھور ٹھکانا** (مذکر) ۱ مسکن۔ رہنے کی جگہ ۲ جائے قرار (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **ٹھور ٹھور** (ھ) ۱ کئی جگہ پر ۲ مختلف جگہ پر ۳ بعض جگہوں میں۔ **ٹھور ٹھور پھرنا** (لازم) دربدر پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ **ٹھور ٹھور توڑ دینا** (متعدی) جوڑ جوڑ یا ہڈی ہڈی توڑ دینا۔ **ٹھور رکھنا** (متعدی) **ٹھور رہنا** (لازم) ۱ چپ کھڑا رہنا۔ کھڑا رہنا ۲ مرجانا قتل ہو جانا ۳ چپ پڑا رہنا ۴ ضرب سے ہلاک ہو جانا **ٹھور مار دینا** (متعدی) جہاں پانا وہیں جان سے مار دینا۔ بچ کر نہ جانے دینا۔ کھیت رکھنا۔

ٹھور (ھ۔ مونث) چونچ۔ ٹھونٹھ

ٹھوڑھی (ھ) **ٹھوڑی** (ہ۔ مونث) ٹھڈی۔ زنخداں۔ ذقن (س۔ تنڈ۔ نوک) **ٹھوڑی بنانا** (ھ) داڑھی مونڈنا۔ **ٹھوڑی پر ہاتھ (دھر) رکھ کر بیٹھنا** (لازم) فکرمند ہونا۔ سوچ میں پڑنا۔ **ٹھوڑی پکڑنا**۔ دیکھو ٹھڈی پکڑنا۔ **ٹھوڑی تارا** (مذکر) ٹھوڑی کا تل قدرتی یا مصنوعی۔ **ٹھوڑی کے نیچے ہاتھ دے کر بیٹھنا** (لازم) رنجیدہ اور سست ہونا۔ **ٹھوڑی میں ہاتھ دینا** (متعدی) ۱ جب کوئی بہت ناراض ہو تو اس کی ٹھوڑی پکڑ کر کہتے ہیں کہ جانے دو۔ خوشامد درآمد کرکے کسی کو خوش کرنا۔ عاجزی کرکے کسی کے غصے کو کم کرنا ۲ دھیما کرنا۔ نرم کرنا۔

ٹھوڑی (ھ۔ مونث) بھنا ہوا اناج۔

ٹھوس (ہ۔ امر) ۱ ٹھوسنا کا ۲ (صفت) سخت۔ کڑا ۳ پر۔ بھرا ہوا۔ بھجڑ ۴ بھاری بوجھل ۵ کند ذہن۔ غبی ۶ بھدا (س توکش۔ ڈھانپنا) **ٹھوسا** (ماضی) ٹھوسنا سے ۲ (مذکر) ہاتھ کا انگوٹھا ۳ ہاتھ کا انگوٹھا انکار کی نشانی۔ ٹھینگا۔ **ٹھوسا بھی نہ دینا** (متعدی) کچھ بھی نہ دینا۔ خاک نہ دینا۔ **ٹھوسا دکھانا** (متعدی) انکار کرنا۔ **ٹھوسائی** (ھ۔ مونث) مضبوطی۔ سختی وغیرہ دیکھو ٹھوس۔ **ٹھوس لینا** (لازم) کھانا۔ بہت کھانا۔ ٹھونسنا۔ **ٹھوسے** (مذکر) ۱ ٹھوسا کی جمع ۲ بجائے ٹھوسا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ٹھوسے پر مارنا** (متعدی) ہیچ کرنا۔ عزت نہ کرنا۔

ٹھوسنا (ھ۔ متعدی) دیکھو ٹھونسنا۔

ٹھوک (ہ۔ امر) ٹھوکنا سے **ٹھوکا** (ماضی) ٹھوکنا کی ۲ (مذکر) اشارہ جو انگلی یا بازو ضرب سے کیا جائے۔ **ٹھوکا دینا**۔ **ٹھوکنا** (متعدی) ۱ انگلی یا بازو کی ضرب سے اشارہ کرنا۔ چھپا ہوا اشارہ کرنا ۲ آگاہ کرنا۔ اشارہ کرنا۔ **ٹھوکے** (مذکر) ۱ جمع ٹھوکا کی طعن آمیز یا چھیڑ چھاڑ کی باتیں۔ ٹھوکے ۲ بجائے ٹھوکا حروف مغیرہ سے پہلے۔

ٹھوک (ہ۔ امر) ۱ ٹھوکنا کا ۲ (ھ۔ مذکر) صدمہ۔ ضرب۔ ٹھوکر (س تکش۔ کاٹنا) **ٹھوکا** (ماضی) ۱ ٹھوکنا کی ۲ (ھ۔ مذکر) دیکھو ٹھوک۔ **ٹھوکا جانا** (لازم) دیکھو ٹھوکنا۔ **ٹھوک بجا لو** اپنا خوب اطمینان کرلو۔ **ٹھوک بجا لے** (تف) ۱ جانچ کر۔ دیکھ بھال کر۔ اطمینان کرکے ۲ چٹکی لگا کے برتن کو انگلی اور ہاتھ مار کے ۳ علانیہ۔ کھلم کھلا۔ کھلے خزانے۔ **ٹھوک دینا** (متعدی) ٹھوکنا۔ **ٹھوکر** (مونث) ضرب۔ صدمہ۔ دھکا ۲ ضرب جو پاؤں میں چلتے ہوئے سنگ راہ یا کسی اور چیز سے لگے ۳ ضرب جو پشت پا یا نوک پا سے کسی چیز کو ماریں ۴ گھوڑے کے پاؤں کا سنگ راہ سے ٹکرانا ۵ لات۔ لکد ۶ نقصان ضرر۔ گھاٹا ۷ خرابی۔ تباہی ۸ روڑا۔ سنگ راہ (کمہاروں کی اصطلاح) ۹ کوئی چیز جو صدمے کو روکے ۱۰ جوتا۔ پاپوش ۱۱ ناز سے پاؤں مارنا ۱۲ ناچنے والے کا قدم مارنا ۱۳ ریل کے انجن کے آگے جو چھاج سا بنا ہوا ہوتا ہے ۱۴ ریل گاڑیوں کے دونوں کناروں پر دو لوہے کے آلے جن کی وجہ سے گاڑیوں کو ٹکرانے میں صدمہ نہیں پہنچتا ۱۵ ایک پشتہ یا روکنے کا ایک آلہ جو ریل کی سڑک ختم ہونے کی جگہ پر لگا ہوتا ہے ۱۶ پایہ دار بہل جس میں تابوت رکھتے ہیں **ٹھوکر اٹھانا** (متعدی) ۱ صدمہ ہونا ۲ نقصان اٹھانا۔ گھاٹا پڑنا۔ **ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) نقصان پر نقصان ہونا۔ تکلیف پر تکلیف ہونا **ٹھوکر پر**

مارنا (متعدی) حقیر یا ذلیل سمجھنا۔ پروانہ کرنا۔ **ٹھوکر پلٹاؤ** (مونث) اینٹ جو پلٹ سکے (کہاروں کی اصطلاح) **ٹھوکر جڑاؤ** (مونث) اینٹ جو جڑی ہو اور اس کی ٹھوکر لگنے کا ڈر ہو۔ **ٹھوکر کھانا** (لازم) ۱ پاؤں میں چلتے ہوئے کسی چیز کی سخت ضرب لگنا ۲ پاؤں کی ضرب کی وجہ سے گر پڑنا ۳ صدمہ اٹھانا۔ نقصان اٹھانا ۴ بھولنا۔ چوکنا ۵ دھوکا کھانا۔ **ٹھوکر لگانا** (متعدی) ۱ لات مارنا۔ ٹھکرانا۔ پاؤں یا پاؤں کی نوک سے ضرب لگانا ۲ حقیر سمجھنا۔ کچھ حقیقت نہ سمجھنا ۳ اڑ لگانا۔ **ٹھوکر لگنا** (لازم) دیکھو ٹھوکر کھانا۔ **ٹھوکر لینا** (لازم) ۱ گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ۲ لغزش کھانا۔ **ٹھوکر مارنا** (متعدی) ۱ ٹھوکر لگانا (۱) ۲ ترک کرنا چھوڑ دینا ۳ قبول نہ کرنا۔ انکار کر دینا۔ **ٹھوکروں** (مونث) ٹھوکر کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے **ٹھوکروں پر پڑنا** (لازم) ۱ کسی کی خدمت میں رہنا۔ ملازمت کرنا ۲ ذلت میں رہنا۔ ذلت کی زندگی بسر کرنا **ٹھوکروں میں پڑا رہنا یا رُلنا** (لازم) جوتیوں میں پڑا رہنا بے عزتی اور ذلت کی حالت میں رہنا۔ **ٹھوکریں** (مونث) ۱ ٹھوکر کی جمع ۲ بجائے ٹھوکر حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ٹھوکریں چلنا** (لازم) پاؤں کی ضربات لگنا۔ **ٹھوکریں دینا** (متعدی) تکلیف دینا۔ ایذا دینا **ٹھوکریں کھا کر سنبھلنا** (لازم) سختی اور نقصان اٹھا کر ہوش پکڑنا۔ کچھ کھو کر سیکھنا۔ **ٹھوکریں کھانا** (متعدی) پاؤں کی ضربات لگنا۔ لاتیں کھانا ۲ دربدر پھرنا ۳ تکلیفیں اٹھانا ۴ سختیاں جھیلنا ۵ پامال ہونا۔ روندا جانا ۶ طعنے سہنا۔ باتیں سننا ۷ غلطیاں کرنا ۸ ذلیل ہونا۔ ذلت اٹھانا۔ **ٹھوکریں کھلانا یا کھلوانا** (لازم) دیکھو آخری۔ **ٹھوکریں مارتے چلنا** (لازم) ۱ پاؤں سے ضرب لگاتے چلنا ۲ بچوں کا ٹھوکریں لگاتے ہوئے چلنا **ٹھوک کر بجانا** (متعدی) زور سے بجانا۔ اچھی طرح بجانا۔ عموماً طبلے بجانے والے کو کہا جاتا ہے **ٹھوکنا** (متعدی) ۱ مارنا۔ زدوکوب کرنا ۲ کوٹنا ۳ کاٹھ مارنا پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا ۴ قید کرنا۔ سزا دینا ۵ گاڑنا۔ مضبوط کرنا ۶ (پیٹھ) تھپ تھپانا۔ شاباش دینا۔ حوصلہ بڑھانا ۷ (دروازہ) کھٹکھٹانا ۸ (نالش وغیرہ) دھونے کرنا۔ عرضی دینا ۹ (قفل) لگانا۔ جڑنا ۱۰ (طبلہ) بجانا ۱۱ (بنگا) کسی کے کام میں روڑا اٹکانا۔ **ٹھوکوا** (ہ۔ مذکر) "وہ چیز جس کو ٹھوکا جائے"۔ روٹی۔ نان۔

امثال و اقوال۔ ٹھوک بجا لے بست کو۔ ٹھوک بجاوے دام بگڑت ناہیں بات۔ دیکھ بھال کا کام (ہ) جو کام سوچ سمجھ کر کیا جائے درست ہوتا ہے **ٹھوکر کھاوے بدھ پاوے۔** نقصان اٹھا کر انسان عقل سیکھتا ہے۔ **ٹھوکر لگی پہاڑ کی گھر کی توڑیں سیل۔** زبردست سے بس نہیں چلتا۔ کمزور کو تنگ کرتے ہیں۔

ٹھولا (ہ۔ مذکر) پیالہ جو پرندکے پنجرے میں رکھا جاتا ہے ۲ انگلی کے جوڑ کی پچھلی طرف **ٹھولا مارنا** (متعدی) انگلی کو ٹھہرا کر نوک سے مارنا

ٹھوں (ہ۔ مونث) نوزائیدہ بچے کے رونے کی آواز۔

ٹھونٹھ (ہ۔ مونث) چونچ۔

ٹھونٹھ (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹنڈ۔

ٹھونٹھا (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو ٹنڈا ۲ (مذکر) ڈنڈا لمبی خشک لکڑی ۳ حقے کی سیدھی نے۔ **ٹھونٹھی** (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا ٹھونٹھ ۲ ٹہنی چھوٹا تنا **ٹھونٹھیا** (ہ۔ مذکر) خواجہ سرا ۲ (صفت) دیکھو ٹنڈا۔

مثل۔ ٹھونٹھ چیترا من میں جھینکے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی قابل آدمی کام خراب ہوتے ہوئے دیکھے۔ مگر دخل نہ دے سکے

ٹھوں ٹھاں (اردو۔ مونث) بہت کھانسنے کی آواز۔

ٹھونڈی۔ ٹھونڑی (ہ۔ مونث) ٹھوڑی۔

ٹھونس (ہ۔ امر) ٹھونسنا سے (س تو کش۔ ڈھانپنا) **ٹھونس ٹھانس** (مونث) کسی چیز کا کسی چیز میں دبا کر بھرنا۔ **ٹھونس جانا** (لازم) ٹھونسنا ۱۔ **ٹھونسنا** (متعدی) دبا کر بھرنا سخت بھرنا ۲ اندر داخل کرنا۔ زبردستی داخل کرنا گھسیڑنا ۳ زبردستی کھلانا ۴ (لازم) بہت کھانا۔ کھانا نگلنا۔

ٹھونسنا (ہ۔ متعدی) دیکھو ٹھونسنا۔

ٹھونکنا (ہ۔ متعدی) ٹھوکنا مارنا۔

ٹھونگ (ہ۔ مونث) ۱ چونچ منقار ۲ منقار مارنا۔ منقار مارنے کا فعل ۳ انگلی سے مارنا ۴ (ہ۔ امر) ٹھونگنا کا (س۔ تنڈ۔ چونچ)

ٹھونگا (مذکر) ۱ چونچ۔ منقار ۲ چونچ سے مارنا ۳ ٹیڑھی کی ہوئی انگلی ۴ (ہ۔ امر) ٹھونگانا کا ۵ (ہ۔ ماضی) ٹھونگاکی۔ **ٹھونگانا** (ہ۔ م) ٹھونگنا کا۔ **ٹھونگ سے مارنا** (متعدی) انگلی دہری کر کے مارنا۔

ٹھونگنا (ہ۔ متعدی) دیکھو ٹھنگیرنا۔

مثل۔ ٹھونگیں مار کیا سر گنجا۔ کہے میرے ہے ہاتھ نہ پہنچا نقصان تو پہنچا دیا فضول عذر پیش کرتا ہے۔

ٹھہار (اردو۔ صفت) دل لگی باز اور چالاک (عف)

ٹھہاکا (ہ۔ مذکر) ۱ قہقہہ۔ ہنسی ۲ زور کی آواز۔ دھماکا۔ تڑاقہ۔ **ٹھہاکا مارنا** (متعدی) قہقہہ لگانا۔ **ٹھہاکے کا** (صفت) اونچا زور کا۔

ٹھہر۔ ٹھہرا دینا۔ ٹھہرا لینا ٹھہرانا۔ ٹھہراؤ۔ ٹھہرا ہونا۔ ٹھہر جانا۔ ٹھہرنا (ہ) دیکھو ٹھیر وغیرہ۔

ٹھہر (ہ۔ مذکر) دیکھو ٹھیراؤ۔

ٹھہراؤ (صفت) قائم۔ دائم ۲ پکا۔ مضبوط۔ ٹکاؤ

ٹھہل (ہ۔ مذکر) ۱ ٹھیراؤ ۲ (مونث) ٹہل۔

ٹھہنی (ہ۔ مونث) گھٹنا۔

ٹھسی (ہ۔ صفت) ۱ مضبوط۔ پکا۔ ٹھوس ۲ دیرپا۔ دائم ۳ یقینی۔ مانا ہوا۔ ثابت شدہ۔ تسلی بخش۔ قابل اعتبار ۴ مقررہ۔ فیصلہ شدہ ۵ ٹھیک۔ درست۔ صحیح۔

ٹھے (ہ۔ مونث) ٹھ کا اردو تلفظ

ٹھیا (ہ۔ مذکر) تودہ۔ ڈھیر۔ انبار ۲ ڈھیلا ۳ حد۔ مٹی کی برجی ۴ سہارا۔ ستون ۵ بیٹھنے کی جگہ۔ نشست۔ گدی (دوکاندار کی)

ٹھیبا (ہ۔ مذکر) ٹھیوا۔

ٹھیپ (ہ۔ مونث) ایک برتن جس میں ذخیرہ آگ رکھتے ہیں۔ ٹھیکرا۔ گھڑے کا نچلا حصہ ۲ شمع دان۔ **ٹھیپا** (پ) لکڑی یا ٹھیکری کا گول ٹکڑا جس سے بچے کھیلتے ہیں۔

ٹھیپی (ہ۔ مونث) کاگ (دینا لگانا کے ساتھ) **ٹھیپی دار** (صفت) کاگ سے بند کیا ہوا۔ **ٹھیپی منہ میں دینا** (متعدی) چپ کرا دینا۔ منہ بند کر دینا ۲ اپنا منہ بند کر لینا۔ چپ ہونا

ٹھیٹ۔ ٹھیٹھ (ہ۔صفت) ۱ خالص۔ بے میل ۲ اصلی۔ حقیقی۔ سچا ۳ اچھا۔ عمدہ ۴ خالص زبان۔ بامحاورہ زبان۔ وہ زبان جس میں کسی دوسری زبان کی آمیزش نہ ہو ۵ (ھ) جھگڑے والا۔ بحث طلب۔

ٹھیٹھر (انگ۔مذکر) تھیٹر۔ تماشا گاہ۔

ٹھی ٹھی (ہ۔مونث) بیہودہ پن سے ہنسنے کی آواز۔

ٹھیر (ہ۔امر) ٹھیرنا کا (س ستمب۔ کھڑا ہونا) **ٹھیرا** (امر) ۱ ٹھیرانا کا ۲ (ماضی) ٹھیرنا کا۔ **ٹھیرا دینا۔ ٹھیرا لینا۔ ٹھیرانا** (متعدی) کھڑا کرنا۔ روکنا۔ تھامنا ۲ مکان میں اتارنا۔ مہمان بنانا ۳ ٹھانا۔ ارادہ کرنا ۴ قرارداد کرنا۔ وعدہ کرنا ۵ منجمد کرنا۔ قائم کرنا ۶ فیصلہ کرنا۔ انصاف کرنا ۷ مقرر کرنا۔ بنانا ۸ (بات) تجویز کرنا ۹ (قیمت) مقرر کرنا یا چکانا۔ **ٹھیراؤ** (مذکر) ۱ قیام۔ رہائش ۲ قرارداد۔ اقرار ۳ مقررہ شے ۴ ثبوت۔ نتیجہ ۵ فیصلہ ۶ ثبات مداومت ۷ وقفہ۔ عرصہ ۸ ٹھیرنا۔ رکنا۔ **ٹھیرا ہونا** (لازم) قرار پانا۔ مقرر ہونا۔ **ٹھیرنا** (لازم) ۱ دیکھو ٹھیرانا ۲ قیام کرنا۔ رہنا ۳ ثابت قدم رہنا ۴ طے ہونا قرار پانا ۵ دیر لگانا۔ وقفہ کرنا ۶ دیرپا ہونا۔ مضبوط ہونا ۷ غم کھانا۔ رکنا ۸ کام کرتے کرتے رک جانا ۹ خرچ نہ ہونا ۱۰ گواہ کا اپنے بیان پر قائم رہنا ۱۱ نوبت آنا ۱۲ ہونا ۱۳ (طبیعت) قرار ہونا۔ بحال ہونا ۱۴ (چراغ وغیرہ) جلنا ۱۵ (دل) تسلی پانا۔ اضطراب نہ رہنا ۱۶ (نطفہ) قرار پکڑنا۔ حمل ہونا ۱۷ (تاریخ) مقرر ہونا **ٹھیرو کسی نے چھینکا ہے** جب کوئی جانے لگے اور کوئی چھینک دے تو کہتے ہیں۔ چھینکنا منحوس سمجھا جاتا ہے اور اس کا اثر تھوڑی دیر ٹھیرنے سے جاتا رہتا ہے۔ **ٹھیری ہے**۔ قرار پائی ہے۔

قول۔ ٹھیر ٹھیر کے چلئے جب ہو دور پڑاؤ۔ ڈوب جات اندھیاؤ میں دوڑ چلنتی ناؤ (ھ) جلدی کا کام اچھا نہیں ہوتا۔ آندھی میں تیز ناؤ چلتی ہوئی ڈوب جاتی ہے۔

ٹھیس (ہ۔مونث) صدمۂ خفیف صدمہ ۲ دھکا۔ ضرب ۳ ٹھوکر۔ **ٹھیس لگنا** (لازم) ۱ صدمہ پہنچنا ۲ ٹھوکر کھانا۔ **ٹھیسنا** (ھ۔متعدی) ضرب لگانا۔ دھکا دینا ۲ ٹھونسنا۔

مثل۔ ٹھیس لگے بدھ بڑھے۔ صدمے یا نقصان پہنچنے سے انسان کی عقل بڑھتی ہے۔

ٹھیسرا (ہ۔مذکر) طعن وطنز۔ شرارت کی باتیں۔ نوک جھوک (لکھنؤ۔عو)

ٹھیک (ہ۔صفت) ۱ صحیح درست ۲ بجا۔ چست۔ موزوں ۳ مضبوط۔ پکا ۴ یقینی۔ مقررہ۔ ثابت شدہ۔ بالتحقیق ۵ حسب دلخواہ جیسا چاہئے ۶ پورا پورا ۷ ہوبہو۔ جوں کا توں۔ بالکل اسی طرح ۸ باقاعدہ۔ موافق حکم ۹ سڈول۔ خوشنما ۱۰ سیدھا۔ مستقیم ۱۱ مقرر۔ مجوزہ ۱۲ شایاں۔ مناسب ۱۳ ہموار۔ مسطح ۱۴ پورا۔ کامل ۱۵ (مذکر) پتا۔ نشان ۱۶ ٹھور۔ ٹھکانا۔ جائے رہائش۔ مکان ۱۷ صحیح میزان۔ حاصل جمع ۱۸ یقینی علم۔ یقین ۱۹ وقت۔ خبر ۲۰ اعتبار۔ بھروسہ ۲۱ (مونث) وہ مٹی کا برتن جس میں فقیر آگ جلاتے ہیں ۲۲ (تف) ٹھیک طور پر۔ فی الحقیقت۔ فی الواقع۔ کامل طور سے (س سنتھر۔ پکا) **ٹھیک آنا** (لازم) ۱ عین موقع پر آنا۔ وقت پر آنا ۲ موزوں ہونا۔ درست ہونا ۳ کپڑے وغیرہ کا بدن کے مطابق ہونا ۴ درست ثابت ہونا ۵ جواب کا درست ہونا ۶ کامیاب ہونا۔ راست آنا ۷ کافی ہونا۔ مناسب ہونا۔ **ٹھیک آدھی رات کا وقت** (تف) پورے بارہ بجے رات۔ خاص نصف رات گزرے **ٹھیک بنانا** (متعدی) ۱ درست کرنا۔ کسی کام کے قابل بنانا ۲ سزا دینا۔ مارنا ۳ ذلیل وخوار کرنا۔ **ٹھیک بنوانا** (متعدی) سزا دلوانا۔ پٹوانا۔ **ٹھیک ٹھاک** (صفت) دیکھو ٹھیک ۱، ۷، ۱۰، ۱۴ ۲ طے شدہ ۳ (مذکر) روزگار۔ نوکری۔ **ٹھیک ٹھاک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ صحیح ہونا۔ درست ہونا ۲ پختہ ہونا۔ طے ہونا۔ ٹھیرنا ۳ انتظام ہونا۔ **ٹھیک ٹھور** (مذکر) مناسب جگہ۔ **ٹھیک ٹھیک** (صفت) دیکھو ٹھیک ۱، ۷ ۲ ہوبہو۔ بعینہ۔ بے کم وکاست **ٹھیک دوپہر** (مونث) عین نصف النہار کا وقت **ٹھیک کر دینا یا کرنا** (ھ۔متعدی) اردو میں یہ محاورہ فصیح نہیں سمجھا جاتا۔ **ٹھیک بنانا۔ ٹھیک لگانا** (متعدی) ۱ پتا یا سراغ لگانا ۲ کسی جگہ کام یا روزگار کا بندوبست کرنا یا تجویز کرنا۔ **ٹھیکم ٹھیک۔ ٹھیکوں ٹھیک** (ھ۔صفت) ۱ بالکل۔ بعینہ۔ ہوبہو ۲ درست بنانا ۳ تصحیح کرنا ۴ موزوں بنانا۔ مناسب بنانا ۵ مارنا سزا دینا ۶ ہوش میں لانا ۷ فیصلہ کرنا۔ طے کرنا ۸ یقین کرنا۔ **ٹھیک ہونا** (لازم) دیکھو ٹھیک کرنا۔ ٹھیک آنا۔

قول۔ ٹھیک نہیں ٹھیکے کا کام۔ ٹھیکا دے کر مت کھو دام۔ ٹھیکے کا کام اچھا نہیں بنتا۔ روپیہ ضائع کرنا ہوتا ہے۔

ٹھیک (ہ۔مونث) ۱ ٹیک۔ اٹھاؤ۔ سہارا ۲ ڈاٹ ۳ چبوترا جس پر مزدور بوجھ رکھتے ہیں ۴ لکڑی یا غلے کا انبار ۵ وہ چیز جس سے سوراخ بند کرتے ہیں۔ بھانا ۶ تلوار کی تہ نال ۷ اناج کا بڑا بورا ۸ جوتی کی ایڑی ۹ گاڑیوں وغیرہ کا اڈا ۱۰ تلا۔ پیندی (س۔ ستمب۔ ٹھیرنا) **ٹھیک نکل جانا** (لازم) ۱ پیندی نکل جانا ۲ گھبرا جانا۔ سٹ پٹا جانا۔ **ٹھیکی** (مونث) دیکھو ٹھیک ۱ تا ۱۰۔ **ٹھیکی دینا** (لازم) سہارا لینا مزدور کا۔ **ٹھیکی لگانا** (متعدی) سہارا لے کر دم لینا۔

ٹھیکا (ہ۔مذکر) اجارہ۔ ذمہ کا کام ۲ وہ کام جو اجارے پر کیا جائے ۳ کام دھندا ۴ کرایہ بھاڑا ۵ اجازت۔ لائسنس ۶ پٹا۔ سرخط ۷ گروی۔ رہن۔ گرو۔ آرام تھکنے کے بعد ۹ طبلے یا ڈھولک کو خاص طریقے سے گانے کے ساتھ بجانا ۱۰ نشست گاہ۔ ٹھیرنے کا مقام ۱۱ کاگ۔ ڈھبی (س ستھر۔ پکا) **ٹھیکا بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) طبلہ یا ڈھولک اس طرح بجنا کہ گانے والے کو سہارا ملے۔ **ٹھیکا بندی** (مونث) پٹا۔ کھیت پٹے پر لینا۔ **ٹھیکا بھرنا** (متعدی) گھوڑے کا اچھلنا کودنا۔ **ٹھیکا بھینٹ** (مونث) وہ نذرانہ جو ٹھیکا لینے پر دیا جاتا ہے۔ **ٹھیکا پٹا** (مذکر) کھیت پٹے پر لینے کا اقرار نامہ۔ پٹا۔ **ٹھیکا پیشگی** (مذکر) وہ پٹا جس کا کرایہ پیشگی ادا کیا جائے۔ **ٹھیکا حین حیات** (مذکر) پٹا جو زندگی بھر کے لئے ہو۔ **ٹھیکا دینا** (متعدی) اجارہ یا پٹا دینا۔ **ٹھیکا دینے والا** (مذکر) وہ شخص جو اجارہ یا پٹا دے۔ **ٹھیکا لینا** (لازم) ۱ اجارہ لینا پٹا لینا ۲ لائسنس لینا۔ اجازت لینا ۳ ذمہ لینا ۴ زبردستی کسی چیز پر قبضہ کرنا۔ قابو میں لینا۔ **ٹھیکا مستجری** (مونث) کرائے لیا ہوا ٹھیکہ۔ **ٹھیکہ دار۔ ٹھیکے دار** (مذکر) وہ شخص جو کسی کام کا اجارہ لے۔ اجارہ دار۔ **ٹھیکے کا** (صفت) ۱ اجارے پر لیا ہوا ۲ کرائے پر لیا ہوا ۳ لاپرواہی سے کیا ہوا۔ **ٹھیکے میعاد** (مونث) وہ عرصہ جس کے لئے ٹھیکا دیا جائے۔ وہ وقت جس کے

لئے پٹا دیا جائے۔

اقوال۔ ٹھیکا لے اس کام کا جو تجھ سے ہووے ٹھیک جس کام کو انسان اچھی طرح کرسکتا ہے۔ اس کا ٹھیکا یا ذمہ لینا چاہئے **ٹھیکے کا کام پھیکا**۔ جو کام ٹھیکہ دے کر کرایا جائے وہ اچھا نہیں بنتا۔

ٹھیکپن (ہ۔ مونث) بال جو رخساروں پر موچھوں سے ملا کر رکھے جاتے ہیں (رکھنا رکھوانا کے ساتھ)

ٹھیکر (ھ۔ مذکر) پہرہ دینے کا ایک طریقہ۔ گاؤں والے باری باری پہرے کے لئے رات کو اٹھتے ہیں۔

ٹھیکرا (ہ۔ مذکر) مٹی کے برتن کا ٹکڑا ۲ گھڑنے وغیرہ کا نچلا حصہ جس میں فقیر آگ جلاتے یا دبائے ہیں ۳ مٹی کا برتن جس میں کوڑا کرکٹ ڈالتے ہیں ۴ پھوٹا ہوا مٹی کا برتن ۵ پرانا مکان۔ جاں اد ۶ ٹوٹے پھوٹے برتن ۷ معمولی زیورات ۸ بندوق کے گھوڑے کا اوپر کا حصہ (س ستوک۔ چھوٹا۔ ٹھوڑا) **ٹھیکرا کھوڑنا** (متعدی) الزام لگانا۔ تہمت لگانا **ٹھیکری** (مونث) ٹھیکرا کی تصغیر ۱ چھوٹا ٹھیکرا ۲ مٹی کا برتن جس میں آگ رکھتے ہیں۔ مٹی کا توا ۳ عورتوں کی جائے مخصوص۔ **ٹھیکرے** (مذکر) ۱ ٹھیکرا کی جمع ۲ بجائے ٹھیکرا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **ٹھیکرے بکوانا** (متعدی) کسی کا خانگی مال اسباب بکوانا۔ گھر کا سامان نیلام کرانا۔ **ٹھیکری پہرہ** (مذکر) پہرے دینے کا ایک طریقہ۔ ٹھیکریوں پر نام لکھ کر گھڑے میں ڈالتے ہیں۔ جس کے نام کی ٹھیکری نکل آئے۔ اس کا پہرہ ہوتا ہے **ٹھیکری چننا** (ھ۔ لازم) پاگل ہونا۔ **ٹھیکری کرنا** (متعدی) روپیہ ضائع کرنا۔ جانشاد برباد کرنا۔ بے دریغ خرچ کرنا۔ **ٹھیکری کی مانگ** (مونث) پیدائشی رشتہ۔ کسی بچے کے پیدا ہونے پر عورتیں ٹھیکرے میں نقدی ڈالدیتی ہیں جس کا یہ مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس بچے کی منگنی ان کے بچے سے ہوگئی۔ **ٹھیکرے کی مانگی** (مونث) وہ لڑکی جس کی نسبت پیدائش کے وقت ہو جائے۔ دیکھو آخری۔ **ٹھیکرے منہ پر ٹوٹنا** (لازم) بچپن کی سادگی نہ رہنا **ٹھیکری منہ پر دھر لینا** (متعدی) بے مروتی کرنا **ٹھیکرے میں ڈالنا** (مذکر) عورتوں کی ایک رسم۔ جب بچہ پیدا ہو چکتا ہے تو ٹھیکرے میں عورتیں نقدی ڈال دیتی ہیں۔ جو دائی کو مل جاتی ہے۔

امثال واقوال۔ ٹھیکرا ہاتھ میں اور اس میں ستر چھید۔ بددعا۔ بھیک مانگتا پھرے اور وہ بھی چھیدوں میں سے گر کر ضائع ہو۔ **ٹھیکرا ہاتھ میں ہوگا اور بھیک مانگتا پھرے گا**۔ بددعا۔ **ٹھیکرے کا سکھ خرچی کا دکھ**۔ رنڈیاں کہتی ہیں جب انہیں خرچی تھوڑی ملے۔ **ٹھیکرے میں دیا ساتھ کھانے لگا** کمینہ تھوڑی سی رعایت سے سر چڑھ جاتا ہے۔

ٹھیکن (ھ۔ مونث) دیکھو ٹیک۔

ٹھیکنا (ھ۔ لازم) ۱ ٹکر کھانا دھکا لگنا ۲ کشتی کا پانی میں بیٹھ جانا۔ تہ سے لگ جانا

ٹھیگا (ھ۔ مذکر) وہ لفظ جو دوسرے کے ساتھ اس طرح ملا ہوا ہو کہ اس کا حصہ معلوم ہو

ٹھیل (ہ۔ امر) ۱ ٹھیلنا کا ۲ (ھ۔ مذکر) دھکا ریلا۔ پیل۔ دھکیل (س ستھل پکا کھڑا ہونا) **ٹھیلا** (ماضی) ۱ ٹھیلنا کا ۲ (مذکر) دیکھو ٹھیل ۲ ۳ گاڑی جسے اسباب سے لاد کر ہاتھ سے دھکیلتے ہیں ۴ ٹرالی ۵ ایک بیل کی چھوٹی بیل گاڑی **ٹھیلا ٹھیلی** (مونث) دھکم دھکا۔ **ٹھیلا گاڑی** (مونث) دیکھو ٹھیلا مذکر۔ **ٹھیلم ٹھیل** (مونث) دھکم دھکا۔ **ٹھیلنا** (متعدی) ۱ دھکیلنا۔ ریلنا۔ پیلنا ۲ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہٹا دینا ۳ کہنی مارنا۔ ٹھوکا دینا ۴ (ھ) مسخروں کی طرح کام کرنا۔ **ٹھیلس** (ھ۔ مذکر) زمین کا حصہ جو زبردستی حاصل کیا گیا ہو

ٹھینا (ہ۔ مذکر) طعن وتشنیع۔

ٹھینٹ (ہ۔ مونث) کان کا میل۔

ٹھینٹھ (ھ۔ صفت) دیکھو ٹھیٹھ۔

ٹھینٹھی (ھ۔ مونث) ۱ ڈاگ ٹھیپی۔ ڈاٹ۔ گٹا ۲ دھوتی جو گھٹنوں تک بندھی ہو ۳ (ہ) کان کا میل۔

ٹھیں ٹھیں (ہ۔ مونث) ہنسی کی آواز۔ بیہودہ ہنسی۔

ٹھینٹی (ھ۔ مونث) دیکھو ٹھینٹھی

ٹھینا (ھ۔ متعدی) ٹھیسنا۔

ٹھینگا (ہ۔ مذکر) ۱ لاٹھی ڈنڈا سونٹا ۲ انگوٹھا۔ ٹھوسا ۳ (ھ) آلہ تناسل **ٹھینگا باجنا** (ھ۔ متعدی) ۱ ڈنڈے بازی ہونا۔ لاٹھی چلنا ۲ جھگڑنا۔ لڑنا ۳ گالیاں کھانا۔ آلہ تناسل کھلانا ۴ بے عزت ہونا۔ ذلیل ہونا۔ تالی پٹنا۔ **ٹھینگا دکھانا** (متعدی) ۱ انگوٹھا ٹیڑھا کرکے دکھانا ۲ صاف انکار کرنا۔ چڑانا۔ **ٹھینگے سے** (تف) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ اظہار لاپرواہی۔

مثل۔ ٹھینگے تھام لبیدے ہزار۔ اگر تو مذاق کو برداشت نہیں کرے گا تو لوگ تجھے بہت تنگ کریں گے۔

ٹھینگنا (ھ۔ صفت) دیکھو ٹھنگنا۔

ٹھینگیل (ھ۔ مذکر) لٹھ باز۔ ڈنڈے باز۔

ٹھیوا (ھ۔ مذکر) تھیوا۔ انگوٹھی میں پتھر جڑنے کی جگہ۔

ٹھیونا۔ ٹھیونا (ھ۔ مذکر) ۱ گھٹنا ۲ گھوڑے کے سم اور ٹخنے کے درمیان کا حصہ گامچی۔ گوٹھی۔

ٹھیہا (ھ۔ مذکر) ۱ مٹی کی برجی حدکا نشان۔ ٹھیا ۲ (ہ) نشست گاہ (عف)

ٹی (انگ۔ مونث) ۱ انگریزی زبان کا بیسواں حرف ۲ چائے ۳ گاف کے کھیل میں وہ چھوٹا سا ٹیلہ جو گیند رکھنے کے لئے بناتے ہیں۔ **ٹی او** (مذکر) ٹرژری آفیسر کا مخفف۔ خزانے کا افسر جو عام طور پر ای اے سی ہوتا ہے۔ **ٹی اے** (مذکر) ٹریولنگ الاؤنس کا مخفف۔ **ٹی ایس** ٹریفک سپرنٹنڈ **ٹی بی** (مذکر) ٹیوبرکلوسس کا مخفف۔ تپ دق کے کیڑے **ٹی بی نکلنا** (لازم) تھوک میں تپ دق کے کیڑوں کا پایا جانا۔ **ٹی پاٹ** (مونث) چائے دانی۔ **ٹی پارٹی** (مونث) ایک قسم کی دعوت جو تیسرے پہر ہوتی ہے اور جس میں چائے اور مٹھائی وغیرہ کھانے کو دیتے ہیں **ٹی ٹی** (مذکر) ۱ ٹریولنگ ٹکٹ کلکٹر کا مخفف۔ وہ ٹکٹ دیکھنے والا جو چلتی گاڑی میں سفر کرے ۲ ٹی ٹوٹلر کا مخفف جو شراب نہ پیئے۔

ٹیا (ھ۔ صفت) تیز۔

ٹیاں (ہ۔ مونث) ایک قسم کی چھوٹی کوڑی۔ **ٹیاں سی جان** (مونث) اکیلا دم۔

ٹیبل (انگ۔ مونث) میز لکڑی کی چوکی۔ **ٹیبل لینڈ** (مونث) سطح مرتفع۔

ٹیپ (ہ - امر) ۱ ٹیپنا کا ۲ (مونث) دبانے کا فعل - بھینچنا ۳ اونچا سُر - الاپ ۴ مثلث مخمس وغیرہ کا آخری فقرہ - بند - گرہ ۵ مسدس کی تیسری بیت ۶ دھپا - دھول - چپت ۷ ماتھے کا ایک زیور ۸ ہنڈی تمسک ۹ چک ۱۰ گنجفے میں حریف کے پتے کو دو پتوں سے لینا ۱۱ فوج کا دستہ ۱۲ پکی عمارت میں اینٹوں کی درزوں کو چونے سے بند کرنے کا کام ۱۳ یادداشت - کوئی چیز جو جلدی میں لکھ لی جائے ۱۴ (ہ) جنم پتری ۱۵ (صفت) عمدہ - اعلےٰ منتخب - چیدہ - چوٹی کا (س ستھپ - ٹپکنا - چونا) **ٹیپا** (ماضی) ٹیپنا کی - **ٹیپ بھرنا** (متعدی) چونے سے درزوں کو بھرنا - **ٹیپ ٹاپ** (مونث) ۱ آرائش زیبائش - بناؤ سنگار - زیب و زینت ۲ (ہ) دبانے کا فعل - **ٹیپ جڑنا یا رسید کرنا** (متعدی) چپت لگانا - **ٹیپ کہنا** (متعدی) مخمس وغیرہ کا فقرہ پڑھنا **ٹیپ لینا** (متعدی) ٹیپنا - **ٹیپ مارنا** (متعدی) چپت لگانا - **ٹیپنا** (متعدی) ۱ دبانا بھینچنا ۲ لکھ لینا درج کر لینا ۳ ٹٹولنا ۴ اونچا سُر لگانا - الاپنا ۵ گنجفے میں پتا جیتنا ۶ روپیہ جیب میں ڈالنا - روپیہ لینا -

مثل - ٹیپ ٹاپ کی پگڑی (باندھی) وہ بھی جورو کا صدقہ (صدقہ جورو کا) پرائے مال پر شان و شوکت جتانا -

ٹیپ (انگ - مذکر) اپ کرنیکا فیتہ -

ٹیپ ریکارڈر (انگ - مذکر) صوت نگار مشین -

ٹیتھس (یو - عص) یورینس کی ماں اور اوشیانس کی بیوی تھی

ٹیٹا (ہ - مونث) دیکھو جیجا -

ٹیٹک منجھا (ہ - مذکر) ۱ لوٹی ہوئی یا رپائی ۲ جھگڑا - جھمیلا - دقت - دشواری - مخمصہ (پڑنا کے ساتھ)

ٹیٹلی (ہ - مونث) ایک دوائی کا نام

ٹیٹو (انگ - مذکر) ۱ نیلا نشان جو بدن پر گودا جاتا ہے بعض دفعہ سرخ بھی ہوتا ہے ۲ ڈھول یا بگل کا بجنا کہ سب حاضر ہوں -

ٹیٹوا (ہ - مذکر) دیکھو ٹینٹوا -

ٹیچر (انگ - مذکر) استاد

ٹیحنا (ہ - لازم) ۱ تیتر کی طرح بولنا ۲ پرندوں کا چہچہانا -

ٹیر (ہ - مونث) ۱ ترچھا کٹا ہوا کپڑا ۲ ترچھی کاٹ -

ٹیر (ہ - مونث) ۱ آواز - پکار - ہانک چیخ ۲ سُر ۳ (ہ) گزرا ہوا - گذشتہ - **ٹیر کرنا** (ہ) گزارنا - **ٹیرن** (ہ) بلانا - پکارنا - **ٹیرنا** (متعدی) ۱ بلانا - پکارنا ۲ چیخنا - چلانا ۳ (ہ) گانا - الاپنا - **ٹیر ہونا** (لازم) گزرنا -

ٹیرا (ہ - مذکر) ۱ پردہ ۲ (صفت) بھینگا -

ٹیروا (ہ - مذکر) حقے کی نلی جس پر چلم رکھی جاتی ہے -

ٹیریٹوریل (انگ - صفت) ۱ ملکی ۲ (مذکر) ٹیریٹوریل فوج کا سپاہی **ٹیریٹوریل آرمی** (مونث) ایک قسم کی فوج جس میں عموماً والنٹیر ہوتے ہیں -

ٹیریس (یو - عص) ایریس کا بیٹا ایک بادشاہ جس نے فلومل سے زنا بالجبر کیا تھا - اور پھر اس کی زبان کاٹ ڈالی تھی - اس پر دیوتاؤں نے اسے ہوپو بنا دیا -

ٹیڑا (ہ - مذکر) ۱ درخت کا ٹنا ۲ ایک آلہ جس سے موٹا دھاگا یا رسی بٹتے ہیں -

ٹیڑھ (ہ - صفت) ۱ ٹیڑھا ۲ (مونث) کجی - خم - ٹیڑھاپن ۳ شرارت - سرکشی - جہالت ۴ غرور - تکبر - **ٹیڑھا** (صفت) ۱ خمدار کج - جھکا ہوا - ترچھا ۲ مخالف - برخلاف - پھرا ہوا ۳ بدمزاج - تیز طبیعت ۴ ناراض - خفا ۵ اجڈ - بد تمیز ۶ مندی ۷ بینڈا - کج ۸ شریر - **ٹیڑھا بانکا** (صفت) بانکا - چھیلا - وضعدار ۲ اکھڑ سپاہی - وضع - **ٹیڑھا بتلانا** (متعدی) اینٹھ کر بولنا - اکڑنا الٹی باتیں کرنا - **ٹیڑھا بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) دیوار وغیرہ کا سیدھا نہ بننا - کج ہو جانا - **ٹیڑھا بیہڑا یا بیڑا** (صفت) کج - خمدار - **ٹیڑھا پڑنا** (لازم) سیدھا نہ کرنا - **ٹیڑھا پن** (صفت) ۱ کجی - خم ۲ شرارت مخالفت ۳ سرکشی - جہالت - **ٹیڑھا پھینکنا** (متعدی) ترچھا پھینکنا - سیدھا نہ پھینکنا - **ٹیڑھا جانا** (لازم) سیدھا نہ جانا - ترچھا چلنا - **ٹیڑھا جواب** (مذکر) تلخ جواب - الٹا پلٹا جواب - جواب جس سے ناخوشی ظاہر ہو - **ٹیڑھا چلنا** (لازم) ۱ سیدھا نہ چلنا ۲ الٹا رستہ اختیار کرنا - **ٹیڑھا رہنا** (لازم) ناراض رہنا برہم رہنا - برخلاف رہنا - **ٹیڑھا سمجھنا** (متعدی) کسی بات کا الٹا مطلب سمجھنا - الٹا سمجھنا - **ٹیڑھا سوال** (مذکر) ایسا سوال جس کا جواب مشکل ہو - اہم مسئلہ **ٹیڑھا قط** (مذکر) قلم کی نوک کو ترچھا کاٹنا - **ٹیڑھا کرنا** (متعدی) خم دینا - کج کرنا - **ٹیڑھا لگانا** (متعدی) کسی چیز کو سیدھا یا قطار میں نہ لگانا - **ٹیڑھا لگنا** (لازم) سیدھا نہ لگنا - قطار سے باہر لگنا - **ٹیڑھا معاملہ** (مذکر) مشکل امر - **ٹیڑھا میہڑا** (ہ) کج - خمدار - **ٹیڑھا نظر آنا** (لازم) ناراض معلوم ہونا - غصے میں ہونا - **ٹیڑھا وقت** (مذکر) مصیبت کا وقت - برا وقت - **ٹیڑھا ہونا** (لازم) ۱ کج ہونا ۲ ناراض ہونا - خفا ہونا ۳ سیدھا نہ ہونا - **ٹیڑھائی** (ہ) **ٹیڑھے پنا** (ہ) ٹیڑھاپن - **ٹیڑھ کی چلنا** (لازم) دیکھو ٹیڑھی چال چلنا - **ٹیڑھ کی لینا** (لازم) ۱ شرارت کرنا - سرکشی کرنا ۲ فیل لانا - اینٹھنا - **ٹیڑھ نکال دینا** (متعدی) کجی یا خم دور کرنا - اتنا مارنا کہ شرارت بھول جائے - **ٹیڑھی** (صفت مونث) ۱ دیکھو ٹیڑھی ۲ (ہ) ضد - ہٹ ۳ غرور - تکبر - اینٹھ اکڑ - **ٹیڑھی آنکھ** (مونث) ۱ غصے کی نظر ۲ ترچھی آنکھ ۳ بھینگی آنکھ - **ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا** (متعدی) ۱ ترچھی نظر سے دیکھنا ۲ غصے سے دیکھنا - ناراضگی سے نظر ڈالنا - **ٹیڑھی آنکھیں کرنا** (متعدی) ۱ بے مروتی کرنا ۲ ناراض ہونا - **ٹیڑھی باتیں** (مونث) ناراضگی کی باتیں - **ٹیڑھے** (صفت) ٹیڑھا کی جمع - **ٹیڑھے بیڑھے** (تف) ترچھے ہو کر - ترچھے طور پر **ٹیڑھے تار کا جوتا** (مذکر) وہ جوتا جس میں چاندی سونے کے تار لگے ہوں - **ٹیڑھی ترچھی سنانا** (متعدی) برا بھلا کہنا - **ٹیڑھے توے کی روٹی** (مونث) وہ کام جو نہایت دقت یا دشواری سے ہو - بڑا مشکل کام **ٹیڑھی ٹوپی** (مونث) ترچھی ٹوپی - بانکپن کی نشانی **ٹیڑھی چال چلنا** (لازم) ۱ سب کے خلاف کام کرنا الٹا رستہ اختیار کرنا ۲ برا طریقہ اختیار کرنا - بد چلن ہونا - **ٹیڑھی چھُری** (مونث) قیمہ کرنے کا آلہ - قصابوں کی اصطلاح **ٹیڑھے رہنا** (لازم) ناراض یا برہم رہنا - سیدھے منہ بات نہ کرنا - **ٹیڑھی سنانا** (متعدی) ۱ برا بھلا کہنا ۲ خلاف جواب دینا - **ٹیڑھی سیدھی** (مونث) سخت اور نرم باتیں - **ٹیڑھی نگاہ** (مونث) ترچھی نظر - نگاہ

کج - **ٹیڑھے ہونا** (لازم) ناراض ہونا - برہم ہونا -

امثال واقوال ٹیڑھی انگلی کئے بغیر گھی نہیں نکلتا - نرمی سے کام نہیں نکلتا سختی سے نکلتا ہے - **ٹیڑھی کھیر ہے** - مشکل یا دشوار کام ہے - مشہور ہے کہ کسی نے ایک اندھے سے کہا کھیر کھاؤ گے اسنے پوچھا کھیر کیسی ہوتی ہے - اس نے کہا سفید - اندھے نے پوچھا سفید کیا ہوتا ہے - اسنے کہا بگلے کی طرح - اندھے نے پھر پوچھا بگلا کس طرح کا ہوتا ہے - اس نے ہاتھ ٹیڑھا کرکے بتایا - تو اندھے نے ہاتھ لگا کر کہا کہ یہ بہت ٹیڑھی کھیر ہے ہم سے نہ کھائی جائے گی - تب سے یہ مثل ہوئی **ٹیڑھے کو کتّن نہیں لگتا** - شریر آدمی کا کوئی کچھ نہیں کرسکتا -

ٹیڑی (ہ - مونث) ہڈی - **ٹیڑی دل** (مذکر) ہڈی دل -

ٹیس (ہ - مونث) ۱ ٹپک - درد جو زخم یا پھوڑے میں اٹھتا ہے (س ٹرس) **ٹیس مارنا** (متعدی) درد کرنا - ٹپکنا - **ٹیسنا** (لازم) درد ہونا - ٹپکنا

ٹیس (انگ - مونث) سٹیچ سے بگڑا ہوا - جز بندی - کتاب کی سلائی -

ٹیسُو (ہ - مذکر) ۱ ڈھاک کا درخت - پلاس ۲ ڈھاک کا پھول جس میں سے زرد رنگ نکلتا ہے ۳ (عنس) ایک ہندو بہادر جس کا مٹی کا پتلا لڑکے دسہرے کے دنوں میں نکالتے ہیں اور گھر گھر لئے پھرتے ہیں ۴ گیت جو اس پتلے کے ساتھ گاتے ہیں ۵ ایک قسم کا ناٹک ۶ بڈھا آدمی جو رنگین لباس پہنے ہو - **ٹیسو بنانا** (متعدی) ٹیسو کا سوانگ نکالنا ۲ ہنسی اڑانا - تمسخر کرنا -

ٹیسوا (ھ - مذکر) دیکھو ٹسوا - آنسو

ٹیک (ہ - مونث) ۱ سہارا - پشتی ۲ تھبا - تھونی - اڑواڑ ۳ بھروسا - اعتبار ۴ (ھ) وعدہ اقرار - قسم ۵ عہد - ارادہ ۶ راگ کا دہراؤ ۷ کسی چیز کو کسی پر کھڑا کرنا ۸ ڈھیر - انبار - تودہ ۹ ٹیلا - پہاڑی ۱۰ روک - سدرہ - آڑ - **ٹیکا** (مذکر) سہارا - **ٹیک لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) سہارا لگنا - **ٹیک دھرنا** (لازم) ارادہ کرنا - تلا ہونا - **ٹیک رہنا** (ھ - لازم) کسی چیز سے تکیہ لگانا - سہارا لینا - **ٹیک لگانا** (متعدی) سہارا لینا - **ٹیکن** (مونث) اڑواڑ - **ٹیکنا** (لازم) سہارا لینا - رکھنا ۲ داؤں پر لگانا - **ٹیکنی** (مونث) اڑواڑ - **ٹیکی** (مونث) لکڑی جسے چھت یا کسی اور چیز کے نیچے گرنے سے روکنے کے لئے کھڑا کر دیتے ہیں -

ٹیک (ہ - مونث) ۱ جانوروں کی پیشانی ۲ (ھ) ایک زیور جو گردن یا سر پر پہنا جاتا ہے ۳ خون کا قطرہ - لکیر یا دھار ۴ چوٹی کی گرہ - جوڑا -

ٹیکا (ہ - مذکر) ۱ صندل - سیندور وغیرہ کا نشان جو ہندو ماتھے پر لگاتے ہیں یہ پوجا سفر یا منگنی یا گدی پر بیٹھنے کے موقع پر لگاتے ہیں - عام طور پر گول ہوتا ہے - مگر لمبا یا ترسول یا دیگر شکل کا بھی ہوتا ہے ۲ گول سرخ نشان جو ہندو عورتیں سہاگ ظاہر کرنے کے لئے لگاتی ہیں ۳ وہ نشان جو عورتیں بچوں کی پیشانی پر نظر بد سے بچانے کے لئے لگاتی ہیں ۴ وہ زخم جو چیچک وغیرہ کے بچاؤ کے لئے بازو پر لگا کر چیپ لگاتے ہیں ۵ سرداری کا نشان ۶ گدی پر بٹھانے کی رسم ۷ ایک زیور ماتھے کا ۸ ہندوؤں کی ایک رسم جو منگنی یا بیاہ میں ہوتی ہے ۹ مٹھائی جو اس موقع پر بھیجتے ہیں ۱۰ شادی کے موقع کا تحفہ ۱۱ وہ تحفہ جو خسر داماد کو شادی کے موقع پر دے ۱۲ شرح تفسیر ۱۳ زیور جو گھوڑے کے ماتھے پر لگاتے ہیں ۱۴ دھبہ نشان ۱۵ نشان جو ذات ظاہر کرنے کے لئے ماتھے پر لگایا جاتا ہے ۱۶ خاص بات - خصوصیت (س - تِلک) **ٹیکا بھیجنا** (متعدی) داماد کو تحفہ بھیجنا - **ٹیکا کرتا** (ھ) شارح - مفسر - **ٹیکا کرنا** (متعدی) ۱ رخصت کرنا ۲ سگائی کرنا ۳ چیچک وغیرہ کا ٹیکا لگانا - **ٹیکا لگانا** (متعدی) ماتھے پر نشان لگانا ۲ دھبا یا داغ لگانا ۳ ٹیکا زیور پہننا ۴ چیچک وغیرہ کا چیپ زخم کرکے لگانا - **ٹیکا لگانے والا** (صفت) وہ (ڈاکٹر) جو چیچک وغیرہ کا ٹیکا لگائے - **ٹیکا لینا** (متعدی) شادی کا تحفہ لینا - **ٹیکے کا** (صفت) ۱ نرالا - خصوصیت والا ۲ مقدار ۳ ٹیکا لگا ہوا -

ٹیکر ٹیکرا (ھ - مذکر) ۱ ڈھیر - انبار - تودہ ۲ ٹیلا - پہاڑی ۳ پہاڑی کی ڈھلوان سطح -

ٹیکری (ھ - مونث) ناقص زمین کا چھوٹا کھیت -

ٹیکس (انگ - مذکر) محصول - ٹکس -

ٹیکسی (انگ - مونث) ٹیکسی کیب کا مخفف - کرائے کی موٹر کار -

ٹیکنا (اردو - مذکر) آلہ تناسل (عف)

ٹیکنیکل (انگ - صفت) اصطلاحی پیشے کا - صنعتی - **ٹیکنیکل اسکول** (مذکر) وہ اسکول جس میں صنعتی تعلیم دی جائے -

ٹیکھرنا (ھ - لازم) دیکھو ٹکھلنا -

ٹیل (ھ - مونث) ۱ چھوٹی مرغی ۲ چوزہ ۳ (حقارتاً) معنی نوجوان -

ٹیلا (ہ - مذکر) مٹی کا اونچا بلند پشتہ چھوٹی پہاڑی - بڑا تودہ - ٹبا - ٹیکرا - **ٹیلی** (ھ - مونث) چھوٹا ٹیلا - ٹیلا کی تصغیر

ٹیلر (انگ - مذکر) درزی - **ٹیلر ماسٹر** (مذکر) درزی - استاد - **ٹیلرنگ** (مذکر) درزی کا کام - سلائی -

ٹیلنا (ھ - متعدی) ۱ ٹھیلنا - دھکیلنا ۲ گھسیٹرنا ۳ ٹالنا - ہٹانا -

ٹیلوا (ہ - مذکر) شہتیر -

ٹیلہا (ھ - مذکر) ٹیلا -

ٹیلی پرنٹر (انگ - مذکر) دُور نویس - تار برقی ٹائپ مشین -

ٹیلیفون (انگ - مذکر) وہ آلہ جس کے ذریعہ تار پر ایک دوسرے سے دور تک گفتگو کرسکیں -

ٹیلیگراف (انگ - مذکر) تار برقی - وہ آلہ جس کے ذریعے تار پر خبریں ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجی جاتی ہیں - **ٹیلیگراف آفس** (مذکر) تار گھر - **ٹیلیگراف انسپکٹر** (مذکر) محکمۂ تار کا ایک افسر - **ٹیلیگراف ڈیپارٹمنٹ** (مذکر) تار کا محکمہ - یہ ہندوستان میں براہ راست گورنمنٹ آف انڈیا کے متعلق ہے - **ٹیلیگراف کلرک** (مذکر) وہ بابو جو تار بھیجتا ہے - **ٹیلیگراف ماسٹر** (مذکر) تار گھر کا افسر اعلےٰ - **ٹیلیگراف فارم** (مونث) وہ فارم یا کاغذ جو محکمہ تار تار لکھنے کے لئے چھاپتا ہے -

ٹیلیگرام (انگ - مذکر) ۱ تار کی خبر - وہ خبر جو تار کے ذریعے بھیجی جائے ۲ وہ کاغذ جس پر تار لکھا ہوا ہو (آنا بھیجنا روکنا وغیرہ کے ساتھ)

ٹیلیگونس (یو - عص) یلیسس و سرسی کا لڑکا جسنے اپنے باپ کو قتل کرکے اس کی بیوی پینیلوپ سے شادی کی - اس سے اٹالس پیدا ہوا جس کے نام پر اٹلی کا نام ہے -

ٹیلیئوریَم (انگ ۔ مذکر) ایک غیر دھاتی عنصر جو پانی سے ۶ء۸ گنا بھاری ہے ۔

ٹیلی وژن (انگ ۔ مذکر) دُور درشن ۔ دُور نمائی ۔

ٹیم (انگ ۔ مونث) آدمیوں کا گروہ جو کسی کھیل یا کام میں اکٹھے حصہ لیں ۔

ٹیم (ہ ۔ مذکر) ۱ چراغ کی بتی کا جلا ہوا حصہ ۲ شعلہ ۔

ٹیم (انگ ۔ مذکر) ٹائم کا بگڑا ہوا وقت ۔ عادت ۔

ٹیم ٹام (ہ ۔ مونث) ٹیم ٹماک (ہ) ٹیپ ٹاپ ۔ نمائش ۔ زینت ۔ آرائش ۔

قول ۔ ٹیم ٹام کی پگڑی باندھی وہ بھی صدقہ جورو کا ۔ نیک پاک کا چوکا دینا گوبر گائے گورو کا (ہ) ہندوؤں پر جو جگہ کو گائے کے گوبر سے لیپ کر پاک کرتے ہیں اور اس پر جو معمولی آدمی ہو کر بانکپن سے رہنے کی کوشش کرے طنز ہے ۔

ٹیمی (ہ ۔ مونث) چنگاری ۔ پھولا ۔ آتش ۔

ٹین (انگ ۔ مونث) لوہے کے پتلے قلعی دار تختے ۲ ایک دھات ۔ رانگا ۔ قلعی ۳ ٹین کا ظرف ۔ پیپا ۔ ٹین کا ۔ دیکھو ٹن ۔

ٹیں (ہ ۔ مونث) طوطے کی آواز جو اسے دبایا جائے تو نکلتی ہے ۔ **ٹیں ٹیں** (مونث) ۱ طوطے کا بار بار بولنا ۲ بیہودہ بات ۔ مہمل بات ۔ بکواس (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **ٹیں ہو جانا** (لازم) (مقارتاً) مر جانا ۔ مر کر رہ جانا ۔

ٹینا (ہ ۔ مذکر) ۱ چھوٹی قسم کا مرغا ۲ دوغلا مرغا ۔ **ٹینی** (مونث) ۱ مرغیوں کی ایک چھوٹی قسم ۲ دوغلی مرغی ۳ (صفت) چھوٹی ننھی ۔

ٹینا (ہ ۔ متعدی) تیز کرنا ۔

ٹینٹ (ہ ۔ مذکر) ۱ کریل کا پھل ۲ باہر کی جھلی ۔ چھلکا ۳ آنکھ کی پھلی ۴ روٹی کا پھل ۔ کپاس کا ڈوڈا (س ۔ تنت) **ٹینٹا** (ہ) ۱ کریل کا پھل ۲ کھلجھڑی ۳ بات جو سمجھے بوجھے کی جائے ۔ **ٹینٹ پکوڑا ہو جانا** (لازم) ٹینٹ یا پکوڑے کی طرح پھول جانا ۔ مجازاً منہ پھلا لینا ۔ ناراض ہو جانا ۔ تہمتی سجا لینا ۔ **ٹینٹر** (مذکر، کریل کا پھل) **ٹینٹی** (مونث) ٹینٹ ملاحظہ ۔

امثال ۔ ٹینٹ آنکھ میں منہ کھُر دیلا ۔ کیسے پیا مور اچھیل چھبیلا (ہ) اپنی چیز خواہ کیسی بری ہو اچھی معلوم ہوتی ہے ۔ **ٹینٹ بار وا کال کے میت ۔ کھائیں اور گائیں گیت** (ہ) کریل اور جال کے پھل قحط میں کسانوں کے لئے بہت مفید ہوتے ہیں ۔

ٹینٹوا (ہ ۔ مذکر) ۱ گلا ۔ حلق ۲ سانپ کا سر (س تنتک) **ٹینٹوا دبانا** (متعدی) ۱ گلا گھونٹنا ۔ گردن دبانا ۲ عاجز کرنا ۔ تنگ کرنا ۳ سخت تقاضا کرنا ۔ **ٹینٹوا دینا** (لازم) ٹینٹوا دبانا کا **ٹینٹوا لینا** (متعدی) گلا دبانا ۔

ٹینس (انگ ۔ مذکر) ایک کھیل جو ربڑ کی کھوکھلی گیندوں اور تانت سے بُنے ہوئے بلوں سے جال لگا کر کھیلتے ہیں (کھلانا ۔ کھیلنا ہونا کے ساتھ) **ٹینس بال** (مذکر) ٹینس کھیلنے کی گیند ۔ **ٹینس ریکٹ** (مذکر) ٹینس کھیلنے کا بلا ۔ **ٹینس کا جال** (مونث) وہ جال جو ٹینس کھیلنے کے لئے درمیان میں لگاتے ہیں **ٹینس کلب** (مونث) وہ جماعت جو ٹینس کھیلنے کے لئے بنی ہوتی ہے ۔ **ٹینس کورٹ** (مذکر) زمین کا وہ ٹکڑا جس پر نشانات لگا کر ٹینس کھیلتے ہیں **ٹینس کے پردے** (مذکر) وہ پردے جو ٹینس کورٹ کی چوڑائی کے رخ گیند دور جانے سے روکنے کے لئے لگاتے ہیں ۔

ٹینک (انگ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی مسلح موٹر کار جو بغیر پہیوں کے چلتی ہے ۔ یہ پہلے پہل انگریزوں نے جنگ یورپ میں جرمنی کے برخلاف استعمال کی تھیں ۲ تالاب ۔ جوہڑ

ٹینگرا (مذکر) **ٹینگری** (ہ ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی ۔

ٹینگو (انگ ۔ مذکر) ایک قسم کا ناچ ۔

ٹینگی (ہ ۔ مونث) چھیڑ چھاڑ مذاق مضحکہ ۔

ٹیو ۔ ٹیو (ہ ۔ مونث) ۱ عادت ۲ رسم ۔ رواج ۳ طریقہ ۔ طرز ۴ کرتب ۵ چھل ۔ فریب ۶ خیال ۔ ترنگ ۔ موج ۔ **ٹیوا** (مذکر) ۱ دیکھو ٹیو ۲ نجوم لگانا ۳ جنم پتری ۔

ٹیوب (انگ ۔ مونث) ۱ نال ۔ نل ۲ سرنگ ۔ **ٹیوب ریلوے** (مونث) وہ برقی ریل جو بڑے بڑے شہروں میں زمین کے نیچے سرنگیں بنا [illegible] جاتی ہے ۔ **ٹیوب وَل** (مذکر) ایک قسم کا کنواں جس میں لوہے کی نال زمین میں گاڑ کر پانی نکالتے ہیں ۔

ٹیوکی (ہ ۔ مونث) ٹھیک ۔ ٹیکن ۔

ٹیونا (ہ ۔ متعدی) تیز کرنا ۔ پتھر چٹانا ۔ سان پر چڑھانا ۔

ٹیہرا (ہ ۔ مذکر) دیکھو ٹیڑھا

ٹیہرا (ہ ۔ مذکر) گاؤں ۔

ٹیہلا (ہ ۔ مذکر) رسم شادی **ٹیہلا بھگتانا یا سادھنا** (متعدی) شادی یا بیاہ کی کوئی رسم یا تقریب ادا کرنا ۲ مطلب براری کرنا ۔ مطلب نکالنا ۔ اپنا کام سدھ کرنا ۳ بدفعلی کرنا ہم صحبت ہونا ۔ برا کام کرنا ۔ **ٹیہلا پھیرنا** (متعدی) بیاہ رچانا ۔ شادی کی رسم ادا کرنا ۔

ث (ع۔ مونث) تلفظ ثے: اردو الف ب کا چھٹا حرف۔ عربی کا چوتھا دیگر زبانوں میں پایا نہیں جاتا۔ اسے ثائے مثلثہ بھی کہتے ہیں۔ حساب جمل میں اس کے ۵۰۰ عدد ہیں۔ اس کا تلفظ سین سے ملتا جلتا ہے مگر زبان کی نوک کے اوپر کے دانتوں کی نوکوں کے ساتھ ملنے سے اس کی آواز پیدا ہوتی ہے۔

ثأب (ع۔ مذکر) ۱ جماہی لینا ۲ کھلا ہونا۔

ثابت (ع۔ صفت) ۱ جاری رہنے والا۔ قائم۔ برقرار۔ مستقل ۲ مستحکم۔ مضبوط پائیدار ۳ ساکن۔ ٹھہرا ۴ مستند۔ مصدقہ۔ تصدیق شدہ ۵ یقینی۔ محقق ۶ پورا۔ جو ٹوٹا پھوٹا نہ ہو۔ مسلم درست ۷ سچا۔ صحیح۔ ٹھیک ۸ وہ جو گردش نہ کرے ۹ (عاملوں کی اصطلاح) سال کے تین حصوں میں سے وہ جس میں اپنے فائدے کے واسطے عمل پڑھتے ہیں اس میں جیٹھ۔ بھادوں۔ اگن اور پھاگن پڑتے ہیں۔ **ثابت خانی** (مذکر) ایک قسم کے سلح سپاہی جنہیں ثابت خاں نے بھرتی کیا تھا۔ **ثابت رہنا** (لازم) ۱ مضبوط رہنا ۲ قائم رہنا۔ بات سے نہ پھرنا ۳ ہٹ کرنا۔ **ثابت شدہ** (صفت) مسلمہ یقینی۔ مصدقہ۔ مستند۔ **ثابت قدم** (صفت) عہد کا پکا۔ بات پر رہنے والا۔ بات سے نہ پھرنے والا ۲ باحوصلہ۔ مستقل ارادے والا۔ صاحب استقلال ۳ مضبوط۔ قائم۔ مستقل۔ برقرار (رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **ثابت قدم کوئے محبت** (مذکر) نہایت وفادار عاشق۔ **ثابت قدمی** (مونث) استقلال قیام وغیرہ دیکھو آخری۔ **ثابت کرنا** (متعدی) پایہ ثبوت کو پہنچانا۔ صداقت کو پہنچانا۔ تحقیق کرنا **ثابت مہینے** (مذکر) دیکھو ثابت ۹۔ **ثابت ہونا** (لازم) دیکھو آخری (ثبت۔ قائم رہنا۔ جاری رہنا)

امثال و اقوال۔ ثابت قدم سب جگہ ٹھہادیں۔ مستقل مزاج آدمی کا ہر جگہ ٹھکانا ہے۔ ہر کوئی اس کو قبول کر لیتا ہے۔ **ثابت قدم سب کو دھاویں۔** مستقل مزاج آدمی کا ہر کوئی اعتبار کرتا ہے۔ **ثابت کر تب منہ پر مار۔** پہلے جرم ثابت کرو پھر کہنا۔ **ثابت لوگ انبر تارے ہم لوگوں سے نیارے۔** ثابت قدم آدمی عام لوگوں سے بہتر ہوتے ہیں۔ **ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان۔** کم لیاقتی پر بڑا حوصلہ کرنا یا بڑے منصب کی خواہش کرنا۔

ثأد (ع۔ مذکر) شبنم ۲ (صفت) سرد۔

ثأداء (ع۔ مونث) ۱ ملازمہ۔ خادمہ ۲ بیوقوف عورت۔

ثأدت (ع۔ مونث) فربہی۔ موٹاپا۔

ثأدت (ع۔ صفت) فربہ عورت

ثادق (ع۔ صفت) ۱ بہنے والا۔ ۲ برسنے والا ۳ (مذکر) ایک گھوڑے کا نام۔

ثأر (ع۔ مذکر) ۱ بدلہ لینا۔ انتقام لینا ۲ قتل کے بدلے قتل کرنا ۳ خون ۴ قتل۔

ثاقب (ع۔ صفت) ۱ روشن چمکدار۔ درخشاں۔ منور۔ تاباں ۲ بلند۔ عالی۔ رفیع ۳ مشہور۔ معروف ۴ (ثقب۔ چمکنا)

ثاقل (ع۔ صفت) ۱ بھاری وزنی ۲ پورے وزن کا۔

ثاکل (ع۔ صفت) ۱ بے یار و مددگار ۲ جس کا کوئی مر جائے۔

ثالث (ع۔ صفت) ۱ تیسرا ۲ (مذکر) پنچ۔ منصف۔ سرپنچ۔ بچولیا (ثلث۔ تین ہونا) **ثالث بالخیر** (مذکر) وہ پنچ جسے کسی کی رعایت منظور نہ ہو۔ **ثالث ثلاثہ** (مذکر) تثلیث۔ خدا۔ روح القدس اور مسیح۔ **ثالث حصری** (مذکر) وہ ثالث جس پر فریقین نے مقدمہ کا حصر کر دیا ہو۔ کہ جس طرح چاہے کرے۔ **ثالث نامہ** (مذکر) پنچوں کا تحریری فیصلہ۔ پنچوں کا فیصلہ۔ **ثالثہ** (صفت۔ مونث) ۱ تیسری ۲ (مونث) عورت پنچ۔ **ثالثی** (مونث) پنچایت۔

ثالوث (ع۔ مذکر) تثلیث۔ ثالث ثلاثہ۔ **ثالوث اقدس** (مذکر) پاک تثلیث۔

ثالیل (ع۔ مذکر) ثُلول کی جمع۔ مسے۔

ثامر (ع۔ صفت) پھلدار۔

ثامن (ع۔ صفت) آٹھواں (ثمن آٹھواں ہونا) **ثامنہ** (صفت۔ مونث) آٹھویں۔

ثانی (ع۔ صفت) ۱ دوسرا ۲ (مذکر) دوسرا شخص ۳ نظیر۔ مقابل۔ ہم چشم۔ ہمسر۔ جوڑ۔ ہم پلہ (ثنی۔ دوگنا ہونا) **ثانیاً** (صفت) دوبارہ۔ مکرر۔ **ثانی الحال** (صفت) دوسرے وقت۔ پھر دوسری دفعہ۔ بعد ازاں۔ **ثانی ملاحظہ** (مذکر) دوسری دفعہ پڑتال کرنا۔ نظر ثانی۔ **ثانیہ** (مذکر) پل۔ لحظہ۔ منٹ

ثائب (ع۔ مذکر) ہوا جو بارش کے شروع یا اختتام پر چلے۔

ثائر (ع۔ صفت) کینہ توز۔ کینہ ور۔

ثبات (ع۔ مذکر) ۱ قیام۔ قرار ۲ مضبوطی۔ پائیداری ۳ استقلال۔ ثابت قدمی ۴ ارادہ قصد۔ عزم ۵ صحت۔ درستی۔ جواز (ثبت۔ پکا ہونا) **ثبات رائے** (مذکر) رائے کی مضبوطی۔

ثبت (ع۔ مونث) ۱ دوام ۲ قیام۔ ٹھہراؤ ۳ مضبوطی۔ پائیداری ۴ تحریر۔ لکھنا۔ تحریر کرنا ۵ لگانا۔ نقش کرنا۔ (ثبت۔ پکا ہونا) **ثبت کرنا** (متعدی) ۱ لکھنا۔ تحریر کرنا ۲ دستخط کرنا ۳ مہر لگانا نقش کرنا۔ **ثبت ہونا** (لازم) ثبت کرنا کا۔

ثُبرت (ع۔ مذکر) ہجوم۔ بھیڑ

ثبر (ع۔ مذکر) ۱ روکنا ۲ نکالدینا۔

ثبط (ع۔ مذکر) روکنا کام کرنے سے۔

ثبنت (ع۔ مونث) تھیلا۔ ٹوکری یا پلا جس میں کھجوریں چُن کر ڈالی جائیں۔

ثبوت (ع۔ مذکر) ۱ دوام۔ قیام ۲ مضبوطی۔ پائیداری۔ استقلال ۳ شہادت سے کوئی بات ثابت کرنا۔ شہادت۔ گواہی ۴ دلیل۔ صداقت تحقیق ۵ (صفت) ثابت۔ پکا (ثبت۔ پکا ہونا)۔ **ثبوت استحقاق** (مذکر) حقیقت کا ثبوت **ثبوت بدیہی یا بادی النظر** (مذکر) وہ ثبوت جو ظاہر ہو، صحیح معلوم ہو۔ ظاہرہ سچی شہادت۔ **ثبوت پیش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) اپنے دعوے کی تصدیق میں شہادت پیش کی جانا۔ **ثبوت تردیدی** (مذکر) وہ ثبوت جو دوسرے کی رد میں ہو۔ **ثبوت دینا** (متعدی) دعوے کو سچا ثابت کرنا۔ شہادت پیش کرنا۔ **ثبوت ضمنی** (مذکر) وہ ثبوت جو ضمن میں ہو مگر صریح نہ ہو۔ **ثبوت قانونی** (مذکر) قانون کے

مطابق دعوے کی تصدیق کی شہادت۔ **ثبوتِ لسانی** (مذکر) زبانی ثبوت۔ **ثبوتِ مثل** (مذکر) جو ثبوت مقدمے کی مثل سے ہو۔ **ثبوت وصیت نامہ** (مذکر) وصیت کو درست ثابت کرنا۔ پرباں مرت لیکہ۔

ثبور (ع۔ مذکر) ۱ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۲ تباہی۔ بربادی۔

ثج (ع۔ مذکر) ۱ ڈالنا ۲ بہت۔ بہتا۔

ثجّاج (ع۔ مذکر) بارش جو بہت ہو۔

ثجم (ع۔ مذکر) الٹنا۔ اوپر تلے کر دینا۔

ثخن (ع۔ مذکر) ۱ سخت اور موٹا ہونا ۲ موٹائی۔ سختی۔

ثخونت (ع۔ مونث) سختی اور موٹائی۔

ثخین (ع۔ صفت) سخت۔ موٹا۔ بکّا۔

ثدی (ع۔ مذکر) چھاتیاں۔

ثدیا (ع۔ مونث) ابھری ہوئی چھاتیوں والی عورت۔

ثرّ (ع۔ مذکر) جدا کرنا۔ بکھیرنا۔ منتشر کرنا۔

ثرا (ع۔ مذکر) ۱ بہت ہو جانا لوگوں کا ۲ بیحد دولت ۳ بہت دولت ہونا۔ امیر ہونا۔

ثرا (ع۔ صفت) ۱ امیر۔ دولتمند ۲ (مذکر) زمین۔ ارض (ثرا۔ دولت بڑھنا)

ثرب (ع۔ مذکر) ۱ الزام دینا۔ سرزنش کرنا ۲ بیمار آدمی کے کپڑے لیجانا ۳ چربی جو انتڑیوں پر ہو۔

ثرت (ع۔ مونث) بہت باتیں کرنیوالی عورت۔

ثرد (ع۔ مذکر) ۱ روٹی کا بھربھرانا ۲ ترشح ۳ ایک بوٹی۔

ثرد (ع۔ مذکر) ہونٹوں کا چیرا ہونا۔

ثرط (ع۔ مذکر) موچی کی سریش۔

ثرم (ع۔ مذکر) دانت نکالنا۔

ثرم (ع۔ مذکر) ۱ دانت ٹوٹ جانا۔ ۲ ایک پہاڑ۔

ثروا (ع۔ مونث) امیر عورت۔

ثروت (ع۔ مونث) دولت مال کی کثرت۔ امارت۔ حشمت۔ تونگری ۲ اقتدار۔ حکومت۔ رسوخ ۳ کثرت۔ افراط۔ وفور (ثرا۔ دولت بڑھنا۔

ثری (ع۔ مذکر) ۱ زمین ۲ گیلی مٹی ۳ دولت (ثرا۔ دولت بڑھنا)

ثریا (ع۔ مذکر) پروین چھ ستارے جو اکٹھے جڑے نظر آتے ہیں۔ عقد ثریا۔

ثربان (ع۔ صفت) گیلا نم۔

ثرید (ع۔ صفت) روٹی کے ٹکڑے جو دودھ یا شوربے میں ڈالے جائیں۔

ثعابین (ع۔ مذکر) ثعبان کی جمع۔

ثعالب (ع۔ مذکر) جمع ثعلب۔

ثعالت (ع۔ مونث) لومڑی۔

ثعب (ع۔ مذکر) دوڑانا۔

ثعبان (ع۔ مذکر) ۱ اژدہا۔ بڑا سانپ ۲ افعی۔ بالشتیہ۔

ثعلب (ع۔ مذکر) لومڑی ثعلب مصری (مذکر) ایک درخت کی جڑ جو دوائیوں میں کام آتی ہے۔

ثغ (ع۔ مذکر) ایک بت۔

ثغاریر (ع۔ مذکر) ایک قسم کا خوشبودار خربوزہ جو بطور دستنبو رکھتے ہیں۔

ثغام (ع۔ مذکر) سونف کیطرح کا ایک پہاڑی پودہ۔

ثغب (ع۔ مذکر) ۱ نیزہ سے زخم لگانا ۲ ذبح کرنا۔

ثغب (ع۔ مذکر) ۱ برف کا پگھلنا ۲ ٹھنڈے پانی کا چشمہ۔

ثغر (ع۔ مذکر) ۱ نشان لگانا ۲ سامنے کے دانت توڑنا ۳ سوراخ بند کرنا۔

ثغر۔ ثغر (ع۔ مذکر) ۱ دانت ۲ سامنے کے دانت ۳ درہ ۴ فصیل میں سوراخ ۵ دراڑ۔

ثغرب (ع۔ مذکر) زرد دانت چھوٹے دانت۔

ثغرت (ع۔ مونث) ۱ پیٹ یا گلے کا گڑھا جہاں اونٹوں کو ذبح کرتے ہیں ۲ ملک کا ایک حصہ ۳ ہموار سیدھا راستہ۔

ثغور (ع۔ مذکر) ثغر کی جمع ۱ درے ۲ آبنائیں ۳ سرحدیں ۴ سامنے کے دانت۔

ثفاریق (ع۔ مذکر) ثفروق کی جمع کھجور کے گچھے۔

ثفال (ع۔ صفت) آہستہ چلنے والا اونٹ۔

ثفال (ع۔ مذکر) ہونا۔

ثفال (ع۔ مذکر) چکی کا نیچے کا پتھر۔

ثفر (ع۔ مذکر) گھوڑے کی دمچی۔

ثفرقت (ع۔ مونث) دودھ کا خراب نہ ہونا۔

ثفروک (ع۔ مذکر) کھجور کا گچھا۔ وہ جگہ جہاں سے کھجوروں کا گچھا نکلتا ہے۔

ثفل (ع۔ مذکر) پھوک تلچھٹ دُرد۔ میل (ثفل۔ نیچے بیٹھنا)۔ **ثفلدان** (مذکر) وہ برتن جو دسترخوان پر ہڈیوں وغیرہ کے لئے رکھدیا جائے۔

ثفنت (ع۔ مونث) اونٹ کے بدن کا وہ حصہ جو اس کے بیٹھنے کی وجہ سے سخت ہو جاتا ہے۔ ذوالثفنات اس شخص کو کہتے ہیں جس کے بدن پر نماز پڑھنے کی وجہ سے گھٹے پڑ جائیں۔

ثقاب (ع۔ مذکر) بھوس گھاس ایندھن۔

ثقابت (ع۔ مونث) جلایا جانا جلنا آگ کا۔

ثقات (ع۔ مذکر) جمع ثقہ کی۔

ثقافت (ع۔ مونث) کلچر۔ تہذیب و ترقی۔ طرز تمدن۔

ثقالت (ع۔ مونث) ۱ گرانی۔ خمار ۲ بوجھ۔ وزن ۳ بھاری پن (ثقل۔ بھاری ہونا)

ثقاہت (ع۔ مونث) ثقہ ہونا قابل اعتبار ہونا۔

ثقب (ع۔ مذکر) ۱ سوراخ کرنا۔

۲ سوراخ۔ چھید۔

ثُقَب (ع ۔ مذکر) ثقبہ کی جمع۔ بہت سے سوراخ۔

ثُقبت (ع ۔ مونث) ثُقبہ (مذکر) سوراخ۔ کان کا سوراخ ۔

ثِقَل (ع ۔ مذکر) ۱ کسی چیز کا وزن معلوم کرنا ۲ زیادہ بھاری ہونا۔

ثَقَل (ع ۔ مذکر) ۱ مسافروں کا سامان ۲ جلو حشم و خدم ۳ کوئی قیمتی رکھنے کے قابل چیز۔

ثِقل (ع ۔ مذکر) ۱ دیکھو ثقالت

ثقلِ سماعت (مذکر) بہرا پن ۔ کم سننے کی بیماری ۔

ثُقلا (ع ۔ مذکر) آدمی جن سے لوگ ان کی بے لطف باتوں کی وجہ سے دور رہیں۔

ثقلان ۔ ثقلین (ع ۔ مذکر) جن اور انسان ۔ دونوں جہان ۔

ثقوب (ع ۔ مذکر) بہت سے سوراخ۔

ثِقہ (ع ۔ مذکر) قابل اعتبار آدمی معتبر آدمی۔ معتمد شخص (وثق ۔ اعتبار ہونا) **ثقہ بد معاش** (مذکر) وہ بدمعاش جس کی شکل پرہیزگاروں کی سی ہو۔ بجلا بھگت۔ **ثقہ بدمعاشی کرنا** (متعدی) شریفوں کے بھیس میں دغابازی کرنا ۔ مہذب چور ہونا

ثقیف (ع ۔ مذکر) ۱ بہت مضبوط ۔ بہت ہوشیار یا چالاک (ثقف ۔ چالاک ہونا) ۲ ایک عرب قبیلہ۔

ثقیل (ع ۔ صفت) بھاری ۔ بوجھل ۔ وزنی ۔ گراں ۲ دیر ہضم ۔ ناقابل ہضم ۔ سست کاہل ۔ نکما ۔ مجہول ۳ وہ جو مشکل سے ادا ہو سکے ۔ (لفظ) جو بہت سے حروف سے مل کر بنا ہو ۔ (ثقل بھاری ہونا)

ثُکل ثَکل (ع ۔ مذکر) ۱ موت دوست یا بیٹے کی وفات ۔

ثکلان (ع ۔ صفت) غمزدہ ۔ جس کا کوئی مرجائے ۔

ثکلی (ع ۔ صفت) وہ عورت جس کا کوئی مرجائے۔

ثَکم (ع ۔ مذکر) ۱ قدم بقدم چلنا ۲ اڑنا ۔ اصرار کرنا ۔ ہٹ کرنا ۳ ٹھہرنا ۔ رہنا ۔

ثُکم (ع ۔ مذکر) سڑک کا درمیان ۔

ثَلّ (ع ۔ مذکر) ۱ کوئیں میں مٹی ڈالنا ۲ روپیہ ڈالنا ۳ سلطنت الٹ دینا ۴ خدا کا برباد کر دینا ۵ چوپائے کا گوبر کرنا۔

ثلاث (ع ۔ صفت ۔ مونث) تین (ثلث ۔ تین ہونا)

ثُلاث (ع ۔ صفت) ۱ تین تین کرکے ۔ تین اور تین اکٹھے ۔ **ثلاثی** (صفت) (اسم حرفی ۔ تین حرفوں سے مرکب ۲ تین حصوں والا ۔ تین گنا ۳ مثلث ۔ تین پہلوؤں والا ۔

ثلاث مایہ (ع ۔ عدد) تین سو ۔

ثلاثون ۔ ثلاثین (ع ۔ عدد) تیس ۔

ثُلاثہ (ع ۔ صفت ۔ مذکر) تین ۔

ثلاج (ع ۔ مذکر) برف بیچنے والا۔

ثَلب (ع ۔ مذکر) ۱ سرزنش کرنا ۲ ضرر پہنچانا ۳ الٹ دینا ۴ توڑنا ۔

ثَلَب (ع ۔ مذکر) پیٹ میں مروڑ اٹھنا ۔

ثِلب (ع ۔ مذکر) نیزہ جو نوک کے پاس سے ٹوٹ جائے ۔

ثِلب (ع ۔ مذکر) ۱ بوڑھاپے دانت کا اونٹ ۲ بوڑھا آدمی ۳ نقص ۔

ثلبت (ع ۔ مونث) بے دانت اور چوہے کی دم والی اونٹنی ۔

ثِلبت (ع ۔ مونث) (ثلب کی جمع) ۱ بوڑھے اونٹ ۲ بوڑھے آدمی۔

ثَلَّت (ع ۔ مونث) ۱ اون جس میں بکری یا اونٹ کی مینگنیں ملی ہوں ۲ کیچڑ جو کوئیں سے نکالا جائے ۔

ثَلث (ع ۔ مذکر) تیسرا حصہ لینا ۲ تیسرا ہونا ۳ تیسرا بنانا ۔

ثُلث (ع ۔ مذکر) تیسرا حصہ ایک تہائی ۔ (ثلث ۔ تین ہونا)

ثُلُث (ع ۔ مذکر) ایک قسم کی بڑی نسخ تحریر ۔ **ثلثان** (صفت) دو تہائی ۔ **ثلثی** (مذکر) ایک قسم کا خط۔

ثلج (ع ۔ مذکر) ۱ برف پڑنا ۲ برف ۔

ثلج چینی (مذکر) چینی برف ۔ ایک قسم کا پتھر۔

ثَلَج (ع ۔ مذکر) خوش اور چپ ہونا۔

ثَلَل (ع ۔ مذکر) ۱ مرجانا ۲ تباہ ہونا ۳ دانت گرنا۔

ثَلم (ع ۔ مذکر) ۱ توڑنا ۲ تلوار کی نوک پر نشان ڈالنا ۳

ثَلَم (ع ۔ مذکر) نشان ڈالا جانا ۲ ٹوٹنا ۔ ۳ دریا کے ٹوٹے ہوئے کنارے۔

ثلمت (ع ۔ مونث) نشان درز ۔

ثلوج (ع ۔ مذکر) ۱ چپ ہونا ۲ خوش ہونا ۳ برف پڑنا۔

ثَمّ (ع ۔ مذکر) ۱ ملانا ۔ موافق کرنا ۲ اکٹھا کرنا ۔

ثُمّ (ع ۔ صفت) پھر ۔ تب ۔ بعد میں ۔ نیز ۔ ثم باللہ ۔ پھر قسم خدا کی ۔ قسم کی تاکید

ثمار (ع ۔ مذکر) ثمر کی جمع ۔

ثِمال (ع ۔ مذکر) امدادی ۔ ماتحت ۲ چالاک منتظم ۳ جھاگ۔

ثُمال (ع ۔ مذکر) زہر قاتل۔

ثُمام (ع ۔ مذکر) ایک گھاس جو چھپنوں پر ڈالتے ہیں۔

ثمانی (ع ۔ صفت ۔ مونث) **ثمانیت** (صفت مذکر) آٹھ ۔ **ثمانی عشرہ** (عدد) اٹھارہ ۔ **ثمانین** (عدد) ۱ اسی ۲ حضرت نوح کا شہر جو طوفان کے بعد بسایا گیا تھا۔

ثُمانیہ (ع ۔ صفت) آٹھ ۔ (مذکر) حساب میں ستہ کا قاعدہ (ثمن ۔ آٹھ ہونا)

ثَمَد (ع ۔ مذکر) تھوڑا سا پانی ۔

ثمر (ع ۔ مذکر) ۱ پھل ۔ میوہ ۲ بار ۳ پیداوار ۔ آمد ۔ حاصل ۔ نتیجہ ۴ بدلہ ۔ عوض

(ثمر- پھل دینا) ثمر آنا (لازم) پھل آنا پھل لگنا
ثمر امید (مذکر) دیکھو ثمر مراد۔ ثمر بخش (صفت)
پھل دینے والا۔ پھل دار۔ ثمر بہشت (مذکر)
آم کی ایک مشہور قسم۔ ثمر پانا (لازم) فائدہ اٹھانا
اچھا نتیجہ حاصل کرنا۔ ثمر دار (صفت) پھل دار۔ بارور
ثمر مراد (مذکر) خواہش کا پھل۔ مراد کا ثمر سے استعارہ
کرتے ہیں۔ ثمرور (صفت) پھلدار۔ ثمرہ (مذکر)
دیکھو ثمر ۲۔ ۳ وغیرہ (پانا۔ دینا۔ ملنا کے ساتھ)

ثمل (ع۔ مذکر) ۱ بدمست ہونا۔
۲ بدمستی ۳ کسی جگہ ٹھہرنا ۴ دیر کرنا ۵
بہانہ کرنا۔

ثمن (ع۔ مذکر) ۱ آٹھواں حصہ لینا ۲
آٹھ پورے کرنا ۳ کسی چیز کی قیمت لگانا۔

ثمن (ع۔ مذکر) قیمت۔ مول
وہ قیمت جو بائع اور مشتری میں طے ہو۔ ثمناً قلیلاً
(مذکر) تھوڑی قیمت۔

ثمن (انگ۔ مذکر) دیکھو ثمن۔

ثمن (ع۔ مذکر) اونٹ کی آٹھ
دن کی پیاس۔

ثمن (ع۔ مذکر) ۱ آٹھواں حصہ ۲
(صفت) آٹھواں۔

ثمود (ع۔ مذکر) ایک عرب قوم
جو حضرت صالح کا حکم نہ ماننے کی وجہ سے تباہ
ہوئی تھی۔

ثمیر (ع۔ مذکر) مکھن جو دودھ میں
تیرے یا متھانی میں لگ جائے ۲ اچھا چھ۔

ثمین (ع۔ صفت) قیمتی۔
گراں بہا۔ بیش قیمت (ثمن۔ قیمتی ہونا)

ثنا (ع۔ مونث) تعریف۔ حمد
ستائش۔ مدح۔ نعت۔ توصیف۔ صفت۔ ستوتی
ثناخواں یا گر یا گستر یا گو (صفت) تعریف
کرنے والا۔ مدح کرنے والا۔ مداح۔ ثناخوانی
یا گری یا گستری یا گوئی (مونث) تعریف کرنا۔ قصیدہ کہنا

ثنایا (ع۔ مذکر) ثنیت کی جمع ۱ سامنے
کے دانت ۲ ڈھلوان پہاڑی سڑکیں۔

ثنی (ع۔ مذکر) ۱ جھکنا ۲ تہ کرنا۔
دوہرا کرنا ۳ دوسرا ہونا۔

ثنیت (ع۔ مونث) ۱ سامنے
کے چار دانتوں میں سے کوئی ایک ۲ پہاڑ کی
ڈھلوان ۳ اس پر سڑک۔ سڑک جو چوٹی
کو جائے۔

ثوا (ع۔ مذکر) ایک جگہ رہنا۔

ثواب (ع۔ مذکر) کپڑے
بیچنے والا۔

ثواب (ع۔ مذکر) ۱ بدلہ معاوضہ
اجرت۔ جزا نیک کاموں کی ۲ جزا نیک کاموں کی اگلے
جہاں میں یا عاقبت میں ۳ نیک کام (ثوب۔ بدلہ دینا)
ثواب بخشنا (متعدی) کار خیر کا صلہ دینا ۲ مسلمانوں میں فاتحہ
درود کا ثواب کسی کو پہنچانا۔ ثواب پہنچانا (متعدی) ثواب
بخشنا۔ ثواب پہنچنا (لازم) دیکھو آخری۔ ثواب
حاصل کرنا (متعدی) دیکھو ثواب کمانا۔ ثواب دینا (متعدی)
دیکھو آخری۔ ثواب کا کام (مذکر) نیک کام جس کا بدلہ آخرت
میں ملے۔ ثواب ہونا (لازم) کسی اچھے کام سے برکت ہونا
ثواب کمانا (متعدی) نیکی حاصل کرنا نیک کام کرنا بھلائی
حاصل کرنا۔ ثواب لوٹنا (متعدی) دیکھو آخری۔
مثل۔ ثواب نہ عذاب کمر ٹوٹی
مفت میں۔ عبث کام۔ بیفائدہ محنت۔

ثوابت (ع۔ مذکر) جمع ثابت کی ستارے

ثواقب (ع۔ مذکر) ثاقبہ کی جمع۔
چمکتے ہوئے روشن ستارے۔

ثواقل (ع۔ مذکر) ثاقل کی جمع۔
ٹھیک وزن کے سکے

ثوانی (ع۔ مذکر) ثانیہ کی جمع۔

ثوب (ع۔ مذکر) کپڑا۔ لباس
پوشاک (ثوب۔ اکٹھا کرنا)

ثوب (ع۔ مذکر) واپس
آنا ۲ پانی بھرنا ۳ برتن حوض یا کوئیں کا
بھر جانا۔

ثوبا (ع۔ مذکر) جماہی لینا۔

ثوبان (ع۔ مذکر) صحت
ٹھیک ہونا۔

ثور (ع۔ مذکر) ۱ بیل ۲ نگاؤ ۳ آسمان کا
دوسرا برج۔ برکہ ۴ آسمان کی سرخی غروب آفتاب کے بعد ۵ ایک
پہاڑی کا نام مکہ کے قریب (ثور۔ حملہ کرنا) ثور فلک (مذکر)
آسمان کا بیل۔ دوسرا برج۔

ثوران (ع۔ مذکر) ۱ خون ابلنا یا جوش
کھانا ۲ خاک جھکڑ وغیرہ اٹھنا۔

ثولول (ع۔ مذکر) ۱ مسہ۔
۲ بھٹنی۔

ثوم (ع۔ مذکر) ۱ لسن ۲ تلوار
کا دستہ۔

ثیاب (ع۔ مذکر) جمع ثوب کی۔

ثیار۔ ثیران۔ ثورۃ (ع۔
مذکر) ثور کی جمع بیل۔

ثیبہ (ع۔ مونث) عورت جس کے
ساتھ جماع ہو جائے۔ عورت جو باکرہ نہ ہو۔ شوہر دیدہ
عورت (ثیب۔ خاوند سے جدا ہونا عورت کا)

ج

ج (ہ۔مونث) تلفظ جیم ۱۔ اردو الف ب کا ساتواں۔ عربی کا پانچواں فارسی کا چھٹا حرف اور ناگری رسم الخط کا آٹھواں وینجن ہے ۲۔ ابجد میں اس کے تین عدد مقرر کئے گئے ہیں ۳۔ بعض کلمات کے آخر میں افادہ معنی مصدری کا کرتا ہے۔ جیسے اُبج گرج ۴۔ فارسی میں بعض اوقات ت ر ج ز ژ ش گ ی سے بدل جاتا ہے ۵۔ جنتری میں یہ منگل کے روز کو ظاہر کرتا ہے ۶۔ علم الافلاک میں برج سرطان یا کرک کا نشان ہے۔ بعض وقت ماہ جمادی الاول کے اختصار کے طور پر لکھا جاتا ہے۔

جا (ہ۔امر) جانا کا۔ مصادر کے شروع میں آکر زیادہ زور پیدا کرتا ہے۔ **جا اپنا کام کر**۔ اس میں دخل نہ دے۔ الگ ہو۔ یہاں مت ٹھیر۔ **جا اترنا** (لازم) ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ فروکش ہونا۔ **جا برسنا** (لازم) ۱۔ بارش ہونا ۲۔ سخت ناراض ہونا ۳۔ مارنا پیٹنا۔ **جا بھڑنا** (لازم) لڑ پڑنا۔ مقابل ہونا۔ **جا بھی**۔ چلا جا۔ دور ہو جا۔ **جا پڑنا** (لازم) ۱۔ ناگہاں کہیں پہنچ جانا ۲۔ حملہ آور ہونا ۳۔ (پیچھے) گرنا **جا پکڑنا** (متعدی) پکڑ لینا۔ قابو کر لینا۔ **جا پہنچنا** (لازم) پہنچ جانا۔ جا کر موجود ہونا۔ **جا پھنسنا** (لازم) ۱۔ قابو میں آ جانا ۲۔ گرفتار بلا ہونا ۳۔ دھوکے میں آ جانا **جاتا آتا رہا**۔ گیا گزرا ہوا۔ ہو ہو لیا۔ **جاتا رہنا** (لازم) ۱۔ گم ہو جانا۔ کھویا جانا۔ غائب ہو جانا ۲۔ جایا کرنا۔ ہر روز جانا ۳۔ باقی نہ رہنا۔ رفع ہو جانا ۴۔ کھویا جانا۔ بدوضع ہو جانا ۵۔ مر جانا۔ **جاتے جاتے** ۱۔ رخصت ہوتے ہوتے ۲۔ رفتہ رفتہ۔ **جاتی دنیا دیکھنا** (متعدی) دنیائے فانی کا خیال کر کے یا موت قریب سمجھ کر کوئی کام ضروری سمجھ کر کرنا۔ **جاتے رہنا** (لازم) دیکھو جاتا رہنا۔ **جا ٹھہرنا** (لازم) ۱۔ قیام کرتا رہنا ۲۔ مقابلہ کرنا۔ **جا جا**۔ چلا جا۔ غصے میں کہتے ہیں۔ **جا چڑھنا** (لازم) ۱۔ حملہ آور ہونا۔ چڑھائی کرنا ۲۔ اوپر جا چڑھنا ۳۔ زنا بالجبر کرنا۔ **جا چکنا** (لازم) روانہ ہو جانا۔ چلا جانا۔ **جا چکے**۔ کبھی نہیں جائیں گے۔ **جا چمٹنا** (لازم) ۱۔ زبردستی پکڑ لینا ۲۔ زبردستی تعلق پیدا کرنا ۳۔ دخل در معقولات ہونا۔ **جا دبانا یا دبوچنا** (لازم) پکڑ لینا۔ قابو کر لینا۔ **جا دور ہو**۔ چلا جا۔ دفان ہو جا۔ **جا دھمکانا** (متعدی) بہت ڈرانا۔ خوف دلانا۔ **جا دھمکنا** (لازم) بہت جلد جا پہنچنا۔ **جا ڈوبنا** (لازم) ۱۔ پھنس جانا ۲۔ نقصان اٹھانا **جا رکھنا** (متعدی) جا کر رکھ دینا۔ **جا رہنا** (لازم) قیام کرنا۔ جا ٹھہرنا۔ **جا سونا** (لازم) ۱۔ سو جانا ۲۔ ہم بستر ہونا۔ **جا کالا منہ کر**۔ غصے میں کہتے ہیں جب کوئی نہ مانے۔ **جا کر** (تف) پہنچ کر۔ **جا گرنا** (لازم) ۱۔ گر پڑنا ۲۔ خراب لوگوں سے تعلق پیدا کرنا۔ **جا گھسنا** (لازم) زبردستی داخل ہو جانا۔ **جا لگنا** (لازم) کسی خاص جگہ جا کر ٹھہر جانا۔ پہنچ جانا۔ **جا لینا** (متعدی) ۱۔ پیچھے سے پہنچ کر ساتھ مل جانا ۲۔ گرفتار کرنا۔ **جا مارنا** (متعدی) کسی کو زد و کوب کرنا۔ **جا مرنا** (لازم) ۱۔ دیکھو جا ڈوبنا ۲۔ رہ جانا ۳۔ دیر لگانا۔ **جا ملنا** (لازم) پیچھے سے آ کر مل جانا۔ **جانا** (لازم) ۱۔ امر کے آخر میں آ کر اصل فعل کے آخر میں زور پیدا کرتا ہے ۲۔ رخصت ہونا روانہ ہونا۔ چلنا ۳۔ (آبرو وغیرہ) ضائع ہونا۔ کھونا ۴۔ (مال دولت وغیرہ) چوری ہونا۔ تباہ ہونا۔ ضائع ہونا ۵۔ (دن وقت وغیرہ) گزرنا۔ ختم ہونا ۶۔ (بیماری) رفع ہونا۔ دور ہونا ۷۔ (عورت وغیرہ کے پاس) ہم بستر ہونا۔ مجامعت کرنا ۸۔ (بات وغیرہ پر نہ) اعتبار کرنا۔ خیال کرنا۔ پروا کرنا۔ قیاس کرنا۔ برا ماننا ۹۔ (سر) کٹنا۔ قلم ہونا۔ مر جانا ۱۰۔ (بدن کا کوئی عضو) ٹوٹ جانا۔ ضائع ہو جانا۔ درد ہونا ۱۱۔ (بلا) ٹل جانا۔ کسی چیز پر پڑنا ۱۲۔ (سے) چھوٹنا۔ علیحدہ ہونا ۱۳۔ (بچہ) بچے کا مر جانا۔ اسقاط حمل ہونا ۱۴۔ (جان) مر جانا ۱۵۔ (دل) عاشق ہونا ۱۶۔ (بات) بے وقعت ہونا ۱۷۔ (ساتھ) ہمراہ ہونا ۱۸۔ (اوپر) چڑھنا ۱۹۔ (نیچے) اترنا ۲۰۔ (بات) دیکھو بات کے تحت میں **جا نکلنا** (لازم) کہیں اچانک جا پہنچنا۔ اتفاقاً جا پہنچنا **جانے دو** (جی) ۱۔ چھوڑو۔ بھلا دو ۲۔ درگزر کرو۔ غصہ تھوک دو۔ **جانے دینا** (لازم) ۱۔ جانے کی اجازت دینا ۲۔ بھلا دینا ۳۔ درگزر کرنا۔ **جانے کے لچھن ہیں** کھوئے جانے کی علامتیں ہیں۔ بگڑنے کے آثار ہیں **جانے ہارا** (صفت) جانے والا (مت) **جاؤ اس کو شہد لگا کے چاٹو**۔ طنزاً اس کو بڑی احتیاط سے رکھو۔ **جاؤ بیٹھو**۔ اپنا کام کرو۔ دخل نہ دو۔ **جاؤ خشکا کھاؤ** یہیں یہ چیز نہیں ملتی چلتے بنو۔ **جایا چاہنا** (لازم) جانے کے قریب ہونا۔ جانے والا ہونا جانے کے لئے تیار رہنا۔ **جایا کرنا** (متعدی) عادتاً جانا۔ عموماً جاتا رہنا۔

امثال و اقوال۔

جاپوت دکھن وہی کرم کے لچھن۔ ہر جگہ مقدر ساتھ ہے **جانا اپنے بس آنا پرائے بس**۔ مہمان کو جب تک میزبان جانے کی اجازت نہ دے وہ جا نہیں سکتا **جانا ہے۔ رہنا نہیں جانا بسوے بیس۔ ایسے سہج سہاگ پر کون گن بھاوے سیس** (ہ) مرنا سب کو ہے۔ بناؤ سنگار کا کیا فائدہ ہے۔ **جانا ہے رہنا نہیں موہے اندیشہ اور۔ جگہ بنائی ہے نہیں بیٹھو گے کس ٹھور** (ہ) دنیا میں نیک کام کر کے عاقبت نہیں سنواری۔ اب یہ ڈر ہے کہ کیا ہوگا۔ **جانے والے کے ہزار رستے۔ ڈھونڈھنے والے کا ایک**۔ کسی شخص کی جانے کے بعد تلاش کرنا بہت مشکل ہے۔ کیونکہ وہ جدھر چاہے چلا جائے۔ متلاشی صرف ایک ہی طرف جا سکتا ہے۔ **جانے والے سپہیا کے روکیا** (ہ) جانے والے سپاہی کو کون روک سکتا ہے۔ مسافر سے محبت کرنا فضول ہے۔ **جاؤ پوت (دیوتا) دکھن وہی کرم کے لکھن۔ جاؤ نیپال ساتھ جائے کپال**۔ جہاں جاؤ قسمت ساتھ ہوتی ہے۔ **جائے ایمان رہے سب کچھ** ۱۔ مرنے کے بعد ایمان ساتھ جائے گا۔ باقی سب کچھ رہ جائے گا ۲۔ ایمان جاتا رہے مگر سب کچھ باقی رہے۔ **جائے جان رہے ایمان**۔ مرنا بہتر ہے مگر ایمان رہ جائے۔ **جائے لاکھ رہے ساکھ** ۱۔ کتنا ہی نقصان ہو آبرو بنی رہے ۲۔ بہت خرچ ہو تو ساکھ بچتی ہے۔

جا (ف۔مونث) جائے کا مخفف ۱۔ جگہ۔ مقام ۲۔ ٹھور ٹھکانا ۳۔ گنجائش ۴۔ موقع۔ **جا بجا** (تف) جگہ جگہ۔ ہر جگہ۔ ہر کہیں۔ **جا بے جا** ۱۔ موقع بے موقع ۲۔ برا بھلا (سنانا۔ سننا۔ کہنا کے ساتھ) **جا بیجا مار بیٹھنا** (لازم) جسم کے کسی نازک حصے پر مارنا۔ جگہ بے جگہ مار بیٹھنا۔ **جا رکھنا**۔ حق بجانب ہونا۔ کوئی بات بجا کہنا۔ بے جا نہ کہنا۔ **جا سے**۔ موقع کی بات۔ بجا بات۔ (کہنا کے ساتھ) **جا ضرور** (مذکر) ہندی اختراع ہے۔ ایرانی استعمال نہیں کرتے ۱۔ پیخانہ۔ براز ۲۔ بیت الخلا۔ پیخانے کا مکان۔ **جا ضرور بند ہونا** (لازم) قبض ہونا۔ **جا ضرور پھرنا** (لازم) پیخانہ پھرنا **جا ضرور جانا** (متعدی) پیخانے یا بیت الخلا جانا۔ **جا ضرور خطا ہونا یا نکل جانا** (متعد) ۱۔ بے

اختیار نہ بجا نہ ہو جانا ۔ ڈر جانا ۔ ڈر کے مارے پیچھا نہ کر دینا ۔ **جا ضرور میں پانی نہ رکھوانا** ۔ بہت ناپسند ہونا ۔ نہایت بدشکل ہونے کی وجہ سے نفرت ہونا کوئی کام نہ کرانا ۔ نفرت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۔ **جانشین** (مذکر) قائم مقام ۔ ولیعہد ۔ نائب سلطنت (بنانا، کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) **جانشینی** (مونث) جانشین ہونے کا عمل ۔ نیابت ۔ **جانماز** (مونث) مصلا ۔ نماز پڑھنے کا کپڑا یا دری یا قالین ۔ **جا وبے جا** (تف) دیکھو جا و بے جا ۔ **جا بگہ** (مونث) مقام ۔ جگہ ۔ **جائے** (مونث) دیکھو جا ۔ **جائے اعتراض** (مونث) نقص کی گنجائش ۔ نقص کا موقع ۔ **جائے اندیشہ** (مونث) خطرے کی جگہ ۔ خوف کا مقام ۔ خوف کی وجہ ۔ **جائے باش** (مونث) رہنے کی جگہ ۔ رہائش کا مقام ۔ **جائے پناہ** (مونث) پناہ کی جگہ ۔ امن کی جگہ ۔ **جائے پیشہ** (مونث) کام کاج کی جگہ ۔ دکان منڈی ۔ **جائیداد** (مونث) دیکھو جایداد ۔ **جائے دم زدن نہ ہونا** (لازم) دم مارنے کا موقع نہ ہونا گلہ شکایت کرنے کا موقع نہ ہونا ۔ **جائے رہائش یا سکونت** (مونث) رہنے کی جگہ ۔ رہائش کی جگہ (ٹھہرانا ۔ مقرر کرنا یا ہونا کے ساتھ) **جائے ضرور** (مونث) پاخانے کی گنجائش ۔ **جائے عذر** (مونث) بہانے کی گنجائش یا موقع ۔ **جائیگہ** (مونث) جگہ ۔ مقام یا ٹھکانا ۔ **جائیگیر** (مونث) جاگیر ۔ (صفت) مقرر شدہ ۔ مقرر ۔ مرتفع ۔ کوئی جگہ گھیرے ہوئے ۔ **جائے ماجرا** (مونث) وہ جگہ جہاں جرم واقع ہوا ہو ۔ **جائے مکافات** (مونث) بدلے کی جگہ ۔ بدلے کا موقع ۔

امثال و اقوال ۔ جائے

استاد خالیست ۔ جہاں کوئی شخص غلطی بتائے یا اصلاح کرے یا بے جا مشورہ دے تو کہتے ہیں ۔ **جائے تنگ است و مرداں بسیار** ۔ چیز تھوڑی اور مانگنے والے بہت ۔ جگہ تھوڑی اور لوگ زیادہ ۔ **جائے شیراں نشست گیدڑے** ۔ شیروں کی جگہ گیدڑوں نے لے لی ۔ اشرافوں کی جگہ کمینوں نے لی ۔ **جائے گل گل باش جائے خار خار** ۔ جیسا موقع دیکھو ویسا کام کرو ۔ نرمی کی جگہ نرمی سختی کی سختی ۔

جا (ہ ۔ ضمیر) جو ۔ جس ۔ **جاسو** ۔ جس سے ۔ **جاہی** ۔ جس کو ۔

امثال و اقوال ۔ جا بدھ راکھے رام تا ہی بدھ رہیئے ۔ جس طبقے میں خدا نے پیدا کیا ہے ۔ اسی میں قناعت سے رہنا چاہئے ہندو اصول کے مطابق ۔ شودر اونچی ذات نہیں بن سکتا ۔ **جا کارن موںڈ منڈایا وہی دکھ آگے آیا** ۔ جس محنت اور مصیبت سے بچنا چاہا تھا ۔ وہی پیش آیا ۔ **جاسے جا کو کام سوئی تا کو رام** ۔ جس سے جس کا کام پڑے وہی تیرا خدا ہے ۔ جس سے مطلب ہو اس کی خوشامد کرنی پڑتی ہے ۔ **جا کو جان جات سو ارتھ سدھے جہی تاہے سہات** ۔ **چور نہ پیاری چاندنی جیسے کاری رات** ۔ جس چیز میں کسی کو فائدہ ہو وہی پسند ہوتی ہے جس طرح چور کو تاریک رات ۔ **جا کو جیسے سبھاؤ ۔ جائے گا جیو سے ۔ نیم نہ میٹھا ہوئے سینچ گڑ گھیو سے** ۔ کسی چیز کی فطرت نہیں بدل سکتی ۔ **جا کو ڈنڈا ۔ جا کو گائے ۔ مت کرو کوئی ہائے ہائے** ۔ جس کی لاٹھی اس کی بھینس شور و غل کرنے سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا ۔ زبردست جو چاہے لے لے ۔ کوئی نہیں بول سکتا ۔ **جا کو راکھے سائیاں مار نہ ساکے کو ۔ جا کو رام رچھک تا کو کون بھچھک** ۔ جس کو خدا بچائے اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ۔ **جا کو لونہ تا کو سود** ۔ جس کی لاٹھی اسکی بھینس ۔ **جا کی آچھی ساس وا کا ہی گھر واس جا کی ساس بکار د ۔ وا کا نہیں گزارہ** ۔ جس کی ساس اچھی ہو اس کا گزارہ اچھا ہوتا ہے ۔ جس کی ساس بری ہو بہو مصیبت میں رہتی ہے ۔ **جا کے پاس رہئے تا کی ہی سے کہئے** ۔ جس کے پاس رہو اسی سے متفق الرائے ہونا چاہئے ۔ **جا کی جا سے لگن ہے وا ہی وا کو رام ۔ رونگ رونگ سے بسر رہونا کا ہو سے کام** ۔ جس کو جس کی محبت ہوتی ہے ۔ اسی کی دھن میں رہتا ہے ۔ کسی اور سے اسے کوئی تعلق نہیں رہتا ۔ **جا کے کارن پہنی ساڑی وہی ٹانگ رہی اگاڑی** ۔ جس بات کے لئے کوئی تکلیف دہ کام کیا ۔ وہی نہ ہوئی ۔ **جا کی ہنڈلی وا کی منڈلی** ۔ جو خرچ کرے سب اس کے گرد جمع ہوتے ہیں ۔ **جا ہی تیں کچھ پائے کرئے تا کی آس** ۔ جہاں سے کچھ ملتا ہو ۔ وہیں سے امید رکھنی چاہئے ۔

جا (س ۔ صفت) ۱ پیدا شدہ ۔ جنا ہوا ۲ بیٹا ۔ بیٹی ۔ اولاد ۔

جاب (ہ ۔ مذکر) ۱ چھینکا جو منہ پر باندھتے ہیں ۲ جال جو میوں کے درختوں پر ڈالتے ہیں ۳ ایک قسم کی گھاس ۔ **جابی** (مونث) چھوٹے جانوروں کے منہ پر باندھنے کا چھینکا ۔

جاذب (ع ۔ صفت) کھینچنے والا ۔ کشش کرنیوالا ۔

جابر (ع ۔ صفت) جبر کرنے والا ظالم ۔ زبردست (جَبر ۔ مجبور کرنا)

جابسال (ہ ۔ مذکر) جواب سوال کا مخفف ۱ گفتگو ۔ بات چیت ۲ جواب ۔ اتار **جابسالی** (مونث) ۱ دیکھو آخری ۲ (صفت) حاضر جواب ۳ تیز زبان ۔ لسان ۔ فصیح ۔ چرب زبان ۔ چربانک ۔

جابیہ (ع ۔ مذکر) پتھر کا حوض ۔ جس میں سے اونٹوں کو پانی پلاتے ہیں ۔

جاپ (ہ ۔ مونث و مذکر) ۱ وظیفہ کرنا ۲ مالا پھیرنا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) **جاپک** (س ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو وظیفہ کرے ۔ وہ شخص جو مالا پھیرے ۔ **جاپو** (مذکر) دیکھو آخری (غت) **جاپی** (مذکر) دیکھو جاپک ۔

مثل ۔ جاپ کے برتے پاپ ۔ گناہ کرنا اس امید پر کہ گناہ معاف ہو جائیں گے

جاپا (ہ ۔ مذکر) پیدائش ۔ بیانت

جاپن (ہ ۔ مذکر) وقت گذاری ۔ وقت گزارنا ۔

جات (س ۔ صفت) ۱ پیدا شدہ ہستی میں آیا ہوا ۔ زائیدہ ۔ جنا ہوا ۲ اگا ہوا ۔ کاشت کیا ہوا ۔ (مذکر) ۱ بیٹا ۔ اولاد نرینہ ۲ برہماجی کا ایک بیٹا ۔ **جاتا** (مونث) بیٹی ۔ **جات روپ** (صفت) ۱ شکل صورت حاصل کیا ہوا ۔ مجسم ۲ خوبصورت ۔ حسین ۳ روشن ۔ منور ۔ درخشاں ۴ سنہری ۵ (مذکر) سونا ۔ **جات کرم** (مذکر) ایک رسم جو آنول نال کٹنے کے بعد ادا کی جاتی ہے ۔ اس میں تین دفعہ منتر پڑھ کر بچے کو گھی چٹاتے ہیں ۔

جات (ہ ۔ مونث) **جاتِ** (س) پیدا وار ۲ نجابت ۔ شرافت ۔ اچھی نسل ۳ درجہ عہدہ ۴ خاندان ۔ کنبہ ۔ گھرانہ ۔ جنس ۔ نسل ۵ قوم ۔ ذات فرقہ ۔ براخت ۶ قسم ۔ جنس ۔ بھانت ۔ صنف ۔ نوع ۷ کھینٹ پوجا ۔ نذر و نیاز (دیو) **جات اندھا** (صفت) پیدائشی اندھا ۔ وہ شخص جو پیدا ہی اندھا ہوا ہو ۔ **جات**

برادری (مونث) برادری۔ رشتہ دار۔ بھائی بند ۲ رشتے داری۔ بھائی چارہ۔ **جات بگووا** (صفت) وہ جو اپنے برے فعلوں کی وجہ سے ذات برادری کو بدنام کرے۔ **جات بھائی** (مذکر) ایک ہی ذات کا ۔ذات بھائی۔ **جات بھرشٹ** (صفت)۔ جس کی ذات جاتی رہی ہو۔ ذات سے خارج۔ **جات پانت** (مذکر) ۱ قوم۔ ذات۔ نسل ۲ شجرۂ نسب۔ **جات دھرم** (مذکر) ذات کے فرائض۔ قانون یا رسوم **جات دینا** (متعدی) ۱ بھینٹ دینا ۲ منتر پڑھنا **جات سُمر** (مذکر) ایک تیرتھ۔ **جات مچلکا** (مذکر) اپنی ضمانت جو خود دی جائے۔ **جاتم دھر** (مذکر)۔ ایک وید کا نام۔ **جات واچک** (صفت) ۱ افضل ذات دار (نام) ۲ عام نام ۳ (صرف ونحو) اسم نکرہ **جات واچک سنگیا** (مذکر) دیکھو آخری ۳ **جات والا** (صفت) اونچی ذات کا۔ مغرور۔ **جات ہارنی** (مونث) ایک ڈاین جو نوزائیدہ بچوں کو لے جاتی ہے **جات ہین** (مونث) ادنٰے ذات کا۔ پلا ذات۔ ذات سے خارج۔ **جاتیہ** (صفت) ۱ خاندان یا ذات کا ۲ اسی خاندان کا ۳ رشتہ دار ۴ اچھے خاندان کا۔ نجیب شریف۔ خاندانی ۵ (ریاضی) قائم الزاویہ مستطیل

امثال واقوال۔ جات

بگووا نام ڈبووا۔ جو قوم کا خیال نہ کرے۔ وہ اپنا نام ڈبوتا ہے۔ **جات پات نہیں برہم کی صورت مورت نام**۔ خدا کی ذات پات یا صورت وغیرہ کچھ نہیں۔ **جات جمات پوچھے نہ کوئے کرتی بہن تلنگا ہوئے**۔ اس زمانے میں ذات پات کوئی نہیں پوچھتا۔ روپے سے کمینہ بھی عزت دار ہو جاتا ہے۔ **جات وات پوچھے نہ کوئے ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے**۔ خدا کے نزدیک ذات کی کوئی پوچھ کچھ نہیں۔ جو اس کی عبادت کرے وہی اچھا۔

جاترا (ہ۔ مذکر) ۱ جانا۔ روانگی ہجرت۔ سفر۔ مسافرت۔ کوچ ۲ تیرتھ کو جانا ۳ حج۔ زیارت ۴ مذہبی تہوار ۵ تیرتھ کو جانے والوں کا گروہ ۶ مذہبی جلوس ۷ بتوں کا جلوس ۸ ایک قسم کا ناٹک ۹ آمد و رفت۔ میل جول ۱۰ وقت گزاری ۱۱ ذریعہ معاش۔ روزگار۔ روزی ۱۲ طریقہ۔ ذریعہ رستہ ۱۳ رسم۔ رواج۔ استعمال ۱۴ خوش قسمتی کا لمحہ۔ **جاترا کرنا** (متعدی) تیرتھوں کی زیارت کے لئے جانا۔ **جاترک۔ جاترو۔ جاتری** (مذکر) ۱ تیرتھ یا زیارت کو جانے والا ۲ مسافر۔ راہرو۔ راہگزر۔

جاتک (س۔ مذکر) ۱ ایک رسم جو بچے کی پیدائش کے بعد ادا کی جاتی ہے ۲ جنم۔ پیدائش ولادت ۳ جنم پتری ۴ فقیر۔ سادھو۔

جاتنا (ہ۔ مذکر) بدلہ۔ انتقام۔ عوض۔ سخت درد۔ دکھ۔ سخت تکلیف۔

جاتو (ہ۔ مذکر) ۱ جانے والا۔ مسافر راہرو۔ راہگزر ۲ وقت۔ زمانہ ۳ ایک قسم کی بری روح۔ بھوت۔ راکھشس۔ دیت۔ دیو۔

جاتی (س۔ مونث) ۱ دیکھو جات ۲ بڑے پھول کی چنبیلی ۳ جوتری۔ جائفل۔ جوز

جاتی (ہ۔ صفت) کسی قسم نوع ذات۔ جماعت۔ گرو۔ خاندان یا قوم کا۔

جاٹ (ہ۔ مذکر) ۱ ہندوؤں کی ایک ذات ۲ اس ذات کا ایک فرد ۳ دیکھو جاٹھ۔

امثال واقوال۔ جاٹ

رے جاٹ تیرے سر پہ کھاٹ۔ تیلی بے تیلی (مغل بے مغل) تیرے سر پہ کولھو۔ **تک (قافیہ) لو ملا ہی نہیں۔ تک (قافیہ) نہیں ملا تو کیا ہوا بوجھوں تو مرے گا**۔ ایسا کام ہونا چاہیئے جس سے دشمن کو نقصان پہنچے۔ زبانی باتوں سے کوئی فائدہ نہیں۔ **جاٹ کی بیٹی برہمن کے گھر آئی**۔ ادنٰے ہو کر عزت پائی۔ **جاٹ کہے سن جاٹنی یاہی گاؤں میں رہنا اونٹ بلیا لے گئی تو ہاں جی ہاں جی کہنا** اگر رہنا ہی ہے تو وہاں کی تکالیف برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ **جاٹ کی بیٹی (بابا) بائی جی نام**۔ ادنٰے ہو کر شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ **جاٹ مرا تب جانئے جب تیرھویں ہو جائے**۔ جاٹ بڑی سخت جان قوم ہے۔ جب تک تیرھویں نہ ہو جائے۔ اس کے مرنے کا یقین نہیں کرنا چاہیئے شرارتی آدمی کی شرارت سے اس کے مر جانے کے بعد بھی خطرہ رہتا ہے۔ **جاٹ نہ جانے گن کرا چنا نہ جانے باد۔ جاٹ کے سر کھوسڑا اور چنے کے سر چھپا**۔ جاٹ اچھی بات کو نہیں جانتا۔ اور چنا سخت خشک ہوتا ہے۔ جاٹ جوتے سے درست ہوتا ہے اور چنے کے ساتھ چھاچھ پینا اچھا ہوتا ہے۔

جاٹل (ہ) **جاٹلی** (ہ۔ مذکر) ایک پودہ۔

جاٹو (ہ۔ مذکر) جاٹ۔

جاٹوا (ہ۔ مذکر) ۱ جاٹوں کی قوم یا فرقہ ۲ چماروں کی ایک گوت۔

جاٹھ (ہ۔ مذکر) ۱ کولھو یا گنے پیلنے کی مشین کا دُھرا ۲ ایک لٹھ جو کسی دیوتا کے نام پر کسی تالاب میں گاڑ دیتے ہیں۔

جاٹھر (س۔ مذکر) ۱ بھوک۔ ۲ بچہ ۳ سکنہ کا ایک پرستار۔

جَأث (ع۔ مذکر) اونٹ کا اٹھنا ۲ ڈرنا۔

جاثلیق (ع۔ مذکر) ۱ اسلامی ملکوں میں عیسائی پادری۔ ان کے مفصلہ ذیل درجے ہیں۔ بطریق۔ جاثلیق۔ نطران۔ اُسقُف۔ قسیس۔ شماس ۲ آگ ۳ خوشامدی شخص ۴ کاتب۔ محرر ۵ لڑائی کا ایک انجن ۶ انجینیر ۷ ہاتھی یا گھوڑوں کی زرہ۔

جاثمین (ع۔ صفت) ۱ بیہوش اور بے حرکت ۲ بیٹھا ہُوا

جاثوم (ع۔ مذکر) ۱ بدخوابی ۲ سب کا ڈیرہ اٹھا لینا ۳ بوجھ اٹھانے والا۔

جاثی (ع۔ صفت) ۱ رکوع میں گیا ہوا۔ راکع ۲ (مذکر) وہ شخص جو رکوع میں گیا ہو۔ (جثا۔ جھکنا)

جاثیہ (ع۔ مذکر) قرآن شریف کی ایک سورت۔

جاجبت (ع۔ مونث) جیم کی تختی جو بچوں کو پڑھائی جاتی ہے جس میں جیم کو دوسرے حرف سے ملاتے ہیں۔

جاجلت (ہ۔ صفت) غصے میں بھرا ہوا۔ ناراض۔ طیش میں آیا ہوا۔

جاجلن (ہ۔ مذکر) غصہ طیش جوش۔ ناراضگی۔

جاجم (ت) **جاجم** (اردو۔ مونث) چھاپے کا فرش جو دری کے اوپر بچھایا جاتا ہے۔ جازم۔

جاجن (س۔ مذکر) بھینٹ دینا۔ قربانی کرنا۔

جاجونتی (ہ۔ مونث) ایک راگنی کا نام۔

جاچت (ھ۔ صفت) مانگا ہوا۔ وہ جو مانگے سے ملے ۲ (مذکر) مانگی ہوئی چیز ۳ (قانون) ایک امانت کی قسم جس میں امانت رکھنے والے کو امانت کے استعمال کی اجازت ہوتی ہے

جاچک (ھ۔ مذکر) مانگنے والا فقیر۔ منگتا ۲ درخواست دہندہ۔ خواستگار۔ امید وار۔ طالب۔ خواہاں ۳ گاگر مانگنے والا فقیر۔ مانگنے والا گویا۔ باجک۔ **جاچکپن** (مونث) مانگنا۔ بھیک۔ مانگنا۔ **جاچکی** (مذکر) دیکھو جاچکی۔

جاچنا (ھ۔ لازم) مانگنا۔ درخواست کرنا خواہش کرنا۔ منت کرنا ۲ ضرورت ہونا۔ مطلوب ہونا۔ احتیاج ہونا۔ درکار ہونا ۳ (مونث) مانگنا وغیرہ ۲ دیکھو جانچنا۔

جاحِد (ع۔ صفت) انکاری۔ کافر۔ مخالف۔

جاحظ (ع۔ صفت) ۱ وہ جس کی آنکھیں ابھری ہوئی ہوں ۲ ابھری ہوئی ۳ (مذکر) ایک مشہور مصنف۔

جاداد (ف۔ مونث) دیکھو جائیداد۔

جادَج (ف۔ مذکر) دیکھو جادہ۔

جادِل (ع۔ صفت) جھگڑنے والا۔

جادُو (ف۔ مذکر) سحر۔ ٹونا۔ افسوں۔ طلسم۔ منتر۔ **جادو اُتارنا** (متعدی) سحر کا اثر دور کرنا یا باطل کرنا۔ **جادو اُترنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **جادو اُلٹ جانا** (لازم) جادو کا اثر کرنے والے پر ہونا۔ **جادو اُلٹ دینا** (متعدی) ایسا افسوں پڑھنا کہ جادو کا اثر کرنے والے پر ہو۔ **جادو بیان** (صفت) وہ جس کے کلام میں اثر ہو۔ **جادو بھرا** (صفت۔ مذکر) **بھری** (صفت۔ مونث) موثر جس میں لبھالینے کی قوت ہو۔ **جادو بھری آنکھیں** (مونث) وہ آنکھیں جنہیں آدمی دیکھ کر عاشق ہو جائے۔ **جادو بھری آواز** (مونث) موثر آواز۔ **جادو پڑھ کر ماش مارنا** (متعدی) جادوگر ایسا کرتے ہیں۔ **جادو پلٹ جانا** (لازم) جادو کا الٹا اثر ہونا۔ **جادو پلٹ دینا** (متعدی) دیکھو آخری۔ **جادو ٹونا** (مذکر) دیکھو جادو (کرنا کے ساتھ) **جادو جگانا** (متعدی) سحر کو تازہ کرنا۔ آزمانا۔ سحر کو عمل میں لانا۔ **جادو چلانا** (متعدی) جادو کرنا۔ سحر کرنا۔ **جادو چلنا** (لازم) ۱ سحر کا اثر ہونا۔ سحر کا کارگر ہونا ۲ بات کا اثر ہونا۔ کام بن جانا۔ **جادو ڈالنا** (متعدی) جادو کرنا ۲ اثر ڈالنا۔ **جادو کا پتلا** (مذکر) اس شخص کی مورت جس پر جادو کرنا منظور ہوتا ہے۔ یہ عموماً آٹے کی ہوتی ہے ۲ معشوق جو نگاہ سے دل عاشق کو موہ لیتا ہے ۳ جادوگر۔ **جادو کرنا** (متعدی) سحر کرنا۔ ٹونا کرنا افسوں پڑھنا۔ **جادو کی مُوٹھ** (مونث) ایک قسم کا جادو جس سے موت واقع ہوتی ہے۔ **جادو کی نظر یا نگاہ** (مونث) منتر پڑھ کر کسی کی طرف دیکھنا ۲ معشوق کی تسخیر کرنے والی نظر۔ **جادوگر** (مذکر) جادو کرنے والا شخص۔ ساحر۔ ٹونا کرنے والا ۲ سیانا۔ کاریگر۔ **جادوگرنی** (مونث) جادو کرنے والی عورت۔ ساحرہ۔ **جادوگری** (مونث) ۱ جادو کرنے کا فن۔ ساحری ۲ نہایت کمال کی بات۔ **جادو مارنا** (متعدی) جادو کرنا۔ **جادو نظر۔ نفس یا نگاہ** (مذکر) معشوق۔ **جادو ہونا** (لازم) سحر ہونا۔ کسی پر افسوں ہونا۔

امثال واقوال۔ جادو برحق ہے کرنے والا کافر۔ جادو کے ثبوت اور جادوگر کی مذمت میں بولا کرتے ہیں۔ **جادو وہ جو سر چڑھ کر بولے**۔ تدبیر وہی اچھی جو کارگر ہو اور جسے حریف بھی مانے۔

جادو (ھ۔ مذکر) ایک کمین ذات کا نام۔ تنودر۔

جادُور (ع۔ مذکر) ندی نالہ۔

جادَہ (ع۔ مذکر) ۱ راہ۔ رستہ سڑک۔ پگڈنڈی ۲ سیدھی سڑک ۳ طریقہ۔ رسم۔ رواج دستور۔ ریت (جَدَ۔ نیا ہونا) **جادۂ اطاعت** (مذکر) تابعداری کا طریقہ اطاعت کا دستور۔ **جادۂ اطاعت سے قدم باہر رکھنا** (متعدی) نافرمانبرداری کرنا۔ سرکشی کرنا۔ **جادۂ مستقیم** (مذکر) سیدھا راستہ راہ حق۔

جاڈِیہ (س۔ مذکر) سردی۔ برودت خنکی۔ سبت ۲ سستی۔ کاہلی۔ غفلت۔ بیکاری ۳ بیوقوفی حماقت۔ نادانی۔

جاذِب (ع۔ صفت) جذب کرنے والا۔ خشک کرنے والا۔ چوسنے والا ۲ کھینچنے والا۔ کشش کرنے والا۔ **جاذب کاغذ** (مذکر) بلاٹنگ پیپر **جاذبہ** (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو جاذب ۲ (مونث) کشش۔ تاثیر ۳ خوبصورتی۔ حسن ۴ فریفتگی۔ موہ ۵ (قوت) کھینچنے کی طاقت (جَذَب۔ کھینچنا۔ چوسنا) **جاذب نظر** (صفت) نظر کو کھینچنے والی چیز۔ اپنی طرف متوجہ کرنے والی۔

جار (ع۔ مذکر) ہمسایہ۔ پڑوسی **جار مُلاصِق** (مذکر) نہایت قریبی ہمسایہ۔ **جار مُلصق** (مذکر) وہ ہمسایہ جس کی جائداد یا گھر اس جائداد کے عین متصل ہو جس کا حق شفع کیا جائے۔

جار (ھ۔ مذکر) جوش۔ زور۔ تیزی۔ تندی۔

جار (س۔ مذکر) آشنا۔ یار۔ دوگانا عاشق۔

جارّ (ع۔ مذکر) ۱ کھینچنے یا کشش کرنے والا ۲ (صرف ونحو) زیر یا کسرہ دینے والا (حرف) حرف جر۔ **جار ومجرور** (مذکر) ۱ کھینچنے والا اور کھنچا ہوا۔ وہ حرف جو کسرہ دے اور وہ حرف جسے کسرہ دیا جائے۔

جارَج (س۔ مذکر) **جارجہ** (مونث) وہ بچہ جو آشنا کے نطفے سے ہو۔ حرامی (صفت) حرام کا جنا۔ نطفہ حرام۔ حرامی۔

جارجَٹ (انگ۔ مونث) ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا جس کے دوپٹے بنتے ہیں۔

جارِح (ع۔ صفت) زخمی کرنے والا۔

جارحانہ (ع۔ صفت) مجروح کرنے والا۔ آگے بڑھ کر حملہ کرنے والا۔

جارِحَہ (ع۔ مذکر) کام کرنے والے اعضا جیسے ہاتھ پاؤں ۲ درندہ ۳ شکاری پرندہ ۴ عیب (جَرَحَ۔ زخم لگانا)

جارَل (ھ۔ مذکر) ایک درخت اور اس کی لکڑی۔

جارَن (ھ۔ مذکر) ایندھن۔ جلانے کی لکڑی۔ **جارنا** (متعدی) جلانا۔ آگ لگانا۔

جارُو (ھ۔ صفت) ۱ جلتا ہوا فروزاں ۲ جلنے والا۔ سوختہ۔

جاروب (ف۔ مونث) جھاڑو بہاری۔ سوہنی۔ رڑکا۔ **جاروب کش** (مذکر) جھاڑو دینے والا۔ خاکروب۔ **جاروب کشی** (مونث)

۱جھاڑو دینا ۲جھاڑو دینے کا پیشہ۔

جارُود (ع۔ صفت) ۱بدقسمت بدنصیب ۲(مذکر) پیغمبر صلعم کے ایک صحابی ۳جارودیہ (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

جارودِیَہ (ع۔ مذکر) ایک فرقہ۔

جارُوس (ع۔ مذکر) بہت کھانے والا شخص۔

جاری (ع۔ صفت) رواں بہتا ہوا۔ چلتا ہوا۔ بڑھتا ہوا ۲رائج الوقت۔ زمانہ میں کا ۳دائم۔ لگاتار۔ برابر ۴رائج۔ نافذ (قانون) ۵منتعمل۔ مروج۔ عام (جزنی۔ بہنا) **جاری رکھنا** (متعدی) ۱کام کئے جانا ۲بہتا ہوا رکھنا۔ بہنے دینا ۳اسی طرح رہنے دینا ۴انتظام رکھنا۔ اہتمام رکھنا ۵پھیلانا **جاری رہنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **جاری شدہ** (صفت) ۱جاری کیا ہوا ۲نافذ۔ رائج۔ **جاری کرنا** (متعدی) نکالنا۔ چلانا ۲شروع کرنا۔ آغاز کرنا ۳مشتہر کرنا۔ شائع کرنا ۴نافذ کرنا۔ رائج کرنا ۵مقرر کرنا۔ بنیاد رکھنا ۶قائم کرنا ۷بہانا۔ رواں کرنا ۸مسلسل زبان پر لانا ۹ڈگری دینا۔ **جاری ہونا** (لازم) دیکھو آخری۔

جاری (س۔ مونث) ۱زناکاری حرام کاری۔ فعل شنیعہ ۲چھنالا۔ آشنائی۔ یاری ۳جوا

جارِیَہ (ع۔ مونث) لونڈی۔ باندی۔ کنیز۔ چیری۔ داسی۔ پرستار۔

جاڑ (ھ۔ مونث) غف۔ ۱جڑ ۲دانت کی جڑ۔ مسوڑے ۳ٹنڈ ۴داڑھ۔

جاڑا (ہ۔ مذکر) ۱سردی۔ برودت خنکی ۲موسم سرما۔ سردی کا موسم ۳بخار۔ تپ لرزہ (س۔ جڈ۔ سرد) **جاڑا پڑنا** (لازم) بہت سردی ہونا۔ سردی پڑنا۔ **جاڑا چڑھنا** (لازم) ۱تپ و لرزہ آنا۔ بخار سردی کے ساتھ ہونا ۲کانپنا۔ ڈرنا **جاڑا کھانا** (متعدی) سردی تکلیف برداشت کرنا۔ **جاڑا لگنا** (لازم) سردی معلوم ہونا۔ ٹھنڈ لگنا۔ **جاڑے** (مذکر) بجائے جاڑا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **جاڑے سے اینٹھنا** (لازم) سردی سے بدن اکڑ جانا۔ **جاڑے کی تپ چڑھنا** (لازم) تپ و لرزہ آنا۔ **جاڑے کی چاندنی** (مونث) بے فائدہ چیز۔ جاڑے میں چاندنی کا لطف نہیں اٹھایا جاسکتا۔ **جاڑے کی ہوا** (مونث) نہایت سرد ہوا

امثال و اقوال۔ جاڑا روئی سے جاتا ہے یا دوئی سے۔ جاڑے میں یا تو رضائی ہونی چاہئے یا ساتھ سونے کے لئے بیوی۔ **جاڑا ماہ نہ پوہ جاڑا ہوا کا ہو۔** سردی اس وقت زیادہ ہوتی ہے جب ہوا چلے۔ **جاڑے کی مار بھاری رضائی یا بیگانی جائی۔ جاڑے میں روئی یا دوئی۔** دیکھو جاڑا روئی الخ۔

جَأز (ع۔ مذکر) چھاتی میں دم گھٹنا غصے پیاس یا ڈبنے سے۔

جازِح (ع۔ صفت) تحفہ دینے والا۔

جازِر (ع۔ مونث) اونٹ ذبح کرنے والا۔

جازِع (ع۔ مذکر) وہ لکڑی جو انگور یا کھجور کو سہارا دینے کے لئے کھڑی کی جائے۔

جازَم (ف۔ مونث) دیکھو جاجم

جازِم (ع۔ مونث) جزم دینے والا ساکن کرنے والا (جزم۔ کاٹنا)

جاسو (ہ۔ مونث) پان یا کتھے وغیرہ کی گلی جو مدک بنانے کی غرض سے افیون میں ملاتے ہیں (افیونیوں کی اصطلاح)

جاسُوس (ع۔ مذکر) مخبر۔ راز جو۔ بھیدیا۔ گپت دوت۔ گرڈھ چار۔ گوینده۔ خفیہ نویس (رہنا۔ رہنا۔ بدلنا۔ لانا) **جاسوسی** (مونث) مخبری۔ رازجوئی۔ خفیہ نویسی (کرنا کے ساتھ) **جاسوسی لینا** (متعدی) سن گن لینا۔

جاسول (ھ۔ مونث) ایک قسم کا پھول دار پودہ۔ جوا۔

جَأش (ع۔ مذکر) ۱بیٹھا جانا دل کا۔ بیہوشی ہونا ۲تنگ کیا جانا ۳دل۔ روح۔

جاعِل (ع۔ صفت) وہ جو رکھتا ہے ۲بنانے والا۔ کرنے والا۔

جَأف (ع۔ مذکر) ۱زمین پر گرنا ۲ڈرانا۔

جانی (ع۔ صفت) ضرر رساں۔ تکلیف دہ ۲ظالم۔ سفاک۔ بیرحم ۳نامنصف ۴بے چین۔ جو ایک جگہ آرام سے نہ بیٹھے۔

جافہ (کنعان) دیکھو یافہ۔

جاکَٹ (ھ۔ مونث) ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا۔

جاکٹ (انگ۔ مونث) انگریزی جیکٹ ہے۔ چھوٹا کوٹ۔

جاکَر۔ جاکَڑ (ہ۔ مذکر) روپیہ یا کوئی اور چیز جو دوکاندار کے پاس رکھ کر کوئی چیز لے جائیں کہ اگر پسند آئی تو رکھ لی جائے گی ۲چیز جو اس طرح لیجائیں ۳کوئی چیز اس شرط پر لینا کہ پسند آئی تو رکھ جائے گی ۴چیز جو دوکاندار سے کمیشن پر فروخت کرنے کے لئے لی جائے۔ **جاکڑ بہی** (مونث) وہ بہی جس میں شرطیہ بکری کی یادداشت لکھی جائے۔ **جاکڑ بیچنا** (متعدی) واپسی کی شرط پر بیچنا۔ **جاکڑ خریدنا** (متعدی) اس شرط پر کوئی چیز خریدنا کہ اگر پسند نہ آئی تو واپس کر دیں گے۔ **جاکڑ لیجانا** (متعدی) ۱چیز کو اس شرط پر لیجانا کہ پسند آئے گی تو رکھی جائے گی ۲فروخت کنندہ کے پاس روپیہ یا کوئی چیز ضمانت کے طور پر چھوڑ جانا۔

جاکھن (ہ۔ مونث) وہ لکڑی جو کوئیں کی دیوار کے نیچے رکھتے ہیں۔

جاگ (ہ۔ امر) ۱جاگنا سے ۲(مونث) جاگنا۔ شب بیداری۔ رت جگا ۳(ھ) بھینٹ۔ قربانی نذر۔ نیاز (س۔ جاگر۔ جاگنا) **جاگا** (ماضی) ۱جاگنا سے ۲(صفت) بیدار ۳(مذکر) جاگنا۔ شب بیداری ۴(ھ) بھاٹ قوم کا ایک لقب ۵(ھ) جگہ کا بگڑا ہوا۔ (غف) **جاگا بندی** (مونث) نیند کا خمار۔ نیند کی جھونک۔ **جاگ اٹھنا۔ پڑنا۔ جانا یا ہونا** (لازم) سوتے سے اٹھ بیٹھنا۔ بیدار ہونا۔ چونکنا۔ **جاگت** (ھ) ۱جاگنا ۲بیداری۔ پہرہ دینا۔ حفاظت رکھنا ۳چوکسی۔ ہوشیاری۔ **جاگتا** (ھ) ۱بیدار۔ جاگا ہوا ۲ہوشیار۔ چوکس ۳(بت۔ جاد و یا دوا) جو پورا اثر دکھائے ۴(مذکر) وہ شخص جو جاگتا ہے۔ **جاگتی جوت** (صفت) صاحب کرامت یا اعجاز۔ زندہ کرامت۔ **جاگتے رہنا** (لازم) بیدار رہنا۔ نہ سونا۔ **جاگتے رہو** چوکیداروں کی آواز۔ **جاگنا** (لازم) ۱نہ سونا۔ بیدار رہنا ۲نیند سے اٹھنا۔ بیدار ہونا ۳ہوشیار ہونا۔ متنبہ ہونا ۴روشن ہونا۔ موثر ہونا ۵تازہ ہونا۔ **جاگو** (صفت) ۱بیدار۔ جاگتا ہوا ۲ہوشیار۔ چوکس ۳(مذکر) وہ شخص جو جاگتا رہے یا ہوشیار رہے۔ **جاگ ہو جانا** (لازم) سب لوگوں کا اٹھ بیٹھنا۔

امثال و اقوال - جاگنے کو جگانا اور کو چھیڑنا ہے - دانا کو عقل بتانا بیوقوفی ہے - جاگتے کی کٹیا اور سوتے کا کٹرا - ہوشیار آدمی فائدہ اٹھاتا ہے - غافل نقصان اٹھاتا ہے - جاگتے جگتے پہروا لال لگتے ہیں اور - چوکیدار تو پہرہ دیتا ہے اور لوگ اپنا کام کرتے ہیں - ہر کسے را بہر کارے ساختند - جاگے سو پائے - سووے سو کھوئے جاگے سو گاجے - سووے سو روو ے - جاگے گا سو پاوے گا - سووے گا سو کھووے گا ہوشیار آدمی کامیاب رہتا ہے - غافل ناکامیاب - جاگو جاگنا کہلاتا ہے - صبح کو جگانے والوں کی آواز -

جاگرت (س - صفت) ۱ بیدار جاگتا ہوا ۲ ہوشیار - چوکس - جاگرتی (مونث) دیکھو جاگت -

جاگرن (س - مونث) ۱ جاگنا بیداری - شب بیداری - رتجگا ۲ سندھیا - جاگرن کرنا (متعدی) رات بھر جاگ کر ایشور کے بھجن گانا - شب بیداری کرنا -

جاگرنا (ھ - لازم) جاگنا -

جاگروی (س - صفت) ۱ جاگنے والا چوکس ۲ بیدار - جاگتا ہوا -

جاگری (ھ - مونث) شکر - قند کھانڈ ۲ گڑ - راب -

جاگیر (ف - مونث) وہ گاؤں یا زمین جو بادشاہ کی طرف سے انعام کے طور پر دی جائے معافی ۲ طالب علم کا وظیفہ جو تعلیم کے لئے مقرر ہو - یہ لفظ ہندوستان کی ایجاد ہے - ایران میں استعمال نہیں ہوتا - **جاگیر احتشام** (مونث) وہ جاگیر جو لشکر کی پرورش کے لئے دی جائے - **جاگیر دار** (مذکر) وہ شخص جسے جاگیر ملے - تعلقدار - **جاگیر دوام** (مونث) وہ جاگیر جو نسلاً بعد نسلاً خاندان میں رہے **جاگیر محال** (مونث) منظور شدہ جاگیر - **جاگیر منصب** (مونث) وہ جاگیر جو کسی عہدے کے ساتھ مقرر ہو -

جاگیک (ھ - مذکر) بھینٹ دینے والا -

جاگیہ (ھ - صفت) بھینٹ کے لائق

جال (ہ - مذکر) ۱ دھاگوں یا رسیوں کا بنا ہوا پھندا جس سے جانور یا مچھلیاں پکڑتے ہیں - دام ۲ سوراخ دار چیز - حلقہ دار چیز - شبکہ ۳ جالی کا کام جو دروازوں - کھڑکیوں یا روشندانوں میں ہو ۴ ایک درخت جس میں پیلو لگتے ہیں ۵ بیل بوٹے جو باریک کپڑے پر جال کی شکل میں بنے ہوتے ہیں ۶ جالی دار کمر کی ۷ پرتلا پیٹی (س - جال) **جالا** (مذکر) ۱ جال جس میں گھاس ترکاری وغیرہ باندھتے ہیں ۲ وہ باریک جال جو مکڑی تنتی ہے ۳ وہ جھلی جو آنکھوں میں ہو جاتی ہے ۴ وہ تہ جو آٹے پر جم جاتی ہے ۵ (ھ) مٹی کا بڑا گھڑا ۶ ایک قسم کی کائی جو کھانڈ صاف کرنے کے کام آتی ہے - **جالا پڑنا** (لازم) آنکھ پر جھلی کا ہو جانا - **جالا لینا** (متعدی) جال چھوڑانا - دیواروں وغیرہ کو بیلے سے صاف کرنا **جال بچھانا** (متعدی) دام پھیلانا ۲ مکر و فریب کا کام کرنا - کسی کو پھنسانے کے لئے فریب بنانا - **جال پھیلانا** (متعدی) دیکھو آخری - **جال پھینکنا** (متعدی) مچھلیاں پکڑنے کے لئے دریا میں دام ڈالنا ۲ فریب کی چال کرنا **جال تاننا** (متعدی) کسی کو پھنسانے کے لئے فریب بنانا **جالدار** (صفت) پھندے دار - حلقے دار - **جالی کا** ۲ (مذکر) ململ - نین سکھ یا کوئی اور نفیس کپڑا جس پر جال کی شکل میں بیل بوٹے بنے ہوں - **جال ڈالنا** (متعدی) ۱ دیکھو جال بچھانا ۲ جال دریا میں ڈالنا - **جال سلاحی** (مونث) زرہ - **جال کرچ** (مونث) تلوار مع پرتلا و پیٹی - **جال لکڑی** (مونث) ایک پودہ - بلی لوٹن - **جال لگانا** (متعدی) کسی جانور کو پکڑنے کے لئے جال بچھانا - **جال مارنا** (متعدی) جال سے جانور پکڑنا ۲ کسی کو فریب دینا یا فریب میں لانا - **جال میں آنا** (لازم) کسی جانور کا جال میں پکڑا جانا ۲ دھوکے میں آنا - فریب میں پھنسنا - **جال میں پھانس لینا** (لازم) پھنسانا - **ڈالنا یا لانا** (متعدی) جانور کو پکڑنا - شکار کو دام میں گرفتار کرنا ۲ فریب میں لانا - دھوکے میں لانا ۳ دقت میں ڈالنا - مصیبت میں پھنسانا ۴ پٹی پڑھانا - **جالی** (مونث) ایک قسم کا کپڑا جس میں خانے بنے ہوئے ہوتے ہیں ۲ لوہے کے تاروں کا بنا ہوا جال جس میں باریک خانے ہوتے ہیں - اور دروازوں اور کھڑکیوں وغیرہ پر مچھروں مکھیوں وغیرہ کو روکنے کے لئے لگایا جاتا ہے ۳ وہ کڑھا ہوا کپڑا جس میں بہت خانے ہوں ۴ وہ جھلی جس میں بچہ پیدا ہوتا ہے ۵ وہ سوراخدار کپڑا جو عورتیں منہ پر ڈالتی ہیں ۶ وہ چھینکا جو مویشی کے منہ پر باندھ دیتے ہیں ۷ وہ چربی دار جھلی جو حیوانات کے اوجھ پر ہوتی ہے ۸ وہ پردہ جو آم کی کیری میں گٹھلی پڑنے سے پہلے پڑ جاتا ہے اور جو بعد میں گٹھلی بن جاتا ہے ۹ پتھر - لکڑی وغیرہ جس میں خانے کھود کر قبروں وغیرہ پر لگاتے ہیں ۱۰ پتھر یا لوہے یا لکڑی کا ٹکڑا جس میں چھید کر کے کھڑکی یا موری میں لگاتے ہیں ۱۱ رسی کا جال جس میں گھاس ترکاری وغیرہ باندھتے ہیں ۱۲ سوراخ دار توا جو چولھوں یا انگیٹھیوں میں راکھ گرنے کے لئے لگاتے ہیں ۱۳ وہ ڈورا جو لٹو پر لپیٹتے ہیں ۱۴ حلقہ ۱۵ وہ سخت ریشے جو کدو وغیرہ میں پکنے پر پڑ جاتے ہیں **جالی پڑنا** (لازم) آم میں پردہ پڑنا ۲ کدو وغیرہ میں ریشہ پڑنا - **جالے پڑنا** (لازم) جنگلی بوٹیاں بہت اگ پڑنا - جنگلی بوٹیوں سے بھر جانا - **جالیدار** (صفت) خانے والا ۲ جس میں ریشے پڑے ہوں (کدو) **جالی کاڑھنا یا نکالنا** (متعدی) جالی پر کشیدہ کاڑھنا - جالی پر بیل بوٹے نکالنا - **جالے لینا** (متعدی) مجازاً فضول کام کرنا - مارے مارے پھرنا -

جال (ع - مذکر) جعل کا مخرب دغا - فریب - دھوکا - مکر - **جال کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) فریب ہونا - دغا ہونا - **جالی** (صفت) ۱ فریبی - دغاباز - مکار ۲ مصنوعی - بنایا ہوا - **جالیا** (صفت) فریبی - دغا باز -

جال (س - مذکر) ۱ دیکھو جال (ہ) ۲ زرہ ۳ جادو - ٹونا ۴ پرندوں کے پاؤں کی جھلی ۵ غرور - **جال پاد** (مذکر) ایک ماہر علم نجوم - **جال پد** (مذکر) ایک مقام - **جال پورہ** (مذکر) ایک شہر - **جال ہاسنی** (مونث) کرشن جی کی ایک بیوی -

جالس (ع - صفت) بیٹھا ہوا نشستہ (جلس - بیٹھنا)

جالمہ (س - صفت) ۱ ظالم - بے رحم - سفاک ۲ بے سمجھے بوجھے کام کرنے والا - بلدباز - لاپرواہ ۳ شریر - بدذات ۴ نفرت انگیز ۵ (مذکر) کمینہ آدمی - نیچ ذات کا شخص - کمیں ۲ قابل نفرت شخص ۳ بدمعاش آدمی - لچا ۴ آوارہ - مردود - رند

جالنا (ھ - متعدی) جلانا -

جالندھر (س - مذکر) ۱ دیکھو جلندھر ۲ ایک اسر ۳ ۱۰ آدمیوں کے نام جب وہ انسان پیدا ہوئے تھے ۴ ایک تیرتھ

جالنی (س - مونث) وہ کمرہ جس

میں نقش ونگار بنے ہوں یا تصویریں لگی ہوں۔ **جالنی ٹکھہ** (مذکر) ایک پہاڑ

جالی لوٹ (انگ۔ مذکر) بابن نٹ کا مخرب۔ ایک قسم کا جالی دار کپڑا۔

جام (ف۔ مذکر) ۱ پینے کا پیالہ یا گلاس ۲ آئینہ۔ **جام اڑانا** (متعدی) اڑنا (لازم) شراب پی جانا۔ **جام بھرنا** (متعدی) گلاس پانی شراب وغیرہ سے لبریز کرنا۔ **جام پلانا** (متعدی) شراب کا جام بھر کر پینے کے لئے دینا۔ **جام پیما** (صفت) شراب خوار۔ شرابی۔ **جام پینا** (متعدی) جام میں پانی یا شراب پینا۔ **جام جم یا جمشید** (مذکر) وہ پیالہ جو حکما نے جمشید کے لئے بنایا تھا۔ کہتے ہیں کہ اس سے آئندہ زمانے کا حال معلوم ہوتا تھا۔ لیکن بعض مصنفوں کا خیال ہے کہ شراب کی ایجاد جمشید کے عہد میں ہوئی اس لئے جام جم مشہور ہوا۔ یہ بھی مشہور ہے کہ جمشید کے لئے حکما نے ایک آئینہ بنایا تھا جس میں تمام دنیا کے حالات نظر آتے تھے۔ غالباً شاعرانہ تخیل کی ایجاد ہے۔ **جام جہاں نما** (مذکر) دیکھو جام جم۔ **جام جہاں نما ہے** اس میں سب مطالب ہیں۔ **جام چڑھانا** (متعدی) شراب پینا۔ **جام چلنا** (لازم) شراب کا دور چلنا۔ **جام خالی رہ جانا** (لازم) تمام پانی یا شراب گر جانا **جام خالی کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ساری شراب یا پانی پیا جانا۔ **جام خانہ** (مذکر) شیش محل۔ وہ کمرہ جس میں آئینے لگے ہوں۔ **جام سفال** (مذکر) مٹی کا پیالہ۔ **جام شراب** (مذکر) شراب کا گلاس یا پیالہ۔ (پلانا۔ پینا۔ دینا وغیرہ کے ساتھ) **جام شراب محبت** (مذکر) محبت کی شراب کا پیالہ۔ بہت محبت (پلانا۔ پینا کے ساتھ) **جام صبوحی** (مذکر) شراب کا پیالہ جو صبح کو پیا جائے۔ **جام صحت** (مذکر) وہ [illegible] شراب سے گلاس بھر کر کسی کی صحت یا سلامتی کے لئے پیتے ہیں (پینا کے ساتھ) **جام لبریز** (مذکر) بھرا ہوا پیالہ۔ **جام لبریز کرنا** (متعدی) شراب یا پانی سے پیالہ یا گلاس بھر دینا۔ **جام لبریز ہونا** (لازم) موت آ جانا۔ قریب المرگ ہونا۔ **جام محبت** (مذکر) پیار محبت یا عشق کا اظہار (پلانا۔ پینا کے ساتھ)

جام (ھ۔ مذکر) ۱ بیٹا۔ پسر ۲ بیج تخم ۳ رات کا پہرہ ۴ دن کا آٹھواں حصہ۔ پہرہ ۵ جامن کا درخت۔ **جام پھل** (مذکر) ایک پھل جو سیب کے برابر ہوتا ہے۔ اور دوائیوں میں کام آتا ہے۔ **جام گھاس** (مونث) ایک قسم کی گھاس جس کی جڑ پیاز کی مانند ہوتی ہے۔ **جامی** (مونث) ۱ بہن ۲ بہو ۳ نیک یا پارسا عورت ۴ رات ۵ ایک دیوی

جام (انگ۔ مذکر) مربہ۔

جامانا۔ جاماتری (س۔ مذکر) ۱ داماد۔ جمائی ۲ خاوند۔ مالک ۳ سورج مکھی۔

جامبو (س۔ مذکر) جامن

جامبورت (س۔ عص) ریچھوں کا راجہ جس نے راجہ رامچندر جی کی امداد کی تھی یہ پتامہا کا بیٹا اور جامبوتی کا باپ تھا۔ کرشن جی سیامنتک ہیرا کے لئے اس سے ۲۱ دن تک لڑتے رہے۔ آخر میں اس نے اطاعت کی اور ہیرا دے دیا اور اپنی لڑکی کی شادی کرشن جی سے کر دی۔ **جامبوتی** (عص) جامبورت کی بیٹی جس کی کرشن جی سے شادی ہوئی تھی۔ سامبہ کی ماں تھی۔

جامبوند (س۔ صفت) ۱ دریائے جمبو سے نکلا ہوا ۲ (مذکر) سونا جو اس دریا سے نکلے ۳ جنمیجے کا بیٹا۔

جامتر (س۔ مذکر) ساتواں نکشترہ

جامد (ع۔ صفت) ۱ جما ہوا۔ منجمد ۲ (مذکر) پتھر ۳ (اسم) وہ لفظ جس سے نہ تو کوئی لفظ نکلے نہ وہ کسی سے نکلا ہو۔ مگر زمانہ حال کی تحقیقات نے عام لفظوں کے متعلق اس تعریف کو غلط ثابت کر دیا ہے۔ اور ہر لفظ کی فرع سہ حرفی یا چہار حرفی رہ گئی ہے۔ جس کو مصدری معنے دیئے گئے ہیں (جمد۔ جمنا)

جامدار (ف۔ صفت) دیکھو جامہ دار۔

جامدگنی (س۔ صفت) ۱ جمدگنی کا یا اس کے متعلق ۲ پرسرام کا لقب۔

جامدانی (ف۔ مونث) جامہ دانی کا مخفف ۱ ایک قسم کا کپڑا جس میں پھول بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ کڑھے ہوئے نہیں ہوتے ۲ چمڑے کے بند ۳ کپڑوں کی پٹی۔ بوغبند ۴ شیشے ابرک یا کاغذ کی چھوٹی سی صندوقچی جس میں نیچے محرم میں گوٹا بھر کر رکھتے ہیں ۵ ایک قسم کا چار گوشہ زری باف بٹوا جسے ملاقہ بندی کر کے محرم میں تقسیم کرتے رہیں ۶ (صفت) گلدار۔ بیل دار ۷ کڑھا ہوا۔ منقش۔

جامع (ع۔ صفت) ۱ جمع کرنے والا اکٹھا کرنے والا۔ تکمیل کرنے والا ۲ مکمل۔ حاوی۔ شامل۔ محیط وسیع ۳ (مونث) وہ مسجد جس میں نماز جمعہ ادا کریں۔ **جامع العلوم** (مذکر) انسائیکلو پیڈیا۔ وہ کتاب جس میں جملہ علوم کا ذکر ہو۔ **جامع الکمالات** (صفت) ۱ وہ جس میں تمام خوبیاں ہوں ۲ وہ جو تمام علوم و فنون جانتا ہو۔ عالم اجل ۳ عموماً خدا کے لئے استعمال ہوتا ہے ۴ بعض دفعہ پیغمبر صلعم کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں ۵ (مذکر) مذکورہ بالا خوبیوں والا شخص۔ **جامع اللغات** (مذکر) مکمل لغات۔ ایسا لغت جس میں کسی زبان کا ہر ایک لفظ پایا جائے۔ **جامع المتفرقین** (مذکر) بچھڑوں کو ملانے والا۔ خدا تعالے۔ **جامع مسجد** (مونث) دیکھو جامع ۳

جامک (ھ۔ صفت) پہرے کے متعلق۔ پہرے پر ۲ (مذکر) پہرے دار۔ چوکیدار

جامگی (ف۔ مونث) ۱ کپڑے کا ٹکڑا ۲ بندوق کا توڑا ۳ تنخواہ۔ مشاہرہ۔

جامن (ھ۔ مذکر) ۱ ایک درخت جس کے ساتھ اودے رنگ کا چھوٹا سا انڈے کی شکل کا پھل لگتا ہے جو میٹھا ہوتا ہے ۲ اس درخت کا پھل۔ (س۔ جمبل) ۳ وہ چیز جسکو ڈال کر دہی جماتے ہیں۔ (جمنا سے)

جامن (ھ۔ مذکر) رات۔ شب

جامنی (مونث) رات۔ شب۔

جامنا (ھ۔ متعدی) جمانا ۲ (لازم) پیدا ہونا۔ جمنا۔

جامنگر (ہند) دیکھو ناؤنگر۔

جامنی (ھ۔ صفت) یاونوں کے ملک میں پیدا شدہ۔ یاونوں کے ملک کا۔ یونانی ۲ بدیشی۔ اجنبی ۳ وحشی۔ جنگلی ۴ (مونث) یونانیوں کی زبان۔ یونانی شخص ۵ (مذکر) مسلمان۔

جاموش (ع۔ مذکر) گاؤمیش کا معرب۔ بھینسا۔ **جاموش صحرائی** (مذکر) جنگلی یا ارنا بھینسا۔

جامہ (ف۔ مذکر) ۱ کپڑا ۲ لباس پوشاک۔ پیراہن۔ قبا ۳ وہ خاص قسم کا لباس جو نوشاہ کو پہناتے تھے اور اب بھی کہیں کہیں ہندوؤں میں پہناتے ہیں۔ یہ ایک لمبی قبا ہوتی ہے جو گیارہ سے تیس عرضوں کی بنتی ہے اور اس میں اوپر کی طرف بہت سی پلٹیں پڑی

ہوتی ہیں اور چھاتی پر دوہری ہو کر دو جگہ تسموں سے بندھتی ہے۔ نیچے پشواز کی طرح ہوتی ہے۔ **جامۂ احرام** (مذکر) وہ لباس جس کو حج کرنیوالا کسی خاص مقام سے پہن لیتا ہے۔ **جامہ بھر** (صفت و مذکر) دیکھو جامہ وار۔ **جامہ پوش** (صفت) لباس پہنے ہوئے۔ **جامہ پہن لینا** (متعدی) ۱۔ کسی کا طرفدار ہو جانا کسی کا مداح ہونا ۲۔ کسی بات کو اختیار کر لینا **جامہ خانہ** (مذکر) کپڑے رکھنے کی الماری یا صندوق **جامہ دار** (مذکر) داروغہ لباس۔ وہ ملازم جو لباس وغیرہ کا منتظم ہو ۲۔ چوکیدار محافظ۔ **جامہ دار خانہ** (مونث) جامہ دار کا پیشہ یا کام ۲۔ حفاظت چوکیداری ۳۔ (مذکر و مونث) چوکیداران۔ گارد ۲۔ محافظان یا ملازمان لباس۔ **جامہ دان** (مذکر) **دانی** (مونث) دیکھو جامدان۔ **جامہ زیب** (صفت) وہ جس کے بدن پر ہر قسم کا لباس اچھا معلوم ہو۔ **جامہ قطع کرنا** (متعدی) ۱۔ کپڑے کو جامے کی شکل پر کترنا ۲۔ کسی عیب یا صفت میں کامل کرنا۔ **جامہ وار** (صفت) ۱۔ اتنا جس میں کپڑا بن جائے۔ کپڑا بنانے کے قابل ۲۔ (مذکر) ایک قسم کی پھولدار چھینٹ ۲۔ پھولدار پشمینے کی چادر۔ **جامے** (مذکر) ۱۔ جامہ کی جمع ۲۔ بجائے جامہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **جامے سے باہر ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱۔ بہت خوش ہونا۔ بہت ناراض ہونا۔ آپے سے باہر ہو جانا ۲۔ بہت اترانا فخر کرنا۔ **جامے سے نکلا پڑنا** (لازم) بہت اترانا۔ **جامے سے نکل جانا** (متعدی) دیکھو جامے سے باہر ہو جانا۔ **جامے میں پھولا نہ سمانا** (متعدی) ۱۔ بہت خوش ہونا ۲۔ بہت اترانا۔ **جامے میں رہنا یا ہونا** (لازم) اپنے حواس میں رہنا۔

مثل۔ جامہ نادارم دامن از کجا آرم ۔ اصل چیز ہی نہیں فروعات کا کیا ذکر ہے۔

جان (ہ۔ امر) ۱۔ جاننا کا ۲۔ (مونث)

واقفیت۔ پہچان۔ آگاہی (س جنا۔ جاننا) **جانا بوجھا** (صفت) جس سے اچھی طرح واقفیت ہو۔ جسے اچھی طرح جانتے ہوں۔ **جان بوجھ کر یا کے** (تف) قصداً۔ ارادتاً۔ عمداً۔ **جان پہچان** (مونث) ۱۔ واقفیت۔ شناسائی۔ صاحب سلامت ۲۔ واقف دوست۔ آشنا۔ **جان پڑنا** (لازم) ۱۔ معلوم ہونا۔ ظاہر ہونا۔ دل میں خیال آنا ۲۔ محسوس ہونا۔ نظر آنا

جان رکھنا (متعدی) دل میں سمجھ لینا۔ یاد رکھنا۔ **جاننا** (صفت) واقف۔ جاننے والا۔ **جان کار** (ہ) واقف۔ شناسا ۲۔ (مذکر) جان پہچان۔ **جان کاری** (ہ) واقفیت۔ شناسائی۔ **جانکر** (تف) عمداً۔ قصداً۔ **جانکر انجان بننا یا ہو جانا** (لازم) قصداً ناواقف بننا۔ **جانکے** (تف) عمداً۔ ارادتاً۔ **جان لینا** (متعدی) ۱۔ پہچان لینا ۲۔ معلوم کر لینا۔ واقف ہو جانا۔ **جاننا** (متعدی) ۱۔ واقف یا آگاہ ہونا ۲۔ پہچاننا۔ تمیز کرنا ۳۔ ماننا۔ تسلیم کرنا ۴۔ ذمہ دار ہونا ۵۔ محسوس کرنا۔ معلوم کرنا ۶۔ قائل ہونا ۷۔ سمجھنا۔ خیال کرنا۔ **جاننا بوجھنا** (لازم) واقف ہونا۔ **جانو** (امر) جمع ۱۔ جاننا کا ۲۔ تم کو معلوم ہوگا ۳۔ سمجھو خیال کرو ۴۔ گویا۔ فرض کرو۔ **جان و مال کو دعا دیتا ہوں**۔ کوئی بزرگ مزاج پرسی کرے تو کہتے ہیں۔ **جانے** ۱۔ فرض کرو۔ گویا ۲۔ خبر نہیں کیا معلوم **جانے انجانے** (ہ) ارادتاً۔ بلا ارادہ۔ **جانے دینا** (متعدی) ۱۔ جانے کی اجازت دینا ۲۔ درگزر کرنا۔ **جانے میری جوتی** (عو) (غصے میں) مجھے کچھ پتہ نہیں۔

امثال و اقوال۔ جانتا چور گاؤں اجاڑے ۔ واقف چور بہت نقصان کرتا ہے۔ **جانتے کا دل ان جانتے کا کلیجہ** (عو) **جان کر دیکھے نہیں اس سے اندھا کون** ۔ جو دیدہ و دانستہ غلطی کرے بڑا بیوقوف ہے۔ **جان مارے بانیا پہچان مارے چور** بنیا دوستوں کو لوٹتا ہے۔ اور چور ہر واقف کو۔ **جانن والے جانئے مورکھ من پچھتائے کرنی بھولے اپنی اوروں دوش لگائے** (ہ) عقلمند جانتے ہیں کہ بیوقوف خود بھول جاتا ہے اور دوسروں پر الزام لگاتا ہے۔ **جان نہ پہچان (بڑی خالہ) خالہ بڑی سلام**۔ اس شخص کے متعلق بولتے ہیں جو خواہ مخواہ واقفیت جتائے۔ **جان نہ پہچان دل و جان قربان** انجان سے محبت کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **جانے بچارا قلندر اجس کا پھوٹے کچکول** ۔ جس پر مصیبت پڑتی ہے وہی خوب جانتا ہے۔ **جانے کرم کی چھینٹ کس وقت آ گر آئے** ۔ کوئی نہیں جانتا کہ قسمت کس وقت جاگ اٹھے۔ **جانیں نہ بوجھیں کٹھوتا لیے کر**

جھگو جھیں۔ بے بنیاد اور بیجا لڑائی۔ خواہ مخواہ کا جھگڑا۔

جان (ہ۔ صفت) ۱۔ عقلمند

ہوشیار۔ واقف ۲۔ (مذکر) مداری۔ شعبدہ باز ۳۔ نجومی پیشین گو۔ ا وچا۔ گیانی۔

جان (ف۔ مونث) روح ۲۔ آتما

پران جی۔ وہ چیز جس سے ہر جاندار زندہ ہے۔ وہ کیا ہے کسی مذہب نے آج تک فیصلہ نہیں کیا۔ سائنس ابھی اس کی کنہ کو نہیں پہنچی ۲۔ زندگی۔ حیات۔ زیست ۳۔ بل۔ زور۔ قوت ۴۔ حوصلہ۔ مجال۔ طاقت ۵۔ اصل جوہر۔ ست ۶۔ معشوق ۷۔ تعظیم اور پیار سے بڑوں کو ۸۔ پیار سے بیٹے یا بیٹی کو ۹۔ پیار سے معشوق کو خطاب کیا جاتا ہے ۱۰۔ کم عمر بچہ ۱۱۔ بہت پیاری یا محبوب چیز ۱۲۔ خوبی خوبصورتی۔ وہ چیز جو خوبی پیدا کرے ۱۳۔ (صفت) پیارا محبوب (س یگی۔ زندگی کی ہوا) **جان آڑ کر** (دہلی) جان کی پرواہ نہ کرکے۔ **جان آفریں** (مذکر) جان ڈالنے والا۔ خدا۔ **جان آجانا یا آنا** (لازم) ۱۔ طاقت آنا ہمت آجانا ۲۔ تازگی حاصل ہونا۔ تسلی ہونا۔ **جان آنکھوں میں آنا** (لازم) قریب مرگ ہونا۔ **جان اٹکنا یا اٹکی ہونا** (لازم) دم نکلتے نکلتے رک جانا۔ **جان اڑی ہونا** (لازم) پریشانی ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ اضطراب ہونا۔ **جان الجھنا** (لازم) مصیبت میں پھنسنا۔ **جاناں** (مونث) جاں کی جمع ۲۔ (صفت) ۱۔ معشوق۔ **جانانہ** (صفت) ۱۔ معشوق ۲۔ معشوقانہ۔ **جانباز** (صفت) ۱۔ جان پر کھیلنے والا ۲۔ شجاع۔ دلیر باحوصلہ۔ باہمت ۳۔ محنتی۔ محنت کش۔ جفاکش ۴۔ جانباز (مذکر) ترکوں کے ایک فوجی دستے کا نام۔ اس کو سلطان سلیم ثانی نے توڑ دیا تھا۔ **جانبازی** (مونث) جان کو خطرے میں ڈالنے کی حالت ۲۔ حوصلہ۔ ہمت۔ دلیری ۳۔ جفاکشی۔ محنت (کرنا ہونا کے ساتھ) **جانبازی کا کھیل** (مذکر) ۱۔ محنت کا کام۔ جفاکشی کا کام ۲۔ جان پر کھیلنے کا کام۔ **جانبازی کے وقت** (تف) ایسے موقع پر جب جان پر کھیلنے کا کام ہو۔ **جان بچا جانا** (لازم) الگ ہو جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ **جان بچاتا ہے** ۔ الگ ہوتا ہے۔ اپنا بچاؤ کرتا ہے۔ **جان بچا کر بھاگنا** (لازم) اپنے آپ کو بچا کر چلا جانا۔ **جان بچا کر بیٹھ رہنا** (لازم) خطرے کی جگہ نہ جانا ۲۔ چھپ رہنا۔ **جان بچانا** (متعدی) ۱۔ کسی کو مرنے سے بچانا ۲۔ اپنے آپ کو محنت کے کام سے بچانا۔ پیچھا

چھڑانا ۲ بھاگ جانا۔ جان بچنا (لازم) جان سلامت رہنا۔ مرنے سے بچ جانا۔ قتل سے بچنا۔ جاں بحق (تسلیم) ہونا (لازم) مرجانا۔ فوت ہوجانا۔ گزر جانا۔ جاں بخش (صفت) جان کو بچانے والا ۲ تازگی بخشنے والا۔ جان بخشی (مونث) ۱ معافی۔ عفو ۲ سزا وار قتل کو چھوڑ دینا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) جانبر (صفت) محفوظ۔ صحیح سلامت (ہونا کے ساتھ) جاں بحق تسلیم ہونا (لازم) مرجانا۔ جاں برلب ہونا (لازم) مرنے کے قریب ہونا۔ حالت نزع میں ہونا۔ جانبری (مونث) جاں بچنا۔ سلامتی (ہونا کے ساتھ) جاں بلب (صفت) مرنے کے قریب۔ نزع میں جاں بلب آنا (مت) کر دینا یا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مرنے کے قریب ہونا۔ نزع کی حالت ہونا جان بوجھ کر۔ دیدہ دانستہ۔ ارادتاً۔ جان بوجھکر کوئیں میں گرنا۔ (لازم) دیدہ دانستہ نقصان اٹھانا جان بھاری ہونا۔ (لازم) زندگی وبال جان ہونا ۲ مصیبتوں کی وجہ سے سخت تنگ آنا۔ جان بھڑکنا (لازم) دیکھو دل بھڑکنا (مت) جان بیچکر۔ زندگی کی پروا نہ کرکے۔ جان بیچنا (لازم) کسی طمع میں ایسا کام کرنا جس میں جان کا خطرہ ہو۔ جان بیکل ہونا (لازم) بےچینی یا اضطراب ہونا۔ جان بیمہ (مذکر) دیکھو زندگی کا بیمہ (کرنا ہونا کے ساتھ) جان پانا (لازم) ۱ تر و تازہ ہونا۔ رونق ہونا۔ تازگی پانا ۲ قوت ہونا۔ حوصلہ ہونا۔ جان پر آبننا (لازم) ۱ سخت مصیبت ہونا ۲ اسقدر تکلیف ہونا کہ موت کا اندیشہ ہو ۳ جان پر صدمہ یا آفت ہونا۔ جان پر آسمان ٹوٹنا (متعدی) سخت مصیبت میں پھنسنا۔ یکایک مصیبت آجانا۔ جان پر آفت آنا (لازم) ایسی تکلیف ہونا جس کا جان پر صدمہ ہو۔ جان پر آفت ہونا (لازم) سخت مصیبت ہونا۔ جان پر بجلی پڑے یا گرے (بددعا) مصیبت آئے۔ آفت آئے۔ مرے۔ جان پر بننا (متعدی) بن جانا یا بننا (لازم) ۱ جان خطرے میں ہونا ۲ مصیبت میں پھنسنا۔ سخت تکلیف ہونا۔ جان پر جوکھم آنا (لازم) مصیبت میں پھنسنا۔ سخت تکلیف میں ہونا۔ جان پر صبر۔ کسی کو بددعا دینے کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ صبر کا اثر اس کی جان پر پڑے۔ جان پر صدمہ ہونا (لازم) سخت رنج یا غم ہونا۔ سخت تکلیف ہونا۔ جان پر فلک

ٹوٹنا (لازم) دیکھو جان پر آسمان ٹوٹنا۔ جان پر کھیل جانا یا کھیلنا (لازم) ایسا کام کرنا جس میں جان کو خطرہ ہو۔ نہایت بہادری کا کام کرنا۔ خطرے کا کام کرنا۔ جان پر نوبت آنا (لازم) ۱ جان خطرے میں ہونا ۲ سخت مصیبت میں پھنسنا۔ جان پڑنا (لازم) انڈے یا بچے میں روح کا آجانا ۲ ہرا ہونا۔ تازگی حاصل ہونا ۳ رونق آجانا ۴ بیماری سے پنپنا کمزوری جاتی رہنا۔ طاقت آجانا ۵ فرحت ہونا۔ خوشی حاصل ہونا۔ کلیجہ ٹھنڈا ہونا۔ جان پڑی ہونا (لازم) کسی بات کا خیال یا فکر ہونا۔ جان پھڑکنا (لازم) بیتابی ہونا (مت) جان پھنسانا (متعدی) مصیبت میں ڈالنا۔ کسی مشکل معاملے میں پھنسا دینا۔ جان پھنسنا (لازم) دیکھو آخری۔ جان پیاری ہونا (لازم) مرنے کو دل نہ چاہنا۔ جان بچانا۔ زندگی عزیز ہونا۔ جان تازہ پانا (لازم) غم و الم رفع ہو کر ہوش میں آنا۔ اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ جان تراش۔ (صفت) کمزور کرنے والا۔ جان تصدق کرنا (متعدی) دوسرے کو بچانے میں خود مرجانا۔ جان تصدق ہونا (لازم) صدقے ہوجانا۔ جان توڑ (صفت) بے حد بہت۔ بے انتہا۔ جان توڑنا (لازم) جانکنی کی حالت ہونا۔ نزع میں ہونا ۲ (متعدی) سخت کوشش کرنا جان تھوڑی سی ہونا (لازم) بدن میں کچھ جان باقی ہونا۔ جان ٹوٹنا (لازم) دیکھو آخری۔ جان جاتی رہنا (لازم) ہلاک ہوجانا۔ جانجاں (صفت) معشوق۔ بہت پیارا۔ عزیز۔ جانجانا (لازم) ۱ مرجانا۔ وفات پاجانا ۲ عاشق ہوجانا۔ فریفتہ ہونا ۳ واقف ہونا ۴ گھبرا جانا۔ سخت مضطرب ہونا۔ جان جاناں (صفت) دیکھو جانجاں۔ جان جائے کہ رہے۔ چاہے مریں چاہے جئیں۔ کچھ ہی ہو۔ کیسا ہی نقصان ہو۔ کتنی ہی مصیبت آئے۔ جان جلانا (متعدی) ۱ رنج دینا۔ جی جلانا ۲ بے حد غصہ دلانا (مت) جان جلنا (لازم) رنج ہونا (مت) جان جوکھم یا جوکھوں ۱ خطرۂ زندگی۔ خطرہ موت یا ہلاکت ۲ خوف۔ ڈر۔ اندیشہ ۳ مصیبت ۴ ضعف (ہونا کے ساتھ) جان جوکھوں میں پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) جان خطرے میں ڈالنا جانجہاں (صفت) معشوق۔ جان جھونکنا (متعدی) دیکھو جان دینا۔ جان چرانا (متعدی) کام سے بھاگنا یا پہلوتہی کرنا۔ جان چلی جانا (لازم) بےچینی ہونا۔ گھبراہٹ ہونا

جان چھپانا (متعدی) بہانہ کرنا۔ حیلہ کرنا۔ جان چھڑانا (متعدی) ۱ پیچھا چھڑانا ۲ جان بچانا۔ جان چھڑکنا (متعدی) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا (دہلی) جان چھلا (مذکر) معشوقہ۔ جانی۔ جان چھوڑنا (متعدی) ۱ پیچھا چھوڑنا ۲ مرجانا ۳ ہمت ہارنا۔ جان چھوٹنا (لازم) نجات ہونا۔ جھگڑے سے چھوٹنا جان حاضر ہے۔ ہر طرح مدد کے لئے تیار ہیں۔ مال کیا جان تک دینے کو تیار ہیں۔ جاندار (صفت) ۱ جان والا ۲ ہمت والا ۳ طاقتور۔ مضبوط۔ قوی ۴ تیز۔ پھرتیلا ۵ دولتمند۔ امیر ۶ (مذکر) ذی روح۔ حیوان ۷ ملوک سلطانوں کے باڈی گارڈوں کا دستہ۔ انکا افسر امیر جاندار کہلاتا تھا۔ جمع جانداریہ۔ جانداری (مونث) دلیری۔ ہمت۔ جرات۔ تیزی۔ جاندرازی (مونث) زندگی کا لمبا ہونا۔ عموماً دعا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ جان دریغ کرنا (متعدی) دیکھو جان پیاری کرنا۔ جان دوبھر ہونا (لازم) زندگی سے بیزار ہونا ۲ موت کا خواہاں ہونا۔ جان دھڑکن میں ہونا۔ جان دھکدھکی میں اٹکنا (لازم) سخت بیقراری ہونا۔ بےچینی ہونا۔ گھبراہٹ ہونا جان دے دینا (متعدی) مرجانا ۲ خودکشی کرلینا جان دینا (متعدی) ۱ مرجانا ۲ خودکشی کرلینا ۳ سخت کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا ۴ دوسرے پر جان قربان کرنا۔ دوسرے کے لئے مرجانا۔ جان ڈوب جانا (لازم) دیکھو دل ڈوب جانا (مت) جان رفتہ (صفت) مردہ وہ جس کی جان نکل گئی ہو۔ جان رمقے ہونا (لازم) تھوڑی سی جان باقی ہونا۔ جان رہے یا نہ رہے دیکھو جان جائے کہ رہے۔ جاں سپار (صفت) دوسرے کے سپرد جان کرنیوالا۔ عاشق۔ جان سپرد کرنا (متعدی) جان دوسرے کے اختیار میں دینا۔ دوسرے کے قابو میں ہونا۔ جاں سپر کرنا (متعدی) دوسرے کے بچانے کے لئے اپنی جان خطرے میں ڈالنا۔ جانستاں (صفت) جان لینے والا۔ جانستانی (مونث) جان لینا۔ ظلم۔ ستم۔ جان سن سے ہوجانا (لازم) ڈر جانا سہم جانا۔ جان سوختہ (صفت) جان جلا ہوا۔ عاشق۔ جانسوز ۱ جان جلانے والا۔ ایذا دینے والا معشوق ۲ تکلیف دہ۔ دل جلانے والا۔ جان سوکھنا (لازم) دل کڑھنا۔ برا معلوم ہونا ۲ خوف معلوم ہونا ڈرنا۔ جان سولی پر ہونا (لازم) کسی بات کا خطرہ ہونا۔ جان خطرے میں ہونا ۲ سخت تکلیف میں ہونا

سخت بیچینی یا اضطراب ہونا ۲ سخت انتظار ہونا
جان سے تنگ آنا (مت) بیزار ہونا یا
تنگ ہونا (لازم) دیکھو جان دو بھر ہونا۔ **جان
سے جانا** (لازم) مرجانا۔ **جان سے دور** جب
مخاطب کی طرف کسی بات کی نسبت کرنے کو برا سمجھتے
ہیں تو کہتے ہیں۔ خدا نہ کرے۔ **جان سے زیادہ**
(صفت) ۱ بہت۔ بے حد ۲ بہت عزیز۔ **جان
سے زیادہ عزیز رکھنا یا سمجھنا** (لازم) بہت
پیارا سمجھنا۔ **جان سے گزر جانا یا گزرنا** (لازم)
مرجانا۔ **جان سے مار ڈالنا یا مارنا** (متعدی)
قتل کرنا۔ مار ڈالنا۔ **جان سے مایوس ہونا**۔
(لازم) بچنے کی امید نہ رہنا۔ **جان سے ہاتھ
اٹھانا یا دھو بیٹھنا یا دھونا** (متعدی) ۱ زندگی
سے مایوس ہونا ۲ مرنے کے لئے تیار رہنا۔ **جانِ
شیریں** (مونث) پیاری جان۔ زندگی۔ **جان
عذاب میں آنا۔ پڑنا یا پھنسنا** (لازم) سخت
مصیبت میں پھنسنا۔ **جان عذاب میں ڈالنا**
(متعدی) دیکھو آخری۔ **جان عزیز** (مونث)
۱ پیاری جان (اپنی) ۲ (ندا) پیارے۔ میری جان
جان عش ہونا (لازم) کسی پر فریفتہ ہونا۔ **جانفرسا**
(صفت) جان کو جلانے والا۔ خوفناک۔ ڈرانے والا
جانفزا (صفت) جان کو بڑھانے والا۔ خوش کن۔
فرحت انگیز۔ **جانفشاں** (صفت) ۱ اپنی جان
دوسرے کے لئے دینے والا ۲ سرگرم۔ پرشوق۔ **جانفشانی**
(مونث) جان دینا ۲ بہت کوشش۔ سخت محنت
۳ سرگرمی۔ شوق (کرنا کے ساتھ) **جان قربان کرنا**
(متعدی) ۱ کسی کی جان بچانے میں خود مرجانا ۲ واری
جانا۔ **جان کا پیوند** (مذکر) جان و دل۔ جان جگر
(مت) **جان کا ٹکڑا** (صفت) معشوق (مت)
جان کا جنجال (مذکر) مصیبت۔ تکلیف ۲
(صفت) تکلیف دہ۔ دوبھر۔ ناگوار (بننا۔ ہونا کے
ساتھ) **جان کا خواہاں ہونا** (لازم) قتل کے
درپے ہونا۔ **جان کا دشمن** (مذکر) سخت دشمن۔
ایسا دشمن جو قتل کے درپے رہے۔ **جان کا ڈر ہونا**
(لازم) قتل کا خطرہ ہونا۔ **جان کا روگ** (مذکر)
۱ مصیبت ۲ وہ مرض جس سے جان کا خطرہ ہو ۳ (صفت)
خطرناک جان لینے والا ۴ زندگی کو بے لطف کرنیوالا
جان کا عذاب (مذکر) دیکھو جان کا جنجال۔
جان کا کھٹکا (مذکر) قتل کا اندیشہ۔ **جان کا کیا**
بھروسا۔ زندگی کا کیا اعتبار۔ **جان کا لاگو**
(مذکر) دیکھو جان کا سخت دشمن۔ **جان کا لاگو
ہونا** (متعدی) ۱ قتل کے درپے ہونا ۲ پیچھے پڑ جانا
پیچھا نہ چھوڑنا۔ **جان کا لیوا** (مذکر) دیکھو جان کا
دشمن۔ **جان کام آنا** (لازم) کسی کی خدمت میں
مرجانا یا جان جانا۔ **جانکاہ** (صفت) جان کو گھلانیوالا
دل توڑنے والا۔ سخت تکلیف یا رنج دہ۔ **جانکاہی**
(مونث) محنت۔ مشقت ۲ کوئی چیز جو زندگی کو کم
کرے۔ **جانکندنی۔ جانکنی** (مونث) ۱ نزع۔ دم
توڑنے کی حالت ۲ عذاب۔ تکلیف۔ عقوبت **جان
کو آجانا یا آنا** (لازم) سخت ناراض ہونا۔ بہت غصے
ہونا۔ **جان کو آل لگ گیا** (دہلی) جان کے لئے
مصیبت ہے۔ سخت مشکل میں جان پھنسی ہے۔ **جان
کھالینا** (متعدی) تنگ کر دینا۔ دق کرنا۔ **جان کو
جان نہ سمجھنا** (لازم) جان پیاری نہ سمجھنا ۲ بہت
محنت کرنا۔ **جان کو رونا یا کلپنا** (لازم) کسی سے
تکلیف اٹھا کر اسے کوسنا یا بد دعا دینا۔ **جان کھا جانا
یا کھانا** (متعدی) ۱ ستانا۔ تنگ کرنا ۲ تھکانا۔ قابو
پانا ۳ ناک میں دم کرنا ۴ اتنا ستانا کہ آدمی مرنے کے
قریب ہو جائے۔ **جان کھپانا** (لازم) ۱ فکر کرنا۔ تردد
کرنا ۲ بہت محنت کرنا۔ سخت مشقت اٹھانا۔ **جان
کھنچنا** (لازم) جان نکلنا۔ **جان کھو دینا** (متعدی)
حد درجے کی مشقت کرنا۔ **جان کھونا** (لازم) مرجانا
جان دینا ۲ رنج کرنا۔ غم کرنا۔ **جان کی امان** (مونث)
۱ جان بخشنا ۲ معافی۔ رہائی۔ عفو (پانا کے ساتھ) **جان
کے برابر رکھنا** (متعدی) بہت عزیز سمجھنا۔ **جان
کی پڑی ہے**۔ جان بچانے کی فکر ہے۔ جان جانے کا
ڈر ہے۔ **جان کے پیچھے پڑنا** (متعدی) ۱ قتل
کے درپے ہونا ۲ بلائے جان ہونا۔ **جان کے
پیچھے عذاب لگانا** (متعدی) مصیبت اپنے
سر لینا۔ **جان کی خیر یا سلامتی** (مونث) جان کا
بچا رہنا۔ **جان کی طرح رکھنا** (متعدی) بہت
عزیز رکھنا۔ **جان کے لالے پڑنا** (لازم) جینے کی
امید نہ رہنا۔ **جان گپا کا** (مذکر) جانی۔ جانمن ج
(غنڈوں کی اصطلاح) **جانگداز** (صفت) ۱ جان
گھلانے والا۔ مارنے والا۔ جان لینے والا ۲ کمزور
کرنے والا ۳ مہلک۔ مضر۔ زیاں کار۔ **جانگداز
آواز** (مونث) پرسوز آواز۔ دردبھری آواز۔
جانگدازی (مونث) جان کا لینا۔ جان کی ہلاکت
وغیرہ۔ **جانگذار** (صفت) دل پر اثر کرنیوالا۔ **جاں
گسل** (صفت) جان گھٹانے والا۔ **جان گنوانا**۔
(متعدی) بے فائدہ جان دینا۔ **جان گھلانا** (متعدی)
فکر یا تردد کرنا۔ **جان گھل جانا یا گھلنا** (لازم) بہت
فکر سے کمزور ہو جانا۔ جان میں کوفت ہونا۔ **جان
لبوں پر آنا** (لازم) حالت نزع میں ہونا۔ قریب
مرگ ہونا۔ **جان لڑا دینا یا لڑانا** (متعدی) بے
حد کوشش کرنا ۲ مرنے پر مستعد ہونا۔ **جان لہ** [illegible]
(لازم) عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ **جان
لینا** (متعدی) مار ڈالنا۔ ہلاک کر دینا ۲ تنگ کرنا۔
دق کرنا۔ **جان لیوا** (مذکر) جان کا خواہاں۔ دشمن
جان مار کر کام کرنا (متعدی) بہت محنت سے
کام کرنا۔ **جان مارنا** (متعدی) ۱ دق کرنا۔ تنگ کرنا
۲ نہایت کوشش سے کام کرنا۔ **جان من** (صفت)
پیارے عزیز ۲ بیگمات (دہلی) سہیلیوں کا نام رکھتی ہیں
جان میں جان آنا یا پڑنا (لازم) اطمینان ہونا
تسلی ہونا۔ **جان میں جان نہ ہونا** (لازم) بہت
کمزور ہونا۔ **جاں نثار** (صفت) جان قربان یا فدا
کرنے والا۔ وفادار۔ جانباز۔ **جاں نثار کرنا**
(متعدی) ۱ کسی کے لئے مرجانا۔ کسی کے بچانے میں اپنی
جان دیدینا۔ جان قربان کرنا ۲ واری جانا۔ **جان
نثار ہونا** (لازم) جان نثار کرنا کا۔ **جاں نثاری**
(مونث) جانبازی۔ جانفشانی۔ **جان نکلنا** (لازم)
۱ مرنا۔ جان کا بدن سے جدا ہونا ۲ گھبرا[illegible]
ہونا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا [illegible] ناگوار ہونا
۴ فریفتہ ہونا۔ **جاں نواز** (صفت) جان پر مہربانی
کرنے والا۔ معشوق۔ **جان نہ بچنا** (لازم) مرجانا ۲
چھٹکارا یا رہائی نہ ہونا۔ **جان نہ چھوڑنا** (لازم)
مار ڈالنا۔ **جان نہ ہونا** (لازم) طاقت یا سکت
نہ ہونا۔ سخت کمزور ہونا۔ **جان وارنا** (متعدی)
جان قربان کرنا۔ **جان و دل یا جگر** (صفت)
بہت عزیز۔ **جانور** (مذکر) ۱ جاندار۔ حیوان ۲
(صفت) بے وقوف۔ احمق ۳ وحشی۔ غیر مانوس
جان و مال کو دعا دیتا ہوں۔ بزرگ کو مزاج
پرسی پر جواب دیتے ہیں۔ **جان ہار** (صفت) ۱ جان
دینے والا ۲ جان پر کھیلنے والا ۳ مرنیوالا۔ گزرنیوالا ۴
(دعا) مرنے سے پہلے ہوش میں آنا۔ **جان ہلاک
کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ تردد ہونا۔ فکر ہونا
۲ سخت مشقت کی جانا۔ بہت کام کیا جانا۔ **جان**

ہلکان کرنا (متعدی) ۱ سخت تھکانا - بہت کام لینا ۲ دق کرنا - تنگ کرنا ۳ (اپنی) سخت تکلیف برداشت کرنا - **جان ہلکان ہونا** (لازم) دیکھو آخری - **جان ہوا ہونا** ۱ جان نکلنا ۲ سخت ڈرنا - **جان ہونا** (لازم) ۱ زندگی ہونا ۲ کسی چیز کی فکر ہونا ۳ (زن) کسی چیز کا بہت عزیز ہونا یا قیمتی ہونا ۴ پرانے زمانے میں خیال تھا کہ لوگوں کی جان بعض درختوں یا چیزوں میں ہوتی ہے - اگر انہیں تلف کر دیا جائے تو وہ لوگ مر جاتے ہیں - **جان ہونٹوں پر آنا یا ہونا** (لازم) دیکھو جان لبوں پر آنا - **جانی** (صفت) پیارا معشوق ۲ جان بکا ۳ پیار سے ابا، اماں وغیرہ کے نام کے ساتھ بولتے ہیں - **جانی پیارا** (صفت) معشوق - **جانی پیارے** (ندا) معشوق سے خطاب - **جانی دشمن** (مذکر) جان کا دشمن - سخت دشمن - **جانی دوست** (مذکر) بہت دوست - دلی دوست -

امثال و اقوال

جان بچی لاکھوں پائے - مرنے سے بچے یہی بڑی دولت ہے جان بچنا غنیمت ہے - **جان جائے پر آن نہ جائے** بات یا عزت میں فرق نہ ہو - **جان جائے مال رہے** - بخیلوں کا قول - **جان سب کو پیاری ہے** - زندگی سے ہر شخص کو محبت ہوتی ہے - کوئی مرنا گوارا نہیں کرتا - **جان سب میں برابر ہے** ایسے موقع پر کہتے ہیں جہاں ایک دوسرے سے بہت کام لے - **جان کا صدقہ مال** - وہاں بولتے ہیں جہاں روپیہ صرف کر کے جان بچے - **جان کا صدقہ مال، عزت کا صدقہ جان** - جان بچانے کے لئے انسان مال کی پروا نہیں کرتا اور عزت بچانے کے لئے جان دے دیتا ہے - **جان کا منہ نہیں کرتے روپے کا منہ کرتے ہیں** بخیل کی نسبت کہتے ہیں جو روپیہ تو بچاتا ہے اور جان کی پروا نہیں کرتا - **جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا** - دین کے رہے نہ دنیا کے - ہر طرح نقصان ہوا - **جان کی خیرات مال** - دیکھو جان کا صدقہ مال - **جان کے ساتھ جیوڑا** - جیوڑا موٹی رسی کو کہتے ہیں - مطلب یہ ہے کہ یہ مصیبت تو ساری عمر ساتھ رہے گی - بڑی بیوی یا بڑے خاوند کی نسبت بھی کہتے ہیں - **جان کے ساتھ دشمن لگا ہوا ہے** - اس کا ایک جانی دشمن ہے - **جان ہے تو جہان ہے** - **جان ہے تو سب کچھ** - زندگی کے ساتھ سب لطف ہیں -

جان مارے سے ٹکا پیدا ہوتا ہے - محنت سے روپیہ حاصل ہوتا ہے - **جان ہی کی پہچان ہے** ۱ محبت جب ہی تک رہتی ہے - جب تک جان سلامت ہے ۲ جسے جانتے ہیں - اسے ہی پہچان سکتے ہیں - غیر یا اجنبی آدمی کو کیا پہچانیں -

جان (ع - مذکر) ۱ جنوں کا جد اعلیٰ ۲ جنوں کی قوم ۳ جن - **جان بن جان** (مذکر) جنوں اور پریوں کا جد اعلیٰ - آدم سے پہلے زمین پر آباد تھا - خدا کا حکم نہ ماننے پر یہاں سے نکالا گیا - اور کوہ قاف یا جنستان میں جگہ ملی -

جانامی (ھ - مونث) نجومی کا کام ۲ پیشینگوئی ۳ مداری کا کام - افسوں گری -

جانَب (ہ - مذکر) واقف - جان پہچان ۲ رشتہ دار ۳ اشخاص یا چیزیں جنہیں کوئی جانتا ہو - **جانب کار** (مذکر) واقفکار - جان پہچان واقفیت -

جانِب (ع - مونث) ۱ طرف سمت - رخ ۲ پہلو ۳ ایک طرف کا یا باہر کا حصہ ۴ زیق - دھڑا ۵ حصہ (جنب - کسی چیز کو ایک طرف رکھنا) **جانبدار** (صفت) طرفدار - حمایتی (دھونکے ساتھ) **جانبداری** (مونث) طرفداری - حمایت پچ (کرنا - ہونا کے ساتھ) **جانب سے** (تف) سے طرف سے - بجائے - **جانبین** (مونث) دونوں طرف - فریقین -

جان پن یا پنا (ھ - مذکر) علم کے جاننے کی حالت -

جانَت (س - صفت) عقلمند ہوشیار - واقف -

جانت (ھ - مونث) جانتا

کال (مذکر) ۱ چکی ۲ پانی نکالنے کا لکڑی کا ڈول ۳ دھونکنی ۴ بوجھ جو پانی نکالنے کی لکڑی پر باندھا جائے **جانتی** (مونث) جانتا کی تصغیر -

جانتا (ہ - مذکر) آل - اولاد - دیکھو جات ۲ (ھ - مونث) بیٹی ۳ (ھ - مذکر) ۱ علم - ہنر ۲ عقل - دانائی -

جانچ (ہ - امر) ۱ جانچنا کا ۲ (مونث) امتحان - آزمائش - آنک - پرکھ - کس ۲ تخمینہ - تشخیص - اندازہ ۳ قیمت کا اندازہ (س یاچ - مانگنا) **جانچا** (ماضی) مانگنا کی - **جانچ پرکھ کرنا** (متعدی) آنکنا - آزمائش کرنا - **جانچ لینا** (متعدی) تاڑ لینا تشخیص کرنا تخمینہ کرنا - **جانچنا** (لازم) ۱ تخمینہ کرنا تشخیص کرنا ۲ امتحان کرنا - آزمائش کرنا پرکھنا ۳ تاڑنا - معلوم کرنا پہچاننا ۴ حساب کی پڑتال کرنا - **جانچنے والا** (صفت) **ہارا** (ھ) **جانچویا** (مد) ۱ پرکھنے والا - امتحان کرنے والا ۲ تخمینہ کرنے والا - اندازہ لگانیوالا ۳ حساب کی پڑتال کرنے والا - آڈیٹر -

جانک (ھ - صفت) ۱ زندگی یا زندہ کے متعلق ۲ عالم - واقف -

جانکی (س - جمع) ۱ اجنک ۲ بیٹی - سیتاجی کا لقب ۲ ایک وزن یا بحر - **جانکی ناتھ** (مذکر) ۱ راجہ رامچندرجی ۲ شرما سدھانت منوی کا مصنف ۳ لنگ - ایک لنگ کا نام -

جانگ - جانگیا (ہ - مذکر) دیکھو جانگھ -

جانگر (ھ - مذکر) ران اور ٹانگ جانگر توڑنا (متعدی) ۱ اتنا چلنا کہ ٹانگیں رہ جائیں ۲ نہایت سخت محنت یا مشقت کرنا - روٹی کے لئے جفا اٹھانا - **جانگر تھک جانا** (لازم) قویٰ کا تھک جانا - عمر زیادہ ہونے کے باعث اعضا کا کمزور ہو جانا

جانگل (ہ - مذکر) تیتر -

جانگل (س - مذکر) زہر - سم -

جانگلک (س - صفت) دیکھو جانگلی -

جانگلو (ہ - صفت) وحشی جنگلی گنوار - اجڈ - بیوقوف (جنگل سے)

جانگلی (س - مونث) ایک درخت کا نام (ھ - صفت) ۱ جنگلی - وحشی ۲ دیہاتی - صحرائی ۳ جہاں وادیں - پہاڑ - جنگل اور ندی نالے ہوں ۴ دلکش - دلاویز ۵ (مذکر) دلکش ملک یا نظارہ -

جانگلی (س - مذکر) ۱ سانپوں کو پکڑنے والا ۲ سانپ کے کاٹے کا علاج کرنے والا ۳ طبی شعبدے باز ۴ (مونث) علم سمیات ۵ تریاق اور زہر کی دوائیوں کا رکھنے والا ۶ ایک پودے کا نام -

جانگھ (ہ - مذکر) ران - زانو (س جانگلک - **جانگھیا** (مذکر) ایک پاجامہ جو رانوں تک ہوتا ہے - کچھا - پہلوانوں کا سلا ہوا لنگوٹ -

جانگھل (ھ - مذکر) ۱ ایک قسم کا بگلا ۲ ایک پرند جو سانپ کھاتا ہے -

جان نثاران (تر۔ مذکر) ینی چری کا محرب جس کے معنی نئی فوج ہیں۔ اُرخاں کے زمانے سے یہ فوج عیسائیوں کے نومسلم بچوں سے مرتب کی گئی تھی بڑھتے بڑھتے اس کی تعداد سلطان محمود ثانی کے زمانے تک ایک لاکھ ۳۵ ہزار ہوگئی۔ اسوقت انکی زیادتیاں حد سے زیادہ بڑھ گئیں اور آخرکار سلطان نے بغاوت ہونے پر ان سب کو تباہ کردیا اور باقاعدہ فوج ملازم رکھی گئی۔

جانو (س۔ مذکر۔ زانو۔ گھٹنا۲ گود

جانو پھلک (مذکر) گھٹنے کی چپنی۔ سرزانو۔ **جانو سندھ** (مذکر) گھٹنے کا جوڑ۔

جانُوسار (ف۔ مذکر) دارا کا مصاحب جس نے اسے قتل کیا تھا۔

جانہار۔ جانہارا (ھ۔ صفت) جانے والا۔ گذرنے والا۲ مرنے کے قریب۔ مرنیوالا۳ کھو جانے والا (روپیہ یا نقدی)۴ (مذکر) وہ آدمی جو جانے والا ہو۔

جانی (ع۔ صفت) وہ جو پھل اکٹھا کرے۲ گناہگار۔

جانی (ھ۔ مذکر)۱ مداری شعبدہ باز۲ نجومی۔ جوتشی۔

جاوِتّری (ہ۔ مونث) جائفل کا پھول۔

جاوِد۔ جاوِدان۔ جاوِدانہ (ف۔ صفت) ہمیشہ۔ سدا۔ دائم۔ جاوِدان خِرَد (مذکر) ایک کتاب جو روزمرہ زندگی کے متعلق ہوشنگ نے لکھی تھی جاودانی (مونث) ہمیشگی۔ ابد۔ دوام ازل۲ اگلی دنیا۔

جاوَک (ھ۔ مذکر) سرخ رنگ جو لاکھ کے کیڑے سے پیدا ہوتا ہے۔ قرمزی رنگ التا۔

جاوَن (ھ۔ مذکر) جامن۔

جاوید۔ جاوِید۔ جاویدان (مت) جاویدانی (مت) دیکھو جاوِد وغیرہ۔

جاہ (ف۔ مذکر)۱ رتبہ۔ مرتبہ۔ درجہ۔ پایہ۲ عزت۔ حرمت۔ قدر۔ وقار۔ عظمت۳ شان۔ شوکت۔ دبدبہ۔ تمکنت۴ بزرگی۔ شرف **جاہ و جلال** (مذکر) شان و شوکت۔ دبدبہ۔ رعب عظمت۔ شان و شکوہ۔ **جاہ و حشم** (مذکر) شان و شوکت۔ کروفر۔ ٹھاٹھ۔ **جاہ و منصب** (مذکر) منزلت (مونث) اوج۔ رتبہ۔ پایہ۲ قدر و منزلت وقار۔ عظمت۳ بزرگی۔ شرف۔

جاہِل (ع۔ صفت) بے علم۔ ناخواندہ اناڑی۲ وحشی۔ گنوار۳ ناواقف۔ ناآشنا۔ نادان بے خبر۔ انجان۔ جاہلی (مت) جاہلیّت (مونث) ۱ بے علمی وغیرہ دیکھو جاہل۲ وہ زمانہ جو عرب میں اسلام سے پہلے تھا۔ جاہلیت کا زمانہ (مذکر) دیکھو آخری۲

جاہلیہ (مذکر) جاہلیت۲

مثل۔ جاہل فقیر شیطان کا ٹٹو بے علم فقیر شیطان کے مانند ہوتا ہے۔

جاہنوی (س۔ عص) جہنو کی بیٹی دریائے گنگا کا لقب۔

جائداد (ف۔ مونث) دیکھو جایداد۔

جائِر (ع۔ صفت)۱ جور و راست سے بھٹکے۲ بے رحم۔ ظالم۔

جائِز (ع۔ صفت) روا۔ بجا۔ مناسب۔ مباح۔ واجب۔ حلال۔ جوگ۲ ٹھیک صحیح۔ درست۔ شدہ۳ قابل تسلیم یا پذیرائی۔ قابل سماعت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) زخوزر۔ روا نہ ہونا)۴ (مذکر) شہتیر جائز الاعتراض (صفت) وہ جس میں اعتراض کی گنجائش ہو۔ قابل اعتراض۔ لایق عذر۔ جائز رکھنا (متعدی) ماننا۔ تسلیم کرنا۲ روا رکھنا مباح سمجھنا۳ منظور کرنا۔ اجازت دینا۔ جائز قرار دینا (متعدی) مباح کردینا۔ بجا قرار دینا۔ جائز کہ (تقت) ممکن ہے کہ۔ شاید۔ بالامکان۔ جائز ولی (مذکر) یتیموں کا محافظ۔ قانونی سرپرست۔ جائزہ (مذکر) ۱ پرکھ۔ امتحان۔ جانچ۔ پڑتال۲ حاضری گنتی۔ شمار۳ وہ نشان جو رقومات پر پڑتال کے وقت لگایا جائے۴ دستخط۵ عطیہ۔ صلہ۔ انعام۔ جائزہ دیکھ لینا (متعدی) آزمائش کرلینا۔ جانچ کرلینا۔ جائزہ دینا (متعدی) حساب کتاب دینا یا سنبھلوانا ۲ پڑتال کرانا۔ جانچ کرانا۔ جائزہ لینا (متعدی) جانچنا۔ پڑتال کرنا۲ حاضری لینا۔ شمار کرنا۳ حساب پڑتال کرنا۔

جائِفل (ع۔ مذکر) جائے پھل کا معرب۔

جائِفہ (ع۔ مذکر) وہ زخم جو پیٹ کے اندر تک جائے (جوف۔ خالی ہونا)

جائِل۔ جایِل (ھ۔ مذکر) زمین جس پر دو دفعہ ہل چلا ہوا۔

جائن (انگ۔ مصدر) شامل ہونا ملنا۔ جائن کرنا یا ہونا (متعدی)۱ پہلی دفعہ نوکری پر جانا۲ ز[illegible]ت سے واپس آکر نوکری پر جانا۔

جائی (ہ۔ مونث)۱ بیٹی۔ دختر لڑکی۲ (صفت) جنی ہوئی۔ پیدا شدہ (س ج۔ جننا) جائی جگہ (مذکر) پیدائش کی جگہ۔ وطن۔

جائیا (ھ۔ صفت) جانہار۔

جایا (ہ۔ صفت)۱ پیدا شدہ جنا ہوا۲ (مذکر) بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔ لڑکا۳ (مونث و صفت) دیکھو جائی (س ج۔ جننا) جایا جگہ (ھ۔ مونث) دیکھو جائی جگہ۔

جایا (س۔ مونث) بیوی۔ زوجہ بیاہتا عورت۔ جورو۔ استری۔ جایاپتی (مذکر) بیوی [illegible] زوجین۔

جایَداد (ف۔ مونث) مال و اسباب اثاثہ۔ مایہ۔ مکان۔ اراضی۔ پونجی۔ چیز بست بحقیت ملکیت۲ کھڑی ہوئی فصل۔ پیداوار۳ جاگیر۴ ضلع کی حیثیت بلحاظ مالگزاری کے۔ جائداد آبائی (مونث) جدی جائداد۔ جدی وراثت۔ باپ دادا کی پیدا کی ہوئی جاگیر یا اراضی۔ جائداد اراضی (مونث) زمین یا مکانات جو قبضے میں ہوں۔ جایداد استمراری (مونث) جاگیر جو دائمی ہو۔ جایداد جمالی (مونث) مشترکہ جائداد۔ جایداد زوجیت (مونث) بیوی کی ملکیت۔ جائداد سکنی (مونث) رہنے کی جائداد مکانات۔ جائداد غیر منقولہ (مونث) جائداد جس کی نقل و حرکت نہ ہوسکے۔ زمین مکانات وغیرہ جائداد متعلقہ خاندان (مونث) وہ جائداد جو سارے خاندان کی ملکیت ہو۔ جدی جائداد۔ جائداد مُستغرقہ (مونث) ڈوبی ہوئی جائداد۔ وہ جائداد جو رہن وغیرہ میں غرق ہو جائے۔ جائداد مشفوعہ (مونث) وہ جائداد جس پر حق شفع کا عمل کیا جائے جائداد مکسوبہ (مونث) آپ کمائی ہوئی جائداد۔ جائداد منقولہ (مونث) وہ جائداد جسے ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاسکیں۔ جائداد مُوشاہی (مونث) جائداد جس کا ذکر وصیت نامے میں ہو۔

جائی (س۔ صفت) فتح کرنیوالا فتحیاب ۔ (مذکر) فاتح ۔

جَب (ہ ۔ حرف شرط و اسم موصول) جس وقت ۔ جس صورت میں ۔ جونہی کہ ۔ ہرگاہ ۔ درحالیکہ (س یا وقت) **جب تب** (مت) کبھی کبھی ۔ گاہ گاہ **جب تک یا تانک** (حرف شرط) **جب تئیں** (غف) **جب توڑی** (غف) جسوقت تک ۔ ایسے وقت تک ۔ **جب تو** (حرف شرط) اس لئے ۔ اس وقت تو ۔ تب ۔ **جب جب** (حرف شرط) جسوقت ۔ ہرگاہ **جب سے** (حرف شرط) جسوقت سے ۔ **جب کا** (صفت) ۱۔ اس وقت کا ۔ ۲۔ آخری ۔ گذشتہ ۔ پچھلا ۔ **جب کا تب** ۔ **جب کا جب** (مت) ۱۔ جب جسوقت ۔ عین وقت پر ۔ **جب کبھو یا کبھی** (حرف شرط) کسی وقت جب ۔ جسوقت ۔ **جبکہ** (حرف شرط) جسوقت ۔ جب ۔ **جب کیں جاکے** (تن) شکل سے ۔ وقت سے ۔ **جب لگ یا لوں** (غف) جب تک ۔ **جب نہ تب** (نف) وقتاً فوقتاً ۔ وقت بے وقت ۔ ہمیشہ ۔ عموماً ۔ اکثر ۔ کبھی نہیں (مت) **جب ہم جانتے** ۔ لطف تو جب تھا ۔ **جب ہی ۔ جبھی** (حرف شرط) اسی وقت ۔ عین اسی وقت ۔ جونہی کہ ۔ **جبھی تو** (حرف عطف) اس لئے ۔ اس وجہ سے ۔ اسی سے ۔

امثال و اقوال ۔ **جب آنکھ بند** (کرلی یا میچی) **کی کچھ ہی ہو** ۔ جب آپ مر گئے کچھ ہوا کرے ۔ **جب آنکھیں چار ہوتی ہیں محبت آہی جاتی ہے** ۔ جب ملیں تو اظہار محبت ضرور ہوتا ہے **جب آنکھیں ہوئیں چار تو دل میں آیا پیار ۔ جب آنکھیں ہوئیں اوٹ ۔ دل میں آئی کھوٹ** ۔ جس وقت آمنے سامنے ہوں تو اظہار محبت کرتے ہیں ۔ مگر غیر حاضری میں کوئی پروا نہیں ہوتی ۔ بلکہ برائی سوجھتی ہے ۔ **جب آئے برسن کا چاؤ ۔ پچھوا گنے نہ پروا باؤ** ۔ جب خدا بارش برسانا چاہے تو پچھوا پروا کچھ نہیں دیکھتا ۔ پروا ہوا بارش لاتی ہے ۔ پچھوا ہوا بارش بند ہونے کی نشانی ہے ۔ مطلب یہ ہے کہ خدا جب مہربانی کرنے لگے تو موقع وغیرہ نہیں دیکھتا ۔ **جب آیا دیہی کا انت جیسے گدھا ویسا سنت** (ہ) جب موت آئے تو سب برابر ہیں ۔ **جب اپنی اُتار لی تو دوسرے کی اُتارتے کیا لگتا ہے** ۔ بے حیا دوسرے کو ذلیل کرنے سے نہیں ہچکچاتا ۔ **جب اوڑھ لی لوئی تو کیا کرے گا کوئی** ۔ بے حیا کسی کی پروا نہیں کرتا ۔ **جب ایسے ہو تب ایسے ہو** ۔ ہمیشہ ایک جیسے ہو ۔ **جب بگڑے جب شکھر نر کیا بگڑے کا کوڈھ ۔ مٹھے کا کیا بگڑے جب بگڑے جب دودھ** (ہ) عقلمند خراب ہوتا ہے ۔ بیوقوف کو کیا خراب ہونا ہے ۔ جسطرح دودھ تو خراب ہوتا ہے مگر مٹھا نہیں خراب ہوتا ۔ **جب بنیا اٹھانا چاہتا ہے تو جھاڑو دیتا ہے** ۔ کنایتاً و اشارتاً کسی کو دور کرنا ۔ **جب بھاجن (بھاگن) کو ہوئے لگائی ۔ توڑے کوٹ اور پھاندے کھائی** ۔ جب عورت بھاگنے پر آئے تو اسے کوئی چیز نہیں روک سکتی ۔ **جب بھوک لگی بھڑوےکو تندور کی سوجھی ۔ اور پیٹ بھرا اس کا تو پھر دور کی سوجھی** ۔ جب بھوک لگی ہو تو کھانے کی طرف خیال ہوتا ہے ۔ لیکن جب پیٹ بھر جائے تو شرارتیں سوجھتی ہیں ۔ **جب بھٹے سو ۔ تب بھاگ گیا کھو** (ہ) قرض کا ڈر جب تک تھوڑا ہو ہوتا ہے جب بہت ہو جائے تو جاتا رہتا ہے ۔ **جب بھی تین اور اب بھی تین ۔ جب پائے تب تین ہی تین** ۔ بہت بدقسمت ہیں ۔ ہمیشہ تین کانے ہیں ۔ **جب پرجا نہیں تو راجہ کہاں** ۔ حاکم کو ظلم نہیں کرنا چاہئے اگر رعیت نہ رہے تو حاکم کہاں رہ سکتا ہے ۔ **جب پھینکا تب پانچے تین** ۔ سخت بدقسمت آدمی ہیں ۔ پانسے میں تین پانچ بہت کم درجے کے شمار ہوتے ہیں **جب پیٹ میں کھدیا لگی میٹھا اور سلونا کیا** ۔ بھوک میں جو ملے انسان کھا لیتا ہے ۔ **جب تک اونٹ پہاڑ کے نیچے نہیں آتا ۔ تب تک وہ جانتا ہے مجھ سے اونچا کوئی نہیں** ۔ جب تک اپنے کا زبردست سے پالا نہ پڑے انسان اپنے آپ کو بہت بڑا سمجھتا ہے ۔ **جب تک بچہ روتا نہیں ماں دودھ نہیں دیتی** ۔ بغیر مانگے کچھ نہیں ملتا ۔ **جب تک بہو کواری تب تک ساس واری ۔ بہو آئی گود میں لا ڈگیا حوض میں** ۔ ہندوستانی معاشرت کا خاکہ ہے جب تک شادی نہیں ہو جاتی ۔ ساس بہو کی بہت خاطرداری کرتی ہے شادی کے بعد وہ قدر نہیں رہتی ۔ **جب تک پہیہ لڑھکتا ہے جب ہی تک گاڑی ہے ۔ پھر ایندھن** ۔ جب تک کام چلا جائے اچھا ہوتا ہے ۔ **جب تک پہیہ لڑھکے لڑھکائے جاؤ** ۔ جب تک کام نکلتا ہے ۔ نکالے جاؤ ۔ **جب تک تنگدستی ہے پرہیزگاری ہے** ۔ غربت میں آدمی نیک چلن رہتا ہے ۔ **جب تک جان میں جان ہے** ۔ زندگی بھر ۔ جب تک زندہ ہیں **جب تک جینا تب تک سینا** ۔ تمام عمر محنت اور مشقت کرنی پڑتی ہے ۔ **جب تک چاند اور سورج ہیں** ۔ قیامت تک ۔ ہمیشہ ۔ **جب تک دم ہے تب تک غم ہے** ۔ تمام عمر غم و فکر رہتے ہیں ۔ **جب تک رکابی میں بھات تب تک (تیرا میرا) ساتھ** ۔ مطلب کی دوستی ہے ۔ **جب تک سانس تب تک آس** ۔ زندگی بامید قائم زندگی میں امید لگی رہتی ہے ۔ **جب تک گنگا جمنا ہے** قیامت تک ۔ ہمیشہ ۔ **جب تک کروں بابو بابو تب تک کروں اپنے قابو** ۔ خوشامد کرنے والا دوسرے کو اپنے قابو میں کر لیتا ہے ۔ **جب تو نیائے کی گدی پر بیٹھے ۔ تو اپنے من سے طرفداری لالچ اور کرودھ کو دور کر** (ہ) حاکم کو طرفداری لالچ اور غصہ نہیں کرنا چاہئے ۔ **جب تیر چھوٹ گیا تو پھر کمان میں نہیں آسکتا** ۔ جب کوئی بات منہ سے نکل جائے تو واپس نہیں آسکتی ۔ **جب تیرے پیٹ میں کھدیا لگے ۔ میٹھا اور سلونا کیا رے** ۔ بھوک میں میٹھے نمکین کا فرق نہیں معلوم ہوتا ۔ **جب جیسا تب تیسا** ۔ جیسا موقع ہو ویسا کام ہونا چاہئے ۔ **جب چنے تھے تب دانت نہ تھے ۔ جب دانت ہوئے تب چنے نہیں** جوانی میں غربت تھی لطف نہ اٹھایا ۔ پیری میں دولت ملی اب لطف اٹھانے کی طاقت نہیں ۔ **جب خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے** ۔ بے وسیلہ رزق پہنچاتا ہے ۔ **جب خدا دینے پر آتا ہے تو یہ نہیں پوچھتا کہ تو کون ہے** ۔ خدا کی بخشش کمینے اور شریف پر برابر ہوتی ہے ۔ **جب دانت نہ تھے جب دودھ دیو ۔ جب دانت بھئے (دئے) تو کیا ان نہ دیو (دیوے)** (ہ) خدا ہر حال میں روزی دیتا ہے **جب دو دل راضی تو کیا کرے گا قاضی** ۔ دیکھو دو دل الخ ۔ **جب دن آئے بھلے تب لڈو مارے چلے** ۔ جب قسمت کھلے تو اچھی سے اچھی چیز ملجاتی ہے ۔ **جب دیکھو تب حاضر میاں (مٹھو) نتھو کا اٹالا** ۔ ہروقت خوشامدی ساتھ لگے رہتے ہیں ۔ **جب دیکھو تیر سے کھڑے ہیں** ۔ ہروقت حاضر و موجود ۔ **جب دینا ہوتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے** ۔ جب خدا دیتا ہے تو ایسی جگہ سے دیتا ہے

جہاں سے کوئی امید نہیں ہوتی۔ جب سب پن
ہاری (ہارے) تو پنہاری کہائی دکھائے)
جب حیا وغیرہ چھوڑے تو ایسے کام میں فائدہ ہو۔ جب
سے اُگے (جمے) بال تب سے یہی حال
بچپن سے ان کے یہی کرتوت ہیں۔ جب کا لیپا دو پہا
اب کا لیپا دیکھو۔ پچھلی باتوں کو جانے دو۔ موجودہ
حالت کو دیکھو۔ جب کمر میں زور ہوتا ہے
تب مدار صاحب بھی بیٹا دیتے ہیں۔ پیروں
فقیروں کی دعا کا بھی تب ہی اثر ہوتا ہے۔ جب
آپ بھی کوشش کی جائے۔ جب کری آس تب
آئے تیرے پاس۔ جب کسی سے کوئی کام پڑے تو
آدمی دوسرے کے پاس جاتا ہے۔ جب لگ پیسہ
گانٹھ میں تب لگ اس کے یار۔ سائیں
اس سنسار میں سوارتھ کا بیوہار (ہ) جب
تک پیسہ پاس ہو سب یار رہیں۔ ہر ایک اپنے مطلب کا
یار ہے۔ جب لگ ساقی تب لگ آس
جب تک دینے والا موجود ہے تب تک امید ہے
کچھ نہ کچھ مل رہے گا۔ جب لگی چاٹ تو سوجھی
حلوائی کی ہاٹ۔ جب انسان کو چاٹ لگ جائے
تو فضول خرچی کرنے لگتا ہے۔ جب لو کٹھلا میں
ناج تب لو چلا ہٹو کو راج (ہ) جب پیسہ
پاس ہو تو جلاہے کا بیٹا بھی راج کرتا ہے۔ جب
ناچنے نکلی تو گھونگھٹ کیا۔ جب نٹنی بانس پر
چڑھی تو گھونگھٹ کیا۔ جب ایک دفعہ برا کام
کر لیا تو پھر شرم کیسی۔ جب ہاتھ میں لیا کا سا
تو روٹیوں کا کیا سانسا۔ جب بے حیائی اختیار کی
تو روٹیوں کی کیا کمی۔

جَبّ (ع۔ مذکر) ۱ خصّے نکال دینا۔ ۲ قابو پانا۔

جُبّ (ع۔ مذکر) گہرا کنواں جس میں پانی ہو۔

جِبات (ف۔ مذکر) ٹیکس۔ محصول۔ چنگی ۲ مالگزاری ۳ خراج۔ باج۔

جُبا (ہ۔ صفت) نوجوان۔

جَباب (ع۔ مذکر) قحط۔

جِباب (ع۔ مذکر) ۱ خصّے نکالنا ۲ درخت کی شاخیں کاٹنا ۳ قابو پانا۔

جُباب (ع۔ مذکر) ۱ قحط ۲ کوڑا کرکٹ ۳ اونٹنی کے دودھ کی جھاگ۔

جِبایَت (ع۔ مذکر) مالگزاری اکٹھی کرنا۔

جَبابِرہ (ع۔ مذکر) جبار کی جمع۔

جَبّار (ع۔ صفت) ۱ جبر کرنے والا ظالم ۲ زبردست۔ بزرگ۔ ال کے ساتھ ان معنوں میں خدا کا نام (جَبَر۔ مجبور کرنا)

جِبال (ع۔ مذکر) جمع جبل کی۔ پہاڑ۔

جَبان (ع۔ صفت) بزدل۔ ڈرپوک۔ خائف۔ نامرد (جُبن۔ خائف ہونا)

جَبّان (ع۔ مذکر) ۱ بزدل ۲ قبرستان ۳ صحرا ۴ میدان جہاں بہت سے پودے ہوں۔ **جَبّانَت** (مونث) ۱ صحرا ۲ میدان۔

جِباہ (ع۔ مذکر) جبہا کی جمع پیشانیاں

جِبایَت (ع۔ مونث) ۱ مالگزاری اکٹھی کرنا ۲ حوض میں پانی بھرنا۔

جَبائِر (ع۔ مونث) جبیرہ کی جمع۔ بند۔

جِبَت (ع۔ مذکر) ۱ بت ۲ جادوگر ۳ نجومی ۴ جادو۔ سحر ۵ نجوم۔

جَبلتی (ہ۔ مونث) نوجوان عورت بچکانہ۔

جَبَڈ (ہ۔ صفت) جَبَڈا (ہ) ۱ سست۔ کاہل ۲ بھدا۔ بدوضع۔ ناتراشیدہ ۳ بھاری بوجھل ۴ اکڑا ہوا سخت۔ جبڈیا (صفت) دیکھو جبڈ

جَبَڈنا (ہ۔ لازم) ۱ گھبرا جانا۔ لبریز ہونا ۲ اوندھا ہونا۔ مڑنا ۳ تہ ہونا۔

جَبَڈی (ہ۔ مونث) چاولوں کی ایک قسم۔

جَبذ (ع۔ مذکر) کھینچنا۔

جَبر (ع۔ مذکر) ۱ دباؤ۔ مجبوری سختی ۲ ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ تعدی ۳ زور۔ طاقت۔ قوت ۴ کسر وں کا اختصار ۵ معاوضے کے طور پر کچھ زیادہ دینا (جَبَر۔ مجبور کر کے کوئی کام کرانا) جبرا (صفت) زبردست۔ طاقتور۔ قوی (غف) جبرًا (تف) زبردستی سے۔ مجبور کر کے۔ بجبر۔ ظلم سے۔ بہ زور۔ قہرًا۔ جبر اٹھانا (متعدی) ظلم سہنا۔ سختی جھیلنا۔ دکھ اٹھانا۔ جبرًا بھرتی کرنا (متعدی) مجبور کر کے فوج میں نوکر رکھنا۔ جبرًا و قہرًا (تف) چار و ناچار۔ مجبورًا۔ مجبوری سے۔ بجبر سے۔ زبردستی۔ بزور۔ مجبورًا۔ جبر کرنا (متعدی) سختی کرنا۔ ظلم کرنا۔ ستانا جبر مجرمانہ (قانون) ایسا جبر جو قانونًا ناجائز ہو۔ جبر نقصان (مذکر) نقصان کا معاوضہ۔ وہ چیز جو کسی چیز کی کمی یا نقص کی وجہ سے کچھ زیادہ دی جائے۔ جبر و تعدی (مونث) ظلم۔ ستم۔ جور۔ جفا۔ سختی۔ زبردستی۔ جبر و مقابلہ (مذکر) الجبرا۔ بیج گنیت۔ جبر ہونا (لازم) ظلم ہونا۔ سختی ہونا جبری (صفت) ۱ مجبوری سے۔ ناچاری ۲ (مونث) دیکھو جبر۔ جبری بھرتی (مونث) مجبور کر کے فوج میں بھرتی کرنا۔ جبریّہ (صفت) مجبور کر کے۔ زبردستی ۲ (مذکر) اسلام کا ایک فرقہ جس کا اعتقاد ہے کہ انسان کا اپنے اعمال و فعل میں کوئی اختیار نہیں۔

مثل۔ جبر امارے رونے نہ دے ۔ زبردست شکایت بھی نہیں کرنے دیتا

جَبر۔ دیکھو ابو موسےٰ جعفر السیفی۔

جَبَروت (ع۔ مونث) ۱ قدرت کلی۔ سرکشی۔ عظمت و جلال ۲ عالم عظمت و جلال ۳ غرور۔ تکبر ۴ کون و مکان ۵ حکومت۔ قدرت۔ سرداری۔ بڑائی۔ جبروتی (مونث) شان بزرگی۔ شان خدا ۲ تکبر۔ غرور۔

جَبرَئیل۔ جَبرِیل (عبر۔ مذکر) مسلمانوں کے اعتقاد کے بموجب خدا کے چار مقرب فرشتوں میں سے وہ جو پیغمبروں کے پاس وحی لے کر آیا کرتے تھے۔

جَبَری (ع۔ مذکر) وہ شخص جو قسمت کا قائل ہو۔

جِبرِیا (ع۔ مذکر) غرور۔ تکبر۔

جَبرِیات (ع۔ مونث) الجبرے کے سوالات۔

جَبرِیَّت (ع۔ مونث) غرور تکبر۔

جَبرِین (ع۔ مذکر) جبریل (مخفف)

جَبڑا (ہ۔ مذکر) کلا۔ منہ کی ہڈی کا وہ حصہ جس میں دانت جڑے ہوتے ہیں (دس۔ جم۔ کلہا) جبڑا توڑ (صفت) جبڑے کو توڑنے والا۔ جبڑا توڑ الفاظ (مذکر) ایسے الفاظ جن کا تلفظ مشکل سے ادا ہو

ثقیل الفاظ۔ بھاری الفاظ۔ **جبڑا توڑنا** (متعدی) ضرب سے جبڑے کی ہڈی کو شکستہ کر دینا۔ **جبڑا اُوٹنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **جبڑا چلانا** (متعدی) جبڑے کو حرکت دینا۔ کوئی چیز کھانا۔ **جبڑے کی ہڈی** (مونث) وہ ہڈی جس میں دانت جڑے ہوتے ہیں۔ **جبڑی** (ہ۔ مونث) ۱جبڑا ۲ (مذکر) ایک مہلک بیماری جس سے جبڑے بند ہو جاتے ہیں۔ دھاتی۔

مثل۔ جبڑا چلے ستر بلا ٹلے کھانے سے بہت سی تکلیفیں رفع ہو جاتی ہیں۔

جَبَل (ع۔ مذکر) پہاڑ۔ کوہ۔ پربت (جَبَل۔ بنانا)

جَبَل (عرب) ۱ایک راس ۲ (افریقہ) ایک دریا۔ **جَبَلُ الالباب** (یورپ) کوہ پیرینیز۔ جو ہسپانیہ کے شمال میں ہے۔ **جبلُ الاخضر** (عرب) عمان میں ایک پہاڑ **جَبَلُ الدّخان** (مصر) ایک پہاڑ **جبلُ الطیہ** (ایشیا) کوہ طور۔ **جبلُ الفَطِرہ** (مصر) ایک پہاڑ **جبلُ القمر** (مذکر) ۱چاند کے پہاڑ ۲ (افریقہ) ایک پہاڑ۔ **جبلِ ذکور** (عرب) ایک جزیرہ **جبلِ شمار** (عرب) ایک علاقہ۔ **جَبلیَن**۔ (افریقہ) سوڈان میں ایک شہر۔

مثل۔ جبل بگردد جبلی نہ گردد۔ پہاڑ کا ٹلنا ممکن ہے۔ پر جبلی عادت نہیں جاتی۔

جِبلَت (ع۔ مونث) ۱چہرہ۔ اس کی سطح ۲نقش ۳طاقت۔

جِبِلّت (ع۔ مونث) ۱اصلی طبیعت۔ خاصیت۔ خلقت۔ سرشت۔ خمیر (جَبَل۔ خلق کرنا)

جَبلَقوم (ع۔ مذکر) نیلم۔

جِبِلّی (ع۔ صفت) پیدائشی۔ قدرتی خلقی۔ حقیقی۔ طبعی۔ اصلی (جَبَل۔ خلق کرنا)

جُبْن (ع۔ مذکر) بزدلی۔ نامردی کم ہمتی ۲پنیر (جُبن۔ دل کا کمزور ہونا)

جُبَنا (ع۔ مذکر) جبان یا جبن کی جمع۔ بزدل لوگ۔

جُبّہ (ع۔ مذکر) ایک لمبا کوٹ جو ڈھیلا ہوتا ہے۔ اور آستینیں کلائی سے اوپر رہتی ہیں عموماً مولوی اور عالم پہنتے ہیں (جَبّ۔ کاٹنا) **جبہ و دستار** (مونث) عالموں کا کوٹ اور پگڑی (پہننا کے ساتھ)

جِبھا (ہ۔ مذکر) جبڑا ۲حوصلہ۔ ہمت دلیری۔ جرأت۔

جِبھا (ہ۔ صفت) زبان والا۔ زباندار۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے کل جبھا۔ **جبھارا** (صفت) بہت باتیں کرنے والا۔ بکی ۲زبان دراز ۳بدزبان۔ فحش گو۔

جَبھَڑا (ہ۔ مذکر) جبڑا۔

جَبْہَہ (ع۔ مذکر) پیشانی۔ ماتھا۔ جبیں (جَبہ۔ ماتھے پر مارنا) **جبہہ سا** (صفت) ماتھا رگڑنے والا۔ منت کرنے والا (ہونا کے ساتھ) **جبہہ سائی** (مونث) ماتھا رگڑنا۔ منت سماجت۔ پاؤں پڑنا۔ (کرنا کے ساتھ)

جَبہہ (ع۔ مذکر) ۱کوئیں پر پہنچنا اور ڈول نہ پانا ۲ماتھے پر ہاتھ مارنا ۳ہٹانا۔ ۴ستانا۔

جَبَہ (ع۔ مذکر) پیشانی کی چوڑائی اور خوبصورتی۔

جُبُو (ع۔ مذکر) ۱چھپا ہونا ۲رکنا ۳نکلنا۔ باہر آنا ۴نفرت کرنا۔

جُبُور (ع۔ مذکر) ہڈی کا جوڑا جانا۔

جَبُورت (ع۔ مونث) غرور۔ تکبر۔

جَبُون (ع۔ صفت) بزدل۔

جَبِیں (ع۔ مونث) پیشانی۔ ماتھا۔ جبہہ (جُبْن۔ بزدل ہونا) **جبیں سا یا فرسا** (صفت) ماتھا رگڑنے والا۔ **جبیں سائی یا فرسائی** (مونث) ماتھا رگڑنا۔ پوجا کرنا۔ عبادت کرنا۔ سجدہ کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)

جَپ (ہ۔ امر) ۱جپنا کا ۲(س۔ مونث) پوجا پاٹ کرنا۔ پرستش کرنا ۳نام۔ منتر وغیرہ بار بار پڑھنا ۴مالا پھیرنا ۵آہستہ آہستہ دعا گنگنا ۶پرارتھنا کرنا ۷رٹنا۔ بار بار کہنا۔ **جپا کرنا** (متعدی) ۱بار بار پڑھنا ۲مالا پھیرنا۔ **جپ پرائن** (صفت) جپ کرنے والا۔ نام یا منتر پڑھنے والا۔ پرارتھنا کرنیوالا ۲ (مذکر) وہ شخص جو جپ کرے۔ رشی۔ منی۔ تپسی۔

جَپَت (مونث) دیکھو جپ ۲ تا ۵۔ **جپ تپ** (مذکر) عبادت۔ پرستش۔ پوجا۔ **جپ جی** (مذکر) گرنتھ صاحب کا پہلا حصہ جو بابا نانک صاحب کی تصنیف ہے اور جس میں خدا کی حمد ہے۔ **جپ کرانا** (متعدی) کسی مطلب یا بیماری سے اچھا ہونے کے لئے پوجا پاٹ کرانا یا منتر پڑھوانا۔ **جپ کرنا** (لازم) پوجا پاٹ کرنا وغیرہ۔ **جپ مال** (مذکر) **جپ مالا** (مونث) مالا۔ تسبیح۔ **جپنا** (متعدی) دیکھو جپ ۲ تا ۷۔

مثل۔ جپ کے برتے پاپ۔ پارسائی کی آڑ میں لوگوں کو ٹھگنا۔

جپا (ہ۔ مونث) ایک پھولدار پودہ۔ جوا ۲ ہرہر کا پھول۔

جَت (ہ۔ مونث) ۱قسم۔ نوع ۲طریقہ۔ طرز۔ فیشن ۳ایک راگنی جو ہولیوں میں گاتے ہیں ۴ (مذکر) آلہ۔ مشین۔ کل۔ جنتر ۵ (صفت) جیسا جتنا۔ جتنا۔ **جِت** (ہ۔ صفت) جہاں جس جگہ۔

جِت (س۔ صفت) فتح کیا ہوا مفتوح۔ قابو کیا ہوا۔ طیار سا ہوا۔ زیر کیا ہوا ۲جیتا ہوا۔ حاصل کیا ہوا۔ پایا ہوا۔ **جتاتما** (صفت) ۱جسنے اپنی خواہشوں پر قابو پالیا ہو۔ بغیر خواہشات کے ۲ (مذکر) وہ شخص جس نے خواہشات پر قابو پالیا ہو۔ **جتور** (صفت) فاتح۔ **جتوری** (مونث) ۱فاتح عورت ۲بنارس کا لقب۔

جُت (ہ۔ امر) جُتنا سے ۲ (ہ۔ صفت) جتا ہوا۔ جڑا ہوا۔ ملا ہوا۔ قابض۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دھرم جت (س۔ یُت جوتنا) **جُتا** (امر) ۱جُتانا کا ۲ (ماضی) جُتنا کی۔ **جُتانا** (م) جوتنا کا۔ **جُتاؤ** (صفت) قابل کاشت۔ **جُتائی** (مونث) کھیت میں ہل چلانا۔ کھیت کا جوتا جانا۔ **جت جانا** (لازم) جُتنا۔ اسمیں جتنا سے زیادہ زور پایا جاتا ہے۔ **جُتنا** (لازم) ۱گھوڑے بیل وغیرہ کا گاڑی کے آگے لگنا ۲کھیت کا جوتا جانا۔ کھیت میں ہل چلنا ۳کسی کام میں بہت مشغول ہونا ۴کسی کا زبردستی کسی کام پر لگایا جانا۔ **جُتوانا** (م) جوتنا کا۔

مثل۔ جُت جت مریں بیلوا۔ بیٹھے کھائیں ترنگ۔ محنت کوئی کرے کھائے کوئی۔

جَتا (ہ۔ امر) جتانا کا (س جنا جانتا)

جتا دینا۔ جتانا (متعدی) خبردار کرنا۔ ہوشیار کرنا۔ سمجھانا بتانا ۲ فہمائش کرنا ۳ یاد دلانا ۴ اشارہ کرنا۔ ایما کرنا۔

جِتا (ہ۔ امر) جتانا کا۔ جتا دینا۔
جتانا (متعدی) بازی دلوانا۔ غالب کرانا۔ فتح دلوانا
جتوانا (مم) جیتنا کا۔

جِتا (ہ۔ صفت) جتنا کا مخفف
جتا کی (ھ) باوجود۔ برخلاف اس کے۔

جَتا (ھ۔ مذکر) رسی جو چرسے اور اس کی لکڑی کے ساتھ بندھی ہوتی ہے۔

جَتار (ھ۔ مذکر) ۱ زمین زیر کاشت ۲ کاشتکار۔ ہل چلانے والا۔

جَتارا۔ جَتاڑا۔ جتاسا (ھ۔ مذکر) خاندان۔ نسل۔ گھرانا۔ پیڑھی۔ بنس۔

جَتاسُر (س عص) ایک راکشس جسنے برہمن بنکر یدھشٹر۔ نکل۔ سہدیوا ور دروپتی کو گرفتار کرلیا تھا۔ مگر بھیم نے تعقب کرکے اسے قتل کر دیا۔

جَتاؤنا (ھ۔ متعدی) جتانا۔
جتاؤنی (ھ۔ مونث) یاددہانی یادداشت۔ چتاؤنی ۲ فہمائش۔ نصیحت ۳ یادگار۔ نشانی

جَتر (ھ۔ مذکر) زمین زیر کاشت
جَترو (س۔ مذکر) ہنسلی۔ ہانس۔ کالر کی ہڈی۔

جَتساری (ھ۔ مونث) ایک گیت جو عورتیں چکی چلاتی ہوئی گاتی ہیں۔

جَتُک (س۔ مونث) ۱ لاکھ ۲ ہینگ۔

جَتُکا (س۔ مونث) ۱ ایک قسم کا خوشبودار پتوں کا پودا۔ چکادت ۲ چمگادڑ۔

جَتلانا (ہ۔ متعدی) دیکھو جتانا۔
جِتلانا (ہ۔ متعدی) دیکھو جتانا۔

جَتن (د۔ مذکر) ۱ کوشش جہد جدوجہد۔ دوڑ دھوپ۔ تگاپو ۲ احتیاط۔ خبرداری ۳ مشکل۔ تکلیف۔ وہ کام۔ دقت ۴ تدبیر۔ تجویز۔ ڈھنگ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (س۔ یتن) **جتن کر رہنا** (لازم) بہت کوشش کرکے رہ جانا۔ تھک کر رہ جانا۔ **جتن وان یا ونت** (صفت) ۱ محنتی۔ مستعد۔ سرگرم تن دہ ۲ جتن کرنے والا۔ **جَتنی** (صفت) دیکھو آخری ۲ محتاط احتیاط کرنے والا **جَتنیہ** (صفت) جس کے لئے کوشش یا جدوجہد کی جائے۔

جِتنا (مذکر) **جِتنی** (مونث) **جِتنے** (ہ۔ مذکر۔ جمع) اسمائے موصول ہیں ۱ جسقدر۔ جو کچھ جتنے ہیں۔ جسقدر دولت ہیں۔ جسقدر قیمت ہیں۔ جسپر۔

امثال واقوال

جتنا اوپر اتنا ہی نیچے (ہے) چھوٹے قد کے شرارتی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ **جتنا اوڑھنا اتنے پاؤں پھیلانا** حیثیت کے موافق کام کرنا چاہئے۔ **جتنا بڑا اتنا کڑا** ایک سے ایک بڑھ کر خراب ہے۔ جتنا عمر میں زیادہ ہے اتنا ہی زیادہ خراب ہے۔ **جتنا پھلے اتنا جھکے** جتنا بڑا ہو اتنا ہی منکسر مزاج ہونا چاہئے۔ **جتنا تپیگا اتنا ہی برسے گا**۔ جتنی گرمی پڑے گی اتنی بارش زیادہ ہوگی **جتنا چھالو اتنا ہی کرکرا**۔ جتنا زیادہ تحقیق کروگے اتنے ہی نقائص زیادہ پاؤگے۔ **جتنا چھوٹا اتنا ہی کھوٹا**۔ چھوٹا زیادہ خراب ہے اسے چھوٹا نہ سمجھو۔ **جتنا دے گا اتنا پائے گا**۔ جتنا خیرات کروگے اتنا ال رہیگا جتنا خرچ کروگے اتنا آجائے گا۔ **جتنا رلا ہے سو چُگ لو** (ھ) جتنا قسمت میں ہے لے لو۔ **جتنا زمین کے اوپر اتنا زمین کے نیچے**۔ چھوٹے قد کے مفسد شرارتی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ **جتنا سانپ لمبا اتنی گوہ چوڑی**۔ ایک جیسے ہیں۔ اگر ایک میں کچھ کمی ہے تو دوسرے نے پوری کردی ہے۔ **جتنا سر اتنا ہی سرواہ**۔ ہر چیز کی مقدار اس کی حیثیت کے موافق ہوتی ہے۔ **جتنا سستا اتنا خراب**۔ سستی چیز عموماً خراب ہوتی ہے۔ **جتنا سیانا اتنا دیوانہ**۔ ہشیار آدمی بعض وقت بہت بیوقوفی کی بات کرجاتا ہے۔ **جتنا قریب اتنا رقیب**۔ رشتے داروں کو حسد زیادہ ہوتا ہے۔ **جتنا کپڑا دیکھو اتنے پاؤں پھیلاؤ**۔ دیکھو جتنا اوڑھنا الخ۔ **جتنا کرم میں لکھا ہے۔ اتنا ملے گا**۔ جو قسمت میں ہے وہ تو مل ہی رہے گا بہت کوشش کیوں کرتے ہو۔ **جتنا گرمائے گا اتنا ہی برسائے گا**۔ جتنی گرمی پڑے گی اتنی ہی بارش زیادہ ہوگی **جتنا گڑ ڈالوگے اتنا ہی میٹھا ہوگا**۔ جتنا خرچ زیادہ کروگے اتنی ہی چیز اچھی ہوگی یا اتنا ہی کام اچھا ہوگا۔ جتنا مڑوے میں آدیلا اتنا کوہبر میں نہ آوے۔ ہر ایک جو برات میں شامل ہو۔ بیوی کے کمرے میں نہیں جاتا۔ ہر ایک کی قسمت ایک جیسی نہیں ہوتی۔ **جتنی آمد اتنا بوجھ**۔ جتنی انسان کی آمدنی بڑھتی ہے اتنا ہی خرچ زیادہ ہوتا جاتا ہے۔ **جتنی آمدنی اتنا خرچ**۔ یہ اچھا نہیں ہوتا۔ فضولخرچی کی نشانی ہے۔ **جتنی چادر دیکھو** (دیکھئے) **اتنے پاؤں** (پسارو) **پھیلاؤ** (پھیلائیے) دیکھو جتنا اوڑھنا الخ **جتنی دولت اتنی ہی مصیبت**۔ امیر آدمی کو زیادہ فکر رہتے ہیں۔ **جتنی دیگ اتنی کھرچن**۔ جتنی مال و دولت اتنا ہی زیادہ نفع۔ **جتنے سر اتنے ہی سرواہ** خرچ آمد کے لحاظ سے ہوا کرتا ہے۔ **جتنے کالے اتنے میرے باپ کے سالے**۔ جتنے بدمعاش ہیں ایک سے ایک بڑھ کر حرامزادے ہیں۔ **جتنے گھنے اتنے پھلے**۔ جتنے بیٹے زیادہ ہوں اتنا ہی اچھا ہے۔ **جتنی لابھ اتنا لوبھ**۔ جتنا فائدہ زیادہ ہو اتنا ہی لالچ زیادہ ہوتا ہے۔ **جتنے منڈ** (بیٹے) **اتنے پنڈ**۔ جتنے بیٹے ہوں اتنا ہی زیادہ کریا کرم ہوگا۔ جتنے بیٹے ہوں اچھا ہے۔ **جتنے منہ اتنی ہی باتیں**۔ جتنے لوگ ہوں اتنی ہی رائیں دیتے یا اعتراض کرتے ہیں **جتنی میاں کی لمبی داڑھی اتنے گاؤں گلزار**۔ زمینداروں کا خیال ہے کہ جتنی مالک کی داڑھی لمبی ہو اتنی ہی پیداوار زیادہ ہوتی ہے ۲ جتنی حیثیت ہوتی ہے اتنا ہی خرچ ہوتا ہے۔

جَتنی (ھ۔ مونث) چرخے کا ڈورا
جُتو (س۔ مذکر) لاکھ۔ **جتوپترک** (مذکر) شطرنج کا مہرہ وغیرہ جسپر لاکھ لگی ہو۔

جَتھا (ہ۔ مذکر) گروہ۔ جماعت فرقہ۔ منڈلی۔ جبٹ ۲ بھیڑ۔ انبوہ۔ ہجوم۔ اژدہام۔ جمگھٹ ۳ اتفاق۔ ایکا ۴ طاقت۔ قوت (س یمتھک) ۵ جمع۔ پونجی۔ سرمایہ۔ غالباً جوتھا کا مخفف ہے۔ **جتھا باندھنا** (متعدی) ۱ جماعت بنانا۔ گروہ بنانا ۲ ایکا کرنا۔ اتفاق کرنا۔ **جتھوں میں تقسیم کرنا** (متعدی) گروہ بنانا۔ **جتھے وار** (صفت) اکٹھے تمام۔ سب ملکر ۲ ساجھے کا۔ مشترکہ۔

جَتھا (ھ۔ صفت) جس طریق سے جس طرح سے۔ جیسے۔ موافق۔ مطابق۔ **جتھارتھ** (صفت) ۱ اصلیت کے مطابق ۲ سچائی کے مطابق ۳ درست۔ صحیح۔ ٹھیک۔ موزوں۔ اصلی ۴ عقل کے مطابق ۵ (صفت) حقیقت میں۔ بالکل ٹھیک۔ **جتھارتھ بادی یا وادی** (صفت) صحیح بولنے والا ٹھیک بات کہنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو ٹھیک یا صحیح بولے ۳ فلسفہ داں۔ منطقی۔ **جتھارتھ ودیا** (مونث) فلسفہ۔ **جتھا جوگ یا جوگیا** (صفت) ٹھیک طریقے سے۔ جیسا کہ چاہئے۔ درست طور پر۔ موافق۔ مطابق

جتھا شکست ۔ اپنی حیثیت کے موافق ۔ حسب حیثیت اپنی طاقت کے مطابق ۔

جَتی (ھ ۔ صفت) ۱ اپنی خواہشات یا احساسات کو قابو میں رکھنے والا ۲ پارسا ۔ باعصمت ۳ (مذکر) وہ شخص جس کی خواہشات اور حسّیں اپنے قابو میں ہوں ۴ زاہد ۔ پارسا ۔ جوگی ۔ سنیاسی ۔ اتیت ۵ جین سادھو ۶ باوفا خاوند ۷ ایک بیوی کا خاوند ۔

جُتیانا (ہ ۔ متعدی) جوتے مارنا

جَتیک (ھ ۔ صفت) جتنا ۔

جَٹ (ہ ۔ مذکر) ۱ پنجاب کے زمینداروں کی ایک قوم ۔ جاٹ ۲ (مونث) دیکھو جٹا

جَٹ ملنگ (مذکر) ایک پھولدار پودہ ۔ مرسا ۔

جُٹ (ہ ۔ امر) ۱ جٹنا کا ۲ (مذکر) جفت ۔ جُگ ۔ جوڑا ۳ عدد جو دو پر تقسیم ہو جائے ۔ زوج ۴ اتفاق ۵ دو متحد آدمی یا چیزیں (س ۔ جٹ الجھنا) جٹا (امر) ۱ جٹانا کا ۲ (ماضی) جٹنا کی ۔ جٹّا (مذکر) گولیاں کھیلنے والوں کی اصطلاح میں تین یا چار ٹھیکریاں یا کوڑیوں کا مجموعہ ۔ جس پر گولیوں کا نشانہ مارتے ہیں

جٹانا (متعدی) جٹ جانا یا جٹنا ۱ جڑ جانا ۔ ملنا وصل ہونا ۲ گتھنا ۔ بھڑنا ۳ پیوند ہو جانا ۴ لپٹنا ۵ ہمبستر یا ہم صحبت ہونا ۶ سیا جانا ۔ سلنا ۷ انتظار کرنا ۔ ٹھہرنا ۸ سازش کرنا ۹ پیچھے پڑنا ۔ سر ہونا ۔ جٹّی (مونث) دیکھو علیحدہ ۔

جٹا (س ۔ مونث) ۱ گندھے یا جمے ہوئے بال ۔ جوڑا ۲ برگد یا اسی قسم کے درختوں کی داڑھی ۔ ہوائی جڑ ۳ جڑ ۴ پھوٹی ہوئی جڑ ۵ رسا ۔ رسی ۶ ہندوؤں جوگیوں کے بٹے ہوئے بال جٹا بینی (مذکر) وہ شخص جو جٹا رکھے اور ہرن کی کھال پہنے ۔ جٹا جوٹ (مونث) ۱ شوجی کے گندھے ہوئے بال ۲ بالوں کا جوڑا سر پر بندھا ہوا ۔ جٹا دَھر یا دھاری (صفت) ۱ گندھے ہوئے بالوں والا ۲ وہ شخص جس کے سر پر جٹا ہو ۳ سادھو ۔ اتیت ۔ جوگی ۴ شوجی کا لقب ۵ بوڑھا سانپ ۔ جٹا دھاری (مونث) کلغا پودہ مرسا پودہ ۔ جٹال (صفت) جٹا رکھے ہوئے یا رکھنے والا جٹالا (مذکر) دیکھو جٹاماسی ۔ جٹالک (صفت) ۱ دیکھو جٹال ۲ دیکھو جٹی ۔ جٹاماسی یا مانسی (مونث) ایک پودہ ۔ بالچھڑ ۔ سنبل الطیب ۔

جَٹا (ھ ۔ مذکر) جاٹ ۔

جٹائیں ۔ جٹایو (س ۔ عس) ایک

خیالی پرند کا نام جو گدّوں کا بادشاہ اور گرُڑ کا بیٹا تھا ۔ اس نے راون پر جب وہ سیتا جی کو لیجانے لگا حملہ کیا تھا مگر وہ اسے زخمی کرکے چلا گیا ۔ مرنے سے پہلے اس نے رامچندر جی کو سیتا جی کا حال بتایا ۔ انہوں نے اس کی وفات کے بعد اس کا کریا کرم کیا ۔

جَٹِت (س ۔ صفت) ۱ گندھا ہوا ۔ جما ہوا ۔ الجھا ہوا ۲ جواہرات سے جڑا ہوا ۳ (مونث) جواہرات کی منبت کاری ۔

جُٹک (س ۔ مذکر) بالوں کی لٹ ۔ مینڈھی ۔ چٹیا ۔ سربند ۲ شوجی کی جٹا ۳ سادھوں کی جٹا ۔

جُٹکا (ھ ۔ مونث) ایک قسم کی گاڑی جو مدراس میں استعمال ہوتی ہے ۔

جَٹل (ھ ۔ مونث) جھوٹا قصہ ۔ کہانی ۔ فرضی قصہ ۔ ژٹل ۔

جَٹِل (س ۔ صفت) جٹا رکھنے والا جٹا والا ۲ وہ شخص جو جٹا رکھے ۳ شیر ببر ۔

جَٹل (ھ ۔ مذکر) بھاسہ ۔ مسلہ نشان

جُٹلا (ھ ۔ مذکر) ۱ جماعت ۔ اجتماع بھیڑ ۲ جلسہ ۔ مجلس ۳ ملاؤ ۔ جوڑ ۔ اتصال ۴ ایکا ۔ اتحاد سازش ۔

جَٹِلا (س ۔ مونث) ۱ دیکھو جٹاماس ۲ لمبی مرچ ۳ ایک قسم کی جڑ ۔ بچ ۴ (عص) گوتم کی بیٹی اسکا ذکر مہابھارت میں آتا ہے ۔ یہ بہت نیک تھی اور سات شخصوں کی بیوی تھی ۔

جَٹلی (ھ ۔ مونث) ۱ دیکھو جٹل ۲ دیکھو جاٹلی ۔

جَٹنا (ھ ۔ متعدی) ۱ چھیننا ۔ زبردستی لے لینا ۔ لوٹنا ۲ دھوکا دے کر لے لینا ۔ دغا سے لے لینا ۳ (لازم) الجھنا ۔ جم جانا ۴ زنگا سا جانا ۔ زنگار لگ جانا ۔

جَٹوا (ھ ۔ مذکر) ۱ جاٹوں کی ایک گوت ۲ چماروں یا موچیوں کی ایک گوت ۔ جٹوارا (مذکر) جاٹوں کے رہنے کا محلہ ۔ جاٹوں کا محلہ ۔ جاٹوں کا علاقہ ۔

جُٹھ (ھ ۔ مذکر) ۱ جوڑا ۔ زوج جگ ۲ دیکھو جاٹھ ۳ (ہ) جھوٹ کا مخفف ۔ جٹھ دینا (ہ ۔ متعدی) جھوٹ بولنا ۔ جھوٹی باتیں بنانا ۔ دھوکا دینا ۔ جٹھ بلاؤ (مذکر) جو سر میں دو گولوں کا اکٹھا ہونا ۔

جِٹھانی (ہ ۔ مونث) خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی ۔

مثل ۔ جٹھانی کا بھینسا اگر دھول ندھول جٹھانی کا بیٹا موٹا ہے ۔ دوسرے کی اولاد فربہ نظر آتی ہے اور اپنی اگر فربہ بھی ہو تو کمزور معلوم ہوتی ہے ۔

جَٹھر (س ۔ مذکر) معدہ ۔ پیٹ ۔ توند ۔ انتڑیاں ۲ رحم ۔ بچہ دان جٹھراگنی جٹھرگنی (مونث) معدے کی آگ صفرا ۔ پت ۔ اس سے کھانا ہضم ہوتا ہے ۔ جٹھرام ۔ جٹھرامے (مذکر) معدے میں پانی بھر جانا ۔ استسقا ۔ جالندھر ۔ جلودھر ۔ جٹھرانل (مذکر) جٹھراگنی ۔ جٹھرنڈ (مذکر) ایک پودے کا نام ۔

جَٹھرا (ھ ۔ صفت) سخت ۔ کرخت ۔ مضبوط ۲ بندھا ہوا ۔ بستہ ۔ جکڑا ہوا ۔

جَٹھی (ھ ۔ مذکر) ۱ پہلوان ۔ کشتی گیر ۲ (مونث) دیکھو جٹی ۔

جَٹھیرا (ھ ۔ صفت و مذکر) دیکھو جیٹھ

جَٹی (س ۔ مونث) انجیر کی قسم کا ایک درخت جس کے پتے لہریئے دار ہوتے ہیں

جَٹی ۔ جُٹیا (ھ ۔ صفت) ۱ جٹا رکھنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو جٹا رکھے ۔

جَٹّی (ھ ۔ مونث) ۱ جیٹھی ۔ مدھ ۲ (پ) جاٹ کی بیوی ۔

جُٹّی (ہ ۔ صفت) ۱ جڑی ہوئی ۔ پیوستہ ۔ ملی ہوئی ۔ پاس پاس ۲ (مونث) دو روپے اوپر تلے ۳ جوڑا ۔ جُٹ ۴ سوکھی تمباکو کی گڈی جٹی کھویں (مونث) پیوستہ ابرو

جَٹی بُٹی (ھ ۔ مونث) جڑی بوٹیاں ۔

جَثّ (ع ۔ مذکر) کاٹنا ۲ جڑ سے اکھاڑنا ۔

جُثّہ (ع ۔ مذکر) بدن ۔ جسم ۔ تن سریر ۔ کایہ ۔ انگ ۔ پنڈا ۔ قالب خاکی ۔ دیہ ۔ کاٹھی ڈھانچ (جثّ ۔ کاٹنا)

جثّہ (ع ۔ مذکر) مصیبت ۔ آفت ۔

جَثَلَت (ع ۔ مونث) بال جو پیشانی پر لٹک رہے ہوں ۔

جَثَم (ع ۔ مذکر) چھاتی پر

بیٹھنا۔

جُثمان (ع۔ مذکر) بدن۔

جُثو (ع۔ مذکر) ۱ جھکنا ۲ انگلیوں پر کھڑا ہونا۔

جُثوم (ع۔ مذکر) چھاتی پر بیٹھنا پرندے گدڑے یا مسافر کا۔

جثی (ع۔ مذکر) مکہ کے مقدس پتھر جن پر قربانی کی جاتی ہے۔

جثی (ع۔ مونث) ۱ جھکنا ۲ جھکنے کی حالت۔

جُثی (ع۔ مذکر) جاثی کی جمع - جھکے ہوئے۔

جج (ھ۔ مذکر) بھینٹ - نذر - قربانی۔

جج (انگ۔ مذکر) ۱ انصاف کرنے والا۔ منصف۔ عدالت دیوانی کا عہدہ دار۔ عدالت عالیہ کا حاکم ۲ فیصلہ کرنا۔ جانچ کرنا۔ جج بیٹھنا (لازم) مقدمے کی سماعت کے لئے عدالت عالیہ میں جج کا مقرر ہونا۔ جج کرنا (متعدی) جانچ کرنا۔ سوچنا۔ بچار کرنا۔ جج ہونا (لازم) جج کی نوکری ملنا۔ جج مقرر ہونا۔ ججی (مونث) ۱ جج کا عہدہ ۲ جج کی کچہری ۳ جج کا کام۔

ججر (ھ۔ صفت و مذکر) دیکھو جرجر

ججمان (ہ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو یگ یا بلوان کرائے اور برہمنوں کو اس کام پر لگائے اور انکا خرچ ادا کرے ۲ آسامی ۳ وہ شخص جس پر برہمن نائی وغیرہ برت کا استحقاق رکھیں ۴ وہ شخص جس کا کام کرنے کے لئے برہمن نائی وغیرہ کا جدی حق ہو۔ ججمانی (مونث) ۱ ججمان کی حیثیت ۲ وہ روپیہ جو ججمان دے ۳ وہ جگہ جہاں برت ہو ۴ ججمان کی بیوی۔

امثال۔ ججمان چاہے سرگ کو جائے چاہے نرک کو مجھے دہی پوڑی سے کام۔ خود غرض کے متعلق کہتے ہیں۔ ججمان کو دیر ہو پر روہت کو دیر نہ ہو۔ دینے والا سستی کرتا ہے۔ لینے والا سستی نہیں کرتا۔

ججناسا (س۔ مونث) جاننے کی خواہش۔ خواہش تحصیل علم ۲ دریافت تفتیش۔ تحقیقات ۳ تلاش جستجو ۴ شوق تحقیق۔ ججناسو (صفت) جاننے کی خواہش کرنے والا تحقیق کا شائق ۲ (مذکر) وہ شخص جسے تحقیق یا دریافت کا شوق ہو۔ ججناسیہ (صفت) لائق تفتیش۔ قابل دریافت۔ جس کے متعلق دریافت کی ضرورت ہو۔

ججھ (ھ۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ۔ رنا معرکہ کارزار۔ یدھ۔ رن۔ جابال۔ ججھار۔ ججھارا (مذکر) لڑنے والا شخص۔ سپاہی۔ مبارز۔ لشکری عسکری مجاہد۔ غازی۔ شجاع۔ جنگجو۔ جودھا۔ ججھاؤ (صفت) متعلقہ جنگ۔ لڑائی کے متعلق۔ جنگی۔

ججھنا (متعدی) لڑنا۔ جنگ کرنا۔ لڑائی کرنا۔

ججھوتیا (مذکر) دیکھو ججھا۔

ججی۔ ججیا (ھ۔ مونث) ۱ پستان تھن۔ چوچی ۲ بڑی بہن۔ عزت سے کسی بڑی عورت کو کہتے ہیں۔ ججی۔ ججیان (مونث) دودھ ماں۔ پلائی دایہ۔ انا۔

جچ (ہ۔ امر) جچنا کا (س یاچ۔ مانگنا)

جچا (ماضی) ۱ جچنا سے ۲ (صفت) آزمایا ہوا۔ تجربہ کیا ہوا۔ آزمودہ۔ جچا تلا (صفت) ٹھیک۔ درست پورے وزن کا۔ جچاوٹ (ھ) جچائی (ھ۔ مونث) امتحان ۲ آزمائش۔ جانچ۔ تجربہ۔ پرکھ۔ کس ۳ تخمینہ - تشخیص۔ اندازہ۔ جچنا (لازم) جانچنا کا ۱ آزمایا جانا۔ امتحان ہونا۔ پرکھا جانا ۲ قیمت لگنا۔ قیمت کا اندازہ ہونا ۳ وقعت ہونا۔ اچھا ثابت ہونا ۴ ذہن نشین ہونا ۵ تخمینہ لگنا۔ تشخیص ہونا۔

جچا (ہ۔ مونث) دیکھو زچہ۔ جچا خانہ (مذکر) زچہ خانہ۔ جچا گیری (مذکر) گیت جو زچہ خانے میں گایا جاتا ہے۔ جچا اور بچہ دونوں جئیں۔ دعا جو عموماً کمین لوگ بچے کے پیدا ہونے پر دیتے ہیں۔

جحاف (ع۔ مذکر) جمع ہونا لوگوں کا۔

جُحاف (ع۔ مذکر) بڑا طوفان۔

جحد (ع۔ مذکر) ارادتاً سچائی سے انکار کرنا۔

جحر (ع۔ مذکر) ۱ آنکھوں کا ڈوبا ہونا ۲ بل میں گھسنا ۳ سورج کا دیر سے چڑھنا ہونا ۴ نا امید ہونا ۵ بہار میں بارش ہونا۔

جُحر (ع۔ مذکر) بل۔ بھٹ۔

جحش (ع۔ مذکر) ۱ خراش ڈالنا ۲ گھوڑی یا گدھی کا بچہ ۳ ظلم ۴ غصہ۔

جحف (ع۔ مذکر) ۱ لے جانا ۲ ہٹانا ۳ کم کرنا ۴ ضرر پہنچانا

گرانا

جحل (ع۔ مذکر) زمین پر گرانا۔

جحمرش (ع۔ مذکر) ۱ بوڑھی بدشکل عورت ۲ خرگوش ۳ ایک قسم کا سانپ۔

جحود (ع۔ مذکر) انکار کرنا۔

جحوظ (ع۔ مذکر) آنکھوں کا بڑا اور ابھرا ہوا ہونا ۲ نقص نکالنا۔ اعتراض کرنا۔

جحیش (ع۔ مذکر) ۱ حصہ ۲ الگ رہنے والا آدمی ۳ صفت) خودبین۔ خود پسند

جحیم (ع۔ مذکر) ۱ دہکتی ہوئی آگ ۲ دوزخ۔ دوزخ کی آگ (تخمیر) آگ جلانا اور دہکانا)

جخر (ع۔ مذکر) ۱ چوڑا ہونا کوئیں کا ۲ گوشت کا سڑنا ۳ خالی ہونا پیٹ کا۔

جخز (ع۔ مذکر) ۱ بہت کھانے والا ۲ بزدل۔

جد۔ جدا (ھ۔ صفت) جب۔ جد تک (ف) جب تک۔

جد (ھ۔ حرف عطف) اگر جدپ (حرف عطف) نیز۔ اگر۔

جَدّ (ع۔ مذکر) ۱ دولت حشمت ۲ خوش قسمتی۔ اقبال ۳ بڑائی۔ بزرگی۔ جلال ۴ دادا۔ بزرگ وجد۔ معزز ہونا۔ جد امجد (مذکر) ۱ دادا۔ پڑدادا۔ بزرگ ۲ حضرت آدم۔ جدہ (مونث) دادی۔ نانی۔ جدی (صفت) ۱ آبائی۔ موروثی باپ دادا کی ۲ ایک دادا کی (اولاد) جدی جائداد (مونث) وہ جائداد جو بزرگوں سے ترکے میں چلی آئی ہو

جِدّ (ع۔ مونث) کوشش۔ سعی دوڑ دھوپ۔ جتن۔ آپا۔ تگاپو۔ پیروی ۲ محنت مشقت۔ جد و جہد (مونث) جِدّ و جَدّ (صفت) دیکھو جد (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) جدو کد (مونث) ۱ دیکھو جد ۲ رد و بدل۔ تکرار۔ سوال و جواب (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) جدوکوب (مذکر) غالباً زدوکوب کا بگڑا ہوا (جد کوش کرنا)

جدا (ف۔ صفت) ۱ الگ۔ علیحدہ نیارا۔ اکانت۔ ایک طرف ۲ الگ کیا ہوا ۳ مختلف متفرق۔ طرح طرح کا ۴ انوکھا۔ نرالہ عجیب۔ جدا جدا (صفت) ۱ علیحدہ علیحدہ۔ الگ الگ۔ فرداً۔ مختلف۔ متفرق۔ طرح طرح کے۔ جدا جدا کرنا (متعدی) ۱ الگ الگ کرنا ۲ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۳ نااتفاقی ڈال دینا۔ جدا جدا کہنا (متعدی) علیحدہ علیحدہ بیان کرنا مفصل

بیان کرنا۔ شرح وار بیان کرنا۔ جدا جدا ہونا (لازم) دیکھو جدا جدا کرنا۔ جدا کرنا (متعدی) ۱الگ کرنا۔ ہٹانا علیحدہ کرنا ۲ کاٹنا۔ توڑنا ۳ نفاق ڈالنا ۴ بیچ ڈالنا۔ دینا ۵ چھڑانا ۶ تمیز کرنا۔ فرق کرنا۔ جداگانہ (صفت) علیحدہ علیحدہ۔ الگ الگ۔ منفرد۔ جدا ہونا (لازم) دیکھو جدا کرنا۔ جدائی۔ جدائیگی (مونث) علیحدگی۔ مفارقت۔ تفرقہ۔ فراق۔ جدی (مونث۔ صفت) دیکھو جدا۔

جِداً (ع۔ نف) شوق سے۔ کوشش سے۔ زور سے۔ بیحد۔

جَدّاد (ع۔ مذکر) شراب فروش۔ شراب کھینچنے والا۔

جُدّاد (ع۔ مذکر) فارسی گداد کا معرب ۱ پرانے کپڑے ۲ الجھے ہوئے دھاگے۔ الجھی ہوئی شاخیں ۳ چھوٹے درخت ۴ چھوٹے پہاڑ۔

جِدار (ع۔ مذکر) دیوار۔

جَدال (ع جمع) ۱کچی سبز کھجوریں ۲ مٹی کے کچے برتن ۳ سخت زمین۔

جِدال (ع۔ مذکر) لڑائی۔ جنگ رزم۔ معرکہ۔ کارزار۔ یدھ۔ رن ۲ جھگڑا۔ بحث (جَدَلَ لڑنا)

جَداوِل (ع۔ مونث) جدول کی جمع۔

جَدب (ع۔ مذکر) ۱الزام لگانا۔ ۲ قحط کا زمانہ۔

جدباتدبا (ھ۔ مذکر) فضول باتیں۔ بے معنی فقرے ۲ ایسا ویسا۔

جِدّت (ع۔ مونث) نیاپن۔ تازگی۔ نئی بات۔ **جدّت پسند** (صفت) نئی باتوں کو پسند کرنے والا۔

جُدَّت (ع۔ مونث) ۱گدھے کی پیٹھ کی دھاری ۲ راستہ۔

جَدَث (ع۔ مذکر) قبر۔

جَدَح (ع۔ مذکر) آشجو یا عرق کو ہلانا۔

جَدَد (ع۔ مذکر) سخت ہموار زمین۔

جُدَد (ع۔ مذکر) جُدّت کی جمع۔ رستے۔

جَدد (ع۔ مذکر) ایک پودہ جو ریت میں اگتا ہے ۲ دیوار۔

جَدَد (ع۔ مذکر) ۱اونٹ یا گدھے کی گردن پر کانٹے کا نشان ۲ شام میں ایک مقام جہاں کی شراب مشہور ہے ۳ جُدَرت کی جمع مسّے۔ **جدرت** (مذکر) ۱ مسّہ ۲ ایک عرب قبیلہ جس کا یہ نام اس لئے ہوا کہ اس نے کعبہ کی دیوار جدار بنائی تھی۔

جُدُر (ع۔ مذکر) جدار کی جمع۔ دیواریں۔

جُدَری (ع۔ مونث) چیچک۔ سیتلا۔

جَدع (ع۔ مذکر) ۱ ہاتھ۔ ناک کان یا ہونٹ کاٹنا ۲ بچے کو خراب خوراک دینا ۳ باندھنا۔ ۴ قید خانے میں رکھنا۔

جَدَع (ع۔ مذکر) بچے کو خراب خوراک ملنا۔

جَدف۔ جَدَف (ع۔ مذکر) ۱قبر ۲ شراب ۳ ایک بوٹی جو عرب میں پائی جاتی ہے اور چبانے پر پیاس بجھاتی ہے۔

جَدَل (ع۔ مذکر) ۱ لڑائی۔ جنگ رزم۔ معرکہ۔ کارزار۔ رن۔ جدال۔ یدھ ۲ جھگڑا۔ خصومت بحث۔ مباحثہ۔ تکرار۔ قضیہ۔ حجت۔ ٹنٹا (جَدَل۔ پکا کرنا)

جَدو (ع۔ مذکر) مانگنا۔ کوئی فائدہ چاہنا۔

جَدوار (ع۔ مذکر) ایک جڑ جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔ اور زہر دور کرتی ہے۔ زدوار کا معرب ہے۔ نربسی۔

جَدوَل (ع۔ مونث) ۱ ندی۔ نہر ۲ صفحے کے چاروں طرف کی لکیریں ۳ وہ خط جو صفحے کے اختتام پر سرخ یا سیاہ کھینچا جائے ۴ خانہ کتاب یا اخبار ۵ زیچ۔ زائچہ (جَدَلَ۔ پکا کرنا) جدول کش (صفت) صفحات کتاب پر تصویر کھینچنے والا۔ جدولی (صفت) لکیر دار۔ لکیریں کھینچی ہوئی۔

جَدوی (ع۔ مذکر) تحفہ۔ نذر۔

جَدُوف (ع۔ مذکر) اڑنا۔

جَدّھ۔ جَدھ (ھ۔ مذکر) لڑائی دیکھو جُجھ۔ جدھمان۔ دیکھو جُجھار۔

جَدھان (ہ۔ صفت) جب۔

جِدھر (ہ۔ صفت) جس طرف جس جگہ۔ جہاں۔ جدھر تدھر (صفت) یہاں وہاں جہاں تہاں۔ جدھر سینگ سمایا۔ جدھر موقع ملا۔ جہاں پناہ ملی۔

امثال واقوال۔ جدھر چلتا دیکھیں اُدھر تابیں۔ جہاں فائدہ دیکھیں وہاں جائیں۔ جدھر دیکھتا ہوں اُدھر تو ہی تو ہے ۱ خدا کی تعریف میں کہتے ہیں ۲ عاشق کو ہر وقت معشوق کا خیال رہتا ہے۔ سو اسکو ہر جگہ وہی نظر آتا ہے۔ جدھر رب اُدھر سب۔ جدھر مولا اُدھر دولہ جسپر اللہ مہربان اسپر سب مہربان۔ شاہ دولہ ایک فقیر ہیں جنکا مزار گجرات ضلع پنجاب میں ہے۔ جدھر مولا اُدھر آصف الدولہ۔ جسپر خدا کا فضل ہوتا ہے اسپر سب مہربان ہوتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ کوئی شخص نواب آصف الدولہ شاہ لکھنؤ کے پاس گیا اور ہزار روپے مانگے۔ اس نے دس دیئے اور کہا کہ تمہاری قسمت میں یہی ہے۔ اس نے نہ مانا۔ نواب نے اسے اگلے دن آنے کے لئے کہا۔ جب وہ آیا تو اس کے آگے دو تھیلیاں رکھدیں ایک میں روپے تھے ایک میں پیسے اور اس سے ایک اٹھانے کو کہا۔ اسنے بدقسمتی سے پیسوں کی اٹھائی۔ اسپر یہ مثل ہوگئی۔ جدھر نِوان ادھر پانی ڈھلتا ہے کمزور پر مصیبتوں پر مصیبتیں آتی ہیں۔

جَدی (ھ۔ حرف عطف) اگر۔ چاہے۔ جدیپ (حرف عطف) نیز اگر۔ اگرچہ۔ باوجودیکہ

جَدی (ع۔ مذکر) ۱لیلا۔ بکری کا بچہ ۲ ایک برج۔ مکر ۳ زمین کے گرد ایک فرضی دائرہ ۲۳½ درجے خط استوا کے جنوب میں۔

جِدّی (ع۔ صفت) ۱سنجیدہ۔ ۲ شائق۔

جُدّی (ع۔ صفت) خوش قسمت

جُدَے (ع۔ مذکر) قطبی ستارہ

جَدید (ع۔ صفت) ۱ نیا۔ تازہ حال کا۔ نو۔ نورس (جَدَّ۔ نیا کٹا ہوا) ۲ (مذکر) یمامہ میں ایک دریا۔

جَدیدان (ع۔ مذکر) دن اور رات۔

جُدَیری (ع۔ مونث) موتیا سیتلا۔

جَدیل (ع۔ مذکر) ۱گندھے ہوئے

بالوں یا چمڑے کی لگام ۲ پیٹی۔ کمربند۔

جَدِیلَت (ع۔ مونث) ۱ طریقہ۔ طرز۔ حالت ۲ ظرف۔ ملک۔ علاقہ ۳ قبیلہ۔ خاندان ۴ ایک قبیلے کی ماں کا نام۔

جَڈھن (ھ۔ مذکر) دیکھو جڑھن

جُذام (ع۔ مذکر) ۱ کوڑھ جس میں انگلیاں وغیرہ گر جاتی ہیں ۲ عُنُم۔ کاٹ ڈالنا (جذام خانہ (مذکر) کوڑھیوں کا مکان۔ جذامی (صفت) کوڑھی۔

جَذّ (ع۔ مذکر) ۱ توڑنا ۲ کاٹنا ۳ جلدی کرنا۔

جَذاب (ع۔ مذکر) ۱ ایک دوسرے سے چھینا ۲ جھگڑنا۔ لڑنا۔

جُذاذ (ع۔ مذکر) ٹکڑہ۔ ذرہ۔

جَذامیر (ع۔ مذکر) جذ مار یا جُذ سُور کا۔

جَذب (ع۔ مذکر) چوسنا۔ پینا۔ اٹھانا۔ سوکنا ۲ دیکھو جذبہ ۱ ۳ کشش۔ کھنچاؤ ۴ بھاؤ ترغیب۔ مود (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) جذب مقناطیسی (مذکر) مقناطیسی کشش۔ جذبہ (مذکر) ۱ دل کا جوش وہ حالت جو مجذوب فقیروں کی ہوتی ہے ۲ کشش۔ ولولہ ۳ غصہ۔ تیہا (جَذب۔ کھینچنا۔ کشش کرنا)

جَذر (ع۔ مذکر) مادہ۔ اصل ۲ بنیاد۔ بنا۔ مبدا۔ اصلیت ۳ (حساب) کوئی عدد اس رقم کا جذر کہلاتا ہے۔ جو اسکو اسی سے ضرب دینے سے حاصل ہو۔ جیسے ۲×۲=۴۔ تو ۲ جذر ہے ۴ کا ہے درجے کا اتار۔ جذرِ اَصَم (مذکر) وہ عدد جس کا جذر نہ نکل سکے۔ جذرُ الکعب۔ تیسرے درجے کا اتار۔ کوئی عدد اس رقم کا جذر الکعب کہلاتا ہے جو اسکو تین دفعہ آپس میں ضرب دینے سے حاصل ہو۔ جیسے ۲×۲×۲=۸ تو ۲۔ ۸ کا جذر الکعب ہے (جَذر۔ کاٹنا) جذرُ المال (مذکر) چوتھے درجے کا اتار۔ وہ عدد اس رقم کا جذر المال کہلاتا ہے جو اسکو آپس میں چار دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو جیسے ۲×۲×۲×۲=۱۶ تو ۲۔ ۱۶ کا جذر المال ہوا۔ جذر ناطق (مذکر) کسی رقم کا وہ جذر جو معلوم ہو سکے۔ جذر نکالنا (متعدی) دوسرے درجے کا اتار معلوم کرنا

جَذع (ع۔ مذکر) ۱ گھوڑے کو خوراک نہ دینا ۲ ایک اونٹ کو دو رسیوں سے باندھنا۔

جَذَع (ع۔ مذکر) ۱ مویشی کا بچہ ۲ وہ سال جس میں مویشی دودھ کے دانت گرائیں۔ ۳ نوجوان آدمی ۴ رنگروٹ۔

جِذع (ع۔ مذکر) ۱ تنہ ۲ بالاخانہ۔ برآمدہ۔

جَذف (ع۔ مذکر) ۱ اڑنا ۲ جلدی کرنا ۳ چلنا۔

جَذَل (ع۔ مذکر) ۱ خوش ہونا ۲ خوشی۔

جِذل (ع۔ مذکر) بڑے درخت کی جڑ۔

جَذم (ع۔ مذکر) کاٹنا۔

جَذَم (ع۔ مذکر) ۱ ہاتھ کٹے ہونا ۲ جذام ہونا۔

جِذم (ع۔ مذکر) جڑ۔ اصل۔

جِذمار۔ جُذمُور (ع۔ مذکر) ۱ کھجور کا تنا جو شاخیں کاٹ دینے کے بعد رہجائے ۲ اصل۔ جڑ ۳ اصول ۴ میزان کل۔

جُذُوب (ع۔ مذکر) ۱ کشش کرنا ۲ کشش۔

جَذوت (ع۔ مونث) جُذوہ انگارہ ۲ لکڑی کا کُندہ

جُذُور (ع۔ مذکر) جذر کی جمع۔

جُذوع (ع۔ مذکر) جذع کی جمع۔

جُذول (ع۔ مذکر) جِذل کی جمع

جُذوم (ع۔ مذکر) جذم کی جمع۔

جَر (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو جڑ ۲ بخار جرامول (مونث) دیکھو جڑمول۔ جرانس (مذکر) بخار کا زور۔ جرکل (مونث) جڑ اور سب کچھ۔ کل

جَرّ (ع۔ مذکر) کشش۔ کھنچاؤ ۲ کسی ملزم کو سزا کے لئے لے جانا ۳ کسرہ۔ زیر ۴ دامن بنیاد۔ بنا۔ نیو۔ نچلا حصہ (جَرّ۔ کھینچنا) جرِ ثقیل (علم) وہ علم جس کے ذریعے سے بھاری بوجھ بآسانی اٹھایا جاسکے ۲ مشکل کام۔

جَرا (س۔ مونث) ۱ بڑھاپا ۲ بڑھاپے کی کمزوری ۳ ایک قسم کھجور کے درخت کی ۴ (عص) ایک راکھشش جسنے راجہ جراسندھ کے پیدائشی دو ٹکڑوں کو جوڑ دیا تھا۔ جراتُر (صفت) ۱ بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ شیخ کمزور۔ ضعیف ۲ (مذکر) کمزور شخص۔ جراسندھ (عص) برہدرتھ راجہ مگدھ کا لڑکا۔ راجہ کی دو بیویاں تھیں دونوں نے آدھا آدھا بچہ جنا۔ دونوں ٹکڑے پھنکوا دیئے گئے۔ ایک راکھشش نے انکو کھانے کے لئے اٹھایا۔ جونہی وہ اکٹھے ہوئے جڑ گئے۔ اور بچے نے اس زور سے رونا شروع کیا۔ کہ راجہ اور رانیاں نکل آئیں۔ راکھشش نے سارا حال بتایا۔ یہ بڑا زبردست بادشاہ ہوا۔ اس نے بہت سے راجوں کو گرفتار کیا۔ جب کرشن جی نے راجہ کنس کو جو اس کا داماد تھا قتل کیا۔ تو اسنے ان پر چڑھائی کرکے ۱۷ دفعہ حملہ کرکے شکست کھائی۔ مگر کرشن جی کی فوجیں بھی اسقدر کمزور ہو گئیں کہ وہ دوارکا چلے گئے۔ جب وہاں سے واپس آئے تو انہوں نے مع ارجن وغیرہ مگدھ پر چڑھائی کی۔ جنگ میں جراسندھ بھیم کے ہاتھ سے قتل ہوا۔

جُرا (ھ۔ امر) جرانا کا۔ جرانا (متعدی) پانا۔ لینا۔ حاصل کرنا ۲ (لازم) سکون ہونا۔ تسکین پانا ۳ جوش ٹھنڈا ہونا۔ غصہ جاتا رہنا۔ جرالن (صفت) قابل حصول جو مل سکے۔ جُراؤ (مذکر) ۱ دلائی ۲ حصول۔ تحصیل۔

جُرّا (ف۔ مذکر) باز کا نر۔ ایک قسم کا شکرہ۔

جَراب (ع۔ مذکر) ۱ چمڑے کا تھیلا ۲ خصیوں کی تھیلی ۳ کوئیں کے کنارے اور پانی کا فاصلہ۔

جُراب (ع۔ مذکر) خالی جہاز۔

جُرّاب (ع۔ مونث) موزہ سوت یا ریشم کا (اصل جُراب)

جُرأت (ع۔ مونث) ۱ بہادری دلیری۔ شجاعت۔ مردانگی ۲ حوصلہ۔ شوخی۔ چالاکی جرات دکھانا (متعدی) دلیری یا بہادری کا کام کرنا۔ جرات کا دم بھرنا (متعدی) بہادری دکھانا۔ دلیری کرنا۔ جرات کرنا (متعدی) ہونا (لازم) حوصلہ ہونا دلیری ہونا۔ (جَرُأ۔ بہادر ہونا)

جَراٹھا (ھ۔ صفت) جھلسا ہوا بھلسا ہوا۔ نیم سوختہ۔ نیم بریاں۔

جَرّاح (ع۔ مذکر) وہ شخص جو زخموں کو دھو کر صاف کرے یا پھوڑوں کو چیرے۔ سرجن (جَرح۔ زخمی کرنا) جراحات (مونث) جراحت کی جمع۔ جراحت (مونث) زخم۔ گھاؤ۔ ریش۔ چیر۔ قرح۔ جراحی (مونث) جراح کا اردو مونث۔ جراحی

(مونث) جراح کا پیشہ۔ سرجری۔

جِراح (ع۔ مذکر) جراحت کی جمع۔

جَراد (ع۔ مذکر) ٹڈی (جَرد۔ پتے توڑلینا)

جَرّار (ع۔ صفت) بہت بھاری کثیر (لشکر) ۲ بہادر۔ دلیر۔ شجاع۔ دیکھو جری۔

جَرارت (ع۔ مونث) جرارہ (مذکر) بہت سی فوج ۲ ایک قسم کا نہایت زہریلا بچھو جو الوازمین میں پایا جاتا ہے ۳ بالوں کا گھونگر۔

جَراز (ع۔ مذکر) ایک پودہ۔

جُراز (ع۔ صفت) تیز (تلوار)

جُرّاف (ع۔ مذکر) بہت کھانے والا۔ پیٹو۔

جُراف (ع۔ مذکر) ایک بڑا ماپ خشک چیزوں کے لئے۔

جَرانا (ھ۔ متعدی) جلانا۔

جَرائِد (ع۔ مذکر) جمع جریدہ۔

جَرائِر (ع۔ مذکر) جمع جریرہ۔

جَرائِم (ع۔ مذکر) جریمہ کی جمع۔ اردو میں جرم کی جمع۔ قصور۔ گناہ۔ خطائیں۔ تقصیریں۔ جرائم پیشہ (صفت) وہ جو چوری کو اپنا پیشہ بنالیں۔ بہت چوریاں کرنے والا۔ جرائم خفیفہ (مذکر) چھوٹے چھوٹے جرم۔ جرائم سنگین (مذکر) وہ جرائم جن میں ضمانت نہ لی جائے۔

جَرایُج (س۔ صفت) ۱ رحم کا جنا ہوا ۲ (مذکر) انسان یا حیوان۔

جَرایو (س۔ مذکر) ۱ جھلی جس میں جنین لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ آون۔ نال۔ نفاس ۲ رحم۔ بچہ دان۔ دھرن۔

جَرَب (ع۔ مذکر) ۱ کھجلی ہونا ۲ کھجلی ۳ تلوار کا زنگ آلودہ ہونا۔

جَربا (ع۔ صفت مونث) اجرب کا ۱ خارشی ۲ بنجر ۳ (مونث) آسمان ۴ خوبصورت لڑکی۔

جَربُز (ع۔ صفت) ف گربز کا معرب مکار۔ دھوکے باز۔ دغا باز۔

جَربُزت (ع۔ مونث) مکاری یا دھوکے باز ہونا۔

جَرَت (س۔ صفت) ۱ پرانا۔ بوڑھا۔ قدیم ۲ کمزور۔ ضعیف۔ مرکبات میں جرد استعمال ہوتا ہے۔ جَرَتکا۔ جرتی (مونث) بوڑھی عورت۔ جرتکارُو (عص) ایک قدیم رشی جسنے ناگ راجہ واسکی کی لڑکی سے شادی کی تھی۔ رشی آستک اس کا لڑکا تھا۔ جردگو (مذکر) بوڑھا بیل ۲ ایک قسم کا گدھ

جَرّت (ع۔ مونث) ۱ کشش۔ ۲ گھڑا ۳ روئی جو کوملوں پر پکائی جائے ۴ دانہ۔ منکا۔

جِرّت (ع۔ مونث) ۱ کھینچنے کا ایک طریقہ ۲ جنگالی ۳ ہرنوں کے پکڑنے کا جال۔

جُرّت (ع۔ مونث) ۱ ایک کھیل۔ ۲ ہرنوں کے پکڑنے کا جال۔

جَرِتا (س۔ عص) ایک مادہ پرند۔ جسکا ذکر مہابھارت میں آتا ہے۔ رشی مندپال بے اولاد مرگیا۔ اس لئے اسے سرگ میں جگہ نہ ملی۔ اسنے پھر دنیا میں آکر پرند کا جنم لیا۔ اور جرتا سے چار بیٹے پیدا کئے مگر وہ اسے چھوڑ کر چل دیئے۔ جب کھانڈوا کے جنگل کو آگ لگی تو اس نے بڑی کوشش سے انکی جان بچائی۔ ان کے نام جرتاری۔ سارس رکتا۔ ستمبامترا اور ردونتھے۔ دوسرے اور تیسرے پررگ وید کے چند منتر اترے ہیں۔

جَرَتِل (س۔ مذکر) جنگلی تل۔

جُرتھ (ھ۔ مذکر) ۱ دبلاپن ۲ گوشت جو عمر کی وجہ سے نرم ہوجائے۔ لٹکا ہوا گوشت

جُرٹھ۔ جرٹھا (صفت) ۱ پرانا قدیم ۲ سڑا ہوا۔ گلا ہوا ۳ کمزور۔ ضعیف ۴ جھکا ہوا خم۔ خمیدہ ۵ سڑ اُلے ہوئے۔ سر جھکائے ہوئے ۶ سخت کھوس ۷ سنگدل۔ بے رحم۔ جفاکار۔ ستمگار۔ ظالم ۸ (مذکر) بڑھاپا۔

جَرثُوم (ع۔ صفت) ۱ اچھی طرح گرا ہوا ۲ اچھے خاندان کا۔

جُرثُومَت (ع۔ مونث) اصل جڑ۔

جَرج (ع۔ مذکر) ۱ انگوٹھی کا ڈھیلا ہونا ۲ سخت پتھریلی زمین۔

جَرَج (س۔ فر) دیکھو جرج۔

جُرجُبت (ع۔ مونث) جامدانی کپڑوں کا تھیلا۔

جرجَر (ھ۔ صفت) ۱ دیکھو جرٹھ ۱ تا ۳ ۲ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ ٹکڑے۔ ٹکڑے۔ پھٹا پرانا ۳ (مذکر) راجہ اندر کا جھنڈا ۴ ایک آبی پودہ۔ جرجریکا (صفت) ۱ پرانا۔ قدیم ۲ سوراخ دار۔ چھدا ہوا ۳ پھٹا پرانا۔

جِرجِیر (ع۔ مذکر) ۱ پھلی ۲ ایک پودہ۔

جِرجِیر (ع۔ مذکر) ایک پودہ جو بطور مسالہ استعمال ہوتا ہے۔

جَرح (ع۔ مذکر) ۱ چیر۔ زخم۔ گھاؤ ریش ۲ (قانون) وہ سوالات جو گواہ پر دوسرا فریق صداقت جانچنے کے لئے کرے۔ ردوقدح کرنا۔ ہونا کے ساتھ) جرح کے سوالات (مذکر) دیکھو جرح ۲

جَرد (ع۔ مذکر) ۱ چمڑہ ادھیڑنا ۲ چمڑے سے بال اتارنا ۳ روئی دھنکنا ۴ ننگا بنانا ۵ مانگنا اور نہ ملنا یا بلا مرضی ملنا ۶ ڈھال ۷ باقی۔ بقایا ۸ آلۂ تناسل ۹ فرج۔

جَرَد (ع۔ مذکر) ۱ گنجا ہونا ۲ گنجاپن ۳ میدان جس میں کوئی نباتات نہ ہو ۴ چوپایوں کی ایک بیماری۔

جَروان (ع۔ مذکر) ۱ رکابی جس میں خیرات لی جائے ۲ قفل کا کنڈا۔

جَردَہ (ہ۔ مذکر) اشرفی۔ زردہ کا مخفف (شہدوں کی اصطلاح)

جُرذ (ع۔ مذکر) گھوڑے یا اونٹ کے پچھلے پاؤں کے جوڑ کا پھوڑا۔

جُرذ (ع۔ مذکر) جنگلی چوہا۔

جِرذان (ع۔ مذکر) جمع جُرذ کی۔

جُرز (ع۔ مذکر) ۱ کاٹنا۔

جَرَز (ع۔ مذکر) ۱ قحط کا سال ۲ انسان کے بدن اور چھاتی کی چوڑائی ۳ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔

جِرز (ع۔ مذکر) عورتوں کا ایک لباس جو بکری کی اون اور اونٹ کے بالوں کا بنا ہوتا ہے۔

جُرز (ع۔ مذکر) گرز کا معرب۔۔

جُرُز (ع۔ مذکر) بنجر زمین۔

جَرس (ع۔ مذکر) آہستہ آواز

نکالنا۔ گنگنانا ۲ بولنا۔ گانا ۳ رات کا ایک حصّہ ۴ آہستہ آواز ۵ ٹکر ۶ گونج۔

جَرَس (ع - مذکر) ۱ گھنٹہ۔ گھڑیال ۲ گھنٹا جو قافلے کے ساتھ بجتا ہے۔ (جَرَس۔ آواز پیدا کرنا)

جَرَس (س ۔عص) "بڑھاپا" شکاری جس کے ہاتھ سے کرشن جی قتل ہوئے۔

جِرس (ع ۔ مذکر) ۱ اصل جڑ ۲ دیکھو جُرس ۲ تا ۶۔

جِرسام (ع ۔ مذکر) پھیپھڑوں میں پانی پڑ جانا۔ ذات الصدر۔ سینے کا درد۔

جَرَش (ع ۔ مذکر) ۱ موٹا کوٹنا ۲ بالوں کو کنگھی کرنا۔

جَرَع (ع ۔ مذکر) سرکنا چسکنا۔

جَرَعت (ع ۔ مونث) ریت کا ٹیلا جہاں نباتات اگے یا نہ اگے۔

جُرعہ (ع ۔ مذکر) گھونٹ۔ ایک دفعہ کا پینا۔ جرعہ کش۔ **جرعہ نوش** (صفت) پینے والا۔ **جرعہ نوشی** (مونث) پینا (کرنا ہونا کے ساتھ)

جَرف (ع ۔ مذکر) ۱ کھودنا ۲ ہل چلانا۔

جَرَف (ع ۔ مذکر) اونٹ کی ران پر نشان۔

جُرف۔ جُرُوف (ع ۔ مذکر) ۱ ندی کا کنارہ جو پانی نے گرا دیا ہو ۲ کوئی جگہ جہاں پانی جمع ہو۔ تالاب۔ جوہڑ۔

جَرگا (ھ ۔ مذکر) ایک [illegible] گھاس۔

جَرگہ (ف ۔ مذکر) حلقہ باندھنا آدمیوں کا حلقہ باندھ کر بیٹھنا۔ قطار میں بیٹھنا ۲ حلقہ۔ چکر ۳ گروہ۔ جماعت۔ فرقہ ۴ پنچایت ۵ جانوروں کا گلہ۔ گول ۶ سرحدی علاقے میں وہ جماعت جو مقدمات سنگین کا فیصلہ کرتی ہے۔ **جرگہ آنا** (لازم) پٹھانوں کی جماعت کا کسی کام کے لئے کسی افسر کے پاس آنا۔ **جرگہ بٹھانا یا بلانا** (متعدی) جرگہ کو کسی مقدمے کے فیصلے کے لئے مقرر کرنا۔ **جرگہ بیٹھنا** (لازم) کسی مقدمے کے فیصلے کے لئے جرگہ اکٹھا ہونا۔ **جرگہ میں بھیجنا یا دینا** (متعدی) کسی مقدمے کو سماعت کے لئے جرگے کے پاس پیش کرنا۔ **جرگے جمع ہونا** (لازم) پٹھانوں کی مختلف جماعتوں کا کسی اہم امور کے فیصلے کے لئے اکٹھا ہونا۔

جَرَل (ع ۔ مذکر) پتھریلی زمین۔

جَرَم (ع ۔ مذکر) کاٹنا ۲ لینا ۳ لے جانا ۴ پانا۔ حاصل کرنا ۵ قابل ہونا ۶ جُرم کرنا۔ گناہ کرنا ۷ جرمانہ ۸ ف گرم کا معرب۔

جَرَم (انگ ۔ مذکر) ۱ اصل۔ آغاز ۲ جانور یا نباتات کی ابتدائی صورت ۔ کلا۔ انکھوا ۳ کسی بیماری کے بہت باریک کیڑے۔

جِرم (ع ۔ مذکر) ۱ جسم ۔ بدن دھڑ۔ تن ۲ فلکیات معدنیات کے ساتھ اس لفظ کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جرم قمر۔ جرم کوہ ۳ جواہرات کا عیب یا نقص۔

جُرم (ع ۔ مذکر) قصور۔ خطا۔ گناہ ۔ تقصیر ۲ (قانون) وہ قصور جس کی سزا تعزیرات ہند یا دیگر قوانین کے ماتحت دی جائے (جَرَم ۔ قصور کرنا) **جرمانہ** (مذکر) وہ روپیہ جو کسی جرم کی سزا میں لیا جائے ۔ تاوان (ادا کرنا ۔ بھرنا ۔ دینا ۔ کرنا ۔ لینا ۔ وصول کرنا کے ساتھ) **جرمانہ معاف کرنا** (متعدی) جرمانہ نہ لینا۔ **جرم خفیف** (مذکر) معمولی یا ہلکا سا جرم جس کی سزا عموماً جرمانہ ہوتی ہے۔ **جرم خلاف وضع فطری** (قانون) لونڈے بازی ۔ اغلام ۔ یہ زیر دفعہ ۳۷۷ تعزیرات ہند جرم ہے۔ **جرم سنگین** (مذکر) عام طور پر اس جرم کو کہتے ہیں جس میں سزائے موت یا حبس دوام یا تین سال سے زیادہ سزائے قید ہو۔ **جرم سے اقبالی ہونا** (لازم) قصور ماننا ۔ جرم کرنے کا اقبال کرنا۔ **جرم سے انکاری یا منکر ہونا** (لازم) قصور نہ ماننا۔ جرم کرنے سے انکار کرنا۔ **جرم شدید یا عظیم** (مذکر) دیکھو جرم سنگین۔ **جرم قابل پھانسی** (مذکر) وہ جرم جس کی سزا پھانسی ہے۔ **جرم قبلوانا** (متعدی) زور یا تشدد سے جرم کا کرنا تسلیم کرانا۔ **جرم قبولنا** (لازم) جرم کا اقبال کرنا (متعدی) قصور ماننا۔ **جرم کا اقدام** (مذکر) جرم کرنے میں سعی کرنا۔ **جرم کا مرتکب ہونا** (لازم) کرنا (متعدی) قصور کرنا ۔ کوئی قابل سزا کام کرنا۔ **جرم کبیرہ** (مذکر) جرم سنگین ۔ **جرم واجب القتل** (مذکر) ایسا جرم جس میں مجرم کا قتل ہونا ضروری ہو۔ یہ تعزیرات ہند میں زیر دفعہ ۳۰۳ آتا ہے ۔ دائم الحبس قیدی اگر قتل کرے تو اسے پھانسی کے سوا اور کوئی سزا نہیں دی جا سکتی۔

جِرمبھا (س ۔ مونث) جمھائی۔ جماہی ۔ **جرمبھک** (مذکر) ۱ جماہی لینے والا شخص ۲ ایک قسم کا بھوت یا پریت ۳ (مسلح بھوتوں کے زیر اثر) ایک قسم کا جادو ۴ ایک قسم کا جادو جو خمار لاتا ہے۔ **جرمبھکا** (مونث) جماہی ۔ **جرمبھ** (مذکر) ۱ جماہی ۲ کھل جانا ۳ پھول کا کھلنا ۴ پھیلنا ۵ ایک جانور۔

جُرمُوز (ع ۔ مذکر) ۱ پانی کا چھوٹا خزانہ ۲ چھوٹا مکان ۳ کواں ۴ اعضا۔

جُرمُوق (ع ۔ مذکر) ایک قسم کا جراب۔

جَرَن (ھ ۔ مونث) جلن۔ **جرنا** (لازم) ۱ جلنا ۲ بخار ہونا ۔ بخار سے جلنا۔

مثل ۔ جرے جائیں سوجھے شکر ۔ تکلیف میں بھی اچھے کھانے کا خیال رہتا ہے۔

جَرَن (س ۔ صفت) ۱ پرانا ۔ قدیم بوڑھا ۲ کمزور ۔ ضعیف ۳ (مذکر) بڑھاپا ۔ بوڑھا ہونا ۴ زیرہ ۵ ایک پودہ۔

جَرَن (س ۔ صفت) ۱ پرانا سڑا ہوا ۲ کم ہونے والا۔

جُرن (ع ۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کھجوریں خشک کی جائیں ۲ پتھر جسے کھود کر مذہبی رسومات کے لئے اس میں پانی رکھتے ہیں۔

جُرنا (ھ ۔ لازم) ملنا ۔ حاصل ہونا۔

جَرو (ع ۔ مذکر) ۱ کسی پرندے کا بچہ ۲ کسی جاندار کا بچہ۔

جُروا (ھ ۔ مونث) جورو کی تصغیر

جَروانا (ھ ۔ متعدی) جلوانا۔

جُروانا (ھ ۔ متعدی) جرنا کا سوکھو جرانا۔

جَرُوس (ع ۔ مذکر) ہرات اور غزنی کے درمیان ایک ملک۔

جَرُول (ھ ۔ مذکر) ایک درخت ۔ جارل۔

جُرول (ع ۔ مذکر) پتھریلی زمین۔

جُرُوم (ع ۔ مذکر) ۱ جرم کی جمع ۔ بدن ۲ جُرم کی جمع ۔ گناہ۔

جُرُون (ع ۔ مذکر) ۱ عادی ہونا ۲ استری ہونا کپڑے کا ۳ صیقل ہونا زرہ کا ۴ اناج پیسنا۔

جَرَّہ (ف ۔ مذکر) مٹی کا پانی کا برتن گھڑا ۔ صراحی ۔

جِرَّہ (ف ۔ مذکر) جگالی ۔

جُرَّہ (ف ۔ مذکر) ۱ باز کا نر ۲ شیراز کے قریب ایک گاؤں ۔

جَرِی (ع ۔ صفت) بہادر ۔ دلیر شجاع ۔ دلاور ۔ جوانمرد ۔ مرد ۔ مردانہ ۔ سورما ۔ ببر ۔ سوبیر ۔ مہابیر ۔ شیردل ۔ شیرمرد (جُرأ ۔ بہادر ہونا)

جُری ۔ جَرّی (ھ ۔ مونث) وبائی بیماری ۔ پلیگ ۔ **جری مری** (مونث) دیکھو جری ۔

جَریا (ھ ۔ مونث) وہ سلاخ جسپر ڈھینکلی کی لکڑی پھرتی ہے ۔

جِریا (ھ ۔ مونث) ایک قسم کا بنارسی چاول ۔

جِریان (ع ۔ مذکر) ۱ کسی مائع چیز کا بہنا ۔ بہاؤ ۔ روانی ۔ ادرار ۲ ایک بیماری جس میں منی خود بخود ذکر سے نکلتی رہتی ہے ۔ **جریان آب** (مذکر) عورتوں کی ایک بیماری ۔ **جریان شکم** (مذکر) اسہال پیچش ۔ دست ۔ **جریان مضی** (مذکر) جریان آب ۔ **جریان منی** (مذکر) دیکھو جریان ۲ ۔

جَرِیب (ع ۔ مونث) جرید یعنی کھجور کی ٹہنی کا بگڑا ہوا ۱ تیر جس کی نوک پر لوہا لگا ہو ۲ آنکس ۳ عصا برداروں کا عصا جسپر چاندی چڑھی ہوئی ہوتی ہے ۔ چوب دستی ۔ لاٹھی ۴ یونانی گزی کا معرب زمین ناپنے کی زنجیر جو بیس گٹھے یا ۶۰ گز کی ہوتی ہے ۵ زمین کا ایک بیگھ کے برابر ایک ناپ ۶ گیہوں تولنے کا ایک پیمانہ جو ۲ سیر یا ۴۸ مد کے برابر ہوتا ہے ۷ ریشم کی ڈوری جس سے بادشاہوں کے جلوس کے ساتھ ساتھ فاصلہ ماپا کرتے تھے ۔ **جریب پھینکنا** (متعدی) زمین کی پیمائش کرنا جریب سے ۔ **جریب چلانا** (متعدی) لاٹھی پھینکنا ۔ ایک کھیل تھا جسکی لاٹھی سب سے دور جاتی وہ جیتتا ۔ **جریب ڈالنا یا کرنا** (متعدی) دیکھو جریب پھینکنا ۔ **جریب کشی** (مونث) جریب کش کا پیشہ یا کام ۲ جریب کش کا عہدہ ۳ پیمائش زمین ۔ **جریبی** (مذکر) ۱ جریب کش ۲ (مونث) کوئی چیز پیمائش زمین کے متعلق ۳ پیمائش کا خرچ ۔

جَرِیح (ع ۔ صفت) زخمی ۔

جَرِید (ع ۔ مذکر) ۱ کھجور کی ٹہنی ۲ وہ درخت جس کی شاخیں پتے اور چھال اتار لی گئی ہو ۳ ایک قسم کا نیزہ جسکو پھینکتے ہیں ترکوں میں ایک کھیل جس میں یہ نیزہ پھینکا جاتا ہے ۔

جَرِیدہ (ع ۔ صفت) ۱ ننگا ۲ تنہا اکیلا ۔ مجرد ۔ بلا ہمراہی سفر میں ۳ (مذکر) لکڑی جس پر شمار کے نشان بنے ہوئے ہوتے ہیں ۴ حساب کا دفتر ۵ بہی حساب کی کتاب ۶ رجسٹر ۷ کتاب ۔ جلد ۸ اخبار خصوصاً جو گورنمنٹ کی طرف سے شائع ہو (جَرَدَ ۔ ننگا ہونا)

جُرَیر (ع ۔ مذکر) گھوڑے کا نقطہ ۔ اونٹ کا سرہند ۔

جَرِیرَت (ع ۔ مونث) قصور ۔ جرم ۔

جَرِیش (ع ۔ مذکر) سونا کٹا ہوا ۔

جُریلا (ھ ۔ مذکر) چاولوں کی ایک قسم ۔

جَرِیمانہ (ھ ۔ مذکر) جرمانہ ۔

جَرِیمَت (ع ۔ مونث) **جَرِیمہ** (مذکر) ۱ قصور ۔ جرم ۲ جرمانہ ۔ سزا ۔ بدنی سزا ۔

جُرَیَہ ۔ جَرِیّہ (ع ۔ مذکر) پرندے کا پوٹا ۔

جَڑ (ہ ۔ مونث) بیخ ۔ بن ۔ مول کند ۲ بنیاد ۔ بنا ۔ اصل ۔ **جڑ اکھیڑنا** (متعدی) نیست و نابود کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔ مٹانا ۔ اجاڑنا ۔ **جڑ بنیاد سے** (تف) بالکل ۔ جڑسے ۔ **جڑ پتال تک پہنچ گئی ہے** ۔ نہایت مضبوط ہوگیا ہے ۔ پائدار ہوگیا ۔ **جڑ پکڑنا** (متعدی) ۱ پودے کا جم جانا ۲ مضبوط ہونا پکا ہونا ۔ **جڑ پیڑ** (مذکر) ۱ تمام چیز ۲ بیخ بن ۔ **جڑ پیڑ سے اکھاڑ دینا** ۔ **اکھاڑنا یا کھود کر پھینک دینا** (متعدی) برباد کردینا ۔ نیست و نابود کردینا ۔ اجاڑنا ۔ **جڑ جمانا** (متعدی) قائم کرنا ۔ بنیاد ڈالنا ۔ نیو رکھنا ۔ **جڑ جمنا** (لازم) دیکھو آخری ۔ **جڑ سے اکھاڑنا یا اکھیڑنا** (متعدی) ۱ درخت کو مع جڑ زمین سے نکالدینا ۲ برباد کرنا نیست نابود کرنا ۔ **جڑ سے اکھاڑ پھینکنا** (متعدی) دیکھو آخری ۲ ۔ **جڑ سے ناک کاٹنا** (متعدی) تمام ناک کاٹ ڈالنا ۔ **جڑ کاٹنا** (متعدی) برباد کرنا ۔ استیصال کرنا **جڑوں میں پانی دینا** (پ) نقصان پہنچانا ۔ برباد کرنا تباہ کرنا ۔ **جڑی** (مونث) جڑ جو دوا میں کام آئے ۲ ایک قسم کی جڑ جو سانپ کے کاٹے کا علاج ہے ۔ مرچ کھنڈ ۳ پیڑ کی جڑ ۔ گڑ بیل ۔ **جڑی بوٹی** (مونث) دوادارو بوٹیاں ۔

امثال و اقوال ۔ جڑسے بیر پتوں سے (اخلاص) یاری ۔ بزرگوں سے دشمنی اولاد سے دوستی ۔ **جڑ کاٹے جائیں ۔ پانی دیئے جائیں** ۔ نقصان پہنچاتے جائیں اور دکھلانے کو ہمدردی کریں ۔ **جڑ کو پکڑو شاخوں کو کیوں پکڑتے ہو** ۱ اصل معاملے کو دیکھو فضول باتوں میں کیوں پڑتے ہو ۲ افسروں سے ملو ماتحتوں سے ملنے کی ضرورت نہیں ۳ خدا کی پرستش کرو بتوں کو چھوڑ دو ۔

جَڑ (س ۔ صفت) سرد ۔ بارد ۔ ٹھنڈا ۔ خنک ۲ بے حرکت ۔ ساکن ۳ مردہ دل ۔ سرد مہر ۔ بے حس ۔ جسپر کسی بات کا اثر نہ ہو ۴ بیوقوف احمق نامعقول ۔ لغو ۔ مورکھ ۔ نادان ۵ مادی ۔ مجسم ۶ گونگا ۷ مردہ دل شخص وغیرہ ۔ **جڑا** (مذکر) ۱ سردی ۲ موسم سرما ۔ جاڑا ۳ سستی ۔ دھیما پن ۔ مردہ دلی بیوقوفی ۔ حماقت پاگلپن ۔ **جڑانا** (لازم) جاڑا لگنا ۔ سردی لگنا (مخف) جڑاور ۔ **جڑاول** (مونث) سردی کے کپڑے ۔ موسم سرما کا لباس ۔ گرم کپڑے ۔ اونی کپڑے ۔

جَڑ (ہ ۔ امر) جڑنا کا ۔ **جڑا** (ماضی) ۱ جڑنا کی ۲ (صفت) مرصع کیا ہوا ۔ لگایا ہوا ۔ **جڑانا** (متعدی) مرصع کاری کرانا ۔ نگینہ وغیرہ لگوانا ۔ منبت کاری کرانا ۔ **جَڑاؤ** (صفت) جواہرات سے جڑا ہوا ۔ مرصع کار ۔ **جڑاؤ** (مذکر) جڑاوٹ (ھ) جڑنے کا کام ۔ مرصع کاری ۔ **جڑائی** (مونث) جڑاؤ ۲ جڑنے کی مزدوری **جَڑت** (ھ) ۱ جڑا ہوا ۔ مرصع ۲ سجا ہوا ۔ **جڑ جانا** (لازم) ملنا ۔ جڑنا ۔ **جڑ دینا** (متعدی) جڑنا ۔ **جَڑن** (ھ) جڑائی کا کام ۔ **جڑنا** (لازم) ملانا ۔ جوڑنا ۲ لگانا ۔ جمانا ۳ جواہرات لگانا ۴ پچی کرنا ۔ مرصع کاری کرنا ۔ سونا چاندی چڑھانا ۵ تھپڑ لگانا ۔ ضرب لگانا ۔ مارنا ۶ دعوے کرنا ۔ نالش کرنا ۷ کسی کی نسبت برا کہنا ۔ الزام لگانا ۔ تہمت لگانا ۸ چغلی کھانا ۔ شکایت کرنا ۔ **جڑوانا** (مم) جڑنا کا ۔ **جڑیا** (مذکر) ۱ زیور میں جواہرات کا جڑنیوالا ۲ جوہری ۳ (ھ) اغلام کرانے والا ۔ گانڈو ۴ (ھ) مددگار امدادی ۵ مارنے والا ۔

جُڑ (ہ ۔ امر) جڑنا کا ۔ **جُڑا** (ماضی) ۱ جڑنا کی ۲ (صفت) ملا ہوا ۔ لگا ہوا ۔ چپاں ۔ **جُڑات** (مونث) ملنا ۔ اتصال ۔ ملاوٹ ۔ **جڑا ہوا** (صفت) دیکھو آخری ۔ **جڑانا** (متعدی) ملوانا ۔ لگوانا ۔ چسپاں

کرانا ۴ جوڑا کرنا۔ دو کو ملوانا ۵ مرمت کروانا ۶ (ھ) دل بڑھانا۔ ہمت بندھانا۔ جی خوش کرنا۔ جڑائی (مونث) ۱ جوڑنے کا کام ۲ جوڑنے کی مزدوری۔ جُڑنا (لازم) ملنا۔ لگنا۔ چپکنا۔ چسپاں ہونا ۲ پیوند ہونا ۳ جفت ہونا ۴ شامل ہونا۔ شریک ہونا ۵ میسر ہونا۔ ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا ۶ گاڑی میں گھوڑے وغیرہ کا لگنا۔ جُتنا۔ جُڑواں (مذکر) ۱ توام بچے۔ دو بچے جو اکٹھے پیدا ہوں ۲ دو چیزیں جو آپس میں ملی ہوئی ہوں ۳ جوڑا۔ جڑوانا (مم) جڑنا کا جُڑھا (ھ۔ مذکر) جڑواں۔ جڑوائی (مونث) ۱ دیکھو جڑائی ۲ جڑنے کی حالت۔ چپک۔ لگاؤ۔

امثال و اقوال۔ جڑتی نہیں ہے دھور کی ٹوٹی۔ دھری رہے سب دارو بوٹی۔ جس کو خدا تباہ کرے اس کا کوئی مددگار نہیں جوڑ جوڑ مر جائیں گے۔ مال جنوائی کھائیں گے جنوائی بھی نہ ہوگا تو خالصے لگ جائیں گے کنجوس مال جمع کرتا ہے۔ مرنے کے بعد مال داماد کھائینگے اور جو وہ بھی نہ ہوئے تو سرکار ضبط کرلے گی۔

جَڑا (ھ۔ مونث) ایک پودہ۔ کونج۔ گونچا۔

جُھڑانا (ھ۔ متعدی) جُوڑا سے بال نوچنا۔

جَڑل (ھ۔ مذکر) مہاسہ۔ مسہ۔ خال۔

جَڑنا (ھ۔ متعدی) ۱ جھاڑنا۔ جھٹکانا ۲ (ہ) دیکھو جڑ کے تحت میں۔

جَڑوٹ (ھ۔ مونث) درخت کا تنا۔

جَڑوی (ھ۔ مونث) دھان کے پتے جب زمین سے پھوٹیں

جَڑہن (ھ۔ مذکر) دھان جو برسات کے ... یا سردیوں کے شروع میں کاٹے جائیں۔

جَڑیٹا (ھ۔ مذکر) ۱ ... دار جھاڑیا جھڑبیری۔

جَڑبیٹھا (ہ۔ مذکر) وہ مولی یا شلغم جس میں جڑیں نکل کر سختی آگئی ہو۔

جَڑیلا (ھ۔ صفت) ۱ جڑ دار ۲ دیکھو جڑیٹھا۔

جَزَ (ف۔ مذکر) ۱ جزیرہ ۲ دجلہ اور فرات کے ... ن کا ملک۔

جُز (ف۔ حرف ربط) بغیر۔ سوا بدون۔ غیر

جُزو (ع۔ مذکر) حصہ۔ ٹکڑا۔ پارا انس ۲ ذرہ۔ ریزہ۔ کن ۳ ۸ ورق کا کتاب کا حصہ ۴ چھاپہ خانے والوں کا ایک ورق ۵ ایک وزن ۶ کاغذ کا ایک دستہ (جزء۔ تقسیم کرنا حصوں میں) جزبندی (مونث) کتاب کے جزوں کو جلدبندی کے لئے سینا۔ تہ بندی۔ جلدبندی (کرنا ہونا کے ساتھ) جزدان (مذکر) بستہ۔ وہ کپڑا جس میں کتابیں باندھتے ہیں۔ جزرس (صفت) ۱ سمجھدار۔ ذکی۔ فہیم ۲ کنجوس بخیل۔ کفایت شعار۔ جزرسی (مونث) ۱ سمجھ فہم عقل۔ ذکاوت ۲ کنجوسی بخل۔ کفایت شعاری۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) جزکشی (مونث) مطالعہ سے حصول علم۔ جزگیر (مذکر) ۱ ایک آلہ جس سے پڑھنے یا لکھنے کے وقت کتاب کھلی رکھتے ہیں ۲ کاغذات رکھنے کا کپڑے کا بنا ہوا تھیلا۔ جزدان۔ بستہ۔ جُزو (مذکر) دیکھو جز۔ جزوِ بدن ہونا (لازم) کھانے کا ہضم ہوکر خون میں شامل ہونا۔ جزو بندی۔ جزودان۔ جزورس یا رسی دیکھو جزبندی وغیرہ۔ جزوِ عظیم (مذکر) بڑا حصہ۔ جزو کل (صفت) ۱ تمام۔ سب ۲ (مذکر) کل چیز ۳ تفصیل۔ ہر ایک بات ۴ (تف) بالکل۔ سراسر۔ جزوِ لایتجزیٰ (مذکر) دیکھو جزء لایتجزیٰ۔ جزوی (صفت) ۱ منسوب بہ جز کچھ۔ چند ۲ خاص مخصوص ۳ بہت تھوڑی سی۔ خال خال۔ ہزار میں ایک ۴ (مونث) تھوڑی سی چیز۔ ایک خاص بات۔ جزویات (مذکر) ۱ جزوی کی جمع ۲ فروعات افراد۔ جزءَ (مذکر) دیکھو جز۔ جزء الکعب (مذکر) دیکھو جذرالکعب۔ جزءِ لایتجزیٰ (مذکر) مادے کا سب سے چھوٹا حصہ جو آگے تقسیم نہ ہوسکے۔ ۲ ہر فرد۔ جوہر۔ ایٹم جزئی (صفت د مونث) دیکھو جزوی۔ جزئی و کلی (مونث) تمام چیز۔ کلیت۔ تمامی۔ پورنتا۔ جزئیات (مونث) جزئی کی جمع۔

جُزءَ (ع۔ مذکر) حصوں میں تقسیم کرنا۔ بانٹنا۔

جَزا (ع۔ مونث) ۱ صلہ۔ بدلہ ۲ نیکی کا عوض جو اگلے جہان میں ملے گا۔ ثواب ۳ انعام۔ اجر عوض ۴ (صرف و نحو) فقرے میں وہ حصہ جو شرط کے بعد آئے (جَزیٰ۔ عوض دینا) جزاک اللہ ۱ خدا تجھے نیک سزا دے ۲ (ندا) شاباش۔ مرحبا ۳ طنزاً۔ شاباش جزاک اللہ خیراً (دعا) خدا تجھے نیک صلہ دے۔ جزائے اعمال (مذکر) نیک کاموں کا بدلہ۔

جزأت (ع۔ مونث) ۱ چاقو کا دستہ ۲ لکڑیاں جو انگور کی بیل کے سہارے کیلئے لگائی جائیں۔

جَزاز (ع۔ مذکر) ۱ نفس ۲ کھجوریں کاٹنا۔

جِزاز (ع۔ مذکر) ۱ بھیڑ کی اون کاٹنا ۲ دیکھو جَزاز۔

جُزاز جزازت (ع۔ مونث) کوئی چیز جو چھڑے۔ کاغذ وغیرہ کے کاٹنے گرے۔ کترن۔

جَزّاف (ت۔ مذکر) گزاف کا معرب۔

جَزائر (ع۔ مذکر) جزیرہ کی جمع۔

جَزائری (ف۔ مذکر) شاہانِ ایران کے محافظ سپاہی یا باڈی گارڈ۔

جَزائل (ع۔ مونث) جزیل بمعنی بڑا کی جمع مگر واحد استعمال ہوتا ہے ۱ ایک قسم کی بڑی بندوق جس کے نیچے سہارا لگا ہوتا ہے۔ جزائل انداز۔ جزائلچی (مذکر) بندوقچی۔ بندوق چلانے والا۔

جِزب (ع۔ مذکر) حصہ۔

جُزب (ع۔ مذکر) نوکر۔

جِزبِز (ف۔ صفت) ناراض۔ غصے۔ افسردہ۔ آزردہ۔ جزبز کرنا (متعدی) ناراض کرنا۔ آزردہ کرنا۔ جزبز ہونا (لازم) کسی بات کے سمجھ میں نہ آنے سے نہایت پریشانی اور دقت اٹھانا۔ نہایت پریشان ہونا ۲ جی ہی جی میں جلنا یا کڑھنا ۳ بدلا یا عوض لینے میں عاجز رہنا۔

جُزح (ع۔ مذکر) ۱ اپنا کام کاج کرنا ۲ بغیر مشورے فیاضی سے دینا ۳ ہرن کا جھاڑیوں میں گھس جانا ۴ درخت کو لاٹھی سے جھاڑنا ۵ اپنی ملکیت کا حصہ حبہ کرنا ۶ تحفہ۔ عطیہ۔

جَزِح (ع۔ صفت) ہشیار۔ تیز نظر لڑکا۔

جزر (ع۔ مذکر) سمندر کے پانی کا اتار۔ (جَزَر۔ اترنا) ۱ کاٹنا کھجور کے گچھوں کا ۲ ذبح کرنا اونٹ کو۔ اونٹ کی کھال اتارنا ۳ پانی کا اترنا۔ جزر و مد (مذکر) اتار چڑھاؤ۔ جوار بھاٹا۔ مدوجذر۔

جَزع (ع۔ مونث) بے صبری ناشکیبائی۔ اظہار رنج و غم۔ جزع فزع (مونث)

گریہ زاری (کرنا ہونا کے ساتھ)

جَزَع (ع۔ مذکر) ۱ ملک۔ وادی یا دریا میں سے گزرنا ۲ بے صبری کرنا ۳ ایک قسم کا گھونگا۔

جِزع (ع۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں کے وادی مڑے ۲ وادی کا وسط ۳ ایک قسم کا گھونگا۔

جُزع (ع۔ مذکر) چرخی کا دھرا۔

جَزف (ع۔ مذکر) کسی کام کو مزے مزے کرنا۔

جَزل (ع۔ مذکر) ۱ کاٹنا۔ کترنا۔ ۲ خشک ایندھن ۳ بڑا۔ زیادہ ۴ فیاض سخی ۵ پکا۔ مضبوط ۶ ہشیار عقلمند ۷ فصیح۔ لسان ۸ قمری کی کوکو۔

جَزَل (ع۔ مذکر) اونٹ کی کوہان کا زخم جو زین سے ہو جائے۔

جَزم (ع۔ صفت) ۱ مصمم۔ پکا مضبوط ۲ (مذکر) فیصلہ کرنا۔ ارادہ کرنا ۳ فیصلہ۔ ارادہ عہد ۴ کاٹ چھانٹ۔ چیر پھاڑ ۵ حرف کا ساکن کرنا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) ۶ ملامت دینا۔ لکھنا۔ لگانا کے ساتھ)

جِزم (ع۔ مذکر) حصہ۔ ٹکڑا۔

جُزور (ع۔ مذکر) اونٹ کو ذبح کرنا۔

جَزور۔ جَزوز (ع۔ مذکر) سیہ۔

جَزُوع (ع۔ صفت) ۱ بے صبر ۲ رونے والا ۳ جھگڑنے والا۔

جَزِیرہ (ع۔ مذکر) خشکی کا قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔ ٹاپو۔ جزیرہ نما (مذکر) وہ خشکی کا قطعہ جس کے تین طرف پانی ہو اور چوتھی طرف خشکی سے ملی ہوئی ہو۔

جِزیَہ (ع۔ مذکر) وہ محصول جو مسلمان غیر مذہب کے لوگوں پر لگاتے تھے۔ اس کے عوض میں اُن کی جان و مال کی حفاظت اُنکے ذمہ ہوتی تھی اور انہیں فوجی خدمت معاف ہوتی تھی۔

جَس (ہ۔ صفت) جیسا۔ جس ہو تس ہو (صفت) جیسا تیسا۔

امثال واقوال۔ جس دولہا تس بنی برات۔ جیسا دولہا ویسی برات۔ دیکھو جیسی روح ویسے فرشتے۔ جس کیلے کے پات میں پات بات میں پات۔ تس گیانی کی بات میں بات بات میں بات جسطرح کیلے کے پتے کے اندر پتہ ہوتا ہے۔ اسی طرح عقلمند آدمی کی بات سے بات نکلتی ہے۔ جس کیا تس پایا۔ جیسا تونے کام کیا ویسا تجھے بدل ملا۔ جس مکند تس پاؤں گھوڑی بدھا آن ملا ول جوڑی۔ دیکھو اللہ ملائی جوڑی الخ۔

جَس (ہ۔ مذکر) ۱ شہرت۔ ناموری نام ۲ آبرو۔ ساکھ۔ حرمت ۳ گن۔ وصف۔ خوبی ۴ نیکی۔ ذاتی جوہر ۵ اثر۔ تاثیر۔ شفا ۶ سچائی۔ صداقت دیانتداری ۷ برکت۔ قسمت ۸ اثر۔ شفا۔ تاثیر۔ جس اپجس (مذکر) اچھا یا برا۔ نیک و بد شہرت یا بدنامی۔ جس پت یا پتی (مونث) ۱ مشہور۔ معروف۔ نامور ۲ نہایت اچھا۔ اعلٰے ۳ (مذکر) نامور شخص۔ جس کرنا (متعدی) نام پیدا کرنا۔ شہرت حاصل کرنا۔ جس لینا (متعدی) نیک کام کرکے نیک نامی یا شہرت حاصل کرنا۔ جس ہونا (لازم) ۱ اثر ہونا۔ تاثیر ہونا ۲ برکت ہونا۔

اقوال۔ جس اپجس بدھ ہاتھ ہے۔ نیکی بدی خدا کے ہاتھ میں ہے۔ جس لینا ہو تو ہمدردی کرو۔ نیک نامی حاصل کرنا چاہتے ہو تو لوگوں کی تکلیفوں میں امداد کرو۔

جِس (ہ۔ ضمیر) جو وہ۔ جونسا اُس۔ جس پاس (تف) جس کے قبضے میں۔ جس کے قابو میں۔ جسپر (تف) تو بھی۔ بعد ازاں۔ یہ سنکر جسپر بھی (تف) باوجودیکہ۔ تو بھی۔ ساتھ اس کے جس تس (صفت) ۱ ہر قسم کا ۲ ہر طرح کا ۳ اعلٰے ادنٰے ہر کوئی۔ برا بھلا۔ ہر ایک۔ یگانہ۔ بیگانہ۔ جس جس (تف) ہر چیز۔ ہر شخص۔ ہر ایک۔ جس (جس) جگہ (تف) جہاں کہیں۔ جہاں۔ جس جس خدا نے جس اللہ نے جس رب نے۔ جسدم (تف) جب جبکہ۔ جس سے (تف) جسکی وجہ سے۔ جس آدمی سے۔ جہاں سے جس کے ذریعے۔ جس طرح (تف) جس حالت میں۔ جیسے جس طریقے سے۔ جس طرح سے ہوسکے۔ جس طرح ہو سکے) (تف) ہر طریقے سے۔ ہر طرح۔ جس طرف (تف) جدھر۔ ہر طرف۔ جس قدر (تف) جتنا جس کا کی یا کے۔ ملکیت ظاہر کرتے ہیں۔ جس کا اورہے نہ چھور۔ جو بہت بڑا ہے۔ سمن۔ کے متعلق کہتے ہیں۔ جس کرکے (۔ ست) جس کی وجہ سے۔ جس واسطے جس کسی کا (صفت) جس کی ملکیت۔ جس کسی کو۔ جس کو (تف) جس شخص کو۔ جس چیز کو۔ جس گھڑی (تف) جسدم۔ جس مقام یا موقع پر (تف) جس جگہ جس وقت (تف) جسدم۔ جیسے (تف) جسکو۔

امثال واقوال۔ جس برتن میں کھائے اسی میں چھید کرے۔ جس سے فائدہ اٹھائے اسی کو نقصان پہنچائے سخت نمکحرام اور محسن کش ہے۔ جس تن سوا نہ سامرا واں کاگا کھائیں کپور (ہ) جہاں طوطا اور کوئل نہ ہو وہاں کوے ہی کافور کھائیں۔ جہاں اچھے آدمی نہ ہوں وہاں معمولی آدمی ہی بڑے بن جاتے ہیں۔ جس بہوڑ کی بیران ساس۔ واکا کدھی نہ ہو گھر واس (ہ) جس بہو کی ساس دشمن ہو اس کا بسنا مشکل ہے۔ جس پتل میں کھائیں اسی میں چھید کریں۔ دیکھو جس برتن میں الخ۔ جس پگڑی میں ہووے نہ چلا پگڑی نہیں وہ پھینٹی ہے۔ ہر چیز اپنے اوصاف میں پوری ہوتی ہے۔ جس تن لاگے وہی تن جانے۔ جس شخص پر مصیبت پڑی ہو وہی محسوس کرتا ہے۔ دوسرے کو پتا نہیں لگتا۔ جس ٹہنی پر بیٹھے اسی کو کاٹے۔ دیکھو جس برتن الخ۔ جس حلوے میں گھی نہ ہووے حلوا نہیں وہ لیپئی ہے۔ دیکھو جس پگڑی الخ۔ جس درخت کے سائے میں بیٹھے اسی کی جڑ کاٹے جس کی ڈالی پر بیٹھیں اس کی جڑ کاٹیں۔ دیکھو جس برتن الخ۔ جس دیس رہئے واہو کی سی کہئے اونٹ بلیاں لے گئیں تو ہاں جی ہاں جی کہئے جیسا موقع ہو ویسی بات کہنا چاہئے۔ جس راہ نہیں چلنا اس کے کوس کیا گننا۔ جس راہ ہی نہ چلنا اس کے کوس گننے سے کیا۔ جس کام کو ہی نہیں کرنا اس کی فکر عبث ہے۔ جس رکابی میں کھا اسی میں چھید کر۔ چپنی بھر پانی میں ڈوب مر نمکحرام شرم سے مرجا۔ دیکھو جس برتن الخ۔ جس شہر میں پھول بیچئے اس میں دھول نہ اڑائیے۔ جس جگہ انسان نے عزت و حرمت سے گزارہ کیا ہو اسے بے عزتی کے موقع پر چھوڑ دینا چاہئے۔ جس طرح بیٹھے ہو اسی طرح چلے آؤ۔ فوراً چلے آؤ۔ فوراً آجاؤ جس طرح پیٹھ دکھائے جاتے ہو اسی طرح منہ دکھانا۔ کوئی شخص سفر پر جاتا ہو تو اسے کہتے ہیں جس طرف ہو عزم پورا چاہئے۔ آدمی جو کام کرے پورے ارادے اور ہمت سے کرے کہ کامیابی ہو جس کا آنڈو بکے وہ بدھیا کیوں کرے۔ جس کا کام ہو

رہا ہو وہ اس کے لئے بے فائدہ کیوں کوشش کرے
جس کا بنیا یار اس کو دشمن کیا درکار ۔ بنیا دوست
بن کر نقصان پہنچاتا ہے ۔ جس کا پاپ اس کا باپ
جس کا گناہ اسی کے سر۔ جس کا پلہ بھاری ہو وہی
جھکے ۔ بڑا آدمی منکسر المزاج ہوتا ہے ۔ جس کے پاس
ہو اسے دینا چاہئے ۔ جس کا تیج اس کا بھیج ۔ جس
میں طاقت ہو وہ لے لیتا ہے ۔ جس کا جاوے وہی
چولکھاوے ۔ پولیس پر طنز ہے جس کا مال چوری ہوتا
ہے اسے ہی پولیس تنگ کرتی ہے ۔ جس کا نقصان ہو
اسے ہی لوگ الزام دیتے ہیں ۔ جس کا جو سبھاؤ جائے
نہ اس کے جی سے ۔ نیم نہ میٹھا ہو سینچو گڑ اور
گھی سے ۔ جبلی خصلت اور بری عادت نہیں جاتی
جس کا چکنا دیکھا پھسل پڑے ۔ ابن الوقت
کی نسبت کہتے ہیں ۔ جہاں فائدہ دیکھتا ہے وہیں پہنچ
جاتا ہے ۔ جس کا چن اس کا پن ۔ جس کا خرچ اسکا
ثواب ۔ جس کا چول اس کا پول ۔ جو اچھا کام
کرتا ہے ۔ اس کو ثواب پہنچتا ہے ۔ جس کا چرہ ٹیرگا
وہ چھوالے گا ۔ جس کا نقصان ہو رہا ہو گا وہ خود
ہی انتظام کرلے گا ۔ جس کا حال دیکھے اس کا
احوال کیا پوچھے ۔ جس کی ظاہری حالت سے
پریشانی ظاہر ہو ۔ اس سے پوچھنے کی کیا حاجت جس کا
خون اس کی گردن پر ۔ جو قتل کرتا ہے وہی سزا
بھگتتا ہے ۔ جس کا ڈر وہی نہیں گھر ۔ خاوند
جس کا ڈر ہے وہی گھر نہیں ۔ جو چاہو سو کرو جس
کارن مونڈ منڈایا وہی دکھ آگے آیا ۔ جس
فائدے کے لئے کوئی ذلیل کام کیا وہی نہ اٹھایا ۔ جس
کارن پہنی ساڑھی وہی ٹانگ رہی اگھاڑی
۔ آرام کی زندگی بسر کرنے کے لئے شادی کی مگر اس
حالت میں بھی آرام نہ پایا ۔ جس کی فکر اس کا
ذکر ۔ جس بات کا خیال ہو آدمی اسی کا ذکر کرتا رہتا
ہے ۔ جس کا کام اسی کو ساجے اور کرے تو
ٹھینگا باجے ۔ جو جس کام کے لائق ہوتا ہے اسی کو
کرسکتا ہے ۔ جس کا کوئی نہیں اس کا خدا ۔ غریبوں کا
مددگار خدا ہے ۔ جس کا کھانا اس پر غرانا ۔ جس
سے فائدہ اٹھانا اسی کو دبانا ۔ جس کا کھائیے اس کا
گائیے ۔ جس کا کھائیے اَن پانی اس کی کیجے
آوادانی ۔ جس سے فائدہ پہنچے اس کی خیر خواہی اور
شکر گزاری کرنی چاہئے ۔ جس کا گلا گھونٹیں وہی
آنکھ دکھاوے ۔ جس کی چارپائی تلے آگ

جلا دیں وہی بھاگے ۔ جس کے ساتھ نیکی کریں وہی
بدی کرتا ہے ۔ جس کا گھوڑا اس کے
باہر ۔ جس کی چیز ہوتی ہے اس کے دروازے پر ہوتی
ہے ۔ جس کا گوئیاں نہیں اس کا گوکر گوئیاں (ہ)
جس کا کوئی دوست نہیں وہ کتا پال سکتا ہے ۔ جس کا
مڑوا اس کا گیت ۔ جس کی شادی ہو وہ گیت سنتا
ہے ۔ جو خرچ کرے وہ فائدہ اٹھاتا ہے ۔ جس کا منہ
نہیں دیکھا اس کے تلوے دیکھے ۔ جس سے
ہمیشہ نفرت تھی اس کی منت کرنی پڑی ۔ جس کا نہیں
چارا وہ جائے گا سہارا ۔ جو مصیبت آپڑے
اسے برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ جس کا یار کوتوال اسے
ڈر کاہے کا ۔ جس کے تعلقات افسروں سے ہوں اسے
کسی بات کا ڈر نہیں ہوتا ۔ جس کو پیا چاہے وہی
سہاگن ۔ جسے خاوند پسند کرے اسے ہی سہاگن سمجھنا چاہئے
۔ جسے حاکم پسند کرے اس کی سب خوشامد کرتے ہیں ۔
جس کو خدا بچائے اس پر کبھی نہ آفت آئے
جس کو راکھے سائیاں مار نہ ساکے کو ۔ بال نہ
بیکا کرسکے سب جگ بیری ہو ۔ جس کی خدا
حفاظت کرے اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ۔ جس کو
گیہوں کی نہیں وہ چنے کی ہی سے راضی ۔ جسے
اچھی چیز نہیں مل سکتی وہ بری ہی پر گزارا کرلیتا ہے ۔ جس
کی آنکھ میں تل وہ بڑا بے سل ۔ جس کی آنکھ میں
خال ہو وہ بڑا بے وفا ہوتا ہے ۔ جس کی آنکھ نہیں
اس کی ساکھ نہیں ۔ جس کو حیا نہیں اس کی بات کا
اعتبار نہیں ۔ جس کے بارہ بگھ بانگا ۔ اس کے
گھر ڈورا نہیں (ہ) فضول خرچ آدمی باوجود
جائداد کے ہمیشہ نادار رہتا ہے ۔ جس کی بڑھیا محل
کے اندر اس کا نصیبا بڑا اسکندر ۔ جو عورت
کسی امیر کے گھر ملازم ہوتی ہے اس کے اہل وعیال
بڑی آسائش سے رہتے ہیں ۔ جس کی بندری وہی
نچاوے ۔ جس کا کام ہو وہی کرے ۔ جس کی بیٹی رانڈ
ہوگئی اس کا جنم بگڑ گیا ۔ بیٹی کے رانڈ ہونے سے
بڑھ کر اور کوئی مصیبت نہیں ۔ جس کی بیوی سے
کام اس کی لونڈی سے کیا کام ۔ اگر کام ہو تو افسروں
کے پاس جانا چاہئے ۔ ماتحتوں کے پاس نہیں جانا چاہئے
جس کے پاس بہت کام ہوں گے کوئی نہ کوئی
بگڑے گا ۔ کام کاج والے آدمی کے کام خراب ہوتے
ہی رہتے ہیں ۔ اس لئے کسی کام کے خراب ہونے سے
گھبرانا نہیں چاہئے ۔ جس کے پاس ڈھبوا وہی ہمارا

ہبوا ۔ جس کے پاس پیسہ ہوتا ہے ہر ایک اس کی خوشامد
کرتا ہے ۔ جس کے پاس نہیں پیسا وہ بھلا مانس
کیسا ۔ بغیر پیسے کے انسان شریف نہیں ہوسکتا ۔ جس
کے پاؤں نہ جانے بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی
جس کی پھٹے نہ بوائی وہ کیا جانے پیڑ پرائی
جس کو کبھی تکلیف نہیں ہوئی وہ دوسرے کی تکلیف کو
نہیں سمجھ سکتا ۔ جس کے پیسہ نہیں ہے پاس
اس کو میلہ لگے اداس ۔ جس کے پاس پیسہ نہیں اسے
کسی چیز کا لطف نہیں آتا ۔ جس کے پیٹے میں بان
(اس کا گرو) وہ بڑا شیطان ۔ گاڑی بان فیلبان
وغیرہ بڑے شرارتی آدمی ہوتے ہیں ۔ کسی آدمی نے کہا
تو اسے جواب ملا ہاں مہربان ۔ جس کے تن کو لگی ہو وہ
جانے یار ۔ جس کو تکلیف پہنچی وہی جانتا ہے ۔ بید رد کی
بلا جانے ۔ جس کی تیغ اس کی دیگ ۔ مال ودولت
زبردست کے لئے ہے ۔ جس کی جوتی اس کا سر ۔ جس
کی چیز ہے اسی پر خرچ ہوتی ہے ۔ جس کی جورو اندر
اس کا نصیبا سکندر ۔ دیکھو جس کی بڑھیا الخ ۔ جس کی
جیب چلتی ہے ۔ اس کے نو ہل چلتے ہیں ۔ زبان دراز
سے لوگ ڈر کر اس کا کام کر دیتے ہیں ۔ جس کے چار بھیا
ماریں دھول چھین لیں روپیہ ۔ جس کے مددگار
ہوں وہ جو چاہے کرے ۔ جس کے چار پیسے لو انہیں
حلال کرکے کھاؤ ۔ جس کی ملازمت کرو ۔ یا جس سے
تنخواہ لو اس کی خدمت اچھی طرح کرو ۔ جس کے دل
میں رحم نہیں وہ قصائی ہے ۔ بے رحم آدمی قصائی
کے برابر ہوتا ہے ۔ جس کی دھی نہیں اس کی دہلی
دھی (ہ) ہندوؤں میں لڑکیوں کو بہت کچھ ملتا رہتا ہے
اور اگر لڑکی نہ ہو تو فقیروں کو جو دہلیز میں آکر مانگیں جس
کے دیکھے تپ آوے وہی موہے بیاہن آوے
جس سے نفرت ہو اسی سے پالا پڑے ۔ جس کی دیگ
اس کی تیغ ۔ جو خرچ کرے لوگ اس کی خدمت کرتے
ہیں ۔ جس کی زبان چلے اس کے ستر ہل چلیں
دیکھو جس کی جیب الخ ۔ جس کے سبب لڑائی ہو وہ
آدمی نہیں ۔ کانٹا ہے گھر میں سیہ کا یا گل کنیر کا
جو آدمی گھر میں لڑائی کا باعث ہو ۔ وہ سیہ کے کانٹے یا کنیر
کے پھول کی طرح ہے ۔ ان دونوں کے متعلق خیال ہے
کہ اگر گھر میں رکھے جائیں تو فساد پڑتا ہے ۔ جس کے سر پر
جو تار کھ دیا وہی بادشاہ بن گیا ۔ اپنی یا کسی کی
تعریف میں کہتے ہیں کہ جس پر نظر عنایت کی وہی ترقی پاگیا
جس کے سر پر ہتھیار اس کا کیا اعتبار ۔ سینگ دار

جانور کا کوئی اعتبار نہیں۔کسی وقت مار بیٹھے۔جس کے سر پر پڑتی ہے وہی جانتا ہے۔جس پر مصیبت پڑتی ہے وہی اس کا اندازہ کر سکتا ہے۔جس کی سیرت اچھی نہیں اس کی صورت کا کیا دیکھنا۔بدخو آدمی سے کوئی ملنا پسند نہیں کرتا۔جس کے کارن جوگ لیا وہ نہ ملا۔جس کے لئے اتنی محنت اٹھائی وہ نہ ملا۔جس کے کارن جوگ کینی وہ سیاں پردیس۔جس سے محبت ہے اسے پروا نہیں۔جس کے کارن مونڈ منڈایا وہی کہے منڈا آیا۔جس کے واسطے کوئی برا کام کیا وہی الزام دیتا ہے۔احسان فراموشی کی حد ہے۔جس کی کھائے چندیا۔اس کی ہو جئے بند یا یعنی جس کا کھائیے الخ۔جس کی گود میں بیٹھنا اس کی داڑھی (کھسوٹنا) کھوسنا۔جس سے فائدہ اٹھانا۔اسے نقصان پہنچانا۔جس کے گھر بھوج اس کے بھات نہیں جو دعوتیں دیا کرتے تھے۔ان کے پاس کھانے کو نہیں۔امیر غریب ہو جاتے تو کہتے ہیں۔جس کی لاٹھی اس کی بھینس زبردست جو چاہے لے لے۔جس کے لئے چوری کی وہی کہے چور۔دیکھو جس کے کارن مونڈا الخ۔جس کے ماں باپ جیتے (زندہ) ہیں وہ حرام کا (حرامی) نہیں کہلاتا۔بغیر ثبوت کے الزام نہیں لگانا چاہئے۔جس کی ماں جلے گی اس کی جائی پہلے جلے گی ماں کو تکلیف ہوتی ہے تو اس کا بچوں پر بھی اثر ہوتا ہے جس کی کل میں میّا مانگے پیسہ ملے روپیہ۔جس کے ماں باپ کی زیادہ آمدنی ہے اسے مانگے سے بھی زیادہ ملتا ہے۔جس کے منہ میں چاول ہوتے ہیں وہ خوب چبا چبا کے باتیں کرتا ہے۔جس کے پاس دولت ہوتی ہے وہ خوب اترا کے باتیں کرتا ہے۔جس کی نہ پھٹی (پھٹے) بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی دیکھو جس کے پاؤں الخ۔جس کے نہیں پوت وہ کیا جانے مایا۔جس کی اولاد نہیں اسے پتہ نہیں کہ اولاد کی محبت کیسی ہوتی ہے۔جس کے واسطے روئے اکی آنکھوں میں آنسو بھی نہیں۔جس کے ساتھ کسی تکلیف میں ہمدردی ہے اسے پروا بھی نہیں۔جس کے ہاتھ ڈوئی اس کے سب کوئی۔جس سے فائدہ ہو اس کے سب دوست بنتے ہیں۔جس کے ہو ویں اتنی وہ کرے کھیتی۔جس کے پاس مال و دولت جمع ہو جائے۔اسے زکوٰۃ دینی پڑتی ہے۔جس کی یہاں چاہ اس کی وہاں چاہ۔اچھے لوگوں کو خدا بھی چاہتا ہے۔انہیں اپنے پاس بلا لیتا ہے۔جس گھر بڑے نہ بوجھیں دیپک جلے نہ سانجھ۔وہ گھر اجڑ جائینگے جن کی تریا بانجھ (ھ) جس گھر میں بڑوں کی عزت نہ ہو یا شام کو دیئے نہ جلیں یا جس میں بانجھ عورت ہو وہ گھر اجڑ جاتے ہیں۔جس گھر بوڑھا نہ بڑا وہ گھر ڈگم ڈگا۔جس گھر میں عمر رسیدہ یا تجربہ کار آدمی نہ ہو وہ تباہ ہو جاتا ہے۔جس گھر ساس مٹکنی۔اس گھر بہو کا کیا سہاگ۔جو شخص خود کھاؤ اڑاؤ ہوگا وہ دوسرے کے ساتھ کیا سلوک کرے گا۔جس گھر میں سنپت نہیں ناسوں بھلا بدلیس (ھ) غربت میں گھر پر رہنے سے پردیس جانا بہتر ہے۔جس گھر ناری پھوڑی او وہ گھر جانو کوڑی (ھ) جس گھر کی مالک بدسلیقہ ہو وہ جلد اجڑ جاتا ہے۔جس گھر ہو وے پرکھ کچلیا اس گھر ہو وے کھیر کا دلیا۔جہاں خاوند خراب ہو وہاں ہر بات خراب ہوتی ہے۔جس گھر ہوئے کچلیا ناری سانجھ بھور رہو اس کی خواری دیکھو جس گھر ناری الخ۔جس منہ سے پان کھائیے اس منہ سے کوئلے نہ چبائیے۔جس کو ایک دفعہ اچھا کہا جائے اسے برا نہیں کہنا چاہئے۔جہاں لوگ پہلے عزت کرتے ہوں وہاں بے عزتی برداشت نہیں کرنی چاہئے۔جس سے نیکی کی ہو اس سے بدی نہیں کرنی چاہئے جس میں چمک نہیں وہ ہیرا نہیں۔جس میں دمک نہیں وہ عورت نہیں۔بغیر اچھی خاصیتوں کے کوئی چیز اپنے نام سے پکارے جانے کے قابل نہیں جس نے اپنی اتار لی دوسرے کا کیا لحاظ جس نے اپنی پگڑی (ٹوپی) اتار لی (اسے) دوسرے کی اتارتے کب ڈر (ہو) تا ہے جس نے اپنی عزت کی پرواہ نہ کی وہ دوسرے کی عزت کی کیا پرواہ کرتا ہے۔جس نے کبھو نکنا سکھایا اسی کو کاٹنے (دوڑا) دوڑے۔احسان فراموش اور محسن کش کے متعلق کہتے ہیں۔جس نے بیٹی دی اس نے (رکھا کیا سب کچھ دے دیا) کیا اٹھا رکھا۔جس نے بیٹی دی اس نے سب کچھ دیا۔جو بیٹی دیدیتا ہے وہ کوئی چیز بچا کر نہیں رکھتا ہے۔غریب سمدھی کے متعلق جب لوگ اعتراض کریں کہ اس نے کافی جہیز نہیں دیا کہتے ہیں جس نے چیرا وہی نیرے گا۔جس نے منہ دیا وہ کھانے کے لئے بھی دے گا۔جس نے دیا اس نے پایا۔جو خدا کے نام پر دیتا ہے اسے فائدہ ہوتا ہے ہندوں کے عقیدے کے بموجب جس نے پچھلے جنم میں پن کیا ہو اسے اس کا عوض اگلے جنم میں مل جاتا ہے۔جس نے رنڈی کو چاہا اسے کبھی زوال اور جس کو رنڈی نے چاہا اس کی بھی تباہی۔رنڈی کا یار ہر طرح خوار رہتا ہے۔جس نے کوڑا دیا (کیا وہ گھوڑا نہ دے گا) وہ گھوڑا بھی دے گا خدا پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔جسنے کی بیحیائی اس اس نے کھائی دودھ ملائی۔بے حیا مزے میں رہتا ہے۔جس نے کی شرم اس کے پھوٹے کرم۔بے شرم پر طنز ہے۔جس نے لگائی وہی بجھائے گا۔جس کی شرارت ہے وہی اسے مٹا سکتا ہے۔خدا نے جو تکلیف دی وہی رفع کرے گا۔فقیروں کی صدا۔جس نے نہ دیکھا ہو باگھ دیکھے بلائی جس نے نہ دیکھا ہو ٹھگ دیکھے قصائی۔جس نے نہ دیکھی ہو بہن دیکھے بھائی جس نے نہ دیکھا ہو جم دیکھے جنوائی۔بلی شیر کے مانند ہوتی ہے۔ٹھگ قصائی کی طرح بے رحم۔بہن بھائی کی ہم شکل ہوتی ہے۔اور داماد دوزخ کے دیوتا کی طرح ہوتا ہے۔جس نے نہ دیکھی ہو کنیا دیکھے کنیا کا بھائی۔اپنی منگیتر کو دیکھنا چاہو تو اس کے بھائی کو دیکھو۔گو یہ ہمیشہ درست نہیں ہوتا۔جس ہانڈی میں کھائیں اس میں چھید کریں۔جس سے فائدہ اٹھائیں اسے ہی نقصان پہنچائیں جسے پیا چاہے وہی سہاگن (کیا سانولی کیا گوری رے) جسے مالک پسند کرے وہ سب سے اچھا ہوتا ہے۔جسے حیا نہیں اسے ایمان نہیں۔بیحیا بے ایمان ہوتا ہے۔جسے خدا رکھے اسے کون چکھے۔جس پر خدا کی مہربانی ہو اسے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔جسے دیکھ مجھے تپ آوے۔وہی مجھے بیاہن آوے۔جس سے نفرت ہے اسی کے قابو میں ہے۔جسے کھانے کو ملے یوں۔وہ کمانے کو جائے کیوں۔جسے بغیر محنت مشقت کرنے کی کیا ضرورت ہے۔

جَسّ (ث. مذکر) چھونا۔پکڑنا۔

جِسَاد (ع. مذکر) زعفران۔

جَسَارَت (ع. مونث) بہادری دلیری۔مردانگی۔جرات۔شجاعت۔جوانمردی۔بہادرت بیباکی۔دلاوری۔شیر دلی۔حوصلہ۔بیرتائی۔سورماپن سوربرتا (دلانا کرنا ہونا کے ساتھ) (جسنز۔بہادر ہونا)

برتا (دلانا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) (جَسَر۔ بہادر ہونا)

جَسّاس (ع۔ صفت) ۱ جستجو کرنے والا۔ رازجو۔ متلاشی ۲ بڑا تلاش کرنے والا۔

جَسّاسَت (ع۔ مونث) ایک جانور جو دجال کو خبر پہنچائیگا۔

جِسام (ع۔ صفت) بڑے بدن کا

جُسام (ع۔ صفت) بڑا۔ بھاری موٹا جسیم (اصل میں جسیم کی جمع ہے) **جسامی** (مونث) جسامت۔ مٹاپا۔ فربہی۔

جَسامَت (ع۔ مونث) ۱ مٹاپا فربہی۔ پھلاوٹ۔ تیاری ۲ بدن۔ جسم (جَسُم۔ موٹا ہونا)

جَست (ہ۔ مذکر) ایک دھات کا نام جو پانی سے ۷۱۲ گنا بھاری ہے۔ جستا (عف) جست

جَست (ف۔ مونث) چھلانگ پھاند۔ کود۔ قلانچ۔ زغند۔ چوکڑی۔ پھلانگ (بھرنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (جَستن۔ کودنا) **جست و خیز** (مونث) جست (کرنا ہونا کے ساتھ) **جَستہ** (صفت) کودتا ہوا۔ کودا ہوا۔ **جستہ جستہ** (صفت) کم کم۔ کہیں کہیں سے۔

جُست (ف۔ مونث) تلاش ڈھونڈنا۔ اردو میں علیحدہ استعمال نہیں ہوتا (جستن ڈھونڈنا) **جستجو۔ جست وجو** (مونث) تلاش۔ ڈھونڈ تفحص۔ چھان بین (کرنا کے ساتھ) **جُستہ** (صفت) تلاش کردہ۔ ڈھونڈا ہوا۔ جس کی تلاش کی جائے۔

جُست (ہ۔ صفت) ۱ تیز۔ کڑوا چڑ چڑا۔ تینا ۲ سخت۔ تند۔ تیز مزاج۔ غصیلا ۳ صاف

جُستا (ہ۔ مذکر) طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل۔

جسٹس (انگ۔ مذکر) جج۔ اعلیٰ جج۔

جَسَد (ع۔ مذکر) تن۔ بدن۔ جسم (جَسَد۔ خون جمنا)

جِسر (ع۔ مذکر) پل (جَسَر۔ پل بنانا) **جسر الشُغر** (ایشیا) حلب کی ولایت میں ایک قصبہ **جسر بنات یعقوب** (ایشیا) دریائے یرون پر ایک پل جس پر سے دمشق کی شاہراہ گذرتی ہے۔ کہتے ہیں یہاں حضرت یعقوب نے حضرت یوسف کے واسطے گریہ وزاری کی تھی۔ پاس ہی ان کی بیٹی کی قبر ہے۔

جَسَس (ہ۔ مذکر) شہرت۔ دیکھو جس۔ **جَسوی** (صفت) مشہور۔ نامی۔ شہرۂ آفاق۔

جِسم (ع۔ مذکر) ۱ تن۔ بدن۔ سریر۔ دیہ۔ جسد۔ کایا۔ انگ۔ قالب خاکی۔ پنڈا۔ جسا۔ کاٹھی ڈھانچ۔ لاش ۲ مادہ۔ وہ شے جو طول و عرض اور عمق رکھتا ہو ۳ مجسم شے۔ ٹھوس چیز (جَسُم۔ موٹا ہونا) **جسمانی** (صفت) ۱ متعلقہ جسم۔ بدنی۔ جسمی ۲ مادی۔ وہ جسکا جسم ہو۔ **جسمانی تکلیف** (مونث) بدن کی تکلیف۔ بیمار درد۔ مار وغیرہ۔ **جسمانی سزا** (مونث) وہ سزا جس کا اثر بدن پر ہو۔ جسم کے متعلق محاورات بدن کے تحت میں ملاحظہ ہوں۔ **جسم کو آراستہ کرنا** (متعدی) ہتھیار وغیرہ جسم پر باندھنا۔ مختلف چیزوں سے جسم کو سجانا۔ **جسمی** (صفت) متعلق بجسم۔ بدنی۔

جُسمان (ع۔ مذکر) بدن **جسمانی** (صفت) موٹا۔

جَسو (ہ۔ ضمیر) دیکھو جیسا۔

جَسودا (ہ۔ عص) نندا گوالے کی بیوی کا نام جو کرشن جی کی دایہ تھی۔

جَسولنی (ہ۔ مونث) اصل لفظ یسولنی یسادل کی تانیث۔ چوبدارنی۔ وہ عورت جو شاہی محل میں خبر پہنچاتی ہے

جَسونت۔ جَسوی۔ جَسی (ہ۔ صفت) ۱ عزت والا۔ شان والا ۲ مشہور۔ نامور نامی ۳ جلیل۔ معزز۔ جلیل القدر۔

جَسیس (ع۔ مذکر) جاسوس۔

جَسیم (ع۔ صفت) موٹا۔ فربہ۔ لحیم (جَسُم۔ فربہ ہونا)

جَشّ (ع۔ مذکر) ۱ توڑنا ۲ پیسنا ۳ مارنا ۴ کنواں صاف کرنا۔

جَشَب (ع۔ مذکر) کھانے کا غیر بامزہ ہونا ۲ کوٹنا۔ موٹا پیسنا ۳ بدشکل اور نفرت انگیز بنانا۔

جُشب (ع۔ صفت) موٹا یا معمولی کپڑا یا کھانا۔

جُشٹ (ہ۔ مذکر) جھوٹھا۔ بچا ہوا کھانا۔ دسترخوان کے ٹکڑے۔

جُشٹا (ہ۔ صفت) مخدوم۔ مشکور ۲ جسکی پوجا یا پرستش کی جائے۔ جو پوجا سے خوش ہو ۳ جو خدمت سے خوش ہو۔

جَشَر (ع۔ مذکر) ۱ مویشی کو چرنے چھوڑنا ۲ مویشی کا چرتے رہنا اور مکان پر نہ آنا۔

جَشَع (ع۔ مذکر) لالچ۔ حرص۔

جَشَک (س۔ عص) ترکستان کا ایک راجہ جسکی حکومت کشمیر اور پنجاب تک تھی۔

جَشَنگ (س۔ مذکر) ابلی ہوئی دال کا پانی۔

جَشَم (ع۔ مذکر) سخت محنت کرنا۔

جُشَم (ع۔ مذکر) ۱ بھاری بوجھ ۲ بھاری پن۔

جَشن (ف۔ مذکر) ۱ خوشی۔ شادمانی عیش۔ فرحت ۲ خوشی کا دن۔ روز عید ۳ خوشی کی محفل یا مجلس۔ دعوت۔ جلسہ۔ **جشن اڑانا** (متعدی) لطف اٹھانا۔ مزے اڑانا۔ عیش کرنا۔ **جشن بزرگ** (مذکر) ۱ فروردین کے مہینے کا چھٹا دن ۲ نوروز کا دن۔ **جشن کرنا یا منانا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خوشی کی محفل آراستہ ہونا۔ ناچ و رنگ میں مشغول ہونا۔ عیش و نشاط میں مشغول ہونا۔ **جشنی** (صفت) اڑانے والا۔ عیاش۔

جِشنو (س۔ صفت) ۱ فتحیاب۔ فتحمند۔ ظفریاب۔ غالب۔ فاتح۔ منصور۔ مظفر ۲ افضل فائق۔ اتم ۳ (مذکر) سورج ۴ (عص) ۱ اندر مہاراج ۵ ارجن ۶ کشن جی ۷ ایک وسو ۸ منو بھوتیا کا ایک بیٹا ۹ برہما گپت کا باپ۔

جُشو (ع۔ مذکر) ہلکی کمان۔

جُشوء (ع۔ مذکر) ۱ تکلیف میں ہونا ۲ دل برداشتہ۔

جَشیب (ع۔ مونث) ۱ موٹا معمولی (کھانا یا کپڑا) ۲ بغیر مسالہ یا چٹنی کے ۳ ناقابل ہضم۔

جَشیش (ع۔ مذکر) ۱ موٹا کٹا ہوا گیہوں جسے گوشت اور کھجوروں سے ملاکر پکاتے ہیں۔

جَصّ (ع۔ مذکر) گچ کا معرب۔

جَصّاص (ع۔ صفت) ۱ چونہ بنانے والا ۲ ایک حنفی فقیہہ کا نام۔

جِعاب (ع۔ مذکر) جعبہ کی جمع۔

جِعاد (ع۔ مذکر) جعد کی جمع۔

جَعادَت (ع۔ مونث) بالوں کا گھونگریالا ہونا۔

جِعال (ع۔ مذکر) کپڑا جس سے

گرم برتن اٹھائیں۔

جِعالَت (ع۔ مونث) کرایہ۔ قیمت۔ فیس۔

جَعب (ع۔ مذکر) ۱ اوندھا گرنا ۲ پھیرنا۔ الٹ پلٹ کرنا۔

جَعبا (ع۔ صفت) ۱ بڑی اور موٹی (عورت) ۲ (مونث) کون۔ **جعبائت** (مونث) کون۔

جِعبا (ع۔ مذکر) **جِعباعَت** (مونث) زمین پر پھینکنا۔

جَعبَر (ع۔ صفت) ۱ چھوٹے قد کا (آدمی) ۲ ایک آدمی کا نام ۳ ایک قبیلہ۔

جَعَد (ع۔ مونث) ۱ گھونگریالے بال۔ بالوں کی لٹ ۲ چوٹی۔ جوڑا ۳ (صفت) درمیانے قد کا (جَعَد۔ گھونگریالا ہونا) **جَعدِ مشکیں** (مذکر) گھونگریالے سیاہ بال۔

جَعر (ع۔ مذکر) ۱ لید کرنا ۲ جنگلی جانوروں کا پاخانہ۔ شکاری پرندوں کی بیٹ۔

جَعف (ع۔ مذکر) ۱ نیچے گرانا ۲ جڑ سے اکھاڑنا۔

جَعفَر (ع۔ مذکر) ۱ ندی۔ نالہ۔ چھوٹا دریا ۲ مسلمانوں میں مردوں کا ایک نام۔ **جَعفَری** (مونث) ۱ خالص سونا ۲ گِل اشرفی ۳ ایک قسم کا لکڑی یا لوہے کا پردہ جس میں قرص کی شکل کے سوراخ ہوتے ہیں ۴ ٹٹی۔ ٹھاٹھر ۵ ایک قسم کا گنبد ۶ ایک قسم کا حقہ جو فرش پر نہیں گرتا ۷ (صفت) منسوب بہ جعفر ۸ زرد۔ بسنتی۔ **جعفریہ** (مذکر) ۱ ایک قبیلے کا نام ۲ بغداد کے ایک محلے کا نام۔

جَعل (ع۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ فریب۔ کر۔ دغا۔ چھل۔ بتا۔ چرتر ۲ تلبیس۔ تبدیل۔ بناوٹ ۳ نقلی چیز کو اصلی ظاہر کرنا ۴ بنانا۔ خلق کرنا ۵ بلانا۔ کسنا ۶ رکھنا۔ دھرنا۔ (جَعل۔ چیز بنانا) **جعل بنانا** (متعدی) جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا ۲ جھوٹی دستاویز تیار کرنا ۳ جھوٹے دستخط یا مہر بنانا ۴ کسی چیز کی نقل بنانا۔ **جعل ساز** (صفت) دھوکے باز۔ دغاباز ۲ بدمعاش شریر۔ مفسد۔ **جعل سازی** (مونث) ۱ دیکھو جعل ۲ نقلی دستاویز تیار کرنا۔ **جعل سے** (تف) ۱ دھوکے سے۔ فریب سے ۲ بددیانتی سے۔ **جعل کرنا** (متعدی) دیکھو جعل بنانا۔ **جَعلی** (صفت) نقلی بصنعی جھوٹے دستخط کئے ہوئے ۲ فریبی۔ دغاباز مکار۔ **جَعلیا** (صفت) ۱ جعلساز ۲ (مونث) جعلسازی۔ **جعلی دستاویز** (مونث) بناوٹی دستاویز۔ وہ دستاویز جو جعلسازی کے ذریعے بنائی ہو۔

جَعَل (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹاپن اور ٹھنگناپا ۲ (صفت) جھگڑالو۔

جُعل (ع۔ مذکر) ۱ پیغام لیجانے کی مزدوری ۲ رشوت۔

جُعَل (ع۔ صفت) ۱ سیاہ اور بدشکل (آدمی) ۲ مقدمہ بازی ۳ جھگڑالو ۴ (مذکر) ایک سیاہ کیڑا۔

جِعلان (ع۔ مذکر) جُعل کی جمع سیاہ کیڑے۔

جَعم (ع۔ مذکر) ۱ بیحد خواہش اور لالچ کرنا ۲ بیحد بھوک ۳ بھوک نہ لگنا۔

جَعبَہ (ع۔ مذکر) ترکش۔

جُغرات (ف۔ مذکر) دہی۔

جُغرافیہ (یو۔ مذکر) ۱ وہ علم جو سطح زمین اور اس کی آبادی۔ نباتات اور حیوانات کے حالات بتائے ۲ وہ کتاب جس میں زمین کے حالات ہوں (جیو۔ زمین۔ گرافی۔ سکھانا) **جغرافیہ سیاسی یا مدنی** (مذکر) وہ جغرافیہ جو زمین کے ملکوں اور ان کی سلطنتوں کا حال بتائے۔ **جغرافیہ طبعی** (مذکر) وہ جغرافیہ جس میں زمین کی سطح۔ کرۂ ہوا۔ پانی۔ نباتات اور جانداروں کا ذکر ہو۔

جَغمِینی (ع۔ مذکر) دیکھو آل کے تحت میں۔

جُف (ع۔ مذکر) گروہ۔ ہجوم۔ ٹھٹھ۔ **جُف** (مذکر) کوئی خالی چیز ۲ بوڑھا آدمی۔

جَفا (ف۔ مونث) ظلم۔ ستم۔ جور۔ تعدی۔ جبر۔ سختی۔ زبردستی۔ بے رحمی۔ ناانصافی۔ اندھیر۔ **جفا پیشہ۔ جُو۔ شعار۔ کار۔ یا گستر** (صفت) ظالم۔ سفاک۔ بے رحم ۲ معشوق کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ **جفا شعاری یا کاری** (مونث) دیکھو جفا۔ **جفاکش** (صفت) ۱ محنتی۔ تندہ۔ محنت کش ۲ ظلم سہنے والا۔ ستم اٹھانے والا وغیرہ۔ **جفاکشی** (مونث) ۱ محنت۔ مشقت ۲ ظلم سہنا وغیرہ۔ **جفاکفا** (مونث) ظلم و ستم۔ جور و جفا۔ محنت و مصیبت۔ آفت۔ سختی۔ فاقہ کشی (اٹھانا۔ اٹھنا۔ پڑنا کے ساتھ)

مقولہ۔ **جفاکفا تو راجاؤں پر پڑتی آئی ہے۔** تکلیف اور مصیبت سے بڑے آدمی نہیں بچتے۔

جُفا (ع۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو طوفانِ آب میں بہی جائے ۲ خالی جہاز ۳ جھاگ ۴ کوئی فضول چیز۔

جُفاف (ع۔ مذکر) خشک ہونا۔

جُفال (ع۔ مذکر) ۱ دیکھو جفا نمبر ۲ دودھ یا ابلتے ہوئے پانی کا جھاگ ۳ بہت اون ۴ کوئی چیز جو بہت ہو۔

جِفان (ع۔ مذکر) جفنت کی جمع۔ ۱ بڑی رکابیاں ۲ میزیں۔

جُفت (ف۔ مذکر) ۱ جوڑا۔ دو ۲ وہ عدد جو دو پر تقسیم ہو جائیں ۳ ہم پایہ۔ ثانی۔ مقابل ۴ جوتی کا جوڑا ۵ برابری۔ ہمسری۔ مجیرا۔ چونکہ دو ہوتے ہیں ۷ (صفت) دو پر تقسیم ہونے والا۔ **جفت سازی** (مونث) مجیرا بجانا۔ **جُفتک** (مذکر) چکوا چکوی کہتے ہیں ایک مرے تو دوسرا بھی مر جاتا ہے۔ **جفت ہونا** (صفت) جوڑا ہونا۔ جفتی کھانا ۲ جماع کرنا۔ **جفتی** (مونث) ۱ جانوروں کا جفت ہونا۔ نر کا مادہ پر چڑھنا (کھانا کرنا کے ساتھ) ۲ ایک ماپنے کا آلہ۔ دو فٹہ جو بیچ میں سے دوہرا ہو جاتا ہے۔

جُفتہ (ف۔ مذکر) ۱ شکن۔ سلوٹ۔ چین ۲ بال جو جواہرات میں ہوتا ہے۔ نقص ۳ داغ۔ دھبا۔ درز ۴ (صفت) جھکا ہوا۔ خمیدہ ۵ جھری دار۔ شکن پڑا ہوا ۶ برابر چلتا ہوا جیسے دو سلائیاں کپڑے پر (جفتن۔ جھکنا) **جفتے** (مذکر) جفتہ کی جمع۔ **جفتے پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱ کپڑے کے دھاگوں کا اکٹھا ہو جانا۔ باریک کپڑے کو دھونے یا کھینچنے سے ایسا ہو جاتا بعض وقت باؤ کپڑے کو پھاڑنے سے بھی ایسا ہوتا ہے ۲ عزت میں فرق آنا۔ سبکی ہونا۔ بے عزتی ہونا۔

جَفجَف (ع۔ مذکر) ۱ اونچی جگہ جو بہت ڈھلوان نہ ہو ۲ نیچی زمین ۳ بہت بڑا کھلا مکان ۴ تیز ہوا ۵ بولنے والا۔ باتیں کرنے والا ۶ فوج کے چلنے کی آواز۔

جَفر (ع۔ مذکر) ۱ ایک علم جس کے ذریعے غیب کی باتیں بتاتے ہیں یا تعویذ وغیرہ بناتے ہیں۔ ۲ بچھڑا یا لیلا جو چار مہینے کا ہو ۳ لیلے کا چمڑا جس پر لکھتے ہیں ۴ کنواں جسے تھوڑا سا بھر دیں۔ مکہ معظمہ میں ایک کنواں۔ (جفر۔ لیلے کا بڑھنا۔ لیلے کی انتڑیوں کو دیکھ کر غیب کی باتیں بتاتے تھے)۔

جَفل (ع۔ مذکر) ۱ ہاتھی کا لید کرنا

۲ چھپا کا اتارنا ۳ ہڈی کھانا ۴ کو مڑ کر کٹ اٹھانا ۵ سمندر کا مچھلیوں کو زمین پر پھینکنا ۶ شترمرغ کو بھگا دینا ۷ شترمرغ کا تیز دوڑنا ۸ بالوں کا چکٹ جانا ۹ بادل جو نہ برسیں ۱۰ چھوٹی چیونٹی۔

جَفل (ع ۔ مونث) ہاتھی کی لید۔

جَفن (ع ۔ مذکر) ۱ آنکھ کا پپوٹا ۲ انگور کی بیل کی شاخ ۳ ایک قسم کا انگور ۴ طائف کے قریب ایک مقام۔

جَفن (ع۔ مذکر) نیام۔

جَفنَت (ع ۔ مونث) ۱ بڑی رکابی ۲ میز ۳ فیاض آدمی ۴ چھوٹا کوان ۵ ایک قبیلے کا نام۔

جَفنہ (ع ۔ مذکر) ۱ تلوار کا نیام ۲ رکابی۔

جَفوَت (ع۔ مونث) ظلم ستم بیرحمی بے انصافی۔

جَفُود (ع۔ مذکر) ۱ سانڈ کا سُست ہونا ۲ لیلے کو دودھ پلانا چھوڑ دینا ۳ بدن کے پہلوؤں کا پھیلنا۔

جُفُوف (ع ۔ مذکر) خشک ہونا۔

جَفہ (ع ۔ مذکر) ۱ گروہ ۔ غول ۲ ہجوم ۳ فوج ۔ لشکر۔

جَفِیف (ع ۔ صفت) خشک پودے۔

جِق جِق (ف ۔ مونث) شور و غل ۔ بک بک۔

جَک (ھ ۔ مذکر) ۱ وہ جانور جسے مار کر خزانے کے ساتھ دفن کرتے ہیں ۔ تاکہ اس کی حفاظت کرے ۲ مدفونہ خزانے کا محافظ ۳ (کنایتاً) بخیل ۔ کنجوس **جک کا گماشتہ** (مذکر) دیکھو جک ۳۔

جَک (ف ۔ مذکر) شعبان کی پندرھویں رات ۔ شب برات۔

جُکانا (ھ ۔ متعدی) جھکانا۔

جَکالتی (ھ ۔ مونث) جوڑ ۔ انسال دیکھو گتی۔

جَکَرتی (س ۔ مذکر) ایک قسم کا ناچ

جَکَڑ (ہ ۔ امر) جکڑنا کا (س یَنت ۔ ملانا) جکڑا (ماضی) جکڑنا کی ۔ جکڑ بند (صفت) ۱ کسا ہوا ۔ مضبوط اور تنگ بندھا ہوا ۲ تنا ہوا ۔ کھچا ہوا ۳ (مذکر) روک ۔ پکڑ ۔ گرفتاری ۴ گنٹھیا ۔ وجع المفاصل **جکڑ جانا** (لازم) اکڑنا ۔ اینٹھنا ۔ سخت ہو جانا۔ **جکڑ دینا** (متعدی) دیکھو جکڑنا ۔ **جکڑکے** (تف) کس کے مضبوط کر کے ۔ **جکڑکے باندھنا** (متعدی) خوب مضبوط کر کے باندھنا ۔ مشکیں کسنا ۔ **جکڑنا** (متعدی) مشکیں باندھنا ۔ ہتھکڑی لگا دینا ۲ کس کر مضبوط باندھنا ۔ کسنا ۳ کاٹھ مارنا

جَکشَن (مذکر) **جکشی** (س ۔ مونث) کھانا ۔ طعام۔

جَکشن ۔ جَکھ (ھ ۔ عص) ایک دیوتا جو کوبیر کا خدمتگار اور خزانچی ہے۔

جَکُوٹ (س ۔ مذکر) ۱ بینگن کا پھول ۲ کتا ۳ ملایا کے پہاڑ ۴ ایک جوڑا۔

جُکھ (ھ ۔ امر) جکھنا سے **جکھا** (امر) جکھانا کا ۲ (ماضی) جکھنا کا ۔ **جکھا جانا** (لازم) تلنا ۔ تولا جانا۔ **جکھانا** (متعدی) تلانا ۔ ماپ کرانا۔ **جکھائی** (مونث) ۱ تولنا ۔ ماپ کرنا ۲ تولنے کی مزدوری۔ **جکھنا** (لازم) تلنا ۔ ماپا جانا ۔ ماپ ہونا۔

جَکھَن (ھ ۔ صفت) کب ۔ کس وقت۔

جَکھنی (ھ ۔ مونث) ۱ جکھ کی بیوی ۲ ایک دیوی جو درگا جی کی خدمتگار ہے اور اکثر انسانوں سے میل جول رکھتی ہے۔

جَگ (ہ ۔ امر) جگنا کا ۔ **جگا** (امر) جگانا کا ۲ (ماضی) جگنا کی ۔ **جگا دینا ۔ جگانا** (متعدی) ۱ بیدار کرنا ۔ نیند سے اٹھانا ۲ ہشیار کرنا ۔ خبردار کرنا ۳ سونے نہ دینا ۔ بیدار رکھنا ۴ روشن کرنا ۔ جلانا ۵ پھیکے حروف یا لکیر کو روشن کرنا ۶ سحر یا جادو کو تیز کرنا **جگایا** (ماضی) جگانا کی ۔ **جگ جانا ۔ جگنا** (لازم) جگانا کا **جگوانا** (م) جگانا کا ۔

جَگ (ہ ۔ مذکر) عالم ۔ دنیا ۔ جہان ارض ۲ مخلوق ۔ لوگ ۔ خلقت ۔ ایک رسم جو بڑے بڑے راجہ کیا کرتے تھے ۔ جس میں بھینٹ چڑھائی جاتی تھی ۳ (ھ) دعوت ۔ ضیافت ۔ جلسہ ۔ **جگ بیتی** (مونث) قصہ ۔ کہانی ۔ دنیا کی سرگذشت ۔ **جگ پتی** (ھ) ۱ دنیا کا حاکم ۲ وشن جی اور شوجی کا لقب ۳ بادشاہ ۔ راجہ ۔ **جگ پرلون** (ھ) دیکھو **جگ جیتا** (ھ) دنیا کا فاتح **جگ جیتنا** (متعدی) ۱ دنیا کو فتح کر لینا ۲ غالب آنا **جگ دھاری** (ھ) دنیا کو برقرار رکھنے والا ۔ ایشور کوئی بڑا دیوتا ۔ **جگ کرتار** (ھ) برہما جی کا لقب **جگ موہنی** (ھ ۔ مونث) حسین عورت کا لقب ۔ **جگ ہنسائی** (مونث) ۱ دنیا کی ہنسی کی وجہ ۲ وہ چیز جس پر دنیا ہنسے ۳ بدنامی ۔ **جگ ہنسائی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ایسا کام ہونا جس پر دنیا کے لوگ ہنسیں ۲ بدنامی ہونا رسوائی ہونا ۔ **جگیسر** (خف) **جگیشور** (مذکر) ۱ دنیا کا مالک ۲ وشن جی اور شوجی کا لقب ۔

امثال و اقوال ۔ جگ جانی دیس بکھانی ۔ بہت مشہور ۔ **جگ جلا تو جلنے دے میں آپ ہی جلتی ہوں** ۔ میں خود ہی تکلیف میں ہوں دوسروں کا کیا ہے ۔ **جگ جیتا مو[...]ی کانی برکٹھار ہوئے جب جانی** (ھ) کامیابی [...]ں وقت سمجھنی چاہئے جب معاملہ ٹھیک طور پر ختم ہو جائے ۔ بیان کرتے ہیں کہ ایک کانی لڑکی کی شادی ہوئی ۔ اس کے رشتے دار بہت خوش تھے لیکن جب دولھا صاحب آئے تو وہ لنگڑے تھے ۔ **جگ درشن کا میلا ہے** ۱ دنیا دیکھنے میں خوبصورت ہے ۲ دنیا میں میل ملاپ بڑی چیز ہے ۔ **جگ [...]ان جہان کی خالا** ۔ اس عورت کو کہتے ہیں جو گھر گھر پھرتی ہو ۔ **جگ میں دیکھت ہی کا ناتا ہے** ۔ میل جول سے تعلقات بڑھتے ہیں ۔

جَگ (انگ ۔ مذکر) پانی وغیرہ رکھنے کا دستے والا برتن ۔ صراحی ۔ لوٹا ۔

جُگ (ہ ۔ مذکر) ۱ جوڑا ۔ دو ۔ چوسر میں دو گوٹوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۲ ہمیشہ ۔ سدا ۳ (ھ) جوا ۔ پنجالی ۴ زمانہ ۔ عہد ۔ قرن ۔ دور ۵ ہندوں کے چار زمانوں ست ۔ ترتیا ۔ دواپر ۔ کل میں سے ہر ایک زمانہ ۶ (ھ) پانچ سال کا زمانہ ۷ ایک ماپ جو چار ہاتھ کے برابر ہوتا ہے ۸ گوٹے کی بنت میں سے ایک دھاگا ۹ بعض وقت ۔ ۴ یا ۱۲ کے عدد کو ظاہر کرتا ہے ۱۰ پیڑھی پشت ۔ **جگادر** (ھ) **جگادری** (صفت) بہت پرانا ۔ قدیم ۲ پرانا ۔ گھاگ ۳ بہت بوڑھا اور قد آور (بندر) **جگانت** (ھ) ۱ جگ کا [...]م یا خاتمہ ۲ (صفت) مدتوں تک ۔ ہمیشہ کے لئے ۔ **جگ پڑنا** (لازم) گوٹے میں دھاگا پڑنا ۔ **جگ پھوٹنا یا ٹوٹنا** (لازم) چوسر میں دو گوٹوں کا جدا ہونا ۲ نا اتفاقی ہونا ۔ پھوٹ پڑنا **جگ پھوڑنا یا توڑنا** (متعدی) جگ پھوٹنا کا ۔ **جگ جگ** (صفت) ہمیشہ ۔ مدام ۔ **جگ جگ جیو یا جیئے** (دعا) ۱ ہمیشہ جیتے رہو ۔ بڑی عمر ہو ۲ طوطے کو سکھاتے ہیں ۔ **جگ جوڑ** (صفت) ۱ ہاتھ باندھ کر

درست بستہ۔ جگ ڈال دینا یا ڈالنا (متعدی) گوٹا بننے میں دھاگا ڈالنا۔

امثال و اقوال۔ جگ ٹوٹا نہ ماری گئی (مری) نااتفاقی ہوئی اور تباہی آئی۔ پھوٹ پڑی اور کام خراب ہوا۔ **جگ جگ جیا کرو دودھ بتاسے پیا کرو** (دعا) بڑی عمر ہو اور خوش رہو۔

جُگا (ہ۔ امر) جگانا کا۔ **جگا (جگا) کر (کے) رکھنا** (متعدی) ۱۔ سجا کر یا ٹھیک کر کے رکھنا ۲۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ۳۔ احتیاط سے رکھنا۔ **جگان** (ھ) ۱۔ دھوبی کے کپڑے دھوئے۔ استری کئے اور تہ کئے ہوئے ۲۔ کپڑے دھونے کا دن۔ **جگانا** (متعدی) ۱۔ دیکھو جگا کر رکھنا ۲۔ حفاظت کرنا ۳۔ کسی محنت کے کام میں امداد کرنا۔ **جگاونا** (ھ۔ مم) جگانا کا۔

جُگال (ہ۔ امر) ۱۔ جگالنا کا ۲۔ (ھ) جگالی ۳۔ دیکھو جگل (س گ۔ حرکت کرنا)۔ **جگالنا** (متعدی) جگالی کرنا۔ **جگالی** (مونث) حیوانات کا اپنے چارے کو معدے سے نکال کر کھانا۔ **جگالی کرنا** (متعدی) دیکھو آخری ۲۔ مذاقاً بیکار بیٹھے ہوئے آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔

جُگُپسا (س۔ مونث) ۱۔ تنبیہ۔ زجر و توبیخ ۲۔ برا بھلا کہنا۔ گالی دینا ۳۔ نفرت۔ حقارت۔

جَگَت (س۔ مذکر) ۱۔ دنیا۔ عالم جہان ۲۔ انسان و حیوان۔ مخلوقات ۳۔ کنویں کی مینڈ ۴۔ پشتہ۔ بند ۵۔ (صفت) چلنے والا۔ متحرک۔ **جگت آتما** (مذکر) دنیا کی روح۔ روح اعلےٰ۔ برہما جی **جگت آدھار** (مذکر) ۱۔ دنیا کو سنبھالنے والا یا پرورش کرنے والا ایشور ۲۔ ہوا۔ باد۔ **جگت آشنا** (ہ۔ صفت) لوگوں سے بہت میل جول رکھنے والا۔ ہر ایک سے ملنے والا **جگت اُجاگر** (صفت) دنیا کو روشن کرنے والا۔ ایشور کا ایک نام۔ **جگت اُستاد** (صفت) استاد زمانہ۔ فن میں طاق۔ **جگت پالک** (مذکر) دیکھو جگ پالک **جگت پالن** (مذکر) دنیا کی پرورش۔ **جگت پتی** (مذکر) دیکھو جگ پتی۔ **جگت پران** (مذکر) "دنیا کی روح" ہوا۔ باد۔ **جگت پرایَن** (مذکر) "دنیا کا مالک" وشن جی۔ **جگت پَرَبھو** (مذکر) ۱۔ دنیا کا مالک۔ برہما ۲۔ شو جی۔ وشن جی ۳۔ جینیوں کا ایک ارہت **جگت پردھان** (مذکر) "دنیا کا حاکم" شو جی۔ **جگت پریت** "دنیا کی خوشی" شو جی۔ **جگت تار یا ترا تا** (مذکر) جگ ترا تا۔ **جگت تَرَیہ** (مذکر) تین دنیا۔ آسمان۔ زمین اور پاتال۔ **جگت تنگہ** (مذکر) دو راجوں کے نام جنہوں نے ۵۵ء سنہ ۹۰ء میں سلطنت کی۔ **جگت جاہر** (صفت) ۱۔ روشن۔ منور ۲۔ مشہور عالم۔ شہرہ آفاق۔ **جگت جَنَک** (مذکر) "دنیا کا باپ" ایشور کا نام۔ **جگت دُکھی** (صفت) "دنیا کو تکلیف دینے والا" ظالم۔ سفاک۔ **جگت سالا** (مذکر) ۱۔ رنڈی یا بیبی کا بھائی ۲۔ ایک گالی۔ **جگت سوامی** (مذکر) دنیا کا مالک۔ ایشور کا نام۔ **جگت سیٹھ** (ہ۔ مذکر) ۱۔ بہت بڑا ساہوکار ۲۔ بہت امیر آدمی۔ **جگت سیٹھ کا سالا** (مذکر) (گالی) امیر کی بیوی کا بھائی۔ **جگت کرتا** (مذکر) "دنیا کا خالق" برہما جی۔ **جگت کشئے** (مذکر) دنیا کی تباہی قیامت۔ **جگت گرو** (مذکر) ۱۔ جگت استاد ۲۔ برہما جی۔ وشن جی۔ شو جی کا نام۔ **جگت ماتا۔ جگتمبا** (مونث) "دنیا کی ماں" درگا۔ پاربتی۔ **جگت مُول** (مذکر) ۱۔ ایشور۔ **جگت موہن** (ھ۔ مذکر) وہ شخص جو دنیا کو فریفتہ کرے۔ **جگت واسی** (مذکر) دنیا کا باشندہ۔ **جگت ونچت۔ ونچک** (صفت) منافق۔ ریا کار۔ کپٹی۔ مکار۔ **جگت وناس** (مذکر) دنیا کی تباہی۔ جگ کا اختتام۔ **جگت وَندھ** (صفت) "جس کی دنیا تعریف کرے"۔ کرشن جی کا لقب۔ **جگتی** (ھ۔ مونث) ۱۔ دیکھو جگت ۲۔ ایک قسم کا وزن یا بحر۔ **جگتی تل** (مونث) زمین۔ دنیا ۲۔ اشیا زیر فلک۔

جُگَت (ہ۔ مونث) ذومعنی بات لطیفہ۔ تلازمہ۔ طنز ۲۔ تدبیر۔ سازش۔ جوڑ توڑ ۳۔ چترائی چالاکی۔ کاریگری ۴۔ (ھ) تعلق۔ رشتہ۔ جوڑ ۵۔ اتفاق موافقت ۶۔ رسم۔ رواج۔ استعمال ۷۔ مطلب کا ذومعنی الفاظ میں بیان ۸۔ تپسیا کا راز۔ **جگت باز** (مونث) لطیفہ گو۔ بذلہ سنج (س یکت)۔ **جگت بازی** (مونث) لطیفہ گوئی۔ بذلہ سنجی۔ **جگت بولنا** (متعدی) ذومعنی بات کہنا۔ لطیفہ کہنا۔ **جگت رنگ** (لکھنؤ۔ صفت) جگت باز **جگت لڑانا** (متعدی) ذومعنی باتیں کرنا۔ ضلع میں بات چیت کرنا۔ **جگت لگانا** (متعدی) تدبیر لڑانا۔ توڑ جوڑ بٹھانا ۲۔ راہ رسم پیدا کرنا۔ تعلق بنانا۔ **جگت ملانا** (متعدی) مطلب گانٹھنا۔ **جگتی۔ جگتیا** (ھ) ۱۔ چالاک ہوشیار۔ چاتر ۲۔ کفایت شعار ۳۔ فطرتی۔ متفنی۔ شرارتی ۴۔ جگت باز۔

جُگتی (ھ۔ مونث) ۱۔ حصہ دار۔ ساجھی ۲۔ بیوی ۳۔ دلھن۔

جَگجگا (ہ۔ امر) ۱۔ جگجگانا کا ۲۔ (ھ) جھلمل۔ پنی۔ **جگجگانا** (لازم) ۱۔ چمکنا۔ جھلکنا۔ ٹمٹمانا۔ جگمگانا۔ **جگجگاہٹ** (مونث) چمک دمک۔ جھلک

جِلجِگی (ھ۔ مونث) ۱۔ منت۔ خوشامد منت سماجت۔ للو پتو ۲۔ نہایت عاجزی سے مانگنا (کرنا کے ساتھ)۔ **جلجگیا** (صفت) وہ جو منت یا خوشامد کرے۔

جَگَر (س۔ مذکر) زرہ۔

جِگَر (ف۔ مذکر) ۱۔ اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام جس میں صفرا پیدا ہوتا ہے۔ کلیجا۔ کلیجی ۲۔ حوصلہ۔ ہمت۔ جرات ۳۔ دل۔ جی۔ جان ۴۔ جوہر۔ لب لباب ۵۔ معشوق۔ پیارا ۶۔ بیٹا۔ اولاد ۷۔ بہت قریبی رشتہ دار یا دوست۔ **جگرا** (ھ) ۱۔ دیکھو جگر ۲۔ طاقت۔ قوت۔ زور۔ **جگر آب ہونا** (لازم) سخت صدمہ پہنچنا ۲۔ ہمت ٹوٹ جانا ۳۔ سخت خوف ہونا **جگر اچھلنا** (لازم) دیکھو آخری ۱ تا ۳۔ **جگر افگار** (صفت) ۱۔ شکستہ دل ۲۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔ **جگر بند** (مذکر) دل جگر اور پھیپھڑے کا مجموعہ ۲۔ بیٹا۔ عزیز ۳۔ معشوق **جگر پاش پاش ہونا** (لازم) سخت صدمہ ہونا۔ سخت غم ہونا۔ **جگر پانی ہونا** (لازم) دیکھو جگر آب ہونا۔ **جگر پر پتھر رکھ لینا** (لازم) صبر کرنا۔ دل کڑا کرنا۔ ضبط کرنا۔ **جگر پر چھریاں چلنا** (لازم) سخت رنج و غم ہونا۔ سخت صدمہ پہنچنا ۲۔ بہت بےچین ہونا۔ سخت پریشان ہونا۔ **جگر پر موگری پڑنا** (لازم) سخت صدمہ ہونا۔ **جگر پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) بیقراری کی حالت میں جگر کے مقابلے میں پیٹ پر ہاتھ رکھ لینا۔ **جگر پک جانا** (لازم) بار بار کے صدموں سے غصہ آنا یا غمگین ہونا۔ **جگر پھنکنا** (لازم) سخت رنج ہونا۔ **جگر پیٹنا** (لازم) نہایت رنج ہونا **جگر تفتہ** (صفت) جگر بھنا ہوا۔ غمگین۔ صدمے اٹھائے ہوئے۔ رنجیدہ۔ **جگر تھام کے بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) سخت بیتاب ہونا۔ **جگر ٹکڑے (ٹکڑے) ہونا** (لازم) سخت صدمہ پہنچنا۔ **جگر جلنا** (لازم) غصہ آنا۔ افسوس ہونا۔ **جگر چاک** (صفت) دل شکستہ **جگر چاک ہونا** (لازم) سخت صدمہ پہنچنا **جگر چاکی** (مونث) دل شکستگی۔ **جگر خراش** (صفت) جگر کو چھیلنے والا۔ سخت رنج دہ۔ **جگر خراشی** (مونث) سخت روحانی تکلیف۔ **جگر خوار یا خور** (مذکر) جادوگر۔ ڈائن۔ بلا۔ **جگر دو ٹکڑے ہونا** (لازم) سخت صدمہ پہنچنا۔ **جگر دوز** (صفت) دل پر اثر کرنے والا جگر

دہل جانا یا دہلنا (لازم) سخت ڈرنا یا خوف کھانا۔ جگر دیکھنا (متعدی) حوصلہ دیکھنا۔ جگر رکھنا (متعدی) حوصلہ رکھنا۔ جگر سراہنا (متعدی) حوصلے کی تعریف کرنا۔ تاب وتحمل کی توصیف کرنا (لکھنؤ)۔ جگر سوز (صفت) دل جلانے والا۔ رنج دینے والا۔ ۲ دل جلا۔ جیسے صدمہ پہنچے۔ ۳ ہمدرد۔ جگر سے دھواں اٹھنا (لازم) سخت غمگین ہونا۔ جگر شق ہونا (لازم) سخت صدمہ پہنچنا۔ جگر فگار (صفت) دیکھو جگر افگار۔ جگر کاٹنا (متعدی) ایسی چیز کھلانا جس سے جگر ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔ جیسے کٹا ہوا شیشہ یا الماس۔ جگر کٹ جانا یا کٹنا (لازم) دیکھو آخری۔ جگر کانپ جانا (لازم) سخت خوف کھانا۔ ڈر جانا۔ جگر کاوی (مونث) محنت۔ مشقت۔ جانفشانی۔ جگر کباب ہونا (لازم) سخت غم وغصہ کھانا صدمات کی وجہ سے۔ جگر کرنا (متعدی) حوصلہ کرنا۔ جگر کو دیکھو۔ حوصلہ دیکھو۔ دلیری دیکھو۔ جگر کو کھونا (متعدی) جگر میں کاوش ہونا (مت) جگر کے پار ہونا (لازم) ۱ کلیجے کی دوسری طرف نکل جانا زخمی کرنا۔ ۲ سخت صدمہ پہنچانا۔ جگر کے ٹکڑے ہونا (لازم) سخت صدمہ یا غم ہونا۔ جگر کی چوٹ (مونث) روحانی صدمہ۔ صدمہ جانکاہ۔ ۲ اولاد کا غم۔ جگر گوشہ (مذکر) فرزند۔ جگر لہو کرنا (مذکر) ۱ سخت صدمہ پہنچانا ۲ ہمت توڑ دینا۔ جگر لہو ہونا (لازم) دیکھو آخری۔ جگر مسوس لینا (صفت) صدمے کی وجہ سے دل پر ہاتھ رکھ لینا۔ جگر منہ کو آنا یا چلنا (لازم) سخت صدمہ ہونا۔ جگر میں چٹکیاں لینا (مذکر) سخت صدمہ دینا۔ جگر میں کاوش ہونا (لازم) جگر میں ناسور رہونا (لازم) ایسا صدمہ ہونا جو ہمیشہ رہے۔ جگر ہل جانا (لازم) ۱ سخت صدمہ ہونا۔ ڈر جانا۔ خوف کھانا۔ جگر ہونا (لازم) حوصلہ ہونا۔ جگری (صفت) ۱ جگر سے تعلق رکھنے والا۔ منسلقہ جگر۔ ۲ اندرونی۔ ۳ اپنا۔ رشتہ دار۔ قریبی۔ جگری داغ (مذکر) ۱ دلی صدمہ۔ لاعلاج صدمہ۔ مصیبت یا غم۔ ۲ نقص جو کسی جوہر یا دھات کی چیز میں ہو۔ جگری دوست (مذکر) گہرا دوست۔ دلی دوست۔ جگری ہے اڑے پر آڑے آتا ہے۔ اپنا ہی مصیبت میں کام آتا ہے۔ مثل۔ جگر جگر دگر دگر۔ اپنا اپنا ہی ہے غیر غیر ہے۔

جگر جگر کرنا (اردو۔ متعدی) چمکنا۔ جگمگانا۔

جگرنہ (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا بگلا۔

جُگَل (ھ۔ مذکر) جوڑا۔ دو۔ جگل جوڑی (مونث) جوڑا۔ دو بھائی یا دو بہنیں جو تقریباً ہم عمر ہوں۔ جگل کشور (مذکر) ۱ جوڑے میں سے ایک لڑکا۔ ۲ ہندوؤں میں ایک نام۔

جَگمَگ (ھ۔ مونث) چندھیا دینے والی روشنی۔ نور۔ جگمگا (امر) ۱ جگمگانا کا۔ ۲ (صفت) سخت روشن۔ منور۔ چمکدار۔ چندھیا دینے والا۔ ۳ رشنی۔ جگمگاٹ (ھ) دیکھو جگمگاہٹ۔ جگمگانا (متعدی) ۱ روشن کرنا۔ ۲ (لازم) چمکنا۔ روشن ہونا۔ جگمگاہٹ (مونث) چمک دمک۔ جھلک۔ رونق۔ جگمگ جگمگ کرنا (متعدی) ۱ بہت سے ستاروں کا اکٹھا چمکنا۔ ۲ کثرت سے روشنی ہونا۔

جَگَن (ھ۔ مذکر) (علم عروض) ایک بحر یا وزن۔

جَگَن (س۔ مذکر) جگت مرکبات کے پہلے جگن سے بدل جاتا ہے۔ جیسے جگن ماتا یا ماتری (مونث) "دنیا کی ماں" شوجی کی بیوی کا ایک نام۔ جگن موہنی (مونث) "دنیا کو فریفتہ کرنے والی"۔ ایک سرگنا کا نام۔ جگن موہی (صفت) دنیا کو موہ لینے یا فریفتہ کرنے والا۔ ۲ (مذکر) وہ شخص جو دنیا کو فریفتہ کرلے۔ جگن ناتھ (مذکر) "دنیا کا مالک" ۱ کرشن جی اور وشن جی کا ایک نام۔

جَگناسا (ھ۔ مونث) ۱ جاننے کی خواہش۔ شوق تحقیق ۲ دریافت۔ تفتیش۔ ۳ ٹوہ لینا دریافت کرنا۔

جَگنائی (ھ۔ مونث) جاگ۔ نیند نہ آنا۔ بیداری۔

جُگنو (ہ۔ مذکر) ایک کیڑا جو اڑتا ہے تو اسکی دُم روشنی دیتی ہے۔ کرمک شب تاب ۲ گلے کا ایک زیور (س۔ جگنو)

مثل۔ جگنو بیٹے کے گھر میں چراغ۔ ادنے آدمی کو قلیل راحت بھی بمنزلہ ثروت کے ہے۔

جَگنَہ (ھ۔ مذکر) جگ بھینٹ

جگنہ سوتر (مذکر) زنار۔ جنیو۔

جُگنی (ہ۔ مونث) ۱ زیور کا نام ۲ ایک مشہور پنجابی گیت جس میں جگنی کی تعریف ہے ۳ (ھ) جگنو۔

جگوانا (ہ۔ مم) جگانا کا۔

جَگَہ (ہ۔ مونث) مقام۔ جائے۔ موقعہ۔ استھان۔ ٹھور۔ ۲ وسعت گنجائش۔ سمائی ۳ خالی مقام۔ سفیدی ۴ عہدہ۔ نوکری۔ خدمت۔ ملازمت ۵ مناسب موقعہ ۶ بدن کا کوئی حصہ ۷ شہر۔ قصبہ۔ گاؤں ۸ مکان۔ جھونپڑی ۹ نشست۔ نشستگاہ۔ جگہ بنانا (متعدی) ۱ تھوڑا تھوڑا سرک کر کسی شخص کے بیٹھنے کے لئے جگہ خالی کرا دینا ۲ مکان بنانا۔ جھونپڑا بنانا۔ جگہ بننا (لازم) دیکھو آخری۔ جگہ بھر جانا یا پر ہو جانا (لازم) کہیں بیٹھنے کے لئے جگہ نہ رہنا۔ جگہ جگہ (صفت) ہر جگہ۔ جہاں تہاں جگہ جگہ درد کرنا یا ہونا (لازم) بدن کے ہر حصہ میں تکلیف ہونا۔ جگہ جگہ ذکر ہونا (لازم) ہر جگہ کسی معاملے پر گفتگو ہونا۔ جگہ چھڑانا (مم) دیکھو جگہ چھوڑنا۔ جگہ چھوڑنا (متعدی) ہٹنا۔ سرکنا ۲ مقام چھوڑنا۔ لکھتے لکھتے کاغذ پر سفیدی یا خالی جگہ چھوڑنا۔ جگہ خالی کرانا (مم) بیٹھے ہوئے کو اٹھا دینا۔ جگہ خالی کرنا (متعدی) بیٹھنے کو جگہ دینا۔ جگہ خالی ہونا (لازم) کسی کا اٹھ کر چلا جانا ۲ کسی کا ملازمت چھوڑ کر چلا جانا۔ جگہ درد کرنا (لازم) بدن کے کسی حصے میں درد ہونا۔ جگہ دلانا (مم) ۱ نوکری کرانا۔ عہدہ دلانا ۲ مکان دلانا۔ رہنے کے لئے زمین دلانا۔ جگہ دل میں کرنا (متعدی) محبت پیدا کرنا۔ رسوخ پیدا کرنا۔ جگہ دل میں ہونا (لازم) محبت ہونا۔ قدر ہونا۔ جگہ دینا (متعدی) دیکھو جگہ دلانا۔ جگہ رہنا (لازم) گنجائش رہنا۔ جگہ رکنا (لازم) بیٹھنے کے لئے جگہ نہ رہنا جگہ روکنا (متعدی) کسی خالی مقام پر کسی کو بیٹھنے نہ دینا خالی مقام پر بیٹھ جانا۔ جگہ سر ہونا (مت) دیکھو جگہ سے ہونا۔ جگہ سے (تف) موقع سے۔ برمحل۔ حسب موقع ۲ درست۔ بجا۔ جگہ سے ہونا (لازم) موقع سے ہونا برمحل ہونا۔ جگہ گرم کرنا (متعدی) بیٹھنا۔ جگہ ملنا (لازم) ۱ نوکری ملنا۔ ملازمت ملنا ۲ بیٹھنے کا موقع ملنا۔ جگہ میں (تف) کسی کی بجائے۔ کسی کی نوکری پر۔ جگہ ہونا (لازم) موقع ہونا۔ گنجائش ہونا ۲ بیٹھنے کے لئے موقع ہونا۔

جَگہر (ہ۔ مونث) جاگ۔ بیداری

جَگھَن (س۔ مذکر) ۱ پٹھا۔ چوتڑ۔ سرین۔ پڑا ۲ عضو تناسل۔ لنگ ۳ فوج کی پچھاڑی عقب۔

جِگیجَگی (ف۔ مونث) حیرت اور خوشی کے اظہار کے الفاظ۔

جگیشا (س۔ مونث) ۱ حاصل کرنے کی خواہش۔ خواہش حصول ۲ فتوحات کی خواہش ۳ دوسرے سے بڑھ جانے کی خواہش۔ ہمسری۔ ریس۔
جگیولوت (ھ۔ مذکر) زنار۔ جنیو۔ **جگیو پوتی** (مذکر) وہ شخص جس کو جنیو پہنایا جائے
جگیہ (ھ۔ مذکر) ۱ بھینٹ۔ نذر قربانی ۲ دیکھو جگ۔
جگیہ (ھ۔ صفت) ۱ پرستش کے قابل یا بھینٹ کے قابل ۲ بھینٹ دینے کے قابل **جگیہ دیش** (مذکر) ۱ وہ ملک جہاں بھینٹ دی جاسکے ہندوستان ۲ وہ ملک جہاں کالا ہرن رہتا ہو۔
جل (ہ۔ مذکر) پانی۔ آب۔ ماء ۲ (ھ) سردی۔ جاڑا ۳ ایک پودہ جو دوائیوں میں کام آتا ہے ۴ (صفت) سرد۔ بارد مردہ دل ۵ بیوقوف۔ احمق۔ اجڈ ۶ ہندی علم عروض میں چار کے عدد کو ظاہر کرتا ہے (س۔ جل) **جلاچمان** (ھ) کلّی۔ منہ کو پانی سے صاف کرنا۔ **جل پان** (مذکر) ناشتہ۔ تھوڑا سا کھانا (کرنا کے ساتھ) **جلترنگ** (مذکر) **جلترنگی** (مونث) ۱ ایک قسم کا دھات کا پیالہ جس میں پانی بھر کر کنارے پر لکڑی مارنے سے باجے کی آواز پیدا ہوتی ہے (بجانا بجنا کے ساتھ) **جل تھل** (مذکر) یا **تھل** (ھ) زمین جس پر بہت سا پانی ہو۔ دلدل ۲ پانی کی چادر ۳ کوئی جگہ جہاں پانی بھرا ہوا ہو ۴ بارش کی زیادتی ظاہر کرنے کو بھرنا کے ساتھ صیغہ جمع میں استعمال ہوتا ہے۔ **جل تھل** (ایک ہونا) بھرنا (لازم) ۱ سخت بارش ہونا۔ ہر طرف پانی ہی پانی نظر آنا ۲ کثرت بارش سے زمین غرق آب ہونا۔ **جل تھل ہونا** (لازم) بہت بارش ہونا۔ **جل جاترا** (مونث) غرآب۔ بحری سفر۔ **جل دھارا** (مذکر) پانی کی رو یا دھار۔ **جل کاک یا کاگ** (مذکر) ایک آبی پرندہ آبی کوا۔ ماہی گیر۔ ماہی خور۔ **جل کر** (مذکر) ۱ محصول جو مچھلی پکڑنے والوں پر لگایا جائے ۲ آمدنی جو مچھلیوں کے محصول سے ہو۔ **جل کوا** (مذکر) ایک آبی پرندہ۔
امثال واقوال۔ جل سور بامن رن سور چھتری قلم سور کایتھ۔ گنڈ سور کھتری (ھ) برہمن پانی میں بڑا بہادر ہوتا ہے۔ چھتری لڑائی میں۔ کایتھ قلم کا بہادر ہے اور کھتری پیٹھ دکھانے کا یعنی سخت بزدل ہے۔ جل سے اگنی بجھت ہے۔ جل برست ٹھنڈ ہو۔ جل سے دھوبی میل کو دور کرت ہے دھو (ھ) پانی انسان کے بڑے فائدے کی چیز ہے۔

بکھانکہے۔ برت۔ تو سردی ہوتی ہے۔ اور میلے کپڑوں سے میل کو نکالتا ہے۔ جل کی مچھلی جل ہی میں بھلی۔ ہر چیز اپنے موقع پر اچھی معلوم ہوتی ہے۔ جل مٹی بھگوان ہے پانی خدا کے مانند ہے۔ مطلب یہ ہے کہ پانی سے صفائی حاصل ہوتی ہے۔ جل میں بسے کمودنی اور چندا بسے اکاس۔ جو جن جاکے من بسے سو جن تاکے پاس (ھ) کنول پانی میں رہتا ہے اور چاند آسمان پر جو انسان کے دل میں رہتا ہے وہ اس کے پاس ہے۔ جل میں کھڑی پیاسوں مرے۔ ہر چیز موجود ہے مگر بدقسمتی سے فائدہ نہیں اٹھا سکتی یا استعمال نہیں کرسکتی۔ جل میں مچھلی نو نو کٹیا بخرا (ھ) چیز ابھی ملی نہیں حصے پہلے ہی ہونے لگ گئے۔
جَلّ (ع۔ صفت) بڑا۔ بزرگ۔ جل میں ماضی کا صیغہ ہے۔ دیکھو اصلی جگہ پر۔ **جل جلالہٗ**۔ بڑی ہے بزرگی اور عظمت اسکی۔ **جَلّ ذکرہٗ**۔ بڑا ہو نام اس کا۔ **جَلّ شانہٗ**۔ بڑی ہو طاقت اس کی۔ اللہ۔ حق کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں۔ **جَلّ و علےٰ**۔ خدائے بزرگ و برتر۔
مقولہ۔ جل تو جلال تو (صاحب یا عزّ کمال تو) آئی بلا کو ٹال تو۔ خدا بچائے یا خدا تو بلا کو ٹال۔
جُلّ (ع۔ مذکر) ۱ اکٹھا کرنا اونٹ کی مینگنوں کا ۲ جہاز کا بادبان۔
جَل (ہ۔ امر) جلنا کا (س جُول سے جلنا) **جَلا** (امر) ۱ جلانا کا ۲ (ماضی) جلنا کی ۳ (صفت) جلا ہوا ۴ تنگ آیا ہوا ۵ غصیلا۔ تیز طبیعت۔ **جلا بُلا** (ھ) **جلا بھنا** (صفت) غصہ میں بھرا ہوا۔ رنجیدہ۔ ناراض۔ **جلاپا** (مذکر) جلن۔ غم۔ رنج ملال ۲ حسد رشک سوکن کی جلن۔ بغض۔ عداوت ۳ ایک دوا کا نام۔ **جلاپا خور** (صفت) حاسد۔ رشک کرنے والا۔ **جلا تن** (صفت) غصیلا۔ بدمزاج۔ تیز طبیعت۔ کسی بات کی برداشت نہ کرنے والا ۲ حاسد۔ رشک کرنے والا۔ **جل اٹھنا** (لازم) آگ کا بھڑک اٹھنا۔ آگ جلنا۔ **جلا جلا کر خاک کرنا یا مارنا** (متعدی) غم میں گھلانا۔ رشک دلانا۔ بہت ستانا **جلا کر خاک کرنا** (متعدی) ۱ بالکل جلا دینا ۲ تباہ کرنا برباد کرنا۔ جلا دینا۔ **جلانا** (متعدی) آگ لگانا۔ آگ سلگانا ۲ غصہ دلانا۔ طیش دلانا ۳ چھیڑنا۔ ستانا۔ دق کرنا ۴ چراغ یا لمپ روشن کرنا ۵ غم و رنج میں ڈالنا۔ **جلانے والا**۔ (صفت) ۱ تیز۔ بدن میں زخم ڈالنے والا۔ سوزش یا جلن

پیدا کرنے والا ۲ (مذکر) ایذا کرنے والا۔ **جلاؤ** ۱ صفت جلنے کے قابل۔ سوختنی ۲ چڑچڑا۔ تنگ مزاج ۳ ناراض غصے ۴ (مذکر) دیا۔ چراغ۔ **جلاون** (ھ۔ مذکر) ایندھن جارن۔ **جل بجھنا** (لازم) جل کر راکھ ہوجانا۔ **جل بل** (صفت) جلا بلا۔ **جلبلانا** (متعدی) غصہ کرنا۔ **جل بل کے** سخت غصے میں ناراض ہوکر۔ **جل بھنکر** (تف) پیچ و تاب کھاکر۔ ناامید ہوکر۔ **جل بھنکر بیٹھ رہنا** (لازم) ناامید ہوکر رہ جانا۔ **جل بھن کر کوئلا ہوجانا** (لازم) دیکھو جل کر رخ۔ **جل پکنا** (لازم) سخت ناراض ہونا۔ بیزار ہونا۔ **جلتا** (ماضی ناتمام) ۱ جلنا کی ۲ (مذکر) آگ (کہاروں کی اصطلاح) **جلتا توا** (مذکر) وہ توا جو خوب گرم ہوگیا ہو۔ **جلتواہی**۔ **جلتوائی** (مونث) ۱ جلن۔ حسد۔ رشک ۲ جھگڑا۔ فساد (پڑنا کے ساتھ) **جلتی آگ بجھانا** (متعدی) فساد ٹھنڈا کرنا۔ **جلتی آگ میں تیل ڈالنا** (متعدی) لڑائی چمکانا۔ جھگڑا اور بڑھانا۔ **جلتی آگ میں پانی ڈالنا** (متعدی) جھگڑا اٹھانا۔ **جلتی آگ میں گرنا یا کودنا** (لازم) ۱ مصیبت میں کسی کا شریک حال ہونا ۲ اپنے آپ کو مصیبت میں ڈالنا۔ **جل جانا** (لازم) آگ لگنا۔ آگ لگ کر راکھ ہوجانا ۲ سردی سے پودے اور بوٹیوں کا مرجانا ۳ نہایت ناراض ہونا۔ سخت غصے ہونا ۴ حسد کرنا۔ پیچ و تاب کھانا۔ **جلجلا** (صفت) ناراض ہونیوالا۔ غصیلا ۲ چڑچڑا۔ تنگ مزاج۔ زود رنج ۳ غضبناک غضب آلود۔ **جلجلاٹ** (ھ) **جلجلاہٹ**۔ **جُلجلانا** (لازم) ۱ غصے ہونا۔ ناراض ہونا ۲ پیچ و تاب کھانا **جلجلاہٹ** (مونث) ۱ غصہ یا ناراضگی۔ غضب ۲ چڑچڑاپن۔ تنگ مزاجی۔ **جل جل کے بھوبھل ہوگیا**۔ بہت ہی غصہ آیا۔ **جل کر پتنگا** (خاک۔ راکھ کباب یا کوئلہ) **ہوجانا** (لازم) غصہ میں سخت پیچ و تاب کھانا ۲ سخت ناخوش ہونا۔ سخت ناراض ہونا **جل ککڑا یا ککڑا یا گکڑی** (صفت۔ مونث) ۱ چڑچڑا زود رنج ۲ مغلوب الغضب۔ جلے تن۔ **جل گئی**۔ (صفت، مونث) یا **گیا** (صفت۔ مذکر) بدنصیب۔ کمبخت۔ بدقسمت۔ **جل گیا تو کیا کرلے گا**۔ ناخوش ہوا تو کچھ نقصان نہیں کرسکتا۔ **جل مرنا** (لازم) رشک سے پیچ و تاب کھانا ۲ کسی کی بھلائی نہ دیکھ سکنا ۳ اپنے کپڑوں کو آگ لگا کر مرجانا۔ **جَلَن** (مونث) ۱ رشک۔ حسد ۲ طیش سوزش۔ تپک ۳ غصہ۔ رنج و غم ۴ دشمنی۔ کینہ۔ **جَلنا** (لازم) ۱ آگ لگنا ۲ جل اٹھنا ۳ آگ سلگنا یا مشتعل ہونا

۲ بجھنا۔ جھلسنا ۷ راکھ ہو جانا۔ سوختہ ہو جانا ۵ آگ سے بدن کے کسی حصے پر زخم ہو جانا ۱۰ سوزش ہونا۔ جلن ہونا تپکنا ۸ نباتات کا سردی یا پالے سے مرجانا ۹ رشک یا حسد کرنا ۱۰ ناراض ہونا۔ غصے ہونا ۱۱ رنج اٹھانا۔ غم کھانا۔ شکستہ دل ہونا ۱۲ مرچ یا تیز چیز سے زبان کو تکلیف ہونا چرپراہٹ ہونا۔ **جلنا بھُننا** (لازم) پیچ و تاب کھانا آزردہ ہونا۔ **جلنا بلنا**۔ دیکھو جلنا سوائے ۱۲ و ۱۳ کے **جلوانا** (م) جلانا کا۔ **جلوں** (صفت) جلا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **جلوں کو جلانا** (متعدی) دیکھو جلے کو جلانا۔ **جلے** (صفت) ۱ جلا کی جمع ۲ بجائے جلا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **جلے پاؤں کی بلی** (مونث) سگ پا سوختہ۔ فارسی محاورہ ہے۔ آوارہ گرد۔ جو ایک جگہ نہ بیٹھ سکے۔ **جلے پر نون یا نمک چھڑکنا یا لگانا** (متعدی) دیکھو جلے کو جلانا۔ **جلے پھپھولے پھوٹنا** (لازم) ۱ شکایتوں کا دفتر کھلنا۔ شکایتیں کرنا ۲ عداوت نکلنا **جلے پھپھولے پھوڑنا** (متعدی) دیکھو آخری۔ **جلے تن** (صفت) دیکھو جلا تن۔ **جلی کٹی** (باتیں) (مونث) رشک و حسد کی گفتگو۔ غصے کی باتیں۔ طعن و طنز کی بات چیت۔ **جلی کٹی رکھنا** (متعدی) دشمنی رکھنا۔ مخالفت رکھنا۔ **جلی کٹی پر (پے) آنا**۔ **جلی کٹی کرنا یا سنانا**۔ (متعدی) طعن و تشنیع کی گفتگو کرنا۔ **جلی کٹی کہنا** (متعدی) ۱ برا بھلا کہنا ۲ برائی کرنا۔ بدی کرنا۔ **جلے کو جلانا** (متعدی) مصیبت زدہ کو اور تنگ کرنا۔ ستائے کو ستانا۔ مغموم کو اور رنجیدہ کرنا۔

امثال و اقوال۔ جلا جواری

برا شوقین اور عادی جواری برا ہوتا ہے۔ **جلانے کو پھوکس نہیں اور تاپنے کو کوئلا** بہت غریب مگر مزاج میں امیری ہے۔ **جلے جھونپڑے سے جو نکلے سو واہ** نقصان ہوتا ہو جو بچ جائے سو غنیمت ہے۔ **جلتی (جلتے) کی جائی غریب کے گلے لگائی**۔ بدنصیب کی بیٹی غریب سے بیاہی گئی۔ **جلے پرائی دھی اور ہنسیں بٹاؤ لوگ** کسی پر مصیبت پڑتی ہے اور لوگ ہنستے ہیں۔ **جلے تو پھپھولے پھوڑا ہی کرتے ہیں** بگڑے دل جو کچھ نہ کر بیٹھیں تعجب نہیں۔ **جلے کو جلانا نمک مرچ لگانا** مصیبت زدہ کو طعن و تشنیع کی گفتگو سے اور زیادہ تکلیف یا رنج دینا۔ **جلے گھر کی بلینڈی** (مونث) وہ آدمی جو اکیلا کنبے میں سے زندہ رہ جائے **جلے ہوئے تو پتھر مارا کرتے ہیں**۔ جو شخص مصیبت زدہ ہو وہ بلا لڑنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے۔ **جلے ہوئے** یونہی کہا کرتے ہیں۔ جن کو تکلیف پہنچی ہو وہ تکلیف دینے والے کو بد دعائیں دیتے ہیں۔

جَلّ (ع۔ مذکر) ۱ قالین ۲ کپڑے۔

جُل (ہ۔ مذکر) ۱ جھکا۔ دغا۔ فریب مکر۔ پھند۔ جھانسا۔ دم۔ چھل ۲ بتا۔ دم جھانسا۔ ٹھگائی پھر پھند۔ چھل چھند (س۔ جَل) **جلباز** (صفت) دغاباز۔ فریبی وغیرہ۔ **جُل دے گیا**۔ دھوکا دے گیا۔ **جل دینا** (متعدی) دم دینا۔ جھانسا دینا۔ **جل کھیلنا**۔ (ہ) دھوکا دینا۔ فریب دینا وغیرہ۔ **جل میں آنا** (لازم) دم میں آنا۔ دھوکا کھانا۔ فریب کھانا۔

جُلّ (ع۔ مونث) گھوڑے کا کمبل جانوروں کے اوپر ڈالنے کا کپڑا (جُلّ۔ گھوڑے پر کپڑا ڈالنا) ۱ کسی چیز کا بڑا حصہ ۲ گُل کا معرب۔ گلاب کا پھول ۳ چنبیلی ۴ کوئی سرخ یا زرد پھول۔

جَلّا (ہ۔ مذکر) ۱ پانی کی چادر۔ جھیل۔ تالاب ۲ کوڑی۔ **جلا میری** (مذکر) بچوں کا ایک کھیل جو کوڑیوں سے کھیلتے ہیں۔

جَلَا (ع۔ مذکر) ماتھے پر بالوں کا نہ ہونا۔

جَلا (ع۔ مونث) ۱ وطن سے نکل جانا ۲ ہجرت ۳ صاف بتانا یا ظاہر کرنا ۴ کپڑا اتار کر پھینکنا۔ وطن سے نکالدینا۔ شہر بدر کرنا اردو میں اکیلا نہیں استعمال ہوتا (جَلَو۔ نکال دینا) **جلا وطن** (مذکر) شہر بدر کرنا۔ دیس سے نکالنا۔ ۲ (صفت) دیس بدر کیا ہوا کرنا ہونا کے ساتھ **جلا وطنی** (مونث) شہر سے بدر کیا جانا۔ ملک چھوڑ دینا۔ ہجرت

جَلّا (ع۔ صفت) ۱ صیقل کرنیوالا ۲ صاف کرنا۔

جِلا (ع۔ مونث) ۱ چمک۔ صفائی۔ روشنی۔ صیقل ۲ چمکانا۔ صیقل کرنا ۳ بیوی کو خاوند کے پاس بلا نقاب پیش کرنا ۴ سرمہ۔ (جَلَو۔ چمکانا) **جلا بخشنا۔ دینا یا کرنا** (متعدی) چمکانا۔ صیقل کرنا ۲ آئینے کی چمک کو زیادہ کرنا۔ **جلا دار** (صفت) روشن۔ چمکیلا صیقل شدہ۔ **جلا ساز یا کار** (مذکر) صیقل گر چمکانیوالا کاریگر۔

جِلا (ہ۔ امر) جلانا کا (جینے سے) **جلا دینا** (متعدی) زندہ کر دینا۔ تازگی بخشنا۔ **جلانا** (متعدی) ۱ زندہ کرنا۔ مرے ہوئے کو زندہ کرنا ۲ تازگی بخشنا ۳ روح ڈالنا۔ جان ڈالنا ۴ جان بچانا۔ مرنے نہ دینا۔ زندہ رہنے کے قابل کرنا ۵ سرپرستی کرنا ۶ دھات کو کشتہ کرنے کے بعد اصلی حالت میں لے آنا۔

جَلّاب (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو غلاموں یا مویشی بیچتا پھرے ۲ وہ جو بھر کر بیچے۔

جِلاب (ع۔ مذکر) ۱ تھیلی۔ بٹوا ۲ نیام ۳ گل آب کا معرب۔ گدلا پانی۔

جُلّاب (ع۔ مذکر) سہل۔ دست آور دوائی۔ فارسی لفظ گلاب کا معرب ہے (دینا لینا کے ساتھ) **جلاب سا لگ جانا** (لازم) خوف سے دست لگ جانا سخت خوفزدہ ہونا۔ **جلابی** (ہو۔ صفت) جلاب لینے والا۔

جَلابیب (ع۔ مونث) جلباب کی جمع۔ نقابیں۔

جَلاجل (ع۔ مذکر) جلجل کی جمع جھانجھ۔ تال۔ دف۔ دائرہ (جَلجَل۔ چلانا)

جُلاجِل (ع۔ صفت) ۱ ہلکا ۲ خوش۔

جُلاخ (ع۔ مذکر) دریا کا بھر جانا اور ہر چیز کو بہا کر لیجانا۔

جَلّاد (ع۔ مذکر) اس لفظ کے اصلی معنی دُرّے سے مارنے والا ہیں۔ مگر اب بحکم بادشاہ سے قتل کرنے والا یا پھانسی دینے والا ہیں ۲ (صفت) ظالم بے رحم۔ جفاکار۔ معشوق کی نسبت استعمال ہوتا ہے (جَلَدَ۔ کوڑے لگانا) **جلادنی** (مونث) جلاد کی جورو **جلّادِ فلک** (مذکر) سیارہ مریخ۔ منگل۔ **جلّادی** (مونث) بے رحمی۔ بے دردی۔

جِلاد (ع۔ مذکر) ۱ تلواروں سے لڑنا ۲ اونٹنیوں کا گاڑھا دودھ دینا ۳ بڑے اور سخت کھجور کے درخت۔

جَلادت (ع۔ مونث) ۱ سختی طاقت۔ قوت۔ زور۔ بل ۲ چستی۔ پھرتی۔ چالاکی۔ (جَلَدَ۔ مضبوط ہونا) **جلادت اثر یا شعار** (صفت) مضبوط۔ سخت۔ تنومند۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔

جِلاذہ (ع۔ مذکر) ایک شہر۔

جَلال (ع۔ مذکر) ۱ بزرگی۔ بڑائی۔ عظمت۔ برتری ۲ شان و شوکت۔ شکوہ ۳ طاقت قوت۔ اختیار ۴ رعب۔ دبدبہ۔ ڈر۔ خوف ۵ غصہ طیش ۶ تیزی۔ تندی۔ جوش (جَلّ۔ بڑا ہونا) **جلال**

آجانا یا آنا (لازم) ۱ غصہ آجانا طیش آجانا ۲ جوش آجانا۔ **جلالت** (مونث) دیکھو جلال۔ **جلالت پژوہ** (صفت) عظمت والا۔ شان و شوکت والا۔ رعب و داب والا۔ **جلالی** (صفت) ۱ جلال والا۔ ۲ جلال سے نسبت رکھنے والا ۳ وہ صفت الٰہی جو شان غضب کو ظاہر کرتی ہے ۴ غضبناک۔ ہیبت ناک۔ خوفناک ۵ (مذکر) درویشوں کا ایک سلسلہ جو شیخ جلال بخاری سے منسوب ہے ۶ وہ دعا۔ عمل یا نقش جو کسی کو نقصان پہنچانے کے لئے کیا جائے ۷ ماہ فروردین کیونکہ اس میں آفتاب کو شرف حاصل ہوتا ہے ۸ ایک سنہ جو جلال الدین کے عہد سے شروع ہوتا ہے۔ **جلالی مہینے** (مذکر) پرانے ایرانی مہینے جو سنہ یزدجرد کے مطابق ہیں۔ دیکھو بارہ مہینے کے تحت میں۔ اس سنہ کو سلطان ملک شاہ سلجوقی کے عہد میں ایک مشہور نجومی جلال الدین نے درست کیا تھا اس لئے اب اسے سنہ جلالی کہتے ہیں۔ **جلالیہ** (مذکر) ۱ شیخ جلال کا پیرو فقیر ۲ ایک قسم کا کبوتر ۳ ایک اعلیٰ قسم گیہوں کی۔

جلاہ۔ جُلاہا (ہ۔ مذکر) ۱ کپڑا بننے والا شخص۔ بافندہ ۲ ہندوستان میں ایک مسلمان قوم جو کپڑا بننے کا کام کرتی ہے ۳ پانی کا ایک کیڑا ۴ (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ گاؤدی (س بُگِل)، **جلاہن** (مونث) جلاہی (دہلی)، جلاہے کی بیوی۔ **جلاہے کا تیر** (مذکر) جھوٹی بات۔ **جلاہے کی سی داڑھی** (مونث) چھوٹی نوکدار داڑھی۔

امثال و اقوال۔ جلاہا چراوے نلی نلی۔ خدا چراوے اکٹے باری۔ دیکھو بندہ جوڑے الخ۔ جلاہا جانے جو کاٹنے ۹ جولاہا اتنا بیوقوف ہوتا ہے کہ وہ جو بھی نہیں کاٹ سکتا۔ ان سے یہ کام نہیں ہوسکتا۔ جلاہے کا بیگاری پٹھان ۹ یہ ناممکن بات ہے کبھی نہیں ہوسکتا۔ جلاہے کا تیر نہ ہو؟ جھوٹی بات نہو۔ مذاق نہ ہو۔ جلاہے کی جوتی سپاہی کی جوتے۔ دھری دھری پرانی ہوتے۔ جولاہا چلتا نہیں اور سپاہی گھر سے غیر حاضر نہ جاتا ہے۔ جلاہے کی طرح عید بکرعید کو پان کھا لیتے ہیں کبھی کبھی انہیں اچھی چیزیں نصیب ہوتی ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ بہت غریب ہیں۔ جلاہے کی عقل گدی میں ہوتی ہے۔ جولاہا بڑا بیوقوف ہوتا ہے۔ جلاہے کی مسخرگی مسخری ماں بہن سے (کے ساتھ) دوسروں کے ساتھ مذاق کرنے کی جرات نہیں۔ اپنے سے کمزوروں کے ساتھ چھیڑ چھاڑ رکھتا ہے۔ کوئی بیوقوفی کی یا ناسزا بات کرے تو کہتے ہیں۔

جُلاہق (ع۔ مذکر) دھاگے کی ایک ریل۔

جَلائحت (ع۔ مونث) ۱ گرانا ۲ پھینک دینا۔

جَلائل (ع۔ مذکر) جمع جلیل کی بڑی چیزیں۔

جَلائی۔ جَلائی (ہ۔ مونث) جلاہی۔ **جَلائی واڑی** (مونث) شہر کا وہ حصہ جہاں جلاہے رہیں۔

جَلَب (ع۔ مذکر) ۱ کشش کرنا ۲ کھینچنا ۲ لانا ۳ مویشی یا غلاموں کو بیچنے کے لئے لے جانا ۴ اپنے بال بچوں پر خرچ کرنا ۵ کسی چیز کے لئے سازش کرنا ۶ گھوڑے کو چلانا۔

جَلَب (ع۔ مذکر) ۱ دیکھو آخری ۲ (ف) طوائف۔ رنڈی ۳ شور۔ غل ۴ دھوکا دغا۔ حاصل کرنا۔ **جلبِ منفعت** (مذکر) نفع حاصل کرنا۔

جِلب (ع۔ مذکر) اونٹ کی زین کی مدور لکڑی۔

جُلب (ع۔ مذکر) پتلا بادل بغیر بارش کے۔

جِلباب (ع۔ مذکر) ۱ بہت بڑا ۲ لمبی نقاب۔ **جلبابِ شنگرف** (مذکر) ۱ سرخ گل لالہ ۲ گلاب کے پھول۔

جَلبَت (ع۔ مونث) ۱ آوازیں ۲ شور ۳ ملی جلی آوازیں۔

جُلبَت (ع۔ مونث) ۱ کھرنڈ ۲ چمڑہ جو اونٹ کی زین پر مڑھا جائے ۳ مصیبت یا غربت کا زمانہ۔

جَلپ (س۔ مذکر) ۱ گفتگو بات چیت ۲ گپ بازی۔ بک بک ۳ بحث مباحثہ۔ لفظی تکرار۔

جَلپائی (ہ۔ مونث) ۱ ایک درخت کا نام۔ از قسم زیتون ۲ اس درخت کا پھل۔

جِلّت (ع۔ مذکر) بڑے لوگ۔ نوابان۔ سرداران۔

جَلّت (ع۔ مونث) بھیڑ یا اونٹ کی مینگنیاں۔

جُلّت (ع۔ مونث) ۱ کھجوروں کی ٹوکری جو کھجور کے درختوں کے پتوں سے بنی ہوئی ہو ۲ کھانے کی ٹوکری۔

جَلجَل (ع۔ مذکر) گھنٹیاں جو اونٹ کی گردن یا تنبوروں میں باندھتے ہیں۔

جَلح (ع۔ مذکر) ۱ درختوں کے پتوں کو مویشی کا کھانا ۲ درختوں کی چھال اتارنا۔

جَلَح (ع۔ مذکر) گنجا ہونا۔

جَلَح (ع۔ مذکر) بے سینگ رہیں۔

جَلد (ع۔ مذکر) ۱ مارنا۔ چابک لگانا ۲ مجبور کرنا ۳ سانپ کا کاٹنا ۴ جماع کرنا ۵ مشت زنی کرنا ۶ زبردست سنگدل آدمی ۷ آلہ تناسل ۸ تیز۔ چست۔ چالاک ۹ جلد باز ۱۰ جلدی۔ تیزی سے۔

جَلَد (ع۔ مذکر) ۱ سخت ہموار زمین ۲ اونٹنیاں یا بھیڑیں جو دودھ نہ دیں۔

جُلد (ع۔ صفت) ۱ تیز۔ پھرتیلا۔ چالاک۔ بادپا ۲ تاؤلا۔ تعجیل کار ۳ تھوڑا جلدی سے۔ چٹ۔ ترٹ۔ جھٹ پٹ۔ بلاتوقف ان معنوں میں عربی میں استعمال نہیں ہوتا (جَلَد مجبور کرنا)۔ **جلد باز** (صفت) تاؤلا۔ تعجیل کار ۲ جلدی کرنے والا۔ تیزی کرنے والا۔ بے موقع عجلت کرنے والا۔ **جلد بازی** (مونث) ۱ تیزی پھرتی۔ شتابی ۲ عجلت۔ پھرتی۔ گھبراہٹ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **جلد رو۔ جلد قدم۔** (صفت) تیز رفتار۔ تیز قدم۔ بادپا۔ **جلد مزاج** (صفت) تیز مزاج۔ **جلدی** (مونث) ۱ دیکھو جلد بازی ۲ دیکھو جلد ۳ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **جلدی باز** (صفت) جلد باز۔ **جلدی پڑنا** (لازمی) ۱ عجلت ہونا ۲ گھبراہٹ ہونا۔ سٹ پٹا جانا۔ **جلدی کا مارا** (صفت) جلد باز۔ **جلدی مچانا** (متعدی) جلدی کرنا۔ جلدی کرنے کے لئے تاکید کرنا یا شور مچانا۔

امثال و اقوال۔ جلدی پکا سو جلدی سڑا۔ جلدی کا کام خراب ہوتا ہے۔ جلدی کا کام شیطان کا (دیر کا

کام رحمٰن کا) جلدی کرنے میں کام خراب ہوتا ہے - کام سہولت سے ہونا چاہیئے -

جِلد (ع - مونث) ۱ کھال - پوست چمڑا ۲ کتاب کا پٹھا ۳ کتاب کی جلد بندی ۴ کتاب - کتاب کا ایک علیحدہ حصہ (ع جَلْد - کھال ادھیڑنا) جلد باندھنا یا بنانا (متعدی) کتاب پر پٹھا چڑھانا - کتاب کی سلائی کرنا - جلد بند یا ساز (مذکر) کتابوں کی جلد باندھنے والا - جلد بندی یا سازی (مونث) کتابوں کی جلد باندھنا ۲ کتابوں کی جلد باندھنے کا پیشہ - جلد بندھنا یا بننا (لازم) دیکھو جلد باندھنا - جلد بندی کرنا (متعدی) جلد باندھنا - جلد گر (مذکر) جلد ساز جِلدی (صفت) جلد کے متعلق -

جَلدَت (ع - مونث) درے مارنا -

جِلدَو (ت - مذکر) انعام صلہ - بدلہ -

جِلس (ع - مذکر) ۱ ساتھی ہمراہی ۲ دوست - یار ۳ مہمان (جَلَسَ بیٹھنا)

جُلَسا (ع - مذکر) جلیس کی جمع -

جِلسام (ع - مذکر) پھیپھڑوں میں پانی پڑنا -

جَلسَہ (ع - مذکر) نشست بیٹھک ۲ محفل - مجلس ۳ مجمع - جگمٹا - ہجوم ۴ محفل رقص و سرود ۵ اجلاس ۶ ملاقات ۷ (فقہ) نماز میں سجدہ کرکے اول مرتبہ بیٹھنے کو جلسہ اور دوسری دفعہ بیٹھنے کو قومہ کہتے ہیں (جَلَسَ - بیٹھنا) جلسۂ استراحت (مذکر) (کرنا - ہونا کے ساتھ) جلسۂ امرا (مذکر) دیوان خاص واضع قوانین کی جماعت اعلیٰ - جلسۂ خطیبی (مذکر) خطیب کا پہلے خطبے اور دوسرے خطبے کے درمیان بیٹھنا جلسۂ حاکم یا عدالت (مذکر) کچہری - دربار - جلسہ کرنا (متعدی) مجلس کرنا - جلسہ گاہ (مونث) وہ جگہ جہاں جلسہ ہو - جلسہ گاہ خاص و عام (مونث) وہ جگہ جہاں ہر کوئی جا سکے - جلسہ لگانا (متعدی) محفل منعقد کرنا - جلسہ لگنا (لازم) محفل منعقد ہونا - جلسۂ نشاط (مذکر) خوشی کا جلسہ - ناچ و رنگ کا جلسہ -

جَلط (ع - مذکر) تلوار نکالنا -

جَلع ع - مذکر) کپڑے اتارنا -

جَلَع (ع - مذکر) ۱ سامنے کے دانت کھلے ہونا ۲ بے شرم ہونا عورت کا -

جَلَف (ع - مذکر) تلوار مارنا ۲ جڑ سے اکھاڑنا - کھینچنا -

جَلَف (ع - صفت) ۱ سخت کرخت - تند - تیز ۲ بدتمیز - اکھڑ ۳ کمینہ - رذیل ۴ (مذکر) مذکورہ بالا خاصیتوں والا آدمی (جَلُفَ - گستاخ ہونا)

جِلف (ع - مذکر) ۱ کوئی خالی برتن ۲ ذبح کرکے صاف کیا ہوا جانور ۳ کوئی چیز جو درمیان میں سے خالی ہو -

جَلَق (ع - مذکر) مشت زنی - ہاتھ یا کسی دوسرے غیر قدرتی ذریعے سے منی گرانا (لگانا مارنا کے ساتھ) (زلق - کسی جگہ کو پھسلنے والی بنانا) جلقی (صفت) جلق کا عادی - مشت زن -

مثل - جلق بے منت خلق

مشت زنی کے لئے کسی کی منت نہیں کرنی پڑتی - ایسا کام کرنا چاہیئے جس میں کسی کی منت نہ کرنی پڑے -

جَلَک (ھ - مونث) جھلک (دیکھو)

جَلَک (ھ - مونث) حاضر جواب زبان قینچی کی طرح چلنے والی زبان -

جَلَم (ھ - مذکر) جنم (دیکھو)

جَلَم (ع - مذکر) کاٹنا -

جَلمَد (ع - مذکر) ۱ بڑا پتھر ۲ سخت آدمی -

جَلنا (ہ - لازم) اردو میں صرف ملنا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - ملنا - ملاقات کرنا -

جُلنار (ع - مذکر) گلنار کا معرب

جَلَندَر - جَلَندھری (ھ - مذکر) مرض استسقا - پیٹ میں پانی پڑ جانا (س جَل - پانی)

جَلَو (ھ - مونث) جونک -

جَلو (ع - مذکر) ۱ جگہ چھوڑنا ۲ ہجرت کرنا -

جِلَو (ع - مونث) ۱ لگام - باگ ۲ کوتل گھوڑا جو سجا کر جلوس کے ساتھ خالی لے جاتے ہیں ۳ سواری کا ٹھاٹھ - تزک و احتشام - حشم و خدم - ماہی مراتب - بھیڑ بھاڑ ۴ شان و شوکت - تجمل - طمطراق - زیب و زینت - رونق (جَلو - روشن کرنا) جلو خانہ (مذکر) ۱ صحن جو شاہوں یا امراؤں کے محلوں کے سامنے ہوتا ہے ۲ ڈیوڑھی - پیش گاہ - پیش تاک - جلودار (مذکر) وہ شخص جو گھوڑے کی باگ پکڑ کر چلے - وہ شخص جو گھوڑے کے ہمراہ چلے - جلو ریز (صفت) تیز - سرپٹ ۲ (مونث) تیزی چستی - جلدی -

جَلوا (ھ - مذکر) جلوہ کا ہند -

جَلوَت (ع - مونث) ۱ جلوہ ۲ اردو میں خلوت کے ساتھ بطور ضد استعمال ہوتا ہے مجمع - بھیڑ - عام جگہ -

جُلود (ع - مذکر) جلد کی جمع -

جِلَوز (ع - مذکر) ۱ ناریل کے ریشے ۲ بہادر ۳ زبردست -

جُلوس (ع - مذکر) ۱ بیٹھنا - نشست ۲ تخت نشینی ۳ بادشاہوں یا امیروں کی سواری ۴ بہت سے لوگوں کا اکٹھے ہو کر کسی خاص موقع پر بازاروں میں سے گزرنا ۵ کروفر - ساز و سامان - تزک و احتشام (جَلَسَ - بیٹھنا) جلوس ختم ہونا (لازم) ۱ جلوس کا کسی خاص جگہ جا کر منتشر ہو جانا ۲ جلوس کا کسی خاص جگہ تک ہونا - جلوس شروع ہونا - (لازم) جلوس کا کسی خاص جگہ سے آغاز ہونا - جلوس کی لمبائی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - جلوس فرمانا (متعدی) ۱ بڑے آدمی کا بیٹھنا ۲ بادشاہ کا تخت نشین ہونا - جلوس کرنا (متعدی) دیکھو آخری - جلوس نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) لوگوں کا کسی خاص موقع پر اکٹھا ہو کر بازاروں میں پھرنا - جلوسی (صفت) ۱ جلوس کے متعلق ۲ بادشاہ کی تخت نشینی کے وقت سے منسوب بہ تخت نشینی - جلوسی ٹونٹا (مذکر) ایک ہلکا کارتوس جو جلوس کے ساتھ آواز پیدا کرنے کے لئے چلایا جاتا ہے

جَلوکڑا (ھ - مذکر) جوشیلا آدمی رشک کرنے والا شخص - شکی آدمی -

جَلُول (ع - مذکر) جَلّ کی جمع - جہاز کے بادبان -

جَلوَہ (ع - مذکر) اپنے آپ کو لوگوں کا دکھانا - ظہور - نظارہ - دیدار ۲ شان و شوکت تجمل - طمطراق ۳ نور - تجلی ۴ عربی میں دولہا کا دلہن کی نقاب اٹھانا ۵ آرسی مصحف ۶ حجلۂ عروسی ۷ خرام معشوق ۸ دولھن کے زیورات ۹ صوفیوں کی وہ حالت جو خلوہ کے بعد ہوتی ہے (جَلو - روشن کرنا) جلوہ آرا ہونا (متعدی) ۱ اپنے آپ کو خاص انداز سے دکھانا ۲ نمودار ہونا - برآمد ہونا - جلوہ آرائی (مونث)

جلوہ آرا ہونے کا فعل۔ **جلوہ افروز ہونا** (متعدی) دیکھو جلوہ آرا ہونا۔ **جلوہ پرداز** (صفت) نہایت حسین یا خوبصورت۔ **جلوہ فرما ہونا** (لازم) بیٹھنا۔ **جلوہ دکھانا** (متعدی) ۱۔ دیکھو جلوہ آرا ہونا ۲۔ سج دھج دکھانا۔ **جلوہ کناں** (صفت) ۱۔ صاف ظاہر ۲۔ جلوہ دکھاتے ہوئے ۳۔ منور۔ روشن۔ نورانی۔ **جلوہ گاہ** (مذکر) ۱۔ وہ جگہ جہاں جلوہ دکھایا جائے ۲۔ تماشہ گاہ ۳۔ حجلۂ عروسی۔ **جلوہ گاہِ عالم** (مذکر) دنیا۔ جہان۔ **جلوہ گر** (صفت) ۱۔ صاف۔ ظاہر ۲۔ نورانی۔ منور۔ روشن ۳۔ نمودار۔ رونق بخش۔ **جلوہ گر ہونا** (متعدی) ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔ بادشاہوں یا بڑے آدمیوں کا تشریف لانا۔ **جلوہ گری** (مونث) ۱۔ اپنے آپ کو دکھانا۔ نمود۔ اظہار ۲۔ صراحت۔ علانیت ۳۔ شان و شوکت۔ تجمل ۴۔ ناز و نخرے۔ غمزے (فرمانا ہونا کے ساتھ) **جلوہ نما ہونا** (لازم) نظر آنا۔ سامنے آنا۔ **جلوہ نمائی** (مونث) جلوہ دکھانا۔ برآمد ہونا۔ **جلوے کا گیت** (مذکر) گیت جو شادی کے موقع پر گایا جائے۔ آرسی مصحف کے وقت کا گیت۔ **جلوے میں** (تف) کھلے طور پر ظاہر۔ آشکارا۔

جَلَمہ (ع۔ مذکر) سر کے کچھ بال جھڑ جانا۔

جَلہَری (ھ۔ مونث) چھوٹا کھڑا جس میں گرم دھات کو ٹھنڈا کرتے ہیں۔

جَلی (ع۔ صفت) صاف۔ روشن۔ ظاہر۔ آشکارا ۲۔ (حروف کے لئے) موٹا۔ پرکار۔ موٹا لکھا ہوا ۳۔ وہ حرف جو صاف طور پر بولا جائے۔ **جلی قلم** (مذکر) ۱۔ موٹا خط ۲۔ موٹی نوک کا قلم۔ **جلی قلم سے لکھنا** (متعدی) موٹے حروف لکھنا۔

جَلیا (ھ۔ مذکر) ماہی گیر مچھلی پکڑنے والا۔

جَلَیّا (ھ۔ مذکر) دیا۔ چراغ لمپ۔ وہ چیز جو جلے ۲۔ وہ شخص جو دوسروں کو اکسائے ۳۔ معشوق۔ محبوب۔ دل کو جلانے والا۔

جَلیب (ھ۔ مذکر) عربی جلوہ کا مخرب ۱۔ جلو۔ تزک و احتشام۔ تجمل ۲۔ ہمسائگی۔ قرب۔ **جلیب ٹاس** (مذکر) وہ برتن جس میں شوربے سے پانی ٹھنڈا کرتے ہیں ۳۔ **جلیبی** (مونث) تزک و احتشام کے متعلق۔

جلیبا (ہ۔ مذکر) شہتوت۔ توت ۲۔ ایک قسم کی مٹھائی۔ بڑی جلیبی (ع زلیبا زَلَب۔ چمٹنا) **جلیبی** (مونث) ایک قسم کی بچپلا مٹھائی (بکنا۔ بیچنا۔ خریدنا۔ کھانا کے ساتھ) **جلیبیاں** (مونث) جلیبی کی جمع۔ **جلیبیاں بنانا**۔ تلنا (متعدی) جلیبیوں کو گھی میں تل کر شیرے میں ڈالنا۔

مثل۔ جلیبیوں کی رکھوالی اور چوٹی کتیا۔ بے اعتبار شخص سے اعتبار کا کام لینا۔

جَلیَّت (ع۔ مونث) کوئی صاف چیز۔ روشن ۲۔ ذہانت۔ عقل۔

جَلید (ع۔ مذکر) پالا۔ کہر برف۔

جَلیدہ (ف۔ مذکر) ہڈی کا چھلا جو تیر انداز تیر چلانے کے وقت پہنتے ہیں۔

جلیری (ہ۔ مونث) دیکھو جلہری ۱ ۔

جَلیس (ع۔ مذکر) ساتھی۔ ہمراہی۔ ہمنشین۔ مصاحب (جَلَس۔ بیٹھنا)

جَلیل (ع۔ صفت) بڑا۔ بزرگ ۲۔ ذیشان۔ **جلیل القدر** (صفت) بڑے رتبے والا۔ والا قدر۔ ذیشان۔ معزز (جَلّ۔ بڑا ہونا)

جَم (ف۔ مذکر) جمشید کا مخفف دیکھو جمشید۔ **جمجاہ** (صفت) ۱۔ عالی رتبہ۔ بڑا سخی۔ وہ جس کا رتبہ جمشید کے برابر ہو ۲۔ شاہانہ۔

جَم (ھ۔ مذکر) ۱۔ دوزخ کا راجہ اور موت کے بعد روحوں کا قاضی ۲۔ موت کا فرشتہ ۳۔ کوئی ناگوار چیز ۴۔ وہ شخص جس سے ملنا ناگوار ہو ۵۔ جوڑے میں سے ایک۔ **جم دواری** (مذکر) ایک دیا یا چراغاں جو جم کے اعزاز میں دیوالی سے تین دن پہلے جلایا یا کیا جاتا ہے ۲۔ **جم دُوت** (مذکر) جم کا قاصد۔ ملک الموت۔ **جم دِتیا یا دوتیا** (مونث) کاتک کے مہینے کی دوج سدی جب کہ بہن بھائی ایک دوسرے کو تحفے دیتے ہیں۔ یہ جم اور جمنا کے اعزاز میں ہے۔ **جمراج یا راسے** دیکھو جم ۱۔ **جم ہو جانا** (متعدی) پیچھا نہ چھوڑنا۔ بھوت کی طرح چمٹنا۔

مثل۔ جم سے بری جینت۔ برات والے عموماً بہت تنگ کرتے ہیں۔ اور جان بوجھ کر چیزوں کو خراب کرتے ہیں۔

جَم (ہ۔ امر) جمنا کا (س۔ جَن۔ پیدا ہونا) **جَما** (امر) ۱۔ جمانا کا ۲۔ (ماضی) جمنا کا جما دینا یا لینا۔ **جمانا** (متعدی) ۱۔ جوڑنا۔ چپکانا۔ چسپاں کرنا۔ پیوست کرنا ۲۔ ترتیب سے لگانا۔ ڈھنگ سے رکھنا ۳۔ راضی کرنا۔ آمادہ کرنا ۴۔ ذہن نشین کرنا ۵۔ انبار کرنا۔ ڈھیر کرنا ۶۔ مضبوط کرنا۔ مستحکم کرنا ۷۔ (برف) منجمد کرنا۔ پانی کو اس قدر ٹھنڈا کرنا کہ جم جائے ۸۔ (دہی) بستہ کرنا۔ دودھ میں کھٹا ڈال کر رکھنا تاکہ منجمد ہو جائے ۹۔ (ہڈی) قائم کرنا۔ اپنی جگہ پر لگانا ۱۰۔ (سلفہ) رکھنا۔ دھرنا ۱۱۔ (گھر) فراہم کرنا۔ اکٹھا کرنا ۱۲۔ (محفل) لگانا۔ لوگوں کو اکٹھا کرنا ۱۳۔ (کام) شروع کرنا ۱۴۔ (بات) بٹھانا۔ ٹھانا۔ ۱۵۔ (مسی کی دھڑی) مسی لبوں پر لگانا ۱۶۔ (تھپڑ وغیرہ) مارنا۔ لگانا۔ رسید کرنا ۱۷۔ (درخت) لگانا۔ زمین میں گاڑنا ۱۸۔ (پاؤں) رسوخ پیدا کرنا۔ لڑائی میں ڈٹے رہنا۔ کسی بات پر قائم رہنا ۱۹۔ ارادہ رکھنا۔ چنائی کرنا ۲۰۔ پیمائش کرنا ۲۱۔ (بیج) اگانا ۲۲۔ (پارہ) قائم کرنا۔ ٹھیرانا ۲۳۔ (نظر) ٹھیرانا۔ ٹکانا ۲۴۔ (بال) پیدا کرنا۔ ۲۵۔ (ہاتھ) مشق کرنا۔ رواں کرنا۔ بٹھانا ۲۶۔ (رنگ) اثر ڈالنا۔ بنیاد ڈالنا۔ رسوخ پیدا کرنا۔ رونق دینا۔ **جماوٹ** (مونث) ۱۔ کسی چیز کا دوسری چیز میں جم جانا ۲۔ مسی کا جمنا۔ **جماؤُ** (صفت) ۱۔ جمنے کے قابل ۲۔ مضبوط۔ پکا۔ **جماؤُ** (مذکر) جمنے کی خاصیت یا قابلیت۔ پختگی۔ انجماد ۲۔ قیام۔ ٹھیراؤ ۳۔ بھیڑ بھاڑ۔ مجمع۔ اژدحام۔ **جما ہُوا** (صفت) ۱۔ منجمد۔ بستہ ۲۔ کھڑا ہوا۔ غیر متحرک۔ **جم بیٹھنا** (متعدی) پیوست ہو جانا۔ جم جانا۔ دیکھو جمنا۔ **جم جنوائی ہو کر بیٹھنا** (لازم) اس طرح جم کر بیٹھنا کہ بغیر لئے نہ ٹلنا چمٹ جانا۔ داماد بعض وقت اپنی بیوی کو لے کر ہی ٹلتا ہے۔ اور کسی طرح سسرال والوں کا کہنا نہیں مانتا۔ جم گیا بیٹھ رہا۔ دیر لگا دی۔ **جمنا** (لازم) ۱۔ دیکھو جمانا ۲۔ اڑنا۔ رکنا۔ ڈٹنا ۳۔ کسی جگہ بہت دیر تک بیٹھنا ۴۔ (ٹوپی) ٹھیک آنا ۵۔ (تلچھٹ وغیرہ) تہ میں بیٹھنا۔

جَمّ (ع۔ مذکر) بھیڑ۔ اژدہام۔ مجمع ۱۔ پانی جو کوئیں میں آ رہا یا گر رہا ہو ۲۔ بہت سا پانی۔

جم غفیر (مذکر) ۱: بھاری مجمع۔ سخت بھیڑ۔ بہت اژدہام۔

جم (ھ۔ حرف) جیسا۔ مانند۔

جِنّم (ع۔ مذکر) شیطان۔

جُمّ (ع۔ مذکر) گھونگا۔

جَمّا (ع۔ مذکر) مینڈھا جس کے سینگ نہ ہوں۔

جما (ھ۔ امر) جمانا کا۔ جما دینا ۱ جمانا (متعدی) کھلانا۔ دعوت کرنا۔ ضیافت کرنا۔

جماجتھا (اردو۔ مونث) پونجی۔ سرمایا (جما غالباً جمع کا بگڑا ہوا)

جَماجم (ع۔ مذکر) جمجمہ کی جمع۔ ۱ کھوپریاں ۲ سرداران۔

جُماح (ع۔ مذکر) کند تیر جس سے بچے تیر اندازی سیکھتے ہیں۔

جَماد (ع۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو بڑھنے کے قابل نہ ہو۔ بیجان چیز ۲ پتھر۔ معدنی چیز (جمد۔ جمنا) جمادات (مذکر) جماد کی جمع۔

جُمادی (ع۔ مذکر) پانچویں اور چھٹے عربی مہینوں کا نام۔ جمادی الاول۔ جمادی الاُولےٰ (مذکر) عربی پانچواں مہینہ۔ جمادی الاخرےٰ جمادی الثانی (مذکر) عربی چھٹا مہینہ۔

جِمار (ع۔ مذکر) سنگریزے جو حاجی ادائے مناسک حج میں پھینکتے ہیں۔ (جمر۔ جمع ہونا)

جَمّاز (ع۔ صفت) تیز (اونٹ)

جمّازت۔ جمّازہ (صفت مونث) تیز (اونٹنی) ۱ (مونث) سانڈنی۔

جَماع (ع۔ مذکر) مباشرت۔ مجامعت اپنی بیوی کے ساتھ ہمبستری (کرنا ہونا کے ساتھ) جماع ناجائز (مذکر) زنا (جمع۔ ملانا)

جِماع (ع۔ مذکر) گھوڑے کا تیزی کرنا۔

جَماعت (ع۔ مونث) گروہ۔ جتھا ۲ مجمع۔ ہجوم۔ بھیڑ ۳ غول۔ ٹولی ۴ سلسلہ۔ زمرہ۔ ۵ سبھا۔ مجلس ۶ سکول کا درجہ ۷ نمازیوں کی قطار۔ (جمع۔ اکٹھا ہونا) جماعت تیار ہونا (لازم) نمازیوں کا نماز کے لئے کھڑا یا آمادہ ہونا۔ جماعت سندیافتہ (مونث) وہ انجمن۔ مجلس یا تجارتی کمپنی جو گورنمنٹ کی اجازت سے بنائی جائے۔ جماعت منعقدہ (مونث) مجلس۔ سبھا۔ انجمن۔

مثل جماعت سے کرامت ہے جماعت کرامت۔ اتفاق بڑی اچھی چیز ہے۔ اتفاق سے سب مشکلیں حل ہو جاتی ہیں۔

جَماگی (اردو۔ مونث) غالباً جمعگی کا مخرب ہے۔ ۱ جمعہ کے دن کا بچوں کا خرچ ۲ جیب خرچ جو دہلی کے شہزادے اپنے بچوں کو ماہواری دیا کرتے تھے ۳ وہ نقدی جو طالب علم اپنے استاد کو جمعرات کو حجامت تمباکو وغیرہ کے لئے دیا کرتے تھے۔

جَمال (ع۔ مذکر) ۱ خوبصورتی۔ حسن۔ روپ ۲ دیدار۔ زیب و زینت (جمل۔ خوبصورت ہونا) جمال باطنی (مذکر) انسان کی روحانی خوبیاں جیسے نیکی۔ رحم۔ انصاف وغیرہ۔ جمال دیکھنا (متعدی) کسی کو دیکھنا۔ جمال ظاہری (مذکر) بدنی خوبصورتی حسن۔ روپ۔ جمالی (صفت) ۱ منسوب بہ جمال الٰہی ۲ شان رحمت کی تجلی ۳ وہ اسم الٰہی جس میں شانِ رحمت پائی جائے جیسے رحیم کریم ۴ ایک قسم کا خربزہ ۵ (اصطلاح عاملاں) نباتات۔ سبزی۔

اقوال۔ جمال بے کمال مثل گل بے خوشبو ہے حسین شخص اگر بے علم اور بد تہذیب ہو تو کسی کام کا نہیں۔ جمال ہم نشیں در من اثر کرد وگرنہ من ہماں خاکم کہ ہستم۔ جو کچھ ہے اس دوست کی صحبت کا اثر ہے۔ وگرنہ میں تو ایسا ویسا ہی ہوں۔

جَمال گوٹا (ھ۔ مذکر) ایک درخت کا پھل جو دست لاتا ہے۔

جَمام (ع۔ مذکر) ۱ آرام کرنا گھوڑے کا ۲ آرام۔

جُمام (ع۔ مذکر) بھرا ہونا پیالے کا۔

جُمان (ع۔ مذکر) ۱ موتی ۲ چاندی کا دانہ جو موتی کی شکل کا ہو۔

جماوڑا (ھ۔ مذکر) ۱ جلسہ۔ مجلس۔ سبھا۔ مجمع ۲ مجموعہ۔

جَماہنا (ھ۔ متعدی) جماہی لینا۔ (مت)

جَماہی (ھ۔ مونث) منہ کھول کر سانس زور سے لینا (آنا۔ لینا کے ساتھ)

جَماہیر (ع۔ مذکر) جمہور کی جمع سلطنتیں۔

جَمائی (ھ۔ مونث) داماد۔

جَمبال (س۔ مذکر) ۱ منی۔ کیچڑ ۲ ایک آبی پودہ۔

جَمبالا (ھ۔ مذکر) ایک خوشبودار پودا۔

جَمبک (ھ۔ مذکر) ۱ گیدڑ۔ شغال ۲ کمینہ آدمی ۳ جامن۔

جَمبو (س۔ مونث) ۱ جامن کا درخت ۲ اس کا پھل ۳ (عص) ایک دریا جو کوہ میرو سے نکلتا ہے۔ اور اس کا منبع ایک جامن کا درخت ہے ۴ (عص) زمین کے بڑے حصوں میں سے ایک حصے کا نام۔ جمبو پرستھ (مذکر) ایک گاؤں۔ جمبو ترو (مذکر) جامن۔ جمبو دیپ (عص) ۱ سات بڑے جزیروں یا براعظموں میں سے ایک جو کوہ میرو کے گرد ہے ۲ دنیا کا درمیانی حصہ جس میں ہندوستان شامل ہے ۳ بدھ مذہب والوں کے نزدیک ہندوستان۔ جمبو مارگ (مذکر) ایک تیرتھ۔ جمبو مالی (عص) راون کی فوج کا سپہ سالار ہنومان جی کے ہاتھ سے قتل ہوا۔ جمبو ندی (مونث) آسمانی گنگا۔

جَمبُو (ھ۔ مذکر) ۱ گیدڑ ۲ دیکھو جمبو۔

جَمبُول (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو جمبالا ۲ جامن کا درخت۔

جَمبھ (س۔ مذکر) ۱ دانت ۲ نگلنا ۳ جو مار کے کھا جائے جیسے راکھش ۴ کسی راکھشوں کا نام جنکو شو جی یا کرشن جی نے قتل کیا تھا ۵ دیوتاؤں اور اسروں کی جنگ میں اسروں کا جو سپہ سالار تھا ۶ پرہراد کے ایک بیٹے کا نام ۷ ہرنیہ کشپ کے ایک بیٹے کا نام ۸ اس کے خسر کا نام۔ سنٹا کے باپ کا نام ۹ اندر مہاراج کی بجلی کا نام ۱۰ جادو۔ لونہ ۱۱ ترکش ۱۲ حصہ۔ ٹکڑا ۱۳ منہ کھولنا ۱۴ ایک دیوی کا نام۔ جمبھا (مونث) منہ کھولنا۔ جمبھاری (مذکر) ۱ اندر ۲ بجلی ۳ آگ۔ جمبھک (مذکر و مونث) ۱ مار کے کھانا ۲ منہ کھولنا۔ جماہی لینا ۳ ایک ٹونا ۴ ایک اسر کا نام ۵ ایک راکھش جس کو کرشن جی نے قتل کیا تھا ۶ بھوت جو بعض ہتھیاروں میں رہتے ہیں ۷ ایک گانا جو ان کے واسطے گایا جاتا ہے ۸ شو جی کے ایک پرستار کا نام ۹ بیماری لانا۔ جمبھ کنڈ (مذکر)

ایک تیرتھ کا نام جمبھ گا (مذکر) ایک قسم کا اسروں
کا نام جمبھل (مذکر) ایک بھوت ۲ ایک مصنف
جمبھلا (مونث) ایک راکھشی کا نام جس کو پوجنے سے
عورتیں حاملہ ہو جاتی ہیں جمبھل دت (مذکر)
دیتال پنچ ونشک کے مصنف کا نام جمبھلکا (مونث)
ایک گیت جمبھن (مذکر) ۱ دابنا ۔ ملنا ۔ تباہ کرنا ۔
۲ ایک درخت کا نام جمبھن (مذکر) کھٹے کا درخت
جمبھیر (مذکر) ۱ کھٹے کا درخت ۲ اس کا پھل ۔
کھٹا ۳ ایک اور درخت جس کے پتے تلسی کی طرح
ہوتے ہیں ۔ جمبھی (مذکر) کاٹنے یا پھاڑنے
کا دانت جمبھی (مونث) ایک دیوی
جمپان (س ۔ مذکر) نام جھام ۔ پالکی
جمپانی (س ۔ مذکر) جمپان اٹھانے والے ۔
جمپتی (س ۔ مذکر) خاوند بیوی ۔
جمت (ع ۔ مونث) ۱ پانی کا
ذخیرہ ۲ کنواں جو بھرا ہوا ہو اور اس میں سے
پانی بہتا ہو ۳ جمع بشکر ۔
جمت (ع ۔ مونث) بال جو
شانوں پر لٹک رہے ہوں
جمجم (ع ۔ مذکر) ایک قسم کا
جوتا ۔
جم جم (ہ ۔ صفت) ۱ ہمیشہ ۔ سدا ۔
لگاتار ۔ خدا مبارک کرے ۔ خدا کرے ۔ جم جم سے ۱
دیکھو جم جم ۲ (طنزاً) سبحان اللہ ۔ ماشاء اللہ جم جم جیو
(دعا) ہمیشہ زندہ رہو ۔ جم جم سلامت سے
(رہیں) (دعا) ہمیشہ زندہ و باصحت رہے ۔
جم جم نت نت ۔ ہمیشہ ہو نت ہو ۔ عورتوں
کی دعا ۔ جم ہی جم جمی جم (صفت) ۱ بہتات
سے ۔ افراط سے ۲ نہیں کچھ نہیں ۔ بوڑھی عورتیں
نہیں کہنا منحوس سمجھتی ہیں ۔ یہ لفظ کہتی ہیں ۳ مرحبا
خدا رکھے ۴ کہنے کے قابل نہیں ۔ ناگفتہ بہ ہے ۔
کچھ نہیں ۔
جمح (ع ۔ مذکر) ۱ گھوڑے کا
شرارتی ہونا ۲ خود رائے ہونا ۔
جمخانہ (انگ ۔ مذکر) کھیل گھر ۔
کسرت خانہ ۔ تفریحی کلب ۔
جمد (ع ۔ مذکر) ۱ جمنا ۲ تعلق ۔
جمد (ع ۔ مذکر) ۱ برف ۲ کوئی

جمی ہوئی چیز ۔
جمد ۔ جمد (ع ۔ مذکر)
سطح مرتفع ۔
جمدگنی (س ۔ مذکر) ایک ستی
جو بھرگو کی نسل سے بھار گو رچیک کے لڑکے اور
پرسرام کے باپ تھے ۲ (مذکر) بہت تیز مزاج شخص
جمدعنبر (ہ ۔ مذکر) ایک قسم کا بادامی
کاغذ ۲ ایک قسم کا رنگین گنگوا
جمر جمرات (ع ۔ مذکر) جمرت
کی جمع ۔ انگارے ۔
جمرت (ع ۔ مونث) دیکھو
جمرہ ۔
جمرول (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک درخت
۲ اس کا پھل ۔
جمرہ (ع ۔ مذکر) ۱ انگارہ ۲ کنکر ۳
زمین کی گرمی ۴ گرم بخارات جو زمین سے اٹھیں ۵
ایک رسم جو منٹے میں حج کے دوران میں ادا کی جاتی
ہے جس میں شیطان کو کنکریاں ماری جاتی ہیں ۶ جگہ اکٹھا ہونا
جمری (ع ۔ مونث) ۱ عزیب ۲
کمینہ ۳ فسادی ۔
جمڑا (ہ ۔ مذکر عف) باپ ۔ والد جمڑی
(مونث عف) ماں ۔
جمست (ع ۔ مذکر) ۱ گھٹیا نیم
کمینہ غیر تعلیم یافتہ شخص ۔
جمسی (ہ ۔ مونث) بھینس کا گوشت
(قصابوں کی اصطلاح)
جمش (ع ۔ مذکر) ۱ سر مونڈنا ۲
انگلیوں کے سروں سے دوہنا ۳ آہستہ آواز ۔
سریلی آواز ۴ محبت کرنا ۔
جمش (ع ۔ مذکر) ۱ ایک نظر ۲
شکاری پرندے کا شکار کو پکڑنے کے وقت گردن
کو لمبا کرنا اور آنکھ کو پھیرنا ۔
جمع (ع ۔ مذکر) ۱ اکٹھا کرنا ۲ حج
کے موقع پر مزدلفہ میں جمع ہونا ۔ جمع ابواب
(مذکر) مالگزاری جو اکبر کے زمانے کے بعد ہندوستان
میں لگائی گئی جمع اصل (مذکر) وہ مالگزاری
جو اکبر کے زمانے میں مقرر کی گئی جمع کامل
(مونث) وہ مالگزاری جو کئی سال تک قائم رہے ۔

جمع (ع ۔ مونث) ۱ مجموعہ ۔ تعداد ۔
میزان ۲ جماعت ۔ گروہ ۔ جمع ۳ (حساب) وہ قاعدہ
جس میں رقومات کا میزان کرتے ہیں ۔ جوڑ ۴ اجتماع
میل ۔ ملاؤ ۵ سرمایہ ۔ پونجی ۔ مال ۔ دولت ۶ لاگت ۔
خرچ ۷ پیداوار ۔ آمدنی ۔ محاصل ۸ مالگزاری ۹ حساب
کی کتاب کا وہ حصہ جس میں آمدنی کی رقم لکھی جاتی ہے
۱۰ کل ۔ تمام ۔ اکٹھا ۔ مجموع ۱۱ (خاطر) اطمینان ۱۲ ڈھیر
انبار ۔ تودہ ۔ (جمع ۔ اکٹھا کرنا) جمع آنا (لازم) ۱ اکٹھا
ہونا ۔ مجمع ہونا ۲ میزان ہونا ۔ آمدنی کا میزان ہونا ۔
جمعات (مونث) جمع کی جمع ۔ مجموعات وغیرہ ۔
جمع الجمع (مونث) جمع کی جمع جیسے رقومات ۔ رقم
کی جمع ۔ قوم اور ۔ قوم کی جمع رقومات ۔ وجوہات ۔
لوازمات وغیرہ ۔ جمعبندی (مونث) ۱ مالگزاری
وغیرہ کا حساب ۲ زمین کی آمدنی یا پیداوار ۳ مالگزاری
سرکاری ۴ تشخیص جمع ۔ بندوبست (کرنا ہونا کے ساتھ
جمعبندی آسامی وار (مونث) جمعبندی جو
ہر ایک شخص کے متعلق علیحدہ علیحدہ تشخیص کی جائے
جمع بھرنا (لازم) مالگزاری ادا کرنا ۔ جمع
بین الفضلین (مونث) دیکھو جمع ضدین ۔ جمع
بھرتی (مونث عف) ۱ آمد و خرچ کا نقشہ ۲
نقدی یا پیداوار کا حساب میعاد مقررہ پر جمع خرچ
(مذکر) ۱ آمدنی و اخراجات ۲ کل ۔ تمام ۳ آمدنی خرچ
کا حساب ۔ جمع خرچ کرنا لکھنا (لازم) ۱
حساب لکھنا ۔ حساب تیار کرنا ۲ بہی میں اندراج کرنا ۔
جمع خرچ ملانا (لازم) باقی نکالنا ۔ جمع خرچ
نویس (مذکر) اکونٹنٹ ۔ محاسب ۔ نیب جمعدار
(مذکر) ۱ آدمیوں کے گروہ کا سردار (جیسے ہرکاروں
مزدوروں وغیرہ کا) ۲ ایک فوجی عہدہ دیسیوں کے
لئے ۳ پولیس کے ہیڈ کنسٹیبل ۴ بیگاری کے اسی عہدے
کے آدمی کو بھی کہتے ہیں ۵ سقہ ۔ بہشتی ۶ بھنگیوں کا
افسر ۷ سلطان روم کے مملوکوں کی فوج کا نام جس
میں سات دستے تھے (اصل لفظ جمدار ہے جو جامہ دار
کا مخفف ہے ۔ جس کے معنے کپڑوں کا محافظ ہیں)
جمعداری (مونث) ۱ جمعدار کا عہدہ ۲ جمعدار کا
کام ۔ جمع سنگین (مونث) سخت لگان سخت جمع ۔
جمع صدر (مونث) وہ مالگزاری جو مالکان سرکار
سے براہ راست مقرر کریں ۔ جمع ضدین (مونث
دو متضاد چیزوں کا اکٹھا کرنا ۔ جمع کرنا (متعدی)
میزان کرنا ۲ اکٹھا کرنا ۔ ڈھیر لگانا ۳ ذخیرہ کرنا ۴

محصول لگانا۔ لگان مقرر کرنا ۵ روپیہ داخل خزانہ کرنا ۶ حساب میں روپیہ درج کرنا۔ **جمع کرنے والا** (صفت) وہ جو جمع کرے وغیرہ دیکھو آخری۔ **جمع کل**۔ کلہم۔ تمام۔ **جمع کوٹھی** (مونث) دوکان کی پونجی۔ بنک کا اثاثہ۔ **جمع محال میربحر** (مذکر) ۱ محصول بندرگاہ ۲ اس کا حساب۔ **جمع مُرکّب** (مونث حساب) ۱ رقومات۔ اوزان۔ پیمائش وغیرہ کی جمع ۲ حساب کا ایک قاعدہ جس میں رقومات جمع کی جاتی ہیں۔ **جمع مفصل** (مذکر) مالگذاری جو تفصیل وار تشخیص کی جائے۔ جمع صدر کی ضد۔ **جمع و اصل باقی** (مذکر) ادائگی اور بقایا۔ ادائگی مالگذاری اور بقایا۔ **جمع والا** (صفت) ۱ دولت مند۔ امیر۔ ساہوکار۔ **جمع و خرچ** (مذکر) دیکھو جمع خرچ۔ **جمع ہونا** (لازم) ۱ دیکھو جمع کرنا ۲ اطمینان ہونا۔ **جمع ہونے کی جگہ** (مذکر) اڈا۔ اکھاڑا۔ مجمع۔

مثل۔ جمع لگے سرکار کی اور مرزا کھیلیں پھاگ۔ بددیانتی کرکے یا پرائے روپے پر مزے اڑا رہے ہیں۔

جُمعرات (ع وہ۔ مونث) پنجشنبہ۔ بیروار۔ مسلمانوں کے ہفتے کا چھٹا دن۔ **جمعراتی کا ٹکہ** (مذکر) وہ ٹکا جو پنجشنبہ کو مدرسے کے طالب علم میاں جی کو دیتے ہیں۔

جُمگی (ف۔ مونث) دیکھو جاگی۔

جُمعہ (ع۔ مذکر) ۱ مسلمانوں کے ہفتے کا ساتواں دن۔ شکروار ۲ نماز جمعہ ۳ اکھاڑا یا دنگل جو جمعہ کو ہو۔

امثال و اقوال۔ جمعہ پیر اسی دروازے کے فقیر۔ ہر وقت موجود۔ **جمعہ جمعہ آٹھ دن (روز)** چند روز۔ **جمعہ جمعہ آٹھ دن (روز) کی پیدائش** (ع) جب کوئی چھوٹی عمر کا گستاخی یا چالاکی کی بات کرے تو کہتی ہیں۔ **جمعہ چھوڑ سنیچر نہائے (اس کا سنیچر کبھی نہ جائے) اس کے جنازے کوئی نہ جائے**۔ مسلمان عام طور پر جمعہ کو نہاتے اور کپڑے بدلتے ہیں۔ سنیچر کا نہانا منحوس سمجھا جاتا ہے۔ **جمعہ کو نکاح ہفتہ کو طلاق**۔ بہت جلد جھگڑا فساد ہونے کے موقع پر کہتے ہیں۔

جَمعیّت (ع۔ مونث) فراہمی۔ اکٹھا ہونا ۲ مجمع۔ گروہ۔ انبوہ۔ جمگھٹا ۳ فوج۔ لشکر ۴ دل جمعی۔ تسلی۔ اطمینان۔ تسکین۔ **جمعیّت اکٹھا کرنا** (متعدی) ۱ لوگوں کو جمع کرنا۔ اپنے ساتھ بہت سے آدمی ملانا ۲ لشکر جمع کرنا۔ **جمعیت خاطر یا دل**۔ (مونث) دلجمعی۔ تسکین۔ تسلی۔ اطمینان۔ تشفی۔

جَمَک (ھ۔ امر) جمکنا کا ۱ رونق ۲ اچھی حالت۔ خوشحالی۔ **جمکانا** (متعدی) ۱ اچھی حالت میں کرنا۔ درست کرنا ۲ مقرر کرنا ۳ فیصلہ کرنا ۴ کامیاب بنانا ۵ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ڈھیر لگانا۔ **جمکنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ چکنا۔ پنپنا۔ جمنا ۳ شروع ہونا۔ آغاز ہونا ۴ زور پر ہونا ۵ بھر جانا۔ پر ہوجانا۔ اردو میں اس کی جگہ چمکنا استعمال ہوتا ہے۔

جَمَک (ھ۔ مذکر) توام یا جوڑے میں سے ایک ۲ (عروض) ایسے الفاظ کا استعمال کرنا جن کا تلفظ تو ایک جیسا ہو۔ مگر معنے مختلف ہوں

جَمکُوڑا (ھ۔ مذکر) کھجور کے پتوں یا سرکنڈوں کی چھتری جو برسات میں سر پر رکھنے کے لئے بنا لیتے ہیں۔

جَمگَرد (ف۔ مذکر) دنیاوی جنت جس کا ذکر زردشت نے اپنی کتاب سدر میں کیا ہے

جَمگَھٹ۔ جمگھٹا (ہ۔ مذکر) ہجوم۔ جم غفیر۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ مجمع ۲ دوالی کی آخری رات (س جم۔ جانا۔ گھٹ۔ ملنا) **جمگھٹ کا دن** (مذکر) دوالی کا دن **جمگھٹ ہونا** (لازم) مجمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔

جَمل (ع۔ مذکر) ۱ اکٹھا کرنا ۲ پگھلانا۔

جَمَل (ع۔ مذکر) ۱ اونٹ۔ شتر ۲ ایک بڑی مچھلی ویل یا شارک۔

جَمَل (ھ۔ مذکر) جوڑا۔ جوڑی۔ دو (س یُم۔ جوڑا بنانا)

جُمَّل (ع۔ مذکر) ۱ ابجد کا حساب۔ دیکھو ابجد۔ عربی میں جُمّل ہے ۲ تار ۳ جملہ کی جمع۔ تمام۔ کل۔

جُملگی (ع۔ مونث) تمامی۔ کلیّت۔ پورنتا۔ عمومیت۔ عربی میں استعمال نہیں ہوتا۔

جُملہ (ع۔ صفت) ۱ تمام۔ سب کل ۲ (مذکر) میزان۔ جوڑ ۳ صرف و نحو) کلموں کا مجموعہ۔ جو مطلب ادا کرے۔ فقرہ (جُمَل۔ اکٹھا کرنا) **جملہ اسمیّہ** (مذکر) وہ جملہ جو دو اسموں سے مرکب ہو جیسے زید قابل ہے۔ اردو میں فعل ناقص آتا ہے۔ یہ تعریف عربی جملوں پر عاید ہوتی ہے۔ **جملۂ انشائیّہ** (مذکر) وہ جملہ جس کے سننے سے سامع کو معلوم ہو کہ کہنے والا کچھ خواہش رکھتا ہے۔ **جملۂ خبریّہ** (مذکر) وہ جملہ ہے جس کے سننے سے سامع کو معلوم ہو کہ کہنے والا کسی ماجرے کی خبر دیتا ہے۔ **جملۂ شرطیہ** (مذکر) وہ جملہ جو شرط کے جواب میں واقع ہو اگر تم آؤ گے تو میں تمہارے ساتھ چلونگا۔ **جملہ صفتیّہ** (مذکر) وہ جملہ جو کسی کی صفت کرے جیسے زید کا بھائی۔ **جملہ فعلیّہ** (مذکر) وہ جملہ جس میں اسم اور فعل دونوں آئیں۔ جیسے وہ جاتا ہے۔ **جملۂ کائنات** (مونث) کل عالم۔ کل مخلوقات۔ **جملۂ لشکر** (مذکر) کل لشکر۔ **جملۂ مُبیّنہ** (مذکر) وہ جملہ جو کلام سابق کی تشریح کرے۔ جیسے زید بڑا آدمی ہے۔ **جملہ متقدم** (مذکر) وہ جملہ ہے جو عبارت میں پیشتر آئے۔ **جملۂ معترضہ** (مذکر) ۱ وہ زائد فقرہ جس کے دور کرنے سے مطلب نہ فوت ہوتا ہو۔ **جملۂ معطوفہ** (مذکر) وہ جملہ جو پہلے جملے پر عطف ہو جیسے زید پڑھتا ہے اور بکر لکھتا ہے۔ **جملۂ مُعَلِّلہ** (مذکر) وہ ہے جو سبب اور علت کلام سابق کی ہو۔ جیسے تم جھوٹ مت بولو۔ کہ یہ بری بات ہے۔

جَمَم (ع۔ مذکر) ۱ نیزہ نہ ہونا ۲ بغیر سینگوں کے ہونا ۳ عمارت پر مورچہ بندی نہ ہونا۔

جَمَن (ھ۔ مذکر) ۱ جمنا ۲ وہ چیز جسے دودھ میں ڈال کر دہی جماتے ہیں ۳ (ہ۔ مونث) دریائے جمنا۔

جمناسٹک (انگ۔ مونث)۔ ورزش۔ کھیل۔

جَمنِکا (ھ۔ مونث) قنات جو خیمہ کے گرد لگائی جاتی ہے۔ پردہ۔

جَمنوٹا۔ جُمنوٹیا (ھ۔ مذکر) نقدی جو ضامن کو دی جاتی ہے۔ یہ عموماً ضمانت کی تعداد کی پانچ فیصدی ہوتی ہے۔

جَموا (ہ۔ مذکر) جامن کی ایک قسم۔ جسکا پھل بہت چھوٹا ہوتا ہے ۲ ایک درخت ۳ نیل کا پودہ جو برسات سے پہلے لگایا جائے۔

جموٹ (ہ۔ مذکر) جھوٹ۔

جموٹھ (ہ) کوئیں کی بنیاد۔ چک (پ) ۲ کوئیں کی بنیاد رکھنے کی رسم۔

جَمُوح (ع۔ صفت) شرارتی۔ اڑیل۔ گردن کش۔

جُمُود (ع۔ مذکر) ۱ جم جانا ۲ انجماد۔ جماؤ ۳ جہالت۔ بھولی۔ بے علمی (جمُد۔ جمنا۔ بستہ ہونا) پالا۔ **جمودِ نعش** (مذکر) نعش کا سخت ہو جانا۔

جَموگا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک مرض جو بچوں کو ہوتا ہے ۲ مرگی۔ (ہ جام روگ کا مخفف۔ بچے کی بیماری)

جَموگدار (ہ۔ مذکر) دیوانی عدالت کا قرقی کا پیادہ۔ قرق امین۔

جَمولنا (ہ۔ متعدی) جانچنا۔ اندازہ کرنا (ہ) یان کرنا تصدیق کرنا ۲ ٹھہرانا۔ مقرر کرنا۔

جَمُول (ع۔ صفت) چربی کو پگھلانے والا۔

جَمُوم (ع۔ مذکر) ۱ منہ تک بھرا ہوا کنواں ۲ جو ہر وقت پھر دوڑنے کے لئے تیار ہو۔

جُمُوم (ع۔ مذکر) ۱ پانی بہت ہونا ۲ نزدیک آنا وقت کا۔

جَمہانا (ہ۔ لازم) جماہی لینا۔

جَمہائی (ہ۔ مونث) دیکھو جماہی۔

جَمہَرت (ع۔ مذکر) ۱ اکٹھا کرنا ۲ ابن دُرَید کی ایک تصنیف۔

جُمہُور (ع۔ مذکر) ۱ ریت کا بڑا ڈھیر۔ ریت کا ٹیلہ ۲ آدمیوں کا بڑا گروہ۔ جماعت۔ آبادی قوم ۳ وہ سلطنت جہاں بادشاہ نہ ہو بلکہ لوگ کچھ عرصہ کے لئے صدر منتخب کریں ۴ (صفت) کل تمام۔ (جَمہَرَ۔ اکٹھا کرنا) جمہوری (جمہوری) ریاست یا سلطنت (مونث) دیکھو جمہور نمبر ۳۔

جَمی (ہ۔ صفت) روکنے والا۔ قابو رکھنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔ وہ شخص جس نے اپنی خواہشوں پر قابو پالیا ہو (یَم۔ روکنا)

جَمی (ہ۔ مونث) ۱ توام میں سے ایک لڑکی ۲ جم کی بیوی۔ (س یمی)

جَمیا (ہ۔ مذکر) ۱ گھاس کی ایک قسم ۲ جمعرات کا مخرب (عف)

جَمیرات (ہ۔ مونث) جمعرات کا مخرب (عف)

جُمَیز (ع۔ مذکر) جنگلی انجیر۔

جَمیع (ع۔ صفت) کُل۔ تمام۔ سب مجموع۔ **جمیعت** (مونث) دیکھو جمعیت **جَمیعاً** (صفت) بالکل۔ بمطلق۔ مجتمع ۲ عموماً (جَمَعَ۔ اکٹھا کرنا)

جَمیل (ع۔ صفت) خوبصورت حسین۔ شکیل۔ قبول صورت۔ سندر۔ خوبرو۔ **جمیلہ** (صفت۔ مونث) دیکھو آخری (جَمُلَ۔ خوبصورت ہونا)

جَن (ہ۔ امر) جننا کا ۲ (مذکر) آدمی۔ بشر۔ شخص۔ **جَنا** (امر) جنانا کا ۲ (ماضی) جننا کی ۳ (مذکر) دیکھو جن ۲ ۴ (صفت) جنا ہوا۔ جنانا۔ **جَنوانا** (متعدی) بچہ پیٹ سے نکالنا۔ پیدا کرنا۔ **جنائی** (مونث) ۱ جننے کی اجرت ۲ دائی۔ قابلہ۔ جنانے والی عورت۔ **جنائی بدیا** (مذکر) دائی پنا۔ قابلہ پن۔ **جنائی صدقہ** (مذکر) خیرات جو مسلمان جننے کے موقع پر کرتے ہیں **جننا** (متعدی) بچہ دینا۔ **جنوانا** (لازم) دائی کا وضع حمل کے وقت علاج کرنا **جنوائی** (مونث) دائی کی فیس۔ **جنی** (مونث) بیٹی۔ لڑکی۔

امثال و اقوال

جنتی نہ ڈھول بجتا۔ بیوقوف عورت کو کہتے ہیں۔ **جننا اور مرنا برابر**۔ جننے کی تکلیف بہت سخت ہوتی ہے۔ **جنے کوئی گوند کھانے کوئی کھائے**۔ محنت کوئی کرے مزے کوئی اڑائے۔ **جنے فقیر کھلائے امیر**۔ غریبوں کے یہاں اولاد بہت ہوتی ہے۔ امیروں کو انہیں کام پر لگانا پڑتا ہے۔

جَن (س۔ مذکر) ۱ زندہ چیز۔ خلق کی ہوئی چیز ۲ آدمی۔ انسان۔ شخص ۳ قوم۔ انسان ۴ مرکبات کے آخیر میں کل قوم یا نسل ۵ قسم۔ لوگ۔ **جنادھناتھ** (مذکر) شوجی۔ **جنار دَن** (مذکر) آدمیوں کو جوش دلانے والا ۱ وشنو یا کرشن جی ۲ کئی آدمیوں کا نام ۳ ایک جگہ کا نام ۴ بھادرتھ دیپک کا مصنف۔ **جن بچہ** (مذکر) اولاد۔ خاندان **جن بچہ کولھو میں پلوا دینا** (ہ۔ متعدی) کسی کے خاندان کو کولھو میں پلوا کر مار ڈالنا۔ پرانے زمانے کی ایک سزا۔ بڑی بے رحمی اور وحشیانہ پن کا کام کرنا۔ **جن چندر** (مذکر) ایک سنسکرت شاعر کا نام **جنستھان** (مذکر) ایک جگہ ڈنڈک بن میں جہاں راجہ رامچندر جی کچھ مدت رہے تھے **جن لوک** (مذکر) دنیا کے سات حصوں میں سے پانچواں جہاں برہما جی کی اولاد اور پوتر لوگ بستے ہیں۔ **جن ماریا مرک** (مذکر) وبا۔ طاعون **جن موہنی** (مونث) ایک سرنگنا یا دیوی کا نام۔ **جنمیجے** (مذکر) ایک راجہ جس کے پاس ویشمپاین ویاس جی نے مہابھارت کا اپدیش کیا تھا۔ یہ پرکشت کا لڑکا ابھمنیو کا پوتا اور ارجن کا پڑپوتا تھا۔ **جنواد** (مذکر) ۱ اطلاع۔ خبر ۲ افواہ ۳ الزام۔ بہتان۔ تہمت **جنیشور** (مذکر) راجہ۔ بادشاہ۔

جَنّ (ع۔ مذکر) ۱ گھیر لینا اندھیرے کا ۲ دفن کرنا ۳ شیطان ہونا۔

جِن (ہ۔ ضمیر) ۱ جس کی جمع ۲ تعظیم کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔ **جن کا** (ملت کر (ہ) جن کے متعلق۔ جن کی ملکیت۔ **جنہوں** (ضمیر) جن کی جمع الجمع حروف مغیرہ سے پہلے (مت) **جنہوں کو** (تف) جن کو (مت)۔ **جنہیں** (ضمیر) جن کی جمع الجمع

امثال و اقوال

جن بر ہا سر چرو وہ کیسے چریں بھو بار (ہ) جنہوں نے سبز کھایا ہو۔ وہ موکھا کیسے کھائیں۔ امیر غریب ہو جائے تو اس کے لئے بڑی مصیبت ہوتی ہے۔ **جن پائیں پنہی نہیں انہیں دینت گج راج۔ کچھ دیتے بیکھا لے صاحب گریب نواج۔** (ہ) یہ خدا کی قدرت ہے۔ کہ جن کے پاؤں میں جوتا نہیں انہیں چڑھنے کو ہاتھی ملتا ہے۔ اور جن کو زہر دی جائے انہیں دولت وحشمت ملتی ہے۔ **جن جائی انہیں لجائی**۔ بیٹی والے کو ضرور شرم معلوم ہوتی ہے۔ **جن جائے اسہیں لجائے**۔ اپنے والدین کو شرم دلاتا ہے۔ بہت نالائق کے متعلق کہتے ہیں۔ **جن دیکھے وے کسم گئے سو بیت بہار۔ اب آلی رہی گلاب میں اپت کٹیلی ڈار** (ہ) اے شہد کی مکھی جس بہار میں پھول دیکھے تھے وہ جاتی رہی اب تو گلاب پر صرف کانٹے

رہ گئے ہیں۔ جن ڈھونڈا ان پایا ۔ جن ڈھونڈیاں تن پائیاں گہری پانی پیٹھ۔ میں پاپن ڈوبن چلی رہی کنارے بیٹھ ۔ (ھ) جویندہ یابندہ۔ محنت سے کامیابی ہے ۔ جن کا بیڑا ان کا کھیڑا۔ جن کا قبیلہ بڑا ہوگا۔ ان کی حکومت اور دبدبہ ہوگا۔ جن کا منہ نہیں دیکھتے ان کا پاؤں چھونا پڑتا ہے۔ ۱ خدا کی قدرت ہے کہ جن کو ایک زمانے میں انسان ملنا پسند نہیں کرتا۔ ان کی خوشامد کرنی پڑتی ہے ۲ ہندوؤں میں صبح کو برہمن کی شکل دیکھنا منحوس گنا جاتا ہے ۔ مگر ان کی عزت اتنی ہے کہ اگر برہمن مل جائے تو اس کا پاؤں چھوتے ہیں۔ جن کو چاؤ گھنیرا ان کو دکھ بہتیرا۔ جن کو لاڈ گھنیرے ان کو دکھ بہتیرے۔ جو لاڈ و پیار میں پلیں انہیں بہت تکلیفیں اٹھانی پڑتی ہیں۔ جن کی بولی میں دغا ان کے دل میں کیا دغا نہ ہوگا پٹھانوں پر طنز ہے یہ لفظ دغا کا بہت استعمال کرتے ہیں ۔ جن کے بھاگ ان کے سہاگ۔ اچھے نصیب والوں کو ہی آرام ملتا ہے۔ جن کی یہاں چاہ ان کی وہاں چاہ۔ کسی نیک جوان شخص کے مرنے پر کہتے ہیں۔ کہ جن سے لوگ محبت کرتے ہیں انہیں خدا بھی چاہتا ہے۔ جن گلیوں میں پھول بکھیرا ان میں دھول کیا بکھیروں۔ مروت توڑنے کو دل نہیں چاہتا۔ جن مولوں آئی ان مولوں گئی۔ مفت کا مال تھا یونہی گیا جن میں چمک نہیں سب کنک ہے۔ جو چیز دیکھنے میں خوبصورت ہو ضروری نہیں کہ اس کے گن بھی اچھے ہوں۔ جن لینے تن بار اور جن چھوڑے تن ہار۔ اپنوں سے دشمنی بیگانوں سے محبت جنہیں نہ سوجھے پیر کا روضہ وہ بھی ہاتھ پکڑ کے کریں تماشا۔ باوجود قدرت نہ ہونے کے سیر و تماشا دیکھنا۔

جِنّ (ع۔ مذکر) ۱ مسلمانوں کے اعتقاد کے بموجب ایک مخلوق جو آگ سے پیدا کی گئی ہے۔ قرآن شریف میں آتا ہے۔ خَلَقَ الجانّ من مارجٍ من نار۔ ہم نے جنوں کو بغیر دھوئیں کی آگ سے پیدا کیا۔ دیو۔ عفریت۔ اسرار۔ غصہ غضب ۳ ضدی آدمی ۴ مستعد آدمی۔ مستقل مزاج آدمی۔ ثابت قدم شخص ۵ (صفت) مستعد مستقل مزاج وغیرہ (جِنّ۔ چھپنا) جِنّات (مذکر) جن کی فارسی اور اردو میں جمع ہے۔ جن اُتار دینا یا اُتارنا (متعدی) ۱ جن کو انسان کے بدن سے نکالنا۔ جن کو دفع کرنا۔ ۲ غصہ دور کرنا ۳ سیدھا کر دینا۔ درست کر دینا۔ جن اُتر جانا یا اُترنا (لازم) جن اتارنا کا ۔ جناتی خط (مذکر۔ مو) جنی خط۔ جن پکڑنا (متعدی) ۱ جن قابو کرنا ۲ جن اتارنا۔ جن جھاڑنا (متعدی) جن کو نکالنے کا منتر پڑھنا۔ جن چڑھنا (لازم) بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جنات ان لوگوں میں جنہوں نے ان کی بے ادبی کی ہو یا خوبصورت مرد عورتوں میں حلول کر جاتے ہیں۔ اور پھر ان سے عجیب عجیب حرکات صادر ہوتی ہیں اسے جن چڑھنا کہتے ہیں۔ زمانۂ جدید کی تحقیق اس کی قائل نہیں اور اسے مرض ہسٹیریا بتاتے ہیں۔ آسیب کا خلل ہونا ۲ بہت غصہ آنا۔ جھلانا ۳ سودا ہونا۔ خبط ہونا ۔ جن چڑھا ہوا ہے۔ سخت غصے میں ہے۔ جن سوار ہونا (لازم) دھن یا خبط رہنا ۲ سخت غصہ چڑھنا ۳ جن چڑھنا۔ جن شیشے میں اتارنا (متعدی) کہتے ہیں کہ بڑے بڑے عامل جن کو کسی کے سر سے اتار کر شیشے میں بند کر لیتے ہیں ۲ مجازاً شریر یا ضدی آدمی کو قابو کرنا۔ جن کا سایہ (مذکر) جن کا سر پر سوار ہونا۔ جِنّہ (مذکر) جن کی عربی جمع۔ جِنّی (مذکر) جن کو تسخیر کرنے والا آدمی۔ جن کا عمل کرنے والا آدمی۔ جِنّی خط (مذکر) وہ تحریر جو اچھی طرح نہ پڑھی جائے۔ جِنّیّہ (مونث) جن کی بیوی۔ قوم جن کی عورت۔

مثل۔ جن (وہ) وہی جو سر پر چڑھ کر بولے۔ بات وہ جو منہ پہ کہی جائے۔

جِن (س۔ مذکر) ۱ بدھ مذہب کا سنت یا سادھو۔ بدھ ۲ جین مذہب کا سنت یا سادھو۔ ارہت۔ کہتے ہیں کہ دنیا کے ہر تین زمانوں میں ۲۴ ارہت ہوئے ہیں ۳ عدد ۲۴ ۴ وشنو جی ۵ بدھ کے ایک بیٹے کا نام ۶ ایک بودھی ستوہ کا نام۔

جِن۔ جَن (ھ۔ نفی) نہ۔ مت (عف)

جُن (ھ۔ مذکر) وقت۔

جُنا (ھ۔ مذکر) دو جیادوں کو اکٹھا جوتنا۔

جنا (س۔ دھاتو) ۱ جاننا ۲ معلوم کرنا ۳ سکھانا ۴ قیاس۔ جناپت (صفت) مطلع کیا ہوا۔ اطلاع دیا ہوا ۲ سکھایا ہوا ۳ الہامی ۴ معلوم کیا ہوا۔ دریافت کیا ہوا۔ جناپت (مونث) عقل۔ سمجھ۔ بدھ۔ جناپک (صفت) ۱ سکھانے والا۔ بتانے والا۔ اطلاع دہندہ ۲ (مذکر) استاد۔ گرو۔ پاٹھک ۳ وہ شخص جو بتلائے یا خبر دے ۴ راجوں کے دربار میں ایک افسر جس کے پاس درخواستیں گزرتی ہیں ۵ کوئی خاص حکم یا قاعدہ جو خاص ہدایات دے ۶ نصیحت پند۔ جناپن (مذکر) اطلاع دینا۔ خبر دینا۔ بتانا ۲ سکھانا ۳ اطلاع۔ خبر۔ اعلان۔ جناپنارتھ۔ اطلاع دینے کے لئے۔ جناپنیہ (صفت) قابل اطلاع جیسے جناپیہ (صفت) قابل اطلاع۔ جَنات (صفت) ۱ معلوم شدہ۔ سمجھا ہوا۔ یقینی ۲ (مذکر) مہاویر کے خاندان کا نام۔ جناتا۔ (صفت و مذکر) دیکھو جناتری۔ جنا نادھرم کتھا (مذکر) جینیوں کا چھٹا انگا۔ جنا نا نوے (مذکر) ۱ وردھمان کا ایک نام۔ جینیوں کا آخری جن ۲ مہاویر کا لقب۔ جنات پتر (مذکر) آخری جن ۲ جنات نندن (مذکر) مہاویر کا لقب جناتری (صفت)۔ جاننے والا عالم۔ عقلمند۔ دانا ۲ (مذکر) جاننے والا شخص واقف ۳ عقلمند آدمی۔ جناتوہ (مذکر) علم۔ جناتویہ (صفت) جانا ہوا۔ سمجھا ہوا۔ قابل دریافت یا تحقیق ۲ سمجھ میں آنے کے قابل۔ ظاہر۔ محسوس ۴ قریب القیاس یا فہم جناتی (مذکر) ۱ رشتہ دار۔ قریبی رشتے دار ۲ باپ ۳ باپ کی طرف کا رشتہ دار۔

جناب (ع۔ مذکر) ۱ آپ۔ حضور۔ حضرت۔ قبلہ ۲ پہلو۔ جانب۔ کنارہ۔ صحن۔ ڈیوڑھی دہلیز ۳ جائے پناہ۔ آستانہ۔ درگاہ (جَنَب۔ ایک طرف ہونا) جناب اقدس (مذکر) حضور پاک۔ عالی جناب جناب عالی (مذکر) حضور۔ عالی جناب۔ جناب من (مذکر) میرے جناب۔ میرے حضور۔ جنابہ (مونث) دیکھو جناب نمبرا۔

جَنابَت (ع۔ مونث) ۱ نجاست پلیدی۔ ناپاکی۔ آلودگی ۲ منی کا نکلنا (جَنَب۔ دور ہونا)

جَنات (ع۔ صفت) تازہ چنا ہوا (پھل)

جَنّات (ع۔ مونث) جنت کی جمع۔ باغات۔

جُنات (ع۔ مذکر) جانی کی جمع۔ چننے والے۔ اکٹھا کرنے والے۔

جَناح (ع۔ مونث) پر۔ ۲ بازو۔ ۳ فوج کا بازو۔ ۴ پناہ۔ (جنحۃ۔ پر لگانا)

جِنازہ (ف۔ مذکر) نعش انسان جو دفن کرنے کو لیجاتے ہیں مردے کا تابوت (جنز۔ نعش کو چارپائی پر رکھنا) جنازہ اٹھانا (متعدی) جنازے کو قبرستان کو لیجانا جنازہ اٹھنا (متعدی) دیکھو آخری۔ جنازہ دیکھے۔ ایک قسم کی قسم۔ مرا ہوا دیکھے۔ جنازۂ رداں (مذکر) کنایتاً۔ گھوڑا گھوڑے کی سواری۔ جنازے کی نماز (مونث) نماز جو مسلمانوں کی نعش پر پڑھی جاتی ہے۔ جنازہ نکلنا (لازم) ۱ مرنا۔ مرجانا۔ فوت ہو جانا ۲ جنازہ اٹھنا۔ جنازہ نکلے۔ بددعا۔ مرے۔ مرجائے۔

جَناغ (ف۔ مونث) ۱ شرط۔ ٹھیک۔ عہد ۲ جوئے کی شرط ۳ پرندے کی چھاتی کی ہڈی ۴ زین کا گولا۔

جَنان (ع۔ مذکر) ۱ اندھیرا ہونا ۲ اندھیری رات ۳ دل ۴ کپڑا ۵ بڑا مجمع۔

جُناغ (ف۔ مذکر) زین کا اوپر کا چمڑا ۲ رکاب کا چمڑا ۳ بالاتنگ۔ کوتل کس ۴ زین کا دونوں طرف کا چمڑا

جُنان (س۔ مذکر) علم۔ گیان۔ بدیا۔ ۲ سمجھ۔ دانش۔ ادراک۔ عقل۔ بدھ۔ فہم۔ فراست۔ ۳ جس سے انسان اپنی اصلیت کو پہچانے اور نروان حاصل کرنے کا طریقہ سیکھے ۴ واقفیت۔ آگاہی۔ خبر۔ جنا نانند (مذکر) "علم کی خوشی"۔ ایک مصنف کا نام جنان پاون (مذکر) ایک تیرتھ کا نام۔ جنان تیرتھ (مذکر) ایک تیرتھ کا نام۔ جنان چرچا (مونث) کسب۔ علم۔ کسب کمال۔ جنان چکشو (مذکر) دل کی آنکھ۔ عقل۔ گیان۔ جنان دا (مذکر) علم سکھانے والا۔ گرو۔ استاد۔ جنان دت (مذکر) ایک بدھ عالم کا نام۔ جنان درپن (مذکر) "علم حقیقی کا آئینہ" منجوشری۔ جینیوں کا سنت۔ جین درشن (مذکر) ۱ علم بے پایاں ۲ ایک بودھی ستوہ کا نام۔ جنان دشا (مونث) علم یا عقل کی حالت۔ جنان دوڑانا (ھ۔ متعدی) غور و خوض کرنا۔ جنان ساگر (مذکر) ایک جین سوری کا نام جو اودھ نریکتی کے ایک ٹیکے کا مصنف ہے۔ جنان سیکھنا (ھ۔ متعدی) علم حاصل کرنا جنان شاستر (مذکر) علم نجوم۔ علم رمل۔ جنان شری (مذکر) ایک بدھ مصنف کا نام۔ جنان شریشٹھ (مذکر) عالم اجل۔ ودیا وان۔ جنان کانڈ (مذکر) ویدوں کا وہ حصہ جو اصل علم روحانی کے متعلق ہے۔ جنان کر (مذکر) ۱ ایک بدھ کے بیٹے کا نام ۲ ایک بدھ کا نام۔ جنان مورتی (مونث) عقل کل۔ جنان واپی (مذکر) ایک تیرتھ کا نام۔ جنان وان (صفت) ۱ جسے علم اور گیان حاصل ہو۔ عالم۔ گیانی ودیا واں (مذکر) وہ شخص جو اچھی طرح سمجھے۔ عالم شخص جنانو پدیش (مذکر) اعلیٰ اور عقلمندی کی تعلیم جنان درمان (مذکر) ایک سنسکرت شاعر کا نام۔ جنانو کا (مذکر) ایک بدھ سادھی کا نام۔ جنانی (صفت) وہ جسے علم اور گیان دیا گیا ہو۔ عالم۔ گیانی ۲ عقلمند۔ دانا۔ بدھ ۳ (مذکر) وہ جو جانتا ہو۔ جو پوری طرح سے سمجھتا ہو۔ جسے علوم مذہبی حاصل ہوں۔ جسے اگلے واقعات معلوم ہو جائیں ۴ رشی۔ منی ۵ منجم۔ فال نکالنے والا شخص۔ رمال۔ جنانیندر سرسوتی (مذکر) ایک سدھ کے شارح کا نام۔ جنانیندریہ (مذکر) ۱ محسوس کرنے کا آلہ جو پانچ ہیں۔ بدن۔ زبان۔ کان۔ ناک۔ آنکھ ۲ قوت ادراکیہ۔

جِناں (ع۔ مذکر) جنت کی جمع۔ باغات۔

جَنانا (ھ۔ متعدی) جتانا۔ بتانا۔ سکھانا۔

جَناوَر (ھ۔ مذکر) جانور۔

جَنائب (ع۔ مذکر) جنیب کی جمع۔

جنائز (ع۔ مذکر) جنازے کی جمع۔

جَناؤ (ھ۔ مذکر) اشارہ۔ کنایہ۔

جُناؤنا (ھ۔ متعدی) جتانا۔

جَنایت (ع۔ مونث) کوئی ممنوع ضرر رساں کام جیسے زخم کرنا۔ دانت توڑنا وغیرہ (جنی۔ جرم کرنا)

جَنَب (ھ۔ مذکر) سن کا پودا۔

جَنْب (ع۔ مذکر) ۱ پہلو۔ طرف ۲ ملک کا ایک حصہ جنبی ۳ (صفت) ۱ پہلو یا طرف کے متعلق۔ جانب کا۔

جَنَب (ع۔ مذکر) ۱ ٹھہرنا ۲ لنگڑانا ۳ پیاس سے پھیپھڑوں کا پہلوؤں سے لگ جانا ۴ گھڑ دوڑ میں ایک اور گھوڑا ساتھ رکھنا تاکہ اگر ایک گھوڑا نہ جیت سکے تو جلدی سے دوسرے پر سوار ہو جائیں۔

جُنُب (ع۔ مذکر) وہ شخص جو دور رہے تاکہ کسی اجنبی شخص کو نہ ملے۔ اور نہ اسے کھانے پر بلانا پڑے۔

جُنُب (ع۔ مذکر) وہ شخص جسے نہانے کی ضرورت ہو جیسے جماع یا احتلام وغیرہ کی وجہ سے۔ ناپاک آدمی۔ ۲ اجنبی ۳ مہمان جنبی (صفت) دیکھو آخری۔

جُنبان (ف۔ صفت) حرکت کرنے والا۔ جنبش کرنے والا ۲ کانپتا ہوا۔ لرزاں۔ عموماً۔ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے سلسلہ جنبان (جنبانیدن۔ ہلانا) جنبانی (مونث) ہلانے کا فعل۔ حرکت۔

جُنْبِش (ف۔ مونث) حرکت۔ ہلنا۔ گردش جنبش آب (مونث) پانی کی حرکت جنبش دینا (متعدی) ہلانا۔ جھنجھوڑنا جنبش میں آنا (متعدی) ۱ حرکت کرنا۔ ہلنا ۲ چست ہونا۔ تیز ہونا ۳ جوش میں آنا۔ جنبش ہونا (لازم) ہلنا۔ حرکت کرنا۔

جَنْبَہ (ع۔ مذکر) ۱ حمایت ۲ پناہ۔ مدد (جَنَب۔ ایک طرف ہونا) جنبہ داری (مونث) حمایت۔ طرفداری (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

جَنْبِیہ (ف۔ مذکر) بڑا خنجر ۲ پہلو کے بازو۔

جَنَت (ھ۔ مونث) پیدائش جنم۔

جَنّت (ھ۔ مونث) چمڑے کا رسا ۲ ساز گھوڑے کا۔

جَنَّت (ع۔ مذکر) ۱ باغ۔ گلستاں ۲ بہشت۔ فردوس۔ سرگ (جَنّ۔ پوشیدہ)

سے بھرا ہونا زمین کا) **جنّت آرام گاہ یا جنّت آشیانی** (صفت) وہ جس کی جگہ جنت میں ہو۔ مرحوم (عموماً بادشاہوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ ہمایوں کے مرنے کے بعد یہ خطاب دیا گیا تھا) **جنّتُ البلاد** (مذکر) بنگال۔ **جنّتُ الماویٰ** (مذکر) "آرام کا باغ"۔ جنت بہشت **جنّتِ شدّاد** (مذکر) وہ باغ جو شداد شاہ بابل نے تیار کرایا تھا۔ **جنّتِ عدن** (مذکر) وہ باغ جس میں حضرت آدم کو گیہوں یا سیب کھانے سے پہلے رکھا گیا تھا۔ **جنت کی ہوا آنا** (لازم) سرد ہوا آنا۔ **جنت کے ہوئے نہ دوزخ کے**۔ کسی طرف کے نہ ہوئے **جنت مکان یا مکانی** (صفت) مرحوم **جنت میں لات مارنا** (متعدی) کسی فائدہ مند بات کو اختیار نہ کرنا **جنت نشان یا نصیب** (صفت) مرحوم۔ آنجہانی۔ **جنتی** (صفت) ۱ جنت کا رہنے والا ۲ بہشت میں جانے والا ۳ مرحوم۔ آنجہانی ۴ سیدھا۔ سادھا بھولا بھالا ۵ بہرا۔

جَنتا (ہ۔ مذکر) ایک اوزار جس سے تار کھینچتے ہیں۔

جَنتا (س۔ مونث) ۱ بہت سے آدمی۔ گروہ۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ مجمع ۲ فرقہ ۳ قوم ۴ انسان۔

جَنِتا (س۔ مذکر) باپ۔ والد۔ پتا۔

جَنتار (ہ۔ مذکر) گنڈا۔ تعویذ۔ جنتر۔

جَنتانا (ہ۔ لازم) دبنا بھنچنا ۲ (متعدی) دبانا بھینچنا۔

جَنتَر (ہ۔ مذکر) آلہ۔ اوزار۔ کل۔ مشین ۲ ایک باجہ جس میں تار ہوتے ہیں ۳ دھوپ گھڑی شیشۂ ساعت ۴ ایک برتن جس میں عرق وغیرہ نکالتے ہیں ۵ رصد گاہ۔ آکاس لوچن ۶ ٹوٹکا۔ منتر۔ تعویذ۔ افسوں۔ گنڈا ۷ مداری کا کھیل۔ شعبدہ بازی **جنتر منتر** ۱ دیکھو جنتر ۵ و ۶ و ۷ مکاری۔ فریب۔ دھوکا۔ **جنتری** (مونث) ۱ ایک اوزار جس میں چھید ہوتے ہیں۔ اور تار کھینچنے کے کام آتا ہے ۲ شعبدہ باز۔ مداری۔ جادوگر ۳ فریبی مکار ۴ تقویم جس میں سنجم روزانہ حالات اور تاریخیں درج کرتے ہیں۔ **جنتری میں کھنچنا یا نکلنا** (لازم) **کھینچنا یا نکالنا** (متعدی) ۱ تار کو جنتری نمبر ۱ میں سے نکال کر پتلا اور لمبا کرنا ۲ شریر کو درست کرنا ۳ مصیبتوں میں ڈال کر نیک بنا دینا۔

جَنِتری (س۔ مونث) ماں۔ جننے والی عورت۔

جَنِترے (س۔ مذکر) باپ۔ والد۔ پتا۔

جَنتو (س۔ مذکر) ۱ جاندار حیوان ۲ انسان۔ شخص ۳ بچہ۔ طفل ۴ کیڑے مکوڑے ۵ ایک درخت ۶ نوکر۔ ملازم ۷ رشتہ دار ۸ ایک شخص کا نام جو سومکا کا لڑکا تھا۔

جَنتی (ہ۔ مونث) ۱ ماں۔ ماتا ۲ پیدائش۔ دیکھو جنت۔

جنٹلمین (انگ۔ مذکر) ۱ شریف آدمی۔ مہذب آدمی۔ باسلیقہ آدمی۔ نیک چال چلن کا آدمی ۲ خاندانی آدمی۔ اس کا مونث لیڈی ہے۔

جنجال (ہ۔ مذکر) ۱ مصیبت۔ آفت۔ مشکل۔ تکلیف ۲ تکلیف دہ آدمی ۳ تکلیف دہ بات ۴ بوجھ۔ گلے کا ہار۔ چھاتی پر پتھر۔ پاؤں کی بیڑی (جان کا جال کا مخفف) **جنجال میں پڑنا یا پھنسنا** (لازم) مصیبت میں مبتلا ہونا۔ تکلیف میں پھنسنا **جنجال ہوکر پڑنا** (متعدی) ۱ سخت تکلیف دہ ہونا ۲ پاس کچھ نہ چھوڑنا **جنجال ہوکر چمٹنا** (متعدی) بری طرح پیچھے پڑنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا **جنجال ہونا** (لازم) بھاری یا ناگوار معلوم ہونا۔ دقت یا بکھیڑا دکھائی دینا۔ وبال جان ہونا۔ **جنجالی** (صفت) ۱ تکلیف دہ۔ تنگ کرنے والا ۲ (مذکر) جھگڑالو آدمی بکھیڑیا۔

جَنجال (ہ۔ مذکر) بڑی بندوق۔ عربی جزائل کا بگڑا ہوا۔

جَنچنا (ہ۔ لازم) امتحان میں آنا۔ تخمینہ ہونا۔

جَنج (ع۔ مذکر) پروں کو پھڑپھڑانا۔

جِنج (ع۔ مذکر) ۱ طرف ۲ کنارہ ساحل ۳ رات کا ایک حصہ

جُنج (ع۔ مذکر) ۱ رات کا ایک حصہ۔

جَنَد (ع۔ مذکر) ۱ اونچی نیچی زمین ۲ پتھر جن کی شکل مٹی کے ڈھیلوں کی طرح ہو۔

جُند (ع۔ مذکر) ۱ فوج۔ لشکر ۲ مددگار۔ جمعیت ۳ شہر۔ قسم۔ نوع۔

جُنب (ف۔ مذکر) ارنڈی کا تیل۔

جَندا۔ جَندرا (ہ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے مٹی اکٹھی کر کے کیاریاں بناتے ہیں۔ **جندرا** (پ) قفل۔ تالا۔

جَندڑی (ہ۔ مونث) جان کی تصغیر۔ **جنڈری پر اللہ کا غضب ٹوٹے** (بددعا) خدا غارت کرے۔ **جنڈری پر (ستم) قیامت توڑنا** (متعدی) سخت ظلم کرنا۔ جور و جفا کرنا۔ **جنڈری کا وبال پڑنا** (لازم) جان کا صبر پڑنا۔ **جنڈری گنوانا** (متعدی) ۱ جان کھونا۔ جان نثار کرنا ۲ عاشق ہونا۔

جَندِل (ع۔ مذکر) پتھر۔

جَندَل (ف۔ مذکر) وہ ایلچی جس کے ہاتھ فریدوں نے یمن کے بادشاہ کے پاس اس کی لڑکی کی شادی کے لئے پیغام بھیجا تھا۔

جُندِل (ع۔ مذکر) پتھریلی زمین۔

جَنڈ (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کی لکڑی جلانے کے کام آتی ہے۔

جنرل (انگ۔ صفت) عام۔ اکثر ۲ بڑے درجے کا۔ بڑا ۳ فوج کا سب سے اعلیٰ عہدہ۔ جرنیل۔ سپہ سالار ۴ محکمہ کے سب سے بڑے افسر کے نام کے ساتھ یہ لفظ عموماً آتا ہے۔ جیسے انسپکٹر جنرل۔ اکونٹنٹ جنرل۔ پوسٹ ماسٹر جنرل وغیرہ۔

جِنس (ع۔ مونث) ۱ قسم۔ جماعت۔ نوع۔ صنف۔ فرع ۲ تذکیر تانیث۔ مذکر و مونث ۳ چیز۔ شے ۴ نسل۔ خاندان ۵ مال۔ سوداگری کا مال ۶ اسباب۔ سامان۔ اثاثہ۔ مال منقولہ ۷ پیداوار ۸ غلہ۔ اناج ۹ (حساب) تجارت۔ پھیلاوٹ (جنس۔ تشریح کرنا) **جنس اودنے** (مونث) کم قیمت مال گھٹیا چیز ۲ ہلکی قسم کا اناج۔ **جنس اول یا اولے** (مونث) بہت اچھی چیز۔ اعلیٰ قسم کی چیز ۲ اول درجے کی فصل **جنس بشر** (مونث) نوع انسان **جنس خانہ** (مذکر) گودام **جنس اعلیٰ یا کامل** (مونث) وہ چیز جو پوری قیمت لائے ۲ اول درجے کی فصل **جنس وار** (صفت) ۱ قسم با

نوع کے بموجب ۲ فصلوں کی تقسیم اقسام کے بموجب ۳ وہ نقشہ جو پٹواری کاشت شدہ جنس کے متعلق تخمیل میں داخل کرتا ہے۔ **جنسوار جمعبندی** (مونث) مالگذاری کی تشخیص۔ اقسام اناج کے بموجب خاص شرحوں پر۔ **جنسواری** (مونث) ۱ تقسیم تجنیس۔ ترتیب۔ سلسلہ بندی۔ از روئے قسم۔

جنسی (صفت) ۱ قسم وار۔ جنسوار۔ ۲ از روے جنسیت ۳ جنس میں۔ پیداوار میں۔ چیزوں میں زاد ایجی۔ **جنسیّت** (مونث) ۱ ایک عام خاصیت یا مالت ۲ ہمجنس یا ہم قوم۔ ایک قسم یا نوع ہونا۔ ۳ ایک جیسی طبیعت یا طینت ہونا۔

جنطیانا (ع۔ مذکر) ایک بوٹی پکھان بید۔

جنف (ع۔ مذکر) ۱ سیدھے راستے سے بھٹکنا ۲ جھکنا ۳ مڑنا۔

جنک (س۔ صفت) ۱ پیدا کرنے والا۔ اولاد پیدا کرنے والا۔ مولد۔ اپجاو ۲ (مذکر) باپ۔ والد ۳ متھلا کا راجہ جب راجہ نمی فوت ہوا تو اس کی کوئی اولاد نہ تھی۔ رشیوں نے اس کے بدن کو ملا۔ اور اس کے ایک راجکمار پیدا ہوا۔ جس کا نام جنک رکھا گیا۔ یہ پہلا جنک تھا۔ مگر اس کی بیسویں پشت میں تھا ۴ ستیا جی کے باپ کا نام جو متھلا کا راجہ تھا۔ **جنک پور** (ص) راجہ جنک کی راج دھانی جو ضلع ترہٹ میں تھی۔ **جنک ستا** (مونث) جنک کی بیٹی۔ سیتا۔

جُنک (ہ۔ حرف ربط) اگرچہ۔ گو ۲ یعنی۔

جنکار (ہ۔ مذکر) ذومعنی فقرہ۔ خطاب

جنکسانک (ف۔ مذکر) مغلوں کا ایک

جنکشن (انگ۔ مذکر) مقام اتصال وہ جگہ جہاں دو چیزیں ملیں ۲ ریل کا سٹیشن جہاں دو یا زیادہ شاخیں ہیں۔

جَنگ (ہ۔ مذکر) بیل کی گھنٹی جو بہلی رتھ۔ اکے وغیرہ میں لٹکا دیتے ہیں۔

جَنگ (ف۔ مونث) ۱ لڑائی۔ رزم۔ جدال۔ معرکہ۔ رن۔ کارزار۔ یدھ۔ محاربہ۔ نبرد۔ حرب۔ پیکار۔ بھارت۔ جدل ۲ عداوت بغض۔ کینہ۔ بیر۔ دشمنی۔ مخالفت۔ **جنگ آزمایا** آزمودہ (صفت) وہ شخص جسے لڑائی کا تجربہ ہو۔ شجاع۔ بہادر۔ دلیر۔ **جنگ آمیز** (صفت) جھگڑے کی۔ لڑائی کی۔ لڑائی سے ملی ہوئی **جنگ آور** (صفت) لڑنے والا۔ بہادر۔ شجاع۔ دلیر۔ **جنگ آوری** (مونث) دیکھو جنگ ۱۔ **جنگامشتی** (مونث) مکا بازی۔ گھونسا بازی۔ **جنگ جو** (صفت) لڑنے والا۔ سپاہی۔ نبرد آزما **جنگ جوئی** (مونث) ۱ لڑائی جھگڑے کی خصلت ۲ لڑائی کی تلاش ۳ جھگڑا فساد۔ **جنگِ زرگری** (مونث) جھوٹ موٹ کی لڑائی۔ دوسروں کے دکھانے کو جنگ کرنا۔ **جنگ سر کرنا** (متعدی) لڑائی فتح کرنا۔ **جنگ سر ہونا** (لازم) لڑائی فتح ہونا۔ **جنگ کرنا** (مونث) لڑائی کرنا۔ لڑنا جھگڑنا جنگاہ۔ **جنگ گاہ** (مونث) میدان جنگ کھیت **جنگ و جدال یا جدل** (مونث) دیکھو جنگ ۱ ۲ جھگڑا۔ فساد۔ **جنگ ہونا** (لازم) لڑائی ہونا۔ **جنگی** (صفت) ۱ جنگ کے متعلق۔ جنگ کا ۲ فوجی ۳ قابل جنگ۔ میدان کے قابل۔ لڑائی جوگ ۴ شجاع۔ بہادر ۵ عظیم۔ بڑا ۶ جھگڑالو۔ لڑاکا۔ فسادی ۷ (مذکر) سپاہی۔ مبارز۔ لشکری ۸ لڑنے جھگڑنے والا آدمی ۹ بڑے قد کا گھوڑا (کہاروں کی اصطلاح)۔ **جنگی بیڑا** (مذکر) بحری فوج کے جہاز۔ **جنگی نالہ** (مذکر) بڑا پرنالہ جس کی دھار دور جا کر گرے **جنگی جوان ہے۔** لڑاکا اور بد معاملہ ہے۔ **جنگی جہاز** (مذکر) ۱ لڑائی کا جہاز ۲ بڑا جہاز۔ **جنگی فوج** (مونث) لڑنے والی سپاہ ۲ بہت فوج۔ **جنگی لاٹ** (مذکر) سپہ سالار۔ کمانڈر ان چیف۔ مارشل۔

مثل۔ جنگ دو سر دارد لڑائی کے دو سر ہیں فتح یا شکست۔ لڑائی میں فتح و شکست دونوں میں سے ایک ہوتی ہے **جنگی ہو کے کاتا سوت۔ بڈھی ہو کر جایا پوت** سب کام بے موقع اور بے محل کئے۔

جُنگ (ہ۔ مذکر) ۱ ایک جلد جس میں کئی کتابیں ہوں ۲ کتابوں کا پشتارہ۔ مثھا ۳ بڑی بیاض ۴ (مونث) جوش۔ دھن۔ خیال۔ امنگ۔

جنگ (س۔ مذکر) ایک قسم کا ساگ۔

جنگرا (ہ۔ مذکر) فصل خریف کے ڈنٹھل جو کٹائی کے بعد رہ جائیں

جنگل (ہ۔ مذکر) ۱ صحرا۔ دشت۔ بیابان۔ میدان۔ ریگستان۔ بادیہ ۲ بن۔ جھاڑی۔ بن کھنڈ۔ نخلستان ۳ ویرانہ۔ ویران جگہ ۴ بنجر۔ افتادہ زمین ۵ وہ جگہ جہاں بہت سے خودرو پودے اگ آئیں ۶ چراگاہ ۷ شکارگاہ ۸ (صفت) ویران۔ اجاڑ۔ بے چراغ۔ برباد۔ بہتات۔ افراط (س) **جنگل** **جنگلا** (صفت) ۱ صحرائی۔ وحشی۔ غیر مانوس ۲ دیکھو جنگل ۱ ۲ و ۳ ۳ کٹہرا۔ جالی۔ وہ لکڑی یا لوہے کی سلاخیں جو باڑ کے طور پر لگا دیتے ہیں ۴ حاشیہ جو گوٹے کناری کا کسی دوپٹے وغیرہ پر لگا دیتے ہیں ۵ مختلف رنگوں کے بیل بوٹے ۶ ایک قسم کا پھولدار کپڑا ۷ ایک راگنی کا نام ۸ اجاڑ مکان ۹ صحرائی کبوتر **جنگلا لگانا** (متعدی) احاطے کے گرد کٹہرا بنانا **جنگل بُری** (مونث) جنگل کاٹ کر صاف کرنا۔ **جنگل پھرنا یا جانا** (متعدی) پیخانے جانا۔ **جنگل جلیبی** (مونث) خشک پیخانہ **جنگل صاف کرنا** (متعدی) جھاڑیاں وغیرہ کاٹ کر زمین کو قابل کاشت بنانا **جنگل کا آدمی** (مذکر) بن مانس۔ وحشی آدمی **جنگل کا تیتر** (مذکر) وہ شخص جو ذرا سی آہٹ سے ڈر جائے۔ ڈرپوک۔ بزدل **جنگل میں منگل۔** ویرانے میں رونق صحرا میں عیش و عشرت۔ **جنگل ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ویرانہ ہو جانا۔ بستی کا ویران ہونا ۲ خودرو پودوں اور درختوں کا افراط سے اگ آنا۔ **جنگل و ویران** (صفت) ویرانہ۔ اجاڑ **جنگلی** (صفت) ۱ جنگل کا۔ جنگل کے متعلق ۲ صحرائی۔ وحشی۔ غیر مانوس۔ بھڑکنے والا ۳ بے تمیز جاہل۔ گنوار۔ ناشائستہ۔ اجڈ ۴ (مذکر) جنگل کا آدمی وغیرہ دیکھو آخری۔ **جنگلی بادام** (مذکر) ایک قسم کا بادام جو خودرو ہوتا ہے۔ اور چھلکا بہت سخت ہوتا ہے **جنگلی بلی** (مونث) بن بلاؤ۔ **جنگلی بوٹی** (مونث) پودہ جو خودرو ہو۔ **جنگلی بیر** (مذکر) جھاڑی بوٹی کے بیر۔ چھوٹی قسم کا بیر **جنگلی پیاز** (مذکر) اسقیل۔ انسل۔ **جنگلی چمپا** (مذکر) چنبیلی کی ایک قسم جو جنگل میں خودرو اگتی ہے۔ **جنگلی چوہا** (مذکر) ۱ جنگل کا چوہا ۲ کاٹنے والا چوہا۔ **جنگلی سرو** (مذکر) ایک جنگلی درخت جو دہلی کے ضلع میں ہوتا ہے۔ بہارکھ۔ اروا **جنگلی سنگھاڑا** (مذکر) ایک جنگلی پودہ۔ **جنگلی سور** (مذکر) خوک صحرائی۔ بلہا۔ **جنگلی کبوتر** (مذکر) ایک فاختائی رنگ کا کبوتر جو درختوں یا اجاڑ مکانوں میں رہتا ہے **جنگلی کبوتر ہے۔** غیر مانوس ہے۔ وحشی ہے **جنگلی کبود** (مذکر) ایک جنگلی پرند۔ شاہ پسند۔ طلور **جنگلی کوا** (مذکر) پہاڑی کوا

جنگلی ہرن (مذکر) آہوئے صحرائی۔

امثال و اقوال جنگل جات

نہ چھیڑئے مٹی بیچ کراڑ (کلال) بھوکا ترک نہ چھیڑئے ہو جاتے جی کا جنجال (جھاڑ۔ جنگل میں جاٹ کو دوکان پر بنئے کو اور بھوکے مسلمان کو نہیں چھیڑنا چاہئے۔ **جنگل میں کھیتی نہیں بستی میں نہیں گھر۔** بالکل کنگال ہے۔ **جنگل میں منگل بستی میں کنڑا کا۔** الٹی بے محل بات۔ **جنگل میں منگل بستی میں ویران۔ جاگر بھنگ نہ سانجرے واگھر بھوت سماں۔** بھنگڑوں کا مقولہ۔ **جنگل میں موتی کی قدر نہیں۔** ہر چیز اپنے موقع پر اچھی ہوتی ہے۔ بھوکے کو موتی جنگل میں ملیں تو اسے کیا فائدہ۔ **جنگل میں مورناچا کس نے دیکھا (تماشا)** ۱کام ایسا ہونا چاہئے۔ جسے سب دیکھیں۔ الگ تھلگ رہ کر یا پردیس میں کام کرنے سے کیا فائدہ ۲کوئی مال و دولت پردیس میں خرچ کرے تو کہتے ہیں۔

جَنگَم (س۔ مذکر) ۱محرک۔ حرکت میں۔ چلنے والا ۲زندہ۔ زندگی رکھنے والا ۳(مذکر) حیوان عالم حیوانات ۴آوارہ گرد۔ پھرنے والا شخص ۵سادھو بیراگی ۶سادھوؤں کی ایک قسم جو جٹائیں رکھتے ہیں اور پاؤں میں پتلی زنجیر پہنتے ہیں ہاتھ میں گھنٹی رکھتے ہیں۔ جس کو ہر وقت بجاتے ہیں **جنگمتو** (مذکر) حرکت کی حالت۔ حرکت کرنا۔ **جگمن** (مذکر) رستہ۔ **جنگمیتر** (صفت) نہ چلنے والا۔ بےحرکت۔ اٹل۔

جَنگھہ (س۔ مذکر) ۱ٹانگ ٹخنے سے لیکر گھٹنے تک ۲اس ایک راکھش کا نام **جنگھا** (مذکر) ۱ٹانگ۔ زانو۔ ران ۲بادبان **جنگھابل** (مذکر) دوڑ۔ بھاگ۔ **جنگھا بندھو** (مص) ایک آدمی جس کا ذکر مہابھارت میں آتا ہے۔ **جنگھال** (صفت) ۱تیز جانا۔ تیز رفتار ۲(مذکر) وہ شخص جو تیز چلے ۳قاصد۔ نامہ بر **جنگھا منتھانی** (مونث) زانیہ۔ فاحشہ عورت۔

جنگھی (ھ) **جنگی** (س۔ مذکر)

بنگالی مجینہ۔

جَنَم (س۔ مذکر) ۱پیدائش۔ ولادت روح کا قالب میں آنا ۲زندگی۔ حیات۔ زیست ۳ہستی۔ جینے کی حالت ۴عمر بھر۔ عین حیات ۵عادت خصلت۔ **جنم اشٹمی** (مونث) بھادوں بدی کی آٹھویں تاریخ جب کرشن جی نے جنم لیا تھا۔ ہندوؤں کا مشہور تیوہار ہے۔ **جنمانا** (لازم) ۱پیدا کرنا ۲جماتا۔ اگانا۔ **جنم اندھا** (صفت) پیدائشی اندھا۔ **جنم باؤلا** (صفت) پیدائشی پاگل۔ خلقی دیوانہ۔ **جنم بگاڑنا** (متعدی) ۱زنا کرنا ۲بے ایمان کرنا ۳کسی کو اپنے مذہب میں لانا ۴زندگی خراب کرنا۔ زندگی کا لطف کھو دینا **جنم بگڑنا** (لازم) ۱ مذہب اختیار کر لینا۔ ایمان خراب ہو جانا ۲سمندر پار جانا ۳رانڈ یا بیوہ ہونا ۴زندگی خراب ہو جانا۔ **جنم بھاشا** (مونث) مادری زبان **جنم بھر** (تف) عمر بھر۔ **جنم بھوم یا بھومے** (مونث) جائے پیدائش۔ وطن **جنم پتر۔ پترا** (مذکر) **پتری** (مونث) وہ کاغذ جس پر بچے کی پیدائش کا وقت لکھا ہوتا ہے۔ اور صورت کوکب وغیرہ بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ جس سے زائچہ وغیرہ تیار کیا جاتا ہے۔ تقویم۔ لگن۔ زائچہ۔ **جنم پتا** (مذکر) عمر بھر کا اقرار نامہ رکھوا لینا۔ لکھوا نا لکھ دینا لکھنا وغیرہ کے ساتھ **جنم توڑی** (تف) عمر بھر۔ **جنم جوگ** (مذکر) پیدائش کی جگہ۔ جائے پیدائش۔ **جنم جلا** (صفت مذکر) **جلی** (صفت مونث) ۱بدنصیب۔ بدقسمت ۲بیماری مصیبت زدہ ۳قلیل۔ بہت تھوڑا۔ **جنم جنم** (صفت) جنم سے جنم تک ہمیشہ۔ سدا۔ **جنم دن** (مذکر) پیدائش کا دن۔ سالگرہ۔ **جنم ڈبونا** (متعدی) ۱گناہ کرنا۔ پاپ کرنا ۲مذہب بدلنا۔ **جنم روگی** (صفت) پیدائشی بیمار **جنم ستھان** (مذکر) جائے پیدائش۔ **جنم سدھر جانا** (لازم) حالت بہتر ہو جانا **جنم سوارتھ** (مذکر) خوش قسمت زندگی۔ زندگی جو اچھی باتوں میں گزرے **جنم کال** (مذکر) پیدائش کا وقت **جنم کشتر** (مذکر) پیدائش کی جگہ **جنم کنڈلی** (مونث) چھوٹا زائچہ۔ چھوٹی جنم پتری **جنم گت** (صفت) قدرتی۔ جبلی۔ پیدائشی۔ **جنم گھٹی** (مونث) وہ چیز جس کی مدت سے عادت ہو گئی ہو۔ **جنم لگن** (مذکر) ۱جنم راس ۲پیدائش کا وقت ۳جنم پتری۔ **جنم لینا** (لازم) ۱پیدا ہونا ۲دیوتا کا اوتار بن کر پیدا ہونا۔ ۳ایک روح کا آواگون کے چکر میں دوبارہ پیدا ہونا **جنم مرن** (مذکر) دوسری موت جس کے بعد پھر جنم ہو۔ **جنم میں تھوکنا** (متعدی) ۱عیب لگانا۔ تہمت لگانا۔ نام دھرنا ۲لعنت ملامت کرنا **جنمنا** (لازم) پیدا ہونا **جنم اشٹو** (مذکر) ایک تیوہار جو کرشن جی کے پیدائش کے دن منایا جاتا ہے **جنمی** (مذکر) ۱زندہ چیز ۲(صفت) قدرتی جبلی۔ ذاتی۔ پیدائشی ۳پیدائشی نامرد۔

جنمن (مذکر) دیکھو جنم **جیمن** (مذکر) دیکھو جنمی۔ **جنمسنا** (ھ۔ لازم) پیدا ہونا **جنم نامن** (مذکر) نام جو پیدا ہونے کے بارھویں دن رکھا جاتا ہے۔ ہندوؤں کا عام نام **جنمو تسو** (مذکر) ایک تیوہار جو کرشن جی کی پیدائش کے دن ہوتا ہے۔ **جنمور تمان** (مونث) پیدائش کی جگہ فرج۔ **جنمی** (ھ مذکر) ۱زندہ چیز۔ انسان۔ جانور حیوان ۲(صفت) قدرتی۔ جبلی۔ ذاتی۔ پیدائشی ۳پیدائشی نامرد۔

امثال و اقوال۔ جنم پتر

سب دیکھتے ہیں کرم پتر کوئی نہیں دیکھتا شادی کے موقع پر لڑکے اور لڑکیوں کی جنم پتریوں کا مقابلہ کیا جاتا ہے۔ مگر ان کی حالت کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا کہ وہ قابل ہیں۔ مرد کمانے کے لائق وغیرہ۔ **جنم پتری کی بدھ تو ملالو۔** جلدی نہ کرو۔ کام سوچ سمجھ کر کرو۔ **جنم جنم کو چھوٹ گئی۔** ہمیشہ کے لئے خلاصی پاگئی۔ ہمیشہ کے لئے چھٹکارا ہو گیا **جنم کے دکھیا کرم کے ہین تنکا دیو تلنگیا کین۔** بدقسمت وہ ہیں جنہیں خدا نے ساتھی بنایا ہے۔ **جنم کے دکھیا نام (چین) سدا سکھ۔** عیب والی چیز اچھا نام رکھنے سے اچھی نہیں ہو جاتی۔ **جنم کے ساتھی ہیں کرم کے ساتھی نہیں۔** گو ایک ہی وقت پیدا ہوئے ہیں۔ قسمت ایک جیسی نہیں۔ **جنم کے کمبخت نام بختاور سنگھ۔ جنم کے منگتا نام داتا رام۔** دیکھو جنم کے دکھیا الخ۔ **جنم نہ دیکھا بوریا سپنے آئے کھاٹ۔** اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرنے والی کی نسبت کہتے ہیں۔

جَنَن (ع۔ مذکر) ۱قبر ۲کفن ۳نعش۔ لاش۔

جُنَن (ع۔ مذکر) جنت کی جمع۔ نقابیں۔ برقعے

جُنُن (ع۔ مذکر) پاگلپن۔

جَنَنگم (س۔ مذکر) چنڈال۔ شودر۔ رذیل۔ قوم کا آدمی۔

جَنو (س۔ مذکر) ۱پیدائش۔ ولادت ۲نسل سے خاندان ۳پیدائش کی جگہ ۴جاندار چیز مخلوق ۵قسم۔ نوع۔ فرع

جَنو (ہ۔ صفت و حرف ربط) دیکھو جانو (ظرف)

جَنواس (ھ) جَنواسا (ھ) -
مذکر) جنواست جَنوانسا (ھ) وہ جگہ جہاں دولھن
والے دولھا اور برات کو اتارتے ہیں۔

جَنوائی (ھ۔ مذکر) داماد۔

جُنُوب (ع۔ مذکر) اگر سورج نکلنے
کی طرف منہ کرکے کھڑے ہوں تو وہ سمت جو داہنے
جانب کو ہو (جَنَب۔ ایک طرف ہونا) جنوباً (صفت)
جنوب کی طرف جنوب مغرب (مذکر) وہ سمت
جو جنوب اور مغرب کے درمیان میں ہو جنوب
مشرق (مذکر) وہ سمت جو جنوب اور مشرق کے
درمیان ہو۔ جنوبی (صفت) جنوب سے منسوب
جنوب کا۔

جُنُود (ف۔ مذکر) جند کی جمع ۱ لشکر ۲
شطرنج کے سوہرے۔

جَنوری (انگ۔ مذکر) سال کا
پہلا مہینہ جو ۳۱ دن کا ہوتا ہے ۲ جَنیُوارِی کا مخفف

جُنُوس (ع۔ مذکر) جنس کی جمع -
قسمیں۔ انواع۔ اقسام۔

جُنُون (ع۔ مذکر) ۱ اصل معنی ہے
جن کا سایہ ہونا ۲ دیوانگی۔ پاگل پن۔ باولاپن۔
سودا۔ خبط ۳ غصہ۔ طیش ۴ کسی چیز کی دھن ۵ (کنایتاً)
عشق (جنح۔ پوشیدہ ہونا) جنون اچھلنا (متعدی)
خبط ہونا۔ کسی چیز کی دھن ہونا ۲ جنون کا دورہ ہونا۔
جنون چڑھنا (لازم) دیوانہ ہونا۔ پاگل ہونا ۲
غصہ آنا۔ طیش آنا۔ جنون دَوری (مذکر)
وہ دیوانگی جس کا دورہ ہو۔ یعنی کبھی آدمی اچھا ہو
جائے کبھی دیوانہ۔ جنون کی حالت (فلیہ
میں۔ مؤنث) دیوانگی کی وجہ۔ اس حالت میں جب
دیوانگی کا زور ہو۔ جنونی (صفت) دیوانہ۔ پاگل۔
باولا۔ سودائی ۲ غصہ ور۔ غضبناک ۳ سفاک -
ظالم۔

جُنُون (ع۔ مذکر) ۱ ڈھانپنا ۲
اندھیری رات ہونا ۳ گھاس یا درختوں کا بہت ہونا
۴ مکھیوں کا اڑنا اور بھنبھنانا ۵ اندھیرا ہونا۔

جَنہار (ھ۔ صفت) ایک ایک
کرکے۔ ہر ایک۔

جُنہار (ھ۔ مذکر) جوار یا اسی قسم کے اناج

جنہائی (ہ۔ صفت) ہر ایک۔ ایک ایک کر

جُنہائی (ھ۔ مؤنث) ۱ چاند
۲ چاندنی -

جُنہرا (ھ۔ مذکر) جُنہری (مؤنث)
دیکھو جنہار۔

جُنھیا (ھ۔ مؤنث) جنھائی۔

جَنی (ع۔ مؤنث) اکٹھا کرنا۔ چننا ۲ میوہ

جَنی (س۔ مؤنث) عورت۔ زن ۲
بیوی۔ استری۔ زوجہ ۳ ماں۔ ماتا ۴ بہو۔ بھتیجے کی
بیوی ۵ ماما۔ خادمہ۔ ملازمہ۔ لونڈی۔ باندی ۶ پیدائش
ولادت ۷ جائے پیدائش ۸ ضعف جو حاملہ عورت
کو ہوتا ہے ۹ (ھ) بیٹی۔

جَنیے (ھ۔ حرف ربط) دیکھو
جانے -

جَنی۔ جَنیٰ (ع۔ صفت) تازہ توڑا
ہوا۔ تازہ اکٹھا کیا ہوا -

جَنیا (س۔ مؤنث) ۱ ماں کا دوست
۲ دولھن کا رشتہ دار ۳ دولھن کے ساتھ جو عورت
جائے۔

جَنیا۔ جَنیاں (ھ۔ مؤنث)
جان کی تصغیر۔ جانی۔ پیاری۔ معشوقہ۔

جُنیا (ھ۔ مؤنث) دیکھو جنہائی۔

جَنیب (ع۔ مذکر) ۱ کوتل گھوڑا
۲ تربیت پذیر۔ حکم بردار ۳ اجنبی۔ عجیب ۴ ایک
اعلیٰ قسم کی کھجور جَنیبَت (مذکر) ۱ کوتل۔ اونٹ
۲ گھوڑا۔ کوئی سواری -

جَنیبَت (ع۔ مؤنث) وہ
اونٹنی جو کسی کو معہ روپے کے دی جاتی ہے۔ کہ
اس کے لئے اناج لے آئے۔

جَنیت (ھ۔ مؤنث) برات
براتی۔

جَنیتا (س۔ مذکر) باپ۔ جد۔

جُنیرا (ھ۔ مذکر) دیکھو جنہار۔

جَنین (ع۔ مذکر) وہ بچہ جو رحم میں
ہو۔ مضغہ۔ ادھورا بچہ (جَنّ۔ چھپانا)

جَنیُو (ھ۔ مذکر) جَنیو۔ جَنیُو (ھ)
۱ وہ پوتر دھاگا جو برہمن پہنتے ہیں۔ زنار ۲ بال یا خط
جو جواہرات میں ہوتا ہے۔ یہ مقدس سمجھا جاتا ہے -
(پہنانا۔ پہننا۔ توڑ ڈالنا۔ توڑنا وغیرہ کے ساتھ) جینو
آجانا (لازم) جواہرات یا پتھر میں بال آجانا۔ جنیو
کا ہاتھ دینا۔ لگانا یا مارنا (لازم) پٹے یا تلوار
کا آڑا ہاتھ دینا یا مارنا۔

جَنیوا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس
دوب۔

جَو (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا غلہ ۲ اس
غلے کا ایک دانہ ۳ ایک ماپ ۴ قلیل۔ تھوڑا سا۔ ذرا ۵
(ھ) انگلیوں کی پوروں کا نشان (س یو) جو آش (مذکر)
جو کا پانی جو مریضوں کو دیتے ہیں۔ جو کو پانی میں ابال کر
چھان لیتے ہیں۔ جو آرا (مذکر) جو کی شاخ یا پتہ جوارے
۱ جو کے پودے جو گملوں میں لگا کر سہرے کے موقع
پر نذر کرتے ہیں ۲ دھان کی پود جو پانی میں بھگونے
سے پھوٹ پڑتی ہے۔ جوالا (مذکر) جو ملا ہوا اناج۔
جو انکُر (ھ) جو کی بالی جو برہمن اپنے چیلوں کو نوراتری
کے موقع پر دیتے ہیں۔ جو بھر (صفت) تھوڑا سا۔
ذرا سا۔ کچھ بھی۔ جو پھل (ھ۔ مذکر) ایک بوٹی جو دوائیوں
میں کام آتی ہے۔ جو جو (صفت) رتی رتی۔ ذرا ذرا۔ جو
جو حساب لینا (متعدی) ہر چیز کی بابت پوچھنا حساب
میں ذرا ذرا بات معلوم کرنا۔ جو چنے (مذکر) جو اور چنے
ملے ہوئے جو گھوڑوں کو دیتے ہیں۔ جو فروش گندم نما
(صفت) گیہوں دکھا کر جو بیچنے والا یعنی دغاباز۔ دھوکے
باز۔ بے ایمان۔ فریبی۔ جھوٹا۔ جوکٹ۔ جوکوب
(مذکر) باکنا ہوا جو ۲ (صفت) جو کے برابر گٹھا ہوا کرنا ہونا کے
ساتھ) جوکھار (ھ۔ مذکر) کھار جو جو کی ڈالیوں سے بنایا
جائے۔ شورہ۔ جو ڈھیہ (مذکر) ایک قسم تپسیا کی جس میں
تاریک راتوں میں کھانا کم کرتے جاتے ہیں۔ اور پھر بڑھاتے
جاتے ہیں۔ جویں (صفت) جو کی بنائی ہوئی -
جو کی۔

امثال۔ جوجٹ بانٹ
کھائے اور گیہوں کھائے ڈوم۔ محنت کوئی کرے
فائدہ کوئی اٹھائے۔ جو کے کھیت میں کنڈوا
اچھے۔ اچھے گھر میں بری اولاد پیدا ہو۔ جو کو گئے
ستوانی سے آئے۔ کام کچھ کرنے گئے تھے
کر کچھ اور آئے۔

جَوَر (س۔ مذکر) تیزی۔ سرعت ۲ تیز
رفتاری۔ جلدی۔

جَوّ (ع۔ مذکر) آسمان اور زمین کے
درمیان کا خلا۔ کسی چیز کے اندر کی خالی جگہ۔ ۱ ہوا۔
۲ آسمان ۳ نیچی زمین۔

جو (ہ۔ ذکر) دیکھو جیو۔
جو (ہ۔ حرف صلہ) شخص یا چیز کے
لئے ۲ (حرف شرط) اگر بشرطیکہ ۳ (تف) جب جسوقت
۴ چونکہ ۵ ناگاہ۔ یکایک ۲ جسقدر۔ جتنے ۷ جو کوئی ۸
جس وجہ سے۔ جس سبب سے (س یا ڈگ) جو اگر
(حرف شرط) اگر جو زائد ہے۔ جو بھی (تف) ہر ایک
کوئی۔ جو جو (تف) ہر کوئی۔ ہر شخص۔ جو جو کچھ (صفت)
جتنی قسم کے۔ جو جی چاہتا ہے کرتا ہے۔ خود
رائے ہے۔ خود مختار ہے۔ جو جی میں آئے کرنا
(متعدی) اپنی مرضی کے مطابق کوئی کام کرنا۔ جو چاہو
سو کرو۔ جب کوئی بات نہیں مانتا تو کہتے ہیں۔ جو تمہاری
مرضی ہے کرو۔ جو دل میں ہے وہی زبان
(منہ) پر ہے۔ ظاہر باطن یکساں ہے۔ صاف
باطن ہے۔ جو دم ہے غنیمت ہے۔ زندگی
جتنی ہے وہی بہتر ہے۔ جو کاٹے نہ کٹے۔
جو کسی طرح بسر نہ ہو۔ جو کبھی۔ جب۔ جسوقت۔
جو کبھی نہ سنا تھا سنا۔ بدزبانی سنی۔ گالیاں سنیں
بدزبانی کی برداشت کی۔ جو کچھ۔ جتنا۔ جسقدر۔ جہاں تک
جو کچھ دل پر گزرتی ہے۔ جسقدر صدمہ دل پر ہے
جو کچھ کہو سو پھبتی ہے۔ جو کہا جائے زیبا ہے۔
جو کچھ ہو۔ جسقدر ہو۔ جتنا ہو۔ جو کچھ ہے یہی
ہے ۱ اصلیت۔ یہی ہے ۲ دوکاندار مال دکھائے
اور اس سے بہتر مانگیں تو کہتا ہے۔ جو کل ہونا ہے
وہ آج ہو جائے۔ جہاں جلدی ہو وہاں کہتے ہیں
گھبراہٹ میں کہتے ہیں۔ جو کوئی ۱ جو چاہے۔ جسے منظور
ہو ۲ ہر ایک۔ ہر کوئی۔ جو کہ ۱ اگرچہ۔ چونکہ ۲ جونسا۔
جو کہتے ہیں وہ کرتے نہیں۔ اپنا وعدہ پورا
نہیں کرتے۔ اپنی زبان پر قائم نہیں رہتے۔ جو لگ
جو لوں (ہ) دیکھو جب لگ۔ اردو میں متروک
ہے۔ جو مقدر دکھائے دیکھلو۔ جو تکلیف ہو
برداشت کرو۔ جو نہ کہنا تھا کہا۔ سخت بدزبانی کی
گالیاں دیں۔ کوسنے دیئے۔ جو (منہ) ہو تھوڑا ہے
جسقدر گت بنے اس کے قابل ہو۔ جو ہو۔ جسقدر ہو۔
جتنا ہو۔ جو ہو سکتا ہے۔ جو کیا جا سکتا ہے۔ جو
ممکن ہے۔ جو ہو سو ہو جو ہونی ہو سو ہو۔ ہرچہ
بادا باد۔ کچھ ہی کیوں نہ ہو۔ جو ہے سو (تف) ہر شخص۔
ہر کوئی۔ جو ہیں (تف) جونہی۔ جسوقت۔ جس لمحہ۔ جو ہیں
کہا وہیں کیا۔ جلد باز آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔
جو بات کہی اسی وقت کردی۔

امثال واقوال۔ جو آگ
کھائے گا انگارے ہگیگا۔ جو برا کام کریگا اسے
نتیجہ بھگتنا پڑیگا۔ جو آنکھ سے دور وہ دل سے
دور۔ منہ دیکھے کی محبت ہوتی ہے۔ غیر حاضری میں انسان
یاد بھی نہیں کرتا۔ جو اپنے کام نہ آئے وہ بھاڑ
چولھے میں جائے۔ بے فیض آدمی کسی کام کا نہیں۔
جو اوروں کا برا چیتے گا اس کا پہلے برا
ہوگا۔ جو دوسروں کا نقصان چاہے گا اس کا اپنا
نقصان ہوگا۔ جو ایشور کرپا کرے تو کھڑے
ہلا دیں کان اڑہڑ کے کھیت میں۔ خدا کی
مہربانی ہو تو گھر بیٹھے ملجائے۔ کہتے ہیں کہ ایک آدمی
کا روپے سے لدا ہوا گدھا گم ہوگیا۔ ایک اور آدمی کو اڑہڑ کے
کھیت میں کھڑا ہوا مل گیا۔ اس پر یہ مثل مشہور
ہوگئی۔ جو بامن کی پوتھی میں سو یاروں کی
زبان پر۔ اپنی تعریف میں کہتے ہیں۔ جو تمہارے دل
میں ہے ہم سمجھتے ہیں۔ جو بامن کی جیبھ پر سو
بامن کی پوتھی میں۔ جو منہ سے نکلے اس کے
ثبوت میں کسی کتاب کی شہادت پیش کردیتے ہیں۔
جو بات ہے سو خوب ہے کیا بات
ہے آپ کی۔ طنزاً کہتے ہیں۔ جو بر دیکھ تپ
مجھے آوے سو ہی بر مجھے بیاہن آوے۔
(عو) جس چیز سے نفرت ہے وہی ملتی ہے۔ جو
برستا ہے وہ گرجتا نہیں۔ جو لائق ہوتے ہیں
وہ لاف زنی نہیں کرتے۔ جو بلاؤ اپنے بچوں
کو نہیں چھوڑتا وہ چوہوں کو کب چھوڑے
گا۔ جو اپنوں پر ظلم روا رکھے وہ دوسروں پر کیا رحم کرے گا
جو بندھ گیا سو موتی۔ انسان تکلیف اٹھا کر اچھا بنتا
ہے۔ جو بندہ نوازی کرے جاں اس پہ فدا
ہے بے فیض اگر یوسف ثانی ہے تو کیا
ہے۔ جو شخص مہربانی کرے اس پر انسان جان فدا کرنے
کو تیار رہتا ہے۔ بے فیض شخص کسی کام کا نہیں ہوتا۔
جو بن سہارے کھیلے جوا آج نہ موا کل
موا۔ ناتجربہ کار آدمی جوے میں تباہ ہو جاتا ہے۔
جو بولے سو کنڈا کھودے۔ جو کوئی تجویز پیش کرے
وہ خود ہی اسے عمل میں لائے۔ جو بولے سو گھی
کو جائے۔ اس کی نسبت کہتے ہیں جو تجویز بتائے اور
اسی کے ذمہ کام پڑے۔ جو بوئے گا سو کاٹے
گا۔ جو اچھا کام کرے گا۔ اس کا پھل پائیگا۔ جو بوؤگے

وہی کاٹوگے۔ جیسا کروگے ویسا پھل ملیگا۔ جو
بھادوں میں برکھا ہوئے کال بچھوہڑ
جا کر روئے۔ اگر بھادوں میں بارش ہو تو قحط نہیں
رہتا۔ جو بہت قریب سو زیادہ رقیب۔
اپنے رشتہ دار زیادہ مخالفت کرتے ہیں۔ جو بھوکے
کو دیت ہے جتھا شکست جو ہوئے۔
تا اور پرستیل بچن لکھے آتما سوئے (ہ) جو شخص
اپنی حیثیت کے موافق بھوکے کو کھانا کھلائے اور
مہربانی کے الفاظ کہے۔ وہ نہایت اچھا آدمی ہے۔
جو بیری ہوں بہت سے اور تو ہووے
ایک۔ میٹھا بن کر نکس جا یہی جتن ہے
نیک (ہ) اگر دشمن بہت ہوں اور تو اکیلا ہو تو ان
سے میٹھی باتیں کرکے اپنے آپ کو بچا۔ جو پارس سے
کنچن اپجے سو پارس ہے کانچ۔ جو پارس سے
پارس اپجے سو پارس ہے سانچ (ہ) اچھا کام
وہی ہے جس کا نتیجہ اچھا ہو جس کا نتیجہ برا ہو۔ وہ کام بھی
برا ہے۔ جو پوت دربار ی بھئے۔ دیو پتر
سب سے گئے (ہ) جو سرکار کی نوکری کرے
وہ کسی کام کا نہیں رہتا۔ جو پھل چکھا نہیں وہ
سب سے میٹھا ہے۔ جو چیز انسان کو نہ ملے اسکی
بہت خواہش ہوتی ہے۔ جو پہلے مارے سو
میری۔ جو پہلے فائدہ اٹھائے وہی اچھا رہتا ہے۔
مقابلے میں جو پہلے چوٹ کرے وہی جیتتا ہے۔ جو پیاز
کاٹے گا سو آپ روئیگا۔ جو برا کام کرے گا
اس کی سزا پائیگا۔ جو تل حد سے زیادہ ہوا وہ
مسا ہوا۔ دیکھو جو خال الخ۔ جو توری سو موری
تو کیوں دانت نپوری (ہ) کسی کی چیز استعمال
کریں اور وہ ناراض ہو تو کہتے ہیں۔ جو تو ہی راجہ
ہوا اپنا سکھ مت ٹھان پھکرا اور پھکیر
کے دکھ سکھ پر کر دھیان (ہ) اگر تو حاکم
بنے تو رعیت کی بہتری کا خیال رکھ۔ جو تیرے
دل میں ہے وہی میرے دل میں۔ جو
بات میرے دل میں تھی وہی تم نے کہی۔ جو تیریگا
سو ڈوبیگا۔ دیکھو جو چڑھیگا الخ۔ جو ٹکا دیگا اسکا
بیٹا کھیلے گا۔ جو ٹکا دیگی اس کا لڑکا کھیلے
گا۔ جو خرچ کریگا وہ تکلیف بھی اٹھائے گا یا اسے
فائدہ بھی ہوگا۔ جو جاگے (گا) سو پائے (گا)
ہوشیار آدمی فائدہ اٹھاتا ہے۔ جو جائے کلکتہ
سو کھے کھائے البتہ ۱ جو کلکتے جائے وہ خوار

ہوتا ہے! جو کلکتے جائے وہ کشتی چلاکر روزی کما سکتا
ہے۔ جو جل ساڑھ لگت ہی برسے۔ ناج
نیار بن کوئی نہ ترسے (ھ) اگر اساڑھ کے
شروع میں بارش ہو جائے تو اناج بہت ہوتا ہے۔
جو جو مرغی موٹی وہ وہ دم چھوٹی۔ دولت
کے ساتھ بخل بھی بڑھتا ہے۔ جو جیتے وہ کھلاڑی
قابل آدمی وہی ہے جو کامیاب ہو۔ جو جیوے
سو کھیلے پھاگ۔ موا سو لیکھے لاگ۔ زندگی
کے ساتھ لطف بھی ہیں۔ انسان مرگیا تو خاتمہ ہوا۔ جو
چپ چپ کر آنکھ چھپا دے۔ وہ کے
رن میں سیل چلا وے۔ جو شخص آنکھ جھپک کر
ادھر ادھر دیکھے ور آنکھ سے آنکھ نہ ملا سکے۔ سخت
بزدل ہوتا ہے۔ جو چڑھیگا سو ر ڈھئے) گرے
گا۔ جو کام کرتا ہے۔ وہ نقصان بھی اٹھاتا ہے۔ صاحب
کمال دھوکا بھی کھا جاتا ہے۔ جو چوری کرتا ہے
سو موری بھی رکھتا ہے۔ جو کوئی کام کرتا ہے۔
اس کا انجام بھی سوچ لیتا ہے۔ جو برا کام کرتا ہے۔
اس کے نتیجے سے بچنے کا طریقہ بھی سوچ لیتا ہے۔
جو چھاوے سو پاوے۔ جو کام کرتا ہے اسے
اس کا نفع بھی مل جاتا ہے۔ جو خال (اپنی) حد
سے بڑھا سو مسا ہوا۔ حد میں رہنا اچھا ہے جو
چیز اپنی حد سے بڑھ جائے بری معلوم ہوتی ہے۔
جو خدا سر پر سینگ دے تو وہ بھی سہنے
پڑتے ہیں۔ جو مصیبت آئے وہ برداشت کرنی
پڑتی ہے۔ خدا کی رضا پر راضی رہنا بہت اچھی بات ہے
جو درخت سامنے آئے وہی اونٹ
کا چارہ ہے۔ ایسے شخص کے متعلق کہتے ہیں۔
جو بھلے برے سب کو لوٹ کھائے۔ جو دم گزرے
غنیمت ہے۔ زندگی جس قدر ہے غنیمت
ہے۔ وقت کی قدر کرنی چاہئے۔ جو دھاوے
سو پاوے۔ جو سوئے سو کھووے۔
غافل آدمی نقصان اور ہوشیار فائدہ اٹھاتا ہے۔ جو
دھرتی پہ آیا اسے دھرتی نے کھایا۔ جو پیدا
ہوا وہ مریگا بھی۔ جو دھن جاتا دیکھئے آدھا
لیجے بانٹ۔ اگر نقصان ہوتا ہو تو جتنا بچ سکتا ہے
بچا لیجئے۔ جو دھن ہوگی کانتی سو اینڈھن
سے سوت کتائے۔ جو عورت سلیقہ شعار اور
نیک ہوتی ہے وہ ٹوٹے پھوٹے چرخے سے بھی کات

لیتی ہے۔ یعنی بری بھلی چیزوں سے اپنا کام چلا لیتی ہے
جو دیکھا سو پھیکا رمیری لاڈو کا یہ جی دیکھا
جو بات دیکھے اسی کی ریس کرے۔ جو دیکھنا سو بھگتنا
جو قسمت میں ہے وہ برداشت کرنا پڑیگا۔ جو دے گا
اس کا کھلے گا۔ جو خرچ کرے گا اس کا مقصد برآئیگا
جو راہ بتائے وہی آگے چلے۔ جو تدبیر بتلائے
وہی کرکے بھی دے۔ جو سادھو کی مانے بات
رہے آنند وہ دن رات۔ جو نیک آدمیوں
کی نصیحت مانے وہ ہمیشہ آرام سے رہے گا جو سادی
چال چلتا ہے وہ ہمیشہ خوشحال رہتا ہے
سادہ طور پر رہنے والا آرام سے رہتا ہے۔ جو بہت
ٹیپ ٹاپ رکھے اس کا خرچ آمدنی سے زیادہ ہوتا ہے
او[illegible] ریں نقصان اٹھاتا ہے۔ جو ساون میں
برکھا ہوے کھوج کال کا بالکل کھووے
ساون کی بارش مالا مال کر دیتی ہے۔ جو سائیں کے
حکم سے منہ نہ پھیرے گو۔ تیرے بھی پھر حکم
سے منہ نہ پھیرے گو۔ اگر تو خدا کا حکم مانے تو
لوگ تیرا حکم مانیں گے۔ جو سحری کھائے وہی
روزہ رکھے۔ جو فائدہ اٹھائے وہی محنت کرے۔
جو سر اٹھاکے چلیگا (وہی) ٹھوکر کھائیگا۔ جو غرور کریگا
وہ ذلیل ہوگا۔ جو سووے اس کا پڑوا جو جاگے اسکی
پڑیا جو غفلت کرے اسکا نقصان ہوتا ہے۔ جو چوکنا رہے
وہ فائدہ اُٹھاتا ہے۔ جو سیوا کرے سو میوہ
پائے۔ جو خدمت کرتا ہے فائدہ اٹھاتا ہے۔ جو
کام حکمت سے نکلتا ہے وہ حکومت
سے نہیں نکلتا۔ جو بات حکمت عملی سے ہوسکتی
ہے وہ زور اور طاقت سے نہیں ہوسکتی۔ جو کبیر
کاشی ہیں مریں رام ہیں کون نہورا (ھ)
جو کاشی میں مریں کہتے ہیں کہ اس کی مکتی ہو جاتی ہے
سو اگر کوئی وہاں مرے تو خدا کا کیا احسان ہوا۔ اس
وقت کہتے ہیں جب کوئی کسی کام کے لئے کسی کی خدمت
کرے اور وہ کام خود بخود ہو جائے۔ جو کرے سو
بھرے۔ جیسا کرے گا ویسا عوض ملیگا۔ جو کرے
سیوا وہ کھائے میوہ۔ دیکھو جو سیوا الخ۔ جو
کسی کا بُرا چیتیگا اس کا پہلے بُرا ہوگا۔ جو کسی
کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرے اس کا اپنا نقصان
ہوتا ہے۔ جو کوست بیری مرے اور من
چیتوے دھن ہوئے۔ جل ماں گھی نکسن
لاگے تو روکھا کھائے نہ کوئے (ھ) اگر کوسنے

سے دشمن مرجائیں اور خواہش کرنے سے دولت ملے
اور پانی میں سے گھی نکلے تو کوئی روکھی روٹی نہ کھائے
اگر ایسی باتیں دنیا میں ہونے لگیں تو پھر کیا ہے۔ جو کوئی
کسی کو کنواں کھودتا ہے اس کو کھائی تیار
ہے۔ دیکھو جو کسی کا الخ۔ جو کوئی کلپائے
ہے وہ کیسے کل پائے ہے۔ جو لوگوں کو
ستاتا ہے اسے کبھی چین نہیں ملتا۔ جو کوئی کھائے
چنے کی نوک تا پانی پیوے سو سو گھونٹ
چنے کی مٹھائی بہت پیاس لگاتی ہے۔ جو کوئی بُرا کام
کرے اسے تکلیف ہوتی ہے۔ جو کوئی کھائے
بناہ کے جوار۔ مول بنے وہ مونڈ گنوار
جو ساری عمر جوار کھائے وہ گنوار ہی رہتا ہے۔ جو
گدھے جیتیں سنگرام تو کاہے کو تازی
خریدیں دام۔ (ھ) گر مشکل کام آسانی سے ہو جائے
تو لوگ اسقدر خرچ اور تکلیف کیوں برداشت کریں۔ جو
گرا کھائی کے اندر سو پڑا پھیر میں۔ جس نے بنئے
کی اچاپت اٹھائی اس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہے۔ جو
گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔ جو گرجے گا
وہ برسے گا کیا۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو بہت
شیخی مارے مگر کچھ کر نہ سکے۔ جو گڑ دئے سے
مرے اسے زہر کیوں دیا جائے۔ جو کام
سہولت سے نکل سکے اس میں سختی کرنے کی کیا ضرورت
ہے۔ جو شخص اچھے سلوک سے رام کیا جا سکے اس پر
سختی کرنا بیفائدہ ہے۔ جو گڑ کھائے سو کان
چھدائے۔ انسان لالچ میں پھنس جاتا ہے۔ بچوں
کے کان چھدانے ہوں تو [illegible] گڑ کا لالچ دیکر پھسلا لیتے
ہیں۔ جو گنوار پنگل پڑھے تین بستو کے ہیں۔
بولی چالی بیٹھکی لینھ بدھا تا چھین (ھ)
گو گنوار شاعر بھی ہو اس کی گفتگو اس کی چال اس کے
اطوار سب گنواروں جیسے ہی رہتے ہیں۔ گنوار کو انسان
بنانا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جو ماں سے سوا
چاہے وہ پھاپھا کٹنی (ڈائن کہلائے)
جو بہت محبت ظاہر کرے ضرور دھوکا دیتا ہے۔
جو مانگے گا سو پائے گا۔ حضرت عیسیٰؑ کا قول
مانگنے والے کو سب کچھ مل جاتا ہے۔ جو من میں
بسے سو سپنے دسے۔ جس چیز کی طرف ہر وقت
خیال رہتا ہو وہ خواب میں بھی نظر آتی ہے۔ جو منہ
میں آتا ہے بک جاتا ہے۔ بغیر سوچے ہوئے

بات کرتا ہے۔ سوچ بچار کر بات نہیں کرتا **جو میرے جی میں سو بامن کی پوتھی میں**۔ جو میرے دل میں ہے وہی تم نے کہا۔ **جو میرے سو تیرے کا ہے دانت پنوڑ سے**۔ میری اور تیری حالت ایک جیسی ہے تو کس لئے طیش میں آتا ہے۔ **جو میرے ہے سو راجہ کے نہیں**۔ کمینہ آدمی کوئی شیخی کی بات کرے تو اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **جو میں ایسا جانتی پیت کئے دکھ ہو نگر ڈھنڈورا پھیرتی پیت نہ کریو کوئی** عشق میں بڑی تکلیفیں ہوتی ہیں۔ **جو نصیحت کرو اس پر عمل کرو**۔ جو دوسروں کو کرنے کے لئے کہتے ہو وہ خود بھی کرو۔ **جو نکلے سو بھاگ دھنی کے**۔ جو فائدہ ہو قسمت والے کا۔ **جو نہ بھاوے آپ کو وہ دیوے بنو کے باپ کو** وہاں بولتے ہیں جہاں کوئی دوسرے کے لئے ایسی تجویز کرے جو اپنے واسطے پسند نہ کرے۔ **جو نہاوے سو پھل پاوے**۔ نیک کام کا بدل اچھا ملتا ہے۔ **جو نیچا ہو تانے ہیں وہ اونچا ہو تا ویں** جو سلوک کرنے والے ہوں یا کرتے ہوں نہ کریں۔ **جو وعدے سے پھرا سو خدا سے پھرا**۔ وعدہ خلافی اچھی نہیں۔ **جو ہانڈی میں سو ڈوئی میں**۔ **جو ہانڈی میں ہوگا وہی ڈوئی میں نکلے گا**۔ جو دل میں ہوتا ہے وہی منہ سے نکلیگا۔ اصلیت کھل ہی جاتی ہے۔ **جو پیئے سو مدھ پیئے**۔ نشے کی حالت میں وہی بکتا ہے جو دل میں سمائی ہوتی ہے۔

جُو (ہ۔ مذکر) دیکھو جی۔

جُو۔ جو (ف۔ مونث) ! دریا۔ نالہ ندی۔ رو۔ سرتا ۲ (صفت) تلاش کرنے والا استلاشی ڈھونڈ ھنے والا۔ ان معنوں میں (جُستَن۔ تلاش کرنا)

جَوار (ہ۔ صفت) جو کے قد کا یا شکل کا ۲ (مذکر) جو ۳ انگلیوں کے جوڑوں کا نشان ۴ لسن کی پوتھی میں سے ایک حصہ ۵ ایک قسم کی سلائی ۶ ایک قسم کی پتی جو کی شکل کی جو کشیدہ یا کارچوب پر کاڑھتے ہیں ۷ ایک قسم کا چھوٹا کیڑا ار جو سے **جواکھا** (مذکر) دیکھو جو کھار۔ **جوامرچ** (مونث) چھوٹی مرچ **جواہڑ** (مونث) چھوٹی ہڑ۔ **جو بدار** (صفت) ! چھوٹے چھوٹے سونے کے جو کی شکل کے ٹکڑوں کی بنی ہوئی (زنجیر وغیرہ) ۲ جو اسلائی کی سی ہوئی۔

جَوا (ع۔ مذکر) ! راہ راست سے بھٹکنا ۲ ظلم کرنا ۳ ظلم و ستم۔ بے انصافی۔

جُوّا (ہ۔ مذکر) وہ لکڑی جو ہل یا گاڑی چلانے والے بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے ۲ قمار بازی۔ شرط۔ **جوا ڈالدینا** (متعدی) ! ہمت ہار جانا۔ گھبرا جانا ۲ تھک جانا۔ **جوا چور** (مذکر) وہ قمار باز جو روپیہ جیت کر چلا جائے۔ **جواری** (مذکر) قمار باز۔ جوا کھیلنے والا شخص۔ **جواری ڈھنڈاری** (مذکر) بدمعاش۔ لچا۔ شہدا۔ **جوا کھیلنا** (متعدی) شرط لگانا۔ قمار بازی کرنا۔ **جوا گردن سے ڈالدیا**۔ عاجز ہوگیا۔ ہمت ہار گیا۔ **جوا ہارنا** (متعدی) ! تھک جانا ۲ جوا اتار پھینکنا یا جوا نہ لگوانا۔ **جوئے باز** (مذکر) قمار باز۔ **جوئے خانہ** (مذکر) قمار خانہ۔

امثال واقوال۔ جوا بڑا بیوپار جو اس میں نہ ہوتی ہار۔ جوا بڑا بیوپار جو اس میں ہار نہ ہوتی جوا بڑی اچھی تجارت ہے اگر اس میں ہار نہ ہو۔ **جواری کو اپنا ہی داؤ سوجھتا ہے**۔ جواری کا خیال ہر وقت جوئے میں رہتا ہے۔ **جواری ہمیشہ مفلس**۔ جوا کھیلنے والا ہمیشہ تنگدست رہتا ہے۔ **جوئے میں بیل بھی تھک جاتا ہے**۔ محنت کے کام میں مضبوط بھی رہ جاتے ہیں۔ **جوئے میں بیل بھی ہارے ہیں** ! جوا معنی نمبر ۱ میں محنت کے کام میں مضبوط سے مضبوط آدمی رہ جاتا ہے ۲ جوا معنی نمبر ۲ میں قمار بازی میں سب کچھ ہر جاتا۔ جوئے میں کچھ پاس نہیں رہتا۔

جُوا (س۔ صفت) ! نوجوان۔ نوخیز ۲ نوجوان آدمی۔ جوان۔ مرکبات میں جُو استعمال ہوتا ہے۔ **جوراج** (مذکر) ولیعہد جو راجہ کے ساتھ ملکر ملکی کام میں حصہ لے۔ راج کنوار۔ وارث تاج و تخت۔ ٹیکا جی۔ **جوراجیہ** (مذکر) راج کنوار یا ولیعہد کا رتبہ یا پایہ دس یو۔ عزت کرنا)

جَواب (ع۔ مذکر) ! جو کچھ پوچھا جائے وہ بتانا۔ اتار ۲ خط کے پہنچنے پر لکھنے والے کو خط لکھنا ۳ (ریاضی) سوال کا حل۔ اتار۔ پھل ۴ ہمسر۔ مقابل۔ جوڑ۔ مثل ۵ سلام کے مقابلے میں سلام ۶ پیغام کے بدلے پیغام ۷ (قانون) رد۔ تردید۔ رد کلام۔ ۸ انکار۔ نامنظوری ۹ جوڑا۔ جفت ۱۰ بدلہ۔ عوض ۱۱ موقوفی۔ معزولی ۱۲ شادی سے انکار (جا ؤب۔ جواب دینا) **جواب الجواب** (مذکر) جواب کا جواب۔ رد جواب۔ **جواب باصواب** (مذکر) حسب مراد جواب۔ مناسب اور عمدہ جواب۔ **جواب بالا** (مذکر) ایک قسم کی دعا۔ آپ کا کہا پورا ہو۔ **جواب بواپسی ڈاک** (مذکر) جواب جو خط پڑھتے ہی فوراً لکھا جائے۔ **جواب پانا** (متعدی) ! سوال کا جواب ملنا ۲ خط کا جواب آنا ۳ انکار ہونا۔ نامنظور ہونا ۴ سزا پانا۔ بدلہ ملنا ۵ نوکری سے موقوف ہونا۔ **جواب پڑھنا** (متعدی) سوزخوانوں کی اصطلاح میں مرثیہ کے اوّل مصرع کا اعادہ کرنا یا اس کو دوہرانا۔ **جواب ترکی بترکی** (مذکر) سخت جواب۔ کڑا جواب جیسا کوئی کہے ویسا جواب (دینا ملنا کے ساتھ) **جواب تک نہ دینا** (متعدی) ! بات نہ کرنا۔ کچھ نہ کہنا۔ ناراضگی کی وجہ سے چپ رہنا۔ **جواب تلخ** (مذکر) سخت جواب۔ کڑوا جواب (دینا۔ سنانا۔ سننا۔ ملنا کے ساتھ) **جواب دعوےٰ** (مذکر) دعوے کا قانونی جواب۔ **جواب بدہ** (صفت) ذمہ دار۔ قابل بازپرس ۲ (مذکر) وہ شخص جو جواب دے ۳ وہ شخص جو ذمہ وار ہو ۴ مدعا علیہ۔ الزام علیہ (رہنا۔ ہونا کے ساتھ)

جواب دہی (مونث) ذمہ داری۔ بازپرس۔ **جواب دہی سے بری کرنا** (متعدی) قانونی اصطلاح۔ مدعا علیہ کا جواب دینا۔ **جواب دہی سے بری ہونا یا چھوٹنا** (لازم) ذمہ داری سے چھوٹنا۔ بازپرس سے بچنا۔ **جواب دہی کرنا** (متعدی) ! جواب دینا (متعدی) ۲ مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ **جواب دیجانا** (متعدی) بیکار ہو جانا۔ عاجز ہو جانا **جواب دیدینا** (متعدی) ! انکار کر دینا ۲ موقوف کر دینا ۳ چھوڑ دینا۔ **جواب دینا** (متعدی) ! دیکھو جواب سوائے ۸ ، ۱۲ ، ۹ ۲ گستاخی یا بے ادبی سے جواب دینا ۳ رہ جانا۔ بیکار ہو جانا ۴ مقابلے میں کچھ کہنا۔ **جواب سوال** (مذکر) بحث مباحثہ۔ دلیل۔ حجت۔ جھگڑا (کرنا ہونا کے ساتھ) **جواب سوالی** (صفت) جواب کے لئے تیار ۲ (مذکر) وہ شخص جو جواب کیلئے تیار ہو ۳ جواب۔ **جواب شافی** (مذکر) تسلی بخش جواب۔ ٹھیک جواب۔ **جواب شرط** (صرف و نحو) جزا۔ **جواب صاف** (مذکر) بالکل انکار۔ انکار مطلق۔ **جواب طلب** (صفت

۱ قابل دریافت ۲ قابل مواخذہ۔ قابل بازپرس (کرنا ہونا کے ساتھ) **جواب طلبی** (مونث) بازپرس۔ مواخذہ (ہونا کے ساتھ) **جواب قطعی** (مذکر) ۱ انکار مطلق ۲ پورا پورا جواب۔ **جواب کرنا** (متعدی) ۱ جواب دینا ۲ ذمہ دار ہونا ۳ مقدمے میں مقابلہ کرنا (مت) **جواب کھانا** (متعدی) ۱ جواب ملنا ۲ چپ ہو جانا (مت) **جواب ملنا** (لازم) ۱ سوال یا خط یا سلام وغیرہ کا جواب پانا ۲ انکار ہونا ۳ موقوف ہونا ۴ بدلہ ملنا۔ **جواب نہ آنا** (لازم) جواب نہ سوجھنا۔ جواب دیتے بن نہ پڑنا۔ **جواب نامہ** (مذکر) وہ کپڑا جس پر کلمہ لکھ کر مسلمان قبر میں میت کے ساتھ رکھ دیتے ہیں۔ **جواب ندارد** جواب نہ ملنا۔ **جواب نہ رکھنا یا ہونا** (لازم) بیش ہونا۔ لاثانی ہونا۔ یکتا ہونا۔ **جواب و سوال کرنا** (متعدی) بحثا بحثی کرنا۔ تکرار کرنا۔ جھگڑنا۔ **جواب ہونا** (لازم) ۱ ہمسر ہونا۔ جوڑ ہونا۔ مقابل ہونا ۲ انکار ہونا ۳ موقوف یا برطرف ہونا ۴ بدلہ ہونا۔ معاوضہ ہونا ۵ ترک تعلق ہونا ۶ تردید ہونا ۷ آپس میں دو دو باتیں ہونا ۸ (قانون) تردید کے لئے ثبوت موجود ہونا **جوابی** (صفت) ۱ جواب طلب جیسے خط یا تار ۲ جھگڑالو جواب سوال کرنیوالا ۳ (مذکر) مقابل۔ جوڑ۔ ہمسر ۴ فریق ثانی۔ مدعا علیہ ۵ وہ شخص جو مرثیہ خوانوں کے ساتھ مرثیہ کا پہلا مصرع ہر بند کے ساتھ پڑھے۔ **جوابی تار** (مذکر) وہ تار جس کے جواب کی بھی قیمت تار دینے والا ادا کر دے۔ **جوابی زور** (علم جر ثقیل) مقابل کا زور۔ مدافعت۔ مزاحمت۔ التصادم۔ **جوابی کارڈ** (مذکر) دو جڑے ہوئے کارڈ جن میں سے دوسرے کارڈ پر جواب دینے والا جواب لکھتا ہے۔ اور خط لکھنے والے نے اس پر اپنا پتہ لکھ دیا ہوتا ہے

اقوال۔ جواب جاہلاں باشد خموشی ۱ عقلمند آدمی جاہلوں کو جواب نہیں دیتے ۲ (مذاقاً) جاہلوں کا جواب خاموشی ہے۔ چونکہ جاہل جواب نہیں دے سکتا وہ چپ رہتا ہے۔ جاہل کو جواب نہیں دینا چاہئے ۳ جاہل سے بحث کرنے سے چپ رہنا بہتر ہے۔

جُواٹ۔ جُواٹھ (ھ۔ مذکر) جوا جو بیلوں کے کندھوں پر ڈالتے ہیں۔

جَواد (ع۔ صفت) ۱ سخی۔ فیاض۔ فیض بخش۔ کریم۔ دھرماتما۔ داتا ۲ خدا تعالے (جَادَ۔ دینا۔

جُوازِب (ع۔ مذکر) جاذبت کی جمع۔ لبھا لینے والی خاصیتیں۔

جَوار (ع۔ مذکر) پڑوس۔ ہمسائیگی۔ قرب کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ قرب و جوار۔ (جِوار۔ پڑوس جَاوَرَ۔ نزدیک رہنا)

جَوار (ع۔ مذکر) ۱ بہت اور گہرا پانی ۲ بہت سے جہاز۔

جِوار (ع۔ مذکر) ۱ ہمسایہ ہونا ۲ ہمسائیگی ۳ نماز کے لئے زیادہ وقت مسجد میں گذارنا ۴ اپنی حفاظت میں لینا ۵ ظلم سے بچانا۔

جُوار (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کا غلّہ ۲ سمندر کا اتار ۳ (ھ) بیلوں کا جوار س۔ یو۔ کوئی اناج۔ **جوارا** (مذکر) جوار۔ مکی۔ **جوار بھاٹا** (مذکر) سمندر کے پانی کا اتار چڑھاؤ۔ جو چاند کی کشش کی وجہ سے ہوتا ہے۔ **جوار کے آٹے میں شرط کا ہے کی** جب پہلے ہی برائی ظاہر ہو گئی ہو پھر تکرار کیا۔ **جواری** (مونث) چھوٹی جوار۔

جُوارا (ھ۔ مذکر) ۱ بیلوں کا جوڑا جو اکٹھا جوے میں بندھے ۲ زمین جو دو بیل جوتیں ۳ زمین جو نصف دن میں جتتے۔

جَوارِح (ع۔ مذکر) جارحہ کی جمع۔

جوارِش (ع۔ مونث) فارسی گوارش کا معرب ایک دوائی ہاضمے کی اور خوشگوار۔ **جوارش کمونی** (مونث) ایک دوائی جس میں کموں کے بیج پڑتے ہیں۔ ہاضمے کے لئے بہت مفید ہے۔

جَواری (ع۔ مونث) جاریت کی جمع ۱ بہت سے جہاز ۲ لونڈیاں۔ نوکر عورتیں ۱ لڑکیاں **جواری و غلمان** (مذکر) ۱ لڑکیاں اور لڑکے۔ ملازم مرد اور عورتیں **جواری منشئات** (مذکر) جہاز جو بادبان کھولے ہوئے جا رہے ہوں۔

جَواری (ہ۔ مونث) ایک ڈورہ جو ستار یا طنبورے کے اوپر تاروں کے نیچے باندھا جاتا ہے جس سے آواز بہتر نکلتی ہے (باندھنا کھولنا وغیرہ کے ساتھ) ۲ ستار کی گھوڑی

جُواز (ف۔ مذکر) لکڑی یا پتھر کا موسل ۲ کولہو ۳ گنے بیلنے کی مشین۔

جَواز (ع۔ مذکر) ۱ جائز ہونا۔ درست ہونا ۲ اجازت۔ منظوری۔ آگیا ۳ برداشت۔ تحمل ۴ قانونی اجازت۔ حلت۔ سباحیت ۵ صحت۔ تندرستی ۶ موزونیت (ہونا کے ساتھ) (جَوزَ۔ گزرنا) **جوازِ نیت** (مونث) جواز۔

جَواسّ (ع۔ مذکر) حواس۔

جَواس۔ جَواسارہ۔ مذکر) ایک خاردار گھاس یا پودا جس کی ٹٹیاں بناتے ہیں اور جسے مویشی اور اونٹ چرتے ہیں۔

جَواسِیس (ع۔ مذکر) جاسوس کی جمع۔

جَوّاظ (ع۔ صفت) ۱ موٹا۔ فربہ ۲ وہ جو تکبر یا غرور سے چلے۔

جَوال (س۔ مذکر) **جوالا** (مونث) شعلہ۔ لاٹ۔ لوکا۔ لو۔ لپٹ ۲ روشنی۔ نور۔ چمک ۳ آگ۔ آتش۔ اگنی ۴ گرمی۔ حرارت ۵ جوش۔ جذبہ۔ شوق۔ **جوالا جیہو** (مذکر) "شعلہ زبان" اگنی یا آگ کا لقب۔ **جوالا لِنگ** (مذکر) ایک شوالے کا نام۔ **جوالا مکھ یا مکھی** (مونث) ۱ کوہ آتش فشاں ۲ کوئی جگہ جہاں زمین سے آگ نکلتی ہو ۳ درگاجی کا لقب ۴ درگاجی کا مندر ضلع کانگڑہ میں ۵ ایک برہم راکشس کا نام۔ **جوالہ دَکتر** (مذکر) شوجی کے ایک پرستار کا نام۔ **جوالیشور** (مذکر) ایک تیرتھ کا نام۔

جَوّال (ع۔ صفت) ۱ بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد ۲ (مذکر) وہ آدمی جو بہت پھرے (جَوَلَ پھرنا)

جِوال (ع۔ مذکر) جول کی جمع کوؤں کی منڈیریں۔

جُوال (ف۔ مذکر) ۱ بوری۔ تھیلی ۲ بدن انسان ۳ دھوکا۔ فریب۔ دغا۔ جُل ۴ کوئی چیز جو کھلی پھیلی ہوئی یا چوڑی ہو۔ گھوڑے کا نصف بوجھ۔

جَوالا (مذکر) **جَوالی** (ھ۔ مونث) ۱ جو اور گیہوں ملے ہوئے ۲ چنے اور گیہوں ملے ہوئے۔

جَوالِق (ع۔ مذکر) جُوالق کی جمع۔ گیہوں کی بوریاں۔

جِوالِق۔ جُوالِقٌ (ع۔ مذکر) بوری۔

جُوالِق (ع۔ مذکر) درویش کا تیلا چغہ۔

جَوالِقات۔ جوالیق (ع۔ مذکر) جوالق کی جمع۔ بوریاں۔

جَوٰرِح (ع۔ مذکر) جارح کی جمع۔ شرارتی یا اڑیل گھوڑے۔

جَوَامِع (ع۔ صفت) جامع کی جمع ۱ بھرا ہوا ۲ مکمل ۳ (مذکر) مندر۔ مسجدیں۔ جَوَامِعُ الکَلِم (مذکر) جس کے کئی مطالب ہوں۔ قرآن شریف۔

جَوَاسِیس (ع۔ مذکر) جاسوس کی جمع۔ بھیدیے۔

جَوَان (ف۔ صفت) ۱ وہ جو لڑکپن کے زمانے سے نکل چکا ہو اور اپنی پوری طاقت میں ہو ۲ مضبوط۔ قوی ۳ نوعمر۔ نوخیز ۴ بہادر۔ دلیر۔ شجاع ۵ سیانا۔ ہوشیار ۶ (مذکر) مرد یا عورت جو نوجوانی کے زمانے میں ہو ۷ بہادر سپاہی ۸ طاقتور آدمی ۹ بالغ مرد یا عورت ۱۰ لڑکا۔ چھوکرا۔ جوانا (مذکر) جوان مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جوان آدمی (مذکر) ۱ نوجوان مرد۔ بالغ مرد ۲ طاقتور یا لمبا چوڑا آدمی۔ جوانا مرگ (صفت) جوان مرنے والا۔ عنفوان۔ شباب میں مرنے والا (مرنا کے ساتھ) جوانان (مذکر) جوان کی جمع۔ جوانانہ (صفت) جوانی کے متعلق یا جوان کا۔ جوان کے مانند۔ جوان بخت (صفت) خوش نصیب۔ اقبال مند۔ صاحب اقبال۔ جواںپن۔ جوانپنا (ھ۔ جوانی۔ جوان جہان (صفت) پورا جوان۔ مکمل جوان۔ جوان دولت (صفت) ۱ نودولت ۲ صاحب اقبال۔ جوان سال (صفت) نوجوان۔ اٹھتی جوانی والا۔ جوان صالح (مذکر) جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا آدمی۔ نیک بخت۔ پرہیزگار نوجوان آدمی۔ جوان عید (مونث) وہ عید جس کا چاند ۲۹ رمضان کو نظر آجائے۔ جوانمرد (صفت) بہادر۔ دلیر۔ شجاع ۲ عالی ہمت ۳ (مذکر) بہادر آدمی وغیرہ۔ جوانمردی (مونث) بہادری۔ دلیری۔ شجاعت ۲ عالی ہمتی۔ جوان مرگ جوانہ مرگ (صفت) دیکھو جوانا مرگ (مرنا کے ساتھ) جوان موت مرنا (لازم) عین جوانی میں مرنا۔ بے وقت مرنا۔ جوانی (مونث) عین جوان ہونے کا زمانہ۔ شباب۔ جوانی ابھرنا (لازم) جوانی کا آغاز ہونا۔ عنفوان شباب میں ہونا۔ مدہ میں آنا۔ جوانی اتر جانا یا اترنا۔ جوانی کا ختم ہو جانا۔ جوانی اٹھنا (لازم) جوان ہونا۔ شباب کا شروع ہونا۔ جوانی پھٹ پڑنا یا پھٹی پڑنا (لازم) جوانی کا زوروں پر ہونا۔ جوانی تلخ کرنا (مذکر) جوانی کو بے لطف اور ناگوار کرنا۔ جوانی چڑھنا (لازم) شباب کا آغاز یا زوروں پر ہونا۔ جوانی خاک کرنا (متعدی) جوانی کو بے لطف کرنا۔ تباہ یا برباد کرنا۔ جوانی دوانی یا دیوانی۔ جوانی کے عالم میں آدمی بہت بیوقوفی کی باتیں کرتا ہے۔ جوانی ڈھل جانا یا ڈھلنا (لازم) جوانی کا زوال پر ہونا۔ شباب ختم ہونا۔ جوانی سے پھل پائے (دعا) جوانی کے مزے اڑائے۔ جوانی میں چین پائے۔ جوانی کا جوش (مذکر) ۱ جوانی کی طاقت ۲ جوانی کے زمانے کی خواہشیں۔ جوانی کا چین یا سکھ (مذکر) جوانی کا آرام۔ جوانی کا زور (مذکر) ۱ عین عالم شباب ۲ جوانی کی طاقت۔ جوانی کا سکھ دیکھے (دعا) جوانی میں عیش و آرام پائے۔ جوانی کا عالم (مذکر) عین جوانی کی حالت۔ شباب کا وقت۔ جوانی کے آگے پانا (لازم) جوان مرنا۔ بددعا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ جوانی کی امنگ یا ترنگ (مونث) ولولۂ جوانی۔ جوانی کی ترنگ۔ جوش جوانی۔ جوانی کی باتیں۔ (مونث) وہ کام جو آدمی جوانی کی حالت میں کرے۔ جوانی کے دن (مذکر) شباب کا عالم۔ جوانی کی نیند (مونث) زور کی نیند۔ بےفکری کی نیند۔

امثال و اقوال۔ جوان جائے پتّال بڑھیا مانگے بھتّار (ھ) الٹا زمانہ۔ جوان مرتی ہیں بڑھیاں خاوند مانگتی ہیں۔ کلجگ۔ جوان ڈرا دے بھاگنے سے بوڑھا ڈرا دے مرنے سے۔ جوان کا کہنا نہ مانو تو وہ گھر سے بھاگنے کی دھمکی دیتا ہے۔ اور بوڑھا ایسی حالت میں خودکشی کرنے کی۔ جوان رانڈ بوڑھے سانڈ۔ جوان عورتیں تو رانڈ ہو رہی ہیں اور بوڑھے مرد شادیاں کرنا چاہتے ہیں۔ کلجگ ہے۔ الٹا زمانہ ہے۔ جوان کو آئی سُستی بڈھوں کو آئی مستی۔ الٹا زمانہ ہے۔ جوانوں کو آئی چلا چلی۔ بڑھیا کو بیاہ کی پڑی۔ دیکھو جوان جائے الخ۔ جوانی اور اسپر شراب دونی آگ لگتی ہے۔ جوانی میں شراب پینا سخت غضب ڈھاتا ہے۔ جوانی کی عمر چلتی چھاؤں جوانی جلد گزر جاتی ہے۔ جوانی میں کیا پتھر پڑے تھے جو بڑھاپے کو روؤں۔ جوانی اور بڑھاپا کیا۔ ہمیشہ سے یہی حالت تھی جواب ہے۔ جوانی میں گدھی پر بھی جوبن ہوتا ہے۔ شباب میں بدشکل کی بھی شکل اچھی معلوم ہوتی ہے۔ جوانی میں مانجھا ڈھیلا۔ طاقت کے زمانے میں کمزوری۔

جَوَانا (ھ۔ متعدی) ۱ دیکھو جِلانا ۲ جلانا۔

جَوَانِب (ع۔ مذکر) جمع جانب کی۔

جُوَانسا (ھ۔ مذکر) دیکھو جواسا

جَوَانہ (ف۔ مذکر) جوان۔

جَوَانی (ھ۔ مونث) ۱ اجوائن ۲ (مذکر) داماں۔

جَوَاہِر (ع۔ مذکر) جوہر کی جمع۔ مگر اردو میں واحد بھی استعمال ہوتا ہے ۱ قیمتی پتھر موتی ۲ قیمتی پتھر کی بہت سی قسمیں ہیں جو جواہر کہلاتی ہیں۔ الماس یا ہیرا (سفید) یاقوت یا لعل (سرخ) زمرد (سبز) نیلم (نیلا) پکھراج یا زبرجد (زرد) فیروزہ (نیلا یا ہلکا سبز) عقیق (اودہ) مروارید (موتی) وغیرہ ۳ روح۔ جان۔ لب لباب۔ جواہر آگیں (صفت) پر از جواہر۔ جواہرات سے بھرا ہوا۔ جواہرات (مذکر) جواہر کی جمع۔ جواہر جڑنا (متعدی) ۱ جواہرات کو کسی زیور یا چیز میں خوبصورتی سے نصب کرنا ۲ بہت خوبصورت لکھنا۔ جواہر خانہ (مذکر) توشہ خانہ۔ وہ جگہ جہاں جواہرات رکھے جاتے ہیں۔ جواہر رقم خاں (مذکر) ایک خوشنویس کا لقب۔ جواہر میں تولنا (متعدی) قدر کرنا۔ جواہر نگار (صفت) ۱ جواہر جڑے ہوئے۔ جڑاؤ۔ مرصع ۲ خوشنویس۔ جواہروں (مذکر) جواہر کی جمع (ست) جواہری (مذکر) جوہری۔

جَوَائِز (ع۔ مذکر) جائزت کی جمع۔ عطیے۔ تحفے۔

جَوَالِف (ع۔ مذکر) جالفت کی جمع۔ چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں۔

جَوَائی (ھ۔ مذکر) داماد۔

جَوب (ع۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ پھاڑنا ۳ ملک میں سے گذرنا ۴ ڈھال ۵ قمیص بغیر بانہوں کے ۶ چولھا ۷ کڑاہی ۸ چرسا۔

جُوبلی (انگ۔ مونث) ۱ ایک تیوہار جو یہود داخلہ کنعان کے ہر پچاس برس بعد

مناتے تھے ۲ وہ جشن جو بادشاہ کے تخت پر بیٹھنے کے پچاس برس بعد ہو ۳ نہایت خوشی کی حالت (عبرانی یوبلی۔ قرنا کی آواز)

جوبَن (ہ۔ مذکر) ۱ جوانی۔ اٹھتی جوانی۔ عین شباب ۲ بلوغت۔ بلوغ۔ نوجوانی ۳ خوبصورتی۔ حسن ۴ سرسبزی۔ شادابی۔ تازگی طراوت ۵ بہار۔ رونق ۶ کیفیت۔ حالت۔ عالم ۷ چھاتی ۸ (ھ) جوانی کے مزے۔ لطف بیحد ۹ حس یا مزے یا تربیت کا لطف (س یوون) **جوبن آنا** (لازم) بہار آنا۔ رونق آنا ۲ جوبن کا زوروں پر ہونا۔ **جوبن اُبھرنا اٹھنا۔ اگنا یا امنڈنا** (لازم) ۱ جوانی کا آغاز ہونا بعنفوان شباب ہونا ۲ عورت کی چھاتیوں کا ابھرنا۔ **جوبن اکبھرنا** (لازم) بہار پر ہونا۔ رونق چھا جانا ۲ خوبصورتی کا شباب پر ہونا۔ **جوبن پر آنا یا ہونا** (لازم) رونق پر ہونا۔ بہار پر ہونا ۲ حسن یا خوبصورتی کا کمال پر ہونا ۳ کھلنا سجنا۔ زیبا ہونا۔ **جوبن پھٹا پڑنا** (لازم) حسن یا جوانی کا کمال پر ہونا۔ **جوبن ٹپکنا** (لازم) حسن یا جوانی کا ظاہر ہونا۔ **جوبن چمکانا** (لازم) جوبن کا ابھار دکھانا۔ **جوبن چمکنا** (لازم) جوبن پھٹا پڑنا۔ **جوبن دکھانا** (متعدی) حسین کا خوبصورتی کے غرور میں اکڑ کر چلنا۔ چھاتی نکال کر چلنا۔ حسن کی بہار دکھانا۔ **جوبن (سے) ڈھل جانا یا ڈھلنا** (لازم) جوانی سے اترنا۔ بہار حسن وجوانی نہ رہنا۔ شباب کا اختتام پر ہونا۔ **جوبن کار (کی)** (صفت) ۱ جس کے دیکھنے سونگھنے، چکھنے۔ سننے یا لگانے سے خوشی ہو نفیس۔ عمدہ ۲ خوبصورت۔ پیارا ۳ مزیدار۔ لذیذ ۴ رسیلا۔ سریلا ۵ لطف کا۔ بہار کا۔ **جوبن کا ماتا یا کی ماتی** (صفت) جوانی کے نشے میں مخمور۔ جوانی کی مستی میں بھرا یا بھری ہوئی۔ **جوبن کے دن** (مذکر) ۱ عین شباب اور خوبصورتی کا زمانہ ۲ رونق کا زمانہ۔ سرسبزی اور شادابی کا وقت۔ **جوبن لٹنا** (لازم)، **لوٹنا** (متعدی) مزے اڑانا۔ جوانی کے لطف اٹھانا ۲ کسی حسین جوان عورت کے ساتھ ہم صحبت ہونا۔ **جوبن مت یا متی** (ھ) ۱ جوان۔ نوجوان۔ نوخیز ۲ بلوغ پر پہنچنا۔ جوان ہونا۔ شادی کے قابل ہونا ۳ خوبصورت۔ حسین۔ **جوبن نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ۱ آغاز شباب ہونا ۲ خوبصورت ہونا ۳ بہار پر ہونا۔ رونق پر ہونا۔ **جوبن ہونا** (لازم) حسین ہونا۔ رونق ہونا۔

مقولہ۔ جوبن تھا جب روپ تھا گاہک تھا سب کوئی۔ جوبن رتن گنوائے کے بات نہ پوچھے کوئی۔ جب خوبصورتی اور جوانی تھی ہر ایک چاہنے والا تھا۔ جب یہ جاتی رہیں۔ تو کوئی پوچھتا بھی نہیں۔

جوبنا (ہ۔ مذکر ۱ جوبن ۲ (متعدی) دیکھنا۔ مڑکر دیکھنا۔

جوپ (ھ۔ مذکر) ایک ستون یا لکڑی جس سے قربانی کے جانور کو باندھتے ہیں ۲ فتح کا مینار۔ فتح گڑھ۔ سامان جو فتح کی نشانی کے طور پر لے لیتے ہیں۔

جُوت (ہ۔ مذکر) جوتا کا مخفف۔ عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **جوتا** (مذکر) پاؤں میں پہننے کی چیز جس کا تلا زمین سے لگے۔ پاپوش۔ کفش (س اپانک)۔ **جوتا اٹھا لینا۔ اٹھانا** (متعدی) ۱ جوتا مارنے کو زمین سے پکڑنا ۲ جوتا مارنے کو تیار ہونا۔ **جوتا چوری کر لینا۔ جوتا اچھلنا** (لازم) جوتی پیزار ہونا۔ جوتیوں سے لڑنا۔ لڑائی جھگڑا ہونا۔ **جوتا برسانا** (متعدی) **برسنا** (لازم) جوتیوں کی مار پڑنا جوتے لگنا۔ بہت جوتیاں پڑنا۔ **جوتا پڑنا** (لازم) جوتے کی مار پڑنا۔ **جوتا پہننا** (متعدی) پاؤں جوتے میں ڈالنا۔ **جوتا جاتی** (ھ) ۱ جوتیوں کی لڑائی۔ ایک دوسرے کو جوتیوں سے مارنا ۲ لڑائی جھگڑا ہونا کیساتھ۔ **جوتا چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) دیکھو جوتا اچھلنا۔ **جوتا چھپانا** (متعدی) ایک رسم۔ شادی کے موقع پر سالیاں دولھا کا جوتا چھپا لیتی ہیں۔ اور کچھ لیکر دیتی ہیں۔ **جوتا دینا** (متعدی) پہننے کے لئے جوتا پیش کرنا۔ جوتا مارنا ۲ بیعزتی کرنا۔ **جوتا سر پر توڑنا۔ جوتا سر پر ٹوٹنا** (متعدی) شدت سے جوتیوں سے پٹنا۔ **جوتا لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) جوتوں کی مار پڑنا ۲ نقصان ہونا۔ گھاٹا پڑنا۔ **جوتا مارنا** (متعدی) جوتے سے زدوکوب کرنا ۲ احسان کر کے شرمندہ کرنا ۳ برا بھلا کہنا۔ طعنے دینا۔ لعنت ملامت کرنا۔ **جوت پتڑنگ** (ھ) جوتی پیزار۔ **جوت پڑنا** (ھ) جوتا پڑنا ۲ نقصان ہونا۔ **جوت چلنا** (لازم) دیکھو جوت اچھلنا۔

جوت خورہ (صفت) جوتیاں کھانے والا۔ ذلیل رذیل۔ **جوتم جوتا** (مذکر) دیکھو جوتا جاتی دھوکیساتھ **جوتی** (صفت) پاپوش۔ کفش۔ **جوتے** (مذکر) جوتا کی جمع

جوتی اُچھلنا (لازم) ۱ دیکھو جوتا اچھلنا ۲ رسوائی ہونا۔ **جوتیاں** (مونث) جوتی کی جمع۔ **جوتیاں اٹھانا** (متعدی) ذلیل خدمت کرنا ۲ کسی کامل یا بزرگ کی خدمت کرنا۔ **جوتیاں بغل میں دبانا یا مارنا** (متعدی) دونوں جوتے اکٹھے بغل میں رکھ لینا ۲ بھاگ جانا۔ کھسک جانا۔ سٹک جانا۔ **جوتیاں توڑنا** (متعدی) بیفائدہ دوڑنا۔ کوشش کرنا۔ **جوتیاں چٹخاتے پھرنا**۔ آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا۔ **جوتیاں سر پر رکھنا** ۱ خوشامد کرنا ۲ کہیں سے کہیں چلے جانا ۳ معمولی معنوں میں گنوار بعض دفعہ جوتیاں سر پر رکھ لیتے ہیں۔ **جوتیاں سیدھی کرنا** (متعدی) ۱ ذلیل خدمت کرنا ۲ عزت کرنا ۳ معمولی معنوں میں۔ **جوتیاں کھانا** (مذکر) جوتوں سے پٹنا۔ مار کھانا ۲ طعنے سہنا لعنت ملامت سننا ۳ سخت ذلیل خوار ہونا۔ **جوتیاں گانٹھنا** (متعدی) پرانے جوتے مرمت کرنا ۲ ذلیل کام کرنا۔ **جوتیاں مارنا** (متعدی) ۱ جوتوں سے مارنا ۲ ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ برا بھلا کہنا۔ **جوتی پر جوتی چڑھ جانا یا چڑھنا** (عو) بعض دفعہ جوتا اتارنے پر جوتے کا ایک پاؤں دوسرے پر پڑ جاتا ہے اس سے سفر کا شگون لیتی ہیں۔ **جوتی پر رکھ کر روٹی دینا** (لازم) حقارت سے نان نفقہ دینا۔ حقارت سے روٹی دینا۔ **جوتی پر کاجل پارنا** (متعدی) ٹوٹکا۔ جاہل عورتیں شادی میں کاجل پار کر دولہا کو سرمہ لگاتی ہیں کہ مطیع رہے۔ **جوتی پر مارنا** (متعدی) ذلیل سمجھنا۔ ناچیز سمجھنا۔ **جوتی پہنانا** (لازم) جوتی پاؤں میں ڈالنا ۲ جوتی خریدنا۔ **جوتی پیزار** (مونث)، **پتڑنگ** (ھ) لڑائی جھگڑا۔ دنگا فساد۔ مار کٹائی۔ مار پیٹ ۲ بحث مباحثہ ۳ تھکا فضیتی (چلنا کرانا۔ کرنا۔ لڑنا۔ ہونا کے ساتھ) **جوتی چلنا** (لازم) لڑائی جھگڑا ہونا۔ **جوتی چھپائی** (مونث) وہ روپیہ جو سالیاں جوتا چھپا کر لیتی ہیں۔ **جوتی خور یا خورا** (صفت) دیکھو جوت خورا۔ **جوتی سے** (عو) بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ لاپرواہی ظاہر کرنے کو کہتی ہیں۔ **جوتے سے آنا** (لازم) مجبور ہو کر آنا۔ جوتے کے ڈر سے آنا۔ **جوتے سے خبر لینا** (متعدی) بہت جوتے مارنا۔ **جوتے کا آشنا یا یار** (مذکر) وہ شخص جو جوتے یا مار کے ڈر سے کہا مانے یا قابو میں رہے۔ **جوتے کاری** (مونث) جوتوں کی مار۔ مار پیٹ۔ **جوتی کو**

کیا غرض۔ کیا پروا ہے۔ کیوں ایسا کروں۔ بیزاری ظاہر کرنا۔ **جوتی کی انی یا نوک** (مونث) باریک چمڑا جو جوتی کے آگے بڑھا ہوا ہوتا ہے۔ **جوتی کی (رکھے) برابر نہ سمجھنا** (متعدی) حقیر سمجھنا۔ ذلیل سمجھنا۔ پروا نہ کرنا۔ **جوتی کی مار** (مونث) جوتی کاری۔ **جوتی کی نوک پر مارنا** (متعدی) دیکھو جوتی پر مارنا۔ **جوتی کی نوک سے**۔ دیکھو جوتی سے۔ **جوتی سمیت آنکھوں میں بیٹھنا یا گھسنا** (متعدی) آنکھوں میں خاک ڈالنا۔ ڈھٹائی سے انکار کرنا۔ خواہ مخواہ جھٹلانا۔ **جوتیوں سے لگا ہونا** (لازم) مطیع و فرمانبردار ہونا۔ **جوتیوں کا تصدق یا صدقہ** [1] (آپکی) احسان ماننے کا اظہار۔ انکساری کے طور پر کہتے ہیں۔ [2] (میری) فخر سے احسان جتانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **جوتیوں کے پھٹکار سے بچنا** (لازم) پیدل چلنے سے گھبرانا۔ **جوتیوں دال بٹنا** (لازم) آپس میں پھوٹ پڑنا۔ لڑائی جھگڑا ہونا۔ **جوتیوں سے لگا رہنا۔ لگنا یا لگی ہونا** (لازم) [1] فرمانبردار ہونا۔ مطیع ہونا [2] خوشامد کرتے رہنا۔ ساتھ پھرنا۔ ساتھ رہنا۔ **جوتیوں میں ڈال دینا** (متعدی) حقیر و ذلیل کرنا۔

امثال و اقوال۔ جوتا پہنے سائی کا بڑا بھروسا بیاہی کا۔ جوتا پہنے نرمی کا کیا بھروسا کرہی کا۔ سائی کا جوتا اور بیاہی بیوی قابل اعتبار ہوتی ہے۔ بازاری جوتی اور آشنا عورت کا کوئی اعتبار نہیں۔ **جوتیاں کیا سو نہیں خان سامان بن گئے**۔ ادنے منصفات سے مختار بن گئے۔

جوت (ہ۔ امر) [1] جوتنا کا [2] (مذکر) باندھنے کی چیز رسی۔ تسمہ۔ بند [3] وہ تسمہ جو گھوڑے کو گاڑی کیساتھ جوتتا ہے [4] وہ تسمہ جو ہل کو جوے کیساتھ باندھتا ہے [5] (مونث) وہ تسمہ جس سے ترازو کے پلے باندھتے ہیں [6] جہاز کے رسے [7] بیلوں کا جوتنا ہل یا گاڑی میں [8] ہل چلانا۔ کاشت۔ کاشتکاری [9] کاشت شدہ زمین۔ کاشت شدہ زمین کا ٹکڑا [10] وہ ٹکڑا جو کاشتکار کاشت کرے [11] کرایہ یا لگان جو کاشتکار کرے (س یو باندھنا) **جوتا** (ماضی) جوتنا کی (صفت) کاشت کیا ہوا مزروعہ (مذکر) مزروعہ زمین [12] کاشتکار۔ مزارع۔ ہل چلانے والا **جوتا مادا** (مذکر) جوتا سے **جوتائی** (مونث) کاشت۔ جتائی **جوت جمع** (مونث) [1] زمین جو کاشتکار کاشت کرے [2] وہ لگان جو کاشتکار دے **جوت دار** (مذکر) ہل چلانیوالا۔ کاشتکار۔ مزارع **جوترہ** (ہ) ساز کا تسمہ جو گاڑی سے لگایا جاتا ہے (متعدی) دیکھو جوتنا **جوتن** (ہ) [1] جوتنا [2] کاشتکاری [3] کاشتکار۔ **جوتنا۔ جوت دینا** (متعدی) [1] بیلوں کو گاڑی یا ہل میں لگانا۔ جوا ڈالنا [2] گھوڑے کو بگھی میں جوڑنا۔ ساز ڈالنا [3] مصروف کرنا کسی کام میں لگانا [4] ہل چلانا۔ کاشت کرنا [5] راضی کرنا۔ ڈھب پر کرنا [6] (ادھم) مچانا **جوتنا بونا** (متعدی) ہل چلانا اور بیج ڈالنا۔ کاشت کرنا **جوتی** (مونث) دیکھو جوت نمبر ۵۔

مثل۔ جوتے ہل تو (پاوسے) ہو وے پھل۔ جو محنت کرے اسے پھل ملتا ہے۔

جوت (ہ۔ مونث) [1] روشنی و نور۔ چمک [2] دھوپ۔ سورج کی کرن [3] چراغ کی لو [4] چراغ۔ دیا [5] آنکھ کی روشنی۔ نگاہ و نظر [6] ج۔ جان (س جیوت) **جوت بتی کرنا یا جوت چڑھانا** (متعدی) دیا جلانا۔ بت کے آگے چراغ روشن کرنا۔

جوتس (ہ) **جوتش** (ہ۔ مذکر) علم نجوم علم اختر (س جیوت چمکنا) **جوتشی** (مذکر) نجومی منجم۔ ہیئت داں۔

جوتھالی (ہ۔ مونث) زمین کر جس سے دو فصلیں سال میں اٹھیں **جوتی** (ہ صفت) [1] جوان۔ نوجوان و نوخیز [2] نوجوان عورت۔ دوشیزہ۔ باکرہ۔ کنیا۔

جوٹ (ہ۔ مذکر) شوجی کی جٹا [2] سادھوں کی جٹا۔

جوٹ (ہ۔ مذکر) جوڑا جیسے بیلوں کا جو ہل میں جتیں [2] جوڑے میں سے ایک [3] مقابل ہمسر [4] ساتھی ہمراہی۔ یار۔ دوست [5] (صفت) برابر کا [6] (صفت) (س یکت) **جوٹا** (مذکر) جوٹ۔ **جوٹ باندھنا** (متعدی) [1] جوڑا بنانا [2] برابر کرنا۔ مساوی کرنا۔ جوڑ لگانا **جوٹیا** (صفت) کوئیں کے بیل ہانکنیوالا [2] (ہ۔ مذکر) دیکھو جوٹ (س۔ یو۔ باندھنا) **جوٹھ۔ جوٹھا** (ہ۔ مذکر) **جوٹھن** (مونث) بچا ہوا کھانا۔ جھوٹ

جُوجُو (ع۔ مذکر) [1] پرند کی چھاتی [2] جہاز کا آگا

جُوجُو (اردو۔ مذکر) ڈرانے کا فرضی نام۔ ہوا۔ اڈاین **جُوجھ** (ہ۔ مذکر) لڑائی۔ دیکھو جنگ [1] **جوجھنا** (متعدی) لڑکر مرجانا **جوجھنا** (متعدی) [1] لڑنا جنگ کرنا [2] مقابلہ کرنا۔ قتل کرنا۔ **جُوجُو** (اردو مذکر) کھنو والے یہ نام لیکر بچوں کو ڈراتے ہیں ہوا

جَرح (ع۔ مذکر) [1] مٹانا [2] جڑ سے اکھاڑنا۔

جَوْد (ع۔ مذکر) [1] بارش بہت ہونا [2] جائد کی جمع۔ نہایت اعلے۔ بہت بارش **جُود** (ع۔ مذکر) بخشش۔ فیاضی۔ سخاوت۔ فیض۔ داد و دہش۔ دان پن (جَوَد۔ عطا کرنا)

جَوْدَت (ع۔ مونث) [1] تیز فہمی عقل کی تیزی۔ ذکاوت۔ فراست۔ ذہانت [2] لیاقت۔ خوبی۔ گن۔ جوہر۔ عمدگی [3] الطاف۔ شفقت۔ لطف۔ کرم (جَوَد۔ بہتر ہونا)

جودھا (ہ۔ مذکر) سپاہی۔ بہادر۔ نبرد آزما۔ شجاع۔ غازی۔ سورما۔ سور بیر۔

جوڈیشل (انگ۔ صفت) عدالتی۔ عدالت کے متعلق **جوڈیشل آفیسر** (مذکر) محکمہ انصاف کا افسر جیسے جج ای لے سی وغیرہ۔ **جوڈیشل فیصلہ** (مذکر) عدالتی فیصلہ **جوڈیشل کمشنر** (مذکر) ایک اعلے عہدہ دار

جَور (ع۔ مذکر) ظلم ستم۔ تعدی جفا جبر زور (مانیا ذکر نا ہونا کیساتھ) **جور و ستم۔ جور و ظلم۔ جور و جفا** (مذکر) ظلم تعدی جفا وغیرہ

مثل۔ جور استاد بہ زمہرہ پدر۔ استاد کی مار پیٹ باپ کے پیار سے مفید ہے۔ کیونکہ بچہ سیکھتا ہے۔

جَوذِر (ع۔ مذکر) جنگلی بچھڑا۔

جُوذاب (ع۔ مذکر) ایک کھانا جس میں چاول۔ کھانڈ اور گوشت پڑتا ہے۔

جَوَر (س۔ مذکر) بخار۔ تپ۔

جورُو (ہ۔ مونث) بیوی۔ زوجہ۔ استری۔ تریا۔ زن۔ عورت۔ اہلیہ۔ لگائی۔ قبیلہ گھر والی جوئے۔ بھار یہ بہری (جوتنا سے) **جوروا** (مونث) جورو کو حقارت سے کہتے ہیں۔ **جورو کا بھائی** (مذکر) [1] سالہ [2] (عف) جورو کو بہن کے برابر سمجھنے والا۔ ایک قسم کی گالی۔ **جورو کا جھڑکا** (مذکر) وہ جسے جورو جھڑکتی رہے۔ **جورو کا غلام۔ مزدور یا مرید** (مذکر) وہ آدمی جو بیوی کی تابعداری کرے۔ **جورو کو ماں کہنے لگنا** (لازم) سخت رنج اور مصیبت میں مبتلا ہونا۔

امثال و اقوال۔ جورو ٹٹولے پھینٹ ماں ٹٹولے پیٹ۔ جورو ٹٹولے گٹھڑی اور ماں ٹٹولے انتڑی۔ ماں کو بیٹے کی خوراک وغیرہ کا خیال رہتا ہے بیوی کو روپے پیسے کا۔ **جورو چکنی میاں مزدور**۔ خاوند غریب ہے بیوی بناؤ سنگار کرتی ہے۔ **جورو خصم کی لڑائی دودھ کی سی ملائی**۔ میاں بیوی کی لڑائی میں مزا ہے **جورو خصم کی لڑائی کیا** میاں بیوی کی لڑائی معمولی بات ہے۔ **جورو زور کی نہیں کسی اور کی**۔ جورو اس شخص کے قابو میں رہتی ہے جس کی کمر میں زور ہوتا ہے **جورو کا دھیلا بیچ کر تندوری روٹی کھائی ہے** جو شخص غریب ہو کر اپنے آپ کو امیر ظاہر کرے اس کے متعلق کہتے ہیں۔ **جورو کا مرنا اور جوتی کا ٹوٹنا برابر ہے** بعض لوگ بیوی کی وقعت نہیں سمجھتے **جورو کا مرنا گھر کا خرابا ہے**۔ جورو کے مرنے سے گھر اجڑ جاتا ہے **جورو نہ جاتا اللہ میاں سے ناتا** جس کے آگے پیچھے کوئی نہ ہو اس کے متعلق کہتے ہیں۔

جوری (انگ۔ مونث) اصل لفظ جیوری ہے ثالث جو فوجداری مقدمہ فیصلہ کرنے کیلئے جج کیساتھ مقرر کئے جائیں۔

جوڑ (ہ۔ امر) [1] جوڑنا کا [2] (مذکر) وہ جگہ جہاں دو ٹکڑے جڑے ہوں [3] جائے اتصال [4] گرہ۔ گانٹھ۔ پور۔ مہرہ [5] ناک کا جھال [6] بند۔

بندش۔ ۶ میزان کل تعداد ۷ ستاروں کا ایک قِران ۸ وہ ظرف جو ہمرنگ
و یا ایک ہی قسم کے ہوں ۹ مقابل ہمسر ۱۰ تہمت، بہتان ۱۱ تہمت ۱۲ داؤ
پیچ ۱۳ بناوٹ۔ بہسازی۔ پاکھنڈ ۱۴ امیس۔ ملنا ۱۵ (کشتی کی اصطلاح)
پہلوان کا مقابل ۱۶ پیوند بسیون ۱۷ (علم حساب) جمع کا قاعدہ ۱۸ میل
جول سنگت ۱۹ سازش تدبیر مشورہ ۲۰ ایک قسم کی جھلی ۲۱ اعضا کے ملنے
کی جگہ بند ۲۲ الفاظ یا حروف کا پیوند ۲۳ مرثیہ خوانوں کی جماعت ۲۴
پنجاب میں سکھوں کا ایک میلا ۲۶ ایک قسم کے چھلے (س) جُٹ۔ ملنا جوڑا
(ماضی) بجوڑنا کی ۲ (مذکر) جوڑ۔ جانے اتصال ۳ کوئی دو ایک جیسی چیزیں
جیسے جراب۔ چوڑیاں وغیرہ ۴ نر مادہ طیور کی ۵ میاں بیوی ۶ ہر جانور
کا جفت ۷ ہمجولی۔ رفیق۔ ساتھی۔ دوست ۸ ہمعصر نظیر۔ برابر کا آدمی ۹
خلعت۔ پوشاک ۱۰ وہ پوشاک جو عروس کیواسطے بھیجی جاتی ہے ۱۱ پوری
پوشاک ۱۲ جوتیاں نعلین ۱۳ کیمیا ۱۴ کھوٹ، آمیزش ۱۵ (صفت) جڑا ہوا۔
ٹانکا لگا ہوا ۱۶ دوسرا ثانی جوڑا اٹھانا (متعدی) جوتے اٹھانا ۲
خدمت کرنا جوڑا بڑھانا (متعدی) کپڑے یا پوشاک اتارنا جوڑا بنا
رہے (دعا) دو بھائیوں یا میاں بیوی کو دیکھ کر فقیر دعا دیتے
ہیں۔ جوڑا بنانا (متعدی) کھوٹ ملا کر سونا یا چاندی بنانا ۲ پوری
پوشاک بنانا ۳ جوتا بنانا ۴ چوڑیاں بنانا۔ جوڑا پہنانا (متعدی)
جوڑا پہننا (لازم) پوشاک پہننا ۲ جوتا پہننا۔ جوڑ جاڑ یا جاڑ
ہے۔ مونث ہر ست پیوند۔ جوڑا دینا (متعدی) نر کے لئے مادہ یا مادہ
کیلئے نر دینا ۲ پوشاک دینا۔ جوڑا لگانا (متعدی) نر کو مادہ سے جفت
کرنا۔ جوڑا لگنا (لازم) جفت ہونا۔ جوڑ باز (صفت) شرارتی۔ مفتری
جوڑ باندھنا (متعدی) کشتی کیواسطے دو برابر کے پہلوانوں کو مقرر
کرنا ۲ کسی کام پر دو آدمیوں کو مقرر کرنا جوڑ بٹھانا (متعدی) جوڑ
بٹھانا۔ میل کرنا۔ جوڑ ملانا ۲ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو اپنی جگہ پر بٹھانا ۳
حساب کی میزان ٹھیک کرنا جوڑ بند (مذکر) بندش۔ جوڑ۔ جوڑ
بندھنا (لازم) کسی کام پر دو آدمیوں کا مقرر ہونا ۲ دو پہلوانوں
کا کشتی کیواسطے تجویز ہونا ۳ تدبیریں ہونا۔ سازشیں ہونا۔ جوڑ
پتی (مونث۔ علم نباتات) دو جڑی ہوئی پتیاں مرکب پتے جیسے
کچنال کا ہوتا ہے۔ جوڑ پھٹرکنا (لازم) ہڈیوں یا پیروں کا ٹوٹنا۔
جوڑ توڑ (مذکر) دیکھو جوڑ توڑ کرنا ہونا کیساتھ جوڑی (مونث)
۱ جمع کرنا۔ گننا۔ میزان کرنا ۲ گنتی حساب شمار ۳ میزان کل جوڑ جاڑ
(مونث) بچا بچا کر جمع کرنا۔ بچت۔ جوڑ جوڑ (مذکر) ہر جوڑ جوڑ
جوڑ درد کرنا یا ہونا (لازم) تمام بدن میں درد ہونا۔ بند بند میں
درد ہونا۔ جوڑ جوڑ شرارت بھری ہے بہت شریر ہے۔ جوڑ
جوڑ کے دھرنا (متعدی) روپیہ جمع کرنا تھوڑا تھوڑا بچا کر
جوڑ جوڑ کے مر جانا (متعدی) بڑی محنت سے تھوڑا تھوڑا
کر کے روپیہ جمع کرنا ۲ اس جمع کئے ہوئے روپے سے فائدہ
اٹھائے بغیر مر جانا جوڑ جوڑ میں (تف) ہر ایک عضو میں سارے
جسم میں۔ بوٹی بوٹی میں جوڑ چلنا (لازم) تدبیر کارگر ہونا ۲ چال

چلنا۔ جوڑ دار (صفت) ۱ جوڑا ہوا ۲ پیوند لگا ہوا ۳ (علم نباتات)
مرکب۔ جوڑ دینا (متعدی) جوڑنا ۲ جوڑ لگانا جوڑ ریشہ (علم تشریح)
رگ، نس، تار۔ جوڑ کا (تف) برابر کا مقابل۔ جوڑ کا توڑ (مذکر) ۱
ایک چیز کے مناسب دوسری چیز بننا کیساتھ ۲ سازش کے
توڑنے کی تدبیر کرنا ہونا کیساتھ جوڑ کرنا (متعدی) فریب دینا۔
چالاکی کرنا ۲ سازش کرنا جوڑ کو جوڑ ملنا (متعدی) ایسے کو تیسا
ملنا جوڑ گانٹھنا (متعدی) پیچ کرنا۔ چالاکی سے کوئی کارروائی
کرنا جوڑ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ۱ پیوند لگنا ۲ جمع ہونا میزان
لگنا۔ جوڑ ملانا (متعدی) ۱ چال چلنا فریب دینا ۲ شکایت کرنا۔
دراندازی کرنا جوڑ ملنا (متعدی) ۱ برابر کا ہونا ہمسر ہونا ۲ پیوند
ہونا چسپاں ہونا ۳ تک ملنا جوڑنا (متعدی) ۱ ملانا۔ وصل
کرنا ۲ چپکانا کسی لیسدار چیز سے لگانا ۳ پیوند لگانا ۴ جمع کرنا۔ تھوڑا
تھوڑا کر کے اکٹھا کرنا ۵ میزان کرنا۔ اعداد کو جمع کرنا ۶ شمار کرنا حساب
لگانا ۷ پھیلانا ۸ جوتنا جوا کندھے پر رکھنا ۹ تصنیف کرنا شعر کہنا
گاڑی میں گھوڑا یا بیل لگانا ۱۰ ٹوٹی ہوئی چیز کو وصل کرنا ۱۱ منتھی کرنا۔
شامل کرنا ۱۲ دوستی کرنا یاری لگانا ۱۳ لوگوں کو اکٹھا کرنا جتھا بنانا
۱۴ آگ وغیرہ جلانا ۱۵ بہتان وغیرہ لگانا۔ دھرنا ۱۶ گرہ دینا۔ باندھنا
۱۷ سازش کرنا۔ تدبیر کرنا۔ تجویز کرنا ۱۸ بنانا۔ ایجاد کرنا ۱۹ ٹوٹی ہوئی ہڈی
کو باندھنا ۲۰ تسلی دینا۔ حوصلہ دلانا۔ دلدہی کرنا ۲۱ سینا۔ ٹانکے لگانا۔
جوڑن ہار (صفت) ۱ جوڑنیوالا۔ مرمت کرنیوالا ۲ جمع کرنیوالا اکٹھا
کرنیوالا ۳ کنجوس۔ کفایت شعار۔ جوڑواں (ھ۔ مذکر) جوڑا۔ دو
چیزیں ۲ توام ۳ ساتھی ہمراہی۔ جوڑی (مونث) ۱ برابر کی دو چیزیں ۲
ساتھی ہمراہی ۳ زوجہ۔ بیوی ۴ گھوڑا گاڑی ۵ دو گھوڑے ۶ دو بیل ۷
دو سارس ۸ دو کواڑ ۹ دو طبلے جو اکٹھے بجاتے ہیں ۱۰ مجیرے۔ تال ۱۱
دو مگدر ۱۲ (طف) تالاب۔ جوہڑ ۱۳ اُڈو لی فنس ۱۴ (صفت) دیکھو جوڑ
جوڑے (مذکر) جوڑا کی جمع۔ جوڑیا (ھ صفت) ۱ ساتھ والا برابر
کا ۲ (مذکر) توام ۳ ساتھی ہمنشیں۔ جوڑیا سنجوگ (مذکر) قران السعدین
قدرتی ساتھ یا ملاپ۔ تقدیری امر۔ جوڑیاں (جمع جوڑی کی)۔
جوڑے باگے (مذکر) کپڑے۔ جوڑے بردار (مذکر) کفش بردار۔
ملازم۔ خادم۔ جوڑی بنی رہے (دعا) فقیر دو آدمیوں کو
اکٹھا دیکھ کر خصوصاً جنہیں بھائی سمجھیں یہ دعا دیتے ہیں۔ جوڑی
دار (مذکر) ۱ ساتھی۔ یار غار ۲ وہ دو شخص جو پہرے چوکی کیلئے مقرر
کئے جائیں۔ جوڑے کے کبوتر (مذکر) وہ نر مادہ جو اکٹھے بند کئے
جائیں۔ جوڑی والا (مذکر) وہ شخص جو طوائفوں کے پیچھے جوڑی بجاتا
ہے۔ جوڑی ہانکنا (متعدی) ۱ دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا ۲
(مذاقاً) دو بیوی کا خاوند ہونا جوڑی ہلانا (متعدی) مگدر ہلانا۔

امثال۔ جوڑا بھاگا لکھدا گھر تن پا آٹا پکیا

یہ اصل میں پنجابی مثل ہے۔ شیخی خورے کی نسبت بولتے ہیں۔ جو سب
ظاہری تو اچھی رکھے اور حقیقت میں کچھ نہ ہو۔ جوڑ جوڑ مر جائینگے
مال جنوائی کھائینگے (جو جنوائی نہ ہونگے تو خالصے لگ
جائینگے) کنجوس بے اولاد کا مال دوسرے کھاتے ہیں۔

جُوڑ۔ جُوڑا (ھ۔ صفت) ٹھنڈا۔ سرد ۲ (مذکر) سردی
ٹھنڈ۔ جیت۔ جوڑی (مونث) سردی لگنا ٹھٹھرانا۔

جوڑا (ہ۔ مذکر) سر کے بال جن کو عورتیں ۲
سادھو یا سکھ اکٹھا کر کے سر کے پیچھے اوپر یا کسی اور
جگہ گرہ دے لیتے ہیں۔ چوٹی۔ جوڑا باندھنا۔ بندھنا
کھولنا۔ کھلنا کے ساتھ ۲ پرندے کے سر کے پر یا
چوٹی ۳ بٹی ہوئی رسی جو برتنوں کے نیچے گول کر کے
رکھ دیتے ہیں۔ اینڈوی ۴ پگڑی کا پچھلا حصہ اس جگہ

جُوڑی (ھ۔ مونث) کماد کا گٹھا۔
اس کے اوپر کے پتوں کو کاٹ کی اکادسی پر لاکر
گھر میں لٹکا چھوڑتے ہیں اور ہولی کے دن جلاتے
ہیں ۲ اپلوں کا ہار جو ہولی میں آگ میں ڈالتے ہیں
شادی۔ بیاہ۔ جوڑیا (مونث) شادی بیاہ۔

امثال۔ جوڑی بلوان ہے
شادی کسی کے اختیار میں نہیں۔ جوڑی کے
ہاتھ ہے۔ شادی کس کے اختیار میں ہے۔
شادی قسمت کے اختیار رہے۔ جوڑیا سنجوگ
ہے۔ دیکھو آخری۔

جُوڑ بماری (ھ۔ مونث) وہ زمین
جو قبضے میں ہو۔

جَوز (ع۔ مذکر) ۱ جائفل ۲ پھل جس کا
چھلکا سخت ہو۔ جوز بویہ (مذکر) جائفل۔ جوز خراسانی
(مذکر) اخروٹ۔ جوز ہندی (مذکر) ناریل۔

جَوزا (ع۔ مذکر) تیسرا آسمانی برج جو
دو جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے۔ منقش ۲ سیاہ بھیڑ جو
درمیان سے سفید ہو ۳ ایک عورت کا نام۔

جَوس (ع۔ مذکر) چور کا گھر میں
مال تلاش کرنا۔

جُوس (ھ۔ مذکر) شوربا۔ وہ پانی جس
میں دال اُبلی ہوئی ہو۔ یخنی (س۔ یُش۔ مانا)

جَوسَق (ع۔ مذکر) فارسی کوشک کا
معرب۔ محل۔ قصر۔ عالیشان مکان۔

جَوش (ع۔ مذکر) ۱ چھپاتی بدن ۲
کا درمیانی حصہ ۳ رات کا بڑا حصہ ۴ آدھی رات
۵ تمام رات کا سفر

جَوش (ف۔ مذکر) ۱ اُبال۔ اپھان۔
کھد بداہٹ ۲ حرارت۔ تیزی ۳ ہیجان ۴ شہوت

۵ شوق۔ سرگرمی۔ گرمجوشی ۷ غصہ۔ غضب ۸ تعصب مذہبی یا دینی جذبہ ۹ دیوانگی۔ جنون ۱۰ عشق یا محبت کا زور ۱۱ محبت الٰہی کا شوق۔ جذبہ۔ جلال ۱۲ دلولہ۔ دھن۔ ترنگ۔ لہر ۱۳ تندی۔ حدت۔ شدت ۱۴ طغیانی (جوشیدن۔ اُبلنا) **جوش آنا** (متعدی) دیکھو جوش میں آنا۔ **جوشاں** (صفت) ۱ اُبلتا ہوا۔ جوش مارتا ہوا ۲ لہریں اُٹھتی ہوئیں۔ جھاگ اٹھتی ہوئی۔ **جوشاں خروشاں** (صفت) سخت لہریں مارتا ہوا اور شور کرتا ہوا۔ **جوشاندہ** (مذکر) جوش دی ہوئی دوائی جو نزلے میں دی جاتی ہے۔ **جوش دبانا** (متعدی) غصہ مارنا **جوش پر آنا** (لازم) امنڈنا۔ زور میں آنا۔ تیزی کرنا **جوش پر ہونا** (لازم) زوروں پر ہونا۔ **جوش جنوں** (مذکر) دیوانہ پن کا زور۔ **جوش جوانی** (مذکر) جوانی کا زور یا ولولہ۔ **جوش خون** (مذکر) ۱ پدری و مادری محبت۔ برادرانہ جوش ۲ خون میں حرارت کی زیادتی۔ **جوش دہن** (مذکر) منہ آنا۔ منہ میں چھالے پڑنا۔ **جوش دینا** (متعدی) اُبالنا۔ **جوشش** (مذکر) دیکھو جوش ۱ تا ۸۔ **جوشش جنون** (مذکر) دیکھو جوش جنوں۔ **جوش کھانا یا مارنا** (متعدی) ۱ اُبلنا۔ کھولنا ۲ (خون کا) سخت غصہ آنا۔ **جوش میں آجانا یا آنا** (متعدی) ۱ اُبلنا۔ بلبلے اُٹھنا ۲ غصہ میں آنا۔ ناراض ہونا ۳ طغیانی ہونا ۴ ولولہ اُٹھنا۔ جذبے میں آنا ۵ خواہش نفسانی کا زور ہونا ۶ کسی کام میں خوب سرگرم ہونا۔ (متعدی) دکھانا۔ **جوش میں لانا** (متعدی) ۱ غصہ دلانا۔ بھڑکانا ۲ اکسانا۔ ابھارنا۔ **جوش وحشت** (مذکر) سخت گھبراہٹ۔ سخت جنون۔ **جوش و خروش** (مذکر) ۱ غل غپاڑہ۔ غل شور ۲ غصہ۔ طیش۔ غضب۔

جُوشن (ع۔ مذکر) چھاتی۔

جوشاندہ (ف۔ مذکر) دیکھو جوشاندہ۔

جوشنت (ہ۔ مونث) ۱ عورت۔ زن ۲ بیوی۔ زوجہ۔

جَوشن (ہ۔ مذکر) ۱ زرہ۔ بکتر ۲ ایک زیور جو بازو پر پہنا جاتا ہے۔ **جوشن پوش** (صفت) بکتر پہننے والا۔

جوشی (ہ۔ مذکر) ۱ جوتشی ۲ برہمنوں کی ایک ادنےٰ ذات جو نجومی کا کام کرتی ہے۔

جُوع (ع۔ مونث) بھوک۔ گرسنگی۔ شدھا (جُوع۔ جاع۔ بھوکا ہونا) **جوع البقر** (مونث) ایک قسم کی بیماری جس میں باوجود کھانے کے بھوک معلوم ہوتی ہے۔ **جوع الکلب** (صفت) پیٹو۔ خورندہ۔ کھاؤ۔ **جوع الکلبی** (مونث) بہت کھانا۔ خورندگی۔ کُتّے کی بھوک۔

جَوف (ع۔ مذکر) ۱ خلا۔ کسی چیز کے اندر کی خالی جگہ۔ اندرونی خلا ۲ کھوکھلا پن ۳ شکم۔ پیٹ ۴ غار۔ گڑھا۔ شگاف (جَوف۔ جاف خالی کرنا کسی چیز کو۔ پیٹ میں نیزہ مارنا)

جَوق (ع۔ مذکر) گروہ۔ جماعت۔ مجمع (آدمیوں۔ پرندوں یا جنوں کا) (جوق۔ بھیڑ اکٹھی کرنا) **جوق جوق**۔ گروہ گروہ۔ بہت سے اکٹھے۔ مجمع کے مجمع۔

جوک (انگ۔ مذکر) مذاق۔ ٹھٹھہ۔ ہنسی۔ **جوکر** (مذکر) مسخرا۔ وہ شخص جو تماشوں میں مسخرے کا پارٹ کرے۔

جوکھ (ہ۔ امر) ۱ جوکھنا کا ۲ (مونث) تولنا ۳ وزن۔ تول۔ ماپ (س جُش۔ تولنا) **جوکھائی** (ہ۔ مونث) ۱ تولنا۔ ماپ کرنا ۲ تولنے والے کی مزدوری۔ **جوکھنا** (متعدی) ۱ تولنا۔ ماپ کرنا ۲ اندازہ لگانا۔ جانچنا ۳ امتحان کرنا۔ کسنا۔ **جوکھی** (ہ۔ صفت) ۱ تولا ہوا۔ تول کر معلوم کیا ہوا ۲ وزن کا۔ وزنی۔

جوکھم (ہ۔ مذکر) جوکھم (ہ) ۱ کوئی مشکل کام یا بیوپار ۲ خطرہ۔ اندیشہ۔ خوف۔ ڈر ۳ قیمتی چیزیں ۴ بیمہ ۵ نقصان۔ گھاٹا ۶ مصیبت۔ تکلیف۔ بلا ۷ مہم۔ کارنمایاں (س یوگ۔ کام ہمت کرنا) **جوکھم اُٹھانا یا سہنا** (متعدی) خطرے یا نقصان کا کام کرنا ۲ گھاٹا کھانا۔ نقصان اُٹھانا۔ **جوکھم کا** ۱ خطرے کا۔ خطرناک ۲ دلیری کا۔ حوصلے کا۔ **جوکھم کا کام** (مذکر) نقصان کا کام۔ خطرے کا کام۔ دلیری کا کام۔ **جوکھم میں پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) خطرے میں ڈالنا۔ نقصان کرنا۔ **جوکھمی** (ہ) ۱ جس میں خطرہ ہو۔ خطرناک۔ نقصان دہ ۲ (مذکر) وہ شخص جو خطرے یا نقصان کا کام کرے۔ باحوصلہ۔

جوکھوں (ہ۔ مونث) دیکھو جوکھم۔ **جوکھوں کس کی ہے**۔ نقصان کس کا ہوگا۔ **جوکھوں اُٹھانا** (متعدی) ۱ ایسا کام کرنا جس میں نقصان کا اندیشہ ہو ۲ نقصان سہنا۔ گھاٹا بھگتنا

جوگ (ہ۔ مذکر) ۱ ملانا۔ وصل کرنا۔ جوڑنا ۲ ملاپ۔ تعلق۔ وصل۔ جوڑ ۳ جوا ڈالنا۔ جوتنا ۴ ملنا۔ ساتھ لگنا ۵ میل۔ سنگت۔ اتحاد ۶ طریقہ۔ ذریعہ ۷ موزونیت۔ معقولیت ۸ نتیجہ۔ ثمرہ۔ پھل ۹ موقع۔ محل ۱۰ علاج۔ دوائی۔ دوائی دینا ۱۱ تیر کمان میں لگانا ۱۲ ستاروں کا اجتماع۔ قران ۱۳ نیک ساعت ۱۴ وہ شخص جس کے نام ہنڈی کیجائے ۱۵ وقت۔ ساعت ۱۶ سمت۔ طرف۔ جانب ۱۷ ایک دائرے کے بہت سے ٹکڑوں میں سے ایک جو منطقۃ البروج سے ماپے جاتے ہیں۔ منطقۃ البروج کا ستائیسواں حصہ ۱۸ ریاضت۔ درویشی ۱۹ (ہ) کفارہ ۲۰ (ریاضی) میزان۔ کل۔ جمع ۲۱ خیالات کا ایک جگہ پر قائم رکھنا ۲۲ خیال جما کر پرآتما سے مل جانا ۲۳ پتنجلی کا شاستر ۲۴ چاند کی گردش کے راستے کا حصہ جو ۲۸ نکشتروں کے مطابق ہو ۲۵ (صفت) لائق۔ شایاں۔ مناسب۔ درست۔ موافق۔ مطابق ۲۶ وجہ سے۔ سبب سے۔ ذریعے۔ **جوگا** (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو جوگ ۲۵ ۲ برمحل۔ حسب موقع۔ موقع کا ۳ (مذکر) افیون کا فضلہ جو گھولنے کے بعد نکلتا ہے ۴ مرکبات میں قابل کے معنی دیتا ہے۔ **جوگ ابھیاس** (مذکر) جوگیوں کا طریقہ۔ **جوگاسن** (مذکر) جوگ کے لئے بیٹھنے کا طریقہ۔ **جوگتا** (صفت) ۱ موزونیت معقولیت درستی ۲ طاقت۔ قوت۔ قابلیت۔ **جوگ چال** (مذکر) استقبال اعتدال۔ حرکت تقویمیہ۔ اعتدالین۔ **جوگ سادھنا** (متعدی) جوگی بننا ۲ حبس دم کی مشق کرنا ۳ خیال جمانے کی مشق کرنا۔ **جوگ سیوا** (مذکر) مذہبی محویت کی مشق۔ **جوگ لینا** (متعدی) جوگی ہونا۔ دنیا سے کنارہ کش ہونا۔ **جوگ مایا** (مونث) جوگیوں کی طاقت جس کی وجہ سے وہ جو شکل چاہیں اختیار کرلیں۔ **جوگن** (مونث) جوگی کی بیوی۔ سادھنی۔ فقیرنی۔ **جوگنی**۔ (مونث) ۱ درگا جی کی پرستار ۲ جادوگرنی۔ ساحرہ۔ سعد نحس کی دیوی۔ **جوگنیہ** (مونث) جوگنی۔ **جوگی** (مذکر) ۱ جوگ کرنے والا شخص۔ ہندو فقیر ۲ سادھو۔ تپسی ۳ جادوگر۔ ساحر ۴ ایک ذات ہندوؤں کی ۵ ایک ذات مسلمانوں کی ۶ دیکھو بھمجوگی ۷ سپیرا۔ **جوگیا** (ہ صفت) گیروا۔ سرخی مائل ۲ گیروا رنگ۔ سرخی مائل رنگ ۳ ایک راگنی ۴ ایک قسم کا کبوتر ۵ ایک قسم کی قمری۔ **جوگیتا** (صفت) جوگا۔ **جوگی ہوجانا** (لازم) جوگ سادھنا۔ فقیر ہوجانا۔

جگیش - جگیشر - جگیشور (مذکر) ۱ یوگ کا مالک کوئی بڑا جوگی ۲ وہ شخص جسے روحانی طاقت حاصل ہو ۳ مقدس علوم سکھلانے والا اُستاد ۴ کوئی دیوتا ۵ جس کے متعلق خیال جمایا جائے ۶ پجاری - پوجا کرنے والا؛ کرشن جی. شوجی اور یا جنولکا کا نام - جوگیہ (صفت) جوگ کا -

امثال و اقوال - جوگی تھا سو اُٹھ گیا آسن رہی بھبوت - اصل چیز یعنی روح جاتی رہی - راکھ باقی رہ گئی - جوگی جگت جانی ناہیں کپڑے رنگے تو کیا ہوا - اگر جوگی کو جوگ کے متعلق کچھ پتہ نہیں تو کپڑے رنگنے سے کیا ہوتا ہے - اصل بات کی واقفیت ہونی چاہئے - دکھاوا بیفائدہ ہے - جوگی جوگی لڑیں کھپروں کا کھور (نقصان) بڑے آدمی لڑیں تو چھوٹوں کو نقصان ہوتا ہے - جوگی کا لڑکا کھیلے گا تو سانپ سے - ہر کوئی اپنی تربیت کے بموجب کام کرتا ہے - جوگی کس کے میت اور پاتر کس کی نار - جوگی دوست نہیں بن سکتے - اور فاحشہ عورت بیوی نہیں بن سکتی - جوگی کس کے میت (ہوتے ہیں) جوگی کی پیت کیا - جوگی کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں - وہ ہمیشہ پھرتا رہتا ہے - جوگی کو بیل بلا - ذمہ داری کا تھوڑا سا کام بھی مصیبت ہوتا ہے - جوگی کی کیا میت اور قلندر کا کیا ساتھ - ان کی دوستی کا کوئی اعتبار نہیں - جوگی مارے چھار ہاتھ - اگر جوگی کو ماریں تو راکھ ہاتھ کو لگتی ہے - بیفائدہ کام کے متعلق کہتے ہیں - جوگیوں کا ڈنڈ بیراگیوں کے سر - خطا کوئی کرے اور سر کسی کے پڑے -

جوگونا (ہ - متعدی) ۱ حفاظت کرنا - بچانا ۲ خدمت کرنا -

جَوَل (ع - مذکر) ۱ چکر لگانا یا جنگ میں اِدھر اُدھر جانا -

جَوَل (س - مذکر) شعلہ - چمک بھڑک روشنی - جولت (صفت) جلا ہوا - سوختہ ۲ جلتا ہوا - شعلے نکلتے ہوئے - جونکا (مذکر) بڑا شعلہ بھبھاکا - جولن (صفت) ۱ جلتا ہوا - دہکتا ہوا - شعلہ زن ۲ چمکتا ہوا - روشن ۳ (مذکر) آگ - جولتا (مونث) تکشک کی ایک بیٹی جو رکش کی بیوی تھی -

جُول (ع - مذکر) کوئیں کی اندرونی دیوار یا کوئیں کی منڈیر (جَوْل - پھرنا اردگرد)

جَوَلان (ع - مذکر) ۱ چکر کھانا - پھرنا ۲ دوڑانا - کودنا ۳ کاوا دینا (دینا کیساتھ) ۴ حرکت - گردش ۵ اِدھر اُدھر کودنا - جیسے لڑنے والے اکثر کرتے ہیں ۶ گھوڑے کا چکر کھانا - کودنا (جَوَل چکر کھانا) جولان کرنا (لازم) اِدھر اُدھر کودنا ۲ (متعدی) کودانا - دوڑانا - جولان کنان (صفت) کودتے ہوئے - پھاندتے ہوئے - جولان گاہ (مونث) گھوڑوں کو دوڑانے یا کودانے کی جگہ ۲ گھوڑ دوڑ کی جگہ - جولان گری (مونث) تیز دوڑانا - سرپٹ لیجانا ۲ سرپٹ ۳ تیزی - تیز رفتاری - سرعت - جولانئی طبع یا طبیعت (مونث) طبیعت کی تیزی - ذہانت - جولانی (مونث) بدن یا دل کی طاقت ۲ گھوڑے کی دوڑ ۳ تیزی طبیعت تیز فہمی طبیعت کی روانی ۴ ولولہ - جوش جوانی - امنگ ۵ تیز رفتاری - تیزی ۶ چستی - پھرتی - جولانیاں (جمع) جولانی کی - جولانیوں (مونث) جولانی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - جولانیوں پر آنا یا ہونا (لازم) تیزیوں پر ہونا - جوش میں ہونا - ولولہ میں بھرنا - جولانیوں پر رہنا (متعدی) زوروں پر رہنا - جوش میں رہنا ۲ غل شور اُچھل کود میں مصروف رہنا -

جُولان - جولاں (ف - مونث) بیڑی - زنجیر جو پاؤں میں پہنتے ہیں -

جولاہ - جولاہہ (ہ - مذکر) جلاہا -

جُولق - جولق (ع - مذکر) ف جولخ کا معرب - راہب کی پوشاک - جولقی (مذکر) فقیر - راہب -

جُولہ - جولہ (ہ - مذکر) زمین کا ٹکڑا جو ۱۶ بیسی کا ہو -

جولی (ہ - مونث) ۱ ساتھی - ہمراہی ۲ حصہ دار - جوڑی ۳ (ہ) اُردو میں صرف ہمجولی میں استعمال ہوتا ہے -

جُولیدہ - جولیدہ (ف - صفت) بکھرے ہوئے پریشان -

جَوَن (ع - صفت) ۱ سفید ۲ سیاہ (گھوڑا یا اونٹ) ۳ سرخ ۴ (مذکر) دن ۵ ایک بوٹی ۶ اونٹ اور گھوڑے جو نہایت سیاہ ہوں -

جَوَن - جَوَن (ہ - مذکر) ۱ یونانی ۲ مسلمان ۳ عیسائی ۴ بدیسی - اجنبی - دوسرے ملک کا آدمی ۵ یاونوں کا ملک - باختر - یونان اور عرب کو بھی کہتے ہیں - جَوَن مالا (مونث) ایک زیور جو عورتیں پہنتی ہیں (جزیرہ آیونا سے)

جَوَن - جَوَن (ہ - ضمیر) جو - اُردو میں اکیلا متروک ہے (س - یدن) جونسا (ضمیر) کوئی - جو کوئی -

جَوَن (ہ - صفت) ۱ رحم کے متعلق ۲ شادی یا ناطے کے متعلق ۳ شادی کے نتیجے سے ۴ ماں کی طرف کا -

جَوَن (س - صفت) تیز - تیز رفتار - چالاک ۲ (مذکر) تیز گھوڑا - اسپ باد رفتار ۳ تیزی تیز رفتاری ۴ سکندر کے ایک خادم کا نام ۵ (مونث) پردہ ۶ ایک پودے کا نام - جونمان (مذکر) تیزی -

جون - جُوَن (ہ - صفت) ۱ پرانا - بوسیدہ ۲ (مذکر) وقت - زمانہ - عہد - جونا (صفت) ۱ پرانا - بوسیدہ ۲ پتلا - دبلا -

جَوں - جوں (ہ) جُوں (ہ - تف) ۱ جیسے - ایسے - ویسے ۲ جو - جب ۳ مانند - جوں توں ۱ جیسا پہلے تھا ۲ کسی طرح سے - جس طرح ہو سکے ۳ نہایت مشکل سے - بہزار دقت - جوں توں کر کے (تف) ۱ دیکھو آخری معنے ۲ بڑی مشکل سے - بڑی تکلیف سے - جوں تیوں کر یا کر کے (مت) دیکھو آخری - جوں جوں (تف) جیسے - جہاں تک - جب تک - جس قدر - جوں کا توں (تف) ۱ بجنسہ - ہو بہو - سارا ۲ جیسا پہلے تھا - اسی حالت میں - جوں کا توں رکھنا (متعدی) سنبھال کر رکھنا - اسی حالت میں رکھنا جیسا پہلے تھا - جوں کر (ہ) ۱ جیسے - مانند ۲ کسی طرح جس طرح ممکن ہو - جوں لگ (ہ) دیکھو جب لگ - جونہی - جونہیں (تف) جیسے ہی - فوراً - جس وقت (مت) جونہیں کہ (تف) جس وقت (مت)

امثال و اقوال - جوں جوں باؤ بہے پُروائی توں توں اتی دُکھ گھایل پائی (ہ) جب پروا ہوا چلتی ہے تو زخموں میں تکلیف زیادہ ہوتی ہے - معمولی مشاہدے کی بات ہے - جوں جوں بھیجے (بھیگے) کا ملی توں توں بھاری ہو - اس شخص کو کہتے ہیں جو قرض لے - جتنا سود بڑھتا جائیگا اتنا ہی قرضہ زیادہ ہوتا جائیگا - جوں جوں چڑیا موٹی ہو اتنی چونچ

چھوٹی ہو۔ کم حوصلہ جتنا امیر ہوتا اتنا بخیل ہو جاتا ہے۔ **جوں جوں لیا نبیرا ناؤں۔ ووں ووں مارا سا گاؤں**۔ ظالم حاکم کو کہتے ہیں۔ **جوں جوں مرغی موٹی ہو توں توں دم سکڑے** کنجوس آدمی جتنا امیر ہو اتنی ہی کنجوسی زیادہ کرتا ہے۔ اس میں مرغی کی بجائے چڑیا بھی کہہ دیتے ہیں۔

جُوں (ہ۔ مونث) ۱ ایک کیڑا جو انسان کے کپڑوں یا سر میں پیدا ہو جاتا ہے ۲ تھوڑی سی چیز۔ ذراسی چیز (س۔ یوکا) **جونا** (مذکر) بڑی جوں **جوں کی چال** (مونث) نہایت آہستہ چال۔ سست چال (چلنا کے ساتھ) **جوں مونہا** (ہ۔ صفت) ریاکار۔ منافق۔ **جوؤں** (مونث) جوں کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **جوئیں** (جمع) جوں کی **جوئیں پڑنا** (متعدی) سر کے بالوں میں جوئیں پیدا ہو جانا۔ **جوئیں دکھانا** (متعدی) کسی سے سر کی جوئیں چنوا کر مروانا۔ **جوئیں دیکھنا** (متعدی) کسی کے سر کی جوئیں چن چن کر مارنا۔ **جوئیں لگ جانا** (متعدی) شیخی مارنا۔ اترانا۔ **جوئیں نکالنا** (متعدی) دیکھو جوئیں دیکھنا۔ **جوئیں نکلنا** (لازم) بالوں میں جوؤں کا پایا جانا۔ **جوئیں نکلوانا** (متعدی) دیکھو جوئیں دکھانا۔

امثال۔ جوں کے ڈر سے گدڑی نہیں پھینکی جاتی۔ جوؤں کے (کارن) مارے رکھنڈرا نہیں پھینکتے (گدڑی نہیں چھوڑی جاتی) معمولی نقصان کے ڈر سے سخت نقصان نہیں برداشت کیا جاتا۔

جُون (ہ۔ مونث) ۱ بدن چونکہ اس میں جان رہتی ہے ۲ وہ شکل جو پیدائش پر ملے ۳ جنم۔ پیدائش ۴ وضع۔ صورت۔ بھیس ۵ آواگون تناسخ حلول (س۔ یون) **جون بدلنا یا پلٹنا** (متعدی) ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ موت کے بعد پھر پیدا ہونا۔ **جون پوری کرنا** (متعدی) ۱ زندگی کے دن پورے کرنا ۲ زندگی بسر کرنا یا کاٹنا

جُون (انگ۔ مذکر) سنہ عیسوی کا چھٹا مہینہ۔ اس کے ۳۰ دن ہوتے ہیں۔

جون (ہ۔ مونث) ۱ رحم۔ بچہ دان فرج۔ شرمگاہ عورت۔

جونا (ہ۔ مونث) ۱ دعوت۔ ضیافت ۲ شادی۔ بیاہ ۳ زمین جو بیج ڈالنے کے لئے تیار ہو۔

جُونا (ہ۔ مذکر) گھاس کا مٹھا جس سے برتن مانجھتے ہیں ۲ گھاس کا رسہ جس سے پولے۔ لکڑیوں یا گھاس وغیرہ کا گٹھا باندھتے ہیں ۳ گھاس کا گول رسہ جسے برتنوں کے نیچے رکھتے ہیں۔

جونار۔ جونال (ہ۔ مذکر) ۱ وہ زمین جس میں ایک دفعہ ربیع اور ایک دفعہ خریف کی فصل بوئیں ۲ وہ زمین جس میں لگاتار کاشت ہوتی ہو ۳ وہ زمین جس میں ایک دفعہ گیہوں اور جو بوئے جائیں اور کوئی اور اناج بویا جائے۔

جَونپ۔ جونپیں (ہ۔ حرف عطف) اگرچہ۔ گوکہ۔ فرض کرو۔

جَونپور (ہند) ۱ صوبجات متحدہ میں ایک ضلع۔ رقبہ ۱۵۵۰ (۱۲۳۹) ۲ تحصیل۔ رقبہ ۳۳۴ (۲۷۸) ۳ شہر اور صدر مقام (۴۳) شرقی خاندان کا دار الخلافہ تھا۔ اس میں بہت سی عالیشان مسجدیں ہیں۔ **جونپور کا قاضی** (مذکر) اس کی بیوقوفی کے بہت سے قصے مشہور ہیں۔ اس لئے کنایتاً بیوقوف احمق آدمی کو کہتے ہیں۔

جُونت (ع۔ مونث) رکابی یا صندوقچہ جس میں عطریات رکھے ہوئے ہوں۔

جُونٹی (ہ۔ مونث) جوں کی تصغیر۔

جونچی (ہ۔ مونث) ایک بیماری گیہوں یا جو کی جس کی وجہ سے دانہ نہیں پڑتا۔

جَونڈا (ہ۔ مذکر) مچان جس پر بیٹھ کر فصلوں اور مویشی کی نگاہ داشت کرتے ہیں۔

جَونڈری۔ جونڈی۔ جونری (ہ۔ مونث) جوار۔

جونرا (ہ۔ مذکر) دیکھو جونڈا۔ **جونرا بھونرا** (مذکر) ۱ تہ خانہ۔ سرد خانہ ۲ خلوت تنہائی۔ تخلیہ۔ اکانت۔

جَونڑا (ہ۔ مونث) مزدوران و پیشہ وران کو جو اناج بٹائی کے وقت دیا جاتا ہے۔

جونک (ہ۔ مونث) پانی کا ایک کیڑا جو جانداروں کے بدن سے خون چوس لیتا ہے ۔ یہ کوئی پاؤ۔ پانچ انچ لمبا ہوتا ہے۔ خون فاسد نکالنے کے لئے آدمی کے بدن پر لگاتے ہیں (س جلوکا) **جونک پتھر میں لگنا** کنجوس یا سخت آدمی سے کوئی کام نکالنا۔ **جونک ہو کر چمٹنا** (لپٹنا) ۱ اس طرح چمٹنا کہ چھوٹنا مشکل ہو ۲ کسی کام کے سر ہو جانا ۳ کسی کے پیچھے لگ جانا۔ **جونکیں** (مونث) جونک کی جمع۔ **جونکیں لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کسی شخص کے بدن سے خون فاسد نکالنے کے لئے جونکوں کو لگایا جانا۔ خون فاسد نکلنا۔ **جونکیں لگوانا** (م) اپنے جسم میں کسی سے جونکیں چمٹوانا۔

امثال و اقوال۔ جونک پتھر میں نہیں لگتی۔ ناممکن بات نہیں ہوتی **جونک مائی میں رہے تو بھی لہو پیتی ہے**۔ بد آدمی بدی سے کبھی باز نہیں آتا۔

جَونکار (س۔ مذکر) خیمہ کے گرد کی قنات۔ پردہ۔

جونکنا (ہ۔ متعدی) گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔

جونگ۔ جونگک (س۔ مذکر) **جونگھ** (ہ) ایلوا کی لکڑی۔ مصبر۔

جُونو (لا۔ خص) اہل روما کی سب سے بڑی دیوی۔ عورتیں مختلف موقعوں پر اس کی پوجا کرتی تھیں۔

جَونہ (ت۔ مذکر) سورج۔

جُونی (ہ۔ مونث) ۱ رسی جس سے ترازو کے پلے لٹکاتے ہیں ۲ جون۔

جُووَنٹس (لا۔ خص) نوجوانوں کا دیوتا۔

جَوہ (ع۔ مذکر) ۱ نظر ڈالنا ۲ اچھی طرح نہ ماننا۔

جُوہ (ہ۔ مذکر) مجرا۔

جوہا (ہ۔ مونث) زبان۔ جیب۔

جوہار (ہ۔ مونث) پاؤں پڑنا بغرض تعظیم بندگی۔ نمستے۔ **جوہارنا** (متعدی) پاؤں پڑنا۔ بندگی کرنا وغیرہ۔

جَوہر (ع۔ مذکر) ۱ گوہر کا معرب قیمتی پتھر۔ دیکھو جواہر ۲ اصل۔ دل۔ ذات۔ ماہیت ۳ خاصیت۔ خواص گن ۴ خوبی۔ عمدگی بصفت ۵ ہنر کمال۔ لیاقت ۶ پردہ۔ بھید۔ راز ۷ نقش خرابی ۸ تلوار کے نقوش جس سے اس کی خوبی ظاہر ہو ۹ آئینہ کی چمک یا تڑپ ۱۰ لکیریں جو لکڑی میں

نمایاں ہوتی ہیں۔ ۱۱ وہ چیز جو بطور خود قائم ہو ۱۲ کسی چیز کا نچوڑ۔ **جوہر اڑانا** (متعدی) کسی چیز کی خوبی کی نقل کرنا۔ **جوہردار** (صفت) ۱ جس میں جوہر ہوں۔ ۲ (مذکر) وہ تلوار جس میں جوہر ہوں۔ **جوہر دکھانا** (متعدی) ۱ اپنی قابلیت یا لیاقت دکھانا اپنی خوبی جتانا ۲ طنزاً بدی یا عیب نمایاں کرنا۔

جوہر فرد (مذکر) مادے کا سب سے چھوٹا ٹکڑا۔

جوہر کھلنا (لازم) ۱ خوبیاں ظاہر ہونا ۲ نقائص یا عیب نکلنا ۳ اصلیت معلوم ہونا ۴ لیاقت کا حال معلوم ہونا۔ **جوہر کھولنا** (متعدی) دیکھو آخری

جوہر لطیف (مذکر) ۱ پاکیزہ یا نفیس خوبی ۲ ایسا نفیس مادہ جو آنکھوں کو نظر نہ آئے۔ **جوہر نکالنا** (متعدی) ۱ ست نکالنا۔ اثر نکالنا ۲ عیب ظاہر کرنا ۳ خوبی ظاہر کرنا۔ **جوہر نکلنا** (لازم) دیکھو آخری

جوہری (مذکر) جواہر فروش۔ جواہرات کا سوداگر ۲ (صفت) پرکھنے والا۔ جوہر شناس۔ **جوہری بازار** (مذکر) وہ بازار جہاں جواہرات کی خرید و فروخت ہوتی ہے۔

مثل۔ جوہر کو جوہری پہچانے اچھی چیز کی قدر جوہر شناس ہی کر سکتا ہے۔

جَوہَر (ہ۔ مذکر) **جوہَر۔ جُوہر** (ہ) ۱ اپنی جان لینا۔ خودکشی کرنا ۲ لڑکر قتل ہو جانا ۳ راجپوتوں میں دستور تھا کہ جب چاروں طرف سے گھر جاتے تو اپنی عورتوں اور بچوں کو قتل کرکے خود لڑکر مر جاتے تھے۔ اسے جوہر کہتے تھے (س جیو۔ جان ہری شرسندہ ہونا) **جوہر کرنا** (متعدی) لڑکر مر جانا دیکھو جوہر ۳

جوہَڑ۔ جُوہَڑ (ہ۔ مذکر) کچا تالاب کنڈ۔ ڈابر۔ وہ نیچی جگہ جہاں پانی جمع رہے اور اس کے گرد پکی سیڑھیاں نہ بنی ہوں (س جل دھر) **جوہڑی** (مونث) جوہڑ کی تصغیر۔ **جوہڑی میں منہ دھو آؤ** یہ مراد پوری نہیں ہوگی۔

جوہَن (ہ۔ مذکر) کسی چیز کی طرف خواہش کی نظر سے دیکھنا نظر ڈالنا۔ **جوہنا** (متعدی) دیکھنا۔ نظر ڈالنا۔ نگاہ کرنا ۲ انتظار کرنا۔ اپیکشا کرنا ۳ دیکھو جوہن۔

جُوہی۔ جُوئی (ہ۔ مونث) خوشبودار پھولوں کا ایک پودا جس کے پھول چنبیلی کی طرح مگر چھوٹے ہوتے ہیں ۲ ایک قسم کی آتشبازی ۳ ایک قسم کا کیڑا جو فصل کو لگ جاتا ہے (س یوتھی)

جوئبار (ف۔ مذکر) وہ مقام جہاں نہریں اور نالے بہت ہوں۔ دامن پہاڑ ۲ وہ بڑا نالہ یا دریا جو کئی نالوں سے بنا ہو۔

جوئندہ (ف۔ صفت) تلاش کرنے والا متلاشی۔

مثل۔ جوئندہ یابندہ تلاش کرنے والے کو مل ہی جاتا ہے۔

جُوئے۔ جوئے (ف۔ مونث) دریا جو چھوٹے چھوٹے ندی نالوں سے مل کر بنے۔ **جوئے شیر** (مونث) دودھ کی نہر کہتے ہیں فرہاد نے شیریں کے لئے نہر کھودی جس میں بکریوں کا دودھ ڈالتے تھے۔ جو بہہ کر محل میں جاتا تھا **جوئے شیر لانا** (متعدی) مشکل کام کرنا۔ **جوئے شیریں** (مونث) میٹھے پانی کی نہر یا نالہ۔

مثل۔ جوئے زر بہتر از ہفتاد زور۔ روپیہ زور سے بہتر ہوتا ہے۔ دولت اچھی چیز ہے۔

جوئی (ف۔ مونث) تلاش۔ جستجو مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (ف جستن۔ تلاش کرنا)

جوئے۔ جوئی۔ جوی (ہ۔ مونث) بیوی۔ جورو۔ استری (س۔ جایا)

جویا۔ جویاں۔ جوئندہ (ف۔ صفت) تلاش کنندہ۔ ڈھونڈھنے والا جستجو کرنے والا۔ **جویائی** (مونث) تلاش۔ جستجو۔ تفحص۔ تفتیش۔ (جستن۔ تلاش کرنا)

جَوِیں (ف۔ صفت) جو کی بنی ہوئی

جِہہ (ہ۔ ضمیر) ۱ جو ۲ جس کو۔

مثل۔ جہہ راکھے کرتار وا کو بار نہ بانکو ہو۔ جس کو خدا رکھے اس کا بال بھی بیکا نہیں ہوتا۔

جَھا (س۔ مذکر) ایک پودا۔

جھاب (ہ) **جھابا** (ہ۔ مذکر) گھی۔ تیل رکھنے کا چرمی برتن۔ کپا ۲ پلا۔ پلی ۳ گول چمڑے کا خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں ۴ جھاڑ۔ فانوس ۵ لکڑی کی تنگ منہ کی ٹوکری ۶ تنگ منہ کا دودھ دوہنے کا برتن۔ **جھاولی** (س۔ دھانری)

جھابَر (ہ) **جھابَڑ** (ہ۔ مونث) ۱ نیچی زمین جہاں پانی اکٹھا رہے ۲ جوہڑ۔ تالاب ۳ دلدلی زمین۔ دلدل۔ **جھابڑ جھلّا** (صفت) ڈھیلا ڈھالا۔

جھابرا (مذکر) **جھابلی** (ہ۔ مونث) دیکھو جھاب ۱ و ۲ و ۶

جھاپا (ہ۔ مذکر) جھاب ۵

جھاپڑ (ہ۔ مذکر) طمانچہ۔ تھپڑ (غنڈوں کی اصطلاح)

جِہات (ع۔ مونث) جہت کی جمع ۱ اطراف۔ اکناف۔ سمتیں ۲ چاروں طرفیں شمال جنوب۔ مشرق۔ مغرب ۳ ساختہ اشیاء پر محصول۔

جھات جھات کرنا (اردو۔ متعدی) ۱ کپڑا جابجا سے پھٹا ہونا ۲ دیوار میں کنگی ہونا۔

جھاٹ (س۔ مذکر) بنگلہ۔ ٹٹی۔ منڈھا۔ وہ جگہ جہاں بیلیں چڑھی ہوئی ہوں ۲ جنگل۔ درختوں یا جھاڑیوں کا جھنڈ۔

جھاٹا (س۔ مونث) جوہی۔ جوئی۔

جھاٹکا (س۔ مونث) ایک پودا۔

جھاجھا (ہ۔ مذکر) ایک نشہ والی چیز جو بھنگ سے بناتے ہیں۔ گانجا۔

جھاجَھر (ہ۔ مذکر) ۱ جھانجھ۔ مجیرا۔ ۲ پاؤں کا ایک زیور جس میں گھنٹیاں لگی ہوئی ہوتی ہیں۔

جِہاد (ع۔ مذکر) ۱ کافروں سے جنگ ۲ اس سے لڑنا جو فرائض مذہبی میں حارج ہو۔ (جُہد۔ کوشش کرنا)۔ **جہاد اصغر** (مذکر) دیکھو جہاد۔ **جہاد اکبر** (مذکر) نفس کشی۔ زہد۔ ریاضت **جہادی** (مذکر) وہ شخص جو کافروں سے لڑے۔ مجاہد۔

جھاڈ (ہ۔ مذکر) جھاڑ۔ درخت۔

جِہار (ع۔ مذکر) مشہور ہونا۔ عام ہونا۔

جھارا (ہ۔ مذکر) دیکھو جھاجھا ۱ ایک قسم کی چھلنی ۲ پھوار۔ ہلکی بارش۔ جھڑی۔

جِہارَب (ع۔ مونث) اونچی آواز ہونا۔

جھاری (ہ۔ مونث) ۱ لمبی گردن کا لوٹا ٹونٹی دار ۲ جھاڑی۔

جھاڑ (ہ۔ مذکر) ۱ چھوٹا گنجان کانٹے دار درخت۔ جھنکار۔ جھاڑی ۲ جھڑبیری۔ بیری ۳ بلور وغیرہ کا فانوس ۴ ایک قسم کی آتشبازی ۵ ایک قسم

کا بیل بوٹوں کا کام۔ ۶ پنجشاخہ ۷ جھانٹ۔ جنگل) **جھاڑا** (مذکر) ۱ جھاڑنے ۲ پاخانہ۔ گوہ۔ **جھاڑا (جھٹکا) پھرنا** (لازم) لفظی معنے جھاڑیوں میں پھرنا۔ پاخانہ پھرنا۔ جنگل جانا۔ **جھاڑ بسانا** (متعدی) جھگڑا کرنا۔ لڑائی مول لینا۔ **جھاڑ بوٹے** (مذکر) بیل بوٹے۔ **جھاڑ جھنکار** (مذکر) ۱ خاردار جھاڑیاں اور پودے ۲ گھنا پودا یا جھاڑی ۳ گھاس پھوس۔ کوڑا کرکٹ۔ **جھاڑ جھوڑ** (مذکر) دیکھو آخری۔ **جھاڑ سا** (صفت) جھاڑی کی طرح **جھاڑ کا ازار بند** (مذکر) ایک قسم کا بیلدار بوٹے دار ازار بند جس کے بڑے بڑے پھندے ہوتے ہیں۔ **جھاڑ کا کانٹا** (مذکر) وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔ لڑاکا جنگجو آدمی۔ **جھاڑ کھنڈ** (صفت) ۱ جھاڑیوں سے بھرا ہوا ۲ (مذکر) جنگل۔ بن۔ رکھ ۳ بیجانتہ کا جنگل۔ **جھاڑ ہو کر لپٹنا** (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) بری طرح پیچھے پڑنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ **جھاڑی** (مونث) ۱ چھوٹا خاردار پودا ۲ جھڑبیری کا بیر ۳ جنگل۔ بن۔ خاردار درختوں کی جگہ ۴ چنبیلی کا پودہ یا بیل۔ **جھاڑی بوٹی یا بونٹی** (مونث) ایک خاردار پودا جس میں بیر لگتے ہیں۔ **جھاڑی بوٹی (بونٹی) کا بیر** (مذکر) جنگلی بیر جو چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں۔ کنار صحرائی۔ **جھاڑ پھونک کے پھیرے ڈال دینا** (متعدی) سادہ بیاہ کر دینا۔

امثال و اقوال

جھاڑ بھی بنئے کی بیری ہے۔ چونکہ ہندوستان میں بنیا ہی ایک دولتمند شخص ہے عموماً اس کی چوری ہوتی رہتی ہے۔ چور درخت کے پیچھے چھپ سکتا ہے۔ اس لئے درخت کو بھی بنئے کا دشمن سمجھنا چاہئے **جھاڑ سے چھوٹا پہاڑ میں اٹکا۔** ایک مصیبت سے بچا دوسری میں پھنس گیا۔

جھاڑ (ہ۔ امر) ۱ جھاڑنا کا ۲ (مذکر) صاف کرنا۔ جھاڑنا۔ کوڑا کرکٹ اکٹھا کرنا ۳ جلاب کی ایک دوائی ۴ جھڑی۔ بارش موسلادھار ۵ باتوں کا سلسلہ جو دیر تک نہ ختم ہو۔ باتوں کا طومار ۶ منتر۔ جادو ۷ تیز بو جس سے چھینکیں آنے لگیں ۸ (صفت) سب کل (س اُرد۔ حرکت کرنا) **جھاڑا** (ماضی) ۱ جھاڑنا کی ۲ صاف کرنا۔ جھاڑنا ۳ تلاشی مکمل اور کپڑے اتروا کر ۴ کوڑا کرکٹ ۵ پاخانہ۔ دست ۶ جادو منتر۔ ٹونا۔ **جھاڑا جھپٹا لینا** (ہ) جھاڑا لینا۔ **جھاڑا پھونکی** (مونث) دیکھو جھاڑ پھونک۔ **جھاڑا جھوڑی** (مونث) تلاشی۔ **جھاڑا دینا** (متعدی) ۱ تلاشی دینا ۲ جادو یا ٹونا کرنا۔ جھاڑ پھونک کرنا **جھاڑا لینا** (متعدی) تلاشی لینا۔ **جھاڑ باقی** (مونث) پوری ادائیگی۔ حساب کی صفائی۔ بالکل بیباقی **جھاڑ بیباق کر دیا۔** کوڑی کوڑی ادا کر دیا۔ **جھاڑ باندھ دینا یا باندھنا** (متعدی) ۱ مینہ لگاتار برسنا ۲ باتوں کا طومار باندھ دینا۔ لگاتار کچھ کہے جانا **جھاڑ بسانا** (متعدی) اپنے پیچھے جھگڑا لگا لینا۔ جھگڑا مول لینا۔ **جھاڑ پچھوڑ کر دیکھنا** (متعدی) ۱ نہایت غور سے تلاش کرنا۔ بہت جستجو کرنا ۲ جانچ تول کرنا۔ خوب آزمانا۔ **جھاڑ پونچھ** (مونث) صفائی جھاڑنا۔ پونچھنا۔ **جھاڑ پونچھ برابر کرنا** (متعدی) سب کچھ خرچ کر ڈالنا۔ کھا پی ڈالنا۔ **جھاڑ پہاڑ** (مذکر) لاطائل بات۔ فضول بات۔ بات کا بتنگڑ **جھاڑ پھونک** (مونث) منتر وغیرہ جو پڑھ کر پھونکا جائے۔ **جھاڑ جانا** (متعدی) کھا جانا۔ چٹ کر جانا (مت) **جھاڑ جھٹک** (مذکر) جھاڑ مار کر صاف کرنا۔ **جھاڑ دو** ۱ دم کر دو ۲ صاف کر دو۔ **جھاڑ دینا** (متعدی) صاف کرنا۔ جھاڑو دینا ۲ مار دینا ۳ ناراض ہونا۔ فہمائش کرنا۔ بولنے سے روک دینا ۴ (غصہ) نکالنا ۵ دعا پڑھ کر پھونکنا۔ **جھاڑ ڈالنا** (متعدی) دیکھو جھاڑ دینا ۲ وصول کر لینا ۳ برتن سے کوئی چیز اس طرح لینا کہ کچھ باقی نہ بچے۔ **جھاڑن** (مذکر) ۱ جھاڑنا ۲ ایک کپڑا جس سے چیزیں جھاڑتے ہیں۔ **جھاڑنا** (متعدی) ۱ صاف کرنا۔ جھاڑو دینا ۲ مارنا لگانا ۳ کنگھی کرنا۔ بال صاف کرنا ۴ درختوں سے پتے پھول یا پھل گرانا ۵ پرندے کا پر جھاڑنا۔ کریز کرنا ۶ دم کرنا۔ منتر پڑھ کر پھونکنا ۷ آگ نکالنا۔ چقماق سے آگ پیدا کرنا ۸ سرزنش کرنا۔ فہمائش کرنا ۹ (غصہ) نکالنا ۱۰ (بندوق) چھوڑنا ۱۱ جھٹکنا۔ پھٹکنا (قالین وغیرہ) **جھاڑنا جھٹکنا** (متعدی) ۱ گرد و غبار صاف کرنا۔ جھاڑو دینا ۲ جو کچھ کسی کے پاس ملے لے لینا۔ **جھاڑن پوچھن** (مونث) ۱ وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے ۲ آخری بچہ۔ **جھاڑنت** (ہ) بالکل۔ کلہم۔ بالکل خالی۔ **جھاڑو** (مذکر) ۱ وہ تنکوں یا تیلیوں کو ایک طرف سے باندھ کر بنایا ہوا آلہ جس سے کوڑا کرکٹ گرد وغیرہ صاف کرتے ہیں۔ جاروب۔ بہارا۔ بہاری۔ بڑھنی۔ سوہنی ۲ دمدار ستارہ۔ **جھاڑو بنانا** (متعدی) ۱ تیلیاں اکٹھی باندھنا ۲ نالائم باتیں سنانا۔ **جھاڑو بہارو** (مونث) جھاڑو دینا۔ مکان کی صفائی کرنا۔ **جھاڑو بردار** (مذکر) جاروب کش۔ چوہڑا۔ بھنگی۔ **جھاڑو بیباق کیا۔** سب خرچ کر ڈالا۔ کچھ باقی نہیں چھوڑا۔ **جھاڑو پھر جانا یا پھرنا** (لازم) ۱ صفائی ہونا ۲ کچھ باقی نہ رہنا۔ برباد ہو جانا۔ **جھاڑو پھر جائے** (بددعا) ستیاناس ہو۔ برباد ہو۔ **جھاڑو پھیر دینا یا پھیرنا** (متعدی) صفائی کرنا ۲ برباد کرنا تباہ کرنا ۳ کچھ نہ رہنے دینا۔ صفایا کر دینا۔ **جھاڑو تارا** (مذکر) دمدار تارا۔ **جھاڑو دبانا** (متعدی عو) آندھی کو بند کرنے کا ٹونا ہے۔ **جھاڑو دلانا** (متعدی) جھاڑو سے مکان صاف کرانا۔ **جھاڑو دے دی** کچھ نہ چھوڑا۔ **جھاڑو دینا** (متعدی) صفائی کرنا۔ جھاڑو سے صاف کرنا ۲ مال چوری کر لینا۔ صفایا کر دینا۔ کچھ نہ چھوڑنا کسی کا ۳ سب کچھ کھا جانا ۴ نحوست سے تباہ کر دینا۔ **جھاڑو کرنا** (متعدی) کسی کو تباہ کر دینا ۲ فہمائش کرنا۔ دبانا ۳ مارنا ٹھونکنا۔ **جھاڑو کش** (مذکر) جھاڑو بردار۔ **جھاڑو کھانا** (متعدی) جھڑکی پڑنا۔ جھڑکیاں کھانا۔ **جھاڑو کی تیلی** (مونث) جھاڑو کی سینک۔ **جھاڑو مارنا** (متعدی عو) نفرت کرنا۔ تنفر ظاہر کرنے کو بولتی ہیں۔ **جھاڑو لے کر پیچھے دوڑنا** (متعدی عو) بچے جب بہت تنگ کریں تو انہیں مارنے کے لئے عورتیں جھاڑو لے کر جھپٹتی ہیں۔ **جھاڑو ہو کر چمٹنا یا لپٹنا** (لازم) پیچھے پڑ جانا۔ پیچھا نہ چھوڑنا سر ہونا۔ ایسا لپٹنا کہ پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔ **جھاڑے (پھرنے) جانا** (لازم) پاخانے جانا۔

مثل۔ جھاڑ بچھائی کا ملی اور رہے نمانے سو۔ سخت قناعت ظاہر کرنے کو فقیروں کی نسبت کہتے ہیں۔

جَہاز (ع۔ مذکر) ۱ بہت بڑی کشتی مرکب۔ نواڑا۔ ترنی ۲ (صفت) بہت بڑا۔ وسیع۔ فراخ ۳ جہیز ۴ اونٹ کی زین کا اونچا حصہ ۵ جنازہ ۶ عورت کی شرمگاہ (جَہز۔ تیار کرنا) **جہاز آہن یا آہنی** (مذکر) جہاز جس پر لوہا ہو۔ مسلح جہاز۔ **جہاز چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) جہاز کا پانی کے اوپر رواں ہونا **جہاز ڈوبنا** (لازم) جہاز کا پانی کی تہ میں بیٹھ جانا۔ **جہاز راں** (مذکر) جہاز چلانے والا۔ ملاح۔ جہاز کا کپتان۔ **جہاز رانی** (مونث) ۱ جہازوں کو چلانا ۲

جہاز چلانے کا پیشہ ۔ **جہاز سے اسباب اُتارنا** (متعدی) جہاز کو مال یا اسباب سے خالی کر دینا ۔ اسباب کو جہاز سے خشکی میں لے آنا ۔ **جہاز شکنی** (مونث) جہاز کا غرق ہو جانا ۔ **جہاز کا جہاز** (صفت) بہت بڑا بہت وسیع ۔ **جہاز کا کوّا** (مذکر) کوّا جو جہاز کے ساتھ ہو لے اور خشکی تک پہنچنے تک ساتھ ہی رہے ؛ وہ شخص جس کا سوائے ایک جگہ کے اور کوئی ٹھکانا نہ ہو **جہاز کا لنگر انداز کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جہاز کا لنگر گرا کر ٹھہر جانا ۔ **جہاز کو راستہ بتانا** (متعدی) جب جہاز کسی بندرگاہ میں پہنچتا ہے تو وہاں کا ایک واقف جہازران آ کر جہاز کو بندرگاہ کے اندر لے جاتا ہے اسے راستہ بتانا کہتے ہیں ۔ **جہاز کو لنگر کرنا** (متعدی) جہاز کو لنگر ڈال کر ٹھہرانا ۔ **جہاز کے اتارنے کی جگہ** (مونث) بندرگاہ ۔ **جہازی** (صفت) ۱ جہاز چلانے والا ۲ جہاز کے متعلق ۔ جہاز کا ۳ بحری ۴ (مذکر) جہاز کا خلاصی ۵ جہاز میں بیٹھنے والے مسافر ۔ **جہازی کُتّا** (مذکر) تازی کتا ۔

جھاگ (ہ ۔ مونث) پانی کے چھوٹے بلبلے ۔ کف ۔ پھین (س شری توڑنا) **جھاگ لانا** (متعدی) ۱ کف لانا ۲ غصے میں منہ سے تھوک اُڑانا ۔ تڑپنا ۔

جُہّال (ع ۔ مذکر) جاہل کی جمع ۔

جھال (ہ ۔ صفت) ۱ تیز ۔ کڑوا تیتا ۲ (مذکر) تیزی ۔ کڑواہٹ ۔ جلن ۳ حسد ۔ غصہ ۴ ایک بڑی اور چوڑی ٹوکری ۵ جوڑ ۔ ٹانکا ۶ خواہش جماع جو عورتوں کو ہوتی ہے ۔ ٹپل ۷ موج ۔ ترنگ ۔ تلاطم ۸ (س کشر ۔ کڑوی چیز نکالنا) **جھال آنا** (لازم) ۱ رو کا آنا ۔ طوفان آب آنا ۲ دفعتہً مینہ یا اولوں کا برس جانا ۔

جھالا (ہ ۔ مذکر) ۱ مینہ جو ایک تھوڑی سی جگہ میں تھوڑی دیر زور سے برسے ۲ عورتوں کا ایک زیور جو موتیوں کی لڑیوں سے بنا ہوتا ہے ۳ (خنشدوں کی اصطلاح) ٹوکرا ۔

جَہالت (ع ۔ مونث) ۱ ناواقفیت (بے علمی) ۲ بیوقوفی ۔ حماقت ۔ اُجڈپن ۳ وحشی پن ۔ بے رحمی (جُہل ۔ غافل ہونا)

جھالر (ہ ۔ مذکر) تار تغیش دھاگوں اور موتیوں کی لڑیوں کا ایک سرے سے سیا ہوا فیتہ یا حاشیہ جو سجاوٹ کے لئے کپڑوں وغیرہ کے کناروں پر لگاتے ہیں ۔ پھسوا ۔ کرن (جھالنا سے) **جھالردار** (صفت) جس میں جھالر لگی ہوئی ہو

جھالرا (ہ ۔ مذکر) چشمہ ۔ گول پکی باؤلی ۔ پکا کنواں ۔

جھالری (ہ ۔ مونث) جھانجھ ۔ مجیرا ۔

جھالڑا (ہ ۔ مذکر) گلے کا ہار ۔

جھالنا (ہ ۔ متعدی) ۱ پانی وغیرہ کو برف یا شورے سے ٹھنڈا کرنا ۲ ٹانکا لگانا دھات کی چیزوں یا زیورات کو ۳ مرچیں یا مسالحہ ڈالنا ۔ تیز بنانا (س کشر ۔ بہنا) ۴ (ہ) صاف کرنا ۔ چمکانا ۔ پالش کرنا (س جُوَل ۔ چمکنا)

جَہام (ع ۔ مذکر) بادل بغیر بارش ۔

جھام (ہ ۔ مذکر) ایک اوزار پھاوڑے کی شکل کا جس سے کوئیں سے مٹی نکالتے ہیں ۔

جھامَر (ہ ۔ مذکر) سوئیاں تکلے وغیرہ تیز کرنے کا پتھر ۲ (ہ ۔ مونث) دلدل ۳ سراب ۔ مرگ ترشنا ۔

جھامک (ہ ۔ مذکر) جھاواں ۔

جَہاں (ہ ۔ حرف شرط) ۱ جس جگہ ۔ جس مقام ۔ کہیں ۲ جس وقت ۔ جب ۔ جس گھڑی ۔ (جہت تھاں کا مخفف ۔ س یادت ستھان) **جہاں تک** ۔ جب تک جس قدر ہو سکے حتی الوسع یا حتی الامکان **جہاں تک بنے یا ہو سکے** (تف) حتی المقدور ۔ جس قدر یا جب تک ہو سکے ۔ **جہاں تلک** ۔ جہاں تک ۔ **جہاں تہاں** (تف) ہر کہیں ۔ ہر جگہ ۔ اِدھر اُدھر ۲ گڈمڈ ۔ ابتری سے ۔ **جہاں تہاں پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا ۔ **جہاں جہاں** (تف) جب جس جگہ ۔ جابجا ۔ **جہاں سینگ سمائیں چلے جاؤ** جہاں پناہ ملے چلے جاؤ ۔ **جہاں کا** (کی یا کے) **تہاں** ۱ اسی جگہ ۔ اسی مقام پر ۲ کہیں کی کہیں ۔ بے جگہ ۔ بے موقع ۔ ہر جگہ ۔ **جہاں کہیں** جس جگہ یا مقام پر ۔ **جہاں لگ** یا **لوہ** (ہ) جہاں تک ۔

امثال و اقوال ۔ **جہاں اور درخت نہیں وہاں ارنڈ ہی درخت ہے** جہاں لائق نہیں ہوتے وہاں کم لیاقت ہی لیاقت دار ہیں ۔ **جہاں بالک تہاں پکھنا جہاں گورس تہاں گور** ۔ **جہاں** ۱ جہ میٹھا بولنا وہاں **بسیں گھنیرے لوگ** (ہ) جہاں بچے ہوں وہاں کھلونے ہوتے ہیں ۔ جہاں دودھ وہاں گوبر اگر راجہ خوش مزاج ہو تو رعیت بہت ہوتی ہے ۔ **جہاں بالوں کا بیٹھنا وہاں بھوتوں کا باس** ۔ کہتے ہیں کہ بچوں پر بھوتوں کا اثر جلد ہوتا ہے ۔ سو جہاں بچے رہیں وہاں بھوتوں کے آنے کا ڈر ہوتا ہے ۲ بچے بھوتوں کی طرح ہوتے ہیں جہاں دو چار ملیں شرارتیں شروع کر دیتے ہیں ۔ **جہاں بڑی سیوا تہاں اوچھا پھل** ۔ جہاں خدمت زیادہ کرو معاوضہ تھوڑا ملتا ہے ۔ **جہاں بہو کا پینا وہاں سسر کی کھاٹ** ۔ سخت بے حیائی کے موقع پر کہتے ہیں ۔ **جہاں پڑے موسل وہاں کھیم کوشل** (ہ) جہاں بھنگ گھٹے وہاں صحت اور تندرستی ہے ۔ بھنگڑوں کا مقولہ ۔ **جہاں پھول وہاں کانٹا** ۔ فائدے کے ساتھ نقصان بھی ہوتا ہے ۔ **جہاں تمہارا پسینہ گرے وہاں خون گرائیں** ۔ سخت وفاداری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں ۔ **جہاں تیل دیکھا وہیں بھننے کو بیٹھ گئیں** ۔ خود غرض آدمی کی نسبت بولتے ہیں **جہاں تیلی نہ جائے وہاں موسل گھسیڑنا** از حد جھوٹ بولنا ۔ **جہاں جائے بھوکا وہاں پڑے سوکھا** ۔ بدقسمت آدمی جہاں جائے وہاں اس کی قسمت ساتھ رہتی ہے ۔ **جہاں جائیں بالے میاں تہاں جائے پونچھ** ۔ امیر آدمیوں کے خوشامدی ہر جگہ ساتھ جاتے ہیں ۔ **جہاں ججمان وہاں پروہت** ۔ جہاں سردار وہاں خدمتگار ۔ **جہاں جس کے سینگ سمائیں وہیں نکل جائیں** جہاں بچاؤ دیکھیں وہاں پناہ لیں ۔ **جہاں چار برتن** (ہوتے ہیں) **ہونگے** (کھٹکتے بھی ہیں) **وہیں کھڑکیں گے** ۔ جہاں لوگ جمع ہوں وہاں جھگڑا بھی ہو جاتا ہے ۔ **جہاں خرچ نہیں وہاں ہر ایک گانٹھ کا پورا** ۱ جب کسی کو ضرورت نہ ہو تو ہر ایک دینے کو تیار ہوتا ہے ۔ مگر ضرورتمند کو کوئی نہیں دیتا ۲ جہاں خرچ کرنے والے نہ ہوں وہاں سب امیر ہوتے ہیں ۔ **جہاں دائی ہاتھ دھوئے وہاں قربان کروں** (ہو) حقارت ظاہر کرنے کو یا ذلیل کرنے کو کہتی ہیں ۔ **جہاں دل تہاں بادل** ۱ جہاں لوگ بہت ہوں وہاں دھول بھی اُڑتی ہے ۲ جہاں بہت لوگ رہیں وہاں بارش بھی ہوتی ہے ۔ **جہاں دُولھا وہاں برات** جہاں سردار ہو وہاں متعلقین بھی رہتے ہیں ۔ **جہاں** (دیکھا) **دیکھے** (دیکھیں) **توا پرات وہیں رگانا**

گاویں (ناچیں) ساری رات۔ جہاں فائدہ دیکھے وہیں بیٹھا رہے۔ جہاں دیکھی روٹی وہاں منڈائی چوٹی۔ جہاں فائدہ دیکھا وہیں ذلت برداشت کی۔ جہاں دیکھیں گنا پوری نہاں جائیں گڑھی لڑھی۔ جہاں فائدہ دیکھیں وہیں پہنچ جائیں۔ جہاں ڈر وہاں ہمارا گھر۔ بہادر آدمی کا مقولہ ہم خطرے کی پروا نہیں کرتے۔ جہاں ڈھاک وہاں ڈاکہ (ڈاکو) جہاں ڈھاک کے درخت ہوں وہاں ڈاکو آسانی سے چھپ سکتے ہیں۔ جہاں راجہ میٹھ بولنا وہاں بسیں گھنیرے لوگ۔ خوش اخلاقی لوگوں کے رجوع ہونے کا باعث ہوتی ہے۔ جہاں روکھ نہیں وہاں انڈ (رپردھان) ہی روکھ دیکھو جہاں اور الخ۔ جہاں ستیاناس وہاں ساڑھے ستیاناس۔ جہاں بربادی ہوئی وہاں تھوڑے بہت کی کیا پروا ہے۔ جہاں سسر کا سونا وہاں بہو کی کھاٹ۔ خواہ مخواہ کسی کو چھیڑنا جہاں سو وہاں سوا سو (سوا سو لئے) فضول خرچ آدمی کم و بیش کی پروا نہیں کرتا۔ جہاں سوئی نہ جائے وہاں موسل گھسیڑنا۔ پر کے ڈار بنانا۔ بیحد جھوٹ بولنا۔ جہاں سیر وہاں سوایا دیکھو جہاں سو وہاں الخ۔ جہاں شیر نہیں وہاں بلی ہی شیر ہے۔ جہاں اچھی چیز نہ ہو وہاں نکمی ہی قدر پاتی ہے۔ جہاں کا پیوے پانی تہاں کی بولے بانی۔ محسن کی طرفداری ضروری ہوتی ہے۔ جہاں کا مردہ تہاں کی گور۔ جہاں کا مردہ وہیں گڑتا ہے۔ جہاں جھگڑا ہو وہاں کی رسوم کے مطابق فیصلہ ہوتا ہے۔ جہاں کانسا وہاں بجے (کا سانسا) جہاں اچھی چیز ہوتی ہے وہاں لینے والے پہنچ جاتے ہیں۔ جہاں کتا ہوتا ہے وہاں نیکی کا فرشتہ نہیں آتا۔ مسلمانوں کا عقیدہ ہے جہاں کوئی اور درخت نہیں وہاں ارنڈ ہی درخت ہے۔ جہاں کامل لیاقت والے نہ ہوں وہاں ناقص ہی کامل ہے۔ جہاں کھانا وہاں سب کا ٹھکانا۔ جہاں فائدہ ہو وہاں ہر کوئی آ موجود ہوتا ہے۔ جہاں کے مردے تہاں گڑتے ہیں۔ جہاں کا معاملہ ہے تصفیہ بھی وہیں ہوگا۔ جہاں گانٹھ تہاں رس۔ لازم ملزوم کے متعلق بولتے ہیں۔ جہاں گائے وہاں گائے کا بچھڑا۔ جہاں فائدے کی چیز ہو وہاں سب جمع

ہوتے ہیں۔ جہاں گڑھا (رہتا ہے) ہوگا وہیں پانی (مرتا ہے) مریگا۔ دیکھو جہاں نشیب الخ۔ جہاں گڑ ہوگا وہاں مکھیاں بھی آئیں گی۔ جہاں اچھی چیز ہوتی ہے وہاں سب جمع ہو جاتے ہیں۔ جہاں گل (رہوگا) ہے وہاں خار بھی (ضرور ہوگا) ہے۔ خوشی کے ساتھ رنج۔ راحت کے ساتھ تکلیف ہوتی ہے۔ جہاں گنج وہاں رنج۔ مالدار کو تکلیفیں بھی زیادہ ہوتی ہیں۔ جہاں گنگ وہاں رنگ۔ جہاں جہاں گنگا بہتی ہے وہاں بیلے بھی ضرور ہوتے ہیں۔ جہاں مرغا نہ ہوگا اذان نہ ہوگی۔ جہاں مرغا نہیں ہوتا وہاں کیا سویرا نہیں ہوتا جہاں مرغ نہیں بولتا وہاں صبح نہیں ہوتی۔ جہاں ملا نہ ہوگا وہاں سویرا نہ ہوگا۔ کوئی کام کسی کی وجہ سے رکا نہیں رہتا ہو ہی جاتا ہے۔ جہاں نشیب (رہتا ہے) ہوگا وہیں پانی (مرتا ہے) مریگا۔ نفس کی گرفت ہوتی ہے۔ جہاں ننانوے گھڑے دودھ کے ہونگے وہاں ایک گھڑا پانی کا کیا جانا جائیگا۔ امیروں اور مالداروں میں غریبوں کی کیا پرسش۔ جہاں نہ جا کو گن لے۔ تہاں نہ تا کو نہاؤں۔ دھوبی بس کر کیا کرے دگمبر کے گاؤں (مذ) جہاں کسی کے پیشے یا قابلیت کی قدر نہ ہو وہاں نہ رہنا چاہیے۔ جہاں نہ جائے سوئی وہاں بھالا گھسیڑتے ہیں۔ بہت جھوٹ بولتے ہیں۔

جُہاں۔ جَہان (ف۔ مذکر)

۱ دنیا۔ عالم۔ سنسار ۲ لوگ۔ جہاں آرا (صفت) دنیا کو آراستہ کرنے والا یا سجانے والا۔ جہاں آفریں (صفت) جہان کا پیدا کرنے والا۔ جہاں آنکھوں میں اندھیر ہونا (لازم) کچھ سجھائی نہ دینا۔ سخت گھبراہٹ اور پریشانی ہونا۔ جہانبان (صفت) ۱ دنیا کا محافظ ۲ زبردست بادشاہ۔ جہانبانی (مونث) دنیا کی نگہداشت ۲ بادشاہت۔ بادشاہ کا کام رعیت کی حفاظت۔ جہاں بخش (صفت) دنیا کو بخشنے والا۔ جہاں بیں (صفت) ۱ [illegible] کو دیکھنے والا ۲ (مذکر) خدا ۳ آنکھ ۴ مسافر۔ جہاندیدہ جہان پاک کرنا (متعدی) دنیا سے کسی ناگوار شے کو معدوم کرنا۔ برے آدمیوں کو قتل کرنا۔ جہاں

پرور یا پناہ (صفت) دنیا کو پالنے والا اور پناہ دینے والا ۲ (مذکر) بادشاہ۔ راجہ۔ سلطان۔ جہاں پناہ سلامت (دعا) ۱ بادشاہ سلامت رہیں۔ نقیب بادشاہ کی سواری کے آگے یہ کہتے تھے ۲ بادشاہوں کو خطاب کرتے وقت لوگ کہتے تھے۔ جہاں تاب (صفت) دنیا کو روشن یا گرم کرنے والا (سورج) جہان تنگ ہونا (لازم) دنیا میں رہنا ناگوار ہونا۔ سخت مصیبت کا سامنا ہونا۔ جہاندار (صفت) ۱ دنیا کا قابض یا حاکم۔ بادشاہوں کو کہتے ہیں ۲ خدا کو بھی کہتے ہیں۔ جہانداری (مونث) حکومت۔ سلطنت۔ گورنمنٹ۔ جہاں دیدہ (صفت) ۱ تجربہ کار۔ آزمودہ کار ۲ سیاح۔ جہاں سوز (صفت) ۱ دنیا کو جلانے والا۔ آگ لگانے والا۔ جہاں سے اٹھنا یا جانا۔ راہی ہونا یا گذرنا (لازم) مرجانا۔ وفات پا جانا۔ جہاں سے ہاتھ اٹھانا (متعدی) گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ دنیا ترک کر دینا جہاں سیاہ ہونا (لازم) سخت غم اور رنج ہونا رنج و غم کی وجہ سے کچھ سجھائی نہ دینا۔ جہان [illegible] پاک کرنا (متعدی) دنیا سے کسی ناگوار شے [illegible] کرنا۔ جہان کے مزے (مذکر) دنیا کے [illegible] عیش و عشرت۔ جہاں گرد (صفت) [illegible] والا۔ پھرنے والا۔ سیاح۔ جہاں گردی (مونث) سیاحت۔ ملکوں میں پھرنا۔ جہاں گشت (صفت) پھرنے والا۔ سیاح۔ جہانگیر (صفت) ۱ دنیا پر قبضہ کرنے والا۔ دنیا کو فتح کرنے والا ۲ (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ جہانگیری (مونث) ۱ ساری دنیا کی سلطنت۔ فتح ۲ ایک قسم کا [illegible] کانچ یا لاکھ کی چوڑیاں ۳ (صفت) جہانگیر [illegible] کے متعلق ۵ بادشاہ کے متعلق۔ شاہی [illegible] جہان ہے یا اندھیر ہے [illegible] جہاں [illegible] (صفت) جہان کو [illegible] (مذکر) خیمہ۔ تنبو۔ جہانی (صفت) جہان کا۔ دنیا کا [illegible] دار ۲ (مذکر) اس دنیا کا آدمی۔ انسان۔ جہانیا [illegible] لوگ۔ خلقت۔ خلق اللہ۔ جہانیان جہاں [illegible] (صفت) ۱ ساری دنیا [illegible] پھرنے [illegible] کا لقب۔

[illegible] جہاندیدہ بسیار گوید [illegible] تجربہ کار آدمی بہت [illegible] بولتے ہیں۔

جھانبے کی چڑیاں ہیں (اُردو) یہ مجمع جلد متفرق ہوگا (دہلی)

جھانپ (ہ۔ مذکر) ۱ بانس کا ٹوکرا۔ بانس کا بڑا خوان پوش ۲ ڈیوڑھی کے آگے چھوٹا سائبان ۳ پردہ بانس کا۔ بانس کا ٹھاٹر جس پر چٹائی کا ٹکڑا ہوتا اور جو بطور دروازے کے استعمال ہوتا ہے ۴ بانس کے ٹکڑوں کا بنا ہوا مُرغی خانہ ۵ مکھی کا ٹپ ۶ لکڑی کا چوڑا اور پتلا تختہ جو چھت پر ڈالا جاتا ہے۔ **جھانپا** (مذکر) بڑا جھانپ۔ **جھانپنا** (متعدی) ڈھانپنا۔ ڈھانکنا۔ غلاف چڑھانا۔ چھپانا۔

جھانپو (ہ۔ مونث) ۱ ایک پرندے کا نام ۲ فاحشہ عورت۔ چھنال۔ **جھانپو کا** (صفت) غنڈوں کا محاورہ۔ کلمہ تضحیک۔ مخاطب کی نسبت۔

جھانٹ (ہ۔ مذکر) ۱ شرمگاہ کا بال۔ موئے زہار ۲ ادنے چیز۔ بے حقیقت چیز ۳ کم حقیقت آدمی (س جھٹ۔ اُلجھنا) **جھانٹ اپاڑنا یا اکھاڑنا** (متعدی) پشم کندہ کرنا۔ کچھ نقصان کرنا۔ عموماً نفی کے ساتھ۔ **جھانٹ برابر** (صفت) ادنے۔ کم وقعت ۲ ذرا سا۔ چھوٹا۔ **جھانٹ برابر نہ سمجھنا** (متعدی) کچھ بھی وقعت نہ سمجھنا۔ **جھانٹ بھی نہ اُکھاڑ سکنا** (متعدی) کچھ نہ کر سکنا۔ ذرا بھی نقصان نہ پہنچا سکنا۔ کسی قابل نہ ہونا۔ **جھانٹ جھڑی کا** (صفت) غنڈوں کا محاورہ۔ کلمہ تضحیک۔ مخاطب کی نسبت۔ **جھانٹ کی جُھٹلی** (صفت) ادنے۔ کم وقعت۔ **جھانٹیں اُکھاڑنا** (متعدی) ۱ پشم کندہ کرنا ۲ کچھ کرنا۔ **جھانٹیں مونڈنا** (متعدی) استرے سے موئے زہار صاف کرنا۔

مثل۔ جھانٹ اپاڑے سے مُردہ ہلکا نہیں ہوتا۔ تھوڑی سی مدد سے کام نہیں ہوتا۔

جھانج۔ جھانجن۔ جھانجی (ہ) دیکھو جھانجھ وغیرہ۔

جھانجھ (ہ۔ مونث) ۱ غصہ۔ تیہہ۔ غیض۔ غضب۔ طیش ۲ تیزی۔ تندی ۳ جھگڑا۔ فساد ۴ بھوک سے جھنجھلانا انسان یا گھوڑے کا ۵ کسی چیز کی بیحد خواہش (س جھن۔ آواز دینا) **جھانجھٹ** (مونث) جھگڑا۔ فساد۔ **جھانجھلانا** (لازم) تکرار کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ **جھانجھیا** (صفت) جھگڑا کرنے والا۔ جھگڑالو ۲ غصیلا۔

جھانجھ (ہ۔ مذکر) مجیرا۔ کھرتل۔ جلاجل ۲ پاؤں کا ایک کھوکھلا زیور جو چلنے میں بجتا ہے (س جھنجھنا۔ جھن۔ آواز دینا) **جھانجھا** (مذکر) ۱ سوراخدار پل۔ چھلنا۔ چھننا ۲ ایک کیڑا جو ہند گوبھی کو کھاتا ہے۔ **جھانجھر** (صفت) ۱ سوراخدار۔ جس میں چھید ہوں ۲ ٹوٹا ہوا۔ شکستہ۔ رِستا ہوا ۳ (مونث) دیکھو جھانجھ۔ جھاجھر۔ **جھانجھن** (مونث) جھانجھ ۲ **جھانجھی** (مونث) ۱ ایک سوراخدار برتن ۲ ایک کھیل یا تماشا جس میں لڑکیاں سوراخدار برتن میں چراغ رکھ کر لیجاتی ہیں۔ یہ رانی سانجھی کی یادگار ہے ۳ ایک گیت جو اس موقع پر گایا جاتا ہے۔ **جھانجھیں** (مونث) ایک قسم کا پاؤں کا زیور۔

جھانس (ہ۔ امر) جھانسنا کا۔ **جھانسا** (ماضی) ۱ جھانسنا کا ۲ (ہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ جل۔ بتا۔ دغا۔ فریب ۲ (ہ) خوشامد۔ منت ۳ (ہ) سخت خواہش۔ آرزو ۵ (ہ) منصوبہ۔ تدبیر ۶ تشخیص جمع جو صرف جانچ سے کی جائے۔ **جھانسا بتانا یا دینا** (ہ۔ متعدی) جل دینا وغیرہ۔ **جھانسنا** (متعدی) ۱ خوشامد کرنا۔ منت کرنا ۲ دھوکا دینا نیز ۳ خراب کرنا۔ پھسلانا۔ اغوا کرنا ۴ کسی بات کی سخت خواہش کرنا۔ آرزو کرنا۔ لالچ کرنا۔ **جھانسو** (مذکر) ۱ دھوکے باز وغیرہ ۲ خوشامدی ۳ خراب کرنے والا۔ اغوا کنندہ۔ **جھانسیا۔ جھانسے باز** (ہ) دم باز یا بتا دینے والا۔ **جھانسے میں آنا** (ہ۔ لازم) دھوکا کھانا۔ دم میں آنا۔

جھانک (س۔ مذکر) جھانک (ہ) دنیا کی بربادی کا زمانہ۔ قیامت۔ پرلو۔

جھانک (ہ۔ امر) ۱ جھانکنا کا ۲ (مونث) تاک۔ نظر دزدیدہ۔ چھپ کر دیکھنا (س ادیکش قابل دید) **جھانکا** (ماضی) جھانکنا سے۔ **جھانکا جھانکی یا جھونکی** (مونث) ۱ تاک جھانک چھپ کر دیکھنا ۲ دروازے۔ کھڑکی یا روزن میں سے دیکھ کر جلدی سے ہٹ جانا ۳ دروازے یا کھڑکی سے سر باہر نکالکر دیکھنا ۴ ملاحظہ کرنا۔ غور سے دیکھنا ۵ تھوڑی دیر کے لئے آنا۔ **جھانکی** (مونث) ۱ سوانگ۔ تماشا ۲ دید۔ نظارہ۔ سین۔

جھانک (ہ۔ مذکر) ۱ ہرنوں کا گلہ ۲ پرندوں کا جھنڈ ۳ ٹڈی دل۔

جھانکڑ (ہ۔ مذکر) ۱ خاردار جھاڑی ۲ درخت کی سوکھی شاخدار ٹہنی ۳ (صفت) دُبلا۔ لاغر (جھانک سے)

جھانکھ (ہ۔ مذکر) ہرن۔ غزال۔ بارہ سنگھا۔

جھانگ (ہ۔ مذکر) ۱ درخت کی شاخیں جو تراشی جائیں ۲ (ہ) جھاگ۔ **جھانگ دینا یا جھانگنا** (متعدی) ۱ درخت کی شاخیں کاٹ ڈالنا ۲ ہاتھ میں توڑ دینا۔

جھانگی (ہ۔ مونث) جھاڑ۔ جھاکڑ۔

جھانوا (ہ) **جھانواں** (ہ۔ مذکر) کھردری اینٹ جس سے میل صاف کرتے ہیں (س کشام)

جھانور (مذکر) **جھانوری** (ہ۔ مونث) جھانجھ زیور۔

جھانورا (ہ۔ صفت) سیاہ فام۔ سیاہ۔ کالا۔

جھانولی (ہ۔ مونث) ۱ نظر ذرا آنکھ بند کر کے۔ ناز بھری۔ گردش چشم۔ آنکھ کا اشارہ۔ ترچھی نظر۔ آنکھ مارنا ۲ پر اشتیاق نظر۔ شہوت بھری نظر۔ تاڑ بازی ۳ دھوکا۔ چکمہ۔ فریب **جھانولی باز** (صفت۔ مذکر) ۱ نخرے باز ۲ تاڑنے والا۔ **جھانولی دینا** (متعدی) ۱ آنکھ کا اشارہ کرنا۔ آنکھ مارنا ۲ شہوت بھری نظر سے دیکھنا ۳ جھانسا دینا۔ دھوکا دینا۔

جھانولی۔ جھانوُلی (ہ۔ مونث) گرم ہوا۔ لو۔

جھاؤ (ہ۔ مذکر) ایک درخت یا پودا جو دریا کے کنارے ہوتا ہے۔ جس کی ٹوکریاں وغیرہ بناتے ہیں۔ پلچھی (پ)

جھائیاں (ہ۔ مونث) جھائیں کی جمع۔ **جھائیاں پڑجانا یا پڑنا** (متعدی) چہرے پر دھبے پڑجانا۔

جھائیں (ہ۔ مونث) ۱ سایہ۔ عکس ۲ وہ عکس جو شیشے کو سورج کے سامنے کرنے سے پڑتا ہے ۳ سیاہ رنگ ۴ سیاہ داغ جو آئینے میں پڑے ۵ چہرے پر سیاہ داغ ۶ چاند کا داغ ۷ سیاہی کا داغ (س چھایا۔ سایہ) **جھائیں چھپّا** (مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا۔ فریب ۲ جلدی سے جھلک دکھا کر چھپ جانا۔ **جھائیں مائیں** (مونث) بچوں کا ایک کھیل جس

میں پھرتے جاتے ہیں۔ اور جھائیں مائیں کو دوں کی برات آئی کہتے جاتے ہیں۔
جھائیں جھائیں (اُردو۔ مونث) تکرار۔ حجت۔
جَھبّا (ہ۔ مذکر) پھندنا۔ گچھا۔ گپھا 1 سیاہ ریشم کا پھندنا جو علم پر باندھتے ہیں۔ پرچم 2 جھکا (س دربھ۔ گچھا بنانا)
جِہبِذ (ع۔ مذکر) ہشیار۔ پرکھنے والا نقدی کا۔
جَہبذت (ع۔ مونث) صرافی۔ روپے کے لین دین کا کام
جَھبرا (ہ) **جَھبڑا** (ہ۔ صفت) 1 بڑے بالوں والا 2 (مذکر) بڑے بالوں والا کُتّا (س دربھ۔ گچھا بنانا)
جَھبکا (ہ۔ مذکر) جُھبا۔ جھمکا۔
جھبکے کا بالا (مذکر) کان کی بالی جس میں جھمکا لٹکتا ہو۔
جَھبکانا (ہ۔ متعدی) 1 حیران کرنا 2 چندھیا دینا۔
جَھبوا (ہ۔ مذکر) 1 دیکھو جھبّا 2 دیکھو جھبرا 3 ٹیڑھا۔ جُھکا ہوا۔
جَھبتی (ہ۔ مونث) ایک زیور جس میں پھندنے لٹکتے ہیں۔
جَھبیا (ہ۔ مذکر) 1 ایک زیور 2 چھوٹا جھابا۔
جَھپ (ہ۔ مذکر) 1 کود۔ پھلانگ۔ چھلانگ 2 تیزی 3 جھٹکا 4 جلدی۔ تیزی 5 (صفت) تیز۔ جلد باز 6 (تف) جلدی۔ فوراً (س۔ جھمپ۔ کودنا۔ انگ جمپ) جھپات (ہ) جھپاٹ (ہ) جھپاٹا (ہ) دیکھو جھپاک۔ **جھپا جھپ** (تف) جلدی جلدی۔ **جھپاک** (مونث) **جھپاکا** (مذکر) 1 جلدی۔ تیزی۔ پھرتی 2 چستی۔ چالاکی 3 جلد۔ فوراً۔ **جھپاکا مارنا** (متعدی) جلدی سے کوئی کام کرنا۔ **جھپاک جھپاک** (تف) جلدی جلدی۔ لپک کر۔ **جھپاک سے**۔ **جھپاکے سے** (تف) بہت جلد۔ تُرت پھُرت۔ جلدی سے۔ **جھپ جھپ** (تف) جلدی۔ فوراً۔ جھٹ پٹ۔ **جھپ جالیا** (مذکر) 1 مسلمان کہاروں کا ایک فرقہ جو جال سے مچھلیاں پکڑتا ہے 2 (صفت) دغا باز۔ مکار۔ فریبی۔ **جھپ سے** (تف) دیکھو جھپا جھپ۔ **جھپ کھانا** (متعدی) کنکوے کا اُلٹ کر گر پڑنا۔
جَھپّا (ہ۔ مذکر) میوے اناج وغیرہ کا ڈھیر۔ انبار یا تودہ۔ جھوپا۔ جھونپا 1 میوے کا گچھا 2 جھونٹا۔ چوٹی 3 برقعہ۔ نقاب۔
جَھپّان (ہ۔ مذکر) 1 ایک قسم کی پالکی 2 مریض کی کمزوری۔ **جھپانی** (مذکر) کہار۔ جھپان اُٹھانے والا۔
جَھپانا (ہ۔ لازم) آنکھ بند کرنا۔ اونگھنا۔ سونا۔
جُھپّانا (ہ۔ متعدی) پتنگ کا اُلٹ جانا۔ جھپ کھانا (جھپ سے)
جِھپانا (ہ۔ متعدی) جھینپنا کا۔ شرمندہ کرنا۔ لجانا۔
جَھپٹ (ہ۔ امر) 1 جھپٹنا کا 2 (مونث) دوڑ۔ کود۔ چھلانگ۔ جلدی کا حملہ 3 چھیننا۔ کوئی چیز زبردستی یکایک لے لینا۔ اچک لینا 4 لڑائی کا دورہ (س جھمپ۔ کودنا) **جھپٹا** (امر) 1 جھپٹنا کا 2 (ماضی) جھپٹنا کی 3 (مذکر) چیل شیر وغیرہ کا کوئی چیز پنجوں سے چھین لینا۔ اُچک لینا 4 چھلانگ۔ کود 5 دوڑ 6 حملہ 7 کوئی لگاتار کام یا کوشش 8 تلواروں کی جھنکار 9 بیماری یا وبا کا حملہ۔ جوش۔ زور۔ ہوا۔ بخار۔ مینہ یا آگ کا 10 ہوا کا جھونکا 11 صدمہ۔ ٹکر 12 پلید رُوح کا اثر۔ سایہ۔ آسیب۔ **جھپٹا مارنا** (متعدی) دیکھو جھپنا 2 **جھپٹانا** (متعدی) جلدی سے دوڑانا یا چلانا۔ جلدی بھیجنا۔ کسی آدمی کو کام کیلئے جلدی دوڑانا۔ **جھپٹا ہو جانا** (لازم) دیکھو جھپٹے میں آجانا۔ **جھپٹ جانا** (متعدی) تیز جانا۔ جلدی جانا **جھپٹ چلنا** (متعدی) ایک خاص طریقے سے مچھلی کا شکار کھیلنا۔ **جھپٹ کر آنا** (لازم) حملہ کرنا۔ **جھپٹ لینا** (متعدی) 1 چھین لینا۔ اُچک لینا 2 زبردستی لے لینا۔ ہاتھ سے چھین لینا 3 مفت لے لینا۔ **جھپٹ میں آجانا**۔ (لازم) بھاگتے ہوئے کے ساتھ ٹکرا کر گر پڑنا **جھپٹنا** (لازم) 1 دوڑنا۔ جلد جانا۔ تیز چلنا۔ لپکنا 2 حملہ کرنا۔ حربہ کرنا 3 شکاری جانور کا شکار پر دوڑنا 4 چھیننا۔ اچک لینا 5 درمیان سے کوئی چیز لے لینا 6 اُڑتے ہوئے حملہ کرنا۔ **جھپٹے میں آجانا یا آنا** (متعدی) 1 کسی کے قابو میں آنا 2 کسی کے زیر اثر ہونا 3 نجس رُوح کے قبضے میں آجانا۔ آسیب ہونا۔ سایہ ہونا 4 مسحور ہونا جادو کیا جانا 5 کسی چیز کی چوٹ لگ جانا۔
جَھپَک (ہ۔ امر) جھپکنا کا 1 (مونث) شرم۔ حیا۔ حجاب 2 نیند کے غلبے سے آنکھ بند ہونا 3 آنکھ مارنا۔ پلک مارنا 5 پنکھا ہلانا 6 ہوا کا جھونکا 7 چمک 8 پلک کا ہلنا 9 چستی۔ چالاکی 10 ہلنا۔ لہرانا۔ ڈولنا جنبش کرنا (س جھمپ۔ کودنا) **جھپکا** (امر) 1 جھپکانا کا 2 (ماضی) جھپکنا کی 3 دیکھو جھپکی 4 دیکھو جھٹکا 5 دیکھو جھونکا 6 جلدی۔ عجلت۔ **جھپک آنا** (لازم) تھوڑی سی نیند آنا۔ آنکھ لگنا۔ **جھپکانا** (متعدی) دیکھو جھپکنا۔ **جھپک جانا** (متعدی) نیند سے آنکھ بند ہونا۔ **جھپک دکھانا** (متعدی) صورت دکھانا۔ **جھپکنا** (لازم) آنکھ بند ہونا۔ سونا 2 شرمندہ ہونا۔ جھینپنا 3 خوف کھانا۔ ڈرنا 4 جھپٹنا۔ چھیننا 5 حملہ کرنا۔ کودنا 6 (متعدی) آنکھ مارنا 7 ہلانا۔ لہرانا جھلانا 8 پنکھے کو ہلانا جھلنا 9 پھینکنا **جھپکی** (مونث) حملہ جیسے شیر یا چیل کا 2 چھیننا جھپٹ لینا 3 غنودگی۔ نیند 4 آنکھ مارنا 5 رعب تھوڑی دیر کیلئے آنا یا صورت دکھانا **جھپکی لینا** (لازم) تھوڑی دیر کیلئے سو لینا
جُھپلانا (ہ۔ متعدی) دھونا۔ کھنگالنا۔
جَھپیٹ (ہ۔ مونث) دیکھو جھپٹ اور جھپٹا۔ **جھپیٹا** (مذکر) دیکھو جھپٹ اور جھپٹا۔ **جھپیٹ کھانا** (متعدی) دھکا لگنا۔ ہلکی چوٹ کھانا۔ **جھپیٹ میں آنا** (لازم) دیکھو جھپٹے میں آنا۔ **جھپیٹنا** (ہ۔ متعدی) جھپٹنا۔ **جھپیٹے میں آنا** (لازم) دیکھو جھپٹے میں آنا۔ **جھپیٹے میں لانا** (متعدی) قابو میں لانا۔
جَہت (ع۔ مذکر) 1 حرکت دینا۔ ہلانا 2 غصے ڈر یا خوشی کو کم کرنا۔
جِہَت (ع۔ مونث) 1 سمت۔ طرف۔ جانب 2 وجہ۔ سبب (وَجہ۔ چہرہ سامنے کرنا) **جہت سے** (تف) سبب سے۔ لئے۔ وجہ سے۔
جَھٹ (ہ۔ صفت) 1 فوراً۔ دفعتہً۔ جلد ہی 2 (ہ) تیز۔ چست۔ چالاک 3 جلدی۔ تیزی۔ پھرتی۔ **جھٹ پٹ** (تف) فوراً۔ بہت جلد۔ **جھٹ سے** (تف) فوراً۔ **جھٹ سے بول اُٹھنا** (لازم) یکایک بولنا۔ فوراً بول پڑنا۔
مثل۔ جھٹ پٹ کی گھانی۔ آدھا تیل آدھا پانی ۔ جلدی میں کام خراب ہوتا ہے۔ جھٹ کرو ۔ جلدی کرو ۔ دیر نہ لگاؤ ۔
جُھٹ (ہ۔ صفت۔ مذکر) جھوٹا

کا مخفف۔ جُھٹ پٹا (مذکر) صبح یا شام کا وقت جبکہ ذرا ذرا تاریکی ہوتی ہے۔ غلس الصبح۔ صبح صادق

جُھٹّا (ہ۔ صفت و مذکر) جھوٹھا کا مخفف۔

جَھٹّاس (ہ۔ مونث) ۱ تیز بارش۔ موسلا دھار بارش ۲ ہوا کا جھونکا ۳ صدمہ۔ ضرب ۴ دستک۔ کھٹکا۔

جُھٹال (ہ۔ امر) جھٹالنا کا (جھوٹا سے) **جھٹال دینا** (متعدی) جھوٹا کر دینا۔ تھوڑا سا کھا لینا۔ **جھٹال لینا** (لازم) چکھ لینا۔ **جُھٹالنا** (متعدی) چھو کر خوراک کو نجس کر دینا ۲ خوراک کو چکھنا تھوڑا سا کھا لینا۔ جھوٹا کر دینا ۳ جھوٹا کھانا چھوڑ دینا ۴ کسی چیز میں سے ایک ایک لقمہ کھانا تاکہ باقی تقسیم کیا جائے ۵ جھوٹا بنانا ۶ کسی کے بیان کو جھوٹا ثابت کرنا ۷ غلط ثابت کرنا ۸ جھوٹا کرنا۔

جُھٹانا (ہ۔ متعدی) دیکھو جھٹالنا

۵ تا ۸

جُھٹّ (س۔ صفت) جھٹ۔ فوراً۔

جَھٹک (ہ۔ امر) ۱ جھٹکنا کا ۲ ہچکولا۔ جھکولا (س جھَ۔ٹ۔ الجھنا) **جھٹکا** (امر) ۱ جھٹکانا کا ۲ (ماضی) جھٹکنا کی ۳ (مذکر) دھکا۔ ٹکر ۴ مصیبت۔ آفت۔ حادثہ ۵ حیوانات کو سکھوں کے طریق پر کشتہ کرنا ۶ ٹیس۔ تپک ۷ ہوا کا جھونکا ۸ (صفت) ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔ نوڑا ہوا۔ **جھٹکا اُٹھانا** (متعدی) ۱ تکلیف اُٹھانا۔ بیماری اُٹھانا ۲ گھاٹا کھانا۔ خسارہ اٹھانا۔ **جھٹکا پڑنا** (متعدی) تکان کا صدمہ پہنچنا۔ **جھٹک دو** ۱ مکان صاف کر دو ۲ کپڑے صاف کر دو۔ **جھٹکا دینا** (متعدی) دیکھو جھٹکنا۔ **جھٹکا کرنا** (متعدی) بکرے یا مُرغ وغیرہ کی گردن ایک ہاتھ میں جُدا کرنا۔ **جھٹکا کھانا** (لازم) ۱ صدمہ پہنچنا۔ تکلیف اُٹھانا۔ بیماری اُٹھانا ۲ جھٹکا سہ کھانا۔ **جھٹکا مارنا** (متعدی) دیکھو جھٹکنا۔ **جھٹکانا** (امر) ۱ جھٹکنا کا ۲ جانوروں کی گردن تلوار سے علیحدہ کرنا **جھٹک جانا** (لازم) دُبلا ہو جانا۔ **جھٹک لینا** (متعدی) چھین لینا۔ اُچک لینا۔ **جھٹکنا** (متعدی) جھٹکا دیکر کھینچنا۔ ہلانا۔ جنبش دینا ۲ جھاڑنا زور سے ۳ چھیننا۔ جھپٹنا ۴ اپنا ہاتھ دوسرے کے ہاتھ سے جھٹکا دیکر چھڑانا ۵ صدمہ پہنچانا۔ دھکا دینا ۶ دیکھو جھٹکا کرنا ۷ (لازم) دُبلا ہونا۔ لاغر ہونا ۸ بیماری سے کمزور ہونا۔ **جھٹکے کا مال** (مذکر) لوٹ کا مال۔

جُھٹّل (ہ۔ تف) جھوٹ موٹ کا۔ دکھاوے کا۔

جُھٹلانا (ہ۔ متعدی) **جھُٹھالنا**۔

جھٹھلانا (ہ) دیکھو جھٹالنا۔

جَھٹّی (س۔ مذکر) چھوٹا درخت۔ جھاڑی۔

جُھٹیا (ہ۔ مونث) جھوٹا کی تصغیر۔

جُھٹیل (ہ۔ صفت) چھوڑا ہوا۔ جھوٹا۔ باسی ۲ (مذکر) باسی چیز۔ جھوٹی چیز ۳ (مونث) بدکار عورت۔ ہر ایک کی استعمال شدہ عورت۔

جَھجاوُر (اردو۔ مذکر) پہننے کا کپڑا جو لمبا اور فراخ ہو۔

جَھجّر (ہ۔ مذکر) بڑی صراحی۔ مٹی کا صراحی نما برتن (س جر۔ ٹوٹنا) **جھجری** (مونث) چھوٹا جھجّر۔

جِھجَک (ہ۔ امر) ۱ جھجکنا کا ۲ (مونث) شرم۔ حیا۔ حجاب ۳ خوف۔ بھڑک۔ جھک ۴ گھبرا کر حیران ہو کر یا ڈر کر پیچھے ہٹ جانا۔ بھڑکنا ۵ جھپک سے آنکھ بند ہو جانا ۶ حیرانی۔ تحیر۔ تعجب (س جھک ہٹانا) **جھجکانا** (متعدی) **جھجکنا** (لازم) ۱ خوف کرنا۔ ڈرنا۔ چونکنا ۲ شرم کرنا۔ حجاب کرنا ۳ حیران ہونا۔ **جھجک نکلنا** (لازم) ۱ ڈر ہٹنا۔ خوف جاتے رہنا ۲ بے تکلف ہو جانا۔ شرم جاتے رہنا۔ **جھجکی** (مونث) ۱ خوف۔ ڈر ۲ شرم۔ حیا۔

جِھجّھ (ہ۔ مذکر) لمبی داڑھی۔

جَھجّھا (ہ۔ مونث) ۱ موسلا دھار بارش ۲ آندھی۔ طوفان۔

جھجّھر۔ جھجّھری (ہ۔ مونث) دیکھو جھجّر۔ جھجری۔

جَھجّھر کا (ہ۔ مذکر) صبح صادق جھٹ پٹا

جِھجّھرنا (ہ۔ لازم) ۱ غصّے ہونا۔ ناراض ہونا ۲ چڑچڑا ہونا۔ زود رنج ہونا۔

جِھجّھکار (ہ۔ صفت) ۱ شرمیلا ۲ بھڑکنے والا۔ چمکنے والا ۳ (مذکر) شرمیلا آدمی۔ ڈرپوک آدمی۔

جَھجّھکارنا (ہ۔ متعدی) ۱ ڈرانا۔ جھجکانا ۲ آنکھ دکھانا۔ گھرکنا ۳ غصّے میں بولنا۔ دبانا۔

جَھجّھلا (ہ۔ مذکر) لفظی معنی سوراخدار۔ ایک قسم کی مٹھائی۔

جَھجّھلکا (ہ۔ مذکر) صبح صادق۔ تڑکا۔ جھٹ پٹا۔

جِھجّھنا (ہ۔ لازم) ۱ دیکھو جھجرنا ۲ (صفت) دیکھو جھنجنا۔

جُھجّھو جُھجّھو (اردو۔ مذکر) پالنا جھلانے والیاں۔ پالنے جھلاتے ہوئے یہ الفاظ کہتی ہیں۔

جِھجَک (ہ۔ مونث) **جھجک نکلنا** **جھجکنا**۔ دیکھو جھجک وغیرہ۔

جَہد (ع۔ مونث) ۱ کوشش سعی ۲ محنت۔ مشقت ۳ توجہ۔ تندہی (جَہَدَ۔ کوشش کرنا) **جہد جہید** (مونث) پرلے سرے کی کوشش۔

جَہدِش (ع۔ مذکر) کوشش۔

جُھڈّو (ہ۔ صفت) نکما۔ بے حیا۔ سُست ۲ بُڈھا۔ بوہک ۳ وہ جو اپنا وقت فضول ضائع کرے۔

جَھر (ہ۔ مونث) ۱ کپڑے یا کاغذ کے پھٹنے کی آواز ۲ (ہ۔ مذکر) ٹکڑا کپڑے کا۔ چیتھڑا۔ **جھرّا** (مذکر) جھرّا۔ **جھر جھر کر ڈالنا** (متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا۔

جَھر (ہ۔ مونث) گرمی آگ کی حرارت ۲ دیکھو جھڑ۔

جَہر (ع۔ مذکر) اونچی آواز سے پڑھنا۔ زور سے بولنا (جَہَرَ۔ اونچا بولنا) ۲ مشہور کرنا ظاہر کرنا ۳ کنواں صاف کرنا ۴ صبح کو کسی سے بلا اطلاع ملنے جانا ۵ عزت کرنا ۶ بہت سمجھنا ۷ مکھن نکالنے کیلئے ہلانا ۸ بھیس بدل کر سفر کرنا۔

جَہر۔ جہر (ع۔ مذکر) عورت کی قربانی۔

جَھر (ہ۔ امر) ۱ جھرنا کا۔ **جھرّا** (مذکر) جھرنا۔ **جھرنا** (لازم) ۱ دیکھو جھڑنا ۲ (ہ۔ مذکر) پانی کا چشمہ ۳ (ہ) آبشار۔ پانی کی چادر ۴ (ہ) حلوائیوں کا سوراخدار کفگیر ۵ پانی صاف کرنے کی چھلنی۔ **جھری** (مونث) آبشار۔ پانی کی چادر۔

جِھر (ہ۔ امر) جھرنا کا (س کشر بہنا) **جھرا** (ماضی) جھرنا کی۔ **جھر جھر** (ہ۔ صفت) جو تھوڑا سا بہے۔ جو چھوٹی سی دھار میں بہے۔ ٹپکنے والا۔ **جھر جھرا** (صفت) ۱ پتلا۔ باریک ۲ بُری طرح سے بُنا ہوا (کپڑا) **جھر جھرانا** (ہ۔ متعدی) چھوٹی سی دھار میں بہنا۔ قطرہ قطرہ بہنا۔ **جھر جھری آواز** (مونث) ناصاف

آواز۔ جو ٹھیک نہ نکلے۔ جھَڑنا (لازم) ۱ دیکھو جھڑجھڑانا
۲ رسنا۔ ٹپکنا ۳ جھڑنا۔ ہلایا جانا (جیسے کپڑے کا) ۴
چھننا۔ چھلنا جانا۔ جھَری (۲۔ مونث) درز۔ غار۔ شگاف
۲ چھوٹا سا چشمہ جس میں پانی رس کر جمع ہو ۳ گڑھا جو
نالے کی تہ میں کھودتے ہیں اور پانی رس کر جمع ہوتا
ہے ۴ کندوا۔ بنجوا۔ بیماری جس سے اناج مرجاتا ہے
۵ مرا ہوا یا خراب شدہ اناج۔

جُھَر (ہ۔ امر) جھرنا کا (س جُر۔ بُوڑھا
ہونا) **جھُرا** (ماضی) ۱ جھرنا سے ۲ (صفت) مُرجھایا
ہوا ۳ لاغر۔ دُبلا۔ **جُھَرکُٹ** (صفت) چھوٹا یا پتلا کٹا ہوا
۲ کٹا ہوا۔ تُوڑا ہوا جیسے شاخ ۳ دُبلا۔ پتلا۔ لاغر ۴ (مذکر)
چھوٹی چھوٹی شاخوں کا گٹھا۔ **جھر جانا۔ جھرنا** (لازم)
۱ دُبلا ہونا۔ بیماری کی وجہ سے لاغر ہونا ۲ غم سے گھلنا
ناتواں ہوتا جانا ۳ مرجھانا۔

جَھَربَرنا (ہ۔ لازم) زور سے جلنا۔
شعلہ زن ہونا۔ بالکل جل جانا۔

جھربیر یا بیری (ہ۔ مذکر) چھوٹے
جنگلی بیروں کا پودا۔ جھڑبیر۔ جھاڑی (جھاڑنا سے)
جھربیری کا کانٹا (مذکر) جھگڑا کرنے والا شخص۔
گلے پڑنے والا شخص ۲ اُلجھنے والا آدمی۔ **جھربیری
کے کانٹے کی طرح لپٹنا** (متعدی) پیچھے
پڑ جانا۔

جھرجَھر (ہ۔ مذکر) جھجھر۔
جُھرجُھری (ہ۔ مونث) بخار چڑھنے
سے پہلے سردی جو لگتی ہے۔ کپکپی۔ تھرتھری (س جُوَر۔
بخار چڑھنا)

جُھرکُٹ (ہ۔ صفت) دُبلا۔ لاغر۔
پتلا (س کشدر۔ لاغر) **جھرکٹ ہو جانا** (لازم) سوکھ
پنجر ہو جانا۔ لاغر ہو جانا۔ دُبلا ہو جانا۔

جھُرمُٹ (ہ۔ مذکر) ۱ بھیڑ۔ انبوہ
ہجوم۔ جمگھٹ۔ گروہ۔ ٹھٹھ۔ اژدحام۔ جمِ غفیر ۲ حلقہ۔
عورتوں کا حلقہ ۳ جلسہ۔ ناچ کا جلسہ ۴ فوج کی
پرابندی یا صف آرائی ۵ فوجوں کی مصنوعی جنگ ۶
لڑائی۔ جنگ جدل رزم ۷ چادر ارد گرد لپیٹ لینا کہ
سارا بدن چھپ جائے (س گشبھ۔ ہلنا) **جھرمٹ
کھانا** (متعدی) شکست کھانا۔ پیچھے ہٹ جانا۔
جھرمٹ مارنا (متعدی) ۱ کپڑا بدن کے ارد گرد
لپیٹ لینا۔ گھونگھٹ نکالنا ۲ اکٹھا یا جمع ہونا۔

جَھَرنا (ہ۔ لازم) ۱ دیکھو جھڑ ۲ (ہ)
دیکھو جھر کے تحت میں۔

جَھَروا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی اچھی
گھاس۔

جھَروکا (ہ۔ مذکر) **جھروکھا** (ہ)
کھڑکی۔ دریچہ۔ روشندان۔ محلوں کی کھڑکی جو باغ
یا دیوار کی طرف ہوتی ہے۔

جھَری (ہ۔ مونث) دیکھو جھلی۔
جُھرّی (ہ۔ مونث) سلوٹ۔ شکن۔
جو بڑھاپے کی وجہ سے بدن پر پڑ جائے۔ **جُھریاں
پڑنا** (لازم) شکن پڑنا۔ سلوٹیں پڑنا۔ مرجھا کر چھلکا
سکڑ جانا۔

جُھریانا (ہ۔ لازم) کملانا۔ مرجھانا۔
جھَڑ (ہ۔ امر) ۱ جھڑنا کا ۲ (مذکر)
پتّوں کا گرنا۔ گرنا ۳ قفل کا کھٹکا ۴ متواتر بارش۔
جھڑی۔ بوچھاڑ ۵ شلک۔ باڑ ۶ آنسوؤں کی جھڑی
۷ گالیوں کی بھرمار۔ باتوں کا سلسلہ (س شد یا کشر۔ گرنا)
جھڑا (ماضی) ۱ جھڑنا کی ۲ (امر) جھڑانا کا ۳ (صفت)
بالکل۔ کلہم۔ تمام۔ **جھڑا جھڑ** (تف) لگاتار۔ متواتر۔
پے در پے۔ بکثرت۔ **جھڑا جھڑ تلوار مارنا** (متعدی)
متواتر تلوار چلانا۔ دینہ تک تلوار کی لڑائی لڑنا۔ **جھڑا جھڑ
روپیہ برسنا** (متعدی) بہت آمدنی ہونا۔ اسباب کا
خوب بکنا۔ **جھَڑان** (ہ) دیکھو جھڑا ہٹ۔ **جھڑانا**
(متعدی) جھڑنا کا۔ **جھڑبیر یا بیری یا جھڑبیل**
(ہ۔ مونث) دیکھو جھربیر۔ **جھڑ پاتوں آلگنا** (لازم)
۱ جھڑے ہوئے پتّوں کی طرح ہو جانا۔ بہت بوڑھا ہو جانا ۲
کنارے آلگنا۔ **جھڑ پکنا** (لازم) پک کر جھڑنا ۲ بوڑھا
ہو کر ناکارہ ہو جانا۔ **جھڑ جھڑانا** (ہ) درخت کو ہلانا۔
پروں کو پھٹ پھٹانا۔ **جھڑجھڑانا** (متعدی) ہلانا۔
پھٹ پھٹانا۔ **جھڑ جھڑاہٹ** (مونث) پھٹ پھٹا
جھڑ لگانا (متعدی) مینہ برسانا۔ جھڑی لگانا۔ **جھڑ لگنا**
(لازم) دیکھو آخری۔ **جھڑن** (مونث) ۱ درخت سے پھل
کا گرنا ۲ پرندے کے پر جھڑنا یا آدمی یا جانور کے بال
گرنا ۳ جو جھڑنے کے بعد حاصل ہو۔ کوڑا کرکٹ۔ تراش
چھیلن۔ کترن وغیرہ ۵ فائدہ۔ نفع۔ سود تھوڑا سا ۶
کھرچن۔ تلچھٹ ۷ بالائی آمدنی۔ یافت۔ دستوری ۸
چراغ کا گل کترنا۔ **جھڑنا** (لازم) ۱ گرنا کسی چیز کا
کسی سے۔ جیسے پتّوں کا درخت سے۔ ٹپکنا ۲ صاف
ہونا۔ جھاڑ دیا جانا ۳ انزال ہونا۔ سیچنا۔ بچت ہونا ۴
فائدہ ہونا ۵ دم ہونا۔ منتر پڑھ کر پھونکا جانا ۶ بالوں کا
گرنا ۷ پرندوں کا پر گرانا ۸ ڈالا جانا۔ پڑنا ۹ باڑ چلنا ۱۰
کپڑے وغیرہ کا جھٹکا جانا ۱۱ ہلنا ۱۲ نوبت وغیرہ کا
بجنا۔ **جھڑوانا** (م) جھڑنا کا۔ **جھڑنی** (صفت) ۱
گرنے والا ۲ (عن) جو سردیوں میں پتے گرائے۔
جھڑی (مونث) ۱ متواتر بارش ۲ آنسوؤں کی قطار
متواتر رونا۔ **جھڑی باندھنا یا لگانا** (متعدی)
بندھنا یا لگنا (لازم) لگاتار مینہ برسنا۔ متواتر بارش
ہونا ۲ لگاتار رونا۔ **جھڑے وقت کی پیدائش**
(صفت) ڈھیلا۔ کاہل۔ سُست۔

**مثل۔ جھڑ بیری کے جنگل میں
بلّی شیر۔** جہاں آدمی اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا ہے وہاں
بہت دلیر ہوتا ہے۔

جُھَڑ (ہ۔ مذکر) جھاڑی۔
جھُڑاک۔ جھڑاکا (ہ۔ مذکر) ۱
جلدی۔ تیزی۔ پھُرتی ۲ کام کا جلدی کرنا۔ **جھڑاکے
سے** (تف) جلد۔ فوراً۔ تیزی سے۔

جھڑاکھا (ہ۔ مذکر) جھروکا۔
جھڑبرانا۔ جھڑبرنا (ہ۔ لازم)
جھربرنا۔

جَھڑپ (ہ۔ مونث) ۱ لڑائی۔ جھگڑا۔
فساد ۲ تیزی۔ تندی۔ غصّہ ۳ شعلہ ۴ ایک چیز کو
دوسری کا صدمہ ۵ (ہ) آسیب۔ سایہ (س جُوَر۔
گرم ہونا) **جھڑپا جھڑپی** (مونث) لڑائی خصوصاً
پرندوں کی۔ **جھڑپانا** (متعدی) پرندوں کو لڑوانا ۲
دو شخصوں کو لڑا دینا۔ آپس میں جھڑپ کرا دینا **جھڑپایا
جانا** (لازم) ۱ آپس میں لڑوایا جانا ۲ آسیب ہونا۔
جھڑپ کرا دینا (متعدی) آپس میں لڑوا دینا۔
دو شخصوں کو لڑوا دینا۔ **جھڑپنا** (لازم) ۱ لڑنا۔ جھگڑنا
۲ پرندوں کا لڑنا۔ **جھڑپ ہو جانا یا ہونا** (لازم)
۱ باہم تکرار ہونا ۲ مُرغوں کا لڑنا۔

جُھڑَپ (ہ۔ مونث) جھاڑی گھنا
درخت۔ درختوں کا گھنا جُھنڈ۔

جَھڑتی (ہ۔ مونث) تلاشی۔ جھاڑا
(لینا کے ساتھ)

جھڑ جھڑ (ہ۔ امر) جھڑجھڑانا کا۔
جھڑجھڑا (ماضی) جھڑجھڑانا کی۔ **جھڑجھڑاٹ**
(مونث) غصّہ ہونا۔ ناراض ہونا ۲ جھنجھلاہٹ۔ تنا بیزاجی
۳ غصّہ۔ جوش۔ **جھڑجھڑانا** (متعدی) ناراض یا
غصّے ہونا۔ طیش میں آنا۔

جھڑک (ہ۔ امر) ۱ جھڑکنا کا ۲ (مونث) ناراضگی۔ خفگی۔ دھمکی ۳ (ہ) جھٹکا۔ جھٹک ۴ (ہ) شگون۔ فال (س کشٹر۔ گرانا) **جھڑکا جھڑکی** (مونث) ایک دوسرے کو جھڑکنا۔ **جھڑکانا** (م) جھڑک دینا۔ **جھڑکنا** (متعدی) ۱ ڈانٹنا۔ ڈپٹنا۔ گھرکنا ۲ (ہ) ملانا ۳ (ہ) نکال دینا۔ ہٹا دینا۔ **جھڑکوانا** (م) جھڑکنا کا۔ **جھڑکی** (مونث) ڈانٹ۔ ڈپٹ۔ گھرکی۔ دھمکی۔ **جھڑکیاں** (مونث) جھڑکی کی جمع۔ **جھڑکیاں پڑنا** (لازم) عتاب ہونا۔ سرزنش ہونا۔ ڈپٹا جانا۔ لتاڑ پڑنا۔ **جھڑکیاں دینا** (متعدی) دیکھو جھڑکی دینا۔ **جھڑکیاں کھانا** (لازم) دیکھو جھڑکیاں پڑنا۔ **جھڑکی دینا** (متعدی) ڈانٹنا۔ ڈپٹنا دھمکی دینا۔

جَھڑوتا (ہ۔ مذکر) **جھڑوٹا** (ہ) ۱ وہ پھل جو آخر فصل میں درخت پر لگا رہے ۲ (صفت) بے موسم (س ورت۔ رہنا) **جھڑوٹے کی بتیا** (مونث) خربزہ جو آخر فصل تک شاخ پر لگا رہے۔

جَھڑوس (ہ۔ صفت) ۱ بدنما۔ نازیبا (غنڈوں کی اصطلاح) ۲ (مذکر) بے حمیت۔ بے غیرت شخص۔ عموماً بڈھا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

جَھڑی (ہ۔ مونث) دیکھو جھڑ کے تحت میں۔

جَھڑیل (ہ۔ صفت) لچر۔ پوچ۔

جَہش (ع۔ مذکر) ۱ چیخ مار کر بھاگ جانا ۲ بچے کا اپنی ماں کے پاس رونے کو تیار ہونا۔ **جَھش** (س۔ مذکر) ۱ مچھلی ۲ برج حوت ۳ مین۔ **جھش کیتو** (مذکر) ۱ دیکھو جوش ۲ کامدیو کا نام۔

جَھک (ہ۔ مونث) ۱ بکواس۔ بک بک فضول باتیں۔ واہی تباہی باتیں۔ وہ باتیں جو سمجھ نہ آئیں ۲ بڑبڑ۔ بڑبڑاہٹ۔ گنگناہٹ ۳ جھگڑا بحث۔ تکرار۔ لڑائی۔ فساد ۴ جوش۔ دیوانگی۔ جنون ۵ سخت بدبو (س دھوانکش۔ کائیں کائیں کرنا) ۶ (قصابوں کی اصطلاح) بوڑھی بکری۔ **جھکاونت** (ہ) غصے میں۔ ناراض۔ طیش میں **جھک جھک** (مونث) جھگڑا۔ تکرار۔ بک بک۔ **جھکجھکنا** (ہ) جھک مارنا۔ جھکنا۔ **جھک جھور یا جھورا** (مذکر) جھوری (مونث) **جھول** (ہ) ۱ لڑائی جھگڑا تکرار ۲ کھینچا تانی۔ دھول دھپا ۳ چھیڑ چھاڑ۔ ہنسی مذاق ایک دوسرے سے ۴ شرارت۔ **جھک جھول** (صفت) ۱ پریشان۔ گھبرایا ہوا ۲ گدلا (پانی) **جھکڑا** (ہ۔ مذکر) دیکھو جھک علاوہ ۲ **جھک مارتا ہے** ۱ بیجا کہتا ہے ۲ بیجا کرتا ہے ۳ جھوٹ بولتا ہے۔ **جھک مارنا** (متعدی) ۱ بکواس کرنا۔ بیہودہ بکنا ۲ بیہودگی کی باتیں یا کام کرنا ۳ بیوقوفی کرنا۔ بیوقوفی کا کام کرنا ۴ جھوٹ بولنا۔ باتیں بنانا۔ **جھک مت مار**۔ غصے میں کہتے ہیں جھوٹ مت بول وغیرہ **جھک مارنے کی بات ہے**۔ جھوٹ ہے۔ **جھک مرگی** (مونث) جھک ہو جانا۔ بیوقوفی کی باتیں یا بکواس کرنے کی عادت۔ **جھکنا** (ہ) جھک مارنا۔ **جھکی** (ہ) ناراض۔ غصے میں جوشیلا **جھکی۔ جھکیا** (ہ) ۱ بکواسی۔ بکی۔ بہت بکنے والا ۲ ضدی۔ اڑیل ۳ مجنوں۔ دیوانہ۔

جَھک (ہ۔ صفت) ۱ روشن۔ چمکدار چمکیلا ۲ سفید۔ صاف ستھرا۔ مصفا (س دھک۔ جلنا) **جھکا جھک** (صفت) ۱ دیکھو جھک ۲ بھڑکدار جس طرح کمخواب۔ **جھک کر دینا** (متعدی) ۱ روشن کر دینا۔ چمکا دینا۔ پالش کر دینا ۲ صاف کر دینا

جُھک (ہ۔ امر) جھکنا کا (س کشبھ۔ ہلنا) **جُھکا** (صفت) ۱ خمیدہ۔ خمدار۔ کج۔ مڑا ہوا ۲ (علم نباتات) سرخیز۔ **جھکا ہوا** (صفت) دیکھو جھکا ۱۔ **جھکا دینا**۔ **جھکانا** (متعدی) ۱ نیچا کرنا ۲ خمیدہ کرنا۔ کج کرنا۔ موڑ دینا ۳ سر جھکانا۔ سرنگوں کرنا ۴ سر ہلانا۔ خمیدہ ہونا ۵ شرمندہ کرنا۔ لجانا ۶ تولنا۔ ترازو میں رکھنا ۷ بات کرنا۔ کسی کو بات سنانا ۸ (بندوق) نشانہ لگانا۔ **جھکاوٹ** (مونث) ۱ خمیدگی۔ جھکنا ۲ جھکنے کی حالت ۳ **جھکاؤ** ۴ (ہ) سر ہلانا **جھکاؤ** (مذکر) ۱ جھکنے کی حالت۔ **جھکتا** (صفت) نیچا ہوتا ہوا۔ **جھکتا جھومتا** (صفت) چھپتا ہوا۔ نظروں سے بچنے کے لئے نیچے ہوتا اور چھپتا ہوا۔ **جھک پڑنا یا جانا** (لازم) دیکھو جھکنا۔ **جھک کر (کے) سلام کرنا** (متعدی) ادب سے سلام کرنا ۲ بحث میں ہار تسلیم کرنا ۳ طنزاً بھی سلام کرتے ہیں۔ **جھک کر ملنا** (لازم) بہت انکساری سے ملاقات کرنا۔ **جھکنا** (لازم) ۱ دیکھو جھکانا ۲ تیار ہونا ۳ اطاعت اختیار کرنا شکست ماننا ۴ ناراض ہونا۔ غصے ہونا ۵ ضائع ہونا ۶ (آنکھیں) بند ہونا۔ نیچی ہونا۔ شرما جانا ۷ فروتنی کرنا۔ عاجزی سے ملنا ۸ مصروف ہونا۔ مشغول ہونا ۹ کام کی طرف مائل ہونا ۱۰ صرف ہو جانا۔ خرچ ہونا ۱۱ پلہ جھکنا ۱۲ غور کرنا ۱۳ آگ میں گر پڑنا۔ **جھکوانا** (م) جھکنا کا۔

امثال و اقوال۔

جھک چلے تو لوٹے کا ہے۔ منکسر مزاج آدمی نقصان نہیں اٹھاتا **جھکے جو کوئی اس سے جھک جائیے رکے آپ سے اس سے رک جائیے**۔ جو شخص اچھی طرح ملے اس سے اچھی طرح ملنا چاہیئے۔ جو اکڑے اس سے اکڑ جانا چاہیئے۔

جَھکا (ہ۔ امر) جھکانا کا۔ **جھکانا** (متعدی) جھانکنا کا ۱ دکھانا۔ پھرانا ۲ (پٹہ بازی) مغالطہ دینا۔ دھوکا دینا۔ **جھکائی** (مونث) مغالطہ۔ دھوکا (دینا کے ساتھ)

جِھک جِھک (ہ۔ مونث) ۱ بک بک بکواس ۲ جھگڑا۔ تکرار (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (جھک سے)

جَھکرا (ہ۔ مذکر) مٹی کا بڑا برتن **جھکری** (مونث) مٹی کا برتن دودھ وغیرہ کے لئے۔ (جائی رپ)

جَھکّڑ (ہ۔ مذکر) باد تند کا جھونکا۔ نہایت تیز ہوا۔ طوفان باد ۲ جھک۔ بک بک ۳ (صفت) ضدی۔ اڑیل۔ ڈھیٹ۔ **جھکڑا** (مذکر) بدمزاج مرد **جھکڑی** (مونث) بدمزاج عورت۔

جھکل بادل ہو رہی ہے۔ (اردو) بیہودہ بحث اور تکرار ہو رہی ہے۔

جَھکنا (ہ۔ لازم) ڈھانکنا (خف)

جُھکنی (ہ۔ مونث) ۱ مصیبت۔ تکلیف ۲ رنج۔ غم۔

جَھکور (ہ۔ مذکر) ۱ نقصان۔ ضرر ۲ خلاء گھاٹا۔ ٹوٹا ۳ بیماری کا صدمہ ۴ تکلیف۔ مصیبت ۵ دیکھو جھکورا (س ہم۔ بارش اور ہوا)۔ **جھکورا** (مذکر) ۱ ہوا کا سخت جھونکا ۲ درخت کا ہوا سے ہلنا ۳ سخت بارش۔ تیز بارش ۴ بڑی لہر ۵ دھکا۔ ٹکر۔ پیلنا ریلنا **جھکورنا** (متعدی) ہلانا۔ بارش یا ہوا کا زور سے لگنا۔

جَھکول (ہ) **جھکولا** (ہ۔ مذکر) ۱ پانی کا دھکا۔ پانی کا زور سے آنا ۲ لہر۔ موج ۳ غوطہ۔ ڈبکی ۴ صدمہ۔ دھکا (س جھ۔ بارش اور ہوا) **جھکولا دینا**۔ **جھکولنا** (متعدی) ۱ پانی کا ہلانا ۲ پانی میں ادھر ادھر دوڑنا۔ غوطہ لگانا۔ ڈبکی مارنا ۳ صاف کرنا۔ دھونا۔ پانی

ڈالنا ۳ پانی میں کسی چیز کو یا ہاتھ کو ڈال کر ہلانا۔ **جھکولے دینا** (متعدی) ۱ غوطے دینا ۲ اِدھر اُدھر پھرانا **جھکولے کھانا** (لازم) ۱ پانی میں ڈوبنا اور اُبھرنا۔ غوطے کھانا ۲ زمانے کا گرم سرد دیکھنا **جھکولے لینا** (لازم) غوطے کھانا۔ ڈبکی لگانا۔

جَھکھَن (ہ۔ مونث) ۱ بکواس کرنا۔ بک بک کرنا ۲ پاگلوں کی طرح باتیں کرنا ۳ رونا چیخنا۔ **جھکھنا** (لازم) دیکھو جھکنا۔

جَھگّا (ہ۔ مذکر) دیکھو جھونگا۔

جَھگاڑ (ہ۔ صفت) بہت لڑائی جھگڑا کرنے والا۔

جھگانا (ہ۔ لازم) جھاگ آنا۔ پھیں آنا۔ کف یا جھاگ پیدا کرنا۔

جَھگٹا (ہ۔ مذکر) جھگڑا (عف)

جَھگَر (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا باز یا شکرا۔

جَھگَڑ (ہ۔ امر) جھگڑنا کا۔ **جھگڑا** (ماضی) ۱ جھگڑنا کی ۲ (مذکر) جھگڑنا سے۔ تکرار۔ دنگا۔ فساد قضیہ ۳ مجث۔ بحث۔ **جھگڑا اُٹھانا** (متعدی) جھگڑا شروع کرنا۔ فساد کی بنیاد رکھنا۔ **جھگڑا اک سو ہونا** (لازم) جھگڑا ختم ہونا۔ فساد مٹنا۔ **جھگڑا بڑھانا** (متعدی) فساد کو زیادہ کرنا۔ فریقین کو اکسانا۔ **جھگڑا بڑھنا** (لازم) فساد زیادہ ہونا۔ **جھگڑا پاک کرنا یا چکانا** (متعدی) **جھگڑا پاک ہونا** (لازم) ۱ فساد مٹنا۔ جھگڑا ختم ہونا ۲ مرجانا۔ وفات پا جانا جھگڑالو آدمی کا ۳ کسی معاملے کا طے ہو جانا بخیر و خوبی **جھگڑا پڑنا** (متعدی) فساد ہونا۔ **جھگڑا پکڑنا** (ہ) دوسروں کے جھگڑے میں دخل دینا۔ **جھگڑا پیدا کرنا** (متعدی) **پیدا ہونا** (لازم) فساد کی بنیاد پڑنا۔ **جھگڑا جانا** (لازم) فساد مٹنا۔ **جھگڑ جھگڑ کر لینا**۔ تکرار کر کے زیادہ لینا۔ شادی کے موقع پر کمینے لوگ اپنا حق لینے کے لئے تکرار کرتے ہیں۔ **جھگڑا جھگڑی** (ہ۔ مونث) آپس میں جھگڑنا۔ **جھگڑا چکنا** (لازم) دیکھو جھگڑا پاک ہونا۔ **جھگڑا چھونا** (متعدی۔ دہلی) یا **چھیڑنا** (متعدی) لمبا قصہ شروع کر دینا۔ لمبی کہانی بیان کرنا۔ **جھگڑا ڈالنا یا ڈلوانا** (متعدی) دو فریق کے مابین فساد کرا دینا۔ **جھگڑا رگڑا** (مذکر) فساد۔ **جھگڑا جھگڑا کرانا** مم) جھگڑا کرنا کا۔ **جھگڑا کرنا** (متعدی) ۱ لڑنا۔ جھگڑنا۔ فساد کرنا ۲ مزاحمت کرنا۔ معترض ہونا ۳ مقدمہ کرنا۔ دعویدار بننا۔ **جھگڑا کوتاہ کرنا** (متعدی) جھگڑا چکانا۔ **جھگڑا کھڑا کرنا** (متعدی) دیکھو جھگڑا اُٹھانا۔ **جھگڑالن** (ہ) جھگڑا کرنے والی عورت۔ **جھگڑالو** (مذکر) فسادی۔ شریر۔ جھگڑا کرنیوالا۔ تکراری حجتی۔ **جھگڑا مٹ جانا** (لازم) فساد رفع ہو جانا **جھگڑا مول لینا** (لازم) جھگڑے میں پڑنا۔ **جھگڑانا** (ہ) جھگڑا کرانا۔ **جھگڑا نکالنا** (متعدی) فساد کی بات پیدا کرنا۔ **جھگڑا ہونا** (لازم) جھگڑا کرنا کا۔ **جھگڑاؤ** (ہ۔ مذکر) جھگڑالو۔ **جھگڑ بیٹھنا** (متعدی) لڑنا۔ فساد کرنا **جھگڑ پڑنا** (متعدی) لڑ پڑنا۔ تکرار کرنا۔ **جھگڑ جھتّال** ہے۔ تکراری ہے۔ ناحق جھگڑتا ہے **جھگڑنا** (متعدی) ۱ تکرار کرنا۔ فساد کرنا ۲ ضد کرنا۔ اڑنا ۳ زیادہ مانگنا۔ **جھگڑو** (ہ۔ مذکر) جھگڑالو (عف) **جھگڑوں** (مذکر) جھگڑا کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **جھگڑوں میں پڑنا** (لازم) دوسروں کے معاملات میں دخل دینا۔ جھگڑوں کے کاموں میں حصہ لینا **جھگڑے** (مذکر) جھگڑا کی جمع۔ **جھگڑے بھرا** (صفت) بہت طوالت کا۔ بڑے جھگڑے کا۔ **جھگڑے پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ایسی باتیں ہونا جن سے جھگڑے شروع ہوں۔

امثال و اقوال۔ **جھگڑا جھوٹا قبضہ سچا**۔ قابض عام طور پر مالک سمجھا جاتا ہے۔ **جھگڑے کے تین زرے زن زر زمین**۔ **جھگڑے کی باتیں تین زن زر زمین**۔ **جھگڑے کی تین جڑ زن زمین زر**۔ ان تین سے جھگڑے پیدا ہوتے ہیں۔

جَھکَلا۔ جھکَلیا (ہ۔ مذکر) بچے کا لمبا کُرتا یا انگرکھا۔

جَہل (ع۔ مذکر) نادانی۔ جہالت۔ ناواقفیت (جَہِل۔ ناواقف ہونا) **جہل مُرکّب** اس شخص کی حالت جو جانتا بھی کچھ نہ ہو اور اپنے آپ کو لائق سمجھے۔ دو جہالتیں ایک تو نہ جاننا۔ دوسرے اپنے آپ کو لائق سمجھنا۔ **جَہلی** (مذکر) ۱ جاہل۔ اُجڈ۔ نالائق ۲ سفلہ کمینہ۔

جَھل (ہ۔ مونث) ۱ گرمی۔ حرارت (آگ کی) ۲ غصہ۔ طیش۔ جوش ۳ حسد۔ رشک۔ بدخواہی ۴ روشنی۔ تیزی روشنی کی۔ چمک (ہ) جگمگانا۔ روشن ہونا) **جھلّا** (صفت) مغلوب الغضب۔ غصیلا۔ تیز ۲ تیز۔ کڑوا۔ مرچ کے مزے کا ۳ شہوتی۔ شہوت پرست۔ **جھلا بور** (مست) **جھل** (صفت) ۱ روشن۔ چمکدار۔ منوّر ۲ (مذکر) روشنی۔ چمک دمک ۳ سونے چاندی سے مزیّن چیز ۴ سونے چاندی یا طلا باف کی چمک۔ **جھلّانا** (متعدی) ۱ جلنا۔ سوزش ہونا ۲ غصے ہونا۔ طیش میں آنا۔ غصہ آنا۔ **جھلاہی** (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو جھلا ۲ دیکھو جلہایا۔ **جھل بجھانا یا مٹانا** (متعدی) اپنا جوش یا شہوت مٹانا۔ خواہش پوری کرنا۔ **جھل جھل** (مذکر) چمک۔ دمک۔ روشنی۔ **جھلجھل** (مذکر) روشن۔ چمک۔ نور۔ چمک دمک۔ بھڑک۔ **جھلجھلا** (صفت) روشن۔ چمکیلا۔ **جھلجھلاٹ** (ہ) جھلجھلاہٹ۔ **جھلجھلانا** (متعدی) چمکنا۔ دمکنا منور ہونا۔ **جھلجھلاہٹ** (مونث) ۱ چمک۔ دمک۔ بھڑک ۲ وہ سوزش جو زخم پر کوئی نمکین چیز لگنے یا لب و زبان کو مرچ وغیرہ کی تیزی سے محسوس ہوتی ہے۔ **جھل جھلی** (مونث) خفیف بخار۔ **جھل جھلی سی آگئی**۔ خفیف تپ ہوگئی۔ **جھلّو** (صفت) جھلا۔ **جھلہائی** (مونث و صفت) دیکھو جھلہایا۔ **جھلہایا** (صفت) ۱ جلا ہوا۔ سوزاں ۲ جوش یا شہوت سے بھرا ہوا۔ شہوتی ۳ حاسد۔ رشک کرنے والا۔ بدخواہ ۴ (مذکر) شہوتی آدمی۔ رشک کرنے والا شخص۔ **جھلی** (صفت مونث) **جھلے باز** (صفت) چالاک۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ دغا باز۔

جَھل (ہ۔ امر) جھلنا کا۔ **جھلا** (امر) ۱ جھلانا کا ۲ (ماضی) جھلنا کی۔ **جھلانا** (متعدی) دھات کے برتن یا زیور کو ٹانکا لگوانا۔ **جھل دینا** (متعدی) ہوا دینا۔ **جھلنا** (متعدی) ۱ پنکھا کرنا یا ہلانا ۲ برف یا شوربے میں ہلایا جانا (س ہول۔ ہلنا) ۳ ٹانکا لگانا (س کشر۔ پگھلنا) **جھلوانا** (مم) ٹانکا لگوانا۔ **جھلوائی** (مونث) ٹانکا لگانے کی مزدوری

جَھل (ہ۔ امر) جھلنا کا (س ہول۔ ہلنا) **جُھلا** (امر) ۱ جھلانا کا ۲ (ماضی) جھولنا کی۔ **جھلار** (ہ) ۱ ہلنا۔ جھولنا ۲ درختوں کا جھومنا ۳ لہروں کا ہلنا ۴ جھلاؤ۔ **جھلا رکھنا** (متعدی) کسی کو کسی کام میں لگائے رکھنا ۲ اِدھر اُدھر کاموں میں دوڑانا۔ **جھلانا** (متعدی) ۱ ہلانا۔ جھولا دینا۔ دھکیلنا ۲ گہوارے کو ہلانا ۳ لیت و لعل کرنا۔ جھوٹے دعوے کرنا۔ کام اٹکائے رکھنا۔ **جھلنا** (متعدی) دیکھو جھولنا۔

جُہَلا۔ جُہَلہ (ع۔ مذکر) جاہل کی جمع۔

جَھلّا (ہ۔ مذکر) بڑی ٹوکری۔ **جھلی**

(مونث) ٹوکری۔

جَھلّا (ہ۔ مذکر) ۱ مینہ کی بوچھاڑ۔ ۲ بارش کا زور سے تھوڑی دیر کے لئے برسنا ۳ دیکھو جلّا۔ **جھلا میری** (مونث) دیکھو جلا میری **جھلّے پلّے** (مذکر) جھڑیاں۔ بارشیں۔ بوچھاڑیں۔

جُھلّا (ہ۔ مذکر) کرتا جو پاؤں تک لمبا ہو جیسے فقیر پہنتے ہیں۔ جھنگی۔

جَھلار (ہ۔ مذکر) جھاڑی گنجان درخت جھاڑ جھنکاڑ (س جھٹ۔ الجھنا) **جھلار جھلاری** (صفت) گنجان۔ جھاڑی کی طرح گنجان۔

جَھلّر (ہ۔ مذکر) رہٹ۔

جھلّڑ (ہ۔ مذکر) ۱ گروہ۔ مجمع۔ بھیڑ ۲ ریوڑ۔ گلّہ۔

جُھلس (ہ۔ امر) جھلسنا کا۔ **جھلسا** (امر) ۱ جھلسانا کا ۲ (صفت) جلا ہوا۔ لوکا لگا ہوا ۳ کمبخت۔ بدنصیب۔ نگوڑا ۴ (مذکر) لوکا۔ لپٹا۔ شعلہ (س جَل۔ روشن ہونا) **جھلسا دینا یا لگانا** (متعدی) آگ لگانا۔ جلانا۔ لوکا لگانا۔ **جھلسا لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **جھلسانا** (متعدی) **جھلسنا** (لازم) ۱ جلنا۔ پھکنا ۲ غصّہ ہونا۔ ناراض ہونا ۳ تھوڑا سا جلنا ۴ (متعدی) رشوت دینا۔ کچھ دے کر راضی کرنا ۵ ٹالنا۔ ناراضگی سے کچھ دینا ۶ بیاہنا۔ رخصت کرنا۔ شادی کرنا۔

جَھلک (ہ۔ امر) ۱ جھلکنا کا ۲ (مونث) چمک۔ دمک۔ روشنی ۳ جلوہ۔ عکس۔ پرتو ۴ صورت ۵ اثر ۶ مشابہت۔ میل ۷ پانی کی چمک دور سے۔ پانی کا نظر آنا ۸ تھوڑی دیر کے لئے دکھانا (س جھل۔ چمکنا) **جھلکا** (امر) ۱ جھلکانا سے ۲ (ماضی) جھلکنا سے ۳ (مذکر) جھلک (رت) ۴ آبلہ۔ پھپھولہ **جھلکار** (ہ) جھلک۔ **جھلکانا** (متعدی) دیکھو جھلکنا۔ **جھلک دکھانا** (متعدی) دم بھر کے لئے شکل دکھانا۔ **جھلک گیا**۔ ناگاہ نظر آگیا **جھلکنا** (لازم) ۱ چمکنا۔ دمکنا۔ روشن ہونا۔ درخشاں ہونا۔ منور ہونا ۲ کسی چیز کے اندر سے چمک ظاہر ہونا ۳ پانی کا دور سے نظر آنا ۴ ظاہر ہونا۔ نمایاں ہونا۔ **جھلکی** (مونث) جھلک **جھلکی دکھانا** (متعدی) جلوہ دکھانا۔ عکس دکھانا (س جول۔ چمکنا۔ دمکنا)

جَھلکا (ہ۔ مذکر) روپیہ (زنانوں کی اصطلاح)

جھلّکا (س۔ مونث) جھینگر۔

جُھلکانا (ہ۔ مذکر) جھلسنا۔

جَھلکنا (ہ۔ لازم) ۱ دیکھو جھلک کے تحت میں ۲ چھلکنا۔ بھر کر گرنا۔

جھلنگا (ہ۔ صفت) ۱ پرانا۔ ٹوٹا پھوٹا ۲ (مذکر) چارپائی کا بان جو بنا ہوا الگ کر لیا جائے۔ چارپائی جس کا بان ٹوٹا پھوٹا ہو (س کشن پرانا۔ خراب)

جھلم (ہ۔ مذکر) زرہ چہرے کی۔

جُھلمٹ (ہ۔ مذکر) جھرمٹ۔

جھلمل (ہ۔ مونث) ۱ چمک۔ جگمگاہٹ ۲ پانی کی چمک سورج کی روشنی میں ۳ ستاروں کا ٹمٹمانا ۴ جھلملی (س جَول۔ چمکنا) **جھلملا** (صفت) چمکتا ہوا دمکتا ہوا ۱ پتلا۔ باریک۔ مہین۔ **جھلملانا** (لازم) ۱ ٹمٹمانا۔ چراغ یا ستارے کا چمکنا ۲ چمکنا۔ جھلکنا۔ درخشاں ہونا۔ **جھلمل جھلمل کرنا** (متعدی) روشن کرنا۔ **جھلملی** (مونث) ۱ جھری دار کھڑکی ۲ چلمن۔ چک پردہ ۳ کان کے ایک زیور کا نام ۴ ایک قسم کی جالی ۵ (صفت) دھیمی دھیمی (روشنی) (س۔ جَول۔ دمکنا۔ چمکنا)

جھلنا (ہ۔ لازم) ۱ جھیلنا کا ۲ برداشت کرنا سہنا۔ تجربہ کرنا ۳ ہضم کرنا۔

جھلنگ۔ جھلنگا (ہ۔ صفت) ۱ پرانا۔ پھٹا پرانا۔ خراب ۲ پتلا۔ لاغر۔ دبلا ۳ باریک۔ مہین ۴ دیکھو جھلنگا۔

جھلنگا (ہ۔ مذکر) پیدل۔ سپاہی۔ پیادہ عدالت کا۔

جَھلوال (ہ۔ مذکر) ہار پھولوں کا۔

جَھلور (ہ۔ مذکر) دیکھو جُھلار۔ جُھل کے تحت ہیں۔

جھلّی (ہ۔ مونث) ۱ پتلا چمڑا انسان یا حیوان کا ۲ معدے کے اندر کا پتلا چمڑا ۳ آنکھ کا جالا ۴ نوزائیدہ بچے کے اوپر جو پردہ ہوتا ہے ۵ درخت کی اندرونی چھال ۶ لکھنے کے لئے کمایا ہوا چمڑا (س۔ کشین۔ نازک۔ باریک)

جھلّی (ہ۔ مونث) جھینگر **جھلّیک** (مذکر) جھینگر۔

جُھلّی (ہ۔ مونث) جھول کی تصغیر۔ سلوٹ۔ جھری۔ شکن۔

جَہَم (ع۔ مذکر) ۱ کسی سے اچھی طرح نہ ملنا ۲ (صفت) ترش رو۔ بدخلق ۳ آدم خوار شیر ۴ ایک نام۔

جھَما جھم (ہ۔ مونث) ۱ مینہ برسنے کی آواز ۲ چمکنے والا لباس ۳ گوٹا کناری کی چمک ۴ (صفت) زور سے۔ لگاتار (س۔ جھن۔ آواز دینا)

جھُما دینا (ہ۔ متعدی) جھومنا کا۔ وجد میں لانا۔ سر ہلوا دینا۔

جھَماکا (ہ۔ مذکر) ۱ دھماکا۔ دھڑاکا ۲ مینہ کا بھاری چھینٹا ۳ مینہ کا زور سے پڑنا ۴ چمک ۵ تیزی۔ جلدی۔ پھرتی چستی (س جھن۔ آواز دینا)

جھَمپ (س۔ مذکر) کود۔ چھلانگ۔ پھلانگ۔

جھَمپنا (ہ۔ لازم) ۱ جھپٹنا ۲ (متعدی) جھانپنا۔

جھَم جھَم (ہ۔ مذکر و صفت) دیکھو جھما جھم۔ **جھم جھم کا** ۱ گوٹا کناری کا ۲ چمک دمک کا۔ جگمگاتا ہوا۔ چمکتا ہوا۔ **جھم جھم کرنا** (متعدی) **جھم جھم ہونا**۔ جگمگانا۔ جگمگ جگمگ ہونا۔ چمکنا۔ درخشاں ہونا۔ **جھمجھماتا** (صفت) چمکتا ہوا۔ درخشاں۔ جگمگاتا ہوا۔ **جھمجھمانا** (لازم) چمکنا۔ روشن ہونا۔ **جھمجھماہٹ** (مونث) جگمگاہٹ۔ جھلک۔ **جھمجھمکا** (ہ) چمکتا ہوا (درخشاں)۔

جھَمر جھَمر (ہ۔ مونث) ۱ تھوڑا تھوڑا مینہ برسنا ۲ دیکھو جھما جھم۔

جھُمری (ہ۔ مونث) ایک راگنی کا نام۔

جھَمک (ہ۔ مونث) **جھمکا** (مذکر) ۱ چمک۔ دمک۔ بھڑک۔ درخشانی (س جول۔ چمکنا) **جھمکار** (مذکر) خوبصورت عورت کا دیدار **جھمکانا** (متعدی) ۱ چمکانا۔ دمکانا ۲ شان و شوکت دکھانا۔ **جھمکڑا** (مذکر) ۱ جھمک۔ جھلک۔ دیدار معشوق ۲ خوبصورتی۔ تجلی۔ جلوہ ۳ شان و شوکت۔ کرّ و فر۔ تجمل۔ **جھمکڑے سے** (رتف) شان سے۔ انداز سے۔ **جھمکنا** (لازم) ۱ چمکنا دمکنا۔ منور ہونا۔ درخشاں ہونا ۲ ناچنا۔ **جھمکی** (مونث) معشوق کا دیدار۔ آب و تاب۔

جھمُورا (ہ۔ صفت) ۱ بالدار۔ پشم دار ۲ (مذکر) وہ جانور جس کے بدن پر بال ہوں ۳ (ریچھ) وہ

سبچ جس کے کپڑے ڈھیلے ڈھالے ہوں۔ یہ الفاظ عموماً مداری اپنے شاگردوں کو کھیل کرتے ہوئے خطاب کرتے ہیں۔

جھمیل (مونث) **جھمیلا** (ہ۔ مذکر) ۱ جھگڑا بکھیڑا ۲ اٹکاؤ بمشکل (پڑ جانا۔ پڑنا۔ پھنسانا پھنسنا۔ کے ساتھ) (س جھن۔ آواز دینا) **جھمیلیا** (مذکر) جھگڑالو۔ فسادی۔ شرارتی۔ بکھیڑیا ۲ نادہند شخص۔

جھَن (ہ۔ صفت) جہاں کا مخفف۔

جھن نھن ۔ جہاں نہاں۔

جھَن (ہ۔ مونث) دھات کے برتنوں کے بجنے یا ٹکرانے کی آواز۔ جھنکار ۲ تلواروں کے لڑنے کی آواز یا گرنے کی (س جھَن۔ آواز دینا) **جھناکا** (مذکر) جھنکار۔ بجنے کی آواز۔

جھُن (ہ۔ مونث) تھوڑی سی مشابہت۔

جھُنّا (ہ۔ مذکر) جھونا کا مخفف۔ ایک قسم کی باریک ململ ۲ (صفت) دُور دُور بُنا ہوا۔

جھَنّانا (ہ۔ لازم) ۱ سنسنانا سرسرانا وہ کیفیت ہونا جو کسی عضو کے سو جانے سے ہوتی ہے ۲ غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔

جھَنٹ (ہ۔ مذکر) جھاڑی (س جھٹ۔ باندھنا) **جھنٹیا** (مونث) جھونٹا کی تصغیر چوٹی جو ہندو سر پر رکھتے ہیں۔

جھنٹی (ہ۔ مونث) ایک پودا۔

جھنٹیل (... صفت) بیہودہ۔ بے وقعت (جھانٹ سے)

جھنجر (ہ۔ مذکر) گوجروں کی ایک گوت۔

جھنجلانا۔ جھنجنا۔ جھنجوٹی ۔

جھنجوڑنا (ہ) دیکھو جھنجھلانا وغیرہ۔

جھُنجھ (ہ۔ مونث) جھانجھ۔

جھنجھا (ہ۔ مونث) آندھی۔ آندھی و بارش۔ طوفان باد۔ تند ہوا۔ جھکڑ ۲ جھنکار۔ جھن۔ **جھنجھانِل** (مذکر) سخت طوفان۔ باد و باراں۔ ہریکین ٹائیفون۔ وہ طوفان جو اکثر چوماسے کے دنوں میں آتا ہے۔ **جھنجھاواٹ** (مذکر) طوفان باد و باراں۔ آندھی۔

جھُنجھاہَٹ (ہ۔ مونث) مشکل۔ دقت ۲ پس و پیش۔ چنتا۔ وہم۔

جھنجھٹ (ہ۔ مذکر) جھگڑا۔ بکھیڑا۔ فساد ۲ مشکل۔ دقت ۳ حیرانی۔ پریشانی (س جھن۔ آواز دینا) **جھنجھٹ لانا** (متعدی) جھگڑا کرنا۔ فساد کرنا۔ **جھنجھٹی** (ہ) مشکل۔ دقت طلب۔ حیران پریشان کرنے والا ۲ دیکھو جھنجھٹیا۔ **جھنجھٹیا** (صفت) جھگڑالو۔ فسادی۔

جھنجھر (ہ۔ مذکر) **جھنجھری** (مونث) ۱ جھجری ۲ سوراخ۔ **جھنجھری دار** (صفت) سوراخدار۔

جھنجھکار (ہ۔ مونث) ۱ جھنکار جھن ٹن ٹن۔ گھنٹے کی آواز ۲ بھنبھناہٹ۔ گونج ۳ آنکھ پھوڑ ٹڈا یا جھینگر کی آواز۔

جھنجھلا (ہ۔ امر) جھنجھلانا کا (س دھون۔ آواز پیدا کرنا) **جھنجھلاٹ** (ہ) دیکھو جھنجھلاہٹ۔ **جھنجھلا جانا** ۔ **جھنجھلانا** (لازم) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ پیچ و تاب کھانا۔ **جھنجھلاہٹ** (مونث) غصہ۔ خفگی۔ ناراضگی۔ **جھنجھلاہٹ آجانا یا ہونا** (لازم) سخت غصہ آنا۔ **جھنجھلکار** (ہ) غصے ہیں۔ ناراضگی سے۔ جھنجھلا کر۔

جھنجھلنا (ہ۔ لازم) جھنجھلانا ۲ (متعدی) ہلانا۔ جھلانا۔ جھکولنا۔

جھنجھلیا (ہ۔ صفت) غصیلا چڑچڑا بدمزاج۔

جھنجھن (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو جھن ۲ جھانجھ کی آواز۔ جھنکار۔

جھنجھنا (ہ۔ صفت) غصیلا۔ چڑچڑا۔

جھنجھنا (ہ۔ صفت) ۱ پرانا۔ پھٹا پرانا۔ ٹوٹا پھٹا ۲ دبلا۔ لاغر۔ کمزور ۳ گھسا ہوا۔ پتلا۔ باریک۔

جھنجھنا (ہ۔ مذکر) بچوں کا ایک کھلونا جس کے بیچ میں لکڑی کی سلاخ اور ایک یا دونوں طرف لکڑی کے گول کرے لگے ہوتے ہیں۔ یہ اندر سے خالی ہوتے ہیں۔ ان میں کنکریاں ہوتی ہیں اسکو ہلانے سے یہ آواز دیتا ہے مختلف ممالک میں مختلف طریقوں سے بنلتے ہیں۔ (س دوَن آواز پیدا کرنا)

جھنجھنانا (ہ۔ لازم) ۱ سنسنانا ہنسی پیدا ہونا ۲ بجنا جھنکار پیدا ہونا۔ کھڑکنا۔ ٹھنٹھنانا ۳ (ہ) غصے ہونا۔ نادلجز ہونا جوش میں آنا۔ **چھر چھڑانا** (س دوَن۔ آواز پیدا کرنا)

جھنجھناہَٹ (ہ۔ مونث) ۱ سنسناہٹ سوزش۔ جلن ۲ (ہ) جھن جھن جھنکار۔ غصہ۔ ناراضگی۔

جھنجھنی (ہ۔ مونث) سنسناہٹ۔ جلن۔ سوزش۔

جھُنجھُنی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹے گھنگرو ۲ بیڑی پاؤں میں ڈالنے کی آواز (پہنانا۔ پہنناکے ساتھ) ان معنوں میں اس کی جمع استعمال ہوتی ہے (س دھون۔ آواز پیدا کرنا) **جھنجھنیاں پہنانا** (متعدی) **پہننا** (لازم) پاؤں میں بیڑی پہننا۔

جھنجھوٹی (ہ۔ مونث) ایک راگنی کا نام۔ **جھنجھوٹی لینا** (متعدی) ۱ جھنجھوٹی راگنی گانا ۲ ترش روئی سے بولنا۔ خفا ہونا ۳ جھگڑنا۔

جھنجھوڑ (ہ۔ امر) جھنجھوڑنا کا (س جھن۔ آواز دینا) **جھنجھوڑنا** (متعدی) کسی کو ہلا کر جگانا بیدار کرنا۔ ہوشیار کرنا ۲ تکلیف دینا۔ تنگ کرنا ۳ نوچنا۔ کھسوٹنا ۴ لعنت ملامت کرنا۔ **جھنجھوڑی** (مونث) جھنجھوڑنے کا فعل۔ **جھنجھوڑیاں دینا** (ہ۔ متعدی) جھنجھوڑنا۔

جھنجھی (ہ۔ مونث) کوڑی جس کے اوپر کا حصہ گھسا یا ٹوٹا ہوا ہو ۲ قماربازوں کی گھسی ہوئی کوڑی ۳ جھنجھیا ۴ (ہ) عورت جس کی ناک چپٹی ہو ۵ (ہ) جھنجھنی۔ **جھنجھی کوڑی** (مونث) جھنجھی۔ پھوٹی کوڑی۔ **جھنجھی کوڑی نہ ہونا** (لازم) بالکل مفلس ہونا۔

جھنجھیا (ہ۔ مونث) وہ سوراخدار برتن جو ہندو لڑکیاں کنوار کے شروع میں گھر گھر لئے پھرتی ہیں۔ اور مانگتی ہیں ۲ (ہ) چھوٹا مجیرا۔

جھنجی (ہ۔ مونث) دیکھو جھنجھی۔

جھنجیا (ہ۔ مذکر) دوآبہ گنگ وجمن میں ذسیبر کی ایک قسم۔

جھُنڈ (ہ۔ مذکر) ۱ مجمع۔ گروہ۔ بھیڑ۔ جماعت ۲ جانوروں کا گروہ۔ گلہ۔ ریوڑ۔ دل ۳ کیڑوں یا مکھیوں کی فوج ۴ (ہ) گروہ کا شور۔ بھنبھناہٹ (س۔ یوتھ۔ گروہ یو بمعنی ملانا سے) ۵ بہت سے درخت جو ایک جگہ اُگے ہوں ۶ جھاڑی۔ جھنکار ۷ گھاس کا پولا یا بنڈل ۸ کھڑے ہوئے بڑے اور گھنے بال ۹ درخت خراب حالت میں (س۔ جُھٹ۔ باندھنا) **جُھنڈ کے جُھنڈ** (مذکر) غول کے غول۔ پرے کے پرے۔ بہت سے

گروہ - **جھنڈی** (مونث) ۱ جھاڑی ۲ گھاس کا پولا ۳ چھوٹا جھنڈ درختوں کا ۴ گنے یا اناج کی جڑ ۵ کھونٹی جو اناج کے پودوں کے کاٹ لینے کے بعد کھڑی رہتی ہے ۶ کنڈے میں پڑا ہوا قلابہ - چلمن یا پردہ باندھنے کا قلابہ

جھنڈا (ہ - مذکر) ایک لمبی لکڑی کے سرے پر تکون یا چوکون کپڑا ٹانکتے ہیں اسے جھنڈا کہتے ہیں - علم - نشان (س جی - فتح کرنا) **جھنڈا اُڑانا** (متعدی) جھنڈا بلند کرنا - اونچا کرنا - **جھنڈا کھڑا کرنا** (متعدی) لوگوں کو یا فوج کو اکٹھا کرنے کے لئے علم گاڑنا ۲ فریاد و استغاثہ کے واسطے علم نصب کرنا ۳ نشان بغاوت بلند کرنا ۴ نشان فتح و ظفر بلند کرنا ۵ کسی خوشی کے موقع پر علم بلند کرنا - **جھنڈا گاڑنا** (متعدی) ۱ جھنڈا زمین میں نصب کرنا ۲ کسی ملک میں اپنا عمل کرنا - کسی ملک کو مسخر کرنا - **جھنڈا گڑنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ شہرت ہونا - **جھنڈا نیچا کرنا** (متعدی) بادشاہ یا کسی بڑے افسر کی موت پر جھنڈے کے کپڑے کو نیچا کرنا - یہ ماتم کی نشانی ہے - **جھنڈے پر چڑھانا** (متعدی) ۱ رسوا کرنا - بدنام کرنا ۲ شہرت دینا - **جھنڈے (پر) چڑھنا** (لازم) دیکھو آخری - **جھنڈے تلے کی دوستی** (مونث) اتفاقیہ یا چند روزہ دوستی - **جھنڈی** (مونث) جھنڈا کی تصغیر - چھوٹا جھنڈا جو نشان لگانے کے لئے گاڑتے یا اشارہ دینے کے لئے ہاتھ میں رکھتے ہیں -

جھنڈو (ہ - مذکر) ۱ بالوں کی لٹ یا گچھا ۲ پھول کی پتّی ۳ درختوں کے پتّے ۴ (پ) ایک مردانہ نام -

جھنڈو (ہ - مونث) ایک زنانہ نام بمعنی بالدار -

جھنڈولا (ہ - مذکر) **جھنڈولنا** (ہ) ۱ نوزائیدہ بچّہ جس کے سر پر بال ہوں ۲ کوئی شخص جس کے سر پر گھنے بال ہوں ۳ درخت جس پر بہت پتّے ہوں ۴ (صفت) بال دار - پشم دار ۵ گھنا (س جٹ - بال) **جھنڈولے** (مذکر) سر کے موٹے بال جو بہت گھنے ہوں -

جھنڈی (ہ - مونث) ایک پودا - جھٹی -

جھنڑ (ہ - مونث) جھنک (رغف)

جھنک (ہ - امر) ۱ جھنکنا کا ۲ مذکر (مونث)

جھنکار - گھنگرو وغیرہ کی آواز - بجنے کی آواز - ٹن ٹن - کھڑکھڑ ۳ سنسنانا - سوزش - جلن ۴ گھوڑے کے پاؤں کا ایک مرض (س جھن - آواز دینا) **جھنکا** (امر) ۱ جھنکانا کا ۲ (ماضی) جھنکنا کی - **جھنکانا** (ہ) دیکھو جھنکارنا - **جھنکنا** (ہ) ۱ دیکھو جھنکارنا ۲ غصّہ ہونا - ناراض ہونا -

جھنکار (ہ - اسم) ۱ جھنکارنا کا ۲ شیشے وغیرہ کے برتنوں کے ٹوٹنے کی آواز ۳ دھات کے برتنوں کے ٹکرانے کی آواز ۴ تلواروں کے ایک دوسرے پر لگنے کی آواز ۵ پازیب یا جھانجھر کی آواز ۶ زنجیر یا گھوڑے کے ساز کی آواز ۷ کوئی آواز جس میں سے جھن کی آواز پیدا ہو ۸ آنکھ مار ٹڈے اور جھینگر کی آواز (س جھن - آواز دینا) **جھنکارنا** (ہ - متعدی) ۱ جھنکار کی آواز پیدا کرنا - ٹن ٹن کرنا - بجانا - کھڑکھڑانا ۲ (لازم) بھنبھنانا - آنکھ مار ٹڈے یا جھینگر کا بولنا - جنگارنا - **جھنکانا** (ہ - متعدی) جھنکارنا - **جھنکنا** (ہ - لازم) ۱ دیکھو جھنکارنا ۲ غصّہ ہونا - ناراض ہونا - طیش میں آنا -

جھنکاڑ (ہ - مذکر) بغیر پتّوں کے درخت اُردو میں صرف جھاڑ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (س جھَ - بوسیدہ ہونا)

جھنکانا (ہ - متعدی) جھانکنا کا -

جھنکٹ (ہ - مذکر) جھرکٹ - چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا بنڈل -

جھنکڑا (ہ - مذکر) دیکھو جھنکاڑ -

جھنکھاڑ (ہ - مذکر) جھنکاڑ **جھنکھاڑا** (مذکر) ۱ جھنکاڑ ۲ بارہ سنگھا کیونکہ اس کے سینگ جھنکاڑ کی طرح ہوتے ہیں -

جھنکھنت (ہ - صفت) ۱ ہلا ہوا - ہوا کے جھونکے سے ہلا ہوا ۲ مرجھایا ہوا - پژمردہ ۳ ڈرا ہوا - دہشت زدہ - دہشت سے بال کھڑے ہوئے ۴ بڑبڑ بکنے والا - پاگل ۵ شاکی - گریاں - نالاں -

جھنکھڑا (ہ - مذکر) جھنکاڑ -

جھنکنا (ہ - لازم) ۱ ہلنا - ڈولنا ۲ مرجھانا - پژمردہ ہونا ۳ دہشت زدہ ہونا - گھبرانا - ڈرنا ۴ ڈر سے کانپنا - لرزنا ۵ جھکنا -

جھنگا (ہ - مذکر) اوپر کا کرتا - کوٹ یا انگرکھا - چغہ - جھگلا -

جھنگار (ہ - مونث) ۱ دیکھو جھنکار ۲ دیکھو چنگھاڑ - **جھنگارنا** (متعدی) ۱ دیکھو جھنکارنا ۲ دیکھو چنگھاڑنا -

جھنگاڑ (ہ - مونث) **جھنگاڑنا** (متعدی) دیکھو جھنگار و جھنگارنا -

جھنگلیا (ہ - مونث) بچّہ کا اوپر کا کپڑا چھوٹا کوٹ -

جہنّم (ع - مذکر) ۱ گہرا کنواں ۲ تحت الثریٰ ۳ دوزخ - نرک - **جہنّم کا نمونہ** (مذکر) نہایت مصیبت کی جگہ - **جہنّم میں پڑے یا جائے** (بددعا) مرے - تباہ ہو - برباد ہو - ناراضگی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - **جہنّم میں ڈالنا** (متعدی) ۱ عذاب میں مبتلا کرنا ۲ برباد کرنا - تباہ کرنا - **جہنّم واصل کرنا** (متعدی) دشمن کو قتل کرنا - **جہنمی** (صفت) دوزخی - دوزخ میں جانے والا - اہل جہنم (ع)

جہنو (س عص) ۱ ایک قدیم راجہ اور رشی کا نام جو اجمیدھ کا بیٹا سہوتر کا پوتا اور کورو کا پڑپوتا تھا - اور قوم کشیکہ کا جد اعلےٰ تھا - جب بھاگیرتھا کی استدعا سے دریائے گنگا زمین پر اُتری تو وہ جہنو کی بھینٹ دینے کی جگہ میں بہنے لگی - سو جہنو نے اس کو پی لیا - مگر بھاگیرتھا کی منت پر کان سے نکال دیا - اس لئے گنگا کو جہنو کی بیٹی کہتے ہیں ۲ وشن جی کا ایک نام ۳ چوتھے منونترے کے ایک رشی کا نام ۴ کوہ ہمالیہ کا ایک غار جس میں سے دریائے گنگا نکلی ہے - **جہنو پرَجا یا تنیا یا سُتا یا کنیا** (مونث) جہنو کی بیٹی - دریائے گنگا کا لقب - **جہنو سپتمی** (مونث) بساکھ کے مہینے کی روشن راتوں کی ساتویں تاریخ -

جھنواں (ہ - مذکر) ایک قسم کا عمدہ چاول -

جھنوانا (ہ - متعدی) ۱ پاؤں کو جھانویں سے صاف کرانا ۲ (لازم) دھوپ میں رنگ سیاہ پڑنا ۳ مرجھانا ۴ ہلکا ہونا ۵ آگ کا آہستہ آہستہ جلنا ۶ آگ کا مرجھا جانا - بجھ جانا -

جھن ہڈا (ہ - صفت) دُبلا - پتلا - لاغر - سوکھا ہوا - ہڈیاں نکلی ہوئیں -

جھنی (ہ - مونث) غشی - بیہوشی -

جھو (س - مذکر) ۱ آگ ۲ شعلہ ۳ گرمی -

جھوّا (ہ - مذکر) بڑا ٹوکرا -

جِھوا (ہ - مونث) زبان - جیب -

جھواں (ہ - تف) جہاں -

جھوپا (ہ - مذکر) میدے وغیرہ کا

انبار یا ڈھیر۔

جھوپڑا (مذکر) **جھوپڑی** (مونث) دیکھو جھونپڑا۔ جھونپڑی۔ **جھوپڑا ڈالنا** عارضی طور پر معمولی سا مکان بنانا یا چھپر ڈال کر رہنا۔

مثل۔ جھوپڑی میں رہے محلوں کے خواب ۔غریب ہیں۔ مگر خواہشیں بڑی ہیں۔

جھُوٹ (ہ۔ مذکر) ۱؎ جو بات سچ نہ ہو۔ واقعہ کے خلاف بات۔ دروغ ۲؎ چھل۔ دھوکا دغا۔ فریب۔ مکر۔ کھوٹ۔ بہانہ (س) چھپش۔ باقی چھوڑنا۔ **جھوٹا** (صفت) ۱؎ جھوٹ بولنے والا۔ دروغگو ۲؎ مکار۔ دغاباز۔ دھوکے باز۔ فریبی ۳؎ بے ایمان ۴؎ ناقص۔ کھوٹا ۵؎ نقلی۔ مصنوعی ۶؎ نکما۔ بیکار ۷؎ کسی کا کھایا ہوا۔ جس میں سے کسی نے کھا یا پی لیا ہو (کھانا یا برتن) ۸؎ مستعمل۔ برتا ہوا۔ **جھوٹا بٹ** (مذکر) کم وزن بٹا۔ **جھوٹا پیمانہ** (مذکر) کم وزن پیمانہ۔ **جھوٹا بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) دروغگو ٹھہرنا۔ **جھوٹا بے ایمان** (صفت) سخت جھوٹا۔ جھوٹا اور دغاباز۔ **جھوٹا پڑنا** (لازم) ۱؎ دروغگو ٹھہرنا ۲؎ بدن کے عضو کا بیکار ہونا۔ **جھوٹا پیغمبر** (مذکر) مسیلمہ کذاب۔ **جھوٹا ٹھہرنا** (لازم) جھوٹا ثابت ہونا۔ **جھوٹا جوڑا** (مذکر) لباس۔ جوتے یا زیور کا وہ جوڑا جس پر جھوٹا کام بنا ہو۔ **جھوٹا دعوے** (مذکر) ایسا دعوے جس کی کوئی بنیاد نہ ہو۔ **جھوٹ اُڑانا** (متعدی) جھوٹ بات مشہور کرنا۔ **جھوٹا کاغذ** (مذکر) جھوٹی دستاویز۔ بناوٹی تسک۔ **جھوٹا کام** (مذکر) وہ کام زری کا جو کھوٹے مسالے سے بنایا جائے۔ **جھوٹا کرنا** (متعدی) ۱؎ دروغگو ٹھہرانا۔ جھٹلانا ۲؎ کسی چیز میں سے کچھ کھا لینا۔ **جھوٹا لپاٹی** (صفت) گپی۔ لپاڑیا۔ **جھوٹا لنا** (متعدی) جھٹلانا۔ **جھوٹا مقدمہ** (مذکر) جھوٹا دعوے۔ **جھوٹا موتی** (مذکر) مصنوعی موتی۔ **جھوٹا نگ یا نگینہ** (مذکر) شیشے کا نگ۔ **جھوٹا وعدہ** (مذکر) وعدہ جو ایفا نہ ہو۔ **جھوٹا ہونا** (لازم) کسی کی بات جھوٹی ثابت ہونا۔ **جھوٹ بکنا** (لازم) جھوٹ بولنا۔ **جھوٹ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) ۱؎ جھوٹی بات دل سے گھڑی جانا ۲؎ جھوٹی تہمت لگنا۔ خلاف بات گھڑنا ۳؎ کسی کے برخلاف جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا۔ **جھوٹ بولنا** (لازم) جھوٹ کہنا۔ سچ نہ کہنا۔ غلط کہنا۔ خلاف واقعہ کہنا۔ **جھوٹ پکڑنا** (متعدی) جھوٹ کی گرفت کرنا۔ جھوٹی بات معلوم کرلینا۔ **جھوٹ پھیلنا** (لازم) جھوٹی بات مشہور ہو جانا۔ **جھوٹ جاننا** (متعدی) ۱؎ باور نہ کرنا۔ یقین نہ کرنا ۲؎ اعتقاد نہ لانا۔ **جھوٹ سچ** (مذکر) کچھ جھوٹ کچھ سچ۔ **جھوٹ سچ لگانا** (متعدی) جھوٹ باتیں کہہ کر کان بھرنا۔ جھوٹی شکایتیں کرنا ۲؎ الزام لگانا۔ تہمت لگانا ۳؎ غلط بیانی کرنا ۴؎ بدی کرنا۔ **جھوٹ کا پتلا** (مذکر) سخت جھوٹا آدمی۔ بہت جھوٹ بولنے والا شخص۔ **جھُوٹ کا پُل باندھنا** (متعدی) بہت جھوٹ بولنا۔ جھوٹ پر جھوٹ بولنا۔ **جھوٹ کا دفتر** (مذکر) ۱؎ جھوٹی باتیں۔ جھوٹے الزام ۲؎ افسانے۔ قصے۔ کہانیاں۔ جھوٹی کہانیاں۔ **جھوٹ کو سچ کر دکھانا** (متعدی) جھوٹی بات کو اس طرح بیان کرنا کہ سچی معلوم ہو۔ **جھوٹ کھانے والا** (صفت) ۱؎ پس خوردہ کھانے والا۔ بچا کھچا کھانے والا ۲؎ خوشامدی۔ چاپلوس۔ **جھوٹ کہنا** (متعدی) دروغگوئی کرنا۔ **جھوٹ کے بادل باندھنا** (متعدی) بہت جھوٹ بولنا۔ **جھوٹ کی پوٹ** (مونث) بالکل جھوٹ۔ سراسر جھوٹ۔ **جھوٹ کے دفتر** (مذکر) داستانیں۔ افسانے۔ کہانیاں۔ **جھوٹ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱؎ بہتان لگنا۔ تہمت لگنا ۲؎ غلط بیانی ہونا۔ بدگوئی ہونا۔ **جھوٹ موٹ** (مذکر) موٹ تابع مہمل ہے ۱؎ دروغ۔ غلط ۲؎ مذاق سے۔ ہنسی سے۔ **جھوٹن۔ جھوٹن جھاٹن۔ جھوٹن کوٹن** (مذکر) پس خوردہ یا بچا ہوا کھانا۔ **جھوٹوں** (تف) ۱؎ جھوٹ موٹ۔ یونہی ۲؎ مذاق سے ہنسی سے۔ **جھوٹوں بات نہ پوچھنا** (متعدی) دنیاسازی نہ کرنا۔ ظاہری طور پر نہ پوچھنا۔ دکھانے کو بھی ہمدردی نہ کرنا۔ **جھوٹوں کا بادشاہ پیر یا سردار** (مذکر) سخت جھوٹا۔ بڑا جھوٹا۔ **جھوٹوں پوچھنا** (متعدی) جی تو پوچھنے کو نہ چاہے مگر دنیاداری یا شرم کے لحاظ سے کسی کی خیریت دریافت کرلینا۔ منہ جھوٹا۔ ظاہری دریافت کرنا۔ **جھوٹوں مُنہ نہ چھونا** (متعدی) بالکل پرسان حال نہ ہونا۔ ظاہرداری بھی نہ کرنا۔ **جھوٹوں** (بھی) **نہ پوچھنا** (متعدی) دیکھو آخری۔ **جھوٹی** (صفت مونث) ۱؎ دیکھو جھوٹا ۲؎ دیکھو جھوٹے۔ **جھوٹے** (تف) بے فائدہ۔ لاحاصل۔ **جھوٹے پر آسمان پھٹے** (بد دعا) جو جھوٹ بولتا ہے غارت ہو جائے۔ **جھوٹے پر خدا کی لعنت یا مار**۔ جو جھوٹ بولے اس کا ستیاناس ہو۔ **جھوٹی زبان دینا** (متعدی) جھوٹا وعدہ کرنا۔ **جھوٹی خبر** (مونث) غلط خبر **جھوٹی سچی اُڑانا** (متعدی) ۱؎ جھوٹی خبر مشہور کرنا ۲؎ تہمت لگانا۔ **جھوٹی سچی کہنا یا ہانکنا** (متعدی) جھوٹی بات مشہور کرنا۔ جھوٹی خبر اُڑانا۔ **جھوٹی کرلو**۔ لب آشنا کرلو (رافیونیوں کی اصطلاح ہے) **جھوٹے کو حدتک پہنچانا یا گھر پہنچا دینا** (متعدی) قائل کر دینا۔ جھوٹے کو منوا دینا کہ اس نے جھوٹ کہا ہے **جھوٹے (کی قبر) کے گھر تک (پہنچا) ہو آنا** (لازم) جھوٹے کے جھوٹ کی تحقیق کرکے اسے شرمندہ کرنا۔ **جھوٹے مُنہ** (تف) ظاہرداری سے۔ نمائش سے۔ دکھاوے کو۔ **جھوٹے منہ کبھی نہ پوچھا**۔ ظاہرداری سے کبھی پیش نہ آئے۔ **جھوٹی مہندی** (مونث) اُتری ہوئی مہندی۔ استعمال شدہ مہندی۔ **جھوٹی نالش** (مونث) بناوٹی مقدمہ۔ **جھوٹے ہاتھ سے کتّا نہ مارنا** (متعدی) سخت کنجوس یا بخیل ہونا۔

امثال و اقوال۔ جھوٹا جوٹھ سے بُرا جو سونے کا ہوئے ۔ جھوٹا آدمی بہت بُرا ہے۔ چاہے بہت امیر ہو۔ جھوٹ کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **جھوٹا کوئی کھاتا ہے تو میٹھے کے لئے**۔ **جھوٹا کھائیے میٹھے کے لالچ** ۱؎ مزے کے لئے مکروہ چیز بھی نہیں چھوڑتے ۲؎ فائدے کے لئے تکلیف بھی اُٹھانی پڑتی ہے۔ **جھوٹا مرے نہ شہر پاک ہوئے**۔ جھوٹے کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **جھوٹ برابر پاپ نہیں ہے**۔ جھوٹ سب سے بڑا گناہ ہے۔ **جھوٹ بولنا اور رکھے (گو) کھانا برابر ہے** جھوٹ بولنا بہت بُری بات ہے۔ **جھوٹ بولنے میں رکھا کیا ہے**۔ جھوٹ بولنے کا کوئی فائدہ نہیں۔ **جھوٹ بولنے میں صرفہ کیا**۔ جب ایک دفعہ آدمی جھوٹ بول چکے تو پھر وہ کبھی نہیں رُکتا۔ **جھوٹ بولنے والوں کو پہلے موت آتی تھی اب بخار بھی نہیں آتا**۔ کلجگ کا زمانہ ہے۔ جھوٹ بولنے والوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ **جھوٹ بولوں تیرے مُنہ پر**۔ تیرے سامنے جھوٹ بولنے کی جُرأت نہیں۔ **جھوٹ جھوٹ ہے سچ سچ ہے**۔ سچ کے سامنے جھوٹ نہیں ٹھہرتا۔ **جھوٹ چاہے جیسے سچ کہے تیں**

ننگا کھلا۔ جھوٹ بولنے والے کو بہت سی باتیں بنانی پڑتی ہیں۔ سچا صاف بات کہہ دیتا ہے۔ جھوٹ سے کام نہیں چلتا۔ جھوٹ بولنے والے دوکاندار کا کام سرسبز نہیں ہوتا۔ جھوٹ کہنا اور جھوٹ کھانا برابر ہے۔ دونوں بہت بُرے ہیں۔ جھوٹ کے سو آڑو کھائے۔ جھوٹ کے سو لڈّو کھائے۔ سانچ کے سو مارا جائے۔ اس زمانے میں جھوٹا مزے میں رہتا ہے اور سچا نقصان اٹھاتا ہے۔ جھوٹ کے پاؤں (کہاں) نہیں ہوتے۔ جھوٹ فوراً ظاہر ہو جاتا ہے۔ جھوٹ کی ناؤ نہیں چلتی۔ جھوٹ سرسبز نہیں ہوتا۔ جھوٹ کو فروغ نہیں ہوتا۔ جھوٹ نہ بولے تو پیٹ اپھر (پھٹ) جائے۔ جھوٹ بولے بغیر رہ نہیں سکتا۔ جھوٹوں کا گھر نہیں بسنا۔ جھوٹ فروغ نہیں پاتا۔ جھوٹی بات بنالے پانی میں آگ لگالے۔ جھوٹ بات بنا کر دھوکا دے لے۔ جھوٹی بات بناوے پانی میں آگ لگاوے۔ جھوٹے کو کہتے ہیں۔ جھوٹی بات بنا کر دھوکا دیتا ہے۔ جھوٹی تو ہوتی نہیں کبھی بھی سانچی بات جیسے ٹہنی ڈھاک ما لگے نہ چوتھا پات۔ جھوٹ کبھی سچ نہیں ہو سکتا جیسے ڈھاک میں چوتھا پتّہ نہیں ہو سکتا۔ جھوٹے جگ پتیانے ! جھوٹے لوگوں کو دھوکا دے لیتے ہیں ؛ جھوٹے پر لوگ اعتبار کر لیتے ہیں۔ جھوٹے کا منہ کالا سچے کا بول بالا۔ جھوٹا ہر جگہ بےعزت ہوتا ہے۔ سچے کی ہر جگہ عزت ہوتی ہے۔ جھوٹے کے آگے سچّا رو مرے۔ جھوٹے کے مقابلے میں سچّے کی بات نہیں چلتی۔ جھوٹے کی کچھ پت نہیں سجن جھوٹ نہ بول۔ لاکھ پتی کا جھوٹ سے دو کوڑی ہو مول۔ جھوٹے کی کوئی قدر نہیں ہوتی۔ جھوٹے کی کیا دوستی لنگڑے کا کیا ساتھ۔ بہرے سے کیا بولنا گونگے کی کیا بات۔ یہ سب باتیں فضول ہیں۔ جھوٹے کے منہ میں بو آتی ہے۔ جھوٹ کی مذمت میں کہتے ہیں۔ جھوٹے کے منہ میں گوہ۔ اپنی سچائی جتانے کو بولتے ہیں۔ جھوٹے کی نہیں بڑھوتی۔ جھوٹے کو کبھی کامیابی نہیں ہوتی۔ جھوٹے گھر کو گھر کہیں اور سانچے گھر کو گور۔ ہم چلیں گھر آپنے اور لوگ مچاویں شور۔

اصل گھر تو قبر ہے۔ آدمی مرجاتا ہے تو لوگ خواہ مخواہ شور مچاتے ہیں۔ انسان اس وقت تو اپنے اصلی گھر کو جاتا ہے۔ جھوٹے مر گئے تمہیں تب بھی نہ آئی۔ جھوٹے کو کہتے ہیں۔ جھوٹے ہاتھ سے کُتّے کو بھی نہیں مارتا۔ اعلیٰ درجے کا کنجوس ہے۔

جھوٹا (ہ۔ مذکر) دیکھو جھونٹا۔ **جھوٹم جھاٹا** (مذکر) دیکھو جونٹم جھانٹا۔

مثل۔ جھوٹے جھوٹے ٹکریں لڑیں۔ جھنڈیوں کا ناس ہو۔ بڑے آدمیوں کے جھگڑوں میں چھوٹوں کا نقصان ہوتا ہے۔

جھوکھٹ۔ جھوکھٹا (ہ) دیکھو جھوٹ وغیرہ۔ **جھوکھٹان** (مونث) دیکھو جھوکھٹن۔ **جھوکھٹائی** (مونث) جھوٹ۔ **جھوکھٹن** (مذکر) پسماندہ یا بچی ہوئی خوراک۔

جھوکٹن۔ جھوٹبائل (ہ۔ مونث) وہ زمین جو سال میں دو فصل دے۔

جھوجرا (ہ۔ مذکر) ! وہ جس کے اجزا باہم ملے ہوتے نہ ہوں ؛ ٹوٹا ہوا۔ شکست۔ متخلخل۔ **جھوجھری آواز** (مونث) ٹوٹے ہوئے برتن کی آواز۔ **جھوجھرے لٹکنا** (متعدی) سلائی میں زیادہ جھول پڑنا۔

جھوجھ (ہ۔ مذکر) لڑائی جھگڑا۔ دیکھو **جُجھ۔ جھوجھ کرنا** (متعدی) لڑنا۔ جھگڑنا (س یُدھ۔ لڑنا)

جھوجھ (ہ۔ مذکر) ! معدہ ؛ توند ؛ بہت بھاری جسم ؛ گھونسلا۔ آشیانہ۔ **جھوجھارہ** (مذکر) ! معدہ ؛ موٹا آدمی۔ فربہ شخص ؛ مسلمانوں کی ایک ادنیٰ قوم دوآبہ گنگ وجمن میں جو بہت کھانے کے لئے مشہور ہیں۔

جھوجھرا (ہ۔ مذکر) دیکھو جھوجرا۔

جھوجھرو (ہ۔ مذکر) ایک پودا جسے اُونٹ بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ جنگلی نیل۔

جھوجھنا (ہ۔ متعدی) دیکھو جوجھنا۔

جھوجھو کے راول کے (اُردو) لیٹ کر بچے کو پاؤں پر بٹھا کر کہتے ہیں۔ پر چانے کے لئے۔

جُھود (ف۔ مذکر) یہودی۔

جھور (ہ۔ امر) جھورنا کا۔ **جھورا** (ماضی) ! جھورنا کا ؛ (صفت) مرجھایا ہوا۔ خشک۔ پژمردہ۔ **جھورنا** (لازم) مرجھانا۔ خشک ہونا مرجانا (س۔ جرٹی۔ بوڑھا ہونا)

جھور (ہ۔ امر) جھورنا کا۔ **جھورا** (ماضی) ! جھورنا کا ؛ (مذکر) مونگ موٹھ وغیرہ کی پتیاں جو مویشی کو بطور چارہ ڈالی جاتی ہیں۔ **جھورنا** (متعدی) ! ہلانا۔ جھاڑنا۔ جھنجھوڑنا ؛ پیسنا۔ کوٹنا۔

جھوڑ (ہ۔ امر) ! جھوڑنا ؛ (مذکر) مارنا۔ پیٹنا۔ کوٹنا ؛ پنجہ مارنا۔ نوچنا۔ گھسوٹنا ؛ (ہ) جھگڑا فساد۔ لڑائی۔ تکرار۔ غصّے کی باتیں ؛ شور۔ غل۔ غوغا ؛ جوش۔ زور۔ طیش ؛ ستار وغیرہ کی ساری تاروں کو اکٹھا بجانا (س جھ۔ جھنکار) **جھوڑا** (ماضی) ! جھوڑنا کا ؛ (مذکر) دیکھو جھوڑ ۲ و ۳ و ۵ و ۶ **جھوڑ کرنا** (متعدی) لڑنا۔ جھگڑنا۔ **جھوڑنا** (متعدی) دیکھو جھوڑ ۲ و ۳ **جھوڑ ہونا** (لازم) لڑنے کو دل چاہنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا (س جھ۔ آواز)

جھوڑ (ہ۔ مذکر) جھاڑی۔ **جھوڑ جھانٹ** (مذکر) جھاڑیاں (س۔ جٹ۔ باندھنا)

جھوسا (مذکر) **جھوسی** (ہ۔ مونث) پھوہار۔ ہلکی بارش۔ بوندیں۔

جھوک (ہ۔ امر) ! جھوکنا کا ؛ (مونث) خمیدگی۔ جھکاؤ۔ ٹیڑھاپن ؛ دھکا۔ ریلا۔ ہچکولا ؛ لچک ؛ ترازو کے پلّے کا جھکنا ؛ وزنی چیز کا بوجھ۔ وزن۔ تول ؛ ہوا کا زور یا ریلا ؛ بارش کا زور ؛ پینک۔ نشہ ؛ جھولے کا دھکا ؛ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا (س کشبھ۔ ہلنا) **جھوکا** (ماضی) ! جھوکنا کی ؛ دیکھو جھوک ۲ و ۵ و ۶ و ۷ و ۹ ؛ تیز ہوا ؛ نیند کا ہچکولا ؛ کسی چیز کی جنبش (ہ) ایندھن ڈالنے والا۔ فائرمین **جھوک دینا** (متعدی) ! خرچ کرنا۔ لگا دینا ؛ آگ میں ڈالنا ؛ جھولے کو پینگ دینا۔ **جھوک سنبھالنا** (متعدی) ! بانس یا کسی چیز کی لچک کو روکنا ؛ ہوا کے جھونکے سے بچنا ؛ نقصان برداشت کرنا ؛ کسی شخص یا خاندان کا خرچ اُٹھانا۔ **جھوک کھانا** (لازم) صدمے یا ریلے کو روکنا۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ گر پڑنا۔ **جھوک مارنا** (متعدی) ڈنڈی مارنا۔ تولتے ہوئے ترازو کی ڈنڈی کو چیز کی طرف جھکا دینا۔ کم تولنا۔ **جھوکنا** (متعدی) جھکنا کا ! جھکانا۔ ٹیڑھا ہونا ؛ بندوق کا نشانہ باندھنا۔ بندوق کا رُخ کسی کی طرف کرنا ؛ گفتگو کا نشانہ بنانا ؛ حملہ کرنا۔ جھپٹنا ؛ (متعدی) (س کشپ۔ پھینکنا) ڈالنا۔ پھینکنا ؛ آگ میں ڈالنا

۵ (تنور۔ بھاڑ) گرم کرنا۔ برباد کرنا۔ اُڑانا۔ خرچ کرنا ۶ بری جگہ شادی کرنا۔ ۱ ہلاکت میں ڈالنا۔ خطرے میں ڈالنا ۱۱ کوڑا کرکٹ کو آگ لگانا ۱۲ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا ۱۳ (ہ۔ مذکر) ایندھن۔ بھاڑ۔ تنور یا بھٹی کو گرم کرنے کے لئے

جھوکند (ہ۔ مذکر) وہ جگہ تنور وغیرہ کے آگے جہاں جھوکا کھڑا ہوکر ایندھن ڈالتا ہے۔ تنور کا منہ **جھوکیا** (ہ۔ مذکر) دیکھو جھوکا۔

جُھول (ع صفت) سخت جاہل۔ نادان

جُھول (ہ۔ امر) جھولنا سے ۱ ہاتھی گھوڑے۔ بیل۔ کُتّے وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا ۲ بدنما ڈھیلی ڈھالی پوشاک ۳ (ہ) جھولا۔ جھلیلا ۴ (ہ) جھولا (س ہول۔ ٹیڑھا چلنا) **جھولا** (مذکر) ۱ وہ رسّی جس کے دونوں سرے درخت یا کھمب میں کچھ فاصلے پر باندھ دیتے ہیں اور اس پر بیٹھ کر جھولتے ہیں ۲ پالنا۔ ہنڈولا ۳ ایک گیت جو جھولا جھولتے ہوئے گایا جاتا ہے۔ **جھولا جھلانا** (متعدی) دوسرے شخص کو جھولے پر بٹھا کر پینگ دینا۔ **جھولا جھولنا** (متعدی) جھولے پر بیٹھ کر آگے پیچھے حرکت کرنا۔ **جھولا ڈالنا** (متعدی) جھولنے کے لئے رسّی درخت وغیرہ میں باندھنا

جھولن (ہ۔ مذکر) ۱ جھولنا ۲ بہنگی (کہاروں کی اصطلاح)

جھولنا (لازم) ۱ لٹکنا۔ آویزاں ہونا ۲ جھولے پر بیٹھ کر پینگ لینا ۳ اِدھر اُدھر ہلنا۔ جھومنا ۴ جھوٹے وعدے پر امیدوار رہنا ۵ کام میں رُکا یا اَٹکا رہنا ۲ (ہ۔ مذکر) جھولا ۵ ہنڈولا ۶ ایک قسم کا گیت یا نظم۔ **جھولن یاترا** (مونث) ہندوؤں کا ایک تیوہار کرشن جی اور رادھا جی کی یادگار میں۔ اس میں دونوں کی مورتیاں جھولے میں رکھ کر پینگ دیتے رہتے ہیں۔ اور گیت گاتے رہتے ہیں۔ یہ پانچ دن تک رہتا ہے۔ **جھولی** (مونث) ایک کپڑا جس سے بھوسے کو دانے سے الگ کرنے کے لئے پنکھے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ جب ہوا نہ ہو ۲ جھولے کی لکڑی یا پیڑھی ۳ ایک قسم کا جھولا جس میں ایک کپڑے کے چاروں کونوں کو رسّی سے باندھ کر درخت کی ٹہنیوں میں باندھ دیتے ہیں۔ اور اس میں لیٹ رہتے ہیں۔

جھول (ہ۔ امر) جھولنا کا ۱ (مذکر) ڈھیلاپن۔ کشادگی ۲ کپڑے کی شکن۔ پوست کی شکن ۳ ملمع گلٹ ۴ ایک دفعہ جنے ہوئے بچّے ۵ کسی چیز کا پورا تنا ہوا نہ ہونا۔ دونوں طرف سے بندھی ہوئی رسّی یا پتنگ کی ڈور کا ڈھیلا ہونا ۶ ہاتھی کی رفتار کا جھٹکا ۷ خراب سلے ہوئے کپڑے کی شکن جو بدن پر مطابق نہ ہونے کی وجہ سے پڑ جاتی ہے۔ کسی عضو کا ٹیڑھا یا کھنچا ہوا ہونا ۸ جھگڑے یا السیٹ کی بات (غنڈوں کی اصطلاح) ۱۱ (ہ) رعشہ۔ جھولا ۱۲ (ہ) شوربا۔ یخنی۔ (س ہول۔ ٹیڑھا ہو جانا) **جھولا** (مذکر) ۱ تھیلا جو سپاہی شکاری وغیرہ گلے میں چیزیں ڈالنے کے لئے لٹکا لیتے ہیں ۲ غلاف جس میں بندوق رکھتے ہیں ۳ تھیلی جو اسباب کے لئے پالکی کے نیچے باندھتے ہیں ۴ سرد ہوا جو کھیتوں کو نقصان پہنچاتی ہے ۵ دھوپ کا صدمہ۔ جھر۔ سام ۶ سخت گرم ہوا۔ لو ۷ رعشہ۔ فالج ۸ رسّی یا اور کسی چیز کا ڈھیلاپن۔ ناہمواری ۹ کسی کو بلانے کے لئے ہاتھ کو جھکانا ۱ (صفت) ڈھیلا۔ لٹکا ہوا۔ خمیدہ۔ **جھول آجانا یا آنا** (لازم) گائے بھینس کا بیانے کے قریب ہونا۔ **جھولا زدگی** (مونث) گرم ہوا یا لو کے باعث میوہ جات یا زراعت کا مارا جانا۔ **جھولا مارا جانا** (لازم) ۱ رعشہ ہونا۔ فالج گرنا ۲ جسم کا ڈھیلا پڑنا ۳ سست ہونا۔ بیکار ہونا۔ **جھولا ہونا** (لازم) رعشہ ہونا۔ فالج ہونا۔ **جھول بٹھانا** (متعدی) مُرغی کے نیچے انڈے رکھنا۔ انڈے بٹھانا۔ **جھول پڑنا** (لازم) شکن پڑنا۔ کپڑے کا بدن پر ٹھیک نہ بیٹھنا۔ **جھول پھیرنا** (ہ) ملمع کرنا۔ گلٹ کرنا۔ **جھول جھال** (مذکر) جھگڑا۔ تکرار ۲ دیر۔ وقفہ۔ ڈھیل (لگانا کے ساتھ)

جھولدار باتیں (مونث) چالاکی یا فریب کی باتیں۔

جھول ڈالنا (متعدی) کپڑا سینے میں شکن ڈال دینا ۲ بچّہ جننا۔ **جھولنا** (ہ۔ متعدی) ۱ ہلانا جیسے پنکھے کو ۲ ہلانا۔ حرکت دینا۔ جھکولنا ۳ (ہ۔ مذکر) فقیروں کی تھیلی جس میں بھیک ڈالتے ہیں۔ جھولی ۴ کوکھ کا گوشت

جھول نکالنا (متعدی) ۱ بچّے نکالنا۔ مرغی کا بچے دینا ۲ شکن نکالنا ۳ بچّے دلوانا۔ **جھول نکلنا** (لازم) ۱ بچّے پیدا ہونا مرغی کے ۲ شکن نکلنا۔

جھولی (مونث) ۱ فقیروں کی تھیلی۔ کپڑا جس کے چاروں کونے باندھ کر گلے میں ڈال لیتے ہیں ۲ دامن یا وہ پٹہ جو کسی چیز کے لئے پھیلایا جائے ۳ دمبڑنگ کی تھیلی جو محرم میں بچّوں کے گلے میں ڈال دیتے ہیں ۴ (ہ) بیل کا بڑھا ہوا پیٹ ۵ کُشتی میں ایک پیچ یا داؤ ۶ وہ کپڑا جس سے اناج بھوسے سے جدا کرنے میں ہوا دیتے ہیں **جھولی بھرنا** (متعدی) جھولی میں کوئی چیز خود ڈالنا ۲ کسی کا جھولی میں کچھ ڈالنا **جھولی بھری ہونا** (لازم) جھولی میں بہت کچھ پڑا ہونا۔ **جھولی چھوڑنا** (متعدی) ۱ پیٹ کا لٹک جانا توند نکالنا ۲ بدن کا ڈھیلا پڑ کر گوشت کا لٹک جانا۔ **جھولیدار** (مونث) ۱ ایک قسم کی ٹوپی ۲ (علم نباتات) بوری نما۔ **جھولی ڈالنا** (متعدی) فقیر ہو جانا۔ بھیک مانگنا

جھوم (ہ۔ امر) ۱ جھومنا کا ۲ (ہ۔ مذکر) ہلنا۔ لہرانا۔ جھولنا۔ حرکت کرنا ۳ (ہ) پتوں کی بہتات (س کشم۔ ہلنا) **جھوم جھوم کر** (رکے) (ننف) ۱ ہل ہل کر۔ لہرا لہرا کر ۲ خوب زور سے۔ گھر گھر کر ۳ ہچکولے لیکر۔ **جھوم جھوم کر بادل آنا** (لازم) گھر کر بادل آنا۔ **جھومر** (مذکر) ۱ مجمع۔ بھیڑ۔ جماعت۔ مجلس۔ ہجوم ۲ چیزوں کا مجمع ۳ ایک زیور جو ماتھے پر لٹکتا ہے ۴ عورتوں کا مجمع ناچنے کے لئے ۵ ایک قسم کا ناچ جس میں عورتیں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر اور حلقہ باندھ کر ناچتی ہیں۔ دست بند ۶ ایک گیت جو اس ناچ کے وقت گایا جاتا ہے۔ **جھومر باندھنا** (متعدی) دست بند ناچنا۔ **جھومر بندھنا** (لازم) جھومر ناچ ہونا **جھومر کا چاند** (مذکر) ایک گول مرصع ٹکڑا سونے یا چاندی کا جو جھومر ۳ میں لگا ہوتا ہے۔ **جھومر لگانا** (متعدی) جھومر کو ماتھے پر لٹکانا۔ **جھُومک** (ہ) ۱ جم غفیر۔ مجمع عظیم۔ سخت بھیڑ۔ بہت ہجوم ۲ فوجوں کی پرابندی ۳ لڑائی۔ جنگ۔ جھرمٹ۔ **جھومکا** (مذکر) **جھومکی** (مونث) دیکھو جھمکا۔ **جھومنا** (لازم) ۱ ایک جگہ کھڑے ہوکر اِدھر اُدھر ہلنا۔ لہرانا۔ جھومنا۔ حرکت کرنا ۲ لڑکھڑانا۔ ڈگمگانا۔ نشے میں اِدھر اُدھر ہلنا ۳ لٹکنا۔ آویزاں ہونا ۴ جانوروں کا نیچے اوپر سر ہلانا ۵ اونگھنا ۶ ہاتھی کی چال چلنا۔ مستانہ چال چلنا ۷ مزے میں یا جوش میں بیٹھے ہوئے اِدھر اُدھر ہلنا ۸ بادلوں کا اکٹھا ہونا یا جمع ہونا ۹ جھکنا۔ نیچا ہونا **جھومیلا** (ہ) (صفت) ۱ لہرانے والا ۲ اکٹھا ہونے والا۔ مجمع ہونیوالا ۳ سر اوپر نیچے ہلانیوالا (جانور)

جھُونا (ہ۔ مذکر) ۱ باریک اور چھدرا بنا ہوا کپڑا۔ سستی ململ ۲ ایک ہندستانی موٹا چھدرا کپڑا ۳ پکا ہوا ناریل ۴ عمدہ قسم کی چھالیا (س جُری۔ پُرانا ہوا)

جھونا (ہ۔ مذکر) ۱ چلانا۔ حرکت دینا ۲ شروع کرنا۔ طوالت سے بیان کرنا ۳ مارنا۔ پیٹنا ۴ تارع مہل سونا وغیرہ کے ساتھ (س کشم۔ ہلنا)

جھونپا (ہ۔ مذکر) ۱ خوشہ۔ گچھا۔ (میوے کا) ۲ بال (اناج یا پھول کی) ۳ جھونٹا۔ چوٹی ۴ بالوں کا گچھا سر کے اوپر سکھوں یا جوگیوں کی طرح ۵ برقعہ۔ نقاب۔

جھونپڑا (مذکر) **جھونپڑی** (ہ۔ مونث)

ہے۔ بندیاں رپ) جھبلنی دینا (متعدی) بچہ ہوتے وقت ایک خاص ترکیب سے جنبش دینا۔

جھبیں (ہ۔ لفت) ۱ جہاں جہیں۔ جہاں۔

جھبیں (ہ۔ ضمیر) جس کو

جھیں۔ جھینا (ہ۔ صفت) ۱ دُبلا۔ لاغر۔ کمزور۔ سُوکھا ہوا ۲ پتلا۔ باریک ۳ نازک۔ پتلا اور لمبا ۴ نفیس۔ عمدہ ۵ لطیف۔ رقیق۔

جھینت (ع۔ مذکر) ایک بڑے قبیلے کا نام۔

جھینک (ہ۔ امر) جھینکنا کا۔

جھینکا (ماضی) جھینکنا کی۔ **جھینکنا** (ہ۔ متعدی) **جھینکھنا** (ہ) ۱ رونا۔ گریہ زاری کرنا ۲ شکایت کرنا۔ شاکی ہونا ۳ دکھڑا رونا۔ مصیبت بیان کرنا ۴ افسوس کرنا۔ پچتانا۔ غم کرنا ۵ ماتم کرنا۔ **بیٹنا** ۶ (ہ) کسی کی سفارش کرنا ۷ (مذکر) غم۔ رنج۔ گلہ۔ شکوہ۔ گریہ زاری۔ شیت۔ ٹھنڈا ہونا۔ **جھینکتا پھرے گا** ۱ پچتائے گا۔ افسوس کرے گا۔ شکوہ کرتا پھرے گا۔

جھینگا (مذکر) **جھینگا توری** (ہ۔ مونث) ایک ترکاری۔

جھینگا (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔ چنگڑی۔

جھینگٹ (ہ۔ مذکر) مانجھی۔ پٹیریا ستکان۔

جھینگر (ہ۔ مذکر) ایک چھوٹا سا کیڑا جو دیواروں میں رہتا ہے۔ اور کپڑے چاٹ جاتا ہے لمبی لمبی مونچھیں ہوتی ہیں۔ **جھینگر کا چاٹ جانا** **جھینگر لگنا** (لازم) جھینگر کا کپڑوں کو کھا جانا۔

مثل۔ جھینگر بیٹھے بچھے پر کہے کہ ہم ہاتھی ہیں۔ جھینگر کپڑے کے پیچھے لگ جائے تو کچھ چھوڑتا ہی نہیں۔

جھی (ہ۔ ونث) ۱ ایک قسم چھوٹے جو کی ۲ ایک انگریزی اناج جسے اوٹ کہتے ہیں ۳ (ہ) جو کے پودے کی کونپلیں جو ہندو دسہرے پر پگڑی میں لگاتے ہیں ۴ چاول کی پھوٹتی ہوئی پود۔

جی (ہ۔ حرف ایجاب) ۱ ہاں ۲ جناب حضرت۔ صاحب ۳ ایک تعظیم کا کلمہ جو اسم کے آخیر میں لگاتے ہیں ۴ درست ہے۔ بجا ہے ۵ (طنزاً)

[illegible] زندہ ہو کا مخفف ہے) [illegible] من چلا ۴ سخی۔ [illegible] آزادی بلانے تو [illegible] منا مدن بن **کھنا** [illegible] انقلان [illegible] کرنا ۵ معنی ستوں میں۔ **جی ہاں** ۶ یہ کلمہ کسی کے جواب میں کہتے ہیں ۷ طنزاً بھی کہتے ہیں۔

مثل۔ جی کہو جی کہلاؤ۔ جو دوسروں کی عزت کرتا ہے۔ اس کی بھی عزت ہوتی ہے۔

جی (ہ۔ مذکر) ۱ جان۔ روح۔ زندگی ۲ دل۔ من ۳ طبیعت۔ خواہش ۴ زیست۔ زندگی ۵ ذات۔ شخصیت۔ نفس ۶ خود۔ آپ ۷ جرأت۔ دلیری۔ حوصلہ ۸ طاقت۔ قوت ۹ الفت۔ محبت ۱۰ کوئی زندہ چیز (مثل جیو) جیا (مذکر) ۱ جی کی تصغیر (بطور تملّق) **جی آجانا یا آنا** (لازم) ۱ عاشق ہونا ۲ کسی کام یا بات کو دل چاہنا۔ کسی بات کی خواہش۔ **جی اٹکنا** (لازم) محبت ہونا۔ **جی اُٹھا لینا یا اُٹھانا** (متعدی) دیکھو دل اُٹھا لینا۔ **جی اُٹھ جانا یا اُٹھنا** (لازم) متنفر ہونا۔ بیزار ہونا ۲ زندہ ہو جانا۔ جان پڑ جانا ۳ کسی بات یا کام کو دل نہ چاہنا۔ **جی اچاٹ ہو جانا یا ہونا۔ جی اُچٹ جانا یا اچٹنا** (لازم) کسی کام میں دل نہ لگنا۔ طبیعت ہٹ جانا۔ **جی اچھا ہے۔** مزاج اچھا ہے۔ بیمار سے پوچھتے ہیں۔ **جی اداس ہونا** (لازم) دل افسردہ ہونا۔ دل گھبرانا۔ عزیزوں رشتے داروں کو ملنے کو دل چاہنا۔ **جی اُڑا جانا** (لازم) دل کا درہم برہم ہوا جانا۔ کسی صدمہ سے گھبرا جانا۔ دل کا گھبرانا۔ **جی اُکتا جانا** (لازم) دل نہ لگنا۔ دل بیزار ہونا۔ کسی بات یا کام کو کرنے کو دل نہ چاہنا۔ **جی اُلٹ جانا یا اُلٹنا** (لازم) دیوانہ ہو جانا ۲ پاگل ہو جانا۔ **جی اُلجھنا** (لازم) دل گھبرانا۔ دل پریشان ہونا **جی اُمنڈ آنا** (لازم) دیکھو جی بھر آنا۔ **جی اندر سے بیٹھا جانا** (لازم) طبیعت کا گرا جانا۔ دل گھبرانا۔ **جی اِتنا سا ہونا** (ہ) طبیعت میلی ہونا۔ کچھ شکایت ہونا۔ **جی اُوپر تلے ہونا** (لازم) ۱ متلانا۔ متلی ہونا ۲ دل گھبرانا۔ **جی باغ باغ ہونا** (لازم) بہت خوش ہونا۔ **جی بٹنا** (لازم) دھیان کسی اور طرف ہونا۔ دل بہلنا۔ **جی بجر بجر کرنا** (متعدی) طبیعت کو کراہیت ہونا (غنڈوں کی اصطلاح) **جی بجھانا** (متعدی) **جی بجھنا** (لازم) ۱ افسردہ ہونا ۲ کوئی خواہش نہ رہنا ۳ ہمت ٹوٹ جانا۔ **جی بحال ہونا** (لازم) جان میں جان آنا ۲ بحال ہونا۔ طبیعت درست ہونا۔ **جی برا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ ناخوش ہونا۔ رنجیدہ ہونا ۲ ناراض ہونا۔ برا ماننا ۳ قے ہونا۔ **جی برا کیا ہے** [illegible] **جی بڑھانا** (متعدی) **بڑھنا** (لازم) ۱ دل بڑھنا۔ حوصلہ ہونا۔ جرأت ہونا ۲ دل خوش ہونا۔ **جی بکھرا ہونا** (لازم) طبیعت کا پریشان ہونا۔ **جی بکھرنا** (لازم) ۱ مستی ہونا ۲ طبیعت پریشان ہونا۔ **جی بند ہونا** (لازم) دل رکنا۔ دل گھبرانا۔ **جی بھاری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) غمگین ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ اداس ہونا۔ **جی بھٹکنا** (لازم) دل کو کسی چیز کی خواہش ہونا۔ متلاشی ہونا۔ ڈھونڈنا ۲ طبیعت کو قرار نہ ہونا۔ خیال اِدھر اُدھر ہونا۔ طبیعت کو یکسوئی نہ ہونا۔ **جی بھر آنا** (لازم) دل رو نے کو چاہنا ۔ دل اُمنڈ آنا۔ رونا چلانا۔ **جی بھر آنا** (لازم) رقت ہونا ۲ ترس آنا کسی کی بپتا سے دل درد مند ہونا۔ **جی بھر بھر آنا** (لازم) بار بار رونے کو دل چاہنا۔ رقت آنا ۲ ترس آنا۔ **جی بھر بھر انا** (لازم) کسی خوبصورت چیز کو دیکھ کر دل لینے کو چاہنا۔ رغبت ہونا۔ خواہش ہونا ۲ دل میں امنگ ہونا۔ **جی بھر جانا یا بھرنا** (لازم) جی اُکتا جانا۔ طبیعت سیر ہو جانا۔ **جی بھر کر** (نف) سیر ہو کر۔ حسب خواہش بخوبی **جی بہلانا** (متعدی) **بہلنا** (لازم) ۱ دل کا ادھر طرف متوجہ ہونا ۲ رفع کلفت ہونا ۳ دل خوش ہونا۔ **جی بیٹھا جانا** (لازم) دل گرا جانا یا گھبرانا۔ **جی بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) ۱ بیہوش ہونا۔ غش آنا ۲ غمگین ہونا۔ مغموم ہونا۔ مایوس ہونا۔ ناامید ہونا۔ **جی بیچنا** (متعدی) کسی چیز کے لئے روحانی تکلیف اُٹھانا۔ **جی پانا** (لازم) ۱ نئی زندگی حاصل کرنا۔ مصیبت سے بچنا ۲ بہت خوش ہونا ۳ کسی کی طبیعت سے واقف ہونا۔ **جی پانی کرنا** (متعدی) سخت محنت یا زحمت اٹھانا ۲ دل نرم یا موم کرنا۔ **جی پر بن جانا یا بننا** (لازم) روحانی صدمہ ہونا۔ رنج پہنچنا۔ **جی پر کھیلنا** (لازم) جان خطرے میں ڈالنا۔ خودکشی کرنا۔ **جی پھر جانا** (لازم) طبیعت سیر ہو جانا۔ جی اکتا جانا۔ **جی پڑا ہونا** (لازم) کسی بات کا ہر وقت دھیان یا فکر ہونا۔ **جی پڑنا** (لازم) ۱ جان پڑنا۔ روح پڑنا ۲ کیڑے پڑنا ۳ (ریں) خیال لگا رہنا۔ دھیان رہنا۔ **جی پکا دینا** (متعدی) سخت رنج پہنچانا۔ دق کرنا۔ **جی پک جانا** (لازم) سخت رنج پہنچنا۔ تنگ ہو جانا۔ **جی پکڑا جانا** (لازم) ع۔ ماتھا ٹھنکنا۔ شک پڑ جانا۔ **جی پکڑ لینا** (متعدی) ع۔ رنج و غم کی بات سن کر گھبرا جانا۔ دل یا کلیجہ پکڑ لینا۔ **جی پگلنا یا پگھلنا**

(لازم) عاشق ہونا۔ دل آنا۔ میلان ہونا۔ **جی پلپلانا** (لازم) جی چاہنا۔ ہوس کرنا۔ **جی پھٹ جانا** (لازم) سخت صدمہ پہنچنا ؛ ناراض ہوجانا ؛ بیزار ہونا۔ **جی پھر جانا یا پھرنا** (لازم) متنفر یا بیزار ہونا۔ **جی پھسانا** (لازم) عاشق ہونا۔ دل آنا۔ میلان ہونا۔ **جی پھیکا ہونا** (لازم) بیزار ہونا۔ متنفر ہونا۔ **جی ترسنا** (لازم) کسی چیز کے کھانے یا لینے کو دل چاہنا آرزومند ہونا۔ **جی تلے اُوپر ہونا** (لازم) ؛ جی گھبرانا ؛ قے ہونا۔ **جی ٹوٹ جانا** (لازم) دل شکستہ ہونا ناامید ہونا۔ **جی ٹھکانے لگانا** (متعدی) لگنا (لازم) تسلی ہونا۔ **جی ٹھنڈا ہونا** (لازم) ؛ طبیعت خوش ہونا۔ دل کی ہوس نکلنا ؛ خاطر جمع ہونا تسلی ہونا **جی جان سے فدا۔ قربان۔ نثار یا واری** (صفت) عاشق۔ شیدا۔ نثار۔ **جی جانا** (لازم) ؛ مرنا۔ جان جانا ؛ دیکھو جی (امر) کے تحت میں۔ **جی جانتا ہوگا**۔ دل میں اچھی طرح سمجھتے ہوگے۔ **جی جانتا ہے** ؛ دل ہی کو خبر ہے ؛ دل پر صدمہ ہے ؛ رنج یا احسان خوب یاد ہے۔ **جی جلانا** (متعدی) ؛ ستانا۔ تنگ کرنا۔ چھیڑنا ؛ حسد دلانا۔ رشک دلانا ؛ غصہ دلانا۔ ناراض کرنا ؛ ناگوار حرکت سے منغض ہونا۔ **جی جلنا** (لازم) جی جلانا کا۔ **جی جی نکال لینا** (متعدی) اچھا اچھا چن لینا۔ **جی چاہنا** (لازم) دل کو خواہش ہونا۔ آرزومند ہونا۔ مشتاق ہونا۔ **جی چاہے**۔ اگر پسند ہو۔ اگر مرضی ہو۔ **جی چُرانا** (متعدی) کام سے بچنا۔ حیلہ حوالہ کرنا۔ بہانہ کرنا۔ **جی چلا** (صفت) ؛ منچلا۔ بہادر ؛ سخی۔ باہمت ؛ پاگل دیوانہ **جی چلا بیٹھنا** (لازم) حوصلہ کرنا۔ جرأت دکھانا۔ **جی چلا جانا** (لازم) دل بیٹھ جانا۔ **جی چلانا** (لازم) ؛ رغبت کرنا۔ خواہش کرنا ؛ کسی کام کے کرنے کا حوصلہ کرنا۔ دلیری کرنا۔ **جی چل جانا** (لازم) دیوانہ ہونا (دہلی) **جی چلنا** (لازم) ؛ خواہش ہونا۔ رغبت ہونا ؛ گھبرا جانا یا پاگل ہونا۔ **جی چھڑانا** (م) **چھوٹنا** (لازم) ؛ ہمت ٹوٹنا۔ حوصلہ نہ رہنا ؛ ناامید ہونا۔ بددل ہونا ؛ عاجز ہونا۔ ہار جانا ؛ اکتا جانا۔ ہار جانا۔ **جی چھوڑ دینا** (متعدی) ہمت ہار جانا۔ **جی چھیننا** (متعدی) دل لینا۔ عاشق بنا لینا۔ **جی دار** (صفت) دلیر۔ بہادر۔ منچلا۔ شجاع۔ **جی داری** (مونث) ہمت۔ حوصلہ۔ جرأت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **جی دار کرکے ہاتھ تلوار کا مارنا** (متعدی) حوصلہ کرکے تلوار کا حملہ کرنا۔ **جی دان** (مذکر) ؛ زندگی بخشنا ؛ سزائے موت کی معافی۔ **جی دکھانا** (متعدی) رنج یا صدمہ پہنچانا۔ **جی دکھی ہوجانا یا ہونا** (لازم) ؛ سخت تکلیف میں ہونا ؛ تنگ ہونا۔ دق ہونا ؛ بیمار ہونا۔ **جی دوڑانا** (متعدی) **دوڑنا** (لازم) ؛ میلان یا رغبت ہونا۔ جی لپکنا ؛ قصد یا ارادہ ہونا۔ **جی دھڑکنا** (لازم) ؛ دل گھبرانا۔ دل کانپنا ؛ خوف ہونا۔ اندیشہ ہونا ؛ دل کڑھنا۔ **جی دُھکا پُکا کرنا** (متعدی) ؛ کسی کام میں ہچکچانا ؛ اندیشہ لگا ہونا۔ تردد ہونا۔ **جی دھک دھک کرنا** (متعدی) ؛ دل دھڑکنا گھبرانا ؛ خوف طاری ہونا۔ ڈرنا۔ **جی دینا** (متعدی) ؛ عاشق ہونا۔ پیار کرنا ؛ جان دینا۔ مرنا۔ **جی ڈالنا** (متعدی) ؛ جان ڈالنا۔ زندگی بخشنا ؛ ہمت دلانا ؛ سست رہنا۔ **جی ڈوبنا یا ڈوب جانا** (لازم) ؛ غشی طاری ہونا ؛ دل کا بے قابو ہونا۔ **جی ڈھونڈنا** (متعدی) دل کا متلاشی ہونا۔ مشتاق ہونا۔ **جی ڈھیا جانا** (لازم) دل گھبرا جانا۔ غش آنا۔ **جی رُکنا** (لازم) ؛ دل گھبرانا۔ دم رکنا ؛ آزردہ ہوجانا۔ **جی رکھنا** (لازم) دلداری کرنا۔ خوش کرنا۔ آرزو پوری کرنا۔ تسلی یا دلاسا دینا۔ **جی سائیں سائیں کرنا** (لازم) غشی کے آثار ظاہر ہونا۔ **جی سنّانا** (مف) **سنسنا جانا یا سنسنانا** (لازم) کمزوری کی وجہ سے طبیعت نڈھال ہونا ؛ ڈر یا خوف سے گھبرا جانا۔ **جی سے اتر جانا یا اُترنا** (لازم) قدر نہ رہنا۔ نظروں سے گر جانا۔ **جی سے بیزار ہوجانا یا ہونا** (لازم) زندگی سے تنگ ہونا۔ **جی سے جانا** (لازم) مرجانا۔ جان سے گزر جانا۔ فوت ہوجانا۔ **جی سے جی ملنا** (لازم) دو آدمیوں میں دوستی ہوجانا۔ **جی سے فدا** (صفت) جان فدا کرنے والا۔ عاشق۔ جانباز۔ **جی سے گزر جانا** (لازم) مرجانا۔ جی سے جانا۔ **جی سے گڑھنا** (متعدی) دل سے بات بنا لینا۔ ایسی بات کہنا جس کی اصلیت نہ ہو۔ **جی سینے میں پھنکنا** (لازم) کسی بات کی خواہش۔ آرزو یا خیال رہنا۔ **جی شگفتہ ہونا** (لازم) دل خوش ہونا۔ دل شاد ہونا۔ **جی شاد یا شادماں ہونا** (لازم) دل خوش ہونا۔ **جی غش ہونا** (لازم) کسی پر فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ **جی کا بخار نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ؛ غصہ نکالنا۔ بھڑاس نکالنا ؛ رو کر یا غصہ نکال کر رنج یا غم رفع کرنا۔ **جی کا جنجال** (مذکر) دل کا روگ۔ دل کے لئے مصیبت۔ **جی کا دشمن** (مذکر) وہ جو دل کے پیچھے پڑا ہو۔ معشوق۔ **جی کا زیان** (مذکر) جان کا اندیشہ۔ دل کھو جانے کا خطرہ۔ **جی کا غبار** (مذکر) دل کی کدورت۔ **جی کا کہنا** (لازم) دل میں خود بخود کوئی بات آنا۔ **جی کانپنا** (لازم) دیکھو جی دھڑکنا۔ **جی کا مختار ہونا** (لازم) ؛ آزاد ہونا ؛ کسی کا عاشق نہ ہونا۔ **جی کرنا** (متعدی) ؛ جرأت کرنا۔ دلیری کرنا۔ دل چاہنا۔ خواہش کرنا۔ **جی کڑا کرنا** (متعدی) ہمت کرنا۔ **جی کُڑھانا** (متعدی) ؛ رنج دینا۔ رنجیدہ کرنا ؛ غم کرنا۔ افسوس کرنا **جی کڑھنا** (لازم) رنج یا غم ہونا۔ **جی کو روگ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کسی بات کا فکر کرنا۔ **جی کو لگنا** (لازم) ؛ چوٹ لگنا۔ دل پر اثر ہونا ؛ دل کا مان جانا۔ **جی کو مارنا** (متعدی) نفس کو قابو میں رکھنا خواہشات کو ضبط کرنا۔ **جی کھپانا** (متعدی) ؛ محنت سے کام کرنا۔ جانفشانی کرنا ؛ مرجانا۔ جان دینا۔ **جی کھٹا کرنا** (متعدی) بیزار ہونا۔ **جی کھٹا میٹھا ہونا** (لازم) دل للچانا۔ معشوق کو دیکھ کر خواہش کرنا۔ **جی کھٹا ہونا** (لازم) بیزار ہونا۔ نفرت ہوجانا۔ **جی کھرا کھوٹا ہونا** (لازم) نیت میں فرق آنا۔ بے ایمان ہوجانا۔ **جی کھلنا** (لازم) شرم و حجاب دور ہونا۔ **جی کھو جانا یا کھونا** (لازم) جان دینا عاشق ہونا۔ **جی کھول کر** (تف) حوصلہ نکال کر۔ بے دریغ۔ **جی کی آفت** (مونث) دل کے لئے مصیبت **جی کی امان پانا یا مانگنا**۔ جان کی معافی ہونا۔ جب بادشاہوں سے ایسی بات کی جاتی تھی جس سے اُن کے رنجیدہ ہونے کا اندیشہ ہو تو یہ الفاظ کہتے تھے۔ **جی کے بدل جی دینا** (متعدی) کسی کا مددگار بن جانا۔ دوسرے کی خدمت کے لئے زندگی وقف کردینا۔ **جی کی جی (رہی) میں رہنا** (لازم) آرزو پوری نہ ہونا۔ دل کی ہوس نہ نکلنا۔ **جی کی لگی** (مونث) دھن۔ فکر۔ **جی گرا جانا** (لازم) دل بیٹھا جانا۔ **جی گنوانا** (لازم) ؛ عاشق ہونا ؛ مرجانا۔ **جی گھبرانا** (لازم) پریشان ہونا۔ **جی گھٹ جانا** (لازم) ؛ نفرت کرنا ؛ غش آجانا (پ)۔ **جی لبھانا** (متعدی) فریفتہ کرلینا۔ اپنی طرف مائل کرلینا۔ **جی لڑا دینا یا لڑانا** (متعدی) سخت محنت کرنا۔ پوری توجہ سے کام کرنا۔ جان کھپا دینا۔ **جی لرزنا** (لازم) دل کانپنا۔ خوف یا رعب غالب آنا۔ **جی لگا ہونا** (لازم) کسی بات کی فکر ہونا۔ **جی لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ؛ جی بہلنا ؛ عاشق ہوجانا ؛ کسی کام میں دلچسپی لینا۔ **جی للچانا** (لازم) کسی چیز کے لینے کو دل چاہنا۔ دل کا راغب

ہونا۔ جی لو[illegible] جانا یا لوٹنا (لازم) کسی چیز کے لینے کو دل کا بیتاب ہونا۔ بہت جی چاہنا۔ جی لہرانا (لازم) جی للچانا۔ جی لے کر بھاگنا (لازم) جان بچانا۔ جی (لے) لینا (لازم) ۱ دوسرے کے خیالات معلوم کرنا ۲ دل قابو کرنا یا ہاتھ میں لینا ۳ خواہشات کو برانگیختہ کرنا۔ جی مار (صفت) ۱ جرم سنگین قتل وغیرہ ۲ خواہش کو بجھانے والا (مذکر) قاتل۔ وہ شخص جو خواہشوں کو مارے۔ جی مارنا (متعدی) خواہش ضبط کرنا۔ جی متلانا (لازم) ۱ متلی ہونا ۲ دل بیزار ہونا۔ جی متلانے والا (صفت) قے لانے والا۔ جی مٹی ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ دل میں شوق نہ رہنا امنگ نہ رہنا ۲ حوصلہ نہ رہنا۔ جی مر جانا یا مرنا (لازم) افسردہ ہونا۔ دل میں شوق نہ رہنا۔ جی ملانا (متعدی)، مل جانا یا ملنا (لازم) دل کا موافق ہونا۔ دوستی ہونا۔ موافقت ہونا۔ جی ململانا (لازم) عو۔ افسوس ہونا۔ دریغ ہونا جی میں۔ دل میں۔ جی میں آنا (لازم) کوئی بات خیال آنا۔ جی میں اُتارنا (متعدی)، اُترنا (لازم) دل پر اثر ہونا۔ دل میں چُبھنا جی میں ارمان رہنا (لازم) حسرت نہ نکلنا۔ آرزو پوری نہ ہونا۔ جی میں بات پھرنا (لازم) کسی بات کا بار بار خیال آنا۔ جی میں بس رہنا (لازم) ہر وقت کسی بات کا خیال رہنا۔ جی میں بیٹھنا (لازم) دل میں اثر کرنا۔ دل پر نقش ہونا۔ جی میں پھرنا (لازم) ۱ بار بار خیال آنا ۲ دل میں خیال سا رہنا۔ تصور میں رہنا۔ جی میں چُبھنا (لازم) دل میں کُھبنا۔ اثر کرنا یا چبھنا۔ جی میں ٹھاننا (لازم) ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔ جی میں جل جانا (لازم) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ پیچ و تاب حسد سے کھانا۔ جی میں جماؤ ہونا (دہلی)، یا جگہ ہونا (لازم) وقعت ہونا۔ عزت ہونا۔ جی میں جمانا (متعدی)، جمنا (لازم) دل میں اثر یا نقش ہونا۔ جی میں جی آنا (لازم) اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ تسکین ہونا۔ جی میں جی ڈالنا (متعدی) یقین دلانا۔ دل کو اپنا سا بنانا۔ اپنے دل کا حال دوسرے کے دلنشین کرنا۔ جی میں ڈالنا (متعدی) دل میں خیال پیدا کرنا دل میں اُتارنا۔ جی میں رکھنا (لازم) ۱ بغض رکھنا۔ کینہ رکھنا ۲ ارادہ کرنا ۳ کسی بات کو خفیہ رکھنا۔ جی میں کھپ جانا (لازم) دل پر اثر کرنا۔ بہت پسند آنا جی میں کہنا (لازم) خیال کرنا۔ دل میں منصوبہ باندھنا جی میں کیا آئی ۱ خیال ہوا۔ خیال گزرا ۲ ارادہ کیا۔ جی میں گھر کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) دل میں اثر کرنا یا چبھنا۔ جی میں لگنا (لازم) دل میں اثر کرنا۔ جی میں مزے لینا (لازم) خیال میں لطف اُٹھانا جی میں ہونا (لازم) ارادہ ہونا۔ ٹھاننا۔ جی نثار ہونا (لازم) عاشق ہونا۔ جی نڈھال ہونا (لازم) دل پریشان ہونا۔ مضمحل ہونا۔ جی نکلنا (لازم) ۱ مرنا۔ دم نکلنا ۲ خوفزدہ ہونا ۳ عاشق ہونا۔ جی ہاتھ میں رکھنا یا لینا (لازم) دل میلا نہ ہونے دینا۔ خوش رکھنا۔ قابو میں رکھنا۔ جی ہارنا (متعدی) کسی کام کا حوصلہ نہ پڑنا۔ ڈر جانا۔ جی ہٹ جانا (لازم) نفرت ہو جانا۔ جی ہچکچانا (لازم) طبیعت کا ڈگمگانا یا پس و پیش کرنا۔ جی ہلنا (لازم) دل کے خوف یا رحم سے کانپنا۔ جی ہوا ہونا (لازم) ۱ دم نکلنا ۲ دل گھبرانا۔ جی ہونا (لازم) ۱ خواہش ہونا۔ ارادہ ہونا ۲ زندگی ہونا۔ جی ہونٹوں پر آنا (لازم) نزع کی حالت ہونا۔ جی ہی جانتا ہوگا۔ دل میں سمجھتے ہوگے۔ جی ہی جانتا ہے۔ جو کچھ تم ہمارے ساتھ بدسلوکی کرتے ہو۔ اس کو ہمارا جی ہی خوب جانتا ہے۔ بیان کرنے سے کیا فائدہ۔ جی ہی جی میں باتیں کرنا (متعدی) ۱ آپ ہی آپ باتیں کرنا ۲ سوچنا۔ دل میں خیال آنا ۳ پاگل ہونا۔ دیوانہ ہونا۔

امثال و اقوال

جی بہت چلتا ہے مگر ٹٹو نہیں چلتا۔ خواہشات تو بہت بڑی ہیں مگر ان کو پورا کرنے کے لئے کافی آمدنی نہیں۔ غریب ہو کر ارادے بڑے رکھے تو کہتے ہیں۔ جی جلانے سے ہاتھ جلانا بہتر ہے۔ کسی کو بدنی تکلیف دینا رنج دینے سے بہتر ہے۔ جی جائے گھی نہ جائے۔ جان جائے مگر نقصان نہ ہو۔ جی چاہے بیراگ اور کنیا پھاڑے گانڑ۔ انسان بیوی بچوں کی وجہ سے اپنی بہت سی خواہشیں پوری نہیں کر سکتا۔ جی کا بیری جی ۱ انسان ایک دوسرے کو نقصان پہنچاتے ہیں ۲ ایک جانور دوسرے کو کھاتا ہے۔ جی کہیں لگتا نہیں جب جی کہیں لگ جائے ہے۔ آدمی عاشق ہو جائے تو پھر کسی بات سے دل نہیں بہلتا۔ جی کے بدلے جی۔ جان کے بدلے جان۔ انتقام۔ جی ہے تو جان ہے۔ اگر زندگی رہے تو دُنیا کا لطف ہے۔ جی ہے تو سب کچھ ہے۔ زندگی کے ساتھ سب سامان ہے۔

جی (ہ۔ امر) جینا کا۔ جیا (ماضی) جینا کی۔ جی اُٹھنا (لازم) زندہ ہو جانا۔ جان پڑنا۔ جیا تو کیا جائے۔ زندگی بے لطف ہے۔ جیا کرنا (متعدی) زندگی بسر کرنا۔ زندہ رہنا۔ جیتا (صفت) زندہ۔ سلامت۔ تندرست۔ جیتا جاگتا (صفت) زندہ اور تندرست۔ زندہ اور اچھی حالت میں۔ جیتا جھوٹ (مذکر) سخت جھوٹ۔ کھلا جھوٹ جیتا چمڑا۔ گوشت یا ماس (مذکر) جاندار۔ جیتا چمڑا چیرنا (متعدی) چیرا یا بکر توڑنا جیتا چنوانا (متعدی) زندہ آدمی کو کھڑا کر کے ارد گرد دیوار بنوا دینا۔ اگلے زمانے کی ایک سزا۔ جیتا رہنا (لازم) زندہ رہنا۔ سلامت رہنا۔ جیتا زندگی (تف) جیتے جی (رت) جیتا گاڑنا (متعدی) ۱ جیتے کو دفن کرنا ۲ زندہ درگور کرنا۔ سخت تکلیف دینا۔ جیتا گڑنا (لازم) زندہ دفن ہونا۔ اگلے زمانے میں سادھو وغیرہ زمین میں دفن ہو کر تپسیا کیا کرتے تھے۔ جیتا گڑوا دینا یا گڑوانا (لازم) کسی کو کسی سے دفن کروانا جیتا لہو (مذکر) تازہ خون۔ جیتا ناخن (مذکر) ناخن جس نے ابھی بدن نہ چھوڑا ہو اور کاٹنے کے قابل نہ ہوا ہو۔ جیتا نہ چھوڑنا (متعدی) مار دینا۔ جیتا ہی۔ زندہ۔ سلامت۔ جیتا ہی زمین (کا پیوند کر دو) میں گاڑ دو۔ کوئی نقصان پہنچا رہا ہو تو کہتے ہیں۔ جیتے جی۔ زندگی میں۔ عمر بھر۔ جیتے جی جہنم میں ہونا (لازم) نہایت تکلیف میں ہونا۔ جیتے جی مر گئے۔ جس شخص سے فیض نہ ہو یا خدمت نہ کرے مردہ ہے۔ جیتے جی مر جانا (لازم) ۱ تباہ ہونا۔ برباد ہونا ۲ سخت رنج پہنچنا۔ سخت صدمہ ہونا۔ جیتے جی مٹی میں ملنا (لازم) دل کی خواہشات ترک کر دینا۔ اپنے آپ کو سخت منکسر بنانا۔ جیتے کا چارا (مذکر) وہ زندہ کیڑا جو شکاری مچھلی کے لئے کنڈی میں لگاتے ہیں۔ جیتے مرتے (تف) کسی طرح۔ کسی صورت سے۔ جیتے موئے۔ زندگی میں اور مرنے کے بعد۔ جی جانا (لازم) ۱ زندہ ہو جانا۔ جان میں جان آنا ۲ کام بن جانا ۳ دیکھو جی (مذکر) کے تحت میں۔ جینا (لازم) ۱ زندہ رہنا۔ جیتا رہنا ۲ زندگی بسر کرنا۔ گزران کرنا ۳ زندگی کا لطف اُٹھانا ۴ تندرست ہونا۔ صحت پانا ۵ (مذکر) زندگی۔ زیست۔ زندہ رہنا۔ جینا جاگنا (لازم) جینا۔ جینے سے تنگ آنا یا ہونا (لازم) زندہ رہنے کو دل نہ چاہنا۔ سخت مصیبتوں میں ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔ جینے کا بھروسہ (مذکر) زندگی کا اعتبار۔ جینے کا کیا بھروسہ ہے۔ زندگی کا کیا اعتبار ہے۔ جینے کا مزا (مذکر) لطف زندگی

جینے کے لالے پڑنا (لازم) جینے کی امید نہ رہنا

امثال و اقوال۔ جیا سو کھیلے پھاگ۔ موا سے لیکھے لاگ۔ جیا سے کھیلے پھاگ موئی سے رکھے لاگ۔ آنکھوں دیکھے کی محبت اور پیٹھ پیچھے کی بے پروائی۔ جیتا رہے میرا ناک کاٹنے والا ہیں (چھینکنے) سنکنے سے چھوٹی۔ بدکار عورت کا مقولہ ہے۔ بے حیا کے متعلق کہتے ہیں۔ جیتے نہ دیہوں کورا مرے اٹھیہوں چورا (ھ) زندگی میں تکلیف دینا۔ مرجانے پر اس کا ذکر کرنا اور محبت جتانا۔ جیتے آسا موئے نراسا۔ جب تک جان تب تک آس۔ زندگی رہے تو امید پوری ہو ہی جاتی ہے۔ جیتے پتا کی پوچھی نہ بات۔ مرے پتا کو دودھ اور بھات۔ زندگی میں تو باپ کی خبر نہ لی۔ مرے پر سرادھ کراتے رہے۔ جیتے تھے تو راہ بتاتے تھے اب تو مرے پڑے ہیں۔ جیتے تھے تو لیکھوں بھرے مرگئے تو موتیوں جڑے۔ باکمال کی قدر زندگی میں نہیں ہوتی۔ جیتے جی سیٹھنیاں اور موئے دھڑا دھڑ پیٹنیاں (ھ) زندگی میں مخالفت اور مرنے کے بعد قدر۔ جیتے جی کا میلا ہے جب تک زندگی ہے لوگ ملتے جلتے رہتے ہیں۔ جیتے جی کا ناتا ہے۔ رشتے داری زندگی کی ہے جب کسی کے مرنے پر کوئی بہت روئے پیٹے تو کہتے ہیں۔ جیتے جی کے سب ہیں۔ زندگی میں دوست۔ رشتے دار ہیں۔ جیتے چاب چاب موئے داب داب۔ کنجوس کے متعلق کہتے ہیں۔ زندگی بھر چنے چبا کر گزارہ کرتا رہا اور مرے پر دبی ہوئی دولت چھوڑ گیا۔ جیتے رہے تو لعنت کہنا (بددعا) تم جلد مرجاؤ گے۔ جیتے کا گھر اور موئے کی گور بتا۔ کسی کا حسب نسب خاندان وغیرہ پوچھنے پر کہتے ہیں۔ جیتے کا گھر اور موئے کی گور پہچانتے ہیں۔ تمہاری چالاکیوں کو ہم خوب سمجھتے ہیں۔ جیتے آسا مرے نراسا۔ امید پر جہان قائم ہے۔ جیتے کے خون میں ہیرا دھت لا ہوتا ہے۔ لوگوں کا یہ خیال ہے۔ جیتی مکھی نہیں نگلی جاتی۔ دیکھ بھال کر آدمی نقصان نہیں اٹھا سکتا۔ جیتے نہ پوچھے موئے دھڑ دھڑ پیٹے۔ زندگی میں تو پروا نہ تھی مرے پر دکھانے کے لئے رنج و غم ظاہر کرتے ہیں۔ جیتے ہیں نہ مرتے ہیں۔ سسک سسک دم بھرتے ہیں زندگی سے بیزار ہیں۔ زندگی کے دن پورے کررہے ہیں۔ جینا تھوڑا آسا بہت۔ عمر تھوڑی ہوتی ہے لیکن امیدیں بہت ہوتی ہیں۔ جینے سے دور مرنے کے نزدیک۔ موت قریب ہے۔ بوڑھے آدمی کے متعلق کہتے ہیں یا خود بوڑھے کہتے ہیں۔ جیوے میرا بھائی گلی گلی بھرجائی (۱) بھائی زندہ رہے بیویوں کی کمی نہیں (۲) بھائی کی بدچلنی پر بھی کہتے ہیں جیتے آسا مرے نراسا۔ امید پر جہان قائم ہے۔ جیتے نہ مانتے پتر اور موئے کرے سرادھ دیکھو جیتے پتا الخ۔

جی (انگ۔ مونث) حروف تہجی کا آٹھواں حرف۔ عہدوں یا خطابوں وغیرہ کے مخفف کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ جی او سی (مذکر) جنرل آفیسر کمانڈنگ کا مخفف۔ کسی چھاؤنی میں فوج کا سب سے بڑا افسر۔ جی پی او (مذکر) جنرل پوسٹ آفس کا مخفف۔ شہر کا سب سے بڑا ڈاکخانہ۔ جی سی آئی ای (مذکر) گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف انڈین ایمپائر۔ ایک انگریزی خطاب۔ جی سی ایس آئی (مذکر) گرانڈ کمانڈر آف دی آرڈر آف سٹار آف انڈیا کا مخفف۔ ایک انگریزی خطاب۔ جی سی بی (مذکر) گرانڈ کمانڈر آف آرڈر آف باتھ کا مخفف۔ ایک انگریزی خطاب۔

جے (س۔ مونث) جَئے (ھ) (۱) جیت (۱) فتح۔ ظفر۔ نصرت (۲) ترقی۔ برتری۔ عروج۔ اقبال (۳) تکمیل۔ تسلیم و رضا۔ تیاگ (۴) (حرف ندا) مرحبا۔ شاباش (۵) (مذکر) ایک درخت کا نام (۶) (عص) سرگ کے دو محافظوں میں سے ایک کا نام (۷) بعض منتروں کا نام جن کے پڑھنے سے فتح حاصل ہوتی ہے (۸) برہسپتی جگ کے پنج سالہ عرصے کا تیسرا سال (۹) سورج کا نام (۱۰) ارجن کا نام (۱۱) ایک قسم کی بانسری (۱۲) ایک ماپ (۱۳) ایک رشی کا نام جس پر رگ وید کا ایک منتر اترا تھا (۱۴) وشن جی کے ایک پرستار کا نام (۱۵) ایک ناگ کا نام (۱۶) بہت سے آدمیوں کا نام۔ اندر کا بیٹا۔ انگیرس کا بیٹا۔ دھرت راشٹر کا بیٹا۔ کرشن جی کا بیٹا۔ وسوامتر کا بیٹا۔ پورو روس کا بیٹا وغیرہ (۱۷) یدھشٹر کا نام جب اس نے وراٹ کے راجہ کی ملازمت کی تھی (۱۸) ایک قدیم راجہ۔

جَے (ھ۔ صفت) جس قدر۔ جتنے۔

جے (ھ۔ ضمیر) جو۔

امثال و اقوال۔ جے بہت ڈھنڈلا سو آگ میں پڑیلا۔ جو آگ جلائیگا وہ آگ میں پڑیگا۔ جو خطرناک کام کریگا اسے تکلیف پہنچے گی جو شرارت کریگا اسے نقصان پہنچے گا۔ جے پانڑے کے پتر ہیں سے پنڑائن کے انچھر ہیں۔ جو بات پنڈت کی کتاب میں نکلتی ہے۔ وہ اس کی بیوی کے دوپٹے میں ہوتی ہے۔ جے پوت پردیسی بھیلے دیو پتر سب سے گھیلے۔ جو بچہ پردیس چلاگیا وہ کسی کے کام کا نہیں رہا۔ جے منہ چیریلے سے تو آہار دیلے چاہے۔ جس نے منہ بنایا ہے وہ کیا کھانے کو نہ دیگا۔ جے میرے لال کے نا۔ سے کونا کام کا۔ جو میرے بیٹے کے کام نہ آئے وہ کس کام کا۔

جَے (ف۔ صفت) (۱) خالص (۲) (مذکر) رے کے قریب ایک گاؤں۔

جَیّا (ھ۔ صفت) فاتح۔ فتح کے لائق۔

جیا (ھ۔ مذکر) (۱) زندگی۔ زیست (۲) پیارا۔ معشوق۔

جَیا (س۔ مذکر) کمان کی تانت (۲) قوس کا وتر (۳) جیب (۴) ماں (۵) زمین۔

جیارا (ھ۔ مذکر) جی۔ جیار شعروں میں استعمال ہوتا ہے)

جیالوجی (انگ۔ مونث) علم طبقات الارض۔

جیانگھ (س۔ عص) چندربنسی خاندان کا ایک راجہ جو اپنی بیوی کی تابعداری کے لئے مشہور ہے۔ اس کی بیوی سیبیہ بانجھ تھی۔ مگر اس کی جرأت نہ تھی کہ دوسری شادی کرے۔ ایک راجہ سے اس کی جنگ ہوئی تو اس کو شکست دینے کے بعد اس نے اس کی بیٹی پر قبضہ کرلیا۔ وہ بڑی حسین تھی۔ یہ اسے شادی کرنے کے لئے گھر لایا۔ سیبیہ نے غصے میں پوچھا یہ کون ہے تو اس نے ڈرکر جواب دیا کہ یہ تیرے بیٹے کی جو تو جنے گی بیوی ہے۔ کچھ مدت بعد سیبیہ کے گھر بیٹا پیدا ہوا۔ جس کا نام ودھرب تھا۔ اور اس نے جوان ہوکر اس لڑکی سے شادی کی۔

جیانا (ھ۔ متعدی) جلانا۔

جَیب (ع۔ مذکر) گریبان۔ کرتے یا قمیص کے گلے کی کھلی جگہ (مجاز) دامن کترنا جیب

پارہ (صفت) دامن پھٹا ہوا۔ مغموم۔ جیب چاکی (مونث) دلخراشی۔

جیب۔ جیبی (ھ۔ مونث) دیکھو جیبھ اور جیبھی۔

جیب (ع۔ مذکر) اصل لفظ جیب مگر اُردو میں تلفظ یائے مجہول سے ہے۔ کیسہ۔ تھیلی جو کُرتے۔ کوٹ یا واسکٹ میں چیزیں رکھنے کے لئے لگا لیتے ہیں۔ **جیب خالی ہو جانا یا ہونا** (لازم) کچھ پاس نہ رہنا۔ **جیب خرچ** (مذکر) وہ خرچ جو اپنی مرضی سے اپنی ضرورت کی چیزوں کے لئے کیا جائے۔ **جیب خاص** (مذکر) خزانہ جو بادشاہ کے ذاتی خرچ کے واسطے ہوتا ہے۔ **جیب کترا** (مذکر) وہ چور جو جیب کتر کر مال چُرا لے۔ **جیب کترنا** (متعدی) جیب قینچی سے کتر کر چوری کرنا۔ **جیب گھڑی** (مونث) چھوٹی گھڑی جو جیب میں رکھی جائے۔ **جیب میں پڑے (رہتے) ہیں**۔ دیکھو ایسے میری جیب میں پڑے رہتے ہیں۔ **جیب میں پیسہ ہونا** (لازم) امیر ہونا۔ **جیب میں ہاتھ ڈالنا**۔ کچھ دینا۔ **جیبی** (صفت) ! جیب کا۔ جیب کے متعلق ؛ جیب کے لئے۔ **جیبی رومال** (مذکر) جیب میں رکھنے کا رومال۔ **جیبی کُتّا** (مذکر) ایک قسم کا بہت چھوٹا کُتّا۔ **جیبی کتاب** (مونث) پاکٹ بک۔ چھوٹی کتاب جو جیب میں آ جائے۔

امثال۔ جیب میں نہیں دانے بڑھیا چلی بھنانے۔ جیب میں نہیں کھل کی ڈلی۔ چھبیلا پھرے گلی گلی

غربت میں عیاشی کرتے ہیں۔

جیبھ (ہ۔ مونث) زبان۔ لسان۔

جیبھار۔ جیبھارا (ہ۔ صفت) ! صاف گو۔ منہ پر بات کہنے والا ؛ باتونی۔ زبان دراز ؛ گالیاں دینے والا۔ بدزبان ؛ (مذکر) باتیں کرنے والا شخص وغیرہ۔ **جیبھ الٹنا** (متعدی) تلفظ اچھی طرح ادا کرنا۔ **جیبھ بڑھانا** (متعدی) ! بہت باتیں کرنا اور گالیاں دینا ؛ ناممکن بات کی خواہش کرنا۔ **جیبھ پکڑنا** (متعدی) ! چپ کرانا ؛ دوسرے کی گفتگو میں دخل دینا۔ دخل درمعقولات ہونا ؛ اعتراض کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ **جیبھ جھکانا** (متعدی) اپنے آپ کو امیر ظاہر کرنا۔ **جیبھ چاٹنا** (متعدی) ! زبان چٹخانا ؛ کسی ایسی چیز کی خواہش کرنا جس کا ملنا ناممکن ہو ؛ ہوس کرنا لالچ کرنا۔ حرص کرنا۔ **جیبھ چلانا** (متعدی) اپنی طاقت سے بڑھ کر شیخی مارنا ؛ لاف و گزاف کرنا۔ **جیبھ چلنا** (لازم) بہت باتیں کرنا۔ زبان چلنا ؛ منہ چلنا کھایا جانا۔ **جیبھ چھیلنا** (مذکر) دیکھو جیبھی۔ **جیبھ داب کے بات کہنا** (لازم) ہچکچا کر کوئی بات کہنا۔ کچھ چھپا لینا یا نہ کہنا۔ **جیبھ کاٹنا** (متعدی) ! کسی شخص کو اشارے سے بات کرنے سے روکنا ؛ درخواست قبول کرنا۔ عرض ماننا ؛ حیرت سے زبان دانتوں کے درمیان لانا ؛ حیران ہونا۔ خوفزدہ ہونا۔ **جیبھ کرنا** (متعدی) ! جواب دینا۔ گستاخی کرنا ؛ زبان درازی کرنا۔ گالی دینا (غف)۔ **جیبھ کے تلے جیبھ ہونا** (لازم) کبھی کچھ کہنا کبھی کچھ۔ **جیبھ نکالنا** (متعدی) ! مذاقاً زبان مُنہ سے باہر کرنا۔ عموماً بچے ایسا کرتے ہیں ؛ سخت بھوکا یا پیاسا ہونا ؛ تھکاوٹ یا پیاس کی وجہ سے زبان منہ سے باہر کرنا ؛ سزا کے طور پر زبان کھینچ لینا۔ پُرانے زمانے کی ایک سزا۔ **جیبھی** (مونث) ! زبان صاف کرنے کا آلہ۔ جیب چھیلنی ؛ لگام کا ایک حصّہ۔ دہانہ۔ **نہاری** ؛ (ھ۔ صفت) جیبھ کا یا جیبھ کے متعلق ؛ زبان کے مانند ؛ زبان کی شکل کا۔ **جیبھی مچھلی** (مذکر) ایک قسم کی مچھلی۔

امثال و اقوال۔ جیبھ جلی سواد پایا۔ سالن میں نمک مرچ مزا دیتا ہے۔ **جیبھ جلی سواد نہ آیا**۔ چیز اتنی تھوڑی تھی کہ کچھ مزا نہ آیا۔ زبان بھی خراب ہوئی۔ **جیبھ جنے ایک بار ماں جنے بار بار**۔ جو بات مُنہ سے ایک بار نکل جائے وہ واپس نہیں آ سکتی۔ **جیبھ چلے ستّر بلا ٹلے**۔ بہت باتیں کرنے والے سے لوگ دُور رہتے ہیں۔ **جیبھ دیوانی اپنے کام کو سیانی**۔ اپنے مطلب کی ہر ایک کو خوب سوجھتی ہے۔ **جیبھ کے تلے جیبھ ہے**۔ کبھی کچھ کہتا ہے کبھی کچھ کہتا ہے۔ کہتا ہے اور مکر جاتا ہے۔

جَیَنت (ہ۔ مذکر) **جَیَت۔ جیت** (ہ) ! ایک پودا جو باڑ کے طور پر لگایا جاتا ہے ؛ ایک راگنی ؛ بہت ہونے والی فصل۔

جیت (ہ۔ امر) ! جیتنا کا ؛ (مونث) فتح ؛ کامیابی ؛ فائدہ۔ نفع ؛ فوقیت۔ برتری۔ غلبہ۔ (س۔ جی۔ جیتنا) **جیتا** (ماضی) ! جیتنا کی ؛ (ہ۔ مذکر) کاشت میں ایک دوسرے کی امداد۔ ہل اور بیلوں سے ؛ (صفت) زیادہ۔ بڑھا ہوا۔ اُوپر۔ **جیتا ہونا** (ہ۔ لازم) بڑھا ہوا ہونا۔ زیادہ ہونا۔ **جیت پتر** (ہ۔ مذکر) ! وہ تحریر جو ہارا ہوا فاتح کو لکھ کر دے ؛ مقدمہ کا تحریری فیصلہ جیتنے کا۔ **جیت جانا یا لینا** (لازم) جیتنا۔ **جیتنا** (لازم) ! فتح کرنا۔ شکست دینا ؛ غالب آنا ؛ کامیاب ہونا ؛ جوئے میں دوسرے سے روپیہ لینا۔ **جیت ہونا** (لازم) ! فتح حاصل کرنا ؛ کامیابی حاصل کرنا۔ جوئے میں روپیہ حاصل ہونا۔ **جیتے رہو** (دعا) عمر دراز ہو۔ جب کوئی خورد بزرگ کو سلام کرتا ہے تو یہ اس کا جواب ہوتا ہے۔

امثال و اقوال۔ جیتا سو ہارا۔ ہارا سو موُا۔ مقدمہ بازی کے متعلق کہتے ہیں جسنے جیتا سو تباہ ہوا جسے ہارا اسے تو تباہ ہونا ہی تھا۔ **جیت تمہاری ہار میری** یعنی ہر طرح پر راضی ہوں۔ **جیت کی ہوا بھی اچھی**۔ کامیابی یا فتح چاہے نہایت ہی تھوڑی بہتر ہے۔ **جیتے تو ہاتھ کالے ہارے تو منہ کالا**۔ جوئے کے متعلق کہتے ہیں۔ **جیت ہمت کے ہاتھ ہے**۔ جو ہمت کرتا ہے فتح پاتا ہے یا کامیابی حاصل کرتا ہے۔

جِتنا (ہ۔ صفت) جتنا۔ جس قدر۔

جِتنا کی (حرف۔ ربط) اگرچہ۔ گو۔

جیتنالو (ہ۔ مذکر) ارا روٹ۔

جَیتَر۔ جیترا (ہ۔ صفت) ! جیتنے والا۔ فاتح ؛ کامیاب ؛ بہتر۔ بڑھ کر۔

جیتک (ہ۔ تف) جتنا۔ جسقدر۔

جیتو۔ جیتنو (ہ۔ صفت) جتنا۔ جس قدر۔ جِتّا۔

جَیتی (ہ۔ مونث) ایک جنگلی بوٹی جو ربیع کی فصل کے ساتھ اُگتی ہے۔ اس کا تیل نکلتا ہے۔

جیتیا۔ جیتیا برت (ہ۔ مذکر) ایک برت یا روزہ جو ہندو عورتیں بچّے کے مرنے پر رکھتی ہیں۔ تاکہ باقی زندہ رہیں۔ اس میں درگا جی کی پوجا ہوتی ہے اور بھینٹ چڑھائی جاتی ہے۔

جیتیرا (ہ۔ مذکر) کاشت میں ایک دوسرے کی امداد۔ جیتا۔

جیٹ (ہ۔ مذکر) انبار۔ ڈھیر۔

جیٹھ (ہ۔ مذکر) ! ہندو سمت کا دوسرا مہینہ جو عین گرمیوں کے موسم میں آتا ہے ؛ خاوند کا بڑا بھائی ؛ روٹیوں کی تھئی۔ غالباً جیٹ کا بگڑا ہوا ؛

اُوپر تلے رکھے ہوئے برتن ۵ آغوش۔ گود ۲ (ہ) سب سے بڑا۔ عمر میں بڑا۔ پہلا پیدا شدہ ۳ بڑا۔ سردار۔ حاکم ۴ پہلوان (جیشٹھ۔ سب سے بڑا) **جیٹھا** (ہ) ۱ نہایت اعلےٰ۔ نہایت شریف ۲ بہت بڑا۔ بہترین ۳ اول۔ سردار۔ حاکم۔ بڑا۔ بوڑھا ۴ (مذکر) جیٹھ میں پیدا ہوا ہوا لڑکا ۵ پہلونٹی کا لڑکا ۶ کسب کے رنگ میں پہلا رنگا ہوا کپڑا۔ **جیٹھانس** **جیٹھانسا** (مذکر) **جیٹھانسی** (ہ) ۱ بڑے بھائی کا حصّہ ۲ بڑے بھائی کا حق جو دوسروں سے زیادہ ہوتا ہے ۳ بہترین حصّہ۔ **جیٹھانی** (مونث) خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی **جیٹھرا** (ہ) ۱ بڑا۔ پہلے پیدا ہوا ہوا۔ پہلوٹی کا ۲ (مذکر) سب سے بڑا بھائی ۳ (ہ) خاوند کا بڑا بھائی **جیٹھ رعیت** (مذکر) گاؤں کا سب سے بڑا آدمی۔ نمبردار۔ **جیٹھ کی جیٹھ** (مونث) روٹیوں کی کثتی۔ بہت سی روٹیاں۔ **جیٹھ کے جیٹھ** (نف) ہر جیٹھ میں۔ **جیٹھنڈا** (ہ) سب سے بڑے بیٹے کا حصّہ **جیٹھوت** (ہ) جیٹھ کا بیٹا۔ **جیٹھی** (مونث) ۱ جیٹھانی ۲ جیتا ہوا پہلوان۔ رستم۔

امثال و اقوال۔ جیٹھ تپت ہو برکھا گھری ہنسے بانگر روویں نہری (ہ) بارش سے بانگر کے رہنے والے خوش ہوتے ہیں اور نیچی زمینوں کے رہنے والے گھبراتے ہیں۔ **جیٹھ جٹھانی دیورا سب مطلب کے میت۔ مطلب بن توکوئی بھی رکھے نہیں پریت** (ہ) دُنیا میں سب مطلب کے یار ہوتے ہیں۔ **جیٹھ جیٹھے اساڑھ ہیٹے**۔ جیٹھ اچھا مہینہ ہے۔ اساڑھ بُرا۔ **جیٹھ کے بھروسے پیٹ**۔ دوسرے کی مدد سے کام کرنا۔ **جیٹھے لڑکا لڑکی کی شادی جیٹھ میں نہیں کرتے**۔ ہندوؤں میں یہ بُرا سمجھا جاتا ہے۔

جیٹھی (ہ۔ مونث) چھڑی۔ لاٹھی۔ ڈنڈا۔

جیجا (ہ۔ صفت) بہن کا خاوند بہنوئی

جیجی (مونث) دیکھو ججی۔

امثال۔ جیجا کے کاج بیرے کھٹ کھٹا۔ ہر ایک کی ریس کرنا۔ **جیجا کے مال پر سالی متوالی رسالے متوالے**) دوسرے کے بھروسے پر اکڑنا۔

جید (ع۔ مذکر) ۱ لمبی پتلی اور خوبصورت گردن ۲ گردن کا سامنے کا حصّہ جہاں زیور پہنتے ہیں۔ گردن کی لمبائی اور پتلا پن۔ (جَیَدَ۔ جَادَ۔ گردن کا لمبا اور خوبصورت ہونا)

جَیَدرَتھ (س عص) چندربنسی خاندان کا ایک راجہ جو سندھ میں حکومت کرتا تھا۔ یہ دھرت راشٹر کا داماد تھا۔ جب پانڈو بن باس میں تھے تو یہ گیا اور دروپدی کو اُڑا لیگیا۔ پانڈوؤں نے اس کا تعاقب کرکے اسے گرفتار کیا۔ مگر مار پیٹ کر چھوڑ دیا۔ جنگ مہابھارت میں یہ چودھویں دن ارجن کے ہاتھ سے قتل ہوا۔

جَیِّد (ع۔ مذکر) ۱ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس ۲ عالی ۳ زبردست ۴ زرخیز۔ قابل زراعت ۵ بڑا۔ بھاری (زیادہ۔ نہایت اعلےٰ ہونا) **جَیِّدُ الکیموس** (مذکر) غذا کا معدے میں تحلیل ہو جانا۔ (جُوَدَ۔ جَادَ۔ بہت اچھا ہونا)

جیدھر (ہ۔ نف) جدھر۔

جیر (ہ۔ مذکر) وہ جھلی جس میں پیدائش پر بچہ لپٹا ہوتا ہے۔

جیران (ع۔ مذکر) ۱ جار کی جمع۔ ہمسائے ۲ اصفہان کے قریب ایک گاؤں۔

جیرفت (ف۔ مذکر) کرمان میں ایک شہر۔

جیرن (س۔ مذکر) **جیرن** (ہ) ۱ پُرانا۔ قدیم۔ سلف کا ۲ مرجھایا ہوا۔ گھسا ہوا۔ سڑا ہوا ۳ ہضم شدہ ۴ (مذکر) بوڑھا آدمی۔

جیرون (ع۔ مذکر) دمشق کا ایک دروازہ۔

جیش (ع۔ مذکر) ۱ اُبلنا ۲ سمندر میں طوفان برپا ہونا ۳ دریا کا چڑھنا ۴ فوج۔

جیسا (ہ۔ اسم موصول) ۱ جس طرح ۲ جس طرح۔ قسم۔ صورت یا ڈھنگ کا ۳ جس طریقے سے۔ جس طرح سے۔ **جیسا تیسا** (صفت) جس طرح کا۔ نہ اچھا نہ بُرا۔ **جیسا چاہو**۔ جس قسم کا مرضی ہو **جیسا چاہیئے** ۱ مرضی کے مطابق۔ قابل تعریف ۲ جیسا چاہو۔ **جیسا کا (تیسا) ویسا**۔ دیکھو جیسے کا تیسا۔ **جیسا کرنا ویسا بھرنا (پانا)** کئے کا پھل پانا۔ **جیسا کہ** (حرف ربط) گویا جیسا کہ چاہیئے۔ دیکھو جیسا چاہیئے۔ **جیسا ہی** دیکھو جیسے ہی۔ **جیسے** (نف) جونہی۔ جس طرح۔ جس طریقے سے۔ جس طرح سے۔ **جیسے ان کا مکان جیسے یہ**۔ آپس کا تعلق ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **جیسے بنے (تیسے)** جس طرح ممکن ہو۔ جو ہو سکے۔ **جیسے تیسے** (نف) ۱ کسی طرح سے۔ جس طرح ہو سکے ۲ مشکل سے۔ تکلیف سے۔ **جیسی چاہو قسم لے لو**۔ یقین دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ **جیسے کا تیسا** (صفت مذکر) **تیسی** (صفت مونث) بعینہٖ۔ ہو بہو۔ **جیسے ہو سکے**۔ جیسے بنے۔ **جیسے ہی** (نف) جونہی۔ اسی طریقے سے۔

امثال و اقوال۔ جیسا آقا ویسا نوکر۔ دونوں نالائق۔ جیسا آقا بُرا ویسا نوکر۔ **جیسا اونٹ لمبا تیسا گدھا خواص**۔ جیسا مالک بیوقوف ویسا نوکر۔ **جیسا بچے کو اُٹھاؤگے اُٹھے گا**۔ جیسی بچے کو تربیت دوگے ویسا ہوگا۔ **جیسا بوؤ (بوؤگے) ویسا کاٹ (کاٹوگے)** جیسے کام کروگے ویسا پھل ملیگا۔ اچھا کیا ہے تو اچھا بُرا کیا ہے تو بُرا۔ **جیسا پیوے پانی ویسی بولے بانی**۔ جس ملک میں رہے وہیں کی زبان میں گفتگو کرے یا اس کے مطابق کام کرے۔ **جیسا تیرا لینا دینا ویسا میرا (کام کاج) گانا بجانا** جیسی مزدوری ملتی ہے ویسا ہی کام ہوتا ہے۔ **جیسا تیرا گھونگر پیا ویسی ہینگ ہماری**۔ **جیسا تیرا کھوٹ روپیہ تیسا میرا کھوکھر پیسا**۔ جیسی تیری خراب چیز ویسی ہماری خراب۔ ناقص کے بدلے ناقص چیز ملتی ہے۔ **جیسا تیرا نون پانی ویسا میرا کام جانی**۔ دیکھو جیسا تیرا لینا الخ۔ **جیسا دُدھ ویسا بُدھ**۔ عقل خاندان کے موافق ہوتی ہے۔ **جیسا دودھ دھولا ویسی چھاچھ دھولی**۔ ظاہری شکل سے آدمی دھوکا کھا جاتا ہے۔ **جیسا دیس ویسا بھیس**۔ جس جگہ رہے ویسی ہی وضع اختیار کرے۔ **جیسا دیوتا ویسی پوجا**۔ جس قسم کا آدمی ہوتا ہے اسے ویسی ہی چیز مل جاتی ہے۔ **جیسا دیوے ویسا پاوے۔ پوت بھتار کے آگے آوے** (ہ) جیسا کوئی دوسروں کے ساتھ سلوک کرے ویسا اسکے خاندان کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہتے ہیں ایک عورت نے ایک فقیر کو زہرلی دو روٹیاں دیں۔ فقیر کو راستے میں اس عورت کا خاوند اور لڑکا ملے۔ انہیں بہت بھوک لگی ہوئی تھی۔ انہوں نے پوچھا بابا کچھ ہے تو ہمیں دو۔ اس نے وہی روٹیاں دے دیں۔ وہ دونوں کھا کر مر گئے تب سے یہ مثل ہوگئی۔ **جیسا راجہ ویسی پرجا**

جیسا مالک ہوتا ہے ویسے ہی ماتحت ہوتے ہیں۔
جیسا سوتا ویسا (رہی) دھارا۔ جیسا سوت
ویسا پھینٹا جیسا باپ ویسا بیٹا جیسا
سوت ویسی پھینٹی جیسی ماں (میں)، ویسی بیٹی
جیسے بزرگ ہوتے ہیں ویسی ہی اولاد ہوتی ہے۔
جیسا سوئی چور ویسا بجّر چور۔ چوری جیسی
تھوڑی چیز کی ویسی بڑی چیز کی چوری ہر صورت
میں بری بات ہے۔ جیسا کاچھ کاچھے ویسا
ناچ ناچئے۔ جس جگہ رہے اس کے مطابق کام
کرے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا (پانا)۔ جیسا
کروگے ویسا بھروگے (پاؤگے)۔ جیسا
کیا ویسا پایا۔ جیسا کام انسان کرتا ہے ویسا
اسے نتیجہ ملتا ہے۔ جیسا کن بھر ویسا من بھر
جیسا نمونہ ہوتا ہے ویسا مال ہوتا ہے۔ جیسا گاؤں
دیکھئے ویسے رونے رکھئے۔ زمانے کے موافق کام کرنا
چاہئے۔ جیسا لیکڑا بھر ویسا ٹھیکرا بھر۔ جیسا نمونہ ہوتا ہے
ویسا مال ہوتا ہے۔ جیسا لینا دینا ویسا گانا بجانا)
جیسا دوگے ویسا کام ہوگا۔ جیسا مان ویسا دان۔ جتنی
حیثیت ہوتی ہے اتنا ہی ملتا ہے۔ جیسا من ویسا دان
جیسا حوصلہ ویسی داد و دہش۔ جیسا من حرام میں ہوئے
تیسا ہری میں ہوئے۔ چلا جائے بیکنٹھ
میں روک نہ سکے کوئے (ہ) اگر خدا کی طرف
بھی ایسا ہی دھیان ہو جیسا بُری باتوں میں ہوتا ہے
یقیناً نجات ہو جاتی ہے۔ جیسا منہ ویسا تھپیڑا
ویسی ہی تھپیڑ۔ جیسا کوئی کام کرتا ہے ویسا ہی
اسے نتیجہ ملتا ہے۔ جیسن دیکھے گاؤں کی ریت
تیسن کرے لوگ سے پریت (ہ) جیسے لوگ
ہوں ویسا ان سے برتاؤ کرے۔ جیسن کو تیسن
سکنی کو بیگن (ہ) طنزاً اس وقت استعمال ہوتا ہے
جب دو چیزیں ایک جیسی نہ ہوں۔ جیسے آقا ویسے
نوکر۔ دونوں ایک جیسے۔ جیسے اودھو ویسے بان۔
نہ ان کے چوٹی نہ ان کے کان۔ طنزاً کہتے
ہیں۔ جوڑی ایک جیسی ہے۔ جیسی اوڑھی کاملی
ویسے اوڑھا کھیس۔ مصیبت اور آرام کو ایک جیسا
سمجھنا۔ جیسے ایک بار ویسے ہزار بار۔ بُرا
کام ایک بار کرنا بھی ایسا ہی ہے جیسے ہزار بار
کرنا۔ جیسے باندھو ویسے پاؤ۔ احتیاط سے چیز
محفوظ رہتی ہے۔ جیسی بندگی ویسا انعام۔
جیسا کوئی کام کرتا ہے ویسا انعام ملتا ہے۔ جیسے

بھرشٹ دیو ویسی نکشٹ پُجارا (ہ)، فرومایہ
کے ساتھ حقارت آمیز برتاؤ کرنا چاہئے۔ جیسی
بہے بیار پیٹھ تب تیسی دیجئے۔ جس طرح
کا موقع دیکھو ویسا کام کرو۔ جیسی پڑی ویسی
سہی۔ ہر طرح کی مصیبت برداشت کرنی پڑی۔
جیسی پڑے ویسی سہے۔ جو گزرے برداشت
کرے۔ جیسی کچھو ہر آپ چھنال تیسی
لگا دے کل بیوہار۔ بُرا شخص دوسروں کو بھی
بُرا بنا دیتا ہے۔ جیسے پیٹھ دکھائے جاتے
ہو خدا تمہارا منہ دکھائے (دعا) خدا تمہیں پھر
یہاں لائے۔ جیسی تیری بھگت ویسے میری
آشیرباد۔ جیسا کسی کے ساتھ برتاؤ کیا جاتا ہے
ویسا ہی وہ کرتا ہے۔ جیسے تیری بھا پھڑ کودو
ویسی میری ہینگ۔ دیکھو جیسا تیرا گھونگر الخ
جیسی تیری تانی بنئے ویسا میرا بنا۔ جیسی
تیری تانی ویسی میری بھرنی۔ جیسی ناقص چیز
ہے ویسا ہی اس پر کام ہوتا ہے۔ جیسی تیری
تل چاولی ویسا میرا گیت۔ جیسی مزدوری
ملے ویسا ہی کام ہوتا ہے۔ جیسا نیل کا ملیدہ
ویسے اٹکل کا فاتحہ۔ بدانتظامی کا کام اکثر خراب
ہی ہوا کرتا ہے۔ جیسی جا کی بات ویسا وا کا
سواد۔ جس طرح کی گفتگو ہوتی ہے ویسا ہی اس کا
مفہوم ہوتا ہے۔ جیسی جا کی چاکری ویسا وا کا
راج۔ ریاست کی کیفیت نوکروں کی حالت سے
ظاہر ہو جاتی ہے۔ جیسے چڑیوں میں ڈھیل
جس طرح پرندوں میں عقاب۔ ظالم کے متعلق کہتے
ہیں۔ جیسے حسن ویسے حسین۔ دونوں میں کوئی
فرق نہیں۔ بالکل ایک جیسے ہیں۔ جیسی خندی
عید ویسا بھڑوا محرم! دونوں بیفائدہ کیونکہ
اپنے کام نہ آئے! جب میاں بیوی دونوں بدذات
اور بدمزاج ہوں تو بھی کہتے ہیں۔ جیسے دام
ویسا کام۔ مزدور ویسا ہی کام کرتا ہے جیسی اسے
مزدوری ملتی ہے۔ جیسی دائی آپ چھنال
ویسی جانے سب سنسار۔ جیسا بُرا آدمی
خود ہو ویسا سب کو جانتا ہے۔ جیسے دودھ میں
سے مکھن نکال کر پھینک دیتے ہیں۔
جب کسی نے کسی معاملے میں بہت کام کیا ہو اور اسے
الگ کر دیں تو کہتے ہیں۔ جیسی دھاڑی دوالی
ویسا بھڑوا دسہرہ - دیکھو جیسی خندی الخ۔

جیسی ذات ویسی بات۔ دیکھو جیسا منہ الخ
جیسی روح ویسے فرشتے۔ کہتے ہیں جس قسم کی
روح ہوتی ہے ویسے فرشتے نزع کے وقت آتے ہیں
مطلب یہ ہے کہ ناقص کو ناقص چیز ملتی ہے۔ جیسے
ساجن آئے تیسے بچھونا بچھائے۔ جس قسم کا
مہمان آئے اس کی ایسی ہی خاطر ہوتی ہے۔ جیسی
سردھا ہو تیری ویسا بوجھ اٹھا۔ ہاتھی بوجھا
چیونٹی ٹھاوت ہی مرجا (ہ)، کام اپنی طاقت
کے مطابق ہونا چاہئے۔ جیسی سیوا کرے (تیسی
آس پڑے) میوہ کھائے۔ جس طرح کی خدمت
کی جائے ویسا اجر ملے۔ جیسے کاگ جہاز کے
سوجھے اور نہ ٹھور۔ سوائے ایک جگہ کے اور
کوئی ٹھکانا نہیں۔ جیسی کرنی ویسی بھرنی (نہ ہووے
نہ ہووے کر کے دیکھ) جیسے کام کروگے ویسا
نتیجہ ملے گا۔ جیسے کنتھا گھر رہے ویسے رہے
بدیس (جیسی اوڑھی کاملی ویسا اوڑھا کھیس)
نکما آدمی کہیں رہے ایک ہی بات ہے۔ جیسے کو
تیسا (بابو کو بھینسا) (جیسے کو تیسا پر کھنے
کو پیسا)۔ جیسے کو تیسا ملے جوں بامن کو
نائی۔ اس نے کہی اشیرباد ان آرسی کاڑھ
دکھائی (ہ) جیسے کو تیسا ملے سنو راجہ بھیل
لوہے کو چوہا کھا گیا۔ لڑکے کو لے گئی چیل۔
بُرے کو اس سے بڑھ کر بُرا آدمی ملتا ہے۔ ہر فرعونے
راموسے۔ جیسی کہنا ویسی سننا۔ خراب بات کا
خراب اور اچھی کا اچھا جواب پانا۔ جیسی کہی ویسی
سنی۔ سخت بات کہی سخت جواب سنا۔ جیسی کہے ویسے
سنے۔ سختی سے بولے گا تو سخت جواب پائیگا۔ جیسے
کے سنگ تیسا کرے آچھا ناہیں کام۔
بُرے کے سنگ نیکی کرے نیکی کو پرنام
(ہ) بُرے کے ساتھ بُرائی کرنا کوئی اچھی بات نہیں۔
البتہ نیکی کی جائے تو اچھی بات ہے۔ جیسے کی سیوا
کرے تیسی آسا پور۔ جیسی خدمت کرو ویسا معاوضہ
ملتا ہے۔ جیسی گنگا نہائے ویسے پھل پائے
(کھائے) جیسا کام کرو ویسا پھل ملتا ہے۔ جیسی
گئی تھیں ویسی آئیں۔ حق مہر کا بوریا لائیں
بہت بدقسمت ہیں۔ جیسے لکھو بندریا ویسے منوا
بھانڈ میاں بیوی ایک جیسے ہیں۔ جیسی
مائی ویسی جائی۔ جیسی ماں ویسی بیٹی۔ طنزاً کہا جاتا
ہے۔ جیسی مردے پہ سو من مٹی ویسی ہزار

سن۔مصیبت جیسے تھوڑی ویسی بہت۔ جیسے میاں کاٹھ ویسی سن کی داڑھی۔ طنزاً احمق کے متعلق کہتے ہیں۔ جیسے ناگ ناتھ تیسے (ویسے) سانپ ناتھ۔ ایک ہی بات ہے۔ جیسی ناؤ ویسے چڑھوے۔ جیسا آدمی ویسی عزت جیسی نیت ویسی (برکت) مراد۔ جیسی نیت ہو ویسا ہی پھل ملتا ہے۔ بُری نیت والے کا کام بگڑتا ہے۔ اچھی نیت والے کا کام سنورتا ہے۔ جیسے نیم ناتھ ویسے بکائن ناتھ۔ دونوں ایک جیسے شرارتی۔ جیسی داکی ریت ویسا داکا سبھاؤ (ہ) جو جہاں کی رسم ہے وہی وہاں کے لوگوں کی عادت ہوتی ہے۔ جیسے ہرگن گائیے تیسے گال بجائیے۔ دونوں حالتوں میں یکساں رہے۔ جیسے ہرگن گائیے ویسے پھل پائیے۔ جیسا کیا تھا ویسا پھل پایا۔ جیسے ہوت ہو تبنا ویسے اپجے بدھ۔ ہونہار ہردے بسے بسر جات سب سدھ (ہ) جیسا قسمت میں ہو ویسی سدھ ہوتی ہے۔ جو بات ہونی ہوتی ہے وہ دل میں آتی ہے اور عقل ماری جاتی ہے۔ جیسے یہ ویسے وہ۔ ہمارے نزدیک دونوں ایک جیسے ہیں۔

جیش (ع۔ مذکر) لشکر۔ فوج۔ سپاہ۔ عسکر۔ کٹک۔ دَل۔

جَیض (ع۔ مذکر) ۱ منہ موڑلینا ۲ انکار کرنا۔

جیغہ (ف۔ مذکر) ایک مرصع زیور جو پگڑی میں باندھا جاتا ہے۔ یہ ایک مخمل کا چھ انچ لمبا اور دو انچ چوڑا ٹکڑا ہوتا ہے جس کے درمیان میں سونے کا ایک مرصع ٹکڑا جڑا ہوتا ہے ۲ کلغی۔

جِیَف (ع۔ مذکر) جیفہ کی جمع۔ لاشیں۔

جیفہ (ع۔ مذکر) ۱ لاش ۲ مردار۔

جَیکر (ہ۔ صفت) جس کا۔ جس کی۔ جس کے۔ **جیکرا** (صفت) جس کا۔ **جیکری** (صفت) جس کی۔ **جیکرے** (صفت) جس کے۔

امثال و اقوال۔ جیکرا بگہہ بھر کپاس تیکرا ڈانڑے ڈارانا۔ جس کے پاس بگہہ بھر کپاس ہو اس پر ڈنڈ لگاؤ۔ مطلب یہ ہے کہ میں غریب ہوں۔ جیکرا ہوی ایسن ٹھاکر۔ تیکرا جم کا ڈر۔ جس کا ایسا خدا ہو اسے موت کا ڈر۔ تسلی دینے کے لئے کہتے ہیں۔ جیکرہ پر کھا نہ دیکھل پوئے۔ تیکر گھر گھر بندی ہوئے جس شخص نے ساگ نہیں دیکھا تھا اس کے گھر گھر بندی ہوتی ہے۔ یعنی غریب امیر ہوگیا ہے۔ جیکر میّا پوا پکاوے۔ تیکر دھیا لیلے جس کی ماں روٹیاں پکائے اس کی بیٹی روٹیوں کے لئے ترسے۔ جس کا جو پیشہ ہو اس کے پاس اسی کے متعلق چیزیں نہیں ہوتیں۔ جیکر جوئے تیکرے پاس۔ دیکھنے ہارا نا کے آس۔ جس کی بیوی ہے اس کے پاس ہے۔ دیکھنے والا ترستا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ خوش قسمت سے سب رشک کرتے ہیں۔ جیکرے گھروا بیٹھیں تیکڑے آن واگیں جس کے گھوڑے پر چڑھیں اسی کو نقصان پہنچائیں۔ احسان فراموشی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

جیل (ہ۔ مونث) ۱ اونچا سُر ۲ ڈھولک یا طبلے کی سب سے اونچی آواز۔

جَیل (ہ۔ مذکر) ۱ قطار۔ صف۔ پرا ۲ قیدیوں کی قطار جو ایک زنجیر میں بندھی ہو ۳ ڈول جو رہٹ پر لٹکائے جاتے ہیں۔

جیل (انگ۔ مذکر) قید خانہ۔ زنداں۔ بندی خانہ۔ محبس۔ **جیل خانہ** (مذکر) دیکھو جیل۔ **جیل خانہ دکھانا** (متعدی) قید کرنا۔ **جیلخانہ دیوانی** (مذکر) وہ زندان جس میں مقروضوں کو رکھتے ہیں۔ **جیل خانہ فوجداری** (مذکر) وہ زندان جس میں مجرم رکھے جاتے ہیں۔ **جیل خانے (میں) بھیجنا یا دینا** (متعدی) قید کرنا۔ **جیلر** (مذکر) داروغہ جیل۔ **جیل کا داروغہ** (مذکر) وہ افسر جس کے سپرد جیل خانے کا انتظام ہو۔

جیلی (انگ۔ مونث) ایک قسم کی لیسدار غذا جو گوشت۔ پودوں یا پھلوں سے بناتے ہیں۔

جیلی (ہ۔ مذکر) ۱ بھس کو اکٹھا کرنے کا دندانہ دار لکڑی کا آلہ ۲ گھاس کو اکٹھا کرنے کا آلہ ۳ اوجھ کے اوپر کی چربی اور جھلی۔

جیمنا۔ جیمنا (ہ۔ متعدی) ۱ کھانا۔ طعام نوش کرنا ۲ رشوت لینا ۳ غبن کرنا۔ تغلب کرنا۔

مثل۔ جیم کناگت جی خوش کینا۔ کٹھن بنی جب دچھنا دینا۔ عیش کا مزا اور دقتیں ہیں۔

جیموت (س۔ عص) ایک پہلوان جو راجہ وراٹ کے دربار میں بھیم کے ہاتھ سے قتل ہوا۔ **جیموت واہن** (صفت) "جس کی سواری بادل ہیں" ۱ اندر مہاراج کا لقب ہے ۲ دیا بھاگ کے مصنف کا نام۔

جینت (س۔ عص) اندر کا بیٹا اسے جَے بھی کہتے ہیں۔ **جینتی** (عص) اندر کی بیٹی۔

جینتی (س۔ مونث) جھنڈا۔ علم۔ نشاں ۲ درخت جیت۔

جینگرانا (ہ۔ متعدی) سکیڑنا۔ جھری ڈالنا۔

جینے (ہ۔ تف) جدھر۔ جہاں (رف)

جیو (س۔ مذکر) جیو۔ جیوا (ہ) ۱ جان۔ زندگی۔ زیست ۲ زندہ جانور۔ حیوان ۳ رُوح ۴ معشوق۔ محبوب ۵ (ہ۔ امر) جیونا سے زندہ رہو۔ جیتے رہو ۶ (حرف تحسین) شاباش۔ **جیو آتما** (مذکر) وہ رُوح جو پرماتما سے نکل کر دُنیا میں آتی ہے۔ اور مختلف جنموں میں سے گزر کر مکتی حاصل کرکے پرماتما سے جا ملتی ہے۔ **جیو پتر** (مذکر) جس کا باپ زندہ ہو۔ **جیو پتنی** (مونث) عورت جس کا خاوند زندہ ہو۔ **جیو توکا** (مونث) وہ عورت جس کے بچے زندہ ہوں۔ **جیو تیاگ** (مذکر) جان دینا۔ خودکشی۔ **جیو دھن** (مذکر) جاندار مال۔ مویشی۔ **جیو ڈنڈ** (مذکر) سزائے موت۔ **جیو راج** (مذکر) جیتر پورنا کتھا کا مصنف۔ **جیو رکت** (مذکر) خون حیض۔ **جیو رہت** (مذکر) بے جان۔ **جیو ستھان** (مذکر) جوڑ۔ بند۔ **جیو کے بدلے جیو دینا** (متعدی) ۱ دوسرے کے بدلے اپنی جان دینا ۲ دوسرے کی مدد کرنا۔ **جیو ہتیا یا ہنسا** (مونث) زندگی کو تباہ کرنا جانوروں کو مارنا۔

امثال و اقوال۔ جیو کا آہار جیو ۱ آدمی کو آدمی سے فائدہ پہنچتا ہے ۲ جاندار جاندار کا کھاجا ہوتا ہے۔ جیو کسی کا مت ستا۔ جب لگ پار لسائے۔ کانٹے ہیں اس راہ میں۔ اس بٹیا مت جائے۔ لوگوں کو ستانا اچھی بات نہیں۔

جَیوار۔ جیوار (ہ۔ مذکر) ۱ ہنر

۲ جیوتوں کی ایک گوت ۳ گاؤں کا نمبردار۔

جیوانا (ہ۔ متعدی) کھلانا۔ خوراک دینا۔

جیوائی (ہ۔ مونث) وہ زمین جو رشتہ داروں اور متعلقین کو بنیر لگان گزارے کے لئے دی جائے۔

جُیُوب (ع۔ مذکر) ۱ قمیض کا کالر ۲ جیبیں۔

جیوپیٹر (لاطینی) اہل روما کا سب سے بڑا اور آسمان کا دیوتا۔ اس کا مندر روما میں تھا۔ اس کی بنیادیں اب تک کیپیٹل پر نظر آتی ہیں۔

جیوت (س۔ صفت) ۱ زندہ۔ جیتا۔ جیتا جاگتا ۲ زندگی بھر۔ تمام عمر ۳ زندہ دل خوش طبع۔ جوشیلا۔ جیوٹ۔

جیوت (س۔ صفت) ۱ زندہ۔ جیتا ۲ (مذکر) زندگی۔ زیست ۳ دوران زندگی عمر ۴ گزران۔ وجہ معاش۔ روزگار۔ جیوتا (صفت) زندہ۔ جیتا۔ جیوتیش (مذکر) "زندگی کا مالک" ۱ خاوند ۲ عاشق۔ معشوق ۳ جم کا لقب ۴ ایک دوائی جو مردے کو زندہ کر دیتی ہے۔

جیوتر (س۔ مذکر) جیوتس کی بجائے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ دیکھو جیوتس۔ جیوتر لنگ (مذکر) کئی شو جی کے لنگ کے مندروں کا نام۔ جیوتر لیکھا (عص) ایک یکش کی لڑکی کا نام۔ جیوتر مکھ (عص) رامچندر جی کے بندروں کے ایک جرنیل کا نام۔ جیوتر وِد (مذکر) "ستاروں کو جاننے والا" ایک جوتشی کا نام۔ جیوتر ییش۔ جیوتر لیشور (مذکر) دھورت کے مصنف کا نام۔

جیوتس (س۔ مونث) روشنی۔ نور۔ جوت۔ اُجالا ۲ چمک دمک۔ جیوتس چکر (مذکر) منطقۃ البروج۔ راس چکر۔ راس منڈل۔ جیوتس گون (مذکر) اجرام فلکی۔

جیوتسنا (س۔ مونث) چاندنی۔ جیوتسنی (مونث) چاندنی رات۔ وہ رات جب چاند مکمل ہو۔

جیوتش (س۔ مذکر) ۱ علم نجوم یا علم الافلاک ۲ ایک قسم کا جادو ۳ حرف ر کا ایک نام ۵ آگ ۶ سورج ۷ ایک مرُت۔ ایک منو اور ایک پراجپتی کا نام۔ جیوتشی (مذکر) ۱ ستارا ۲ سیارہ ۳ صورت کوکب ۴ (ہ۔ صفت) علم نجوم کے متعلق ۵ (مذکر) نجومی۔ ماہر علم الافلاک ہیئت دان۔

جیوٹ (ہ۔ مذکر) جیوٹ (ہ) ۱ بہادر۔ شجاع۔ جری۔ دلیر۔ سورما ۲ (مذکر) شجاعت۔ بہادری۔ دلیری۔ جُرأت۔ جیوٹ کرنا (متعدی) ہمت کرنا۔

جیوُری (انگ۔ مذکر) ۱۲ آدمیوں کی ایک جماعت جو جج کو مقدمے کی سماعت میں امداد دیتی ہے۔ پنچایت۔

جیوڑا (ہ۔ مذکر) جیوڑا (ہ) جی کی تصغیر ۱ دل۔ جی ۲ معشوق۔ محبوب۔ دلبر ۳ پیارے جی کو کہتے ہیں (ست) جیوڑا جانا (متعدی) مرجانا (ست) جیوڑا ڈہل جانا (لازم) ڈر جانا (ست) جیوڑا کیسا ہے (ست) مزاج کیسا ہے طبیعت کا کیا حال ہے۔ جیوڑا نکلنا (متعدی) ۱ جان نکلنا مرنا۔ فوت ہونا ۲ فدا یا فریفتہ ہونا (ست)

جیوڑا۔ جیوڑا (ہ۔ مذکر) رسّہ۔ بٹی۔ جیوڑی (مونث) ۱ رسّی۔ دھاگا ۲ کیڑا۔ حشرات الارض ۳ سانپ۔ ناگ ۴ ماپنے کی رسّی یا زنجیر ۵ رسّی یا زنجیر کا ماپ۔

مثل۔ جیوڑے سے ناڑا گھستا ہے۔ جو مصیبت پڑے۔ اس کو برداشت

جُیُوش (ع۔ مذکر) جیش کی جمع۔ فوجیں۔

جیوں (ہ) جیوں (ہ۔ مذکر) جیوں (ہ) (متروک) جیوں جیوں۔ جیوں کا تیوں۔ جیوں ہی (نفت) دیکھو جوں وغیرہ۔

مثل۔ جیوں لادی۔ تیوں سوا لادی۔ خرچ کرنے تھے تو پھر کمی بیشی کیا۔

چ (ہ۔ مونث) تلفظ چے۔ اردو کا آٹھواں فارسی کا ساتواں حرف اور دیوناگری رسم الخط کا چھٹا وینجن ہے۔ اسے جیم عجمی یا فارسی بھی کہتے ہیں۔ حساب جمل میں جیم شمار ہوتا ہے۔ عربی میں یہ حرف نہیں ہے **چکار** (ھ) لفظ یا آواز چ۔ **چورگ** (ھ) وہ الفاظ جو تالو میں سے نکلیں۔

چا (ھ۔ مذکر) چاؤ۔ چاہ۔ **چاچوز** (مذکر) دیکھو چاؤ چوز۔

چا (چینی۔ ہ۔ مونث) چائے۔ **چا پوچی**۔ **چادانی** (مونث) وہ برتن جس میں چاء بناتے ہیں۔ ایک طرف پکڑنے کے لئے دستہ اور دوسری طرف ٹونٹی لگی ہوتی ہے۔

چاب (ہ۔ امر) چابنا سے ۲ (مونث) جب کوئی سفر سے واپس آئے۔ رشتہ دار تل چاول اور شکر سینیوں میں لگا کر بھیجتے ہیں یہ چاب کہلاتے ہیں۔ (س۔ چرو۔ دانتوں سے پیسنا) **چابنا** (متعدی) چبانا (مست) **چابو** (صفت) چبانے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو چبائے۔

چابچا (ف۔ مذکر) دیکھو چچیچہ

چابک (ف۔ صفت) ۱ چست چالاک۔ پھرتیلا۔ تیز۔ ہشیار ۲ (مذکر) تازیانہ۔ کوڑا ایک قسم کا ہاتھ میں رکھنے کا آلہ جس کے ایک طرف لکڑی اور آگے چمڑے یا کسی اور چیز کا تسمہ لگا ہوتا ہے۔ اس سے گھوڑے وغیرہ کو مارتے ہیں۔ **چابک بازی** (مونث) چابک سے مارنا۔ **چابک پھٹکارنا** (متعدی) چابک کو ہلا کر زور سے آواز نکالنا۔ **چابک دست** (صفت) ۱ دیکھو چابک ۱ ۲ وہ شخص جو ہاتھ کے کام میں کاریگر ہو ۳ خوبصورت۔ **چابکدستی** (مونث) ۱ چالاکی۔ ہشیاری ۲ کاریگری۔ **چابک دھری** (مونث) چابک کا دستہ۔ ایک پودہ۔ **چابک سوار** (مذکر) وہ شخص جو گھوڑے کو سدھائے۔ **چابک سواری** (مونث) ۱ گھوڑے کو سدھانے کا ہنر ۲ اس کام کا پیشہ **چابک عنان** (صفت) تیز رو سوار ۲ (مذکر) تیز رو گھوڑا۔ **چابک کھانا** (لازم) کسی کو چابک سے مار پڑنا **چابک لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) چابک سے مار پڑنا **چابک مارنا** (متعدی) چابک کی ضرب لگانا۔ چابک سے اڑا دینا (متعدی) چابک سے بہت مارنا۔ **چابکی** (مونث) چالاکی۔ تیزی۔ پھرتی۔ جلدی۔

چابھٹ پاڑنا (ھ۔ متعدی) دانتوں سے کوئی چیز چبانا۔

چابھی۔ چابی (پر۔ مونث) کنجی۔ تالی (اصل چ بے)

چاپ (س۔ مونث) ۱ کمان۔ قوس۔ دھنش ۲ قطع دائرہ۔ چکر ٹکڑا ۳ **چاپ داسی** (مونث) ایک دریا۔ **چاپی** (مذکر) تیرانداز۔

چاپ (ہ۔ مونث) پاؤں کی آہٹ یا آواز (لکھنو)

چاپ (ھ۔ مونث) جھڑبیری سے پتے جھاڑ لئے جائیں تو جو باقی رہ جائے۔ **چاپ جریب** (مذکر) زمین کے ماپ کا تخمینہ۔

چاپاتی (ھ۔ مونث) چپاتی۔

چاپٹ (ہ۔ مونث) ۱ چوکھر بھوسی۔ چھری ۲ غلے کے وہ ٹکڑے جو کٹنے سے رہ جائیں (چاپنا سے)

چاپڑ (انگ۔ مذکر) قیمہ کرنے کا آلہ۔ بغدہ (اصل چوپڑ)

چاپڑ (ھ۔ مونث) سخت زمین پتھریلی زمین ۲ میدان۔

چاپڑا (ھ۔ مذکر) اپلا۔

چاپل (س۔ مذکر) ۱ تیزی۔ چالاکی چستی ۲ ناپائیداری۔ چنچل پن۔

چاپلوس (ف۔ مذکر) خوشامدی **چاپلوسی** (مونث) خوشامد۔ بے جا تعریف۔ **چاپلوسی کا منہ کالا**۔ خوشامد انسان کو بے عزت بنا دیتی ہے۔

چاپنا (ھ۔ متعدی) دیکھو چانپنا۔

چاپھند (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا جال۔

چاتر (ھ۔ مذکر) ۱ بڑا جال ۲ سازش چور۔ منڈلی۔

چاتر (س۔ صفت) ۱ چار کے متعلق ۲ چار سے کھینچا جانے والا ۳ چالاک ہشیار۔ لائق۔ قابل ۴ کاریگر۔ ہنرمند ۵ (ھ) چار **چاترورن** (مذکر) چاروں ذاتیں۔ برہمن۔ چھتری۔ ویش شودر۔ **چاتروید** (مذکر) آدمی جو چاروں وید جانتے ہوں۔ **چاتری** (مونث) **چاتریہ** (مذکر) ۱ چالاکی چستی۔ کاریگری۔

امثال واقوال۔ چاتر تو بیری

بھلا مورکھ بھلا نہ میت (سادھ کہیں ہیں مت کرو کو مورکھ سے پریت) عقلمند دشمن بیوقوف دوست سے اچھا ہوتا ہے۔ اس لئے بیوقوف سے دوستی نہیں کرنی چاہئے۔ **چاتر کا کام نہیں پاتر سے** اٹھے۔ پاتر کا کام یہی لیا دیا سکے۔ عقلمند فاحشہ عورت کے پاس نہیں پھنستا۔ اس کا کام تو ہے روپیہ لیا اور کھسک گئی۔ **چاتر کا قرض من میں نستار**۔ عقلمند قرض لیتا ہے تو اس سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ **چاتر کو چوگنی مورکھ کو سوگنی** عقلمند کا چار گنا بیوقوف کے سو گنے کے برابر ہے۔ عقلمند دوسرے کی دولت کا چار گنا زیادہ تخمینہ کرتا ہے بیوقوف سوگنا۔ **چاتر کی چیری بھلی مورکھ کی نار سے** عقلمند کی لونڈی ہونا بیوقوف کی بیوی ہونے سے بہتر ہے۔ **چاتر نار نر کڑھے سے بیاہ ہوئے پچھتائے۔ جیسے روگی نیم کو آنکھ میچ پی جائے**۔ عقلمند عورت بیوقوف سے شادی کر کے پچھتاتی ہے۔

چاتک (س۔ مذکر) پپیہا۔

چاتوال (س۔ مذکر) گڑھا جو بھٹی کے لئے کھودا جائے

چاٹ (ہ۔ امر) ۱ چاٹنا کا ۲ (مونث) کسی مزیدار اور چٹ پٹی چیز کا ذائقہ درست کرنے کے لئے کھائیں ۳ گزک ۴ عادت۔ لپکا ۵ خواہش۔ آرزو (س چش۔ کھانا) **چاٹ پر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ مزا پڑ جانا ۲ عادت ہونا۔ **چاٹ پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) چسکا پڑ جانا۔ مزہ پڑنا۔ **چاٹ جانا** (لازم) ۱ زبان سے چاٹ کر کھا جانا۔ سب کھا جانا ۲ خرچ کر دینا۔ باقی نہ چھوڑنا۔ **چاٹ دینا** (متعدی) لالچ دینا۔ **چاٹ کا آشنا ہونا** (لازم) کھانے کا لالچی ہونا۔ **چاٹ کھانا** (متعدی) چاٹ لگنا (دہلی) **چاٹ لگانا** (متعدی) **لگ جانا یا لگنا** (لازم) مزہ پڑنا۔ چسکا پڑنا **چاٹنا** (متعدی) ۱ زبان سے کھانا۔ چکھنا ۲ مزہ لینا ۳ کھا جانا **چاٹے روکھ (نہیں رہتے) ہرے نہیں ہوتے** لوٹ کھاتے ہیں۔ کچھ نہیں چھوڑتے۔ **چاٹو** (ھ) چاٹیا (مذکر) ۱ وہ شخص جو کسی چیز کی لذت پائے ہو۔ چٹورا ۲ بہت کھانے والا شخص ۳ رشوت خوار آدمی ۴ (صفت) لالچی۔ حریص۔

مثل۔ چاٹ لگی تو حلوائی کی دوکان کی سوجھی۔ جب کسی آدمی کو مٹھائی کا چسکا

پڑ جائے تو کہتے ہیں۔

چاٹا (ھ۔ مذکر) وہ برتن جس میں گنّے کا رس پیلنے پر گرتا ہے۔ چاٹی (ہ۔ مونث) دودھ رکھنے یا دہی بلونے کا مٹی کا برتن (چاٹ سے)

چاٹو (ھ۔ مذکر) ۱۔ خوشامد کے الفاظ خوش کرنے والے الفاظ ۲۔ خوشامد۔ چاپلوسی۔

چاچا (ھ۔ مذکر) چچا۔ چاچی (مونث) چچی۔

چاچر (ھ۔ مذکر) خوشی کا گانا اور ناچ۔ خوشی کے کھیل ۲۔ ہولی کے موقع پر ڈنڈے کے گرد گانا اور ناچنا ۳۔ یہ ڈنڈا ۴۔ ایک میلہ جو ہولی کے بعد ہوتا ہے۔

چادر (ف۔ مونث) ۱۔ ایک لمبا اور چوڑا کپڑا جو دوپٹے کے اوپر اوڑھا جاتا ہے ۲۔ لمبا کپڑا جو پلنگ پر یا فرش پر بچھایا جاتا ہے ۳۔ کپڑا جو میز پر بچھایا جاتا ہے ۴۔ شال ۵۔ چادر کی شکل کے گندھے ہوئے پھول جو قبر پر ڈالے جاتے ہیں ۶۔ دھات کے پتلے لمبے اور چوڑے ٹکڑے ۷۔ پانی کی چوڑی دھار ۸۔ ایک قسم کی آتشبازی جس میں سے آگ کی چادر نکلتی ہے ۹۔ لگاتار گولہ باری۔ چادرا (مذکر) چھوٹی چادر۔ دو پاٹ کا دوپٹہ۔ **چادر اُتارنا** (متعدی) خود چادر سر سے علیحدہ کرنا ۲۔ کسی کا کسی کے سر سے چادر الگ کرنا ۳۔ بے عزت کرنا۔ بے حرمت کرنا بے پردہ کرنا۔ **چادر اڑھانا** (متعدی) کسی کے سر پر چادر رکھنا ۲۔ بیوہ سے نکاح کرنا۔ **چادر اوڑھنا** چادر سر پر لینا۔ **چادر بچھانا** (متعدی) فرش یا پلنگ پر چادر ڈالنا ۲۔ میز پر چادر ڈالنا۔ **چادر پڑنا** (لازم) پوشیدہ ہونا۔ **چادر تان کر سونا** (لازم) ۱۔ بے فکر ہو کر سونا ۲۔ زندگی مزے سے گزارنا۔ **چادر جوڑا** (مذکر) پشمینے کی دو چادریں۔ **چادر چڑھانا** (متعدی) چڑھنا (لازم) پھولوں کی چادر قبر پر پڑنا۔ **چادر چھپوّل** (مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں دو فریق ہوتے ہیں۔ ایک فریق والے ایک لڑکے کو چادر میں لپیٹ دیتے ہیں۔ جو دوسرے فریق سے اس کا نام بتادے۔ وہ اسے بیوی بنا کے لے جاتا ہے۔ اور باقی اس فریق والوں کی چڑھیاں لیتے ہیں۔ **چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا** (متعدی) بساط کے موافق گزر اوقات کرنا۔ **چادر ڈالنا** (متعدی) بیوہ کے ساتھ شادی کرنا۔ **چادر سے پاؤں باہر پھیلانا** (متعدی) اپنی بساط سے بڑھ کر کام کرنا۔ **چادر غفلت پڑی ہونا** (لازم) بالکل غافل ہونا۔ کچھ معلوم نہ ہونا۔ **چادر ہلانا** (متعدی) ۱۔ لڑائی میں امان مانگنا ۲۔ لوگوں کو جمع کرنے کی نشانی۔

مثل۔ **چادر تھوڑی (چھوٹی) ہے۔ پاؤں پھیلائے بہت**۔ آمدنی کم ہے خرچ زیادہ کرتا ہے۔

چار (ہ۔ صفت) دو اور دو۔ ۴۔ للہ ۲۔ چند۔ کئی۔ ایک (س چتر) **چار آدمی** (مذکر) چند آدمی۔ دو چار۔ بھلے مانس۔ پنچ۔ **چار آنکھ یا آنکھیں** (مونث) ۱۔ آنکھوں سے آنکھیں ملنا ۲۔ ملاقات۔ ملنا۔ **چار آنکھ یا آنکھیں کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ دیکھو آنکھیں چار ہونا ۲۔ زیادہ تجربہ یا واقفیت ہونا۔ **چار آئینہ** (مذکر) ایک قسم کی زرہ جس کے چار تختے۔ مخمل وغیرہ سے مڑھ کر آگے پیچھے دائیں بائیں لگاتے ہیں۔ **چار ابرو** (مذکر) ۱۔ سر بھویں داڑھی اور مونچھیں ۲۔ درویشوں کی ایک قسم جو سر اور چہرے کے تمام بال مونڈ ڈالتے ہیں۔ **چار ابرو کا صفایا یا صفائی کرنا**۔ **چار ابرو کو صفا کرنا** (متعدی) دونوں بھنویں اور داڑھی مونچھ منڈوانا۔ **چار اجساد** (مذکر) چار عنصر۔ **چار ارکان** (مذکر) ۱۔ اربع عناصر ۲۔ نماز کے چار فرض۔ **چار اسباب** (مذکر) چار علتیں **چار انگل** (مذکر) چار انگلیوں کی چوڑائی۔ گرہ۔ **چار انگل کا پرچہ یا پرزہ** (مذکر) رقعہ۔ خط۔ چھوٹا سا پرچہ۔ **چار انگلی یا انگلیاں** (مونث) ہاتھ کی چوڑائی ہاتھ۔ **چار انگلیاں اٹھانا** (متعدی) سلام کا جواب دینا۔ **چار انگلیاں سر پر رکھنا** (متعدی) سلام کا جواب دینا۔ سلام کرنا۔ عموماً نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **چار باغ** (مذکر) ۱۔ وہ شالی رومال جس کے چاروں کونوں پر پھول بوٹے بنے ہوئے ہوتے ہیں ۲۔ مربع باغ۔ چوکھونٹا باغ ۳۔ اصفہان میں ایک باغ ۴۔ شاہی باغ ۵۔ جمنا کے کنارے پر ایک باغ جو بابر نے بنایا تھا۔ جس کا نام ہشت بہشت بھی تھا ۶۔ لکھنؤ میں ایک باغ۔ **چار بالش یا بالشت** (مذکر) ۱۔ ایک قسم کا بڑا گدا جس پر امیر لوگ بیٹھتے ہیں ۲۔ تخت۔ گدی۔ مسند (بادشاہت کا) ۳۔ کوچ۔ گدے دار کرسی ۴۔ عناصر اربعہ۔ **چار بانگ** (صفت) ۱۔ ہوشیار۔ عقلمند ۲۔ چست۔ چالاک۔ **چار برد** (مذکر) ایران میں ایک شہر۔ **چار بردی** (صفت) چار برد کا باشندہ۔ **چار برساتیں زیادہ دیکھی ہیں**۔ عمر میں یا تجربے میں زیادہ ہوں۔ **چار بند** (مذکر) ۱۔ ہر جوڑ۔ ہر عضو ۲۔ چاروں طرفیں ۳۔ دنیا۔ **چار بندی** (مونث) ۱۔ دنیا ۲۔ جھولا۔ بادبانی۔ مسافرت کا تھیلا۔ **چار بند کی فصدیں لینا** (متعدی) پشت کے چاروں طرف کی رگوں کا خون نکلوانا۔ **چار بیسی** (صفت) اسّی **چار پانچ** (صفت) ۱۔ چند ۲۔ (مذکر) جھگڑا۔ حیل و حجت۔ عذر (کرنا۔ لانا کے ساتھ) **چار پارہ** (صفت) چار ٹکڑے۔ چار ٹکڑے کا۔ **چار پائی** (مونث) ۱۔ چھوٹا پلنگ۔ پلنگڑی ۲۔ بیمار یا مردوں کو لیجانے کا پلنگ ۳۔ **چار پائی پر پڑنا** (متعدی) ۱۔ پلنگ پر لیٹ جانا ۲۔ بیمار ہو جانا۔ صاحب فراش ہونا۔ **چار پائی سے پیٹھ لگ جانا** (لازم) سخت بیمار ہو جانا **چار پائی کا بولنا** (لازم) بیٹھنے یا ہلنے پر چار پائی سے آواز کا نکلنا۔ **چار پائی کاٹ دینا** (متعدی) بیمار کی چار پائی کے بان وغیرہ کاٹ کر پاخانہ کرنے کی جگہ بنانا۔ **چار پائی کٹ جانا** (لازم) ۱۔ دیکھو آخری ۲۔ مجازاً بہت دست آنا ۳۔ بہت ناتوان ہو جانا۔ قریب المرگ ہو جانا۔ **چار پائی کا کان نکالنا** (متعدی) ٹیڑھی چار پائی کو سیدھا کرنا۔ **چار پائی میں کان نکلنا** (لازم) چار پائی کا ٹیڑھا یا اونچا نیچا ہو جانا۔ **چار پائی والا** (مذکر) کٹھمل۔ **چار پہر دن** (مذکر) سارا دن۔ **چار پہر رات** (مونث) ساری رات **چار پایہ** (مذکر) حیوان۔ چوپایہ۔ **چار پایا ہو جانا** (لازم) شادی یا بیاہ ہو جانا۔ جورو والا ہو جانا۔ **چار پنتھ** (ھ۔ مذکر) چورستہ۔ **چار پیر** (مذکر) حضرت حسنؓ حضرت حسینؓ۔ حضرت بصری۔ کمیل ابن زیاد **چار پیسے** (مذکر) مال۔ دولت۔ **چار پیسے پاس ہونا** (لازم) امیر ہونا۔ آسودہ حال ہونا۔ **چار پیسے سے خوش**۔ آسودہ حال۔ **چار پیسے کے لئے**۔ تھوڑے مال کے واسطے۔ **چار تار** (مذکر) کچھ کپڑے۔ چار جوڑے ۲۔ کچھ زیور۔ چار گہنے ۳۔ ایک قسم کا ساز جس میں تار ہوتے ہیں۔ **چار تارا** (مذکر) دیکھو آخری ۳۔ **چار تال** (مذکر) طبلہ بجانے میں ایک تال۔ چوتالہ۔ **چار تخم** (مذکر) تخم ریحان۔ اسپغول بالنگو۔ خرفہ پیچش کا علاج ہے۔ **چار تکبیر** (مونث) نماز جنازہ۔ **چار تنگ** (مذکر) ۱۔ چار قدم ۲۔ سرپٹ **چار تُوک** (مذکر) چار ٹکڑے۔ چار پھانک۔ **چار جامہ** (مذکر) ۱۔ کپڑے کا زین جس میں لکڑی نہیں ہوتی ۲۔ تہ بند باندھے ہوئے اور باقی بدن ننگا۔ **چار جائی** (مونث) فاحشہ عورت۔ **چار چالے** (مذکر)

دولھن کا شادی کے بعد ایک مہینے میں چار دفعہ میکے جاکر واپس سسرال آنا - چار چاند (مذکر) عزت - مرتبہ - شان وشوکت - چار چاند لگانا (متعدی)، لگنا (لازم) ۱ عزت بڑھنا ۲ شان وشوکت بڑھنا - خوبصورتی بڑھنا ۳ آنکھوں پر بٹھایا جانا - چار چشم (صفت) بے حیا - بے مروت - بے وفا ۲ ایسا جانور جس کی آنکھوں کے اوپر سیاہ رنگ کے نشان ہوں خصوصاً کتا - چار چلو خون (لہو) بڑھنا (لازم) بہت خوش ہونا - چار چند (صفت) چوگنا - چار چوٹ کی مار (مونث) سخت مار - ہاتھ پاؤں لکڑی کوڑے کی مار (دینا کے ساتھ) چار چول برابر ہونا (لازم) چوکور - چار حرف (مذکر) لعنت - چار حرف بھیجنا (مذکر) لعنت کرنا - چار خانہ (مذکر) ۱ خانہ دار کپڑا ۲ شطرنج کی بساط میں بیچ کے چار خانے ۳ مویشی کا معدہ - چار دانت (مذکر) ۱ چار برس کا گھوڑا ۲ چار سال کا بکرا ۳ کوئی جانور جو عین شباب ہو - چار دانگ (صفت) ۱ چاروں طرف - کل تمام ۲ (مذکر) دنیا کی چار طرفیں ۳ دینار کا چھٹا حصہ چار دانے چاول (مذکر) تھوڑی سی خوراک - چار دن (صفت) چند روز - تھوڑے دن - چار دن اور ہوا کھا لو - تھوڑا عرصہ اور جی لو - چار دن کا (صفت) عارضی - تھوڑے دن کا - چار دن کی بادشاہی ۱ چند روزہ لطف ۲ چند روزہ حکومت - چار دن کی بہار (مونث) چند روزہ رونق - چار دن کی چودھرہٹ پاتنا ادماد - ذرا سی حکومت پر اتنی نمود یا شیخی - چار دن کی چاندنی - روشنی یا چہار چہ درس (مونث) کوئی بھی چیز جو چند روز رہے - چند دن کی دولت جس سے عیش وغیرہ - چار دہ (صفت) چودہ - چار دہ سالہ (صفت) چودہ سال کا - چار دیوار (مذکر) کسی قسم یا احاطے کی چاروں طرف کی دیواریں - چار دیہات (مذکر) وہ جائداد جس میں چار گاؤں کی اراضی ہو - چار دیواری (مونث) احاطہ - فصیل - شہر پناہ - چار ذات یا ذاتیں (مونث) برہمن - چھتری - ویش شودر - چار روز (مذکر) چند روز - چار روزہ (صفت) چند دن کی - چار زانو (مذکر) بیٹھنے کا ایک طریقہ جس طرح درزی سینے کے لئے بیٹھتے ہیں (بیٹھنا کے ساتھ) چار سال (مذکر) ۱ چار سال کا گھوڑا چار دانت ۲ بوڑھا بکرا - چار سو (صفت) ۱ چاروں طرف مشرق - مغرب - شمال - جنوب ۲ (مذکر) چوراہا چوراستہ ۳ احاطہ - رقبہ - چار شانہ (صفت) مضبوط سخت - قوی - چار شنبہ (مذکر) بدھ کا دن - چار ضرب (مذکر) صوفیائے کرام کا ایک شغل جس میں ذکر کے وقت دل جگر دماغ اور سینے پر الا اللہ کے لفظ کی ضرب نوبت بنوبت لگاتے ہیں ۲ چوتالہ رقص ۳ چار ابرو کا صفایا - چار طاق (مذکر) راوٹی - چار طرف (مذکر) چار سو - چار دانگ ۲ ہر طرف - ہر جانب - چار طوفان (مذکر) ۱ حضرت نوح کا طوفان آب ۲ حضرت ہود کا طوفان باد ۳ حضرت لوط کا طوفان آتش ۴ حضرت صالح کا طوفان خاک - چار علتیں (مونث) علت مادی علت فاعلی - علت صوری - علت غائی - چار عنصر - چاروں اصلی جز ہوا پانی آگ مٹی - پرانے زمانے میں یہ چاروں اصلی جز سمجھے جاتے تھے - مگر زمانہ حال کی تحقیقات نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ہوا پانی اور مٹی مرکبات ہیں - اور آگ آکسیجن کے کسی چیز کے ملنے سے پیدا ہوتی ہے - چار قب (مذکر) ۱ ایک کپڑا واسکٹ کی طرح کا ۲ آئینہ - چار قدم (مذکر) تھوڑا فاصلہ ۲ (صفت) بہت نزدیک - تھوڑے فاصلے پر - پاس - چار قدم آگے چلنا (لازم) ۱ پیچھے نہ رہنا ۲ غالب رہنا - چار قل (مذکر) قرآن شریف کے آخری پارے کی چار سورتیں جو قل کے حرف سے شروع ہوتی ہیں - سورہ الکافرون - الاخلاص - الفلق اور الناس چار کاغذ (مذکر) مقدمے کی کارروائی - دعوے - جواب دعوے - جواب الجواب - رد جواب - چار کانے (مذکر) پانسے کے ایک داؤں کا نام - جب ایک دو کا اور دو ایک ایک کے پڑیں (آنا پڑنا کے ساتھ) چار کپڑے (مذکر) چند کپڑے - چار کپڑے (کرتے ٹوپی) زیادہ پھاڑنا (متعدی) ۱ تجربہ زیادہ ہونا ۲ زیادہ تجربہ کار ہونا ۳ زیادہ جینا - زیادہ عمر ہونا - چار کونی (ہندسہ) مربع مستطیل - چار کونی کی چاروں (مونث) چوسر کا بیچ - چار کھونٹ - دیکھو چار دانگ - چار کھونٹ میں (تف) چاروں طرف - ہر جگہ - چار کے کان آواز پڑنا (لازم) شہرہ ہونا - چار کے کاندھے ۱ میت کو چار آدمی اٹھاتے ہیں - اس کی طرف اشارہ ہوتا ہے - مذاقاً پینس یا پالکی پر چڑھنے کو کہتے ہیں (جانا چڑھنا کے ساتھ) چار کی مرضی (مونث) چند آدمیوں کی خوشی - چار گام یا گامہ (صفت) تیز چلنے والا گھوڑا - چار گردے (کا آدمی) والا ہے - بڑا دلیر ہے - بڑا بہادر ہے - باہمت ہے - چار گنا (صفت) چوگنا - چار مغز (مذکر) ۱ اخروٹ ۲ (طب) خربوزہ - تربوز - خیارین اور کدو کے مغز ۳ مٹی کی گولی جس سے بچے کھیلتے ہیں - چار موج (مونث) بھنور گرداب - چار منزل (مونث) شریعت - طریقت حقیقت - معرفت - چار میخ (مونث) ایک سزا جس میں مجرم کے ہاتھ اور پاؤں چار میخوں سے باندھ دیتے ہیں - چار میخا کرنا (متعدی) لٹا کر ہاتھ پاؤں چار میخوں سے باندھ دینا - چار میں (تف) غیروں میں - چار میں ہانڈی پک جانا (لازم) مشہور ہو جانا - راز افشا ہو جانا - چار نظر یا نظریں (مونث) دیکھو چار چشم ۱ - چار وا (مذکر) چوپایہ - کمہار گدھے کو کہتے ہیں - چار چاروں (صفت) چار - کل چار - چاروں اوستھا (ھ) ۱ آدمی کی چار حالتیں ۲ (طب) علم کی چار حالتیں - جاگنا - سونا - استغراق - برہما جی کی روح میں جذب ہونا - چاروں آشرم (ھ) ہندو کے چار بڑے فرقے - چاروں اور دیکھو چاروں طرف - چاروں پدارتھ (ھ) چار بڑی چیزیں - ارتھ - دھرم - کام - مکش - چاروں پہر (تف) ہر وقت - اکثر اوقات - چاروں جگ (مذکر) چار زمانے - ستیہ یا کرتیہ - تریتہ - دواپر اور کل - چاروں چول برابر ہے ۱ چاروں طرف سے ایک جیسا ۲ مربع ہے ۳ بڑا موٹا تازہ ہے - چاروں چولوں سے ٹھیک کر لینا (متعدی) معاملے کو پوری طرح سے درست کر لینا - چاروں خانے چت - دیکھو چاروں شانے چت - چاروں دشا (ھ) دیکھو چاروں اور چاروں دِشا (ھ) دیکھو چاروں طرف - چاروں شانے چت (کشتی) پیٹھ زمین سے لگی ہوئی (پڑنا کرنا ہونا کے ساتھ) چاروں شانے چت ہو گیا - بد حواس ہو کر گر گیا - ہار گیا - چاروں طرف (تف) ہر طرف یا جگہ - ارد گرد - چاروں قل - دیکھو چار قل - چاروں مت (مذکر) علم موسیقی کے چار ارکان چاروں ورن (مذکر) ہندوؤں کی چار ذاتیں برہمن چھتری ویش اور شودر - چاروں وید (مذکر) رگ شام - یجر - اتھرون - چار ہاتھ (مذکر) ۱ دو اور دو ہاتھ ۲ لمبائی میں چار ہاتھ ۳ قیاسی پیمائش - چار ہاتھ اچھلنا (متعدی) بہت مضطرب ہونا - چار ہاتھ پاؤں (مذکر) دونوں ہاتھ دونوں پاؤں - چار ہاتھ پاؤں (سب رکھتے ہیں یا سب کے ہیں) کچھ تمہارے ہی نہیں ہیں ۱ کماؤ کھاؤ ۲ سب طاقت

رکھتے ہیں۔ گھمنڈ کرنے والے کو کہتے ہیں۔ **چار ہاتھ کی زبان ہونا** (لازم) بہت زبان دراز ہونا۔ **چار یار** (مذکر) پیغمبر صلعم کے چار اصحاب کبار۔ حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ۔ حضرت علیؓ۔ **چار یاری** (مذکر) ۱۔ شیعہ سنیوں کو کہتے ہیں ۲۔ کلمہ کا روپیہ جو مسلمان برکت کے لئے تھیلی میں رکھتے ہیں۔ **چار یاری کا روپیہ** (مذکر) ایک مربع سکہ چاندی کا جو بطور تعویذ استعمال ہوتا ہے۔ **چار یک** (صفت) چار میں سے ایک۔ چوتھا حصہ۔ ایک چوتھائی۔ **چار یک کار** (مذکر) کابل کے قریب ایک مقام۔

امثال و اقوال۔ چار افیمی اور تین حقے۔ جھگڑے کی بات ہے۔ **چار باسن ہوتے ہیں تو کھڑکتے ہیں**۔ جہاں چار آدمی جمع ہوتے ہیں تکرار بھی ہو جاتی ہے۔ **چار بید پانچواں لبید**۔ جو عقل کی بات نہ مانے اس کے لئے ڈنڈا مناسب ہے۔ **چار پاؤں کا گھوڑا چونکتا ہے۔ دو پاؤں کا آدمی کیا بلا ہے**۔ آدمی کے لئے ٹھوکر کھانا معمولی بات ہے۔ انسان لغزش کھاتا ہے۔ **چار پائے برو کتابیں چند**۔ پڑھا ہوا بیوقوف حیوان کے برابر ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں۔ **چار جات گانویں ہڑ بونگ۔ اہیر دُفالی دھوبی ڈوم** (مذ) یہ ذاتیں موقع بے موقع گاتی رہتی ہیں۔ **چار چور چوراسی بنئے ایک ایک کر کے لوٹا**۔ بنیوں کی بزدلی پر طنز ہے۔ **چار دن چاندنی چار دن اندھیاری**۔ عروج کے بعد زوال ہوتا ہے۔ **چار دن کا رنگ ڈھنگ۔ چھوڑ دہی جرو امورا سنگ** (پوربی) آپ کی محبت چند دن کی ہے آپ جائیے۔ **چار دن کی آئیاں اور سونٹھ پاہن جائیاں۔ چار دن بیاہ کو نہیں ہوئے اور ابھی جننے کی تیاری**۔ جلد باز عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ **چار دن کی چاندنی پھر (اندھیرا پاکھ یا اندھیر کا اندھیر) اندھیری رات** ۱۔ دولت و ثروت عمر چند روزہ رہتی ہے ۲۔ کچھ دن قدر ہوتی ہے ۳۔ عیش و عشرت کے چند دن ہوتے ہیں۔ **چار دن کی چمار چودش ہے**۔ تھوڑے دن کے لئے اس بات کی شہرت ہے۔ **چار دن کی چودھریا ننا آدماد**۔ چار دن کی حکومت پر یہ غرہ۔ **چار دن کی کوتوالی پھر وہی کُھرپا جالی**۔ اب یہ حکومت ہے معزولی کے بعد وہی پہلا حال۔ **چار سال برا احوال** گھوڑے کے متعلق کہتے ہیں۔ چار سال تک خرچ ہی خرچ ہے۔ اس کے بعد سواری کے قابل ہوتا ہے۔ **چار فقیروں کو نہ دیا ایک تکیہ دار کو دیا**۔ آسودہ شخص کو خیرات کرنا۔ **چار مہینے حال کا۔ چار مہینے تال کا۔ چار مہینے ڈال کا**۔ چار مہینے تازہ پانی پینا چاہئے۔ چار مہینے تالاب کا اور چار مہینے باسی۔ برسات میں تازہ۔ سردیوں میں تالاب کا اور گرمیوں میں باسی پانی اچھا ہوتا ہے۔ **چار مہینے پال کا۔ چار مہینے ڈال کا۔ چار مہینے جیسا کیسا (جیسے ویسے)** چار مہینے باسی پانی پینا چاہئے۔ چار مہینے تالاب اور چار مہینے جیسا مل جائے۔ **چاروں راستے موکلے** کوئی روک ٹوک نہیں۔ **چار یار وہ بھی بیکار** سب کے سب بے ہنر۔

چار (ف۔ مذکر) چارہ کا مخفف۔

چارو ناچار (تف) مجبوری سے۔ ضروری طور پر۔

چار (ہ۔ مذکر) تحفہ جو کسی خوشی کے موقع پر دیا جائے۔

چار (س۔ مذکر) جاسوس۔ مخبر۔ خبر لانے والا شخص۔

چارا (ہ۔ مذکر) ۱۔ چوپایوں کی سبز خوراک گھاس چری وغیرہ ۲۔ وہ چیز جو مچھلی پکڑنے کے واسطے کانٹوں میں لگا دیتے ہیں ۳۔ چھوٹا پودا ۴۔ چارہ۔ **چارا ڈالنا** (متعدی) مویشی کے آگے گھاس وغیرہ ڈالنا۔ **چارا لگانا** (متعدی) مچھلی پکڑنے کے لئے کنڈے میں کوئی چیز لگانا۔

چارج (انگ۔ مذکر) ۱۔ سپردگی۔ تحویل۔ ۲۔ چارج لینا۔ ۳۔ بار۔ ۴۔ برقی بار۔ ۵۔ الزام۔ مواخذہ۔ ۶۔ قیمت۔

چارج شیٹ (انگ۔ مونث) فرد جرم۔

چارم۔ چارمی۔ چارمیں (ف۔ صفت) چہارم وغیرہ کی مخفف۔

چارن (س۔ صفت) ۱۔ آوارہ گرد پھرنے والا ۲۔ (مذکر) جاتری ۳۔ گویا جو پھرتا رہے۔ ایکٹر۔ بھان متی۔ ناچنے والا ۴۔ جاسوس۔ مخبر ۵۔ حمد گو۔ قصیدہ گو۔ بھاٹ۔ **چارنتو** (مذکر) بھان متی کا پیشہ۔ ناچنا **چارندار** (مونث) بھانمتی کی بیویاں۔ ناچنے والیاں **چارنی** (مونث) گر ۱۔ مل ۲۔ ایک آسمانی رقاصہ کا نام۔

چارن (ہ۔ صفت) ۱۔ چارون۔ (غف) ۲۔ (مذکر) چالن۔

چارنا (ہ۔ لازم) چلنا (غف)

چارو (ہ۔ صفت) بہت کھانیوالا۔ پیٹو۔ **مثل۔ چارو سو بھارو**۔ ۱۔ بہت کھانے والا لاموجب تکلیف ہوتا ہے ۲۔ جو جوان بہت کھاتا ہے موٹا ہو جاتا ہے۔

چارو (س۔ صفت) ۱۔ خوشگوار۔ خوش کن۔ دلپسند۔ دلپذیر۔ پسندیدہ ۲۔ پیارا۔ عزیز ۳۔ خوبصورت۔ حسین ۴۔ کرشن جی اور رکمنی کا ایک لڑکا۔ **چارو باہو** (مذکر) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **چارو بھدر** (عص) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **چارو پد** (عص) نیمو کا ایک بیٹا **چارو چتر** (عص) دھرت راشٹ کا ایک بیٹا۔ **چارو چندر** (عص) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **چارو دت** (مذکر) ایک برہمن کا نام۔ جو مرچھا کٹی ڈرامے کا ہیرو ہے **چارو درشن** (مونث) حسین عورت۔ **چارو دھارا یا دھاما** (مونث) اندر مہاراج کی بیوی۔ **چارو دھشنیہ** (مذکر) گیارھویں منونتر کے ایک رشی کا نام **چارو دیشنہ** (عص) ۱۔ کرشن جی اور رکمنی کا ایک بیٹا ۲۔ گندوشہ کا ایک بیٹا۔ **چارو دیہ** (عص) کرشن جی اور رکمنی کا ایک بیٹا۔ **چارو نراوا** (مونث) بہو ردھاما۔ **چارو سار** (مذکر) خوبصورتی کا جوہر۔ سونا۔ **چارو شروس** (عص) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **چارو شیلا** (مذکر) ۱۔ خوبصورت پتھر ۲۔ جواہر۔ **چارو گپت** (عص) کرشن جی اور رکمنی کا ایک بیٹا۔ **چارو گربھ** (عص) کرشن جی اور رکمنی کا ایک بیٹا۔ **چارو مت یا متی** (عص) کرشن جی اور رکمنی کی ایک بیٹی۔ **چارو مکھ** (صفت) خوبصورت چہرے والا۔ **چارو وند** (عص) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **چارو ہاسن** (صفت) خوبصورتی سے ہنسنے والا۔ **چارو ہاسنی** (مونث) رکمنی لکشمنا اور کرشن جی کی دیگر بیویوں کا لقب۔ **چاروی** (مونث) ۱۔ خوبصورت عورت حسینہ ۲۔ چاندنی ۳۔ شان۔ شان و شوکت۔ تجمل ۴۔ عقل۔ فراست۔ فہم۔ **چارو ویش** (عص) کرشن جی کا ایک بیٹا۔ **چاریش** (عص) کرشن جی ایک بیٹا۔

چارو (ہ۔ صفت) ۱۔ چارون (غف)

چاروا (ہ۔ مذکر) ۱۔ چارپایہ ۲۔ ٹٹو

چارو ادار (مذکر) سائیس۔

چارواک (س۔ مذکر) ۱۔ وہ فلسفہ دان جو بہت آزاد خیال ہو۔ دہریہ۔ منکر۔ کا فر ۲۔ ایک

راکھشس جو درپودھن کا دوست تھا اور جب فتح کے بعد یدھشٹر ہستناپور واپس آیا تو اسنے برہمن بنکر اس کے گناہوں پر تنبیہ کی۔ مگر برہمنوں کو معلوم ہو گیا کہ وہ برہمن نہیں ہے اور انہوں نے اپنی نظروں سے اسے جلا دیا ۲ ایک آزاد خیال فلسفہ داں ۳ اس کے پیرو۔

چاروال (ھ۔ مذکر) چوکھا۔

چاروانک (ھ۔ مذکر) چلدار

چارولی (ھ۔ مونث) ۱ کرنجوا کا بیج ۲ ایک گٹھلی کی گری۔

چارہ (ف۔ مذکر) ۱ علاج۔ تدبیر تدارک۔ دوا۔ درماں۔ اُپائے ۲ مدد۔ امداد۔ سرانجام (کرنا ہونا کے ساتھ) **چارہ پرواز** (صفت) چارہ کرنے والا۔ **چارہ پذیر** (صفت) جس کا چارہ ہو سکے قابل علاج (ہونا کے ساتھ) **چارہ جوئی** (مونث) استغاثہ۔ دعوئے۔ نالش۔ فریاد (کرنا ہونا کے ساتھ) **چارہ ساز** (صفت) ۱ کام بنانے یا درست کرنیوالا ۲ معالج ۳ (مذکر) مجازاً خدا تعالٰے۔ **چارہ ساز بیکساں** (مذکر) غریبوں کے کام درست کرنے والا۔ **چارہ سازی** (مونث) ۱ معاونت۔ امداد۔ مدد۔ یاری ۲ معالج۔ معالجہ۔ **چارہ کیا ہے**۔ کیا علاج ہے۔ مجبوری ہے۔ **چارہ گر** (صفت) دیکھو چارہ ساز۔ **چارہ گری** (مونث) چارہ سازی۔

چاڑ (ھ۔ مذکر) گھاس۔ چکتا۔ نشان زخم کا نشان ۲ زخم۔ چوٹ۔ ضرر ۳ شکن۔ ڈنڈی۔ جھاڑ

چاس (ھ۔ مونث) ۱ کاشت۔ زراعت۔ ہل چلانا ۲ (پ) شیرا۔ قوام۔ چاشنی **چاس کرنا** (متعدی) ہل چلانا۔ کاشت۔ **چاسا** (مذکر) ہل چلانا۔ کاشت کرنا۔ زراعت کرنا۔ **چاس نکالنا** (پ۔ متعدی) قوام بنانا۔ **چاسنی** (مونث) ایک بڑا برتن جس میں گنے کے رس کو ابالتے ہیں۔ **چاسی** (مذکر) ہالی۔ کاشتکار ۲ (مونث) ہل چلانا۔ **چاسا** (مذکر) ہالی۔ کاشتکار۔ مزارع۔ **چاسا چاسی** (مونث) کاشت مونث۔

چاس (س۔ مذکر) نیل کنٹھ۔

چاشت (ف۔ مذکر) ۱ صبح اور دوپہر کے درمیان کا وقت ۲ صبح کا کھانا ۳ ایک نماز جو اس وقت پڑھی جاتی ہے مگر فرض نہیں۔ **چاشت خور** (صفت) منفت خورا۔ جیسے کھانے کی چیزیں بغیر کوشش کے مل جائیں۔ **چاشت گاہ** (مذکر) چاشت ۱ وقت ۲ **چاشت کی نماز** (مونث) چاشت ۳

چاشنی (ف۔ مونث) مزہ۔ ذائقہ ۲ طعام وغیرہ کا نمونہ جو چکھا جائے ۳ شیرہ۔ قوام ۴ چکھنے کے قابل کوئی چیز ۵ تھوڑی سی آمیزش ۶ سونے چاندی کی اصلیت کا امتحان تھوڑا سا پگھلا کر ۷ ثبوت۔ امتحان ۸ کھٹاس اور مٹھاس ملی ہوئی ۹ ذرا سی شیرینی ۱۰ چاسنی ۱۱ آم کے پودے میں جو پہلے پھل نکلتا ہے۔ **چاشنی چکھنا** (متعدی) مزا چکھنا۔ لذت دیکھنا۔ **چاشنی دار** (صفت) کھٹ مٹھا۔ **چاشنی گیر** (مذکر) بکاول۔ وہ شخص جس کا فرض ہر کھانے کو چکھنا ہوتا ہے۔ یہ بادشاہوں اور امیروں کے پاس ہوتے تھے کہ کوئی زہر نہ دیدے

چاشی (ھ۔ مذکر) دیکھو چاسی۔ چاسا

چاق (ف۔ صفت) ۱ صحیح۔ تندرست ۲ چالاک چست۔ پھرتیلا۔ ہوشیار ۳ تر و تازہ ۴ لڑائی کے لئے تیار (گھوڑا) ۵ موٹا تازہ ۶ طرار۔ فرار۔ **چاق چوبند** (صفت) دیکھو چاق علاوہ ۶ کے۔

مثل۔ چاق چوبند ٹکا نعلبند فضول کفایت شعاری کے موقع پر کہتے ہیں۔

چاقو (ف۔ مذکر) ایک آلہ جس کے ایک طرف لکڑی کا دستہ اور دوسری طرف لوہے کا پھل ہوتا ہے جو مڑ کر لکڑی کے دستے میں آجاتا ہے یہ قلم وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔ قلمتراش۔ چاکو۔

چاک (ف۔ صفت) پھٹا ہوا۔ چیرا ہوا ۲ شگاف۔ دراڑ۔ پھٹی ہوئی جگہ ۳ آستین یا دامن کا کھلا ہوا حصہ۔ **چاکِ آستین** (مذکر) آستین کا وہ حصہ جو کھلا چھوڑتے ہیں۔ **چاکِ دامن** (مذکر) دامن کا پھٹا ہوا حصہ جو غصے میں پھاڑ گیا ہو۔ **چاک دینا** (متعدی) پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا (متر) **چاک کا ہنسنا** (مذکر) شگاف کا کھلنا۔ **چاک کرنا** (متعدی) پھاڑنا چیرنا۔ **چاکِ گریبان** (مذکر) گریبان کا کھلا ہوا حصہ **چاک ہونا** (لازم) پھٹنا۔ چرنا۔

مثل۔ چاک کنم گرہ کنم دیکھو میرا ہنر۔ آپس میں لڑانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔

چاک (ہ۔ مذکر) ۱ کمہار کا پہیہ ۲ کوئیں کی چرخی ۳ (ھ) لکڑی کا چکر جو کنوئیں کی تہ میں رکھتے ہیں ۴ وہ گول کونڈا جس میں عصری باندھ جاتے ہیں ۵ وہ چیز جس سے کھلیان پر چھاپ لگاتے ہیں ۶ (ھ) چکی۔ چکی کا پتھر (س۔ چکر) **چاک پوجنا** (مذکر) ہندوؤں میں شادی کی ایک رسم جس میں چاک ماں کی پوجا کرتے ہیں

چاک کی طرح پھرنا (لازم) چکر کھانا۔ گھومنا۔

امثال۔ چاک اترا ہوا پھر نہیں چڑھتا۔ کام بگڑا ہوا نہیں سنورتا۔ **چاک کا گڑ کلری کے ہولے بھادوں کی دھوپ بادشاہ کو نہیں ملتی۔** بادشاہ ان چیزوں کو حقیر سمجھتے ہیں اور انکا لطف نہیں اٹھا سکتے۔

چاک (انگ۔ مونث) کھریا مٹی۔

چاکا (ھ۔ مذکر) دیکھو چکا۔ چکرا۔

چاکر (ف۔ مذکر) نوکر۔ خادم۔ ملازم خدمتگار۔ نوکر کا نوکر۔ گھوڑے ہاتھی کا نوکر۔ **چاکران** (مذکر جمع) نوکر۔ **چاکرانِ زمین** (مذکر) وہ زمین جسکی مالگزاری معاف ہو اور ملازمان سرکار کے گزارے کیلئے دی جائے۔ **چاکرانِ کمترین** (مذکر) نہایت ادنٰے ملازمان۔ **چاکری** (مونث) ۱ ملازمت۔ نوکری۔ خدمتگزاری ۲ فرض۔ کام ۳ گاؤں میں جاگیر ملازم کو **چاکری کرنا** (متعدی) ملازمت کرنا۔ نوکری کرنا۔

امثال و اقوال۔ چاکر سے کوکر بھلا جو سووے اپنی نیند۔ نوکر سے کتا اچھا ہے جو اپنی نیند تو سوتا ہے۔ نوکری کی مذمت میں کہتے ہیں۔ **چاکر کو عذر نہیں کوکر کو عذر ہے۔** کتا حکم نہ مانے مگر نوکر کو ماننا پڑتا ہے۔ نوکر کو تابعداری کے سوا اور کوئی چارہ نہیں۔ **چاکر کے آگے کوکر کوکر کے آگے پیش خیمہ۔** **چاکر کے چوکر چوکر کے پیشکار** وہاں کہتے ہیں جہاں کسی کو کام کہا جائے اور وہ دوسرے کرنے کا حکم دیدے۔ **چاکر ہے تو ناچا کر۔ نا ناچے تو نا چاکر۔** اگر نوکر ہے تو کام کرنا پڑے گا اور اگر نہ کریگا تو نوکر نہیں۔ **چاکر یا چاکری کر کے آپ اپنے ہاتھ بکتا ہے۔** نوکری غلامی ہے۔ **چاکری میں آکری کیا۔** نوکری میں سستی نہیں ہونی چاہئے۔

چاکر (س۔ صفت) گول۔ **چاکر ورمن** (مذکر) ایک نحوی کا نام۔

چاکڑ (ھ۔ صفت) چوڑا۔ وسیع۔ چکلا۔

چاکسو (ف۔ مذکر) ایک قسم کے سیاہ بیج جنہیں ابال کر سفوف بناتے ہیں۔ اور آشوب چشم کے لئے آنکھوں میں ڈالتے ہیں۔

چاکشش (س۔ صفت) ۱ نظر کا۔ نظر پر منحصر ۲ بصری۔ چشمی ۳ جو آنکھ سے نظر آئے۔ ظاہر

عیاں ۲ (مذکر) اگنی ۳ ایک مصنف ۴ چھٹے منو کا نام ۵ وشواکرمن اور آکرتی کا ایک بیٹا ۶ پکش کا ایک بیٹا ۷ پرُو اور بربہری کا ایک بیٹا جو ایک منو کا باپ ہے ناگکشیو کا ایک بیٹا اور سبھانر کا بھائی ۱۱ کھنتر کا ایک بیٹا۔

چاکلیٹ (انگ - مذکر) ایک مٹھائی جو بچے اور عورتیں بہت کھاتی ہیں۔

چاکو (ہ - مذکر) چاقو (غف)

چاکھ (ھ - مذکر) نیل کنٹھ۔

چاکھنا (ھ - لازم) ۱ دیکھو چکھنا ۲ پرکھنا - آزمانا - امتحان کرنا۔

چاکی (ہ - مونث) ۱ (بنوٹ کی اصطلاح) وہ ہاتھ جس میں لکڑی کو گردش دے کر جہاں خالی جگہ پائیں مار دیں ۲ چکی (غف) چاکی کا ہاتھ مارنا (متعدی) لکڑی بدن پر خالی جگہ پر مارنا۔

مثل - چاکی پھیری - ہوئی چون کی ڈھیری - محنت کرنے سے صلہ ملتا ہے۔

چال (ہ - امر) ۱ چالنا کا ۲ (مونث) حرکت رفتار - طرز رفتار - چلنا ۳ گھوڑے کا قدم - گھوڑے کی رفتار ۴ شطرنج میں مہرے کا چلنا ۵ طریقہ - طرز - رویہ - روش - طور ۶ عادت - رواج - رسم ۷ دھوکا - دم - فریب ۸ گھات تجویز - داؤں ۹ گھڑی کی چال ۱۰ ایک بحر یا وزن ۱۱ ایک سر ۱۲ ایک قسم کی مچھلی - چالا (مذکر) ۱ حرکت - رفتار ۲ روانگی کوچ - رخصت ۳ روانگی کی مہورت - اچھی ساعت چلنے کے لئے ۴ دلہن کا خاوند کے گھر جانا - چار چالے ہوتے ہیں - دیکھو چار چالا ۵ (ھ) مصیبت - آفت - بدقسمتی ۶ (ھ) ایک قسم کی مچھلی - چالا دیکھنا (لازم) مہورت دیکھنا - **چال اُڑانا** (متعدی) انداز کی نقل کرنا تقلید کرنا - **چالباز** (صفت) چالاک - ہوشیار - چالیا - **چالبازی** (مونث) چالاکی - چھل - شرارت - **چال بتلانا** (متعدی) شطرنج میں مہرے کو خاص طرح پر چلنے کا مشورہ دینا - **چال پڑنا** (لازم) ۱ شطرنج میں کوئی جیتنے والی چال کا ہو جانا ۲ تدبیر کارگر ہونا - **چال پکڑنا** (ھ) ۱ انداز کی نقل کرنا تقلید کرنا - طریقہ اختیار کرنا ۲ مشہور ہونا - رائج ہونا - **چال ٹھیک چکر** (ھ) گھڑی کی چال کو درست کرنے والا پہیا - **چال ٹھیک کرنا** (متعدی) گھڑی کی چال کو تیز یا ہلکا کرنا - **چال چلن** (مذکر) ۱ طور - طریقہ ۲ طرز رہائش - طریق معاشرت ۳ رنگ ڈھنگ - **چال چلنا** (متعدی) ۱ دھوکا دینا - دم دینا ۲ برتاؤ کرنا - پیش آنا ۳ صورت یا وضع اختیار کرنا ۴ چوسر یا شطرنج وغیرہ میں مہرہ کا چلنا - اٹھانا ۵ (لازم) تدبیر کارگر ہونا - چالاکی کا کامیاب ہونا - **چال چوکنا** (لازم) تدبیر غلط ہو جانا - سہو ہونا - **چال دکھانا** (متعدی) ۱ چلا جانا - سدھارنا ۲ گھوڑے کا رفتار یا قدم دکھانا - **چال دکھاؤ** - چلے جاؤ - مذاق میں کہتے ہیں - **چال ڈھال** (مونث) رنگ ڈھنگ - طرز - انداز روش - **چال ڈھال میں بیس ہونا** (متعدی) طرز و روش میں بہتر ہونا - **چال سوچنا** (لازم) شطرنج کا مہرہ چلنے کے لئے دیر تک غور کرنا - **چال سوجھنا** (لازم) تدبیر یا منصوبہ خیال میں آنا - **چال سیکھنا** (متعدی) ۱ کسی کی وضع اختیار کرنا ۲ کسی کے چلنے کا طریقہ اختیار کرنا - **چال سے نہ چوکنا** (متعدی) دھوکا دینے سے باز نہ آنا شرارت کرنا - **چال کرنا** (متعدی) ۱ دھوکا دینا - فریب کرنا ۲ چالاکی کرنا - داؤں کرنا - **چال ملنا** (لازم) ۱ پا جانا - سمجھ جانا ۲ تاڑ جانا - **چال میں آنا** (لازم) دھوکا اٹھا جانا - **چال ہونا** (لازم) ۱ دیکھو چال کرنا ۲ شطرنج میں اچھی چال پڑنا - **چالیا** (صفت) ۱ چال باز - فریبی ۲ شرارت کہلنے والا بچہ - **چالے پاڑنا** (متعدی) ظلم کرنا غضب ڈھانا - قیامت برپا کرنا - **چالیں بھول جانا یا بھولنا** (لازم) گھبرا جانا - سٹ پٹا جانا - کچھ نہ سوجھنا - **چالیں چلنا** (لازم) دھوکا دینا - فریب دینا۔

چالاک (ف - صفت) ۱ چست تیز - پھرتیلا ۲ عیار - فتنہ پرداز - مکار ۳ تیز رفتار - جلد چلنے والا - سریع السیر ۴ کاریگر - تیز دست ہنرمند چاتر - ہوشیار ۵ محنتی - جفاکش - **چالاک دست** (صفت) دیکھو چالاک ۴ - **چالاک دستی** (مونث) ۱ چالاکی - ہوشیاری ۲ ہاتھ کی صفائی - **چالاک لوگ** (مذکر) ۱ ہوشیار آدمی - چاتر ۲ دھوکے باز - پتے باز **چالاکی** (مونث) چستی وغیرہ - دیکھو چالاک - **چالاکی سے** (تف) ۱ ہوشیاری سے ۲ دھوکے سے - دھوکا و مکاری سے - فریب سے - **چالاکی کرنا** (متعدی) ۱ دھوکا کرنا - دھوکا دینا ۲ کھسک جانا - دھوکا دے کر نکل جانا **چالاکی ہونا** (لازم) دیکھو آخری ۱

چالاکیا (ھ - مونث) چالاکی۔

چالان (ہ - مذکر) ۱ بیچک ۲ بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست ۳ چیزوں کے بھیجنے کا سرٹیفکیٹ ۴ روپیہ جو بذریعہ ہنڈی یا بل کے بھیجا جائے ۵ پروانہ راہداری - پاس - پاسپورٹ ۶ روانگی - انتقال ۷ مقدمہ یا ملزم کا مجسٹریٹ کی عدالت میں بھیجنا کرنا ہونا کے ساتھ (س چل - چلنا) **چالان دار** (مذکر) ۱ وہ شخص جو بیچک روپیہ یا چٹھی لے کر جائے ۲ محافظ - بدرقہ۔

چالش (ف - مونث) ۱ اچھی چال خرام ناز ۲ طریقہ - طرز - چلن ۳ شان - تمکنت - شوکت ۴ جنگ میں جدوجہد ۵ جنگ - لڑائی۔

چالک (س - مذکر) دست آور دوا ۲ (صفت) دست آور۔

چالَن (ھ - مونث) ۱ حرکت - چال ۲ ہلانا ۳ چھاننا - چھلنی - **چالنا** (متعدی) ۱ چھاننا ہلانا ۲ دھوکا کرنا - چھلنا ۳ شرارت کرنا - **چالنہار** (مذکر) چھاننے والا - **چالنی** (مونث) ۱ چھلنی ۲ پہیلی بجھارت ۳ چھاج۔

چالو لوہار (ھ - مذکر) چال چلن۔

چالہ (ھ - مذکر) چالا۔

چالی (ہ - مونث) ۱ کار دجو کسی کری کے لئے لگایا جائے ۲ بانس کی تیلیوں کا ٹھاٹھر جو کشتی کی تہ میں لگاتے ہیں ۳ گھوڑے کی زین (چالنا سے)

چالیس (ہ - صفت) ۱ بیس اور بیس - ۴۰ - للہ - **چالیسا** (مذکر) ۱ کسی سنہ کے ۴۰ سال ۲ چالیس برس کا آدمی ۳ چالیس لڑائیاں جیتنے والا آدمی یا پہلوان ۴ ۴۰ سال کا عرصہ ۵ قرنطینہ ۶ سنہ ۱۸۴۰ سمت کا قحط جو سنہ ۱۷۸۳ء میں ہوا تھا ۷ آنکھوں کی کمزوری جو ۴۰ سال کی عمر میں ہوتی ہے ۸ چہلم کی فاتحہ ۹ (صفت) چالیس سال کا - چالیس برس کا - **ریزہ** (مذکر) وہ شخص جو چالیس برس کی عمر میں لڑکوں کی سی باتیں کرے یا لڑکا معلوم ہو - **چالیس تلواروں کی بادشاہت** - تھوڑی ثروت پر اترا جانا - **چالیس چلے چوراسی آسن** - ریاضت کے چوراسی آسن ہیں اور چلہ چالیس دن سے کم نہیں - ہندوؤں کی فقیری کہاں میں ہے - **چالیس چور** (مذکر) الف لیلہ میں علاء الدین کے قصے میں چالیس رہزن جو اسے قتل کرنے کے لئے آتے ہیں - **چالیس سیر** (مذکر) ایک من - **چالیس سیرا** (صفت) چالیس سیر کا - من بھر کا ۲ بھاری - وزنی ۳ من کی پوری تول کا - ٹھیک - درست ۴ خالص - بے میل ۵ بیوقوف - بے عقل - **چالیس سیرا آدمی** (مذکر) پورا احمق - **چالیس سیری بات** کہتے ہیں انکی بات قابل وقعت ہوتی ہے - اچھی جچی تلی بات کہتے ہیں - **چالیس سیری تول** (مونث) پوری تول۔

من کی پوری تول - چالیس قدم ساتھ آنا (لازم) کچھ دور تک ساتھ جانا - عموماً جنازے کے ساتھ چالیس قدم جاتے ہیں - چالیسواں (صفت) وہ چیز جس پر چالیس کی گنتی پوری ہو - چالیس سے نسبت رکھنے والا ۲ (مذکر) چہلم - چہلم کی فاتحہ - چالیسی (مونث) ۱ چالیس دن کا عرصہ جس میں پرہیز کیا جائے ۲ قرنطینہ -

چام (ہ - مذکر) چمڑا - کھال (س چرم) چام چڑکھ (ہ - مذکر) چمگادڑ - چام چور (مذکر) زانی - بدکار - چام چوری (مونث) دوسرے کی عورت کے ساتھ زنا کرنا - چام کے دام (مذکر) ۱ وہ سکہ جو نظام سقے نے تین دن کی حکومت میں چلایا تھا ۲ کوئی چیز جو سستی خریدی جائے ۳ مذاقاً زنا یا اغلام کرانے کی کمائی - چام کے دام چلانا (متعدی) ۱ عارضی حکومت کو جہاں تک ہو سکے قائم رکھنا - خواہ مخواہ کے رعب و حکومت سے کام لینا ۲ چمڑے کا سکہ چلانا۔

امثال واقوال - چام کا چمٹا (چموٹی) اور کو کر رکھوال - نااہل پر اعتبار - چام کا کھر کتا لئے جاتا ہے - کمزور چیز جلدی خراب ہو جاتی ہے - جو چیز انسان بنائے مضبوط بنائے - چام کے چند وچلل پہاڑ - پیچاپل ٹنگڑی ٹوٹل کپاڑ (پوربی) اگر کوئی شخص ایسے کام میں ہاتھ ڈالے جس کا وہ اہل نہ ہو تو نقصان اٹھاتا ہے -

چامپانیر (ہند) علاقہ گجرات کاٹھیا واڑ میں ایک مشہور قلعہ جسے بہادر شاہ نے دارالخلافہ بنایا تھا - مگر ہمایوں نے اسے فتح کر کے لوٹ لیا - اب غیر آباد ہے -

چامپلیہ (س - مذکر) ۱ چمپا ۲ چمپ کا ایک راجہ ۳ وشوامتر کا ایک بیٹا -

چامر (ہ - مذکر) ایک جانور کی دم جو مکھیاں ہلانے کے لئے استعمال ہوتی ہے - چامرشپ (مذکر) چھالیہ کا درخت - چامر گراتھ (مذکر) چونری بردار -

چامیکر (س - مذکر) سونا - زر - چامیکرہ (صفت) سونے کا - سنہری -

چانپ (د - مذکر) ۱ بندوق کا وہ پرزہ جس سے کندہ نال سے جڑا رہتا ہے ۲ مصنوعی دانتوں کی نمائی ۳ چمپا کا درخت ۴ کمان ۵ شکنجہ - کندہ گھوڑا - کاٹھ (س - چاپ) چانپ چڑھانا (متعدی) ۱ کمان کا چلا چڑھانا ۲ بندوق کا گھوڑا چڑھانا یا کاٹھ مارنا - چانپیں (مونث) چانپ کی جمع - چانپیں چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) چڑھوانا (مم) ملزم کے کانوں پر بندوق کی چانپیں چڑھاتے تھے جس سے بہت سخت تکلیف ہوتی تھی -

چانپ (انگ مونث) بھنے یا پشت کے گوشت کے ٹکڑے جنہیں بھون کر کھاتے ہیں - (بنانا - بننا - بنوانا کے ساتھ) (اصل چوپ)

چانپا (ہ - مذکر) گندھا ہوا آٹا - خمیرا آٹا -

چانپنا (ہ - متعدی) ۱ دبانا - بھینچنا - گوندھنا ۲ اعضا کو دبانا - چپی کرنا - مسلنا ۳ ملانا - جوڑنا ۵ بھرنا - ٹھونسنا - گسیڑنا (س چپ - گوندھنا).

چانٹا (ہ - مذکر) تھپڑ - دھول - دھپا - تمانچہ (س چٹ - توڑنا) چانٹا پڑنا (لازم) تھپڑ لگنا - چانٹا رسید کرنا یا مارنا (متعدی) تھپڑ مارنا - چانٹا کھانا یا لگنا (لازم) تھپڑ پڑنا - چانٹا لگانا (متعدی) تھپڑ لگانا -

چانٹنا (ہ - متعدی) ۱ دبانا - بھینچنا - چانپنا ۲ تمانچا لگانا - تھپڑ مارنا -

چانٹی (ہ - مونث) وہ محصول جو پیشہ وروں سے وصول کیا جائے -

چانچری (ہ - مونث) ۱ گھٹیا قسم کا اناج جیسے مونگ یا جوار ۲ وہ اناج جو گاہنے کے بعد بالیوں میں رہ جائے -

چانچھنا [illegible] کھیٹرنا - جڑیں نکالنا -

چاند (ہ - [illegible] چندر) (غف) چاند پٹنا (لازم) ۱ خوب مار کھانا ۲ جوتے کھانا ۳ اچھی طرح زیر بار ہونا - نقصان اٹھانا - [illegible] محاورات کے لئے دیکھو چندیا -

چاند (ہ - مذکر) ۱ ایک چھوٹا سیارہ جو زمین کے گرد پھرتا ہے - یہ اپنا چکر ۲۷ دن ۸ گھنٹے میں پورا کرتا ہے - مگر زمین کی گردش کی وجہ سے دو ہلالوں کے درمیان ۲۹ دن ۱۲ گھنٹے ۴۴ منٹ کا وقفہ ہو جاتا ہے ۲ کوئی چھوٹا سیارہ جو بڑے سیارے کے گرد پھرے ۳ قمر - ماہتاب - ماہ - چندرماں - سوم ۴ مہینہ - ماہ ۵ ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول ۶ ایک زیور جو ہلال نما ہوتا ہے ۷ جانوروں کی پیشانی کا سفید بڑا ٹیکا ۸ تاج ۹ وہ چاند کی شکل جو شالی رومال پر بناتے ہیں ۱۰ وہ گول نشان جو چاند ماری کے درمیان میں ہوتا ہے - گرزری ۱۱ خوبصورت یا پیارا بیٹا (س چندر) چاند بھر (تف) پورا مہینہ چاند بھر جانا - مہینہ ختم تک جانا - چاند پر خاک پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) بے عیب نیک یا خوبصورت آدمی یا چیز میں عیب نکالنا - چاند تارا (مذکر) ۱ ہلال اور ستارے کی شبیہہ ۲ ایک قسم کا کپڑا جس پر چاند اور تارے کی شکل کی بوٹیاں بنی ہوتی ہیں - پھولدار ململ ۳ ایک قسم کا کنکوا جس پر چاند تارے کی شکل بنی ہوئی ہوتی ہے - چاند ٹیکا (مذکر) ایک قسم کا پیشانی کا زیور - چاند چڑھنا (لازم) چاند کا افق کے اوپر آنا ۲ پہلی تاریخ کو ہلال کا نظر آنا ۳ مہینہ پورا ہونا - نیا مہینہ چڑھنا ۴ ایام حیض کا ٹل جانا - حیض کا وقت گزر جانا - حمل ٹھیر جانا - چاند چھپانا (ہ) چاند کی طرح گھٹنا بڑھنا - چاند چھپنا (لازم) ۱ چاند کا غروب ہو جانا ۲ چاند کے سامنے ابر آ جانا - چاندوار (مذکر) کنکوا جس میں چاند بنا ہوا ہوتا ہے - چاند دیکھنا (لازم) پہلی تاریخ کا چاند ملاحظہ کرنا - چاند دیکھے (تف) پہلی تاریخ کو - چاند ڈوبنا (لازم) چاند کا غروب ہونا - چاند رات (مونث) وہ رات جب ہلال نمودار ہو - چاند سا چہرہ - مکھڑا یا منہ (مذکر) چاند سی شکل یا صورت (مونث) نہایت خوبصورت شکل - چاند سورج (مذکر) ۱ ماہ و مہر ۲ سلمے کے چاند اور سورج جو ٹوپیوں میں لگوائے جاتے ہیں ۳ ایک زیور جو عورتوں کی چوٹیوں میں لٹکتا ہے - چاند کا ٹکڑا (مذکر) خوبصورت آدمی - معشوق - چاند (کا) طلوع ہونا (لازم) دیکھو چاند چڑھنا - چاند کا) غروب ہونا (لازم) چاند کا افق سے نیچے چلا جانا - چاند کا کنڈل بنانا (متعدی) چاند کے گرد ہالا ہونا - چاند کا کھیت کرنا (متعدی) چاند کا [illegible] سے نکلنا - چاند کدھر سے نکلا - جب کوئی دیر کے بعد [illegible] تو کہتے ہیں خصوصاً چھوٹے کو چاند کو گہن لگنا (لازم) [illegible] ریک ہو جانا - دیکھو چاند گہن ۲ اچھی چیز میں عیب ہو[illegible] [illegible] نقص ہونا ۳ بدصورت کی شادی خوبصورت سے ہونا - چاند گزرنا (لازم) مہینہ گزرنا - چاند گرہن (مذکر) دیکھو چاند گہن - چاند گھ جانا (لازم) چاند میں گہن لگنا - چاند گہن (مذکر) جب گردش کے دوران میں زمین سورج اور چاند کے درمیان آ جائے تو زمین کا سایہ چاند پر پڑتا ہے - اس لئے [illegible] ہو جاتا ہے - یہ واقعہ بدر کی رات ہوتا ہے - چاند [illegible] چھٹنا (لازم) چاند کا زمین کے سائے سے نکل جانا [illegible] سے صاف ہو جانا - چاند گہن میں آ نا [illegible] چاند کو گہن لگنا - چاند لگانا (متعدی) لگا[illegible] پارے کے ساتھ استعمال ہوتے ہیں ۱ اچھی یا خوبصورت

شکل ہونا ۴ مرتبہ بڑھنا۔ ترقی کرنا ۵ عزت ہونا ۶ نمائش کرنا۔ اترا کر چلنا۔ **چاند ماری** (مونث) ۱ بندوق یا تیر کے چلانے کی مشق ۲ وہ جگہ جہاں یہ مشق کی جائے ۳ وہ نشانہ جسپر مشق کی جائے۔ یہ لکڑی یا لوہے کی چوکھٹ ہوتی ہے جس کے بیچ میں کپڑا منڈھا ہوتا ہے۔ اس کے درمیان میں گول سیاہ نشان ہوتا ہے اور دو یا زیادہ سیاہ حلقے کچھ فاصلے پر کھینچے جاتے ہیں۔ جس کا نشانہ سیاہ نشان کے اندر لگے اسے سب سے زیادہ نمبر ملتے ہیں۔ **چاند محاق میں ہونا** (لازم) چاند کا گھٹنا۔ یہ پندرھویں رات سے ہوتا ہے، اور اسدن سے چاند غروب آفتاب کے بعد چڑھتا ہے۔ آخری تین شب کے چاند کو محاق میں ہونا کہتے ہیں۔ **چاندن** (ھ) چاندنی رات کے پندرہ دن **چاندنا** (مذکر) ۱ روشنی۔ اجالا ۲ چاندنی رات کا زمانہ ۳ رونق۔ زیبائش ۴ ایک قسم کا کبوتر ۵ ایک قسم کا تیتر۔ **چاندنا پکش یا پکھ**۔ دیکھو چاندن۔ **چاندنا کر دینا یا کرنا** (متعدی) چوری کرکے سب کچھ لے جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا **چاندنا ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ پو پھٹنا۔ دن نکل آنا ۲ خیرگیٔ چشم ہونا۔ تیورانا۔ آنکھوں کے آگے تارے نظر آنا ۳ صفایا ہو جانا۔ چوری ہونا۔ گھر لٹ جانا ۴ رونق ہونا۔ زیبائش ہونا ۵ کسی مصیبت میں پھنس جانا۔ گرفتار بلا ہو جانا۔ **چاند نکلنا** (لازم) چاند چڑھنا۔ **چاندنی**۔ (مونث) ۱ چاند کی روشنی۔ مہتاب ۲ ایک پودے کا نام ۳ اسکا پھول ۴ ایک قسم کا فرش ۵ کوئی سفید یا چمکدار چیز ۶ شامیانہ۔ سائبان۔ چاندوا۔ **چاندنی آنا** (لازم) پرتو مہتاب کا کسی جگہ پڑنا۔ **چاندنی اترنا** (لازم) چاندنی کا بلندی سے پستی کی طرف آنا۔ **چاندنی پڑنا** (لازم) چاند کی روشنی کا عکس پڑنا۔ **چاندنی پھیلنا** (لازم) چاندنی ہر طرف ہو جانا۔ رونق ہونا۔ **چاندنی چاند** (ھ) چاند کا ایک لقب۔ **چاندنی چوک** (مذکر) دہلی کا ایک بازار جو بہت چوڑا اور بارونق ہے۔ **چاندنی چھپنا** (لازم) چاندنی کا غائب ہو جانا۔ **چاندنی چھٹکنا** (لازم) چاندنی پھیلنا۔ **چاندنی دیکھنا** (متعدی) باغ یا دریا یا جنگل میں شب ماہ کی سیر کرنا۔ **چاندنی ڈھلنا** (لازم) چاندنی کا ہلکا ہونا یا زوال پر آنا۔ **چاندنی رات** (مونث) وہ رات جب تقریباً ساری رات چاندنی رہے یہ ۱۴۔ ۱۵۔ اور ۱۶ قمری تاریخ کو ہوتی ہے۔ شب ماہتاب۔ **چاندنی صاف ہونا** (لازم) چاندنی کا بارش کے بعد نکھرنا۔ چاندنی کھلنا۔ **چاندنی کا اثر ہونا** (لازم) زخم اچھا نہ ہونا۔ زخم ہرا رہنا۔ **چاندنی کا پھول** (مذکر) ایک قسم کا سفید پھول۔ **چاندنی کا کھیت** (مذکر) چھٹکی ہوئی چاندنی۔ **چاندنی کا کھیت کرنا** (متعدی) چاندنی کا پھیلنا یا کھیلنا۔ **چاندنی کرن** (ھ) برہمنوں یا فقیروں کا اپنے آپ کو زخمی کرنا۔ مانگنے یا قرضہ معاف کرانے کے لئے۔ **چاندنی کھلنا** (لازم) چاندنی پھیلنا یا چمکنا۔ **چاندنی کو سونپنا** (متعدی) ایک رسم جب کسی بیمار کو چاندنی کی جگہ سے ہٹانا منظور نہ ہو تو سات پولے جلا کر ایک آدمی کو گواہ کرتے ہیں۔ اور چاندنی کا اثر روکنے کے لئے کہتے ہیں کہ ہمنے اس زخم کو تیرے سپرد کیا۔ دوسرا کہتا ہے میں گواہ ہوا۔ ایک قسم کا ٹوٹکا ہے **چاندنی (کا) مار جانا** (لازم) ۱ چاندنی کا اثر کرنا ۲ فالج ہو جانا ۳ چاندنی کا زخم کو خراب کر دینا۔ **چاندنی نکلنا** (لازم) چاندنی ظاہر یا نمایاں ہونا۔ **چاندنی نکھرنا** (لازم) بارش کے بعد چاندنی کا صاف ہونا۔ **چاند ہونا** (لازم) رویت ہلال ہونا۔

امثال و اقوال

چاند آسمان چڑھا سب نے دیکھا ۱ جو شخص ترقی کرتا ہے اسے سب سراہتے ہیں ۲ بات مشہور ہوئی ہر ایک نے سن لی **چاند پر خاک ڈالو تو اپنے منہ پر پڑے**۔ اگر نیک آدمی پر تہمت لگائی جائے تو لوگ تہمت لگانے والے کو برا سمجھتے ہیں۔ **چاند پر خاک (ڈالنے سے) نہیں پڑتی**۔ اچھوں کو عیب نہیں لگ سکتا۔ بھلے برے نہیں ہو سکتے۔ **چاند خاک ڈالنے سے نہیں چھپتا** نیک آدمی پر الزام لگانے کا اثر نہیں ہوتا۔ **چاند چڑھے کل عالم دیکھے**۔ کوئی بات چھپی نہیں رہتی۔ **چاند کو بھی خدا نے داغ لگا دیا ہے**۔ جہان میں کوئی بے عیب نہیں۔ **چاند گہن میں جکی راہے کا کیا کام** فضول بے موقع بات کے متعلق کہتے ہیں۔ **چاند میں میل نہیں**۔ کوئی نقص نہیں۔ **چاندنی میں فصد کھلوانا منع ہے**۔ چاندنی میں فصد نہیں کھلواتے۔ کیونکہ خیال ہے کہ زخم اچھا نہیں ہوتا۔ **چاندنی میں شہد نہیں ہوتا**۔ شہد کی مکھیاں چاندنی راتوں میں شہد بہت کھا جاتی ہیں۔ اس لئے اگر چھتہ اتارا جائے تو شہد کم نکلتا ہے۔

چانْدا (ہ۔ مذکر) وہ جگہ جہاں سے گاؤں کی حدیں مقرر ہوں۔ بیس لائین۔

چانْدر (س۔ صفت) ۱ چاند کا۔ قمری ۲ چاند کے متعلق ۳ چاند سے درست کیا ہوا ۴ (مذکر) قمری مہینہ ۵ چاندنی کے ۱۵ دن ۶ سوموار ۷ چاندرائن۔ **چاندرائن** (مذکر) ایک مذہبی رسم ۱ برت جس میں پورنماشی کے دن پندرہ لقمے کھائے جاتے ہیں اور پھر ایک لقمہ ہر روز کم کیا جاتا ہے۔ یہانتک کہ مسیا کی رات کو کچھ نہیں کھایا جاتا۔ پھر ہر روز ۱۵ دن تک ایک لقمہ بڑھایا جاتا ہے **چاندر بھاگا** (مونث) ۱ دریائے چناب ۲ ایک پہاڑ کا نام۔ **چاندر بھاگی** (مذکر) ۱ اگنی ویش کا ایک نام ۲ (مونث) ونراج۔ **چاندر ماس** (مذکر) قمری مہینہ۔

چانْدلا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پتلا زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے ۲ ایک رسم جو شادی کے موقع پر ادا کی جاتی ہے۔ جس میں یہ زیور ماتھے پر لگایا جاتا ہے۔

چانْدوا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا شامیانہ یا سائبان ۲ کپڑے کی چھت ۳ ایک شیشے کی بندی یا ستارہ جو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں۔

چانْدہ (ہ۔ مذکر) دیکھو چاندا۔

چانْدی (ہ۔ مونث) ۱ ایک سفید عنصر۔ دھات جو پانی سے ۱/۲ ۱۰ گنا بھاری ہے۔ غریب لوگ زیور بناتے ہیں۔ درمیانی درجے کے سکے اس کے بنتے ہیں۔ تانبے وغیرہ کی چیزوں پر اس کا ملمع کرتے ہیں نقرہ۔ سیم ۲ آدمی کے سر کا اوپر کا حصہ۔ چندیا ۳ کامیابی فائدہ۔ نفع۔ کام کا ٹھیک ہونا (س چندرکا) **چاندی بنانا** (متعدی) ۱ ہوس کا تانبے یا کسی ہلکی دھات کو چاندی کر دینا ۲ کام درست کرنا۔ کسی کا فائدہ کرنا۔ **چاندی بننا** (لازم) کام درست ہونا۔ فائدہ ہونا۔ **چاندی خانہ** (مذکر) وہ مقام امیروں یا بادشاہ کے گھر میں جہاں کاریگر سونے چاندی کے برتن یا زیور بناتے ہیں۔ **چاندی سونے کے پھول** (مذکر) وہ سیم و زر کے پھول جو بادشاہوں یا دولہا پر نثار کرتے ہیں۔ **چاندی کا بادل** (مذکر) ڈوم وغیرہ اہل محفل کو کہتے ہیں۔ **چاندی کا پہرا** (مذکر) ۱ اقبال مندی کا زمانہ ۲ سبھ لگن۔ نیک ساعت۔ **چاندی کا پیرا** (مذکر) نیک قدم۔ مبارک قدم۔ **چاندی کا تار** (مذکر) ۱ چاندی کا بنا ہوا تار ۲ (حقارتاً) معمولی زیور۔ زیور نقرہ۔ **چاندی کا تمغہ** (مذکر) ۱ چاندی کا بنا ہوا تمغہ ۲ (مذاقاً) سوزاک۔ **چاندی کا جوتا** (مذکر) چاندی کا بنا ہوا جوتا ۲ (مذاقاً) رشوت۔ **چاندی کا ورق** (مذکر) باریک چاندی کا کٹا ہوا کاغذ جسے دواؤں کے ساتھ ملا کر کھاتے یا چیزوں پر خوبصورتی کے لئے لگاتے ہیں **چاندی کی جوتی** (مونث) دیکھو چاندی کا جوتا۔ **چاندی کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ سفید کر دینا ۲ جلا کر راکھ کر دینا

چاندی ہونا (لازم) ۱ جلکر راکھ ہو جانا ۲ کامیابی ہونا۔

امثال و اقوال - چاندی کا جوتا سر پر۔ روپیہ لینے پر کام نکلتا ہے۔ چاندی کا چشمہ (کی عینک) لگاتے ہیں۔ رشوت لیتے ہیں۔ چاندی کی ریت نہیں سونے کی توفیق نہیں۔ نہ یہ ہوسکے نہ وہ۔

چانڈال (س۔ مذکر) دیکھو چنڈال
چانڈالنی (مونث) ایک دیوی۔ چانڈالی (مونث) ۱ چنڈال عورت ۲ ایک خاندان۔

چانڈو (ہ۔ مذکر) دیکھو چنڈو۔

چانر (س۔ عص) ۱ ایک پہلوان جو کنس کا ملازم تھا۔ یہ کرشن جی کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا ۲ ایک راجہ۔

چانڑ (ھ۔ مونث) ۱ ستون۔ کھم۔ کھمبا۔ اروڑ۔ تھم ۲ ڈھینکلی۔

چانسری (انگ۔ مونث) انگلستان کے لارڈ چانسلر کی عدالت۔

چانسلر (انگ۔ مذکر) ایک عہدہ ملازمت جو یورپ کی مختلف سلطنتوں میں ہے۔ چانسلر آف ایکسچیکر (مذکر) انگلستان کا وزیر مال۔

چانک (ہ) **چانکا** (ھ۔ مذکر) مہر۔ ٹھپہ۔ چانپ ۲ ایک رسم جو گاہنے کے بعد غلے کو ڈھیر کرنے پر ادا کرتے ہیں۔ چانکنا (متعدی) ٹھپہ لگانا۔ مہر لگانا۔

چانکی (ھ۔ مونث) چاکی۔ چکی۔

چانگلا (ہ۔ صفت) ۱ تندرست بھلا چنگا۔ باصحت۔ مضبوط ۲ چالاک۔ چست۔ ہوشیار کاریگر (مذکر) گھوڑوں کا ایک رنگ۔ چتی دار۔ گرڑا (ہونا کے ساتھ)

چانور۔ چانول (ھ۔ مذکر) کچے چاول۔

چانہ (ف۔ مذکر) ۱ ٹھوڑی ۲ نیچے کا بیڑہ ۳ گفتگو۔ بول چال۔ بکواس ۴ خمیر جو ایک روٹی کے لئے کافی ہو۔

چاوش (ف۔ مذکر) چوبدار۔ عصا بردار۔ نقیب۔

چاول (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا اناج جو سفید رنگ کا ہوتا ہے اور جسے ابال کر کھاتے ہیں ۲ وہ گری جو کسی نباتات یا غلے سے نکالی جائے اور باریک چھوٹی اور لمبی ہو ۳ ایک چاول کا وزن۔ رتی کا آٹھواں حصہ۔ خشخاش کے برابر۔ چاول چبوانا (متعدی) جن شخصوں پر چوری کا شبہ ہو انکو چاول کھلواتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو چور ہوگا اس کے منہ سے خون نکل آئے گا اس دھمکی سے اکثر کچے چور چیز ڈالدیتے ہیں۔

مثل - چاول پچے تاول۔ چاول جلدی ہضم ہوتے ہیں۔

چاہ (ہ۔ امر) ۱ چاہنا سے ۲ (مونث) خواہش۔ آرزو۔ تمنا ۳ محبت۔ الفت۔ پیار۔ عشق دوستی ۴ اشتیاق۔ شوق۔ ذوق ۵ مزا۔ لطف۔ بھوک ۶ (ھ) ضرورت۔ حاجت۔ احتیاج ۷ (ھ) مانگ۔ درخواست۔ چاہا (ماضی) ۱ چاہنا سے ۲ مرضی۔ خواہش ۳ (ھ) چاہ۔ چاہ پیار (مذکر) چاہ ۔ چاہت (مونث) دیکھو چاہ ۲ (مت) چاہتا (ھ) ۱ قرضہ۔ حق۔ مطالبہ ۲ جو دینا ہو۔ چاہٹ (ھ) دیکھو چاہت۔ **چاہک** (ھ۔ صفت) ۱ خواہش کرنے والا۔ چاہنے والا۔ محبت کرنے والا ۲ (مذکر) دوست۔ یار۔ آشنا ۳ عاشق۔ **چاہنا** (لازم) ۱ خواہش کرنا۔ آرزو کرنا ۲ مانگنا۔ طلب کرنا ۳ ارادہ کرنا۔ قصد کرنا ۴ پیار کرنا۔ محبت کرنا ۵ پسند کرنا ۶ کرنے کے لئے تیار ہونا۔ ان معنوں میں کسی دوسرے فعل کی ماضی معطوفہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۷ (ھ) دیکھنا۔ تکنا ۸ (ھ) نگاہ رکھنا۔ احتیاط رکھنا۔ خیال رکھنا

چاہنے لگنا (لازم) محبت کرنے لگنا۔ **چاہنے والا** (صفت) محبت کرنے والا۔ چاہو (حرف عطف) دیکھو چاہے۔ چاہو جو۔ جونسا۔ جو۔ **چاہئے** (امر جمع) ۱ چاہنا کا ۲ ضرورت ہے۔ مطلوب ہے ۳ واجب ہے لازم ہے ۴ مناسب۔ موزوں ۵ باید۔ شاید ۶ دیگر مصادر کے ساتھ زور دینے کے لئے جیسے کرنا چاہئے۔ جانا چاہئے چاہئے ہیں۔ درکار ہیں۔ مطلوب ہیں (مت) چاہے (حرف عطف) خواہ۔ اگر مرضی میں آئے۔ اگر خواہش ہو۔ **چاہیت** (ھ) **چاہیتا** (صفت) ۱ لاڈلا پیارا ۲ جکی خواہش ہو ۳ پسندیدہ ۴ (مذکر) معشوق۔ محبوب **چاہیتی** (صفت مونث) پیاری۔ معشوقہ۔ چاہے جتنا۔ جسقدر چاہو۔ جسقدر زیادہ۔ چاہے جسے جس کو مزاج آئے اسے۔

امثال و اقوال - چاہت کی چاکری کیجے ان چاہت کا نام نہ لیجے۔ جو محبت کرے اس سے محبت کرنی چاہئے جو محبت نہ کرے اس کے نزدیک بھی نہ جانا چاہئے۔ چاہ۔ چماری چوہڑی سب نیچن کی نیچ۔ لالچ بہت بری چیز ہے۔ چاہ کرے جاکی چاکری کیجے۔ نہ کرے تاکا نام نہ لیجے (ھ) دیکھو چاہت کی الخ۔ چاہ کروں پیار کروں چوتڑ نلے انگار دھروں جلجائے تو میں کیا کروں دکھاوے کی محبت کے متعلق کہتے ہیں۔ چاہنے کے نام سے گدھی نے کھیت کھانا چھوڑ دیا تھا۔ اگر کسی سے محبت ظاہر کی جائے تو وہ بھاگتا ہے۔ اور عاشق کے نزدیک نہیں آتا۔ چاہے ادھر سے ناک پکڑو چاہے اُدھر سے۔ بات ایک ہی ہے۔ ہر طرح مساوی ہے۔ چاہے جیا جائے لگی نہ چھوٹے محبت اور آشنائی سے باز نہ آنا چاہئے۔ چاہے کچھ ہی ہو چاہے دنیا ادھر کی ادھر ہو جائے۔ کچھ ہی ہو۔ کیسا ہی انقلاب عظیم ہو۔ چاہے سو ہو۔ کچھ ہی ہو۔ جو ہو سو ہو۔ چاہے کودوں ڈالے چاہے منڈوا پسالے۔ جو کام مرضی ہے کرالے۔ میں تیرے اختیار میں ہوں۔ عورت خاوند سے کہتی ہے۔ چاہے جو رنگ رنگاؤ کھلے گا اموا۔ ہر طرح سے بے زیب ہی رہے گا۔

چاہ (ف۔ مذکر) ۱ کنواں۔ باولی کوپ ۲ گڑھا جو منہ پر کسی جگہ پڑے۔ **چاہِ بابل** (مذکر) ایک کنواں بابل میں جہاں مسلمانوں کے اعتقاد میں ہاروت ماروت اُلٹے لٹکے ہوئے ہیں۔ اور لوگوں کو جادو سکھاتے ہیں۔ **چاہِ بیژن** (مذکر) وہ کنواں جس میں افراسیاب نے بیژن کو قید کیا تھا۔ **چاہِ پختہ** (مذکر) پکا کنواں **چاہِ پست** (مذکر) دنیا۔ **چاہِ خس پوش** (مذکر) مکر۔ فریب۔ **چاہِ ذقن یا زنخداں** (مذکر) ٹھوڑی کا گڑھا۔ **چاہِ رستم** (مذکر) وہ کنواں جس میں تیر تلوار گاڑکر رستم کو گرایا گیا تھا۔ **چاہِ نتیج** (مذکر) زیر زمیں رصدگاہ یا جنتر منتر۔ **چاہ زیرکاہ** (مذکر) مکر۔ فریب **چاہِ سیماب** (مذکر) ایک گڑھا جو پارے کی کان کے قریب پارہ جمع ہونے کیلئے بناتے ہیں **چاہِ غبغب** (مذکر) ٹھوڑی کا گڑھا۔ **چاہ کن** (مذکر) ۱ کنواں کھودنیوالا شخص ۲ (صفت) ظالم۔ مکار۔ **چاہ مقنع یا نخشب** (مذکر) ایک کنواں جس میں سے حکیم مقنع ایک چاند نکالا کرتا تھا جس کی روشنی چار فرسنگ تک جاتی تھی۔ چاہی (زمین) (مونث) وہ زمین جسے کوئیں کا پانی سیراب کرے

مثل - چاہ کن را چاہ درپیش جو دوسرے کے ساتھ برائی کی تدبیر کرتا ہے وہ خود گرفتار بلا ہوتا ہے۔

چاہا (ہ۔ مذکر) ایک پرند۔ چاہی (مونث) چاہاکی۔

چاؤ (ھ۔ صفت) ۱ محبت کرنیوالا مشتاق ۲ خواہشمند۔ آرزومند۔

چاؤ (ہ۔ مذکر) ۱ خواہش۔ آرزو۔ تمنا ۲ چاہت۔ پیار۔ لاڈ ۳ شوق۔ ذوق۔ اشتیاق ۴ حسرت ارمان ۵ ناز۔ نخرہ ۶ خوشی۔ مزا۔ لطف ۷ گرمجوشی۔ تپاک۔ **چاؤ چوچلا یا چونچلا یا چوچلا** (مذکر) ۱ لاڈ۔ پیار ۲ ناز۔ نخرہ ۳ دلار۔ پچکار ۴ راز و نیاز۔ اختلاط — **چاؤ چونچلوں سے پالنا** (متعدی) لاڈ پیار سے پرورش کرنا۔ **چاؤ میں آنا** (لازم) ۱ کسی کا محبوب ہونا۔ کسی کے منہ لگنا ۲ کسی کی محبت کی وجہ سے مغرور ہو جانا یا اپنے برابر کسی کو نہ سمجھنا۔ نخرے کرنا۔ مزے میں آنا ۳ کسی کی محبت کا فائدہ اٹھانا۔ **چاؤ نکالنا** (متعدی) ارمان نکالنا حسرت نکالنا۔ خواہش پوری کرنا (س اچھا۔ خواہش۔ اِش۔ خواہش کرنا)

مقولہ۔ چاؤ گھٹے نت کے گھر جائے۔ بھاؤ گھٹے کچھ منہ کے مانگے۔ روگ گھٹے کچھ او کھد کھائے۔ گیان گھٹے کسنگت پائے روز کے ملنے سے محبت۔ مانگنے سے عزت۔ دوائی کھانے سے بیماری اور بری صحبت سے عقل کم ہوتی ہے۔

چاؤ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک ماپ جو چار انگلی کے برابر ہوتا ہے۔ گرہ ۲ ایک قسم کا بانس (س چر۔ ہاتھ کی ایک خاص حالت)

چاؤش (ف۔ مذکر) دیکھو چاوش

چاؤں چاؤں (ہ۔ مونث) چڑیوں کی دہشت کی آواز ۲ شور و غل۔ **چاؤں چاؤں کرکے پیچھے پڑنا** (متعدی) شور مچا کر گرد ہو جانا۔

چائے (ف۔ مونث) ۱ ایک پودہ جس کے پتوں کو جوش دے کر اور عرق نکال کر پیتے ہیں ۲ اس پودے کے پتے۔ **چائے پانی** (مذکر) صبح کے وقت کا ہلکا کھانا۔ **چائے پانی کرنا** (متعدی) لوگوں کو چائے کی دعوت دینا۔ **چائیدان** (مذکر) **چائیدانی** (مونث) وہ برتن جس میں چائے بنا کر ڈالتے ہیں۔ یا انگریزی طریقے سے چائے بناتے ہیں

چائیں چائیں (ہ۔ مونث) چڑیوں کی آواز۔ بیہودہ شور و غل۔ چاؤں چاؤں۔ کائیں کائیں۔ ٹیں ٹیں (لگانا مچانا کے ساتھ)

چائیں مائیں (اردو۔ مذکر) لڑکوں کا ایک کھیل جس میں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر حلقہ بنا کر چکر لگاتے ہیں اور یہ الفاظ کہتے جاتے ہیں۔

چَب (ہ۔ امر) چبنا کا (س چرو۔ دانتوں سے پیسنا) **چبا** (امر) ۱ چبانا کا ۲ (ماضی) چبنا کی **چبا چبا کر باتیں کرنا** (متعدی) ۱ سوچ سمجھ کر باتیں کرنا۔ تیار ہو کر باتیں کرنا ۲ صاف باتیں کرنا ۳ نخرے سے یا فخر سے باتیں کرنا۔ دھیرے دھیرے بولنا ۴ جو کچھ کہنا ہو تھوڑا تھوڑا کرکے کہنا ۵ منہ میں بولنا۔ صاف طور پر نہ بولنا **چبا جانا** (متعدی) ۱ کھا جانا۔ دانتوں سے کچلنا ۲ (بات) بات چبانا۔ رک رک کر بات کرنا۔ **چبا ڈالنا** (متعدی) کاٹ کھانا۔ دانتوں سے زخمی کر دینا۔ **چبانا** (متعدی) دانتوں سے کچلنا یا پیسنا۔ **چبایا ہوا نوالہ نہ چباؤ**۔ ایک بات دوبارہ نہ کہو۔ **چبنا** (لازم) دانتوں سے کچلا جانا **چبنی** (صفت) جو چبائی جا سکے۔ **چبنی ہڈی**۔ وہ ہڈی جو نرم ہوتی ہے اور دانتوں سے چبائی جا سکتی ہے۔ **چبوانا** (مم) ۱ چبانا کا ۲ (چنے) سخت محنت لینا۔ سخت مصیبت میں ڈالنا **چبینا** (مذکر) کوئی چیز جو چبائی جائے۔ بھنے ہوئے چنے۔ تل چاولی **چبینی** (مونث) ۱ چبینا ۲ بھنے ہوئے اناج۔ جو مزدور یا غریب دوپہر کو کھاتے ہیں ۳ بھنے ہوئے اناج اور مٹھائی جو ہندو برات کو دوپہر کو دیتے ہیں۔

چَبر چَبر (ھ) **چبڑ چبڑ** (ہ۔ مونث) بک بک۔ بکواس۔ یاوہ گوئی۔ **چبڑ چبڑ باتیں کرنا** (متعدی) فضول باتیں کرنا۔ بے سوچے سمجھے باتیں کرنا

چَبَک (ھ۔ مونث) تپک۔ ٹیس۔ **چَبکنا** (لازم) تپکنا۔

چُبُک (س۔ مذکر) ٹھوڑی۔

چُبَکنا (ھ۔ مذکر) چبھنا۔ **چُبَکنی** (مونث) ۱ کانٹا۔ ڈنک۔ پچھنا ۲ ترغیب۔ اشتعال۔ بھڑکاؤ۔

چِبل (ھ) **چِبلا** (ہ۔ صفت) ۱ طفلانہ بچپن کا ۲ بے تمیز۔ چھچھورا۔ **چبلا پن** (مذکر) طفل مزاجی بچپن۔ چھچھورا پن۔ **چبلی** (مونث۔ صفت) چبلا کی۔

چَبلانا (ہ۔ متعدی) ۱ چبانا ۲ بات منہ میں کرنا۔ صاف نہ بولنا۔

چَبُوترا۔ چَبُوترہ (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی وغیرہ کی مربع مستطیل یا گول اونچی جگہ جس پر بیٹھتے ہیں۔ چوترا۔ کرسی ۲ کوتوالی۔ تھانہ ۳ منڈی۔ منڈی کے لگنے کی اونچی جگہ ۴ حد کا نشان ۵ عدالت ۶ محصول ادا کرنے کی چوکی (بنانا بننا کے ساتھ) (س چتر۔ چار) **چبوترا باندھنا** (متعدی) چبوترا بنانا۔ **چبوترا بندھنا** (لازم) ۱ چبوترہ بننا ۲ (عف) حاملہ ہونا۔ **چبوترا چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) کوتوالی پہنچنا۔ معاملہ کی کوتوالی میں رپورٹ ہونا۔

چبوڑ (ھ۔ صفت) ۱ کچلا ہوا۔ دبا ہوا ۲ (مونث) مذاق۔ ہنسی۔ ٹھٹھہ۔ مخول۔

چبوکر (ھ۔ مذکر) مسخرہ۔ بامذاق آدمی مذاق کرنے والا شخص۔ مخولیا۔ ٹھٹھہ باز۔

مثل۔ چبوکر سو لڑوکر۔ جو مذاق کرے گا وہ لڑے گا۔ مطلب یہ ہے کہ مذاق کرنے کا نتیجہ لڑائی ہوتی ہے۔

چُبھ (ہ۔ امر) چبھنا کا (س کشبھ۔ ہلانا) **چبھا** (امر) ۱ چبھانا کا ۲ (ماضی) چبھنا کی **چبھا دینا** (ھ) **چبھانا** (ھ) **چبھونا** (ہ) داخل کرنا۔ گھسانا۔ کھبانا بھونکنا۔ پیوست کرنا۔ **چبھتا** (صفت) ۱ چبھنے والا بداخل ہونے والا ۲ رنج دینے والا۔ اثر کرنے والا۔ پتے کا **چبھتی** (صفت مونث) دیکھو چبھتا۔ **چبھتی چبھتی بات** (مونث) پتے کی بات۔ رنج دہ یا ناگوار بات **چبھتی کہنا** (متعدی) ایسی بات کہنا جو دوسرے کو ناگوار ہو۔ **چبھتی ہوئی** (صفت) چبھتی۔ **چبھ جانا** (متعدی) چبھنا۔ **چبھک** (ھ) کانٹا۔ ڈنک۔ **چبھلی** (ھ) ڈبکی **چبھن** (مونث) درد۔ کھٹک۔ تپک۔ **چبھنا** (لازم) داخل ہونا۔ گھبنا۔ کھبنا ۲ ناگوار ہونا۔ اثر کرنا دل پر۔ کھب جانا۔ **چبھونا** (متعدی) دیکھو چبھانا۔

چَبھڑ چَبھڑ (ھ۔ مونث) چپڑ چپڑ۔

چَپ (ف۔ صفت) ۱ بایاں۔ الٹے ہاتھ کا۔ الٹا ۲ بائیں طرف کو۔ الٹے ہاتھ کی طرف ۳ (مونث) دو رنگ کا۔ دو رنگا ۴ (مذکر) بایاں ہاتھ ۵ (مونث) پاؤں کی آواز۔ چاپ۔ **چپ و راست** (صفت) دائیں بائیں۔ ہر طرف۔ ادھر ادھر۔

چُپ (ہ۔ مونث) ۱ سکوت۔ خاموشی نہ بولنا ۲ (صفت) وہ جو نہ بولے۔ خاموش ۳ خفیہ۔ پوشیدہ گپت ۴ (حرف ندا) خاموش رہو۔ استاد عموماً بچوں کو کہتے ہیں (س چَپ۔ خاموشی سے حرکت کرنا) **چپا چپ** (ھ) چپ چاپ۔ **چپ باندھنا** (متعدی) ۱ خاموش ہو رہنا ۲ نہ بولنا ۳ جواب نہ بن پڑنا۔ بول نہ سکنا **چپ بیٹھنا** (لازم) خاموش ہو کر بیٹھنا۔ **چپ چاپ** (صفت) ۱ خاموش۔ ساکت ۲ (مونث) خاموشی۔ سکوت **چپ چپ** (صفت) خاموش۔ نہ بولنے والا۔ کم گو ۲ (حرف ندا) خاموش رہو۔ **چپ چپاتے** (تف) خاموشی سے۔ خفیہ طور پر۔ **چپ چپانا** (ھ) چپکے سے جانا یا حرکت کرنا

چپ رہ جانا (لازم) بول نہ سکنا۔ لاجواب ہو جانا۔
چپ رہ جانا یا سادھنا (متعدی) خاموشی اختیار
کرنا۔ چپ سُن ہونا (لازم) خاموش ہو جانا چپ
شاہ کا بالکا (مذکر) وہ شخص جو چپ رہے۔ چپ
شاہ کا روزہ (مذکر) ایک منت جس میں بولتے نہیں۔
چُپکا (صفت) ۱ چپ ۔ خاموش ۲ فریبی ۔ دغاباز۔ مکّار
چپکا ہو رہنا (لازم) چپ ہو رہنا (مت) چپ کرا دینا
یا کرانا (متعدی) دیکھو چپ کرنا ۱ چپ کرنا (متعدی)
۱ خاموش کرنا۔ بولنے سے روکنا ۲ (لازم) نہ بولنا۔ خاموش
ہو جانا چپکی (مونث) چپ ۔ خاموشی ۔ سکوت۔ چپکے
(چپکے) (تف) آہستہ سے ۔ خاموشی سے ۔ خفیہ طور پر۔
چپکے چپکے رونا (لازم) آہستہ آہستہ رونا کہ آواز نہ
نکلے چپکی سادھنا (لازم) خاموشی اختیار کرنا ۔
چپکے سے (تف) دیکھو چپکے ۔ چپکی لگ جانا (لازم)
خاموشی طاری ہونا۔ چپ ہو جانا۔ چپ گپ
(صفت) خاموش۔ کم گو۔ نہ بولنے والا۔ چپ باندھنا
(لازم) چپ رہنا (مت) چپ ہو جانا یا ہونا
(لازم) ۱ خاموش ہونا ۲ لاجواب ہو جانا۔ چپ ہو رہنا
(لازم) خاموش ہو رہنا۔

امثال و اقوال۔ چپ آدھی
مرضی۔ کوئی جواب میں خاموش ہو رہے تو سمجھتے ہیں کہ
وہ مان گیا ہے ۔ الخاموشی نیم رضا۔ چپ آدمی اور
بندھے پانی سے ڈرنا چاہئیے ۔ آدمی کی خاموشی
اور بند پانی دونوں خطرناک ہیں۔ چپ سب سے
بھلی۔ نہ بولو نہ جھگڑا ہو۔ نہ بولو نہ الزام لگے ۔ چپ
کی داد خدا (دیتا ہے) دے گا۔ چپ کی داد
خدا کے ہاں ۔ صبر کا اجر خدا دیتا ہے۔

چَپّا (ہ ۔ مذکر) ۱ ہاتھ کی چوڑائی
چار انگل کی چوڑائی ۲ ہاتھ کی چار انگلیاں اکٹھی ملی ہوئی
چار بالشت چوڑی جگہ۔ تھوڑی سی جگہ (س چَپک)
چپا بھر (صفت) تھوڑا سا ۔ ذرہ سا چپا چپا (صفت)
ذرا ذرا۔ ہر جگہ۔ کو بکو۔ چپا چپا زمین چھان ڈالنا
(متعدی) ہر جگہ تلاش کرنا۔

مثل ۔ چپے (بھر کی) جتنی کوٹھری
اور میاں محلے دار ۔ معمولی حیثیت اور اکڑوں
اتنی۔

چَپاتی (ہ ۔ مونث) پتلی روٹی پھلکا
(س چَپ ۔ گوندھنا) چپاتی بڑھانا (متعدی) چپاتی کو
مٹھی کے زور سے بڑا کرنا۔ چپاتی سا پیٹ (مذکر)
نرم اور ساتھ لگا ہوا پیٹ جیسا عموماً فاقے سے ہو جاتا ہے
چپاتی سا پیٹ لگ ۔ جانا (لازم) خالی شکم کا پچک
جانا۔

چِپّا (ہ ۔ مذکر) کاغذ کا چھوٹا ٹکڑا۔

چَپات (ھ ۔ مونث) ایڑی دار
انگریزی جوتا۔

چَپاڑ (ہ ۔ صفت) چرپڑ باز۔ چوسر کھیلنے
والا (مت)

چَپانا (ہ ۔ متعدی) ۱ شرمندہ کرنا
شرم دلانا۔ شرمانا۔ جھینپانا ۲ ڈھیر کرنا۔ چیزوں کو ایک
دوسرے اوپر رکھنا ۳ دبانا۔ بھینچنا (س چَپ گوندھنا)

چَپَت (ہ ۔ مونث) طمانچہ ۔ تھپڑ
دھول۔ چانٹا۔ دھپا (س چَپَٹ) چپت باز (مونث
لاسنو) دیکھو چپٹ باز ۔ چپت رسید کرنا (متعدی)
چپت کی آنا (لازم) تھپڑ مارنا ۔ طمانچہ لگانا۔ چپت
گاہ (مذکر) چپت کی جگہ ۔ کاسہ سر۔ ٹانٹ۔ چپت
لگانا یا مارنا (متعدی) لگنا (لازم) تھپڑ لگنا۔ چانٹا
جڑا جانا۔

چَپَٹ (ہ ۔ مونث) چپٹی کا مخفف
صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۔ چپٹ باز
(مونث) چپٹی کھیلنے والی عورت ۔ چپٹ بازی (مونث)
چپٹی ۔

چَپَٹ (ہ ۔ امر) چپٹنا کا (س پچ ۔
بھینچنا) چپٹا (امر) ۱ چپٹانا کا ۲ (ماضی) چپٹنا کی ۳ (صفت)
بیٹھا ہوا ۔ چوڑا ۔ چکلا ۔ دبا ہوا ۔ برابر ۴ (مذکر) وہ شخص
جسکی ناک بیٹھی ہوئی ہو ۵ گولی بندوق وغیرہ کی گولی جو سخت
چیز پر لگ کر چوڑی ہو گئی ہو ۔ چپٹا کرنا (متعدی) چپٹانا
(ھ) دبانا ۔ بٹھا دینا ۔ برابر کرنا ۔ چوڑا اور سپاٹ کرنا چپٹا
ہونا (لازم) چپٹ جانا (ھ) چپٹنا (ھ) چپٹانا کا چپٹی
(صفت مونث) بیٹھی ہوئی ۔ پچکی ہوئی ۔ برابر ۔ چوڑی
اور نیچی ۔ چپٹیا (ھ ۔ مونث) چپٹا کی ۔ چپٹی ناک
(مونث) بیٹھی ہوئی ناک ۔

چِپَٹ (ہ ۔ امر) چپٹنا کا ۔ چپٹا
(امر) چپٹانا سے ۱ (ماضی) چپٹنا سے ۲ (ھ ۔ صفت) چیپ
دار ۔ لیس دار ۔ چپکنے والا (س چپ ۔ دبانا) چپٹانا
(متعدی) ۱ لپٹا لینا ۔ گلے سے لگا لینا ۲ چپکانا ۔ لگا دینا ۳
گھاس لگانا ۔ چپٹ جانا ۔ چپٹنا (لازم) ۱ لپٹنا ۲ چپکنا
۳ گھاس لگنا۔

چُپٹنا (ھ ۔ متعدی) چپڑنا۔

چَپٹھا چَپٹھی (ہ ۔ صفت) دیکھو
چپٹا چپٹی۔

چَپٹھی (ھ ۔ مونث) ایک قسم کا
کیڑا۔

چَپٹی (ہ ۔ مونث) عورتیں کوئی چیز
آلۂ تناسل کی شکل کی بنا کر فرج میں داخل کرتی ہیں
اور اسے ہلاتی رہتی ہیں ۔ یہانتک کہ ملذذ ہو جاتی ہیں ۔
بعض دفعہ دوسری عورت اس کو کمر سے باندھ کر کرتی ہے
یہ چپٹی ہے ۔ طبق زنی ۔ چپٹی باز (مونث) دیکھو چپٹی
چپٹی کھیلنا یا لڑانا (متعدی) لڑنا (لازم) چپٹی کا فعل
کرنا ۔ طبق زنی کرنا ۔

چِپچِپا (ہ ۔ امر) چپچپانا کا ۲ (صفت)
لیس دار ۔ چیپ دار ۔ چپکنے والا (س چ ۔ بھینچنا) چپچپانا
(متعدی) چپکنا ۔ لیسدار ہونا چپچپاہٹ (مونث)
چیپ ۔ لس ۔

چَپ چھنال (ہ ۔ مونث) چھپی
ہوئی چھنال کا مخفف ۔ وہ فاحشہ عورت جو بظاہر پاکدامن
ہو ۔ گریہ مسکین ۔ بظاہر غریب ۔

چِپچِخ (ہ ۔ صفت) دیکھو چپک ۔
چپچخ سامنے نکل آنا (لازم) دبلا ہو جانا ۔ منہ کا لاغر ہو جانا

چِپچا (ہ ۔ مذکر) چپکا ۔

چَپَر گیا (اردو ۔ دہلی) قابو سے نکل
گیا ۔

چَپَر مزاحم ہے (اردو ۔ دہلی)
ناحق لپٹتا ہے ۔ ناحق دھینگا دھینگی کرتا ہے ۔

چَپَرا (ھ ۔ تف) ۱ چمٹ کر ۔ چمٹ کر ہو کر
۲ زبردستی ۔ سینہ زوری سے ۳ ناگہاں ۔ یکایک ۔ چپرا
چپرا کر باتیں کرنا (متعدی) اصل بات کو چھپا کر باتیں
کرنا ۔ چپرا لینا (متعدی) کرا لینا ۔ جھوٹا کر دینا ۔ چپرانا
(متعدی) چمٹانا ۔

چِپرا (ھ ۔ مذکر) ۱ گوند ۲ وہ میل جو
آنکھوں سے نکلے ۔

چَپَراس (ہ ۔ مونث) چپراسی ہونیکا
تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں لگاتے ہیں ۲ چوڑی دھجی جو کرتے میں
مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے ۳ چوڑی گوٹ ۴ کشتی کا ایک
داؤں (مارنا کے ساتھ) ۵ (قصابوں کی اصطلاح) ران
کے نیچے کا گوشت ۔ چپراس پہننا یا لگانا (متعدی)
چپراسی ہونا ۔ چپراسی کا عہدہ حاصل ہونا چپراسی (مذکر)
وہ شخص جو چپراس پہنے ۔ اردلی ۔ پیادہ ۔ سپاہی چپراسی
بے ستائے نہیں رہتے ۔ کچھ نہ کچھ لے کر پیچھا چھوڑتے
ہیں چپراسی عدالت (مذکر) کچہری کا پیادہ یا اردلی

چپڑ (اردو۔ صفت) بے معنی لفظ ہے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **چپڑ خناری** (مونث) آوارہ گرد بازاری عورت۔ **چپڑ غٹو** (صفت) ۱ بیہوش مدہوش ۲ اسیر۔ گرفتار ۳ گتھم گتھا۔ غٹ پٹ (کردینا۔ کرنا ہوناکے ساتھ) **چپڑ قناتیا** (صفت) ۱ خوشامدی۔ کمینہ ۲ ذلیل تماش بین رنڈی کے ہاتھ سے مار کھانے والا (بھڑوں کی اصطلاح)

چپڑ (ہ۔ امر) چپڑنا کا۔ **چپڑا** (ماضی) چپڑنا سے ۲ (صفت) تیل یا گھی لگا ہوا۔ چکنا ۳ چرب زبان **چکنی چپڑی** باتیں کرنے والا۔ ظاہردار۔ ظاہر میں اچھا خوشامدی **چپڑ دینا۔ چپڑنا** (لازم) تیل لگانا۔ گھی لگانا۔ چکنا کرنا **چپڑواں** (صفت) دیکھو چپڑا ۱ **چپڑواں مرہم** (مونث) وہ مرہم جس میں تیل وغیرہ پڑا ہو۔ **چپڑی** (صفت مونث) ۱ دیکھو چپڑا ۲ (مونث) وہ روٹی جس پر گھی لگا ہو۔ **چپڑی آلو** (مونث) شکر قندی۔ **چپڑی بات** (مونث) خوشامد کی بات۔ میٹھی بات۔ دلپسند بات۔ **چپڑی یا چکنی چپڑی** (صفت مونث) خوشامد کی۔ میٹھی میٹھی (باتیں کے ساتھ) **چپڑی روٹی** (مونث) روٹی جس پر گھی چپڑا ہو۔

مثل۔ چپڑی اور دو دو۔ اچھی چیز اور زیادہ۔

چپڑا (ہ۔ مذکر) ۱ صاف کی ہوئی لاکھ عمدہ لاکھ ۲ بھوسی۔ چوکھر ۳ صاف زمین۔ کھلا میدان ۴ (اصطلاح دلالان) دو پیسے۔ **چپڑا کر دینا** (متعدی) برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا۔

چپڑا (ہ۔ مذکر) آنکھ کا کیچڑ یا میل ۲ وہ شخص جس کی آنکھ ہر وقت کیچڑ سے بھری رہے۔ **چپڑا ہا** (ھ) چپڑا ۲ **چپڑی** (مونث) چپڑا کی۔

چپڑاس (مونث) **چپڑاسی** (ہ۔ مذکر) دیکھو چپڑاس و چپڑاسی۔ **چپڑاس مارنا** (متعدی) مقابل کی پنڈلی پر پاؤں کی ضرب لگانا (پہلوانوں کی اصطلاح)

چپڑانا (ھ۔ متعدی) ۱ جھوٹ کہنا ۲ جھوٹا کرنا۔ جھٹلانا۔ تکذیب کرنا ۳ بے حیائی کرنا۔ شوخی کرنا۔

چپڑاؤ (ھ۔ صفت) ۱ جھوٹا ۲ بے حیا گستاخ (مذکر) جوتا۔

چپڑ چپڑ (ہ۔ مونث) کھانے کی آواز کتے کے پانی پینے کی آواز (س چرؤ) **چپڑ چپڑ باتیں کرنا** (متعدی) بے سمجھے بوجھے گفتگو کرنا۔ بغیر ادب و لحاظ کے باتیں کرنا۔ بک بک کرنا۔ یاوہ گوئی کرنا۔ **چپڑ چپڑ کھانا** (متعدی) بدتمیزی سے کھانا۔

چپڑنا (ھ۔ لازم) بھاگنا۔ دوڑنا۔ کھسک جانا۔ فرار ہونا۔ گریز کرنا۔

چپڑی (ھ۔ مونث) اُپلا۔

چپقلش (ت۔ مونث) ۱ تلوار کی لڑائی ۲ جھگڑا۔ تکرار۔ دنگا۔ فساد۔ لڑائی ۳ بھیڑ۔ ہجوم ۴ جگہ کی تنگی۔ (ہونا کے ساتھ)

چپک (ھ۔ مونث) تپک۔ چبک

چپک (ہ۔ امر) چپکنا کا ۲ (مونث) چپچپاہٹ۔ لیس۔ چیپ ۳ دباؤ۔ انقباض (چپ یا چرب دبانا) **چپکانا** (متعدی) چسپاں کرنا۔ جوڑنا۔ لیسدار چیز سے ۲ دبانا۔ بھینچنا ۳ چمٹانا۔ لگانا ۴ نوکری دلانا۔ نوکر کرا دینا ۵ تعلق یا آشنا[ئی پی]دا کر دینا ۲ (ھ) دھمکانا۔ **چپک جانا** (متعدی) ۱ دیکھو چپکنا ۲ لپٹ جانا ۳ عورت کا مرد سے پھنس جانا ۴ (ھ) بکنا۔ مٹھاس کی وجہ سے۔ **چپکنا** (لازم) ۱ چپکانا کا۔ **چپکوانا** (م) چپکنا کا۔ **چپک ہونا** (لازم) پیٹ میں تشنج یا درد ہونا

چپک (ھ۔ مونث) ۱ شکرا۔ باشا ترمتی۔ بہرے ۲ ایک قسم کی ابابیل ۳ (صفت) دبا ہوا۔ بھنچا ہوا۔ پچکا ہوا ۴ برابر۔ مسطح۔ چپٹا ۵ دبلا پتلا۔ لاغر گال اندر گھسے ہوئے۔

چپکا (ھ۔ مذکر) چپک کا نر۔

چپکن (ف۔ مونث) ایک قسم کی قبا جس میں گریبان نہیں ہوتا۔ بغلوں کے نیچے سلائی ہوتی اور آستین [تنگ] رہتی ہے۔ **چپکن چنوانا** (م) **چپکن چننا** (متعدی) چپکن کی آستینوں پر شکنیں ڈالنا۔ یہ شاہی زمانے میں فیشن تھا اور ولایتی ملی کے چننے سے شکنیں ڈالتے تھے۔ **چپکنیا** (؟ مذکر) چپکن کے نمونے کی ایک قبا۔

چپکھ (ہ۔ مونث) دیکھو چپک۔

چپل (س۔ صفت) ۱ ہلتا ہوا۔ کانپتا ہوا۔ لرزاں ۲ بے چین۔ گھبرایا ہوا۔ سٹ پٹایا ہوا ۳ ڈگمگاتا۔ لڑکھڑاتا ۴ بدلنے والا۔ قائم نہ رہنے والا غیر مستقل۔ بے ثبات۔ متلون۔ بے اعتبار ۵ تیز۔ چست چالاک ۶ (مذکر) بدلنے والا۔ غیر مستقل وغیرہ آدمی ۷ ایک قسم کا چوہا ۸ ہوا ۹ مچھلی ۱۰ پارہ ۱۱ سیاہ رائی ۱۲ ایک قسم کی خوشبو ۱۳ ایک قسم کا پھول ۱۴ ایک دیت جو بیماری لاتا ہے ۱۵ ایک راجہ کا نام۔ **چپلا** (مونث) ۱ لچھمی جی کا لقب ۲ مرچ لمبی ۳ زبان ۴ بیوفا بیوی۔ زانیہ ۵ ایک قسم کی شراب ۶ دو بحروں یا وزنوں کا نام ۷ بجلی۔

چپل (ف۔ صفت) میلا۔ گندہ۔ غلیظ۔ نجس۔ اشدھ۔ ناپاک۔

چپل (ہ۔ مونث) ایک قسم کا جوتا **چپل سیندھ** (ھ۔ مذکر) ناگ پھنی۔ تھوہر چوڑے پتوں کی۔

چپلائی (مونث) **چپلپن** (مذکر)

چپلتا (ھ۔ مونث) ۱ تیزی۔ چستی۔ چالاکی ۲ بیوفائی متلون مزاجی۔ چنچل پن ۳ بدمعاشی۔ بدچلنی ۴ شوخی۔ شرارت۔ **چپلتا کرنا** (متعدی) تیزی دکھانا۔

چپن (ہ۔ مذکر) ۱ ہانڈی کا ڈھکنا سرپوش ۲ (مذاقاً) حشفہ۔

چپنا (ہ۔ لازم) ۱ دبنا۔ بھچنا۔ چوڑا ہونا ۲ شرمندہ ہونا۔ خجل ہونا۔ جھینپنا ۳ آنکھیں نیچی کرنا ۴ ڈر سے کانپنا۔ تھرّانا ۵ متابعت اختیار کرنا۔ ہار ماننا۔ جھکنا ۶ چپ ہو جانا (س چپ۔ دبانا)

چپنی (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا چپن۔ گدڑے کا ڈھکنا ۲ گھٹنے کے سامنے کی ہڈی (س چپ۔ گوندھنا۔ دبانا) **چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا** (لازم) شرمندہ ہونا۔ خجالت زدہ ہونا۔ شرم اور غیرت دلانے دلانے کے موقع پر کہتے ہیں۔ اب چلو بھر پانی میں ڈوب مرنا استعمال ہوتا ہے۔

مقولہ۔ چپنی بھر کر سر پر دھری، نکل پڑا یا نکل پڑی۔ کہتے ہیں کہ اگر یہ مقولہ لکھ کر اور ساتھ شیخ فرید کا نام لکھ زچہ کے سر پر رکھا جائے تو بچہ آسانی سے پیدا ہوتا ہے۔

چپو (ہ۔ مذکر) ۱ کشتی چلانے کا ڈنڈا جو آگے سے چوڑا ہوتا ہے ۲ ایک قسم کا جوتا۔ چپل (چپنا سے) **چپو چلانا یا مارنا** (متعدی) کشتی کھینا۔

چپوٹا (ہ۔ مذکر) ۱ تمانچہ۔ تھپڑ۔ (چپنا سے) **چپوٹی** (مونث) پرانی پھٹی ہوئی پگڑی

چپھال (ھ۔ مونث) زمین یا جگہ جس کے گرد دلدل ہو۔

چپی (ہ۔ مونث) اعضا کی مالش۔ ہاتھ پاؤں دبانا۔ مشت مال (کرانا کرنا ہونا کے ساتھ) (س چپ۔ دبانا)

چپی (ہ۔ مونث) کاغذ کا چھوٹا سا ٹکڑا۔

چپیٹ (ہ۔ مذکر) ۱ کھلا ہاتھ۔

تمانچا ۲ (مونث) چپیٹ ۔ زد ۔ جھپٹ ۳ خفیف چوٹ ۔ صدمہ ۔ دھکا ۔ جھڑپ ۴ آفت ناگہانی ۔ بلائے مبرم ۵ نقصان ۔ گھاٹا ۔ ٹوٹا (س چپ ۔ دبانا) چپیٹا (ھ ۔ مذکر) ۱ دیکھو چپیٹ ۲ بدروحوں کا اثر ۳ حرامی بچہ ۲ (صفت) حرامی ۔ حرامزادہ ۵ چپٹا ہوا ۔ چپٹا ہوا۔

چپیکنا (ھ ۔ متعدی) ۱ چپکانا ۲ کسی کو کوئی چیز زبردستی دینا ۔ گلے مڑھنا (س چپ ۔ دبانا)

چت (ہ ۔ صفت) ۱ پشت کے بل ۔ سینے کے رخ (س کشپ ۔ پھینکنا) چتانگ (ھ) چت ۲ (مذکر) وہ شخص جو چت پڑا ہو ۔ چت پٹ (مونث) ایک قسم کا کھیل جس میں سکہ یا کوئی اور چیز ہوا میں پھینکتے ہیں ۔ اور شرط لگاتے ہیں ۔ ایک پھینکتا ہے اور دوسرا چت یا پٹ کہتا ہے ۔ جو وہ کہے وہ آ جائے تو کہنے والا جیت جاتا ہے ۲ کشتی لڑنا ۔ چت پڑنا (لازم) پیٹھ کے بل لیٹنا ۔ اوندھا پڑنا ۔ چت کرنا (متعدی) ۱ پچھاڑنا ۔ پیٹھ کے بل گرانا ۲ جیتنا ۔ بازی لینا ۔ چت لیٹنا (لازم) پیٹھ کے بل لیٹنا ۔ چت ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ پچھڑنا ۲ مر جانا ۔ جان سے جاتے رہنا ۳ مدہوش ہونا ۔ نشے میں بیہوش ہونا ۴ غشی میں ہونا ۵ مات کھانا ۔ ہار جانا ۔

مثل ۔ چت بھی میری پٹ بھی میری ۔ ہر طرح اپنا فائدہ ڈھونڈتے ہیں ۔

چت (ھ ۔ صفت) دھبے دار ۔ میلا (مرکبات میں استعمال ہوتا ہے) چت پت (صفت) دھبے دار ۔ نشان پڑا ہوا ۔ داغدار ۲ میلا ۔ گندا ۔ غلیظ ۔ چت پت کرنا (متعدی) ہونا (لازم) خراب ہونا ۔ دھبہ پڑنا ۲ میلا ہونا ۔

چت (ھ ۔ مونث) چتون ۔

چت (س ۔ مذکر) سوچنے کی قابلیت ۔ دل ۔ ضمیر ۔ دماغ ۔ ۔ ۔ زندگی ۲ عقل ۔ سمجھ ۳ روح ۴ خیال ۵ یاد ۔ یادداشت ۔ ۶ نظر ۷ توجہ ۔ دھیان ۸ نوابِ نیت ۔ چت ہٹانا (متعدی) خیال دوسری طرف کرنا ۔ چت بھنگ ہونا (لازم) عقل و ہوش کھو دینا ۔ چت کھنو (مذکر) ۱ محبت ۔ عشق ۲ عشق کا دیوتا ۔ چت بھید (مذکر) اختلاف ۲ مقصد یا مطلب ۔ چت پر چڑھنا (لازم) دل پر اثر ہونا ۔ دل میں جا گزیں ہونا ۔ چت پرساد (مذکر) یا پرسن (مونث) دل کی خوشی ۔ فرحت ۔ عیش ۔ چت تاپ (مذکر) غم ۔ الم ۔ چت چاؤ یا چاؤ یا چاہئے (صفت) ۱ دل خوش کن ۲ جو دل چاہے ۳ تسلی بخش ۔ تشفی کن ۔ چت چور (مذکر) ۱ معشوق ۲ کرشن جی کا ایک نام ۲ (صفت) دل موہ لینے یا چرا لینے والا ۔ چت چیتا (صفت) ۱ شیدا ۲ محتاط ۳ سرگرم ۔ متوجہ ۔ ملتفت ۔ چت دھارا (مونث) خیالات کی لہر ۔ چت دھرنا یا دینا (متعدی) دیکھو چت لگانا ۔ چت سے اتر جانا یا اترنا (لازم) بھول جانا ۔ دھیان سے اتر جانا ۔ یاد نہ رہنا ۔ چت شانتی (مونث) دل کا اطمینان ۔ اطمینان قلب ۔ چت کرنا (متعدی) ارادہ کرنا ۔ چت لانا یا لگانا (متعدی) کسی کام میں دل لگانا ۔ متوجہ ہونا ۲ کسی بات کی خواہش کرنا ۔ کسی سے محبت کرنا ۔ چت لگن (صفت) خوش کن ۔ دلفریب ۔ دلچسپ ۔ چت میں بیٹھنا (لازم) دل میں اثر کرنا ۔ دل میں جاگزیں ہونا

چتا (س ۔ مونث) لکڑیوں کا ڈھیر جس پر ہندو مردے کو جلاتے ہیں ۔ چتا چننا (لازم) مردہ جلانے کے لئے لکڑیوں کا ڈھیر لگانا ۔ چتا پنڈ (مذکر) روٹی ۔ چاول دودھ وغیرہ جو پتروں کو مردہ جلانے کے وقت چڑھائے جائیں ۔ چتا چوترک (مذکر) نشان جہاں چتا جلائی جائے ۔ یادگار ۔ چتا روہن (مذکر) ستی کا چتا پر چڑھنا ۔ چتا میں بیٹھنا (لازم) ستی ہونے کے لئے چتا پر چڑھنا ۔

چتا (ھ ۔ صفت) ۱ روشن ۔ صاف ۔ سفید ۔ براق ۔ چتا ۲ پلستر لگانا ۳ ایک پودہ جس کا نام چتر مول بھی ہے ۔

چتارنا (ھ ۔ متعدی) تصویر کشی کرنا ۔ نقش و نگار بنانا ۔

چتاری (ھ ۔ مذکر) مصور ۔ نقاش

چتانا (ھ ۔ متعدی) ۱ خبردار کرنا ۔ جتانا ۲ نصیحت کرنا ۔ بتانا ۳ توجہ دلانا ۴ فہمائش کرنا ۔ تنبیہ کرنا ۵ خوف دلانا ۔ اطلاع دینا ۔

چتاونی (ھ ۔ مونث) ۱ نشان ۔ علامت ۔ اشارہ ۲ اطلاع ۔ آگاہی ۔ ہدایت ۳ ڈر ۔ خطرہ ۔ خوف ۴ یاددہانی ۔

چتر (س ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی بڑی چھتری جو بادشاہوں اور راجاؤں کے سر پر رہتی ہے ۲ چھتری جو سادھوؤں وغیرہ کے سر پر رہتی ہے ۳ سر کے چھوٹے بال (س چھتر) چترشاہی (مذکر) چتر ۔ چترمالا (مذکر) چھتری ۔ سانپ کی ٹوپی ۔ کلاہ بازاں ۔ کھمبی ۔

چتر (س ۔ صفت) ۱ چالاک ۔ تیز ۔ چست ۲ کاریگر ۔ ماہر ۔ پرفن ۔ ہنرمند ۳ واقف ۔ ہشیار ۔ دانا ۔ عقلمند ۴ فطرتی ۔ متفنی ۔ مکار ۔ عیار ۵ (مذکر) چالاک آدمی وغیرہ ۔ چترا (صفت) ۱ دیکھو چتر ۲ (مذکر) چالاک ہوشیار یا عقلمند آدمی ۔ چتراؤ (ھ) چترائی (مونث) چالاکی تیزی وغیرہ ۔

چتر (س ۔ صفت) چار ۔ چتر بھدرا (مذکر) انسان کی زندگی کے چار مقاصد ۔ دھرم (نیکی) ، کام (خوشی) ، ارتھ (دولت) ، مکش (مکتی) ۔ چترنگ (صفت) ۱ چار عضو والا ۲ چار حصوں سے بنا ہوا ۳ (مذکر) فوج جس کے چار حصے ہوں ۔ ہاتھی ۔ رتھ ۔ رسالہ ۔ پیدل ۲ شطرنج ۵ ایک قسم کا گانا ۳ ایک وزن ۔ چتروَرن (مذکر) ۱ چاروں ذاتیں ۔ برہمن ۔ چھتری ۔ ویش ۔ شودر ۲ چار اصل رنگ ۔ سرخ ۔ نیلا ۔ زرد ۔ سفید ۳ چار پہرو ۔ چتر ودیا (صفت) چاروں ویدوں کو جاننے والا ۔ چتر وید (صفت) ۱ چاروں ویدوں کا مجموعہ ۲ چاروں وید ۳ ایک قسم کے پتر ۔ چتر ہوتر (مذکر) کرشن جی ۔ چتر ہوتری (مذکر) ایک منتر جو نئے چاند یا پورے چاند کے موقع پر پڑھا جاتا ہے ۔

چتر (س ۔ صفت) چتر (ھ) صاف ۔ چمکدار ۔ روشن ۔ سفید ۲ رنگ برنگی ۔ دھبے دار ۔ داغدار ۳ کئی قسم کا ۔ مختلف قسم کا ۴ بدلنے والا ۔ کم زیادہ ہونیوالا ۵ عجیب ۔ نادر ۔ حیران کرنے والا (مذکر) داغ ۔ دھبہ ۲ عجوبہ ۔ عجب واقعہ ۳ تصویر ۔ نقش ۔ مورت ۴ کنمائی تحریر ۵ ایک قسم کا گول ٹیکا ماتھے پر ۔ چترا (ھ ۔ صفت) ۱ دیکھو چتر ۲ (مونث) بارھواں یا چودھواں نچھتر ۳ ایک پودے کا نام ۴ ایک ناگ کا نام ۵ ایک بحر یا وزن ۶ ایک ساز ۷ ارجن کی بیوی اور کرشن جی کی بہن سبھدرا ۸ کرشن جی یا گد کی ایک بیٹی ۹ غیر حقیقی حالت ۔ مصنوعی چیز ۔ دھوکا ۔ دکھاوا ۱۰ ایک اپسرا ۱۱ ایک دریا ۱۲ ایک چٹان ۔ چترانا (متعدی) نقش و نگار ڈلوانا ۔ تصویر کھنچوانا ۔ چترانگ (صفت) ۱ دھبے دار بدن ۔ دھاری دار ۔ نقش کیا ہوا ۲ (مذکر) ایک سانپ کا نام ۳ ایک پودے کا نام ۴ تیز سرخ رنگ ۵ زرد ہڑتال ۔ چترانگد (صفت) ۱ قسم قسم کی پہنچیوں سے سجا ہوا ۲ (مذکر) دشرنا کا ایک راجہ ۳ سانتنو کا ایک بیٹا ۴ ایک گندھرو ۵ ایک ودیادھر کا نام ۶ اندر سین ۷ ایک دیوتا جو انسانوں کے کرموں کو لکھتا ہے ۔ چترانگدا (مونث) ۱ ایک اپسرا ۲ ارجن کی ایک بیوی اور ببھرو واہن کی ماں ۔ چترانگدا سُو (مونث) ۱ چترانگدا کی ماں ۲ ویاس جی کی

ماں ستیاوتی۔ چتراوسو (مذکر) چمکتے ہوئے ستارے
چترایدھ (مذکر) دھرت راشٹ کا ایک بیٹا۔ چترائیس
(مذکر) فولاد۔ چترائیس (صفت) جس میں قوت حیوانی
زیادہ ہو۔ چترباہو (مذکر) دھرتراشٹ کا ایک بیٹا۔
چتربھاشیہ (مذکر) فصاحت۔ خوش بیانی۔ بولی رس۔
چتربھوجن (مذکر) ۱ مختلف کھانے ۲ نئے نئے کھانے
کھانا۔ چتربیج (مذکر) سرخ ارنڈ۔ چترپادا (مونث)
مینا۔ چترپٹ یا پٹھ (مذکر) ۱ تصویر ۲ رنگ برنگ کا
کپڑا۔ چترپورا (عص) ایک شہر۔ چترچاپ (عص)
[illegible] راشٹ کا ایک بیٹا۔ چتردھر (مذکر) ایک
مصنف۔ چتردھرماں (مذکر) ایک راجہ۔ چتردیو
(عص) سکند کا ایک پرستار۔ چتررتھ (صفت) رنگ
برنگی رتھ والا ۲ (مذکر) سورج ۳ قطبی ستارا ۴ ایک آدمی
جس کا ذکر رگ وید میں آتا ہے ۵ گندھرو کا راجہ ۶ انگس کا
راجہ ۷ ایک راجہ انگ کی اولاد میں اور دھرم رتھ کا بیٹا
۸ کرشن جی یا گد کا ایک لڑکا ۹ ایک ناگ ۱۰ اسر ۱۱ بہت سے
دیگر اشخاص کا نام۔ چتررتھی (مونث) درگا جی کی ایک
شکل۔ چترریکھا (عص) ایک سہیلی کا نام۔ چترسین
(عص) ۱ ایک ناگ ۲ اسر ۳ ایک گندھرو راجہ جس کا ذکر مہابھارت
میں آتا ہے ۴ دھرتراشٹ کا ایک بیٹا ۵ پارکشت کا نام
۶ تیرھواں منو ۷ کرشن جی یا گد کا نام ۸ ایک دیوتا جو کرم لکھتا
ہے۔ چترشالا (مونث) تصویروں کا کمرہ۔ چترشکندھن
(عص) سات رشی۔ مریچی۔ اتری۔ انگرس۔ پلستیہ۔ پلاہا۔
کرتو۔ وسشٹھ۔ چترشیرس (عص) ایک گندھرو۔ چتر
شیلا (عص مونث) ایک دریا کا نام۔ چترکار (مذکر)
مصور۔ چترکاری (مونث) مصوری۔ چترکاری
کرنا (متعدی) تصویر بنانا۔ نقش و نگار کرنا۔ چترکنڈل
(عص) دھرتراشٹ کا ایک بیٹا۔ چترکوٹ یا کوٹ
(ہند) بندیل کھنڈ میں ایک پہاڑی جہاں راجہ رامچندر
جی بن باس میں پہلے پہل جا کر رہے تھے۔ یہاں والمیک
رہتا تھا۔ چترگپت (عص) ۱ یم نرک کا دیوتا ۲ یم کی
بہن ۳ وہ دیوتا جو کرموں کو لکھتا ہے۔ چترلتا (عص)
ایک اپسرا۔ چترلیکھا (مونث) ۱ تصویر ۲ (عروض) دو
بحروں یا وزنوں کا نام ۳ (عص) ایک اپسرا جو برہما جی کے
ہاتھ سے پیدا ہوئی تھی اور نہایت اعلیٰ مصور تھی۔ چتر
میمانسا (مونث) ایک کتاب کا نام علم کلام پر۔ چترن
(صفت) سیاہ اور سفید بالوں والا۔ چترنا (لازم) تصویر
کھینچنا۔ نقش و نگار بنانا۔ چترناتھ (عص) دھرتراشٹ
کا ایک بیٹا۔ چترنگی (صفت) کئی رنگ کا۔ بوقلموں ۲
(مذکر) بہت قابل آدمی۔ چترنی (مونث) عورتوں کی
چار قسموں میں سے ایک کا نام۔ چتروت (صفت) تصویروں
سے سجا ہوا۔ چتروتی (مونث) ایک بحر یا وزن ۲ کرشن
جی یا گد کی بیٹی۔ چترواہن (عص) مہابھارت میں منی
پور کا راجہ۔ چتروبا (مونث) ایک دریا۔

چتری (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو چھتری
۲ نقاب ۳ خیمہ۔ شامیانہ۔

چتکا (س۔ مونث) چتا۔

چتکار (س۔ مذکر) ۱ چیخ ۲ گدھے
کی رینک۔

چتکبرا (ہ۔ صفت) دھبے دار۔
داغدار ۲ ابلق۔ سفید و سیاہ (س چتر)

چتلا (ہ۔ صفت) ۱ دھبے دار۔ داغدار
کالا اور سفید رنگ کا۔ جس پر مختلف رنگ کے نقطے ہوں
۲ (مذکر) ایک نہایت شیریں قسم خربوزے کی (س چتر)

چتنا (ھ۔ لازم) ۱ دیکھنا۔ نظر کرنا۔
نظر ڈالنا ۲ ظاہر ہونا۔ معلوم ہونا ۳ چترنا۔ نقش و نگار
کرنا۔ تصویر بنانا۔

چتون (ہ۔ مونث) نظر۔ نگاہ۔
چتونا (ھ) دیکھنا۔ نظر ڈالنا۔ نگاہ کرنا۔ چتون بنانا
(لازم) تیوری چڑھانا۔ غصے کی نظر سے دیکھنا۔ چتون پر
میل (نہ) آنا (لازم) ناراض (نہ) ہونا۔ ناگوار (نہ)
ہونا۔ چتون پھرنا (لازم) نگاہ کا غصہ سے بھرا ہونا
چتون چڑھانا (متعدی) تیوری چڑھانا۔ چتون
کہے دیتی ہے۔ نگاہ سے معلوم ہوتا ہے۔ نظر سے
ظاہر ہے۔

چتھا (اردو۔ صفت) ۱ جو دوسروں کا
تختہ مشق ہو ۲ وہ جسے دوسرے نے زخمی کیا ہو (بٹیر چتھا
بٹیر (مذکر) وہ شخص جسے جس کا جی چاہے کہہ لے
چتھا بنانا (متعدی) ذلیل کرنا۔ رسوا کرنا۔ فضیحت
کرنا۔ برائی کرنا۔

چتھاڑ (ہ۔ مونث) ذلت۔ خواری
فضیحت۔ رسوائی (س چھد۔ پھاڑنا) چتھاڑ بتانا
دینا یا کرنا (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ پھاڑنا۔ ٹکڑے
ٹکڑے کر دینا ۳ لکھنا۔ کاغذ پر [illegible]نا۔

چتھڑا (ہ۔ مذکر) دھجی۔ کپڑے کا
ٹکڑا۔ پرانا پھٹا ہوا کپڑا۔ گودڑ۔ چتھڑیا (صفت)
پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے پھٹے حال۔ چتھڑیا پیر
(مذکر) ۱ ایک پیر جس کو پھٹے پرانے کپڑے چڑھاتے ہیں ۲
وہ درخت جس پر پیر کے نام پر کپڑے چڑھائے جائیں ۳
(صفت) چتھڑیا۔ چتھڑے اڑانا۔ چتھڑے بکھیرنا
(متعدی) لتے لینا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ ٹھیک بنانا۔
درست کرنا۔ (متعدی) دیکھو چتھڑے کر دینا۔ چتھڑے
بننا یا لگنا (لازم) پھٹے پرانے کپڑے پہننے لگنا۔ نہایت
غریب ہو جانا۔ چتھڑے چتھڑے کر دینا یا کرنا (متعدی)
دھجیاں اڑا دینا۔ دھجی دھجی کر دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا
چتھڑے کرنا (متعدی) پرزے پرزے کرنا۔ چتھڑے
گدڑے (مذکر) چتھڑے۔ چتھڑے لگانا (متعدی)
پیوند پر پیوند لگانا۔ چتھڑے لگنا (لازم) مفلسی کے
مارے ثابت کپڑے نہ پہن سکنا۔ چتھڑے لینا (متعدی)
دیکھو چتھڑے بکھیرنا۔

چتھڑیل (ھ۔ صفت) چتھڑیا

چتھیڑنا (ھ۔ متعدی) چتھڑنا۔

چتھل (اردو۔ صفت) مسخرا۔
ظریف۔ چتھلا (صفت) دیکھو چتھا۔ چتھل بازی
(مونث) چتھل پنا (مذکر) ہنسی۔ تمسخر۔ مذاق ٹھٹھے
بازی۔ چتھل پنا دکھانا (متعدی) ۱ ہنسی اڑانا۔ مذاق
کرنا ۲ آوازے کسنا۔ منہ آنا۔

چتی (س۔ مونث) ۱ ڈھیر۔ لکڑی کا
ڈھیر۔ چتا ۲ سمجھ۔ عقل۔

چتی (ہ۔ مونث) ۱ داغ۔ دھبہ۔
نشان۔ بندی ۲ مہاسہ ۳ زخم کا نشان ۴ سانپ کی ایک
قسم جس پر چتیاں ہوتی ہیں ۵ ایک قسم کی کوڑی جس پر چتیاں
پڑی ہوتی ہیں ۶ (ھ) کوڑی جسے گھسا کر صاف کر دیں ۷
کپڑوں میں جو داغ برسات میں پڑ جائیں ۸ مرغی کی ایک
چھوٹی قسم۔ چٹی (س چتر۔ دھبا) چتی پڑنا (لازم) روٹی پر
پکنے کے بعد ہلکے سیاہ سے نشان پڑ جانا۔ چتی دار (صفت)
داغدار۔ چتی کھانا (متعدی) کپڑے کو گردی یا مورچہ
لگنا۔ چتی لانا (لازم) نشان پڑنا۔ زخم کا نشان پڑنا۔

چتیا (ھ۔ مونث) چتا۔

چتیالا (ھ۔ مذکر) ہون یا بھینٹ کی
جگہ ۲ مندر۔ شوالہ۔

چتیرا (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو چینی ظروف
وغیرہ کو صاف کرتا یا ان پہ نقش و نگار بناتا ہے ۲ (ھ) مصور
لکڑی پر نقش و نگار بنانے والا (س چترکار)

چتیہ (س۔ مذکر) چتا کی جگہ پر یادگار
یا عمارت۔

چٹ (ہ۔ تف) فوراً۔ اسی وقت

فی الفور۔ بہت جلد۔ چٹاپٹی (مونث) ۱ دیکھو چٹ پٹی ۲ مارا مار۔ دھڑا دھڑی ۳ ایک قسم کا تاش کا کھیل چٹاپٹی پڑنا (لازم) کثرت سے موتیں واقع ہونا۔ چٹا پٹی کی گوٹ (مونث) مختلف رنگ کا حاشیہ یا گوٹ (جھٹ سے) چٹ پٹ (صفت) دیکھو آخری۔ چٹ پٹ ہو جانا (لازم) فوراً مرجانا۔ ناگہانی موت آجانا۔ چٹ پٹی (مونث) ۱ جلدی۔ تیزی۔ سرعت ۲ ناگہانی موت ۳ کئی موتیں اوپر تلے ہو جانا۔ چٹ سے (تف) دیکھو چٹ۔ چٹ سے جواب دینا (متعدی) فوراً بول اٹھنا۔ فی الفور جواب دینا۔

امثال۔ چٹ روٹی پٹ دال کام فوراً ہو گیا دیر نہ لگی۔ **چٹ منگنی پٹ بیاہ** کسی کام کے کرنے میں جلدی کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **چٹ میری منگنی پٹ میرا بیاہ۔ ٹوٹ گئی ٹنگڑی رہ گیا بیاہ** ۔ انسانی کاموں کی بے ثباتی اور بے اعتباری ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔

چَٹ (د۔ مونث) ۱ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ تڑاخ ۲ جھریٹ۔ زخم۔ پھوڑا ۳ آتشک کے مادے کے نشان ۴ پپڑ۔ ٹکڑا (س چٹ۔ ٹوٹنا) چٹا چٹ (مونث) ۱ انگلیوں کے پے درپے چٹکنے کی آواز چٹ چٹ ۲ (صفت) لگاتار۔ پے درپے۔ متواتر۔ چٹا چٹ بلائیں لینا۔ دیکھو چٹ چٹ بلائیں لینا۔ چٹ چٹ (مونث) ۱ کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز خصوصاً چوڑیوں کی ۲ انگلیاں چٹخانے کی آواز ۳ کسی چیز کے جل کر پھٹنے کی آواز۔ چٹ چٹ بلائیں لینا (لازم) اسطرح بلائیں لینا کہ انگلیوں سے چٹخنے کی آواز نکلے۔ چٹ چٹ چوڑیاں ٹوٹنا (لازم) متواتر چوڑیاں ٹوٹنا۔ پے درپے آواز سے چوڑیاں ٹوٹنا۔ چٹ سے ٹوٹنا (لازم) آواز سے کسی چیز کا ٹوٹنا۔

چَٹ (د۔ امر) چٹنا کا (مونث) کھا جانا۔ نگل جانا۔ عموماً مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ چٹا (امر) چٹانا سے ۲ (ماضی) چٹنا کی۔ چٹا دینا۔ چٹانا (متعدی) ۱ چکھانا۔ کھلانا۔ زبان سے صاف کرانا ۲ پتھر پر رگڑ کر دھار تیز کرنا ۳ رشوت دینا ۴ کسی کو چابک مارنا۔ چٹانا (مذکر) بچہ کو پہلی دفعہ کوئی چیز کھلانا۔ چٹ کھسم (مذکر) سب کچھ کھا جانا۔ کچھ نہ چھوڑنا۔ چٹ کر جانا یا کرنا (متعدی) ۱ سب کچھ کھا جانا ۲ تباہ کرنا۔ برباد کرنا ۳ ہضم کر جانا۔ اڑا لینا۔ تغلب کر لینا۔ چٹنا (د۔ متعدی) ۱ چکھنا۔ چاٹنا۔ دیکھو چاٹنا ۲ (مذکر) بہت کھانے والا شخص ۳ (صفت) پیٹو۔ چٹوانا (مم) چٹنا کا۔ چٹ ہو جانا یا ہونا (لازم) دیکھو چٹ کرنا۔

چِٹ (د۔ مونث) ٹکڑا۔ دھجی۔ کپڑے یا کاغذ کی لمبی دھجی ۲ ورزش کرنے والوں کا لنگوٹ ۳ زمین جس میں طول زیادہ ہو اور عرض مقابلتاً بہت کم (س چٹ ٹوٹنا) چٹ اکھڑنا (مم) تھوڑا سا ٹکڑا اڑ جانا۔ چٹ لگانا (متعدی) لگنا (لازم) کسی چیز پر کاغذ وغیرہ کا ٹکڑا لگنا۔

چِٹ (انگ۔ مذکر) ۱ ٹکڑا۔ دھجی ۲ کاغذ جو کتابوں یا دوا کی بوتلوں پر لگاتے ہیں ۳ چٹھی یا سرٹیفکیٹ جو نوکر افسروں یا آقاؤں سے لیتے ہیں۔

چَٹّا (ھ۔ مذکر) ۱ چیلا۔ شاگرد۔ طالب علم ۲ دیکھو چٹ ۳ الزام۔ تہمت۔ بہتان ۴ نقصان۔ گھاٹا۔ مذکر ۵ ڈھیر۔ اینٹوں کا ڈھیر۔

چِٹّا (ہ۔ صفت) ۱ سفید۔ گورا۔ اجلا۔ عموماً گورا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۲ (مذکر) چاندی کا سکہ۔ روپیہ (اصطلاح دلالان) چٹی (مونث صفت) دیکھو چٹا۔

مثل۔ چٹے میں پتوا میرا بیٹا جیوے تیرا۔ دعا دے کر مانگتا۔

چُٹّا (ھ۔ مونث) چوٹی۔ چٹیا۔

چَٹّا بَٹّا (د۔ مذکر) بچوں کا ایک کھلونا جس میں چھوٹی چھوٹی لکڑی کی گولیاں ایک لکڑی کے ٹکڑے سے لگی ہوتی ہیں۔ چٹے بٹے (جمع مذکر) ۱ دیکھو آخری ۲ وہ گولیاں جو مداری غائب کرتے ہیں۔ چٹے بٹے لڑانا (متعدی) ۱ مداری کا گولیاں غائب کرنا ۲ لگائی بجھائی کرنا۔ چٹے بٹے ہونا (لازم) ایک جیسے ہونا۔

چَٹاخ (مونث) چٹاخا (مذکر) چٹاک (ہ۔ مونث) چٹاکا (مذکر) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ انگلیوں کے چٹخنے کی آواز۔ چابک کی آواز۔ تمانچے کی آواز ۲ کڑاکا۔ دھڑاکا۔ دھماکا۔ بھڑاکا۔ چٹاخ چٹاک (صفت) ۱ تیز۔ ہوشیار۔ چالاک۔ مکار۔ فریبی۔ چٹاخا (مونث) ۱ فاحشہ۔ بدکار عورت ۲ (مذکر) تھپڑ۔ تمانچہ۔ چٹاخ پٹاخ (مونث) چالاک عورت۔ عیار عورت۔ چٹاخ چٹاخ۔ چٹاک چٹاک (مونث) زور کا دھماکا۔ بار بار آواز آنا۔ تڑاق پڑاق۔ تڑاتڑ۔ چٹاخے کی (صفت) نہایت شدت کی۔ زور کی۔

چَٹالنا (ھ۔ متعدی) ۱ زخمی کرنا۔ ضرر پہنچانا ۲ حملہ کرنا۔ چوٹ کرنا۔

چَٹان (د۔ مونث) **چَٹّان** (ھ) ۱ بڑا پتھر۔ پتھر کی بڑی سل۔ بڑا پتھر جو زمین میں سے نکلا ہو ۲ پتھریلی زمین (س چٹ۔ ٹوٹنا)

چُٹانا (ھ۔ متعدی) چٹالنا۔

چَٹائی (ہ۔ مونث) بوریا۔ گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش۔ چونکہ اس کو اٹھانے میں چٹ چٹ کی آواز نکلتی ہے اس لئے چٹائی کہتے ہیں (بچھانا بچھنا کے ساتھ) (س چٹ۔ توڑنا۔ چونکہ اسے اکٹھا کرنے پر ٹوٹنے کی آواز نکلتی ہے)

چُٹ پُٹ (ہ۔ مونث) متفرق خرچ۔ متفرقات۔ چھوٹا چھوٹا خرچ۔ چٹ پٹ ہو جانا (لازم) خرچ ہو جانا۔ صرف ہو جانا۔ چھوٹے چھوٹے کاموں میں۔

چَٹ پَٹا (ہ۔ صفت) ۱ مزیدار خوب نمک مرچ پڑا ہوا۔ چرپرا ۲ (ھ) تیز۔ چالاک۔ چست۔ ہشیار۔ مستعد ۳ (ھ) جلد باز ۴ (ھ) کاریگر ماہر (جھٹ پٹ سے) چٹ پٹی (صفت مونث) دیکھو آخری۔

چَٹپَٹانا (ھ۔ لازم) ۱ گھبرانا۔ حیران ہونا۔ تڑپنا۔ بے چین ہونا ۲ دل دھڑکنا ۳ جھجکنا۔ ہچکچانا۔ چونکنا ۴ جلنا (جیسے بھنتے ہوئے دانے) ۵ بھننا۔

چَٹپَٹاہَٹ (ھ۔ مونث) گھبراہٹ بے چینی وغیرہ۔ دیکھو چٹپٹانا۔

چَٹپَٹیہ (ھ۔ صفت) دیکھو چٹ پٹا۔

چَٹچَٹا (ھ۔ صفت) دیکھو چٹ پٹا۔

چِٹچِٹا (ہ۔ مذکر) ایک پودہ جس کی بالیں کپڑوں میں چمٹ جاتی ہیں۔ چرچٹا۔

چِٹچِٹانا (ہ۔ لازم) چٹخنا۔

چَٹخ (ہ۔ امر) چٹخنا سے (چٹک سے)

چٹخا (امر) ۱ چٹخانا سے ۲ (ماضی) چٹخنا سے چٹخانا (متعدی) ۱ انگلیوں کی آواز پے درپے نکالنا ۲ بندوق کی آواز نکالنا کسوانے یا بند کرنے کی ۳ چابک کی آواز نکالنا ۴ کسی چیز کو پتھر یا دیوار پر مار کر آواز نکالنا ۵ ناراض کرنا۔ کھجانا ۶ الگ کرنا۔ جدا کرنا۔ ترک کرنا ۷ بندوق چلانا ۸ توڑنا۔ تڑقانا چٹخ تو سہی۔ جا تو سہی۔ الگ تو ہو۔ چٹخ جانا (لازم) ۱ ان بن ہونا۔ بگڑ جانا۔ ناراض ہو جانا ۲ دوستی جاتی رہنا ۳ جدا ہو جانا۔ چلے جانا ۴ درز پڑ جانا۔ چٹخنا (لازم) ۱ دیکھو چٹخانا ۲ کلی کا کھلنا ۳ چلا جانا۔ غائب ہو جانا۔ بھاگ

جانا۔ ۲ کالے دانے لکڑی یا کوئلے کا آگ پر آواز دینا۔ ۹ رنگ اڑنا ۱۰ سخت چیز پر گر کر اچھل کر دور جا پڑنا ۱۱ کڑکنا۔ شق ہو جانا (کپڑے کا) ۱۲ پھوٹ جانا ۹ (مذکر) تمانچا۔ تھپڑ۔ چانٹا (لگانا۔ لگنا کے ساتھ) **چٹخنی** (مونث) ۱ دروازہ کو روکنے کی چیز ۲ وہ چیز جو پرند پکڑنے کے لئے پنجرے میں لگاتے ہیں۔

چٹخار (ہ۔ امر) چٹخارنا کا (چٹکارے) **چٹخارا** (ماضی) ۱ چٹخارنا کی ۲ وہ آواز جو زبان اور تالو کے درمیان سے کسی خوش ذائقہ چیز کے مزے لینے سے نکلتی ہے۔ **چٹخارنا۔ چٹخاری یا چٹخارے بھرنا** (لازم) کسی خوش ذائقہ چیز کا مزہ لینا۔ زبان چاٹنا۔ ہونٹ چاٹنا۔ **چٹخارے کا** (صفت) چٹپٹا۔ **چٹخارے مارنا** (متعدی) دیکھو چٹخارے بھرنا۔

چٹر پٹر (اردو۔ صفت) متفرق۔ **چٹر مٹر۔ چٹری** (ھ۔ مونث) ایک قسم کی بوٹی جو ربیع کی فصل کے ساتھ اگتی ہے۔

چٹ سار۔ سال یا سالا۔ (ھ۔ مونث) مدرسہ۔ سکول۔ پاٹ شالا۔

چٹک۔ چٹکا۔ چٹکانا۔ چٹک جانا۔ چٹکنا۔ چٹکنی (ہ) دیکھو چٹخ وغیرہ (س چٹ ٹوٹنا)

چٹک (ہ۔ مونث) ۱ تیزی۔ چستی چالاکی۔ پھرتی۔ جلدی۔ ہوشیاری ۲ (ھ۔ صفت) چست۔ چالاک وغیرہ۔ **چٹک سے** (تف) چستی سے پھرتی سے۔

چٹک (ہ۔ مونث) ۱ روشنی۔ چمک دمک۔ بھڑک۔ آرائش ۲ رنگ کی تیزی۔ تیز رنگ ۳ دھوپ کی تیزی ۴ (ھ) عین شباب۔ جوانی۔ **چٹک دار** (صفت) روشن۔ چمکدار۔ چٹکیلا۔ **چٹک مٹک** (مونث) ۱ غرور۔ نخوت ۲ ناز و نخرا۔ کر و فر ۳ نخرے کی چال۔ **چٹکوائی** (ھ) ۱ دیکھو چٹک ۲ دیکھو چٹ پٹی۔ **چٹکیلا** (صفت) ۱ چمکدار۔ چمکیلا۔ شوخ ۲ خوش ذائقہ۔ چٹ پٹا (مت) **چٹکیلی دھوپ** (مونث) گرم اور تیز دھوپ۔

چٹک (س۔ مذکر) ۱ چڑا ۲ ایک شاعر۔ **چٹکی** (مونث) چڑیا۔

چٹکا (ہ۔ مذکر) ۱ چاٹ۔ مزا۔ چسکا ۲ پیاس کی شدت (لگنا کے ساتھ) ۳ تیز دھوپ (چاٹنا سے)

چٹکا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس یا اناج ۲ رطوبت۔ بلغم۔ میل ۳ رینٹ۔ سینک ۴ چتا ۵ وہ جگہ جہاں لاشیں جلائی جائیں۔ مرگھٹ۔

چٹکا (ہ۔ مذکر) لپ بھر کا آٹا۔ مٹھی بھر آٹا۔

مثل۔ چٹکے کا کھائے اسکے کا نہ کھائے۔ مانگ کھانا بہتر ہے۔ اس کا احسان لینے سے جو احسان جتلائے۔

چٹکار۔ چٹکارا۔ چٹکارنا۔ چٹکارے بھرنا (ہ) دیکھو چٹخار وغیرہ (س چٹ۔ توڑنا) **چٹکاری** (مونث) ۱ دیکھو چٹخارا ۲ بیلوں کو ہانکنے کی آواز۔ ٹٹکاری۔

چٹکارا (ھ۔ مذکر) دھبہ۔ داغ نشان زخم کا۔

چٹکل (ھ) **چٹکلا** (ہ۔ مذکر) مذاق لطیفہ۔ دلچسپ نقرہ یا چھوٹی سی بات ۲ کم قیمت تھوڑی سی پر اثر دوائی ۳ عجیب چیز۔ نادر چیز (چٹکنا سے) **چٹکلا چھوڑ جانا۔ چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ۱ لطیفہ کہنا۔ کوئی ہنسی کی بات سنانا ۲ شگوفہ چھوڑنا۔ کوئی بات گھڑ کر کہنا ۳ پُرشرارت چھوٹی سی کہانی سنانا۔ **چٹکلا سا** (صفت) دلچسپ۔ دلپسند (س چٹ۔ کاٹنا۔ توڑنا)

چٹک لینا۔ چٹکنا (ہ۔ لازم) ۱ کاٹنا۔ سانپ کا کاٹنا ۲ پھول توڑنا۔ اوپر سے توڑ لینا۔ ترکاری ساگ وغیرہ کا (س چٹ۔ کاٹنا)

چٹکی (ھ۔ مونث) ۱ تیز دھوپ ۲ گرمی۔ حرارت۔

چٹکی (ہ۔ مونث) ۱ ہاتھ کے انگوٹھے اور انگلی سے جو آواز دونوں کی نوکوں کو زور سے ملا کر اور انگوٹھے کو ٹیڑھا کر کے نکالی جائے ۲ بکٹا۔ مٹھی بھر چیز۔ مٹھی بھر آٹا ۳ ہاتھ کے انگوٹھے اور اس کے ساتھ کی انگلی سے دوسرے کے بدن کو مسلنا ۴ گانٹھ جو کپڑا رنگنے میں کپڑے کو دیتے ہیں کہ اس پر رنگ نہ چڑھے ۵ بندوق کا گھوڑا۔ بندوق کے پیالے کا سرپوش ۶ گوٹے یا لچکے کی چٹکی سے موڑی ہوئی دھنک۔ گوکھرو ۷ تھوڑا سا سفوف جو انگوٹھے اور انگلی سے اٹھائیں ۸ پاؤں کی انگلیوں کے چھلے ۹ دوا کا سفوف جو بچوں کو دیتے ہیں ۱۰ کٹار دار گلبدن۔ خنجری دار شروع ۱۱ کپڑا چھاپنے کا طریقہ ۱۲ کپڑا سینے کے بعد تاننا ۱۳ پوشاک اور لبیں کی مروڑ ۱۴ قبضہ۔ گرفت **چٹکیاں** (جمع) چٹکی کی۔ **چٹکیاں لینا** (متعدی) ۱ چبھتی ہوئی بات کہنا ۲ ابھارنا۔ خیال پیدا کرنا ۳ ایسا کام کرنا جس سے دوسروں کو ایذا ہو۔ **چٹکی بجاتے (میں)** (تف) بہت جلد۔ فوراً۔ آن کی آن میں۔ **چٹکی بجانا** (متعدی) ہاتھ کے انگوٹھے اور انگلی سے آواز نکالنا۔ **چٹکی بھر** (تف) اسقدر جو چٹکی میں سمائے۔ **چٹکی بھر میں** (تف) فوراً۔ لمحہ میں۔ **چٹکی بھر لینا یا بھرنا** (متعدی) ۱ انگوٹھے اور انگلی سے دوسرے کا گوشت مسلنا ۲ چبھتی ہوئی بات کہنا۔ طعنہ زنی کرنا۔ **چٹکی پر اڑا دینا** (متعدی) ۱ دھوکا دینا۔ جل دینا۔ **چٹکی توڑنا** (ھ۔ متعدی) چٹکی بھرنا **چٹکی چٹکی** (تف) تھوڑا۔ تھوڑا۔ **چٹکی چڑھانا** (متعدی) ۱ سکے کو سفوف کی چٹکی ڈال کر پرکھنا ۲ سکے کو انگلی پر رکھ کر اور انگوٹھے سے اچھال کر اس کی آواز سے کھوٹا کھرا پرکھنا **چٹکی کاٹنا** (ھ) چٹکی بھرنا۔ **چٹکی کا لنگور** (مذکر) ایک کھلونا۔ **چٹکی لگانا** (متعدی) ۱ کپڑے کا انگلی اور چٹکی سے پھاڑنا ۲ دونا بنانا۔ پتے کے کنارے چٹکی سے مروڑ کر تنکے سے جوڑنا ۳ چٹکی کے ذریعے سے جیب میں سے مال نکال لینا ۴ سکے کا کھوٹا کھرا پرکھنا۔ **چٹکی لینا** (لازم) ۱ چٹکی بھرنا ۲ کسی فعل سے باز آنے کے لئے چٹکی بھر کر اشارہ کرنا۔ **چٹکی مارے لہو ٹپکتا ہے۔** بدن میں اسقدر خون ہے کہ چٹکی لو تو خون نکلے۔ نہایت سرخ و سفید ہے۔ **چٹکی میں** (تف) فوراً۔ آناً فاناً۔ **چٹکیوں** (مونث) چٹکی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چٹکیوں پر اڑانا** (متعدی) ۱ حقیر سمجھنا ۲ روپے کا پرکھنا۔ **چٹکیوں میں** (تف) بہت جلد۔ فوراً۔ آناً فاناً۔ **چٹکیوں میں اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) ۱ کسی کی پرواہ نہ کرنا ۲ کسی کا باتوں کو خیال میں نہ لانا ۳ خندہ کرنا۔ مذاق اڑانا ۴ ذلیل و خوار کرنا۔ **چٹکیوں میں کام کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بہت جلدی کام پورا ہونا۔ اشارے کے ساتھ کام پورا ہونا۔

چٹلا (ھ۔ صفت) چھوٹا۔ ذرا سا۔ ننھا سا **چٹلی** (صفت مونث) دیکھو چٹلا۔ **چٹلی انگلی** (مونث) چھوٹی انگلی۔

چٹلا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ فیتہ یا دھاگا جس سے چونڈا پچھلی طرف باندھا جاتا ہے ۲ سونے چاندی کا گچھا جو عورتیں پیچھے چوٹی پر باندھتی ہیں ۳ مصنوعی بال جن کو عورتیں بال زیادہ ظاہر کرنے کے لئے لگا لیتی ہیں ۴ دھاگے سے بندھا ہوا چونڈا۔ چونٹلا ۵ موٹی بینڈھی (س چڈ۔ چھپانا)

چٹنی (ہ۔ مونث) ۱ چاٹنے کی چیز ۲ چاٹنے کی دوا ۳ وہ ہاضمہ چٹ پٹی چیز جس میں دھنیا۔ انار دانہ۔ پودینہ نمک مرچ وغیرہ ڈال کر بناتے ہیں اور کھانے

کے بعد یا ساتھ کہنے ہیں ۳ پسی ہوئی ہونے کی حالت ٹکڑے ٹکڑے ہونے کی حالت۔ کٹنے جلنے کی حالت (چاٹنا سے) **چٹنی کر جانا** (متعدی) ۱ نگل جانا ۲ خرچ کر دینا۔ **چٹنی کر ڈالنا** (متعدی) ۱ پیس ڈالنا ۲ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا ۳ خوب مارنا۔ زد و کوب کرنا۔ **چٹنی کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ کھا جانا۔ نگل جانا ۲ پیس ڈالنا ۳ مار ڈالنا **چٹنی ہو جانا یا ہونا** (لازم) ختم ہو جانا۔ خرچ ہو جانا۔

چٹو (س۔ مذکر) ۱ خوشامد کے الفاظ ۲ پرندوں کا کلیل کرنا ۳ پیٹ ۴ سادھوؤں کا پرستش کے لئے بیٹھنے کا ایک طریقہ ۵ چیخ۔ **چٹو گرام** (مذکر) ایک گاؤں جو نحوی جٹادھر کا وطن تھا۔

چٹو (ہ۔ مذکر) ۱ بچوں کا ایک کھلونا ۲ ایک قسم ٹکڑے کی۔

چٹوانا (ہ۔ متعدی) اکٹھا کروانا پھول چنوانا۔ اکھڑوانا۔

چٹوکھا (ہ۔ مذکر) دیکھو چٹوکھا۔

چٹور (ھ) **چٹورا** (ہ۔ صفت) ۱ پیٹو۔ طامع۔ اڑاؤ۔ کھاؤ ۲ وہ جو لذیذ کھانوں کا شوقین یا عادی ہو ۳ کھا کر روپیہ اڑا دینے والا (چاٹنا سے) **چٹورا پن۔ چٹورپن** (مذکر) چٹوروں کی سی عادت۔ کھانے کا شوق۔ زبان کا مزا۔ **چٹوری** (صفت مونث) دیکھو چٹورا۔

امثال و اقوال۔ چٹورا کتا الونی سل۔ طامع کچھ بھی نہیں چھوڑتا۔ سل تک چاٹ جاتا ہے چٹورے پن پطنز ہے۔ **چٹورا کھاوے اپنا گھر بٹورا کھاوے دونوں گھر۔ چٹوری کھووے اپنا گھر۔ بٹوری کھووے دوجا گھر۔** پیٹو تو کھا پی کر اپنا گھر اجاڑتا ہے۔ مگر جمع کرنے والا اپنا بھی اور دوسرے کا بھی۔ **چٹوری زبان دولت (کا زیان) کی ہان۔** چٹورا آدمی کبھی امیر نہیں ہو سکتا۔

چٹوکھا (ھ۔ مذکر) چتی دار فاختہ۔

چٹہ (ھ۔ مذکر) چٹھا۔

چٹھا (ہ۔ مذکر) وہ داغ جو بدن پر خون کی خرابی کی وجہ سے پڑ جائے (پڑنا کے ساتھ) ۲ نفیس کھانا۔ لذیذ چیز۔ مٹھائیاں۔ ان معنوں میں صرف چٹھے مٹھے میں استعمال ہوتا ہے۔ **چٹھے مٹھے** (مذکر) دیکھو چٹھا ۲۔ **چٹھے مٹھوں کا مزا پڑنا** (لازم) لذیذ غذاؤں کی چاٹ پڑنا۔

چٹھا (ہ۔ مذکر) ۱ گاؤں کی زمینوں کا حساب ۲ مالگزاری کا حساب ۳ کرایوں کی فہرست ۴ فہرست تنخواہ۔ قبض الوصول ۵ چندے یا روزنامچے کی کتاب ۶ ضلع کے جاگیرداروں کی فہرست ۷ تنخواہ یا اجرت جو روزانہ یا ماہوار تقسیم کی جائے ۸ خزانچی کے نام حکم ۹ مسودہ کھرا۔ کچا حساب ۱۰ سزا کی مسل ۱۱ فہرست۔ فرد۔ ضمیمہ (س چترک) **چٹھا بانٹنا** (متعدی) تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا **چٹھا باندھنا** (متعدی) ۱ فہرست یا حساب مرتب کرنا۔ اسباب کی فرد بنانا ۲ چندہ کرنا۔ باچھ ڈالنا ۳ اندازہ کرنا۔ تخمینہ کرنا **چٹھا بندھنا** (لازم) چٹھا باندھنا کا **چٹھا تیار کرنا یا مرتب کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سزا کی مسل کا بننا۔ **چٹھی** (ہ۔ مونث) ۱ خط۔ رقعہ۔ نامہ پترہ۔ پروانہ ۲ سند۔ کارگزاری کا پرچہ جو افسر ماتحتوں کو لکھ دیتے ہیں ۳ سرٹیفکیٹ جو مالک نوکر کو نوکری چھوڑنے پر لکھ دیتے ہیں ۴ چٹ۔ وہ کاغذ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر یادداشت کے واسطے لگا دیتے ہیں ۵ تھان کے اوپر کی تصویر جس پر کارخانے کا نام ہوتا ہے ۶ کاغذ کا ٹکڑا جس پر قیمت لکھ کر چیزوں کے ساتھ اٹکا دیتے یا تھان میں رکھ دیتے ہیں ۷ ہنڈی۔ چک ۸ اجازت نامہ۔ پاس ۹ حکم۔ فرمان ۱۰ ایک قسم کا مذہب جوا۔ جب کوئی مال بکتا ہو تو تمام خریداروں کو اس کی قیمت تقسیم کر کے روپیہ جمع کرا لیتے ہیں۔ پھر کاغذوں کے نام لکھ کر علیحدہ رکھ دیتے ہیں اور اتنے ہی خالی کاغذ ان میں سے ایک کاغذ میں مال کا نام لکھ دیتے ہیں پھر ایک ایک کاغذ دونوں طرف سے اٹھاتے ہیں۔ جس کے نام کے ساتھ مال کا کاغذ نکل آئے اسے مال ملجاتا ہے۔ **چٹھی بہی** (مونث) وہ رجسٹر جس میں خطوں کی آمد روانگی درج ہو۔ **چٹھی بھیجنا** (متعدی) کسی کو خط بھیجنا **چٹھی پاتی۔ پتر۔ چپاتی یا پ چٹھی** (ھ) خط۔ رقعہ وغیرہ۔ **چٹھی پڑنا** (لازم) کسی چیز پر قرعہ ڈالنا۔ لاٹری پڑنا۔ **چٹھی پڑھ دینا یا پڑھنا** (متعدی) خط پڑھ کر سنانا ۲ خط پڑھنا **چٹھے جڑنا** (متعدی) تہمت لگانا۔ **چٹھی دینا** (متعدی) سند دینا۔ **چٹھی ڈالنا** (متعدی) ۱ خط کو ڈاکخانے کے بکس میں ڈالنا ۲ خط بھیجنا ۳ لاٹری ڈالنا۔ قرعہ بازی یا لاٹری میں شریک ہونا **چٹھی راداری** (مونث) راہداری کا پروانہ۔ پاسپورٹ **چٹھی رساں** (مذکر) ڈاکیہ **چٹھی طلب** (مونث) سمن۔ حکمنامہ طلبی۔ **چٹھی کا کھیل** (مذکر) لاٹری۔ قرعہ بازی **چٹھی کرنا** (متعدی) کسی کے نام کی ہنڈی کرنا۔ ہنڈی لکھنا۔ **چٹھی گیرنا** (ھ۔ متعدی) ڈالنا **چٹھی لکھنا** (لازم) خط تحریر کرنا۔ خط بھیجنا **چٹھی لکھوانا** (متعدی) خط تحریر کروانا کسی سے **چٹھی لگانا** (ھ) چٹھی ڈالنا ۱ و ۲

چٹھی نویس (مذکر) ۱ چٹھی لکھنے والا شخص ۲ (مونث) وہ عورت جو امیروں کے گھر میں لکھنے پڑھنے کا کام کرتی ہے۔

مثل۔ چٹھی نہ پروانہ مار کھائیں ملک بیگانہ۔ حکومت کی بد انتظامی اور حاکم کی غفلت سے بدمعاش خواہ مخواہ لوگوں کو لوٹتے پھرتے ہیں۔

چٹی (ہ۔ مونث) ۱ جرمانہ۔ تاوان ۲ رشوت۔ روپیہ جو کسی کو مجبوراً دیا جائے ۳ گھاٹا۔ خسارہ ٹوٹا۔ نقصان ۴ (ھ) کمی۔ قلت۔ تنگی (چاٹنا سے) **چٹی بھرنا** (متعدی) ۱ تاوان دینا ۲ نقصان اٹھانا ۳ رشوت دینا **چٹی دھرنا** (متعدی) تاوان بھرنا۔ ڈنڈ دینا۔

چٹی (ہ۔ صفت مونث) ۱ چٹاکی ۲ (مونث) ایک چھوٹی قسم کی مرغی۔ مینا ۳ املی کا بیج جسکے ایک طرف نشان کر کے پاسے کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

چُٹی۔ چٹی (ھ۔ مونث) چوٹی۔ چٹیا۔

چٹیا (ھ۔ مذکر) طالب علم۔ شاگرد۔ بدیارتھی۔ چٹا۔ متعلم۔

چٹیا (ھ۔ مذکر) ۱ چوروں کا سردار ۲ چوروں کا مخبر (چوٹا سے)

چُٹیا (ہ۔ مونث) ۱ چوٹی کی تصغیر۔ لمبے بال جو ہندو سر منڈانے یا بال کٹوانے پر درمیان میں یا ایک طرف چھوڑ دیتے ہیں (س چُڈ۔ چھپانا) ۲ جوڑا۔ جوڑا۔ **چٹیا سے جانا** (لازم) ۱ بچپن میں مر جانا ۲ بچپن سے ہونہاروں جیسے کام کرنا۔

مثل۔ چٹیا کو تیل نہیں پکوڑوں کو جی چاہے۔ ضروری چیزوں کے لئے تو ہے نہیں فضول باتوں پر خرچ کرتے ہیں۔

چٹیانا (ھ۔ متعدی) تھپڑ مارنا۔ چانٹا رسید کرنا۔ تمانچہ لگانا۔

چُٹیانا (ہ۔ متعدی) ۱ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔ ضرر پہنچانا۔ زخم لگانا ۲ کاٹنا دانتوں سے ۳ حملہ کرنا دھاوا کرنا ۴ دھات کو کوٹنا ۵ تیز کرنا۔ سان پر لگانا (س چنت۔ ضرر پہنچانا) **چٹیایا ہوا** (صفت) زخمی۔ گھائل

چٹیل (ہ۔ صفت) ۱ کف دست خالی۔ بغیر سبزے کے۔ صاف ۲ لالچی۔ حریص ۳ (مذکر) کبوتر جو مختلف مکانات سے دانا کھا آتا ہو۔ **چٹیل میدان** (مذکر) کف دست میدان۔ وہ میدان جس میں سبزے یا درخت کا نام و نشان نہ ہو۔

چٹیل چٹیلا (ہ۔صفت) زخم خوردہ۔ گھائل۔ چوٹ کھایا ہوا۔ صدمہ پہنچا ہوا (چوٹ سے)

چٹیل ڈالنا۔ چٹیلنا (متعدی) دیکھو چٹیانا۔

چچی (ہ۔مونث) بچے مٹھائی کو کہتے ہیں

چچا (ہ۔مذکر) باپ کا چھوٹا بھائی (س تات ۔باپ) **چچا بنا کے** (کر کے) **چھوڑنا** (متعدی) ٹھیک بنانا۔ سخت سزا دینا۔ بدلہ لے کے دم لینا۔ **چچا بنانا** (متعدی) ٹھیک کرنا۔ سزا دینا۔ **چچا بننا** (لازم) سزا ملنا۔ ٹھیک ہونا۔ مار کھانا۔ **چچازاد بھائی** (مذکر) چچا کا بیٹا۔ **چچازاد بہن** (مونث) چچا کی بیٹی۔ **چچا ہونا** (لازم) باپ کا بھائی ہونا۔ **چچی** (مونث) چچا کی بیوی۔ **چچیانی** (ھ) چچی۔ **چچیا** (صفت) چچا سے منسوب۔ **چچیا ساس** (مونث) خاوند یا بیوی کی چچی۔ **چچیا سسر** (۱) (مذکر) خاوند یا بیوی کا چچا۔ **چچیرا** (صفت) ۱ چچا کا۔ چچا کے تعلق سے ۲ (مذکر) چچازاد بھائی۔ **چچیری** (صفت مونث) ۱ چچا کی ۲ (مونث) چچازاد بہن۔ **چچیرے** (مذکر) وہ رشتہ دار جو چچا کی اولاد۔

امثال واقوال۔ چچا چور بھتیجا قاضی۔ گھر کا ہی معاملہ ہے۔ **چچیرے ممیرے بڑے تلے بہتیرے۔** امیر آدمیوں کے بہت رشتہ دار بن جاتے ہیں۔

چچانا۔ چچانا (ھ۔لازم) ۱ چونا ٹپکنا رسنا ۲ پانی یا تیل سے بھیگنا۔ گیلا ہونا ۳ پسینے میں ڈوبا ہونا ۴ تربتر ہونا ۵ رس سے بھرا ہونا ۶ گالوں پر سرخی ہونا۔ گالوں کا سرخی سے پھٹا پڑنا۔

چچر (ھ۔صفت) ۱ وہ جو سال بھر پڑا رہنے کے بعد کاشت کی جائے ۲ (مذکر) ایسی زمین۔

چچرا (ہ۔مذکر) ڈھاک۔

چچرالا (ھ۔مذکر) چرچا۔

چچری (ھ۔مونث) ایک پودہ جس کا پھل بارٹنگ کہلاتا ہے۔

چچرا (ھ۔مذکر) بڑی پستان۔ بڑا تھن

چچڑ۔ چچڑا (ھ۔مذکر) **چچڑی** (ہ۔مونث) ایک کیڑا جو کتوں بھیڑوں وغیرہ کے جسم کو چمٹا رہتا ہے (س تو چ۔چمڑا یا کھال) **چچڑی ہو کر چمٹنا** لپٹ جانا یا اٹھنا (متعدی) پیچھے لگ جانا۔ ہمہ تن مصروف ہونا۔

چچرھی (ھ۔مونث) لکیر۔ خط۔ ریکھا **چچرھی کھینچنا** (متعدی) لکیر کھینچنا۔ خط کھینچنا (س ۔چیر)

چچکار (ہ۔امر) ۱ چچکارنا سے ۲ (مونث) وہ آواز ہونٹوں سے جس سے جانوروں کو بلاتے ہیں۔ چمکار (س چش۔چٹخاری) **چچکارنا** (متعدی) پیار کرنا۔ پچکارنا چمکارنا۔ پچکار کی آواز منہ سے نکالنا۔ **چچکاری** (مونث) پیار کی آواز۔ چمکاری۔

چچوانا (ھ۔متعدی) چچانا کا۔

چچورنا (ھ) **چچوڑنا** (ہ۔لازم) ۱ چوسنا۔ ایسی چیز کو جس سے کچھ نہ حاصل ہو ۲ بچے کا چھاتی چوسنا ۳ ہڈی کو چوسنا (س چش۔چمکار)

چچہیا (ھ۔صفت) چہچہانے گانے یا سیٹی بجانے والا ۲ (مذکر) سیٹی بجانے والا یا چہچہانے والا پرند۔

چچیانا (ھ۔لازم) چیں چیں کرنا۔ چوں چوں کرنا۔ چیخنا۔ کوکنا۔ چنگھاڑنا۔ میں میں کرنا۔ بھیں بھیں کرنا۔

چچیبٹا (ہ۔مذکر) ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں استعمال ہوتی ہے۔

چچیر (ھ۔مذکر) لکیر۔ خط۔ دھاری۔

چچینڈا (ہ۔مذکر) ایک ترکاری توری یا کدو کی قسم کی۔

چخ (ف۔مونث) ۱ زبانی جھگڑا۔ تکرار۔ فساد ۲ بحث ۳ دشمنی۔ مخالفت۔ فساد۔ **چخاچخ** (مونث) تلواروں کی جھنکار۔ چقاچق۔ **چخاچخی** (مونث) دیکھو چخ ۱۔ **چخان** (مونث) چخ۔ **چخ چخ** (مونث) ۱ دیکھو چخ ۱ ۲ لڑائی کے بٹیروں کے بولنے کی آواز۔ **چخ چخی** (مونث) ۱ دو لکڑیاں جنکو فقیر بجاتے ہیں۔ دو لکڑیاں یا دو پتھر جیسے سینہ زنی کے وقت ہاتھوں میں لے کر بجاتے ہیں ۲ ایک قسم کا خنجر۔

چخے (حرف نفرت) دور ہو۔ وفان ہو چلا جا۔ **چخے مردار۔** دور ہو **چخیا** (صفت) جھگڑالو لڑاکا۔ **چخے ہو۔** دیکھو چخے۔

چخماخ (ف۔مونث) چقماق۔

چخوانا (ہ۔متعدی) چیخنا کا۔

چد (س۔مذکر) چھت کی بجائے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **چدمبر** (مذکر) ۱ ایک مصنف جس نے ایک قانون کی کتاب لکھی ہے ۲ ایک شہر۔

چد (ہ۔امر) چدنا کا (س وانچ خواہش)

چدا (امر) ۱ چدانا کا ۲ (ماضی) چدنا کی۔ **چداس** (ھ) چدانے کی خواہش۔ شہوت۔ **چداسا** (ھ) **چداسی** (ھ) چدانے کی خواہشمند۔ **چدانا** (مذکر) عورت کا مرد سے جماع کرانا۔ **چدانی** (ھ) فرج۔ عورت کی شرمگاہ **چدائی** (مونث) ۱ جماع۔ چدانا ۲ چدوانے کی اجرت۔ خرچی **چدکڑ** (صفت) ۱ چودنے کا عادی۔ شہوتی ۲ (مذکر) زانی شخص۔ شہوتی آدمی۔ **چدنا** (لازم) جماع ہونا۔ زنا ہونا۔ **چدوانا** (م) کسی عورت کا مرد سے جماع کرانا۔ عورت کا مرد کے پاس جماع کے لئے لیجانا۔ **چدوائی** (مونث) دیکھو چدائی۔ **چدویا** (ھ) دیکھو چدکڑ۔

چدر (ہ۔مونث) چادر کا مخفف۔ **چدر اندازی** (مونث) ہندوؤں میں بیوہ سے شادی کرنے کی ایک رسم۔ **چدر بچھانا** (متعدی) چادر کو زمین پر کھول کر رکھدینا۔ چادر کو چارپائی یا میز پر رکھنا۔ **چدر چھپوائی** (مونث) بچوں کا ایک کھیل۔ **چدر نچوڑ** (مذکر) تھوڑی سی بارش جس سے چادر بھیگے۔ **چدریا** (مونث) چادر کی تصغیر۔

چڈا (اردو۔صفت) ایک کلمہ ہے جو مذاقاً کہتے ہیں مسخرا۔

چڈا (ھ۔مذکر) پڈھا۔ **چڈاگلخیرو** (صفت) مسخرا۔ نقل مجلس۔

چڈو (ہ۔مونث) ۱ قحبہ۔ زانیہ۔ بذات حرامزادی۔ ایک گالی عورتوں کے متعلق ۲ (ھ) مرد ناقابل (س چڈ، بدمستی کرنا)

چڈھا (ہ۔مذکر) ۱ ران کے اوپر کا جوڑ۔ بن ران ۲ ایک قسم کا پھوڑا۔ بد۔ گگرالی ۳ مسخرا (چڑھ سے) **چاڈھی** (مونث) پیٹھ کی سواری انسان یا حیوان کی (چڑھانا چڑھنا دینا لینا کے ساتھ)

چر (ہ۔امر) ۱ چرنا کا ۲ (مونث) کپڑا پھٹنے کی آواز (س چر۔ چرہانے کا پھرنا) **چرا** (امر) ۱ چرانا کا ۲ (ماضی) چرنا کی ۳ (مذکر) چرانا ۴ چراگاہ۔ **چراک** (ھ) چرنے والا جانور۔ **چراگاہ یا گہ** (مونث) وہ جگہ جہاں جانوروں کو چرایا جائے۔ **چران** (صفت) چرنے والا ۲ (مذکر) چراگاہ میدان۔ گھاس والی زمین ۳ سمندر کے قریب کھاری پانی جو ہڑ یا دلدل۔ **چرانا** (متعدی) ۱ جانوروں کو جنگل میں لے جا کر گھاس کھلانا ۲ زیر حکم رکھنا ۳ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ بیوقوف بنانا ۴ کسی سے مجبوراً کام کرانا **چراؤ** (ھ) چراگاہ۔ **چراوت۔ چراوٹ** (مونث) مویشی چرانا **چرائی** (مونث) ۱ مویشی چرانا۔ مویشی چرانے کے لئے

جنگل بھیجنا یا لے جانا ۲ چراگاہ ۳ محصول جو چرانے کے لئے دیا جائے ۴ آمدنی جو چرانے سے حاصل ہو۔ چرائندہ (صفت) چرانے والا ۲ (مذکر) چرواہا۔ چر جانا (متعدی) ۱ کھا جانا ۲ رگ رگ میں سرایت کر جانا ۳ بہت دبلا کر دینا۔ چرنا (متعدی) ۱ جانوروں کا گھاس کھانا۔ چگنا۔ پرورش کرنا ۲ (مذکر) اونچی پائجامہ جو نوکروں یا ملازموں کو پہناتے ہیں۔ کچا۔ چرندم خورندم کر جانا (لازم) کھا جانا۔ خورد برد کر جانا۔ چروانا (م) چرائی پر بھیجنا۔ چرواہا (مذکر) مویشی چرانے والا شخص۔ چرواہی (ھ) چروائی (مونث) دیکھو چرائی۔ چرواہا۔ چروتیا (مذکر) چرواہا۔

چَر (س۔ مذکر ہچر (ھ) ۱ حرکت کرنے والا۔ ہلنے والا۔ متحرک۔ چلنے والا ۲ جانور۔ جاندار۔ زندہ ۳ حملہ آور آمد کرنے والا۔ راتج ۴ (مذکر) مخبر۔ جاسوس ۵ چارہ۔ راتب ۶ چراگاہ ۷ (ہ) جزیرہ۔ دریا میں ریت کا ٹاپو ۸ بڑا چولہا ۹ مولا۔ چرا چر (صفت) ۱ ساکن اور متحرک ۲ جانور اور بے جان ۳ (مذکر) تمام مخلوق کا مجموعہ۔ مخلوقات ۴ دنیا۔ عالم ۵ آسمان۔ فلک ۶ کرۂ ہوا۔ خلا۔ چرکھاؤ (ھ) چرنے والا۔ چرندہ۔ چرکھنڈ (علا) تفاوت صعودی۔ کسی ستارے کے چڑھاؤ کا فرق۔ چرگرہ (مذکر) بیچھترہ۔ پہلا۔ چوتھا۔ ساتواں اور دسواں۔ چرمورتی (مونث) وہ مورتی جس کا جلوس نکالیں۔

چِر (ہ۔ مونث) چرانا کا (س چیر۔ دھجی)

چرا (امر) ۱ چرانا کا ۲ (ماضی) چرنا کی۔ چرا دینا۔ چرانا (متعدی) ۱ لکڑی کٹوانا ۲ چاقو سے پھوڑے وغیرہ کو چرا دلانا۔ چراؤ (مذکر) ۱ درز۔ شگاف۔ چیر ۲ جلانے کے لئے چری ہوئی لکڑی۔ چرائی (مونث) ۱ لکڑی کا کٹنا ۲ لکڑی کٹوانے کی مزدوری۔ چرنا (لازم) ۱ دو ٹکڑے ہو جانا ۲ کپڑے کا پھٹ جانا۔ چروانا (م) چرنا کا۔ چروائی (ھ) چرائی۔

چِیر (س۔ صفت ہچر (ھ) ۱ لمبا۔ دیر پا ۲ پرانے زمانے سے۔ قدیم۔ پرانا ۳ (مذکر) مدت۔ دیر۔ تاخیر ۴ (تف) مدت سے۔ مدت کا کیمی کا۔ چرانتک (عص) گرد کا ایک بیٹا۔ چرائیں (صفت) ۱ دیر تک زندہ رہنے والا ۲ (مذکر) دیوتا۔ کوا۔ چرپور (مذکر) ایک شہر۔ چرجیون (صفت) ۱ طول عمر۔ دیر تک زندہ رہنے والا ۲ (مذکر) مارکنڈیا۔ اشوتھمن۔ بلی۔ ویاس ہنومت۔ کریپ۔ پرسرام کا لقب ۳ وشن جی ۴ کوا۔ چرداتری (مذکر) چرپور کا ایک راجہ۔ چرکال (صفت) پرانے زمانے کا۔ قدیم۔ پرانے زمانے سے۔ چرکال سے (ھ) مدت سے۔ قدیم زمانے سے۔ چیرکیرتی (مذکر) ایک مصنف۔ چرویلا (ھ) اس قدر دیر میں۔

چُر (ہ۔ مونث) ۱ ٹوٹنے کی آواز ۲ کھٹ ۳ سوکھے ہوئے پتوں کی آواز۔ چرمر (صفت) ۱ چورا چورا ۲ مرجھایا ہوا ۳ یونہی اکٹھا کیا ہوا ۴ سوکھا۔ لاغر دبلا (کرنا ہونا کے ساتھ)

چَرّا (ہ۔ امر) ۱ چرّانا کا ۲ (مذکر) ٹوٹنے کی آواز دینا ۳ کڑکنا۔ گرج کی آواز ہونا ۴ آواز دے کر پھٹ جانا ۵ تپکنا۔ درد سا ہونا ۶ زخم کا خشک ہو کر درد کرنا ۷ (متعدی) پھڑوانا۔ چروانا ۸ (مذکر) کاغذ یا کپڑا پھٹنے کی آواز۔

چَرا (ف۔ تف) کیوں۔ کس لئے۔ کس طرح۔

مثل۔ چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی۔ دانا آدمی کو ایسا کام کرنا چاہئے جس سے پچھتانا نہ پڑے۔

چُرا (ہ۔ امر) چرانا کا۔ چرا لینا۔ چرانا (متعدی) ۱ چوری کرنا۔ سرقہ کرنا۔ اڑا لینا ۲ چوس لینا جذب کرنا ۳ (دل) لینا۔ موہ لینا ۴ (آنکھ) اغماض کرنا۔ توجہ نہ کرنا ۵ (بوند) حاملہ ہو جانا ۶ کسی کا کلام اپنا ظاہر کرنا ۷ (جی) کسی کام کے کرنے سے کھسکنا۔

مثل۔ چراوے نتھ والی۔ نام لگے پھیر کنٹھی والی کا۔ امیر قصور کرے تو کوئی کچھ نہیں کہتا۔ غریب فوراً پکڑا جاتا ہے۔

چَراغ (ف۔ مذکر) ۱ وہ برتن جس میں تیل اور بتی ڈال کر روشن کریں۔ دیا۔ لمپ سراج۔ شمع۔ بتی ۲ بیٹا۔ فرزند۔ لڑکا ۳ گھوڑے کا پچھلے پاؤں پر کھڑا ہونا ۴ راہنما۔ ہادی۔ رہبر۔ چراغا (مذکر) ایک پیسہ (گداگروں کی اصطلاح)۔ چراغِ آسمان (مذکر) سورج۔ آفتاب۔ چراغ اُف کر دینا (متعدی) دیا بجھا دینا۔ چراغ اکسانا (متعدی) بتی اونچی کر دینا۔ چراغاں (مذکر) ۱ چراغ کی جمع ۲ بہت روشنی۔ چراغوں کا اکٹھا جلنا (کرنا ہونا کے ساتھ) چراغ بتی (مونث) ۱ چراغ کی بتی ۲ چراغ اور بتی ۳ لمپ۔ دیا۔ چراغ بتی کا وقت (مذکر) شام کا وقت۔ چراغ بتی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیا جلنا۔ روشنی کا سامان ہونا۔ چراغ بجھا دینا یا بجھانا (متعدی) بجھنا (لازم) چراغ کا روشنی نہ دینا۔ چراغ کی روشنی کا جاتا رہنا۔ چراغِ بحری (مذکر) مینار جس پر سمندر میں روشنی کرتے ہیں۔ اکاس دیا۔ روشن مینار۔ چراغ بڑا ہونا (لازم) چراغ بجھ جانا۔ چراغ بڑھانا (متعدی) بڑھ جانا۔ بڑھنا (لازم) دیکھو چراغ بجھانا و بجھنا۔ چراغ بنگال (مذکر) رنگدار روشنی۔ چراغ پا (مذکر) شمعدان۔ دیکھو چراغ ۳۔ چراغ پاؤں گرنا (متعدی) آدمی کا ٹھوکر کھا کر گرنا۔ چراغ پاؤں ہونا (لازم) گھوڑے کا الف ہونا۔ چراغِ تربت (مذکر) چراغ جو قبر پر جلایا جائے۔ چراغ تہِ دامن (مذکر) چراغ اپنے دامن کے نیچے بجھنے سے بچانے کے لئے رکھتے ہیں۔ چراغ تیز کرنا (متعدی) بتی اکسا کر چراغ کی روشنی زیادہ کرنا۔ چراغ ٹمٹمانا (لازم) چراغ کا تھوڑی روشنی دینا۔ چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا۔ چراغ ٹھنڈا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دیکھو چراغ بجھانا و بجھنا۔ چراغ جلانا (متعدی) جلنا (لازم) چراغ کی بتی کو آگ لگنا۔ چراغ روشن ہونا۔ چراغ جلے (تف) سرِ شام۔ جھٹ پٹے کے وقت۔ چراغ چاق کرنا (متعدی) چراغ تیز کرنا۔ چراغِ چشم (مذکر) بیٹا۔ چراغ خاموش کرنا (متعدی) ہونا (لازم) چراغ بجھانا و بجھنا۔ چراغدان (مذکر) شمعدان وہ لکڑی کا پایا جس پر چراغ جلاتے ہیں۔ چراغ دکھانا یا دکھلانا (متعدی) رستے میں روشنی دکھانا۔ چراغ ہمراہ لے کر جانا۔ چراغ رخصت ہونا (لازم) چراغ بجھنا۔ چراغِ روز (مذکر) سورج۔ چراغ روشن (دعا) فارسی میں دعا ہے۔ کامیاب رہو۔ چراغ روشن کرنا (متعدی) ہونا (لازم) چراغ جلنا۔ چراغِ سپہر (مذکر) سورج۔ چاند اور ستارے۔ چراغِ سحر (مذکر) صبح کا ستارا۔ چراغِ سحری (مذکر) ۱ چراغ جو صبح کو بجھنے کے قریب ہو ۲ (صفت) قریب مرگ۔ چند دن کا مہمان (ہونا کے ساتھ) چراغ سدھارنا (لازم) دیا بجھ جانا۔ چراغ سے پھول جھڑنا (لازم) چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا۔ اس سے خوشی کا شگون لیتے ہیں۔ چراغِ صبح (مذکر) دیکھو چراغ سحری۔ چراغ عالم افروز (مذکر) ۱ دیا جو سارے جہان کو روشن کرے ۲ سورج ۳ بات جو سب کو معلوم ہو۔ چراغ کا ہنسنا (لازم) چراغ کی لو سے چنگاریاں نکلنا۔ چراغ سے جلتے تیل کا ٹپکنا۔ چراغ کو ہاتھ دینا (متعدی) چراغ بجھانا۔ چراغ کی بتی (مونث) وہ بتی جسے چراغ میں ڈال کر جلایا۔ چراغ گاز (مذکر) گیس لیمپ۔ چراغ گل کرنا (متعدی) چراغ بجھانا۔ چراغ گل ہونا (لازم) ۱ چراغ بجھ جانا

۲ فرزند کا مرجانا ۳ کسی خاندان کے سب لوگوں کا مرجانا۔ کوئی نہ رہنا ۴ کوئی لائق یا صاحبِ حوصلہ نہ رہنا ۵ مقابلے میں بے رونقی ہونا۔ **چراغِ گورِ یا مزار** (مذکر) دیکھو چراغِ تربت۔ **چراغ لے کر ڈھونڈنا** (متعدی) بہت تلاش کرنا جستجو کرنا۔ **چراغ میں بتّی پڑنا** (لازم) چراغ جلنا۔ شام ہونا۔ **چراغ نبڑجانا** (لازم) چراغ بجھ جانا (مت) **چراغ ہنسنا** (لازم) دیکھو چراغ کا ہنسنا چراغ **ہوجانا یا ہونا** (لازم) ۱ چراغ گل ہوجانا (مت) ۲ چراغ بجھ کر روشن ہوجانا۔ **چراغی** (مونث) ۱ وہ روپیہ جو کسی مزار پر فاتحہ پڑھتے وقت چراغ کے نیچے رکھدیتے ہیں ۲ وہ روپیہ جو کسی مزار پر چراغ جلانے کے لئے دیا جائے ۳ مجاوروں کا حق خدمت ۴ نجومیوں کو جو نذرانہ دیا جائے ۵ بھینٹ۔ نذرانہ (چڑھانا لینا کے ساتھ)

امثال واقوال۔ چراغ پیشِ

آفتاب پرتو ندارد۔ آفتاب کے آگے چراغ میں روشنی نہیں رہتی۔ صاحب کمال کے آگے کسی کی ہستی نہیں رہتی **چراغ تلے اندھیرا**۔ ایسے موقع پر کہتے ہیں جب حاکم کے قرب وجوار میں جرائم ہوتے ہوں ۲ بعض وقت اوروں کو فائدہ پہنچے اور اپنوں کو محروم رکھنے کے موقع پر بھی کہتے ہیں **چراغ جلا پوت گلا**۔ لڑکے جب کھیلتے ہیں اور بازی سر ہو جاتی ہے تو شام کے بعد مطالبہ ہونے پر یہ فقرہ کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ اب مطالبے کا وقت نہیں رہا۔ **چراغ جلا داؤں گلا**۔ چوروں کا مقولہ ہے کہ چراغ جلتے ہوں تو انہیں چوری کا موقع نہیں ملتا۔ **چراغ را نتواں دید جز بنورِ چراغ**۔ چراغ کو چراغ ہی کی روشنی سے دیکھ سکتے ہیں۔ صاحب کمال اپنے کمال سے پہچانے جاتے ہیں۔ **چراغ روشن مراد حاصل** ۱ پیروں فقیروں کے مزاروں پر مراد حاصل کرنے کے لئے چراغ جلاتے ہیں ۲ دعا کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ کہ تمہیں ہمیشہ کامیابی رہے اور خواہشیں پوری ہوتی رہیں ۳ چور کہتے ہیں کہ جب چراغ روشن ہوں یعنی رات پڑے تو کام بنتا ہے ۴ نقشبندی فقیر چراغ جلا کر مانگتے پھرتے ہیں کہ جو چراغ دے اس کی مراد حاصل ہو۔ **چراغ سے چراغ جلتا ہے**۔ کامیاب شخص دوسرے کو فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ **چراغ کے نیچے اندھیرا**۔ دیکھو چراغ تلے اندھیرا۔ **چراغ گل پگڑی غائب**۔ آنکھ بچی اور مال اڑا لیا۔ مذاقاً کہا جاتا ہے **چراغ مردہ کجا شمع آفتاب کجا**۔ ادنےٰ کو اعلےٰ سے کیا نسبت۔ **چراغِ مفلساں نور ندارد**۔ مفلس کی اچھائی میں بھی بُرائی ہوتی ہے۔ **چراغِ مقبلاں ہرگز نہ میرد** خوش قسمت کا چراغ کبھی گل نہیں ہوتا۔ جب تک قسمت کسی کا ساتھ دیتی ہے اسوقت تک اس کے تمام کام بارونق ہوتے ہیں۔ **چراغ میں بتی۔ آنکھ پہ پٹی**۔ شام ہوتے ہی سونے کی تیاری شروع کردی۔ **چراغ میں بتی پڑی لاڈو میری سیج چڑھی**۔ دیکھو آخری۔ **چراغے کہ بیوہ زنے برفروخت۔ بسے دیدہ باشی کہ شہرے بسوخت** تم نے اکثر دیکھا ہوگا کہ جو چراغ کسی بیوہ عورت نے روشن کیا۔ اس نے پورا شہر جلا ڈالا۔ بے بس کو نہیں ستانا چاہئے

چُرامَن (ہ۔ صفت ومذکر) چورا من

چِراند۔ چِرانده۔ چِراہِنده (ہ۔ مونث) چِرائے۔ گھی۔ بال۔ گوشت وغیرہ کے جلنے کی بو (س چرن چرم۔ گندھ۔ بو) **چِرانده۔ چِراہنده** (صفت) ۱ بدبودار۔ چراند کا بسا ہوا ۲ چڑچڑا۔ **چراندہ یا چراہندہ ہونا** (لازم) ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ معمولی بات پر بگڑنا۔

چَرائِتا (ہ۔ مذکر) ایک پودہ جس کی لکڑی دوائی کے طور پر استعمال ہوتی ہے جو مصفی خون اور قاطع بخار ہے (س چِرتکت)

چَرب (ف۔ صفت) ۱ چربی دار چکنا ۲ موٹا۔ فربہ۔ لحیم شحیم ۳ گاڑھا۔ غلیظ۔ کثیف ۴ تیز۔ چست۔ چالاک ۵ زیادہ۔ تیز۔ غالب ۶ لیس دار لسلسا۔ **چربا** (ہ۔ مذکر) دیکھو چربہ۔ **چربانا** (متعدی) چرب کرنا۔ **چربدست** (صفت) ۱ چالاک۔ ہوشیار ۲ (مذکر) دستکار۔ کاریگر ۳ (کنایتاً) چور۔ گٹھ کترا۔ **چرب زبان** (صفت) ۱ خوشامدی۔ چکنی چپڑی باتیں کرنیوالا ۲ شیریں کلام۔ **چرب زبانی** (مونث) چاپلوسی۔ خوشامد ۲ شیریں کلامی۔ **چرب غذا** (مونث) ۱ وہ غذا جس میں چربی یا گھی زیادہ ہو ۲ لذیذ غذا۔ **چرب کرلینا** (متعدی) تھوڑے سے گھی میں بھون لینا۔ **چرب کرنا** (متعدی) ۱ تیل یا گھی لگانا یا چھڑکنا ۲ گھی میں بھوننا ۳ نرم کرنا۔ چکنا کرنا۔ چکنانا۔ **چرب گوشت** (مذکر) وہ گوشت جس پر چربی بہت ہو۔ **چربنا** (لازم) ۱ بھن جانا ۲ تیز ہونا ۳ چالاک ہونا۔ ہوشیار ہونا۔ مدمقابل ہونا۔ کاریگر ہونا ۴ جیت لینا۔ غلبہ پالینا۔ **چربہ** (مذکر) ۱ روغنی کاغذ موم جامہ۔ وہ کاغذ یا کپڑا جسپر چکنائی لگا کر نقش یا خاکا اتارتے ہیں ۲ خاکہ۔ **چربہ اتارنا** (متعدی) ۱ خاکہ اتارنا۔ ہو بہو نقل اتارنا ۲ انداز یا ڈھنگ اڑا لینا۔ **چربہ اترنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **چرب ہوجانا یا ہونا** (لازم) دیکھو چربنا۔ **چربی** (مونث) وہ سفید چکنا مادہ جو بدن میں گوشت پر جم جاتا ہے چکنائی۔ روغن۔ **چربی اتارنا** (متعدی) گوشت سے چربی علیحدہ کرلینا **چربی اترنا** (لازم) دبلا ہوجانا۔ **چربیانا** (متعدی) فربہ ہونا موٹا ہونا۔ **چربی پگھلانا** (متعدی) **پگھلنا** (لازم) چربی گل جانا۔ چربی کا تیل نکل آنا ۲ دبلا ہوجانا۔ **چربی ڈالنا** (متعدی) ۱ سالن میں بجائے گھی کے چربی استعمال کرنا **چربی کی باتیں** (مونث) چکنی چپڑی باتیں **چربی ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) گھی میں چربی پگھلا کر ملائی جانا۔

مثل۔ چربی چھائی آنکھن میں

تو ناچن لاگی آنگن میں۔ پیٹ بھر گیا تو کمینے پن کی باتیں کرنے لگی۔ بے حیائی اختیار کی۔

چَربانا (ہ۔ متعدی) ڈھول یا طبلے کو کسنا۔

چَربانک (ہ۔ صفت) ۱ چالاک ہوشیار ۲ بے حیا۔ گستاخ۔ زباندراز ۳ عیار۔ فریبی۔ (س چرو۔ چکھنا)

چَربرا (ہ۔ صفت) چٹ پٹا چرپرا

چربراک (صفت) ۱ دیکھو چربانک ۲ (مذکر) بہت باتیں کرنے والا شخص۔ **چربرانا** (متعدی) ۱ چکنی چپڑی باتیں کرنا ۲ بہت باتیں کرنا۔ **چربرائگی** (مونث) ۱ چکنی چپڑی باتیں ۲ چالاکی۔ ہوشیاری۔ چترائی۔

چَرپَر (ہ۔ مذکر) دیکھو چرپھر۔ **چرپرا** (ہ۔ صفت) تیز۔ تند۔ گرم۔ معالح دار۔ مرچوں والا۔ چٹ پٹا ۲ تیز۔ چالاک۔ ہوشیار۔ **چرپرانا** (متعدی) تیزی کرنا۔ مرچیں لگنا۔ **چرپراہٹ** (مونث) تندی۔ تیزی۔ مرچوں کا لگنا ۲ سوزش۔ جلن۔ **چرپریا** (صفت) ۱ چالاک۔ ہوشیار۔ چاتر ۲ دستکار۔ کاریگر۔

چَرپُوچ۔ چَرپُوز (ف صفت) ۱ بے قاعدہ۔ بے ترتیب ۲ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ۔ لچر بیہودہ ۳ کمزور۔ ڈھیلا ڈھالا ۴ نکما۔ بے فائدہ ۵ بیوقوف۔ احمق ۶ شریر۔ بدذات ۷ کنجوس۔ بخیل شوم۔ چرپوز ہے۔ بیہودہ ہے۔ یادہ گو ہے۔

چَرپھر (ہ۔ صفت) چرپھرا۔ چرپھر (مذکر) ۱ تیزی۔ چستی۔ چالاکی۔ ہوشیاری۔ چترائی ۲ کاریگی۔ دستکاری۔ صنعت۔ **چرپھرا** (صفت) تیز وغیرہ۔ **چرپھرانا** (متعدی) ہلنا۔ حرکت کرنا۔ ڈولنا۔

چُرُت (ہ۔ مونث) ادنگو۔ سستی

آلسی۔ نیند۔

چَرِت (س۔ صفت) ۱ گیا ہوا۔ رفتہ ۲ کیا ہوا۔ حاصل کیا ہوا ۳ کام کیا ہوا۔ رائج ۴ مشق کیا گیا ۵ رسمی۔ معمولی ۶ (مذکر) کام کرنا۔ مشق۔ عادت ۷ برتاؤ وغیرہ دیکھو چرتر ۸ مقررہ بات یا رسم ۹ خاص یا عجیب رسم۔ رواج یا دستور ۱۰ میلان طبیعت۔ چرتر

چرِتّر (مذکر) کام۔ فعل ۱ رویہ۔ چلن۔ ڈھنگ۔ طریقہ۔ لچھن۔ چال ڈھال ۲ عادت۔ مشق۔ رسم۔ رواج۔ دستور ۳ چالاکی۔ چھل۔ فریب۔ چال ۴ عورتوں کا فریب یا مکر ۵ سیر۔ سیاحت۔ سرگذشت۔ ماجرا۔ مہم ۶ قصہ۔ کہانی کسی واقعہ کا ذکر ۷ طبیعت۔ سرشت ۸ خاصیت۔ خصوصیت ۹ خوبی۔ وصف۔ گن۔

چرترکتہ (س۔ مذکر) چرانا۔

چرتنہ (س۔ صفت) پرانا۔ قدیم مدت کا۔

چَرتی (ہ۔ مذکر) وہ جو ورت نہ رکھے۔

چَرَٹ (س۔ مذکر) مولا۔

چَرَٹ (انگ۔ مذکر) سگار۔

چَرَچ (انگ۔ مذکر) گرجا۔ کلیسا۔

چَرچا (ہ۔ مذکر) ۱ ذکر۔ تذکرہ۔ شہرت ۲ گفتگو۔ صلاح۔ مشورہ ۳ (ہ) تفتیش۔ دریافت ۴ بحث مباحثہ ۵ کام کی طرف توجہ۔ مشغولیت ۶ پھیلاؤ۔ رواج غلبہ ۷ گذشتہ واقعات کا ذکر ۸ مشق۔ مطالعہ۔ کوشش سعی (جیسے علم وغیرہ کی) ۹ پوجا کرنا۔ پرستش کرنا (س چرچ بحث کرنا۔ گالی دینا) چرچا پھیلنا (لازم) کسی بات کا شائع ہونا۔ چرچا کرنا (متعدی) ذکر کرنا۔ تذکرہ کرنا

چرچاولی (ہ) ۱ ذکر۔ تذکرہ۔ شہرہ ۲ قصہ۔ کہانی

چرچا ہونا (لازم) ۱ افواہ ہونا۔ شہرت ہونا ۲ برائی کے ساتھ ذکر ہونا ۳ کسی علمی کام کی طرف توجہ ہونا چرچے میں رہنا (ہ) مشغول رہنا۔ لگاتار مصروف رہنا لگا رہنا کسی کام میں۔

چَرچا (س۔ مونث) بدن پر خوشبو یا ابٹنا لگانا۔ خوشبو چھڑکنا۔

چَرچار (س۔ مذکر) روٹی کا بچا ہوا ٹکڑا۔

چَرچَبینا (ہ۔ مذکر) بھونا ہوا غلہ جسکو مزدور کھاتے ہیں (چرنا اور چابنا سے)

چرچٹا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو چنچٹا ۲ ایک قسم کی گھاس جس میں جو کی طرح بال لگتی ہے۔ اس کے دانے کو غریب لوگ کھاتے ہیں۔

چُرچُر (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی ٹوٹنے کی آواز ۲ نئی جوتی کی آواز ۳ لکھنے میں قلم کی آواز ۴ بکبک بکواس۔ گپ۔ گپ شپ۔ چرچرا (صفت) ۱ بہت باتیں کرنے والا۔ گپی ۲ چڑچڑا۔ تیز ۳ (مذکر) وہ شخص جو بہت باتیں کرے۔ چرچراٹ (مونث) دیکھو چرچراہٹ

چرچرانا (لازم) ۱ لکڑی کا ٹوٹنا۔ چٹکنا ۲ تپکنا۔ جلن کرنا سوزش کرنا۔ چرپرانا ۳ بہت باتیں کرنا۔ بکواس کرنا ۴ ملتی ہوئی لکڑی کا چٹخنا ۵ آواز سے کھانا یا چبانا ۶ جوتے کا آواز دینا ۷ قلم کا لکھتے میں آواز دینا ۸ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا ۹ مرچ کی طرح تیز ہونا۔ چرچراہٹ (مونث) چرچرانے کا فعل دیکھو چرچرانا۔

چرچر (ہ۔ مونث) تیتر کی آواز۔

چرچرا (ہ) ۱ ایک پودہ جو سانپ یا بچھو کے کاٹے کا علاج ہے ۲ بچہ۔ طفل۔ لڑکا۔ چرچرانا (لازم) دیکھو چڑچڑانا۔ چرچراہٹ (مونث) تنک مزاجی۔ زود رنجی۔ تند خوئی۔ چڑچڑاپن۔

چُرچُرا (ہ۔ صفت) خستہ۔ کرکرا بھربھرا (س چرن۔ آٹا کرنا) چُرچُری (مونث) کوئی چیز جو تہ میں بیٹھ جائے۔ تلچھٹ۔

چَرچَک (ہ۔ مذکر) ۱ دہرانیوالا شخص۔ نقل کرنے والا آدمی۔ نقال ۲ بحث کرنے والا شخص۔

چَرچنا (ہ۔ متعدی) بدن پر خوشبو یا ابٹنا ملنا ۲ پوجا کرنا۔

چَرچنا (ہ۔ متعدی) ۱ سمجھنا۔ سوچنا خیال کرنا۔ دھیان کرنا ۲ احتیاط سے پڑھنا (س۔ چرچ بحث کرنا۔ دہرانا)

چَرچوں (ہ۔ مونث) گاڑی کے پہئے کی آواز۔ چرخ چوں ۲ بک بک۔ بکواس۔ گپ زنی۔

چَرچی (س۔ مذکر) دیکھو چرچک ۲ (مونث) پڑھنے میں لفظ دہرانا۔

چَرچیت (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو ظاہر کرے یا بولے۔ وہ جو بحث کرے۔ چرچک۔

چَرچیلا (ہ۔ مذکر) بکی۔ بکواسی۔ گپی

چَرخ (ف۔ مذکر) ۱ کوئیں یا پن چکی کا پہیا ۲ کمہار کا پہیا ۳ خراد ۴ آسمان۔ فلک۔ گردوں ۵ تاکا ۶ گردش۔ چکر ۷ قسمت۔ مشیت۔ تقدیر۔ کرم ۸ وہ آلہ جس پر ظروف کو چڑھا کر صاف کرتے ہیں ۹ وہ لکڑی جسپر اونی کپڑے کو چڑھاتے ہیں ۱۰ کھنچی ہوئی کمان ۱۱ ایک سفید رنگ کا باز ۱۲ لگڑ بگڑ ۱۳ خراسان میں ایک شہر (بس چکر۔ زند ۔تحز) چرخا (مذکر) دیکھو چرخہ۔ چرخ آبنوس (مذکر) پہلا آسمان۔ چرخِ اثیر (مذکر) وہ آسمان جسپر چاند ہے۔ چرخِ اخضر (مذکر) نیلا آسمان جسپر ستارے ہیں چرخِ اطلس (مذکر) نواں آسمان جہاں خدا کا تخت ہے چرخِ اکبر (مذکر) دیکھو آخری۔ چرخا گانٹھنا (متعدی) کہنیاں پکڑ کر جھکا لینا۔ پھر پیٹ اور رانوں کے نیچے ایک ٹانگ اڑا کر دوسری ٹانگ گردن پر سے لاکر زمین پر پلٹ دینا (پہلوانوں کی اصطلاح) چرخ انداز (مذکر) تیرانداز۔ کمان چلانے والا۔ چرخ بریں (مذکر) دیکھو چرخ اطلس۔ چرخِ بے پیر (مذکر) عاشق معشوق سے جدا ہونے کی وجہ گردش چرخ کو سمجھتے ہیں۔ اس لئے اسے عموماً گالیاں دیتے ہیں۔ چرخ پوجا (مونث) ایک رسم جو نیچ قوم کے ہندوؤں میں ہے۔ اور اسوقت ادا کی جاتی ہے جب سورج برج حمل میں داخل ہوتا ہے۔ یہ گناہوں کی معافی کے لئے ادا کی جاتی ہے۔ ایک شہتیر زمین میں گاڑ کر اسپر ایک پھرنے والی لکڑی لگائی جاتی ہے۔ اس کے ایک طرف خارپشت ہوتا ہے۔ اسے آدمی کی پیٹھ میں چبھو کر اونچا کھینچ کر دوسری طرف جو رسی بندھی ہوتی ہے اس سے چکر دیتے ہیں۔ اگر آدمی امیر ہو تو وہ اپنی بجائے دوسرے سے یہ رسم ادا کراتا ہے۔ اب یہ رسم متروک ہے۔ چرخِ پیر (مذکر) ۱ آسمان۔ فلک ۲ قسمت۔ چرخ چارم (مذکر) چوتھا آسمان۔ چرخ چمبوری (مذکر) آسمان۔ فلک۔ چرخ چلنا (لازم) کوئیں کے چرخہ کا رسی سے چلنا۔ کار چلنا۔ کوئیں سے پانی نکلنا۔ چرخ چوں۔ چَرَخ چوں (مونث) ۱ چرخ یا گاڑی کے پہئے کی آواز ۲ دھیمی آواز۔ آہستہ آواز۔ چرخِ دوّار (مذکر) پھرنے والا آسمان۔ چرخِ دولابی (مذکر) آسمان۔ چرخِ زرّیں (مذکر) چوتھا آسمان جسپر سورج ہے۔ چرخ زن (صفت) ۱ پھرنے والا گھومنے والا ۲ (مذکر) وہ شخص جو چرخ کو چلائے۔ کاتنے والا۔ چرخ زنی (مونث) ۱ کاتنا ۲ چرخہ۔ چرخِ ستمگار (مذکر) ۱ بدقسمتی ۲ بری دنیا۔ ظلم کرنے والا آسمان چرخ سے مہتاب توڑ لانا (لازم) نہایت چالاکی سے کام کرنا۔ چرخِ غدّار (مذکر) دیکھو چرخ ستمگار۔ چرخِ سنگدل (مذکر) پہلا یا چوتھا آسمان جسپر چاند و سورج

ہیں۔ **چرخِ فلک** (مذکر) ۱ عرش ۲ ایک پھول۔ **چرخِ کبود** (مذکر) ۱ چرخ اخضر ۲ دل۔ **چرخ کھانا** (متعدی) ۱ چکر کھانا۔ گردش کرنا۔ پھرنا ۲ دھات کا پگھل جانا۔ تاؤ کھانا ۳ پارے کی طرح قطرے بنانا ۴ آگ میں سونا چاندی کو ڈال کر امتحان کرنا۔ **چرخِ کینہ سوز** (مذکر) قسمت۔ جو کوئی بری بات تیار کرے۔ بری قسمت۔ **چرخ مارنا** (متعدی) چکر کھانا۔ پھرنا ۲ دوری حرکت کرنا ۳ ناچنا۔ **چرخ میں آنا** (لازم) پھرنا۔ گردش کرنا۔ **چرخہ** (مذکر) سوت کاتنے کا آلہ ۲ ایک قسم کا ناچ ۳ پرانی ٹوٹی پھوٹی چیز ۴ (صفت) کمزور۔ دبلا۔ لاغر بوڑھا۔ بوڑھی۔ **چرخہ پونی کرنا** (متعدی) چرخہ کات کر گذارا کرنا۔ چرخہ کاتنا۔ **چرخہ چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) چرخے پر سوت کتنا۔ **چرخہ سا پھرنا** (لازم) بست پھرنا۔ آوارہ پھرنا۔ **چرخہ کاتنا** (متعدی) ۱ چرخے پر تاگا بنانا ۲ چرخہ چلانے کا کام کرنا۔ **چرخ ہنڈولہ** (مذکر) ایک آلہ جس پر بچوں کو چڑھا کر چکر دیتے ہیں **چرخہ ہو جانا** (لازم) ۱ بڈھا یا کمزور ہو جانا ۲ انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا۔ **چرخی** (مونث) ۱ روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ ۲ گھرنی جسکے ذریعے کوئی بھاری چیز اٹھاتے ہیں ۳ کوئیں سے پانی نکالنے کا پہیا ۴ ایک قسم کی آتشبازی جو گھرتی ہے ۵ پچکا جسپر ڈور لپٹتے ہیں ۶ وہ آلہ جس پر بادلہ لپیٹتے ہیں ۷ پھرکی ۸ کرہ۔ **چرخے** (مذکر) ۱ چرخہ کی جمع ۲ بجائے چرخہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چرخی فانوس** (مذکر) فانوس خیال۔ **چرخے کی مال** (مونث) ۱ ڈورا جو چرخے پر رہتا ہے ۲ (صفت) در بدر پھرنے والا۔ خستہ حال ۳ دبلا۔ کمزور۔ لاغر۔

چَرخَل (اردو۔ صفت) بڈھا کھوسٹ

چَرز (ف۔ مذکر) ایک قسم کا صحرائی پرند جس کا گوشت بہت لذیذ گنا جاتا ہے۔ طلور۔

چَرَس (ہ۔ مذکر) ۱ چمڑے کا بڑا ڈول جس سے کوئیں میں سے پانی نکالتے ہیں ۲ پُروٹ موٹھ ۳ ایک چیز جو بھنگ کے پتوں سے تیار کیجاتی ہے اور اسے تمباکو کی طرح پیتے ہیں (س چَر۔ حرکت کرنا توچ۔ چمڑا) **چرسا** (مذکر) ۱ بیل یا بھینسے کا چمڑہ ۲ موٹا چمڑا۔ ادھوڑی ۳ دیکھو چرس ۱۔ **چرسا بھر زمین** (مونث) ۱ تھوڑی سی زمین۔ اتنی زمین جسپر بیل کا چمڑا آسکے ۲ وہ زمین جتنی بیلوں کی جوڑی سینچ سکے۔ **چرسی** (مذکر) وہ جو چرس پیئے۔ **چرسیا** (مذکر) ۱ چرسی ۲ وہ جو چرس کو پکڑ کر پانی گرائے۔

مثل) - چرسی یار کس کے دم لگایا اور کھسکے - مطلب حاصل ہوا تو چلتے بنے۔

چُرَس (ہ۔ مونث) ۱ شکن۔ بٹ جھری۔ سلوٹ ۲ رشک ۳ دشمنی۔ مخالفت۔ غصہ۔ **چرسی** (صفت) ۱ شکن پڑی ہوئی۔ جھریدار ۲ حاسد وغیرہ دیکھو آخری ۲ و ۳۔

چرِشنُو (س۔ صفت) ۱ آوارہ پھرنیوالا حرکت کرنے والا ۲ (مذکر) منوساورن کا ایک بیٹا ۳ کیر تمت کا ایک بیٹا۔

چرِشَنی (س۔ مذکر) آدمی۔ لوگ قوم ۲ (عص) آرین کے بیٹوں کا نام جو ماتر کا کے بطن سے تھے۔ اور نوع انسان کے جدِ اعلےٰ تھے ۳ (مونث) ورن دیوتا کی بیوی اور بھرگو کی ماں ۴ بیوفا بیوی ۵ (صفت) تیز۔ چست۔ چالاک۔

چَرغ (ف۔ مذکر) دیکھو چرخ ۱۰ و ۱۱۔

چرغا (مذکر) روسٹ کیا ہوا مرغ۔

چَرغَد (ف۔ مذکر) جھینگر۔

چُرغنا (ہ۔ لازم) دیکھو چُرکنا (صف)

چَرغم چرغم کرنا (اردو۔ متعدی) کھسر پسر کرنا۔ بکبک کرنا۔ چخ چخ کرنا۔

چَرغَیں چرغینہ (ف۔ صفت) ۱ کمینہ۔ سفلہ۔ رذیل۔ نیچ ۲ بھینگا شخص۔ بدمعاش یا بدچلن۔

چَرَک (س۔ مذکر) ۱ جاسوس مخبر۔ رازجو ۲ (عص) ایک منی اور وید کا نام۔ کہتے ہیں یہ اصل میں ناگوں کا راجہ شیش ناگ تھا۔ اسپر آیور وید اترا تھا۔ ایک دفعہ زمین پر آیا تو لوگوں کو بیمار دیکھکر اسے بہت رحم آیا۔ سوا سنے ایک منی کے گھر جنم لیا اور آیور وید کی ایک کتاب لکھی ۳ اس کتاب کا نام ۴ ایک لغت لکھنے والے کا نام ۵ یجر وید کی ایک شاخ کا نام ۶ ایک پودے کا نام جو دوائیوں میں استعمال ہوتا ہے ۷ پھرنے والا شخص۔ پھرنے والا مذہبی طالب علم ۸ ایک قسم کا منی یا رشی۔ **چرک آچاریہ** (مذکر) چرک کا پڑھانے والا۔ **چرک برہمنہ** (مذکر) سیاہ یجر وید کے ایک برہمنہ کا نام

چَرَک (ہ۔ مذکر) کوڑھ۔ برص۔

چِرک (ف۔ مذکر) ۱ میل۔ پاخانہ گو۔ غلاظت ۲ پیپ ۳ زنگ۔ **چرک آلود** (صفت) غلاظت بھرا وغیرہ۔ **چرک دھانس میں رہنا** (لازم) ہمیشہ کسی نہ کسی مرض میں مبتلا رہنا۔ ہمیشہ کوئی نہ کوئی بیماری پیچھے لگی رہنا۔ **چرکت۔ چرکن** (مذکر) چرک۔ **چرکنا** (لازم) ۱ تھوڑا سا ہگنا ۲ گپ شپ بانکنا۔ **چرکین** (صفت) میلا۔ گندہ۔ غلیظ ۲ (مذکر) پاخانہ۔ گوبر۔

چُرَک (ہ۔ مونث) پرندوں کا بولنا۔ چیں چیں۔ **چرکنا** (لازم) چہچہانا۔ پرندوں کا بولنا ۲ بہت باتیں کرنا۔

چَرکا (ہ۔ صفت) ۱ ہلکا سا زخم۔ چیر ۲ (ہ) سفید داغ والا۔ جسے برص ہوا ہو ۳ (مذکر) نقصان۔ ٹوٹا۔ گھاٹا ۴ داغ گرم لوہے کا ۵ دھوکا۔ دغا فریب ۶ (ہ) برص۔ سفید کوڑھ (س چرترک۔ دھبہ ۱) **چرکا دینا یا لگانا** (متعدی) ۱ زخم لگانا ہلکا سا ۲ داغ دینا ۳ نقصان پہنچانا۔ **چرکا کھانا** (لازم) ۱ زخم کھانا ۲ نقصان اٹھانا۔ **چرکی** (مذکر) کوڑھی۔

چرکّا (ہ۔ مذکر) ایک طائر جلال کے قدو قامت کا ہوتا ہے۔

چرکٹ (ہ۔ مذکر) ٹکڑا۔ دھجی۔ چیتھڑا۔ **چرکٹیا** (صفت) ۱ پھٹے کپڑے چیتھڑوں میں ۲ (مذکر) چیتھڑیا۔ گدڑیا۔ وہ شخص جو پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہو۔

چَرکُٹ (ہ۔ مذکر) سفوف۔

چرکوا (ہ۔ مذکر) چرکا (مت)

چَرکٹا (ہ۔ مذکر) ۱ چارہ کاٹنے والا ہاتھی کا۔ چارہ لانے والا۔ ہاتھی کا گھسیارہ۔ فیلبانوں کا پیش خدمت ۲ کمینہ آدمی۔ رذیل شخص (چارہ اور کاٹنا سے)۔

چُرکی (ہ۔ مونث) بالوں کی لٹ کاکل۔ زلف۔

چَرم (ف۔ مذکر) چمڑہ۔ کھال۔ پوست ادھوڑی۔ **چرمی** (صفت) ۱ کھال کا۔ چمڑے کا ۲ چمڑے کا بنا ہوا۔

چَرَم (س۔ صفت) ۱ آخری۔ پچھلا خاتم۔ آخیر ۲ سب سے باہر کا۔ اوپر کا ۳ مغربی۔ پچھمی۔ **چرماچل۔ چرم بھرت** (مذکر) **گری** (مونث) مغربی پہاڑ جس کے پیچھے سورج ڈوبتا ہے۔

چَرمَ (س۔ مذکر) **چرم** (ہ) ۱ چمڑہ کھال۔ پوست۔ ادھوڑی ۲ ڈھال۔ **چرم رنگ** (مذکر) ایک قوم جو مدھیا دیش کے شمال مغرب میں آباد

ہے۔ چرم گریو (مذکر) شوجی کا ایک پرستار۔ چرم منڈا (مونث) درگاجی کی ایک شکل۔ چرم منڈل (مذکر) ایک قوم۔

چرمار (ھ۔ مذکر) چمار۔

چرمٹھی۔ چرمٹی (ھ۔ مونث) جنگلی۔

چرمر (ہ۔ مذکر) چلنے میں جوتے کی آواز۔

چرمر (ہ۔ صفت) دیکھو چر کے تحت میں ۲ (ھ) نقل کی آواز ۳ بڑبڑ کرنا ۴ کھسیانا ہونا چڑچڑانا۔ کھجنا ۵ دل ہی دل میں ناراض یا خفا ہونا۔

چرمرا (ہ۔ مذکر) بھنے ہوئے چاول جنکو دبا کر چپٹا کر دیتے ہیں، اور چبینے کے طور پر کھاتے ہیں۔

چرمرانا (ھ۔ لازم) جلن ہونا سوزش ہونا۔ ٹیس مارنا۔ تپکنا۔

چرمراہٹ (ھ۔ مونث) جلن سوزش۔ تپک۔ ٹیس۔

چرمن (س۔ مذکر) ۱ دیکھو چرم چمڑا ۲ وہ کھال جس پر بیٹھتے ہیں عموماً مرگ چھالا ۳ درخت کی چھال۔ چرمن وت (صفت) جس پر چمڑا لگا ہو

چرمینہ (ف۔ صفت) کھال کا بنا ہوا چرمی۔ چرمینہ دوز (مذکر) موچی۔ چرمینہ فروش (مذکر) سوداگر چرم۔

چرن (س۔ مذکر) چرن (ھ) ۱ پاؤں۔ قدم ۲ جوتا۔ پاپوش ۳ رکن بھگن ۴ نچلا حصہ یا پاجڑ ۵ مصرع ۶ پیدل سپاہی ۷ فرقہ۔ سلسلہ ۸ چلن۔ طریقہ۔ عمل ۹ اچھا چال چلن ۱۰ مقررہ عملدرآمد خاص عمروں کے لئے ۱۱ کھانا۔ چرنا ۱۲ چوتھا حصہ ۱۳ فصل۔ باب ۱۴ حرکت چلنا ۱۵ بڑا عدد ۱۶ مشق ۱۷ ایک بھجا جکے مریدوں کا کوئی خاص ساکھا پڑھنے کا قصد کرتے ہیں۔ چرنا (مذکر) کچھا پنے چرنا بھرن (مذکر) پاؤں کا ایک زیور۔ چرنا چڑھانا (متعدی) کچھا پہننا۔ چرنا کش (مذکر) گوتم۔ چرنامرت (مذکر) پانی جس سے برہمن یا گرو کا پاؤں دھویا گیا ہو۔ چرنامرت لینا (لازم) ایسا پانی پینا۔ چرن بردار (مذکر) کفش بردار۔ وہ خادم جو جوتے اٹھا کر ہمراہ رہے۔ چرنداس (مذکر) گرو شیشیہ سمواد کا مصنف۔ چرن سیوا (مونث) خدمت۔ ملازمت۔ تابعداری۔ چرن سیوک (مذکر) خدمتگذار۔ تابعدار شخص۔ چرن لینا (لازم) پاؤں چھونا۔ قدم کو ہاتھ لگانا ۲ پیروں پڑنا۔ چرنوں سے لگنا (لازم) خدمت میں رہنا۔ حفاظت میں رہنا چرنوں میں رہنا (لازم) خدمت میں رہنا۔ چرنوں میں ہونا (لازم) خدمت میں رہنا۔

چرن (س۔ مذکر) ۱ چوری کرنا۔ سرقہ کرنا ۲ (ھ) چورن۔

چرنا (ہ۔ لازم) ۱ دیکھو چر کے تحت میں ۲ (ھ) چڑھنا۔

چرنا (ھ۔ لازم) چوری ہونا۔

چرنتن (س۔ صفت) پرانا۔ قدیم۔

چرنٹی (س۔ مونث) جوان عورت۔ وہ عورت چاہے شادی شدہ ہو یا کنواری جو سن بلوغت کے بعد باپ کے گھر رہے۔

چرنجی۔ چرنجیو (صفت) ۱ دیر تک زندہ رہنے والا ۲ (دعا) زندہ رہو۔ زندہ باش چرنجیونا

چرنجیون۔ چرنجیوی (صفت و مذکر) دیکھو چرجیونا۔

چرند (ف۔ مذکر) چرنے والا جانور مویشی حیوان۔ چوپایہ۔ چرند و پرند (مذکر) انسان کے علاوہ دیگر جانور۔ حیوان اور پرندے۔ چرندہ (مذکر) چرند۔

چرندم خورندم (اردو۔ مذکر) کھانے پینے کا مشغلہ۔ ہے تو فارسی سے مگر ہندوستان کی اختراع ہے۔

چرنی (ہ۔ مونث) وہ ٹوکرا یا برتن وغیرہ جس میں جانوروں کو دانہ یا چارہ کھلاتے ہیں۔

چرنے (ہ۔ مذکر جمع) ۱ وہ کیڑے جو پیٹ کے معدوں میں پیدا ہو جاتے ہیں۔ چرنے لگنا (لازم) ۱ پیٹ سے کیڑے نکلنا ۲ برا لگنا۔ ناگوار گزرنا۔

چرو (س۔ مذکر) ہنڈیا۔ دیگچہ۔ دیگ ۲ چاول جو اور دال۔ گھی اور دودھ میں پکا کر جو دیوتاؤں کے آگے بھینٹ چڑھائی جاتی ہے۔ چرو پرشاد (مذکر) برہمنوں کا چرو کی بھینٹ چڑھانا۔

چروا (ہ۔ مذکر) بڑی ہانڈی۔

چروانا (ہ۔ متعدی) چوری کرانا۔

چروتر (ھ۔ مذکر) جاگیر جو دوران زندگی کے لئے ہو۔

چروٹا (ہ۔ مذکر) چڑا (ست)۔

چروری (ھ۔ مونث) ۱ مانگنے ۱ درخواست کرنا۔ منت کرکے مانگنا ۲ درخواست گذارش منت۔

چرون (س۔ مذکر) ۱ چبانا ۲ چکھنا چرونا (مونث) ۱ چکھنا ۲ داڑھ۔ چرونیہ (صفت) چبانے کے لائق یا قابل۔

چرونجی (ہ۔ مونث) ۱ ایک درخت ۲ اس کا پھل۔

چروئی (ھ۔ مونث) مٹی کی ہنڈیا چروا کی تصغیر۔

چرہی (ہ۔ مونث) بڑا ظرف جس میں چوپاؤں کو دانہ یا چارہ کھلاتے ہیں۔

چری (ہ۔ مونث) ۱ اناج کے ہرے پودے جو کاٹ کر جانوروں کو کھلائے جائیں عموماً جوار کے پودوں کو کہتے ہیں ۲ زمین جس کا کرایہ یا مالگزاری نہ دیجائے چروتر ۳ چرنا گھاس کھانا جانوروں کا ۴ علاوہ مقررہ کھانے کے اور کچھ کھانا (چرنا سے)

چری (س۔ صفت) چلنے والا متحرک ۲ (مونث) جوان عورت۔

چری (ہ۔ صفت) چیری ہوئی۔ چرچرا چری باتی (مونث) کاغذ کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ کنکوا پھاٹ لانا (کر دینا کرنا کے ساتھ)

چری (س۔ مونث) چھوٹا کوا۔

چری (ھ۔ مونث) چوڑی لاکھ یا شیشے کی بنی ہوئی۔ چری ہارا (مذکر) چوڑی گر۔ چوڑیاں بیچنے والا۔

چرہی (ھ۔ مونث) چرچری تلملاہٹ

چریا (س۔ مونث) ۱ پھرنا ۲ آوارہ پھرنا۔ سرگرداں پھرنا ۳ ملنا۔ ملاقات کرنا ۴ کام کرنا۔ مشق کرنا۔ عمل کرنا۔ مشغول ہونا ۵ تمام رسومات پر باقاعدہ عمل کرنا ۶ طالب علم کے قواعد پر عمل کرنا ۷ مذہبی ریاضت یا تپسیا کرنا ۸ عمل۔ چلن۔ طریقہ ۹ رسم۔ رواج۔ چریاناتھ (عس) ایک منی۔ چریاوتار (عس) ایک بدھ۔

چریتا (ھ۔ مذکر) چرائتا۔

چرڑ (ہ۔ مونث) لکڑی ٹوٹنے یا کپڑا پھٹنے کی آواز ۲ کھینچنے کی آواز۔ چٹ (س چٹ) چرڑا چرڑ۔ چرڑ چرڑ (مونث) ۱ ماچڑ ۲ بک بک۔ چرچرانا (لازم) دیکھو چرچرانا۔

چرڑ (ہ۔ امر) چڑنا سے ۲ (مونث) ناگوار بات یا چیز ۳ ناراضگی۔ خفگی۔ غصہ جو یکایک آجائے ۴ چڑچڑاپن۔ تنک مزاجی ۵ نفرت۔ حقارت ۶ طیش دلانا۔ غصہ دلانا ۷ چھیڑ چھاڑ۔ طعنہ تشنہ۔ مذاق چڑاؤ

(ھ) چڑانده (ھ) چڑانیده (ھ) چڑنے والا۔ جلد طیش میں آنے والا۔ **چڑانا** (متعدی) ۱ دق کرنا چھیڑنا ۲ نفرت دلانا ۳ غصہ دلانا۔ ناراض کرنا ۴ (منہ) بنانا۔ دانت نکال کر چھیڑنا۔ **چڑنا** (لازم) ناراض ہونا۔ طیش دلانا ۲ نفرت ہونا۔ **چڑ نکالنا** (متعدی) کھجانا چھیڑنا۔ غصہ دلانا۔

چَرڑ (ھ۔ مونث) عورت کی شرمگاہ۔ چوت۔

چِڑا (ہ۔ مذکر) ایک چھوٹا پرندہ چڑیا کا نر۔

مثل۔ چڑا مرن گنوار کی ہانسی
کسی کو تکلیف پہنچے کسی کو لطف آئے۔ ہماری جان گئی آپ کی ادا ٹھیری۔ کسی کا نقصان ہوتا ہے۔ کوئی خوش ہوتا ہے۔ مرغوں کی لڑائی سے یہ مثل بنی ہے۔

چَرڑ بڑ (ہ۔ مونث) بکواس۔ بڑبڑ چڑبڑانا (ھ) چڑ بڑ بولنا (ھ) چڑ بڑ چڑ بڑ کرنا چڑ بڑ کرنا (ھ) بک بک کرنا۔ بکواس کرنا۔ **چڑ بڑیا** (صفت) بکواسی۔ بکی۔

چَڑ پَڑا (ھ۔ صفت) دیکھو چڑبڑا

چِڑ چِٹا (ھ۔ مذکر) دیکھو چرچٹا چچٹا۔

چِڑ چِڑا (ہ۔ امر، چڑچڑانا سے ۲ (صفت) تنک مزاج۔ زودرنج۔ غصیلا۔ جلدی ناراض ہو جانے والا ۲ ایک پودہ۔ **چڑ چڑاپن** (مذکر) دیکھو چڑچڑاہٹ۔ **چڑ چڑانا** (لازم) ۱ جلدی غصے میں آنا۔ یکایک ناراض ہونا ۲ چڑھنا۔ کھجنا۔ غصے ہونا۔ **چڑ چڑاہٹ** (مونث) زودرنجی۔ تنک مزاجی۔ بدخوئی۔ چڑچڑاپن **چڑ چڑا ہو جانا** (لازم) بیماری کے باعث بدمزاج ہو جانا۔ مزاج بگڑ جانا۔

چُڑوا (ھ۔ مذکر) وہ چاول جو تھوڑے سے ابال کر دبا کر چپٹے کر کے بھونے جاتے ہیں اور بطور چبینے کے ریوڑیوں کے ساتھ ملا کر کھائے جاتے ہیں۔

چَڑھ (ہ۔ امر) ۱ چڑھنا کا ۲ (مونث) اونچائی۔ ارتفاع۔ بلندی۔ چڑھائی ۳ اونچی زمین ۴ چڑھاؤ۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا ۵ حملہ۔ دھاوا۔ یورش۔ تاخت (س آد۔ اوپر۔ شد۔ گرانا) **چڑھا** (امر) ۱ چڑھانا کا ۲ (ماضی) چڑھنا کی ۳ (صفت) زیادہ۔ بڑھا ہوا۔ اونچا ۴ کسا ہوا ۵ پانی بھرا ہوا۔ طوفان آیا ہوا (دریا وغیرہ کے لئے) ۶ کام میں لگا ہوا۔ درست اچھی حالت میں۔ کارآمد ۷ ہاتھ میں ملا ہوا کرنے کے لئے۔ **چڑھا اُپری** (مونث) لاگ ڈانٹ۔ **چڑھ آنا** (متعدی) چڑھائی کرنا۔ حملہ کرنا۔ **چڑھا جانا** (متعدی) سب پی جانا۔ **چڑھا دینا** (متعدی) دیکھو چڑھانا۔ **چڑھا لانا** (متعدی) نیت سے آدمی لانا۔ فوج لے کر آنا۔ **چڑھا لینا** (لازم) کسی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ جوڑ لینا۔ **چڑھانا** (متعدی) چڑھنا کا ۱ دیکھو چڑھنا ۲ تعریف میں مبالغہ کرنا ۳ مغرور کر دینا ۴ عزت دینا۔ مرتبہ بلند کرنا ۵ (پانی وغیرہ) پی جانا ۶ (سر) گستاخ کرنا ۷ (پیوند وغیرہ) سینا۔ جوڑنا۔ لگانا ۸ (گدھے پر) بے عزت کرنا ۹ (بانس پر) بے عزت کرنا ۱۰ (گھوڑا) بندوق کو چلانے کے لئے تیار کرنا ۱۱ (کوئی کام) ہاتھ میں لینا۔ کرنا۔ شروع کرنا ۱۲ (بند) باندھنا ۱۳ (نر) مادہ کو نر سے ملانا۔ گابھن کرانا۔ **چڑھاوا** (مذکر) ۱ نذر نیاز۔ بھینٹ ۲ زیور جو دولھا والے دولھن کو دیتے ہیں ۳ بڑھاوا۔ دم (چڑھانا چڑھنا کے ساتھ) **چڑھاوے بڑھاوے دینا** (متعدی) بہت تعریف کرنا۔ **چڑھا ہوا** (صفت) دیکھو چڑھا۔ **چڑھا ہوا ہونا** (لازم) ۱ اونچا ہونا۔ نکلا ہونا ۲ مشق ہونا۔ عادی ہونا ۳ کام شروع ہونا ۴ (دریا) پانی زیادہ ہونا۔ طغیانی ہونا ۵ (جن) آسیب ہونا۔ سخت ناراض ہونا ۶ تیاری کی حالت میں ہونا۔ **چڑھاؤ** (صفت) ۱ چڑھنے کے قابل ۲ کشتی کا کرایہ لینے والا ۳ (ھ) پیشگی۔ **چڑھاؤ** (مذکر) ۱ چڑھائی ۲ قیمت کی زیادتی ۳ بڑھاؤ۔ زیادتی۔ افزونی ۴ چڑھنا ۵ ترقی۔ عروج۔ اوج ۶ طغیانی۔ پانی کی زیادتی ۷ پیشگی۔ وہ روپیہ جو کاریگر پہلے لے لیں ۸ دریا کی اوپر کی طرف۔ منبع کی طرف ۹ حملہ۔ دھاوا۔ یورش ۱۰ جوش۔ ولولہ ۱۱ غرور۔ تکبر ۱۲ نشہ۔ مستی ۱۳ کمان کی تانت ۱۴ (حساب) سعود۔ **چڑھاؤ اتار** (مذکر) ۱ چڑھنا اترنا ۲ بڑھنا گھٹنا ۳ مدوجزر ۴ پہاڑ کی چڑھائی اترائی ۵ دریا کے منبع اور دہانے کی اطراف ۶ عروج و زوال۔ ترقی و تنزل ۷ (حساب) نزول و سعود ۸ (موسیقی) آواز کا اونچا ہونا اور دھیما ہونا۔ **چڑھائی** (مونث) ۱ بلندی۔ اونچائی ۲ حملہ۔ دھاوا ۳ روانگی ۴ لشکر کشی ۵ چڑھانے کا کرایہ **چڑھایتا** (ھ) چڑھنے والا شخص۔ سوار۔ **چڑھ بننا** (لازم) بن آنا۔ کام بننا۔ حسب مراد ہونا۔ **چڑھ بیٹھنا** (لازم) سوار ہو جانا ۲ قابو پانا۔ **چڑھتا** (صفت) ابڑھتا ہوا۔ ترقی کرتا ہوا۔ عروج پر ۲ تیز ہوتا ہوا۔ رفتار میں زیادہ ہوتا ہوا ۳ بہتر۔ برتر۔ اعلے ۴ بھاؤ کی گرانی۔ چڑھتی ۵ بندوبست جس میں مالگذاری بڑھتی چلی جائے ۶ (ماضی ناتمام) چڑھنا کی۔ **چڑھتا بھاؤ** (مذکر) قیمت کی زیادتی۔ گرانی۔ **چڑھتا پٹہ** (مذکر) ایسا زمین کا ٹھیکہ جس میں لگان بڑھتا جائے۔ **چڑھتا جوبن** (مذکر) حسن روز افزوں۔ **چڑھتا ہونا** (لازم) ۱ ترقی کرنا ۲ بہتر ہونا۔ اعلے ہونا۔ **چڑھتی** (مونث) ۱ زیادتی۔ افزونی۔ بڑھاؤ ۲ برتری۔ عظمت ۳ فائدہ۔ نفع۔ **چڑھتے اترتے** (تف) کم و بیش۔ کسیقدر۔ ملتے جلتے۔ تھوڑے فرق سے۔ **چڑھتی جوانی** (مونث) آغاز شباب۔ **چڑھتے چاند** (مذکر) ۱ اگلے مہینے کا شروع ۲ مہینے کا ابتدائی حصہ ۳ (تف) اگلے مہینے کے شروع میں **چڑھتی کلا** (مونث) ترقی۔ عروج۔ **چڑھ چڑھ کے** دیکھو چڑھ کے۔ **چڑھ چڑھ کے بولنا** (لازم) اونچے بولنا زور سے بولنا۔ **چڑھ جانا** (متعدی) ۱ حملہ کرنا۔ چڑھائی کرنا ۲ زنا کرنا۔ جماع کرنا۔ **چڑھ دوڑنا** (لازم) ۱ ٹوٹ پڑنا ۲ حملہ کرنا۔ **چڑھ کر۔ چڑھ کے** ۱ باقاعدہ یا بڑھتی ہوئی زیادتی یا افزونی سے ۲ زور سے۔ اونچے۔ اونچی آواز سے ۳ البتہ۔ بیشک۔ بلاشبہ ۴ بہتر طریقے سے۔ بہتر حالت میں۔ نہایت اچھی طرح۔ **چڑھن** (ھ۔ مذکر) چڑھنا۔ **چڑھنا** (لازم) ۱ نیچے سے اوپر جانا ۲ ہوا میں بلند ہونا ۳ سوار ہونا (گھوڑے گاڑی کشتی جہاز وغیرہ پر) ۴ جانا ۔ نفاذ ہونا ۵ ٹھیک آنا۔ موزوں ہونا ۶ آگے ہونا۔ بڑھنا ۷ حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا ۸ اٹھنا۔ ابھرنا ۹ ترقی کرنا۔ عروج پر ہونا ۱۰ گراں ہونا۔ مہنگا ہونا ۱۱ اڑنا۔ پرواز کرنا ۱۲ طغیانی ہونا۔ پانی زیادہ ہونا ۱۳ بہتر ہونا۔ ترجیح ہونا ۱۴ (بخار) تپ ہونا ۱۵ (برات) برات کا جلوس نکلنا ۱۶ (تنخواہ) بقایا میں ہونا ۱۷ (بھینٹ) نذر وغیرہ۔ قربانی ہونا۔ نذر ہونا ۱۸ (چلا) کمان پر تانت کا چڑھنا ۱۹ (ڈھول وغیرہ) کسا جانا کھنچا جانا ۲۰ (تیر) کمان میں لگنا ۲۱ (سنگین) بندوق پر لگنا ۲۲ (ہڈی) ٹوٹی ہوئی ہڈی کا اپنی جگہ پر آنا ۲۳ (دم سانس) پھولنا۔ نہ سمانا۔ جلدی جلدی سانس آنا ۲۴ (ہاتھ) مشق ہونا۔ مہارت ہونا ۲۵ (ہانڈی وغیرہ) چولھے پر رکھا جانا۔ پکنا ۲۶ (کچہری عدالت وغیرہ) جانا ۲۷ (نظر) جمنا۔ جچنا ۲۸ (رنگ) رنگا جانا۔ اثر ہونا ۲۹ (جن) آسیب ہونا۔ قابو ہونا۔ غصے میں ہونا ۳۰ (نشہ) مست ہونا۔ بیہوش ہونا ۳۱ (سر) گستاخ ہونا۔ ذمہ ہونا ۳۲ (قرضہ) قرضہ زیادہ ہونا۔ مقروض ہونا ۳۳ (دن مہینہ سال وغیرہ) شروع ہونا ۳۴ (نام) لکھا جانا۔ درج ہونا ۳۵ (قابو) پکڑا جانا۔ پھنس جانا ۳۶ (لگام) لگنا۔ گھوڑے کے منہ میں لگام دی جانا ۳۷ (شہتیر وغیرہ) مکان کی چھت میں لگنا ۳۸ (غلاف وغیرہ) پہنانا ۳۹ (ڈنڈا) مجبور

ہونا۔ حکم ہونا (دل) نفرت ہو جانا (پ) (چاند سورج ستارے) نکلنا۔ طلوع ہونا (آستین) آستین اونچی کرنا۔ لڑنے کے لئے تیار ہونا (لڑنے کو) لڑنے کو جانا (پھانسی) پھانسی پر لٹکنا (غصہ) طیش میں آنا۔ ناراض ہونا۔ چڑھنی (ہ) لڑائی کی تیاری۔ چڑھوا (مذکر) لوہے کا حلقہ۔ جو بیڑیوں کے اوپر ران پر چڑھا ہوا ہوتا ہے (ہ) دیکھو چڑھواں۔ چڑھواں (مذکر) اٹھی ایڑی کا جوتا۔ چڑھونا (م) چڑھنا کا۔ چڑسوی (ہ) لگان کی زیادتی۔ چڑھویا (ہ) وہ شخص جو چڑھے سوار۔ تولا۔ وہ جو وزن تولنے کے لئے ترازو پر چڑھائے۔ چڑھی (ہ) دیکھو چڑھنی۔ چڑھیا (ہ) دیکھو چڑھویا۔ چڑھی بارگاہ (مونث) بلند مرتبہ۔ عروج۔ انتہائی ترقی۔ چڑھیت (ہ) وہ شخص جو چڑھے سوار۔ اچھا سوار۔ (ہ) دیکھو چڑھیت۔ وہ سوار جس کے پاس اپنا گھوڑا نہ ہو۔ چڑھے چاند (مذکر) مہینے کا شروع حصہ۔ اگلے مہینے کے شروع میں۔ چڑھی گنگا اترنا (لازم) بڑا کام کرنا۔ چڑھی ہونا (لازم) نشہ ہونا۔ غرور کا نشہ ہونا۔ کوئی بات دل میں ٹھنی ہونا۔

امثال و اقوال - چڑھتے برسے اردرا اترت برسے ہست۔ کتنا راج ڈنڈلے رہے انند گرہست (ہ) اردرا اور ہست نچھتروں کے نام ہیں۔ ان دونوں کے موقعوں پر جولائی اور اگست میں ہوتے ہیں۔۔۔ کوئی پروا نہیں ہوتی۔ چڑھتی کلا جاگتی جوت ۔۔۔ خوب روشن ہو۔ چڑھ جا بیٹا سولی پر بھگوان بھلی کریں گے۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کو نقصان کی بات کرنے کی نصیحت کرے۔ چڑھ مار گولہ پکے پورا قابو ہے۔ مطلب حاصل ہے۔ چڑھے پر چڑھاؤ سر دکھے نہ پاؤں۔ آتے پر آنے دو کچھ مضائقہ نہیں چڑھے پر نہ چڑھاؤ سر دیکھے نہ پاؤں۔ بے ترتیبی سے کام کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ چڑھے چاک چاہے سو اتار لو۔ اب وقت ہے کام ہو رہا ہے۔ جو چاہو کر لو۔ حکومت کے وقت سب کچھ ہو سکتا ہے۔ کمہار کے چاک سے یہ مثل نکلی ہے۔ چڑھی کڑھائی تیل نہ آیا تو پھر کب آئے گا۔ جب کام ہونے کے وقت نہ ہوا تو پھر کبھی نہیں ہو سکے گا۔ چڑھے گا سو گرے گا۔ جو ترقی کرے گا وہ تنزل بھی کرے گا۔ عروج کو زوال بھی ہوگا۔

چڑھار دار (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا لباس جو طوائفیں پہنتی ہیں۔

چَڑھی کھانا (اردو۔ لازم) کبوتر کا حریف کے کبوتروں میں بار بار جانا۔

چَڑی (ہ۔ مونث) لات۔ وہ لات جو کسی کو بھاگتے ہوئے ماری جائے (اصطلاح کشتی) ٹانگ میں ٹانگ اڑانا۔ اڑنگا لگانا (دینا مارنا کے ساتھ)

چِڑی (ہ۔ مونث) چڑیا۔ پرند (مخف) مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ چڑیمار (مذکر) پرند پکڑنے والا۔ صیاد۔ چڑیمار ٹولا (مذکر) وہ جگہ جہاں طرح طرح کے جانور بکتے ہوں۔

امثال و اقوال - چڑیمار ہمیشہ ننگے بھوکے رہتے ہیں۔ ظالم کبھی بر سر سبز نہیں ہوتے چڑیمار ٹولہ بھانت بھانت کا پنچھی بولا۔ اس مجلس کے متعلق کہتے ہیں جہاں ہر ایک مختلف رائے دے

چُڑی (ہ۔ مونث) چوڑی کا مخفف

چڑی ہارا (مذکر) چوڑیاں بیچنے والا۔

چڑیا (ہ۔ مونث) چڑے کی مادہ۔ پرند۔ طائر۔ چربغلا۔ کپڑا جو کرتے میں بڑھانے یا مضبوط کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔ کہاروں کی لاٹھی پر جو لکڑی سہارے کے لئے لگی ہوتی ہے۔ نیفے میں ازار بند ڈالنے کی جگہ۔ انگیا کی کٹوریوں کے بیچ کی سلائی۔ بیڈمنٹن کے کھیل میں گیند جس سے کھیلتے ہیں۔ وہ لکڑی جو گنے بیلنے کی کل کو ستون کے ساتھ ملاتی ہے۔ چڑیا کی شکل کی آٹے کی پردار گیند جو عورتیں بچوں کو دیتی ہیں۔ ایک قسم کی بارش۔ وہ مینہ جو آہستگی برستا ہے۔ چڑیا چُن گن (مونث) پرند۔ طیور۔ چڑیا خانہ (مذکر) وہ جگہ جہاں پرند رکھے جاتے ہیں۔ چڑیا کا۔ چڑیا والا (صفت) احمق۔ بیوقوف۔ چڑیا کا دودھ (مذکر) عنقا چیز۔ ناممکن بات چڑیا گھر (مذکر) وہ جگہ جہاں ہر قسم کے جانور رہتے ہیں چڑیا کے چھنالے میں پکڑا جانا (لازم) مفت کی آفت میں پھنسنا۔ چڑیا لڑانا (متعدی) لڑائی کرانا چڑیا نوچن (مذکر) تکا بوٹی۔ بوٹیاں توڑنا (عو)

امثال و اقوال - چڑیا اپنی جان سے گئی (کھانے والے کو سواد نہ آیا) لڑکا خوش نہ ہوا۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب نوکر کام کرتے کرتے مر جائے اور مالک خوش نہ ہو یا بیوی کام کرتی کرتی مر جائے اور میاں کو پسند نہ آئے۔ چڑیا اور دودھ۔ ناممکن بات۔ چڑیا کرے خونچا چڑا کرے نوچا بیوی بیچاری تو تھوڑا تھوڑا کر کے جمع کرتی ہے۔ میاں اڑا دیتے ہیں۔ چڑیا کو شاہیں سے کو تھ۔ غریب کو امیر سے کیا کام۔ چڑیا کی جان گئی لڑکے کا کھلونا۔ بچے کسی چیز کو تکلیف پہنچنے کا خیال نہیں کرتے۔ چڑیا کی چونچ (بیسواں حصہ) میں چوتھائی حصہ۔ بہت تھوڑی چیز۔

چُڑیل (ہ۔ مونث) اس عورت کی روح جو بقول ہندوؤں کے حمل کی یا نجس حالت میں مر جائے۔ بھتنی۔ ڈائن۔ لڑاکا عورت۔ میلی کچیلی عورت۔ پلید عورت۔ بدصورت عورت۔

امثال و اقوال - چڑیل پر دل آجائے تو وہ بھی پری ہے۔ چڑیل پر دل آگیا تو پھر پری کیا ہے۔ جب آدمی عاشق ہو جائے وہ بد شکل بھی ہو تو اس کی نظر میں خوبصورت ہے

چَس (ہ۔ امر) چسنا کا۔ چسا (ماضی) چسنا کی۔ چس جانا۔ چسنا (لازم) کسی کپڑے کا تنگ ہونے کی وجہ سے مسک جانا۔ انگیا کا پھٹ جانا۔ کتا پتا مر جانا۔

چُس (ہ۔ امر) چسنا کا (س چش چوسنا) چُسا (امر) چسانا کا۔ (ماضی) چسنا کی۔ چُسانا (م) چوسنا کا۔ چچوڑوانا۔ دودھ پلانا۔ چس جانا (لازم) نچڑ جانا۔ دبلا یا لاغر ہو جانا۔ چسنا (لازم) چوسا جانا۔ طاقت زائل ہو جانا۔ (مذکر) بچوں کا چوسنے کا کھلونا۔ چسنی (مونث) دیکھو چسنا۔ دودھ پلانے کی شیشی۔ چوسنی۔ چسوانا (م) چوسنا کا۔ چُسانا۔

چَسپاں (ف۔ صفت) چپکا ہوا۔ موزوں۔ زیبا۔ ٹھیک (کرنا ہونا کے ساتھ) چسپیدن چپکنا) چسپانی (مونث) چپکنا۔ چپکنے کی خاصیت۔ چپک

چَسپیدگی (ف۔ مونث) چپکنا۔ چپک۔ محبت۔ الفت۔

چَسپیدہ (ف۔ صفت) چپکا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ پسند کرنے والا۔ محبت کرنے والا۔

چُست (ف۔ صفت) پھرتیلا۔ چالاک۔ تیز۔ ہوشیار۔ کھنچا ہوا۔ تنگ۔ درست۔ موزوں۔ ٹھیک۔ مضبوط۔ استوار۔ محکم۔ چست و چالاک۔ دیکھو چست۔ چستہ (صفت) دیکھو چست۔ ۔۔۔ سلوٹ۔ بٹ۔ چین۔ بکری بھیڑ یا بچھڑے کے بچے کا معدہ۔ پنیر۔ مایہ۔ جما ہوا دودھ ۔۔۔ میں۔ بڑی آنت کا آخری تیسرا حصہ۔ امعائے مستقیم۔ چستی (مونث) پھرتی۔ چالاکی وغیرہ دیکھو چست۔ دلیری۔ جرات بہادری۔

چَشتر (انگ۔ مذکر) ایک قسم کا

دور کوٹ۔ چسٹر فیلڈ کا مخفف ہے

چَسَک (ہ۔ مونث) ۱ میٹھا میٹھا درد۔ ہلکا درد۔ ٹپک۔ ٹیس ۲ گوٹا کناری کی باریک نحریر جو گوٹ کے نیچے ٹانکتے ہیں۔ **چسکانا** (متعدی) درد پیدا کرنا۔ (س ترس۔ کانپنا) **چسکنا** (لازم) میٹھا میٹھا درد ہونا۔

چَسکا (ہ۔ مذکر) زبان کا مزہ۔ چاٹ چٹورپن ۲ خواہش۔ شوق۔ ذوق۔ رغبت ۳ عادت لت (پڑجانا۔ پڑنا۔ لگ جانا۔ لگنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) (س چش۔ چکھنا)

امثال واقوال۔ چسکا دن دس کا پرایا خصم کس کا۔ یارانے کا مزہ تھوڑے دن کا ہوتا ہے۔ غیر مرد اپنا نہیں بنتا۔ **چسکا لگا برا**۔ زبان کی چاٹ تباہ کر دیتی ہے۔

چُسکڑ (ہ۔ مذکر) ۱ وہ جسے چسنے کی عادت ہو ۲ متوالا۔ شرابی۔

چُسکی (ہ۔ مونث) ۱ گھونٹ۔ جرعہ۔ کش ۲ حقے کا گھونٹ ۳ گھلی ہوئی افیون جو افیونی خاص وقت پی لے۔ گھلی ہوئی افیون کا گھونٹ (لگا۔ لگنا کے ساتھ) (س چش۔ چکھنا

چَستی (ہ۔ مونث) ۱ ہاتھ اور پاؤں کی ایک بیماری ۲ ایک قسم کا کوڑھ۔

چُستی (ہ۔ مونث) ۱ پھلوں کا پانی ۲ کوئی چیز جو چوسی جائے۔

چَش (ف۔ صفت) چکھنے والا۔ چکھنا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نمک چش۔ **چشک** (مذکر) مزا۔ ذائقہ۔ لذت **چشی** (مونث) مزا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **چشیدہ** (صفت) ۱ چکھا ہوا ۲ تجربہ کار ۳ چکھ کر۔ تجربہ کر کے۔

چَشتی (س۔ مذکر) ۱ زوال۔ تنزل۔ ادبار ۲ کمزوری۔ ضعف۔ نقاہت

چَشَک (س۔ مذکر) ۱ پینے کا برتن۔ پیالہ۔ جام۔ گلاس ۲ شراب۔

چَشَک (ف۔ مونث) ۱ افزونی۔ زیادتی ۲ وہ کھانا جو خاصے سے بچ رہتا ہے ۳ اور باورچی لے جاتے ہیں۔

چَشم (ف۔ مونث) ۱ آنکھ۔ دیدہ۔ نین۔ نیتر۔ لوچن۔ عین ۲ نظر ۳ امید۔ آس ۴ کوئی چیز جو آنکھ سے ملتی ہو۔ جیسے سوئی کی آنکھ ۵ تعویذ جو جادو کو روکے **چشمِ انتظار** (مونث) وہ آنکھ جسے کسی کے دیکھنے کا بہت انتظار ہو۔ **چشمِ انصاف سے**۔ انصاف کی نظر سے۔ **چشمِ بد** (مونث) نظر بد۔ وہ نظر جو لگ جاتی ہے۔ **چشم براہ** (صفت) منتظر۔ نگراں **چشم براہ انتظار** (لازم) منتظر نگراں (پانا ہونا کے ساتھ) **چشم بستہ** (صفت) آنکھیں باندھ کر۔ **چشمِ بلبل** (مذکر) ایک قسم کا کپڑا۔ **چشم بند** (مذکر) ۱ آنکھوں کی سحر سازی۔ افسوں گری یا دلفریبی ۲ سیاہ نقاب ۳ عورتوں کی ایک قسم کی جوتی ۴ وہ چمڑے کے ٹکڑے جو جانوروں کی آنکھوں پر باندھتے ہیں۔ **چشم بندک** (مذکر) آنکھ مچولی۔ **چشم بوس** (صفت) آنکھوں کو پیار سے چومنے والا۔ آنکھوں سے ٹپکتا ہوا (آنسو) **چشمِ بیمار** (مونث) وہ آنکھ جو آدھی بند ہو کر دیکھتی ہو۔ (شرم یا ناز سے) خوبصورت مست آنکھ کو تشبیہ دیتے ہیں۔ نیم باز آنکھ۔ **چشمِ بینا** (صفت) تیز نظر۔ تیز فہم۔ ہوشیار۔ چاتر۔ **چشمِ پر آب یا نم** (مونث) آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ ۲ (تف) روتے ہوئے۔ **چشم پوش** (صفت) چشم پوشی کرنے والا۔ ٹال جانے والا۔ نقص کی گرفت نہ کرنے والا۔ **چشم پوشی** (مونث) درگزر کرنا۔ ٹال جانا۔ نقص کی گرفت نہ کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **چشم پیش** (صفت) شرمیلا۔ شرمگیں۔ حیادار۔ **چشمِ تر** (صفت) ۱ رونے والا ۲ (مونث) آنسو بھری آنکھ۔ دیدہ تر۔ **چشم تری** (مونث) ۱ آنکھوں کا گیلا پن۔ آنسو ۲ گیلی آنکھیں بھری ہوئی آنکھیں۔ روتی ہوئی آنکھیں۔ **چشمِ چراغِ فلک** (مونث) سورج۔ آفتاب۔ **چشم خانہ** (مذکر) بدن کی وہ جگہ جس میں آنکھ ہوتی ہے۔ خانۂ چشم۔ **چشم خون آلود** (مونث) ۱ سرخ آنکھیں ۲ خون بھری آنکھیں۔ قہر کی آنکھیں۔ قاتل کی آنکھیں **چشمِ خروس** (مونث) ایک بوٹی ۲ شراب ۳ ہونٹ۔ **چشم داشت** (مونث) امید۔ توقع۔ آس۔ **چشم زخم** (مذکر) ۱ آنکھ جو نظر بد کی وجہ سے پہنچے ۲ آنکھ کا دکھنا (آنا پہنچنا کے ساتھ خصوصاً نفی کے ساتھ) **چشم زدن** (مذکر) پلک جھپکنا۔ لمحہ بھر۔ **چشم زدن میں** (تف) فوراً۔ بہت جلد۔

چَشمک (مونث) ۱ چھوٹی آنکھ ۲ اشارہ چشم۔ آنکھ مارنا ۳ رنجش۔ شکر رنجی۔ مخالفت (ہونا کے ساتھ) **چشمک زدن** (مونث) آنکھ مارنا۔ **چشمک زن یا زناں** (صفت) ۱ آنکھ سے اشارہ کرنے والا ۲ طعن کرنے والا **چشمک زنی** (مونث) طعنہ زنی۔ طنز (کرنا ہونا کے ساتھ) **چشمک مارنا** (متعدی) آنکھ مارنا۔ آنکھ جھپکنا (مست) **چشمِ نم** (مونث) تر آنکھ۔ **چشم نمائی** (مونث) تنبیہ۔ جھڑکی۔ تہدید۔ سرزنش۔ ملامت (کر دینا کرنا ہونا کے ساتھ) **چشم نیم باز یا نیم خواب** (مونث) شرمیلی آنکھ نیچی اور جھکی ہوئی نگاہ۔ نشیلی آنکھ **چشم و ابرو** (مونث) اشارے۔ انداز **چشم و ابرو سے جان لینا** (لازم) اشارے سے سمجھ لینا۔ **چشم و چراغ** (صفت) بہت عزیز۔ بڑا پیارا۔ نور چشم۔ **چشمہ** (مذکر) ۱ پانی کا سوتا ۲ عینک ۳ فوارہ ۴ سوئی کا ناکہ ۵ آفتاب **چشمۂ آفتاب** (مذکر) چشمہ کا استعارہ آفتاب سے کرتے ہیں۔ آفتاب **چشمۂ باسی چمن** (مذکر) ایک چشمہ جس کے نزدیک جاندار جاتے ہی مر جاتا ہے **چشمۂ حیوان یا خضر** (مذکر) ۱ آب حیات کا چشمہ ۲ معشوق کے منہ کو تشبیہ دیتے ہیں۔ **چشمہ زار یا سار** (مذکر) وہ علاقہ جس میں بہت سے چشمے ہوں۔ **چشمۂ سار** (مذکر) کوہستان میں ایک چشمہ۔ **چشمۂ سبز** (مذکر) ایک چشمہ کا نام طوس کے قریب۔ **چشمۂ سلسبیل** (مذکر) بہشت میں ایک نہر **چشمۂ شاپور** (مذکر) آرمینیہ میں ایک چشمہ **چشمہ کا ابلنا** (لازم) چشمہ کے پانی کا کنارے سے نکلنا **چشمۂ کنکلہ** (مذکر) آذربائیجان میں ایک چشمہ۔ **چشمۂ گلسب** (مذکر) خراسان میں ایک چشمہ **چشمۂ منفجر** (مذکر) ایک نچھترہ۔ **چشمۂ ہفت اختر** (مذکر) عقد ثریا۔ سپت رشی۔ سات سہیلیوں کا گچھا۔ **چشمۂ ہفت سر** (مذکر) ایک نچھترہ۔

امثال واقوال۔ چشم ارزق موے میگوں رنگ زرد۔ ایں چنیں کس با کسے نیکی نہ کرد۔ نیلی آنکھ بھورے بال یا زرد رنگ کا آدمی کسی سے نیکی نہیں کرتا۔ **چشم از روے دوستاں روشن شود نہ از باغ و بوستاں**۔ دوستوں کی صورت سے آنکھیں روشن ہوتی ہیں نہ کہ باغ اور پھلواری سے۔ دوستوں کی صحبت سے زیادہ خوشی حاصل ہوتی ہے **چشم بد دور** (آنکھیں موتی چور) جملہ معترضہ بطور دعا استعمال ہوتا ہے اور کسی چیز کی تعریف کے پہلے لاتے ہیں تاکہ نظر بد سے بچی رہے ۲ (طنزاً) بھی کہتے ہیں۔ **چشمِ ما بسیار ازیں خواب پریشاں دیدہ است** ہماری آنکھوں نے ایسے پریشان خواب بہت دیکھے ہیں ہم نے ایسے بہت کھیل دیکھے ہیں **چشم ما روشن دل ما شاد**۔ آنکھ ہماری روشن دل ہمارا خوش مطلب یہ ہے کہ بسر و چشم منظور ہے۔ عین راحت ہے۔

چُغا (ت۔ مذکر) عبا۔ جبّہ۔

چُغد (ف ۔ مذکر) اُلو کی ایک چھوٹی قسم ۔ **چغد بول جانا** (لازم) تباہ ہو جانا ۔ برباد ہو جانا ۔ چغد کا بولنا منحوس سمجھا جاتا ہے ۔

چُغربا (ف ۔ مذکر) دیکھو چکربا ۔

چُغَل (ف ۔ مذکر) ۱ مخبر ۔ جاسوس ۲ غماز ۔ لترا ۔ نندک ۔ برائی کرنے والا ۔ سخن چیں ۳ (اردو) وہ کنکر جسے چلم میں رکھ کر تمباکو رکھتے ہیں ۔ چغلا ہے) **چغلخور** (مذکر) دیکھو چغل ۲ ۔ **چغلخوری** (مونث) غمازی ۔ غیر حاضری میں برائی کرنا ۔ لترائی (کرنا ہونا کے ساتھ) **چغلی** (مونث) دیکھو آخری **چغلی کھانا** (متعدی) ۱ غمازی کرنا ۔ غیبت کرنا ۲ اچھی چیز کے ساتھ اسی قسم کی خراب چیز متصل کرنے سے جو عیب ظاہر ہوتا ہے ۔ اسے بھی چغلی کھانا کہتے ہیں ۔

امثال چغلخور خدا کا چور ۔ چغلخور کی مذمت ہے ۔

چُغندر (ف ۔ مذکر) چقندر ۔

چَفت چَفتہ (ف ۔ مذکر) ۱ لکڑی کا بنا ہوا کمرہ جسکی چھت لکڑی کے ستونوں پر ہو ۲ پایہ ۔ تھونی ۳ منڈپ ۔ منڈا ۴ جعفری ۔ جالی ۔ **چفتی** (مونث) ۱ وہ چپٹی لکڑی جس سے لکیریں کھینچتے ہیں ۔ پٹڑی ۲ خوشامدی ۔

چِق (ت ۔ مونث) بانس کی تیلیوں یا سرکنڈے کی بنی ہوئی چلمن جو دروازوں اور کھڑکیوں میں باہر کی طرف لٹکاتے ہیں ۔ چک ۔ چلمن ۔ پردہ ۔

چُقاچاق (ت ۔ مونث) تلواروں اور نیزوں کے متواتر چلنے کی آواز ۔

چقچقی (ت ۔ مونث) دیکھو چکچکی ۔

چُقر (ہ ۔ مذکر) چشمہ (ہ چکرٹ)

چقماق (ت ۔ مذکر) وہ پتھر جس میں سے آگ نکلتی ہے ۔ **چقماق جھاڑنا** (متعدی) چقماق سے آگ نکالنا ۔ **چقماقی** (مونث) وہ بندوق جس میں باروت کو آگ دینے کے لئے چقماق لگا ہوا ہوتا تھا ۔ **چقمق** (مذکر) چقماق ۔

چُقندر (ف ۔ مذکر) ایک ترکاری جو گول شلغم کی شکل کی ہوتی ہے اور ابلنے سے نہایت سرخ رنگ نکلتا ہے ۔ یورپ میں اس سے کھانڈ نکالتے ہیں ۔ **چقندر سا** (تف) بہت سرخ ۔ موٹا تازہ **چقندر (سا) بن رہا ہے** ۔ سرخ و سفید ہو رہا ہے ۔ موٹا تازہ ہو رہا ہے ۔

مثل چقندر کا شتم زردک بر آمد ۔ بد قسمتی کے اظہار کے لئے کہتے ہیں ۔

چَک (س ۔ دھا) ۱ سیر ہونا ۲ قانع ہونا ۳ تسلی ہونا ۴ ٹپکنا ۵ مخالفت کرنا ۔

چَک (ہ ۔ مذکر) ۱ اراضی ۔ جائداد غیر منقولہ ۔ ریاست ۔ تعلقہ ۔ پٹی ۔ تھوک ۔ کھیت ۲ قطعہ زمین جو تقسیم شدہ ہو ۳ زمین کا ایک قطعہ پنجاب کی نہری آبادی میں گاؤں جس میں مربع بندی ہوئی ہے یہ عدد کے نام سے پکارے جاتے ہیں ۔ جیسے چک نمبر ۱۱ ۴ جھگڑا ۔ زمین کا جھگڑا ۵ پھیر ۔ جماؤ ۶ گاؤں کے کھیت جو گاؤں کی زمین سے علیحدہ ہوں ۷ زراعت ۔ کاشت ۸ (س چکر) **چک برار** (مذکر) چک کی الگذاری یا لگان وصول کرنے والا **چکلیست** (صفت) ۱ چکوں میں تقسیم شدہ (ریاست) ۲ گاؤں کے کھیت نقشے میں دکھائے ہوتے ۔ **چک بندی** (مونث) زمین کی تقسیم چکوں میں ۔ حد بندی ۔ **چک بندھنا** (لازم عو) کسی چیز کا بافراط ہونا ۔ پھیر پڑنا ۔ **چک تراشی** (مونث) زمین کے الگ الگ قطعے کرنا ۔ **چک ٹکڑا** (مذکر) زمین کا ایک خاص حصہ ۔ **چک نامہ** (مذکر) ۱ ایک دستاویز جس میں ریاست کا حدود اربعہ اور کھیتوں کی فہرست دی ہوئی ہوتی ہے ۲ گاؤں کی زمینوں ۔ جاگیروں شاملات ۔ معافیوں وغیرہ کی فہرست ۳ کسی گاؤں میں زمین حاصل کرنے کا حکم ۔

چَک (ہ ۔ مذکر) ۱ گدڑیا ۔ بکریوں کا پاسبان ۲ آنکھ ۔

چِک (ہ ۔ مونث) ۱ کمر کا یا کھلے درد ۲ چلمن ۔ دیکھو چق (س چک ۔ تکلیف دینا) ۳ (ہ) قصاب ۴ (ہ) چوہا ۔ چھچھوندر ۔ **چک آنا یا جانا** ۔ (لازم) کمر میں جھٹکا آنا ۔

چِک (انگ ۔ مذکر) ۱ نقدی بنک سے لینے کا تحریری حکم ۔ ایک قسم کی درشنی ہنڈی جو لوگ بنک میں روپیہ جمع کراتے ہیں ۔ انہیں ایک کاپی مل جاتی ہے جس میں بہت سے چھپے ہوئے چک ہوتے ہیں جب وہ روپیہ کسی کو دینا چاہتے ہیں تو وہ چک میں تعداد روپیہ کی اور لینے والے کا نام درج کر کے دستخط کر کے دیدیتے ہیں ۔ وہ بنک میں جا کر یہ چک دے کر روپیہ وصول کر لیتا ہے ۲ وہ بیل یا نقش و نگار جو دو متحد المضمون اوراق کے وسط میں ثبت ہوں جہاں سے نصف کاغذ چاک کر کے کسی کو دیدیا جائے ۳ روک ۔ اٹکاؤ ۔ **چک دینا یا کاٹنا** (متعدی) چک لکھ کر کسی کو دینا ۔ **چک وصول کرنا** (متعدی) چک میں جتنا روپیہ درج ہے بنک سے جا کر حاصل کرنا ۔

چُک (ہ ۔ امر) چکنا کا (س چیٔ ۔ کم ہونا) **چُکا** (امر) ۱ چکانا کا ۲ (ماضی) چکنا کی ۔ **چکا دینا** (لازم) دیکھو چکانا ۔ **چکارا** (ہ ۔ مذکر) محصول ۔ بحری محصول ۔ محصول پرمٹ ۔ **چکانا** (متعدی) ۱ بھاؤ کرنا ۔ مول کرنا ۲ ختم کرنا ۔ مکمل کرنا ۳ فیصلہ کرنا ۔ قصہ کوتاہ کرنا ۴ بھگتانا ۔ بیباق کرنا ۵ انتظام کرنا ۔ تجویز کرنا ۶ مقرر کرنا ۔ دینا ۔ حصہ دینا ۔ **چکاؤ** (ہ) ۱ قیمت وغیرہ کا فیصلہ کرے ۲ جو قرضہ جلد ادا کرے ۔ **چکاؤ** (ہ) فیصلہ ۔ **چکائی** (مونث) چکانے کا فعل ۔ تصفیہ ۔ فیصلہ چکوتا ۔ **چکائی دینا** (متعدی) ۱ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۲ نظر بچانا ۔ **چکت** (ہ ۔ مذکر) چکوتا ۔ **چکتا** (صفت) ۱ مقررہ ۔ فیصلہ شدہ ۲ معین ۔ معینہ ۳ تھوک فروش ۔ **چکتا کر لینا** (متعدی) چکانا ۔ (دہلی) **چکتی** (ہ ۔ مونث) ۱ فیصلہ ۔ تصفیہ ۲ عدالت کا فیصلہ ۔ **چک جانا یا چکنا** (لازم) ۱ دیکھو چکانا ۲ امر کے صیغے کے ساتھ اتمام فعل کے واسطے استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے آ چکنا ۔ ہو چکنا ۔ **چکوتا** (مذکر) ۱ فیصلہ ۔ تصفیہ ۲ بھاؤ یا نرخ کا تصفیہ ۳ مقرر شدہ مزدوری ۴ ٹھیکہ ۔ معاہدہ ۵ کام ۶ مقررہ کرایہ یا لگان ۷ بیباقی کی رسید (چکانا اور چکنا کے ساتھ)

چَکّا (س ۔ مذکر) ایک ناگ پجاری

چَکّا (ہ ۔ صفت) ۱ گول ۔ مدور ۲ جما ہوا ۔ گاڑھا ۳ (مذکر) دائرہ ۔ چکر ۴ پہیہ گاڑی کا ۵ کوئی چیز گول یا چپٹی ۶ گول یا چوکون پتھر کا چبوترہ جو پیمائش کے لئے بنایا جاتا ہے ۷ گھاس کی جڑوں کے پکڑنے سے جو ڈھیلا بنجاتا ہے ۸ وہ وزن جو ڈھینگری کے باہر سرے پر باندھتے ہیں (س چک ۔ پھرنا) **چکا دہی** (مذکر) جما ہوا منجمد دہی ۔ **چکا باندھنا** (متعدی) پیمائش کے لئے اینٹوں کا چبوترہ بنانا ۔

چَکّا (س ۔ مونث) ۱ چھچھوندر ۲ چوہا

چُکّا (ہ ۔ مذکر) مٹی کا چھوٹا برتن جس میں شراب پیتے ہیں ۔ چکڑ ۔ کلھیا (س چوش ۔ چوسنا)

چَکّا بو (ہ ۔ مذکر) فوج کی گول صف آرائی ۔

چَکّاٹا (ہ ۔ صفت) ۱ چکر کھانے والا ۔ چکر میں ۲ حیران مضطرب ۔ پریشان ۔ گھبرایا ہوا ۔ چکا چوند حالت میں ۔ **چکاٹنا** ۔ **چکاٹے جانا** (لازم) ۱ حیران

ہو جانا۔ گھبرا جانا ۲ چکاچوندھ ہونا۔

چکاچاک یا چک چک (ف۔ مونث) تلواروں کے متواتر پڑنے کی آواز ۲ تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا۔ تر بتر۔ **چک چک لوندے چکھنا یا کھانا** (لازم) گھی میں تر بتر نوالے کھانا۔

چکاچاندھ (ھ) چکاچوندھ (ہ۔ مونث) **چکاچوندھی یا چوندی** (ھ) ۱ روشنی کے باعث آنکھ کا جھپکنا یا چندھیا جانا۔ خیرگی چشم ۲ چندھیا جانے کی حالت ۳ تعجب۔ حیرانی۔ گھبراہٹ (س نِک پھرنا) **چکاچوندھ آنا۔ لگنا۔ میں آنا یا ہونا۔** (لازم) ۱ چندھیا جانا ۲ تاب نظارہ نہ لانا۔ آنکھوں کا بسبب روشنی کے چندھیا جانا ۳ گھبرا جانا۔ حیران ہو جانا **چکاچوندھ دینا** (متعدی) **چکاچوندھی مارنا** (ھ) ۱ چندھیا دینا ۲ حیران کر دینا۔ گھبرا دینا۔

چُکار (س۔ مذکر) شیر کی دھاڑ۔

چکارا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چھوٹا ہرن (س چمکار چھینکنا سے کیونکہ جب وقت کوئی اس کے نزدیک جائے تو یہ چھینکنے کی آواز نکالتا ہے) ۲ ایک قسم کی سارنگی یا دوتارا جس میں تانت کی جگہ گھوڑے کے بال لگے ہوئے ہوتے ہیں (س چٹکار۔ شور۔ چیخ)

چکارا (ھ۔ صفت) مضبوط۔ توانا قوی ہیکل۔ موٹا تازہ۔

چکارنا (ھ۔ لازم) چیخنا۔ چنگھاڑنا۔ چیں پیں کرنا۔

چکارہ (ف۔ صفت) ۱ کس کام کا۔ چہ کارہ کا مخفف ۲ فضول۔ بے فائدہ۔

چکاری (ھ۔ مونث) چاکری۔

چکاری (ہ۔ مونث) ۱ مچھر (س چٹکار۔ چیخنے والا) ۲ فحش۔ خرافت۔ ہزل ۳ شکاری چاقو۔

چُکاڑ (ھ۔ مذکر) مٹی کا چھوٹا پیالہ۔ نکرا۔

چکال (ف۔ صفت) گرانے والا چھڑکنے والا۔ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے۔

چَکان (صفت) ۱ گاڑھا۔ جما ہوا ۲ داغدار (مذکر) داغ۔ زخم کا نشان۔ جھریٹ۔ گول نشان۔

چکانا (ھ۔ متعدی) چکھانا۔

چُکاؤ (ھ۔ مذکر) ۱ ہتھ پھیر۔ ہاتھ کی صفائی ۲ دھوکا۔ فریب۔

چکاور (ھ۔ مذکر) گھوڑے کے پاؤں کی بیڑی۔ چکراول۔

چکاوک (ف۔ مذکر) ۱ چنڈول ۲ چکوا۔ سرخاب۔

چکاوی (ھ۔ مونث) ایک قسم کا داد۔

چکپھری (ہ۔ مونث) چکر باندھ کر دائرے میں پھرنا (پھرنا کے ساتھ)

چکت (ہ۔ مونث) دانتوں سے کاٹنا (بھرنا کے ساتھ)

چکت (ھ۔ مذکر) دریا کا چک کو بہالے جانا۔

چکِت (س۔ صفت) ۱ ڈرا ہوا خوفزدہ ۲ حیران۔ گھبرایا ہوا۔ حیرت زدہ۔

چکتّا (ہ۔ مذکر) ۱ گول ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ مچا ۲ گول نشان۔ بدنما نشان بدن پر ۳ زخم کا نشان ۴ گھاس کی جڑوں کا ڈھیلا ۵ کاٹے کا نشان۔ دانتوں کا نشان (بھر لینا۔ بھرنا۔ دینا۔ ڈالنا۔ لینا۔ مارنا کے ساتھ) (س چکر۔ گو پترک۔ ٹکڑا)

چکتانا (ھ۔ متعدی) گھاس لگانا

چکِتسا (س۔ مونث) ۱ علم الادویہ ۲ طب کا کام۔ دوائیاں دینا۔ علاج کرنا۔ اچھا کرنا ۳ وید کا مریض کو دیکھنا۔

چکتی (ہ۔ مونث) ۱ چمڑہ کا چھوٹا گول ٹکڑا ۲ ٹکیا۔ قرص۔ گول چیز ۳ صابون کا چوڑا ٹکڑا ۴ دنبہ کی چوڑی دم ۵ کاسہ سر ۶ کسی چیز کا چوٹا ٹکڑا پنیر وغیرہ کا ۷ دھات کا چھوٹا گول ٹکڑا ۸ ڈھال ۹ گینڈے کا چمڑہ ۱۰ چٹھی ۱۱ (عف) پیوند۔ (س چکر گول۔ پتر کا ٹکڑا)

چکٹ۔ چیکٹا (ہ۔ صفت) ۱ نہایت میلا۔ میلا کچیلا ۲ چیپدار۔ لیسدار۔ چپچپا۔ چکنا چکناہٹ اور میل سے بھرا ہوا ۳ بسا ہوا۔ **چکٹ جانا چکٹ رہنا۔ چکٹنا** (لازم) ۱ چکنا ہو کر چپچپانے لگنا ۲ میلا ہونا۔ گندہ ہونا ۳ رنگ آلود ہونا۔ **چکٹ لگائے پھرنا یا رہنا** (لازم) میلے کچیلے رہنا۔ **چکٹی** (مونث) چکنی مٹی۔ سخت زمین۔

چکٹا (ھ۔ مذکر) ایک گھٹیا قسم کا ریشم یا ٹسر۔

چُکٹا (ہ۔ مذکر) **چکٹّا** (ھ) مٹھی۔ غالباً چٹکی سے چکٹی بگڑا ہوا اور اس کا مذکر **چکٹی** (مونث) چٹکی مٹھی۔

چکٹھا (ھ۔ صفت) ۱ دیکھو چکٹ ۲ (مذکر) تیلی۔ تیل بیچنے والا۔

چک چک (ہ۔ مذکر) دیکھو چکاچاک۔

چکچکا (ہ۔ صفت) چمکتا ہوا۔ روشن۔ درخشاں۔ چمکدار (س۔ چک۔ چمکنا)

چکچکی (ت۔ مونث) فارسی میں چقچقی ہے ۱ چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو فقیر اور جوگی ایک ہاتھ میں لے کر بجاتے ہیں ۲ لکڑیوں یا پتھر کی جوڑی جسے سینہ کوبی کے وقت بجاتے ہیں ۳ ایک قسم کا خنجر ۴ چھوٹا چاقو۔

چکچوندھلا (ھ۔ صفت) ۱ روشنی سے چندھیایا ہوا ۲ کمزور نظر۔ جسے کم نظر آئے۔ نیم اندھا۔

چکچوندھی (ھ۔ مونث) چکاچوندھ۔

چنچوہی (ہ۔ مونث) چمڑے کا ایک کھلونا۔

چکچھندی۔ چکچھوندی (ھ۔ مونث) چھچھوندر۔

چُکدڑھیا (ہ۔ صفت) وہ شخص جس کے داڑھی کے بال تھوڑے ٹھوڑی کے نیچے ہوتے ہیں۔

چکڈول (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا جھولا۔ ہنڈولہ۔

چکڑہا (ہند) ضلع ندیا میں ایک قصبہ (م)

چکر (س) **چکّر** (ہ۔ مذکر) ۱ دائرہ۔ گول لکیر ۲ حلقہ۔ گروہ۔ دور۔ محیط۔ گھیرا ۳ کوئی چیز جو گولائی میں پھرے ۴ گاڑی کا پہیہ ۵ کمہار کا چاک ۶ کوئیں کی چرخی ۷ ایک گول ہتھیار جو سکھ پگڑی پر لگاتے ہیں۔ اس کے باہر کے کنارے تیز ہوتے ہیں اور اسے پھینکتے ہیں جس چیز پر لگے اسکو کاٹتا ہے ۸ احاطہ ۹ بھنور۔ گرداب ۱۰ بگولہ ۱۱ کولہو ۱۲ گول سڑک ۱۳ چکوہا ۱۴ گردش ۱۵ سر کا گھومنا ۱۶ حیرت۔ حیرانگی ۱۷ الگیا کا جنگلہ ۱۸ پرند کا گولائی میں اڑنا ۱۹ (س) فوج۔ گروہ ۲۰ (ھ) طرف۔ پہلو ۲۱ تماشاگاہ میں پھرنے کی جگہ ۲۲ گولائی میں پھرنا۔ گھومنا ۲۳ مصیبت۔ تکلیف ۲۴ (دماغی) نقشہ۔ فریب۔ پہاڑ ۲۵ راس منڈل۔ منطقۃ البروج ۲۶ سالوں کا موسموں کا زمانہ ۲۷ مہرے کے پرکار رنگ دار گھیرا ۲۸ بدن کے گڑھے جو شمار ہوتے ہیں ۲۹ گاؤں صوبوں ضلعوں کی تعداد ۳۰ حکومت ۳۱ ایک تیرتھ ۳۲ سکندر کا ایک پرستار ۳۳ ایک مصنف ۳۴ ایک

ناگ ۲ ایک پرند ۳ ایک بوٹی ۴ (عص) ایک پہاڑ ۵ وشن جی کا ہتھیار چکر آنا (لازم) سر گھومنا۔ سر پھرنا۔ چکر باندھنا (متعدی) ۱ اس طرح کسی چیز کو گردش دینا کہ دائرے کی شکل بن جائے ۲ پیچ در پیچ ہونا۔ چکر بندھنا (لازم) دیکھو آخری۔ چکر دینا (متعدی) ۱ پھرانا ۲ لمبے راستے سے لے جانا ۳ پھیر دینا ۴ گھوڑے کو پھرانا ۵ حیران کرنا۔ چکر کاٹنا (متعدی) ۱ بار بار آنا جانا۔ پھیر کرنا ۲ گردش کرنا (دہلی)۔ چکر کرنا (متعدی) پھرنا۔ پھیرے کرنا۔ چکر کھانا (متعدی) ۱ گردش کرنا۔ گھومنا ۲ سر پھرنا۔ تیورانا ۳ گھبرا جانا ۴ آوارہ پھرنا۔ مارے مارے پھرنا ۵ کشتی یا جہاز کا ڈوبنے پر گھومنا۔ ہوائی جہاز کا گرتے ہوئے گھومنا ۶ (عف) فریفتہ یا عاشق ہونا)۔ چکر کی سڑک (مونث) گول سڑک۔ وہ سڑک جو عموماً شہروں کے گرد ہوتی ہے۔ چکر لانا (متعدی) ۱ شرارت کرنا۔ فیل لانا ۲ سر پھرانا۔ چکر لگانا (متعدی) ۱ پھرنا۔ پھیر کرنا ۲ گردش کرنا۔ گھومنا ۳ گرد پھرنا۔ گشت کرنا۔ چکر لینا (متعدی) چکر لگانا۔ چکر مارنا (متعدی) بار بار آنا جانا۔ پھیر کھانا ۲ گردش کرنا۔ گھومنا۔ چکر میں آنا یا ہونا (لازم) ۱ مصیبت میں پھنسنا ۲ پریشان ہونا۔ ششدر ہونا۔ چکر میں ڈالنا (متعدی) ۱ مصیبت میں پھنسانا ۲ حیران کرنا۔ حواس باختہ کرنا ۳ رستہ بھلانا۔

چَکرا (ھ۔ مذکر) بڑا۔ دال کی بنی ہوئی ٹکیہ۔

چَکرا (ہ۔ امر) چکرانا کا (س چکر۔ پھرنا) چکرا جانا (لازم) ۱ گھبرا جانا ۲ سر کا چکر کھانا۔ سر پھرنا۔ چکرا دینا (متعدی) پریشان کر دینا۔ چکرانا (لازم) ۱ گردش کرنا۔ پھرنا۔ گھومنا ۲ گھبرانا۔ پریشان ہونا۔ سٹ پٹا جانا ۳ غش کھانا ۴ مصیبت میں پڑنا۔

چُکرا (ھ۔ صفت) ۱ جلد باز۔ تاؤلا۔ بے پروا ۲ وہ شخص جو بے پروائی سے لوگوں کو نقصان پہنچائے۔

چکرانہ (ہ۔ مذکر) ایک درخت کا بیج جو دواؤں میں کام آتا ہے۔ اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔

چکرانی (ھ۔ مونث) نوکرانی۔ خادمہ۔ ملازمہ۔

چکراول (ھ۔ مذکر) دیکھو چکاور۔

چکربا (ھ۔ مذکر) ۱ شور۔ غوغا ۲ ہلچل۔ کھلبلی۔ دوڑ دھوپ ۳ عیش و عشرت۔ خوشی۔ آنند ۴ جھگڑا۔ فساد۔ چکربا مچانا (متعدی) ۱ شور مچانا ۲ رنگ رلیاں منانا ۳ جھگڑا کرنا۔

چکر مکر (ار دو۔ مذکر) دغا۔ فریب۔ دم جھانسا۔ چکر مکر چلے جانا (لازم) ہلنا۔ حرکت کرنا۔ پھرنا۔ چکر مکر لگانا (متعدی) حیلہ حوالہ کرنا ۲ ہلنا۔ جنبش کرنا۔

چکری (ھ۔ مونث) ۱ چرخی۔ گھرنی ۲ چنی ۳ لکڑی کا گول تختہ جس پر روٹی بیلی جاتی ہے ۴ ایک چھوٹا سا پہیہ یا چرخی جس پر دھاگا ہاتھ کی حرکت سے کھلتا اور لپیٹا جاتا ہے۔ پھرکی ۵ گانے والوں کا مجمع یا چکر ۶ ایک قسم کا کپڑا جو ریشم اور سوت کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ چکری وت (مذکر) ایک راجہ کا نام۔

چکری (ھ۔ مونث) زمین کی تقسیم جو چھوٹے چھوٹے حصوں میں کی جاتی ہے۔

چَکرِیا (ہ۔ مذکر) ۱ چاکر۔ نوکر۔ ملازم۔ حاضر باش ۲ (ھ۔ مونث) چاکری۔

چُکڑ (ھ۔ مذکر) مٹی کا پینے کا پیالہ۔ چُھر۔

چکڑی (ہ۔ مونث) ایک قسم کی زرد لکڑی جس کی کنگھیاں بنتی ہیں۔

چَکس (ف۔ مذکر) **چَکَس** (ھ) پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی۔ پرندوں کا اڈا۔

چَکسونی (ھ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس۔

چَکِش (ف۔ مونث) پانی کا ٹپکنا۔ ٹپکا۔

چِکِل (س۔ مذکر) کیچڑ۔

چکلا (ہ۔ صفت) ۱ گول۔ مدور ۲ چوڑا۔ عریض ۳ (مذکر) گول اور چپٹا پتھر یا لکڑی کا ٹکڑا ۴ دانہ دلنے کی چکی ۵ ملک کا ایک حصہ جس میں کئی پرگنے ہوں۔ علاقہ صوبہ۔ جاگیر ۶ شہر کا وہ حصہ جہاں رنڈیاں رہیں ۷ کوٹھی چھلا ۸ چکی کا پاٹ ۹ وہ گول پتھر جس پر روٹی بیلتے ہیں ۱۰ لکڑی کا گول کندہ ۱۱ ایک قسم کا کپڑا ریشم اور سوت سے بنا ہوا۔ چکڑی (س چکر۔ گول)۔ چکلا بندی (مونث) حدبندی صوبے کو چکلوں میں تقسیم کرنا۔ چکلا پا (مذکر) چکلائی (مونث) چوڑائی۔ چکلا خرچ (مذکر) چکلے کے متعلق جو کچھ خرچ کیا جائے۔ چکلان (مذکر) چوڑائی۔ چکلی (مونث) چرخی۔ چکلے دار (مذکر) ۱ صوبیدار۔ صوبے یا چکلے کا حاکم۔ ناظم ۲ جاگیردار ۳ محلدار ۴ کسبیوں کے محلے کا داروغہ۔

چکلانا (ھ۔ متعدی) چوڑا کرنا۔ بڑا بنانا۔

چکلس ہونا (اردو۔ لازم) تھوڑی سی جگہ پر بہت آدمیوں کا جمع ہونا۔

چَکلنا (ھ۔ متعدی) ۱ دبانا۔ کھینچنا ۲ چبانا۔ کھانا ۳ کچلنا۔ مسلنا۔

چَکما (ہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ فریب۔ دغا بازی۔ دم ۲ ضرر۔ نقصان ۳ ایک قسم کا کھیل۔ چکما اٹھانا (متعدی) دھوکا کھانا۔ چکما چل جانا یا چلنا (لازم) ۱ داؤں چلنا ۲ فریب کی چال چلنا۔ چکما دینا (متعدی) چھل فریب دینا۔ چکما کھانا (متعدی) دھوکا کھانا۔ چکما نہ چلنا۔ داؤں میں آیا۔

چکمے (مذکر) ۱ چکما کی جمع ۲ بجائے چکمہ حروف وغیرہ سے پہلے۔

چکماک چکمک (ھ۔ مونث) دیکھو چقماق

مثل۔ چکمک دیدہ کھائے ملیدہ آنکھیں لڑانے والی عورت اچھے اچھے کھانے کھاتی ہے۔ بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔

چکمہ (ت۔ مذکر) جوتا۔ موزہ۔

چِکَن (ف۔ مونث) ۱ ایک قسم کا پھول کاڑھنے کا طریقہ۔ کشیدہ۔ سوزن کاری ۲ ایسے بیل بوٹوں کا کپڑا۔ چکن دوز (مذکر) چکن بنانے والا۔ چکن دوزی یا کاری (مونث) چکن بنانے کا کام۔ چکن گر (مذکر) چکن دوز۔

چِکنا (ہ۔ صفت) **چکنا** (ھ) ۱ چرب۔ تیل لگا ہوا ۲ وہ جس پر سے ہاتھ پھسل جائے ۳ روغنی۔ تیلیا ۴ چربی دار۔ موٹا فربہ ۵ نہایت صاف اور رگڑا ہوا۔ پالش کیا ہوا ۶ چمکدار۔ صاف ستھرا ۷ خوبصورت۔ حسین ۸ رونق دار۔ پررونق ۹ بےحیا۔ بےغیرت ۱۰ چرب زبان۔ میٹھا بولنے والا ۱۱ (مذکر) تیل۔ گھی۔ روغن چربی۔ چکنا باسن (مذکر) دیکھو چکنا گھڑا۔ چکناٹ (ھ۔ مونث) دیکھو چکناہٹ۔ چکنا چانڈا (ھ) خوبصورت حسین۔ چکنا چپڑا (صفت) ۱ چرب۔ تیل لگا ہوا ۲ چرب زبان۔ میٹھا بولنے والا ۳ خوش پوش۔ خوش لباس ۴ پرمذاق۔ مسخرہ ۵ صاف۔ ستھرا۔ چکدار۔ چکنا چپڑا رہنا (لازم) خوش پوش رہنا۔ اچھے کپڑے پہننا۔ بنا سنوارا رہنا۔ ہلکا بنا رہنا۔ چکنا کرنا (متعدی) تیل لگانا۔ چکنائی لگانا۔ صاف کرنا۔ پالش کرنا۔ چکنا گھڑا (مذکر) ۱ بےحیا۔ بےغیرت۔ بےشرم ۲ جس پر کسی بات یا نصیحت کا اثر نہ ہو ۳ بدچلن۔ بدمعاش (رہنا۔ ہو جانا ہونا کے ساتھ)۔ چکنانا (متعدی) کسی چیز پر روغن لگانا کہ وہ چکنی ہو جائے ۲ (باتیں) میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ چرب زبانی کرنا۔ چکناوت (ھ) چکناوٹ (مونث) دیکھو چکناہٹ۔ چکناونا (ھ) چکنا کرنا۔ چکناہٹ ۱ چکنائی ۲ خوبصورتی ۳ چمک۔ صفائی ۴ پالش۔ چکناہٹ دور کرنا (متعدی) کسی چیز کو دھو کر یا کوئی دوا لگا کر چکنائی رفع کرنا۔ چکنائی (مونث) ۱ تیل۔ گھی۔ روغن۔ چربی ۲ چکناہٹ۔ ڈھیٹ پن ۳ بےشرمی۔ بےحیائی۔ بےوفائی۔ چکنوٹ (ھ) دیکھو چکناہٹ۔ چکنی (مونث صفت) ۱ دیکھو چکنا ۲ (مونث) ایک قسم کی چھالیا۔ ڈلی۔ چکنیا (ھ) ۱ دیکھو چکنا ۲ (مذکر) البیلا۔ بانکا۔ چھیلا۔ چھیل چھبیلا۔ چکنی باتیں (مونث) خوشامد یا چاپلوسی کی باتیں۔ دلفریب باتیں۔ چکنی جورو (مونث) آوارہ عورت۔ فاحشہ بیوی۔ چکنی چپڑی باتیں (مونث) ۱ خوشامد یا چاپلوسی کی

باتیں ۲ خوش کرنے والی باتیں (بنانا کرنا ہونا کے ساتھ) **چکنی چھالیا۔** ڈلی یا سپاری (مونث) ایک قسم کی چھالیا جسکو دودھ میں پکا کر خشک کر لیتے ہیں۔ **چکنی مٹی** (مونث) ایک قسم کی مٹی جو لیپنے کے کام آتی ہے۔

امثال و اقوال۔ چکنا دیکھ پھسل پڑے ۱ دولت دیکھ کے ریجھ گئے ۲ خوبصورت دیکھ کے لوٹ ہو گئے۔ **چکنا گھڑا بوند پڑی اور ڈھل گئی۔** بے غیرت کو شرم نہیں آتی سبے شرم پروا نہیں کرتا (چکنا یا) **چکنیا فقیر مخمل کا لنگوٹ** شوقین آدمی غربت میں بھی شوقینی سے باز نہیں آتا۔ **چکنی باتیں جن پتیاؤ** (ھ) چاپلوسی کی باتوں پر اعتبار نہ کرو۔ **چکنی چپڑی باتوں سے پیٹ نہیں بھرتا۔** میٹھی باتوں سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی کچھ دے تو نہیں باتوں میں ٹالدے۔ **چکنے گھڑے پر بوند نہیں ٹھہرتی۔** بے غیرت کو پروا نہیں ہوتی۔ **چکنے گھڑے پر پانی۔** بے غیرت کو شرم ناممکن بات ہے۔ بے غیرت شرمندہ نہیں ہوتا۔ **چکنے گال تلنیاں کے اور جرے برے بھڑ بھونجنیاں کے** (ھ) تیلن کے گال خوب چمکدار ہوتے ہیں۔ بھڑ بھونجن کے جلے ہوئے پیشے کا اثر انسان پر ہو جاتا ہے۔ **چکنے گلوا ملوا کے** (ھ) امیر آدمی کے گال چکنے ہوتے ہیں۔ امارت چہرے سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ **چکنے منہ کو سب (چٹتے ہیں) چومتے ہیں۔** بڑے آدمی کی سب خاطر مدارات کرتے ہیں۔

چکنا (ھ۔ لازم) چکھنا۔

چکنا چور (ہ۔ صفت) ۱ ٹکڑے ٹکڑے۔ چورا چورا۔ ریزہ ریزہ ۲ تکلیف سے اذیت میں ۳ (مذکر) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ چورا۔ **چکنا چور کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ توڑ دینا۔ ریزہ ریزہ کر دینا ۲ تھکا دینا۔ بہت پھرا کر تھکا دینا۔ **چکنا چور ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ ریزہ ریزہ ہو جانا۔ ٹوٹ جانا ۲ بے حد تھک جانا۔ (س کھنڈ۔ توڑنا)

چکو (ہ۔ مذکر) چاقو کا بگڑا ہوا۔

چکوا (ہ۔ مذکر) ایک آبی پرند۔ سرخاب (س۔ چکرواک) **چکوا پکشی** (ھ۔ مونث) **چکوا چکوا چکوئی** (مذکر) سرخاب کا جوڑا۔ **چکوا انڈ** (ھ۔ مذکر) چکوے کے انڈے۔ **چکوئی۔ چکوی** (مونث) چکوے کی مادہ۔

مقولہ۔ چکوا چکوی دو جنے ان مت مارو کوئی۔ یہ مارے کرتار کے رین بچھو یا ہوئی۔ چکوا چکوی کو نہیں مارنا چاہئے انہیں پرمیشر نے ہی یہ سزا دی ہے کہ رات کو جدا رہتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ دو عاشق معشوق تھے۔ بغیر شادی کے وصل کر بیٹھے۔ سو انکو جانور بنا دیا گیا اور یہ سزا ملی کہ ساری رات الگ رہیں۔ رات کو ایک دوسرے کو کہتا ہے کہیں آؤں تو دنغہ میں جا بدیتا ہے۔ غالباً انکے رات کو بولنے سے یہ قصہ گھڑا گیا ہے۔

چکوا (ھ۔ مذکر) بھنور۔ گرداب۔

چکوتا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک مرض جسمیں ٹانگ پر پھنسیاں نکل آتی ہیں ۲ دیکھو چک کے تحت میں۔

چکوترا (ہ) **چکوترہ** (ھ۔ مذکر) ایک نارنج کی قسم کا پھل جو نارنگی سے بہت بڑا ہوتا ہے (س چکرک۔ گول)

چکوتہ (مذکر) **چکوتی** (مونث) **چکوٹا** (ھ) دیکھو چکوتا چک کے تحت میں۔

چکور (ہ۔ مذکر) تیتر کی قسم کا ایک پرند جس کی چونچ اور پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے۔ پرانے زمانے کے لوگوں کا خیال تھا کہ یہ چاند پر عاشق ہے۔ اور چاند کی کرنیں کھاتا ہے۔ اور بدر کی رات کو آگ کھاتا ہے۔ **چکوری** (ھ۔ مونث) چکور کی مادہ۔

چکور (س۔ مذکر) ۱ دیکھو چکور (ہ) ۲ ایک قوم ۳ ایک راجہ ۴ ایک شہر۔

چکورا (ھ۔ صفت) ۱ بیوفا ۲ بیچین بے قرار۔

چکورنا (ھ۔ متعدی) ۱ ٹھونگے مارنا ۲ چگنا۔

چکوند۔ چکوندا۔ چکونڈ۔ چکونڈ۔ چکونڑ۔ چکونڑ۔ چکونڑہ (ھ۔ مذکر) ۱ ایک پودا جس کا بیج داد کے لئے مفید ہے ۲ ایک ساگ۔

چکوہ (ھ۔ مذکر) چکر۔

چکہ (ھ۔ مذکر) دیکھو چکا۔

چکھ (ہ۔ امر) چکھنا کا۔ **چکھا** (امر) چکھانا کا ۲ (ماضی) چکھنا کا۔ **چکھا چکھی کرنا** (متعدی) تھوڑا سا چکھ لینا۔ **چکھا دینا** (متعدی) ۱ کھلا دینا تھوڑا سا ۲ (مزا) سزا دینا۔ **چکھ جانا** (لازم) ۱ کھا جانا ۲ ہضم کر جانا۔ خورد برد کر جانا۔ **چکھ ڈالنا** (متعدی) کھا جانا۔ مال اڑا دینا۔ روپیہ اجاڑ دینا۔ **چکھنا** (لازم) ۱ ذرا سا کھانا۔ ذائقہ یا چاشنی دیکھنا ۲ لذت اٹھانا۔ مزا اڑانا ۳ کھانا۔ نوش کرنا ۴ سزا پانا۔ ثمرہ بھگتنا ۵ انڈے کو دانتوں پر مار کر اس کی مضبوطی دیکھنا۔ **چکھوانا** (م) چکھنا کا۔ **چکھوتی** (مونث) لذیذ کھانا۔ **چکھوتیاں** (مونث) ۱ لذیذ کھانے۔ مزیدار طعام ۲ چٹور پن۔ چسکا۔ **چکھوتیاں کرنا** (متعدی) بازار سے سودے سلف کھانا۔ دوسرے اڑانا۔ مال چکھنا۔ **چکھی** (مونث) ۱ چاٹ۔ چسکا۔ تھوڑا سا کھانا ۲ کسی کا مال کھا جانا ۳ لڑائی سے پہلے بٹیر کا تھوڑا سا دانہ کھانا۔

مقولہ۔ چکھ ڈال مال دھن کو۔ کوڑی نہ رکھ کفن کو۔ جس نے دیا ہے تن کو دیگا وہی کفن کو۔ مزے اڑاؤ خرچ کرو اور کسی بات کی پروا نہ کرو۔

چکھ (س۔ مذکر) ۱ آنکھ چشم ۲ (ھ) دیکھو چخ ۳ جیسا۔ **چکھا چکھ** (ھ) دیکھو چخا چخ۔ **چکھو** (ھ) ۱ آنکھ ۲ جیسا۔

چکھر (ھ۔ مذکر) چنے کا چھلکا۔

چکھر (ھ۔ امر) چکھرنا کا۔ **چکھرا** ۱ (ماضی) چکھرنا کی۔ **چکھرن** (مذکر) ایک جنگلی بوٹی۔ **چکھرنا** (متعدی) کھیت کو جنگلی بوٹیوں سے صاف کرنا۔ **چکھروانا** (م) چکھرنا کا۔ **چکھروائی** (مونث) جنگلی بوٹیاں نکلانے کی مزدوری۔

چکھوری (ھ۔ مونث) گلہری۔

چکئی (ہ۔ مونث) ۱ ایک کھلونا۔ چکری ۲ پھرکی ۳ نارنگی (س چکرکا) ۴ (ھ) چکوا کی مادہ (س چکرواکی) **چکئی آڑو** (مذکر) بڑا گول آڑو۔ **چکئی چکوا** (مذکر) سرخاب کا جوڑا۔

چکی (ہ۔ مونث) ۱ وہ آلہ جس میں آٹا یا دانہ پیستے ہیں ۲ گھٹنے کی ہڈی ۳ (ھ) دیکھو چکری ۴ (ھ) بجلی۔ صاعقہ ۵ (ھ) لکڑی جو بندوق کے نیچے لگاتے ہیں (س چکرکا) **چکی بنانے والا** (مذکر) وہ شخص جو چکی کو کھردرا کرتا ہے۔ **چکی پھیرنا** (متعدی) چکی چلانا۔ **چکی پیس کر گزارا کرنا** (متعدی) نہایت غریب ہونا۔ **چکی پیسنا** (متعدی) ۱ آٹا پیسنا۔ چکی چلانا ۲ مصیبت بھگتنا ۳ کسی کام کو مدت تک

کئے جانا۔ **چکی تلنا** (لازم) چکی کا کھردرا کیا جانا۔ **چکی چھونا** (متعدی) چکی چلانا۔ آٹا پیسنا۔ لمبا قصہ شروع کر دینا۔ دکھڑا رونا۔ **چکی چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) 1 آٹا پیسنا۔ 2 چکی کا گردش کرنا۔ **چکی رہا** (مذکر) وہ شخص جو چکی کو کھردرا بناتا ہے۔ 2 (ہ) کنٹھ پھوڑا۔ **چکی رہانا** (متعدی) چکی کو کھردرا کرنا۔ **چکی کا پاٹ** (مذکر) چکی کے دونوں پتھروں میں سے کوئی ایک۔ **چکی کا پیسنا** (مذکر) 1 چکی چلانا۔ 2 نہایت مشکل کام کرنا۔ **چکی کا کھونٹا** (مذکر) چکی چلانے کا ڈنڈا۔ **چکی کی کیل یا مانی** (مذکر) وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے۔ **چکی نامہ** (مذکر) ایک گانا جو عورتیں شادی کے موقع پر ابٹنا پیستے ہوئے گاتی ہیں۔ **چکی نادری یا نادری** (مونث) ابٹنا دولہا دلہن اور پیسنے والیوں کو دینا۔

امثال۔ چکی تلے ریو سیرا گھر تیرا۔ نکل ساس گھر میرا۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب بہو گھر کا انتظام اپنے ہاتھ میں لینا چاہے۔ **چکی میں کول ڈالو گے تو چون پاؤ گے۔** بغیر کام کئے کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

چکّی (ہ۔ مذکر) 1 دیکھو چکن۔ 2 (مونث) سڑی ہوئی کا چھالیا۔

چُکّی (ہ۔ مونث) دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ دم۔ جھانسا۔ چھل۔ بُتّا۔ **چکّی پکّی** (ہ۔ مونث) بچوں کی زبان میں۔ ختم ہو گئی۔ کوئی چیز ختم ہو گئی۔ **چکّی دینا** (متعدی) دھوکا دینا وغیرہ۔

چکّے (ہ۔ مذکر) ایک تیوہار ہندوؤں کا جس میں چکی کی پسی ہوئی کوئی چیز نہیں کھائی جاتی۔

چکیٹا۔ چکیٹھا (ہ۔ صفت) 1 بہت بڑی آنکھوں والا۔ ابھری ہوئی آنکھوں والا۔ 2 (مذکر) ایسی آنکھوں والا آدمی۔

چکیدگی (ف۔ مونث) 1 ٹپکی ہوئی چیز۔ مقطر چیز۔ 2 قطرہ۔ 3 ٹپکنا۔ مقطر کرنا۔

چکیدہ (ف۔ صفت) ٹپکا ہوا۔ مقطر۔ رِسا ہوا۔

چُگ (ہ۔ امر) چگنا کا (س) چُرنی۔ چننا۔ **چُگّا** (امر) 1 چگانا کا۔ 2 (ماضی) چگنا کی۔ 3 (مذکر) وہ خوراک جو چونچ سے اٹھائی جائے۔ 4 وہ خوراک جو مادہ پرند بچے کو چونچ سے دے۔ 5 چگن۔ چگائی۔ 6 (صفت) چونچ سے اٹھایا ہوا۔ 7 پتلا۔ تھوڑا جیسے چگا داڑھی۔ **چگّا** (صفت) دیکھو چگا 6۔ **چگانا** (متعدی) 1 پرندوں کو دانہ کھلانا۔ 2 دانہ کھلانے کے لئے پرندوں یا جانوروں کو باہر لے جانا۔ **چگائی** (مونث) 1 چگانے کی اجرت۔ 2 چگنا۔ 3 چگنے کی چیز۔ 4 چگا 2، 3، 4۔ **چگ لینا** (متعدی) 1 اٹھا لینا۔ چن لینا۔ منتخب کر لینا۔ 2 تہ کرنا۔ 3 چگنا۔ **چُگَن** (ہ) 1 چگنا۔ 2 اکٹھا کرنا۔ اٹھانا۔ چننا۔ 3 دانہ جو چگا جائے۔ 4 پلیٹ۔ چنت۔ **چُگنا** (لازم) 1 چونچ سے دانہ کھانا۔ چن چن کر چونچ سے کھانا۔ **چگّو** (صفت) دیکھو چگا 6۔

چگال (ہ۔ صفت) بھاری۔ بوجھل۔ موٹا۔

چگلنا (ہ۔ متعدی) 1 آہستہ آہستہ اور دیر تک چبانا۔ 2 منہ میں پھیرنا۔ 3 بغیر بھوک یا مزے کے کھانا۔

چگونگی (ف۔ مونث) 1 کیفیت۔ اصلیت۔ 2 خاصیت۔ 3 حقیقت۔

چگونہ (ف۔ تف) کس طرح۔ کس قسم کا۔ کس طریقے پر۔ کس حالت میں۔

چل (ہ۔ امر) 1 چلنا کا۔ 2 ہٹ۔ دور ہو۔ 3 (مونث) ہل کے ساتھ بطور تابع۔ 4 (س) روانگی۔ رخصت۔ کوچ۔ 5 پراگندگی۔ برہمی۔ 6 اختلاف۔ فرق۔ تفاوت۔ 7 دھوکا۔ جھوٹ۔ سچ سے دوری۔ 8 پورا نہ کرنا وعدہ کا۔ پورا نہ ہونا پیشنگوئی کا۔ 9 چلتا ہوا۔ حرکت کرتا ہوا۔ کانپتا ہوا۔ 10 بیقرار۔ بیوفا۔ ناپائدار۔ 11 حیران۔ پریشان۔ **چلا** (امر) 1 چلانا کا۔ 2 (ماضی) چلنا کی۔ 3 قابو سے نکلا۔ غائب ہونے کو ہوا۔ 4 (صفت) روانہ شدہ۔ گیا ہوا۔ **چلا آنا** (متعدی) لگاتار آنا۔ **چلا جانا** (لازم) 1 روانہ ہونا۔ رخصت ہونا۔ 2 جاری رہنا۔ بڑھنا۔ کام کرتے رہنا۔ 3 دیر تک رہنا۔ دیرپا ہونا۔ 4 سلسلہ نہ ٹوٹنا۔ **چلا چاہنا** (لازم) چلنے کے لئے تیار ہونا۔ چلنے کا ارادہ کرنا۔ **چلاچل** (س۔ صفت) 1 متحرک وغیر متحرک۔ ساکن وغیر ساکن۔ 2 ادھر ادھر جانا۔ حرکت کرنا۔ 3 بے قیام۔ بے ثبات۔ 4 (مونث) دیکھو چلا چلی۔ **چلا چلنا** (متعدی) چلتے رہنا۔ چلنے کا سلسلہ نہ توڑنا۔ **چلا چلی** (مونث) 1 ہل چل۔ 2 سفر کی تیاری۔ 3 سفر پر روانگی۔ 4 مرجانا (لگنا ہونا کے ساتھ) **چلا دینا** (متعدی) دیکھو چلانا۔ **چلان** (ہ۔ مذکر) چالان۔ **چلانا** (متعدی) 1 روانہ کرنا۔ 2 حرکت دینا۔ 3 ہانکنا۔ 4 جاری کرنا۔ بہانا۔ 5 نکالنا۔ دفع کرنا۔ 6 پھاڑنا۔ تار جدا کرنا۔ سکانا۔ 7 (کام) بندوبست کرنا۔ کام کو جاری رکھنا۔ 8 (دوکان وغیرہ) رونق دینا۔ کامیاب بنانا۔ 9 (سود پر) بیاج پر دینا۔ 10 (نام) بڑھانا۔ یادگار رکھنا۔ 11 (رکھوٹا روپیہ وغیرہ) استعمال کرنا۔ کام میں لانا۔ 12 (لکڑی وغیرہ) اندر کرنا۔ گھیڑنا۔ 13 (تیر) سر کرنا۔ تیر مارنا۔ 14 (بندوق) فائر کرنا۔ 15 (پتھر وغیرہ) پھینکنا۔ 16 (مقدمہ) عدالت میں دائر کرنا۔ 17 (ہاتھ) مارنا۔ 18 (کشتی وغیرہ) رواں کرنا۔ **چلاؤ** (صفت) 1 جاتا ہوا۔ حرکت دیتا ہوا۔ گزرتا ہوا۔ 2 فانی۔ ناپائیدار۔ 3 بے وفا۔ بدلنے والا۔ 4 ہلتا ہوا۔ جنباں۔ 5 مرتا ہوا۔ 6 جانے پر تیار۔ **چلاؤ** (ہ) 1 حرکت۔ چلنا۔ 2 رسم۔ رواج۔ 3 رویہ۔ چلن۔ **چلاوا** (ہ) چلاؤ۔ **چلاون** (ہ) چالان۔ **چلاونا** (ہ) چلانا۔ **چلایمان** (ہ) 1 چلتا ہوا۔ بڑھتا ہوا۔ 2 متحرک۔ 3 ناپائیدار۔ قائم نہ رہنے والا۔ 4 بے وفا (ہونا کے ساتھ)۔ **چل بچل** (صفت) 1 بے موقع۔ بے جگہ۔ 2 ناپائیدار۔ غیر معین۔ 3 بے ثبات۔ 4 (مونث) بدانتظامی۔ ابتری۔ ہل چل۔ 5 بے ثباتی۔ ناپائیداری۔ 6 جھوٹ۔ غلط بیانی۔ 7 خطا۔ غلطی۔ سہو۔ چوک۔ 8 علیحدگی۔ جنبش۔ حرکت (پڑنا۔ ہونا کے ساتھ) (مت) **چل بسنا** (متعدی) مرجانا۔ **چل تھی۔ چل بے (چل)**۔ دور ہو۔ ہٹ۔ بعض وقت خفگی بعض وقت ناز سے کہتے ہیں۔ **چل پڑنا** (لازم) 1 روانہ ہونا۔ چلنے لگنا۔ 2 شروع ہونا۔ 3 کامیاب ہونا۔ بکری شروع ہونا۔ **چل پرے** (مت) دیکھو چل دور۔ **چل پھر** (مونث) 1 گردش۔ 2 گردش تلوار۔ 3 چالاکی۔ 4 آمد و رفت۔ **چل پھیر** (مذکر) حرکت۔ ادھر ادھر جانا۔ **چلت** (س) 1 حرکت کرنا۔ روانہ ہونا دیکھو چلنا۔ 2 (ہ) حرکت۔ چال۔ **چلت** (س) 1 گیا ہوا۔ رخصت شدہ۔ 2 کانپتا ہوا۔ لرزتا ہوا۔ 3 جاری۔ رائج الوقت۔ 4 رواجی۔ معمولی۔ رسمی۔ 5 جائداد منقولہ۔ **چلتا** (صفت) 1 رواں۔ جاری۔ بہتا ہوا۔ گزرتا ہوا۔ جاتا ہوا۔ 2 متحرک۔ 3 مروج۔ رائج۔ رواجی۔ معمولی۔ 4 استعمال میں۔ مستعمل۔ 5 زیر کاشت۔ 6 قابل فروخت۔ 7 بھاگتا ہوا۔ 8 چالاک۔ ہوشیار۔ 9 کارگر۔ پُراثر۔ 10 سرسبز۔ اچھی حالت میں۔ 11 مبہم۔ گول مول۔ بے سروپا۔ **چلتا بننا** (متعدی) کھسک جانا۔ بھاگ جانا۔ **چلتا پرزہ** (مذکر) بہت چالاک آدمی۔ سخت متفنی۔ **چلتا**

پھرتا نظر آ۔ دیکھو چل ہوا ہو۔ **چلتا پھرتا نظر آنا** (لازم) مطلب حل کر کے چلا جانا۔ **چلتا چھپر** (مذکر) چھتری۔ چھاتا (فقیروں کی اصطلاح) **چلتا دور** (مذکر) شراب وغیرہ کا آخری دور۔ **چلتا رکھنا** (لازم) ۱ جاری رکھنا۔ قائم رکھنا ۲ لمبا کرنا۔ پھیلانا۔ **چلتا زمانہ** (مذکر) ۱ بڑھاپے کا زمانہ ۲ آسودگی کا زمانہ۔ **چلتا کام** (مذکر) جلدی کا کام بڑا کام ۲ عارضی کام۔ **چلتا کرنا** (متعدی) ۱ روانہ کر دینا۔ غائب کر دینا ۲ کسی کا کام نکال دینا ۳ کارروائی کے قابل کرنا۔ آگے بھیج دینا ۴ ہلاک کرنا ۵ تیز کرنا۔ دھار رکھنا۔ **چلتا ہوا** (صفت) ۱ کارگر۔ پُر اثر ۲ چالاک۔ ہوشیار۔ **چلتا ہوا اوزار** (مذکر) ۱ تیز اوزار ۲ (مجازاً) دغاباز۔ دھوکے باز۔ ٹھگ۔ عیار۔ **چلتا ہوا پُرزہ** (مذکر) دیکھو آخری ۲۔ **چلتا ہوا تعویذ** (مذکر) مؤثر تعویذ۔ وہ تعویذ جس میں اثر ہو۔ **چلتا ہونا** (لازم) روانہ ہونا۔ کھسک جانا ۲ رائج ہونا ۳ بھاگ جانا ۴ جاری ہونا۔ بھیجا جانا۔ **چلتاؤ** (مذ۔ صفت) دیکھو چلن ہار۔ **چلت پھرت** (مونث) ۱ حرکت۔ چلنا پھرنا ۲ چالاکی۔ پھرتی۔ **چلتی** (مونث) ۱ تیزی۔ پھرتی۔ چستی ۲ پہنچ۔ رسائی ۳ طاقت۔ قوت۔ اثر ۴ زمین جو زیر کاشت ہو ۵ (صفت) چلنے والی۔ **چلتے** (تف) باعث۔ سبب۔ وجہ سے۔ **چلتے پھرتے** (تف) ادھر اُدھر پھرتے۔ **چلتے پھرتے نظر آؤ**۔ چلے جاؤ۔ **چلتے پھرتے نظر آنا** (لازم) کام کر کر چلتے بننا۔ **چلتی (پھرتی) چھاؤں (دھوپ)** (مونث) جلد ختم ہونے یا گزرنے والی چیز۔ دولت ناپائدار کو تشبیہ دیتے ہیں۔ **چلتے چلتے** (تف) چلنے کے وقت۔ **چلتی چیز** (مونث) وہ چیز جس کی مانگ ہو۔ **چلتی دکان** (مونث) دکان جس پر خوب بکری ہو۔ **چلتی کسر** (مونث) کسور متوالی۔ **چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا** (متعدی) کام میں رخنہ پیدا کرنا۔ **چلتے ہاتھ** (تف) ۱ جب تک قابو حاصل ہے ۲ جب تک ہاتھ میں کام کرنے کی طاقت ہے۔ **چلتے ہاتھ پاؤں**۔ جب تک ہاتھ میں طاقت ہے۔ **چلتے ہاتھ کام بنا لو**۔ زندگی میں جو کچھ کرنا ہے کر لو۔ **چلتی ہوا سے لڑنا** (لازم) ۱ خواہ مخواہ لڑنا۔ بات بات پر لڑنا ۲ سخت بدمزاج ہونا۔ **چلتی ہوئی بات** (مونث) وہ بات جو سرسری طور پر کہی جائے۔ **چل جانا** (لازم) ۱ پھٹ جانا۔ مسک جانا ۲ بسر ہونا ۳ لڑائی ہو جانا ۴ (تدبیر) کارگر ہونا ۵ کام دینا ۶ کامیاب ہونا ۷ ہار ماننا۔ گرنا ۸ تھک جانا ۹ خراب ہو جانا ۱۰ پاگل ہو جانا ۱۱ دست آنا۔ **چل جھوٹا (جھوٹی) (مجھے کب یقین آتا ہے)** کسی کی بات کا اعتبار نہ ہو تو کہتے ہیں۔ **چل چت** (س) ۱ متلون مزاج ۲ (ص) بیوفا شخص ۳ ناپائداری۔ متلون مزاجی۔ بیوفائی۔ **چل چخ**۔ پیچھے یا دور ہو (ع) دور ہو۔ ہٹ جا۔ **چل چلاؤ** (مذکر) سفر۔ کوچ۔ رواروی۔ دیکھو چلاچلی۔ **چل دینا** (لازم) ۱ روانہ ہونا۔ کافور ہونا ۲ فوت ہونا۔ **چل رہی ہے**۔ آپس میں بگاڑ ہے لڑائی ہے۔ **چل کھڑا ہونا** (لازم) کسی طرف چلنا روانہ ہونا۔ **چلن** (مذکر) ۱ جانا۔ روانہ ہونا ۲ چال رفتار ۳ وضع۔ روش ۴ رواج۔ دستور۔ رسم ۵ طرز زندگی۔ رویہ ۶ سکہ۔ سکہ کا رواج ۷ طریقہ۔ انتظام ۸ عادت۔ برتاؤ ۹ کفایت شعاری۔ جزرسی ۱۰ (س صفت) ہلتا ہوا۔ لرزاں ۱۱ (س) ناپائدار۔ غیر مستقل ۱۲ رائج۔ **چلنا** (لازم) ۱ ہلنا۔ حرکت کرنا ۲ سفر کرنا۔ کوچ کرنا ۳ جانا۔ روانہ ہونا ۴ جاری ہونا ۵ رسائی ہونا۔ رسوخ ہونا ۶ گرنا۔ بیہوش ہونا ۷ چہل قدمی کرنا۔ ٹہلنا۔ سیر کرنا ۸ دھوکا دینا۔ دم دینا ۹ لڑائی ہونا۔ فساد ہونا ۱۰ پھسلنا۔ گرنا ۱۱ مرنا۔ دنیا سے جانا ۱۲ (سکہ) رواج پانا ۱۳ (پھل) موسم ہونا۔ رُت آنا۔ بکنا شروع ہونا ۱۴ (کام) ترقی ہونا۔ رونق ہونا ۱۵ (نام) قائم رہنا ۱۶ (پودا) بڑھنا۔ بڑا ہونا ۱۷ گزرنا۔ عبور کرنا۔ پار ہونا ۱۸ (کپڑا وغیرہ) پھٹنا۔ مسکنا۔ ایک مدت تک ثابت رہنا ۱۹ (سالن وغیرہ) بسنا۔ سڑنا ۲۰ (قابو) داؤ لگنا۔ موقع پانا۔ قابو ہونا ۲۱ (ہاتھ) مارنا ۲۲ (زبان) بہت باتیں کرنا ۲۳ (قلم) لکھنا ۲۴ (ذکر بات وغیرہ) شروع ہونا ۲۵ (کتاب) پڑھا جانا۔ پڑھنے میں نہ آنا ۲۶ (توپ۔ بندوق وغیرہ) چھوٹنا۔ سر ہونا ۲۷ (تیغ تبر وغیرہ) رواں ہونا ۲۹ (جادو منتر وغیرہ) کارگر ہونا۔ مؤثر ہونا ۳۰ (شراب) دور ہونا ۳۱ (جوتا) جوتی پیزار ہونا۔ لڑنا۔ پائدار رہنا ۳۲ (کہنے پر) کہا ماننا ۳۳ (پیٹ) دست آنا ۳۴ (منہ) کھانا ۳۵ (دوکان) سرسبز ہونا ۳۶ (تحریر خط وغیرہ) پڑھا جانا ۳۷ (فریب) دھوکا کھانا ۳۸ (ہوا) حرکت کرنا۔ رواں ہونا ۳۹ (ساتھ) ہمراہ ہونا ۴۰ (آپس میں) لڑائی ہونا۔ بگاڑ ہونا ۴۱ امر کے ساتھ کام کے جاری رہنے کو ظاہر کرتا ہے۔ **چلنا پھرنا** (لازم) ٹہلنا۔ پھرنا۔ سیر کرنا۔ **چلن بگڑنا** (لازم) ۱ چال خراب ہونا ۲ سلامت روی میں فرق آنا۔ **چلن چلنا** (لازم) رفتار اختیار کرنا۔ **چلن سے** (تف) طریقے سے وضعداری سے۔ **چلن سے چلنا** (لازم) ۱ وضعداری سے بسر کرنا ۲ کفایت شعاری سے گزر کرنا۔ **چلن سیکھنا** (متعدی) کسی دوسرے کا طریقہ اختیار کرنا۔ **چل نکلنا** (لازم) ۱ رواں ہونا۔ جاری ہونا ۲ روانہ ہو جانا ۳ پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جانا ۴ سبقت لے جانا۔ آگے بڑھ جانا ۵ ترقی کر جانا ۶ اپنی حیثیت سے بڑھ جانا ۷ گستاخ ہو جانا۔ بے تکلف ہو جانا ۸ کسی کام کا بوجھ برداشت کرنے کے قابل ہو جانا ۹ تیز ہونا۔ چالاک ہونا ۱۰ اترا جانا۔ غرہ کرنے لگنا ۱۱ چلا جانا۔ **چلن ہار** (صفت) ۱ پا در رکاب۔ جو چلنے کو تیار ہو ۲ فنا ہونے والا ۳ مسافر۔ **چلن ہونا** (لازم) رواج ہونا۔ **چلنی** (صفت مونث) ۱ رائج۔ مروج ۲ استعمال میں مستعمل ۳ معمولی رسمی۔ **چلنے سے رہنا** (لازم) چلنے کے قابل نہ رہنا اپاہج ہو جانا۔ **چلنے لگنا** (لازم) جانے کے لئے تیار ہونا۔ جانے کا قصد کرنا۔ **چلو** (امر جمع) ۱ روانہ ہو۔ آؤ ۲ دور ہو۔ جاؤ ۳ چھوڑو۔ جانے دو ۴ خوب ہوا۔ اچھا ہوا ۵ کچھ پروا نہیں۔ یہی سہی۔ **چلو اچھا ہوا** اچھی بات ہوئی۔ بہتر ہوا۔ **چلوانا** (رم) چلن کا۔ **چلو جی خیر**۔ جانے دو۔ تکرار مت کرو۔ **چلو چھٹو**۔ ناکام چلے جاؤ۔ **چلویا** (صفت) ۱ چلنے والا۔ حرکت کرنے والا ۲ بہت چلنے والا۔ **چل ہوا** (بن) ہو۔ رخصت ہو۔ دور ہو۔ غصے یا بے تکلفی میں کہتے ہیں۔ **چل ہوا سو ہوا**۔ جانے دو۔ صبر کرو۔ جو ہونا تھا سو ہو گیا۔ **چلیئے** ۱ جائیے ۲ ہمراہ آئیے ۳ بس۔ اچھا ہوا۔ **چلی آنا** (لازم) ۱ لگاتار آتے رہنا ۲ اسی طرح ہوتا رہنا۔ **چلے جانا** (لازم) ۱ رواں ہو جانا ۲ چلنا جاری رکھنا ۳ کام کئے جانا۔ **چلے چلنا** (لازم) دیکھو آخری ۲ و ۳

امثال واقوال

چلاچلی کا سودا پیارے بھلا بھلی کر لو۔ موت آنیوالی ہے۔ کوئی نیک کام کر لو۔ **چلاچلی کی راہ میں بھلا بھلی کر لو**۔ دنیا سرائے فانی ہے کوئی نیک کام کر لو۔ **چل بدھو موری کی راہ** اب تو بے اختیار ہے۔ **چل برے بھلے کو چڑھ آئیں**۔ بدی پر آئے تو پھر کیا جس کو چاہا عیب لگا دیا۔ **چل بسے جو لوگ تھے اسلام کے**۔

رہ گئے باقی مسلماں نام کے بسلمانوں کے زوال اور موجودہ نسل کی نالائقی پر طنز ہے۔ چلتے بیل کو آر لگانا۔ چلتے بیل کے چونڑ میں لکڑی کرنا۔ چلتے بیل کی گانڑ میں انگلی کرنا ۱کام کرتے ہوئے کو روکنا ۲کام کرتے ہوئے کو ۳ ناحق تنگ کرنا ۔ چلتا پھرتا نہ مرے بیٹھا مرجائے ۱کاہل آدمی جلدی مرتا ہے۔ چلنے پھرنے والا جلد نہیں مرتا ۲ بہت احتیاط کرنے والا بعض دفعہ مرجاتا ہے اور بے احتیاط زندہ رہتا ہے چلنت پھرنت دھن پائیے بیٹھے دیگا کون محنت سے فائدہ ہوتا ہے۔ گھر بیٹھے کھانے کو نہیں ملتا۔ چلتی پھرتی چھاؤں ہے کبھی ادھر کبھی ادھر دنیاوی جاہ و حشمت کا کیا ہے کبھی کسی کو حاصل ہوتی ہے کبھی کسی کو۔ چلتی چاکی دیکھ کے دیا کبیرا رو دو پاٹن کے بیچ میں ثابت گیا نہ کو۔ دنیا میں کوئی مصیبتوں اور تکلیفوں سے نہیں بچا۔ چلتے چور لنگوٹی لابھ۔ بھاگتا ہوا چور جو ہاتھ لگے لے جاتا ہے۔ چلتی کا نام گاڑی۔ گاڑی کا نام اوکھلی ذو معنی مثل ہے ۱گڑی ہوئی چیز کو بھی گاڑی کہتے ہیں۔ اوکھلی اکھڑی ہوئی چیز کو بھی کہتے ہیں۔ یہ الٹی بات ہے کہ جو چیز چلتی ہے اسے گاڑی کہتے ہیں اور جو گڑی ہوئی ہے۔ اُسے اُکھڑی ہوئی کہتے ہیں ۲گاڑی اسی وقت کہلاتی ہے جبتک چلے اور جو چیز گڑ جائے اسے اوکھلی کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ جبتک کام چلا جائے اچھی بات ہے رُک جائے تو اچھا نہیں ہوتا۔ چلتی کا نام گاڑی ہے۔ دیکھو آخری مے چلتی کا نام گاڑی نہیں اپندھن۔ کوئی چیز جب تک کام دے تب تک اچھی ہے۔ نہیں تو کچھ بھی نہیں چلتی میں کون کسر کرتا ہے۔ جب داؤ چلے کون فائدہ نہیں اٹھاتا۔ چلتے ہاتھ پاؤں اُٹھا لے (دعا) لمبی بیماری اٹھا کر نہ مروں۔ چلتے ہاتھ سلوک کرلو۔ جب تک طاقت ہے اچھے کام کرلو۔ چل پچھے میرے مُنہ مت لگ (عو) چل دور ہو۔ میرے ساتھ بات مت کر۔ غصّے میں ایک عورت دوسری کو کہتی ہے۔ چل چھاؤں میں (آتی) آئی ہوں۔ جملہ پیر (مناتی) منائی ہوں (عو) جو عورت اپنے آپ کو بہت نازک ظاہر کرے اس کے متعلق کہتی ہیں۔ چل مرگھٹ کو لکڑیاں سستی ہیں۔ کنجوس آدمی

کو طنزاً کہتے ہیں۔ چل میرے چرخے چرخ چوں۔ کہاں کی بڑھیا کہاں کا توں۔ کہتے ہیں ایک بڑھیا اپنی بیٹی کو ملنے گئی۔ جنگل میں اسے شیر چیتا بھیڑیا اور دیگر جانور ملے اس نے اپنی جان انہیں یہ کہہ کر بچائی۔ کہ وہ واپسی پر موٹی تازی ہو کر آئیگی تب کھانا۔ واپسی پر وہ ایک چرخے میں بیٹھ گئی اور جب کوئی جانور ملتا تو یہ فقرہ کہدیتی وہ گھبرا کر چلا جاتا۔ بچوں کی کہانی ہے۔ چلنا بھلا نہ کوس کا بیٹی بھلی نہ ایک (بیٹی جب پیدا ہوئی مولا رکھے نیک) دینا بھلا نہ باپ کا جو پربھو رکھے ٹیک۔ قرضہ چاہے باپ کا ہو۔ بیٹی چاہے ایک ہو۔ کوس چاہے ایک ہی چلنا پڑے یہ ایسی باتیں ہیں کہ خدا ان سے بچائے۔ چلنا ہے رہنا نہیں چلنا بسوے بیس۔ ایسے سہج سہاگ پر کون گندھاوے سیس (ہ) دیکھو جانا ہے الخ۔ چل نہ سکوں میرا کودن نام۔ اُلٹی بات۔ برعکس نہند نام زنگی کافور۔ چل نہ سکوں مرے بارہ (نو سو) بکھرے۔ بے محنت زیادہ طلبی۔ چلو سکھی وہاں چلیں جہاں بسیں برج راج۔ گورس بیچت ہری ملیں ایک پنتھ دو کاج (م) عورتوں کا مقولہ ہے کہ وہاں جانے سے (یعنی متھرا) دودھ بھی بک جاتا ہے اور کرشن جی کا درشن بھی ہوجاتا ہے۔ سو ایسا کام اچھا ہے جس میں دو فائدے ہوں چلو نہ جاؤ گٹھڑی مرو ٹھور (ہ) چل نہیں سکتا گٹھڑی سر پر۔ معمولی کام ہو نہیں سکتا۔ نہایت سخت کام کرتا ہے۔ چلی چلی آئی سوت کے پہر (ہ) سوت کے گھر پناہ لینے چلی گئی۔ مطلب یہ ہے کہ ایسا کام کیا جس میں نقصان کا اندیشہ ہے۔ چلی چلی بی ماکھو آئیں ۱ پھیلتے پھیلتے بات یہاں تک پہنچی ۲ بچّوں کا ایک کھیل۔ چلی چلی کہاں گئی سوت کے پہر (ہ) دشمنوں سے نیکی کی امید رکھنا۔ چلے رانڈ کا چرخہ اور بُرے کا پیٹ۔ رانڈ بچاری کو ہر وقت محنت کرکے کھانا پڑتا ہے۔ اور بُرے آدمی کو بداعتدالیوں کی وجہ سے دست لگے رہتے ہیں۔ چلے نہ جانے آنگن ٹیہرا۔ دیکھو ناچ نہ جانے الخ۔

چِل (ہ۔ مونث) شور۔ چیخ۔ چیخ پکار

چِلّا (مذکر) دیکھو چل۔ چل بِل (مونث) بچے کی چیخ۔ بچوں کا شور۔ چل پکار (مونث) شور و غوغا۔ شور و غل نعرہ۔ چلچلانا (ہ۔ لازم) چیخنا۔ شور کرنا۔

چِل (س۔ مذکر) دیکھو چیل۔

چِل (ف۔ صفت) چہل کا مخفف۔

چِلّا (مذکر) دیکھو چلّہ۔ چل دختراں (مونث) ایران میں ایک محل کا نام۔ چل منارہ (مذکر) ۱شہر پرسیپولس کے کھنڈرات ۲ حضرت سلیمان کا تخت۔

چُل (ہ۔ مونث) ۱ خواہش۔ آرزو ۲ خارش کھجلی ۳ شہوت۔ باہ ۴ بے صبری۔ بے چینی۔ گھبراہٹ ۵ (س) چُل۔ خارش ہونا) چل اُبھرنا (زمن) چل اُٹھنا (لازم) ۱ خارش ہونا۔ کھجلی ہونا ۲ شہوت کا زور ہونا۔ جماع کرانے کو دل چاہنا ۳ چھیڑ چھاڑ کی خواہش ہونا ۴ چھیڑ چھاڑ کئے جانا۔ نچلا نہ رہنا۔ چل مٹانا (متعدی) ۱ خارش رفع کرنا ۲ خواہش مٹانا۔ جماع کرنا۔ چلہارا۔ چلہرا یا چُلہرا (ہ) شہوتی۔ زانی۔ زناکار۔ چھنال کامی۔ چلہائی (ہ) ۱ دیکھو چلہارا ۲ (مونث) زانیہ عورت وغیرہ۔ چُلّی (ہ۔ مذکر) ۱ چلہارا ۲ زانی۔ عیاش ۳ گانڈو۔

چُل (ف۔ مذکر) ذکر۔ آلہ تناسل۔

چُلّ (س۔ صفت) ۱ چندھا ۲ (مذکر) چندھا شخص۔ چُلّا (صفت) چندھا۔

چِلّا (ہ۔ مذکر) ۱ کمان کی تانت۔ چھلا جو کمان کی تانت کے ایک سرے پر ہوتا ہے ۲ لنگی کا طلائی پلا۔ غالباً طِلّا سے بگڑا ہوا ہے ۳ دھاگا جو کسی مقبرے یا درخت پر منت کے لئے باندھیں ۴ روٹی جو میدے کو خمیر کر کے میٹھا ملا کر گھی میں تلتے ہیں۔ پوڑا ۵ انڈے کی زردی اور سفیدی کو پھینٹ کر نمک مرچ ملا کر گھی میں تلتے ہیں۔ چلّا باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) حصول مراد کے لئے مرقد بزرگاں پر تاگا باندھنا۔ چلّا چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) ۱ تیراندازی کے وقت چھلے کا چڑھایا جانا ۲ مرقد بزرگاں پر حصول مراد کے لئے تاگا چڑھایا جانا۔

چِلّا (ہ۔ امر) چلانا کا۔ چلّا کے رونا چلّانا (ہ۔ متعدی) ۱ شور مچانا۔ چیخنا ۲ رونا۔ گریہ زاری کرنا ۳ فریاد کرنا ۴ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا ۵ (مذکر) چیخ۔ شور۔ چلّاہٹ (مونث) چیخ۔ شور۔

چُلانا (ہ۔ مذکر) ایک جڑ جو شلغم کے برابر ہوتی ہے۔

چُپاؤ (ہ - مذکر) بے گوشت کا پلاؤ۔
چُلبد ھڑا (ہ - صفت) بے چین۔ بے قرار۔ چلبدھراہٹ (مونث) بے چینی۔ بے قراری۔
چُلبُل (ہ - مونث) دیکھو چلبلا پن۔
چُلبُلا (ہ - صفت) ۱ بے چین بیقرار ۲ شوخ - چالاک بچوں یا معشوق کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ چلبلا پن (مذکر) ۱ بے آرامی - بے چینی ۲ شوخی۔ چنچل پن ۳ زندہ دلی ۴ ایک جگہ آرام سے نہ بیٹھنا چلبلانا (لازم) ۱ بے چین ہونا۔ بیقرار ہونا۔ گھبرانا ۲ نیند میں کروٹیں بدلنا۔ چلبلاہٹ (مونث) دیکھو چلبلا پن۔ چلبلیہ (صفت) چلبلا۔
چلپاسہ (ف - مذکر) چھپکلی۔ گرگٹ۔
چلپرا (ہ - مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس میں تھوڑی سی سفیدی اور رنگ کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔
چَلپَک (ف - مونث) ۱ پتلی چپاتی ۲ پراٹھا۔
چَلنا (ہ - مذکر) ایک درخت - گاب۔
چُلتر (ہ - مذکر) چلتّر (ہ) دیکھو چرتر۔
چلتر بازی (مونث) چالاکی - فریب۔ چلتر کرنا یا کھیلنا (متعدی) فریب دینا۔ چلتر یا (ہ) چلتری (ہ) ۱ خوش طبع - چنچل۔ شوخ نخریلا۔ ۲ پینترے باز ۳ بدلنے والا۔ متلون مزاج ۴ ہوشیار۔ چالاک۔ مکار ۵ (مذکر) مذکورہ بالا خوبیوں کا آدمی۔
چَلتہ (ف - مذکر) زرہ - زرہ بکتر۔ ایک قسم کی دوہری زرہ۔ چلتہ پوش (مذکر) وہ سپاہی جو اس قسم کی زرہ پہنے ہو۔
چلچل (ہ - مونث) ابرک - بھوڈل۔
چُلچل (ہ - امر) ۱ چلچلانا سے ۲ (مذکر) دیکھو چل ۳ بے وفائی - بدچلنی (س چل) - خارش ہونا۔ چلچلانا (لازم) ۱ خارش ہونا - کھجلی ہونا ۲ خواہش ہونا۔ جماع کرانے کو دل چاہنا۔ چلچلی (مونث) چلچل ۲۰۲۔
چلچلا (ہ - امر) چلچلانا سے۔ چلچلاتا (صفت) گرم - جلانے والا - سوزاں۔ چلچلاتی دھوپ (مونث) تیز دھوپ - گرم دھوپ۔ چلچلانا (لازم) سخت گرم ہونا ۲ دیکھو چل کے تحت میں۔
چُلچُلانا (ہ - لازم) ۱ چونا - ٹپکنا ۲ دیکھو چلچل کے تحت میں۔

چلّر (ہ) چلّڑ (ہ - مذکر) جوں (عف) چلڑا ہا (صفت) جوؤں سے بھرا ہوا۔ چلڑ مارنا (متعدی) جوئیں چننا۔

امثال و اقوال۔ چلڑ چموکن چنتھڑا یہ تینوں بپت کا بکھرا۔ جوئیں - تپھڑ اور چیتھڑے غریبوں کے حصے میں آتے ہیں۔ چلڑ چننے سے کھگوا ہلکا ہوئے۔ جوئیں چننے سے کرتا ہلکا ہوتا ہے۔ سخت کنجوسی سے بہت بچت نہیں ہوتی۔ چلڑ مارے کتّا کھاؤں۔ معمولی چیز تو لیتا نہیں قیمتی چیز ہضم کر جاتا ہے۔

چلڑا (ہ - مذکر) بیسنی روٹی۔
چلغوزہ (ف - مذکر) چیل کے درخت کا پھل۔
چُلک (س - مذکر) ۱ چلّو ۲ چلو بھر پانی ۳ چھوٹی ہنڈیا۔ کلھیا۔
چلک (ہ - مونث) چمک - روشنی - دمک (س جول) چمکنا۔ چلکا (مذکر) چاندی کا سکہ - روپیہ۔ چلکتا (صفت) روشن۔ چلکنا (لازم) ۱ چمکنا - روشن ہونا (ریت کے ذروں کا) ۲ (پ) چیخنا - چلانا۔ شور مچانا۔ چلکی - چلکیا (ہ) چمکدار - روشن - درخشاں ۲ (مذکر) روپیہ - چلکا۔
چلِک (ہ - مونث) ۱ ٹیس - درد - ٹیس ۲ مروڑ - موچ - چک۔
چَلکاہَٹ (ہ - مونث) خارش۔ چلچل۔
چِلکنا (ہ - متعدی) ۱ چھلکنا - پھینکنا ۲ منی گرانا جیسے گھوڑے کا۔
چُلکنا (ہ - لازم) خارش ہونا - چل اٹھنا۔
چلکُنڈا (ہند) ریاست میسور میں ایک قصبہ۔
چِلَم (ف - مونث) حقے پر رکھنے کا مٹی یا دھات کا ظرف جس میں تمباکو ڈال کر آگ رکھتے ہیں۔ چلم بردار (مذکر) حقہ پلانے والا ملازم۔ چلم برداری (مونث) چلم بردار کا کام - چلم بھرنا۔ چلم بھرنا (متعدی) چلم پر تمباکو اور آگ رکھنا۔ چلم پر آگ رکھنا (متعدی) ۱ دیکھو چلموں پر الخ۔ چلم پینا (لازم) ۱ حقہ پینا ۲ گانجا یا چرس پینا۔ چلم تمباکو (مذکر) تھوڑا سا تمباکو۔ اتنا تمباکو جو چلم میں رکھا جائے۔ چلم چٹ (مذکر) بہت حقہ پینے والا شخص۔ چلموں پر آگ رکھنا۔ چلمیں بھرنا (متعدی) ۱ حقہ پلانا۔ چلموں پر تمباکو اور آگ رکھنا ۲ خدمت گزاری کرنا۔ چلمیں بھرتا ہے ۱ اس کے سامنے حقیر ہے ۲ خدمتگاری کرتا ہے ۳ عموماً جو دولت اجاڑ کر رنڈیوں کے گھر پر پڑا ہے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

چلمچی (ت - مونث) ۱ ہاتھ دھونے کا برتن ۲ (ف) حقے کا وہ حصہ جو چلم کے نیچے ہوتا ہے۔
چلمداں (ف - مذکر) وہ چمڑا جو زین کی خالی جگہ پر لگا ہوا ہوتا ہے۔
چلمن (ہ - مونث) چک - تیلیوں کا بنا ہوا پردہ (باندھنا - چھڑانا - چھوڑنا - ڈالنا - لٹکانا - لٹکنا کے ساتھ)
چُلنا (ہ - متعدی) دیکھو چرنا۔
چَلَنت (ہ - مونث) گانے کی ایک طرز جس میں الفاظ جلد جلد بولتے ہیں۔ چلنتا (صفت) کام چلاؤ - خاصہ۔
چلنی (ہ - مونث) چھلنی کا مخفف (مت)

امثال و اقوال - چلنی چما - گھوڑ لگما - کایتھ گلما - یہ تینوں نہیں کوئی کما۔ چھلنی کا چمڑا - گھوڑے کی لگام اور کایستھ ملازم تینوں نکمے ہیں کسی کام نہیں آسکتے۔ چلنی دوسے سوپ کو جس میں بہتّر چھید - جو آپ ہی نقائص سے پُر ہو وہ دوسرے میں کیا نقص نکالے۔ چلنی میں گئی دوہنے۔ کرم کا کیا دوش - آپ بیوقوفی کا کام کرے تو اس میں قسمت کا کیا قصور۔

چلنی (س - مونث) ایک قسم کا لہنگا جو غریب عورتیں پہنتی ہیں۔
چُلّو (ہ - مذکر) ۱ ہتھیلی اس طرح نیچی کی ہوئی کہ اس میں پانی لیا جا سکے ۲ چلو بھر پانی۔ (س - چُل) چلو بھر (صفت) تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ چلو کی مقدار۔ چلو بھر لہو پینا (لازم) اگلے زمانے میں دستور تھا کہ دشمن کو قتل کرکے چلو بھر خون پیتے تھے۔ چلو چلو سادھنا (متعدی) ۱ تھوڑا تھوڑا پینا ۲ تھوڑی تھوڑی مقدار کرکے زیادہ ہضم کرنے کی عادت کرنا ۳ تھوڑا تھوڑا کرکے زیادہ ہضم کرنا۔ چلو لینا (متعدی) کلی کرنا۔ کھانے کے بعد منہ صاف کرنا (منہ

چلو میں اُلّو ہونا (لازم) ذراسی نشہ آور چیز پی کر بیہوش ہونا۔ چلّووں (مذکر) جمع چلّو کی۔ چلّووں رونا (لازم) ۱ زار قطار رونا۔ بہت رونا ۲ سخت صدمہ ہونا۔ چلّوؤں لہو بڑھنا (لازم) بہت خوش ہونا۔ چلّوؤں لہو پینا (متعدی) بہت ستانا۔ بہت مارنا۔ بہت ڈرانا۔ چلّوؤں لہو خشک ہونا (لازم) بہت رنج ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔

امثال واقوال۔ چلّو بھر پانی میں ڈوب مرو۔ شرم دلانے کو کہتے ہیں۔ چلّو بھر پانی میں گز بھر نہ اچھلو۔ تھوڑی پونجی پر اتنا غرور نہ کرو۔ چلّو پانی تنگ زندگانی۔ غربت میں زندگی کا کوئی مزا نہیں۔ چلّو چلّو سادھے گا تو دوارے ہاتھی باندھے گا۔ تھوڑا تھوڑا بچائیگا تو امیر ہو جائیگا۔ چلّو چلّو سادھے گا تو لوٹے بھر پر آویگا۔ تھوڑا تھوڑا کر۔ کے عادت ہو جاتی ہے۔ چلّو میں سمندر نہیں سماتا۔ کمظرف سے بڑا کام نہیں ہو سکتا۔

چلوا (ہ۔ مونث) ایک قسم کی مچھلی۔

چلوارہ۔ (مذکر) جوں۔

مثل۔ چلوؤں کے ڈر سے کنتھری نہیں چھوڑی جاتی ۱ کسی کے خوف سے ترک مسکن نہیں ہو سکتا ۲ غیر کے لئے اپنوں سے نہیں بگاڑی جاتی۔

چلوانا (ہ۔ م) چلّانا کا۔

چلوانس (ہ۔ مونث) ۱ چلاہٹ ۲ وہ چلاہٹ جو مرض ام الصبیان میں بچے کو مرنے سے تین چار روز پہلے ہو جاتی ہے (چلانا سے)

چلوائی (ہ۔ مونث) ۱ کیچڑ۔ دلدل ۲ وہ گھانس جس پر چرسا کوئیں سے نکلنے پر رکھا جاتا ہے۔

چلون (ہ۔ مونث) ۱ چک۔ چلمن ۲ جعفری ۳ بانس یا باڑ جو دریا کے بیچ میں مچھلیاں پکڑنے کو لگاتے ہیں۔ اور جس میں جال بندھا ہوا ہوتا ہے۔

چَلَونا (ہ۔ مذکر) ۱ ڈوئی۔ چمچہ۔ کفگیر ۲ چھوٹا دستہ یا لکڑی جس سے چرخہ چلاتے ہیں۔

چِلّہ (ف۔ مذکر) ۱ چالیس دن کا عرصہ ۲ چالیس دن کا وظیفہ یا عمل ۳ عیسائیوں کے چالیس روزے جو ایسٹر تک رکھے جاتے ہیں ۴ وہ جگہ جہاں کسی بزرگ نے چلّہ کشی کی ہو ۵ زچہ کے چالیس دن۔ چالیس دن کا نہان ۶ چالیس سخت جاڑے کے دن جو پوس سے شروع ہوتے ہیں ۷ دیکھو چلاّ (ہ)

چلّہ بیٹھنا (لازم) دیکھو چلہ کھینچنا۔ چلّہ کاٹنا یا کھینچنا (متعدی) چالیس روز تک وظیفہ پڑھنا۔ معتکف ہونا۔ چلّہ کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی) سنت کا دھاگا کھولنا۔

چلہار (ہ۔ صفت) جہاں بہت سی چیلیں ہوں۔

چلہڑ (ہ۔ مذکر) چلّڑ۔

چلہلا (ہ۔ صفت) کیچڑ والا۔ دلدلی۔

چلہوا (ہ۔ مونث) چیل کے بلانے کی آواز۔ چلہوانس (ہ۔ مذکر) ۱ چیل کا گوشت۔ کہتے ہیں کہ اس کو کھانے سے انسان پاگل ہو جاتا ہے ۲ چیل کی طرح بولنا ۳ چلانا۔ رونا ۴ چیخ۔ شور۔

چلہورنا (ہ۔ متعدی) ۱ ٹھونگے مارنا ۲ چونچ سے دانہ چگنا۔

چلی (ہ۔ مونث) ۱ ایک کھانا جو انڈوں سے بنایا جاتا ہے ۲ وہ شخص جو شرارت کے کام کرے۔ ۳ بیوقوف۔ احمق۔ اُلّو۔

چَلی (س۔ مونث) ۱ چولھا۔ انگیٹھی ۲ وہ سہارا جو اناج یا بھوسی کے ڈھیر کے نیچے دیا جائے۔ ٹیکن۔ اڑوڑ۔

چَلیپا (ف۔ مونث) ۱ صلیب کا نشان ہوا۔ سولی ۲ (صفت) کج۔ ٹیڑھا۔ بلدار۔ خمیدہ۔

چَم (ہ۔ مذکر) چام کا مخفف۔ چمڑا۔ کھال۔ چرم۔ چمار (مذکر) ۱ ہندوستان میں ایک ہندو ذات جو چمڑے کا کام کرتی ہے ۲ موچی۔ جوتیاں بنانے والا شخص۔ جوتیاں بیچنے والا شخص۔ جوتیاں گانٹھنے والا ۳ چمار قوم کا ایک فرد ۴ نیچ۔ کمینہ۔ سفلہ۔ میلا۔

چمار چودس مچانا یا کرنا (متعدی) شور کرنا۔ غل غپاڑا کرنا۔ چمار چودھر (مذکر) چماروں کا جلسہ۔ شور۔ غل۔ جھگڑا۔ غوغا۔ چمارکار (مذکر) چمار۔ چماری (مونث) ۱ چمار کی بیوی ۲ چمار قوم کی عورت ۳ کنول گٹے کا وہ پھول جس کے دانے چھوٹے یا خراب ہوں۔ چمارن (مونث) چماری معنی ۱ و ۲ (لکھنو) چمارنی (ہ) چماری معنی ۱ و ۲ چمچچڑ (صفت۔ مذکر) دیکھو چمچڑ۔ چمچچڑ (صفت) ۱ چچڑ کی طرح چمڑے سے چمٹنے والا ۲ وہ جو پیچھا نہ چھوڑے ۔ وہ جو جدا نہ ہو ۳ (مذکر) ایسا شخص۔ چمچڑی کی طرح پیچھے پڑنا (لازم) کسی بات کے سر ہو جانا۔ پیچھے پڑ جانا۔

چمرک (ہ) چمڑک (ہ) چمرکھ (ہ) چمگادڑ۔ چمر (مذکر) چمار کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ چمرا (ہ) چمڑا۔ چمراوت (ہ) چمراوٹ (ہ) چمار کا حق۔ چمر برسے (ہ) یا برسی (مونث) ۱ جو چمار یا چنبل کو بڑھائے ۲ موسم سرما کی بارش ۳ جاڑوں میں وہ دن جن میں بارش ہوتی ہے۔ چمر بگلی (مونث) ایک قسم کا چھوٹا بگلا۔ چمر توحید (مونث) ادنٰے درجے کی توحید۔ کمینی توحید۔ چمر جلاہا (مذکر) ہندو جلاہا۔ چمر ڈھینگ (مذکر) کرگس۔ گدھ۔ چمرخ (مذکر) ۱ وہ چمڑے کا ٹکڑا جس میں چرخہ پھرتا ہے ۲ (صفت) لاغر۔ دُبلا۔ چمر رگ (مونث) چمار کی طبیعت یا خاصیت۔ محنت سے نفرت۔ ضد۔ سرکشی۔ چمرس (مذکر) زخم جو جوتے سے پاؤں پر پڑ جائے۔ چمر سوچ میں پڑنا (لازم) مشکل میں مبتلا ہونا (عف) چمرکھ (مونث) ۱ چمرخ معنی ۱ ۲ دبلی یا لاغر عورت۔ چمرنی (ہ) چماری۔ چمروا (ہ) ۱ چمار کا۔ چمار کے متعلق ۲ نیچ۔ کمینہ۔ رذیل ۳ بدشکل۔ بدصورت ۴ بُری طرح بنا ہوا۔

چمرواڑا (مذکر) چماروں کا محلہ۔ چمڑا (مذکر) ۱ کھال پوست۔ جلد ۲ دھوڑی۔ چمڑا اتارنا۔ ادھیڑنا چھڑانا۔ کھینچنا یا نکالنا (متعدی) اُترنا۔ اُدھڑنا کھینچنا یا نکلنا (لازم) ۱ چمڑا بدن سے علیحدہ ہونا ۲ مجازاً سخت مار پڑنا۔ چمڑی (مونث) کھال پوست۔

چمڑے کا جہاز چلنا (لازم) قرمساقی کا پیشہ کرنا کٹنا پا یا بھڑوائی کرنا۔ چمڑے کی زبان ہے۔ بھول چوک ہو ہی جاتی ہے۔ چمڑے کے ہاتھ (مذکر) انسان کے ہاتھ کو تحقیر یا مذاق سے کہتے ہیں۔

امثال واقوال۔ چمار چمڑے کا یار ۱ چمار جوتوں ہی سے سیدھا رہتا ہے ۲ ہر شخص اپنے ہی پیشے کو پسند کرتا ہے۔ چمار کا نام جگ جیون ادنٰے ہو کر عمدگی کا دعوٰے۔ چمار کو چمڑے کا سکہ جیسا آدمی ہوتا ہے ویسا ہی اسے انعام ملتا ہے۔ چمار کو دیوالی میں بھی بیگار۔ بیچارے کو دئے جلانے پڑتے ہیں۔ غریب کو ہر وقت کام کرنا پڑتا ہے۔ چمار کو عرش پر بھی بیگار۔ بدقسمت آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ جسے کہیں بھی فائدہ نہ ہو۔ چمار کی جورو اور ٹوٹی جوتی نازیبا بات۔ ناموزوں بات۔ چمار کی چھوکری چندن نام۔ دیکھو برعکس نہند نام زنگی کافور۔ ناموزوں بات

یاکام۔ چماروں کے کوسے ڈھور نہیں مرتے۔ بددعا دینے سے کسی کو نقصان نہیں ہوتا۔ چمڑے کا جہاز چلتا ہے۔ زناکاری کا پیشہ ہے۔ چمڑے کی زبان ہے (بھول چوک ہو ہی جاتی ہے) انسان غلطی کر ہی جاتا ہے۔ چمڑی جائے پر دمڑی نہ جائے۔ بخیل کی نسبت کہتے ہیں۔ جو جسمانی تکلیف برداشت کرے۔ مگر خرچ نہ کرے۔

چَم (ف۔ صفت) ۱ تیار۔ سجا ہوا۔ مزین ۲ پایا ہوا۔ یافتہ ۳ ٹیڑھا۔ خمیدہ۔ خمدار ۴ مٹک کی چال۔ نخرے کی چال۔ اُردو میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ چماچم کرنا (متعدی) خوب چمکنا۔ چم چم (مذکر) ۱ چمک دمک ۲ پیچ و خم۔ چمچمانا (لازم) ۱ چمکنا۔ درخشاں ہونا ۲ تپکنا۔ ٹیس مارنا ۳ سونا (اعضا کا)

چمچماہٹ (مونث) چمک۔ دمک۔ درخشانی ۔

چُمّا (ہ۔ مذکر) بوسہ۔ چما دینا۔ لینا کے ساتھ) چُماچاٹی (مونث) دیکھو چوماچاٹی۔ چُمّی (مونث) بوسہ۔

چَمار (ہ۔ مذکر) دیکھو چم کے تحت میں۔

چَماغ۔ چَماق (ف۔ مذکر) لوہے کا گرز۔ لکڑی کا گرز جس پر لوہا لگا ہو۔

چَمالی (ف۔ مونث) ساقی۔ شراب پلانے والا۔

چَمال (ف۔ مذکر) ہل ہل کر چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ چمال چمال (تف) خرام ناز سے۔ ٹہلتے ہوئے۔

چَماوَن (ہ۔ مذکر) ایک رسم جس میں سر کی چندیا کو چومتے ہیں۔ عورتیں پاؤں بھی چومتی ہیں۔

چَماؤ۔ چَماؤں (ہ۔ مذکر) کھڑاؤں جس پر چمڑا لگا ہو۔

چَمائی (ہ۔ صفت) تانبے کے رنگ کا۔

چَمبا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کے فقیر جو مانگنے کے لئے اپنے بدن کو زخمی کرتے ہیں۔

چُمبا (ہ۔ مذکر) بوسہ۔

چَمبَر (ہ۔ مذکر) دیکھو چنبر۔

چَمبُر (ہ۔ مونث) ایک گھٹیل قسم کی گھاس۔

چِمبک (ہ۔ مونث) ٹھوڑی۔ چبک۔

چُمبَک (س۔ مذکر) ۱ کتاب کا خلاصہ ۲ خارج قسمت۔ بانٹ پھل ۳ عالم جس کو بہت سی کتابوں پر عبور ہو ۴ ترازو کا درمیانی حصّہ ۵ بدمعاش یا دغاباز آدمی۔ چمبک پتھر (مذکر) مقناطیس۔

چُمبَن (س۔ مذکر) بوسہ۔

چَمبُو (ہ۔ مذکر) صراحی۔

چَمبو (ہ۔ مونث) چمبر۔

چَمپ (س۔ عص) پرتیولاکش کا بیٹا بیاتی کی نسل سے ایک راجہ تھا۔ اس نے شہر چمپا کی بنیاد رکھی تھی۔ چمپا۔ چمپا پوری۔ مالنی یا وتی (مونث) ایک شہر جو راجہ چمپ نے آباد کیا تھا۔ اس کے کھنڈرات بھاگلپور کے قریب ہیں۔ راجہ کرن یہاں رہا کرتا تھا۔

چَمپ (س۔ مذکر) پہاڑی آبنوس۔

چمپا (ہ۔ مذکر) ایک درخت جس کا پھول نہایت خوشبودار ہوتا ہے (س۔ چمپک) چمپا برنی (ہ) ۱ چمپا کا رنگ جو نہایت ہلکا زرد ہوتا ہے ۲ عورتوں کا لقب۔ چمپا کا پھول (مذکر) وہ پھول جو درخت چمپا پر لگتا ہے۔ نہایت ہلکے زرد رنگ کا اور خوشبودار ہوتا ہے۔ چمپا کلی (مونث) ایک زیور جس کے دانے چمپا کلی کی شکل کے ہوتے ہیں۔ چمپا کیلا (مذکر) ایک قسم کا کیلا جو چھوٹا اور نہایت خوشبودار ہوتا ہے چمپائی (ہ) ۱ دیکھو چمپئی ۲ چمائی۔ چمپئی۔ چمپی (صفت) ۱ چمپا کے رنگ کا۔ ہلکا زرد ۲ زرد رنگ چمپئی رنگ (مذکر) ایک قسم کا ہلکا زرد رنگ۔

مثل۔ چمپا کے دس پھول چنبیلی کی ایک کلی۔ مورکھ کی ساری رات چاتر کی ایک گھڑی تھوڑی اچھی چیز معمولی بہت سی چیز سے بہتر ہوتی ہے۔

چَمپَت (ہ۔ صفت) چھپا ہوا۔ نہاں۔ چمپت بننا۔ ہوجانا یا ہونا (لازم) ۱ غائب ہوجانا۔ چھپ جانا ۲ بھاگ جانا۔

چَمپَک (س۔ مذکر) ۱ درخت چمپا ۲ ایک اور درخت ۳ ایک ملک۔ چمپکا (عص) ایک شہر۔ چمپک برنی (مونث) دیکھو چمپا برنی۔ چمپک پور (عص) ایک شہر۔ چمپک پربھو (عص) کلنہا کا باپ۔ چمپک چتر داسی (مونث) جیٹھ بدی کی چودھویں تاریخ ۲ ایک تیوہار چمپک گندھ (مذکر) ایک قسم کی خوشبو۔ چمپک لتا یا مالا (مونث) عورتوں کے نام۔

چَمپُو (س۔ مونث) ایک قسم کی تحریر جو نظم و نثر میں لکھی جائے۔

چَمپی (ہ۔ پرانی) چھپ کر۔ گھات لگا کر۔ خفیہ طور پر۔

چِمپینزی (انگ۔ مذکر) افریقہ کے بندروں کی ایک قسم۔ یہ انسان سے بہت ملتے جلتے ہیں۔

چَمَت (س۔ حرف ندا) حیرانی ظاہر کرنے کو بولا جاتا ہے۔ چمت کار (مذکر) ۱ حیرت۔ حیرانگی۔ تحیر۔ تعجب۔ اچمبا۔ اچرج ۲ نظارہ۔ تماشہ ۳ بلوہ۔ میلوں کا جھگڑا ۴ نہایت اعلےٰ نظمی تصنیف ۵ معجزہ ۶ شان و شوکت۔ تجمل ۷ جلدی۔ تعجیل ۸ ایک قسم کی گھاس۔ چمت کار نگر (عص) ایک شہر۔ چمت کاری (صفت) ۱ متحیر۔ حیران۔ متعجب ۲ غیر معمولی۔ عجیب ۳ ہوشیار۔ چالاک۔ سمجھدار ۴ (مذکر) نہایت عجیب آدمی ۵ (مونث) دیکھو چمت کار

چِمَٹ (ہ۔ امر) چمٹنا کا (س۔ چ۔ چٹنا) چمٹا (امر) ۱ چمٹانا کا ۲ (ماضی) چمٹنا کا ۳ وہ آلہ جس سے کوئلے یا دہکتی ہوئی لکڑی پکڑتے ہیں۔ دستی۔ چمٹا دینا (متعدی) دیکھو چمٹانا۔ چمٹا لینا (متعدی) گلے سے لگا لینا۔ چمٹانا (متعدی) چپکانا۔ چسپاں کرنا ۲ پیچھے لگانا ۳ گلے سے لگانا ۴ (لازم) دیکھو چمٹنا چمٹ جانا (لازم) چمٹنا۔ چمٹ رہنا (لازم) ساتھ لگے رہنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا۔ چمٹ کر سونا (لازم) سینہ بسینہ اور لب بلب ہوکر سونا چمٹنا (لازم) ۱ چپکنا۔ چسپاں ہونا ۲ پیچھے پڑنا۔ پیچھا نہ چھوڑنا سر ہونا۔ لپٹنا۔ گلے لگنا۔ چمٹی (مونث) چھوٹا چمٹا۔ سنی ۲ چٹکی ۳ چیونٹی۔ چمٹی لینا (متعدی) چٹکی کاٹنا۔

چَمچ (ہ۔ مذکر) ایک ظرف جس کے ایک طرف دل کی شکل کا یا گول پیالہ اور دوسری طرف دستہ لگا ہوتا ہے۔ اسے پینے۔ کھانا تیار کرنے یا کھانا ڈالنے کے کام میں لاتے ہیں (س چمچ) چمچا (مذکر) دیکھو چمچہ۔ چمچ بوزہ (مذکر) ایک پرند۔ چمچ چور (مذکر) انگریزوں کا خانساماں یا خدمتگار۔ چمچہ (مذکر) بڑا چمچ۔ ڈوئی۔ کفچہ۔ چمچہ بھر۔ تھوڑا سا۔ چمچہ ہر دیگی (مذکر) مفت خور۔ طفیلیہ ۲ دخل در معقولات کرنے والا ۳ آوارہ۔ لوگار۔ لچّہ۔ چمچی (مونث) چھوٹا چمچ۔ عموماً جس

سے چائے پیتے ہیں۔ کتھا لگاتے یا نمک مرچ ڈالتے ہیں۔

چچھا۔ چچمہ (ہ۔ صفت) ۱ چپچپا۔ لیسدار ۲ (مذکر) تیل جو پرانا ہوکر چپچپا ہو جائے۔

چَمَر (س۔ مذکر) ۱ کوہ ہمالیہ کا بیل۔ یاک ۲ یاک کی دم جو راجوں کی چوری کے طور پر استعمال ہوتی تھی۔ چنور۔ چوری۔

چَمڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو چم کے تحت میں۔

چمڑا (ہ۔ صفت) ۱ لچکدار۔ ملائم۔ نرم ۲ سخت۔ کڑا۔ ٹھوس۔ مضبوط ۳ محکم۔ پکا۔ **چمڑانا** (لازم) سخت ہو جانا۔ **چمڑاہٹ۔ چمڑائی** (مونث) لچک وغیرہ دیکھو چمڑا۔

چمڑنا (ہ۔ مذکر) چمٹنا۔

چَمَس (س۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا چمچا جس سے بھینٹ کے موقع پر سوم رس وغیرہ پیتے ہیں ۲ ایک پودا۔ کھیت پاپڑ۔

چمسا (ہ۔ صفت) چپچپا۔ چچپا۔

چمقل سے (اُردو۔ دہلی) بیوقوف۔

چَمک (ف۔ مونث) ۱ بھڑک جھلک تاب ۲ روشنی۔ تجلی۔ درخشانی ۳ رونق۔ آب وتاب ۴ ڈر۔ خوف۔ بھڑکنا ۵ درد (س چمت کار۔ دکھاوا) **چمک اٹھنا** (لازم) ناراض ہو جانا۔ یکایک غصے ہونے لگنا۔ **چمکا دینا** (متعدی) چمکنا۔ **چمکارا** (مذکر) چمک۔ روشنی۔ **چمکانا** (متعدی) ۱ دیکھو چمکنا ۲ تا ۱۱ ۲ تمسخر ہونا ۳ چمکدار چیز کو روشنی میں نمایاں کرنا ۴ تیز کرنا۔ زور دینا۔ **چمک پتھر** (مذکر) مقناطیس۔ **چمک تمک**۔ دیکھو چمک دمک۔ **چمک چاندنی** (مونث) وہ عورت جو بہت بن ٹھن کر رہتی ہو۔ **چمکدار** (صفت) چمکیلا۔ درخشاں۔ **چمک دمک** (مونث) ۱ روشنی۔ تجلی ۲ آرائش۔ سجاوٹ (دکھانا۔ دیکھنا۔ ہونا کے ساتھ) **چمک کر نکلنا** (لازم) شان وشوکت ناز و افتخار و تکلف کے ساتھ برآمد ہونا۔ **چمکنا** (لازم) ۱ روشنی دینا۔ کوندنا ۲ جھلکنا۔ جگمگانا۔ دمکنا ۳ عروج پکڑنا۔ ترقی کرنا۔ بلند ہونا ۴ پولش ہونا۔ صیقل ہونا ۵ بھڑکنا۔ ڈرنا۔ متوحش ہونا ۶ رونق پانا۔ نام پانا ۷ لڑائی ہونا۔ جنگ ہونا ۸ خفا ہونا۔ جھنجلانا۔ ڈپٹنا ۹ گھوڑے کا خوب دوڑنا۔ فراٹے بھرنا ۱۰ ناز کرنا۔ مٹکنا ۱۱ (بازار) خوب بکری ہونا گرم بازاری ہونا ۱۲ (تقدیر) قسمت کھلنا یاور ہونا ۱۳ (بیماری وغیرہ) زور پکڑنا ۱۴ (سورج۔ چاند وغیرہ) طلوع ہونا۔ بلند ہونا۔ چڑھنا۔ **چمکو** (صفت) چمکنے مٹکنے والی عورت۔ تمسخر آمیز حرکات کرنے والی عورت۔ جھگڑالو عورت۔ **چمکول** (صفت) چمکتا ہوا۔ چمکدار۔ روشن۔ درخشاں۔ **چمکی** (مونث) ۱ وہ ستارے جو سچے ہیں پر دکر ٹانکے جاتے ہیں ۲ نقلی ریشم کا کپڑا۔ **چمکی کا دستہ** (مذکر) خالص سناروں کی بیل جس میں گوکھرو نہ ہو۔

چُمکار (ہ۔ امر ۱ چمکارنا کا ۲ (مونث) بوسے کی آواز جو بچوں یا جانوروں کو بلانے یا چپ کرانے کے لئے نکالی جاتی ہے۔ پچکار۔ چچکار۔ **چمکارنا** (متعدی) چمکار کی آواز نکالنا۔ پیار کرنا۔ دلاسا دینا۔ پچکارنا۔ **چمکاری** (مونث) بوسے کی آواز جو بچوں یا جانوروں کو چپ کرانے کیلئے نکالی جاتی ہے۔ **چمکاری دینا** (متعدی) چمکارنا۔

چمگادڑ (ہ۔ مونث) **چمگدڑ** (ہ) **چگدڑا** (ہ) **چمگدڑی** (ہ) **چمگدل** (ہ) **چمگیدڑ** (ہ) ایک پرندہ جو چوہے کی شکل کا ہوتا ہے بچے دیتا ہے اور ان کو دودھ پلاتا ہے۔ رات کو نکلتا ہے درخت یا سوراخوں میں اُلٹا لٹکتا ہے۔ شپّر (س چرم چمڑے کا + گر دھر۔ گدھ)

امثال واقوال۔ چمگادڑ کے گھر آئی چمگادڑ آبو الٹک رہیں۔ چمگادڑ کے گھر مہمان آئے۔ ہم بھی لٹکیں تم بھی لٹکو۔ چمگادڑ کی مہمانی میں بھی لٹکوں تو بھی اٹک۔ چمگادڑوں کی مہمانی آؤ لٹک رہو۔ جیسے شخص کے گھر جاؤ گے ویسی ہی عزّت پاؤ گے۔

چمّل۔ چملا (ہ۔ مذکر) **چملی** (مونث) فقیروں کا پیالہ۔

چمّل (ہ۔ مذکر) **چملی** (مونث) کپڑے یا گھاس کا حلقہ جو سر پر بوجھ کے نیچے رکھتے ہیں۔ جونا۔

چَمَن (ف۔ مذکر) وہ جگہ جہاں سبزہ یا پھول یا کوئی اور چیز بوئیں۔ باغ کا قطعہ۔ چھوٹا کھیت تختہ۔ سرسبز جگہ ۲ نہایت آباد شہر۔ **چمن آرا** (صفت) باغبان۔ **چمن آرائی** (مونث) باغ کی سجاوٹ۔ **چمن بندی** (مونث) باغ لگانا (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **چمن پیرا** (صفت) باغبان۔ **چمن دہر** (مذکر) دنیا۔ زمین۔ **چمن زار**۔ **چمنستان** (مذکر) پھولوں کا قطعہ۔ سبز کھیت۔ **چمنستان کھلنا** (لازم) باغ کے قطعے کا پھولوں سے بھرا ہونا۔ **چمن طراز** (صفت) باغبان۔ **چمن کھلنا** (لازم) تختے کے پھولوں کا کھلا ہونا۔ **چمنی** (صفت) باغ کا۔ باغ کے متعلق۔

چُمنا (ہ۔ متعدی) چومنا (غف)

چِمنی (انگ۔ مونث) ۱ شیشے کی نالی جو لیمپ پر لگاتے ہیں ۲ لوہے کی نالی یا خالی مینار جو کارخانوں میں دھواں نکلنے کے لئے لگا ہوتا ہے ۳ دیوار میں وہ سوراخ جس میں سے چولھے میں سے آگ جلنے سے دھواں نکلتا ہے۔

چموٹا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ چمڑے کا ٹکڑا جس پر حجام استرہ صاف کرتے ہیں ۲ وہ چمڑا جس میں تکلا پھرتا ہے ۳ چمڑے کا موزہ جو قیدیوں کی ٹانگ میں ڈالتے ہیں۔ تاکہ بیڑی سے ٹانگ زخمی نہ ہو ۴ (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ موٹے دماغ کا۔ **چموٹی** (مونث) چموٹا ملو ۲ ۴

چمو (س۔ مونث) ۱ فوج ۲ فوج کا دستہ۔

چَمّو (ہ۔ مونث) ایک بھٹیاری جس کا سجع سودا نے کہا تھا۔ سجع۔ **اوروں کی چوپہری باجے چمّو کی اٹھ پہری۔ باہر کا کوئی آوے ناہیں آویں سارے شہری۔ صاف صوف کر آگے رکھے جس میں ناہیں توسل۔ اوروں کے جہاں سینگ سماویں چمّو کے واں موسل** چمّو کی بھنگ کی تعریف ہے۔

چموّانی (ہ۔ مونث) بچّوں کا ایک کھیل۔

چَمُوکَن۔ چَموکَن (ہ۔ مذکر) چچڑی۔

چِمیگوئیاں (ف۔ مونث) چہ میگوئی کا مخفف اور جمع ہے ۱ گپ شپ۔ باتیں۔ رائے زنی ۲ شوخیاں (رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

چمی (ف۔ صفت) ۱ اصل۔ حقیقی ۲ بامعنی۔ پر مطلب۔

چمی (س۔ مذکر) ۱ طوطا ۲ ایک پودا جس سے موٹا کپڑا اور رسے بنتے ہیں۔

چَمیٹا (ہ۔ مذکر) تھپڑ۔ چانٹا۔ چپٹا۔

چَمیلی (ہ۔ مونث) چنبیلی۔

چَن (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا گنّا۔

چَنْ (س۔ مذکر) ایک اناج چینا۔

چُن (ہ۔ امر) چننا کا (س ج) اکٹھا کرنا) **چُنا** (امر) ۱ چنانا کا ۲ (ماضی) چننا کی۔ **چُنا لینا** (متعدی) دیکھو چنانا۔ **چُنانا** (متعدی) چننا کا۔ **چُناوٹ** (مونث) ۱ کپڑے کا چننا ۲ چنت۔ پلیٹ ۳ اینٹوں کا چننا ۴ لکڑی کا چننا۔ **چُنا ہونا** (لازم) چیدہ۔ منتخب۔ **چُناؤ** (مذکر) دیکھو چنائی ملا۔۳ **چُنائی** (مونث) ۱ اینٹوں پتھروں وغیرہ کو اکٹھا رکھنا ۲ دیوار بنانا ۳ کسی سوراخ کو پتھروں وغیرہ سے بھرنا ۴ چننے کی مزدوری۔ **چُنَت** (مونث) شکن۔ سلوٹ۔ چین جامہ۔ **چُن چُن کر** (تف) انتخاب کرکے۔ چھانٹ کر۔ **چُن دینا** (متعدی) ۱ انتخاب کرنا ۲ اکٹھا کر دینا ۳ دروازے وغیرہ میں دیوار بنا دینا ۴ ترتیب دینا ۵ رکھانا لگا دینا۔ رکھ دینا۔ **چُن ڈالنا** (متعدی) ۱ اکٹھا کرنا ۲ اکھیڑنا۔ نوچنا۔ **چُن لینا** (متعدی) دیکھو چن دینا۔ **چُنن** (ھ) دیکھو چنت۔ **چُننا** (متعدی) ۱ بیننا۔ ایک ایک کرکے چھوٹی چیزوں کو اکٹھا کرنا ۲ انتخاب کرنا۔ چھانٹنا۔ پسند کرنا۔ اخذ کرنا ۳ (دانہ) چگنا ۴ رکھانا) ترتیب دینا۔ رکھنا۔ لگانا ۵ (کپڑا وغیرہ) پلیٹ ڈالنا چنت ڈالنا ۶ (افشاں) ماتھے پر لگانا ۷ (انسان وغیرہ) کھڑا کرکے اردگرد دیوار بنا دینا۔ **چُنوال** (صفت) چنا ہوا منتخب۔ چنی کا۔ بہت اچھا۔ **چُنوا دینا۔ چُنوانا** (م) چننا۔ **چُنوائی** (مونث) ۱ چنوانے کی مزدوری ۲ معماروں کی تنخواہ یا مزدوری ۳ عمارت کے بنوانے کی قیمت۔

چَنا (ہ۔ مذکر) ایک اناج جو سیاہ سفید اور بھورے رنگ کا ہوتا ہے۔ اسے بھون کر کھاتے ہیں۔ اس کا دانہ بھگو کر گھوڑوں کو دیا جاتا ہے۔ دال بنا کر پکائی جاتی ہے۔ پیس کر بیسن بناتے ہیں (س چنک) **چنے** (مذکر) ۱ چنا کی جمع ۲ بجائے چنا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چنے بونا** (متعدی) زمین میں چنے کاشت کرنا۔ **چنے بھگونا** (متعدی) چنوں کو پانی میں ڈال کر رکھنا اس میں وہ پھول جاتے ہیں پھر ان کو بھونتے ہیں۔ **چنے بھُننا** (م) **بھُننا** (لازم) **بھُوننا** (متعدی) چنوں کو گرم ریت میں ڈالکر سوختہ کرنا۔ **چنے سے بھُن رہے ہیں** ۱ بہت زور کا بخار چڑھا ہوا ہے ۲ بہت لوگ مر رہے ہیں۔ **چنے کا مارا مرنا** (لازم) ذرا سی چوٹ سے مرجانا۔ **چنے کی دال** (مونث) دلے ہوئے چنوں کا چھلکا الگ کرکے پکا کر سالن کے طور پر کھاتے ہیں۔

امثال و اقوال

چنا اور چغل مُنہ لگا بُرا۔ چنے کھانے کی عادت پڑ جائے تو چھوٹتی نہیں۔ چغلخور کے ساتھ مہربانی کی جائے تو وہ دوسروں سے لڑائی کرا دیتا ہے۔ **چنا اور چغل مُنہ لگا چھٹتا نہیں**۔ چنے کھانے کی عادت نہیں جاتی۔ اور چغلخور کی باتیں مزا دیتی ہیں۔ **چنا بھٹ کو نہیں پھوڑ سکتا**۔ کمزور زبردست کا کچھ نہیں کرسکتا۔ **چنا ڈال کر کھلانے میں ساجھا** ۱ ذرا سے کام کے لئے بڑی اُجرت ۲ تھوڑی سی پونجی سے بڑی شرکت نہیں ملتی۔ **چنا کہے میری اُونچی ناک۔ ایک گھر دلئے دو گھر راڑ۔ جو کھاوے میرا ایک ٹوک۔ پانی پیوے سو سو کھونٹ** چنے کے دلنے کی آواز بہت دور تک جاتی ہے۔ اور اسے کھا کر بہت پیاس لگتی ہے۔ **چنا مرد ناج ہے**۔ چنا جوانمردوں کی خوراک ہے۔ **چنے چبالو (چباؤ) یا شہنائی بجالو (بجاؤ)** دو میں سے ایک کام ایک وقت ہوسکتا ہے۔ دو کام ایک وقت نہیں ہوسکتے۔ **چنے کا چبانا شہنائی کا بجانا دونوں کام نہیں ہوسکتے**۔ دو متضاد کام ایک وقت نہیں ہوسکتے۔ **چنے کا مارا مرتا ہے**۔ انسانی زندگی کی بے ثباتی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **چنے چرونجی ہوگئے۔ گیہوں ہوگئے راکھ۔ گھر میں گھنے نہیں ہیں چرخہ پونی کھاٹ**۔ غربت اور قحط کے زمانے کو ظاہر کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ **چنے کے ساتھ گھن نہ پس جائے**۔ امیر کے ساتھ کہیں غریب کا بھی نقصان نہ ہوجائے۔ گنہگار کے ساتھ کہیں بیگناہ کو بھی سزا نہ مل جائے۔ **چنے کے ساتھ گھن بھی پس گیا**۔ امیر کے ساتھ غریب بھی مارا گیا۔

چُنّا (ہ۔ متعدی) دیکھو چننا ۲ (مذکر) کیڑا جو بچے کے معدے میں ہوجاتا ہے۔ عموماً جمع استعمال ہوتا ہے (غف) **چُنّے** (مذکر) چنّا کی جمع۔

چِنار (ف۔ مذکر) ۱ ایک بڑا درخت جو کشمیر میں زیادہ تر ہوتا ہے۔ اس کے پتے پنجے کی شکل کے ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی جوہردار ہوتی ہے ۲ مہندی لگانے کا ایک طریقہ۔

چُنّا مُنّا (اردو۔ صفت) بچوں کی زبان میں بہت چھوٹا۔

چُناں (ف۔ صفت) اس طرح۔ ایسا۔ اس طرح کا۔ اردو میں تنہا نہیں استعمال ہوتا۔ **چناں چنیں** (صفت) ۱ ایسا ویسا ۲ (مونث) لسانی۔ باتیں کرنا ۳ نقص۔ عیب ۴ تکرار۔ جھگڑا۔ بحث ۵ حیلہ حوالہ۔ ٹال مٹول (آنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **چناں و چنیں ہونا** (لازم) تکرار ہونا بحث ہونا۔ **چنانچہ** (صفت) اس طرح۔ اس طور سے۔ مثلاً۔

چَنبَر (ف۔ مذکر) ۱ گردن کی ہنسلی ۲ چلم کا سرپوش ۳ حلقہ۔ گھیرا۔ محیط ۴ آسمان کا دور۔ **چنبر چرخ** (مذکر) آسمان کا دور۔ **چنبر گردن** (مذکر) گردن کی ہنسلی۔ **چنبر گردن سے اُڑا دینا** (متعدی) سر الگ کر دینا یا کاٹ دینا۔ **چنبری** (صفت) گول۔

چِنبک (ھ۔ مذکر) ٹھوڑی۔

چُنبَک (ہ۔ مذکر) مقناطیس۔

چَنبَل (ہ۔ مذکر) دیکھو چنبر (ست)

چَنبیلی (ہ۔ مونث) ۱ ایک خوشبودار پھول کا پودا ۲ اس کا پھول ۳ عورتوں کا ایک نام۔ خصوصاً لونڈیوں یا مالنوں کا (س چمپکولی) **چنبلیا** (مذکر) ایک قسم کا بھورے رنگ کا کبوتر۔ **چنبیلی کا جال** (مذکر) ایک قسم کا کشیدہ۔

امثال و اقوال

چنبیلی چاؤ میں آئی بختاور ریوڑیاں بانٹے (مو) کوئی کنجوس خرچ کرے تو کہتی ہیں۔ **چنبیلی چاؤ میں آئی (بختیارے) لڑکے بالے ساتھ لائی**۔ کمینے کو مُنہ لگاؤ تو سر پر چڑھتا ہے۔

چِنت۔ چِنتا (س۔ مونث) ۱ خوف۔ خطرہ۔ ڈر ۲ خیال۔ سمجھ۔ سوچ ۳ شک۔ شبہہ ۴ احتیاط۔ تردد۔ فکر۔ اندیشہ۔ تشویش۔ **چنتا پر** (صفت) ۱ فکرمند۔ متردد۔ مضطرب ۲ (مذکر) فکرمند شخص وغیرہ۔ **چنتا پڑنا** (لازم) **چنتا کرنا** (متعدی) فکر کرنا۔ گھبرانا

وغیرہ۔ چنتاکل (صفت) پریشان خیال۔ چنتامنی (عص) ۱؎ ایک جواہر جس کے مالک کی ساری خواہشیں پوری ہوتی تھیں ۲؎ کئی کتابوں کا نام ۳؎ ایک تیرتھ کا نام ۴؎ ایک بدھ کا نام ۵؎ ایک سادھی کا نام چنتنا (متعدی) سوچنا۔ خیال کرنا۔ چنتاوت یا وان (صفت) سوچنے والا۔ خیال میں مشغول۔ چنتا ویشمان (مذکر) کونسل گھر۔ ایوان مجلس۔ چنتا ہونا (لازم) فکر ہونا۔ سوچ میں پڑنا۔ چنتا یمان (صفت) ۱؎ سوچنے والا۔ فکر کرنے والا ۲؎ محتاط۔ چنتن (مذکر) ۱؎ سوچنا۔ فکر کرنا ۲؎ احتیاط۔ سوچ۔ فکر (کرنا کے ساتھ) چنتنا (لازم) فکر کرنا۔ سوچنا۔ چنتیا (مونث) سوچ فکر احتیاط (س چنت۔ سوچنا)

دوہرہ۔ چنتا جوال سریر بن دہ نہ لگے بٹلائے۔ پرگھٹ دھواں نہ دیکھئے اور اندر میں دھندو آئے۔ چنتا آگ ہے اور بدن لکڑی ہے۔ جب آگ لگے کوئی اس کو بجھا نہیں سکتا۔ دھواں کوئی نہیں دیکھتا اندر ہی اندر جلتی ہے۔ فکر انسان کو گھلا دیتا ہے۔ چنتا چتا برابر۔ فکر سخت تکلیف دہ ہے۔

چِنٹ (ہ۔مذکر) بخیل۔ کنجوس

چُنٹی (ہ۔مونث) چیونٹی کا مخفف۔

چِنچا (ہ۔مذکر) ۱؎ املی کا بیج ۲؎ (س) املی کا درخت ۳؎ املی۔

چِنچٹا (ہ۔صفت) بہت تھوڑا۔ نہایت کم ۲؎ بخیل۔ کنجوس ۳؎ (مذکر) بخیل یا کنجوس آدمی۔

چِنچنی (س۔مونث) ۱؎ وہ جگہ جہاں املی کے درخت بہت ہوں ۲؎ ایک شہر۔

چِنچریک (س۔مذکر) شہد کی مکھی۔

چنچل (س۔صفت) ۱؎ ادھر اُدھر پھرنے والا ۲؎ متحرک۔ لرزاں۔ کانپنے والا ۳؎ بے چین۔ بے قرار ۴؎ بیوفا۔ تنک مزاج۔ بدلنے والا۔ بے اعتبار ۵؎ لاپرواہ۔ بے پروا ۶؎ شوخ۔ چالاک۔ چست۔ ۷؎ ٹکنے نہ بیٹھنے والا ۸؎ عارضی۔ خراب ہو جانے والا۔ برباد ہو جانے والا ۹؎ (مذکر) بیوفا شخص ۱۰؎ بدچلن یا بدمعاش آدمی۔ چنچلانا (متعدی) بے چین ہونا۔ بیقرار ہونا وغیرہ دیکھو چنچل۔ چنچلاہٹ (مونث) چنچلائی (مونث) چنچلپن (مذکر) چنچلپنا (مذکر) ۱؎ بے چینی۔ بیقراری ۲؎ اضطراب ۳؎ شوخ۔ چالاکی۔ چستی ۴؎ ناپائداری۔ بے ثباتی۔

امثال وغیرہ۔ چنچل نار چھبیل سے لڑی کھن (کبھی) اندر کھن باہر کھڑی عاشق معشوق لڑیں تو بہت بیقرار رہتے ہیں چنچل نار کی چال چھپے ناہیں نیچ چھپے نہ بڑاپن پالئے جوگی کا بھبھک نیک دھرو۔ کوئی کرم چھپے نا بھبوت رمائے۔ بدمعاش عورت چال سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ کینہ چاہے کتنا بڑا ہو چھپ نہیں سکتا۔ جوگی کے کپڑے پہننے اور بھبوت ملنے سے بُرے کام نہیں چھپ سکتے۔ مطلب یہ ہے کہ اصلیت ظاہر ہو جاتی ہے۔

چِنچلا (س۔مونث) ۱؎ بجلی ۲؎ دولت کی دیوی۔

چَنچلی (ہ۔مونث) ایک پودے کا نام۔

چِنچنا (ہ۔صفت) چڑچڑا۔ بدمزاج۔ تنک مزاج۔ تلخ مکڑنا ۲؎ وہ جس کی آواز صاف اور باریک ہو۔ چنچنا مزاج ہے۔ زود رنج ہے۔ چنچنانا (ہ) ۱؎ رونا۔ بگڑنا۔ بدمزاجی کرنا بچوں کا۔ ٹھنکنا۔ چیں چیں کرنا ۲؎ بدمزاجی کرنا۔ چڑنا۔ کھجنا ۳؎ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا۔ چڑچڑانا۔ چنچنی (صفت مونث) دیکھو چنچنا۔ چنچنی آواز۔ باریک صاف آواز۔ تیز اور باریک آواز۔

چُنچنا (ہ۔مذکر) وہ کیڑا جو بچوں کے معدوں میں ہو جاتا ہے۔ چُنّا۔ چُرنا عموماً جمع استعمال ہوتا ہے۔ چنچنے لگنا (لازم) بُرا معلوم ہونا۔ ناگوار گزرنا۔

چَنچنانا (ہ۔لازم) ۱؎ اچٹنا۔ تڑقنا۔ آہستہ کھولنا ۲؎ درد ہونا۔ تپکنا۔ ٹیس مارنا۔

چُنچناہٹ (ہ۔مونث) چٹخ۔ تڑق وغیرہ۔ دیکھو آخری۔

چَنچو (س۔مذکر) ۱؎ ہرن ۲؎ ارنڈ ۳؎ کئی دیگر پودوں کا نام ۴؎ ہرت کا ایک بیٹا ۵؎ (مونث) چونچ ۶؎ (صفت) مشہور۔ نامی۔ نامور۔

چَند (ف۔صفت) ۱؎ کچھ تھوڑے سے قلیل۔ محدود ۲؎ کس قدر۔ کتنے۔ کے بار ۳؎ (مرکبات میں) مقدار۔ اتنے گنا۔ اس قدر۔ اتنے جیسے دو چند۔ سہ چند۔ چندا (مذکر) ۱؎ وہ روپیہ جو کسی کام کے لئے دیا جائے۔ دان۔ نذر ۲؎ محصول۔ مالگذاری ۳؎ محکمہ پولیس میں گھوڑوں کے لئے روپیہ اکٹھا کرنا۔ دینا۔ کرنا۔ لینا کے ساتھ) چنداں (صفت) ۱؎ اس قدر ۲؎ کئی۔ بہت۔ کتنے ہی۔ چنداں ضروری نہیں بہت ضروری نہیں۔ اس قدر ضروری نہیں چندانکہ (صفت) ۱؎ جس قدر۔ جتنا۔ جتنے ۲؎ باوجودیکہ۔ تاہم۔ اگرچہ۔ چنداں مضائقہ نہیں۔ کوئی حرج نہیں۔ کوئی پروا نہیں۔ معمولی بات ہے۔ چندانہ (صفت) ۱؎ بہت۔ متفرق۔ کئی ۲؎ (مذکر) مغلوں کے زمانے کا ایک محصول جو گوپوں وغیرہ سے لیا جاتا تھا ۳؎ مختلف اخراجات چند بار (صفت) کئی مرتبہ۔ کئی دفعہ۔ چندتن (مذکر) ۱؎ تھوڑے سے آدمی ۲؎ کس قدر آدمی۔ چند در چند (صفت) کئی۔ بہت سے۔ مختلف ۲؎ بہت بیحد۔ حد سے زیادہ ۳؎ کئی گنا۔ کئی بار۔ چند دفعہ کئی مرتبہ۔ کئی بار۔ چند دن یا روز (مذکر) تھوڑے سے دن۔ چند روزہ (صفت) عارضی۔ فانی۔ بے ثبات ناپائدار۔ چند سال (مذکر) کئی سال۔ تھوڑے سے سال۔ چند سالہ (صفت) تھوڑے سال کا۔ چند نفر (مذکر) کچھ آدمی۔ چندے ۱؎ کچھ مدت کچھ روز۔ غیر معین مقدار یا تعداد ۲؎ کچھ۔ چندے بعد (ف) کچھ مدت بعد۔ وقت پر۔ چندیں (صفت) اس قدر۔ اتنے۔

امثال واقوال۔ چندیں شکل برائے اکل۔ اچھی چیز کے لئے اس کا اہل ہونا چاہئے۔ چندیں مدت خدائی کردی گاؤ خر نہ شناختی۔ کہتے ہیں ایک شخص کو پڑوسی کے گدھے کی آواز سے تکلیف ہوتی تھی۔ اس نے دعا مانگی کہ گدھا مر جائے۔ دوسرے دن اس کی گائے مر گئی۔ سو اس نے غصے میں یہ الفاظ خدا کی طرف خطاب کئے۔ اس موقع پر کہتے۔ جب کوئی قابلیت کا دعوے کرے۔ اور باتوں میں تمیز نہ کر سکے۔

چَند (ہ۔مذکر) چاند۔ بہت سے ہندو ناموں کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے چندا (مذکر) ۱؎ چاند ۲؎ گول ٹکڑا۔ چندا ماموں (مذکر) بچے چاند کو کہتے ہیں چندبدن یا مکھ۔ چاند کی طرح منہ چندبدنا یا بدنے یا مکھایا مکھے (صفت) چاند کی طرح چہرے والا چندے آفتاب (ہ۔صفت) بسقدر خوبصورت جیسے سورج چندے آفتاب چندے مہتاب۔ نہایت خوبصورت بیحد حسین چندے مہتاب (ہ۔صفت) بسقدر خوبصورت جیسے چاند یہ محاورے ہندوستان کی اختراع ہیں فارسی میں استعمال نہیں ہوتے۔

مقولہ۔ چندا تیری چاندنی اور تاروں بھری رات۔ چاہے کتنی چٹکو

چاندنی کیا دن برابر رات - تم کتنی تدبیر کرو۔
ہماری برابری نہ ہوگی۔

چَنْدَر (س۔ مذکر) ۱ چاند۔ قمر۔ مہتاب ۲ چاند کی طرح کا داغ ۳ مور کے پر کا نشان **چندراپور** (عص) ایک شہر۔ **چندراپیڈ** (عص) ۱ جنمیجے کا ایک لڑکا ۲ کشمیر کا ایک راجہ۔ **چندراچاریہ** (مذکر) جینیوں کا ایک گورو۔ **چندرادتیہ** (عص) ایک راجہ۔ **چندرانن** (عص) ۱ ماہرو ۲ سکند کا لقب ۳ ایک جن ۴ کالکا کے ایک سورما کا نام **چندراوتی** (مونث) ۱ ایک تیرتھ ۲ راجہ دھرم سین کی بیوی۔ **چندراولی** (مونث) ۱ ایک یوگنی ۲ کرشن جی کی ایک گوپی ۳ ایک مشہور ناٹک۔ **چندر بالا** (مذکر) بڑی الائچی۔ **چندر باہو** (عص) ۱ ایک اسر ۲ کالکا کا ایک سورما۔ **چندر بمب** (مونث) ایک گندھرو کنیا کا نام **چندربنسی** (صفت مذکر) دیکھو علیحدہ **چندر بھاگ** (مذکر) کوہ ہمالیہ کی چوٹی کا نام جہاں سے دریائے چناب نکلتا ہے۔ **چندر بھاگا یا بھاگی** (مونث) دریائے چناب۔ **چندر بھانو** (مذکر) کرشن جی کا ایک بیٹا **چندر بھوتی** (مونث) چاندی۔ **چندر پتر** (مذکر) عطارد۔ بدھ۔ **چندر پروتا** (مذکر) ۱ جبل القمر ۲ ایک پہاڑ۔ **چندر پربھ** (مذکر) ۱ ایک جینی ارہت ۲ ایک یکش ۳ کئی دیگر آدمیوں کا نام۔ **چندر پربھاس تیرتھ** (مذکر) ایک تیرتھ۔ **چندر پریہ** (مذکر) ایک راجہ۔ **چندر تاپن** (مذکر) ایک دانو۔ **چندر تارکا** (مذکر) چاند اور تارے۔ **چندر جنک** (مذکر) سمندر۔ **چندر جوت** (مونث) چاندنی۔ **چندر جہ** (مذکر) عطارد۔ بدھ۔ **چندر چوڈ** (مذکر) ۱ شوجی کا نام ۲ بھیرو کی ایک شکل ۳ کالکا کے ایک سورما کا نام ۴ ایک مصنف ۵ ایک راجہ۔ **چندر دار** (مذکر) ستائیسواں نکھترہ **چندر دت** (مذکر) ایک مصنف۔ **چندر دیش** (مذکر) ہلال۔ **چندر دویپ** (مذکر) ایک دویپ یا برِ اعظم۔ **چندر دیو** (مذکر) ۱ مہابھارت میں ایک سورما کا نام ۲ ایک برہمن جو کشیپ کی نسل سے تھا۔ **چندر راج** (مذکر) راجہ ہرش کا ایک وزیر۔ **چندر رتن** (مذکر) موتی۔ **چندر ریکھا** (مونث) ۱ چاند کا سولھواں حصّہ ۲ ایک سورنگنا کا نام۔ **چندر ساگر** (مذکر) کشمیر ساگر کا لقب۔ وہ جگہ جہاں سے چاند کا پہلے پہل چڑھنا بیان ہوتا ہے۔ **چندر ساہی** (مذکر) ایک راجہ۔ **چندر سمبھو** (مونث) چھوٹی الائچی۔ **چندر سنہا** (مذکر) ۱ ایک راجہ کا نام جو درپا نارائن کا بیٹا تھا ۲ کالکا کے ایک سورما کا نام **چندر سوریہ** (مذکر) چاند اور سورج۔ **چندر سین** (مذکر) ایک راجہ جو سمدر سین کا بیٹا اور جس کا ذکر مہابھارت میں آتا ہے۔ **چندر شیتا** (مونث) سکند کی ایک ماتری۔ **چندر شیکھر** (مذکر) ۱ شوجی ۲ ساہتیا درپن کے مصنف کے باپ کا نام جو وزیر تھا ۳ شکنتلا کے ایک ٹیکے کا مصنف ۴ مدھرا نردھ کا مصنف ۵ ایک راجہ ۶ ایک پہاڑ۔ **چندر کال** (مذکر) موت جو چاند کے اثر سے واقع ہو۔ **چندر کانت** (صفت) ۱ مہ جبین۔ ماہرو۔ نہایت حسین ۲ (مذکر) ایک قسم کا جواہر جس کی بابت مشہور ہے کہ چاند کی کرنوں کے جم جانے سے پیدا ہوتا ہے اور چاند کی کرنیں پڑنے سے پگھل جاتا ہے۔ حجر القمر۔ **چندر کانتا** (عص) ۱ چاند کی بیوی ۲ ایک سرنگنی کا نام ۳ (مونث) رات۔ **چندر کانتی** (مونث) ۱ چاندنی ۲ چاند کا نام نویں رات کو ۳ کالکا کے ایک سورما کا نام۔ **چندر کلا** (مونث) ۱ چاند کا سولھواں حصّہ ۲ ہلال سے دوسری رات کا چاند ۳ ایک قسم کی دھوتی جو عورتیں باندھتی ہیں ۴ ناخن کا سفید نشان ۵ ایک قسم کا ڈھول ۶ ایک قسم کی مچھلی ۷ ایک سر ۸ ایک ناٹک کا نام **چندر کنڈ** (مذکر) کامروپ میں ایک تالاب۔ **چندر کوٹا** (مذکر) کامروپ میں ایک پہاڑ۔ **چندر کیتو** (عص) ۱ لچھمن جی کے ایک بیٹے کا نام ۲ ایک ودیادھر ۳ کئی راجوں کا نام ۴ کئی دیگر آدمیوں کا نام ۵ شہر چکورا کا ایک راجہ ۶ ہمالیہ کے دامن میں ایک ملک **چندر کیرتی** (مذکر) ۱ اجین کا ایک راجہ ۲ ایک جینی سوری۔ **چندر کیش** (مذکر) کالکا کے ایک سورما کا نام۔ **چندر گپت** (مذکر) ۱ یم کے دربار کا مردوں کے نام لکھنے والا دیوتا ۲ دیکھو علیحدہ۔ **چندر گپتی** (مذکر) اونتی کا ایک راجہ۔ **چندر گرہ یا گرہن** (مذکر) دیکھو چاند گرہن۔ **چندر لیکھ** (مذکر) ایک راکشس۔ **چندر لیکھا** (مونث) ۱ چاند کا سولھواں حصّہ ۲ سوشورس ناگ کی بیٹی ۳ کشیم گپت کی بیوی ۴ کئی رانیوں اور عورتوں کا نام۔ **چندر ما** (مونث) ایک دریا کا نام جس کا ذکر مہابھارت میں آتا ہے۔ **چندر مارگ** (مذکر) کرّہ ہوا **چندر ماس** (مذکر) قمری مہینہ۔ **چندر مالا** (مذکر) ایک بحر یا وزن **چندر مال** (مذکر) چاند۔ **چندر مس** (مذکر) ۱ چاند۔ چاند کا دیوتا ۲ آٹھ واسوؤں میں سے ایک ۳ کالکا کا ایک سورما۔ **چندر مکٹ** (مذکر) شوجی۔ **چندر مکھ** (صفت) مہ جبین۔ ماہرخ۔ حسین۔ **چندر مکھی** (صفت۔ مونث) ۱ دیکھو آخری ما ۲ (مونث) ایک سرنگنا کا نام ۳ ایک رگ فرج میں۔ **چندر ملک** (مذکر) سفید گل داؤدی۔ **چندر منڈل** (مذکر) ۱ چاند کا کرہ ۲ چاند کا گولا ۳ چاند کا ہالا۔ **چندر مولی** (صفت) ۱ جس کی کلغی چاند کی ہو ۲ (مذکر) شوجی۔ **چندر والا** (مذکر) بڑی الائچی۔ **چندر واہن** (مذکر) پرتشقان کا ایک راجہ **چندر وجن** (مذکر) ایک راجہ۔ **چندر ودن یا ودنی** (صفت) مہ جبین۔ ماہرو۔ **چندر ودے** (مذکر) ۱ چاند کا چڑھنا۔ طلوع قمر ۲ شامیانہ ۳ ایک چادر یا فرش جو شادی بیاہ کے موقعوں پر ہندوؤں کے صحنوں میں بچھایا جاتا ہے **چندر ورگن** (مذکر) کامبوج کا ایک راجہ۔ **چندر وسا یا وشا** (مذکر) ایک دریا۔ **چندر وکرم** (مذکر) کالکا کے ایک سورما کا نام۔ **چندر ونش** (مذکر) دیکھو چندر بنسی۔ **چندر ونشی** (مذکر) ۱ چندر ونش خاندان کا منش ۲ (صفت) چندر ونش کا یا اس کے متعلق۔ **چندر ہار** (مذکر) ایک قسم کا ہار جس میں سونے چاندی یا قیمتی پتھروں کے گول ٹکڑے لگے ہوتے ہیں۔ **چندر ہاس** (مذکر) ۱ چمکتی ہوئی شمشیر ۲ راون کی تلوار ۳ ایک راجہ ۴ کالکا کا ایک سورما ۵ چاندی۔ **چندر ہاسا** (مونث) ۱ ایک یوگنی کا نام ۲ ایک قسم کا بینگن۔ **چندر یش لنگ** (مذکر) شوجی کا ایک لنگ۔
چندر لیشور تیرتھ (مذکر) ایک تیرتھ۔

چَنْدرارہ (صفت) ۱ گنجا ۲ عقلمند۔ دانا۔

چَنْدرانا (ہ۔ متعدی) ۱ بہانہ کرنا۔ تجاہلِ عارفانہ کرنا ۲ جھٹلانا ۳ (ہ۔ لازم) خشک ہو جانا۔ جل جانا (درخت کا) بڑھنے سے رک جانا (س چھل ظاہر کرنا) **چندرنا** (ہ۔ لازم) دیکھو آخری ۳

چَنْدراوَل (ہ۔ مونث) ۱ واقفیت شناسائی۔ جان پہچان ۲ تعلق۔ رشتہ ۳ ساتھی ہمراہی۔

چَندَرس (ہ - مذکر) ایک قسم کا گوند۔

چُندَرَک (س - مذکر) ۱ چاند ۲ دایرہ یا گول چیز چاند کی شکل کی ۳ کوئی جگہ چاند کی طرح کی ۴ مور کے پر کا نشان ۵ ناخن پر سفید نشان ۶ ایک شاعر کا نام ۷ سیاہ مرچ - چندرکا (مونث) ۱ چاندنی - چاند کی کرن ۲ چھوٹی اور بڑی الائچی ۳ ایک بحر یا وزن ۴ ایک قسم کی مچھلی ۵ شان و شوکت - چمک دمک - بھڑک - درخشانی ۶ روشنی - چراغاں ۷ کسی مضمون یا کتاب کی تشریح ۸ کاویاد کا ایک ٹیکا ۹ گنجا پن ۱۰ ایک عورت کا نام ۱۱ ایک سرنگنا ۱۲ دریاے چناب - چندرکاوت (مذکر) دم میں آنکھیں رکھنے والا مور۔

چَندِرِل (س - مذکر) ۱ شوجی ۲ نائی ۳ سفید پالک کا ساگ۔

چَندرُوس (ہ - مذکر) کہربا کی طرح کی ایک معدنی چیز۔

چُندری - چَندڑی (ہ - مونث) چنری۔

چَندلا (ہ - صفت) ۱ گنجا ۲ (مذکر) گنجا پن۔

چَندَن (ہ - مذکر) ۱ صندل کی لکڑی ۲ صندل کا درخت۔

امثال و اقوال - چندن کی چنکی بھلی گاڑی بھرا نہ کاٹھ - چندن کی چنکی نا گاڑی بھرا ناج (ہ) اچھی تھوڑی چیز معمولی بہت سی چیز سے بہتر ہے - چندن پڑا چمار کے ہت اُٹھ کوٹے چام - رو رو چندن مہی پھڑے پڑا نیچ سے کام۔ اچھی چیز ناقدرشناس کے ہاتھ لگ جائے تو وہ قدر نہیں کرتا اور فضول کاموں میں استعمال کرتا ہے۔

چَندَن (س - مذکر) ۱ صندل کی لکڑی یا درخت ۲ خوشبو جو صندل سے بنائی جائے ۳ کوئی چیز جو اعلٰے قسم کی ہو ۴ خدا کا ایک نام ۵ ایک راجہ جسے چندن نک بھی کہتے ہیں ۶ ایک گھاس جسے بھدکالی بھی کہتے ہیں ۷ ایک بندر جس کا ذکر رگوید میں آتا ہے۔ چندناوتی (مونث) ایک دریا - چندن پور (مذکر) ایک شہر - چندن ہار (مذکر) دیکھو چندرہار۔

چَندنا (ہ - مذکر) ۱ چاندنی ۲ طوطا۔

چَندوا (ہ - مذکر) چندویا (ہ) ۱ چھوٹا شامیانہ ۲ ٹوپی کا اوپر کا حصہ ۳ گڑ نکالنے کا چمچہ ۴ ہل کا لوہے کا حصہ۔

چَندَہ (ہ - مذکر) دیکھو چندا - چند کے تحت میں۔

چُندھا (ہ - صفت) چندھلا (ہ) ۱ کمزور آنکھوں والا - چھوٹی آنکھوں والا - جسے کم نظر آئے ۲ (ہ) خراب - بُرا جو نہ پڑھا جاسکے (خط یا تحریر) ۳ (مذکر) وہ شخص جس کو روشنی میں اچھی طرح نہ نظر آئے (س چک اندک)، چندھلانا (ہ) چندھیانا (لازم) ۱ روشنی کی وجہ سے آنکھیں جھپکنا ۲ آنکھوں کی کمزوری کی وجہ سے کم نظر آنا - چندھی (صفت مونث) دیکھو چندھا - چندھی آنکھیں (مونث) چندھے دیدے (مذکر) چھوٹی چھوٹی آنکھیں جن سے اچھی طرح نظر نہ آئے - کمزور آنکھیں۔

چِندی (ہ - مونث) چھوٹا ٹکڑا - پرزہ - چیتھڑا - اُردو میں ہندی کی چندی کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے - چندی چندی کرنا (ہ) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پرزے پرزے کرنا - چندی سمجھانا یا کرنا (متعدی) ذرا ذرا معنی سمجھانا - بال کی کھال نکالنا (ہندی کی کے ساتھ)

چُندی (س - مونث) ۱ بدچلن عورت - زانیہ - فاحشہ ۲ دلالہ - کٹنی۔

چَندماری (ہ - مونث) ایک آبی پرند جس کی چونچ موٹی اور لمبی ہوتی ہے - اور اس کے نیچے ایک تھیلی لٹکتی ہے۔

چُندیا (ہ - مونث) ۱ کھوپڑی - سر کا اوپر کا حصہ ۲ روٹی میں جو ٹکیا سی رہ جاتی ہے - چندیا پر (ایک) بال نہ رہنا (لازم) چھوڑنا (متعدی) لوٹ کر کھا جانا - کچھ پاس نہ چھوڑنا - مفلس کر دینا - چندیا مونڈنا (متعدی) ۱ لوٹ کر کھانا ۲ سر مونڈنا - عورت کے سر کے بال مونڈنا۔

چُندَیا (ہ - مذکر) گہری جگہ۔

چَندیری (ہ - صفت) چاندی کی - نقرئی۔

چَندینہ (ہ - صفت و مذکر) چندانہ - چندی

چَندیہا (ہ - صفت) ۱ نقرئی - چاند کے رنگ کا ۲ سفید۔

چُنڈ (س - صفت) تند - تیز - غضبناک - خشمگیں - آگ بھبوکا - برہم - آشفتہ ۲ گرم - تیز - کڑوا - مرچوں والا ۳ ظالم - سفاک - بیرحم ۴ فتنہ کیا ہوا ۵ (مذکر) تند و غیرہ شخص ۶ دیوتیوں کی ایک قسم ۷ شوجی یا بھیرو کا ایک لقب ۸ ایک راکھشس جو بیماری پیدا کرتا ہے ۹ یم یا شوجی کے سات پرستاروں میں سے ایک کا نام ۱۰ سات بادلوں میں سے ایک جو طوفان عظیم کے وقت آئے تھے ۱۱ گرمی ۱۲ غصہ - جوش - تندی - چنڈا (مونث) ۱ ناراض یا خشمگیں عورت ۲ درگاجی کا ایک نام خصوصاً اس اوتار کے متعلق جس میں انھوں نے مہیش کو قتل کیا تھا - بنگال میں درگاپوجا کے موقع پر اس کا تماشا کرتے ہیں - اس کا ذکر مارکنڈیا پران کے ایک ادھیاے میں ہے ۳ درگاجی کی آٹھ نائکوں یا شکتیوں میں سے ایک کا نام ۴ ایک دریا ۵ ایک پودا ۶ ایک گھاس ۷ ایک قسم کی خوشبو۔

چَنڈار (ہ) چَنڈال (س - مذکر) ۱ ذلیل ذاتوں میں سب سے گھٹیل ذات ۲ شودر باپ اور برہمن ماں کا بیٹا ۳ ذات برادری سے خارج کیا ہوا شخص ۴ ایک نیچ قوم جو سور چراتی ہے ۵ بدنصیب - بدبخت ۶ بدمعاش - بدذات - شریر - شیطان - بخیل - شوم - چنڈالا (مونث) چنڈال عورت - چنڈال آدمی (مذکر) موذی - بدذات شخص - چنڈال بال (مذکر) ایک لمبا بال جو ماتھے پر ہو جاتا ہے - اور منحوس سمجھا جاتا ہے - چنڈال چوکڑی (مونث) چند شریر آدمی جو مل کر بیٹھتے اور شرارتیں کرتے ہوں - مذاقاً بھی کہا جاتا ہے - چنڈالکا (مونث) ۱ درگاجی ۲ ایک پودا جس کے نیچے گانٹھ ہوتی ہے ۳ بانسری - چنڈالن چنڈالنی - چنڈالی (مونث) چنڈال کی - چنڈال ونلی (مونث) بانسری - چنڈالیا (مذکر) ۱ چھپروں کی ایک ذات ۲ اس ذات کا ایک شخص۔

مثل - چنڈال نہ چھوڑے مکھی نہ چھوڑے بال - چنڈال کے کھانے میں سے مکھی یا بال نکل آئے تو وہ پروا نہیں کرتا ہر قسم کی چیز کھا جاتا ہے۔

چَنڈاول (ہ - مذکر) ۱ فوج کی آخری قطار - عقب ۲ چوکیدار - سنتری - پہرے والا

چَنڈُو (ہ - مونث) ایک نشہ آور چیز جو افیون سے بنائی جاتی ہے - اور حقّہ پہ رکھ کر

پی جاتی ہے (س چنڈک) **چنڈو باز** (صفت) ۱ وہ شخص جو چنڈو پینے کا عادی ہو ۲ زرد رنگ آدمی **چنڈو خانہ** (مذکر) وہ مکان جہاں چنڈو پی جاتی ہے۔ **چنڈولیا** (صفت) چنڈو پینے والا۔ چنڈوباز۔

چنڈوا (ھ۔ مذکر) ہل کی پھالی۔

چنڈول (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پرند ۲ بے ہنگم اور بدشکل آدمی۔

چنڈول (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی پالکی۔ سکھپال ۲ ایک کھلونا جس میں چار جڑی ہوئی مٹی کی کلھیاں ہوتی ہیں (چوڈول کا مخفف ہے) ۳ چنڈاول کا مخفف۔

چنری (ہ۔ مونث) **چنڑی** (ھ) ۱ رنگ برنگ دوپٹہ ۲ کپڑا رنگنے کا ایک طریقہ جس میں باندھ کر رنگتے ہیں۔ بندھی ہوئی جگہ پر رنگ نہیں چڑھتا۔ چنکی ۳ اس طرح رنگی ہوئی ساڑی۔

چلسر (ھ۔ مذکر) ایک پودا جو مصالح کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

چنک (ھ۔ مذکر) سنگھ یا چنگ کا بگڑا ہوا۔

چنک (س۔ مذکر) ۱ چنا ۲ چانکیہ کا باپ ۳ ایک گاؤں۔

چنک (س۔ مذکر) ۱ چنا ۲ (ھ۔ مونث) ایک قسم کی بٹیر جو گرمی کے موسم میں نکلتی ہے۔

چنک (ھ۔ مونث) **چنک** (ہ) چٹکار (مذکر) ۱ بیج کی گٹھلی یا چھلکے کا پھٹ جانا ۲ غنچے کی شگفتگی ۳ مٹی کے برتن وغیرہ کے بغیر آواز کے خود بخود ٹوٹ جانا ۴ کمر کی چک یا جھٹکا ۵ سوزاک۔ پیشاب کی سوزش۔ **چنک باؤ** (مذکر) جوڑوں کا درد۔ کمر کا درد۔ **چنکنا** (لازم) ۱ دیکھو چنک ۲ ادا ۳ نے ۴ کھجنا۔ غصّے ہونا۔ چڑچڑانا۔

چنگ (ف۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو ٹیڑھی یا جھکی ہوئی ہو ۲ ہاتھ انگلیوں کو ٹیڑھا کر کے پھیلایا ہوا ۳ پنجہ درندے کا ۴ پنجہ جانور کا ۵ ایک قسم کا باجہ جو ستار کی شکل کا ہے ۶ ایک قسم کا کنکوا جس میں دیا روشن کر کے اُڑاتے ہیں ۷ لمبا کاغذ کا ٹکڑا جو کنکوے کے ساتھ چسپاں کر دیتے ہیں ۸ گنجفہ کی ایک بازی کا نام ۹ شہرت۔ شہرہ۔ چنگ بجانا (متعدی)، **بجنا** (لازم) چنگ باجے سے آواز نکلنا۔ **چنگ باؤ یا بائو** (مذکر) جوڑوں کا درد۔ **چنگ نواز** (مذکر) چنگ بجانے والا آدمی **چنگ نوازی** (مونث) چنگ بجانا۔ **چنگی** (مذکر) چنگ نواز۔

چنگ (ہ۔ امر) چنگنا کا۔ **چنگا** (امر) ۱ چنگانا کا ۲ (ماضی) چنگنا کی۔ **چنگانا** (متعدی) چڑانا (مت)، **چنگنا** (لازم) چڑنا (مت)

چنگ (ھ۔ مونث) ۱ سوزاک۔ پیشاب کی سوزش ۲ سوزش۔ جلن۔ ٹیس ۳ سوجن۔ درد۔ **چنگنا** (لازم) ۱ چبھنا۔ سوزش ہونا۔ ٹیس پڑنا۔ جلن ہونا ۲ چیخنا۔ چلانا۔ چیں چیں کرنا۔

چنگ (س۔ صفت) ۱ سمجھنے والا ۲ خوبصورت۔ **چنگداس** (مذکر) ایک نحوی۔

چنگا (ہ۔ مذکر) ۱ اچھا۔ بھلا۔ تندرست۔ توانا۔ طاقتور۔ اُردو میں صرف بھلا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (س چنگ۔ خوبصورت) **چنگا بنانا** (متعدی) ۱ ٹھیک کرنا۔ درست کرنا ۲ سزا دینا۔ حیران کرنا۔ عاجز کرنا۔ **چنگا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ اچھا ہونا۔ تندرست ہونا۔ باصحت ہونا۔

مثل۔ چنگا ہے مگر ننگا۔ صاحبِ مقدور تو ہے مگر نہایت ہی کفایت شعار ہے۔

چنگا (ھ۔ مذکر) مرغی کا بچّہ۔ چوزہ۔

چنگاری (ہ۔ مونث) ۱ شرارہ۔ آگ کا پھول ۲ رنجش کی بات۔ **چنگاریاں** (مونث) چنگاری کی جمع۔ **چنگاریاں جھڑنا** (لازم) آگ کے پھول جھڑنا۔ **چنگاریاں چھوٹنا** (لازم) ۱ آگ کے شرارے نکلنا۔ آگ کے پھول جھڑنا۔ آگ کی لپٹیں نکلنا ۲ چہرے سے خونخواری یا جلال ٹپکنا۔ **چنگاری جھڑنا** (لازم) آگ کا پھول جھڑنا۔ **چنگاری چھوڑنا** (متعدی) فتنہ انگیزی کرنا۔ لڑائی کرانا۔ ایسی بات کہنا جس سے لوگوں کو رنجش ہو۔ **چنگاری ڈالنا** (متعدی) آگ لگانا۔ فساد کرانا۔ جھگڑا اُٹھانا۔ **چنگاری لگانا** (ھ) ۱ آگ لگانا ۲ فتنہ انگیزی کرنا۔ **چنگاری لگانے والا** (ھ) آگ لگانے والا۔ معمولی معنوں میں اور مجازاً۔

چنگال (ف۔ مذکر) پنجہ خصوصاً درندے یا شکاری پرند کا۔

چنگ بھکر (ہند) صوبہ وسط ہند میں ایک ریاست (۲۳)

چنگٹ (س۔ مذکر) جھینگا مچھلی۔

چنگڑا (ھ۔ مذکر) **چنگڑی** (مونث) جھینگا مچھلی۔

چنگل (ف۔ مذکر) ۱ درندے کا پنجہ ۲ شکاری پرند کا پنجہ ۳ انسان کا پنجہ۔ ہاتھ۔ پکڑ۔ پنجے کی گرفت ۴ کنڈا۔ کانٹا ۵ مٹھی بھر کسی چیز کی۔ **چنگل مارنا** (متعدی) پنجہ مار کر پکڑنا۔ **چنگل میں آجانا** (لازم) قابو میں آجانا۔ پھنس جانا۔

مقولہ۔ چنگل بھر آٹا سائیں کا۔ بیٹا جیوے مائی کا۔ فقیروں کی صدا۔

چنگنا (ہ۔ مذکر) **چنگنی** (ھ۔ مونث) چوزہ۔ مُرغی کا بچہ۔

چنگور (ھ۔ صفت) ۱ نہایت اچھا۔ اعلےٰ۔ نفیس ۲ سرسبز۔ اقبالمند۔ کامیاب۔

چنگیز (ف۔ مذکر) ۱ ایک عیاش بادشاہ کا نام ۲ ایک تیوہار جو اس کے قتل کی یادگار میں منایا جاتا ہے۔ اس نے ایک لڑکی سے زنا بالجبر کیا تھا۔ اس کے باپ نے اسے قتل کر دیا۔

چنگھار (ھ)، **چنگھاڑ** (ہ۔ مونث) **چنگھاڑا** (ھ۔ مذکر) ۱ ہاتھی کی آواز ۲ شور۔ غوغا۔ غل۔ چیخ ۳ نالہ و فریاد کی آواز (س چنکار۔ چیخ) **چنگھاڑ مارنا۔ چنگھاڑنا۔ چنگھاڑیں مارنا** (لازم) ۱ ہاتھی کا آواز نکالنا ۲ مور کا بولنا ۳ شیر کا دھاڑنا۔ بادل کا گرجنا۔ دیو کا چیخنا (مت) ۴ آدمی کا چیخنا۔

چنگھنی (ھ۔ مونث) چوزہ۔

چنگھوٹیاں (اُردو۔ مونث) بچوں یا نوآموزوں کے ٹیڑھے حروف۔

چنگی (ہ۔ مونث) ۱ چنگاری ۲ جلتی ہوئی لکڑی ۳ چھوٹے قد کا شریر آدمی **چنگی جھڑنا، چھوٹنا یا نکلنا** (لازم) شرارے نکلنا۔ آگ سے پھول جھڑنا۔ **چنگی ڈالنا** (متعدی) آگ لگانا۔

چنگی (ہ۔ مونث) ۱ ایک محصول جو غلّہ فروشوں سے لیا جاتا ہے۔ مٹھی بھر کر لیتے ہیں ۲ محصول جو میونسپل کمیٹی کی حدود کے اندر مال لیجانے پر لیا جاتا ہے ۳ تولے کی مزدوری ۴ چٹکی بھر۔ چنگل بھر (چننا سے) **چنگی پینٹھ** (مونث) ایک قسم کی منڈی

جہاں مال میں سے کچھ زمیندار کو دیا جاتا ہے۔ چنگی ادا کرنا - چنگی دینا (متعدی) لینا (لازم) چنگی کا محصول وصول کرنا۔

چنگیر (ہ۔ مونث) پھول رکھنے کا برتن یا ٹوکری ۲ خوان کا سرپوش۔ چنگیرا (ھ۔ مذکر) بڑی چنگیر۔ چنگیری (مونث) روٹیاں رکھنے کی ٹوکری۔

چنگیل (ھ۔ مذکر) ایک بوٹی جو پرانی عمارتوں میں اُگتی ہے۔ اس کے بیج کو خبازی کہتے ہیں۔

چکنی مٹی (ھ۔ مونث) کمہار کی مٹی۔ چکنی مٹی۔

چُھننے (س۔ صفت) ۱ روحانی ۲ عقل کل پرمیشر کا ایک لقب۔ خالص عقل۔

چُنندہ (ف۔ صفت) چنیدہ کا بگڑا ہوا۔ چُنا ہوا۔ منتخب۔ چوٹی کا۔ بہت اچھا۔

چننک (ھ۔ مونث) چنگ۔

چُنوال (ھ۔ مذکر) جوار کی ایک چھوٹی قسم۔

چُنوتی (ھ۔ مونث) ۱ تہ کرنا۔ شکن ڈالنا ۲ شکن۔ سلوٹ۔ چین جامہ ۳ حرف ۴ گوشت جو مرغ کے کانوں کے پاس لٹکتا ہے ۵ جوش۔ تعاقب ترغیب (جو لڑائی میں فوج کو دلائی جائے) ۶ چھیڑ۔ اشتعال ۷ طنز۔ طعن۔ ملامت ۸ حسد۔ رشک۔ دشمنی ۹ قسم۔

چُنوٹا (ھ۔ مذکر) چُنوٹی (ہ۔ مونث) پان کا چونے کا برتن۔ چنوٹی (مونث) وہ کچی جس سے چونا لگاتے ہیں۔

چُنوٹی (ھ۔ مونث) تہ کرنا۔ لپیٹنا ۲ ساڑی کو تہ کرنا ۳ دیکھو چنوتی نمبر ۵ ۴ فوج کا افسر جو جوش دلانے کے لئے مقرر کیا جائے۔ نقیب ۵ ایک کھیل جو جیٹھ کے سکل پکش میں بنارس میں کھیلا جاتا تھا۔ لوگ تیر کر دریا کے پار جاتے اور دو فریق ہو کر آپس میں تلواروں وغیرہ سے جنگ کرتے۔

چنور (ہ۔ مذکر) ۱ یاک کی دم جس سے مکھیاں اُڑاتے ہیں۔ چوری ۲ ٹی کا پھول چنور ڈھولنا (متعدی) چنور سے مکھیاں اُڑانا۔ چنور کرنا یا ہلانا (متعدی) ہلنا یا ہونا (لازم) چنور سے مکھیاں اُڑانا ۔۔۔ ہونا

چُنونی (ھ۔ مونث) چننا۔ انتخاب۔

چِنھ (ھ۔ مذکر) ۱ نشان۔ دھبہ۔ زخم کا نشان ۲ نقش پا۔ کھوج ۳ علامت۔ نشانی ۴ شکل۔ تصویر ۵ کوئی نشان۔ علامت یا خاصیت جس سے تمیز ہو سکے۔ چنھار (مذکر) چنھاری (مونث) واقفیت۔ شناسائی۔ چنھانا (متعدی) دیکھو چنھوانا۔ چنھائی (مونث) نشان۔ علامت چنھ۔

چنھت (صفت) ۱ نشان کیا ہوا۔ ممیز۔ علیحدہ ۲ مشہور۔ مانا ہوا۔ چنھت کر دینا یا کرنا (متعدی) نشان لگانا۔ داغ لگانا۔ قابل شناخت بنا دینا۔

چنھت نامہ (مذکر) نشانوں علامتوں وغیرہ کی فہرست۔ چنھ چرن (مذکر) نقش پا۔ چنھ چڑھانا (متعدی) ۱ نشان لگانا۔ داغ دینا ۲ بہتان یا الزام لگانا۔ چنھوانا (م) مشہور کروانا۔ شناخت کروانا۔

چِنی (ھ۔ مونث) چنے کی ایک چھوٹی قسم۔

چُنّی (ہ۔ مونث) ۱ سرخ چھوٹا نگ ریزہ یا قوت۔ لالڑی ۲ (مذکر) ایک چھوٹا کیڑا۔

چنیاں (جمع) چنی ۲ کا۔ جڑتے۔ چنے چنی بیگم (مونث) افیون۔

چُنیا (ہ۔ صفت) ۱ چھوٹی۔ ذرا سی ۲ بچہ۔ نوجوان ۳ منیا۔ چھوٹی بطخ۔ چنیا بط یا بطخ (مونث) ایک قسم کی چھوٹی بط۔ چنیا بیگم (مونث) افیون۔ چنیا گوند (مونث) ڈھاک کا گوند۔

چُنیادا۔ چنیال (ھ۔ مذکر) ۱ زمین جس میں چنے بوئے ہوں۔

چُنیلٹھ (ھ۔ مونث) مصالح جو ریشی کو دیا جاتا ہے۔

چُنید کی لینا (اُردو۔ متعدی) شہدوں کی اصطلاح۔ بے ایمانی یا دغا بازی کرنا۔

چُنیدہ (ف۔ صفت) ۱ چُنا ہوا۔ منتخب شدہ ۲ چیدہ۔ چوٹی کا۔ نہایت اعلیٰ۔

چُنیں (ف۔ صفت) ۱ ایسا۔ اس طرح کا ۲ ایسے۔ اس طرح (چو+ایں کا مخفف)

چَو (ہ۔ صفت) چار مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ چوباچھ یا باچھا (مذکر) ایک محصول جو شاہی زمانے میں چار چیزوں پر لیا جاتا تھا ۱ پگ یا پگڑی پر ۲ تاگ یا تاگے پر جو بچوں کی کمر میں باندھتے تھے ۳ کوڑی یا چولھے پر ۴ پونچھی یا گائے کی دم پر۔

مطلب یہ تھا کہ جوان آدمیوں پر بچوں پر خاندان پر اور مویشی پر جو ٹیکس لگتا تھا۔ چوبارہ (ھ) چوبارا (مذکر) ۱ مکان کے اوپر کا کمرہ جس میں کم سے کم چار دروازے یا کھڑکیاں ہوں۔ برسات میں رات کو سونے کے لئے بناتے ہیں ۲ گاؤں کی بیٹھک جو گاؤں والے چندہ ڈال کر بناتے ہیں۔ اور جہاں گاؤں کے لوگ جمع ہوتے ہیں ۳ ڈیوڑھی۔ چوبائی (مونث) ہوا جو چاروں طرف سے چلے۔ چوبرسی (مونث) مردے کی ایک رسم جو ہندوؤں میں چار سال کے بعد کی جاتی ہے۔ چوبغلا (مذکر) چغہ انگرکھے وغیرہ کی بغل کا نیچے کا حصہ ۲ ایک قسم کا چغہ جو بغلوں کے نیچے سے کھلا ہوا ہو۔ چوبند (مذکر) ۱ چار جوڑ۔ چار گانٹھ ۲ چار عضو ۳ (صفت) چار عضو مضبوط۔ طاقتور (جاق چوبند میں استعمال ہوتا ہے) چوبندی (صفت) ۱ چار عضووں کا یا ان کے متعلق ۲ (مونث) نعلبندی ۳ اسباب باندھنے کی چار گانٹھیں ۴ محصول خراج۔

چوبندی باندھنا (متعدی) نعلبندی کرنا چوبندی جکڑنا یا کسنا (مذکر) ملزم کو چوبیخا کرنا۔ ملزم کے ہاتھ پاؤں علیحدہ علیحدہ باندھ دینا۔ چوبندی فصد (مونث) چار عضووں سے خون نکلوانا چوبولا (مذکر) چار مصرعوں کا گیت۔ چوبولا چھند (ھ) ایک بحر یا وزن چوبیس (صفت) بیس و چار ۲۴ - چوبیسا (مذکر) ایک پرگنہ جس میں چوبیس گاؤں ہوں ۲ ایک قسم کا نقش۔ چوبیس کا نقش (مذکر) دیکھو چوبیسا ۲۔ چوپا (مذکر) دیکھو چوپایہ۔ چوپاس (صفت) چاروں طرف سے۔ چاروں طرف۔ اردگرد۔ چوپار (صفت) چار ٹکڑوں کا بنا ہوا چوپاٹہ۔ چوپال (مونث) ۱ گاؤں کا وہ مکان جہاں مہمان ٹھیرتے ہیں یا لوگ جمع ہوتے ہیں۔ بیٹھک۔ نشستگاہ ۲ (ھ) چوکون شکل ۳ (مذکر) چوپایہ۔ چوپالا (مذکر) پالکی۔ ہوادار۔ تام جھام۔ چوپان (مذکر) چرواہا گڈریا۔ چوپایا ہو گیا۔ بیاہ ہو گیا۔ چوپایہ (مذکر) حیوان مویشی۔ چوپائی یا چوپٹی (مونث) چار مصرعوں کی نظم۔ رباعی۔ چوپٹ (صفت) ۱ چاروں دروازے کھلے ہوئے۔ کھلا۔ فراخ۔ کشادہ ۲ تباہ۔ برباد۔ ویران۔ خراب ۳ چاروں شانے چت۔ پیٹ کے بل ۴ فراموش بھلایا ہوا۔ چوپٹ کر دینا یا کرنا (متعدی) ویران ہونا۔ برباد ہونا ۲ پڑھا لکھا بھلا دینا ۳ چت کر دینا۔ چوپٹ ہونا (لازم) برباد ہونا۔ خراب ہونا ۲ اندھا ہونا ۳ دروازے کھل جانا ۴ بالکل فراموش ہونا۔ چوپٹی

(ہ۔مونث) ! رسالہ۔ جواب مضمون ۲ پاکٹ بک۔
چوپڑ (مونث) ! چوسر ۲ چوسر کھیلنے کا کپڑا (بچھانا۔
بچھنا۔ کھیلنا۔ ہونا کے ساتھ) چوپڑا (مذکر) مربع زمین
دو چار زمینوں کے بعد۔ چوپڑ باز (صفت) چوپڑ کھیلنے
والا۔ چوپڑ کا بازار (مذکر) وہ بازار جس میں چار راہیں
ہوں۔ اور چاروں پر دو کانیں ہوں۔ چوپہرا (صفت)
چار پہرے کا۔ چار پہروں میں یا چار پہروں کے لئے۔
چوپہل (صفت) ! چار پہلو کا ۲ مربع ۳ (مونث) چوڑی
اینٹ ۴ مربع برتن۔ چوپہلا (مذکر) ایک قسم کی ڈولی
محافہ۔ چوپھلا (صفت) چار پھل کا۔ عموماً چاقو کے
لئے استعمال ہوتا ہے۔ چوپھیر (ہ۔صفت) چاروں
طرف اردگرد۔ چوپھیرناپ (ہ) تمام اطراف کی
پیمائش کا مجموعہ۔ چوپہیہ (صفت) ! چار پہیوں
کا ۲ (مونث) ایک قسم کی گاڑی۔ چوپیا چھاند
(ہ) ایک نظم جس میں چار مصرعے ہوتے ہیں۔ ایک قسم
کی رباعی۔ چوتارہ۔ چوتارا (مذکر) چار تار کا بنا ہوا
کپڑا ۲ ایک قسم کا باجہ۔ چوتال۔ چوتالہ (مذکر)
طبلہ بجانے کا ایک طریقہ۔ چوترا (مذکر) چبوترا۔ چوترکہ
(ہ۔مذکر) ! ایک بحر یا وزن ۲ ایک قسم کا خیمہ جس کی
چار رسیاں ہوتی ہیں۔ چوتک (ہ) چار آنکھیں۔
چوتکی (ہ) ! چار تاگوں کا ۲ (مذکر) ایک موٹا تاگا جو چار
باریک تاگوں سے بنا ہوا ہوتا ہے ۳ ایک قسم کا مچھلی
پکڑنے کا تاگہ۔ چوتنی (مونث) ایک چوکرن ٹوپی۔ چوتہ۔
چوتہا (صفت) چارتہ کا۔ چوتھ (مونث) ! چوتھا حصہ
۲ مہینے کی چوتھی تاریخ ۳ ایک محصول جو مرہٹے لیتے تھے۔
چوتھا (صفت) تیسرے کے بعد کا۔ چہارم۔ چوتھائی
(مونث) چوتھا حصہ۔ چوتھپن (ہ) عمر کا چوتھا حصہ۔
بڑھاپا۔ چوتہی۔ چوتئی (مونث) ایک بچھانے کا کپڑا
جس کی چار تہیں کر کے بچھاتے ہیں۔ چوتھی (صفت
مونث) ! دیکھو چوتھا ۲ (مونث) بیاہ کی ایک رسم جو
ساچق کے چوتھے یا تیسرے دن ہوتی ہے۔ چوتھیا
(ہ۔مذکر) ! چوتھ لینے والا ۲ چوتھے حصے کا مالک ۳ زمینداً
کا حصہ جب پیداوار تقسیم ہو ۴ ایک اناج ماپنے کا پیمانہ
۵ پالے کا بخار۔ چوتھیپن (ہ۔مذکر) چوتھپن۔ چوتھی
کا جوڑا (مذکر) ایک بھاری جوڑا جو دولھن چوتھی کے
دن پہنتی ہے۔ چوتھی کھیلتے ہیں۔ جب دو شخص
لڑنے لگتے ہیں اور لاٹھی ٹکا ہوتے ہیں تو ظریف الطبع
کہتے ہیں۔ چوتھی کھیلنا (لازم) چوتھی کے دن دولہا
اور سالیاں ایک دوسرے کو پھولوں کی چھڑیاں دنیے سے
مارتی ہیں۔ چوتھے پانچویں۔ کبھی کبھی۔ چوتھیا
(مذکر) ! چوتھے روز کا بخار ۲ نمبردار۔ زمیندار۔ چوجگی
(صفت) چار جگوں کی یا ان کے متعلق۔ بہت پرانی۔
چوچند (صفت) چار گنا۔ چار چند۔ چار حاشیہ
(صفت) وہ جس کے چاروں طرف حاشیہ کاڑھا ہوا ہو۔
چوحدہ (مذکر) ! ایک برجی جو اس جگہ بنائی جاتی ہے
جہاں چار گاؤں کی زمین ملتی ہے ۲ وہ جگہ جہاں برجی
بنائی جائے ۳ چار حدیں ۴ اردگرد کا ملک۔ گرد و نواح
۵ (صفت) چار حدوں کا یا ان کے متعلق۔ چوحدی
(مونث) چاروں طرفیں۔ چوخانہ (صفت) وہ جس پر
خانے بنے ہوئے ہوں (کپڑا) چوخانی (مونث)
چار خانے کی کانک۔ چودانی یا دانیہ (مونث)
ایک کان کا زیور جس میں چار موتی ہوتے ہیں۔ چودس
(ہ) چاند کی چودھویں تاریخ۔ چودس۔ چودش۔
چودشا (ہ) چاروں طرف۔ اردگرد۔ چودنت
(ہ) ! دانتوں کو لڑانا جس طرح ہاتھی لڑنے میں کرتے
ہیں ۲ بہادر۔ دلیر ۳ مضبوط۔ طاقتور۔ چودنتی (ہ)
! مضبوطی۔ طاقت ۲ دلیری۔ بہادری۔ چودہ (صفت)
چودھاں (ہ) دس اور چار۔ ۱۴۔ للعہ ۵ ۔
چودہ طبق (مذکر) سات زمینیں اور سات آسمان
چودہ طبق روشن ہو جانا (لازم) عقل اور فہم بڑھ
جانا۔ معلومات زیادہ ہو جانا۔ چودہ گن ندھان
(ہ) جس میں ہر قسم کی اچھی خاصیتیں پائی جائیں۔ نہایت
اعلےٰ انسان۔ چودھواں (صفت) ! تیرھویں کے
بعد کا ۲ (مذکر ع) چودھواں برس۔ چودھواں
معصوم (مذکر) امام مہدی۔ چودھوں (ہ)
چودہ۔ چودہ کے چودہ۔ کل چودہ۔ چودھوں بھون
(ہ) ۱۴ عالم چھ زمین کے اوپر اور سات نیچے۔
چودھوں رتن (ہ) چودہ چیزیں جو سمندر کو
بلونے پر پیدا ہوئی تھیں۔ چودھوں لوک (ہ)
چودہ بھون۔ چودھوں ودیا (ہ۔مونث) چودہ علم
جو ہندوؤں میں سکھاتے ہیں۔ چودھویں (صفت
مونث) چودھواں کی۔ چودھویں رات (مونث)
بدر کی رات۔ چودھویں رات کا چاند (مذکر)
ماہ کامل۔ بدر ۲ نہایت خوبصورت شخص۔ چوراسی
(صفت) ! اسی اور چار۔ ۸۴۔ للعہ ۵ ۲ (مونث)
ایک علاقہ جس میں ۸۴ گاؤں ہوا کرتے تھے ۳ گھنٹیوں
یا گھونگروؤں کا ہار جو بیل کے گلے میں ڈالتے تھے ۴
ایک قسم کا زیور۔ جھانجن۔ جھانجر ۵ گھونگرو جو ناچنے
والیاں پاؤں میں پہنتی ہیں ۶ مختلف جونیں جو روح کو
ہوگنی پڑتی ہے۔ چوراسی بھوگنا (لازم) جونیں بھوگنا
سارے قالبوں میں جانا ۲ کئے کی سزا پانا۔ چوراسی
گھنٹے والی (مونث) کالی دیوی کا ایک لقب۔ چورانویں
(صفت) نوّے اور چار۔ ۹۴۔ للعہ ۵ چوراہا
(مذکر) وہ جگہ جہاں چار رستے ملیں۔ چورستہ۔ چوک۔
چوراہے کی ٹھیکری (مونث) ! زن فاحشہ۔
کسبی ۲ بیقدر چیز۔ چوراہے میں کھلم کھلا علیا۔
سرِ راہ۔ چورس (صفت) ہموار اور چوکون سطح۔
مربع۔ چوکور۔ چورسانا (متعدی) ہموار کرنا۔ برابر
کرنا۔ سطح کرنا ۲ چوکور کرنا۔ چورسائی (ہ۔مونث)
ہمواری۔ برابری۔ چورستہ (ہ۔مذکر) چوراہا۔ چورس
کھیت (مذکر) ہموار سطح۔ ہموار میدان۔ چورس
کھیت کا کون (ہ) زاویہ سطح۔ چورس کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) ہموار ہونا۔ سطح ہونا۔ چورسی
(ہ) ! برابر کرنا۔ سطح کرنا ۲ کھلیان جو زمین کے اوپر ہو
چورنگ (مذکر) ! ضرب شمشیر کی ایک قسم۔ کسی چیز
کو ایک ضرب اوپر سے نیچے کو اور دوسری دائیں
سے بائیں کو اس تیزی سے لگانا۔ کہ چار ٹکڑے ہو کر
گر پڑے ۲ وہ جس سے ضرب کی جائے ۳ تلوار کا وار
یا ہاتھ۔ چورنگا (صفت) چار رنگ کا۔ چورنگ
اڑا دی۔ برباد کر دیا۔ رنج پہ رنج دیا۔ چورنگ
کاٹنا (متعدی) تلوار سے چار ٹکڑے کرنا۔ چورنگ
ہوائی کرنا (متعدی) کسی چیز کو ہوا میں اچھال کر دو
ضرب میں گرنے سے پہلے چار ٹکڑے کرنا۔ چوسٹھ
(صفت) ساٹھ اور چار۔ ۶۴۔ للعہ ۵ چوسٹھ
گھڑی (مونث) تمام دن اور رات چوسنگا یا
سنگھا (صفت) ! چار سینگ والا ۲ (مذکر)
چومدہ۔ چوک (مذکر) دیکھو علیحدہ۔ چوکا (مذکر)
دیکھو علیحدہ۔ چوکڑا (ہ) ایک قسم کی بالی جس میں
دو موتی ہوتے ہیں۔ دونوں کانوں میں چار موتی
ہو جاتے ہیں۔ چوکڑی (مونث) دیکھو علیحدہ۔
چوکس (صفت) دیکھو علیحدہ۔ چوکنّا (صفت) !
ہوشیار۔ خبردار۔ دور اندیش۔ باخبر (کرنا۔ ہونا
کے ساتھ) ۲ متوحش چاروں طرف دیکھتا ہوا (حیوان)
چوکنّا آدمی ہے۔ چوکس ہے۔ غافل نہیں ہوتا
چوکور۔ چوکون۔ چوکونا (صفت) ! چار کونے
والا۔ چوپہلو۔ مربع۔ چوکور (مذاقاً) بہت موٹا آدمی
چوکھا (ہ) وہ جگہ جہاں چار حدود ملیں۔ چوکھٹ

(مونث) دیکھو علیحدہ۔ چوکھنٹا (صفت مذکر) دیکھو چوکھونٹا۔ چوکھونٹ (مذکر) ۱ دُنیا۔ عالم۔ چار طرف ۲ ہر طرف ہر سمت۔ ارد گرد۔ چوکھونٹ۔ چوکھونٹا (صفت) ۱ چار گوشہ۔ مستطیل ۲ (مذکر) چوپہل۔ ذوار بعہ الاضلاع۔ چوکھونٹ برابر بازو (مذکر) شبیہ بامعین۔ وہ چوکون شکل جس کے مقابل کے اضلاع برابر ہوں۔ مگر زاوئے قائمے نہ ہوں۔ چوکھونٹ بیچ برابر (مذکر) متوازیۃ الاضلاع وہ چوکون شکل جس کے مقابل کے اضلاع متوازی ہوں۔ چوگرد (صفت) چاروں طرف۔ آس پاس گرداگرد۔ چوگڈّا (مذکر) ۱ چوحدہ ۲ چار کنکووں کا پیچ۔ چوگڈّی (مونث) بانس کی پتلی چھڑیوں کا آلہ جس سے پرند پکڑتے ہیں۔ چوگلا (مذکر) چار پنکھڑی والا پھول۔ چوگنا (صفت) چار چند۔ چوگوشہ (صفت) ۱ چوکون ۲ (مذکر) ایک قسم کا چوکور طشت۔ چوگوشی۔ چوگوشیا (مونث) ایک قسم کی ٹوپی۔ جس کے چار کونے ہوتے ہیں ۲ (مذکر) ایک قسم کا گھوڑا جس کے کان بیچ میں سے کٹے ہوئے ہوں۔ ترکی گھوڑا۔ چوگھرا (ھ) چوگھڑا (صفت) ۱ چار خانوں والا ۲ (مذکر) چار خانوں کا برتن جس میں الائچی وغیرہ رکھتے ہیں ۳ بچوں کے کھیلنے کا چار جڑی ہوئی کلھیوں کا بکس ۴ چار گھڑے نقل اور میوہ جات سے بھرے ہوئے آرائش کے تختوں کے ساتھ باندھ کر دولہن کے گھر لے جاتے ہیں۔ چوگھڑا (مذکر) ایک قسم کا بیڑا جس کے چاروں کونوں کے نیچے گھڑے باندھ دیتے ہیں اور دریا میں بطور کشتی استعمال کرتے ہیں۔ چولاوا (مذکر) ایک کنواں جس میں چار رسّیاں پڑتی ہیں۔ چولڑا (مذکر) ایک ہار گلے کا جس میں چار لڑیاں ہوتی ہیں۔ چوماس چوماسا (مذکر) ۱ برسات کے چار مہینے برسات ۲ ایک گانا جو برسات میں گایا جاتا ہے ۳ وہ زمین جسے برسات میں ہل چلا کر تیار کیا جائے۔ چوماسا لگنا (لازم) برسات کے چار مہینے بارش ہونا۔ چوماسیا۔ چومسیا (مذکر) ۱ ہل چلانے والا جسے برسات کے چار مہینوں کے لئے نوکر رکھیں ۲ سڑکیں بنانے والا مزدور جو چار مہینے کے لئے نوکر رکھیں۔ چومحلّا یا چومحلہ (مذکر) ۱ چار چھت کا مکان ۲ (صفت) چار چھت کا۔ چومغزا (مذکر) اخروٹ۔ چومک۔ چومکھ (مونث) دیکھو علیحدہ۔ چومنزلہ (صفت) ۱ چار چھت کا ۲ (مذکر) چار چھت کا مکان۔ چومیخا (مذکر) ۱ ایک سزا جس میں چار میخیں باندھ کر انسان کے ہاتھ پاؤں رسّیوں سے ان کے ساتھ باندھ دیتے تھے ۲ ہاتھ پاؤں اس طرح باندھنا ۳ بازو پیچھے کی طرف باندھ دینا ۴ گھوڑے کے چاروں پاؤں باندھنا (کر دینا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) چومینڑا (ھ) ۱ چار حدوں والا ۲ وہ جگہ یا گاؤں جس کی چار حدیں ہوں۔ چونتیس (صفت) تیس اور چار۔ ۳۴۔ للعسہ۔ چونسٹھ (صفت) دیکھو چوسٹھ۔ چوَنّی (مونث) ۱ چار آنے کا سکہ ۲ چہارم۔ چوتھا حصہ۔ چوائی (ھ) ۱ ہوا جو چاروں طرف سے چل رہی ہو ۲ باد مخالف ۳ طوفان باد۔ چوہرا (صفت) چار تہوں کا۔ چوہتّر (صفت) ستّر اور چار۔ ۷۴۔ للوعسہ۔ چوہٹّہ (مذکر) چوک وہ بازار جس کے چاروں طرف راستہ ہو ۲ وہ جگہ جہاں چار دوکانیں ہوں۔

مقولہ۔ چودھویں رات کے چاند کو گہن لگا۔ اس موقع پر کہتے ہیں جب خوبصورت مرد کی بدشکل عورت سے یا بدشکل مرد کی خوبصورت عورت سے شادی ہو۔

چَو (ھ۔ مذکر) ۱ داڑھ ۲ ہل کی پھالی۔

چو (ف۔ حرف شرط) اگر۔ جب۔ دیکھو چوں۔

امثال واقوال۔ چو آب از سر گذشت۔ چہ یک نیزہ چہ یک دست۔ جب بچنے کی امید ہی نہیں تو کچھ ہی ہو۔ چو احمق در جہاں باقی ست مفلس کس نمی ماند۔ جب تک دُنیا میں بیوقوف باقی ہیں کوئی مفلس نہیں رہ سکتا۔ چو از قومے یکے بے دانشی کرد۔ نہ کہ را منزلت ماند نہ مہ را۔ ایک کی نالایقی سے ساری قوم پر حرف آتا ہے۔ چو بر گردد فلک کجکول سازد تاج شاہی را۔ جب بخت برگشتہ ہو تو بادشاہ کو گدائی کرنی پڑتی ہے۔ چو تیر از کماں رفت باید بشست۔ جب تیر کمان سے نکل گیا۔ پھر چٹکی میں نہیں آتا۔ جب کام کا وقت گزر جاتا ہے یا ایسی غلطی ہوتی ہے جس کی اصلاح ممکن نہیں تو کہتے ہیں۔ چوں جاہل کسے در جہاں خوار نیست۔ دُنیا میں جاہل آدمی کے برابر کوئی ذلیل نہیں۔ چو خر جلِ اطلس بپوشد خر ست۔ بیوقوف بے وقوف ہی رہتا ہے۔ چو دشمن خر انسید ابن مباش۔ دشمن کو سنا کر احتیاط رکھنی چاہئے کیونکہ وہ ضرور بدلہ لیگا۔ چو دم بر داشتم مادہ برآمد امتحان کے وقت ناکارہ ثابت ہوا۔ چو دیدم عاقبت خود گرگ بودے۔ خائن کے متعلق کہتے ہیں۔ چو سر خواہی سلامت سر نگہدار۔ اگر سلامتی چاہتا ہے تو اپنا بھید کسی کو نہ دے۔ چو شد زہر عادت مضرت نہ بخشد۔ جب زہر کی عادت ہو جاتی ہے تو وہ نقصان نہیں کرتا۔ چو فردا رسد کار فردا کنم۔ کل آئیگی تو کل کا کام کرونگا۔ یہ ان لوگوں کا قول ہے جو قبل از وقت کام کرنا پسند نہیں کرتے۔ چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی۔ جو کعبے ہی سے کفر اُٹھے تو مسلمانی کہاں رہے۔ اس موقع پر کہتے ہیں جہاں جس سے فایدے کی امید ہو وہی نقصان پہنچائے۔ چو ماہ بہ ہالہ نشیند۔ دلیل باراں است۔ چاند کے گرد ہالہ بارش کی نشانی ہے۔ چو میداں فراخ است گوئے بزن۔ جب میدان وسیع ہو تو گیند کھیلو۔ موقع مل جائے تو فائدہ اُٹھا۔ چو میرد مبتلا میرد چو خیزد مبتلا خیزد۔ مصیبت غریبوں ہی پر پڑتی ہے۔ چو نرمی کنی خصم گردد دلیر۔ اگر نرمی کروگے تو دشمن دلیر ہوگا۔

چُوَا (ہ۔ مذکر) ۱ چوپایہ۔ حیوان ۲ ایک خوشبودار چیز جو چار چیزوں سے بنائی جاتی ہے۔ مشک زعفران۔ صندل اور عنبر ارگجا ۳ (ہ) ایک چیز جو خوشبوؤں سے بناتے ہیں۔ چواچندن (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا کبوتر۔

چُوَّا (ہ۔ مذکر) ۱ چار کا مجموعہ ۲ تاش کا پتّہ جس پر چار نشان ہوں ۳ چار چیزوں کا ڈھیر ۴ (ھ) چار اُنگلیوں کی چوڑائی ۵ (ھ) روپہلی دھاگے کا گچھا ۶ (ھ) بھیگی دال کا چھلکا۔ چھیپی۔

چُوَا (ھ۔ مذکر) ۱ چونا ۲ لال ساگ۔ مرسا۔

چُوَا (ھ۔ مذکر) دیکھو چاں۔

چُوار (ھ۔ مذکر) ۱ دیکھو چوبارہ ۲ دیکھو چوپاڑ۔

چُوال (ھ۔ مذکر) بسرڑا۔

چُوالا (ھ۔ مذکر) دیکھو چوبالا۔

چُوالیس (ہ۔ صفت) چالیس اور چار۔ ۴۴۔ للعللعسہ۔

چُوال (ہ۔ مذکر) ۱ وہ چیز جو چُوئے ۲ پھل ٹپکا ہوا ۳ چھوٹا تالاب یا جوہڑ جس میں پانی جمع ہو۔ حوض (چونا سے) چوال کھائی (مونث) وہ کھائی جس میں نیچے سے پانی نکل آئے۔

چوانا (ہ۔ مذکر) مرگھٹ۔

چُوانا (ہ۔ متعدی) ٹپکانا۔ نچوڑنا۔

چَواؤ (ہ۔ مذکر) ۱ اطلاع ۲ چغلخوری ۳ بہتان۔ تہمت۔ الزام (چبانا سے)

چُواؤ (ہ۔ مذکر) ٹپکاؤ۔ رساؤ۔ چکیدگی۔ شیرہ (چُونا سے)

چَوائی (ہ۔ مونث) ۱ اطلاع دہندہ ۲ چغلخور ۳ الزام یا تہمت لگانے والا (چبانا سے)

چوب (ف۔ مونث) ۱ لکڑی۔ عمارتی لکڑی ۲ خیمے کا ڈنڈا ۳ ڈھول وغیرہ بجانے کی لکڑی ۴ ڈنڈا۔ لاٹھی۔ چھڑی ۵ (ہ) سرخی جو آنکھ میں پڑ جاتی ہے ٹیس آنکھ کی (چبھنا سے) چوبا (مذکر) ۱ ڈنڈا۔ بلا۔ لکڑی لاٹھی ۲ میخ۔ لوہے کی کیل۔ کھونٹا ۳ میٹھے چاول جس میں میوہ وغیرہ ملا ہوتا ہے اور شادی میں بھیجے جاتے ہیں۔ شکرانہ ۴ تورہ۔ جس میں سات ترکاریاں پکی ہوتی ہیں اور زچہ سات سہاگنوں کے ساتھ کھاتی ہے۔ چوبا چکھنا (متعدی) میٹھے چاول کھانا۔ چوب تلغراف (مذکر) تار کا بلا۔ چوب چینی (مونث) ایک دوائی کا نام۔ چوب خشک (مونث) سوکھی لکڑی۔ چوبدار (مذکر) عصا بردار۔ نقیب۔ امیروں کے گھر کا دربان۔ وہ چپراسی جو رئیسوں یا بڑے حاکموں کے آگے سونے یا چاندی کے خول کا عصا لیکر چلتا ہے۔ چوبدست۔ چوبدستی (مونث) لاٹھی۔ عصا۔ چوب شیرخشت (مونث) ایک دوائی۔ چوبک (مذکر) ۱ چھڑی۔ عصا ۲ ڈھول بجانے کی لکڑی۔ چوبی (صفت) لکڑی کا۔ لکڑی کا بنا ہوا۔ چوبیں (صفت) ۱ لکڑی کا۔ کوئی چیز جو لکڑی کی بنی ہوئی ہو ۲ (مذکر) بہرام کا۔

مقولہ۔ چوب تر را چنانکہ خواہی بپیچ۔ نہ شود خشک جز بہ آتش راست۔ گیلی لکڑی کو جس طرح چاہے مروڑ لو۔ مگر خشک ہونے کے بعد وہ آگ سے ہی سیدھی ہوگی۔ بچپن میں تعلیم و تربیت آسان ہوتی ہے۔ مگر سن زیادہ ہوجانے کے بعد بہت مشکل ہوجاتی ہے۔

چوبارہ۔ (مذکر) چوبے (جمع) چار ویدوں کا عالم مگر آجکل ان کی اولاد چاہے ان پڑھ ہی ہو اس نام سے پکاری جاتی ہے۔ متھرا کا برہمن۔ چوبائن (مونث) چوبے قوم کی عورت۔ چوبے کی بیوی۔

امثال۔ چوبے گئے چھبے ہونے دبے ہو آئے۔ اگر کوئی ترقی کے لئے کچھ کام کرے اور بجائے ترقی کے تنزل ہو جائے تو کہتے ہیں۔ کہتے ہیں ایک چوبے پورب کو گئے کہ ترقی کرکے چھبے ہو جائیں۔ ادھر دبے ہوتے تھے۔ کسی نے انہیں بھی دبے جی کہہ کر پکارا۔ اس پر بہت ناراض ہوئے۔ اور یہ مثل مشہور ہوئی۔ چوبے مریں تو بندر ہوں بندر مریں تو چوبے ہوں۔ چوبے اپنے ملک سے نہیں نکلتے جو متھرا ہے۔ اور وہاں بندر بھی بہت ہوتے ہیں۔ سو مذاقاً کہتے ہیں کہ یہ مرکر بھی یہیں رہتے ہیں۔ بندر کی جون میں چلے جاتے ہیں۔

چوبان (ف۔ مذکر) ۱ گڈریا ۲ سائیس ۳ ایک حکیم کا نام۔

چَوبَچّہ (ف۔ مذکر) چاہ بچّہ کا مخفف۔

چوبَر (ہ۔ صفت) ۱ مضبوط۔ ہٹا کٹا ۲ بہادر۔ چوبر دتا ہے (ہ۔ دہلی) موٹا ہے۔ جسیم ہے۔ ہٹا کٹا ہے۔

چوبھ (ہ۔ مذکر) ۱ چبھنا ۲ کھپنا ۳ چھید جو کسی چیز کے چبھنے سے ہوجائے۔ چوبھا (مذکر) ۱ دیکھو چوبھ ۲ میخ۔ لوہے کی کیل ۳ دیکھو چوبا۔ میٹھے چاول ۴ شکار ۵ آشوب چشم کی چند دواؤں کی پوٹلی جو پانی میں ترکر کے پھیری جاتی ہے۔ چوبھنا (متعدی) چبھانا۔

چُوبھنا (ہ۔ لازم) چُبھنا۔

چوبین (ف۔ مذکر) ۱ سُرخ رومال جو سر پر باندھتے ہیں ۲ تلور ۳ لک لک۔ سارس ۴ بہراب کا نام۔

چوپ (ف۔ مونث) چوب۔

چوپ (ہ۔ مونث) چُونپ۔ چونپ۔

چَوپان (ف۔ مذکر) گڈریا۔ گوالہ۔

چوپانی (مونث) گلہ بانی۔

چُوپڑ۔ چوپڑ (ہ۔ مذکر) تیل۔ گھی۔ مکھن۔ چربی۔ کوئی چکنائی۔ چوپڑی (صفت۔ مونث) چپڑی (چپڑنا سے)

چوپنا (ہ۔ متعدی) کھیت میں پانی دینا۔ آبپاشی کرنا۔

چُوت (ہ۔ مونث) عورت کی شرمگاہ۔ فرج (س) چیوت۔ بہنا۔ نکلنا۔ چوت سلامی (مونث) فیس جو دولھا قاضی کو شب زفاف کی صبح کو دیتا ہے۔ چوت مارنا (متعدی) مرانا یا مروانا (لازم) جماع کرانا۔ چُدوانا۔ چوت مروانی (صفت) چوت مروانے والی فاحشہ۔ زانیہ۔ بدکار۔ گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ چوتیا (صفت) ۱ بیوقوف۔ احمق ۲ وہ جو اپنی عورت کی زنا کی کمائی کھائے۔ چوتیا بنانا (متعدی) بننا (لازم) بیوقوف بننا۔ ہنسی اڑنا۔ چوتیا شہید (مذکر) وہ شخص جو جماع کثرت سے کرتا ہو۔ وہ شخص جو کثرت جماع سے مرجائے۔ چوتیاپن (مذکر) بیوقوفی۔ حماقت۔ چوتیا پنتی۔ چکر یا چمپئی (ہ) بیوقوف۔ احمق۔ چوتیوں (مذکر) چوتیا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔

امثال واقوال۔ چوتیا مر گئے اولاد چھوڑ گئے۔ بیوقوف کے متعلق کہتے ہیں جو کام خراب کرے۔ چوتیوں نے گاؤں مارا ہے۔ اسے کہتے ہیں جو بہت زیادہ مانگے۔

چُوت (س۔ مذکر) ۱ آم کا درخت ۲ گانڈ۔ چوتک (مذکر) آم کا درخت۔

چَوترا (ہ۔ مذکر) چبوترہ۔

چُوتڑ (ہ۔ مذکر) ٹانگوں کے اوپر کا پچھلی طرف کا موٹا حصہ۔ سرین۔ کولا۔ پٹھا (چیوت۔ بہنا) چوتڑ بجانا (متعدی) بہت خوش ہونا۔ چوتڑ پیٹ لینا یا پیٹنا (متعدی) ۱ رنجیدہ ہونا۔ افسوس کرنا ۲ بہت خوش ہونا۔ چوتڑ دھلانا (ہ) بچے کو آبدست کرانا۔ چوتڑ دکھانا (متعدی) بھاگ جانا۔ پیٹھ دکھانا۔ چوتڑ سکوڑنا (ہ۔ متعدی) بھاگ جانا۔ پیچھے رہنا۔ سامنے نہ آنا۔ چوتڑ سے کان گانٹھنا (متعدی) ۱ تمثیل میں بیان کرنا۔ تشبیہات اور استعارے استعمال کرنا ۲ انوکھی بات کرنا یا عجیب۔ چوتڑ مٹکانا (متعدی) ناچنے میں چوتڑوں کو حرکت دینا۔ چوتڑوں پر پیاز کترنا یا کتروانا (م) دھوکا کھانا۔ دھوکا دینا (ت)۔ چوتڑوں پر کھانا (متعدی) شکست کھانا۔ بے عزتی کی مار کھانا۔ چوتڑوں سے سپاریاں پھوڑنا (متعدی) عیش و عشرت میں زندگی گزارنا۔ کچھ کام نہ کرنا۔ مزے کرنا۔ چوتڑوں سے سپاری توڑنا یا کان گانٹھنا (متعدی) انوکھی بات کرنا۔ چوتڑوں کے بل گرنا (لازم)

اوندھا گرنا ۔ چوتڑوں کا لہو مر جانا (لازم) ۱ جم کر بیٹھنے کی عادت ہونا ۲ زیر ہونا ۔ ہار ماننا ۔ چوتڑوں کے بل بیٹھنا (لازم) گھبرا کر بیٹھ جانا ۔ حیران ہونا ۔ ششدر ہونا ۔ چوتڑی (مونث) چوتڑ کی تصغیر ۔ چوتڑیوں چلنا (لازم) ۱ چوتڑوں کے بل چلنا ۲ رینگنا ۔ گھسٹنا ۔

چوتھ (ھ ۔ مذکر) گوبر جو گائے ایک دفعہ کرے ۔

چوٹ (ھ ۔ مذکر) دھماکا ۔ شور ۔ کڑاکا ۔

چوٹ (ہ ۔ مونث) ۱ زخم ۔ گھاؤ ۲ ضرب ۔ ضرر ۔ مار ۳ صدمہ ۔ تکلیف ۔ دکھ ۴ نقصان ۔ زیان ۵ وار ۔ حملہ ۶ چال ۔ پیچ ۔ داؤ ۷ جوڑ ۔ مقابل ۸ نقصان تجارت میں ۹ صدمہ عشق کا ۱۰ طعن ۔ طنز ۱۱ خواہش ۔ آرزو ۱۲ کوشش ۔ قصد ۱۳ چمک جو کسی چیز کی دوسری پر پڑے ۱۴ کینہ ۔ عناد ۔ حسد ۱۵ لگن ۔ توجہ ۱۶ کبوتر کا ایک مقام معین تک جا کر واپس آنا ۱۷ کمبل یا چادر جس کو ایک سرے پر گانٹھ دیکر سر اور کندھے پر ڈال لیتے ہیں ۱۸ کمبل وغیرہ کا اس طرح باندھنا ۔ (س چپٹ ۔ کاٹنا) چوٹ آنا (لازم) ۱ ضرب لگنا ۔ صدمہ پہنچنا ۲ (متعدی) طعن و تشنیع کرنا ۔ حملہ کرنا ۔ چوٹ آتی جاتی نظر نہ آنا (لازم) اس پھرتی سے ضرب لگانا کہ پتہ نہ چلے ۔ چوٹ ابھرنا (لازم) مرطوب ہوا یا سردی کی وجہ سے پرانی درد کا پھر شروع ہو جانا ۲ لگی ہوئی ضرب کا نشان ظاہر ہونا ۔ ضرب کی جگہ کا سوج جانا یا سرخ ہو جانا ۔ چوٹ اٹھانا (متعدی) ۱ صدمہ برداشت کرنا ۲ ضرب برداشت کرنا ۔ چوٹ بچانا (متعدی) ضرب نہ کھانا ۔ ضرب خالی دینا ۔ چوٹ باندھنا (لازم) ۱ بچاؤ کرنا ۔ حفاظت کرنا ۲ تلوار کی نوک کو باندھ دینا ۳ جادو کے زور سے نقصان کو روک دینا ۔ چوٹ پر چوٹ ۱ صدمے پر صدمہ ۲ نقصان پر نقصان ۳ ضرب کے بعد ضرب ۔ چوٹ پڑنا (لازم) ۱ ضرب پہنچنا ۔ صدمہ پہنچنا ۔ دھکا لگنا ۲ عکس پڑنا ۔ چوٹ پھپیٹ یا چپیٹ (مونث) ضرب ۔ صدمہ ۔ زخم (غف) ۔ چوٹ پیدا کرنا (متعدی) کسی کے مدمقابل دوسرا بہم پہنچانا ۔ چوٹ چلنا (لازم) ۱ دو شخصوں کا ایک دوسرے پر وار کرنا ۲ ایک دوسرے پر طعن و طنز کرنا ۳ حملہ کرنا ۔ وار کرنا ۔ چوٹ خالی جانا (لازم) وار خالی جانا ۔ نشانہ چوکنا ۔ چوٹ دکھنا (لازم) چوٹ کی جگہ پر درد ہونا ۔ چوٹ رکنا (لازم) روکنا (متعدی) ضرب کو سپر پر روکنا ۔ ضرب کو رد کرنا ۔ چوٹ سہنا (لازم) ضرب برداشت کرنا ۔ چوٹ کرنا (متعدی) ۱ وار کرنا ۔ حملہ کرنا ۲ ڈسنا ۔ کاٹنا (سانپ کا) ۳ دھوکا دینا ۔ دغا کرنا ۴ طعنہ دینا ۔ طنز کرنا ۵ کبوتر کا حد معین تک پرواز کرنا ۶ زخمی کرنا ۔ ضرر پہنچانا ۷ بندوق کا فائر کرنا ۔ نشانہ لگانا ۸ جادو کرنا ۔ چوٹ کھانا (لازم) ۱ زخم کھانا ۔ زخمی ہونا ۔ ضرب برداشت کرنا ۲ صدمہ اٹھانا ۳ نقصان اٹھانا ۴ مار کھانا ۔ چوٹ لگانا (متعدی) ۱ ضرب لگانا ۲ صدمہ پہنچانا ۳ رنج دینا ۔ چوٹ لگنا (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ عاشق ہونا ۳ پھانس لگنا ۔ کھٹکا لگنا ۔

مثل ۔ چوٹ لگی پہاڑ کی اور توڑیں گھر کی سیل ۔ زبردست سے تو بس نہ چلے گھر آ کر بیوی سے لڑیں ۔

چوٹا (ھ ۔ مذکر) ۱ کٹوتی ۔ بٹہ چھوٹ ۔ مجرائی (چوٹ سے) ۲ گنے کا رس ۔ راب (س چیوٹ ۔ رسنا ۔ ٹپکنا)

چوٹا (ہ ۔ مذکر) چور کی تصغیر ۔ گھٹیا درجے کا چور ۔ اچکا ۔ اٹھائی گیرہ ۔ چوٹی والا (صفت) حرامی چوٹی (مونث) چور عورت ۔

مثل ۔ چوٹی کتیا جلیبیوں کی رکھوالی ۔ چور کو حفاظت کے لئے مقرر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں ۔

چوٹالنا (ہ ۔ متعدی) کوٹنا ۔ ضربات لگانا (چوٹ سے)

چوٹی (ہ ۔ مونث) ۱ سر کے بال جو سر کو مونڈنے پر ہندو درمیان میں چھوڑ دیتے ہیں ۲ عورتوں کے گندھے ہوئے بال ۔ جدہ ۳ وہ بال جو بچوں کے سر پر بطور نذر رکھے جاتے ہیں ۴ وہ بال جو بعض مسلمان فقیر سر پر ایک طرف لمبے چھوڑ دیتے ہیں ۵ جوڑا ۶ جانوروں کی کلغی ۷ ایک زیور جو عورتیں سر پر پہنتی ہیں ۸ پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ ۔ قلۂ کوہ ۹ کسی عمارت کی سب سے اونچی جگہ ۱۰ عروج ۔ انتہا ۔ حد ۱۱ سرا ۔ نوک ۱۲ وہ حصہ جس سے ترازو کو لٹکاتے ہیں ۱۳ کلس ۔ کنگرہ ۔ قبہ (س چوڈ ۔ چوٹی) چوٹی آسمان پر گھسنا (لازم) ۱ بہت فخر کرنا ۔ اترانا ۲ بہت بلند ہمت ہونا ۔ اولوالعزم ہونا ۔ چوٹی آسمان سے لگنا (لازم) بہت اونچا ہونا ۔ مرتفع ہونا ۔ چوٹی دبنا (لازم) مغلوب ہونا ۔ مجبور ہونا ۔ چوٹی دار (صفت) ۱ چوٹی والا ۲ کلغی والا ۳ نوکدار ۔ مخروطی ۔ گاؤدم ۴ چوٹی والا (پہاڑ وغیرہ) چوٹی رکھنا (لازم) سر پر بال چھوڑنا ۔ چوٹی کا (صفت) اعلےٰ ۔ اول درجے کا ۔ عمدہ ۔ چیدہ ۔ چوٹی کترنا (لازم) زیر کرنا ۔ عاجز کرنا ۲ چوٹی تراشنا ۔ چوٹی کٹ (ھ ۔ مذکر) غلام ۔ جو شخص قابو میں ہو ۔ چوٹی کٹوانا (متعدی) ۱ قابو میں ہونا ۔ محکوم ہونا ۔ غلام ہونا ۲ کسی کی چوٹی زبردستی ترشوا دینا ۔ اپنی چوٹی ترشوانا ۔ چوٹی کرنا (متعدی) بال گوندھنا ۔ بال سنوارنا ۔ چوٹی کی بات (مونث) عمدہ بات ۔ اعلےٰ درجے کی بات ۔ چوٹی گوندھنا (متعدی) گوہنا (مت) دیکھو چوٹی کرنا ۔ چوٹی والا (صفت) ۱ دیکھو چوٹی دار ۲ (مذکر) وہ شخص جس کے چوٹی ہو ۳ بھوت ۔ سایہ ۔ بلا ۔ چوٹی ہاتھ (میں) آنا یا ہونا (لازم) قابو یا اختیار ہونا ۔ (کہتے ہیں کہ اگر بھوت کی چوٹی پکڑلی جائے یا کتر دی جائے تو وہ قابو میں آجاتا ہے)

چوٹیانا (ھ ۔ متعدی) زخمی کرنا ۔ ضرر پہنچانا ۔ چٹیانا (چوٹ سے)

چوج (ھ ۔ مذکر) ۱ عجوبہ ۔ انوکھی چیز ۔ نادر شے ۲ نفاست ۔ نزاکت ۔ لطافت ۔ ملائمت ۔ باریکی ۔ نرمی ۳ خوبصورتی ۔ حسن ۔ خوبی ۔ ادا ۴ وصف ۔ گن ۔ لیاقت ۵ جودت ۔ تیز فہمی ۔ نکتہ دانی ۶ شرارت ۔ شوخی ۷ فطرت ۔ عیاری ۔ مکر ۔ چالاکی ۔ دھوکا ۔ دغا ۸ خواہش ۔ آرزو ۔ تمنا ۔ چوجی (صفت) عجیب ۔ انوکھا ۔

چوچ (س ۔ مذکر) ۱ چھال ۔ چھلکا ۲ کھال ۔ چمڑا ۔ جلد ۳ میوے کا وہ حصہ جو کھایا نہ جائے ۴ آدھا کھایا ہوا میوہ ۵ تاڑ کا پھل ۶ ناریل ۷ کیلا ۸ دارچینی ۔ چوچاک (مذکر) دارچینی ۔

چوچر (ھ) چوچڑ (ہ صفت) ۱ بیوقوف ۔ احمق ۔ نادان ۲ وہ جس کا دودھ ختم ہو چکا ہو (گائے)

چوچلا (ہ ۔ مذکر) ۱ نخرہ ۔ ناز ۔ عشوہ گری ۔ کرشمہ سازی ۔ نخرے بازی ۔ ناز وغیرہ ۔ غمزہ ۔ عشوہ ۔ رس بتیاں ۲ چہل ۔ ناز کی باتیں ۔ پیار کی باتیں ۳ بچوں کی ناز کی باتیں ۴ (ھ) دل لگی ۔ ظرافت ۔ خوش مزاجی ۵ (ھ) کھیل ۔ تماشہ ۔ سوانگ ۔ سیر ۶ (ھ) نمود ۔ بناوٹ ۔ دکھلاوا ۔ نمائش (س چود) چوچلا بگھارنا یا کرنا (متعدی) ۱ نخرہ کرنا ۔ ناز کرنا ۲ محبت ظاہر کرنا ۔ محبت جتانا ۔ چوچل ہائی (صفت مونث) ہایا (صفت مذکر) نخرے باز ۔

نازک مزاج۔ عشوہ گر۔ **چوچلے باز** (صفت) دیکھو آخری۔

چُوچی (ہ۔ مونث) ۱ پستان ۲ بھٹنی۔ سرپستان۔ نُمکنا۔ **چوچی پینا** (مذکر) وہ بچّہ جو دودھ پیتا ہو۔ **چوچی پینا یا لینا** (متعدی) ماں کا دودھ پینا۔ **چوچیوں میں ہاڑ ٹٹولنا** (متعدی) ناممکن بات چاہنا۔ بخیل سے سخاوت کی امید رکھنا۔

چودرہ۔ امر) چودنا کا۔ **چودا** (ماضی) چودنا کی۔ **چود گھر** (ہ) رنڈیوں کا گھر۔ چھلاکوٹھی۔ **چودنا** (متعدی) جماع کرنا۔ ہمبستری کرنا۔ **چودو** (ہ) ۱ جو جماع کا بہت شوقین ہو ۲ شوقی۔ ہوتیا شہید۔ زانی ۳ فضول خرچ عیاش۔ **چودواسا۔ چودوانسا** (ہ) دیکھو چودو۔

چَودہ (ہ۔ عدد) ۱ دس اور چار۔ ۱۴۔ ۲ پاسے کا اس طرح پڑنا کہ ایک پر ۲ اور باقی دو پر چھ چھ ہوں۔ **چودہ بدّیا** (مونث) ہندوؤں کے چودہ علم۔ چار وید۔ چھ ویدانگ۔ پران۔ دھرم شاستر میماںسا اور نیائے۔ **چودہ بدھیا ندھان** (صفت) ۱ چودہ علموں کا عالم۔ عالم و فاضل۔ ودیاوان ۲ تجربہ کار۔ خرانٹ۔ پختہ کار۔ **چودہ بھَوَن** (مذکر) چودہ عالم زمین چھ زمین کے اوپر اور سات زمین کے نیچے۔ **چودہ رتن** (مذکر) وہ چودہ اشیاء جو سمندر بلوئے جانے پر سمندر سے نکلے تھے (ہندو) **چودہ خانوادے** (مذکر) سلسلہ زہاد کے چودہ خاندان ہیں۔ ان کا سلسلہ حسن بصری سے ملتا ہے۔ ان سے عبدالواحد زید اور حبیب عجمیؒ نے تلقین پائی۔ پہلے پانچ خانوادوں کا ظہور زید سے اور ۹ کا حبیبؒ سے ہوا۔ ۱ عیاضیاں ۲ ادھمیاں ۳ ہبیریاں ۴ زیدیاں ۵ حبیبیاں ۶ عجمیاں ۷ طیفوریاں ۸ کرخیاں ۹ سقطیاں ۱۰ جنیدیاں ۱۱ گاذرونیاں ۱۲ طوسیاں ۱۳ سہروردیاں ۱۴ چشتیاں۔ **چودھواں** (صفت) چودہ سے منسوب۔ **چودھویں** (صفت مونث) چودہ سے نسبت رکھنے والی۔ **چودھویں رات** وہ رات جب چاند مکمل ہوتا ہے۔ بدر کی رات۔ **چودھویں (رات) کا چاند** (مذکر) ۱ بدر۔ پورا چاند ۲ نہایت خوبصورت یا حسین۔

چَودھر (ہ۔ مونث) ۱ بادشاہی زمانے کا ایک عہدہ۔ چودھری کا عہدہ ۲ چودھری کا اختیار۔ چودھری کا درجہ۔ رتبہ یا منصب ۳ (صفت) موٹا۔ فربہ ۴ مضبوط۔ طاقتور۔ چست۔ چالاک۔ **چودھرات۔ چودھرائی۔ چودھراہٹ** (مونث) دیکھو چودھر۔ **چودھرانی۔ چودھرائن** (مونث) چودھری کی بیوی۔ **چودھری** (مذکر) ۱ کسی قوم یا فرقے کا سردار۔ نمبردار۔ مقدمہ۔ سرغنہ ۲ میر محلہ۔ میر بازار۔ گاؤں کا سردار ۳ بنگال کے زمینداروں کا ایک خطاب ۴ جاٹوں کا خطاب۔

مثل۔ چودھر ہو یا راؤ جب کام نہ آوے ایسی تیسی میں جاؤ۔ کوئی بڑے سے بڑا ہو جب کام نہ آیا تو نکما ہے۔

چَور (ہ۔ مذکر) جنگل میں کھلا میدان نیچی زمین کا بڑا ٹکڑا۔

چَور (ہ۔ مونث) ۱ وہ زمین جس پر چار دفعہ ہل چلایا گیا ہو ۲ دیکھو چنور ۳ دیکھو چوبر۔

چُور (ہ۔ صفت) ۱ پسا ہوا۔ کٹا ہوا ۲ ریزہ ریزہ ۳ مدہوش۔ بدمست۔ سرشار۔ متوالا ۴ تھکا ہوا ۵ (مذکر) ریزہ۔ ریزہ۔ چورا۔ سفوف۔ برادہ (س چورن) **چورا** (مذکر) دیکھو چور ۵۔ **چورا چورا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ریزہ ریزہ ہو جانا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا۔ **چورا کرنا** (متعدی) ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ کوٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ **چورا ہو جانا یا ہونا** (لازم) دیکھو آخری۔ **چور چار** (ہ) ٹکڑے۔ ریزے۔ **چور چور** (تف) ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے (کر دینا۔ کرنا۔ ہو جانا۔ ہونا کے ساتھ) **چور رہنا** (متعدی) مخمور ہونا۔ سرشار ہونا۔ **چور کر دینا یا کرنا** (متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ **چورما** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی جو گھی میں روٹی کے ٹکڑے اور کھانڈ ڈال کر بنائی جاتی ہے چوری۔ **چورن** (مذکر) ۱ چورا ۲ سفوف۔ وہ سفوف جو بدہضمی کے لئے بنایا جائے ۳ پھنکی۔ چٹکی ۴ (ہ) آٹا ۵ (ہ) خوشبودار سفوف۔ **چورنا** (متعدی) ۱ ٹکڑے ٹکڑے کر کے گھی میں ڈبونا ۲ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ سفوف بنانا۔ **چورن کھنڈ** (س) اینٹ یا پتھر کا ٹکڑا۔ سنگریزہ۔ کنکر۔ **چورن من** (س) ۱ دل شکستہ ۲ شرمندہ۔ پشیمان۔ **چور ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ سفوف ہو جانا ۳ تھک جانا۔ **چوری** (ہ) دیکھو چورما۔

مثل۔ چورا جھاڑ کھاؤ لڈو نہ توڑو۔ اصل کو ضائع نہیں کرنا چاہئے۔ اس کی آمدنی کھانی چاہئے۔

چور (ہ۔ مذکر) ۱ وہ شخص جو کسی کی چیز چرالے۔ چوٹٹا۔ دزد۔ سارق ۲ دیوار یا چھت میں ایک سوراخ جس کا پتہ نہ چلے ۳ خفیہ رستہ یا دروازہ ۴ زخم کے اندر کا حصّہ جو اچھا ہونے سے رہ جائے۔ ناسور ۵ وہ بات جو زبان پر نہ لاسکیں دل میں چھپائیں ۶ شک۔ شبہہ ۷ کمی۔ بھول چوک ۸ تاش میں وہ پتّہ جو کھیلنے سے رہ جائے ۹ بدظنی۔ بدگمانی ۱۰ اندیشہ۔ خطرہ خوف ۱۱ شمع کا ایک طرف سے گھل جانا ۱۲ وہ سفیدی جو مہندی رنگنے سے چھوٹ جائے۔ دزد حنا ۱۳ (صفت) پوشیدہ۔ خفیہ۔ درپردہ ۱۴ دغاباز۔ دھوکے باز۔ مکار۔ عیار (س چَور) **چور ارد** (مذکر) وہ ارد کے دانے جو گلنے سے رہ جائیں۔ **چوراکاری** (مونث) چوری کا شہرہ۔ **چور انعام** (مذکر) وہ زمین جس کو بغیر مالگزاری دئے کاشت کیا جائے۔ **چور بالو** (مونث) ۱ ریگ رواں ۲ سراب ۳ دلدل۔ دھسن۔ **چور بدن** (مذکر) وہ بدن جس کا مٹاپا معلوم نہ ہو۔ **چور بن کر آنا** (لازم) چھپ کر آنا۔ **چور بھور ہو جانا یا ہونا** (لازم) حیران ہونا۔ متحیر ہو جانا۔ **چور بیٹھنا** (لازم) ۱ بدگمانی ہونا ۲ خطرہ ہونا ۳ بُرائی جمنا۔ **چور پانی** (مذکر) وہ پانی جو دریا کے کناروں پر یا خشک تہ میں ریت کھود کر نکالتے ہیں۔ **چور پر مور پڑنا** (لازم) چور کی چوری ہونا۔ ٹھگ کا ٹھگا جانا۔ مور ایک قوم ہے جو دریا میں کشتیوں پر رہتی ہے۔ چور جب چوری کر کے جاتے ہیں تو عموماً ان کی کشتیوں پر پار ہوتے ہیں۔ یہ ان کے مال میں سے اڑا لیتے ہیں۔ اس لئے یہ مثل ہوئی۔ ایک روایت ہے کہ ایک چور نے موتیوں کا ہار چرایا اور اس کے گھر سے ایک مور اٹھا کر لے گیا۔ **چور پڑنا** (لازم) ۱ چوروں کا کسی گھر میں بہ نیت سرقہ داخل ہونا ۲ ناسور پڑنا ۳ مہندی لگانے سے جگہ چھوٹ جانا۔ **چور پہرا** (مذکر) ۱ خفیہ پاسبانی۔ پوشیدہ نگہبانی ۲ پولیس یا فوج کی لائنوں میں ایک آدمی کا پہرہ بارکوں وغیرہ پر اس لئے لگایا جاتا ہے کہ کوئی سرقہ نہ کرے۔ **چور پیٹ** (مذکر) وہ پیٹ جس کا حمل دیر تک معلوم نہ ہو۔ **چور پیسہ** (مذکر) ۱ وہ پیسہ جو خاک میں گر کر مشکل سے پایا جائے ۲ انگریزی پیسہ جو پرانے پیسہ سے موٹائی میں نصف ہے۔ **چور ٹھانگ** (مذکر) ۱ چوری کا مال لینے والا۔ ٹھانگدار۔ **چور جہاز** (مذکر) ڈاکوؤں کا جہاز۔ **چور چار یا چکار** (مذکر) چور۔ **چور چور ہونا** (لازم) چاروں طرف سے چور چور کی آواز آنا۔ **چور خانہ** (مذکر) ۱ خلوت خانہ ۲ صندوقچی میں ایک پوشیدہ خانہ ۳ پنجرے کے خانے کے اندر کا

خانہ۔ **چور دروازہ** (مذکر) گھر کے ۲ پیچھے کی طرف کا چھوٹا دروازہ۔ پوشیدہ دروازہ۔ **چور دَبج** (مونث) ۱ بانوں کی اصطلاح۔ حریف کے مقابل آکر میدان میں کبھی آگے اور کبھی پیچھے قدم ہٹانا اور سیف و سپر کو دونوں ہاتھوں کو سر کے برابر دراز کر کے حریف پر برابر وار کرنا۔ **چور ڈھور** (مذکر) ۱ چور مع مال مسروقہ ۲ چور اور مدعی ۳ جملہ فریق مقدمہ۔ **چور راستہ** (مذکر) یا رستہ ۱ پوشیدہ راستہ ۲ راستہ جو اور کسی کو معلوم نہ ہو ۳ پگ ڈنڈی۔ **چور زمین** (مونث) دلدل۔ **چور سوداگر** (مذکر) مال مسروقہ لینے والا دوکاندار۔ **چور سے چور پکڑوانا** (متعدی) چور کے ذریعے دوسرے چوروں کو گرفتار کرانا۔ **چور سیڑھی** (مونث) مکان کے پچھلی طرف کی سیڑھی۔ **چور کچہری** (مونث) خفیہ پولیس۔ محکمہ ٹھگی و ڈکیتی۔ **چور کو گھر تک پہنچانا** (متعدی) پنجابی محاورہ ہے جو داغ نے باندھا ہے۔ معاملے کو انتہا تک پہنچانا۔ اصلیت نکالنا۔ **چور کھڑکی** (مونث) پچھلی طرف کی کھڑکی۔ **چور گڑھا** (مذکر) ایسا گڑھا جو نظر نہ آئے۔ **چور گلی** (مونث) ۱ پاجامہ کی میانی ۲ پوشیدہ راستہ ۳ گلی کے اندر گلی۔ **چور لگنا** (ف) ۱ چوروں کا بافراط ہونا۔ چوری کرنا ۲ نقصان ہونا۔ ضرر پہنچنا ۳ شمع کا آدھا پگھلنا۔ شمع کا آخر میں ٹمٹمانا۔ **چور محل** (مذکر) ۱ وہ محل جس میں امیر آدمیوں کی آشنائیں رہیں ۲ امیروں کا آشنا ۳ خفیہ کمرہ۔ چھپا ہوا کمرہ۔ **چور منڈورا** (ف) یا **منڈلی** (مونث) بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک کنکر گوبر کے ڈھیروں میں سے ایک میں چھپا دیتے ہیں جو اسے پا جائے وہ سارا گوبر لے جاتا ہے۔ **چور موکھ** (ف) وہ چور جو مع مال مسروقہ پکڑا جائے۔ **چور مونگ** (مذکر) وہ مونگ کے دانے جو گلنے سے رہ جائیں۔ **چور مہیچنی** (ف) آنکھ مچولا۔ **چور نمک** (مذکر) وہ نمک جس کا محصول نہ ادا کیا جائے۔ **چور دل** (مذکر) چور کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چوروں نے گھر میں چاندنا کر دیا**۔ چور سب مال لے گئے۔ **چور بیٹھیا** (صفت) وہ جو مال مسروقہ خریدے۔ **چور ہو گیا** قصوروار ٹھیر گیا۔ **چوری** (مونث) سرقہ۔ دزدی۔ دوسرے کا مال چرانے کا فعل ۲ پردہ ۳ پوشیدہ کام۔ خفیہ کام ۴ دھوکا بازی۔ عیاری ۵ اخفا۔ پوشیدگی۔ **چوری جانا** (لازم) سرقہ ہونا۔ گم ہونا۔ **چوری چوری۔ چوری چھپے۔ چوری سے** (صفت) خفیہ۔ پوشیدہ۔ نہاں

درپردہ۔ **چوری کا مال** (مذکر) مال مسروقہ۔ **چوری کرنا** (متعدی) چرانا۔ **چوری لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) چوری کا الزام لگنا۔ **چوری میں (پکڑا) دھرا جانا** (لازم) چوری کی وجہ سے قید ہو جانا۔ **چوری ہونا** (لازم) سرقہ ہونا۔ کسی چیز کا جاتے رہنا۔

امثال و اقوال

چور اور سانپ دبے پر چوٹ کرتا ہے۔ چور اور سانپ گھر جائیں تو حملہ کرتے ہیں۔ ورنہ بھاگ جاتے ہیں۔ **چور اور سانپ کی بڑی دھاک ہوتی ہے**۔ لوگ ان سے بہت ڈرتے ہیں۔ **چور اور موٹھ کس کے باندھنے چاہئیں**۔ ورنہ چور بھاگ جائیگا۔ اور موٹھ کھل کر بکھر جائینگے۔ **چور پر مور پڑے**۔ جیسے کو تیسا ملا۔ **چور جانے رہے کہ اندھیاری**۔ چور بھی ہیں اور اندھیری راتیں بھی ہیں۔ جب موقع لگے گا چوری کر ہی لینگے۔ بدکار موقع ملنے پر بدکاری کرتا ہے۔ **چور جانے چور کی سار**۔ چور ہی چور کی باتیں سمجھ سکتا ہے۔ اس لئے چور کو پکڑنے کے لئے چور ہی لگانا چاہئے۔ ولی را ولی مے شناسد۔ **چور جانے منگنی کے باسن**۔ چور کو چوری سے غرض ہے۔ اس کو پروا نہیں مال کیسا ہے۔ **چور جواری گھٹ کٹا جار اور نار چھنار۔ سو سو سوگند کھائیں جو مول نہ کر اعتبار** (ف) چور جواری گھٹ کٹا بدکار مرد فاحشہ عورت یہ کتنی ہی قسمیں کھائیں کہ یہ برا کام چھوڑ دینگے۔ ہرگز اعتبار نہیں کرنا چاہئے۔ **چور چراوے گردن ہلاوے**۔ ایک تو برا کام کرے دوسرے مکرے۔ **چور چکار چوکے لیکن چغل نہ چوکے**۔ چور چکار کے لئے ممکن ہے چوری چھوڑ دیں۔ لیکن چغلخور چغلی کھانے سے نہیں چوک سکتا۔ **چور چور منسیرے بھائی**۔ چور سب ایک ہی طرح کے ہوتے ہیں۔ چور ایک دوسرے کے مددگار ہوتے ہیں۔ **چور چوری سے گیا تو کیا ہیرا پھیری سے بھی گیا**۔ چور چاہے چوری چھوڑ دے مگر اس کی جو عادت پھرنے پھرانے کی ہے وہ نہیں جاتی۔ **چور چوری کر گیا موسلوں ڈھول بجا**۔ اس قدر بد انتظامی ہے کہ چور کھلم کھلا چوری کرتے ہیں۔ **چور ڈھور دونوں حاضر ہیں**۔ چور اور مویشی پکڑ لائے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ ثبوت مکمل ہے۔ **چور سب گھر لے مرے**۔ چور پکڑا جائے تو ساتھیوں کو بھی پکڑوا دیتا ہے۔ بلکہ بیگناہوں کو بھی

پھنسا دیتا ہے۔ **چور سے کہے تو چوری کر اور ساہ سے کہے تو جاگتا رہیو۔ چور سے کہے تو چوری کر ساوھ سے کہے تیرا گھر لٹا۔ چور سے کہے چوری کر شاہ سے کہے تیرا گھر چھوٹتا ہے۔ چور سے کہیں موس شاہ سے کہیں جاگ**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں، جو دونوں فریقوں سے لگائی بجھائی کر کے فساد کرا دیتا ہے۔ **چور کا بھائی گٹھ (کترا) کٹ (کٹا)** جب کوئی کسی کی طرفداری کرے تو کہتے ہیں۔ **چور کا بھائی گٹھی چور**۔ دیکھو آخری۔ **چور کا جی کتنا**۔ چور ذرا سی بات سے ڈر جاتا ہے۔ **چور کا حال سو میرا حال**۔ اپنی صفائی ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **چور کا سر نیچا**۔ چور شرمندگی کی وجہ سے سر نہیں اٹھا سکتا۔ **چور کا شاہد (گواہ) چراغ**۔ بھید ظاہر کر دینے والے کی نسبت کہتے ہیں۔ چراغ کی روشنی میں چور پہچان لیا جاتا ہے۔ **چور کا کوئی حمایتی نہیں**۔ چور پھنس جائے تو کوئی اس کی مدد نہیں کرتا۔ **چور کا مال سب کوئی کھائے (چور کی جان اکارت جائے) چور کے ساتھ کوئی نہ جائے**۔ چور کے پاس چوری کے مال میں سے بہت کم رہ جاتا ہے۔ اسے رشوتیں دینی پڑتی ہیں۔ لوگوں کا منہ بند کرنے کے لئے انہیں کھلانا پڑتا ہے۔ اور جو روز کا فکر اور مصیبت وہ الگ۔ **چور کا من بقچے میں**۔ چور کا خیال ہر وقت چوری کی طرف رہتا ہے۔ **چور کا منہ چاند سا** ۱ چور اپنی شکل بالکل معصوموں کی طرح بنا لیتا ہے تاکہ اس پر شبہ نہ رہے ۲ یا چور کی شکل سے ہی معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ چور ہے۔ **چور کو انگارے میٹھ**۔ اگلے زمانے میں چور کو انگارے کھلاتے تھے۔ اگر اسے تکلیف ہوتی تو چور سمجھا جاتا۔ اس لئے چور چپکے سے انگاری نگل جاتا۔ چور اپنے آپ کو بچانے کے لئے ہر قسم کی تکلیف برداشت کرتا ہے۔ **چور کو پکڑئے گانٹھ سے چھنال کو پکڑئے کھاٹ سے**۔ چور کو چوری کرتے اور فاحشہ کو بدفعلی کراتے پکڑنا چاہئے۔ تو پھر ثبوت کافی ہوتا ہے۔ **چور کو پہنائی (جوتی) دور سے سوجھے**۔ چور جانتا ہے کہ جب پکڑا گیا جوتے لگین گے۔ **چور کو چور ہی پہچانے**۔ چور کو پکڑنے کے لئے چور لگانا چاہئے۔ **چور کو چور ہی (سوجھتا ہے) سوجھے**۔ چور ہر ایک کو اپنے جیسا سمجھتا ہے۔ المرء یقیس

علیٰ نفسہٖ۔ چور کو چوری ہی سوجھے۔ چور کا خیال ہر وقت چوری میں رہتا ہے۔ چور کھڑکی گھر کا ناس۔ اگر بیوی خاوند سے چھپا کر خرچ کرتی ہو یا بدچلن ہو آشنا کو دیدیتی ہو تو گھر میں کچھ نہیں رہتا۔ چور کے اور سانپ کے پیر نہیں ہوتے چور اور سانپ بہت ڈرتے ہیں۔ فوراً بھاگ جاتے ہیں۔ چور کی اور سانپ کی دھاک بڑی ہوتی ہے۔ چور اور سانپ سے لوگ بہت ڈرتے ہیں۔ چور کے پاؤں میں کانٹے تیرے پاؤں میں گھنگرو (عو) بچوں کو کھلاتے ہوئے کہتی ہیں۔ اور تیرے کی بجائے بچے کا نام لیتی ہیں۔ چور کے پاؤں (پیر) نہیں ہوتے۔ چور کے پیر کہاں۔ چور بہت ڈرتا ہے۔ ذرا آہٹ ہوئی اور بھاگا۔ چور کے پیٹ میں گائے آپ ہی آپ رمبھائے۔ چور گھبراہٹ سے معلوم ہو جاتا ہے۔ چور کے خواب میں بقچے۔ چور کو سوتے بھی چوری کا ہی خیال ہوتا ہے۔ چور کی داڑھی میں تنکا۔ جب کوئی کسی الزام کو اپنی طرف گمان کرے تو کہتے ہیں۔ ایک شخص کا مال چوری گیا اس نے لوگوں کو جمع کر کے یہ فقرہ کہا تو چور نے فوراً ہاتھ داڑھی پر رکھا تب سے یہ مثل ہو گئی۔ چور کی جورو کونے میں منہ دے کر روتی ہے۔ بیچاری کو ہر وقت خاوند کے پکڑے جانے کی فکر ہوتی ہے۔ چور کی ضمانت نہیں ہوتی۔ چوری کا مقدمہ ناقابلِ ضمانت ہے۔ اس لئے اس کی ضمانت نہیں لی جاتی۔ چور کے گھر چھچھور (گٹھ کٹا یا موہ)۔ چور کو بھی لوٹنے والے ہوتے ہیں۔ جب کوئی چالاک کو دھوکا دے تو کہتے ہیں۔ چور کی ماں کوٹھڑی میں سر دیکر روتی ہے۔ اپنے کی بدکاری ظاہر نہیں کی جاتی۔ جی ہی جی میں کڑھنا پڑتا ہے۔ چور کے من میں چوری بسے۔ چور کو ہر وقت چوری کا خیال رہتا ہے۔ چور کی نظر گٹھڑی پر۔ چور کا خیال ہر وقت چوری کی طرف رہتا ہے۔ چور کے ہاتھ میں دیا۔ چہ دلاور است دزدے کہ بکف چراغ دارد۔ ایک تو جرم کرنا اور دوسرے علانیہ۔ چور گٹھڑی لے گیا بیگار (کو چھٹی ہوئی) نے چھٹی پائی مصیبت ٹلی خلاصی ہوئی۔ چور لاٹھی دو جنے ہم باپ بیٹے اکیلے۔ بزدل آدمی لٹ جائے تو اسے مذاقاً کہتے ہیں۔ چور لگانا گھر والے کو جگانا۔ دیکھو چور سے کہے الخ۔ چور لے ناسا دھو پوچھے۔ چور کو چوری سے غرض اس کو یہ پروا نہیں ہوتی کہ وہ کس کی چوری کرتا ہے۔ چور لے ناساہ چھوٹے پچھتے نہ اسے چور لے سکتا ہے نہ ساہوکار۔ بہت محفوظ ہے۔ چور وا کے من بسے ککڑی کا کھیت (ھ) چور کو ہر وقت چوری کا خیال رہتا ہے۔ چور ہتھیلی پہ جان لئے پھرتا ہے۔ چور کی جان ہر وقت خطرے میں ہوتی ہے۔ چوری اور سرزوری (سینہ زوری یا منہ زوری) قصور پر نادم نہ ہونا۔ اور آگے سے اکڑنا۔ عیب کر کے جھگڑا کرنا۔ چوری اور یاری کبھی بند نہیں ہوتی۔ سرقہ اور عشق بازی ہوتی ہی رہتی ہے۔ چوری بے تھانگ نہیں ہوتی۔ بغیر واقفیت چوری نہیں ہو سکتی۔ چوری بے سراغ نہیں نکلتی۔ جب تک کوئی سراغ نہ ملے چوری کا پتہ نہیں چلتا۔ چوری کا گڑ میٹھا۔ مفت کی چیز کا مزا زیادہ ہوتا ہے۔ لوگوں سے چھپا کر کام کرنے میں مزا زیادہ آتا ہے۔ چوری کا کپڑا اور ڈانگوں کے گز۔ چوری کا مال سستا ہوتا ہے چور کو چوری کے مال کی قدر نہیں ہوتی۔ وہ اسے اونے پونے بیچ ڈالتا ہے۔

چَورا۔ چورا (ھ۔ مذکر) ١ وہ جگہ یا مرگھٹ جہاں کوئی عورت ستی ہوئی ہو۔ ٢ چوترا چبوترہ ٣ چولا۔ لوبھیا۔

چَورِ کار (س۔ مونث) چوری۔ سرقہ۔ دزدی۔

چُورنکا (س۔ مونث) بھنے ہوئے اور کٹے ہوئے چاول یا کوئی اور اناج جسے پھانکتے ہیں۔

چَوری (ہ۔ مونث) چونری۔ چور۔

چُوڑ (ھ۔ صفت) ١ تباہ۔ برباد۔ خراب۔ گرا ہوا ٢ بوسیدہ۔ سڑا ہوا ٣ شریر۔ بدذات۔ بدکن (ہو جانا ہونا کے ساتھ) ٤ (صفت) چوڑا۔

چوڑ چوپٹ (صفت) دیکھو چوڑ ١ تا ٣

چُوڑ (ھ۔ مذکر) ١ منڈن کی رسم ٢ چوٹی ٣ کلغی ٤ تاج ٥ چھلا۔ تعویذ ٦ پہنچیاں جو دلہن کو شادی پر پہنائی جاتی ہیں ٧ سونے چاندی کا زیور جو ہندو عورتیں پہنتی ہیں ٨ چوڑی جو ہاتھی کے دانت پر چڑھا دیتے ہیں۔

چوڑ (ھ۔ مذکر) انگیا۔ چولی چھوٹا کپڑا۔

چَوڑا (ہ۔ صفت) ١ عرض میں ٢ فراخ۔ کشادہ۔ چکلا ٣ پھیلا ہوا۔ وسیع۔ بڑا ٤ (ھ) تباہ۔ برباد ٥ چھوٹا ہوا ٦ جنگل میں کھلی جگہ (س چکر۔ وسیع ہونا)

چوڑاپن (مذکر) چوڑائی۔ عرض۔

چوڑا چکلا (صفت) ١ پھیلا ہوا ٢ وسیع۔ فراخ ٣ بھاری بھرکم۔

چوڑا کرنا (متعدی) پھیلانا۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کرنا۔

چوڑان (مونث) چوڑائی۔ عرض۔

چوڑانا (متعدی) دیکھو چوڑا کرنا۔

چوڑاؤ (مذکر) پاٹ۔ وسعت۔ چوڑائی۔ عرض۔

چوڑائی (مونث) عرض۔ چوڑان۔ وسعت۔

چوڑا ہو جانا (دہلی) یا **ہونا** (لازم) برباد ہونا۔ تباہ ہونا۔ پنجابی محاورہ ہے وہاں چوڑ ہونا بولتے ہیں۔ ٢ وسیع ہونا۔ کشادہ ہونا

چوڑی پڑ جانا یا پڑنا (لازم) کونے کی دیوار کا پھٹ جانا۔

چوڑے میں (ظرف) کھلم کھلا۔ دن دہاڑے۔

چوڑے میں بیٹھا (کھڑا) رہ جانا (لازم) ١ تنہا رہ جانا۔ اکیلا رہ جانا ٢ تباہ ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔

چوڑے میں لٹ جانا (لازم) تباہ یا برباد ہو جانا۔

چُوڑا (ھ۔ مونث) ١ منڈن کی رسم ٢ چوٹی جو مونڈنے کے بعد رہ جائے ٣ جوڑا ٤ کلغی۔ کلغی پرند کی ٥ تاج ٦ سر۔ چوٹی (س چوڈا سے) ٧ ایک زیور جو سر پر پہنا جاتا ہے ٨ پیتل کی چوڑی جو ہاتھی کے دانت کے سرے پر چڑھائی جاتی ہے ٩ لاکھ کی چوڑی جو کنیائیں پہنتی ہیں (س چوڈک سے) ١٠ چڑوا دھان کو ابال کر کوٹے ہوئے چاول (س چوڑنک سے)

چوڑا بھنڈار یا بھنڈارا (مذکر) وہ وظیفہ جو کسی خاندان کو چھوٹے افراد کے گزارے کے لئے دیا جائے۔

چوڑا کرن (مذکر) منڈن سوائے چوٹی کے۔

چوڑامنی (مذکر) ١ ایک زیور جو سر پر پہنا جاتا ہے ٢ ایک جواہر جو کلغی یا تاج میں پہنتے ہیں۔

چُوڑا (ہ۔ مذکر) لاکھ کی چوڑیاں کلائی سے کہنی تک (س چوڈک)

چوڑا (ھ۔ مذکر) کیچڑ۔ مٹی گھلی ہوئی۔

چُوڑال۔ چُوڑالا (ھ۔ صفت) ١ وہ جس کے سر پر چوٹی ہو۔ چوٹی والا۔ کلغی والا ٢ (مذکر) کلغی دار جانور۔

چوڑالا (مذکر) ایک قسم کا سرد۔

چوڑھا (ھ۔ مذکر) چمار۔ رذیل۔ کمینہ۔۔

چوڑی (ہ۔ مونث) ۱ لاکھ۔ شیشے۔ سونے چاندی وغیرہ کے باریک حلقے جو عورتیں پہنتی ہیں۔ ۲ عینک کا حلقہ ۳ وہ پیچ جو کسی پرزے میں کٹا ہو ۴ شکن۔ سلوٹ۔ ۵ (صفت) نازک۔ کمزور۔ بودی۔

چوڑیاں (مونث) جمع چوڑی کی۔ **چوڑیاں بڑھانا** (متعدی) چوڑیاں اُتارنا۔ **چوڑیاں پہنانا** (متعدی) **پہننا** (لازم) ۱ ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا ۲ بیوہ سے شادی کرنا ۳ نامردی اختیار کرنا۔ **چوڑیاں توڑنا** (متعدی) ۱ چوڑیاں شکستہ کرنا ۲ خاوند کی موت پر چوڑیاں شکستہ کرنا۔ **چوڑیاں ٹوٹنا** (لازم) چوڑیاں شکستہ ہونا۔ **چوڑیاں ٹھنڈی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) چوڑیاں ٹوٹنا۔ **چوڑی دار۔ چوڑیوں دار** (مذکر) پاجامہ جس کی موریاں لمبی ہونے کی وجہ سے ٹخنوں کے اوپر سلوٹیں پڑیں۔

چوڑیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا دھاری دار کپڑا۔

چوزر (ف۔ مذکر) باز یا عقاب کا بچہ۔ چھ مہینے سے چھوٹا یا جس نے ابھی شکار نہ کیا ہو۔ **چوزا** (ھ) **چوزہ** (مذکر) ۱ مرغی کا بچہ۔ پٹھا۔ پٹھہ ۲ کنایتاً خوبصورت نوجوان لڑکی۔ خوبصورت خوردسال لڑکا۔

چوزہ باز (مونث۔ صفت) وہ عورت یا کسبی جو نوجوانوں سے رغبت رکھے۔

چوز (ف۔ مذکر) خواہش۔ آرزو۔ تمنا۔ صرف چاہ و چوز میں استعمال ہوتا ہے (س۔ چوج)

چوس (ھ۔ مذکر) ۱ سفوف ۲ آٹا چون ۳ وہ زمین جس پر چار دفعہ ہل چلایا گیا ہو (چوسر کا مخفف)

چوسر (ہ۔ مذکر) ۱ ایک کھیل پچیسی کی قسم کا جو پاسے سے کھیلا جاتا ہے ۲ اس کھیل کی بساط (س چتر۔ چار) **چوسرباز** (مذکر) چوسر کھیلنے والا **چوسر کا رنگ** (مذکر) نردیں جو چوسر میں کھیلی جاتی ہیں۔ **چوسر کھیلنا** (لازم) چوسر کا کھیل کھیلنا **چوسری** (مونث) ۱ ایک گلے کا زیور ۲ دیکھو چوسر۔

چوس (ہ۔ امر) چوسنا کا ۱ رس چوس۔ چکھنا) **چوس ڈالنا** (متعدی) ۱ اتنا چوسنا کہ خشک ہوجائے ۲ بالکل جذب کرلینا۔ **چوس لینا۔ چوسنا** (لازم) ۱ ہونٹوں سے دبا کر رس نکال لینا ۲ جذب کرنا ۳ نچوڑنا ۳ دودھ پینا۔ پینا ۴ نچوڑنا۔ عرق نکال لینا ۵ لے لینا ۶ بوسہ لینا ۷ کچھ نہ چھوڑنا۔ ٹھگا دینا۔ **چوسنی** (مونث) چُسنی۔

چوغا۔ چوغہ (ف۔ مذکر) ایک قسم کا کوٹ۔ چغہ۔

چوک (ہ۔ مذکر) ۱ عدد چار۔ چارگنا ۲ پہاڑوں میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے ۳ چوک بارہ ۲ وہ بڑا بازار جس کے چار راستے ہوں ۳ صحن۔ انگنائی ۴ مربع۔ مربع میدان ۵ وہ کھلی جگہ شہر میں جہاں منڈی لگتی ہو ۶ (ہ) ایک مربع جگہ جسے شادی کے موقع پر مٹھائی سے بھر دیتے ہیں۔ جو بعض رسوم کی ادائیگی کے بعد تقسیم کی جاتی ہے ۷ (ھ) رنگدار آٹے کا مربع جس میں دولھا دولہن کو شادی سے چندرات پہلے بٹھاتے ہیں ۸ (ھ) داڑھ چونکہ چار میں ایک ہوتی ہے۔ **چوکا** (مذکر) ۱ چار کا عدد۔ چارگنا ۲ زمین کا ایک مربع ٹکڑا ۳ وہ جگہ جہاں ہندو کھانا پکاتا اور کھاتا ہے ۴ سنگ مرمر یا کسی دوسرے پتھر کی مربع سل ۵ ایک قسم کا برتن ۶ ایک پیمانہ ۷ ایک قسم کا موٹا کپڑا جس کا فرش بناتے ہیں ۸ بڑی مربع اینٹ جو فرش لگانے کے کام آتی ہے ۹ چار یکساں چیزیں جو ملی ہوئی ہوں ۱۰ چار رومال جو ملے ہوتے ہوں ۱۱ چار مربع تخت جو برابر بچھے ہوئے ہوں ۱۲ اگلے چار دانتوں کی کڑی۔ **چوکا برتن کرنا** (متعدی) چوکا کھانے پکانے کے لئے بنانا اور برتنوں کو صاف کرنا۔ **چوکا دینا** (مذکر) کھانا پکانے کی جگہ کو لیپنا یا پوتنا۔ **چوکا کرنا** (متعدی) کھانا کھانا۔ **چوک بھرنا یا پورنا** (متعدی) ۱ چوک ۶۰۷۰ بنانا ۲ ایک چوخانہ کپڑا یا تختہ تیار کرنا شطرنج یا اور اسی قسم کی کھیل کے لئے۔ **چوک پٹہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں چوک کی رسم کے دوران میں لوگ بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں۔ **چوک چاندنی یا چکنی** (مونث) ایک تیوہار جو بھادوں بدی میں ہوتا ہے۔ اور پاٹ شالوں کے طالب علم گنیش جی کی پوجا کرتے ہیں۔ **چوک لگانا** (متعدی) ۱ منڈی لگانا ۲ دوکانوں کی قطار کھولنا یا بنانا۔ **چوک مار** (مذکر) وہ شخص جو دوکان کا محصول نہ دے۔ **چوک نکاس** (مذکر) محصول جو ان چیزوں پر لگایا جائے جو چوک میں بکیں۔

چوک (ہ۔ مونث) ۱ بھول۔ سہو ۲ قصور۔ خطا۔ غلطی ۳ نشانہ خطا ہوجانا ۴ ناکامیابی (س چی۔ چھوڑنا) **چوک پڑنا** (لازم) **چوک جانا** (لازم) سہو ہونا۔ غلطی کرنا۔ **چوکنا** (لازم) ۱ بھولنا۔ سہو کرنا ۲ غلطی کرنا ۳ قصور کرنا ۴ خطا کرنا ۴ باز آنا۔ باز رہنا ۵ نشانہ خطا ہوجانا ۶ ناکامیاب ہونا ۷ رہ جانا ۸ کم ہوجانا۔ کوئی چیز نہ ہونا۔

امثال۔ چوکا اور گیا۔ چوکا سو مرا۔ جس نے غلطی کی نقصان اٹھایا۔ **چوکی ڈومنی گاوے تال بے تال۔** دیکھو اوسر چوکی الخ۔

چوک (ہ۔ مذکر) ۱ کھٹائی۔ کھٹاپن۔ ترشی ۲ ایک قسم کا کھٹا ساگ ۳ ایک کھٹی چیز جو لیموں اور کھٹے انار سے بنتی ہے ۴ (صفت) کھٹا۔ ترش (س چکر) **چوکا** (مذکر) ایک قسم کا کھٹا ساگ۔

چوک (ھ۔ مونث) ایک قسم کی لکڑی جو دواؤں میں کام آتی ہے۔

چوکا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا مٹی کا برتن۔

چوکا (ھ۔ صفت) دیکھو چوکھا۔

چوکا بھوگ (مذکر) بیج جو بارش کے بعد بویا جائے۔

چوکدن۔ چوکھدن (ہ۔ صفت) اردگرد۔ چاروں طرف۔

چوکر (ہ۔ مذکر) ۱ گیہوں یا جو کی بھوسی۔ آٹا چھاننے سے جو چھلکا نکلے۔

چوکری (ھ۔ مونث) ایک ماپ جو تھیا کا چوتھا حصہ۔

چوکڑ (ھ۔ مذکر) ۱ نفیس۔ عمدہ۔ اچھا ۲ مضبوط۔ طاقتور ۳ تنومند ۴ موٹا۔ بھاری بھرکم۔

چوکڑا (ہ۔ مذکر) ۱ چار کا اجتماع۔ چار چیزیں ۲ پیداوار کی تقسیم جس میں کاشتکار صرف چوتھا حصہ دیتا ہے۔ **چوکڑات** (مذکر) چار آدمیوں کی مجلس۔ پنچایت۔

چوکڑی (ہ۔ مونث) ۱ چار چیزوں کا مجموعہ ۲ چار آدمیوں کا مجمع ۳ چار چیزیں ایک قسم کی ۴ چار گھوڑے جو گھی میں جتتے ہوں ۵ رسی کے چار تار جن سے پلنگ بنا جائے ۶ ہرن کی کلانچ ۷ (ھ) چار یگ کا

عرصہ [۵] ایک قسم کا زیور۔ **چوکڑی بھرنا** (متعدی) ہرن یا گھوڑے کا اُچھلنا کودنا۔ کلانچیں مارنا۔ **چوکڑی بھولنا** (لازم) گھبرا جانا۔ شش و پنج میں پڑ جانا۔ **چوکڑی مار بیٹھنا** (ھ) چارزانو بیٹھنا۔ پالتی مار کر بیٹھنا۔ **چوکڑی مارنا** (ھ) چوکڑی بھرنا۔

چوکس (ہ۔ صفت) [۱] خبردار۔ چوکنا۔ ہوشیار۔ بیدار۔ [۲] چست [۳] تول میں پورا۔ ٹھیک درست رہنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (س چکش۔ دیکھنے والا) **چوکسائی** (مونث) خبرداری۔ ہشیاری۔ **چوکسی** (مونث) [۱] ہوشیاری۔ خبرداری۔ نگہبانی۔ [۲] چار آدمیوں کا اکٹھا کوئی کام کرنا [۳] چار آدمیوں کا ایک ہی رکابی میں کھانا [۴] (مذکر) مُنتَمِم۔ ناظم۔ ممتحن۔ داروغہ۔ نگہدار۔ **چوکسی کرنا** (متعدی) [۱] حفاظت کرنا۔ نگہبانی کرنا [۲] خبردار رہنا۔ چوکنا رہنا [۳] تیار رہنا۔ مستعد رہنا۔ کمربستہ رہنا۔

چُوکھ (ھ۔ مذکر) ایک جڑ کا نام۔

چوکھا (ھ) **چوکھا** (صفت) [۱] اچھا عمدہ۔ خوب۔ نادر۔ پسندیدہ [۲] خالص۔ کھرا۔ بے میل [۳] صاف۔ ستھرا [۴] ہوشیار۔ چوکس۔ محنتی [۵] خوشگوار۔ دل خوش کن۔ خوبصورت [۶] اونچا۔ تیز [۷] (سُر) [۸] تیز۔ کڑوا۔ چڑچڑا۔

چوکھاٹ (ہ۔ صفت) وہ جس کے اعضا قوی ہوں۔

چوکھٹ (ہ۔ مونث) **چوکھٹا** (مذکر) **چوکھٹھ** (ھ) [۱] دروازے یا کھڑکی کی چاروں لکڑیاں۔ گردا۔ حلقہ [۲] دروازے کے نیچے کی لکڑی [۳] دہلیز۔ آستانہ [۴] تصویر۔ آئینے وغیرہ کا گردا [۵] (ھ) عمارت کا نیچے کا حصہ (س چتش۔ چار۔ کاشٹ۔ لکڑی کا ٹکڑا) **چوکھٹ بازو** (مذکر) دروازے کی چاروں طرف کی لکڑیاں۔ **چوکھٹ نہ جھانکنا** (متعدی) کبھی نہ آنا۔ کسی کے گھر نہ جانا۔

چوکھنا (ھ۔ لازم) چوسنا

چَوکی (ھ۔ مونث) ایک پودا۔

چَوکی (ہ۔ مونث) [۱] چھوٹا تخت جس پر عموماً نہاتے یا کھانا کھاتے ہیں [۲] کرسی [۳] پاخانے کا چھوٹا تخت۔ کموڈ [۴] وہ تختہ جس پر بسکٹوں کیکوں کے لئے آٹا گوندھتے ہیں [۵] ایک زیور جو چھاتی پر پہنا جاتا ہے [۶] زنجیر گردن میں جو مربع تختی لٹکتی ہے [۷] دھکدھکی [۸] پولیس کے رہنے کی جگہ [۹] پہرہ۔ حراست۔ پاسبانی [۱۰] محصول والوں کے محصول وصول کرنے کی جگہ [۱۱] ریل کے محافظوں [۱۲] رہنے کی جگہ [۱۳] خدمت۔ نوکری [۱۴] باری۔ نوبت [۱۵] امیروں یا افسروں کے یہاں شب باشی کو جانا [۱۶] نوبت بجانے والوں کا نوبت بجانے کا وقت [۱۷] اور حبیبوں کا گروہ [۱۸] قوالوں کا گروہ [۱۹] پولیس کی گارد [۲۰] بیار۔ نذر [۲۱] جادو ٹونا [۲۲] چار کا مجموعہ [۲۳] ایک ماپ جو چار سیر کے برابر ہوتا ہے [۲۴] (ھ) رنڈی کی خرچی [۲۵] (ھ) بدکارہ۔ چھنالہ (س چتشک۔ چار کا مجموعہ) **چوکی سہاگہ** (مذکر) ایک قسم کا عمدہ سہاگہ۔ **چوکی بٹھانا** (متعدی) [۱] پولیس کی گارد متعین کرنا [۲] پہرہ بٹھانا۔ نگہبانی کرنا [۳] جادو کرنا۔ موکل بٹھانا۔ **چوکی بیٹھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **چوکی بدلنا** (لازم) گارد بدلنا۔ نئی گارد پرانی کی جگہ بھیجنا۔ **چوکی بھرنا** (متعدی) [۱] مزار پر نوچندی جمعرات کو جا کر دعا مانگنا [۲] قوالوں سے گانا کرانا گھر پر یا کسی مزار پر [۳] نذر نیاز دینا [۴] دیوی دیوتا کے استھان پر جا کر بھینٹ چڑھانا [۵] باری باری سے پہرہ دینا۔ **چوکی پر جانا** (لازم) پاخانے جانا۔ صحت خانے میں جانا۔ **چوکی پر لوٹا نہ رکھواؤں** (ع) ادنٰے سے ادنٰے کام بھی نہ کراؤں۔ حقارت کے طور پر بولتی ہیں۔ **چوکی پہرہ** [۱] پہرہ۔ گارد [۲] پہرے کی باری۔ **چوکی خانہ** (مذکر) وہ مکان جہاں حاضرباشی والے حاضر رہتے ہیں۔ **چوکیدار** (مذکر) [۱] وہ شخص جسے لوگ پہرے کے لئے ملازم رکھیں۔ پہرہ دار [۲] گاؤں کا ایک ملازم سرکار جس کا فرض رپورٹیں وغیرہ دینا۔ حفاظت کرنا۔ نمبرداروں اور دیگر افسروں کی مدد کرنا ہے **چوکیدارا۔ چوکیدارہ** (مذکر) محصول جو چوکیداروں کو تنخواہ دینے کے لئے زمینداروں سے وصول کیا جاتا ہے۔ **چوکیداری** (مونث) [۱] چوکیدار کا پیشہ۔ محافظت کا کام [۲] پاسبانی۔ نگہبانی۔ محافظت [۳] چوکیدارہ۔ **چوکی دینا** (متعدی) پہرہ دینا۔ حفاظت کرنا [۲] کرسی پر بٹھانا۔ **چوکی مار** (مذکر) وہ شخص جو مال کو چھپا کر بغیر محصول دئے لے جائے۔ گھاٹ مار محصول چور۔ سارق محصول سرکار۔ **چوکی مارنا** (متعدی) محصول کی چوری کرنا۔ **چوکی ماری** (مونث) ٹیکس یا محصول نہ دینے کا فعل۔ **چوکی میں بٹھانا یا رکھنا** (متعدی) حراست میں رکھنا۔ حوالات میں رکھنا۔ شُبہ کو موجود رکھنا۔

امثال و اقوال۔ چوکیدار سوئے ڈاکو مارے۔ اگر چوکیدار سو رہے تو چوری ضرور ہوتی ہے۔ **چوکی گاؤں والوں کو لوٹ کھاتی ہے**۔ پولیس کی چوکی عام طور پر وہاں مقرر کی جاتی ہے جہاں لوگ بہت شرارتی ہوں۔ پولیس والے اپنے کھانے کا خرچ عموماً انہیں لوگوں سے پورا کرتے ہیں۔

چوگا (ہ۔ مذکر) [۱] پرندوں کی غذا۔ دانہ [۲] وہ غذا جو پرندے پوٹے میں سے نکال کر بچوں کو دیتے ہیں (چگنا سے) **چوگا بدلنا** (متعدی) [۱] پرند کا بچوں کو دانہ کھلانا۔ دانہ بدلی کرنا [۲] پرندوں کا چونچ سے چونچ ملا کر ایک دوسرے کو پیار کرنا۔ **چوگا دینا** (متعدی) دیکھو آخری [۱]

چوگان (ف۔ مذکر) [۱] ایک قسم کا گیند کا کھیل جو گھوڑوں پر چڑھ کر لکڑی کے لمبے بلوں سے کھیلتے ہیں۔ پولو [۲] بلا جس سے چوگان کھیلتے ہیں [۳] گلی کا ڈنڈا [۴] وہ ڈنڈا جو سر کی طرف سے کج ہو جیسے ہاکی کا (کھلانا۔ کھیلنا کے ساتھ) **چوگان باز** (مذکر) چوگان کھیلنے والا۔ **چوگان بازی** (مونث) چوگان کا کھیل کھیلنا۔ **چوگان گاہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں چوگان کھیلیں۔ **چوگانی** (مونث) [۱] وہ گھوڑا جس پر چوگان بازی کی جائے [۲] حقے کی سیدھی نالی۔

چوگڑا (ہ۔ مذکر) خرگوش (س چتر۔ چار۔ گرت۔ سوراخ)

چَول (س۔ مذکر) منڈن۔ **چول کرم** (مذکر) منڈن کی رسم۔ تین برس کی عمر میں بچے کے بال مونڈنا اور چوٹی رکھنا۔

چُول (ہ۔ مونث) [۱] لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں چھید کر کے داخل کیا جائے [۲] کواڑ کا اوپر اور نیچے کا لمبا گول حصہ جو پٹاؤ کے سوراخ میں اور کنڈی کے اوپر رہتا ہے۔ اور جس پر کواڑ پھرتا ہے [۳] دھرے کا وہ حصہ جو کسی چیز میں رہے [۴] گھڑی کے پہیوں کے اوپر اور نیچے کی نوکیں جو سوراخ میں پھرتی ہیں (س چوڈا۔ ابھری ہوئی جگہ) **چول بٹھانا** (متعدی) ایک لکڑی کی چول کو دوسری لکڑی کے چھید میں پیوست کرنا۔ **چول بیٹھ جانا** (لازم) [۱] زاویے کا مطابق ہونا [۲] متفق ہونا۔ **چولیں ڈھیلی کرنا** (متعدی) بہت مارنا۔

مار مار کر کچومر نکال دینا۔ **چولیں اُکھڑ جانا ڈھیلی ہو جانا یا ہلنا یا ہونا** (لازم) سخت محنت کرنے یا دوڑنے سے تھک جانا۔ ۲۔ سُست ہو جانا۔ مضمحل ہو جانا۔

چُولا (ہ۔ مذکر) لوبھیا۔

چُولا (س۔ مذکر) کلغی وغیرہ۔ دیکھو چوڑا۔

چُولا (ہ۔ مذکر) چولھا۔

چولا (ہ۔ مذکر) ۱۔ کُرتہ۔ چولی۔ انگرکھے کے اُوپر کا حصّہ ۲۔ ایک قسم کی پوشاک جو دُلہن کو شادی کے روز پہناتے ہیں ۳۔ جسم ۴۔ قالب ڈھانچہ شکل ۵۔ جسمانی زندگی۔ ہستی (س۔ چول۔ کرتہ) **چولا بدلنا** (لازم) ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا۔ دوسرے جسم میں حلول کرنا۔ آواگون کے مسئلے کی طرف اشارہ ہے۔ **چولا چھوڑنا** (لازم) مرجانا۔ بدن سے جان نکل جانا۔ **چولی** (مونث) ۱۔ دیکھو چولا ملے ۲۔ انگیا ۳۔ ایک قسم کی کرتی جو عورتیں پہنتی ہیں۔ **چولی کا مسک جانا چولی مسکنا۔ چولی نکل جانا** (لازم) چولی کا پھٹ جانا۔ چولی کا زور پڑنے سے چاک ہو جانا۔

مثل۔ چولی دامن کا ساتھ

ایک دوسرے سے جدا نہ ہونے والا۔ لازم ملزوم۔

چولاوا (ہ۔ مذکر) بڑا اور گہرا کنواں **چولاوے کھُدوانا** (متعدی) بڑے بڑے فساد ڈلوانا۔ گھر کے گھر برباد یا ستیاناس کر دینا۔

چُولائی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا ساگ۔

چولنا (ہ۔ مذکر) کچھا۔ نکر۔ گھٹنے سے اُوپر تک کا پاجامہ۔

چُولھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ تین پہلو اور ایک طرف سے کھُلا ہوا اینٹ یا مٹی کا آتشدان جس پر ہنڈیا اور روٹیاں پکاتے ہیں ۲۔ لوہے کا اسی قسم کا بنا ہوا آتشدان ۳۔ دیگدان ۴۔ سر کا چولھے کی شکل کا مُنڈا ہوا حصہ (س۔ چُلّی۔ چولھا) **چولھا پھونکنا یا جھونکنا** (متعدی) آگ جلانا۔ اپنے ہاتھ سے روٹی پکانا (غصّے میں کہتے ہیں) **چولھی** (ہ) چولھا کی تصغیر **چولھے میں پڑے یا جائے** ۱۔ تباہ ہو جائے۔ اُجڑ جائے۔ غارت ہو جائے (بددُعا کے طور پر کہا جاتا ہے) ۲۔ بلا سے۔ کچھ پروا نہیں۔ **چولھے میں جھونکنا یا ڈالنا** (متعدی) آگ میں ڈالنا۔ **چولھے نیوت** (ہ) دعوت جو ہر خاندان کے ایک ممبر کو دی جاتی ہے۔

امثال واقوال۔ چولھا جھونکے چاور ہاتھ (ہ) پنکھا ہاتھ میں ہے اور چولھا جھونک رہے ہیں۔ بہت نخرے باز ہیں۔ **چولھا چھوڑ بھنسار جاؤ۔** ایک مصیبت سے نکل دوسری میں پھنسو۔ **چولھے آگ نہ گھڑے پانی (اُوپر کی اُوپر جا غیبانی)** سراسر بے سامان (سخت پھوہڑ ہے اس کا ستیاناس جائے) **چولھے پیچھے سوویں اور ٹھری کو ٹوویں** (ہ) ٹھری خالی رکابی کو کہتے ہیں۔ سخت غریب ہیں۔ **چولھے چکّی سب ہی کام پکّی۔** بہت سگھڑ عورت ہے۔ ہر کام جانتی ہے۔ **چولھے سے نکلا کڑاہی میں گرا۔** ایک مصیبت سے چھوٹا دوسری میں پڑا۔ **چولھے کا راؤ لاؤ ہی لاؤ پکارے** (عو) پیٹو کی نسبت کہتی ہیں۔ **چولھے کے آگے گاؤں چکّی کے آگے گاؤں۔ پنچوں میں بیٹھوں تو ناک کٹاؤں۔** گھر میں شان وشوکت اور باہر ذلت۔ **چولھے کی تیری توے کی میری** اچھی چیز اپنے لئے بُری دوسرے کے لئے۔ **چولھے کی نا چکّی کی** کسی کام کی نہیں۔

چُوم (ہ۔ امر) چومنا کا (س۔ چُمب۔ چومنا) **چوما** (مذکر) بوسہ۔ اُردو میں صرف چوما چاٹی میں استعمال ہوتا ہے۔ **چوما چاٹی** (مونث) اختلاط بوس وکنار۔ راز و نیاز۔ ناز و نیاز۔ **چوم چاٹ** (مونث) چومنا۔ **چوم چاٹ کے چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) ۱۔ کچھ مدت تک تو بہت خاطر تواضع کرنا۔ پھر توجہ ہٹا لینا ۲۔ باز آنا۔ ہاتھ اُٹھانا ۳۔ کام نکال کر چھوڑنا۔ **چوم چاٹ (چوم) کے کھا لینا** (متعدی) تباہ کر دینا۔ برباد کر دینا۔ **چوما لینا** (متعدی) بوسہ لینا۔ **چُومن** (ہ۔ مذکر) چومنا۔ **چوم لینا۔ چومنا** (متعدی) ۱۔ بوسہ لینا۔ پیار کرنا ۲۔ تعظیم کرنا ۳۔ کسی بزرگ کے مزار کو یا ہاتھوں کو مُنہ لگانا ۴۔ خوشامد درآمد کرنا۔ للو پتو کرنا ۵۔ چاٹنا۔ **چومنا چاٹنا** (متعدی) ۱۔ خوشامد کرنا ۲۔ تعظیم کرنا ۳۔ پیار کرنا۔ چوما چاٹی کرنا۔ **چومنے لائق** (صفت) جس کے چومنے کو دل چاہے۔

مثل۔ چومتے ہی گال کاٹا

ابتدا ہی میں نقصان پہنچایا۔

چُونکھ (ہ۔ صفت) چاروں طرف **چونکھا لڑنا** (لازم) ۱۔ چاروں طرف کے حریفوں سے لڑائی کرنا ۲۔ دلیل یا بحث میں غالب رہنا۔ سب حریفوں کو جواب دینا۔

چَوَن (ہ۔ صفت) پچاس اور چار ۵۴۔ للعصے (س۔ چتش پنچاشت)

چُون (ہ۔ مذکر) ۱۔ آٹا ۲۔ دال موٹی پسی ہوئی ۳۔ چونا **چون کا** (صفت) ۱۔ آٹے کا بنا ہوا ۲۔ کمزور۔ **چون کر ڈالنا** (متعدی) پیس ڈالنا۔ آٹا کر ڈالنا۔ **چون ہو جانا** (لازم) گل جانا۔ آٹا ہو جانا۔ **چونی** (مونث) ۱۔ کٹا ہوا اناج۔ کٹی ہوئی دال ۲۔ چنگاری ۳۔ چھوٹا یاقوت یا کوئی اور جواہر۔ ریزہ یاقوت۔ **چونی بھوسی کھا کر (گزارہ) گزر کرنا** (متعدی) سخت غریب ہونا۔ تنگی سے بسر اوقات کرنا۔

امثال واقوال۔ چون کا حاکم بھی بُرا ہوتا ہے۔ ادنےٰ سے ادنےٰ حاکم سے بھی ڈرنا چاہیے **چون کھائے بھسنڈ ہوئے تلا کھائے روگی** آٹا کھانے والا مضبوط ہوتا ہے۔ اور مٹھائی کھانے والا بیمار رہتا ہے۔ **چون کی سوت بُری** (عو) سوت کی بُرائی میں کہتی ہیں۔ **چون کی سوت بُری اور ساجھے کا کام۔** سوکن اور ساجھے کا کام دونوں فساد کی جڑ ہیں۔ **چونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ** ۱۔ چونی میں گھی ڈال کر کھانا چاہیئے ۲۔ معمولی کھانے پر بھی بہت خرچ آتا ہے ۳۔ ادنےٰ آدمی بھی بڑوں کا مقابلہ کرنے لگا۔ جب کوئی زیادہ تعظیم چاہے تو کہتے ہیں ۴۔ اپنی لیاقت سے بڑھ کر خواہش کرنا۔

چُوں (ہ۔ مونث) ۱۔ خفیف سی آواز ۲۔ گوز کی خفیف آواز ۳۔ دروازے کو کھولنے بند کرنے یا کسی لکڑی کی چیز کے چرنے سے جو ہلکی سی آواز نکلے ۴۔ چیں چیں ۵۔ تکرار۔ ضد ۶۔ (ہ) ہوا کی سائیں سائیں۔ **چوں چاں** (مونث) پرندوں کے بچوں کی آواز۔ **چوں چوں** (مونث) ۱۔ چڑیوں کی آواز ۲۔ گاڑی کے چلنے کی آواز ۳۔ (مذکر) ایک کھلونا بچوں کا جو دبانے سے یہ آواز نکالتا ہے ذکر نا ہونا کیساتھ **چونچوں پونچوں کرنا** (متعدی۔ لکھنؤ) پیار اور

اختلاط کی باتیں کرنا۔ **چوں چوں کا مُربّہ** (مذکر) مختلف چیزوں کا مجموعہ۔ **چونکارا مارنا** (ہ) ہوا کا سائیں سائیں کرنا۔ **چوں نہ کرنا** (متعدی) ذرا انکار نہ کرنا۔ کچھ عذر نہ کرنا۔ چپکا ہو رہنا۔

چُوں (ف۔ حرف شرط) ۱ مانند ۲ اگر ۳ جب ۴ کیوں۔ کس طرح کس لئے ۵ کیونکہ **چوں بیچگوں** (صفت) لاثانی۔ بےمثال۔ بےنظیر۔ بےہمتا ۲ (مذکر) خدا کا ایک صفاتی نام۔ **چون و چرا** (مذکر) حیل و حجت۔ تکرار۔ بحث و کرنا۔ ہونا کے ساتھ **چون چرا نہ کرنا** (متعدی) حیل و حجت نہ کرنا۔ بحث و مباحثہ نہ کرنا **چونکہ** (حرف شرط) کیونکہ اس لئے۔

امثال واقوال۔ چوں بخلوت میروند آں کار دیگر میکنند جب خلوت میں جاتے ہیں تو دوسرے کام کرتے ہیں۔ ان لوگوں کے متعلق کہتے ہیں۔ جو ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ ہوتے ہیں **چوں غرض آمد ہنر پوشیدہ شد** غرضمند آدمی کے ہنر پر نظر نہیں پڑتی **چوں قضا آید طبیب ابلہ شود**۔ جب موت آتی ہے طبیب اندھا ہو جاتا ہے۔ موت کا کوئی علاج نہیں۔ **چوں گوش روزہ دار بر اللہ اکبر است**۔ سخت انتظار ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ روزہ دار کے کان کی طرح اللہ اکبر کے انتظار پر **چوں نہ داری ناخن درندہ تیز۔ با بداں آں بہ کہ کم گیری ستیز**۔ اگر تجھ میں مقابلے کی تاب و طاقت نہیں تو یہ بہتر ہے کہ بدوں سے جھگڑا نہ کر۔

چُونا (ہ۔ لازم) ۱ رسنا۔ ٹپکنا۔ گرنا ۲ (ہ) پھل کا پک کر خود بخود گرنا ۳ (ہ) بدن کی رطوبت جدا کرنا ۴ (ہ) خون حیض آنا (س چیو۔ ٹپکنا۔ رسنا) **چوئے کی بات** (مونث) ضروری اور گہری بات

چُونا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ سفوف جو کنکر پتھر، ہڈی۔ کوڑی۔ سیپ وغیرہ کے جلانے سے حاصل ہوتا ہے ۲ سفیدی ۳ سفید سفوف یا راکھ ۴ بجھا ہوا ۵ جو پان پر لگاتے ہیں ۶ (صفت) تیز۔ تند (س چورن۔ سفوف کرنا) **چونا پز** کنکر کو جلا کر چونا بنانے والا۔ **چونا پزنی** (مونث) طوائف۔ ناچنے والی عورت۔ **چونا پھرانا** (م) **پھرنا** (لازم) **پھیرنا** (متعدی) دیواروں پر سفیدی کرنا۔ **چونا چونا ہونا** (لازم) چورا چورا ہو جانا۔ پارہ پارہ ہو جانا۔ **چونا رُو** (مذکر) **چوناری** (مونث) چونا پز۔ **چونا گچ**۔ ایک قسم کا مضبوط چونا ہوتا ہے۔ معمولی پانے میں ملا کر پلستر کرتے ہیں جو نہایت مضبوط ہوتا ہے۔ **چونا لگانا** (متعدی) ۱ پان میں چونا ملنا ۲ چکمہ دینا۔ دھوکا دیکر کوئی چیز لے لینا ۳ زک دینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا ۴ مسجد میں چونا بطور ٹونے کے لگانا۔ عورتیں جب کوئی چیز چوری ہو جائے تو ایسا کرتی ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ چور اندھا ہو جائیگا۔ **چونا لگنا** (لازم) چونا لگانا کا۔ **چونا ہو جانا** (لازم) سفوف ہو جانا۔ راکھ ہو جانا (جیسے ہڈیاں) **چونا ہونٹوں پر لگا ہونا** (لازم) جس کے ہونٹ پر چونا لگا ہو اس سے ڈومنیاں پاؤں کی عورتیں جرمانہ لیتی ہیں۔ **چونے کی بھٹی** (مونث) وہ جگہ جہاں کنکر پتھر جلاتے ہیں۔ **چونے پزنیاں یا والیاں** (مونث) ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے پر ناچنے گانے آتی ہیں۔

امثال واقوال۔ چونا اور چمار کوٹے ہی پر ٹھیک رہتا ہے۔ چونے کو جتنا زیادہ کوٹیں اتنا ہی مضبوط ہوتا ہے۔ چمار کو جوتے لگتے رہیں تو درست رہتا ہے۔ **چونا چرچی دہی یہ بنگالہ نہیں**۔ چونا بنگال میں نہیں ہوتا بنگالے کی عورتوں کے پستان بہت چھوٹے ہوتے ہیں اور دہی بھی وہاں اچھی نہیں ہوتی۔

چونپ (ہ۔ مونث) ۱ اکساوا۔ بڑھاوا ۲ خواہش۔ شوق۔ رغبت ۳ سونے کی کیل جو دانت میں لگاتے ہیں ۴ ضد۔ عداوت۔ ہٹ۔ **چونپ دینا** (متعدی) کسی کام پر مستعد کرنا۔ آمادہ کرنا۔ **چونپ ہونا** (لازم) ۱ ضد ہونا۔ اڑ ہونا ۲ بیر ہونا۔ حسد ہونا۔

چونتالی (ہ۔ مذکر) کپاس وغیرہ جس میں پیداوار کا چوتھا حصہ ہو۔

چُونترُو (ہ۔ مذکر) نمبردار۔ چودھری

چونٹا (ہ۔ مذکر) چیونٹا۔ بڑی چیونٹی

(رغف) **چونٹی** (مونث) چیونٹی (رغف)

چونٹلا (ہ۔ مذکر) چُٹیلا۔

چُونٹنا۔ چونٹھنا (ہ۔ متعدی) دبانا۔ بھینچنا۔ نوچنا۔ چٹکی بھرنا ۲ پھول چننا۔ توڑنا ۳ نوچنا۔ کھرچنا۔ پنجہ مارنا۔

چونچ (ہ۔ مونث) ۱ پرندوں کا منہ۔ منقار۔ ٹونٹ ۲ نوک۔ سرا ۳ ٹونٹی۔ نالی ۴ باتوں کی طراری (س چنچُ) **چونچ بند کرو یا سنبھالو** زبان روکو۔ بہت باتیں نہ بناؤ۔ بدزبانی نہ کرو۔ **چونچ لگا دینا یا لگانا** (متعدی) ٹھونگا مارنا۔ منقار مارنا **چونچ مارنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ بیہودہ بکنا۔ طعنہ زنی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔

چونچال (ہ۔ صفت) چنچل۔

چونچل (ہ۔ مذکر) چونچلا کا مخفف۔

چونچلا (مذکر) چوچلا کا مخفف۔ **چونچل بائی** (مونث) عو۔ نخرے بیٹی۔ نازک مزاج یا اترانے والی عورت

چونچیانا (ہ۔ متعدی) ٹھونگے مارنا۔

چوندھ (ہ۔ مونث) چندھیانا۔ خیرگی چشم۔ **چوندھی** (ہ۔ مونث) ۱ تاریکی۔ سیاہی ۲ نظر کی کمی۔ تیرگی۔ **چوندھیانا** (لازم) ۱ دیکھو چندھیانا۔ حیرت زدہ ہونا۔ حیران ہونا ۲ گھبرا جانا۔ رٹ پٹا جانا۔

چُوندُ (ہ۔ مذکر) بیوقوف۔ احمق۔ چوندو۔

چونڈا (ہ۔ مذکر) ۱ عورتوں کے سر کے بال جن کو اکٹھا کر کے سر پر باندھتی ہیں۔ عموماً بوڑھی عورتوں کے بالوں کو کہتے ہیں۔ جوان عورتوں کے بالوں کو جوڑا کہتے ہیں ۲ کچا کنواں جہاں پانی قریب ہو ۳ (ہ) سر ۴ کلغی ۵ عورت کے بالوں کی لٹ (س۔ چُونڈک) **چونڈا اُپاڑنا** (متعدی) پیچھے پڑ جانا۔ سر ہونا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ **چونڈا دھوپ میں سفید نہیں کیا** (عو) ناتجربہ کار نہیں ہوں۔ **چونڈا دھولا یا سفید کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بوڑھا ہو جانا۔ بوڑھاپے کی وجہ سے بال سفید ہو جانا۔ **چونڈا منڈوانا** (متعدی) ۱ سر منڈوانا ۲ بدنامی اٹھانا۔ بےعزتی برداشت کرنا۔ **چونڈا نوچنا** (متعدی) دیکھو چونڈا اپاڑنا۔ **چونڈے** (مذکر) ۱ جمع چونڈا کی ۲ بجائے چونڈا حروف مغیرہ کے بعد۔ **چونڈے پر ڈولا اُچھلنا** (متعدی) ۱ (حقارت سے) بڑھاپے میں ڈولی پر سوار ہونا ۲ (لکھنؤ) دوسری عورت کے خاوند سے آشنائی کرنا

چُونڈُو (ہ۔ مذکر) بیوقوف۔ احمق۔

چُونر (ہ۔ مونث) چُنری۔ رنگ برنگ کا رنگا ہوا دوپٹہ۔ **چونری** (مونث) چنری۔

چونرا (ہ۔ مذکر) تہ خانہ جو اناج کے لئے زمین کے نیچے بنایا جائے۔

چونری (ہ۔ مونث) ۱ یاک کی دُم جس سے مکھیاں اڑاتے ہیں ۲ بالوں کا مکھیاں اُڑانے

کا آلہ ۳ مورچھل (س چمر - یاک کی دم) ۴ پولیس کی چوکی - کوتوالی (س چتور - مستطیل زمین کا ٹکڑا) چونری نگل گیا - لمبی داڑھی والے کو مذاقاً کہتے ہیں -

چونک (ہ - امر) ۱ چونکنا کا ۲ (مونث) بھڑک - وحشت - چک - جھجک (س چمت - حیرت ظاہر کرنے کا کلمہ) **چونکا دینا - چونکانا** (متعدی) ۱ ہشیار کرنا - جگانا ۲ بھڑکا دینا - ڈرا دینا - **چونک اُٹھنا** (لازم) ۱ سوتے سوتے یکایک جاگ پڑنا - گھبرا کر جاگ اُٹھنا ۲ ہوشیار ہو جانا - چوکنا ہو جانا ۳ اُچھل پڑنا ۴ متعجب ہونا - حیران ہونا - **چونک پڑنا** (لازم) ۱ یکایک جاگ اُٹھنا ۲ اچھل پڑنا - **چونکنا** (لازم) ۱ بیدار ہونا - یکایک جاگنا ۲ ہوشیار ہونا چوکنا ہونا ۳ حیران ہونا - گھبرانا متعجب ہونا - **چونکیل** (صفت) ۱ ڈرپوک - بزدل - خائف ۲ جھجکنے والا گھبرانے والا ۳ (مذکر) وہ جانور یا شخص جو ڈرے یا جھجکے -

چونگا (ہ) **چونگارہ** - مذکر) ۱ خوشامد چاپلوسی - منت - چرب زبانی ۲ چرب زبانی سے کوئی چیز لے لینا - **چونگا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خوشامد یا چاپلوسی ہونا - **چونگی** (مونث) دیکھو چونگی - **چونگی یا چونگے باز** (صفت) ۱ خوشامدی - چاپلوس ۲ وہ شخص جو خوشامد کر کے چیزیں مانگ لے - **چونگی بازی** (مونث) دھوکے بازی یا خوشامد سے چیزیں لینا -

چونگا ہ - مذکر) " ہاتھ کی چوڑائی "
نس کا جوڑ جس کا ایک سرا بند ہوتا ہے - اس میں خط ڈال کر بھیجا کرتے تھے یا تیل - نمک وغیرہ رکھتے تھے ۲ بانس کا نل - نل ۳ بندوق کی نالی ۴ (ہ) کیت ۵ (ہ) برما ۶ (ہ) ٹین کی نالی ۷ (ہ) گانٹھدار تسمہ (س چتر - چار - انگل - انگلی) ۸ (ہ) دیکھو چوگا -

چونگی (مونث) چونگا کی تصغیر -

چونگلا رہ - مذکر) دیکھو چونگا ۱ تا ۴

چونگنا (ہ - متعدی) ۱ دیکھو چگنا ۲ دیکھو چوسنا -

چوہا رہ - مذکر) ایک چھوٹا چارپاؤں کا چبانے والا جانور جو بلوں میں رہتا ہے - اکثر پرانے گھروں میں پایا جاتا ہے - اور چیزوں کو کاٹ ڈالتا ہے - موش ۲ ناک کا سوکھا ہوا میل (س چرو چبانا) **چوہا پکڑنا** (متعدی) ۱ چوہے کو پنجرے وغیرہ میں کھانے کی چیز ڈال کر پھنسا لینا ۲ بلی کا چوہے کو کھانے کے لئے جھپٹ لینا - **چوہاکنی** (مونث) ایک گھاس جس کی پتیاں چوہے کے کان کے مشابہ ہوتی ہیں - **چوہی** (مونث) چوہے کی مادہ (عف) **چوہیا** (مونث) ۱ مونث چھوٹا چوہا ۲ چوہے کی مادہ - **چوہیا سے دانت** (مذکر) نہایت باریک دانت - چھوٹے چھوٹے دانت - **چوہے دان** (مذکر) وہ پنجرہ جس میں چوہا پکڑتے ہیں - **چوہے دتی یا دتیاں یا دنتی** (مونث) ایک قسم کی پہنچیاں جن کے دانے چوہے کے دانتوں کی شکل کے ہوتے ہیں - **چوہے سے کپڑے** (مذکر) نہایت میلے کپڑے - میلے کچیلے کپڑے - **چوہے کا بچہ بھی نہیں** بے اولاد ہیں **چوہے کا بل ڈھونڈھتے پھرنا** (متعدی) ڈر سے پناہ کی جگہ تلاش کرنا - **چوہے مار** (مذکر) ایک پرند جو چوہے مار کر کھاتا ہے -

امثال و اقوال - چوہا بجاوے چینی ذات جتاوے اپنی - آدمی اپنی کرتوت سے معلوم ہو جاتا ہے - **چوہا بل میں سمانا نہ تھا کانوں باندھوں چھاج - چوہا بل میں سمائے نہیں دم میں باندھے چھاج** - اول تو گزارہ ہی نہ ہوتا تھا - اُوپر سے اور خرچ بڑھا لیا - طنزاً ان کو کہتے ہیں جو حیثیت سے زیادہ شادی بیاہ پر خرچ کریں - **چوہا بلی کا شکار ہے** - کمزور کو زبردست قابو میں کر لیتا ہے - **چوہے کا بچہ بل ہی کھودےگا - جنا بل ہی کھودتا ہے** ۱ عادت کبھی چھوٹتی نہیں ۲ جیسی ذات کا ہو ویسا ہی کام کریگا - **چوہے کے ہاتھ لگی ہلدی کی گرہ پنساری بن بیٹھا - چوہے کے ہاتھ ہلدی لگی وہ بھی پنساری بن بیٹھا** - کمینے کے ہاتھ معمولی چیز لگ جائے تو اسی پر اتراتا ہے -

چوہا رہ - مذکر) چھوٹا کنواں - چرا -

چوہاڑ رہ - مذکر) ۱ چوہڑا ۲ ایک پہاڑی قوم - **چوہاڑی** (مونث) چوہڑی -

چوہبڑ رہ - مذکر) شکار کا طریقہ جس میں جانور کو ٹٹی کے ذریعے دھوکا دے کر پکڑتے ہیں -

چوہڑ رہ - مذکر) جبڑا - **چوہڑ نچلا** (مذکر) نیچے کا جبڑا -

چوہلا رہ - مذکر) ۱ لکڑی کا بڑا کھونٹا - لکڑی کی بڑی میخ ۲ تھوتنی - ٹیکن -

چوئی رہ - مونث) نارنگی کا بیج -

چوئیل (ہ - مونث) نیچی زمین جو ہمیشہ گیلی رہے -

چوئیں موئیں (اُردو - مذکر) بہت دُبلا پتلا آدمی -

چوری (ہ - مونث) ایک قسم مرچ کے پودے کی جس میں بہت لمبی مرچیں لگتی ہیں -

چوبارہ - مذکر) ۱ گڑھا جو دریا کے پاس ریت میں پانی کے لئے نکال لیتے ہیں - اس میں پانی رس رس کر جمع ہوتا ہے ۲ ایک کنواں دریا کی خشک تہ میں ۳ چشمہ - سوتا - چوا ۴ ندی - نالی - ندی جب پہاڑ سے نکلے ۵ (ہ) ایک خوشبودار لیپ جس میں چار چیزیں ہوتی ہیں لوچوتا سے) ۶ چھلکا - چھال - دال کا چھلکا ۷ مچھلی کا چھلکا ۸ کچی چھوٹی املی -

چہ (ف - مذکر) ایک کلمہ جو فارسی میں تصغیر بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے جیسے باغیچہ -

چہ (ف - مذکر) چاہ کا مخفف - کنواں - گڑھا ۲ وہ پل جو دریا کے کنارے کشتی پر سوار ہونے کے لئے بناتے ہیں ۳ پل کے دونوں سرے - **چہ بچہ** (مذکر) چھوٹا گڑھا پانی جمع ہونے کے لئے ۲ گڑھا روپیہ وغیرہ جمع کرنے کے لئے ۳ نیل پکانے کا گڑھا ۴ کنوؤں کے پاس وہ گڑھا جس میں پانی نکل کر گرتا ہے - چھوٹا حوض -

چہ (ہ - مذکر) ۱ چبوترہ - چونترا ۲ سمندر کے کنارے پر وہ اُونچی جگہ جہاں سے جہاز پر چڑھتے ہیں -

چہ (ف - حرف استفہام) ۱ کیا - کیونکہ - چونکہ - بہت ۲ مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے اگرچہ - چنانچہ - **چہ خوش** (طنزاً) کیا خوب - کیا بات ہے - کیا کہنا - **چہ خوش چرا نہ باشد** (طنزاً) کیوں نہ ہو - کیا کہنا - بیشک اسی قابل ہو - **چہ سود** - کیا فائدہ - **چہ کارمی کردی** (طنزاً) تو نے کیا بہادری کا کام کیا ہے - **چہ گونہ** - کس طرح - کسی صورت یا شکل میں - **چہ معنی** - کیوں - کیا باعث - کیا بات - کیا وجہ - **چہ معنی دارد** - کیا سبب وجہ یا باعث ہے - **چہ میگوئی** - تو کیا کہتا ہے - **چہ میگوئیاں** - دیکھو چمیگوئیاں (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ)

امثال و اقوال - چہ باک از موج بحر آنرا کہ باشد نوح کشتیباں جن کی

ناؤ حضرت نوح کھے رہے ہوں اس کو سمندر کی لہروں
کا کیا ڈر۔ جس کی حمایت پر کوئی بڑا آدمی ہو اسے کوئی ڈر
نہیں ہوتا۔ **چہ بر تخت مردن چہ بر روئے**
خاک۔ کیا تخت پر مرنا کیا خاک پر۔ جب نقصان
ہی ہوتا ہے تو کس طرح ہو۔ **چہ حاجت است**
مشاطہ روئے زیبا را۔ دیکھو حاجتِ مشاطہ
نیست روئے دل آرام را۔ **چہ خوش بود کہ بر آید**
بیک کرشمہ دو کار۔ کیا خوب ایک بات سے دو کام
ہو جائیں۔ **چہ خوش چرا نباشد**۔ کیا خوب کیوں نہ ہو
طنزاً کہتے ہیں۔ **چہ خوش گفت سعدی در زلیخا**
الایا ایّہا الساقی ادر کاساً و ناولہا۔ جب کوئی
غلط شعر پڑھے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ کہ سعدی نے زلیخا
میں کیا اچھا کہا ہے۔ الایا الخ۔ زلیخا جامیؒ کی تصنیف
ہے اور مصرع حافظؒ کا ہے۔ بعض وقت صرف پہلا ہی
مصرع کہتے ہیں۔ **چہ داند بوزنہ لذّاتِ ادرک**
بندر کیا جانے ادرک کی سار۔ ناقدر شناس اچھی چیز
کی قدر نہیں جانتا۔ **چہ دُرّ چہ صدف**۔ کیا موتی
کیا سیپ۔ بہت فرق ہے۔ **چہ دلاور است دزدے**
کہ بکف چراغ دارد۔ وہ چور کتنا دلیر ہے جو ہاتھ
میں چراغ لئے ہو۔ **چہ شریف چہ وضیع**۔ کیا اعلیٰ
کیا ادنے۔ **چہ علی خواجہ چہ خواجہ علی**۔ ایک ہی
بات ہے۔ **چہ کند گدا ہمی دارد**۔ کوئی چیز کسی
کو دیتے ہوئے ازراہ انکسار کہتے ہیں۔ **چہ گویم**
کہ ناگفتن بہتر است۔ کیا کہوں میرا نہ کہنا
ہی اچھا ہے۔ **چہ نسبت خاک را با عالم پاک**
اچھے بُرے کا کیا مقابلہ۔

چھ (ہ۔ مذکر) اردو تلفظ چھے۔ ناگری
رسم الخط کا ساتواں وینجن ہے اور چورگ الفاظ میں سے
دوسرا۔ **چھکار** (ہ) حرف یا آواز چھ۔

چھ (ہ۔ عدد) دہلی کا تلفظ چھے۔ ! پانچ
اور ایک۔ ۶ سے ۲ سولہی کے کھیل میں ۶-۲-۱۰ یا
۱۴ کوڑیوں کا چت گرنا (س شش) **چھ بوند یا** (ہ)
ایک بدبودار کیڑا جس کے بدن پر چھ داغ ہوتے ہیں۔
چھبّیس (عدد) بیس اور چھ۔ ۲۶ - عـــہ۔ **چھ**
پانچ کرنا (متعدی) ! شرارت کرنا۔ باتیں بنانا ۲
حیران ہونا۔ شش و پنج میں ہونا۔ **چھپّن** (عدد)
چھ اور پچاس۔ ۵۶۔ ـــہ۔ **چھتیس** (عدد) چھ
اور تیس ـــہ **چھتیس بھوجن** (مذکر) چھتیس کھانے
جو برہمنوں کے لئے حلال ہیں۔ **چھتیس گن ندھا**
(مذکر) برہمنوں کا لقب جو بہت عالم ہوں۔ اور جن
میں تمام خوبیاں پائی جائیں۔ **چھدام** (مذکر) ایک سکہ
دمڑی۔ اصل میں پیسے کا ۶/۲۵ حصہ۔ **چھرس** (ہ)
چھ مزے میٹھا۔ کھٹا۔ نمکین۔ کڑوا۔ چرپرا۔ کسیلا۔ **چھ**
سات (مذکر) ! شرارت۔ شوخی ۲ دھوکا۔ دغا۔
فریب۔ چھل۔ تین پانچ۔ **چھٹا** (صفت) پانچویں کے
بعد کا۔ چھ سے منسوب۔ **چھٹانک** (مونث) ! سیر
کا سولھواں حصہ۔ پانچ تولے ۲ پانچ تولے کا باٹ۔
چٹنکی۔ **چھٹانکی۔ چھٹنکی** (مونث) پانچ تولے کا
وزن **چھٹے چھماس یا چھ ماہے** (نف) کبھی کبھی
گاہے ماہے۔ **چھسٹھ** (عدد) چھ اور ساٹھ۔ ۶۶۔
ـــہ **چھکڑی** (مونث) تین پاسوں کا اس طرح پڑنا
کہ ہر ایک پانسے میں دو دو دائرے ہوں۔ **چھکلیا**
(مذکر) ایک قسم کا انگرکھا جس کے آگے پیچھے چھ ٹکڑے
لگے ہوتے ہیں۔ **چھکونیا** (صفت) جس کے چھ کونے ہوں
شش پہلو۔ **چھگن۔ چھگنا** (صفت) چھ تہ کا۔
چھ بار لیا ہوا۔ **چھگنی** (مونث) بچے کی چوسنی **چھ ماترا**
(ہ) جس میں چھ ماترے ہوں۔ **چھ ماسرا** (ہ) ! چھ
مہینے کا۔ چھ مہینے کی عمر کا ۲ (مذکر) چھ مہینے کا بچہ۔ **چھ ماہی**
(صفت) ! چھ مہینے کا بششماہی۔ چھ مہینے میں ایک دفعہ
ہونے والا ۲ (مذکر) مسلمانوں کی ایک رسم۔ مرنے کے
چھ مہینے بعد۔ فاتحہ اور کھانا کرتے ہیں۔ **چھہتّر** (عدد)
چھ اور ستر ۷۶ ـــہ **چھئوں** (صفت) چھ۔ تمام
چھ۔ کل چھ۔ **چھیاسی** (صفت) چھ اور اسّی۔ ۸۶۔
ـــہ۔ **چھیالیس** (عدد) چھ اور چالیس۔ ۴۶۔ ـــہ
چھیانوے (عدد) چھ اور نوے۔ ۹۶۔ ـــہ۔

امثال و اقوال

چھتیس پرکار کے بھوجن میں ستّر دو بہتّر روگ
بھرے ہیں۔ بہت کھانے سے انسان عموماً بیمار
رہتا ہے۔ **چھٹانک چون چوبارے رسوئی**
تھوڑی سی بات کے لئے اتنا اہتمام۔ ادنے بات پر
اتنی نمود۔ **چھٹانک دھنیا خیرآبادی کو ٹھی**۔
تھوڑے سے سرمائے پر بڑی شیخی۔ **چھ چاول اور**
نو پکھال پانی۔ چیز تھوڑی نمود بہت۔ **چھدام**
میں لڑائی پیسے میں سگھڑ۔ چھدام کا جھگڑا
پیسے میں فیصلہ ہو جاتا ہے۔ اگر قرضے کا جھگڑا ہو تو
نقد تھوڑا سا دینے سے فیصلہ ہو جاتا ہے۔ **چھ**
مہینے ممیانی تو ایک بچہ بیانی۔ غل شور بہت
اور نتیجہ معمولی۔

چھا (رہ۔ امر) چھانا کا (س۔ چھد۔ ڈھانپنا)
چھا جانا (لازم) ! ڈھانپ لینا۔ پھیل جانا ۲ لیٹ
جانا ۳ کسی چیز پر سایہ ڈالنا ۴ غالب ہونا۔ غلبہ پالینا
چھا رہنا (ہ) ! پوری طرح ڈھانپ لینا۔ پھیل جانا
۲ بھر دینا ۳ ہر طرف سُنائی دینا ۴ ہجوم ہونا۔ ہجوم
کرنا۔ **چھان** (مونث) ! چھت۔ سقف ۲ بانس کا
ڈھانچہ جس پر سقف ڈالتے ہیں ۳ پھوس کی چھت۔
چھپر ۴ کوئی عمارت جس پر پھوس کی چھت ہو۔ **چھانا**
(متعدی) ! چھت بنانا۔ چھت ڈالنا ۲ ڈھانپنا ۳ سایہ
کرنا ۴ (لازم) پھیلنا۔ بادلوں کا ہجوم کرنا ۵ (غم)
طاری ہونا۔ غالب ہونا۔ **چھانی** (مونث) پھوس کی
چھت۔ چھت۔

مقولہ۔ چھایا چھوا گھر پایا
اور باندھی پائی ٹٹی۔ دوسرے کا جنما لڑکا
پایا چومالیں کے جنّی (ہ) مذاقاً اس شخص کے متعلق
کہتے ہیں جو بیوہ سے شادی کرے۔

چَہارہ (مذکر) ایک قسم کا چھوٹا
پرندہ۔

چھاپ (ہ۔ امر) ! چھاپنا کا ۲
(مونث) نشان۔ علامت ۳ ٹھپہ۔ چھاپہ۔ نقش مہر
مہر کی انگوٹھی ۵ مہر کا نشان ۶ کپڑے کے تھانوں کا خاص
نشان ۷ سکّے پر کا نشان ۸ دیگر چیزوں پر بنانے والے کا
خاص نشان ۹ خاص سرکاری مہر کا نشان ۱۰ وشن جی کے
پجاریوں کا نشان جو بدن پر گودتے ہیں ۱۱ اوزان وغیرہ کا
نشان (س کشمپ۔ یادداشت لینا) **چھاپا** (ماضی) ! چھاپنا
کی ۲ (مذکر) دیکھو چھاپ ۲،۳،۴،۱۰ ۳ چھپی ہوئی عبارت
یا تصویر وغیرہ ۴ لکڑی کی بڑی مہر جس سے گیہوں کے
ذخیروں وغیرہ پر نشان لگاتے ہیں ۵ چھاپنا ۶ ٹھپہ
لگانے کا آلہ ۷ ایڈیشن ایک دفعہ کی چھپی ہوئی کتابیں وغیرہ
۸ چھاپہ خانہ ۹ وہ نشان جو عورتیں صندل سے صحنک
کے وقت نذر کے طعام کے طباق یا گھر کی دیوار پر دیتی ہیں
(لکھنؤ) ۱۰ رسم شادی کے متعلق مسلمان عورتوں کا گھسے
ہوئے صندل میں پانچوں انگلیاں اور ہاتھ ڈبو کر دیوار
پر لگانا ۱۱ نقشہ۔ تصویر۔ صورت ۱۲ دو شخصوں کا صورت
شکل انداز وغیرہ میں مشابہت رکھنا ۱۳ سانچہ ڈھالنے
کا ظرف ۱۴ غنیم پر یکایک حملہ۔ شبخون ۱۵ ہنود میں جاترا
کے موقع پر دوارکا میں جاتریوں کا داغا جانا ۱۶ (عف)
سخنانِ طعن و تشنیع۔ **چھاپا حاصل** (مذکر) ایک
محصول جو کپڑوں پر مہر لگانے کا لیتے ہیں۔ **چھاپا کرنا**

(متعدی) چھاپنا۔ **چھاپا لگانا** (متعدی) ۱ نشان لگانا۔ ٹھپّہ لگانا۔ مہر لگانا ۲ چھاپا مارنا۔ **چھاپا مارنا** (متعدی) یکایک حملہ کرنا۔ شبخون مارنا۔ **چھاپا و دیا** (مذ) چھاپے کا فن۔ فن طباعت۔ **چھاپ دینا** (متعدی) چھاپ کر حوالے کرنا۔ چھاپنا۔ **چھاپ کرنا یا لگانا** (متعدی) چھاپا لگانا۔ **چھاپنا** (متعدی) ۱ ٹھپہ لگانا۔ مہر کرنا۔ نقش کرنا ۲ طبع کرنا۔ شائع کرنا (اشتہار کتاب وغیرہ) ۳ پھیلانا۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا ۴ بیاہ کے موقع پر مکان کو صندل کے نشانوں سے آراستہ کرنا۔ **چھاپہ** (مذکر) چھاپا۔ **چھاپے خانہ** (مذکر) مطبع۔ وہ کارخانہ جہاں کتابیں وغیرہ چھاپی جاتی ہیں۔ **چھاپے خانے والا** (مذکر) مالک مطبع۔ **چھاپے میں چھپ جانا یا چھپنا** (لازم) مشہور ہو جانا۔ **چھاپے والا** (مذکر) پرنٹر۔ جو شخص چھاپنے کا کام کرے۔

چھاپنی (ہ۔ مونث) گوبر کا نشان یا مہر جو گیہوں کے ڈھیر پر لگایا جاتا ہے۔ کہ چوری ہونے پر معلوم ہو جائے۔

چھات (ہ۔ مونث) ۱ چھت ۲ (صفت) دبلا۔ لاغر۔ منحنی۔

چھاتا (ہ۔ مذکر) ۱ چھتری ۲ بڑی چھاتی پہلوانوں کی طرح۔ چوڑا سینہ ۳ پتنگ کا سینہ ۴ امیروں اور بادشاہوں کا چتر زرّیں ۵ کھمبی۔ کلاہ باراں ۶ پھپھوندی (س چھد۔ ڈھانپنا)

چھاتر (س۔ مذکر) ۱ طالب علم۔ شاگرد۔ مرید ۲ نوآموز۔ مبتدی۔

چھاتم چھاتا (اردو۔ مذکر) ۱ سینے کو سینے سے کوٹنا ۲ ایک پتنگ کا دوسری سے لڑنا۔

چھاتی (ہ۔ مونث) چھاتا کی تصغیر ۱ انسان وغیرہ کے بدن کا سامنے کا وہ حصہ جو گردن اور پیٹ کے درمیان ہے۔ سینہ۔ صدر ۲ عورت کے پستان ۳ حوصلہ۔ بہادری۔ استقلال ۴ فیاضی۔ جود (س چھد۔ ڈھانپنا) **چھاتی اُبھار کر چلنا** (متعدی) اترا کر چلنا۔ عورت کا چھاتی کا اُبھار دکھاتے ہوئے چلنا۔ **چھاتی اُبھر آنا یا اُبھرنا** (لازم) لڑکی کے پستانوں کا بڑھنا۔ **چھاتی امنڈ آنا یا امنڈنا یا اُمنگنا** (مذ) دل بھر آنا۔ غم و رنج کے باعث رونے کو دل چاہنا۔ متاثر ہونا۔ **چھاتیاں** (مونث۔ جمع) عورت کے پستان (مت) **چھاتیاں اُبھرنا** (لازم) عورت کے پستان بڑھنا۔ پستانوں کا اُٹھنا۔ بلند ہونا۔ نو پستان ہونا۔ **چھاتیاں چڑھ جانا۔ چڑھ رہنا یا چڑھنا** (لازم) دودھ کی افراط سے یا بچے کے دودھ نہ پینے سے یا بچے کا دودھ چھڑاتے وقت چھاتیوں کا پھول جانا۔ **چھاتیاں نکلنا** (لازم) دیکھو چھاتیاں اُبھرنا۔ **چھاتی بڑھ جانا** (لازم) خوشی سے حوصلہ زیادہ ہونا۔ **چھاتی بھر آنا** (لازم) ۱ غمگین ہونا۔ رونا۔ موثر ہونا جوش محبت وغیرہ سے ۲ چھاتی پر گوشت ہو جانا۔ چھاتی اُبھر آنا ۳ چھاتی میں محبت مادری سے دودھ بھر آنا ۴ رحم آنا۔ ترس آنا۔ دل کڑھنا۔ **چھاتی بھر جانا** (لازم) گھوڑے کی چھاتی پر ورم ہو جانا۔ **چھاتی بیٹھ جانا** (لازم) زکام وغیرہ سے آواز کا بھاری پڑنا۔ **چھاتی پتھر بن جانا** (لازم) **کر لینا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سنگدل ہو جانا۔ رحم نہ رہنا۔ **چھاتی پر آ ر آن) چڑھنا** (لازم) مارنے کو مستعد ہو جانا۔ **چھاتی پر بال ہونا** (لازم) عالی حوصلہ ہونا۔ خیال ہے کہ جس شخص کی چھاتی پر بال ہوں وہ عالی حوصلہ ہوتا ہے۔ **چھاتی پر پتھر دھر لینا یا رکھ لینا** (لازم) ۱ صبر کرنا۔ ضبط کرنا ۲ تکلیف سہنا۔ مصیبت برداشت کرنا ۳ دل سخت کر لینا۔ **چھاتی پر چڑھ کر یا ہو کر بیٹھنا** (لازم) ۱ کسی سے بہت نگرانی کے ساتھ کام لینا ۲ ہر وقت موجود رہنا۔ ذرا نہ ٹلنا۔ **چھاتی پر چڑھنا** (لازم) کسی کو گرا کر اس کی چھاتی پر بیٹھ جانا۔ **چھاتی پر سانپ پھر جانا یا پھرنا** (لازم) ۱ رشک ہونا۔ رشک آنا ۲ ملال ہونا۔ صدمہ ہونا ۳ افسوس آنا۔ حسرت ہونا۔ **چھاتی پر سانپ لوٹنا** (لازم) ۱ رنج و غم ہونا ۲ کوئی بات یاد آنے پر غم و غصہ کھانا۔ **چھاتی پر سل دھرنا** (متعدی) پرانے زمانے میں ایک قسم کی سزا تھی۔ آدمی کو لٹا کر چھاتی پر بوجھ دھر دیتے تھے۔ **چھاتی پر سل رکھ لینا** (لازم) دیکھو چھاتی پر پتھر رکھ لینا۔ **چھاتی پر کالا پہاڑ ہونا** (لازم) سخت ناگوار ہونا۔ **چھاتی پر کودوں** (مونگ) **دلنا** (متعدی) **دلوانا** (مم) کسی کے سامنے کوئی ایسا کام کرنا (کروانا) جو اس کو ناگوار ہو۔ **چھاتی پر ہاتھ دھر دیکھو** اپنے دل کی حالت سے دوسرے کے دل کی حالت کا اندازہ کر لو۔ **چھاتی پر ہاتھ ڈالنا** (متعدی) عورت کے پستان مسلنا۔ **چھاتی پر ہاتھ رکھنا** (متعدی) ۱ دلجوئی کرنا۔ تشفی دینا ۲ تعظیم کرنا ۳ محبت کا اظہار کرنا ۴ کسی صدمے کے وقت بھی ایسا کیا جاتا ہے۔ **چھاتی پک جانا یا پکنا** (لازم) ۱ چھاتی پر زخم ہو جانا ۲ سخت رنج اٹھانا۔ ناک میں دم آ جانا۔ تکلیف اٹھاتے اٹھاتے تنگ آ جانا۔ **چھاتی پکڑ کر رہ جانا** (لازم) رنج و غم دل ہی دل میں برداشت کرنا۔ افشا نہ کرنا۔ **چھاتی پکڑنا** (متعدی) ۱ تکلیف یا رنج سے اپنی چھاتی پر ہاتھ رکھ لینا ۲ دیکھو چھاتی پر ہاتھ ڈالنا۔ **چھاتی پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) ۱ دل پر سخت صدمہ ہونا۔ سخت رنج و غم ہونا ۲ حسد کرنا۔ کسی کی بہتری یا دولت دیکھ کر جلنا ۳ درد سے چھاتی کو تکلیف ہونا۔ **چھاتی پھٹی جانا** (لازم) بے حد صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔ **چھاتی پیٹنا** (متعدی) ۱ سینہ کوبی کرنا۔ ماتم کرنا ۲ غصہ یا رشک و حسد سے چھاتی پر ہاتھ مارنا۔ **چھاتی تلے رکھنا** (متعدی) نہایت احتیاط سے رکھنا۔ حفاظت سے رکھنا۔ **چھاتی ٹھکنا** (لازم) اعتبار یا یقین ہونا۔ بھروسہ ہونا۔ **چھاتی ٹھنڈی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ اپنی حسرت۔ ارمان دشمنی یا بغض وغیرہ نکال کر خوش ہونا ۲ دوسرے کے دل کو خوش کرنا۔ تسلی دینا۔ سکھ دینا۔ **چھاتی ٹھونکنا** (متعدی) ۱ چھاتی پر ہاتھ مارنا ۲ اطمینان دلانا۔ دلجمعی کرنا۔ تشفی کرنا ۳ تکلیف دینا۔ رنج دینا۔ زخمی کرنا۔ **چھاتی جلانا** (متعدی) ۱ رنج دینا۔ ستانا ۲ رشک دلانا ۳ چھاتی میں سوزش پیدا کرنا۔ **چھاتی جلنا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ بدہضمی کی وجہ سے چھاتی کے اندر جلن پیدا ہونا۔ **چھاتی چڑھنا** (لازم) پستانوں میں دودھ بڑھ آنا۔ بچے کا دودھ چھڑانے یا مر جانے پر ایسا ہوتا ہے۔ **چھاتی چھلنی ہو جانا** (لازم) صدمے جھیلتے جھیلتے دکھی ہو جانا۔ ہمہ تن درد کا پتلا بن جانا۔ **چھاتی چھنا چھن جانا یا چھنی جانا** (لازم) سخت صدمے پہنچنا۔ صدمے پر صدمہ پہنچنا۔ **چھاتی دبانا** (متعدی) بچے کا دودھ پینا۔ **چھاتی دَرَکنا** (لازم) سینہ شق ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔ **چھاتی دھر** (مذ) ۱ بہادر۔ دلیر۔ شجاع ۲ فیاض۔ سخی۔ داتا۔ **چھاتی دھڑک گئی** تردد و فکر پیدا ہو گیا۔ **چھاتی دھڑکنا** (لازم) ۱ ڈرنا۔ خوف کھانا ۲ گھبراہٹ ہونا۔ بے چینی ہونا ۳ دل کانپنا یا لرزنا ۴ صدمہ ہونا۔ دل دکھنا ۵ ہسٹیریا کی مرض میں دل کا زور سے حرکت کرنا۔ بخار کی وجہ سے دل کا جلد جلد حرکت کرنا۔ **چھاتی دینا** (متعدی) ۱ بچے کو دودھ پلانا ۲ مدد کرنا۔ امداد کرنا۔ **چھاتی سراہنا** (متعدی) ۱ آفرین کہنا۔ تحسین کرنا۔ شاباش دینا ۲ صبر و تحمل وغیرہ کی تعریف کرنا۔ **چھاتی سلگانا**

(متعدی) دیکھو چھاتی جلانا (مت) چھاتی سے پتھر
ملنا (لازم) ۱۔ دل کا بوجھ دور ہونا ۲۔ بیٹی کا بیاہا جانا۔
چھاتی سے لگا کر رکھنا (متعدی) ۱۔ بہت احتیاط
یا حفاظت یا پیار سے رکھنا۔ چھاتی سے لگانا
(متعدی) ۱۔ پیار و محبت سے گلے لگانا ۲۔ پیار کرنا چمکارنا
۳۔ تسلّی دینا۔ دلاسا دینا۔ چھاتی سے لگنا (لازم)
گلے لگنا۔ سینہ بسینہ ہونا۔ چھاتی کا پتھر یا پہاڑ
(ذکر) سلا (مت) ۱۔ صفت سوہان رُوح۔ بار خاطر ۲۔
وہ شخص جس کی موجودگی طبیعت کو ناگوار ہو یا رنج دے
۳۔ ایسی رانڈ یا بن بیاہی جوان جس کی موجودگی ماں باپ
کو رنج دے ۴۔ سوکن۔ چھاتی کا پھوڑا (صفت و ذکر)
دیکھو آخری ۱و۲ ۔ ۳۔ دیکھو جم۔ چھاتی کرنا (متعدی)
۱۔ بہادری یا جرأت دکھانا ۲۔ فیاضی دکھانا۔ چھاتی
کوٹنا (متعدی) پیٹنا۔ سینہ کوبی کرنا ۲۔ دوسرے کی
دولت حاقبال وغیرہ دیکھ کر حسد کرنا۔ چھاتی کھول کر
ملنا (لازم) بغیر رنجش و بغض کے ملنا۔ فراخدلی سے ملنا۔
چھاتی کی سل (مونث) دیکھو چھاتی کا پتھر۔ چھاتی
کے کواڑ (ذکر) سینے کے پہلو۔ چھاتی کے کواڑ
پھٹ جانا (لازم) ۱۔ بہت زور سے یا اونچے بولنا
شور مچانا۔ جوش سے بولنا ۲۔ حسد کرنا۔ جلنا۔ چھاتی
کے کواڑ کھلنا (لازم) ۱۔ سینہ چاک یا شق ہونا ۲۔
دل کا عاشق ہونے یا چرائے جانے کے لئے تیار ہونا
۳۔ چیخ مارنا۔ شور مچانا۔ چھاتی گدرانا (لازم) عورت
کے پستانوں کا ابھرنا شروع ہونا۔ نوئے پستان ہونا
چھاتی گز بھر کی ہوجانا یا ہونا (لازم) ۱۔ خوش
ہو جانا۔ فرحت ہونا ۲۔ حوصلہ بڑھ جانا۔ ہمت ہو جانا
چھاتی لگانا (متعدی) ۱۔ رنج و غم کرنا ۲۔ دیکھو چھاتی
سے لگانا۔ چھاتی لینا (متعدی) بچے کا دودھ پینا۔
چھاتی مسلنا (متعدی) عورت کے پستانوں کو مرد کا
ہاتھ سے ملنا۔ مساس کرنا۔ چھاتی مسوس کر رہ جانا
(لازم) دیکھو چھاتی پکڑ کر رہ جانا۔ چھاتی میں دودھ
اُتر آنا (لازم) ۱۔ کہتے ہیں کہ اولاد کو دیر کے بعد ملنے
سے ایسا ہوتا ہے۔ گو شکل سے نہ پہچانے ۲۔ دودھ
پلاتے وقت چھاتی میں دودھ آجانا۔ چھاتی میں
گھونسا مار کر رہ جانا (لازم) دیکھو چھاتی پکڑ کر
رہ جانا۔ چھاتی نکال کر چلنا (لازم) ۱۔ اکڑ کر چلنا
اترا کر چلنا ۲۔ سینہ ابھار کر چلنا ۳۔ عورت کا اپنے
پستانوں کی نمائش کرتے ہوئے چلنا۔ چھاتیوں کا
ابھار (ذکر) ۱۔ پستانوں کا بڑھنا ۲۔ نوئے پستان
سینے کا ابھار۔

امثال و اقوال۔ چھاتی (رہے)
پہ بال نہیں بھال (ریچھ) سے لڑائی۔
کسی حوصلے کے کام کے قابل نہیں۔ چھاتی (رہے)
پہ دھر (رکھ) کے کوئی نہیں لے جاتا۔ قبر
میں دولت کوئی ساتھ نہیں لے جاتا۔ مال و دولت
ساتھ نہیں جاتے۔ یہیں رہ جاتے ہیں۔ چھاتی
(رہے) پہ کوئی نہیں دھر دیگا۔ مرنے کے بعد
قبر میں مال نہیں رکھ دینگے۔ جب کوئی خرچ نہ کرے
یا کچھ دے نہیں تو آخری دونوں فقرے استعمال
کئے جاتے ہیں۔ چھاتی کا سودا ہے۔ حوصلے کا
کام ہے۔

چھاتیا (ہ۔ مونث) چھاتی۔ سینہ
(رغف)

چھاج (ہ۔ ذکر) ایک قسم کی چپٹی
ٹوکری جو تین طرف سے اونچی ہوتی ہے اور ایک طرف
سے کھلی اس سے اناج پھٹکتے ہیں ۲۔ وہ آلہ جس سے
اناج کو بھوسے سے الگ کرنے کے لئے ہوا پہنچاتے
ہیں ۳۔ گھی کا وہ حصہ جس کے اوپر جھاگ رہتی ہے ۴۔ انجن
سے چلنے والی گاڑیوں کے آگے جو آلہ چیزوں کو ہٹانے
کے لئے لگا ہوتا ہے ۵۔ پہیوں کے اوپر جو چوڑا تختہ کیچڑ
کو اوپر جانے سے روکنے کے لئے لگا ہوتا ہے (ریں
چھد۔ ڈھانپنا) چھاجا (ہ) چھپر۔ چھاج سی داڑھی
(مونث) بڑی گھنی اور چوڑی داڑھی۔ چھاجن (ہ)
۱۔ چھپر ۲۔ ڈھانپنا۔ چھاجنا (ہ) چھپر باندھنا۔
چھاجوں برسنا (لازم) بہت بارش ہونا۔ چھاجوں
پانی پڑجانا یا پڑنا (لازم) ۱۔ بہت بارش ہونا ۲۔
سخت شرمندگی ہونا۔ چھاجوں مینہ برسنا یا پڑنا
(لازم) سخت بارش ہونا۔

امثال و اقوال۔ چھاجا
باجا کیس۔ تین بنگلے دیس۔ چونا چوچی
دہی تین بنگلے نہیں۔ چھپر باجے اور بال
بنگال میں عام ہیں۔ چونا۔ پستان اور دہی بنگال میں
نہیں ہوتا۔ چھاج بولے سو بولے چھلنی
بھی بولے جس میں بہتّر سو چھید۔ عیب دار
بھی بے عیب کی برابری کرتا ہے۔ ادنےٰ اعلےٰ کی برابری
کرتا ہے۔ چھاج میں ڈال کر چھلنی میں اڑانا
۱۔ الٹا کام کرنا۔ کسی کو رسوا اور بدنام کرنا ۲۔ بات کا
بتنگڑ بنانا۔

چھاچھ (ہ۔ مونث) دہی کو بلو کر
مکھن نکالنے کے بعد جو سفید پانی رہ جاتا ہے۔ مٹھا
لسّی ۲۔ وہ ترش سفید دودھ سا جو گھی تپانے کے بعد
نیچے بیٹھ جاتا ہے۔ چھاچھ چھینک گئی۔ بات
بگڑ گئی۔ کام بگڑ گیا۔

چھاچھکا (س۔ ذکر) ایک تیر تھا۔

چھاچھی (ہ۔ صفت) تباہ۔ برباد۔
خستہ۔ خراب۔

چھادان (ہ۔ ذکر) مشک۔ مشکیزہ

چھادن (س۔ ذکر) ۱۔ ڈھنپی ہوئی
جگہ ۲۔ کپڑا۔ لباس ۳۔ چھپنے کی جگہ ۴۔ پردہ۔ چادر۔

چہار (ف۔ صفت) چار۔ چہار آئین
(ذکر) ایک قسم کا خیمہ ۲۔ خلفائے کرام ۳۔ چار سنّی فرقے
۴۔ چار وزیر اکبر کے۔ ابوالفضل۔ فیضی۔ بیربل۔ ٹوڈرمل
چہار آئینہ (ذکر) ۱۔ ایک قسم کی زرہ۔ چہار ارکان
(ذکر) چاروں اطراف شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب۔
چہار اقران (ذکر) خلفائے کرام۔ چہار امام
(ذکر) ۱۔ خلفائے کرام ۲۔ چار سنّی امام۔ امام ابوحنیفہؒ۔
امام شافعیؒ۔ امام مالکؒ۔ امام حنبلؒ۔ چہار بالش
(ذکر) ۱۔ چار عنصر ۲۔ زمین کے چار حصے ۳۔ زمین۔ عالم ۴۔
ایک قسم کا تخت جس پر چار تکیے لگے ہوتے ہیں۔
چہار پا (ذکر) ۱۔ چوپایہ ۲۔ چارپائی۔ چہار پایک
(ذکر) ایک قسم کی بیماری۔ چہار پایہ (ذکر) چوپایہ
چہار پر یا پرہ (ذکر) ایک قسم کا تیر جس پر چار پر
لگے ہوتے ہیں۔ چہار تک یا تنگ (ذکر) بوریہ۔
سرپٹ۔ چہار جوئے (ذکر) ۱۔ بہشت کے چار
دریا ۲۔ چار عنصر ۳۔ خراسان میں ایک صوبہ۔ چہار چمن
(ذکر) دنیا۔ عالم۔ چہار چند (صفت) چارگنا۔ چوگنا
چہار دانگ (ذکر) دنیا کے چار حصے۔ دنیا۔ چہار دہ
(صفت) چودہ۔ چہار دہم (صفت) چودھواں۔ چہار دہ
ماہ (ذکر) ۱۔ بدر ۲۔ معشوق۔ چہار دہ معصوم (ذکر)
حضرت محمدؐ۔ حضرت فاطمہؓ اور شیعوں کے بارہ امام۔
چہار سو (ذکر) چوک۔ منڈی۔ چہار شنبہ (ذکر)
بدھ کا دن۔ بدھ وار۔ چہار صد (صفت) چار سو۔
چہار طاق (ذکر) ایک قسم کا خیمہ۔ چہار علم (ذکر)
خلفائے کرام ۲۔ چار عنصر ۳۔ چہار عناصر (ذکر) وہ
چار ابتدائی اشیاء جن سے عالم بنا ہے۔ آگ پانی ہوا
خاک۔ سائنس نے چاروں کو مرکبات ثابت کردیا ہے۔
چہار گس (ذکر) ۱۔ چار عنصر ۲۔ شداد یا کاؤس کا تخت

چہار گامہ (صفت) ۱ تیز۔ تیز رفتار ۲ (مذکر) تیز رفتار گھوڑا۔ **چہار گوشہ** (صفت) چوکون۔ **چہارم** (صفت) چوتھا۔ **چہار مسکون** (مذکر) دُنیا جس پر آبادی ہے۔ **چہار مغز** (مذکر) اخروٹ۔ **چہار یار رگزیں)** (مذکر) حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ۔ حضرت علیؓ۔ **چہار یاری** (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

اقوال۔ چہار چیز است تحفۂ ملتان۔ گرد گرما گدا و گورستان۔ ملتان کی چار چیزیں مشہور ہیں۔ ریت گرمی۔ فقیر اور قبرستان۔ **چہار شنبہ ندارد۔** چہار شنبہ کو ہندی میں بدھ کہتے ہیں۔ اور بدھ کے معنی عقل بھی ہے۔ مطلب یہ کہ اس میں عقل نہیں ہے۔ مذاقاً کہتے ہیں۔

چھار (ہ۔ صفت) ۱ جلا دینے والا۔ کھا جانے والا ۲ تیز۔ چرپرا۔ کڑوا۔ تیتا ۳ نمکین۔ تیزابی ۴ (مذکر) ہلکی کھار ۵ راکھ خاک مٹی ڈھیر ڈلا مٹی کا ڈھیلا ۶ دیکھو چھاڑ ۷ دیکھو چھال۔ **چھار چھٹی** (مونث) پروانہ راہداری۔ **چھار چھبیلا** (صفت۔ مذکر) دیکھو چھال چھبیلا یا چھبیل۔ **چھار کردم** (مذکر) ۱ جلتے ہوئے کیچڑ کا چشمہ ۲ ایک نرک یا دوزخ کا نام۔ **چھارُو** (مذکر) ۱ چھالا۔ آبلہ۔ پھپھولا ۲ ناسور ۳ تبخالہ۔ مُنہ آنا۔ مُنہ کے چھالے۔ **چھاری** (مونث) خالص چاندی سونے وغیرہ کا ڈلا۔

چھاڑ (ہ۔ مذکر) ۱ ترک۔ تیاگ ۲ دریا کا کنارہ۔ ساحل دریا ۳ زمین جو دریا چھوڑ جائے یا بنائے ۴ پودہ۔ جھاڑ۔ درخت۔ **چھاڑ چھٹی** (ہ) پروانہ راہداری۔ **چھاڑ چھڑیلا** (ہ) ایک درخت۔ بالچھڑ۔ سنبل الطیب۔ **چھاڑنا** (ہ) ۱ چھوڑنا۔ تیاگنا۔ ترک کرنا ۲ ابکائی کرنا۔ قے کرنا۔ چھانڑنا۔

چھاک (ہ۔ مونث) ۱ دودھ دہنے کا وقت ۲ دودھ دہنا۔ دھار نکالنا ۳ دن کا پہلا کھانا۔ نہاک ۴ کھانا جو مزدور لوگ صبح کو ہمراہ لے جاتے ہیں ۵ بڑے برتنے پر اٹھے جو دولھن کے گھر سے دولھا کو شادی کے موقع پر بھیجے جاتے ہیں۔

چھاک (ہ۔ امر) چھاکنا کا۔ **چھاکا** (صفت) بدمست۔ مدہوش۔ نشے میں۔ پئے ہوئے۔ شرابی۔ **چھاکٹا** (صفت) ۱ دیکھو آخری ۲ (مذکر) وہ شخص جو شراب پیئے یا نشی اشیاء کھائے۔ **چھاکنا** (لازم) بدمست ہونا۔ مدہوش ہونا۔ نشے میں ہونا۔

چھاگ (س۔ مذکر) بکرا۔ **چھاگکا** (مونث) بکری۔ **چھاگل** (صفت) ۱ بکری کے متعلق۔ بکری سے نکلی ہوئی ۲ (مذکر) بکرا ۳ ایک پہاڑ۔ **چھاگلی** ۱ (مذکر) ایک راجہ ۲ (مونث) بکری۔ **چھاگلیہ** (مذکر) ایک دھرم شاستر کا مصنف۔ **چھاگی** (مونث) بکری۔

چھاگل (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا مشکیزہ ۲ پاؤں کا ایک زیور۔

چھال (ہ۔ مونث) درختوں کا چھلکا یا پوست۔ قشر۔ بکل (س چھلی) **چھالا** (مذکر) ۱ کھال پوست ان معنوں میں مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے مرگ چھالا ۲ آبلہ۔ پھپھولا ۳ وہ داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ پر ہو جاتا ہے ۴ وہ نشان جو ہرن کی پیٹھ پر پڑ جاتا ہے۔ **چھالا پڑنا یا ہونا** (لازم) آبلہ نمودار ہونا۔ پھپھولا پڑنا۔ تبخالہ ہونا۔ **چھالا پھوٹنا** (لازم) آبلے کا پھٹ کر پانی نکل جانا۔ **چھال اتارنا یا چھیلنا** (متعدی) چھلکا جدا کرنا۔ چھیلنا۔ متقشر کرنا۔ **چھال کا کپڑا** (مذکر) وہ کپڑا جو درخت کی چھال کے ریشوں سے تیار کیا جائے۔ **چھالنی** (ہ) ایک آلہ جس سے چھلکا اتارتے ہیں۔

چھال (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو چھیل مرکبات میں استعمال ہوتا ہے ۲ (مونث) پانی کی چھینٹیں ۳ لہر۔ موج۔ **چھیل چھبیلا** (صفت و مذکر) دیکھو چھیل ۴ (مذکر) ایک خوشبودار پودا۔

چھالیہ (ہ۔ مونث) سپاری۔ ڈلی۔

چھاں (ہ۔ مونث) ۱ سایہ۔ پرچھائیں ۲ خفیف اثر ۳ عکس کسی چیز کا آئینے میں (س چھایا) **چھاں بانہہ** (ہ۔ مونث) حمایت۔ پناہ۔ **چھاں چھیلنا** (ہ) جانی دشمن ہونا۔ خون کا پیاسا ہونا۔ **چھاں ہارا** (ہ۔ صفت) سایہ دار۔

چھان (ہ۔ امر) ۱ چھاننا کا ۲ (مونث) دریافت۔ تحقیقات۔ ان معنوں میں اُردو میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ہوس سیند۔ ٹپکنا۔ نکلنا) **چھان بچھان بنان بین یا پھٹک** (مونث) ۱ تحقیق۔ دریافت ۲ تجسس۔ تلاش۔ کھوج (کرنا ہونا کے ساتھ) **چھان پھوڑ لو۔** خوب تحقیق کر لو۔ **چھان ڈالنا یا مارنا** (متعدی) ڈھونڈنا۔ سخت تلاش کرنا۔ جستجو کرنا۔ **چھان لینا** (متعدی) ۱ دیکھو چھاننا ۲ چن لینا۔ منتخب کر لینا۔ **چھاننا** (متعدی) ۱ چھلنی سے آٹا نکالنا ۲ کپڑے میں سے کسی سفوف کو نکالنا ۳ کپڑے میں سے کسی مائع چیز کو نکالنا۔ نتھارنا ۴ پرکھنا۔ جانچنا ۵ دریافت کرنا۔ تحقیقات کرنا ۶ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا ۷ کپڑے میں سوراخ کر دینا ۸ جسم مشک کر دینا ۹ بیج بونے کے لئے بکھیرنا۔

چھانا (ہ۔ متعدی) سجانا۔ مزین کرنا۔ آرائش کرنا۔

چھانٹ (ہ۔ امر) ۱ چھانٹنا کا ۲ (مونث) کترن ۳ کتر بیونت۔ قطع برید ۴ چھیچھڑے جو گوشت صاف کرنے کے بعد رہ جاتے ہیں ۵ انتخاب ۶ فیشن۔ کتر بیونت کا انداز ۷ وہ چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں جو درختوں میں سے کاٹی جائیں ۸ اقسام میں تقسیم ۹ فضلہ۔ پھوک۔ آخور (س توکش۔ چھیلنا) **چھانٹ چھٹاؤ یا چھوٹ** (ہ) ۱ کاٹ چھانٹ۔ کترن ۲ کاٹنا۔ کترنا ۳ خرچ کی بچت ۴ شاخیں کٹی ہوئی۔ **چھانٹ چھوٹ کرنا** (متعدی) ۱ کاٹنا۔ کترنا ۲ مختصر کرنا ۳ بچت کرنا۔ بچانا ۴ خرچ کم کرنا۔ خرچ گھٹانا۔ **چھانٹ لینا** (متعدی) ۱ کاٹ لینا۔ کاٹ ڈالنا ۲ انتخاب کر لینا۔ دیکھو چھانٹنا۔ **چھانٹن** (مونث) دیکھو چھانٹ۔ **چھانٹنا** (متعدی) ۱ کاٹنا۔ کترنا ۲ چننا۔ انتخاب کرنا ۳ شاخہائے درخت کاٹنا ۴ کپڑے کی کتر بیونت کرنا ۵ سر کے بال کترنا ۶ مختصر کرنا ۷ گوشت کے ٹکڑے کرنا ۸ چرب زبانی کرنا۔ بہت باتیں بنانا ۹ پسند کرنا ۱۰ صاف کرنا ۱۱ کپڑا اس طرح دھونا کہ میل نکل جائے یا نئے کپڑے میں سے کلف نکل جائے ۱۲ کم کر دینا ۱۳ (اخراجات وغیرہ) کم کر دینا ۱۴ اناج کو کوٹ کر چھلکا علیحدہ کر دینا ۱۵ کھیت میں سے جنگلی بوٹیاں اکھاڑ دینا ۱۶ (افواہ۔ خبر وغیرہ) بحث کرنا ۱۷ نکال دینا۔ چھوڑ دینا ۱۸ (فوج) قتل کر دینا۔

چھانٹ (ہ۔ مونث) ۱ قے کرنا ۲ استفراغ۔ **چھانٹ کرنا۔ چھانٹنا** (متعدی) قے کرنا۔ استفراغ ہونا۔

چھاند (ہ۔ مونث) ۱ بند۔ پگا ۲ پھندا۔ جال۔ **چھاند بند** (مذکر) دیکھو چھاند۔ **چھاندنا** (متعدی) باندھنا۔ پگا باندھنا۔ رسّی سے باندھنا۔ **چھاندنا باندھنا** (متعدی) چھاندنا۔

چھاندا (ہ۔ مذکر) حصّہ۔ بخرا فقیروں کا۔

چھانڈ (ہ۔ مونث) ۱ بیماری ۲ قے۔

(استفراغ۔ **چھانڈنا** (لازم) ۱ قے کرنا۔ استفراغ ہونا ۲ چھوڑنا۔ ترک کرنا۔ تیاگنا۔

چھانس (ہ۔ مونث) بھوسی۔

چھانہہ - چھانہا (ہ۔ مونث) ۱ سایہ۔ پرچھاؤں ۲ عکس۔ پرتو۔ **چھانہہ بانہہ** (مونث) پناہ۔ حمایت۔ سرن۔ **چھانہہ والا** (صفت) سایہ دار۔

چھانی (ہ۔ مونث) مرگھٹ۔

چھاوا (ہ۔ مونث) ۱ کسی جانور کا بچّہ ۲ ہاتھی کا بچّہ ۱۰ سے ۱۲ سال تک ۳ سایہ۔ چھاؤں۔

چھاؤں (ہ۔ مونث) ۱ سایہ۔ چھاں ۲ عکس۔ پرتو ۳ روشنی۔ کرن ۴ تھوڑی سی مشابہت (دو چیزوں یا شخصوں میں (رس چھایا) **چھاؤنا** (متعدی) دیکھو چھانا۔ **چھاؤنی** (مونث) ۱ چھاؤ کرنے کی چیز۔ خس پوش مکانات۔ پھوس کے بنگلے ۲ چھت۔ سقف۔ چھپر ۳ چھپر بنانے یا چھت ڈالنے کا فن یا ہنر ۴ سپاہیوں کی بارکیں یا مکانات شدہ شہر جہاں فوج رہے ۵ لشکرگاہ۔ کیمپ۔ **چھاؤنی چھانا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ کسی جگہ رہنا۔ ڈیرے ڈالنا ۲ مکانات کو خس پوش کرنا ۳ فوج کے رہنے کے لئے کیمپ یا شہر بنانا۔ **چھاؤنی ڈال دی** دیر لگا دی۔ اسی جگہ رہ پڑا۔ **چھاؤنی کرنا** (متعدی) کسی جگہ رہنا۔ ڈیرے ڈالنا۔

چھاؤنا (ہ۔ مذکر) جانور کا بچّہ۔ چھاوڑا

چھائی (ہ۔ مونث) مرگھٹ۔

چھائی (ہ۔ مونث) راکھ۔

چھائیں (ہ۔ مونث) ۱ سایہ۔ چھاؤں ۲ بدرنگی۔ دھبہ۔ داغ ۳ روح۔ بھوت (س چھایا)

چھائیں پھوئیں (ع) خدا بچائے۔ خدا محفوظ رکھے۔ خدا نہ کرے۔ **چھائیں مائیں** (مونث) بچوں کا ایک کھیل۔ جھائیں مائیں۔

چھایا (س۔ مونث) ۱ سایہ۔ چھاؤں ۲ سایہ دار جگہ۔ مکان۔ گھر ۳ عکس۔ پرتو ۴ روشنی۔ چمک۔ درخشانی ۵ رنگ ۶ تاریکی۔ سیاہی۔ اندھیرا ۷ (مذکر) بھوت۔ پریت۔ روح ۸ تھوڑی سی مشابہت ۹ پناہ۔ حفاظت۔ سایہ ۱۰ ایک راگ ۱۱ سورج ۱۲ سریا کی بیوی سنجنا کی لونڈی تھی۔ اپنے خاوند کا جوش نہ برداشت کرنے کی وجہ سے سنجنا نے اسے اپنی جگہ سلا دیا۔ چھایا کے بطن سے تین بچے پیدا ہوئے۔ سنی یا ستارہ سنیچر۔ منوساورنی۔ دریائے تاپتی ۱۳ اگاجی ۱۴ ایک وزن یا بحر ۱۵ ڈراؤنا خواب ۱۶ رشوت ۱۷ سلسلہ تسلسل ۱۸ مسودہ کی نقل ۱۹ پراکرت کتاب پر سنسکرت کا ٹیکہ۔ **چھایا میں آجانا** (لازم) آسیب ہو جانا۔

مثل - چھایا بڑی مایا ہے سایہ بڑی اچھی چیز ہے یا اپنا گھر ہونا بہت اچھا ہے۔

چھب (ہ۔ مونث) ۱ خوبصورتی۔ حسن۔ روپ ۲ تناسب۔ اعضا۔ گات۔ انداز جسم ۳ آرائش۔ زیبائش۔ زیب وزینت۔ بناؤ سنگار۔ سجاوٹ ۴ ناز و انداز۔ ناز معشوقانہ۔ ادا۔ نخرہ۔ غمزہ ۵ تاب تجلی۔ جلوہ۔ شان ۶ بدن۔ جسم۔ شکل۔ صورت۔ وضع (س چھوی) **چھب تختی** (مونث) سینے اور جسم کی خوبصورتی۔ گات۔ پستانوں کی خوبصورتی **چھب چھبیں** (ہ) ۱ نازک۔ چھوٹے قد کا ۲ دبلا۔ پتلا۔ لاغر۔ سینھی ۳ جس کا حسن وخوبصورتی جاتی رہی ہو۔

مثل - چھب گٹھڑی میں جوبن رکابی میں (صورت طباق میں) بناؤ سنگار پوشاک سے اور خوبصورتی کھانے پینے سے ہوتی ہے۔

چھبڑا (ہ۔ مذکر) ٹوکرا جس کا پیندا چپٹا ہو اور جھاؤ کی شاخوں کا بنا ہوا ہو۔ جھابہ۔ جھبیا۔ **چھبڑی** (مونث) چھبڑا کی تصغیر۔ چھوٹا جھابہ۔

چھبی (ہ۔ مونث) (اصطلاح دلال) پیسہ۔ فلوس۔

چھبیلا (ہ۔ صفت) ۱ خوبصورت۔ حسین۔ خوش وضع ۲ بانکا۔ رنگیلا۔ چھیلا۔ چنچل ۳ خوش مزاج۔ زندہ دل۔ دلشاد۔

چھپ (ہ۔ مونث) ۱ پانی کی آواز۔ پانی پر ہاتھ مارنے یا کسی چیز کے گرنے کی آواز ۲ چھلک۔ **چھپا** (مذکر) دیکھو آخری۔ **چھپاکا** (مذکر) ۱ چھینٹا ۲ پانی کی منہ پر ڈالنے کی آواز۔ چھلک۔ **چھپ چھپ** (مونث) پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز۔ پانی کے منہ پر ڈالنے یا چھینٹے اڑانے کی آواز۔

چھپ (ہ۔ امر) چھپنا کا۔ **چھپا** (امر) ۱ چھپانا کا ۲ (ماضی) چھپنا کا۔ **چھپالانا** (متعدی) طبع کرانا۔ نقش ونگار بنوانا۔ **چھپانا** (متعدی) چھپنا کا۔ **چھپائی** (مونث) ۱ چھاپنے کا فعل۔ چھاپا ۲ چھپنے کی مزدوری ۳ چھپنے کا انداز۔ **چھپ جانا** (لازم) ۱ طبع ہو جانا۔ شائع ہو جانا ۲ نقش ونگار بن جانا۔ **چھپگر** (مذکر) کپڑوں کو چھاپنے والا۔ **چھپنا** (لازم) ۱ طبع ہونا۔ شائع ہونا ۲ نقش ونگار بننا ۳ ٹھپہ لگنا۔ مہر لگنا ۴ عکس اترنا۔ **چھپوانا** (م) چھپنا کا **چھپیا** (ہ۔ مذکر) چھاپنے والا۔

چھپ (ہ۔ امر) چھپنا سے (س کش۔ چھپنا) **چھپا** (صفت) پوشیدہ۔ خفیہ۔ مخفی۔ نہاں۔ پنہاں۔ مکنوں۔ گپت۔ **چھپا رستم** (مذکر) ۱ وہ شخص جو کسی بات میں کامل ہو۔ مگر لوگوں کو معلوم نہ ہو ۲ چپ بدمعاش۔ خفیہ شریر۔ سخت بدمعاش۔ ظاہر میں غریب باطن میں سخت شریر۔ **چھپا رستہ** (مذکر) چور راستہ۔ خفیہ راستہ **چھپا رہنا** (لازم) ۱ پوشیدہ رہنا۔ اپنی موجودگی ظاہر نہ کرنا ۲ پردے میں رہنا۔ نقاب پوش رہنا ۳ مفرور ہو جانا۔ روپوش ہو جانا۔ **چھپا رکھنا** (متعدی) پنہاں رکھنا۔ ظاہر نہ ہونے دینا۔ خفیہ رکھنا۔ **چھپا کر۔ چھپا کے** (تف) خفیہ طور پر۔ پوشیدہ طور پر۔ مخفی طور پر۔ **چھپانا** (متعدی) ۱ خفیہ رکھنا۔ نہاں رکھنا پوشیدہ رکھنا ۲ ڈھانکنا۔ کوئی چیز یا کپڑا اوپر ڈال لینا ۳ پردہ کرانا ۴ بات ظاہر نہ ہونے دینا۔ راز نہ ظاہر کرنا۔ **چھپاؤ** (مذکر) ۱ پوشیدگی۔ راز ۲ چھپنے کی جگہ۔ **چھپاؤنا** (ہ) دیکھو چھپانا۔ **چھپاونی** (ہ) کوئی بات یا کام جو چھپا کر کیا جائے **چھپنے پھرنا** (متعدی) ۱ چھپنا۔ غائب رہنا ۲ کوئی حفاظت کی جگہ تلاش کرنا۔ **چھپ جانا یا رہنا** (لازم) دیکھو چھپنا **چھپ (چھپ) کر یا کے** (تف) خفیہ طور پر۔ چوری چھپی۔ چوری چوری۔ **چھپنا** (لازم) ۱ پوشیدہ ہونا۔ نہاں ہونا ۲ آڑ میں ہو جانا۔ پردے میں ہو جانا ۳ غیر حاضر ہونا۔ مفرور ہونا ۴ غروب ہونا ۵ آنکھ بچا کر دبکنا ۶ پردہ کرنا۔ اوٹ کرنا۔ پردے میں رہنا ۷ نقاب منہ پر ڈالنا۔ برقعہ اوڑھ لینا ۸ لیپا جانا۔ تھپنا ان میں صرف بالضم استعمال ہوتا ہے۔ **چھپوال** (صفت) پوشیدہ۔ مخفی۔ **چھپوانا** (م) چھپنا کا۔

چھپٹی (ہ۔ مونث) لکڑی کی چھیلن۔ **چھپٹی سا** (صفت) دبلا پتلا سینھی

لاغر۔

چھپّڑ (ہ۔ مذکر) ۱ پھوس کا بنا ہوا۔ تختہ ۲ پھوس کی چھت ۳ جھونپڑی جس کی چھت پھوس کی ہو۔ پھوس کی جھونپڑی ۴ مسہری ۵ بڑی داڑھی ۶ اُڑتے ہوئے کبوتروں کا بڑا غول ۷ بوجھ۔ بار بھاری وزن (س چھد۔ ڈھانپنا) **چھپرا** (مذکر) **چھونا چھپر۔ چھپر اُٹھا لیا۔** غل مچا دیا۔ شور کر دیا۔ **چھپر بند** (مذکر) چھپر بنانے والا۔ گھرامی۔ **چھپر پر پھوس نہ ہونا** (لازم) بہت غریب ہونا۔ سخت مفلس ہونا۔ **چھپر پر دھرنا۔ رکھنا یا رہنے دینا** (متعدی) پروا نہ کرنا۔ الگ کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ **چھپر پھاڑ کر دینا** (متعدی) خدا کا وہاں سے دینا جہاں سے امید نہ ہو۔ بے وسیلے کو رزق پہنچانا۔ **چھپر ٹوٹ پڑنا** (لازم) سخت مصیبت یکایک آ پڑنا۔ **چھپر چھانا یا ڈالنا** (متعدی) ۱ پھوس کی جھونپڑی بنانا ۲ چھت ڈالنا ۳ رہنے کے لئے مکان بنانا ۴ رہنا۔ رہائش رکھنا۔ **چھپر رکھنا** (متعدی) ۱ بوجھ رکھنا ۲ الزام لگانا ۳ احسان عظیم کرنا۔ بار احسان رکھنا۔ ممنون احسان کرنا۔ **چھپر کھٹ** (مونث) ۱ وہ چارپائی یا پلنگ جس پر چھت یا مسہری ہو ۲ دولھن کا چھتری دار پلنگ ۳ امیروں کا چھتری دار پلنگ۔ (یہ لفظ بلا تشدید زبانوں پر ہے)

امثال واقوال۔ چھپر پر پھوس نہیں رہا۔ دیوالہ نکل گیا۔ پاس کوڑی بھی نہیں رہی۔ سخت مفلس ہو گیا۔ **چھپر پر پھوس نہیں (دروازے) ڈیوڑھی پر نقارہ۔** مفلس ہو کر نمود کرتا ہے۔ **چھپر پر تو پھوس بھی نہیں رہا۔** سخت مفلس ہے۔

چھپری (ھ۔ مونث) تالاب۔ جوہڑ۔

چھپّڑ (ھ۔ مذکر) ۱ چھپر ۲ (پ) وہ برساتی پانی جو اکثر گڑھوں میں بھر جاتا ہے۔ اور ان میں سنگھاڑے کنول بو دیتے ہیں۔

چھپک (ہ۔ مونث) پانی کی آواز چھپ۔ **چھپکا** (مذکر) ۱ چھپک ۲ پانی کا چھینٹا تڑیڑا ۳ جال جس سے کبوتر پکڑتے ہیں ۴ پنجرہ جس میں جال لگا ہوا ہوتا ہے ۵ ایک زیور ماتھے کا ۶ رانگ کا چوڑا ٹکڑا ۷ وہ لوہے کا پترہ جو کنڈی میں لگا کر بند کر دیا جاتا ہے ۸ ایک پرندہ جو بٹیر وغیرہ کو پکڑ لیجاتا ہے (س کشپ۔ برداشت کرنا) **چھپکانا** (متعدی) پانی اڑانا۔ پانی پر ہاتھ مارنا۔ چھینٹے اُڑانا **چھپک چھپک** (مونث) پانی کے کسی چیز سے ٹکرانے کی آواز۔ چھپ چھپ۔ **چھپک چھپک کرنا** (متعدی) پانی پر ہاتھ مار کر آواز پیدا کرنا۔ چھینٹے اُڑانا **چھپکنا** (لازم) ۱ دیکھو چھپکانا ۲ شکست کھانا۔

چھپکا (ہ۔ مذکر) چھپڑکاؤ۔ چھینٹے۔

چھپکلی (ہ۔ مونث) ۱ ایک رینگنے والا جانور جو دیواروں پر رہتا ہے۔ اور مکھیاں اور بھنگے کھاتا ہے۔ چلپاسہ ۲ دبلی پتلی لاغر عورت۔

چھپکی (ھ۔ مونث) چھپکلی۔ چلپاسہ۔

چھپئی (ھ۔ مونث) ہندی میں ایک قسم کی نظم۔

چھت (ہ۔ مذکر) مکان کے اوپر کا حصہ جس پر چل پھر سکیں یا رہائش کر سکیں یا جو دھوپ بارش وغیرہ سے بچائے۔ سقف ۲ سائبان۔ پٹاو ۳ بام۔ کوٹھا ۴ وہ چادر جو چھت میں باندھتے ہیں۔ چھت گیری ۵ چبوترہ (س چھد۔ ڈھانپنا) **چھت باندھنا یا پاٹنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ چھت بننا یا پڑنا ۲ ابر کا توقف کرنا ۳ اُڑنے والے جانوروں کا ہجوم کے ساتھ اُڑنا۔ **چھت بندی** (مونث) چھت بنانا۔ **چھت پاٹنا** (متعدی) **پٹنا** (لازم) چھت پر کڑیاں تختے اور مٹی ڈالی جانا **چھت پیل** (صفت) سینہ زور۔ **چھت پیلی** (مونث) سینہ زوری۔ **چھت ٹپکنا یا چونا** (لازم) چھت سے پانی گرنا۔ **چھت گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) چھت کا ٹوٹ کر نیچے پڑنا۔ **چھت گیری** (مونث) وہ کپڑا جو چھت کے نیچے لگا دیتے ہیں۔ **چھت لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) چھت کے نیچے منقش کپڑا۔ کاغذ یا لکڑی کا چھت کے ساتھ لگایا جانا۔

چھت (ھ۔ مونث) چھاتی کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے **چھت لگن** (مذکر) عاشق۔ معشوق۔ چھاتی سے لگانے والا۔

چھت (ھ۔ مونث) دیکھو چھتنی۔

چھتے (مونث) ۱ زمین ۲ مٹی۔ خاک۔ **چھتے چھان** (صفت) ۱ زمین کو ڈھانپے ہوئے زمین پر لیٹا ہوا ۲ پھیلا ہوا۔ بکھرا ہوا۔ **چھتے چھان کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) بکھرنا۔ پھیلنا۔

چھتّا (ہ۔ مذکر) ۱ شہد کی مکھیوں کا گھر۔ یہ موم کا بنا ہوا ہوتا ہے اور ہر خانہ شش پہلو ہوتا ہے (لگانا لگنا کے ساتھ) ۲ گلی یا بازار جس پر چھت بنی ہوئی ہو ۳ جھنڈ۔ گچھا۔ گچھا (س چھترک) **چھتا بازار** (مذکر) وہ بازار جس پر چھت پڑی ہوئی ہو۔

چھتارا (ہ۔ مذکر) نہایت گھنا درخت۔

چھتّر (س۔ مذکر) **چھتّرہ** (ہ) **چھتّر** (ھ) ۱ بڑا چھاتا جو بادشاہوں۔ بتوں یا سادھوؤں پر لگایا جاتا ہے ۲ شامیانہ۔ نگیرا ۳ گوبر کا نشان یا چھتری جو اناج کے ڈھیر پر نظر بد سے بچانے کے لئے لگا دیتے ہیں ۴ ایک کھمبی ۵ چھتری کی شکل کا شہد کا چھتا ۶ استاد۔ گرو ۷ (ہ) وہ ٹھاٹھر جو کبوتروں کے بیٹھنے کے لئے لکڑی کے اوپر لگاتے ہیں ۸ پناہ گاہ۔ امن۔ حمایت۔ **چھترا** (مذکر) ۱ ایک پودا جو کشمیر میں ہوتا ہے ۲ کھمبی۔ کلاہ باراں۔ **چھتر بھنگ** (مذکر) ۱ چترشاہی کا برباد ہونا ۲ سلطنت جاتے رہنا۔ تخت سے اتارا جانا ۳ بیوہ ہونا۔ بیوگی۔ رنڈاپا۔ ودھواپن۔ **چھتر پتی** (مذکر) ۱ وہ افسر جس کے سپرد چترشاہی ہو ۲ راجہ۔ **چھتر دھاری** (مذکر) راجہ۔ **چھتر نکھا** (عص) ایک ناگ راجکماری **چھتروتی** (عص) ایک شہر کا نام جس کا ذکر مہابھارت میں آتا ہے۔

مقولے۔ چھتر پور کا توا باندھ کے آنا۔ حفاظت یا بچاؤ کی تیاری کر کے آنا۔ **چھتر پتی گھٹے پاپ بڑھے رتی** جب بچہ چھینکے تو ہندو عورتیں کہتی ہیں۔

چھتر (ہ۔ مذکر) ۱ مکان یا حویلی جو اجنبیوں کے ٹھیرنے کے لئے بنائی جائے ۲ سرائے۔ آرامگاہ ۳ ایک کھلی عمارت۔ چھان۔ چھپر۔

چھتر (ہ۔ مذکر) چھتری قوم کا پرش۔ **چھتر بندھو** (مذکر) برائے نام چھتری۔ کمینہ چھتری حقارت سے کہتے ہیں۔ **چھترنی** (مونث) چھتری عورت۔

چھتّر (ھ۔ مذکر) پردہ یا کوئی اور چیز جو اناج اور بھوسے کے ڈھیر پر حفاظت کے لئے ڈالی جائے۔

چھتر (ہ۔ امر) چھترنا کا۔ **چھترا**

(امر) ۱ چھتراکا ۲ (ماضی) چھترنا کا۔ چھترا دینا
چھترنا (متعدی) بکھیرنا۔ پراگندہ کرنا۔ تتربتر کرنا
چھتراؤ (مذکر) پراگندگی۔ تتربتر کر دینا۔ کرنا
کے ساتھ) **چھتر بتر یا بتھر** (مذکر) دیکھو چھتراؤ
چھترنا (لازم) بکھرنا۔ تتربتر کرنا۔

چھترا (ھ۔ مونث) ۱ ایک قسم
کا سویا ۲ دھنیا ۳ سونف ۴ کھمبی ۵ (پ۔ مذکر)
مینڈھا۔

چھتراک (س۔ مذکر) کھمبی۔

چھتری (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا چھاتا
دستی چھاتا۔ ایک آلہ جس کے بیچ میں لکڑی یا لوہے
کا ڈنڈ ہوتا ہے۔ اور لوہے وغیرہ کی سلاخیں اس
طرح لگی ہوتی ہیں کہ چاہے کھول دیں یا بند کر دیں
اُوپر کی سلاخوں پر کپڑا منڈھا ہوتا ہے۔ اسے
دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے کھول کر سر پر
لگا لیتے ہیں (لگانا۔ لگنا کے ساتھ) ۲ مسہری ۳ ڈولی
کے اوپر کا کھٹھر ۴ ایک قسم کا گنبددار محل ۵ وہ مکان
جس میں ہندوؤں کی ہڈیاں دفن ہوتی ہیں ۶ سر کے
بڑے اور گھنے بال ۷ کبوتروں کے بیٹھنے کا کھٹھر ۸
گاڑی کا ہُڈ یا اُوپر کا پردہ ۹ جہاز کا پیچھے کا حصہ ۱۰ دبلہ
۱۱ درخت کا پتوں اور ٹہنیوں کا حصہ۔ **چھتری دار**
(صفت) وہ جس پر چھتری ہو (گاڑی درخت وغیرہ)
(س۔ چد۔ ڈھانپنا)

چھتری (ھ۔ مونث) چھوٹی ٹوکری
بلا دستہ یا ڈھکنے کے۔ ٹوٹی ہوئی ٹوکری۔ **چھتری
ڈھونا** (متعدی) ٹوکری ڈھونا۔

چھتم پتّا (اردو۔ مذکر) کنکووں کا
نمائشی طور پر لڑانا۔

چھتنا (ھ۔ لازم) ۱ پٹنا۔ مار کھانا
۲ ٹوٹنا۔ کٹنا پسنا۔ کچلا جانا ۳ کوٹا جانا۔ ہموار کیا جانا

چھتنار (ھ۔ صفت) "چھاتے
کی شکل کا" برابر۔ ہموار۔

چھنوانا (ھ۔ متعدی) چھتنا کا۔

چھتور (س۔ مذکر) مکان۔ گھر۔
محل۔ بنگلہ۔

چھتہر۔ چھتہرا (ھ۔ صفت) وہ
جو چھونے سے ناپاک ہو جائے۔ بھرشٹ (برتنوں
وغیرہ کے متعلق استعمال ہوتا ہے)

چھتی (ھ۔ مونث) ۱ تکلیف۔ ضرر۔ ضرب۔
نقصان ۲ تباہی۔ بربادی۔

چھتیانا (ہ۔ متعدی) بندوق کی
شست باندھنا (چھاتی سے)

چھتیسا (ہ۔ صفت) چالاک۔ عیار۔
مکار۔ چالیہ۔ فریبی۔ فیلسوف (چھتیس سے) **چھتیساپن**
(مذکر) چالاکی عیاری وغیرہ۔ **چھتیسی** (صفت مونث)
دیکھو چھتیسا ۲ زانیہ۔ فاحشہ۔ چھنال۔ پرشہوت ۳
(مونث) ایسی فاحشوں کی عورت ۴ وہ عورت جو زنا
کرانے کے ۳۶ آسن جانتی ہو۔ مگر ظاہرا پاکدامن بنے

چھٹ (ہ۔ امر) چھٹنا کا۔ **چھٹا**
(امر) چھٹانا کا ۲ (ماضی) چھٹنا کی ۳ (صفت) چیدہ۔
منتخب ۴ بڑا بدمعاش۔ **چھٹانا** (متعدی) چھٹنا کا۔
چھٹا ہوا (صفت) بڑا بدمعاش۔ **چھٹاؤ** (مذکر) چننا۔
جدا کرنا۔ الگ کرنا ۲ اناج کو بھوسی سے الگ کرنا۔
چھٹ جانا۔ چھٹنا (لازم) ۱ چھانٹنا کا ۲ قلم ہونا۔
ترشنا۔ قطع ہونا ۳ علیحدہ ہونا۔ جدا ہونا ۴ لاغر ہونا۔
گھٹنا ۵ صاف ہونا۔ مواد نکالنا ۶ چنا جانا۔ منتخب ہونا ۷
کم ہونا ۸ صاف ہونا ۹ (فوج) قتل ہونا ۱۰ قلم خط لگنا۔
چھٹی (صفت۔ مونث) چھٹا کی۔

چھُٹ (ہ۔ صفت) چھوٹا کا مخفف
مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **چھٹاپا** (مذکر) خوردی
چھٹائی (مونث) چھوٹا پن۔ خوردی **چھٹ بھئیے**
(مذکر جمع) ادنٰے درجے کے لوگ۔ غریب غربا **چھٹ
پن یا پنا** (مذکر) بچپن۔ لڑکپن **چھٹک** (ھ) **چھٹکا**
(صفت) چھوٹا کی تصغیر۔ **چھٹکنا** (صفت) چھٹکا۔
چھٹ کونیا (مذکر) جس کا زاویہ زاویہ قائمہ سے
چھوٹا ہو۔ جس کا سکڑا کونا ہو **چھٹ کونیا تکھونٹ**
(مذکر) مثلث حاد الزاویہ۔ سکڑے کونے
کا تکون۔

چھُٹ (ہ۔ امر) چھٹنا کا ۲ (حرف
استثنا) بجز۔ سوا۔ بجائے۔ بغیر۔ لیکن۔ چھُوٹنا (س
چھٹ۔ الگ ہو جانا) **چھُٹا** (صفت) تلفظ۔ تشدید
سے ہے ۱ علیحدہ۔ جدا۔ الگ ۲ نرا۔ صرف۔ فقط۔
خالی **چھُٹان** (ھ) فرحت۔ مہلت چھٹی۔ نجات۔
چھُٹانا (متعدی) چھڑانا۔ **چھٹ جانا** (لازم) بچ
جانا وغیرہ دیکھو چھٹنا۔ **چھٹا دن** (مذکر) چھٹکپن **چھٹانی**
(مونث) دیکھو چھٹان۔ **چھٹائی** (ھ) نجات۔ خلاصی۔
مخلصی۔ رہائی۔ بچاؤ۔ **چھٹک** (حرف استثنا) دیکھو
چھٹ اور چھوٹ۔ **چھٹکار** (ھ) **چھٹکارا** (مذکر)
چھٹکاری (ھ) ۱ رہائی مخلصی۔ خلاصی۔ چھٹی۔
بریت۔ نجات ۲ فرحت۔ مہلت ۳ آزادی ۴ آزادگی
چھٹکارا پانا (ھ) خلاصی ہونا۔ رہائی پانا وغیرہ **چھٹکارا
دینا** (ھ) ۱ آزادی دینا ۲ رہائی کرنا چھوڑنا ۳ قرض
معاف کرنا۔ قرض چھوڑنا ۴ معافی دینا **چھٹکارا ہونا**
(لازم) خلاصی پانا وغیرہ۔ **چھٹنا** (لازم) چھوٹنا کا
مخفف ۱ رہائی پانا۔ خلاصی پانا ۲ آزادی حاصل کرنا
۳ بچنا۔ نجات پانا ۴ واگذاشت ہونا ۵ جدا ہونا۔
علیحدہ ہونا ۶ بکھرنا۔ تتر بتر ہونا ۷ انزال ہونا ۸ ہاتھوں
سے مارنا ۹ رہ جانا۔ بھول جانا ۱۰ (آتشبازی بندوق
وغیرہ) چلنا۔ سر ہونا ۱۱ (پیٹ) دست لگنا۔ دست
آنا (نبض) سست ہونا۔ ڈھیلا پڑنا ۱۳ (فوارہ
پانی وغیرہ) چلنا۔ جاری ہونا ۱۴ (گاڑی ریل) چلنا
روانہ ہونا ۱۵ (شے مرہونہ) رہن سے نکلنا ۱۶ (گھوڑا
وغیرہ) بھاگ جانا۔ رسہ تڑا کر چلا جانا ۱۷ (گھر وطن
وغیرہ) چھوڑ کر چلے جانا۔ جدا ہو جانا ۱۸ (نوکری)
موقوف ہونا۔ برطرف ہونا۔ جاتے رہنا ۱۹ (رنگ)
کٹ جانا۔ سفید ہو جانا ۲۰ (بال) کھل جانا ۲۱ (مصیبت
وغیرہ) بچ جانا۔ **چھٹوانا** (م) چھٹنا کا۔ **چھٹوتی** (مونث)
تخفیف۔ کمی۔ رعایت (کرایہ یا مالگذاری میں)

مثل۔ چھٹو بیل بھسوری ہیں
بیل چھوٹ جائے تو کھرلی پہ آتا ہے۔

چھُٹا (س۔ مونث) ۱ ڈھیر۔ انبار۔
ڈھیلا ۲ گروہ۔ بھیڑ۔ انبوہ ۳ تعداد۔ عدد ۴ روشنی کی
کرنوں کا اکٹھا ایک جگہ پڑنا ۵ روشنی۔ چمک۔ دمک۔
نور۔ تجلی ۶ سیدھی لکیر یا نشان۔ **چھٹا بھا** (مونث)
بجلی۔ صاعقہ۔

چھٹپٹ (ھ۔ مونث) ۱ پہلو بدلنا۔
گھبرانا۔ پھڑکنا ۲ گھبراہٹ۔ بےچینی **چھٹپٹی چھٹپٹانا**
(لازم) پہلو بدلنا۔ گھبرانا۔ بےچین ہونا۔ تڑپنا۔ لوٹنا۔
چھٹپٹاہٹ۔ چھٹپٹی (مونث) ۱ پہلو بدلنا۔ تڑپنا
پھڑکنا ۲ تڑپن۔ پھڑکن۔ گھبراہٹ ۳ بےچینی ۴ چستی۔
چالاکی ۵ جلدی۔ تیزی۔

چھٹک (ہ۔ امر) چھٹکنا کا (کشپ
پھینکنا) **چھٹکا** (امر) چھٹکانا کا ۲ (ماضی) چھٹکنا کا۔
(مذکر) چھینٹا۔ **چھٹکانا** (متعدی) ۱ چھڑکانا۔ چھینٹے
اڑانا یا ڈالنا ۲ پراگندہ کرنا۔ پھیلانا ۳ (بال) پریشان

کرنا۔ منتشر کرنا۔ جھٹکنا[4] ہٹانا۔ سرکانا[5] واپس اصلی جگہ پر کرنا۔ کمان کو کھینچ کر چھوڑ دینا کہ اصلی حالت میں آجائے۔ چھٹک جانا۔ چھٹکنا (لازم)[1] دیکھو چھٹکانا[1] (روشنی) چمکنا۔ پھیلنا۔ صاف ہونا[2] (ستارے کا) چمکنا۔ روشن ہونا[4] زہر کا اثر پھیلنا[5] اعضا کا سست اور مضمحل ہونا[6] بیضے کا جھٹکا کھا کر بڑھ جانا۔

چھٹکارہ (ہ۔ مذکر) ہیں کا منقش اور رنگین پردہ۔

چھٹکھیلا (ہ۔ صفت)[1] عیاش لچا[2] (مذکر) عیاش آدمی۔ چھٹکھیلی (مونث) عیاشی۔ اوباشی۔

چھٹکی (ہ۔ مونث)[1] چھینٹا۔ دھبہ۔ داغ[2] چھرہ۔ چھٹکی دینا (متعدی) چھینٹا مارنا۔ دھبہ ڈالنا۔ نشان کرنا۔ چھٹکی ڈالنا (متعدی) چھینٹا مارنا۔ چھینٹیں اڑانا۔ چھٹکی کرنا یا لگانا (متعدی) چھٹکی دینا۔

چھٹنا (ہ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے اناج کو بھوسی سے جدا کرتے ہیں۔ ایک قسم کی چھلنی

چھٹنی لگانا (ہ۔ متعدی) بھاگ جانا۔ چل دینا۔ کافور ہو جانا۔

چھٹوا (ہ۔ مذکر) چھینٹا دے کر بیج بونا۔ بیج ڈالنا۔

چھٹوان۔ چھٹوَل (ہ۔ صفت) جدا کیا ہوا۔ چنا ہوا۔ الگ کیا ہوا[2] چھٹا

چھٹولا (ہ۔ مذکر) وہ لباس جو ولادت کے زمانے میں عورتیں پہنتی ہیں۔

چھٹھ (ہ۔ مونث) ہر پاکھ کی چھٹی تاریخ۔

چھٹہا (ہ۔ صفت) چڑچڑا۔ زود رنج تند مزاج۔ تند خو۔

چھٹی (ہ۔ صفت)[1] چھ سے نسبت رکھنے والی۔ ششم[2] (مونث) ۶ تاریخ[3] ایک رسم جو بچہ پیدا ہونے کے چھٹے دن کرتے ہیں۔ مکان مکمل طور پر صاف کیا جاتا۔ دایہ کو انعام دیا جاتا ہے۔ زچہ بچہ کو نہلایا جاتا ہے۔ بچے کا نام رکھا جاتا ہے اور دوستوں کو دعوت پر بلایا جاتا ہے عقیقہ[4] وہ چیز جو زچہ اور بچے کے لئے میکے سے آئے کپڑے کھلونے مٹھائی وغیرہ۔ چھٹی چھما ہے (عو) کبھی کبھی۔ شاذونادر چھٹی کا جوڑا (مذکر) وہ کپڑے جو زچہ کو چھٹی کے موقع پر میکے سے ملتے ہیں۔ **چھٹی کا دودھ** (زبان پر آنا) یاد آنا (لازم) سخت مصیبت میں پڑنا۔ سخت مصیبت میں گذشتہ عیش و آرام یاد آنا۔ چھٹی کا دودھ یاد دلانا (متعدی) خوب مارنا۔ چھٹی کا دودھ نکلنا (لازم) گذشتہ عیش و آرام کی کسر نکلنا۔ چھٹی کا راجہ یا رجّہ (مذکر)[1] پوتڑوں کا امیر (طنزاً) غریب مفلس جنم کا دلدری۔ چھٹی کا کھانا (مذکر)[1] وہ کھانا جو ولادت کے چھٹے روز پکایا جاتا ہے[2] زچہ کا کھانا جو خاص طور پر تیار کیا جاتا ہے۔ چھٹی کا کھایا پیا نکال لینا (متعدی) نکلنا (لازم)[1] سخت مار پڑنا[2] گذشتہ عیش و آرام کی کسر نکلنا۔ چھٹی نہانا[1] (متعدی) بچہ پیدا ہونے کے چھٹے روز نہانا۔

امثال و اقوال چھٹی کے

پوتڑے اب تک نہیں دھلے (سوکھے) ابھی ناتجربہ کار ہے۔ چھٹی کے (راجہ) رجّہ ہیں۔ (طنزاً) پیدائشی امیر ہیں۔ چھٹی نہ چلّا حرام کا پلا۔ اگر کوئی بچے کی ولادت پر دعوت نہ دے تو طنزاً کہتے ہیں۔ چھٹی نہ ستوانسا میرا لاڈ نواسا۔ دینا نہ لینا خاطر داری بہت۔ چھٹی نہ ستوانسا امیر الامرا کا نواسا۔ معمولی حیثیت کا اور اپنے آپ کو بہت کچھ سمجھے۔ بے ہمتی اور یہ ترنگ۔

چھٹی[2] (ہ۔ مونث)[1] رخصت۔ تعطیل[2] فرصت[3] اجازت[4] موقوفی۔ برطرفی[5] چھٹکارا۔ رہائی[6] چھوٹے چھوٹے لطیفے جو نقال کرتے ہیں۔ (چھٹنا سے) چھٹیاں (مونث جمع) تعطیلیں[2] نقالوں کے لطیفے (کہنا کے ساتھ) چھٹی دلانا (لازم)۔ دینا (متعدی)[1] موقوف کرنا۔ برطرف کرنا[2] رخصت دینا۔ اجازت دینا[3] طالب علم کو مکتب سے چھوڑنا۔ چھٹی ملنا (لازم) چھٹی دینا کا۔ چھٹی ملی۔ خلاصی ہوئی خوب چھوٹے۔

چھٹیا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا نمک۔

چھج (ہ۔ صفت)[1] گھنا[2] سایہ دار[3] (مذکر) جھاڑ و جنگل۔ جھنڈ (چھاجنا سے) چھجّا (ہ۔ مذکر)[1] چھت کا بڑھا ہوا حصہ جو دھوپ اور بارش کے بچاؤ کے لئے بنایا جاتا ہے[2] روشندان کھڑکی یا دروازہ کے اوپر بڑھا ہوا حصہ جو دھوپ یا بارش سے بچاؤ کے لئے لگاتے ہیں[3] برآمدہ جو دوسری یا اوپر کی چھتوں پر دیوار سے بڑھا کر بنایا جائے[4] انگریزی ٹوپی کا بڑھا ہوا حصہ جو دھوپ کے بچاؤ کے لئے ہوتا ہے۔

مقولہ۔ چھجے کی بیٹھک بری اور چھاون کی چھانھ۔ ڈھورے کا رسیہ برا جو نت اٹھ پکڑے بانھ۔ ایسی جگہ بیٹھنا جہاں ہر ایک کی نظر پڑے۔ دوسرے آدمی کے سامنے میں بیٹھنا ایسا عاشق ہونا جو ہر وقت احتیاط کرتا رہے۔

چھجانا (ہ۔ متعدی)[1] کم کرنا۔ گھٹانا[2] گھسانا۔ گھسا کر پتلا یا سوراخ دار کر دینا۔

چھچھڑا (ہ۔ مذکر)[1] چھیچھڑا کا مخفف[2] (صفت) لجلجا۔ لسلسا۔ چپچپا۔ نرم۔ چھچھڑے (مذکر) چھچھڑا کی جمع۔ چھچھڑے بکھیرنا (متعدی) خوب پیٹنا۔

چھچھڑیل (ہ۔ صفت) دبلا۔ لاغر۔

چھچھکارنا (ہ۔ متعدی)[1] کتے کو سیٹی بجا کر بلانا۔ کتے کو آواز دے کر کسی کے پیچھے دوڑانا۔ بچکارنا[2] دھتکارنا۔ نفرت سے کسی کو ہٹا دینا۔

چہچہا (ہ۔ امر)[1] چہچہانا کا[2] پرندوں کا بولنا۔ خوش الحانی۔ خوش آوازی۔ جمع استعمال ہوتا ہے[3] خوشی۔ فرحت۔ مسرت۔ رس چرچری۔ چہچہاٹ (مونث) چہچہاہٹ۔ چہچہانا (لازم) پرندوں کا بولنا۔ پرندوں کا گانا۔ چہچہاہٹ (مونث) خوش آوازی۔ خوش الحانی۔ نواسنجی۔ نغمہ سرائی پرندوں کی۔ پرندوں کا بولنا۔ چہچہوں (مذکر) چہچہا کی جمع۔ چہچہوں میں گزرنا (لازم) مزے سے زندگی بسر کرنا۔ عیش و عشرت میں بسر ہونا۔ چہچہے (مذکر) چہچہا کی جمع۔ چہچہے کرنا (متعدی) مارنا (مست) ہونا (لازم)[1] پرندوں کا خوشی یا شوق میں بولنا[2] بہت خوشی ہونا۔ مزے سے بسر کرنا۔

چہچہا (ہ۔ صفت) شوخ رنگ۔ سرخ رنگ کا۔ روشن چمک دار۔ سرخ چہچہا (تا) رنگ (مذکر) شوخ رنگ خصوصاً سرخ چہچہانا (متعدی)[1] نہایت شوخ خصوصاً سرخ رنگ رنگنا[2] رنگ کا کھلنا[3] پھول جوبن پر ہونا۔

چھچھیڑا (ہ۔ مذکر) ڈھاک کا درخت۔

چھچھڑا (ہ۔ مذکر) چھچھڑا۔

چھچھکارنا (متعدی) دیکھو چھچکارنا۔

چھچھل (ہ۔ امر) چھچھلنا کا۔ چھچھلا (صفت) کم گہرا (برتن یا پانی)۔ چھچھلنا (لازم) کسی چیز کا دوسری کے اوپر سے چھوتے ہوئے گزر جانا۔ چھچھلتی ہوئی (صفت) ۱ دوسری چیز کو چھو کر گزرتی ہوئی ۲ سرسری۔ چھچھلی (مونث) ۱ ایک کھیل جس میں پتلی ٹھیکری کو اس طرح پھینکتے ہیں کہ پانی پر دور تک چلی جاتی ہے۔ (کھیلنا کے ساتھ)۔ ۲ (صفت) کم گہرائی۔ چھچھلائی (مونث) تھوڑی گہرائی۔ چھچھلنا کھلانا (متعدی) حیران کرنا۔ گھبرا دینا۔

چھچھلی (ہ۔ مونث) کتے یا بلی کا شکار کے ساتھ کھیلنا۔

چھچھم (ہ۔ صفت) ۱ خالی کھوکھلا ۲ چھوٹا۔ ننھا ۳ پتلا۔ لاغر ۴ بہت معمولی ۵ کمینہ۔ رذیل ۶ چھچھورا ۷ بیفائدہ۔ بیکار۔

چھچھو (ہ۔ مذکر) بچے پیشاب کو کہتے ہیں۔ چھچھو کرنا (متعدی) پیشاب کرنا۔ چھچھو ہونا (لازم) ۱ پیشاب آنا ۲ بھاگ جانا۔ غائب ہو جانا (مت)

چھچھوا (ہ۔ مونث) اُبلے ہوئے چاول جھٹکا۔

چھچھوانا (ہ۔ متعدی) ۱ کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ منتر پڑھنا۔ جادو کرنا۔

چھچھورا (ہ۔ صفت) ۱ کم ظرف پیٹ کا ہلکا ۲ کمینہ۔ رذیل ۳ خودنما۔ نمودیا۔ نمائشی ۴ ادنٰے۔ اسفل۔ چھچھوراپن۔ چھچھورپن (مذکر) کم ظرفی۔ سفلہ پن۔ کمینہ پن وغیرہ۔

چھچھوندر (ہ۔ مونث) ۱ ایک چھوٹا سا چوہے کی قسم کا جانور جس کا منہ اور بدن چوہے سے پتلا اور لمبا ہوتا ہے اور بدن سے بو آتی ہے۔ ۲ عورت جو ادھر کی ادھر اور ادھر کی ادھر لگائے۔ لڑائی کرانے والی عورت ۳ ایک قسم کی آتشبازی۔ (س چھچھوندری)۔ چھچھوندر چھوڑنا (متعدی) ۱ آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا ۲ لڑائی کرانا ۳ شگوفہ چھوڑنا جھوٹ بات مشہور کرنا ۴ بہتان لگانا۔ چھچھوندر چھوگئی۔ پیشاب کی ذرر بڑی رہنے سے بو دی ہو جائے تو کہتے ہیں۔

مثل۔ چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل۔ کم درجے کا آدمی اچھی چیز استعمال کرے تو کہتے ہیں۔

چھچھی (اردو۔ مونث) بچوں کا پیشاب یا پاخانہ۔

چھچھیا (ہ۔ صفت) چہچہانے والا۔ خوش الحان۔

چھچھیا (ہ۔ مونث) ۱ ایک قسم کی ہنچی جس سے میل اتارتے ہیں ۲ چھاچھ کی تصغیر۔

چھچھیلا۔ چھچیلا (ہ۔ صفت) چھاچھ ملا ہوا۔ جس میں چھاچھ ہو۔

چھد (ہ۔ امر) چھدنا کا (س چھد: سوراخ کرنا)۔ چھدا (امر) چھدانا کا۔ (ماضی) چھدنا کا۔ چھدانا (ہ۔ متعدی) چھدوانا۔ چھدا ہوا (صفت) سوراخ دار۔ چھد جانا۔ چھدنا (لازم) ۱ سوراخ دار ہونا۔ سوراخ ہونا ۲ مجروح ہونا۔ زخمی ہونا ۳ چھنا۔ چھدوانا (متعدی) چھید کرانا۔ سوراخ کرانا۔ چھدھا (ہ۔ صفت) سوراخ دار (س چھد۔ کاٹنا)

چھدا (ہ۔ مذکر) ۱ الزام۔ بہتان۔ تہمت ۲ گلہ۔ شکوہ۔ شکایت ۳ باراحسان۔ چھدا اتارنا (متعدی) ۱ گلہ مٹانا۔ شکوہ مٹانا ۲ جلدی آکر چلا جانا ۳ بوجھ اتارنا۔ باراحسان اتارنا ۴ اوپرے دل سے کوئی کام کرنا ۵ الزام رفع کرنا۔ چھدا دھرنا یا رکھنا (متعدی) الزام لگانا۔ بہتان جوڑنا۔ تہمت باندھنا۔

چھدر (س۔ مذکر) ۱ چھید۔ سوراخ ۲ درز۔ دراڑ ۳ نقص۔ کسر۔ کمی۔ کوتاہی ۴ کمزوری۔ ضعف ۵ کان کا پردہ ۶ آنکھ کا سوراخ ۷ آٹھوں نکھتر ۸ عدد ۹ کیونکہ انسان کے بدن میں ۹ بڑے بڑے سوراخ ہیں۔

چھدر (ہ۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ ذرا سا ۲ دیکھو چھچھورا۔

چھدرا (ہ۔ صفت) ۱ جس میں بہت چھید ہوں۔ چھیددار۔ جھرجھرا ۲ پتلا۔ اس طرح بنا ہوا کہ دھاگے فاصلے پر ہوں (کپڑا) ۳ فرق سے۔ پھیلا ہوا۔ چھدا ۴ فاصلے پر (جیسے ٹانگیں) (س چھد۔ کاٹنا)۔ چھدرا کر چلنا (متعدی) ٹانگیں کھول کر چلنا۔ جن اشخاص کے پاؤں باہر کی طرف پڑتے ہیں وہ اس طرح چلتے ہیں۔ چھدرانا (متعدی) ۱ پھیلانا۔ فاصلے پر رکھنا ۲ ٹانگیں کھول کر چلنا۔ چھدری گھاس (مونث) وہ گھاس جو کہیں اگی ہو کہیں جگہ خالی ہو۔

چھدمن۔ چھدمہ (س۔ مذکر) ۱ دھوکا دینے والی پوشاک۔ بھیس تلبیس لباس۔ سوانگ ۲ عذر۔ بہانہ ۳ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ مکر۔

چھدے مدے (اردو) غالباً صدقے ماں کا مخفف (دہلی)۔ ماں پیار سے بچے کو کہتی ہے۔

چھر (ف۔ مذکر) چھرہ۔

چھرا (ہ۔ مذکر) ۱ سیسے کے باریک دانے جو بندوق میں ڈال کر چلاتے ہیں یا کارتوسوں میں بارود کے ساتھ بھرتے ہیں ۲ سنگریزوں کی بوچھاڑ ۳ سنگریزے جو گھنگروں میں ڈالتے ہیں ۴ طعن وطنز کی بوچھاڑ ۵ مرک (چھٹنا سے)۔ چھرا اڑانا (متعدی) نہایت جوش سے بولنا ۲ مرک پینا۔ چھرا پلانا (متعدی) ۱ بندوق میں چھرا بھرنا ۲ چھروں سے بھری ہوئی بندوق کا فائر کرنا۔ سنگریزوں کی بوچھاڑ کرنا۔ چھرا چلنا (متعدی) ۱ فائر ہونا۔ سنگریزوں کی بوچھاڑ ہونا ۲ تبرا کہنا ۳ گالیوں اور طعنوں وطنز کی بوچھاڑ پڑنا ۴ مرک پینا ۵ آپس میں ہنسی مذاق ہونا۔ چھرا کھانا (متعدی) چھرے کی چوٹ کھانا۔ چھر بدار (صفت) وہ بندوق جس میں صرف چھرہ چل سکے گولی نہ چل سکے۔

چھرا (ہ۔ مذکر) ۱ گوشت کاٹنے کا اوزار۔ یہ ایک لمبا لوہے کا پھل ہوتا ہے ایک طرف پکڑنے کے لئے لکڑی وغیرہ کا دستہ ہوتا ہے۔ مگر چاقو کی طرح بند نہیں ہوتا۔ بڑا چاقو۔ چھوٹا خنجر۔ (س کشُر۔ استرہ)۔ چھرا چھری (مونث) ۱ چھریوں اور خنجروں سے لڑنا ۲ جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی (ہونا کے ساتھ)۔ چھری (مونث) چھرا کی تصغیر۔ چھریاں (مونث) جمع چھری کی۔ چھریاں بھونکنا (متعدی) ۱ دیکھو چھری بھونکنا ۲ سخت تکلیف پہنچانا۔ سخت رنج دینا۔ طعن وتشنیع کرنا۔ چھری بندھائی (مذکر) بوچڑ۔ قصاب۔ چھری بھونکنا (متعدی) بدن میں چھری گھسیڑنا۔ کسی کو چھری مارنا۔ چھری پھرنا (لازم)، پھیرنا (متعدی) ذبح کرنا۔ چھری تلے دم لینا (لازم) صبر کرنا۔ ٹھیرنا۔ تامل کرنا۔ چھری تیز رہنا (لازم) ہر وقت لڑنے کے لئے تیار رہنا۔ چھری تیز کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) چھری کا پتھر یا سان پر لگانا۔ چھری کی باڑ تیز کرنا ۲ ظلم وستم ہونا

چھری چلنا (متعدی) ۱ چھریوں سے مارکٹائی ہونا۔ چھریوں کی لڑائی ہونا ۲ جھگڑا رہنا۔ فساد رہنا۔ ان بن رہنا۔ **چھری دکھانا** (متعدی) ۱ ذبح کرنا۔ قتل کرنا ۲ دھمکانا۔ **چھری دینا** (متعدی) قتل کرنا۔ ذبح کرنا۔ **چھری کٹاری** (مونث) ۱ لڑائی جھگڑا ۲ چھریوں خنجروں کی لڑائی ۳ دشمنی۔ مخاصمت۔ عداوت ۴ بحث۔ تکرار ۵ (صفت) لڑنے پر آمادہ۔ فساد کے لئے تیار ۶ لڑنے والا۔ لڑاکا۔ **چھری کٹاری ہونا** (لازم) لڑائی ہونا۔ **چھری گلے پر پھیرنا** (متعدی) ۱ ذبح کرنا ۲ ظلم کرنا۔ کسی کا نقصان کرنا۔ **چھری مارنا** (متعدی) گھائل کرنا۔ زخمی کرنا ۲ ناگوار بات کہنا۔ طعن وتشنیع دینا۔ **چھریوں کا غسل دینا** (متعدی) ۱ ذبح کرنا۔ قتل کرنا ۲ زخمی کرنا۔ گھائل کرنا۔

امثال واقوال۔

چھری بھلی نہ کٹاری۔ مصیبت چھوٹی بڑی سب یکساں ہیں۔ دشمن معمولی ہو یا سخت سب برے ہیں۔ **چھری پاتا ہوں تو آپ کو نہیں پاتا آپ کو پاتا ہوں تو چھری نہیں پاتا**۔ بجد دشمنی کے موقع پر کہتے ہیں۔ **چھری پر کدو کدو پر چھری**۔ ایک ہی بات ہے۔ ہر طرح غریب کا نقصان ہے چاہے وہ زبردست سے لڑے یا زبردست اس سے لڑے۔ **چھری خربزے پر گری تو خربزے کا نقصان خربزہ چھری پر گرا تو خربزے کا نقصان**۔ دیکھو آخری۔ **چھری تلے دم تو صبر کرد** آخیر تک ہمت نہ ہارو۔

چھرانڑی (ھ۔ مونث) نائی کی کسوتی اوزاروں کا تھیلا۔

چھَرچھوبی (ھ۔ مونث) ۱ لغا جھاڑا۔

چھَرد۔ چھردکا۔ چھردی (س۔ مونث) ۱ بیماری۔ علالت ۲ متلی۔ قے۔ **چھردکا پار** (مونث) چھوٹی الائچی۔

چھِرنا (ہ۔ متعدی) چھلکا اتارنا ۱ اناج صاف کرنا۔ اناج کوٹنا۔

چھِرندا (ھ۔ صفت) ۱ جدا۔ الگ۔ علیحدہ۔ اکیلا ۲ آزاد۔ کھلا ۳ بلا بوجھ (مسافر)

چہرا (ف۔ مذکر) ۱ منہ۔ صورت۔ سر کا سامنے کا حصہ ۲ سامنے کا رخ۔ مہرہ ۳ حلیہ جو رجسٹروں وغیرہ میں درج کیا جائے ۴ بھاؤ۔ بطور روپ ۵ شکل وشباہت۔ تصویر۔ مصنوعی شکل جو منہ پر لگاتے ہیں ۶ لغات کے اعراب الفاظ میں لکھنا۔ **چہرہ اتارنا** (متعدی) تصویر کھینچنا۔ خط وخال کا نقشہ لینا۔ **چہرہ اترجانا یا اترنا** (لازم) ۱ دبلا ہو جانا۔ لاغر ہو جانا ۲ چہرے پر رونق نہ رہنا ۳ گھبراہٹ کا اثر چہرے پر ہونا۔ **چہرہ بحال ہونا** (لازم) چہرے پر رونق ہونا۔ بیمار کے چہرے پر صحت کے آثار نمایاں ہونا۔ **چہرہ بگاڑنا** (متعدی) ۱ صورت خراب کر دینا۔ بدشکل بنا دینا ۲ اس قدر مارنا کہ شکل نہ پہچانی جائے۔ **چہرہ بگڑ جانا یا بگڑنا** (لازم) صورت خراب ہو جانا۔ بدشکل ہونا۔ **چہرہ بنانا** (متعدی) منہ بنانا۔ منہ چڑھانا۔ **چہرہ بندی** (مونث) حلیہ۔ **چہرہ بھبھوکا ہونا** (لازم) منہ سرخ ہونا۔ **چہرہ پر تلوار کھانا** (لازم) تلوار کا مقابلہ کرنا۔ تلوار سے منہ پھیرنا۔ بہت بہادری دکھانا۔ **چہرہ پرداز**۔ **چہرہ کشا** (مذکر) ۱ مصور۔ تصویر کھینچنے والا۔ صورت گر۔ فوٹو گراف ۲ صورت دکھلانے والا۔ **چہرے پر پھٹکار برسنا**۔ **چھوٹنا یا ہوائیاں اڑنا یا چھوٹنا** (لازم) رنگ فق ہو جانا۔ رنگ زرد ہو جانا ۲ گھبرا جانا۔ ہکا بکا رہ جانا۔ **چہرہ پکا کمبخت ہو گیا**۔ چہرے پر جھریاں پڑ گئیں۔ **چہرہ پھیکا پڑنا یا ہونا** (لازم) چہرہ بے رونق ہونا۔ رنگ فق ہو جانا۔ **چہرہ تمتمانا** (لازم) چہرہ سرخ ہو جانا غصے یا گرمی یا بخار سے۔ **چہرہ چمکنا** (لازم) چہرے پر رونق ہونا۔ **چہرہ دار یا شاہی** (صفت) جس پر بادشاہ کا چہرہ بنا ہو۔ **چہرہ زرد ہو جانا یا ہونا** (لازم) کمزوری وغیرہ کی وجہ سے چہرہ پیلا پڑ جانا ۲ ڈر جانا۔ خوف زدہ ہو جانا۔ **چہرہ سفید ہو جانا یا ہونا** (لازم) کمزوری یا خوف سے چہرے کی سرخی جاتی رہنا۔ **چہرہ سے نقاب اٹھانا**۔ (متعدی) ۱ منہ کھولنا۔ چہرہ ننگا کرنا ۲ دوسرے کے چہرے سے نقاب الگ کرنا۔ عربوں میں یہ حق صرف خاوند کا ہوتا ہے۔ **چہرہ صادر ہونا** (لازم) دفتر میں نام لکھا جانا۔ نوکری ملنا۔ **چہرہ کاٹنا** (متعدی) **کٹنا** (لازم) نام کٹنا۔ نوکری جاتی رہنا۔ برطرف ہونا۔ **چہرہ لکھا جانا** (لازم) **لکھنا** (متعدی) ملازم کرنا۔ **چہرہ لکھوانا** (متعدی) ملازمت کرنا۔ نوکری کرنا۔ **چہرہ مہرہ** (مذکر) خط وخال۔ صورت وشکل۔ **چہرہ مہرہ سے ٹھیک** (درست ہے) خوبصورت ہے۔ **چہرہ میلا ہونا** (لازم) منہ پر گرد وغبار ہونا **چہرہ نکلنا** (لازم) برطرف ہونا۔ **چہرہ نویس** (مذکر) حلیہ رجسٹر میں درج کرنیوالا۔ حلیہ لکھنے والا۔ **چہرہ ہونا** (لازم) ملازم ہونا۔ بھرتی ہونا۔ رجسٹر میں نام لکھا جانا۔ **چہرئی** (مونث) وہ چھڑی جس پر چہرہ بنا ہو۔ بیراگی۔ **چہرے** (مذکر) ۱ چہرے کی جمع ۲ بجائے چہرہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چہرے پر تلوار کھانا**۔ دیکھو چہرہ پر تلوار کھانا۔ **چہرے دار** (مذکر) شاہی سکہ۔ انگریزی روپیہ۔ **چہرے سے نقاب اٹھانا** (متعدی) ۱ منہ کھولنا۔ چہرہ ننگا کرنا ۲ دوسرے کے چہرے سے نقاب الگ کرنا۔ عربوں میں یہ حق صرف خاوند کا ہوتا ہے۔ **چہرے کا رنگ اڑنا** (لازم) خوف۔ شرم یا رنج سے چہرہ سفید ہو جانا۔ ڈر جانا۔ شرم آنا۔ **چہرے کا رنگ بدلنا** (لازم) شرم وغیرہ سے چہرہ کا رنگ متغیر ہونا۔ **چہرے کی لینا** (متعدی) منہ بنانا۔ منہ چڑانا۔ ٹھٹھہ کرنا۔

چھریرا (ہ۔ مونث) دبلا۔ پتلا۔ دبلا اور لمبا۔ **چھریری** (صفت۔ مونث) دبلی۔ پتلی۔ **چھریرے بدن کا** (صفت) جس کا بدن دبلا اور لمبا ہو۔

چھَڑ (ہ۔ مونث) ۱ پتلا اور لمبا بانس ۲ پتلی اور لمبی لکڑی۔ نیزے یا علم کی چوب ۳ کبوتر یا مچھلی پکڑنے کا بانس ۴ بال چھڑ۔ سنبل الطیب۔

چھُڑ (ہ۔ امر) چھڑنا کا۔ دس تو کش۔ کاٹنا) **چھڑا** (ماضی) چھڑنا کی ۲ (صفت) اکیلا۔ تنہا ۳ مجرد۔ کنوارا ۴ ایک قسم کا پاؤں کا زیور۔ **چھڑنا** (متعدی) موسل سے غلے کو کاٹنا۔ غلے سے چھلکا کوٹ کر جدا کرنا۔ **چھڑوانا** (م) چھڑنا کا۔ **چھڑی** (صفت مونث) چھڑا کی۔ **چھڑے** (مذکر جمع) پاؤں کا ایک زیور۔ **چھڑے چھٹانک** (صفت) تن تنہا۔ اکیلے دس چھٹ۔ رہا کرنا۔ **چھڑی سواری** (صفت) اکیلے۔ تنہا۔

چھُڑا (ہ۔ امر) چھڑانا کا۔ **چھڑا دینا** (متعدی) دیکھو چھڑانا۔ **چھڑا لینا** (متعدی) ۱ دیکھو چھڑانا ۲ چھین لینا۔ لوٹ لینا۔ **چھڑانا** (متعدی) چھوڑنا کا ۱ رہا کرانا۔ آزاد کرانا ۲ علحدہ کرنا۔ جدا کرنا ۳ ہٹانا الگ کرنا ۴ ازال کرانا ۵ (عقدہ) کھولنا۔ وا کرنا ۶ (دودھ وغیرہ) ترک کرانا ۷ (نوکری) ملازمت سے علحدہ کرانا ۸ (دل) گھبرا دینا۔ بزدل کر دینا ۹ دکان

زیور وغیرہ) گروی چیز کو روپیہ ادا کر کے واپس لینا۲ رہن فسق کرانا۔ چھڑاوا ۱ چھڑانے والا۔ رہائی دلانے والا۲ برطرفی۔ موقوفی۳ خلاصی۔ رہائی۔ مخلصی۔ چھڑاونا (ھ) چھڑانا۔ **چھڑاؤ** (مذکر) دیکھو چھڑاوا ۱ و ۲۔ **چھڑائی** (مونث) ۱ مخلصی خلاصی۔ رہائی ۲ چھڑانے کی اجرت۔ جرمانہ۳ وہ دام جو صیدی اپنے کبوتروں کو چھڑانے کے عوض دیکھ لے جاتا ہے۴ کنکوا دوسری کے ہاتھ سے چھڑانا چھڑوانا (م) چھڑانا کا۔ **چھڑوتی** (ھ) جرمانہ۔ فدیہ۔

چھڑک (ہ۔ امر) چھڑکنا کا۔

چھڑکا (امر) چھڑکانا کا ۲ (ماضی) چھڑکنا کی چھڑکا دینا۔ چھڑکانا (ھ) چھڑکنا۔ **چھڑکاب** (مست) **چھڑکاؤ** (مذکر) پانی کا زمین پر چھڑکنا۔ پانی کے چھینٹے آبپاشی ہاتھ سے (کرانا کرنا ہونا کیا تھا) **چھڑکائی** (مونث) پانی چھڑکنے کی اجرت۔ **چھڑک دینا** (متعدی) چھڑکنا ۱ ۔ ۲ **چھڑک کر بیچنا** (متعدی) ۱ باسی ترکاری پر پانی چھڑک کر فروخت کرنا ۱ جھوٹی تعریف کر کے بیچنا ۲ دھوکا دینا ۳ بھو دے سلف کو بناسنوار کر بیچنا۔ **چھڑکنا** (متعدی) ہاتھ سے پانی کی چھینٹیں پھینکنا ۲ (نمک سفوف وغیرہ) تھوڑا تھوڑا ڈالنا ۳ (جان) تصدق کرنا۔ قربان کرنا۔ **چھڑکوانا** (م) چھڑکانا کا ۱ پانی کے چھینٹے مروانا ۲ تھوڑا تھوڑا سفوف وغیرہ ڈلوانا۔

چھڑکنا (ھ۔ لازم) مویشی کا بھڑکنا یا چمکنا۔

چھڑنا (ہ۔ لازم) ۱ شروع ابتدا ہونا۔ آغاز ہونا ۲ بجنا ۳ (ھ) چھیڑا جانا۔ چڑنا۔ ۴ (ھ) ناراض ہونا۔ غصے ہونا ۵ (ھ) چھوا جانا۔ انگلیوں سے چھوا جانا ۶ (ھ) گائے بھینس کا دودھ دینا (س کٹپ پھینکنا) **چھڑوانا** (م) چھڑانا کا۔

چھڑنگ چڑھ گئی (اردو۔ دہلی) ضد ہو گئی۔

چھڑی (ہ۔ مونث) ۱ ہر باریک اور نازک لکڑی ۲ پتلا عصا۔ بید۔ قمچی ۳ وہ جھنڈی جو کسی بزرگ کے نام کی بنائی جائے ۴ پتلی دہتیا بیل جو کپڑے میں بخط راست کاڑھی یا چھپی ہو ۵ گوکھرو اور چٹکی کو سیدھا ٹانکنا ۶ چوتھی کھیلنے کی پھولوں کی قمچی ۷ ایک شاخ جس پر گلفروش پتے اور پھول لپیٹ ہیں (س شل۔ ہلانا) **چھڑیاں** (مونث۔ جمع) دیکھو آخری۔ **چھڑی توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) ۱ چھڑی کا شکستہ ہونا ۲ سخت زد و کوب ہونا۔ **چھڑی لگانا یا مارنا** (متعدی) **لگنا** (لازم) مار پڑنا۔ **چھڑیوں کا دوپٹہ** (مذکر) وہ دوپٹہ جس پر چھڑیاں ٹکی ہوں۔ **چھڑیوں کا میلہ** (مذکر) میلہ جو اکثر درگاہوں پر ہوتا ہے۔ اور جہاں ان بزرگ کے نام کی جھنڈیاں لیکر جاتے ہیں۔

چھڑیا (ھ۔ صفت) اکیلا۔ چھڑا۔ **چھڑیا چھانٹ** (صفت) ۱ اکیلا۔ تن تنہا ۲ کنوارا مجرد۔

چھڑیا (ھ۔ مونث) ۱ تنگ راستہ۔ پگ ڈنڈی ۲ چور دروازہ۔

چہک (ہ۔ امر) ۱ چہکنا کا **چہک پو بھول گیا**۔ حیران ہو گیا۔ اوسان جاتے رہے **چہکنا** (لازم) ۱ چہچہانا۔ خوش الحانی کرنا۔ نواسنجی کرنا ۲ نہایت خوشی کی حالت میں باتیں کرنا ۳ آتش بازی کا چھوٹتے ہوئے آواز دینا ۴ (مذکر) چہچہا۔ سیٹی۔ آتش بازی کی آواز۔

چہک (ہ۔ امر) چہکنا کا۔ **چہکا** (امر) چہکانا کا ۲ (ماضی) چہکنا کا۔ (مذکر) ۱ جلن۔ سوزش جو دوائی کے لگانے سے بدن پر ہو ۲ لوکا۔ جھلسا ۳ چرکا۔ داغ ۴ سوزش کرنے والا پلستر ۵ ایک قسم کی آتشبازی ۶ اینٹوں یا پتھروں کا فرش (س چرچ۔ ضرر پہنچانا) **چہکا دینا۔ چہکا لگانا** (متعدی) آگ سے جلا دینا۔ جھلسا دینا۔ لوکا لگانا۔ **چہکا لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **چہکانا** (متعدی) دیکھو چہکا دینا۔ **چہکنا** (لازم) آگ سے جل جانا۔ جھلسنا۔

چھک (ہ۔ امر) چھکنا کا۔ **چھکا** **چھک** (صفت) ۱ بھرا ہوا۔ لبریز ۲ سیر۔ اگھایا۔ رجا ہوا ۳ بدمست۔ مدہوش۔ سرشار۔ سیاہ مست نشے میں چور (س تپک۔ سیر ہونا) **چھکانا** (متعدی) ۱ بھر دینا۔ لبریز کر دینا ۲ کھلانا۔ سیر کرنا۔ پیٹ بھرنا۔ ۳ شراب پلانا ۴ سزا دینا۔ مارنا **چھکائی** (مونث) سیری۔ اگھائی۔ آسودگی۔ **چھک جانا۔ چھکنا** (لازم) چھکانا کا۔ **چھکوانا** (م) دیکھو چھکانا۔

چھکا (ہ۔ صفت) ۱ چھ سے نسبت رکھنے والا ۲ ایک آتشبازی ۳ چھ کا مجموعہ ۴ تاش کا پتہ جس پر چھ نشان ہوتے ہیں ۵ پنجرہ جس کے ساتھ جال لگا ہو۔ **چھکا پکا رونا** (ھ۔ لازم) زار زار رونا۔ **چھکا پنجا** (مذکر) دغا۔ فریب۔ دھوکا۔ تدبیر۔ تجویز۔ مشورہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **چھکے پنجے بھول جانا** (لازم) کوئی تدبیر نہ پڑنا۔ حواس باختہ ہو جانا **چھکے چھوٹ جانا یا چھوٹنا** (لازم) ہوش و حواس جاتے رہنا۔ گھبرا جانا۔ حواس باختہ ہونا۔

چہکار (ہ۔ امر) چہکارنا ۲ (مونث) دیکھو چہچہا۔ **چہکارنا** (لازم) دیکھو چہکنا۔

چھکر (ھ۔ مذکر) فصل کی تقسیم جس میں مالک کو چھٹا حصہ ملتا ہے۔

چھکڑ (۔ مذکر) تھپڑ۔ تمانچہ۔ لپڑ۔ **چھکڑانا۔ چھکڑ دینا یا مارنا** (متعدی) تھپڑ مارنا۔

چھکڑا (ہ۔ مذکر) ۱ دو بیل کی اسباب لادنے کی گاڑی ۲ ریل کی اسباب لادنے کی گاڑی جس پر چھت نہیں ہوتی ۳ وہ چیز جس کے مختلف حصے ڈھیلے ہو جائیں۔ یا بہت پرانی ہونے کی وجہ سے بہت کھڑکھڑائے (س شکٹ) **چھکڑا ہو جانا** (متعدی) ۱ بیکار ہو جانا۔ کسی کام کا نہ رہنا۔ نکما ہو جانا ۲ سواری کا بہت آہستہ آہستہ چلنا ۳ بہت بڑا ہو جانا۔ **چھکڑی** (مونث) دیکھو چھکا ۲ چھوٹا چھکڑا ۳ وہ چھ گھوڑے جو گاڑی میں جتیں۔

مثل۔ چھکڑا دیکھے تھکائی آوے۔ راحت کا سامان دیکھکر انسان آرام طلب ہو جاتا ہے۔

چھکن (س۔ مذکر) چھینکنا۔

چھکنا (ھ۔ لازم) ۱ قلمزن ہونا۔ کٹ جانا ۲ خارج ہونا۔ منسوخ ہونا ۳ رک جانا۔ ٹھیر جانا ۴ روکا جانا۔ ٹھیرا جانا ۵ گرفتار ہونا۔ پکڑا جانا ۶ ضبط ہونا۔ فرق ہونا۔

چھکیت۔ چھکیٹھ (ھ۔ صفت) مضبوط بدن۔ تناور۔ بلونت۔ زور آور۔

چھگ (س۔ مذکر) بکری۔ **چھگری** (ھ۔ مونث) چھوٹی بکری۔ چھبری۔ **چھگلا۔ چھگلی** (مونث) ۱ بکری ۲ ایک قسم عشق پیچاں کی۔

چھل (ھ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی

سخت مٹی ۲ دیکھو چہل۔ چہل پہل (مونث) ۱ دیکھو چُہل ۲ رونق۔ آبادی ہلچل۔ دھوم دھام (کرنا ہونا کیسا تھ)

چھل (ہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ فریب۔ مکر۔ جُل۔ دم۔ دغا۔ جھانسا۔ چرتر ۲ بہانہ۔ عذر ۳ داؤں۔ گھات ۴ نقل۔ شباہت۔ مشابہت ۵ دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو ۶ دل کا بیا۔ چھلا (س) سام وید کے کئی ادھیاؤں کا نام۔ چھل بتیاں (مونث) دھوکے کی باتیں۔ فریب کی باتیں۔ (معشوقوں کی) چھل بنا یا بٹے۔ (مذکر) دھوکا فریب۔ دغا۔ چھل۔ چھل بٹے دینا (متعدی) دھوکے دینا۔ فریب دینا۔ چھل بٹوں میں آجانا (لازم) دھوکے میں آجانا۔ چھل بل (مذکر) دیکھو چھل ۱ و، ۲ شوخی۔ طراری۔ چالاکی دکھانا کرنا ہونا کے ساتھ چھل پلانا (متعدی) سقے کا کٹورا بجا کر پیاسوں کو پانی پلانا (دہلی) غالباً جل کا بگڑا ہوا۔ چھل جانا (ہ) دھوکا دینا۔ چھل چھدری یا چھدریا (صفت) دھوکے باز چھل دینا (ہ) یا کرنا (متعدی) دھوکا دینا۔ چھل میں آنا (لازم) دھوکا کھانا چھلنا (متعدی) ۱ دھوکا دینا۔ فریب دینا ۲ بہانہ کرنا۔ عذر کرنا ۳ غلط بیانی ۴ بھیس بدلنا۔ روپ بھرنا۔ چھلیا (صفت) فریبی۔ مکار (دہلی)

مقولے۔ چھل کا پھل بُرا ہوتا ہے۔ مکاری اور فریب کا نتیجہ نقصان دہ ہوتا ہے۔ چھلو چھلہائی۔ دھوکے باز دھوکے میں آجاتا ہے۔

چہل (ف۔ صفت) چالیس۔ چہل ابدال (مذکر) ۱ ایک فرقہ فقیروں کا جو انگاروں پر لوٹتے ہیں ۲ مسلمانوں کے اعتقاد میں وہ چالیس شخص جن کی وجہ سے دنیا قائم ہے۔ چہل تن (مذکر) وہ چالیس شخص جن کو حضرت موسے نے قتل کردیا۔ مگر بعد میں زندہ کر دیا تھا۔ چہل تہ (مذکر) ایک قسم کی زرہ۔ چلتا۔ چہل چراغ (مذکر) ایک قسم کا جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں اور زمین پر رکھا جاتا ہے چہل ستون (مذکر) ایک قسم کی عمارت جسکے چالیس ستون ہوتے ہیں۔ چہل قد (مذکر) ایک قسم کی زرہ۔ چہل قدمی (مونث) ۱ سیر۔ ٹہلنا ہوا خوری۔ سرگشت (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ مسلمانوں میں ایک رسم جس میں قبر سے چالیس قدم پیچھے ہٹ کر پھر بڑھتے ہیں اور فاتحہ یا قرآن شریف کی کوئی سورت پڑھتے ہیں۔ چہل کاف (مونث) ایک دعا جس میں چالیس کاف ہوتے ہیں۔ چہلم (مذکر) ۱ مرنے کے بعد چالیسویں دن کا فاتحہ اور کھانا ۲ شہدائے کربلا کا فاتحہ ۳ (صفت) چالیسواں۔ چالیس سے نسبت رکھنے والا چہل مینار (مذکر) شہر پارسا کا ایک نام۔

مقولہ۔ چہل سال عمر عزیزت گذشت۔ مزاج تو از حل طفلی نگشت۔ شیخ سعدی کا شعر ہے۔ تو چالیس سال سے اوپر ہوگیا۔ مگر تیرے مزاج سے بچپن نہیں جاتا۔

چھل (ہ۔ امر) چھلنا کا۔ چھلانا (امر) ۱ چھلانا کا ۲ (ماضی) چھلنا کا چھلانا (متعدی) چھلنا کا۔ چھل جانا۔ چھلنا (لازم) ۱ چھلکا الگ ہونا۔ چھیلا جانا ۲ چمڑا ادھڑنا۔ کھال کھنچنا ۳ کھرچا جانا۔ کٹنا۔ چھلوانا (لازم) چھلنا کا۔ چھلوائی (مونث) ۱ چھلوانے کی مزدوری۔ چھیلنا۔

چہل (ہ۔ مذکر) ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھا۔ مزاح۔ زندہ دلی۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔ چھیڑ چھاڑ۔ خوش مزاجی ۲ خوشی۔ مسرت۔ فرحت ۳ ذکر۔ تذکرہ چرچا۔ چہلا (ہ۔ صفت) دیکھو چہل باز ۲ (مذکر) مسخرہ۔ بھانڈ۔ چہل باز (صفت) ۱ ٹھٹھے باز۔ دل لگی باز۔ ظریف ۲ خوش طبع۔ ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ چہل پہل (مونث) دیکھو چہل پہل چہل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ہنسی۔ مذاق وغیرہ ہونا چہلی چہلیا (صفت) ۱ مسخرا۔ ٹھٹھے باز وغیرہ ۲ (مذکر) مسخرا وغیرہ شخص۔

چہل (ہ۔ مذکر) زیادتی۔ بہتات۔ افراط۔

چھلا (ہ۔ مذکر) ۱ لکڑی کی پھانس کرچ ۲ بڑی میخ ۳ لکڑی کا کندا۔ لٹھا۔ چھلا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ ریزہ ریزہ ہونا۔

چہلا (ہ۔ مذکر) ۱ کیچڑ۔ دلدل ۲ کیچڑ والی زمین۔ وہ زمین جو پانی کی وجہ سے ہر وقت دلدل بنی رہے ۳ پانی جو پھوٹ نکلے پسینہ ۴ (صفت) گیلا۔ تربتر کر دینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ، چہلا نکالنا (ہ۔ متعدی) نکلنا (ہ۔ لازم) ۱ پسینہ پسینہ ہو جانا ۲ تھک جانا۔ چور ہو جانا چہلے کی بھینس (صفت) موٹا۔ بھدا۔ سست آدمی۔ مجہول شخص۔

چھلّا (ہ۔ مذکر) ۱ دھات کا حلقہ جو انگلی میں پہنا جاتا ہے اور سادہ ہوتا ہے۔ بے نگ کی انگوٹھی ۲ کڑا۔ قلابہ۔ حلقہ ۳ کلابتوں یا ریشم کا گول نشان ۴ وہ نشان جو عاشق معشوق کے چھلے کو گرم کرکے اپنے بدن پر لگا لیتا ہے ۵ وہ گھر کی دیوار جو ایک طرف سے پکی اور دوسری طرف سے کچی ہو (س۔ چکرل۔ گول) ۶ ایک پنجابی گیت ۷ ایک گیت جو ہیجڑے دیوالی دسہرے پر گاتے ہیں (س چھلک۔ ایک گیت جس کے چار چھتے ہوتے ہیں۔ اور ہاتھ ہلا ہلا کر گایا جاتا ہے) چھلا پڑنا (لازم) پانی کا اچھو ہو جانا چھلا چور (مذکر) ایک قسم کی انگوٹھی جس میں تین جڑے ہوئے چھلے ہوتے ہیں بیچ والے میں چھید ہوتا ہے اور دوسرے اس میں سے گزرتے ہیں۔ چھلا چھپوّل (مذکر) ۱ ایک کھیل جس میں دونوں مٹھیاں بند کرکے ایک میں چھلا چھپا کر پوچھتے ہیں کہ کس میں چھلا ہے۔ اگر بتا دیا جائے تو بتلانے والا لے لیتا ہے۔ چھلا چڑھانا (متعدی) ۱ گدھیوں یا کتیوں کی فرج پر دونوں لبوں میں چھید کر کے ایک چھلا ڈال دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے گدھا یا کتا دخول نہیں کرسکتا۔ اور مادہ حاملہ نہیں ہوتی ۲ بدکار عورتیں کسی خاص مقصد کے لئے چھلا جائے مخصوص میں رکھتی ہیں۔ چھلا چڑھنا (لازم) دیکھو آخری۔ چھلے دار (صفت) ۱ گھونگریالا ۲ جس پر چکنائی کے گول گول داغ یا ترمرے ہوں ۳ چھلے کی مانند حلقے دار ۴ گرہ دار۔ جوڑ دار ۵ ریڑھ کی ہڈی والا۔ چھلے کا گل (مذکر) وہ داغ جو محبت جتانے کے لئے معشوق کا چھلا آگ میں سرخ کرکے بدن پر لگا لیتے ہیں۔

چھُلانا (ہ۔ متعدی) چھُوانا۔ ساتھ لگانا۔

چھلانگ (ہ۔ مونث) کلانچ زقند۔ چوکڑی۔ جست۔ کود۔ پھاند۔ زقند (س اُو۔ اوپر۔ شل۔ حرکت کرنا) چھلانگ یا چھلانگیں

مارنا۔ چھلانگنا (متعدی) کود جانا۔ جست لگانا۔ پھاند جانا۔

چھلاوا (ہ۔ مذکر) ۱ چھل دینے والا ۲ وہ روشنی جو قبرستانوں میں ہڈیوں کی فاسفورس کی وجہ سے یا دلدلوں میں ایک گیس کے نکلنے سے جس کو ہوا میں آتے ہی آگ لگ جاتی ہے نظر آتی ہے۔ جاہل لوگ اسے بھوت سمجھتے ہیں ۳ بھوت۔ پریت۔ غول بیابانی۔ شہابہ۔ آگیا بیتال۔ آسیب ۴ (صفت) شوخ چنچل۔ طرار چلبلا (معشوق کے لئے) (چھلنا سے) چھلاوا سا پھرنا (لازم) نچلا نہ بیٹھنا۔ شوخی دکھانا۔ آرام سے ایک جگہ نہ بیٹھنا چھلاوا کھیلنا (لازم) چھلاوے کا ادھر ادھر نظر آنا یا اڑتے پھرنا۔ چھلاوا ہو جانا یا ہونا (لازم) غائب ہو جانا۔ چنپت ہو جانا۔ قابو نہ آنا۔

چھلبلار (ہ مذکر) ایک قسم کے ڈوم جو اکثر دائرہ بجا کر پیروں کے گیت گاتے ہیں۔

چھلچھل (ہ۔ امر) زور سے موتنے کی آواز (کثیل۔ تھوڑا) چھلچھلا (امر) اچھچھلا سے ۲ (ہ۔ صفت) معمولی۔ ادنیٰ۔ ناچیز ۲ طفلانہ بچپنے کا۔ رنگین کا ۳ کم ظرف۔ اوچھا ۴ وہ جس کا مثانہ کمزور ہو۔ وہ جس کا پیشاب یا منی خود بخود خارج ہو چلچھلا آدمی ہے کم ظرف ہے۔ اوچھا ہے چھلچھلانا (لازم) ۱ سرسرانا۔ سرسر کی آواز سے حرکت کرنا ۲ لہروں کی آواز پیدا کرنا ۳ پانی کی سی آواز ہونا ۴ پانی چھوڑنا ۵ زور سے پیشاب کرنے کی آواز۔ چھلچھلاہٹ (ہ۔ مونث) سرسراہٹ کی آواز۔ لہروں کی آواز۔ پانی گرنے یا موتنے کی آواز۔ چھل چھل کرتے پھرنا (متعدی) سرسراہٹ کی آواز سے حرکت کرنا۔ ادھر ادھر بیقراری میں پھرنا۔ چھل چھل موتنا (متعدی) زور سے پیشاب کرنا۔

چھلڑ (ہ۔ مذکر) ۱ چنے کا چھلکا ۲ اوپ، چھلکا کسی چیز کا۔

چھلک (ہ۔ مذکر) لبریزی پانی کا لبالب ہو کر گرنا (س اُد۔ اوپر۔ شل۔ حرکت کرنا) چھلکانا (متعدی) ۱ اتنا بھرنا کہ مائع لبریز ہو کر گر جائے ۲ بھرے ہوئے کو جنبش دیکر گرا دینا۔

چھلکتا (ہوا) (صفت) بھرا ہوا۔ لبالب لبریز۔ چھلک کر گرنا (لازم) برتن میں سے بھر کر بہ جانا۔ چھلکنا (لازم) مائع کا بھر کر بہنا۔

چھلک (ہ۔ امر) چھلکنا کا کثیل تھوڑا) چھلکنا (لازم) ۱ عورت کا پیشاب کرنا تھوڑا ۲ بغیر ارادے ڈر سے پیشاب نکل جانا ۳ پانی چھوڑنا چھلکی (مونث) ۱ عورت کا پیشاب جو ایک دفعہ نکلے۔ چھلکیوں موتنا (لازم) بہت سا پیشاب کرنا۔ ڈر کے مارے پیشاب نکل جانا۔

چھلکا (ہ۔ مذکر) اچھال۔ بکل ۲ پوست۔ اوپر کا چمڑا ۳ مچھلی کے بدن کا اوپر کا سخت گول کھپرا۔ (اتارنا۔ اترنا کے ساتھ) (س شل۔ ڈھانپنا)

چھلنا (ہ۔ مذکر) بڑی چھلنی چھاننا سے چھلنی (مونث) چھاننے کا آلہ۔ غربال۔ چھلنی کر دینا یا کرنا (متعدی) ۱ بے انتہا سوراخ کر دینا ۲ بہت سے زخم لگانا چھلنی میں ڈال چھاج میں اڑانا (متعدی) ۱ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ۲ تھوڑی سی برائی کو بڑھا کر بیان کرنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا۔ چھلنی ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ بہت بڑا سوراخدار ہو جانا ۲ بہت زخمی ہو جانا ۳ بہت ٹپکنا چھت کا۔

امثال و اقوال چھلنی چھاننا۔

گھوڑا لگما۔ کائتھ گلما۔ یہ تینوں نہیں کوئی کمّا۔ چھلنی کا چمڑا۔ گھوڑے کی لگام اور کائستھ نوکر کسی کام کے نہیں ہوتے چھلنی دوسے سوپ کو جس میں بہتر چھید جس میں خود نقص ہو وہ دوسروں میں کیا نقص نکالے چھلنی کیا بولے جس میں بہتر سو چھید۔ دیکھو آخری۔ چھلنی میں (دودھ دوہیں) گئی دوہنے۔ کرم کا کیا دوش۔ خود ہی غلطی کرے تو قسمت کا کیا قصور۔

چھلو (ہ۔ صفت) طفلانہ۔ لڑکپن کا۔ بچپنے کا۔

چھلوری (ہ۔ مونث) چھالا جو ہاتھ اور پاؤں کے درمیان میں ہوتا ہے۔

چھلی (ہ۔ مونث) کوئیں کی چرخی

چھلی (ہ۔ صفت) ۱ پوست ۲ چھلکا ۳ (پ) مکی کا بھٹہ ۴ (پ) سوتنہ کی گکڑی۔

چھلی چھلیا (اردو۔ مونث) لڑکوں کا ایک کھیل۔

چھما۔ چھما (ہ۔ مونث) معافی بخشش۔ چھٹکارا۔ شانتی۔ رہائی ۲ برداشت۔ تحمل۔ صبر ۳ مہربانی۔ عنایت۔ نوازش۔ کرپا۔ چھماجوگ (صفت) قابل معافی۔ واجب العفو لائق معافی۔ چھما رکھنا (متعدی) مہربانی وغیرہ کرنا چھما ہونا (لازم) دیکھو آخری۔

چھماچھم (ہ۔ صفت) بہت۔ بیحد۔ خوب ۲ (مونث) بارش کی آواز چھماچھم بارش ہونا (لازم) بہت زور سے مینہ برسنا۔ چھماچھم ناچ ہونا (لازم) خوب رقص ہونا۔

چھمچھما (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی نظم

چھنچھم (ہ۔ مونث) ۱ گھنگروؤں کی آواز۔ چھوٹی گھنٹیوں کی آواز۔ جھنکار ۲ بارش کی آواز ۳ آواز سے ۴ چھمچھمانا (لازم) ۱ چھم چھم کی آواز دینا ۲ بارش کی آواز ہونا ۳ جھنکارنا ۴ (ہ) چمکنا۔ درخشاں ہونا۔ جھجھانا۔ چھم چھم کرتے آنا (لازم) بڑے ناز سے آنا۔

چھچھمارہ۔ مونث) لطیفہ شگوفہ نغمہ

چھمنا (ہ۔ متعدی) معاف کرنا۔ بخشش کرنا۔ کرپا کرنا۔

چھمنڈ (س۔ مذکر) بے باپ کا بچہ۔ یتیم

چھن (ہ۔ مونث) ۱ روپے کی آواز ۲ گھنگرو یا جھانجھ یا چھوٹی گھنٹیوں کی آواز۔ جھنکار ۳ پانی کے قطرے کے گرم توے پر گرنے کی آواز ۴ ایک زیور جو چوڑیوں کے درمیان پہنا جاتا ہے ۵ کنکر بجری یا سنگریزہ جو اناج یا خوراک میں سے نکلے ۶ ایک شعر جو شادی کے موقع پر ہندو دولہا گاتا ہے (چھند کا مخفف) چھناکا۔ چھنکا (مذکر) دیکھو چھن۔ چھن چھن (مونث) ۱ روپے کی آواز ۲ لوہے کی زنجیر کی آواز ۳ گھوڑے وغیرہ کے ساز کی آواز ۴ جھانجھروں کی آواز۔ جھنکار۔ چھنچھناہٹ (مونث) دیکھو چھن ۲ تپک۔ سوزش۔ چھن چھن کرنا (متعدی) چھنچھنانا (لازم) ۱ جھنکار کی آواز دینا چھن چھن کی آواز نکلنا ۲ (ہ) آہستہ کھولنا۔ سنسنانا ۳ (ہ) کسی مائع کا ابلنے کی آواز دینا ۴ (ہ) جھنجھنانا۔ ٹیکنا سوزش ہونا۔

چھن (ہ۔ امر) چھننا کا رس سیند۔ بیچ میں سے نکلنا، چھنانا (متعدی) چھنوانا۔ چھن جانا۔ چھنّا (لازم) چھننا (ہ) ۱ چھاننا کا لازم۔ دیکھو چھاننا ۲ تا ۸ ۹ لڑائی ہونا۔ جھگڑا ہونا ۱۰ روشنی کا باہر نکلنا۔ جیسے درختوں کے پتّوں یا پردوں سے چھنوانا (م) چھننا کا۔

چھَنّ (س۔ صفت) ۱ ڈھنپا ہوا۔ ڈھنکا ہوا ۲ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔

چھِن (ہ۔ امر) چھننا کا رس چھد۔ پکڑنا، چھنانا (متعدی) چھنا کا۔ چھنوانا۔ چھناؤ (ہ۔ مذکر) ۱ چھینا جانا ۲ ضبطی۔ قرقی۔ چھن جانا۔ چھنّا (لازم) چھننا (ہ) (چھننا کا لازم) زبردستی چھینا جانا۔ زبردستی لیا جانا۔ کھوسا جانا۔ چھنوانا (م) چھننا کا۔

چھِن (ہ۔ مذکر) لمحہ۔ لحظہ۔ پل۔ چھن بھر میں (ف) لمحہ میں۔ فوراً۔ پل میں۔

چھِن (س۔ صفت) ۱ کٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے ۲ پھٹا ہوا ۳ چھدا ہوا ۴ تلف شدہ۔ تباہ۔ برباد۔

چھَن (ہ۔ مونث) ۱ تلنے کی آواز۔ کڑکڑاتے تیل یا گھی میں کسی چیز کے پڑنے کی آواز ۲ گھنگروں کی آواز (آواز سے) چھن چھن (مونث) دیکھو آخری۔ چھنچھنانا (لازم) چھن چھن کی آواز نکلنا چھنچھناہٹ (مونث) وہ آواز جو کسی چیز کے تیل یا گھی میں داغ ہونے سے نکلتی ہے چھن مَن۔ چھنن مَنن (مونث) تلنے یا بگھرنے کی آواز (عو) چھن من ہو گیا۔ خرچ ہو گیا۔ ختم ہو لیا۔

چھَنّا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا دھات کا پیالہ (چھن سے) ۲ چھلنا کا مخفف چھنّی (مونث) ۱ دھات کا چھوٹا پیالہ ۲ چھلنی کا مخفف۔

چھَنّا (س۔ مونث) ۱ چھنال ۲ ایک درخت۔

چھِنال (ہ۔ مونث) ۱ بدکار عورت۔ فاحشہ عورت۔ زانیہ عورت ۲ کنچنی۔ رنڈی۔ کسبی۔ پاتر ۳ (صفت) شوخ۔ بے حیا۔ بیباک ۴ بدذات شریر (س چھنا۔ تباہ۔ ناری۔ عورت) چھنالا۔ چھنالپن۔ چھنالپنا (مذکر) ۱ بدچلنی۔ بدکاری ۲ شوخی۔ شرارت۔ چھنالا کرنا (متعدی) زنا کرانا۔ چدوانا۔ چھنالا لگانا (متعدی) بدکاری کی تہمت لگانا۔ چھنال دیدہ (صفت) شوخ چشم۔ پُرشرارت دیدہ دلیر۔

امثال۔ چھنال کا بیٹا بہوار ہوا۔ چھنال کے بیٹے کو سب پیار کرتے ہیں تاکہ ماں تک رسائی ہو۔ چھنال لگائی چانڑ سپاہی۔ چھپے نہیں رہتے۔ ان کی خاصیتیں ظاہر ہو جاتی ہیں۔

چھَنٹ (ہ۔ امر) چھنٹنا کا رس چُھٹ۔ رہا ہونا، چھنٹا (صفت) دیکھو چھٹا چھٹا ہوا۔ چھنٹانا (متعدی) چھنٹوانا۔ چھنٹاؤ (مذکر) ۱ چھانٹ۔ تراش۔ چھنٹن ۲ کمی۔ تخفیف۔ گھٹاؤ ۳ دھان کو چاول نکالنے کے لئے کوٹنا ۴ چھنٹا ہوا چاول ۵ (ہ) پھوک۔ بھوسی ۶ پیپ۔ مواد۔ آلائش بلغم ۷ آنول نال جھلی جس میں جنین لپٹا ہو ۸ گارد جو اناج و چارا اکٹھا کرنے پر لگائی جائے۔ چھنٹائی (ہ) چھنٹوائی۔ چھنٹن (مذکر) چھانٹ۔ تراش چھنٹنا (لازم) دیکھو چھٹنا۔ چھنٹوانا (م) چھنٹنا کا۔ چھنٹوائی (ہ۔ مونث) ۱ جدا کرنا۔ چننا۔ علیحدہ کرنا۔ منتخب کرنا ۲ چھاننا۔ صاف کرنا ۳ مزدوری جو چننے صاف کرنے یا چھاننے کے لئے دی جائے۔

چھَنْد (س۔ صفت) ۱ خوشگوار۔ مرغوب۔ فرحت بخش ۲ (مذکر) شکل۔ صورت ۳ خواہش آرزو۔ تمنا ۴ خوشی۔ فرحت ۵ میلان خاطر۔ رغبت چاہ ۶ مرضی۔ ارادہ ۷ رائے۔ خیال ۸ معنی۔ مطلب۔ مقصد ۹ طاقت۔ قوت ۱۰ تسخیر۔ دباؤ ۱۱ ایک زہر ۱۲ ساکی منی کا رکھبان ۱۳ ایک راجہ۔

چھَنْد (ہ۔ مذکر) دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ چھل۔ مکاری۔ مکر۔ جل (س چھد من۔ دھوکا) چھند بند (مذکر) دھوکا بازی وغیرہ۔ چھندی (صفت) ۱ بددیانت۔ دغاباز ۲ (مذکر) وہ شخص جو دھوکا وغیرہ دے۔

چھَنْد (ہ۔ صفت) ۱ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ خفیہ ۲ پوتر منتر ۳ ویدوں کا منتر ۴ علم عروض ۵ بحر یا وزن ۶ عمل (موسیقی)

چھَنْدَس (س۔ مذکر) ۱ خواہش۔ آرزو۔ تمنا ۲ مرضی۔ ارادہ ۳ پوتر منتر۔ اتھرون وید کا ۴ ویدوں کے منتروں کے الفاظ ۵ بحر۔ وزن ۶ علم عروض ۷ ایک ویدانگ۔

چھَنْدنا (ہ۔ لازم) بندھنا۔ کسا جانا۔ جکڑا جانا۔

چھَنْڈنا (ہ۔ لازم) چھانڈنا کا۔

چھَنِک (ہ۔ صفت) ۱ عارضی۔ ناپائدار۔ فانی۔ وناشی ۲ غیر معین۔ غیر مقرر۔ نامعلوم۔

چھَنْکارنا (ہ۔ متعدی) دوا کو آگ پر نیم گرم کرنا۔

چھَنْکانا (ہ۔ متعدی) ۱ زور لگوانا ۲ ایک جا اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا۔

چھَنْکانا (ہ۔ متعدی) ۱ چھینکنا کا ۲ چھینکنا کا متعدی۔ ٹھہرانا۔ کھڑا کرانا ۳ پکڑوانا گرفتار کرانا ۴ قلع (ن) کرانا۔ کٹوانا۔ چھلوانا۔

چھِنَک جانا (ہ۔ لازم) بارود کی کمی کی وجہ سے آتشبازی کا نہ چلنا۔

چھِنَکنا (ہ۔ متعدی) ۱ صاف کرنا۔ پھٹکنا۔ چھاننا ۲ (ہ) سنکنا۔ ناک صاف کرنا ۳ ناراض ہو کر چلا جانا۔

چھِنکوانا (ہ۔ متعدی) دیکھو چھنکانا۔

چھِنکوانا (ہ۔ متعدی) چھنکنا کا۔

چھَنْگا (ہ۔ صفت) ۱ چھ انگلیوں والا ۲ (مذکر) چھ انگلیوں کا آدمی۔

چھِنگلی (ہ۔ مونث) چھنگلیا (مونث) چھوٹی انگلی کا مخفف۔ ہاتھ یا پاؤں کی چھوٹی انگلی۔

چھَننا (ہ۔ مذکر) ۱ چھلنا۔ بڑی چھلنی ۲ کپڑا جس میں سے کوئی چیز چھانی جائے ۳ صافی۔

چھَنِیلا (ہ۔ صفت) کنکروں سے بھرا ہوا۔

چھَو (س۔ مونث) ۱ چمڑا۔ جلد۔ پوست ۲ روشنی۔ چمک۔ نور۔ درخشانی ۳ خوبصورتی حسن۔ چھب۔

چھُو (ہ۔ مونث) ۱ پھونکنے کی آواز ۲ کچھ پڑھ کر پھونکنا ۳ دعا۔ جادو۔ منتر۔ دم۔ افسوں ۴ کتے کو شکار پر لگانے کی آواز۔ چھوا چھو (مونث) وہ آواز جو دھوبی کپڑے دھوتے وقت نکالتا ہے چھو چھا (مونث) دیکھو چھو ۱ تا ۴ ۱ خالی۔ نچڑا ہوا ۲ رذیل۔ کمینہ۔ ادنٰے۔ نیچ۔ چھو چھا بتا دی۔ ناکام ٹال دیا۔ حیلہ حوالہ کر دیا۔ چھو چھو بنانا (متعدی) احمق بنانا۔ ہنسی اڑانا۔ چھو چھو

بننا (متعدی) چھو ہونا۔ چھوکرنا (متعدی) کچھ پڑھ کر پھونکنا۔ دم کرنا۔ منتر پڑھ کر پھونکنا۔ چھومنتر (مذکر) وہ جادو منتر وغیرہ جو پڑھ کر پھونکا جائے۔ چھومنتر کرنا (متعدی) منتر پڑھ کر پھونکنا۔ جھاڑنا دم کرنا۔ چھو ہوجانا یا ہونا (لازم) غائب ہوجانا چنپت ہوجانا۔ بھاگ جانا۔ اڑان چھو ہونا۔

مثل - چھوؤں نہ چھاؤں اگلے ناؤں (ھ) نہ جادو جانتا ہے نہ منتر جادوگر نام ہے برعکس نہند نام زنگی کافور۔

چھو (ہ۔ امر) چھونا کا (س) چھپ۔ ہاتھ لگانا۔ **چھوا** (امر) چھوانا کا ۲ ماضی چھونا کا۔ **چھوآنا** (متعدی) کسی چیز کو ہاتھ لگا کر آنا۔ **چھوانا** (متعدی) چھونا کا۔ مس کرنا۔ لگانا۔ **چھواؤ** (ھ) مشابہت۔ یکسانیت۔ **چھوت** (مونث) ۱ ناپاک چیز کا سایہ۔ ناپاک شخص کا چھو جانا ۲ ناپاکی۔ پلیدی ۳ نجاست ۴ (صفت) نجس۔ **چھوتا (ہوا)** (صفت) ساتھ لگا ہوا۔ مس کرتا ہوا۔ **چھوت اُڑانا یا جھاڑنا** (متعدی) نجس آدمی کے سائے کو نہا کر یا منتر پڑھ کر دفع کرنا۔ **چھوت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) نجس ہونا۔ پلید ہونا۔ **چھوتی کھڑی لکیر** (ھ) عمود۔ خط مستقیم۔ **چھوتی لکیر** (ھ) خط مماس۔ **چھو جانا - چھونا** (لازم) مس کرنا۔ ۱ ہاتھ لگانا ۲ گود میں لینا۔ **چھونہ جانا** (لازم) بالکل نہ ہونا

مثل - چھوا اور موا۔ شرارتی آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ کہ جس کی طرف توجہ کی اس کو تباہ کیا۔

چھو (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو چھوہ ۲ (پ) چھوت۔

چھُوا (ہ۔ مذکر) شیرہ۔ راب۔

چھُوارا (ہ۔ مذکر) بڑی سوکھی کھجور۔ خرما (س چھوک)۔ **چھوارا بیر** (مذکر) سُرخ اور لمبا بیر۔

چھوان (ھ۔ صفت) چھٹا۔

چھَوانا (ہ۔ متعدی) مکان کی چھت کا کاہ پوش کرانا۔ **چھوائی** (مونث) اُجرت چھپر چھانے کی۔

چھوبھ - چھوبھا (ھ۔ مذکر) ۱ جوش۔ تحریک ۲ گھبراہٹ۔ بے چینی۔ تکلیف۔

چھوپ (ہ۔ امر) ۱ چھوپنا کا ۲ (مذکر) سفیدی یا روغن کا ایک دفعہ کرنا ۳ پلستر کرنا کہگل کرنا ۴ سوراخ بند کرنا ۵ وہ دوا جو گھوڑے کے زخم پر ضماد کی جائے (س سپرگ۔ ہاتھ سے لگانا)۔ **چھوپا** (مذکر) وہ تر مٹی جس سے دیوار کا سوراخ بند کیا جائے تھوبا (پ)۔ **چھوپ چھاپ** (مذکر) ۱ پلستر کہگل ۲ دیوار کے سوراخ کا بند کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **چھوپنا** (متعدی) ۱ پلستر یا روغن کرنا۔ کہگل کرنا ۲ سوراخ بند کرنا۔

چھوت (ہ۔ مونث) ۱ دیکھو چھُوت۔ چھو کے تحت میں ۲ بُرا اثر۔ نظر بد ۳ مشابہت۔ یکسانیت ۴ اُتھل۔ مٹنٹے۔ دوسرا ۵ (ہ۔ مذکر) گائے کا گوبر و پیشاب۔ **چھوت جھاڑنا** (متعدی) آنکھ کی بیماری کو اچھا کرنے کے لئے جادو یا ٹونا کرنا۔

چھُوٹ (ہ۔ امر) ۱ چھوٹنا کا ۲ (مونث) رہائی۔ آزادی۔ چھٹکارہ ۳ فرصت ۴ قیمت میں کمی۔ تخفیف۔ کمیشن ۵ علیحدگی۔ جُدائی ۶ طلاق ۷ مستثنیٰ ۸ بچاؤ۔ بریت۔ خلاصی ۹ مالگزاری میں کمی تخفیف یا رعایت ۱۰ وہ چیز جو چھوڑ دی جائے۔ فضلہ۔ آخور ۱۱ مزاح۔ مذاق۔ پھکڑ بازی۔ گالی گلوچ ۱۲ چمک دمک ۱۳ پرتو۔ عکس ۱۴ شرط۔ داؤں ۱۵ وہ مقام جہاں سے کبوتروں کو چھوڑنے کی شرط ہو ۱۶ خوبصورت چیز ۱۷ نقدی جو ناچ وغیرہ کے موقع پر رنڈیوں وغیرہ کو خوش ہوکر دی جائے ۱۸ پٹہ وغیرہ میں اس طرح مقابلہ کرنا کہ حریف کو بے قاعدہ ہاتھ مارنے کا موقع ملے۔ حریف کے بدن پر جہاں چاہے ہاتھ مارنا ۱۹ علاوہ۔ ماسوائے ۲۰ ایک طرف۔ جدا (س چھٹ۔ کاٹنا)۔ **چھوٹ پڑنا** (لازم) کسی چیز کا کسی پر عکس پڑنا۔ **چھوٹتے ہی** (تف) فوراً۔ پہلے ہی۔ **چھوٹ چھٹاؤ** (مذکر) ۱ علیحدگی۔ جُدائی ۲ بیچ بچاؤ۔ وساطت (کرادینا۔ کرانا۔ ہونا کے ساتھ)۔ **چھوٹ چھوٹ بول** (ھ) حرف تردید۔ **چھوٹ جانا** (لازم) چھوٹنا۔ **چھوٹل** (ھ۔ صفت) چھوٹا ہوا۔ بھاگا ہوا۔ **چھوٹ لڑنا** (لازم) ۱ اس طرح لڑنا کہ حریف کو حملے کا موقع ملے ۲ ہر جگہ چوٹ کرنا ۳ ایک شخص کا متعدد لوگوں سے چوب بازی کرنا ۴ گالی گلوچ لڑنا۔ **چھوٹنا** (لازم) ۱ دیکھو چھٹنا ۲ گھوڑے کا جفتی کرنا ۳ (گن سے) نکلنا ۴ (منہ سے) بکنا۔ **چھوٹ ہونا** (لازم) ۱ فرصت ہونا۔ وقت ملنا ۲ پھکڑ بازی ہونا۔ گالی گلوچ ہونا۔ بے تکلف مزاح ہونا ۳ چوب بازی میں بے قید ہوکر لڑنا۔

امثال و اقوال - چھوٹ بھلائی سارے گن۔ بھلائی کے علاوہ ساری خوبیاں ہیں۔ کسی کی تعریف ہو رہی ہو تو مذمت کے طور پر طنزاً کہتے ہیں۔ **چھوٹل گھوڑا بھُسولے ٹھاڑ** (ھ) گھوڑا چھوٹ جائے تو نقصان پر آتا ہے۔ **چھوٹو بیل بھسوری میں** (ھ) بیل چھوٹا ہوا کھرلی پر جاتا ہے۔ **چھوٹے گاؤں سے ناتہ کیا۔** جس جگہ یا جس کام سے تعلق نہیں رہا اس سے کیا واسطہ۔ **چھوٹی گھوڑی بھوسیلے کھڑی** (ھ) جب کبھی فرصت پاتا ہے تو معینہ جگہ پر آجاتا ہے۔

چھوٹ (ھ۔ صفت) چھوٹا۔ گنوار بولتے ہیں یا شعروں میں استعمال ہوتا ہے۔

چھوٹا (ہ۔ صفت) ۱ قد میں کم ۲ عمر میں کم۔ ننھا ۳ تھوڑا۔ ذرا سا۔ کم ۴ ادنیٰ۔ ماتحت ۵ رذیل۔ کمینہ ۶ معمولی۔ خفیف ۷ ناچیز بے قدر (س کشُدرک)۔ **چھوٹا استنجا** (مذکر) ۱ پیشاب کرکے مٹی کے ڈھیلے سے صاف کرنا ۲ پیشاب کرنا۔ **چھوٹاپا - چھُٹاپن** (مذکر) چھٹپن چھٹاپا۔ **چھوٹا چلّا** (مذکر) دسواں۔ بیسواں اور مہینے کا غسل۔ **چھوٹا بڑا** (صفت) ہر کوئی۔ تمام۔ سب ۲ مختلف۔ طرح طرح کا۔ **چھوٹا دل** (مذکر) تھوڑا حوصلہ۔ تھوڑی ہمّت۔ **چھوٹا سا کام** (مذکر) معمولی کام۔ ذرا سا کام۔ **چھوٹا صاحب** (مذکر) بڑے افسر سے چھوٹا افسر۔ افسرِ اعلیٰ کا امدادی افسر۔ **چھوٹا کپڑا** (مذکر) انگیا۔ **چھوٹا کرنا** (متعدی) لمبائی میں کم کرنا۔ **چھوٹا موٹا** (صفت) چھوٹا سا۔ معمولی۔ **چھوٹا ہونا** (لازم) ۱ لمبائی میں کم ہونا ۲ عمر میں کم ہونا۔ **چھوٹائی** (مونث) چھوٹاپن۔ چھوٹا ہونا۔ **چھوٹی** (صفت مونث) چھوٹا کا۔ **چھوٹی الاچی۔** سفید الائچی۔ **چھوٹی امت** (مونث) **چھوٹی امت کے لوگ** (مذکر) نیچ قوم۔ گھٹیا لوگ۔ رذیل لوگ۔ ذلیل آدمی۔ **چھوٹی بات** (مونث) معمولی کام۔ خفیف معاملہ۔ **چھوٹے بڑے** (صفت) ادنیٰ اعلیٰ۔ امیر غریب۔ بچے بوڑھے۔ سب۔ **چھوٹے دل کا** (صفت) کم حوصلہ۔ بے ہمّت۔ پست ہمّت۔ **چھوٹی کھونٹ کا** (صفت) ۱ پست قد۔ ٹھنگنا ۲ کم درجہ۔ کم حیثیت

چھوٹی گولی کا روپیہ (مذکر) شاہی زمانے کا روپیہ۔ چھوٹی مائیں (مونث) ایک دوا کا نام۔ چھوٹے میاں (مذکر) امیر کا لڑکا۔ نوکر عموماً امیروں کے لڑکوں کو کہتے ہیں۔

امثال و اقوال - چھوٹا سب سے کھوٹا ۱ چھوٹے قد کا آدمی بڑا شرارتی ہوتا ہے۔ کل قلیل فتنۃ۔ چھوٹا سو موٹا۔ جو دیکھنے میں غریب ہو وہ بہت امیر ہوتا ہے۔ بنیوں اور مہاجنوں کے متعلق کہتے ہیں۔ چھوٹا گھر بڑا اسمدھیانا ۱ معمولی حیثیت کا مگر تعلقات بڑوں بڑوں سے! نام بڑا اور حیثیت کچھ نہیں۔ چھوٹا منہ بڑا نوالہ ۱ دیکھو آخری ۲ حیثیت سے زیادہ مل جانا چھوٹا منہ بڑی بات ۱ بڑوں کی عیب جوئی ۲ معمولی آدمی کا اپنی حیثیت سے زیادہ دعوے کرنا۔ چھوٹوں سے بڑے ہوتے ہیں ۱ اگر کوئی کہے کہ اس کے بچے چھوٹے چھوٹے ہیں تو جواب میں کہتے ہیں۔ چھوٹے ہی بڑھ کر بڑے ہو جاتے ہیں ۲ غریب سے امیر۔ ادنٰے سے اعلےٰ ہو جاتے ہیں۔ چھوٹی بوند برسی چونکائے آلس سبھی مٹائے (ھ) بعض دفعہ معمولی بات ہوشیار کر دیتی ہے۔ چھوٹی سی بچھیا بڑی سی ہتیا۔ چھوٹا سا گناہ بھی ایسا ہی ہے جیسے بڑا۔ چھوٹی سی گوڑیا (چڑیا) باگھوں سے نظارہ (ھ) معمولی حیثیت کا اور زبردستوں سے مقابلہ۔ چھوٹے سے غازی میاں بڑی سی دم ۱ معمولی حیثیت کا مگر اخراجات زیادہ ۲ چھوٹا قد اور لمبی داڑھی۔ چھوٹی گھوڑی بھسوڑی کھڑی (ھ) کسی جگہ اکثر جانے والے کی نسبت بولتے ہیں۔ چھوٹے میاں سو چھوٹے میاں بڑے میاں سبحان اللہ۔ سب ایک جیسے شرارتی ہیں۔ چھوٹی موٹی کامنی سب ہی بس کی بیل۔ بیری۔ مارے داؤں سے یہ ماریں ہنس کھیل۔ عورتوں پر طنز ہے۔ چھوٹی نند انگیا کا بند بڑی نند بجلی بسنت (پسند) چھوٹی نند سے عموماً دلہن کا پیار ہوتا ہے اور بڑی سے مخالفت۔

چھوچک (ہ۔ مذکر) دیکھو چھوچھک

چھوچھ (ہ۔ صفت) ۱ دیکھو چھوچھا ۲ (مونث) پھوک جو گنوں میں سے رس نکالنے کے بعد رہے۔ فضلہ۔ چھوچھا (صفت) ۱ خالی کھوکھلا مجوف۔ تھوتھا ۲ کم گہرا ۳ کمینہ۔ رذیل۔ ناچیز۔ چھوچھ اڑانا (متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ کھال ادھیڑنا۔ خوب مارنا۔ چھوچھلا (صفت) ۱ دیکھو چھوچھا ۲ بیوقوف۔ احمق۔ چھوچھی (صفت مونث) چھوچھا کی۔

امثال و اقوال - چھو چھے پھٹکے اڑ اڑ جائیں ۱ اگر تھوتھے اناج کو پھٹکا جائے تو وہ اڑ جاتا ہے۔ کم لیاقت آدمی کو آزماؤ تو وہ امتحان میں پورا نہیں اترتا۔ چھوچھی ہانڈی باجے ٹن ٹن۔ دیکھو تھوتھا چنا باجے گھنا۔ چھوچھی کڑھائی مجبر کا چھوڑن۔ زنگار خالی کڑھائی کو توڑ دیتا ہے۔ چیز استعمال میں رہے تو درست رہتی ہے۔ یونہی پڑے رہنے سے خراب ہو جاتی ہے۔

چھوچھک (ہ۔ مذکر) ۱ ایک رسم۔ چلہ نہا کر زچہ اپنے میکے جاتی ہے اور وہاں سے تحفہ جات لے کر واپس آتی ہے ۲ تحفہ جات جو اس موقع پر دئے جائیں۔

چھوچھو۔ چھوچھورہ (ہ۔ مونث) ۱ دایہ۔ انّا۔ کھلائی ۲ وہ لڑکی جو بچوں کو کھلانے کے لئے نوکر رکھی جاتی ہے ۳ وہ لونڈی جو ہم عمر ہوتی ہے اور ساتھ کھیل کر بڑی ہوتی ہے ۴ چھاتی۔ سینہ۔ چھوچھو کرنا (متعدی) دودھ پلانا۔ دایہ گری کرنا۔ پالنا۔

چھوچھی (ھ۔ مونث) نے یا بانس کا کھوکھلا ٹکڑا ۲ حقے کی نے۔ حقہ ۳ سوئیوں کے رکھنے کی نلی ۴ تھوتھی بال۔

چھور (ھ۔ مذکر) ۱ سر یا داڑھی کا مونڈنا ۲ نائی کا کام یا پیشہ ۳ جوار یا باجرے کا ڈھیر۔ جو چارے کے لئے جمع کیا جاتے ۴ گائے کا چمڑا سر پر رکھ کر حد پر پھرنا اور قسم اٹھانا کہ بے رو و رعایت فیصلہ کیا جائیگا۔ چھور بنوانا (متعدی) حجامت کروانا۔ چھوری (مونث) چھور کی تصغیر دیکھو چھور ۳

چھور (ھ۔ مونث) کنارہ۔ ساحل۔ لب دریا۔ اردو میں اور نہ چھور کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے ۲ حد۔ سرحد ۳ پہلو۔ طرف ۴ سرا۔ کونا۔ نوک ۵ چوٹی۔ قلہ کوہ ۶ وہ کشتی جو دوسری کو کھینچ کر لے جائے۔

چھورا (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا اچھا چاول۔

چھورا (ہ۔ مذکر) لڑکا۔ چھوکرا۔ غلام۔ چھورا چھوری (مونث) ۱ لڑکا لڑکی ۲ بچوں کا ایک کھیل۔ بیٹا بیٹی۔ چھوری (مونث) لڑکی۔ چھوکری۔ کنیز۔

چھورِ کا رس (ہ۔ مونث) نتھنا۔

چھورنا (ھ۔ متعدی) ایک جگہ سے اکھاڑ کر لگانا یا گاڑنا۔ پود لگانا۔

چھوڑ (ہ۔ امر) ۱ چھوڑنا کا ۲ (صفت) سوائے۔ بجائے۔ علاوہ ۳ علیحدہ کر کے۔ ایک طرف کر کے ۴ ناقابلِ ذکر ۵ (مذکر) رہائی۔ خلاصی۔ آزادی ۶ چھوڑنا۔ آزاد کرنا ۷ بچانا۔ بچت ۸ ترک۔ اعراض۔ احتراز۔ تیاگ ۹ غلطی۔ چھوٹ (س چھٹ: کاٹنا) چھوڑا (امر) چھوڑانا کا ۱ (ماضی) چھوڑنا کا ۲ (ھ) دیکھو چھوڑ۔ چھوڑ آنا (لازم) کسی کو کسی مقام پر چھوڑ کر چلے آنا۔ چھوڑانا (ھ) چھڑانا۔ چھوڑاؤ۔ چھوڑاوا (ھ) دیکھو چھڑاؤ و چھڑاوا۔ چھوڑاونا (ھ) چھڑانا۔ آخری چاروں محاورات اردو میں متروک ہو چکے ہیں۔ چھوڑ بیٹھنا (لازم) ہاتھ اٹھانا۔ باز آنا۔ تیاگ دینا۔ چھوڑ چٹھی (مونث) ۱ پروانہ راہداری۔ پاس۔ پرمٹ ۲ طلاقنامہ ۳ فارغ خطی ۴ دست آویز جس کے ذریعے اپنی منگیتر کو جس کی شادی غیر حاضری میں دوسرے کے ساتھ ہو چھوڑ دیا جائے۔ چھوڑ جانا (متعدی) چھوڑ کر چلا جانا دیکھو چھوڑنا۔ چھوڑ چھاڑ کر چلا جانا (لازم) ہاتھ اٹھا کر چلا جانا۔ تیاگ دینا۔ چھوڑ دینا۔ چھوڑ چھاڑنا (ہ۔ متعدی) چھوڑ دینا۔ چھوڑ دینا (متعدی) ۱ ہاتھ اٹھانا۔ تیاگ دینا ۲ کوئی تعلق نہ رکھنا۔ چھوڑ کر یا کے (صفت) دیکھو چھوڑ ۲ و ۳ چھوڑ مرنا (متعدی) موت پر جائداد رہ جانا۔ کوئی چیز کسی کو مرنے پر دے جانا۔ وصیت کر جانا۔ چھوڑنا (متعدی) چھوٹنا کا ۱ دیکھو چھٹنا۔ سوائے ۸ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۶ تا ۲۱ ۲ طلاق دینا قطع تعلق کرنا ۳ لڑکانا۔ غلطاں کرنا ۴ نر کو مادہ پر ڈالنا ۵ بجنسہ باقی رکھنا ۶ ہاتھ سے ڈال دینا۔ گرانا ۷ درگزر کرنا ۸ باز آنا کسی بات کے کہنے سے یا کسی چیز کے لینے سے ۹ شکاری جانور کو شکار پر جھپٹانا ۱۰ مرنے پر روپیہ باقی رہ جانا ۱۱ رہات شگوفہ وغیرہ) جھوٹ موٹ کوئی بات کہنا۔ فتنہ پردازی کرنا ۱۲ (دل) ہمت ہارنا۔ بزدلی دکھانا ۱۳ (ہاتھ) مدد کرنے سے باز آنا۔ امداد نہ کرنا ۱۴

(رہا) جان وغیرہ) ستانے سے باز آنا۔ تنگ نہ کرنا ۵ (شراب عادت وغیرہ) ترک کرنا۔ چھوڑوتی (مونث) چھڑوتی۔ فدیہ۔ جرمانہ۔

امثال و اقوال۔ چھوڑ چلے بنجارے کی سی آگ۔ جب ضرورت نہ رہی تعلق چھوڑ دیا۔ **چھوڑ جاٹ پرائی کھاٹ۔** دوسروں کی چیز بن لینا چھوڑ دے۔ چوری چھوڑ دے۔ بری عادتیں چھوڑ دے۔ **چھوڑ جھاڑ مجھے ڈوبن دے۔** اس کے متعلق کہتے ہیں جو ہر وقت کسی کے ساتھ لگا رہے۔ مگر لوگوں کو کہے کہ وہ نہیں چھوڑتا کہتے ہیں کہ ایک بڑھیا ڈوبنے گئی۔ جب پانی میں کودی تو مرنے کو دل نہ چاہا۔ ایک جھاڑی کو پکڑ لیا اور لوگوں کے سنانے کو یہ فقرہ کہا۔ **چھوڑ دو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا۔** جو نقصان کر دیا سو کر دیا اب پیچھا چھوڑ دو۔ **چھوڑے گاؤں کا ناتا کیا۔** دیکھو چھوٹے گاؤں الخ **چھوڑے گاؤں کا نام کیا۔** فضول کام کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

چھوکرا (ہ۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ بچہ ۲ غلام۔ چیلا ۳ (صفت) نادان۔ ناتجربہ کار (س شاوک۔ جانور کا بچہ) چھوکری (مونث) دیکھو چھوکرا۔

چھوکن (ہ۔ مذکر) ۱ ہاتھ کے بل چلنے والا۔ چھوکنا (لازم) ہاتھ کے بل چلنا۔

چھوکی (ہ۔ مونث) مچھر۔

چھول (ہ۔ مونث) چھیلن۔ چھپٹی۔ تکمتا۔ چھولانا (م) چھلوانا۔ چھلکا اتروانا۔ چھولنا (ہ۔ متعدی) چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔ چھولوانا (م) چھلوانا۔ چھلکا اتروانا۔

چھولا (س۔ مذکر) ۱ چنا ۲ مزدور جو کماد کے پتے اور جڑیں پیلنے کے وقت کاٹے۔

چھولداری (ہ۔ مونث) چھوٹا خیمہ جس میں سپاہی وغیرہ رہتے ہیں۔ راوٹی۔

چھولنی (ہ۔ مونث) کھرپی۔

چھوں (ہ۔ صفت) چار۔ چاروں

چھوں اور یا چک یا دِس یا وِش یا دشا (صفت) چاروں طرف۔ ہر طرف۔

چھونا (ہ۔ مذکر) ۱ جانور کا بچہ ۲ بیٹا۔ لڑکا۔

چھونپ (ہ۔ مذکر) زمین کا مالک۔

چھونچھا (ہ۔ صفت) ۱ خالی چیز ۲ تہی دست۔ مفلس۔ چھونچھی (مونث) ۱ نرکل کی نلی ۲ سوئیوں کی نلی ۳ بڑی سوئی۔ سوا ۴ چھوٹا پیالہ بچوں کے لئے۔

مثل۔ چھونچھا کا سنگ نہ ساتھی بھیلا دوارے جھوم لے ہاتھی۔ غریب کا کوئی دوست نہیں۔ امیر کے گھر پر ہاتھی جھومتے ہیں۔ امیر کو ہر کوئی ملتا ہے۔

چھونک (ہ۔ مذکر) **چھونک** (ہ) ۱ بگھار۔ داغ ۲ مزا۔ ذائقہ ۳ بگھار دینا۔ **چھونکن** (ہ) بگھار۔ داغ۔ **چھونکنا** (متعدی) بگھارنا۔ داغ دینا (رغت)

چھونی (ہ۔ مونث) زمین۔ ارض۔

چھوہ (ہ۔ مونث) ۱ گھبراہٹ۔ بیچینی ۲ محبت۔ الفت۔ عشق۔ پیار۔ چاہ ۳ غصہ۔ ناراضگی۔ چھوہ ہو جانا یا ہونا (متعدی) غصے ہونا۔ ناراض ہونا۔ چھوہی (صفت) پیار کرنے والا۔ محبت کرنے والا۔ پریمی۔

چھوہارا (ہ۔ مذکر) چھوارا۔

چھوئی (ہ۔ مونث) کھریا مٹی۔ چاک

چھوئی موئی (ہ۔ مونث) ایک پودا جس کو ہاتھ لگانے سے پتے اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ اور تھوڑی دیر کے بعد کھل جاتے ہیں۔ لاجونتی ۲ نازک مزاج شخص۔ چڑچڑا شخص ۳ نہایت نازک یا کمزور چیز

چھویا (ہ۔ مذکر) چھپر باندھنے والا۔

چھہارا (ہ۔ مذکر) دیکھو چھوارا۔

چھہانا (ہ۔ متعدی) سفیدی کرنا

چھہاوٹ (ہ۔ مونث) چھونا۔ مس کرنا۔

چھٹی (ہ۔ مونث) ایک پرند۔

چھئی (ہ۔ مونث) ۱ چھپر کی چھت ۲ گدا جو بیلوں کی گردن پر زخمی ہونے سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں (س چھد۔ ڈھانپنا) ۳ (صفت) دور کیا ہوا۔ جدا کیا ہوا ۴ منسوخ کیا ہوا۔ تباہ کیا ہوا ۵ (مونث) چھپا کی۔ دیکھو چھپا ۶ چھئی **پالان یا پلانا** (مذکر) ایسا پالان جس کے ساتھ گدا لگا ہوا ہو۔ **چھئی پلانا لادنا** (متعدی) اپنا بوجھ اپنے سر پر رکھ کر سفر کرنا۔ پیدل سفر کرنا۔

چھی (ہ۔ مونث) ۱ چھپا ۲ ایک پرندہ۔ چاہی کا مخفف۔

چھیجے۔ چھیجے (ہ۔ مونث) ۱ نقصان ۲ خسارہ۔ گھاٹا۔ کمی ۳ تباہی۔ بربادی۔ زوال۔ تنزل ۴ برطرفی۔ موقوفی ۵ کمزوری۔ ضعف ۶ موت مری۔ مرگ ۷ تپ دق۔ کوئی بیماری جس میں بدن گھلتا چلا جائے۔ **چھیجے روگ** (مذکر) تپ دق۔ **چھیجے کارا** (صفت) تباہ کرنے والا۔ برباد کرنے والا (س کش۔ برباد کرنا)

چھی (ہ۔ حرف تنفر) ۱ تف۔ اخ تھو ۲ (مونث) چھینکنے کی آواز۔ اس آواز کی نقل ۳ (صفت) برا۔ خراب۔ نکما۔ گندا (بچوں سے خطاب کرتی ہیں) **چھی چھی** (حرف تنفر) دیکھو چھی ۱ ۲ (صفت) دیکھو چھی ۳ ۳ (مونث) پاخانہ۔ گوہ۔ براز (بچوں کا لفظ) (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۴ دیسی عیسائیوں کی ایک قسم جو اس لفظ کو بہت استعمال کرتے ہیں ۵ یہ کلمہ دایہ بچوں کا منہ دھوتے وقت بار بار کہتی ہے۔

چھیا (ہ۔ مونث) ۱ چھوٹا چوہا ۲ چوہے کی مادہ۔

چھپا۔ چھیپا (ہ۔ مونث) دیکھو چھاپا ۲ (مذکر) خاندان۔ گھرانہ۔ نسل ۳ لڑکا۔ بچہ۔ طفل (س کش۔ رہنا) ۴ صدقے یا قربانی کا جانور ۵ وہ شخص جس پر ظلم کیا گیا ہو (س کش۔ تباہ کرنا)

چھیپ (ہ۔ مونث) ۱ بدن کا سفید دھبہ۔ داغ۔ چھائیں ۲ برص کا نشان ۳ مچھلی پکڑنے کی چھڑ ۴ ایک قسم کا چھوارا ۵ زین کا تسمہ ۶ بھینسے کے سینگوں کا دھکا (س کشپ پھینکنا) **چھیپنا** (متعدی) ۱ سینگوں سے دھکیلنا ۲ کپڑا چھاپنا ۳ شکار ماہی میں چھڑ کو پانی سے نکالنا۔

چھیپی (مذکر) ۱ ایک قوم جو کپڑے چھاپتی ہے۔ **چھیپیرا** ۲ (مونث) ایک جھنڈا جس سے کبوتروں کو اڑاتے ہیں ۳ مکھی مار۔ ایک لکڑی جس کے سرے پر چیتھڑا یا کپڑا لگا ہوتا ہے۔

چھیتا (ہ۔ صفت و مذکر) پیارا۔ عزیز۔ محبوب (رچاہ سے) **چھیتی** (مونث) چھیتا کا۔

چھیتر (ہ۔ مذکر) ۱ جوتا ۲ اپ اپرانا جوتا۔

چھیتر (ہ۔ مذکر) ۱ زمین۔ اراضی ۲ کھیت ۳ ذخیرہ ۴ میدان جنگ ۵ کام کرنے کی جگہ ۶ جگہ۔ ملک علاقہ ۷ پوتر مقام۔ تیرتھ ۸ علم ہندسہ کی شکل ۹ سطح۔ ہموار۔

چھیتنا (ہ۔ متعدی) توڑنا۔ کوٹنا۔ کچلنا۔

چھیج (ہ۔ مونث) ۱ نقصان۔ خسارہ ۲ گھاٹا۔ کمی۔ زوال ۳ جزر۔ پانی کا اتار ۴ تباہی۔ بربادی (س چھد۔ کاٹنا) چھیج بٹا یا چھپٹ (مذکر) دھڑا۔ کردا۔ چھیج جانا۔ چھیجنا (متعدی) ۱ کم ہوجانا۔ گھٹ جانا۔ زوال ہونا ۲ گھل جانا دُبلا ہوجانا۔ سوکھنا۔ مرجھانا ۳ مر جانا۔ جان سے جانا ۴ ضائع ہوجانا۔ خراب ہونا ۵ علیحدہ ہونا۔ کٹنا۔ چھیلا جانا۔

چھی جانا (ہ۔ متعدی) ۱ کان کے سوراخ کا زیور کے بوجھ سے کشادہ ہوجانا ۲ سیون کے پاس سے کپڑے کا پھٹ جانا۔

چھیچھڑا (ہ۔ مذکر) دیکھو چھچھڑا۔

چھید (ہ۔ مذکر) ۱ سوراخ۔ رخنہ۔ روزن ۲ بل۔ گڑھا۔ غار۔ بھٹ (س چھد۔ کاٹنا) چھید ڈالنا (متعدی) ۱ سوراخ کرنا ۲ طعن و طنز کی گفتگو کرنا۔ رنج پہنچانا۔ چھید کرنا۔ چھیدنا (متعدی) سوراخ کرنا۔ چھید ہونا (متعدی) سوراخ ہونا۔

مثل۔ چھیدی مولی خوب بیٹھتی ہے۔ علیحدہ کام بے شرکت خوب ہوتا ہے۔

چھید (س۔ مذکر) ۱ کاٹنا۔ جُدا کرنا ۲ مقسوم الیہ ۳ نسب نما ۴ ٹکڑا۔ حصّہ۔ پارچہ۔ پرزہ ۵ درز۔ چیر۔ شگاف۔ چرکہ ۶ تباہی۔ بربادی ۷ تلفی ۸ ضرورت۔ کمی۔ چھیدک (مذکر) چھید کرنے کا آلہ۔ برما۔ چھیدن (مذکر) ۱ کاٹنا۔ جدا کرنا۔ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا ۲ قطع عضو۔ چیر پھاڑ۔ کاٹ ۳ سوراخ کرنا۔ چھید کرنا ۴ سوراخ۔ روزن۔ رخنہ۔ چھیدن کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کٹنا۔ جدا ہونا۔

چھیدا (ہ۔ صفت) ۱ پتلا۔ باریک (جیسے کپڑا) ۲ چھدرا۔ منتشر۔ تتر بتر۔

چھیدا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک کیڑا جو اناج کو تباہ کرتا ہے ۲ اناج جسے یہ کیڑا خراب کر دے۔

چَھیر (ہ۔ مذکر) ایک چھوٹا پرند لال کی قسم سے۔

چھیر (ہ۔ مونث) ۱ وہ زمین جو کاشتکار اپنے لئے کاشت کرے (سیر کا بگڑا ہوا) ۲ (مذکر) دودھ (س کشیر) چھیر ساگر (مذکر) ۱ بحر ابیض ۲ (عص) دودھ کا سمندر۔

چھیرا (ہ۔ مذکر) بکرا۔ چھیری (مونث) بکری۔

چھیبڑ (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو چھیبر ۲ (مونث) دیکھو چھیر۔ چھیٹ اور چھیبڑ ۳ (ہ۔ مونث) آدمیوں کی کمی۔

چھیبڑ (ہ۔ امر) ۱ چھیڑنا کا ۲ (مونث) ہاتھ لگانا۔ چھونا ۳ گدگدی ۴ دل لگی۔ مذاق ۵ اشتعال طبع۔ ستانا۔ تنگ کرنا ۶ نشترزنی ۷ باجا بجانا ۸ ابتدائے فساد۔ جھگڑے کا آغاز (س کشپت۔ گالی دینا) چھیڑا (ماضی) ۱ چھیڑنا کی ۲ (ہ) چھیڑ۔ چھیڑ چھاڑ یا خانی (مونث) ۱ ٹھٹھا۔ مذاق۔ نوک جھونک۔ دل لگی ۲ ابتدائے فساد ۳ اشتعال طبع کاوش ۴ (ہ) ساز کی تار کسنا۔ چھیڑ نکالنا (متعدی) طعنہ زنی کرنا۔ چڑ نکالنا چھیڑنا (متعدی) ۱ ہاتھ لگانا۔ چھونا ۲ مذاق کرنا۔ ٹھٹھا کرنا ۳ گدگدانا۔ گدگدی کرنا ۴ ستانا۔ تنگ کرنا ۵ رنجیدہ کرنا ۶ اشتعال دینا ۷ ابتدا کرنا ۸ تذکرہ کرنا ۹ شروع کرنا جھگڑے کا ۱۰ آگاہ کرنا۔ جتانا ۱۱ پھوڑے پر نشتر لگانا۔ چیر دینا ۱۲ گانا۔ الاپنا ۱۳ ساز بجانے کی ابتدا کرنا ۱۴ گالی دینا۔ گالی گلوچ کرنا۔

چَھیل (ہ۔ مذکر) گیلا۔ نمدار۔ چلا۔

چھیل۔ چھَیلا (ہ۔ صفت) ۱ خوش پوش ۲ خوبصورت۔ حسین ۳ بانکا۔ رنگیلا (س چھوی۔ خوبصورتی) چھیلا پن (ہ) چھیلپن (مذکر) بانکپن۔ رنگیلا پن۔ چھیل چکنیا (مذکر) بانکا۔ رنگیلا۔ چھیل چھبیلا (صفت) ۱ بانکا۔ رنگیلا ۲ ایک خوشبودار گھاس جس سے کپڑے رنگتے ہیں۔ چھیلگائی (مونث) چھیلپن۔

امثال و اقوال چھیلا پھرے گلی گلی جیب میں نہیں کھیل کی ڈلی۔ پاس کچھ بھی نہیں شیخی اور نمود بہت چھیل چھبیٹ بغل میں اینٹ۔ دکھاوا ہی دکھاوا ہے حقیقت میں کچھ نہیں۔ بعض بلکے اپنے آپ کو طاقتور ظاہر کرنے کے لئے بغل میں اینٹ رکھ لیا کرتے تھے۔

چھیل (ہ۔ امر) چھیلنا کا (س چھد۔ کاٹنا) چھیلا (ماضی) چھیلنا کی۔ چھیل چھال کر (تف) پوست اُتار کر۔ رگڑ رگڑ کر۔ چھیل دینا یا ڈالنا (متعدی) دیکھو چھیلنا۔ چھیلن (مونث) تراشہ۔ چھلکا جو چھیلنے سے نکلے۔ چھیلنا (متعدی) ۱ پوست اُتارنا۔ چھلکا اُتارنا ۲ کھجلی کرنا۔ خراش کرنا ۳ حرف اُڑانا۔ کھرچنا۔

امثال و اقوال۔ چھیلے چار بگھارے پانچ۔ ساس اس بہو کو کہتی ہے جو اپنے آپ کو ہشیار سمجھے۔ چھیلی چھالی ٹیاسی۔ بہت بناؤ سنگار کئے ہوئے۔

چھیلا (ہ۔ مذکر) بکرا۔ چھیلی (مونث) بکری۔

مثل۔ چھیلی جان سے گئی کھانے والوں کو سواد نہ آیا۔ جب کسی کی محنت کی کوئی داد نہ دے تو کہتے ہیں۔ ہماری جان گئی آپ کی ادا ٹھہری۔

چھیلو (ہ۔ مذکر) ایک پودا۔

چھیم (ہ۔ مونث) بہتری۔ بہبودی۔ بھلائی۔ خیریت۔

چھیمنڈ (س۔ مذکر) یتیم۔

چھیمی (ہ۔ مونث) پھلی۔

چھین (ہ۔ صفت) ۱ دُبلا۔ پتلا۔ منحنی ۲ گھلا ہوا۔ سوکھا ہوا ۳ نازک۔ لطیف۔ کرل ۴ چھوٹا۔ ننھا ۵ غریب۔ بدنصیب۔ خراب و خستہ

چھین (ہ۔ امر) ۱ چھیننا کا ۲ مذکر چھیننا مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (س چھد۔ کاٹنا) چھینا (ماضی) ۱ چھیننا کی۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ چھینا جھپٹی یا چھپائی یا چھینی (ہ) چھین چھپٹ (مونث) ۱ کھینچ کھینچ۔ کسی سے کوئی چیز جلدی یا چالاکی سے لے لینا یا لیکر بھاگ جانا۔ چھینا چھپائی کرنا (متعدی) ہونا (لازم) کھینچ کھینچ ہونا۔ ایک دوسرے سے چھینا۔ چھین جھپٹا ہو رہا ہے۔ کچھ انتظام نہیں جو جس کے ہاتھ آیا لے بھاگا۔ چھین چھان لینا۔ چھین لینا (متعدی) اچک لینا۔ چھیننا۔ چھیننا (متعدی) کسی کے ہاتھ سے کوئی چیز زبردستی

لے لینا۔ اچک لینا۔

چھینا (ہ۔ متعدی) ۱ چھونا (غف) ۲ کاٹنا۔ ڈنک مارنا (غف)

چھینّا (ہ۔ متعدی) چھینا۔

چھینا۔ چھینا (ہ۔ متعدی) ۱ پھٹنا۔ ٹوٹنا۔ پھوٹنا۔ سکنا۔ چرنا ۲ گھسنا۔ رگڑا جانا۔ چھلنا ۳ بگڑ جانا۔ خراب ہو جانا (دودھ وغیرہ کا)

چھینا (ہ۔ متعدی) ۱ دیکھو چھیونا ۲ (مذکر) چھاچھ۔ دہی ۳ ایک مٹھائی دہی کی بنی ہوئی ۴ ایک قسم کی جھانجھ یا مجیرا۔

چھینال (ہ۔ مونث) دیکھو چھنال (غف)

چھینٹ (ہ۔ مونث) ۱ بوند قطرہ ۲ دھبہ۔ داغ ۳ ولایتی کپڑا جس پر بوٹیاں چھپی ہوئی ہوں۔ عموماً باریک کپڑے کو کہتے ہیں ۴ مشابہت۔ شباہت ۵ (ہ) بقایا۔ باقی ۶ (ہ) جینے کے فالتو یا زائد دن (اڑانا۔ اڑنا۔ پڑنا۔ ڈالنا وغیرہ کے ساتھ) (س سپرگ۔ چھونا **چھینٹا** (مذکر) ۱ دیکھو چھینٹ ۱ ۲ ۳ پانی یا کوئی مائع چیز جو ہاتھ سے کسی پر ڈالیں ۴ تھوڑی سی بارش۔ ترشح ۵ تمباکو یا مدک وغیرہ کا سلفہ ۶ طعنہ۔ طعن و تشنیع۔ طنز ۷ بیج جو ہاتھ سے منتشر کر کے بویا جائے ۸ بیج جو گاؤں کی حد کے باہر منتشر کر کے زمین پر قبضہ کرنے کے لئے بویا جائے ۹ وہ گھٹیا بیج جو اصل فصل کے درمیان بویا جائے ۱۰ کھیت جو اس طرح بویا جائے ۱۱ کم گہری ٹوکری جو بیج بونے کے لئے استعمال ہوتی ہے ۱۲ دھوکا۔ دغا فریب۔ مکر ۱۳ طمع۔ لالچ ۱۴ (ہ) جوش۔ اکساؤ (س سپرش۔ چھڑکنا) **چھینٹا پڑنا** (لازم) ہلکی سی بارش ہونا۔ **چھینٹا پلانا** (متعدی) مدک یا چانڈو کا سلفہ پلانا۔ **چھینٹا دینا** (متعدی) پانی اڑا کر پھینکنا۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ لالچ دینا۔ طمع دینا۔ چیچک کے بعد نہلانا۔ بیج کو ہاتھ سے منتشر کر کے بونا **چھینٹا مارنا** (متعدی) ۱ پانی عرق یا رنگ اڑا کر پھینکنا ۲ دھوکا دینا۔ جل دینا ۳ تسکین دینا۔ ٹھنڈا کرنا۔ **چھینٹ پڑنا** (لازم) پانی کا چھوٹا قطرہ اڑ کر بدن یا کپڑے پر پڑنا۔ **چھینٹ کی کوڑی** (ہ۔ مونث) تھوڑے دنوں کی مزدوری۔ **چھینٹنا** (ہ) چھڑکنا منتشر کرنا۔ **چھینٹوں** (مذکر) چھینٹا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چھینٹوں میں آنا** (لازم) دھوکے میں آنا۔ فریب کھانا۔ **چھینٹے** (مذکر) ۱ چھینٹا کی ۲ بجائے چھینٹا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چھینٹے پھینکنا** (متعدی) الزام لگانا۔ بہتان لگانا **چھینٹے چلنا** (لازم) ۱ دو شخصوں کا ایک دوسرے پر پانی وغیرہ اڑا کر ڈالنا ۲ طعنے لڑنا۔ ایک دوسرے کو طعنے دئے جانا۔ **چھینٹے دینا** (متعدی) ۱ فریب دینا۔ دھوکا دینا ۲ باتیں بنانا ۳ اشتعال دینا۔ اکسانا **چھینٹے لڑنا** (متعدی) ۱ دو آدمیوں کا پانی کے چھینٹے ایک دوسرے پر ڈالنا ۲ سوال و جواب دو بدو کرنا۔ مقابلہ باہمی کرنا۔ **چھینٹیں** (مونث) چھینٹ کی جمع **چھینٹیں اڑانا** (متعدی) ۱ ہاتھ سے پانی لگانا چھینکنا ۲ کسی چیز کا پانی میں سے اس طرح گزرنا کہ پانی کے قطرے اڑیں۔ **چھینٹیں اڑنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **چھینٹیں پڑنا** (لازم) **ڈالنا** (متعدی) ۱ ہاتھ سے پانی اڑا کر دوسرے پر ڈالنا ۲ ذلیل کرنا۔ خوار کرنا ۳ بہتان لگانا۔ الزام لگانا

چھینچنا (ہ۔ متعدی) سینچنا۔ پانی دینا۔

چھینچنا (ہ۔ متعدی) ریزہ ریزہ کرنا۔ قیمہ کرنا۔ ٹکڑے کرنا۔

چھینک (ہ۔ امر) ۱ چھینکنا کا ۲ (مونث) وہ آواز جو ناک سے سوزش ہونے کی وجہ سے نکلتی ہے (س چھکا) **چھینک آنا** (لازم) خود بخود ناک سے آواز نکلنا۔ **چھینک دینا** (متعدی) چھینکنا۔ **چھینک لانے والا** (صفت) وہ جس سے چھینک آئے (دوائی) معطس **چھینک مارنا**۔ **چھینکنا** (متعدی) ناک سے چھینک کی آواز نکالنا یا نکلنا **چھینکیں** (مونث) چھینک کی جمع۔ **چھینکیں لینا** (متعدی) ناک میں کوئی دوائی یا ہلاس ڈالنا کہ چھینکیں آئیں۔

امثال و اقوال۔ چھینکت نہائیے۔ چھینکت کھائیے چھینکت رہیے سوئے۔ چھینکت پر گھر نہ جائیے چاہے سرب سونے کا ہوئے (ہ) نہانے کھانے سونے میں چھینک آجائے تو کوئی ہرج نہیں لیکن کہیں جاتے ہوئے چھینک کی آواز سنائی دے تو کبھی نہیں جانا چاہئے۔ ہندوؤں میں یہ خیال ہے۔ **چھینکتے گئے چھینکتے آئے**۔ جاتے ہوئے چھینک آئی۔ اس لئے روتے ہوئے واپس آئے۔ جاتے ہوئے چھینک کی آواز آئے تو نہیں جانا چاہئے کام نہیں ہوتا۔ ہندوؤں کا خیال ہے۔ **چھینکتے ہی ناک کاٹی**۔ خطا ہوتے ہی سزا دی۔ **چھینکتے ہی ناک کٹی** ۱ برا کام کرتے ہی پکڑے گئے ۲ کام کیا تو خراب کیا۔ **چھینک خالی نہیں جاتی**۔ چھینک کا اثر ہو ہی جاتا ہے۔

چھینک (ہ۔ امر) ۱ چھینکنا کا ۲ (مونث) روک ٹوک۔ اٹک۔ ممانعت۔ تعرض ۳ گرفتاری حراست ۴ قرقی ضبطی۔ **چھینکاؤ** (مذکر) دیکھو چھینک ۲ تا ۴ **چھینک لینا** (متعدی) ۱ کھڑا کرنا۔ روکنا وغیرہ ۲ قرق کر لینا۔ ضبط کر لینا۔ **چھینکنا** (متعدی) ۱ روکنا۔ ممانعت کرنا۔ تعرض کرنا ۲ دخل دینا۔ دخل درمعقولات ہونا ۳ ٹھہرانا۔ کھڑا کرنا ۴ گرفتار کرنا۔ حراست میں لینا ۵ کاٹنا۔ قلم زن کرنا۔ چھیلنا ۶ منسوخ کرنا ۷ بڑھ جانا۔ کمال حاصل کرنا **چھینکویا** (صفت) ۱ وہ جو کھڑا کرے وغیرہ ۲ (مذکر) قرق امین۔

چھینکا (ہ۔ مذکر) ۱ وہ جالی یا لٹکنے والی چیز جو چھت میں چیزیں رکھنے کے لئے لٹکا دیتے ہیں ۲ [illegible] جو جانوروں کے منہ پر باندھ دیتے ہیں ۳ وہ لنگن جس میں رسّی باندھ کر کھڑکی میں سے لٹکا دیتے ہیں۔ اور نیچے سے دوسرا شخص اس میں چیز رکھ دیتا ہے۔ تو پھر اوپر کھینچ لیتے ہیں ۴ بہنگی کی رسیاں ۵ رسیوں کا پل ۶ رسّی جس میں ایک ٹوکری بندھی ہوتی ہے۔ آدمی اس میں بیٹھ جاتا ہے۔ اور اس کو دریا کے دوسری طرف کھینچ لیتے ہیں (س رشو کا۔ پالکی) **چھینکے** (مذکر) ۱ چھینکا کی جمع ۲ بجائے چھینکا حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چھینکے پر رکھنا** (متعدی) ۱ ٹال دینا ۲ کسی کام کے کرنے میں سستی کرنا۔ **چھینکے ہی پر رکھی ملیگی**۔ جو چیز حفاظت سے رکھی ہے وہ ضائع نہ ہوگی۔

چھینکر (ہ۔ مذکر) کیکر۔ ببول۔

چھینی (ہ۔ مذکر) ۱ لوہا کاٹنے کا اوزار ۲ اوزار جس سے چکی کے دانت بناتے ہیں۔ چھیونی (س چھٹ۔ کاٹنا)

چھیو۔ چھیو (ہ۔ مذکر) ۱ چرکا۔ زخم چیر ۲ نشان۔ لکیر ۳ لکڑی کا ٹکڑا۔ چھپٹی ۴ **چھیوا** (مذکر) ۱ تحریر میں کوئی نشان۔ نقطہ۔ اعراب۔ ٹھیرنے کا نشان ۲ ٹیکہ چیچک یا کسی اور بیماری کا۔ **چھیوا دینا** (متعدی) ۱ اعراب لگانا۔ نشان لگانا ۲ ٹیکہ لگانا۔ **چھیوا لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **چھیوا مارنا**

(متعدی) نشان لگانا۔ چیر دینا۔
چھبور (ہ۔ مذکر) چھرا۔ پوست
چھتی۔
چھبورہ (ہ۔ مذکر) ایک درخت
چھیول۔
چھبول (ہ۔ مذکر) ڈھاک۔
پلاس۔
چھبولی (ہ۔ مونث) ایک
درخت۔
چھبونا (ہ۔ متعدی) 1 کاٹنا۔ چرکا
لگانا۔ چیر دینا۔ نشان لگانا 2 تاڑ کے درخت کو
تاڑی نکالنے کے لئے چیر دینا 3 چکی رہنا 4
ہلانا۔ جھنجھوڑنا۔ ہلا کر ملانا۔
چھبونی (ہ مونث) 1 ایک اوزار۔
جس سے چکی راہتے ہیں 2 چھیدنے کا ایک اوزار 3
چھینی۔ ٹینکی۔ رکھانی۔ نہانی۔
چھبیہ (ہ۔ صفت) آخرکار۔ آخر
میں۔
چجے (س۔ مذکر) 1 ڈھیر۔ انبار۔ تودہ
2 بھیڑ۔ انبوہ۔ جم غفیر 3 مکان کی کرسی۔ مٹی کا تودہ
جو قلعے کی دیوار کے ساتھ کھائی کھود کر لگایا جاتے۔
چی (ف۔ کلمہ) فارسی اور اردو میں
تصغیر بناتا ہے۔ جیسے دیگچی 2 اسم کے ساتھ مل کر
فاعل بناتا ہے۔ جیسے مشعلچی۔
چیال (ہ۔ مذکر) املی کا بیج چیال
ریزہ (صفت) 1 دُبلا۔ پتلا۔ حقیر 2 کم عمر۔ چھوٹی عمر کا۔
چیال سا یا سی (صفت) چھوٹی سی۔ ذرا سی۔
مثل۔ چیال سی گانڑ پہ۔
ہاتھی کا بیعانہ۔ ادنے شخص ہو کر اعلے کاموں
کا حوصلہ کرنا۔
چیاوان۔ چیاون (س۔ عص)
ایک رشی جو بھرگو اور کئی منتروں کا مصنف ہے۔ یہ
سکنیا کا خاوند اور ددا کا باپ ہے۔ اسوین نے
اسے جوان بنا دیا تھا۔
چیبھر (ہ۔ مذکر) زمین جو مدت
تک نمدار رہے۔
چیپ (ہ۔ مذکر) 1 لیسدار چیز جو
پھلوں میں سے نکلتی ہے 2 لاسا۔ چپکنے والی چیز
3 آنکھوں کا کیچڑ۔ پیپ 4 لعاب۔ لیس۔ دس

کنپ۔ لگانا) **چیپا** (مذکر) 1 گوند 2 جیب 3 ایک
بیماری جو کھڑی فصلوں کو ہو جاتی ہے **چیپا کھانا**
(متعدی) 1 چیپ لگ جانا۔ خراب ہو جانا 2 کسی
عورت سے ہم بستر ہو جانا۔ **چیپدار** (صفت)
لیسدار۔ چپکتا ہوا۔ **چیپنا** (متعدی) 1 چپکانا۔
جوڑنا 2 کسی کو زبردستی کوئی چیز دینا۔ گلے منڈھنا
3 ہاتھ سے تھپکنا۔ **چیپی** (مونث) 1 کاغذ کی
دھجی جو چپکائی جائے 2 پیوند جو پتنگ میں دیا جائے
چیپ (ہ۔ مونث) کسی چیز کا
چھوٹا ٹکڑا جو ٹوٹ کر الگ ہو جائے۔
چیپڑ (ہ۔ مذکر) **چیپڑا** (ہ) آنکھ
کا کیچڑ۔ **چیپڑ بہنا** (لازم) آنکھوں سے مواد نکلنا
چیت (ہ۔ مذکر) 1 ہندوؤں کا بارھواں
مہینہ جو مارچ اپریل میں واقع ہوتا ہے 2 گانے جو
چیت کے مہینے میں گائے جاتے ہیں (س) چھیتزا جو
چھیترے سے ہے۔ یہ ایک نکشترے کا نام ہے۔ اس
مہینے میں بدر اس نچھترے میں ہوتا ہے۔ **چیت**
کھیلنا (متعدی) چیت کے مہینے کے گانوں اور
کھیلوں میں شریک ہونا۔ پھاگ کھیلنا۔ رنگ رلیاں
مچانا۔ **چیت کی فصل** (مونث) چیت کے مہینے کی
پیداوار۔ **چیتواڑا** (مذکر) چیت کا موسم **چیتی** (مونث)
چیت کے مہینے کی فصل۔
چیت (ہ۔ مذکر) 1 خیال۔ دھیان۔
فکر۔ سوچ 2 ادراک۔ حس۔ سمجھ 3 ہوشیاری۔ خبرداری
ہوش 4 احتیاط۔ چوکسی 5 یاد۔ حافظہ۔ ذہن **چیتا** (مذکر)
1 دیکھو چیت اور چت 2 مشیر۔ صلاح کار۔ ہادی۔
چیت جاگنا (لازم) 1 ہوش میں آنا۔ ہوشیار ہونا۔
ہوش و حواس سنبھالنا 2 دل میں سوچنا **چیت جانا**
(لازم) دیکھو چیتنا۔ **چیت کرنا** (متعدی) یاد رکھنا۔
دھیان رکھنا۔ خیال میں رکھنا **چیتن** (مذکر) عقل۔
سمجھ۔ بدھ۔ ادراک۔ فہم۔ **چیتنا** (متعدی) 1 سوچنا۔
خیال کرنا۔ بچارنا۔ غور کرنا۔ خوض کرنا 2 یاد رکھنا
دھیان رکھنا 3 محسوس کرنا۔ حواس سے معلوم کرنا 4
نصیحت کرنا۔ مشورہ دینا 5 تنبیہ کرنا۔ تہدید کرنا 6
(لازم) ہشیار ہونا۔ ہوش میں آنا 7 جاگنا۔ بیدار ہونا
8 تیز ہونا۔ روشن ہونا (چراغ کا) 9 بھڑکنا۔ دہکنا۔
شعلہ زن ہونا (آگ کا) 10 چونکنا۔
چیت (ہ۔ امر) چیتنا کا۔ **چیتا**
(مذکر) مصوری۔ نقاشی۔ تصویر کشی۔ **چیت دینا**

(متعدی) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ **چیت نکوڑے کاڑھنا**
(متعدی) بدخط لکھنا۔ بدنویسی کرنا۔ نہایت برا لکھنا۔
چیتنا (متعدی) 1 تصویر کھینچنا۔ نقش و نگار بنانا 2
لکھنا۔ تحریر کرنا۔
چیتت (س۔ صفت) 1 گمراہ۔ بھٹکا
ہوا۔ بھولا ہوا 2 پھرا ہوا۔ مرتد 3 بے عزت۔ ذلیل 4
گرا ہوا 5 رسا ہوا۔ چوتا ہوا۔ **چیتی** (مونث) 1
رخصت ہونا۔ جانا 2 بہنا۔ بہ نکلنا 3 گرنا 4 مرنا 5
فرض سے چوکنا 6 چوت۔ فرج 7 گانڈ۔ دبر۔
چیتا (ہ۔ مذکر) 1 ایک درندہ جو کتے
سے بڑا ہوتا ہے۔ اور بدن پر چتیاں ہوتی ہیں۔
کمر پتلی ہوتی ہے 2 ایک بوٹی جو دوائی کے کام آتی
ہے (س۔ چترک) 3 (ہ) خیال۔ دھیان 4 سمجھ۔
عقل۔ بدھ 5 خواہش۔ آرزو۔ تمنا 6 وہ جس کی
خواہش ہو۔ جس سے پیار ہو۔ جس کا ہر وقت خیال
رہے۔
چیتر (س۔ مذکر) دیکھو چیت۔
چیتری (مونث) چیت کے مہینے میں بدر کی
رات۔
چیتراتھ (س۔ عص) کوبیر کا جنگل
میرو پہاڑ کی چوٹی مندرا پر۔
چیتڑ (ہ۔ مذکر) چوتڑ (غف) **چیتڑ**
ٹیکنا (لازم) بیٹھنا۔ چوتڑ زمین پر لگانا۔
چیتل (ہ۔ صفت) 1 دھبے دار۔
داغدار۔ گلدار 2 (مذکر) ایک قسم کا ہرن 3 چیتا 4
ایک قسم کا سانپ 5 کوئی گلدار جانور (س چترل)
چیتن (س۔ صفت) 1 حساس۔
مدرک۔ محسوس کرنے والا۔ ذی حس 2 عاقل 3 ناطق
گویا 4 زندہ۔ جیتا۔ جاگتا 5 سمجھدار۔ صحیح الدماغ 6
جاگتا۔ بیدار۔ سچیت۔ ہشیار 7 (مذکر) زندہ اور ذی عقل
ہستی۔ انسان 8 روح۔ آتما۔ **چیتنا** (مونث) ہوش
سمجھ۔ ادراک۔ فہم۔ عقل۔ سوچ **چیتن کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) 1 ہوشیار ہونا۔ بیدار ہونا۔ جاگنا 2
سمجھ آنا۔ ہوش میں آنا 3 خبردار ہونا۔ متنبہ ہونا۔
چیتنیا تما (مذکر) ذی عقل روح۔ زندہ روح۔
چیتنا (ہ۔ متعدی) 1 دیکھو چیت
کے تحت میں 2 سوچنا۔ سمجھنا۔ خیال کرنا 3 چاہنا۔
خواہش کرنا۔

چینھڑ (ہ)، **چیتھڑا** (ہ۔ مذکر) دیکھو چھتھڑا مع محاورات۔

چینتھنا (ہ۔ متعدی) دانتوں سے پھاڑنا یا کاٹنا ۲ زخمی کرنا۔ زخم لگانا ۳ کچلنا چکنا چور کرنا ۴ چبانا۔

چیٹ۔ چیٹک (س۔ مذکر) ۱ نوکر۔ ملازم ۲ غلام۔ **چیٹی** (مونث) ۱ ملازمہ۔ خادمہ ۲ لونڈی۔ باندی۔

چیٹک (ہ۔ مذکر) ۱ شوق۔ دھن۔ خیال ۲ چنتا۔ فکر (س چنتک)۔ **چیٹک لگنا** (لازم) ۱ شوق ہونا۔ خیال ہونا ۲ فکر ہونا۔ چنتا ہونا۔ **چیٹک ہونا** (لازم) کسی کام کی فکر ہونا۔ کسی کام کا خیال ہونا۔

چیٹک (ہ۔ مذکر) ۱ انوکھی بات۔ نہایت عجیب کام۔ معجزہ ۲ جادو۔ سحر ۳ دھوکا۔ جال۔ فریب (س۔ چیٹک) ۴ محنت مشقت کوشش ۵ تیاری چستی۔ پھرتی۔ مستعدی۔ چابک دستی (س۔ چیشٹ کوشش کرنا)

چیچا (ہ۔ مذکر) فرج کے اندر کا ابھرا ہوا گوشت۔

چیچڑ (ہ۔ مذکر) آنکھ کا کیچڑ۔ چیپڑا۔

چیچڑی (ہ۔ مذکر) وہ کیڑے جو کتے۔ گائے۔ بھینس کے پیٹ سے چمٹے رہتے ہیں۔

چیچک (ف۔ مذکر) ایک بیماری جس میں بدن پر بے انتہا دانے ہوتے ہیں۔ اور سخت تکلیف دہ ہوتی ہے۔ سیتلا (س چرتک۔ دھبے دار) **چیچک رو** (صفت) جس کے منہ پر چیچک کے نشان ہوں۔ **چیچک زدہ** (صفت) جسے چیچک ہو جائے۔

مثل۔ چیچک اور کسبی نکل کر رہتے ہیں۔ چیچک ضرور نکلتی ہے۔ اور کسبی ضرور اغوا ہوتی ہے۔

چیخ (ہ۔ مونث) ۱ زور کی آواز ۲ چلانے کی آواز۔ چلاہٹ ۳ پکارنے کی آواز ۴ غل۔ شور۔ **چیخ اٹھنا** (متعدی) ۱ درد سے چلانا ۲ یکایک زور کی آواز نکالنا۔ **چیخ پکار** (مونث) غل۔ شور۔ غوغا **چیخ مارنا** (متعدی) زور کی آواز نکالنا درد سے۔ **چیخم چاخ** (دھاڑ) **مچانا** (متعدی) **مچنا** (لازم) ۱ غل شور پڑنا ۲ پکار ہونا۔ دھوم ہونا۔

چیخنا (متعدی) ۱ چلانا۔ شور کرنا۔ غل مچانا ۲ فریاد کرنا۔ پکارنا۔

چیدہ (ف۔ صفت) چنا ہوا منتخب چھانا ہوا۔ عمدہ (چیدن۔ چننا) **چیدہ چیدہ** (صفت) اچھے اچھے۔ عمدہ عمدہ منتخب۔

چیر (ہ۔ امر) چیرنا کا ۲ (مذکر) درز۔ شگاف ۳ زخم ۴ دھجی۔ کترن۔ کپڑے کی پٹی ۵ چیرنا۔ پھاڑنا (س چیر۔ چیتھڑا) ۶ (مونث) ایک درخت جو پہاڑوں میں ہوتا ہے۔ جس کا پھل چلغوزہ ہے (س کشیرا) **چیرا** (مذکر) ۱ پھوڑے کا شگاف ۲ ایک قسم کی کم چوڑی رنگین یا منقش پگڑی ۳ عورتوں کی دوشیزگی ۴ کھیت کی شمشی تقسیم بوقت پیدائش ۵ برجی جو اس پیمائش کے لئے لگائی جائے۔ **چیرا آنا** (لازم) ۱ شگاف آنا۔ زخم آنا۔ جیسے پتنگ کی ڈور سے۔ **چیرا اتارنا یا توڑنا** (متعدی) ۱ دوشیزہ کے ساتھ پہلی دفعہ جماع کرنا ۲ بے عزت کرنا۔ **چیرا اترنا یا ٹوٹنا** (لازم) چیرا اترنا کا۔ **چیرا بند** (مونث) ۱ دوشیزہ۔ باکرہ **چیرا پھاڑا** (صفت) ٹوٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے **چیرا پھاڑی** (مونث) چیرنا اور پھاڑنا۔ کاغذ یا کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **چیرا دینا یا لگانا** (متعدی) ۱ پھوڑے کو شگاف دینا۔ نشتر مارنا ۲ زخم لگانا۔ چرکا لگانا۔ **چیرا لگنا یا ملنا** (لازم) چیرا دینا یا لگانا کا۔ **چیر پھاڑ** (مونث) ۱ عمل جراحی ۲ کاٹ چھانٹ (کرنا ہونا کے ساتھ) **چیر جانا** (لازم) ۱ زخم آ جانا ۲ شق ہو جانا۔ پھٹ جانا۔ **چیر کھٹی** (مونث) چیتھڑے۔ پھٹے ہوئے کپڑے۔ **چیرنا** (متعدی) ۱ پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا ۲ کاٹنا۔ تراشنا آرے سے کاٹنا ۳ شق کرنا۔ شگاف دینا۔ نشتر لگانا ۴ چرانا۔ مال اڑانا ۵ (ہ) ہٹانا۔ خرق کرنا۔ **چیر نکلنا** (متعدی) بھیڑ میں سے زور سے نکل جانا۔ رستہ بنانا **چیرہ** (مذکر) دیکھو چیرا۔ **چیرے** (مذکر) بجائے چیرہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چیرے بند۔ چیرے والی** (مونث) دوشیزہ۔ باکرہ۔ **چیرے والا** (صفت) ۱ پگڑی باندھنے والا ۲ (مذکر) حکیم۔ طبیب۔ معالج شاہی زمانے میں حکیموں کو چیرا باندھنے کا حکم تھا۔ اس لئے بیگمات نے یہ نام رکھ دیا۔

امثال و اقوال۔ چیرا ہے جس نے وہ نیر یگا۔ جس نے پیدا کیا ہے۔ وہ کھانے کو بھی دیگا۔ **چیر پھاڑ کے انگریز ڈاکٹر استاد ہیں۔** انگریز ڈاکٹر عمل جراحی بہت اچھا کرتے ہیں طب کے اتنے ماہر نہیں۔ **چیرو چار بگھارو پانچ** بہت موٹے آدمی کی نسبت مذاقاً کہتے ہیں۔ **چیرے چار بگھارے پانچ۔** ساس طنز سے بہو کو کہتی ہے۔ جو اپنے آپ کو بہت ہوشیار سمجھے۔

چیرا (ہ۔ مذکر) ۱ نوکر۔ ملازم ۲ غلام **چیرائی** (مونث) ۱ نوکری۔ ملازمت ۲ غلامی ۳ شاگردی۔ پیروی۔ چیلا ہونے کی حالت۔ **چیری** (مونث) ۱ ملازمہ۔ خادمہ ۲ لونڈی۔ باندی۔

مثل۔ چیری سب کے پاؤں دھووے اپنے دھوتی لجاوے۔ دوسروں کی مدد کرتا ہے اپنے رشتہ داروں کی نہیں کرتا۔

چیرا (س۔ مذکر) ۱ ایک سلطنت جو دکن کے مغربی ساحل پر تھی۔ اسے چولا خاندان نے فتح کر لیا تھا ۲ ایک خاندان جو ... میں حکومت کرتا تھا۔

چیرز (انگ۔ مذکر) خوشی کے نعرے شاباش کے نعرے۔ خوشی سے تالی بجانا۔ کسی کی عزت کرنے کے لئے تالی بجانا۔ زندہ باش یا جے کے نعرے لگانا۔ **چیرز کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) اس قسم کے نعرے لگنا۔

چیرو (ہ۔ مذکر) ۱ سرخ دھاگا یا سوت ۲ (ہ) ایک جنگلی قوم جو مرزا پور کے ضلع میں ہے۔

چیروا (ہ۔ مذکر) غلام۔ چیرا۔

چیرہ (ف۔ صفت) ۱ طاقتور۔ زبردست زور آور ۲ بہادر۔ دلیر۔ شجاع ۳ گنوار۔ بدتمیز ۴ اونچا بلند ۵ عقلمند۔ دانا ۶ کینہ ور۔ پرکینہ ۷ نوکدار ۸ فصیح و فاتح ۹ (مذکر) پگڑی ۱۰ فتح ۱۱ حصہ۔ بخرہ ۱۲ سرا۔ آخیر ۱۳ (ہ) دیکھو چیرا۔ **چیرہ بند** (مذکر) ملازم جو مالک کو پگڑی باندھے۔ دستار بند (ہ) دیکھو چیرے والا۔ **چیرہ دست** (صفت) ۱ زور آور۔ زبردست۔ طاقتور ۲ چابکدست۔ ماہر ۳ بہادر۔ شجاع ۴ وہ جو ہر کام میں جس میں ہاتھ ڈالے کامیاب ہو ۵ مغرور۔ متکبر۔ **چیرہ دستی** (مونث) ۱ زبردستی غلبہ ۲ فتح ۳ قوت۔ طاقت ۴ فضیلت۔ برتری۔ **چیرہ زبان** (مذکر) ۱ فصیح۔ خوش گفتار۔ شیریں زبان ۲ صاف گو۔ **چیرہ زبانی** (مونث) شیریں زبانی فصاحت۔

چیڑ (ہ۔ مذکر) ایک پہاڑی درخت جس کی لکڑی عمارت یا صندوق بنانے کے کام آتی ہے۔ **چیڑ کی لکڑی** (مونث) چیڑ کے درخت

کی لکڑی۔

چیڑھنا (ہ۔ متعدی) چپکانا۔ لئی سے پنّی اور تلی کو جوڑنا (موچیوں کی اصطلاح)

چیز (ف۔ مونث) ۱ شے۔ بست ۲ اسباب۔ جنس ۳ زیور۔ گہنا۔ جواہرات ۴ گیت۔ راگ وغیرہ ۵ حقیقت۔ ماہیت ۶ مٹھائی۔ شیرینی پھل وغیرہ ۷ امانت ۸ (بڑی) قرآن شریف۔ **چیز اڑجانا** (لازم) مال چوری ہوجانا۔ **چیز بست** (مونث) ۱ مال واسباب۔ جائداد۔ اثاثہ ۲ (علم جبعیات) مادہ۔ **چیزی** (مونث) مٹھائی۔ شیرینی (بچوں کی زبان میں) **چیزے** (مذکر) ۱ کچھ چیز ۲ ایک چیز ۳ تھوڑا سا کچھ۔

مثل۔ چیز نہ راکھے اپنی اور چوروں گالی دے - اپنی چیز تو احتیاط سے رکھتا نہیں اوروں کو گالی دیتا ہے۔

چیس (ہ۔ مونث) ٹیس۔ تپک۔ **چیس مارنا۔ چیسنا** (لازم) تپکنا۔ ٹیس مارنا۔ درد ہونا۔

چیست (ف۔ سوال) کیا ہے۔ کون ہے۔ **چیستان** (مونث) ۱ وہ کیا ہے ۲ پہیلی۔ معمہ ۳ خاصیت۔ ماہیت۔ روح۔ **چیستی۔ توکون** ہے۔

چیشٹا (س۔ مونث) ۱ بدن کی حرکت یا کام ۲ چستی۔ چالاکی۔ پھرتی ۳ کوشش۔ محنت ۴ تلاش جستجو ۵ طریقہ۔ برتاؤ ۶ شکل۔ صورت۔ **چیشٹا کرنا** (متعدی) کوشش کرنا۔

چیف (انگ۔ صفت) ۱ بڑا۔ اعلیٰ۔ افضل ۲ محکمہ کا افسر اعلیٰ۔ سردار ۳ راجہ۔ نواب۔ **چیف آف دی سٹاف** (مذکر) کمانڈران چیف جرنیل۔ **چیف اگزامینر** (مذکر) ۱ ممتحن اعلیٰ ۲ محکمہ حساب کا افسر اعلیٰ **چیف اگزامینر آف اکونٹز** (مذکر) آخری ممتحن **چیف انجنیئر** (مذکر) محکمہ بارکماسٹری یا انہار کا افسر اعلیٰ **چیف جسٹس** (مذکر) ہائی کورٹ کا سب سے بڑا جج۔ قاضی القضاۃ **چیفز کالج** (مذکر) راجوں نوابوں کے پڑھنے کے لئے کالج یا سکول۔ **چیف کورٹ** (مذکر) عدالت عالیہ بڑی عدالت۔ اس کے اختیارات ہائی کورٹ سے کم ہوتے ہیں۔ اور ججوں کی تنخواہیں ہائی کورٹ کے ججوں سے تھوڑی ہوتی ہیں۔

چیک (ہ۔ مذکر) چیکٹ کا مخفف۔

چیکنانہ (س۔ عص) دھرشٹ کیتو راجہ کیکیا کا لڑکا۔ یہ پانڈوں کا مددگار تھا۔

چیکٹ (ہ۔ صفت) ۱ چکنا اور میلا جو میل اور چکناہٹ سے سیاہ ہو جائے ۲ (مذکر) چراغ کا میل۔ تیل کا میل۔ گاد ۳ چکنی مٹی۔ **چیکٹ اتروائی** (مذکر) وہ جوڑا جو بھانجی کی شادی پر بہن کو بھائی کی طرف سے دیا جاتا ہے۔ کہ میلے کپڑے اتار کر وہ پہنے۔ **چیکٹی** (مونث) چکنی مٹی۔

چیکر۔ چیکڑ (ہ۔ مذکر) کیچڑ۔

چیکھ (ہ۔ مونث) ۱ چیخ ۲ مزا۔ ذائقہ۔ **چیکھنا** (لازم) ۱ چیخنا ۲ (متعدی) چکھنا۔

چیکھر (ہ۔ مذکر) گلہری۔

چیل (ہ۔ مذکر) زمین جس پر دو دفعہ ہل چلا ہو۔

چیل۔ چیل (ہ۔ مذکر) کپڑا۔ کپڑے لباس۔

چیل (ہ۔ مونث) ۱ ایک سیاہ رنگ کا مردار خوار پرند ۲ (ہ) چیڑ کا درخت (س چل)

چیل انڈا چھوڑتی ہے۔ سخت گرمی ظاہر کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔ **چیل جھپٹا** (مذکر) ۱ بچوں کا ایک کھیل ۲ کسی چیز کا اس طرح لے جانا جس طرح چیل جھپٹا مار کر لیجاتی ہے۔ **چیل جھپٹا کرنا یا مارنا** (متعدی) چھین لینا۔ دفعتہً کسی چیز کو لے لینا چھینا جھپٹی کرنا۔ **چیل چلھور یا چیل کا بنا** (مذکر) بچوں کا ایک کھیل۔ جس میں دو فریق ہو کر کوئلوں سے اپنی حدود میں لکیریں ڈالتے ہیں پھر علاقہ بدل کر ایک دوسرے کی لکیریں کاٹ دیتے ہیں۔ اس کے بعد جو باقی رہ جائیں۔ ان کو گن لیتے ہیں۔ جس کی زیادہ نکلیں وہ فریق دوسرے کے ہاتھوں پر دو انگلیوں سے ضرب لگاتا ہے۔ جسے چیونٹیاں کہتے ہیں۔ **چیل ڈانگر** (ہ۔ صفت) ۱ لمبی ٹانگوں والا ۲ طویل قامت آدمی۔ **چیل کا انڈا چھوڑنا** (لازم) سخت گرمی ہونا۔ چلچلاتی دھوپ پڑنا **چیل کا پٹھا** (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **چیل کا موت** (مذکر) نایاب چیز۔ **چیل کوّوں کو دوں** (عو) کوسنے کے طور پر کہتی ہیں کہ تیرا گوشت کاٹ کر چیل کوّوں کو کھلاؤں۔ **چیل کی طرح منڈلاتے پھرنا** (لازم) کسی کی تلاش میں بیتاب پھرنا۔

امثال و اقوال۔ چیل بیٹھے تو ایک کھڑلے ہی اُڑے بعض آدمی کچھ نہ کچھ اُڑا ہی لیتے ہیں۔ **چیل سا منڈلایا اور کبوتر سا بینڈتا پھرتا ہے**۔ کوئی چیز اڑانے کے لئے ادھر اُدھر پھر رہا ہے۔ **چیل کے گھر (گھونسلے میں) ماس کہاں**۔ فضول خرچ ہمیشہ مفلس رہتا ہے **چیل کے گھر میں پارس ہوتا ہے**۔ خیال ہے کہ چیل جب تک اپنے بچوں کی آنکھوں کو پارس سے نہ چھوئے۔ وہ آنکھیں نہیں کھولتے۔ اس لئے چیل پارس تلاش کر کے لاتی ہے اور اپنے گھونسلے میں رکھتی ہے۔ **چیل کے گھر میں ماس کی دھروہڑ**۔ دھروڑ امانت کو کہتے ہیں کسی ناقابل اعتبار شخص پر اعتبار کرنا۔

چیلا (ہ۔ مذکر) لکڑی کا کندا۔ جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا۔ **چیلی** (مونث) لکڑی کا چھوٹا ٹکڑا۔

چیلا (ہ۔ مذکر) بڑا چلّھا۔

چیلا (ہ۔ مذکر) ۱ شاگرد ۲ پیرو۔ مرید ۳ بندہ۔ غلام ۴ خدمتگار۔ درویشوں کا خدمتی ۵ بندۂ خاص ۶ وہ غلام جس نے گھر میں پرورش پائی ہو۔ شاہی غلام (بنانا۔ بننا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **چیلی** (مونث) چیلاکی۔ **چیلی چاپڑ یا چاکڑ** (ہ) **چیلے چانٹے** (مذکر) ۱ شاگرد لوگ۔ مریدان۔ پیرو۔

امثال و اقوال۔ چیلے چینی ہوگئے گرو گڑ ھی رہے۔ شاگرد ترقی کر گئے استاد وہیں کے وہیں رہے۔ **چیلے لادیں مانگ کر بیٹھا کھائے مہنت۔ رام بھجن کا نام ہے پیٹ کا پنتھ (ہ)** رام بھجن نام کو ہے یہ سب پیٹ بھرنے کے طریقے ہیں۔ چیلے مانگ کر لاتے ہیں۔ گرو بیٹھے کھاتے ہیں۔

چیلڑ (ہ۔ مونث) جوں۔ چلّڑ۔

چیلک (ہ۔ مونث) ناپسندیدگی کا نشان جو کسی لفظ یا شعر پر لگایا جائے۔

چیلنج (انگ۔ مذکر) ۱ مقابلے کے لئے بلانا ۲ سنتری کا پکارنا (دینا۔ کرنا۔ ملنا کیسا تھ)

چیلو (ہ۔ مذکر) زرد آلو کشتہ۔ خوبانی

چیلھڑ (ہ۔ مذکر) جوں چلّڑ چیلوا۔

چیمپین (انگ۔ مذکر) ۱ بہادر۔ شجاع۔ پہلوان ۲ جیتا ہوا شخص **چیمپین ٹیم** (مونث) وہ ٹیم جو کسی کھیل میں جیت جائے۔

چین (ہ۔ مذکر) ۱ آرام۔ عافیت۔

آسائش ۲ قرار۔ اطمینان۔ عیش (س شانتی)
چین آنا (لازم) قرار آنا۔ آرام ہونا۔ **چین اڑانا** (متعدی) آرام پانا۔ مزے اڑانا۔ **چین پانا** (لازم) آرام پانا۔ **چین پڑنا** (لازم) آرام ہونا۔ کل پڑنا۔ اطمینان ہونا۔ ٹھنڈک پڑنا۔ **چین جانا** (لازم) کل نہ پڑنا۔ رنج و تکلیف میں ہونا۔ **چین چان** (ہ) **چین چین سے** (تف) بے فکری سے۔ آرام سے۔ **چین سے کٹنا یا گزرنا** (لازم) آرام سے بسر ہونا۔ **چین کرنا** عیش کرنا۔ مزے اڑانا۔ **چین لینا** (متعدی) آرام کرنا۔ دم لینا۔ سستانا۔ **چین ملنا** (لازم) آرام ہونا۔ آرام ملنا۔ **چین نہ پانا** (متعدی) تکلیف میں ہونا۔ رنج میں وقت گزارنا۔ **چین نہ پڑنا** (لازم) بے چینی ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ **چین نہ لینے دینا** (متعدی) آرام نہ کرنے دینا۔ تکلیف دینا۔ **چین نہ ہونا** (لازم) بے چین ہونا۔ آرام میں نہ ہونا۔ اطمینان نہ ہونا۔ گھبرانا۔ **چین ہونا** (لازم) مزے ہونا۔ عیش ہونا۔

چِین۔ چِین (ہ۔ مذکر) ایک اناج چینا۔

چیں۔ چِین (ف۔ مونث) ۱ شکن۔ سلوٹ۔ جھری۔ بل۔ ۲ (صفت) چننے والا۔ اکٹھا کرنے والا۔ اسم کے آخیر میں آکر اسم فاعل بناتا ہے۔ جیسے گلچیں۔ سخن چیں۔ **چین ابرو** (مذکر) پیشانی کا شکن۔ **چیں (بابرو یا بجبیں) بجبیں ہونا** (لازم) ناراض ہونا۔ خفا ہونا۔ غصے ہونا۔ تیوری پر بل ڈالنا۔

چیں (ہ۔ مونث) ۱ چڑیا کی آواز ۲ بار یک آواز میں باہیں۔ **چیں بلا دینا یا بلانا** (متعدی) **بول جانا۔ بولنا** (لازم) ۱ عاجز آنا ۲ ہار ماننا۔ مات کھانا۔ **چین پڑاخ یا چٹاخ** (مونث) گستاخی۔ بے ادبی۔ **چیں چپٹ نہ کرنا** (متعدی) بے عذر مان لینا۔ **چین چپڑ کرنا** (لازم) جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا۔ **چیں چیں** (مونث) ۱ چوں چوں ۲ غل۔ شور ۳ لغو تکرار۔ بحث ۴ بچوں کا رونا۔ چلانا۔ زاری کرنا۔ ہونا کے ساتھ۔ **چیں چاں کرتا پھرے گا**۔ فریاد یا شکوہ کرتا پھرے گا۔ **چیں ماننا** (لازم) دیکھو چیں بولنا۔

چین (ایشیا) ۱ مشرق میں ایک ملک۔ رقبہ ۴۲۷۰۲۹۰ (۴۷۸۰۴۴۴) ۲ (مذکر) ایک درخت ۳ ایک قسم کا کپڑا۔ **چین پٹا** (ہ۔ مذکر) سیندور۔ **چین کرپور** (ہ۔ مذکر) کافور۔

چینی (صفت) ۱ چین کا ۲ چین میں پیدا ہوا ہوا ۳ چین کا باشندہ ۴ (مونث) چین کی زبان ۵ (مونث) سفید کھانڈ ۶ چین کی سفید مٹی ۷ روغنی برتن جو اس مٹی کے بنے ہوں ۸ روغنی برتن جو یورپ سے اسی طرح کے بن کر آتے ہیں ۹ گھڑی کا چہرہ۔ **چینی کا بال** (مذکر) لکیر جو چینی کے برتن میں پڑ جاتی ہے۔ **چینی کا برتن** (مذکر) ۱ چین کی مٹی کا روغنی ظرف ۲ سفیدی کا روغنی ظرف

چیں (ہ۔ مونث) چیں۔ **چیں چیں کرنا** (متعدی) دیکھو چیں کے تحت میں۔

چین (انگ۔ مونث) گھڑی کی زنجیر۔ زنجیر۔ لڑی۔ عوام بالفتح بولتے ہیں۔

چینا (ہ۔ صفت) ۱ چین کا ۲ چین میں پیدا ہوا ہوا ۳ (مذکر) چین کا باشندہ۔
چینا بادام (مذکر) مونگ پھلی۔

چَینا۔ چینا (ہ۔ مذکر) ایک اناج جو بہت چھوٹا ہوتا ہے۔

امثال و اقوال۔ چیناجی کا لینا۔ چودہ پانی دینا۔ بیار چلے تو لینا نہ دینا (ہ) چینا بہت ناقابل اعتبار اناج ہے اسے بہت دفعہ پانی دینا پڑتا ہے۔ اور اگر لو چلے تو کچھ رہتا ہی نہیں۔ **چینے کے بنس میں بھوت بھٹے مارڈھا** (ہ) ایسی جگہ کہتے ہیں جہاں نالائق بیٹا قابل ہوتا ہے۔

چینپ (ہ۔ مذکر) چیپ۔

چینت (ہ۔ ام) چینتنا کا رس چھد۔ کاٹنا۔ **چینتنا** (متعدی) ۱ جڑ سے اکھاڑ دینا۔ **چینتی کرنا** (ہ۔ متعدی) ۱ بدمعاملگی کرنا ۲ کھیل میں اصل واقعہ چھپانا۔

چینہ (ہ۔ لازم) ایک قسم کی گھاس۔
چینتھنا (ہ۔ لازم) کچلا جانا۔ روندا جانا۔ زخمی ہونا

چینٹ (ہ۔ مونث) رگڑ۔ چھل جانا۔ جھریٹ۔
چینٹا چینٹا (ہ۔ مذکر) چیونٹا۔
بڑی چیونٹی **چینٹی** (مونث) چیونٹی۔

چینچ (ہ۔ مذکر) بہت چھوٹا دانہ جو کبوتروں کو کھلاتے ہیں
چینچلا (ہ۔ مذکر) ۱ پرند کا وہ بچہ جس کے پر نہ ہوں ۲ الجھا ہوا سوت ۳ ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ **چینچلا نکالنا** (متعدی) کچومر نکالنا۔ کچلنا۔

چیند (ہ۔ مونث) ۱ بدمعاملگی۔ ہٹ دھرمی ۲ کھیل میں اصل واقعہ چھپانا ۳ شطرا کرنے سے انکار کرنا ۴ کھیل میں دھوکہ دینا ۵ دغابازی۔ دھوکا کرنا ہونا کے ساتھ۔ **چیند بازی** (مونث) چیند۔ **چیند لانا** (متعدی) کھیل میں دھوکا دینا۔ دغا دینا۔ فریب دینا۔ **چیندیا** (صفت) بدمعاملہ۔ بے ایمان۔ دغاباز۔

چینڈی (ہ مونث) ۱ چھوٹا سا گڑہ چینڈی ۲ گول چیز جو گاڑی کے دھرے یا چرخے پر ڈھلتے ہیں۔

چینگا (ہ۔ مذکر) پرندے کا چھوٹا بچہ (چگلا)۔
چینگی پوٹے (مذکر) ۱ چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے ۲ بال بچے۔

چینل (یورپ) انگلش چینل میں ایک مجمع الجزائر جیسے جرزی۔ گرنزی۔ الڈرنی اور سارک چار جزیرے ہیں

چینہرف (ہ۔ مذکر) ۱ اناج۔ جوار۔ باجرہ وغیرہ ۲ جانور پکڑنے کا پھندا ۳ دیوار میں اینٹوں یا پتھر کی تہ۔ **چینہ دان** (مذکر) پرندے کا پوٹا۔ **چینہ دیوار** (مذکر) دیکھو چینہ ۳۔

چیولی (ہ۔ مونث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

چیونٹا (ہ۔ مذکر) بڑی چیونٹی۔ **چیونٹی** (مونث) ایک چھوٹا سا سیاہ رنگ کا کیڑا۔ **چیونٹیاں** (مونث) چیونٹی کی جمع ۱ چیں چلہور کے کھیل میں جو انگلیاں ہارے ہوئے کے ہاتھ پر ماری جاتی ہیں۔ **چیونٹیاں لگنا** (لازم) ۱ بدن میں سوزش ہونا ۲ گرمی کی شدت ہونا۔ **چیونٹی بول** (مذکر) ۱ چیونٹیوں کی فوج ۲ مجمع بھیڑ ۳ کسی فارغ البال شخص کا بیٹھے بٹھائے ایسا سامان کرنا کہ جس کا انجام بربادی ہو۔ **چیونٹی کا پر نکالنا** (متعدی) ۱ چیونٹی کے بدن سے پر کا پیدا ہونا ۲ موت کا وقت آنا۔ زوال کا وقت آنا۔ آخر عمر میں چیونٹی کے پر نکلتے ہیں۔ اور یہ بلوں میں سے نکل کر ہوا میں اڑتی ہے۔ تو پرندے اسے کھا جاتے ہیں۔ **چیونٹی کا فیل** سست کو پست کرنا (متعدی) کمزور کا زبردست کو نیچا دکھانا۔ **چیونٹی کے پر نکلنا** (لازم) دیکھو چیونٹی کا پر نکالنا۔ **چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا** (لازم) بہت تھوڑا کھانا۔ کم خوراک ہونا۔ **چیونٹیوں** (مونث) چیونٹی کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ **چیونٹیوں بھرا کباب** (مذکر) ۱ جھگڑے کی چیز ۲ مصیبت کا گھر ۳ دہلی میں بال بچے والے مرد کو کہتے ہیں جو دوسری شادی کرلے۔ **چیونٹیوں کے پر نکلنا** (لازم) دیکھو چیونٹی کے پر نکلنا۔

امثال و اقوال۔ چیونٹی چلی ہے ساگر تھاہ ۔ اپنی حیثیت سے بڑھکر کام کرنے کی کوشش کرنا۔ **چیونٹی چلی پراگ نہلانے** اپنی حیثیت سے بڑھکر کام کرنا۔ **چیونٹی کے سرنے کی جگہ نہیں**۔ بہت تنگ جگہ ہے۔ **چیونٹی کا بل چھپنے کو نہیں ملتا**۔ کسی سے مدد کی امید نہیں۔ سر چھپانے کو نہیں ملتی۔ **چیونٹی کو جو موت آنی ہوتی ہے پر نکلتے ہیں**۔ دیکھو چیونٹی کے پر نکلے۔ **چیونٹی کو موت کا ریلا** بہت۔ **چیونٹی کو موت کی بلا بس**۔

غریب کو تھوڑی مصیبت بہت نقصان پہنچاتی ہے چیونٹی کے لگے اب خیر نہیں۔ حد سے بڑھ گیا اب اس سے تنزل کا وقت آیا چیونٹی کے پر نکلے (اور موت آئی) موت کا وقت قریب آیا۔	چیونٹیوں کی موت پر آیوڑہ چیونٹیوں کے بھی پر لگے غریب ہو کر امیر کی برابری کرتا ہے چیونٹیوں کے گھر نت ماتم غریب آدمی سدا گرفتار مصیبت رہتا ہے۔	چیہی (ہ۔ مذکر) گوجر قوم کی ایک گوت۔

ح

ح (ع - مونث) اَلمَلفُظ ہے - عربی میں حا ۱ اردو کا نواں عربی کا چھٹا فارسی کا آٹھواں حرف ہے ۲ ہندی میں یہ حرف نہیں ہے۔ ہ کے نیچے نقطہ دینے سے بنا لیتے ہیں ۳ اسے حاحطی یا مہملہ بھی کہتے ہیں ۴ ابجد میں اس کے ۸ عدد مقرر ہیں۔ اصل میں یہ فارسی میں بھی نہیں عربی سے لیا گیا ہے۔ اور عموماً عربی الفاظ ہی میں استعمال ہوتا ہے - علم نجوم میں برج کمان کو ظاہر کرتا ہے اور شاہی احکامات میں الفاظ حضور نویس کا مخفف تھا۔ جس کا کام شاہی احکامات پر دستخط کرنا تھا۔ اس کی آواز ہ کی طرح ہے مگر حلق میں سے نکلتی ہے۔

حاتِم (۲) بن عبداللہ بن سعد عربی شاعر اور شجاع تھا۔ زیادہ شہرت فیاضی کی وجہ سے ہے۔ قبیلہ طے کا سردار تھا۔ صاحب دیوان ہے ۲ (صفت) فیاض۔ سخی۔ کریم - داتا۔ دھرم آتما۔ فیض بخش ۳ (مذکر) وہ شخص جو فیصلہ دے۔ قاضی۔ منصف ۴ وہ شخص یا چیز جو کسی چیز کو ضروری کر دے ۵ ایک قسم کا کوا جس کے بولنے سے خیال ہے کہ جدائی یا روانگی ہو جاتی ہے۔ (حَتم۔ فیصلہ کرنا) **حاتِم زمانہ یا وقت ہونا** (لازم) اپنے زمانے میں سخاوت میں مشہور ہونا۔ **حاتم طائی** (مذکر) دیکھو حاتم ۲ (قصہ) فارسی زبان میں ایک کتاب جس میں حاتم طائی کی سرگذشت ہے۔ **حاتم کی قبر (گور) پر لات مارنا** (متعدی) سخت فیاضی کرنا۔ سخاوت میں حاتم سے بڑھ جانا۔ [illegible] سے اتفاقیہ سخاوت ہو جائے تو مذاقاً کہتے ہیں۔ **حاتمی** (مونث) فیاضی۔ سخاوت۔

حاج (ع - مذکر) ایک پودہ۔

حاجّ (ع - مذکر) حاجی (حَجّ۔ جانا)

حاجات (ع - مونث) حاجت کی جمع۔

حاجِب (ع - مذکر) ۱ دربان۔ چوبدار ۲ پردہ ۳ ابرو ۴ ایک وزیر (حَجب۔ روکنا)

حاجَت (ع - مونث) ۱ ضرورت احتیاج۔ غرض ۲ خواہش۔ امید۔ آرزو۔ مراد ۳ افلاس غربت ۴ ضرورت کی چیز ۵ ضروری چیز کام یا معاملہ ۶ پاخانہ (حوج۔ حاج۔ ضرورت ہونا) **حاجت برار** (صفت) ۱ وہ جو ضرورت پوری کرے ۲ مجازاً خدا۔ **حاجت بر آنا** (لازم) مراد پوری ہونا۔ **حاجت براری** (مونث) ضرورت پوری کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **حاجتِ تجویز یا تفتیش** (مونث) دریافت کی ضرورت۔ **حاجت خواہ** (صفت) سائل۔ فقیر محتاج۔ **حاجت روا** (صفت) حاجت پوری کرنے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) **حاجت روائی** (مونث) ضرورت پوری کرنا۔ کسی کا کام نکالنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **حاجت رفع کرنا** (متعدی) کسی کا کام نکالنا ۲ پاخانہ کرنا۔ **حاجت گاہ** (مونث) ۱ ضرورت پوری ہونے کی جگہ ۲ پاخانہ۔ جائے ضرور۔ **حاجتمند** (صفت) ۱ غریب۔ محتاج ۲ ضرورتمند۔ خواہشمند۔ **حاجتمندی** (مونث) ضرورت۔ **حاجت میں رکھنا** (متعدی) قیدی کو حراست میں رکھنا۔ **حاجت ہونا** (لازم) ۱ ضرورت ہونا ۲ پاخانہ آنا۔ **حاجتی** (صفت) ۱ ضرورتمند ۲ خیر خواہ ۳ (مونث) وہ برتن جس میں بیمار لیٹے لیٹے پیشاب کر لیتے ہیں۔

مثل - حاجت مشاطہ نیست روئے دلآرام را - خوبصورت کو بناؤ سنگار کی ضرورت نہیں۔

حاجِز (ع - صفت) ۱ روکنے والا بیچ میں آنے والا ۲ (مذکر) کوئی چیز جو بیچ میں آجائے حائل ہونے والی چیز - پردہ - روک - باڑ - آڑ (حَجز۔ روکنا)

حاجی (ع - مذکر) عربی میں استعمال نہیں ہوتا - وہ شخص جس نے حج کیا ہو - **حاجی احمق - حاجی بیوقوف** (مذکر) وہ شخص جن کا عرم میں سوانگ بھرا جاتا ہے - **حاجیُ الحرمَین** (مذکر) وہ حاجی جس نے مکے کا حج اور مدینے کی زیارت کی ہو - **حاجی ترخان** (ایران) ایک شہر - استرخان - **حاجی لکلک** (مذکر) سارس -

حادّ (ع - صفت) ۱ نوکدار - تیز چبھنے والا ۲ کڑوا - چڑچڑا ۳ کھٹا ۴ تیز مزاج - جوشیلا - تیز طبع (حَدّ - روکنا) **حادُّالزاویہ** (مذکر) سکڑا کونا - وہ زاویہ جو زاویہ قائمہ سے چھوٹا ہو - **حادّہ** (صفت) ۱ سکڑا ہوا ۲ (زاویہ) دیکھو آخری -

حادِث (ع - صفت) ۱ نیا - جدید نو - تازہ ۲ ابھی شروع ہوا ہوا - ابھی واقعہ ہوا ہوا (حَدث نیا ہونا) **حادث ہونا** (لازم) ۱ واقعہ ہونا ۲ نکلنا - ظاہر ہونا - **حادثہ** (مذکر) "نئی بات" ۱ واقعہ - ماجرہ - واردات سانحہ - وقوع ۲ مصیبت - تکلیف - زمانے کی گردش (ہونا کے ساتھ) **حادثہ ڈالنا** (متعدی) جھنجھٹ میں ڈالنا۔

حاذ (ع - مذکر) ۱ پیٹھ ۲ ایک پودے کا نام -

حاذِق (ع - صفت) ۱ ہوشیار - چالاک چاتر - ذہین ۲ ماہر - استاد - کامل - ماہر فن - عالم - فاضل - طبیب کی تعریف میں استعمال ہوتا ہے (حَذق - کاٹنا) **حاذِقُ المُلک** (مذکر) ایک خطاب جو حکیموں کو دیا جاتا ہے - ملک کا نہایت کامل طبیب -

حار (ع - صفت) ۱ گرم - تپتا - محرق سوزاں ۲ مشکل - تکلیف دہ - سخت (حَرّ - گرم ہونا)

حارِث (ع - مذکر) کسان - کاشتکار ۲ وہ شخص جو اکٹھا کرے یا جمع کرے -

حارِج (ع - صفت) روکنے والا - مزاحم (حَرَج - نزدیک ہونا)

حارِس (ع - مذکر) ۱ رکھوالا - چوکیدار پاسبان ۲ سپاہی - سنتری ۳ حاکم - حامی ۴ لٹیرا - ڈاکو (حرس حفاظت کرنا - چوری کرنا)

حارِص (ع - صفت) حریص - لالچی (حرص - لالچ کرنا - پھاڑنا) **حارصہ** (مذکر) سر پر چوٹ یا زخم جو ہڈی تک پہنچے -

حازِم (ع - صفت) ۱ عقلمند - زیرک دانا ۲ چوکس - سیانا - چاتر - ہوشیار -

حاسِد (ع - صفت) حسد کرنے والا دوسرے کا نقصان دیکھ کر خوش ہونے والا - دوسرے کے فائدے سے رنجیدہ ہونے والا ۲ (مذکر) دشمن - بدخواہ (حَسَد - حسد کرنا)

مثل - حاسد کا منہ کالا - حاسد ہمیشہ بے عزت رہتا ہے -

حاسِر (ع - صفت) ۱ ننگا - عریاں ۲ بلا ضرر ۳ بلا زرہ خود یا سپر (حَسَر - ننگا کرنا)

حاسّہ (ع - مذکر) حس کی کوئی قوت حواس خمسہ میں سے کوئی ایک (حس کرنا - محسوس کرنا) **حاسہ عامہ** (مذکر) عقل سلیم -

حاش (ع - صفت) ۱ علاوہ - سوائے ماسوائے ۲ ہرگز نہیں - بالکل نہیں (حَیش - حاش - ڈرنا) **حاشا** (صفت) ۱ دور پار - درگور ۲ دیکھو آخری - **حاشا ثم حاشا** - ہرگز نہیں - پھر ہرگز نہیں - **حاشا کَ حاشا لِکَ** - تجھ سے دور - دور پار - **حاشا لِلّٰہِ** - خدا نہ کرے - ہرگز نہیں - **حاشا و کلّا** - خدا اس سے بچائے

کسی بری بات پر تعجب کے ظاہر کرنے کے لئے بولا جاتا ہے ۲ ہرگز نہیں۔ **حاش للّٰہ** ۔ خدا نہ کرے۔ ہرگز نہیں (حَش ایک طرف کرنا۔ الگ کرنا)

حاشا (ع۔ مونث) ایک پودہ جس کے پتے مسالحے کے طور پر استعمال ہوتے ہیں۔

حاشر (ع۔ صفت) ۱ جمع کرنے والا ۲ پیغمبر صلعم کا ایک نام۔

حاشیہ (ع۔ مذکر) ۱ کنارہ۔ کونا لب ۲ گوٹ۔ سنجاف۔ مغزی۔ پلہ ۳ کتاب یا ورق کا چاروں طرف کا کنارہ۔ لکھے ہوئے ورق کا کنارہ ۴ وہ بیل بوٹے جو رومالوں۔ چادروں وغیرہ کے کناروں پر بناتے ہیں ۵ شرح یا یادداشت جو کتاب کے متن پر لکھی جائے نوٹ۔ فٹ نوٹ ۶ کام جو وردی کے سامنے بنا ہوتا ہے ۷ کم درجے کے لوگ۔ حاضر باش۔ حالی موالی۔ جلو۔ فوجی سپاہی ۸ شرح کی شرح (حَشی۔ گوٹ) **حاشیہ بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) رومالوں چادروں وغیرہ کے کنارے پر بیل بوٹے کاڑھے جانا۔ **حاشیہ چڑھانا** (متعدی) ۱ گوٹ لگانا۔ سنجاف لگانا ۲ کسی کتاب پر شرح یا تفسیر چڑھانا ۳ اپنی طرف سے کسی بات پر اضافہ کرکے بنانا۔ نمک مرچ لگانا۔ **حاشیہ چڑھنا** (لازم) حاشیہ چڑھانا کا۔ **حاشیہ چھوڑنا** (متعدی) چاروں طرف سے کاغذ پر خالی جگہ چھوڑ کر لکھنا۔ **حاشیہ (کا) گواہ** (مذکر) وہ گواہ جو کسی دستاویز کے حاشیہ پر دستخط کرے۔ **حاشیہ لکھنا** (لازم) حاشیہ چڑھانا ۲ سبقت لے جانا۔ اضافہ کرنا۔ **حاشیہ لگانا** (متعدی) دیکھو حاشیہ چڑھانا۔ **حاشیہ نشیں** (مذکر) پاس بیٹھنے والے لوگ۔ مصاحب۔ **حاشیہ نشینان محکمہ** (مذکر) ایسران عدالت۔ **حاشیۂ باغ بندی** (مذکر) پھولوں کا تختہ۔ **حاشیے دار** (صفت) ۱ جس کے کنارے پر شرح لکھی ہو ۲ گوٹ دار۔ سنجاف لگا ہوا۔ جس کے کنارے پر بیل بوٹے بنے ہوں **حاشئے میں مندرج کرنا** (متعدی) کنارے پر لکھنا۔ کنارے پر نوٹ کرنا۔

حاصب (ع۔ صفت) ۱ مٹی یا برف اڑانے والی (ہوا) ۲ برف یا اولے ڈالنے والا (بادل) (حَصب۔ کنکر پھینکنا)

حاصد (ع۔ مذکر) فصل کاٹنے والا کھیتی کاٹنے والا۔ کٹیا (حَصد۔ فصل کاٹنا)

حاصر (ع۔ صفت) ۱ جو روکے یا بند کرے ۲ قابض۔ کساؤ کرنے والا ۳ چٹائی۔ چٹائی بنانیوالا ۴ محاسب۔ حساب لگانے والا۔ نمبر لگانے والا (حَصر۔ گھیر لینا)

حاصل (ع۔ مذکر) ۱ پیداوار۔ محاصل ۲ بقایا۔ کسی چیز کا بقیہ ۳ نتیجہ۔ ثمرہ۔ پھل ۴ خلاصہ مطلب ۵ فائدہ۔ نفع ۶ آمدنی زمین کی یا کسی اور چیز کی **حاصلات** (مذکر) حاصل کی جمع۔ **حاصل بازار یا بازاری** ۔ آمدنی جو کسی منڈی یا میلے کی دوکانوں سے بطور ٹیکس کے ہو۔ **حاصل تفریق** (مذکر) بقایا۔ وہ رقم جو بعد منہائی باقی رہے۔ **حاصل تقسیم** (مذکر) خارج قسمت۔ **حاصل جمع** (مذکر) میزان کل۔ مجموعہ **حاصل خیز** (صفت) زرخیز۔ زرریز۔ **حاصل دار** (مذکر) اکٹھا کرنے والا شخص۔ افسر مال۔ کلکٹر۔ **حاصل زمین** (مونث) ۱ وہ زمین جس پر مالگذاری دی جائے ۲ وہ زمین جس سے پیداوار یا آمدنی ہو۔ **حاصل ضرب** (مذکر) وہ رقم جو ضرب دینے سے حاصل ہو۔ گن پھل۔ **حاصل کرلینا یا کرنا** (متعدی) لینا۔ پانا ۲ کمانا۔ پیدا کرنا ۳ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا ۴ سیکھنا ۵ فائدہ حاصل کرنا۔ نفع اٹھانا۔ **حاصل کلام** (مذکر) ۱ خلاصہ مطلب۔ بات کا نتیجہ ۲ الغرض۔ **حاصل مصدر** (مذکر) وہ لفظ جو کسی فعل کے اثر یا نتیجے کو ظاہر کرے۔ اردو میں یہ ہمیشہ فعل سے علامت مصدر حذف کرکے بناتے ہیں۔ بعض کے آخر میں کچھ علامت نہیں ہوتی۔ جیسے لوٹ۔ مار۔ کود۔ پھاند۔ دوڑ۔ بھاگ۔ ڈر۔ سوچ۔ علامات۔ ن جیسے جلن۔ لگن۔ ان۔ جیسے لگان۔ الف جیسے جھٹکا۔ آؤ جیسے جماؤ۔ ت۔ جیسے لکھت۔ آئی جیسے پڑھائی۔ ی جیسے ہنسی۔ اوا جیسے دکھاوا۔ نت جیسے پڑھنت۔ کبھی دو امر ایک جیسے استعمال ہوتے ہیں۔ جیسے بک بک۔ کبھی دو مختلف امر حاصل ہوتے ہیں جیسے جان پہچان۔ فارسی کا حاصل مصدر بھی اسی طرح فعل سے بنتا ہے۔ بغیر علامت جیسے آرام۔ شمار۔ انداز۔ علامات۔ ت یا د۔ جیسے شناخت۔ آمد۔ خرید۔ فروخت۔ ش جیسے آزمائش خواہش۔ ہ جیسے اندیشہ۔ خندہ۔ گریہ۔ ار جیسے رفتار گفتار (حَصَل۔ باہر آنا۔ ظاہر ہونا) **حاصل نہ حصول** بے فائدہ لاحاصل۔ **حاصل ہوجانا یا ہونا** (لازم) دیکھو حاصل کرنا۔

حاضر (ع۔ صفت) ۱ موجود۔ سامنے کھڑا ۲ تیار۔ آمادہ۔ مستعد ۳ مطمئن۔ قانع ۴ (صرف) صیغۂ مخاطب۔ **حاضر آنا** (لازم) دیکھو حاضر ہونا۔ **حاضرات** (مذکر) ۱ جن بھوت پریت یا بد روحوں کو بلانا ۲ ان کو نکالنا ۳ انکو قید کرنا یا حکم دینا ۴ ایکا جلسہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **حاضراتی** (مذکر) ۱ حاضرات کرنے والا ۲ جادوگر ۳ دیکھو حاضرات۔ **حاضران** (مذکر) حاضر کی جمع بقاعدہ فارسی **حاضر باش** (مذکر) وہ شخص جو کسی کی خدمت میں حاضر رہے۔ **حاضر باشی** (مونث) حاضری۔ موجودگی۔ ہر وقت کی حاضری۔ **حاضر جواب** (مذکر) وہ شخص جو فوراً جواب دے۔ **حاضر جوابی** (مونث) ۱ جواب فی البدیہہ اور معقول۔ برجستہ جواب ۲ لطیفہ گوئی۔ سخن سنجی۔ **حاضر رہنا** (لازم) ۱ موجود رہنا۔ پاس رہنا ۲ کھڑا رہنا۔ **حاضر ضامن** (مذکر) وہ شخص جو کسی کے حاضر رہنے کی ضمانت دے۔ **حاضر ضامنی** (مونث) کسی شخص کو عدالت میں حاضر کرنے کی ذمہ داری یا ضمانت **حاضر کرنا** (متعدی) ۱ لانا۔ پیش کرنا۔ موجود کرنا ۲ مہیا کرنا ۳ بلا کر لانا۔ **حاضر میں حجت نہیں** ۔ جو موجود ہے اس کے دینے میں انکار۔ **حاضر و ناظر** (صفت) موجود اور دیکھنے والا۔ خدا کی صفت۔ **حاضر ہونا** (لازم) آنا۔ آموجود ہونا۔ سامنے آنا ۲ پیش ہونا ۳ مہیا ہونا۔ **حاضری** (مونث) ۱ موجودگی ۲ کھانا جو قریبی رشتہ دار۔ مردے کے وارثوں کو بعد دفن بھیجتے ہیں۔ (ان معنوں میں بھیجنا۔ بھجوانا یا کھانا کھلانا کے ساتھ) ۳ ناشتہ فرنگیوں کا صبح کا کھانا ۴ جس پر شہدائے کربلا یا حضرت عباس کی فاتحہ دیتے ہیں ۵ عدالت میں حاضر ہونا ۶ نام کا پکارا جانا گنتی ہونا ۷ دربار میں حاضر ہونا۔ **حاضری بہی** (مونث) حاضری کا خط۔ **حاضری دینا** (متعدی) ۱ مردے کا کھانا دینا ۲ کچہری یا دفتر میں حاضر باشی لکھوانا ۳ صبح کا کھانا کھلانا۔ **حاضری کا میلہ** (مذکر) ایک دعوت جو اہل تشیعہ عشرۂ محرم کے بعد دیتے ہیں۔ اس میں ہر قسم کے لوگ جاتے ہیں۔ **حاضری کھانا** (لازم) **کھلانا** (متعدی) **کھلوانا** (م) صبح کا کھانا کھلوانا۔ **حاضری لینا** (متعدی) نام پکارنا۔ گنتی لینا۔ **حاضری میں کھڑا رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) ہر وقت خدمت میں موجود رہنا۔ **حاضرین** (جمع حاضر بہ قاعدہ عربی) موجود لوگ اہل مجلس یا جلسہ۔ **حاضرین جلسہ یا مجلس** (مذکر) وہ لوگ جو مجلس یا جلسے میں موجود ہوں۔

امثال و اقوال ۔ **حاضر کو لقمہ غائب کو تکبیر** ۔ نیک آدمی کی تعریف ہے کہ موجود آدمی کو کھانا کھلاتا ہے اور مردوں کے نام پر فاتحہ پڑھتا ہے۔ **حاضر گیدی دور جہنمی** ۔ برے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جو حاضر

غائب سب کو گالیاں دے۔ حاضر مارے غافل روئے موجود آدمی کو کچھ نہ کچھ ملجاتا ہے غیر حاضر کو کچھ نہیں ملتا۔ حاضر میں حجت نہیں غیر حاضر کی تلاش نہیں جو موجود ہیں ان کو مل جاتا ہے۔ جو موجود نہیں انکی پروا نہیں کی جاتی۔ بے لاگ آدمی کے متعلق کہتے ہیں۔ حاضری کے میلے ہیں کوئی ہو۔ وہاں سب برابر ہیں۔

حاطہ (ع) مذکر) احاطہ کا مخفف (عفف) صحن۔ رقبہ دیوار سے گھرا ہوا۔

حافت (ع۔ مونث) ۱کنارہ ساحل ۲تکلیف۔ مصیبت۔ غربت ۳دریا کے دونوں کنارے (حفّ۔ گھیر لینا)

حافِر (ع۔ مذکر) ۱کھودنے والا شخص مزدور ۲سم۔ کھر۔ ناخن۔ پنجہ (حَفَرَ۔ زمین کھودنا)

حافِرت (ع۔ مونث) کسی چیز کا شروع ۲آغاز (حَفَرَ۔ پہلا امت گرانا)

حافِظ (ع۔ صفت) ۱حفاظت کرنے والا۔ محافظ۔ نگہبان ۲وہ جسکا حافظہ اچھا ہو ۳اندھا نابینا ۴وہ شخص جسے قرآن از بریاد ہو ۵خدا تعالےٰ کا ایک صفاتی نام (حَفَظَ۔ حفاظت کرنا) **حافظانِ قلعہ۔** (مذکر) قلعے کے محافظ۔ افسرانِ قلعہ۔ **حافظ جی** (مذکر) ۱عام طور پر مسلمانوں میں اندھے کو کہتے ہیں ۲وہ شخص جسے قرآن حفظ ہو۔ **حافظِ حقیقی** (مذکر) اصلی نگہبان۔ خدا تعالےٰ۔ **حافظِ قرآن** (مذکر) دیکھو حافظ ۴۔ **حافظہ** (مذکر) بجائے قوتِ حافظہ۔ یاد رکھنے کی قوت۔ **حافظۂ الفاظ** (مذکر) الفاظ یاد رکھنے کی قوت۔ **حافظی** (مونث) اچھا حافظہ۔ **حافظے کا بے وفائی کرنا** (متعدی) بھول جانا۔

حافی (ع۔ صفت) ۱ننگے پاؤں ۲قاضی ۳ایک نام۔

حاق (ع۔ مذکر) کسی چیز کا درمیان

حاقّت (ع۔ مونث) ۱قیامت ۲کسی چیز کا درمیان ۳یقینی۔ آنے والا۔

حاقِن (ع۔ صفت) جسے ذیابطیس ہو۔

حاکت (ع۔ مذکر) حائک کی جمع۔ جلاہے۔

حاکت (ع۔ مذکر) دانت۔

حاکِم (ع۔ مذکر) ۱حکم کرنے والا شخص حکومت کرنے والا شخص ۲قاضی۔ مفتی۔ جج مجسٹریٹ کوتوال ۳سردار۔ ناظم۔ افسر۔ عامل۔ کوئی بڑا عہدہ دار۔ گورنر ۴والیٔ ملک۔ فرمانروا۔ بادشاہ ۵زمیندار۔ نمبردار۔ مقدم ۶مالک۔ آقا ۷خدا کا ایک صفاتی نام۔ **حاکمِ اعلےٰ** (مذکر) ۱خدا تعالےٰ۔ اللہ تعالےٰ ۲بڑا افسر۔ افسرِ اعلےٰ۔ **حاکمانہ** (صفت) ۱حاکم کے مانند۔ حاکم کی طرح ۲حاکم کا ۳اختیارات سے ۴متعلق بہ عدالت۔ از راہِ عدالت۔ **حاکم با اختیار** (مذکر) جج یا مجسٹریٹ جسے پورے اختیارات ہوں۔ **حاکم بالا** (مذکر) دیکھو حاکمِ اعلےٰ۔ **حاکمِ بحری** (مذکر) سمندر کی فوج کا افسر **حاکمِ دیوانی** (صفت) منصف۔ سب جج مفتی۔ **حاکمِ ذی اختیار** (مذکر) دیکھو حاکم با اختیار۔ **حاکمِ زیر دست** (مذکر) چھوٹا افسر۔ **حاکمِ شرع** (مذکر) مفتی۔ قاضی۔ **حاکمِ عدالت** (مذکر) جج۔ مجسٹریٹ۔ قاضی۔ مفتی۔ **حاکمِ فوجداری** (مذکر) مجسٹریٹ۔ قاضی وہ حاکم جو جرائم کی تشخیص کرے۔ **حاکمِ فوج** (مذکر) فوج کا سردار۔ **حاکمِ قلمی** (مذکر) عامل۔ ناظم۔ گورنر۔ **حاکم کے کتے** (مذکر) افسر کے ملازم جو کچھ لئے بغیر کسی کو ملنے نہیں دیتے۔ **حاکم نشین** (مذکر) گورنر یا حاکم کے رہنے کی جگہ **حاکمِ وقت** (مذکر) موجودہ حاکم۔ فرمانروائے حال **حاکمی** (صفت) ۱سرکار ۲(مونث) حکومت۔ تسلط حکمرانی۔ فرمانروائی ۳قانونی اختیار۔ قوت یا طاقت ۴حاکم کا کام یا عہدہ۔ مجسٹریٹی (حَکَمَ۔ روکنا۔ انصاف کرنا)

امثال واقوال۔ حاکم چون کا بھی برا۔ ادنےٰ حاکم سے بھی ڈرنا چاہئے۔ **حاکم دو جاننے والوں میں ایک انجان۔** اصل واقعات مدعی۔ مدعا علیہ کو پتہ ہوتے ہیں۔ حاکم کو کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ **حاکم کی آنکھیں نہیں ہوتیں کان ہی ہوتے ہیں۔** حاکم سنی سنائی باتوں پر یقین کر لیتے ہیں۔ خود ملاحظہ نہیں کرتے۔ **حاکم کی اگاڑی اور گھوڑے کی پچھاڑی نہ کھڑا ہو۔** دونوں طرح سخت نقصان ہوتا ہے۔ **حاکم کی تین شحنہ کی نو۔** حاکم تھوڑی رشوت لے تو ماتحت بہت زیادہ لیتے ہیں۔ حاکم کوئی چیز لے تو اہلکار رعیت کو لوٹ کھاتے ہیں۔ **حاکم کے مارے اور کیچڑ کے پھسلے کا کس نے برا منایا ہے۔** حاکم کسی کو زد و کوب کرے تو اسکی تسلی کے لئے کہتے ہیں۔ **حاکم محکوم کی لڑائی کیا۔** حاکم اور ماتحت کا جھگڑا ہو تو ماتحت کو نقصان پہنچتا ہے۔ **حاکم ہارے اور منہ ہی منہ مارے** افسر کی غلطی بھی ہو تو ماتحت کو ہی نقصان اٹھانا پڑتا ہے

حاکی (ع۔ مذکر) مصنف۔ مورخ قصہ گو۔

حال (ع۔ مذکر) ۱موجودہ زمانہ ۲حالت۔ کیفیت ۳احوال۔ حقیقت۔ سرگذشت ۴طاقت۔ قوت۔ دم۔ سکت ۵حیثیت۔ اسلوب طور۔ طریق ۶وجد۔ بیخودی ۷(صرف) فعل کی وہ حالت جو زمانہ موجودہ کو ظاہر کرے ۸(صفت) موجود گزرتا ہوا ۹ابھی فی الحال (حَوَلَ۔ حالَ۔ بدلنا) **حالا** (صفت) ۱ابھی۔ اسی وقت ۲(مذکر) مال گزاری کی قسط۔ **حال آنا** (لازم) گانا سنکر وجد یا بیخودی طاری ہونا۔ **حال آئینہ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) حالت ظاہر ہونا۔ **حال ابتر دیکھنا** (متعدی) حالت زیادہ خراب پانا۔ **حال ابتر کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) بری یا خراب حالت ہونا۔ **حال بنانا** (متعدی) بری حالت کر دینا۔ **حال بننا** (لازم) بری حالت ہونا۔ **حالات** (مذکر) حالت کی جمع۔ **حالاتِ آئندو روند** (مذکر) آنے جانے والوں کے حالات گزرنے والوں کے حالات۔ **حالاتِ آئندہ** (مذکر) آنے والے زمانے کے حالات۔ پیشین گوئیاں۔ **حالات پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا** (لازم) واقعات معلوم ہونا۔ مخبری ہونا۔ **حالاتِ خاص** (مذکر) خاص خاص واقعات۔ ضروری باتیں۔ **حالاتِ خفیہ** (مذکر) وہ باتیں یا واقعات جو ظاہر میں نظر نہ آئیں خفیہ باتیں۔ **حالاتِ زمانہ** (مذکر) زمانے کی کیفیت۔ **حالاتِ سابقہ یا گذشتہ** (مذکر) گزرے ہوئے واقعات۔ **حالاتِ ظاہری** (مذکر) وہ باتیں جو نظر آئیں یا معلوم ہوں۔ **حالاتِ متعلقہ** (مذکر) وہ واقعات جن کا کسی خاص بات سے تعلق ہو۔ **حالاتِ موجودہ** (مذکر) موجودہ زمانے کے واقعات یا کیفیتیں۔ **حال اچھا ہونا** (لازم) افاقہ ہونا۔ رو بصحت ہونا۔ **حالانکہ** (نفی) باوجودیکہ۔ ازبسکہ۔ بایں ہمہ درحالیکہ۔ اگرچہ۔ **حال اور پانا یا دیکھنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) حالت دگرگوں ہونا۔ حالت خراب یا مختلف ہونا۔ **حال باقی** (مونث) موجودہ بقایا۔ **حال بتانا یا بیان کرنا** (متعدی) واقعات ظاہر کرنا کیفیت بیان کرنا۔ **حال بدتر ہونا** (لازم) حالت زیادہ بری ہونا۔ **حال بُرا ہونا** (لازم) بری حالت ہونا صحت خراب ہونا۔ **حال بے حال کرنا** (متعدی)، **ہونا**

(لازم) حالت غیر ہونا۔ خستہ حال ہونا۔ خراب خستہ ہونا
حال پتلا ہونا (لازم) ۱ خراب حالت ہونا ۲ غریب
ہونا۔ مالی حالت خراب ہونا ۳ صحت خراب ہونا
حال پرسی (مونث) بیمار پرسی۔ عیادت۔ **حال پر**
رونا آنا (لازم) کسی کی خراب حالت دیکھ کر افسوس
یا رقت طاری ہونا۔ رحم آنا۔ ترس آنا۔ **حال پریشان**
(مذکر) بری حالت۔ خستہ حالت (کرنا ہونا کے ساتھ)
حال پوچھنا (متعدی) ۱ حقیقت یا سرگذشت دریافت
کرنا ۲ مزاج پرسی کرنا۔ **حال پہنچانا** (متعدی) **پہنچنا**
(لازم) حالت خراب ہوجانا۔ **حال پیشیں** (مذکر)
پہلی حالت۔ اصلی حالت۔ **حالت** (مونث) ۱ دیکھو
حال ۲ گت۔ درجہ ۳ (صرف) غائب۔ **حالتِ**
اضافی (صرف) مضاف الیہ ہونے کی حالت۔ **حالت**
آنا (لازم) حال آنا۔ **حالت بدلنا** (متعدی) اچھی
سے بری یا بری سے اچھی حالت ہوجانا۔ **حال یا حالت**
تباہ خراب یا غیر (مذکر) بری حالت۔ پریشانی۔
(کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ غربت۔ افلاس۔ **حالتِ**
فاعلی (صرف) فاعل ہونے کی حالت۔ پرتھم کارک
حالت مفعولی (صرف) مفعول ہونے کی حالت
حالت نسبی۔ کرم۔ **حالتِ موجودہ** (مونث) موجودہ
کیفیت۔ اسوقت کی حقیقت۔ موجودہ حیثیت۔
حالت میں تغیر ہونا (لازم) حالت بدلنا۔ **حالتِ**
نزع (مونث) جانکندنی کی حالت۔ دم توڑنے کی
کیفیت۔ **حالت نسبی** (مونث) حالت مفعولی۔
حال حال چلنا (لازم) جلدی جلدی روانہ ہونا
حال حاصل (مذکر) موجودہ پیداوار۔ **حال خستہ**
ہونا (لازم) بری حالت ہونا۔ غریب ہونا۔ گرجانا۔ **حالِ**
زار (مذکر) ۱ رونے کی حالت ۲ بری حالت۔ **حال**
زار سے قتل کرنا (متعدی) تکلیف دے کر قتل کرنا
حال سال (مذکر) موجودہ سال۔ سال حال۔ **حال**
سے آگاہ کرنا (متعدی) **ہونا** (لازم) حالت جاننا
حالت سے واقف ہونا۔ **حالِ شکستہ** (صفت)
تباہ۔ برباد۔ خستہ حال (ہونا کے ساتھ) **حال قال**
(مذکر) حالت اور بیان۔ **حال کا چرچا کرنا** (متعدی)
ہونا (لازم) کسی بات کا مشہور ہوجانا۔ **حال کرنا**۔
(متعدی) ۱ کسی حالت کو پہنچانا ۲ (برا) سخت ذلیل کرنا
بے عزت کرنا۔ مارنا۔ **حال کھل جانا** (لازم) ۱
حالت ظاہر ہوجانا۔ راز افشا ہوجانا ۲ آگاہی ہونا
واقفیت ہونا ۳ حقیقت کھل جانا۔ قلعی کھل جانا ۴ گت
بنجانا۔ سزا کو پہنچنا۔ **حال کھول دینا** (متعدی) دیکھو
آخری۔ **حال کھیلنا** (دہلی) **لانا** (متعدی) وجد میں
آنا۔ راگ سنکر بیخود ہوجانا۔ **حال لٹا ہونا** (عو)
حالت خراب ہونا۔ **حال ہونا** (لازم) ۱ بری
حالت ہونا ۲ تاب وطاقت ہونا ۳ حال آنا۔ **حال میں**
موجودہ زمانے میں۔ اندنوں۔ اسوقت۔ **حال ہی میں**
ابھی ابھی۔ **حالی** (صفت) موجودہ۔ حال کی۔ وقتی ۲ سکہ
رائج الوقت ۳ (مذکر) سرکاری مالگذاری۔ **حالی موالی**
(مذکر) ساتھی۔ ہم صحبت۔ ہمنشین۔

امثال واقوال۔ حال کا نہ
قال کا (ٹکڑا) **روٹی چھچا دال کا یا چھچا بھر**
دال کا۔ نکمے آدمی کی نسبت کہتے ہیں۔ **حال کا نہ**
روزگار کا۔ دیکھو آخری۔ **حال گیا احوال گیا**
پر دل کا خیال نہ گیا۔ صحت خراب ہوئی دولت
جاتی رہی لیکن بری عادتیں نہ گئیں۔ **حال میں قال**
دہی میں موسل۔ امیری کی حالت میں فال نکلوانا
اسطرح ہے جس طرح دہی میں موسل۔ یعنی فضول بات
ہے۔ **حال میں قال دہی میں موسل**۔ بےمحل
دخل دینے والے کی نسبت کہتے ہیں۔

حالِب (ع۔ مذکر) ۱ دودھ دوہنے
والا شخص ۲ پیشاب کی نالی۔

حالِم (ف۔ مونث) حلیم۔ ایک بوٹی جو
معالجہ کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔

حالوما (ف۔ مذکر) ایک پودہ جسے
سرخ مرد بھی کہتے ہیں۔

حامِد (ع۔ صفت) تعریف یا حمد کرنے
والا (حَمَدَ۔ تعریف کرنا)

حامِض (ع۔ صفت) کھٹا۔ ترش
(حَمُضَ۔ کھٹا ہونا)

حامِل (ع۔ صفت) ۱ لیجانے والا
۲ حاملہ ۳ (مذکر) مزدور۔ قلی۔ بوجھ اٹھانے والا (حَمَلَ۔ اٹھانا)
حاملات (مذکر) حاملت کی جمع۔ وہ بادل جو بارش سے
لدے ہوں۔ **حاملت** (مذکر) بادل بارش سے بھرا
ہوا۔ **حامل خط یا رقعہ** (مذکر) قاصد۔ پیغامبر۔ خط لیجانیوالا
حامل متن (مذکر) اصل مع شرح۔ **حامل وحی** (مذکر)
حضرت جبرئیل۔ **حاملہ** (صفت ومونث) وہ عورت
جسے حمل ہو (کرنا کر دینا کرنا ہوجانا ہونا کے ساتھ)

حامی (ع۔ مذکر) ۱ مددگار۔ معاون
۲ اونٹ جس سے باربرداری کا کام نہ لیا جائے ۳ اقرار تیقن یا
ضمانت جو تیسرا شخص دے (حَمیٰ۔ حفاظت کرنا) **حامی**
بھرنا (متعدی) وعدہ کرنا۔ اقرار کرنا۔ ضمانت دینا
حامی دار (مذکر) ضامن۔ جو دوسرے کے اقرار
پورا کرنے کا ذمہ لے۔ **حامیکار** (مذکر) مددگار۔ معاون
حامیہ (مونث) عورت مددگار ۲ اونٹنی جس سے بار
برداری کا کام نہ لیا جائے۔

حامِیَت۔ حامیہ (ع۔ مونث)
۱ محافظ دستہ ۲ حفاظت کرنے والے ۳ پتھر
جن سے کنواں بھرا جائے۔

حانِث (ع۔ مذکر) قسم توڑنے والا
شخص (حَنَثَ۔ قسم توڑنا)

حانُوت (ع۔ مذکر) ۱ خمار ۲ دوکان
۳ شراب بیچنے والا (حَنَوَ۔ جھکنا)

حاوی (ع۔ صفت) ۱ گھیرنے والا
احاطہ کرنے والا ۲ غالب۔ قابو میں کرنے والا ۳ جمع کرنیوالا
۴ سمجھنے والا (ہونا کے ساتھ) (حَوَیٰ۔ جمع کرنا)

حاوِیَہ (ع۔ مونث) انتڑیاں۔
انتڑیوں کی جھلی۔

حائر (ع۔ صفت) حیران۔ حیرت
زدہ ۲ دبلا۔ پتلا ۳ (مذکر) گرداب ۴ وہ جگہ جہاں حضرت
حسین کا مقبرہ ہے ۵ احاطہ۔ چاردیواری۔ (حَیَرَ۔ حیران ہونا)

حائِط (ع۔ مذکر) دیوار۔ احاطہ۔ فصیل
چاردیواری (حَوَطَ۔ حفاظت کرنا)

حائِک (ع۔ مذکر) جلاہا (حَوَکَ۔
بُننا)

حائِل (ع۔ صفت) ۱ بیچ میں
آنے والا ۲ روکنے والا ۳ (مذکر) روک۔ آڑ۔ پردہ
۴ مانع (آنا ہونا کے ساتھ) (حَوَلَ۔ درمیان میں آنا)

حَبّ (ع۔ مونث) ۱ دانہ۔ اناج
کا دانہ ۲ تخم۔ میوے کا بیج۔ گٹھلی ۳ گولی۔ **حَبّ الاصل**
(مونث) املی کا بیج جو تلی کے لئے مفید ہے۔ **حَبّ العاص**
(مونث) ولایتی مہندی کا بیج جو بچھو کے کاٹنے کا علاج
ہے اور نشہ دفع کرتا ہے۔ **حَبّ البنا** (مونث) ایرانی
تارپین کا بیج۔ **حَبّ السلاطین یا الملوک** (مونث)
ایک بیج جو جلاب کے کام آتا ہے۔ جمالگوٹہ۔ **حَبّ السودان**
(مونث) مصری املتاس کا بیج جو آشوب چشم کے لئے مفید
ہے۔ **حَبّ الغار** (مونث) ایک بیج جو مدر ہے
حَبّ الفقد (مونث) ایک درخت جو جزیرہ سسلی
میں ہوتا ہے۔ **حَبّ القرع** (مونث) کیچوا

حبُ القرنفل (مونث) ایک پودہ جو مسالے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **حبّ القلقل** (مونث) بڑے کڈلے پتوں والے املتاس کا بیج جو زخموں یا گٹھیا کے درد کے لئے مفید ہے۔ **حبّ القنا** (مونث) مکو۔ عنب الثعلب **حبُ الکلی** (مونث) ایک تپتیا گھاس۔ **حبُ المشک** (مونث) مشک دانہ کستوری۔ بھنڈی۔ ایک پودہ جسکا بیج خوشبو کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ **حبِ بلسان** (مونث) ایک درخت کا بیج اس کا تیل مالش کے کام آتا ہے۔ **حبّۃ العین** (مونث) آنکھ کی پتلی **حبِ عروس** (مونث) درخت کاکناج کی جڑ۔ **حبِ عنبر** (مونث) عنبر کی گولیاں۔ **حبِ قاقولہ** (مونث) الائچی خورد۔ **حبّہ** (مذکر) ۱ ایک دانہ اناج کا ایک بیج۔ ایک بیر ۲ ایک گولی ۳ وزن جو کھرے ایک ماپ دو جو کی لمبائی کا ۴ ذرہ۔ چھوٹا سا ٹکڑہ یا حصہ۔ **حبہ کھبر** (نفف) ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ **حبہ حبہ وصول پانا** (لازم) کوڑی کوڑی وصول پالینا۔ کچھ باقی نہ رہنا۔

حُبّ (ع۔ مونث) ۱ محبت۔ پیار الفت۔ چاہ۔ انس ۲ دوستی۔ آشنائی ۳ شوق۔ آرزو تمنا۔ **حبّ الوطن** (مونث) وطن کی محبت۔ **حبِ شہوانی** (مونث) شہوت۔ **حب کا عمل** (مذکر) وہ دعا عمل یا منتر جس سے آپس میں محبت بڑھے۔ **حبِ ولد** (مونث) اولاد کی محبت۔ (حبّ۔ پیار کرنا)

حِبا (ع۔ مذکر) عطیہ۔ بخشش۔ دان نذر (کرنا ہونا کے ساتھ) (حَبو۔ دینا)

حَباب (ع۔ مذکر) ۱ بلبلا ۲ شیشے کے ملمع گولے جو آرائش کے لئے مکانوں میں لٹکاتے ہیں ۳ شیشے کے گول کھلونے جن میں بچوں کے لئے رنگدار پانی بھرتے ہیں ۴ ایک زیور جو ہاتھ میں پہنتے ہیں ۵ وہ بلبلا سا جو شیشے میں رہ جاتا ہے۔ **حبابِ آب** (مذکر) پانی کا بلبلا **حباب آسا** (صفت) بلبلے کی طرح کا۔ ناپائیدار۔ **حباب سا** (صفت) ۱ باریک۔ پتلا ۲ ذرا سا **حبابی** (صفت) ۱ حباب کی طرح کا ۲ بلبلوں سے بھرا ہوا ۳ بلبلے چھوڑتا ہوا۔ **حبابی آئینہ** (مذکر) مٹی کے شیشے کا آئینہ جس میں ڈل نہ ہو۔

حَبّات (ع۔ مونث) حبت کی جمع دانے۔ بیج۔ دالیں۔

حُباحِب (ع۔ مذکر) ۱ ایک بخیل کا نام جو چراغ اس لئے نہیں جلاتا تھا کہ کوئی مہمان نہ آجائے ۲ جگنو۔

جبّار (ع۔ مذکر) تکدار۔ شاہ پسند۔ تلور۔

حِبال (ع۔ مذکر) جمع حبل۔ رسیاں

حبالت (مونث) رسی۔ جال۔

حَبائل (جمع) حبالت کی۔ رسیاں جال۔ پھندے۔

حَبَب (ع۔ مذکر) ۱ بلبلا ۲ تازگی اور چمک دانتوں کی۔

حَبَبَت (ع۔ مونث) عاشقان دوستاں۔

حِبَّت (ع۔ مونث) جنگلی بیر۔

حُبّت (ع۔ مونث) ۱ محبت۔ عشق دوستی ۲ انگور کا بیج۔

حُبّت (ع۔ مونث) انگور کا بیج۔

حَبّذا (ع۔ حرف تحسین) شاباش۔ آفریں۔ واہ واہ۔

حَبر (ع۔ مذکر) ۱ خوبصورت بنانا سجانا۔ آراستہ کرنا ۲ دوات میں سیاہی ڈالنا ۳ خوش کرنا ۴ خوشی ۵ دانتوں کی زردی۔

حُبَرَ (ع۔ مذکر) ۱ خوش کرنا ۲ زخم کا کچا ہونا۔

حِبر (ع۔ مذکر) ۱ سیاہی ۲ حسن ۳ نشان ۴ خوشی کا نشان ۵ دانتوں کی زردی۔

حِبَر (ع۔ مذکر) ۱ عالم آدمی ۲ یہودی عالم ۳ راست گو شخص۔ سچا آدمی۔

حِبَر (ع۔ مذکر) یمن کا دھاریدار کپڑا۔

حَبِر (ع۔ مذکر) نرم اور نیا۔

حَبس (ع۔ مذکر) ۱ قید۔ بند ۲ قید خانہ۔ جیل ۳ کنارہ۔ بند ۴ تالاب۔ پانی کا ذخیرہ ۵ ہوا کا بند ہوجانا۔ امس۔ انقباظ۔ گھٹاؤ (حَبَس۔ بند کرنا) **حبسُ البَول** (مذکر) پیشاب کا بند ہوجانا **حبسُ الطمث** (مذکر) حیض کا بند ہوجانا **حبسُ النفس** (مذکر) دم کا بند ہوجانا **حبسِ بول** (مذکر) پیشاب کا تکلیف سے آنا پیشاب کا بند ہوجانا۔ **حبسِ دَم** (مذکر) ۱ ضیق النفس دمہ ۲ ایک طریقہ دم دیر تک بند کرنے کا جس سے خیال ہے کہ عمر بڑھ جاتی ہے (کرنا کے ساتھ) **حبسِ دوام** (مذکر) ساری عمر کی قید۔ **حبس دوام بعبور دریائے شور** (مذکر) ایک سزا تعزیرات ہند میں۔ سمندر پار قید کرکے ساری عمر کے لئے بھیجدینا۔ کالے پانی بھیجنے کی سزا۔ عام طور پر بیس سال کے بعد رہائی ملجاتی ہے۔ اگر نیک چلن رہے تو سولہ سال کے بعد چھوٹ جاتا ہے۔ **حبس ہونا** (لازم) ہوا کا بند ہوجانا برسات میں اُمس ہونا۔

حَبَش (ع۔ مذکر) ۱ دیکھو ابی سینیا ۲ حبشیوں کا ملک۔ ۳ حبشی (حَبَش۔ اکٹھا کرنا) **حبشن** **حبشنی** (مونث) ۱ حبشی قوم کی عورت ۲ حبشی کی بیوی ۳ سیاہ رنگ کی عورت ۴ شاہی محل کی چوکیدارنی **حَبَشہ** (مذکر) دیکھو حبش **حبشی** (مذکر) ۱ حبش کا باشندہ۔ زنگی ۲ سیاہ رنگ کا آدمی ۳ سیاہ رنگ کا غلام ۴ (صفت) سیاہ رنگ کا ۵ حبش کا۔ **حبشی حلوا سوہن** (مذکر) ایک قسم کا سیاہ حلوا سوہن۔ **حبشی غلام** (مذکر) اگلے زمانے میں افریقہ کے آدمیوں کو پکڑ کر بیچ ڈالتے تھے۔ اور ان سے غلاموں کا کام لیتے تھے۔ انکی اولاد اب بھی امریکہ اور دیگر ممالک میں بہت پائی جاتی ہے۔

حَبَض (ع۔ مذکر) ۱ چلنا نبض کا ۲ کمان کی تانت کا آواز دینا ۳ تیر کے نشانے تک نہ پہنچنا ۴ کوئیں کے پانی کا کم ہوجانا ۵ کسی کا حق چھین لینا۔

حَبَط (ع۔ مذکر) ۱ بے خوف ہو کر خون بہانا ۲ کوئی کام بیفائدہ یا بغیر معاوضے کے کرنا ۳ کھو جانا۔

حَبَط (ع۔ مذکر) ۱ زخم کا انگور بھرنا ۲ سوجن ۳ جانور کو قبض ہونا خراب خوراک کی وجہ سے ۴ انگور۔ زخم کا نشان ۵ عرب کے جنوب میں مقدس علاقہ۔ جہاں کوئی پیر دفن ہے۔

حَبَق (ع۔ مذکر) نیازبو۔ **حبق البقر** (مذکر) بابونہ **حبق الرّاعی** (مذکر) مروا۔ افسنطین۔ **حبق الشیوخ** (مذکر) ایک پودہ جو مسالے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ **حبق الفتیٰ یا فیل** (مذکر) نازبو۔ **حبق الماءُ** (مذکر) آبی یا ہرا پودینہ۔ **حبق قرنفلی** (مذکر) تلسی **حبقِ نبتی** (مذکر) نازبو۔

حَبق (ع۔ مذکر) ۱ پادنا ۲ لاٹھی۔ رسی یا درے کی ضرب۔

حَبک (ع۔ مذکر) ۱ کپڑا بُننا ۲ کوئی کام اچھی طرح کرنا ۳ کاٹنا ۴ سر کاٹنا۔

حَبل (ع۔ مونث) ۱ رسی۔ موٹا دھاگا ۲ رگ۔ نس ۳ بند۔ جوڑ ۴ اتحاد۔ عہد (حبل۔ باندھنا)

حَبلُ المتین (مونث) ۱مضبوط رسی ۲محکم وسیلہ۔ **حبلُ المساکین** (مذکر) عشق پیچاں۔ **حبلُ الورید** (مونث) ۱شاہ رگ ۲قرآن شریف میں بہت نزدیک ہونے سے مراد لی گئی ہے۔

حَبَل (ع۔ مذکر) ۱بھرا ہونا ۲حاملہ ہونا ۳غصہ ۴کھجور ۵انگور۔

حَبلیٰ (ع۔ مونث) حاملہ عورت۔

حِبَن (ع۔ مذکر) کنیز۔

حُبُو (ع۔ مذکر) ۱بچے کا بیٹھ کے بل زمین پر گھسنا ۲آدمی کا ہاتھ اور پیٹ کے بل رینگنا ۳تیر کا زمین پر لگ کر نشانے پر لگنا ۴ملنا۔ نزدیک آنا ۵انکار کرنا ۶حفاظت کرنا ۷اونچا ہونا۔ اٹھایا جانا۔

حَبُّو آئی (اردو) بچوں کو کھلاتے ہوئے بہکاتے ہیں۔

حُبُوب (ع۔ مذکر) جمع حبّ کی۔ دانے

جبوبات (مذکر) حبّ کی جمع الجمع۔ دانے **جبوبات وبقولات** (مونث) ترکاریاں۔

حُبُوت (ع۔ مونث) بیٹھنے کا ایک طریقہ جس میں ٹانگوں اور گھٹنوں کو اکٹھا کر کے ہاتھوں سے پکڑ لیتے ہیں۔

حَبِیب (ع۔ مذکر) پیارا۔ محبوب معشوق۔ دوست۔ یار۔ **حبیب اللہ یا خدا** (مذکر) خدا کا پیارا۔ پیغمبر صلعم سے مراد ہے۔ **حبیبہ** (مونث) ۱وہ چیز جس کی خواہش ہو ۲مدینہ۔ (حُبّ۔ پیار کرنا)

حَبِیر (ع۔ مذکر) ۱چتکبرا بادل ۲ایک قسم کا دھاریدار کپڑا ۳ایک نیا کپڑا۔

حُبیکت (ع۔ مونث) ۱رستہ ۲پانی کی سطح پر چک ۳بالوں کا گھونگر۔

حَتّ (ع۔ مذکر) ۱کپڑوں سے خشک کیچڑ کھرچنا ۲گرنا پتوں یا پھل کا درختوں سے ۳جلدی کرنا یا کرانا ۴تیز رگھوڑا اونٹ یا پرندہ ۵اچھا۔ نیک۔ فیاض آدمی ۶مری ہوئی ٹڈی ۷ایک تلوار کا نام۔

حُتّ (ع۔ مذکر) ۱بھنے ہوئے جو ۲ایک قوم ۳ایک پہاڑ۔

حِتار (ع۔ مذکر) ۱ماری کے اوپر کا غلاف۔ گھونگھٹ۔ ٹوپی ۲آلۂ تناسل کے نیچے کی سیون

حَتّام (ع۔ تف) کب تک۔

حَتد (ع۔ مذکر) ۱رہنا۔ کسی جگہ ٹھہرنا۔

حَتِد (ع۔ صفت) خالص نسل کا۔

حُتُد (ع۔ مذکر) ۱کسی چیز کی اصلیت ۲آنکھوں کا کسی چیز کی وجہ سے خراب ہو جانا جس سے پلکیں اور پپوٹوں کے سرے گل جاتے ہیں۔

حَتر (ع۔ مذکر) ۱تھوڑا دینا ۲مضبوط باندھنا ۳تیزی سے دیکھنا ۴چکھنا ۵حرص سے کھانا ۶گھر کی تکمیل پر ضیافت کرنا ۷خیمہ کے کنارے پر جھالر لگانا ۸اونچی زمین ۹معمولی معاملہ۔

حِتر (ع۔ مذکر) ۱دیکھو حَتر نمبر ۹ ۲کوئی چیز جو خیمہ کے نیچے سی جائے تاکہ زمین کے ساتھ لگی رہے۔

حَتف (ع۔ مذکر) موت۔

حَتفَل (ع۔ مذکر) ۱چربی ۲چھیچھڑا ۳بچا ہوا گوشت۔

حَتم (ع۔ مذکر) ۱فیصلہ۔ قانونی حکم ۲ارادہ (حَتم۔ ضروری بنانا) **حتمی** (صفت) ۱ضروری ۲مستقل۔ مضبوط۔

حَتن (ع۔ تف) مانند۔ مثل۔

حُتُوف (ع۔ مذکر) حتف کی جمع۔ موتیں۔

حَتّیٰ۔ حتّےٰ (ع۔ جر) ۱کو۔ تک۔ ۲اسقدر ۳(عطف) جبتک۔ جہانتک۔ یہانتک۔ تاکہ۔ جسقدر۔ **حتّی الامکان۔ المقدور یا الوسع** (عطف) جہانتک ہو سکے۔ جسقدر ممکن ہو۔ **حتّیٰ کہ** (عطف) یہاں تک کہ۔ جبتک کہ۔

حِتّی (عبر۔ مذکر) ایک قوم جو ایشیائے کوچک میں آباد تھی۔ اسنے مصریوں کو ایشیا میں بڑھنے سے روکا اور اہلِ بابل کو بھی مدت تک روکے رکھا۔ ان کی سلطنت ۱۰۰۰ ق م کے قریب تھی۔

حَثّ (ع۔ مذکر) اکسانا۔ اشتعال دلانا۔ ابھارنا۔

حُثّ (ع۔ مذکر) ۱بھوسی ۲کٹا ہوا گھاس جو زمین پر بکھیرا جائے ۳خشک نہ چپکنے والی ریت ۴خشک روٹی یا اناج۔

حَث (ع۔ مذکر) ۱بھوسی ۲کھجور کا چھلکا وغیرہ۔

حَثر (ع۔ مذکر) ۱پپوٹوں پر پھنسی ہونا ۲بدن پر داغ ہونا ۳شہد کا جم جانا ۴موٹا اور مضبوط ہونا ۵بہت زیادہ ہونا ۶تلچھٹ۔

حَثم (ع۔ مذکر) ۱دینا ۲نرم بنانا۔ کمانا۔

حَجّ (ع۔ مذکر) مکہ کی زیارت کرنا۔ اور ارکان مقررہ بجالانا ۲اردگرد پھرنے کا فعل (حَجّ۔ زیارت کرنا) ۱روانہ ہونا۔ میلان ہونا ۲بحث میں غالب آنا ۵زخم میں سلائی ڈالنا۔ **حجِّ اصغر** (مذکر) چھوٹا حج۔ عمرہ۔ **حجِّ اکبر** (مذکر) بڑا حج۔ وہ حج جو جمعہ کے روز آئے۔ **حجّ الفرض** (مذکر) مکے کا حج جو ہر مسلمان پر عمر میں ایک دفعہ فرض ہے۔ **حج کا سا ارادہ** ہے۔ بہت ضعیف موہوم ارادہ ہے۔

مثل۔ حج کا حج بنج کا بنج نیک کام بھی اور فائدہ بھی۔

حِجاب (ع۔ مذکر) ۱پردہ۔ اوٹ ۲نقاب۔ برقعہ ۳چھپنا ۴شرم۔ حیا۔ لحاظ (حَجب۔ پردہ کرنا) **حجاب آنا** (لازم) شرم آنا۔ لحاظ آنا۔ **حجاباتِ ہوا** (مذکر) سینگیاں۔ **حجاب اٹھنا** (لازم) ۱شرم نہ رہنا۔ بے شرم ہو جانا ۲پردہ اٹھنا۔ روک نہ رہنا۔ **حجاباً** (تف) حیا سے۔ شرم سے۔ لحاظ سے۔ **حجاب ٹوٹنا** (لازم) ۱پردہ اٹھنا ۲شرم دور ہو۔ **حجابِ حاجز** (مذکر) پردہ شکم۔ **حجاب کرنا** (متعدی) پردہ کرنا۔ چھپنا ۲شرم کرنا۔ لحاظ کرنا۔ **حجاب کھانا** (متعدی) شرم کرنا جھینپنا۔ **حجاب کہلی** (مذکر) ۱آسمان ۲سیاہ بادل ۳ناک۔ ڈھول۔ **حجاب ہونا** (لازم) دیکھو حجاب کرنا۔ **حجابی** (صفت) پردہ دار۔ نقاب لئے ہوئے ۲شرمیلا۔ حیادار۔

مقولہ۔ حجاب نوعروس در برِ شوہر نمی ماند۔ اگر ماند شبے ماند شبِ دیگر نمی ماند ۔ دولھن کی شرم شوہر کے سامنے نہیں رہتی۔ اگر رہے تو ایک شب دوسری شب بالکل نہیں رہتی۔ ہر چیز اپنے محل پر رہتی ہے۔ بے محل نہیں رہتی۔ آہستہ آہستہ بے تکلفی ہو جاتی ہے۔

حُجّاب (ع۔ مذکر) حاجب کی جمع دربان وغیرہ۔

حُجّاج (ع۔ مذکر) جمع حاج کی حاجیاں

حَجّار (ع۔ مذکر) سنگتراش۔ حکاک

حجارت (ع۔ مذکر) حجر کی جمع۔ بہت سے پتھر۔

حجّاری (ع۔ صفت) سنگتراش۔

حجّاری (مونث) سنگتراشی۔ حکاکی۔

حجّام (ع۔ مذکر) حجامت بنانے والا شخص۔ نائی۔ مونتراش۔ **حجامنی** (مونث) حجام کی بیوی۔ **حجامی** (مونث) حجامت کا پیشہ۔

امثال و اقوال۔ حجام رہے حجام تیری آری لبسولا چھین لونگا تو نہیں کا ہے سے دو بے گا۔ بے ٹھکانے بات یا کام۔ **حجام کا استرہ میرے، سر پر بھی پھرتا ہے تمہارے سر پر بھی۔** میں اور تم ایک جیسے ہیں۔ سب لوگ ایک جیسے ہیں۔ **حجام کا ٹکا۔** ایسا فائدہ جس میں کوئی خطرے کی بات نہ ہو۔ حجام عموماً شادیاں کراتے ہیں۔ انہیں پیسے مل جاتے ہیں۔ چاہے میاں بیوی کی بنے یا نہ بنے۔ **حجام کا لڑکا پہلے استادہی کا سر مونڈتا ہے۔** کمینہ اپنوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ **حجام کے آگے سب کا سر جھکتا ہے۔** بعض کام ہر ایک کو مجبوراً کرنے پڑتے ہیں۔

حِجام (ع۔ مونث) لگام۔

حجامت (ع۔ مونث) ۱ سر مونڈنا بال کاٹنا۔ داڑھی مونڈنا ۲ حجام کا پیشہ ۳ صفائی۔ درستی **حجامت بنانا** (متعدی) ۱ سر داڑھی وغیرہ مونڈنا بال کاٹنا ۲ لوٹنا۔ ٹھگنا۔ **حجامت بننا** (لازم) بنوانا (م) حجامت بنانا کا۔ **حجامت کر دینا یا کرنا** (متعدی) **ہو جانا یا ہونا** ۱ دیکھو حجامت بنانا۔

حجب (ع۔ مذکر) ڈھانپنا ۲ درمیان میں آنا ۳ علیحدہ کرنا ۴ وارث کو عاق کرنا۔

حُجُب (ع۔ مذکر) حجاب کی جمع۔ پردے وغیرہ۔

حُجّت (ع۔ مونث) ۱ دلیل۔ برہان سند ۲ ثبوت۔ وجہ ۳ بحث۔ تکرار ۴ اعتراض۔ عذر (حج) ۔ بحث میں غالب آنا) **حجت استوار** (مونث) قرآن شریف۔ **حجت الاسلام** (مذکر) امام غزالی کا لقب تھا۔ **حجتِ قاطع** (مونث) کافی دلیل۔ مضبوط دلیل۔ **حجت کرنا** (متعدی) ۱ دلیل دینا ۲ اعتراض کرنا ۳ جھگڑا کرنا ۴ بحث کرنا ۵ عذر کرنا۔ **حجتِ گویا** (مونث) دلیل ناطق۔ قوی۔ سند۔ **حجت لانا** (متعدی) دیکھو حجت کرنا ۱تا۴۔ **حجتِ لاطائل**۔ (مونث) ۱ فضول دلیل ۲ فضول جھگڑا۔ **حجتِ محکم** (مونث) مضبوط دلیل۔ **حجتِ موجّہ** (مونث) کافی دلیل۔ محکم سند۔ **حجت نکالنا** (متعدی) دیکھو حجت کرنا ۱تا۴۔ **حجتی** (صفت) ۱ تکراری۔ لڑاکا۔ جھگڑالو ۲ طنز کرنے والا (پ)

مثل۔ حجتی لا امتی۔ جو مذہب پر اعتراض کرے وہ کافر ہو جاتا ہے۔ جھگڑالو تکراری برا۔

حَجَر (ع۔ مذکر) ۱ روکنا۔ باز رکھنا ۲ کسی جگہ نہ جانے دینا ۳ سنگ۔ پتھر ۴ روک۔ ممانعت ۵ (قانون) منسوخی۔ **حجرِ اسود** (مذکر) سنگ سیاہ جو کعبے میں ہے اور حاجی اسے بوسہ دیتے ہیں۔ **حجرِ اسیوس** (مذکر) قلمی شورا۔ **حجر الاعرابی** (مذکر) ایک سفید پتھر۔ سنگ جراحت **حجر البرق** (مذکر) ایک قسم کا پتھر۔ **حجر البقر** (مذکر) پتھری جو گائے کے پتے میں ہوتی ہے۔ سنگ گاؤ۔ گاؤ زہرہ۔ **حجر التیس** (مذکر) زہر مہرہ زہرباد۔ **حجر الحوت یا السمک** (مذکر) ایک قسم کا پتھر جو مچھلی کے سر میں سے نکلتا ہے۔ **حجر الدم** (مذکر) سنگ ستارہ۔ سبز پتھر جس میں سرخ چتیاں ہوں۔ **حجر الکرک** (مذکر) ایک سفید پتھر۔ **حجر المقناطیس** (مذکر) آہن ربا۔ سنگ ربا۔ چنبک۔ **حجر النار** (مذکر) چقماق۔ **حجر الیہود** (مذکر) ایک قسم کا پتھر ہے جو پتھری کو توڑتا ہے اور پیشاب لاتا ہے۔ زخموں کے التیام کے واسطے مفید ہے۔ **حجران** (مذکر) حجر کا تثنیہ سونا و چاندی۔ **حجر اناغاطوس** (مذکر) ایک پتھر جس کو پانی لگے تو سرخ ہو جاتا ہے۔ **حجر باباقوری** (مذکر) سنگ سلیمانی۔ **حجر حدیدی** (مذکر) آہن ربا۔ مقناطیس **حجر شفاف** (مذکر) جمادات پتھر۔ **حجر صفراوی** (مذکر) پتھری۔ سنگ دانہ۔ **حجر عسلسی** (مذکر) ایک شہد کے رنگ کا پتھر۔ **حجر کلیہ** (مذکر) پتھری۔ سنگ مثانہ۔ **حجر لحاغیطوس** (مذکر) ایک سیاہ پتھر جس میں رال کی سی بو ہوتی ہے۔ **حجر مثانہ** (مذکر) پتھری۔ سنگ **حجری** (صفت) پتھر کا۔ پتھر کا بنا ہوا۔ پتھریلا۔ **حجریت** (مونث) پتھریلا پن۔ سنگینی۔ سختی۔

حِجْر (ع۔ مذکر) ۱ خانۂ چشم ۲ یمامہ میں ایک شہر ۳ جمع حجرت کی۔ پہلو۔ احاطے۔

حِجْر (ع۔ مذکر) ۱ عقل۔ سمجھ ۲ کعبہ کی شمالی دیوار ۳ قوم ثمود کا ملک ۴ گھوڑی۔

حُجْر (ف۔ مذکر) پاجامے کے ازاربند کی نالی۔

حُجَرا (ع۔ مذکر) دیکھو حجرہ

حُجَرات (ع۔ مذکر) ۱ حجرہ کی جمع ۲ قرآن شریف کی سورت نمبر ۴۹ کا نام

حَجَران (ع۔ مذکر) حجر کا تثنیہ۔ سونا اور چاندی۔

حُجْرت (ع۔ مونث) ۱ صحن ۲ مکان کی ایک طرف۔

حُجْرت (ع۔ مذکر) **حجرتان** (مذکر) حجرت کا تثنیہ۔ سونا اور چاندی۔

حُجْرہ (ع۔ مذکر) ۱ کمرہ۔ کوٹھڑی وہ کوٹھڑی جس میں بیٹھ کر وظیفہ خوانی کریں۔ مسجد کی کوٹھڑی ۲ جھونپڑی ۳ تھیٹر کا بکس۔ **حجرہ بھی حجرا بھی** تنہائی بھی اور عزت بھی۔ **حجرۂ خاص** (مذکر) وہ کوٹھڑی جہاں کسی کو جانے کی اجازت نہ ہو **حجرۂ خواب** (مذکر) آنکھ کا کونا۔ **حجرۂ مخصوص** (مذکر) تھیٹر کا بکس جو ریزرو کرایا گیا ہو۔

حَجَری (ع۔ صفت) پتھر کا بنا ہوا۔ **حجریت** (صفت) پتھر کی خاصیت۔ سختی۔

حَجْز (ع۔ مذکر) ۱ روکنا۔ منع کرنا ۲ بیچ میں آنا ۳ اونٹ کو بٹھانا۔ اور اس کی اگلی ٹانگوں کو باندھنا۔ تاکہ اس کی پیٹھ کے زخم کو دوائی لگائی جائے۔

حَجْز (ع۔ مذکر) ۱ گرفتاری۔ حراست ۲ قتل۔ پھانسی۔

حَجَز (ع۔ مذکر) ۱ پیاس سے انتڑیوں میں سوزش ہونا ۲ انتڑیوں کی سوزش سے پیاس لگنا۔

حُجَف (ع۔ مونث) حجفت کی جمع۔

حجفت (ع۔ مونث) ۱ چمڑے کی ڈھال ۲ عورت کا پستان۔

حَجَک (ع۔ مذکر) گلاب۔

حَجَلہ (ع۔ مذکر) ۱ دولھن کا چھپر کھٹ ۲ پردہ عروس (حجّل۔ دولھن کا پلنگ بنانا) **حجلہ خانہ** (مذکر) کمرہ جہاں حجلہ تیار ہو **حجلۂ عروسی** (مذکر) دیکھو آخری۔ **حجلہ ساز یا کش** (مذکر) وہ جو حجلہ سجائے **حجلہ گاہ** (مونث) حجلہ خانہ۔

حَجْم (ع۔ مذکر) ۱ پچھنے لگانا۔ فصد

لینا ۲ پستان چوسنا ۳ کسی کو کسی کام سے روکنا ۴ ڈنچی جگہ ۵ تانی ۶ حجم۔ ضخامت۔

حَجَن (ع۔ مذکر) ۱ لاٹھی کو جھکانا ۲ کسی چیز کو لاٹھی کے خمیدہ حصے سے اپنی طرف کھینچنا۔

حَجَن (ع۔ مذکر) ۱ خم۔ ٹیڑھاپن ۲ تنزل۔ بڑھاپا۔

حَجَو (ع۔ مذکر) ۱ ٹھہرنا۔ کھڑا رہنا ۲ راز مخفی رکھنا ۳ رائے دینا ۴ قیاس کرنا۔

حَجُون (ع۔ مذکر) ۱ مکہ میں ایک پہاڑی کا نام جس پر مکانات اور ایک قبرستان ہے ۲ (صفت) دور۔ فاصلے پر ۳ سست۔ کاہل۔

حِجِیب (ع۔ مذکر) حجاب کی جگہ ۲ امالہ۔ نقاب۔

حَجِیج (ع۔ مذکر) حاجّ کی جمع۔ حاجیان۔

حَجِیر (ع۔ صفت) پتھریلی (زمین) پتھریلا۔ پتھرکا۔

حَجِیف (ع۔ مونث) پیٹ کی ریح

حَجِیل (ع۔ صفت) تین سفید پاؤں والا (گھوڑا)

حَد۔ حَدّ (ع۔ مونث) ۱ کنارہ۔ سرحد۔ افق ۲ انتہا۔ انجام۔ اختتام ۳ روک۔ اٹکاؤ ۴ تعریف ۵ اقلیدس کے مقررہ اصول ۶ وہ سزا جو شریعت اسلام کے مطابق دی جائے ۷ روانہ ہونے کی جگہ۔ مقام مقررہ ۸ آخری مقام ۹ احاطہ۔ باڑہ ۱۰ (صفت) زیادہ سے زیادہ۔ کم سے کم ۱۱ بہت۔ بےحد (حَدّ۔ روکنا) **حد باندھنا** (متعدی) سرحد مقرر کرنا۔ حد معین کرنا **حد باہر** (مذکر) دیکھو حد پار۔ **حد بست** (مونث) حد بندی۔ **حدِ بلوغ** (مونث) جوان یا بالغ ہونے کی عمر۔ **حدِ بلوغ کو پہنچنا** (لازم) بالغ ہونا۔ جوان ہونا **حد بندھنا** (لازم) سرحد مقرر ہونا۔ **حد بندی**۔ (مونث) ۱ حد مقرر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **حد بھر کرنا** (متعدی) جتنا طاقت میں ہو کرنا (صفت) **حد پار** (مذکر) واجب القتل۔ جو شخص حفاظت قانونی کا مستحق نہ ہو **حد جواب** (مذکر) رد جواب۔ **حد رہنا** (لازم) ایک خاص موقع تک رہنا۔ بہت نہ ہونا۔ **حدِ سماعت** (مونث) اختیار مقدمہ سننے کا۔ **حد سے** (صفت) بہت۔ بے انتہا۔ بےحد۔ **حدِ سیاست میں** (ق ف) اختیار میں۔ **حد سے افزوں یا باہر یا زیادہ یا سوا** (صفت) بہت سے حد سے بے انتہا۔ بہت زیادہ۔ بکثرت (ہونا کے ساتھ) **حد سے بڑھ چلنا** (متعدی) تجاوز کرنا۔ گستاخی کرنا۔ **حد سے بڑھ کر** (صفت) بےانتہا بہت زیادہ۔ **حد سے بڑھنا** (متعدی) بہت بڑھ جانا۔ اپنے درجے سے تجاوز کرنا۔ **حد سے گزرنا** (متعدی) ۱ سرحد سے پار ہو جانا ۲ بہت زیادہ ہو جانا **حد شکنی** (مونث) ۱ مداخلت بیجا۔ دست اندازی ۲ ہمسایہ کی حد کا نشان توڑ دینا (کرنا ہونا کے ساتھ) **حد فاصل** (مونث) وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان آکر انہیں جدا کر دے۔ **حد کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ ایسی بات کرنا کہ اس سے آگے ناممکن ہو ۲ (اصطلاح قصاباں) بہت زیادہ ذبح کر ڈالنا۔ **حد کے اندر** (صفت) ۱ سرحد میں۔ احاطے میں ۲ طاقت میں۔ اختیار میں۔ **حد محدود** (مونث) قانونی اصطلاح ہے جو ٹھیکے کے اقرار ناموں میں استعمال ہوتی ہے جس سے کاشتکار کا اختیار زمین اور فصل کے متعلق تسلیم کیا جاتا ہے۔ **حد نہایت** (صفت) بے حد۔ بے انتہا۔ درجہ کمال۔ **حد نہ رہنا** (لازم) انتہا نہ رہنا۔ **حدّہ** (صفت) حد والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے سہ حدہ۔ **حد ہو جانا یا ہونا** (لازم) کسی کام کا بے انتہا ہو جانا۔

حُدا (ع۔ مونث) اونٹ کو حدی پڑھ کر تیز چلانا۔

حِدائت (ع۔ مونث) چیل۔ بہری۔

حَداثت (ع۔ مونث) ۱ نوجوانی نیاپن۔ نوعمری ۲ شروع۔ آغاز (حَدَث۔ نیا ہونا) ۱ نیا ہونا۔ تازہ ہونا ۲ نوجوان ہونا **حداثتِ سن** (مونث) بچپن۔ نوعمری۔ نوجوانی۔ لڑکپن۔

حَدّاد (ع۔ مذکر) ۱ لوہار۔ نعلبند ۲ جیل کا داروغہ (حَدّ۔ روکنا) **حدادی** (مونث) لوہار کا پیشہ۔

حِداد (ع۔ مذکر) ۱ سوگ کی پوشاک پہننا۔ سوگ کی پوشاک ۲ (حدید کی جمع) تیز۔ دھاردار تلواریں۔

حَداقہ (ع۔ مذکر) کاریگری صنعت۔

حَدَب (ع۔ مذکر) ۱ مہربانی ہونا ۲ مہربانی ۳ پیٹھ کا گول ہونا اور چھاتی کا اندر دھنسا۔ ہونا ۴ پانی کا چڑھنا ۵ اونچی زمین۔ پہاڑیاں ۶ ڈھلوان سطح ۷ چمڑے پر نشان ۸ ایک قسم کا سفید اونٹ کنارا۔

حَدبا (ع۔ مونث) کبڑی عورت۔

حِدَت (ع۔ مونث) ۱ اکیلا ہونا ۲ اکیلا۔ واحد۔

حِدَّت (ع۔ مونث) ۱ تیزی۔ تندی (خصوصاً گرمی کی) ۲ تلوار کی تیزی۔ تلوار کی دھار ۳ طبیعت کی تیزی ۴ زور۔ قوت۔ طاقت۔ جوش۔ (حَدّ۔ تیز کرنا)

حَدَث (ع۔ مذکر) ۱ شروع۔ آغاز ۲ عجوبہ ۳ حادثہ۔ واقعہ۔

حَدَث (ع۔ مذکر) ۱ وضو ٹوٹ جانا ۲ کوئی چیز جو پہلی دفعہ ہو۔ نئی چیز۔ ایجاد۔ عجوبہ ۳ پاخانہ (حَدَث۔ واقع ہونا)

حِدث (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو بادشاہوں سے باتیں کرے ۲ قصہ گو اور بادشاہ کا منہ لگا۔

حِدثان (ع۔ مذکر) ۱ شروع ۲ عجوبہ ۳ پہلا ظہور ۴ واقعات۔ حادثات۔

حُدثان (ع۔ مذکر) حدیث کی جمع۔ نوجوان آدمی۔

حَدج (ع۔ مذکر) ۱ اونٹ کو لادنا ۲ دغابازی کا الزام لگانا ۳ الزام لگانا ۴ تیر مارنا۔ تیر کا نشانہ لگانا۔

حَدج (ع۔ مذکر) ۱ جنگلی کدو ۲ تازہ خربوزہ۔

حِدج (ع۔ مذکر) ۱ بوجھ ۲ کجاوہ۔

حَدر (ع۔ مذکر) ۱ موٹا ہونا ۲ وہ جس کا بدن موٹا اور مضبوط ہو ۳ جلدی کرنا ۴ بدن کا صدمے سے سوج جانا ۵ سجانا ۶ اترنا ۷ پھینکنا ۸ کپڑے کے کنارے کو سینا یا جھالر لگانا ۹ وست آنا ۱۰ گھیرنا۔ بغل میں لینا۔

حَدَر (ع۔ مذکر) ۱ آنکھ کا آنسو بہانا ۲ ڈھلوان سطح۔

حَدس (ع۔ مذکر) سوچنا۔ قیاس کرنا ۲ شبہ کرنا ۳ جلد پانا کسی چیز کا جو کھو گئی

ہونا ۔ سہنا کے بھول جانا ۵ تیز جانا ۔ جلدی کرنا ۶ تنا زنا ۷ اونٹ کی چھاتی میں چھرا بھونکنا ۸ پھینکنا ۔

حَدق (ع ۔ مذکر) ۱ گھیرنا ۲ دیکھنا ۔

حَدَق (ع ۔ مذکر) ۱ بینگن ۲ آنکھ کی تپلیاں ۔ حدقت (مونث) آنکھ کی پتلی

حَدَق (ع ۔ مونث) ۱ جمع حدقت کی ۲ (مذکر) باغ جس کے گرد چاردیواری ہو ۳ بینگن ۔ حدقت (مونث) آنکھ کی پتلی ۔ حدقہ (مذکر) کاسہ چشم ۔ آنکھ کا پیالہ ۔

حَدَم (ع ۔ مذکر) آگ کی تیز گرمی ۔

حَدو (ع ۔ مذکر) ۱ حدی پڑھ کر اونٹوں کو تیز چلانا ۲ پیچھے آنے جیسے رات کا دن کے ۔

حُدُوث (ع ۔ مذکر) ۱ ظاہر ہونا ۲ نیا تازہ ہونا ۳ جوان ہونا ۴ عجوبہ ۵ اصلیت ۶ ایجاد ۔ جدید چیز (حدث ۔ واقع ہونا)

حُدُود (ع ۔ مونث) حد کی جمع ۔ حدود اربعہ (مونث) ۱ چاروں سمتیں ۔ شمال جنوب مشرق مغرب ۲ چاروں سمتوں کے ملک یا جگہیں ۔ حدود شرعی (مونث) سزائیں جو قانون اسلام کے مطابق ہوں ۔

حَدُور (ع ۔ مذکر) ڈھلوان ۔ اتار

حَدیث (ع ۔ مونث) ۱ بیان ۲ قصہ ۔ کہانی ۔ ذکر ۔ تاریخ ۔ روایت ۔ نقل ۳ نئی چیز ۔ نئی بات ۴ روایت اس بات کی جو پیغمبر صلعم نے خود فرمائی یا اس فعل کی جو خود کیا یا اس کام کی جو آپ کے سامنے ہوا اور آپ نے منع نہیں کیا (حدث ۔ واقع ہونا) حدیث تقریری (مونث) اس فعل کی حدیث جو پیغمبر صلعم کے سامنے ہوا اور انہوں نے اس کی ممانعت نہیں کی ۔ حدیث حسن (مونث) وہ حدیث جس کے راوی حدیث صحیح کے راوی سے درجہ حفظ و یاد میں کم ہوں ۔ حدیث سمجھنا (لازم) سچ سمجھنا کسی بات کو باور کرنا ۔ حدیث صحیح (مونث) وہ حدیث جس کے راوی پرہیزگار اچھے حافظے والے اور معتبر ہوں ۔ حدیث ضعیف (مونث) وہ حدیث جس کا راوی معتبر نہ ہو ۔ حدیث فعلی (مونث) اس کام کی حدیث جو پیغمبر صلعم نے کیا ۔ حدیث قولی (مونث) اس بات کی حدیث جو پیغمبر صلعم نے فرمائی ۔ حدیث کرنا یا کھینچنا (متعدی) توبہ کرنا کسی کام کو ترک کرنا ۔ حدیث متواتر (مونث) وہ حدیث جو اسقدر لوگوں نے بیان کی ہو کہ اس کے متعلق کذب کا شبہ نہ رہے ۔

حَدید (ع ۔ صفت) ۱ تیز یا دھار دار چاقو ۲ تیز آدمی ۳ تیز بو ۴ (مذکر) لوہا ۵ لوہے کا اوزار یا ہتھیار ۶ خود ۷ قرآن شریف کی ایک صورت (حد ۔ روکنا) حدید اللسان (صفت) تیز زبان ۔ حدیدہ (مذکر) تارکش ۔ ایک اوزار جس سے تار کھینچتے ہیں ۲ ایک مضبوط چھڑی جس کے سرے پر لوہا لگا ہوتا ہے اور فقیر اپنے سر چھاتی یا اور کسی عضو میں مارتے اور بد دعا دیتے ہیں ۔ جب تک کہ انہیں خیرات نہ دی جائے ۔

حَدیدہ (ع ۔ مذکر) ایک آلہ جس سے تار کھینچتے ہیں ۲ مضبوط لاٹھی جس کو لوہے کی شام چڑھی ہو ۔ جو فقیر اپنے سر چھاتی اور دوسری جگہ مارتے ہیں اور جب تک کچھ مل نہ جائے بد دعائیں دیتے رہتے ہیں ۔

حَدیقت ۔ حَدیقہ (ع ۔ مذکر) ۱ باغ جس کے گرد چار دیواری ہو ۲ پھلوں کا باغ یا کھجور کے درختوں کا باغ ۳ مدینہ کے نزدیک ایک گاؤں ۔ حدیقۃ الرحمٰن (مذکر) ایک باغ جسکو مسیلمہ کذاب نے بنوایا تھا مگر اس کے قتل کے بعد اس کا نام حدیقۃ الموت (مذکر) موت کا باغ ہوگیا ۔

حَذ (ع ۔ مذکر) ۱ جڑ سے کاٹنا ۲ توڑ دینا ۳ تیز چلنا ۔ جلدی کرنا

حِذا (ع ۔ مذکر) ۱ مقابلہ میں ہونا ۔ سامنے ہونا ۲ ایک چیز دوسری کے سامنے ۳ جوتا ۴ سم ۵ (تلف) سامنے مقابلے میں ۔

حَذافیر (ع ۔ مذکر) حذفور کی جمع ۔ بھر ۔ پہلو ۔ حصے ۔ سرے ۲ (تلف) تمام ۔ کل ۔

حَذاقت (ع ۔ مونث) ۱ عقلمندی ۔ دانائی ۔ زیرکی ۔ کام میں ہشیار ہونا ۲ چالاکی ۔ تیزی ۔ مہارت ۔ ہشیاری ۔

حَذام (ع ۔ مونث) ایک عورت جو سچائی اور حاضر جوابی کے لئے مشہور تھی ۔ اس کا لقب زرقاء الیمامہ تھا ۔

حَذاصیر (ع ۔ تلف) تمام ۔ کل ۔

حَذر (ع ۔ مذکر) دم کا چھوٹا ہونا ۔

حَذَر (ع ۔ مذکر) ۱ ڈر ۔ خوف ۔ خطرہ ۲ احتیاط ۔ پرہیز (کرنا ہونا کے ساتھ) (حذر ۔ خبردار رہنا)

حُذفُور (ع ۔ صفت) ۱ شریف ۔ خاندانی ۲ تمام ۔ کل ۔

حَذق (ع ۔ مذکر) ۱ رسی کاٹنا ۲ کسی تیز یا چڑ پڑی چیز کا لگنا یا جلانا ۳ تیز یا کھٹا ہونا ۔

حِذق (ع ۔ مذکر) ۱ کسی بات میں ماہر ہونا ۲ قرآن شریف کو درست پڑھنا ۳ تیزی ۔ چالاکی ۔

حَذم (ع ۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ کوئی کام پھرتی یا تیزی سے کرنا ۔

حَذِم (ع ۔ صفت) ہشیار ۔ ذہین ۔

حَذو (ع ۔ مذکر) ۱ ایک چیز کو دوسری میں پیوست کرنا ۲ ایک دوسرے کے سامنے رکھنا یا رکھا جانا ۳ شراب کا زبان کو لگنا ۴ چاقو کا ہاتھ کاٹنا

حَذیم (ع ۔ صفت) کاٹنے والی یا تیز (تلوار) ۔

حَرّ (ع ۔ مذکر) ۱ گرم ہونا ۲ ابلنا ۳ گرمی ۔ حدت ۔ حرارت ۔ جوش ۴ حَرّۃ کی جمع ۔ پتھریلی جگہیں ۔

حِرّ (ع ۔ مونث) عورت کی شرمگاہ ۔ جائے مخصوص ۔

حُرّ (ع ۔ مذکر) ۱ آزاد ۔ جو شخص کسی کا غلام نہ ہو (حرّ ۔ آزاد ہونا) حرّہ (مونث) آزاد عورت ۔ حرّیت (مونث) آزادی ۔ کسی کا غلام نہ ہونا

حَرات (ع ۔ مذکر) چکنا چپلہ ۔

حِراث (ع ۔ مذکر) نا مکمل تیر ۔

حُرّاث (ع ۔ مذکر) حارث کی جمع ۔ زمیندار ۔ کاشتکار ۔ دہقان ۔ کسان ۔ ہل چلانے والا ۔

حِراثت (ع ۔ مونث) زراعت ۔ کاشتکاری ۔

حِراج (ع ۔ مذکر) اونٹوں کی قطار ۲ چھلنیاں

حَرارت (ع ۔ مونث) گرمی حدت ۲ خفیف تپ ۔ تبخیر ۳ غصہ ۔ غضب ۴ جذبہ ۔ جلال جوش ۵ سرگرمی ۔ شوق (حَرَّ ۔ گرم ہونا) **حرارت آنا** (لازم) غصہ آنا ۔ طیش آنا ۲ گرمی پیدا ہونا ۳ خفیف بخار ہونا ۔ **حرارت دین یا دینی** (مونث) مذہبی جوش **حرارت ذاتی** (مونث) قدرتی گرمی ۔ **حرارت غریزی** (مونث) خلقی حرارت ۔ وہ حرارت جس پر انسان کی زندگی کا مدار ہے ۔ **حرارت ناریہ** (مونث) آگ کا فعل ۔ گرمی ۔ **حرارت ہونا** (لازم) خفیف سا بخار رہونا ۔

حَرارہ (ع ۔ مذکر) ۱ دیکھو حرارت ۲ دھوکا ۔ فریب ۔ جل (حَرَّ ۔ گرم ہونا) **حرارہ آجانا** (لازم) غصہ آجانا ۔ **حرارہ دینا** (متعدی) جل دینا ۔ فریب دینا ۔ **حرارہ لانا** (متعدی) ۱ گرم ہونا ۔ تیز ہونا ۲ برا فروختہ ہونا ۔ ناراض ہونا ۳ بدی سے پیش آنا ۔ **حرارہ لینا** (لازم) ۱ تیزی دکھانا ۔ جوش دکھانا ۲ جذبہ دکھانا ۔

حِراز (ع ۔ مذکر) ۱ کسی چیز میں ڈھ جانا ۲ رنجیدگی ۔ بیزاری ۔

حِراسَت (ع ۔ مونث) ۱ قید نظربندی ۲ حوالات ۳ محافظت ۔ نگہبانی (حَرَسَ ۔ حفاظت کرنا) **حراست جائز** ۔ قید جس کا اختیار قانون نے دیا ہو ۔ **حراست کرنا** (متعدی) ۱ گرفتار کرنا ۲ حفاظت کرنا ۳ حکومت کرنا (مت) **حراست میں دینا** (متعدی) پولیس کے حوالے کرنا ۔ گرفتار کرانا **حراست میں کر دینا ۔ کرنا یا لینا** (متعدی) گرفتار کرنا ۔ **حراست میں ہونا** (لازم) ۱ گرفتار رہونا ۲ حوالات میں ہونا ۔ **حراست ناجائز** (مونث) قید یا گرفتاری جو بموجب قانون نہ ہو ۔

حَراشا (ع ۔ مذکر) جنگلی سانپ ۔

حُرّاص (ع ۔ مذکر) حارص کی جمع ۔ حریص ۔ لالچی ۔

حَرّاض (ع ۔ صفت) وہ جو سجی تیار کرے ۲ چونا بنانے والا ۔ وہ شخص جو چونا وغیرہ جلائے

حَرّاف (ع ۔ صفت) ۱ چالاک ہوشیار ۔ تیز ۲ شوخ دیدہ ۔ چاتر (معشوق کی تعریف) ۳ خوشگوار ۔ خوش رہنے والا ۔ خوش مزاج ۔ خوش گفتار ۴ باتونی ۔ ۵ پیشہ ور ۔ عورتیں دشنام سمجھتی ہیں ۔

حِرافت (ع ۔ مونث) مزے کی تیزی ۔

حُراق (ع ۔ صفت) ۱ کھاری ۔ نمکین (پانی) ۲ تیز (گھوڑا) ۔

حَرّاقت (ع ۔ مونث) ۱ جہاز جس میں مٹی کا تیل لدا ہوا ہو ۲ ایک آلہ جس کے ذریعے جلتا ہوا مٹی کا تیل پھینکا جائے ۳ ایک آلہ جس سے جہاز تباہ کیا جاتا ہے ۔

حُرّاقت (ع ۔ صفت) ۱ جلا ہوا ۔ ۲ جہاز جسے آگ لگا کر دشمنوں کے جہازوں کی طرف چلائیں ۳ ایک آلہ جس سے مٹی کا جلتا ہوا تیل دشمن پر پھینکتے ہیں ۔

حِراک (ع ۔ مذکر) حرکت ۔

حَرام (ع ۔ صفت) ۱ ناجائز ۔ ممنوع خلاف شرع ۲ ناشائستہ ۔ ناروا ۳ ناپاک ۔ نجس ۔ پلید ۴ مقدس ۔ پاک ۵ (مذکر) ناجائز کام ۔ گناہ ۲ بدکاری ۔ بدفعلی ۔ زنا (حَرَم ۔ ممنوع ہونا) **حرامان** (مذکر) دو مقدس مقام یعنی مکہ اور مدینہ ۔ **حرام حلال میں (امتیاز نہ ہونا) فرق نہ جاننا سمجھنا** (لازم) ممنوع باتیں کرنا ۔ خلاف شرع باتیں کرنا ۔ **حرام خوار یا خور** (مذکر) ۱ وہ شخص جو اپنی محنت کی کمائی نہ کھائے ۲ مردار خوار ۳ رشوت خوار ۴ مفت خورہ (صفت) نمک حرام ۔ کور نمک ۲ بیوفا ۔ بے مروت ۔ بدذات **حرام خوری** (مونث) ۱ مفت خوری وغیرہ دیکھو آخری ۲ سستی ۔ کام نہ کرنا ۔ **حرام رکھنا** (متعدی) ۱ ممنوع قرار دینا ۲ مقدس سمجھنا (مت) **حرامزادگی** (مونث) دیکھو حرامزدگی ۔ **حرامزادہ** (مذکر) ۱ وہ جس کے باپ کی شادی اس کی ماں سے نہ ہوئی ہو ۔ ولد الزنا ۲ (صفت) بدذات ۔ شریر **حرامزادی** (مونث) حرامزادہ کی ۔ **حرامزدگی** (مونث) ۱ حرامزادہ ہونے کی حالت ۲ شرارت ۔ فتنہ پردازی (کرنا ہونا کے ساتھ) **حرام کا** (صفت) ۱ حرامزادہ ۲ ناجائز ۳ جو مفت ہاتھ لگا ہو (مال) **حرام کا پلہ یا نطفہ** (مذکر) حرامزادہ (گالی) **حرامکار** (مذکر) بدکار زانی ۔ **حرامکاری** (مونث) زنا ۔ بدفعلی ۔ بدکاری (کرنا ہونا کے ساتھ) **حرام کا مال** (مذکر) وہ مال جو ناجائز طور پر حاصل ہوا ہو ۔ رشوت ۔ **حرام کر دینا** (متعدی) تلخ کر دینا ۔ ناگوار کر دینا ۔ **حرام کرنا** (متعدی) زنا کرنا ۔ بدفعلی کرنا ۔ **حرام کھانا** (متعدی) ۱ زنا کی کمائی کھانا ۲ مال حرام کھانا ۳ رشوت لینا ۔ **حرام مغز** (مذکر) گودا جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتا ہے ۔ **حرام موت مرنا** (لازم) ۱ خودکشی کرنا ۲ قدرتی موت نہ مرنا ۔ اتفاقیہ مرجانا **حرام ہوجانا** (لازم) تلخ ہونا ۔ ناگوار ہونا ۔ **حرام ہونا** (لازم) ۱ ناجائز ہونا ۔ ممنوع ہونا ۲ دشوار ہونا ۔ تلخ ہونا ۳ نفرت اور پرہیز کے قابل ہونا ۔ **حرامی ۔ حرامی پلا ۔ تکا یا موت** (مذکر) ۱ حرامزادہ ۲ (صفت) شریر ۔ بدذات ۔ **حرامین** (مذکر) مکہ اور مدینہ ۔

امثال واقوال ۔ **حرام چالیس گھر لے ڈوبتا ہے** ۔ بدکاری کا اثر بہت دور تک پہنچتا ہے ۔ **حرام خوری مشکل سے چھوٹتی ہے** رشوت یا سستی کی عادت جاتی نہیں ۔ **حرامزادے کی رسی دراز ہے** ۔ شریر آدمی مدت تک جیتا ہے **حرامزادے سے خدا بھی ڈرتا ہے** ۔ شریر آدمی بہت برا ہوتا ہے ۔ **حرام کا بول اٹھتا ہے حلال کا جھک جاتا ہے** ۔ رذیل اکڑتا ہے ۔ شریف نرمی اختیار کرتا ہے ۔ **حرام کا مال گلے میں اٹکے** حرام کھانے والوں کا انجام برا ہوتا ہے ۔ **حرام کھانا اور شلغم** ۔ مفت کی چیز یا رشوت لینا اور وہ بھی تھوڑی سی ۔ **حرام کوٹھے پر (چڑھ کے) پکارتا ہے** ۔ زنا چھپتا نہیں ۔ بری بات خود بخود مشہور ہوجاتی ہے ۔ **حرام کی کمائی حرام میں گنوائی** ۔ حرام کا مال ضائع جاتا ہے ۔ مال حرام بود بجائے حرام رفت ۔ **حرام میں برکت ہے** ۔ حرام خور پھلتے پھولتے ہیں ۔ **حرام میں بڑا مزہ (لذت) ہے** ۔ ممنوع بات کے کرنے میں بہت لطف آتا ہے ۔ **حرامی موت نکلے کا پوت** ۔ نیک کی بد اولاد ۔

حَرائِز (ع ۔ مذکر) اعلیٰ اونٹ جو بیچے نہ جائیں ۔

حَرب (ع ۔ مونث) ۱ لڑائی ۔ کارزار ۔ جنگ ۲ ایک عرب قبیلہ حجاز میں جو مکہ اور مدینے کے درمیان بستا تھا ۔ انکے دو فرقے ہیں بنو سلیم اور بنی مسروح (حَرَبَ ۔ لوٹنا) **حربگاہ** (مونث) میدان جنگ ۔ **حربہ** (مذکر) ۱ آلہ جنگ ۔ ہتھیار ۲ چوبدستی ۔ تازیانہ ۔ **حربہ کرنا** (متعدی) چوٹ کرنا ۔ حملہ کرنا ۔ **حربی** (مذکر) دار الحرب کا رہنے والا شخص ۲ (صفت) لڑائی کے متعلق ۳ مخالف ۔ دشمن ۴ جنگجو ۔ شجاع ۔ سپاہی **حربے مربے** ۔ ہر وقت ۔ ہر گھڑی ۔ بار بار ۔

حِرْبا (ع۔ مذکر) ۱ گرگٹ ۲ زرہ کے پچھلے بٹن۔ کڑیاں اور جوڑ ۳ لگامیں ۴ ریڑھ کی ہڈی کے سرے۔

حَرَّت (ع۔ مذکر) ۱ پیاسا ہونا ۲ پتھریلا ملک۔

حِرَّت (ع۔ مونث) پیاس۔

حُرَّت (ع۔ صفت) ۱ شریف۔ خاندانی ۲ عمدہ ۳ دودھ دینے والی اونٹنی۔ ۴ کانوں کی پچھلی طرف ۵ وہ رات جس میں دلھن خاوند کو قریب نہیں آنے دیتی۔

حَرْث (ع۔ مذکر) ۱ بونا ۲ محنت کرنا ۳ ہل چلانا ۴ روپیہ حاصل کرنا ۵ جمع کرنا ۶ عالم ہونا ۷ چوپائے کو بہت کام لیکر دبلا کرنا۔ ۱ کاشت۔ زراعت ۲ قلبہ رانی ۳ کھیتی ۴ ہل کی بھالی۔

حَرَج (ع۔ مذکر) ۱ تنگی۔ سختی ۲ نقصان۔ کمی۔ ضرر ۳ دیر۔ وقفہ۔ تضیع اوقات (کرنا ہونا کے ساتھ) ۴ (ع) درختوں کا جھنڈ۔ وہ جگہ جہاں اسقدر درخت ہوں کہ وہاں جانا مشکل ہو (حَرِج۔ تنگ ہونا جگہ کا) حرجات (مذکر) جھاڑیاں جمع حرج کی۔ حرجت (مونث) حرجہ (مذکر) جھنڈ جھاڑی

حِرْج (ع۔ مذکر) سفید گھونگا۔

حَرَجات (ع۔ مونث) حرجت کی جمع۔ جھاڑیاں۔

حَرَج مَرَج (ع۔ مونث) دیکھو ہرج مرج۔ ہائے حطی سے غلط ہے۔

حرجَان (ع۔ مذکر) ایک قسم کی بے پر ٹڈی جسے نمک لگا کر کھاتے ہیں۔

حَرَجَت۔ حَرَجہ (ع۔ مونث) جھاڑی۔

حرجَلَہ (ع۔ مذکر) سانڈوں کا طویلہ۔

حَرْد (ع۔ مذکر) ۱ ارادہ کرنا۔ تجویز کرنا ۲ غصہ ہونا ۳ روکنا۔

حَرَد (ع۔ مذکر) ۱ جانور کے گلے۔ پاؤں کا درد کی وجہ سے سوجانا ۲ زرہ کا تنگ ہونا۔

حِرْد (ع۔ مذکر) اونٹ کے کوہان کا ٹکڑا۔

حَرْز (ع۔ مذکر) حفاظت کرنا۔ بچانا۔

حَرَز (ع۔ مذکر) گٹھلیاں یا سخت کھل جن سے بچے کھیلتے ہیں۔

حِرْز (ع۔ مذکر) ۱ پناہ گاہ۔ مامن ملجا ۲ فصیل شہر۔ قلعہ ۳ نظر لگنے سے بچانے کا تعویذ۔ جنتر۔ حرز جاں بنانا (متعدی) بہت احتیاط سے رکھنا۔ بہت عزیز رکھنا۔

حَرَس (ع۔ مذکر) حارس کی جمع۔ محافظان حرس السلطان (مذکر) محافظان شاہی حرسی (مذکر) محافظ شاہی۔

حَرْس (ع۔ مذکر) ۱ نگہبانی۔ پہرہ حفاظت ۲ احتیاط ۳ وقت ۴ صدی۔

حَرَس (ع۔ مذکر) حرس کی جمع۔ محافظ۔ بادشاہ کے محافظ۔

حَرْش (ع۔ مذکر) ۱ کھرچنا ۲ بھڑکانا۔ اکسانا ۳ گرگٹ کا شکار کرنا۔

حَرَش (ع۔ مذکر) کھردرا ہونا۔ چمڑے کا ۲ صفت) چمڑا اُترا ہوا۔

حَرِش (ع۔ مذکر) بھوک کیوجہ سے سو نہ سکنا۔

حَرْشَف (ع۔ مذکر) ۱ مچھلی کے چھلکے ۲ چھوٹے پرندے ۳ کوئی چھوٹی چیز ۴ زرہ بکتر کے پیچ وغیرہ جن سے اس کو سجاتے ہیں ۵ بوڑھے لوگ ۶ کمزور آدمی ۷ ہاتھی چک۔

حُرْشُف۔ حُرْشفہ (ع۔ مذکر) ناہموار اور سخت زمین۔

حَرْص (ع۔ مذکر) توڑنا پھاڑنا۔

حِرْص (ع۔ مونث) ۱ لالچ۔ طمع ۲ خواہش۔ آرزو۔ ہوس۔ تمنا۔ رغبت (حَرَص۔ لالچ کرنا) حرصا حرصی۔ دیکھا دیکھی حرص چھوٹنا (لازم) لالچ ہونا۔ حرص دلانا یا دینا (متعدی) لالچ دینا طمع دلانا۔ حرص کرنا (متعدی) ہونا (لازم) طمع ہونا۔ لالچ ہونا۔ حرصا ہا (ہ۔ صفت) لالچی۔ حرصی (صفت) حریص۔ لالچی۔ حرصی ٹٹو (مذکر) ایسا لالچی جسے دوسروں کے دیکھا دیکھی لالچ آجائے۔

مقولہ۔ **حرص قانع نیست بیدل ورنہ اسباب معاش۔ آنچہ ما درکار داریم اکثرے درکار نیست۔** زندگی تھوڑے سامان سے بھی بسر ہو سکتی ہے۔ مگر حرص کی وجہ سے آدمی دنیا بھر کے سامان کرتا ہے۔

حَرَض (ع۔ مذکر) ۱ بیماری یا عشق کی وجہ سے مرنے کے قریب ہونا ۲ لگاتار فکر کی وجہ سے کمزور ہو جانا ۳ دل۔ بدن یا ایمان میں کمزوری ہونا ۴ نہتا ہونا ۵ لڑائی سے ڈرنا۔ ۶ کپڑوں کا کنارہ ۷ یمن میں ایک مقام۔

حَرِض (ع۔ صفت) مرنے کے قریب ۲ نہتا ۳ لڑنے سے ڈرنے والا ۴ ناقص۔ ۵ بدچلن۔ بے اصول ۶ بیمار ۷ جو اٹھ نہ سکے۔

حُرُض (ع۔ مذکر) ایک سرلودہ جس سے سجی بنتی ہے۔

حَرْف (ع۔ مذکر) ۱ وہ نشان جو آواز کو ظاہر کرے۔ حرف تہجی ۲ وہ لفظ جس کے معنی بغیر دوسرے لفظ کے سمجھ میں نہ آئیں ۳ لفظ کلمہ بات۔ سخن ۴ کنارہ۔ سرا ۵ پہاڑ کا بالائی حصہ چٹان چوٹی ۶ قلم کا سرا جس میں ٹیڑھا قط ہو ۷ ٹیڑھا لکھنا ۸ نقص۔ عیب۔ الزام ۹ حیف۔ افسوس ۱۰ طنز (حَرَف۔ الٹنا) حرف آشنا (صفت) بتدی۔ نو آموز۔ وہ شخص جو تھوڑا سا پڑھ سکے۔ حرف آنا (لازم) الزام آنا۔ عیب لگنا ۲ حرف شناسی ہونا۔ حرفات (جمع) حرف کی۔ حروف۔ حرف اٹھانا (متعدی) ۱ پڑھنا ۲ نقل کرنا۔ سیکھ لینا۔ حرف اٹھنا (لازم) پڑھا جانا۔ پڑھنے میں آنا۔ حرف اڑانا (متعدی) اڑجانا (لازم) حرف مٹنا۔ حرفاً حرفاً (صفت) ایک ایک حرف کرکے۔ حرف انداز (صفت) فریبی مکار۔ چالاک۔ حرف اندازی (مونث) چالاکی مکاری۔ حرف استثنا (صرف) وہ حرف جو استثنا کا فائدہ دے۔ جیسے لیکن مگر۔ حرف استدراک۔ دیکھو استدراک حرف استفہام (صرف) وہ حرف جو سوال کے لئے استعمال ہو۔ حرف بٹھانا یا بٹھلانا (متعدی) چھاپے کے لئے حروف جمانا۔ حرف بحرف (تف) ایک ایک حرف کرکے۔ لفظ بہ لفظ۔ حرف بگڑجانا (لازم) ۱ حرف مٹ جانا۔ حرف خراب ہوجانا ۲ قاعدے کے خلاف ہونا۔ حرف بنانا (متعدی) ۱ حرف کو درست کرنا یا باقاعدہ بنانا ۲ چھاپے کے پتھر حرف درست کرنا ۳ حرف بدلنا۔ تحریف کرنا ۴ غلط کو صحیح کرنا ۵ خوشخط لکھنا۔ اچھی طرح لکھنا۔ حرف بننا (لازم) حرف بنانا کا۔ حرف پر انگلی رکھنا حرف پکڑنا ۱ نقص نکالنا۔ غلطی نکالنا ۲ نکتہ چینی کرنا

حرف پہچاننا (لازم) ۱الف ب ت جاننا یا ذہن نشین کرنا۔ حرف شناسی کرنا۔ **حرف تاکید** (صرف) وہ حروف جو تاکید کے لئے ہوں۔ جیسے البتہ۔ ہرگز۔ **حرف تردید** (صرف) وہ حرف جو معطوف اور معطوف الیہ کو غیر معین کردے یا نہیں تو چاہو۔ **حرف تشبیہ** (صرف) وہ حرف جو تشبیہ کا فائدہ دے۔ جیسا سا ایسا ویسا **حرف تہجی** (صرف) الف ب ت۔ **حرف جار یا جر** (صرف) وہ حرف جو فعل کے معنی کو کسی اسم تک پہنچائے۔ میں سے تک تلک پر اوپر کو کے وغیرہ **حرف جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) چھاپے کے پتھر پر حرف درست ہونا۔ **حرف جڑنا** (لازم) **جوڑنا** (متعدی) ٹائپ کے حروف جمع کرنا۔ **حرف چیں** (صفت) ۱نکتہ چیں ۲حرف شناس۔ ابجد خواں۔ **حرف حرف نوک زبان ہونا** (لازم) پڑھا ہوا یاد ہونا **حرف ربط** (صرف) وہ حرف جو فعل کو اسم کے ساتھ ملائے جیسے اور۔ یا۔ **حرف رکھنا** (متعدی) الزام لگانا۔ نقص نکالنا۔ **حرف زبان پر لانا** (متعدی) شکایت کرنا۔ کہنا۔ **حرف زن** (صفت) ۱بولنے والا۔ باتیں کرنے والا ۲آواز دار۔ صوتی (ہونا کے ساتھ) **حرف زنی** (مونث) باتیں کرنا۔ **حرفِ ساکن** (صرف) وہ حرف جس پر جزم ہو۔ **حرفِ شرط** (صرف) وہ حرف جو ایک جملے کے مضمون کو دوسرے جملے کے مضمون سے متعلق کرے۔ جیسے اگر مگر تو۔ **حرف شکایت** (مذکر) شکایت کی بات۔ **حرف شناس** (صفت) مبتدی۔ نوآموز۔ **حرف شنو** (صفت مذکر) وہ شخص جو سنے جو اس سے کہا جائے۔ **حرف صحیح** (صرف) سوائے ا و ی کے باقی تمام حروف تہجی۔ **حرف عطف** (صرف) وہ حرف جس سے ایک چیز کا حکم دوسری چیز پر پھیرا جاتا ہے۔ پھر بھی۔ نیز اور۔ **حرف علت** (صرف) الف۔ واؤ اور یائے **حرف گیر** (صفت) نکتہ چیں۔ عیب جو۔ **حرف گیری** (مونث) نکتہ چینی۔ عیب جوئی (کرنا ہونا کے ساتھ) **حرف لانا** (متعدی) ۱عیب نکالنا نقص نکالنا ۲الزام لگانا۔ **حرفِ مطلب** (مذکر) مطلب کی بات۔ درخواست۔ **حرفِ مطلب زبان پر لانا** (متعدی) درخواست کرنا۔ مطلب بتانا **حرفِ متحرک** (صرف) وہ حرف جس پر اعراب ہوں **حرفِ مجہول** (صرف) واؤ اور یے۔ **حرفِ مسروق** (صرف) وہ حرف جو لکھا جائے پر لانہ جائے

حرفِ معروف (صرف) واو ری جب کھینچ کر پڑھے جائیں۔ **حرف معنوی** (صرف) وہ حرف جو صرف ربط کے لئے آئے۔ **حرف ناشنو** (صفت) نصیحت نہ سننے والا۔ ضدی۔ **حرف ناشنوی** (مذکر) نصیحت کی پروا نہ کرنا۔ ضد۔ **حرف ندا** (صرف) وہ حرف جو بلانے کے لئے استعمال ہو۔ اے او **حرف ندبہ** (صرف) وہ حرف جو افسوس کے لئے استعمال ہو۔ ہائے۔ وائے۔ آہ وغیرہ۔ **حرف نفی** (صرف) وہ حرف جو انکار کے لئے استعمال ہو۔ نہ۔ نہیں۔ **حرف نہ اٹھ سکنا** (لازم) پڑھ نہ سکنا۔ پڑھا نہ جانا۔ **حرف نہ جاننا** (لازم) کچھ نہ جاننا۔ ان پڑھ ہونا۔ **حرف وحکایت**۔ **حرف وسخن** (مذکر) گفتگو۔ بات چیت۔ **حرف ہونا** (لازم) ۱نقص ہونا۔ دھبہ ہونا۔ الزام ہونا ۲نقصان ہونا۔ ہتک آمیز ہونا۔ **حرف یاد نہ رہنا** (لازم) سب کچھ بھول جانا۔ **حرفی** (صفت) ۱حرف کے متعلق حرف کی خاصیت والا ۲لفظ بلفظ **حرفیاً** لفظی۔ لفظ بلفظ۔ **حرفِیّت** (مونث) حرف کی خاصیت۔

امثال۔ حرف بد بر زبان

بد باشد۔ برے کے منہ سے بری بات نکلتی ہے۔
حرفِ حق بر زباں شود جاری۔ سچی بات زبان سے نکل ہی جاتی ہے۔

حِرفت (ع۔ مونث) ۱پیشہ۔ کسب۔ ہنر۔ علم ۲چالاکی۔ مکاری۔ عیاری (حَرَفَ پھرنا کسی چیز کی طرف) **حرفت باز** (مذکر) ۱جادوگر ۲(صفت) چالاک۔ عیار۔ مکار۔ **حرفت بازی** (مونث) جادوگری۔ سحر۔

حِرفَہ (ع۔ مذکر) ۱پیشہ۔ کسب ہنر ۲(نشان) ٹریڈ مارک کسی کارخانے کا خاص نشان۔

حَرَق (ع۔ مذکر) ۱جلنا ۲دانت پیسنا ۳ایک دوسرے سے رگڑنا ۴پھول کی زردی جو کھجور کے مادہ درخت میں لگاتے ہیں۔

حَرَق (ع۔ مذکر) ۱کپڑے کی ملی ہوئی شکل ہونا ۲آگ شعلہ۔

حِرق (ع۔ مذکر) ۱آدمی جس کے ہاتھ یا پاؤں پھٹے ہوئے ہوں ۲بادل جس میں بہت بجلی چمکتی ہو۔

حُرقَت (ع۔ مونث) گرمی جوش حرارت **حرقتُ البَول** (مونث) پیشاب کی جلن یا سوزش۔

حَرَک (ع۔ مذکر) ہلنا۔

حَرِک (ع۔ مذکر) ۱تیز رفتار ۲محنتی۔

حَرکات (ع۔ مونث) جمع حرکت کی۔ **حرکات ثلاثہ** (مونث) تینوں حرکتیں زیر۔ زبر اور پیش۔ **حرکات شنیعہ** (مونث) بری حرکتیں۔ **حرکات وسکنات** (مونث) اٹھنا بیٹھنا ہلنا جلنا۔

حَرَکَت (ع۔ مونث) جنبش۔ ہلنا ۲چلنا۔ سفر۔ کوچ۔ چلت پھرت ۳آمد ورفت ۴تڑپ۔ اضطراب ۵کام۔ فعل۔ کردار ۶قصور۔ جرم ۷شرارت۔ ناپسند بات ۸گناہ ۹نقصان۔ ضرر ۱۰اعراب زبر۔ زیر۔ پیش میں سے کوئی ایک ۱۱زنا۔ بدفعلی ۱۲روک مزاحمت (حَرُکَ۔ ہلنا) **حرکت بہیمی** (مونث) حیوانی کام۔ **حرکت دینا** (متعدی) ہلانا چلانا ۲امداد دینا۔ **حرکتِ روزانہ** (مونث) سیاروں کی روز کی حرکت۔ زمین کی روز کی حرکت۔ **حرکت کرنا** (متعدی) ۱ہلنا جلنا۔ جنبش کرنا۔ چلنا ۲کوئی برا کام کرنا ۳زنا کرنا۔ بدفعلی کرنا ۴روکنا۔ دخل دینا ۵حرج کرنا **حرکتِ سالانہ** (مونث) زمین کی حرکت۔ سورج کے گرد۔ **حرکتِ قلب یا قلبی** (مونث) دل کی حرکت دل کا فعل خون کو سارے بدن میں پہنچاتا ہے۔ سارے بدن کا خون دل میں سے گزرتا ہے۔ اور دل اسے آگے پہنچاتا ہے۔ اس کی حرکت پمپ کا کام کرتی ہے **حرکت مذبوحی** (مونث) وہ تھوڑی سی حرکت جو مذبوحہ جانور کرے۔ تھوڑی سی حرکت جو بے اختیاری میں ہو جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) **حرکت ہونا** (لازم) ۱ہلنا۔ جنبش کرنا۔ چلنا ۲قصور ہونا۔ خطا ہونا ۳دیر ہونا ۴شرارت ہونا۔ برا کام ہونا۔ **حرکتی** (صفت) روکنے والا شرارتی۔

مثل۔ حرکت میں برکت

کام کی تعریف میں کہتے ہیں۔

حَرَم (ع۔ مونث) ۱کعبہ کی چاردیواری ۲اندرون خانہ۔ زنانخانہ۔ زنانہ محلات ۳بیویاں امیروں کی عورتیں ۴منکوحہ لونڈی ۵لونڈی۔ باندی خادمہ۔ (حَرَمَ۔ منع کرنا) **حرم خانہ یا سرا** (مذکر)

زنانخانہ - زنانہ محلات - زنانہ مکان - حرم کا جنا (مذکر) حرامزادہ - لونڈی بچہ - کمینہ - حرم ہمایوں (مونث) بادشاہ کی حرم - حرمین شریفین (مذکر) مکہ و مدینہ -

حِرم (ع - مونث) ۱ ممانعت ۲ پھٹکار

حِرمان (مذکر) مایوسی - ناامیدی ۲ بدقسمتی ۳ انکار نہ دینا (رہنا کے ساتھ) حرماں نصیب (صفت) بدقسمت - بدبخت - جسکی قسمت میں ناامیدی ہو -

حَرَمت (ع - مونث) مویشی میں گرمی -

حِرمَت (ع - مونث) ۱ ناامید کردینا ۲ مویشی میں گرمی -

حُرمَت (ع - مونث) ۱ عزت - آبرو - عظمت ۲ حرام ہونا (حَرَمَ - منع کرنا) حرمت آتارنا (متعدی)، اترنا (لازم) بے عزت ہونا - بے آبرو ہونا - حرمت بگاڑنا (متعدی) دیکھو حرمت لینا - حرمت بنانا (متعدی)، بننا (لازم) عزت حاصل ہونا - حرمت بہا (مذکر) ہرجانہ جو ازالۂ حیثیت عرفی کے لئے لیا جائے - حرمت توڑنا (متعدی) بے عزت کرنا - بدنام کرنا (مت) حرمت جانا (متعدی) ۱ بے عزت ہونا - عزت نہ رہنا ۲ آبرو جانا - عفت میں فرق آنا - حرمت دینا (لازم) ۱ عزت دینا - خطاب دینا - درجہ بڑھانا - ممتاز کرنا ۲ بے عزت ہونا - آبرو گنوانا - حرمت رکھنا (لازم) عزت قائم رکھنا آبرو بچاکر رکھنا - حرمت کا لاگو ہونا (لازم) آبرو لینے کی فکر میں رہنا - حرمت کرنا (متعدی) تعظیم و تکریم سے پیش آنا - آؤ بھگت کرنا - حرمت کھونا - (لازم) زنا کرانا - حرمت لینا (لازم) عفت میں خلل ڈالنا - آبرو لینا - زنا بالجبر کرنا - حرمت میں بٹا لگانا (متعدی) عزت کھونا - حرمت میں خلل آنا (لازم) عزت میں فرق آنا - حرمت میں خلل ڈالنا (مذکر) بے آبرو ہونا - زنا بالجبر کرنا - حرمت والا (صفت) شریف - معزز - رئیس - باعزت شخص - حرمت ہونا (لازم) عزت ہونا - آبرو ہونا

حَرَمزدگی (ع - مونث) مخفف حرامزادگی کا -

حَرمَل (ع - مذکر) کالادانہ - سداب - اسپند -

حَرمَان (ع - مذکر) ۱ ٹھیک قیمت

مانگنا ۲ روئی کو بنولوں سے علیحدہ کرنا -

حُرُوب (ع - مونث) حرب کی جمع - لڑائیاں -

حُرُود (ع - مذکر) ۱ اکیلا رہنا ۲ دور ہونا -

حَرُور (ع - مذکر) گرم ہوا جو رات کو چلے ۲ دھوپ کی گرمی ۳ آگ -

حُرُور (ع - مذکر) گرمی - حدت -

حُرُوف (ع - مذکر) حرف کی جمع - مختلف قسم کے حروف کی تعریف کے لئے حرف کے تحت میں دیکھو - حروف مغیّرہ (مذکر) وہ حروف جن کے پہلے اسماء اور صفات میں امالہ واقع ہوجاتا ہے جیسے کا - کے - نے - میں وغیرہ - حروف مقطعات (مذکر) وہ حروف جو قرآن شریف کی بعض سورتوں کے شروع میں آتے ہیں اور جن کے معنی کسی کو معلوم نہیں جیسے الم - حم وغیرہ - حروف ہجا (مذکر) الف - ب - حروفی (صفت) حدیث بیان کرنے والا - محدث ۲ ایک فرقہ شیعوں میں جو چودھویں صدی میں نکلا تھا - اس کا بانی فضل اللہ استرآبادی تھا -

حَرُون (ع - مذکر) ۱ اڑیل گھوڑا - ۲ شکار جو پہاڑ سے نہ اترے حرونی (مونث) اڑیل پن -

حُرُون (ع - مذکر) اڑیل ہونا گھوڑے کا -

حِرّہ (ع - مونث) مکو - عنب الثعلب

حُرَّہ (ع - مونث) آزاد عورت -

حُرَّہ (ع - مذکر) آزاد عورت -

حَرِی (ع - صفت) لائق - قابل -

حَرِید (ع - صفت) ۱ اکیلا - تنہا ۲ دوستوں سے علیحدہ رہنے والا ۳ مچھلی جس کے ٹکڑے کئے ہوں -

حَرِیر (ع - مذکر) ریشم - ریشمی کپڑہ - (حَرَّ - گرم ہونا) حریری (صفت) ریشمی - ریشم کا ۲ نہایت پتلا - مہین - باریک ۳ دبلا - پتلا - نحیف (آدمی) ۲ ریشم کا سوداگر - حریری کاغذ (مذکر) نہایت باریک کاغذ -

حَرِیرہ (ع - مذکر) ایک پینے کی چیز جو میدے کو شکر میں گھول کر پکائی جاتی ہے (حَرَّ - گرم ہونا) حریرۂ آرد (مذکر) آٹے کا حریرہ - حریرۂ سیب (مذکر) سیب کا حریرہ - حریرۂ نشاستہ (مذکر) نشاستے کا حریرہ -

حَرِیز (ع - صفت) محفوظ - مستحکم - قلعہ بند -

حَرِیش (ع - مذکر) ۱ گینڈا (جانور) ۲ ایک کیڑا ۳ قبیلہ بنی عامر کی ایک شاخ -

حَرِیص (ع - صفت) ۱ لالچی - پیٹو - کھاؤ ۲ حاسد ۳ دیکھا دیکھی کوئی کام کرنے والا نقال (حَرَصَ - رغبت کرنا)

حَرِیف (ع - مذکر) ۱ ہمسر - ہم نبرد ۲ ہم پیشہ ۳ مخالف - دشمن - بدخواہ - رقیب ۴ چالاک مکار - ہشیار ۵ گستاخ - شوخ ۶ خوش مزاج - زندہ دل - (حَرَفَ - کسی کی طرف مڑنا)

امثال - حریف باختہ باخود ہمیشہ در جنگ است - جو اپنے مقابل سے ہار جاتا ہے - وہ ہمیشہ اپنے آپ سے لڑتا ہے - یعنی شرمندہ ہوکر جھنجلاتا ہے - حریف را حریف سے شناسد دیکھو ولی را الخ -

حَرِیق (ع - صفت) ۱ جلا ہوا - سوختہ ۲ (مذکر) شعلہ - آگ (حَرَقَ جلنا)

حَرِیک (ع - صفت) وہ جو لڑکھڑا کر چلے جوڑوں کی کمزوری کی وجہ سے -

حَرِیم (ع - مذکر) ۱ خانہ کعبہ کی باہر کی دیوار ۲ گھر کی چار دیواری ۳ مکان - گھر ۴ حرم ۵ حق - منصب - مرافق ۶ حاجی کا لباس - احرام کا لباس ۷ ایک گاؤں یمامہ میں ۸ بغداد کا ایک حصہ -

حَزّ (ع - مذکر) ۱ کاٹنا ۲ چرکا لگانا - ۳ بڑھ جانا شرافت یا فیاضی میں ۴ وقت - موسم - ۵ جس کی زبان کرخت ہو -

حَزا (ع - مونث) جنگلی سونف -

حُزاز (ع - مذکر) ۱ کھرنڈ ۲ داد -

حُزازت (ع - مونث) غصے سے پریشان ہونا -

حِزام (ع - مذکر) ۱ تنگ ۲ پٹی -

حَزامت (ع - مونث) ۱ دور اندیش ہونا ۲ دل کا مضبوط ہونا ۳ کاروبار میں مستعد ہونا -

حُزانَت (ع - مونث) ۱ ایمان پر

غیروں کے حملے کا آغاز۔ اور ان کے مکانوں اور کھیتوں پر قبضہ کرنا۔

حِزب (ع۔ مذکر) ۱ تقسیم ۲ ورد کا حصہ ۳ قرآن شریف کا ساٹھواں حصہ ۴ گروہ۔ انجمن (حَزب۔ حصوں میں تقسیم کرنا)

حُزت (ع۔ مونث) گوشت کا لمبا ٹکڑا۔

حَزق (ع۔ مذکر) رسی سے باندھنا ۲ رسی کو زور سے کھینچنا ۳ دبانا۔ بھینچنا۔

حِزّق (ع۔ مذکر) ۱ گروہ ۲ گلہ۔ ۳ ٹڈی دل۔

حَزک (ع۔ مذکر) ۱ رسی لپیٹنا۔ ۲ دبانا۔ بھینچنا ۳ زور سے مروڑنا۔

حَزم (ع۔ مذکر) ۱ باندھنا بوجھے کا ۲ تنگ کھینچنا ۳ درست کرنا ۴ دوراندیش ہونا۔ ہوشیار ہونا مستقل مزاج ہونا ۵ احتیاط۔ مآل اندیشی خبرداری۔ ہوشیاری ۶ دل یا رائے کی مضبوطی۔ پکا ارادہ (حَزَم۔ ثابت قدم ہونا)

حَزَم (ع۔ مذکر) دل کی گھبراہٹ۔

حُزَم (ع۔ مونث) حُزمَت کی جمع۔ گٹھے۔

حُزمَت (ع۔ مونث) گٹھا۔ بوجھا جتنا ہاتھوں سے اٹھایا جا سکے لکڑی یا گھاس۔

حَزِن (ع۔ صفت) غمگین۔ اداس۔

حُزن (ع۔ مذکر) غم۔ اندوہ۔ رنج۔ ملال۔ فکر (حَزِنَ۔ غمگین ہونا)

حُزنا (ع۔ صفت) حزن کی جمع۔

حَزنبل (ع۔ مذکر) ایک بوٹی جو بچھو یا سانپ کے کاٹے کا علاج کرے۔

حَزِیران (ع۔ مذکر) شامیوں کا نواں مہینہ جو جون کے مقابل آتا ہے۔

حَزِین (ع۔ صفت) غمگین۔ اندوہناک دردناک۔ حزیں آواز (مونث) دردناک آواز

حَسّ (ع۔ مذکر) ۱ پودے کو کاٹنا ۲ ٹڈیوں کو مارنا ۳ گھونسے کو کھرا کرنا ۴ گوشت کو ٹلوں پر بھوننا ۵ روٹی پر کوئلہ کو رکھنا ۶ مٹانا۔ چالاکی ہشیاری ۷ خوش انتظامی

حِسّ (ع۔ مونث) کسی حواس کے ذریعے سے جاننا ۲ کوئی حاس۔ اندری (حَسّ۔ چھو کر معلوم کرنا) حِسِ باطنی (مونث) اندرونی قوت محسوس کرنے کی سمجھ۔ حِسِ ظاہری (مونث) بیرونی قوت محسوس کرنے کی حِسِ مشترک (مونث) عقل سلیم۔ حِسّی (صفت) ۱ حس کے متعلق ۲ سریع الحس۔ ذی حس۔

حَسا (ع۔ مذکر) شوربا۔

حِساب (ع۔ مذکر) ۱ گنتی۔ شمار ۲ وہ علم جس میں ہندسوں سے بحث ہوتی ہے ۳ میزان جوڑ ۴ بھاؤ۔ قیمت ۵ طریقہ۔ طور۔ ڈھنگ۔ معاملہ ۷ سمجھ۔ عقل۔ رائے ۸ لین دین ۹ بل۔ پرچہ۔ چٹھا قیمتوں کا یا خرچ کا ۱۰ حالت ۱۱ تناسب ۱۲ قاعدہ۔ معیار ۱۳ ماپ تول (حَسَب۔ گننا) حساب برابر کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ جمع خرچ نکلنا ۲ فیصلہ ہونا ۳ معاملہ ہونا۔ کام ختم ہونا۔ حساب بنانا (متعدی) بننا (لازم) آمد و خرچ کا چٹھا تیار ہونا۔ بل بننا۔ حساب بہی (مونث) رجسٹر جس میں حساب لکھا جائے۔ حساب بیباق (پاک) کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ لین دین کا فیصلہ ہونا ۲ حساب چکنا ۳ قرضہ ادا ہونا۔ حساب پر چڑھانا یا درج کرنا (متعدی) چڑھنا یا درج ہونا (لازم) بہی میں درج ہونا۔ کسی کے نام لکھا جانا۔ حساب پڑتال کرنا۔ جانچنا یا دیکھنا (متعدی) پڑتال کرکے معلوم کرنا کہ حساب درست ہے یا نہیں۔ آڈٹ کرنا۔ حساب پوچھنا (متعدی) محاسبہ لینا۔ حساب پھیلانا (متعدی) ۱ شمار کرنا ۲ خرچ و نفع کو چیزوں کی تعداد پر برابر تقسیم کرنا۔ حساب ٹھیک آنا یا بیٹھنا (لازم) حساب میں کوئی غلطی نہ ہونا۔ حساب جوڑنا (متعدی) میزان کرنا۔ میزان دینا۔ حساب چور (لازم) جو حساب میں بے ایمانی کرے۔ باقی دار حسابدار (مذکر) حساب رکھنے والا۔ اکونٹنٹ۔ حساب داں (مذکر) ماہر علم حساب۔ حساب درست بیٹھنا یا ہونا (لازم) حساب میں کوئی غلطی نہ ہونا۔ حساب دہ (صفت) حساب دینے کے قابل ذمہ دار۔ حساب دینا (متعدی) آمد و خرچ بتانا۔ حساب سمجھانا۔ حساب رکھنا (متعدی) آمد و خرچ کو لکھنا۔ رجسٹر میں درج کرنا۔ حساب رفع کرنا (متعدی) معاملہ طے کرنا۔ قرضہ ادا کرنا (مت) حساب سمجھانا (متعدی) سمجھنا (لازم) آمد و خرچ کا حساب دیکھنا کہ درست ہے۔ حساب سے (تف) نزدیک۔ حسابوں۔ خیال سے۔ رائے سے۔ حساب سے باہر۔ بیشمار۔ بے انتہا۔ حساب (و) کتاب (مذکر) ۱ لین دین ۲ میل جول۔ ربط ضبط ۳ حساب کو تحریر میں لانا ۴ مسلمانوں کے اعتقاد میں قیامت کے دن نیک و بد اعمال کی پڑتال ہوگی۔ حساب کتاب درست کرنا (متعدی) اپنے حساب کی کتابوں کی پڑتال کرکے ٹھیک کرنا۔ حساب کرنا (متعدی) ۱ حساب سمجھنا ۲ قرضہ ادا کرنا ۳ آمد و خرچ کا حساب مرتب کرنا۔ حساب کی رو سے (تف) از روئے حساب حساب کرکے۔ حساب کے بموجب۔ حساب لڑنا یا لگنا (لازم) ۱ باہمی ربط ہونا۔ میل ملاپ ہونا ۲ آشنائی یا دوستی ہونا۔ حساب لگانا (متعدی) ۱ شمار کرنا۔ حساب پھیلانا ۲ آشنائی کرنا ۳ معاملہ طے کرنا ۴ سازش کرنا ۵ نوکری کرنا۔ حساب لینا (متعدی) حساب پوچھنا۔ حساب کی پڑتال کرنا۔ حساب مانگنا (متعدی) جمع خرچ یا قرضے کا حساب طلب کرنا۔ حساب میں جمع کرنا (متعدی) آئے کرنا۔ آمد میں ڈالنا۔ جتنے ادا کئے ہیں اس کے نام لکھنا۔ حساب میں فرق آنا یا ہونا (لازم) حساب ٹھیک نہ بیٹھنا۔ حساب غلط ہو جانا۔ حساب میں لگانا (متعدی) نام لکھنا۔ ذمہ ڈالنا۔ حساب میں لینا (متعدی) ۱ حساب میں درج کرنا ۲ معاملے کو سوچنا۔ حساب میں نہ سمجھنا (لازم) پروا نہ کرنا۔ حساب نویس (مذکر) حساب رکھنے والا اکونٹنٹ۔ حساب نہ ہونا (لازم) حد نہ رہنا۔ شمار نہ ہونا۔ حساب و کتاب میں رہنا (لازم) بڑی احتیاط سے خرچ کرنا۔ آمدنی سے زیادہ خرچ نہ کرنا آمدنی پر گزارہ کرنا۔ فضول خرچی نہ کرنا۔ حساب ہو جانا (لازم) موقوف ہو جانا۔ حساب ہونا (لازم) ۱ بقایا نکلنا۔ معلوم ہونا کہ لین دین کا کیا حال ہے ۲ قیامت میں نیک و بد اعمال کی پڑتال ہونا۔ حسابی (مذکر) ۱ حساب کی بات ۲ حساب داں۔ حسابی سال (مذکر) وہ سال جس کے بموجب حساب کیا جائے۔ سرکاری سال۔ انگریزی حسابی سال پہلی اپریل سے شروع ہوتا ہے۔

امثال و اقوال۔ حساب

جو جو بخشش سو سو۔ حساب درست رکھنا چاہئے خرچ چاہے کتنا کرو۔ حساب دوستاں در دل۔ دوستوں کے ساتھ جو سلوک کیا جائے اس کا ذکر نہیں کرنا چاہئے۔ حساب جیوں کا تیوں کنبا ڈوبا کیوں۔ ایک کایستھ دریا میں سے کنبے سمیت گزرنے لگا تو گہرائی کی اوسط نکالی اور مع کنبہ دریا میں داخل ہو گیا۔ گہری جگہ میں

سب ڈوب گئے ۔ تو یہ فقرہ کہا جو ضرب المثل ہو گیا مطلب یہ ہے کہ تھوڑا علم خطرناک ہوتا ہے ۔ **حساب کوڑی کا بخشش لاکھوں کی** ۔ حساب پورا کیا جائے ۔ پھر بخشش چاہے لاکھوں کی کرے ۔ **حساب لے کہ بنئے کی جان لے** ۔ حساب کرتا ہے کہ لوٹتا ہے ۔ **حساب نت نیا** : ۱ پچھلا حساب بیباق کرکے نیا شروع کرنا چاہئے ۲ حساب چلنے نہ دینا چاہئے ۔

حُسّاد (ع ۔ مذکر) حاسد کی جمع ۔

حَسّاس (ع ۔ صفت) ۱ محسوس کرنیوالا ۲ وہ جس میں پانچ حواس ہوں ۳ ہوشیار ۔ زیرک ۔

حُسام (ع ۔ مونث) ۱ تیز تلوار ۔ شمشیر براں ۲ تلوار کی تیز دھار ۔ **حسام خون آشام** (مونث) خون پینے والی تلوار ۔

حِسان (ع ۔ صفت) حسن یا حسنت کی جمع ۔ اچھا ۔ اعلیٰ ۔ خوبصورت ۔

حَسّان (ع ۔ صفت) بہت اچھا ۔ بہت خوبصورت ۔

حَسَب (ع ۔ مذکر) ۱ شمار کرنا گننا ۲ شمار میں لینا ۳ پیش بندی کرنا ۴ عدد جو شمار کیا جائے ۵ شمار گنتی ۶ مقدار ۔ مجموعہ ۔ تعداد ۷ حالت ۔ کیفیت ۔ حال ۸ طریقہ ۔ صورت ۹ رشتہ ۔ نسل ۔ نسب ۔ سلسلہ خاندان ۱۰ ماں کی طرف کا سلسلہ ۱۱ شرافت ۔ عالی خاندانی ۱۲ مذہب

حسب (و) نسب (مذکر) خاندانی سلسلہ ۔ نسل ۔

حَسَب (ع ۔ مذکر) ۱ شریف خاندان میں پیدا ہونا ۲ دیکھو حَسَب ۳ (صفت) بموجب ۔ موافق مطابق ۔ جیسا کہ ۔ **حسب اتفاق** (تف) اتفاقاً ۔ **حسب ارشاد** (تف) بموجب حکم ۔ **حسبِ اطمینان** (تف) تسلی کے موافق ۔ تسلی دہ ۔ **حسبُ الارشاد یا الامر** (تف) حکم کے بموجب ۲ (مذکر) مذکورہ فرمان ۔ **حسبُ الامکان** (تف) جہانتک ممکن ہو ۔ **حسبُ الحکم** (تف) حکم کے بموجب ۔ **حسبِ توفیق** (تف) حیثیت کے موافق ۔ **حسبِ حال** (تف) ٹھیک موقع سے حال کے مطابق ۔ **حسبِ حیثیت** (تف) حیثیت کے مطابق ۔ **حسبِ خواہش** (تف) مرضی کے مطابق ۔ **حسبِ دستور** (تف) رواج کے مطابق ۔ **حسبِ دلخواہ** (تف) جیسی کہ خواہش ہو ۔ **حسبِ ذیل** (تف) نیچے لکھی ہوئی تفصیل کے مطابق ۔ **حسبِ سررشتہ** (تف) موافق مطلب ۔ جیسا کہ مقرر کیا ہو ۔ **حسبِ ضابطہ** (تف) دستور کے مطابق ۔ قانون کے مطابق ۔ **حسبِ فرمائش** ۔ کہنے کے مطابق ۔ **حسبِ قاعدہ** (تف) حسب ضابطہ ۔ **حسبِ قانون** ۔ (تف) قانون کے مطابق ۔ **حسبِ لیاقت** (تف) قابلیت کے موافق ۔ **حسبِ مراد** (تف) خواہش کے مطابق ۔ **حسبِ معمول** ۔ حسب ضابطہ ۔ **حسبِ مقدور** (تف) بساط کے موافق مقدور بھر ۔ **حسبِ منشا** (تف) مرضی کے مطابق ۔ **حسبِ موقع** (تف) **حسبِ واقع یا واقعہ** مطابق موقع ۔ جیسا کہ موقع ہو ۔

حُبّا (ع ۔ صفت) حبیب کی جمع ۔ جن کی عزت یا قدر ہو ۔ جو اپنی قابلیت ۔ لیاقت اور عزت کے لئے مشہور ہوں

حِسبان (ع ۔ مذکر) ۱ سوچنا ۔ ۲ سمجھنا ۔ خیال ۔ دھیان

حُسبان (ع ۔ مذکر) ۱ حساب ۲ سخت سزا ۳ چھوٹا تیر

حِسبَہ (ع ۔ مذکر) ۱ گننے کا فعل ۲ محتسب کا دفتر ۳ وہ دفتر جہاں اموات و پیدائش کا اندراج ہوتا تھا اور یتیموں کی جائدادوں کا انتظام ہوتا تھا ۔

حَسَتی (ع ۔ مذکر) تھوڑی سی چیز ۔

حَسَد (ع ۔ مذکر) بدخواہی ۔ کینہ ۔ رشک دوسرے کی اچھی حالت دیکھکر جلنا ۔ (رکھنا کرنا ہونا کے ساتھ) (حَسَدَ ۔ زوال چاہنا کسی کا) **حسد پیشہ** (صفت) حاسد ۔ کینہ ور ۔ **حسد لیجانا** (متعدی) [illegible]

حَسر (ع ۔ مذکر) ۱ نقاب ہٹانا ۲ گھر میں جھاڑو دینا ۳ کسی عضو کو ننگا کرنا ۴ شاخ کا چھلکا اتارنا ۵ تھکانا ستانا ننگا کرنا

حَسَرات (ع ۔ مونث) حسرت کی جمع ۔ آہیں ۔

حَسرت (ع ۔ مونث) ۱ کسی چیز کے نہ ملنے کا افسوس ۔ تاسف ۔ پشیمانی ۲ رنج ۔ غم ۳ شوق ارمان ۔ آرزو ۔ ہوس ۴ رشک ۵ آہ بوجہ غم (حَسَر ۔ غم کرنا) **حسرتا** (کلمۂ غم) افسوس ! **حسرت آلودہ** (صفت) غمزدہ ۔ **حسرت آنا** (لازم) آرزو ہونا **حسرت انگیز** (صفت) گھبرا دینے والا ۔ **حسرت باقی رہنا** (لازم) ارمان پورا نہ ہونا ۔ **حسرت بھرا** (صفت) پر ارمان ۔ پرحسرت ۔ **حسرت بھری نگاہیں** (مونث) شوق سے بھری ہوئی نظریں ۔ پر ارمان نگاہیں ۔ **حسرت برسنا یا ٹپکنا** (لازم) حسرت ظاہر ہونا ۔ **حسرت دل میں ہونا** (لازم) دل میں ارمان ہونا ۔ **حسرت رکھنا** (متعدی) کسی بات کا ارمان دل میں رکھنا ۔ **حسرت رہنا** (لازم) ارمان پورا نہ ہونا ۔ **حسرت کرنا** (متعدی) آرزو کرنا ۔ **حسرت کشتہ** (صفت) غم سے مرا ہوا ۔ **حسرت لیجانا** (متعدی) بغیر ارمان پورے ہوئے مرجانا ۔ **حسرت نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) ارمان پورے ہونا ۔

حَسف (ع ۔ مذکر) کھجوروں کو صاف کرنا اور خراب کو پھینک دینا ۔

حُسَف (ع ۔ مذکر) کوئی چیز جو ہاتھ سے صاف کی جائے ۔

حَسَک (ع ۔ مذکر) ایک پودہ جس کے کانٹے بھیڑوں کی اون میں لگ جاتے ہیں ۔ لوہے کے کانٹے جو رسالے کو روکنے کے لئے زمین پر بچھا دیتے ہیں ۔

حَسَل (ع ۔ مذکر) ۱ زور سے گھسیٹنا ۲ درخت سدرہ کا سبز پھل ۔

حِسل (ع ۔ مذکر) گرگٹ کا بچہ ۔

حَسم (ع ۔ مذکر) ۱ کاٹنا ۲ داغ دینا ۳ بیماری کو روکنا ۴ بیخ کرنا ۵ نشان کرنا ۔

حَسَن (ع ۔ صفت) ۱ اچھا ۔ نیک خوبصورت ۲ (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام (حَسُن ۔ خوبصورت ہونا) **حسن ادا** (مذکر) ۱ درست تلفظ ۲ وہ شخص جو درست تلفظ ادا کرے ۔ **حَسَنی** (صفت) ان سیدوں کا لقب جو حضرت حسن کی اولاد ہیں ۔

حُسن (ع ۔ مذکر) ۱ خوبصورتی ۔ جوبن روپ ۔ جمال ۔ تناسب اعضا ۔ خوشنمائی ۔ رنگ روپ ۔ بہار ۲ خوبی ۔ عمدگی ۔ بھلائی ۔ دلربائی ۔ لطف ۔ (حَسُنَ ۔ خوبصورت ہونا) **حسنِ آداب** (مذکر) خلق ۔ خوش خلقی ۔ خوش وضعی ۔ **حسنِ اتفاق** (مذکر) اچھا موقع ۔ با محل ۔ **حسنِ اختیار** (مذکر) آزادئ خیال ۔ **حسنِ اخلاق** (مذکر) ۱ خلق ۔ ملنساری ۔ تواضع ۔ خوش خلقی **حسن آرا** (صفت) حسن کو سجانے والا ۲ (مونث) مسلمان عورتوں کا ایک نام ۔ **حسنِ التعلیل** (مذکر) ایک صنعت شاعری کا نام کسی چیز کو ایک چیز کی علت فرض کرنا جو حقیقت میں اس کی علت نہیں ۔ **حسنِ انتظام** (مذکر) انتظام کی خوبی ۔ **حسنِ انصرام** (مذکر) اچھا انجام **حسنِ بے نظیر** (مذکر) بے حد خوبصورتی ۔ **حسنِ تدبیر** (مذکر) اچھا انتظام ۔ خوش تدبیری ۔ دوراندیشی ۔ **حسنِ خداداد** (مذکر) قدرتی خوبصورتی ۔ اصلی حسن ۔ **حسنِ خطاب** (مذکر) فصاحت ۔ خوش بیانی ۔ **حسنِ خُلق** (مذکر) دیکھو حسن اخلاق ۔ **حُسن خیز** (مذکر) وہ ملک

جہاں خوبصورتی بہت ہو۔ ترکستان کو عموماً کہتے ہیں
حسن دان (مذکر) آرام جان۔ **حسن دو بالا ہونا** مذکر) خوبصورتی دگنی ہو جانا۔ حسن بڑھ جانا۔ **حسن ڈھلنا** (لازم) جوانی گزرنا۔ حسن میں زوال آنا۔ **حسن رائے** (مذکر) اچھی رائے۔ **حسنِ ساختہ** (مذکر) وہ خوبصورتی جو بناؤ سنگار سے حاصل ہو۔ **حسنِ سبز** (مذکر) سبزہ رنگ۔ حسنِ ملیح۔ **حسنِ سلوک** (مذکر) اچھی طرح پیش آنا۔ اچھا سلوک۔ **حسنِ صبیح** (مذکر) گورا پن۔ گورے پن کی خوبصورتی۔ نہایت اعلےٰ حسن۔ **حسنِ طلب** (مذکر) کسی شے کو اشارے سے مانگنا۔ **حسنِ ظن** (مذکر) نیک گمان۔ اچھا خیال۔ **حسنِ عقیدت** (مذکر) ۱ وفاداری۔ خیر خواہی ۲ کسی کے متعلق اچھا عقیدہ یا خیال رکھنا۔ **حسنِ عہد** (مذکر) نیک نیتی۔ **حسنِ فرنگ** (مذکر) گورا پن۔ صباحت۔ **حسنِ قبول** (مذکر) ۱ اچھے طریقے سے قبول کرنا ۲ پسندیدہ۔ من بھاؤنا۔ **حسن کا عالم** (مذکر) خوبصورتی کا زور۔ بے حد خوبصورتی۔ **حسن گلوسوز** (مذکر) نہایت اعلےٰ حسن۔ **حسن گندم گوں** (مذکر) حسن ملیح۔ گندمی رنگ کا حسن۔ **حسنِ محفل** (مذکر) حقہ۔ پیچوان۔ **حسنِ مطلع** (مذکر) مطلع کے بعد کا شعر۔ **حسنِ معاملہ** (مذکر) ۱ لین دین کی صفائی ۲ اچھی خط وکتابت۔ **حسنِ ملیح یا نمکین** (مذکر) ملاحت۔ گندمی رنگ کا حسن۔ **حسن و قبح** (مذکر) خوبیاں اور نقائص۔ **حسنیٰ** (صفت) ۱ نہایت حسین۔ نہایت اعلےٰ۔ بے حد خوبصورت ۲ (مذکر) بہشت۔ **حسنِ یوسف** (مذکر) بے حد خوبصورتی۔ حضرت یوسف بہت خوبصورت مشہور ہیں۔

امثال واقوال۔ حسن خدا داد را حاجتِ مشاطہ نیست۔ دیکھو حاجت مشاطہ الخ۔ **حسن خداداد ہے۔** خوبصورتی قدرتی ہے بنانے سے نہیں ہوتی۔ **حسن دو دن کا مہمان ہے۔** حسن عارضی ہے جلد جاتا رہتا ہے۔ **حسن کی کھیتی سدا ہری نہیں رہتی۔** جوبن سدا نہیں رہتا۔

حَسَنات (ع۔ مونث) حسنت کی جمع۔

حَسَنَت (ع۔ مونث) ۱ نیکی۔ احسان۔ کرم ۲ مہربانی۔ الطاف۔ عنایت (حُسن۔ خوبصورت ہونا)

حسو (ع۔ مذکر) دلیا۔ آش۔ پسی۔

حَسُود (ع۔ صفت) حاسد۔ بدخواہ۔

حُسُود (ع۔ مذکر) جمع حاسد کی۔

حُسُور (ع۔ مذکر) ۱ دیر تک دیکھنے سے آنکھ کا چندھیا جانا ۲ بیمار ہونا۔ تکلیف میں ہونا ۳ تھک جانا ۴ معلوم ہونا۔ افشا کرنا۔

حُسُوم (ع۔ مذکر) لگاتار بدقسمتی۔

حَسَنہ (عرب) دیکھو الاحسنہ۔

حَسِیب (ع۔ صفت) ۱ انتقام لینے والا ۲ حساب لینے والا ۳ خدا کا ایک صفاتی نام (حَسَب۔ حساب لینا)

حَسِیک (ع۔ مذکر) بھیڑ کی انتڑیاں چھاچھ میں بھگوئی ہوئی۔

حَسِیر (ع۔ صفت) ۱ تھکا ہوا۔ خستہ ۲ غمگین۔ مغموم۔ اداس۔ (حَسَر۔ تھکنا)

حَسِیس (ع۔ صفت) دیکھو حساس۔

حَسِین (ع۔ صفت) خوبصورت۔ خوبرو۔ قبول صورت۔ سندر۔ سوہنی۔ ملوک (حُسن۔ خوبصورت ہونا) **حسین آواز** (مونث) اچھی آواز۔ پیاری آواز۔

حُسَین (ع۔ صفت) ۱ نیک ۲ خوبصورت حَسین ۳ ایک نام مسلمانوں میں (حُسن۔ خوبصورت ہونا) **حسینی** (صفت) ۱ حسین کا یا حسین کے متعلق ۲ ایک قسم کا انگور ۳ کوئی برتن چمڑے کا بنا ہوا ۴ ایک راگنی ۵ علاقہ یزد میں ایک چشمہ۔ **حسینی کباب** (مذکر) گوشت کے تکے نمک مرچ لگا کر کوئلوں پر بھونے ہوئے۔

حَشّ (ع۔ مذکر) ۱ آگ جلانا ۲ خشک ہونا کھجور کے پودے کا ۳ بچے کا رحم میں خشک ہوجانا ۴ ہاتھ کا خشک ہو جانا ۵ گھاس کاٹنا ۶ خشک گھاس جانور کے آگے ڈالنا ۷ کھجور کا چھوٹا درخت جسیں نہ پانی دیا گیا ہو نہ اس کی خبرگیری کی گئی ہو۔

حَشّ (ع۔ مذکر) پاخانہ جو شہر سے باہر ہو۔

حُشّ (ع۔ مذکر) ۱ دیکھو حَش ۲ پستان۔ بھٹنی۔

حَشا (ع۔ مذکر) انتڑیاں۔ اوجھ۔ جھوجھ۔

حَشّاش (ع۔ مذکر) ۱ ترکاری فروش۔ چارہ فروش ۲ بھنگ پینے والا۔ (چارہ کاٹنا) **حشاش بشاش** (صفت) خوش۔ شاد۔ شادماں۔ دلشاد (یہ محاورہ ہندوستان کی ایجاد ہے اور ہائے ہوز سے درست ہے)

حُشاش۔ حشاشہ (ع۔ مذکر) ۱ مرنے والے کے آخری سانس ۲ زندگی کا بقایہ۔

حَشْر (ع۔ مذکر) ۱ قیامت۔ روزمحشر۔ یوم الحساب ۲ شور۔ غل۔ غوغا ۳ فتنہ۔ آفت ۴ چیخنا۔ چلانا۔ رونا۔ کہرام ۵ ہجوم۔ بھیڑ۔ اژدہام ۶ نازک بدن ۷ پر جو تیر میں لگا ہوتا ہے ۸ قرآن شریف کی سورت ۵۹ (حَشَر۔ اکٹھا کرنا) **حشر (بپا) برپا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ کہرام مچنا۔ رونا پیٹنا ۲ اودھم مچنا۔ آفت ٹوٹنا ۳ فساد ہونا۔ ہنگامہ ہونا۔ **حشر توڑنا** (متعدی)، **ٹوٹ پڑنا یا ٹوٹنا** (لازم) آفت ٹوٹنا۔ مصیبت آنا ۲ خفگی ہونا۔ ناراضگی ہونا۔ **حشر خرام** (مذکر) چال عورت کی جس سے دیکھنے والوں کے دلوں پر اثر ہو۔ **حشر ڈھانا** (متعدی) آفت برپا کرنا۔ **حشر کے وعدے پر (آدھار) دینا** (متعدی) ایسا قرض دینا جس کی ادائگی کی امید نہ ہو۔ **حشر مچانا** (متعدی)، **مچنا** (لازم) ۱ کہرام مچنا ۲ اودھم مچنا۔ **حشر میں اٹھنا** (لازم) قیامت کے روز پھر زندہ ہونا۔ مسلمانوں کے اعتقاد میں قیامت کے بعد سب لوگ زندہ ہوں گے اور ان کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا۔ پھر بہشت دوزخ میں جائیں گے **حشر ہونا** (لازم) ۱ کہرام مچنا۔ غل شور ہونا ۲ آفت ٹوٹنا۔ قیامت ہونا ۳ نتیجہ ہونا۔ **حشری** (صفت) ۱ خوفناک۔ ہیبت ناک ۲ تند اور شرارتی (گھوڑا) ۳ (مونث) گھوڑے کا ایک عیب۔ **حشری باغی** (مذکر) وہ باغی جو دوسروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کردے۔ **حشری گھوڑا** (مذکر) تند اور شرارتی گھوڑا۔

حَشَرات (ع۔ مذکر) جمع حشرت کی جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا ۱ کیڑے مکوڑے ۲ (مونث) غل۔ شور۔ ہنگامہ۔ غوغا۔ **حشرات الارض** (مذکر) کیڑے مکوڑے۔ سانپ بچھو۔ کنکھجورہ وغیرہ۔

حَشَرَت (ع۔ مذکر) رینگنے والا جانور

حَشَف (ع۔ مذکر) ۱ کھجور پر پھل لگنا ۲ خشک روئی۔

حشف (ع۔ مذکر) ۱ خراب قسم کی کھجور ۲ خشک روئی۔

حَشَفہ (ع۔ مذکر) آلہ تناسل کا اگلا حصہ جو گلابی رنگ کا ہوتا ہے۔ سر ذکر۔ قضیب کی ٹوپی۔

حَشک (ع۔ مذکر) ۱ تھن کا دودھ سے بھرا ہونا ۲ کھجور کے درخت کا پھل سے لدا ہونا ۳ جمع ہونا لوگوں کا۔

حَشل (ع۔ مذکر) ۱ نفرت کرنا ۲

عاق کرنا ۹ کسی چیز کا کوئی حصہ بیکار ہونا۔

حَشَم (ع - مذکر) ۱ دوسرے کے سامنے بدزبانی کرنا ۲ غصہ دلانا ۳ شرمندہ کرنا۔

حَشَم (ع - مذکر) ۱ غصہ ہونا ۲ ناراض ہونا ۳ خاندان - رشتہ دار ۴ وہ قبیلے جو خیموں میں رہیں۔

حَشَم (ع - مذکر) جمع حشمت کی - نوکر چاکر - ملازمان - اُردو میں واحد استعمال ہوتا ہے حشم (و) خدم (مذکر) ملازمان - نوکر چاکر۔

حَشمَت (ع - مونث) ۱ ملازمان نوکر چاکر - خدمتگاروں کا گروہ ۲ شان و شوکت - دبدبہ ۳ جلوس - سازوسامان - سواری ۴ سامان لشکر - اسباب فوج ۵ عظمت - بزرگی - مرتبہ - شان ۶ دولت (حَشَم غصہ ہونا)

حِشمَت (ع - مونث) ۱ شرم - حیا - لاج ۲ غصہ ۳ تیوری ڈالنا۔

حُشمَت (ع - مونث) ۱ عورت ۲ رشتہ داری - تعلق۔

حَشو (ع - مذکر) ۱ زائد کلام - عبارت میں بھرتی ۲ تکئے کی بھرتی ۳ فضولیات - الابلا - کوڑا کرکٹ - فضول چیزیں ۴ خس و خاشاک ۵ ادنے درجے کے آدمی ۶ بہت گھٹیل درجے کے لوگ ۷ چھوٹے اونٹ (حَشو - بھرنا) حشویہ (مذکر) ایک نام جو طنزاً بعض اصحاب الحدیث کو دیا گیا تھا۔

حَشِیش (ع - مونث) ۱ خشک پتے ۲ گھاس ۳ بھنگ کے خشک پتے - حَشِیش الادویہ یا التّبحال (مذکر) ایک پودہ جو تلی کے لئے مفید ہوتا ہے - بلائی مار ادوکمو - حشیش البراص (مذکر) ایک قسم کا کیلا جو برص کے لئے مفید ہے۔

حَشِیف (ع - مذکر) پرانے پھٹے ہوئے کپڑے۔

حَصّ (ع - مذکر) سرمونڈنا ۲ خود سے بال گھس جانا۔

حُصّ (ع - مذکر) زعفران۔

حَصَات (ع - مونث) پتھری۔

حَصَاد (ع - مذکر) کاٹنا - درد کرنا

حَصّاد (ع - صفت) کاٹنے والا۔

حُصّاد (ع - صفت) حاصد کی جمع کاٹنے والے۔

حِصَار (ع - مذکر) ۱ چار دیواری - احاطہ - گھیرا ۲ شہرپناہ - فصیل ۳ قلعہ ۴ ایک ایرانی سر کا نام (حَصَر - گھیرنا) حصار باندھنا یا کرنا (سعدی) ۱ چاروں طرف سے گھیرا ڈالنا - گھیر لینا ۲ چار دیواری کھڑی کرنا ۳ حلقہ باندھنا ۴ عمل یا جادو سے خط کا گھیرا ڈالنا حصار ترکش (مذکر) ۱ تیروں کا خول ۲ جزیرہ ملاخیہ کا ایک قلعہ - حصار شادمان (مذکر) قندہار کے قریب ایک شہر۔

حَصَان (ع - مونث) پاکدامن عورت - عفیفہ - (حَصُن - ناقابل گزر ہونا) حَصَانَت (مونث) ۱ پائداری - مضبوطی - استقلال ۲ پاکدامنی - عفت -

حِصَان (ع - مذکر) خوبصورت بےعیب گھوڑا - حصان البحر (مذکر) دریائی گھوڑا۔

حَصَانَت (ع - مونث) ۱ مضبوط اور ناقابل فتح ہونا ۲ پاکدامن ہونا ۳ گھر پر بہت رہنا ۴ مضبوطی - استقامت ۵ پکاپن ۶ مستقل مزاجی ثابت قدمی ۷ پاکدامن۔

حَصبَا (ع - مذکر) کنکریاں۔

حَصبَت (ع - مذکر) خسرہ۔

حَصحَصَت (ع - مونث) ۱ تیز چلنا ۲ ظاہر ہونا - عیاں ہونا - سچ کا جھوٹ سے ۳ ایک چیز کو دوسری چیز میں پیوست کرنے کے لئے ہلانا ۴ اونٹ کا اٹھتے ہوئے گھٹنے کو زمین پر مضبوطی سے رکھنا۔

حَصَد (ع - مذکر) درد کرنا۔

حَصَد (ع - مذکر) ۱ رسی کو بہت بل دینا ۲ زرہ کا گھنا بنا ہوا ہونا ۳ کٹا ہوا اناج - حصدت - حصدہ (ع - مذکر) کاٹنے والے۔

حَصر (ع - مذکر) ۱ زور سے محاصرہ کرنا ۲ روکنا ۳ روک ۴ ممانعت ۵ حد ۶ محاصرہ ۷ گننا ۸ عدد ۹ بھروسہ - آسرا۔

حَصَر (ع - مذکر) ۱ لالچی ہونا ۲ تنگ دل ہونا ۳ ہچکچانا - ہکلانا۔

حُصُر (ع - مذکر) حصیر کی جمع - چٹائیاں۔

حِصرِم (ع - مذکر) ۱ کھٹے اور سبز انگور ۲ کھجور جو ابھی پکی نہ ہو ۳ (صفت) لالچی ۴ ناراض ۵ بدطینت۔

حُصَص (ع - مذکر) جمع حصہ کی۔

حَصَف (ع - مذکر) دور ہٹا دینا - پرے رکھ دینا۔

حَصَل (ع - مذکر) ۱ کچی کھجوریں ۲ پھٹکنے سے جو کچھ علیحدہ ہو جائے۔

حَصحَم (ع - مذکر) ۱ توڑنا ۲ پادنا۔

حَصَار (ع - مذکر) گدھی جو بہت پادے۔

حَصُن (ع - مذکر) ۱ پاکدامن ہونا ۲ پاکدامنی۔

حِصن (ع - مذکر) ۱ قلعہ - حصار ۲ جائے پناہ ۳ حراست ۴ اسلحہ - زرہ ۵ تباہی - ہلاکت (حَصُن - ناقابل گزر ہونا) حصن حصین (مذکر) ۱ مضبوط قلعہ ۲ ایک کتاب کا نام - حصن فیروزہ (مذکر) ۱ ایک قلعہ اور شہر کا نام - حصن معلق (مذکر) آسمان۔

حُصن (ع - مذکر) پاکدامنی - حیا

حُصُن (ع - مونث) ۱ حصن کی جمع - پاکدامن عورتیں ۲ (مذکر) حصان کی جمع - سانڈ گھوڑے۔

حَصُور (ع - صفت) ۱ لالچی ۲ کنجوس ۳ عورت سے الگ رہنا ۴ اونٹنی جسکے نتھنوں کے سوراخ چھوٹے ہوں۔

حُصُول (ع - مذکر) ۱ حاصل - نفع ۲ پیداوار - فصل ۳ اولاد ۴ نتیجہ - انجام - انت (حَصَل - پیدا کیا جانا) حصول بالجبر (مذکر) زبردستی لینا - استحصال بالجبر - حصول مرام (مذکر) خواہش کا پورا ہونا - مراد پوری ہونا (حَصَل - حاصل کرنا - ملنا)

حِصّہ (ع - مذکر) ۱ ٹکڑا - پارا - جزو - انس ۲ تقسیم - بخرہ - بانٹ - بھاگ ۳ جزو کتاب - باب - مقالہ - کانڈ ۴ جگہ - مقام - کرہ ۵ علاقہ - صیغہ - سررشتہ ۶ قسم - نوع ۷ جائداد میں ایک جزو کی ملکیت ۸ کمپنی کا وہ جزو جو علیحدہ ہو جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) (حَصَص - کاٹنا) حصۂ اوسط (مذکر) وہ حصہ جو سب کے لئے برابر ہو - بیچ کا حصہ - حصہ بخرہ (مذکر) ۱ تقسیم بانٹ ۲ کھانے پینے کی چیزوں کا لین دین - میل ملاپ (کر لینا - کرنا - ہو جانا ہونا کے ساتھ) حصہ حاکمی (مذکر) پیداوار کا وہ حصہ جس کا بادشاہ یا حکومت حقدار ہو - حصہ خورد

(مذکر) چھوٹا حصہ - **حصہ دار** (مذکر) ۱ شریک یا باہمی ۔سہیم ۲ جائداد کے مالکوں میں سے ایک ۳ کمپنی کے کسی حصے کا مالک ۴ پٹی کا مالک - پٹی دار - (بنانا بننا کرنا ہونا کے ساتھ) **حصہ داری** (مونث) ۱ ساجھا - شراکت ۲ پٹی داری - جائداد میں حصہ (ہونا کے ساتھ) **حصہ رَسَد - رَسدی** (مونث) ۱ حصے کے مطابق جتنا جتنا حصے میں آئے ۲ برابر حصہ ۳ زمین کا ایک چھوٹا حصہ ۴ حصہ پر منافع ۵ محصول - باچھ - **حصہ کشی** (مونث) تقسیم بموجب وراثت - **حصہ کلاں** (مذکر) بڑا حصہ از جائداد - **حصہ لگانا** (متعدی) ۱ بانٹنا تقسیم کرنا ۲ ڈھیریاں لگانا - **حصہ لینا** (متعدی) ۱ جزو لینا - بانٹ کے موافق لینا ۲ شمولیت کرنا کسی کام میں - شرکت کرنا - **حصہ محصول** - محصول کا حصہ - **حصہ مساوی** (مذکر) برابر کا حصہ - **حصہ معین** (مذکر) مقررہ حصہ **حصہ وَصِیت** (مذکر) ورثہ بہ ذریعۂ وصیت ترکہ - **حصۂ ہالی** (مذکر) کاشتکار کا حصہ - **حصّے** (مذکر) ۱ حصّہ کی جمع ۲ بجائے حصہ حروف مغیرہ سے پہلے - **حصّے کر لینا یا کرنا** (متعدی) ۱ تقسیم کرنا - بانٹنا ۲ ٹکڑے کرنا - **حصّے میں آنا** (لازم) ۱ ورثہ [illegible] منقسم شے کا حصہ ملنا -

مثل - حصہ [illegible] تنا

برتن کیوں لائی - جو اپنے [illegible] ہیں - انہیں کہتے ہیں -

حِصَّیت (ع [illegible] ہندی کی اختراع ہے -

حَصِیر (ع - مذکر [illegible] موسیقی کا خول یا غلاف ۲ (صفت) ۔ حریص - کنجوس -

حَصِیف (ع - مونث) گھنا بنا ہوا -

حَصِین (ع - صفت) ۱ مضبوط - محکم - استوار ۲ محفوظ - مستحکم (حسن - ناقابل گزر ہونا)

حُضّ (ع - مذکر) اکسانا -

حَضَاجِر (ع - مذکر) ۱ چرخ ۲ حضجر کی جمع -

حَضَار (ع - مذکر) ایک ستارہ -

حَضَار (ع - مذکر) ۱ ایک ستارے کا نام ۲ اعلیٰ قسم کے اونٹ جو سرخ اور سفید ہوں -

حِضَاد (ع - مذکر) ۱ دوسرے کے مقابلے پر پیش ہونا ۲ قاضی کے سامنے کسی کے برخلاف الزام لگانا -

حُضّار (ع - مذکر) حاضر کی جمع ۱ حاضرین ۲ تماشائی - دیکھنے والے - سننے والے ۳ مددگار **حَضّار دربار** (مذکر) وہ لوگ جو دربار میں حاضر ہوں - درباری -

حِضَان (ع - مذکر) جس کا ایک تھن دوسرے سے لمبا ہو - بھیڑ اونٹنی یا عورت -

حِضَانَت (ع - مونث) ۱ گلے لگانا - پیار کرنا ۲ انڈے سینا ۳ تعلیم دینا - تربیت کرنا -

حَضَرات (ع - مذکر) جمع حضرت کی -

حَضَرَت (ع - مذکر) ۱ حضور - قبلہ - جناب - عزت کا خطاب ۲ پیغمبروں کا خطاب ۳ پیغمبر صلعم سے مراد لی جاتی ہے ۴ پیروں کو بھی خطاب کرتے ہیں ۵ درگاہ ۶ خدا کے نام کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے ۷ دربار شاہی ۸ شرارتی - چالاک - شریر - بدذات - اردو کی اختراع ہے خصوصاً بڑے کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (حضر - موجود ہونا) **حضرت اللہ** (مذکر) خداوند تعالےٰ - **حضرتِ پادشاہ** (مذکر) بادشاہ ہز میجسٹی - **حضرت پسند** (صفت) جسے بادشاہ پسند کرے - پسند شاہاں - **حضرت خضر مل گئے** مراد پوری ہو گئی - **حضرت سلامت** (مذکر) ۱ جناب - قبلہ - برابر والے کو خطاب کرتے ہیں ۲ یار دوست ۳ شاہوں کو خطاب کرتے ہیں - **حضرت ظلِ سبحانی** (مذکر) بادشاہ جس پر خدا کا سایہ ہو - بادشاہوں کو عزت سے کہتے ہیں -

حَضَب (ع - مذکر) آگ بھڑکانا - اور اس پر لکڑیاں ڈالنا ۲ سانپ -

حِضَب (ع - مذکر) دامن کوہ -

حُضَب (ع - مذکر) کمان کی آواز

حِضَجر (ع - صفت) بڑے پیٹ والے - توندوالا -

حَضَر (ع - مذکر) ۱ شہر میں رہنے کی جگہ - گھر - مکان ۲ حاضری ۳ ایک جگہ رہنا -

حُضَض (ع - مذکر) ایک پودہ -

حضض ہندی (مذکر) رسوت -

حَضَن (ع - مذکر) ۱ بچے کو پیار کرنا ۲ انڈے سینا -

حَضَن (ع - مذکر) ۱ ہاتھی دانت ۲ نجد میں ایک پہاڑ کا نام ۳ ایک قوم کا نام -

حِضن (ع - مذکر) ۱ پہلو ۲ چھاتی - ۳ چرخ کا بھٹ -

حُضُور (ع - مذکر) ۱ موجودگی - حاضری ۲ بادشاہ اور بڑے افسران کو خطاب کرتے ہیں ۳ جناب - عالی جناب - قبلہ - خداوند - حضرت ۴ بادشاہ یا کسی بڑے افسر کی موجودگی ۵ دربار - مجلس راج درشن - اجلاس ۶ معشوق کا خطاب (لکھنؤ) ۷ سلطنت - حکومت - گورنمنٹ ۸ گورنمنٹ کی ملکیت ۹ دربار کا کمرہ - دیوان خاص یا عام - کچہری ۱۰ (صفت) روبرو - سامنے - **حضور اقدس** (مذکر) ۱ جناب پاک - خداوند ۲ حاکم یا کسی بزرگ کے سامنے یا خدمت میں ۳ روبرو - سامنے - **حضور بالا** (مذکر) بڑے حضور - جناب والا - **حضور تحصیل** (مونث) ۱ مالگذاری کی وصولی جو بڑا افسر مال خود کرے ۲ صدر مقام کی تحصیل - **حضور طلب** (صفت) بادشاہ یا بڑے افسر کے پاس بلایا ہوا - وہ جسے حاضری کا حکم ہو - **حضور محال** (مذکر) وہ ریاست جو براہ راست محصول گورنمنٹ کو دے - **حضور میں** (صفت) سامنے روبرو - بڑے افسر کی موجودگی میں - **حضور نویس** (مذکر) وہ افسر جو تمام شاہی احکامات اور جاگیریں درج رجسٹر کرتا ہے - سکریٹری آف سٹیٹ - پرائیویٹ سکرٹری - **حضور والا** (مذکر) جناب عالی - حضور اقدس - **حضوری** (صفت) ۱ حضور یا سرکار کے متعلق - شاہی ۲ آسمانی - خدائی ۳ (مذکر) درباری ۴ پاس رہنے والا ملازم ۵ (مونث) موجودگی - حاضری ۶ قربت - نزدیکی ۷ بادشاہی دربار - اجلاس ۸ گورنمنٹ کو براہ راست مالگذاری دینے کا حق ۹ جمع جو سرکار خود وصول کرے - **حضوری مالگذاری** (مونث) مالگذاری جو سرکار خود وصول کرے - **حضوری نالش** (مونث) نالش جو براہ راست گورنمنٹ کے پاس کی جائے -

مثل - حضوری کی مزدوری بھلی - اگر مالک کی موجودگی میں کام ہو تو اچھا ہوتا ہے

حَضِیرت (ع - مونث) ۱ سپاہیوں کی گارد ۲ فوج کی اگاڑی ۳ آلائش جو جننے کے وقت نکلے ۴ کھجوروں کو خشک کرنے کی جگہ -

حَضِیض (ع - صفت) ۱ گہرائی ۲ [illegible]

نیچا ۲ (مذکر) کسی چیز کا نچلا حصہ ۳ گڑھا۔ نشیب ۴ دامن پہاڑ ۵ (علا) سمت الرجع۔ نظیر السمت۔ تحت۔ ۲ تحت الثرا۔

حَطّ (ع۔ مذکر) ۱ اونچائی سے اترنا۔ ۲ رکھنا ۳ بوجھ اتارنا ۴ چمڑے کو کمانا اور اس پر خط سے تصویریں بنانا۔

حَطا (ع۔ مذکر) ۱ پیٹھ پر ہاتھ مارنا ۲ زمین پر گرانا ۳ پادنا ۴ ابلتی ہوئی ہنڈیا کے اوپر جھاگ آنا ۵ جماع کرنا

حَطام (ع۔ مذکر) شیر ببر۔

حُطام (ع۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو ٹوٹی ہوئی خشک یا ٹکڑے ٹکڑے ہو ۲ کوڑا کرکٹ۔ الابلا۔ گھاس پھوس ۳ فضول چیزیں۔ نکمی چیزیں۔ حُطام الدّنیا (مذکر) دنیا کے بکھیڑے۔

حَطب (ع۔ مذکر) ۱ لکڑی اکٹھی کرنا ۲ دوسرے کے لئے ایندھن لانا۔

حَطَب (ع۔ مذکر) ۱ ایندھن ۲ تہمت۔ الزام۔

حَطِب (ع۔ صفت) بہت دبلا۔ لاغر۔

حِطّت (ع۔ صفت) ۱ گناہوں یا محصولوں کی معافی ۲ گناہوں سے معافی کی دعا ۳ رمضان کا مہینہ۔

خَطر (ع۔ مذکر) ۱ ساتھ سونا ۲ کمان کا چلّہ چڑھانا ۳ زمین پر پھینکنا۔

حِطل (ع۔ مذکر) بھیڑیا۔

حَطم (ع۔ مذکر) ۱ کسی چیز کو توڑنا ۲ گھوڑے کا بڑھاپے کی وجہ سے بیکار ہو جانا۔

حَطمت (ع۔ مونث) قحط کا سال

حِطمت (ع۔ مونث) کوئی ٹوٹی ہوئی چیز۔

حَطیم (ع۔ مونث) ۱ دیوار جو کعبہ کے گرد ہے ۲ آخری سال کا سبزہ۔

حِطّین (ایشیا) شام میں ایک جگہ جہاں حضرت شعیبؑ دفن ہیں۔

حَطیئہ (ع۔ صفت) ۱ چھوٹے قد کا۔

حَظّ (ع۔ مذکر) ۱ لطف۔ مزا ۲ عیش نشاط ۳ خوشی۔ انبساط ۴ نصیب۔ بخت۔ اقبال۔ بختاوری خوش قسمتی۔ خوش نصیبی ۵ حصہ۔ جزو (اٹھانا کے ساتھ) (حَظّ۔ خوش قسمت ہونا) حظِّ فانی (مذکر) جاتے رہنے والی خوشی حظِ نفسانی (مذکر) حیوانی مزا۔ بدنی خوشی۔ جماع۔

حَظب (ع۔ مذکر) ۱ موٹا ہونا۔ ۲ بھرا ہونا۔

حَظَر (ع۔ مذکر) ۱ منع کرنا۔ ممانعت کرنا ۲ سختی۔ بدتمیزی ۳ اکٹھا کرنا۔

حَظر (ع۔ مذکر) ۱ روک۔ ممانعت ۲ عزلت۔ علیحدگی۔ خلوت نشینی۔

حَظّل (ع۔ مذکر) ۱ روکنا ۲ چلنے حرکت کرنے یا آزادی میں مخل ہونا۔

حُظوب (ع۔ مذکر) موٹا ہونا۔ بھرا ہونا۔

حُظوظ (ع۔ مذکر) جمع حظ کی۔

حَظیرت (ع۔ مونث) ۱ شاخوں کی جھونپڑی جو اونٹ کو سردی سے بچانے کے لئے بنائی جائے ۲ باڑ ۳ کھجوریں خشک کرنے کی جگہ۔

حَظیظ (ع۔ صفت) ۱ خوش قسمت۔ خوش نصیب ۲ خوش۔ محظوظ (حَظّ۔ خوش قسمت ہونا)

حَظِیظ (ع۔ صفت) خوش قسمت خوش۔

حَفّ (ع۔ مذکر) ۱ جانا ۲ گھیرنا ۳ لئے پھرنا ۴ خدمت کرنا ۵ مہربانی ۶ کسی سے تعلق ہونا ۷ بالوں اور ڈاڑھی کو سنوارنا ۸ بالوں کا خشک ہونا تیل نہ لگنے کی وجہ سے ۹ پرندے کے پروں کی پھڑپھڑاہٹ ۱۰ بالوں کو نوچ کر چہرہ صاف کرنا۔

حِف (ع۔ مذکر) حفظ کا مخفف۔ ہندوستانیوں کی ایجاد ہے اور مرکبات میں استعمال ہوتا ہے حف ویدوں میں۔ حف نظر (دقف) چشم بددور۔ دفع نظر کے لئے کہتی ہیں۔ حف نظر بد بھی کہتے ہیں۔

حَفّار (ع۔ مذکر) گورکن۔

حِفاظ (ع۔ مذکر) ۱ بچانا ۲ ہٹانا ۳ شرم ۴ عزت کا پاس۔

حُفّاظ (ع۔ مذکر) حافظ کی جمع۔

حِفاظت (ع۔ مونث) ۱ بچاؤ۔ سلامتی ۲ نگرانی۔ محافظت۔ پاسبانی ۳ یاد۔ حافظہ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) (حفظ۔ بچانا) حفاظتِ خود۔ خود اختیاری۔ ذاتی یا نفسی (مونث) اپنا بچاؤ۔ اپنے آپ کو ضرر سے بچانا۔ حفاظت میں رکھنا (متعدی) محفوظ رکھنا۔ سنبھال کر رکھنا۔

حِفاف (ع۔ مذکر) ۱ کسی چیز کا پہلو ۲ نشان ۳ گنجے سر کے گرد جو بال ہو۔

حَفان (ع۔ مذکر) ۱ کناروں تک بھرا ہوا برتن ۲ شتر مرغ کا بچہ ۳ نوکر۔

حَفاوت حَفاوہ حِفایہ (ع۔ مونث) ۱ دوسرے کے حالات کی اچھی طرح تفتیش کرنا ۲ مہربانی سے پیش آنا ۳ خوش ہونا۔

حِفایت (ع۔ مونث) ننگے پاؤں پھرنا۔

حَفد (ع۔ مذکر) ۱ جلدی کرنا ۲ چستی سے خدمت کرنا۔

حَفَد (ع۔ مذکر) حفید کی جمع۔

حَفَدت (مونث) ۱ ساتھی۔ ہمراہی ۲ ملازم۔ ۳ بچے ۴ داماد ۵ بھتیجے ۶ بیٹیاں ۷ پوتے پوتیاں ۸ نسل۔ اولاد۔

حَفر (ع۔ مذکر) ۱ کھودنا ۲ کنوئیں کو صاف کرنا ۳ خالی کرنا ۴ دبلا کرنا ۵ ہمبستر ہونا ۶ دودھ کے دانت نکلنا ۷ دانتوں یا مسوڑوں کا خراب ہونا۔

حَفَر (ع۔ مذکر) ۱ مٹی جو کھودی جائے ۲ دانتوں کی جڑوں کا خراب ہونا ۳ دانتوں کی زردی۔

حُفرت (ع۔ مونث) حُفرہ (مذکر) گڑھا۔ غار۔ کھائی۔ حفرت الورک (مذکر) وہ گڑھا جو چوتڑ کی ہڈی میں ہوتا ہے۔ حفرۂ دنداں (مذکر) وہ گڑھا جس میں دانت جڑا ہوا ہوتا ہے۔ حفرہ گر (مذکر) قبر کھودنے والا۔

حَفز (ع۔ مذکر) ۱ دھکیلنا ۲ نیزے سے زخمی کرنا ۳ عورت سے ہمبستر ہونا۔

حَفَز (ع۔ مذکر) ۱ اخیر۔ انجام ۲ حد۔

حَفش (ع۔ مذکر) ۱ تمام طرف سے بہ کر آنا ۲ گھوڑے کا سرپٹ دوڑنا ۳ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا ۴ نکال دینا۔ بدر کرنا ۵ ندیوں کا ایک جھیل میں گرنا۔

حِفش (ع - مذکر) ۱ ایک چھوٹا گھر - ۲ تنکلے کا چمڑا ۳ پرانا ساز و سامان -

حَفص (ع - مذکر) ۱ چمڑے کا چرسا جس سے کوئیں میں سے کیچڑ نکالتے ہیں ۲ خیمہ ۳ شیر کا بچہ ۴ ایک نام جو پیغمبر صلعم نے حضرت عمرؓ کو عطا فرمایا تھا -

حَفض (ع - مذکر) ۱ مروڑنا ۲ جھکانا ۳ پھینکنا -

حَفَض (ع - مذکر) ۱ گھر کا مال و اسباب جب لیجانے کے لئے باندھا جائے - ۲ اونٹ جس پر یہ لادا جائے -

حِفظ (ع - مذکر) ۱ حفاظت خبرداری - بچاؤ (حفظ - زبانی یاد کرنا حفاظت کرنا) توجہ - احتیاط - نگاہبانی - خبرداری - رکھشا - محافظت ۲ حافظہ - یاد ۳ (تعف) ازبر زبانی - برزبان - **حفظان** (جمع) حفظ کی - **حفظان صحت** (مذکر) دیکھو حفظ صحت - **حفظِ امن** (مذکر) امن قائم رکھنا - **حفظ پڑھنا** (مذکر) زبانی یاد کیا ہوا پڑھنا - بے دیکھے پڑھنا - **حفظِ جان** (مذکر) جان کی حفاظت - بچاؤ - **حفظِ صحت** (مذکر) صحت کا بچاؤ - تندرستی کی حفاظت - **حفظ کرنا** - یاد کرنا ازبر کرنا - **حفظِ ماتقدم** (مذکر) پہلے سے بچاؤ کرنا پیش بندی حفاظت کے لئے - **حفظِ مراتب** (مذکر) مرتبے کا پاس یا لحاظ - **حفظِ نظر** (مذکر) دیکھو حسن نظر - **حفظ ہونا** (لازم) زبانی یاد ہونا - ازبر کرنا -

حَفل (ع - مذکر) ۱ لوگوں کا اکٹھا ہونا ۲ پانی یا دودھ کا جمع ہونا ۳ جماعت - انجمن - کونسل -

حَفن (ع - مذکر) ۱ ہاتھوں سے لینا روٹی یا رعیت کو ۲ معمولی تحفہ -

خَفن (ع - مذکر) چلنے میں پاؤں اس طرح مارنا کہ مٹی اڑے -

حُفنت (ع - مونث) ۱ لقمہ ۲ مٹھی ۳ کھائی ۴ کنواں -

حُفوف (ع - مذکر) ۱ خشک ہونا عورت کے بالوں کا غفلت سے ۲ ترکاریوں کا سڑ جانا ۳ سر اور مونچھوں کو مونڈنا ۴ بالکل بہرہ ہو جانا -

حفی (ع - صفت) ۱ ہوشیار - ذہین ۲ وہ جو دوسروں کی حالات کی اچھی طرح چھان بین کرے ۳ مہربان -

حَفیر (ع - مذکر) قبر -

حَفیظ (ع - مذکر) ۱ محافظ - نگہبان - ولی ۲ خدا کا ایک صفاتی نام -

حَفیف (ع - مذکر) ۱ گھوڑے کا چلتے ہوئے آواز نکالنا ۲ پرندے کا اڑتے ہوئے بولنا ۳ درخت کا ہوا کے چلنے سے آواز دینا ۴ سانپ کا کینچلی جھاڑتے ہوئے آواز نکالنا -

حَق (ع - مذکر) ۱ سچائی - صدق - راستی ۲ حق تعالٰے کا ایک صفاتی نام ۳ فرض - ذمہ داری ۴ استحقاق - دعوٰے ۵ انصاف - عدل - نیاؤ - دیانت ۶ صلہ - بدلہ - معاوضہ ۷ مزدوری ۸ اصلیت - واقعہ - ۹ انعام - نیگ ۱۰ ملکیت ۱۱ حصہ - بخرہ ۱۲ منصب - اختیار ۱۳ (صفت) درست - ٹھیک - بجا - واجب ۱۴ لائق - سزاوار ۱۵ سچا - راست ۱۶ نسبت - بابت - واسطے سلئے حقا - سچ ہے - درست ہے ۱۸ خدا کی قسم - **حق آسائش** (مذکر) وہ حق جس کی رو سے کوئی شخص اپنی زمین پر ایسا فعل نہیں کر سکتا جس سے ہمسائے کو نقصان یا ضرر پہنچے - **حق آشنا** (صفت) ۱ راست گو - راستی پسند ۲ خدا پرست آدمی - **حق آشنائی** (مونث) ۱ راستی - صدق ۲ دوسرے کے حق کو تسلیم کرنا ۳ شکریہ - **حقِ آشنائی** (مذکر) دوستی کا حق - **حق ادا کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ فرض ادا ہونا ۲ کوئی کام یا خدمت جیسی کہ چاہیئے ہونا - **حقِ ارجاع** (مذکر) نالش دائر کرنے کا حق - **حق التحصیل** (مذکر) نمبرداری کا حق جو نمبردار کو مالگذاری وصول کرنے کے لئے ملتا ہے - پچوترا - **حقُّ السّعی** (مذکر) محنت کا حق - مزدوری - **حقُّ العباد** (مذکر) بندوں کا حق **حقُّ العبد** (مذکر) ۱ غلام کا حق ۲ وہ حق جس کی رو سے انصاف ہر شخص کے ساتھ ہونا چاہئیے - **حقُّ القدم** (مذکر) ایلچی کا حق - **حق اللہ** (مذکر) خدا کا حق - مذہبی جرائم کی سزا - **حق المحنت** (مذکر) حق السعی - **حقُّ النّاس** (مذکر) انسان کا حق - سزا جرائم کے لئے - **حقُّ الناظرین** (مذکر) ۱ ورثہ کی تقسیم کے بعد جو کچھ نوکروں وغیرہ کے لئے بچ جائے ۲ کھانا جو تھوڑا سا نکال کر الگ رکھ لیا جائے اسے **حقُّ النظر** بھی کہتے ہیں - **حقُّ النفس** (مذکر) حق جو حاصل کیا جائے - اجرت - کمائی - **حقُّ الواقعہ** (مذکر) واقعات کی تفصیل - فرد یا فہرست - **حقُّ الیقین** (مذکر - تصوف) اللہ تعالٰے کو دل کی آنکھ سے دیکھنا - اللہ پر پورا یقین لانا - **حقّانی** (صفت) خدائی - حق کے متعلق - حق کی طرف منسوب ۲ درست - ٹھیک ۳ کمل - **حقانیّت** (مونث) ۱ سچائی - راستی - صداقت ۲ حق کی طرف نسبت - **حق بات** (مونث) سچی اور صحیح بات (کرنا ہونا کے ساتھ) **حق بجانب** (صفت) ۱ سزاوار - لائق ۲ حق پر - درست - ٹھیک (ہونا کے ساتھ) **حق بطرف** (صفت) حق بجانب - **حق بولنا** (متعدی) سچ کہنا - **حق بھینٹ** (مذکر) نذرانہ جو شش ماہی بد دیانت افسران مالگذار سے لیتے ہیں - **حق بیں** (صفت) سچائی پسند - سچ کو نگاہ رکھنے والا - منصف **حق بینی** (مونث) ۱ سچ کو پسند کرنا ۲ انصاف ۳ سچائی معلوم کرنا - سچائی دیکھنا - **حق پانا** (لازم) حق حاصل کرنا - حصہ ملنا - **حق پٹواری** (مذکر) فیس جو پٹواری کو دی جائے - **حق پرست** (صفت) ۱ منصف ۲ سچا - سچ کو پسند کرنے والا ۳ خدا پرست - **حق پرستی** (مونث) انصاف - **حق پر لڑنا** (متعدی) ۱ سچائی پر جھگڑنا ۲ اپنے حق کے لئے کوشش کرنا یا جھگڑنا - **حق پذیر** (صفت) قبولیت کے قابل - **حق پسند** (صفت) منصف - سچائی پسند - **حق پہنچنا** (لازم) ۱ استحقاق ہونا - حق ہونا ۲ حصہ ملنا - **حقِ تحریر** (مذکر) لکھائی کی اجرت - **حقِ تحصیل** (مذکر) دیکھو حق التحصیل - **حقِ تربیّت** (مذکر) پرورش کرنے یا پالنے کا حق تعلیم کا شکریہ - **حقِ تالیف** - **حقِ تصنیف** (مذکر) کتاب تصنیف کرنے کی اجرت کتاب کو چھاپنے کا حق - **حق تعالٰے** (مذکر) خداوند کریم - خدائے بزرگ - **حق تلفی** (مذکر) ۱ حق مارنا ۲ بے انصافی ۳ نقصان - ہرج (کرنا ہونا کے ساتھ) **حق تسلیم کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) دوسرے کا حق مانا جانا - **حق تو یوں ہے** - سچ بات یہ ہے - **حق توقع** (مذکر) کسی نوکری یا ملازمت کے ملنے کا حق - **حق ٹھہرانا** (متعدی) حق مقرر کرنا - حق کا فیصلہ کرنا - **حق ثابت کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ استحقاق تسلیم ہونا ۲ دعوے کا ثبوت پہنچنا - **حق جاننا** (لازم) سچ سمجھنا - سچ تسلیم کرنا - **حق جَلّ جلالہٗ** (مذکر) اللہ بڑی ہو شان اس کی - خدائے جلیل - **حق جو** (صفت) متلاشیٔ حق - سچ کا طالب - سچائی پسند - **حق جُوار** (مذکر) پڑوس کا حق - حق شفع - **حق چاہنا** (مذکر) استحقاق مانگنا - **حقِ چہارم** (مذکر) چوتھا حصہ - **حق حق کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) ۱ خدا کا نام لیا جانا ۲ توبہ ہونا ۳ انصاف ہونا ۴ سخت بھوک لگنا - **حق حقوق** (مذکر) نیگ - انعام - واجبات -

حق حلال (صفت) ۱ جائز - مباح ۲ درست - صحیح - حق حیران رہ جانا (لازم) ہکا بکا ہو جانا - گھبرا جانا - حقِ حینِ حیات (مذکر) حق جو دوران زندگی میں قائم رہے - حقِ خدمت (مذکر) خدمت گذاری کا حق - حق جو لمبی ملازمت کی وجہ سے ہو جائے - حقِ خزانہ (مذکر) خزانچی کا حق دو فیصدی ان رقومات پر جو خزانہ میں داخل کی جائیں - حق داخل داری یا کاری (مذکر) قبضے کا حق - حق موروثی - حق دار (صفت) وہ جس کا حق ہو - استحقاق رکھنے والا ۲ (مذکر) مالک (بنانا بننا کرنا ہونا کے ساتھ) حق دار امیدوار (مذکر) وہ جو حصہ پانے کا حقدار اور امیدوار ہو - یہ لفظ فاتحہ پڑھنے کے وقت بولتے ہیں - حق داری (مونث) حق ملکیت کسی جائداد یا مطالبے کا حق - حق دبانا (مذکر) حق نہ دینا - حق مار لینا - حق دق رہ جانا (لازم) ہکا بکا رہ جانا - سٹ پٹا جانا - حق دینا (متعدی) کسی کو اس کا حق ادا کرنا ۲ انصاف کرنا - حق رسی (مونث) انصاف - عدل - حق رعایا (مذکر) ۱ کاشتکار کا حق ۲ رعایا کا حق امن اور انصاف کا - حقِ زمینداری (مذکر) مالک زمین کا حق - ملکیت یا کوئی اور حق - حق سربراہ (مذکر) انتظام کرنے کا حق - حقِ سرکار (مذکر) لگان - مالگذاری - خراج - حق سرہ (مذکر) قمری کی آواز - مسلمانوں کا خیال ہے کہ قمریاں یہ الفاظ کہتی ہیں - اس کا راز سچا ہے - حق سے (ق ف) انصاف سے - درست طور پر ۲ دیانتداری سے ۳ واجبا - واجب طور پر - حق سیر (مذکر) نیک سیرت - حق سے گزرنا (متعدی) راستی کے برخلاف کوئی بات آنا - حقِ شفع (مذکر) ملحق جائداد کے خریدنے کا حق - حق شناس (صفت) ۱ حقدار کو حق دینے والا ۲ قدردان جوہر شناس ۳ اپنے فرائض ادا کرنے والا ۴ شکریہ ادا کرنے والا - مشکور - حق شناسی (مونث) ۱ حق تسلیم کرنا ۲ قدردانی - جوہر شناسی ۳ خدا شناسی ۴ خدمت سے واقف ہونا - حق طراز (صفت) سچا - راست گو - صادق - حق فراموش (صفت) دوسرے کا حق بھول جانے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) حق فراموشی (مونث) دوسرے کا حق بھول جانا - حق فروز (صفت) سچ ظاہر کرنے والا - حق فروش (صفت) وہ جو رشوت لے کر جھوٹ بولے یا بے انصافی کرے - حق فروشی (مونث) بے ایمانی - بددیانتی - حق قائم مقامی (مذکر) اپنی جگہ قائم مقام کرنے کا حق - حقِ قدامت (مذکر) وہ حق جو مدت کے قبضے یا استعمال سے قائم ہو جائے - حق بذریعہ قبضہ و تصرف قدیم - حق کو پہنچنا (متعدی) ۱ انصاف پانا ۲ سچ کو دریافت کرنا - حق گذار (صفت) ۱ سچا - دیانتدار مخلص ۲ مشکور ۳ وہ جو سچی اور درست بات کرے ۴ منصف - انصاف کرنے والا - حق گذاری (مونث) ۱ ادائیگی فرائض ۲ احسان کا بدلہ دینا ۳ عنایات کا شکریہ - حق گردن پر ہونا (لازم) کسی کا معاوضہ ادا کرنے کا بوجھ اپنے اوپر ہونا - حق گو (صفت) ۱ سچ کہنے والا ۲ انصاف کی بات کہنے والا - حق گوئی (مونث) سچ - راستی - سچ کہنا - حق لینا (متعدی) ۱ اپنا حصہ یا حق پانا ۲ کسی کا حق یا حصہ لے لینا - حق مار لینا یا مارنا (متعدی) کسی کا حق یا حصہ نہ دینا یا دبا لینا - حق مال (مذکر) جائداد کے قبضے کا حق - حق مال ضامن (مذکر) سود - بیاج - حقِ مالکانہ (مذکر) ملکیت کا حق - حقِ مرجح (مذکر) غالب حق - حقِ مروجہ (مذکر) وہ حق جو رسم و رواج کی وجہ سے حاصل ہو - حق مرور (مذکر) راستہ چلنے کا حق - حقِ ملکیت (مذکر) مالک ہونے کا حق - حق میں (تف) ۱ بہ نسبت - درباب - لئے - واسطے - حق میں بس یا کانٹے بونا (متعدی) کسی کے سطے برائی کرنا - حق ناتمام (مذکر) حق جو مکمل نہ ہو - حق ناحق (صفت) ۱ ٹھیک یا غلط - سیدھی طرح یا الٹی طرح درست یا غلط - انصاف ۲ یا بے انصافی ۳ خواہ مخواہ - بے سبب یونہی - حق ناشناس (صفت) ناشکر گزار - حق ناشناسی (مونث) ناشکر گذاری - حقِ نمک (مذکر) وہ حق جو مالک کا نوکر پر ملازمت کی وجہ سے ہو - وفاداری - حقِ نمک ادا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ملازمت اور وفاداری کا فرض پورا ہونا - حقِ نمک سے ادا ہونا (مذکر) مالک کے لئے جان دینا - حق نواز (صفت) ۱ جس کو انصاف اور سچائی کا خیال ہو - جو حق اور سچائی کی قدر کرے ۲ (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام - حق نیوش (صفت) سچی بات سننے اور جاننے والا - حق ہونا ۱ سچا ہونا صحیح ہونا ۲ استحقاق ہونا ۳ انصاف ہونا ۴ حصہ ہونا ۵ (جان ب) مرجانا - حق و مرافق (مذکر) استحقاق اور فائدے جو اس کی وجہ سے ہوں - حق ہے - درست ہے - بالکل ٹھیک - الحق - حقیت (مونث) ۱ حق - استحقاق ۲ ملکیت ۳ جائداد ۴ قبضہ - تعلقہ - نوعیت قبض - دخل ۵ حصہ - حقیتِ اظہاری (مونث) حق یا دعوے کا ثبوت - حقیت شکمی (مونث) پٹہ جو پٹہ دار سے لیا جائے - حقیت کاشت (مونث) وہ حق جو کاشت کی وجہ سے ہو - حقیت ناقص (مونث) وہ حق جس میں کوئی نقص ہو - حقیت ورثہ (مونث) ورثہ لینے کا حق -

امثال و اقوال - حق اکبر با عقوبت دوزخ برابر است - رفتن بپائے مردئے ہمسایہ در بہشت - خدا کی قسم پڑوسی کے برتے پر بہشت میں جانا دوزخ کی تکلیفوں کے برابر ہے - باہمت کا قول ہے - حق اللہ پاک ذات اللہ - خدا برحق ہے - اور پاک ذات ہے - طوطے کو سکھاتے ہیں - حق بحقدار رسید - جس کا حق تھا اسے مل گیا - حق بہ مرکز قرار گرفت - حق اپنے مرکز پر ٹھہر گیا - جس کا حق تھا اسکو مل گیا - حق حق ہے اور ناحق ناحق ہے - سچ یا انصاف اچھا ہوتا ہے - جھوٹ یا ظلم برا ہوتا ہے - حقا کہ ترسیں انگار برسیں - جب دوسرے کا حق مارا جائے تو نا منصف سے خدا سخت ناراض ہوتا ہے - حق سب کو پیارا ہے - سچائی اور انصاف کو سب پسند کرتے ہیں - حق کا راضی خدا ہے - خدا سچائی کا محافظ ہے - حق کا ساتھی خدا ہے - حق کا خدا طرفدار ہوتا ہے - حق کر حلال کر (ایک دن میں ہزار کر) دن میں سو بار کر - جائز باتیں جتنی چاہو کرو کوئی نہیں روکتا یا ناراض ہوتا - حق کڑوا ہے - سچی بات بری معلوم ہوتی ہے - حق کہنے سے احمق بیزار - بیوقوف سچی بات سے ناراض ہو جاتا ہے - حق کہے سو داری چار - جو سچی بات کہے وہ داڑھی جلوائے یعنی بے عزت ہو - حق کہے سو مارا جائے - سچ کہنے والا نقصان اٹھاتا ہے - حق نام اللہ کا - خدا کے سوا کوئی سچا نہیں خدا برحق ہے - حق نہ پائے انعام - حق ملتا نہیں انعام مانگتا ہے -

حِقاب (ع - مذکر) عورتوں کا کمربند جس پر جواہرات ٹکے ہوتے ہوں -

حَقارَت (ع - مونث) ۱ نفرت - کراہیت - اکراہ - تنفر ۲ گھن ۳ خفت - سبکی - ذلت - اہانت (حُقر - نفرت کرنا) حقارت سے دیکھنا - حقارت کرنا (مت) حقارت کی نظر سے دیکھنا (متعدی) حقیر سمجھنا - تنفر کرنا - خاطر میں نہ لانا - حقارت عاید ہونا (لازم) نفرت کی نگاہ سے دیکھا جانا -

حَقائق (ع - مذکر) حقیقت کی جمع حقائق شناس (صفت) اشیا کی حقیقتیں پہچاننے والا -

حُقب (ع - مذکر) اسی برس کا عرصہ -

حُقُب (ع - مذکر) ۱ زمانہ ۲ عرصہ -

٢ اسی سال کا عرصہ۔

حِقبَت (ع۔ مونث) اسی سال کا عرصہ۔

حُقّت (ع۔ مونث) ١ ضروری ہونا ٢ یقینی طور پر واقعہ ہونا ٣ سچائی ٤ واقع ہونے والی۔ آنے والی (سزا)۔

حِقّت (ع۔ مونث) چار برس کی اونٹنی۔

حُقّت (ع۔ مونث) دیکھو حقّہ

حَقد۔ حِقد (ع۔ مذکر) برا چاہنا ٢ نفرت کرنا۔

حَقَد (ع۔ مذکر) ١ مینہ رک جانا۔ ٢ کان میں سے کچھ نہ نکلنا۔

حِقد (ع۔ مذکر) ١ نفرت ٢ دشمنی۔

حَقر (ع۔ مذکر) نفرت کرنا۔

حَقَر (ع۔ مذکر) عورت کا ٹھوکر مارنا۔

حِقف (ع۔ مذکر) ریت کا ٹیلا جس پر لہروں کے نشانات ہوں۔

حِقَفَت (ع۔ مذکر) حقف کی جمع۔

حَقل (ع۔ مذکر) ١ بونا۔ کاشت کرنا ٢ زرخیز زمین۔

حَقن (ع۔ مذکر) بلونے کیلئے کسی برتن میں دودھ ڈالنا ٢ رکھنا۔ روکنا۔ قید رکھنا ٣ پیشاب یا خون کو ٹپکنے نہ دینا ٤ مارے جانے سے بچانا۔

حُقنَہ (ع۔ مذکر) پچکاری جو پاخانہ لانے کے لئے کی جائے۔ شافہ۔ عمل (حقن۔ پچکاری کرنا)

حَقو (ع۔ مذکر) ١ پہلو یا کمر پر مارنا۔ ٢ ندی کے کنارے پر اونچی جگہ۔

حَقوَت (ع۔ مونث) ١ کمر بند ٢ وہ جگہ جہاں پاجامہ باندھا جائے۔

حُقود (ع۔ مذکر) بد اندیش۔ بدخواہ۔

حُقوق (ع۔ مذکر) جمع حق کی۔

حُقّہ (ع۔ مذکر) ١ وہ برتن جس پر تمباکو رکھ کر پیتے ہیں۔ قلیان۔ گڑگڑی ٢ جواہرات عطر یا کسی قیمتی چیز کا ڈبہ (حق۔ کسی چیز کو مضبوط بنانا) **حقّہ باز** (صفت) ١ بہت حقّہ پینے والا ٢ (مذکر) مداری۔ بھانمتی۔ **حقّہ بجانا** (متعدی) کثرت سے حقّہ پینا۔ **حقّہ بردار** (صفت) حقّہ اٹھا کر ساتھ چلنے والا۔ حقّہ بھرنے والا۔ **حقّہ بلانا** (متعدی) حقّے میں سے آواز نکالنا۔ **حقّہ بھرنا** (متعدی) چلم میں آگ و تمباکو ڈال کر حقّے پر رکھنا۔ حقّہ تیار کرنا۔ **حقّہ پانی بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) برادری سے خارج ہونا۔ ذات سے نکالدینا۔ **حقّہ پانی پلانا** (مذکر) خاطر مدارات کرنا۔ آؤ بھگت کرنا۔ **حقّہ پلانا** (متعدی) **پینا** (لازم) حقّے کا دھواں منہ سے اندر لے جانا۔ قلیان پینا۔ **حقّہ تازہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) حقّے میں تازہ پانی پڑنا اور نیچا وغیرہ تر ہونا۔ **حقّے کا پانی** (مذکر) وہ پانی جو حقّے میں کچھ مدت رہنے سے بدبودار ہو گیا ہو۔ **حقّے کا دھتیا یا رسیا** (مذکر) وہ شخص جس کو حقّے کا بہت شوق ہو۔

امثال واقوال۔ حقّہ فہمی کا۔

مزیدار ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ ہر وقت پیتا رہتا ہے اور اسے اچھی حالت میں رکھتا ہے۔ **حقّہ بھر بڑوں کو دیجے۔ جب سلگے تب آپ ہی پیجے۔** حقّے کو سلگانے میں دیر اور زور لگتا ہے۔ اسواسطے اگر بزرگوں کو حقّہ بھر کر دیا جائے تو ایک تو انکی عزت ہوتی اور جب تک اپنی باری آئے وہ اچھی طرح سلگ جاتا اور مزے دار ہو جاتا ہے۔ **حقّہ پیر دوڑی سے روٹی قسمت سے۔** حقّہ دوڑ دھوپ سے مل جاتا ہے۔ تلاش کرو تو کوئی نہ کوئی حقّہ پیتا مل جاتا ہے۔ یا آگ کی تلاش کرنی پڑتی ہے۔ مگر روٹی دوڑ دھوپ سے حاصل نہیں ہوتی۔ قسمت میں ہو تو ملجاتی ہے۔ **حقّہ چار وقت اچھا سوکے منہ دھوکے کھاکے نہاکے۔ اور چار وقت برا۔ آندھی میں اندھیرے میں بھوک میں دھوپ میں۔** حقّہ پینا کن صورتوں میں اچھا اور کن میں برا ہے۔ **حقّہ حکم خدا کا چلم بہشت کا پھول۔ پیوں مرد خدا کے کھوریں نامعقول۔** حقّہ پینے والے حقّے کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **حقّہ شکّا ہر کنی گوجر اور جاٹ۔ ان میں اٹک کہا با وا جگن ناتھ کا بھات۔** حقّہ تمباکو دنڈی گاجر اور جنٹ سب ایک جیسے ہیں جسطرح جگن ناتھ کے میلے کے چاول سب لوگ کھا جاتے ہیں۔ **حقّہ ہر کا لاڈلا رکھے سب کا مان۔ بھری سبھا میں یوں پھرے جوں گوپی میں کاہن۔** حقّہ پینے والے حقّے کی تعریف میں کہتے ہیں کہ حقّہ خدا کا پیارا ہے اور ہر ایک کی عزت رکھ لیتا ہے۔ بھری ہوئی مجلس میں اس طرح پھرتا ہے۔ جیسے گوپیوں میں کرشن جی۔ **حقّہ یک دم۔ دو دم سہ دم باشد۔ نہ کہ میراث جد وعم باشد۔** حقّے کے ایک دو یا تین گھونٹ پینے چاہئیں اور پھر آگے چلا دینا چاہئے۔ بعض آدمیوں کی عادت ہوتی ہے کہ حقّہ ان کے پاس آجائے تو وہ چھوڑتے نہیں۔ **حقّے اور باتوں میں بیر ہے۔** دونوں باتیں ایک وقت میں نہیں ہوسکتیں۔ **حقّے پانی کا سکھ۔** آرام سے زندگی بسر ہوتی ہے۔ **حقّے سے حرمت گئی نیم گیا سب چھوٹ۔ پگڑی بیچ تما کو لیا۔ گئی ہٹے کی پھوٹ۔** حقّے کی مذمت ہے نیم اصول۔ یا مذہب کو کہتے ہیں ہٹے کی پھوٹنا۔ پاگل ہو جانا۔ **حقّے کا مزا جس لے زمانے میں نہ جانا۔ وہ مرد مخنث ہے نہ عورت نہ زنانہ۔** حقّے کی تعریف میں کہتے ہیں۔ **حقّے کی ماری آگ باقی کا مارا گاؤں۔** جس آگ میں سے حقّہ بار بار بھرا جائے اچھی طرح نہیں جلتی اور جس گاؤں کی مالگذاری نہ ادا ہوسکے وہ تباہ ہو جاتا ہے۔ **حقّے کا پانی اور سوجھتے۔** بے آدمی کی مذمت میں کہتے ہیں کہ اس کو یہ سزا ملنی چاہئے۔

حَقِیر (ع۔ صفت) ١ ذلیل۔ خوار ٢ خفیف سا۔ اوچھا ٣ چھوٹا۔ ادنیٰ ٤ دبلا۔ لاغر (حقر۔ قابل نفرت ہونا) **حقیر جاننا** (متعدی) ذلیل سمجھنا۔ کمینہ جاننا۔ **حقیر ہونا** (لازم) ذلیل ہونا۔ حقارت کی نظر سے دیکھا جانا۔ خوار ہونا۔ **حقیری** (مونث) ١ رذالت۔ پاجی پن۔ کمینہ پن ٢ خواری۔ ذلت۔ خفت۔ بے وقری ٣ ہلکا پن۔ ادنے پن۔ چھٹائی۔

حَقِیقت (ع۔ مونث) ١ اصلیت۔ اصل۔ ماہیت۔ جڑ ٢ ماجرا۔ کیفیت ٣ بساط۔ حیثیت ٤ اصل مطلب۔ ماحصل سوال ٥ راستی۔ سچائی۔ درستی (حق۔ ٹھیک ہونا) **حقیقت بیں** (صفت) اصلیت تاڑ جانے والا۔ ماہیت معلوم کرنے والا۔ **حقیقت سے اطلاع دینا** (متعدی) اصل واقعہ بتلانا۔ **حقیقت شناس** (صفت) ہوشیار۔ ذہین۔ ذکی۔ **حقیقت جمع** (مونث) مالگذاری کی کیفیت عامہ۔ **حقیقت حال** (مونث) واقعات کی اصلیت۔ ماہیت۔ **حقیقت کھل جانا یا کھلنا** (متعدی) ١ اصلیت معلوم ہو جانا۔ راز ظاہر ہو جانا ٢ (طنزاً) کیفیت معلوم ہونا۔ مزہ آجانا۔

حقیقت کیا ہے (تحقیرًا) کیا چیز ہے۔ کیا وقعت ہے۔ **حقیقت لکھنا** (متعدی) ١ تحریر لکھنا بچوں کا۔ خط لکھنا ٢ سارے واقعات خط میں لکھنا۔ **حقیقت معلوم ہونا** (لازم) ١ اصلیت ظاہر ہونا۔ راز کھلنا ٢ (طنزًا) سزا ملنا۔ **حقیقت میں**۔ واقعی۔ دراصل۔ اصل میں۔ **حقیقت نامہ** (مذکر) اصل واقعات کا تحریری بیان۔ **حقیقت نہ ہونا** (لازم) بے وقعت ہونا۔ بے حیثیت ہونا۔ **حقیقۃً**۔ واقعی۔ فی الحقیقت۔

حقیقی (ع۔ صفت) ١ اصلی۔ سچا۔ کھرا۔ صاف۔ بلا آمیزش ٢ اپنا ٣ ذاتی۔ نفس الامری۔ **حقیقی بھائی** (مذکر) سگا بھائی۔ وہ بھائی جو سگے ماں باپ کا بیٹا ہو۔ **حقیقی بہن** (مونث) سگی بہن۔ **حقیقی چچا** (مذکر) باپ کا سگا بھائی۔

حَک (ع۔ مذکر) ١ ملنا۔ رگڑنا ٢ کھرچنا ٣ دل میں چبھنا ٤ خارش ہونا۔ سر میں (کرنا ہونا کے ساتھ) **حکّی** (مذکر) نگینہ ساز کا چاقو۔

حَکّاک (ع۔ مذکر) نگینہ ساز۔ مہرکن۔ جوہری۔ جواہرات کو چمکانے والا۔ موتی میں چھید کرنے والا۔

حِکام (ع۔ مذکر) قاضی کے پاس لے جانا۔

حُکّام (ع۔ مذکر) حاکم کی جمع۔ **حکام بالادست** (مذکر) افسران اعلےٰ۔ **حکامِ تابع** (مذکر) ماتحت افسران۔ **حکامِ ضلع** (مذکر) ضلع کے افسر۔ **حکامِ فوجداری** (مذکر) مجسٹریٹ۔ فوجداری مقدمہ کرنے والے افسر۔ **حکامِ ماتحت** (مذکر) ماتحت افسران۔ **حکامِ مال** (مذکر) مالگذاری وصول کرنے والے افسر۔ **حکامی** ١ (صفت) حاکموں کے۔ حاکموں کے متعلق۔ حاکموں کے کئے ہوئے ٢ (مونث) زمین جو حکام عطا کریں۔

حِکایا۔ حِکایات (ع۔ مونث) جمع حکایت کی۔

حِکایت (ع۔ مونث) ١ قصہ۔ کہانی۔ داستان ٢ بیان۔ بات (کرنا کے ساتھ) (حَکیٰ۔ نقل کرنا)۔ **حکایۃً** (تف) بطور ذکر۔ بسبیل تذکرہ۔ **حکایتی** (صفت) حجتی۔ بات بات پر بحث کرنے والا۔ **حکایتیں کرنا**۔ (متعدی) حجتیں کرنا۔ دلیلیں چھانٹنا۔

حِکّت (ع۔ مونث) خارش۔

حَکَر (ع۔ مذکر) ١ اناج کو مہنگا ہونے تک نہ بیچنا ٢ مکھن اور شہد کا مرکب۔

حُکَر (ع۔ مذکر) ١ چھوٹا پیالہ ٢ معمولی سا معاملہ۔

حُکَر (ع۔ مذکر) وہ اناج جو مہنگا ہونے تک نہ بیچا جائے ٢ جھگڑا۔ فساد ٣ پانی جو جمع کیا جائے۔

حُکَرت (ع۔ مونث) کوئی چیز جو قحط کے زمانے کے لئے رکھی جائے۔

حِکَم (ع۔ مذکر) حکمت کی جمع۔

حُکم (ع۔ مذکر) ١ فرمان۔ ارشاد۔ امر۔ آگیا ٢ فیصلہ۔ نیاؤ۔ ڈگری۔ تجویز ٣ حکومت۔ سرداری ٤ انتظام ٥ اختیار۔ اختیار عدالتی ٦ قانون۔ قاعدہ۔ آئین۔ ضابطہ۔ شرح ٧ اجازت۔ پروانگی۔ رضا ٨ سیاست۔ جبر۔ سختی ٩ اثر۔ تاثیر۔ گن ١٠ (منطق) ایسی بات کا ثابت کرنا کہ قائل کا سکوت صحیح ہو ١١ مذہبی مسئلہ ١٢ تاش یا گنجفے میں پہلا پتہ جو پھینکا جائے ١٣ تاش کا ہکم رنگ جس پر سیاہ پان کی شکل کا ڈنڈی دار نشان ہوتا ہے (حکم۔ روکنا) **حُکماً** (تف) ١ حکم سے۔ حکم پاکر ٢ فوراً۔ **حکم اٹھانا** (متعدی) ١ حکم ماننا۔ فرمان بجالانا ٢ حکم منسوخ کرنا ٣ تاش کاٹنا ٤ پتہ نکالنا یا کھینچنا۔ **حکمِ اخیر** (مذکر) ناطق فیصلہ۔ قطعی فیصلہ۔ وہ فیصلہ جس کی اپیل نہ ہو۔ **حکم اُلٹنا** (مذکر) پہلے حکم کے برخلاف فیصلہ کرنا۔ **حکم امتناعی** (مذکر) کسی کام سے باز رکھنے کا حکم۔ ممانعت کا حکم۔ **حکم انداز** (مذکر) ١ وہ تیرانداز جس کا نشانہ نہ چوکے ٢ (صفت) فرمانبردار۔ **حکم بجالانا** (متعدی) فرمان کی تعمیل کرنا۔ **حکم بردار** (صفت) حکم ماننے والا۔ فرمانبردار۔ تابعدار۔ **حکم برداری**۔ فرمانبرداری۔ تابعداری۔ اطاعت۔ **حکم بھیجنا** (متعدی) حکم سے مطلع کرنا۔ فرمان بھیجنا۔ **حکمِ بیاضی** (مذکر) شاہی حکم جو خفیہ طور پر جاری کیا جائے۔ **حکم بیٹھنا** (لازم) حکومت ہونا۔ انتظام ہونا۔ **حکم پر چلنا** (متعدی) حکم کے مطابق کام کرنا۔ تابعداری کرنا۔ حکم کی تعمیل کرنا۔ **حکم پر موقوف** ١ مرضی پر منحصر۔ تجویز پر موقوف۔ اختیار میں ٢ زیرتجویز۔ **حکم پہنچانا** (متعدی)، **پہنچنا** (لازم) فرمان کی اطلاع ہونا۔ **حکم توڑنا** (متعدی) ١ حکم نہ ماننا۔ نافرمانی کرنا ٢ فیصلہ منسوخ کرنا۔ اپیل منظور کرنا۔ **حکم ٹوٹنا** (لازم) دیکھو آخر ٢۔ **حکم جاری کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) حکم دیا جانا۔ فرمان صادر ہونا۔ **حکم چلانا** (متعدی)، **چلنا** (لازم) ١ حکم ہونا ٢ حکومت ہونا ٣ جبر ہونا۔ سختی ہونا۔ **حکم درمیانی**۔ (مذکر) وہ حکم جو مقدمے کے دوران میں اور آخری حکم سے پہلے دیا جائے۔ **حکم دینا** (متعدی) ١ حکم صادر کرنا۔ ارشاد کرنا ٢ فتویٰ دینا ٣ فیصلہ کرنا ٤ اجازت دینا ٥ اشتہار دینا ٦ منظوری دینا ٧ اختیار دینا۔ **حکمران** (مذکر) حاکم۔ بادشاہ۔ فرمانروا (ہونا کے ساتھ) **حکمرانی** (مونث) حکومت۔ سلطنت۔ بادشاہی (کرنا ہونا کے ساتھ) **حکمروا** (مذکر) حکمران۔ **حکم رکھنا** (لازم) ١ اختیار برتنا ٢ کسی چیز کے بجائے ہونا۔ بدل۔ **حکمِ شرع یا شرعی** (مذکر) مذہبی قانون کا حکم۔ **حکمِ ضبطی** (مذکر) ١ دی ہوئی چیز کے لے لینے کا حکم۔ حکم بازیافت ٢ مال وجائداد کے قرق ہونے کا حکم۔ **حکمِ طلبی** (مذکر) ١ کسی شخص کے بلانے کا حکم ٢ بلاوا۔ درخواست فیصلہ یا حکم کے اجرا کے لئے۔ **حکمِ ظہری** (مذکر) وہ حکم جو کسی کاغذ کی پشت پر لکھا جائے۔ **حکمِ قدم** (مذکر) خدائی حکم۔ **حکمِ قضا** (مذکر) ١ قسمت کا فرمان ٢ موت کا حکم۔ **حکمِ قطعی** (مذکر) دیکھو حکم اخیر۔ **حکم کرنا** (متعدی) حکم دینا۔ ارشاد کرنا۔ فرمانا ٢ سختی کرنا۔ جبر کرنا ٣ اجازت دینا۔ **حکم کش** (صفت) فرمانبردار۔ مطیع۔ **حکم گشتی**۔ (مذکر) وہ حکم جو بہت سے آدمیوں کے نام ہو۔ **حکم لگا دینا یا لگانا** (متعدی) یقینی رائے ظاہر کرنا ٢ فیصلہ کرنا ٣ پیشین گوئی کرنا۔ **حکم لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **حکمِ مطلق** (مذکر) ١ حکم قطعی ٢ حکم عام۔ **حکم موقوفی** (مذکر) ١ برطرفی کا فرمان ٢ فیصلے کو روکنے کا حکم۔ **حکم میں رہنا یا ہونا** (لازم) ١ فرمانبرداری کرنا۔ حکم عدولی نہ کرنا ٢ ماتحت رہنا ٣ حکم کے مطابق کام کرنا۔ **حکمِ ناطق** (مذکر) قطعی حکم۔ **حکمنامہ** (مذکر) ١ تحریری حکم۔ پروانہ فرمان۔ حکم جو حاکم کی طرف سے لکھا جائے ٢ لائسنس۔ وہ دستاویز جو کوئی اختیار تفویض کرے ٣ وہ حکم جو پولیس کا سب انسپکٹر یا اس سے بڑا افسر کسی کی طلبی یا گرفتاری کے لئے جاری کرے۔ **حکمنامہ طلبی** (مذکر) حکم جو پولیس افسر کسی شخص کی طلبی کے لئے جاری کرے۔ **حکمنامہ گرفتاری** (مذکر) حکم جو پولیس افسر کسی شخص کی گرفتاری کے لئے جاری کرے۔ **حکمی** (صفت) ١ یقینی۔ ٹھیک۔ درست ٢ بے چوک۔ بے خطا۔ نشانے پر ٣ ضروری۔ شرطی ٤ فرمانبردار۔ محکوم ٥ ہمیشہ۔ مدام۔ **حکمی بندہ** (مذکر) فرمانبردار بندہ۔ **حکمی دوا** (مذکر) سریع الاثر دوا۔ دعا جو یقینی طور پر اچھا کردے۔

امثال واقوال۔ **حکم بنا رہے**۔ فقیروں وغیرہ کی دعا۔ **حکمِ حاکم مرگِ مفاجات**۔ جس طرح موت سے انسان نہیں بچ سکتا اسی طرح حاکم کے حکم سے نہیں بچ سکتا۔ **حکم کے ساتھ سب کچھ**

موجود ہے ۔ حاکم کے لئے ہر چیز تیار ہے ۔ حکم دیتے ہی ہر چیز آ جاتی ہے ۔ حکم نشانی بہشت کی جو مانگے سو پائے ۔ بہشت میں جو خواہش ہو گی ملے گا ۔ حکومت نشان پسندیدگی ہے ۔ جو مانگے مل جاتا ہے ۔ حکمی بندہ جنت میں ۔ جو خدا کا حکم مانے وہ بہشت میں جائے گا ۔

حُکَما (ع ۔ مذکر) جمع حکیم کی ۔

حِکمَت (ع ۔ مونث) ۱ دانائی ۔ عقل ۔ ۲ علم ۔ بدیا ۔ ۳ فلسفہ ۔ منطق ۔ ۴ چالاکی ۔ ترکیب ۔ چال ۔ ۵ ڈھنگ ۔ طور ۔ مطلب ۔ طریقہ ۔ ۶ طبابت ۔ علاج معالجہ ۔ ۷ انتظام ۔ کفایت شعاری ۔ ۸ معجزہ ۔ ۹ راز ۔ بھید ۔ ۱۰ عاقلانہ مقولہ (حَکَمَ ۔ روکنا) **حکمت آرا** (صفت) عقل سے مزین ۔ عقل والا ۔ **حکمت آموز** (صفت) عقل سکھانے والا ۔ **حکمت آمیز** (صفت) عاقلانہ ۔ حکمت سے بھرا ہوا ۔ **حکمت آئین** (صفت) جو عقل سے کام کرے ۔ عقل سے مزین ۔ **حکمتِ الٰہی** (مونث) ۱ راز الٰہی ۔ ۲ خدا کی مرضی ۔ خدا کی کارسازی ۔ ۳ خدا کی اجازت سے ۔ **حکمتِ بالغہ** (مونث) پختہ عقل ۔ **حکمت چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) چالاکی کارگر ہونا ۔ **حکمت ربانی** (مونث) حکمت الٰہی ۔ **حکمت سے** ۱ ہوشیاری سے ۔ چالاکی سے ۔ تدبیر سے ۔ ۲ عقلمندی سے ۔ دانائی سے ۔ **حکمت طبعی** (مونث) قدرتی علم ۔ **حکمت عملی** (مونث) ۱ علم جو تجربے اور علم سے حاصل ہو ۔ ۲ ملکی تدبیر یا مصلحت ۔ پالیسی ۔ ۳ چالاکی ۔ ہوشیاری ۔ فطرت ۔ دور اندیشی ۔ توڑ جوڑ ۔ **حکمت کرنا** (متعدی) ۱ دانائی کرنا ۔ تدبیر کرنا ۔ ۲ طبابت کرنا ۔ طبیب کا پیشہ کرنا ۔ علاج معالجہ کرنا ۔ **حکمتِ مدنی** (مونث) شہری انتظام کے قوانین ۔ **حِکمَتی** (صفت) ۱ چالاک ۔ ہوشیار ۔ ۲ فلسفی ۔ فلسفہ دان ۔

امثال واقوال ۔ حکمت بلقمان آموختن ۔ دانا کو دانائی سکھانا ۔ فضول بات کرنا ۔ **حکمت چین حجتِ بنگالہ** ۔ چینی عقلمند ہوتے ہیں ۔ بنگالی جھگڑالو ۔

حُکُومَت (ع ۔ مونث) ۱ سلطنت ۔ فرمانروائی ۔ حکمرانی ۔ ۲ اختیار ۔ قدرت ۔ بس ۔ ۳ سختی ۔ جبر ۔ زبردستی ۔ (حَکَمَ ۔ روکنا) **حکومت جتانا** (متعدی) ۱ رعب ڈالنا ۔ دبانا ۔ ۲ جبر کرنا ۔ سختی کرنا ۔ ۳ رتبہ دکھانا ۔ **حکومتِ جمہوری** (مونث) وہ سلطنت جو لوگوں کے ہاتھ میں ہوتی ہے ۔ اور جو ایک مقررہ عرصے کے لئے انتظام کے واسطے افسران کا انتخاب کرتے ہیں ۔ **حکومتِ خود اختیاری یا شخصی** (مونث) وہ حکومت جو ایک خود مختار شخص کے ہاتھ میں ہو جسے بادشاہ یا راجہ کہتے ہیں ۔ **حکومت کرنا** (متعدی) ۱ سلطنت کرنا ۔ راج کرنا ۔ ۲ دبانا ۔ سختی کرنا ۔ ۳ زور دکھانا ۔ رعب ڈالنا ۔

مثل ۔ حکومت کی گھوڑی اور چھ پسیری دانہ ۔ حاکم کی گھوڑی کے لئے تین سیر دانہ چاہئے ۔ گھوڑی تو تین چار سیر کھاتی ہے ۔ باقی سائیں وغیرہ اڑا جاتے ہیں ۔ حاکم کے نام سے عملے والے لوگوں کو بہت لوٹتے ہیں ۔

حِکَّہ (ع ۔ مذکر) خارش ۔

حَکّی (ع ۔ مذکر) چا تو جس سے چھیلیں ۔

حَکِیم (ع ۔ مذکر) ۱ عقلمند ۔ دانا ۔ زیرک ۔ عاقل ۔ سمجھدار ۔ بدھوان ۔ ۲ دانشمند ۔ ۳ عالم ۔ فاضل ۔ فلسفہ دان ۔ گیانی ۔ ۴ طبیب ۔ ڈاکٹر ۔ وید (حَکَمَ ۔ روکنا) **حکیمانہ** (صفت) حکیم کی طرح ۔ فلسفیانہ ۔ ۲ عقلمندی سے ۔ ہوشیاری سے ۔ **حکیم حاذق** (مذکر) ۱ کامل طبیب ۔ ماہر حکیم ۔ ۲ ایک خطاب جو حکیموں کو دیا جاتا ہے ۔ **حکیمی** (مونث) ۱ حکیم کا ۔ حکیم کے متعلق ۔ ۲ طبیب کے متعلق ۔ طبی ۔ ۳ (مونث) طبابت کا پیشہ ۔ **حکیمی کرنا** (متعدی) طبابت کرنا ۔

امثال واقوال ۔ حکیم اوروں کی دوا کرے اپنی نہ کرے ۔ اوروں کو نصیحت کرے اور خود نہ سمجھے ۔ **حکیم کو قارورے سے کیا لاج** ۔ اپنے پیشے سے شرم نہیں کرنی چاہئے ۔

حَل ۔ حَلّ (ع ۔ مذکر) ۱ عقدہ کشائی ۔ مشکل کام کو آسان کرنا ۔ انکشاف ۔ سلجھاؤ ۔ ۲ پسائی ۔ گھلائی ۔ گداؤ ۔ ۳ عمل سوال (حَلَّ ۔ کھولنا) **حَلِّ عُقدَہ** (مذکر) مشکل کام کو آسان کرنا ۔ مشکل سلجھانا ۔ **حلکاری** (مونث) طمع ۔ سازی ۔ سونے چاندی کے پھول پتے یا نقوش بنانے کا کام ۔ **حل کرنا** (متعدی) ۱ علم ریاضی کا سوال نکالنا ۔ ۲ معمہ یا پہیلی بوجھنا ۔ ۳ پیسنا ۔ گلانا ۔ گھوٹنا ۔ ۴ اجزا علیحدہ کرنا ۔ ۵ سلجھانا ۔ آسان کرنا ۔ **حَلّ وبَست ۔ حَلّ وعَقد** (مذکر) کھولنا اور باندھنا ۔ عزل ونصب ۔ ادھیڑ بن ۔ **حل ہونا** (لازم) حل کرنا کا ۔

حَلّاب (ع ۔ صفت) دودھ دوہنے والا ۔

حِلاب (ع ۔ مذکر) ۱ دودھ دوہنا ۔ ۲ وہ برتن جس میں دودھ دوہا جائے ۔

حَلّاج (ع ۔ مذکر) ۱ دھنیا ۔ ۲ منصور کا لقب (حَلَجَ ۔ روئی دھنکنا) **حلاجی** (مونث) دھنئے کا پیشہ ۔

حَلاحِل (ع ۔ مذکر) جنگلی پیاز ۔

حُلاحِل (ع ۔ مذکر) بادشاہ ۔ قبیلے کا سردار ۔

حَلال (ع ۔ مذکر) ۱ جائز ۔ مباح ۔ روا ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ حرام کا متضاد ۔ ۲ ذبح ۔ ۳ کھانے کے قابل (جانور) ۔ ۴ جائز طور پر کمایا ہوا ۔ ۵ (مونث) جائز بیوی ۔ ۶ عورت جو عدت کے دن پورے کر چکے ۔ مصلّی ۔ **حلال خور** (مذکر) بھنگی ۔ چوہڑا ۔ خاکروب ۔ **حلال خورن** (دہلی ۔ مونث) بھنگن ۔ چوہڑی ۔ مہترانی ۔ **حلال خوری** (مونث) ۱ بھنگی کا پیشہ ۔ ۲ (لکھنؤ) مہترانی ۔ **حلال روزی** (مونث) وہ روزی جو محنت کر کے کمائی جائے ۔ **حلال زادگی** (مونث) ۱ جائز پیدائش ۔ ۲ شرافت ۔ دیانت داری ۔ **حلال زادہ** (مذکر) بیٹا جو خاوند کے نطفے اور بیوی کے بطن سے ہو ۔ ۲ (صفت) شریف ۔ دیانت دار ۔ ۳ (عو) شریر ۔ **حلال کا** (صفت) دیکھو آخری ۔ **حلال کرنا** (مذکر) ۱ مباح قرار دینا ۔ جائز قرار دینا ۔ ۲ ذبح کرنا ۔ ۳ کاٹنا ۔ قتل کرنا ۔ ۴ مارنا ۔ پیٹنا ۔ **حلال کر کے کھانا** (متعدی) محنت کر کے کھانا ۔ **حلال نمک** (صفت) وفادار ۔ **حلال ہونا** (لازم) دیکھو حلال کرنا ۔ **حلالی** (صفت) ۱ تازہ ۔ ۲ حلال کا ۔ ۳ (مذکر) آزادی ۔ ۴ جواز ۔

امثال واقوال ۔ حلال تھوڑا حرام بہت ۔ تھوڑی حلال کی کمائی میں زیادہ برکت ہوتی ہے ۔ حرام کی بہت میں کچھ نہیں ۔ حلال تھوڑا ملتا ہے حرام بہت ۔ **حلال میں حرکت حرام میں برکت** ۔ نیک کاموں میں تکلیف ہوتی ہے ۔ بروں میں آرام ہوتا ہے ۔ راشی مزے اڑاتا ہے دیانتدار ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے ۔

حَلّال (ع ۔ مذکر) عقدہ کشائی کرنے والا ۔ کھولنے والا ۔ حل کرنے والا ۔

حَلالَہ (ع ۔ مونث) ۱ وہ عورت جس کی شادی پھر پہلے خاوند سے ہو جائے جبکہ اسے دوسرے

خاوند نے طلاق دے دی ہو۔

حَلام۔ حُلّام۔ حُلّان (ع۔ مذکر) بکرے کا بچہ جو ماں کے رحم سے نکالا جائے ۲ بہلا۔

حلائل (ع۔ مونث) حلیلہ کی جمع۔ بیویاں۔

حَلاوت (ع۔ مونث) ۱ مٹھاس۔ شیرینی ۲ مزہ۔ ذائقہ۔ لذت ۳ آرام۔ سکھ۔ چین۔ راحت (حَلو۔ میٹھا ہونا) حلاوت بخش (صفت) شیرینی کا مزہ دینے والا۔ حلاوت پانا (متعدی) مزہ پانا۔ لطف اٹھانا۔

حَلب (ع۔ مذکر) دودھ دوہنا۔

حَلبَت (ع۔ مذکر) ۱ گھوڑے جو گھڑدوڑ کے لئے جمع ہوں ۲ گھڑدوڑ کا میدان۔

حَلَبَت (مونث) حَلَبَہ (ع۔ مذکر) دودھ دوہنے والے۔

حَلبلات (ع۔ مذکر) عشق پیچاں۔

حَلبیب (ع۔ مذکر) ایک پودہ۔

حَلّت (ع۔ مونث) ۱ بڑا ٹوکرا۔ ۲ گلی۔ محلہ ۳ شام میں ایک مقام۔

حَلّت (ع۔ مونث) ارادہ۔ مقصد۔

حِلّت (ع۔ مونث) ۱ حلال ہونا روا ہونا۔ مباح ہونا۔ جائز ہونا ۲ مہمان ۳ اترنے کا طریقہ ۴ بہت سے مکان۔ سو مکان ۵ مجلس۔ جلسہ (حَلّ۔ جائز ہونا)

حِلتیت۔ حِلتیث (ع۔ مذکر) ہینگ۔

حَلج (ع۔ مذکر) روئی یا اون کو صاف کرنا ۲ روئی کو بنولوں سے جدا کرنا ۳ رات کو سفر کرنا ۴ مرغ کا مرغی کی طرف پر پھیلا کر دوڑنا

حَلجان (اردو۔ مونث) ایک رسم شادی کے بعد [illegible] مالکہ مہمانوں سے پیسے جمع کر کے پوریاں قیمہ وغیرہ پکا کر تقسیم کرتی ہے۔

تَحَلحُل (ع۔ فر) ۱ باہر نکال دینا ۲ چونکانا۔ ڈرانا۔

مثل۔ حلحلاتی کو دوں پھانکتی۔ اس عورت کے متعلق کہتے ہیں جو ایک جگہ آرام سے نہ بیٹھے۔

حِلحِل (ع۔ مذکر) جنگلی پیاز۔

حَلزُون (ع۔ مذکر) گھونگھا۔

حَلس (ع۔ مذکر) عہد نامہ۔

حَلَس (ع۔ مذکر) قالین۔ نمدہ۔

حَلِس (ع۔ صفت) ۱ بہادر۔ شجاع ۲ لالچی۔ حریص۔

حِلس (ع۔ مذکر) ۱ بڑا آدمی ۲ نمدہ جو اونٹ کے زین کے نیچے ڈالیں ۳ قالین۔

حلط (ع۔ مذکر) ۱ خواہ مخواہ جھگڑنا۔ ۲ غصہ ہونا ۳ تیز ہونا۔ چالاک ہونا۔

حَلَف (ع۔ مذکر) ایک پودہ۔

حَلف (ع۔ فر) ۱ قسم کھانا خدا کی یا کسی کے پاس ۲ (مونث) قسم۔ سوں۔ سوگند (حَلَف قسم کھانا) حلف اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) قسم کھائی جانا۔ حلف دروغی (مونث) جھوٹی قسم (کرنا ہونا) حلف دینا (مذکر) دوسرے کو قسم کھلانا۔ حلف سے اظہار دینا (متعدی)، لینا (لازم) قسم دے کر بیان لکھنا۔ حلف لینا (متعدی) قسم کھانا۔ حلفا (تف) قسم کھا کر۔ قسمیہ۔ حلف نامہ (مذکر) تحریری بیان قسم کھا کر۔ حلفی (صفت) قسمیہ۔ حلفی بیان (مذکر) قسم کھا کر بیان دینا۔ حلفیہ (صفت) قسمیہ۔ حلفیہ بیان (مذکر) حلفی بیان (دینا کے ساتھ)

حِلف (ع۔ مذکر) ۱ عہد نامہ۔ ۲ عہد نامہ کے بموجب عمل۔

حَلفا (ع۔ مذکر) ایک آبی پودہ۔

حُلفاء (ع۔ مذکر) حلیف کی جمع۔ ۱ دوست۔ مددگار۔ معاون۔

حَلفَت (ع۔ مونث) قسم۔

حَلق (ع۔ مذکر) ۱ گلا۔ گردن کا سامنے کا حصہ۔ حلق بند کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) بول نہ سکنا۔ بولنے کی اجازت نہ ہونا۔ حلق بیٹھ جانا (لازم) آواز کا بھاری ہونا۔ حلق پر چھری پھیر دینا یا پھیرنا (متعدی)، پھر جانا یا پھرنا (لازم) ۱ سخت نقصان پہنچنا ۲ جبر ہونا۔ ظلم ہونا۔ حلق تک بھرنا (متعدی) بہت کھانا پینا۔ حلق دبانا (متعدی) گلا گھونٹنا۔ حلق خشک ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ گلا سوکھنا ۲ ڈر جانا۔ گھبرا جانا۔ حلق سے اترنا (لازم) ۱ گلے سے نیچے جانا ۲ گوارا ہونا۔ حلق کا دربان (مذکر) ۱ گلے کا محافظ۔ بات بات پر ٹوکنے والا ۲ کھانے سے روکنے والا ۳ کھانے کے وقت آموجود ہونے والا۔ حلق کا کوتوال (مذکر) اس بچے کی نسبت کہتے ہیں جو ماں باپ کو کھانے نہ دے۔ حلق میں اٹکنا (لازم) حلق سے نہ اترنا۔ حلق میں پانی چوانا (متعدی) منہ میں پانی ٹپکانا نزع کے وقت۔ حلق میں نوالہ اٹکنا یا پھنسنا (لازم) گلے سے لقمے کا نہ اترنا۔ غم سے ایسا ہوتا ہے۔ حلقوم (مذکر) گلے اور چھاتی کے بیچ کا حصہ۔ گلا۔ حلق۔ حلقوم مارنا (متعدی) جس کو زبردست مقابل نے دونوں ہاتھوں پر اٹھا کر دے مارنے کا ارادہ کیا ہو اس کا مخالف اپنی ٹانگ اس کے حلقوم پر مارنا (پہلوانوں کی اصطلاح) حلقہ (مذکر) ۱ دائرے کی شکل کی کوئی چیز ۲ کڑا۔ لوہے یا لکڑی کا گول چھلا ۳ پیہ ۴ مجمع۔ مجلس ۵ تکمہ۔ گھنڈی کا گھر ۶ احاطہ۔ علاقہ۔ حد ۷ ساز کا کالر۔ گردنی ۸ دروازے کا کھٹکا یا کنڈی ۹ ایک قسم کی آتشبازی ۱۰ چھلا ہاتھ یا کان کا ۱۱ فرقہ۔ جتھا۔ بھائی بندی۔ ۱۲ آنکھ کے گرد نیلا نشان۔ حلقۂ آبگوں (مذکر) آسمان حلقہ انداز (مذکر) وہ شخص جو حقے کے دھوئیں کے حلقے اڑائے۔ حلقہ باندھنا (متعدی) ۱ گھیر لینا۔ گھیرا ڈالنا ۲ حصار باندھنا۔ دائرہ [illegible] نا۔ حلقہ بگوش (مذکر) ۱ غلام ۲ مطیع۔ فرمانبردار۔ پہلے زمانے میں غلاموں کے کانوں میں حلقہ ڈالتے تھے۔ حلقہ بگوشی (مونث) ۱ غلامی نوکری ۲ اطاعت۔ فرمانبرداری۔ حلقہ بندی (مونث) ۱ چند گاؤں کا ایک علاقہ جو پٹواری کے ماتحت ہوتا ہے ۲ (صفت) ۱ اس کے متعلق۔ حلقۂ چشم (مذکر) وہ حلقہ جو آنکھ کے گرد پڑ جائے۔ حلقۂ دام (مذکر) ۱ جال کا چھید ۲ گھوڑے کے بال کا پھندا ۳ ایک قسم کی نقاب۔ حلقہ در گوش (مذکر) دیکھو حلقہ بگوش۔ حلقہ ڈالنا (متعدی) دیکھو حلقہ باندھنا۔ حلقہ زن (صفت) دروازہ کھٹکھٹانے والا۔ حلقۂ سیمیں (مذکر) چاند۔ حلقہ کرنا (متعدی) ۱ گھیر لینا۔ حلقہ وار (صفت) ایک ایک حلقہ کر کے۔ حلقی (صفت) ۱ حلق کے متعلق۔ حلق کا ۲ وہ الفاظ جو حلق کے متعلق نکلیں یہ چھ ہیں۔ ہمزہ۔ ح۔ خ۔ عین۔ غین۔ ہ۔ حلقے (مذکر) ۱ حلقہ کی جمع ۲ بجائے حلقہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ حلقے پڑنا (لازم) آنکھوں کے گرد نیلے نشان پڑنا۔

امثال واقوال۔ حلق رووے جیب ٹووے۔ جہاں بہت تھوڑا کھانے کو ملے وہاں کہتے ہیں۔ حلق سے نکلی خلق میں پڑی۔ بات منہ سے نکلی مشہور ہوئی۔ حلق کا نہ تالو کا میاں لالو کا۔ اس چیز کے متعلق کہتے ہیں جو کسی کام نہ آئے۔ حلق نہ تالو کھائیں میاں لالو۔ بدتمیز آدمی

مدتیں انہیں کھاتے تو کتے ہیں۔

حَلَک (ع۔ مذکر) بہت سیاہ ہونا

حلکاری (ع۔ مونث) ۱ کھدت۔
۲ سونے کے حروف وغیرہ کا کسی چیز پر
دھاتوں کے ذریعے چھاپنا۔

حَلکہ ڈال (اردو۔ متعدی) ہلکان
کرنا۔ جلدی کرنا۔ بھیل مچا رہنا۔

حَلَل (ع۔ مذکر) پچھلی ٹانگ کی
کمزوری۔

حُلَل (ع۔ مذکر) حُلّہ کی جمع۔

حِلم (ع۔ مذکر) ۱ بردباری۔ برداشت۔
تحمل۔ سہار۔ صبر (حَلَم۔ برداشت کرنا) **حِلمیت**
(مونث) حلم۔

حُلما (ع۔ صفت) حلیم کی جمع۔

حَلَمَت (ع۔ مونث) ۱ ڈھنان۔
۲ ایک قسم کا کیڑا جو کھال میں لگتا ہے ۳ ایک
کانٹے دار پودہ۔

حَلو (ع۔ مذکر) ۱ میٹھا ہونا ۲
(صفت) آنکھ دل یا مزے کے لئے خوشگوار۔

حَلو۔ حُلو (ع۔ صفت) ۱ میٹھا۔
۲ خوشگوار۔

حَلوا (ع۔ مذکر) ۱ ایک مٹھائی جو
سوجی گھی اور شکر سے بنتی ہے۔ سوجی کی بجائے میدا یا کسی
اور چیز کا آٹا بھی استعمال ہوتا ہے ۲ تر چیز۔ نرم چیز کھانے
کی ۳ میٹھا اور گداز میوہ ۴ ایک دوا جو سفوف ہو اور
اسے شہد یا شکر میں ملا کر حلوا سا بنا لیتے ہیں (حَلو۔ میٹھا
ہونا) **حلوا سمجھنا** (لازم) ۱ آسان سمجھنا ۲ کمزور سمجھنا۔
معمولی خیال کرنا۔ **حلوا سوہن** (مذکر) ایک قسم کی مٹھائی
جو ایک شخص سوہن لال کی ایجاد ہے۔ مگر بعض لوگوں کا
خیال ہے کہ سوہن لفظ سوہان کا بگڑا ہوا ہے۔ اور اسکی
سختی کی وجہ سے سوہن کہتے ہیں۔ مگر آجکل ایک نرم قسم کی
مٹھائی بھی حلوا سوہن کہلاتی ہے۔ **حلوا کھائے**۔ ایک
قسم۔ مردہ دیکھے۔ **حلوا ماہی یا مچھلی** (مونث) ایک
قسم کی مچھلی۔ **حلوان** (مذکر) ۱ لیلا۔ بکری کا بچہ ۲ رشوت
۳ دلال کی فیس ۴ نجومی کو جو دیا جائے ۵ جہیز ۶ (صفت)
میٹھا۔ خوشگوار۔ **حلوا نکل جانا یا نکلنا** (لازم) محنت
کرتے کرتے بُرا حال ہونا۔ پلیتھن نکلنا۔ **حلوائی** (مذکر)
۱ مٹھائیاں بنانے والا آدمی ۲ ہندوؤں کی ایک قوم۔

حلوائے آشتی (مذکر) وہ مٹھائی جو صلح ہو جانے پر
ایک دوسرے کو بھیجیں۔ **حلوائے برنج** (مذکر) ایک
قسم کی مٹھائی جو چاول کے آٹے سے بنتی ہے۔ **حلوائے
بے دود** (مذکر) شیریں میوے۔ چونکہ انہیں دھواں
نہیں پہنچتا اور سورج کی گرمی سے پکتے ہیں ۲ ملائم اور نرم
چیز ۳ (مجازاً) بوسۂ لب معشوق۔ **حلوائے بے دود**
ہے۔ نہایت خوشگوار اور پسندیدہ ہے۔ **حلوائے
تر** (مذکر) ۱ شیریں میوے ۲ لب معشوق ۳ وہ چیز جو مفت
حاصل ہو۔ **حلوائے رشتہ** (مذکر) سویاں۔ **حلوائے
شکر** (مذکر) وہ حلوا جو شکر سے بنایا جائے۔ **حلوائے
عید** (مذکر) وہ حلوا جو عید کے موقع پر بنایا جائے۔ **حلوائے
مرگ** (مذکر) حاضری۔ بھتی۔ **حلوائے مسقط** (مذکر)
ایک خاص قسم کی مٹھائی جو مسقط میں ایجاد ہوئی تھی۔ **حلوائے
مغزی** (مذکر) بادام کا حلوا۔ **حلوائے مقراضی**
(مذکر) حلوا جس میں میوہ باریک کتر کر ڈالتے ہیں۔ **حلوائے
نیم شکر یا شکری** (مذکر) کوئی مشہور مٹھائی۔ **حلواین**
(مونث) ۱ حلوائی کی بیوی ۲ حلوائی قوم کی عورت۔

امثال واقوال۔ **حلوا پوری
باندی کھائے۔ پوتا پھیرنے بیوی جائے**۔
کمینے آدمی مزے اڑاتے ہیں۔ غریبوں کی شامت آتی
ہے۔ **حلوا پوری بی بی کھائے پڑا پٹا ون باندی
جائے**۔ امیر مزے اڑاتے ہیں غریبوں کی شامت
آتی ہے۔ **حلوا خوردن را روے باید۔ حلوا
کھانے کو منہ چاہیئے**۔ اچھی چیز کے لئے اس کا اہل
ہونا ضروری ہے۔ **حلوا گفتن دہن نہ ساز د
شیریں**۔ کسی چیز کا صرف ذکر کرنے سے اس چیز کا
لطف حاصل نہیں ہوتا۔ **حلوائی دیوانہ ہوگا تو
ہر پھر کر لڈو اپنوں ہی کو (دے گا) مارے گا**۔
ہر صورت میں اپنوں کو فائدہ پہنچانے والے کے متعلق
کہتے ہیں۔ **حلوائی کی جائی سو وے ساتھ قصائی**
خاندانی آدمی ذلیل اور بے عزتی کا کام کرے **حلوائی
کی دوکان دادا جی کی فاتحہ**۔ پرائے مال کو ہضم
کرلے یا دوسرے کے خرچ پر مزے اڑانے کو کہتے ہیں
حلوے مانڈے سے کام۔ اپنا بھلا چاہنا کوئی
مرے یا جئے۔

حَلوان (اردو۔ مذکر) قصابوں کی
اصطلاح۔ بکری کا بچہ جس میں دو ڈھائی سیر گوشت ہو۔

حَلُوب (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو
دودھ دوہے ۲ جانور جس کا دودھ دوہا جائے۔

حُلول (ع۔ مذکر) ۱ اترنا۔ رہنا۔
رہائش رکھنا ۲ داخل ہونا۔ گھسنا ۳ دخول ۴ ایک چیز کا
دوسری میں اس طرح گھس جانا کہ دونوں میں تمیز نہ ہوسکے
۵ تناسخ۔ آواگون ۶ قربانی کی چیز کا قربانی کی جگہ پہنچنا
۷ بیوہ کا سوگ چھوڑنا ۸ قرضے کا قابل ادائگی ہونا ۹
(حال کی جمع) وہ جو اتریں اور ٹھیریں (حَلّ۔ اترنا)
حلولیہ (مذکر) مسلمانوں کا ایک فرقہ۔

حُلُوم (ع۔ مذکر) حلم کی جمع۔

حَلوَہ۔ حَلویٰ (ع۔ مذکر) حلوا۔

حلویات (ع) جمع حلوے کی۔
مٹھائیاں۔

حَلّہ (ع۔ مذکر) حلہ کا بگڑا ہوا۔ کبھو
ہلا۔

حُلّہ (ع۔ مذکر) ۱ کپڑا۔ جامہ۔ جُبّہ۔
چغہ ۲ بہشتی لباس (حَلّ۔ گانٹھ کھولنا) **حلۂ آدم**
(مذکر) آدم کی پوشاک۔ سبزی۔ پتے۔ **حلہ گر خاک**
(مذکر) زمین کی پوشاک بنانے والا یعنی خدا۔

حَلی (ع۔ مونث) ۱ اپنے آپ کو
زیورات اور جواہرات سے آراستہ کرنا ۲ تلوار
کی سجاوٹ جو دستے یا نیام پر ہو۔

حُلی (ع۔ مذکر) حلیت کی جمع۔
زیورات۔ جواہرات۔

حَلِیب (ع۔ مذکر) ۱ تازہ دودھ
۲ کھجور کی شراب۔

حَلیَت (ع۔ مذکر) ۱ زیور۔ جواہر ۲
یمن میں ایک مقام۔

حَلیج (ع۔ مذکر) دھنکی ہوئی روئی۔

حَلِیف (ع۔ مذکر) ۱ معاہدے
کے فریقوں میں سے کوئی ایک ۲ ساتھی۔ رفیق ۳ وہ
جس نے دوسرے کی امداد کی حلف اٹھائی ہو ۴ سازش
کنندہ۔ سازشی (حَلف۔ قسم کھانا)

حَلِیل (ع۔ مذکر) ۱ خاوند ۲ ہمسایہ
حلیلہ (مونث) ۱ بیوی ۲ ہمسائی۔

حَلیم (ع۔ صفت) ۱ بردبار۔ متحمل
۲ (مذکر) خدا کا ایک نام ۳ موٹا جانور ۴ ایک قسم کا کھانا
جو گیہوں چنے کی دال گوشت اور مصالح ڈال کر پکایا
جاتا ہے (حَلم۔ بردبار ہونا)

حَلیمو (ع۔ مذکر) ایک پودہ۔

حُلیہ (ع - مذکر) ۱ سراپا شکل وصورت بشرہ - چہرہ مہرہ ۲ شکل وصورت کا حال - فردِ حلیہ (اصل حلیہ - حُلی - سجانا) حلیہ بتانا یا بیان کرنا (متعدی) شکل وصورت کا حال ظاہر کرنا - حلیہ بگاڑ دینا یا بگاڑنا (متعدی) منہ پر اس قدر مارنا کہ صورت بگڑ جائے چہرہ بگاڑنا - حلیہ بگڑنا (لازم) گت بننا - بری حالت ہونا - حلیہ تحریر کرنا (متعدی) کسی کی شکل صورت کا حال لکھنا - حلیہ نامہ (مذکر) فردِ حلیہ -

حٰم (ع - مونث) قرآن شریف میں ایک سورت -

حَم (ع - مذکر) خسر - خاوند یا بیوی کا کوئی رشتہ دار -

حَمّ (ع - مذکر) ۱ گرم کرنا ۲ جلانا ۳ اکسانا - ابھارنا ۴ ہمت بڑھانا ۵ جلدی کرنا ۶ ارادہ کرنے میں -

حما (ع - مذکر) ۱ خاوند کا باپ یا بھائی ۲ سیاہ پتلا کیچڑ - حمات (مونث) ساس -

حُمات (ع - مذکر) حامی کی جمع -

حماحم (ع - مذکر) ایک قسم کا پودینہ

حمّار (ع - مذکر) گدھوں کو ہانکنے والا -

حِمار (ع - مذکر) گدھا - خر -

حمازت (ع - مونث) ۱ مضبوط یا پکا ہونا ۲ طاقت -

حماست (ع - مونث) بہادری -

حماسہ (ع - مذکر) ۱ رزمیہ نظم ۲ ایک مجموعہ عرب کی پرانی نظموں کا مصنفہ ابوتمام ۳ ایک مجموعہ مصنفہ البحتری -

حُمّاض (ع - مذکر) ۱ ایک کھٹا ساگ ۲ نارنگی کا عرق -

حِماط (ع - مذکر) ایک قسم کی انجیر -

حماق (ع - مذکر) خسرہ -

حماقت (ع - مونث) سخت بیوقوفی - نادانی - حمق - مورکھ پن - بےعقلی (حمق بیوقوف ہونا)

حمّال (ع - مذکر) مزدور - قلی (حمل - اٹھانا) حمّالہ (مونث) بوجھ اٹھانے والی -

حمالیق (ع - مذکر) حملاق کی جمع -

حَمام (ع - مذکر) ۱ کبوتر ۲ فاختہ (حَم گرم ہونا)

حمّام (ع - مذکر) ۱ نہانے کی جگہ ۲ وہ جگہ جہاں پانی گرم کرکے نہانے کے لئے دیتے ہیں (کرنا ہونا کے ساتھ) حمامچی (مذکر) حمامی - حمام کی لنگی (مونث) وہ چیز جو ہر ایک کے استعمال میں آئے - حمامی (مذکر) ۱ نہلانے والا ۲ غسل کرانے والا -

امثال - حمام کی لنگی جس نے چاہی باندھ لی - عام چیز ہے جو چاہے استعمال کرے - حمام میں سب ننگے - سب ایک ہی قسم کا برا کام کرتے ہیں -

حِمام (ع - مذکر) موت -

حُمام (ع - مذکر) ۱ اونٹ کا بخار ۲ بخار زدہ اونٹ -

حَماما (ع - مذکر) ایک پودہ -

حمائد (ع - مذکر) حمیدت کی جمع -

حمائل (ع - مونث) ۱ دوال شمشیر - پرتلا - گلے میں ڈالنے کی چیز ۲ چھوٹا قرآن شریف جو گلے میں ڈالتے ہیں ۳ ایک زیور گلے کا ۴ (صفت) گلے میں پڑا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) حمائلِ شمشیر (مونث) تلوار کا پرتلا - حمائلِ فلک (مذکر) کرۂ آسمان کا جھکاؤ - حمائلی (مونث) سیارے کی بیضوی حرکت سورج کے گرد -

حمائم (ع - مذکر) حمام کی جمع ۲ [illegible] فاختہ - قمریاں -

حُمائی (ع - صفت) [illegible] منسوب -

حمایت (ع - مونث) طرفداری - مدد - پرچک ۲ حفاظت - نگہبانی - حمایات - بچاؤ (کرنا ہونا کے ساتھ) حمایت کا ٹٹو (مذکر) گھوڑی (مونث) وہ جو دوسرے کی حمایت پر دلیر ہو - حمایت گرمنت بندہ - حمایت لینا (متعدی) مدد کرنا - طرف کرنا -

حمایتی (صفت) مددگار - طرفدار - معاون -

مثل - حمایتی دکی [illegible] عراقی کے لات مارسے (مارتی ہے) جس کی حمایت کی جائے اس کا حوصلہ بہت بلند ہو جاتا ہے -

حمد (ع - مونث) خدا کی تعریف (کرنا ہونا کے ساتھ) حمد وثنا (مونث) خدا کی تعریف - حمد صرف خدا کے لئے مخصوص ہے اور ثنا انسان کی بھی ہو سکتی ہے -

حمت (مونث) حُمہ (ع - مذکر) بچھو کا زہر -

حَمّت (ع - مونث) بخار -

حُمّت (ع - مونث) ۱ سخت گرمی ۲ سیاہی -

حُمحُم (ع - مذکر) ۱ کیلا ۲ اونٹ کا نارہ -

حمدل (ع - مذکر) الحمد اللہ کہنا

حمدونت (ع - مونث) ہارون الرشید کی بیٹی -

حمدونہ (ع - مذکر) بندر - لنگور -

حمر - حمرا (ع - صفت) سرخ سرخ رنگ کا (حمر - سرخ ہونا)

حُمر (ع - مذکر) ۱ اصلی ۲ ابال -

حمرا (ع - صفت) احمر کی جمع -

حمرت (ع - مونث) سرخی -

حمرہ (ع - مذکر) ایک پودہ -

حمز (ع - مذکر) ۱ تیز کرنا ۲ زبان کو کڑوا یا کھٹا معلوم ہونا ۳ کڑواہٹ - کھٹائی -

حمس (ع - مذکر) ایمان یا جنگ میں پکا ہونا - مستقل مزاج ہونا -

حمس (ع - صفت) ۱ مضبوط ۲ بہادر پکا -

حمش (ع - مذکر) ۱ غصہ ۲ غصے کا جوش ہونا -

حمش (ع - مذکر) پتلی ٹانگیں ہونا

حمص (ع - مذکر) ۱ سوجن اتر جانا ۲ [illegible] ذرہ آسانی سے نکالنا -

حمض (ع - مذکر) ۱ کھٹا ہونا ۲ نمک یا کڑوا پودہ کھلانا اونٹ کو ۳ نمک یا کھٹا ساگ -

حُمق (ع - صفت) جس کی ڈاڑھی میں تھوڑے بال ہوں -

حُمق (ع - مذکر) بیوقوفی - نادانی - حماقت ۲ حمق پن - مورکھتائی -

حُمَقا (ع - صفت) احمق کی جمع -

حُمَک (ع - مذکر) ۱ جوں ۲ کوئی چھوٹی چیز -

حَمَل (ع - مذکر) ۱ بوجھ - وزن - بار - بھار ۲ عورت کے پیٹ میں بچہ ہونا ۳ عورت کے شکم میں جو بچہ ہو - **حمل اسقاط کرانا** (م) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مضغہ کا رحم سے قبل از وقت نکل جانا - **حمل ٹھہرنا** (لازم) حمل ہو جانا - **حمل رہنا** (لازم) حاملہ ہونا - بچے سے ہونا - **حمل کر دینا یا کرنا** (متعدی) عورت کے ساتھ جماع کر کے اسکو حاملہ کر دینا ۲ کسی کے ذمہ کوئی الزام لگانا ۳ بوجھ لادنا **حمل گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) مضغہ کا قبل از وقت رحم سے نکل جانا - **حمل ہو جانا یا ہونا** (لازم) عورت کے رحم میں نطفہ کا پڑ کر بچہ بننا -

حَمَل (ع - مذکر) اول برج آسمانی کا نام - میکھ -

حِمل (ع - مذکر) وہ اونٹ جس پر کجاوہ رکھا جائے -

حُملاق - حُملوق (ع - مذکر) ۱ پپوٹوں کا اندرونی حصہ جہاں سرمہ لگاتے ہیں ۲ آنکھ کی سفیدی -

حَملہ (ع - مذکر) ۱ وار - چوٹ - ضرب ۲ دھاوا - یورش - ہلہ - تاخت - چڑھائی (کرنا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) **حملہ آور** (صفت) حملہ کرنے والا (ہونا کے ساتھ) **حملۂ دم** (مذکر) بہا خون - **حملہ گرائے** (مذکر) وہ جو حملہ کرے - **حملہ گیری** (مونث) چڑھائی - حملہ وغیرہ -

حَمَم (ع - مذکر) ۱ گرم ہونا پانی کا ۲ کوئلے ۳ راکھ ۴ کوئی جلی ہوئی چیز -

حَمو - حَمُو (ع - مذکر) ۱ خاوند یا بیوی کا باپ یا بھائی ۲ بیوی کا رشتہ دار -

حُموت (ع - مذکر) کسی کام کو نہ کرنے کا حکم دینا ۲ کوئی چیز جو محفوظ رکھی جائے -

حُموض (ع - مذکر) اونٹ کو نمک اور کڑوے پودے کھلانا - **حموضت** (مونث) ۱ کھٹا ہونا ۲ کھٹائی - کڑواہٹ -

حَمول (ع - مذکر) ۱ لیجانے والا ۲ وہ جو صبر سے تکالیف برداشت کرے -

حُمُول (ع - مذکر) حَمل کی جمع ۱ اونٹ جن پر کجاوے رکھے ہوں ۲ کجاوے ۳ حفنہ -

حَمُولَت (ع - مونث) لدو اونٹ یا گھوڑا -

حُمُولَت (ع - مونث) اونٹ یا گھوڑے کا بوجھ -

حَمَا (ع - مذکر) حمامہ کی جمع - قمریاں -

حِمیٰ (ع - مذکر) وہ جگہ جہاں عوام کو آنے کی اجازت نہ ہو ۲ حرام چیز ۳ معشوق کا مکان -

حُمّیٰ (ع - مذکر) بخار - تپ -

حَمِیَّت (ع - مونث) ۱ شرم - غیرت - ننگ ۲ غصہ ۳ جوش ۴ نفرت سا کراہ **حمیتِ اسلامی** (مونث) مسلمان کی غیرت - اسلام کا جوش - **حمیتِ قومی** (مونث) اپنی قوم کی غیرت - قوم کو خراب حالت میں دیکھ کر جوش آنا -

حِمیَت (ع - مونث) ۱ روکنا منع کرنا ۲ روکنے کا حکم دینا ۳ ناقابل حصول یا محفوظ چیز -

حَمِید (ع - صفت) تعریف کیا ہوا - خوب - **حمیدہ** (صفت مونث) تعریف کی ہوئی ۲ (مونث) مسلمان عورتوں کا ایک نام -

حَمِیر (ع - مذکر) حمار کی جمع - گدھے -

حِمیَر (ع - مذکر) ایک قوم اور جگہ کا نام -

حَمِیل (ع - مذکر) ۱ وہ چیز جو لیجائی جائے ۲ پتے لکڑیاں وغیرہ جو دریا میں بہتی جائیں ۳ طفل افتادہ جسے اجنبی پرورش کریں ۴ حرامی بچہ ۵ غلام جو بچپن میں باہر سے لایا جائے ۶ ضامن -

حَمِیم (ع - صفت) ۱ گرم ۲ (مذکر) گرم و سرد پانی ۳ دوست - رشتہ دار ۴ موسم گرما کا وسط ۵ موسم گرما کا مینہ - (حَمّ - گرم ہونا)

حِنا (ع - مونث) ۱ ایک پودہ جس کے پتے پیس کر اور بھگو کر ہاتھ پر رنگ دینے کے لئے لگاتے ہیں - مہندی ۲ پسے ہوئے پتے مہندی کے ۳ مہندی کی رنگ - **حنا** کسی چیز کو سرخ رنگنا) **حنا بند** (مذکر) ۱ وہ کاغذ جس میں حنا باندھتے ہیں ۲ (صفت) مہندی لگا ہوا - مہندی کا رنگ چڑھا ہوا - **حنا بندی** (مونث) مسلمانوں کی ایک رسم جو ساچق سے پہلے ہوتی ہے - اسے مہندی بھی کہتے ہیں - **حنا کا چور** (مذکر) وہ جگہ جہاں مہندی کا رنگ نہ چڑھے - **حنا لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ہاتھوں یا پاؤں پر مہندی رنگ دینے کے لئے لگانا - **حنائی** (صفت) ۱ مہندی کے رنگ کا ۲ مہندی لگا ہوا - **حنائی کاغذ** (مذکر) ایک قسم کا کاغذ جس کا رنگ ہلکا زردی مائل ہوتا ہے -

حَنا (ع - مذکر) حنا کا معرب - زین کا اگلا اونچا حصہ -

حَنّاط (ع - مذکر) ۱ گیہوں بیچنے والا ۲ مردوں کے لئے خوشبوئیں وغیرہ بیچنے والا -

حِناطَت (ع - مذکر) مردے میں خوشبوئیں بھرنے کا ہنر -

حَنان (ع - مذکر) ۱ رحم کرنا ۲ مادری محبت ۳ رحم - شفقت ۴ قوت لایموت - روزانہ خوراک - ۵ برکت ۶ اقبالمندی ۷ سنجیدگی -

حَنّان (ع - صفت) ۱ بہت مہربان یا شفیق ۲ خدا کا ایک نام ۳ کھلا صاف ۴ جس کے دل پر اثر ہو -

حَنّانت - حَنّانہ (ع صفت) ۱ وہ عورت جس کے گریہ وزاری کی وجہ سے متوفی خاوند کی یاد آجائے ۲ آواز دینے والی کمان ۳ ایک درخت جس سے تکیہ لگا کر پیغمبر صلعم وعظ کیا کرتے تھے -

حَنبَل (ع - مذکر) ۱ بونا آدمی ۲ پرانا جوتا ۳ سمند -

حَنّت (ع - مونث) ۱ بیوی حضرت مریم کی ماں ۲ اونٹنی کا بچہ کو بلانا -

حِنّت (ع - مونث) دیوانگی -

حِنث (ع - مذکر) ۱ گناہ - جرم ۲ جھوٹی قسم کھانا ۳ رعایت -

حَنَج (ع - مذکر) ۱ رعایت کرنا مائل ہونا ۲ رسی کو بل دینا ۳ ضرورت ضروری کام -

حِنج (ع - مذکر) ۱ جڑ - اصل - فرع ۲ دل ۳ کسی چیز کا وسط -

حَنجَر (ع - مذکر) **حنجرت** (مونث) **حَنجَرہ** (مذکر) نرخرہ -

حَنَذ (ع۔ مذکر) ۱ بھیڑ کو تندور میں ڈال کر بھوننا ۲ سورج کا مسافر کو جھلسنا ۳ گھوڑے کو ایڑ لگانا ۴ گھوڑے کو دوڑا کر پسینہ پسینہ کرنا۔

حَنَس (ع۔ مذکر) دلیری سے گھمسان کی لڑائی میں جا گھسنا۔

حُنُط (ع۔ مذکر) نیک۔ پارسا۔

حِنطَت (ع۔ مذکر) گیہوں۔

حَنظَل (ع۔ مذکر) اندراین کا پھل۔

حَنَف (ع۔ مذکر) ۱ عقیدہ درست ہونا ۲ مرتد راسخ الاعتقادی ۳ ٹیڑھا ہونا ۴ پاؤں کے باہر کے کناروں پر چلنا۔

حُنَفا (ع۔ مذکر) حنیف کی جمع۔

حَنَفی (ع۔ صفت) ۱ صادق۔ سچا۔ مومن ۲ (مذکر) امام ابوحنیفہ کا پیرو۔ حنفیہ (مذکر) ۱ وہ فرقہ جو امام ابوحنیفہ کا پیرو ہے ۲ سچا مذہب ۳ ایک برتن جس میں ٹونٹی لگی ہوتی ہے اور حنفی اس کو وضو کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

حَنَق (ع۔ مذکر) ۱ غصہ ہونا ۲ غصہ۔ ناراضگی۔

حَنَک (ع۔ مذکر) ۱ گھوڑے کے دہانے میں زنجیر ڈالنا ۲ تصدیق کرنا ۳ پورے طور سے اور اچھی طرح کرنا ۴ بچے کے تالو کو شہد یا چبائی ہوئی کھجور ملنا تاکہ چوسنے لگے۔

حَنَک (ع۔ مذکر) تالو۔

حَنو (ع۔ مذکر) ۱ جھکانا ۲ مروڑنا۔

حِنو (ع۔ مذکر) ۱ زین کے اگلے حصے کی گولائی ۲ کسی چیز کا پہلو۔

حُنُو (ع۔ مذکر) ۱ شفیق ہونا۔ محبت ہونا ۲ خواہشمند ہونا۔

حَنُوط (ع۔ مذکر) چند خوشبودار چیزوں کا مرکب جو مردے کو بعد غسل ملتے ہیں۔

حَنی (ع۔ مونث) حنیت کی جمع۔ کمانیں۔ حنیت (مونث) کمان۔

حَنِیذ (ع۔ مذکر) ۱ بھنا ہوا گوشت جس میں سے رس ٹپک رہا ہو ۲ ایک قسم کا مرہم ۳ خوشبودار تیل سر کو لگانے کے لئے ۴ (صفت) گرم پتھروں سے بھنا ہوا (گوشت) ۵ دھوپ میں پھرانے سے پسینہ پسینہ ہونے والا (گھوڑا) ۶ گرم۔ ابلتا ہوا (پانی)۔

حَنِیف (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو حضرت ابراہیم کے مذہب پر ہو ۲ پکا مسلمان۔ مومن ۳ (صفت) پکا۔ مذہبی عقائد کا مضبوط ۴ حضرت ابراہیم کا لقب حَنِیفہ (مذکر) ۱ تقریباً بیس علمائے اسلام کا نام ۲ دیکھو ابوحنیفہ ۳ ایک عرب قبیلہ جو خالد بن ولید کے ہاتھ پر اسلام لایا تھا ۴ مسلمانوں کا ایک فرقہ۔ حنیفیہ (مذکر) ایک فرقہ جو ابوحنیفہ کا پیرو ہے۔

حَنِین (ع۔ مذکر) ۱ جوش ظاہر کرنا ۲ محبت ۳ آواز جو اونٹنی بچے کی محبت میں نکالے۔

حَوّا (اردو۔ مونث) بچوں کو ڈرانے کے لئے بجائے بلا کے کہتے ہیں۔ دیکھو ہَوّا۔

حَواب (ع۔ مذکر) ۱ چوڑی وادی ۲ بصرے کے قریب ایک مقام۔

حواجب (ع۔ مذکر) حاجب کی جمع۔ ابروئیں۔

حَوادِث (ع۔ مذکر) حادثہ کی جمع حوادثات (مذکر) حادثہ کی جمع الجمع۔ حوادث زدہ (صفت) بدقسمت۔

حَواری (ع۔ مذکر) ۱ دھوبی ۲ وہ شخص جو وفاداری سے کام کرے ۳ دوست۔ یار۔ ہمراہی ۴ پیرو چیلہ ۵ حضرت عیسےٰ کے بارہ دوستوں میں سے کوئی ایک ۶ وہ جس کا بدن بہت سفید ہو (حَوَر۔ سفیدی صاف ظاہر ہونا)

حِواز (ع۔ مذکر) فاصلہ۔

حواس (ع۔ مذکر) حاسہ کی جمع ۱ وہ قوتیں جو انسان میں حس کرنے کی ہیں پانچ ظاہری ہیں پانچ باطنی ۲ ہوش۔ عقل۔ سمجھ۔ فہم (آنا۔ اڑانا۔ اڑنا۔ جاتے رہنا۔ پکڑنا جانا کے ساتھ)

حواس باختہ (صفت) حواس اڑے ہوئے۔ حیران۔ ہکابکا۔ بے اوسان۔ مخبوط الحواس۔ گھبرایا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ)

حواسِ اندرونی یا باطنی (مذکر) پانچ ہیں قوت متخیلہ۔ قوت حافظہ۔ قوت متصرفہ۔ قوت مشترکہ۔ قوت واہمہ۔ حواس بجا ہونا (لازم) ہوش میں آنا۔ اوسان درست ہونا۔ حواس پکڑو۔ ہوش میں آؤ۔ حواسِ خمسہ یا ظاہری (مذکر) پانچ ظاہری حواس۔ قوت ذائقہ۔ قوت باصرہ۔ قوت شامہ۔ قوت لامسہ۔ قوت سامعہ۔ حواس میں آکر بات کرو۔ جب کوئی بے تکی بات کہے تو کہتے ہیں۔ حواس میں آنا۔ ہوش میں آنا۔ اوسان بجا ہونا۔ حواس میں ابتری ہونا (لازم) بدحواسی ہونا۔ حواسوں (مذکر) حواس کی جمع۔ حواسوں پر سے صدقہ دینا (متعدی) ہوش درست کرنا۔ عقل بنوانا۔

حَواشی (ع۔ مذکر) حاشیہ کی جمع ۱ کنارے ۲ مصاحب ہمنشین۔ پاس بیٹھنے والے۔ ملازم ۳ یادداشتیں جو کتاب کے حاشئے پر لکھی جائیں۔

حَواصِل (ع۔ مذکر) ۱ ایک سفید آبی پرند۔ ماہی خورہ ۲ ایک جانور جس کی کھال کے کپڑے بنائے ہیں ۳ (جمع) حوصلکی۔ پوٹا پرند کا۔ معدہ ۴ ذخیرہ۔ میگزین ۵ خانہ۔ گھر۔

حَوالات (ع۔ مونث) حوالت کی جمع ۱ وہ چیزیں جو قبضے میں دی جائیں۔ امانتیں۔ اوقات ۲ (واحد) وہ مکان جس میں ملزمان بدوران تفتیش یا تحقیقات مقدمہ رکھے جائیں ۳ حراست۔ گرفتاری۔ قید۔ نظربندی۔ نگرانی (کرنا ہونا کے ساتھ) (حَوَل۔ گھیرنا) حوالات پولیس (مونث) وہ حوالات جس میں پولیس ملزم کو رکھے۔ حوالاتِ مجسٹریٹی (مونث) وہ حوالات جس میں مجسٹریٹ ملزم کو بدوران تحقیقات رکھے۔ حوالات میں بند کرنا یا دینا (متعدی) گرفتار کرنا۔ حراست میں رکھنا۔ حوالات میں ہونا (لازم) گرفتار رہنا۔ حراست میں ہونا۔ حوالات میں رکھنا (متعدی) حراست میں رکھنا۔ کوٹھڑی میں قید کر کے بند کرنا۔ حوالاتی (مذکر) وہ ملزم جو حوالات میں ہو۔ قیدی۔

حَوالجات (ف۔ مذکر) حوالہ کی جمع۔

حَوالدار (ف۔ مذکر) ۱ ایک فوجی عہدہ ۲ پولیس کا ہیڈ کنسٹبل ۳ چوکیداروں کا افسر (حوالہ دار کا مخفف)

حَوالہ (ع۔ مذکر) ۱ سپردگی۔ تحویل ۲ پتہ نشان۔ مثال (دینا کے ساتھ) ۳ (حیلہ) مال منتقل (حَوَل۔ بدلنا) حوالہ دار (مذکر) ۱ حوالدار ۲ وہ جس کے سپرد اناج کی حفاظت ذخیرہ کرنے سے پہلے ہو ۳ امین یا فیجو گماشتو کے انتظام پر تعینات ہو۔ حوالے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) سپرد ہونا۔

حَوالی (ع۔ مذکر) گرد و نواح۔ آس پاس (حَوَل۔ اردگرد پھرنا) حوالیٔ شہر (مذکر) شہر کے اردگرد کی زمین۔ حوالی موالی (مذکر) دوست۔ یار۔ ساتھی۔

حَوائج (ع۔ مونث) جمع حاجت کی۔ حوائجِ ضروری۔ ضروری حاجتیں۔ پیشاب پاخانہ منہ ہاتھ دھونا وغیرہ۔

حوایا (ع۔ مونث) حویت کی جمع ۱ انتڑیاں ۲ انتڑیوں کی چربی۔

حَوب (ع۔ مذکر) ۱ اونٹوں کو بلانا ۲ گناہ کرنا ۳ ناراض کرنا ۴ والدین ۵ غم ۶ تنہائی ۷ غربت ۸ (مونث) بیٹی ۹ بہن۔ حوبت (مونث) گناہ کرنا۔

حَوب (ع۔ مذکر) ۱ والدین۔ ماں

باپ ۲ بہن ۳ بیٹی ۴ گناہ ۔ جرم ۔ قصور ۵ غم ۔ اداسی ۶ تکلیف مصیبت ۷ غربت ۔ مفلسی ۔

حُوبَت (ع ۔ مونث) ۱ گناہ ۔ جرم ۲ آدمی جو نیکی یا بدی کے ناقابل ہو ۳ غریب آدمی ۔

حَوت (ع ۔ مذکر) پرندے کا کسی چیز کے گرد پھرنا ۔

حُوت (ع ۔ مونث) ۱ مچھلی ۔ بڑی مچھلی وہل مچھلی ۲ بارھواں برج ۔ مین ۔ حوت السلیمان (مونث) حوت گردوں (مونث) بارھواں برج ۔

حَوج (ع ۔ مذکر) ۱ غریب ہونا ۲ امن ۔ سلامتی ۔

حِوَج (ع ۔ مونث) حاجت کی جمع ۔

حَوَج (ع ۔ مذکر) غربت ۔ مفلسی ۔

خَوجَم (ع ۔ مذکر) جمع ۔ حوجمت (مذکر) گلاب جس کا عرق کھینچتے ہیں ۔

حوجَمت (ع ۔ مونث) سُرخ گلاب ۔

حَوذ (ع ۔ مذکر) ۱ گھوڑا تیز چلانا ۲ رکھنا ۔ محفوظ رکھنا ۔

حَور (ع ۔ مذکر) ۱ واپس آنا ۲ حیران ہونا ۳ ڈھیلا کرنا پگڑی کے بل کھولنا ۴ گرانی ۔ عمق ۔ باریک ۔ بینی ۵ وہ چیز جو پگڑی کے نیچے ہو ۶ (تف) ظاہر اطوار پر ۔

حَوَر (ع ۔ مذکر) ۱ بہت روشن ہونا ۲ آنکھوں کی سفیدی اور سیاہی کا ۳ آنکھ کی سفیدی کی سخت سیاہی کے ۳ آنکھ کی مکمل سیاہی جیسے ہرنی میں ہوتی ہے ۔

حُور (ع ۔ مونث) تباہی ۔ بربادی

حُور (ع ۔ مونث) حورا کی جمع جو اردو میں استعمال نہیں ہوتا ۔ یہ واحد استعمال ہوتا ہے ۱ بہشت کی عورت ۲ (صفت) خوبصورت حسین ۳ معشوق ۔ حُورالعین ۔ حورعین ۔ حوران (مذکر) حور کی فارسی جمع ۔ حورانِ بہشتی (مونث) بہشت کی حوریں ۔ حورالنسا (مونث) نہایت خوبصورت عورت ۔ حور پیکر ۔ حورنژاد (صفت) نہایت خوبصورت حسین ۔ حور کا بچہ (مذکر) نہایت خوبصورت آدمی ۔ حورائیں (مونث) حور کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے ۔ حوریں (مونث) حور کی جمع ۔

امثال واقوال حوران بہشتی را

دوزخ بود اعراف ۔ از دوزخیاں پرس کہ اعراف بہشت است ۔ بہشت کی حوروں کے لئے اعراف دوزخ ہے اور دوزخیوں سے پوچھو تو ان کے لئے اعراف بہشت ہے ۔ جو لوگ عیش وعشرت کے عادی ہوتے ہیں ۔ انکو معمولی زندگی بسر کرنے میں تکلیف ہوتی ہے ۔ اور مصیبت زدہ کے لئے معمولی زندگی بھی اچھی ہوتی ہے ۔ حور بھی سوتن کو ڈائن سے بری ۔ سوتن چاہے کتنی ہی خوبصورت ہو بری معلوم ہوتی ہے ۔

حَورا (ع ۔ صفت) سیاہ آنکھ والی ۔

حَوز (ع ۔ مذکر) ۱ اکٹھا کرنا ۲ حاصل کرنا ۳ زور سے چلانا ۴ اونٹوں کو آہستہ چلانا ۵ آہستہ قدم ۔

حَوزَت (مونث) **حَوزہ** (ع ۔ مذکر) ۱ قطعہ ۔ حصہ ۲ سلطنت کا وسط ۳ انسان کی طبیعت یا طینت ۔

حَوس (ع ۔ مذکر) کسی چیز کی تردد سے تلاش کرنا ۔

حَوش (ع ۔ مذکر) ۱ شکار کو گھیر کر جال میں پھنسانا ۲ اونٹوں کا اکٹھا کرکے پانی پلانے کو لیجانا ۔

حَوشَب (ع ۔ صفت) ۱ تیار (رانڈ) ۲ پیٹ بڑا ۳ خرگوش ۴ لومڑ ۵ بچھڑا ۔

حُوشِیَت (ع ۔ مونث) وحشت خونخواری ۔

حَوص (ع ۔ مذکر) ۱ سینا ۲ دو چیزوں کو ملانا ۔

حُوص (ع ۔ صفت) احوص کی جمع ۔ وہ جنکی آنکھیں کناروں کی طرف سے پتلی ہوں ۔

حَوصلہ (ع ۔ مذکر) ۱ جرات ۔ دلیری ۲ ہمت مقدور ۳ ارادہ (بڑھانا ۔ بڑھنا ۔ پست ہونا ۔ رکھنا ۔ کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) ۴ معدہ ۔ پوٹا ۔ حوصلہ اُڑ کے ہونا (لازم) کسی سے بڑھ کر حوصلہ ہونا ۔ حوصلہ افزا (مذکر) حوصلے کا بڑھانے والا ۔ حوصلہ افزائی (مونث) ہمت بڑھانا ۔ جرات دلانا ۔ شاباش دینا (کرنا ۔ ہونا کے ساتھ) حوصلہ تنگ ہونا (لازم) ۱ پست ہمت ہونا ۲ کمینے خیالات کا ہونا ۔ حوصلہ دار ۔ حوصلہ مند (صفت) صاحب ہمت ۔ عالی حوصلہ اولوالعزم ۔ **حوصلہ داری** (مونث) عالی ہمتی ۔ اولوالعزمی ۔ عالی حوصلگی ۔ **حوصلہ نکالنا** (متعدی) نکلنا (لازم) ۱ ارمان پورا کرنا ۔ ہوس نکلنا ۲ فرحج ہونا ۔ ... ۔ حوصلے (مذکر) بجائے حوصلہ حروف مغیرہ کے بعد ۔ حوصلہ کی جمع ۔ حوصلے سے باہر (تف) ہمت سے زیادہ ۔ **حوصلے کو آزمانا** (متعدی) ہمت کا امتحان کرنا ۔ **حوصلے والا** (صفت) صاحب ہمت ۔

حَوض (ع ۔ مذکر) پانی جمع کرنے کی چھوٹی جگہ جو زمین میں پکی بنائی جائے ۔ بڑا تالاب کہلاتا ہے ۲ فوارے کے اردگرد کی جگہ ۳ حاشئے کے اندر کی جگہ ۔ حوض دہ در دہ (مذکر) حوض جو ہر طرف سے دس دس گز ہو ۔ اس کا پانی پاک سمجھا جاتا ہے ۔ حوض کوثر (مذکر) دیکھو کوثر ۔ حوض نعمان (مذکر) ایک چشمہ جس کا پانی کھاری تھا مگر حضرت نعمان کے آنے سے میٹھا ہو گیا ۔

مثل ۔ حوض بھرے تو فوارہ چھوٹے آمدنی ہو تو خرچ ہو ۔

حَوضَہ (ع ۔ مذکر) ہودج ۔ ہودہ ۔ ہاتھی کے اوپر رکھنے کی عماری ۔

حَوط (ع ۔ مذکر) ۱ رکھنا ۔ بچانا ۲ گھیرنا ۔

حَوف (ع ۔ مذکر) ۱ چمڑے کا کمربند جو حائض عورتیں یا نابالغ بچے پہنتے ہیں ۲ ایک قسم کا کجاوہ ۔

حَوق (ع ۔ مذکر) ۱ جھاڑ دینا ۲ ملنا رگڑنا ۳ گھیرنا ۴ بڑا مجمع ۔

حَوک (ع ۔ مذکر) ۱ بننا ۲ نازبو ۳ ایک پہاڑ ۔

حَول (ع ۔ مذکر) ۱ بدلنا ۔ پھرنا ۲ واپس آنا ۳ پاس یا اوپر سے گزرنا ۴ روکنا ۵ سال ۶ طاقت ۔ قوت ۷ دھوکا ۔ دغا ۔

حول (مذکر) ۱ سال ۲ لیاقت ۔ قابلیت ۳ طاقت ۔ قوت

حَوَل (ع ۔ مذکر) بھینگا ہونا ۔

حِوَل (ع ۔ مذکر) انتقال مکان جگہ بدلنا ۔

حُول (ع ۔ مذکر) اونٹنی کا حاملہ ہونا ۔ اونٹنی جو پہلے سال حاملہ نہ ہو ۔

حول جول مچانا (اردو ۔ متعدی) غل وشور مچانا ۔ گھبرا لینا (مفف)

حَولدار (ف ۔ مذکر) حوالدار کا مخفف ۔

حَولَک (ع ۔ مذکر) ۱ گلے کا درد ۲ بدقسمتی ۔ مصیبت ۔

حَوم (ع ۔ مذکر) ۱ پھرنا ۲ پرندے کا منڈلانا ۳ اونٹوں کا بڑا گلہ ۔

حَومان (ع ۔ مذکر) پرندے کا

منڈلانا۔

حَومَت (ع۔ مونث) ۱ کسی چیز کی بڑی تعداد یا طاقت ۲ بڑی جنگ ۳ میدان جنگ۔

حَومَر (ع۔ مذکر) املی۔

حَومَل (ع۔ مذکر) ۱ خالص پانی کی دھار ۲ سیاہ بادل ۳ ایک مقام ۴ ایک غریب عورت جو اپنی کتیا کو کھانے کو نہ دیتی تھی یہانتک کہ اس نے اپنی دم کاٹ کھائی۔

حَولَق (اردو۔ مذکر) فالبا حیوان سے بنک تصغیر اوراس سے حولق بنالیا ہے۔ اردو کی اختراع ہے۔ چھوٹے قد کا ۲ بیوقوف

حَویلی (ف۔ مذکر) حوالی سے بنڈلیا ہوا ۱ بڑا مکان محل۔ عالیشان مکان ۲ وہ ضلع جو دارالخلافہ کے قریب اور ارد گرد ہو اسکی آمدنی فوج پر خرچ کی جاتی تھی ۳ سرکاری زمین ذخول۔ اردگرد پھیرا

حَیّ (ع۔ صفت) ۱ زندہ ۲ (مذکر) قبیلہ قبیلہ کا ایک حصہ (حَیّ۔ زندہ رہنا) حَیّ القائم (صفت) زندہ صحیح سلامت حَیّ القیوم۔ حی لایموت (صفت) قائم رہنے والا۔ نہ مرنے والا۔ ابدی۔ حَیّ علی الصلوات۔ نماز کے لئے جلدی آؤ۔

حَیا (ع۔ مونث) شرم۔ غیرت۔ حجاب۔ (آ لک ساتھ) (حَیِی۔ شرمندہ ہونا) حیا آنکھوں سے دھو ڈالنا (متعدی) بے شرم ہو جانا۔ دیدہ دلیر ہو جانا۔ حیا دار (صفت) ۱ غیرتمند ۲ لحاظ والا۔

مثل۔ حیا والا اپنی حیا سے ڈرا بے حیا نے جانا مجھ سے ڈرا۔ کمینے سے شرافت سے پیش آؤ تو وہ سمجھتا ہے کہ مجھ سے ڈر گیا۔

حَیا (ع۔ مذکر) ۱ بارش ۲ ارزانی کا سال۔

حَیات (ع۔ مونث) ۱ زندگی۔ عمر۔ زیست ۲ جان۔ روح۔ حیات ابدی (مونث) ہمیشہ کی زندگی۔ نجات (حَیِی۔ زندہ رہنا) حیات بخش (صفت) زندگی دینے والا۔ حیات تازہ (مونث) نئی زندگی۔ حیات تازہ پانا (لازم) ۱ بیماری سے اچھا ہونا ۲ کسی عزیز سے ملنا۔ حیاتِ جاودانی (مونث) حیات ابدی۔ حیاتِ مستعار (مونث) چند روزہ زندگی۔ مانگی ہوئی زندگی۔ عمر فانی۔ حیاتی (صفت) حیات کے متعلق۔

حَیّات (ع۔ مذکر) حیّت کی جمع۔ سانپ۔

حیاتین (ا۔ مونث) غذا کا ایک ضروری جزو جو بعض بیماریوں کو روکتا اور جسم میں خاص کام انجام دیتا ہے۔ وٹامن۔

حَیاری (ع۔ مذکر) حیران کی جمع۔

حِیاصَت (ع۔ مونث) ۱ اکھٹا سینا۔ ملانا ۲ کمربند

حِیاض (ع۔ مذکر) حوض کی جمع۔

حِیاط (ع۔ مذکر) حائط کی جمع۔ ۱ دیواریں ۲ صحن حیاطَت (مونث) بچانا۔ محفوظ رکھنا۔

حِیاکَت (ع۔ مونث) بُننے کا ہنر۔

حِیال (ع۔ مذکر) ۱ حاملہ نہ ہونا ۲ برخلاف۔ مخالف۔

حَیَّت (ع۔ مذکر) سانپ۔

حِیتان (ع۔ مذکر) بڑی مچھلیاں

حَیث (ع۔ ظرف) کہاں۔ کس جگہ کو۔ جہاں۔ جہاں کہیں۔

حَیثیت (ع۔ مونث) ۱ بساط۔ مقدور ۲ آبرو۔ عزت ۳ دولت۔ جائداد۔ ملکیت۔ آمدنی ۴ حوصلہ۔ ظرف ۵ طور۔ طریق۔ ڈھنگ۔ وضع ۶ لیاقت۔ قابلیت ۷ رتبہ۔ درجہ پایہ ۸ خاصیت۔ خصوصیت۔ (حَیث۔ کہاں) حیثیت بگاڑنا (متعدی) غریب کر دینا۔ بے عزت کرنا۔ حیثیت بگڑنا (لازم) غریب ہو جانا۔ نام و نمود باقی رہنا۔ دیوالہ نکلنا۔ حیثیت خراب کرنا (متعدی) شکل بگاڑنا۔ بدصورت کرنا۔ ہیئت خراب کرنا۔ حیثیت رکھنا (لازم) ۱ قابلیت ہونا۔ لیاقت ہونا ۲ ملکیت ہونا۔ دولت ہونا ۳ گنجائش رکھنا۔ سمانا۔ حیثیت سے بڑھ کر۔ بساط سے زیادہ۔ مقدور سے باہر۔ حیثیت عرفی (مونث) ۱ شہرت۔ ناموری ۲ ظاہری یا بنی ہوئی عزت۔ حیثیت ہونا (لازم) ۱ لیاقت ہونا ۲ بساط ہونا وغیرہ حیثیت یافتہ (صفت) ۱ جس کے پاس آمدنی کے ذرائع ہوں ۲ قابل کیا ہوا۔ قابل بنایا ہوا۔

حَید (ع۔ مذکر) ۱ پھرنا۔ بے راہ ہونا ۲ ہرن یا بکری کے سینگ پر گانٹھ ۳ پہاڑی جو پہاڑ کے ایک طرف نکلی ہوئی ہو ۴ کوئی ابھری ہوئی چیز۔

حَیدا (ع۔ مذکر) خوراک۔

حَیدر (ع۔ مذکر) ۱ شیر ۲ حضرت علی کا لقب (حَدَر۔ مضبوط اور موٹا ہونا) حیدر کرار (مذکر) بار بار حملے کرنیوالا حیدر۔ حضرت علی کا لقب۔ حیدر نامہ (مذکر) ایک کتاب مصنفہ فرید الدین عطار۔ حیدری (صفت) ۱ حیدر کی۔ حیدر کے متعلق ۲ ایک فرقہ شیعوں کا ۳ اس فرقے کا ایک فرد۔

حَیر (ع۔ مذکر) ۱ حیران ہونا ۲ چندھیا جانا۔

حَیران (ع۔ صفت) ۱ گھبرایا ہوا۔ سٹ پٹایا ہوا۔ ہکا بکا۔ دنگ۔ متحیر ۲ خراب۔ پریشان۔ بھٹکنے والا۔ سرگشتہ (کرد ینا کرنا ہو جانا ہونا کے ساتھ) (حَیر۔ گھبرا جانا) حیران و پریشان (صفت) سخت گھبرایا ہوا۔ ہکا بکا۔ سٹ پٹایا ہوا۔ حیرانی (مونث) ۱ گھبراہٹ۔ پریشانی ۲ تحیر۔ حیرت۔

حَیرت (ع۔ مونث) ۱ گھبراہٹ۔ پریشانی ۲ تحیر ۳ حیرت۔ حیرانی ۴ داستان طلسم ہوشربا میں افراسیاب کی بیوی۔ حیرت آفریں (صفت) جو حیرت پیدا کرے۔ حیرت افزا (صفت) حیرت بڑھانیوالا۔ حیران کرنے والا۔ حیرت انگیز (صفت) دنگ کرنے والا۔ حیرت پیدا کرنے والا۔ حیرت زدہ (صفت) حیران۔ ہو چکا۔ حیرت کا پتلا (صفت) سخت متحیر۔ حیرت مآب (صفت) حیران۔ متحیر۔ دنگ۔ حیرتی (صفت) حیران۔ محو۔ سرشار۔ متحیر۔ حیرت سے تکنے والا۔

حَیرَما (ع۔ ظرف) بعض وقت۔

حَیری (ع۔ صفت۔ مونث) حیران (عورت)

حَیِّز (ع۔ مذکر) ۱ جگہ۔ حصہ مقام ۲ صحن۔ رقبہ۔

حِیز (ع۔ مذکر) ۱ مخنث۔ ہیجڑا ۲ گانڈو (خَوَز۔ الٹا ہونا) حیزی (صفت) لونڈے باز۔

حَیزُوم (ع۔ مذکر) ۱ چھاتی ۲ وہ گھوڑا جس پر شب معراج حضرت جبرائیل سوار تھے۔

حَیس (ع۔ مذکر) ۱ کھجور دل مکھن اور دہی سے ایک قسم کا کھانا تیار کرنا ۲ یہ کھانا

حَیش (ع۔ مذکر) ڈر سے کانپنا۔ جلدی کرنا۔

حَیص (ع۔ مذکر) بھرنا۔ مڑنا۔

حَیص بَیص (ع۔ مونث) بحث۔ تکرار (کرنا ہونا کے ساتھ) (حاص۔ حَیص۔ مڑ جانا)

حیصَل (ع۔ مذکر) بینگن۔

حَیض (ع۔ مذکر) ماہواری خون (آنا کے ساتھ) (حاض حَیض۔ ماہواری خون آنا) حیض آور (صفت) وہ دوائی جو حیض لائے حیض سے پاک ہونا (لازم) عورت کا حیض سے فارغ ہونا۔ حیض سے ہونا (لازم)

عورت کو ماہواری خون آنا حیض کا لتہ (مذکر) ۱ وہ کپڑا جس سے عورتیں خون پاک کرکے پھینک دیتی ہیں ۲ حقیر اور ذلیل آدمی حیض کی گدی (مونث) دیکھو آخری ۱ - حیضی

حیضی بچہ (صفت و مذکر) حرامی - ولد الحرام ۲ شرارتی -

حیطان (ع - مذکر) حائط کی جمع دیواریں -

حیطت (ع - مونث) ۱ چاردیواری ۲ صحن

حیط (ع - مذکر) چاردیواری - احاطہ محوطہ - (حفاظت کرنا)

حیعلت (ع - مونث) حی علی الصلوٰۃ کہنا -

حیف (ع - مذکر) بے انصافی کرنا ۲ بے انصافی - ظلم ۳ انتقام ۴ رحم - افسوس - دریغ

امثال و اقوال حیف باشد دل دانا کہ مشوش باشد - اگر عقلمند کا دل فکرمند ہو تو افسوس ہے عقلمندوں کو کسی بات سے فکرمند نہ ہونا چاہئے حیف دانا مردن و افسوس ناداں زیستن عقلمند کی موت اور بیوقوف کی زندگی پر افسوس ہے حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد روئے گل سیر ندیدیم و بہار آخر شد - افسوس کہ پلک جھپکتے ہی دوست کی صحبت ختم ہو گئی ہم نے جی بھر کر پھول کی صورت بھی نہ دیکھی تھی کہ بہار ختم ہو گئی کسی پرلطف صحبت کے یکایک ختم ہو جانے پر کہتے ہیں -

حیق (ع - مذکر) ۱ گھیرنا ۲ مصیبت پڑنا ۳ جو کچھ انسان پر گذرے اور جو اس کی اپنی بد افعالیوں کا نتیجہ ہو -

حیک (ع - مذکر) ۱ اکڑ کر چلنا ۲ ٹہلنا ۳ کسی لفظ کا دل پر اثر کرنا ۴ کاٹنا - داخل ہونا تلوار یا چھری کا ۵ بندنا -

حیل (ع - مذکر) ۱ قوت ۲ ہوشیاری چالاکی - فریب

حیل (ع - مذکر) جمع حیلہ کی. دھوکہ بازیاں - فریب -

حیلتاً (ع - نف) بہانے سے - چالاکی سے - دھوکے سے -

حیلہ (ع - مذکر) بہانہ - مکر - فریب - دھوکا نوکری - روزگار - کام دھندا - بدلنا مکرنا حیلہ باز - ساز یا گر (صفت) ۱ بہانے کرنیوالا ۲ مکار - فریبی - دغاباز حیلہ بازی - سازی - گری (مونث) ۱ بہانہ - عذر ۲ مکاری - فریب - دھوکہ بازی کرنا بنو ... جب حوالہ (مذکر) ٹال مٹول کرنا ہونا کے ساتھ حیلہ ... کرنا (متعدی) نوکر کرانا - حیلہ کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بہانہ وغیرہ ہونا ۲ نوکر ہونا ۳ کوشش ہونا -

امثال حیلہ جو را بہانہ بسیار است حیلہ ڈھونڈ جیسے والے کے لئے بہانے بہت ہیں - حیلے رزق بہانے موت - موت اور رزق کیلئے تھوڑا سا بہانہ درکار ہے جب معمولی سی بات پر موت ہو جائے یا تھوڑی سی محنت سے کسی کو بہت سے فائدے پہنچتے ہیں -

حین (ع - مذکر) ۱ وقت آنا ۲ نزدیک آنا ۳ تباہی - بربادی ۴ موت -

حین (ع - مذکر) ۱ وقت - زمانہ - مدت - سال ۲ ... سال - چالیس سال ۳ صبح شام ۴ قیامت ۵ ... موسم کا آنا حین حیات (مونث) ۱ تمام زندگی ۲ (صفت) زندگی بھر - تمام عمر -

حیوان (ع - مذکر) ۱ جانور - ذی روح ۲ چرند ۳ وحشی ۴ بیوقوف - نادان ... جمع حیوانات (مذکر) ... حیوان مطلق (مذکر) ۱ جانور - چوپایہ ۲ (صفت) بے سلیقہ - بدتمیز حیوان ناطق (مذکر) سینگنے والا جانور - گدھا حیوان ناطق (مذکر) بولنے والا جانور - انسان

حیوانی (صفت) ۱ حیوان کی حیوان کے متعلق ۲ انسانی کے بالمقابل ... نفسانی -

حیوانیت (مونث) ۱ حیوان کی خاصیت - حیوان کا فعل ۲ وحشت - درندگی - وحشی پن ۳ نادانی - بیوقوفی ۴ بے شرمی - بے حیائی -

حیوت حیوۃ (ع - مونث) حیات حیوۃ افزا (صفت) زندگی بڑھانے والا -

حیود (ع - مذکر) ۱ انکار کرنا ۲ ہٹ جانا - پھر جانا ۳ حید کی جمع -

حیتہ (ع - مذکر) ایک لمبا کپڑا

خ

خ (ع۔ مونث)؎ تلفظ خے اردو کا دسواں فارسی کا نواں اور عربی کا ساتواں حرف ہے ۲ ہندی اور سنسکرت میں یہ حرف نہیں مگر گ کھ کے نیچے نقطہ دیکر خ بنا لیتے ہیں۔ اسے خائے منقوطہ یا معجمہ بھی کہتے ہیں۔ حساب ابجد میں اس کے ۶۰۰ عدد فرض کئے گئے ہیں۔ علم الافلاک میں ستارہ منگل یا مریخ کو ظاہر کرتا ہے۔

خا (ف۔ صفت) چبانے والا۔ کترنے والا۔ کھانیوالا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے شکر خا (خائیدن مصدر)؎ ۲ نیز حرف خے کا فارسی تلفظ۔

خابئت (ع۔ مونث) سرکے یا شراب کا برتن۔

خاتم (ع۔ مونث) مہر۔ مہر کی انگوٹھی (ختم۔ مہر لگانا) **خاتم بند** (مذکر)؎ مُہرکن ۲ خاتم بندی کا کام کرنیوالا۔ **خاتم بندی** (مونث) خاتم کاری **خاتم جم یا سلیمان** (مونث) حضرت سلیمان کی مہر کی انگوٹھی ۲ ایک نقش۔ **خاتم کاری** (مونث) لکڑی۔ ہاتھی دانت یا ہڈی پر گلکاری۔ **خاتمی** (مذکر) مہرکن۔

خاتم (ع۔ صفت)؎ ختم کرنے والا۔ انجام کو پہنچانے والا ۲ (مذکر) خاتمہ۔ ۳ دیکھو خاتم۔ **خاتم الانبیا یا الرُّسل۔ المرسلین یا النبیین** (مذکر) پیغمبر صلعم۔ **خاتمہ** (مذکر)؎ آخیر۔ انجام۔ اختتام ۲ موت۔ انتقال ۳ کتاب کا وہ حصہ جو کتاب ختم کرنے کے بعد لکھا جائے ۴ کسی چیز یا کتاب کا آخری حصہ۔ تتمہ۔ **خاتمہ بالخیر** (مذکر)؎ انجام۔ انجام بخیر ۲ ایمان کی سلامتی اور دینداری سے گزرنے کی دعا ۳ موت۔ (انتقال (ہونا کے ساتھ) **خاتمہ بخیر ہونا** (لازم) انجام اچھا ہونا۔ ایماندار مرنا۔ **خاتمہ بندی** (مونث)؎ چھت کے اندر کی طرف۔ چھت ۲ ایک قسم کا کام کمان بنانے میں۔ **خاتمہ کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم)؎ مرجانا۔ گزرنا ۲ انجام کو پہنچنا۔ ختم ہونا۔ **خاتمے** (مذکر)؎ خاتمہ کی جمع ۲ بجائے خاتمہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **خاتمے تک پہنچانا** (متعدی)؎ آخیر تک پہنچانا۔ ختم کرنا۔ انجام کو پہنچانا ۲ کسی کاروبار کو بند کرنا۔

خاتن (ع۔ مذکر) ختنہ کرنے والا آدمی **خاتنت۔ خاتنہ** (مونث) ختنہ کرنے والی عورت

خاتون (ت۔ مونث)؎ عالی خاندان عورت۔ امیر گھر کی عورت ۲ عورتوں کے نام کے آخیر میں آتا ہے۔ جیسے زبیدہ خاتون ۳ عورتوں کا ایک نام۔ **خاتون جنّت** (مونث) حضرت فاطمہ کا لقب۔ **خاتون جہاں** (مونث) سورج۔ **خاتون خم** (مونث)؎ شراب خالص ۲ شراب کا خم۔ **خاتون عرب** (مونث)؎ حضرت فاطمہ ۲ کعبہ۔ **خاتون فلک** (مونث)؎ سورج ۲ چاند ۳ زہرہ۔ ناہید۔ **خاتون محل** (مونث) گھر کی مالک۔ منکوحہ بیوی۔ **خاتون یغما** (مذکر) سورج۔

خاج (ف۔ مذکر)؎ صلیب ۲ کان کا نرم حصہ۔ بنائے گوش۔ لو۔

خاد (ف۔ مذکر)؎ چیل ۲ باز۔ عقاب۔

خادر (ع۔ صفت)؎ کمزور ۲ بیوقوف ۳ شبیر

خادع (ع۔ صفت) دھوکے باز۔ دغاباز۔

خادم (ع۔ مذکر)؎ نوکر۔ ملازم۔ خدمتگار ۲ متکلم کسر نفسی سے اپنے متعلق کہتا ہے ۳ کسی درگاہ کا خدمتگار۔ مجاور ۴ متولی (خدم۔ خدمت کرنا)، **خادم الطلبا** (مذکر) استاد سکول کا۔ پروفیسر۔ **خادمان** (مذکر) خادم کی جمع۔ **خادم پیر یا سپہر** (مذکر) زحل۔ سنیچر۔ **خادم درگاہ** (مذکر) مجاور۔ **خادمہ** (مونث) نوکر۔ ملازم۔ ملازمہ۔ **خادمی** (مونث) نوکری۔ ملازمت۔

خادہ (ف۔ مونث)؎ سیدھی شاخ ۲ جھاڑو کا دستہ ۳ پہنچو ۴ پھانسی کی ٹکٹکی ۵ اکٹھے کرنے کا آلہ یا پنجہ۔

خار (ف۔ مذکر)؎ کانٹا۔ پھانس ۲ مرغ کا کانٹا جو ٹخنے پر ہوتا ہے ۳ سیہ کا کانٹا ۴ دشمن ۵ حسد۔ جلن ۶ ناگوار۔ دوبھر ۷ ڈاڑھی کے سخت بال۔ ڈاڑھی ۸ جو کی بال ۹ ڈنک ۱۰ پورا چاند ۱۱ سخت پتھر ۱۲ ایک شہر۔ **خار آنکھوں کا** (مذکر) وہ چیز جو آنکھوں کو بُری معلوم ہو۔ **خار آہنی** (مذکر) لوہے کی میخ۔ **خار بست یا بند** (مذکر) کانٹوں کی باڑ۔ **خار پشت** (مذکر)؎ جنگلی چوہا جس کی پیٹھ پر کانٹے ہوتے ہیں ۲ کٹھل۔ ایک قسم کا پھل ۳ پشت خار جس سے پیٹھ کھجاتے ہیں۔ **خار ترازو** (مذکر) سنار کے ترازو کا کانٹا۔ **خار چینی** (مذکر)؎ ایک سخت مادہ جس سے چینی آئینے بناتے ہیں ۲ تکلیف۔ غم۔ رنج ۳ عشق۔ محبت آرزو ۴ زخم۔ چرکا ۵ گرمی ۶ خلش۔ **خار خار** (مذکر)؎ بیکلی۔ بےچینی پریشانی۔ **خار خسک** (مذکر) گوکھرو۔ **خار دار** (صفت) کانٹے دار ۲ ڈاڑھی دار ۳ (مذکر) وہ لڑکا جس کی داڑھی نکل آئی ہو۔ **خار دینا** ۱ رنج دینا۔ ستانا ۲ ایذا دینا۔ **خار دار لٹو** (مذکر) ایک قسم کے کانٹے دار لٹو جو قیدیوں کی بغلوں میں باندھ دیا کرتے تھے تاکہ بازو نیچے نہ کرسکیں۔ **خار راہ** (مذکر)؎ کانٹے جو رستے میں ہوں ۲ تکلیف یا ایذا دینے والی چیز۔ **خار زار۔ خارستان** (مذکر) وہ جگہ جہاں کثرت سے کانٹے ہوں۔ کانٹوں کا جنگل۔ **خار سپہر** (مذکر) مصیبت۔ بلائے آسمانی۔ **خار شتر** (مذکر) ایک پودہ جس کے اونٹ شائق ہیں۔ اونٹ کٹارا۔ **خار عقرب** (مذکر)؎ بچھو کا ڈنگ ۲ سیارہ منگل یا مریخ۔ **خار کش** (مذکر) لکڑہارا۔ **خار کھانا** (متعدی) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ **خار گزرنا یا لگنا یا معلوم ہونا** (لازم) بُرا لگنا۔ ناگوار ہونا۔ **خار ماہی** (مذکر) مچھلی کا کانٹا۔ **خار مغیلاں** (مذکر) کیکر کا کانٹا۔ **خار نکالنا** (متعدی)، **خار نکلنا** (لازم) عداوت پوری ہونا۔ **خار وخس** (مذکر) خس وخاشاک۔ کوڑا کرکٹ۔ **خار ہونا** (لازم) بُرا لگنا۔ کھٹکنا۔

مثل۔ خار وطن از سنبل و ریحاں خوشتر۔ اپنے وطن کے کانٹے بھی دوسری جگہ کے پھولوں سے بہتر ہیں۔

خارا (ف۔ مذکر)؎ سخت پتھر۔ چٹان ۲ ایک قسم کا لہردار ریشم ۳ ایک سر۔ **خارا پوش** (صفت) لہردار ریشم میں ملبوس۔ **خارا تیراش** (مذکر) سنگتراش۔ **خارا ستیز** (صفت) لڑاکا ۲ پتھر کی طرح سخت۔ **خارا سنگ** (مذکر) سنگ مرمر۔ **خارا شگاف** (صفت) پتھر میں شگاف کرنیوالا۔ **خارا شکن** (صفت) پتھر توڑنے

والا۔ خارائی (مونث) ۱ سختی۔

خارج (ع۔ صفت) ۱ باہر۔ بیرونی ۲ الگ۔ علیحدہ۔ جدا ۳ نکلا ہوا۔ الگ کیا ہوا۔ ۴ باغی۔ سرکش ۵ کافر۔ مرتد ۶ بے سرا ۷ نقیض۔ مخالف ۸ بڑھایا ہوا۔ کھینچا ہوا جیسے خط علم ہندسہ میں۔ **خارجاً** (تف) ۱ بالا بالا ۲ ظاہراً۔ باہر سے۔ **خارج آہنگ** (صفت) بے سرا۔ **خارج از استعمال** (صفت) بے ضرورت۔ فضول۔ جو استعمال نہ ہو۔ **خارج از بحث** (صفت) ۱ بحث سے الگ۔ فضول بات ۲ جملہ معترضہ۔ **خارج از شمار** (صفت) بیشمار۔ **خارج از عقل** (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **خارج از قسمت** (صفت) ناقابل تقسیم۔ **خارج از مرکز** (صفت) مختلف المرکز (دائرہ) **خارج قسمت** (مذکر) وہ عدد جو مقسوم کو مقسوم الیہ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو۔ **خارج کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ نکلنا۔ باہر ہونا۔ جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا۔ ۲ مقدمہ ڈسمس ہونا ۳ درخواست نامنظور ہونا۔ ۴ خط کو لمبا کرنا علم ہندسہ میں ۵ برادری یا ذات سے نکالا جانا۔ **خارجہ** (صفت) ۱ باہر کا۔ خارجی ۲ (مذکر) وہ شخص یا چیز جو نکالی جائے یا خارج کی جائے ۳ صفحہ کا آخری لفظ جو اگلے صفحے پر لیجایا جاتا ہے ۴ ستارہ جو نشانی کے طور پر حاشئے پر بنادیتے ہیں۔ **خارجی** (صفت) ۱ بیرونی باہر کا۔ باہر کے متعلق ۲ جدا۔ علحدہ۔ الگ کیا ہوا ۳ دوسرے گاؤں یا فرقے کا ۴ نکالا ہوا۔ برادری سے خارج کیا ہوا ۵ (مذکر) ایک فرقہ مسلمانوں میں جو رافضیوں کے برخلاف ہے اور پہلے تین خلفاء کو اچھا کہتا ہے اور حضرت علیؓ کو برا۔ **خارجیہ** (مذکر) دیکھو خارجی ۵۔

خارش۔ خارشت (ف۔ مونث) ۱ کھجلی۔ کھاج۔ جھونجھ۔ **خارشتی** (صفت) کھجلی والا۔

مثل۔ خارشتی کتیا مخمل کی جھول۔ جب کوئی بدشکل آدمی اچھا لباس پہنے تو کہتے ہیں۔

خارف (ع۔ مذکر) کھجوروں کے باغ کا محافظ۔

خارق (ع۔ مذکر) توڑنے والا۔ **خارق عادات** (صفت) ۱ قدرت کے برخلاف۔ عادات کو توڑنے والا ۲ (مذکر) کنایتاً معجزہ۔ کرامت۔

خارک (ف۔ مذکر) ۱ چھوٹا کانٹا ۲ ایک چھوٹا جزیرہ خلیج فارس میں ۳ کھجوریں جو اس جزیرے میں ہوتی ہیں ۴ خشک اور کچی کھجوریں۔

خارہ (ف۔ مذکر) ۱ دیکھو خارا ۲ جھاڑ کی لکڑی ۳ جھاڑو جو لمبی لکڑی کے سرے پر لگایا جائے ۴ عورت۔ **خارہ کوہ** (مذکر) پتھر کا پہاڑ۔

خاری (ف۔ مونث) خواری کا مخفف ۱ کمینہ پن۔ رزالت ۲ ذلت۔ رسوائی۔ فضیحت۔

خازق (ع۔ صفت) نشانے پر لگنے والا (تیر)۔

خازن (ع۔ مذکر) ۱ خزانچی ۲ محافظ دلی۔ نگہبان ۳ (صفت) جمع کرنے والا۔ حفاظت کرنے والا۔

خاست (ف۔ امر) خواستن سے ۱ اٹھنا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے جیسے برخاست۔ **خاستگی** (مونث) خمیر کا اٹھنا۔ **خاستہ** (صفت) اٹھا ہوا۔ مرکبات کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے نوخاستہ۔

خاستائی (ف۔ مذکر) کبوتر کا ایک رنگ۔ **خاستائی ٹینٹ** (مذکر) سفیدی کا حلقہ جو خاستائی کبوتر کی گردن کے نیچے اور سینے کے اوپر ہوتا ہے۔

خاسر (ع۔ صفت) نقصان اٹھانے والا۔ ہارنے والا۔ گھاٹا کھانے والا (خسر۔ نقصان اٹھانا)

خاشاک (ف۔ مذکر) کوڑا کرکٹ۔ اردو میں خس و خاشاک کی ترکیب سے استعمال ہوتا ہے۔

خاشع (ع۔ صفت) ۱ عاجزی کرنیوالا ۲ (مذکر) کھنڈر۔ وہ غیر آباد جگہ جہاں کوئی مکان نہ رہے (خشع۔ مطیع ہونا)

خاشی (ع۔ صفت) ۱ ڈر، جو خوف کھائے یا ڈرے ۲ ڈرپوک۔ بزدل۔ خائف۔ (خشی۔ ڈرنا)

خاص خاص (ع۔ صفت) ۱ عام کا متضاد مخصوص۔ ایک ذات سے متعلق ۲ نج کا۔ اپنا۔ ذاتی ۳ صرف۔ فقط ۴ نادر۔ عمدہ۔ منتخب۔ چیدہ ۵ ٹھیک ٹھیک۔ درست ۶ منظور نظر۔ مرغوب۔ مقبول ۷ خصوصیت سے۔ بالخصوص ۸ (مذکر) تشدید صاد سے۔ شریف آدمی۔ چیدہ شخص۔ منظور نظر شخص (خص۔ خاص کرنا) **خاصا** (صفت) ۱ اچھا۔ خوب۔ مناسب۔ موزوں۔ سڈول ۲ (مذکر) ایک قسم کا سوتی کپڑا جو ململ سے موٹا ہوتا ہے اور لٹھے سے پتلا ہوتا ہے ۳ امیروں یا بادشاہوں کا کھانا۔ **خاصا چننا** (متعدی) کھانا لگانا۔ دسترخوان پر مختلف قسم کے کھانے رکھنا۔ **خاصا رہا** ۱ اچھا رہا۔ خوب رہا ۲ طنزاً نتیجہ خراب ہوا۔ **خاص الخاص** (صفت) ۱ نہایت چیدہ یا منتخب ۲ بہت منظور نظر۔ سخت مرغوب۔

خاصان (مذکر) جمع خاص کی۔ امرا۔ افسران خاص لوگ۔ **خاص بازار** (مذکر) وہ بازار جو بادشاہوں اور امرا کے مکانات کے پاس ہو۔ **خاص بردار** (مذکر) ۱ وہ سپاہی جس کو ہتھیار مالک دے ۲ وہ سپاہی جو بندوق اٹھا کر بادشاہوں یا امیروں کے آگے چلے ۳ بندوقچی۔ سپاہی ۴ وہ شخص جس کے پاس پاندان رہے۔

خاص پتی (مونث) وہ مٹھائی جو کھانے کے بعد آئے۔ **خاصتاً** (تف) خصوصیت سے۔ خصوصاً۔ بالخصوص۔ **خاص تحصیل** (مذکر) ۱ وہ مالگزاری کی تحصیل جو سرکار براہ راست لیے زمیندار یا ٹھیکیدار کی معرفت نہ ہو۔ **خاص تراش** (مذکر) بادشاہ یا امیروں کا حجام۔ **خاص تعلق** (مذکر) گہرا تعلق۔ بہت دوستی۔ آشنائی ۲ زمین جو بادشاہ یا سرکار کی ملکیت ہو۔ جن کے اصل مالک بغیر وارث کے مرگئے ہوں۔ **خاص توجہ** (مذکر) کسی بات یا کسی شخص کا خاص طور پر خیال رکھنا و دینا کے ساتھ۔ **خاص چیلا** (مذکر) وہ چیلا جس نے مہنت کے بعد گدی پر بیٹھنا ہو۔ **خاص خاص لوگ** (مذکر) چیدہ آدمی۔ رؤسا۔ امرا۔ **خاص دام** (مذکر) ۱ ایک محصول جس کی آمدنی سے بادشاہوں کے کپڑے بنتے ہیں۔

خاصدان (مذکر) ۱ گلوریاں رکھنے کا برتن ۲

ایک برتن جس میں پانی لیجاتے ہیں ۳ تھیلا مسافر کا۔ جامدانی۔ **خاص زمین** (مذکر) دیکھو خاص تعلق ۳۔ **خاص طلب** (مذکر) حلوہ۔ زنک چشم و حدم خاکر (تف) خصوصاً۔ بالخصوص۔ **خاصگان** (مذکر) امرا خاصگی (مونث) ۱ خصوصیت۔ خاصیت ۲ شرافت۔ نفاست ۳ کوئی چیز جو نہایت نفیس ہو ۴ لونڈی جو منظور نظر ہو ۵ خاص غلام ۶ خزانچی۔ **خاص محال** (مذکر) وہ جائداد جس کا سرکار انتظام کرے۔ **خاص محل** (مذکر) ۱ زنانخانہ۔ بیویوں کا محل ۲ بادشاہ کی وہ بیگم جس کے ساتھ پہلی شادی ہوئی ہو۔ **خاص نویس** (مذکر) ۱ وہ دفتر جہاں بادشاہ کے نج کا حساب رکھا جائے ۲ نج کا منشی۔ پرائیویٹ سیکرٹری۔ **خاص و عام** (مذکر) امیر و غریب۔ چھوٹے بڑے ۲ (صفت) سب تمام۔ **خاصہ** (مذکر) ۱ دیکھو خاصہ ۲ و ۳ ۲ گھوڑا بادشاہ کی سواری کا۔ **خاصّہ** (صفت) نج کا۔ ذاتی۔ اپنا ۲ خالص ۳ اعلے۔ نفیس۔ موزوں ۴ اچھا۔ بھلا۔ خوب۔ مناسب ۵ خوبصورت۔ خوشگوار۔ خوش کن ۶ نیک۔ صالح۔ بھلا ۷ معمولی۔ عام درجے کا۔ میانہ ۸ خاصیت خصوصیت خاص وصف جو کسی چیز میں پایا جائے ۹ نج کا نوکر۔ پرائیویٹ سیکرٹری ۱۰ گھوڑا بادشاہ کی سواری کا ۱۱ دیکھو خاصا۔ **خاصہ باغ** (مذکر) شاہی نج کا باغ۔ **خاصہ باغ سفید** (مذکر) بردع میں ایک شاہی باغ۔ **خاصی** (مذکر) ۱ اخصی کرنے والا … (مونث) دیکھو خاصہ۔ **خاصے** (صفت و مذکر) ۱ خاصہ کی جمع ۲ بجائے خاصہ حروف مغیرہ کے بعد **خاصے پر بھیجنا** (متعدی) دسترخوان پر رکھنے کا حکم دینا۔ **خاصی پیاری** (مونث) دوست باز عورتوں میں ایک دوسرے کو خطاب کرنے کا کلمہ۔ **خاصیت** (مونث) ۱ وصف۔ صفت خصوصیت ۲ طبیعت۔ خصلت۔ عادت ۳ اثر۔ تاثیر (ہونا کے ساتھ) **خاصے رہے** ۱ اچھے رہے۔ بھلے رہے ۲ طنزاً نتیجہ خراب رہا۔ **خاصے** (کے) **گھوڑے** (مذکر) بادشاہ کی سواری کے گھوڑے جو ہر وقت تیار رہیں۔

خاصی (ع۔ صفت) خصّی کرنیوالا

خاضع (ع۔ صفت) ۱ عاجزی کرنیوالا ۲ مسکین۔ عاجز (خضع۔ عاجز ہونا)

خاطِب (ع۔ مذکر) تقریر کرنے والا۔ مقرر۔ واعظ۔ سپیکر ۲ وہ جو شادی کی درخواست کرے ۳ خطاب کرنے والا۔ صیغہ مخاطب۔

خاطِر (ع۔ مونث) ۱ دل۔ جی۔ من۔ ضمیر ۲ وہ چیز جو دل میں گزرے۔ خیال۔ سوچ۔ بچار۔ تفکر۔ تصور۔ دھیان ۳ لحاظ۔ مروت ۴ مرضی۔ خوشی ۵ تواضع۔ مدارات۔ آؤ بھگت ۶ یاد۔ حافظہ۔ چنتا ۷ طبیعت۔ مزاج ۸ طرفداری۔ پاسداری ۹ کلیجہ۔ جگر ۱۰ (تف) واسطے۔ کارن۔ **خاطراً** (صفت) ۱ واسطے۔ وجہ سے۔ کارن ۲ دل میں ۳ دل سے ۴ مرضی سے خوشی سے ۵ مہربانی کے طور پر۔ **خاطر آزاری** (مونث) ناخوشی۔ ناراضگی۔ **خاطر آزردہ** (صفت) ملول۔ رنجیدہ۔ غمگین۔ **خاطر آشفتہ**۔ **بستہ** یا **پریشان** (صفت) پریشان خاطر بیچین۔ گھبرایا ہوا۔ **خاطر بند ہونا** (لازم) انقباض خاطر ہونا۔ (مت) **خاطر پذیر یا پسند** (صفت) خوشگوار۔ دل پسند۔ **خاطر تلے آنا** (لازم) باوقعت ہونا۔ **خاطر توڑنا** (متعدی) دل شکنی کرنا۔ **خاطر جمع** (مونث) ۱ دلجمعی۔ دل کا اطمینان ۲ (صفت) تسلی یاب۔ مطمئن (رکھنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **خاطر جمعی** (مونث) تسکین۔ تسلی۔ تقویت۔ دلجمعی۔ **خاطر خواہ** (صفت) مرضی کے موافق۔ مرغوب۔ دلپسند۔ **خاطر داری** (مونث) دیکھو خاطر ۵ (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **خاطر داشت** (مذکر) ۱ خلق۔ اخلاق ۲ یادداشت ۳ اخلاص مروت پاس۔ **خاطر رکھنا** (متعدی) ۱ لحاظ رکھنا۔ پاس رکھنا ۲ پسند کرنا۔ چاہنا ۳ قصد کرنا۔ ارادہ کرنا ۴ حوصلہ دینا۔ ہمت بندھانا۔ تسلی دینا۔ **خاطر سے** (تف) ۱ لحاظ سے۔ پاس سے ۲ واسطے۔ لئے۔ **خاطر عاطر** (مونث) پاکیزہ طبیعت۔ **خاطر فریب** (مذکر) دلفریب دلکش۔ دل موہ لینے والا۔ **خاطر کرنا** ۱ آؤ بھگت کرنا۔ تواضع کرنا ۲ دلجوئی کرنا۔ تسلی کرنا ۳ مرضی کے موافق کرنا۔ خوشی کرنا۔ **خاطر میں آنا** (لازم) ۱ باوقعت ہونا ۲ خیال میں آنا۔ **خاطر میں رکھنا** (متعدی) یاد رکھنا دھیان میں رکھنا۔ **خاطر میں گزرنا** (لازم) دل میں آنا خیال میں رکھنا۔ **خاطر میں نہ آنا** (لازم) ۱ خیال میں نہ آنا۔ دل میں نہ گزرنا ۲ بیوقعت ہونا ۳ ارادہ یا قصد نہ ہونا۔ **خاطر میں نہ لانا** (متعدی) ۱ پروا نہ کرنا۔ توجہ نہ کرنا ۲ خیال نہ کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔ **خاطر نشان** (مونث) ۱ کوئی نشانی یاد کے لئے ۲ تسلی۔ اطمینان ۳ دل پر اثر ۴ (صفت) زبانی۔ حفظ ۵ جس کا دل پر اثر ہو۔ (کر دینا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **خاطر نشین** ۱ (صفت) جو دل میں بیٹھ جائے ۲ پیارا۔ پسندیدہ۔ چیدہ ۳ ذہن نشین۔ حفظ۔ زبانی ۴ ہر وقت محو خیال۔ **خاطر والا** (صفت۔ غف) ۱ بڑے دل والا ۲ مہربان۔ خلیق۔ بامروت۔ **خاطر ہونا** (لازم) تواضع ہونا۔ مدارات ہونا ۲ پاسداری ہونا۔ لحاظ ہونا۔ طرفداری ہونا۔

خاطِف (ع۔ صفت) ۱ چھین لینے والا۔ اُچک لے جانے والا (خطف۔ چھین لینا)

خاطی (ع۔ صفت) گنا ہگار۔ خطا کار۔ پاپی۔ (خطیٰ۔ گنا و کرنا)

خافِض (ع۔ صفت) ۱ دبانے والا سختی کرنیوالا۔ خدا کا ایک صفاتی نام۔ ظالموں پر سختی کرنے کی وجہ سے (خفض۔ سختی کرنا)

خافِضَت (ع۔ مونث) ۱ نیچی زمین نیچے لانیوالا ۲ وہ عورت جو اپنے پہلے شوہر کی یاد میں رہے

خافِق (ع۔ مذکر) افق خافقین (تثنیہ) دونوں افق۔ مشرق اور مغرب۔

خافی (ع۔ صفت) چھپا ہوا۔ خفیہ نہاں۔ پوشیدہ۔

خافِیت (ع۔ مونث) ۱ رازِ ۲ زیتون کے درخت کی شاخ۔

خاقان (ت۔ مذکر) ۱ شہنشاہ سلطان بڑا بادشاہ۔ اصل لفظ خاخاں تھا۔ جس کے معنی بڑا خان ہیں۔ بگڑ کر خاقان ہوا ۲ چنگیز خاں نے یہ لقب اختیار کیا تھا۔ اور مسلمان چین کے بادشاہوں کو کہتے تھے۔ اب عام طور پر بڑے بادشاہ کے معنوں میں لیا جاتا ہے ۳ دیکھو فتح علی شاہ۔ **خاقان کلاہ** (مذکر) سلطانی تاج کا مالک۔ شہنشاہ۔ **خاقانیاں** (جمع) خاقان کی۔ شہنشاہان۔

خاک (ف۔ مونث) ۱ مٹی۔ گرد۔ دھول ۲ کشتہ ۳ خاکستر۔ راکھ۔ بھبھوت ۴ زمین۔ ملک ۵ قبر۔ خمیر ۶ مٹی ۷ (صفت) ہیچ۔ بے وقعت ۸ تھوڑا۔ بہت تھوڑا۔ کچھ ۹ کیا۔ کیونکر۔ کس طرح کس لئے ۹ کچھ بھی نہیں۔ کچھ نہیں۔ **خاک آلودگی**

(مونث) خاک سے لت پت ہونا۔ گرد سے بھرا ہونا۔ **خاک آلودہ** (صفت) خاک سے بھرا ہوا۔ **خاک اُڑاتے پھرنا** (متعدی) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ خراب خستہ پھرنا۔ **خاک اُڑانا** (متعدی) ۱ مٹی اُڑانا ۲ جانور کا پاؤں سے مٹی اُڑانا ۳ کتّے کا پاخانہ کرکے پاؤں سے مٹی ڈالنا ۴ بدنام کرنا۔ فضیحتا کرنا ۵ آوارہ پھرنا ۶ رل چل ڈالنا۔ کھلبلی مچانا ۷ محنت مشقت کرنا ۸ کچھ نہ کرنا۔ **خاک اُڑ جانا یا اُڑنا** (لازم) ۱ معمولی معنوں میں ۲ بے عزت ہونا بدنام ہونا ۳ غریب ہوجانا۔ دوالہ نکل جانا۔ تباہ ہونا ۴ کسی کا نہ ہونا۔ کسی جگہ کا ویران ہوجانا۔ **خاک انداز** (مذکر) ۱ وہ برتن جس سے چولھے کی خاک نکالتے ہیں ۲ وہ سوراخ قلعہ یا مکان میں جس سے کوڑا کرکٹ پھینکتے ہیں یا دشمن پر تیر یا بندوق چلاتے ہیں ۳ پھاوڑا ۔ بیلچہ ۴ خیمے کا حاشیہ ۵ جادوگر۔ ساحر۔ **خاک ایسی زندگی پر** - تف ایسے جینے پر۔ **خاک باز** (مذکر) خاکبازی کا کھیل کھیلنے والا۔ **خاکبازی** (مونث) ۱ بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک فریق کوئی چیز خاک کے کئی ڈھیروں میں سے ایک میں چھپا دیتا ہے۔ اور دوسرے فریق والے بتاتے ہیں کہ کس ڈھیر میں ہے ۲ مٹی سے کھیلنا ۳ ایک دوسرے پر خاک ڈالنا۔ **خاک بدہن** - منہ میں خاک۔ بُری بات کہنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ **خاک برسنا** (لازم) بے رونقی ہونا۔ **خاک بر سر یا بسر** ۱ (صفت) غمگین۔ مغموم ۲ مرا ہوا۔ مردہ ۳ مصیبت۔ غربت۔ **خاک برلب** (صفت) چپ۔ **خاک بھر جانا یا بھرنا** (متعدی) بند مکان میں خاک کا ہر چیز پر پڑ جانا۔ **خاک بھس** (عو) کچھ بھی نہیں ہیچ۔ **خاک بیز** (صفت) ۱ خاکروب۔ مہتر ۲ بڑی چھلنی جس سے چونا چھانتے ہیں ۳ وہ جو مطلب حاصل کرنے کے لئے سخت تکالیف اٹھائے ۴ ہشیار۔ ذہین۔ تیز فہم۔ **خاکبیزی** (مونث) خاکروب کا پیشہ ۲ اجنبی کی حالت ۳ سفر۔ **خاکِ پا** (صفت) مسکین۔ عاجز۔ **خاک پا ہونا** (لازم) اپنے کو کمال حقیر سمجھنا۔ **خاک پاؤں سے نہ لگنے دینا** (متعدی) ۱ ناز کرنا۔ نخرے کرنا ۲ اترا کے چلنا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا ۳ بہت تیز جانا۔ **خاک پتھر** (صفت) ہیچ۔ کچھ بھی نہیں۔ **خاک پر پڑا ہونا** (لازم) زمین پر گرا۔ لیٹا یا رکھا ہونا۔ **خاک پر لوٹنا** (متعدی) زمین پر لوٹنا تکلیف یا مصیبت میں۔ **خاک پڑ جانا یا پڑنا** (لازم) ۱ کسی چیز پر مٹی پڑنا ۲ کسی معاملے کا دب جانا۔ **خاک پڑے** - مٹ جائے۔ **خاک پھانکنا** (متعدی) ۱ آوارہ پھرنا ۲ جھوٹ بولنا ۳ بہتان لگانا۔ **خاک تودہ** (مذکر) ۱ مٹی کا ڈھیر۔ ریت کا ٹیلہ ۲ وہ مٹی کا ڈھیر جس پر نشانہ بازی کی مشق کرتے ہیں ۳ دیکھو خاکبازی ۴۔ **خاک تودہ بنا دینا** (متعدی) مورد الزام کرنا۔ **خاک تیرے منہ میں** - کسی بدفالی کی بات سن کر کہتے ہیں۔ **خاک جھونکنا** (متعدی) ۱ خاک ڈالنا۔ دھوکا دینا۔ **خاک جھڑ جانا** (متعدی) خاک دور ہو جانا۔ زد و کوب کا اثر نہ ہونا۔ **خاک چاٹ کر (بات) کہنا** (متعدی) دعویٰ کی بات عجز کے ساتھ کہنا۔ **خاک چاٹنا** (متعدی) ۱ اظہار عجز کرنا ۲ گویّے جب اُستاد کا نام لیتے ہیں خاک چاٹ کر کان پکڑتے ہیں ۳ کہتے ہیں کہ سانپ خاک چاٹتا ہے۔ اور جب اور کچھ کھانے کو نہ ملے تو اس طرح جیتا ہے۔ **خاک چھاننا** (متعدی) آوارہ پھرنا ۲ کسی چیز کی تلاش میں سرگرداں پھرنا ۳ بہت ڈھونڈھنا۔ بہت تلاش کرنا۔ **خاک چھنوانا** (م) خاک چھاننے کا۔ **خاک خلاص** (مونث) جمع کئے ہوئے دھات کے ذرّے۔ **خاکدان** (مذکر) ۱ مٹی اور کوڑا پھینکنے کی جگہ ۲ (مجازاً) دنیا۔ **خاک دھول** (عو) کچھ نہیں **خاک ڈالنا** (متعدی) ۱ عیب پوشی کرنا ۲ چھوڑنا۔ ترک کرنا ۳ لعنت بھیجنا ۴ رفع دفع کرنا۔ **خاکِ راہ** (صفت) ہیچ۔ ذلیل۔ حقیر۔ **خاکروب** (مذکر) ۱ بھنگی۔ چوہڑہ ۲ جھاڑو دینے والا۔ **خاکروبہ** (مذکر) جو جھاڑ کر اکٹھا کیا جائے۔ **خاکروبی** (مونث) خاکروب کا پیشہ۔ **خاکزاد** (مذکر) خاک سے پیدا ہونیوالا۔ انسان۔ **خاکسار** (مذکر) ۱ متکلم کسرِ نفسی سے اپنے آپ کو کہتا ہے ۲ (صفت) غریب۔ ذلیل۔ حقیر۔ **خاکساری** (مونث) ۱ عجز ۲ تواضع (کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **خاکستر** (مونث) راکھ۔ بھبھوت۔ **خاک سر پر اُڑانا یا ڈالنا** (متعدی) ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا۔ **خاک سیاہ کر دینا یا کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ جل جانا۔ راکھ ہوجانا ۲ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ **خاک سے زر پیدا ہونا** (لازم) معمولی سی محنت سے بہت سی دولت ہو جانا۔ اقبالمند کے متعلق کہتے ہیں۔ **خاکش** (مذکر) خاک کش کا مخفف۔ سہاگہ ہینگا۔

خاک شفا (مونث) ۱ تندرست کر دینے والی خاک سُنّیوں کے لئے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی خاک ۲ شیعوں کے لئے کربلا کی خاک ۳ عوام کے لئے کسی بزرگ کے مزار کی خاک یا کسی فقیر کی دی ہوئی خاک۔ **خاکش بدہن** - اس کے منہ میں خاک ۱ کسی نے کوئی بُری بات کہی ہو تو اس کے متعلق کہتے ہیں ۲ اس کا ستیاناس ہو۔ **خاکشو** (مذکر) ۱ نیاریا۔ وہ شخص جو سُناروں کی دوکان کی مٹی لے کر اس کو دھو کر سونا نکالتا ہے ۲ وہ جو مکان یا برتن بنانے کے لئے مٹی تیار کرے ۳ خوب کلاں۔ **خاکشور** (مذکر) دیکھو آخری معنے۔ **خاک کا پتلا** (مذکر) انسان۔ آدمی۔ **خاک کا پیوند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دفن ہونا ۲ مرنا۔ **خاک کر دینا یا کرنا** (متعدی) ۱ جلا کر راکھ کر دینا ۲ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا ۳ کشتہ بنانا۔ **خاک کش** (مذکر) سہاگہ۔ ہینگا۔ میرا۔ **خاک کے گھر کو لاکھ بنانا** (متعدی) غریب کو امیر بنا دینا۔ **خاک کے مول** (صفت) بہت سستا۔ **خاک لگنا** (مونث) مٹی کا چمٹ جانا۔ **خاک لے ڈالنا** (متعدی) کسی کام کے لئے بار بار کسی کے گھر جانا۔ **خاکم بدہن** - میرے منہ میں خاک۔ خود کوئی بدشگونی کی یا بُری بات کہیں تو کہتے ہیں۔ **خاک ملا** (صفت) ذلیل۔ خوار۔ تباہ حال۔ خستہ و خوار۔ **خاک ملنا** (مذکر) خاک بدن کے کسی حصے پر لگانا۔ بھبوت لگانا۔ **خاک میں خاک ملانا** (متعدی) ۱ مار ڈالنا۔ قتل کرنا ۲ نام و نشان مٹانا۔ **خاک میں خاک ملنا** (لازم) ۱ تباہ ہونا برباد ہونا ۲ مر جانا۔ فوت ہونا۔ **خاک میں سُلانا** (متعدی) قتل کرنا۔ قتل کرکے زمین میں دفن کر دینا۔ **خاک میں ملا دینا یا ملانا** (متعدی) ۱ مٹی میں ڈالنا ۲ برباد کرنا۔ تباہ کرنا ۳ ضائع کرنا۔ رائگاں گنوانا ۴ مار ڈالنا ۵ ذلیل و رسوا کرنا۔ **خاک میں مل جائے** (بددعا) تباہ ہو۔ مر جائے۔ **خاک میں ملنا** (لازم) ۱ دفن ہونا ۲ مٹی میں پڑنا ۳ برباد ہونا۔ تباہ ہونا ۴ تلف ہونا۔ ضائع ہونا۔ **خاکنائے** (مونث) خشکی کا وہ تنگ قطعہ جو خشکی کے دو بڑے قطعوں کو ملائے۔ جیسے خاکنائے سویز جو ایشیا اور افریقہ کو ملاتی ہے۔ **خاک نشین** (صفت) ۱ منکسر خاکسار ۲ متواضع۔ خلیق۔ **خاک نہاد** (صفت) ۱ مٹی سے پیدا ہوا ہوا ۲ منکسر المزاج۔ **خاک نہ ہونا**

(لازم) پاس کچھ نہ ہونا۔ **خاک نہیں۔** کچھ نہیں۔
خاک و آب (مذکر) بدن انسان۔ **خاک و باد** (مونث) ۱ مٹی اور ہوا ۲ (مذکر) غلام۔ بچہ ملازم ۳ ناصد ۴ (صفت) فرمانبردار۔ تابع۔ **خاک و خون میں ملانا** (متعدی) **ملنا** (لازم) برباد ہونا۔ فنا ہونا۔ **خاک ہاتھ نہ آنا** (لازم) کچھ نہ ملنا **خاک ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ مٹی ہونا۔ بوسیدہ ہونا ۲ کچھ نہ ہونا ۳ جل کر راکھ ہونا۔ سوختہ ہونا ۴ کشتہ ہونا ۵ میت کا بوسیدہ ہو کر مٹی ہونا ۶ رشک وحسد سے جل جانا ۷ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ **خاک ہے۔** کچھ نہیں بالکل نہیں۔ **خاکی** (صفت) ۱ خاک کے رنگ کا۔ مٹیالا ۲ خاک کی پیدائش ۳ (مذکر) پولیس یا فوج کی وردی کا رنگ جو آج کل مستعمل ہے ۴ اس رنگ کا کپڑا ۵ ایک فرقہ سادھوؤں کا جو بھبھوت ملتے ہیں ۶ سکھ فوج کیونکہ انہیں پہلے خاکی وردی ملی تھی ۷ بارانی زمین۔ وہ زمین جسے کنوئیں یا نہر کا پانی نہ ملے ۸ ایران میں ایک قوم ۹ ستاروں کے تین مجموعوں کا نام۔ دیکھو مثلثہ۔
خاکیان (جمع) خاکی کی۔ مسلمان فقیروں کا ایک فرقہ۔
خاکی انڈا (مذکر) وہ انڈا جو مرغی بغیر جفتی کے دے ۲ (صفت) حرامی۔ حرامزادہ۔ **خاکی انڈے کی پیدائش** (صفت) حرامی۔ **خاکین** (صفت) مٹی کا۔ **خاکی نہاد** (صفت) حلیم الطبع۔ منکسر مزاج۔ متواضع۔

امثال و اقوال۔ خاک از تودہ کلاں بردار۔ کاربراری اچھی جگہ سے کرو۔
خاک باشی خوک باشی یا سگ مردار باش
ہر چہ باشی باش عرفی اندکے زردار باش
روپے والے کے سب عیب چھپ جاتے ہیں۔ **خاک بر فرق بیکسی باد ا۔** بیکسی کے سر پر خاک۔ **خاک چھانتے پیر بیٹھے۔** فضول کام میں مشغول ہے۔
خاک دھول بکائن (کا پھول) کے تین پھول۔ شیخی ہی شیخی اور کچھ بھی نہیں۔ بالکل کسی کام کا نہیں۔ نکما ہے۔ **خاک ڈالے چاند نہیں چھپتا۔** خوبی برائی کرنے سے نہیں چھپتی۔
خاکساران جہاں را بہ حقارت منگر۔ دنیا کے خاکساروں کو حقیر نہ سمجھو۔ **خاک شو پیش ازاں کہ خاک شوی۔** مرنے سے پہلے یعنی زندگی میں عاجزی کی عادت ڈالنی چاہئے۔
خاک وطن از ملک سلیمان خوشتر۔ وطن کی تعریف میں کہتے ہیں۔ کہ وطن کی مٹی سلیمان کے ملک سے اچھی ہے۔ **خاکی انڈوں میں بچے نہیں ہوتے۔** کمینے سے فائدے کی امید نہیں ہوتی۔

خاکار (ف۔ مذکر) دیکھو خاکہ۔
خاکڑی۔ خاکسی۔ خاکشی (ف۔ مونث) ۱ خوب کلاں ۲ سونا تولنے کا ایک وزن۔ گھونگچی۔
خاکہ (ف۔ مذکر) ۱ وہ نقشہ جو کاغذ کو کسی نقشے یا تصویر وغیرہ پر رکھ کر صرف حدود کی لکیریں کھینچ کر بنایا جائے۔ کچا نقشہ۔ تصوّر کا مسودہ ۲ ڈھانچہ ۳ ہجوی تصویر یا بیان ۴ ایک قسم کا کشیدہ جالی یا ململ پر جس کو نقشے یا تصویر پر رکھ کر بنایا جائے۔ **خاکہ اتارنا** (متعدی) ۱ خاکہ ۱ بنانا۔ کچا نقشہ بنانا۔ حدود کے نشان ڈالنا کاغذ وغیرہ پر ۲ مسودہ کرنا ۳ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ مضحکہ اڑانا۔ **خاکہ اترنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **خاکہ اڑا دیا** ۱ صرف کر ڈالا ۲ بدنام کر دیا مشہور کر دیا۔ **خاکہ اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) دیکھو خاکہ اتارنا ۳ **خاکہ بنانا یا کرنا** (متعدی) دیکھو خاکہ اتارنا ۱ ۲ **خاکہ کھنچنا** (لازم) **کھینچنا** (متعدی) دیکھو خاکہ اتارنا ۱ ۲۔
خاگ (ف۔ مذکر) انڈا۔ **خاگینہ** (مذکر) ۱ تلے ہوئے انڈے یا ان کا سالن ۲ بیسن وغیرہ ملا کر تلے ہوئے انڈے۔ خالی بیسن نمک مرچ ملا کر انڈوں کی طرح تلا ہوا۔
خال (ع۔ مذکر) ۱ خالو۔ ماموں ۲ دو رنگا کبوتر جس میں ایک رنگ سفید ہو ۳ قدرتی سیاہ چھوٹا نشان بدن پر ۴ نشان کا جل کا چہرے پر جو خوبصورتی یا دفع نظر کے لئے بناتے ہیں۔ (خول خیل۔ خبرگیراں ہونا) **خولاتی** (صفت) خالہ کی طرف منسوب۔ **خال بنانا** (متعدی) معشوقوں کا مصنوعی خال رخسار پر بنانا۔ **خال خال۔** اکا دکا۔ بہت کم۔ کہیں کہیں۔ شاذ و نادر۔ **خالدار** (صفت) جس پر خال ہوں **خالو** (مذکر) خالہ کا خاوند۔ **خالہ** (مونث) ماں کی بہن۔ **خالہ جایا** (مذکر) خالہ کا بیٹا۔ **خالہ جائی** (مونث) خالہ کی بیٹی۔ **خالہ جی کا رباڑا) گھر نہیں رہے)** آسان بات نہیں۔ **خالہ زاد** (مونث) خالہ کی بیٹی۔ **خالہ زاد بھائی** (مذکر) خالہ کا بیٹا۔ **خالہ کی خل بچی** (مونث) خالہ کی بیٹی (حقارت سے) **خالی** (مذکر) ۱ ایک بڑا فانیمن ۲ ماموں ۳ کپڑا ۴ کمان دار ابرو ۵ جھنڈا ۶ علم ۷ دیکھو علیحدہ۔

امثال وغیرہ۔ خال جو بڑھا مسہ ہوا۔ اپنی حد سے بڑھی ہوئی شے بدنما ہوتی ہے۔ **خالہ جی کا گھر نہیں (ہے)** آسان بات نہیں ہے۔ **خالہ خلنی دال پکاوے ڈھلا ڈھلی** جہاں خاطر تواضع نہیں ہوتی وہاں کہتے ہیں۔ **خالہ کا دم اور کواڑ کی جوڑی۔** تنہائی کی حالت پر کہتے ہیں۔ **خالہ کا رتبہ ماں کے برابر۔** خالہ کی عزت ماں جتنی ہونی چاہئے۔ **خالہ کی مہمانی ہاتھ ڈال پچھتانی۔** خالہ کے گھر بہت دفعہ جائیں تو پھر خاطر تواضع نہیں ہوتی۔ بہت دفعہ کہیں نہیں جانا چاہئے۔
خال سے لگانا (اردو۔ متعدی) خالی لگانا کا مخرب۔
خالص (ع۔ صفت) ۱ بے میل۔ کھرا ۲ ایک ندی کا نام جو بغداد کے مغرب میں ہے۔ ۳ اس ندی پر ایک قلعہ (خلص۔ صاف ہونا) **خالصاً خالصانہ** (تف) ۱ خاص طور پر۔ بالکل ۲ مخلصانہ۔ خلوص سے۔ نیک نیتی سے۔ **خالصاً للہ خالصاً لوجہ اللہ۔** بالکل خدا کے لئے۔ خدا کے واسطے۔
خالصات (مونث) جمع خالصہ کی۔ دیکھو ۲۔
خالصہ (صفت) ۱ خالص ۲ سرکاری زمین جس کا انتظام سرکار خود کرے ۳ سکھوں نے اپنا نام یہ رکھ لیا ہے۔ **خالصہ دیوان** (مذکر) سکھوں کی انجمن **خالصے لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ضبط سرکار ہونا ۲ ضائع ہونا۔ برباد ہونا ۳
خالع (ع۔ مذکر) وہ مرد یا عورت جو کچھ دے کر طلاق حاصل کرے (خلع۔ طلاق دینا) ۱ خلع حاصل کرنے والا مرد یا عورت ۲ پکی ہوئی کھجور ۳ زنخ جو اٹھ نہ سکے یا سواری میں شرارت کرے۔
خالف (ع۔ صفت) پانی نکالنے والا۔ **خالفت** (مذکر) ۱ ضدی آدمی ۲ خیمے کی چوب
خالق (ع۔ صفت) ۱ پیدا کرنے والا ۲ خدا کا ایک صفاتی نام (خلق۔ پیدا کرنا)
خالقیت (مونث) پیدا کرنے کی طاقت۔

خالم (ف - مذکر) ایک قسم کا سانپ۔

خالما (اردو - مونث) ہو۔ خام پارہ۔ بدچلن۔

خالی (ع - مذکر) ۱ ظرافی لیبن ۲ بناؤ ۳ اپٹرا ۴ کمان دار ابرو ۵ جھنڈا۔

خالی (ف - صفت) ۱ جس میں کوئی چیز نہ ہو۔ تہی ۲ کھوکھلا ۳ سونا۔ غیر آباد ۴ صرف۔ محض ۵ اکیلا۔ تنہا ۶ بے روزگار ۷ معطل ۸ بیکار۔ کتا ۹ مبرا۔ بری۔ بچا ہوا ۱۰ غیر موثر۔ بے اثر ۱۱ خوت ۱۲ فارغ۔ بے شغلہ ۱۳ (مذکر) مسلمانوں کا گیارھوں مہینہ ذیقعد۔ اس سے پہلے شوال کے مہینے میں عید الفطر ہوتی ہے اور بعد کے مہینے میں ذی الحج میں عید الضحٰے ہوتی ہے۔ یہ مہینہ خالی رہتا ہے۔ اس لئے عورتیں اسے خالی کہتی ہیں۔ یہ مہینہ منحوس سمجھا جاتا ہے (خلو۔ خالی ہو جانا) **خالی انڈا** (مذکر) دیکھو خاکی انڈا۔ **خالی بیٹھنا** (لازم) بیکار رہنا۔ بلا ملازمت رہنا۔ **خالی پھرنا** (لازم) کچھ نہ پانا۔ محروم واپس جانا۔ **خالی پھیرنا** (متعدی) کچھ نہ دینا۔ **خالی پیٹ** (صفت) نہار۔ **خالی پیٹ کٹاری مارنا** (مذکر) بھوک کی حالت میں لڑنا۔ **خالی جانا** (متعدی) ۱ نشانے پر نہ لگنا ۲ بے اثر ہونا ۳ بے نتیجہ ہونا ۴ ناغہ ہونا **خالی خولی** (صفت۔ عو) خالی۔ **خالی دماغ** (مذکر) جس کے دماغ میں عقل نہ ہو بے وقوف۔ احمق۔ **خالی دینا** (متعدی) ضرب یا وار بچا جانا ۲ ٹال جانا۔ بہانہ کرنا۔ **خالی رہنا** (لازم) ۱ بیچ میں کوئی چیز نہ ہونا ۲ مکان میں کسی شخص کا نہ ہونا۔ مکان غیر آباد ہونا۔ **خالی کا چاند یا مہینا** (مذکر) دیکھو خالی ۱۳ **خالی کرنا** (متعدی) ۱ کسی برتن سے کوئی چیز بالکل نکال دینا ۲ مکان سے قبضہ یا دخل اٹھا لینا۔ مکان چھوڑ دینا ۳ تہی کرنا۔ اندیلنا ۴ بندوق چھوڑنا۔ **خالی ہاتھ** (صفت) ۱ محروم ۲ بلا ہتھیار یا لاٹھی ۳ مفلس۔ نادار تہی دست ۴ بغیر کوئی چیز لئے۔ **خالی ہونا** (متعدی) ۱ دیکھو خالی کرنا ۲ بیکار ہونا۔ نوکری نہ رہنا۔

امثال و اقوال۔ خالی بنیا کیا کرے اس کوٹھی کے دھان اس میں کرے (اس گول کے دھان اس گول میں کرے) کام کرنے والا آدمی بیکار نہیں بیٹھ سکتا۔ چاہے اسے فضول کام ہی کرنا پڑے۔ **خالی بیٹھے شیطان سوجھتا ہے۔** بیکاری میں بیہودہ خیالات سوجھتے ہیں۔ **خالی بھبھوڑن اڑا اڑ جاے۔** فضول کام کرنے سے کچھ فائدہ نہیں۔ **خالی خریتی پوری فضیحتی** مفلسی بہت بری ہوتی ہے **خالی سے بیگار بھلی۔** بیکار رہنے سے کسی کا کام مفت کرنا ہی بہتر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بیکار نہیں بیٹھنا چاہیئے۔ **خالی کمہار اور بھرا اکمہار** چلنے میں خوب تیز ہوتے ہیں۔ **خالی گھر بھڑ بھڑیوں کا راج۔** تنہائی میں جو چاہنا سو کرنا۔ **خالی گھر دیوانی بیوی۔ خالی گھر میں قلندر بیٹھے** مطلب یہ ہے کہ گھر خالی نہیں چھوڑنا چاہیئے ورنہ کوئی اور قبضہ کریگا۔ **خالی مباش کچھ کیا کر۔** دیکھو بیکار مباش الخ۔ **خالی ہاتھ کیا جاؤں ایک سندیسا لیتا جاؤں۔** سفارش کی تمہید میں کہتے ہیں۔ **خالی ہاتھ منہ تک نہیں جاتا** بغیر فائدے کے کوئی کام نہیں کیا جاتا۔

خام (ف - صفت) کچا۔ نہ پکا ہوا ۱ سبز۔ ہرا۔ ادھ کچرا ۲ ناتجربہ کار۔ ناواقف۔ ناآزمودہ کار۔ اناڑی ۳ بودا۔ کمزور ۴ نہ کمایا ہوا۔ (چمڑا)۔ کچا (چمڑا) ۵ فضول۔ باطل۔ بیہودہ ۶ غیر پختہ۔ کچی (اینٹ عمارت) ۷ بری طرح کیا ہوا۔ (کاروبار) ۸ بند۔ سربستہ۔ لگام چڑھا ہوا ۹ تخمینے کے طور پر۔ قریب قریب کچا (تخمینا) ۱۰ کم۔ جھوٹا۔ (وزن۔ ماپ) ۱۱ کل۔ تمام آمدنی ۱۳ خالص۔ کھرا (عنبر وغیرہ) ۱۴ (مذکر) سربند۔ گھوڑے کا ۱۵ ایک چمڑے کا کپڑا ۱۶ شراب نو ۱۷ کسی ساز کی ریشم کی رسی ۱۸ لمبی رسی ۱۹ دیوث ۲۰ گھوڑا جو مدت تک کھڑا رہے ۲۱ خامہ کا مخفف قلم۔ **خام آمدنی** (مونث) کل آمدنی۔ **خام پارہ** (صفت) گالی جس سے بلوغت سے پہلے جماع ہو جائے۔ مکارہ۔ ایک قسم کی توپ۔ **خام تحصیل** (مونث) وصولی لگان بلا توسل جو سرکار خود کرے۔ **خام چٹھا** (مذکر) تخمینہ حساب۔ **خام خیال** (مذکر) بیہودہ۔ بیوقوف۔ **خام خیالی** (مونث) ۱ فضول خیالات جھوٹا خیال۔ غلط گمان ۲ کم درجے کے خیالات **خام دست** (صفت) کام سے ناواقف۔ اناڑی۔ بے سلیقہ۔ گھامڑ۔ پھوہڑ۔ **خام دستی** (مونث) ۱ کام سے ناواقفیت۔ اناڑی پن ۲ بے اطمینانی۔ نارضامندی۔ **خام رائے** (صفت) احمق۔ بیوقوف۔ **خام شوربا** (مذکر) وہ شوربا جو اچھی طرح نہ پکا ہو۔ **خام شوب** (صفت) اچھی طرح نہ دھلا ہوا۔ کھنگالا ہوا۔ **خام طبع** (صفت) بیوقوف۔ احمق۔ **خام طبعی** (مونث) خام خیالی۔ **خام طمع** (صفت) فضول خواہشات کرنے والا۔ **خام طمعی** (مونث) فضول خواہش کرنا ۲ فضول خواہش **خام عقل** (صفت) کم عقل۔ بیوقوف۔ **خام عقلی** (مونث) بیوقوفی۔ کم عقلی۔ **خام علاقہ۔** وہ علاقہ جو براہ راست زیر انتظام ہو۔ **خام فطرت** (صفت) کم عقل گاؤدی۔ **خام کار** (صفت) ۱ ناتجربہ کار ۲ ناآزمودہ کار۔ نادان۔ **خام کاری** (مونث) ۱ اناڑی پن۔ بھدا پن ۲ قلم۔ **خام کرنا** (متعدی) ۱ بند کرنا ۲ آٹا لگا کر ہانڈی کا منہ بند کرنا۔ **خام نوش** (صفت) شراب پینے والا۔ **خامی** (مونث) ۱ کچا پن ۲ ناتجربہ کاری ۳ نقص ۴ نقصان ۵ کمزوری۔ **خامی کرنا** (متعدی) کوتاہی کرنا۔

مقولہ۔ خام کو کام سکھاتا (سکھا لیتا) ہے۔ جس کو کام نہیں آتا کام پڑنے پر سیکھ لیتا ہے۔

خامّ (ع - مذکر) سڑا ہوا گوشت۔

خامس (ع - صفت) پانچ۔ **خامسا** (صفت) پنجم۔ پانچواں۔

خامُش۔ خامُشی (ف) دیکھو خاموش۔

خامل (ع - صفت) ۱ کمینہ ۲ غیر معروف۔

خاموش (ف - صفت) ۱ چپ ساکت۔ دم بستہ ۲ محتاط ۳ بجھا ہوا ۴ مردہ مرا ہوا۔ ۵ (مذکر) گھوڑوں کی ایک بیماری ۶ (حرف تنبیہ) چپ کرو۔ استاد بچوں کو عموماً کہتے ہیں **خاموش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ چپ ہونا ۲ بجھانا۔ گل کرنا۔ **خاموشی** (مونث) سکون **خاموشی ہونا** (لکھنو) چپ چاپ ہونا۔

امثال و اقوال۔ خاموشی از ثنائے تو حد ثنائے تست! تیری تعریف میں خاموش رہنا تیری تعریف کی

انتہا ہے ۲ طنزاً۔ تمہاری انتہائی تعریف یہی ہے کہ ہم خاموش رہیں۔ خاموشی نیم رضا۔ عو مًا ال کے ساتھ دیکھو النی موشی۔

خامہ (ف۔ مذکر) قلم۔ کلک۔

خامۂ ازل (مونث) قلم قدرت۔ **خامۂ تصویر** (مذکر) بالوں کا قلم۔ مصور کا قلم۔ **خامہ دان** (مذکر) قلمدان۔ **خامۂ زرّیں** (مذکر) ۱ سونے کا قلم ۲ سنہری حروف۔ **خامہ زن** (صفت) لکھنے والا ۲ (مذکر) نب۔ لکڑی یا سینگ کا ٹکڑا جو قلم کے آگے لگاتے ہیں۔ **خامہ زن ہونا** (لازم) لکھنا۔ تحریر کرنا۔ **خامہ فرسا** (صفت) لکھنے والا۔ **خامہ فرسا ہونا** (لازم) لکھنا۔ **خامہ فرسائی** (مونث) لکھنا (کرنا کے ساتھ) **خامہ کش** (صفت) ۱ قلمزن کرنے والا ۲ قلم سے تصویر بنانے والا۔

خان (ت۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا ۲ پٹھانوں کا خطاب ۳ پٹھانوں کے نام کے آخر میں آتا ہے ۴ چودھری۔ نمبردار ۵ شاہزادہ۔ بادشاہ۔ ۶ شاہان خطا و تاتار و کریا کا لقب تھا ۷ اب نواب قلات کا لقب ہے ۸ (خانہ کا مخفف) گھر ۹ چھتہ ۱۰ خاندان۔ ملازم بسا نو سامان کوئی چیز گھر کے متعلق ۱۱ سرائے۔ کاروانسرا ۱۲ دوکان۔ منڈی ۱۳ خوان کا مخفف۔ **خانادہ** (مذکر) ایک افسر جو جرنیل کے احکامات فوج کو پہنچاتا ہے۔ **خان بہادر** (مذکر) ایک خطاب جو سرکار انگریزی مسلمانوں اور پارسیوں کو دیتی ہے یہ خانصاحب سے افضل ہوتا ہے۔ **خانجات** (مذکر) خانہ کی جمع۔ **خانچہ** (مذکر) خوانچہ کا مخفف **خانخانان** (مذکر) ۱ سپہ سالار۔ وزیر اعظم ۲ بیرام خاں اور عبدالرحیم کا لقب تھا۔ **جانداری** (مونث) دیکھو خانہ داری **خاندان** (مذکر) نسل۔ گھر۔ قبیلہ۔ نسل۔ **خاندان شاہی** (مذکر) بادشاہ کا قبیلہ۔ راج بنس **خاندان کی علامت** (مذکر) کوئی نشان جو کسی خاندان کے لئے مخصوص ہو۔ اور اس کی ملکیت کی اشیا پر لگایا جائے۔ **خاندانی** (صفت) ۱ عمدہ نسل کا۔ نسبی۔ قدیم رئیس ۲ خاندان کا ۳ جو باپ سے بیٹے کو پہنچے۔ موروثی۔ نسلی۔ **خاندانی امیر** (مذکر) وہ امیر جس کے باپ دادا امیر ہوں۔ نو دولت کا نقیض۔ **خانزادہ** (مذکر) خان کا بیٹا۔ شاہزادہ۔ **خانسالار** (مذکر) وہ شاہی افسر جس کا کام کھانوں کو چکھنا ہو۔ **خانساماں** (مذکر) میر ساماں۔ وہ شاہی افسر جو بادشاہ کے محل کا منتظم ہوتا تھا۔ **خانساماں** (مذکر) انگریزوں کا باورچی۔ باورچی۔ کھانا پکانے والا۔ **خانسامانی** (مونث) وہ محکمہ یا دفتر جس کے متعلق بادشاہوں یا امیروں کے گھر کا خرچ ہو۔ **خانقاہ۔ خانقہ۔ خانگاہ۔ خانگہ** (مونث) ۱ صوفیوں اور درویشوں کے رہنے کی جگہ۔ ڈیرہ۔ صومعہ۔ دھرم سالہ۔ مٹھ ۲ مقبرہ کسی درویش یا پیر کا۔ **خانگاہِ کمان** (مذکر) کمان کے خمیدہ بازو۔ **خانگی** (صفت) ۱ گھر کا۔ گھر کے متعلق ۲ نج کا۔ ذاتی۔ اپنا ۳ (مونث) وہ پردہ نشین عورت جو زناکاری کا پیشہ کرتی ہو ۴ آموختہ (لکھنو) ۵ گھر کی پلی ہوئی روٹی ۶ چڑیا ۷ مرغی۔ **خانگی پن** (مذکر) خانگی کا پیشہ۔ پردہ دار عورت کا زنا کرانا (کرنا کے ساتھ) **خانگی شفاخانہ** (مذکر) وہ شفاخانہ جو کوئی شخص اپنے خرچ پر کھولے۔ **خانگی جھگڑا** (مذکر) گھر کا فساد۔ آپس کا جھگڑا۔ **خانگی محل** (مذکر) چھلے کوٹھی۔ **خانگی معاملات** (مذکر) گھر کی باتیں۔ نج کے معاملے۔ **خانم** (مونث) ۱ خان کی بیوی ۲ بیگم۔ بادشاہ زادی ۳ بڑے گھر کی عورت۔ **خانماں** (مذکر) ۱ گھر۔ گھرانہ ۲ گھر کا سامان۔ مال و متاع۔ اثاثہ ۳ قبیلہ۔ خاندان ۴ کوئی چیز جو گھر کے متعلق ہو۔ **خانماں آوارہ** (صفت) گھر سے نکلا ہوا۔ گھر سے بے گھر۔ بے ٹھکانا۔ **خانماں برباد یا خراب** (صفت) تباہ۔ برباد۔ سرگشتہ۔ **خانوادہ** (مذکر) خاندان۔ قبیلہ۔ گھرانہ ۲ فقرا کا سلسلہ۔ مشائخ یا درویشوں کا وہ خاندان جس سے ان کو توسل ہو ۳ گھر کی مالکہ خانہ دیکھو علیحدہ۔ **خانی** (مونث) ۱ خان کا درجہ۔ شاہی عہدہ ۲ چشمہ۔ خالص پانی ۳ ایک برتن جس میں پانی ٹھنڈا کرتے ہیں ۴ حمام ۵ سونا ۶ دارا کی بیٹی ہلنے کا نام ۷ ایک سکہ جو ترکستان میں رائج ہے۔ **خانیت** (مونث) خان کا عہدہ

مثل۔ خانخانان (جن کے) کھانے میں بطانہ (بطانہ چھپی ہوئی چیز) خانخانان کے متعلق مشہور تھا کہ کسی کو کھانا بھیجتا تو اس میں اشرفیاں چھپا دیتا۔ پوشیدہ احسان کرنے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ **خانی درخانہ ورلئے در بازار۔** اورنگ زیب سے کسی نے خان کے خطاب کی درخواست کی تو یہ جواب ملا۔ مطلب یہ ہے کہ ابھی لیاقت نہیں۔

خائن (ع۔ صفت) ۱ جس پر شبہ ہو ۲ شریر النفس۔

خانہ (ف۔ مذکر) ۱ گھر۔ مکان۔ بیت۔ حویلی۔ دار۔ کدہ۔ محل۔ قصر ۲ دڑبا۔ کابک ۳ آشیانہ۔ گھونسلا ۴ صندوقچے کے اندر کا گھر ۵ کسی چیز کے رکھنے کا ڈبہ ۶ انگوٹھی کی وہ جگہ جہاں نگینہ جڑتے ہیں ۷ شطرنج وغیرہ کی بساط پر مربعہ گھر مہرے کا گھر ۸ عورت ۹ شکم۔ پیٹ ۱۰ خط کا ایک صفحہ ۱۱ کھیت ۱۲ ریت کا ٹیلہ ۱۳ اناج کا ڈھیر ۱۴ محکمہ ۱۵ بازو کلائی سے لیکر مونڈھے تک ۱۶ خیمہ۔ تنبو۔ **خانہا** (مذکر) خانہ کی جمع **خانہ آباد** ۱ (دعا) گھر آباد رہے ۲ کعبہ۔ **خانہ آبادی** (مونث) ۱ بہبودی۔ کامیابی۔ اقبال ۲ شادی (کرنا ہونا کے ساتھ) **خانہ آرائے** (صفت) گھر کو سجانے والا۔ **خانہ باد۔** دیکھو مثلہ۔ **خانہ باغ** (مذکر) وہ باغ جو مکان کی چاردیواری کے اندر ہو۔ **خانہ باف** (صفت) گھر کا بنا ہوا۔ **خانہ بدوش** (صفت) ۱ آوارہ۔ پریشان۔ مسافر ۲ گھر کو ساتھ لئے پھرنے والا جس کا کوئی خاص ٹھکانا نہ ہو ۳ (مذکر) وہ قوم جو خیموں یا چھپروں میں رہے جہاں کھانے پینے کی سہولت ہو وہاں جا ٹھیرے جیسے کنجر۔ سانسی نٹ وغیرہ **خانہ بدوشی** ۱ (مونث) آوارہ گردی ۲ خانہ بدوش قوم کی حالت۔ **خانہ برانداز** (صفت) ۱ فضول خرچ۔ گھربار اجاڑ دینے والا ۲ معشوق ۳ سافر۔ **خانہ بر دوش** دیکھو خانہ بدوش **خانہ برباد** (صفت) فضول خرچ گھربار اجاڑنے والا۔ **خانہ بربادی** (مونث) گھر کی تباہی۔ بیوی کا مر جانا (ہونا کے ساتھ) **خانہ بیزار** (صفت) وہ جسے گھربار کی پروا نہ ہو۔ **خانہ پری** (مونث) نقشوں کو پر کرنا۔ نقشہ بھرنا۔ **خانہ ترازو** (مذکر) تلا۔ میزان۔ **خانہ تلاشی** (مونث) گھر کی تلاشی **خانہ توڑ** (مذکر) کشیدہ جو جالی یا ململ پر کاڑھا جائے۔ **خانہ جمع سے بڑھ جانا** (لازم) خرچ کا آمد سے زیادہ ہونا۔ **خانہ جنگ** (صفت) جھگڑالو۔ جنگجو۔ جو ذرا سی بات پر لڑ پڑے۔ **خانہ جنگی** (مونث) آپس کی لڑائی۔ گھر کے جھگڑے۔ **خانۂ چشم** (مذکر) آنکھ کا گھر۔ **خانہ خانہ** (مذکر) چھید چھید۔ خانے دار۔ **خانۂ خدا** (مذکر) عبادت

کی جگہ ۔ مسجد ۲ کعبہ ۔ **خانہ خراب** (صفت) ۱ تباہ ۔ برباد ۲ آوارہ ۔ بدوضع ۔ **خانہ خراب ہو جائے** (بددعا) بیڑا غرق ہو بستیا ناس ہو ۔ تباہ ہو ۔ **خانہ خرابی** (مونث) تباہی ۔ بربادی ۔ ویرانی (کرنا ہونا کے ساتھ) **خانہ خرابی برپا کرنا** (متعدی) برباد کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ **خانہ دار** (صفت) ۱ کفایت شعار ۲ (مذکر) گھر کا مالک یا مالکہ ۳ دولتمند شخص ۔ **خانہ داری** (مونث) گھر بار کا کام کاج ۔ **خانہ داماد** (مذکر) وہ داماد جو سسر کے گھر رہے ۔ **خانۂ دل** (مذکر) دل ۔ دل کا اندر کا حصہ ۔ **خانہ زاد** (صفت) ۱ گھر کی پیدائش ۔ وہ جو کسی کے گھر پیدا ہوا ہو ۲ لونڈی غلاموں کی اولاد ۳ قدیمی ۔ **خانہ زخم** (مذکر) زخم کی جگہ ۔ **خانۂ زنجیر** (مذکر) ۱ قیدخانہ ۲ پاگل خانہ ۔ **خانۂ زین** (مذکر) زین کی بیٹھنے کی جگہ ۔ **خانہ ساز** (صفت) گھر کا بنا ہوا ۔ **خانہ سوز** (صفت) جو خاندان کو بدنام کرے ۲ گھر جلانے والا ۳ جلانیوالی آگ ۔ **خانۂ سیاست** (مذکر) وہ گھر جہاں سزا ملے ۔ **خانہ شماری** (مونث) گھروں کا گننا ۔ **خانہ شیر** (مذکر) برج اسد ۔ سنگھ ۔ **خانہ عنکبوت** (مذکر) جالا ۔ **خانۂ قلم** (مذکر) نب ۔ **خانہ کماں** (مذکر) کمان کے دونوں بازو ۔ **خانہ کوچ** (مذکر) معہ عیال و اطفال روانہ ہونا ۔ **خانہ نشین** (صفت) ۱ گوشہ نشین ۔ گھر بیٹھنے والا ۲ معطل ۔ بیکار (ہونا کے ساتھ) **خانہ واحد** (مذکر) اپنا گھر ۔ اپنے گھر جیسا ۔ **خانہ واحد سمجھو** ۔ اپنا ہی گھر سمجھو ۔ **خانہ واحد ہونا** (لازم) اکٹھا رہنا ۔ بہت دوست ہونا ۔ **خانہ ویراں** (صفت) خانہ برباد ۔ **خانہ ویرانی** (مونث) خانہ بربادی (کرنا ہونا کے ساتھ) **خلنے خلنے** (صفت) ۱ سوار خدار ۲ دابے وابے ۳ مرغیوں کبوتروں کو بند کرتے وقت یہ آواز دیتے ہیں ۔ **خانے دار** (صفت) وہ چیز جس میں خانے بنے ہوں ۔

امثال و اقوال ۔ خانہ آباد دولت زیادہ ۔ تم اپنے گھر خوش اور آباد ہو ہم اپنے گھر ۔ **خانۂ احسان آباد** ۔ آپ اپنا احسان رہنے دیجئے میں نہیں چاہتا ۔ **خانہ بردوش بیک بینی و دگوش** ۔ بنہایت مفلس ایسا آدمی جس کے پاس نہ رہنے کا ٹھکانا ہو نہ مال و اسباب ۔ **خانہ خالی را دیو مے گیرد** ۔ خالی گھر پر دیو قبضہ کر لیتا ہے ۔ گھر خالی نہ رہنا چاہیئے ۔ **خانۂ درویش را شمعے بہ از مہتاب نیست** ۔ فقیر کے گھر کے لئے چاندنی سے بہتر کوئی شمع نہیں ۔ **خانۂ دوستاں بروب و درِ دشمناں مکوب** ۔ دوستوں کے گھر میں جھاڑو دے اور دشمنوں کا دروازہ مت کھٹکھٹا ۔ **خانۂ شیشہ را سنگے بس است** ۔ بوری اور کمزور چیز بہت آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے ۔ **خانۂ ملاح در چین است و کشتی در فرنگ** ۔ جب کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آئے عمل کرنا امکان میں نہ ہو ۔ تو کہتے ہیں ۔

خاو (ف ۔ مذکر) ۱ سر ۲ پشم ۔

خاور (ف ۔ مذکر) مشرق ۔ مغرب کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔ **خاوراں** (مذکر صیغہ تثنیہ) ۱ مشرق و مغرب ۲ ترکستان میں ایک صوبہ ۔ **خاورانی** (صفت) خاوراں کا ۔ **خاوری** (صفت) مشرقی ۔ مغربی ۔

خاوند (ف ۔ مذکر) خداوند کا مخفف ۔ مالک ۔ آقا ۲ شوہر ۔ زوج ۔ بالکسر اردو میں استعمال ہوتا ہے ۔ **خاوند کرنا** (متعدی) شادی کرنا ۔ عورت کا اپنی مرضی سے بیاہ کر لینا ۔ **خاوندانہ** (صفت) مالک کی طرح ۔ مالک کے طریقے پر ۔ **خاوندی** (مونث) مہربانی ۔ عنایت ۔ بندہ پروری ۔

مثل ۔ خاوند راج بلند راج ۔ پوت راج دوت راج ۔ خاوند کی زندگی میں عورت بہت اچھی حالت میں رہتی ہے ۔ بیٹے کے زمانے میں ویسی حالت نہیں ہوتی ۔

خاوِیُ البطن (ع ۔ صفت) خالی پیٹ ۔

خاوِیہ (ع ۔ صفت) ۱ خالی مکان ۲ اجاڑ (مکان) ۔

خائب (ع ۔ صفت) ۱ ناکامیاب ۲ غریب ۔ نادار ۳ ناامید ۔

خائض (ع ۔ صفت) ۱ وہ جو داخل ہو ۲ غوطہ خور ۔

خائف (ع ۔ صفت) ڈرا ہوا ۔ ترساں ۔ ڈرنے والا (کرنا ہونا کے ساتھ) (خوف ڈرنا)

خائن (ع ۔ صفت) خیانت کرنیوالا ۔ بددیانت (خون بیوفا ہونا)

خایہ (ف ۔ مذکر) ۱ مرغی کا انڈا ۔ ۲ فوطہ ۔ خصیہ ۔ **خایۂ ابلیس** (مذکر) ایک پتھر کا نام ۔ **خایہ بردار** (صفت) خوشامدی ۔ چاپلوس ۔ **خایہ برداری** (مونث) خوشامد ۔ چاپلوسی (کرنا کے ساتھ) **خایہ بوس** (صفت) خایہ بردار ۔ **خایہ بوسی** (مونث) خایہ برداری (کرنا کے ساتھ) **خایہ چٹانا** (متعدی) ۱ پرواہ نہ کرنا ۔ حقارت سے دیکھنا ۲ فرمانبرداری نہ کرنا ۔ کہا نہ ماننا ۔ نافرمانبردار ہونا ۔ **خایہ سہلانہ** (متعدی) خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔ **خایہ غلاماں** (مذکر) انگور کی ایک قسم ۔ **خایہ کشیدہ** (صفت) اختہ ۔ **خایہ کندہ** (مذکر) ہیجڑا ۔

خَبّ (ع ۔ مذکر) ۱ قدم قدم چلنا ۲ فرار ی ۔ بھاگ جانا ۳ ریت کی پہاڑی

خِبّ (ع ۔ مذکر) دھوکے باز شخص ۔

خَبا (ع ۔ فر) ۱ چھپانا ۲ چھپی ہوئی چیز ۳ پودہ ۔ سبزہ ۔

خِبا (ع ۔ مذکر) خیمہ ۔

خُباثت (ع ۔ مونث) ناپاکی ۔ گندگی ۔

خَبار (ع ۔ مذکر) نرم زمین جس میں چوہوں کے بل ہوں ۔

خَبارَہ (ع ۔ صفت) تیز ۔ چالاک ۔ ہشیار ۔

خبّاز (ع ۔ صفت مونث) نانبائی ۔ **خبّازی** نانبائی کا پیشہ

خُبّاز (ع ۔ مذکر) گل خیرو

خِبازَت (ع ۔ مونث) نانبائی کا پیشہ

خبازی (ع ۔ مونث) گل خیرو ۔

خِباط (ع ۔ مذکر) داغ جو اونٹ کی ران پر دیا جائے ۔

خُباط (ع ۔ مذکر) دیوانگی ۔

خَبال (ع۔ مذکر) ۱ تباہی۔ بربادی ۲ نقصان ۳ تکلیف

خَبائِث (ع۔ مونث) خبیث کی جمع ۱ برے کام۔ بداعمال ۲ غلاظتیں۔ نجاستیں۔ ناپاکیاں گندگیاں۔

خَبَب (ع۔ مذکر) ۱ قدم قدم چلنا ۲ ایک ٹانگ پر کھڑا ہونا ۳ گھوڑے کا دائیں اور بائیں ٹانگیں اکٹھی اٹھانا۔

خَبَث (ع۔ مذکر) ۱ ناخالص ہونا ۲ گندہ ہونا ۳ غلاظت۔ نجاست ۴ میل۔ چرک

خُبث (ع۔ مذکر) ۱ گندگی۔ ناپاکی ۲ دغابازی ۳ شرارت۔ بدباطنی ۴ میل۔ زنگار (خَبَث۔ شریر ہونا) **خبث الحدید** (مذکر) لوہے کا میل **خبثِ باطن** (صفت) بدباطن شریر۔

خَبَر (ع۔ مذکر) ۱ واقفیت۔ آگاہی ۲ اطلاع ۳ پیغام۔ سندیسا ۴ افواہ۔ شہرت ۵ پتا۔ سراغ۔ نشان ۶ اوسان۔ سدھ بدھ۔ ہوش ۷ خبرداری۔ ہوشیاری ۸ حال احوال ۹ اعلان (خَبَر۔ اطلاع دینا) **خبر آنا** (لازم) اطلاع آنا۔ **خبر اُڑانا** (متعدی)، **اُڑنا** (لازم) افواہ ہونا۔ شہرت ہونا۔ **خبر بنت کی پوچھنا** (متعدی) بالکل غافل ہونا۔ **خبر بھی ہے**۔ پتہ بھی ہے۔ تمہیں کچھ معلوم نہیں۔ **خبر پر خبر بھیجنا** (متعدی) متواتر اطلاع دینا۔ **خبر پڑنا** (لازم) ۱ اطلاع ہونا۔ معلوم ہونا ۲ ہوشیار ہونا۔ **خبر پوچھنا** (متعدی) حال دریافت کرنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔ **خبر پہنچانا** (متعدی)، **پہنچنا** (لازم) اطلاع ہونا۔ معلوم ہونا۔ **خبر پھیلانا** (متعدی)، **پھیلنا** (لازم) مشہور ہونا۔ خبر کا آشکارا ہونا۔ **خبرِ خضری** (مونث) ۱ اطلاع جو دفعتاً پہنچے ۲ خبر جس کا پہلے قیاس کر لیا جائے۔ **خبردار** (صفت) ۱ واقف۔ آگاہ ۲ محتاط۔ ہوشیار۔ چوکنا ۳ کلمہ تنبیہ کا ہوشیار کرنے کے لئے (کرنا۔ ہونا۔ رہنا کے ساتھ)، **خبرداری** (مونث) ۱ ہوشیاری۔ احتیاط ۲ واقفیت (کرنا ہونا کیساتھ) **خبردہندہ** (صفت) خبر دینے والا۔ خبر رساں **خبر دینا** (متعدی) اطلاع دینا۔

خبر رساں (مذکر) خبر پہنچانے والا۔ ایلچی۔ قاصد۔ پیامبر۔ نامہ بر **خبر رکھنا** (متعدی) کسی امر یا حال یا معاملے سے آگاہ رہنا **خبر سنانا** (متعدی)، **سننا** (لازم) حال معلوم ہونا۔ **خبر کرنا** (متعدی) اطلاع دینا۔ **خبر کو بھیجنا** (متعدی) بیمار پرسی کے لئے کسی کو بھیجنا۔ **خبر گرم ہونا** (لازم) ۱ مشہور ہونا خبر کا ۲ افواہ ہونا۔ **خبر گزرنا** (لازم) اطلاع ہونا۔ **خبر گیر** (صفت) ۱ معاون۔ مددگار۔ دستگیر ۲ نگہبان۔ محافظ ۳ جاسوس۔ **خبر گیراں** (صفت) دیکھو خبر گیر (ہونا کے ساتھ) **خبر گیری** (مونث) مدد۔ اعانت۔ دستگیری ۲ خبرداری (کرنا کیساتھ) **خبر لانا** (متعدی) ۱ اطلاع لانا ۲ پیغام لانا۔ **خبر لگانا** (متعدی) پتہ لگانا۔ ٹھکانا دریافت کرنا۔ **خبر لینا** (متعدی) ۱ پوچھنا۔ حال دریافت کرنا ۲ مدد کرنا ۳ نگرانی کرنا ۴ لعنت ملامت کرنا ۵ آزار دینا۔ مارنا ۶ حالت پر غور کرنا۔ خیال کرنا ۷ اثر کرنا۔ اثر ڈالنا ۸ انتقام لینا۔ **خبر لینے والا** (صفت) خبر گیراں۔ **خبر ملنا** (لازم) اطلاع ہونا۔ **خبر نہ ہونا** (لازم) ۱ پرواہ نہ کرنا ۲ خاموش رہنا۔ جواب نہ دینا ۳ اطلاع نہ ہونا۔ واقفیت نہ ہونا ۴ ہوش نہ آنا۔ **خبر نہیں ہے**۔ معلوم نہیں ہے۔ **خبر ہونا** (لازم) ۱ اطلاع ہونا ۲ معلوم ہونا۔ آگاہی ہونا ۳ ہم بستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔

مقولہ۔ خبر بد بہ بوم (شوم) وزاغ سپار۔ آپ اچھی خبر سنا بری خبر دوسروں کیلئے رہنے دے۔

خِبرت (ع۔ مونث) ۱ عقل۔ دانائی ۲ تجربہ ۳ جانچ۔ پرکھ۔ آزمائش۔

خَبز (ع۔ مذکر) ۱ پکانا ۲ کھانا کھانے کے لئے دینا ۳ اونٹ کا زمین پر پاؤں مارنا۔ ۴ تیز چلانا۔

خُبز (ع۔ مذکر) روٹی۔

خبص (ع۔ مذکر) ملانا۔

خَبط (ع۔ مذکر) ۱ اونٹ کا اگلا پاؤں زمین پر مارنا ۲ لاٹھی سے درخت کے پتے جھاڑنا ۳ بغیر حق یا واقفیت کے کسی پر مہربانی کرنا ۴ اونٹ کو ران پر داغنا ۵ کسی کو مارنا ۶ شیطان کا پاگل بنا دینا۔ ۷ پتہ جو درخت سے جھاڑا ہوا ہو۔

خَبط (ع۔ مذکر) ۱ سودا۔ جنون ۲ دیوانگی ۳ غلطی کرنا (خَبَطَ۔ پاگل بنا دینا) **خبط اچھلنا** (لازم) جنون ہونا۔ خفقان ہونا **خبط سوار ہونا** (لازم) بیہودہ خیال دل میں سمانا۔ **خبط کرنا** (متعدی) غلطی کرنا **خبط ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ جنون ہونا ۲ غلط ہونا۔ **خبطی** (مونث) ۱ پاگل۔ جنونی ۲ حواس باختہ۔ بدحواس ۳ بیوقوف۔

خَبع (ع۔ مذکر) ۱ چھپانا ۲ رہنا ۳ داخل ہونا

خَبل (ع۔ مذکر) ۱ عضو کاٹنا۔ ہاتھ یا پاؤں کا ... [illegible] ۲ ... (ضعف) کی ایک بیماری ۳ روکنا۔ ۴ قرضہ دینا ۵ قرضہ لینا ۶ قلی کو مقررہ مزدوری سے زیادہ دینا۔

خَبَل۔ خُبل (ع۔ مذکر) ۱ پاگل پن ۲ چوپاؤں کی ٹانگوں کی ایک بیماری ۳ ایک پرندہ ...

خَبن (ع۔ مذکر) ۱ کپڑے کو دوہرا کر کے سی کر چھوٹا کرنا ۲ خوردنی شے یا کو قحط کے زمانے کے لئے جمع کرنا۔

خبی (ع۔ صفت) چھپا ہوا۔

خَبِیث (ع۔ صفت) ۱ گندہ۔ ناپاک ۲ شریر۔ بدباطن ۳ (مذکر) بھوت۔ پریت (خَبُثَ۔ خراب ہونا) **خبیثات** (جمع) خبیث کی **خبیثی** (مونث) ۱ ناپاکی ۲ خبیث عورت۔

خَبِیر (ع۔ صفت) ۱ جاننے والا۔ واقف ۲ خدا کا ایک صفاتی نام ۳ کسان۔ کاشتکار (خَبُرَ۔ جاننا)

خَبِیص (ع۔ مذکر) کھجوریں جو آٹے اور مکھن میں ملا کر پکائی گئی ہوں۔

خَتا (ع۔ مذکر) روکنا۔ رکھ لینا۔

خَتّار (ع۔ صفت) بڑا دغاباز۔ دھوکے باز۔ مکار۔

خِتّام (ع۔ مونث) مہر کی لاکھ۔

خَتّان (ع۔ مذکر) ختنہ کرنے والا شخص۔ **خَتّانی** (مونث) ختنہ کرنے کا کام۔

خَتّان (ع۔ مذکر) ۱ ختنے پر دعوت ۲ ختنہ ۳ وہ جگہ جہاں ختنہ ہو۔

خَتّانت (ع۔ مونث) ختنہ

خَتَر (ع۔ مذکر) دغا۔ فریب۔

خُتَرق (ع۔ مذکر) ایک قسم کی لکڑی۔

خَتَع (ع۔ مذکر) ۱ اکٹھے سفر کرنا۔ ۲ جلدی کرنا یا بھاگنا۔

خُتک (ف۔ مذکر) وہ محصول جو لوگ حاکم کے باورچی خانے کے خرچ کیلئے ادا کریں۔

خُتُنگ (ف۔ مذکر) ٹنگ کا بگڑا ہوا۔ انگوٹھا۔ ٹھینگا۔

خُتکا (ف۔ مذکر) ۱ انگوٹھا ۲ بھنگ گھوٹنے کا ڈنڈا ۳ آلہ تناسل۔ **خُتکے سے** (تف) ہیں کیا۔ عورتیں انگوٹھا دکھا کر کہتی ہیں۔

خَتَل۔ خَتَلان (ع۔ مذکر) ۱ دھوکا دینا ۲ دھوکا سے پکڑ لینا۔

خَتم (ع۔ مذکر) ۱ مہر ۲ انجام ۳ آخیر۔ انتہا ۴ تمام۔ کل ۵ قرآن شریف ختم ہونے کی رسم ۶ نیاز۔ نذر ۷ فاتحہ۔ قل ۸ خاتم ختم کرنے والا ۹ کسی اسم یا آیت کو تعداد معینہ کے مطابق پڑھنا یا پڑھوانا۔ **ختمات** (جمع ختم کی) **ختماتِ قرآن** (مذکر) قرآن شریف کے ختمات جو کسی کی روح کے لئے پڑھے جائیں۔ **ختم الانبیا** (مذکر) ایک قسم کا ختم جس میں تمام انبیا کے نام پر فاتحہ پڑھا جاتا ہے۔ **ختم المرسلین** (مذکر) پیغمبر صلعم۔ **ختم خواجگان** (مذکر) ایک ختم جس کا ثواب خواجگان کو بخشتے ہیں۔ **ختم پڑھانا** (متعدی) **پڑھنا** (لازم) کسی اسم یا آیت کو تعداد معینہ کے مطابق پڑھنا۔ **ختم رسل** (مذکر) پیغمبر صلعم۔ **ختم قرآن** (مذکر) قرآن شریف کمل پڑھنا۔ **ختم کرانا** (م) **کرنا** (متعدی) ۱ انجام کو پہنچانا۔ تمام کرنا ۲ قتل کرنا۔ جان سے مارنا ۳ قرآن شریف تمام پڑھنا یا کرنا ۴ ۔ پڑھوانا۔ **ختم ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ کسی ہنر یا عیب میں بے مثل ہونا ۳ ایک ہی کے حصے میں ہونا۔ **ختمی** (مونث) قرآن شریف ختم کرنا۔

خَتَمات (ع۔ مذکر) ختم کی جمع۔

خَتمت (ع۔ مونث) بیان خاتمہ تقریظ۔

خَتَن (ع۔ مذکر) لڑکے کا ختنہ کرنا۔

خَتنہ (ع۔ مذکر) مسلمانوں کی ایک رسم جس میں آلہ تناسل کا زائد گوشت کاٹ دیتے ہیں یہ سنتِ ابراہیم تھی۔ اس لئے اردو میں اسے سنت بھی کہتے ہیں (ختنہ کاٹنا کسی چیز کو) **ختنہ کرانا** (م) **کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) آلہ تناسل کے زائد گوشت کا کاٹا جانا۔

خَتُون۔ خَتُونت (ع۔ مونث) بیوی کی طرف کا رشتہ۔

خَتّا (اردو۔ مذکر) آلہ تناسل خایہ۔

خَتَم (ع۔ مذکر) چوپائے کا دوہر کیسہ۔

خَثُورت (ع۔ مونث) ۱ پانی کا گاڑھا ہونا ۲ دودھ کا جمنا ۳ اپنے قبیلے کے ساتھ رہنا۔

خَثَی (ع۔ مونث) ہاتھی یا گھوڑے کا لید کرنا۔

خِثی (ع۔ مونث) لید

خَجا (ع۔ مذکر) ۱ بیٹھنا ۲ ہمبستر ہونا

خَجالا (اردو۔ صفت) بیہودہ یاوہ گو۔

خَجالت (ع۔ مونث) شرمندگی خفت۔ ندامت۔ انفعال۔ حیا۔ (خجل۔ شرمندہ ہونا) **خجالت کھینچنا** (متعدی) شرمندہ ہونا۔ نادم ہونا۔

خُجستگی (ف۔ مونث) سعادت مبارکی۔ نیک بختی

خُجستہ (ف۔ صفت) مبارک۔ سنبھ۔ سیموں ۲ ایک پھل **خجستہ اختر** (صفت) خوش قسمت۔ **خجستہ پے** (صفت) مبارک قدم۔ خوش قسمت۔ **خجستہ رائے** (صفت) ایک وزیر کا نام **خجستہ طالع** (صفت) خوش قسمت **خجستہ فرجام** (صفت) جسکا انجام اچھا ہو۔

خَجِل (ع۔ صفت) شرمندہ (خجل) شرمندہ ہونا۔

خَجلت (ع۔ مونث) شرمندگی ندامت۔ خجالت (خجل۔ شرمندہ ہونا) **خجلت اٹھانا** (متعدی) شرمندہ ہونا۔ شرمندگی برداشت کرنا۔ **خجلت زدہ** (صفت) شرمندہ **خجلت کش** (صفت) بہت شرمیلا۔ **خجلت کھانا** (متعدی) شرمندہ ہونا۔ **خجلت گری** (مونث) شرمندگی۔ خجلت۔ **خجلت ناک** (صفت) شرمندہ۔ شرمیلا۔

مقولہ۔ خجلت ردّ سوالم بہ زمینم در کرد۔ بے زری کرد بمن آنچہ بقارون زر کرد (مذکر) میں رد سوال پر بے زری کی بجہ سے زمین میں گڑ گیا میرے ساتھ بے زری نے وہ کیا جو قارون کے ساتھ زر نے کیا۔

خَچاخَچ (ف۔ مونث) ۱ نیزے یا بلم کے اواز ۲ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

خَچّر (ف۔ مذکر) ایک جانور جو گدھے اور گھوڑی سے پیدا ہوتا ہے ۲ مکار۔ فریبی۔ دغاباز (س کرشر بھی) **خچر باتری** (مونث) توپخانہ جس میں گھوڑوں کی جگہ خچر استعمال ہوتے ہیں۔ **خچر بان** (مذکر) خچر ہانکنے والا۔

خُچر خُچر۔ خُچڑ خُچڑ (ف۔ مذکر) کیچڑ میں چلنے کی آواز۔

خَدّ (ع۔ مذکر) ۱ ہل سے لکیریں ڈالنا۔ نالیاں بنانا ۲ گال ۳ سڑک ۴ ہل کی لکیر۔

خُدا (ف۔ مذکر) ۱ اللہ۔ ایشر ۲ مالک۔ صاحب۔ آقا۔ حاکم ۳ مرکبات کے آخیر میں معنی ۲ میں آتا ہے جیسے ناخدا۔ کشتی [illegible] زند۔ قدھانا۔ جس کا اپنا قانون ہو۔ **خدا اٹھالے** مر جائے۔ **خدا بخشے**۔ خدا گناہوں کو معاف کرے۔ **خدا پر تکیہ (توکل) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) خدا کا سہارا ہونا۔ توکل کرنا۔ **خدا پر چھوڑ دینا یا چھوڑنا** (متعدی) کسی کام کو کرکے نتیجہ کو خدا کی مرضی پر چھوڑ دینا۔ توکل کرنا۔ **خدا پر نظر رکھو یا کرو**۔ تسلی رکھو۔ حوصلہ دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ **خدا پرست** (صفت) خدا کو پوجنے والا۔ پارسا۔ عابد۔ زاہد۔ **خدا پرستی**

(مونث) خدا کی پرستش۔ حق پرستی۔ زہد۔ **خدا پناہ میں رکھے**۔ خدا بچائے۔ **خدا ترس** (صفت) اللہ سے ڈرنے والا۔ **خدا ترسی** (مونث) خوف خدا۔ اللہ سے ڈرنا۔ **خدا تو ہے**۔ اللہ مددگار ہے۔ **خدائے تعالےٰ** (مذکر) اللہ بزرگ و برتر۔ **خدا جانتا ہے**۔ **خدا جانے**۔ دیکھو اللہ۔ **خدا جُو** (صفت) اللہ کا متلاشی۔ **خدا جواب دے**۔ اللہ سزا دے۔ **خدا جھوٹ نہ بلوائے**۔ کوئی غیر معمولی بات، کہنے سے پہلے کہتے ہیں۔ **خدا چاہے**۔ اگر خدا کی مرضی ہو۔ انشاءاللہ۔ **خدا حافظ**۔ اللہ نگہبان۔ رخصت کے وقت کہتے ہیں۔ **خدا حافظ کہنا** (متعدی) چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔ **خدا خدا کر**۔ **خدا خدا کرو**۔ توبہ کرو۔ خدا سے ڈرو۔ باز آؤ۔ **خدا خدا کرکے** (تف) بڑی مشکل سے۔ بدقت۔ **خدا خدا کرکے کفر توڑا**۔ بڑی مشکل سے راضی کیا یا منایا۔ **خدا خدا کرنا** (متعدی) اللہ کو یاد کرنا۔ عبادت کرنا۔ بندگی کرنا۔ **خدا خواں** (مذکر) پہلی یا کلمے کی انگلی کیونکہ اسے کلمہ شہادت پڑھتے ہوئے اٹھاتے ہیں۔ **خدا خیر رکھے**۔ (دعا) یہ کام ہو جاویگا خاطر جمع رکھو۔ **خدا خیر کرے**۔ خطرے کے موقع پر بولتے ہیں۔ **خدا داد** (صفت) ۱ خدا کی دی ہوئی منجانب اللہ۔ قدرتی ۲ (مذکر) مسلمانوں کا ایک نام ۳ ریاست جس پر ٹیپو سلطان حکومت کرتا تھا ۴ ایک مسلمان فرقے کے بانی کا نام۔ **خدا دانی** (مونث) خدا کا علم۔ **خدا درمیان ہونا** (لازم) خدا کی مدد ہونا۔ تائید غیبی ہونا۔ **خدا دکھلائے**۔ اللہ کرے میں دیکھوں۔ **خدا دکھائی دینا** (لازم) مصیبت یا خطرے میں خدا کا یاد آنا۔ **خدارا**۔ خدا کے لئے۔ از بہر خدا۔ **خدا راس لائے**۔ خدا ٹھیک کرے۔ اللہ موافق کرے۔ **خدا رکھتے ہیں**۔ ہمارا بھی خدا ہے۔ خدا سے ڈرتے ہیں۔ خدا کے بندے ہیں۔ **خدا رسیدہ** (صفت) نیک۔ پرہیزگار۔ **خدا ساز** (صفت) خدا کا بنایا ہوا۔ قدرتی۔ اتفاقی۔ **خدا سلامت رکھے** (دعا) اللہ زندہ رکھے۔ **خدا سمجھے** (بددعا) خدا

سزا یا بدلا دے۔ **خدا سے پھرنا** (لازم) خدا کو نہ ماننا۔ کافر ہونا۔ **خدا سے خیر مانگو**۔ کوئی بُری بات کی پیشین گوئی کرے تو کہتے ہیں۔ **خدا سے ڈرو**۔ اس موقع پر کہتے ہیں۔ جب کوئی سختی یا ظلم کرے یا جھوٹ صریح بولے۔ **خدا سے کام پڑنا** (لازم) خدا سے مدد مانگنا۔ **خدا سے لڑنا** (متعدی) اللہ کی ناشکری کرنا۔ مرضی الٰہی کا مقابلہ کرنا۔ **خدا سے لو لگنا** (لازم) ۱ خدا کی یاد کرنا۔ یادِ الٰہی کرنا ۲ مرنے کے قریب ہونا۔ نزع کی حالت ہونا۔ **خدا سے لو لگی ہونا** (لازم) اللہ کا آسرا ہونا اس کی مدد کا امیدوار ہونا۔ **خدا سے ملانا**۔ راہِ راست پر لانا۔ خدا رسیدہ بنانا۔ **خدا شاہد** (قسم) اللہ گواہ ہے۔ **خدا شناس** (صفت) خدا کو جاننے والا۔ نیک پارسا۔ **خدا شناسی** (مونث) خدا کو جاننا۔ نیکی۔ پارسائی۔ **خدا طلبی** (مونث) خدا کی تلاش۔ **خدا عمر دراز کرے** (دعا) خدا مدت تک زندہ رکھے۔ **خدا غارت کرے** (بددعا) اللہ تباہ کرے۔ **خدا فروشان** (مذکر) ۱ ریاکار۔ منافق ۲ وہ لوگ جو خدائی طاقت کا دعوےٰ کریں۔ **خدا کا سخی** (مذکر) خدا کی راہ میں خرچ کرنے والا۔ **خدا کا غضب یا قہر** (مذکر) مصیبت۔ آفت آسمانی۔ **خدا کا قہر ٹوٹے (نازل ہو)** (بددعا) مصیبت پڑے۔ آفت میں گرفتار ہو۔ **خدا کا قائل ہونا** (لازم) اللہ کی ہستی کا یقین ہونا۔ خدا کو ماننا۔ خدا پر عقیدہ رکھنا۔ **خدا کا کارخانہ** (مذکر) دنیا کا انتظام۔ **خدا کا کام** (مذکر) کارخانۂ قدرت۔ **خدا کا گھر** (مذکر) ۱ خدا کے رہنے کی جگہ۔ آسمان۔ عرش ۲ پرستش کی جگہ۔ مسجد۔ خانہ کعبہ۔ **خدا کام آتا ہے**۔ خدا مدد کرتا ہے۔ **خدا کا نام لو**۔ توبہ کرو۔ سچ بولو۔ انصاف کرو۔ **خدا کا نام لیکر**۔ بسم اللہ کرکے۔ اللہ پر بھروسہ کرکے۔ **خدا کا نام ہے**۔ کچھ بھی نہیں۔ **خدا کا نور**۔ دیکھو اللہ کا نور۔ **خدا کرے**۔ دعا بددعا دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ **خدا کو درمیان دینا** (متعدی) اللہ کو ضامن قرار دینا۔ پکا وعدہ کرنا۔ **خدا کو سونپا**

سفر کو جاتے ہوئے کو دعا دیتے ہیں۔ **خدا کو ایک دن منہ دکھانا ہے**۔ مرنا ہے خدا سے ڈرو۔ ناانصافی نہ کرو۔ **خدا کو کیا جواب دوگے یا دیگا (منہ دکھاؤگے یا دکھائیگا)** بدفعلی کرنے والے یا ظالم نامنصف کو کہتے ہیں۔ **خدا کو ماننا** (متعدی) خدا پر ایمان لانا۔ خدا کی قدرت۔ غضب۔ قہر وغیرہ کا قائل ہونا۔ **خدا کو یاد کرنا** (متعدی) ۱ اللہ کی پرستش کرنا ۲ مصیبت یا گھبراہٹ میں خدا کو پکارنا۔ **خدا کو یاد کرو** ۱ خدا کی عبادت کرو ۲ جب کوئی غرور کی بات کرے تو کہتے ہیں۔ **خدا کھوئے** (بددعا) اللہ تباہ کرے۔ مرے۔ **خدا کی باتیں ہیں**۔ اللہ کی شان ہے۔ **خدا کے پاس جانا** (متعدی) مرنا۔ **خدا کی پناہ**۔ اللہ محفوظ رکھے۔ **خدا کے حوالے کیا** (دعا) کسی کو رخصت کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ **خدا کی دین** (مونث) اللہ کی بخشش۔ **خدا کی ذات** [illegible] **بھروسہ (تکیہ) ہے** اللہ کا سہارا یا آسرا ہے۔ **خدا کی راہ**۔ اللہ واسطے۔ للہ۔ **خدا کی راہ کا سودا** (مذکر) کارِ ثواب۔ **خدا کے سپرد کیا** (دعا) رخصت کے وقت کہتے ہیں۔ **خدا کی سنوار** (بددعا) تہذیب سے۔ **خدا کی شان (قدرت)** ۱ جب کوئی اپنی حیثیت سے بڑھکر کوئی بات کہے یا کرے تو کہتے ہیں ۲ اللہ کا اختیار اور شان و شوکت۔ **خدا کی قسم** (مونث) اللہ کی سوں۔ **خدا کے کام** (مذکر) خدا کے کارخانے۔ **خدا کے گھر جانا** (لازم) مرجانا۔ **خدا کے گھر سے پھر آنا یا پھرنا** (لازم) مرتے مرتے بچنا۔ **خدا کے گھر میں کیا (کس چیز کی) کمی ہے**۔ خدا کے پاس سب کچھ ہے۔ خدا سب کچھ دے سکتا ہے۔ **خدا کے لئے یا واسطے**۔ للہ۔ برائے خدا۔ **خدا کی مار** (بددعا) مصیبت پڑے لعنت ہو۔ **خدا کی ماری** (مونث) مصیبت زدہ۔ **خدا کے مارے ہونا** (لازم) بدقسمت ہونا۔ مصیبت زدہ ہونا۔ **خدا کی مرضی**۔ کسی کے مرنے پر یا کام بگڑنے یا صدمہ پہنچنے پر کہتے ہیں۔ **خدا کے نام پر**۔ اللہ کے واسطے۔ خدا

گواہ (ہے) سچ کہتا ہوں۔ **خداگیر** (صفت) مصیبت زدہ۔ خدا کا مارا۔ **خدا لگتی** (صفت) سچی بمنصفانہ۔ **خدا لگتی بولنا** (لازم) **کہنا** (متعدی) سچی بات کہنا۔ **خدا لگی کہنا** (متعدی) سچی بات کہنا (دہلی) **خدا مالک ہے**۔ جو چاہے کرے۔ توکل سے کہتے ہیں۔ **خدا مشرب** (صفت) پارسا۔ زاہد۔ **خدا معلوم**۔ مجھے پتہ نہیں۔ خدا جانے۔ **خدا مغفرت کرے**۔ خدا گناہوں کو معاف کرے۔ **خدا منہ نہ دکھلائے**۔ بُرے آدمی کی نسبت کہتے ہیں جس سے ملنا ناگوار ہو۔ **خدا ناترس** (صفت) ظالم۔ خدا سے نہ ڈرنے والا۔ **خدا ناکردہ**۔ **نخواستہ**۔ **نکردہ یا نہ کرے**۔ مبادا۔ کسی امر کے نہ ہونے کی خواہش ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **خدا نے ایمان رکھا** گناہ سے بچ گئے۔ خدا کی مہربانی سے ایمان بچ گیا۔ **خدا نے رکھا**۔ اللہ نے بچا لیا۔ **خدا نیک توفیق دے**۔ خدا اچھے کام کرنے کی برکت دے۔ **خدا واسطے**۔ ناحق۔ بے سبب خواہ مخواہ۔ **خدا واسطے (کا بیر) کی دشمنی** ناحق کی دشمنی۔ للّٰہی بغض۔ خواہ مخواہ کی عداوت۔ **خداوند** (مذکر) ۱ مالک۔ آقا۔ صاحب ۲ خاوند ۳ کسی بڑے آدمی کو بلانے یا جواب میں جی کی جگہ کہتے ہیں۔ **خداوند اورنگ چتر یا کلاہ** (مذکر) بادشاہ۔ **خداوند تعالےٰ** (مذکر) اللہ تعالےٰ۔ **خداوندزادہ** (مذکر) امیر یا رئیس کا بیٹا۔ **خداوندگار** (مذکر) آقا۔ مالک۔ **خداوند مجازی** (مذکر) خاوند۔ **خداوند نعمت** (مذکر) ۱ امیر۔ رئیس ۲ بلانے کا ایک طریقہ۔ **خداوندی** (مونث) ۱ ملکیت۔ امیری۔ بادشاہت ۲ خدائی۔ خدا کی طاقت ۳ مالک کی خاصیت مہربانی کی۔ مہربانی۔ **خدا وہ دن (گھڑی) کرے**۔ آرزو پوری ہو۔ آرزو ظاہر کرنے کو کہتے ہیں۔ **خدا ہمت زیادہ دے** (دعا) جتنی ہمت اب دکھائی ہے خدا اس سے زیادہ کرے۔ **خدا ہے**۔ خدا محافظ ہے۔ **خدا ہی ہے** امید نہیں۔ مشکل ہے۔ شاید ہو۔ **خدائگان** (مذکر) بڑا بادشاہ۔ بڑا آدمی ۲ (صفت) خوش

خدائی (مونث) خداوندی۔ خدا کی شان ۲ صاحبی۔ ملکیت ۳ جہان۔ دنیا ۴ خلقت۔ لوگ۔ **خدائیان** (مذکر جمع) خداداد کے پیرو۔ **خدائے تعالےٰ** (مذکر) اللہ بزرگ و برتر۔ **خدائی خراب یا خوار** (صفت) ۱ خانہ خراب۔ آوارہ ۲ خراب۔ خستہ۔ ذلیل۔ رسوا۔ **خدائی خوار پھرنا** (لازم) آوارہ پھرنا۔ مارا مارا پھرنا۔ تضیع اوقات کرنا۔ **خدائی رات** (مونث) رت جگا۔ منت پوری ہونے پر رات کو جاگنا اور نذر نیاز دینا۔ **خدائی رحم** (مذکر) ایک قسم کا کھانا جو منت پوری ہونے پر لوگوں کو کھلایا جاتا ہے۔ **خدائی فوجدار** (مذکر) ۱ وہ شخص جو خواہ مخواہ ہر ایک کا حامی بنے اور دوسروں کے کاموں میں دخل دے ۲ ڈان کوگزاٹ کا اردو ترجمہ جو رتن ناتھ سرشار نے کیا ہے۔ **خدا کا بدمعاش** (مذکر) **چھٹا ہوا** (صفت) بڑا ہی بدمعاش۔ **خدائی کا جھوٹا** (صفت) سخت جھوٹا۔ فریبی۔ مکار۔ **خدائی (کا) دعوے کرنا** (متعدی) ۱ اپنے آپ کو خدا ظاہر کرنا ۲ سخت غرور کرنا۔ **خدائی کارخانہ** (مذکر) خدا کا انتظام۔ قدرت خدا۔ **خدائی کا روگ** (مذکر) بڑا روگ۔ سخت بیماری۔ **خدائی کا سامان** (مذکر) ہر ایک قسم کی چیز۔ **خدائی کا مارا**۔ تباہ۔ برباد۔ رسوا۔ **خدائی کرنا** (متعدی) بے روک ٹوک حکومت کرنا۔ **خدایا** (کلمہ ندا) یا خدا۔ اے خدا۔ **خدا یاد آنا** (متعدی) سخت مصیبت پڑنے پر اللہ کا دھیان آنا۔

امثال واقوال۔ **خدا امیر کے پڑوس میں قبر بھی نہ بنوائے**۔ امیر آدمی کا پڑوس بھی باعث تکلیف ہوتا ہے۔ **خدا بچھڑتی رات نہ کرے لڑتی رات کرے**۔ اکٹھے رہیں چاہے لڑتے رہیں۔ **خدا بھرے کو بھرتا ہے**۔ جس کے پاس ہو خدا اسے اور دیتا ہے۔ **خدا بھوکا اٹھاتا ہے بھوکا سُلاتا نہیں**۔ خدا ہر ایک کو کھانے کو دیتا ہے۔ **خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد**۔ ایک سے ایک نہیں ملتا۔ **خدا جس کو بچائے اس پر آفت کیونکر آئے**۔ جس پر خدا کی مہربانی ہو اس پر کوئی آفت نہیں آسکتی۔ **خدا خود میر سامان است اسباب توکل را**۔ توکل کرنے والے کی خدا خود امداد کرتا ہے جب کوئی اللہ کے بھروسے پر کام کرے تو کہتے ہیں۔ **خدا حاظر و ناظر ہے**۔ خدا ہر جگہ موجود ہے۔ **خدا خفا ہو تو پیدل چائے۔ زیادہ خفا ہو تو سر پر بوچھار کھائے۔ جو خوش ہو مینہ برسائے زیادہ خوش ہو تو بیٹا دے**۔ خدا کی ناراضگی اور مہربانی کے متعلق کہتے ہیں۔ بیٹے کا ہونا بڑی نعمت ہے۔ **خدا داری چہ غم داری**۔ جسے خدا پر بھروسا ہے اسے کچھ فکر نہیں۔ **خدا دو سینگ دے تو وہ بھی سہے جاتے ہیں**۔ مصیبت برداشت کرنی پڑتی ہے۔ **خدا دیتا ہے تو چھپر پھاڑ کر دیتا ہے**۔ خدا نے دینا ہو تو کوئی نہ کوئی سامان پیدا کر دیتا ہے۔ **خدا دیتا ہے تو نہیں پوچھتا تو کون ہے**۔ خدا بُرے بھلے کی تحقیقات کر کے نہیں دیتا۔ جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔ **خدا دیکھا نہیں تو عقل سے پہچانا ہے**۔ اس وقت کہتے ہیں جب کسی بات کے ثبوت کی ضرورت نہیں ہوتی۔ **خدا دے کھانے کو بلا جائے کمانے کو**۔ مفت ملے تو محنت کیوں کریں۔ کاہل کی نسبت کہتے ہیں۔ **خدا دیکھ کے جامہ قطع کرتا ہے** (عو) خاوند بیوی ایک جیسے ہیں۔ **خدا رزاق ہے۔ بندہ قزاق ہے**۔ خدا دیتا ہے بندہ ایک دوسرے سے چھین لیتا ہے۔ **خدا سب کی محنت سوارت کرتا ہے اکارت نہیں کرتا**۔ خدا ہر ایک کو اس کی محنت کا پھل دیتا ہے۔ **خدا سر پر دو سینگ دے تو وہ بھی سہے جاتے ہیں**۔ مصیبت آپڑے تو برداشت کرنی پڑتی ہے۔ **خدا شرّے برانگیزد کہ خیرے ما دراں باشد**۔ بعض وقت ایسے واقعات پیش آتے ہیں کہ جو ظاہر میں مضر معلوم ہوتے ہیں مگر نتیجہ ہمارے حق میں اچھا نکلتا

ہے۔ خدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے۔ خدا ہر ایک شخص کو اس کی حالت کے موافق دیتا ہے۔ خدا ظالم سے پالا نہ ڈالے۔ خدا ظالم سے بچائے۔ خدا کا دروازہ ہمیشہ کھلا ہے۔ خدا ہر وقت دیتا رہتا ہے۔ خدا ہر وقت دعا قبول کرتا ہے۔ **خدا کا دیا کندھے پر پنچوں کا دیا سر پر**۔ انسان لوگوں کی رائے کا زیادہ خیال کرتا ہے ضمیر کا کہنا نہیں مانتا۔ **خدا کا دیا سر پر!** جو خدا کو منظور ہے ہمیں بھی منظور ہے۔ ۲ (پہیلی) چاند۔ **خدا کا دیا نور کبھی نہ ہووے دور**۔ اللہ تعالےٰ جو بخشتا ہے وہ قائم ہی رہتا ہے۔ **خدا کا مارا حرام اپنا مارا حلال**۔ چوہڑے مسلمانوں پر اعتراض کرتے ہیں کہ ان کا عجب مذہب ہے جسے یہ خود ماریں وہ تو حلال اور جو خدا مارے اسے حرام شمار کرتے ہیں۔ **خدا کسی کو کسی کا محتاج نہ کرے**۔ جب کوئی کسی سے کوئی چیز مانگے اور وہ نہ دے تو کہتے ہیں۔ خدا کسی سے کام نہ ڈالے۔ **خدا کسی کو لاٹھی لے کر نہیں مارتا**۔ **خدا لاٹھی سے نہیں مارتا**۔ خدا نے کسی کو سزا دینی ہو تو مصیبت بھیجدیتا ہے۔ **خدا کو دیکھا نہیں تو عقل سے پہچانا ہے**۔ دیکھو خدا دیکھا الخ۔ **خدا کی باتیں خدا ہی جانے**۔ خدا کے رازوں کو کوئی نہیں جانتا۔ کسی کو معلوم نہیں کہ خدا کیا کرے گا۔ **خدا کی خدائی میں کسے دخل**۔ خدا جو چاہے کرے۔ **خدا کی چوری نہیں تو بندے (کا کیا ڈر ہے) کی کیا چوری**۔ کوئی بیہودہ کام کرنے پر ڈھٹائی سے کہتے ہیں۔ **خدا کے غضب سے ڈرتے رہیئے**۔ خدا کا ہر وقت خوف رکھنا چاہیئے۔ اسے کہتے ہیں جو کوئی بُرا کام کرنے لگے۔ **خدا کے گھر میں سب کچھ**۔ خدا کے لئے ہر بات ممکن ہے۔ **خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں**۔ ظالم کو خدا ایسی سزا دیتا ہے جس کا اسے خیال بھی نہیں ہوتا۔ **خدا کے ہاں سے جواب ہو چکا اپنی خوشی جیتے ہیں**۔ ناامیدی کی حالت میں زندگی بسر کرنا۔ **خدا کے ہزار ہاتھ ہیں**۔ خدا بڑا سخی اور زبردست ہے۔ خدا کے دینے کے بے انتہا طریقے ہیں۔ **خدا گنجے کو ناخن نہ دے**۔ خدا کمینے کو اختیار نہ دے۔ **خدا لڑتی رات کرے بچھڑتی رات نہ کرے**۔ **خدا لڑنے کی رات دے بچھڑنے کی نہ دے**۔ جدائی ہونے سے ہر وقت لڑتے رہنا بہتر ہے۔ **خدا لگتی کوئی (نہ کہے) نہیں کہتا۔ منہ لگتی سب (کہیں) کہتے ہیں**۔ سچی بات لوگ نہیں کہتے خوشامد کی بات کہتے ہیں یا واقف کے حق میں بات کہتے ہیں چاہے جھوٹی ہی ہو۔ **خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے**۔ خدا ہر مصیبت سے بچائے۔ **خدا مہربان تو جگ (کل) مہربان**۔ خدا کی مہربانی ہو تو سب دوست بن جاتے ہیں۔ **خدامے بیند ومے پوشد۔ ہمسایہ نمے بیند ومے خروشد**۔ خدا ہمارے افعال بد کو دیکھتا ہے اور چھپاتا ہے۔ ہمسایہ نہیں دیکھتا اور غل مچاتا ہے۔ **خدامے دہاند خدامے دہد**۔ خدا دلواتا ہے اور خدا ہی دیتا ہے۔ **خدا نے تو جواب دیدیا مگر بیحیائی سے جیتے ہیں**۔ اگر کوئی بُرا آدمی باوجود بیماریوں اور مصیبتوں کے جیتا رہے تو کہتے ہیں۔ **خدا واسطے بلّی بھی چوہا نہیں مارتی**۔ انسان جو کام کرتا ہے اپنے نفع کے واسطے کرتا ہے۔ **خدا اک طرف جورو کا بھائی اک طرف**۔ زن مرید کے متعلق کہتے ہیں۔ عموماً ساری کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **خدائی خوار گدھے اسوار**۔ خراب خستہ حال و پریشان۔ **خدائے کہ دنداں دہد ناں دہد**۔ جو خدا دانت دیتا ہے وہی روٹی بھی دیتا ہے۔

خَدّاع (ع۔ مذکر) ۱ دھوکے باز۔ دغا باز آدمی ۲ بدلنے والا ۳ نقص والا ۴ جو رائج نہ ہوا (سکہ) (خَدَعْ۔ دھوکا دینا)

خَداع (ع۔ صفت) دغاباز۔ دھوکے باز۔ مکار۔

خُدّام (ع۔ مذکر) خادم کی جمع۔ نوکر۔ ملازم۔

خَدائِع (ع۔ مونث) جمع خدیعت کی۔ دھوکے۔ دغابازیاں۔

خَدَب (ع۔ مذکر) تلوار کی ضرب لگانا ۲ کھال اور گوشت کو کاٹنا ۳ کاٹنا ۴ دھوکا دینا۔

خُدُود (ع۔ مونث) اُخدُود کی جمع ہل کی لکیریں۔ نالیاں۔

خَدَر (ع۔ مذکر) ۱ عضو کا سوجانا ۲ غشی ۳ آنکھ کی کمزوری یا بھاری پن جو کسی چیز کے آنکھ میں پڑ جانے سے ہو ۴ سستی ۵ رات کا اندھیرا ۶ بارش۔

خِدر (ع۔ مذکر) ۱ نقاب ۲ شیر کے رہنے کی جگہ۔

خُدرَت (ع۔ مونث) ۱ سخت اندھیرا ۲ سیاہ بادل ۳ عقاب۔

خَدَرنَق (ع۔ مذکر) ۱ بڑا مکڑا ۲ آلہ تناسل

خَدش (ع۔ مذکر) کھجلانا۔ ناخن مارنا۔

خَدِش (ع۔ مذکر) ڈر۔ خوف

خَدشَہ (ع۔ مذکر) ۱ فکر۔ اندیشہ۔ ڈر۔ کھٹکا ۲ دل کی تکلیف (خَدش۔ ضرر پہنچانا)

خَدِع (ع۔ مذکر) ۱ دھوکا دینا ۲ کسی بل یا کھوٹ میں داخل ہونا ۳ نہ دینا ۴ کنجوس ہونا ۵ بازار مندا ہونا ۶ منہ میں تھوک خشک ہو جانا ۷ بہت کم ہونا۔

خُدعت۔ خدعہ (ع مونث) دھوکہ۔ دغا۔ فریب

خَدَف (ع۔ مذکر) ۱ کپڑا پھٹنا ۲ تیز چلنا چھوٹے چھوٹے قدموں سے ۳ عیش وعشرت سے زندگی گذارنا ۴ برف پڑنا ۵ پتوار۔

خِدَف (ع۔ مذکر) خدفت کی جمع۔ قمیض میں چاک۔

خُذَل (ع۔ مذکر) بازوؤں اور ٹانگوں کی فربہی

خِدمات (ع۔ مونث) خدمت کی جمع۔

خِدمَت (ع۔ مونث) ۱ نوکری۔ ٹہل۔ ملازمت۔ چاکری ۲ کام۔ کاز۔ کار لازمی۔ کار متعلقہ۔ فرض ۳ عہدہ۔ منصب ۴ روبرو۔ سامنے۔ پاس۔ درگاہ ۵ استعمال فائدہ (قدم۔ نوکری کرنا) **خدمت رسیدہ** (صفت) وہ جو نوکری کے قابل نہ ہو۔ پرانا۔ **خدمت کرنا** (متعدی) ۱ نوکری بجالانا۔ ٹہل کرنی ۲ مارنا۔ پیٹنا۔ گت بنانا۔ **خدمتگار** (مذکر) نوکر۔ ملازم۔ خادم۔ **خدمتگاری** (مونث) نوکری۔ ملازمت۔ خدمت۔ **خدمت گزار** (صفت) خدمت ادا کرنے والا۔ کارگزار۔ ملازم **خدمت گزاری** (مونث) ٹہل۔ خدمت۔ نوکری (کرنا ہونا کے ساتھ) **خدمت لینا** (لازم) کام لینا۔ ٹہل کرانا۔ **خدمت منصبی** (مونث) کار منصبی۔ وہ کام جو عہدے کی وجہ سے کرنا پڑے۔ **خدمت میں جانا یا حاضر ہونا** (لازم) کسی بزرگ یا بڑے کے پاس جانا۔ **خدمتی** (صفت) ۱ خدمت کرنے والا۔ ٹہل کرنے والا ۲ کارکن۔ کارپرداز ۳ (مذکر) ملازم۔ نوکر۔ مسجد کا ملازم ۴ تحفہ۔ نذرانہ جو کسی بڑے آدمی کو دیا جائے۔

مقولہ۔ خدمت سے عظمت ہے۔ مالک کی خدمت کرنے سے بڑائی حاصل ہوتی ہے۔ ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد۔

خِدان (ع۔ مذکر) ۱ دوست ۲ معشوق۔

خَدَنگ (ف۔ مذکر) تیر۔ بان ۲ ایک درخت جس کے تیر بنتے ہیں۔ چنار ۳ جنگلی چوہا یا کیکڑا۔

خُدُود (ع۔ مذکر) خد کی جمع گال

خَدِیج (ع۔ مذکر) اونٹ کسی جانور کا اسقاط حمل

خَدِیعَت (ع۔ مونث) ۱ دھوکا دغا۔ فریب ۲ ایک قسم کی خوراک۔

خَذ (ع۔ مذکر) مسکین ہونا۔

خُذ (ع۔ امر) پکڑ۔

مقولہ۔ خذ حرفاً و اقل الفاً تھوڑا سبق لے اور خوب یاد کر۔ **خذ ما صفا و دع ما کدر۔** پکڑ وہ شے جو صاف ہو اور چھوڑ جو مکدر ہو۔ اچھی بات اختیار کرو بری چھوڑ دو۔

خُذرُوف (ع۔ مذکر) کوئی چیز جو دھاگے کے سرے میں باندھی جائے جو لڑکے سر کے گرد زور سے پھراتے ہیں ۲ بجلی کا چمکنا ۳ گوندھی ہوئی مٹی جس سے بچے کھیلتے ہیں ۴ مٹی کے کھلونے جو بچے بناتے ہیں ۵ اونٹوں کا گلہ ۶ اونٹ جو گلے سے الگ ہوگیا ہو ۷ (صفت) ہشیار۔ تیز۔

خَذع (ع۔ مذکر) کاٹنا۔ قیمہ کرنا

خَذف (ع۔ مذکر) پتھر یا کھجور کی گٹھلی پھینکنا۔

خَذق (ع۔ مذکر) ۱ کسانا۔ ابھارنا ۲ بیٹ کرنا ۳ لید کرنا۔

خَذل (ع۔ مذکر) ۱ مدد نہ دینا۔ ساتھ چھوڑ دینا ۲ ناامید کرنا

خُذَلَت (ع۔ مذکر) دوستوں کا ساتھ چھوڑنے والا۔

خَذم (ع۔ مذکر) عقاب کا پنجہ مارنا ۲ کاٹا جانا ۳ پگھلانا۔

خَذَم (ع۔ مذکر) تیز بُرندہ۔

خَذِم (ع۔ مذکر) ۱ فیاض آدمی ۲ تیز تلوار۔

خَر (ف۔ مذکر) ۱ گدھا ۲ بیوقوف آدمی ۳ سیاہ مٹی ۴ تلچھٹ ۵ ستار کی گھوڑی ۶ (صفت) سب سے بڑا۔ سب سے عام۔ سب سے بدشکل۔ سب سے خراب **خراس** (مذکر) بڑی چکی جسے بیل یا اونٹ چلاتے ہیں۔ **خراسی** (مذکر) خراس کا مالک۔ خراس چلانے والا۔ **خرِ بے تشدید** (صفت) سخت بیوقوف۔ **خرِ بیدم** (صفت) بیوقوف احمق۔ **خرچنگ** (مذکر) کیکڑا۔ سرطان۔ **خرخاوند** (مذکر) مالک۔ آقا (حقارت سے) **خرِ دجال** (مذکر) دجال کا گدھا مشہور ہے کہ دجال گدھے پر سوار ہو کر آئیگا۔ **خرِ دشتی** (مذکر) جنگلی گدھا۔ **خر دماغ** (صفت) ۱ ضدی۔ ہٹیلا ۲ مغرور۔ متکبر۔ **خر دماغی** (مونث) ۱ ضد۔ ہٹ ۲ غرور (کرنا ہونا کے ساتھ) **خرزہرہ** (مذکر) ۱ ایک زہریلا پودہ یا میوہ ۲ کنیر۔ **خرسنگ** (مذکر) ۱ بہت بڑا پتھر۔ چٹان ۲ روک۔ سدراہ ۳ رقیب۔ حریف۔ **خرعتّابی** (مذکر) گدھا جس پر عتاب جو ایک قسم کے ریشمی کپڑے کا موجد تھا۔ سوار ہو کر کپڑا بیچنے جایا کرتا تھا۔ **خرِ عیسےٰ** (مذکر) وہ گدھا جس پر حضرت عیسےٰ سوار ہوا کرتے تھے۔ **خرکس** (صفت) ۱ کھوائی بکی ۲ احمق۔ بیوقوف۔ **خرگاہ** (مذکر) ۱ بہت بڑا خیمہ۔ خیمہ شاہی ۲ بہت بڑا مکان۔ محل **خرگوش** (مذکر) ایک چھوٹے قد کا بلی کے برابر چارپایہ جس کے کان بہت لمبے ہوتے ہیں۔ **خرگوش کی طرح جھاڑیوں میں مار لینا** (متعدی) نہایت آسانی سے حاصل کر لینا۔ **خرمست** (صفت) **خرمستا** ۱ نشہ جوانی سے مست ۲ بیوقوف۔ احمق۔ شہوت پرست ۳ ضدی۔ **خرمستی** (مونث) بدمستی۔ نفس پرستی۔ شہوت پرستی۔ **خرمستی لگنا** (لازم) خواہش نفسانی کا زور ہونا۔ مغرور ہونا۔ **خرمہرہ** (مذکر) ۱ کوڑی **خرنفسہ** (صفت) ۱ بڑے آلۂ تناسل والا ۲ شہوت پرست۔ **خروار** (مذکر) گدھے کا بوجھ۔ **خرّیت** (مونث) گدھاپن۔ بدتمیزی۔

اقوال و امثال۔ خرار

جُلِّ اطلس بپوشد خراست۔ ظاہری زیبائش سے ذاتی عیب نہیں چھپ سکتا۔ **خرآں را کسے در عروسی نخواند۔ لیکن دم کاب و ہیزم نخواند۔** گدھوں کو کوئی شادی میں نہیں بلاتا۔ مگر اس وقت جب پانی اور ایندھن نہیں رہتا۔ **خر بار بہ از شیر مردم در۔** بوجھ لے جانے والا گدھا آدمیوں کو پھاڑ کھانے والے شیر سے بہتر ہے۔ حقیر اور ادنیٰ آدمی ظالم سے بہتر ہے۔ **خر چہ داند بہائے قند و نبات۔** گدھا قند اور مصری کی قیمت کیا جانے۔ **خر خوش نہ خاوند خوش۔** کوئی خوش نہیں

خرعیسے اگر بہ مکہ رود چوں بیاید ہنوز خر باشد۔ نالائق نااہل کی اصلاح نہیں ہو سکتی چاہے کسی اچھی صحبت میں رہے۔ خرعیسے باسماں نہ رود ۱۔ کمینہ آدمی اچھے آدمیوں کی صحبت سے بھی اس قابل نہیں ہوتا کہ کسی اونچے درجے پر پہنچ جائے ۲۔ اگر کسی اچھے آدمی سے کچھ تعلق ہو مگر اس میں ذاتی خوبیاں نہ ہوں تو وہ اس تعلق کی بنا پر اچھے رتبے پر نہیں پہنچ سکتا۔ خرقیمت زعفران چہ داند۔ کسی چیز کی قدر نہیں جان سکتا جو اس کی خوبیوں سے واقف نہ ہو۔

خر (ف۔ مذکر) خورشید۔

خُرا (ع۔ مذکر) لید پاخانہ

خَراب (ع۔ صفت) ۱۔ نکما ۲۔ ویران۔ برباد۔ تباہ ۳۔ ضائع۔ ۴۔ [illegible] آوارہ۔ پریشان ۵۔ ذلیل۔ رسوا ۶۔ بدنصیب ۷۔ بدچلن۔ برا ۸۔ پلید۔ نجس (خرب۔ برباد ہونا) خراب آباد (مذکر) تباہی کی جگہ۔ دنیا خراب آبادی (مونث) تباہی۔ بربادی خرابات (صفت) ۱۔ شراب خانہ ۲۔ قمار خانہ ۳۔ چھلے کوٹھی ۴۔ بت خانہ۔ خراباتی (مذکر) وہ جو خرابات میں جائے۔ شرابی۔ قمار باز۔ زانی۔ بت پرست۔ خراب باطن (صفت) بد باطن۔ شریر۔ خراب پھرنا (لازم) سرگشتہ و پریشان پھرنا۔ خراب جانا (لازم) اچھا نہ رہنا۔ تباہ ہونا۔ خراب حال یا خستہ (صفت) ۱۔ پریشان۔ برے حال ۲۔ آوارہ۔ سرگرداں۔ خراب رہنا (لازم) پریشان و بدنام رہنا۔ خراب کرکے کہنا (لازم) غلط نام لینا۔ خراب کرنا (متعدی) ۱۔ بگاڑنا۔ برباد کرنا ۲۔ پریشان کرنا ۳۔ زنا کرنا ۴۔ ناپاک گندا یا غلیظ کرنا ۵۔ اڑا دینا۔ ضائع کرنا ۶۔ بری عادتیں سکھانا۔ بدچلن بنانا ۷۔ عیاش یا رنڈی باز بنانا ۸۔ دق کرنا۔ حیران کرنا۔ خراب گرد (صفت) آوارہ۔ خرابہ (صفت) ۱۔ خراب ۲۔ (مذکر) اجاڑ مکان ویران۔ کھنڈر ۳۔ ناقابل کاشت زمین۔ خراب ہوتا پھرنا (لازم) واہی تباہی پھرنا۔ کوچہ گردی کرنا۔ خراب ہونا (لازم) خراب کرنا کا۔ خرابی (مونث) ۱۔ تباہی۔ بربادی ۲۔ برائی۔ بدی ۳۔ بگاڑ ۴۔ دقت مشکل ۵۔ عیاشی ۶۔ نقص۔ قصور ۷۔ تکلیف۔ مصیبت۔ خرابی دیکھنا (متعدی) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ خرابی کا دھاڑا (مذکر) خرابی کا سامان۔ خرابی کے لچھن۔ خرابی میں پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) آفت میں پھنسانا۔ مصیبت میں ڈالنا۔

مثل۔ خراب خستہ اناج سستا۔ نہایت تباہ اور غریب آدمی۔

خراتین (ف۔ مذکر) کینچوا۔

خرّاٹا (ہ۔ مذکر) خرخر کی آواز جو سوتے وقت بلغمی مزاج آدمیوں کے حلق سے نکلتی ہے (آواز سے بنایا گیا ہے) خراٹا بھرنا یا مارنا (متعدی) سوتے میں خرخر کی آواز نکالنا۔ دست خراٹے لینا (لازم) ۱۔ سوتے میں خرخر کرنا ۲۔ بے خبر سونا۔

خَراج (ع۔ مذکر) بالکسر غلط ہے ۱۔ محصول۔ مالگزاری ۲۔ وہ روپیہ جو ایک کمزور بادشاہ زبردست کو دے۔ باج۔ نعلبندی۔ (دینا لینا کے ساتھ) (خرج نکلنا) خراج تحصیل کرنے والا (مذکر) محصول لینے والا تحصیلدار۔ خراج زمین (مذکر) مالگزاری مالیانہ۔ خراج گزار (مذکر) ۱۔ وہ جو خراج زمین ادا کرے ۲۔ ماتحت بادشاہ۔ خراج گزاری (مونث) خراج دینا۔ باج گزاری خراج لگانا (متعدی) محصول مقرر کرنا۔ باج لینا۔ خراجی (صفت) قابل محصول۔ وہ جس پر لگان دیا جائے۔ باج گزار سلطانی۔

خَرّاج (ف۔ صفت) بہت خرچ کرنیوالا (مسرف)

خَراد (ف۔ مذکر) ۱۔ آلہ جس سے لکڑی کو گول یا صاف کرتے ہیں ۲۔ وہ مشین جس سے دھات کو گول یا صاف کرتے ہیں ۳۔ ایک بادشاہ کا نام جو فراست اور دانائی کے لئے مشہور تھا ۴۔ ایران کے ایک پہلوان کا نام ۵۔ (صفت) تیز۔ شوخ (اصل خَرّاد) خراد اتارنا (متعدی) خراد (پر) اترنا (لازم) چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) لکڑی کا صاف ہونے کے لئے خراد میں لگایا جانا ۲۔ تعلیم پاکر شائستہ ہونا۔ درست ہونا۔ سنورنا ۳۔ تجربہ کار ہونا ۴۔ درست ہونا آراستہ ہونا خرادنا (متعدی) خراد پر چڑھا کر درست کرنا۔ خرادی (مذکر) ۱۔ کاریگر جو لکڑی کو صاف کرتا ہے۔

مثل۔ خرادی (کا کاٹھ) کی گانٹھ کاٹے ہی کٹے۔ ہر کام کرنے سے ہوتا ہے۔

خرارہ (ف۔ مذکر) ہچکی سسکی ۲۔ آبشار کی آواز۔

خُرّاز (ع۔ مذکر) موچی

خَرّاز (ف۔ مذکر) موچی۔

خِرازت (ع۔ مونث) [illegible] سے سینا۔

خَراس (ف۔ مذکر) کمہار۔

خَراش (ف۔ مونث و مذکر) ۱۔ رگڑ۔ چھیلن۔ کھونچ ۲۔ کھجلی ۳۔ ناخن کا نشان۔ کانٹوں کا نشان۔

خَرّاص (ع۔ صفت) جھوٹا۔

خَرّاط (ع۔ مذکر) خرادی دیکھو خراد و محاورات

خِراطت (ع۔ صفت) خرادی کا کام۔

خَراطی (ع۔ مونث) خراط کا پیشہ۔

خَراطیم (ع۔ مذکر) خرطوم کی جمع۔

خَراطین (ع۔ مذکر) ف خراتین کا معرب۔ کینچوے۔

خَراع (ع۔ مذکر) اونٹ کی مستی۔

خُراف (ع۔ مذکر) فصل کا موقع۔

خُرافات (ع۔ مذکر) جمع خرافت کی۔ بیہودہ باتیں۔ یاوہ گوئی (بکنا

کے ساتھ۔

خُرافَت (ع۔ مذکر) ایک شخص کا نام جس پر پریوں کا سایہ تھا۔ وہ عجیب عجیب باتیں سنایا کرتا تھا۔ اسلئے اس لفظ کے معنی قصہ۔ کہانی۔ جھوٹی بات ہوگئے۔

خِرام (ف۔ مذکر) نخرے غرور یا خود نمائی کی چال۔ رفتار ناز۔ **خراماں** (صفت) ناز کی چال چلنے والا یا چلتا ہوا۔ مٹک کر چلنے والا یا چلتا ہوا۔ ٹہلنے والا یا ٹہلتا ہوا۔ **خراماں خراماں** (صفت) آہستہ آہستہ چلتے ہوئے۔ ناز و نخرے سے چلتے ہوئے۔ ٹہلتے ہوئے۔ **خرام ناز** (مذکر) نخرے کی چال۔

خُرانٹ (ہ صفت) ۱بوڑھا۔ پیر ۲تجربہ کار

خَرائِد (ع۔ مونث) خریدت کی جمع ۱ پاکدامن عورتیں۔ دوشیزہ لڑکیاں ۲ ناسفتہ موتی۔

خَرائِف (ع۔ مونث) خریف کی جمع۔ کھجور یں جن کا پھل گرانے پر دیا جاتا ہے۔

خَرب (ع۔ مذکر) شاہ پن۔ طور۔

خربان (مذکر) خرب کی جمع۔

خربُزہ۔ خربُوزہ۔ خرپُزہ (ف۔ مذکر) کدو کے برابر ایک پھل جو خوشبودار اور اکثر میٹھا ہوتا ہے۔ اور ایک بیل میں لگتا ہے (اتارنا اترنا۔ لگنا کیساتھ) **خربوزی** (صفت) خربوزے کے رنگ کا

امثال واقوال۔ خربوزہ بجور ترا با فالیز چہ کار۔ تو اپنے مطلب سے کام رکھ تجھے فضول باتوں سے کیا تعلق۔ **خربزہ شیر نصیب شغال۔** اچھی چیز کسی کمینے کے ہاتھ لگ جائے تو کہتے ہیں **خربوزہ چاہے دھوپ کو اور آم کو چاہے مینہ ناری چاہے زور کو اور بالک چاہے رنیہ۔** خربوزہ دھوپ میں جلد پکتا ہے اور میٹھا ہوتا ہے۔ آم بارش کے بعد بہت مفید ہوتا ہے۔ اس سے پہلے گرمی کرتا ہے۔ عورت طاقتور مرد کو پسند کرتی ہے اور بچہ محبت و پیار کو۔ **خربوزہ چھری پر گرے تو خربوزے کا ضرر چھری خربوزے پر گرے تو خربوزے کا ضرر۔** کمزور کا ہر طرح نقصان ہے۔ **خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔** آدمی جیسی صحبت میں بیٹھے ویسا ہو جاتا ہے۔ کہتے ہیں کہ اگر ایک خربوزہ کھیت میں پک جائے تو اس کی خوشبو سے دوسرے بھی پک جاتے ہیں۔

خَرنِق (ع۔ مذکر) ایک درخت۔

خُرجی (ع۔ مونث) ۱تھیلا۔ جھولا۔ بیگ۔ زنبیل ۲ وہ دوہرا تھیلا جو ٹٹو کی پیٹھ پر اسباب کے لئے ڈالتے ہیں (عربی میں خرج ہے)

خَرچ (ف۔ مذکر) ۱صرف۔ مصارف ۲ روپیہ۔ زر۔ صرف کرنے کی چیز (ع خَرَج۔ نکلنا)۔ **خرچ آپڑنا** (لازم) دفعتہً کوئی کام ہو جانا جس میں خرچ ہو۔ **خرچ اٹھانا** (متعدی) **اُٹھنا** (لازم) صرف ہونا۔ صرفہ برداشت ہونا **خرچ اخراجات** (مذکر) روپیہ جو خرچ کیا جائے۔ مصروفات۔ **خرچ اکھڑنا** (متعدی) خرچ بُرا معلوم ہونا۔ ہنا۔ مسلسل خرچ ہونا **خرچ بالائی** (مذکر) متفرق خرچ۔ معمولی خرچ کے علاوہ خرچ۔ وہ خرچ جو معمول سے زیادہ ہو۔ **خرچ بردار** (مذکر) وہ ملازم جو خرچ اٹھائے مہتمم اخراجات۔ **خرچ پات** (مذکر) پانوں کا خرچ۔ **خرچ پر خرچ رہنا** (لازم) بہت خرچ۔ **خرچ پڑنا** (متعدی) خرچ ہونا **خرچ چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) ۱خرچ برداشت ہونا ۲ گزر ہونا۔ **خرچ خانہ داری** (مذکر) گھر کا خرچ۔ **خرچ خیرات** (مذکر) وہ مصارف جو خیرات کے طور پر کئے جائیں **خرچ خیمہ** (مذکر) وہ خرچ جو خیموں پر یا ان کی باربرداری پر ہو۔ **خرچ دینا** (متعدی) ۱مزدوری دینا۔ روپیہ تقسیم کرنا ۲ خرچ کے لئے روپیہ دینا۔ **خرچ روزمرہ** (مذکر) روزانہ خرچ۔ **خرچ کرنا** (متعدی) صرف کرنا۔ اٹھانا۔ **خرچ متفرقات** (مذکر) خرچ کنٹنجنٹ۔ خرچ جو تخمینے میں نہ آیا ہو۔ **خرچ میں ڈالنا** (متعدی) کسی رقم کو مصارف میں درج کرنا۔ **خرچنا** (متعدی) صرف کرنا۔ اٹھانا۔ **خرچو** (ھ) بہت خرچ کرنے والا۔ **خرچ ہونا** (لازم) صرف ہونا۔ اٹھنا۔ **خرچہ** (مذکر) مقدمہ کا خرچ یا لاگت (پانا۔ دینا۔ لینا۔ ملنا۔ وصول کرنا یا ہونا کے ساتھ) **خرچہ قابل وصول یا یافتنی** (مذکر) وہ مقدمہ کا خرچ جو قانونی طور پر مل سکے۔ **خرچ نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) کسی چیز کی فروخت سے اس کا خرچ پورا ہونا۔ **خرچی** (صفت) ۱خرچ کرنے والا۔ **خرچ** ۲ (مونث) زنا کی اجرت (دلانا لینا وغیرہ کے ساتھ) **خرچی جانا** (متعدی) زنا کے لئے خرچی لیکر مرد کے پاس جانا۔ زنا کا پیشہ کرنا۔ **خرچی چکانا** (متعدی) زن فاحشہ سے اجرت مقرر کرنا۔

امثال واقوال۔ خرچ سے سمندر خالی ہو جاتا ہے۔ دولت کتنی ہی ہو خرچ کرنے سے ختم ہو جاتی ہے۔ **خرچ گھنا اور پیدا تھوڑی کس پر باندھوں گھوڑا گھوڑی۔** آمدنی کم ہے اور خرچ زیادہ ہے کیا کروں جب کوئی نیا خرچ برداشت کرنے کیلئے کہے تو کہتے ہیں۔

خَرخَر (ع۔ مونث) خراٹے کی آواز۔ **خرخرانا۔ خرخر کرنا** (متعدی) (زور سے) خراٹے لینا۔

خُرخُر (ع۔ مونث) ۱بلی کی آواز ۲ ریچھ کی آواز۔

خَرخَرا (ہ۔ مذکر) ۱خرخرہ ۱ ایک قسم کی کھانسی جس سے بچے مرجاتے ہیں ۲ ایک آلہ لوہے کا جس سے گھوڑے کو صاف کرتے ہیں (کرنا ہونا کیساتھ) **خرخرے کا ازار** (مذکر) دیکھو خرخرا ۱۔

خَرخَشہ (ف۔ مذکر) ۱جھگڑا۔ بکھیڑا۔ اندیشہ ۲ انبوہ۔ ہجوم ۳ فضول بحث ۴ لڑائی ۵ مقدمہ ۶ عذر۔ حجت۔ دلیل ۷ پریشانی۔ خلجان خاطر (مٹانا۔ مٹنا کیساتھ)

خِرد (ف۔ مونث) عقل۔ شعور۔ دانائی۔ دانش۔ سمجھ۔ **خردمند** (صفت) دانشمند۔ عقلمند۔ دانا۔ **خردمندانہ** (صفت) عقل کا۔ عاقلانہ۔ **خردمندی** (مونث) دیکھو خرد۔ **خردور** (صفت) دیکھو خردمند۔ **خردوری**

(مونث) خرد۔

مقولہ۔ خردمند باشد طلبگار علم۔ عقلمند آدمی علم حاصل کرتا ہے۔

خُرد (ف۔ صفت) ۱ چھوٹا۔ ننھا۔ ذرا سا۔ خورد ۲ کم عمر۔ کم جثہ۔ کم قدر۔ **خرد بیں** (مونث) وہ آلہ جو چھوٹی چیز کو بڑا دکھاتا ہے۔ **خرد خام** (صفت) ٹکڑے ٹکڑے۔ کٹا ہوا۔ **خرد سال** (صفت) کم عمر۔ **خرد سالی** (مونث) کم سنی۔ لڑکپن۔ بچپن۔ **خرد محل** (مذکر) امیر آدمیوں کا وہ مکان جہاں لونڈیاں رہتی ہوں۔ **خرد نوکا** (مذکر) ایک قسم کا کبوتر جس کی چونچ چھوٹی ہوتی ہے۔ **خردی** (مونث) چھوٹی ہونا۔ بزرگی کا متضاد۔

خُرداد (ف۔ مذکر) پارسیوں کا تیسرا مہینہ جو اساڑھ کے مقابل ہے۔

خَرَدَق (ع۔ مذکر) شوربا۔ پسی۔

خُردہ (ف۔ مذکر) ۱ کوئی چھوٹی چیز۔ تھوڑی سی مقدار ۲ ٹکڑہ۔ ریزہ۔ پارچہ ۳ حصہ۔ کسر ۴ ذرہ۔ دھبہ ۵ جھڑن۔ چورہ چھیلن ۶ ریزگاری۔ خردہ۔ بڑے سکے کے حصے ۷ بساطی کی چیزیں ۸ بیع۔ فروخت ۹ چھوٹا سا نقص۔ عیب ۱۰ ژند کے ایک باب کا نام ۱۱ پاژند ۱۲ گھوڑے کے پاؤں کا وہ حصہ جس پر رسی بندھتی ہے۔ **خردہ بیچنا** (متعدی) پھٹکل تھوڑا بیچنا۔ **خردہ بیں** (صفت) نکتہ چیں۔ عیب جو۔ **خردہ بینی** (مونث) عیب جوئی۔ نکتہ چینی۔ **خردہ پکڑنا** (متعدی) چھوٹے چھوٹے نقائص نکالنا۔ عیب جوئی کرنا۔ **خردہ فروش** (مذکر) بساطی۔ پھٹکل بیچنے والا۔ پھیری والا۔ تھوک فروش کا متضاد۔ **خردہ فروشی** (مونث) بساطی کا کام۔ پھٹکل بیچنا۔ **خردہ کرنا** (متعدی) ۱ روپیہ بھنانا یا تڑوانا۔ ریزگاری لینا ۲ بیچنا۔ فروخت کرنا۔ **خردہ گیر** (صفت) عیب جو۔ **خردہ گیری** (مونث) عیب جوئی (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **خردہ مردہ** (صفت) ۱ ٹکڑے ٹکڑے ۲ گڈ مڈ۔ اوپر تلے۔ **خردیلہ** **خردیہ** (مذکر) مرادف۔ جو ریزگاری بیچے۔

خَرَز (ع۔ مذکر) چمڑے کو سینا۔

خَرَز (ع۔ مذکر) چھوٹے گھونگھے۔ موتی۔ شیشے کے دانے جو نظر لگنے سے بچنے کے لئے گلے میں پہناتے ہیں۔

خَرَس (ع۔ مذکر) شراب کا برتن۔ خم شراب۔

خَرَس (ع۔ مذکر) ۱ گونگا ہونا ۲ گونگاپن۔

خِرس (ف۔ مذکر) ۱ ریچھ ۲ ناتراشیدہ شخص۔ **خرس بازی** (مونث) اچھل کود۔ ہڑدنگی۔ **خرس بان** (صفت) ریچھ والا۔ **خرسک** (مذکر) ۱ چھوٹا ریچھ ۲ ایک کھیل جس میں ایک لڑکا ریچھ بنتا ہے اور دوسرے اسے کنکر مارتے ہیں۔ وہ لاتیں مارتا ہے ۳ لحاف۔ **خرس مادہ** (مونث) مادہ ریچھ۔

مثل۔ خرس در کوہ بوعلی سیناست۔ پہاڑ میں ریچھ بوعلی سینا ہے۔

خُرس (ع۔ مذکر) ۱ گوشت جو بچے کے پیدا ہونے پر پکایا جائے ۲ اخرس کی جمع۔ گونگے لوگ۔

خُرسند (ف۔ صفت) خوش۔ شادماں۔ خرم۔ آنند۔ سکھی۔ **خُرسندی** (مونث) خوشی۔

خَرَش (ع۔ مذکر) ۱ کھجلانا ۲ اپنے بال بچوں کے لئے کمانا ۳ کمائی کی صورت پیدا کرنا۔

خُرشید۔ خرشید (ف۔ مذکر) سورج۔ آفتاب۔ مہر۔ **خرشید پیکر۔ چہرہ۔ رخ۔ رو۔ سیما۔ طلعت۔ عذار یا لقا** (صفت) معشوق۔ **خرشید لب بام** (صفت) مرنے کے قریب۔ آخری عمر۔

خَرص (ع۔ مذکر) ۱ کھجور کے درخت کا پھل یا فصل کا دیکھ کر تخمینہ لگانا ۲ قیاس ۳ جھوٹ۔

خِرص (ع۔ مذکر) ۱ کھیت کی پیداوار جس کا تخمینہ کیا جائے ۲ چھوٹا نیزہ ۳ ٹوکری ۴ تھیلی۔

خُرص (ع۔ مذکر) ۱ سونے اور چاندی کا سکہ ۲ کھجور کی شاخ جس پر پتے نہ ہوں ۳ لکڑی کا ٹکڑا جو بوتل کے منہ میں دیں۔

خَرط (ع۔ مذکر) ۱ خراد پر صاف کرنا ۲ ہاتھ پھیر کر شاخ کے پتے یا گچھے سے انگور اتارنا ۳ کسی چیز کو لمبا اور نوکدار بنانا ۴ جلاب لگانا دوائی کا۔

خُرطوم (ع۔ مونث) ۱ ہاتھی کی سونڈ۔

خَرع (ع۔ مذکر) کاٹنا۔ پھاڑنا۔

خَرَع (ع۔ مذکر) ۱ کمزور ہونا ۲ نرمی۔ سستی ۳ کھجور کی شاخ کا ٹوٹنا۔

خَرف (ع۔ مذکر) میوہ چننا۔

خَرَف (ع۔ مذکر) بڑھاپے کی وجہ سے سٹھیا جانا۔

خَرِف (ع۔ مذکر) بوڑھا پھوس۔

خَرَفت (ع۔ مونث) ۱ موسم خزاں کا میوہ ۲ خرفہ۔

خُرَفت (ع۔ مذکر) کہانی۔ مزیدار قصہ۔

خَرفَع (ع۔ مذکر) درخت عشر کا میوہ۔

خُرفہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ میوہ جو درختوں سے چنا جائے ۲ موسم خزاں کا میوہ ۳ ایک قسم کا ساگ۔

خَرق (ع۔ مذکر) ۱ کپڑا پھاڑنا ۲ جھوٹ بولنا ۳ صحرا میں سے گزرنا ۴ ریگستان ۵ دراڑ۔ گول سوراخ ۶ نیشاپور کے قریب ایک مقام۔ خُرق۔ پھاڑنا۔ **خرق عادت** (مذکر) ۱ قدرت کے برخلاف ۲ معجزہ۔ کرامت۔ **خرق والتیام** (مذکر) پھٹنا اور ملجانا۔

خِرقہ (ع۔ مذکر) گدڑی۔ پیوند لگا ہوا کپڑا ۲ فقیروں کی پوشاک (خرق۔ پھاڑنا)۔ **خرقہ بند** (مذکر) درویش۔ صوفی۔ **خرقہ پہننا** (لازم) سجادہ نشین یا خلیفہ ہونا۔

خَرک (ع۔ مذکر) جھگڑنا۔

خَرم (ع۔ مذکر) ۱ پھٹنا ۲ ناک کے پردے میں سوراخ کرنا ۳ کاٹنا ۴ کم ہونا ۵ ہٹ جانا ۶ پہاڑ کی چوٹی۔

خُرّم (ف۔ صفت) ۱ خوش۔ شاد۔ شادماں ۲ تروتازہ۔ سرسبز۔ شاداب ۳

ایرانیوں کے آٹھویں مہینے کا نام ۲ ہر مہینے کی آٹھویں تاریخ۔ **خرم آباد** (مذکر) سرسبز جگہ۔ خوشگوار جگہ۔ **خرم بہار** (ایران) ایک مقام کا نام۔ **خرم دل** (صفت) خوش دل۔ خوش شاد۔ **خرم روز** (مذکر) ۱ ہر ایرانی مہینے کا آٹھواں دن ۲ ایک تیوہار جو مہینہ دے کے آٹھویں روز ہوتا تھا۔ **خرم رو** (مذکر) خوش چہرہ۔ ہنستا ہُوا۔ مسکراتا ہُوا۔ **خرم فضا** (مذکر) آسمان۔ **خرمک** (مذکر) ایک محل کا نام جو نیشاپور میں تھا۔ **خرمگاہ** (مذکر) ۱ گھاس کا تختہ ۲ بڑا خیمہ۔ **خرم وخنداں** (صفت) خوش اور ہنستا ہُوا۔ **خرمی** (مونث) خوشی۔ شادمانی۔ آنند ۲ تازگی۔ **خرمیّہ** (مذکر) ایک فرقہ جو تناسخ کا قائل ہے۔

خرما (ف۔ مذکر) ۱ کھجور چھوہارا ۲ ایک قسم کی مٹھائی۔ بالوشاہی۔ **خرمادان** (مذکر) کھجوروں کا ذخیرہ۔ **خرماستان** (مذکر) کھجوروں کا جھنڈ۔

خِرمَن (ف۔ مذکر) ۱ بڑا ڈھیر ۲ فصل ۳ کھلیان۔ انبار ۴ چاند کا ہالہ ۵ روشنی جو آفتاب کے قریب دکھائی دیتی ہے ہسراچۂ شمس۔ **خرمن سوختہ** (صفت) دیوالیہ۔ **خرمن گاہ** (مذکر) پیڑ۔ میدان جس میں اناج کو بھوسے سے الگ کریں۔ **خرمن ہستی** (مذکر) زندگی۔ حیات۔ زیست۔ **خرمن ہستی پر بجلی گرانا** (متعدی) **گرنا** (لازم) ۱ قتل ہوجانا مرجانا ۲ عاشق ہونا۔ **خرمن ہستی (کو) جلانا** (متعدی) قتل کرنا۔

خِرنَدہ (ف۔ مذکر) خریدا۔

خُرُوج (ع۔ مذکر) ۱ نکلنا۔ برآمدگی نکاس ۲ حملہ۔ بغاوت۔ فتنہ ۳ باغی ہونا ۴ الف جو نظم میں وصل کے بعد آئے ۵ قیامت (خَرَجَ۔ نکلنا)۔ **خروج کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ بغاوت ہونا ۲ نکلنا۔

خَرُوج (ع۔ صفت) ۱ وہ جو بہت باہر نکلے ۲ اونٹ جو دوسروں سے الگ بیٹھے۔

خَرُور (ع۔ مذکر) ۱ گرنا ۲ سجدہ کرنا ۳ خرخر کرنا ۴ خراٹے لینا۔

خَرُوس (ف۔ مذکر) ۱ مرغ۔ مرغا ۲ شہوت پرست آدمی ۳ ناچ۔ **خروس بازی** (مونث) ۱ مرغوں کی لڑائی ۲ چالاکی۔ ہوشیاری ۳ چال۔ چھل۔ دم۔ **خروس بے محل یا بے ہنگام** (مذکر) بکواسی۔ فضول باتیں کرنے والا۔ **خروس عرش** (مذکر) ایک پرند جو صبح سے پہلے بولتا ہے۔ **خروس ہندی** (مذکر) ٹرکی۔ **خروسانِ طاؤس دم** (مذکر) شراب کے پیالے۔ **خروسہ** (مذکر) آلہ تناسل کا اگلا زائد گوشت۔

خَرُوش (ف۔ مذکر) ۱ زور کی آواز ۲ رونا چیخنا ۳ شور۔ غل۔ غوغا ۴ آہ بھرنا۔ **خروشاں** (صفت) شور مچانے والا۔ رونے والا۔ شور مچاتا ہوا۔ روتا ہُوا۔

خُرُوع (ع۔ مذکر) خرا کی جمع۔ پاخانہ۔

خَرُوع (ع۔ مونث) ۱ زانیہ ۲ نرم بدن کی عورت۔

خَرُوف (ع۔ مذکر) ۱ ریا ۲ ۶ مہینے سے ایک سال گھوڑی کا بچہ۔

خَرُود ق (ع۔ مذکر) تیز ٹھنڈی ہوا

خُرُوق (ع۔ مذکر) خرق کی جمع۔

خَرِیتج (ع۔ مذکر) ایک کھیل۔

خَرِیتج (ع۔ صفت) ۱ زائد۔ فالتو ۲ (مونث) ٹکڑے ۳ خردہ۔

خَرِید (ف۔ مونث) مول لینا خریداری ۲ (صفت) خریدہ جیسے زرخرید (س کری خریدنا) **خریدار** (مذکر) مول لینے والا۔ گاہک ۲ طلبگار۔ خواہاں۔ **خریدار کی نگاہ** (مذکر) قیمت کی بابت خریدار کا اندازہ۔ **خریداری** (مونث) مول لینا۔ **خرید خط** (مذکر) بیع نامہ۔ **خرید و فروخت**۔ مول لینا اور بیچنا۔ لین دین (کرنا ہونا کیساتھ) **خرید لینا**۔ **خریدنا** (متعدی) ۱ مول لینا۔ قیمت دیکر لینا ۲ ذمے لینا۔ **خرید نامہ** (مذکر) بیعنامہ۔ **خریدہ** (صفت) ۱ مول لیا ہُوا ۲ (مذکر) غلام زادہ ۳ نابالغ دوشیزہ ۴ حیادار عورت **خرید کا مول** (مذکر) قیمت جس پر کوئی چیز خریدی جائے۔

خَرِیدَت (ع۔ مونث) ناسفتہ موتی۔

خَرِیر (ع۔ مذکر) ۱ بہتے پانی کی ہلکی آواز ۲ ہوا کی آواز ۳ اڑتے ہوئے عقاب کی آواز ۴ خراٹے لینا ۵ دو پہاڑیوں کے درمیان راستہ۔

خَرِیطہ (ع۔ مذکر) ۱ تھیلی۔ کیسہ ۲ سرکاری حکم جو امراد روسا کے نام جاری کیا جائے ۳ سوئی دھاگا رکھنے کی تھیلی (خَرَطَ۔ اتارنا) **خریطی** (مونث) دیکھو خریطہ۔ ۱ و ۳۔

خَرِیف (ع۔ مونث) وہ فصل جو اساڑھ سے کاتک تک بوئی جاتی ہے جس میں جوار مکی باجرہ وغیرہ پیدا ہوتا ہے۔ ساونی۔ **خریفی** (صفت) خریف کے متعلق۔ ساونی۔

خَزّ (ع۔ مذکر) ۱ تیر سے چھیدنا ۲ دیوار پر کانٹے لگانا ۳ ریشم ۴ ریشم کا کپڑا ۵ اود بلاؤ کے نرم بال۔

خزادہ (ف۔ مذکر) خواجہ زادہ کا مخفف۔ صاحبزادہ۔ سردار۔

خَزاعَت (ع۔ مونث) ٹکڑا حصہ اقاش پھانک۔

خَزّاف (ع۔ مذکر) کمہار۔

خزامار (ع۔ مذکر) ایک پودہ جس سے حمل قرار پاتا ہے۔

خِزاں (ف۔ مذکر) ۱ پت جھڑ کا موسم۔ سخت سردی کا موسم۔ وہ موسم جس میں فصل خریف کاٹی جاتی ہے ۲ بڑھاپا پچھلی عمر ۳ بے رونقی۔ زوال (آنا ہونا کے ساتھ) **خزاں دیدہ یا رسیدہ** (صفت) بے رونق۔ پرانا۔ **خزاں کا عمل ہونا** (لازم) خزاں آنا۔ **خزانی** (صفت) خزاں سے منسوب۔

خزانچی (ف۔ مونث) خزانہ رکھنے والا۔ تحویلدار۔

خَزانہ (ع۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں روپیہ سونا چاندی وغیرہ جمع رہیں۔ گنج ۲ ذخیرہ۔ گودام۔ کھتا ۳ وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو۔ حوض تالاب۔ جھیل وغیرہ ۴ بندوق وغیرہ کی وہ جگہ جہاں بارود رہتی ہے۔ کوٹھی ۵ روپیہ مال و دولت (خُزَن۔ جمع کرنا۔ حفاظت کرنا) **خزانۂ حمام** (مذکر) حوض جس میں نہانے کے لئے پانی جمع رہے۔ **خزانہ دار** (مذکر) خزانچی۔ **خزانۂ دل** (مذکر) دل۔ خیالات کا خزانہ۔ **خزانۂ**

سلح (مذکر) سلح خانہ۔ وہ مکان جہاں ہتھیار رہیں۔ **خزانۂ عامرہ** (مذکر) ۱ بھرا ہُوا خزانہ ۲ شاہی خزانہ۔

خزائن (ع۔ مذکر) خزانہ کی جمع۔

خُزعبل (ع۔ مذکر) نئی اور عجیب کہانیاں۔

خُزعبیل (ع۔ مونث) معمولی فضول چیز۔

خُزعبلات (ع۔ مونث) مذاق ہنسانے والی کہانی۔

خُزعت (ع۔ مونث) ایک ٹانگ کا لنگڑا پن۔

خِزعت (ع۔ مذکر) گوشت کا ٹکڑا۔

خُزعت (ع۔ صفت) ۱ وہ جو کسی کو اچھے کام سے روکے ۲ وہ جو کام چھوڑ دے۔

خُزف (ع۔ مذکر) چلنے میں ہاتھ ہلانا۔

خَزَف (ع۔ مذکر) مٹی کے برتن۔

خَزق (ع۔ مذکر) ۱ تیر کا نشانے پر لگنا ۲ نیزے سے زخمی کرنا۔

خَزم (ع۔ مذکر) ۱ اونٹ کی ناک میں مہار کے لئے سوراخ کرنا ۲ ٹڈیوں کو بھوننا۔

خَزَم (ع۔ مذکر) ایک درخت جس کی چھال کی رسیاں بنتی ہیں۔

خَزن (ع۔ مذکر) ۱ جمع کرنا ۲ راز مخفی رکھنا۔

خَزَن (ع۔ مذکر) سڑا ہُوا گوشت۔

خَزَنت (ع۔ مونث) خازن کی جمع۔ خزانے۔

خَزو (ع۔ مذکر) ۱ آدمیوں کو قابو یا درست کرنا ۲ گھوڑوں کو سدھانا ۳ تابعدار بنانا

خِزی (ع۔ مذکر) ۱ کمینہ ہونا ۲ رسوا ہونا ۳ بے عزتی۔ شرم ۴ (صفت) بے عزت۔

خُزیز (ع۔ مذکر) کانٹے جو باڑ کے طور پر لگائے جاتے ہیں۔

خُزینہ (ع۔ مذکر) خزانہ۔ ذخیرہ۔

خَس (ع۔ مذکر) ۱ کمینہ۔ ورذیل کرد ینا۔ سلا

خَس (ف۔ مذکر) ۱ کوڑا کرکٹ پھوس۔ سوکھی گھاس ۲ ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں خوشبودار ہوتی ہیں اور اس کی ٹٹیاں وغیرہ بنتی ہیں ۳ پہاڑی آدمی ۴ ایک پہاڑی قوم جو ہند اور ترکستان کے درمیان آباد ہے ۵ کنجوس شخص۔ **خَس پوش** (صفت) وہ چیز جس کو سوکھی گھاس سے چھپا دیا جائے۔ **خَس و خار یا خاشاک** (مذکر) کوڑا کرکٹ۔ **خس کی ٹٹی** (مذکر) خس کی جڑوں کا بنا ہُوا چھپر جو گرمیوں میں دروازوں یا کھڑکیوں میں باندھ کر پانی ڈالتے ہیں تو اس کی وجہ سے کمرہ خنک اور خوشبودار رہتا ہے۔

امثال۔ خس اگر بر آسمان رود ہمہ خس است و گوہر اگر در خلاب افتد ہماں نفیس۔ تنکا اگر آسمان پر چلا جائے تو بھی تنکا ہے۔ اور موتی اگر کیچڑ میں گر پڑے تو بھی نفیس ہے ۱ بری چیز بری ہے۔ اچھی چیز اچھی ہے ۲ کمینہ آدمی کتنا ہی بڑھ جائے کمینہ ہی ہے اور شریف آدمی کتنا ہی تباہ ہو جائے اس کی شرافت میں فرق نہ آئیگا۔ **خس کم جہاں پاک** نالائق شخص کے کہیں چلے جانے یا مر جانے پر کہتے ہیں۔

خَسّا (ع۔ مذکر) ۱ کتے کو دھتکارنا ۲ کتے کا ہٹ جانا ۳ نظر کا کمزور ہونا۔

خَسار (ع۔ مذکر) نقصان اٹھانا ۲ مر جانا ۳ راستہ سے بھٹک جانا ۴ دھوکہ۔ دغا۔ بیوفائی ۵ کمینہ پن۔

خَسارہ (ع۔ مذکر) ٹوٹا۔ نقصان۔ گھاٹا (اٹھانا۔ دکھانا۔ دینا یا کہنا) (خَسَر۔ نقصان اٹھانا)

خَسَاسَت (ع۔ مونث) ۱ بخل کنجوسی ۲ کمینہ پن۔ رذالت (کرنا ہونا کیساتھ) (خَسِیس کنجوس ہونا)

خِسّان (ع۔ مذکر) خس کی جمع۔ کمینے لوگ۔

خَسانَدہ (ف۔ مذکر) پانی میں بھگو کر اور نتھار کر پینے کی دوا۔

خستگی (ف۔ مونث) ۱ تھکن۔ تھکاوٹ۔ ماندگی ۲ شکستہ حالی۔ فگنگی ۳ زخم۔ گھاؤ ۴ زخمی پن ۵ بھربھراہٹ۔ خستہ پن ۶ غربت۔ مفلسی۔ ناداری۔ تنگدستی۔ بدحالی۔ پریشانی۔

خستہ (ف۔ صفت) ۱ تھکن وغیرہ دیکھو خستگی ۲ خوبانی کی گری ۳ بادام کی گری۔ **خستہ خوار۔ حال۔ خاطر۔ دل یا رواں** (صفت) پریشان۔ آزردہ۔ شکستہ دل۔ رنجیدہ ناخوش۔ **خستہ مزاج** (مذکر) کمزور۔ بیمار۔

خَسَر (ع۔ مذکر) گھاٹا۔ نقصان۔ خسارا (خَسَر۔ نقصان اٹھانا) **خسر الدنیا والآخرہ** دین و دنیا دونوں کا نقصان۔

خَسَر۔ خُسر (ع۔ مذکر) نقصان اٹھانا۔

خُسُر (ف۔ مذکر) سسرا۔ بیوی کا باپ۔ خاوند کا باپ۔ **خسر پورہ** (مذکر) سالا۔ بیوی کا بھائی۔

خُسران (ع۔ مذکر) ۱ نقصان اٹھانا ۲ نقصان۔ گھاٹا۔

خُسرو (ف۔ مذکر) ۱ بڑا بادشاہ۔ مشہور بادشاہ ۲ شاہی خطاب ایران میں۔ **خسرو اختراں۔ اقلیم چہارم یا انجم** (مذکر) سورج۔ **خسروانہ** (صفت) ۱ شاہانہ ۲ بادشاہی طریقے سے۔ خسرو کی طرح۔ **خسروانی** (صفت) شاہانہ ۲ (مونث) کوئی چیز جو بڑی عالیشان یا شاہانہ ہو ۳ خسرو کی تعریف میں ایک قصیدہ۔ **خسرو چہارم سریر یا خاور** (مذکر) سورج۔ **خسرو نشان** (صفت) ۱ بادشاہ بنانے والا ۲ بادشاہ کے نشان والا ۳ (مذکر) بادشاہی مہر۔ **خسروی** ۱ خسرو سے منسوب۔ شاہی بادشاہی ۲ (مونث) بادشاہت ۳ ایک قسم کی شراب۔

خَسرہ (اردو۔ مذکر) گاؤں کے کھیتوں کی فہرست جس میں نمبر شمار ملکیت اور رقبہ وغیرہ درج ہوتا ہے ۲ وہ کتاب جس میں فہرست درج ہو ۳ مسودہ۔ **خسرہ آبادی** (مذکر) فہرست گاؤں کے مکانات کی معہ ملکیت۔ **خسرہ تقسیم** (مذکر) حصوں کی فہرست۔

خَسف (ع۔ مذکر) ۱ خدا کا کسی کو زمین میں غرق کرنا ۲ ایسا کنواں کھودنا جس میں

سے ہمیشہ پانی نکلے ۳ چھپانا ۴ بیماری سے اٹھنا ۵ کم ہونا ۶ دبلا ہونا ۷ آنکھوں کا اندر کو گھسنا۔

خَسَک (ف۔ مذکر) ۱ کوڑا کرکٹ۔ خس و خاشاک ۲ ایک کانٹے دار جھاڑی ۳ گوکھرو۔ لوہے کے کانٹے جنہیں دشمن کے راستے میں بچھا دیتے ہیں۔

خُسُو (ع۔ مذکر) نظر کا کمزور ہونا۔

خُسُوف (ع۔ مذکر) پہاڑ کا کنواں جو ہمیشہ پانی دیتا رہے۔

خُسُوف (ع۔ مذکر) چاند کا گرہن۔

خَسی (از دو۔ مونث) وہ سیون جو کٹوریوں کو انگیا کی آستینوں سے جوڑتی ہے۔

خَسِیر (ع۔ مذکر) نقصان اٹھانے والا۔

خَسِیس (ع۔ صفت) ۱ بخیل کنجوس ۲ کمینہ۔ رذیل (خِسّت کمینہ ہونا)

خَسِیف (ع۔ مذکر) دیکھو خسوف

خَشّاب (ع۔ مذکر) لکڑیاں بیچنے والا۔

خُشّاس (ع۔ مذکر) ۱ اڑنے یا رینگنے والے کیڑے ۲ ہوشیار ۳ چھیلا ۴ کسی چیز کا کنارا ۵ تیز اور بہادر آدمی ۶ حاکم۔

خُشام (ع۔ مذکر) ۱ ناک کی رگوں کی طاقت جاتی رہنا ۲ لمبی ناک والا ۳ شیر۔

خُشّام (ع۔ مذکر) بڑی ناک والا آدمی۔

خَشْب (ع۔ مذکر) ۱ ایک چیز کو دوسری سے ملانا ۲ صاف یا صیقل کرنا ۳ تیر کمان بنانا ۴ فی البدیہہ نظم لکھنا۔

خَشَب (ع۔ مذکر) لکڑی۔

خِشت (ف۔ مونث) ۱ اینٹ ۲ ایک قسم کی مٹھائی ۳ روٹی جو مردوں کی فاتحہ کے لئے پکائی جائے ۴ ژند کے بارھویں باب کا نام۔ **خشت اندازی** (مونث) اینٹیں پھینکنا۔ **خشت پختہ** (صفت) پکی اینٹ **خشت پَز** (مذکر) ۱ اینٹیں بنانے والا ۲ سبزہ باز

خشتک (مونث) ۱ چھوٹی اینٹ ۲ گھٹنے کی چپنی ۳ میانی۔ رومالی۔ چو بغلہ، چڑیا بنگھارا

خشتکاری (مونث) اینٹ کا کام **خشتی** (صفت) اینٹ کا۔

خَشخاش خَشخَش (ف۔ مذکر) ۱ پوست کا درخت ۲ پوست کے بیج۔ کوکناز **خشخاش کے دانے کے برابر** (مذکر) بہت چھوٹا۔ بہت تھوڑا۔ کچھ بھی نہیں۔

خَشَع (ع۔ مذکر) مسکینی۔ عجز۔ انکسار۔

خِشْعَت (ع۔ مونث) بچہ جو ماں کے رحم سے چیر کر نکالا جائے۔

خُشْعَت (ع۔ مونث) نیچے ۔

خَشَف (ع۔ مذکر) ۱ آہستہ حرکت کرنا ۲ آواز جو ایسی حرکت سے پیدا ہو ۳ آہستہ آواز ۴ سر کو پتھروں سے پھوڑنا ۵ دریافت کرنا ۶ تیز سفر کرنا ۷ کودنا۔

خشک (ف۔ صفت) ۱ سوکھا۔ بلا پانی یا نمی ۲ درشت۔ کج اخلاق۔ روکھا ۳ بے لطف۔ بے حظ ۴ بلا روغنی ۵ بلا سالن وہ جس سے فائدہ نہ ہو ۶ بے شیر۔ بے دودھ ۷ بلا بارش ۸ بے سمجھ۔ بے مغز ۹ پھیکا۔ بے مزہ ۱۰ پیاسا۔ تشنہ۔ **خشک دماغ** (صفت) ۱ سودائی۔ دیوانہ ۲ تندخو ۳ بیہودہ گو ۴ مغموم۔ **خشک دماغی** (مونث) ۱ جنون۔ دیوانگی ۲ رنج۔ غم۔ **خشک رود** (مذکر) دریا کا پرانا راستہ۔ **خشک سال** (مذکر) وہ سال جس میں بارش نہ ہو۔ **خشکسالی** (مونث) قحط۔ امساک باراں۔ **خشک کرنا** (متعدی) سکھانا **خشک لب** (صفت) پیاسا۔ **خشک مغز** (صفت) ۱ بیوقوف۔ احمق ۲ تنک مزاج۔ چڑچڑا۔ **خشک مغزی** (مونث) ۱ بیوقوفی ۲ تنک مزاجی۔ غصہ۔ **خشکہ** (مذکر) ابلے ہوئے چاول۔ **خشکہ کھاو۔** جب کوئی بیجا خواہش کرے تو کہتے ہیں۔ **خشک ہونا** (لازم) ۱ سوکھنا ۲ مرجھانا۔ جھڑنا ۳ بغیر دودھ کے ہونا۔ دودھ سے بند ہو جانا ۴ بلا بارش ہونا ۵ روکھا ہونا۔ **خشکی** (مونث) ۱ سوکھا پن۔ نمی نہ ہونا۔ ۲ روکھا پن ۳ قحط۔ امساک۔ باراں ۴ سوکھا آنا جو روٹی پکانے میں پیڑے کو لگاتے ہیں ۵ خشک زمین ۶ وہ میل جو سر میں پیدا ہوتا ہے۔ (صفت) خشک مزاج۔ روکھا (پ) ۲ تنک مزاج۔ چڑچڑا (پ) (ہونا کے ساتھ) **خشکیدہ** (صفت) سوکھا۔ خشک۔ **خشکی کی راہ** (مونث) زمین پر ۲ (مذکر) وہ رستہ جو کشتی سے نہ طے کیا جائے۔

امثال

خشکہ اور بروزہ اگرچہ گندہ مگر ایجاد بندہ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی اپنی بات پر اس وجہ سے اڑا رہے کہ اس کی ایجاد ہے۔ **خشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ۔** بے محل بات کا جواب ہے۔ اپنا رستہ لو۔ جاؤ۔

خَشْم (ع۔ مذکر) ۱ مارنا۔ ضرر پہنچانا ۲ ناک توڑنا۔

خِشْم (ف۔ مذکر) ۱ غصہ۔ ناراضگی۔ خفگی۔ طیش۔ عتاب۔ تیہہ۔ کرودھ۔ **خشم آلود** (صفت) غصے۔ ناراض غضبناک **خشمگیں۔ خشمناک۔ خشمگینی** (مونث) غصہ طیش۔ تیہہ۔

خَشَن (ع۔ مذکر) ۱ کھردرا ہونا ۲ کھردرا پن۔

خِشْن (ع۔ مذکر) ۱ سختی ۲ موٹا ۳ بھدا۔ گستاخ۔

خُشنُود (ف۔ صفت) ۱ خوش خرم ۲ قانع۔ صابر **خوشنودی** (مونث) ۱ خوشی۔ فرحت ۲ قناعت۔ صبر۔

خُشُوع (ع۔ مذکر) عاجزی۔ فروتنی۔ (خَشَع۔ عاجزی کرنا۔)

خُشُونَت (ع۔ مونث) ۱ سختی۔ درشتی۔ تلخی۔ ترشی ۲ ریاضت۔ تپسیہ ۳ دشمنی۔ خصومت۔ عداوت ۴ تندی۔ تیزی ۵ غصہ۔ کرودھ ۶ نفرت۔ کراہیت (خَشُن۔ کھردرا ہونا)

خَشْی (ع۔ مذکر) ڈرنا۔

خَشِی (ع۔ صفت) ڈرپوک۔ بزدل۔

خَشِیب (ع۔ صفت) ۱ خراب

کٹا ہُوا ۲ زنگ آلود ۳ خراب۔ بُرا ۴ پیچیدہ۔
خشیت (ع۔ مونث) ڈر۔ خوف (خشی۔ ڈرنا)۔
خصّ (ع۔ مذکر) ۱ خاص طور پر نشان کرنا ۲ تخصیص کرنا۔
خِصّ (ع۔ صفت) ناقص۔
خُصّ (ع۔ مذکر) ۱ سرکنڈوں کی جھونپڑی ۲ شراب خانہ ۳ شراب۔
خِصاب (ع۔ مذکر) کھجوروں سے لدا ہُوا درخت۔
خَصاصت (ع۔ مونث) ۱ غربت مفلسی ۲ سوراخ۔ شگاف۔
خِصال (ع۔ مونث) ۱ خصلت کی جمع ۲ مرکبات میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خوش خصال، بد خصال۔
خِصال (ع۔ مونث) ۱ تیر اندازی میں جیتنا ۲ گوشت کا ٹکڑا کاٹنا
خِصام (ع۔ مذکر) مقدمہ کرنا۔
خُصتان (ع۔ مذکر) ۱ امرا۔ بڑے آدمی۔ اعلےٰ طبقے کے لوگ ۲ بادشاہوں کے مصاحب۔
خَصائص (ع۔ مونث) خاصیت کی جمع۔ خاصیتیں۔
خَصائل (ع۔ مونث) خصلت کی جمع۔ خصلتیں
خَصب (ع۔ مذکر) ۱ کھجور کے درخت کی شاخ ۲ پھل دار کھجور کا درخت۔
خِصب (ع۔ مذکر) بہت سبزی بہت جاندار چیزیں۔
خُصب (ع۔ مذکر) پہلو۔
خَصر (ع۔ مذکر) ۱ درمیان۔ کمر ۲ پاؤں کے تلے کا درمیانی حصہ ۳ تیر کے نشان اور پر کے درمیان کا فاصلہ ۴ پہاڑ کی سڑک۔
خصف (ع۔ مذکر) ۱ دوہرا کر کے سینا تلے کا ۲ کئی تہوں کا جوتا۔
خصل (ع۔ مذکر) ۱ تیر اندازی میں جیتنا ۲ تیر اندازی کی شرط ۳ پاسہ ۴ نرد کی کھیل کی شرط ۵ کاٹنا۔

خُصَل (ع۔ مذکر) الجھی ہوئی شاخیں۔
خَصلت (ع۔ مونث) لکھنو میں مذکر ۱ عادات۔ خو ۲ خاصیت۔ تاثیر۔ گن ۳ طبیعت۔ سیرت۔ مزاج ۴ خوبی۔ لیاقت۔ قابلیت (خَصَل۔ کاٹنا)
خصم (ع۔ مذکر) ۱ مقابل حریف ۲ دشمن ۳ مالک۔ صاحب ۴ شوہر۔ خاوند (خَصَم۔ جھگڑنا) **خصماموئی** (صفت) بیوہ۔ بطور گالی استعمال ہوتا ہے۔ **خصمانہ** (صفت) ۱ دشمنانہ مخالفانہ ۲ اچھے خاوند کی طرح ۳ کفایت شعاری سے۔
خَصَم (ع۔ مذکر) خاوند۔ شوہر (خَصَم۔ جھگڑنا) **خصم بیٹی۔ خصمڑا لوٹ** (صفت) بیوہ۔ بطور گالی۔ **خصم کرنا** (متعدی) شوہر کرنا۔ عورت کا شادی کرنا۔ **خصم والی** (صفت) وہ جس کا خاوند موجود ہو۔

امثال واقوال

خصم دیور دونوں ایک ساس کے پوت بیوہ ہو یا دہ ہو۔ جاٹوں میں کریوا کی رسم کی طرف اشارہ ہے۔ خاوند مر جائے تو دیور سے شادی کوئی بُری بات نہیں سمجھی جاتی۔ یا بعض قوموں کی اس رسم کی طرف اشارہ ہے جہاں ایک بھائی شادی کرتا ہے اور دوسرے بھائی بھی اس عورت سے ہم بستری کرتے رہتے ہیں۔ **خصم جورو کی لڑائی کسی کو نہ بھائی۔** میاں بیوی کی لڑائی سب کو ناپسند ہے۔ **خصم سے چھوٹے تو یاروں کے جائے۔** بدچلن عورت کے متعلق کہتے ہیں۔ **خصم کا کھائے (کھائیں) بھائی کا گائے (گائیں)** فائدہ کسی سے تعریف کسی کی۔ **خصم کا سکھ سونے کو یا پائی لگ کر رونے کو۔ خصم کیا سکھ سہنے کو یا پیٹ سے لگ کر رونے کو۔** جو کام کیا جاتا ہے اپنے فائدے کے لئے کیا جاتا ہے۔ فائدہ نہ ہو تو عبث ہے۔ **خصم کیا بُرا کیا کر کے چھوڑ دیا نکھد بُرا کیا۔** عیب ہر ایک بُرا ہے۔ بچنا چاہیئے۔ **خصم مار کر ستی ہوئی** عورتوں کے مکر و فریب کے متعلق کہتے ہیں۔

خصم نہ پوچھے بات میرا دھن سہاگن ناؤں۔ کوئی منہ لگاتا نہیں آپ ہی آپ اتراتی ہے۔
خُصَما (ع۔ مذکر) خصیم کی جمع۔ دشمن۔ مخالف۔
خُصمان (ع۔ مذکر) خصم و خصیم کی جمع۔ مقدمے کے فریقین حریف۔ دشمن **خصمان سُفلی** (مذکر) عناصر اربع۔
خُصُوص (ع۔ مذکر) ۱ کوئی خاص کام کرنا ۲ خصوصیت۔ خاصہ۔ نرالا پن تخصیص ۳ کام۔ معاملہ۔ چیز۔ بات ۴ کاروبار۔ ۴ (تف) خاصکر خصوصاً (خَصّ خاص کرنا) **خصوصاً** (تف) خاص کر۔ **خصوصی** (صفت) خاص۔ **خصوصیات** (مذکر) خصوصیت کی جمع۔ **خصوصیت** (مونث) ۱ دیکھو خصوص ۲ ۲ ذاتی تعلق۔ میل ملاپ۔ دوستی۔ اخلاص (رکھنا ہونا کیساتھ)
خُصُوم (ع۔ مذکر) خصم کی جمع۔ دشمن۔
خُصُومات (ع۔ مذکر) خصومت کی جمع۔
خُصُومَت (ع۔ مونث) ۱ مقدمہ جیتنے کی کوشش ۲ دشمنی۔ عداوت ۳ مقدمہ۔ منازعت ۴ جھگڑا۔ قضیہ۔ تکرار۔ (خَصَم۔ جھگڑنا) **خصومتگاہ** (مونث) ۱ جھگڑے کی جگہ ۲ میدان جنگ۔ **خصومتگر** (صفت) ۱ جھگڑا کرنے والا۔ جھگڑالو ۲ مقدمے باز ۳ حریف۔ مخالف۔ **خصومت شدید** (مونث) سخت دشمنی۔
خَصی (ع۔ مذکر) **خَصْی** (فف) ۱ خصیے نکلا ہُوا بکرا ۲ کوئی جانور جس کے خصیے نکلے ہوں۔ آختہ ۳ نامرد۔ ہیجڑا ۴ وہ عورت جس کے پستان نہ ہوں (خَصْی۔ خصیے نکالنا)، **خصی پرنالہ** (مذکر) ۱ وہ پرنالہ جو دیوار کے اندر ہو ۲ بازاری عورت کی شرمگاہ (عف) **خصی کرنا** (متعدی) خصیے نکال دینا۔ ۲ کسی کام کا نذر رکھنا ۳ بکرے کو بھینٹ چڑھانا **خصی ہونا** (لازم) دیکھو خصی کرنا۔

خُصیتان (ع۔ مذکر) خصیہ کا تثنیہ۔ دونوں خصئے

خَصیف (ع۔ مذکر) ۱ اچھی بنی ہوئی جوتی ۲ راکھ ۳ دو رنگ کی کوئی چیز ۴ تازہ دودھ جس میں باسی ملا یا گیا ہو۔

خَصیم (ع۔ صفت) ۱ جھگڑالو۔ لڑاکا ۲ (مذکر) حریف۔ دشمن۔ مخالف۔ ۱ مقدمہ کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

خَصین (ع۔ مونث) چھوٹی کلہاڑی۔

خصیوں (ع۔ مذکر) خصیہ کی اردو میں جمع۔ خصیوں میں تانت باندھ دینا (متعدی) بدلہ لے لینا۔ کسی قابل نہ چھوڑنا۔

خُصیہ (ع۔ مذکر) ۱ فوطہ۔ ۲ خایہ (خصی۔ خصی کرنا) خصیہ بردار (صفت) خوشامدی۔ خصیہ برادری (مونث) خوشامد خصیہ سہلانا (متعدی) خوشامد کرنا۔

خِضاب (ع۔ مذکر) ۱ وسمہ بالوں کو سیاہ کرنے کا رنگ جو نیل اور مہندی کو ملا کر کرتے ہیں ۲ کوئی سفوف یا تیل جو بالوں کو سیاہ کرے (خضب۔ رنگنا) خضاب آہنی (مذکر) استرا۔ خضاب آہنی پھیرنا (متعدی) استرے سے مونڈنا۔ حجامت بنانا خضاب کرنا یا لگانا (متعدی) لگنا (لازم) وسمہ لگنا۔ بال سیاہ ہونا۔

خَضاد (ع۔ مذکر) نرم درخت جس پر کانٹے نہ ہوں۔

خِضاد (ع۔ مذکر) ۱ پانی ملا ہوا دودھ ۲ بوٹیاں جو پتے نکال رہی ہوں۔

خَضب (ع۔ مذکر) ناخنوں کو رنگنا۔

خَضخَضت (ع۔ مونث) ۱ بل چلانا ۲ مشت زنی کرنا۔

خَضد (ع۔ مذکر) ۱ شاخ کو جھکانا ۲ درخت کی شاخیں کاٹنا ۳ بہت کھانا کوئی تر چیز کھانا۔

خَضَد (ع۔ مذکر) شاخیں جو تازہ توڑی گئی ہوں۔

خَضر (ع۔ مذکر) کاٹنا۔

خِضر (ع۔ مذکر) ۱ مسلمانوں کے اعتقاد کے بموجب ایک پیغمبر جنہوں نے آب حیات پیا ہے اور قیامت تک زندہ رہیں گے ۲ رہنما۔ رہبر (خضرۃ۔ سبز ہونا) خضر راہ (مذکر) رہنما۔ رہبر خضر صورت (صفت) سفید و دراز ریش خوش شکل انسان۔ خضر لباس (صفت) سبز پوش۔ خضر قدم (صفت) مبارک قدم۔ خضر کا ناؤ ڈبونا (متعدی) جن سے فائدے یا وفا کی امید ہو انہیں سے دغا یا نقصان ہونا خضر مل گئے۔ خضر ملے (جی خضر ملے) ۱ رہنما مل گیا ۲ کام بن گیا۔ ذریعہ بن گیا خضری (صفت) متعلقہ خضر۔ خضری خبر (مونث) افواہ۔ خضری خبر سچی ہوتی ہے۔ افواہ عموماً درست ثابت ہوتی ہے۔

مثل۔ خضر را با پیرہن دوزی چہ کار۔ اللہ والوں کو دنیا داری سے کیا تعلق۔

خُضرت (ع۔ مذکر) سبزہ۔

خَضَض (ع۔ مذکر) ۱ زیورات جو لڑکیاں عرب میں کمر میں پہنتی ہیں ۲ مختلف قسم کے کھانے

خَضف (ع۔ مذکر) ۱ پادنا۔ ۲ کھانا۔

خَضَف (ع۔ مذکر) بڑے اور چھوٹے خربوزے۔

خَضل (ع۔ مذکر) خالص موتی

خَضم (ع۔ مذکر) منہ بھر کر کھانا ۲ چبانا۔

خِضَمّ (ع۔ مذکر) ۱ سردار۔ بڑا آدمی ۲ فیاض آدمی ۳ بڑا گھوڑا یا اونٹ۔

خُضوع (ع۔ مذکر) ۱ عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا ۲ عاجزی۔ اطاعت۔ فروتنی۔ انکسار۔ عاجزی۔

خَضیب (ع۔ صفت) رنگا ہوا

خَضیر (ع۔ صفت) سبز۔

خَضیض (ع۔ مذکر) زمین جس میں بارش سے گیلی مٹی بہت ہو۔

خط (ع۔ مذکر) خطّ (اردو) ۱ لکیر۔ نشان ۲ چٹھی۔ مکتوب۔ نامہ ۳ نیا سبزہ جو چہرے پر آتا ہے۔ داڑھی مونچھیں اگنے کا نشان ۴ تحریر۔ لکھائی ۵ انداز تحریر ۶ صورت شکل۔ حلیہ۔ چھب ۷ حجامت۔ ۸ (علم ہندسہ) لکیر جس کا طول ہو عرض نہ ہو ۹ کنارا۔ حد ۱۰ ساحل ۱۱ حکم ۱۲ شادی کا معاہدہ (خطّ۔ لکیر کھینچنا) خط آب (مذکر) نشان جو ہوا سے پانی پر پڑے۔ خط آزادی (مذکر) آزادی کی سند جو غلاموں کو دی جاتی تھی۔ خط آفتابی (مذکر) ایک قسم کی ایرانی تحریر جس میں حروف کے خط دائرے کا ایک حصہ ہوتے ہیں۔ خط آنا (لازم) ۱ چٹھی آنا ۲ مونچھیں اور داڑھی کا آغاز ہونا سبزہ آغاز ہونا۔ خط اجرا (مذکر) پنشن یا جاگیر کا حکم خط اڑانا (متعدی) ۱ رگڑ رگڑ کر مٹا دینا نشان یا لکیر کو ۲ چٹھی چرا لینا۔ خط ازرق (مذکر) سیاہ لکیر جمشید کے پیالے کی چوتھی لکیر۔ خط استوا یا اعتدال (مذکر) ایک فرضی لکیر جو زمین پر مین قطبین کے درمیان تسلیم کی جاتی ہے۔ خط اشک (مذکر) جمشید کے پیالے کی پانچویں لکیر۔ خط افق (مذکر) ایک فرضی دائرہ جو قطبین میں سے گزرتا ہے۔ خط الحاق (مذکر) ملانے والا خط۔ خط امان (مذکر) پروانہ راہداری۔ بچاؤ کا حکم خط اول (مذکر) ۱ حرف الف ۲ کرسی۔ عرش ۳ مکہ۔ خط باطل (مذکر) گناہ۔ پاپ۔ خط بریدہ (مذکر) حروف جو اگلے صفحہ پر لکھے جائیں۔ خط بڑھ آنا یا جانا (لازم) رخساروں کے بال معمول سے زیادہ بڑھ جانا۔ خط بصرہ (مذکر) جمشید کے پیالے کی تیسری لکیر خط بغداد (مذکر) جمشید کے پیالے کی دوسری لکیر۔ خط بگڑ جانا (لازم) تحریر خراب ہو جانا۔ بدخط لکھنے لگنا۔ خط بنانا (متعدی) بن جانا۔ بننا (لازم) ۱ حجامت بننا ۲ نشان پڑنا۔ خط بندگی (مذکر) ملازمت کا اقرار نامہ ۲ خط غلامی۔ خط بنوانا (لازم) حجامت بنوانا۔ خط بھر آنا (لازم) سبزہ آغاز ہونا۔ خط بھیجنا (متعدی) چٹھی بھیجنا۔ خط بیضوی (مذکر) ایک قسم کی ایرانی تحریر جس میں حروف کے خط انڈے کی شکل کے ہوتے ہیں خط باکی

(مذکر) غلامی سے آزادی کی چٹھی ۔ خطِ پرکار
(مذکر) دائرہ ۔ دائرے کا ایک حصّہ ۔ وہ لکیر
جو پرکار سے کھینچی جائے ۔ خط پڑنا (لازم)
نشان ہو جانا ۔ خط پکڑا جانا (لازم) خط کسی
اور کے ہاتھ لگ جانا ۔ عام طور پر اس خط
کے متعلق جو غیر مرد عورت ایک دوسرے
کو لکھیں یا جس میں کوئی بُری بات ہو کہتے
ہیں ۔ خط پکڑنا (متعدی) دوسرے کا خط
لے لینا ۔ خط پہچاننا (لازم) کسی کی تحریر
شناخت کرنا ۔ خطِ پیشانی (مونث) قسمت
کا لکھا ہُوا ۔ نوشتہ ۔ تقدیر ۔ خطّ تازیانہ (مذکر)
بدھی ۔ چابک کا نشان ۔ خط تراش (مذکر)
حجام ۔ خط تراشنا (متعدی) ترشنا (لازم)
حجامت بنانا ۔ خطِ ترسا (مذکر) تحریر جو بائیں
سے دائیں کو لکھی جائے ۔ جیسے انگریزی یا سنسکرت
تحریر ۔ خطّ تقدیر (مذکر) قسمت کا لکھا ۔ خطِ
توام یا تواماں (مذکر) ایک قسم کا خط جو
دو اوراق کے اوپر تلے رکھنے سے حروف ظاہر
ہو جاتے ہیں ۔ ان اوراق پر لکیریں یا نشان
بنے ہوتے ہیں ۔ خطِ تیغ (مذکر) تلوار کا زخم ۔
خطِ جام (مذکر) جمشید کے پیالے کی لکیر یہ
سات ہیں خط جور ۔ خط بغداد ۔ خط بصرہ ۔ خط
سیاہ ۔ خط اشک ۔ خط کاشگر ۔ خط ورینہ ۔
خطّ جدی (مذکر) وہ فرضی خط جو خطِ استوا
سے ۲۳½ درجے جنوب میں ہے ۔ سردیوں
میں سورج یہاں تک آتا ہے ۔ خطّ جلی (مذکر)
موٹی تحریر ۔ موٹے حروف ۔ خطِ جواز (مذکر)
پروانہ راہداری ۔ خطِ جور (مذکر) جمشید کے
پیالے پر پہلی لکیر ۔ خط چاپ (مذکر) چھپی ہوئی
تحریر ۔ خط چلیپا (مذکر) صلیب نما خط ۔ خطِ
حصار (مذکر) دائرہ جو جادوگر جادو پڑھنے
کیلئے اپنے یا دوسرے کے گرد کھینچتے ہیں ۔ خطّ حوادث (مذکر)
مصیبتوں کا نہ ہونا ۔ مصیبتوں سے بچاؤ ۔ خطِ
خطوط (مذکر) چٹھیاں ۔ خط و کتابت ۔ خطِ
خفی (مذکر) باریک تحریر ۔ خط خوانا (مذکر)
وہ تحریر جو آسانی سے پڑھی جا سکے ۔ خطِ
خون (مذکر) پروانہ موت ۔ حکم موت ۔ خط
دار (صفت) دھاری دار ۔ خطِ دستی (مذکر)
۱ لکھا ہُوا خط ۲ وہ خط جو بذریعہ قاصد بھیجا
جائے ۔ خط دستی بھیجنا (متعدی) کسی شخص
کے ہاتھ چٹھی بھیجنا ۔ خط ڈالنا (متعدی) چٹھی
لکھنا ۔ خطّ راست (مذکر) سیدھی لکیر ۔ خطِ
راہ (مذکر) پروانہ راہداری ۔ خط رکھنا (متعدی)
رکھوانا (لازم) داڑھی مونچھیں بڑھنے دینا ۔
خطِ رواں (مذکر) وہ تحریر جو آسانی سے پڑھی
جائے ۔ خطِ ریحاں (مذکر) ابن مقلہ نے جو
چھ خط ایجاد کئے تھے ۔ ان میں سے ایک خط
کا نام ۔ اس میں حروف جلی ہوتے ہیں ۔ اور
نقش و نگار بنے ہوئے ہوتے ہیں ۔ خطِ زبرجد
رنگ یا سبز (مذکر) داڑھی مونچھوں کا آغاز
۔ خطِ سرطان (مذکر) وہ فرضی دائرہ جو خطِ
استوا سے ۲۳½ درجے شمال کو ہے ۔ گرمیوں
میں سورج یہاں تک آتا ہے ۔ خطِ سرمہ
(مذکر) وہ خط جو سرمے سے آنکھ پر بن جاتا
ہے ۔ خط سنوارنا (متعدی) سنورنا (لازم) ۱ خط کا
درست ہونا ۔ خوش خطی آنا ۲ اچھی حجامت بننا ۔
خطّ سرو (مذکر) ایک قسم کی تحریر ۔ خطّ سیاہ
(مذکر) خط ازرق ۔ خطِ شریف (مذکر) شاہی
خط یا حکم ۔ خط جو خود بادشاہ لکھے یا جس پر خود
دستخط کرے ۔ خطِ شعاع یا شعاعی (مذکر)
آفتاب کی کرنیں ۔ خطِ شکستہ (مذکر) ایک
قسم کا خط جو بہت جلد لکھا جاتا ہے اور مشکل
سے پڑھا جاتا ہے ۔ خطّ صراف (مذکر) ہنڈی
چیک ۔ خطِ ضامنی (مذکر) ضمانت نامہ ۔ خطِ
عمود یا عمودی (علم ہندسہ) وہ لکیر جو دوسری
لکیر پر ایسا تھ زاویۂ قائمہ بنائے ۔ خطِ غبار (مذکر)
۱ بہت باریک عربی یا فارسی خط جو غبار سا
معلوم ہوتا ہے ۔ مگر محدب شیشے سے الفاظ
صاف معلوم ہوتے ہیں ۲ خطِ توام ۔ خطِ غلامی
(مذکر) ۱ ملازمت کا اقرار نامہ ۲ غلامی کا اقرار
نامہ ۔ خطِ غلامی لکھ دینا (متعدی) اقرار
نامہ لکھ دینا کہ ساری عمر خدمتگزاری اور غلامی
کرینگے ۔ خطِ فاصل (مذکر) درمیان کی لکیر ۔
خطِ فرودینہ (مذکر) جمشید کے پیالے کی ساتویں
لکیر ۔ خطِ قاطع (علم ہندسہ) وہ لکیر جو مرکز
سے قطع دائرہ کے ایک سرے سے گزر کر
دوسرے سرے کے خط مماس سے ملے ۔ خطِ
قصّاراں (مذکر) نشان جو دھوبی کپڑوں پر
لگاتے ہیں ۔ خطّ کاسگر (مذکر) جمشید کے پیالے
کی چھٹی لکیر ۔ خط کتابت (مذکر) چٹھیاں جو
ایک دوسرے کو لکھی جائیں ۔ خط کترنا (متعدی)
خط کو قینچی سے تراشنا ۔ خط کش (مذکر) ۱ وہ
سودا جو واپس نہ ہو سکے (لینا کے ساتھ) ۲ وہ
آلہ جس سے بڑھئی ہوئی لکڑی پر چیرنے کے لئے
نشان لگاتے ہیں ۳ وہ لکڑی جس سے لکیریں کھینچیں
۴ کاتب ۔ لکھنے والا ۵ قانون بنانے والا ۔ خط
کھینچنا (متعدی) ۱ لکیر کھینچنا ۔ قلمزن کرنا ۔ محو کرنا
۔ مٹا دینا ۳ نشان کرنے کے لئے لکیر کھینچنا ۔ خط
کی پیشانی (مذکر) وہ جگہ جو خط کے اوپر خالی
چھوڑی جاتی ہے ۔ خطّ گلزار (مذکر) ابن مقلہ
کے چھ خطوں میں سے ایک خط یہ ایک قسم کا
شکستہ خط ہے ۔ خط لکھنا ۔ خط لکھوانا
لکھانا (متعدی) چٹھی تحریر کرنا ۔ چٹھی لکھوانا ۔ خطِ
متوازی (علم ہندسہ) وہ دو خطوط راست
جن کا فاصلہ ہر جگہ یکساں ہو یا جو بڑھنے سے
نہ ملیں ۔ خطِّ محور (مذکر) وہ فرضی خط جو زمین
کے مرکز سے گزرتا ہے ۔ زمین اس کے گرد گردش
کرتی ہے ۔ اس کے سرے قطبین کہلاتے ہیں ۔
خطِ مُدیر (مذکر) گول لکیر ۔ خطِ مستقیم (مذکر)
سیدھی لکیر ۔ وہ سب سے چھوٹی لکیر جو دو نقطوں
کو ملائے ۔ خطِ مشرق و مغرب (مذکر)
دیکھو خط نصف النہار ۔ خط طول ۔ کھڑی لکیر ۔
خطِ مشکیں (مذکر) ۱ خط سبز ۲ تل رخسار پر ۔
خطِّ معمّہ (مذکر) وہ خط جو مشکل سے پڑھا جائے
پیچیدہ خط ۔ خط مقیاس (مذکر) وہ لکیر جس
پر ناپ کے نشان ہوں ۔ خطِ ملاقی یا مماس
(مذکر) ۱ چھوتی لکیر ۲ وہ خط جو دائرے کو چھوئے ۔
خط ملانا (متعدی) ۱ نقل کرنا ۲ دوسرے کے
خط کی طرح لکھنا ۔ خط ملنا (لازم) دو خطوں
کا ایک جیسا ہونا ۔ خط منڈوانا (متعدی) داڑھی
منڈوانا ۔ خطِ منحنی (مذکر) گول لکیر ۔ خطِ میخ یا
میخی (مذکر) وہ خط جس میں اہل بابل کی کتابیں
اور کتبے لکھے جاتے تھے ۔ یہ ایک تکون قلم سے
کچی اینٹوں پر چھاپے تھے اور پھر اینٹوں کو پکا
لیتے تھے ۔ خطِ نستعلیق (مذکر) نسخ تعلیق کا
مخفف ہے ۔ خوبصورت گول حروف والا خط
جس میں آج کل اُردو زبان لکھی جاتی ہے ۔

خطِ نسخ (مذکر) عربی خط جسے ابن مقلہ نے
ایجاد کیا تھا۔ اس نے دوسرے خطوں کو مات
کر دیا اور اب قرآن شریف اسی خط میں لکھا جاتا
ہے۔ خطِ نصف النہار (مذکر) وہ فرضی لکیر
جو زمین کی سطح پر سے گزرے اور قطبین کو ملائے
زمین کو ۳۶۰ درجوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اور پہلا
خط نصف النہار عام طور پر گرینچ کی رصدگاہ میں
سے گزرتا ہے۔ جو انگلستان میں ہے ۔ ۱۸۰
خطوط مشرق میں اور ۱۸۰ مغرب میں شمار ہوتے
ہیں۔ خط نکلنا (لازم) رخساروں پر آغاز سبزہ
ہونا۔ خطِ نیل (مذکر) الف اللہ کا جو بچوں
کی پیشانی پر نیلے رنگ سے نظر بد سے بچانے
کے لئے لکھ دیتے ہیں۔ خطِ وتر (مذکر) وہ لکیر
جو مقابل کے زاویوں کے درمیاں کھینچی جائے۔
خطوط (مذکر) خط کی جمع۔ خطوط متوازی (جمع)
دیکھو خط متوازی۔ خطوط نویسی (مونث)
چٹھیاں لکھنا۔ خطوط وحدانی یا ہلالی
(مذکر) دو نصف دائرے جن کے درمیان کچھ
لکھا جائے۔ خط و کتابت (مونث) مراسلت
چٹھیاں جو ایک دوسرے کو لکھی جائیں۔ خطِ
ہمایوں (مذکر) بادشاہ کی اپنے ہاتھ کی لکھی
ہوئی تحریر۔ خطوطی (مونث) سیدھے خط میں
(ناپ یا ثبوت) خطی (صفت) ۱ خط کی طرف
منسوب ۲ لکیر کی طرح سیدھا ۳ تحریر میں ۴
لفظ بہ لفظ ۵ مقام خط کا یا وہاں کا بنا ہوا یا
اس کے متعلق ۶ ڈاڑھی کا یا ڈاڑھ کے بھی متعلق۔
خطا (ف۔ مذکر) ۱ زمانہ قدیم
میں ترکستان کا ایک صوبہ تھا ۲ شمالی چین۔
خطائی (صفت) ۱ خطا کا ۲ خطا کے متعلق
۳ خطا کا بنا ہوا ۴ خطا کا رہنے والا ۵ (نان)
ایک قسم کی مٹھائی۔

خطا (ع۔ مونث) ۱ قصور۔ گناہ۔
جرم۔ تقصیر۔ پاپ ۲ سہو۔ بھول چوک۔
غلطی (خَطَأ۔ غلطی کرنا) خطا بخش (صفت)
گناہوں کو بخشنے والا۔ یعنی خدا۔ خطا پانا (لازم)
غلطی کرنا۔ انجام نیک نہ ہونا۔ خطا پوش (صفت)
گناہوں کو چھپانے والا مجازاً خدا۔ خطا کرنا
(متعدی) قصور کرنا۔ گناہ کرنا۔ خطا کار یا گر
(صفت) گنہگار۔ خطا دار قصوروار۔ گناہگار۔
مجرم۔ خطا ہونا (لازم) ۱ گناہ ہونا۔ قصور ہونا ۲
بھول جانا۔ سہو ہو جانا ۳ غلطی ہونا ۴ (پیشاب
پاخانہ) نکل جانا۔ خطائیں۔ خطایا (مونث)
جمع خطا کی۔

امثال و اقوال۔ خطا

اگر راست آید تاہم خطاست۔ بیجا
کام سے اگر کوئی فائدہ بھی ہو جائے تو بھی وہ
برا ہے۔ خطا بہ بازار و سزا پس دیوار۔
قصور کی سزا پوشیدہ ہونی چاہیئے۔ خطا کرے
بیوی پکڑی جائے باندی۔ قصور امیر
کرے غریب کو سزا ملے۔ خطائے بزرگاں
گرفتن خطاست۔ بزرگوں پر اعتراض کرنا
بڑی بے ادبی ہے۔

خطاب (ع۔ مذکر) ۱ گفتگو۔
کلام۔ بات چیت۔ مکالمہ ۲ مخاطب ہونے
کا فعل۔ روئے سخن (کرنا ہونا کیا تھ) ۳ توصیفی
لقب۔ عزت کا نام ۴ سرکار یا بادشاہ کی
طرف سے جو اعزازی نام عطا ہو (پانا۔ دینا۔
ملنا وغیرہ کے ساتھ) (خَطَبَ۔ زبانی پڑھنا)
خطابات (مذکر) خطاب کی جمع۔ خطابی
(صفت) زبانی گفتگو سے۔
خُطّاب (ع۔ مذکر) خاطب
کی جمع۔
خَطابت (ع۔ مونث) ۱
خطبہ پڑھنے کا فعل ۲ خطبہ پڑھنا۔ وعظ کرنا ۳
فصاحت۔ خوش بیانی (خَطَبَ زبانی پڑھنا)
خطّاط (ع۔ مذکر) کاتب خوش نویس
(خَطَّ۔ لکیر کھینچنا)
خطّاط (ع۔ مذکر) اچھا لکھنے
والا۔ خوشنویس۔ کاتب۔
خطّاطی (ع۔ مونث) فن کتابت۔
خوش نویسی۔
خطّاف (ع۔ مذکر) ۱ زبردستی
زنا کرنے والا ۲ شیطان ۳ ایک مشہور گھوڑے
کا نام۔
خُطّاف (ع۔ مذکر) ۱ ابابیل ۲
کنڈی ۳ ایک مشہور گھوڑے کا نام۔
خِطام (ع۔ مذکر) لگام۔

خُطّامہ (ع۔ مونث) قطار
کا بگڑا ہوا۔
خَطائن (ع۔ مونث) علم حساب
کا ایک قاعدہ جسکی رو سے سوال کا جواب
نکالنے کے لئے ایک یا دو عدد جواب فرض کر
لئے جاتے ہیں۔ اور انہا عمل کر کے دیکھا جاتا ہے
کہ جو اعداد دیئے گئے ہیں وہ درست آتے
ہیں یا نہیں۔ یہ لفظ اردو والوں کی اختراع
ہے۔ عربی میں نہیں۔
خَطب (ع۔ مذکر) ۱ شادی کرنا۔
منگنی کرنا ۲ شادی کی درخواست عورت سے کرنا
۳ شادی۔ بیاہ ۴ چیز۔ کام۔ معاملہ۔ امر۔
کار۔ دھندہ ۵ سبب۔ وجہ (خَطَبَ۔
شادی کرنا)
خِطب (ع۔ مذکر) منگیتر۔
خُطب (ع۔ مذکر) الفاظ جو شادی
کی درخواست میں استعمال کئے جائیں۔ جسکا
ماننے کا جواب نخ کہلاتا ہے۔
خُطَبا (ع۔ مذکر) خاطب یا خطیب
کی جمع۔ واعظان۔
خُطبہ (ع۔ مذکر) ۱ حمد و نعت
وعظ و نصیحت جو نماز جمعہ یا عیدین کے موقع
پر لوگوں کو مخاطب کر کے سنائی جاتی ہے اور
آخیر میں خلیفۃ المسلمین کے لئے دعا ہوتی ہے
(پڑھنا۔ سنانا۔ سننا کے ساتھ) ۲ کتاب
کا دیباچہ یا مقدمہ ۳ وعظ۔ لکچر۔ تقریر (خَطَبَ۔
زبانی پڑھنا) خطبہ خواں (مذکر) خطبہ پڑھنے والا
خطیب۔
خَطَر (ع۔ مذکر) ۱ خوف۔ ڈر۔
اندیشہ ۲ ضرر۔ آفت ۳ دشواری۔ مشکل (خَطَرَ
دل میں آنا) خطرا (مذکر) خاطر کی تصغیر۔ پروا۔
خطر اٹل جانا (لازم) ۱ مو جنون ہو جانا۔
خطرناک (صفت) خوفناک جس سے نقصان
کا ڈر ہو۔ خطرہ (مذکر) دیکھو خطر ۹ تا ۱۱ (کرنا
ہونا کے ساتھ) خطرہ رفع کرنا (متعدی) ۱
آفت کو روکنا ۲ پیشاب کرنا۔ خطرہ نہ کرنا
(متعدی) ۱ نہ ڈرنا۔ خوف نہ کھانا ۲ مشکل پیدا
نہ کرنا۔ خطرے (مذکر) ۱ خطرہ کی جمع ۲

بجائے خطرہ حروف مغیرہ کے بعد۔ خطرے میں پڑنا (لازم)، ڈالنا (متعدی) آفت میں پھنسانا۔ جوکھوں میں ڈالنا۔ خطرے میں نہ لانا (متعدی) سب کو ہیچ سمجھنا۔ کسی کو کچھ نہ سمجھنا۔ یہ غالباً خاطر میں نہ لانے کا محرب ہے۔

خطر (ع۔ مذکر) ۱ تلوار یا نیزہ ہلانا ۲ ان سے مارنا ۳ سانڈ کا دم مارنا۔

خِطر (ع۔ مذکر) ۱ ایک پودا جس سے رنگتے ہیں۔ نیل ۲ پانی ملا دودھ ۳ بہت سے اونٹ۔

خطرایہ (ع۔ مذکر) درویشوں کا ایک قسم کا چغہ۔

خطل (ع۔ مذکر) ۱ فحش بکواس ۲ تیزی۔ پھرتی ۳ بکواس کرنا۔ بکنا ۴ گھوڑے نیزے وغیرہ کی لمبائی ۵ کر پاکر چلنا۔

خَطِل (ع۔ مذکر) ۱ بیوقوف شخص ۲ فیاض آدمی ۳ تیر کا نشانے پر لگنا ۴ کپڑے کا چلتے ہوئے زمین پر گھسٹتا جانا ۵ جیسے کا کنارہ ۶ پھندا ۷ ایک مقام

خُطل (ع۔ صفت) اخطل کی جمع۔ گول کانوں والی بھیڑ بکریاں یا کتے۔

خطم (ع۔ مذکر) ۱ اونٹ کی ناک پر ضرب لگانا ۲ چمڑے کے کنارے سینا ۳ کمان کا چلہ چڑھانا ۴ باتوں میں تابعدار بنا لینا ۵ چونچ ۶ تھوتھنی۔

خطمی (ع۔ مونث) گل خیرو۔

خطو (ع۔ مذکر) کارروائی۔

خطوات (ع۔ مذکر) خطوت کی جمع۔ قدم۔

خطوت (ع۔ مذکر) قدم اٹھانا۔ چلنا۔

خُطوت (ع۔ مذکر) قدم۔

خطور (ع۔ مذکر) ۱ داخل ہونا۔ دل میں آنا ۲ بڑی طاقت ہونا۔

خطہ (ع۔ مذکر) ۱ ملک کا حصہ یا قطعہ۔ سرزمین۔ ملک ۲ بڑا شہر ۳ زمین کا ٹکڑا۔ زمین کا حصہ جس پر نشان لگے ہوں (خط۔ لکیر کھینچنا)

خطی (ع۔ مذکر) خطوت کی جمع۔

خطیب (ع۔ مذکر) ۱ خطبہ خواں ۲ خطبہ پڑھنے والا شخص ۳ ایک عہدہ دار جو بادشاہ کو کسی شخص یا بات کی طرف دعا دیکر متوجہ کرتا تھا ۴ عربوں میں ایک عہدہ دار جسکا کام اپنی قوم کی خوبیاں اور مخالفین کے نقائص ظاہر کرنا تھا ۵ لکچرار۔ واعظ۔ مقرر (خطب۔ زبانی پڑھنا)

خطیبی (مونث) ۱ خطبہ کہنے کا پیشہ ۲ وعظ کرنا۔

خطیت (ع۔ مونث) خطا۔

خطیر (ع۔ صفت) ۱ بہت کثیر ۲ بڑا ۳ امیر۔ عالی رتبہ۔ عالی منزلت ۴ خطرناک۔ جس میں نقصان کا اندیشہ ہو (خطر۔ دل میں آنا)

خطیف (ع۔ مونث) ۱ تیز (اونٹنی) ۲ ابابیل۔

خطیئت (ع۔ مونث) خطا۔

خُظور (ع۔ مذکر) مضبوطی۔ سختی گوشت کی۔

خَفت (ع۔ مذکر) پھینکنا چرخ کا

خِفّ (ع۔ مذکر) ۱ ہلکا ہونا ۲ وزن یا چلن کا ہلکا ہونا ۳ تھوڑے سے آدمی۔ ۴ بدچلن۔ ہلکا۔

خُفّ (ع۔ مذکر) ۱ انسان اونٹ یا شتر مرغ کے پاؤں کا تلا ۲ موزہ ۳ جوتا۔

خفا (ع۔ مونث) ۱ پوشیدگی ۲ راز (خفی۔ معلوم نہ ہونا) چھپا ہونا۔

خفا (ف۔ مذکر) ۱ گلا گھونٹنا ۲ (صفت) ناراض۔ غضبناک۔ برہم۔ ناخوش۔ (دکنا ہونا کیا تھا)

خُفات (ع۔ مذکر) مرنا۔

خُفاجل (ع۔ صفت) جس کے منہ سے بات نہ نکلے۔

خُفارہ، خِفارہ، خُفارت (ع۔ مونث) ۱ حفاظت ۲ معاہدہ ۳ حفاظت کرنے کا معاوضہ۔

خُفّاش (ع۔ مذکر) چمگادڑ۔

خفّاف (ع۔ مذکر) جوتا فروش موچی۔

خِفاف (ع۔ مذکر) خف کی جمع موزے۔

خُفاف (ع۔ مذکر) ۱ روشنی ۲ ایک آدمی کا نام۔

خُفافیش (ع۔ مذکر) خفاش کی جمع۔

خفایا (ع۔ مونث) خفیہ کی جمع۔ راز۔

خَفت (ع۔ مذکر) کانا پھوسی کرنا۔

خِفت (ع۔ مونث) ۱ ہلکاپن۔ سبکی۔ اوچھاپن ۲ شرم۔ خجالت۔ ذلت۔ شرمندگی۔ بے عزتی۔ ہتک (اٹھانا۔ اٹھنا۔ کھینچنا ہونا کیا تھا) (خَفّ۔ ہلکا ہونا) **خفت کرنا** (متعدی) ۱ بے عزتی کرنا۔ ہتک کرنا ۲ بدنام [illegible] یا (مست)

خفتان (ع۔ مذکر) ایک قسم کا کرتا جو زرہ کے اندر پہنا جاتا ہے۔

خُفتہ (ف۔ صفت) ۱ سویا ہوا ۲ غافل۔ جاہل۔

مقولہ۔ خفتہ را خفتہ کے کند بیدار۔ غافل یا جاہل غافل کی اصلاح نہیں کر سکتا۔

خفج (ع۔ مذکر) ہمبستری کرنا۔

خفد۔ خفدان (ع۔ مذکر) شتر مرغ کا تیز جانا۔

خفر (ع۔ مذکر) ۱ حفاظت کرنا ۲ ہمراہ جانا ۳ معاف کرنا۔

خَفَر (ع۔ مذکر) ۱ جھینپنا ۲ بہت شرمیلا پن ۳ لجا۔

خفس (ع۔ مذکر) ٹھٹھا کرنا۔

خفش (ع۔ مذکر) پھینکنا۔

خَفَش (ع۔ مذکر) ۱ کمزور ہونا ۲ آنکھ کا چھوٹا ہونا ۳ نظر کمزور ہونا۔

خفص (ع۔ مذکر) ۱ مغرور کو نیچا دکھانا ۲ آواز دھیمی کرنا ۳ آسان زندگی۔

۵ بیماری کا خاتمہ کرنا ۶ کسی جگہ رہنا۔

خَفق (ع۔ مذکر) ۱ دل دھڑکنا ۲ جھنڈا ہلنا ۳ بخارات اڑنا ۴ بجلی کا چمکنا ۵ نیند سے جھونکے لینا ۶ چابک مارنا ۷ کسی چوڑی چیز سے ٹھپکنا ۸ پر پھڑ پھڑانا اڑنے میں۔

خفقان (ع۔ مذکر) ۱ دل کا دھڑکنا۔ ایک بیماری ہے ۲ مالیخولیا جنون توہمات۔ خیالات باطلہ ۳ گھبراہٹ۔ وحشت **خفقان پیدا کرنا** (متعدی) کسی چیز سے خفقان ہو جانا۔ **خفقانی** (صفت) ۱ خفقان میں مبتلا ۲ پاگل جیسے مالیخولیا ہو ۳ گھبرایا ہوا۔ وحشت زدہ۔

خُفگی (ف۔ مونث) ۱ ناراضگی۔ غصہ۔ طیش۔ تنتہ۔ جھنجھٹ۔ کردہ ۲ آزردگی۔

خُفُوت (ع۔ مذکر) چپ کر جانا گونگا ہو جانا۔

خُفُور (ع۔ مذکر) ۱ حفاظت نہ کر سکنا ۲ وعدہ توڑنا ۳ بیوفائی کرنا۔

خُفُوف (ع۔ مذکر) ۱ تھوڑا ہونا ۲ تیز چلنا۔

خُفُوق (ع۔ مذکر) ۱ ستارہ ڈوبنا ۲ نیند سے جھونکے لینا ۳ رات گذرنے کے قریب ہونا ۴ پرند کا اڑنا۔

خِفِیر (ع۔ مذکر) محافظ۔ مربی سرپرست۔

خَفی (ع۔ صفت) باریک۔ پوشیدہ۔ باریک خط کی لکھائی۔

خَفِیتاً (ع۔ تف) چھپ کر۔

خَفِیف (ع۔ صفت) ۱ ہلکا۔ سبک ۲ حقیر۔ ذلیل۔ رسوا ۳ نادم۔ شرمندہ۔ ۴ تھوڑا۔ کم (کرنا ہونا کے ساتھ) ۵ بدچلن۔ بدکردار۔ فاسق ۶ لغو۔ فضول۔ سبکسر ۷ (مونث) ایک بحر یا وزن کا نام (خَفّ۔ ہلکا ہونا) **خفیف آواز** (صفت) ہلکی آواز۔ **خفیف الرّوح** یا دم (صفت) مہربان۔ مشفق **خفیف العقل** (صفت) بیوقوف **خفیف القلب** (صفت) ذہین۔ ذکی۔ زیرک۔ ہوشیار۔ **خفیف الید** (صفت) جس کے ہاتھ میں صفائی ہو۔ چست۔ چالاک۔ **خفیفہ** (مونث) ۱ بدچلن عورت ۲ عدالت جس میں نقدی کے چھوٹے چھوٹے مقدمے ہوں **خفیف ہونا** (لازم) شرمندہ ہونا۔

خِفبِق (ع۔ مذکر) ہوا کی آواز۔

خُفیہ (ع۔ صفت) ۱ پوشیدہ۔ درپردہ۔ نہاں۔ پنہاں۔ مخفی۔ گپت۔ مکنوں ۲ چھپ کر۔ پوشیدہ طور سے (خَفیٰ۔ معلوم نہ ہونا) **خفیہ بات** (مونث) راز۔ **خفیہ پولیس** (مونث) پولیس کا محکمہ جس کا کام درپردہ خبر لگانا ہے۔ سی۔ آئی۔ ڈی۔ **خفیہ خبر** (مونث) درپردہ اطلاع **خفیہ فروشی** (مونث) چھپ کر بیچنا۔ ناجائز فروخت۔ **خفیہ کارروائی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ درپردہ کوئی کام کرنا ۲ خفیہ دریافت یا تفتیش کرنا۔ **خفیہ نگار یا نویس** (مذکر) ۱ خبر نویس ۲ مخبر۔ جاسوس۔ **خفیہ نویسی** (مونث) ۱ مخبری۔ جاسوسی ۲ درپردہ لکھ کر اطلاع دینا۔ خفیہ رپورٹ کرنا۔

خَلّ (ع۔ مذکر) ۱ نکما ہونا ۲ غریب ہونا ۳ اونٹ کے بچے کی زبان بیچ میں سے کاٹنا کہ دودھ نہ پی سکے ۴ سرکہ ۵ کوئی کھٹی چیز ۶ ریگستان کا راستہ ۷ پرانا کپڑا ۸ کپڑے کا چاک ۹ گردن کی ایک رگ ۱۰ تھوڑے پروں والا پرندہ ۱۱ برائی ۱۲ نیکی ۱۳ (صفت) کمزور۔ دبلا۔

خِلّ (ع۔ مذکر) دوست۔ یار۔

خَلا (ع۔ مذکر) ۱ خالی جگہ۔ خلو ۲ وہ جگہ جہاں ہوا نہ ہو ۳ زمین اور آسمان کے درمیان کی جگہ (خَلوَ۔ خالی ہونا) **خلا ملا** (مذکر) میل جول۔ ربط ضبط۔ خلط ملط۔ سخت دوستی (رہنا کے ساتھ)

خَلاب (ف۔ مذکر) کیچڑ۔ مٹی۔ دلدل۔

خِلابَت (ع۔ مونث) ۱ دھوکا دینا ۲ چرپٹا۔

خَلاشی (ف۔ مذکر) جہاز چلانے والا ملاح۔ جہازران۔

خَلاص (ع۔ صفت) ۱ آزاد۔ رہا۔ چھوٹا ہوا ۲ (مذکر) رہائی۔ آزادی ۳ غلام کو آزادی یا معافی۔ چھٹکارا (خَلَص۔ ملاوٹ سے بچا ہونا) **خلاص پتر** (مذکر) رہائی کا حکم ۲ آزادی یا معافی کا اقرار نامہ۔ **خلاص کرنا** (متعدی) ۱ رہائی دینا ۲ آزاد کرنا۔ ۳ رہا کرنا۔ بری کرنا ۴ چھڑانا۔ بچانا۔ **خلاص ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ بچہ جننا۔ وضع حمل ہونا ۳ انزال ہونا ۴ ختم ہو جانا۔ **خلاصی** (مونث) ۱ چھٹکارا۔ رہائی۔ نجات دیکھو خلاص (پانا۔ دینا کرنا۔ ہونا کے ساتھ) ۲ نہر جس میں فالتو پانی نکال دیا جائے ۳ (مذکر) خیمہ استادہ کرنے والا ملازم ۴ توپ خانے ریل یا جہاز پر کام کرنے والا مزدور۔ معنی ۳ د ۴ میں تشدید لام سے بھی استعمال ہوتا ہے۔ ان معنوں میں خلاشی کا مخرب ہے۔

خُلاصہ (ع۔ مذکر) ۱ اختصار۔ انتخاب ۲ کسی چیز کا بہترین حصّہ۔ نچوڑ۔ جوہر ۳ میزان ۴ نتیجہ۔ حاصل ۵ (صفت) چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا ۶ ظاہر۔ عیاں (بنانا۔ کرنا ہونا کے ساتھ) (خَلَص۔ ملاوٹ سے بچا ہونا) **خلاصہ خلاصہ** ۱ صاف طور پر۔ کھلا کھلا۔ ظاہرا۔ **خلاصہ کلام یا مرام** (تف) حاصل کلام۔ الحاصل۔ **خلاصہ نکالنا** (متعدی) ۱ گوشوارہ بنانا ۲ اختصار کرنا۔ خلاصہ بنانا ۳ میزان کرنا۔ **خلاصہ نکلنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **خلاصہ یہ ہے**۔ صاف یہ ہے اصل مطلب یہ ہے۔

خِلاط (ع۔ مذکر) ۱ ملنا۔ خلط ملط ہونا گڈمڈ ہونا ۲ مختلف آدمیوں اونٹوں یا بھیڑوں کا جمع ہونا ۳ جماع۔ مجامعت۔ بھوگ ۴ دل کی گھبراہٹ سٹ پٹا جانا (خَلَط ملنا) ۵ ہمبستری ۶ عقل گم ہونا۔

خِلاع (ع۔ مذکر) خلعت کی جمع۔ پوشاکیں۔

خُلاع (ع۔ مذکر) بھرگی۔

خَلاعت (ع۔ مونث) ۱ والدین کی بالکل عزت نہ کرنا ۲ والدین اور رشتہ داروں کا چھوڑ دینا ۳ بدانتظامی ۴ بدچلنی۔

خِلاف (ع۔ صفت) ۱ الٹا۔ مخالف۔ ناموافق۔ برخلاف۔ برعکس۔ نقیض۔ متضاد۔ ناسازگار ۲ (مذکر) اختلاف ۳ جھوٹ

دروغ ۳ مخالف ۔ دشمن ۵ دشمنی ۔ مخالفت ۶ برخلاف اس کے (خَلف ۔ پیچھے آنا) **خلافِ اختیار** (صفت) اختیار سے باہر ۔ طاقت سے باہر ۔ غیر مجاز ۔ ناجائز ۔ **خلافِ اسمی** (مونث) ناموزوں نام ۔ **خلافِ بیانی** (مونث) جھوٹ ۔ دروغگوی (کرنا ہونا کیساتھ) **خلافِ حکم** (صفت) حکم کے برخلاف ۔ بلاحکم ۔ **خلافِ دستور** (صفت) رواج یا معمول کے برخلاف ۔ **خلافِ رائے** (صفت) مرضی کے برخلاف ۔ **خلافِ شرع** (صفت) قانون اسلام کے برخلاف ۔ شریعت کے برعکس ۔ **خلافِ طبع** (صفت) طبیعت کے برخلاف ۔ مزاج کے خلاف ۔ **خلافِ قیاس** (مذکر) ناممکن ۔ غیر ممکن ۔ عقل کے برخلاف ۔ **خلافِ قیاسی** ۱ (مونث) عدم احتمال ۔ عدم امکان ۲ بے ضابطگی ۔ بے قاعدگی ۔ ابتری **خلاف کہنا** (متعدی) ۱ مخالفت کی بات کہنا ۲ طبیعت کے برخلاف بات کہنا ۳ جھوٹ بولنا ۔ **خلافِ مرضی** (صفت) خواہش کے برخلاف ۔ طبیعت کے برخلاف **خلافِ مزاج** (صفت) بدن کی عادت کے خلاف (طب) **خلافِ معنی بیان کرنا یا کہنا** (متعدی) غلط مطلب بتانا ۔ غلط بیانی کرنا ۔ **خلاف نالش** (مونث) مقابلے کا دعوے **خلاف ورزی** (مونث) مخالفت ۔ خلاف کرنا ۔ توڑنا (کرنا ہونا کے ساتھ) **خلافِ وضع** (صفت) طریقے یا عادت کے برخلاف ۔ **خلافِ وضعِ فطری** (مونث) اغلام یا جانوروں سے فعل بد ۔ **خلافِ وعدہ** (صفت) ۱ عہد کے برخلاف ۔ قول کے برعکس ۲ (مذکر) وعدہ توڑنے والا ۔ **خلافِ وعدگی** (مونث) وعدے کا توڑنا ۔ **خلاف ہونا** (لازم) ۱ مخالف ہونا ۲ برخلاف ہونا ۳ ناموافق ہونا ۴ کسی کے رائے سے متفق نہ ہونا ۔ **خلافی** (صفت) ۱ مخالف ۲ بحث طلب ۔

مقولہ ۔ خلافِ رائے سلطاں رائے جستن ۔ بخون خویش باید دست شستن ۔ حاکم کی مرضی کے خلاف چلنے سے نقصان پہنچتا ہے ۔

خِلافت (ع ۔ مونث) ۱ نیابت ۔ جانشینی نبی یا بادشاہ کی ۲ خلیفہ کا عہدہ ۳ بادشاہت مسلمانوں کی (خَلف وارث ہونا)

خَلّاق (ع ۔ صفت) بہت پیدا کرنے والا ۔ خالق ۔ اللہ کا ایک صفاتی نام (خَلق ۔ پیدا کرنا)

خَلاق (ع ۔ مذکر) بہت خوش قسمتی یا خوشی ۔

خُلاق (ع ۔ مذکر) ایک خوشبو ۔

خَلال (ع ۔ مذکر) کشتی کھجور [illegible]

خَلّال (ع ۔ مذکر) [illegible]

خِلال (ع ۔ مونث) ۱ دو چیزوں کے درمیان فرق یا فاصلہ ۲ دانت کریدنے کا آلہ یا تنکا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ (خِلّت کی جمع) دوستیاں ۴ دوست ۵ (خلت کی جمع) خاصیتیں ۶ (اردو) مات ۔ شکست ۔ ہار دینا کرنا کھانا لینا کے ساتھ)

خِلال (ع ۔ مذکر) محبت جتانا دوستی پیدا کرنا ۔

خِلّالت (ع ۔ مونث) دوستی اخلاص ۔

خُلالت (ع ۔ مونث) ۱ گوشت جو دانتوں میں سے نکالا جائے ۲ کچی کھجوریں جو پکی ہوئی میں سے چن کر نکالی جائیں ۔

خُلّان (ع ۔ مذکر) خلیل کی جمع ۔

خَلائف (ع ۔ مذکر) جمع خلیفہ کی ۔ خلفاء ۔

خَلائق (ع ۔ مذکر) جمع خلقت کی ۱ مخلوقات ۔ لوگ ۲ طبعتیں ۔ مزاجیں ۔ **خلائق پناہ** (صفت) لوگوں کو پناہ دینے والا ۔ بادشاہوں کو خطاب کرتے ہیں ۔

خَلب (ع ۔ مذکر) ۱ پنجوں سے پکڑنا ۲ ناخنوں سے نوچنا ۔ زخمی کرنا یا چھاٹنا ۳ کم لگانا ۴ دھوکا دینا ۔

خِلب (ع ۔ مذکر) ۱ ناخن ۔ پنجہ ۲ انگور کا پتا

خُلُب (ع ۔ مذکر) ۱ کھجور کے درخت کا ریشہ ۲ اس کی بنی ہوئی رسی ۳ کھجور کے تنے کا گودا ۴ سیاہ مٹی

خَدَب [illegible] بر سبیل ۔

خلّت (ع ۔ مونث) [illegible] اچھی یا بری ۲ عادت [illegible] ۵ فاصلہ ۶ دو نٹ کا بچہ

خِلت (ع ۔ مونث) [illegible] نیام جس پر جواہرات لگے ہوئے ہوں [illegible] [illegible]

خُلّت [illegible] دوستی ۔ محبت [illegible]

[illegible] خلت گھسنا [illegible] نہایت سے کھٹ [illegible]

خَلج (ع ۔ مذکر) [illegible] ۲ آنکھ سے اشارہ کرنا ۳ درد [illegible] ۵ داہنے بائیں ہلانا [illegible]

خَلَج (ع ۔ مذکر) بہت محنت [illegible] دل کا درد کرنا ۔

خَلیج (ع ۔ مذکر) [illegible] جہازات ۔

خلجان (ع ۔ مذکر) ۱ تپک دھڑک ۔ خلش ۲ تردد ۔ اندیشہ ۔ فکر ۔ گھبراہٹ ۔ چنتا (خَلَج ۔ حرکت دینا) **خلجان رفع ہو جانا یا ہونا** (متعدی) فکر جاتے رہنا ۔ اندیشہ نہ رہنا

خَلُّخ (ف ۔ صفت) ۱ خوشبو

خَلخال (ع ۔ مونث) ۱ پازیب پاؤں کا ایک زیور ۲ ایک قسم کا باریک کپڑا ۳ (خلخل ہلانا)

خَلخان (ف ۔ مذکر) ایک پودہ جس کی سجی بناتے ہیں ۔

خَلخَل ۔ خَلخَلا (ع ۔ صفت) ۱ ڈھیلا ڈھالا ۲ پتلا ۔ گھسا ہوا (خَلّ ۔ دبلا ہونا)

خَلخُول (ع ۔ صفت) ڈھیلا ڈھالا ۔

خُلد (ع ۔ مذکر) ۱ ہمیشہ رہنے والی چیز ۲ بہشت ۔ فردوس ۔ جنت (خَلد ۔ ہمیشہ رہنا) **خلد آشیاں** (صفت) بہشت میں سکونت رکھنے والا ۔ مرحوم ۔ مغفور ۔ متوفی بادشاہوں اور بڑے آدمیوں کی نسبت کہتے

ہیں۔ **خُلدِ بریں** (مذکر) بہشت۔ فردوس اعلےٰ۔ **خُلدِ مکانی** (صفت) دیکھو آشیاں۔

خُلّر (ع - مذکر) مٹر۔ پھلی۔

خَلس (ع۔ مذکر) ۱ پکڑنا ۲ لیجانا
خلست (مونث) ایک دفعہ پکڑنا یا لیجانا۔

خُلسَت (ع۔ مونث) ۱ لوٹ ۲ سبز اور مرجھائی ہوئی نرکاریوں کو ملا دینا ۳ سیاہ وسفید بال۔

خَلِش (ف - مونث) کانٹے کا بدن میں چبھنا ۲ کھٹک - چوبھا ۳ رنجش۔ بغض۔

خَلَص (ع۔ مذکر) ۱ ہڈی کا ٹوٹا ہوتا ۲ ایک بیل جو دوسرے پودوں پر بڑھ جاتی ہے۔

خَلِص (ع۔ مذکر) سچا دوست۔
خُلَصا۔ خُلَصان (ع۔ مذکر) خلص کی جمع۔ سچے دوست۔ مخلص دوست۔

خَلط (ع۔ مذکر) ۱ آمیزش۔ ملاوٹ (خَلَط - ملنا) **خلط ملط** (صفت) گڈمڈ۔ درہم برہم۔ **خلط مبحث** (مذکر) بیفائدہ الجھاؤ۔

خِلط (ع۔ مذکر) ۱ آمیزش۔ ملاوٹ ۲ بدن کی چار رطوبتوں میں سے کوئی ایک۔ صفرا سودا بلغم خون (خَلَط۔ ملنا) **خلطِ صالح۔ طبیعی یا محمود** (مونث) وہ خلط جو جگر میں پیدا ہو اور بدن کی غذا بن جائے۔ **خلط فاسد** (مونث) پھوڑے کی جڑ۔ وہ خلط جو بدن کے لئے مفید نہ ہو۔

خُلَطا (ع۔ مذکر) خلیط کی جمع ۱ ساتھی۔ ہمراہی ۲ حصہ دار۔

خِلطت (ع۔ مونث) ۱ عورت جو مردوں سے میل جول رکھے ۲ میل جول۔
خِلطت (ع۔ مونث) حصہ داری

خُلطہ (ع۔ مذکر) میل جول۔ ربط ضبط ۲ حصہ داری۔

خَلع (ع۔ مذکر) ۱ کپڑے اتارنا ۲ آہستہ سے نکالنا ۳ نوکری سے ہٹانا ۴ عورت کو مہر چھوڑ دینے پر طلاق دینا ۵ مضبوط ہونا ۶ بالغ ہونا ۷ گیہوں کے پودے کا بال نکالنا ۸ خلعت دینا ۹ اکھڑ جانا۔ جگہ سے ہٹ جانا۔

خُلَع (ع۔ مذکر) عورت کا مہر چھوڑ کر طلاق لینا (خَلَعَ۔ چھوڑنا)

خِلعَت (ع۔ مذکر) ۱ عزت کی پوشاک۔ وہ پوشاک جو بادشاہ بطور عزت افزائی لوگوں کو عطا کرتے تھے۔ اس میں عام طور پر شملہ۔ چپکن۔ پٹکا۔ دوشالہ اور رومال ہوتا تھا۔ مگر بڑے آدمیوں کو سات نو گیارہ کبھی پارچے کا خلعت بھی عطا ہوتا تھا۔ ۲۱ پارچے کا عام طور پر ولیعہد کو عطا ہوتا تھا ۲ وہ نشان جو استاد اصلاح دیتے وقت عمدہ حرف پر لگا دیتے تھے ۳ تحفہ۔ عطیہ ۴ تحسین۔ آفرین۔ (پانا - پہنانا - پہننا۔ دینا ملنا وغیرہ کے ساتھ) (خَلَعَ - اتارنا) **خلعت بہا** (مذکر) ایک ٹیکس جو بادشاہ خلعت کے لئے وصول کرتے تھے۔
خلعتِ تحسین (مذکر) شاباش۔ آفرین۔
خلعتِ فاخرہ (مذکر) ایسا خلعت جو باعث فخر ہو۔ نہایت اعلےٰ خلعت (دینا۔ عنایت کرنا یا فرمانا) **خلعت خانہ** (مذکر) وہ جگہ جہاں خلعت تیار کئے جائیں۔

خَلَف (ع۔ مذکر) ۱ جانشین ۲ قائم مقام ۳ وارث ۴ بیٹا۔ فرزند سعید ۵ فرمانبردار۔ تابعدار ۶ برا۔ مخالف۔ بدچلن۔ (خَلَفَ۔ پیچھے آنا) **خلف الرشید یا الصدق** (مذکر) فرمانبردار بیٹا۔

خَلف (ع۔ مذکر) ۱ پیچھے آنا - ۲ ایک دوسرے کے بعد آنا ۳ نسلاً بعد نسل ۴ فحش باتیں ۵ گناہ ۶ چھوٹی پسلی ۷ استرے کی نوک ۸ کلہاڑی کی دھار ۹ کلہاڑا ۱۰ بڑا دیٹا ۱۱ بیکار آدمی ۱۲ غیر حاضر قبیلہ ۱۳ پانی نکالنا ۱۴ قے کرنا ۱۵ (تف) پیچھے۔

خِلف (ع۔ مذکر) اونٹنی کا تھن ۲ صفت نہ بگڑا ہو۔ مقدمہ باز ۳ گرمی کا سبزہ

خَلَف (ع۔ مذکر) ۱ جانشین ۲ منظور نظر بیٹا

خَلِف (ع۔ مونث) حاملہ اونٹنیاں

خُلف (ع۔ مذکر) وعدہ توڑنا۔
خُلفِ وعدہ (مذکر) وعدہ توڑنا۔

خُلَفا (ع۔ مذکر) خلیفہ کی جمع۔
خلفائے بنی اُمَیَّہ (مذکر) خاندانِ بنی امیہ کے بادشاہ جن کا دارالخلافہ بصرہ تھا۔ **خلفائے راشدین** (مذکر) پہلے چاروں خلیفوں حضرت ابوبکرؓ۔ حضرت عمرؓ۔ حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ سے مراد ہے۔ ان کے عہد میں مدینہ دارالخلافہ تھا۔ **خلفائے عباسیہ** (مذکر) خاندان عباسیہ کے بادشاہ۔ ان کے عہد میں بغداد دارالخلافہ تھا۔ مگر ہلاکو خاں کے حملے کے بعد خلافت برائے نام رہ گئی۔ اور خلیفوں نے قاہرہ میں پناہ لی۔ **خلفائے عثمانیہ** (مذکر) سلاطین قسطنطنیہ یا روم۔ سلطان سلیم کے مصر فتح کرنے کے بعد خلافت خاندان عثمانیہ میں آگئی۔

خِلفَت (ع۔ مونث) ۱ جانشین ہونا ۲ جانشین ۳ ایک پودہ جو ادھر مرجائیں تو اگتا ہے ۴ موسم خزاں کے پودے یا پھل۔

خُلفَت (ع۔ مذکر) ۱ نقص ۲ بیوقوفی۔

خَلق (ع۔ مذکر) ۱ درست ماپنا ۲ کاٹنے سے پہلے چمڑے پر نشان لگانا ۳ پیدا کرنا ۴ دھوکا دینا ۵ ہموار کرنا ۶ چیزیں جو پیدا کی گئی ہوں۔

خُلق (ع۔ مذکر) پرانے گھسے ہوئے کپڑے۔

خَلق (ع۔ مذکر) لوگ۔ مخلوق۔ خلقت (خَلَقَ۔ پیدا کرنا) **خلق آزار** (صفت) ظالم۔ لوگوں کو تنگ کرنے والا **خلق آزاری** (مونث) لوگوں کو تنگ کرنا۔ ظلم وستم۔ **خلق سے اُٹھ جانا** (لازم) مرجانا **خلق کرنا** (متعدی) پیدا کرنا۔ بنانا۔ **خلق ہونا** (لازم) پیدا ہونا۔

امثال واقوال۔

خلق خدا کی حُکم بادشاہ کا۔ لوگ تو خدا کے ہوتے ہے - بادشاہ کا حکم مانتے ہیں **خلق خدا ملک خدا۔** خلقت خدا کی ملک خدا کا۔ **خلق کا حلق کس نے بند کیا۔** لوگوں کی باتوں کو کوئی نہیں روک سکتا۔ **خلق کی زبان خدا کا نقارہ۔** جو بات مشہور ہو جائے وہ عموماً درست ہوتی ہے۔

● **خُلق** (ع۔ مذکر) ۱ ملنساری۔ خوش مزاجی ۲ خصلت۔ عادت۔ مروت۔

(خَلَق۔ پیدا کرنا) **خلق محمدی** (مذکر) پیغمبر صلعم کا خلق ضرب المثل ہے۔ بے مثل اخلاق۔

خُلقان (ع۔ مذکر) خلق کی جمع۔

خَلقت (ع۔ مونث) مخلوق۔ لوگ (خَلَق۔ پیدا کرنا) **خلقتِ خدا** (مونث) لوگ۔

اقوال۔ خلقت کی زبان کو کون روک سکتا ہے۔ دنیا کے لوگ کہنے سے نہیں چوکتے **خلقت مردہ پسند ہے۔** نیکی بدی مرنے کے بعد ظاہر ہوتی ہے۔

خِلقت (ع۔ مونث) پیدائش آفرینش۔ فطرت سرشت (خَلَق۔ پیدا کرنا)

خِلقی (ع۔ صفت) پیدائشی۔ قدرتی فطرتی (خَلَق۔ پیدا کرنا)

خَلل (ع۔ مذکر) ۱ رخنہ شگاف۔ ۲ فتور۔ بگاڑ (آنا پڑنا ڈالنا ہونا وغیرہ کے ساتھ) ۳ بدہضمی۔ پیٹ کی خرابی ۴ آسیب کا اثر ہونا۔ ۵ بیماری۔ دکھ۔ روگ۔ ضرر۔ نقصان ۶ نقص۔ کمی۔ خامی ۷ لڑائی۔ نااتفاقی ۸ تباہی۔ بربادی۔ (خَلّ۔ دبلا ہونا) **خلل انداز** (صفت) ۱ فتور ڈالنے والا۔ شرارت کرنے والا ۲ خواہ مخواہ دخل دینا (کرنا ہونا کے ساتھ) **خلل اندازی** (مونث) دخل درمعقولات۔ شرارت۔ فتور۔ **خلل پذیر** (صفت) جو خلل پڑنے کے قابل ہو۔ پراگندہ۔ پریشان۔ **خلل دماغ** (مذکر) سودا۔ دیوانگی۔ مالیخولیا۔ **خلل دماغ** (صفت) ۱ سودائی۔ دیوانہ۔ پاگل ۲ تیز مزاج۔ **خللی** (صفت) ۱ دخل دینے والا ۲ شرارتی۔

خِلم (ع۔ مذکر) ۱ دوست۔ یار ۲ ہرن کے رہنے کی جگہ ۳ انتڑیوں کی چربی

خَلنج (ع۔ مذکر) ایک درخت۔

خُلنجان (ع۔ مذکر) ایک پودے کی جڑ۔

خِلو (ع۔ صفت) خالی۔

خِلّو (اردو۔ صفت) احمق۔ بیوقوف۔

خُلُو (ع۔ مذکر) ۱ خالی ہونا ۲ خلا۔ جوف۔

خَلوَت (ع۔ مونث) ۱ تنہائی علیحدگی۔ گوشہ نشینی۔ عزلت ۲ خالی جگہ۔ تنہائی کا مقام۔ کوٹھڑی حجرہ ۳ خوابگاہ۔ سونے کا کمرہ ۴ پوشیدگی ۵ علیحدہ ملاقات (خَلَو۔ خالی ہونا) **خلوت پسند** (صفت) تنہائی پسند کرنے والا۔ **خلوت خانہ** (مذکر) **سرا یا گاہ** (مونث) علیحدگی کی جگہ۔ تنہائی کا مقام۔ **خلوت داری** (مونث)۔ تنہائی۔ علیحدگی ۲ تنہائی کا چلن **خلوت دوست** (صفت) تنہائی پسند۔ **خلوت رہنا** (لازم) دو دوستوں یا عاشق و معشوق کا اکیلے بیٹھے باتیں کرنا۔ **خلوت صحیح یا صحیحہ** (مونث) بیوی خاوند کا ہمبستری کے لئے تنہا جگہ اکٹھا ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) **خلوت کرنا** (متعدی) ۱ مکان کو خالی کرنا ۲ تنہا ہونا۔ اکیلا ہونا ۳ عورت سے ہمبستر ہونا۔ **خلوت گزیں یا نشیں** تنہائی میں بیٹھنے والا۔ اکیلا رہنے والا۔ گوشہ نشین **خلوت وجلوت میں** (تف) خفیہ یا علانیہ۔ خفیہ طور پر یا کھلے خزانے۔ **خلوت ہونا** (صفت) ۱ اکیلے ہونا تنہا ہونا ۲ ہم صحبت ہونا **خلوتی** (صفت) ۱ اکیلا رہنے والا۔ تنہا ۲ تنہائی کا۔ تنہائی کے متعلق ۳ (مذکر) بن باسی۔ مرتاض گوشہ نشیں ۴ وہ شخص جسے تنہائی میں بلایا جائے ۵ ہمراز۔ بے تکلف دوست۔

مثل۔ خلوت از اغیار باید نے زیار خلوت غیروں سے چاہئے نہ کہ دوستوں سے یعنی بھید غیروں سے چھپانا چاہئے۔

خُلُوج (ع۔ مذکر) بادلوں کے ٹکڑے بارش سے بھرے ہوئے۔

خُلُود (ع۔ مذکر) ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی (خَلَدَ۔ رہنا)

خُلُوص (ع۔ مذکر) ۱ سچی دوستی وفاداری ۲ اخلاص۔ بے ریائی ۳ صفائی۔ سچائی۔ **خلوصِ نیت** (مونث) نیک نیتی۔ خالص نیت۔

خُلُوف (ع۔ مذکر) ۱ پیچھے ہٹنا ۲ سانس کا بدبودار ہونا ۳ خوراک کا خراب ہوجانا ۴ پانی نکالنا یا دینا ۵ پرانا کپڑا اتار کر نیا پہننا ۶ حاضری کا بعد غیر حاضری یا غیر حاضری کے بعد حاضر ہونا ۷ قبیلہ جو اپنی جگہ چھوڑ گیا ہو۔

خَلُوق (ع۔ مذکر) ایک خوشبو۔

خَلَہ (ف۔ مذکر) ۱ چپو۔ بانس جس سے کشتی چلاتے ہیں ۲ پتوار ۳ کوئی تیز چیز جس سے سوراخ کریں۔ سوئی۔ آر۔ سوا ۴ ریح۔ انتڑیوں میں جس کی وجہ سے درد ہو ۵ درد جو بعض وقت پہلو یا جوڑوں میں یکلخت محسوس ہو ۶ کوئی چیز جو آہستہ آہستہ رفع ہو ۷ تجارتی تحریر جس پر حاکم کے دستخط ہوں ۸ فضول گفتگو۔

خَلیا (ہ۔ مونث) خالہ کی تصغیر۔ **خلیا ساس** (مونث) ساس کی بہن۔ **خلیا سسرا** (مذکر) خلیا ساس کا خاوند۔

مثل۔ خلیا ساس کن ساسوں میں۔ کودوں کا بھات کن بھاتوں میں۔ خلیا ساس کوئی رشتہ دار نہیں اور جوار کا بھات فضول کھانا ہے۔ فضول رشتوں کے متعلق کہتے ہیں۔

خَلِیّت (ع۔ مونث) ۱ بڑا جہاز ۲ اونٹنی جس پر دودھ کی وجہ سے سامان نہ لادیں ۳ اونٹنی جو دوسری کے بچے سے پیار کرے ۴ مطلقہ عورت ۵ شہد کی مکھیوں کا چھتا۔

خَلیتا (ع۔ مذکر) خریطہ کا مخرب ۱ تھیلا ۲ لمبا کرتا ۳ بڑا بٹوا۔ **خلیتی** (پ۔ مونث) چھوٹی تھیلی جس میں سوئی دھاگا رکھتے ہیں۔

خَلیج (ع۔ مونث) ۱ پانی کا ایک قطعہ جس کے تین طرف خشکی ہو اور چوتھی طرف سمندر سے ملا ہو ۲ نہر۔ دریا (خَلَجَ۔ لے جانا)

خَلیدہ (ف۔ صفت) سوراخدار۔ چبھا ہوا (خلیدن چبھنا)

خَلیرا (ف۔ صفت) خالہ کا۔ خالہ کی اولاد۔ اردو کی اختراع ہے فارسی میں استعمال نہیں ہوتا۔ **خلیرا بھائی** (مذکر) خالہ کا بیٹا۔ **خلیری** (صفت مونث) خالہ کی۔ **خلیری بہن** (مونث) خالہ کی بیٹی۔

خَلیط (ع۔ صفت) ۱ ملا ہوا ۲ (مذکر) کوئی مرکب ۳ کھجور اور میوے کی شراب ملی ہوئی

۷ کوئی آدمی جن کا اکٹھا حق ہو ۸ حصہ دار ۹ خاوند ۱۰ چچا زاد بھائی۔

خَلِیطَہ (ع۔ مذکر) دیکھو خریطہ۔ **خلیطۂ طوفان** (مذکر) فساد کرانے والا شخص ۲ شرارتی آدمی ۳ بہتان لگانے والا شخص **خلیطی** (مونث) ۱ خلیتی ۲ گھر والی بیوی۔

خَلِیع (ع۔ مذکر) ۱ بدچلن آدمی جسکو سب نے چھوڑ دیا ہو ۲ رکابی ۳ غول ۴ بھیڑیا ۵ وہ شخص جس کے نام کی تیر نکلا ہو ۶ (صفت) بے شرم۔

خَلِیف (ع۔ مونث) دو پہاڑوں کے درمیان سڑک یا وادی۔

خَلِیفَہ (ع۔ مذکر) ۱ قائم مقام۔ بادشاہ کا قائم مقام ۲ پیغبر صلعم کا قائم مقام۔ امیر المومنین ۳ استاد کا نائب۔ مانیٹر۔ جماعت کا ہوشیار لڑکا جو استاد کی غیر حاضری میں لڑکوں کا خیال رکھے ۴ نائی۔ درزی۔ باورچی۔ ۵ گتکے باز کا نائب ۶ آتو (خَلَف۔ وارث ہونا) **خلیفۃ اللہ** (مذکر) ۱ خدا کا نائب ۲ حضرت آدم کا لقب۔ **خلیفۃ المسلمین** (مذکر) مسلمانوں کا خلیفہ۔ **خلیفۂ زمان** (مذکر) موجودہ بادشاہ **خلیفۂ کتاب** (مذکر) استاد کا نائب مانیٹر۔

خَلِیق (ع۔ صفت) خوش خلق۔ خوش اخلاق۔ صاحب اخلاق۔ (خَلَق۔ پیدا کرنا)

خَلِیقَت (ع۔ مونث) ۱ طبیعت خاصیت ۲ مخلوق۔

خَلِیل (ع۔ مذکر) سچا دوست۔ یار صادق (خَلَل۔ غریب ہونا) **خلیل اللہ** (مذکر) ۱ خدا کا دوست ۲ حضرت ابراہیم کا لقب۔

اقوال خلیل خاں فاختہ اڑا چکے: بس اترا چکے۔ اب کس پر اترائینگے۔ کچھ پلے نہیں۔ **خلیل خاں نے فاختہ ماری**: کسی سے اتفاقاً کوئی اچھا کام ہو جائے اور وہ اترائے تو کہتے ہیں۔

خَم (ف۔ صفت) ۱ ٹیڑھا۔ ترچھا کج ۲ گھونگر یالا ۳ کنڈلی مارے ہوئے ۴ (مذکر) کجی۔ ترچھاپن ۵ موڑ۔ پھیر۔ گھماؤ ۶ بل۔ پیچ۔ ۷ گھونگر۔ حلقہ۔ چھلا ۸ لچھا۔ گچھا ۹ تہ۔ پرت ۱۰ بازو۔ **خم ابرو** (مذکر) بھوؤں کی کجی۔ یہ ایک قسم کی خوبصورتی ہے۔ **خم بجانا** (متعدی) ۱ کشتی میں بازوؤں پر ہاتھ مارنا۔ **خم ٹھوک کر سامنے آنا** (لازم) بیباک ہو کر مقابلہ کرنا۔ **خم ٹھوکنا** (متعدی) کشتی میں ہاتھ پر ہاتھ مارنا ۲ کسی سے کسی کام میں مقابلہ کرنا ۳ کسی کو مقابلے کے لئے بلانا۔ **خم چوگان** (مذکر) وہ لکڑی جس سے چوگان کھیلتے ہیں۔ **خمدار** (صفت) ٹیڑھا۔ ترچھا۔ کج۔ **خم در خم** (صفت) پیچ در پیچ۔ گھونگریالے بال۔ **خم دم** (مذکر) ہمت۔ جوش۔ **خم مارنا** (متعدی) کشتی میں بازوؤں پر ہاتھ مارنا (مت) **خم و چم** (صفت) ۱ طرحدار۔ وضعدار ۲ (مذکر) خرام ناز۔ معشوق کی چال ۳ ناز معشوقانہ۔ نخرہ۔ **خمی** (مونث) کجی۔ ٹیڑھاپن **خمیدگی** (مونث) ٹیڑھاپن۔ گولائی۔ **خمیدنی** (صفت) ٹیڑھا ہونے کے قابل۔ **خمی زانو** (مذکر) گھٹنے کے اندر کا حصہ۔ **خمیدہ** (صفت) ٹیڑھا ترچھا۔ جھکا ہوا۔

خِم (ف۔ مذکر) ۱ زخم ۲ پیپ ۔ مادہ ۳ خاصیت۔ طبیعت ۴ خاک کا چوپایہ۔ **خم چشم** (مذکر) آنکھ کا میل۔

خُم (ف۔ مذکر) ۱ شراب کا برتن ۲ مٹکا۔ گھڑا۔ بڑی ہانڈی ۳ بھپکا۔ قمقمہ بھٹی ۴ ڈھول۔ تاشہ۔ ترئی ۵ گنبد ۶ چپ۔ ۷ وہ پتے جو تقسیم سے پہلے چھپا لیتے اور ایک ایک کر کے نکالتے ہیں۔ **خمانا** (متعدی) ٹیڑھا کرنا۔ (مت) **خم پارہ** (مذکر) برب۔ **خم خانہ** (مذکر) شراب خانہ۔ **خم چڑھانا** (متعدی) دھونے سے پہلے کپڑوں کو ابالنا۔ **خم چڑھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **خم عیسیٰ** (مذکر) حضرت عیسیٰ کا ایک معجزہ۔ رنگدار کپڑے مٹکے میں ڈال دیتے وہ سفید یا سیاہ ہو جاتے۔ **خم کدہ** (مذکر) شراب خانہ۔ **خم کے خم** (مذکر) بہت شراب مٹکوں کے مٹکے **خم کے خم اڑا جانا۔ اڑانا یا چڑھانا** (متعدی) بہت شراب پینا۔ **خم لنڈھانا** (متعدی) شراب پینا **خم گردوں** (مذکر) آسمان

خَمّار (ع۔ مذکر) ۱ میفروش۔ شراب فروش ۲ بہت شراب پینے والا شخص شرابی ۳ معشوق کی آنکھ (خَمَر۔ ڈھانپنا)

خِمار (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو چھپانا ۲ نقاب۔ ۳ عورتوں کا برقعہ

خُمار (ع۔ مذکر) ۱ نشہ۔ سرشاری کیف ۲ نشہ اترنے کے قریب جو درد سر ہوتا ہے اور ہاتھ پاؤں ٹوٹتے ہیں ۳ سر درد وغیرہ جو نہ سونے کی وجہ سے ہوتا ہے ۴ آنکھوں کی نرمی یا ملائمت شراب۔ نیند یا محبت کی وجہ سے ۵ متوالی نظر ۶ ختا میں ایک شہر کا نام (خَمَر۔ ڈھانپنا) **خمار آلود یا آلودہ آنکھیں** (مونث) متوالی آنکھیں۔ محبت بھری آنکھیں **خمار توڑنا** (متعدی) نشہ اترنے کی تکلیف کو روکنے کے لئے پھر تھوڑی سی شراب پینا۔ **خمار خانہ** (مذکر) شراب خانہ۔ **خمار شکنی** (مونث) دیکھو خمار توڑنا۔ **خماری** (صفت) ۱ شراب۔ شراب پینے والا ۲ (مونث) نشہ۔ خمار۔

خُماسی (ع۔ مونث) پنج حرفی لفظ (خَمَس۔ پانچ ہونا)

خُماع (ع۔ مذکر) لنگڑانا ۲ پڑاؤ۔

خُمال (ع۔ مذکر) ۱ لنگڑا کر چلنا ۲ بیماری جس سے یہ حالت ہو ۳ مخلص دوست۔

خُمان (ع۔ مذکر) ۱ نیزہ ۲ ناکارہ آدمی کمینے لوگ۔

خُمب (ف۔ مذکر) ۱ بڑا خم ۲ ترئی۔

خَمر (ع۔ مونث) شراب (خَمَر۔ ڈھانپنا) **خمر خانہ** (مذکر) شراب خانہ۔ **خمر فروش** (مذکر) شراب فروش۔

خَمَر (ع۔ مذکر) ۱ ڈھانپنا۔ چھپانا ۲ سڑنا ۳ خمیر ہونا ۴ شرمندہ ہونا۔ **خَمرت** (مونث) ۱ شراب ۲ بڑا مجمع۔

خَمَر (ع۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو نظر کو روکے ۲ بڑا مجمع ۳ چھپا ہونا۔

خُمُر (ع۔ مذکر) خمار کی جمع۔ نقابیں۔

خُمرا (ف۔ مذکر) ۱ مسلمانوں کی

ایک ذات جو بورئے بنتے ہیں ۲ ایک قسم کے
مسلمان فقیر جو میلوں میں مانگتے پھرتے ہیں ۳
مسلمان کمار۔ خمریاں (مونث) خمروں
کی عورتیں۔

خُمَرت (ع۔ مونث) ۱ تلچھٹ ۲
خمیر ۳ کھجور کے پتوں کی چٹائی ۴ شراب کا چھوٹا خم
۵ برتن جس میں تیل ۶ خوشبو خمیر وغیرہ رکھتے ہیں

خُمَرہ (ف۔ مذکر) ۱ چھوٹا خم ۲
برب ۳ چھوٹا ڈھول۔ چھوٹی چٹائی۔

خمس (ع۔ صفت) پانچ۔ خمسہ
(صفت) پانچ سے نسبت رکھنے والا ۱ (مذکر)
پانچ پانچ مصرعوں کا بند ۲ پانچ منظوم رسالوں
کا مجموعہ۔ نظامی۔ امیر خسرو۔ کاتبی۔ جامی۔
ہاتفی۔ فیضی (در حسن کے مشہور ہیں خمسۂ مُبارکہ
(مذکر) پانچ مبارک چیزیں۔ انگلیاں۔ خمسۂ
مُتَحَیّرہ (مذکر) پانچ سیارے۔ مشتری۔ زہرہ۔
زحل۔ عطارد۔ مریخ۔

خُمس (ع۔ صفت) ۱ پانچواں
حصہ ۲ مال غنیمت کا پانچواں حصہ جو غربا اور
یتیموں کے لئے وقف کیا جائے۔

خَمس (ع۔ مذکر) دبلا کر دینا بھوک کا

خَمش (ع۔ مذکر) ۱ منہ پر ناخن مارنا
۲ کانوں پر تھپڑ مارنا ۳ ایک عضو کاٹنا۔

خمط (ع۔ مذکر) ۱ گوشت کو تھوڑا سا
بھوننا ۲ دودھ چمڑے کے برتن میں جمنے کے لئے ڈالنا
۳ دہی ۴ کوئی کھٹی چیز ۵ کوئی زہریلا پودہ۔

خِمع (ع۔ مذکر) ۱ بھیڑیا ۲ چور۔

خَمل (ع۔ مذکر) ۱ مخمل وغیرہ کا رواں
۲ کپڑے کا کنارہ۔

خَمن (ع۔ مذکر) قیاس کرنا۔

خُمنارہ۔ مذکر) روپیہ (بیڑنوں
کی اصطلاح)

خُمُود (ع۔ مذکر) بجھ جانا آگ کا۔

خُمُود (ع۔ مذکر) شرابیں۔

خَموش (ف۔ صفت) ۱ چپ
خاموش۔ گونگا ۲ (حرف ندا) چپ کرو۔ خموشی
(مونث) چپ۔

خَموش (ع۔ مذکر) مچھر۔

خَموشاں (ف۔ مذکر) چپ
لوگ۔ مردے۔

خُمُوص (ع۔ مذکر) سوجن اتر جانا۔

خَمُول (ع۔ مذکر) گمنام ہونا۔
گمنامی۔

خُمُول (ع۔ مذکر) ۱ اپنے آپ کو
کمینہ حقیر یا قابل نفرت بنا دینا ۲ گمنامی ۳ حقارت

خمولستان (ف۔ مذکر) گمنامی
کا ملک۔ قبر۔

خَمیازہ (ف۔ مذکر) ۱ پھیلانا۔
۲ انگڑائی۔ بدن تاننا ۳ شکنجہ میں دیگر اعضا کو
کھینچنا۔ ایک قسم کی سزا ۴ بدلہ۔ مکافات ۵
تکلیف۔ تشدد ۶ افسوس۔ پشیمانی۔ خمیازہ
اٹھانا۔ بھرنا۔ بھگتنا یا کھینچنا (لازم)
۱ بدلہ ملنا۔ سزا بھگتنا۔ پاداش جھیلنا ۲ نقصان
اٹھانا ۳ تکلیف پانا ۴ پشیمان ہونا۔ شرمندہ ہونا۔
ذلیل ہونا۔ خمیازہ لینا (لازم) انگڑائی لینا۔

خَمیر (ع۔ مذکر) کسی چیز کا کچھ
مدت تک پڑا رہنے سے کھٹا ہونا خصوصاً
گیلے آٹے کا۔ سرشت۔ بناوٹ ۲ مٹی جسم
کی مٹی (خمیر۔ کھٹا کرنا) خمیر اٹھانا (متعدی)
اٹھنا (لازم) آٹے کا کھٹا ہو جانا۔ خمیر بگڑنا
(لازم) سرشت میں فرق آنا۔ ترکیب میں
تفاوت ہونا۔ خمیر بنانا (متعدی) بننا (لازم)
مٹی تیار ہونا۔ خمیر رکھنا یا کرنا (متعدی) آٹے
کو گیلا کر کے کھٹا ہونے کے لئے رکھنا خمیر (کھٹا)
ہونا (لازم) آٹے کا ترشی پر آجانا۔ خمیر میں (تف)
سرشت میں۔ بناوٹ میں۔ خمیرہ (مذکر) مصری یا
شکر میں پکائی ہوئی دوا ۲ خوشبودار پینے کا تمباکو
(صفت) خمیر کیا ہوا۔ خمیری (مونث) ۱ خمیرے آٹے
کی روٹی ۲ (صفت) خمیر کی ہوئی۔

خَمیس (ع۔ مذکر) ۱ ہفتے کا پانچواں
دن۔ جمعرات ۲ ایک کپڑا پانچ ہاتھ لمبا ۳ کوئی
چیز جو پانچ حصوں کی ہو ۴ فوج جس میں میمنہ۔
میسرہ۔ قلب اور دو جناح ہوں ۵ (صفت)
پانچواں۔

خَمیص (ع۔ صفت) ۱ وہ جس کا
پیٹ ساتھ لگا ہو ۲ بھوکا۔

خَمیط (ع۔ مذکر) ۱ دہی ۲ بھنا ہوا
گوشت۔

خَمیل (ع۔ مذکر) ۱ نرم گوشت ۲
سیاگھرے ادل ۳ روئیں دار کپڑا۔

خَنّ (ع۔ مذکر) ۱ شاخیں کاٹنا ۲
مال لوٹ لینا۔

خَنا (ع۔ مذکر) فضول بات۔

خَنّا (اردو۔ مذکر) ۱ مرد ابلہ ۲
گاؤ قصاب۔ بوچڑ ۳ (مونث) بدمزاج عورت ۲
مسخری عورت۔ خنا بھکنا (لازم) اترانا۔ تکبر کرنا۔
خنا ہونا (لازم) مغرور ہونا (لکھنو کے محاورات
ہیں)

خِنات (ع۔ مذکر) مُخنّث کی جمع
ہجڑے۔

خَناجِر (ع۔ مذکر) خنجر کی جمع۔

خَنادِق (ع۔ مذکر) خندق
کی جمع۔

خَنازِیر (ع۔ مذکر) خنزیر کی
جمع ۱ سور ۲ غدود جو گردن میں ہو جاتی ہیں۔
ہجیریں۔ کنٹھ مالا۔ خنازیر بطنی (مذکر) انتڑیوں
کی دق۔

خَنّاس (ع۔ مذکر) ۱ شیطان۔
سرکش جن۔ خبیث روح ۲ (صفت) وسوسہ
ڈالنے والا۔ شریر۔ بد ذات ۳ بخیل (خَنَس۔
ہٹ جانا) خناسی (صفت) شیطانی۔

خِناف (ع۔ مذکر) عورت کا
چھاتی کوٹنا ۲ اونٹ کے اگلے پاؤں کی کمزوری ۳
اونٹ کا نک مروڑنا جب مہار تکلیف دے۔

خَنّاق (ع۔ مذکر) پھانسی دینے
والا شخص۔ جلاد۔

خِناق (ع۔ مذکر) پھانسی۔

خُناق (ع۔ مذکر) ۱ گلے کی ایک
بیماری ۲ گلے کی وہ جگہ جہاں سے دباتے ہیں ۳
گلا گھونٹنا ۴ دل کی دھڑکن (خَنَق۔ گلا گھونٹنا)

خُنام (ف۔ مذکر) ایک بیماری جو
گھوڑوں گدھوں وغیرہ کو ہو جاتی ہے۔

خُنث (ع۔ مذکر) مشک کا ٹیڑھا

کرنا تاکہ آسانی سے پیا جاسکے۔

خنث (ع۔ مذکر) ۱ نرم ہونا ۲ دہرا ہونا۔ تہ ہونا۔

خنث۔ خنثا۔ خنثے (ع۔ مذکر) ہیجڑا۔ مخنث۔ وہ شخص جس کے مردانہ یا زنانہ علامات ناقص ہوں (خنث ہونا۔ کرنا)

خنث (ع۔ مذکر) نرم۔ ملائم۔

خندریس (ع۔ مذکر) ۱ پرانی شراب ۲ پرانا گیہوں۔

خنجر (ع۔ مذکر) ایک قسم کا ہتھیار جو بڑے چھرے کی قسم کا ہوتا ہے۔ کٹار۔ کٹاری۔ خنجر اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم) خنجر ہاتھ میں ہونا۔ خنجر باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) خنجر کمر سے لگا۔ خنجر سے مسلح ہونا۔ خنجر پھرنا (لازم) پھیرنا (متعدی) خنجر سے ذبح کرنا۔ خنجر تیز کرنا (متعدی) ہونا (لازم) قتل پر تیار ہونا۔ آمادہ قتل ہونا۔ خنجر چلانا (متعدی) چلنا (لازم) ۱ خنجر کی لڑائی ہونا ۲ خنجر سے ذبح ہونا۔ خنجر گلے پر رواں ہونا۔ خنجر کا پانی (مذکر) خنجر کی آب یا دھار۔ خنجر کھچ جانا۔ کھنچنا (لازم) کھینچنا (متعدی) ۱ لڑائی کے لئے تیار ہونا ۲ میان سے خنجر کھینچنا۔ خنجر گزار (صفت) خنجر چلانے کا ماہر

مثل۔ خنجر تلے نک دم لیا تو پھر کیا۔ مصیبتوں میں تھوڑا سا آرام ملا تو کونسی بڑی بات ہے۔

خنجری (ف۔ مونث) ۱ ریشم کا ایک خاص طرح بنانے کا طریقہ۔ گلبدن۔ ۲ گلبدن کی دھاریاں۔ گلبدن یا مشروع کے خطوط ۳ دھاری دار ریشمی کپڑا (ا و۔ مونث) کھنجری کا مخرب۔ ڈفلی۔ چھوٹی دف۔

خنخنانا (اردو۔ متعدی) ناک میں بولنا۔ منمنانا۔ گنگنانا۔ خنخنا (لازم) دیکھو خنخنا کا۔

خنداں (ف۔ صفت) ہنستا ہوا۔ مسکراتا ہوا۔ خوش (ہونا کے ساتھ) (خندیدن ہنسنا) خنداں وگریاں (صفت) کبھی ہنستا کبھی روتا ہوا۔

خندق (ف۔ مونث) کھائی۔ گڑھا (کھدانا کھودنا کیساتھ)

خندہ (ف۔ صفت) ۱ ہنستا ہوا ۲ مسکراتا ہوا ۳ (مذکر) ہنسی۔ قہقہہ۔ کھکھلاہٹ ۴ سحر۔ خندۂ آفتاب (مذکر) طلوع آفتاب۔ سورج نکلنا۔ خندۂ اختلاج (مذکر) مکر کی ہنسی۔ بناوٹ کی ہنسی۔ خندۂ برق (مذکر) بجلی کی چمک۔ خندہ پیشانی (صفت) ہنس مکھ۔ خوش مزاج۔ خندۂ جام (مذکر) قلقل۔ خندۂ خنجر (مذکر) خون جو خنجر بہائے۔ خندۂ دنداں نما (مذکر) قہقہہ۔ ایسی ہنسی جس میں دانت نظر آئیں۔ خندہ رو (صفت) ہنس مکھ۔ خندۂ راز (مذکر) افشائے راز۔ خندہ روئی (مونث) خوشی۔ بشاشی۔ خندہ ریش (صفت) وہ شخص جس پر لوگ ہنسیں۔ خندۂ زخم (مذکر) زخم کا کھل جانا۔ خندۂ زمین (مذکر) سبزہ زار پھول۔ خندہ زن۔ خندۂ زناں (صفت) ۱ ہنستا ہوا ۲ (مذکر) وہ شخص جو ہنسے (ہونا کے ساتھ) خندۂ زیرلب یا لبی (مذکر) مسکرانا۔ تبسم۔ خندۂ ساغر۔ شیشہ۔ صراحی یا مینا (مذکر) قلقل۔ شراب کے گرنے کی آواز۔ خندۂ شمشیر (مذکر) خوں جو تلوار بہائے۔ خندۂ شراب۔ صہبا یا مے (مذکر) شراب کی چمک۔ خندۂ شمع (مذکر) شمع کی روشنی یا چمک۔ خندۂ صبح (مذکر) طلوع صبح۔ خندۂ غنچہ یا گل (مذکر) پھول کا کھلنا۔ خندہ گاہ یا گہ (مذکر) معشوق کے لب۔

مثل۔ خندہ سوگندہ جو بے وقت ہنسے وہ نیک چلن نہیں۔

خندی (ا و۔ مونث) خندہ سے اردو کی اختراع ہے ۱ وہ عورت جو مردوں کے ساتھ ہنسے ۲ بےحیا عورت بےغیرت عورت ۳ قحبہ۔ فاحشہ۔ ایک قسم کی گالی ہے۔

خنزیر (ع۔ مذکر) سور جنگلی سور۔ بارا۔ جنیلا۔ خنزیری (صفت) ۱ خنزیر جیسا بےحیا ۲ (مونث) سوروں کے رہنے کی جگہ۔ سور باڑا۔

خنس (ع۔ مذکر) ۱ بیٹھی ہوئی ناک ۲ (صفت) جس کی ناک بیٹھی ہوئی ہو۔

خنصر (ع۔ مذکر) ۱ چھوٹی یا درمیانی انگلی ۲ پاؤں کی چھوٹی انگلی۔

خنفس۔ خنفسا (ع۔ مذکر) بھونرا۔

خنق (ع۔ مذکر) گلا گھونٹنا۔

خنک (ف۔ صفت) ٹھنڈا۔ بارد۔ سرد (کرنا ہونا کے ساتھ) خنکی (مونث) سردی۔ ٹھنڈ۔ برودت (ہونا کیساتھ)

خنگ (ف۔ صفت) ۱ سفید سبزہ ۲ (مذکر) سبزہ گھوڑا۔ نقرہ گھوڑا۔ گھوڑا۔ خنگ بت (مذکر) بامیان میں دو بڑے بتوں میں سے ایک بت کا نام۔ دوسرا سرخ بت کہلاتا ہے۔ خنگ راہوار (مذکر) تیز گھوڑا۔ خنگ زر (مذکر) سورج۔ خنگ سوار (مذکر) دیکھو سید حسین۔ خنگ شب آہنگ (مذکر) ۱ چاند ۲ صبح ۳ ابلق گھوڑا ۴ براق۔

خنگا (ف۔ صفت) ۱ موٹا تازہ۔ ہٹا کٹا ۲ (مذکر) موٹا مسخرا آدمی۔

خنگرا (اردو۔ صفت) خنگا کی تصغیر۔

خنو (ع۔ مذکر) ۱ فحش کلامی کرنا ۲ فحش کلامی۔

خنوس (ع۔ مذکر) پیچھے رہ جانا

خنوع (ع۔ مذکر) تابعداری۔ انکساری

خنیا (ف۔ مذکر) ۱ گانا۔ نغمہ۔ راگ۔ سرود ۲ ڈومنی۔ میراثن۔ خنیاگر (مذکر) مطرب۔ گویا۔ خنیاگری (مونث) گوّیے کا پیشہ۔ گوّیا ہونا۔

خنیف (ع۔ مذکر) ۱ موٹا پن ۲ سن کا کپڑا۔

خنیق (ع۔ صفت) جس کا گلا گھونٹا جائے۔

خو۔ خوے (ف۔ مونث) ۱ عادت۔ سبھاؤ۔ طبیعت۔ بان ۲ خصلت۔ خاصیت ۳ طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ۔ چلن ۴ رسم۔ رواج۔ ریت (پڑنا۔ چھوڑنا۔ ڈالنا وغیرہ کے ساتھ) خوبو (مونث) دیکھو خو۔ خوپذیر (صفت) عادی۔ خوگر۔ خوکردہ (صفت) ۱ عادی ۲ معمولی۔ استعمالی۔ خوگر۔ خوگرفتہ (صفت) عادی

خوگیر (صفت) ۱ عادی ۲ (مذکر) دیکھو علحدہ
خونکالنا (مذکر) عادت ڈالنا۔ خو نکالی ہے۔ کیا بری عادت ڈالی ہے۔

امثال و اقوال۔ خوے بد در طبیعت کہ نشست۔ نہ رود جز بوقت مرگ از دست - بری عادتیں جو طبیعت میں جگہ پالیتی ہیں زندگی بھر نہیں چھوٹتیں۔ **خوے بد را بہانۂ بسیار** - بد خو بد عادت کبھی اعتراف نہیں کرتا۔ بلکہ ہمیشہ اپنی بدخوئی پر ایک نہ ایک عذر لنگ پیش کر دیتا ہے۔

خُو (اردو۔ مونث) بندر یا ریچھ کی بھبک یا آواز۔

خَواب (ف۔ مذکر) نیند۔ نوم۔ قیلولہ ۲ رویا۔ سپنا۔ جو بات نیند میں دیکھے ۳ خیال۔ تصور۔ وہم۔ گمان ۴ بشارت۔ **خواب آلودگی** (مونث) نیند کا خمار۔ **خواب آلود (ہ)** (صفت) نیند میں بھرا ہُوا۔ **خواب آور** (صفت) نیند لانے والا۔ **خواب آور دوائی** (مونث) ایسی دوا جو نیند لائے۔ **خواب بند** (مذکر) ایک تعویذ جو نیند نہ آنے دے۔ **خوابِ پا** (مذکر) پاؤں کا سو جانا۔ **خوابِ پریشاں** (مذکر) ۱ بے آرامی کی نیند ۲ خوفناک سپنا۔ ڈراونا خواب۔ **خواب تیغ** (مذکر) تلوار کی ضرب۔ **خوابِ جاوید** (مذکر) ہمیشہ کی نیند۔ موت۔ **خواب** (مذکر) غفلت۔ تغافل۔ بیخبری (پڑنا۔ رہنا۔ پڑا سونا۔ سونا کے ساتھ) **خواب خیال** (مذکر) دھوکا۔ وہم۔ **خواب خیال ہے**۔ بے اصل ہے۔ وہمی ہے ۲ یہ چیز میسر نہیں۔ **خواب دیدہ** (صفت) ۱ وہ جو خواب دیکھ رہا ہو ۲ وہ جسے احتلام ہو جائے ۳ بالغ۔ **خواب دیکھنا** (متعدی) ۱ سپنا دیکھنا۔ سوتے میں کچھ دیکھنا ۲ خواہش رکھنا۔ آرزو رکھنا۔ خیال میں ہونا۔ **خواب سے بیدار ہونا** (لازم) جاگنا۔ **خوابِ شیریں** (مذکر) ۱ پرلطف نیند ۲ راحت کا خواب۔ **خواب غفلت** (مونث) ۱ غفلت کی نیند ۲ مجازاً بیجا غفلت۔ **خواب کی باتیں** (مونث) خیالی باتیں۔ بے اصل باتیں۔ **خوابگاہ** (مذکر) وہ کمرہ جس میں سوئیں۔ **خواب لیجانا** (متعدی) سو جانا (مست) **خواب مخمل** (مذکر) مخمل کا رواں یا بر۔ **خواب میں برّانا** (لازم) سوتے ہوئے باتیں کرنا یا ڈر کر شور کرنا یا ہنسنا۔ **خواب میں بھی نظر نہ آنا یا نصیب نہ ہونا** (لازم) بالکل نہ ملنا۔ **خواب میں نہ دیکھنا** (متعدی) میسر نہ آنا۔ **خواب میں نہ ہونا** (لازم) میسر نہ ہونا۔ **خوابِ نوشیں** (مذکر) میٹھی نیند۔ پرلطف نیند۔ **خواب وخور**۔ سونا اور کھانا۔ **خواب وخور تلخ (حرام) ہونا** (لازم) کسی فکر یا تکلیف میں نیند نہ آنا اور کھانا پینا ناگوار ہونا۔ **خواب وخیال** (مذکر) بے اصل باتیں۔ ناممکن باتیں۔ امر محال (ہو جانا ہونا کے ساتھ) **خواب ہو جانا** (لازم) کسی چیز کا بہت جلد آنکھوں کے سامنے سے غائب ہو جانا۔ **خواب ہونا** (لازم) بشارت ہونا۔ **خوابی** (صفت) خواب کا یا خواب کے متعلق۔ **خوابیدگی** (مونث) سستی۔ غفلت۔ **خوابیدہ** (صفت) سویا ہُوا۔ خمار آلود۔

مثل۔ خواب یک خواب است و باشد مختلف تعبیرہا۔ خواب صرف ایک ہوتی ہے۔ مگر اس کی تعبیریں مختلف ہوتی ہیں۔ جب کسی ذرا سی بات سے لوگ طرح طرح کے معنی نکالیں تو کہتے ہیں۔

خَوابی (ع۔ مذکر) خابیت کی جمع۔ شراب کے خُم۔

خواتِم (ع۔ مذکر) خاتم کی جمع۔ ۱ مہریں ۲ خاتمے۔ **خواتم المُلُوک** (مذکر) ایک پھول کا نام۔

خَواتِین (ع۔ مونث) خاتون کی جمع۔ عورتیں۔

خُواجگان (ع۔ مذکر) خواجہ کی جمع۔

خُواجَہ (ف۔ مذکر) ۱ مالک سردار۔ آقا ۲ توران میں سادات کا لقب ۳ ہندوستان میں وہ شخص جس کی ماں سیدانی ہو اور باپ شیخ ۴ انصار کی اولاد کا لقب ۵ کشمیریوں کا لقب ۶ خوجہ قوم کا لقب ۷ وہ شخص جو پیدائشی عضو تناسل نہ رکھتا ہو۔ ہیجڑا۔ عام طور پر خوجہ کہتے ہیں ۸ امیر سوداگر۔ **خواجہ اختراں** (مذکر) ۱ سیارہ مشتری ۲ سورج۔ **خواجہ تاش** (مذکر) ۱ ایک آقا کے ملازموں یا غلاموں میں سے ہر ایک ۲ طالب علم ۳ خاندان کا مالک ۴ ہم جماعت۔ ایک ہی مدرسے میں پڑھنے والا۔ **خواجۂ چرخ اخضر** (مذکر) سورج۔ **خواجہ خِضر** (مذکر) دیکھو خضر۔ **خواجہ خضر بیڑا پار**۔ حضرت خضر کو مسلمان دریا و سمندر کا مالک سمجھتے ہیں۔ **خواجہ زادہ** (مذکر) مالک۔ **خواجہ سپہر** (مذکر) سورج۔ **خواجہ سرا** (مذکر) نامرد غلام۔ ہیجڑا ۲ بادشاہوں یا امیروں کے محل کا داروغہ جو عموماً ہیجڑا ہوتا ہے۔ **خواجہ عمر** (مذکر) داستان امیر حمزہ میں ایک عیار جو امیہ ضمری کا لڑکا اور امیر حمزہ کا عیار تھا۔ **خواجہ معین الدین کا چاند یا مہینا** (مذکر۔ عو) جمادی الآخر۔ **خواجۂ ہند** (مذکر) خواجہ معین الدین چشتیؒ۔

امثال۔ خواجہ آنست کہ باشد غمِ خدمتگارش۔ مالک وہ ہے جسے اپنے نوکر کی فکر ہو۔ نوکروں کا خیال رکھنا مالک کا فرض ہے۔ **خواجہ داند بہائے شاخِ نبات**۔ شاخ نبات کی قیمت خواجہ جانتے ہیں۔ کسی چیز کی خوبی اس کے قدر دان سے پوچھو۔ **خواجہ ہند کا راجہ دکھ دلدر بھاجا**۔ خواجہ معین الدین اجمیریؒ کے متعلق کہتے ہیں۔

خوار (ف۔ صفت) ۱ ذلیل۔ رسوا۔ بے عزت ۲ بے اعتبار ۲ آوارہ۔ سرگرداں۔ پریشان (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ (مرکبات میں) کھانے والا۔ پینے والا۔ خونخوار۔ **خوار وخستہ** (مذکر) دیکھو خوار ۱، ۲ **خواری** (مونث) ۱ ذلت۔ رسوائی ۲ پریشانی۔ سرگردانی۔ ۳ (مرکبات میں) کھانا پینا جیسے شراب خوری۔ **خواری سے** (تف) ذلت سے رسوائی سے۔

خوارِج (ع۔ مذکر) خارجہ یا خارجی کی جمع۔

خوارِق (ع۔ مذکر) خارق کی

جمع معجزے۔ کرامتیں۔

خواست (ف۔ مذکر) ۱ گزارش۔ عرض۔ التماس۔ التجا۔ سوال ۲ خواہش۔ آرزو ۳ مرکبات میں) جیسے درخواست (خواستن۔ چاہنا) **خواستگار** (صفت) امیدوار۔ سائل مستغیث۔ طلبگار۔ **خواستگاری** (مونث) دیکھو خواست ۱و۲ **خواستہ** (صفت) چاہا ہُوا۔ جس کی خواہش ہو۔ مرکبات میں جیسے خدانخواستہ۔

خواص (ع۔ مذکر) ۱ جمع خاص کی۔ چیدہ اشخاص۔ بڑے لوگ۔ امرا۔ وزرا۔ ۲ عوام کا متزاد ۳ جمع خاصہ کی۔ خدمتگار۔ پرستار ۴ جمع خاصت کی۔ اثرات۔ تاثیرات ۵ (واحد مذکر) ہم صحبت۔ جلیس۔ مصاحب ۶ غلام ۷ اثر۔ کیفیت ۸ (مونث) لونڈی۔ سہیلی۔ خدمتگار۔ کنیز۔ مخولہ۔ **خواص بولی** (مونث) جینیوں کے بانی کی مورتی جب باہر نکالی جاتی ہے تو جو لوگ اسکے پیچھے بیٹھنے کی عزت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ بولی دیتے ہیں۔ اسے خواص بولی کہتے ہیں۔ جس کی بولی بڑھ جائے اسے یہ عزت ملتی ہے۔ **خواص پورہ** (مذکر) امرا اور بڑے آدمیوں کے ملازموں کے رہنے کا مقام۔ ملازموں کے مکانات یا کوارٹر۔ **خواص و عام** (مذکر) عام و خاص کی جمع۔ امرا و غربا۔ ہر قسم کے لوگ۔ **خواصی** (مونث) ۱ ہودج کے پیچھے کی وہ جگہ جہاں اعلےٰ ملازم بیٹھتا ہے۔ عماری کی پچھلی بیٹھک ۲ مصاحبت ہمنشینی ۳ خدمتگاری۔ ملازمت۔ **خواصی میں بیٹھنا** (متعدی) کسی بادشاہ یا امیر کے پیچھے ہودے میں بیٹھنا۔ **خواصیں** (مونث جمع) ۱ لونڈیاں یا خدمتگاریں جو امیر عورتوں کے ہمراہ رہتی ہیں ۲ سہیلیاں ہمجولیاں۔

خواصر (ع۔ مذکر) خاصرت کی جمع۔ کمریں۔

خواطر (ع۔ مذکر) خاطر کی جمع۔

خواطف (ع۔ مذکر) خاطف کی جمع۔

خوافق (ع۔ مذکر) چاروں اطراف ۲ جنات ۳ خافیت کی جمع۔ راز ۳ بارو ؤں کے چھوٹے پر ۴ کھجور کی شاخیں جو گودے کے قریب ہوں ۵ خواف سے۔

خوافی (ع۔ مذکر) ۱ خافی کی جمع۔

خوافین (ع۔ مذکر) خاقان کی جمع۔

خوامخواہ (ف۔ مذکر) خواہ مخواہ کا مخفف۔

خوان (ف۔ مذکر) ۱ کشتی جس میں کھانا لگا کر لیجاتے ہیں۔ سینی۔ طباق۔ تھال۔ طشت۔ چنگیر ۲ دسترخوان۔ **خوانِ برہ** (مذکر) برج حمل۔ میکھ۔ **خوانچہ** (مذکر) ۱ چھوٹا خوان ۲ وہ خوان جس میں پکی ہوئی چیزیں اٹھا کر پھیری والے بیچتے ہیں ۳ گل رکابی جس میں فرنی جاتی ہے۔ **خوانچہ اٹھانا یا لگانا** (متعدی) تھال میں رکھ کر بیچتے پھرنا۔ **خوانچہ زر۔ زرین سپہر یا فلک** (مذکر) سورج۔ **خوانِ خاص** (مذکر) بادشاہوں یا امیروں کے ملازم یا لونڈیاں۔ **خوانِ دل** (مذکر) کعبہ۔ **خوانساماں** (مذکر) خانساماں۔ **خوانِ کرم** (مذکر) عام لنگر۔ **خوان لگالینا۔ لگانا** (متعدی)۔ **لگنا** (لازم) خوان میں کھانا چننا۔ **خوانِ نعمت** (مذکر) لذیذ قسم کے کھانوں کا خوان۔ **خوانِ یغما** (مذکر) عام لنگر۔

امثال۔ خوان بڑا خوان پوش بڑا۔ کھولکر دیکھو تو آدھا بڑا خوان پاک خوان پوش پاک کھولکر دیکھو تو خاک ہی خاک۔ ظاہر میں بہت کچھ حقیقت میں کچھ بھی نہیں۔ ظاہر اچھا باطن خراب۔

خواں (ف۔ صفت) پڑھنے والا۔ گانے والا مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے جیسے لغت خواں (خواندن۔ پڑھنا) **خواندہ** (مذکر) پڑھنا۔ **خواندگی** (مونث) پڑھنا۔ **خواندنی** (صفت) ۱ وہ جو پڑھا جائے۔ قابل خواند ۲ (مونث) قرآن شریف کا وہ حصہ جو روز پڑھا جائے۔ پارہ۔ **خواندہ** (صفت) پڑھا ہُوا۔ پڑھا لکھا۔ تعلیم یافتہ ۲ بلایا ہُوا۔ طلب کیا ہُوا۔ طلبیدہ۔ **خوانندگی** (مونث) گانا۔ **خوانندہ** (مذکر) ۱ پڑھنے والا۔ ۲ گانے والا ۳ نقیب۔ موذن ۴ طالب علم۔ **خوانی** (مونث) پڑھنا۔ دہرانا۔ گانا مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے مدح خوانی شعر خوانی۔

خوانین (ف۔ مذکر) خان کی جمع۔

خواہ (ف۔ صفت) ۱ چاہنے والا۔ مانگنے والا۔ خواہش کیا ہُوا۔ چاہا ہُوا۔ مرکبات کے آخیر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خیرخواہ۔ خاطرخواہ ۲ حرف ربط) یا۔ چاہے (خواستن۔ چاہنا) **خواہاں** (صفت و مذکر) چاہنے والا۔ خواہشمند۔ طالب۔ طلبگار (ہونا کے ساتھ) **خواہ۔ خواہ۔ خواہ یا۔** دیکھو خواہ ۲ دو جملوں پر آتے ہیں۔ جیسے خواہ جاؤ خواہ نہ جاؤ تمہاری مرضی ہے۔ خواہ لو خواہ نہ لو۔ **خواہ مخواہ یا نخواہ۔ خواہی نخواہی** (تف) ناچار۔ طوعاً و کرہاً۔ مجبوری سے **خواہندہ** (صفت) چاہنے والا۔ خواہش کرنے والا۔

خواہر (ف۔ مونث) بہن۔ ہمشیرہ (ژند۔ قہر۔ س سوسر) **خواہرانہ** (صفت) بہن کی طرح۔ ہمشیرہ کے مانند۔ **خواہرزادہ** (مذکر) بھانجا۔

خواہش (ف۔ مونث) ۱ آرزو۔ تمنا۔ چاہ۔ شوق۔ اشتیاق۔ رغبت ۲ ارمان۔ حسرت ۳ مرضی۔ رضا ۴ مطلب۔ مدعا۔ مراد۔ مقصد (رکھنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) (خواستن۔ چاہنا) **خواہشات** (مونث) خواہش کی جمع۔ **خواہشاتِ نفسانی** (مونث) نفس انسانی کو خوش کرنے کی خواہشیں جیسے جماع۔ کھانا۔ پہننا وغیرہ۔ **خواہشِ الٰہی** (مونث) خدا کی مرضی۔ **خواہش مارنا** (متعدی) تمنا کا ضبط کرنا۔ **خواہشمند** (صفت) شائق۔ طالب۔ آرزومند۔

خوب (ف۔ صفت) ۱ اچھا عمدہ ۲ نفیس ۳ خوبصورت ۴ زیبا۔ پسندیدہ ۵ نہایت اعلےٰ ۶ خوشگوار ۷ ہردلعزیز۔ مرغوب ۸ ہاں (جواب میں کہتے ہیں) ۹ کسی کا عمدہ کلام سنکر تعریف کے طور پر کہتے ہیں ۱۰ بعض وقت طنزاً بھی کہتے ہیں۔ **خوب آدبھگت کی** ۱ بہت تعظیم و تکریم کی ۲ (طنزاً) بہت ذلیل کیا۔ **خوب الٹے پاپڑ بیلتے ہو۔**

مفر تدبیریں بتاتے ہو۔ **خوباں** (صفت) خوب کی جمع۔ خوبصورت۔ حسین ۲ (مذکر) معشوق۔ **خوب بر دماری**۔ روپیہ اڑا لیا۔ رشوت لی۔ **خوب پاپڑ بیلے** ! بہت محنت کی۔ بڑی مشقت کی ۲ رنج اٹھایا۔ مشقت اٹھائی۔ **خوبتر** (تفضیل بعض) خوب کی۔ زیادہ اچھا۔ بہتر **خوبترین** (تفضیل کل) خوب کی۔ نہایت اچھا بہترین۔ **خوب ٹھوکا**۔ بہت مارا۔ **خوب ٹھوک بجا لو**۔ تسلی کر لو۔ اطمینان کر لو۔ دیکھ بھال لو۔ **خوب خاک چھانی**۔ بہت محنت مشقت کی۔ **خوب خمیازہ کھینچا** نہایت پشیمان ہوا۔ **خوب درگت کی**۔ بہت مارا۔ بہت سزا دی۔ **خوب دور دبک کی** بہت دھمکایا۔ بہت گھرکا۔ **خوب رُو** (صفت) خوبصورت۔ حسین۔ شکیل۔ **خوبروئی** (مونث) خوبصورتی۔ **خوب سارولا**۔ بہت سا شور۔ **خوب سر مونڈا** بہت لوٹا۔ **خوب سمجھے** ! بہت اچھی طرح سمجھے ۲ طنزاً کچھ نہیں سمجھے۔ **خوب سوجھی** ! اچھی تدبیر ۲ اچھا خیال آیا۔ **خوب صلواتیں سنائیں** بہت گالیاں دیں۔ **خوبصورت** (صفت) حسین۔ شکیل۔ خوبرو۔ سندر۔ سوہنی۔ قبول صورت۔ پری چہرہ۔ روپ ونت۔ ملوک۔ **خوبصورت آواز** (مونث) اچھی آواز۔ دلکش آواز۔ سریلی آواز۔ **خوبصورتی** (مونث) حسن۔ جمال۔ روپ۔ **خوب کیا** ! اچھا کیا۔ اچھی بات کی ۲ طنزاً۔ برا کیا ۳ ڈھٹائی سے برا کام کر کے کسی کے منع کرنے پر کہتے ہیں۔ **خوب گت کی** ! بہت مارا۔ خوب سزا دی ۲ خبر گیری کا اچھا سامان کر دیا۔ **خوب گرد جھاڑی**۔ بہت مارا۔ **خوب گہری چھنتی**۔ سخت لڑائی ہوئی۔ **خوب لتاڑا** ! بہت دبایا ۲ الزام دیا۔ **خوب مزا چکھایا** بہت تکلیف دی۔ سخت دکھ دیا۔ **خوب نام پیدا کیا** ! شہرت حاصل کی ۲ طنزاً بدنام ہوا۔ **خوب ہی** (تف) بہت۔ بیحد۔ **خوبی** (مونث) ! بھلائی۔ نیکی ۲ جوہر۔ گن وتف ۳ لیاقت۔ قابلیت ۴ خوبصورتی۔ ۵ بڑائی (ہونا کے ساتھ) **خوبیاں بیان کرنا** (متعدی) اچھی باتیں کسی کے متعلق بتانا۔ عموماً متوفی اشخاص کے متعلق کہتے ہیں۔ **خوبیاں ہونا** (لازم) اچھے اوصاف ہونا۔

اقوال۔ خوب دنیا کو آزما دیکھا۔ جس کو دیکھا سو بیوفا دیکھا ہر شخص بیوفا ہے۔ **خوب شد کہ بیل نشد**۔ خوب ہوا کہ فلاں چیز نہ تھی۔ ورنہ نتیجہ برا ہوتا۔ کہتے ہیں ایک دہقان بادشاہ کے پاس بیل کا پھل لے کر جانا چاہتا تھا جو بہت سخت ہوتا ہے۔ بعد کو پیاز لے گیا۔ بادشاہ اس تحفے سے بہت ناراض ہوا۔ اور حکم دیا کہ اسے اس پیاز سے مارا جائے اس پر دہقان نے یہ فقرا کہا۔ **خوب گزرے کی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو**۔ ایک جیسے اشخاص کا اچھا گزارہ ہوتا ہے۔

خَوبانی (ف۔ مونث) ایک میوہ زرد آلو۔

خوب کلاں (ف۔ مذکر) ایک قسم کی گھاس جس کے بیج دوائیوں میں کام آتے ہیں۔

خوجا۔ خوجہ (ف۔ مذکر) ! ہیجڑا۔ زنانہ ۲ مسلمانوں کی ایک قوم جو تجارت پیشہ ہے۔ اور پنجاب۔ بمبئی اور کشمیر میں آباد ہے۔

خُوخ (ع۔ مذکر) آرزو۔

خوخیانا (اردو۔ لازم) ! بھبکی دینا۔ چیخنا ۲ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔

خَود (ع۔ مذکر) خوبصورت لڑکی۔

خُود (ف۔ مذکر) لوہے کی ٹوپی جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔

خُود (ف۔ ضمیر) ! آپ۔ اپنا آپ ۲ بذات خاص۔ اپنے آپ ۳ اپنا۔ نج کا۔ ذاتی ۴ میں تم وہ کے ساتھ برائے تاکید۔ **خود آرا** (صفت) ! اپنے آپ کو سنوارنے والا۔ بناؤ سنگار کرنے والا ۲ مغرور۔ متکبر۔ **خود آرا** (مونث) ! اپنے آپ کو سنوارنا۔ بناؤ سنگار۔ خود نمائی۔ آرائش ۲ فخر۔ تکبر۔ **خود آشنا** (صفت) جس کا کوئی دوست نہ ہو۔ **خود آہنگی** (مونث) ! ارادہ۔ قصد ۲ حرص۔ لالچ۔ **خود اختیار** (صفت) جس کے ہاتھ میں اختیار ہو۔ آزاد۔ **خود اختیاری** (مونث) اپنے اوپر اختیار یا قابو ۲ آزادی۔ جو چاہے وہ کرنا۔ **خود اختیاری حکومت** (مونث) وہ حکومت جس میں اختیار لوگوں کے ہاتھ میں ہو۔ اور جسے وہ چاہیں حکومت کے لئے منتخب کریں۔ جمہوری سلطنت۔ **خود انتظامی** (مونث) اپنا انتظام۔ وہ انتظام جو اپنے ہاتھ میں ہو۔ **خود بخود** (تف) ! آپ ہی آپ۔ از خود ۲ یکایک ۳ قدرتی طور پر ۴ آزادی سے ۵ دیدہ و دانستہ۔ قصداً۔ عمداً۔ **خود بدولت** (مذکر) حضور۔ جناب۔ عالیجناب۔ بذات خاص۔ **خودلبسوز** (مذکر) آذربائیجان کے ایک آتش کدہ کا نام۔ **خود بیں** (صفت) مغرور۔ متکبر۔ خود پسند۔ **خود بینی** (مونث) غرور۔ تکبر۔ فخر۔ **خود پرست** (صفت) ! مغرور۔ متکبر ۲ اپنی پوجا کرنے والا۔ **خود پرستی** (مونث) ! غرور۔ تکبر ۲ اپنی پوجا آپ کرنا۔ **خود پسند** (صفت) وہ جو اپنے آپ کو بہتر سمجھے۔ وہ جو اپنی رائے کو ترجیح دے۔ آہنگ کاری۔ ابھیانی۔ **خود پسندی** (مونث) خود رائی۔ اپنے آپ کو بہتر سمجھنا۔ **خود پیرائی** (مونث) نمائش۔ نمود۔ خود نمائی۔ **خود ثنا** (صفت) شیخی خورہ شیخی باز۔ ڈینگیا۔ **خود حاکمی** (مونث) دیکھو خود انتظامی **خود حکم** (صفت) ضدی۔ ہٹیلا۔ **خود خور** (صفت) ! ان پڑھ۔ بدتمیز ۲ تلون مزاج۔ وہمی۔ **خود خواہ** (صفت) خود مطلب۔ خود غرض۔ **خوددار** (صفت) ! اپنے آپ کو حرکات لغو سے محفوظ رکھنے والا۔ ضبط کرنے والا ۲ قانع۔ صابر۔ **خودداری** (مونث) ! ضبط ۲ صبر۔ قناعت۔ **خودرائی** (مونث) ! خودسری۔ سرکشی ۲ اپنی مرضی۔ جو دل چاہے کرنا۔ **خودرائے** (صفت) ! خودسر۔ سرکش۔ خود مختار ۲ کسی کی نہ ماننے والا۔ اپنی رائے پر عمل کرنے والا۔ **خودرائی سے** ! ارادتاً۔ قصداً ۲ خودسری سے۔ سرکشی سے ۳ اپنی عقل سے۔ اپنی رائے کے مطابق۔ **خود رخصتی** (مذکر) وہ جو خود بخود ملازمت چھوڑ دے ۲ (مونث) خود بخود ملازمت چھوڑ دینا۔ **خود رُستہ** (صفت) خودرو۔ **خود رفتہ** (صفت) از خود رفتہ۔ بیخود۔ بے خبر۔ آپے سے باہر۔ **خود رفتگی** (مونث) بیخبری۔ بیخودی۔ بیہوشی۔ **خود رنگ**

(صفت) ۱ طبعی رنگ والا۔ وہ جس میں قدرتی
رنگ قائم رہے ۲ زردی مائل۔ **خودرَو یا رو**
(صفت) ۱ خود بخود اگا ہوا۔ جنگلی۔ بلا بوئے اگا ہوا
۲ بے قاعدہ ۳ بے تمیز۔ ضدی۔ **خودرُو** (صفت)
اصلی خوبصورتی والی۔ جس کے چہرے پر بناؤ سنگار
یا پوڈر وغیرہ نہ ہو۔ **خودروئی** (مونث) خودبخود
اگنا۔ یکایک اگنا۔ بلا بوئے اگنا۔ **خود زیاں کار**
(صفت) اپنے آپ کو نقصان پہنچانے والا۔
خود ساختہ (صفت) اپنا بنایا ہوا۔ گھڑا ہوا۔
خودستائی (مونث) اپنے منہ میاں مٹھو بننا۔
اپنی تعریف آپ کرنا **خود سر** (صفت) ۱ خود
رائے۔ سرکش ۲ ضدی۔ ہٹیلا ۳ آزاد۔ خودمختار
مطلق العنان۔ **خودسری** (مونث) ۱ سرکشی
۲ ضد۔ ہٹ ۳ آزادی۔ خودمختاری۔ **خودسے**
۱ اپنے آپ۔ ازخود ۲ بن بلائے۔ **خودغرض**
(صفت) مطلبی۔ مطلب کا آشنا۔ **خودغرضی**
(مونث) آپا دھاپی۔ نفسا نفسی۔ خودمطلبی۔
خود فراموش (صفت) اپنے آپ کو بھولنے
والا۔ غافل۔ اچیت۔ **خود فراموشی** (مونث)
اپنے آپ کو بھول جانا۔ غفلت۔ **خود فروش**
(صفت) اپنی تعریف آپ کرنے والا شیخی خورہ
ڈینگیا۔ **خودفگن** (صفت) اکیلا سواری کرنے
والا۔ **خود کاشت** (صفت) ۱ وہ جو اپنی
زمین آپ بوئے ۲ (مونث) وہ زمین جو مالک
خود بوئے۔ **خود کاشتہ** (صفت) خود بوئی ہوئی
خودکام (صفت) ۱ خودغرض ۲ جو اپنی مرضی یا
خواہش کے مطابق کرے ۳ ضدی۔ ہٹیلا ۴
مغرور۔ متکبر ۵ بدچلن۔ **خودکامی** (مونث)
خودغرضی وغیرہ دیکھو آخری۔ **خود کردہ** (صفت)
اپنا کیا ہوا۔ اپنا کام۔ **خودکشی** (مونث) اپنے
آپ کو قتل کر دینا یا کرنا کے ساتھ۔ **خود گذشتہ**
(صفت) ۱ دل سے بھولا ہوا ۲ زندگی سے تنگ
خودگم (صفت) بیخود۔ بیخبر۔ بیہوش۔ **خودمختار**
(صفت) ۱ آزاد۔ بااختیار ۲ خودسر۔ خودرائے۔
خودمختاری (مونث) آزادی وغیرہ۔ دیکھو
آخری۔ **خودمطلب** (صفت) خودغرض
خودمطلبی (مونث) خودغرضی۔ **خود مُنڈا**
(صفت) جو کسی کا مرید یا شاگرد نہ ہو (لکھنو)
خودنما (صفت) ۱ مغرور۔ متکبر ۲ شیخی خورہ۔
خودنما یا۔ نمائشی۔ **خودنمائی** (مونث) خود شیخی۔
خودی۔ **خودی** (مونث) ۱ اپنا آپ ۲ خودغرضی
۳ خودسری ۴ فخر۔ نخوت۔ غرور۔ تکبر۔ **خودی
سوز** (مذکر) ایک آتشکدہ جو آذر بائیجان میں
تھا۔ **خودی میں نہ رہنا** (لازم) آپے
میں نہ رہنا۔

**امثال و اقوال۔ خود
پسندی دلیل نادانی ست۔** اپنی ہر
بات کو اچھا سمجھنا نادانی کی دلیل ہے۔ **خودرا
فضیحت دیگراں را نصیحت۔** خود تو
برے کام کرتا ہے دوسروں کو روکتا ہے۔ **خود
غلط انشا غلط املا غلط۔** یہ فقرہ ایسی
بات کے متعلق کہتے ہیں جو ہر طرح غلط ہو۔
خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم۔ ہم جو سمجھے
تھے وہ خود ایک غلطی تھی۔ **خودی اور خدائی
میں بیر ہے۔** خدا غرور کو پسند نہیں کرتا۔
خود کردہ را (چہ علاج) علاجے نیست
اپنے کئے کا کوئی علاج نہیں۔ **خود کوزہ و
خود کوزہ گر و خود گل کوزہ۔** وہاں کہتے
ہیں جہاں ایک ہی آدمی ہر قسم کا انتظام
کرے۔

خُود (ہ۔ مذکر) دیکھو خوید۔
خُور (ع۔ مذکر) جانور کو پچھلی طرف
زخمی کرنا۔
خُور (ف۔ مذکر) ۱ سورج۔ آفتاب
مہر ۲ مشرق ۳ ہر شمسی ایرانی مہینے کا گیارھواں
دن ۴ ایک فرشتے کا نام ۵ گرگٹ ۶ ایک محل
خورنق میں۔ **خورداد یا ماہ** (مذکر) تیسرے
شمسی مہینے کا نام اساڑھ کے مقابل۔ **خور مُد**
(مذکر) ہر شمسی مہینے کا بارھواں دن۔ **خور مہر**
(مونث) حضرت سلیمان کی تلوار کا نام۔
خور (ف۔ صفت) ۱ کھانے والا
پینے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔
جیسے آدم خور۔ گوشت خور ۲ ذلیل۔ کمینہ۔ خوار
(خوردن کھانا) **خورا** (صفت) ۱ کھانے والا
۲ پیٹو۔ لالچی۔ مرکبات کے آخر میں استعمال
ہوتا ہے۔ جیسے شکر خورا۔ **خوراب** (مذکر)
۱ میلا پانی ۲ آبشار ۳ پانی کی خواہش ۴ پانی
کے پھاٹک کی روک۔ **خورابہ** (مذکر) ۱ نالہ
جو دریا میں سے نکال کر کاشت کے لئے لایا
جائے۔ نہر ۲ پانی جو بند میں سے ٹپکے ۳ کاشتکار
جسے کاشت کے لئے ہر چیز مہیا کی جائے۔
خوری (مونث) ۱ کمینہ پن ۲ ایک قسم کا
کپڑا ۳ کھانا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے
جیسے تنہا خوری۔

خُوَر (ف۔ امر) ۱ خوردن کا۔
کھا ۲ (مذکر) تھوڑا سا کھانا۔ قوت لایموت
خوراک (مونث) ۱ کھانا۔ غذا۔ چارہ۔
جانوروں کا کھانا ۲ روزینہ ۳ خرچ۔ بھتا۔
سفر خرچ ۵ دوائی جو ایک وقت پی جائے۔
۶ رسد۔ راشن ۷ ایک وقت کا کھانا
خوراک افیال (مونث) ۱ ہاتھیوں کی
خوراک ۲ ایک ٹیکس جو مغلوں کے زمانے میں
لیا جاتا تھا۔ **خوراکی** (مونث) ۱ کھانے پینے
کی چیز ۲ روزینہ۔ وظیفہ۔ **خورانیدن** (مصدر)
کھلانا۔ **خورد** (ماضی) ۱ خوردن کی ۲ (صفت)
دیکھو علیحدہ۔ **خورد بُرد** (مذکر) ۱ بیجا تصرف
۲ غبن۔ خیانت (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ)
خوردگی (مونث) خوردہ کی جمع۔ **خوردن**
(مصدر) کھانا۔ **خوردنی** (صفت) کھانے
کے قابل ۲ (مونث) کھانے کی چیز۔ کھانا۔
خورش۔ **خوردہ** (صفت) ۱ کھایا ہوا ۲
لیا ہوا۔ اڑایا ہوا ۳ گم کیا ہوا ۴ زنگ لگا ہوا
۵ مرکبات کے آخر میں جیسے کرم خوردہ۔ زنگ
خوردہ ۶ دیکھو۔ خُردہ۔ **خورش** (مونث)
طعام۔ کھانا۔ خوراک۔ **خورش و پوشش**
خور و پوش (مذکر) کھانا اور پہننا۔ **خورو
نوش** (مذکر) کھانا پینا۔ دانہ پانی۔ **خورندہ**
(صفت) ۱ کھانے والا ۲ وہ جو دوسروں کا
مال ہضم کر جائے۔ **خورہ** (صفت) کھانے
والا۔ مرکبات میں جیسے شکر خورہ۔ **خوری**
(مونث) کھانا۔ مرکبات میں جیسے تنہا
خوری۔

**امثال و اقوال۔ خورانیدن
صد عیب نہ خورانیدن یک عیب**
کھانے میں سو عیب نہ کھانے میں ایک
عیب۔ **خوردن برائے زیستن و
ذکر کردن است۔ تو معتقد کہ زیستن**

از بہر خوردن است۔ کھانا زندہ رہنے اور عبادت کرنے کے لئے ہے یہ شعران لوگوں کے حسب حال ہے۔ جو اپنی زندگی بیکاری اور تن پروری میں بسر کرتے ہیں۔ خوردہ نہ بُردہ ناحق درد گردہ، کچھ لیا دیا نہیں مفت کی تکلیف ہوئی۔

خُورد (ف۔ صفت) دیکھو خُرد۔
خورد سال (صفت) چھوٹی عمر کا۔ **خورد سالاں** (مذکر) چھوٹے بچے۔ **خورد سالی** بچپن۔ لڑکپن۔ **خورد محل** (مذکر) امرا کی خواصوں کے رہنے کے کمرے۔ **خورد مرد** (مذکر) کسی قسم کی چھوٹی چھوٹی چیزیں۔

خوردہ۔ خُوردیا۔ خُوردِیَہ (اردو) دیکھو خردہ۔ خردیا۔ خوریہ۔ خورد یہ ہے ۱ کم مایہ ہے ۲ متفرق فروش ہے۔

خُورسَند (ف۔ صفت) دیکھو خرسند۔

خُورشید (ف۔ مذکر) سورج۔ آفتاب۔ مہر۔ سریا۔ **خورشید اثر** (صفت) سورج کی طرح روشن۔ **خورشید انور** (مذکر) نورانی سورج۔ روشن آفتاب ۲ مسلمانوں میں ایک نام۔ **خورشید پرست** (صفت) سورج کو پوجنے والا۔ **خورشید پیکر**۔ چہرہ۔ رخ۔ رو۔ سیما۔ طلعت: **عذار یا لقا** (صفت) خوبصورت۔ حسین ۲ معشوق۔ **خورشید سواران** (مذکر) ۱ صبح اٹھنے والے لوگ ۲ دھوپ میں سواری کرنے والے شخص ۳ بادشاہ کے منہ لگے آدمی ۴ عیسائی راہب ۵ فرشتے۔ **خورشید غبغب** (صفت) خوبصورت ٹھوڑی والا۔ **خورشیدِ لب بام** (صفت) مرنے کے قریب۔

خُورِ کار (ف۔ مذکر) جنگلی چوہا۔

خُورَم۔ خُورَمی (ف۔ مونث) دیکھو خرم۔ خرمی۔

خُوَرنَق (ف۔ مذکر) ۱ ایک محل جو نعمان بن منذر نے بہرام کے لئے بابل میں بنلیا تھا ۲ عالیشان محل۔ قصر۔ **خورنق بہرام** (مذکر) بہرام کا محل۔ خورنق ۱۔

خَوَرنگاہ۔ خَوَرنگہ (ف۔ مذکر) بہرام کا محل۔

خَورنَہ (ف۔ مذکر) خورنگاہ کا مخفف۔

خَورَہ (ف۔ مذکر) ۱ کوئی چیز جو کھا جائے یا تلف کر دے جیسے زنگار کیڑے کوڑھ یا ناسور ۲ نور خدا۔ عقل ۳ سلطنت ایران کا صوبہ یہ پانچ تھے۔ آردشیر۔ استخر۔ داراب شاہ اور قباد۔

خُوز (ف۔ مذکر) ۱ نیشکر کا کھیت ۲ خوزستان ۳ یہاں کے باشندے۔

خُوزادہ (ف۔ صفت) ۱ قدرتی خوبصورت۔ جسے بناؤ سنگار کی ضرورت نہ ہو ۲ (مذکر) دیکھو خزادہ۔

خُوش (ف۔ صفت) ۱ خرم۔ خورسند۔ آنند۔ شاد۔ شاداں۔ سکھی۔ ہرا بھرا۔ سرسبز۔ پھلا پھولا۔ شاداب۔ تروتازہ ۳ اچھا۔ عمدہ۔ نفیس۔ اعلیٰ ۴ تندرست باصحت ۵ مقدور۔ بامراد ۶ بختاور۔ اقبالمند ۷ خوبصورت۔ حسین ۸ پسندیدہ۔ مرغوب ۹ قانع۔ راضی (رِندہ) استاس۔ اوسھا۔ اوپر کھڑا ہونا۔ **خوشا** (صفت) ۱ بہت خوش ۲ (حرف ندا) خوش۔ مبارک ۱ کسقدر خوش ۲ کیسا اقبالمند۔

خوش آب (صفت) ۱ آبدار ۲ رسدار۔ پرنم ۳ تازہ ۴ صاف۔ شفاف۔ چمکدار۔ **خوش آبی** (مونث) تازگی۔ تری۔ **خوش آمد** (مونث) تواضع۔ مدارات۔ آؤ بھگت۔ آدر۔ خاطر تواضع۔ **خوش آمدید**! خوش آئے۔ تواضع کے الفاظ عموماً یہ الفاظ جہاں کسی کو آنا ہو لکھ کر لگا دیتے ہیں (کہنا۔ لگانا۔ لگنا کے ساتھ)۔ **خوش آنا** (لازم) پسند آنا۔ **خوش آواز یا آہنگ** (صفت) اچھی آواز والا۔ سریلا۔ **خوش آوازی یا آہنگی** (مونث) سریلاپن۔ اچھی آواز۔

خوش آیند یا آیندہ (صفت) ۱ دلپسند۔ پسند خاطر۔ پسندیدہ ۲ خوشگوار۔ خوش کن۔ **خوش آیندگی** (مونث) ۱ صفائی۔ زیبائی۔ زیبائش ۲ سہانا پن۔ **خوش اختر** (صفت) خوش قسمت۔ اقبالمند۔ **خوش اختری** (مونث) اقبالمندی۔ طالعمندی۔ **خوش ادا** (صفت) ۱ اچھی طرح ادا کرنے والا ۲ سریلا۔ خوش آواز۔ **خوش ادائی** (مونث) ۱ اچھی طرح ادا کرنا ۲ سریلاپن۔ **خوش اَسلُوب** (صفت) ۱ خوش وضع یا قطع ۲ اچھے طریقے والا۔ **خوش اسلوبی** (مونث) اچھا طریقہ۔ اچھی طرز۔ اچھی وضع یا قطع۔ **خوش اسلوبی سے**۔ اچھی طرح۔ اچھے طریقے سے۔ **خوش اطوار** (صفت) باسلیقہ۔ مہذب۔ شائستہ۔ باوضع۔ **خوش اِقبال** (صفت) اقبالمند۔ خوش نصیب۔ **خوش اقبالی** (مونث) خوش نصیبی۔ اقبال۔ نصیبا۔ **خوش اقرار** (صفت) ۱ وعدوں کو پورا کرنے والا۔ اچھے وعدے کرنے والا ۲ بہت وعدے کرنے والا۔ **خوش الحان** (صفت) اچھی آواز والا۔ سریلا۔ **خوش الحانی** (مونث) سریلا پن۔ لے۔ خوش نوائی۔ **خوشامد** (مونث) چاپلوسی۔ تملق۔ للو پتو۔ جھوٹی تعریف (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **خوشامد درآمد** (مونث) خوشامد (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **خوشامدی** (صفت) چاپلوس۔ خوشامد کرنے والا۔ **خوش اندام** (صفت) سڈول۔ خوبصورت۔ **خوش انتظام** (صفت) اچھا انتظام کرنے والا۔ منتظم۔ **خوش انتظامی** (مونث) عمدہ بندوبست۔ **خوش اوقات** (صفت) عزت والا۔ **خوش باش** (صفت) ۱ خوش رہنے والا۔ آزاد۔ بیفکر ۲ (مذکر) وہ شخص جو دوسری جگہ سکونت اختیار کرلے ۳ وہ زمین جو مقربین کو برائے نام لگان پر دی جائے۔ اس شرط پر کہ بوقت ضرورت سرکار کی امداد کریں۔ **خوش بخت** (صفت) خوش قسمت۔ اقبالمند ۲ خوش۔ شاد۔ **خوش بختی** (مونث) اقبال۔ نصیبہ۔ **خوش بناگوش** (صفت) جس کی کان کی لویں خوبصورت ہوں۔ **خوشبو** (مونث) ۱ اچھی بو۔ مہک ۲ مہک والی چیز۔ عطر۔ **خوشبو آنا** (لازم) کسی چیز سے اچھی مہک اٹھنا۔ **خوشبو پھیلنا** (لازم) عمدہ بو کا دور تک جانا۔ **خوشبو دینا** (متعدی) کسی پھول وغیرہ سے اچھی بو پیدا ہونا۔ **خوشبودار** (صفت) اچھی بو والا۔ معطر۔ سوندھا۔ مہک والا۔ **خوش بوسہ** (صفت) جس کے بوسے مزیدار ہوں۔ **خوشبوئی** (مونث) ۱ خوشبودار ہونا ۲ خوشبو۔ **خوشبوئناک** (صفت) خوشبودار۔

(ابلتی ہوئی ہنڈیا) **خوشبوئے** (صفت) خوشبودار مہک دار۔ **خوش بیان** (صفت) ۱ خوش تقریر۔ فصیح ۲ خوش گفتار۔ **خوش پرگار** (صفت) ۱ سڈول۔ خوش وضع ۲ وہ جس کی رانیں خوبصورت ہوں۔ **خوش پوزی** (مذکر) بوسہ۔ **خوش پوش یا پوشاک** (صفت) عمدہ پوشاک پہننے والا۔ خوش لباس۔ بانکا۔ سفید پوش۔ **خوش تحریر** (مذکر) اچھا لکھنے والا۔ اچھا کاتب ۲ اچھا مصنف۔ **خوش تر** (صفت) زیادہ خوش۔ بہت خوش۔ **خوش تریں** (صفت) نہایت خوش۔ **خوش تراش** (صفت) اچھا بنا ہوا۔ اچھی کاٹ کا۔ **خوش تدبیر** (صفت) منتظم۔ **خوش تدبیری** (مونث) حسن انتظام اچھا انتظام۔ **خوش ترکیب** (صفت) سڈول خوبصورت۔ **خوش تقریر** (صفت) فصیح۔ شیریں کلام۔ اچھا بولنے والا **خوش جلو** (صفت) جو لگام کے اشارے پر چلے (گھوڑا) **خوش جوہر** (صفت) اچھی آب والی چیز دار۔ گوہر۔ ہیرا وغیرہ۔ **خوش جوہری** (مونث) اچھی آب۔ **خوش چشم** (صفت) خوبصورت آنکھوں والا۔ **خوش چشمی** (مونث) آنکھوں کی خوبصورتی **خوش چھب** (صفت) خوش اسلوب۔ **خوشحال** (صفت) ۱ خوش۔ شاد ۲ مالدار۔ آسودہ ۳ خوش نصیب۔ اقبالمند۔ **خوشحالی** (مونث) ۱ خوشی۔ شادمانی ۲ دولتمندی۔ آسودہ حالی ۳ خوش نصیبی۔ **خوش خاطر** (مذکر) دل جو خوش رہے۔ **خوش خال** (مونث) معشوقہ۔ محبوبہ۔ جس کے چہرے پر مناسب خال ہوں۔ **خوش خبر** (صفت) وہ شخص جو اچھی خبر لائے۔ **خوش خبری** (مونث) مژدہ نوید۔ اچھی خبر (دینا۔ سنانا۔ لانا وغیرہ کے ساتھ) **خوش خرام** (صفت) ۱ اچھی چال چلنے والا ۲ معشوق۔ محبوب۔ **خوش خرامی** (مونث) دلکش رفتار۔ مٹک کی چال۔ **خوش خرید** (مونث) ۱ نقد قیمت دیکر خریدنا ۲ علیحدہ طور پر خریدنا ۳ سستا خریدنا ۴ بیع کے طور پر خریدنا ۵ اچھا سودا ۶ فصل جو تیاری سے پیشتر کم قیمت پر خریدی جائے

خوش خصال۔ خصلت۔ خلق یا خو (صفت) مہذب۔ باسلیقہ۔ صاحب اخلاق۔ بامروت۔ **خوش خط** (صفت) ۱ عمدہ لکھا ہوا ۲ اچھا لکھنے والا ۳ (مذکر) خوش نویس ۴ اچھا خط۔ خوبصورت خط۔ ۵ خوبصورت جوان۔ **خوش خطی** (مونث) خوبصورت خط یا تحریر۔ **خوش خلقی** (مونث) اچھی خصلت۔ مروت۔ اچھی طرح ملنا۔ خلق۔ اخلاق۔ **خوش خواں** (مذکر) وہ طالبعلم جو فیس ادا کرے ۲ (صفت) وہ جو اچھی طرح پڑھے یا گائے۔ **خوش خوار یا خور** (صفت) اچھی طرح رہنے والا۔ **خوش خوراک** (صفت) عمدہ اور اچھے کھانے کھانے والا۔ **خوش خوری** (مونث) اچھے کھانے کھانا **خوش خوش** (صفت) بہت خوش۔ خوشی خوشی (آنا پھرنا جانا کے ساتھ) **خوش خوئی** (مونث) دیکھو خوش خلقی۔ **خوش خیال** (صفت) اچھے خیال کا۔ عالی خیال **خوش دامن** (مونث) ساس۔ ہندوستان کی اختراع ہے۔ **خوش دشنام** (صفت) وہ جس کی گالیاں میٹھی ہوں۔ معشوقہ۔ **خوش دل** (صفت) خوش۔ شادماں۔ بشاش۔ **خوش دلی** (مونث) خوشی۔ شادمانی۔ **خوش دماغ** (صفت) ۱ اچھے دماغ والا ۲ خوش۔ بشاش۔ **خوش دنداں** (صفت) خوبصورت دانتوں والا **خوش دہاں یا دہن** (صفت) خوبصورت منہ والا۔ معشوق **خوش دہانی** (مونث) منہ کی خوبصورتی۔ **خوش ڈول** (صفت) سڈول درست **خوش ذائقہ** (صفت) (مزیدا) لذیذ۔ خوشگوار۔ سواد کا۔ **خوش راہ** (صفت) اچھا قابل سواری (گھوڑا) **خوش رفتار** (صفت) اچھی چال والا۔ سبک رفتار۔ نازک خرام۔ **خوش رنگ** (صفت) ۱ اچھے رنگ کا۔ شوخ رنگ کا ۲ (مذکر) اچھا یا شوخ رنگ۔ **خوش رو** (صفت) خوش رفتار۔ **خوش رُو** (صفت) خوبصورت چہرے والا۔ حسین۔ **خوش روز** (مذکر) خوشی کا دن تیوہار۔ **خوش رہنا** (لازم) ۱ شاد رہنا۔ خرم رہنا ۲ مزے میں زندگی گزارنا۔ **خوش رہو** (دعا) شاد رہو۔ کوئی تکلیف نہ

پہنچے۔ **خوش رہے** طنزاً۔ بے پرواہی ظاہر کرنے کو۔ اگر کوئی بیوجہ ناراض ہو جائے تو کہتے ہیں۔ **خوش زبان** (صفت) فصیح لسان۔ شیریں زبان۔ **خوش زبانی** (مونث) میٹھی باتیں۔ شیریں زبانی۔ لسانی۔ فصاحت۔ میٹھا بول۔ **خوش زمزمہ** (صفت) سریلا گانیوالا **خوش سخرا** (مذکر) ہنس مکھ۔ ظریف آدمی۔ **خوش سخن** (صفت) میٹھی باتیں کرنیوالا۔ شیریں زبان **خوش سرانجام** (صفت) ۱ جسکا انجام اچھا ہو ۲ خوش۔ شاد ۳ خوش قسمت۔ اقبالمند۔ **خوش سلیقہ** (صفت) اچھے سلیقے والا۔ باتمیز۔ سلیقہ شعار۔ **خوش سلیقگی** (مونث) اچھا سلیقہ۔ تمیز۔ تہذیب۔ **خوش سودا** (صفت) جس میں نفع ہو۔ فائدہ مند۔ **خوش سواد** (صفت) جس کے گرد و نواح کا علاقہ سرسبز اور آباد ہو۔ **خوش سیر** (صفت) اچھی عادتوں والا۔ نیک۔ **خوش شکل** (صفت) خوبصورت۔ سڈول۔ **خوش صفیر** (صفت) اچھا چہچانے والا یا گانے والا (پرند) **خوش صورت** (صفت) حسین۔ خوبصورت۔ **خوش طالع** (صفت) ۱ اقبالمند۔ صاحب نصیب ۲ شاد۔ خرم ۳ نیک بخت۔ **خوش طبع** (صفت) ۱ ظریف۔ بامذاق ۲ ہنس مکھ۔ جو ہر وقت خوش رہے۔ **خوش طبعی** (مونث) ظرافت۔ دل لگی۔ ہنسی۔ مذاق۔ **خوش طرق** (صفت) باسلیقہ۔ تمیزدار۔ شائستہ۔ **خوش طینت** (صفت) اچھی سرشت والا۔ خوشخو۔ **خوش ظاہر** (صفت) جس کا ظاہر خوبصورت ہو۔ خوبصورت۔ **خوش عنان** (صفت) گھوڑے کی تعریف۔ باگ کے اشارے پر چلنے والا۔ خوش رفتار۔ ہلکی چال کا **خوش عیار** (صفت) خالص۔ بے میل۔ جو کسوٹی پر اچھا رنگ دے (سونا یا چاندی) **خوش غلاف** (صفت) ۱ وہ جو خود بخود یا آسانی سے نیام سے نکل آئے۔ (تلوار) ۲ بدچلن (عورت) ۳ ننگا۔ عریاں۔ آخری دونوں معنوں میں صرف اردو میں استعمال ہوتا ہے۔ **خوش فعل** (صفت) موزوں چلن یا کام کا۔ دلپسند کام والا۔ **خوش فعلی** (مونث) ۱ چہل۔ مذاق ۲ اچھا یا موزوں

کام کرنا۲ کام یا چلن کی موزونیت یا دلپسندی
خوش فعلیاں کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
آپس میں چہل یا مذاق ہونا۔ خوش قامت
(صفت) اچھے قد کا۔ موزوں قد کا۔ سڈول
خوش قبالہ (صفت) ۱بیع بلاشرط ۲کوئی
کام بلاشرط۔ خوش قد (صفت) ۱دیکھو خوش
قامت ۲معشوق۔ خوش قدمی (مونث)
اچھی چال۔ خوش قسمت (صفت) اچھی قسمت
والا۔ خوش نصیب۔ خوش قسمتی (مونث)
اقبال مندی۔ طالعمندی۔ یاوری قسمت ۲(طنزاً)
بدنصیبی۔ خوش قطع (صفت) ۱سڈول۔ خوش
وضع۔ موزوں ۲اچھا قطع کیا ہوا۔ خوش قلم
(صفت) خوش نویس۔ اچھا لکھنے والا۔ خوش
قمار (صفت) اچھا کھیلنے والا۔ کھیل میں بے ایمانی
نہ کرنے والا۔ خوش قماش (صفت) ۱اچھی
بناوٹ کا۔ اچھی ساخت کا۔ خوش کامی (مونث)
خوشی۔ خرمی۔ شادمانی۔ مسرت۔ خوش کرنا
(متعدی) راضی کرنا۔ مسرور کرنا ۲تسلی کرنا۔ تسکین
دینا۔ خوش کلام (صفت) فصیح۔ لسان۔
خوش کلامی (مونث) فصاحت۔ لسانی۔
خوش کنار (صفت) معشوق۔ خوش گام
(صفت) گھوڑے کی تعریف۔ خوش رفتار۔
ہلکی چال والا۔ خوش گاہ (صفت) فرج۔
خوش گپّ (صفت) چرب زبان۔ لسان۔
(مت) خوش گپیّاں (مونث) ہنسی مذاق
کی باتیں۔ خوش گردن (صفت) جس کی
گردن خوبصورت ہو۔ خوش گذران (صفت)
اچھا گزارہ کرنے والا۔ مزے سے زندگی بسر
کرنے والا۔ خوش گزرانی (مونث) مزے
کی زندگی۔ آسودہ حالی۔ خوش گفتار یا گو
(صفت) خوش بیاں۔ فصیح۔ خوش گفتاری
(مونث) فصاحت۔ لسانی۔ خوش گلو (صفت)
خوش الحان۔ سریلا۔ خوشگوار ۱دل پسند۔
پسندیدہ۔ من بھاتا ۲مزیدار۔ خوش ذائقہ ۳
زود ہضم۔ خوش لب (صفت) جس کے
ہونٹ میٹھے ہوں۔ جس کے بوسے مزیدار ہوں
خوش لباس (صفت) عمدہ کپڑے پہننے والا۔
خوش پوش۔ خوش لحن (صفت) سریلا۔ خوش
لہجہ (صفت) خوش آواز۔ خوش مایہ (صفت)

مزہ۔ لطف۔ خوشی۔ خوش مذاق (صفت)
بامذاق۔ خوش مزاج (صفت) خوش طبع۔
خوش مزاجی (مونث) خوش طبعی۔ خوش مزگی
(مونث) مزے کی نفاست۔ خوش مزہ (صفت)
مزیدار۔ خوش مژہ یا مژگان (صفت) جس
کی پلکیں خوبصورت ہوں۔ خوش معاش (صفت)
۱خوش گزران ۲اچھا پلا ہوا۔ خوش معاشی
(صفت) آسودہ حالی۔ خوش معاملگی (مونث)
لین دین میں صفائی یا دیانت داری۔ خوش
معاملہ (صفت) لین دین میں اچھا۔ معاملے
کا صاف۔ خوش منش (صفت) ۱دل کا
اچھا۔ زندہ دل ۲(مذکر) سیری۔ آسودگی۔
خوش منشی (مونث) ہنسی۔ مذاق۔ ٹھٹھہ ۲
خوشی۔ شادمانی۔ خرمی۔ خوش منظر (صفت)
خوبصورت۔ خوش نشین (صفت) ۱مزے
سے بیٹھا ہوا ۲کافی جگہ والا ۳نووارد۔ اجنبی۔ خوش
نشینانِ چمن (مذکر) ۱پھول۔ شگوفے ۲
باغ کی سیر کرنیوالے۔ خوش نصیب (صفت)
خوش قسمت خوش نصیبی (مونث) ۱خوش
قسمتی ۲حسنِ اتفاق۔ خوش نظر (صفت) ۱
بے تکلف ۲ملنسار ۳(مذکر) ایک قسم گلاب
کی سفید زرد اور سُرخ رنگ۔ خوش نغمہ
(صفت) خوش الحان۔ خوش نفس (صفت)
۱میٹھی میٹھی باتیں کرنے والا ۲سریلا۔ خوش نما
(صفت) ۱موزوں۔ زیبا ۲دلکش۔ دلچسپ ۳
خوش منظر۔ خوبصورت۔ خوش نمائی (مونث)
زیبائش۔ بھڑک۔ زینت۔ خوبصورتی۔
خوش نمک (صفت) ۱اچھی طرح نمک لگا
ہوا ۲مزیدار۔ پُر لطف ۳بامذاق ۴معشوق۔
خوش نوا (صفت) اچھا گانے والا۔ سریلا۔
(پرندہ) خوش نواز (صفت) ۱گویا ۲شہر
ہتیال کے گورنر کا نام۔ خوشنوائی (مونث)
سریلا گانا۔ خوشنود (صفت) خوش۔ راضی۔
خوشنودی (مونث) خوشی۔ رضامندی۔
خوشنودیِ مزاج (مونث) دل کی خوشی۔
رضامندی۔ راضی ہونا۔ خوشنودیِ مزاج
کا پروانہ (مذکر) سرٹیفکٹ یا چٹھی جو کسی
کے کام سے خوش ہو کر اس کو دی جائے خوش
نویس (صفت) عمدہ لکھنے والا۔ خوشخط۔ کاتب

خوش نویسی (مونث) خوشخطی۔ اچھی لکھائی
خوش نہاد (صفت) ۱نیک طینت ۲ہنس
مکھ۔ خوش نیت (صفت) دیانت دار۔
ایمان دار۔ خوش نیتی (مونث) نیک نیتی۔
خوش و خُرّم (صفت) ۱خوش شاد۔ مسرور۔
شادمان ۲آسودہ حال۔ خوش وضع (صفت)
۱خوش شکل۔ خوش لباس ۲اچھی جگہ پر واقعہ
خوش وقت (صفت) ۱خوش ۲آسودہ
حال۔ خوش حال۔ خوش وقتی (مونث)
۱خوشی۔ شادمانی ۲آرام۔ چین ۳خوش نصیبی۔
خوش ہونا (صفت) ۱شاد ہونا۔ مسرور
ہونا ۲آسودہ حال ہونا۔ خوشی (مونث) ۱
سرور۔ انبساط۔ نشاط۔ شادی۔ انی۔ آنند
سکھ۔ چین ۲خوش خوش۔ خوشی بخش (صفت)
خوش کرنے والا۔ خوشی پھرنا (لازم) خوش
خوش پھرنا۔ غیر فصیح ہے آتش نے استعمال
کیا ہے۔ خوشی خوشی۔ خوشی سے بسرو
چشم۔ مزے سے۔ مشتاقانہ۔ رضامندی سے
خوشی سے پھولنا (لازم) نہایت بشاش
ہونا۔ خوشی سے کھلے جانا (لازم) مسرت
کی وجہ سے ہنسنا۔ خوشی کا موقع (مذکر)
کوئی واقعہ جس پر خوشی کی جائے۔ شادی۔
بیٹے کی پیدائش۔ ختنے وغیرہ خوشی کرنا (متعدی)
۱خوش ہونا۔ مزے اڑانا۔ لطف اڑانا ۲کسی
اچھی بات کے ہونے پر دعوت وغیرہ کرنا۔
خوشی کے مارے باچھیں کھل جانا
(لازم) بہت خوش ہونا۔ خوشی کے لوگ
(مذکر) وہ لوگ جو مزے اڑانے کی بساط رکھتے
ہیں۔ امیر لوگ ۲مسخرے۔ بھانڈ ۳طوائفیں۔
رنڈیاں۔ خوشی منانا (متعدی) دیکھو
خوشی کرنا۔ خوشی میں آنا (لازم)
۱بہت خوش ہونا ۲محبوب ہونا۔ دلپسند
ہونا۔ خوشی ہونا (لازم) خوش
ہونا (مت)

امثال واقوال۔ خوشامد
سے بر آمد ہے خوشامد سے فائدہ ہوتا ہے۔
خوشامد کا منہ کالا۔ خوشامدی آدمی
بے عزت ہوتا ہے۔ خوشتر آں باشد

کہ سرّ دلبراں گفتہ آید در حدیثِ دیگراں۔ جب کسی کا کوئی راز کہنا یا کسی کو نصیحت کرنا ہو تو اشارے اور کنائے میں دوسروں کا نام لے کر کرنا چاہیئے۔ **خوش رہ پٹھانی نکل گیا پانی**۔ جب کسی کے کام سے خوش ہوں تو کہتے ہیں۔ **خوش رہو تم جانو**۔ نہیں مانتے نہ مانو۔

خُوشال (ف۔ صفت) خوشحال کا مخفف۔ **خوشال پتی** (مونث) ایک محصول جو کسی خوشی کے موقع پر اخراجات کیلئے وصول کیا جاتا تھا جیسے شادی بیٹے کی پیدائش۔

خَوشہ (ف۔ مذکر) ۱ پھل کا گچھا ۲ اناج کی بال ۳ ایک صورت کوکبہ سنبلہ۔ کنّیا ۴ ایک پرند کا نام ۵ قوس قزح ۶ اناج کی بالیں جو کھیت کٹنے کے بعد زمین پر پڑی رہیں۔ **خوشہ انگور** (مذکر) انگور کا گچھا۔ **خوشہ پیشہ کاراں** (مذکر) پرندوں کو ڈرانے کا پتلا۔ **خوشہ چرخ یا سپہر** (مذکر) خوشہ ۳۔ **خوشہ چیں** (صفت) ۱ وہ جو کھیت کٹنے کے بعد گرے پڑے خوشے چنتا ہے ۲ فیض حاصل کرنے والا۔

حَوص (ع۔ مذکر) آنکھوں کا تنگ ہونا۔
خُوص (ع۔ مذکر) کھجور کے پتے۔
خَوض (ع۔ مذکر) ۱ داخل ہونا۔ عبور کرنا دریا کا ۲ گھوڑے کو دریا سے عبور کرانا ۳ بحث کرنا۔

خَوض (ع۔ مذکر) ۱ غور۔ سوچ۔ فکر۔ بچار ۲ تحقیق تجسس (کرنا کے ساتھ) (خَوض۔ خائض۔ مشغول ہونا) **خوض و غور** (مذکر) دیکھو غور و خوض۔

خُوط (ع۔ مذکر) ۱ سوٹی شاخ ۲ موٹا آدمی۔

خَوف (ع۔ مذکر) ڈر۔ ہول۔ اندیشہ۔ دہشت۔ ہراس۔ بیم۔ باک۔ بھے (آنا۔ دلانا۔ کرنا۔ کھانا۔ ہونا کے ساتھ) (ف۔ خاف۔ ڈرنا) **خوف سے دست آنا** (لازم) ڈر کی وجہ سے بار بار پاخانہ آنا۔ **خوف لانا** (متعدی) ڈرنا۔ **خوف میں ڈالنا** (متعدی) ڈرانا۔ **خوفناک** (صفت) ڈراونا۔ ہولناک۔ دہشت ناک۔ بھیانک۔ **خوفناک آواز** (مونث) وہ آواز جس سے ڈر آئے۔ **خوف و بیم** (مذکر) ڈر۔ **خوف و رجا** (مذکر) ڈر اور امید۔

خَوق (ع۔ مذکر) بالیاں پہننا لڑکی کا۔

خَوق (ع۔ مذکر) فراخی۔ کشادگی۔
خُوک (ف۔ مذکر) سور۔ خنزیر۔

خوگیر (ف۔ مذکر) ۱ زین کی بھرتی ۲ گدا۔ گدیلا ۳ زین کے نیچے کا کپڑا۔ نمدہ۔ **خوگیر کی بھرتی** (مونث) ۱ زین کی بھرتی ۲ فضول چیزیں جھیتھڑے ۳ ایرے غیرے لوگ ۴ بھرتی کے شعر۔ اشعارِ بے نمک۔

خُول (ف۔ مذکر) ۱ چھلکا ۲ نیام۔ میان ۳ غلاف ۴ پترا۔ **خول چڑھانا** (متعدی)، **چڑھنا** (لازم) ۱ غلاف چڑھانا ۲ پترا چڑھانا۔ **خولدار** (صفت) جو اندر سے کھوکھلا ہو۔

خُولنجان (ف۔ مذکر) پان کی جڑ۔

خَون (ع۔ مذکر) ۱ بیوفا ہونا۔ دغاباز ہونا ۲ وعدہ توڑنا ۳ خیانت کرنا۔

خَون (ف۔ مذکر) خوان کا مخفف۔ لکڑی وغیرہ کی کشتی جس پر ظروف میں کھانا وغیرہ چنتے ہیں۔ **خون بھیجنا** (متعدی)، **جانا** (لازم) خون پر ظروف میں کھانا وغیرہ چن کر کسی کو بھیجا جانا۔ **خون لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) خون پر کھانا چنا جانا۔

خُون (ف۔ مذکر) ۱ لہو۔ رکت۔ وہ سرخ رنگ کی رطوبت جو حیوانات کے بدن میں دوران کرتی ہے اور باعثِ زندگی ہوتی ہے۔ حیوانات برّی کا خون گرم ہوتا ہے اور بحری کا سرد ۲ قتل۔ خونریزی۔ ۳ نسل و پہلوی خُن۔ ژند و دہنی۔ س وسا) **خون آشام** (صفت) خون پینے والا خونخوار۔ **خون آلود یا آلودہ** (صفت) خون سے بھرا ہوا۔ لہو لہان۔ **خون آنکھوں میں اترنا** (متعدی) سخت غصہ آنا۔ غصے سے آنکھوں کا سرخ ہو جانا۔ **خوناب۔ خونابہ** (مذکر) ۱ خون والا پانی ۲ خون کی رو۔ خون ۳ خون والے آنسو ۴ سرخ رنگ ۵ سانس پھولنا۔ **خون اُچھلنا** (لازم) قتل کی شہرت ہونا۔ **خون افشان** (صفت) خون بہانے والا۔ **خوں افشانی** (مونث) خون کا بہانا۔ **خونبار** (صفت) خون بہانے یا برسانے والی۔ عموماً آنکھوں کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔ اور خصوصاً عاشق کی۔ **خونباری** (مونث) آنکھوں سے خون کے آنسو بہنا۔ **خون بدن میں نہ ہونا** (لازم) سخت خوفزدہ ہونا۔ **خون بستگی** (مونث) خون کا جما ہونا۔ خون کے ساتھ جوڑنا۔ **خون بستہ** (صفت) خون کے ساتھ جما ہوا۔ **خون بَستہ** (مذکر) جما ہوا خون۔ **خون بند** (صفت) خون کو بہنے سے روکنے والا۔ **خون بگڑنا** (لازم) خون خراب ہو جانا۔ جذام ہو جانا۔ **خون بواسیری** (مذکر) وہ خون جو بواسیر کی وجہ سے جاری ہو۔ **خوں بہا** (صفت) وہ نقدی جو قاتل مقتول کے وارثوں کو دے۔ دیت (دینا لینا کے ساتھ) **خون بہانا** (متعدی)، **بہنا** (لازم) ۱ خون نکلنا ۲ خونریزی ہونا۔ **خون بیٹھنا** (لازم) کسی رگ کے ٹوٹ جانے کی وجہ سے پاخانہ کے رستے خون جاری ہونا۔ **خون پانی ایک کرنا** (متعدی) خون پانی کی طرح بہانا۔ **خون پانی ہونا** (لازم) سخت غم ہونا۔ سخت تکلیف پہنچنا۔ **خون پینا** (متعدی) ۱ خون چوسنا یا نوش کرنا ۲ قتل کرنا۔ مارنا ۳ ستانا۔ دق کرنا ۴ بہت سخت کام لینا۔ **خون تھوک کر مرنا** (لازم) ۱ اندرونی زخم کی وجہ سے مرنے سے پہلے خون منہ سے جاری ہونا ۲ تپ دق سے مرنا۔ **خون تھوکنا** (متعدی) ۱ کسی صدمے سے خون کی قے کرنا ۲ بہت صدمہ برداشت کرنا ۳ تپ دق ہونا

خونِ جبال (مذکر) لعل۔ یاقوت۔ خونِ جگر (مذکر) ۱ غصہ۔ اندوہ۔ غم ۲ سخت تکلیف۔ خونِ جگر پینا (متعدی) ۱ غم و غصہ ضبط کرنا ۲ سخت مصیبت اٹھانا۔ خونِ جگر کھانا (متعدی) ۱ غصہ ضبط کرنا ۲ کوئی کام سخت محنت سے کرنا ۳ سخت رنج و غم اٹھانا۔ خون جوش کھانا (متعدی) نہایت برافروختہ ہونا۔ خونِ جہاں (مذکر) سرخیٔ شفق۔ خون چاٹنا (متعدی) چٹانا (م) خون سے تلوار وغیرہ بھرنا۔ چوچکاں (صفت) خون ٹپکتا ہوا۔ خون چھپانا (متعدی) چھپنا (لازم) قتل کا پوشیدہ رہنا۔ خون چھلک آنا (صفت) خون پھوٹ پڑنا۔ خون نکل آنا۔ خونِ حلال (مذکر) وہ قتل جو جائز ہو جیسے قصاص میں۔ خونِ حیض (مذکر) ماہواری خون جو عورتوں کو آتا ہے۔ خونِ حیوان (مذکر) دودھ۔ مکھن۔ شہد۔ خونِ خام (مذکر) خالص خون۔ خون جو ابھی پرانا نہ ہوا ہو۔ خون خرابا یا خچر (مذکر) خونریزی۔ کشت و خوں (کرنا ہونا کے ساتھ)۔ خونِ خروس (مذکر) سرخ شراب۔ خون خشک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ ڈر جانا۔ دہشت کھا جانا ۲ خوف یا ڈر سے دبلا ہو جانا۔ خونخوار (صفت) ۱ ظالم۔ ستمگر۔ بے رحم۔ سفاک۔ جلاد ۲ غصے سے بھرا ہوا ۳ (جانور) جو دوسروں کا شکار کرے ۴ قاتل۔ خونی۔ خونخواری (مونث) ۱ ظلم۔ ستم۔ بے رحمی ۲ خون بہانا۔ قتل۔ خونِ خفتہ یا خوابیدہ (مذکر) وہ قتل جس کا ابھی قصاص نہ لیا گیا ہو۔ خون خواہ (صفت) قتل کا قصاص لینے والا۔ خون خواہی (مونث) قصاص۔ بدلہ۔ خوں دار (صفت) ۱ قاتل۔ خونی ۲ مقتول کا وارث جسے قصاص لینا چاہئے۔ خون دامن سے نہ چھوٹنا (لازم) قتل کا الزام قائم رہنا۔ خونِ دل (مذکر) دیکھو خونِ جگر۔ خونِ دل پینا (لازم) سخت پیچ و تاب کھانا۔ غصہ ضبط کرنا ۲ اندر ہی اندر غم کھانا ۳ بہت افسوس کرنا۔ خون دوڑنا (لازم) خون کا حرکت کرنا۔ خون رکھنا (متعدی) (کسی کے ساتھ) قتل کا الزام دینا۔ خون رلانا (متعدی) رونا (لازم) بہت رونا۔ اتنا رونا کہ آنسو کی جگہ خون نکلنے لگے۔ خونریز (صفت) خون بہانے والا۔ قاتل۔ خونی۔ خونریزی (مونث) قتل۔ کشت و خون۔ گھمسان۔ خون سر (پر) چڑھنا یا سوار ہونا چڑھنا (لازم) ۱ خونی کا قتل کی وجہ سے سخت گھبراہٹ میں ہونا ۲ قتل کرنے پر آمادہ ہونا۔ خون سر پر لینا (متعدی) ۱ قتل کرنا ۲ قتل کا الزام لینا۔ خون سفید کرنا (متعدی) ۱ نامہربان ہونا۔ سنگدل ہونا ۲ ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ خون سفید ہونا (لازم) محبت جاتی رہنا۔ رشتے اور تعلق کی پرواہ نہ ہونا ۲ بے رحم ہو جانا۔ سنگدل ہو جانا۔ خون سوار ہونا (لازم) قتل پر آمادہ ہونا۔ خون سوکھ جانا (لازم) خوف یا فکر سے گھبرا جانا۔ خوں فشاں (صفت) دیکھو خوں افشاں۔ خون کا پیاسا (صفت) ۱ جان کا پیاسا۔ تشنۂ خون ۲ جانی دشمن۔ خون کا جوش (مذکر) رشتہ داری کی محبت۔ وہ محبت جو اعزا کے ساتھ ہوتی ہے۔ خون کا دریا (مذکر) بے حد خون۔ بہت خونریزی۔ خون کا دریا بہانا (متعدی) بہنا (لازم) ۱ بہت خونریزی ہونا ۲ مذاق بکارت ٹوٹنا۔ خون کا دورہ (مذکر) دورانِ خون۔ خون کا بدن میں گردش کرنا۔ خون کا عوض (مذکر) قصاص (چاہنا۔ لینا کے ساتھ)۔ خون کا مینہ (مذکر) بے حد خون۔ بہت خونریزی۔ خون کا مینہ برسنا (لازم) بہت خونریزی ہونا۔ خون کبوتر (مذکر) خون کی شراب۔ خون کرنا (متعدی) قتل کرنا۔ جان سے مارنا۔ خون کی بو آنا۔ دشمنی کی علامت ظاہر ہونا۔ خون کی چادر۔ خون جو چوڑائی میں پھیل کر نکلے۔ خون کے گھونٹ پینا (لازم) غصے کی برداشت کرنا۔ غم برداشت کرنا۔ خون کے نالے۔ خون کی ندیاں بہنا (لازم) سخت خونریزی ہونا۔ خون گردن پر سوار ہونا (لازم) دیکھو خون سر پہ سوار ہونا۔ خون گردن پر ہونا (لازم) کسی کے قتل کا ذمہ دار ہونا۔ کسی کا قتل کرنا۔

خون گرفتہ (صفت) اجل رسیدہ۔ قابلِ قتل۔ خون لینا (متعدی) فصد کھولنا۔ خون ملنا (لازم) ایک نسل سے ہونا۔ خون منہ کو لگنا (لازم) مزہ پڑ جانا۔ خون میں بھرا ہونا یا بھرنا (لازم) سب طرف خون لگا ہونا۔ خون میں نہانا (متعدی) نہلانا (لازم) اتنے زخم لگانا کہ بہت خون نکلے۔ خونن (مونث) قاتل عورت۔ خون نکلوانا (متعدی) فصد کھلوانا۔ خوناب خونابہ (مذکر) دیکھو خوناب و خونابہ۔ خون ہلکا ہونا (لازم) دوسرے کا خون دیکھ کر گھبرانا۔ خون ہونا (لازم) ۱ قتل ہونا۔ مارا جانا ۲ اٹھ جانا۔ بیفائدہ صرف ہونا ۳ رائیگاں جانا ۴ (دل) سخت رنجیدہ ہونا۔ خونی (مذکر) ۱ قاتل۔ خونریز ۲ (صفت) ظالم۔ سفاک۔ جلاد ۳ خون کے رنگ کا ۴ خون کرنے والا۔ خونی آنکھ (مونث) قاتل کی آنکھ جو کہتے ہیں سرخ ہو جاتی ہے۔ خونی دست (مذکر) لہو کے دست۔ خونیں (صفت) ۱ خون آلودہ۔ سرخ۔ لال ۲ خونی۔ جنھے کسی کو قتل کیا ہو۔ قاتل ۳ سفاک۔ ظالم۔ خونیں جگر (صفت) عاشق۔ خونی نظر (مونث) خونریز نظر۔ قتل کرنے والے کی نظر۔

امثال و اقوال۔ خون لگا کر شہیدوں میں داخل ہوا۔ تھوڑا سا کام کر کے بڑے درجے کا طالب ہوا۔ خون سر چڑھ کر بولتا ہے۔ خون وہ جو سر پر چڑھ کر بولے۔ قتل چھپا نہیں رہتا۔ بری بات ظاہر ہو ہی جاتی ہے۔ خون کا بدلہ خون۔ جیسی خطا ویسی سزا۔

خونچہ (ف۔ مذکر) خوانچہ۔

خوندکار۔ خوندگار۔ خونکار (ت۔ مذکر) ۱ بادشاہ۔ شاہ ۲ ترکوں کے بادشاہ کا خطاب۔

خوور (مذکر) خوورت (ع۔ مونث) کمزوری۔

خُوُولَت (ع۔ مونث) ۱ ماموں کا رشتہ ہونا ۲ خال کی جمع۔ ماموں۔

خُوی (ع۔ مذکر) زچہ کا غش کھا جانا یا بیہوشی ہو جانا۔

خُوید (ف۔ مونث) ہرے جَو یا گیہوں جو گھوڑے کو کھلاتے ہیں۔

خُویش (ف۔ ضمیر) ۱ خود۔ آپ ۲ اپنا۔ قریب کا۔ رشتے کا ۳ (مذکر) رشتے دار ۴ داماد۔ **خویش قرابت۔ خویش واقارب** (مذکر) رشتے دار۔ قریبی۔

خُوَیل (ع۔ مذکر) خال کی تصغیر چھوٹا خال۔

خِہ (ف۔ کلمہ تحسین) شاباش۔ آفرین۔

خُی (ع۔ مذکر) اخ کی تصغیر بھائی۔

خَیابت (ع۔ صفت) ناامیدی ۔

خَیاباں (ف۔ مذکر) راستہ جو باغ کے بیچ میں سے گزرتا ہے۔

خِیار (ع۔ مذکر) ۱ پسند۔ انتخاب ۲ مرضی (خیر۔ چننا) ۳ کھیرا۔ ککڑی۔ **خیار تر** (مذکر) تازہ کھیرا یا ککڑی۔ **خیار چنبر** (مذکر) **خیاری** (مونث) ایک قسم کا بنفشہ۔ **خیارین** (مذکر) کھیرا اور ککڑی۔

خیاری (ع۔ مونث) ایک قسم کا بنفشہ

خیاشیم (ع۔ مذکر) خیشوم۔

خیاط (ع۔ مذکر) سوئی۔ **خیاطت** (مونث) درزی کا پیشہ۔

خیّاط (ع۔ مذکر) درزی۔ (خیط۔ سینا)

خیال (ع۔ مذکر) ۱ تصور۔ تفکر ۲ دھیرج۔ جو بات آدمی کے دماغ میں گزرے ۳ دھیان ۴ وہم۔ گمان ۵ سوچ بچار غور وخوض ۶ اندیشہ۔ فکر ۷ رائے۔ تجویز ۸ ارادہ منصوبہ۔ منشا ۹ پاس لحاظ ۱۰ توجہ التفات ۱۱ ایک راگ کا نام (خیل۔ خال) سوچنا۔ **خیال اُٹھانا** (متعدی) اٹھنا (لازم) توجہ ہٹ جانا۔ **خیال آنا** (لازم) دھیان آنا۔ کچھ یاد آنا۔ **خیالات** (مذکر) خیال کی جمع۔ **خیالاتِ بے معنی** (مذکر) فضول خیالات۔ **خیالاتِ لاطائل** (مذکر) ۱ فضول خیالات۔ ناممکن تصورات ۲ ایسی آرزوئیں جن کے پورا ہونے کی امید نہ ہو۔ **خیالِ باطل** (مذکر) جھوٹا خیال۔ **خیال باندھنا** (متعدی) بندھنا (لازم) ۱ سوچنا۔ تصور ہونا ۲ کسی بات کا بار بار خیال رہنا۔ **خیال بندی** (مونث) خیال کا سلسلہ۔ سوچ۔ **خیال پر چڑھنا** (متعدی) ۱ یاد آنا۔ دھیان آنا ۲ کسی بات کا ہر وقت خیال میں رہنا ۳ ذہن نشین ہونا۔ یاد رہنا۔ **خیال پرست** (صفت) ۱ وسواسی۔ وہمی خبطی ۲ من موجی۔ جو خیال میں آئے کرنے والا۔ **خیال پڑنا** (متعدی) خیال ہونا۔ یاد آنا۔ **خیال پکانا** (متعدی) ۱ طمع کرنا ۲ توقع رکھنا۔ **خیال جانا** (متعدی) خیال کا کسی خاص طرف متوجہ ہونا۔ **خیال چھوٹنا** (لازم) **چھوڑنا** (متعدی) کسی بات کا دھیان ترک کرنا۔ **خیال خام** (مذکر) ۱ بیہودہ خیال ۲ وہ خیال جس کے پورے ہونے کی امید نہ ہو۔ **خیال دل سے نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) بھول جانا۔ توجہ یا دھیان ہٹ جانا۔ **خیال دوڑانا** (متعدی) **دوڑنا** (لازم) خیال کا جلد کسی طرف جانا۔ **خیال رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) ۱ توجہ رہنا۔ دھیان رہنا ۲ کسی بات کا یاد رہنا۔ **خیال سے اتر جانا** (لازم) بھول جانا۔ **خیال سے باہر** (صفت) وہ جو سمجھ میں نہ آسکے۔ دور از خیال۔ **خیالِ فاسد** (مذکر) فساد پیدا کرنے والا خیال۔ برا خیال۔ **خیال کرنا** (متعدی) سوچنا۔ فکر کرنا وغیرہ دیکھو خیال مُتا ۹ **خیال گانا** (متعدی) خیال راگ کو گانا۔ **خیال گزرنا** (متعدی) دھیان آنا۔ خیال آنا۔ **خیال لاطائل** (مذکر) فضول یا بے سود خیال۔ **خیال مٹنا** (لازم) یاد جاتی رہنا۔ دھیان نہ رہنا۔ **خیالِ محال** (مذکر) ناممکن بات۔ وہ خیال جو وجود میں نہ آسکے۔ **خیال میں آنا** (لازم) سمجھ میں آنا۔ **خیال میں سمانا** (متعدی) ہر وقت خیال رہنا۔ **خیال میں لانا** (متعدی) ۱ سمجھنا ۲ ماننا۔ تسلیم کرنا ۳ لحاظ کرنا۔ **خیال میں نہ لانا** (متعدی) ۱ پروا نہ کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ ۲ وقعت نہ کرنا۔ عزت نہ کرنا ۳ خوف نہ کرنا۔ نہ ڈرنا۔ **خیال نہ رکھنا** (متعدی) ۱ بھول جانا۔ فراموش کرنا ۲ توجہ نہ کرنا۔ دھیان نہ کرنا۔ لحاظ نہ کرنا۔ **خیال نہ رہنا** (لازم) بھول جانا۔ فراموش کرنا۔ یاد نہ رہنا۔ **خیال نہ کرنا** (متعدی) دیکھو خیال میں نہ لانا **خیال نہ لانا** (لازم) وسوسہ نہ کرنا۔ **خیال ہٹانا** (متعدی) **ہٹنا** (لازم) ۱ کسی بات کا خیال چھوٹ جانا ۲ کسی بات کی طرف توجہ نہ رہنا۔ **خیالی** (صفت) قیاسی۔ وہمی۔ ظنی۔ **خیالی باتیں** (مونث) وہ باتیں جن کی کوئی اصلیت یا وجود نہ ہو۔ **خیالی پلاؤ پکانا** (متعدی) ایسی باتیں سوچنا جن کا کوئی وجود نہ ہو۔

خَیّام (ع۔ مذکر) ۱ خیمہ بنانے والا۔ خیمہ دوز ۲ عمر شاعر کا لقب (خیم ۔ تنبو لگانا)

خِیام (ع۔ مذکر) خیمہ کی جمع۔

خیام باشی (مذکر) ایک عہدہ دار جس کے سپرد خیموں کا انتظام ہوتا ہے۔

خِیانت (ع۔ مونث) ۱ دغا۔ دھوکا ۲ غبن۔ تغلب ۳ بد دیانتی۔ بے ایمانی۔ چوری وکرنا ہونا کے ساتھ (خون۔ خائن۔ بیوفا ہونا) **خیانت پیشہ** (مذکر) دغاباز۔ **خیانت کر** (مذکر) نمک حرام۔ غدار۔

خیانت مجرمانہ (قانون) اس مال کو دبالینا جو کسی نے بطور امانت رکھا ہو۔

خَیبت (ع۔ مونث) ۱ ناامید ہونا ۲ ناامیدی۔ ہراس۔

خیتام (ع۔ مونث) ۱ مہر ۲ مہر کی انگوٹھی۔

خَیر (ع۔ مذکر) ۱ نیکی۔ بھلائی۔ بہتری ۲ برکت بڑھوتری ۳ ٹھیک۔ بجا۔ درست ۴ سلامتی۔ تندرستی۔ عافیت ۵ اچھا۔ ہاں ۶ (ندا) کچھ پرواہ نہیں ۷ جو ہوا سو ہوا صبر کرو۔ جانے دو ۸ معلوم ہوا (خیرہ۔ نیک ہونا) **خیرات** (مونث) خیر کی جمع۔ اردو میں واحد استعمال ہوتا ہے اور عربی میں ان معنوں

میں استعمال نہیں ہوتا۔ زکوٰۃ۔ صدقہ۔ دان پُن (دینا لینا کے ساتھ) **خیرات خانہ** (مذکر) لنگر خانہ۔ محتاج خانہ۔ **خیرات داخل** (صفت) مثل خیرات کے۔ **خیراتی** (صفت) ۱ خیرات کا۔ خیرات سے منسوب۔ ۲ (مذکر) مسلمانوں میں ایک نام۔ **خیراتی شفاخانہ** (مذکر) وہ شفاخانہ جہاں مفت دوا ملے **خیراتی مال** (مذکر) وہ مال جو خیرات کیا جائے۔ **خیراتی ہسپتال** (مذکر) وہ ہسپتال جہاں مفت علاج ہو اور دوائی ملے۔ **خیرُالنّسا** (مونث) ۱ بہترین عورت ۲ حضرت فاطمہ کا لقب۔ **خیرُالانام۔ خیرُالبَشَر** (مذکر) ۱ بہترین انسان ۲ پیغمبر صلعم کا لقب **خیر اندیش** (صفت) خیر خواہ۔ وہ شخص جو کسی کی بھلائی چاہے۔ **خیر اندیشی** (مونث) ۱ خیر خواہی۔ کسی کی بھلائی چاہنا ۲ نیک ارادہ۔ نیک نیتی ۳ مہربانی۔ شفقت ۴ دوستی (کرنا ہونا کے ساتھ) **خیر باد** (کلمہ رخصت) خدا حافظ۔ الوداع۔ **خیر باد کہنا** (متعدی) ۱ رخصت کرنا ۲ رخصت ہونا۔ **خیر باشد** ۱ خیر تو ہے۔ کسی کو گھبرایا ہُوا دیکھ کر پوچھتے ہیں ۲ تجاہل عارفانہ کے طور پر پوچھتے ہیں ۳ شکایت دوستانہ کے موقع پر بھی کہتے ہیں۔ **خیر برکت** (مونث) عو۔ برکت۔ بہبودی۔ عروج۔ **خیر تو بھی کیا یاد کرے گا**۔ کوئی چیز دیتے وقت کہتے ہیں **خیر تو ہے** (کلمہ تعجب) دیکھو خیر باشد **خیر جو ہُوا سو ہُوا**۔ اچھا اب گذشتہ باتوں کو جانے دو۔ صلح ہو جانے پر اگر کوئی پھر شکوہ شکایت کرے تو کہتے ہیں **خیر چاہنا** (متعدی) بہبودی۔ بہتری چاہنا۔ بھلائی چاہنا۔ **خیر خبر** (مونث) عو۔ خبر (بھیجنا۔ لکھنا۔ ملنا کے ساتھ) **خیر خبر پوچھنا** (متعدی) حال دریافت کرنا۔ خیر و عافیت دریافت کرنا۔ **خیر خواہ** (صفت) دیکھو خیر اندیش۔ **خیر خواہی** (مونث) دیکھو خیر اندیشی۔ **خیر خیرات** (مونث) خیرات۔ دان۔ **خیر رہے بالو**۔ بھک منگے دعا دیتے ہیں۔ **خیر سلّا یا صلاّح** (مونث) خیر و صلاح کا مخرب۔ خیر و عافیت۔ مزاج پرسی (پوچھنا دریافت کرنا کے ساتھ) **خیر سے** (تف) ۱ خیر و عافیت کے ساتھ۔ صحیح سلامت ۲ ماشاءاللہ۔ **خیر سے کٹنا یا گزرنا** (لازم)۔ سلامتی سے بسر ہونا۔ **خیر گزری یا ہوگئی** آفت سے بچے۔ **خیر مانگنا** (متعدی) ۱ سلامتی کی دعا کرنا ۲ سلامتی چاہنا۔ بھلائی چاہنا ۳ توبہ کرنا۔ خدا سے ڈرنا ۴ کوئی بری بات کہے تو کہتے ہیں۔ **خیر مقدم** (مذکر) بزرگوں یا عالی مرتبہ لوگوں کو خوش آمدید کہنے کا کلمہ (کرنا۔ کہنا ہونا کے ساتھ) **خیر منانا** (متعدی) بھلائی چاہنا۔ سلامتی چاہنا۔ **خیر و صلاح یا عافیت** (مونث) صحت و سلامتی ہونا خیریت ہونا۔ **خیر ہوئی**۔ بچ گئے۔ نقصان نہ ہُوا۔ **خیر ہے** ۱ خیریت ہے۔ صحت و سلامتی ہے ۲ سوالیہ طور پر کسی کو گھبرایا ہُوا دیکھ کر کہتے ہیں ۳ کوئی برا کام کرے تو اسے کہتے ہیں۔ **خیریّت** (مونث) نیکی۔ بھلائی ۲ صحت تندرستی ۳ سلامتی۔ بچاؤ۔ **خیریّت ملجانا یا ملنا** (لازم) صحت سلامتی کی خبر ملنا۔

امثال و اقوال۔ خیرات

دافع آفات ہے۔ صدقہ دیا رد بلا۔ **خیرات کے ٹکڑے اور بازار میں ڈکار**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو خواہ مخواہ شیخی مارے۔ گو مانگ کر گزارہ کرتا ہو۔ **خیرات کی جوتی (جوتی) خیرات کا ناڑا۔ پڑھ دے مُلاّ عقد ہمارا**۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جس کے پاس کچھ نہ ہو اور بڑے بڑے منصوبے باندھے۔

خِیرہ (ف۔ مونث) ۱ آنکھوں کے آگے اندھیرا ۲ ذرہ یا سیاہی جو آنکھوں کے آگے اڑے ۳ (صفت) حیران۔ پریشان ۴ بے شرم۔ گستاخ ۵ بہادر ۶ بے فائدہ۔ فضول۔ معمولی ۷ بے وجہ۔ بے سبب۔ **خیرگی** (مونث) ۱ چکاچوند ۲ آنکھوں کے آگے اندھیرا ہونے کی حالت۔ تیرگی۔ تاریکی ۳ گھبراہٹ۔ پریشانی ۴ دل کی سیاہی۔ کینہ۔ عداوت۔ بیر۔ **خیرہ** (صفت) ۱ تاریک۔ اندھیرا ۲ بیحیا۔ بیباک۔ ۳ کینہ ور۔ بد اندیش۔ بدخواہ ۴ خود پسند۔ مغرور ۵ گستاخ۔ شوخ ۶ حیران۔ پریشان ۷ جس کی آنکھ میں چکاچوند ہو۔ چندھایا ہُوا **خیرہ چشم** (صفت) ۱ شوخ۔ گستاخ ۲ حیران۔ پریشان ۳ جس کی آنکھ میں چکاچوند ہو۔ چندھایا ہُوا۔ **خیرہ سَر** (صفت) ۱ شوخ۔ گستاخ ۲ خود پسند۔ مغرور ۳ بیحیا۔ **خیرہ سری** (مونث) ۱ شوخی۔ گستاخی ۲ خود پسندی۔ غرور ۳ بیحیائی۔ **خیرہ نگاہ** (صفت) دیکھو خیرہ چشم۔

خَیَرت (ع۔ مونث) ۱ ایک اچھی چیز ۲ کسی قسم کی بہترین چیز ۳ اچھی طبیعت۔

خَیرُو (ت۔ مذکر) ۱ ایک پھول جو زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ خطمی ۲ خیر الدین کا مخفف۔

خَیرَہ (ف۔ مذکر) ایک پھول جو بہت بڑا اور کئی رنگوں کا ہوتا ہے۔

خیری (ف۔ مونث) ۱ دیکھو خیرو ۲ گل بنفشہ سفید ۳ دیکھو خیرہ۔

خیز (ف۔ امر) خاستن کا ۱ اُٹھ ۲ کود [illegible] اٹھنا ۳ کودنا۔ دوڑنا۔ جست لگانا ۴ پیدا کرنا۔ اٹھانا ۵ کود۔ چھلانگ۔ پھلانگ۔ ۶ (صفت) پیدا کرنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے فتنہ خیز۔ مردم خیز۔ **خیزاں** (صفت) اٹھتا ہُوا۔ نکلتا ہُوا وغیرہ دیکھو خیز۔ **خیزش** (مونث) ۱ اٹھنا۔ نکلنا ۲ استادگی ذکر کی۔ **خیز کرنا** (متعدی) کدانا گھوڑے کو۔ **خیزی** (مونث) ۱ استادگی ذکر کی ۲ اٹھنا۔ کودنا وغیرہ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے فتنہ خیزی **خیزوان** (ایران) ایک علاقہ۔

خَیزُران (ع۔ مذکر) ۱ ازکل۔ بیت ۲ سر کی جڑ۔

خَیس (ع۔ مذکر) بدبو دینا۔ سڑنا نعش کا۔

خَیسانَدہ (ف۔ مذکر) وہ دوا جو بھگو کر پی جائے۔

خَیش (ع۔ مذکر) موٹا کپڑا۔ کانوس ٹاٹ۔

خَیشُوم (ع۔ مذکر) ۱ ناک ۲ ناک کا اندر کا حصہ ۳ ناک کی اونچی ہڈی۔

خَیص (ع۔ مذکر) ۱ تھوڑا ہونا ۲ تھوڑا سا۔

خَیط (ع۔ مذکر) دھاگا (خَیط۔ خاطَ سینا) **خیط الابیض** (مذکر) سفید دھاگا **خیط الاسود** (مذکر) سیاہ دھاگا۔

خبطت (ع۔ مونث) ۱ جلدی سے گزر جانا ۲ سینا ۳ دھاگا۔

خَیف (ع۔ مذکر) ۱ ڈر ۲ اونچی زمین ۳ پہاڑ کی ڈھلوان ۴ اونٹنی کے تھن کا چمڑہ۔

خَیف۔ خَیف (ع۔ فر) ۱ ایک آنکھ سیاہ اور ایک نیلی ہونا گھوڑے کی **خیف** (مذکر) ایک مندر جو حنا کی پہاڑی پر تھا۔

خیفا (ع۔ مونث) ۱ وہ گھوڑی جسکی ایک آنکھ سیاہ اور ایک نیلی ہو ۲ نثر یا نظم میں ایک حرف منقوط اور ایک غیر منقوط لانا۔

خِیفَت (ع۔ مونث) ڈر۔

خَیل (ع۔ مذکر) ۱ سوچنا ۲ گھوڑے ۳ سوار۔ رسالہ ۴ قبیلہ۔ گروہ۔ جماعت۔ **خیل خیل** (تت) گروہ گروہ جماعت جماعت۔

خَیَا (ع۔ صفت) ۱ لغو بیہودہ ۲ احمق۔ بیوقوف۔ پھوہڑ (بنانا۔ بنانے کے ساتھ) **خیبا پائنچا** (مذکر) **یا جان** (مونث) وہ عورت جسے اپنی سدھ نہ ہو۔ پھوہڑ عورت۔ **خیلاپن یا پنا** (مذکر) ۱ پھوہڑپن۔ بدسلیقگی ۲ حماقت۔ بیوقوفی۔

خَیُلا (ع۔ مذکر) غرور۔ تکبر۔

خیلتاش (ف۔ مذکر) ۱ سپاہی ۲ ہمراہی۔ ہمرتبہ ۳ جرنیل۔

خَیلُولت (ع۔ مونث) خیال۔

خَیلے (ف۔ صفت) بہت زیادہ۔

خَیم (ع۔ مذکر) ۱ پاؤں اٹھانا ۲ دوڑنا ۳ دھوکا دینا۔

خیم (ع۔ مونث) ۱ طبیعت ۲ آنکھ کا میل۔ ناک کا مل۔ قے۔ پاخانہ۔ پیپ ۳ زخم ۴ بورا ۵ پاگل آدمی ۶ بیوقوف آدمی

خَیَم (ع۔ مذکر) جمع خیمہ کی۔

خَیمہ (ع۔ مذکر) تنبو۔ ڈیرہ۔ (استادہ کرنا یا ہونا اکھاڑنا۔ اکھڑنا لگانا۔ لگنا وغیرہ کے ساتھ) (خَیَّمَ۔ تنبو کھڑا کرنا) **خیمۂ ازرق** (مذکر) آسمان۔ **خیمہ باہر نکالنا** (متعدی) سفر کی تیاری سے پہلے خیمہ کی روانگی کا سامان کرنا۔ **خیمہ دوز** (مذکر) تنبو بنانے والے یا بیچنے والے۔ **خیمہ زن** (صفت) خیمہ لگانے والا (ہونا کے ساتھ) **خیمہ سرا** (مذکر) آسمان۔ **خیمہ کھڑا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تنبو لگنا۔ **خیمہ گاہ** (مونث) وہ جگہ جہاں خیمے لگے ہوں۔ کیمپ۔ **خیمگی** (مذکر) ایک افسر جو خیمے لگواتا ہے ۲ (مونث) سوئی جس سے خیمے سیتے ہیں۔ **خیمے** (مذکر) جمع خیمہ کی۔ **خیمے ڈالدینا** (متعدی) چھاونی چھادینا۔ اتر پڑنا۔

خِنیا (ف۔ مونث) سریلی آواز۔ گانا۔ سُر۔ **خنیاگر** (مذکر) گویا۔ مغنی۔

خُیُوط۔ خیُوطات (ع۔ مونث) خیط کی جمع۔ دھاگے۔

خیُول (ع۔ مذکر) خیل کی جمع ۱ گھوڑے ۲ رسالے ۳ قبیلے گروہ ۴ قومیں۔

د

د (مذکر و مونث) بتلفظ دال ۱ اردو کا گیارھواں۔ فارسی کا دسواں عربی کا آٹھواں حرف اور دیوناگری رسم الخط کا اٹھارھواں ویجن ہے اور دنتی ویجنوں میں سے دوسرا ہے ۲ ابجد میں اس کے چار عدد فرض کئے گئے ہیں ۳ جنتری میں بدھ کا دن ظاہر کرتا ہے ۴ علم الافلاک میں ستارہ عطارد یا برج اسد کا نشان ہے ۵ اسے دال ابجد۔ غیر منقوطہ یا مہملہ بھی کہتے ہیں ۶ الفاظ کے آخر میں مصدریت کے معنی دیتا ہے جیسے اچھل کود۔ **دکار** (ھ) حرف یا آواز دال۔

داب (ہ۔امر) ۱ دابنا سے ۲ (مونث) دباؤ۔ زور ۳ بوجھ۔ وزن ۴ رعب ۵ حکومت ۶ (اصطلاح طباعت) ایک رخ سو کاغذ ۷ نشان چھاپنے کا ۸ ایک دفعہ کل سے نکالنا ۹ پیچ گھماؤ ۱۰ درخت کی ٹہنی جو جڑ پکڑنے کے لئے دبائی جائے۔ **دابا** (ھ) ۱ بخار زدہ شخص کو لحافوں یا کمبلوں سے ڈھانپنا تاکہ پسینہ آئے ۲ بوجھ۔ وزن ۳ رعب۔ دباؤ۔ زبردستی ۴ دست درازی۔ استحصال بالجبر۔ **داباد دینا** (ھ) رعب ڈالنا۔ دھمکانا۔ **داباچھلی** (ھ) ۱ کاٹ۔ جو حق ہمارے ہیں سے خواہ مخواہ کچھ رکھ لینا ۲ استحصال بالجبر۔ دست درازی۔ **داب بٹھانا** (متعدی) ۱ زور دینا۔ دباؤ ڈالنا ۲ رعب ڈالنا۔ سکہ جمانا ۳ بے جا حکومت کرنا ۴ قابو میں لانا۔ مطیع کرنا۔ **داب بیٹھ جانا** (لازم) رعب قائم ہونا۔ سکہ بیٹھ جانا۔ **داب بیٹھنا** (متعدی) ۱ دبا لینا۔ زبردستی قبضہ کرنا ۲ نیچے دبانا ۳ خیانت کرنا ۴ زنا وغیرہ کے لئے پکڑ لینا ۵ (لازم) رعب پڑنا۔ ڈر بیٹھنا۔ **داب جمانا** (متعدی) داب بٹھانا۔ **داب جمنا** (لازم) رعب پڑنا۔ ڈر بیٹھنا۔ **داب چوک** (مونث) چھپائی میں کاغذ کا چھپنے سے رہ جانا۔ **داب دو**۔ جھگڑا فساد رفع کر دو۔ **داب دبنا** (متعدی) دفن کر دینا۔ دبا دینا ۲ چھپا رکھنا ۳ رعب ڈالنا۔ دھمکی دینا۔ **داب رکھنا** (متعدی) ۱ دبانا۔ دبا کر روکنا ۲ دبا کر نیچے رکھنا ۳ رکھ لینا۔ نہ دینا ۴ چھپانا ۵ چرانا ۶ ناجائز طور پر قبضے میں رکھنا ۷ روپیہ قابو میں کر لینا۔ روپیہ مار لینا۔ **داب لینا** (متعدی) ۱ روپیہ مار لینا۔ غصب کر لینا ۲ دبوچنا ۳ قابو کر لینا ۴ بھینچنا۔ دبانا ۵ مغلوب کر لینا۔ دبانا ۶ عاجز کرنا ۷ مجبور کرنا ۸ داب بیٹھنا۔ **دابنا** (متعدی) ۱ دبانا (زیادہ فصیح ہے) ۲ جسم دبانا ۳ روکنا ۴ بھینچنا۔ دبوچنا ۵ گاڑنا۔ دفن کرنا ۶ حکومت کرنا ۷ دھمکانا۔ جھڑکنا ۸ مغلوب کرنا۔ زیر کرنا ۹ مجبور کرنا۔ عاجز کرنا۔

داب (ف۔ مذکر) داراب کا مخفف ۱ شان و شوکت ۲ نمود۔ نمائش ۳ رعب۔ دبدبہ۔ دھاک **داب بیجا یا ناجائز** (مذکر) بیجا دباؤ۔ جبر۔ رعب۔

داب (ع۔ مذکر) ۱ آداب۔ طور۔ طریق ۲ رسم۔ رواج ۳ عادت۔ طور۔ طریق ۴ کام۔ کاج دھندا۔ معاملہ ۵ حالت۔ کیفیت ۶ زور سے چلانا یا گھسیٹنا (دَاَبْ۔ کوشش کرنا) **دابِ سلطنت** (مذکر) طریق سلطنت۔ آداب حکومت۔ **دابِ صحبت** (مذکر) ۱ تہذیب۔ شائستگی ۲ آداب۔ اخلاق۔ **دابِ مجلس** (مذکر) آدابِ مجلس۔ علم مجلس۔

دابّت (ع۔ مونث) ۱ رینگنے والا جانور ۲ حیوان ۳ سواری کا گھوڑا۔ **دابّۃ الارض** (مذکر) ایک جانور جو مسلمانوں کے اعتقاد میں قیامت سے پہلے نکلے گا۔ بعض کا خیال ہے کہ یہ صفا کی پہاڑی سے نکلے گا۔ اس کے ایک ہاتھ میں حضرت موسےٰ کا عصا اور دوسرے میں حضرت سلیمان کی مہر ہوگی۔ عصا سے وہ مسلمانوں کو چھوئیگا اور مہر کافروں کو لگائے گا۔ جن کے چہروں پر لفظ کافر لکھا جائے گا۔

دابھ (ھ۔ مونث) ایک گھاس کشا گھاس۔

دابی (ھ۔ مونث) ۱ ایک لکڑی جس سے نیل کو حوض میں دباتے ہیں ۲ ایک ماپ جو دس مٹھیوں کے برابر ہوتا ہے۔

داپ (ھ۔ مذکر) ۱ غرور۔ تکبر۔ خود پسندی ۲ گستاخی۔ بے ادبی۔ گردن کشی ۳ خود بینی۔ زعم۔ ابھیمان ۴ شیخی۔ ڈینگ ۵ زور سے دبانا ۶ طاقت۔ قوت ۷ داب۔

دات (ھ۔ مذکر) ۱ فیاضی۔ سخاوت ۲ (مونث) چیز جو دی جائے۔ **داپتن** (مذکر) فیاضی۔ سخاوت۔

داتا (ہ۔ مذکر) ۱ دینے والا شخص۔ فیاض یا سخی آدمی ۲ فقیر۔ سائیں۔ درویش ۳ تمام چیزوں کا دینے والا خدا۔ **داتاپن** (ھ) سخاوت۔ فیاضی۔ **داتا دتار**۔

داتار (س۔ مذکر) دیکھو داتا۔

امثال و اقوال۔ **داتاپن کرے کنجوس جھر جھر مرے**۔ کوئی دے کوئی جلے۔ وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی دے اور دوسرے کو ناگوار ہو۔ **داتا مرگئے اور رہ گئے مکھی چوس**۔ دین لین کو کچھ نہیں لڑنے کو موجود۔ سخی مرگئے کنجوس رہ گئے۔ دیتے دلاتے کچھ نہیں لڑنے کو تیار رہتے ہیں۔ موجودہ زمانے کا خاکہ ہے۔ **داتا دتار ستھنی اتار**۔ طنزاً کہتے ہیں کہ اسقدر سخی ہے کہ عورت کا پاجامہ بھی اتار کر خیرات کر دیتا ہے۔ **داتا دے بھنڈاری (پیٹ پیٹے) کا پیٹ پھٹے**۔ **داتا دے کنجوس جھر جھر مرے** دیکھو داتاپن الخ۔ **داتا دیوے اور شرما وے بادل برسے اور گرما وے**۔ اصل سخی سخاوت کر کے ظاہر نہیں کرتا۔ جیسے بادل پسینہ پسینہ ہوتا ہوا برستا ہے۔ **داتا سدا دلدری**۔ سخی ہمیشہ مفلس رہتا ہے۔ **داتا کا دان غریب کا اشنان**۔ سخی کی خیرات کرنے سے غریب کا کام چل جاتا ہے۔ **داتا کو رام چھپّر پھاڑ کے دیتا ہے**۔ خدا سخی کو بہت دیتا ہے۔ **داتا کے تین گن دے دلا دے۔ اور دے کے چھین لے**۔ خدا دیتا ہے۔ اوروں سے دلاتا ہے اور دے کر لے لیتا ہے خدا کی قدرت کے تماشے ہیں۔ **داتا کے دینے کے سو ہاتھ**۔ خدا جب دینے پر آتا ہے تو سو طرح سے دیتا ہے۔ **داتا کے گھر لچھمی ٹھاڑی رہت حضور۔ جیسا گارا راج کو بھر بھر دیت مجور** (ھ) دولت سخی کے حضور میں ہر وقت اس طرح کھڑی رہتی ہے جس طرح مزدور معمار کو ٹوکریاں بھر بھر کر گارا دیتا ہے۔ **داتا کی ناؤ پہاڑ چڑھے ہے**۔ سخی ہمیشہ کامیاب رہتا ہے۔

داتر (س۔ مذکر) داتری۔ ایک اوزار جس سے کاٹتے ہیں۔

داتر (س۔ صفت و مذکر) ۱ دیکھو داتا ۲ وہ شخص جو بیٹی شادی میں دے ۳ بھائی جو بہن شادی میں دے۔ **داترپورہ** (مذکر) ایک شہر۔

داتن (ھ۔ مونث) دانتوں کو صاف کرنے کی لکڑی جو کیکر نیم یا پھلاہی کی ہوتی ہے (کرنا ہونا کے ساتھ)

داتون (ھ۔ مونث) ۱ دیکھو داتن ۲ داتن سے دانت صاف کرنا۔

داج (ھ۔ مذکر) جہیز۔

داخل (ع۔ صفت) ۱ اندر جانے والا گھسنے والا ۲ پہنچنے والا۔ اندر آنے والا ۳ گھسا ہوا۔ اندر گیا ہوا ۴ شامل۔ ملحق ۵ مانند۔ مثل ۶ (مذکر) اندر۔ بھیتر ۷ اندراج۔ کتاب یا حساب میں ۸ قبضہ کرنا ۹ شمولیت تھوڑی زمین کی بڑی زمین کے ساتھ ۱۰ ادائگی ۱۱ سپردگی حوالگی (دَخَلَ۔ اندر جانا)۔ **داخل حسنات ہونا** (صفت) کسی کار خیر میں شرکت کر کے ثواب حاصل کرنا۔ **داخل**

خارج (مذکر) انتقال رجسٹر یا اقرار نامہ میں اندراج ملکیت - ایک شخص کا دوسرے کی جگہ مالک قرار دیاجانا (کرنا - ہوناکے ساتھ) **داخل خزانہ کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) روپیہ کا خزانے میں ادا ہونا - **داخلدار** (مذکر) قابض شخص - دخیل - **داخل دفتر** (صفت) ١ شامل مثل ٢ نامنظور ٣ ملتوی کرنا - التوا میں ڈالنا ٤ مقدمہ یا درخواست خارج ہونا (کرنا ہوناکے ساتھ) **داخل کرنا** (متعدی) ١ اندر کرنا - گھسیڑنا ٢ شامل کرنا ملانا ٣ سپرد کرنا - سونپنا ٤ روپیہ ادا کرنا یا پہنچانا ٥ نام لکھوانا - درج کرنا ٦ بھرتی کرنا - داخل کرنا ٧ رجسٹر میں نام لکھنا یا درج کرنا ٨ قبضہ دلانا ٩ رکھنا - لگانا ١٠ پہنچانا **داخل کرنیوالا - یا کنندہ** (صفت) ١ وہ جو داخل کرے ٢ ادا کرنے والا - **داخل نامہ** (مذکر) وہ اقرار نامہ جس میں ملکیت دوسرے کے نام درج ہو - دستاویز انتقال **داخلہ** (مذکر) ١ اندر جانا - گھسنا ٢ دخل - گزر - باریابی ٣ سپردگی - حوالگی ٤ حساب میں اندراج - تحریر جس سے حساب میں اندراج ظاہر ہو ٥ روپے کی رسید خصوصاً مالگزاری کی محصول یا چنگی کی رسید ٦ داخل کرنے کی فیس - سپردگی کی اجرت ٧ شمولیت - شرکت ٨ روپے کی ادائگی ٩ دسلا ١٠ اندر جانے کا رستہ ١١ (صفت) اندر - اندرونی - **داخل ہونا** (لازم) دیکھو داخل کرنا - **داخلی** (صفت) ١ شامل داخل ٢ اندرونی - اندر کا ٣ مشمولہ - ملحقہ ٤ جبلی - قدرتی ٥ مملوکہ - مقبوضہ ٦ (مونث) باریابی - دخل - گزر ٧ کسی مقدس جگہ یا مقبرہ میں داخل ہونے کا دن ٨ موضع جو بڑے موضع کا حصہ ہو - **داخلی موضع** (مذکر) داخلی ٨

داد (ف و س - مذکر) ١ ایک بیماری پھنسیوں کے چھتے جو بہت کھجلاتے ہیں ٢ سرخبادہ - کیمبی

داد (ف - مونث) ١ دینا - بخشنا ٢ عطا بخشش ٣ انصاف - عدل ٤ فریاد - نالش ٥ سزا - پاداش ٦ انتقام - بدلہ ٧ آفریں - واہ واہ ٨ قانون (دادن سے حاصل مصدر) **داد آفرید یا آفریں** (مذکر) ١ خدا ٢ ایک سر - **داد آور** (مذکر) انصاف کرنے والا - خدا - **داد بازی** (مونث) ایک کھیل جو پاسے سے کھیلتے ہیں - **داد بخش** (صفت) عادل - منصف - **داد بخشی** (مونث) عدل - انصاف (کرنا ہوناکے ساتھ) **داد بیداد** (مونث) فریاد - نالش - انصاف کے لئے شور - دہائی (سننا کرنا ہوناکے ساتھ) **داد بیگ** (مذکر) ایک افسر جو انصاف کیا کرتا تھا - منصف - جج - **داد پانا** (لازم) انصاف کو پہنچنا ٢ تحسین حاصل کرنا - **داد چاہنا** (متعدی) ١ انصاف چاہنا ٢ تحسین چاہنا - آفرین کا خواہاں ہونا - **داد خواہ** (صفت) فریادی - مستغیث - **داد خواہی** (مونث) ١ فریاد - استغاثہ ٢ انصاف چاہنا ٣ نالش - دعوےٰ (کرنا ہوناکے ساتھ) **داد دہش** (مونث) ١ عطا بخشش ٢ فیاضی - سخاوت ٣ خیر خیرات (کرنا ہوناکے ساتھ) **داد دہی** (مونث) ١ فریاد سننا ٢ انصاف کرنا - **داد دینا** (متعدی) ١ کسی کے ہنر کمال یا خوبی کی تعریف کرنا ٢ انصاف کرنا ٣ فریادرسی کرنا - **دادرس** (صفت) ١ فریاد سننے والا ٢ انصاف کرنے والا - **دادرس غریباں** (مذکر) خدا سے کنایہ ہے **دادرسی** (مونث) ١ فریادرسی - چارہ سازی ٢ انصاف حق رسی (کرنا ہوناکے ساتھ) **دادستد یا ستد** (مونث) لین دین - خرید فروخت (کرنا ہوناکے ساتھ) **دادسخن** (مونث) بات یا شعر کی تعریف (چاہنا دینا لیناکے ساتھ) **دادِ شجاعت دینا** (متعدی) بہادری دکھانا - جنگ میں دلیری سے لڑنا - **داد طلب** (صفت) ١ مستغیث فریادی ٢ تعریف کا خواہشمند - **داد عیش (و خرمی یا نشاط) دینا** (متعدی) خوب عیش کرنا - عیش و عشرت میں مشغول ہونا - **داد فرما** (مذکر) ١ خدا ٢ منصف بادشاہ - **داد فریاد** (مونث) ١ نالش - استغاثہ ٢ فریاد واویلا (کرنا ہوناکے ساتھ) **داد کو پہنچنا** (لازم) ١ فریادرسی کرنا ٢ انصاف پانا ٣ صلہ ملنا ٤ ہنر یا کمال کی تعریف پانا - **دادگاہ** (مونث) انصاف کی جگہ - کچہری - عدالت - **دادگاہِ مصاف** (مونث) لڑائی کی عدالت میدان جنگ جو دو حریفوں کے درمیان فیصلہ کرتا ہے - **دادگر یا گستر** (صفت) ١ منصف - عادل ٢ (مذکر) خدا تعالےٰ کا نام ٣ منصف بادشاہ - **دادگستری** (مونث) انصاف دادرسی (کرنا ہوناکے ساتھ) **داد لینا** (متعدی) انصاف ٢ اپنے کمال یا ہنر کی تعریف کرانا - **داد مانگنا** (متعدی) ١ انصاف کا خواہاں ہونا ٢ تعریف کا خواہاں ہونا - **داد ملنا** (لازم) دیکھو آخری - **داد نہ فریاد** - نہ انصاف ہے نہ فریاد سنی جاتی ہے - **دادنی** (مونث) ١ وہ چیز جو دینے کے قابل ہو ٢ پیشگی روپیہ جو پہلے دیا جائے - **دادنی دار** (صفت) وہ شخص جس نے پیشگی لی ہو - **داد و بیداد** **داد و ستد** (مونث) دیکھو داد بیداد اور دادستد - **دادہ** (صفت) ١ دیا ہوا - عطا کیا ہوا ٢ دیا گیا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دلدادہ - دادی - **دادی فریادی** (صفت) فریادی - مستغیث -

داد (ہ - مذکر) دادا کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (س تاتک - قابل عزت) **دادا** (مذکر) ١ باپ کا باپ ٢ گرو - استاد ٣ (ھ) بڑا بھائی **دادس** (مونث) ساس کی ساس - **دادسرا - دادسسرا** (مذکر) سسر کا باپ یا سسر - **دادھیال** (مذکر) دادا کا گھر یا خاندان - **دادی** (مونث) باپ کی ماں - دادا کی بیوی -

امثال و اقوال - دادا پردادا کے راج کی باتیں کرتا ہے - پرانے زمانے کے حالات کا ذکر کرتا رہتا ہے - **دادا جان پرائے بردے آزاد کرتے تھے** - شیخی مارنے والے کے متعلق کہتے ہیں **دادا کہنے سے بنیا گڑ دیتا ہے** - خوشامد سے کچھ نہ کچھ مل جاتا ہے - **دادا مرے گا (مریں گے) جب بیل بٹیں گے** - دادا کے مرنے پر جائیداد کی تقسیم ہوگی **دادا مریں گے تو پوتا راج کرے گا** - بڑے مرجائیں تو چھوٹے مزے اڑاتے ہیں - **دادا مریں گے جب میراث بٹیگی** - دادا کے مرنے پر جائیداد کی تقسیم ہوگی - **دادا مرتے ہیں تو بھوج کرتے ہیں** (ھ) بزرگوں کے مرنے پر مزے اڑائیں گے - **دادا نے پن کیا - پوتوں نے گانڈ مرائی** (عف) ناخلف اولاد سے خاندان کی بدنامی ہوتی ہے - **دادے راج نہ کھائے پان دانت دکھاوت گئے پران** - اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو نئی چیز دکھاتا پھرتا ہے -

دادا (ف - مونث) خادمہ - انا -

دادار (ف - صفت) ١ منصف عادل ٢ خدا تعالےٰ کا نام -

دادر - دادر وا (ہ - مذکر) مینڈک

دادرا (ہ - مذکر) ١ ایک قسم کا گیت ٢ تیسی ٣ حلق - تالو - حلق کا کوا - **دادرا بیٹھ جانا** (لازم) غش آجانا -

دادو (ہ - مذکر) ایک ہندو فقیر کا نام جو دادو پنتھی فرقے کا بانی ہے - **دادو پنتھ** (مذکر) ایک فرقہ جو دادو نے نکالا تھا - **دادو پنتھی** (صفت) دادو کا پیرو -

مقولہ - **دادو دنیا باوری کہیں چام سے رام - پونچھ مروڑیں بیل کی اور کاڑھیں اپنا کام** - دنیا اپنے مطلب کی خاطر خدا کا نام لیتی ہے -

دادھنا (ہ - متعدی) جلانا -

دار (ف - صفت) ١ رکھنے والا ٢ قابض ٣ مالک - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دلدار

آبدار ۲ (مذکر) لکڑی۔ لکڑی کا ٹکڑا ۵ پھانسی۔ سولی۔ صلیب (داشتن۔ رکھنا) دار بست (مونث) ۱ لکڑی کی باڑ جس پر بیٹھ کر معمار کام کرتے ہیں ۲ ٹھاٹھر جس پر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں۔ دار پر چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) چڑھوانا (م) کھینچنا (متعدی) سولی پر چڑھا کر قتل کرنا۔ پھانسی دینا۔ دار چینی (مونث) ایک درخت کی چھال۔ دار فلفل (مونث) لمبی مرچ۔ دار کش (صفت) سولی پر چڑھانے والا۔ جلاد۔ دار (و) گیر (مونث) ۱ پکڑ دھکڑ۔ پرسش۔ مواخذہ ۲ لڑائی کا شور ہا ہو ۳ مشکل۔ وقت۔ الجھیڑا۔ دار وگیر کی صدا بلند ہونا (لازم) لڑائی کا شور ہونا۔ دار (و) مدار (مذکر) ۱ انحصار۔ ٹھہراؤ۔ قرارداد ۲ وعدہ وعید ۳ جھگڑے کا فیصلہ۔ صفائی ۴ حفاظت۔ بچاؤ (کرنا ہونا کے ساتھ) دار و مدار بس اسی پر ہے۔ انحصار محض اسی پر ہے۔ دار و مدار منظور ہونا (لازم) اقرار ہونا۔ وعدہ ہونا۔ داری (مونث) رکھنا۔ لینا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جہانداری۔ ایمانداری۔

دار (ع۔ مذکر) ۱ گھر۔ محل۔ قصر ۲ مقام۔ جگہ ۳ محلہ۔ کوچہ ۴ شہر۔ قصبہ ۵ علاقہ۔ ملک۔ دارُ الآخرت (مذکر) اگلا جہان۔ دوسرا عالم۔ دارُ الابتلا (مذکر) دنیا۔ دارُ الادب (مذکر) تعلیم گاہ۔ یونیورسٹی۔ دارُ الاسلام (مذکر) وہ ملک جس میں اسلامی سلطنت ہو۔ دارُ الامارت (مذکر) پایۂ تخت۔ دارُ الامان یا الامن (مذکر) امن کا گھر۔ وہ ملک جہاں امن ہو۔ دارُ البقا (مذکر) ہمیشہ رہنے کا گھر۔ اگلا جہان۔ دارُ البوار (مذکر) ہلاکت کا گھر۔ دوزخ۔ دارُ الحدث (مذکر) پاخانہ۔ دارُ الحرب (مذکر) وہ ملک جس میں کافروں کی حکومت ہو اور مسلمانوں کو مذہبی فرائض ادا کرنے سے روکا جائے۔ دارُ الحکومت۔ الخلافت (الخلافہ) یا السلطنت (مذکر) پایۂ تخت۔ وہ جگہ جہاں بادشاہ رہے۔ دارُ السرور (مذکر) خوشی کا گھر۔ بہشت۔ دارُ السلام (مذکر) ۱ سلامتی کا گھر۔ بہشت ۲ بغداد ۳ باب عالی۔ دارُ الشرع (مذکر) عدالت۔ کچہری۔ دارُ الشفا (مذکر) ہسپتال۔ شفاخانہ۔ دارُ الشورا (مذکر) دربار یا جلسہ عام کی جگہ۔ دارُ الشورا عام (مذکر) دیوان عام۔ دارُ الضرب (مذکر) ٹکسال۔ دار العبادت (مذکر) ۱ عبادت کی جگہ ۲ یزد۔ دار العدالت (مذکر) کچہری عدالت۔ دارُ العلم یا العلوم (مذکر) تعلیم گاہ۔ یونیورسٹی کالج۔ مدرسہ۔ دار العمارت (مذکر) محل۔ قصر۔ دار العمارت شاہی (مذکر) شاہی محل۔ دارُ العمل (مذکر) عمل کی جگہ۔ دنیا۔ دارُ العوض (مذکر) سزا کی جگہ۔ دارُ العیار (مذکر) وہ جگہ جہاں کھوٹا کھرا روپیہ پرکھا جاتا ہے۔ دارُ الفنا (مذکر) موت کا گھر۔ دنیا۔ دارُ الفنون (مذکر) یونیورسٹی کالج۔ دار القرار (مذکر) بہشت۔ جنت۔ دارُ القضا (مذکر) ۱ قاضیوں کی کچہری۔ عدالت۔ دار القمار (مذکر) جوئے خانہ۔ قمار خانہ۔ دار الکتب (مذکر) کتاب گھر۔ لائبریری۔ دار المحن (مذکر) غم یا رنج کا گھر۔ دنیا۔ دار المرض (مذکر) ہسپتال۔ دار المکافات (مذکر) بدلہ ملنے کا گھر۔ دنیا۔ دار الملک (مذکر) دار الخلافہ۔ دار النشاط (مذکر) ۱ خوشی کا گھر ۲ اور میہ۔ دار سرور (مذکر) ۱ خوشی کا گھر ۲ طفلس۔ دار غرور۔ فنا یا مکافات ناپائیدار (مذکر) دنیا۔ دار و دستہ (مذکر) گھر اور خاندان۔ دارین (مذکر) دونوں جہان۔ دنیا و عقبےٰ (دَوَر۔ حرکت کرنا)

دار۔ دارا (س۔ مونث) بیوی۔ زوجہ۔ استری۔

دارا (ف۔ مذکر) ۱ مالک۔ آقا ۲ شاہ۔ بادشاہ ۳ دیوتا۔ دارا شکن (صفت) سکندر کا لقب۔ دارا شکوہ (صفت) جسکی طاقت یا شان و شوکت دارا کی طرح ہو۔ دارائی (صفت) ۱ دارا سے منسوب ۲ (مونث) دریائی ۳ حکومت۔ خدائی۔ دارائے ظلمت (مذکر) رات۔ شب۔

دارا (ہ۔ مذکر) جماعت۔ گروہ۔ زنانوں کی اصطلاح۔ دارے سے نکال دینا (متعدی) جماعت سے خارج کر دینا۔

داراب (ف۔ مذکر) ۱ شان و شوکت ۲ فخر۔ غرور ۳ لڑائی کا شور ۴ محافظ۔ مددگار۔ والی ۵ دارابی (مونث) رسی جس سے توپ کھینچتے ہیں۔

داراد (ف۔ مذکر) بچانے والا۔ خدا کا ایک نام۔

دارِد۔ دارِدر (ہ۔ مذکر) غربت افلاس۔ دلدر۔ مفلسی۔ دار در کھیدنا (مذکر) ایک رسم جو ہندو دیوالی میں ادا کرتے ہیں۔ ایک چھلنی لے کر مکان کے ہر کونے میں بجاتے ہیں اور یہ کہتے جاتے ہیں۔ اِیشر پیٹھو دار در نکلو۔

دارَک (س۔ مذکر) ۱ لڑکا۔ بچہ۔ طفل ۲ جانور کا بچہ۔

دارِکا (س۔ مونث) بیٹی۔ لڑکی۔ کنیا۔ دار کا دان (مذکر) بیٹی کو شادی میں دینا۔

دارِم (ع۔ مذکر) ۱ وہ جو چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلے۔

دارُن (س۔ صفت) ۱ سخت۔ کرخت ۲ سخت آواز والا ۳ سنگدل۔ بے رحم ۴ خوفناک۔ ڈراؤنا۔ بھیانک ۵ تکلیف دہ ۶ کٹر ۷ (مذکر) سختی۔ سنگدلی۔ ڈر۔ تکلیف ۸ ایک درخت کا نام۔

دارُو (ف۔ مذکر) ۱ دوائی ۲ علاج درماں۔ معالجہ۔ اوکھد ۳ بارود ۴ شراب۔ دارو پینا (لازم) شراب پینا۔ دارو درمن (مذکر) علاج معالجہ۔ درمن درماں کا بگڑا ہوا ہے۔ دارو ڑا۔ (مذکر) داروڑی (مد) شراب۔ دارو لگنا (لازم) دوائی کا اثر ہونا۔ داروہا (ہ۔ مذکر) شرابی۔ داروئے بیہوشی (مذکر) بیہوشی کی دوائی۔ وہ دوائی جسے سنگھا کر بیہوش کرتے ہیں۔ داروئے چشم (مذکر) آنکھ کی دوائی۔ سرمہ۔ داروئے مستی (مذکر) نشے کی چیز۔

امثال۔ دارو بگماں خوردن عقلمند فہم و ادراک سے کام لیتے ہیں۔ دارو ئے غضب خاموشی۔ غصہ کا علاج چپ رہنا ہے۔ اگر غصے ہونے والے کو جواب نہ دیا جائے تو اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ جاتا ہے۔

دارو (س۔ مذکر) ۱ لکڑی۔ لکڑی کا ٹکڑا ۲ دیودار کا درخت۔

داروغا (ف۔ مذکر) داروغہ۔ داروغائی (مونث) ۱ داروغے کا عہدہ یا کام ۲ محافظت۔ نگہبانی ۳ افسری۔ سرداری ۴ انتظام حکومت۔

داروغگی (ف۔ مونث) دیکھو داروغائی۔

داروغہ (ف۔ مذکر) ۱ محافظ۔ نگراں ۲ سردار۔ کسی جماعت کا سردار ۳ سردار ملازمان ۴ پولیس تھانہ دار۔ پولیس انسپکٹر۔ داروغۂ توپخانہ (مذکر) توپخانے کا افسر۔ میر آتش۔ داروغۂ جیل یا جیلخانہ (مذکر) قیدخانے کا افسر۔ جیلر۔ داروغۂ دیوان خانہ (مذکر) وہ شخص جو امیروں کے پاس دیوان خانے میں جانے کی اجازت دے۔ داروغۂ صفائی (مذکر) جس کے سپرد صفائی کا انتظام ہو۔ بھنگیوں کا داروغہ۔ داروغۂ نقار خانہ (مذکر)

نقارچیوں کا دار وغہ۔ بینڈ ماسٹر۔

داری (ہ۔ مونث) ۱ لونڈی جو لڑائی میں ہاتھ آئی ہو۔ باندی۔ کنیز ۲ فاحشہ عورت چھنال۔ **داری جار** (مذکر) کنیز بچہ۔ حرامزادہ۔

داڑک (ہ۔ مذکر) ڈاڑھ۔

داڑم۔ داڑمب (ہ۔ مذکر) انار کا درخت ۲ انار۔

داڑھ۔ داڑھا۔ داڑھی (ہ۔ مونث) دیکھو ڈاڑھ وغیرہ جو زیادہ فصیح ہے۔

داس (ف۔ مذکر) دانتری۔

داس (س۔ مذکر) ۱ غلام ۲ نوکر۔ سلاما ۳ ہندوؤں کے بعض ناموں کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے رام داس ۴ اسر۔ راکھشس ۵ ایک خاص قسم کی مخلوق جسے اندر نے مغلوب کیا تھا ۶ وحشی۔ جنگلی۔ ملچھ ۷ مچھلی پکڑنے والا ۸ شودر ۹ وہ جسے بھینٹ دیں۔ **داسا** (صفت) وحشی۔ شیطانی۔ پرکینہ۔ **داس بکری** (مونث) غلاموں کی خرید فروخت یا تجارت **داسی** (مونث) لونڈی۔ باندی کنیز ۲ ملازمہ ۳ ایک دریا ۴ (صفت) پرکینہ۔ شیطانی وحشی۔ **داسی برہمن** (مذکر) برہمن جو لونڈیوں سے زنا کرے۔ **داس پتر یا جایا** (مذکر) ۱ لونڈی کا بیٹا ۲ حرامی حرامزادہ۔

مثل۔ داسی کرم کہار سے نیچے

نوکر کا کام سب سے ادنے کام ہے۔

داسا (ہ۔ مذکر) ۱ پتھر یا لکڑی کا چوڑا اور لمبا ٹکڑا۔ سردل ۲ لکڑی جو دیوار سے نکلی ہو اور چھپر وغیرہ باندھنے کے کام آئے ۳ دانتری ۴ خنجر۔

داسپر۔ داسپلور (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

داستان (ف۔ مونث) ۱ قصہ کہانی حکایت ۲ طول طویل قصہ۔ لمبی کہانی ۳ سرگذشت تاریخ ۴ شہرت۔ مشہوری۔ **داستان چھیڑنا** (متعدی) لمبا قصہ شروع کر دینا۔ اپنی ساری سرگذشت سنانا شروع کر دینا۔ **داستان سنانا** (متعدی) **سننا** (لازم) قصہ سننا۔ کہانی سننا۔ **داستان کہنا** (متعدی) قصہ یا کہانی سنانا۔ **داستان گو** (مذکر) قصہ خوان۔ وہ شخص جو قصہ سنائے۔

داستانہ (ف۔ مذکر) ۱ ہاتھ پر پہننے کی چیز ۲ وہ چمڑے کی پوشش جو شکاری اپنے ہاتھ میں شکاری پرند بٹھانے کے لئے پہن لے (اتارنا اترنا پہننا وغیرہ کے ساتھ)

داش (س۔ مونث) ۱ عزت ۲ پرستش پوجا۔

داش (س۔ مذکر) ۱ ماہی گیر۔ ملاح ۲ داس۔ **داشی** (مونث) ۱ ماہی گیر عورت۔ ماہی گیر کی بیوی یا بیٹی ۲ داسی۔

داشت (ف۔ مونث) ۱ خبر گیری نگرانی ۲ گھوڑے کی مالش ۳ کمہار کی بھٹی۔ تحفہ۔ **داشت کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) پرورش ہونا۔ خبر گیری ہونا۔ تعلیم ہونا۔ **داشتہ** (صفت) رکھا ہوا۔

مقولہ۔ داشتہ آید بکار۔ گرچہ باشد سر مار۔ رکھی ہوئی چیز کام آہی جاتی ہے گو سانپ کا سر ہی ہو۔ کسی چیز کو احتیاط سے رکھنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

داعی (ع۔ صفت) ۱ بلانے والا ۲ دعا کرنے والا ۳ (مذکر) وہ شخص جو دوسرے کے لئے دعا کرے ۴ مدعی۔ مستغیث ۵ وہ جو دوسرے کو کوئی کام کرنے کے لئے اکسائے ۶ وجہ۔ موجب۔ بانی ۷ ذریعہ سبب۔ وسیلہ۔ **داعی اجل کو لبیک کہنا** (متعدی) مر جانا۔ وفات پانا۔ **داعیہ** (مذکر) ۱ خواہش۔ مرضی ۲ اجارہ۔ دعوئے۔ زور۔ استدعا (کرنا ہونا کے ساتھ)

داغ (ف۔ مذکر) ۱ نشان۔ دھبہ ۲ جلنے کا نشان ۳ وہ نشان جو لوہے کو گرم کر کے کسی مرض کے لئے لگایا جائے ۴ کلنک کا ٹیکا۔ الزام ۵ رنج۔ غم ۶ صدمہ ۷ کسی عزیز کے مرنے کا غم ۸ رشک۔ حسد ۹ وہ نشان جو پھل پر پڑ جائے ۱۰ چیچک کا نشان ۱۱ زخم یا پھوڑے کا نشان ۱۲ نقص۔ عیب ۱۳ چاند کا نشان ۱۴ زنگ کا نشان ۱۵ مہاسہ ۱۶ زخم۔ پھوڑا ۱۷ (صفت) نشان کیا ہوا ۱۸ گرم کر کڑاتا ہوا۔ **داغ ابھرنا** (لازم) ۱ زخم تازہ ہونا ۲ صدمہ تازہ ہونا۔ **داغ اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) رنج یا صدمہ برداشت ہونا۔ **داغا** (صفت) داغ کیا ہوا۔ **داغا جانا** (لازم) ۱ لوہے سے نشان کیا جانا ۲ سر ہونا ۳ آتشبازی کو آگ لگنا ۴ جلایا جانا۔ **داغ بر بالائے داغ**۔ صدمے پر صدمہ۔ **داغ بیل**۔ (مونث) وہ نشان جو سڑک روش نالی کھودنے یا عمارت کی حدود قائم کرنے کے لئے لگاتے ہیں (دینا لگانا کے ساتھ) **داغ بیل ڈالنا** (متعدی) کسی کام کو کرنا کسی کام کی بنیاد رکھنا۔ کسی کام کو ایک خاص طریق پر کرنا **داغ پر داغ**۔ صدمے پر صدمہ (دینا کے ساتھ) **داغ پڑنا** (لازم) دھبہ پڑنا۔ نشان پڑنا۔ **داغ تازہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ زخم ہرا ہونا ۲ پرانا صدمہ یاد آنا اور رنج ہونا۔ **داغِ تصحیحہ** (مذکر) وہ دفتر جہاں گھوڑوں پر نشان کئے جاتے ہیں۔ **داغِ جگر** (مذکر) ۱ زخم جگر ۲ اولاد کے مرنے کا صدمہ۔ **داغِ جگر کھانا** (لازم) **کھلانا** (متعدی) صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا۔ **داغِ جنون** (مذکر) جنون۔ **داغ چڑھانا** (متعدی) داغ لگانا۔ **داغ چھڑانا** (متعدی) دھبہ مٹانا۔ **داغ چھوڑنا** (لازم) نشان رہ جانا۔ **داغِ خاطر یا دل** (مذکر) دل کا داغ۔ غم۔ صدمہ۔ **داغ دار** (صفت) وہ جس پر داغ ہو۔ پھل یا چیز۔ داغی (کرنا ہونا کے ساتھ) **داغ دکھانا** (متعدی) **دیکھنا** (لازم) صدمہ اٹھانا۔ **داغ دہ** (صفت) داغ دینے والا۔ **داغ دے گیا**۔ مر گیا۔ **داغ دینا** (متعدی) ۱ صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا ۲ لوہے کو گرم کر کے جسم پر نشان لگانا کسی بیماری کی وجہ سے یا ملکیت کا نشان کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں ۳ جلانا۔ جھلسا دینا ۴ مردے کو جلانا ۵ زخم کو جلانا ۶ نقصان پہنچانا ۷ توپ یا بندوق کو سر کرنا ۸ آتشبازی کو آگ لگانا ۹ گرم کرنا۔ گڑگڑانا ۱۰ چغلی کھانا۔ شکایت کرنا۔ **داغ کرنا** (متعدی) گرم ہونا۔ بگھارنا۔ کڑکڑانا **داغ کرنے والا** (صفت) وہ جس سے نشان پڑ جائے جلانے والا۔ نشان کرنے والا۔ **داغ کھا جانا** (لازم) نشان پڑ جانا۔ داغ لگ جانا (پھل کو)۔ **داغ کھانا** (متعدی) ۱ رنج اٹھانا۔ صدمہ اٹھانا ۲ رشک کھانا ۳ دھبہ لگنا۔ نشان پڑنا ۴ گل کھلانا۔ **داغ کھلانا** (متعدی) صدمہ دینا۔ **داغ لانا۔ لگانا** (متعدی) **لگ جانا یا لگنا** (لازم) ۱ جلنا۔ جل جانا ۲ بدنام ہونا الزام لگنا ۳ نشان لگنا ۴ عیب دار ہونا۔ **داغ لیجانا** (لازم) کسی بات کا رنج مرتے ہوئے ساتھ لے جانا۔ **داغ مٹانا** (متعدی) **مٹنا** (لازم) کسی چیز کا نشان معدوم ہونا۔ **داغنا** (متعدی) ۱ لوہا یا کوئی اور دھات گرم کر کے بدن پر نشان لگانا ۲ توپ یا بندوق سر کرنا ۳ بارود کو آگ لگانا۔ آتشبازی چھوڑنا ۴ کسی کی بات کسی سے کہدینا **داغ نکلے** ۱ ایک قسم کا کوسنا ۲ پھوٹ نکلے۔ جل کر نکلے۔ داغ ہو کر نکلے۔ دیکھو آخری۔ **داغ ہونا** (لازم) ۱ بگھار اجانا۔ گرم ہونا ۲ نشان ہونا۔ دھبہ ہونا ۳ گرم لوہے کا نشان لگنا ۴ رنج ہونا۔ صدمہ ہونا ۵ رشک ہونا ۶ جل کر زخمی ہونا۔ **داغی** (صفت) ۱ داغدار۔ دھبے دار ۲

عیب دار۔ معیوب ۳ جلایا ہوا ۴ سزا یاب ۵ مجرم۔
(کرنا ہونا کے ساتھ) **داغی غلام** (مذکر) وہ غلام جس کے
بدن پر ملکیت کا نشان ہو۔

دافع (ع۔ صفت) دفع کرنے والا۔
ہٹانے والا۔ **دافعُ البلیّات** (مذکر) بلاؤں کو دفع
کرنے والا۔ کنایۃً خدا۔ **دافع حجاب** (صفت)
شرم کو دور کرنے والا (دَفعْ۔ دور کرنا) **دافِعہ**
(مونث) ایک قوتِ بدن انسان میں جو نقصان دہ چیز کو
نکال دیتی ہے۔

داک (س۔ مذکر) ۱ دینے والا۔
مخیر ۲ وہ جو برہمنوں کو دان دے ۳ وہ جو یگ کرے
اور برہمنوں کو دے۔

داکنی (س۔ مونث) ایک قسم کی
بھتنیاں جو کالی کے ساتھ رہتی ہیں اور انسان کا گوشت
کھاتی ہیں۔

داکھ (ھ۔ مونث)۔ انگور کی ایک
قسم۔ انگور۔ **داکھ رس** (مذکر) ۱ انگور کا پانی ۲ شراب
داکھ لتا (مونث) انگور کی بیل۔ انگور کی شاخ۔

داگ۔ داگنا (ھ۔ متعدی) دیکھو
داغ۔ داغنا۔

امثال۔ داگے کے سانڈ تو
داگے لے لوہار۔ جو کام جس کے لائق ہو اسے وہی
کرنا چاہئے۔ **داگ لگائے لنگوٹیا یار**۔ پرانے
دوست ہی دغا دیتے ہیں۔

دال (ہ۔ مونث) ۱ دلے ہوئے
اناج جو سالن کے طور پر پکائے جاتے ہیں۔ جیسے چنے۔
مونگ۔ ماش۔ ارہر وغیرہ ۲ نشان دال کی شکل کا
کسی چیز پر ۳ حرف د کا تلفظ ۴ کھرنڈ ۵ نقطۂ شعاع
کرن بندی ۶ زردی جو پرند کے بچے کی چونچ پر انڈے
سے نکلنے کے وقت ہوتی ہے۔ **دال بنانا** (متعدی)
دال پکانا (عف) (س دَل۔ توڑنا) **دال بندھنا**
(لازم) ۱ کھرنڈ بندھنا ۲ چیچک کے آبلوں پر کھرنڈ
بندھنا ۳ شعاع کا ایک جگہ اکٹھا ہونا۔ **دال بھات**
کھچڑی (مونث) گڈمڈ۔ ہفت رنگی۔ آمیزش۔
دال جوتیوں میں بٹنا (لازم) ۱ لڑائی ہونا ۲ تھکا
فضیحتی ہونا ۳ خانگی جھگڑا ہونا۔ نااتفاقی ہونا۔ **دال**
جھڑنا (لازم) دال کا اتر جانا۔ **دال چپاتی** (مونث)
۱ دال روٹی ۲ بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام۔ **دال**
چپاتی بٹنا (لازم) آپس میں جوتیوں کی لڑائی ہونا۔

دال چپو ہونا (لازم) ۱ گتھم گتھا ہونا۔ باہم لپٹنا ۲
دو پتنگوں کا باہم لپٹ کر گر پڑنا۔ **دال خور** (صفت)
مسلمان مذاقاً یا طنزاً ہندوؤں کو کہتے ہیں۔ **دال دلانا**
(م) **دلنا** (متعدی) دال کو چکی میں دو ٹکڑے کرنا۔ **دال**
دَلیا (مذکر) ۱ غریبانہ خوراک۔ غریبوں کا سا کھانا ۲
تکلف سے اپنے کھانے کا ذکر کرتے ہیں۔ ماحضر۔ روکھی
سوکھی روٹی ۳ (صفت) تھوڑا سا۔ تھوڑا بہت۔
کچھ نہ کچھ۔ **دال دلیا ہونا** (لازم) کچھ نہ کچھ کام بنانا
دال روٹی (مونث) ۱ غریبانہ خوراک ۲ رزق۔
روزی۔ **دال روٹی پیٹ بھر کر کھاتا ہے** آسودہ
حال ہے۔ خوشحال ہے۔ **دال روٹی سے آسودہ**
یا خوش (صفت) آسودہ حال۔ خوشحال۔ **دال**
روٹی کر دینا۔ ہر وقت استعمال کر کے بے وقعت کر دینا
دال ف عین (مونث) دفع (کرنا ہونا کے ساتھ)
دال گلنا (لازم) ۱ دال پک جانا ۲ کامیاب ہونا۔ کام
بن جانا ۳ کسی جگہ مداخلت ہونا۔ **دال موٹ یا موٹھ**
(مذکر) دال میں موٹھ ملا کر نمک چھڑک کر چبینا بناتے ہیں۔
دال (میں) کچھ کالا ہے۔ کچھ خرابی ہے۔ شک و
شبہ کی بات ہے۔ مشکوک معاملہ ہے۔ **دال نہ گلنا**۔
(لازم) کامیابی نہ ہونا۔ **دال والا** (مذکر) بنیا۔ بقال

امثال۔ دال روٹی کھاتے
ٹوٹا تو (بھاڑ میں پڑے) زندگی بیکار۔ اگر یا جز
کفایت شعاری کے گزارا نہیں ہوتا تو مر جانا بہتر ہے

دالّ (ع۔ صفت) ۱ دلالت کرنے والا
۲ راہ دکھانے والا ۳ معنی خیز۔ پرمعنی ۴ (مذکر) علامت
نشان (ہونا کے ساتھ) (دَلّ۔ رستہ بتانا)

دالان (ف۔ مذکر) بڑا اور لمبا کمرہ
جس میں سہ درہ یا محراب دار دروازے ہوتے ہیں۔
دالان در دالان (مذکر) دالان کے پیچھے دوسرا
دالان۔ ایک کمرے کے پیچھے دوسرا کمرہ۔ ایک کے پیچھے
ایک جیسے دو کمرے۔

دالی (ف۔ مونث) ۱ چھوٹی ٹوکری۔
پھل کی ٹوکری ۲ تحفہ پھل یا مٹھائی کا۔ ڈالی۔

دام (ف۔ مذکر) ۱ جال۔ پھندا ۲
گھاس کھانے والا جنگلی جانور ۳ دنیا کے پھندے ۴ رینگنے
والا جانور۔ کیڑا ۵ سکہ۔ روپے کا چالیسواں حصہ ۶ ایک
وزن جو پکا ۵ ماشے کا اور خام ۲۱ ماشے کا ہوتا ہے۔ **دام**
بلا (مذکر) مصیبت کا پھندہ۔ مصیبت۔ **دامِ بلا سے**
رہائی پانا (لازم) **دینا** (متعدی) مصیبت سے بچانا۔

دام بچھانا (متعدی) پھندا لگانا۔ جال لگانا۔ **دام**
بچھنا (لازم) دیکھو آخری۔ **دام تزویر یا فریب**
(مذکر) فریب کا پھندا یا جال۔ مکر۔ فریب۔ **دام میں**
آنا (لازم) فریب کھانا۔ دھوکا کھانا۔ **دام میں پھنسانا**
(متعدی) **پھنسنا** (لازم) ۱ گرفتار ہونا ۲ جال میں پھنسنا
دام میں لانا (متعدی) ۱ پھنسانا۔ فریب میں لانا ۲
جال میں پھنسانا ۳ بس میں لانا۔ **دام و دَد** (مذکر) چرندے
اور درندے۔ **دامی** (مذکر) دام لگانے والا۔ شکاری
صیاد۔ چڑیمار۔ **دامِ یار** (مذکر) ۱ صیاد ۲ ماہی گیروں
کا جال۔

مقولہ۔ دامے درمے قدمے سخنے
ہر طرح مدد کرنے کو تیار۔

دام (ہ۔ مذکر) ۱ دمڑی۔ چھدام۔
۲ قیمت۔ مول ۳ نرخ۔ بھاؤ ۴ نقدی۔ روپیہ۔ زر
نقد ۵ پیسے کے پچیسویں حصے کو کہتے تھے ۶ اکبر کے زمانے
میں روپے کا چالیسواں حصہ تھا (س۔ درم) **دام اٹھانا**
(متعدی) خرچ کرنا۔ **دام اُٹھنا** (لازم) چیز بک جانا
قیمت حاصل ہونا۔ **دامِ اَنس** (مذکر) گاؤں یا جائداد کا
خریدا ہوا حصہ۔ **دام بھر پانا** (لازم) قیمت وصول ہونا
روپیہ وصول ہونا۔ **دام بھرنا** (متعدی) تاوان دینا
قیمت ادا کرنا۔ **دام پٹ جانا** (لازم) قیمت وصول
ہو جانا۔ **دام چکانا** (متعدی) **چکنا** (لازم) بھاؤ ٹھیرنا
قیمت طے ہونا۔ **دام دام** (مذکر) کل رقم۔ کوڑی کوڑی
دام دام ادا کیا۔ کل رقم ادا کی۔ **دام دینا** (متعدی)
قیمت طے کرنا۔ **دام کھرے کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم)
نقد قیمت مل جانا۔ **دام لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱
قیمت صرف ہونا ۲ قیمت مقرر ہونا۔

امثال و اقوال۔ دام آوے
کام۔ روپیہ بہت فائدہ مند ہوتا ہے۔ **دام دیجے کام**
لیجے۔ جو روپیہ خرچ کرے اس کا کام ہو جاتا ہے۔ **دام کا**
کام بات سے نہیں ہو جاتا۔ اجرت پر کام کرائے
جاتے ہیں۔ **دام کرائے کام**۔ جو روپیہ خرچے اس کا
کام ہو جاتا ہے۔ **دام کرے سب کام**۔ **دام کریں**
کام۔ روپے سے ہر کام نکل آتا ہے۔ **داموں ڈھیری**
یا ہاڈوں ڈھیری۔ روپیہ نہ ہو تو مر جانا بہتر ہے۔
داموں کا روٹھا باتوں سے نہیں مانتا۔ جس کو
اس کا حق نہ ملے وہ اور کسی طرح راضی نہیں ہوتا۔

دَامَ (ع۔ ماضی) واحد غائب۔ ہمیشہ
رہے۔ برقرار رہے۔ **دامَ دَولتہٗ**۔ اس کی دولت

ہمیشہ رہے - دام ظلہ' - اس کا سایہ عاطفت ہمیشہ برقرار رہے - بزرگوں کو القاب میں لکھتے ہیں - دام عنایتہ' - دام لطفہ' - اس کی مہربانی ہمیشہ رہے برابر والے کو لکھتے ہیں - دام مُلکہ' - اس کی سلطنت ہمیشہ برقرار رہے - بادشاہوں کو لکھتے ہیں -

داما (ھ - مذکر) ۱ رسی ۲ جال ۳ ہار

داماد (ف - مذکر) بیٹی کا شوہر - (ژند - داماتر - س جاماتری - نئے بچے پیدا کرنے والا)

دامادی (مونث) ۱ داماد کا رشتہ ۲ داماد کی حالت ۳ داماد کا حق ۴ شادی - بیاہ -

دامان (ف - مذکر) ۱ انگرکھے یا قبا کا وہ حصہ جو نیچے لٹکتا ہے ۲ کسی چیز کا کنارہ ۳ پہاڑ کے نیچے کی زمین ۴ صحرا یا شہر کے اردگرد کی زمین ۵ حرف کا دائرہ - محاورات کے لئے دیکھو دامن -

دامان (عراق) ایک مقام جہاں کے سیب مشہور ہیں -

دامانِ حُور (مصر) صوبہ بحیرہ کا دار الخلافہ (۴۰)

دامچا (ھ - مذکر) مچان جس پر بیٹھ کر پرندوں کو اڑاتے ہیں -

دامن (ف - مذکر) ۱ دیکھو دامان ۲ مرکبات کے اخیر میں آتا ہے - جیسے پاکدامن - تر دامن - **دامن آلودہ** (صفت) دامن بھرے ہوئے گناہگار - **دامنِ آلودہ** (مذکر) گناہ - جرم - **دامن اٹک جانا یا اٹکنا** (لازم) گرفتار ہو جانا پھنس جانا **دامن اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) دامن اونچا ہونا یا سمٹنا - **دامن افشاں** (لازم) ۱ دامن پھیلائے ہوئے ۲ غرور سے چلتے ہوئے - ناز سے چلتے ہوئے **دامن الجھنا** (لازم) ۱ دامن کسی چیز میں اٹک جانا ۲ پابند ہونا ۳ جھگڑے میں پھنس جانا - **دامنِ امید گوہر آرزو سے مالامال ہونا** (لازم) امید بر آنا آرزو پوری ہونا - **دامن بچانا** (متعدی) ۱ علیحدہ رہنا علیحدگی اختیار کرنا ۲ بے لوث رہنا کسی معاملے میں تعلق نہ رکھنا ۳ سلامت روی اختیار کرنا - **دامن بدنداں** (صفت) عاجز - بیچارہ - **دامن بندی** (مونث) شادی - بیاہ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دامن بوس** (صفت) دامن کو چومنے والا - **دامن بھرنا** (متعدی) ۱ دامن میں کوئی چیز بہت سی لینا کہ دامن بھر جائے ۲ دامن آلودہ کرنا - **دامنِ پاک** (مذکر) بے لوث چلن - **دامن پاک ہونا** (لازم) معصوم ہونا بے گناہ ہونا - **دامن پر دھبا رہنا** (لازم) **لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کسی کے سر الزام لگنا - **دامن پسارنا** (متعدی) دامن پھیلانا - **دامن پکڑنا** (متعدی) ۱ مانگنا - متقاضی ہونا ۲ پناہ میں آنا - سہارا لینا ۳ روکنا - تعرض کرنا - **دامن پھیلانا** (متعدی) ۱ دامن کو پکڑ کر آگے کرنا ۲ کچھ مانگنا - **دامن پھیلنا** (لازم) مانگنا - **دامن تر** (صفت) گناہگار (کرنا ہونا کے ساتھ) **دامنِ تر** - (مذکر) گناہ - جرم - **دامن تلے چھپانا یا ڈھانکنا** (متعدی) ۱ پناہ میں لینا ۲ عیب ڈھانکنا ۳ حفاظت کرنا ۴ پرورش کرنا پالنا ۵ چھپ کر گناہ کرنا - **دامن تھام لینا** (متعدی) روکنا - **دامنِ تیغ** (مذکر) تلوار کے کنارے کا حصہ - **دامن جھاڑ کر نکلنا** (لازم) تعلقات دنیوی سے آزاد ہو جانا **دامن جھاڑنا** (متعدی) دامن کو گرد و غبار سے صاف کرنا ۲ پاس کچھ نہ رہنا - خالی ہاتھ ہونا ۳ محاسبہ سے پاک ہونا ۴ آزاد ہونا - تعلقات چھوڑ دینا - **دامن جھٹک کر چلے جانا** (متعدی) ناراض ہو کر چلے جانا - بیزار ہو کر چلے جانا - **دامن جھٹک کر کھڑا ہو جانا** (لازم) نفرت کرنا - بیزار ہونا - **دامن جھٹکنا** (متعدی) دامن چھڑا لینا - الگ ہو جانا - **دامن چلنا** (لازم) دامن پھٹ جانا (دہلی) **دامن چھٹنا یا چھوٹنا** (لازم) ۱ آزاد ہونا تعلق نہ رہنا - بری الذمہ ہونا ۲ علیحدگی ہونا - **دامن چھڑانا یا چھوڑانا** (متعدی) ۱ پیچھا چھڑانا ۲ قطع تعلق کرنا - **دامن چھوڑنا** (متعدی) جدا ہونا - قطع تعلق کرنا - **دامن چھونا** (متعدی) دامن کو ہاتھ لگانا - **دامن دار** (صفت) ۱ چوڑا ۲ دامن والا - **دامن دبا بیٹھنا** (متعدی) مخل ہونا - دخل در معقولات ہونا - **دامن دراز** (صفت) بیوقوف - احمق - **دامنِ دل** (مذکر) دل - **دامنِ دولت** (مذکر) بادشاہ یا امیر کا سہارا یا پناہ - **دامن سمیٹنا یا سنبھالنا** (متعدی) دامن کو ہاتھ سے اکٹھا کرنا ۲ کنارہ کشی کرنا - **دامن سوار** (مذکر) بچہ جو گھوڑے پر چڑھنے کا کھیل کھیلے - **دامن سے باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱ کسی کا ہو رہنا ۲ کسی سے شادی ہو جانا - **دامن سے (آ) لگنا** (لازم) پناہ لینا - **دامن سے لگا رہنا** (لازم) ۱ ہر وقت ساتھ رہنا - کسی سے وابستہ رہنا ۲ کسی کا حاجتمند رہنا **دامن سے منہ چھپانا یا ڈھانکنا** (متعدی) شرمندہ ہونا - شرمانا - **دامن سے ہوا دینا** (متعدی) بجت میں ایسا کرتے ہیں گرمیوں کے موسم میں - **دامنِ شب** (مذکر) شب کا آخری نصف حصہ - **دامنِ صبر دست استقلال سے چھوٹنا** (لازم) مصیبت میں گھبرا جانا - واویلا کرنا - **دامنِ قیامت** (مذکر) قیامت کا میدان **دامن کشاں** (صفت) ۱ فخریہ ناز سے چلتے ہوئے ۲ ٹھکاتے ہوئے - چھوڑتے ہوئے - **دامن کمر سے باندھنا** (متعدی) بہت چلنے والے یا سواری کے ساتھ دوڑنے والے اکثر ایسا کرتے ہیں - **دامنِ کوہ** (مذکر) میدان جو پہاڑ سے ملا ہوا نیچے کی طرف ہوتا ہے - **دامن کھینچنا** (متعدی) روکنے کے لئے ایسا کرتے ہیں - **دامن کی ہوا دینا** (متعدی) کوئی بیہوش ہو جائے تو بے دامن سے پنکھا جھلتے ہیں - **دامن گروانا** (متعدی) دامن اکٹھا کرنا - **دامن گہنا** (مت) دامن پکڑنا - **دامنگیر** (صفت) ۱ مدد چاہنے والا - حمایت چاہنے والا ۲ مستغیث - مدعی ۳ مزاحم - روکنے والا ۴ چپ کرانے والا (ہونا کے ساتھ) **دامنگیری** (مونث) ۱ حمایت چاہنا - مدد چاہنا ۲ دوستی محبت ۳ استغاثہ - دعوے - **دامن لینا** (متعدی) پناہ لینا - سہارا لینا - **دامنِ محشر** (مذکر) قیامت کا میدان **دامنِ مژگاں** (مذکر) مژگاں کا آخری حصہ - **دامنِ مَقصود** (مذکر) ارادہ - مقصود کا دامن سے استعارہ کرتے ہیں - **دامن میں چھپا لینا یا چھپانا** (متعدی) **چھپنا** (لازم) پناہ لینا - **دامن میں لہو لگنا** (متعدی) ۱ دامن کا خون آلود ہونا ۲ قاتل پر قتل ثابت ہونا - **دامنِ ناز کو سنبھالنا** (لازم) نخروں کو زیادہ کرنا - ناز کی وجہ ہونا - **دامن نشان** (مذکر) ۱ درویش ۲ غریب آدمی **دامن نکلنا** (متعدی) دامن کا چاک ہونا - **دامن نہ چھوڑنا** (لازم) ہر وقت ساتھ رہنا - ساتھ ساتھ پھرنا **دامن ہاتھ ہونا** (لازم) ۱ پیچھا نہ چھوڑنا ۲ ظلم کی فریاد کرنا - **دامنہ** (مذکر) دامن - **دامنۂ زین** (مذکر) ۱ مدکا دوال ۲ زین کا چمڑا جو دونوں طرف رکاب دوال کو ڈھانکتا ہے - **دامنۂ کوہ** (مذکر) دامن کوہ - **دامنی** (مونث) ۱ وہ کپڑا جو گھوڑے کے پٹھے پر پڑا رہتا ہے - زین پوش ۲ باریک چادر جو عورت کے جنازے پر ڈالتے ہیں ۳ مرکبات کے آخر میں آتا ہے - جیسے پاکدامنی تر دامنی ۴ عورت کی پوشاک کا ایک حصہ - نقاب چنر ۵ ایک زیور جو ماتھے پر عورتیں پہنتی ہیں -

مقولہ - دامن پر فرشتے نماز پڑھیں بہت پاکدامن ہے -

دَامی (ھ - مونث) مالگزاری - مالیانہ

دامی لگانا (متعدی) **لگنا** (لازم) مالگزاری مقرر ہونا - **دامی واصلات** (مونث) گاؤں کی کل مالگزاری

دان (ھ - مذکر) ۱ دینا۔ نذر کرنا ۲ پن - سدا برت - خیرات ۳ تحفہ - نذرانہ - چندہ عطیہ ۴ محصول ۵ ایک رسم جس میں برہمن کچھ پڑھ کر کسی کو کچھ دیتے ہیں ۶ چیز جو اس طرح دی جائے ۷ جہیز ۸ عورت کا شادی میں دینا - کنیادان ۹ پانی جو مست ہاتھی کی کنپٹیوں سے نکلے - **دان پتر یا پتر** (مذکر) ۱ ایک دستاویز جس میں برہمنوں کے نام زمین کی جاتی ہے ۲ ہبہ نامہ - وقف نامہ ۳ وہ جسے دان دیا جائے یا جس کو قانوناً دان دیا جاسکے **دان پتر دار** (مذکر) برہمن جسے زمین دان کی جائے **دان پتی** (مذکر) بہت فیاض آدمی - **دانپن** (مذکر) فیاضی - داد و دہش - **دان پن یا پنیہ** (مذکر) خیرات صدقہ - پن - **دان دتار** (مذکر) پن کرنے والا - مخیر - (طنزاً) **دان دھرم** (مذکر) پن کرنے کا فرض - خیرات کرنا - پن کے کام - پن کے قواعد - **دان دہیز** (مذکر) جہیز **دان دینا** (متعدی) پن کرنا - خیرات کرنا - **دان شالا** (مذکر) خیرات خانہ - **دان کر دینا یا کرنا** (متعدی) خیرات کرنا - **دان لینا** (لازم) خیرات لینا - **دانم ددا** (مونث) ۱ ایک اپسرا ۲ ایک گندھرد عورت - **دانی** (صفت) دان دینے والا - مخیر - فیاض -

امثال - دان بت سمن - خیرات استعداد کے موافق دینی چاہئے - **دانی کی بھا کا خالی نہ جائے** - مخیر آدمی کی بات پوری ہوئے بغیر نہیں رہتی

دان (ف - صفت) ۱ جاننے والا - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے قدردان - نکتہ دان ۲ (کلمۂ ظرف) خانہ - جگہ - مقام - گھر مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے قلمدان - نمکدان ۳ اردو کے الفاظ کے ساتھ ظرفیت کے معنی دیتا ہے جیسے اگالدان - پاندان - **دانا** (صفت) عقلمند - ہوشیار - دانشمند - **دانا بینا** (صفت) عاقل اور ہوشیار - کار آزمودہ - **دانائی** (مونث) عقل - دانش - **دانائی ٹپکنا** (لازم) عقلمندی ظاہر ہونا ہوشیاری مترشح ہونا - **دانائے دہر** (مذکر) اپنے زمانے کا عقلمند اور قابل آدمی - **دانایان** (مذکر) جمع داناکی - **دانایانِ فرنگ** (مذکر) یورپ کے عقلمند آدمی **دانایانہ** (صفت) عقلمندانہ - **دانندگی** (مونث) جاننا - علم - **دانندہ** (صفت) جاننے والا - ماہر - **دانی** (مونث) جگہ - خانہ - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے سرمہ دانی - تلادانی -

مقولے - دانا جلد بازی نہیں کرتے عقلمند آدمی کسی کام میں تعجیل سے کام نہیں لیتے **دانا دشمن نادان دوست سے بہتر ہے** بیوقوف دوست کے ہاتھ سے عموماً نقصان پہنچتا ہے - **داناؤں کی دور بلا** عقلمندوں کی ریس نہیں ہوتی -

دانا (ھ - مذکر) دانہ -

داناده (متعدی) بیلوں کو کھنیان پر چلانا - گاہنا - دائیں چلانا -

دانت (ہ - مذکر) ۱ ماوہ سخت اور سفید ہڈی کے ٹکڑے جو انسان اور جانوروں کے منہ میں ہوتے ہیں - اور جن سے خوراک چبائی جاتی ہے - دنداں ۲ دندانہ (آری - چاقو - چکی - بیل - کنگھی - پرزہ وغیرہ کا) ۳ رغبت - میلان خاطر ۴ ہاتھی یا سور کے لمبے دنداں جو باہر نکلے ہوتے ہیں اور ہتھیار کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۵ دشمنی - مخالفت (س دنت) **دانتا** (مذکر) بڑا دانت دندانہ - **دانت اڑنا** (لازم) دانت کا چبھنا یا گڑنا **دانتا کلکل** (مذکر) ۱ جھگڑے فساد کی باتیں ۲ جھگڑا تکرار - بے فائدہ بحث (ہونا کے ساتھ) **دانت اکھاڑنا یا اکھیڑنا** (متعدی) **اکھڑنا** (لازم) دانتوں کا مسوڑوں سے نکل جانا - **دانت بانا** (ھ) دیکھو دانت نکالنا ۱ و ۲ **دانت باندھنا** (متعدی) ہلتے ہوئے دانتوں کو تار سے باندھنا - **دانت بٹھا دینا** (متعدی) عاجز کر دینا - مجبور کر دینا - **دانت باجنا** (ھ) **بجانا** (متعدی) **بجنا** (لازم) ۱ سردی سے دانتوں کا ایک دوسرے سے ٹکرا کر آواز دینا کڑکڑانا ۲ جھگڑنا - لڑنا - **دانت براق ہونا** (لازم) دانت سفید ہونا - **دانت بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) مصنوعی دانت لگنا - **دانت بندھنا** (لازم) **بندھوانا** (مم) ہلتے ہوئے دانتوں کو تار سے جکڑوانا یا کسوانا - **دانت بنوانا** (مم) مصنوعی دانت لگوانا - **دانت بھینچنا** (متعدی) دانت زور سے بند کرنا - **دانت بیٹھ جانا یا بیٹھنا** (لازم) ۱ دانتوں کا جکڑ جانا ۲ دانتوں کا گوشت میں گڑ جانا - **دانت پچی ہو جانا** ۱ دانت بند ہو جانا - یہ غشی میں ہو جاتا ہے ۲ دانت گڑ جانا یا بھنچ جانا - **دانت پر تلوار لگانا** (متعدی) تلوار کو دانتوں پر لگا کر تیزی کا امتحان کرنا - **دانت پر میل نہ ہونا** (لازم) نہایت غریب ہونا - مفلس ہونا - فاقوں مرنا - **دانت پھاڑنا** (متعدی) دیکھو دانت نکالنا ۱ و ۲ - **دانت پیسنا** (متعدی) ۱ اوپر نیچے کے دانتوں کو آپس میں رگڑنا ۲ نہایت غصے ہونا - غصہ دکھانا ۳ کسی کو اذیت یا نقصان پہنچانے کا ارادہ کرنا - **دانت تلے انگلی دبانا یا دینا** (متعدی) ۱ حیران ہونا - تعجب میں ہونا ۲ افسوس کرنا - **دانت تلے جیب دے** ذرا ٹھہر تامل کر - **دانت تلے ہونٹ دبانا** (متعدی) غصے میں ہونا - غصہ کرنا - **دانت توڑنا** (متعدی) ۱ دانت اکھاڑ دینا - دانت کے ٹکڑے کر دینا ۲ عاجز کرنا ۳ کسی کام کا نہ رکھنا - **دانت تیز کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ لالچ کرنا - حرص کرنا ۲ ایذا رسانی کا قصد کرنا - **دانت ٹوٹنا** (متعدی) ۱ دانت کا گر جانا دانت کا شکستہ ہونا ۲ بچے کے دودھ کے دانت ٹوٹنا ۳ بڑھاپے کی وجہ سے دانت گر جانا - پوپلا ہو جانا - **دانت جھاڑنا** (متعدی) ۱ دانت توڑ دینا ۲ منتر پڑھ کر دانت کا کیڑا نکالنا - **دانت جھڑ پڑنا یا جانا یا جھڑنا** (لازم) کسی ضرب کے صدمے سے دانت ٹوٹ جانا - **دانت چبانا** (متعدی) نیند میں دانت پیسنا - **دانت چوہے کی نذر کر دینا** (متعدی) دانت گر جانا - **دانت دکھانا** (متعدی) بے حیائی سے دانت نکال دینا ۲ جواب بن نہ آنے پر ہنس دینا ۳ اس طرح ہنسنا کہ دانت دکھائی دیں - **دانت رکھنا** (متعدی) کسی چیز کی خواہش رکھنا - کسی چیز کو لینے کا ارادہ رکھنا ۲ بدلا یا انتقام لینے کا ارادہ رکھنا - **دانت سلسلانا** (لازم) دانتوں میں درد ہونا - **دانت سے دانت بجنا** (لازم) سردی یا لرزے سے دانتوں کا آپس میں ٹکرا کر آواز دینا - **دانت سے زبان کاٹنا** (متعدی) کہہ کر پچتانا - **دانت سے زبان کٹنا** (لازم) بعض وقت کھاتے ہوئے ایسا ہو جاتا ہے - **دانت کاٹی روٹی** (مونث) بیحد دوستی - اگلے زمانے میں دستور تھا کہ روٹی کا ٹکڑا کاٹ کے دوسرے کو دیدیتے تھے - یہ دوستی کی نشانی تھی - **دانت کاٹی روٹی کھانا یا ہونا** (لازم) بہت دوست ہونا - **دانت کا درد** (مذکر) تکلیف جو خراب دانتوں کی وجہ سے ہوتی ہے - **دانت کٹکٹانا یا کچکچانا** (متعدی) نہایت خفا ہونا - غصے سے دانت پیسنا - **دانت کرانا** (متعدی) نیند میں دانتوں کا آواز دینا - **دانت کرنا** (ھ) ۱ دانت نکالنا ۲ دودھ پیتے بچے کے دانت نکلنے شروع ہونا - **دانت کریدنے کو تنکا نہ بچنا رہنا** (لازم) چوری یا آگ کے بعد گھر میں کچھ نہ رہنا سب اسباب جاتا رہنا - **دانت کڑکڑانا** (متعدی) ۱ دانت سردی سے بجنا ۲ سوتے میں دانت پیسنا - **دانت کر کر بولنا** (متعدی) سردی یا لرزے سے دانتوں کا ٹکرا کر آواز دینا - **دانت کند ہونا** (لازم) دانت کا کسی سخت چیز کے کاٹنے کے قابل نہ رہنا - **دانت کھٹے**

کر دینا یا کرنا (متعدی)، ہو جانا۔ ہونا (لازم) دانتوں کا ترشی کی وجہ سے نہ کاٹنا ٢ ہمت ہار دینا عاجز ہو جانا۔ جی چھوٹ جانا۔ دانت کھلنا (لازم) کھولنا (متعدی)، ہنسنا اس طرح کہ دانت دکھائی دیں دانت گر جانا یا گرنا (لازم)، دانت کا مسوڑے میں سے نکل جانا۔ دانت گھنگھنی (مونث)، خشخاش کی گھنگھنیاں جو بچے کے پہلے دانت نکلنے پر تقسیم کی جاتی ہیں۔ دانت لانا (ھ) دانت نکالنا۔ دانت لگانا (متعدی)، ١ دانت کا زخم پہنچانا۔ منہ مارنا ٢ دانت چھپانا ٣ لالچ کرنا۔ تاک لگائے رکھنا۔ دانت لگنا (لازم)، ١ دانت چبھنا ٢ جبڑا بند ہو جانا ٣ لالچ ہونا دانت مارنا (متعدی)، ١ کاٹنا ٢ بھانجی مارنا۔ دانت مانجنا (متعدی)، ملنا (مت) منجن لگا کر دانت صاف کرنا۔ دانت نپوڑنا یا نکاسنا (متعدی)، دانت نکالنا ملا۔ دانت نکال دیئے۔ عاجز ہو گیا۔ دانت نکال دینا (لازم)، دیکھو دانت نکالنا ملا۔ دانت نکال کے ہنسنا (متعدی)، منہ کھول کے ہنسنا۔ دانت نکالنا (متعدی)، ١ شرمندہ ہو کر ہنسنا۔ بیہودہ طرح سے ہنسنا۔ بے موقعہ ہنسنا۔ معقول جواب نہ آنے کی حالت میں ہنسنا ٢ پھوسڑے نکل آنا۔ ادھڑ جانا۔ ٹانکے ٹوٹ جانا ٣ منت سماجت کرنا۔ عجز ظاہر کرنا ٤ دانت توڑ دینا ٥ بچوں کے دانت پیدا کرنا۔ دانت نکل آنا۔ (لازم)، ١ منہ میں دانتوں کا نمایاں ہونا ٢ ہنسی آ جانا دانت نکلنا (لازم)، ١ بچے کے دانت نمودار ہونا دانت نکوسنا (متعدی)، دانت نکالنا۔ دانت نہ لگانا (متعدی)، ثابت نگل جانا۔ دانت نہ ہونا (لازم)، پوپلا ہونا۔ دانتوں (مذکر)، دانت کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے۔ دانتوں اٹھانا (متعدی)، ١ نہایت قدر کے ساتھ لینا۔ کنجوس کے متعلق کہتے ہیں۔ دانتوں انگلی کاٹنا (متعدی)، ١ ناراض ہونا۔ غصے ہونا۔ افسوس کرنا۔ تاسف کرنا ٢ حیران ہونا۔ متوجہ ہونا۔ دانتوں پر میل نہ ہونا (لازم) سخت مفلس ہونا۔ بھوکوں مرنا۔ دانتوں پر ہونا (لازم) بچے کا دانت نکلنے کے قریب ہونا۔ دانتوں پسینا آنا (لازم) تھک کا کام کرنے سے عاجز آ جانا۔ دانتوں تلے انگلی دابنا یا کاٹنا (متعدی)، ١ نہایت افسوس کرنا۔ غم کا اظہار کرنا ٢ حیرت میں آنا۔ متعجب ہونا۔ دانتوں چڑھانا (متعدی) کوسنے کا موقع دینا۔ دانتوں چڑھنا (متعدی)، ١ کوسنے کھانا ٢ ٹوک میں آنا ٣ موجب رشک

ہونا۔ دانتوں زمین پکڑی نہ رہنا (لازم) کسی چیز کو اپنے قبضے میں رکھنے کے ناقابل ہونا۔ کچھ نہ کر سکنا دانتوں سے انگلی کاٹنا (متعدی) ١ تاسف کرنا ٢ حیران ہونا۔ دانتوں سے پکڑ پکڑ کر پیسہ اٹھانا (متعدی) نہایت کفایت شعاری سے کام کرنا۔ دانتوں سے پکڑنا (متعدی)، ١ سخت کنجوسی کرنا ٢ حصول مطلب کے لئے بے حد کوشش کرنا۔ دانتوں سے دانت بجنا (لازم) سردی سے دانتوں کا کٹکٹانا۔ نہایت سردی ہونا۔ دانتوں (سے) زمین پکڑنا (متعدی)، جگہ سے نہ ہلنا۔ زمین کو مضبوط پکڑنا۔ دانتوں سے کوڑی اٹھانا (متعدی) سخت کنجوسی کرنا۔ دانتوں سے نہیں کھلتا۔ بہت مشکل ہے۔ دانتوں سے ہاتھ کاٹنا (متعدی)، ١ سخت افسوس کرنا ٢ سخت غصے میں ہونا۔ دانتوں سے ہونٹ چبانا (متعدی) افسوس یا غصے میں ہونا۔ حسرت کی وجہ سے کبھی ایسا ہوتا ہے۔ دانتوں کا چوکا (مذکر) نیچے کے اگلے چار دانت جو ایک جیسے ہوتے ہیں۔ دانتوں کا کڑ کڑ بولنا (متعدی)، دانت سے دانت بجانا۔ دانتوں کی زردی (مونث)، دانتوں کا میل۔ دانتوں کے تلے انگلی دینا (متعدی)، دیکھو دانتوں تلے الخ۔ دانتوں کے نیچے زبان دبانا (متعدی)، ١ بات کرتے کرتے رک جانا۔ کہتے کہتے زبان روک لینا ٢ حیرت افسوس تعجب شرارت ظاہر کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں۔ دانتوں کے نیچے داڑھیاں دبانا (متعدی)، غصے کی حالت میں ہونا۔ دانتوں مارنا (ھ)، دانت پیسنا۔ دانتوں میں انگلی دینا یا دبانا (متعدی)، حیرت افسوس گھبراہٹ یا شرم ظاہر کرنا۔ دانتوں میں تنکا لینا (متعدی)، ١ عاجزی کرنا ٢ امان مانگنا ٣ اطاعت کرنا ٤ دوسرے کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کے لئے ایسا کرتے ہیں۔ دانتوں میں (جیبھ) زبان ہونا۔ دانتوں میں (جیبھ) زبان کی طرح (رہنا) ہونا (لازم) ١ دشمنوں سے گھرا ہونا ٢ دشمنوں میں رہ کر بچے رہنا۔ دانت ہلنا (لازم) جڑیں ڈھیلی ہو کر دانتوں میں جنبش پیدا ہونا دانت ہونا (لازم)، ١ کسی چیز کی بہت خواہش ہونا ٢ صدمہ پہنچانے کا ارادہ ہونا۔ درپئے ذلت ہونا ٣ دانتوں کا موجود ہونا ٤ گھات میں ہونا۔ تاک میں ہونا ٥ عداوت ہونا۔ دشمنی ہونا۔ دانتے (مذکر) دانت کی جمع۔ دانتی بیٹھ جانا (لازم)، دانت بیٹھ جانا (خف) دانتے پڑ جانا یا پڑنا (لازم) دندانے پڑ جانا۔ دھار گر جانا۔

دانتی دینا (متعدی) منہ بند کرنا۔ خاموش ہونا۔

امثال و اقوال۔ دانتا باجے گھر پڑے اور رہانسا باجے دن پڑے۔ زباندرازی سے گھر میں لڑائی رہتی ہے۔ اور ہنسی مذاق میں دوستوں سے دشمنی ہو جاتی ہے۔ دانت تھے تو چنے نہ تھے چنے ہوئے تو دانت نہ رہے۔ جب چیز کی ضرورت ہوتی ہے نہیں ملتی۔ جب ضرورت نہ ہو مل جاتی ہے۔ دانت (ٹوٹے) گرے اور کھر گھسے پیٹھ نہ بوجھ لے۔ ایسے بوڑھے بیل کو کون باندھ بھس دے۔ بوڑھے آدمی کو کوئی اپنے پاس رکھنا نہیں چاہتا۔

دانتا (س۔ مونث) فیاضی۔ داد و دہش۔ دان پن۔

دانتن (ھ۔ مذکر) کیکر بھلاہی یا نیم کی لکڑی جس سے دانت صاف کرتے ہیں۔ مسواک (کرنا ہونا کے ساتھ) دانتنا (لازم) گائے بھینس وغیرہ کا دانت نکالنا۔

دانتو (ھ۔ صفت) اونچے دانتوں والا

دانتی (ہ۔ مونث) ١ درانتی کا دندانہ ٢ پہیئے کا دانت ٣ دانتوں کی قطار ٤ درانتی۔ ہنسیا ٥ گھاس جمع کرنے کا آلہ۔ پنجی ٦ دندانہ (س دنت) دانتی پڑنا (لازم) دندانہ پڑنا۔ دانتی دینا (متعدی) ١ دوسرے کو چپ کرا دینا ٢ ڈانٹنا۔ دبکنا ٣ ضد کرنا۔ ہٹ کرنا۔ دانتی لگنا (لازم) ١ دانت زور سے بند ہونا۔ دانت بھچ جانا ٢ جبڑا بند ہو جانا۔

دانتیا (ہ۔ مذکر) ١ ایک قسم کا نمک جو تمباکو کو تیز کرنے کے لئے ملا دیا جاتا ہے ٢ دانتوں کا منجن (س دنت۔ دانت)

داند۔ دانڈ (ہ۔ مذکر) ١ ظلم۔ جور۔ سپاہیوں کا ظلم غریبوں پر ٢ بے انصافی ٣ سزا ٤ چھوٹ ٥ جرمانہ۔ ڈنڈ (س ڈنڈ)

دانڈا (ہ۔ مذکر) ١ نشان۔ حد کی لکیر۔ حد (س دنڈک) دانڈا ملنا (لازم) حدیں ملنا۔ ڈانڈا بیلنڈا (مذکر) دو مالکوں کی زمین کی حد فاصل۔

دانڈی (ھ۔ مذکر) ١ چپو چلانیوالا۔ ٢ بھشتی ٣ (مونث) ترازو۔

دانست (ف۔ مونث) ١ علم۔ جاننا ٢ رائے۔ سمجھ۔ واقفیت۔ شناخت۔ دانستگی (مونث) دیکھو دانست۔ دانست میں (تف)

سمجھ میں۔ خیال میں۔ دانستہ (صفت) جانا ہوا۔ جانکر۔
جان بوجھ کر۔

دَانِش (ف۔ مونث) ۱ عقل۔ دانائی ۲ سمجھ ۳ علم ۴ فضیلت۔ بدیا۔ حکمت۔ **دانشمند** (صفت) ۱ عالم۔ فاضل ۲ عقلمند۔ ہوشیار۔ **دانشمندانہ** (صفت) عقلمندوں کی طرح۔ **دانشمندی** (مونث) دانش۔ **دانشور** (صفت) دانشمند۔ **دانشوری** (مونث) دانشمندی۔ **دانشی** (صفت) ۱ عقلمند۔ ہوشیار ۲ عقلمند آدمی۔

دَانِش (۔ ۱۰۷۵) مرزا رضی
ایک ایرانی شاعر۔

دَانِق (ع۔ مذکر) دانگ کا معرب

دَانگ (ف۔ مذکر) ۱ ایک سکہ درہم کا چھٹا حصہ ۲ ایک وزن مثقال یا درم کا چوتھا حصہ ۳ کسی چیز کا چھٹا حصہ ۴ شہر کی ایک طرف ۵ پہلو طرف۔ جانب۔ سمت ۶ ٹکڑا۔ حصہ۔

دَانگ (ھ۔ مونث) ۱ پہاڑی چٹان ۲ چوٹی ۳ دریا کا اونچا کنارہ۔ **دانگی** (صفت) ۱ پہاڑی۔ پہاڑ کا ۲ بندیلے راجپوتوں کا نام۔

دَانگَر (ھ۔ مذکر) ۱ سینگ دار حیوان۔ ۲ ڈانگر (گالی) بیوقوف۔ احمق۔ بیل۔

دَانوُ (ھ۔ مذکر) دیکھو داؤں۔

دَانوَاں (ھ۔ مذکر) جنگل کی آتشزدگی۔ جلتی ہوئی گھاس۔ الاؤ۔

دَانوُری (ھ۔ مونث) ۱ رسی۔ دام ۲ وہ رسی جس سے غلہ گاہتے وقت بیل باندھتے ہیں۔

دَانوُں (ف۔ مذکر) دانہ کی جمع۔ حروف مغیرہ سے پہلے۔

دانَہ (ف۔ مذکر) ۱ اناج۔ غلہ ۲ بیج۔ تخم ۳ تسبیح کا دانہ ۴ مکی کا بیج ۵ انار کا بیج ۶ انگور ۷ چاول ۸ کھیل کا دانہ ۹ آم کی تعداد ۱۰ چھوٹی پھنسی ۱۱ چیچک کے آبلے ۱۲ چھوٹے چھوٹے کنکر جنکی جنبش سے گھنگرو بجتے ہیں ۱۳ پاسہ۔ چھوٹی کوڑیاں جن سے پاسے کا کام لیتے ہیں ۱۴ نخشی ۱۵ چنا ۱۶ گھی وغیرہ کا ذرہ۔ **دانہ اٹھانا** (متعدی) دانا چگنا پرند کا۔ **دانہ اگلنا** (لازم) پرندہ کا پوٹے سے دانہ نکالنا۔ **دانہ اگلوانا** (متعدی) کبوتر کے پیٹ سے دانہ نکلوانا تاکہ وہ اڑنے میں ہلکا رہے۔ **دانہ بچھانا** (متعدی) پرندوں کو پکڑنے کے لئے جال کے نیچے دانہ ڈالنا۔ **دانہ بدلنا** (متعدی) پرندوں کا ایک دوسرے کے منہ سے دانہ نکال کر کھلانا۔ **دانہ دانہ بدلوُل** (مذکر) ۱ کبوتر اور کبوتری کا اختلاط چونچوں کو ملا کر ۲ دو آدمیوں کا اختلاط۔ **دانہ بدلی** (مونث) پرندوں کا ایک دوسرے کو دانہ کھلانا۔ **دانہ بدلی کرنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ پیار محبت کرنا۔ بوس و کنار کرنا۔ **دانہ بندی** (مونث) کھڑی کھیتی کی پیداوار جانچنا۔ کچی پیمائش۔ پیمائش کا تخمینہ۔ **دانہ بھرانا** (متعدی) چوگا دینا پرندے کا اپنے بچے کے منہ میں دانا دینا۔ **دانہ پانی** (مذکر) ۱ آب و دانہ۔ رزق ۲ (مجازاً) قسمت نصیب۔ **دانہ پانی اٹھنا** (لازم) رزق ختم ہونا۔ مرجانا۔ **دانہ پانی حرام ہونا** (لازم) کھانا پینا چھوٹ جانا۔ **دانہ پانی کھینچ لایا**۔ جہاں کا رزق مقدر میں تھا مجبوراً وہاں آنا پڑا۔ **دانہ پڑنا** (لازم) بوئے ہوئے اناج میں بیج پیدا ہونا ۲ آگ سے پک کر کسی چیز کا دانہ دانہ ہوجانا۔ **دانہ پانی کے ہاتھ ہونا** (لازم) قسمت کے اختیار میں ہونا۔ **دانہ تک حرام ہونا** (لازم) کچھ نہ کھانا۔ **دانہ جمانا** (متعدی) ۱ جال بچھانا۔ پھندا لگانا۔ دھوکا دینا ۲ بونا۔ بیج ڈالنا۔ **دانہ جمنا** (متعدی) بیج پھوٹ آنا۔ **دانۂ خردل** (مذکر) رائی کا دانہ۔ **دانہ خور** (صفت) دانہ کھانے والا۔ چنا کھانیوالا۔ **دانہ خوری** (مذکر) وہ جانور جو چنے کھلا کر موٹا کیا جائے۔ **دانہ دار** (صفت) ۱ وہ جس میں گول گول دانے پڑجائیں ۲ جو اصلی پیداوار کے مطابق ہو (جمع)۔ **دانہ دان** (مت) تباہ۔ برباد۔ **دانہ دنکا** (مذکر) ۱ تھوڑا سا دانہ۔ ایک آدھ دانا ۲ ٹکڑے۔ گرا پڑا دانہ ۳ چھوٹی پھنسیاں۔ **دانہ دینا** (متعدی) ۱ گھوڑے کو دانہ کھلانا ۲ کبوتروں یا مرغیوں کو دانہ کھلانا۔ **دانہ دانہ کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم) بکھر جانا۔ **دانۂ دُر** (مذکر) ایک موتی۔ **دانہ ڈالنا** (متعدی) کبوتروں مرغیوں وغیرہ کو دانہ کھلانا ۲ کسی کو پھنسانے کے لئے کوئی فعل کرنا ۳ پودوں میں بیج پیدا کرنا (خدا کا)۔ **دانہ زد** (صفت) ۱ سفلہ۔ کمینہ۔ مفلوک الحال ۲ کنجوس۔ **دانہ زمین پر گرتے ہی کھِل جانا** (لازم) سخت گرمی ہونا۔ **دانۂ زنجیر** (مذکر) زنجیر کا حلقہ۔ **دانہ کیش** (مذکر) ایک قسم کا کاربونی رومال جسکو سردیوں میں گردن کے گرد لپیٹتے ہیں۔ **دانۂ یاقوت** (مذکر) یاقوت کا ریزہ۔ **دانے** (مذکر) ۱ دانہ کی جمع ۲ بجائے دانہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ **دانے پر لگانا** (متعدی) اجنبی کبوتر کو دانہ کھلا کر رام کرنا۔ **دانے دار** (صفت) جس میں گول گول دانے پڑجائیں۔ گھی۔ کھانڈ وغیرہ۔ **دانے دان کرنا** (متعدی)، ہونا (لازم) ۱ ملنا۔ گڈ مڈ ہونا ۲ تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ **دانے کا اڑ کر پہنچنا** (لازم) جو رزق مقسوم میں ہے ملنا۔ **دانے مانگنا** (لازم) بھیک مانگنا۔ **دانے نبڑ جانا** (لازم) آب و دانہ ختم ہوجانا۔ **دانے نکلنا** (لازم) ۱ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلنا ۲ چیچک نکلنا۔ **دانے نہ ہونا** (لازم) کھانے پینے کے لئے کچھ نہ ہونا۔ سخت غریب ہونا۔

امثال و اقوال۔ **دانہ چھترانا وہاں جانا ضرور ہے**۔ جہاں کا رزق انسان کی قسمت میں ہے وہاں ضرور جانا پڑتا ہے۔ **دانہ دانہ است غلہ در انبار**۔ ایک ایک دانہ جمع ہوکر انبار ہوجاتا ہے۔ **دانہ دانہ پر مہر ہے** ۱ جس کا رزق ہو اسی کو ملتا ہے ۲ بخیل کے گھر بڑی احتیاط ہوتی ہے۔ **دانہ کو دان نہیں بھکاری کو بھیک نہیں** بخیل کی نسبت کہتے ہیں۔ **دانہ کھا موٹھ کا پانی پی سونٹھ کا**۔ اگر موٹھ کھاؤ تو سونٹھ کا پانی پینا چاہئے۔ مطلب یہ ہے کہ سوچ سمجھ کر کام کرنا چاہئے۔ **دانہ کھائے نہ پانی پیوے۔ وہ آدمی کیسے جیوے**۔ جو شخص کھائے پئے نہیں وہ کیسے زندہ رہ سکتا ہے۔ اس شخص کو کہتے ہیں جو غم و رنج کی وجہ سے کھانا پینا چھوڑ دے۔ **دانہ نہ گھاس پانی (کھریرا) چھ چھ بار (وقت) دانہ نہ گھاس کھریرا تین تین بار**۔ اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو خاطرداری تو بہت کرے مگر دے دلائے کچھ نہیں۔ **دانہ نہ گھاس گھوڑے تیری آس**۔ دیتا دلاتا کچھ نہیں مفت میں کام لیتا ہے۔ **دانہ نہ گھاس ہیں ہیں کرے**۔ گھوڑے کو دانہ گھاس نہ ملے تو ہنہناتا ہے۔ **دانے پانی کے اختیار (ہاتھ) ہے**۔ جہاں کا رزق مقدر ہے وہیں ملے گا۔ **دانے دانے پر مہر ہوتی ہے**۔ جو رزق جس کے مقدر کا ہے اسی کو ملتا ہے دوسرے کو نہیں ملتا۔ **دانے دانے کو محتاج ہے**۔ بالکل مفلس ہے۔ **دانے کو ٹاپے سواری کو پادے**۔ کھانے پینے کو ہر وقت تیار ہے۔ کام کرنے سے گھبراتا ہے۔

دَانہا (ھ۔ صفت) دیکھو داہنا۔ داہنا۔

دَانہو (ھ۔ صفت) ۱ اچھی طرح سے کاریگری سے ۲ مکمل طور پر۔ پوری طرح ۳ دل بھر کر۔

دَانیا (ھ۔ صفت) دائیں۔ دائیں

بائیں (صفت) دائیں بائیں۔

داوا (ہ۔ مذکر) انا کا خاوند۔

داوَر (ف۔ مذکر) ۱ خدا ۲ منصف یا عادل بادشاہ۔ حاکم یا جج ۳ علاج ۴ دوا ۵ مخالف۔ مقابل ۶ ایک ملک کا نام۔ **داورِ آسماں یا اعظم** (مذکر) خدا تعالےٰ **داورِ دوراں** (مذکر) شہنشاہ۔ شاہجہاں۔ **داورستان** (مذکر) کچہری۔ عدالت۔ **داوری** (مونث) ۱ بادشاہت سلطنت ۲ عدالت۔ انصاف ۳ عدالت کا حکم ۴ مقدمہ ۵ جھگڑا ۶ دعوے عدالت میں۔

داوَن (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو داون ۲ دانا ۳ منکا گڑا ہوا ۴ اناج کو گاہنے کا فعل ۵ تباہی ۶ (مونث) موٹی رسی جو چارپائی کی پائنتی کی طرف ڈال کر چارپائی کستے ہیں۔ **داونا** (متعدی) گاہنا۔ دائیں چلانا۔ **داونی** (مونث) دامنی کا بگڑا ہوا ایک زیور جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے۔

داہ (ہ۔ مونث) ۱ جلانا۔ مردے کو جلانا ۲ داغ دینا۔ داغ ۳ آگ ۴ اندرونی گرمی ۵ جلنے کا احساس ۶ جلن۔ سوزش ۷ جوش ۸ رشک۔ حسد۔ **داہ جور** (مذکر) سخت بخار۔ **داہ دینا** (متعدی) مردے کو جلانا **داہ رکھنا** (متعدی) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ دشمنی رکھنا **داہ سر** (مذکر) وہ جگہ جہاں مردے جلائے جائیں۔ مسان **داہ کرنا** (متعدی) مردہ جلانا۔ **داہ کریا** (مونث) مردہ جلانے کی رسم۔ **داہنا** (متعدی) جلانا۔

داہیم (ف۔ مذکر) ۱ تاج جس میں جواہرات جڑے ہوں ۲ تخت ۳ شاہی محل۔

داہَن (س۔ مذکر) ۱ جلانا۔ آگ لگانا ۲ داغ دینا۔

داہنا (ہ۔ صفت) سیدھا (س دکش) **داہنا ہاتھ** (مذکر) سیدھا ہاتھ۔ **داہنا قدم لینا** (طنزاً) چالاکی اور شرارت کا قائل ہونا یا تعظیم کرنا۔ **داہنی آنکھ پھڑکنا** (لازم) داہنی آنکھ کی رگوں کا حرکت کرنا مرد کے لئے اچھا اور عورت کے لئے برا شگون ہے۔ **داہنی طرف**۔ داہنے ہاتھ کی طرف۔ **داہنے ہاتھ کا کھانا** حرام ہے۔ ایک قسم جو کسی کام کے کرنے کے لئے کھائی یا کھلائی جاتی ہے۔ **داہنے ہاتھ کو**۔ داہنے ہاتھ کی طرف **داہنی ہتھیلی کا تِل** (مذکر) دولتمندی اور سخاوت کا نشان سمجھا جاتا ہے۔

مثل۔ داہنا دھووے بائیں کو اور بایاں دھووے دائیں کو۔ ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہئے۔

داہی (ع۔ صفت) چالاک ہشیار عقلمند۔ سمجھدار۔ **داہیت** (مونث) ۱ خطرہ مصیبت ۲ اتفاقی صدمہ۔

داہی (س۔ صفت) ۱ جلانے والا ۲ تکلیف دینے والا۔

داہیم (ف۔ مذکر) ۱ تاج جس میں کلغی ہو ۲ سلطنت ۳ [illegible]

دائر (ع۔ صفت) ۱ چلنے والا پھرنے والا دورہ کرنے والا ۲ زیر تجویز۔ درپیش (دَوْر۔ دار۔ چکر کھانا) **دائر تجویز** (مونث) زیر تجویز۔ **دائر کرنا** (متعدی) چلانا۔ سلسلہ شروع کرنا۔ شروع کرنا۔ رجوع کرنا۔ **دائر (و) سائر** (صفت) ۱ پھرنے والا (ج) ۲ نافذ۔ جاری ۳ دخیل۔ باا ثر۔ **دائرہ** (مذکر) ۱ (علم ہندسہ) وہ سطح محیط جس کے بیچ میں ایک نقطہ ہو جسے مرکز کہتے ہیں اور جس سے جتنے خطوط خط محیط تک کھینچے جائیں سب برابر ہوں (بنانا بننا کے ساتھ) ۲ دور۔ محیط۔ حلقہ ۳ خانقاہ ۴ محلہ۔ ٹولہ۔ ڈیرہ ۵ ڈفلی۔ چنگ (بجانا بجنا کے ساتھ) ۶ حرفوں کی گولائی ۷ گردش کا خط۔ چکر۔ **دائرہ دار** (صفت) خانقاہ کا محافظ۔ **دائرۂ دوراں یا دیرپائے** (مذکر) آسمان۔ **دائرۂ قطبی** (مذکر) وہ فرضی خط جہاں سے منطقہ قطبی شروع ہوتے ہیں۔ **دائرہ کش** (مذکر) پرکار۔ **دائرہ کھینچنا** پرکار سے دائرہ بنانا۔ **دائرہ گرد** (مذکر) سورج۔ **دائرۂ نصف النہار**۔ دیکھو خطوط نصف النہار۔ **دائرہ وسیع ہونا** (لازم) بہت سے لوگوں سے ملاقات ہونا۔

دائِم (ع۔ صفت) ہمیشہ۔ نت۔ سدا مدام۔ **دائماً** (تف) ہمیشہ۔ لگاتار۔ برابر۔ **دائم الحبس** (صفت) ۱ وہ جسے عمر بھر کی قید ہو ۲ حبس دوام۔ عمر بھر کی قید۔ **دائم الخمر** (صفت) ہمیشہ شراب پینے والا۔ شرابی۔ **دائم المرض یا المریض** (صفت) جو ہمیشہ بیمار رہے۔ **دائم رہنا** (لازم) ہمیشہ رہنا۔ **دائم رہے** (دعا) ہمیشہ رہے۔ مدام رہے۔ **دائمی** (صفت) ۱ دیکھو دائم ۲ (مونث) دیکھو دائمیت۔ **دائمیّت** (مونث) ۱ ہمیشگی۔ مداومت۔ دوام۔ استمرار ۲ ثبات۔ قیام بقا۔ ابد۔ ازل۔

دائِن (ع۔ صفت) قرض دینے والا قرضخواہ (دَین۔ دان۔ قرض لینا)

داؤ (ہ۔ مذکر) **داوٗ** (ہ) ۱ دیکھو داؤں ۲ ایک قسم کی کلہاڑی جس کا کنارہ مڑا ہوا ہوتا ہے اور جس سے جانوروں کے لئے پتے اور ٹہنیاں کاٹتے ہیں۔ درانتی۔ **داؤ چلنا** (لازم) فریب دیا جانا **داؤ دینا** (متعدی) چال کرنا۔ فریب دینا۔ **داؤ دے گیا**۔ دھوکا کر گیا۔ **داؤ کھا گیا**۔ فریب میں آگیا۔ **داؤ کھا جانا یا کھانا** (متعدی) فریب میں آجانا **داؤگھاؤ** (مذکر) داؤ۔

داؤں (ہ۔ مذکر) ۱ چالبازی۔ فریب ۲ قابو۔ موقع۔ گھات ۳ فریب۔ دھوکا۔ چل ۴ شطرنج کی چال ۵ نوبت باری ۶ وہ چیز جو قمارباز شرط کا نشان ظاہر کرنے کو رکھدیتے ہیں ۷ شرط۔ وہ چیز جو جیتنے پر لیجاتی ہے ۸ پانسہ۔ قرعہ۔ چھ سات آٹھ نو میں ایک شمار ۹ گورکھوں اور عربوں کا قوس نما چھرا۔ گگڑی ۱۰ کشتی کا پیچ (س۔ درو۔ حرکت کرنا) **داؤں آنا** (لازم) ۱ پاسہ پڑنا ۲ باری آنا۔ **داؤں بیٹھنا** (ہ) گھات لگانا۔ **داؤں کا اڑنا** (ہ) داؤں پر لگانا۔ **داؤں پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھنا** (لازم) ۱ قابو میں آنا۔ بس میں آنا ۲ دھوکے میں آنا۔ فریب کھانا ۳ پیچ پر چڑھنا۔ **داؤں پر رکھدینا یا رکھنا** (متعدی) ۱ بازی پر لگانا۔ شرط پر رکھنا ۲ پیچ کرنا۔ **داؤں پر لگا دینا یا لگانا** (متعدی) شرط پر رکھنا۔ **داؤں پڑنا** ۱ حسب مراد پانسہ پڑنا ۲ باری آنا۔ موقع آنا۔ **داؤں پھینکنا** (متعدی) پانسہ پھینکنا۔ کوڑیاں پھینکنا۔ **داؤں پیچ** (مذکر) ۱ کشتی کے بند۔ بازی کے ڈھنگ ۲ چال۔ مکروفریب (چلانا۔ چلنا۔ کرنا کے ساتھ) **داؤں تاکنا** (متعدی) تاک یا گھات لگانا۔ موقعہ دیکھنا۔ **داؤں جانا** (لازم) قماربازی کی اصطلاح۔ معمولی شرط سے دوچند شرط لگانا۔ **داؤں چلنا** (لازم) ۱ فریب کرنا۔ فریبی۔ کارروائی کرنا ۲ کشتی کا پیچ کرنا **داؤں دینا** (متعدی) ۱ دم دینا۔ دھوکا دینا ۲ ٹھگنا ۳ پیچ دینا۔ **داؤں کرنا** (متعدی) ۱ دھوکا کرنا۔ فریب کرنا ۲ کشتی میں پیچ کرنا۔ **داؤں کھا جانا یا کھانا** (متعدی) ۱ دھوکا کھانا۔ فریب کھانا ۲ (عف) لڑکے یا عورت کا ایک بار بدفعلی کرا لینا۔ **داؤں کھیلنا** (متعدی) ۱ چل دینا۔ دھوکا دینا ۲ گھات لگانا۔ **داؤں گھات** (مذکر) ۱ خفیہ تدبیر۔ گھات حیلہ۔ پیچ۔ تاک۔ **داؤں لگانا** (متعدی) ۱ گھات لگانا۔ تاک لگانا ۲ قابو پانا۔ موقع دیکھنا ۳ شرط بدنا بازی لگانا۔ **داؤں لگنا** (لازم) دیکھو آخری۔

داؤں لینا (لازم) ۱؎ اپنی باری لینا ۲؎ موقع پاکر فائدہ
اٹھانا - داؤں مارنا (متعدی) نفع کثیر اٹھانا - داؤں
میں آنا - پھنسانا (متعدی) پھنس جانا - پھنسنا
(لازم) لانا (متعدی) فریب سے قابو میں لانا -

دائی (ھ - صفت) دینے والا -
مرکبات کے اخیر میں آتا ہے - جیسے دُکھدائی -

دائی (ہ - مونث) ۱؎ دودھ پلانے والی
اَنا ۲؎ وہ عورت جو دولھن کے ساتھ میکے سے خدمت گذاری
کے لئے آتی ہے ۳؎ جنانے کا پیشہ کرنے والی عورت ۴؎ وہ
جگہ جہاں آنکھ مچولی کھیلنے کے لئے بچے جمع ہوتے ہیں ۵؎ عورتیں
جب اپنے یا کسی کے واسطے بری بات کہتی ہیں تو یہ لفظ استعمال
کرتی ہیں (س داتر کا - دینے والی) دائی اصیل (مونث)
ملازمہ جو سب کی افسر ہو - دائی بندی (مونث)
دیکھو دائی ۲؎ دائی پلائی (مونث) انا - دودھ پلانیوالی - دائی
جنائی (مونث) قابلہ جنانے والی عورت - دائی دوا والے (مذکر) ۱؎
دائی دوا کی اولاد ۲؎ ادنےٰ قوم کے آدمی ۳؎ وہ لوگ جو حسب نسب میں ادنےٰ
ہوں اور شرافت کا دعوے کریں - دائی سے پیٹ
چھپانا (لازم) راز داروں سے عیب چھپانا - دائی کا
جی ماندا ہے - کوئی عزیز بیمار ہو تو عورتیں اس طرح
اس کی بیماری کا ذکر کرتی ہیں - دائی کو سونپنا (متعدی)
دودھ پلانے کے لئے بچے کو کسی عورت کے سپرد کرنا - دائی کو
مری کوستی ہے (عو) مجھے کوستی ہے - دائی کھلائی
(مونث) کھلانے والی عورت - دائی گری یا گیری
(مونث) جنانے کا پیشہ یا کام - قابلہ پن -

امثال و اقوال - دائی چنبیلی کے
مرزا موگرا - جہاں کوئی ادنےٰ ذات کا ہوکر اپنے آپ کو
بڑا ظاہر کرے تو کہتے ہیں - دائی جانے اپنی ہائی -
دائی کو زچہ کی تکلیف کا خیال نہیں ہوتا - اپنے آرام اور
فائدے سے مطلب ہوتا ہے - دائی دائی اونٹنی
سوا گھڑا موتنی - لمبی عورت کو مذاقاً کہتے ہیں - دائی
ری دائی تیرے سات ہوں بھائی - آنکھ مچولی
کے کھیل میں بچے کہتے ہیں - دائی سے پیٹ نہیں
چھپتا - دائی کے آگے پیٹ (کا پردہ) نہیں
چھپتا - واقفوں سے عیب نہیں چھپتا - دائی کے سر
پان پھول - غریب کو ہر طرح کا الزام لگ جاتا ہے
دائی میٹھ دادا میٹھ سر گے کون جائے - دائی
ہو میٹھی دادا ہو میٹھا تو سورگ کون جائے
جہاں ہر طرح آسام ہو اس جگہ کو نہیں چھوڑا جاتا -

دائیں (ہ - تف) سیدھے ہاتھ
کی طرف - داہنی طرف - راست (داہنا سے) دائیں
بائیں (صفت) چپ و راست - اِدھر اُدھر - دائیں
بائیں دے کر نکل جانا (لازم) دھوکا دے کر نکل جانا -
جھاولی دے کر چلے جانا - دائیں بائیں دیکھنا (لازم)
ادھر ادھر دیکھنا - ہوشیار ہونا - دائیں بائیں کر دینا
یا کرنا (متعدی) اِدھر اُدھر کر دینا - چھپا دینا - دائیں
بائیں کے ہیں - دونوں مساوی درجے کے ہیں - دائیں
ہاتھ کا کھایا حرام ہے - جب تک اپنے دعوے کو
پورا نہ کرلو تمہیں کھانا کھانا بمنزلہ حرام چیز کھانے کے ہے -
تمہیں قسم ہے جو اس طرح نہ کرو -

دَائیں (ہ - مونث) ۱؎ توپ بندوق
پٹاخوں وغیرہ کے متواتر چھوٹنے کی آواز - دنادن (آواز
کی نقل ہے) ۲؎ بیلوں کو گاہنے کے لئے باندھنا ۳؎ بیلوں
کے ذریعے اناج گاہنا ۴؎ اناج جو گاہا نہ گیا ہو (داؤں
سے) دائیں چلانا (متعدی) اناج گاہنا ۲؎ کھلیان پھیلا کر
چلانا - دائیں دائیں (مونث) دنادن -

دَائیں (ھ - مذکر جمع) ۱؎ دون کی
پہاڑ کی جائدادیں ۲؎ (مونث) برابری - ہم چشمی ۳؎ قد ماپ -
دائیں دار یا کا (صفت) برابر کا - ہم چشم -

دَائی (س - مذکر) ۱؎ تحفہ - عطیہ نذرانہ
۲؎ شادی کا تحفہ ۳؎ استری دھن ۴؎ جدی جائداد - وراثت -
ورثہ -

دَایا (ھ - مذکر) ۱؎ دائی کا خاوند ۲؎ زر
مطالبہ - حق نالش ۳؎ استغاثہ - دعوے -

دَایاں (ہ - صفت) دیکھو داہنا - دایاں
بولنا (لازم) تیتر کا داہنی طرف سے بولنا - چور اسے منحوس
سمجھتے ہیں -

مثل - دایاں پیر پاؤنگی تو گھوڑی
پیر (پاؤنگی) مناؤنگی - محنتی آدمی ہر جگہ کما لیتا ہے

دَایک (س - صفت) دینے والا -
عطا کرنے والا - مرکبات کے اخیر میں آتا ہے جیسے سکھ
دایک -

دَایہ (ہ - مونث) ۱؎ انا - دودھ پلانیوالی
۲؎ بچے کو پرورش کرنے والی عورت (س داتر کا) دایہ
گری (مونث) دایہ کا پیشہ یا کام -

دُبّ (ع - مذکر) ریچھ - دبِ
اصغر (مذکر) ایک صورت کوکبہ قطب شمالی سے
ذرا فاصلے پر -

دَب (ہ - امر) دبنا کا (س دَم چپ
کرانا) دبا (ماضی) ۱؎ دبنا کی ۲؎ امر دبانا کا ۳؎ (صفت)
گرا ہوا - سہما ہوا ۴؎ تاک لگائے ہوئے ۵؎ ڈرا ہوا -
رعب میں آیا ہوا ۶؎ قابو میں آیا ہوا - رکا ہوا ۷؎ مغلوب
شدہ - زیر - دب آنا (لازم) بڑھ آنا - آگے بڑھ آنا
دبا بیٹھنا (لازم) ۱؎ دبوچ لینا ۲؎ مال مار لینا - قبضہ کر لینا -
دبا جانا (لازم) ۱؎ نیچے آجانا - پھنس جانا ۲؎ مغلوب
ہو جانا ۳؎ (متعدی) کسی بات کو چھپانا - دبا دبایا
(صفت) دبا ہوا - دبا دینا (متعدی) ۱؎ گاڑ دینا -
۲؎ فرو کر دینا - روک دینا ۳؎ کسی بات کو چھپا دینا - دبا ڈالنا
(متعدی) ۱؎ کسی بات کو چھپا دینا ۲؎ کچل دینا - دبا رہنا
(لازم) ۱؎ کسی چیز کی آڑ میں چھپا رہنا - دبک رہنا ۲؎ مغلوب
رہنا ۳؎ ڈرنا - دبا کر (تف) جبر سے - زبردستی - حکومت
سے - دبا لینا (متعدی) ۱؎ مال مار لینا ۲؎ دبوچ لینا ۳؎
مغلوب کر لینا - دبانا ۱؎ گاڑنا - دفن کرنا ۲؎ بیج بونا ۳؎
مغلوب کرنا - زیر کرنا ۴؎ مال مارنا - قبضہ کرنا ۵؎ عاجز کرنا -
تنگ کرنا ۶؎ زور ڈالنا - دباؤ ڈالنا ۷؎ ناراض ہونا ۸؎
ٹھونسنا - زور سے بھرنا ۹؎ کمی کرانا ۱۰؎ (آگ) راکھ سے چھپانا
۱۱؎ (بات وغیرہ) چھپانا - اخفا کرنا ۱۲؎ (بدن یا حصہ) چپی
کرنا - مالش کرنا ۱۳؎ (دبا) پودے کی شاخ کو مٹی میں گاڑنا
تاکہ جڑ پکڑے ۱۴؎ (آنکھ) بند کرنا - اشارے سے منع کرنا
۱۵؎ (کان) نیچے کو کرنا - دباؤ (صفت) ۱؎ جھکا ہوا -
دبا ہوا - نیچے کیا ہوا ۲؎ جسکا بوجھ آگے کی طرف زیادہ
ہو (ٹانگا یا گاڑی) ۳؎ (ھ) ظالم - ستمگر - سخت گیر
دباؤ (مذکر) دباہٹ (ھ) ۱؎ بوجھ - زور - غلبہ ۲؎
جبر - سختی ۳؎ خوف - دہشت ۴؎ اثر - اختیار - رعب
۵؎ روک - پابندی ۶؎ عزت - حرمت ۷؎ اطاعت -
رضاجوئی - دباؤ پڑنا (لازم) ڈالنا (متعدی) ۱؎ بوجھ
ڈالنا - زور ڈالنا ۲؎ جبر کرنا - سختی کرنا ۳؎ اثر ڈالنا - رعب
ڈالنا - دباؤ کھا جانا یا کھانا (متعدی) رعب ماننا
دباؤ ماننا (لازم) ۱؎ اطاعت کرنا ۲؎ رعب ماننا -
دباؤ ہونا (لازم) ۱؎ بوجھ ہونا - زور ہونا ۲؎ رعب
ہونا - اثر ہونا ۳؎ روک ہونا - پابندی ہونا - دباونا
(ھ) دبانا - دبائی (ھ) دیکھو دباؤ - دبائے ڈالنا
(متعدی) چھپانا - پوشیدہ رکھنا - دبائے رکھنا (متعدی)
چھپا کر رکھنا - ظاہر نہ ہونے دینا - دب جانا (لازم)
۱؎ کسی چیز کے نیچے آجانا ۲؎ مغلوب ہو جانا ۳؎ رعب میں
آجانا ۴؎ ہٹ جانا - رکجانا - دب چلنا (لازم) ۱؎ مغلوب
ہو جانا ۲؎ ڈر جانا - رعب میں آجانا - دب دبا جانا
(لازم) ۱؎ کسی چیز کے نیچے آجانا ۲؎ معاملہ رفت گذشت

ہو جانا۔ دبکر (صفت) ڈر کر۔ رعب میں آکر۔ دبکر نکل جانا (لازم) بدن چرا کر یا سمٹ کر بھیڑ یا تنگ راستے سے گزر جانا۔ دبکے چلنا (لازم) کترا کے چلنا رک کے چلنا۔ دب مرنا (لازم) کسی بھاری چیز کے نیچے آکر ہلاک ہو جانا۔ دبنا (لازم) دیکھو دبانا۔ دب نکلنا (لازم) ۱۔ عاجز ہو جانا۔ پست ہو جانا ۲۔ مغلوب ہو جانا ۳۔ ڈر جانا۔ دبوّں دبوّں کرکے عیب چھپالینا یا چھپانا (متعدی) کسی بری بات کو ظاہر نہ ہونے دینا۔ دبوّں دبوّں کرنا (متعدی) کسی بات کو دبا چھپالینا۔ دبی آگ اکھیڑنا یا کریدنا (متعدی) پرانے جھگڑے کو تازہ کرنا۔ دبی بلی (مونث) مغلوب آدمی۔ ڈرا ہوا شخص۔ دبے پاؤں (تف) چھپ کے۔ چپکے سے۔ ڈرتے ڈرتے۔ دبے پر (تف) عاجز آکر۔ جب اور کچھ نہ ہو سکے۔ دبے رہنا (لازم) بوجھ کے نیچے رہنا ۲۔ مغلوب رہنا۔ دبی زبان سے (تف) آہستہ سے۔ رکتے رکتے۔ ڈرتے ڈرتے۔ مجبوراً۔

امثال واقوال۔ دبا بنیا پورا تولے۔ جب کسی پر دباؤ پڑے تو وہ حق ادا کرتا ہے۔ دبا حاکم محکوم کے تابع۔ رشوت خوار افسر ماتحتوں سے دبتا ہے۔ دبا پائی گوجری گھرا باسن لاؤ۔ کوئی قابو میں آجائے تو پورا فائدہ اٹھانا چاہئے۔ دبتے کو سب دباتے ہیں۔ غریب کو سب لوٹتے ہیں۔ دبی بلی چوہوں سے کان کٹائے۔ دبا ہوا آدمی کمزوروں سے بھی دبتا ہے۔ دبے پر چیونٹی بھی چوٹ (کاٹ کھاتی) کرتی ہے۔ تنگ آکر کمزور بھی مقابلے پر تیار ہو جاتا ہے۔ دبے پر سب شیر ہیں۔ کمزور پر سب حکم چلاتے ہیں۔ دبے مردے (اکھاڑتے ہو) کیوں اکھاڑتا ہے۔ پرانے قصے کیوں یاد دلاتا ہے۔

دَبا (ہ۔ مذکر) ۱۔ درخت کی شاخ جس کو مٹی میں دبا دیتے ہیں کہ جڑیں نکال کر نیا پودہ بن جائے (دبانا لگانا کے ساتھ) ۲۔ گھات۔ تاک ۳۔ غوطہ۔ ڈبکی (دبنا سے)۔ دبا مارنا (متعدی) گھات لگانا۔ تاک میں بیٹھنا۔

دَبازَت (ع۔ مونث) گندگی۔ گندا پن۔ موٹاپن (دَبِز۔ موٹا)

دَبّاغ (ع۔ مذکر) چمڑہ کمانے والا۔ چرم ساز (دَبغ۔ چمڑا کمانا)

دِباغَت (ع۔ مونث) چمڑہ کمانا (دَبغ۔ چمڑا کمانا)

دُبایِن (ہ۔ مونث) دُبا ذات کی عورت۔ دُبے کی بیوی۔

دَبْدَبہ (ع۔ مذکر) ۱۔ شور ۔ آواز۔ چیخ۔ غل۔ جھنکار ۲۔ رعب۔ خوف۔ ڈر ۳۔ شان و شوکت۔ طمطراق۔ شکوہ۔ شان۔ جاہ وجلال (دَبدَب چلنے کی آواز نکلنا) دبدبہ بٹھانا (متعدی) بیٹھنا (لازم) رعب جمنا۔ خوف ہونا۔ دبدبہ دکھانا (متعدی) رعب دکھانا۔

دُبدھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ شک۔ شبہ۔ احتمال ۲۔ گھبراہٹ۔ پریشانی ۳۔ وہم۔ وسوسہ (کرنا ہونا کے ساتھ)

مثل۔ دبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام۔ شکی آدمی ہمیشہ نقصان اٹھاتا ہے۔

دُبھدِیل (ہ۔ صفت) ۱۔ دو دلا۔ شک میں ۲۔ گھبرایا ہوا۔ پریشان۔

دُبُر (ع۔ مونث) ۱۔ پیٹھ۔ پشت ۲۔ کسی چیز کا پچھلا حصہ ۳۔ چوتڑ۔ گانڑ ۴۔ آخری حصہ۔ سرا ۵۔ مہینے کا آخری حصہ ۶۔ دعا کا آخری حصہ (دَبَر۔ پیٹھ پھیرنا) دُبرالشّہر (مونث) مہینے کا آخری حصہ۔ دبرالّیل (مونث) رات کا پچھلا حصہ۔

دَبران (ع۔ مذکر) چوتھی منزل۔ قمر یا نکشترے کا نام۔

دَبڑو گھُسڑو (ہ۔ صفت) ۱۔ چھپا ہوا۔ مخفی ۲۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ بودا۔ کم ہمت۔ عاجز ۳۔ مذبذب۔ شکی ۴۔ (مذکر) مصیبت۔ مشکل (دبنا اور گھسنا سے)

دَبِز (ف۔ صفت) موٹا۔ گف۔ دبیز۔ گاڑھا۔

دَبِستان (ف۔ مذکر) سکول۔ مدرسہ (دابرستان کا مخفف) دبستانی (صفت) ۱۔ سکول کا۔ سکول کے متعلق ۲۔ (مذکر) طالب علم۔

دُبسی (ہ۔ مونث) فی صدی مالگزاری جو زمینداروں کو معاف کی جاتی ہے۔

دَبَک (ہ۔ امر) ۱۔ دبکنا کا ۲۔ (مونث) ڈانٹ۔ دھمکی (س دم۔ چپ کرانا) دَبکا (امر) ۱۔ دبکانا کا ۲۔ (ماضی) دبکنا کی۔ دبک آنا (لازم) ۱۔ پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا۔ گھات میں بیٹھنا ۲۔ چھپ کے چلے آنا۔ دبکانا (متعدی) ۱۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ۲۔ روکنا ۳۔ دبانا۔ ناراض ہونا ۴۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔ دبکا ہوا (صفت) کٹا ہوا تار جو سلمے کے کام میں استعمال ہوتا ہے۔ دبک بیٹھنا یا جانا یا رہنا (لازم) دیکھو دبک آنا۔ دبکن (مونث) ۱۔ وزن جو ڈھینکلی پر دباؤ کے لئے باندھتے ہیں ۲۔ گھات۔ تاک۔ دبکنا (لازم) ۱۔ پوشیدہ ہونا۔ چھپنا ۲۔ پیٹ زمین سے لگا کر بیٹھنا۔ گھات لگانا ۳۔ لپکنا جیسے کتے کا ۴۔ جگر کانا ۵۔ ڈرنا۔ رعب میں آنا ۶۔ گڑگڑانا ۷۔ (متعدی) کوٹنا تار کو۔ دبکئی (مونث) ۱۔ سلمہ بنانے کے لئے تار کے کوٹنے کا کام ۲۔ تار کو کوٹنے کا پیشہ۔ دبکی (مونث) ۱۔ چھپنے کا فعل ۲۔ گھات۔ تاک۔ دبکیا (مذکر) وہ شخص جو سلمے کے لئے تار کوٹتا ہے۔ دبکی لگانا یا مارنا (متعدی) ۱۔ کمین گاہ میں بیٹھنا ۲۔ گھات لگانا۔ دبکیل۔ دبکیل (ہ۔ صفت) تاک لگائے ہوئے۔ تاک لگانے والا۔ دبکیلا (ہ۔ صفت) تاک لگانے والا۔

مثل۔ دبک شیرے کے مٹکے میں۔ موقع کا فائدہ اٹھانا۔ موقع ہاتھ سے نہ جانے دینا۔

دَبگر (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو چمڑے کی کپّیں ترازو۔ پیپے وغیرہ بنائے۔

دَبل (ہ۔ صفت) ۱۔ دبا ۲۔ ڈبل۔

دُبلا (ہ۔ صفت) ۱۔ پتلا۔ لاغر۔ نحیف ۲۔ کمزور۔ ضعیف۔ دبلاپا (ہ) دبلاپن (مذکر) دبلا پنا (ہ) ۱۔ لاغری۔ پتلاپن ۲۔ کمزوری۔ ضعف۔ دبلا کرنا (متعدی) دبلانا۔ دبلا ہونا (لازم) ۱۔ لاغر ہونا ۲۔ کمزور ہونا۔ دُبلائی (ہ۔ مونث) دبلاپن۔

امثال واقوال۔ دبلا کنبا سراپ کی آس۔ دبلے کلاونت کی کون سنے۔ غریب کی کوئی پروا نہیں کرتا۔ دبلے ماریں شاہ مدار۔ زور کو سب نقصان پہنچاتے ہیں۔

دَبَنگ (ہ۔ صفت) دبنگا (ہ) ۱۔ بدشکل۔ بدوضع۔ بھدا ۲۔ بدتمیز۔ بدتہذیب۔ بداخلاق ۳۔ موٹا۔ مشٹنڈا۔ قوی ۴۔ گنوار۔ اکھڑ۔ اجڈ ۵۔ بیوقوف۔ احمق ۶۔ (ف) تندرست جوان آدمی۔ دبنگی (مونث) بنی ٹھنی۔ موٹی تازی۔

دَبوچ (ہ۔ امر) دبوچنا کا۔ دبوچا (ماضی) دبوچنا کی۔ دبوچ لینا۔ دبوچنا (لازم) ۱۔ پکڑ لینا۔ قابو کر لینا ۲۔ دبانا۔ بھینچنا ۳۔ چھپانا۔ مخفی کرنا۔

دَبُور (ع۔ مذکر) پچھوا ہوا۔ بادصبا

نسیم۔

دَبُوس (ف۔ مذکر) ۱۔ عصا۔ لاٹھی ۲۔ ایک قلعہ کا نام سمرقند اور بخارا کے درمیان ۳۔ اس کے بانی کا نام ۔ دبوسہ۔

دبوس (ھ۔ مذکر) چقماق۔

دبوسا (ھ) **دبوسہ** (ف۔ مذکر) ۱۔ جہاز میں کھانے کا کمرہ ۲۔ جہاز کی کوٹھری ۳۔ جہاز کی بھٹیاری۔

دبوسنا (ھ۔ لازم) نشئی چیز پینا۔ مدہوش ہونا شراب پینا۔

دَبُونی (ھ۔ مونث) دبانے کی شین شکنجہ۔

دَبَّہ (ف۔ مذکر) ۱۔ چمڑے کا کپا۔ کپی۔ کپّا۔ **دبہ برنجی** (مذکر) تانبے کا برتن ۲۔ ریت گھڑی۔ **دبہ خایہ** (مذکر) وہ آدمی جس کے فوطے بڑے ہوں

دَبھک (ھ۔ مذکر) قحط۔ کال۔ گرانی۔ خشک سالی۔

دُبے (ھ۔ مذکر) برہمنوں کی ایک گوت جو دو وید جانتے ہیں۔

دَبیا (ھ۔ مذکر) ایک پیمانہ جو دو مٹھیوں کے برابر ہوتا ہے۔

دَبیر (ع۔ مذکر) ۱۔ مصنف۔ مولف انشاپرداز ۲۔ منشی۔ محرر۔ راقم۔ سکریٹری ۳۔ ہنڈیاں تسدیق کرنے والا افسر۔ ایک افسر (دَبَرَ۔ کتاب لکھنا) **دبیر الملک** (مذکر) سکریٹری آف سٹیٹ۔ محرر شاہی۔ **دبیر انجم** (مذکر) عطارد۔ **دبیرستان** (مذکر) ۱۔ تحریر کا مدرسہ ۲۔ نافظ خانہ۔ **دبیر صائب التدبیر** (مذکر) اچھا مصنف۔ **دبیر فلک** (مذکر) عطارد۔

دَبیز (ف۔ صفت) موٹا۔ گف مضبوط (دبز۔ موٹا ہونا)

دَبیل۔ دَبَیل۔ دُبَیل (ھ صفت) ۱۔ ماتحت۔ تابع۔ زیر حکم ۲۔ کمزور۔ ضعیف ۳۔ (مذکر) وہ چیز جو قابو میں ہو یا زیر حکم ہو (دبانا سے)

دَبیلا (ھ۔ مذکر) ۱۔ ایک دوائی کا نام ۲۔ چیتو۔

دَبیلہ (ف۔ مذکر) ۱۔ پھوڑا بدن انسان پر جو کسی دوسری بیماری کی وجہ سے ہو۔ **دبیلۂ کبد** (مذکر) جگر کا پھوڑا۔

دِبَیَہ (ھ۔ صفت) ۱۔ خالص۔ پاک ۲۔ قسم۔ سوں۔

دَبیہرا (ھ۔ مذکر) ایک لکڑی کا بڑا ہل جو لوہے کے ہل کے پیچھے لگا دیتے ہیں۔ **دبیہری** (مونث) ایک ہلکا ہل۔

دَپَٹ (ہ۔ امر) دَپٹنا کا ۱۔ دوڑ۔ سرپٹ ۲۔ حملہ ۳۔ ہلہ۔ جھپٹ۔ اردو میں دوڑ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **دپٹانا** (متعدی) **دَپٹنا** (لازم) ۱۔ سرپٹ دوڑنا ۲۔ حملہ کرنا۔ ہلہ کرنا ۳۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا۔

دَپَڑپ کرنا۔ دَپدپانا (ھ۔ لازم) چمکنا۔ **دپدپاہٹ** (مونث) چمک۔ درخشانی۔ شان و شوکت۔

دُپِنا (ھ۔ صفت) حاملہ۔

دَپو (ھ۔ مذکر) گانڑ (غف)

دَتّ (س۔ صفت) ۱۔ دیا ہوا۔ عطا کیا ہوا۔ ہبہ کیا ہوا ۲۔ ایک نام جو اکثر دیش قوم کا ہوتا ہے۔

دُت (ھ۔ حرف تحقیر) دور۔ پرے دفان۔ ہٹ۔ **دت وبک** (مونث) **یا کار** (مذکر) **یا کاری** (مونث) ۱۔ دور کرنا۔ نکال دینا ۲۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ گھرکی۔ ملامت۔ سرزنش۔ **دتکار** (نلاہ) **دت کرنا** (متعدی) ۱۔ دور کرنا۔ نکال دینا ۲۔ ڈانٹنا۔ گھرکنا۔ جھڑکنا۔

دُتا (ھ۔ مذکر) ۱۔ نکال دینا دُت کہہ کر ۲۔ دھوکا۔ دغا۔ فریب۔ مکر۔ **دتا دینا** (متعدی) ۱۔ نکال دینا ۲۔ دھوکا دینا۔ دغا کرنا۔

دُتانا (ھ۔ متعدی) ۱۔ نیچے رکھنا۔ تابع رکھنا۔ دبائے رکھنا ۲۔ ڈانٹنا۔ دھمکانا ۳۔ گھرکنا۔ ملامت کرنا۔

دَتَرا (ھ۔ مذکر) لکڑی کا بڑا پنجہ جس سے گھاس اکٹھی کرتے ہیں۔

دَتک پتر (ھ۔ مذکر) بیٹا جو دوسرے نس کر متبنٰی بنانے کے لئے دیا جائے۔

دَتنا (ھ۔ متعدی) ۱۔ سامنے ہونا مقابل ہونا ۲۔ مقابلہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ لڑنا ۳۔ بحث کرنا

دَتَوَن (ہ) **دَتَوَن۔ دُتَون** (ھ۔ مذکر) داتن۔ **دتون کرنا** (متعدی) مسواک کرنا

دَتوئی (ھ۔ مونث) وہ زمین جس میں گذشتہ فصل میں مکی یا باجرا بویا گیا ہو۔

دَتی (س۔ مونث) ۱۔ تحفہ۔ عطیہ۔ بھینٹ۔ نذر ۲۔ (ھ) مقابلہ۔ جوڑ۔ ہمسر۔ ہم چشم۔

دُتی (ھ۔ مونث) ۱۔ روشنی۔ نور ۲۔ چمک دمک۔ بھڑک ۳۔ خوبصورتی۔ حسن ۴۔ دشمنی حسد ۵۔ دیکھو دوتی۔

دُتیا (ھ۔ مونث) چاند کی دوسری تاریخ بدی یا سدی ۲۔ (صرف ونحو) حالت مفعولی یا لسبی۔

دِثار (ع۔ مذکر) ایک کپڑا جو شعار کے اوپر پہنا جائے ۲۔ عادت۔ معمول۔ رسم۔

دُرّج (ع۔ مذکر) تیتر۔ بٹیر۔ **درج الامیر** (مذکر) مرساساگ۔

دَجاج (ع۔ مذکر) مرغی۔ مرغا۔ **دجاج الارض** (مذکر) جنگلی مرغ۔ **دجاج الماء** (مذکر) چپا۔ ڈبا۔ **دجاجہ** (مونث) ۱۔ مرغی ۲۔ ایک صورت کوکب۔

دَجّال (ع۔ صفت) ۱۔ یک چشم کانا ۲۔ ایک شخص جو مسلمانوں کے عقائد کے بموجب قیامت کے قریب خروج کرے گا اور مسیح ہونے کا دعوے کرے گا۔ مسیح کذاب ۳۔ جھوٹا یا دغاباز آدمی۔ (دَجَل۔ سچائی کو چھپانا)

دَجن (ع۔ مذکر) ۱۔ سایہ بادل کا ۲۔ بے انتہا بارش۔

دَجیٰ (ع۔ مونث) تاریکی۔

دَچ (ھ۔ مذکر) مکان۔ جھونپڑا۔

دَچھ (ھ۔ صفت) ۱۔ عالم۔ فاضل ودیا دان ۲۔ چالاک۔ ہشیار۔

دَچھن۔ دَچّھن (ھ۔ مذکر) جنوب دکن۔ **دچھناین** (مذکر) سورج کا خط استوا سے نیچے جانا۔ راس الجدی۔

دَچھنا (ہ۔ مونث) تحفہ۔ عطیہ۔ نذرانہ۔ انعام جو برہمنوں کو تیوہاروں یا خاص خاص موقعوں پر دیا جاتا ہے (س وکشنا)

دَحدَح (ع۔ صفت) ۱۔ موٹا ۲۔ مضبوط۔

دَحیَت (ع۔ مذکر) سردار۔ افسر (دَحَیٰ۔ پھیلانا)

دَحیق (ع۔ صفت) ۱۔ ہٹایا ہوا فاصلہ پر ۲۔ دور۔ فاصلے پر۔

دَخ (ف۔ صفت) ۱۔ اچھا۔ نفیس ۲۔ لائق۔ قابل۔ موزوں ۳۔ جماعت۔ گروہ۔ فوج

قطار آدمیوں کی ۲ روح کسی چیز کی۔
دُرخ (ع ۔ مذکر) دھواں ۔
دُرخ (ف ۔ مونث) ۱ بیٹی ۔ دختر
۲ ایک آبی پودہ جسکی چٹائیاں بناتے ہیں ۔
دُخان (ع ۔ مذکر) ۱ دھواں ۲
بھاپ ۳ تمباکو کا دھواں (دَخن ۔ دھواں دینا)
دخانی (صفت) ۱ دھوئیں کا ۔ دھوئیں کے متعلق
دھوئیں سے پُر ۲ بھاپ کا ۔ بھاپ کے متعلق ۳ وہ چیز
جو دھوئیں یا بھاپ سے چلے ۔ دخانی جہاز (مذکر)
وہ جہاز جو بھاپ کی طاقت سے چلے سٹیمر ۔ دخانی
کشتی (مونث) وہ کشتی جو بھاپ کی طاقت سے چلے ۔
دُخت (ف ۔ مونث) ۱ بیٹی ۔
دختر ۔ لڑکی ۔ بنت ۔ کنیا ۲ دوشیزہ لڑکی ۔ کنواری
لڑکی ۳ طاقت ۔ قابلیت ۴ نفرت ۔ حقارت ۔
دختر (مونث ، دیکھو دخت ۱۔۲۔۳ (پہلوی دُخت
ژند ۔ دُگدھتر ۔ س دُہتر) دخترِ آفتاب (مونث)
سرخ شراب ۔ دختران (مونث) دختر کی جمع ۔ دخترِ
پاک اختر یا پاکیزہ جوہر (مونث) عالی خاندان
عورت ۔ امیرزادی ۔ دخترِ تاک یا رز ۔ دختِ
رز (مونث) شراب انگور ۔ دخترِ ربیبہ (مونث)
سوتیلی بیٹی ۔ دخترِ روزگار (مونث) زمانے کے
نشیب و فراز ۔ دخترِ عمران (مونث) حضرت
مریم ۔ دخترِ عنب (مونث) شراب ۔ دخترانِ
نعش (مونث) دب اکبر و اصغر ۔ دخترک (مونث)
چھوٹی بیٹی ۔ چھوٹی لڑکی ۔ دخترندر (مونث) سوتیلی
بیٹی ۔ دخترہ (مونث) ۱ کنوارپن ۔ بکارت ۲ مہر
دختری (مونث) دیکھو دخترہ ۱ (مذکر) نبیرہ نواسہ
دخترینہ (مونث) قابل شادی لڑکی ۔ دختندر (مونث)
سوتیلی لڑکی ۔ دختینہ (مونث) قابلِ شادی لڑکی ۔
دَخدار (ف ۔ مذکر) ایک سفید و
سیاہ کپڑا جو قدیم شاہانِ ایران کے تخت پر بچھایا جاتا تھا ۔
دَخل (ع ۔ مذکر) ۱ رسائی ۔ پہنچ ۲
قبضہ ۔ تصرف ۳ ترقی تعلیم میں ۔ علم ۔ کمال ۴ سمجھ اور ساکہ
فہم ۵ امکان ۶ مجال ۔ طاقت ۔ قوت ۷ اثر ۔ تاثیر
۸ مہارت ۔ قابلیت ۔ واقفیت ۹ شدید ۱۰ اختیار ۱۱
مداخلت ۔ دست اندازی ۱۲ آمدنی ۔ یافت ۔ حصول
فائدہ ۔ نفع (دَخل ۔ اندر جانا) دخل پانا (لازم) ۱
رسائی ہونا ۔ باریابی ہونا ۲ قبضہ ملنا ۔ دخل تام رکھنا
(متعدی) مکمل طور پر جاننا ۔ پورا ماہر ہونا ۔ دخل دار

(مذکر) ۱ وہ شخص جس کو اجازت ہو ۲ حصہ دار ۳ معاون
دخلدان (مذکر) گلہ ۔ دخل در معقولات کسی معاملے
میں خواہ مخواہ مداخلت ۔ بیچ میں بولنا (دینا کرنا ہونا
کے ساتھ) دخل دہانی (مونث) قبضہ دلانا ۔ قابض
کرنا ۔ دخل دینا (متعدی) بیچ میں بولنا ۲ دست
اندازی کرنا ۔ مداخلت کرنا ۳ بیچ میں پڑنا ۴ قبضہ دینا
دخل رکھنا (متعدی) ماہر ہونا ۔ کامل ہونا ۔ دخل
کرنا (متعدی) ۱ قبضہ کرنا ۔ تصرف کرنا ۲ مداخلت کرنا
دست اندازی کرنا ۔ دخل لینا (متعدی) قبضہ لینا
دخل میں کرنا (متعدی) ہونا (لازم) قبضے میں
ہونا ۔ دخلنامہ (مذکر) قبضے کی سند یا حکم ۔ پروانہ
دخلیابی ۔ دخل وخرچ (مذکر) آمدنی وخرچ ۔ دخل
وقبضہ (مذکر) قبضہ ۔ ملکیت ۔ دخلی (مونث)
اجازت ۔ داخلہ ۔ دخل یابی (مونث) ۱ قبضہ ۔
تصرف ۲ رسائی ۔ پہنچ ۔
دَخم ۔ دخمہ (ف ۔ مذکر) ۱ آتش
پرستوں کا مردوں کا مینار ۲ قبر ۳ مقبرہ ۴ تابوت ۔ صندوق
۵ وہ گوشت جو اونٹ کے منہ سے مستی کے وقت نکلتا ہے ۔
دَخُور (ع ۔ مذکر) ۱ چھوٹاپن ۲ کمینہ
پن ۔ بدی ۳ ترحم ۔ رحم ۔
دُخُول (ع ۔ مذکر) ۱ دخل ۲ گھسنا ۔
اندر جانا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۳ فرج ۔ جائے مخصوص ۔
۴ آمدنی ۔ دخول وخروج (مذکر) اندر آنا ۔ باہر جانا ۔
گھسیڑنا یا باہر نکالنا ۔
دَخِیل (ع ۔ صفت) ۱ دخل دینے
والا ۔ مداخلت کرنے والا ۲ باریاب ۔ پہنچنے والا ۳
قابض ۔ متصرف ۴ بے تکلف ۔ واقفکار ۵ مستعمل ۔ اختیار
کردہ (لفظ) ۱ جسے داخل ہونے کی اجازت ہو ۲ (مذکر)
قابض شخص ۳ وہ جس کا کسی کام عہدے یا نوکری پر پورا
دخل ہو ۴ مہمان ۵ بے تکلف دوست ۔ ہمراز ۔ ہمدم ۶
شریک جرم ۷ وہ شخص جو دخل دے ۸ غیر زبان کا لفظ
جو عربی میں مستعمل ہو ۹ (علم عروض) وہ حرف جو الف
تاسیس کے بعد نظم میں آئے (دَخَل ۔ اندر جانا) دخیل
کار (صفت) ۱ کاروبار میں دخل دینے والا ۔ سربراہ
کار ۲ صلاح کار ۔ مشیر ۔ شریک رائے ۔ مصاحب ۳ ایک
قسم کا کاشتکار جس کا قبضے کا حق ہوتا ہے ۔ دخیل کاری
(مونث) قبضہ ۔ تصرف ۔ دخیل کرنا (مذکر) ۱ قبضہ
لینے کی اجازت دینا ۔ قبضہ دلانا ۲ داخل ہونے کی اجازت
دینا ۔ دخیل ہونا (لازم) ۱ قبضہ کرنا ۲ مداخلت

کرنا ۳ مستعمل ہونا لفظ کا ۴ مزاج پر قابو پانا ۔
دَد (ف ۔ مذکر) درندہ ۔ دد و دام
(مذکر) درند و چرند ۔
دَدَ (ع ۔ مذکر) ۱ کھیل ۔ تماشا ۲ وقفہ
وقت ۔
دُدَ (س ۔ مذکر) ایک پہاڑ کا نام ۔
دُدا (ف ۔ مونث) وہ عورت جو
بچوں کی پرورش کے واسطے ملازم ہو ۔ اتا ۔
دَدَا (ت ۔ مذکر) دادا ۔ ایک خطاب
جو عموماً درویشوں کو دیا جاتا ہے ۔
دَدرُو (س ۔ مذکر) داد ۔
دَوری (ہ ۔ مونث) چنے جو جنکو
بھون کر کھاتے ہیں ۔
دَدکنا (ہ ۔ لازم) دھدھکنا ۔
دَدلانا (ہ ۔ متعدی) ڈانٹنا ۔ دبکانا
دَدوڑا (ہ ۔ مذکر) وہ دانہ جو کسی
کیڑے کے کاٹنے یا فساد خون سے بدن پر ہو جائے ۔
(داد سے)
دَدہار ۔ دَدہاری (ہ ۔ صفت)
دودھ دینے والی ۲ (مونث) دودھ دینے والی گائے
بھینس یا بکری ۔
دُدھڑ (ہ ۔ مونث) دودھڑ کا مخفف
۱ دوطرفہ کارروائی ۲ تذبذب ۔
ددھکنا (ہ ۔ لازم) دیکھو دھدھکنا
دَدھی (س ۔ مذکر) دہی ۔
دِدھی (س ۔ مونث) ۱ دل کی
مقررہ حالت یا پکاپن ۲ استواری ۔ استحکام ۔ پائیداری
مضبوطی ۔
دُدھی (ہ ۔ مونث) ۱ ایک بوٹی جس
میں سے دودھ نکلتا ہے جسے عورتیں خال بنانے کے لئے
استعمال کرتی ہیں ۲ ایک قسم کا سفید اور سرخ پتھر ۳
چاک ۔ چاک کی پنسل ۴ پستان ۔
دَدھیال (ہ ۔ مذکر) دادا کی اولاد
دادا کا خاندان ۔
دُدھیل ۔ دُدھیلن (ہ ۔ صفت)
دیکھو دودھار ۔
مثل ۔ ددھیل گائے کی دو
لاتیں بھی بھلی (سہی جاتی ہیں) جس سے نفع
پہنچے اس کی سختی بھی برداشت ہو جاتی ہے ۔
دَدِیا (ہ ۔ صفت) ۱ دادا کا ۲ دادا

کے متعلق ۳ دادا کا رشتہ دار - ددیا خسر - سسر
یا سسرا (مذکر) بیوی یا شوہر کا دادا - ددیا ساس
(مونث) بیوی یا شوہر کی دادی - ددیال (مذکر)
۱ دیکھو ددھیال ۲ شجرہ نسب یا نسب نامہ -
دَڈُوکنا (ھ - لازم) ۱ ڈکارنا - دھاڑنا
گرجنا -

دَر (ف - مذکر) ۱ دروازہ - پھاٹک ۔
دہلیز ۲ مضمون ۳ طریقہ - ذریعہ - رستہ ۴ قسم - نوع ۵ وجہ
درجہ - باری ۶ (ف) پہاڑ کا رستہ ۷ وادی ۸ دامن
پہاڑ ۹ پہاڑ کی چوٹی ۱۰ ایک جنگلی پرند ۱۱ مچھر ۱۲ چھو - ایک
قسم کا سیاہ بیر ۱۳ ژند کا ایک باب - درِ آسمان (مذکر)
کہکشاں - در اٹھانا (مت) دروازہ لگانا - دربار
دیکھو علیحدہ - دربان (مذکر) چوکیدار - سنتری - پہریدار
ڈیوڑھی بان - دربانی (مونث) ۱ چوکیداری - پہرا -
۲ ڈیوڑھی بان کا پیشہ - دربچہ (مذکر) دروازے کے
اندر چھوٹا دروازہ - دربدر (صفت) ایک دروازے
سے دوسرے دروازے پر - آوارہ - سرگشتہ (پھرانا
پھرنا ہونا کے ساتھ) دربدر خاک بسر پھرنا (لازم)
آوارہ اور سرگرداں پھرنا - کہیں ٹھکانا نہ ہونا - دربند
(مذکر) ۱ دروازے کا بند ہونا ۲ زنجیر - کنڈی ۳ پہاڑی
درہ جس سے گزر بہت مشکل ہو ۴ وہ سڑک جس پر
ڈاکے پڑیں ۵ علاقہ جس میں ملک کی حفاظت کے لئے
فوج رکھی جائے ۶ بحیرۂ کیسپین کے ساحل پر دامن کوہ قاف
میں ایک قلعہ - دربند کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
دروازہ بھیڑنا - دربندی (مونث) ۱ تلاشی سے
پہلے مکان کے دروازوں کو بند کر دینا ۲ قید - حراست ۔
(کرنا ہونا کے ساتھ) در پر پڑنا (لازم) کسی کے
پاس پناہ لینا - درپیچ (مذکر) دروازے کے اندر
پردہ یا دیوار - درِ توبہ باز (وا) ہے - انسان
ہر وقت توبہ کر سکتا ہے - درخانہ (مذکر) شاہی محل -
قصر - دردر (تف) دیکھو دربدر - در در پھرنا
(لازم) مارا مارا پھرنا - در در ٹھوکریں کھانا (متعدی)
کھلوانا (مم) ۱ مارا مارا پھرانا - ایسی حالت میں
کر دینا کہ بھیک مانگتا پھرے ۲ ذلیل کرنا - در در
لئے پھرنا (لازم) ساتھ ساتھ آوارہ پھرنا - در
در مانگتے پھرنا (لازم) ہر کسی سے مانگنا - مانگ
مانگ کر گزارا کرنا - در در مانگنا (لازم) بھیک
مانگنا - لوگوں کے دروازے پر مانگنا - درِ دولت
(مذکر) بادشاہ یا رئیس کا مکان - درزن (مذکر)

۱ کھٹکا - کنڈی ۲ دیکھو علیحدہ - درکا بندہ (مذکر)
ہر وقت حاضر رہنے والا نوکر یا کوئی اور شخص - غلام
درکا کتا (مذکر) کسی کے گھر سے لے کر کھانے والا
شخص - دروازہ (مذکر) دیکھو علیحدہ - درواں
دروانی (مونث) دیکھو دربان و دربانی - دروا
ہونا (لازم) دروازہ کھلنا یا کھلا ہونا - در و دیوار
(پر نظر کرنا) دیکھنا (متعدی) سخت گھبراہٹ
میں ہونا - انتظار کی پریشانی میں ہونا - گھبرا کر چاروں
طرف دیکھنا - در و دیوار سے (تف) ہر جگہ سے
ہر طرف سے - در و دیوار سے باتیں کرنا (متعدی)
دیوانوں کی طرح خود بخود بکنا - در و دیوار کان رکھتے
ہیں - بھید کو چھپانا چاہئے کسی کو بھید کی بات نہیں
کہنی چاہئے -

دَر (ف - حرف جر) ۱ میں - اندر
۲ پر - اوپر ۳ کا متعلق ۴ سے - لئے ۵ نزدیک - قریب
۶ کو - ۷ تک - مطابق ۸ سامنے - موجودگی میں ۹ بر
خلاف ۱۰ ساتھ ۱۱ نیچے ۱۲ بعد ۱۳ آخر کار ۱۴ باہر - باہر کا
۱۵ (امر) دریدن سے - پھاڑ ۱۶ مرکبات میں پھاڑنے والا -
درآمد (مونث) ۱ وہ مال جو باہر سے ملک میں آئے ۲
آمدنی ۳ اندر آنا ۴ واپسی حکمنامہ ۵ حکمنامے کی تعمیل کی
اجرت کا حساب - درآمد برآمد (مونث) ۱ آمد و رفت
آنا جانا ۲ آمد خرچ - درآمد برآمد کے دن (مذکر)
موسم بدلنے کا وقت - درآمد ہونا (لازم) ۱ آنا پہنچنا
داخل ہونا ۲ آمدنی ہونا - درآنا (لازم) ۱ اندر آنا -
داخل ہونا ۲ کسی چیز کا کسی چیز میں داخل ہونا ۳ کامیاب
ہونا - برآنا ۴ کسی معاملے میں پڑنا - درآنجا (تف) اس
جگہ میں - وہاں - درآں حالیکہ (تف) اس صورت
اس حال میں - حالانکہ - درآں روز - اس دن ۔
دراجارہ (مذکر) شکمی پٹہ - دراجارہ دار (مذکر)
شکمی آسامی - دراصل - اصل میں - واقعی - درانداز
(مذکر) دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا - بدگو - چغلخور
دراندازی (مونث) ۱ دو آدمیوں میں لڑائی کروانا
بدگوئی چغلخوری ۲ بے جا مخالفت (کرنا ہونا کے ساتھ)
درائی (مونث) دیکھو علیحدہ - درباب ۱ نسبت
بابت ۲ سبب - معاملہ - دربارہ (صفت) نسبت -
بابت - دربر (صفت) ۱ اوپر ۲ پہن کر (کرنا ہونا کے
ساتھ) در (و) بست (مذکر) بالکل - تمام - در
بستہ (صفت) بندھا ہوا - جکڑا ہوا - درتپنی (مونث)
تپلی پٹہ - درتپنی دار (مذکر) شکمی آسامی - درپردہ

(تف) ۱ خفیہ طور پر - پوشیدہ ۲ غائبانہ - پیٹھ پیچھے - درپے
(تف) گھات میں - پیچھے - خواہاں (رہنا کرنا ہونا کے
ساتھ - آزار و تضحیک - جان - نقصان وغیرہ سے پہلے)
درپیش ۱ سامنے - روبرو - آگے ۲ زیر بحث - زیر
تجویز - (رہنا کرنا - لانا - ہونا کے ساتھ) درپیش آنا
(لازم) لاحق ہونا - درحال ۱ آجکل - موجودہ وقت
میں - اب ۲ فوراً - جلدی ہی - درحالیکہ - درحالیکہ
اس حالت میں - اس صورت میں - یہ لحاظ کر کے موجودہ
حالت میں - درحقیقت (تف) حقیقت میں - اصل
میں - درحوالہ (مذکر) دیکھو دراجارہ - درخواست
(مونث) ۱ التماس - گزارش ۲ عرضی - عرضداشت
سوال ۳ خواستگاری - آرزو - تمنا (کرنا گزارنا - ہونا
کے ساتھ) درخواست بھیجنا (متعدی) عرضی بھیجنا
درخواست دینا (متعدی) ۱ عرضی بھیجنا ۲ نالش
کرنا - درخواست سرسری (مونث) مجمل درخواست
درخواست کنندہ (صفت) عرضی بھیجنے والا -
درخواست کرنے والا - درخور (صفت) ۱ لائق -
قابل - سزاوار ۲ دخل - رسائی - پہنچ - درخور محفل
(صفت) محفل کے قابل - مجلس کے قابل - درخوش
(مذکر) ۱ محبت - عیش ۲ آرزو - خواہش - تمنا - در
دست (تف) ہاتھ میں - قبضے میں - درزنجیر
(صفت) قید - گرفتار - درصورت (تف) ۱ بالفرض
بحالت - ایسی حالت میں ۲ صورت میں - شکل میں -
درکار (صفت) ضروری - مطلوب (ہونا کے ساتھ)
درکنار (صفت) ۱ علاوہ - جدا - علیحدہ - الگ - ایک
طرف ۲ بغل میں - ہم بغل (کرنا ہونا کے ساتھ) در
کی بھیک پر اوقات ہونا (لازم) کسی کی مدد
سے زندگی بسر ہونا - درگزر (مونث) معافی - چشم
پوشی (کرنا ہونا کے ساتھ) درگزرنا (متعدی) طرح
دینا - معاف کرنا - چشم پوشی کرنا - درگزرے
چھوڑ دیا - باز آئے - درگرفت (مونث) پکڑنا
لینا - گرفتار کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) درگور (عو)
مرجا - غارت ہو - قبر میں جا - دور ہو - دفان ہو (کرنا
ہونا کے ساتھ) درگور جھائیں پھوئیں - جب
کوئی کام کرنا منظور نہ ہو تو عورتیں یہ فقرہ کہتی ہیں -
درگیر (صفت) ۱ پکڑنے والا ۲ نشان کرنے والا - موثر -
۳ جلنے والا - درلانا (متعدی) ۱ اندر یا نیچے لانا ۲ شامل
کرنا - درماہا (ھ) ماہیہ (مذکر) ماہوار تنخواہ - مشاہرہ
درمیان (مذکر) دیکھو علیحدہ - دَرول (مذکر) ۱ اندر

بھیتر ۲ دل - انتڑیاں ۳ (حرف جر) میں - بیچ - اندر
درونِ خانہ (مذکر) گھر کا اندر - زنانہ - درونہ
(مذکر) ۱ اندر کا حصہ ۲ دل - درونی (مونث) ۱
اندرونی ۲ اصلی - دری (مونث) پھاڑنے کا فعل.
مرکبات میں جیسے عصمت دری - دریافت (مونث)
دیکھو علیحدہ -

امثال و اقوال - درآرد طمع

مرغ ماہی بہ بند - لالچ بری بلا ہے مصیبت میں
گرفتار کرا دیتا ہے - در بیشہ گماں مبر کہ خالیست.
شاید کہ پلنگ خفتہ باشد - ہر وقت دشمنوں کی
طرف سے ہوشیار رہنا چاہئے - درخانہ اگرکس است
حرفش بس است - اگر عقل ہو تو انسان ایک حرف
سے مطلب سمجھ لیتا ہے - درخانۂ بینوا چہ پیچ و چہ
شش - غریب کے گھر میں کچھ بھی نہیں ہوتا - در
خانۂ مور شبنم طوفان است - غریب کے لئے معمولی
تکلیف بھی بہت ہے - در دست دیگریست خزان
و بہار ما - ہماری خوشی اور غمی دوسرے کے ہاتھ میں
ہے - در رہِ منزلِ لیلے کہ خطرہاست بجاں.
شرط اول قدم آنست کہ مجنوں باشی حصول
مقصد میں وہی کامیاب ہوتا ہے - جو سب کچھ چھوڑ کر
اسی بات کے پیچھے لگ جاتا ہے - در طریقت ہر
چہ پیش آید خیر اوست - فقیری میں جو حالت
ہو بہتر ہے - در عفو لذتیست کہ در انتقام
نیست - معاف کرنا انتقام لینے سے بہتر ہے - در
عمل کوش ہر چہ خواہی پوش - اعمال اچھے ہونے
چاہئیں - چاہے لباس کچھ پہنے - در کار خیر حاجت
ہیچ استخارہ نیست - اچھے کام میں دیر نہیں
کرنی چاہئے -

دَر (ہ - مذکر) ۱ قیمت - بھاؤ -
نرخ ۲ قدر - منزلت (س در - عزت کرنا) در
بندی (مونث) گاؤں کے مختلف نرخوں کی فہرست
۲ نرخ جن پر مالگزاری کی تجویز ہو ۳ فصل کی قیمت
مقرر کرنا - در پڑنا (لازم) نرخ مقرر کرنا قیمت
مقرر کرنا - در جانا (لازم) قدر و منزلت جاتے
رہنا - در کٹی (مونث) حساب تجارت -

دَر (س - مذکر) ۱ دراڑ - شگاف
چیر - چاک ۲ گڑھا جس میں پودا لگاتے ہیں ۳ غار - سوراخ -
۴ کوڑی سنکھ -

دُر (ہ - حرف تحقیر) ۱ دور کا مخفف -
دور ہو پرے ہٹ - دفان ہو - نکل ۲ ہونا کتے کو کہتے ہیں
۳ ہندی مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - جیسے دُرباسی
دردر آنا (متعدی) نکال دینا - دور دور کرنا - دردر
(پھٹ پھٹ) (مونث) لعنت - ملامت -
دردر (پھٹ پھٹ) کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
۱ نکال دینا - دور کر دینا ۲ نفرت ہونا - حقارت کی نظر
سے دیکھا جانا - درموئے (کلمہ حقارت) (عو) دور
ہو کمبخت - ہٹ موئے - درہو - دفع ہو - چل
ہٹ -

دُر (س - صفت) دُس کی بجائے
حروف علت یا نرم حروف صحیح کے پہلے مرکبات میں
استعمال ہوتا ہے ۱ برا - خراب ۲ شریر - بدچلن ۳ قابل
حقارت یا نفرت ۴ سخت مشکل - مشکل سے ۵ تکلیف
دہ - آزار دہ ۶ کم درجہ کا - گھٹیا ۷ (مذکر) بڑا جرم - بری
شرارت - ۱ - دربُدھ (صفت) کم عقل - بیوقوف
سادہ لوح - دربُدھی (مونث) کم عقلی - بیوقوفی -
دربَل (صفت) ۱ کمزور - ضعیف - تھوڑی طاقت
والا ۲ دبلا - لاغر ۳ بیمار - مریض ۴ کھوٹا - چھوٹا ۵ (مذکر)
نامرد آدمی ۲ ایک پرندہ - درجن (مذکر) برا آدمی
بدمعاش - دردشا (مونث) ۱ بری حالت - گت ۲
بدنامی - خرابی (کرنا ہونا کے ساتھ) دردم (صفت)
جو مشکل سے فتح ہو سکے - دردمن (صفت) ناقابل
تسخیر - دردُھر (صفت) ۱ ناقابل برداشت ۲ جو
نہ رک سکے یا نہ روکا جا سکے دردھرش (صفت) ۱ ناقابل
گزر - خطرناک ۲ ناقابل تسخیر ۳ جو کھنچا رہے - مغرور -
متکبر دکامی (صفت) بدکار - بدچلن -
درگت (مونث) دیکھو علیحدہ - درگتی (مونث)
۱ بری حالت - غربت - افلاس ۲ کمینہ پن - پست ہمتی
۳ مشکل راستہ ۴ مشکل موقعہ ۵ دوزخ - نرک - درگم
(صفت) ۱ جس پر مشکل سے سفر کیا جا سکے - ناقابل گزر ۲
جو نہ مل سکے ۳ جو مشکل سے سمجھ میں آ سکے - مشکل - عمیق -
ادق ۴ (مذکر) مشکل موقع درگندھ (صفت) ۱ بد
بودار - متعفن ۲ (مذکر) بدبو - عفونت - درمد (مذکر)
۱ برا خیال ۲ احمقانہ غرور یا تکبر ۳ (صفت) مدہوش -
تند - دیوانہ - مفتون - درمکھ (صفت) ۱ بدشکل
بدصورت ۲ بدزبان - گندہ دہن ۳ (مذکر) گھوڑا ۴ سانپ
۵ مشتری کے قرن کا ۲۹ واں سال - درواش (صفت)
۱ بری پوشاک والا ۲ ننگا -

دُرّ (ع - مذکر) ۱ موتی - گوہر ۲ کان
میں پہننے کا ایک زیور (دَرّ - دودھ بہت دینا) در
افشاں (صفت) ۱ موتی بکھیرنے والا ۲ خوش بیان -
درافشانی (مونث) ۱ موتی بکھیرنا ۲ خوش بیانی -
دربار (صفت) موتی برسانے والا - دربچہ (مذکر)
کان میں پہننے کا ایک موتی کا زیور - گوشوارہ - درۃ
التاج (مذکر) ۱ بادشاہوں کے تاج کا موتی ۲ قیمتی
موتی - درخوش آب (مذکر) ۱ نہایت آبدار
موتی ۲ عمدہ شعر - عمدہ مضمون - دردانہ (مذکر)
موتی کا ایک دانہ - دردانۂ نار (مذکر) خون کا
قطرہ - در درگوش (صفت) کانوں میں موتی پہنے
ہوئے - درریز (صفت) ۱ موتی بکھیرنے والا ۲
خوش بیان - درریزی (مونث) خوش بیانی -
درِ شہوار (مذکر) بادشاہوں کے قابل موتی بہت
بڑا موتی - درِ ناسفتہ (مذکر) ۱ انچھا موتی ۲ کنواری
عورت - دوشیزہ - درِ نایاب (مذکر) ۱ بے مثل
موتی ۲ فرزند - درِ نجف (مذکر) ۱ ایک قسم کا
پتھر ہے جس میں بال نظر آتے ہیں - شیعہ اسے مقدس
سمجھتے ہیں ۲ شریف - نجیب - درِ یتیم یا یکدانہ
(مذکر) بڑا آبدار موتی - دُرہا (جمع) در کی - درہائے
بیضا (مذکر) ۱ سفید موتی ۲ ستارے ۳ بجلی -

مثل - درِ یتیم را ہمہ کس مشتری
بود - اچھی چیز کے سب طالب ہوتے ہیں -

دَرا (ف - مذکر) ۱ گھنٹہ - جرس
۲ مرکبات میں بمعنی دروازہ - جیسے سرا ۳ رستہ -
درہ -

دَرابی (ہ - مذکر) خچربان - خچر
چلانے والا -

دُرّاج (ع - مذکر) چغلخور - کانا
پھوسی کرنے والا (دَرَج - چغلی کھانا)

دُرّاج (ع - مذکر) ۱ تیتر ۲ ایک
مقام کا نام -

دَراجہ (ف - مذکر) ایک عبا جو
ایرانی باہر جاتے ہوئے کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں

دَرار - دَراڑ (ہ - مونث)
۱ شگاف - درز - تریڑ (آنا - پڑنا کے ساتھ)
(س دَر)

دَرارہ (ف - مذکر) دیوث -
قرمساق - بھڑوا -

دَراز (ف - صفت) ۱ لمبا - طویل
۲ پھیلا ہوا - درازدست (مذکر) ۱ لمبے ہاتھوں

والا ۲ ظالم ۔ سفاک ۔ زبردست ۔ بے انصاف ۳ بہمن کا لقب ۔ **درازدستی** (مونث) ظلم ۔ ستم ۔ بے انصافی ۔ زبردستی (کرنا ہونا کے ساتھ) **درازرود** (مذکر) اصفہان کے پاس ایک دریا ۔ **درازریش** ۔ (صفت) لمبی داڑھی والا ۔ **درازقد** (صفت) لمبے قد کا ۔ طویل ۔ **درازگوش** (صفت) ۱ بڑے کانوں والا ۲ گدھا ۔ خرگوش ۔ **درازکرنا** (مذکر) پھیلانا **درازہونا** (لازم) ۱ لیٹنا ۔ سونا ۲ عمر بڑی ہونا ۔ **درازی** (مونث) ۱ لمبائی ۔ طوالت ۲ لمبا ہونا ۳ مرکبات کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے دست درازی ۔

دَراز (انگ ۔ مذکر) لفظ ڈرائر کا بگڑا ہوا ۱ نیچے پہننے کا تنگ پاجامہ ۲ صندوق یا میز کا خانہ ۔

دِراسَت (ع ۔ مونث) ۱ پڑھنا مطالعہ ۲ سبق ۔ لکچر ۔ تعلیم (دَرس ۔ پڑھنا)

دُرّاعَت (ع ۔ مونث) ایک سوتی یا اونی عبا جو مرد عورتیں کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں ۲ سپاہیوں کا کوٹ ۔

دَرّاک (ع ۔ صفت) ذہین ۔ ہوشیار ۔

دَرّاکت (مونث) **دراکہ** (مذکر) ۱ عقل ۔ سمجھ ۲ (صفت) بڑی سمجھ والا ۔

دِراک (ع ۔ مذکر) ایک دوسرے کے پیچھے جانا ۔

دَرّان (ف ۔ صفت) پھاڑنے والا ۔

دَرّانا (ہ ۔ صفت) ۱ بے دھڑک ۔ بے خوف ۔ بے خطر ۲ (ہ ۔ لازم) جلد اور سیدھا جانا ۔ ۳ بے خوف و خطر جانا (س درّو ۔ حرکت کرنا)

دُرانا (ہ ۔ متعدی) ۱ چھپانا ۔ پوشیدہ کرنا ۲ غائب کرنا ۔ اڑا لینا ۳ واقعہ یا سچائی کو ظاہر نہ کرنا ۔ ریاکاری کرنا (دور سے)

دَرانت (ہ) **درانتی** (ہ ۔ مونث) ایک آلہ جس سے گھاس پودے فصلیں وغیرہ کاٹتے ہیں ۔ (اتری (س در ۔ کاٹنا) **درانتی پڑنا** (لازم) فصلوں کا کٹنا شروع ہونا ۔

دَرانک ۔ دَرانگ (ف ۔ مذکر) ایک سمندر کا نام جہاں فرشتے رہتے ہیں ۔

دُرّانی (ف ۔ مذکر) ایک افغان قوم جو قندھار کے قریب آباد ہے ۔ کانوں میں موتی پہننے کی وجہ سے یہ نام ہوا ۔

دراؤ (س ۔ مذکر) ۱ بہنا ۲ رقیق ہونا ۔ پانی ہونا ۔ **دراوکر** (مذکر) ایک قسم کا سہاگا ۔

دراوِڑ (س ۔ صفت) ۱ دراوڑ کا ۔ دراوڑ کے متعلق ۲ ایک قوم جو مدراس سے راس کماری تک آباد ہے ۳ دراوڑ قوم کا ملک ۴ دکن کے اصلی باشندے ۵ کرناٹک ۔ گجرات ۔ مہاراشٹرا اور تلنگانا کو بھی کہتے ہیں ۶ دکن کی پانچ مشہور زبانیں تامل ۔ تلگو ۔ کناری ۔ ملایالم اور تولو کو بھی کہتے ہیں ۔ **دراوڑی** (مونث) دراوڑ قوم کی عورت ۔

دراوَڑ (ہ ۔ مذکر) دراوڑ ۔

دَراوَک (س ۔ صفت) ۱ بہانے والے ۲ پیشاب لانے والا ۔ مدر ۳ جس میں کوئی چیز گھل جائے ۔

دراوِکا (س ۔ مونث) تھوک ۔

دَراوَن (س ۔ مذکر) ۱ پگھلنا گلنا ۲ ایک درخت کا پھل جو پانی صاف کرنے کے کام آتا ہے ۔

دَراویش (ع ۔ مذکر) درویش کی جمع ۔

دَراہِم (ع ۔ مذکر) درہم کی جمع ۔

دَراوَ ۔ دَراؤ (ہ ۔ مذکر) ۱ اخفا ۔ چھپانا ۲ دھوکا ۔ دغا ۳ ریاکاری ۔ منافقت ۔

دَرائی (ف ۔ مونث) ۱ اندر آنا ۔ داخل ہونا ۲ گفتگو شروع کرنا ۔ گفتگو کا شروع یا آغاز ۳ گفتگو ۔ بات چیت ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ہرزہ درائی ۔ دیدہ درائی ۔

دِرایت (ع ۔ مونث) ۱ عقل ۔ سمجھ ۔ دانش (دَرَیَ ۔ جاننا)

دَرَب (س ۔ مذکر) ۱ گھمس ۔ عفریت ۔ آسر ۔

دَرب (ہ ۔ مذکر) ۱ مادہ ۔ جسم ۔ ہیولا ۔ پدارتھ ۲ چیز ۔ شے ۳ دولت ۔ جائداد ۔ نقدی ۔ ملکیت ۔

دَربار (ف ۔ مذکر) ۱ بادشاہوں کی مجلس جشن ۲ شاہی عدالت یا کچہری ۳ بادشاہوں کی ملاقات ۴ وہ مکان جہاں بادشاہوں کی مجلس ہو ۵ آستانہ ۔ بارگاہ ۶ دیسی ریاستوں کی حکومت ۷ محل ۔ قصر ۸ صحن ۔ آنگن ۹ حاضری ۔ حاضر باشی ۔ مجلس جو بڑے سرکاری افسر سرکاری طور پر منعقد کریں ۔ **دربار باندھنا** (متعدی) رشوت دینا ۔ رشوت دے کر کام نکالنا ۔ **دربار برخاست کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) دربار ختم ہونا ۔ **دربار خاص** (مذکر) ۔ وہ دربار جس میں امرا اور رؤسا حاضر ہوں ۲ وہ مکان جس میں ایسا دربار لگے ۳ ملاقات شاہی ۔ **دربار خرچ** (مذکر) ایک محصول جو اگلے زمانے میں ملازمان شاہی یا زمینداران علاوہ مالگذاری کے وصول کیا کرتے تھے جو نذرانوں اور تحفوں پر جو بادشاہوں اور شہزادوں وغیرہ کو دئے جاتے تھے خرچ کیا جاتا تھا ۔ **دربارداری** (مونث) ۱ سخت خوشامد کرنا ۲ حاضری ۔ حاضر باشی ۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دربار سلامت رہے** ۔ ڈوم ڈھاری کسی امیر کو دیکھ کر بطور دعا کہتے ہیں ۔ **دربار عام** (مذکر) ۱ وہ مجلس شاہی جس میں عام لوگ حاضر ہو سکیں ۲ وہ مکان جس میں ایسا دربار لگے ۔ **دربار کرنا** (متعدی) ۱ بادشاہ کا امیروں اور وزیروں کا سلام لینا ۲ عدالت کرنا ۔ اجلاس کرنا ۳ مصاحبت کرنا ۔ حاضر باشی کرنا ۔ **دربار لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ مجرائیوں کا مجلس میں اکٹھا ہونا ۲ بھیڑ یا مجمع ہونا ۔ **دربار معاف کرنا** ۔ (متعدی) **ہونا** (لازم) دربار سے غیر حاضر ہونے کی اجازت ہونا ۔ **دربار معمور ہونا** (لازم) بادشاہ کی مجلس کا حاضرین سے بھر جانا ۔ **دربار منعقد کرنا** ۔ (متعدی) **ہونا** (لازم) بادشاہ یا نائب بادشاہ کی مجلس لگنا ۔ **دربار موقوف رکھنا** (متعدی) دربار نہ لگانا بادشاہ کا ۔ **دربار ہونا** (لازم) بادشاہ کی مجلس جشن کا کسی جگہ لگنا ۔ **درباری** (صفت) ۱ دربار کا ۔ دربار کے متعلق ۔ دربار سے منسوب ۲ وہ لوگ جن کو دربار میں جگہ ملے ۔ ندیم ۔ مصاحب ۔ خواص ۔ **درباری پوشاک** (مونث) ۱ وہ لباس جو دربار میں پہننے کے لئے مقرر کیا جائے ۲ تکلف کے کپڑے ۔ **درباری زبان** (مونث) ۱ وہ زبان جو دربار یا عدالت میں بولی جائے ۲ فصیح یا شائستہ بولی ۔

دَربھر (س ۔ مذکر) ۱ ایک گھاس جو کشا گھاس سے مختلف ہوتی ہے ۲ ایک راجہ ۔

دُربہرا (ہ ۔ مذکر) ایک شراب جو چاولوں سے بنائی جاتی ہے ۔

دَربہشت (اردو ۔ مذکر) ایک مٹھائی کا نام ۔

دَربی (ہ ۔ مونث) چمچی ۔ پلی ۔

دَرپ (س ۔ مذکر) ۱ غرور ۔ تکبر ۔ فخر ۲ خودپسندی ۔ نمائش ۔ زعم ۔ ابھیمان ۔ **درپی** (صفت) مغرور ۔

وَرپت (س۔ صفت) ۱ پاگل ۲ وحشی جنگلی ۳ مغرور۔ متکبر۔

دُرُپد (س۔ مذکر) ۱ ستون لکڑی کا ۲ کوئی ستون ۳ وہ لکڑی جس سے قیدیوں کو باندھتے ہیں

دَرپَن (س۔ مذکر) ۱ آئینہ ۲ ایک وزن یا بحر ۳ ایک پہاڑ ۴ (مونث) آنکھ ۵ دہرانا۔

درپنی (مونث) چھوٹا آئینہ۔

دُرِت (س۔ صفت) ۱ مشکل ۲ خراب۔ برا ۳ پرگناہ۔ پاپی ۴ چھپا ہوا ۵ (مذکر) بد چلن براطریقہ ۶ گناہ۔ پاپ۔

دُرُت (س۔ صفت) ۱ بہت تیز ۲ بھاگا ہوا۔ مفرور۔ فراری۔ **درت پد** (مذکر) ۱ تیز قدم ۲ (صفت) تیز رفتار۔ تیز ۳ جلدی سے۔ تیزی سے

دَرج (ع۔ مذکر) ۱ کتاب میں لکھنا رجسٹر پر چڑھانا۔ فہرست میں تحریر کرنا (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ وہ چیز جس پر لکھا جائے ۳ ایک لمبا کاغذ جو لپیٹا جائے ۴ تحریر جس کو لپیٹا یا تہ کیا جائے ۵ جلد۔ کتاب ۶ لکھنے کی جگہ ۷ دفتر (درج ۔ تہ کرنا) **درج رجسٹر** (مذکر) رجسٹر پر چڑھانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **درج فہرست** (مذکر) فہرست میں لکھا جانا (کرنا ہونا کے ساتھ)

دُرج (ع۔ مونث و مذکر) صندوقچہ ڈبہ۔ زیور یا جواہرات رکھنے کی صندوقچی (درج ۔ تہ کرنا) **درج تنگ یا دُر** (مونث) معشوق کا منہ۔ **درجک** (مذکر) چھوٹی صندوقچی۔ **درج گراں بہا کا جوہر** (مذکر) عالی خاندان شخص۔ **درج گوہر** (ف۔ مونث) موتیوں کی صندوقچی۔

دَرَجات (ع۔ مذکر) جمع درجہ کی۔

دَرَجہ (ع۔ مذکر) ۱ سیڑھی ۲ قدم پائدان ۳ چھت۔ منزل ۴ چبوترہ جہاں تماشہ ہوتا ہے ۵ کمرہ۔ کوٹھی ۶ تماشاگاہ کا ایک حصہ ۷ قسم۔ نوع ۸ مرتبہ۔ رتبہ ۹ عہدہ۔ منصب ۱۰ بہشت کی منزل ۱۱ جماعت۔ زمرہ ۱۲ منٹ دقیقہ۔ ثانیہ ۱۳ قدر۔ عزت ۱۴ (علم ہیئت۔ فلسفہ) دائرہ کے ۳۶۰ حصوں میں سے ایک حصہ ۱۵ کرہ زمین کا ایک حصہ دو خطوط طول کے درمیان ۱۶ (علم الافلاک) دائرہ فلکی کا تین سو ساٹھواں حصہ ۱۷ ناٹک کا ایک باب (درج ۔ قدم قدم چلنا) **درجہ اتارنا** (متعدی) **اترنا** (لازم) ۱ ایک جماعت نیچے ہو جانا سکول میں۔ **درجہ بدرجہ** (صفت) ۱ رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ ۲ علی قدر مراتب **درجہ برابر** ہونا (لازم) ایک جیسی عزت یا قدر ہونا۔ **درجہ توڑنا** (متعدی) **ٹوٹنا** (لازم) تنزل ہونا۔ **درجہ دینا** (متعدی) ترقی دینا۔ **درجہ کرنا** (متعدی) ۱ عزت دینا ۲ ترقی دینا۔ **درجہ گایت** (تف) زیادہ سے زیادہ۔ بہت سے بہت۔ **درجہ گھٹانا** (متعدی) تنزل کرنا۔ **درجہ ملنا** (لازم) مرتبہ حاصل ہونا۔ **درجہ ہونا** (لازم) ۱ عزت ہونا۔ قدر ہونا ۲ گت ہونا۔ بے عزتی ہونا۔

دَرَخت (ف۔ مذکر) پیڑ۔ شجر روکھ۔ (اگنا۔ گنا ہونا۔ لگانا وغیرہ کے ساتھ) **درخت آزاد** (مذکر) سرو۔ **درخت ابریشم** (مذکر) سنبل کا درخت۔ **درختاں** (جمع) درخت کی۔ **درخت وقواق** (مذکر) ایک درخت جس کا پھل انسان کے سر کی طرح ہوتا ہے۔

مثل۔ درخت بوئے تھے آم کے ہو گئے ببول۔ جب نفع کی امید پر کام کرنے سے نقصان پیدا ہو جائے تو کہتے ہیں۔

دُرَخش (ف۔ مذکر) دیکھو درخش ۲ ۔

دَرَخش (ف۔ مذکر) ۱ روشنی۔ چمک ۲ ... **درخشاں** (صفت) چمکتا ہوا۔ تاباں۔ **درخشانی**۔ **درخشندگی** (مونث) چمک۔ **درخشندہ** (صفت) چمکتا ہوا۔ تاباں ۲ نورانی۔ **درخشندہ بنانا** (متعدی) چمکانا۔ خوبصورت بنانا۔

دَرد (ف۔ مذکر) ۱ تکلیف۔ دکھ۔ پیڑ ۲ کسک ۳ ٹیس۔ ہوک۔ چمک ۴ دریغ۔ افسوس ۵ سوز گداز ۶ درد زہ ۷ رحم۔ ترس۔ ہمدردی ۸ غم۔ رنج **دردا** (حرف ندا) افسوس۔ آہ۔ ہائے۔ **دردآسا** (صفت) درد کو تسکین دینے والا **درد آشنا** (صفت) درد سے واقف۔ ہمدرد۔ **درد آگیں** (صفت) درد سے بھرا ہوا۔ تکلیف دہ۔ **درد آلود** (صفت) ۱ جسے سخت تکلیف ہو ۲ غمزدہ ۳ تکلیف دہ۔ **درد آمیز** (صفت) ۱ تکلیف دہ۔ دکھ دینے والا ۲ قابل رحم۔ ترحم آمیز ۳ دل پگھلنے والا۔ رقت انگیز۔ دلسوز۔ موثر۔ **درد آنا** (لازم) ۱ دریغ آنا۔ افسوس آنا ۲ رحم آنا۔ ترس آنا **درد اٹھنا** (لازم) کسی عضو میں درد محسوس ہونا۔ **درد انگیز** (صفت) ۱ درد پیدا کرنے والا ۲ درد آمیز۔ **درد بٹانا** (متعدی) ہمدردی کرنا۔ دکھ درد میں شریک ہونا۔ **درد بھری باتیں** (مونث) درد سے پر باتیں۔ رقت انگیز باتیں۔ **درد پرور** (صفت) غم زدہ مصیبت زدہ۔ **درد پوچھنا** (لازم) ہمدردی کرنا۔ غمگساری کرنا **درد پوچھنے والا** (صفت) ہمدرد۔ غمگسار۔ **درد تھانا** (لازم) درد رفع کرنا۔ **درد جاننا** (لازم) کسی کی تکلیف کو محسوس کر کے اس کا اعتراف کرنا۔ **درد چننا** (لازم) درد کو کم کرنا یا رفع کرنا۔ **درد چیں** (صفت) وہ جو درد چن لے یا رفع کرے۔ **درد خوردہ** (صفت) وہ جسے تکلیف ہو۔ **درد دکھ بٹانا** (متعدی) ہمدردی کرنا ۲ تکلیف میں غمگساری کرنا۔ رنج و راحت میں شریک ہونا۔ **درد دکھ میں شریک ہونا** (صفت) مصیبت کے موقع پر جا کر ہمدردی کرنا۔ **دردِ دل** (مذکر) رنج غم۔ دلی صدمہ۔ **درد دھیما ہونا** (لازم) درد کم ہونا۔ **درد رس** (صفت) غمزدہ۔ مصیبت زدہ۔ **دردزدہ** (صفت) جسے تکلیف ہو۔ بیمار۔ **دردِ زہ** (مذکر) درد جو بچہ پیدا ہونے سے پہلے شروع ہوتا ہے۔ **دردِ سر** (مذکر) سر کا درد۔ **درد سر اٹھنا** (لازم) ۱ سر کا درد شروع ہونا ۲ تکلیف برداشت ہونا۔ ذمہ داری لینا۔ **درد سر جانا** (لازم) ۱ جھگڑا مٹ جانا ۲ مصیبت رفع ہونا۔ **درد سر خریدنا** (لازم) جھگڑے میں پڑنا **درد سر دینا** (لازم) دق کرنا ۲ تکلیف دینا۔ تنگ کرنا۔ **درد سر کرنا** (متعدی) ۱ محنت یا مشقت کرنا ۲ کسی کام کی انجام دہی کی فکر کرنا۔ **درد سر مول لینا** (لازم) کوئی کام اپنے ذمہ لینا۔ **درد سر ہونا** (لازم) ۱ سر کا درد ہونا ۲ ناگوار معلوم ہونا۔ **دردِ سر ہے**۔ محنت بہت فائدہ کم ہے۔ **درد سری** (مونث) ۱ تکلیف ۲ مصیبت ۳ محنت مشقت کا کام۔ **درد سری کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) جان کھپانا۔ محنت ہونا ۲ سخت درد ہونا۔ **درد سے بیتاب ہونا**۔ **درد سے لوٹنا** (لازم) درد کی شدت سے بیتاب ہونا۔ **درد شریک** (صفت) غمخوار۔ مونس۔ **دردِ شکم** (مذکر) پیٹ کا درد۔ **درد فرزندی** (مونث) اولاد کی محبت۔ **درد فزا** (صفت) درد بڑھانے والا۔ **درد قولنج** (مذکر) درد جو پسلی کے نیچے ہوتا ہے۔ **درد کرنا** (متعدی) ۱ ہمدردی کرنا ۲ درد ہونا۔ **درد کمر** (مذکر) درد جو کمر میں چوٹ یا کمزوری یا جھٹکے کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔ **درد کھاتی ہے** (بیگمات) لڑکا جننا چاہتی ہے۔ **درد کھانا** (لازم) ۱ رحم کرنا۔ ترس کھانا ۲ افسوس کرنا غم کھانا ۳ درد کی تکلیف برداشت کرنا ۴ دردزہ ہونا۔ **درد کھونا** (لازم) درد رفع کرنا۔ **درد کے مارے** (تف) درد یا تکلیف کی وجہ سے۔ **درد گردہ** (مذکر)

ایک بیماری جو گردے میں پتھری ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے - اس میں سخت درد ہوتا ہے - **درد گیر** (صفت) جسے درد ہو - تکلیف میں ہونے والا - **درد گیں** (صفت) تکلیف دہ - **درد لا دوا ہونا** (لازم) ایسا درد ہونا جس کی کوئی دوا نہ ہو - **درد لگنا** (لازم) ۱ درد ہونا - ۲ دردِ زہ ہونا - **دردِ مفارقت** (مذکر) جدائی کی تکلیف - **دردمند** (صفت) ۱ صاحبِ درد - ہمدرد غمگسار ۲ رحم دل - غمخوار - **دردمندی** (مونث) ۱ درد تکلیف ۲ ہمدرد - غمگساری ۳ رحم دلی - ترس (کرنا ہونا کے ساتھ) **درد موقوف کرنے والا** (صفت) درد کو دور کرنے والا - درد رفع کرنے والا - **درد میں مبتلا ہونا** (لازم) تکلیف میں ہونا - **دردناک** (صفت) ۱ درد بھرا ۲ رنجیدہ - **دردناک آواز** (مونث) آواز جس میں درد بھرا ہو - پرسوز آواز - **دردناک سین** (مذکر، سین انگریزی لفظ - ایسا منظر یا نظارہ جسے دیکھ کر رقت آئے - **دردناک واقعہ** (مذکر) ایسا وقوع جسے دیکھ کر یا جس کی بابت سن کر تکلیف یا رقت ہو - **دردوں** (جمع) دردِ زہ - **دردیں** (مونث جمع) دردِ زہ (لگنا کے ساتھ) **درد ہونا** - (لازم) ۱ تکلیف ہونا ۲ ہمدردی ہونا -

مقولہ - درد کو وہ سمجھے جو درد مند ہو - دوسرے کی تکلیف کو وہ آدمی سمجھ سکتا ہے جو خود اسی تکلیف میں مبتلا رہ چکا ہے -

دُرد (ف - مذکر) تلچھٹ - **درد آشام** (صفت) تلچھٹ پینے والا - **درد خوار** (صفت) ۱ غریب - عاجز - بیچارہ ۲ (مذکر) ہٹی - **درد خور** (صفت) درد آشام - **درد کش** (صفت) وہ جو تلچھٹ پیئے - شرابی - مدہوش - **درد نوش** (مذکر) وہ شخص جو ساغر کو تلچھٹ تک پی جائے - **دردہ** (مذکر) **دردی** (مونث) تلچھٹ - **دردی کش** (صفت) تلچھٹ پینے والا - **دردی ناک** (صفت) تلچھٹ سے بھرا ہوا -

دَرْدَر (ھ - مذکر) شنگرف -

دَرِدْر (س - صفت) ۱ غریب محتاج مفلس ۲ وہ شخص جو منزدر تمند ہو ۳ غربت - مفلسی - محتاجی - **دردری** (صفت) غریب - محتاج -

دَرْدَر (س - مذکر) ۱ مینڈک ۲ بانسری ۳ دکن میں ایک پہاڑ -

دَرْدَرا (د - صفت) ۱ موٹا موٹا پسا - کٹا یا دلا ہوا - دانہ دار ۲ دندانہ دار (بنانا - بنانا کے ساتھ) (س دری - پھاڑنا) **دردراپن** (مذکر) **دردراہٹ** (مونث) نیم کوفتہ ہونے کی حالت - موٹا موٹا کٹا ہوا ہونے کی حالت - **دردری** (مونث) ۱ دردراکی ۲ تیز دم - دھاردار -

دُرْدَسا (د - مذکر) ۱ خرابی - بری گت ۲ بدنامی (س دردشا)

دَرْدَمَہ (ف - مذکر) سات سیارے جن کی نسبت خیال ہے کہ زمین کے گرد پھرتے ہیں -

دُرْدُور (ع - مذکر) گرداب -

دُرَر (ع - مذکر) جمع دُر - موتی سفید دانت - **درربار** (مذکر) ۱ موتیوں کی بارش ۲ (صفت) خوش اسلوب - پاکیزہ - ستھرا -

درِڈھ (س)، **درڑھ** (ھ صفت) ۱ مضبوط - پکا ۲ بھرا ہوا - ٹھوس ۳ بند - کس کے لگا ہوا - ۴ کڑا - سخت ۵ اکڑا ہوا - کرخت ۶ گاڑھا - موٹا ۷ پاس پاس بنا ہوا ۸ منجمد - کثیف ۹ لائق - قابل ۱۰ طاقتور - قوی - ۱۱ مستقل مزاج - ثابت قدم ۱۲ قابلِ اعتبار ۱۳ دیرپا - مستحکم ۱۴ محفوظ - مامون ۱۵ تند - تیز - شدید - **درڑھ رہنا** (لازم) ۱ مستقل مزاج رہنا - اپنی بات سے نہ پھرنا ۲ اڑنا - اصرار کرنا - ہٹ کرنا -

دَرز (ف - مونث) ۱ دراڑ - شگاف - جھری ۲ چہرے اور ہڈی کی کھوپڑیوں کا جوڑ - **درزِ اکلیلی** (مونث) سر کی ہڈیوں کا وہ جوڑ جو بچوں میں درمیان میں خالی معلوم ہوتا ہے - **درزِ سنینی** (مونث) سر کی ہڈیوں کا جوڑ جس جگہ ایک دوسرے سے ملا ہوا ہوتا ہے - **درزِ سہمی** (مونث) ایسی ہڈیوں کا جوڑ جو بدن کے کسی خلا کے اوپر ہوں - **درزِ قشری** (مونث) سر اور کنپٹی کی ہڈیوں کا جوڑ - **درزِ لامی** (مونث) سر کی پچھلی ہڈیوں کا جوڑ -

دَرز (ف - مونث) سیون - کپڑے کی کھونچ جو سلی ہوئی ہو - **درزن** (مونث) درزی کی جورو - کپڑا سینے کا پیشہ کرنے والی عورت - **درزی** (مذکر) کپڑا سینے کا پیشہ کرنے والا مرد -

امثال و اقوال - **درزی کا کیا کوچ کیا مقام** - اس شخص کی نسبت کہتے ہیں جسے ایک مقام سے دوسرے مقام کو جانے میں کوئی تکلیف نہ ہو - **درزی کے بند - سنار کی کھٹائی چھپگر کی سبزی - سب عذر بہانے ہیں** - **درزی کا کوچ قیام سب یکساں - گز قینچی اٹھائی اور چل دیا** - آزاد بے فکر کے کوچ قیام برابر ہے - **درزی کی سوئی کبھی ٹاٹ میں کبھی کمخواب میں** - انسان کو ہر ایک کام کرنا چاہیے چاہے ادنے ہو چاہے اعلے -

دَرْس (ع - مذکر) ۱ سبق ۲ پڑھنا پڑھانا سکھانا ۳ وعظ - پند (دَرَس - پڑھنا) **درس دینا** (متعدی) پڑھانا - **درس کہنا** (متعدی) ۱ وعظ کہنا - نصیحت دینا ۲ لکچر دینا - سبق پڑھانا - **درس لینا** (لازم) ۱ سبق پڑھنا - **درس و تدریس** (مونث) پڑھنا پڑھانا - **درس ہونا** (لازم) سبق پڑھایا جانا - پڑھائی ہونا عموماً قرآن شریف یا حدیث کے متعلق کہا جاتا ہے - **درسی** - (صفت) پڑھنے کے متعلق ۲ پڑھنے کے نصاب کے متعلق

دَرس (د ھ - مذکر) ۱ دیکھنا ۲ نظارہ - دیکھو درش - **درس دکھانا** (متعدی) اپنے آپ کو دکھانا -

درسنا (متعدی) ۱ دیکھنا ۲ نظر کرنا - دکھائی دینا - ظاہر ہونا -

دُرُست (ف - صفت) ۱ ٹھیک - صحیح ۲ طنز سے بھی کہتے ہیں ۳ موزوں - چست ۴ سالم ۵ تندرست ۶ سچ ہے ۷ مہذب ۸ (حرف ندا) صحیح درست - بہت خوب - **درست آنا** (لازم) ۱ ٹھیک ہونا - صحیح ہونا ۲ موزوں ہونا ۳ ٹھیک آنا ۴ مناسب ہونا - عاید ہونا - **درست بنانا** (متعدی) گوشمالی کرنا - ٹھیک بنانا - **درست پیماں** (صفت) وعدے کا پکا - **درست حواس** (صفت) جب تک ہوش و حواس درست ہوں - عقلمند - ہوشیار - سمجھدار - **درست خو** (صفت) جس کی خصلت اچھی ہو - نیک نیت - نیک چلن - دیانتدار - **درست رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) بحال رہنا - ٹھیک رہنا - **درست عقل** (صفت) سمجھدار - ہوشیار - **درست فرمانا** (لازم) ٹھیک بات کہنا - **درست کار** (صفت) دیانتدار - راست باز - **درست کردار** (صفت) نیک - ایماندار - **درست کرنا** (متعدی) ۱ ٹھیک کرنا ۲ سدھارنا - سنوارنا ۳ گوشمالی کرنا ۴ ادب دینا ۵ انتظام کرنا ۶ مرمت کرنا ۷ تندرست کرنا - **درست گمان** - (مذکر) پکا ایماندار - پورا یقین کرنے والا شخص - سخت معتقد - **درست گو** (صفت) سچا - صادق - **درستگی** (مونث) ۱ مضبوطی - بے عیبی ۲ صحت - تندرستی ۳ درستی (کرنا - ہو چکنا - ہونا کے ساتھ) **درست لگانا** (متعدی) قرینے سے رہنا - قاعدے سے لگانا - سجانا - **درست نیتی** (مونث) ۱ نیک نیتی ۲ ٹھیک ارادہ - درست

ہو رہنا (لازم) ۱۔ آراستہ ہو رہنا۔ بن ٹھن کر کر لینا ۲۔ تیار ہو جانا۔ لیس ہو رہنا۔ درست ہونا (لازم) ۱۔ درست کرنا کا ۲۔ دیکھو درست آنا۔ درستی (مونث) ۱۔ صلاح ۲۔ سچائی۔ راستبازی ۳۔ تندرستی ۴۔ موزونیت معقولیت ۵۔ ٹھیک ہونا۔ صحت ۶۔ انتظام ۷۔ ٹھیک کرنا۔ غلطی نکالنا ۸۔ اصلاح ۹۔ مرمت (کرنا۔ ہونا کے ساتھ)

دَرش (ف۔ مذکر) ۱۔ طویلہ۔ اصطبل ۲۔ گھوڑوں کی پچھاڑی۔

دَرش (س۔ مذکر) ۱۔ دیکھنا ۲۔ نظارہ منظر ۳۔ نظر ۴۔ شکل۔ صورت ۵۔ ہلال۔ نیا چاند ۶۔ وہ دن جسدن چاند نظر آئے ۷۔ بھینٹ جو اس دن دی جائے ۸۔ سورج اور چاند کا قران ۹۔ کرشن جی کا نام۔ درشانا (ھ۔ متعدی) دکھانا۔ ظاہر کرنا۔ درش پورنماس (مذکر) ۱۔ ہلال اور بدر کے دن ۲۔ ان دنوں کی رسومات۔ درش شرادھ (مذکر) شرادھ جو نئے چاند کے دن کیا جائے

درشن (ہ۔ مذکر) ۱۔ دیکھنا۔ نظارہ کرنا۔ دیدار کرنا۔ مشاہدہ کرنا ۲۔ نظارہ۔ دیدار ۳۔ منظر مشاہدہ ۔ نظر ۴۔ شکل۔ صورت ۔ پیکر ۵۔ احساس ۶۔ دکھاوا نمائش۔ ظہور ۷۔ امتحان۔ ملاحظہ ۸۔ ملاقات ۹۔ تیرتھ یاترہ ۱۰۔ بت کے سامنے پوجا کرنا ۱۱۔ امر قیاسی یا رائے جو کسی سلسلے یا کتاب میں ظاہر کی جائے ۱۲۔ ہندوؤں کے چھ شاستروں میں سے کوئی ایک شاستر۔ جو یہ ہیں۔ اول کپل کا سانکھ شاستر۔ دوم پتنجلی کا جوگ شاستر۔ سوم کناد کا ویشیشک شاستر۔ چہارم گوتم کا نیائے شاستر۔ پنجم جیمنی کا پورمیمانسا۔ ششم اترمیمانسا انکا انجام ایک ہی ہے کہ کس طرح مکتی حاصل کی جائے ۱۳۔ خیالی یا ذہنی چیز ۱۴۔ خواب۔ خیال ۱۵۔ سوچ بچار۔ غور ۱۶۔ رائے۔ دانست ۱۷۔ سمجھ۔ عقل۔ گیان ۱۸۔ رنگ ۱۹۔ آئینہ ۲۰۔ بھینٹ۔ درشنا (مونث) ۱۔ درگا جی کا نام ۲۔ ایک کیڑا۔ درشن پانا (لازم) ۱۔ دیدار دیکھنا ۲۔ ملاقات ہونا۔ ملنا۔ درشن دینا (لازم) ۱۔ صورت دکھانا۔ دیدار دکھانا ۲۔ ملاقات کرنا۔ ملنا۔ درشن کرنا (متعدی) زیارت کرنا۔ درشنی (صفت) ۱۔ قابل دید ۲۔ خوبصورت۔ حسین۔ جوان ۳۔ نوز ۴۔ قابل ادائگی ۵۔ (مونث) تحفہ ملاقات کا ۶۔ بھینٹ۔ نذر ۷۔ ہنڈی جسکا روپیہ دیکھتے ہی ملجائے ۸۔ درگا جی کا ایک نام۔ درشنی جوان (مذکر) خوبصورت جوان آدمی۔ درشنی ہنڈی (مونث) وہ ہنڈی جس کا روپیہ دیکھتے ہی مل جائے۔

امثال و اقوال۔ درشن کے نیناں لوبھی۔ دیکھنے کو آنکھیں ترستی ہیں۔ **درشن موٹا پینڈا کھوٹا۔** وہاں کہتے ہیں جہاں جانے کا رستہ خراب ہو۔ **درشن تھوڑے نام بہت۔** شہرت تو بہت ہے۔ مگر دیکھنے کے لئے کچھ بھی نہیں یا فائدہ کچھ نہیں۔

دُرُشت (ف۔ صفت) ۱۔ سخت کھردرا ۲۔ تند۔ تیز (سخن) درشت مزاج (صفت) تند مزاج۔ درشتی (مونث) سختی۔ تیزی۔ بدخلقی (کرنا ہونا کے ساتھ) درشتی سے پیش آنا (لازم) سختی سے پیش آنا۔ بدخلقی سے ملنا۔

دَرِشَد (س۔ مونث) ۱۔ چٹان۔ بڑا پتھر ۲۔ چکی کا پتھر۔

دَرغَم (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک راگ جو غم کو دور کرتا ہے ۲۔ ایک مقام جو شراب کے لئے مشہور ہے۔ درغمی (مونث) درغم کی شراب۔

دِرَفش (ف۔ مذکر) ۱۔ جھنڈا۔ علم ۲۔ ایک رومال جو سر یا خود پر لڑائی کے وقت باندھ لیتے ہیں ۳۔ روشنی۔ چمک۔ دمک ۴۔ بجلی ۵۔ کوئی چمکنے والی چیز ۶۔ موچی کی آر۔ درفش کاواں۔ کاویان یا کاویانی (مذکر) فریدوں کا جھنڈا۔ ضحاک کے برخلاف جو بغاوت ہوئی اس میں سرگروہ کاوہ لوہار تھا۔ اسنے اپنی دھونکنی کا جھنڈا بنوایا تھا۔ جب فریدوں بادشاہ ہوا تو اس نے اسپر ریشم مڑھ کر شاہی جھنڈا بنایا۔ کہتے ہیں جس لڑائی میں یہ جھنڈا جاتا تھا۔ ایرانیوں کی فتح ہوتی تھی۔

دَرَفشاں (ف۔ صفت) ۱۔ چمکنے والا ۲۔ کانپنے والا ۳۔ عالیشان۔

دَرَک (ع۔ مذکر) ۱۔ عقل۔ سمجھ ۲۔ واقفیت۔ تمیز ۳۔ دخل۔ مداخلت (درک محسوس کرنا) درک دینا (متعدی) ۱۔ دخل دینا۔ بیچ میں بولنا ۲۔ مزاحمت کرنا ۳۔ دست اندازی کرنا۔

دَرَک (ع۔ مذکر) ۱۔ تہ۔ نچلی تہ ۲۔ دوزخ کی نچلی منزل ۳۔ چھوٹی رسی جو کوئیں کے ڈول کے ساتھ بندھتی ہے اور دوسری طرف بڑی رسی کے ساتھ باندھی جاتی ہے ۴۔ (ف) تولیہ۔ رومال۔ درکات (مذکر) درکت کی جمع۔ درک اسفل (مذکر) سب سے نیچے کی دوزخ۔ درکت (مونث) ۱۔ نیچے کی سیڑھی ۲۔ دوزخ ۳۔ غار۔ گہرا گڑھا۔

درک (ہ۔ امر) ۱۔ درکنا کا ۲۔ (ھ) دیکھو درکا ۳۔ درکا (امر) درکانا کا ۴۔ (ماضی) درکنا کی ۵۔ (مذکر) شگاف۔ دراڑ۔ درز۔ تریڑ۔ درکانا (متعدی) درکنا کا دیکھو ۱۔۲ ۔ درکنا (لازم) ۱۔ ٹوٹنا۔ بال آنا۔ تڑکنا ۲۔ پھٹنا۔ چرنا۔ کنا۔ دھڑکنا۔ پھڑکنا۔ تڑپنا۔

دَرکھال (ھ۔ مذکر) مویشیوں کا احاطہ۔ گواڑ مویشی

دَرکھی (ھ۔ مونث) ایک کیڑا جو نیل کے چھوٹے پودوں کو تباہ کر دیتا ہے۔

دَرگ (ف۔ مونث) درگہ کا مخفف۔ درگ سالار (مذکر) دیکھو درگہ سالار۔ درگ جَل (مذکر) آنکھ کا پانی ۔ آنسو۔ درگ جیا (مونث) بعد سمتی کا جیب یا ارتفاع کا جیب التمام۔

دُرگَ (س۔ صفت) ۱۔ ناقابل رسائی۔ جس تک پہنچ نہ ہوسکے ۲۔ ناقابل دخول۔ ناممکن الدخل ناقابل گذر ۳۔ ناممکن الحصول ۴۔ (مذکر) ناقابل گذر رستہ پہاڑ یا جنگل میں یا دریا پر ۵۔ تنگ درہ ۶۔ ناقابل گذر جگہ چٹان یا پہاڑی قلعہ ۷۔ درگا پوجا (مونث) بنگالیوں کا سب سے بڑا تیوہار جو درگا جی کے اعزاز میں اسوین کے مہینے میں دسہرے کے موقع پر ہوتا ہے۔ درگ کرم (مذکر) مشکل کام۔ اہم معاملہ۔

دَرگاہ (ف۔ مونث) ۱۔ آستانہ۔ چوکھٹ ۲۔ دربار شاہی ۳۔ خدا کا دربار ۴۔ خانقاہ۔ روضہ۔ مزار ۵۔ مسجد۔ درگاہا (صفت) درگاہ کا یا درگاہ کے متعلق۔ درگاہ الٰہی۔ درگاہ خدا (وندی) (مونث) خدا کا دربار۔ درگاہ معلّے (مونث) باب علی۔

دُرگَت (ہ۔ مونث) بری حالت بری گت۔ پتلا حال (بنانا کرنا ہونا کے ساتھ)

دَرگہ (ف۔ مذکر) درگاہ۔ درگہ سالار (مذکر) بادشاہوں کا دربان۔

دِرَم (ف۔ مذکر) ۱۔ ایک چاندی کے سکے کا نام جو دو آنے کے برابر ہوتا ہے ۲۔ ایک وزن ۲ ماشے ۱½ رتی کا ۳۔ نقدی۔ روپیہ۔ درم خریدہ (صفت) قیمت دے کر خریدا ہوا (غلام) درم شرعی (مذکر) تین ماشے اور چار رتی چاندی۔ درم ناخریدہ (صفت) وہ جو خریدا نہ گیا ہو۔ مگر گھر میں پیدا ہوا ہو۔

دَرَم۔ دُرم (س۔ مذکر) ۱۔ سرکا ایک درخت۔ پارجات ۲۔ کوئی درخت یا پودہ

دُرما (ھ۔ مذکر) ایک قسم کی چٹائی۔

دَرماں (ف - مذکر) ۱ علاج - دوا دارو ۲ چارہ - **درماندگی** (مونث) ۱ مجبوری - عاجزی ۲ تکلیف - مصیبت - **درماندہ** (صفت) ۱ مصیبت زدہ ۲ زبوں حال ۳ لاعلاج -

دُرمُٹ - دُرمُس (ہ - مذکر) ایک آلہ جس سے سڑکیں وغیرہ کوٹتے ہیں -

دَرمَن (ف - مذکر) درماں کا مخفف علاج - معالجہ - دوا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (منت)

دُرمنی (س - مونث) جنگل -

دَرمیان (ف - مذکر) ۱ بیچ - وسط ۲ (تف) بیچ میں - وسط میں ۳ سامنے - خیال میں ۴ دوران میں - میں ۵ متعلق - **درمیان آنا** (لازم) ۱ بیچ میں آنا ۲ بیچ میں پڑنا ۳ واقع ہونا ۴ دخل در معقولات ہونا - مداخلت کرنا - **درمیان دینا** (متعدی) ۱ ضامن دینا ۲ بیچ میں ڈالنا - **درمیان کا** (صفت) درمیانی - **درمیان لانا** (متعدی) ۱ بیچ میں لانا ۲ گفتگو میں ذکر کرنا ۳ پیش کرنا - **درمیان میں** (تف) بیچ میں - اثنا میں - **درمیانی** (صفت) ۱ بیچ کا - جو بیچ میں آجائے ۲ معمولی - اچھا ۳ اندرونی - اندر کا ۴ جو اندر ہو ۵ (مذکر) بیچ میں آنے والا - صلاح کرانے والا ۶ دلال ۷ مترجم -

دُرنا (ہ - لازم) ۱ رستے سے ہٹ جانا ۲ غائب ہو جانا ۳ مفرور ہو جانا ۴ غیر حاضر ہونا ۵ چھپ جانا -

دَرند - دَرندہ (ف - مذکر) ۱ پھاڑنے والا چیرنے والا - خونخوار ۲ پھاڑ کھانے والا جانور -

دِرنگ (ف - مونث) دیر - وقفہ - (کرنا ہونا کے ساتھ - بے کے ساتھ) **درنگی** (مونث) ۱ دیر کرنے والا - سست ۲ دیر - وقفہ -

دِرَو (ف - مذکر) کاٹنا فصل کا - کٹائی (کرنا ہونا کے ساتھ)

دَرو (س - مذکر) ۱ ڈوئی ۲ سانپ کا پھن ۳ شرارتی آدمی ۴ درندہ

دَرَو (س - صفت) ۱ بہنے والی - مائع ۲ بھری ہوئی ٹپکتی ہوئی ۳ پگھلی ہوئی ۴ (مذکر) جانا تیز روی - بھاگنا ۵ کھیل - کود پھاند ۶ رس - عرق - بہاؤ

دَروازہ (ہ - مذکر) در - پٹ - پھاٹک - کواڑ - **دروازہ بند کرنا** (متعدی) دروازے کے پٹ بھیڑ دینا - دروازے کو کنڈی لگا دینا - **دروازہ بند ہو جانا یا ہونا** (لازم) ۱ دیکھو آخری ۲ ختم ہو جانا ۳ ملاقات کا وقت نہ رہنا - گذر پر نہ ہونا - **دروازہ بھڑنا** (لازم) **بھیڑنا** (متعدی) دروازے کے پٹ بند کرنا مگر کنڈی نہ لگانا - **دروازہ تنگ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) رزق کم ہونا - آمدنی کم ہونا - **دروازہ توڑ دینا** (متعدی) دروازے کو زور سے یا کوئی چیز مار کر شکستہ کر دینا - **دروازہ توڑنا** (متعدی) ۱ دیکھو آخری ۲ دیوار میں سوراخ کر کے دروازہ لگانا - **دروازہ تیغہ کرنا** (متعدی) دروازہ چننا - **دروازہ ٹوٹنا** (لازم) دیکھو آخری - **دروازہ ٹھوکنا** (متعدی) دروازے پر ہاتھ مارنا تاکہ وہ کھلے - **دروازہ چننا** (متعدی) دروازے میں اینٹیں لگا کر دروازہ بند کر دینا - **دروازہ زنجیر کرنا** (متعدی) دروازے کی زنجیر لگانا - دروازہ بند کرنا - **دروازہ کھٹکھٹانا** (متعدی) ۱ دروازے پر کوئی چیز مارنا - کھولنے کو کہنا ۲ مانگنا - درخواست کرنا - **دروازہ کھل جانا - کھلنا** (لازم) **کھول دینا - کھولنا** (متعدی) ۱ دروازے کی زنجیر اتار دینا ۲ رزق کھل جانا - آمدنی بڑھنا - آمدنی ہونا - **دروازہ معمور کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دروازہ بند ہونا - **دروازے پر کھڑا رہنا یا ہونا یا نظر رہنا** (لازم) منتظر رہنا - مہربانی کا امیدوار رہنا - **دروازے پر ہاتھی جھولنا یا جھومنا** (لازم) اس قدر امیر ہونا کہ ہاتھی رکھ سکے - **دروازے کا بازو** (مذکر) دروازے کے دونوں پہلوؤں کے ستون جن پر اتر نگ قائم کیا جاتا ہے - **دروازے کا پٹ** (مذکر) کواڑ - (بند کرنا ہونا بھڑنا - بھیڑنا کھلنا - کھولنا وغیرہ کے ساتھ) **دروازے کی زنجیر** (مونث) وہ زنجیر جس سے دروازہ بند کیا جاتا ہے - **دروازے کی مٹی لے ڈالنا** (متعدی) بار بار آنا - پھیرے کرنا - سخت تقاضا کرنا -

مثل - دروازے پر آئی برات سمدھن کو لگی ہگاس - وقت پر گھبرا اٹھنے والے کے متعلق کہتے ہیں -

دَروپد (س - مذکر)

دروپدی (مونث) کرشنا کا لقب جو پانڈوؤں کی بیوی تھی - **دروپدیہ** (مذکر) دروپدی کے پانچ بیٹوں کا لقب -

دُرود (ف - مذکر و مونث) ۱ صلوات رحمت ۲ تحسین - شاباش ۳ استغفار ۴ حمد - سلام - دعا - تعریف ۵ تسبیح - **درود بھیجنا** (متعدی) ۱ صلوات پڑھنا ۲ تعریف کرنا - تحسین کرنا ۳ کسی خوبصورت شے کو دیکھ کر درود پڑھنا ۴ اظہار مسرت کرنا - **درود پڑھنا** (متعدی) ۱ صلوات پڑھنا ۲ تعریف کرنا - **درود پڑھنے کے قابل** (صفت) نہایت نفیس - قابل تعریف -

دَرود - دَرُود (ف - مونث) ۱ لکڑی - چوب ۲ تختہ - **درودکار - درودگر** (مذکر) بڑھئی -

مثل - درودگری کار بوزنہ نیست - جس کا کام اسی کو ساجھے -

دُرور (ع - مذکر) بہنا - ٹپکنا - بارش پڑنا - **درورنی** (مذکر) جریان -

دَروڑ (ہ - مذکر) ۱ دکن کے شرقی کنارے پر ایک ضلع ۲ ایک قوم جو یہاں آباد ہے ۳ اس قوم کا ایک فرد -

دَروڑی (ہ - مونث) ایک راگنی کا نام -

دَروغ (ف - مذکر) جھوٹ - بہتان - کذب - **دروغ بیانی** (مونث) جھوٹ بولنا - **دروغ حلفی** (مونث) جھوٹی قسم - **دروغگو** (صفت) جھوٹا - کاذب - **دروغگوئی** (مونث) جھوٹ کہنا - **دروغی** (صفت) جھوٹا - کاذب - **دروغیت** (مونث) جھوٹ -

امثال واقوال - دروغ

برگردنِ راوی - جھوٹ کا گناہ اصل بیان کنندہ کے سر ہوتا ہے - اسوقت کہتے ہیں جب کوئی ناقابل تسلیم یا جھوٹا قصہ بیان کرتے ہیں - **دروغ کو فروغ نہیں** - جھوٹ میں کامیابی نہیں ہوتی - **دروغگو را تا بخانہ باید رسید** - جھوٹے کو گھر تک پہنچانا چاہئے - جھوٹے کو جھوٹا ثابت کر دینا چاہئے - **دروغگو را حافظہ نہ باشد - دروغگو کا حافظہ نہیں ہوتا** دوسرا پہلے کا ترجمہ ہے - جھوٹے کا حافظہ نہیں ہوتا - اسے یاد نہیں رہتا کہ اس نے پہلے کیا کہا ہے - سو وہ بار بار غلط باتیں کہتا ہے - **دروغ گویم برروے تو** - اسوقت کہتے ہیں جب کوئی صریح جھوٹ بولے - **دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی فتنہ انگیز** جس سچ سے فساد بڑھے اس سے وہ جھوٹ جس سے

نفاوت بہت ہے۔

دَروغہ (ف - مذکر) داروغہ کا مخرب۔

دَرونؔ (س۔ مذکر) لا لکڑی کا برتن چپا۔ کونڈا۔ ناند ۲ برتن جس میں سوم رس ڈالتے تھے ۳ ایک پیمانہ، دھک کا چوتھا اور کھری کا سولھواں حصہ ۴ ایک ماپ جس سے کھیتوں کو ماپتے ہیں۔ اتنی زمین جس میں ایک درون گیہوں بوئے جا سکیں ۵ قربانگاہ ۶ ایک قسم کا بادل جس میں سے بہت بارش ہوئے کوا ۷ ایک پودہ۔

دَرونؔ (س۔ مذکر) لا دیکھو دروہ ۲ طاقت۔ قوت۔ زوربل۔

دَرونا (س۔ لازم) لا بہنا ۲ مائع ہونا۔ پگھلنا۔ پتلا ہونا ۳ برسر رحم ہونا۔ رحم آنا پسیجنا

دَرونا (ف۔ صفت) لا وہ جسکا منہ اندر کی طرف ہو (پھوڑا) دروناہوجانا (لازم) آبلہ بیٹھ کر پھوڑا ہو جانا جس کا منہ اندر کی طرف ہو۔ ناسور ہو جانا۔

دَرونذہ (ہ۔ مذکر) سردل۔

دَروہ (س۔ مذکر) لا ضرر۔ ضرب۔ ۲ دھوکے سے ضرر پہنچانا ۳ دشمنی کا کام ۴ شرارت ۵ کینہ۔ بدباطنی ۶ دشمنی۔ نفرت ۷ دغا۔ نمک حرامی۔ ۸ جرم۔ نقصان۔ مخالفت ۹ بیجا ۱۰ عذر۔ بغاوت سرکشی۔ دروہ کرنا (متعدی) کینہ وری یا شرارت سے کوئی کام کرنا ۲ دشمن ہونا۔ مخالف ہونا۔

دَروی (س۔ مونث) چمچی۔ ہلی۔

دَریوزہ (ف۔ مذکر) مانگنے کا پیشہ دریوزہ گری۔

دَرویش (ف۔ مذکر) لا فقیر بھکاری منگتا ۲ فقیر صاحب معرفت۔ مذہبی فقیر ۳ (صفت) نادار بیچارہ ۴ غریب۔ مفلس۔ مسکین۔ سوروپشانہ (صفت) فقیرانہ۔ درویش پوش (صفت) درویشوں کے کپڑے پہننے والا۔ درویش خصلت (صفت) وہ آدمی جس کی خصلتیں درویشوں کی طرح ہوں۔ سادہ مزاج۔ درویش خیال (صفت) وہ شخص جس کے خیالات درویشوں کی طرح ہوں۔ نیک۔ درویش دوست (صفت) لا درویشوں کی مدد کرنیوالا۔ درویشوں سے ملنے والا ۲ وہ جس سے درویش ملیں۔ درویش سلطان دل (مذکر) وہ فقیر جسکا دل شاہانہ ہو۔ پیغمبر صلعم سے مراد لیتے ہیں۔ درویش شکل یا صورت (صفت) وہ شخص جس کی صورت شکل درویشوں کی طرح ہو۔ درویش صفت (صفت) وہ شخص جس میں درویشوں کی خوبیاں ہوں۔ درویش مذہب (صفت) وہ جس کے خیالات درویشوں کی طرح ہوں۔

درویشی (مونث) لا درویش کا پیشہ یا کام ۲ فقیروں کی طرح رہنا۔ فقیروں کا طریقہ ۳ غربت۔ مفلسی ۴ بھیک مانگنا۔ گدائی۔ فقیری۔

امثال واقوال۔ درویش صفت باش کلاہ تتری دار۔ اچھی صفتیں ہونی چاہئیں لباس کیسا ہی ہو۔ درویش ہر کجا کہ شب آمد سرائے اوست۔ فقیر جہاں پڑ رہے وہی اس کا گھر ہے۔

دَرَویہ (س۔ مذکر) لا مادہ ۲ چیز۔ شے ۳ کسی چیز کے اجزا۔ وہ چیز جس سے کوئی دوسری چیز بنی ہو ۴ عنصر جو نیائے شاستر کے بموجب ۹ ہیں (پرتھوی) مٹی (اپ) پانی (تجس) آگ (وایو) ہوا (آکاش) اثیر (کال) وقت (دش) وسعت (آتما) روح (منس) سچ جینیوں کے چھ ہیں۔ جیو۔ دھرم۔ ادھرم۔ پدگل۔ کال آکاش ۵ کوئی چیز جو قبضے میں لی جائے۔ ملکیت۔ دولت جائداد۔ مال ومتاع۔ نقدی ۶ پیتل ۷ دوائی ۸ مرہم شراب۔

دَرّہ (ف۔ مذکر) لا دو پہاڑوں کے درمیان وادی جس میں ایک ندی بہتی ہو ۲ دو پہاڑوں کے درمیان کا راستہ۔ گھاٹی ۳ دراڑ۔ درز۔ شگاف

دُرّہ (ع ف۔ مذکر) لا چمڑے کا چابک ۲ وہ چمڑے کا تسمہ جس سے محتسب حد مارتے ہیں (پڑنا لگنا مارنا کے ساتھ) درے پڑنا (لازم) لگانا (متعدی) لگنا (لازم) مارنا (متعدی) دروں سے مارنا۔

دَرہم (ف۔ صفت) لا گڈ مڈ۔ تہ وبالا الٹ پلٹ۔ تتر بتر ۲ گڈمڈ۔ ملے جلے۔ خلط ملط ۳ غصہ۔ ناراض (کرنا ہونا کے ساتھ) درہم برہم (صفت) درہم (کرنا ہونا کے ساتھ) درہمی (مونث) بےترتیبی گھپلا۔

دِرہم (ع۔ مذکر) ایک چاندی کا سکہ جو دینار کا دسواں یا پچیسواں حصہ ہوتا ہے۔ درم ۲ ایک وزن، درم کے برابر ۳ نقدی۔ روپیہ۔

دَرہو (س۔ مذکر) لا دشمن۔ مخالف ۲ عفریت۔ درہوہیو (مذکر) لا ایک قوم کا نام ۲

دَری (ہ۔ مونث) ایک قسم کا موٹا کپڑا جو فرش اور بستر باندھنے کے کام آتا ہے۔

دَری (ف۔ صفت) لا وادی کا۔ وادی کے متعلق ۲ وادی میں رہنے والا جیسے کبک دری ۳ پھاڑنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پردہ دری ۴ (مونث) ایران کی نوزبانوں میں سے تین زندہ میں سے ایک جو بلخ بخارا بدخشاں بامیان وغیرہ میں بولی جاتی ہے اور کیانیوں کے زمانے میں درباری زبان تھی اور بہشت کی زبان سمجھی جاتی تھی۔

دَری (س۔ مونث) لا ایک قدرتی یا مصنوعی غار پہاڑ میں ۲ غار۔ کھوہ۔ وادی۔

دُری (ہ۔ مونث) لا تاش میں دو کا پتہ ۲ دو پانسا۔

دَریا (ف۔ مذکر) لا پانی کی بڑی دھار جو پہاڑ یا جھیل سے نکل کر ندیوں نالوں کو ساتھ لیتی ہوئی کسی بڑی جھیل یا سمندر میں جا پڑے یا ریگستان میں غائب ہو جائے ۲ سمندر۔ بحر ۳ صوفیوں کی اصطلاح میں خالص غیر مخلوق خدائی طاقت ۴ (ف) دلیا۔ دریا آ جانا یا آنا (لازم) دریا حائل ہونا یا رستے میں واقع ہونا۔ دریا اتر جانا یا اترنا (لازم) دریا کا پانی کم ہونا۔ طغیانی کم ہونا۔ دریا امنڈنا (لازم) لا دریا کا جوش میں آنا ۲ کسی چیز کا بہت زور ہونا۔ دریا بار (صفت) لا بہت برسنے والا ۲ سخی۔ فیاض ۳ جواں مرد ۴ جہاں بہت سے دریا ہوں ۵ (مذکر) سمندر ۶ بندرگاہ ۷ کرمان اور لارستان کا جنوبی کنارہ۔ دریا باندھ دینا یا باندھنا (متعدی) دریا کو روحانی قوت سے چلنے سے روک دینا۔ دریا برآر یا برآمد (مونث) وہ زمین جو دریا ہٹ جانے سے نکل آئے۔ دریا برد (مونث) وہ زمین جو دریا کی طغیانی سے کٹ گئی ہو۔ دریا برد کر دینا یا کرنا (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) لا غرق ہونا۔ ڈوبنا ۲ نیست و نابود ہو جانا مٹ جانا۔ دریا بردی (مونث) دریا کا توڑ دینا یا بہا لیجانا۔ دریا بند (مذکر) بندرگاہ ۲ جہاز کی پہلی منزل۔ دریا بہانا (متعدی) لا بہت پانی بہانا ۲ آنسوؤں کا بہت رونا۔ دریا بہنا (لازم) دیکھو آخری۔ دریا بیگی (ت۔ مذکر) امیر البحر۔ دریا پار (صفت) دریا کے دوسرے کنارے پر۔ دریا پایاب

ہونا (لازم) دریا میں اتنا پانی ہونا کہ آدمی اس میں
پیدل گزر سکے - دریا پری (مونث) ایک پرند
کی قسم جو دریا میں رہتی ہے - دریا چڑھنا (لازم) دریا
کا طغیانی پر آنا - دریاچہ (مذکر) ۱ جھیل ۲ چھوٹا دریا
دریا دل (صفت) فیاض - سخی - دریا دلی (مونث)
سخاوت - فیاضی - دریا دلی دکھانا (متعدی) بہت
خرچ کرنا - بہت فیاضی کرنا - دریا دلی سے (تف)
بڑی فیاضی سے - دریا رو (صفت) دریا کا سفر
کرنے والا - دریا روی (مونث) دریا کا سفر -
دریا رواں ہونا (لازم) دریا جاری ہونا - دریائے
ذخار (مذکر) موجیں مارتا ہوا دریا - دریا سے پار
اتارنا (متعدی) اترنا - ہونا (لازم) دریا سے
گزر کر دوسرے کنارے پر پہنچنا - دریا سے گزرنا
(لازم) دریا کو عبور کرنا - دریا کا پھیر (مذکر) دریا کا
چکر - دریا کش (صفت) بے حد پینے والا - شرابی -
دریا کمر ہونا (لازم) دریا کا پانی کمر تک ہونا - دریا
کوزے میں بند کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بڑے
مضمون کا تھوڑے الفاظ میں بیان ہونا - دریا کو
عبور کرنا (متعدی) دریا سے پار ہونا - دریا کو کوزے
میں (بند کرنا) بھرنا - چند الفاظ میں مطلب بیان
کرنا - دریا کو ہاتھ سے روک لینا (لازم) مشکل
کام کا ارادہ کرنا - دریا کے پار اترنا (متعدی)
دریا سے گزرنا - دریا کی سی روانی ہے - نہایت
خراج ہے - دریا موج (صفت) دریا کی طرح موجیں
مارنے والا - دریا موجزن ہونا (لازم) ۱ دریا کا
لہریں مارنا ۲ کسی چیز کا بہت زور پر ہونا - دریا میں
پھاندنا (متعدی) دریا میں کودنا - دریا میں کود کر دخل
ہونا - دریا میں عریضہ دینا (عو) خواجہ خضر حضرت
فاطمہ یا پریوں کے نام کی عرضی لکھ کر اور اس میں کوئی مراد
مانگ کر دریا میں ڈال دینا - دریا نورد (صفت) مسافر -
دریا نوش (صفت) بے حد پینے والا - شرابی - دریا
و صحرا (مذکر) جنگل اور سمندر - ہر جگہ - دریاؤ (مذکر)
دریا - دریا نو پری (مونث) دریا پری - دریائی
(صفت) ۱ دریا کا - دریا سے منسوب - سمندری -
بحری ۲ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۱۱ ان معنوں میں دارائی کا
بگڑا ہوا ہے ۳ (اردو) پتنگ کو دور لے جا کر ہوا میں
چھوڑنا (دینا لینا کے ساتھ) دریائی آدمی (مذکر) ۱ جل
مانس - ایک قسم کا آدمی جس کے متعلق خیال ہے کہ دریا میں
رہتا ہے ۲ ایک آدمی کی صورت کا بحری جانور ۳ دریا میں

رہنے والا آدمی - دریائے آہن میں ڈوبا ہونا
(لازم) یا غوطہ مارنا (متعدی) مسلح ہونا - دریائے
ابیض (مذکر) بحیرہ ابیض - دریائے اخضر (مذکر)
بحیرۂ عرب - دریائے ادریاٹک (مذکر)
بحیرہ ایڈریاٹک - دریائے ارومیہ (مذکر)
جھیل ارومیہ - دریائے اسود (مذکر) بحیرہ اسود
دریائے اشک بہانا (لازم) سخت رونا - آنسو نکا
دریا بہانا - دریائے اعظم (مذکر) سمندر - دریائے
بصرہ (مذکر) ۱ بصرے کا سمندر ۲ شراب کا پیالہ -
دریائے بالٹک (مذکر) بحیرۂ بالٹک - دریائے
جواہر میں غرق ہونا (صفت) بہت سے زیورات
پہنے ہوئے (ہونا کے ساتھ) دریائے چین (مذکر)
بحیرۂ چین - دریائے خضر (مذکر) بحیرہ کیسپین - دریائے
خون (مذکر) ۱ بے انتہا خون ۲ بہت خونریزی (بہا دینا
بہانا - بہنا - جاری ہونا کے ساتھ) دریائی دینا (متعدی)
پھرائی دینا (مت) دریائے رحمت الٰہی جوش
میں آنا (لازم) خدا کی مہربانی ہونا - دریائے روم
(مذکر) بحیرۂ روم - دریائے زرافشاں (مذکر)
ایک دریا جو سمرقند کے قریب ہے - دریائے شاہی
(مذکر) جھیل ارومیہ - شاہی ایک چٹان کا نام ہے جو جھیل
میں بڑھی ہوئی ہے - دریائے شور (مذکر) سمندر -
دریائے شہد (مذکر) دریائے ہیرمند کا نام - دریائے
عقلی (مذکر) وہ سمندر جسنے عرش کو گھیر رکھا ہے - دریائے
عمان (مذکر) خلیج فارس - دریائے قلزم (مذکر)
بحیرہ قلزم - دریائے قیر (مذکر) ۱ سخت سیاہ رات
۲ سیاہی کی دوات - دریائے کاشغر (مذکر) ایک
دریا جو کاشغر کے قریب ہے - جسے بحر خام بھی کہتے ہیں -
دریائی گھوڑا (مذکر) ایک قسم کا چوپایہ - جو دریاؤں
کے کناروں پر رہتا ہے اور بہت سا وقت پانی میں
گزارتا ہے - بھینسے سے ملتا جلتا ہے - دریائے لعل
(مذکر) شراب کا پیالہ - دریائے مانش (مذکر)
رود بار انگلشیہ - دریائے محیط (مذکر) سمندر - دریائے
مغرب (مذکر) مغربی سمندر - دریائے نیل (مذکر)
ایک دریا جو ملک مصر میں ہے - دریائے ہند (مذکر)
بحر ہند -

امثال و اقوال - دریا پر جانا
اور پیاسے آنا - بدنصیب بدقسمت کے واسطے کہتے
ہیں کہ جہاں سے سب کو فیض پہنچتا ہے وہاں سے بھی
محروم رہتا ہے - دریا کا پھیر کسنے پایا ہے - عقلمند

آدمی کی بات کسی کی سمجھ میں نہیں آتی - دریا میں
رہنا اور مگر سے بیر - جہاں رہنا وہاں کے زبردست
آدمیوں سے مخالفت رکھنا -

دَریافت (ف - مونث) ۱ تفتیش
تحقیق - ٹوہ ۲ جانچ - پڑتال (کرلینا - کرنا ہو جانا ہونا کے
ساتھ) دریافت طلب (صفت) قابل دریافت
معلوم کرنے کے قابل - دریافت طلب امر -
(مذکر) قابل دریافت بات - دریافت کنندہ
(صفت) دریافت کرنے والا - تفتیش کرنے والا - دریافتگی
(مونث) زود فہمی - چترائی - تیز فہمی - سمجھ -

دَریبہ (ہ - مذکر) ۱ پانوں کا بازار -
پنواڑیوں کا محلہ ۲ دہلی میں ایک بازار -

دَریچی (ہ - مونث) چھوٹی پکی جس میں
باریک پستا ہے -

دَریچہ (ف - مذکر) چھوٹا دروازہ -
کھڑکی - موکھا -

دَرید (ف - ماضی) دریدن سے -
پھاڑا - دریدگی (مونث) ۱ پھاڑنا ۲ چیر - شگاف -
پھٹی ہوئی جگہ - دریدہ (صفت) پھٹا ہوا (ہونا کے
ساتھ) دریدہ دہن (صفت) منہ پھٹ - زباندراز
بدزبان - گستاخ - دریدہ دہنی (مونث) بدزبانی -

دُرَید (ع - صفت) ۱ جس کے کچھ
دانت نہ ہوں ۲ ایک لقب -

دَریز - دَریس - دَریش (ہ - مونث)
ایک قسم کی چھینٹ جو ململ پر ہو -

دَریس (انگ - صفت) ۱ ڈریس کا
مخرب ۱ تیار - آراستہ - چوکس ۲ درست کئے ہوئے -
۳ پوشاک پہنے ہوئے ۴ سیدھی لکیر میں کھڑا کئے ہوئے
۵ (مذکر) کوئی سیدھی لکیر ۲ سڑک - کنارہ - دریس
کرنا (متعدی) ۱ پوشاک پہننا ۲ سیدھا کرنا - ہموار
کرنا ۳ درست کرنا - ٹھیک کرنا ۴ زخموں کو صاف
کر کے باندھنا - دریسی (مونث) ۱ زمین کی ہمواری
برابری ۲ پولیس یا فوج کی قطار کو سیدھا کرنا ۳ پولیس
یا فوج کا ملاحظے کے لئے وردی پہنانا ۴ (مذکر) زخموں کو
صاف کرنے والا - (کرانا - کرنا ہونا وغیرہ کے ساتھ)

دَریغ (ف - مذکر) ۱ انکار - تامل -
بخل ۲ نفرت ۳ افسوس - رنج - غم ۴ آہ ۵ کلمہ افسوس -
دریغا (حرف ندبہ) افسوس یا رنج کا کلمہ ہے - دریغ ہے -
افسوس ہے دریغ آنا (لازم) افسوس آنا رنج

ہونا۔ دریغ رکھنا یا کرنا (متعدی) ۱ کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا ۲ تامل کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ دریغ ہونا (لازم) دیکھو آخری۔

دَریُوزہ گری (ف۔ مذکر) گدائی۔ فقیری۔ بھیک مانگنا۔

دڑاڑ۔ دڑاڑا (ہ۔ مونث) دیکھو دراڑ۔

دَڑبا (ہ۔ مذکر) ۱ مرغیوں اور کبوتروں کا گھر۔ کابک ۲ (طنزاً) مکان۔ جھونپڑا۔ دس ذر۔ دڑبا کھول دینا (متعدی) کسی کام کی آزادی دینا۔ کوئی کام بے روک ٹوک کرنا۔ دڑبے دڑبے (ندا) آواز جو مرغیوں یا کبوتروں کو دی جاتی ہے کہ آکر دڑبوں میں گھسیں۔ خانے خانے۔ دڑبے دڑبے کرنا (متعدی) مرغیوں کو آواز دے کر دڑبے میں بند کرنا۔

دَڑبڑا (ہ۔ امر) دڑبڑانا کا۔ دڑبڑا لینا۔ دڑبڑانا (متعدی) ۱ جھوٹا بیان کرنا۔ اصل واقعات کو پھیر پھار کر بیان کرنا ۲ ڈرا کر گھبرا دینا۔ دھمکانا۔ جھڑکنا ۳ جھوٹا کھیرانا ۴ الزام لگاکر عاجز کر دینا۔

دڑوڑی (ہ۔ مونث) کمہاروں کی اصطلاح۔ کنکر۔ ٹھیکرے کھپرے وغیرہ۔

دَڑَڑ (ہ۔ مذکر) ۱ سخت بیوقوف ۲ سیلاب یا طوفان نالے یا دریا کا ۳ آشار۔

دَڑکنا (ہ۔ لازم) ۱ ترقنا۔ پھوٹنا۔ ٹوٹنا ۲ منہ بہت کھولنا ۳ لالچ سے کھانا۔

دَڑنگا (ہ۔ مذکر) ۱ لمبا قدم ۲ لمبے لمبے ٹانگے۔ دڑنگے لگانا (متعدی) ۱ لمبے لمبے ٹانگے بھرنا ۲ (ہ۔ متعدی) آوارہ پھرنا۔ اچھلتے کودتے پھرنا۔

دَڑوکنا (ہ۔ مذکر) سانڈ کا بولنا۔ ڈکارنا۔

دَڑھ (ہ۔ مونث) داڑھی کا مخفف۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ دڑھ منڈا (مذکر) داڑھی منڈانے والا۔ دڑھیل۔ دڑھیا لا۔ (مذکر) بڑی داڑھی والا۔

دَڑیڑا (ہ۔ مذکر) ۱ بہاؤ کا زور ۲ زور کا مینہ ۳ سخت حملہ۔

دِز (ف۔ مذکر) ۱ قلعہ ۲ شہر۔

دُزد (ف۔ مذکر) چور۔ سارق

دزدِ حنا (مذکر) حنا کا چور۔ وہ سفیدی جو مہندی لگانے کے بعد رہ جاتی ہے۔ وزدی (مونث) چوری۔ دزدیدہ (صفت) چرایا ہوا۔ دزدیدہ نظر یا نگاہ (مونث) کن انکھیوں سے دیکھنا۔

دَس (ہ۔ صفت) ۱ نو اور ایک ۱۰۔ عدد۔ دہ ۲ چند (س دَش) دس باتیں سنانا (متعدی) سننا (لازم) برا بھلا سننا۔ دس بیس یا پانچ (صفت) چند۔ دس پو (مذکر) پانسوں کا اس طرح کھنا کہ ایک پر ایک اور دو پر پانچ پانچ دائرے نظر آئیں۔ دس طرح (طور) کی باتیں (مونث) مختلف قسم کی باتیں۔ دس کی دو کہنا (لازم) زیادہ تعداد کو گھٹا کر بیان کرنا۔ دس گز (ہاتھ) کی زبان ہے (عو) بہت زباندراز ہے۔ دس گنا (صفت) دہ چند۔ دس گھرا (مذکر) لڑکیوں کا ایک کھیل۔ دس گھر مانگنا (متعدی) دربدر بھیک مانگنا۔ دس لین کا لیمپ (مذکر) دس بتی کی روشنی کا لیمپ۔ دس میں (تف) مجمع میں۔ دسواں (صفت) ۱ نو کے بعد کا۔ دس کے متعلق ۲ (مذکر) میت کی دسویں دن کی فاتحہ۔ دسواں دوار کھل جانا (ہ) ۱ دماغ پھٹ جانا۔ بھیجا کھل جانا۔ ۲ دماغ کو خبر ہو جانا۔ کسی چیز کی نہایت تیزی معلوم ہونا۔ دسوں (صفت) پورے یا تمام دس۔ دس کے دس۔ دسوں انگلیاں (مونث) ہر فن میں کامل۔ دسَونٹھ (مذکر) بچے کے دسویں سال کی سال گرہ۔ دسوندھی (مذکر)۔ وہ بچہ جس کے دس سال پورے ہو گئے ہوں۔ دسویں (صفت) دس سے نسبت رکھنے والا۔ دسویں (مونث) دس تاریخ۔

امثال واقوال۔ دس انگلی دس چراغ۔ دیکھو دسوں انگلیاں الخ۔ دس برس گھٹا ہی کے دیکھتے ہیں۔ اپنی چیز کو تھوڑا ہی ظاہر کرتے ہیں۔ دس دن چلے اڑھائی کوس سخت کاہلی اور سستی ہے۔ دس دیں گے دس دلائیں گے دس کا دینا ہی کیا ہے۔ دینا لینا کچھ نہیں زبانی جمع خرچ ہے۔ دس فقیروں کو نہ دیا ایک تکیہ دار کو دیدیا۔ خوشحال کو خیرات دینا۔ دس کماتے تھے بیس کھاتے تھے۔ برسات کے بعد گھر آتے تھے۔ بہت فضول خرچی کرتے تھے۔ دس کی لاٹھی ایک کا بوجھ۔ بہت سے آدمی تھوڑا تھوڑا سلوک کریں تو ایک کی حاجت رفع ہو جاتی ہے۔ دس نکٹوں میں ایک ناک والا (بھی) نکو (ہو جاتا ہے) بہت سے عیب داروں میں ایک بے عیب۔ عیبدار شمار ہوتا ہے بے عزتوں میں عزت دار بدنام ہو جاتا ہے۔ دسوں انگلیاں دسوں چراغ (عو) بہت ہنرمند ہے

دِس۔ دِسا (ہ۔ مونث) ۱ پہلو۔ طرف ۲ پاخانہ۔ ٹٹی۔ دسا کرنا (متعدی) سفر کرنا۔

دَسا (ہ۔ مونث) دیکھو دشا۔ دسا بنانا (متعدی) حالت بنانا۔ گت بنانا۔

دَستا (ہ۔ مذکر) ویش قوم کی ایک گھٹیا ذات۔

دَساتیر (ف۔ مذکر) ۱ دستور کی جمع۔ نقول۔ نمونے۔ نظیریں۔ مثالیں ۲ پارسیوں کی مقدس کتابیں۔

دُساد۔ دساد (ہ۔ مذکر) ۱ منگولی کی ایک نیچ قوم جو سور رکھتے ہیں اور لاشوں کو لے جاتے ہیں اور پرانے زمانے میں جلاد کا کام کرتے تھے۔

دِساوَر (د۔ مذکر) ۱ غیر ملک یا ممالک ۲ غیر ملک کی منڈی ۳ وہ جگہ جہاں ہر ایک چیز فروخت کے لئے جمع کریں۔ منڈی ۴ سوداگری کا مال جو مال غیر سے آئے (س دیش ملک۔ اَور۔ دوسرا) دساور آنا (لازم) باہر سے مال کا آنا۔ دساور چڑھنا (لازم) ۱ ممالک غیر سے کسی چیز کی مانگ ہونا ۲ گرانی ہونا۔ دساور (کو) بھرنا (متعدی) مال باہر بھیجنا۔ دساور کی مانگ ہونا (لازم) ممالک غیر سے کسی چیز کی مانگ ہونا۔ دساوری (صفت) ۱ ممالک غیر کا۔ بدیسی۔ باہر سے آیا ہوا ۲ (مذکر) ممالک غیر کا آدمی۔ پردیسی ۳ ایک قسم کا کبوتر ۴ ایک قسم کا پان۔ دساوری مال (مذکر) ۱ باہر جانے والا سوداگری کا مال ۲ بھرتی کا مال۔

دَسپنا (ف۔ مذکر) دست پناہ کا مخفف۔ چمٹا۔

دَست (ف۔ مذکر) ۱ ہاتھ ۲ پنجہ ۳ ایک ماپ ۴ خلعت ۵ زرہ ۶ کوئی مکمل چیز جیسے مکان مع دفتر اصطبل وغیرہ ۷ پتلا پاخانہ۔ اسہال۔ ۸ نوبت۔ دفعہ۔ موقعہ ۹ چوپائے کے اگلے پاؤں ۱۰

دستہ ۱۰ ہاتھ کی شکل کا پتا ۱۱ پنجۂ مرجاں ۱۲ تعداد۔ عدد۔ مرغان شکاری کے واسطے ۱۳ وہ جگہ جہاں سب سے عزیز مہمان کو بٹھائیں ۱۴ گدیلا جس پر وہ بیٹھے ۱۵ وزیر اعظم ۱۶ طاقت۔ قوت ۱۷ خوبی۔ فضیلت۔ برتری ۱۸ فتح ۱۹ فائدہ۔ نفع ۲۰ طریقہ۔ طور ۲۱ پہلو۔ طرف ۲۲ اختتام۔ حد ۲۳ کام۔ پیشہ۔ محنت ۲۴ برابر۔ ہم پلہ ۲۵ پاسے کا ہاتھ ۲۶ مالگزاری جو حقیقت میں اکٹھی کی جائے۔ ہست کے برخلاف جو مقرر کی جائے۔ (س ہست ژند۔ زست) دستِ آخیر (مذکر) ۱ آخری بار آخری دفعہ ۲ پاسے کا آخری ہاتھ۔ دست آزما (صفت) ہاتھ کو آزمانے والا۔ تجربہ کار۔ دست آزمائی (مونث) مشق۔ تجربہ۔ دست آشنا (مذکر) بیچ میں پڑنے والا۔ بچولیا۔ دست آموز (صفت) ۱ ہاتھ پر سکھایا ہوا۔ ہلایا ہوا۔ پالتو ۲ کام کا۔ آرام کا ۳ کاریگر۔ دستکار۔ دست آنا (لازم) پتلے پاخانے آنا۔ اسہال ہونا۔ بدہضمی ہونا۔ دست آور (صفت) دست لانے والی (دوا) دست آوردوائی (مونث) جلاب۔ مسہل۔ دستِ ادب باندھنا (متعدی) ادب سے ہاتھ باندھنا۔ دست استقلال سے دامن صبر چھوڑنا (متعدی) بے صبر ہونا۔ گھبرا جانا۔ دستِ افسوس (مذکر) غم کا ہاتھ۔ وہ ہاتھ جو غم کی وجہ سے دوسرے پر ملا جائے۔ دست افسوس ملنا (لازم) پچھتانا۔ افسوس کرنا۔ دست افشار (صفت) ۱ ہاتھ سے دبجانے والا۔ ۲ (مذکر) ایک قسم کا نرم سونا جو ہاتھ سے دبجائے ۳ اس کی بنی ہوئی گیند۔ دست افشاں (صفت) ناچنے والا۔ رقاص۔ دستِ افگن (مذکر) ۱ نوکر ۲ نشانی ۳ (صفت) مشغول ۴ کمزور۔ دستِ امتحان (مذکر) طاقت کی آزمائش۔ دست انداز (صفت) ۱ کسی کام میں دخل دینے والا۔ خلل انداز ۲ مزاحم۔ دست اندازی (مونث) ۱ ہاتھ ڈالنا۔ مداخلت۔ دخل ۲ مزاحمت (کرنا ہونا کے ساتھ) دستاویز (مونث) ۱ نوشتہ۔ تحریر ۲ تمسک۔ قبالہ۔ سند ۳ نشانی کی کوئی چیز ۴ تحفہ جو کسی کے ہاتھ میں کسی کام کے لئے دیا جائے۔ دست بادپیما (مذکر) ہاتھ جو ہوا میں ہلے جیسے شرابیوں کا۔ دست باز (صفت) ۱ چالاک۔ ہوشیار۔ کاریگر ۲ وہ جو سب کچھ خرچ کر دے ۳ شطرنج کا کھلاڑی۔ دست بازی (مونث) ہاتھا پائی (کرنا ہونا کے ساتھ) دست بخیر (کلمۂ دعا) ہاتھ خیر سے

لگے۔ جب کسی کو بیماری کی جگہ اپنے یا کسی دوسرے کے بدن پر بتاتے ہیں تو کہتے ہیں۔ دست بدست (صفت) ہاتھوں ہاتھ۔ جلد (آنا پہنچنا۔ چلنا۔ دینا۔ ملنا وغیرہ کے ساتھ) دست بدعا (صفت) ہاتھ دعا کے لئے اٹھائے ہوئے (ہونا کے ساتھ) دست برد (مونث) ۱ غبن۔ خیانت۔ تصرف بیجا ۲ لوٹ مار۔ لوٹ کھسوٹ۔ غصب ۳ فضیلت۔ برتری۔ فتح (لڑائی مقدمے کھیل وغیرہ میں) دست بردار (صفت) چھوڑنے والا باز آنے والا (ہونا کے ساتھ) دست برداری (مونث) ۱ علیحدگی۔ برطرفی ۲ چھوڑ دینا۔ ترک۔ تیاگ (دینا کے ساتھ) دست برد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) لوٹ مار ہونا۔ دست بردی (مونث) دست برد (کرنا ہونا کے ساتھ) دست برنجن (مذکر) کنگن۔ دست بستہ (تف) ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ منت کر کے۔ کمال اطاعت کے ساتھ۔ دست بسر ہونا (لازم) سر پہ ہاتھ رکھ کر سلام کرنا۔ دست بقبضہ ہونا (لازم) لڑنے کے لئے تیار ہونا۔ دست بقچہ (مذکر) چھوٹی بقچی۔ جو اپنے پاس رکھی جائے۔ دست بند (مذکر) ۱ موتی اور جواہرات کا گچھا جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں ۲ ایک سونے چاندی کا زیور جو ہاتھ کی پشت پر پہنا جاتا ہے ۳ ایک قسم کے کڑے ۴ ایک ناچ جس میں ہاتھ ملاتے ہیں۔ دست بندی (مونث) ۱ وہ طریقہ جس پر کتے وغیرہ بیٹھتے ہیں ۲ قید۔ روک ۳ عجز۔ انکسار۔ دست بندھک (مونث) رہن۔ گروی۔ دست بوس ہونا (لازم) ۱ ہاتھ چومنا ۲ ملاقات کرنا۔ دست بوسی (مونث) ہاتھوں کو چومنا (کرنا ہونا کے ساتھ) دست بدعا۔ دیکھو دست بدعا۔ دست بیع ہونا (لازم) مرید ہونا۔ چیلا ہونا۔ دست پاچہ ہونا (لازم) سٹ پٹانا۔ دست پاک (مذکر) رومال۔ وہ کپڑا جس سے کھا کر ہاتھ پونچھتے ہیں۔ دست پرور (دہ) (صفت) ہاتھ کا پلا ہوا۔ نازو نعمت کا پلا ہوا۔ دستِ پس (مذکر) ۱ کسی کام کا اختتام ۲ پاسے میں جو رقم ہاری جائے ۳ تخت۔ نیچی نشست۔ دست پسیں (مذکر) آخری ہاتھ پاسے کا۔ دست پناہ (مذکر) چمٹا۔ دست پیرہن (مذکر) آستین۔ دست تاسف ملنا (متعدی) افسوس کرنا۔ دستِ تہی (مذکر) خالی ہاتھ۔ دست جامہ (مذکر) مکمل خلعت۔ دست چالاک (صفت) ۱ چابکدست ۲ چور۔ آنکھ بچا کر چرا لینے والا۔ دست

چالاکی (مونث) ۱ چوری۔ ہاتھ کی صفائی ۲ داؤں کرنے کی پھرتی ۳ خانہ جنگی ۴ دو شخصوں کی لڑائی۔ دستِ چپ (مذکر) ۱ بایاں ہاتھ ۲ (صفت) بائیں طرف۔ دست چھوٹنا (لازم) دست آنا۔ دست خانہ (مذکر) کمل گھر۔ دست خر (مذکر) گدھے کا کیر۔ گالی۔ دستخط (مذکر) ۱ اپنا نام اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا۔ العبد ۲ نوشتہ۔ تحریر اپنے ہاتھ کی ۳ کسی کے نام کی نشانی یا علامت اس کے اپنے قلم سے (دینا۔ کرانا۔ کرنا۔ لینا۔ ہونا کے ساتھ) دستِ خطر (مذکر) ۱ پاسے کا ہاتھ جس پر بہت سا مال لگا ہو ۲ اونچی اور خطرناک جگہ۔ دستخطی (صفت) ۱ ہاتھ کا لکھا ہوا ۲ دستخط کیا ہوا۔ دست خون (مذکر) ۱ شطرنج کی آخری چال ۲ ایک کھیل جس میں ہاری ہوئی پارٹی اپنے عضو بد دیتی ہے ۳ تخت جس پر قبضہ کرنے کے لئے بہت خون کرنے پڑیں۔ دست دراز (صفت) ۱ بیباک۔ نڈر ۲ جو ہر کسی کو مارے ۳ ظالم ۴ بے رحم۔ دست درازی (مونث) ۱ مار پیٹ ۲ بیباکی ۳ مداخلت بیجا۔ دخل ۴ زیادتی ۵ ظلم۔ ستم ۶ عورت پر ہاتھ ڈالنا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) دستِ دعا (مذکر) دعا کے لئے ہاتھ۔ دعا کا ہاتھ۔ (اٹھانا۔ اٹھنا کے ساتھ) دست دہی (مونث) ۱ امداد۔ مدد ۲ اقرار یا وعدے پر ہاتھ دینا۔ دستِ راست (مذکر) ۱ دایاں ہاتھ ۲ فوج کا دایاں بازو ۳ تحفہ۔ عطیہ ۴ حامی۔ مددگار ۵ وزیراعظم۔ دستِ رخت (مذکر) سفر کے کپڑے۔ دسترس (مذکر و مونث) ۱ پہنچ۔ رسائی ۲ بساط۔ حیثیت ۳ طاقت۔ قدرت۔ مقدور۔ قابلیت ۴ مہارت۔ مشق۔ چابکدستی ۵ مدد۔ امداد ۶ (صفت) پہنچ میں۔ طاقت میں ۷ قابل ۸ حاصل شدہ۔ ملا ہوا (پانا ہونا کے ساتھ) دسترس پہنچنا یا چلنا (لازم) قابو پانا یا چلنا۔ دسترس حاصل کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مہارت ہونا۔ مشق ہونا۔ دستِ رنگیں (مذکر) مہندی لگے ہوئے ہاتھ۔ دست ساز (صفت) ہاتھ کی بنائی ہوئی چیز۔ دست سبو (مذکر) دستا گھڑے یا کٹھلیا کا۔ دست سلح (مذکر) مکمل زرہ۔ دست شانہ (مذکر) ۱ ایک قسم کی کنگھی جس سے ریشم صاف کرتے ہیں ۲ کنگھی۔ دستِ شفا (مذکر) وہ ہاتھ جو صحت بخشے۔ حکیم کے متعلق کہتے ہیں۔ جس کے ہاتھ سے بہت مریض اچھے ہوں۔ دستِ شفا پھیرنا (متعدی) اچھا کر دینا۔ دستِ شفقت (مذکر) ۱ پیار کا ہا

: مہربانی۔ عنایت۔ لطف ۳ (طنزاً) مارپیٹ۔ ظلم۔
(پھیرنا کے ساتھ) دستِ طلب (مذکر) ۱ مانگنا ۲
حاجت۔ ضرورت۔ دستِ طلب دراز کرنا۔
(متعدی) ہونا (لازم) مانگنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔
دست طنبور (مذکر) طنبور کی گردن۔ دستِ
غارت دراز کرنا (متعدی) لوٹنا۔ دستِ
غیب (مذکر) وہ آمدنی جو غیب سے بغیر کسی ظاہر
ذریعے کے ہو۔ دست فروش (مذکر) وہ شخص جو
چیزیں ہاتھ میں لے کر بازار میں بیچتا ہے۔ خوردہ فروش
دست فروشی (مونث) خوردہ فروشی۔ نقد بیچنا۔
دستِ قدرت (مذکر) طاقت۔ قدرت۔ مقدور۔
اختیار۔ بس۔ قابو۔ دستِ قلم (صفت) ۱ ہاتھ
کٹا ہوا ۲ مصنف۔ محرر۔ کاتب ۳ پڑھا لکھا۔ تعلیم یافتہ۔
خوشنویس اور خواندہ۔ دست کار (مذکر) ۱ کاریگر۔
۲ وہ شخص جس کے ہاتھ میں کوئی ہنر ہو ۳ وہ شے جس پر
ہاتھ کا کام بنا ہو۔ دستکاری (مونث) ۱ ہنر۔
کاریگری۔ ہاتھ کا کام ۲ عمل جراحی ۳ چابکدستی۔
دستکش (صفت) ۱ کسی کام سے ہاتھ کھینچ لینے والا
یا علیحدہ ہو جانے والا ۲ باز رہنے والا۔ تعلق نہ رکھنے
والا (ہو جانا ہونا کے ساتھ) دست کشی (مونث)
ہاتھ کھینچ لینا۔ تعلق نہ رکھنا۔ دست کوتاہ کرنا
(متعدی) ہاتھ روک لینا۔ دست کھینچنا (لازم)
ہاتھ کھینچنا۔ کنارہ کش ہونا۔ دستگاہ۔ دستگہ (مذکر)
۱ قدرت۔ طاقت ۲ مہارت۔ مشق (حاصل ہونا۔
ہونا کے ساتھ) دست گرداں (مذکر) قرضہ
بغیر تحریک۔ ادھار بلا تحریر (دینا لینا کے ساتھ)
دست گرفتہ (صفت) جسکی مدد کی جائے۔ دستگی
(مونث) ۱ دستہ دار لوٹا جس سے وضو کرتے ہیں
۲ تلوار کا تسمہ یا بیڑا جو دستے کے ساتھ لٹکا رہتا ہے
۳ وہ چیز جو گرفت کے واسطے لگی ہو۔ دستہ ۴ کپڑا جو
حقے میں منال سے بالشت تک باندھتے ہیں کہ تری کا
اثر پہنچے ۵ دستانہ جس پر شکاری پرند کو بٹھاتے ہیں۔
۶ تھیلا جس میں کاغذات رکھتے ہیں۔ دستگیر (صفت)
مددگار۔ حامی۔ دستگیری (مونث) معاونت۔ مدد۔
حمایت (کرنا ہونا کے ساتھ) دست لاف (مذکر)
پہلی نقدی جو بیچ کر ملے۔ بہنی۔ دست لگنا (لازم)
دست آنا متواتر۔ اسہال ہونا۔ دست مال۔
(مذکر) برتن صاف کرنے کا کپڑا۔ صافی۔ دست
ماہاں (مذکر) معشوق یا ساقی کا ہاتھ۔ دستِ

مجلس (مذکر) مجلس میں عزت کی جگہ۔ دستِ
موسےٰ (مذکر) سورج۔ دست نگر (صفت)
محتاج۔ حاجتمند (رہنا ہونا کے ساتھ) دست و
بغل (مذکر) بغل گیر (ہونا کے ساتھ) دست و
پا (مذکر) ہاتھ پاؤں۔ دست و پا پھول جانا
(لازم) سٹ پٹا جانا۔ گھبرا جانا۔ دست و پا
شکستہ (صفت) بے یار و مددگار۔ کمزور۔ ناتوان۔
دست و پا کی قوت جاتی رہنا (لازم) بے حس و
حرکت ہو جانا۔ دست و پا ہلانا (لازم) حرکت
کرنا۔ ہلنا جلنا۔ دست و پا مارنا (متعدی) بہت
کوشش کرنا۔ دست و پا میں مہندی رچانا
(متعدی) ہاتھ پاؤں میں مہندی کا رنگ ہونا۔ دست
وقلم (صفت) دیکھو دست قلم۔ دست و گریباں
ہو جانا (لازم) لڑنا۔ ہاتھا پائی ہونا۔ دستِ ہوس
بڑھانا (متعدی) بڑھنا (لازم) ۱ حرص ہونا۔ لالچ
ہونا ۲ عورت کے پستانوں پر ہاتھ پڑنا۔ دستہ (مذکر)
دستی (مونث) دیکھو علیحدہ۔ دستیاب (صفت)
حاصل۔ میسر۔ پایا ہوا۔ وصول۔ دست یارا
(مذکر) سونے چاندی کا زیور۔ دستیاری (مونث)
۱ مدد۔ امداد ۲ بچاؤ۔ حفاظت ۳ قوت۔ طاقت۔

امثال و اقوال۔ دست

بکار دل بیار۔ کام کرتے ہوئے دھیان دوسری
طرف ہوتا ہے۔ دستِ خود دہانِ خود۔ اپنا ہاتھ
اور اپنا منہ جتنا دل چاہے لو۔ دستِ خود دہانِ
خود گرنہ خورد زیانِ خود۔ اپنی مرضی کے موافق
لینے میں مطلب درست حاصل ہوتا ہے۔ اب بھی
اگر فائدہ نہ اٹھائے تو اس کا اپنا قصور ہے۔ دست
شکستہ وبالِ گردن۔ مجبور کو سہارا دینا وبال
مول لینا ہے۔

دَستا (ف۔ مذکر) ۱ رومال۔ تولیہ۔
۲ ایک کپڑا جو پگڑی کے گرد باندھتے ہیں۔

دستا (س۔ مذکر) جست۔

دستار (ف۔ مذکر) ۱ پگڑی۔ عمامہ۔
۲ دیکھو دَستا۔ دستار باندھنا یا بنانا (متعدی)
بندھنا (لازم) پگڑی سر پر خوبصورتی سے لپیٹنا۔
دستار بدل (مذکر) پگڑی بدل بھائی۔ دستار
بزرگ (مذکر) دلال۔ بھڑوا۔ دستار بست
(مذکر) ململ کی پگڑی۔ دستار بند (صفت) پگڑی
باندھنے کا پیشہ کرنے والا شخص۔ دستار بندی (مونث)
مسلمانوں میں ایک رسم۔ جب کوئی مرجاتا ہے۔ تو اسکے
بیٹے یا وارث کو پگڑی بندھاتے ہیں (ہونا کے ساتھ)
دستارچہ (مذکر) ۱ چھوٹی پگڑی ۲ دیکھو دستا۔ دستارِ
فضیلت (مذکر) پگڑی جو تعلیم ختم کرنے کے بعد باندھتے
ہیں۔ دستار کرنا (مت) دستار باندھنا۔ دستار
کے پیچ (مذکر) پگڑی کے چکر جو ایک دوسرے پر
آتے ہیں۔

امثال۔ دستار گفتار اپنے ہی

کام آتی ہے۔ اپنی پگڑی اور اپنی گفتگو اپنے مطلب
کے موافق ہوتی ہے۔ دستار رفتار گفتار جدی
جدی۔ دنیا میں ہر شخص دوسرے سے مختلف ہے۔

دَستاران (ف۔ مذکر) پیشگی۔ وہ
روپیہ جو کام سے پہلے دیا جائے۔

دَستاں (ف۔ مذکر) ۱ داستان ۲
نغمہ۔ آواز ۳ ساز کی چابی ۴ فضول گفتگو ۵ دھوکا۔
دغا۔ فریب ۶ ایک جادوگر کا نام ۷ ایک مقام سمرقند
کے قریب ۸ رستم کے باپ زال کا لقب ۹ رستم کا
لقب۔

دَستانہ (ف۔ مذکر) ۱ ہاتھ میں
پہننے کا بنا ہوا یا چمڑے کا غلاف ۲ ایک لوہے کی زرہ
جو ہاتھ پر پہنتے تھے ۳ تلوار کا قبضہ (دست سے)
دستانہ مارنا (متعدی) اگر تلوار لگ جاتی تو اسے
دستانے ۳ والا ہاتھ مار کر زخم سے نکال دیتے تھے
اسے دستانہ مارنا کہتے تھے۔

دَستَرخوان (ف۔ مذکر) دستار۔
خوان کا مخفف۔ رومال جس پر کھانا چنتے ہیں۔ دستر
خوان بڑھانا (متعدی) بڑھنا (لازم) کھانے کے
بعد دسترخوان اٹھنا۔ دسترخوان پر چننا یا لگانا
(متعدی) لگنا (لازم) کھانا دسترخوان پر رکھا جانا۔
دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا (متعدی) جب کھانا
چنا ہوا ہو اور کوئی کھانے پر نہ بیٹھے تو کہتے ہیں۔ دستر
خوان کرنا (متعدی) بزرگان دین کی نذر نیاز کرنا یا
فاتحہ کا کھانا کھلانا۔ دسترخوان کی بلی (مونث)
۱ وہ بلی جو کھانا کھانے کے وقت آموجود ہو ۲ کام چور
مگر کھانے کے وقت آموجود ہونے والا آدمی۔ دستر
خوان کی مکھی (مونث) ہر وقت کھانے پر موجود
ہونے والا۔ بن بلایا مہمان۔

امثال و اقوال۔ دسترخوان پر

چٹنی۔ سیج پر ٹٹنی۔ خوب لذت دیتی ہے۔ دستر

خوان کے بچھانے میں سو عیب نہ بچھانے
میں ایک عیب - اگر لوگوں کو کھانا کھلایا جائے
تو سیکڑوں نقص نکلتے ہیں - اگر نہ کھلایا جائے تو ایک
ہی نقص ہے نہ کھلانا -
دَستک (ف - مونث) ۱۔ تالی - ہاتھ پر
ہاتھ مارنا ۲۔ کسی چیز پر ہاتھ مارنا کہ آواز نکلے - جیسے
دروازے پر ۳۔ دستہ ۴۔ پروانہ راہداری ۵۔ محصول ۶۔
مہری کاغذ جو حاکم کے حکم سے لکھا جائے ۷۔ سمن - وارنٹ
حکمنامہ ۸۔ فیس جو سمنوں کی تعمیل کے لئے دی جائے و کمیشن
دستوری ۹۔ قرقی (دست سے) دستک آنا (لازم) قرقی
ہونا - دستک باندھنا (متعدی) ۱۔ محصول لگانا ۲۔
بے ضرورت خرچ کرنا - دستک پیادہ (مذکر) وہ چپراسی
جو مالگذاری وصول کرنے - قرقی کرنے سمن یا وارنٹ کی
تعمیل کرنے جاتا ہے - دستک چٹھی (مونث) پروانہ
راہداری - دستک دینا (متعدی) ۱۔ تالی بجانا - بلانا
۲۔ دعائیں یا منتر پڑھ کر تالی بجانا ۳۔ دروازہ کھٹکھٹانا - دستک
سوار (مذکر) وہ سوار جو مالگذاری وصول کرنے یا قرقی
کرنے جائے - دستک لگانا (متعدی) لگنا (لازم) ۱۔
محصول لگنا ۲۔ سمن دروازے پر لگنا -
دَستبند (ف - مذکر) ایک قسم کا
تاج -
دستنبو (ف - مذکر) دست انبوی کا
مخفف - چھوٹا پھل جو خوشبو کے لئے ہاتھ میں رکھتے
ہیں - دستنبو اچھالنا (متعدی) خوشی میں دستنبو کو
ہوا میں پھینکنا اور پھر پکڑنا -
دَستور (ف - مذکر) ۱۔ طرز - روش -
ضابطہ - قانون ۲۔ رسم - رواج ۳۔ وزیر - مشیر ۴۔ نمونہ -
مثال ۵۔ کمیشن - دستوری ۶۔ ضلع - پرگنوں کا مجموعہ یا پرگنہ
(دست سے) دستورات (مذکر) جمع دستور کی
دستور العمل (مذکر) ۱۔ قانون - قاعدہ ۲۔ رواج ۳۔ قانون
کی کتاب ۴۔ سلطنت کا طریقہ - اصول قوانین ریاست
دستور باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) ۱۔ قاعدہ
مقرر ہونا - قانون ٹھہرنا ۲۔ معمول بندھنا - عادت پڑنا -
دستور جاری کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱۔ قاعدہ
مقرر ہونا ۲۔ رواج پڑنا - دستور موافق (صفت)
رواج کے مطابق - بادستور - دستور ہونا (لازم)
رواج ہونا - دستوری (مونث) ۱۔ وہ حق جو ملازم
اپنے آقا کی خریداری کی بابت بیچنے والے سے لے ۲۔
فیس کمیشن ۳۔ اجازت - رخصت (دینا - لینا - مانگنا کے
ساتھ) دستوریا (مذکر) دستوری لینے والا - دستوری کی
ٹکا مل گیا - سزا پائی - اپنی سزا کو پہنچ گیا - دستوری
میں (تف) رواجاً - معمولی طور پر -
دَستہ (ف - مذکر) ۱۔ لکڑی کا ٹکڑا
جو کسی ہتھیار اوزار کے ساتھ پکڑنے کیلئے لگا ہو ۲۔ کوئی چیز جو کسی اور چیز کے
ساتھ پکڑنے کے لئے لگی ہو - قبضہ [illegible] گڈی کسی ایک قسم کی چیزیں
بندھی ہوئیں - بنڈل ۴۔ کاغذ کے چوبیس تختے ۵۔ سنجاف - حاشیہ -
ٹوپی ۶۔ کھرل کا موسل ۷۔ ایک قسم کا تکمہ جو قبا پر سیتے ہیں -
۸۔ پھولوں کا گچھا - گلدستہ ۹۔ ریشمی دھاگے کا گچھا - پیچک -
۱۰۔ تیروں کا مٹھا ۱۱۔ پھولوں کا تختہ ۱۲۔ لوگوں کا گروہ -
۱۳۔ آہنی موسل - جیسے ہاون کے ساتھ دستہ ۱۴۔ کھرل کا
موسل (دست سے) دستۂ ریسماں (مذکر) ریل
جس پر دھاگا لپیٹتے ہیں - دستۂ ساعت (مذکر) گھڑی
کے بارہ نشان - دستۂ کالسکہ (مذکر) گاڑیوں کی
قطار - دستۂ گل (مذکر) ۱۔ گلدستہ ۲۔ سورج - دستۂ
مروارید (مذکر) موتیوں کا ہار -
دَستی (ف - صفت) ۱۔ ہاتھ کے
متعلق ۲۔ ہاتھ کے ذریعے - ہاتھ سے ۳۔ (مونث) مشعل -
فلیتہ ۴۔ چھوٹا دستہ - چھوٹا قبضہ ۵۔ کشتی کا ایک داؤں
جو ہاتھ سے کیا جاتا ہے ۶۔ چھوٹا سا قلمدان جو ہاتھ میں
رہے ۷۔ وہ تحفہ جو راجے دسہرے کے دن سرداروں
وغیرہ کو دیتے ہیں ۸۔ پیالہ یا گلاس مٹی کا جس کے دو
دستے ہوتے ہیں ۹۔ ایک بڑا برتن جس میں کپڑے دھوتے
یا کھال صاف کرتے ہیں ۱۰۔ مدد - امداد ۱۱۔ مرکبات کے
اخیر میں آتا ہے - جیسے چابکدستی - تیز دستی (دست
سے) دستی بھیجنا (متعدی) کسی کے ہاتھ خط یا کوئی چیز
بھیجنا - دستی پروانہ (مذکر) وہ پروانہ جو کسی کے
ہاتھ بھیجا جائے - دستیاں پھونکنا (لازم) مشعلیں
جلانا - دستی حکم (مذکر) وہ حکم جو کوئی شخص لے کر آئے
دستی کرنا (متعدی) ہاتھ سے ہاتھ ملا کر زور کرنا -
دَستخط (ف - مذکر) دستخط -
دُسرا (ہ - صفت) دوسرا کا مخفف -
دُسرا تیسرا کے (تف) دوسری تیسری بار - بار بار
دسرا کر یا کے (تف - عو) ۱۔ دہرا کے - پھر - مکرر ۲۔
پہلے کیے ہوئے کے خلاف - دسرانا (متعدی)
دوہرانا - بار بار کہنا - مگر سوائے اوپر کے محاوروں
کے اور کہیں استعمال نہیں ہوتا -
دُسران (ہ - مذکر) کشتی کا ایک
پیچ -
دُسراہٹ (ہ - مونث) دو
آدمی اکٹھے ہونا - رفع تنہائی -
دَسَم (ہ - صفت) دسواں -
دَسمی (مونث) قمری مہینے کا دسواں دن -
دِسَمبر (انگ - مذکر) انگریزی
سال کا بارھواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے -
دَسَن (ہ - مذکر) دانت -
دَسنا (ہ - لازم) ۱۔ دکھائی دینا -
نظر آنا ۲۔ ظاہر ہونا ۳۔ معلوم ہونا -
دِسنا (ہ - متعدی) ۱۔ دیکھنا ۲۔
دکھانا -
دُسنا (ہ - متعدی) دیکھو ڈسنا -
دَسوانا (ہ - مذکر) دسواں حصہ
جو مالگذاری کے ساتھ جمع کیا جائے -
دَسوترا (ہ - صفت) ۱۔ دسواں
۲۔ (مذکر) دس فیصدی -
دَسوٹھ - دَسوٹھن - دَسوٹھن
(ہ - مذکر) زچہ کا بچہ پیدا ہونے کے دسویں دن نہانا -
دَسوکھا (ہ - مذکر) ۱۔ پرندوں کا
پر جھاڑنا ۲۔ اڑنے کا پر - دسوکھا جھاڑنا (متعدی)
پر گرانا -
دَسونا (ہ - مذکر) دیکھو ڈسونا -
دَسوندھ (ہ - مذکر) بھینٹ
جو بچے کے دس سال کی عمر کے ہونے پر دیوی کو
چڑھائی جائے -
دَسوندھا - دَسوندھی (ہ - مذکر)
شاعر - کوی - مدح گو - قصیدہ گو -
دَسہرا (ہ - مذکر) دس گناہوں کو
لے جانیوالا ۱۔ جیٹھ شکل پکش کی دسویں تاریخ جو گنگا کے
پیدا ہونے کا دن ہے - جو اس دن گنگا میں نہائے
اس کے دس قسم کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ۲۔ اسوج
شکل پکش کی دسویں تاریخ - اس دن درگا جی کی پوجا کی
جاتی ہے - اسدن راجہ رامچندر جی نے راون پر چڑھائی
کی تھی ۳۔ تیوہار جو اسدن منایا جاتا ہے ۴۔ مسلمانوں
میں ایک رسم تھی - جب دولہا سسرال کے گھر جا کر
دس دن رہتا تھا - دسہرہ خرچ (مذکر) ایک
محصول جو زمیندار کاشتکاروں پر دسہرے کے خرچ
کے لئے لگا دیتے تھے -
دَسی (ہ - مونث) دھاگا [illegible]

جو کپڑے کے سرے پر بغیر بنے رہ جاتے ہیں۔

دِسی (ھ۔ مونث) طرف۔ ملک۔ علاقہ۔ دیکھو دِش۔

دَسیلو (س۔ مذکر) ۱ ظالم یا شرارتی آدمی ۲ دشمن ۳ چور۔ سارق۔ لٹیرا۔ ڈاکو ۴ مذہب سے خارج ۵ ایک دوغلی قوم کا نام۔

دَش (س۔ مذکر) دس۔ **دشارن** (مذکر)۔ ایک قوم جو دشارہا کی نسل سے یدو خاندان سے تھی۔ **دش ساہسر** (صفت) دس ہزار۔ **دش گُن** (صفت) دس گنا۔

دِش (س۔ مونث) ۱ طرف۔ جانب۔ ۲ پہلو ۳ ملک۔ مقام۔ جگہ۔ حصہ۔

دَشا (س۔ مونث) ۱ حالت۔ کیفیت۔ گت۔ احوال ۲ زندگی کا زمانہ بچپن جوانی۔ بڑھاپا ۳ عمر ۴ قسمت انسانوں کی جس کا مدار سیاروں کی جگہ پر پیدائش کے وقت ہے ۵ کپڑے کا کنارہ یا حاشیہ ۶ دل۔ جی۔

دِشا (س۔ مونث) ۱ طرف وغیرہ دیکھو دِش ۲ پاخانہ۔ **دشا پھرنا یا جانا** (لازم) پاخانہ پھرنا۔ **دشا چکش** (عس) گرو کا ایک بیٹا۔ **دشا سُول** (مذکر) ۱ کوئی قران نحس ۲ وہ طرف جدھر خاص دن جانا منحوس سمجھا جائے ۳ ان دنوں کا نام جب کسی خاص طرف جانا منحوس سمجھا جائے ۴ منحوس نت ن ۵ منحوس چہرہ۔ **دشا فراغت** (مونث) پاخانہ (جانا کے ساتھ)

دَشت (ف۔ مذکر) ۱ جنگل۔ صحرا۔ بیابان۔ میدان۔ ریگستان ۲ قبرستان ۳ شطرنج کا تختہ ۴ خشک مشک نافہ۔ **دشتِ استبراق** (مذکر) سرسبز جنگل یا صحرا۔ **دشت پیما** (صفت) جنگلوں میں پھرنے والا۔ بادیہ گرد۔ **دشت پیمائی** (مونث) جنگلوں میں پھرنا۔ صحرا نوردی۔ **دشتِ دغا** (مذکر) میدان جنگ۔ **دشت سواران** (مذکر) ۱ وہ لوگ جو صحرا میں زندگی بسر کرتے ہیں ۲ صحرائے عرب ۳ قبرستان۔ **دشت سیر** (مونث) صحرا کا سفر۔ **دشتِ قتال** (مذکر) میدان جنگ۔ **دشتِ کربلا** (مذکر) ۱ ۔ ۲ سخت مصیبت کی جگہ۔ **دشت گرد** (مذکر) صحرا کا مسافر۔ **دشت گرداں** (مذکر) عرب۔ **دشت گردی** (مونث) صحرا نوردی۔ **دشتِ لالہ** (مذکر) وہ جنگل جس میں گل لالہ پھولا ہو۔ **دشتِ مصاف یا نبرد** (مذکر) لڑائی کا میدان۔ **دشت نورد** (صفت) دشت پیما۔ **دشت نوردی** (مونث) بادیہ پیمائی۔ **دشتی** (صفت) جنگلی۔ **دشت یلانِ یمن** (مذکر) عرب۔

دُشت (ہ۔ مذکر) دیکھو دُشٹ۔

دُشٹ (س۔ صفت) ۱ برا۔ خراب ۲ بدچلن۔ بدکار ۳ شریر۔ بدذات ۴ قصوروار۔ پر نقص ۵ جھوٹا۔ کھوٹا ۶ بے رحم۔ ظالم ۷ ضدی۔ ہٹی ۸ کینہ۔ رذیل۔ چنڈال۔ **دُشٹا** (مونث) خراب عورت۔ بدچلن عورت۔ **دُشٹتا۔ دُشٹتائی** (مونث) ۱ خرابی۔ برائی۔ بدچلنی۔ بدکاری ۲ شرارت۔ بدذاتی۔ بدمعاشی ۳ جھوٹ (کرنا ہونا کے ساتھ)

مقولہ۔ دُشٹ نہ چھاڑے دُشٹتا کیسی سیکھو دیو۔ دھو ہوں سو بارے کاجل سفید نہ ہوئے۔ برا آدمی کبھی برائی سے نہیں چوکتا۔ سرمے کو سو بار دھوؤ پھر بھی سیاہ رہتا ہے۔

دُشچکیہ (س۔ مذکر) تیسرے نکشتر کا نام۔

دُشمن (ف۔ مذکر) ۱ عدو۔ بیری۔ مخالف۔ بدخواہ ۲ حریف۔ رقیب ۳ جب کسی کی نسبت کوئی بری بات کہنی ہو تو یہ لفظ استعمال ہوتا ہے جیسے آپ کے دشمن جان دیں مگر ملامت معقولیت کے ساتھ جمع استعمال ہوتا ہے۔ جیسے آپ کے دشمنوں کی طبیعت کب سے علیل ہے ۴ دوستی کا رشتہ جو عورتیں آپس میں پیدا کرتی ہیں۔ بیگمات کی زبان میں۔ **دشمناگی** (مونث) بو۔ دشمنی۔ عداوت۔ **دشمنائی** (مونث) دشمنی۔ **دشمنِ ایمان** (مذکر) ۱ جو کسی کے مذہب کو زبردستی بدلوانا چاہے ۲ جو کسی سے بددیانتی کرانا چاہے ۳ معشوق کو بھی کہتے ہیں۔ **دشمن پر کبھی یہ وقت نہ آئے** (ڈالے) دشمن بھی ایسی مصیبت میں مبتلا نہ ہو۔ **دشمنِ جان۔ دشمن جانی** (مذکر) وہ دشمن جو جان لینے کا خواہاں ہو۔ **دشمنِ جہر** (مذکر) ظاہری دشمن۔ **دشمنِ چراغ پاؤں**۔ کوئی ٹھوکر کھائے یا گرے تو کہتے ہیں۔ **دشمنِ دلی** (مذکر) وہ دشمن جو دل میں دشمنی رکھے۔ **دشمنِ ذاتی** (مذکر) قدرتی دشمن۔ **دشمن زیر پا** (دشمن زیر پاؤں تیر) کوئی نیا جوتا پہنے تو کہتے ہیں۔ **دشمنِ سِرّ** (مذکر) خفیہ دشمن۔ **دشمن قلبی** (مذکر) دلی دشمن۔ **دشمن کا بغل میں دبا لینا** (لازم) دشمن کی امداد کرنا۔ **دشمن کا چیتا** (کہا ہوا) دشمن جو چاہتا تھا ہوا۔ دشمنوں کی مراد برآئی۔ **دشمن کام** (صفت) ۱ جو دشمن کی خواہش کے مطابق ہو۔ ناخوش مصیبت زدہ ۲ مخالف۔ بدخواہ ۳ (مذکر) مصیبت تکلیف۔ **دشمن کُشی** (مونث) دشمن کو مارنا۔ **دشمن کوب** (صفت) دشمنوں کو بھگا دینے والا۔ **دشمن کو بھی خدا نصیب نہ کرے**۔ کمال مصیبت کے موقع پر کہتے ہیں۔ **دشمن کی نگاہ سے**۔ تیز نگاہ سے غصے کی نظر سے۔ **دشمن گداز** (صفت) دشمنوں کو تباہ کرنے والا۔ **دشمن مدعی** (مذکر) دشمن۔ **دشمنوں کی جان کو رونا** (لازم) دشمنوں کی شکایت کرنا۔ **دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے**۔ خود بیمار ہیں۔ **دشمنوں کے کان بہرے** (عو) خدانخواستہ۔ **دشمنی** (مونث) عداوت۔ بیر۔ بدخواہی۔ **دشمنی رکھنا** (متعدی) عداوت رکھنا۔ دشمن ہونا۔ **دشمنی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) عداوت ہونا۔ مخالفت ہونا۔ **دشمنی نکالنا** (متعدی) انتقام لینا۔ دشمن کو تکلیف دینا۔ **دشمنی نکلنا** (لازم) دیکھو آخری۔

امثال و اقوال۔ دشمن اگر قوی است۔ نگہباں قوی تر ست۔ دشمن اگر زبردست ہے تو خدا اس سے بھی زبردست ہے تسکین کے لئے کہتے ہیں۔ **دشمنائی سے دشمنائی**۔ برے سے برائی کی جاتی ہے۔ **دشمن چہ کند چو مہرباں باشد دوست**۔ اگر خدا مہربان ہو تو دشمن کچھ نہیں کر سکتا۔ **دشمن زیر پاؤں**۔ نیا جوتا پہننے پر بطور فال سعد بولتے ہیں۔ **دشمن سوئے نہ سونے دے**۔ دشمن نہ خود آرام سے بیٹھتا ہے۔ نہ دوسرے کو چین سے سونے دیتا ہے۔ دشمن کا ہر وقت خطرہ رہتا ہے۔ **دشمن کو کم نہ سمجھئے**۔ دشمن کیسا ہی حقیر ہو۔ اس کی طرف سے لاپرواہ نہیں ہونا چاہئے۔ **دشمن کون۔ ماں کا پیٹ**۔ بھائیوں میں اگر دشمنی ہو جائے تو سخت ہوتی ہے۔ **دشمن کہاں بغل میں**۔ پیٹ انسان کا بڑا دشمن ہے۔ سب کچھ کراتا ہے۔ **دشمن کے دل میں جگہ کرنے کو ہنر چاہئے**۔ دشمن کو دوست بنانے کے لئے بڑی قابلیت کی ضرورت ہے۔ **دشمن کی نگاہ جوتی پر**۔ دعا۔ دشمن ہمیشہ ذلیل و خوار ہے۔ **دشمن کے ہاتھ سانپ مرے کہ دشمن** دو دشمنوں میں سے جو مرے اچھا ہے۔ **دشمنوں میں**

یوں رہے جیسے بتیس دانتوں میں زبان قابلیت اس میں ہے کہ دشمنوں میں رہ کر محفوظ رہے۔ دشمن نتواں حقیر و بیچارہ شمرد۔ دشمن کو کمزور نہیں سمجھنا چاہیئے اس کی طرف سے ہمیشہ ہوشیار رہنا چاہیئے۔

دَشَن (س۔ مذکر) دانت۔

دُشنام (ف۔ مذکر مونث) گالی گلوچ (دینا۔ سننا کے ساتھ)

دَشنَہ (ف۔ مذکر) خنجر جو لار کے باشندے عموماً لگاتے ہیں۔ کٹاری۔

دُشوار (ف۔ صفت) ١مشکل کٹھن۔ دوبھر۔ جانگداز۔ بھاری سخت ٢ (مذکر) پہاڑی علاقہ۔ **دشوار پسند** (صفت) وہ جو مشکل اور دقیق باتوں کو پسند کرے۔ **دشوار خو** (صفت) بدخو۔ **دشوار رستہ** (مذکر) وہ رستہ جس سے گزرنا مشکل ہو۔ **دشوار کر دینا یا کرنا** (متعدی) مشکل بنا دینا۔ **دشوار گزار** (صفت) وہ جہاں سے گزرنا مشکل ہو۔ **دشوار گیر** (صفت) جو فتح نہ ہو سکے (قلعہ) **دشوار ہونا** (لازم) مشکل ہونا۔ **دشواری** (مونث) دقت۔ مشکل سختی۔ **دشواری پڑنا** (لازم) وقت پڑنا مشکل پڑنا۔ **دشواری پیدا کرنا** (متعدی) **ہونا** لازم) مشکل ہو جانا۔

دَشیلا (ھ۔ صفت) ١خوش گزران۔ اچھی حالت میں ٢خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ صاحب اقبال۔

دُعا (ع۔ مونث) ١خدا سے مانگنا۔ التجا۔ التماس۔ استدعا ٢عبارت دعا کی۔ وہ فقرہ یا جملہ جس کا مقصد خدا سے دعا کرنا ہو ٣مناجات۔ مغفرت کی طلب ٤برکت کے الفاظ۔ اسیس۔ شیر باد۔ کسی کی بہتری کا فقرہ ٥خواہش۔ مراد ٦مبارک سلام ٧(بد) سراپ۔ کوسنا (دَعوٗ۔ بلانا) **دعا الٹنا** (لازم) دعا کا مخالف نتیجہ ہونا۔ **دعا بجا لانا** (متعدی) دعا دینا۔ **دعا پڑھ کر دم کرنا** (متعدی) دعا کے الفاظ پڑھ کر پھونکنا۔ **دعا پڑھنا** (لازم) دعا کے الفاظ منہ سے کہنا۔ **دعا چلنا** (لازم) دعا کا اثر ہونا۔ **دعا دینا** (متعدی) برکت کے الفاظ کہنا۔ اسیس دینا **دعا سر کھول کے مانگنا** (لازم) نہایت اضطراب کی حالت میں دعا مانگنا۔ **دعا سلام بھیجنا یا کہنا** (لازم) کسی کے ذریعے دعا کا پیغام بھیجنا۔ **دعا قبول کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مراد پوری ہونا۔ خدا کا درخواست ماننا۔ **دعا (کرتا ہوں) کرتے ہیں)** مزاج پوچھنے کا جواب۔ **دعا کرنا** (متعدی) خدا سے درخواست کرنا۔ دعا مانگنا۔ **دعا کہنا** (لازم) دعا کے الفاظ کہنا۔ **دعا گو** (صفت) دعا کہنے والا۔ خیر خواہ بہتری چاہنے والا۔ **دعا گوئے قدیم** (صفت) پرانا خیر خواہ۔ ہمیشہ سے بہتری چاہنے والا۔ **دعا گوئی** (مونث) دعا کہنا۔ دعا۔ **دعا لگنا** (لازم) دعا کا اثر ہونا۔ **دعا لینا** (لازم) کسی کو خوش کر کے برکات کے کلمات سننا۔ اسیس لینا۔ **دعا مانگنا** (متعدی) خدا سے بھلائی کی التجا کرنا۔ **دعا مستجاب ہونا** (لازم) دعا قبول ہونا۔ **دعا و ثنا** (مونث) برکت اور تعریف کے الفاظ (بجا لانا کے ساتھ) **دعائے باراں** (مونث) بارش کی دعا۔ **دعائے بد** (مونث) بد دعا۔ **دعائے جاں درازی دینا** (متعدی) درازئ عمر کی دعا دینا۔ جب کوئی چھوٹا سلام کرے تو کہا جاتا ہے۔ جیتے رہو۔ **دعائے جوشن** (مونث) لڑائی سے پہلے کی دعا۔ **دعائے حرز جاں** (مونث) ایک دعا جو کسی کے سفر جانے پر پڑھ کر پھونکتے ہیں۔ **دعائے خیر** (مونث) اچھی دعا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دعائے خیر سے یاد فرمانا** (متعدی) کسی کے حق میں اچھی دعا کرنا۔ **دعائے دولت** (مونث) ترقی یا بہتری کی دعا کسی کے لئے مانگنا۔ **دعائے عافیت** (مونث) صحت یا تندرستی کی دعا۔ **دعائے فتح وظفر دینا** (متعدی) لڑائی میں کامیابی کی دعا دینا۔ **دعائے قدح** (مونث) بارش کی دعا۔ **دعائے قنوت** (مونث) ایک دعا جو نماز عشا میں وتر کی تیسری رکعت میں پڑھی جاتی ہے۔ **دعائے گندم** (مونث) ایک دعا جو پڑھ کر گندم تقسیم کرتے ہیں۔ **دعائے ہلال** (مونث) وہ دعا جو ہلال دیکھ کر پڑھتے ہیں۔ **دعائیں دینا** (متعدی) کسی کے حق میں بہت سے کلمات خیر کہنا۔ **دعائیں لینا** (لازم) کسی سے کلمات خیر سننا۔ **دعائیہ** (صفت) منسوب بدعا۔

امثال واقوال۔ **دعا اور دوا نت کرنی چاہیئے**۔ کوئی بیمار ہو تو دونوں کام کرنے چاہئیں۔ یہ نہیں کہ دعا پڑھی جائے اور دوا نہ کرے۔ اور دوا کرے تو تندرستی کی دعا بھی مانگنی چاہیئے۔ **دعا و سمد صاؤں کو نہیں پھرتی دو دو دانوں کو۔** جن کے سہارے سے گزران ہوتی ہے ان کی خیر مناؤ۔ نہیں تو بھیک مانگتے پھرتے۔

دَعَوات (ع۔ مونث) دعا کی جمع۔ دعائیں۔

دَعواے (ع۔ مذکر) دعوے اضافت کے ساتھ بعض وقت الف سے لکھا جاتا ہے **دعوائے بے دلیل** (مذکر) وہ دعوے جس کا کوئی ثبوت نہ ہو یا جس کی دلیل نہ ہو۔

دَعوَت (ع۔ مونث) ١کھانے کے واسطے بلانا ٢کسی مذہب کی طرف بلانا ٣کھانا۔ ضیافت ٤طلبی ٥کسی عمل کو پڑھنا۔ جنات کو بلانا ٦دعوے ٧دعا ٨فرقۂ اسماعیلیہ ٩اس فرقے کا جاسوس (دَعوٗ۔ بلانا) **دعوت اسلام** (مونث) اسلام لانے کی درخواست کرنا۔ کسی کو مسلمان ہونے کے لئے کہنا۔ **دعوت پر بلانا** (متعدی) کھانے کے لئے بلانا۔ **دعوت جنگ** (مونث) لڑائی کے لئے بلانا۔ اعلان جنگ۔ **دعوت دینا** (لازم) ١کھانے کے لئے بلانا۔ ضیافت کرنا ٢کسی مذہب کی طرف بلانا۔ **دعوت سمرقند** (مونث) ایک دن پرتکلف دعوت دوسرے دن روزہ۔ **دعوت شیراز** (مذکر) سادہ کھانا۔ بے تکلفی کی دعوت۔ **دعوت قبول کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ضیافت منظور ہونا۔ **دعوت کا سامان مہیا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ضیافت کے لئے کھانے پینے کی چیزیں جمع ہونا۔ **دعوت کرنا** (متعدی) کھانے کے لئے بلانا۔ **دعوت کھانا** (لازم) کسی کے گھر جا کر کھانا کھانا۔ **دعوت ماننا** (لازم) **منظور کرنا** (متعدی) کسی کی دعوت کی درخواست کو قبول کر لینا۔ **دعوت میں جانا** (لازم) کسی کے گھر کھانا کھانے جانا۔ **دعوت کے لقمے** (مذکر) دوسرے کے گھر کا کھانا۔ **دعوت نہیں عداوت ہے**۔ دعوت کے پردے میں نقصان پہنچائیں گے۔ **دعوت ولیمہ** (مذکر) وہ ضیافت جو مسلمانوں میں نکاح کے دوسرے دن ہوتی ہے۔ **دعوت ہونا** (متعدی) کھانا کسی جگہ ہونا۔

اقوال۔ **دعوت ہے اور شیراز**۔ سادہ کھانا اچھا ہوتا ہے۔ **دعوت ہے یا عداوت**۔ دوستی ہے یا درپردہ دشمنی۔

دَعویٰ (ع۔ مذکر) ١درخواست۔ خواہش ٢استغاثہ۔ نالش ٣مانگ۔ مطالبہ ٤غرور۔

۵ اِصرار ۶ اپنے آپ کو کسی بات میں اچھا سمجھنا ۵ حق (دَعو۔ بلانا) **دعویٰ اٹھنا** (لازم) دعوے کا ثابت ہونا یا بواب ہونا۔ **دعویٰ باطل** (مذکر) جھوٹا دعوے۔ **دعویٰ پیش ہونا** (لازم) دعوے کا کامیاب ہونا۔ **دعویٰ جمانا** (متعدی) حق ظاہر کرنا قبضہ جتانا ۲ دلیل قائم کرنا۔ **دعویٰ چلنا** (لازم) دعوے کے قابل۔ ماعت ہونا۔ **دعویٰ خدائی** (مذکر) خدا ہونے کا دعوے جیسے فرعون نے کیا تھا۔ **دعویدار** (صفت) دعوے کرنے والا۔ **دعویٰ کرنا** (متعدی) ۱ نالش کرنا ۲ مطالبہ کرنا ۳ کسی بات میں اپنے آپ کو اچھا ظاہر کرنا ۴ طنزاً بھی کہتے ہیں ۵ کسی بات کا اپنے آپ میں ہونا ظاہر کرنا۔ **دعویٰ نبوت** (مذکر) نبی ہونے کا دعوے **دعویٰ نہ چلنا** (لازم) دعوے کا ناکامیاب ہونا **دعویٰ ہونا** (لازم) دیکھو دعوے کرنا۔

دَعی (ع۔ صفت) بلانے والا (دَعو۔ بلانا) **دعی اللہ** (مذکر) اللہ کی طرف بلانے والا۔ پیغمبر صلعم کا لقب۔

دَغا (ف۔ مونث) ۱ دھوکا۔ فریب ۲ مکاری۔ بے ایمانی۔ دمبازی ۳ **دغاباز** (صفت) مکار۔ دھوکے باز۔ فریبی۔ **دغابازی** (مونث) دیکھو دغا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دغا پیشہ** (صفت) ۱ دغاباز۔ مکار۔ عیار ۲ معشوق کو بھی کہتے ہیں۔ **دغا خوری** (مونث) ۱ دغا۔ دھوکا ۲ دھوکا کھانا۔ **دغا داری** (مونث) دغا۔ **دغا دینا یا کرنا** (متعدی) دھوکا دینا۔ فریب کرنا۔ بتا دینا۔ **دغا شعار** (صفت) جو دھوکا دینے کا عادی ہو۔ مکار۔ فریبی۔ معشوق کو بھی کہتے ہیں۔ **دغا کھانا** (لازم) دھوکا کھانا۔ **دغا ہونا** (لازم) دھوکا ہونا۔ فریب ہونا۔

دَغا (اردو۔ امر) دغانا کا۔ **دَغانا** (متعدی) ۱ داغ دینا۔ داغنا ۲ بندوق یا توپ چلانا۔ (داغنا سے) **دغائی** (مونث) وہ نقدی جو داغ لگانے کے لئے دی جائے۔

دُغدُغا (اردو۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی چھوٹی قندیل ۲ (صفت) روشن۔ چمکتا ہوا۔ **دغدغانا** (لازم) ۱ چمکنا۔ روشن ہونا ۲ سرخ ہونا۔ دہکنا۔ **دغدغاہٹ** (مونث) ۱ چمک دمک ۲ سرخی۔ تمتماہٹ۔

دَغدَغہ (ع۔ مذکر) ۱ اندیشہ۔ خطرہ ۲ ڈر۔ خوف ۳ شک۔ شبہ۔ اعتبار ۴ فکر۔ پروا ۵ جو بات دل میں آئے (ہونا کے ساتھ) (دَغدَغ۔ گدگدانا)

دَغل (ع۔ مذکر) ۱ اندر سے خراب ہونا۔ سڑنا۔ گلنا ۲ حیلہ۔ فریب۔ مکر ۳ کھوٹا سکہ ۴ بد کرداری۔ بدافعالی۔ بدچلنی۔ بداطواری ۵ (صفت) ناقص ۶ نندی۔ ہیٹی ۷ ذلیل۔ رذیل۔ کمینہ۔ **دغل فصل** (مذکر) چالاکی۔ فریب۔ **دغلی** (صفت) دھوکے باز۔ دغا۔ فریب۔

دَغنا (ہ۔ لازم) ۱ سر ہونا۔ چھوٹنا چلنا توپ یا بندوق کا۔ داغ دیا جانا۔ چرکا لگنا۔

دَغوانا (ہ۔ م) ۱ کسی چیز کو داغ لگوانا ۲ کسی چیز کو چلوانا یا سر کرانا (داغنا سے)۔

دَغولیا (اردو۔ صفت) دغاباز۔ ٹھگ۔ مکار۔ پاکھنڈی (دغا سے)۔

دَغیلا (ہ۔ صفت) ۱ داغدار۔ چیتی دار ۲ چوٹ لگا ہوا پھل۔ گرا ہوا پھل جسے داغ لگ جائے۔ ۳ عیب دار (داغ سے) ۴ دھوکے باز۔ مکار۔ (دغل سے)۔

دَف (ف۔ مذکر) ڈفلی (بجانا بجنا کے ساتھ) **دفلہ** (مذکر) چھوٹا دف۔ **دف نواز** (صفت) دف بجانے والا۔ **دفالی** (مذکر) ایک قوم کا نام جو دف بجانے کا پیشہ کرتی ہے۔

دَف (ہ۔ مذکر) ۱ گرمی۔ حرارت ۲ جوش۔ تیزی ۳ زہر ۴ غصہ۔ پتا ۵ چڑھاؤ۔ زیادتی ۶ بری خاصیت۔ **دَف مرنا** (لازم) ۱ جوش کم ہونا۔ تیزی مرنا ۲ بری خاصیت جاتی رہنا ۳ غصہ کم ہونا۔

دَفاتِر (ع۔ مذکر) دفتر کی جمع۔

دَفان (اردو۔ مذکر) عو۔ دور۔ پرے۔ **دفان ہونا** (لازم) دفع ہونا۔ دور ہونا (خفف)۔

دَفائن (ع۔ مذکر) دفینے کی جگہ۔

دَفتَر (ف۔ مذکر) ۱ کاغذ۔ حساب کتاب کے کاغذات۔ کچہری کے کاغذات ۲ بہت سے کاغذات جو گٹھے میں بندھے ہوں ۳ کتاب۔ بہی۔ کاپی۔ رجسٹر ۴ سرکاری رپورٹ یا نقشہ ۵ وہ جگہ جہاں کسی محکمے کے کاغذات یا کتابیں رکھی جائیں ۶ وہ جگہ جہاں کاروبار کیا جائے ۷ بڑا بھاری خط۔ طومار ۸ لمبی کہانی۔ قصہ طویل۔ **دفتر ابواب التحصیل** (مذکر) گھر کے اخراجات کا رجسٹر۔ **دفتر ابواب المال** (مذکر) مالگزاری کا رجسٹر۔ **دفتر اعمال** (مذکر) زندگی کے کرتوت۔ **دفتر الٹ جانا** (لازم) سارا مال برباد ہونا۔ سخت نقصان ہونا۔ **دفتر برہم ہونا** (لازم) دفتر کے کاغذات کا بے ترتیب ہونا۔ **دفتر بے معنی** (مذکر) فضول کاغذات۔ **دفتر تہ کرنا** (متعدی) ختم کرنا۔ مختصر کرنا۔ **دفتر چڑھانا** (لازم) مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ **دفتر قاضی** (مذکر) انتڑیاں۔ اوجھ جھوج۔ **دفتر کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) ۱ دفتر کا کام جاری کرنا۔ دفتر کے دروازے کا کھولنا ۲ نیا دفتر بنانا ۳ سارا گزرا ہوا قصہ بیان کرنا۔ کثرت سے بیان کرنا۔ **دفتر گاؤخورد ہونا** (لازم) دفتر کا نیست نابود ہونا۔ کارخانہ درہم برہم ہونا۔ **دفتر مخلود** (مذکر) دائمی رجسٹر۔ **دفتر موقوفات** (مذکر) حسابات کا کمرہ۔ مالگزاری کا دفتر۔ **دَفتر نگار** (صفت) دفتر کا منشی۔ محرر۔ **دفتر نویس** (مذکر) کلرک۔ منشی۔ بابو۔ **دفتری** (مذکر) ۱ دفتر درست کرنے والا ۲ وہ شخص جو دفتروں میں جلد بندی وغیرہ کا کام کرے ۳ (مونث) کاغذوں کا پلندا ۴ سونے چاندی کے ورقوں کا گٹھا (ان عوض میں دفتی کا بگڑا ہوا ہے) **دفتر یومی** (مذکر) روزنامچہ۔

دَفتی۔ دَفتین (ف۔ مونث) ۱ جلد کے پٹھے ۲ کاغذ رکھنے کے پٹھے ۳ خوشنویسوں اور مصوروں کا۔

دَفرقلیا یا قلیہ (ع۔ مذکر) خراب پکا ہوا قلیہ۔ بہت سی چیزیں ملا کر پکی ہو۔

دَفع (ع۔ مذکر) ۱ ہٹانا۔ پرے کرنا۔ دور کرنا۔ اندفاع ۲ دھکیلنا۔ رد کرنا۔ **دفع آتش** (مونث) پیاس بجھانا۔ **دفعات** (مونث) جمع دفعہ کی۔ **دفع الوقتی** (مونث) وقت ٹالنا حیلے حوالے کرنا۔ **دفعتہً** (عف) ۱ یکایک۔ یکبارگی ۲ فوراً ۳ اچانک۔ ناگہاں (کرنا ہونا کے ساتھ) **دفعدار** (مذکر) ۱ دیسی فوج کا ایک افسر جس کے ماتحت تھوڑی سی فوج ہوتی ہے ۲ چوکیداروں کا افسر۔ **دفع دخل کرنا** (متعدی) اعتراض کا جواب دینا۔ **دفع دخل مقدر** (مذکر) ایسا جواب جس سے سوال کی ساری عبارت سمجھ میں آجائے۔ **دفع غم** (مذکر) غم کو بھلانا۔ غم رفع کرنا۔ **دفع کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ دور ہونا۔ ہٹ جانا ۲ زائل ہونا جاتے رہنا ۳ چلا جانا۔ رخصت ہونا۔ نکلنا۔ **دفعہ** (مونث) ۱ باری۔ نوبت ۲ قانون کا فقرہ یا نمبر ۳

مجموعہ۔ جماعت۔ زمرہ۔ **دفعہ بدفعہ** (لقب) ۱ بار بار۔ وقتاً فوقتاً ۲ ایک ایک دفعہ کرکے۔ **دفعہ دار** (مذکر) دیکھو دفعدار۔ **دفعہ عاید کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) کوئی جرم قائم ہونا۔ **دفعیہ** (مذکر) ۱ توڑ۔ روک۔ علاج ۲ دفع کرنے کی تدبیر۔ تدبیر۔ **دفعیہ سوچنا** (لازم) تدبیر نکالنا۔ توڑ کرنا۔ **دفعیہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) تدبیر ہونا۔ توڑنا۔

دِفل (ع۔ مونث) رال۔ قیر۔

دَفن (ع۔ مذکر) ۱ گاڑنا۔ چھپانا ۲ مردے کو زمین میں گاڑنا (کرنا ہونا کے ساتھ) (دَفَنَ گاڑنا) **دفنانا** (متعدی) مردے کو دفن کرنا۔ **دفن کفن** (مذکر) تجہیز و تکفین (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

دَفینہ (ع۔ مذکر) ۱ دفن کیا ہوا خزانہ۔ گڑا ہوا خزانہ ۲ کوئی چیز دفن کی ہوئی۔ مال دفن کیا ہوا (دَفَن۔ گاڑنا) **دفینہ بتلانا** (متعدی) زمین کے اندر کا خزانہ بتانا۔

دَق (ع۔ مذکر) ۱ موٹا اونی کپڑا۔ درویشوں کا اونی کپڑا ۲ ایک نفیس کپڑا ۳ سرجس پر بال نہ ہوں ۴ بھیک مانگنا۔ گدائی۔

دِق (ع۔ مونث) ۱ ایک قسم کا بخار جو پھیپھڑوں کے خراب ہونے سے ہوتا ہے۔ تیسرے درجے کے بعد یہ مرض لاعلاج ہو جاتا ہے ۲ باریک پتلا۔ چھوٹا ۳ دقیق ۴ تنگ۔ ناراض۔ عاجز۔ آزردہ ۵ بیمار ۶ مشکل۔ دقت (دَقّ۔ پتلا ہونا) **دِقدار** (صفت) ۱ دق کرنے والا ۲ تکلیف میں۔ مصیبت میں۔ مشکل میں ۳ تکلیف زدہ۔ مصیبت زدہ۔ **دقداری** (مونث) ۱ تکلیف۔ مصیبت۔ پریشانی ۲ مفلسی غربت (اٹھانا کے ساتھ) **دق کر مارنا یا کرنا** (متعدی) تنگ کرنا۔ پریشان کرنا۔ **دق ہونا** (لازم) تنگ ہونا۔ پریشان ہونا ۲ مرض تپ دق ہو جانا۔

دَقّاق (ع۔ مذکر) آٹا پیسنے والا۔ خراسی۔

دَقائق (ع۔ مذکر) جمع دقیقہ کی۔ باریکیاں۔ نکتے۔

دِقّت (ع۔ مونث) ۱ دشواری۔ مشکل۔ تنگی ۲ باریکی۔ نازک معاملہ ۳ پیچیدہ معاملہ ۴ تکلیف۔ گھبراہٹ۔ مصیبت (دَقّ۔ باریک ہونا) **دقت پسند** (صفت) مشکل بات کو پسند کرنے والا۔ **دقت دینا** (متعدی) تکلیف دینا۔ **دقت طلب** (صفت) دشوار۔ **دقت میں پڑنا** (متعدی) ۱ تکلیف میں ہونا۔ مصیبت میں پھنسنا ۲ مشکل میں ہونا۔ **دقت ہونا** (لازم) مشکل ہونا۔

دَقیانُوس (۔۲۵۱) ایک رومن شہنشاہ تھا۔ جو ۲۴۹ء میں تخت نشین ہوا۔ اس کے عہد میں اصحاب کہف کا سونا بیان ہوتا ہے۔ رومن نام ڈیسیس ہے۔ **دقیانوسی** (صفت) پرانا۔ قدیمی۔ **دقیانوسی باتیں کرنا** (متعدی) پرانی باتیں چھیڑنا یا کرنا۔

دَقیق (ع۔ صفت) ۱ باریک۔ نازک۔ پتلا ۲ لطیف۔ رقیق ۳ مشکل۔ کٹھن ۴ (مذکر) آٹا۔ آرد۔ چون (دَقّ۔ باریک ہونا) **دقیق باتیں** (مونث) مشکل اور اہم باتیں۔ **دقیقہ** (مذکر) ۱ کوئی بہت چھوٹی چیز۔ ذرہ ۲ معمولی بات۔ خفیف معاملہ ۳ لطیف سوال ۴ باریکی۔ نکتہ ۵ منٹ ۶ کسر۔ **دقیقہ اٹھا نہ رکھنا یا باقی نہ چھوڑنا یا فروگذاشت نہ کرنا** (متعدی) کسر نہ چھوڑنا۔ سخت کوشش کرنا۔ عموماً کوئی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **دقیقہ رس یا شناس** (صفت) زود فہم۔ نکتہ سنج۔ باریک بیں۔ تیز طبع۔ ہوشیار۔

دِک (س۔ مذکر) ۱ طرف۔ جانب۔ سمت ۲ میدان۔ وسعت۔ کشادگی ۳ مرکبات میں دش کی بجائے استعمال ہوتا ہے۔

دُکّا (ہ۔ صفت) دوسرا اردو میں صرف اکا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

دَکاکین (ع۔ مونث) دوکان کی جمع۔

دُکال (ہ۔ مذکر) قحط۔

دُکان (ع۔ مونث) ۱ سودا بیچنے کی جگہ۔ ہاٹ۔ کوٹھی۔ کارخانہ ۲ کاروبار کی جگہ ۳ وکیل کی بیٹھک جہاں وہ موکلوں سے ملتا ہے اور مقدمات تیار کرتا ہے۔ **دکان اٹھانا** (متعدی) **اٹھنا** (لازم) دکان بند ہونا۔ دکان کا کام چھوٹنا۔ **دکان بڑھانا** (متعدی) **بڑھ جانا۔ بڑھنا** (لازم) **بند کرنا** (متعدی) **بند ہو جانا۔ ہونا** (لازم) ۱ دکان کا دروازہ بند ہونا ۲ دکان کا کام ختم ہونا۔ بکری موقوف ہونا ۳ دکان ٹوٹنا۔ **دکان جمانا** (متعدی) **جمنا** (لازم) ۱ دکان قائم ہونا۔ **دکان چلنا** ۲ خود نمائی ہونا۔ **دکان چلانا** (متعدی) **چلنا** (لازم) خوب بکری ہونا۔ خریداری ہونا۔ گرم بازاری ہونا۔ **دکاندار** (صفت) دکان رکھنے والا۔ تاجر۔ **دکاندار** (صفت) دکان رکھنے والا۔ تاجر۔ **دکانداری** (مونث) ۱ دکان رکھنے کا پیشہ ۲ چرب زبانی ۳ روپیہ بٹورنے کا کام (کرنا ہونا کے ساتھ) **دکانداری کی باتیں کرنا** (متعدی) چرب زبانی کرنا۔ **دکان رکھنا یا کرنا** (متعدی) اشیا بیچنا۔ بیچنے کا کام یا پیشہ کرنا۔ **دکان سی لگانا** (متعدی) چیزوں کو یونہی پھیلا کر یا بے ترتیب کرکے رکھنا۔ **دکان کھولنا** (متعدی) **کھلنا** (لازم) ۱ دکان کا دروازہ کھولنا ۲ بکری شروع ہونا ۳ بیچنے کا کام شروع ہونا۔ **دکان گرم ہونا** (لازم) بکری بہت ہونا۔ **دکان لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ دکان کھلنا ۲ بکری کے لئے چیزیں رکھی جانا یا پھیلنا۔ **دکان ہونا** (لازم) دکان کھلنا۔ دکان قائم ہونا۔

دُکڑا (ہ۔ مذکر) پیسے کا چوتھا حصہ۔ دمڑی۔ چھدام۔ **دکڑاہی** (ہ) پیسے کے چوتھے حصے کی قیمت کا۔

دُکڑی (ہ۔ مونث) ۱ دو کا پتہ۔ دکی دری ۲ گھوڑوں کی جوڑی (س دوی۔ دو)۔

دَکش (س۔ صفت) ۱ لائق۔ قابل ۲ موزوں ۳ چابکدست۔ کامل فن ۴ ہوشیار۔ چالاک ۵ دماغی طاقتوں کو قوت دینے والا (سوم) ۶ قابل گذر (گنگا) ۷ مناسب۔ موزوں ۸ دایاں ۹ (مذکر) قابلیت لیاقت۔ طاقت۔ قوت ۱۰ (مذکر) قابل یا فاضل آدمی پنڈت۔ ودیادان۔

دِکشا (ہ۔ مذکر) کسی گرو کا چیلا بننے کی رسم۔

دَکشن (س۔ صفت) ۱ دایاں ۲ جنوبی ۳ لائق۔ قابل ۴ چالاک۔ ہوشیار ۵ چابکدست۔ ماہر فن ۶ دیانت دار۔ سچا۔ سنجیدہ ۷ شائستہ۔ مہذب۔ خوش اخلاق ۸ (مذکر) دائیں طرف۔ دایاں ہاتھ ۹ جنوب ۱۰ ہندوستان کا جنوبی حصہ۔ دکن۔ **دکشنا** (مونث) ۱ دکن ۲ نذر یا انعام جو برہمن کو دیا جائے۔ بھینٹ کی فیس ۳ بہت دودھ دینے والی گائے ۴ (صفت) دائیں یا جنوب کی طرف۔

دَکَن (ہ۔ مذکر) دیکھو دکھن۔ **دکنی** (مونث) اردو زبان جو دکن میں بولی جاتی ہے۔

دُکھ (ہ ۔ مذکر) ۱ بیماری ۔ مرض ۲
درد ۳ تکلیف ۴ رنج ۵ آفت ۔ مصیبت ۔ بلا ۶ عذاب ۷
ایذا ۸ ظلم ۔ ستم ۹ مشقت ۔ محنت ۱۰ تنگی ۔ دقت ۔
(س دکھن) دُکھ اٹھانا (متعدی) اٹھنا (لازم)
تکلیف برداشت ہونا ۔ ایذا پانا ۔ دکھا کر (تف)
رنج دے کر ۔ تکلیف دے کر ۔ دکھانا (متعدی) ۱ تکلیف
دینا ۔ ایذا دینا ۲ رنج دینا ۔ غم دینا ۳ زخم کو چھیڑنا ۔
درد کی جگہ پر کوئی چیز مارنا ۔ دکھ بٹانا (متعدی)
شریک رنج و غم ہونا ۔ غمخواری کرنا ۔ ہمدردی کرنا ۔
دکھ بھرا (صفت مذکر) بھری (صفت مونث)
غمگین ۔ پر اثر ۔ رنجیدہ ۔ دکھ بھرنا ۔ بھگتنا یا بھوگنا
(لازم) تکلیف اٹھانا یا سہنا ۔ رنج و غم میں زندگی
بسر کرنا ۔ دکھ بھنجن (ھ) مصیبت یا تکلیف یا غم کو
دور کرنے والا ۔ ایشر کا ایک نام ۔ دکھ بھوگ (ھ)
مصیبت ۔ آفت ۔ دکھ بھوگن یا بھوگی (ھ)
دکھ اٹھانے والا ۔ دکھ پانا (لازم) تکلیف میں ہونا
رنج پانا ۔ دکھ پر دکھ بھرنا ۔ بھگتنا یا بھوگنا (لازم)
سخت تکلیف اٹھانا ۔ تکلیف پر تکلیف اٹھانا ۔ دکھتی
چوٹ کی ٹیس (مونث) پتے کی بات ۔ دکھتی کہنا
(لازم) ایسی بات کہنا جو مخاطب کو ناگوار ہو ۔ دکھ
دا ۔ دائی ۔ دئی ۔ دایک یا دایی (ھ) دکھ
دینے والا ۔ ستمگار ۔ ظالم ۔ جفاکار ۔ دکھ دایک
(ھ) وہ جو دوسروں کے دکھ کو رفع کرے ۔ دکھ درد
(مذکر) آفتیں ۔ مصیبت (بٹالینا ۔ بٹانا ۔ بھرنا کے
ساتھ) دکھ درد کا شریک (مذکر) رنج و غم کا
ساتھی ۔ ہمدرد ۔ شریک رنج و غم ۔ دکھ دھندہ
(مذکر) دنیا کی تکلیفیں اور کام ۔ تکلیف دہ کام ۔
دکھ دینا (متعدی) ۱ تکلیف دینا ۔ تکلیف پہنچانا
۲ رنج پہنچانا ۔ دکھ رونا (لازم) ۱ گلہ شکوہ کرنا ۲
دکھ کا حال بتانا ۔ دکھڑا (مذکر) دکھ کی تصغیر ۱ بیماری ۔
مرض ۲ رنج و غم کا بیان ۔ درد بھرا قصہ ۳ گلہ شکوہ ۴
محنت و مشقت ۔ دکھڑا پڑنا (لازم) ۱ مصیبت
یا بپتا آنا ۲ رانڈ ہو جانا ۔ خاوند کا مر جانا ۔ دکھڑا
پیٹنا (لازم) ۱ محنت مشقت کرنا ۲ مصیبت میں
زندگی گزارنا ۔ دکھڑا رونا (لازم) مصیبت بیان
کرنا ۔ دکھ ساگر (مذکر) بحر غم ۔ مصیبت کا گھر ۔ سنسار ۔
دنیا ۔ دکھ سکھ (مذکر) رنج و راحت ۔ غم و شادی
(بتانا ۔ کہنا ۔ سنانا ۔ سننا کے ساتھ) دکھ سہنا (لازم)
دکھ برداشت کرنا ۔ دکھ کار ۔ کاری ۔ کرپا کرتا ۔
(ھ) تکلیف دینے والا ۔ ستمکار ۔ جفاکار ۔ ظالم ۔
دکھ کا مارا (صفت) مصیبت زدہ ۔ غم زدہ ۔
دکھ کھنڈن (ھ) دکھ کو فنا کرنے والا ۔ دکھ کی پوٹ
(مونث) سرتاپا دکھ ۔ دائم المرض ۔ دکھ کی مار
(مونث) مصیبت کی تکلیف ۔ دکھ کی ماری
(صفت مونث) مصیبت زدہ ۔ غم زدہ ۔ دکھ لگانا
(متعدی) لگنا (لازم) ۱ روگ لگنا ۔ روگی ہونا ۲
مصیبت پڑنا ۔ ملنا (لازم) تکلیف پہنچنا ۔ دکھ ہونا ۔
دکھی ۔ دکھنا (لازم) ۱ درد ہونا ۔ درد کرنا ۲ (دل)
غمگین ہونا ۔ غم ہونا ۳ (ہاتھ پاؤں وغیرہ) تھک جانا
۴ (آنکھ) آنکھ کا سرخ ہونا ۔ دکھ نکند (ھ ۔ مذکر)
دکھ کو جڑ سے کھونا ۔ دکھ نوارن (ھ) دکھ کو روکنا ۔
یا رفع کرنا ۔ دکھنے آنا (لازم) آنکھ کی تکلیف ہونا ۔
صرف آنکھ کے واسطے استعمال ہوتا ہے ۔ دکھول
(جمع) دکھ کی ۔ دکھ ہاری ۔ ہرتا یا ہرن (ھ)
۱ وہ جو دکھ کو رفع کرے ۲ تسکین بخش دوائی ۔ دکھی
(صفت) ۱ بیمار ۔ مریض ۔ روگی ۲ مصیبت زدہ ۔
مغموم ۔ رنجیدہ ۔ دکھیا (مونث) دردمند عورت ۔
غموں کی ماری عورت ۔ دکھیارا (صفت) دکھیاری
(صفت مونث) ۱ مصیبت زدہ ۔ درد رسیدہ ۲ غمزدہ ۔
آفت کی ماری ۔

امثال و اقوال ۔ دکھ بھریں

بی فاختہ اور کوے میوے کھائیں ۔ مصیبت
کوئی اٹھائے ۔ فائدہ کوئی حاصل کرے ۔ دکھتے چوٹ
کنوڈے کینینٹ ۔ چوٹ پر چوٹ لگتی ہے اور
جس سے ملنا نہ چاہو اس سے ضرور ملاقات ہوتی ہے یا
ایسے شخص سے ملنا جس کی شکل دیکھنا نہ چاہو چوٹ پر چوٹ
لگنے کے برابر ہے ۔ جس چیز کا ڈر ہو وہی پیش آتی ہے ۔
دکھتے دانت کو اکھیڑنا چاہئے ۔ اس کا کوئی اور
علاج نہیں ۔ یا تکلیف دینے والی چیز کو دور کرنا چاہئے ۔
دکھ سکھ بھائی بہن ہیں ۔ دکھ کے ساتھ سکھ اور
سکھ کے ساتھ دکھ ضرور ہوتا ہے ۔ دکھ سکھ جیو سے
کھاؤ بپتا گھیو سے ۔ زندگی میں دکھ سکھ ہوتا ہی ہے ۔
مزے سے گزارنی چاہئے ۔ دکھ سکھ سب کے
ساتھ لگا ہوا ہے ۔ ہر شخص کو تکلیف اور آرام ہوتا
ہے ۔ دکھ سکھ لندن سنگ ہے میٹ سکے
نہ کوئی ۔ جیسے چھایا دہ کی نیاری نیک نہ
ہوئی ۔ تکلیف اور آرام ہمیشہ اکٹھے ہوتے ہیں ۔ کوئی
انہیں جدا نہیں کر سکتا جس طرح بدن سے سایہ جدا نہیں
ہوتا ۔ دکھ میں سکھ کی قدر ہوتی ہے ۔ آرام کی
آدمی قدر نہیں کرتا جب تک اسے تکلیف نہ ہو ۔ دکھ
میں ہر کو سب بھجیں سکھ میں بھجے نہ کو ۔ جو
سکھ میں ہر کو بھجیں تو دکھ کاہے کو ہو ۔ ہر کوئی
دکھ میں خدا کو یاد کرتا ہے سکھ میں نہیں کرتا ۔ اگر سکھ میں
کرے تو دکھ کبھی نہ ہو ۔ دکھیا دکھ رووے سکھیا
جیب دکھر لُووے ۔ مصیبت زدہ اپنا دکھ بیان کرتا
ہے ۔ خوش یہ سوچتا ہے کہ اس سے کیا فائدہ اٹھایا جائے ۔
وکیلوں کی نسبت کہتے ہیں ۔ دکھیا رووے سکھیا
سووے ۔ مصیبت زدہ آدمی تکلیف میں دن
گزارتا ہے ۔ خوش قسمت مزے کرتا ہے ۔
دِکھا (ہ ۔ امر) ۱ دکھانا کا ۲ (ماضی)
دیکھنا کی (س درش ۔ دیکھنا) دکھا آنا (لازم)
کسی کو کوئی چیز دکھا کر واپس آنا ۔ دکھا دینا (متعدی)
دکھانا ۔ دکھا لانا (لازم) کسی کو کچھ دکھا کر واپس لانا ۔
دکھانا (متعدی) دیکھنا کا ۱ آنکھوں کے سامنے کرنا ۔ روبرو
کرنا ۔ پیش کرنا ۲ ملاحظہ کرانا ۳ آگاہ کرنا ۴ تجربہ کرانا ۵
(راستہ) رستہ بتانا ۶ (دل) آفت میں ڈالنا ۔ مصیبت
لانا ۷ (آنکھیں) ناراض ہونا ۔ غصے ہونا ۸ (منہ) سامنے
آنا ۔ کسی کو تسلی سے ملنا ۹ (ہاتھ) نجومی کے سامنے ہاتھ
پیش کرنا کہ وہ قسمت کا لکھا بتائے ۔ حکیم سے تشخیص کرانا
کرتب کا ملاحظہ کرانا ۱۰ (زبان) حکیم کو زبان کا ملاحظہ
کرانا ۱۱ (پیٹھ) بھاگ جانا ۱۲ (سر کی) جوئیں نکلوانا ۱۳ (چال)
روانہ ہونا ۔ چلتا بننا ۔ گھوڑے کا قدم دکھانا ۔ رفتار
دکھانا ۱۴ (دانت) معقول جواب نہ آنے کی صورت
میں ہنس دینا ۱۵ (جوبن) خوبصورتی کی بہار ۱۶ (جیب
گات) خوبصورتی دکھانا جن کے غرور میں چھاتی نکال کر
چلنا ۱۷ (زور) قوت دکھانا ۔ رعب ڈالنا ۔ طاقت
ڈالنا ۔ طاقت لگانا ۔ غلبہ دکھانا ۔ حکومت جتانا ۱۸ (پانی)
جانور کو پانی پلانا ۱۹ (کام) اچھا کام کرنا ۔ محنت سے کام
کرنا ۲۰ (تارے) بدحواس کر دینا ۲۱ (ٹھینگا) صاف انکار
کرنا ۔ چھیڑنا ۔ چڑانا ۲۲ (رنگ ، اثر) دکھانا ۔ طرز دکھانا ۔
کیفیت دکھانا ۔ لطف دکھانا ۲۳ (لطف وغیرہ) مزا دینا
۲۴ (دن) موقعہ کرنا ۔ کرنا ۲۵ (ناز نخرے) کرنا ۔ دکھانے
کے دانت ہیں ۔ نمائشی باتیں ہیں ۔ دکھاؤ (مذکر)
۱ ظاہر ۔ عیاں ۔ دکھائی دینے والا ۲ قابل دکھانے کے ۔
خوبصورت ۔ خوشنما ۳ دکھانے کے لئے ۴ نمائشی ۔ دکھاوا
۵ کھلا ۔ دکھاؤ (مذکر) دور کی چیز کا نظر آنا ۔ سامنا ہونا ۔
دکھاوا (مذکر) دکھاوت (ھ) دکھاوٹ (مونث)

بانمود - نمائش - ظاہرداری ۲ تکلف - بناوٹ ۳ ظہور - درشن - **دکھاوٹی** (مونث) نمائشی - **دکھاونا** (ھ) **دکھائی** (مونث) ۱ خودنمائی ۲ ظہور - درشن ۳ نمائش - نمود ۴ معائنہ ۵ معائنہ کرنے کی اجرت - **دکھائی پڑنا یا دینا** (لازم) ۱ نظر آنا - سجھائی دینا ۲ معلوم ہونا ۳ احتمال ہونا ۴ (نفی کے ساتھ) مثل نظر نہ پڑنا - **دکھلانا** (متعدی) دکھانا - **دکھلاؤ - دکھلاوا - دکھلائی (دینا)** دیکھو دکھاؤ وغیرہ - **دکھلاونا** (ھ - متعدی) دکھلا - **دکھلوانا** (م) دکھلانا کا - **دِکھنا** (لازم) دیکھو دکھائی دینا ۲ (ھ) دکھنا - **دکھنوت** (ھ - مونث) دکھاوٹ - **دکھوانا** (م) دکھلانا کا -

دِکھت (ھ - مذکر) راجپوتوں کی ایک گوت -

دَکھت (ھ - صفت) دکھیا - **دکھت رہنا** (لازم) ہمیشہ دکھ میں رہنا -

دَکھن (ہ - مذکر) ۱ جنوب ۲ ہندوستان کا جنوبی حصہ - دکن - **دکھنا** (ھ) جنوبی ۲ جنوبی ہوا - **دکھنائی** (مونث) جنوبی ہوا - **دکھنی** (صفت) ۱ جنوبی ۲ دکن کا - دکن سے منسوب ۳ (مونث) اردو زبان جو دکھن میں بولی جاتی ہے - **دکھنی پودینہ** (مذکر) ایک قسم کا پودینہ - حبشی پودینہ - **دکھنی ٹھہراؤ** (ھ) راس الجدی - **دکھنی دُھرا** (ھ - مذکر) قطب جنوبی - **دکھنی راس** (مذکر) جنوبی نکشترہ - **دکھنیری** (مونث) جنوبی ہوا - **دکھنی مرچ** (مونث) سفید گول مرچ -

مثل - دکھن گئے نہ باہو رہے ر - ہے چندیری چھاؤ - جو دکن گیا واپس نہیں آیا - چندیری میں رہ گیا - اس کے متعلق کہتے ہیں - جو پردیس میں جاکر آباد ہو جائے - اس مثل میں اورنگزیب کی فوج کی طرف اشارہ ہے جو بارہ برس تک چندیری میں پڑی رہی تھی -

دُکھن (ھ - صفت) دکھی -

دُکی (ہ - مونث) دو کا پتہ تاش یا گنجفے میں دری - دُوا -

دُگاڑا (ہ - مذکر) دیکھو دوگاڑا (مارنا لگنا کے ساتھ) -

دُگانہ (ہ - مذکر) ۱ جڑواں چیز - دوہری چیز ۲ دو رکعت نماز (شکرانہ) ۳ (مونث) وہ عورت جو چپٹی لڑاتی ہو - **دگانہ پھل** (مذکر) جڑواں پھل -

دَگدَگا (ہ - صفت) ۱ جلتا ہوا - چمکتا ہوا - روشن ۲ قندیل - قمقمہ - دیا کاغذ کے پیالے میں رکھا ہوا - **دگدگانا** (لازم) ۱ جلنا - چمکنا - دہکنا - دغدغانا ۲ سرخ ہونا - سوجنا - **دگدگاہٹ** (مونث) ۱ چمک دمک ۲ ٹمٹماہٹ -

دِگدِگانا (ہ - لازم) دانت بجنا -

دُگدَھ (س - مذکر) ۱ دودھ - شیر ۲ (صفت) دہا ہوا -

دُگدھا (ہ - مونث) ۱ دیکھو دبدھا ۲ برہمنوں کی ایک گھٹیا ذات - یہ لوگ الہ آباد کے گرد و نواح میں رہتے ہیں -

مثل - دگدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام ۱ تذبذب میں ناکامیابی ہوتی ہے ۲ دو کاموں کا ایک وقت انتظام کرنے سے دونوں خراب ہو جاتے ہیں -

دِگر (ف - صفت) ۱ دیگر - دوسرا ۲ (تف) ایک بار اور - **دگرگوں** (صفت) ۱ الٹا - سر نگوں ۲ الٹ پلٹ - تہ و بالا - تغیر تبدل (کرنا ہونا کے ساتھ)

مقولہ - دگرہ گرنداری طاقت نیش - مکن انگشت درسوراخ کژ دم - اگر تجھ میں ڈنک کھانے کی طاقت نہیں تو بچھو کے سوراخ میں انگلی نہ ڈال - اگر نقصان اٹھانے کی ہمت نہیں تو ایسا کام نہیں کرنا چاہئے جس میں نقصان ہوتا ہو - بروں کی صحبت کا برا ہی اثر ہوتا ہے -

دَگڑ (ھ - مذکر) ڈنکا - شتری -

دَگڑا (ھ - مذکر) رستہ - سڑک - ڈگر - **دگڑا بکنا یا چلنا** (لازم) رستے کا ہر وقت جاری رہنا - سڑک چلنا -

دَگڑانا (ھ - متعدی) ۱ ہلانا - جھلانا ۲ ڈگرانا - چلانا ۳ لڑھکانا -

دَگڑنا (ھ - لازم) ۱ ہلنا - جھولنا ۲ لڑھکنا ۳ چلنا ۴ شبہ کرنا - نہ ماننا -

دَگلا (ہ - مذکر) روئی دار انگرکھا - لبادہ - اوورکوٹ -

مثل - دگلا سب سے اگلا - بچھاؤ نرم - اوڑھو گرم - گٹھڑی میں بھرم - دیدو کرم - دگلے میں یہ سب باتیں پائی جاتی ہیں -

دَگن (ہ - مونث) ۱ دگنی آواز - دوسری آواز گانے میں ۲ (ھ - صفت) دگنا -

دُگنا (صفت) دوچند - دوہرا - دونا - **دگنی آواز** (مونث) گانے میں دونی آواز - **دگنی دینا** (متعدی) دوچند روپیہ دینا -

دِگھی - دِگھی - دِگی - دِگی (ھ - مونث) لمبوترا تالاب -

دَل (س - مذکر) ۱ ٹکڑا ۲ آدھا حصہ ۳ دوہرا ۴ شگوفہ ۵ دارچینی کا پتہ ۶ ناپاک - سونا ۷ ڈھیر ۸ دستہ فوج کا ۹ ایک راجہ -

دَل (ہ - مذکر) ۱ جسامت - موٹائی ۲ فوج - لشکر - انبوہ ۳ پتا - شگوفہ ۴ جنگلی چاول ۵ ڈھیر - تودہ - تعداد ۶ تباہی - بربادی - **دل بادل** (مذکر) ۱ بہت گہرا ابر ۲ بہت سی فوج ۳ بڑا خیمہ ۴ نواب آصف الدولہ کے ایک ہاتھی کا نام - **دل باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) پھوڑے پھنسی کی جسامت کا بڑھنا ۲ فوج کا انبوہ کرنا - **دلدار** (صفت) موٹا - دبیز -

دَل (ہ - امر) دلنا کا - **دلا** (امر) ۱ دلانا کا ۲ (ماضی) دلنا کی - **دلانا** (متعدی) دلوانا - **دلدینا** (متعدی) بڑا سخت صدمہ پہنچانا - **دل ملنا یا مسلنا** (لازم) ۱ پیس ڈالنا - مسل ڈالنا - روندنا ۲ پامال کرنا - برباد کرنا - **دل مسل کرنا** (متعدی) ۱ کوٹنا - مارنا ۲ دبانا اور شکن ڈالنا - **دل ملنا** (متعدی) پیس ڈالنا - مسل ڈالنا - **دلنا** (لازم) ۱ موٹا موٹا پیسنا ۲ اناج کے دو ٹکڑے کرنا - **دال بنانا** ۳ تباہ کرنا - برباد کرنا - **دلوانا** (م) دلنا کا - **دلوائی** (مونث) دلانے کی اجرت -

دِل (ف - مذکر) ۱ ایک اندرونی عضو جس کا کام خون کو رگوں میں بھیجنا ہے - یہ ہر وقت ہلتا رہتا ہے - اگر اس کی حرکت بند ہو جائے تو انسان فوراً مر جاتا ہے - اسکی شکل پان کی طرح ہوتی ہے مگر ٹھوس - پرانے زمانے میں لوگوں کا خیال تھا کہ انسان اسکے ذریعے سے سوچتا ہے - قلب ۲ اندرونی حصہ - باطن کسی چیز کا ۳ حوصلہ - کلیجہ - جگر ۴ جرات - دلیری - ہمت ۵ خواہش - رغبت - ہوس ۶ رخ - عندیہ - توجہ ۷ مرضی - خوشی ۸ سخاوت - فیاضی ۹ وسط - درمیان - مرکز - **دلا** (ندا) اے دل - **دل آب (آب) ہونا** (مونث) دل کا نرم ہونا - **دل آرا** (سے) (صفت) دل کو آراستہ کرنے والا معشوق - **دل آرام** (صفت) دل کو آرام دینے والا معشوق -

دل آرائی (مونث) دلربائی - دل کو لبھانا -
دل آرائی کرنا (متعدی) ہونا (صفت) عاجز
ہونا - زچ ہونا - دل آزار (صفت) دل کو
ستانے والا - دل دکھانے والا - ظالم - دل آزاری
(مونث) دل دکھانا - ظلم - ستم - ایذا رسانی - ایذا
دہی - دل آزردہ (صفت) رنجیدہ - ناخوش -
افسردہ خاطر - دل آزردہ کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) ناخوش ہونا - افسردہ خاطر ہونا - دل آزمانا
(متعدی) حوصلے کی آزمائش کرنا - دل آسمان (مذکر)
وسط آسمان ۲ ستارہ ۳ زمین - دل آشوب
(مذکر) ۱ معشوق جسکی خواہش ہو ۲ ایک درخت جس کا
بیج استسقا کے لئے مفید ہے - دل آگاہ (صفت)
دانا - ہوشیار - بیدار دل - دل آجانا یا آنا -
(لازم) عاشق ہونا - دل آنکھوں میں چرانا
(لازم) دیکھو آنکھوں میں دل چرانا - دل آویز
(صفت) دل لبھانے والا - مرغوب - دل آویزی
(مونث) دل لبھانا - دل آہن ہونا (لازم)
دل سخت ہونا - دل آئینہ ہونا (لازم) دل پر
نیک و بد خود بخود ظاہر ہو جانا - دل اٹکانا (متعدی)
اٹکنا (لازم) عاشق ہونا - عشق ہونا - صحبت ہونا -
دل اٹھا بیٹھنا یا لینا اٹھانا (متعدی) قطع تعلق
کرلینا - دل اٹھ جانا - اٹھنا (لازم) ۱ دل اچٹ
جانا - جی نہ لگنا - برداشتہ خاطر ہونا ۲ جی چاہنا (مت) -
دل اچاٹ کرنا (متعدی) ہو جانا یا ہونا
(لازم) جی اکتانا - جی اکتانا - جی نہ لگنا - جی بیزار
ہو جانا - دل اُچٹ جانا (لازم) گھبرا جانا - دل
اُچھلنا (لازم) دل دھڑکنا - دل اختیار میں
ہونا (لازم) دل قابو میں ہونا - دل اداس
ہونا (لازم) افسردہ خاطر ہونا - غمگین ہونا - دلارام
(صفت) ۱ دیکھو دل آرام ۲ (مونث) ایک نام
عورتوں کا ۳ حسین عورت ۴ معشوقہ - دل اڑالینا
(متعدی) فریفتہ کرلینا - دل اڑجانا یا اڑ چلنا
(لازم) دل کا بے قابو ہونا - دل از دست رفتہ
یا کف دادہ (صفت) عاشق - بیخود - دل افتادہ
(صفت) بددل - شکستہ خاطر - دل شکستہ - دلاسا
(مذکر) تسلی - تشفی - تسکین (دینا کے ساتھ) دل افروز
(صفت) دل کو روشن کرنیوالا - دل افگار (صفت)
رنجیدہ - غمگین - دل اکتانا (لازم) دل اچاٹ
ہو جانا - کسی چیز کی کثرت سے دل بھر جانا - دل اکھڑ

جانا - (لازم) طبیعت اچاٹ ہونا - دل نہ لگنا - دل
اُلٹ پلٹ ہونا (لازم) دل کا گھبرانا - بیچین ہونا -
دل الٹ جانا (لازم) الٹ دینا (متعدی) الٹنا
(لازم) پریشان ہونا - گھبرانا - پراگندہ ہونا ۲ پاگل
ہونا - سودائی ہونا - دل اُلجھانا (متعدی) الجھنا
(لازم) ۱ عاشق ہونا ۲ بیزار ہونا - اکتانا - دل امڈا
آتا ہے - دل کو رقت آتی ہے - رونا آتا ہے - دل
امڈ آنا یا امنڈنا (لازم) رقت ہونا - رونے کے
قریب ہونا - دلاور (صفت) بہادر - شجاع - دلاوری
(مونث) بہادری - شجاعت - دلاویز (صفت) ۱
دل کو لبھانیوالا - دل خوش کرنے والا ۲ خوشبو دار - معطر -
دلاویزی (مونث) دل کو خوش کرنا - دل لبھانا -
دل ایک ہونا (لازم) ہم خیال ہونا - اتحاد قلبی ہونا -
دل اینٹھ لینا (لازم) فریفتہ کرلینا - دل باختہ (صفت)
پریشان - گھبرایا ہوا - بدحواس - مضطر (کرنا ہونا کے
ساتھ) دلباز (صفت) ۱ فصیح - لسان ۲ بکی ۳ مداری -
دلبازی (مونث) ۱ دل کی دھڑکن ۲ بیباکی - جرات -
دل باغ باغ ہوجانا یا ہونا (لازم) بہت خوش
ہونا - دل باندھنا (متعدی) دل کو مائل کرلینا - دل
بٹورنا (ھ - لازم) ہمت توڑنا - بے دل کرنا - دل
شکستہ کرنا - دل بٹھا دینا (متعدی) دیکھو آخری -
دل بجھانا یا بجھنا (متعدی) ہمت توڑ دینا - افسردہ
دل کر دینا - دل بجھ جانا - بجھنا (لازم) امنگ جاتی
رہنا - دل بچھا جانا (لازم) دل فریفتہ ہو جانا -
دل بحال کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ دل کی
کدورت دور ہونا ۲ دل کو چین آنا - دل بدگمان
ہونا (لازم) شبہ ہونا - کھٹکا ہونا - دل بدل
(مذکر) ۱ آپس کی محبت - ایک دوسرے کا دل لینا -
۲ ہم بغل - دلبر (مذکر) ۱ معشوق - محبوب - پیارا
۲ دل لیجانے والا - دل برا کرنا (متعدی) رنجیدہ
ہونا - دل برا ہونا (لازم) دل ناراض ہونا -
جی کھٹا ہونا ۲ متلی ہونا - قے ہونا - دل برداشتگی
(مونث) ۱ نفرت - کراہیت - تنفر ۲ دل کا ہٹ
جانا - دل برداشتہ (صفت) جس کا دل ہٹ
جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) دلبرشتہ (صفت) غمگین
رنجیدہ - دلبری (مونث) ۱ دل لیجانے کا فعل ۲
دلداری (کرنا ہونا کے ساتھ) دل بڑھانا (متعدی)
بڑھجانا - بڑھنا (لازم) حوصلہ بڑھنا - دلیر ہونا -
دل بستگی (مونث) دل لگنا - جی بہلنا - دل بستہ

(صفت) جس کا دل لگا ہوا ہو - عاشق - دل بکھرنا
(لازم) افسردہ خاطر ہونا (مت) دل بَلّیوں اچھلنا
(لازم) بہت بیتاب ہونا - گھبرانا - دلبند (صفت)
پیارا - محبوب - اردو میں فرزند کے ساتھ استعمال ہوتا
ہے - دل بند ہونا (لازم) دم گھٹنا - دل گھبرانا -
دل بودا ہونا (لازم) دل کمزور ہونا - تکلیف نہ
اٹھا سکنا - دل بھاری کرنا (متعدی) ہونا (لازم)
رنجیدہ ہونا - مغموم ہونا - ملول ہونا - دل بھٹکنا (لازم)
دل کا کبھی کسی طرف کبھی کسی طرف مائل ہونا - دل بچپنا
(لازم) دل کا ڈرنا - ہچکچانا - دل بھرا آتا ہے - رقت
ہوتی ہے - آنکھوں میں آنسو چلے آتے ہیں - دل بھر
آنا (لازم) آنکھوں میں آنسو آنا - رقت ہونا - دل
بھر بھرانا (لازم) لالچ پیدا ہونا - شوق آنا - دل
للچانا - دل بھر جانا یا بھرنا (لازم) سیر ہو جانا - دل
بھر دینا (متعدی) دل پھیر دینا - لگائی بجھائی کرکے
نفرت پیدا کر دینا - دل بھر کے - جی بھر کے - اچھی
طرح سیر ہو کر - دل بہلانا (متعدی) بہلنا (لازم)
دل کا کسی کام میں مشغول ہونا - وحشت دور ہونا -
توجہ اور طرف ہونا دل بہلاؤ کا سامان (مذکر)
دل بہلانے کی چیزیں - دل بے ایمان ہونا (لازم)
بددیانتی کرنا - دل میں برا خیال آنا - دل بیٹھا جاتا
(لازم) کمزوری - دل پر نشتر مارنا (لازم) چبھتی بات
کہنا - دل پر نقش ہونا (لازم) کسی بات کا دل میں
بیٹھ جانا - دل پر ہاتھ رکھ کے دیکھو - اپنی
حالت کا لحاظ کرکے دوسرے کے خیالات کا اندازہ
کرو - دل پر ہاتھ رکھنا (لازم) ۱ تسلی اور تسکین
کے لئے ایسا کرتے ہیں ۲ بڑے آدمی سوال کا جواب
اس طرح دیتے ہیں - جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ جگہ تمہاری
ہمارے دل میں ہے ۳ صدمے کی وجہ سے بھی ایسا
کیا جاتا ہے - دل پر ہاتھ رکھے پھرنا (لازم) مضطر
پھرنا - بیچین پھرنا - دل پریشان کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) فکر ہونا - رنج ہونا - اضطراب ہونا - بیچینی
ہونا - دل پزیر (صفت) مرغوب - پسند خاطر - دل
پژمردہ ہونا (لازم) افسردہ ہونا - غمگین ہونا -
دل پسنا (لازم) فریفتہ ہونا - دلپسند (صفت)
مرغوب - پسندیدہ - دل پسیجنا (لازم) ۱ رحم آنا ۲
سخاوت پر آمادہ ہونا - دل پکا کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) دل مضبوط کرنا - حوصلہ کرنا - دل
پکانا (متعدی) ۱ تنگ کرنا - عاجز کرنا ۲ جلانا -

رشک دلانا۔ ستانا۔ **دل پک جانا** (لازم) ۱صدموں سے دل کو سخت رنج ہونا۔ ۲طعنے سن سن کر دل کو تکلیف ہونا۔ **دل پکڑا جانا** (لازم) ۱شبہ پڑنا۔ شک ہونا۔ ۲ارادہ ظاہر ہو جانا۔ عندیہ معلوم ہونا۔ **دل پکڑ کر اٹھنا** (لازم) بیقرار ہو کر اٹھنا۔ **دل پکڑ کر بیٹھ جانا** (لازم) صدمے کی وجہ سے بول نہ سکنا یا گھبرا جانا۔ **دل پکڑ لینا یا پکڑنا** (متعدی) صدمے کی تاب نہ لا سکنا۔ **دل پکڑے پھرنا** (لازم) بیتاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔ **دل پک کے پھوڑا ہونا** (لازم) صدموں کی وجہ سے یہ حال ہو جانا کہ اور برداشت کی طاقت نہ رہے۔ **دل پگھلنا** (لازم) رحم آنا۔ ترس آنا۔ **دل پھاڑنا** (متعدی) طبیعت کا متنفر کرنا۔ بیزار کرنا۔ **دل پہاڑ ہے**۔ عالی ہمت ہے۔ **دل پھانسنا** (متعدی) دل کو مبتلا کرنا۔ **دل پھٹا جانا** (لازم) ہمدردی کی وجہ سے صدمہ ہونا۔ **دل پھٹ جانا یا پھٹنا** (لازم) طبیعت متنفر ہونا۔ بیزار ہونا۔ **دل پھر جانا یا پھرنا** (لازم) بیزار ہونا۔ کراہت ہونا۔ **دل پھڑکانا** (متعدی) خوشی سے بیتاب ہو جانا۔ **دل پھسلانا** (متعدی) پھسلنا (لازم) دل کا بے اختیار مائل ہونا۔ **دل پھنسانا** (متعدی)، پھنسنا (لازم) عاشق ہونا۔ مائل ہونا۔ **دل پھنکا یا پھنک جانا** (لازم) جل جانا۔ دل میں جلن ہونا۔ **دل پھیر دینا** (متعدی) سیر کرنا۔ **دل پھیر لینا** (متعدی) دل ہٹا لینا۔ نفرت کرنا۔ **دل پھیرنا**۔ (متعدی) ۱دیکھو آخری ۲نفرت دلانا۔ **دل پھیکا ہو جانا**۔ توجہ ہٹ جانا کسی چیز سے۔ خیال جاتا رہنا۔ **دل پیچھے پڑنا** (لازم) دل بہلنا۔ دوسری طرف متوجہ ہونا (مت) **دل پیسنا** (لازم) فریفتہ کرنا۔ **دل تازہ ہونا** (لازم) خوش ہونا۔ دل کو فرحت ہونا۔ **دل تپکنا** (لازم) بیچین ہونا۔ **دل تڑپنا** (لازم) بیتاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔ **دل تفتہ** (صفت) ۱دل جلا ۲مصیبت زدہ ۳عاشق۔ **دل تفتگی** (مونث) ۱دل کی جلن ۲مصیبت ۳محبت۔ عشق۔ **دل تلملانا** (لازم) دل بیقرار ہونا۔ **دل تلے اوپر ہونا** (لازم) دل گھبرانا۔ پریشان ہونا۔ **دلتنگ** (صفت) ملول۔ رنجیدہ۔ ناخوش۔ **دلتنگ ہونا** (لازم) ۱مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا ۲خسیس ہونا۔ بخیل ہونا۔ **دلتنگی** (مونث) غم۔ غمگین ہونا۔ **دل توڑنا** ۱مایوس کرنا۔ ناامید کرنا ۲دل کو ہٹا لینا۔ بے تعلق ہو جانا۔ **دل تو** (لگتا سا) لگتے ہی لگیگا دل آہستہ آہستہ کسی بات کا خوگر ہوگا۔ طبیعت رفتہ رفتہ عادی ہوگی۔ **دل تولنا** (لازم) آزمائش کرنا۔ **دل تونگر ہونا** (لازم) سخی ہونا۔ غربت کا رنج نہ ہونا۔ **دل تھام** (تھام) **لینا**۔ **دل تھامنا** (متعدی) ضبط کرنا۔ دل کو قابو میں رکھنا۔ **دل تھرتھرانا** (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ **دل تھوڑا ہونا** (لازم) ہمت نہ ہونا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ **دل تیغ** (مذکر) تلوار کا درمیانی حصہ۔ **دل ٹٹولنا** (لازم) مرضی دریافت ہونا۔ **دل ٹکڑے ٹکڑے کر دینا۔ کرنا** (متعدی)، **ہو جانا۔ ہونا** (لازم) ۱سخت صدمہ ہونا ۲کسی مہلک چیز کے کھانے سے دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ **دل ٹوٹ جانا** (لازم) ہمت ٹوٹ جانا۔ ناامید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔ **دل ٹوٹ کر آنا** (لازم) سخت فریفتہ یا مائل ہونا۔ **دل ٹھکانے لگانا** (متعدی)، **لگنا۔ ہونا** (لازم) اطمینان ہونا۔ تسکین ہونا۔ **دل ٹھکنا** (لازم) اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ **دل ٹھنڈا رکھنا** (لازم) **کرنا** (متعدی)، **رہنا۔ ہونا** (لازم) ۱خوش ہونا ۲تسلی ہونا۔ تسکین ہونا۔ اطمینان ہونا۔ **دل ٹھوکنا** (لازم) اطمینان کر لینا۔ برتن ٹھوک کر دیکھنے سے یہ محاورہ لیا گیا ہے۔ **دل ٹھہرا لینا۔ ٹھہرنا** (لازم) تسکین ہونا۔ دلجمعی ہونا۔ صبر آ جانا۔ **دل جان** (مونث) ایک رشتہ جو بیگمات مقرر کر لیتی تھیں۔ **دل جانا** (لازم) عاشق ہونا۔ **دل جانتا ہے**۔ حقیقت معلوم ہے۔ **دل جگر دیکھنا** (لازم) حوصلہ یا ہمت دیکھنا۔ **دل جلا** (صفت) عاشق۔ فریفتہ۔ **دل جلا کر خاک کرنا** (متعدی) سخت صدمہ پہنچانا۔ سخت رنج دینا۔ **دل جلا کے پکا پھوڑا کرنا** (لازم) کمال ایذا پہنچانا۔ ایسی باتیں کرنا جن سے سخت رنج ہو۔ **دل جلانا** (متعدی) ۱سخت رنج دینا یا ستانا۔ رشک دلانا ۲(لازم) رنج اٹھانا۔ غم کھانا۔ **دل جلکر کباب ہونا** (لازم) سخت رنج یا صدمہ ہونا۔ رشک سے جلنا۔ **دل جلنا** (لازم) رنج ہونا۔ غم ہونا۔ **دلجمعی** (مونث) ۱تسلی ۲اطمینان ۳بے فکری (رکھنا۔ کرنا۔ ہونا کے ساتھ) **دل جمنا** (لازم) دل لگنا۔ کسی کام کو توجہ سے کرنا۔ توجہ ہونا۔ **دل جو** (صفت) پیارا۔ محبوب۔ **دل جوان رہنا** (لازم) ہر وقت خوش رہنا۔ دل میں امنگ رہنا۔ **دلجوئی** (مونث) دلداری۔ تسلی۔ تسکین (کرنا ہونا کے ساتھ) **دل جھکنا** (لازم) مائل ہونا۔ **دل جھمانا** (متعدی) وجد میں آنا۔ **دل جینے سے خفا ہونا** (لازم) زندگی سے بیزار ہونا۔ **دل چار چار ہاتھ اچھلنا** (لازم) گھبرانا۔ بیتاب ہونا۔ **دل چاک کرنا** (لازم) صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا۔ **دل چاہتا ہے**۔ آرزو ہے۔ **دل چاہنا** (متعدی) خواہش ہونا۔ آرزو ہونا۔ **دل چاہیئے** حوصلہ یا ہمت درکار ہے۔ **دل چرانا** (لازم) ۱فریفتہ کر لینا ۲کسی کام کو نہ کرنا۔ کام کرنے سے کھسکنا۔ کوتاہی کرنا۔ **دلچسپ** (صفت) دل بہلانے والا۔ خوشنما۔ خوبصورت۔ مزیدار۔ **دلچسپ آواز** (مذکر) کانوں کو اچھی معلوم ہونے والی آواز۔ **دلچسپ قصہ** (مذکر) **یا کہانی** (مونث) مزیدار افسانہ۔ **دلچسپ کتاب** (مونث) وہ کتاب جسے چھوڑنے کو دل نہ چاہے۔ **دلچسپی** (مونث) ۱شوق۔ رغبت۔ چاہت ۲مزہ۔ خوشی۔ لطف (لینا۔ ہونا کے ساتھ) **دل چلا** (صفت) دلیر۔ بہادر۔ منچلا۔ جری۔ شجاع۔ ۲صاحب ہمت۔ ذی ہمت ۳سخی۔ فیاض۔ داتا۔ ۴پاگل۔ دیوانہ۔ **دل چلانا** (متعدی)، **چلنا** (لازم) خواہش کرنا۔ آرزو کرنا۔ چاہنا۔ **دلچلی** (مونث) حوصلہ۔ بہادری (مت) **دل چور** (صفت) کم ہمت۔ بزدل۔ **دل چھان دینا** (متعدی) سخت رنج پہنچانا۔ **دل چھپانا** (لازم) پہلوتہی کرنا۔ **دل چھلنی کر دینا یا کرنا** (متعدی) سخت رنج دینا۔ **دل چھوٹا ہونا** (لازم) پست ہمت ہونا۔ **دل چھوٹ جانا** (لازم) ہمت ٹوٹ جانا۔ گھبرا جانا۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ **دل چھوڑنا۔ چھوڑے جانا** (متعدی) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ **دل چھیدنا** (لازم) دل کو زخمی کرنا۔ عاشق بنا لینا۔ **دل چھین لینا** (لازم) عاشق بنا لینا۔ **دل چیر کر دکھانا** (متعدی) راز ظاہر کرنا۔ **دل چیر کر دیکھنا**۔ (لازم) دل کا حال معلوم کرنا۔ **دل حاضر ہونا** (لازم) متوجہ ہونا۔ دلچسپی لینا۔ **دل حزیں** (مذکر) غمزدہ دل۔ مغموم دل۔ **دل خاک** (مذکر) ۱زمین کا وسط ۲[illegible] بیل [illegible] [illegible] بند ہے۔ ۳ایک قسم کی [illegible]۔ **دل خاک ہونا** (لازم) [illegible] جاتی رہنا۔ آرزو نہ رہنا۔ **دل خالی کرنا** (متعدی) رو دھو کر یا غصہ نکال کر دل کا غبار نکالنا

دل خانۂ خدا (مذکر) چونکہ اس میں خدا کی یاد رہتی ہے۔ دلخراش (صفت) دکھ دہ۔ تکلیف دہ۔ دلخراش آواز (مونث) دردناک آواز۔ دل خستہ (صفت) رنجیدہ۔ کبیدہ۔ غم رسیدہ۔ مصیبت زدہ۔ دل خنک ہونا (لازم) راحت پانا۔ خوش ہونا۔ دلخواہ (صفت) مرغوب۔ خاطر خواہ۔ مرضی کے مطابق۔ دل خوش (صفت) ۱ راضی۔ خوش ۲ صابر۔ قانع۔ دل خوش رکھنا۔ کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) فرحت ہونا۔ دل کو رنجیدہ نہ ہونے دینا۔ دلخوشی (مونث) ۱ خوشی۔ راحت ۲ صبر۔ قناعت۔ دل خوفناک ہونا (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دلخوں (صفت) ۱ خواہشمند۔ مشتاق ۲ چھوڑا ہوا جسے معشوق نے چھوڑ دیا ہو۔ دلخون کرنا (متعدی) بے حد محنت یا مشقت کرنا۔ دل خون ہو کے بہ جانا (لازم) امنگ جاتی رہنا۔ شوق نہ رہنا۔ ۲ دل خون ہونا (لازم) سخت رنجیدہ ہونا۔ غم و غصہ میں مبتلا ہونا۔ دل داغدار ہونا (لازم) دل پر بہت صدمے پہنچنا۔ مغموم ہونا۔ دل دادہ (صفت) عاشق فریفتہ۔ دلدار (صفت) ۱ تسلی دینے والا ۲ معشوق پیارا۔ محبوب۔ دلداری (مونث) ۱ تسلی۔ تشفی۔ تسکین ۲ ہمدردی۔ وفاداری (کرنا ہونا کے ساتھ) دل دریا (صفت) فیاض۔ سخی۔ دل دریا ہونا (لازم) بہت سخی یا فیاض ہونا۔ دل دکھا (صفت) رنجیدہ۔ غمگین دل دکھانا (متعدی)، دکھنا (لازم) غم ہونا۔ کڑھنا۔ تکلیف ہونا۔ دل دل (مذکر) ۱ ساز ۲ (تف) دل ہی میں رکھا ہوا ۳ دل میں۔ دل ہی دل میں۔ دلدوز (صفت) ۱ دل پر اثر کرنے والا ۲ پسندیدہ۔ مرغوب۔ پسند خاطر ۳ دل میں گھس جانے والا۔ دل دوڑنا (لازم) ۱ بے اختیار دل چاہنا ۲ بے اختیار مائل یا فریفتہ ہونا۔ دل دو نیم ہونا (لازم) سخت صدمہ ہونا۔ دل دہ (صفت) سرگرم۔ پرشوق۔ دل دھڑکنا (لازم) ۱ دل کی حرکت کا تیز ہو جانا بیماری ڈر یا اضطراب سے ۲ وسوسہ پیدا ہونا۔ خوف ہونا۔ اضطراب ہونا۔ دل دھک دھک کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) دیکھو آخری۔ دل دھک سے ہو جانا (لازم) اچانک صدمہ ہونا۔ اچانک صدمے سے دل پر چوٹ لگنا۔ دل دھکڑ پکڑ (دھکڑ پکڑ) کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ اضطراب ہونا۔ دل دہلانا (متعدی)، دہل جانا۔ دہلنا (لازم) خوف کھانا۔ ڈرنا۔ دلدہی (مونث) دلجوئی۔ تسلی۔ تشفی۔ دلاسا (کرنا ہونا کے ساتھ) دل دیکھنا (لازم) ۱ حوصلے کی آزمائش کرنا ۲ منشا دریافت کرنا۔ دل دینا (لازم) فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ دل ڈانواں ڈول ہونا (لازم) دل بے اختیار ہونا۔ دل قابو میں نہ ہونا۔ دل ڈوبا جانا یا ڈوبنا (لازم) غشی طاری ہونا۔ دل گرنا کمزوری کی وجہ سے۔ دل ذرا سا ہونا (لازم) دل کا نازک ہونا۔ دل میں برداشت کی طاقت نہ ہونا۔ دلربا (صفت) دل لبھانے والا۔ معشوق۔ دلبر۔ دلربائی (مونث) دل لبھانے کا فعل۔ دلبری۔ معشوقی۔ دل رچنا (لازم) مانوس ہونا۔ دل رفتہ (صفت) جسکا دل گیا ہوا ہو۔ عاشق۔ فریفتہ۔ دل رکنا (لازم) رنجیدہ ہونا۔ آزردہ ہونا۔ دل رکھنا (لازم) ۱ آرزو پوری کرنا۔ امید برلانا۔ ۲ تسلی کرنا۔ دلداری کرنا ۳ حوصلہ رکھنا۔ دل رندھنا (لازم) غمگین ہونا۔ دل روز (مذکر) ۱ دوپہر ۲ سورج۔ آفتاب۔ دل روشن کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) علم ہونا۔ معلوم ہونا۔ واقفیت ہونا۔ ۲ دل کا منور ہونا نور عرفاں سے۔ دل روندنا (متعدی) ۱ صدمہ پہنچانا۔ رنج دینا ۲ فریفتہ کرنا۔ دل رہ جانا (مت) دل کی حسرت نکل جانا۔ دل ریش۔ (صفت) جس کا دل زخمی ہو۔ کنایتاً عاشق۔ دلریشی (مونث) ۱ دل کا زخم ۲ مصیبت۔ دلزدہ (صفت) جسکا دل زخمی ہو۔ مصیبت زدہ۔ عاشق۔ دل زمیں (مذکر) قہر۔ دل زندگی سے سرد ہو جانا (لازم)، زندگی سے بیزار ہو جانا۔ زندگی سے تنگ ہونا۔ دل زندگی سے بجھ جانا (لازم) ناامید ہو جانا۔ مایوس ہو جانا۔ دل زندہ ہو جانا۔ (لازم) بہت خوش ہونا۔ فرحت آ جانا۔ دل زدہ (صفت) غم زدہ۔ اندوہگیں۔ دل ساز (صفت) خوش کرنے والا۔ خوشگوار۔ دل سازی (مونث) ۱ خوشی۔ فرحت۔ خوش کرنا ۲ اشتیاق۔ لگن۔ دلستاں (صفت) دل لیجانے والا۔ دلربا۔ خوبصورت۔ دل ستانا (متعدی) رنج دینا۔ دلستانی (مونث) دل لیجانا۔ فریفتہ کرلینا۔ موہ لینا۔ دل سخت کرلینا (متعدی)، ہو جانا (لازم) بے رحم یا سنگدل ہو جانا۔ دل سرد (صفت) بے مہر۔ سرد مہر۔ متنفر۔ مخالف۔ دل سرد ہو جانا (لازم) ولولہ اور جوش جاتا رہنا۔ دل سلگنا (لازم)، سوز و گداز ہونا۔ دل سمجھانا (متعدی)، سمجھنا (لازم) دل کا تسکین پانا۔ دل کو تسلی ہونا۔ دل سنبھالنا (متعدی) ۱ دل کو قرار دینا ۲ ہمت کرنا۔ تیار ہونا کسی کام کے لئے۔ دل سنبھلنا (لازم) دل کو قرار یا تسکین ہونا۔ دل سنگ (مذکر) ۱ کان ۲ غار ۳ سخت دل۔ دل سنگ آب ہونا (لازم) سخت دل کو رحم آ جانا۔ دل سوختہ (صفت) دل جلا۔ غمزدہ۔ مصیبت زدہ۔ دلسوز (صفت) ۱ رلانے والا۔ رقت انگیز۔ درد انگیز ۲ ہمدرد۔ غمخوار ۳ سرگرم۔ پرجوش۔ مشتاق ۴ دل کو جلانے والا ۵ (مذکر) دوست ۶ معشوق۔ دلسوزی (مونث) ۱ ہمدردی۔ غمخواری ۲ اشتیاق۔ سرگرمی ۳ دل کا جلنا۔ دل سے (تف) ۱ شوق سے۔ رغبت سے ۲ توجہ سے ۳ دل کا جلنا (اپنے) از خود۔ دل سے اتار دینا یا اتارنا (متعدی) بیوقعت کر دینا۔ نظروں سے گرانا۔ دل سے اتر جانا یا اترنا (لازم) ۱ بھول جانا ۲ بے وقعت ہو جانا۔ دل سے اٹھا دینا (متعدی) کسی شے کا خیال ترک کر دینا۔ کوئی ارادہ چھوڑ دینا۔ دل سیاہ کرنا (متعدی) بے رحم ہونا۔ دل سیاہ ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ خدا سے نہ ڈرنا۔ بے خوف ہو جانا ۲ بے ایمان ہو جانا۔ دل سے باتیں کرنا (متعدی) ۱ خود بخود کچھ کہنا ۲ سوچتے رہنا۔ دل سے بخار نکلنا (لازم) دل کی کدورت رفع ہونا۔ دل سے بتنگ ہونا (لازم) دل کی وجہ سے مجبور ہونا۔ دل سے بھلا دینا (متعدی) ۱ بالکل یاد نہ رکھنا خیال چھوڑ دینا۔ دل سے بھولنا (لازم) یاد نہ رہنا۔ بھول جانا۔ دل سے پوچھنا (لازم) دل کی حالت کا دریافت کرنا۔ دل سے تنگ آنا یا ہونا (لازم) عاجز آ جانا۔ دکھی ہو جانا۔ دل سے خدا آگاہ ہے۔ دل کی حالت خدا جانتا ہے۔ اضطراب کی حالت میں کہتے ہیں۔ دل سے دعا نکلنا (لازم) دل سے کسی کا بھلا چاہنا۔ دل سے دل اٹکنا (لازم) آپس میں محبت ہو جانا۔ دل سے دل ملنا (لازم) دو شخصوں میں بہت محبت ہونا۔ ایک دوسرے کا عاشق ہونا۔ دل دور کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) بھول جانا۔ دل سے دھواں اٹھنا یا نکلنا (لازم) ۱ آہ نکلنا ۲ سخت غم ہونا۔ دل سے راغب ہونا (لازم) پورے

طور پر رغبت رکھنا۔ دل سے رنج دور کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) رنج رفع ہو جانا۔ دل سیر ہونا (لازم) دل بھر جانا۔ دل سے سوچنا (لازم) سوچنا۔ خیال کرنا۔ دل سے صاف ہونا (لازم) خفا ہو جانا۔ صلح ہو جانا۔ رنج جاتا رہنا دل سے غبار نکلنا (لازم) ملال نہ رہنا۔ دل سے فدا ہونا (لازم) پورے طور پر عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ دل سے کانٹا نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) دل کی خلش جاتی رہنا۔ دل سے کہنا (لازم) دل ہی دل میں باتیں کرنا۔ دل سے گرانا (متعدی) گرنا (لازم) بے وقعت ہو جانا۔ دل سے گڑھنا (لازم) اپنی طرف سے کوئی بات بنا لینا۔ دل سے لاگ ہونا (لازم) دل سے تعلق ہونا۔ دل سے لگنا یا لگی ہونا (لازم) بہت خیال ہونا۔ فکر ہونا۔ دھن ہونا۔ دل سے لگی ہے۔ دل پر چوٹ ہے۔ محسوس ہوتا ہے۔ دل سے مشورہ (منصوبے) کرنا (متعدی)، یا مشورہ پذیر ہونا (لازم) سوچنا بچارنا۔ دل سے مل جانا (لازم) کدورت رفع ہونا۔ دل سے ملنا (لازم) شوق اور محبت سے ملاقات کرنا۔ دل سے ناچار (مجبور) ہونا (لازم) دل پر قابو نہ چلنا۔ دل سے نکال دینا یا نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) ۱ بھولنا۔ دل سے محو ہونا۔ دل سے نہ ہونا (لازم) ظاہری طور پر ہونا۔ نام کو ہونا۔ دل سینے میں الجھنا (لازم) دل گھبرانا۔ اضطراب ہونا۔ دل سے یاد بھلا دینا (لازم) بالکل بھول جانا۔ خیال تک نہ کرنا۔ دل شب (مذکر) آدھی رات۔ دلشاد (صفت) خوش۔ بشاش (رہنا کرنا ہونا کے ساتھ) دل شدہ (صفت) ۱ دل کھویا ہوا۔ عاشق ۲ دیوانہ۔ پاگل۔ حواس باختہ۔ دل ششدر ہونا (لازم) حیران ہونا۔ دل شکستہ (صفت) رنجیدہ۔ افسردہ۔ مایوس۔ کنایۃً عاشق (کرنا ہونا کے ساتھ) دل شکن (صفت) دل توڑنے والا۔ ہمت پست کرنے والا۔ ناراض کرنے والا۔ دل شکنی (مونث) دل توڑنا۔ ہمت توڑنا (کرنا ہونا کے ساتھ) دل شگاف (صفت) دل میں سوراخ ڈالنے والا۔ دل ہلا دینے والا۔ دل شگفتہ (صفت) خوش۔ بشاش (ہونا کے ساتھ)، دل شیر ہونا (لازم) دل مضبوط ہونا۔ حوصلہ ہونا۔ دل صاف کر دینا یا کرنا (متعدی)

ہو جانا یا ہونا (لازم) کدورت رفع ہونا۔ ملال دور ہونا۔ دل صد چاک (مذکر) سخت۔ زخمی دل۔ دل جس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے ہوں۔ دل صد چاک ہونا (لازم) دل ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ سخت غمگین ہونا۔ دل صفا ہونا (لازم) دل صاف ہونا۔ دلِ غمگین (مذکر) رنجیدہ یا مغموم دل۔ دل غنی ہونا (لازم) سخی ہونا۔ دل کا امیر ہونا۔ دل فرحتیاب ہونا (لازم) دل خوش ہونا۔ دلفروز (صفت) دل کو خوش کرنے والا۔ دل کو روشن کرنے والا۔ دلفروش (صفت) ۱ دل بیچنے والا۔ عاشق ۲ ایک اردو ناٹک مصنفہ احسن جو شیکسپیر کے ڈرامہ مرچنٹ آف وینس کا ترجمہ ہے۔ دلفریب (صفت) ۱ دل کو لبھا لینے والا۔ من موہن۔ دلربا ۲ خوبصورت حسین۔ دلفریب آواز (مونث) دل لبھا لینے والی آواز۔ نہایت موثر آواز۔ دلفریبندہ (صفت) دلفریب۔ دلفگار (صفت) جس کا دل زخمی ہو۔ غمگین۔ محزون۔ دل قابو میں ہونا (لازم) دل کا اپنے بس میں ہونا۔ دل قوی کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) دل مضبوط ہونا۔ حوصلہ ہونا۔ دل کا آجانا یا آنا (لازم) عاشق ہونا۔ دل کا ارمان نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) آرزو پوری ہونا۔ حوصلہ نکلنا۔ دل کا بادشاہ (مذکر) خود مختار۔ آزاد۔ دل کا بخار (مذکر) غصہ۔ رنج۔ کدورت یا ملال (نکالنا، نکلنا کے ساتھ) دل کا بودا (صفت) کم ہمت۔ بزدل۔ پست حوصلہ۔ دل کا بولنا (لازم) دل کا کہنا۔ دل کا گواہی دینا۔ دل کا پس وپیش کرنا (متعدی) طبیعت کا ہچکچانا۔ دل کا ٹکڑا (مذکر) بہت پیارا۔ لخت جگر۔ دل کا جاننا (لازم) دل کا واقف ہونا۔ دل میں سمجھنا۔ دل کا حال (مذکر) دل کی کیفیت۔ حالت جو دل پر گذرے۔ دل کا حوصلہ (مذکر) ہمت۔ توفیق۔ دل کا حوصلہ نکالنا (متعدی) نکلنا (لازم) آرزو یا خواہش پوری ہونا۔ دل کا خریدار (صفت) دل کا خواہاں۔ معشوق۔ دل کا خون پینا (متعدی) غم کھانا۔ رنج کرنا۔ دل کا دل سے راہ کرنا (متعدی)، مائل ہونا۔ عاشق ہونا۔ تعلق پیدا کرنا۔ دل کا دو دو ہاتھ اچھلنا (لازم) بہت مضطرب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ دل کا دھڑکا (مذکر) اختلاج قلب۔ خفقان۔ دل کا دھواں (مذکر) آہ گرم۔

دل کا سخت (صفت) ۱ مضبوط دل والا ۲ بے رحم۔ جس کے دل پر اثر نہ ہو۔ دل کا غبار (مذکر) ملال۔ رنج۔ غصہ۔ کدورت (نکالنا نکلنا کے ساتھ) دل کا غبار دھو جانا (لازم) دل کا غصہ دور ہونا۔ دل کا کانٹا (مذکر) رنج۔ غم۔ دل کی خلش۔ دل کا کانپنا (لازم) گھبرانا۔ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دل کا کچا (صفت) کم ہمت۔ بزدل بودا۔ دل کا کچھ اور نقشہ ہونا (لازم) گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔ پریشان ہونا۔ دل کا کچھ کہنا (لازم) خواہش ہونا۔ آرزو ہونا۔ دل کا کرارا (صفت) دل پکا رکھنے والا۔ جس کے دل پر اثر نہ ہو۔ دل کا کڑا (صفت) دیکھو دل کا سخت۔ دل کا کنول (مذکر) دل استعارہ ہے۔ دل کا کنول کھلنا (لازم) خوش ہونا۔ شگفتہ خاطر ہونا۔ دل کا کھوٹا (لازم) دغاباز۔ فریبی۔ دل کا گاہک (مذکر) معشوق۔ دل کا گواہی دینا (متعدی) دل کا کسی بات یا خیال کی تائید کرنا۔ دل کا لہری یا موجی (صفت) ۱ آزاد۔ بے پروا ۲ خوش مزاج۔ دل کا مالک اللہ ہے۔ دل کا حال خدا ہی جانتا ہے۔ دل کا ماننا (متعدی) دل کا قبول کرنا۔ راضی ہونا۔ دل کا مضبوط (صفت) جس کے دل پر اثر نہ ہو۔ دل کا میل کرنا (متعدی) دل کا کسی کی طرف راغب ہونا۔ دل کا نقطہ (مذکر) ایک سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے۔ دل کباب (صفت) غمگین۔ غمزدہ۔ اندوہگیں۔ دل کباب کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) جلنا۔ رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا۔ دل کبیدہ (صفت) مغموم۔ رنجیدہ۔ دل کٹنا (لازم) شرمندہ ہونا۔ دل کچل جانا (لازم) ناامید ہونا۔ نامراد رہ جانا۔ دل کرخت کرنا (متعدی)، ہونا (لازم) سنگدل ہونا۔ بے رحم ہونا۔ دل کرنا (متعدی) ۱ فیاضی کرنا۔ سخاوت کرنا ۲ بہادری کرنا۔ جرأت کرنا۔ ہمت کرنا۔ دل کڑا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دل پر کسی بات کا اثر نہ ہونا۔ دل مضبوط ہونا۔ دل کڑوا کرنا (متعدی) ۱ دل کو سخت کر لینا ۲ جرأت کرنا ۳ صبر سے برداشت کرنا۔ دل کڑھانا (متعدی)، کڑھنا (لازم) افسوس ہونا۔ غم ہونا۔ جلنا۔ دلکش (صفت) ۱ دل کو کھینچنے والا۔ دل لبھانے والا ۲ دلپسند۔ مرغوب۔ پسندیدہ ۳ خوبصورت۔ خوشنما۔ دلکشا (صفت) ۱ دل کو خوش کرنے والا۔

دل شگفتہ کرنے والا ۔ روشن ۔ فراخ ۔ **دلکش آواز** (مونث) موثر آواز ۔ دل کو کھینچنے والی آواز ۔ **دل کشائی** (مونث) خوشی ۔ فرحت ۔ شگفتگی ۔ دلکشی (مونث) دل کو لبھانا ۔ دل کو اپنی طرف متوجہ کرنا ۔ **دل کشیدہ ہونا** (لازم) بیزار ہونا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ **دل فدا ہونا** (لازم) عاشق ہونا ۔ مائل ہونا ۔ **دل کملا جانا یا کملانا** (لازم) پژمردہ خاطر ہونا ۔ مغموم ہونا ۔ ناامید ہونا ۔ افسردہ ہونا ۔ **دل کو اضطراب ہونا** (لازم) سخت گھبراہٹ ہونا ۔ **دل کو برا لگنا** (لازم) ناگوار ہونا ۔ **دل کو پانی کرنا** (متعدی) مائل کرنا ۔ فریفتہ کرنا ۔ **دل کو پاؤں سے ملنا** (متعدی) معشوق کا اس طرح چلنا کہ عاشق کے دل پر اثر ہو ۔ عاشق پر ستم کرنا ۔ **دل کو پتھر کرنا** (متعدی) دل کو سخت کر لینا ۔ **دل کو پنکھا لگنا یا ہونا** (لازم) بیقرار رہنا ۔ بے چین ہونا ۔ **دل کو پھوڑا بنانا** (متعدی) بہت رنج دینا ۔ سخت جلانا ۔ **دل کو پیچ و تاب ہونا** (لازم) دل گھبرانا ۔ بہت پریشان ہونا ۔ **دل کو تاب آنا یا ہونا** (لازم) اطمینان ہونا ۔ سکون ہونا ۔ تسکین ہونا ۔ **دل کو تعلق ہونا** (لازم) دھیان ہونا ۔ محبت ہونا ۔ **دل کو تھامنا** (متعدی) دل کو بیقرار ہونے سے روکنا ۔ **دل کو چوٹ لگنا** (لازم) صدمہ ہونا ۔ **دل کو چوٹ ہونا** (لازم) تمنا ہونا ۔ **دل کو چھلنا** (لازم) فریب یا دھوکا دینا ۔ مائل کر لینا ۔ **دل کو چین آنا ۔ ملنا یا ہونا** (لازم) آرام ہونا ۔ راحت ہونا ۔ **دل کو خار دینا** (متعدی) صدمہ پہنچانا ۔ **دل کو خوش (شاد) کرنا** (متعدی) کسی کو مسرور کرنا ۔ اپنے آپ کو مسرور کرنا ۔ **دل کو خوشی ہونا** (لازم) بہت خوش ہونا ۔ مسرور ہونا ۔ **دل کو خون کرنا** (متعدی) سخت رنج دینا ۔ دل جلانا ۔ **دل کو درد دینا یا عطا کرنا** (متعدی) ہمدردی پیدا کرنا ۔ رحم کی قوت دینا ۔ **دل کو دل سے راہ ہوتی ہے** دل را بدل رہیست کا ترجمہ ۔ محبت دونوں طرف سے ہوتی ہے ۔ **دل کو ڈھالنا** (متعدی) مائل کرنا ۔ فریفتہ کرنا ۔ **دل کو رٹ لگی ہونا** (لازم) ہر وقت دل میں یاد ہونا ۔ **دل کو سرور دینا** (متعدی) **ہونا** (لازم) لطف ہونا ۔ **دل کو سمجھانا** (متعدی) بیقرار دل کو تسکین بخش خیالات سے تسلی دینا ۔ **دل کو سنبھالنا** (متعدی) دل کو بیقرار ہونے سے روکنا ۔ **دل کو قرار ہونا** (لازم) اطمینان ہونا ۔ صبر ہونا ۔ دلجمعی ہونا ۔ **دل کو کھٹا کرنا** (متعدی) رنجیدہ کرنا ۔ برافروختہ کرنا ۔ **دل کو گدگدانا** (متعدی) اشتعال دلانا ۔ شوق دلانا ۔ دل میں خواہش پیدا کرنا ۔ **دل کو لگنا** (لازم) فہم و ادراک میں نہ سمانا ۔ خواہش کرنا ۔ صدمہ ہونا ۔ دھن ہونا ۔ **دل کو لو لگنا** (لازم) دھن ہونا ۔ **دل کو مسوسنا** (متعدی) دل کو چھاتی پر ہاتھ رکھ کے تسلی دینا ۔ **دل کو مضبوط کرنا** (متعدی) حوصلہ کرنا ۔ **دل کو نشانہ بنانا** (متعدی) مائل کرنا ۔ فریفتہ کرنا ۔ **دل کو نہیں لگتی** ۔ یقین نہیں آتا ۔ **دل کو ہاتھوں سے مسلنا** (متعدی) سخت رنج پہنچانا ۔ بہت ستانا ۔ **دل کھٹا کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ہمت پست ہونا ۔ حوصلہ نہ رہنا ۔ بیزار ہونا ۔ **دل کھٹا میٹھا ہونا** (لازم) جی للچانا ۔ بہت رغبت ہونا ۔ **دل کھٹک جانا** (لازم) شبہ پڑنا ۔ شک پڑنا ۔ **دل کھٹکنا** (لازم) ڈرنا ۔ کھٹکا ہونا ۔ **دل کھرا کھوٹا ہونا** (لازم) نیت میں فرق آنا ۔ خیال فاسد پیدا ہونا ۔ **دل کھلنا** (لازم) شگفتہ ہو جانا ۔ **دل کھلنا** (لازم) خوش ہو جانا ۔ رنج دور ہو جانا ۔ خوف جاتا رہنا ۔ ڈر نہ رہنا ۔ ہمت ہونا ۔ حوصلہ بڑھنا ۔ روشن ضمیر ہو جانا ۔ **دل کھنچ جانا ۔ کھنچنا** (لازم) دل فریفتہ ہونا ۔ مائل ہونا ۔ ناراض ہونا ۔ بیزار ہونا ۔ **دل کہنے (کہے) میں نہ ہونا** (لازم) دل کا قابو میں نہ ہونا ۔ **دل کھول کر یا کھول کے** (تف) بے دھڑک ۔ خاطر خواہ ۔ **دل کہے ہیں نہیں** ۔ دل نہیں مانتا ۔ یہی ہوس کرتا ہے ۔ **دل کھینچ لینا یا کھینچنا** (متعدی) دل کو فریفتہ کر لینا ۔ مائل کرنا ۔ **دل کی** (مونث) راز دل ۔ خواہش ۔ **دل کے آبلے پھوٹنا** (لازم) **پھوڑنا ۔ توڑنا** (متعدی) دیکھو دل کے پھپھولے الخ ۔ **دل کی آگ بجھانا** (متعدی) **بجھنا** (لازم) جی ٹھنڈا ہونا ۔ تسکین ہونا ۔ خواہش پوری ہونا ۔ **دل کی اڑا لینا** (لازم) دل کا مطلب سمجھ لینا ۔ **دل کی بات** (مذکر) راز ۔ **دل کی بھڑاس** (لازم) رنج ۔ غم ۔ غصہ ۔ (نکالنا ۔ نکلنا کے ساتھ) **دل کی بیتابی** (مونث) گھبراہٹ ۔ بے چینی ۔ بیقراری ۔ **دل کے پرزے (ٹکڑے) کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) سخت صدمہ ہونا ۔ سخت رنج دینا ۔ **دل کی پھانس** (مونث) دل کی خلش ۔ رنج ۔ غم ۔ صدمہ ۔ **دل کے پھپھولے پھوٹنا** (لازم) **پھوڑنا ۔ توڑنا** (متعدی) برا بھلا کہہ کر دل کا غصہ نکالنا ۔ جلی کٹی باتیں غم و رنج کی وجہ سے کرنا ۔ بدلا لینا ۔ زہر اگلنا ۔ **دل کی جلن یا سوزش** (مونث) وہ جلن جو بدہضمی کی وجہ سے ہوتی ہے ۔ اصل میں اس کا دل کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہوتا لیکن چونکہ دل کے نزدیک ہوتی ہے اس لئے یہ نام ہوا ۔ **دل کی چیٹک** (مونث) کسی چیز کی طرف خیال یا فکر (بری ہونا کے ساتھ) **دل کی حالت** (مونث) وہ کیفیت جو دل میں ہو جیسے بے چینی ۔ گھبراہٹ ۔ رنج ۔ غم ۔ افسوس ۔ [illegible] ۔ **دل کی حسرت (حسرتیں) نکالنا** (متعدی) **نکلنا** (لازم) خواہش نکلنا ۔ مراد پوری ہونا ۔ **دل کی دل میں رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) حسرت رہ جانا ۔ خواہش پوری نہ ہونا ۔ **دل کی دل ہی میں رہ گئی** ۔ ارمان نہ نکلا وقت پورا ہو گیا ۔ **دل کی رکاوٹ** (مونث) آزردگی ۔ افسردگی ۔ **دل کی سادی** (مونث) بھولی ۔ صاف دل ۔ **دل کی صفائی** (مونث) دل کی بری باتوں سے مبرا ہونا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دل کی طرح رکھنا** (لازم) عزیز رکھنا ۔ **دل کی کلی کھلنا** (لازم) آرزو پوری ہونا ۔ **دل کی کنجی** (مونث) ہمراز ۔ صلاح کار ۔ مشیر ۔ **دل کی کہنا** (لازم) صاف بات جو دل میں ہو ظاہر کر دینا ۔ وہ بات کہہ دینا جو دوسرے کے دل میں ہو ۔ **دلکی کہی** ۔ وہ بات کہی جو دوسرے کے دل میں تھی ۔ **دلکی گانٹھ ۔ گتھی گرہ یا گلجھٹی** (مونث) رنج ۔ شکوہ ۔ شکایت ۔ **دل کی گانٹھ کھولنا** (متعدی) عداوت دلی دور کرنا ۔ چھپے ہوئے کینے کو رفع کرنا ۔ **دل کی گرہ کھولنا** (متعدی) **کھلنا ۔ نکلنا** (لازم) دلی رنجش دور ہونا ۔ **دل کی گھنڈی کھلنا** (لازم) عقدہ کھلنا ۔ **دل کی لاگ یا لگن** (مونث) عشق ۔ محبت ۔ عاشقی ۔ **دل کی لگی** (مونث) غم ۔ رنج ۔ عشق ۔ دلکی چوٹ ۔ **دل کی لگی بجھانا** (متعدی) **بجھنا** (لازم) دلکی حسرت نکلنا ۔ **دل کی لگی بری ہوتی ہے** ۔ عشق بری بلا ہے ۔ عشق سب کچھ کراتا ہے ۔ **دل کی لگی ہوئی آگ کو اور بھڑکانا** (متعدی) عشق کو زیادہ کرنا ۔ **دل کیا کہہ رہا ہوگا** ۔ دل میں کیا کیا خیالات گزرتے ہوں گے ۔ **دلگداز** (صفت) دل کو نرم کرنے والا ۔ (مذکر) ایک ماہوار رسالہ جو

عبدالحلیم شرر نکالا کرتے تھے۔ دل گداز کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دل نرم ہونا۔ دل گردہ (مذکر) ۱۔ حوصلہ۔ جرات ۲۔ تاب۔ طاقت ۳۔ صبر۔ برداشت۔ دل گردہ دیکھو۔ دلیری دیکھو۔ دل گرفتہ (صفت) غمگین۔ مغموم۔ عاشق۔ دل گرفتگی (مونث) مغموم ہونا۔ غم۔ رنج۔ دل گرم (صفت) ۱۔ پرجوش۔ شائق ۲۔ پرآرزو ۳۔ بہادر۔ دل گرمی (مونث) ۱۔ شوق۔ جوش ۲۔ درستی۔ دل گرما جانا (لازم) امنگ پیدا ہونا۔ خواہش ہونا۔ دل گرم کرنا (متعدی) ہونا (لازم) امنگ پیدا ہونا۔ دل گمراہ ہونا (لازم) نیت میں فرق آنا۔ دل بھٹکنا۔ دل گھبرانا (لازم) ۱۔ بیقراری ہونا۔ اضطراب ہونا ۲۔ دل نہ لگنا۔ دل گھونٹ گھونٹ کے رکھنا (متعدی) دل کو کسی بات سے روکنا۔ باز رکھنا دل کو کسی کام سے۔ دلگیر (صفت) مغموم غمگین۔ دل لبھانا (متعدی) دل کو مائل کرنا۔ دل کو فریفتہ کرنا۔ دل لٹو ہونا (لازم) فریفتہ ہونا۔ دل لرزنا (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ دل لگا بیٹھنا (لازم) عاشق ہونا۔ محبت کرنے لگنا۔ دل لگا رہنا (لازم) فکر رہنا۔ دل لگا کر (تف) توجہ سے۔ دل لگانا (متعدی) ۱۔ عاشق ہونا۔ محبت کرنا ۲۔ متوجہ ہونا کسی کام پر۔ دل لگا ہونا (لازم) ۱۔ فکر ہونا۔ خیال ہونا ۲۔ طبیعت کو تعلق ہونا۔ دل لگ جانا۔ لگنا (لازم) ۱۔ جی بہلنا ۲۔ کسی کام میں توجہ ہونا ۳۔ عشق ہونا۔ محبت ہونا۔ دل لگن (ھ) ۱۔ متوجہ۔ ملتفت ۲۔ مشغول۔ دل لگی (مونث) ۱۔ ہنسی۔ مذاق۔ چہل ۲۔ معمولی بات۔ آسان بات۔ ۳۔ مشغلہ۔ دلچسپی ۴۔ عشق۔ محبت۔ لگاؤ (کرنا۔ کانا ہونا کے ساتھ) دل لگی باز (صفت) مسخرا۔ ظریف (بنانا۔ ٹھہرانا۔ ہونا کے ساتھ) دل لوٹ پوٹ ہونا۔ لوٹ جانا لوٹنا لوٹ ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا۔ شیدا ہونا ۲۔ بیقرار ہونا۔ دل لوٹنا (متعدی) مائل کرنا۔ دلدادہ کرنا۔ دل لہرانا (متعدی) ۱۔ دل خوش کرنا۔ امنگ پیدا کرنا ۲۔ (لازم) امنگ پیدا ہونا۔ دل خوش ہونا۔ دل … کرنا (متعدی) ہو جانا یا ہونا (لازم) … رنج ہونا۔ سخت صدمہ ہونا۔ دل لینا (متعدی) ۱۔ مائل کرلینا۔ عاشق بنالینا ۲۔ منشا دریافت کرنا۔ بھید لینا۔ دل مارنا

(متعدی) خواہشوں کو روکنا۔ ضبط کرنا۔ دل مانے (تف) جیسا دل چاہے۔ حسب خواہش۔ دل مبتلا ہونا (لازم) عاشق ہونا۔ دل مٹھی میں لینا (لازم) کسی کو قابو کرنا۔ گرویدہ کرلینا۔ دل مٹی ہونا (لازم) خواہش نہ رہنا۔ دل مچل جانا یا مچلنا (لازم) دل کا ہٹ یا ضد کرنا کسی چیز کے لئے۔ دل مرجانا یا مردہ ہونا (لازم) خواہشیں جاتی رہنا۔ امنگ نہ رہنا۔ افسردہ ہونا۔ دل مرحوم (مذکر) عاشق کا دل۔ نامراد دل۔ دل مرغ (مذکر) ایک قسم کا تیر۔ دل مسل جانا (لازم) دل کا بیقرار ہونا۔ دل مسلنا (متعدی) دل کو ایذا پہنچانا۔ رنج دینا۔ دل مسوسنا (لازم) رنج ضبط کرنا۔ کڑھنا۔ دل مشبک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دل میں سوراخ ہونا۔ سخت غم ہونا۔ دل مضبوط رکھنا (متعدی) حوصلہ رکھنا۔ پروا نہ کرنا۔ نہ گھبرانا۔ دل مضطر (مذکر) بیقرار دل۔ بےچین دل۔ دل مکدر ہونا (لازم) دل میں ملال آجانا۔ دل میں صفائی نہ رہنا۔ دل ملا (مذکر) بہناپا۔ سہیلیوں کا رشتہ۔ بیگمات خاندان مغلیہ ایسے رشتے جوڑا کرتی تھیں۔ دل ملانا (متعدی) ملنا (لازم) راہ رسم ہونا۔ محبت و اخلاص ہونا۔ دل ملنا (لازم) رنج پہنچانا۔ دل پائمال کرنا ۲۔ (عو) بہت مشتاق ہونا۔ دل ملول (صفت) غمگین۔ آزردہ۔ دل موم ہونا (لازم) ۱۔ رحم آجانا ۲۔ ترس آنا ۳۔ دل نرم ہونا۔ دل موہ لینا (متعدی) ۱۔ لبھا لینا۔ فریفتہ کرلینا ۲۔ دل قابو میں کرلینا۔ دل میلا کرنا (متعدی) مغموم ہونا۔ اندوہگیں ہونا ۲۔ اداس ہونا۔ متفکر ہونا۔ دل میلا ہونا (لازم) دل میں کدورت ہونا۔ دل میں (تف) جی ہی جی میں۔ باطن میں۔ دل میں آبلے ڈالنا (متعدی) سخت رنج پہنچانا۔ دل میں آجانا۔ آنا (لازم) بات ذہن میں آجانا۔ خیال ہونا۔ دل میں آگ بھری رہنا یا ہونا (لازم) سخت جلنا۔ رشک ہونا۔ حسد ہونا۔ دل میں آگ بھڑکانا (متعدی) بھڑکنا (لازم) دل میں سوزش پیدا ہونا۔ خواہش پیدا ہونا۔ دل میں آگ لگانا (متعدی) رنج دینا۔ ستانا۔ دل میں آگ لگنا (لازم) سوز و گداز عشق پیدا ہونا۔ دل میں آنا (لازم) خیال گزرنا۔ دل میں اتارنا (متعدی) اترانا۔ اترنا (لازم) ذہن نشین ہونا۔ دل میں سمانا۔ دل میں

اینٹھ رکھنا (عف) بغض و عداوت رکھنا۔ دل میں باتیں بھری ہونا (لازم) دل گلے شکوں سے پر ہونا۔ دل شرارتوں سے بھرا ہونا۔ دل میں بٹھانا (متعدی) ذہن نشین کرنا۔ دل میں بخار بھرا ہونا (لازم) دل میں کدورت ہونا۔ دل میں برائی آنا (لازم) بدنیت ہو جانا۔ برا خیال دل میں پیدا ہونا۔ دل میں بڑی سمائی ہونا (لازم) عالی حوصلگی ہونا۔ دل میں بسا رہنا یا بسنا (لازم) ہر وقت کسی کا خیال دل میں رہنا۔ ہر وقت تصور رہنا۔ دل میں بل ڈالنا (متعدی) پڑنا (لازم) کدورت ہونا۔ رنج ہونا۔ دل میں بل رکھنا (لازم) بغض رکھنا۔ عداوت رکھنا۔ دل میں بھچنا۔ دل تنگ ہونا۔ نادم ہونا۔ دل میں بیٹھ جانا (لازم) ذہن نشین ہونا۔ دل میں پاپ لانا (لازم) شک لانا۔ بدگمان ہونا۔ وہم میں پڑنا۔ دل میں پسیجانا (لازم) عاشق ہونا۔ شیدا ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ دل میں پلٹ جانا (لازم) کچھ کہہ کے اس کے برخلاف نیت کرلینا۔ دل میں پنکھے لگے ہونا (لازم) سخت گھبراہٹ ہونا۔ بہت بےچینی ہونا۔ دل دھڑکنا۔ دل میں پھپھولے پڑنا (لازم) ضبط کی وجہ سے دل میں رنج ہونا۔ دل میں پھرنا (لازم) ہر وقت خیال رہنا۔ دل میں پھوٹ رکھنا (لازم) کدورت رکھنا۔ بغض رکھنا۔ دل میں تو سمجھو قائل تو ہو۔ شرمندہ تو ہو۔ دل میں ٹھانا (متعدی) ٹھننا۔ ٹھنی رہنا یا ہونا (لازم) پکا ارادہ ہونا۔ کسی خیال کا دل میں قائم ہونا۔ دل میں ٹیڑھا ہونا (لازم) ناخوش ہونا دل ہی دل میں۔ دل میں جگہ پانا یا ملنا (لازم) ۱۔ پسندیدہ ہونا۔ پسند خاطر ہونا ۲۔ رسوخ ہونا۔ دل میں گنجائش ہونا۔ دل میں جگہ دینا (لازم) دیکھو آگے دل میں جگہ کرلینا یا کرنا (متعدی) محبت پیدا کرنا۔ رسائی پیدا کرنا۔ دل میں جگہ ہونا (لازم) محبت ہونا۔ عزیز ہونا۔ دل میں جلنا (لازم) رشک کرنا۔ حسد کرنا۔ دل میں جما رہنا یا جمنا (لازم) ہر وقت خیال میں رہنا۔ دل میں چبھ جانا یا چبھنا (لازم) ۱۔ دل پر اثر کرنا ۲۔ پسند آنا۔ دل میں چٹکیاں چٹکی لینا (متعدی) ۱۔ دل دکھانا۔ درپردہ آزار پہنچانا ۲۔ طعنے دینا ۳۔ اثر کرنا ۴۔ شوق پیدا کرنا۔ ابھارنا۔ دل میں چوٹ لگنا (لازم) صدمہ پہنچنا۔ رنج ہونا۔ دل میں چور بیٹھنا یا ہونا (لازم) ۱۔ بدگمانی ہونا۔ بدظنی ہونا ۲۔ دل میں فرق ہونا۔ دل میں چھید کرنا (متعدی)

ہونا (لازم) سخت صدمہ پہنچنا۔ رنج ہونا۔ دل میں
حسرت رکھنا (متعدی) سخت خواہش ہونا۔ آرزو
ہونا۔ دل میں خلش رکھنا (متعدی) بغض رکھنا۔
کینہ رکھنا۔ دل میں خلش ہونا (لازم) ڈر ہونا۔
خوف ہونا۔ کھٹکا ہونا۔ دل میں خیال آنا (لازم)
ذہن میں کوئی بات آنا۔ خیال گزرنا۔ دل میں
خیال رہنا (لازم) دل میں کسی کا تصور رہنا۔ ہر
وقت کسی کا دھیان رہنا۔ دل میں خیال رکھنا
(متعدی) کوئی بات ذہن میں رکھنا۔ کسی بات کا دھیان
رکھنا۔ دل میں خیال گزرنا (لازم) دیکھو دل
میں خیال آنا۔ دل میں داغ پڑنا (لازم) صدمہ
ہونا۔ رنج ہونا۔ دل میں دل ڈالنا (متعدی)
دوسرے کے دل پر اپنا اثر ڈالنا۔ اپنے دل کی بات کا
دوسرے کو یقین دلانا۔ دل میں ڈالنا (متعدی) کسی
بات کا دوسرے کے دل میں پیدا کرنا۔ دل میں
ڈرنا (لازم) اس طرح خوف کھانا کہ دوسرے پر
ظاہر نہ ہو۔ دل میں راہ پیدا کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) کسی کی محبت پیدا ہونا۔ دل میں راہ
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱محبت ہونا۲ رسوخ
ہونا۔ دل میں رحم آنا (لازم) ترس آنا۔ دل نرم
ہونا۔ دل میں رکاوٹ ہونا (لازم) آزردگی
ہونا۔ ناراضگی ہونا۔ دل میں رکھنا (لازم) ۱مخفی
رکھنا۔ پوشیدہ رکھنا ۲ کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا ۳ یاد رکھنا۔
خیال رکھنا۔ دل میں رہنا (لازم) ہر وقت خیال میں
بسنا۔ دل میں زہر بھرا ہونا (لازم) کسی کی طرف
سے دل میں بدی یا دشمنی ہونا۔ دل میں سما جانا یا
سمانا (لازم) ۱کسی بات کا یقین ہو جانا ۲ ہر وقت
خیال میں رہنا ۳ ارادہ کرنا۔ دل میں سمائی ہونا
(لازم) کسی بات کا ارادہ ہونا۔ دل میں سمجھنا یا سوچنا
(متعدی) سوچنا۔ غور کرنا۔ دل میں سوراخ
پڑنا یا ہو جانا۔ ہونا (لازم) کرنا (متعدی) دل کو
رنج پہنچانا طعن و تشنیع سے۔ دل آزاری کرنا۔ دل
میں شرمانا (لازم) شرمندہ ہونا مگر ظاہر نہ ہونے
دینا۔ دل میں غبار آنا (لازم) کدورت ہونا۔
ملال ہونا۔ دل میں غبار بھرا رہنا یا بھر رہنا
(لازم) ہر وقت کدورت رہنا۔ دل میں غبار رکھنا۔
(متعدی) ہونا (لازم) کدورت ہونا۔ ملال ہونا۔
دل میں غور کرنا (متعدی) سوچنا۔ دل میں
فرق آنا (لازم) ۱شبہ پڑنا۔ شک ہونا ۲ اعتبار

اٹھنا ۳ عداوت ہونا۔ بغض ہونا۔ دل میں فرق
ہونا۔ (لازم) دل صاف نہ ہونا۔ ملال ہونا۔ دل
میں قائل ہونا۔ ماننا یا اقرار کرنا اسطرح کہ دوسرے پر
ظاہر نہ ہو۔ دل میں کانٹا سا کھٹکنا (لازم)
ناگوار گزرنا۔ گراں خاطر ہونا۔ دل میں کبیدہ
ہونا (لازم) غمگین ہونا۔ دل میں کپٹ ہونا
(لازم) کینہ ہونا۔ دشمنی ہونا۔ دل میں کٹنا (لازم)
شرمندہ ہونا خفیہ طور پر۔ دل میں کچھ نہ آنا (مت)
رحم نہ آنا۔ ترس نہ آنا۔ دل میں کڑھنا (لازم) افسوس
کرنا۔ رنج کرنا مگر ظاہر نہ ہونے دینا۔ دل میں کھبا
جانا (لازم) کھبانا۔ دل میں سما جانا۔ دل میں کھبنا
(لازم) دل پر اثر ہونا۔ دل میں کھٹک جانا
(لازم) ۱ اثر کر جانا ۲ شبہ پڑ جانا۔ دل میں کھٹکنا
(لازم) ناگوار معلوم ہونا۔ دل میں کہنا (لازم)
سوچنا۔ خیال کرنا۔ دل میں کھوٹ ہونا (لازم)
دغا ہونا۔ دل میں کیا آیا (لازم) دل میں کیا
خیال پیدا ہوا۔ دل میں کیا کہتے ہوں گے
یا کہیں گے۔ جہاں آدمی کوئی بری بات کہے یا کرے
جس کا اثر دوسرے پر ہو تو شرمندگی کے طور پر کہتے ہیں
دل میں گتھی پڑنا (لازم) رنج پیدا ہونا کسی کی
طرف سے۔ دل میں گدگدی کرنا (متعدی)
ہنسانا۔ دل میں گدگدی ہونا (لازم) کوئی خواہش
پیدا ہونا معشوق کی شوخی کی وجہ سے۔ دل میں
گرہ پڑنا یا ہونا (لازم) رنج یا ملال ہونا۔ دل
میں گڑ جانا (لازم) پسند آنا۔ اثر ہونا۔ دل میں
گڑھے پڑنا (لازم) صدمہ ہونا۔ رنج ہونا۔ دل
میں گلجھڑی پڑنا (لازم) ملال ہونا۔ کدورت
ہونا۔ رنج ہونا۔ دل میں گمان لے جانا
(لازم) شبہ پڑنا۔ شک ہونا۔ دل میں گھاؤ پڑنا
(لازم) ڈالنا (متعدی) رنج دینا۔ صدمہ پہنچانا۔
دل میں گھبرانا (متعدی) پریشان ہونا گھبراہٹ
ہونا۔ دل میں گھر بنانا (متعدی) بننا (لازم)
پسند آنا۔ ہر وقت خیال میں رہنا۔ دل میں گھر
پیدا کرنا (متعدی) رسائی پیدا کرنا۔ اخلاص
پیدا کرنا۔ دل میں گھر دینا (متعدی) محبت
کرنا۔ پیار کرنا۔ دل میں گھر کر جانا یا کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) ۱ رسائی ہونا۔ محبت ہونا ۲ دوست
بننا۔ اخلاص پیدا ہونا۔ دل میں گھونسا لگنا
(لازم) اچانک کوئی صدمہ پہنچنا۔ دل میں لانا

(متعدی) دلنشین کرنا۔ دل میں لگن لگا دینا
لگانا (متعدی) لگنا (لازم) جوش پیدا ہونا۔ شوق
ہونا۔ دل میں لہر آنا (لازم) خیال آنا۔ امنگ
پیدا ہونا۔ دل میں لئے جانا (لازم) کینہ رکھنا۔
بات کو نہ بھولنا۔ دل میں لئے رہنا (لازم) ضبط
کرنا۔ دل میں ماننا (لازم) کسی بات کا درپردہ
قائل ہونا۔ دل میں مزا سمانا (متعدی) گذشتہ
مزوں کا خیال دل میں ہونا۔ دل میں ناسور پڑنا
ہونا (لازم) ڈالنا۔ کر دینا یا کرنا (متعدی)
سخت صدمہ ہونا۔ بہت رنج ہونا۔ دل
میں نقش کر لینا۔ کرنا (متعدی) ہو جانا ہونا
(لازم) ایسا اثر ہونا کہ کبھی نہ بھولے۔ دل میں
نیت کرنا (متعدی) ارادہ کرنا۔ دل میں
نیکی ڈالنا (متعدی) خدا کا کسی کو نیک کام کی طرف
متوجہ کرنا۔ دل میں وسواس لانا (متعدی)
دل میں برے برے خیالات یا شبہات کرنا۔ دل میں
وسوسے اٹھنا (لازم) برے برے خیالات آنا۔
دل میں ہوک اٹھنا (لازم) کوئی رنج یا غم کی
بات یاد آنا۔ دل میں ہول سمانا (لازم) گھبراہٹ
ہونا۔ سخت ڈر ہونا۔ دل میں ہونا (لازم) ۱ ارادہ
ہونا۔ قصد ہونا ۲ خواہش ہونا۔ تمنا ہونا ۳ خیال ہونا۔
دل میں یاد رکھنا (متعدی) فراموش نہ کرنا۔
خیال میں رکھنا۔ دل میں یاد کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) ہر وقت دھیان ہونا۔ ہر وقت خیال میں
رہنا۔ دلِ ناصبور (مذکر) بیقرار دل۔ بے چین دل۔
نہ صبر کرنے والا دل۔ دل نرم کرنا (متعدی) ہونا
(لازم) رحم آنا۔ ترس آنا۔ دل نہ رہنا (لازم)
۱ حوصلہ نہ رہنا ۲ امنگ نہ رہنا۔ دلنشین (صفت)
۱ دل پر جما ہوا۔ موثر (کرنا ہونا کے ساتھ) ۲ مرغوب۔
پسندیدہ۔ دلنواز (لازم) دل کو تسلی دینے والا ۲
(مذکر) دوست۔ یار۔ دلنوازی (مونث) ۱ تسلی۔
تشفی ۲ مہربانی۔ عنایت ۳ ناز و نخرے۔ دل نہاد
(صفت) ۱ جس پر دل مائل ہو۔ کوئی چیز جسکی طرف
توجہ ہو ۲ (مذکر) معشوق ۳ توجہ۔ دل وابستہ ہونا
(لازم) ۱ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا ۲ مطیع ہونا۔ دل
والا (صفت) ۱ دلیر۔ بہادر۔ جری۔ شجاع ۲ سخی۔
فیاض۔ دل و جان (صفت) پیارا۔ عزیز۔ دل و
جان سے (تف) ۱ بڑی خوشی سے۔ بسر و چشم ۲ کمال۔
پوری طرح۔ بخوبی۔ بے صبر۔ دل و جگر پر چھریاں

جلانا (متعدی) سخت رنج پہنچانا۔ **دل و دماغ** (مذکر) ۱عقل۔ خِرد۔ علم ۲عقلمند آدمی۔ **دل و دماغ نہ ہونا** (لازم) ۱عقل نہ ہونا ۲التفات نہ ہونا۔ توجہ نہ ہونا۔ **دلوں دل** (تف) دل تک۔ **دلوں میں عداوت ہونا** (لازم) دشمنی پیدا ہو جانا۔ ایک دوسرے سے دشمنی ہو جانا۔ **دل ہاتھ بھر بڑھنا** (لازم) حوصلہ زیادہ ہونا۔ ہمت ہونا۔ **دل ہاتھ سے جانا** (لازم) عاشق ہونا۔ دل کا قابو میں نہ رہنا۔ **دل ہاتھ میں رکھنا** (لازم) ۱خوش رکھنا۔ راضی رکھنا کسی کو ۲تسلی دیتے رہنا۔ ۳قابو میں رکھنا۔ مطیع رکھنا۔ **دل ہاتھ میں لینا** (متعدی) مطیع بنانا۔ فرمانبردار بنانا ۲تسلی دینا۔ **دل ہارنا** (متعدی) ہمت ہارنا۔ گھبرا جانا۔ **دل ہٹا لینا** (متعدی) کسی بات کو چھوڑ دینا۔ نفرت کرنا۔ **دل ہٹ جانا** (لازم) نفرت ہو جانا۔ بیزاری ہو جانا۔ **دل ہچر مچر کرنا** (متعدی) ہونا (لازم) خوف کھانا۔ ہچکچانا۔ **دل ہرا ہونا** (لازم) رنج و غم کے بعد پھر خواہش یا امنگ پیدا ہونا۔ **دل ہلا دینا۔ ہلانا** (متعدی) **ہل جانا۔ ہلنا** (لازم) ۱صدمہ ہونا ۲خوف ہونا۔ ڈر ہونا ۳رحم آ جانا۔ ترس آنا۔ **دل ہلکا ہونا** (لازم) رونے دھونے سے غم و رنج جاتا رہنا۔ **دل ہوا ہو جانا** (لازم) گھبرا جانا ڈر سے۔ **دل ہی جانتا ہے**۔ دل ہی کو معلوم ہے۔ بیان نہیں ہو سکتا۔ **دل ہی دل میں** (تف) چپکے چپکے۔ اندر ہی اندر۔ **دل ہی دل میں دعائیں دینا** (متعدی) چپکے چپکے کسی کی بہتری کے واسطے دعائیں مانگنا۔ **دل ہی دل میں کہنا** (لازم) ۱خیال کرنا ۲چپکے چپکے کہنا۔ **دل ہی دل میں گھلنا** (لازم) غم و رنج ظاہر نہ ہونے دینا۔ کڑھنا۔ **دل ہی دل میں یاد کرنا** (متعدی) چپکے چپکے دھیان کرنا۔ ہر وقت خیال میں رکھنا۔ **دلی** (صفت) ۱دل کی ۲خالص ۳روحانی ۴اندرونی۔ ۵سخت بےحد۔ **دلی بغض عناد** (مذکر) بےحد دشمنی۔ اندرونی دشمنی۔ **دلی دوست** (مذکر) خالص دوست پیارا دوست۔ **دلی محبت** (مونث) بےحد محبت۔ خالص محبت۔ **دلی منشا** (مذکر) دل کی خواہش۔

امثال و اقوال۔ **دل بدست آور کہ حج اکبر است از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر است**۔ دلجوئی کرنا بہترین کام ہے۔ **دل بدست دگرے دادن و حیراں بودن**۔ اپنے آپ کو دوسرے کے ہاتھ میں دینا خواہ مخواہ اپنے سر زحمت لینا ہے۔ **دل را بدل رہیست** دل کو دل سے راہ ہوتی ہے۔ جیسا ایک کو خیال ہوتا ہے ویسا ہی دوسرے کو۔ اگر دل میں دوسرے کی محبت ہو تو اسے بھی محبت ہوتی ہے۔ اگر عناد ہو تو اسے بھی عناد ہوتا ہے۔ **دلسوز خانہ تراش**۔ دل کو جلانے والا گھر کو تباہ کرنے والا۔ بیٹے کی نسبت کہتے ہیں۔ **دل کا دل آئینہ ہے**۔ دیکھو دل را الخ۔ **دل کا گھاؤ رانی جانے یا راؤ**۔ رنج و غم کا اسے ہی پتہ ہوتا ہے جو اس میں مبتلا ہو۔ **دل کا مالک (اللہ) خدا ہے** دل میں جو بات پیدا ہوتی ہے خدا کی طرف سے ہوتی ہے۔ **دل کو دل سے راہ ہے**۔ دیکھو دل را الخ۔ **دلکو ہو قرار تو سب سوجھیں تیوہار**۔ جسے کوئی فکر نہ ہو۔ وہ ہر بات میں لطف اٹھاتا ہے۔ **دل کی کفنی میں بھولی بھالی** (سادی) **جس کا پاتی اس کا کھاتی**۔ جو کسی بات سے پرہیز نہ کرے اس کے متعلق مذاقاً کہتے ہیں۔ **دل گدھی پر آ گیا تو پری بھی اُکی جھانٹ ہے**۔ **دل لگا گدھی سے تو پری بھی کیا چیز ہے۔ دل لگا مینڈکی سے تو پدمنی کیا چیز ہے**۔ جہاں محبت ہو وہاں کوئی نقص نظر نہیں آتا۔ **دل مٹھی میں آیا سب کچھ پایا**۔ کسی کے دل کو خوش کرنا بڑا کام ہے۔ **دل میں آئی کو رکھے سو بھڑوا**۔ جو بات خیال میں آئے سو کہدینی چاہئے۔ جو آدمی ناگوار بات کہنا چاہے تو وہ تمہید کے طور پر کہتا ہے۔ **دل میں نہیں ڈر تو سب کی پگڑی اپنے سر**۔ اگر دل میں کسی بات کا خوف نہیں تو آدمی کسی کی پروا نہیں کرتا۔

دِلا (ہ۔ امر) دلانا کا۔ (س دا۔ دینا) **دلا پانا** (لازم) پانا۔ واپس پانا۔ **دلانا** (متعدی) ۱دینا۔ عنایت کرنا ۲عطا کرانا ۳پیدا کرانا ۴سپرد کرانا ۵(قبضہ) قبضہ کرانا ۶(حوصلہ وغیرہ) باعث ہونا۔ موجب ہونا ۷(قرضہ وغیرہ) لے دینا ۸(یاد) جتانا۔ دوسرے کے خیال میں لانا ۹(قسم) سوں دینا۔

دُلار (ہ۔ مذکر) لاڈ۔ پیار۔ محبت۔ **دلارا** (مذکر) پیارا۔ عزیز۔ **دلارنا** (ہ) پیار کرنا۔ لاڈ کرنا۔ چمکارنا۔ پچکارنا۔ **دلاری** (مونث) پیاری۔ عزیزہ۔

مثل۔ دلاری بٹیا اینٹوں کا لٹکن۔ جو غریب ہو کر بناؤ سنگار کرے اس کے متعلق کہتے ہیں۔

دَلّاک (ع۔ مذکر) وہ شخص جو حمام میں ملتا ہے۔ حجام (دَلک۔ ہاتھ سے ملنا) **دلاکی** (صفت) دلاک کے متعلق ۲(مونث) دلاک کا پیشہ۔ ۳(تیغ) استرہ۔

دَلّال (ع۔ مذکر) ۱سودا کرانے والا۔ آڑتیا ۲بھڑوا۔ کٹنا ۳وہ شخص جو خریدار اور بیچنے والے کو ملائے (دَل۔ ہدایت کرنا) **دلالہ** (مونث) کٹنی۔ **دلالی** (مونث) ۱سودا کرانے کی اجرت ۲آڑھت۔ ۳دلال کا پیشہ ۴کٹناپہ۔

دَلالت (ع۔ مونث) ۱علامت۔ نشان ۲پتا۔ سراغ ۳دلیل۔ ثبوت ۴ہدایت۔ رہنمائی ۵کسی چیز کا اسطرح ہونا کہ اسکی واقفیت سے دوسری چیز کی واقفیت ہو ۶اطلاق۔ عاید ہونا ۷دبدبہ۔ رعب۔ شان۔ عظمت (کرنا ہونا کے ساتھ) (دَل۔ ہدایت کرنا) **دلالت برسنا** (لازم) رعب و داب ہونا۔ شان و شوکت ظاہر ہونا۔

دَلان (ف۔ مذکر) دالان (مخف)

دُلانا (ہ۔ متعدی) ۱ہلانا جنبش دینا۔ ۲اچھالنا۔

دُلاؤ (ہ۔ مذکر) ہلانا جنبش دینا۔

دلائل (ع۔ مذکر مونث) دلیل کی جمع۔

دُلب (ع۔ مذکر) ۱سال کا درخت ۲حبشیوں کی ایک قوم۔

دَلبا (س۔ صفت) ۱ٹوٹا ہوا شکستہ۔ ۲شکست خوردہ ۳کمزور۔ ضعیف۔ دبیل ۴(مذکر) کبوتر پرندہ جسے لڑا کر دوسرے پرندوں کو دلیر بناتے ہیں۔ (س دَل۔ توڑنا)

دَلبھ (س۔ مذکر) ۱پتیہ ۲دغا۔ دھوکا ۳ایک رشی کا نام۔

دَلپا (ہ۔ مذکر) غالیچہ۔ جس سے غالبا بگڑا ہوا ہے۔

دَلدا پیشگیر (ف۔ ہ۔ مذکر) چھوٹا سائگیرا جو چارپائی کے آگے بچھایا جاتا تھا۔

دَلدّر (ہ۔ مذکر) دیکھو دردر۔ **دلدر پار ہونا** (لازم) دولتمند ہو جانا۔ **دلدر نکالنا** (مذکر) ۱ہندوؤں میں ایک رسم۔ دیوالی کے دن ہر کونے میں مکان کے جھاڑو مارتے ہیں اور کہتے ہیں ایسر آئے

دلدر جائے ۲ (متعدی) گھر کو صاف کرنا ۳ پرانے چراغوں کی جگہ نئے رکھنا۔ **دلدری** (صفت) ۱ مفلس ۲ غریب ۳ منحوس ۴ میلا کچیلا آدمی جو کپڑوں کو صاف نہ رکھے۔

مثل - دلدر گھر میں نون پکوان غریبوں کے لئے نمک بھی نعمت ہوتی ہے۔

دَلدَل (ع - مونث) کیچڑ - چھلا - پانکا - بھجن - جھابر - دھسن - آند - آندن - کادوں - (دلدل - ہلانا) **دلدلا** (ھ) کیچڑ والا - کیچڑ دار - **دلدلانا** (ھ) ہلنا - کانپنا - تھرتھرانا - **دلدلاہٹ** (ھ) تھرتھراہٹ - کپکپی - لرزش - **دلدل میں پھنس جانا یا پھنسنا** (لازم) ۱ کیچڑ میں دھسنا ۲ مشکل یا دقت میں پڑنا ۳ برے کاموں میں پڑنا - **دلدل میں پھنس کے رہ جانا** (لازم) ۱ کیچڑ میں دھنس کر نہ نکل سکنا ۲ دنیاوی تعلقات اور جھگڑوں میں پھنس جانا۔ **دلدلی** (صفت) کیچڑ والا - کیچڑ دار۔

دُلدُل (ع - مذکر) ۱ سیہ ۲ وہ خچر جو حاکم اسکندریہ نے پیغمبر صلعم کو نذر میں بھیجا تھا - اسکا رنگ سفید سیاہی مائل تھا ۳ گھوڑی کی شکل کا تعزیہ ۴ وہ گھوڑا جسپر سامان ماتم لا د کر عشرہ محرم میں عزاخانے لے جاتے ہیں (بنانا - نکالنا نکلنا وغیرہ کے ساتھ) (دلدل - حرکت دینا) **دلدل اسوار** (مذکر) حضرت علی کا لقب۔

دُلفِن - دُلفین (ع یو - مونث) ایک مچھلی جس کے متعلق خیال ہے کہ ڈوبتوں کو بچاتی ہے۔

دَلق (ع - مونث) گدڑی - ایک لباس جو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا بنا ہوتا ہے - اور فقیر پہنتے ہیں (ف - دلہ کا معرب - س دَل - ٹکڑے ہونا) **دلق پوش** مذکر) گدڑی پہننے والا - فقیر - درویش۔

دَلک (ھ - مونث) ۱ چمک - جھلک - ومک ۲ کپکپی - لرزش - جنبش - **دلک جانا** (لازم) دیکھو دلکنا ۲ - **دلکنا** (لازم) ۱ چمکنا - دمکنا ۲ تھرتھرانا - لرزنا - کانپنا - ہلنا۔

دَلکھنا (ہ - لازم) ۱ بات کاٹنا - ٹوکنا ۲ اعتراض کرنا ۳ نافرمانبرداری کرنا ۴ انکار کرنا ۵ نامنظور کرنا ۶ منع کرنا (س دَل - پھینکنا)

دُلکی (ہ - مونث) گھوڑے یا کتے کی ایک چال - جس میں ایک وقت میں تین پاؤں اٹھتے ہیں (جانا چلانا چلنا کے ساتھ) (س دَل - پھینکنا)

دَلمہ (ف - مذکر) نیا پنیر۔

دُلمہ (ف - مذکر) ۱ سالن ۲ ایک سالن - جس میں قیمہ اور پنیر بینگن یا گاجر میں بھر کر پکاتے ہیں ۳ ایک قسم کی مکڑی جو زہریلی ہوتی ہے۔

دلمی (س - مذکر) ۱ اندر ۲ اندر کا بجر۔

دَلو (ع - مذکر) ۱ ڈول ۲ ایک راس یا برج - کمبھ ۳ اونٹوں کی ایک نسل ۴ بدقسمتی ۵ چکی کی ڈکری۔

دِلوانا (ہ - م) دِلانا کا۔

دِلوَیّا (ھ - مذکر) وہ شخص جو دلوائے۔

دِلہا (ہ - مذکر) کواڑ کے نیچے کا بڑا تختہ۔

دُلھَا (ہ - مذکر) دیکھو دولہا۔

مثل - دلہا دلھن پائے شہ بالا لاتیں کھائے - اصل آدمی کی قدر ہوتی ہے - دوسرے کی بے عزتی ہوتی ہے - شہ بالا وہ چھوٹا لڑکا ہوتا ہے جو دولہا کے پیچھے گھوڑی پر بیٹھتا ہے اور اس کے ہمراہ رہتا ہے - اسے بہت سی گالیاں دی جاتی ہیں۔

دُلھن (ہ - مونث) **دُلھی - دلھیا** (ھ) ۱ وہ عورت جس کی شادی ہو - بنی - بنڑی - عروس ۲ زوجہ - بیوی ۳ بہو ۴ عزیزہ - پیاری ۵ (صفت) بہت آراستہ - **دلھن بن کے چلنا** (لازم) ۱ بن ٹھن کر چلنا - سرخ لباس پہن کے چلنا ۲ معشوقانہ انداز سے چلنا۔

دَلی (س - مونث) ڈھیلا۔

دِلّی (ہ - مونث) دیکھو دہلی - **دلی دکھانا** (متعدی) بچے کو کھلاتے ہوئے بغلوں میں ہاتھ دیکر سر سے اونچا کر دینا - **دلی دور ہے** - دہلی دور است کا ترجمہ ہے - جب نادر شاہ کے پشاور پہنچنے کی خبر محمد شاہ کو پہنچی تو اسنے یہ فقرہ کہا تھا - منزل مقصود دور ہے - **دلی کا روڑا** (صفت) بہت چالاک - **دلی وال یا والا** (صفت) دلی کا - دلی کی وضع کا - دلی کا باشندہ

امثال و اقوال - دلی تیرہ صدی برباد ہوتی ہے - اچنوں پر اس زمانے میں ضرور آفت آتی ہے - **دلی سے میں آؤں خبر کہے میرا بھائی** کوئی پرانی خبر سنائے تو کہتے ہیں - **دلی سے ہینگ آئی تب بڑے پکے** - بڑی مشکل سے کام ہوا - **دلی کے بانکے جن کی جوتی میں سو سو ٹانکے** - دلی کے بانکے چاہے کیسے غریب ہوں بن ٹھن کے نکلتے ہیں - انپر طنز ہے - **دلی کی بیٹی متھرا کی گائے - کرم پھوٹیں تو باہر جائے** - دونوں نازک ہوتی ہیں - **دلی کے دلوالی - منہ چکنا پیٹ خالی** - دلی کے باشندے گو بہت بن سنور کے رہتے ہیں - عموماً بھوکے مرتے ہیں - **دلی کی کمائی** (یا رہ بنگی) **بھنگ کے بھاڑے میں گنوائی** - دولت مفت ضائع کی - ساری عمر کی محنت رائیگاں گئی - **دلی کی کمائی دلی ہی میں گنوائی** - کچھ بچایا نہیں - سب کچھ خرچ کر دیا - **دلی کی کمائی کاندو نالے میں گنوائی** ساری مشقت برباد گئی - محنت عبث ثابت ہوئی - **دلی غدر سے پہلے چمن بنی ہوئی تھی** - دہلی کے آدمی غدر سے پہلے کی دلی کی بہت تعریف کرتے ہیں - **دلی میں رہ کر بھاڑ ہی جھونکا کئے** - اچھی جگہ رہ کر بھی کچھ لیاقت حاصل نہ کی - **دلی ہنوز دور است** منزل مقصود ابھی کوسوں دور ہے۔

دَلیا (ہ - مذکر) ۱ دلا ہوا اناج - موٹا پسا ہوا غلہ ۲ پتلا دودھ اور چاول ۳ مسلمان بھادوں کے مہینے کے کسی جمعہ کو تنہ میں دلیا پکا کر دریا پر لیجاتے ہیں اور اسپر دودھ ڈال کر فقیروں کو تقسیم کرتے ہیں (س دَل - ٹکڑے ٹکڑے کرنا)

دَلیتی (ہ - مونث) چھوٹی چکی جس میں دانہ دلتے ہیں (دلنا سے)

دُلیچا (ھ - مذکر) غالباً غالیچہ کا مخرب ہے - چھوٹا قالین۔

دِلیر (ف - صفت) ۱ بہادر - شجاع - جری - بیر - سورما - دلاور - جوانمرد - مردانہ - سوبیر ۲ بے خوف - نڈر ۳ گستاخ - **دلیرانہ** (صفت) ۱ جوانمردی سے - جرأت سے ۲ بیباکانہ ۳ گستاخانہ - **دلیری** (مونث) ۱ بہادری - شجاعت - جرأت - دلاوری - جوانمردی - بیرتا ۲ بیخوفی - بیباکی ۳ مضبوطی ۴ گستاخی (کرنا کے ساتھ) **دلیری سے** (تف) ۱ بیباکانہ ۲ بہادری سے۔

مثل - دلیری مردوں کا گہنا ہے - مرد کو بہادر ہونا چاہئے۔

دَلیل (ع - مونث) ۱ حجت - بحث ۲ وجہ - سبب ۳ ثبوت - شہادت - **دلیل پیش کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ثبوت وجہ یا سبب پیش ہونا - **دلیل کرنا** (متعدی) بحث کرنا - حجت کرنا - **دلیل لانا یا نکالنا** (متعدی) حجت پیش کرنا - ثبوت دینا - **دلیلی** (صفت) بحث

کرنے والا۔ حجت لانے والا۔ **دلیلیں کرنا** (متعدی) بحث کرنا۔ حجت کرنا۔

دَلیل (انگ۔ مونث) ڈرل کا مجرب۔ فوج یا پولیس کے سپاہیوں کی سزا جس میں بڑے کوٹ کو کمر پر باندھ کر ٹہلاتے ہیں۔ **دلیل بولنا** (متعدی) **ملنا** (لازم) دلیل کی سزا دیا جانا۔

دَلیتی۔ دیلیتی (ہ۔ مونث) دیکھو دلیتی۔

دَم (ف۔ مذکر) ۱ سانس۔ نفس ۲ پل۔ منٹ۔ لحظہ۔ وقت ۳ زندگی ۴ روح۔ جان ۵ ذات۔ نفس ۶ حقے کا کش ۷ بھٹی یا تندور کی ہوا ۸ پانی کا گھونٹ ۹ کھانے کو جب پکنے کے قریب ہو دھیمی آگ پر منہ بند کرکے رکھنا ۱۰ طاقت۔ قوت۔ زور ۱۱ تلوار کی دھار ۱۲ نیزے کی نوک ۱۳ مضبوطی۔ خوبی (کپڑے یا دوائی کی) ۱۴ لچک۔ اصلی حالت پر آجانے کی طاقت ۱۵ خوشی۔ فرحت ۱۶ اولوالعزمی۔ بلند حوصلگی ۱۷ دھوکا۔ فریب دغا ۱۸ افسوں۔ منتر۔ دعا جو پڑھ کر پھونکی جائے ۱۹ غرور ۲۰ تکبر ۲۱ شیخی ۲۲ دم پخت (دیکھو [illegible]) **دمِ آب** (مذکر) پانی کا گھونٹ۔ تھوڑا سا پانی۔ **دمِ آتش افشاں** (مذکر) ۱ گرم سانس ۲ غرور۔ تکبر۔ **دمِ آخر ہو جانا** (لازم) مرجانا۔ **دمِ آخریں** (مذکر) نزع کا وقت۔ نزع۔ **دم آنا** (لازم) پک جانا۔ **دم آنکھوں میں ہونا** (لازم) حالت نزع ہونا۔ **دم اٹکنا** (لازم) ۱ سانس کا سینے میں رکنا ۲ وقت نزع آہستہ آہستہ جان نکلنا۔ **دمِ احتضار** (مذکر) نزع۔ **دمادم** (تف) دمبدم۔ **دم اکھڑا ہونا** (لازم) سانس کا باقاعدہ نہ ہونا۔ **دم اکھڑ جانا** (لازم) تھکاوٹ کی وجہ سے دم کا بہت تیز چلنا۔ سانس چڑھ جانا۔ **دم اکھڑنا** (لازم) سانس الٹنا۔ سانس کا بے قاعدہ چلنا۔ **دم الٹنا** (لازم) ۱ سانس رکنا ۲ دم نزع سانس کا بے قاعدہ ہونا ۳ دل گھبرانا۔ دم گھبرانا۔ **دم الجھنا** (لازم) جی گھبرانا۔ جی اکتانا۔ دم اوپر کو کھینچنا (متعدی) زور سے سانس لینا۔ **دمباز** (صفت) ۱ مکار۔ فریبی۔ دھوکے باز ۲ حیلہ ساز۔ حیلہ گر ۳ حقے کا دم لگانے والا۔ **دمباز ہے** فریبی ہے۔ مکار ہے۔ **دمبازی** (مونث) دھوکا۔ چھل۔ دغابازی۔ فریب۔ مکاری۔ حیلہ سازی۔

دم باقی نہ ہونا (لازم) ۱ ہکابکا رہ جانا۔ سانس باقی نہ رہنا ۲ حوصلہ نہ رہنا۔ **دم باندھنا** (متعدی) ۱ سانس روک لینا ۲ سخت متوجہ ہونا۔ **دم بخود** (صفت) چپ۔ خاموش (رہ جانا یا رہنا ہونا کے ساتھ) **دمبدم** (تف) ۱ ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ گھڑی گھڑی برابر ۲ پے درپے۔ متواتر۔ **دم بڑھانا** (متعدی) لمبے سانس لینے کی مشق کرنا۔ **دم بڑھ جانا** (لازم) قوت زیادہ ہونا۔ **دم بنا رہے**۔ فقیروں کی دعا جیتے رہو۔ **دم بند** (صفت) کبیکا۔ **دم بند کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ چپ ہونا۔ ساکت ہونا۔ خاموش ہونا ۲ سانس رکنا ۳ تنگ ہونا۔ عاجز ہونا ۴ گھبرانا۔ جی گھبرانا۔ **دم بنا ہے**۔ لاچار ہے۔ **دم بولانا** (لازم) جی گھبرانا۔ وحشت ہونا۔ **دم بھر** (تف) ذرا۔ لحظہ بھر۔ تھوڑی دیر کے لئے۔ **دم بھر آنا** (لازم) سانس پھول جانا۔ **دم بھرانا** (متعدی) ۱ کبوتر کے پوٹے میں ہوا بھرنا ۲ پہلوان کا اپنے شاگردوں کو زور کرکے تھکا دینا۔ **دم بھرتا ہے**۔ بڑا دوست ہے۔ **دم بھر جانا** (لازم) سانس پھولنا۔ **دم بھر کو** (تف) ایک لحظہ۔ ایک پل۔ تھوڑی دیر۔ **دم بھر کی خبر نہیں** پتہ نہیں تھوڑی دیر میں کیا ہونے والا ہے۔ **دم بھر میں** (تف) تھوڑی سی دیر میں۔ لمحہ بھر میں۔ **دم بھر میں کچھ دم بھر میں کچھ** (صفت) ہر دم بدلنے والا۔ متلون مزاج۔ **دم بھرنا** (لازم) ۱ سانس چڑھنا یا پھولنا ۲ کسی کی تعریف ہر وقت کرنا۔ ہر وقت کسی کو یاد کرنا ۳ محبت کا دعوے کرنا ۴ دعوے کرنا ۵ بھروسہ کرنا۔ آسرا پکڑنا ۶ بولنا کبوتر کا ۷ ہلنا۔ تلنا ۸ یقین کرنا۔ ایمان لانا۔ **دم بڑھانا** (متعدی) دیر میں سانس لینے کی عادت ڈالنا۔ دم کشی کی مشق کرنا۔ **دم پخت** (مذکر) ۱ بھاپ میں پکنا کھانے کا۔ دیکھو دم ۹ ۲ دیگ کا منہ بند کرکے پکایا ہوا کھانا ۳ کوئی چیز جو مرغ کے پیٹ میں رکھ کر پکائی جائے (کرنا ہونا کے ساتھ) **دم پخت ہو کر رہ جانا** (لازم) ناراض ہو کر یا غصہ ضبط کرکے چپ ہو رہنا۔ **دم پر آنا** (لازم) پکنے کے قریب ہونا۔ اتنا پک جانا کہ اب اسے دم کی کسر رہ جائے۔ **دم پر بنا دینا۔ بنانا** (متعدی) **پہنچانا یا بننا** (لازم) مرنے کے قریب ہونا۔ جان پر آبننا۔ **دم پر چڑھانا** (متعدی) **چڑھ جانا یا چڑھنا** (لازم) دھوکے میں آجانا۔ **دم پر چھوڑ دینا** (لازم) کھانے کو کوئلوں کی دھیمی آنچ پر رکھ دینا۔ **دم پر لانا** (متعدی) فریب میں پھنسانا۔ **دم پر دم** (تف) دم بدم (مخف) **دم پسیں** (مذکر) نزع کی حالت۔ **دم پھڑک جانا یا پھڑکنا** (لازم) ۱ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا ۲ خواہش سے بیتاب ہونا۔ مضطرب ہونا۔ **دم پھولنا** (لازم) سانس چڑھنا۔ **دم پھونکنا** (متعدی) روح ڈالنا۔ جسم میں جان ڈالنا۔ **دم تک** (تف) جیتے جی۔ زندگی میں۔ **دم تمانچا** (مذکر) ہندوستانی تلوار کی ایک قسم۔ **دم توڑ رہنا یا توڑنا** (لازم) نزع کی حالت ہونا۔ جاں کنی ہونا۔ سانس اکھڑنا۔ **دم تو لو**۔ ذرا ٹھہرو تو سہی۔ **دمِ تیغ** (مذکر) تلوار کی کاٹ۔ تیزی یا دھار۔ **دمِ تیغ پر راہ ہونا** (لازم) موت کا خطرہ ہونا۔ **دم ٹوٹنا** (لازم) ۱ حالت نزع میں ہونا۔ سانس اکھڑنا ۲ مرنا ۳ تیراک یا بھاگنے والے کا سانس پھولنا۔ **دم ٹھہرنا** (لازم) سانس کا ٹھکانے سے ہونا یا قرار پکڑنا۔ **دم جھانسا** (مذکر) دھوکا۔ فریب۔ چھل (دینا کے ساتھ) **دم چرانا** (متعدی) ۱ اپنے تئیں مردہ ظاہر کرنا۔ دم روک لینا۔ حبس دم کرنا ۲ پہلو تہی کرنا۔ ٹالنا۔ کسی کام کے کرنے سے کھسکنا۔ **دم چڑا** (مذکر) ایک قسم کی آتشبازی جو تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد چلتی ہے۔ **دم چلا جانا** (لازم) فریفتگی ہونا۔ عاشق ہونا۔ **دم چند** (لازم) چند لمحے۔ تھوڑی دیر۔ **دم چھوڑ دینا۔ چھوڑنا** (لازم) مرجانا۔ **دم خشک کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ڈرنا۔ خوف کھانا۔ **دم خفا کرنا** (متعدی) ناخوش کرنا۔ رنج دینا۔ **دم خفا ہونا** (لازم) جی گھبرانا۔ دم گھٹنا۔ **دمِ خم** (مذکر) ۱ تلوار کی دھار اور خمیدگی ۲ زور و طاقت۔ مضبوطی (پانا رکھنا کے ساتھ) ۳ ہوش حواس۔ اوسان۔ **دمِ خنجر** (مذکر) خنجر کی دھار۔ **دم خود رہ گیا**۔ کچھ نہ بولا۔ چپ رہ گیا۔ **دَمدار** (صفت) ۱ دھاردار۔ تیز ۲ مضبوط۔ زوردار ۳ لچکدار۔ **دمِ داعیہ** (مذکر) دعوے۔ حوصلہ۔ **دم درود نہ ہونا** (لازم) ۱ مردہ ہونا ۲ مرنے کے قریب ۳ طاقت نہ ہونا۔ **دم درود نہیں**۔ نہایت کمزور ہے۔ کچھ طاقت نہیں۔ **دم دعوے** (مذکر) حوصلہ۔ دعوے۔ امنگ (رکھنا کے ساتھ) **دم دلاسا** (مذکر) چکنی چپڑی باتیں۔ تسلی۔ تشفی (دینا کے ساتھ) **دم دلاسا دے کر** (تف) تسلی و تشفی کرکے۔ **دم دم کی** (صفت) ہر وقت کی۔ ہر لحظہ کی۔ **دم دھاگا** (مذکر) فریب۔ دھوکا۔ جھانسا۔ افسوں گروں کے دھاگے پر دم کرنے سے یہ محاورہ لیا گیا ہے

جوٹھونا فریب ہوتا ہے۔ دم دھلگے بتانا (متعدی)
جھانسا دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دھگدگی میں ہونا
(لازم) جانکنی کا عالم ہونا۔ نزع میں ہونا۔ دم دیا جانا
(لازم) فریب دیا جانا۔ دم دیدیا۔ بہکا دیا۔ دم دیدینا
(لازم) ۱ فریب دینا۔ بہکانا۔ دم دیکھنا (لازم) ۱
تیزی کی جانچ کرنا ۲ نزع کے وقت سانس کو دیکھنا۔ دم
دے گیا۔ فریب دے گیا۔ دم دینا (لازم) ۱ مرجانا
۲ فریب دینا ۳ فریفتہ ہونا ۴ کھانے کو ہلکی آنچ پر رکھنا ۵ تلوار کو
نم کرکے دیکھنا ۶ ہوا بھرنا کسی کھلی ہوئی چیز میں ۷ تلوار کو
آب دینا۔ دم رخصت (تف) رخصت کے وقت
پھونکنا باجے کو۔ دم رفتار (مذکر) چلنے کے وقت
دم رفتن (مذکر) مرنا۔ موت۔ دم رکنا (لازم)
۱ سانس رک رک کے آنا ۲ ضیق النفس کا عارضہ ہونا
۳ دل گھبرانا ۴ عاجز ہونا۔ دم روکنا (متعدی) ۱
حبس دم کرنا ۲ عاجز کرنا۔ دم رہنا (لازم) ۱ زندہ
رہنا۔ جان باقی رہنا ۲ طاقت رہنا۔ دم رکھنا (لازم)
۱ طاقت رکھنا ۲ چپ رہنا ۳ ضبط کرنا۔ دم زدن
(مذکر) ۱ دم مارنا۔ سانس لینا ۲ کچھ کہنا ۳ ہچکچانا ۴ بھاگ
جانا ۵ چپ رہنا۔ دم زدن میں (تف) بہت جلدی
فوزا۔ دم زنی (مونث) چپ رہنا۔ دم سادھنا
(لازم) ۱ حبس دم کرنا ۲ چپ رہنا ۳ حرکت نہ کرنا۔ دمساز
(صفت) ۱ راز دار۔ ہمراز ۲ ساتھ گانے والا آس دینے
کے لئے ۳ متفق۔ موافق ۴ (مذکر) دوست۔ ہمدم۔ یار۔
دمسازی (مونث) ۱ دوستی۔ بے تکلفی ۲ اتفاق ۳ میل
سروں کا میل۔ دم سحر (مذکر) صبح کے وقت۔ دم
سرد (مذکر) ٹھنڈی سانس۔ آہ۔ دم سرد (صفت)
وہ شخص جس کی گفتگو بے اثر ہو۔ دم سرد کھینچنا (لازم) آہ
کھینچنا۔ دم سکھانا (متعدی) ڈرانا۔ دھمکانا۔ دم
سوکھنا (لازم) ۱ ڈرنا۔ خوف کھانا۔ کنجوسی کرنا۔ دم
سولی پر ہونا (لازم) ۱ بہت پریشان ہونا ۲ سخت
متفکر ہونا ۳ جان خطرے میں ہونا۔ دم سے (تف)
۱ دھوکے سے ۲ نفاق سے ۳ ذات سے۔ وجہ سے۔ دم
سے لگنا (لازم) ذات سے وابستہ ہونا۔ دم شام (مذکر)
شام کا وقت۔ دم شماری (مونث) مرنے کے وقت کے
سانس گننا۔ دم صبح (مذکر) ۱ صبح کا وقت ۲ پو پھٹنا۔
دم ضیق میں کرنا (متعدی) تنگ کرنا۔ زچ کرنا۔ دم
عیسےٰ یا عیسوی (مذکر) حضرت عیسےٰ کی پھونک جس سے
وہ مردہ کو زندہ کرتے تھے۔ یا بقول مسلمان مٹی کے پرندوں
میں جان ڈالتے تھے ۲ صحت بخش۔ جان ڈالنے والا۔ دم

غلط کردینا۔ کرنا (متعدی) ہوجانا۔ ہونا (لازم)
گھبرا جانا۔ پریشان ہونا۔ دم غنیمت ہونا (لازم)
قابل قدر ہونا۔ متبرک ہونا۔ دم غنیمت ہے۔ زندہ
رہنا بہتر ہے۔ دم فنا کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مرجانا
۲ ڈرنا ۳ تکلیف ہونا۔ دم قدم (مذکر) ۱ سانس اور چلنے
کی طاقت ۲ زندگی۔ ذات۔ ہستی۔ وجود۔ سلامتی۔
دم قدم ثابت ہونا (لازم) صحیح سالم ہونا۔ زندہ
رہنا۔ دم قدم سے لگا رہنا (لازم) وابستہ رہنا۔ ساتھ
رہنا۔ دم قدم کی برکت۔ کسی کی ذات کی وجہ سے
بہتری ہونا (ہونا کے ساتھ) دم قدم کی خیر (دعا)
جان کی سلامتی۔ یہ فقیروں کی دعا ہے۔ دم قفس کرنا
(لازم) گھبرانا۔ دم کا دھاگا (مذکر) ۱ مضبوط دھاگا
۲ دم کا دھاگے کے ساتھ استعارہ کیا جاتا ہے ۳ وہ دھاگا جس پر
افسوں گر دم کرکے گانٹھ دیتے ہیں۔ دم کا مہمان (مذکر)
۱ جلد جانے والا شخص ۲ مرنے کے قریب شخص (کوئی اور رہونا
کے ساتھ) دم کرنا (متعدی) ۱ چاول پکانا ۲ دعا یا افسوں
پڑھ کر پھونکنا ۳ بجھانا جیسے آگ ۴ (توپ) توپ سے اڑادینا
تباہ کردینا۔ نیست کردینا۔ دم کش (صفت) ۱ وہ
جو گانے میں دوسرے کی آواز کے ساتھ آواز ملائے ۲ دم
کھینچنے یا لینے والا ۳ چپ ۴ ہانپنے والا۔ دم کشی (مونث)
۱ دم لینا ۲ چپ ۳ ضیق النفس کی بیماری۔ دمہ۔ دم کو
لے رہنا یا لے کر بیٹھ رہنا (لازم) ۱ سانس نہ لینا۔
دم بخود رہنا ۲ خاموش رہنا ۳ ٹال جانا۔ دم کھا جانا یا
رہنا (لازم) چپ ہو رہنا۔ دم کھا رہا۔ چپ ہو رہا
دم کھانا (متعدی) ۱ دھوکا کھانا ۲ تنگ کرنا ۳ باربار
تقاضا کرنا ۴ خاموش رہنا ۵ کھانے کا ہلکی آنچ پر چھوڑا جانا
۶ صبر کرنا ۷ دم لینا۔ دم کھٹکے میں پڑنا (لازم) تذبذب
ہونا۔ دم کھچنا (لازم) ۱ نزع میں لمبے سانس لینا۔
دم نکلنا ۲ چپ ہونا۔ دم کھینچنا (متعدی) ۱ چپ
رہنا ۲ حقے کا گھونٹ لینا۔ دم کے دم (تف)
تھوڑی دیر۔ دم کے دم میں (تف) تھوڑی سی
دیر میں۔ فوزا۔ دم کی روشنی (مونث) ذات کا
فیض۔ دم کے ساتھ (تف) زندگی بھر۔ تاحیات۔
دم کے ساتھ لگا ہونا (لازم) ہر وقت ساتھ رہنا۔
پیچھا نہ چھوڑنا۔ دم گلے میں اٹکنا (لازم) نزع کی
حالت میں سانس رکنا۔ دم گھبرانا (لازم) ۱ وحشت
ہونا ۲ خفقان ہونا۔ دم گھٹا جانا۔ دم گھٹنا (لازم)
۱ سانس رکنا۔ دم بند ہونا ۲ گھبراہٹ ہونا۔ جی گھبرانا۔
دم گھونٹ کر رکھنا (متعدی) ۱ زبردستی

رکھنا ۲ تنگی میں رکھنا۔ دم گھونٹ گھونٹ کر
مارنا (متعدی) ۱ جلا جلا کر مارنا ۲ سخت تنگ کرنا۔
دم گھوٹنا (لازم) سانس روکنا۔ دم لب (لبوں)
پر آجانا (لازم) ۱ جان بلب ہونا ۲ سخت تکلیف
میں ہونا۔ دم لگانا (متعدی) ۱ حقہ پینا ۲ چرس پینا۔
دم لگنا (لازم) ۱ حقہ کا دھواں دماغ کو چڑھنا ۲ چرس
کے نشے کا اثر ہونا ۳ حقہ کا پیا جانا ۴ (دھ) کسا لے کا دم آنا۔
۵ (دھ) خواہش ہونا۔ دم لو۔ ٹھیرو۔ صبر کرو۔ دم
لے لو۔ ستا لو۔ آرام کرو۔ دم لینا (لازم) ۱ سانس
لینا ۲ ستانا۔ ٹھہرنا ۳ باز رہنا ۴ چپکا رہنا۔ دم لینے کی
فرصت یا مہلت (مونث) بہت کم فرصت۔ بہت
مشغولیت (دینا۔ ملنا۔ ہونا کے ساتھ عموما نفی کے ساتھ)
دم مارنا (متعدی) ۱ بولنا ۲ شیخی مارنا۔ دعوے کرنا۔
دم مارنے کی بات نہیں۔ عذر کرنے کا محل
نہیں۔ سانس لینے کی طاقت نہیں۔ دم مارنے کی
جگہ نہیں۔ کچھ بس نہیں چلتا۔ کچھ کہا نہیں جاتا۔ دم
مارنے والا (صفت) دخل دینے والا۔ بولنے والا۔
دم محبت کا بھرنا (لازم) محبت ظاہر کرنا۔ محبت کا
دعوے کرنا۔ دم مدار (مذکر) "دم نہ لینے دے" ایک رسم
زمینداروں اور کمین لوگوں میں۔ آگ کو روندتے ہیں۔
اور بجھاتے ہیں اور دم مدار کہتے ہیں۔ دم
مردن (مذکر) مرنے کے وقت۔ نزع کے وقت۔
دم ملنا (لازم) پھونکا جانا۔ بجنا۔ دم میں (تف)
فوزا۔ فی الفور۔ دم میں آفت آنا (لازم) فوزا
کوئی مصیبت پڑنا۔ دم میں آنا (لازم) دھوکا کھانا۔
دم میں دم آنا (لازم) اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا۔ دم
میں دم رہنا یا ہونا (لازم) جیتا رہنا۔ دم میں
دم رکھنا (متعدی)، رہنا (لازم) دھوکے میں رہنا۔
دم میں لانا (متعدی) دھوکا دینا۔ دم ناک میں
آجانا یا آنا (لازم) کردینا۔ کرنا۔ لانا (متعدی)
ہونا (لازم) ۱ تنگ ہونا ۲ عاجز ہونا۔ دم نتھنوں
میں ہونا (لازم) عاجز ہونا۔ دم نقد (صفت)
۱ اکیلا۔ تنہا ۲ نقد معاملہ جو ادھار نہ ہو ۳ (تف) خود۔
آپ ۴ فوزا۔ اسی وقت۔ دم نکالنا (متعدی)
۱ جان نکالنا ۲ ڈرا دینا۔ دم نکل جانا نکلنا (لازم)
۱ جان نکلنا ۲ نزع میں ہونا ۳ ڈر جانا ۴ عاشق ہونا۔
دم نہ لیا۔ ذرا نہ ٹھہرا۔ دم نہ مارنا (متعدی)
۱ کچھ نہ بولنا۔ چپ رہنا ۲ مان کر قائل ہوجانا۔ دم
نہ ہونا (لازم) ۱ طاقت نہ ہونا ۲ جان نہ ہونا ۳

دم پست نہ ہونا۔ **دمِ واپسیں** (مذکر) نزع کا وقت۔ آخری وقت۔ **دم ہانپنا** (لازم) دم چڑھنا۔ **دم ہوا ہونا** (لازم) جان نکلنا ۲ ڈرنا۔ **دم ہوش** (لف) جان و دل ست۔ **دم ہونا** (لازم) ۱ ہمت ہونا ۲ دم پست ہونا۔ **دم ہونٹوں پر آنا** (لازم) نزع کا عالم ہونا۔

امثال و اقوال

دم بنا رہے پھونک نکل جائے۔ طنزاً کہتے ہیں۔ ایک قسم کی بددعا ہے۔ **دم قلندر دودھ ملیدہ**۔ فقیروں کی دعا ہے۔ **دم کا دمامہ ہے**۔ زندگی کے ساتھ دنیا کی رونق ہے۔ **دم کا کیا بھروسہ ہے۔ آیا نہ آیا**۔ زندگی کا کوئی اعتبار نہیں۔ **دم مست قلندر دھر رگڑا**۔ قلندر بھنگ گھوٹتے ہوئے کہتے ہیں۔ **دم میں ہزار دم**۔ جب تک زندگی ہے تب تک امید ہے۔ **دم نہیں بدن میں نام زور آور خاں** دیکھو برعکس نہند نام زنگی کافور۔ **دم ہے جب تک غم ہے**۔ زندگی میں ہمیشہ رنج و غم ہوتے ہیں۔ **دم ہے تو کیا غم ہے**۔ زندگی ہے تو کوئی پروا نہیں۔

دَم (ع۔ مذکر) ۱ خون۔ لہو (دَمی۔ خون نکلنا) **دَمُ الاَخَوَین** (مذکر) ایک سرخ گوند جو رنگنے اور دوا میں ڈالنے کے کام آتی ہے۔ **دَمَوی** (صفت) ۱ خون سے منسوب ۲ وہ جو خون کی زیادتی سے پیدا ہو۔ **دموی تپ** (مذکر) بیماری جو خون کی زیادتی کی وجہ سے پیدا ہو۔ **دموی مزاج** (صفت) وہ جس میں خون کی خلط غالب ہو۔

دُم (س۔ مذکر) ۱ گھر۔ خانہ ۲ دلن ۳ ہلانا۔ مدملنا۔ ۴ ضبط۔ اپنے آپ پر قابو یا اختیار ۵ تکلیف دہ تپسیہ کو برداشت کرنا ۶ جذبات کو قابو میں کرنا ۷ سزا۔ جرمانہ:

دُم (ف۔ مذکر) ۱ پونچھ۔ دنبالہ ۲ پچھلا حصہ ۳ وہ شخص جو ہر وقت دوسرے کے ساتھ رہے۔ ۴ پچھلگو۔ پیرو ۵ وہ لمبی سفیدی جو دمدار تارے کے پیچھے ہوتی ہے۔ یہ پتہ نہیں لگا کہ وہ کیا چیز ہے۔ سنہ ۱۹۱۰ء میں زمین ایک دمدار ستارے کی دم میں سے گزری تھی اندیشہ تھا کہیں زمین کو آگ نہ لگ جائے۔ مگر کچھ بھی نہ ہوا۔ (س دُمو) **دم اٹھانا** (متعدی) جانور کا پاخانہ یا پیشاب کرنے کے وقت دم کو اونچا کرنا ۲ انسان کا دمچی ڈالنے یا کسی اور بات کے دیکھنے کے لئے چوپائے کی دم کو اونچا کرنا۔ **دم بریدہ** (صفت) دم کٹا ہوا۔ **دم جھاڑنا** (متعدی) دم ہلانا۔ **دم چنور کرنا** (متعدی) گھوڑے کا دم اٹھا کر چلنا۔ **دم چھلا** (مذکر) ۱ وہ لمبا کاغذ جو کنکوے کے نچلے سرے پر لگاتے ہیں ۲ دیکھو دم ۳ و ۴۔ **دمچی** (مونث) ساز کا وہ چمڑا جو دم کے نیچے رہتا ہے۔ **دمچی کی ہڈی** (مونث) وہ ہڈی جو دم میں ہوتی ہے۔ **دمچی گرگئی**۔ مذاقاً سوار کی توجہ دلانے کے لئے کہتے ہیں۔ **دمدار** (صفت) پونچھ والا۔ **دمدار تارا** (مذکر) وہ سیارہ جس کے پیچھے دم ہو۔ دیکھو دم ۵۔ یہ سیارے سورج کے گرد چکر لگاتے ہیں۔ مگر معمولی سیاروں کی طرح ان کا چکر بیضوی نہیں۔ بعض دفعہ سورج کے قریب آجاتے ہیں۔ بعض دفعہ بہت دور نکل جاتے ہیں۔ یہ مقررہ اوقات کے بعد نظر آتے ہیں۔ اسے جھاڑو بھی کہتے ہیں۔ **دم دبا جانا** (متعدی) چپکے چلا جانا۔ **دم دبا کر بھاگنا** (لازم) کتا ہار کر یا مار کھا کر دم دبا کر بھاگ جاتا ہے۔ اس سے یہ محاورہ لیا گیا ہے۔ ڈر کر بھاگ جانا۔ **دم دبا کر چلتا بننا** (لازم) کچھ کہنا سننا نہیں۔ چپ چاپ چلا جانا۔ بغیر چون و چرا کئے خاموش چلا جانا۔ **دم دبانا** (متعدی) ۱ چوپاؤں کا دم کو زور سے نیچا کرنا۔ کتا ڈر سے ایسا کرتا ہے۔ گھوڑا شرارت سے ۲ بھاگنا۔ مغلوب ہونا۔ **دم دراز** (صفت) لمبی دم والا۔ **دم ریز۔ دم ریزہ۔ دم ریزی** (مونث) وہ پھل جو درخت میں موسم کے بعد لگے یا ایک دفعہ پھل اتار لینے کے بعد لگے۔ **دم سَم** (صفت) اچھی حالت میں۔ موٹا تازہ۔ فربہ۔ **دم علم کرنا** (متعدی) ۱ ہاتھی کا بھاگتے ہوئے دم کو اونچا کرنا ۲ بچھو کا دم کو اونچا رکھنا۔ **دم کٹا** (صفت) جس کی دم کٹی ہوئی ہو۔ **دم کٹا بھینسا** (مذکر) فربہ اور سیاہ فام آدمی کو کہتے ہیں۔ **دم کے پیچھے (ساتھ) پھرنا یا رہنا** (لازم) ساتھ ساتھ لگا پھرنا۔ **دم گرگ** (مونث) ایک صورت کوکبہ کا نام۔ **دم گزا** (مذکر) وہ جگہ جہاں سے دم نکلی ہو ۲ دیکھو دم چھلا۔ **دم لابہ** (مذکر) دم ہلانا کتے کی طرح خوشی میں (کرنا کے ساتھ) **دم لگ گئی**۔ نئی بات پیدا ہوگئی۔ **دم میں ٹونٹا باندھ کے چوراہے میں چھوڑ دینا**۔ مضحکہ بنانا۔ ذلیل کرنا۔ **دم میں گھسا رہنا یا گھسنا** (لازم)۔ کتی کے پلے ڈر کر اپنی ماں کی دم میں گھس جاتے ہیں۔ اس سے یہ محاورہ لیا گیا ہے ۱ پناہ لینا ۲ خوشامد کی وجہ سے ہر وقت ساتھ رہنا ۳ بچے کا ماں کے پیچھے پیچھے رہنا ۴ پیچھے لگا رہنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا۔ **دم میں رسا (نمدا) باندھنا** (متعدی) مضحکہ اڑانا۔ مذاق **دم ہلا کر بیٹھنا** (لازم) دم سے کسی جگہ کو صاف کر کے بیٹھنا۔ بدسلیقہ اور غلیظ آدمی کی نسبت کہتے ہیں جیسے میاں! کتا بھی بیٹھتا ہے تو دم ہلا کر بیٹھتا ہے۔ **دم ہلانا** (متعدی) ۱ کتے کا خوش ہو کر دم کو حرکت دینا ۲ خوشامد کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

امثال و اقوال

دم پکڑی بھیڑ کی وار ہوت نہ پار۔ کمزور آدمی کی امداد سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ **دمش بردا شتم مادہ برآمد** جب کسی کی قلعی کھل جائے تو کہتے ہیں۔ **دم میں نمدا باندھ کر چاندنی کو سونپ دیا**۔ بہت ذلیل کیا۔ مضحکہ اڑایا۔

دَمار (ع۔ مذکر) ہلاکت۔ تباہی۔ بربادی (دَمَر۔ ہلاک ہونا)

دَماع (ع۔ مذکر) پانی جو آنکھوں سے بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے بہے (دَمَع۔ آنسو بہنا)

دماغ (ع۔ مذکر) ۱ سر کا گودا۔ بھیجا۔ مغز ۲ عقل۔ فہم۔ دانائی ۳ برداشت۔ تاب طاقت ۴ اوسان۔ ہوش۔ حواس ۵ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ (دَمَغ دھوپ کا بھیجے پر اثر ہونا) **دماغ آسمان پر ہونا** (لازم) ۱ مغرور ہونا ۲ خود پسند ہونا۔ **دماغ اٹھنا** (لازم) نازبرداری ہونا۔ **دماغ اوج فلک پر ہونا** (لازم) مغرور ہونا۔ خود پسند ہونا۔ **دماغ اور ہونا** (لازم) غرور ہونا۔ **دماغِ بحث** (مذکر) مباحثے کی طاقت۔ **دماغ بڑھا دینا** (متعدی) **دماغ بڑھنا** (لازم) زیادہ مغرور ہونا۔ نازک دماغ ہونا۔ **دماغ بہکنا** (لازم) پاگل ہو جانا۔ **دماغ بھونک (پھونک) کے خالی کر دینا یا کرنا** (متعدی) بک بک کر تھک جانا یا دوسرے کو تھکا دینا۔ **دماغ پریشان کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) **پھرانا** (متعدی) بک بک کر کے یا شور مچا کر تنگ کرنا یا حواس باختہ کرنا۔ **دماغ پھر جانا یا پھرنا** (لازم) ۱ دماغ پریشان ہونا ۲ سڑی ہونا۔ باؤلا ہونا۔ **دماغ پیٹی** (صفت مونث) نہایت مغرور۔ جس کا دماغ آسمان پر ہو۔ **دماغ تازہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) دماغ کو تازگی پہنچنا۔ دماغ کا ٹھیک کام کرنے لگنا۔ **دماغِ تر** (مذکر) عقلمند یا ہوشیار دماغ۔ **دماغ تر ہونا** (لازم) دماغ کو تازگی اور آرام پہنچنا۔ **دماغ تیز ہونا** (لازم) دماغی طاقت بہت ہونا۔ **دماغِ جان کو معطر (معنبر) کرنا** (متعدی) خوشبو سے دماغ کو مہکا دینا۔ **دماغ جھڑنا** (لازم) غرور دور ہونا۔ گھمنڈ نکلنا۔ **دماغ چاٹ جانا یا چاٹنا**

(لازم) بہت بک بک کرنا۔ **دماغ چٹ** (صفت) بکواسی۔ بکی۔ **دماغ چرخ پر چڑھ جانا** (لازم) بہت غرور ہو جانا۔ **دماغ چڑھنا۔ دماغ چلا ہوا ہونا** (لازم) مغرور ہو جانا دولت وغیرہ کی وجہ سے۔ **دماغ چلا** (صفت) مغرور۔ **دماغ چل جانا یا چلنا** (لازم) ۱ مغرور ہونا ۲ سڑی ہونا۔ **دماغ چوتھے فلک پر ہونا** (لازم) بہت مغرور ہونا۔ **دماغ چوٹٹا** (صفت) **چوٹی** (صفت مونث) مغرور۔ دماغ دار۔ مدمغ۔ **دماغ خالی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ بکواس سے حواس باختہ یا مکدر ہونا ۲ کسی بات کو سمجھانے یا سمجھنے کی بے حد کوشش ہونا۔ **دماغ خشک ہونا** (لازم) دماغ میں تازگی نہ رہنا۔ **دماغ دار** (صفت) مغرور۔ **دماغ داری** (مونث) غرور۔ **دماغ درست رہنا یا ہونا** (لازم) ۱ دماغ کا صحت کی حالت میں رہنا یا ہونا ۲ غرور نہ ہونا غصہ نہ ہونا۔ **دماغ رکھنا** (لازم) ۱ مغرور ہونا ۲ طاقت رکھنا۔ **دماغ روشن** (مذکر) نسوار۔ ہلاس۔ **دماغ ساتویں آسمان پر ہونا** (لازم) مغرور ہونا۔ **دماغ سڑ جانا یا سڑنا** (لازم) دماغ کا بدبو سے پریشان ہونا۔ **دماغ سوزی** (مونث) دماغی محنت۔ **دماغ سے نئی اترنا** (لازم) نئی بات سوجھنا۔ **دماغ عرش پر ہونا** (لازم) مغرور یا خود پسند ہونا۔ **دماغ فلک پر پہنچنا** (لازم) غرور یا فخر ہو جانا۔ **دماغ کا خلل** (مذکر) جنون۔ سودا۔ **دماغ کچھ اور ہو جانا** (لازم) غرور ہونا۔ **دماغ کرنا** (متعدی) ۱ غرور کرنا ۲ اترانا ۳ کسی کو خاطر میں نہ لانا۔ **دماغ کو چڑھ جانا** (لازم) تمباکو کے دھوئیں یا کسی تیز چیز کا اثر دماغ پر پہنچنا جس سے سر گھوم جائے۔ **دماغ کو سردی چڑھ جانا** (لازم) زکام ہو جانا۔ **دماغ کو گرمی چڑھنا** (لازم) بہت غرور ہونا۔ **دماغ کھا لینا** (لازم) بکواس کرکے پریشان کرنا۔ **دماغ کی گرمی اتارنا** (متعدی) غرور مٹا دینا۔ **دماغ کی لینا** (لازم) غرور کرنا۔ **دماغ کے کیڑے جھڑنا** (لازم) سمجھاتے سمجھاتے یا باتیں کرتے ہوئے تھک جانا۔ **دماغ گرم ہونا** (لازم) نشے کا زور ہونا۔ نشے کا اثر دماغ پر ہونا (یہ شراب وغیرہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) **دماغ لوٹنا** (لازم) ۱ کوئی چیز نظر میں نہ سمانا ۲ گھبراہٹ ہونا ۔ **دماغ مغز سے خالی ہونا** (لازم) ۱ دماغ کمزور ہونا ۲ بیوقوف ہونا) **دماغ میں اور لو ہونا** (لازم) اور خیال یا دھن ہونا۔ **دماغ میں بسنا** (لازم) خوشبو کا اثر دماغ پر دیر تک رہنا۔ **دماغ میں تننا** (لازم) نخوت سے بات نہ کرنا۔ غرور کرنا۔ **دماغ میں بو سمانا** (لازم) ۱ دماغ پر بو کا اثر ہونا ۲ کوئی دھن ہونا۔ **دماغ میں خلل آنا یا ہونا** (لازم) جنون ہونا۔ مالیخولیا ہونا۔ **دماغ میں ہوا بھرنا** (لازم) کوئی دھن ہو جانا۔ **دماغ نکل جانا** (لازم) غرور جاتا رہنا۔ **دماغ نہ پایا جانا یا ملنا** (لازم) نہایت مغرور ہونا ۔ غرور میں کسی کی طرف متوجہ نہ ہونا۔ **دماغ نہ ہونا** (لازم) برداشت نہ ہونا۔ **دماغ ہونا** (لازم) غرور ہونا۔ **دماغی** (صفت) دماغ سے نسبت رکھنے والا ۲ مغرور۔ متکبر ۳ خود پسند ۴ نازک مزاج۔ تنک مزاج۔

دَمامَہ (ف۔ مذکر) ۱ نقارہ ۲ شور ۳ رونق۔ چہل پہل (ز ندم۔ بجانا)

دَمان (ف۔ صفت) ۱ تیز رفتار ۲ طاقتور۔ قوی ۳ تند۔ خونخوار ۴ ہیبت ناک۔ ڈراونا۔

دَمانا (ہ۔ لازم) ۱ لچکدار ہونا۔ ملائم ہونا لوہے کا ۲ تلوار کو دبا کر یا ٹیڑھا کرکے اس کی لچک دیکھنا (ف دم سے)

دَمانک (ف۔ مونث) ایک قسم کی چھوٹی بندوق قرابین۔

دُمبال (ف۔ مذکر) دیکھو دنبال۔

دَمبھ (س۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا۔ مکر۔ فریب۔ چھل۔ دم ۲ ظاہرداری۔ بناوٹ۔ دوروئی ۳ بدی۔ شرارت ۴ غرور۔ تکبر۔ گھمنڈ۔ ابھیمان ۵ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف ۶ نمود۔ نمائش ۷ اندر کا بجر ۸ شوجی ۹ ایک راجہ کا نام۔ **دمبھو دبھو** (عص) ایک راجہ جس نے رشیوں کے ساتھ جنگ کی تھی۔ مگر شکست کھائی۔ **دمبھولی** (عص) اندر کا بجر۔ **دمبھی** (ہ) دھوکا دینے والا وغیرہ دیکھو دمبھ۔

دَمپل (ہ۔ مذکر) ایک درخت۔

دَمدمانا (ہ۔ متعدی) ہلانا۔ جنبش دینا۔ حرکت دینا (س دم)

دَمدمہ (ف۔ مذکر) ۱ مورچہ۔ وہ قلعہ جو لڑائی میں تھیلوں میں خاک بھر کر بنا لیتے ہیں۔ مصنوعی قلعہ ۲ نقارے کی آواز۔ توپوں کی آواز ۳ شور۔ غل ۴ دکھاوا۔ نمود۔ نمائش ۵ نقارہ ۶ کلکتے کے نزدیک ایک قلعہ۔ دمدم ۷ شہرت۔ غوغا ۸ دھوکا۔ دغا ۹ شجاع۔ بہادر۔ اردو میں صرف معنی نمبر ۱ میں استعمال ہوتا ہے۔ **دمدمہ باندھنا** (لازم) مورچہ بندی کرنا۔ **دمدمہ تیار کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) مورچہ بندی ہونا۔ مورچہ تیار ہونا۔ **دمدمے میں دم نہ ہونا** (لازم) طاقت ختم ہو جانا۔

مقولہ۔ دمدمے میں دم نہیں اب خیر مانگو جان کی۔ طاقت ختم ہو چکی اب جان بچاؤ۔ ظفر کے ایک مقطع کا پہلا مصرع ہے۔ دوسرا یہ ہے۔ بس ظفر اب ہو چکی تلوار ہندوستان کی۔ دہلی فتح ہونے پر کہا تھا۔

دَمَرک۔ دَمَرکا (ہ۔ مذکر) چمڑے کا وہ ٹکڑا جس میں تکلا لگاتے ہیں۔

دَمڑا (ہ۔ مذکر) سونا۔ چاندی۔ نقدی۔ دولت۔ **دمڑا کرنا** (متعدی) بیچنا۔ ستا بیچنا۔

دَمڑچا (ہ۔ مذکر) پتنگ جو دمڑی میں بکتا ہے۔

دَمڑی (ہ۔ مونث) ۱ چھدام۔ پیسے کا چوتھا حصہ ۲ چوتھائی۔ چوتھا حصہ ۳ زمین کا ایک ماپ۔ کچے پچیس بیگھے دس درم) **دمڑی دمڑی** ذرا ذرا سی بات۔ کوڑی کوڑی۔ **دمڑی کا** (صفت) **کی** (صفت مونث) بہت کم قیمت کی۔ **دمڑی کا پیٹے باز** (مذکر) ایک کھلونا۔ **دمڑی کے تین تین** (صفت) بہت سستا۔ نہایت ارزاں۔ کوڑیوں کے مول۔

امثال و اقوال۔ دمڑی کا

پوستی۔ پوستی ایک کھلونا کاغذ کا بنا ہوا ہوتا ہے۔ ہوا سے اس کا سر ہلتا ہے۔ مطلب ہے نکمے آدمی سے۔ **دمڑی کی ارہر ساری رات کھڑ کھڑ۔** معمولی بات پر شیخی۔ **دمڑی کی بچھیا بارہ ٹکے کی ہتیا** خرچ زیادہ نفع تھوڑا۔ کم قیمت چیز پر زیادہ خرچ۔ **دمڑی کی بڑھیا ٹکا (ڈولی کو) سر منڈائی دمڑی کی بلبل ٹکا (چھٹائی یا چھٹوائی) ہشکائی۔** اصل قیمت کم خرچ زیادہ۔ **دمڑی کے پان (کی لائی) بنیاین کھائے۔ کھو یہ گھر رہے کہ جائے۔** بنیوں کی کنجوسی پر طنز ہے۔ دمڑی

کی پاگ ادھیلی کا جوتا - الٹی باتیں جن چیزوں پر
خرچ زیادہ ہونا چاہئے انپر کم اور جن پر کم ہونا چاہئے انپر زیادہ ہے - دمڑی
کی چوں چوں - بکواسی آدمی - دمڑی کی دال
آپ ہی کتنی آپ ہی چھنال - بہت غریب
کے متعلق کہتے ہیں - دمڑی کی دال بوا پتلی نہ
ہو - کنجوس پر طنز ہے - دمڑی کی روئی ٹکا دھنوائی
دمڑی کی روئی منگوائی ٹکا دیا اس کی دھنوائی
دیکھو دمڑی کی بچھیا الخ - دمڑی کی گڑیا ٹکا ڈولی کا
غریبوں کی شادی پر طنز ہے جو خرچ حیثیت سے زیادہ
کریں - دمڑی کی گھوڑی چھ پسیری دانہ - دیکھو
دمڑی کی بچھیا الخ - دمڑی کی مرغی نو ٹکے کنپائی
اصل قیمت سے خرچ زیادہ - دمڑی کی نہاری
میں ٹاٹ کے ٹکڑے - سستی چیز خراب ہوتی
ہے - کہتے ہیں ایک آدمی نے دمڑی کی نہاری لی اس میں
سے ٹاٹ کا ٹکڑا نکلا دکاندار سے شکایت کی تو اس نے
کہا کہ دمڑی کی نہاری میں کیا زربفت کا ٹکڑا نکلتا -
دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھوک
بجا کر لیتے ہیں - ہر ایک کام سوچ سمجھ کر کرنا چاہئے -
دمڑی کی ہانڈی (ہنڈیا) گئی کتے کی ذات
پہچانی گئی - نقصان تو ہوا مگر تجربہ حاصل ہوا - چمڑی
نہ جائے پر دمڑی نہ جائے - تکلیف ہو مگر خرچ نہ ہو -
سخت بخیل کے متعلق کہتے ہیں -

دمڑے (ہ - مذکر) دمڑا کی جمع -
دام - روپے (عف) **دمڑے خرچنا** (لازم)
دام لگا کر مول لینا - خریدنا - **دمڑے کرنا** (متعدی)
بیچنا - بیچکر نقد روپے کر لینا -

دَمک (ہ - مونث) ۱ چمک - درخشانی
۲ سرخی - چہرے یا سونے کی تمتماہٹ ۳ (ہ) گرمی - گرم
ہوا ۴ (ہ) جوش - جذبہ ۵ (ہ) دہک - چمک روشنی کی
ہوتی ہے - دمک سرخ رنگت کی (س دو - جلنا) **دمکنا**
(لازم) ۱ چمکنا - درخشاں ہونا ۲ تمتمانا - سرخی کی جھلک
دینا ۳ گرمی دینا - دہکنا -

دَمَک (س - صفت) ۱ جلانے والا
۲ سدھانے والا ۳ زیر کرنے والا ۴ (مذکر) فاتح ۵ وہ جو
اپنے جذبوں کو قابو میں رکھے ۶ شجاع - بہادر -

دمکا (س - مونث) بہادر عورت -

دمکا (ہ - مذکر) پہاڑی - ٹیلا -

دمکڑا (ہ - مذکر) دمرکا - **دمکڑا سا
پھرتا ہے** - چکر کھاتا رہتا ہے -

دَمکل (ہ) **دمکلا** (ہ - مذکر)
۱ پانی چڑھانے کی کل ۲ پچکاری - پمپ ۳ دخانی کل ۴
آگ بجھانے کا انجن ۵ بوجھ اوپر چڑھانے کی کل - کرین
(س دمم - پھونکنا)

دَمکھڑا (ہ - مذکر) دمرکا -

دَمل - دُنّل (ع - مذکر) دنبل -
دنلی (مونث) چھوٹا پھوڑا - ہندی کی اختراع ہے -

دَمن (ف - مونث) دمینتی کا مخفف
نل کی معشوقہ - فیضی نے نلدمن ایک مثنوی لکھی ہے -

دمن (ع - مونث) مینگنی -

دَمنا (ہ - لازم) ۱ چمکنا - دمکنا ۲ (ہ)
لچکنا - ملائم ہونا ہونا ہے کا ۳ مڑ جانا - دوہرا ہو جانا -

دَمندان (ف - مذکر) ۱ آگ ۲
دوزخ -

دَمنک (س - مذکر) ۱ ایک پھول
جسے دمن بھی کہتے ہیں ۲ ایک گیدڑ کا نام جس کا ذکر ہت
اپدیش میں آتا ہے -

دَمنُو (ہ - مذکر) ہلاک کرنے والا
شخص -

دَمنی (س - مونث) بہادر عورت -

دَمنیہ (صفت) سدھلنے کے قابل -

دَموَر (ف - مذکر) ۱ دھیمی نرم آواز
۲ افراسیاب کے ایک رشتے دار کا نام -

دَموَست (ہ - مذکر) راجپوتوں
کی ایک ادنے گوت جو ضلع بنارس میں آباد ہے -

دَمہ (ف - مذکر) ۱ دھونکنی ۲ ایک
بیماری جس میں سانس جلدی جلدی اور زور سے آتا ہے -
ضیق النفس -
مثل - دمہ دم کے ساتھ - دمہ کا
مرض مرتے دم تک نہیں جاتا -

دَمئی (ہ - مونث) مالگزاری کی
شرح -

دَمی (ف - مونث) چھوٹا حقہ - گڑ
گڑی -

دَمیدگی (ف - مونث) ۱ ہوا کا
چلنا ۲ پھولوں کا کھلنا ۳ پھوٹنا پودوں کا - شاخیں نکالنا
۴ خارش - مہاسے - کوئی چیز جو بدن پر پھوٹے ۵ خوشبو کا
پھیلنا (دمیدن - ہوا کا چلنا)

دَمیدہ (ف - صفت) ۱ کھلا ہوا
۲ پھوٹا ہوا ۳ پھوٹنے والا - کھلنے والا ۴ چڑھنے والا دن

دَمیقی (ف - صفت) ریشم سے بنا
ہوا -

دَمینتی (س - عص) راجہ بھیم والی
ودھرب کی بیٹی اور نل کی بیوی تھی جسے نل نے جوئے میں
ہار دیا تھا - اس کا قصہ مہابھارت میں ہے -

دَمیہ (س - صفت) ۱ پلا ہوا -
سدھا ہوا - قابو میں ۲ (مذکر) بچھڑا جو ابھی سدھایا نہ گیا
ہو -

دَن (ہ - مونث) آواز جو پٹاخے
بندوق یا توپ کے چھوٹنے سے نکلے - تڑاق - **دنادن**
(مونث) چوٹ - ضرب - توپ بندوق پٹاخے کی پے
درپے آواز - **دن سے** (تف) تڑاق سے - زور کی
آواز کے ساتھ -

دِن (ہ - مذکر) ۱ سورج کے نکلنے سے
غروب ہونے تک کا عرصہ - روز ۲ ۲۴ گھنٹے کا عرصہ
سورج کے نکلنے سے دوسری دفعہ نکلنے تک ۳ روشنی کا
وقت ۴ صبح - فجر - تڑکا ۵ زمانہ - دور - وقت -
۷ ساعت - گھڑی ۸ موسم - رُت ۹ واقعات ۱۰ (جمع)
بخت - نصیب ۱۱ (بڑا) عیسائیوں کا ایک تہوار جو ۲۵
دسمبر کو ہوتا ہے - کرسمس ڈے (س دِن) **دن آنا**
(لازم) ۱ موسم بہار ہونا ۲ حیض آنا ۳ وقت آنا ۴
دن چڑھنا - سورج کا بہت اونچا ہونا - ۲ تا ۴ میں فعل
جمع استعمال ہوتا ہے - **دن بدن** (تف) ۱ روز
بروز - ہر روز ۲ رفتہ رفتہ - آہستہ آہستہ - **دن بدنا**
(لازم) تاریخ مقرر کرنا - **دن بڑھنا** (لازم) دن کا
لمبا ہونا - ۲۲ دسمبر کو دن سب سے چھوٹا ہوتا ہے اسکے
بعد بڑھنا شروع ہوتا ہے اور ۲۲ جون تک بڑھتا ہے
پھر گھٹنا شروع ہوتا ہے - **دن بھاری رہنا یا ہونا**
(لازم) تکلیف کے دن آنا - بخت برگشتہ ہونا - تنگدستی
ہونا - **دن بھر** (تف) سارا دن - **دن پھرنا** (لازم)
اچھے دن آنا - قسمت کھلنا (عف) **دن بھرنا** (لازم)
۱ عمر کے دن پورے کرنا ۲ زندگی تکلیف میں گزارنا - **دن
بھلے آنا** (لازم) اچھے دن آنا - **دن بھلے ہی نہ
ہو جائیں یا پھر ہی نہ جائیں** - اگر کام ہو جائے
تو نصیبہ ہی نہ جاگ جائے - **دن پر دن** (تف)
دن بدن - **دن پڑا ہے** - ابھی بہت وقت باقی ہے -
دن پڑنا (لازم) ۱ مصیبت پڑنا - برا وقت آنا ۲
رانڈ ہونا - بیوہ ہونا - **دن پڑے ہیں** - زمانہ باقی
ہے - **دن پکڑنا** (لازم) دن کا پالینا - **دن پورے**

کرنا (لازم) دیکھو دن بھرنا - دن پہاڑ سا کٹنا (لازم) بڑی مشکل سے دن گزرنا - دن پہاڑ ہو جانا (لازم) دن کاٹنا دشوار ہو جانا - دن پھر جانا یا پھرنا (لازم) اچھے دن آنا مصیبت گزر کر اچھی حالت ہو جانا - دن پھوٹنا (ھ) دن چڑھنا - دن پھیرنا (متعدی) اچھے دن لانا مصیبت دور کرنا - دن تمام کر دینا کرنا (متعدی) ہو جانا ہونا (لازم) دن ختم ہونا - شام ہو جانا کسی کام میں - دن تیر کرنا (متعدی) زندگی بسر کرنا - دن ٹل گئے - حیض کے دن نکل گئے - دن ٹلنا (لازم) ۱ دن گزرنا ۲ حیض نہ آنا - دن جانا (لازم) دن گزرنا - دن چڑھانا (متعدی) ۱ صبح کا وقت گزارنا - دھوپ چڑھانا ۲ دیر کرنا - ڈھیل کرنا - دن چڑھنا (لازم) ۱ آفتاب کا بلند ہونا ۲ دیر لگنا - زمانہ گزرنا ۳ حیض وقت پر نہ آنا ۴ حساب سے دن زیادہ ہونا - دن چڑھے (تف) اچھی طرح دن نکلنے کے بعد - دن چلنا (لازم) دن ختم ہونے پر آنا - دن چھپنا (لازم) شام ہونا - سورج غروب ہونا - دن چھپے (تف) شام کو - دن دبلے (مت) دن دہاڑے - دن دکھانا (متعدی) خوشی کا موقعہ نصیب کرنا - دن دکھلوانا (متعدی) ساعت سعید معلوم کرانا نجومی سے - دن دن (تف) ہر روز - ہمیشہ - دن دن کا (صفت) روزانہ - دن دونا (دونی) رات چوگنا (چوگنی) دن بدن زیادہ - ترقی اقبال وغیرہ کی نسبت کہتے ہیں - دن دوالے (ھ) دن دوپہر دوپہرے دہاڑے (تف) کھلے طور پر سب کے سامنے - دن میں - علانیہ کھلے خزانے - دن دوپہر کو صبح ہو جانا (لازم) گھبرا جانا - شپٹا جانا - دن دھوکے یا دسے (ھ) دیکھو دن دوپہرے - دن دیکھا نہ رات - وقت بے وقت کا خیال نہیں کیا - دن دیکھنا (لازم) روز بد کا سامنا ہونا - نوبت پہنچنا - دن ڈوبنا (لازم) آفتاب غروب ہونا - دن ڈھلنا (لازم) زوال آفتاب ہونا - دن کا پچھلا پہر ہونا - دن ڈھلے (تف) پچھلے پہر - دن رات (مذکر) راتا یا راتی (ھ) شب و روز - چوبیس گھنٹے ۲ (تف) ہر وقت - دن رات سولی پر گزرنا (لازم) ہر وقت تکلیف میں رہنا - دن رات کا بکھیڑا (مذکر) ہر وقت کا جھگڑا - دن رہے (تف) شام سے کچھ پہلے - دن رین

(مذکر ۔ تف) دن رات - دن سدھارنا (لازم) وقت گزرنا - زمانہ جانا - دن سن (جمع مذکر) عمر - سن و سال - دن سے (تف) شام سے پہلے - دن سے اتر جانا (لازم) جوانی ڈھل جانا (گھوڑے کی) - دن سیدھے ہونا (لازم) اچھے دن آنا - اقبال یاور ہونا - دن صاف گزر جانا (لازم) کھانے کو کچھ نہ ملنا - فاقہ ہونا - دن قرار پانا (لازم) کسی کام کے لئے دن مقرر کرنا یا ٹھیرنا - دن قریب آنا (لازم) زمانہ نزدیک آنا - وقت ہونا - دن کاٹنا (متعدی) کٹ جانا کٹنا (لازم) ۱ وقت گزرنا - دن گزرنا ۲ زندگی مصیبت سے بسر کرنا - دن کا کام رات کو انجام دینا (متعدی) بے وقت کام کرنا - دن کا گیا - صبح سے گیا ہوا - دن کڑا ہونا (لازم) ۱ وقت سخت یا منحوس ہونا ۲ مصیبت کے دن ہونا - دن کڑے گزرنا (لازم) تکلیف میں وقت گزرنا - دن کم رہ جانا (لازم) تھوڑا سا دن باقی رہ جانا - دن کم ہو جانا (لازم) دیکھو دن گھٹنا - دن کو اونٹ نظر نہ آنا (لازم) بہت کمزور نظر ہونا - دن کو تارے دکھانا (متعدی) ۱ دماغ کو ایسا صدمہ پہنچانا کہ سر چکرا جائے ۲ خوب مارنا - دن کو تارے نظر آنا (لازم) ۱ بہت تیز نظر ہونا ۲ سخت تاریکی ہو جانا - دن کو دن اور رات کو رات نہ جاننا یا سمجھنا (لازم) کسی کام میں سخت مشغول ہونا - خوب محنت کرنا - دن کو رات کہنا (لازم) الٹی بات کہنا - دن کھسکنا (لازم) دن ڈھلنا - دن کھسنا (لازم) دن ڈھلنا - دن کھینچنا (متعدی) کھنچنا (لازم) وقت کو طوالت دینا - دن کے دن (تف) اسی دن - جلدی - دن گزرنا (لازم) زمانہ بسر ہونا - دن گننا (لازم) انتظار کرنا - دن گنوانا (لازم) وقت ضائع کرنا - دن گھٹنا (لازم) دن چھوٹا ہونا - ۲۳ جون کو سال کا سب سے بڑا دن ہوتا ہے اور اس کے بعد دن چھوٹے ہوتے جاتے ہیں اور ۲۳ دسمبر کو سب سے چھوٹا دن ہوتا ہے - دن گھڑی بھر آنا (لازم) تھوڑا سا دن چڑھنا - دن گئے - وہ زمانہ گزر گیا - خوشحالی کا زمانہ نہیں رہا - دن لٹک جانا (لازم) دن ڈھلنا - دن لگنا (لازم) ۱ دن پھرنا (مت) ۲ زمانہ گزرنا - وقت خرچ ہونا ۳ اترانا - غرور ہونا ۴ خوشحالی پر اترا کر برے

دن بھول جانا - ان معنوں میں دن لگ گئے یا لگے استعمال ہوتا ہے - دن منانا (متعدی) دن کی امید کرنا - دن منڈنا (ھ - لازم) شام ہونا - دن میں تارے نظر آنے لگنا (لازم) گھبرا جانا - بدحواس ہو جانا - دن نزدیک آنا (لازم) زمانہ قریب ہونا - دن نکلنا (لازم) صبح ہونا - سورج طلوع ہونا - دن نہ رہنا (لازم) ۱ زمانہ گزر جانا ۲ شام ہونا - دِنوں (جمع) ۱ ایام - روز دن چوپائے کی عمر - دنوں دیر ہے - بہت عرصہ نہیں صرف چند دنوں کی دیر ہے - دنوں سے اتر جانا (لازم) عمر سے ڈھلنا - جوانی کا گزرنا - شباب کا جاتا رہنا - دنوں کا پھیر (لازم) ۱ زمانے کی گردش ۲ ایام حیض کا گھٹنا بڑھنا - دنوں کو دغا (دھوکا یا دھکے) دینا (لازم) مصیبت کا وقت ٹالنا - دنوں کی شامت (مونث) بدقسمتی طالع کی نارسائی - دن ہونا (لازم) ۱ صبح ہونا ۲ دن گزرنا ۳ پورے، وضع حمل کا وقت قریب ہونا - دن یاد ہونا (لازم) زمانہ مصیبت کا یاد رہنا - دنی - دنیا (صفت) بوڑھا - پرانا (جانور) -

امثال و اقوال - دن آدیں

(آئیں) کھوٹے تو متر ہی لوٹے - برے وقت میں دوست بھی دشمن ہو جاتے ہیں - دن اچھے ہوتے ہیں تو کنکر بھی جواہر ہو جاتے ہیں - خوش قسمتی کا زمانہ ہو تو معمولی کام میں بھی فائدہ ہوتا ہے - دن بھر چلے اڑھائی کوس - سست آدمی کی نسبت کہتے ہیں - دن بھر مانگے دیا بھیر پائے بدقسمت آدمی کے متعلق کہتے ہیں - دن جاتے دیر نہیں لگتی - وقت جلد گزر جاتا ہے - دن جب برے آتے ہیں تو سونے پہ ہاتھ ڈالو مٹی ہو جاتی ہے - طالع یاور نہ ہو تو ہر کام میں نقصان ہوتا ہے - دن جب بھلے آتے ہیں تو مٹی پہ ہاتھ ڈالو سونا ہو جاتا ہے - طالع یاور ہو تو ہر کام میں فائدہ ہو جاتا ہے - دن دس آدر پلیکے کرنی آپ بھکان - جو لگ کاگ سرادھ کچھ تو لگ تو سنمان (ھ) تھوڑے دنوں کی عزت سے تو خوش ہو اے کوے - سرادھ کے دنوں میں تیری عزت ہو گی - اگر کوئی شخص اچھے عہدے پر ہو کر سختی کرے تو اس کو کہتے ہیں - تھوڑے دن کا اختیار ہے جو کچھ تو چاہے کر لے - دن دیوالی ہو گئی - بہت خوشیاں ہونے کے موقعہ پر کہتے ہیں - دن ڈھلا مزدور

نہا ۔ کیونکہ چھٹی کا وقت قریب آیا ۔ نہا کے معنی بولا ہیں
دن عید اور رات شب برات ۔ رات دن عیش و
نشاط میں رہتے ہیں ۔ دن گھسا (دو عملا) مزدور
ہنسا ۔ دن گزرنے پر مزدور کو محنت سے نجات ملتی
ہے ۔ دن کو اونی اونی رات کو چرخا پونی ہو ۔
بے وقت کام کرنے والی کی نسبت بولتی ہیں ۔ دن کو
شرم رات کو بغل گرم ۔ بیوی کے دن کو گھونگھٹ
نکالنے پر مذاق ہے ۔ دن میں تارے نظر آنا ۔ بد
حال ہو جانا یا خرابی نظر آنے لگنا ۔ دن میں سو وے
روزی کھو وے ۔ جو دن کو کام نہ کرے اس کی
زندگی تنگی میں گزرتی ہے ۔ دن نیکے بیتے جاتے
پکھیر نہیں وہ آتے ہیں ۔ اچھے دن گزر کر پھر نہیں
آتے ۔

دَنا (ہ ۔ مذکر) ۱ لکڑی جس سے گیڑی کھیلتے
ہیں ۲ آلہ تناسل ۳ (صفت) بڑا ۔ دراز ۴ موٹا ۔ مضبوط
۵ نڈر (س دند ک) دنا پیل (صفت) قوی ہیکل
مضبوط ۔ زبردست ۔ دنا سیٹھ (مذکر) ۱ بڑا سیٹھ
۲ (طنزاً) مغرور ۔ متکبر ۔

دنا (ہ ۔ مذکر) دن ۔ نظم میں استعمال
ہوتا ہے ۔

دَناب (ہ ۔ صفت) بہت موٹا ۔
فربہ ۔ پھولا ہوا ۔

دِناتی (ہ ۔ مونث) ۱ وہ وقت جس
میں دن کو بیل چلایا جائے ۲ مزدوروں کا روزانہ کام ۔

دَنانیر (ع ۔ مذکر) دینار کی جمع ۔

دَنائت (ع ۔ مذکر) کمینہ پن ۔ ذلت
(دنا ۔ کمینہ ہونا ۔

دِنائی (ہ ۔ مونث) داد ۔

دنایت (ع ۔ مونث) کمینہ پن
رذالت (دنا ۔ کمینہ ہونا)

دُنب (ف ۔ مونث) دم ۔ پونچھ ۔
دنبال ۔ دنبالہ (مذکر) ۱ چوپائے کی دم ۲ آنکھ کا
کویہ ۳ وہ سرمے کی لکیر جو آنکھ کے کوئے سے بڑھی ہوئی
خوبصورتی کے لئے چھوڑ دیتے ہیں (کھینچنا کے ساتھ) ۴
دمدار تارے کی دم ۵ جہاز کا پتوار ۶ زین کا پچھلا حصہ
۷ تلوار یا چاقو کا دستہ ۸ (ف) پیچھے ۔ بعد ۔ دنبالہ
دار (صفت) دمدار ۔ پیچھے دار ۔ دنبہ (مذکر)
۱ ایک قسم کا مینڈھا جس کی دم بڑی چوڑی اور موٹی
ہوتی ہے ۲ (صفت) موٹا ۔ فربہ ۔ دنبی (مونث)
دنبے کا ۔

دُنبل (ف ۔ مذکر) پھوڑا ۔ اونل ۔

دَنت (س ۔ مذکر) ۱ دانت ۲
ہاتھی یا سور کا باہر کا نکلا ہوا دانت ۳ نیزے کی نوک
۴ پہاڑ کی چوٹی ۵ ... جس سے ستار بجاتے ہیں ۔ دنتا
ولی (ہ) گھس جمع کرنے کا پنجہ دنت کتھا (مونث)
۱ بیان طویل (عف) ۲ بے بنیاد کہانی ۔ داستان ۔ دنت
کریدنی یا کھودنی (ہ ۔ مونث) خلال ۔ دنتی
(ہ) دانت والا ۔ دندانے دار ۲ (مذکر) وہ جو حرف
دانتوں کی مدد سے نکلے ۔ دنتیلا (ہ) لمبے دانتوں
والا ۔ ۲ دندانہ دار ۔ دنتیلا پہیہ (مذکر) دندانے
دار پہیہ ۔

دِنح (ع ۔ مذکر) عیسائیوں کا ایک
تیوہار جو چھ جنوری کو ہوتا ہے ۔

دَند (ف ۔ مذکر) ۱ دانت ۲ پسلی ۔
۳ جلاہوں کا ایک دندانے دار اوزار ۴ کوئی چیز جو
منہ کو خشک کر دے ۵ ایک بیج جو دست لاتا ہے ۶
ایک بوٹی کا نام ۷ ایک فرقہ فقیروں کا جو اگر کوئی انکو
خیرات نہ دے تو اپنی دانتوں سے بوٹیاں اڑا لیتے
ہیں ۸ چور ۹ (صفت) غریب مفلس ۔ حاجتمند ۔ جاہل
بے وقوف ۔ احمق ۱۰ بہادر ۔ دلیر ۱۱ لا مذہب ۔ اردو
میں یہ لفظ استعمال نہیں ہوتا اسکی جمع استعمال ہوتی ہے ۔
دندا (مذکر) ۱ پسلی ۲ پہاڑ کا درمیان ۳ (صفت) گم شدہ
دنداں (مذکر) دانت ۔ دنداں آز تیز کرنا ۔
(متعدی) لالچ کرنا ۔ حرص کرنا ۔ دندانِ آسیہ
(مذکر) داڑھیں ۔ دندانِ خرد (مذکر) عقل داڑھیں
دنداں ساز (مذکر) مصنوعی دانت بنانے والا ۔
دنداں سازی (مونث) مصنوعی دانت بنانے کا
فن ۔ دندانِ شب (مذکر) صبح صادق ۔ دنداں
شکن جواب (مذکر) دانتوں کو توڑنے والا جواب ۔
سخت جواب جس کا جواب نہ بن پڑے ۔ دندانِ
شیر (مذکر) دودھ کے دانت ۔ دنداں عاریہ
(مذکر) مصنوعی دانت ۔ دندانِ عقل (مذکر) عقل
داڑھیں ۔ چار آخری داڑھیں ۔ دندانِ فیل (مذکر)
ہاتھی دانت ۔ دندان گیر (مذکر) سامنے کے دانت ۔
دندانِ مصری (مذکر) ایک قسم کی ولایتی مٹھائی
دندانِ موش (مذکر) چوہے کے دانت ۔ دندانِ
ناب یا نیشتر (مذکر) کاٹنے والے دانت ۔ دنداں
نما (صفت) دانت دکھانے والا ۔ ظاہر ۔ نمایاں ۔ آشکارا
دندانہ (مذکر) ۱ آرے کا فار ۲ کوئی چیز جو دانت کے
مانند ہو ۳ دانتا ۔ چھری ۔ تلوار وغیرہ کی دھار میں جو
دانت ہو جاتے ہیں (پڑ جانا ۔ پڑنا ۔ ڈالنا کے ساتھ) ۴ ہر
چیز کا کنگرہ ۵ کنگھی کا شگاف ۔ دندانہ دار (صفت)
جس میں دندانے ہوں ۔

دُند (ہ ۔ مذکر) ۱ بڑا نقارہ ۲ شور و
غل ۔ غوغا ۳ اندھیر ۔ ظلم ۔ ستم ۔ دند مچا دینا یا مچانا
(متعدی) ۱ شور مچانا ۲ ظلم کرنا ۔

دَندارُو (ہ ۔ مذکر) چھالا ۔ پھنسی
ابھار ۔

دُند (س ۔ مذکر) ۱ ڈھول ۔ نقارہ
۲ وسو دیو کا نام ۔ دند بھ (مذکر) ۱ ڈھول ۲ ایک
بے ضرر سانپ ۳ شوجی کا نام ۴ ایک ویدک سلسلے کا نام
دندبھی (مذکر) ۱ بڑا نقارہ ۲ (مونث) نقارہ
کا جوڑا ۔

دُندکا (ہ ۔ مذکر) ۱ گنے پیلنے کی
مشین ۲ دھواں نکلنے کی جگہ اس مشین میں ۔

دندکنا (ہ ۔ لازم) تپنا ۔ گرم ہونا
مکان یا زمین کا (عف)

دُندمار (س ۔ مذکر) ایک قسم کا سرخ کیڑا ۔

دَندنا (ہ) اسم دندنانا کا ۔ دندناتا گھستا
چلا گیا ۔ بے خوف و خطر اندر داخل ہو گیا ۔ دندناتا
ہے ۱ خوب تندرست ہے ۲ بے خوف مقابلے پر ہے ۔
دندناتے پھنپھناتے (ف) زور شور اور غصے سے ۔
دندنانا (لازم) ۱ خوشی منانا ۔ عیش کرنا ۔ مزے اڑانا ۔
۲ مزے سے زندگی گزارنا ۳ خوشی میں گانا ۴ فارغ اور
آزاد ہونا ۔

دُنڈ (س ۔ مذکر) ۱ ڈنڈا ۔ سونٹا ۔
عصا ۲ گرز ۳ ڈنڈی ۔ دستہ ۴ پول ۔ ایک ماپ ۵
وقت کا ماپ جو ۲۴ منٹ کے برابر ہوتا ہے ۶ حملہ ۷
سزا ۔ بدنی سزا ۸ جرمانہ ۹ ایک صورت کوکہ کا نام ۔
۱۰ سزا کا دیوتا دھرم اور کر کا بیٹا ۱۱ یم ۱۲ شوجی ۱۳ سوریا
کا ایک پرستار ۱۴ ایک راجہ جسے ارجن نے قتل کیا تھا ۔
۱۵ ایک راکھشس ۔ دنڈ اپتی (مذکر) انصاف کرنے
والا ۔ سب سے بڑا حاکم ۔ چیف جج ۔ دنڈ ادرتہ
(مذکر) ایک تیرتھ ۔ دنڈ پانی (صفت) ۱ جس کے
ہاتھ میں ڈنڈا ہو ۔ عصا بردار ۲ سپاہی پولیس کا چوکیدار ۔
۳ یم ۴ شوجی کی دو فوجوں کا جرنیل ۵ بدھ کا خسر ۶
کاشی کا ایک راجہ ۷ ایک وید ۸ ایک راجہ جو کشیک کا
دادا تھا ۔ دنڈدھار (مذکر) ۱ راجہ ۲ یم ۳ ایک

راجہ جو ارجن کے ہاتھ سے قتل ہوا تھا۔ ۵ دھرت راشٹر کا ایک بیٹا۔ ۶ (جمع) ایک قوم کا نام۔ **ونڈدھر** (صفت) ۱ عصابردار ۲ سزا دینے والا۔ ۳ (مذکر) یم کا نام۔ **دنڈ سین** (مذکر) ایک راجہ جو وشوک سین کا بیٹا تھا۔

دنڈشترو۔ ونڈشرماں۔ دنڈشری (مذکر) راجوں کے نام۔ **دنڈکشر یا کولہ** (جمع مذکر) ایک قوم۔ **دنڈکیتو** (مذکر) ایک آدمی کا نام جسکا ذکر مہابھارت میں آتا ہے۔ **دنڈنیتی** (مونث) قانون سزا اور سلطنت کے اصول جو چانکیہ نے مرتب کئے تھے۔ **دنڈوت** (مونث) ڈنڈوت۔ **دنڈویریا** (مذکر) ایک راجہ۔ **دنڈی** (صفت) ۱ عصابردار ۲ سادھو جو ڈنڈا ہاتھ میں رکھتا ہے ۳ یم۔

دَنڈا (ھ۔ مذکر) دیکھو ڈنڈا۔ **دنڈا دنڈی** (مونث) ڈنڈوں کی لڑائی۔ **دنڈاسی پونچھ**۔ بوڑھے بیل کے متعلق کہتے ہیں۔

مثل۔ دنڈاسی پونچھ بڑہانے کا رستہ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کرے۔ بڑہانہ ایک گاؤں ہے جس کا رستہ بہت خراب ہے۔

دَنڈک (س۔ مذکر) ۱ دیکھو ڈنڈا۔ ۲ ایک بحر یا وزن کا نام۔

دَنڈِن (س۔ مذکر) ۱ عصابردار ۲ چوبدار ۳ برہمن زندگی کے چوتھے درجے میں۔

دَنڈنا (ھ۔ صفت) سزا دینا جرمانہ کرنا۔

دَنش (س۔ مذکر) ۱ کاٹنا۔ ڈنک مارنا ۲ ڈنک۔ برکی ۳ دانت ۴ زرہ ۵ ایک اسر کا نام۔

دُنقلاوی (ع۔ مذکر) ڈنقولا کا باشندہ۔ دنا قلا جمع ہے۔

دَنکا (س۔ مونث) دن کی مزدوری۔

دُنکا (ہ۔ مذکر) دانہ۔ ٹکڑا۔ اردو میں صرف دانہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

دِنکَر (س۔ مذکر) ۱ سورج ۲ ایک آدتیہ۔

دَنگ (ف۔ صفت) ۱ حیران۔ گھبرایا ہوا۔ ہکا بکا ۲ بیوقوف۔ احمق ۳ لاپرواہ ۴ بے حس۔ (رہنا کردینا۔ کرنا ہو جانا۔ ہونا کے ساتھ) ۵ دو پتھروں کے ٹکرانے کی آواز ۶ قلندروں کی آواز۔

دُنگا (ہ۔ مذکر) ۱ جھگڑا۔ فساد۔ لڑائی ۲ فتنہ ۳ ہنگامہ۔ بغاوت ۴ شرارت۔ بدذاتی (کرنا ہونا کے ساتھ) (س دوندو) **دنگئی۔ دنگے باز** (صفت و مذکر) **دنگیت** (ھ) ۱ فسادی ۲ شریر۔ بدذات ۳ لڑاکا جنگجو ۴ بغاوت پھیلانے والا۔

دُنگانی (ھ۔ مونث) جائداد کا تھوڑا سا حصہ۔

دُنگری (ھ۔ مونث) ایک موٹی قسم کا کپڑا۔

دُنگست (ھ۔ مذکر) غازی پور کے راجپوتوں کی ایک گوت۔

دَنگل (ف۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی کرسی ۲ اکھاڑا۔ کشتی وغیرہ کی جگہ ۳ مجمع۔ انبوہ۔ بھیڑ۔ اژدحام۔ **دنگل باندھنا** (متعدی) ۱ حلقہ باندھنا لوگوں کا ۲ کشتی۔ پٹہ بازی وغیرہ کے لئے مجمع کرنا۔ **دنگل ٹوٹ جانا** (لازم) مجمع تتر بتر ہو جانا۔ **دنگل لڑنا** (متعدی) کشتی لڑنا۔ **دنگل مارنا** (ھ) کشتی جیتنا۔ فتح پانا۔ **دنگل میں اترنا** (لازم) کشتی کے لئے تیار ہونا۔

دَلونڈھ (ھ) **دَلونڈھا** (ہ۔ صفت) **دَلونڈھی** (س۔ مونث) **دَلونڈی** (ھ۔ مونث) ۱ جسے دن میں کم دکھائی دے ۲ (مذکر) ایک مرض جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے (آنا کے ساتھ)۔

دَنی (ع۔ صفت) ۱ کمینہ۔ رذیل۔ سفلہ ۲ فلک اور چرخ کی صفت میں استعمال ہوتا ہے (دَنا۔ کمینہ ہونا) **دنیُ الطَبع** (صفت) کمینی طبیعت کا کمینہ۔

دِنی۔ دِنیا (ھ۔ صفت) پرانا۔ بوڑھا (جانور)

دُنیا (ع۔ صفت)۔ ادنےٰ کا مونث بمعنی زیادہ نزدیک ۱ موجودہ عالم۔ موجودہ زندگی ۲ جہان۔ عالم۔ دہر ۳ لوگ ۴ بہت سی چیزیں اکٹھی۔ مجموعہ۔ ۵ دنیاوی چیزیں۔ دولت۔ جائداد ۶ دنیا کے مزے۔ **دنیا آباد کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ۱ لوگوں کا کسی جگہ بسنا ۲ لوگوں کی اچھی حالت ہونا۔ خوشحال ہونا لوگوں کا۔ **دنیا آنکھوں میں اندھیر ہو جانا** (لازم) سخت گھبرا جانا۔ کچھ نہ سوجھنا۔ **دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جانا** (لازم) انقلاب عظیم ہونا۔ **دنیا اندھیر ہو جانا** (لازم) غم و رنج کی وجہ سے دنیا بری معلوم ہونا۔ سخت گھبراہٹ ہونا۔ **دنیا بسانا** (متعدی) **بسنا** (لازم) دنیا آباد ہونا۔ **دنیا بھر کے یا کی** (صفت) بہت۔ نہایت۔ کمال۔ بے انتہا۔ **دنیا بھر کی آخور** (مونث) نہایت نکمی چیز۔ **دنیا بھر کی باتیں** (مونث) بہت باتیں۔ فضول باتیں۔ **دنیا بھر کے جتن** (مذکر) ہر قسم کی تدبیریں یا کوششیں۔ **دنیا بھر کی خاک چھاننا** (لازم) کمال جستجو کرنا۔ **دنیا پرست** (صفت) دنیادار۔ **دنیا پرستی** (مونث) دنیاداری۔ **دنیا پر لات مارنا** (متعدی) ۱ تارک الدنیا ہو جانا ۲ مرجانا۔ **دنیا تھوڑی تھوڑی کرتی ہے** بدنام کرتی ہے۔ **دنیا جاتی دیکھنا** (لازم) صرف آج کیا جاتی دنیا دیکھی میں استعمال ہوتا ہے۔ **دنیا جہان** (مذکر) تمام عالم۔ **دنیا جہان سے روپوش ہونا** (لازم) مرجانا۔ **دنیا چھاننا** (متعدی) بہت تلاش کرنا۔ **دنیا چھوڑ دینا** (لازم) فقیر ہو جانا۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا۔ **دنیا دار** (صفت) ۱ دنیا کے دھندوں میں پھنسا ہوا آدمی۔ وہ آدمی جس کے خیالات دنیا کی باتوں کی طرف ہوں ۲ ظاہری اخلاق کا آدمی۔ ملنسار آدمی ۳ چالاک آدمی۔ امیر آدمی۔ **دنیاداری** (مونث) ۱ دنیا کے دھندے۔ تعلقات ۲ کنبہ۔ بال بچے۔ رشتہ ۳ خانہ داری ۴ ملنساری۔ میل جول۔ **دنیا دیکھنا** (لازم) تجربہ کار ہونا۔ **دنیا ساز** (صفت) ظاہرداری کرنے والا۔ دنیادار۔ **دنیا سازی** (مونث) ۱ ظاہرداری کی باتیں ۲ بناوٹ۔ نمائش۔ ظاہرداری۔ **دنیا سازی کی باتیں** (مونث) ظاہرداری کی ایسی باتیں جو کہنے والے کے دل سے نہ نکلیں۔ **دنیا سے اٹھ جانا۔ چل بسنا۔ چلنا۔ روانہ ہونا۔ سفر کرنا۔ سدھارنا۔ کوچ کرنا یا گزرنا** (لازم) مرجانا۔ **دنیا سے اڑانا** (متعدی)، **اڑ جانا** (لازم) معدوم ہونا۔ ناپید ہونا۔ **دنیا سے الگ ہونا** (لازم) دنیا چھوڑ دینا۔ **دنیا سے جانا یا چلنا** (لازم) مرجانا۔ **دنیا سے دل اٹھانا** (متعدی) تارک الدنیا ہونا۔ **دنیا سے دل اٹھنا یا سرد ہونا** (لازم) دنیا کی باتیں پسند نہ آنا۔ امنگ جاتی رہنا۔ **دنیا سے دور بھاگنا** (لازم) دنیاوی تعلقات سے الگ رہنا۔ لوگوں سے میل جول نہ رکھنا۔ **دنیا سے روانہ ہونا یا سفر کرنا** (لازم) مرنا۔ **دنیا سے غارت ہو یا نام اٹھے** (بددعائیں) نیست و نابود ہو۔ تباہ ہو۔ **دنیا سے کنارہ ہونا** (لازم) دنیا سے کراہیت رکھنا۔ **دنیا سے کلپتا جائے**

(بددعا) غم و تکلیف اٹھاتا ہوا مرے۔ **دنیا سے کوچ کرنا** (متعدی) مرنا۔ **دنیا سے کھو دینا** (لازم) کہیں کا نہ رہنے دینا۔ تباہ کر دینا۔ **دنیا سے گزرنا** (متعدی) مرجانا یا مرنا۔ **دنیا سے ہاتھ دھونا** (لازم) دنیا چھوڑ دینا۔ **دنیا کا لہو سفید ہو گیا** لوگوں میں محبت نہیں رہی۔ **دنیا کو ٹھوکر (لات) مارنا** (متعدی) دنیا چھوڑ دینا۔ **دنیا کی (تف)** ہر قسم کی۔ افراط کے ساتھ۔ **دنیا کی آنکھوں میں (تف)** لوگوں کی نظروں میں۔ **دنیا کے بکھیڑے جھگڑے یا دھندے** (مذکر) دنیاوی معاملات۔ **دنیا کے تماشے** (مذکر) واقعات عالم۔ ناپائیدار منظر جو پیش نظر ہوتے ہیں۔ **دنیا کی ٹھوکریں کھانا** (متعدی) مارا مارا پھرنا۔ **دنیا کی خاک چھنوانا** (متعدی) آوارہ پھرانا۔ دربدر پھرانا۔ **دنیا کی ہوا کھانا** (متعدی) دنیا کے مزے اڑانا۔ دنیا میں زندگی بسر کرنا۔ **دنیا کی ہوا لگنا** (لازم) بری باتوں کا اثر ہونا۔ عیش و عشرت میں پڑنا۔ **دنیا کے عیب** (مذکر) ہر قسم کی بری باتیں۔ **دنیا کے کاروبار** (مذکر) معاملات روزمرہ۔ لین دین۔ خرید و فروخت۔ **دنیا کے کتے** (مذکر) دنیادار لوگ۔ دنیا کے طالب۔ **دنیا کی ہوا** (مونث) دنیا کے عیش و آرام اور سامان کی طلب۔ **دنیا کی ہوا کھانا** (متعدی) دنیا کے مزے اڑانا۔ دنیاوی خواہشوں کو پورا کرنا۔ **دنیا کی ہوا لگنا** (لازم) ۱ دنیا کی باتوں سے واقفیت ہونا ۲ دنیا میں آنا ۳ دنیاوی خواہشوں کا ہونا۔ **دنیا گزرنا** (لازم) لوگوں کا سامنے سے گزرنا۔ دنیا کے واقعات ہونا۔ **دنیا میں آنا** (لازم) پیدا ہونا۔ **دنیا میں نام رہ جانا** (لازم) شہرت اچھی بات کی رہ جانا۔ یادگار باقی رہنا۔ **دنیا میں نام کر جانا** (لازم) کوئی اچھا کام کر کے یادگار چھوڑ جانا۔ **دنیا و مافیہا** (مونث) عالم اور جو کچھ اس میں ہے۔ **دنیا و مافیہا کی خبر نہ ہونا** (لازم) کسی چیز کا ہوش نہ ہونا۔ **دنیاوی** (صفت) دنیا کا۔ دنیا سے منسوب۔ **دنیا ہو اور تم ہو**۔ ہم کو لطف دنیوی تمہاری ذات سے ہے۔ **دنیائے بے ثبات** (مونث) یہ عالم جس کو قائم نہیں رہنا۔ **دنیائے دنی یا دوں** (مونث) کمینی دنیا۔ حقارت سے دنیا کو کہتے ہیں۔ **دنیائے دو روزہ یا فانی** (مونث) یہ عالم جس کو کچھ عرصہ رہنا ہے یا فنا ہو جانا ہے۔ زندگی۔

امثال و اقوال۔ دنیا اور مطلب اور مطلب سو اپنا۔ دنیا مطلب کی ہے اور اپنا مطلب سب سے مقدم ہونا چاہئے۔ **دنیا بازیچۂ اطفال ہے**۔ دنیا کھیل ہے۔ دنیا واہیات ہے۔ **دنیا بامید قائم**۔ دنیا کا لطف امید کی وجہ سے ہے۔ انسان امید کے سبب زندگی بسر کرتا ہے۔ **دنیا بے ثبات ہے**۔ دنیا کو بقا نہیں۔ زندگی جلدی ختم ہو جاتی ہے۔ **دنیا ٹھگے مکر سے روٹی کھائے شکر سے**۔ مکار آدمی دنیا میں مزے سے گزارا کرتا ہے۔ **دنیا جائے امید ہے**۔ دنیا میں ہر ایک کو امید ہوتی ہے اس سے زندگی بسر ہوتی ہے۔ **دنیا چند روزہ ہے**۔ زندگی بہت تھوڑی ہوتی ہے۔ دنیا کا لطف تھوڑے دن ہوتا ہے۔ **دنیا دریا کی منجدھار ہے**۔ دنیا انسان کو ڈبو دیتی ہے۔ دنیا انسان کو سخت نقصان پہنچاتی ہے۔ **دنیا دھوکے کی ٹٹی ہے**۔ دنیا میں دھوکا ہی دھوکا ہے۔ **دنیا دھند کا پسارا ہے** (ھ) دنیا سراب کی طرح ہے۔ اصلیت کچھ نہیں۔ **دنیا ظاہر پرست ہے**۔ دنیا ظاہری باتوں کو دیکھتی ہے۔ **دنیا غرض کی ہے** مطلب نکل جانے کے بعد کوئی نہیں پوچھتا۔ **دنیا کا ابھی کیا دیکھا ہے**۔ کم عمر ہے۔ ناتجربہ کار ہے۔ **دنیا کھائے (کھلیے) مکر سے اور روٹی کھائے شکر سے**۔ مکار آدمی مزے سے گزران کرتا ہے۔ **دنیا مردہ پسند ہے**۔ مرنے کے بعد دنیا میں قدر ہوتی ہے۔ **دنیا میں ایسے رہئے جیسے صابن میں تار** دنیا میں الگ تھلگ رہنا چاہئے۔ دنیا کے دھندوں میں نہیں پھنسنا چاہئے۔ **دنیا میں چار پیسے بڑی چیز ہے**۔ دولتمند آدمی مزے میں رہتا ہے۔ امیر کی بڑی قدر ہوتی ہے۔ **دنیا میں دو ہی چیزیں بیٹا یا بیٹی**۔ جس کے گھر بیٹی پیدا ہو اس کو تسلی دینے کے لئے کہتے ہیں۔ **دنیا میں ساڑھے تین دل ہیں** چیونٹی دل۔ ٹڈی دل۔ بادل اور نصف باقی مخلوقات۔ **دنیا میں کسی کی یکساں نہیں گزری** کسی کی ایک حالت میں بسر نہیں ہوتی۔ **دنیا میں منہ دیکھے کی محبت ہے**۔ دلی محبت کم ہوتی ہے۔ روبرو آ کر محبت جتاتے ہیں۔ **دنیا ہو اور تم ہو** تمہاری ذات سے دنیا کا لطف ہے۔ دنیا جب تک رہے تم بھی رہو۔ تم کی جگہ میں وہ وغیرہ بھی استعمال ہوتے ہیں۔ **دنیا ہے اور خوشامد**۔ خوشامدی آدمی دنیا میں ترقی کرتا ہے۔ **دنیا ہے اور مطلب** سب خود مطلبی ہیں۔ **دنیا ہے سو مطلب کی اور مطلب ہے سو اپنا**۔ خود غرض اور مطلبی آدمی کو ہر حال میں اپنے نفع کا خیال رہتا ہے۔

دَنِیّت (ع۔ مونث) ۱ کمینہ پن۔ رذالت ۲ نقص۔ عیب۔ بری عادت (دَنی کمینہ ہونا)

دُنیَوی (ع۔ صفت) دنیاوی۔ **دنیوی و اُخروی** (صفت) اس دنیا کی اور اگلے جہان کی۔

دُو۔ دَو (ف۔ مذکر) دوڑ۔ بھاگ۔ (مرکبات میں مستعمل ہے)۔

دوادَو۔ دَو۔ دوش یا دوی (مونث) دوڑ دھوپ۔ تگ و دو ۲ محنت اور تھکاوٹ۔ تگاپو۔

دَو (س۔ مذکر) ۱ آگ ۲ جلن ۳ جلتا ہوا جنگل دیکھو داو۔ **دوار۔ دواری۔ دواگنی دوانل** (مذکر) جلتا ہوا جنگل۔

دِو۔ دیو (س۔ مونث) ۱ آسمان ۲ دن۔

دِویش (مذکر) ۱ رب السماء۔ آسمان کا مالک ۲ اِندر دیوتا اور رُدر کا لقب۔

دِو (ہ۔ صفت) خدائی۔

دو (ف ہ۔ صفت) ۱ ایک اور ایک۔ ۲۔ ۲ جوڑا۔ جفت ۳ الگ۔ جدا۔ غیر (س دَو) **دوآب یا آبہ** (مذکر) ۱ زمین جو دو دریاؤں کے درمیان ہو ۲ دریائے جمنا اور گنگا کے درمیان کی زمین ۳ پنجاب میں دریائے بیاس اور ستلج کے درمیان کی زمین۔ **دوآتشہ** (صفت) جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچا گیا ہو (عرق یا شراب) تیز تند۔ **دوآتشہ پلانا** (متعدی) اشتعال دینا۔ بھرے پر چڑھانا۔ **دوآتشہ شراب** (مونث) شراب جو دو دفعہ آگ پر رکھ کر کھینچی گئی ہو۔ **دوآشیانہ** (مذکر) ایک قسم کا خیمہ جس میں دو کمرے ہوتے ہیں۔ **دوآنسو بہانا ڈالنا** (متعدی) رونا (لازم) یا گرانا (متعدی) تھوڑا سا رونا۔ **دو آنکھوں سے چار آنکھیں دیں**۔ عقل دی۔ شعور دیا۔ ہوشیار بنایا۔ **دوارکتی** (ھ) ذومعنی۔ **دواسپہ** (صفت) ۱ تیز۔ جلدی (جانا چلنا کے ساتھ) ۲ (مذکر) تیزی۔ سرعت ۳ ڈاکیہ۔ خبر رساں۔ پیامبر ۴ پوسٹ ماسٹر ۵ وہ سپاہی جس کے پاس دو گھوڑے ہوں۔ **دواسطرلاب** (مذکر)

سورج ڈوبنا۔ **دو انگل کی پچی** (مونث) پسوڑی لڑکی (تحقیر)۔ **دو انگلیاں ماتھے پر رکھنا** (لازم) سرسری سلام کرنا۔ **دو انگلیاں مسی لگانا** (متعدی) ذرا سی مسی ملنا۔ **دوانی** (مونث) دو آنے کا سکہ جو پہلے چاندی کا تھا اب نکل کا بنتا ہے۔ **دو اِک یا ایک** (صفت) چند۔ تھوڑے۔ دو تین۔ **دو باتوں میں** (تف) چند فقروں میں۔ **دو (دو) باتیں** (مونث) تھوڑی سی گفتگو یا بات چیت۔ **دو بارہ** (تف) دو دفعہ۔ **دوبارہ** (صفت) دوسری مرتبہ یا دفعہ۔ کرر۔ **دو باز** (مذکر) ۱۔ کنکوا جس کے دو کندے رنگ دار ہوں ۲۔ ایک قسم کا باز ۳۔ دو رنگے بازو کا کبوتر۔ **دو بازو** (مذکر) ایک کھیل کا نام ۲۔ ایک دیہاتی اوزار ۳۔ ایک قسم کا عقاب۔ **دو بازو برابر** (ھ) ایک شکل جس کے مقابل کے پہلو برابر ہوں جیسے مستطیل۔ **دو باگوں کسنا** (لازم) تلوار کے دونوں سرے ملا کر اس کی خوبی دیکھنا۔ **دو بالا** (صفت) دگنا۔ دو چند۔ دونا۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دوبر یا برا** (صفت) دو پٹ کا **دوبردا۔ دوبلد۔ دوبلدا** (مذکر) دو بیل کا چھکڑا۔ **دوبردو** (تف) دیکھو دوبدو۔ **دو بلدی** (مونث) دو بیلوں کی گاڑی۔ **دو بول** (مذکر) ۱۔ نکاح پڑھانا (پڑھنا پڑھوانا کے ساتھ) ۲۔ نہایت مختصر۔ چھوٹا سا۔ ۳۔ دو لفظ۔ **دو بولول** (مذکر؛ عو) نکاح۔ **دو بھنیاں یا بھیتیاں** (صفت) ۱۔ وہ جو دونوں ہاتھوں سے کام کر سکے ۲۔ مضبوط۔ طاقتور ۳۔ سرکش۔ زبردست۔ (ہونا کے ساتھ) **دو بھیلی یا دو بھیا** (صفت) منافق۔ دو رنگی۔ **دو بھیلی بات** (مونث) پہلودار بات۔ **دو بھیتیاں یا بتیاں ہونا** (لازم) طاقتور ہونا۔ زبردست ہونا۔ **دو بیتی** (مونث) ایک قسم کی نظم۔ **دو بینی** (صفت) ۱۔ ناقابل اعتبار۔ مذبذب ۲۔ منافق ۳ (مذکر) دو نتھنے۔ ناک ۴۔ ایک چیز کا دو نظر آنا بھینگا پن۔ **دوپا** (مذکر) ایک کیڑا جس سے سرخ رنگ حاصل ہوتا ہے۔ **دو پارہ** (صفت) دو ٹکڑے۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ پھٹا ہوا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دو پاڑ** (مذکر) کام کرتے وقت دونوں ٹانگوں کو لپیٹ لینا۔ مزدور عورتیں عموماً ایسا کرتی ہیں۔ **دو پاٹی** (ص) دو عرض کا۔ **دو پائے پر چڑھانا** (متعدی) ۱۔ سکھوں یا فوجیوں کی طرح داڑھی چڑھا لینا ۲۔ بندوق کے دونوں گھوڑے انتہائی حد پر چڑھا لینا۔ **دو پائے سے چوپایا ہونا** (لازم) بیاہ یا شادی ہو جانا۔ جورو والا ہو جانا۔ **دو پائے کا تعویذ یا نقش** (اصطلاح عاملان) ایک قسم کا مثلث نقش **دو پائے کی رفتار** (مونث) دو پائے کا نقش بھرنے کا طریقہ۔ **دو پایہ** (صفت) ۱۔ دو پاؤں کا۔ دو ٹانگ کا ۲۔ (مذکر) حیوان۔ انسان۔ **دو پتیا** (صفت جلن) دو پتوں والا۔ **دوپٹا** (مذکر) ۱۔ عورتوں کی ایک قسم کی اوڑھنی۔ آج کل اسے دوپٹ کا نہیں بنایا جاتا ہے چوڑے عرض کا باریک کپڑا استعمال ہوتا ہے ۲۔ وہ چادر جو مرد کمر پر باندھتے یا کندھوں پر ڈالتے ہیں ۳۔ دو پٹ کا چادرا ۴۔ پگڑی۔ پٹکہ۔ **دوپٹا اٹھانا** (متعدی) عورتوں کا کوسنے یا دعا کرنے کے لئے دونوں ہاتھوں سے دوپٹے کا اونچا کرنا۔ **دوپٹا باندھنا** (متعدی) پگڑی باندھنا **دوپٹا بدلنا** (لازم) بہنا پا کرنا۔ **دوپٹا پھرانا** (متعدی) دوپٹہ ہلانا۔ **دوپٹا تان کے سونا** (لازم) بے فکری سے سونا۔ **دوپٹا چننا** (متعدی) عورتیں دوپٹے کو عموماً چن کر اوڑھتی ہیں۔ **دوپٹا گردن میں ڈالنا** (متعدی) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا۔ **دوپٹا ڈھلنا** (لازم) دوپٹے کا سینے سے سرک جانا۔ **دوپٹا ہلانا** (متعدی) پناہ مانگنا۔ امن مانگنا۔ ہار ماننا۔ صلح کا خواہاں ہونا حالت جنگ میں سفید چادر ہلاتے ہیں جس سے لڑائی بند کرنے کی خواہش ہوتی ہے۔ **دوپٹی** (ھ) منافقت دو رنگی۔ **دوپٹیا** (مذکر) کبوتر جس کا پیٹ سفید ہو ۲۔ ایک قسم کا پتنگ جس میں دو رنگ کی پٹیاں پڑی ہوں ۳۔ (مونث) دوپٹا کی تصغیر۔ اوڑھنی۔ چنری۔ **دوپٹے کو منہ کی اوٹ کرنا** (متعدی) گھونگھٹ نکالنا۔ دوپٹے کو منہ کے آگے کرنا کہ منہ کسی کو نظر نہ پڑے۔ **دوپٹے کی گاتی باندھنا** (متعدی) **بندھنا** (لازم) دوپٹے کا دونوں کندھوں پر سے گرہ کر سینے پر بندھ جانا۔ **دوپرا** (مذکر) ایک قسم کا پتنگ۔ **دوپرتا** (صفت) دوہرا دو تہ کا۔ **دوپشتہ** (صفت) ۱۔ دونوں طرف چھپا ہوا ۲۔ دو رخا۔ دو طرفہ۔ **دوپشتہ کرنا** (متعدی) ۱۔ کاغذ کو ایک طرف چھاپ کر دوسری طرف چھاپنا۔ دونوں طرف چھاپنا ۲۔ دو رخا بنانا۔ **دوپلڑی** (مونث) ۱۔ ایک قسم کی ہندوستانی وضع کی ٹوپی جو دو ٹکڑوں کی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ **دوپلکا** (مذکر) ۱۔ ایک قسم کا کبوتر ۲۔ ایک قسم کا پتنگ ۳۔ ایک قسم کا نگینہ۔ **دوپلی** (مونث) دیکھو دوپلڑی۔ **دوپنتھی** (مونث) ایک قسم کی جالی جس کا دوہرا خانہ ہوتا ہے اس کی کرتیاں بنتی ہیں (بیگمات)۔ **دوپہار** (صفت لکھن) دو جز کا۔ **دوپہر** (مونث) وقت جب سورج عین سر پر ہو ۲۔ (مذکر) ایک پہر کا دوگنا ۳۔ ایک قسم کا پھول۔ **دوپہر آنا** (لازم) سورج کا عین سر پر ہونا۔ دن کا نصف گزر جانا۔ **دوپہر بجنا** (لازم) دوپہر کی توپ دغنا۔ بارہ بجنا۔ **دوپہر پہلے** (تف) صبح کے وقت دوپہر سے پہلے۔ **دوپہر چکر** (ھ) عرض بلد۔ **دوپہر ڈھلنا** (لازم) زوال کا وقت ہونا۔ سورج کا نیچے کی طرف رخ کرنا۔ **دوپہر ڈھلے** (تف) دوپہر کے بعد۔ **دوپہر کا وقت** (مذکر) دوپہر۔ **دوپہر کرنا** (متعدی) اتنی دیر لگانا کہ دوپہر ہو جائے۔ **دوپہر کی توپ چھوٹنا** (لازم) چھاؤنیوں میں بارہ بجے توپ چھوٹتی ہے۔ ۱۲ بجے توپ چلنا۔ **دوپہر کی چیل** (مونث) وہ لڑکا جو دوپہر کو مارا مارا پھرے۔ **دوپہر ہونا** (لازم) دوپہر کا وقت ہونا۔ **دوپہری** (صفت) ۱۔ دوپہر کی ۲۔ (مونث) دوپہر ۳۔ دوپہر کی نوبت۔ **دو پہریا** (مذکر) ۱۔ ایک قسم کا پھول ۲۔ بچہ جو دوپہر کو پیدا ہو ۳۔ (صفت) دوپہر کا۔ **دوپہری بجنا** (لازم) ۱۔ دوپہر کی نوبت بجنا۔ اگلے زمانے میں امیروں کے گھر دوپہر کو دمنے پر نوبت بجا کرتی تھی۔ **دو پھلی** (صفت) دو فصلی۔ **دوپیازہ** (مذکر) ایک قسم کا سالن جس میں دوگنا پیاز ڈالا جاتا ہے اور شوربا یا ترکاری نہیں ہوتی۔ **دو پیسے ڈولی ہے چار پیسے ڈولی ہے** (عو) بہت قریب ہے۔ فاصلے کو ظاہر کرنے کے لئے کہتی ہیں۔ **دو پیسے سیر** (صفت) بہت سستا۔ **دو پیسے کا سیر بھر کر دینا** (متعدی) ۱۔ تھوڑی سی مقدار کو بہت زیادہ بتانا ۲۔ تھوڑی سی بیماری کو بہت زیادہ ظاہر کرنا۔ **دو پیسے کمانا** (متعدی) تھوڑی سی کمائی کرنا۔ **دو پیسے اللہ کے نام اٹھانا** (متعدی) تھوڑی سی خیرات کرنا۔ **دو پیکر** (مذکر) ہیئت کا تیسرا برج۔ جوزہ۔ متھن۔ **دو تا** (صفت) ۱۔ دگنا۔ دوہرا ۲۔ خمیدہ۔ ٹیڑھا ۳۔ کبڑا ۴۔ (مذکر) ایک قسم کا دوتہا ۵۔ نفیس کپڑا۔ **دوتارا** (مذکر) ۱۔ ایک قسم کا دو تار کا بجانے کا ساز ۲۔ ایک قسم کی شال ۳۔ (صفت) دو تار کا ۴۔ دو تار کا بنا ہوا۔ **دوتاگا یا تاگہ** (صفت) ۱۔ دو دھاگے کا بنا ہوا ۲۔ دوہرا ۳۔ خمیدہ۔ **دوتائی** (مونث) ۱۔ وہ کرتا جو قبا کے نیچے پہنتے ہیں ۲۔ کپڑا جس کے نیچے استر ہو۔ **دو تخمہ** (صفت) حرامی۔ حرامزادہ۔ **دو تن** (مذکر) ۱۔ دو شخص ۲۔ (صفت) دوہرا۔ **دوتہی** (مونث) ۱۔ ایک قسم کا دوہرا دو عرض کا موٹا کپڑا جس کے کنارے نیلے یا سرخ ہوتے ہیں اور جو دری کے اوپر اور چادر کے نیچے

بچھایا جاتا ہے ۲ استر والا کپڑا ۳ (صفت) دوتہ کی ۔
دوہری۔ دوتین (صفت) چند۔ دو ٹکریں مارنا
(متعدی) جلدی جلدی نماز پڑھنا۔ دو ٹکڑے بات
(مونث) دوٹوک بات ۔ کھری بات۔ دو ٹکڑے۔
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دو حصے ہونا ۔ دوپارہ
ہونا۔ دوٹوک (صفت) ۱ دوپارہ۔ دو ٹکڑے
۲ صاف ۔ کھرا ۳ فیصلہ کن ۴ موزوں۔ دوٹوک
بات (مونث) کھری یا صاف صاف بات۔ دو
ٹوک جواب دینا (متعدی) ۱ صاف انکار کرنا۔
صاف جواب دینا ۲ موزوں جواب دینا مختصر جواب
دینا۔ دوٹوک جواب ملنا (لازم) دیکھو آخری۔
دوٹوک کرنا (متعدی) ہونا (لازم) ۱ فیصلہ ہونا
۲ رشتہ یا دوستی ٹوٹنا۔ دوجہاں (مذکر) دنیا اور آخرت۔
دوجہان سے جانا (لازم) دین و دنیا برباد ہو جانا۔
دوجہان سے کھونا (متعدی) کسی کام کا نہ رکھنا۔
بیکار کر دینا۔ دوجبھا یا جیبھا (صفت) دو زبان
والا۔ جسکی زبان بیچ میں سے چری ہوئی ہو۔ دوجیا
(صفت) ۱ حاملہ ۲ (مونث) حاملہ عورت۔ دوجیرا
(مذکر) ایک قسم کا چاول۔ دوجی سے (صفت) حاملہ۔
دوجیوا (مد) حاملہ۔ دوچار (صفت) چند۔
دوچار (مونث) ملاقات۔ سامنا۔ دوچار کرنا
(متعدی) ہونا (لازم) ۱ ملاقات ہونا۔ سامنا ہونا
۲ (آنکھیں) ملنا ۔ دوچار کوڑیوں کا روزگار
کرنا (متعدی) ہونا (لازم) تھوڑی سی کمائی ہونا۔
دوچار کے ہاتھ جانا (لازم) مستعمل ہو جانا کسی
شے کا۔ دوچار گھڑی رات رہے ۔ سحری
کے وقت۔ دوچار ہاتھ رہ جانا یا رہنا (لازم)
تھوڑا سا فاصلہ رہ جانا ۔ تھوڑی سی کسر رہ جانا۔ دو
چاہ (مذکر) وہ تالاب جس میں آبپاشی کیلئے پانی
اونچا اٹھایا جائے۔ دوچت یا چتا (صفت) ۱
خیالات کی یکسوئی نہ رکھنے والا۔ دودلا متذبذب۔
۲ پریشان۔ مضطرب ۳ (مذکر) شبہ۔ شک۔ دوچتائی
(مونث) ۱ شک۔ شبہ ۲ اضطراب۔ پریشانی ۳
تذبذب۔ دودلی ۴ بے خیالی۔ محویت۔ دوچڑ
(مونث) دو مکانوں کی دو دیواریں جو آپس میں ملی
ہوئی ہوں۔ دوچشمہ (مذکر) ۱ چاند سورج ۲ رات
۳ آنکھ کی دونوں پتلیاں۔ دوچشمی ۱ ہائے ہوز ۲
(صفت) وہ جس میں پورے چہرے کا عکس ہوتا ہے (تصویر) دوچلو (صفت)
تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ دوچلوؤں میں بہ جانا (لازم) تھوڑی سی وجہ سے جاتے رہنا۔

دوچلوؤں میں بہک جانا (لازم) تھوڑی سی شراب
پی کر مدہوش ہو جانا۔ دوچلہ (مذکر) وہ چھت جو
دونوں طرف ڈھلوان ہو۔ دوچند (اں) (صفت)
دگنا۔ دونا۔ دوہرا۔ دوچوبہ (صفت) ۱ دوچوب
والا ۲ ایک خیمہ جس میں دو ڈنڈے ہوتے ہیں۔ دوچھتہ
(صفت) دوچھت کا (مکان) ۲ پھوس کی چھت جو
دو طرف سے ڈھلوان ہو۔ دوحرف (مذکر) ۱ تھوڑی
سی تحریر یا تقریر (بولنا کہنا کے ساتھ) ۲ حرف ک ن
جن کے کہنے سے خدا پیدا کر دیتا ہے۔ دوحرف
بھیجنا (متعدی) لعنت بھیجنا یا کرنا۔ دوحرف کا
پرزہ (مذکر) مختصر تحریر۔ دوحرفی (صفت) ۱ بہت
مختصر (تحریر۔ تقریر۔ جواب ۔ خط وغیرہ کے ساتھ) ۲ ...
دوحصے کرنا (متعدی) ہونا (لازم) دو ٹکڑے ہونا۔
دوحو یلقا (مونث) روح اور عقل ۔ دوخاتون
(تانیث) ۱ آنکھوں کی دونوں پتلیاں ۲ دن اور
رات ۔ دوخادم حبشی و رومی (مذکر) دن اور رات۔
دوخانہ (صفت) دو سوراخ والا ۔ دو گھر والا۔ دو
چھت والا۔ دوخصمہ (صفت) وہ (عورت) جس نے
دوسرا بیاہ کیا ہو ۔ دو خاوند والی ۔ دوخمہ (مذکر)
ایک قسم کا حقہ ۔ دوخوابہ (صفت) جس کے دونوں
طرف بر ہو (کپڑا) دودامہ (مذکر) ۱ ایک قسم کا
بیل ۲ ایک بیلدار کپڑا ۔ دودامی (مونث) بیلدار
ململ ۔ وہ ململ جس پر دھاگے سے پھول کڑھے ہوں۔
دودانے کو پھرنا یا محتاج ہونا (لازم) بھیک مانگتے
پھرنا ۔ سخت مفلس ہونا۔ دودری (مونث) دنیا
جس کے دو دروازے ہیں پیدائش اور موت۔ دو
دستہ (صفت) دونوں طرف۔ دودستہ خالل
(مونث) وہ بازی جس میں دو آدمیوں کو ایک دفعہ
شکست دی جائے ۔ دودستی (مونث) ۱ کشتی کا
ایک پیچ ۲ دو ہاتھ کا تلوار کا وار ۳ (تف) دونوں
ہاتھوں سے ۔ دودستی تلوار مارنا (متعدی)
دونوں ہاتھوں سے تلوار کا وار کرنا۔ دودستی وار
(مذکر) دونوں ہاتھوں کا وار ۔ دودل کو اکٹھا اٹھانا
(لازم) عاشق و معشوق کو ملنے دینا۔ دودل ملنا
(لازم) دو شخصوں کا اتحاد ہونا ۔ دوطرفہ محبت ہونا۔
دودلہ (صفت) ۱ شکی ۔ وہمی ۲ شکار ۔ حیران ۳ متذبذب۔ دودلی (مونث)
تذبذب ۔ دودم یا دمہ (صفت) دو دھار کی (تلوار) دو
دن (مذکر) قلیل عرصہ ۔ تھوڑا سا زمانہ ۔ دودن کا
مہمان (صفت) ۱ عارضی ۔ فانی ۔ ناپائیدار ۲ مرنے کے

قریب۔ دودن کی بہار (مونث) عارضی رونق
دودن کی بات (مونث) چند روز کا معاملہ۔ دو
دن کی چاندنی (مونث) ۱ حسن چند روزہ ۲ کوئی
عارضی خوبی ۳ دولت ۴ اقبال۔ دودن کی زندگی
(مونث) چند روزہ زندگی ۔ دودن (ہی) میں
(تف) تھوڑی سی مدت میں۔ دودن نہ پکڑنا (لازم)
جلد مر جانا ۔ جوان مر جانا۔ دودو (صفت) ۱ دو دو اور دو
۲ (ف) ترئی کی آواز ۔ دھوتو۔ دودو دانے کو
پھرنا (لازم) ۱ دو دو دانے مانگتے پھرنا ۔ بھیک مانگتے
پھرنا ۔ گداگری کرنا ۲ نہایت محتاج یا کنگال ہونا۔ دو
دو کا غذ گھلنا (لازم) عو ۔ دبلا ہو جانا فکر یا مرض سے۔
دودو منہ (صفت) تھوڑا سا ۔ قدرے ۔ قلیل ۔
دودو منہ آنا (لازم) آوازے کسنا ۔ طنز کرنا۔ دو
دو منہ ہنس لینا یا ہنسنا (لازم) تھوڑا سا ہنس لینا۔
دودو نوکیں ہونا (لازم) تھوڑا سا جھگڑا یا سخت
کلامی ہونا۔ دودو ہاتھ اچھلنا (لازم) مضطرب
ہونا ۔ سخت بیتاب ہونا کلیجے کے ساتھ استعمال ہوتا
ہے۔ دودو ہاتھ کرنا (متعدی) ہو جانا ہونا
(لازم) ۱ لڑائی ہونا ۲ آزمائش کے لئے تھوڑی سی
لڑائی ہونا۔ دودھارا (صفت) ۱ دوسری دھار
یا باڑھ کا ۲ (مذکر) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہوں ۳ ایک قسم کا
تھوہڑ جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں۔ دوراہا یا راہ (مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں
دو راستے ملیں ۲ وہ سڑک جو دو رستوں میں تقسیم ہو جائے۔
دوراؤ رکھنا (عف) راؤ رائے کا مخرب ہے ایک
نہ سمجھنا ۔ کچھ فرق سمجھنا ۔ بھید رکھنا۔ دورخا (صفت)
۱ دورویہ ۲ دو پہلو والا ۳ منافق ۔ دورنگا۔
دورخی (مونث) ۱ تصویر جس میں دونوں رخ نظر پڑیں
۲ ایک قسم کی کمان۔ دورس (مذکر) مٹی جس میں چکنی
مٹی اور ریت ملے ہوں۔ دورسا (مذکر) ۱ دو قسم کا
ملا ہوا تمباکو ۲ خمیرہ تمباکو۔ دوراستہ یا رستہ (صفت)
دورویہ ۔ دورکابہ (مذکر) بہت اونچا گھوڑا۔ دورگا
(صفت) ۱ دوغلا آدمی ۲ دونسل کا مرغ ۳ دونسل کا
گھوڑا ۔ دورنگا (صفت) ۱ دو رنگ کا ۲ ابلق ۳ منافق۔
۴ تلون مزاج۔ دورنگی (مونث) ۱ دوئی ۔ بیگانگی ۲
منافقت ۔ مکاری ۳ تلون مزاجی۔ دورنگی چھوڑنا
(متعدی) مکاری یا دھوکے کا کام نہ کرنا۔ دورنگی
کرنا (متعدی) ایک بات یا حالت پر نہ رہنا۔ دو
رو (صفت) ۱ دو رخ کا ۲ منافق ۳ (مذکر) ایک
پھول جس کا ایک رخ سرخ ایک زرد ہوتا ہے۔

زعنا- دو روز (مذکر) چند روز- دو روز کا مہمان
(مذکر) ۱ تھوڑا قیام کرنے والا شخص ۲ انسان فانی- دو
روزہ (صفت) تھوڑا عرصہ رہنے والا- عارضی-
تھوڑا- تھوڑی مدت کا- دو روئی (مونث) ۱ منافقت
۲ مکر- فریب- دو رویہ (صفت) ۱ دونوں جانب
سے- دو طرفہ ۲ دو رخہ- دو رنگا ۳ دونوں طرف
دونوں رخ- دو زانو (ق) گھٹنوں کے بل- دو
زانو بیٹھنا (لازم) مودب ہو کر بیٹھنا گھٹنوں کے
بل بیٹھنا- دو زبان یا زبانہ (صفت) ۱ دو زبان
والا- چری ہوئی زبان والا ۲ دھوکے باز- مکار-
فریبی ۳ (مونث) قلم ۴ سانپ- افعی ۵ سوسن- سانپ-
قلم کی تعریف میں کہتے ہیں- دو زبانی (مونث)
۱ دو زبانوں کا ہونا ۲ مکاری- دغابازی- دو
زبرا (مذکر) ایک قسم کا چاول- دو سار ہو جانا
یا ہونا (لازم) ۱ کسی چیز کے یا بدن کے پار ہو جانا تیر
کا یا نیزے کا ۲ کنایۃ تیر نظر کا دل کے پار ہو جانا-
دو ساکھی (صفت) دو فصلی- دو سالہ (صفت)
۱ دو سال کی عمر کا- دو برس کا ۲ وہ جو دو سال بوئی
گئی ہو- دو ساہی یا سائی (مونث) دو فصلی-
دو سخنے (مذکر) ایسے دو مصرعے جنکا جواب ایک ہو-
یہ امیر خسرو نے ایجاد کئے تھے- دو سر (صفت) ۱
دو سروں والا ۲ (مذکر) دو کھوپریاں ۳ دو نتیجے- دو
سرا (مذکر) دو جہان- دو سر دہلیز (مذکر) ۱
عناصر اربعہ ۲ حواس خمسہ- دو سر قندیل (مذکر)
۱ سات ستارے ۲ کوئی روشن ستارا ۳ آسمان- دو
سر ملوا دینا (متعدی) نکاح کرا دینا- دو سرہا
(ق) دو بدو- دو سر رکھنا (متعدی) دو نتیجے نکلنا
یا ہونا- دو سری (مونث) ۱ وہ زمین جس پر دو دفعہ
ہل چلایا گیا ہو ۲ دو دفعہ ہل چلانا- دو سرے
(مذکر) ۱ ایک قسم کا خیمہ ۲ ڈولی یا فینس کا پردہ- دو
سنگ (مذکر) صفا مروا- دوسنہ (مذکر) ایک قسم کا
روپیہ- دو سو (صفت) سو اور سو- ۲۰۰- مار-
دو سوتی (مونث) دو سوت کا بنا ہوا کپڑا- ایک
قسم کا موٹا کپڑا جو فرشوں خیموں وغیرہ کے بنانے میں
کام آتا ہے- دو سوئی (مونث) عورت کے
گندھے ہوئے سر کی مانگ- دو سیرا (مذکر) دو سیر کا
باٹ ۲ روپے کا دو سیر والا تمباکو- دو سیری (مونث)
دو سیر کا باٹ- دو شاخہ (صفت) ۱ دو شاخ والا ۲
(مذکر) دو شاخوں کی لکڑی ۳ دو شاخوں کا درخت-
۴ دو شاخوں کا شمعدان ۵ دو شاخوں کی مشعل ۶ بنگ
چھاننے کی لکڑی جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں- دو شالہ
(مذکر) پشمینے کی چادروں کا جوڑا- دو شالہ پوش
(صفت) ۱ دو شالہ اوڑھنے والا ۲ امیر- دولتمند ۳
خوش لباس- خوش پوشاک- دو شالے میں
لپیٹ کر لگانا یا مارنا (متعدی) ہجو ملیح کرنا-
درپردہ ذلیل کرنا- دو شنبہ (مذکر) پیر کا دن- سوموار-
دو صحن (مذکر) زمین و آسمان- دو صد (صفت)
دو سو- دو ضربی (صفت) ۱ دو کنڈوں کا (تالا)
۲ دو نالی (بندوق) ۳ دو ضرب یا زخم لگانے والا-
دو طرفہ یا طرفی (صفت) دیکھو دو رویہ- دو طفل
پسندیدہ (مذکر) آنکھوں کی پتلیاں- دو طوطی
(مذکر) لبان معشوق- دو عالم الٹ جانا سخت
تباہی ہونا- قیامت آجانا- دو عالم سے گزر جانا
(لازم) دنیا اور عقبےٰ کی پروا نہ کرنا- دو عالم فراموش
ہو جانا (لازم) محویت میں سب کچھ بھول جانا-
دین و دنیا کا ہوش نہ رہنا- دو علوی (مذکر) زحل
و مشتری- دو عملہ (مذکر) ۱ دو شخصوں کی حکومت
۲ وہ جگہ جہاں دو شخصوں کی حکومت ہو- دو عملی
(مونث) ۱ دو شخصوں کی حکومت ۲ بد انتظامی- دو
عیار طرار (مذکر) دن اور رات- دو غزلہ (مذکر)
ایک بحر ردیف قافئے میں دو غزل- دو غلا (صفت)
۱ دو نسل کا- وہ جسکا باپ اور نسل کا اور ماں اور نسل
کی ہو ۲ کمینہ- کم اصل- کم ذات- دو غلی بات
(مونث) گول مول بات- بات جو صاف طور پر نہ کہی
جائے- دو فصلہ (صفت) ۱ یکسوئی نہ رکھنے والا-
دو رنگا ۲ (مذکر) وہ درخت جس میں سال میں دو بار
پھل لگے- دو فصلی (مونث) ۱ وہ زمین جو سال
میں دو بار بوئی جائے ۲ دو فصلہ ۳ (صفت) گول
مول- دو پہلو کی- دو فصلی باتیں (مونث) ایسی
باتیں جن کے دو مطلب ہوں ظاہر کچھ اور باطن کچھ-
دو قدم (مذکر) ۱ تھوڑی دور- چند قدم (جانا چلنا کے
ساتھ) ۲ قریب- نزدیک- دو قدم آگے چلنا
یا ہونا (لازم) سبقت لے جانا- دو قدم بڑھ جانا
(لازم) تھوڑا سا آگے بڑھ جانا- دو قدم پر (ق)
تھوڑی دور- دو قدم چلنا (لازم) تھوڑی دور
چلنا- دو قلم کرنا (متعدی) دو ٹکڑے کرنا- دو
قلی (مذکر) توام- دو قولی (مونث) جھوٹ- دغا-
چھل- دو رنگی بات- دو کال (مذکر) دو عالم- دو
جہان- دو کانوں میں سر کر دونگا- بچوں کو ڈراتے
ہیں- دو کاک (مذکر) آنکھوں کی پتلیاں- دو کرنا
(متعدی) کاٹ دینا- دو حصے کرنا- دو ٹکڑے کرنا-
دو کسی (صفت) دو شخصوں کے لائق- دو کسے
(مذکر) دو شخص- دو کعبتیں (مذکر) چاند اور سورج-
دو کلا (مذکر) ۱ بیڑیاں پاؤں کی ۲ دو کنڈی کا تالا-
دو کوڑیاں نہ ملنا (نصیب ہونا) (لازم)
کچھ نہ ملنا- دو کوڑی کا (صفت) بے وقعت-
ہلکا- دو کوڑی کا آدمی (مذکر) بے وقعت
شخص ہونا- آدمی- دو کوڑی کو نہ پوچھنا (لازم)
بالکل خاطر میں نہ لانا- بالکل نہ پوچھنا- دو کوڑی
کی آبرو (بات) کر دینا (متعدی) ذلیل کر دینا-
بے عزت کر دینا- دو کوڑی کی حیثیت نہ ہونا
(لازم) سخت مفلس ہونا- بے وقعت ہونا- دو
کوڑی کی عزت ہو جانا (لازم) بے عزتی ہونا-
دو کونیا (مذکر) ایک قسم کا پتنگ- دو کوہا یا کوہانہ
(صفت) دو کوہان والا اونٹ- دو گاڑا (صفت)
۱ دوگنا- دوبار- دوہرا ۲ (مذکر) دونالی بندوق ۳
دو گولیاں (لگنا مارنا کے ساتھ) دوگانہ (مذکر)
دیکھو دوگانہ- دو گز زمین (مونث) قبر- دو گز
کفن (مذکر) کفن کا کپڑا (دنیا کے ساتھ) دو گنڈی
جیتی (مذکر) ۱ وہ جو ادھر کی ادھر لگائے- فسادی ۲ دلال
(یہ محاورہ ایک کھیل سے لیا گیا ہے جسکو چیچی یا املی کے
بیج کے ساتھ جنہیں گھسکر ایک طرف نشان کئے ہوئے
ہوں- کھیلتے ہیں- جس بیج پر بے ایمانی کے لئے دونوں
طرف نشان ہوں انہیں دو گنڈی کہتے ہیں) دو
گنگ (مذکر) جو دو دھار ہو کر چلے (دریا) دو گوشی
(مونث) ۱ ایک قسم کی پگڑی جس کے دو شملے ہوں ۲
دو دستی لوٹا- دو گونہ (صفت) ۱ دو قسم کا ۲ دونوں
حال- دو گوہر (مذکر) عقل اور روح- دو گھروں
کا چراغ (مذکر) دو گھروں کی آبادی اور رونق کا
باعث- ددھیال اور ننھیال میں ایک ہی لڑکا- دو
گھڑ (مذکر) دو گھڑے اوپر نیچے رکھے ہوئے- اگر دائیں
طرف ملیں تو ہندو بڑا اچھا شگون سمجھتے ہیں- دو گھڑی
(مونث) تھوڑی دیر- دو گھڑی بجنا (لازم) رات کے
دو بجے کا گھنٹہ یا توپ چلنا- دو گھڑی دن (رات)
رہنا (لازم) تھوڑا سا دن (رات) باقی رہنا- دو
گھڑی دن رہے- تھوڑا سا دن باقی رہے- دو
گھڑی کا تڑکا (مذکر) صبح کاذب- دو گھڑی

کی واہ واہ (مونث) تھوڑی دیر کی تعریف
دو کنبی (مونث) جہان۔ دولاوا (صفت) ۱
دو رسیوں والا ۲ (مذکر) وہ کواں جسپر دو مال پڑیں۔
دولائی (مونث) ایک اوپر لینے کا دوہرا کپڑا جسکے
دو پرت مختلف قسم کے ہوتے ہیں اور بعض دفعہ پتلی
سی روئی بھری ہوتی ہے۔ دولتی (مونث) چوپائے
خصوصاً گھوڑے یا گدھے کا دونوں پچھلی ٹانگیں اٹھاکر
مارنا۔ دولتی پھینکنا۔ جھاڑنا۔ چلانا لگانا یا
مارنا (متعدی) چلنا یا لگنا (لازم) ۱ لاتیں لگنا۔
لاتیں چلنا ۲ لڑائی ہونا۔ دولڑ یا لڑا (صفت)
۱ دو دھاگوں والا ۲ دو قطاروں والا ۳ دو رنگا۔ لگائی
بجھائی کرنے والا ۴ (مذکر) ہار جس کی دو لڑ ہوں ۵
کمربند جس کی دو قطاریں یا بند ہوں ۶ کپڑا جو دو پٹ کا
بنایا جائے۔ دو لگانا (متعدی) دو جوتے مارنا۔
دولو (صفت) دگنا۔ دہرا۔ دولوہ یا لوہی (صفت)
جس میں دو لوہے کی پلیٹیں ہوں۔ دو ماہہ (مذکر)
دو مہینے کی تنخواہ۔ دومٹ (مونث) دومٹی کا مخفف۔
وہ زمین جس میں مٹی اور ریت ملی ہوئی ہو۔ دوٹیکار
(ھ) برہمنوں کی ایک گوت۔ دو مرجان (مذکر)
معشوق کے ہونٹ۔ دو مغز (مذکر) بادام۔ دو مغزہ
(صفت) موٹا۔ فربہ۔ دو منزلہ (مذکر) دو چھت کا
مکان۔ دو منہا (مذکر) منہی یا موہی (رسی)
(مونث) سانپ دو منہ والا۔ دو منہ ہنس (بول)
لینا (لازم) تھوڑا سا ہنس لینا (بیگمات)۔ دو میخ
(مذکر) قطبین۔ دو میناۓ طرب (مذکر) شراب کا
پیالہ۔ دونالی (مونث) وہ جس کی دو نالیاں ہوں
(بندوق)، دونالی چھتیانا (متعدی) بندوق چلانے
کے لئے چھاتی پر رکھنا ۲ لڑنے کے لئے تیار ہو جانا۔
دونان رنگین۔ گرم و سرد یا فلک (مذکر)
سورج اور چاند۔ دو نوالے (مذکر) تھوڑی سی
خوراک۔ دونوں (صفت) ہر دو۔ دونوں
آنکھیں برابر ہیں۔ دونوں فریق میں سے کسی کو ترجیح
نہیں دی جاسکتی۔ دونوں بازو (مذکر) کہاروں
کی اصطلاح۔ جانبین۔ دونوں پلے برابر ہونا
(لازم) دونوں ایک جیسے ہونا کسی میں کمی بیشی نہ ہونا
دونوں ٹانگوں میں سر کر دینا (متعدی) سزا
دینا۔ ٹھیک بنانا۔ دونوں جہان سے جانا (لازم)
کھونا (متعدی) کہیں کا نہ رکھنا۔ دونوں جہان
میں بھلا ہو (دعا) دین و دنیا میں بہتری ہو۔ دونوں

جہان میں منہ کالا ہو (بددعا) دنیا و عاقبت
میں رسوا ہو۔ دونوں طرف (مذکر) ۱ فریقین ۲
(تف) ہر دو جانب۔ دونوں فریق (مذکر) فریقین
مقدمے کے دونوں طرف کے آدمی۔ دونوں سے
دونوں (صفت) دونوں۔ دونوں بیٹھے (تف)
ہر طرح فائدہ۔ دونوں وقت ملنا (لازم) شام
ہونا۔ جھٹ پٹا ہونا۔ دونوں وقت ملتے یا
ملے (تف) شام کے وقت۔ دونوں ہاتھ تالی
بجانا (متعدی) یا بجنا (لازم) ہر دو فریقین کی مرضی
سے جھگڑا یا لڑائی ہونا۔ دونوں ہاتھ سے سلام
کرنا (متعدی) ۱ نہایت تعظیم کرنا ۲ بیزاری ظاہر کرنا۔
دونوں ہاتھ سے سلام لینا (لازم) ۱ عاجزی
ظاہر کرنا ۲ چھیڑ چھاڑ کرنا۔ دونوں ہاتھوں سے
پگڑی (دستار) تھامنا (لازم) بہت کوشش سے
عزت بچانا۔ دونوں ہاتھوں سے کلیجہ تھام
لینا یا تھامنا (متعدی) صبر کرنا۔ بہت ضبط کرنا۔
دو نیم (صفت) دو ٹکڑے (کرنا ہونا کے ساتھ) دو
ورقہ (مذکر) ۱ دو ورق ۲ دو ورق کا رسالہ یا کتاب
دو ورقی (مونث) ۱ چھوٹی سے کتاب ۲ فرج (عف)
دو ورقی کا سبق پڑھنا (لازم) عیاشی کرنا۔ زنا کرنا
دو وقت ملنا (لازم) شام ہونا۔ دو وقتہ (صفت)
دونوں وقت۔ صبح شام۔ دو وقتی اذان (مونث)
صبح شام کی اذان۔ دوہا (مذکر) ہندی بیت۔ دو
ہاتھ (صفت) قریب۔ دو ہاتھ کے فاصلے پر۔ دو ہاتھ
اچھل پڑنا (لازم) ۱ خوش ۲ ناراض ہونا۔ دو ہاتھ
اچھلنا (لازم) ۱ سخت بیتاب ہونا۔ بہت تڑپنا۔
دو ہاتھ چلنا (لازم) تھوڑی سی لڑائی ہونا۔ دو
ہاتھ کا کلیجہ ہو جانا (لازم) حوصلہ بڑھ جانا۔ عزت
بڑھ جانا۔ دو ہاتھ کی رسی (مونث) پھانسی۔
دو ہاروت کافر (مذکر) معشوق کے کان کے آویزے۔
دو ہاجن (مونث) بیوہ جو دوسرا نکاح کرلے۔ دو
ہاجو (مذکر) رنڈوا یا رانڈ جو دوسری شادی کرے۔
دوہان (مذکر) دو سالہ بچھڑا۔ دوہائی (مونث)
دیکھو علیحدہ۔ دوہتڑ یا ہتھڑ (مذکر) دو ہاتھ جو
اپنے یا کسی کے سینے یا منہ پر مارے جائیں (جڑنا مارنا
کے ساتھ)، دوہتڑ (ہتھڑ) چلنا (لازم) ماتم
ہونا۔ دوہتڑ تلوار (مونث) دو دستی تلوار (چلانا
مارنا کے ساتھ) دوہتڑ مارنا (متعدی) دونوں ہاتھوں
سے مارنا۔ دوہتی (صفت) دونوں ہاتھ سے۔ دوہر

(مونث) ۱ دوہری چادر۔ دولائی ۲ دریا کی قدیم تہ ۲
وہ اسامی جس میں دو فصلیں ہوں۔ دوہرا (صفت)
دیکھو علیحدہ۔ دوہمزاد (مذکر) توام۔ دو ہندوئے
چشم (طفل) (مذکر) آنکھوں کی پتلیاں۔ دو
ہو جانا یا ہونا (لازم) ۱ دو ٹکڑے ہونا ۲ قتل ہونا۔
دوئی (مونث) ۱ غیریت ۲ دو سمجھنا ۳ دو ہونا ۴
جوڑا ہونا ۵ دوسرا شخص ۶ جدائی۔ ان بن۔ جھگڑا۔
دوئی ڈالنا (متعدی) لڑائی کرا دینا۔ دوئی کا
پردہ اٹھ جانا (لازم) غیریت مٹ جانا۔ ایک
ہو جانا۔ دویم (صفت) دوسرا (اردو میں غیر فصیح
سمجھا جاتا ہے)۔

امثال و اقوال

دو آدمیوں
کی گواہی سے پھانسی ہوتی ہے۔ دو آدمیوں
کی بات کا بڑا اثر ہوتا ہے۔ دو بادشاہ در اقلیمے
نہ گنجند۔ دو بادشاہ ایک ملک میں نہیں رہ سکتے
دو زبردست شخصوں میں ہمیشہ فساد ہوتا ہے۔
دو پیالے پی تو لیں۔ حرمزدگی تو پیٹ میں
ہے۔ دل میں کھوٹ ہے اور پھر بھی فائدہ اٹھاتے
ہیں۔ دو جورو کا خصم چوسر کا پاسہ۔ دو جورو کا
خاوند ہمیشہ تکلیف میں رہتا ہے۔ دو چون کے
کبھی برے ہوتے ہیں۔ اتفاق سے دو کمزور
بھی زبردست ہو جاتے ہیں۔ دو چھریاں ایک
میان میں نہیں رہتیں ۱ ایک جگہ دو ہمسروں کا
گزارہ نہیں ہو سکتا ۲ ایک ملک میں دو راجہ نہیں
رہ سکتے ۳ ایک شخص کی دو بیویاں ہمیشہ لڑتی رہتی
ہیں ۴ ایک عورت کے دو خاوند نہیں ہو سکتے۔ دو
خصم کی جورو چوسر کی گوٹ ۱ ایک عورت کی
کئی بھائیوں کے ساتھ شادی ہندوستان کی قدیم رسم
تھی اس کی طرف اشارہ ہے ۲ جس عورت کا تعلق
دو آدمیوں سے ہو وہ عموماً ماری جاتی ہے۔ دو دن
بہار دس دن پت جھاڑ۔ عیش کم تکلیف زیادہ۔
دو دو دانے کو محتاج ہے۔ نہایت مفلس ہے۔
دو رکابہ گھوڑا بخشی کا داماد۔ جو شخص بڑے
آدمی کے زیر سایہ ہو نہایت اکڑ سے رہتا ہے۔ دو
سے تین بھلے (ہوتے ہیں) مشورے کے لئے
جتنے آدمی زیادہ ہوں اچھے ہیں۔ دو قصائیوں
میں گائے مردار۔ تکرار میں کام خراب ہوتا ہے۔
دو کشتی لڑیں گے تو ایک گرے ہی گا۔
مقابلے میں ایک کو نیچا دیکھنا ہی پڑتا ہے۔ دو کشتی میں

پاؤں نہ رکھئے۔ یکسوئی سب سے بہتر ہے۔ **دو کوڑیاں حضرت فقیر شکر گنج کی نیاز** تھوڑی پونجی پر بڑا حوصلہ۔ **دوگونہ عذاب است جان مجنوں را۔ بلائے صحبتِ لیلیٰ و فرقتِ لیلیٰ** ۔ ہر طرح مصیبت ہے نہ چھوڑتے ہی بنتی ہے نہ ملتے ہی بنتی ہے۔ **دو گھر مسلمانی تس میں بھی آنا کانی**۔ مسلمانوں کی نااتفاقی کی طرف اشارہ ہے۔ جہاں دو مسلمان ہوں تو وہ بھی آپس میں لڑتے رہتے ہیں۔ **دو گھڑی کی بے حیائی سارے دن کا آدھار**۔ انسان ذرا سی بے مروتی میں بہت سے نقصان سے بچتا ہے۔ **دو لڑتے ہیں تو ایک گرتا ہے** دیکھو دو کشتی لڑیں گے الخ۔ **دو مٹی کے کبھی برے** دو کمزور بھی ایک پر غالب آجاتے ہیں۔ **دو مُلّا میں مرغی حرام**۔ بہت سے آدمی ایک کام کرنے لگیں تو کام خراب ہوجاتا ہے۔ **دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا**۔ تیسرا آدمی مخل صحبت ہوتا ہے خصوصاً جب عاشق و معشوق اکٹھے ہوں۔ **دو میانوں میں ایک چھری**۔ دیکھو دو بیویوں کا خاوند۔ **دونوں بیر جو کھوئیں پھیرے تین کال جو کھائے۔ سدا نروگی چنگا رہے۔ جو پراتے اٹھ نہائے** جو شخص صبح شام سیر کرے۔ تین وقت کھائے اور صبح نہائے ہمیشہ تندرست رہتا ہے۔ **دونوں بیری دین کے رنگھڑ اور شیطان۔ برا کرادیں اور سے اور آپ برے سے کام**۔ مسلمانوں کا پچھڑو پر طنز ہے۔ خود بھی برا کام کرتے ہیں اور اوروں سے بھی کراتے ہیں۔ **دونوں دین سے گئے پانڈے نہ حلوا ملا نہ مانڈے**۔ بہتر چیز کے لالچ میں جو ملتا تھا وہ بھی جاتا رہا۔ جو بہت لالچ کرے اسے کچھ بھی نہیں ملتا۔ **دونوں کھوئے جوگیا۔ مُدرا اور آدیس**۔ جوگی شادی کرے تو دنیاداری کے جھگڑوں میں پڑ کر اس کی قدر جاتی رہتی ہے۔ جوگ بھی گیا قدر و منزلت بھی گئی۔ **دونوں وقت ملتے نہیں سیتے سورج کی آنکھ پھوٹ جائے گی** عورتوں میں یہ خیال ہے۔ **دونوں ہاتھ سے تالی بجتی ہے**۔ جب تک دونوں فریق لڑنے کے لئے تیار نہ ہوں لڑائی نہیں ہوتی۔ **دونوں ہاتھوں سے پگڑی سنبھالنی پڑتی ہے**۔ بڑی مشکل سے عزت بچتی ہے یا گزارہ ہوتا ہے۔ **دونوں ہاتھوں سنبھالی نہیں سنبھلتی**۔ بڑی مشکل سے عزت بچتی ہے یا گزارہ ہوتا ہے۔ **دو ہی بات میں ہار جیت ہے**۔ بہت ہی جلد فیصلہ ہوتا ہے۔ **دو ہی بات ہار یا جیت**۔ کامیابی یا ناکامیابی تیسری بات اور کوئی نہیں ہوتی۔ **دونوں ہاتھوں سے تھامئے پگڑی (دستار) شیخ صاحب زمانہ نازک ہے**۔ اب زمانہ اور طرح کا ہے۔ اپنی عزت کا آپ ہی خیال رکھنا چاہئے۔ **دو ہی چیز ہیں بیٹا یا بیٹی**۔ جس کے گھر بیٹی پیدا ہو۔ اس کی تسلی کے لئے کہتے ہیں۔ **دو ہی چیز ہیں ہار یا جیت**۔ جو ہار جائے اس کی تسلی کے لئے کہتے ہیں۔

دُو (ف۔ عدد) دو۔ **دوبدو** (تف) ۱ آمنے سامنے۔ مقابل ۲ آپس کی گفتگو (کرنا کرنا ہونا کے ساتھ)۔ **دو بدو بات کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) آمنے سامنے بات کرنا۔ **دو بدو ہو کر باتیں کرنا** (متعدی) نڈر ہونا۔ بالکل خوف نہ کھانا۔

دُو (س۔ عدد) بجائے دس کے مرکبات کے شروع میں استعمال ہوتا ہے۔ **دوداس** (صفت) لامذہب۔ **دوروہن** (مذکر) ایک شعر کو پڑھنے کے سات مختلف طریقے۔

دَوا (ع۔ مونث) ۱ وہ چیز جو بیماری کو اچھا کرنے کے لئے تجویز کی جائے۔ دارو ۲ علاج۔ معالجہ۔ درماں (دینا کرنا۔ ہونا وغیرہ کے ساتھ) **دوا آنا** (لازم) دوا یا علاج معلوم ہونا۔ **دواء المسک** (مونث) ایک معجون مقوی قلب کا نام جس کی کئی قسمیں ہوتی ہیں مثلاً بارد۔ حار۔ معتدل۔ وغیرہ۔ **دوا بنانا** (متعدی)، **بننا** (لازم) ترکیب کے مطابق دوا تیار ہونا۔ **دوا پذیر** (صفت) دوا کا اثر قبول کرنے والا۔ **دوا پینا** (متعدی) دوا حلق سے نیچے اتارنا۔ **دواخانہ** (مذکر) ۱ شفاخانہ ۲ دوائیوں کا کمرہ ۳ دوائیوں کی الماری ۴ دوائیوں کی دوکان۔ **دوا دافع بیہوشی** (مونث) وہ دوائی جو بیہوشی کو رفع کرے۔ **دوا دارو یا دارمن** (مذکر) ۱ علاج۔ معالجہ ۲ دوائی کی استعمال ۳ دوا دارو (کرنا ہونا کے ساتھ) **دوا دینا** (متعدی) ۱ دوا پلانا ۲ طبیب کا دوا تجویز کرنا۔ **دوا راس آنا یا ہونا** (لازم) دوا کا موافق ہونا۔ **دوا کا منہ نہ دیکھنا** (لازم) دوائی نہ پینا۔ علاج سے پرہیز کرنا۔ **دوا کرنا** (متعدی) علاج کرنا۔ **دوا کو (بھی) نہ ملنا۔ دوا کے لئے نہ ملنا یا میسر نہ ہونا** (لازم) کسی چیز کا بالکل نہ ملنا۔ **دوا کھانا** (متعدی) دوا نوش کرنا۔ **دوا لگانا** (متعدی) دوا کا ضماد کرنا۔ **دوا لگنا** (لازم) دوا کا اثر کرنا۔ **دوا نکالنا** (متعدی)، **نکلنا** (لازم) تدبیر نکلنا۔ علاج نکلنا۔ **دوائی** (مونث) دوا۔

امثال واقوال۔ دوا اور دعا

دوا اور دعا دونوں۔ دعا بہت اچھی چیز ہے۔ مگر دوا بھی ساتھ ہی ہونی چاہئے۔ **دوا کے لئے ڈھونڈو تو نہیں ملتی**۔ بہت نادر یا ناقابل حصول چیز ہے۔ **دوا کی دوا غذا کی غذا**۔ غذا بھی ہے اور دوائی کا اثر بھی رکھتی ہے۔

دِوا (ہ۔ مذکر) دیوا کا مخفف۔ چراغ۔ (س: دیپک) **دواسلائی** (مونث) دیا سلائی۔

دِوا (س۔ مذکر) ۱ دن ۲ دن کی روشنی ۳ آسمان ۴ (تف) دن کو۔ **دواکر** (مذکر) ۱ سورج ۲ کوا ۳ ایک آدتیہ۔ **دواکر سوت** (مذکر) "سورج کا بیٹا" سنیچر۔ زحل۔ **دواکر ستا** (مونث) "سورج کی بیٹی" دریائے جمنا کا لقب۔

دُوا (ہ۔ مذکر) ۱ دُکی۔ تاش کا وہ پتا جس پر دو نشان ہوں ۲ قمار بازی کے ایک داؤں کا نام ۳ (صفت دوکا (دوسے)۔

دَوابّ (ع۔ مذکر) دابّہ کی جمع۔ چوپائے۔ مویشی۔

دَواپر (س۔ مذکر) ۱ وہ پاسہ یا پاسے کا پہلو جس پر دو نشان بنے ہوں ۲ "دو" زمانہ جس میں عدد ۲ آتا ہے" تیسرا جگ جس کے ۸۶۴۰۰۰ سال ہیں ۳ شبہ۔ شک۔

دَوات (ف۔ مونث) ۱ سیاہی ڈالنے کا ظرف ۲ چانڈو پینے کی چلم (دَوَی۔ بیمار ہونا)۔ **دوات آشور** (مذکر) وہ لکڑی جس سے صوف کو ہلاتے ہیں۔ **دوات چلانا** (متعدی) دوات کی روشنائی کو ہلانا۔ **دوات خانہ** (مذکر) قلمدان میں وہ خانہ جس میں دوات رکھتے ہیں۔ **دوات دار** (مذکر) حضور نویس۔ سکرٹری آف سٹیٹ۔ **دوات قلم**۔ نقد کچھ نہیں۔ صرف ساکھ ہی ہے۔

دوادش (س۔ صفت) ۱ بارھواں ۲ بارہ۔ بارہ کا۔ **دوادشی** (مونث) نصف قمری مہینے کی بارھویں تاریخ۔

دوادو۔ دوادوش (ف۔ مونث) (ف۔ مونث) دوڑ دھوپ۔ تگ و پو۔ کوشش (کرنا ہونا کے ساتھ)۔

دَوار (ھ - مذکر) جنگل کا دشمن آگ جو جنگل میں لگ جائے۔

دَوار (ف - صفت) ۱ گردش کرنیوالا ۲ پھرنے والا ۳ بدلنے والا۔

دُوار (س - مذکر) ۱ دروازہ ۔ در ۲ داخلے کا رستہ ۔ پھاٹک ۔ رستہ ۳ طریقہ ۔ موقعہ ۴ ذریعہ وسیلہ ۔ واسطہ ۵ مسام ۶ ایک گندھرو کا نام دوارب

دوار پالک (مذکر) دربان۔

مثل - دوار دھنی کے پڑ رہیے اور دھکے دھنی کے کھائیے - امیر آدمیوں کے در کو نہ چھوڑئے۔ چاہے دھکے ملیں - آخر کچھ نہ کچھ فائدہ ہو ہی رہے گا۔

دُوارا (ھ - مذکر) ۱ دیکھو دوار ۲ ذریعے سے - وسیلے سے - دواراوتی (مونث) دوارکا

دُوارِک (س - مذکر) ۱ دربان ۲ راجہ کا دربان - دوارِکا (مونث) سرپا کے ۱۰ اپرسنا میں سے ایک کا نام -

دَوازدَہ (ف - صفت) بارہ -

دوازدہ امام (مذکر) دیکھو بارہ امام - دوازدہ جوزک - کوشک یا برج (مذکر) بارہ بہادروں کی جنگ جس کا ذکر شاہنامہ میں آتا ہے - دوازدہ ماہی رخصت مل گئی - موقوف ہوگیا -

دواسا (ہ - صفت) کہاروں کی اصطلاح - دونوں جانب اونچا۔

دِوال (ہ - صفت) ۱ دینے والا ۲ دنیا سے) دوال نہ ہونا (لازم) نادہند ہونا۔

دُوال (ف - مذکر) ۱ تسمہ - رکاب کا تسمہ - نقارہ بجانے کا تسمہ ۲ دھوکا - دغا ۳ چکتی ہوئی تلوار ۴ زمرہ - اردو میں معنی ۱ میں استعمال ہوتا ہے -

دوال بند (صفت) تسمہ باندھنے والا مجازاً سپاہی (مت) دوال پا (مذکر) ٹھگ - ایک قوم جس کی ٹانگیں بہت پتلی ہوتی ہیں اور اپنے آپ کو بیمار ظاہر کرکے مسافروں کے کندھوں پر سوار ہو کر ان کا گلا ٹانگوں سے گھونٹ ڈالتے تھے - دوال دینا (متعدی) نقارے پر تسمہ مارنا - دوال شمشیر (مذکر) تلوار کا تسمہ - دوال کمر (مذکر) پیٹی - دوال نعلین (مذکر) جوتے کا تسمہ - دوالی (صفت) وہ سپاہی جو تسمہ لگائے ۲ (مذکر) تسمہ - دوالی بند (صفت) سپاہی -

دِوالا (ہ - مذکر) ۱ جس شخص کا قرضہ جائداد سے بہت زیادہ ہو جائے اور اس میں ادائیگی کی طاقت نہ رہے تو وہ درخواست اس مضمون کی عدالت میں دیدیتا ہے اسکی جائداد کو بیچ کر قرضخواہوں کو حصہ رسدی روپیہ دیدیا جاتا ہے یہ دوالا ہے ۲ گھاٹا - ٹوٹا - خسارا (چونکہ آگے دستور تھا کہ ایسا شخص دن میں چراغ جلا دیتا تھا - اس لئے یہ نام ہوا) دوالا پیٹنا (متعدی) پٹنا (لازم) دوالا نکل جانا - نکال دینا یا نکلنا - (متعدی) قرض کی ادائیگی کے ناقابل ہو کر دوالے کی درخواست دیدینا ۲ زیربار کرنا دوسرے کو - بہت خرچ کرادینا - دوالا نکل جانا (لازم) ۱ دیکھو دوالا نکالنا ۲ سخت نقصان ہونا - دوالی (ف - مذکر) ایک جرنیل جس کے ساتھ سکندر نے ملکہ نوشابہ کی شادی کردی تھی -

دِوالی (ہ - مونث) ۱ دیویوں کی قطار ۲ ہندوؤں کا ایک تیوہار جو کاتک کی پندرہ تاریخ کو کارتک بدھ کے دیوتا کی یادگار میں ہوتا ہے - اس دن ہندو کسی دریا یا مقدس تالاب میں نہا کر مکلف لباس پہنتے ہیں اور خیرات کرتے ہیں - رات کو چراغ جلاتے ہیں - لچھمی کی پوجا کرتے ہیں اور جوا کھیلتے ہیں - دوالی بھرنا (متعدی) دوالی کی پوجا کرنا اور مٹھائی چڑھانا - دوالی کی کلھیا (مونث) مٹی کی کلھیا جسے دیوالی میں رنگین بناتے ہیں - دوالی منانا (متعدی) دوالی کے دن جوا کھیلنا - امثال وغیرہ دیکھو دیوالی کے تحت میں -

دِوالیا (ہ - صفت) ۱ وہ جو دوالا نکال دے ۲ مفلس - ٹٹ پونجیا -

دَوالیب (ع - مذکر) دولاب کی جمع - پہیے -

دِوالیں (اردو - مونث) انگیا کی کٹوریوں کے نیچے کے ٹکڑے (بیگمات) -

دَوام (ع - مذکر) ۱ ہمیشگی - مداومت ۲ (تف) ہمیشہ - مدام (دَوَم - ہمیشہ رہنا) دوامی (صفت) ہمیشہ کے لئے - دائمی - دوامی بندوبست (مذکر) وہ مالگذاری کی تشخیص جو ہمیشہ کے لئے ہو جیسے بنگال میں -

دَوال (ف - صفت) ۱ دوڑتا ہوا ۲ بھاگتا ہوا ۳ حیران - سرگرداں - دوال دوال (تف) دوڑتے ہوئے -

دِوانا (ھ) دوانہ (ہ) دیوانہ

دوانا پن - دوانپن - دوانپنا (ھ) دیوانگی

دوانگ (ہ - مذکر) تلوار ڈھال کی اصطلاح - تلوار اور سپر لے کر یا گھوڑے پر سوار ہو کر جنگ کرنا -

دَواوین (ع - مذکر) دیوان کی جمع -

دوائر (ع - مذکر) دائرہ کی جمع -

دوائر متوازی خط استوا (مذکر) وہ دائرے جو خط استوا کے متوازی کھینچے جاتے ہیں - یہ مقامات کی جگہ معین کرنے کے کام آتے ہیں - دوائر ہم مرکز (مذکر) وہ دائرے جن کا مرکز ایک ہو -

دُوب (ہ - مونث) ایک قسم کی گھاس جو گھوڑوں کو کھلائی جاتی ہے یا کھیلوں کے میدانوں میں لگاتے ہیں - (س دُروا) دوبیا (صفت) ۱ گھاس کا ۲ ایک قسم کا سبز رنگ -

دُوبر - دُوبرا (ھ - صفت) دیکھو دربل اور دبلا -

مثل - دوبر بہار اور کو بڑ بہارو کمزور آدمی کے لئے معمولی باتیں بھی تکلیف دہ ہوتی ہیں -

دُوبڑ گھسڑو - دوبڑو گھسڑو (ھ - صفت) ۱ کمزوری کی وجہ سے کھسک جانیوالا ۲ ضعیف - کمزور - ناچیز ۳ (مذکر) کمزور شخص -

دُوبھر (ہ - صفت) ۱ دشوار - مشکل ۲ ناگوار ۳ (مذکر) بوجھ - دکھ - مشکل - کٹھن (کر دینا - کرنا - ہو جانا - ہونا کے ساتھ) (س دُربھر) -

دُوبھک (ھ - مونث) قحط - خشک سالی -

دوپتا (ھ - صفت) حاملہ -

دوپیازہ (پ) ملا عبدالمومن بن ولی محمد - اکبر کا جلیس خاص تھا - بذلہ سنجی اور لطیفہ گوئی میں مشاق تھا - بیربل کے ساتھ اکثر نوک جھوک رہتی تھی - مصنف اتراک عالمگیری - انشا نامہ وغیرہ - بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اس نام کا کوئی شخص نہیں ہوا - انشا نامہ جعفر زٹلی کی کلیات میں بھی دیا ہوا ہے -

دُوت (س - مذکر) ۱ قاصد - ایلچی ۲ پیغامبر ۳ دلال ۴ ایک فرشتہ جو خدا اور انسان کے درمیان پیغام پہنچاتا ہے ۵ مخبر - جاسوس - دوتائی

(ھ۔مونث) ۱ پیغام۔سندیسا ۲ قاصد کا عہدہ۔
پیشہ یا نوکری۔ **دوتپن** (مذکر) ۱ قاصد کی حالت۔
۲ جاسوسی۔مخبری ۳ شرارت۔لگائی بجھائی۔ **دوتی**
(ھ) **دوتی** (مونث) ۱ عورت قاصد ۲ دلالہ۔کٹنی۔
نائکہ ۳ شرارتی عورت۔ لگائی بجھائی کرنے والی
عورت۔

دُوت (ہ۔مونث) ڈانٹ۔
دوت دبک (مونث) ڈانٹ ڈپٹ (بتانا
کرنا کے ساتھ)۔

دُوتَک (س۔مذکر) ۱ اگنی کا
نام بحیثیت بن کی آگ کے ۲ قاصد۔ایلچی۔

دَوِتو (س۔مذکر) ۱ دوہراپن۔
تضاعف ۲ دوہرانا۔ **دوتو کرنا** (ھ۔متعدی)
۱ دگنا کرنا۔دوہرا کرنا ۲ دوہرا۔

دوتھائیں (ھ۔مذکر) صبح۔
دن۔

دُوتیا (ھ۔صفت) ۱ دوسرا (مذکر)
مفعول۔

دَوِتیا (س۔مونث) ۱ استری
جکی شادی بموجب ویدوں کے ہوئی ہو ۲ دوج۔

دُوج (ھ۔مونث) قمری نصف
مہینے کی دوسری تاریخ۔ **دوجا** (صفت) اور۔دوسرا۔
ثانی۔ **دوجیر** (مذکر) وہ شخص جس نے دوبارہ شادی
کی ہو۔

دوجھا (ھ۔صفت) ۱ وہ جس نے
دوسری عورت سے شادی کی ہو ۲ (مذکر) دوجبر۔

دوخت (ف۔مونث) ۱ سلائی
سیون۔(کرنا ہونا کے ساتھ) (دوختن سینا) **دوختہ**
(صفت) ۱ سیا ہوا ۲ جمی ہوئی (نظر آنکھ) (دوختن
سینا)۔

دُود (ف۔مذکر) ۱ دھواں۔دخان
۲ دھند۔کہار۔غبار ۳ بخارات۔بھاپ۔سانس۔
۔۔: آسا۔صفت۔دھوئیں کی طرح۔ **دود آہ**
(مونث) ٹھنڈی سانس۔ **دود آلود** (صفت)
۱ دھواں دیا ہوا۔خوشبو دیا ہوا ۲ (ہند) ایک شہر
اور ایک دریا۔ **دود افگن** (مذکر) ایک قسم کا جادوگر۔
دود افگنی (مونث) ۱ دھواں کرنا یا پھینکنا ۲ جادو
گری۔ساحری۔ **دود چراغ** (مذکر) دئے کی سیاہی۔
دود جگر۔ دل یا دم (مذکر) آہ۔ **دودخانہ** (مذکر)
گھر۔خاندان۔نسل۔ **دودخوار** (مذکر) ۱ پروانہ۔
۲ دھواں نکلنے کا سوراخ ۳ ایندھن ڈالنے والا شخص۔
۴ حقہ پینے والا شخص۔ **دودِ دماغ** (مذکر) ۱ غرور۔
تکبر۔ **دودکش** (مذکر) دھواں نکلنے کا سوراخ۔
چمنی۔ **دودمان** (مذکر) ۱ بڑا قبیلہ۔خاندان۔کنبہ۔
۲ نسل۔قوم ۳ خوشبو۔ **دودہ** (مذکر) ۱ قوم۔قبیلہ
۲ خاندان۔کنبہ ۳ چمنی ۴ بڑا لڑکا ۵ گول جھونپڑی ۶
چراغ کی سیاہی۔کاجل۔ **دودی** (مونث) ۱
(طب) ایک قسم کی چال نبض کی۔نزع کے وقت
آہستہ آہستہ کم ہوتی جاتی ہے ۲ آگ جو غریب لوگ
یا قلندر جلائیں۔ **دودی جہاز** (مذکر) اسٹیمر۔

دُودنا (ھ۔لازم) مکرنا۔انکار کرنا۔
پلٹنا۔

دُودھ (ہ۔مذکر) ۱ وہ سفید رنگ
سیال چیز جو مادہ کے پستانوں سے نکلتی ہے اور جس سے بچے
پرورش پاتے ہیں ۲ درخت یا پودے کا گاڑھا عرق ۳
کوئی سفید ۔۔۔ ۴ نسل۔قوم۔خاندان۔ذات
(س دُگدھ ۔۔۔) **دودھا** (مذکر) ایک قسم کا
چاول۔ **دودھا دھاری ہے**۔بڑی ہمت والا
ہے۔ **دودھار** (صفت) دیکھو دودھار۔ **دودھا
بھاتا** (مذکر) ایک رسم جس میں دولھا اور دولھن ایک
برتن میں دودھ چاول اور شکر ملا کر کھاتے ہیں۔ **دودھ
اتارنا** (متعدی، اترنا (لازم) دودھ پیدا ہونا۔
دودھ کا تھن یا پستان میں آجانا۔ **دودھ اگلنا** (متعدی)
بچوں کا دودھ منہ سے نکالنا۔ **دودھ بچا کر** (لف)
دودھ کا رشتہ چھوڑ کر۔ **دودھ بخشنا** (متعدی) دودھ
پلانے کا حق معاف کرنا۔ **دودھ بڑھا دینا یا بڑھانا**
(متعدی) بچے کا دودھ چھڑانا۔ **دودھ بڑھائی**
(مونث) بچوں کا دودھ چھڑانے کی رسم۔اس کے بعد
بچے کو دودھ نہیں پینے دیتے اور چوچیوں کو کوئی کڑوی
چیز لگا دیتے ہیں۔ **دودھ بڑھنا** (لازم) ۱ دودھ
زیادہ ہونا ۲ دودھ چھوٹنا۔ **دودھ پڑنا** (لازم)
اناج میں رس پیدا ہونا۔ **دودھ بھاتی** (مونث)
۱ دیکھو دودھا بھاتی ۲ دودھ چاول۔ **دودھ بھائی**
(مذکر) وہ اشخاص جنہوں نے ایک ماں کا دودھ پیا ہو
برادر رضاعی **دودھ بھر آنا** (لازم) مادری محبت
کی وجہ سے چھاتیوں میں دودھ اتر آنا۔مادری محبت کا
جوش ۔۔۔ **دودھ بھری کٹوریاں** (مونث)
دودھ کی بھری ہوئی چھاتیاں (بچوں کی زبان) **دودھ
بہن** (مونث) وہ لڑکی جس نے کسی بچے کے ساتھ ایک
ہی عورت کا دودھ پیا ہو۔رضاعی بہن۔ **دودھ پڑنا**
اناج میں رس پڑنا ۲ چیچک کے دانوں میں پیپ پڑنا۔
دودھ پلانا (لازم) ۱ بچے کو شیر دینا یا دودھ چسانا۔
دودھ پلائی (مونث) ۱ دایہ ۲ وہ نقدی جو دولھا کو
دولھن کے گھر سے ساچق کے روز آتی ہے۔یا دولھن
کے رشتے دار دولھا کو دیتے ہیں۔ **دودھ پوت**
(مذکر) دھن دولت۔آل اولاد۔ **دودھ پوت والی**
(مونث) آل اولاد والی۔صاحب نصیب۔ **دودھ
پھاڑنا** (متعدی) **پھٹنا** (لازم) دودھ کے اجزا علیحدہ
علیحدہ ہو جانا۔پانی علیحدہ ہو جانا اور سفید مادہ الگ
ہو جانا۔ **دودھ پیتا** (صفت) ۱ شیر خوار۔ننھا ۲
نادان۔بے سمجھ۔ **دودھ پیتے روپئے** (مذکر)
روپے مع بیاج۔ **دودھ پینا** (لازم) ۱ دودھ نوش
کرنا ۲ بچے کا دودھ چوسنا۔ **دودھ پینے کی رقم**
(مونث) وہ رقم جو مانجھے کی تقریب پر دولھا کی دی جاتی
ہے۔ **دودھ جاتا رہنا** (لازم) دودھ خشک ہو جانا۔
دودھ جل جانا یا جلنا (لازم) دودھ کا خشک ہو جانا۔
دودھ چرا جانا یا چڑھا جانا (لازم) گائے بھینس کا
دودھ اوپر کو کھینچ لینا۔تاکہ دوہتے وقت نہ نکلے۔ **دودھ
چڑھنا** (لازم) ۱ دودھ خشک ہونا ۲ چھاتیوں کا
دودھ سے تن جانا۔جب بچے کا دودھ چھڑایا جائے
یا بچہ مر جائے تو ایسا ہوتا ہے۔ **دودھ چھٹانا یا چھڑانا**
(متعدی) **چھٹنا** (لازم) ماں کا بچے کو اپنا دودھ دینا
بند کر دینا۔ **دودھ خشک ہونا** (مونث) چھاتیوں
میں دودھ کا پیدا ہونا بند ہو جانا۔ **دودھ دوہنا** (متعدی)
گائے بھینس وغیرہ کا دودھ نکالنا۔دودھ کی دھار نکالنا
دودھ دیکھنا (متعدی) ۱ دودھ کی برائی بھلائی
جانچنا ۲ اناج میں رس پیدا ہونا۔ **دودھ پھاڑنا**
(متعدی) ابلتے ہوئے دودھ میں کھٹی چیز ڈال کر دودھ کا
پانی اور مادہ علیحدہ علیحدہ کر دینا۔ **دودھ پھٹنا** (لازم)
دودھ کا خراب ہو کر پانی الگ ہو جانا۔ **دودھ چرایا
چڑھا جانا** (لازم) بچے کے لئے کسی جانور کا دودھ کو اوپر
چڑھا لینا اور تھنوں سے نکلنے نہ دینا۔ **دودھ دینا**
(متعدی) ۱ دودھ والی ہونا ۲ دودھ بیچنا ۳ دودھ
پلانا ۴ مذاقاً یا طنزاً بیکار آدمی کو کہتے ہیں۔ **دودھ
ڈالنا** (متعدی) بچے کا دودھ قے کر دینا۔ **دودھ
سا** (صفت) نہایت سفید۔ **دودھ سے دھویا**

پڑا ہے - بالکل صاف ستھرا ہے - دودھ سوکھ جانا (لازم) تھنوں میں دودھ نہ رہنا - دودھ کا سا ابال (مذکر) جلد رفع ہونے والا جوش یا سخت غصہ - دودھ کے دانت (مذکر) وہ دانت جو بچے کے پہلے پہل اگتے ہیں - دودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا (متعدی) بے دخل کر دینا - نکال دینا - بے تعلق کر دینا - دودھ کی طرح ابھان آنا (لازم) غصے کا سخت جوش تھوڑی دیر کے لئے آنا - دودھ کی مکھی (مونث) ۱ وہ مکھی جو دودھ میں گر پڑے - ۲ وہ شخص جو کسی صحبت سے خارج کیا گیا ہو - دودھ گھٹ جانا (لازم) دودھ خشک ہو جانا - دودھل (صفت) دیکھو دودھیل - دودھ مسہری (مونث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا - دودھ ملیدہ کھانا (لازم) عمدہ اور نرم غذا کھانا - دودھ موت کرنا (متعدی - عو) ۱ بچے کی پرورش اور خدمت کرنا ۲ گوہ موت کرنا - دودھو (مونث عو) دودھ پلائی - دودھ والا (مذکر) گوالا - دودھ بیچنے والا - دودھ والی (مونث) ۱ گوالن - شیر فروش ۲ دودھ دینے والی ۳ وہ عورت جو بچے کو دودھ پلاتی ہو ۴ زچہ - دودھی (ھ - صفت) ۱ دودھ والی - دودھ دینے والی ۲ وہ جس میں دودھ یا رس ہو ۳ (مونث) چھاتیاں - پستان - تھن ۴ کوئی پودوں کا نام - دودھیا (صفت) ۱ پر از شیر - دودھ کا ۲ سفید ۳ کچا - ہرا ۴ (مذکر) ایک قسم کا نرم حلوا سوہن ۵ ایک قسم کا پتھر ۶ بھنگ اور دودھ ۷ مکی کے نرم بھٹے - دودھیا پتھر (مذکر) ایک قسم کا سفید پتھر - دودھیا کنکرا (مذکر) ایک قسم کا کبوتر - دودھیل (صفت) دیکھو دودھیل - دودھینڈی (مونث) دودھ کی ہانڈی - وہ برتن جس میں دودھ دوہتے ہیں -

امثال واقوال - دودھ اور چھاچھ دونوں سفید ہوتے ہیں - دودھ بھی دھولا چھاچھ بھی دھولی - ظاہری حالت گو ایک سی ہو - مگر اشیا مختلف ہیں - ظاہری حالت پر اعتبار نہیں - تمیز کرنے والا چاہئے - دودھ پوت قسمت سے - اولاد اور دولت دونوں کسی بڑے خوش نصیب کے پاس ہوتے ہیں - دودھ دیا مینگنوں بھرا - منت کرا کرا احسان کرنا - دودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک پھونک کر پیتا ہے اگر کسی چیز سے تکلیف یا نقصان پہنچے تو انسان اس قسم کی چیزوں سے ڈرتا ہے - نقصان سے انسان محتاط ہو جاتا ہے - دودھ کا دودھ پانی کا پانی جھوٹ اور سچ نکھر گیا - پورا پورا انصاف - دودھ کا سا ابال ہے آیا چلا گیا - غصہ بہت آتا ہے - مگر جلد اتر جاتا ہے - دودھ کی (ابھی بو آتی ہے) بو منہ سے آتی ہے - ابھی نادان ہے - ابھی بچہ ہے - دودھ کے دانت بھی ابھی نہیں ٹوٹے ہیں - ابھی تک کم عمر اور صغیر سن ہے - دودھ (کی سی) میں کی مکھی کسنے چکھی دودھ میں مکھی کسی نے نہ چکھی - خراب چیز کون استعمال کرتا ہے - دودھوں نہاؤ پوتوں پھلو (دعا) خدا اولاد اور دولت دونوں دے - دودھیل گائے کی دو لاتیں بھی بھلی معلوم دیتی ہیں - فائدے کے لئے صدمہ اٹھانا برا نہیں معلوم دیتا -

دَور (ع - مذکر) - گردن پھرنا - چکر کھانا ۲ چکر - گردش - چرخ - گھمیرا - گھماؤ - دوران پھیری - گھوم ۳ رفتار - چال - روش ۴ حاشیہ - کنارہ ۵ باری - نوبت ۶ حلقہ - گھیرا - گرد ۷ اردگرد چاروں طرف ۸ شراب کے پیالے کا باری باری سب کے پاس پہنچنا ۹ گردش زمانہ - تغیر - تبدل - انقلاب ۱۰ عرصہ - مدت - زمانہ - عہد ۱۱ سبق کو بار بار دوہرانا ۱۲ حافظ کا قرآن شریف کو اس غرض سے پڑھنا کہ بھول نہ جائے ۱۳ (منطق) ایک قسم کی دلیل بار بار وہی دلیلیں پیش کرنا ۱۴ محیط - کسی شکل کے اضلاع کا مجموعہ ۱۵ پھیلاؤ ۱۶ رسی کا بل ۱۷ (علمن) خاص وقت - ۳۶۰ سال شمسی ۱۸ دائرہ ۱۹ گشت - دورہ ۲۰ گردش کا خط (دَوْر - پھرنا) دورِ آخر (مذکر) اخیر زمانہ - دور آنا (لازم) ۱ باری آنا ۲ شراب کا پیالہ آنا ۳ زمانہ آنا - عہد آنا - دورا دور - دور دورا (مذکر) ۱ حکومت - سلطنت - ۲ رواج - طریقہ - طور (ہو جانا ہونا کے ساتھ) - دور باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) چکر لگنا ساغر شراب کا - دورِ (جام) چلنا (لازم) ساغر شراب کا باری باری ہر ایک کے روبرو آنا - دور دورہ ہونا (لازم) دیکھو دورا دور (ہونا) دور کرنا (متعدی) دو شخصوں کا باری باری سے ایک دوسرے کو قرآن کا سبق سنانا - دور میں آنا (لازم) گردش میں آنا - دور ہونا (لازم) زمانہ ہونا -

دَور (ھ - مذکر) وہ رسیاں جن سے آبپاشی کرنے والی ٹوکری بندھی ہوئی ہوتی ہے -

دُوِر (س - صفت) دو کی بجائے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - دگنا - دوراگمن (مذکر) ایک رسم جب دولھن دوسری دفعہ دولھا کے گھر میں آتی ہے - دور کتی (مونث) ۱ دوہرانا - بار بار کہنا - ۲ کسی چیز کو دو مختلف طریقوں پر بیان کرنا -

دُور (ف - صفت) ۱ بعید - فاصلے پر - ۲ علیحدہ - الگ - جدا ۳ دانشمند - دور اندیش ۴ دشوار - ۵ (آپ سے) خدا نہ کرے ۶ (مونث) فاصلہ - بعد - دوری ۷ (کلمہ نفرت) ہٹ - چل ہٹ - سرک - دورا دور (صفت) بہت دور - دور از حال (تف) اب سے دور - خدا نہ کرے - خدا محفوظ رکھے - گزشتہ برے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں - دور از کار (تف) ۱ مخالف ۲ مرضی کے برخلاف ۳ مطلب سے دور - دور افتادہ (صفت) ۱ جو سمجھ نہ سکے ۲ جو دور رہو یا معتوب ہو - دور اندیش (صفت) دور بین - عقلمند - دانا - دور اندیشی (مونث) عاقبت اندیشی - عقلمندی - دانائی (کرنا ہونا کے ساتھ) دور باد (تف) خدا نہ کرے - اب سے دور - دور باش (مونث) ۱ "دور رہو" بادشاہوں کے آگے چوبدار پکارا کرتے تھے ۲ ایک دو شاخہ نیزہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے لے کر چلتے تھے - جس کو دیکھ کر لوگ رستے سے ہٹ جاتے تھے ۳ میر کارواں ۴ چھڑی - لاٹھی - دور بل (صفت) بے وفا - بے اخلاص - جھوٹا - دور بھاگنا (لازم) ۱ پرہیز کرنا ۲ نفرت کرنا - متنفر ہونا ۳ الگ رہنا - دور رہنا ۴ وحشت پکڑنا - دور بین (صفت) ۱ دور اندیش - بات کو تاڑ جانے والا ۲ دور کی چیز قریب نظر آتی ہے - یہ گلیلیو ایک اطالوی کی ایجاد ہے - دور بینی (مونث) دور اندیشی - دور پار (کلمہ نفرت عو) خدا نہ کرے - خدانخواستہ - نوج - دور پہنچنا (لازم) ۱ دور نکل جانا دور چلا جانا ۲ بلند پروازی کرنا - باریک بات خیال میں آنا ۳ درجۂ کمال کو پہنچنا ۴ شہرت ہونا ۵ بزرگوں کو گالی دینا ۶ دور کی سوچنا - دور اندیشی کرنا - دور پھینکنا (متعدی) ۱ فاصلے پر پہنچا دینا ۲ علیحدہ کر دینا - نکال دینا - دور تک پہنچنا (لازم) ۱ فاصلے تک چلا جانا ۲ بزرگوں کو گالی دینا - دور دبک (مونث) ڈانٹ ڈپٹ - دھتکار (بتانا یا کرنا کے ساتھ) دور

دراز (صفت) بہت فاصلے پر۔ کالے کوسوں ۲ بعید از قیاس۔ دور دَرانا (ہ۔ متعدی) دیکھو دردرانا۔ دور دِرِش (ہ۔ صفت و مذکر) دیکھو دوردرشی۔ دور دِرِشتی (ہ۔ مونث) دیکھو دوردرشن۔ دوردرشک (ہ۔ صفت) دیکھو دوردرشتی۔ دوردرشک نیتر (ہ۔ مذکر) دوربیں۔

دوردرشن (ہ۔ مذکر) ۱ دوراندیشی۔ دوربینی ۲ تیز نظر۔ دور سے دیکھنے والی نظر۔ دوردرشن نیتر (ہ۔ مذکر) دوربیں۔ دوردرشی (ہ۔ صفت) ۱ دور اندیش ۲ دور سے دیکھنے والا۔ تیز نظر ۳ (مذکر) عقلمند شخص۔ دانا۔ عالم۔ پنڈت ۴ رشی۔ منی ۵ گدھ۔

دوروست (صفت) بہت دور۔ کالے کوسوں۔

دوردستی (مونث) دوری۔ بعد۔ دوردفان (صفت حو) ۱ دور۔ غائب ۲ الگ۔ علیحدہ (کرنا ہونا کے ساتھ) دوردور (کلمہ نفرت) پرے ہٹ۔ پاس نہ آ۔ دوردور پہنچنا (لازم) ۱ شہرت ہونا ۲ دور کی سوچنا۔ بلند پردازی کرنا۔ دوردور ٹانکے بھرنا (متعدی) لمبی لمبی سلائی کرنا۔ دوردور رہنا (لازم) کھنچے کھنچے رہنا۔ الگ رہنا۔ دور دور کرنا (متعدی) دھتکارنا۔ پاس نہ آنے دینا۔ دوردور کی سوجھنا (متعدی) خیالات بلند ہونا۔ دور رہنا (لازم) علیحدہ رہنا۔ الگ رہنا۔ دورستھا (صفت) فاصلے پر۔ دور۔ دور سرک۔ دور ہو۔ پرے ہٹ۔ دور سے (تف) فاصلے سے۔ پرے ہٹ کر۔ دور سے بات (چیت) کرو۔ پاس نہ آؤ۔ پرے ہٹ کر بات کرو۔ الگ رہو۔ دور سے ترسانا (متعدی) دور سے کوئی چیز دکھا کر نہ دینا۔ دور سے تماشا دیکھنا (لازم) کسی جھگڑے میں دخل نہ دینا۔ الگ رہ کر سیر دیکھنا۔ پاس نہ جانا۔ دور سے دیکھ کر بھاگنا (لازم) کسی خوفناک چیز سے ڈرنا۔ یا اسے دیکھ کر ہٹ جانا۔ دور سے لینا (متعدی) پاس آنے سے پیشتر ہی لعنت ملامت شروع کر دینا۔ دور کا (صفت) ۱ بعید۔ جو قریب کا نہ ہو (رشتہ) ۲ گہرا۔ عمیق (خیال وغیرہ) ۳ بعید القیاس بعید الفہم۔ دور کا رشتہ یا ناتہ (مذکر) رشتہ بعید۔ قرابت بعید۔ دور کا مضمون (مذکر) نہایت اعلیٰ مضمون۔ گہرا مضمون۔ دور کرنا (متعدی) ۱ الگ کرنا۔ علیحدہ کرنا ۲ دفع کرنا ۳ جدا کرنا۔ کاٹنا۔ خارج کرنا ۴ رد کرنا۔ منسوخ کرنا ۵ بیچنا ۶ برطرف کرنا۔ باز آنا ۷ غائب کرنا۔ پوشیدہ کرنا ۸ نوکری سے برطرف کرنا

دور کرو۔ دفع کرو۔ چھوڑ دو۔ دور کھینچنا (متعدی) نخوت و غرور کرنا۔ دور کی بات (مونث) نکتہ۔ باریک بات۔ دور کی سنانا (متعدی) بزرگوں کی گالیاں دینا۔ پننا۔ دور کی سوجھنا (لازم) ۱ باریک بات خیال میں آنا ۲ دور اندیش ہونا ۳ (طنزاً) فضول بات ذہن میں آنا۔ دور کی صاحب سلامت (مونث) ۱ معمولی واقفیت ۲ میل جول کم رکھنا یا نہ بڑھانا (رہ جانا رہنا ہونا کے ساتھ) دور کی کوڑی لانا (متعدی) ۱ دور کی بات سوچنا ۲ باریک بینی کرنا۔ دور کی کہنا (لازم) ۱ معمولی سمجھ سے باہر کی بات کہنا۔ حد بشریت سے بڑھ کر بات کہنا ۲ سمجھ یا عقل کی بات کہنا۔ دور کیوں (جاتے ہو) جاؤ۔ وہاں کہتے ہیں جہاں نزدیک کی مثال دینا ہو۔ دور کی ہانکنا (متعدی) شیخی مارنا۔ ڈینگ مارنا۔ دون کی لینا۔ دورگامی (مونث) ۱ دور جانے والا۔ دور تک پہنچنے والا ۲ دور تک جانا۔ دور نکل جانا (لازم) فاصلے پر چلا جانا۔ دور نہ جاؤ۔ دیکھو دور کیوں جاؤ۔ دور نگاہ (صفت) دور تک دیکھنے والا۔ تیز نظر۔ دور نہ ہونا (لازم) بعید نہ ہونا۔ تعجب کے قابل نہ ہونا۔ دورواسی (ہ۔ صفت) دور رہنے والا۔ دور کے ملک میں رہنے والا۔ دور ورتی (ہ۔ صفت) ۱ دور۔ فاصلے پر ۲ دور۔ دور نہ ہونا (لازم) بعید نہ ہونا۔ تعجب کے قابل نہ ہونا۔ دور ہو (سامنے سے) (کلمہ نفرت) ۱ دفع ہو۔ چل ہٹ ۲ بہت چالاک۔ دور ہونا (لازم) ۱ الگ ہونا۔ علیحدہ ہونا ۲ فاصلے پر ہونا ۳ جاتا رہنا (بیماری کا عادت وغیرہ) ۴ نہایت سنجیدہ ہونا۔ سمجھدار ہونا۔ چالاک ہونا ۵ بھاگ جانا۔ غائب ہو جانا ۶ (طنزاً) شریر ہونا۔ دور ہی سے سلام کرنا (متعدی) ہونا (لازم) بیزار ہونا۔ پناہ مانگنا۔ دوری (مونث) بعد۔ فاصلہ۔

امثال و اقوال۔ دور کے ڈھول سہاونے (اور پاس سے پھوٹریں کان) دیکھنے پر چیز ایسی اچھی ثابت نہیں ہوتی جتنی کہ اس کی تعریف سنی جاتی ہے۔ واقفیت پر یا تجربے کے بعد یہ مثل کہی جاتی ہے۔ دور گئے کی آس کیا ایسے شخص سے کسی قسم کی مدد کی امید نہیں ہوتی۔ دور دیس سے بالم آئے اونچی اٹریا پلنگ بچھائے یہ مثل کبھی تو نہایت شوق سے بولی جاتی ہے اور کبھی طنزاً نکمھٹو کی شان میں۔

دور (ہ۔ مذکر) وہ زمین جس میں دو دفعہ ہل چلا ہو۔

دورا (ہ۔ مذکر) ۱ بڑا ٹوکرا ۲ بڑا کونڈا۔

دوران (ع۔ مذکر) ۱ گردش۔ چکر۔ دورہ ۲ وقت۔ زمانہ۔ عمر ۳ انقلاب ۴ ہیر پھیر ۵ قسمت۔ نصیب (دَوْر۔ پھرنا) دورانِ خون (مذکر) خون کی گردش۔ جانوروں کا خون ہر وقت بدن میں پھرتا ہے۔ پھیپھڑوں میں سے گزرتا ہوا صاف ہو جاتا ہے۔ دل پمپ کا کام کرتا ہے۔ وہ اسے بدن کے مختلف حصوں میں بھیجتا ہے۔ دورانِ سر (مذکر) سر کا گھومنا۔ سر کا چکر۔

دَور بَلیہ (س۔ مونث) کمزوری۔ ضعف۔ نقاہت۔

دَور بھاگیہ (س۔ مذکر) ۱ بری حالت۔ درگت ۲ بدقسمتی۔ شامت۔ زوال۔ تباہی۔

دَور جنیہ (س۔ مذکر) ۱ بری حالت ۲ درگت ۲ بدقسمتی۔ شامت۔ زوال۔ تباہی۔

دَور گندھی (س۔ مونث) بدبو۔ سڑاند۔

دَوروا (س۔ مذکر) دوب گھاس۔ دورواشٹمی (مونث) ایک تیوہار کا نام جو بھادوں شدھی کی آٹھویں تاریخ کو ہوتا ہے۔

دَورَہ (ع۔ مذکر) ۱ چکر۔ گردش ۲ نوبت باری ۳ شراب کا دور ۴ حکام کا علاقے میں پھر کر حالات دیکھنا۔ گشت (دَوْر۔ چکر لگانا) دورہ باندھنا (متعدی) بندھنا (لازم) چکر باندھنا۔ حلقہ بنانا۔ دورہ تمام کرنا (متعدی) ہونا (لازم) گشت کا زمانہ ختم ہونا۔ علاقے کا ملاحظہ کر کے واپس ہونا۔ دورے سپرد کرنا (متعدی) ہونا (لازم) مقدمے کا سشن جج کے سپرد ہونا۔ دورہ کرنا (متعدی) حکام کا علاقے میں پھرنا۔ گشت کرنا۔ دورہ ہونا (لازم) ۱ حکام کا گشت پر روانہ ہونا ۲ مرض کا عود کر آنا۔ دورے (مذکر) ۱ دورہ کی جمع ۲ بجائے دورہ حروف مغیرہ سے پہلے۔ دورے کو اٹھنا (متعدی) دورہ کرنا۔

دُوری۔ دوری (ہ۔ مونث)

۲ چھوٹی ڈکری ۳ وہ ڈکری جس سے جھٹکے سے پانی دیتے
ہیں ۴ (ھ) رسی جس سے بہت سے بیل باندھے جائیں
۵ مچھلی پکڑنے کی ڈور ۶ ایک رسی جس سے زمین ماپی
جاتی ہے (س دولکا۔ جھولنا) ۔

دَوڑ (ہ۔ امر) ۱ دوڑنا کا ۲ (مونث)
بھاگنا۔ بھاگ ۳ پہنچ۔ رسائی ۴ کوشش۔ سعی ۵ حملہ
دھاوا۔ چڑھائی۔ تاخت ۶ ملزموں کی گرفتاری کے
واسطے جلد جانا ۷ وہ لوگ جو ملزموں کی گرفتاری کے
واسطے جائیں ۸ (تف) جلدی سے۔ سرعت سے
تیزی سے۔ فوراً۔ شوق سے (س دز۔ بھاگنا) **دوڑا**
(ھ۔ مذکر) ۱ دوڑنے والا ۲ سوار ڈاکو۔ **دوڑ آنا** (لازم)
بہت جلد آنا۔ بھاگ کر آنا۔ **دوڑا جانا** (متعدی)
بھاگ کر جانا۔ **دوڑا دوڑی** (مونث) ۱ بھاگا
بھاگ۔ تیزی۔ جلدی ۲ مقابلہ دوڑ میں۔ **دوڑا دینا**
(متعدی) بہت جلد بھیجنا۔ **دوڑاک** (مذکر) بہت
دوڑنے والا۔ **دوڑا مارنا** (متعدی) ۱ بہت جلد
بھیجنا ۲ بہت محنت کرنا۔ **دوڑانا** (متعدی)
۱ بھگانا۔ جلدی چلانا۔ لپکانا ۲ پھرانا۔ حیران کرنا ۳ محنت
کرانا۔ مشقت لینا ۴ قاصد روانہ کرنا۔ جلد بھیجنا ۵ خیال کو
متوجہ کرنا ۶ (روٹیاں) چپکانا۔ لگانا۔ **دوڑاہا** (ھ۔
مذکر) ۱ قاصد۔ ایلچی۔ خبر رساں ۲ رستہ دکھانیوالا۔
راہبر۔ **دوڑ بھیجنا** (متعدی) ملزم کی گرفتاری
کے لئے پولیس کے سپاہیوں کو بھیجنا۔ **دوڑ پڑنا** (لازم)
۱ جلدی کرنا ۲ جلدی جانا یا جمع ہونا کسی مقام پر۔ **دوڑ
جانا** (متعدی) ۱ منتشر ہوجانا۔ پھیل جانا ۲ مشہور
ہوجانا ۳ پولیس کا گرفتاری ملزمان کے لئے جانا۔ **دوڑ
چلانا** (متعدی) دوڑ بھیجنا۔ **دوڑ دوڑ آنا** (لازم)
بار بار آنا۔ جلد جلد آنا۔ **دوڑ دوڑ جانا** (متعدی)
بار بار جانا۔ دمبدم جانا۔ **دوڑ دوڑ کے** (تف)
۱ جلد جلد۔ بار بار ۲ بیتابی سے۔ شوق سے (آنا جانا کے
ساتھ) **دوڑ دھپاڑ** (پوربی) **دوڑ دھوپ**
(مونث) ۱ محنت۔ مشقت ۲ کوشش۔ سعی (کرنا
ہونا کے ساتھ) **دوڑ کر چلنا** (لازم) ۱ جلد چلنا۔
بھاگ کر چلنا ۲ بساط سے بڑھ کر قدم رکھنا۔ کسی کام میں
جلدی کرنا۔ **دوڑ لے کر دوڑنا** (متعدی) ملزموں
کی گرفتاری کے لئے بہت جلد سپاہی لے کر جانا۔ **دوڑ
مارنا** (متعدی) ۱ بےخبری میں حملہ کرنا۔ تاخت و تاراج
کرنا ۲ چھاپا مارنا۔ دھاوا کرنا ۳ بہت کوشش یا محنت
کرنا ۴ لمبا سفر کرنا۔ مسافت طے کرنا۔ **دوڑنا**
(لازم) دوڑنا کا ۱ دیکھو دوڑانا ۲ تاش ۳ پھیلنا۔
۴ بچھنا۔ حملہ کرنا ۵ سرایت کرنا۔ اثر کرنا۔ **دوڑنا
دھوپنا** (لازم) کوشش کرنا۔ سعی کرنا۔ **دوڑھا**
(ھ۔ مذکر) دیکھو دوڑاہا۔

**امثال و اقوال۔ دوڑ چلے
نہ ونڈھا (چوپٹ) گرے۔ دوڑ چلے نہ**
(آنسٹ) گر پڑے۔ **دوڑ کر چلے گا سو گرے گا
دوڑ کے چلے نہ گر پڑے۔** جو شخص اپنی بساط سے
بڑھ کر کام کرے نقصان اٹھاتا ہے۔

دوڑی (ھ۔ مونث) چوپڑ کی
بازی جو برابر رہے۔

دوز (ف۔ صفت) سینے والا۔
مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے خیمہ دوز کفش دوز
دوزی (مونث) سینا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا
ہے۔ جیسے کفش دوزی (دوختن۔ سینا)۔

دوزخ (ف۔ مذکر) ۱ وہ جگہ جہاں
گناہگار قیامت کے بعد جائیں گے جہنم۔ نرک ۲
پیٹ۔ معدہ۔ **دوزخ بھرنا** (لازم) پیٹ بھرنا۔
دوزخ کا کندا (مذکر) بڑا گنہگار۔ **دوزخ کا
نمونہ** (مذکر) بڑی تکلیف کی جگہ۔ **دوزخ کی
آنچ** (مونث) آتش جہنم۔ **دوزخ کی لکی** (مونث)
پیٹ کی لکیر۔ **دوزخ میں پڑنا یا جانا** (لازم)
واصل جہنم ہونا۔ **دوزخ میں پڑے یا جائے**
(بددعا) بھاڑ میں جائے۔ **دوزخ میں ڈالنا**
(متعدی) عذاب جہنم میں گرفتار کرنا۔ **دوزخ میں
گھر کرنا** (متعدی) گناہ کرنا۔ **دوزخ میں گھر ہونا**
(لازم) جہنمی ہونا۔ گناہگار ہونا۔ **دوزخی** (صفت)
۱ جہنمی۔ گناہگار (ہونا کے ساتھ) ۲ سخت پیٹو۔

دَوس (ھ۔ مذکر) صبح۔ علی الصبح۔
پو پھٹنا۔

دوس (س۔ مذکر) ۱ آسمان ۲
دن۔

دوس (ہ۔ مذکر) ۱ قصور۔ خطا۔
عیب ۲ گناہ۔ الزام (س دوش) **دوس دینا**
(متعدی) **دوسنا** (ھ) ۱ الزام لگانا ۲ قصوروار
ٹھہرانا۔ **دوسی** (صفت) گناہگار۔ قصوروار ۔

**امثال۔ دوس دینا دوسرے کو
کام کرنا خود۔** خود قصور کرنا۔ الزام دوسرے کو
لگانا۔ **دوس کیا دیجے چور کو صاحب بند**
جب آپ گھر کا در نہ کیا جب خود حفاظت
نہیں کی تو چور کا کیا قصور۔

دوست (ف۔ مذکر) ۱ آشنا۔ یار۔
محب۔ خیرخواہ ۲ معشوق۔ محبوب (ژند۔ زست
س جُبش۔ خوش ہونا) **دوستانہ** (مذکر) ۱ یارانہ۔ دوستی
یاری ۲ محبت۔ الفت۔ **دوستانے میں** (تف)
۱ دوستی کے طریقے پر ۲ دوستی میں ۳ دوست کی طرح۔
دوست بنانا (متعدی) ۱ یار بنانا۔ ہمراز بنانا ۲
طرفدار بنانا ۳ گانٹھنا۔ ملانا ۴ سازش کرنا۔ **دوست
بننا** (لازم) ۱ یار بننا ۲ کسی طرح دوست ثابت کرنا۔
دوستدار (مذکر) دوست۔ خیرخواہ۔ ہمراز۔ **دوست
رکھنا** (لازم) عزیز سمجھنا۔ پسند کرنا۔ **دوست نما**
(مذکر) ۱ ظاہر میں دوست ۲ (صفت) اپنے آپ کو
دوست ظاہر کرنے والا۔ **دوست نواز** (مذکر)
دوستوں پر نوازش یا مہربانی کرنے والا۔ **دوستی** (مونث)
یارانہ۔ آشنائی۔ الفت۔ **دوستی کا دم بھرنا** (متعدی)
اپنے آپ کو دوست ظاہر کرنا۔ **دوستی کرنا** (متعدی)
دوستی پیدا کرنا۔ بےتکلفی کرنا۔ **دوستی ہونا** (لازم)
۱ یارانہ ہونا۔ آشنائی ہونا ۲ محبت ہونا۔ الفت ہونا۔

**امثال و اقوال۔ دوست
آں باشد کہ گیرد دست دوست۔ در
پریشاں حالی و درماندگی۔** دوست وہ ہے جو
مصیبت میں مدد کرے۔ **دوست آں دانند
لکار آیند کہ بر سفرہ ہمہ دوست نمایند**
مصیبت میں جو کام آئے وہ دوست ہے۔ خوشحالی
میں تو ہر کوئی دوست ہوتا ہے۔ **دوست باشد
کہ از معائب دوست۔ ہمچو آئینہ روبرو
گوید۔** دوست وہ ہوتا ہے جو دوست کے عیب
روبرو کہدے۔ **دوست شاد ہوں دشمن
پائمال رہیں۔** دعا ہے جو بڑے آدمیوں کو دی جاتی
ہے۔ **دوست قدیم شراب کہنہ۔** پرانا دوست
اور پرانی شراب عمدہ ہوتی ہے۔ **دوست کا دشمن
دشمن۔ دشمن کا دشمن دوست۔** جو شخص دوست کا
دشمن ہو اسے اپنا بھی دشمن سمجھنا چاہئے۔ اور دشمن کے دشمن کو
اپنا دوست سمجھنا چاہئے۔ **دوست کا ڈگا پاؤں۔ دشمن کا لگا داؤں**
موقع پاکر دشمن سے ضرور بدلا لینا چاہئے۔ **دوست ملے کھاتے دشمن
ملے روتے** (دعا) دوست خوش رہیں۔ دشمن غمیدہ رہیں۔ **دوستوں کا
حساب دل میں۔** حساب دوستاں در دل کا ترجمہ۔ دوستوں کے
سلوک کا ذکر زبان پر نہیں آتا۔ دوست ایک دوسرے پر

احسان نہیں جتلاتے - دوست وہ (ہوتے ہیں) جو وقت پہ کام آئے (آتے ہیں) دیکھو دوست آں الخ -

دُوسَر (ھ) **دُوسرا** (ہ - صفت) ۱ اول کے بعد کا - دوم - ثانی ۲ ایک اور - اگلا ۳ برابر کا - مقابل کا ۴ غیر - اجنبی (دَ - دو) **دوسرا اُتار** (ھ) جزر - **دوسرا چڑھاؤ** (ھ) مجذور - **دوسروں** (صفت) دوسرا کی جمع - حروف مغیرہ سے پہلے - **دوسروں پر ڈھال ڈھال کے کہنا** (متعدی) اشارتاً کنایتاً کہنا - **دوسری** (صفت مونث) ۱ دیکھو دوسرا ۲ دوج - دوسری تاریخ - **دوسرے** (مذکر) ۱ دوسرا کی جمع - غیر ۲ اجنبی ۳ (تف) مزید براں - برخلاف سابق کے - **دوسری بار یا دفعہ** (تف) پھر - دوبارہ - ایک دفعہ اور - **دوسری بات** (مونث) قیمت زیادہ کہنا - گاہک اگر کم کرے تو بھی اصل سے زیادہ ہو ۲ اور بات ۳ (عو) جماع - ہم بستری - زنا - **دوسری بات نہ کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ۱ قیمت کم و بیش نہ ہونا ۲ زیادہ گفتگو نہ ہونا - **دوسری حالت یا صورت** (مونث) مختلف حالت یا وضع - **دوسری صورت پکڑنا** (متعدی) تبدیل ہو جانا - مختلف ہو جانا - **دوسرے کو اپنا ثانی نہ جاننا** (متعدی) کسی کو اپنے مقابل کا نہ سمجھنا - **دوسرے فاقے** - دو دن کھانا نہ کھانے کے بعد - **دوسری ماں** (مونث) سوتیلی ماں -

امثال واقوال - دوسری بات دوسرے کہتے ہیں ۱ ہم تو سچ بولتے ہیں - غلط بات اور لوگ کہتے ہیں ۲ تقصیر غیر لوگ نکالتے ہیں - **دوسرے کا سیندور دیکھ اپنا** (لیلار) **ماتھا پھوڑیں** - **دوسرے کی نقل کر کے** اپنا نقصان کریں - **دوسروں کا عیب بڑی جلدی دیکھ سکتے ہیں** - **دوسروں کا نقص بہت جلدی پکڑا جاتا ہے** -

دوسی (ھ - مونث) ۱ دہی ۲ مسلمان دودھ والا -

دوش (ف - مذکر) ۱ بازو - مونڈھا ۲ (تف) گذشتہ شام - گذری ہوئی رات - **دوش بدوش** ۱ (تف) کندھے سے کندھا ملا کر ۲ شراکت کر کے - اتفاق کے ساتھ - **دوش پر انبار ہونا** (لازم) کندھے پر بوجھ ہونا - **دوش پر لینا** (لازم) کندھے پر سوار کرنا - **دوش مال** (مذکر) رومال جو قصاب - سائیس وغیرہ استعمال کرتے اور مونڈھوں پر ڈالتے ہیں - ڈسٹر - **دوشین** (صفت) گذشتہ رات کا - **دوشینہ** (صفت) ۱ گذشتہ رات کا ۲ جو کندھوں پر اٹھا کر لیجائیں -

دوش (س - مذکر) ۱ نقص - عیب - بری خاصیت ۲ الزام - تہمت - چھلا ۳ برائی - گناہ - پاپ ۴ جرم - خلاف ورزی قانون ۵ نقصان - ضرر ۶ برا نتیجہ ۷ بیماری - مرض - آزار - روگ ۸ بدن کی رطوبات میں نقص - ریح - صفرا - بلغم یا دیلان خون کا نقص - **دوش دینا** (ھ) **لگانا** (ھ) **دوشنا** (ھ - متعدی) دیکھو دوس دینا - **دوش ہونا** (ھ) ۱ قصور ہونا - عیب ہونا ۲ بچہ پیدا ہونے کے بعد بد پرہیزی کی وجہ سے بیمار ہونا - **دوشی** (صفت) ۱ ناقص - عیب دار ۲ خراب - ناپاک - سڑا ہوا ۳ برا - شریر - گناہگار - پاپی - مجرم - ملزم -

دوشُ (س - مذکر) ۱ شام - تاریکی ۲ تاریکی کا دیوتا - ۸ واسوؤں میں سے ایک اور رات کا خاوند - **دوشا** (مونث) ۱ رات ۲ دیوی جو سپاین کی بیوی اور پردوش یا شام اور نشتھ یا آدھی رات کی ماں شمار ہوتی ہے -

دُوشَن (س - صفت) ۱ خراب کرنے والا - تباہ کرنے والا ۲ ناپاک کرنے والا ۳ بے عزت کرنے والا ۴ بدنام کرنے والا ۵ دکھ پہنچانیوالا ۶ (مذکر) خراب کرنے کا فعل ۷ نقص نکالنا - سرزنش کرنا ۸ قصور - نقص - عیب ۹ الزام - تنبیہ ۱۰ اتہام - بہتان ۱۱ جرم - گناہ - **دوشناری** (صفت) ۱ اِندر جی کا لقب - **دوشن دینا** (ھ - متعدی) دیکھو دوش لگانا - **دوشی - دوشیکا** (مونث) آنکھ کا میل

دوشیزگان (ف - مونث) دوشیزہ کی جمع -

دوشیزگی (ف - مونث) ۱ کنوارپنا ۲ بکارت ۳ کنوارپن کا زمانہ -

دوشیزہ (ف - مونث) کنواری لڑکی - باکرہ - وہ عورت جس سے جماع نہ ہوا ہو - (دوشتن - سینا) -

دوغ (ف - مذکر) ۱ چھاچھ - مکھن نکلا ہوا دودھ ۲ داشتا -

دَوغلات - دُوقلات (ت - مذکر) ایک مغل قوم -

دوغنا (اردو - متعدی) طعنہ دینا -

دُوک (ف - مذکر) تکلا -

دُوک (ہ - مذکر) دوسالہ بچھڑا -

دُوکان (ف - مذکر) دیکھو دُکان -

دوکھ (ھ - مذکر) دیکھو دوس -

دوکھ لگانا - دوکھنا (متعدی) ۱ دیکھو دوش لگانا ۲ برے کام سے منع کرنا (اردو میں ست) -

دوکھی (صفت) دیکھو دوشی -

دوکھی (ھ - مونث) مٹی کا پشتہ جو دو حدوں کے درمیان بنایا جائے -

دُوکَلا (ھ - مذکر) ایک بڑی ٹوکری جسے جھٹک کر آبپاشی کرتے ہیں -

دُوَل (ع - مذکر) دولت کی جمع (اردو میں حرف بالفتح) **دول یورپ** (مذکر) یورپ کی سلطنتیں -

دول (س - مذکر) ۱ جھولنا - لٹکنا - ہلنا ۲ جھولا - پینگ ۳ ہنڈولہ - پالنا ۴ ڈولی - پالکی - ۵ ایک تیوہار جو پھاگن کو ہوتا ہے - جس میں کرشن جی کے طفلی کے بت بنا کر جھولے میں بٹھا کر ہلاتے ہیں - **دولا** (مونث) ۱ دیکھو ڈولا ۲ تغیر و تبدل - کمی بیشی - **دولا یاترا - دول جاترا** (ھ) **یاترا** (مونث) ایک تیوہار کرشن جی کے اعزاز میں جس میں کرشن جی اور رادھا جی کی مورتیوں کو پالکی میں بٹھا کر نکالتے ہیں - **دول حال کرنا** (متعدی) ۱ ہلانا - جھلانا - لٹکانا ۲ لہرانا - اوپر نیچے کرنا ۳ ہچکچانا - مذبذب ہونا -

دول (ف - مذکر) ۱ ڈول ۲ بادبان ۳ بٹوا - تھیلا -

دُولا (ہ - مذکر) ۱ بہ جلے کے کھیل میں وہ شخص جس کا گلہ چیر سے ہٹ کر گرے ۲ گولیاں کھیلنے والوں میں وہ شخص جس کی گولی ہیر سے ہٹ کر جائے -

دَولا مولا (اردو - صفت) ۱ سیدھا سادھا - بھولا ۲ سخی - بڑی ہمت والا -

دُولاب - دولاب (ف - مذکر) ۱ رہٹ - چرخ ۲ ایک مشین گرجوں ہسپتالوں وغیرہ میں جس میں لوگ باہر سے چیزیں ڈالتے ہیں اور اسکو پھراتے ہیں تو اندر اسے نکال لیا جاتا ہے ۳ ذخیرہ - نعمت خانہ ۴ بھول بھلیاں ۵ دھوکا - دغا - فریب -

ڈھول۔ نقارہ ۴۔ کھاتی ۵۔ سوداگری۔ تجارت ۶۔ نفع۔ منافع ۷۔ استعمال ۸۔ ذیابیطس۔ **دولاب رنگ** (صفت)، رہٹ کی طرح پھرنے والا (آسمان)۔ **دولاب سُفرا خانہ** (مذکر) نعمت خانہ۔ وہ الماری جس میں کھانے رکھتے ہیں۔ **دولاب مینا** (مذکر) آسمان۔ **دولابہ** (مذکر) ۱۔ رہٹ ۲۔ نعمت خانہ۔ **دولابی** (صفت) رہٹ کا۔ رہٹ کے متعلق۔ رہٹ کی طرح پھرنے والا۔

دُوَلات (ع۔ مونث) تغیر وتبدل۔ نشیب وفراز۔ دَولت کی جمع۔

دولایمان (س۔ صفت) ۱۔ جھولنے والا۔ ہلنے والا ۲۔ مذبذب۔ ہچکچانے والا۔

دول بند وبست (ف۔ مذکر) ضلع کی مالگذاری کا تخمینہ جو سال کے شروع میں کیا جائے جس سے یہ ظاہر ہو کہ کس قدر آمدنی ہوگی۔

دَولت (ع۔ مونث) ۱۔ دھن۔ مال۔ زر نقد ۲۔ اقبال۔ بخت۔ نصیبا۔ خوش قسمتی ۳۔ سلطنت۔ حکومت۔ طاقت ۴۔ ظفر۔ فتحمندی ۵۔ خوشی۔ شادمانی ۶۔ موقعہ۔ وجہ۔ ذریعہ۔ طفیل۔ بدولت۔ ان معنوں میں اب اردو میں متروک ہے ۷۔ اولاد۔ بیٹا۔ بیٹی ۸۔ ملکیت ۹۔ زائد امیروں اور بادشاہوں کی چیزوں کے لئے۔ **دولت آصفیہ** (مونث) حیدرآباد دکن کی سلطنت۔ **دولت اڑانا** (متعدی) **اڑنا** (لازم) روپیہ ضائع کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ **دولت اندیش** (صفت) سلطنت کی خیر رکھنے والا۔ **دولت ایمان** (مونث) ایمان کی نعمت۔ **دولت بر انداز** (صفت) باغی۔ فتنہ انگیز۔ انقلاب پسند۔ **دولت برسانا** (متعدی) **برسنا** (لازم) کثرت سے روپیہ ملنا۔ **دولت بہانا** (متعدی) دولت بے دریغ ہو کر خرچ کرنا۔ **دولت بیدار** (مونث) ۱۔ وہ دولت جس سے فائدہ حاصل کریں ۲۔ خوش قسمت جاگا ہوا نصیبا۔ **دولت پانا** (متعدی) دولت حاصل کرنا۔ **دولت پناہ** (صفت) سلطنت کو محفوظ رکھنے والا۔ وہ جس کے پاس خوش قسمتی پناہ لے بادشاہوں کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ **دولت حسن** (مونث) خوبصورتی جس کو دولت کے ساتھ تشبیہ کرتے ہیں۔ **دولت خانہ**۔ سراپا کدہ (مذکر) ۱۔ محل۔ قصر۔ دوسرے کے گھر کے متعلق کہتے ہیں۔ اپنے لئے غریب خانہ ۲۔ وطن۔ **دولت خانۂ خاص** (مذکر) بادشاہ کا محل۔ قصر شاہی۔ **دولت خانہ کہاں ہے** آپ کہاں کے رہنے والے ہیں۔ **دولت خدا** (صفت) امیر۔ دولتمند۔ **دولت خداداد** (صفت) خدا کا دیا ہوا ملک یا سلطنت۔ سلطنت افغانستان کے واسطے استعمال ہوتا ہے۔ **دولت خدائی** (مونث) ۱۔ بے حد دولت۔ مال و دولت۔ مال متاع ۲۔ خوشی شادمانی ۳۔ وہ جس کی فیاضی بے حد ہو۔ **دولت خوابیدہ** (مونث) بدقسمتی۔ بدنصیبی۔ **دولت خواہ** (صفت) ۱۔ بہتری چاہنے والا ۲۔ میں۔ بندہ۔ **دولت خواہی** (مونث) خیر خواہی۔ **دولت دارین یا کونین** (مونث) دونوں عالموں کی نعمت یا لطف۔ **دولت دنیا** (مونث) ۱۔ مال و دولت ۲۔ دنیا کی خوشی ۳۔ اولاد اور دولت۔ **دولت دنیا پر لات مارنا** (متعدی) دولت کو حقیر جاننا۔ **دولت دنیا سے مستغنی ہونا** (لازم) بہت امیر ہونا۔ اتنی دولت ہونا کہ زیادہ کی پروا نہ ہو۔ **دولت سرا** (مونث) بادشاہ یا امیر کا مکان۔ محل۔ قصر۔ **دولت عثمانیہ** (مونث) ترکوں کی سلطنت۔ **دولت عظمیٰ** (مونث) بڑی سلطنت۔ **دولت علیا** (مونث) زبردست سلطنت۔ تیمور کے خاندان کی سلطنت کے متعلق استعمال ہوتا ہے۔ **دولت کھونا** (متعدی) دولت ضائع کرنا۔ **دولت کھینچنا** (متعدی) دولت حاصل کرنا۔ **دولت کی گنگا بہانا** (متعدی) **بہنا** (لازم) افراط سے روپیہ خرچ ہونا۔ **دولت گڑی ہونا** (لازم) دولت کا ذخیرہ ہونا۔ دولت کی کان ہونا۔ **دولت لٹانا** (م) دولت فضول طور پر خرچ کرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ **دولت لٹنا** (لازم) **لوٹنا** (متعدی) دل کھول کر دولت حاصل کرنا۔ **دولت مارنا** (متعدی) دولت چھین لینا یا دغا سے حاصل کرنا۔ **دولتمدار** (مذکر) ۱۔ خوشی کا گھر ۲۔ وہ جس پر دولت کا انحصار ہو۔ عموماً سرکار کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **دولت جلنا** (لازم) بہت سا روپیہ حاصل ہونا۔ **دولتمند** (صفت) ۱۔ امیر۔ مالدار ۲۔ خوش قسمت۔ خوش نصیب۔ **دولتمندی** (مونث) مالداری۔ **دولت واقبال غمگسار رہیں** (دعا) ہمیشہ صاحب اقبال اور دولتمند رہو۔ **دولت والا** (صفت) زردار۔ امیر۔ **دولت ہارنا** (متعدی) روپیہ جوئے میں اڑا دینا۔ **دولتی** (صفت) دولتمند۔ **دولت یونان** (مونث) یونان کی سلطنت۔ **دولتیں** (مونث) دو سلطنتیں۔

امثال واقوال۔ **دولت اندھی ہوتی ہے** ؛ دولت انسان کی شکل وشباہت دیکھ کر نہیں آتی۔ دولتمند دوستوں کو دیکھ کر نظر پھیر لیتا ہے۔ تیمور جب ہندوستان میں آیا تو اس نے ایک اندھے گویئے کا گانا سنا۔ اس کا نام پوچھا۔ اس نے کہا دولت تو اس نے پوچھا کیا دولت اندھی ہوتی ہے۔ اس نے جواب دیا کہ اندھی نہ ہوتی تو لنگڑے کے گھر کیوں آتی۔ تب سے یہ مثل ہوگئی۔ **دولت چھاؤں کی طرح ڈھلتی ہے۔ دولت ڈھلتی پھرتی چھاؤں ہے** دولت زوال پذیر چیز ہے۔ **دولت خرچ کے واسطے دی گئی ہے**۔ جب کوئی امیر آدمی کنجوسی کرے تو اسے کہتے ہیں۔ **دولت کے آگے ہنر ہاتھ باندھے کھڑا ہے**۔ روپے سے جو چاہے لے لو۔ **دولت کے پاؤں (پر) لگ گئے**۔ دولت بہت جلد خرچ ہوگئی۔ **دولت لٹے کوئلوں پر مہر**۔ جب کوئی فضول باتوں پر خرچ کرے اور بجا خرچ میں کنجوسی کرے تو کہتے ہیں۔ **دولتمند کی ڈیوڑھی کو سب سجدہ کرتے ہیں**۔ امیر آدمی کی سب خوشامد کرتے ہیں۔ **دولت منڈیر کا کوا ہے**۔ دولت نہیں رہتی۔

دولچہ (ف۔ مذکر) چمڑے کا ڈول۔ بوکا۔

دولکا (س۔ مونث) پینگ۔ جھولا۔

ڈولم (ہ۔ مذکر) نیستی۔ عدم۔ فنا۔

دولہ (ع۔ مذکر) دولت۔ ناطے یا خطابوں کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے اعتمادالدولہ یمین الدولہ۔

دُولھا (ہ۔ مذکر) ۱۔ وہ شخص جس کی شادی ہو۔ نوشاہ۔ بنڑا۔ بنا ۲۔ خاوند۔ شوہر۔ بر۔ (س درلبھک) **دولھا بنانا** (متعدی) **بننا** (لازم) زرق برق کا لباس یا زعفرانی جوڑا پہننا۔ شادی کے لئے کپڑے وغیرہ پہن کر تیار رہنا۔ **دولھا بنے بیٹھے رہنا** (لازم) عزت و وقار کے ساتھ بیٹھے رہنا۔ **دولھا بھائی** (مذکر) بہنوئی۔ **دولھن** (مونث) دلھن۔

امثال واقوال۔ **دولھا ڈھائی دن کا بادشاہ ہے**۔ شادی کے دنوں میں دولھا کی بڑی خاطر و مدارات ہوتی ہے۔ **دولھا تو وہی پر دوشالہ اپنا ہے**۔ کمینہ پن ظاہر کرنے کو کہا جاتا ہے۔ دولھا

دلھن پائے شہ بالا لاتیں کھائے۔ دولھا نے دلھن پائی شہ بالے نے گانڑ مرائی شہ بالا ایک چھوٹا لڑکا ہوتا ہے جو دولھا کے ساتھ رہتا ہے۔ اسے گالیاں پڑتی ہیں۔ دولھا دلھن مل گئے جھوٹی پڑی برات۔ وہاں کہتے ہیں جہاں دو لڑنے والے صلح کرلیں اور ان کے مددگار منہ دیکھتے رہ جائیں۔ دولھا کے پتل نہ بجنیا کے تھا (ھ) وہاں کہتے ہیں جہاں دینے کے لئے کچھ نہ ہو اور کوئی شخص زیادہ مانگے۔ دولھا کے (دم کے) ساتھ ساری برات ہے۔ مالک کی وجہ سے گھر کی رونق ہے۔ دولھا پیچھے (گیل) برات۔ دولھا کے پیچھے ساری برات چلتی ہے۔ دولھا مرے یا دلھن نائی کو اپنے ٹکے سے کام۔ کچھ ہی ہو اپنا مطلب پورا ہو۔ دولھا ہی کے سر سہرا ہے جو سردار ہوتا ہے سب کچھ اسی کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔

دُوم۔ دُوَمیں (ف۔ صفت) دوسرا۔ ثانی۔ دیگر۔

دومبکی (بلوچی۔ مذکر) ایک بلوچ قوم جو علاقہ کچھی میں آباد ہے۔

دُومَہ (ھ۔ مذکر) چمڑے کا تھیلا جس میں اضلاع گڑھوال اور کماؤں میں چائے آتی ہے۔

دَون (ھ۔ مونث) ۱۔ آگ جو جنگل میں لگ جائے ۲۔ آگ۔ اگنی۔ شعلہ ۳۔ سخت گرمی ۴۔ پیاس یا گرمی کی زیادتی۔ سوزش۔ جلن ۵۔ جوش۔ ولولہ۔ شہوت۔ دون لگنا (لازم) ۱۔ سخت گرمی لگنا ۲۔ عشق کے جوش میں جلنا ۳۔ جھرنا۔ کسی چیز کے لئے خواہش یا غم کرنا۔

دَون (ہ۔ صفت) ۱۔ دگنا ۲۔ (مونث) کانے میں کا دوچند کرنا ۳۔ شیخی۔ ڈینگ۔ لاف گزاف۔ (ان معنوں میں دونا کا مخفف) ۴۔ دامن کوہ۔ ملک جو دامن کوہ میں واقع ہو۔ وادی۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے ڈیرہ دون (س۔ دانو) دون پر آنا (لازم) شیخی مارنا۔ دون کی شیخی کی۔ دون کی اڑانا یا لینا (متعدی) ۱۔ شیخی مارنا ۲۔ خودستائی کرنا۔

دُون (ع۔ صفت) ۱۔ کمینہ۔ ذلیل۔ سفلہ۔ ادنے۔ پاجی ۲۔ غیر۔ سوا۔ بجز (ب کے ساتھ بدون استعمال ہوتا ہے) (دُون۔ کمینہ ہونا) ۳۔ ایک گھٹیا دیناؤ کے قریب۔ دون پرست یا نواز (صفت) کمینے کی قدر کرنے والا۔ دون ہمت (صفت) کم ہمت۔ پست ہمت۔ دون ہمتی (مونث) پست ہمتی۔

دون (ھ۔ مذکر) ریاست کا ایک تھوڑا سا حصہ۔

دَونا (ہ۔ مذکر) **دونا** (ھ) ۱۔ پتوں کا پیالہ۔ پتل ۲۔ نیاز کی چیز جو دونوں میں لائی جاتی ہے ۳۔ چٹخاروں کی چیز (س درونک) دونا باندھنا یا بنانا (متعدی) پتوں کا ظرف بنانا۔ دونا چڑھانا (متعدی) چڑھنا (لازم) مزار پر پھول یا شیرینی کا چڑھنا۔ دونا دینا (متعدی) حضرت علی یا حضرت فاطمہ کی نیاز دینا۔ دونا ماننا (متعدی عو) نذر ماننا۔ دونا ہوجانا یا ہونا (لازم) دوہرا ہوجانا۔ ٹیڑھا ہوجانا۔

دَونا۔ دونا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا پودا۔ **دَونا مروا** (مذکر) ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔

دُونا (ہ۔ صفت) ۱۔ دگنا۔ دوچند۔ دوبالا ۲۔ دہرا۔ دونا دُون (صفت) چارچند۔ زیادہ بہت زیادہ۔

دَونچا (ھ۔ مذکر) پاڑ۔ مچان۔

دَوَنْد۔ دَوَنْدہ (ف۔ صفت) ۱۔ دوڑنے والا ۲۔ (مذکر) وہ شخص جو بہت تیز دوڑے (دویدن۔ دوڑنا)۔

دَوَنْد۔ دَوَنْدوہ (س۔ مذکر) ۱۔ جوڑا۔ جگ۔ جوت۔ دکڑا ۲۔ زوج۔ جفت ۳۔ جوڑا ہونا ۴۔ کوئی دو مختلف خاصیتوں کی چیزیں جن کا اکٹھا ذکر کیا جائے۔ جیسے گرمی۔ سردی۔ خوشی رنج۔

دَونکنا (ھ۔ لازم) دھتکارنا۔ غرانا۔ چنگھاڑنا۔ دھڑکنا۔

دونکی (ھ۔ مونث) دھونکنی۔

دَونگرا۔ دونگرا۔ دونگڑا۔ دونگڑا (ھ۔ مذکر) زور کی بارش جیسے برسات کے شروع میں ہوتی ہے۔ دونگڑے خون کے برسنا (لازم) سخت خونریزی ہونا۔ سخت جنگ ہونا۔

دوؤ۔ دوؤ (ھ۔ صفت) دونوں۔

دوو الک (س۔ مذکر) ایک قوم۔

دوہ (ہ۔ امر) دوہنا کا۔ دوہا (ماضی) دوہنا کی۔ **دوہاؤ** (ھ) کاشتکار کے مویشی سے زمیندار کا دودھ لینے کا حق۔ **دوہن** (س) ۱۔ دوہنا۔ دودھ نکالنا ۲۔ دوہنے کا نتیجہ۔ دودھ جو دوہا جائے ۳۔ وہ جانور جو دودھ دے ۴۔ وہ چیز جس سے حسب خواہش چیز نکلے ۵۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ **دوہنا** (متعدی) ۱۔ دودھ نکالنا ۲۔ (مذکر) دیکھو دوہن۔ **دوہنی** (مونث) دودھ دوہنے کا برتن۔ **دوہی** (س) ۱۔ دودھ دوہنے والا ۲۔ حسب خواہش چیز دینے والا ۳۔ گوالا۔ گھوسی۔ دودھ والا۔ دوہیا (ھ) دیکھو دوہی ۳۔

دُوہائی (ہ۔ مونث) دو دفعہ ہائے کرنا ۱۔ امداد انصاف یا رحم کے لئے فریاد ۲۔ دادخواہی۔ استغاثہ ۳۔ منادی۔ اعلان ۴۔ حلف۔ قسم۔ سوگند ۵۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ رام دہائی۔ سرکار کی دہائی ۶۔ (حرف ندا) الامان۔ المدد۔ رحم رحم۔ انصاف انصاف۔ دوہائی پکارنا (متعدی) دوہائی کا لفظ زبان پہ لانا۔ فریاد کرنا۔ دوہائی پھرنا (لازم) پھیرنا (متعدی) منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا۔ اشتہار کرنا۔ دوہائی تہائی کرنا یا مچانا (متعدی) فریاد کرنا امداد کے لئے۔ دوہائی دینا (متعدی) ۱۔ فریاد کرنا۔ کسی کا نام لے کر فریاد کرنا ۲۔ شور کرنا۔ غل مچانا۔ دوہائی کرنا کیے جانا (متعدی) فریاد کرنا۔ دوہائی مانگنا (متعدی) پناہ مانگنا۔ دوہائی ہونا (لازم) فریاد ہونا۔ دوہائی کی آواز ہونا۔ دوہائی ہے۔ فریاد ہے۔ الامان۔ المدد۔

دوہتا (ہ۔ مذکر) بیٹی کا بیٹا۔ دوہتی (مونث) بیٹی کی بیٹی۔ **دَوہتر** (س۔ مذکر) ۱۔ بیٹی کا بیٹا ۲۔ ایک راجہ ۳۔ گینڈا جانور ۴۔ تل ۵۔ بھوری گائے کا دودھ۔

دوہد (ہ۔ مذکر) ۱۔ بیمار کی خواہش ۲۔ فضول خواہش ۳۔ حاملہ عورت کی خواہش ۴۔ وہ چیز جس کی خواہش ہو ۵۔ حمل۔ دوہد لکشن (مذکر) جنین۔

دونہر (ھ۔ مذکر) ریتلی زمین۔

دوہرا (ھ۔ صفت) ۱۔ دوتہ کا۔ دوگنا۔ دونا ۲۔ خمیدہ۔ ٹیڑھا ۳۔ مرکب ۴۔ (ہ۔ مذکر) ہندی بیت ۵۔ دولائی۔ دوہرا آرہ دنتی (صفت) ارہ نما۔ پتا جس کے کنارے آرے کی طرح کٹے ہوں۔ دوہرا پر پیلا (عن۔ صفت) دوپریا۔ دوہرا اتیا (عن صفت) سہ رکنی مکر۔ دوہرا شبد (مذکر) مرکب لفظ۔ دوہرا گول کٹا (صفت) دوہر کنگرے دار۔ دوہرا

ہوجانا یا ہونا (لازم) ٹیڑھا یا خمیدہ ہونا - دونا ہونا - دوہری (صفت مونث) دوہرا کا - دو ہرے (غف) چھالیا - دوہری بات (مونث) ذومعنی بات - وہ بات جس کے دو مطلب ہوں - دوہری لاگ (مونث) تناسب -

دوہرا (امر) دوہرانا کا - دوہرانا (متعدی) دیکھو دہرانا - دوہراؤ - دوہراوا (مذکر) دوہرائی (مونث) دیکھو دہراؤ -

دوہڑکا (ھ - مذکر) دوہرا - ہندی بیت -

دوہلا (مذکر) دوہلی (ھ - مونث) ۱ وہ زمین جو کسی کو خدمت کے صلے میں عطا کی جائے - ۲ وہ زمین جو برہمنوں کو خیراتی کاموں کے لئے بلا مالگزاری دی جائے -

دُوہیا (ھ - صفت) دومنہ کا چولھا - دوہرا چولھا -

دوئی (ھ - صفت) ۱ دو ۲ (مونث) دیکھو دو کے تحت میں -

دُوی (ف - صفت) ۱ دو دو ۲ دگنا - دوہرا ۳ (تف) دو دو کرکے -

دُوی (س - صفت) دو - ہندی میں صرف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - دویپ (مذکر) ۱ دو دفعہ پینے والا - ہاتھی ۲ ایک درخت - دوی پد (صفت) ۱ دو پاؤں کا ۲ (مذکر) دو پاؤں کا جانور - اس قسم میں دیوتا - راکھشس - انسان اور پرندے شامل ہیں ۳ ایک بحر یا وزن ۴ ایک گانا اس وزن پر دیگئی راسوں کا نام.

دِوَیا (ھ - صفت) دینے والا - داتا -

دویپ (س - مذکر) ۱ جزیرہ ۲ جزیرہ نما ۳ حفاظت یا پناہ کی جگہ ۴ دنیا کا ایک حصہ - براعظم - ملک ۵ ہندوؤں نے دنیا کو سات حصوں میں تقسیم کیا ہے جو کوہ میرو کے دامن میں کنول کے پھول کی طرح واقع ہیں اور ان کے درمیان سمندر ہیں - انکے نام ۱ جمبو ۲ پلکش ۳ سالمل ۴ کش ۵ کرونچ ۶ ساک اور ۷ پشکر ہیں - سمندروں کے نام ۱ لون (کھاری پانی) ۲ اکشو (گنّے کا رس) ۳ سُرا (شراب) ۴ سرپس یا گھرت (گھی) ۵ ددھی (دہی) ۶ دُگدھ یا کثیر (دودھ) ۷ جل (تازہ پانی) ہیں،

دُویپ (س - صفت) جزیرے میں رہنے والا - دویپک (مذکر) ۱ جزیرے کا باشندہ ۲ (صفت) جزیرے میں رہنے والا -

دوِیش (س - مذکر) ۱ نفرت - حقارت - کراہت - گھن - تنفر ۲ دشمنی - عداوت - مخالفت - کینہ -

دِوَیو (س - صفت) ۱ آسمانی - خدائی - نارانی ۲ فوق العادت - اعجازی -

دِوَیہ (س - صفت) ۱ آسمانی فلکی ستاروں کا ۲ اعجازی - فوق العادت ۳ طلسماتی - پرافسوں - عجیب ۴ روشن - چمکدار - درخشاں ۵ خوبصورت - حسین ۶ خوشگوار - پسندیدہ ۷ (مذکر) امتحان - آزمائش - پرکشا ۸ قسم - سوگند - سوں ۹ وعدہ - اقرار نامہ صالح - دِویہ کت (مذکر) دِویہ کنڈ (مذکر) ایک جھیل - دِویہ مینا (مونث) کامروپ میں ایک دریا -

دَہ (ہ - مذکر) ۱ بہت گہرا پانی ۲ بہت گہرا جوہڑ ۳ گہرائی - عمق ۴ بھنور - گرداب - چکر ۵ جھیل ۶ دریا - دہ بیٹھنا (لازم) صبر کرنا دہ جانا (لازم) گر جانا - تہ میں بیٹھ جانا -

دَہ (ف - عدد) دس - دہا (مذکر) ۱ مہینے کے ہر دس دن - عشرہ ۲ عشرہ محرم - محرم کا مہینہ - محرم کی دسویں تاریخ ۳ تعزیہ ۴ دہائی -

دہ آک (مذکر) دس بدیاں - ضحاک کا نام - چونکہ اس میں دل اور بدن کے دس نقص تھے ۱ بدصورتی ۲ چھوٹا قد ۳ بے حد غرور ۴ بے حیائی ۵ بہت کھانا ۶ فحش گوئی ۷ بے رحمی ۸ جلدبازی ۹ جھوٹ ۱۰ بزدلی - دہائی (مونث) دس - دہ پنجی (مونث) کھوٹا سونا - دہ چند (صفت) دس گنا - دہ چندگی (مونث) مذاق بندگی کا جواب دس گنا بندگی - دہ حواس (مذکر) پانچ ظاہری پانچ باطنی حواس - دہ دردَہ (صفت) دس گز لمبا دس گز چوڑا - ایسے تالاب کا پانی مسلمان پاک سمجھتے ہیں - دہ دِلا (صفت) ۱ جو ہمیشہ اپنے اصول بدلتا رہے ۲ بیوفا ۳ بہادر - دلیر ۴ متلون ۵ لامذہب - دہ دہی (مونث) کھرا سونا - دہ رگا (صفت) ۱ بہادر ۲ صاحب غیرت ۳ حرامزادہ - دہ روز (مذکر) تھوڑا سا عرصہ - دہ روزہ (مذکر) دس دن کا مجموعہ - عشرہ - دہ زبانی (مونث) ایک بات پر قائم نہ رہنا - دہ سالہ (صفت) ۱ دس سال کا ۲ دس برسی - دہ سنی (صفت) ۱ دس سال کا ۲ دس سال کے لئے ۳ (مونث) ایک رجسٹر جس میں دس سال کا حال درج ہو - دہ سیرا (مذکر) سیری (مونث) دس سیر کا وزن - دہم (صفت) ۱ دسواں - ۲ محرم کی دسویں (تاریخ) دہ مردکا (مذکر) وہ جو دس آدمیوں کا کام کرے - دہ مردہ (صفت) ۱ جس میں دس آدمی ہوں ۲ دس آدمیوں کو اٹھانے کے قابل ۳ (مذکر) دس آدمیوں کا دستہ ۴ گاڑی جس میں دس آدمی بیٹھ سکیں - دہ منی (صفت) جس میں دس من آجائے - دہ نیمی (مونث) پانچ فیصدی - دہ یک یا یکی (مونث) ۱ دسواں حصہ ۲ دس میں سے ایک ۳ دس فیصدی - دہ ہزار یا ہزاراں (مذکر) نرد کی چوتھی بازی - دہ ہفت (مذکر) ایک قسم کا روپیہ جو قدیم زمانے میں رائج تھا -

امثال واقوال - دہ پوٹیش

شلیتہ بھاری - شلیتہ بھاری ہو تو دس دفعہ پوٹیش کی آواز نکلتی ہے - مصیبت زدہ شکایت کرتا ہے - دہ دردنیا ستر (صد) در آخرت - دس دنیا میں خرچ کرو تو ستر یا سو آخرت میں ملتے ہیں - خیرات کی تعریف میں ہے - دہ درویش در گلیمے بخسپند - ودو بادشاہ در اقلیمے نگنجند - دس فقیر ایک گلیم میں سو سکتے ہیں مگر دو بادشاہ ایک اقلیم میں نہیں رہ سکتے - دہ رواں دہ دواں دہ پراں - مسلمان روزوں کے متعلق کہتے ہیں - پہلے دس مشکل سے گزرتے ہیں - دوسرے دس جلدی جلدی گزرتے ہیں اور آخری دس اڑتے ہوئے جاتے ہیں -

دِہ (ف - مذکر) گاؤں - قریہ - دہات (مذکر) دہ کی جمع - دہاتی (صفت) گاؤں کا - دہ بندی (مونث) گاؤں کی مفصل فہرست اور ان کی مالگزاری - دہ جمع (مونث) گاؤں کی مالگزاری -

دِہ (ف - صفت) دینے والا - مرکبات میں جیسے آرام دہ - تکلیف دہ (دادن - دینا) -

دَہ (ھ - صفت و مذکر) دینے والا - ہندی مرکبات کے آخر میں استعمال ہوتا ہے -

دَہ (س - صفت) بجائے دَس کے مرکبات میں استعمال ہوتا ہے - دہسہ (صفت) ۱ ناقابل برداشت - ناقابل مقابلہ ۲ (مذکر) دھرت راشٹر کا ایک بیٹا ۳ ایک اسر ۴ پروکتسا - دہسہا (مونث) سری کا نام - دہشاسن (صفت) مشکل سے قابو میں آنے والا -

دَھ (ھ - مذکر) ۱ ناگری الف ب ت کا انیسواں ہجن اور تورگ الفاظ میں سے چوتھا جسے ابجد میں د اور ہ علیحدہ شمار ہوتے ہیں ۲ (س) برہما جی یا کوبیر کا نام ۳ گانے میں چھٹا سُر ۴ نیکی - خوبی ۵ دولت -

باندار۔

دھا (س۔ صفت) دینے والا۔ ۲ (مذکر) برہما جی یا برہسپتی۔

دَھا (ہ۔ مذکر) ۱ اچھا سُر ۲ ترانہ۔ آہنگ ۳ دودھ پلانے والی۔ انا۔ دائی۔

دھابا (ہ۔ مذکر) ۱ مٹی کی ہموار چھت۔ ۲ مکان جس کی چھت ایسی ہو ۳ ہندوؤں کا ہوٹل۔ (س۔ دھانک)۔

دھابری (ھ) **دھابلی** (ہ۔ مونث) ۱ مرغیوں کا ڈربا ۲ کبوترخانہ۔ کابک (دھابا سے)۔

دھابھائی (ھ۔ مذکر) دودھ شریک بھائی۔ رضاعی بھائی۔

دھاپ (ھ۔ مذکر) ۱ وہ فاصلہ جو انسان بغیر ٹھہرنے کے دوڑے۔ تقریبًا نصف میل۔ ۲ فاصلہ۔ بُعد۔ دوری۔ انتر ۳ میدان ۴ گھاٹ رستہ ۵ فٹ۔ بارہ انچ۔

دھاپنا (ھ۔ متعدی) ۱ بھرنا ۲ تسلی کرنا ۳ سیر کرنا ۴ (لازم) بھرجانا ۵ سیر ہونا ۶ تھکنا۔

دَھات (ہ۔ مذکر) ۱ عنصروں کی ایک خاص قسم جن میں مفصلہ ذیل خاصیتیں پائی جاتی ہیں۔ تیزاب سے مل کر مختلف اقسام کے نمک بنتے ہیں۔ عمومًا سخت۔ بھاری اور چمکدار ہوتے ہیں۔ کوٹے جاسکتے ہیں۔ انکا تار کھینچا جاسکتا ہے۔ مشکل سے ٹوٹتے ہیں۔ گرمی اور بجلی ان میں سے گزر جاتی ہے۔ پہلے زمانے میں صرف سونا چاندی تانبا۔ رانگا لوہا اور سیسہ دھات سمجھے جاتے تھے۔ بعد کو پارہ بھی دھاتوں میں شمار ہونے لگا کیونکہ یہ سردی سے جم جاتا ہے اور پھر کوٹا جاسکتا ہے۔ آجکل اور بہت سے دریافت ہوچکے ہیں۔ دیکھو عنصر ۲ دھاتوں کا مرکب۔ جیسے پیتل ۳ منی (س دھات)۔ **دھات آنا** (لازم) پیشاب میں منی نکلنا۔ **دھات چھین** (مونث) منی کی کمزوری۔

دھاتا (س۔ مذکر) ۱ وہ جو رکھے ۲ بانی ۳ بنانے والا۔ خالق ۴ مصنف ۵ بچانے والے۔ پالنے والا ۶ والدین ۷ برہما جی ۸ ایک آدتیہ۔ **دھاتا ودھاتا** (مذکر) برہما جی ۲ دو اور دیوتاؤں کا نام۔

دھاتپ (س۔ مذکر) دیکھو دھاتو۔

دھاتر (س۔ مذکر) ۱ دیکھو دھاتا ۲ پیدائش۔ دولت۔ صحت۔ وقت۔ موسم وغیرہ کا دیوتا ۳ بھرگو اور خیاطی کا بیٹا ۴ ۴۹ ہواؤں میں سے ایک ۵ آشنا۔ یار۔ دھگڑا ۶ مشتری کے قرن کا دسواں یا چالیسواں سال ۷ چوتھے منونترے کا ایک رشی۔ **دھاتر پتر** (مذکر) سنت کمار۔

دھاتری (س۔ مونث) ۱ ماں۔ ۲ سرسوتی کا لقب ۳ دائی۔ انا۔ دودھ پلائی ۴ زمین ۵ ایک درخت۔

دھاتو (س۔ مذکر) ۱ عنصر۔ تت۔ تتو ۲ پانی۔ آگ۔ ہوا۔ مٹی ۳ بدن کے اصل اجزا ۴ اصلی یا ضروری رس ۵ بدن کی تین خلطوں میں سے کوئی۔ بلغم۔ صفرا۔ ریاح ۶ مواد جو بہے ۷ بدن کی کوئی رطوبت کیلوس۔ خون۔ منی۔ چربی۔ گوشت۔ ہڈی۔ گودا ۸ پانچ خاصیتوں میں سے کوئی جو حواس سے محسوس ہو آواز۔ رنگ۔ مزہ۔ بو۔ لمس ۹ دھات معدنی شے ۱۰ الفاظ کی اصل صورت۔ فرع۔ جڑ۔ **دھاتو بدیا** (مونث) دھاتوؤں کا علم۔ دھات صاف کرنے کا کام۔ **دھاتوپ** (مذکر) اصلی رس کیلوس۔ **دھاتو پاٹھ** (مذکر) ایک قدیم فہرست دھاتوؤں کی جو پانتی نے مرتب کی تھی۔

دھائی (س۔ مونث) ۱ دشمن کی طرف بڑھنا۔ حملہ کرنا ۲ حملہ۔ دھاوا۔

دَہار (ھ۔ مذکر) زمین جس پر بارش کے بعد پانی کھڑا رہے۔ دلدلی زمین۔

دھار (ہ۔ مونث) ۱ کسی گرتی ہوئی سیال چیز کا تار یا تلی ۲ خط۔ لکیر ۳ تلوار وغیرہ کی باڑھ یا تیزی ۴ دریا کا وسط یا بہاؤ ۵ پہاڑ ور کا سلسلہ ۶ دودھ یا شراب جو دیوتا کو چڑھائی جائے ۷ پیشاب۔ ۸ (س) درخت کا تنہ جو کنویں کے منہ میں پھنسادیتے ہیں کہ کوئیں کی دیوار نہ گرے ۹ بارش کا چھینٹا ۱۰ حد ڈانڈا ۱۱ ادھار (س دھر لے جانا)، **دھارا** (مذکر) ۱ دیکھو دھارا ۲ و ۳ و ۴ و ۸ و ۹ و ۱۲ (س) انبوہ۔ ہجوم۔ جگمٹ ۲ قطرہ۔ **دھارادار** (صفت) جس کے پتے نالی دار ہوں۔ نالی دار۔ **دھار الٹ جانا** (لازم) باڑھ کند ہوجانا۔ **دھار باچھ** (مذکر) مالگزاری تحصیل وغیرہ کی برابر تقسیم۔ **دھار باندھنا** (متعدی) بندھنا (لازم) دھار کا جادو وغیرہ کے زور سے کند ہوجانا۔ نکما ہوجانا۔ **دھار بند ہوجانا یا بیٹھ جانا** (لازم) باڑھ کند ہوجانا۔ **دھار پر مارنا** (متعدی) ۱ پروا نہ کرنا۔ خاطر یا خیال میں نہ لانا ۲ نالائق سمجھنا۔ حقیر سمجھنا۔ **دھار چڑھانا** (متعدی) دیوتا یا گنگا جمنا پر منت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا۔ **دھار چڑھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **دھار چھوٹنا** (لازم) زور سے دھار نکلنا۔ **دھار دار** (صفت) تیز۔ باڑھ دار۔ **دھار دُھرا یا دُھورا** (مذکر) ۱ وہ حد جو ندی کی وجہ سے بن جائے ۲ دو گاؤں کے درمیان حد۔ **دھار دھرنا** (ھ) ۱ تیز کرنا ۲ پھٹکنا۔ **دھار دینا** (ھ) دودھ دینا۔ **دھار رکھنا** (متعدی) ۱ باڑھ رکھنا۔ تیز کرنا۔ **دھار کر جانا یا کرنا** (متعدی) کند ہونا۔ دانتے پڑنا۔ **دھار کلاں** (مذکر) اصل دریا۔ دریا کی بڑی دھار۔ **دھار لگانا** (متعدی) موتنا۔ **دھار لینا** (متعدی) ۱ منہ میں دودھ کی دھار لینا ۲ تھنوں سے منہ لگاکر دودھ پینا۔ **دھار مارنا** (متعدی) موتنا۔ **دھارم دھار رونا** (لازم) بہت رونا۔ **دھار میں (پہنچ کر) ڈوب گیا**۔ ہمت کرکے پست ہمت ہوگیا۔ **دھار نکالنا** (متعدی) ۱ دودھ دوہنا ۲ تیز کرنا۔ **دھار نکلنا** (لازم) دودھ دوہنے میں فوارے کی طرح تلی چلنا۔ **دھاروں رونا** (لازم) بہت رونا۔ آنسوؤں کا تار لگانا۔ **دھاری** (مونث) ۱ لکیر۔ خط ۲ کپڑے یا کسی چیز پر باریک یا چوڑی لکیر ۳ نالی ۴ (ھ) چھوٹا پشتہ ۵ فوج ۶ حد۔ کنارہ۔ **دھاریدار** (صفت) وہ جس پر خط پڑے ہوں۔

دھارَک (س۔ صفت) ۱ پکڑنے والا ۲ جس میں کوئی چیز آجائے ۳ (مذکر) وہ جو صندوقچی وغیرہ پکڑے ۴ مقروض ۵ برتن یا صندوقچی جس میں کوئی چیز رکھی جائے ۶ گھڑا۔ **دھارکا** (مونث) شرمگاہ۔

دھارِک (ھ۔ صفت) ۱ نیک۔ نیک چلن۔ صالح ۲ منصف ۳ پابند مذہب۔ بھگت۔

دھارَن (س۔ مذکر) ۱ پکڑنا۔ ۲ لیجانا ۳ برداشت کرنا۔ اٹھانا ۴ رکھنا ۵ پہننا ۶ بچانا ۷ پرورش کرنا ۸ لینا۔ قبضہ کرنا ۹ حاصل کرنا ۱۰ ذمہ لینا۔ **دھارَنا** (مونث) ۱ یاد رکھنا ۲ یادداشت ۳ نیک رہنا۔ راہ راست پر رہنا ۴ قیام۔ استواری۔ مستعدی ۵ قابلیت عقل وغیرہ رکھنے کی۔ دھارن

کرنا (متعدی) دیکھو دھارنا۔
دھارتی (س۔مونث) ۱؎ سیدھی
لکیر ۲؎ بدن کی کوئی نالی ۳؎ درد کو بند کرنے کا منتر ۴؎ قطار۔
صف ۵؎ سودھا کی بیٹی۔
دھارِن (س۔صفت) ۱؎ دیکھو
دھارنا ۲؎ یاد رکھنے والا ۳؎ (مذکر) دو قسم کے
درختوں کا نام۔ **دھارنی** (مونث) ۱؎ زمین۔
دھارنا (ہ۔متعدی) ۱؎ دیکھو
دھارن ۲؎ ۳؎ ۴؎ ۵؎ مقروض ہونا ۶؎ پانی ڈالنا۔ پانی
کی دھار ڈالنا ۷؎ گرم پانی کی دھار ڈالنا۔ سینکنا گرم دوائی
سے۔
دھاری (س۔صفت و مذکر)
پکڑنے والا وغیرہ دیکھو دھارن۔ مرکبات کے آخیر میں
استعمال ہوتا ہے۔ جیسے جٹا دھاری۔ جید دھاری۔
دہاڑ (ہ۔مونث) ۱؎ شور۔ غل
۲؎ گرج ۳؎ شیر کی آواز (س دھراڑ۔ بہنا) **دہاڑنا**
(لازم) ۱؎ غل مچانا۔ شور کرنا ۲؎ بچوں کا غل مچا کر رونا
۳؎ شیر کا بولنا۔ غرانا۔ **دہاڑیں مار کر رونا یا مارنا**
(متعدی) زور زور سے رونا۔ چیخنا۔ چلانا۔
دھاڑ۔ دھاڑا (ہ۔مونث)
۱؎ مجمع۔ بھیڑ۔ انبوہ ۲؎ ڈاکہ ۳؎ (ہ) پانی کی دھار۔ آبشار۔
(س دھراڑ۔ بہنا) **دھاڑا کا دھاڑا** (ع) بہت
آدمیوں کا ہجوم۔ **دھاڑا مارنا** (متعدی) دیکھو
دھاڑ دینا۔ **دھاڑ پڑنا** (لازم) جلدی ہونا۔ **دھاڑ**
دینا (ھ) **یا مارنا** ۱؎ ڈاکا مارنا ۲؎ دھاوا کرنا۔ حملہ کرنا۔
دھاڑ کی دھاڑ (مونث) مجمع۔ انبوہ۔ **دھاڑی**
(صفت) دھاڑا مارنے والا۔ چور۔ ڈاکو۔
دِہاڑا (ہ۔مذکر) ۱؎ حالت۔ درجہ۔
گت ۲؎ برا حال۔ درگت ۳؎ دن۔ دوپہر۔ ان معنوں
میں دن دہاڑے استعمال ہوتا ہے (س دشا) **دہاڑی**
(ہ۔مونث) روزانہ مزدوری۔
دھاک (ہ۔مونث) ۱؎ شہرت۔
شہرہ۔ غلغلہ۔ دھوم ۲؎ ڈر۔ خوف ۳؎ رعب داب۔
دبدبہ ۴؎ شان۔ شوکت (س دھرِش۔ بہادر ہونا)
دھاک باندھنا (متعدی) **بندھنا** (لازم) ۱؎ رعب
ہونا۔ سکہ بیٹھنا۔ **دھاک بٹھانا** (متعدی) **بیٹھ**
جانا یا بیٹھنا یا پڑنا (لازم) رعب ہونا۔ سکہ جمنا۔
دھاک جمانا (متعدی) **جمنا** (لازم) رعب قائم
ہونا۔ **دھاک ہونا** (لازم) ۱؎ شہرہ ہونا ۲؎
رعب ہونا۔
دھاک (ہ۔مونث) ۱؎ کھمبا۔
ستون ۲؎ دیکھو ڈھاک۔
دَہاک (ف۔مذکر) دس کی جگہ
گنتی میں۔ **دہاکا** (مذکر) ۱؎ دس۔ دس کا مجموعہ ۲؎
دہائی۔ دس کی جگہ۔
دَہاکا (ہ۔مذکر) ۱؎ نقصان ۲؎ صدمہ۔
غم۔ رنج ۳؎ خوف۔ ڈر (دہنا سے) **دہاکا بٹھانا**
(متعدی) **بیٹھنا** (لازم) صدمہ گزرنا۔ دہشت بیٹھنا۔
خوف طاری ہونا۔ **دہاکے دینا** (متعدی) ۱؎ دھمکی
دینا۔ ڈرا دینا۔ خوف دلانا ۲؎ فریب دینا۔ دھوکا
دینا۔
دھاکر (ہ۔صفت) دوغلا۔
دھاکرا (ہ۔مذکر) راجپوتوں کی
ایک قوم ضلع آگرہ میں۔
دھاکھ (ہ۔مذکر) ۱؎ دھاکھا ۲؎ (مونث)
دھاک۔ **دھاکھا** (مذکر) جھولا۔ پینگ۔
دھاگا (ہ۔مذکر) ۱؎ ڈور۔ سوت۔
تاگا۔ تار (باندھنا۔ بندھنا کے ساتھ) ۲؎ دھوکا۔
دم۔ فریب (دینا کے ساتھ) (س دھا۔ بنانا)
دھاگا پرونا (متعدی) سوئی میں دھاگا ڈالنا۔
دھاگا پڑنا (لازم) دھاگا ڈالنا کا۔ **دھاگا دینا**
(متعدی) فریب دینا۔ **دھاگا ڈالنا** (متعدی)
۱؎ سوئی میں دھاگا ڈالنا ۲؎ رضائی وغیرہ کو دھاگے سے
سینا۔ نگندے ڈالنا ۳؎ زیور میں ریشمی دھاگا باندھنا
جیسے جگنی وغیرہ میں۔
دھالا (ہ۔مذکر) ۱؎ ندی۔ دھار
۲؎ ایک قسم کا محصول جو گاؤں والوں پر لگایا جاتا
ہے۔ دھاباچھ۔
دہالیز (ع۔مونث) دہلیز کی جمع۔
دَھام (س۔مذکر) ۱؎ گھر۔ خانہ۔
مکان ۲؎ بہشت۔ سُرگ ۳؎ شان و شوکت۔ اردو
میں ان معنوں میں دھوم کے ساتھ استعمال ہوتا ہے
۴؎ ایک قسم کی آکاسی مخلوق۔ **دھامَن** (مذکر) ۱؎ مکان
گھر ۲؎ پوترا گنی اور سوما کا ستھان ۳؎ منظورِ نظر شخص
یا چیز ۴؎ خوشی۔ فرحت ۵؎ خاندان کا آدمی ۶؎ جماعت۔
گروہ۔ فوج کے آدمی ۷؎ قانون۔ قاعدہ ۸؎ حالت۔
طریقہ ۹؎ شکل۔ صورت۔ طرز۔ ادا ۱۰؎ شان شوکت
جلال ۱۱؎ طاقت۔ قوت۔ اثر ۱۲؎ چوتھے منونتر کے
دیوتاؤں کے دو رشیوں کا نام۔ **دھامنی** (مونث) بدن
کا کوئی نالی دار حصہ۔ رگ۔ نس۔ **دھامی** (مونث)
دیکھو دھامن۔
دُہام (ع۔صفت) ۱؎ سیاہ ۲؎ (مذکر)
نر اونٹ۔
دَھاما (ہ۔مذکر) ٹوکرا بید کا بنا
ہوا۔ **دھامی** (مونث)۔ دھاما کی تصغیر۔ ٹوکری۔
دھامَن (ہ۔مذکر) ایک اژدہا
جو گایوں کا دودھ پی جاتا ہے اور بے ضرر ہے ۲؎ ایک
قسم کی لکڑی ۳؎ ایک قسم کا بانس جس کی کمانیں بنتی ہیں ۴؎
ایک قسم کی گھاس۔
دھامِیان (ہ۔مذکر) ایک
ہندو فرقہ جو پرانا تھ کا پیرو ہے۔ جو ۱۷ صدی میں بندیل
کھنڈ میں پیدا ہوا تھا۔
دَہان (ف۔مذکر) ۱؎ منہ۔ دہن ۲؎
سوراخ۔ روزن ۳؎ زخم کا منہ۔ **دہان بند** (صفت)
نقاب ۲؎ منہ کا چھینکا۔ **دہانِ پشت** (مذکر) دبر۔
گانڈ۔ **دہانِ زخم** (مذکر) دیکھو دہن زخم۔ **دہانِ**
ضیغم (مذکر) برج اسد کا پہلا مقام۔ **دہان کھلنا**
(لازم) **کھولنا** (متعدی) دیکھو دہن۔ **دہان کیسہ**
زر کھول دینا (متعدی) بہت خرچ کرنا۔ **دہان**
گیر (صفت) جو دوسرے کو فضول باتیں نہ کرنے دے۔
دہانہ (مذکر) ۱؎ کوئی چیز جو منہ کے مشابہ ہو ۲؎ منہ۔
دہن ۳؎ دریا کے سمندر یا جھیل میں گرنے کا مقام ۴؎ موری
یا بدرو کا منہ ۵؎ وادی کا شروع کا حصہ ۶؎ مشک کا
منہ ۷؎ لوہے کا ٹکڑا جو گھوڑے کے منہ میں دیتے ہیں
اور جو زبان کے اوپر رہتا ہے ۸؎ جولاہوں کا ایک اوزار
۹؎ کوئی چیز جیسے چاقو کی نوک پر اس کے محفوظ کرنے
کیلئے لگاتے ہیں ۱۰؎ پیتل کا زنگ ۱۱؎ ایک قیمتی سبز پتھر
دہانۂ فرنگ (مذکر) دہانہ ۱۱۔ **دہانہ کھولنا** (متعدی)
کھلنا (لازم) ۱؎ مشک کا منہ کھلنا ۲؎ موری کا منہ کھلنا
۳؎ پیشاب نکلنا۔ پانی نکلنا۔
دَھاں (ہ۔مونث) توپ یا
بندوق کی آواز۔
دَھان (ہ۔مذکر) ۱؎ چاولوں کا
پودہ ۲؎ چھلکے دار چاول ۳؎ ایک قسم کی آتشبازی (س
دھانی) **دھان پان** (صفت) نازک اندام۔
دبلا۔ پتلا۔ **دھان کٹی۔ کٹی** (ہ۔مونث) دھان
کی کٹائی۔ **دھان کٹا** (مذکر) دھان کے کوٹنے کا

موسل - دھان کُٹی (مونث) دھان کو کوٹنا چاول نکالنے کے لئے۔ دھان کی کِھلیاں یا کِھیلیں (مونث) گیلے چاولوں کو بھونتے ہیں تو وہ پھول جاتے اور بہت خستہ ہو جاتے ہیں۔ انہیں کھلیاں یا کھیلیں کہتے ہیں۔ دھانی (صفت) ۱ دھان کے رنگ کا ہلکے سبز رنگ کا ۲ (مذکر) ہلکا سبز رنگ ۳ ایک قسم کا چاول ۴ وہ زمین جس میں دھان بوئے جائیں۔ دھانوتیا (ھ) دھان کوٹنے والا۔

امثال و اقوال - دھان بچارے بھلے جو کوٹا کھایا چلے - دھان آسانی سے پک جاتے ہیں - دھان پان پانی - کاتک سواد جانی - دھان پان اور پانی کا مزا کاتک میں ہوتا ہے۔ دھان پان ہو رہی ہے یعنی بہت دبلی ہو رہی ہے۔ دھان پان پنیولے نانھ جات لتیولے۔ (ھ) دھان اور پان کو پانی نہ ملے تو مرجھا جاتے ہیں۔ دھان سو کھتا ہے کوا ٹرٹراتا ہے - جہاں کھانے کی چیز ہوتی ہے - وہاں سبھی آن پہنچتے ہیں۔ دھان کا گاؤں پوال سے جانا جاتا ہے۔ آثار اصلیت ظاہر کر دیتے ہیں۔

دَہانا (ھ - مذکر) جلانا - آگ لگانا۔

دھانا (ھ - لازم) ۱ دوڑنا - بھاگنا ۲ جلدی کرنا ۳ محنت کرنا مشقت کرنا ۴ (متعدی) پوجا کرنا - پرستش کرنا ۵ دعا کرنا - مانگنا (اردو میں متروک ہے)

امثال - دھاؤ جو بدھ لکھا سو پاؤ - دھاؤ دھاؤ کرم لکھا سو پاؤ - کتنی محنت کرو جو قسمت میں لکھا ہے وہی ملے گا۔ سست اور کاہل آدمی کہتے ہیں۔

دُہانا (ہ - متعدی) گائے بھینس وغیرہ کا دودھ دوسرے آدمی سے نکلوانا۔

دھاندل (ہ - مونث) دھاندل (ھ) ۱ جھگڑا - فساد ۲ بے ایمانی ۳ دھوکا - فریب - چھل ۴ تکرار - حجت (س دوندو - دوا اور دو) دھاندل پنا (مذکر) دھاندل - دھاندل باز (صفت) دھاندل کرنے والا - دھاندل کرنا لانا یا مچانا (متعدی) جھگڑا وغیرہ کرنا دیکھو دھاندل - دھاندل مچا دی - ناحق کا جھگڑا پھیلا دیا یا بدمعاشی کی - دھاندلی (صفت) ۱ وہ جو دھاندل کرے یا امر حق کو چھپائے ۲ (مونث) دھاندل - امر واجبی کو چھپانا - دھاندلیا (صفت) دیکھو دھاندلی ۱ - دھاندلی بازی کرنا (متعدی) زبردستی کوئی چیز لے لینا - ناحق کی زبردستی کرنا - دھاندلی کرنا (متعدی) دغابازی کرنا - زبردستی کوئی چیز لینا۔

دھاندھنا (ھ - لازم) بہت کھانا ہڑپ کرنا - بھکوسنا - دھاندھے ہے - حرص ہے تگڑو ہے -

دھانس (ہ - امر) ۱ دھانسنا کا ۲ (مونث) تیز بو جو گلے میں خراش یا کھانسی پیدا کرے یا چھینک لائے ۳ خراش جو ایسی بو سے پیدا ہو ۴ (ھ) کھانسی یا چھینک جو اس بو کی وجہ سے آئے - (س دنش - کاٹنا) دھانس چڑھ جانا یا چڑھنا (لازم) بو کا ناک میں پہنچ کر خراش پیدا کرنا - دھانسنا (متعدی) ۱ گھوڑے کا کھانسنا ۲ دیکھو علیحدہ - دھانسی (مونث) گھوڑے کی کھانسی -

دھانسنا (ہ - متعدی) ۱ دھنسنا کا - زمین میں دھسا دینا - دھسنا ۲ دیکھو دھانس کے تحت میں -

دھانسی (س - مونث) ایک راگنی -

دھانشری (س - مونث) ایک راگ -

دھانشک (س - مذکر) تیر انداز - دھانک -

دھانک (ہ - مذکر) ۱ تیر انداز - کماندار ۲ چوکیدار جو تیر و کمان سے مسلح ہو

دھانگر - دھانگڑ (ہ - مذکر) ایک قوم جو کوئیں اور تالاب کھودنے کا کام کرتی ہے!

دھانگی (ہ - مونث) جو چیز مال کی جائے (مخف)

دھانیہ (س - مذکر) ۱ اناج ۲ چاول ۳ دھنیا ۴ ایک وزن جو چار تل کے برابر ہوتا ہے -

دھاؤ (ھ) **دھاوا** (ہ - مذکر) ۱ دوڑنا - تیز جانا ۲ حملہ چڑھائی - تاخت - یورش - دوڑ ۳ (ھ) مجمع ہونا - یورش کرنا - (س دھاو - پیچھے دوڑنا) دھاوا بول دینا (متعدی) حملہ کرنا - دھاوا کرنا (متعدی) ۱ چڑھائی کرنا ۲ یورش کرنا - حملہ کرنا - دھاوا مارنا (متعدی) ۱ دور تک یورش کرنا ۲ لمبا سفر طے کرنا ۳ یکایک حملہ کرنا - دھاوا ہونا (لازم) یورش ہونا - حملہ ہونا (س دھاو - دوڑنا)

دھاونا (ھ - لازم) ۱ دوڑنا - جلدی کرنا ۲ آوارہ پھرنا - پھرنا ۳ بہت چلنا ۴ (متعدی) حملہ کرنا ۵ تعقب کرنا ۶ پرستش کرنا - پوجا کرنا ۷ کوشش کرنا - جتن کرنا -

امثال - دھاوے گا سو پاویگا جو محنت کرے گا وہ اجر پائے گا - دھاؤ دھاؤ کرم لکھا سو پاؤ - ہزار جتن کرو کرم لکھا سو پاؤ -

دھاوت (ہ - مذکر) ۱ شہدوں کا سرگروہ ۲ چست و چالاک آدمی -

دھاوَنکا (ھ - مونث) ایک قسم کا تھوہڑ -

دھاونی (ھ - مونث) ایک قسم کی بیل -

دھاہ (ھ - مونث) ۱ آواز - شور - غل ۲ چیخ (مارنا کے ساتھ)

دُہاؤ (ھ - مذکر) ایک پودہ جس میں سے رنگ نکلتا ہے -

دُہائی (ھ - مونث) دیکھو دوہائی -

دَھائی - دھائے (ھ - مونث) ۱ دائی - انا - دودھ پلانے والی ۲ رضاعی ماں ۳ ایک کمیں دیکھو ڈھائی ۴ دھائے بھائی (مذکر) رضاعی بھائی - دھائے کے دینا (متعدی) دودھ پلانے کے لئے بچہ کسی کے سپرد کرنا -

دھائے (ھ) **دھائیں** (ہ - مونث) ۱ دیکھو دھاہ ۲ توپ کی آواز - دھاں - دھڑ - دھائے مارنا (ھ) ۱ شور مچانا - غل کرنا ۲ چیخ مارنا - دھائیں دھائیں (مونث) لگاتار آواز توپوں یا بندوقوں کی - دھائیں دھائیں کرنا (متعدی) ۱ چائیں چائیں کرنا - شور مچانا ۲ اپنے مطلب کی بات کئے جانا - اپنا راگ گانا - دھائیں سے (تف) دن سے - دھوں سے -

دَھب (ہ - مذکر) ۱ دھپ ۲ دھب دھب - اردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا دھب دھب (مذکر) ۱ پاؤں کی آواز ۲ آدمی کے پاؤں کی آواز ۳ بھاری آدمی کے پاؤں کی آواز - دھبدھبانا (متعدی) دھب دھب

کی آواز پاؤں سے نکالنا۔ **دھبڑ دھباہٹ** (مونث) دھب دھب کی آواز۔ **دھبڑ دھبڑ** (مونث۔عو) دھب دھب۔

دَھبّا (ہ۔ مذکر) ۱ رنگدار نشان۔ داغ ۔ٹیکا ۲ تہمت۔بہتان۔عیب۔ **دھبا پڑنا** (لازم) داغ لگنا۔ **دھبا دینا** (متعدی) دھبا ظاہر کرنا۔ **دھبا ڈالنا۔ لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) ۱ داغ لگنا ۲ عیب لگنا۔تہمت لگنا ۳ عیب دار ہونا۔

دَھبری (ہند) ضلع گوالپارہ میں ایک قصبہ۔

دَھبَل (ہ۔صفت) **دھبّل** (ھ) ۱ بھاری۔بڑا ۲ موٹا۔ فربہ۔ مضبوط۔تنومند ۳ (مذکر) بھاری آدمی وغیرہ۔ **دھبلا** (مذکر) ۱ موٹا اور مضبوط کپڑا ۲ موٹی دھوتی۔عورتوں کا موٹا اور دھیلا ڈھالا تہ بند ۳ لہنگا ۴ ڈھیلا اور بھدا پاجامہ۔ **دَھبلہائی** (ھ) ۱ بہت موٹی اور بھدی عورت ۲ بہت بڑا لہنگا۔ **دھبلے میں خاک**۔ایک گالی۔

دُھبلا (ہ۔مذکر) دیکھو دَھبلا۔

دُھبیا (ھ۔ مذکر) دھوبی کی تصغیر۔

دَھپ (ھ۔مونث) ۱ آواز۔ شور ۲ دھب دھب ۳ بھاری بدن کے گرنے کی آواز ۴ کھپڑ۔ دھول (مارنا لگنا کے ساتھ) ۵ نقصان کھانا۔خسارا۔

دھپّا (ہ۔ مذکر) ۱ دیکھو دھپ ۲و۳ ۲ دھوکا۔ دغا (مارنا لگنا کے ساتھ) ۳ فاصلہ۔دوری۔ بُعد (ان معنوں میں دھاپ سے) **دھپا رکھنا** (متعدی) ۱ احسان رکھنا ۲ چھدار کھنا (عف) **دھپانا** (متعدی) دھپا مارنا۔

دھپاڑ (ہ۔مونث) دوڑ۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ **دَھپانا** (ھ متعدی) دھپنا کا۔

دَھپنا (ھ۔لازم) ۱ بھرنا۔بھرا جانا ۲ تھکنا۔اکتا جانا۔

دُھپیا (ھ۔مونث) ۱ چھوٹی سی دوڑ ۲ چھوٹا کوس ۳ تھوڑا فاصلہ۔

دَھت (ہ۔مونث) ۱ عادت لت۔دھن ۲ بری عادت۔عیب ۳ (ھ) ایک لفظ جو ہاتھیوں کا دل بڑھانے یا انکو ٹھہرانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ۴ دیکھو دُھت۔ **دھتانا** (ذکر) ۱ دھتکار۔ دردبک ۲ نکال دینا۔اخراج ۳ ٹال مٹول چلے حوالے۔ **دھتا بتانا** (متعدی) ۱ نکال دینا۔ علیحدہ کرنا۔ترک کرنا ۲ چلے حوالے کرنا۔ٹالنا۔ **دھت پڑنا یا لگنا** (لازم) بری عادت ہونا۔ لت پڑنا۔ **دھت دھت** (مونث) ۱ دیکھو دھت ۲و۳ دیکھو دُھت۔ **دھت کرنا** (متعدی) دیکھو دھتکارنا۔ **دھتی** (ھ) **دھتیا** (ھ) **دھتیل** (ھ) وہ جسے بری عادت یا لت پڑجائے۔

دُھت (ہ۔حرف ندبہ) ۱ مؤت دور ہو ۲ نشے میں چور۔مخمور۔بدمست۔ **دھت تیرے کی**۔ دور ہو۔ چلا جا۔ **دھتکار** (مونث) لعنت ملامت۔ **دھتکار بتانا** (متعدی) ذلیل کرنا۔نکال دینا۔ **دھتکارنا** (متعدی) ۱ نکالنا۔ ذلیل کرنا ۲ لعنت ملامت کرنا ۳ گھرکنا۔جھڑکنا۔

دُھتّا (ہ۔ مذکر) دھوکا۔ دغا۔فریب۔ چھل۔ **دھتا دینا** (متعدی) دھوکا دینا۔

دُہِتا۔ دُہِتری (س۔مونث) "ناں کا دودھ دوہنے والی" بیٹی۔ **دہتا یا دُہتری پتی** (مذکر) داماد۔

دُھتورا (ہ۔ مذکر) ۱ ایک پودا ۲ اس کا بیج جو نشہ پیدا کرتا ہے اور انسان پاگلوں کی طرح باتیں کرنے لگتا ہے۔ اسکی دو قسمیں ہیں سفید اور سیاہ (س دُھتُّورک) **دھتورا دینا** (متعدی) کسی کو دھتورے کے بیج کھلا دینا۔ **دھتوریا** (مذکر) ۱ ٹھگ جو لوگوں کو دھتورا کھلا کر لوٹتا ہے ۲ دغا باز۔ دھوکے باز۔

دُھتیا (ہ۔مونث) چھوٹی دھوتی۔ **دھتیا پرشاد** (مذکر) مسلمان ہندوؤں کو مذاقاً کہتے ہیں۔

دَھینگر (ھ۔صفت) ۱ مضبوط۔ تنومند ۲ بھاری بدن کا ۳ متکبر۔گھمنڈی ۴ خوامخواہ لوگوں کو دبانے والا ۵ (مذکر) وہ آدمی جس میں مذکورہ بالا صفتیں ہوں۔

مثل۔ دھینگر کا ہے موٹا۔ لاہا گنے نہ ٹوٹا۔ بھاری بدن کا آدمی کیوں موٹا ہے۔ کیونکہ وہ نفع نقصان کی پرواہ نہیں کرتا۔

دَھج (ہ۔مونث) ۱ انداز۔روش۔ طرز ۲ شکل۔صورت۔ دضع ۳ فیشن ۴ پوشاک ۵ (ھ) نشست۔بیٹھک۔آسن ۶ ذکر۔آلہ تناسل۔ **دھجا** (ھ) طرز۔شکل۔ وضع۔ **دھج بدلنا** (متعدی) ۱ صورت بدلنا۔طرز بدلنا ۲ پوشاک بدلنا ۳ (پٹے بازی) ٹھاٹھ بدلنا۔ **دھج بنانا** (متعدی) کوئی وضع بنانا۔ **دھج بھنگ** (مذکر) نامردی۔کمزوری۔ **دھج پلٹنا** (متعدی) دیکھو دھج بدلنا۔ **دھج نکالنا**۔ (متعدی) نئی وضع پیدا کرنا۔ **دھجیلا** (صفت) ۱ خوش اندام۔سجیلا۔ وضعدار۔خوش وضع ۲ جامہ زیب۔ بانکا۔

دَھجا (ھ۔ مذکر) ۱ جھنڈا۔علم۔ پھریرا۔ نشان۔ لوا ۲ ایک ڈنڈا جس کے ساتھ کپڑا باندھ کر منت پوری کرنے کے لئے کسی جگہ گاڑ دیتے ہیں۔

دَھجّی (ہ۔ مونث) کپڑے یا کاغذ کی لمبی کترن جسکا عرض بہت کم ہو۔ پرزہ۔ پارہ۔ چیتھڑا۔ **دھجیاں اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) **اڑجانا یا اُڑنا** (لازم) ۱ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔پرزے پرزے ہونا ۲ سخت سزا ملنا ۳ ذلیل ہونا۔رسوا ہونا۔ **دھجیاں بکھیر دینا** (متعدی) ۱ ادھیڑ دینا ۲ ذلیل کرنا۔ توہین کرنا ۳ افشائے راز کرنا ۴ منتشر کردینا۔ **دھجیاں کرنا** (متعدی) دھجیاں اڑانا۔ **دھجیاں (تن پر) لگانا** (متعدی) پھٹے ہوئے کپڑے پہننا۔ **دھجیاں لگنا** (لازم) ۱ نہایت مفلس یا غریب ۲ کپڑے پھٹ جانا۔ **دھجیاں لینا** (متعدی) ۱ پھاڑنا کپڑوں کا۔ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۲ شرمندہ کرنا۔ **دھجیاں ہونا** (لازم) دیکھو دھجیاں اڑنا۔ **دھجیر** (مونث۔عو) دھجی۔ **دھجی ہو جانا** (لازم) نہایت لاغر یا دبلا ہونا۔ضعیف یا کمزور ہونا۔ سفید یا زرد رنگ ہونا۔

دَھچک (ہ۔امر) دھچکنا کا۔ **دھچکا** (ماضی) ۱ دھچکنا کی ۲ (مذکر) صدمہ۔ دھکا۔ جھٹکا۔ہچکولا ۳ نقصان۔گھاٹا۔ٹوٹا (ست) **دھچکا اٹھانا** (متعدی) دھچکا لگنا کا۔ **دھچکا دینا** (متعدی) نقصان پہنچانا۔ **دھچکا لگنا** (لازم) ۱ صدمہ ہونا ۲ نقصان ہونا (ست)۔ **دھچکنا** (لازم) ۱ دھکا لگنا۔صدمہ پہنچنا ۲ دھسنا۔بیٹھ جانا۔

دَھدَک (ہ۔مونث) آگ کا شعلہ۔لپٹ۔ **دھدکنا** (لازم) جلنا۔ دھکنا۔

دَھدکار (ھ - مذکر) جلانا۔ آگ لگانا۔

دَھدھانا (ھ - لازم) دھدکنا۔
مثل۔ دھدھائے گا سو بٹلائے گا - جو دہکے گا وہ بجھے گا - غرور کا سر نیچا۔

دَہَر (س - صفت) ۱ چھوٹا۔ پتلا۔ نفیس ۲ (مذکر) دل کا خلا ۳ آگ ۴ جنگل جلتا ہوا۔

دَہَر (س - صفت) ۱ چھوٹا۔ پتلا۔ نفیس ۲ نوعمر ۳ (مذکر) چھوٹا بھائی ۴ بچہ ۵ نوجوان جانور ۶ چوہا۔

دَہر (ع - مذکر) ۱ وقت - زمانہ۔ سماں ۲ بہت لمبا وقت - مدت العمر ۳ (ع) قسمت۔ نصیبا ۴ اتفاق - بدقسمتی۔ مصیبت ۵ خطرہ ۶ طرز۔ طریقہ - رسم - رواج ۷ حفاظت - تردد - فکر ۸ دنیا ۹ ہر یا پن (دَہَر - واقع ہونا) **دہری** (صفت) ۱ دہر کے متعلق ۲ قسمت کے متعلق ۳ دنیادار - گرہستی ۴ دہریا۔ **دہریا** (مذکر) وہ شخص جو خدا کو نہ مانے - ملحد - لامذہب۔

دَہَر (ھ - مذکر) ۱ چکنی مٹی ۲ دلدلی زمین - دہری۔

دَھر (ہ - امر) دھرنا کا ۲ دوسرے مصدروں کے ساتھ ملکر اصل معنوں میں زور اور قوت پیدا کرتا ہے - جیسے دھر لپیٹنا یا دبانا ۳ (تف) زور سے۔ جلدی - سخت طور پر (س دھر - رکھنا) ۴ (ھ) دھار کا مخفف مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے دھر مارنا بجائے دھار مارنا ۵ ایک کلمہ جو ہاتھی کو گھاس توڑنے کیلئے کہتے ہیں۔
دھرا (امر) ۱ دھرانا سے ۲ ماضی دھرنا سے - **دھرا جانا** (لازم) پکڑا جانا - مصیبت میں پھنسنا - **دھرا ڈھنگا** (صفت) رکھا رکھایا - بچا کھچا - **دھرا رہنا** (لازم) رکھا رہنا ۲ بے سود رہنا - بیکار رہنا - **دھرا کیا ہے** ۱ کیا خوبی ہے - کیا خاص بات ہے ۲ کچھ قوت یا طاقت نہیں ۳ کچھ موجود نہیں - **دھرانا** (متعدی) ۱ دیکھو دھرنا ۲ ڈرانا - دھمکانا - **دھراؤ** (ھ) **دھرائی** (ھ) ۱ رکھوائی ۲ قبضہ - پکڑ دائی - **دھر پکڑ** (مذکر) گرفتاری - **دھر پکڑ کے** (تف) زبردستی - **دھر پکڑنا** (متعدی) ۱ گرفتار کر لینا - ماخوذ کر لینا ۲ جلدی سے پکڑ لینا ۳ پھانس لینا - **دھرتا** (ھ) دستوری - دلالی - آڑھت - کمیشن - **دھر چھوڑنا** (لازم) رکھ لینا - **دھر دبانا** (متعدی) ۱ دبوچ لینا - دبا لینا ۲ مغلوب کر لینا - **دھر دھر بھولو** (عو - دعا) دولتمند ہو - امیر ہو - دولت بڑھے - **دھر دھر کے پینا** (متعدی) ۱ زور سے پینا ۲ ظلم کرنا - ستم کرنا - **دھر دھمکنا** (متعدی) ۱ یکایک آ جانا - جلد آ جانا - فوراً پہنچ جانا ۲ خواہ مخواہ کچھ کرنا (مت) **دھر رکھنا** (متعدی) ۱ رکھ چھوڑنا یا نہ دینا ۲ تھام لینا - پکڑ رکھنا - **دھر کسنا** (متعدی) سخت قابو کرنا - **دھر کے مروڑنا** (متعدی) زور کرکے مروڑنا - **دھر کے گھسیٹنا** (متعدی) زور سے گھسیٹنا - **دھر لپکنا** (متعدی) سب کام چھوڑ چھاڑ کر بھاگنا - **دھر لینا** (متعدی) ۱ رکھ لینا ۲ خوب خبر لینا ۳ قائل کرنا ۴ متواتر حملہ کرنا - **دھرنا** (متعدی) ۱ رکھنا ۲ جمانا - ٹکانا - قائم کرنا ۳ سپرد کرنا۔ تحویل کرنا - امانت رکھنا ۴ گرو رکھنا - رہن کرنا ۵ ضمانت میں دینا ۶ پکڑنا - قبضہ کرنا ۷ گرفتار کرنا - ماخوذ کرنا ۸ حاصل کرلینا ۹ (کان) غور سے سننا ۱۰ (دل) کسی کام میں لگانا - غور کرنا ۱۱ (الزام وغیرہ) بہتان لگانا ۱۲ (نام) - نام رکھنا - برا نام مقرر کرنا - برے نام سے پکارنا ۱۳ الزام لگانا - **دھروا دینا** (م) ۱ رکھوا دینا ۲ گرفتار کروا دینا - **دھروانا** (م) دھرنا کا - **دھروت** (ھ) **دھروڑ** (ھ) **دھرو ہر** (ھ) **دھروہڑ** (ھ) ۱ امانت - جو چیز کسی کے پاس رکھی جائے - ودیعت۔ ضمانت ۲ جو چیز رہن یا گروی رکھی جائے (رکھنا کے ساتھ) **دھرے دھرے** (تف) رکھے رکھے۔ **دھریل** (ھ) وہ عورت جو یارانے کے طور پر رکھی جائے ۲ آشنا۔

امثال واقوال۔ دھرا جائے نہ اٹھایا جائے - بہت پیچھا رہے پیچھا چھڑانا مشکل ہے - **دھر جا مر جا** - بدنیت آدمی کے متعلق کہتے ہیں - جس کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ لوگ اس کے پاس چیزیں امانت رکھ کر مر جائیں - **دھر چل سر کولھو کی لاٹھ - مت چل ساتھ کپٹال کے بات** (ھ) کولھو کی لٹھ میں سر دینا بہتر ہے اس سے کہ برے آدمی کی صحبت میں رہیں - **دھری اٹھائی نہیں جاتی - دھری جاتی ہے (جائے) نہ اٹھائی جاتی ہے (جائے)** بات کی نسبت کہتے ہیں - نہ ہاں کہتے بن پڑتا ہے نہ نہیں - کچھ کرتے دھرتے بن نہیں پڑتا۔

دَھَر (س - صفت) ۱ پکڑنے والا۔ لے جانے والا ۲ پہننے والا ۳ قابض ۴ رکھنے والا ۵ وہ جس میں کوئی چیز آئے ۶ بچانے والا - محفوظ رکھنے والا۔ ان معنوں میں ہندی مرکبات اور ناموں کے اخیر میں استعمال ہوتا ہے - جیسے بنسی دھر - گنگا دھر ۷ (مذکر) رسی - ڈور ۸ زمین ۹ کرشن جی - شوجی ۱۰ پہاڑ ۱۱ عیاش آدمی ۱۲ تلوار ۱۳ ایک واسو کا نام ۱۴ پانڈوں کے ایک مددگار کا نام ۱۵ پدم پربھو کے باپ کا نام - **دھرا** (مونث) "اٹھانے والی" ۱ زمین ۲ بچہ دان ۳ بدن کی رگ یا نس ۴ ہڈی کا گودا ۵ سونے کا یا قیمتی چیزوں کا ڈھیر جو برہمن کو دیا جاتا ہے - بشکل زمین ۶ سرسوتی کی آٹھ شکلوں میں سے ایک ۷ کشیپ کی ایک بیوی کا نام جس کی اولاد سے پرندے ہیں ۸ (مذکر) ایک زہر۔

دُھر (ہ - مذکر) ۱ اختتام - آخیر - انتہا ۲ سیدھا رستہ جو منزل مقصود پر پہنچ جائے ۳ انتہائی بعد مسافت ۴ حد ۵ شروع - ابتدا ۶ (تف) دور بعید (س دُھر - جانا) **دھر آدھر** (تف) شروع سے اخیر تک - **دھر پد** (مذکر) ایک قسم کا گانا - کسی گانے یا غزل کا شروع کا حصہ جو بار بار گایا جاتا ہے - **دھر پنگا** (مذکر) جھوٹ - لچر یا پوچ بات - **دھر درگا ہوں پہنچ گیا** - جہاں جانا تھا جا پہنچا - جو کرنا تھا کر لیا - **دھر سانجھ** (مونث) شام - وہ روشنی سورج ڈوبنے کے بعد ہوتی ہے - جھٹپٹا - **دھر سے** (تف) ابتدا سے شروع سے - **دھر سے دھر تک** (تف) شروع سے آخیر تک - **دھر کی ٹوٹنا** (لازم) ۱ شروع سے ہی کام خراب ہونا ۲ زندگی کا اختتام ہونا۔
مثل۔ دھر کی ٹوٹی (کی بوٹی نہیں) نہیں جڑتی - تقدیر ہی خراب ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا۔

دُھر (س - مذکر) ۱ بوجھ ۲ جوا ۳ ڈنڈے کا اگلا حصہ جہاں جوا لگایا جاتا ہے ۴ عزت کی جگہ۔ سامنے - آگے کی جگہ ۵ کھونٹا ۶ انگلی ۷ گنگا کا ایک نام - **دھر دھر یا دھرم دُھر** (مذکر) ۱ بوجھ اٹھانے والا میدان ۲ کاروباری والا آدمی ۳ سردار - حاکم ۴ شوجی ۵ ایک راکھشس ۶ ایک قوم ۷ (صفت) بوجھ اٹھانے کے قابل ۸ جوا پہننے والا ۹ جوتنے کے قابل ۱۰ بوقت ضرورت دوسرے کی مدد کرنے والا ۱۱ قوی - طاقتور۔

دِھَرا (ھ - مذکر) ۱ مندر ۲ جینیوں کا مندر۔

دُھرا (ہ - مذکر) ۱ لوہے کی سلاخ

جس پر پہیا پھرتا ہے ۲ زمین کا محور ۳ ڈنڈا - جوا (س ڈھر) ۴ مدگاڑی یا کیفیت کی (س دھر بانا) دھری (مونث) ۱ مطلب ۲ دیکھو ڈھرا ۳،۲،۱ -

ڈُہرا (ہ - صفت) ۱ دوچند - دگنا ۲ دوتہ کا ۳ تہرا - خمیدہ ۴ سپاری کا ٹکڑا ۵ پتنگ بازی کا ایک پیچ (نکالنا - نکلنا کے ساتھ) (دوسے) **دہرا بدن** (مذکر) موٹا بدن - فربہ بدن۔ **دہرا تہرا** (صفت) دوچند - سہ چند - **دہرا جانا** (لازم) ۱ دہرا ہو جانا - جھکنا ۲ عبارت کو بار بار پڑھنا - **دہرا دہرا** (صفت) دو دو - **دہرانا** (متعدی) ۱ کسی عبارت کو بار بار پڑھنا - دور کرنا ۲ دوتہ کرنا ۳ دوبارہ کہنا ۴ کوئی کام دوبارہ کرنا ۵ کسی بات کی نقل کرنا - اعادہ کرنا ۶ سینا ۷ صحنک کے کھانے پر دوسری دفعہ شکر اور گھی ڈالنا - **دہرا ہو جانا** (لازم) ۱ جھکنا - ٹیڑھا یا خمیدہ ہونا ۲ دونا ہو جانا - **دہراؤ** (مذکر) اعادہ - **دہرائی** (ہ) سبق یا کسی کتاب کو دوسری بار پڑھ لینا - **دہری آواز** (مونث) ہوٹی آواز - دھر پتیل کی آواز - **دہرے اخراجات** (مذکر) دو طرح کے مصارف - **دہری بات** (مونث) ذومعنی بات - وہ بات جس میں دو پہلو نکلتے ہوں - **دوہری سواری** (مونث) دو عورتیں جوڑ دولی یا پینس میں سوار ہوں -

ڈھرّا (ہ - مونث) دھجی (ف ذرہ) **دھرے اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) **اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) ۱ بہت مار پڑنا - دھجیاں اڑانا ۲ دسے لگنا - ہیبت پڑنا ۳ ذلیل کرنا - رسوا کرنا - **دھریاں اڑا دینا یا اڑانا** (متعدی) بہت مارنا -

دِھراج (ہ - مذکر) ادھیراج کا مخفف -

دِھرانا (ہ - متعدی) دھمکی دینا - ڈرانا -

دھراوٹ (ہ - مونث) زمین جس کی تقسیم تخمینے سے ہوئی ہو - پیمائش کر کے نہ ہوئی ہو -

دَھراؤنا (ہ - مونث) ۱ وہ عورت جس کی دوسری شادی ہوئی ہو ۲ (مذکر) دوسری شادی۔

ڈھرپت (ہ - مونث) دیکھو دھرپد - **دھرپتی** (مذکر) دھرپت گانے والا - **دھرپت بھول گیا** - چوکڑی بھول گیا - گھبرا گیا -

دھرِت (س - مفعول) ۱ پکڑا ہوا - ۲ اٹھایا ہوا ۳ رکھا ہوا - مقبوضہ ۴ جس کی مدد یا حمایت کی جائے ۵ مستعمل - مروج ۶ تولا ہوا - ماپا ہوا ۷ پرانا - گھسا ہوا ۸ روکا ہوا - اٹکایا ہوا ۹ کھنچا ہوا - تنگ جیسے لگام ۱۰ لگا ہوا - بھرا ہوا ۱۱ تیار ۱۲ منظور شدہ - ٹھانا ہوا ۱۳ زندہ - جاری -

دَھرتا (س - مذکر) ۱ مددگار ۲ بچانے والا - حافظ ۳ مقروض ۴ پکڑنے والا -

دَھرتری (س - مونث) ۱ عورت مددگار یا معاون ۲ زمین - **دھرتری دھر** (مذکر) پہاڑ -

دَھرتی (ہ - مونث) ۱ زمین ۲ سطح زمین - مٹی - اراضی (س دھرتری) **دھرتی باہنا - جوتنا یا چیرنا** (ہ) زمین پر ہل چلانا - کاشت کرنا - بونا - **دھرتی پتی** (مذکر) زمین کا مالک - زمیندار - **دھرتی کا پھول** (مذکر) ۱ مینڈک ۲ ککرمتا - کھنبی ۳ نو دولت - **دھرتی کے پردے پر** (تف) زمین کے اوپر - اس دنیا میں - **دھرتی ماتا** (مونث) زمین کو ماں سے استعارہ کرتے ہیں - **دھرتی ماتا بوجھ سنبھالے** - دعا - مدت تک جیتے رہو -

دَہڑ دَہڑ - دَھڑ دَھڑ (ہ - تف) زور سے - دھڑ دھڑ کا مخرب - **دہڑ دہڑ یا دھڑ دھڑ جلنا** (لازم) اس طرح جلنا کہ شعلوں کی آواز نکلے زور سے شعلہ زن ہونا -

دَھرش (س - مذکر) ۱ روکنا - اٹکانا ۲ قابو پانا - فتح پانا ۳ زبردستی - جبر ۴ غرور - تکبر - گھمنڈ ۵ بے صبری ۶ کمزور کر دینا ۷ نقصان ضرر - ہتک ۸ زنا بالجبر ۹ روک - پابندی - قید - ۱۰ ہیجڑا - زنانہ - **دھرشنا** (مونث) ۱ حملہ - ضرر - نقصان ۲ جرم - زنا - اغوا ۳ قابو ۴ جماع - **دھرشنی** (مونث) بدکار عورت - فاحشہ -

دھرشٹ (ہ - صفت) ۱ بہادر - شجاع - دلیر ۲ مغرور - متکبر - گھمنڈی ۳ بے شرم - بے حیا ۴ گستاخ ۵ ڈھیٹھ ۶ حاصل کیا ہوا - لیا ۷ بدکار - بدمعاش ۸ (مذکر) بے وفا خاوند ۹ ایک منتر جو اوزاروں پر پڑھتے ہیں:

دَھرشنا (ہ - متعدی) ۱ قابو میں کر لینا - زیر کر لینا ۲ دبا لینا - روک دینا ۳ غصے ہونا - ناراض ہونا -

دھرشنک (س - مذکر) ایک راجہ -

دَھرشنو (س - صفت) ۱ بہادر - دلیر - شجاع ۲ تند - تیز ۳ مضبوط - قوی (اندر - سوم - مرت - آگ - ہتھیار وغیرہ کی تعریف) ۴ گستاخ - بے شرم - بے حیا ۵ (عص) منو ویوسوت کے ایک بیٹے کا نام ۶ منو ساورن کا ایک بیٹا ۷ کوی کا ایک بیٹا ۸ ککر کا ایک بیٹا -

دَھرکار (د - مذکر) وہ شخص جو نرکل سے چیزیں بناتا ہے -

دِھرکال (ہ - مذکر) ایک قوم کا نام جو بانس سے چیزیں بناتی ہے -

دَھرکٹ (س - مذکر) ایک گروہ کا نام -

دَھرم (س - مذکر) ۱ وہ چیز جو قائم یا مضبوط ہو - پکا حکم یا قانون ۲ رسم - رواج - فرض ۳ مذہب - ملت ۴ ایمان - عقیدہ ۵ دستور - قاعدہ ۶ حق - انصاف ۷ نیکی - نیک کام ۸ خاصیت - خصوصیت - نشان ۹ ایک خاص رسم ۱۰ بھینٹ ۱۱ نواں نکچھترہ ۱۲ موجودہ اوالپنی کے پندھرویں امت کا نام ۱۳ انو کے بیٹے اور گھرت کا باپ ۱۴ گاندھار کا بیٹا اور دھرت کا باپ ۱۵ کشمیر کا ایک راجہ ۱۶ کئی اور ہندو مشاہیر کا نام ۱۷ قانون یا انصاف کا دیوتا جو یم کی دائیں چھاتی سے پیدا ہوا تھا اور شم - کام اور ہرش کا باپ ہے - **دھرم اپدیش - اپدیشک** - دیکھو دھرموپدیش و پدیشک - **دھرماتر** (مذکر) وقف وہ چیز جو مذہبی کام کے لئے دی جائے - **دھرماتما** (صفت) ۱ پابند مذہب ۲ سخی - فیاض - نیک - **دھرم اٹھانا** (متعدی) دھرم کی قسم کھانا - قسم کھانا - **دھرما چاریہ** (مذکر) قانون یا رسومات کا استاد - **دَھرما دھرم** (مذکر) انصاف اور بے انصافی - پن اور پاپ - **دھرمارنیہ** (مذکر) ۱ پوتر جنگل یا جھنڈ ۲ یک پوتر جنگل مدھیا دیس میں جہاں دھرم دیوتا گوشہ نشین ہو گئے تھے - **دھرم باپ**

(مذکر) وہ شخص جو متبنے بنائے۔ دھرم بگاڑنا (متعدی) ۱ ایمان کھونا ۲ دوسرے کا ایمان خراب کرنا ۳ عورت سے زبردستی زنا کرنا۔ دَھرم بھرت (مذکر) کئی راجوں اور مشہور شخصوں کے نام۔ دَھرم بیٹا (مذکر) متبنے۔ چیلا۔ دھرم پال (مذکر) "دھرم کا محافظ" ۱ کنایۃً سزا۔ تلوار ۲ راجہ دسرتھ کا ایک وکیل ۳ ایک بدھ عالم ۴ ایک راجہ ۵ ایک عالم ۶ ہندوؤں میں ایک نام۔ دھرم پُتر (مذکر) ۱ بیٹا جو فرض کی وجہ سے پیدا کیا جائے ۲ یدھشٹر کا لقب ۳ گیارھواں منو ۴ نر اور نارائن۔ دھرم پَتن (مذکر) سرادستی کے شہر کا نام۔ دھرم پتی (مذکر) ۱ وہ شخص جو فرض کے طور پر بیوہ کا خبر گیراں ہو ۲ دھرم کے بموجب شادی شدہ آدمی ۳ وہ شخص جس کی ایک ہی اور پہلی دھرم کے بموجب شادی شدہ عورت ہو۔ دھرم پتنی (مونث) دھرم کے بموجب بیاہی ہوئی عورت جو خاوند کی ذات کی ہو۔ دھرم پردھان (مذکر) جو پرہیشرگی یا اتقوٰی کے لئے مشہور ہو۔ دھرم پرستھ (مذکر) ایک تیرتھ۔ دھرم پریا (مذکر) "دھرم کا دوست" ۱ ایک گندھرو راجہ ۲ ایک بدھ۔ دھرم پُستک (مذکر) مقدس کتاب مثلاً وید۔ انجیل۔ قرآن وغیرہ۔ دھرم پور (مذکر) ۱ ایودھیا کا نام ۲ ایک شہور یلئے نربدا کے کنارے پر۔ دھرم تیاگ (مذکر) دھرم چھوڑ دینا۔ دوسرا مذہب اختیار کر لینا۔ دھرم تیاگی (مذکر) وہ شخص جو اپنا مذہب بدل لے۔ مرتد۔ دھرم جیون (صفت) ۱ فرائض کو ادا کر کے زندگی بسر کرنے والا ۲ (مذکر) برہمن جو مذہب کے بموجب زندگی بسر کرے۔ دھرم چارن (صفت) ۱ پابندِ قانون اپنے فرائض ادا کرنے والا ۲ نیک۔ پارسا۔ فرمانبردار۔ دھرم چارنی (مونث) فرمانبردار اور نیک بیوی۔ دھرم چاری (ھ۔ صفت) دیکھو دھرم چارن۔ دھرم دار (مذکر) بیاہتا بیوی۔ دھرم داس (مذکر) کئی مصنفوں کا نام۔ دھرم دھاری (ھ۔ مذکر) ۱ قانون قائم کرنے والا ۲ نیک۔ پارسا۔ منصف۔ دھرم دھر (مذکر) کمزوں کا ایک راجہ۔ دھرم دَھوَجن (مذکر) ۱ سورج ۲ متھلا کا ایک راجہ جو کش دھوج کا لڑکا اور امرامت دھوج اور کرت دھوج کا باپ تھا ۳ کنچن پور کا ایک راجہ ۴ کش دھوج کا ایک بھائی۔ دھرم دیو (مذکر) انصاف کا دیوتا۔ دھرم راج یا راۓ (مذکر) "انصاف کا راجہ" ۱ یم ۲ یدھشٹر ۳ بگلوں کا راجہ جو کشیپ اور ایک اپسرا کا لڑکا تھا۔ دھرم راج کرنا (متعدی) انصاف کے ساتھ سلطنت کرنا۔ دھرم راجہ (مذکر) "نیک یا منصف راجہ" ۱ کوئی راجہ ۲ ایک بودھ ۳ یدھشٹر ۴ یم ۵ قانون۔ دھرم رکشا (مونث) ۱ دھرم یا قانون کی حفاظت کرنا ۲ مذہبی جوش۔ دھرم رَکشک (مذکر) مذہب انصاف یا قانون کا محافظ۔ دھرم روپ یا روپی (صفت) نیک۔ پارسا۔ دھرم ساگر (مذکر) ایک مصنف۔ دھرم سالہ (ھ) دیکھو دھرم شالہ۔ دھرم سبھا (ھ۔ مونث) ۱ عدالت۔ منصفی۔ کچہری ۲ مذہبی آدمیوں کی انجمن ۳ مذہبی انجمن۔ دھرم ستھل (مذکر) ایک شہر۔ دھرم سماج (مونث) مذہبی انجمن۔ دھرم سے (تف) ایمان سے۔ دیانت داری سے۔ دھرم سین (مذکر) ایک راجہ۔ دھرم شاستر (مذکر) ۱ مجموعہ قانون خصوصاً ہندوؤں کا ۲ منو کی قانون کی کتاب۔ دھرم شاستری (صفت) ۱ ہندو قانون کا یا اس کے متعلق ۲ جائز۔ حلال۔ دھرم شالہ (مذکر) ۱ وہ مکان جو مذہبی کاموں کے لئے بنایا جائے ۲ عدالت۔ کچہری ۳ مسافر خانہ۔ ہسپتال وغیرہ۔ دھرم کا (صفت) قانونی۔ مذہبی۔ مذہب کے متعلق۔ دھرم کرنا (متعدی) ۱ کوئی فرض ادا کرنا ۲ انصاف کرنا ۳ نیکی کرنا۔ نیک کام کرنا ۴ خیرات دینا۔ دھرم کرو۔ خیرات کو جب گرہن ہوتا ہے چوہڑے یہ آواز دے کر مانگتے پھرتے ہیں۔ دھرم کشیتر (مذکر) ۱ کروکشیتر ۲ قانون کا محکمہ۔ دھرم کمانا (متعدی) ۱ نیک کام کر کے اگلے جنم کے لئے پن جمع کرنا ۲ مکتی حاصل کرنا۔ دھرم کو بھرشٹ کرنا (متعدی) دین بگاڑنا۔ دھرم کھانا (متعدی) دھرم اٹھانا۔ دھرم کی آن جانا (لازم) دین بگڑ جانا۔ دھرم گرنتھ (مذکر) مقدس کتاب۔ دَھرم گورو (مذکر) مذہبی باتوں کا استاد۔ دھرم گھڑی (مونث) بڑی گھڑی جس کو آٹھ دن کے بعد چابی لگتی ہے۔ اور گھنٹے بجاتی ہے۔ کلاک۔ دھرم لگتی کہنا (لازم) ایمان سے کہنا۔ دھرم مورت یا مورتی (مذکر) عزت کا خطاب جو برہمن راجوں یا ویشوں کو دیتے ہیں۔ دھرم ناتھ (مذکر) ولی جائز۔ قانونی محافظ۔ دھرم اُپدیش (مذکر) ۱ قانون یا فرض کی تعلیم ۲ مذہب پر لکچر۔ وعظ ۳ اخلاقی یا مذہبی تعلیم۔ دھرم اُپدیشک (مذکر) ۱ قانون کا استاد ۲ واعظ ۳ گورو۔ پیر۔ دھرم وردھن (مذکر) "نیکی کو بڑھانے والا" ۔شوجی۔ دھرم وواہ (مذکر) جائز شادی۔ یہ پانچ قسم کی ہے۔ براہم۔ دَیو۔ ارش۔ گندھرب پراجپتیہ۔ دھرمی (صفت) ۱ قانون کی پابندی کرنے والا ۲ اپنے فرائض ۳ نیک۔ منصف۔ متقی۔ پرہیزگار ۴ مقدس۔ پوتر ۵ (مذکر) مذکورہ بالا خاصیتوں کا آدمی۔ دھرم یدھ (مذکر) مذہبی جنگ۔ جنگ مقدس۔ دھرم یُگ (مذکر) ترتیا جگ۔ دھرم یوگیشر (مذکر) ایک شاعر۔

امثال واقوال

دھرم پاپ سب منکھ کے دھووت ہے اس طور جل صابن جوں دھووت ہیں سب کپڑن کا کھور (ھ) پن گناہوں کو اس طرح دھوتا ہے جیسے پانی اور صابون کپڑوں کو صاف کرتے ہیں۔ دھرم رہے تو آسترو میں جرے۔ ایمان سے ریگستان بھی سبز ہو سکتا ہے۔ دھرم کوئی دے (کھوئے) دھن کوئی پا دے (لے) ایمان کسی کا جائے دولت کوئی پائے۔ جھوٹی گواہی دینے والے کے متعلق کہتے ہیں۔ دھرم کی جڑ سدا ہری۔ دھرم ہمیشہ ترقی پر رہتا ہے۔ دھرم ہار دھان کوئی کھائے۔ بے ایمانی سے ہر کوئی کما کھاتا ہے۔

دَھرن (س۔ مذکر) ۱ پکڑ۔ گرفت کرنا ۲ لینا۔ رکھنا۔ قبضہ کرنا ۳ اٹھانا۔ برداشت کرنا ۴ باندھنا وغیرہ دیکھو دھرنا ۵ سہارا ۶ باندھنے کی چیز ۷ بند۔ پشتہ ۸ پستان ۹ ایک وزن یا ماپ۔

دھرن (ھ۔ مونث) ۱ زمین ۲ بچہ دان۔ رحم ۳ ناف ۴ شہتیر ۵ آواز کا اتار چڑھاؤ سُر۔ دھرن ٹلنا۔ ڈگنا یا ہٹنا (لازم) ناف کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔

دَھرنا (ھ۔ مذکر) ۱ مقروض کے دروازے پر بیٹھ جانے کا فعل کہ جب تک قرضہ نہ ادا ہوگا نہ اٹھیں گے ۲ مندر کے دروازے پر بیٹھ جانا کہ جب تک خواہش پوری نہ ہوگی نہ اٹھینگے ۳ کسی آدمی کے دروازے پر فقیروں کا ڈھٹی مار کر بیٹھنا کہ جب تک بھیک نہ ملے گی نہ جائیں گے ۴ ڈھٹی۔ دھنک۔ دھرنا (دے کر) بیٹھ جانا

یا بیٹھنا یا دینا (متعدی) مذکورہ بالا وجوہات سے ڈٹی دینا یا جم کر بیٹھنا۔

دُھرنا (ہ۔ متعدی) اغلام کرنا (عف)

دَھرنگا (ہ۔ مذکر) ایک قسم کا چاول۔

دَھرنی (س۔ مونث) 1 زمین۔ 2 کرۂ ارض 3 مٹی۔ خاک 4 اراضی 5 شہتیر۔ **دھرنی** دھر (مذکر) "زمین کو اٹھانے والا"۔

مثل۔ دھرنی کی ماں سانجھ۔ شام کو آرام ملتا ہے۔

دَھرنی۔ دھرنیت۔ دھرنیت (ہ۔ مذکر) وہ شخص جو دھرنا دیکے بیٹھے۔

دَھرو (س۔ صفت) 1 ساکن۔ غیر متحرک۔ قائم 2 مضبوط۔ مستحکم 3 دیرپا۔ پائیدار 4 یقینی۔ ثابت 5 سچ۔ درست 6 (مذکر) قطبی ستارہ۔ 7 اتم پد کا بیٹا اور پہلے منو کا پوتا خیال کیا جاتا ہے 8 قطب شمالی 9 ۲۷ فلکی یوگوں میں سے ایک 10 وشن جی، شوجی، برہماجی 11 قیام۔ مداومت **دھروا ورت** (مذکر) سر کے اوپر وہ نقطہ جہاں سے بال پھیلنے شروع ہوتے ہیں۔ **دھرو تارا** (مذکر) قطبی تارا۔ **دھرو سدھی** (مذکر) "جسکا علاج یقینی ہو"۔ ایک وید۔ **دھرو سمدھی** (مذکر) "جس کا عہد یقینی ہو"۔ **دھرو منڈل** (مذکر) قطبی علاقہ۔

دَھروا (س۔ مونث) 1 نیک عورت۔ پارسا عورت 2 دھرپد 3 ایک درخت ایک پودہ۔

دَھروکی (ہ۔ مونث) اٹکل سے معلوم کرنا یا تشخیص۔

دَھروہر۔ دَھروہڑ (ہ۔ مونث) 1 امانت۔ تحویل 2 شے مرہونہ۔ گروی رکھی ہوئی چیز 3 (ہ۔ تف) امانت یا رہن کے طور پر (رکھنا کے ساتھ)

دَھریانا (ہ۔ متعدی) 1 مٹی ڈالنا۔ خاک ڈالنا 2 پھٹکنا۔ چھاننا 3 اچھے اناج کو برے سے جدا کرنا۔

دَھریچا (ہ۔ مذکر) ہندو نیچ ذاتوں میں دوسرا شوہر بیوہ کا۔

دُھرین (س۔ مذکر) 1 لدو جانور 2 کاروباری آدمی 3 نمبردار۔ سردار۔ سرگروہ۔ سرغنہ۔

دَھڑ (ہ۔ مذکر) 1 بدن۔ جسم 2 بدن کا حصہ بلا سر 3 طرف۔ جانب 4 ایک قسم کا ڈھول 5 (ہ) پہلو۔ چہرہ 6 جماعت۔ فریق (س۔ دھرتری) **دھڑا** (مذکر) جماعت۔ فریق۔ **دھڑا باندھنا** (متعدی) فریق بندی کرنا۔ کسی کی جانب داری کرنا۔ **دھڑا بندی** (مونث) فریق بندی جانب داری (ہونا کے ساتھ) **دھڑ بھائی** (ہ) جانب دار۔ ایک فریق کا کوئی فرد۔ **دھڑ توڑ** (ہ) ایک داؤ کشتی میں۔ **دھڑ ٹوٹا** (ہ) 1 جس کی پیٹھ ٹوٹی ہو 2 کبڑا۔ **دھڑ جو سے لڑانا** (ہ) سوچنا۔ غور کرنا۔ **دھڑ رہ جانا** (متعدی) جسم کا حرکت نہ کر سکنا۔ فالج ہونا۔ **دھڑ کے اندر لینا** (متعدی) ہضم کر جانا (عف) **دھڑ میں اتارنا** (ہ) ڈالنا (متعدی) اترنا (ہ) **پڑنا** (لازم) پیٹ میں جانا۔ نگلنا۔ کھانا۔

مثل۔ دھڑ کی ٹوٹی نہیں جڑتی۔ قسمت خراب ہو تو کچھ نہیں ہو سکتا۔

دَھڑ (ہ۔ مونث) 1 گرنے کی آواز 2 (ہ) آواز سے گرنا 3 تھپڑ یا گھونسا جس سے آواز نکلے 4 (ہ۔ صفت) مضبوط۔ پکا 5 سخت۔ ٹھوس 6 نہایت۔ حد سے زیادہ 7 تند۔ تیز 8 (تف) مضبوطی سے۔ پکی طرح۔ پوری طرح 9 بے خوف۔ بے خطر 10 صریحا۔ قطعا۔ لاکلام 11 دو ٹوک۔ صاف صاف۔ **دھڑا دھڑ** (مونث) 1 کسی چیز کے برابر گرنے کی آواز 2 پٹنے کی آواز 3 ماتم کی آواز 4 پتھروں، مکانوں وغیرہ کے گرنے کی آواز 5 (تف) پے در پے۔ متواتر۔ **دھڑا دھڑی** (مونث) 1 دیکھو آخری 2 توپوں بندوقوں کی متواتر آواز 3 دھماکا۔ **دھڑا دھڑی کا ماتم** (مذکر) سخت ماتم جس میں سینہ کوبی بہت ہو۔ **دھڑ دھڑ** (مونث) 1 سخت شور یا کھڑکھڑاہٹ 2 دروازہ کھٹکھٹانے کی آواز 3 آگ جلنے کی آواز 4 کانپنا۔ تھرتھرانا 5 (تف) زور سے۔ آواز سے تیزی سے۔ شور کے ساتھ۔ **دھڑ دھڑانا** (متعدی) 1 دروازہ کھٹکھٹانا 2 ڈھول بجانا 3 کسی چیز پر کوئی چیز مار کر آواز نکالنا 4 (لازم) پھڑکنا۔ دھڑکنا۔ پھڑپھڑانا۔ **دھڑ دھڑ جلنا** (لازم) بہت تیزی سے جلنا۔ اس طرح جلنا کہ شعلوں میں سے آواز نکلے۔ **دھڑ دھڑ رہنا** (ہ) دھڑکنا۔ پھڑکنا۔ پھڑپھڑانا۔ **دھڑ دھڑ کانپنا** (لازم) بہت کانپنا۔ تھرتھرانا۔ **دھڑ دھڑ کرنا** (متعدی) دیکھو دھڑ دھڑانا۔ **دھڑ سے گرنا** (لازم) کسی بھاری چیز کا زور سے گرنا۔

دَھڑا (ہ۔ مذکر) 1 وزن۔ بوجھ 2 پانچ سیر کا وزن 3 پاسنگ۔ برابر کرنے کا وزن 4 وہ وزن جو تھوڑے وزن کے ساتھ تول کر اصل وزن کو دگنا تگنا وغیرہ کرنے سے بنے 5 (ہ) بدن۔ جسم (س۔ دھرتری) **دھڑا اٹھانا** (متعدی) تولنا۔ وزن کرنا۔ **دھڑا باندھنا** (متعدی) پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا۔ **دھڑا کرنا** (متعدی) ترازو کے دونوں پلوں کو کسی چیز کے وزن کے ساتھ برابر کرنا۔ **دھڑا دھڑی** (مونث) سب مال لوٹ لینا۔ سب کچھ لیجانا۔ **دھڑا دھڑی بکنا** (لازم) کثرت سے بکنا۔ **دھڑے** (مذکر) دھڑا کی جمع۔ **دھڑے بندھ جانا یا پڑنا** (لازم) دو گروہ یا فریق ہو جانا۔ تھوک بندھ جانا۔ بگاڑ یا نفاق ہو جانا۔

دَھڑاخا (اردو۔ مذکر) دھڑاکا کا مخرب۔

دَھڑاکا (ہ۔ مذکر) 1 زور کی آواز۔ دھماکا 2 بندوق کی آواز 3 گوز کی آواز 4 طوفان باد کی آواز 5 حملے کا زور 6 لڑائی کا شور 7 جوش۔ زور 8 تیزی 9 بہادری۔ **دھڑاکے سے** (تف) جلدی سے۔ پھرتی سے۔ تیزی سے۔

دھڑام (ہ۔ مونث) بھاری چیز کے زمین یا پانی میں گرنے کی آواز۔ **دھڑام سے** (تف) زور سے۔ آواز کے ساتھ۔ (گرنا کے ساتھ)

دَھڑت (ہ۔ مونث) وہ روپیہ جو دھڑوائی منڈی والوں کو تولنے کا ٹھیکہ لینے پر دیتا ہے۔ یہ روپیہ عموماً مذہبی کاموں میں خرچ ہوتا ہے۔

دَھڑک (ہ۔ مونث) 1 پھڑک۔ تڑپ 2 بیقراری 3 بے چینی 4 خوف۔ ڈر 5 (امر) دھڑکنا کا (س دہ۔ جلنا) **دھڑکا** (مذکر) 1 دھڑک 2 دل کی دھڑکن 3 زور کی آواز۔ دھماکا 4 گرج۔ کڑک 5 دھکا۔ دھچکا۔ **دھڑکا** (ہ) 1 دیکھو دھڑاکا 2 کھٹکھٹانے کی آواز 3 خوف۔ دہشت۔ دھمکی 4 بھیڑ۔ انبوہ 5 پرندوں کو ڈرانے کا پتلا۔ دھڑکا

دینا (متعدی) ڈرانا - دہلانا - دھڑکا (لگا) رہنا (لازم) خوف ہونا - کھٹکا رہنا - دھڑکانا (متعدی) ڈرانا - دہلنا - دھڑکن (مونث) ۱ ہول دل - اختلاج قلب ۲ بےچینی - بیقراری - دھڑکنا (لازم) ۱ خوف کھانا - ڈرنا - دہلنا ۲ بیقرار رہنا - بےچین ہونا ۳ (ھ) جلنا - دہکنا ۴ سخت گرم ہونا بدن کا بخار سے ۵ غصے یا جوش میں ہونا - دھڑکول (مذکر) دھڑکا کی جمع حروف مغیرہ سے پہلے - دھڑکول میں جان جانا (لازم) ہر وقت خوف رہنا - دھڑکھا (ھ) دیکھو دھڑکا اور دھڑکا۔

دَھڑلّا (ہ - مذکر) دیکھو دھڑکا - دھڑلّے سے (تف) زور سے - علانیہ - بیباکانہ - دھڑلّے کا (صفت) انبوہ و اژدحام کا - زور شور کا - دھڑلّے کی لڑائی (مونث) زور شور کی لڑائی -

دَھڑنگ (ھ - مذکر) ۱ بدن اور اعضا ۲ (صفت) بڑا - لمبا چوڑا - مضبوط - تنومند - اردو میں صرف ننگ دھڑنگ میں استعمال ہوتا ہے - دھڑنگا (مذکر) دھڑنگی (مونث) دیکھو دھڑنگ -

دَھڑوا (ھ - مذکر) بِنا کی ایک قسم -

دَھڑوائی (ھ - مذکر) منڈیوں میں ایک شخص کو تولنے کا ٹھیکہ دیدیا جاتا ہے - اور ہر شخص جو مال لاتا ہے اس سے تلواتا ہے اور وہ اس سے کچھ تلوائی لیتا ہے -

دَھڑی (ھ - مونث) ۱ ایک وزن جو عام طور پر پانچ سیر کا اور بعض جگہ دس سیر کا ہوتا ہے (دھڑا کی تصغیر) ۲ لکیر - مسی کی تہ ہونٹوں پر ۳ (ھ) کپڑے کا کنارہ یا جھالر (دھارسے) دھڑی اڑ جانا (لازم) مسی کی تہ کا زائل ہو جانا - دھڑی بھرنا (متعدی) تولنا - دھڑی جمانا یا لگانا (متعدی) جمنا (لازم) ہونٹوں پر مسی کی تہ جمنا دھڑی دھڑی (کرکے) لوٹنا (متعدی) سب کچھ لوٹ لینا - کچھ نہ چھوڑنا - دھڑیوں (تف) بکثرت - بافراط -

اقوال - دھڑی بھر کا سر تو ہلا دیا - پیسہ بھر کی زبان نہ ہلائی گئی - سر ہلا دیا منہ سے جواب نہ دیا - دھڑی دھڑی کرکے لوٹا - کچھ نہ چھوڑا - سب کچھ لے لیا -

دُھس (ہ - امر) ۱ دھسنا کا ۲ (مذکر) دیکھو دُھس - (س دھوس - ڈھانپنا) دھسا (امر) ۱ دھسانا کا ۲ (ماضی) دھسنا کی - دھسان (ھ - مونث) ۱ دلدل - کیچن ۲ (صفت) دلدلی - دھسانا (متعدی) ۱ بھرنا - ٹھونسنا - گھسیڑنا ۲ دلدل میں پھنسانا - دھساؤ (ھ - مذکر) دیکھو دھسان - دھسن (مونث) ۱ دھسنے کی حالت ۲ دیکھو دھسان دھسنا (لازم) ۱ گھسنا - گھس جانا ۲ دلدل میں پھنسنا ۳ زمین کے اندر کی طرف جانا -

دُھس (ہ - مذکر) ۱ ڈھلوان دریا کے کنارے یا پہاڑ کی ۲ کوئی ڈھلوان جگہ ۳ قلعہ - پشتہ - دمدمہ ۴ وہ مٹی جو چاروں طرف چڑھا دیتے ہیں ۵ ریت کا اونچا میدان جس میں کچھ پیداوار نہ ہو ۶ سرخ بنجر زمین - دھس بنانا (متعدی) پشتہ بنانا - مٹی چڑھا دینا -

دُھسا (ہ - مذکر) موٹی اون کی چادر (س دورش)

دُھستورا (س - مذکر) دھتورا -

دَھسَک (ہ - امر) ۱ دھسکنا کا ۲ (مونث) خفیف کھانسی - کھانسی ۳ دھسنا بیٹھ جانا - (س دھوس - تباہ ہو جانا) دھسکا (مذکر) کھانسی - دھسک جانا (لازم) صدمہ پاکر دل کا پھٹ جانا - دھسکنا (لازم) ۱ بیٹھ جانا - دھس جانا ۲ گر جانا ۳ کھانسنا ۴ اپنی جگہ سے ہٹ جانا ۵ داخل ہونا - گھسنا -

دَہِش (ع - مذکر) ۱ حیرانگی - تحیر - حیرت - تعجب ۲ (صفت) حیران - متحیر - متعجب - گھبرایا ہوا -

دِہِش (ف - مونث) دِہِش - بخشش - عطیہ - اردو میں داد کے ساتھ استعمال ہوتا ہے -

دَہشَت (ع - مونث) ڈر - خوف - ہیبت - ہول - بیم - باک - ہراس - (دَہِش - حیران ہونا) دہشت انگیز (صفت) ڈراونا - خوفناک - ہیبتناک - بھیانک - ہولناک - دہشت جلانا (متعدی) خوف دلانا - دہشت زدہ (صفت) ڈرا ہوا - سہا ہوا - خوف زدہ - دہشت سمانا (متعدی) دل میں خوف سمانا - دہشت کھانا (متعدی) ۱ خوف کھانا - ڈرنا ۲ رعب میں آنا - دہشت لگنا (لازم) خوف معلوم ہونا - دہشتناک (صفت) خوفناک - ہیبتناک جس سے ڈر لگے -

دہاقین (ع - مذکر) دہقان کی جمع -

دَہقان (ف - مذکر) ۱ دیہات یا گاؤں کا باشندہ - کسان - کاشتکار ۲ (صفت) گنوار - اجڈ - ناشائستہ - جاہل ۳ نمبردار - قاضی - زمیندار ۴ کا شاہزادہ (دہ - گاؤں - خاں سردار) دہقانِ خُلد (مذکر) ۱ رضوان ۲ پیغمبر صلعم - دہقانی (مذکر) دیکھو دہقان - دہقانیت (مونث) گنوارپن -

دَہک (ہ - امر) ۱ دہکنا کا ۲ (ھ - مونث) جلنا - سوزش - تپش - آتش زدگی ۳ روشنی جلنے کی ۴ جوش - شوق - گرمجوشی - (س - دَہ - جلنا) دہکا (امر) ۱ دہکانا کا ۲ ماضی دہکنا کی - دہکانا (متعدی) دہکنا (لازم) ۱ جلنا - بھڑکنا - آگ کا روشن ہونا ۲ بدن کا گرم ہونا ۳ (ھ) افسوس کرنا - پشیمان ہونا ۴ تباہ ہونا -

دَھک (ہ - صفت) ۱ حیران متحیر ۲ (مذکر) صدمہ - خوف - ڈر ۳ (مونث) چھوٹی جوں - لیکھ (س دَھَک - تباہ کرنا) دھک (سے) رہ جانا یا ہو جانا (لازم) حیران ہو جانا - بھونچکا ہو جانا -

دِھک (س - مونث) ۱ لعنت - پھٹکار ۲ سراپ - بددعا ۳ (حرف ندبہ) شرم - افسوس - تف - تھوک وغیرہ - دھکار (مذکر) ۱ دھک ملامت ۲ نفرت - حقارت ۳ ملامت - زجر و توبیخ - دھکار دینا یا کرنا (متعدی) ۱ لعنت کرنا - پھٹکار دینا ۲ قسم کھانا - دھک کرنا (متعدی) ۱ ملامت کرنا - تنبیہ کرنا ۲ لعنت کرنا - بددعا دینا - دھکاری (مونث) ۱ لعنت ملامت - پھٹکار ۲ سراپ - بددعا ۳ (صفت) ملعون - پھٹکارا ہوا -

دَھکّا (ہ - مذکر) ۱ صدمہ جو دو شخصوں کے یا کسی شخص کو کسی چلتی ہوئی چیز سے ٹکرانے سے پہنچے ۲ ریلا - پیلا - ٹھیلا ۳ آفت - بلا ۴ حادثہ - ٹکر ۵ ضرر - ٹوٹا (دَھک - برباد کرنا) دھکا پڑنا (لازم) صدمہ پہنچنا - دھکا پیل یا پیلی (مونث)

بہت دھکے لگنا ہجوم میں۔ ریلا پیلی۔ دھکم دھکا۔ **دھکا پیلی کرنا** (متعدی) ریلنا۔ پیلنا۔ دھکیلنا۔ **دھکا دھکی** (ھ۔ مونث) دھکا پیل۔ **دھکا دینا** (متعدی) 1 ہچکولا دینا۔ دھکیلنا 2 صدمہ پہنچانا۔ **دھکا کھانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) 1 نقصان ہونا۔ صدمہ ہونا 2 مصیبت آنا۔ آفت آنا 3 نقصان پہنچنا۔ **دھکم دھکا** (مذکر) دھکا پیل۔ **دھکے دینا** (متعدی) گردن پکڑ کر نکال دینا۔ **دھکے کھاتے پھرنا یا کھانا** (متعدی) مارا مارا پھرنا۔

دَھکانا (ہ۔ متعدی) دھکا دینا۔

دُھکدُھک (ہ۔ مونث) 1 دل

کی دھڑکن۔ دھڑک 2 گھبراہٹ بےچینی۔ اضطراب (کرنا ہونا کے ساتھ) **دھکدھکا** (مذکر) دل کی دھڑکن۔ اختلاج قلب۔ **دھکدھکی** (ھ) 1 دیکھو دھک دھک 2 سوچ۔ غور۔ فکر۔

دُھکدُھکانا (ھ۔ متعدی) 1 تیز

جلنا۔ شعلہ زن ہونا 2 چمکنا۔ روشن ہونا۔ ٹمٹمانا 3 دھڑکنا۔ پھڑکنا 4 کانپنا۔ تھرتھرانا 5 گھبرانا 6 بےچین ہونا۔ مضطرب ہونا۔

دُھکدُھکی (ہ۔ مونث) 1 گلے کے

نیچے کا گڑھا 2 گلے کا ایک زیور۔ **دھکدھکی (پر) میں دم ہونا** (لازم) نزع کی حالت ہونا۔ دم توڑنا۔

دَھکڑپکڑ (ہ۔ مونث) یا مُکڑ

(ھ) 1 دیکھو دھکدھک 2 پس وپیش۔ تذبذب 3 امید وبیم۔ خوف ورجا۔

دُھکڑی (ھ۔ مونث) بٹوا۔

دَھکیانا (ہ۔ متعدی) دھکا دینا۔ ریلنا۔ پیلنا۔

دَھکیل (ھ۔ مذکر) دھکا۔ صدمہ

(دھکا سے) **دھکیلا** (مذکر) دیکھو دھکیلو۔ **دھکیل گاڑی** (مونث) ٹھیلا۔ وہ گاڑی جسے آدمی چلائیں۔ **دھکیل دینا**۔ **دھکیلنا** (متعدی) پیلنا۔ ریلنا۔ دھکا دینا۔ **دھکیلو** (مذکر) 1 دھکا۔ ریلا 2 دھکا دینے والا 3 دھگڑا۔ آشنا۔ **دھکیلواں** (تف) 1 دھکا دیتے ہوئے 2 افراط سے۔ بہتات سے۔ بہت۔

دُھگدُگی (ھ۔ مونث) دیکھو دھکدھکی

دَھگدھگانا (ھ۔ لازم) دھکدھکانا

دَھگڑ (ھ) دَھگڑا (ہ۔ مذکر)

1 شوہر۔ خاوند 2 یار۔ آشنا فاحشہ عورت کا 3 مالک۔ آقا (غالباً دھکا سے) **دھگڑباز۔ دھگڑہائی۔ دھگڑی** (ھ۔ مونث) 1 فاحشہ عورت۔ زانیہ 2 مرد کی آشنا۔

دھگولنا (ھ۔ لازم) لوٹنا کیچڑ میں

لوٹنا۔

دَہَل (ہ۔ امر) 1 دہلنا کا 2 (مونث)

ہلنا۔ کانپنا 3 خوف۔ ڈر 4 تردد۔ گھبراہٹ 5 دلدل (س دہ۔ جلنا) **دہلا دینا۔ دہلا** (متعدی) **دہل پڑنا یا جانا** (لازم) ڈر جانا۔ رعب کھا جانا۔ **دہلنا** (لازم) 1 رعب کھانا۔ ڈرنا 2 زمین کا پھٹ جانا یا جنبش میں آنا۔

دُہُل (ف۔ مذکر) ڈھول۔ نقارہ

(س دول) **دہل زن یا نواز** (مذکر) ڈھول بجانے والا۔ **دہل زنی** (مونث) ڈھول بجانا۔ **دہل زنی کرنا** (متعدی) **ہونا** (لازم) ڈھول بجنا۔

دُھل (ہ۔ امر) دُھلنا کا۔ دُھلا

(امر) دھلانا کا 2 (ماضی) دُھلنا کا۔ **دھلا دینا۔ دھلانا** (م) دھونا کا۔ **دھلائی** (مونث) 1 کپڑے دھونے کی اجرت 2 کپڑے دھونا۔ **دھل جانا۔ دھلنا** (لازم) دھونا کا۔ دھویا جانا۔ **دُھلوانا** (م) دیکھو دھونا۔ **دھلوائی** (مونث) دھونے کی اجرت۔ **دُھلی** (صفت) دھوئی ہوئی۔ **دھلے دھلائے** (صفت) دھوئے ہوئے۔

دَہلا (ہ۔ مذکر) تاش کا پتہ جس پر

دس نشان ہوں (دس سے)

دَہلان (ھ۔ مذکر) 1 دالان 2

قوم جگ کی ایک گوت جو بالائی دواب گنگ و جمن میں آباد ہے۔

دَھلدَھل (ہ۔ صفت) کسی

رقیق مادے کا زور سے بہنا۔ **دھل دھلانا** (لازم) پھوٹ نکلنا۔ زور سے بہنا۔ آواز سے بہنا۔

دُھلنا (ھ۔ لازم) 1 جھولنا۔ لٹکنا

2 لوٹنا۔

دَہلیز (ف۔ مونث) 1 چوکھٹ۔

سنگ آستان 2 ڈیوڑھی۔ دروازہ۔ **دہلیز الانگنا** (لازم) دیکھو دہلیز لانگنا۔ **دہلیز جھانکنا** (لازم) کسی کے پاس کسی کام کے لئے جانا۔ **دہلیز چومنا** (متعدی) بےحد عزت کرنا۔ قدمبوس ہونا۔ **دہلیز کا کُتّا** (مذکر) 1 پالتو کتا۔ گھر کا کتا 2 مفت خورا۔ **دہلیز کھندلانا** (ھ۔ مذکر) منگنی شدہ لڑکے کے اپنے سسرال جانے کی ایک رسم۔ **دہلیز کی (خاک) مٹی لے ڈالنا** (متعدی) بہت سے پھیرے کرنا کسی چیز یا کام کے تقاضے کے لئے کسی کے گھر کثرت سے آنا۔ **دہلیز لانگھنا یا نانگھنا** (لازم) دروازے سے باہر قدم رکھنا۔ ایک گھر سے دوسرے گھر جانا۔ **دہلیز نہ جھانکنا** (لازم) 1 دروازے تک نہ جانا 2 پردے میں رہنا۔

دُھلینڈی (ہ۔ مونث) 1

چیت کے مہینے کا پہلا دن جب کہ ہندو دھول اڑاتے ہیں 2 ہولی کا دوسرا دن۔ جب گلال ڈالتے ہیں۔

دَھم (ہ۔ مونث) آواز۔ شور۔

زور کی آواز۔ ڈھول کی آواز۔ گرنے کی آواز کودنے کی آواز۔ دھماکا (س دھم۔ بجانا) **دھما چوکڑی** (مونث) 1 شور۔ غل۔ ہنگامہ 2 کود پھاند۔ شور غوغا 3 بچوں کا اچھلنا کودنا 4 دھینگا مشتی۔ (مچانا مچنا کے ساتھ) **دھمادھم** (مذکر) 1 متواتر زور کی آواز۔ کودنے بوجھ گرنے پیٹنے ضرب گھونسے مکے ڈھول وغیرہ کی متواتر یا پیہم آواز 2 (تف) زور کی آواز کے ساتھ۔ **دھماکا** (مذکر) 1 گرنے یا کودنے کی آواز 2 توپ۔ پٹاخے یا بمب کی آواز 3 دیوار گرنے کی آواز 4 زور کا دھپا یا تمانچہ 5 ایک قسم کی توپ جو ہاتھیوں پر لادی جاتی ہے 6 پتھر بندوق۔ **دھم دھم** (مونث) 1 انسان کے زور سے زمین پر پاؤں مارنے کی آواز 2 ڈھول وغیرہ کی آواز۔ **دھمدھمانا** (متعدی) 1 پاؤں کو کھوکھلی زمین پر مارنے سے آواز نکالنا۔ پاؤں کو زور سے زمین پر مارنا۔ کوئی بھاری چیز زمین پر مار کر آواز نکالنا 2 ڈھول بجانا 3 دروازے پر ہاتھ مارنا۔ **دھم دھماہٹ** (مونث) سر کے

اوپر کوئی آواز۔ **دھم دھوسر** (صفت) موٹا۔فربہ۔ہٹا کٹا۔ **دھم سے** (تف) ۱ زور کی آواز کے ساتھ۔شور کرتے ہوئے ۲ یکایک فوراً ۳ بھاری طور پر۔ **دھم سے آموجود ہونا** (لازم) فوراً آجانا۔ **دھم سے کودنا** (متعدی) زور سے یا آواز کے ساتھ کودنا۔ **دھم سے گرنا** (لازم) گد سے گرنا۔ زور سے زمین پر گرنا۔ **دھموکا** (مذکر) مکا۔گھونسا۔ **دھموکا** (مذکر) ایک قسم کا دف۔

امثال۔ دھم دھم ہیچ نہ غم مرے سو ہم۔جو مصیبت ہے غریب کے لئے۔ دھم دھوسڑ کا ہے موٹا کرے بنج نہ آوے ٹوٹا۔موٹے آدمی کو مذاقاً کہتے ہیں۔

دَھم (س۔مذکر) ۱ پھونک ۔ ے والا ۳ بگلے والا ۳ (مذکر) چاند ۳ یم کا نام ۵ کرشن جی۔ **دھم دھم** (مذکر) ۱ ایک دیت کا نام جو بیماری پیدا کرتا ہے ۲ شوجی کا ایک پرستار۔ **دھم دھما** (مونث) سکند کی ایک ماتری۔ **دھمک** (مذکر) لوہار۔ **دھمکا** (مونث) لوہار کی بیوی **دھمنی** (مونث) بجانے یا پھونکنے کا فعل۔

دُہم (ع۔مذکر) مہینے کی آخری تین راتیں جن میں چاند نظر نہیں آتا۔سیاہ راتیں

دُھم (ھ۔مونث) دھوم کا مخفف۔ **دھم دھڑکا** (مذکر) دیکھو دھوم دھام۔

دَھمار (ھ۔مذکر) دھمال۔

دَھمال (ہ۔مونث) دھمال (ھ) ۱ اچھل کود۔کود پھاند ۲ شور و غل۔دھما چوکڑی ۳ ایک قسم کا راگ ۴ فقیروں کا کودنا ۵ دھلینڈی کے دن کا راگ ۶ فقیروں کا آگ میں سے گزرنا ۷ (ھ۔صفت) موٹا۔فربہ۔ہٹا کٹا۔ **دھمال کرنا** (مذکر) ۱ فقیروں کا کودنا ۲ فقیروں کا آگ میں سے گزرنا ۳ دھما چوکڑی مچانا۔اچھلنا کودنا۔ **دھمال کھیلنا** (متعدی لازم) اچھلنا۔کودنا۔دھما چوکڑی مچانا۔ **دھمالیہ** (مذکر) فقیر جو دھمال کرے۔

دَھمپال (ھ۔صفت) موٹا۔فربہ۔

دَھمچا (ھ۔مذکر) ایک قسم کی ہلی۔

دَھمدھمی (ہ۔مونث) ایک باجہ جو منہ سے بجایا جاتا ہے (بجانا بجنا کے ساتھ)

دَھمدُھوسر (ہ۔مذکر) ایک بنیے کا نام۔

مثل۔ دھمدھوسر کا ہے موٹا بنج کرے نہ آئے ٹوٹا۔کوئی پروا نہیں مزے اڑاتا ہے۔

دَھمس۔دِھمس (ھ۔مذکر)۔ ڈرمٹ۔موگری۔

دَھمک (ہ۔امر) ۱ دھمکنا سے ۲ (مونث) آہٹ۔پاؤں کی آواز ۳ صدمہ جو سخت آواز سے دماغ کو پہنچے ۴ خفیف درد سر ۵ ٹیس۔تپک ۶ (ھ۔مونث) دھڑکن۔پھڑک ۷ گرم ہوا ۸ چمک دمک ۹ دھمکی ۱۰ ڈر۔خوف ۱۱ زمین کی ناہمواری۔ **دھمکا دھرسرا دھمکانا کا** ۱ (ماضی) دھمکنا کی ۲ (ھ) ۱ دیکھو دھمک ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ کسی چیز کے گرنے کی آواز ۱۰ تھپڑ۔مکا۔صدمہ ۱۱ حبس۔گرمی جو بارش کے بعد ہو ۱۲ ہلکا سا بخار۔ **دھمکانا** (متعدی) ۱ ڈرانا۔خوف دلانا۔ڈانٹنا ۲ سرزنش کرنا۔تہدید کرنا۔ **دھمکاہٹ** (ھ) دھمکی۔ **دھمکنا** (لازم) ۱ خفیف درد سر ہونا ۲ کوئی چیز کوٹنا ۳ یکایک کہیں پہنچ جانا۔ان معنوں میں آجانا کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ **دھمکی** (مونث) ۱ خوف۔ڈر ۲ گھرکی (دینا کے ساتھ) **دھمک ہے**۔راستے میں اونچا نیچا یا غار ہے (کہاروں کی اصطلاح) **دَھمکیلا** (ھ) ۱ چمکیلا۔درفشاں ۲ (مذکر) چمکدار رنگ۔ **دھمکی میں آنا** (لازم) ڈر جانا۔خوف مان جانا۔

مثل۔ دھمکائے پایا بانیا دھردے ڈیڑھ سیری۔دبے ہوئے سے حسب دلخواہ کام لیا جا سکتا ہے۔

دُھملا (ہ۔صفت) ۱ دھندلا۔غبار آلود ۲ کہردار ۳ تاریک۔ماند ۴ چندھا۔کم نظر۔تیرہ۔ **دھملائی** (مونث) دھندلائی وغیرہ۔

دَھمنا (ھ۔لازم) ۱ رنجیدہ ہونا۔مغموم ہونا ۲ حیران ہونا۔متحیر ہونا۔

دَھمنی (ھ۔مونث) ۱ پھونکنی ۲ رگ۔نس۔

دَہن (ف۔مذکر) دہاں کا مخفف دیکھو دہاں۔ **دہن بستہ** (صفت) چھینکا چڑھا ہوا۔ **دہن بند** (مذکر) ۱ نقاب ۲ چھینکا منہ پر باندھنے کا۔ **دہن بندی** (مونث) کسی کو کچھ دینے کی ممانعت کر دینا۔ **دہن بوس** (صفت) منہ کو چومنے والا۔ **دہن تنگ** (مذکر) چھوٹا منہ۔ **دہن تیغ** (مذکر) تلوار کی دھار۔ **دہن دریدہ** (صفت) منہ پھٹ۔گستاخ۔بے شرم۔ **دہن زخم** (مذکر) زخموں کا سوراخ۔ **دہن زخم کا ہنسنا** (لازم) زخم کا کھل جانا یا بڑا ہو جانا۔ **دہن فرہنگ** (مذکر) ایک سبز رنگ پتھر۔ **دہن کھلنا** (لازم) **کھولنا** (متعدی) منہ کھولنا۔بات کرنا۔ **دہنہ** (مذکر) دہن۔ **دہنۂ رودخانہ** (مذکر) دریا کا دہانہ۔ **دہنۂ فرنگ** (مذکر) ایک سبز پتھر۔ **دہنۂ لگام** (مذکر) دیکھو دہانہ۔

مثل۔ دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ۔وہاں کہتے ہیں جہاں کسی شخص سے بچنے کے لئے کچھ دیں۔

دَہَن (س۔مذکر) ۱ آگ ۲ جلنا۔آتشزدگی ۳ حبس۔گرمی ۴ اگنی دیوتا ۵ ایک پودہ ۶ ایک سونے کا سکہ جو چھ روپے کے برابر ہوتا ہے۔ **دَہنا** (مونث) چاند کے رستے کا ایک حصہ۔ **دہن کرنا** (متعدی) جلانا۔ **دہنوپل** (مذکر) ۱ ایک قیمتی پتھر ۲ مہذب شیشہ۔ **دہنیہ** (صفت) قابل سوختنی

دَھن (س۔مذکر) ۱ مال۔دولت۔زر۔لچھمی۔مایا ۲ جائداد۔مال و متاع۔مولیشی ۳ قسمت۔نصیبا۔طالع۔بخت ۴ منطقۃ البروج۔دوسرا نچھترا ۵ اصل زر ۶ جمع کی علامت۔ **دھنا دھار** (مذکر) ۱ خزانہ۔ذخیرہ ۲ بہت امیر آدمی۔ **دھنا دھکار** (مذکر) جائداد کا حق۔ **دھنا دھکاری** (مذکر) وہ شخص جس کا جائداد کا حق ہو۔ **دھنا دھیہ** (صفت) امیر۔دولتمند۔ **دھنا رتھی** (صفت) ۱ وہ جسے زر کا لالچ ہو۔کنجوس۔طامع۔بخیل ۲ (مذکر) فقیر ۳ حریص آدمی۔ **دھنا رجن** (مذکر) حصول دولت۔ **دھنا سیلٹھ** (صفت) ۱ نہایت دولتمند۔امیر ۲ مفسد۔شریر۔سرکش۔سرزور۔ **دھنا شا** (مذکر) دولت کی خواہش یا امید۔ **دھنا گار** (مذکر) امیر آدمی۔دولتمند شخص۔ **دھنا گم** (مذکر) حصول دولت۔نافع۔ **دھن بڑھاؤ ودیا** (مونث) علم سیاست دان۔ **دھن پاتر** (مذکر) امیر آدمی۔ **دھن پال** (مذکر) خزانچی۔ **دھن پتر** (مذکر) جائداد کی فہرست۔ **دھن پاترشنہ** (صفت) لالچی۔ **دھن جڑنا**

(لازم) جوڑنا (متعدی) دولت جمع کرنا - دھند
(صفت) - دولت دینے والا - فیاض - سخی - دھندا
(مونث) ۱- سکند کی ایک ماتری ۲- (مذکر) ایک قسم
کا گھر - دھندار (د - مونث) دولتمند - دھنی -
دھندا نجے (مذکر) - راون - دھندا کرس (مذکر)
کیلاش پربت - دھن نڈ (مذکر) جرمانہ - ڈنڈ
دھن ساتی - سمپتی (مذکر) حصول
دولت - دھن لگانا (متعدی) ۱- مال خرچ
کرنا ۲- زمیندار کا گائے بھینس
وغیرہ قرض میں لینا - دھن لوبھ (مذکر) روپے کا
حریص - دھن مان (صفت) امیر - دھننجے
(مذکر) ۱- اگنی ۲- ایک خاص ہوا جس کے متعلق خیال ہے
کہ بدن کی پرورش کرتی ہے ۳- ارجن ۴- کرم ماش کا
نواں دن ۵- ارجن درخت ۶- ایک ناگ دیت ۷-
ایک دیاس دھنمند (صفت) ۱- مغرور دولت
۲- مغرور یا لشنہ دولت کا - دھن مول (مذکر) اصل
زر - دھنوال (صفت) امیر - دولتمند - دھنوانت
(مونث) دولتمندی - امیری - دھن وت یا
ونت (مذکر) امیر - دولتمند - دھنیشور (مذکر)
کوبر - دھنی (صفت) ۱- امیر - دولتمند ۲- (مذکر)
قابض - مالک ۳- خاوند ۴- قرضخواہ - ساہوکار ۵- ایشور
کا ایک نام - دھنی جوگ (صفت) قابل ادائیگی
خریدار یا قابض کو (ہنڈی) ۱- (مذکر) ہنڈی کا مالک
دھنی رام ۱- ہندوؤں میں ایک نام ۲- ایک شاعر -

امثال واقوال - دھنا سیٹھ
بن کے بیٹھے ہیں - اسکو کہتے ہیں جو اپنے آپ کو
اپنی حیثیت سے بڑھ کر ظاہر کرے - دھن اور
گیند کھیل کی دوؤ ایک سبھاؤ - کر آوت
چھین ایک میں چھین میں کرسے جاؤ -
دولت اور گیند دونوں کا ایک ہی طریقہ ہے پل میں
آتے ہیں اور پل میں چلے جاتے ہیں - دھن جوڑن
کے دھیان ہیں یونہی عمر نہ کھو - موتی
برگے مول کے کبھی نہ ٹھیکر ہو - دولت
جمع کرنے کے خیال میں عمر نہیں گنوانی چاہئے ٹھیکری
موتی کے برابر نہیں ہوسکتی - دھن چاہے تو
دھرم کر - مکت چاہے بھج رام - اگر
دولت چاہتا ہے تو سخاوت کر - اگر نجات چاہتا ہے
تو خدا کو یاد کر - دھن دولت چلتی (ہنڈتی)
پھرتی چھاؤں ہے ۱- دولت کبھی ایک شخص
کے پاس نہیں رہتی - دھن دے جی کو راکھئے
اور جی دے راکھئے لاج - جان بچانے کیلئے
دولت دینی چاہئے اور عزت بچانے کیلئے جان دینی چاہئے - دھن کا
دھن گیا اور بیت کی بیت گئی - روپیہ بھی گیا اور دوست
بھی گیا - اگر دوست کو قرضہ دو تو یہی ہوتا ہے - دھن
کے پندرہ مکر کے پچیس چلے کے یہ دن
چالیس - چالیس دن سخت سردی کے ہوتے ہیں
۱۵ پوس کے اور ۲۵ ماگھ کے - دھن لے کوئی
دھرم کھوئے کوئی - جھوٹی گواہی دے کر اپنا
ایمان خراب کرنا - دھن میں دھن تین ٹانٹی
سن - نہایت غریب آدمی ہے - دھن ناتی
حقہ - پوشاک ناتی جلیبہ - سخت غریب
ہے - دھنونتی کے کانٹا لگا دوڑے لوگ
ہزار - نردھن گرا پہاڑ سے کوئی نہ آیا
کار (یار) امیر آدمی کو ذرا سی تکلیف ہو تو سیکڑوں
خوشامدی دوڑ پڑتے ہیں - لیکن غریب پہاڑ سے بھی
گر پڑے تو کوئی پاس نہیں آتا -

دَھن (ھ - صفت) ۱- خوش قسمت
صاحب نصیب ۲- (ندا) شاباش - مرحبا - واہ
واہ - آفریں - بلے - واہ جی ۳- شکریہ - دھن باد
(مذکر) دیکھو دھنیہ واد - دھن بھاگ (مذکر)
خوش قسمتی - نصیبا - دھن دھن (صفت وندا)
دیکھو دھن - دھن دھن کرنا (متعدی) ۱- طنزاً
کوئی براکام کرنا ۲- آگ لگانا ۳- خاک اڑانا - دھن
ماننا (متعدی) شکریہ ادا کرنا - مشکور ہونا - دھن
مانی (مونث) شکریہ - دھن نصیب (مذکر)
دھن بھاگ - دھن مہاراج (مذکر) بڑے
آدمیوں کو اس طرح خطاب کرتے ہیں - اے خوش
قسمت - دھن ہے ۱- آفریں ہے - شاباش ۲-
(طنزاً) یہ کیا کیا - کام خراب کیا - دھنی (صفت)
۱- خوش قسمت - صاحب نصیب ۲- (مذکر) وہ شخص
جو کسی خاص کام میں مہارت رکھے -

دُھن (ھ - مذکر) ۱- دیکھو دھنو ۲-
دھان کا مخفف - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے -
دھن کٹی (مونث) دھان کے کٹنے کا موسم ۲- ایک
قسم کا کپڑا - دھن کٹی (مونث) دھان کو کوٹنے کا
آلہ ۲- دھانوں کی اوکھلی اور موسل ۳- ایک چھوٹا کیڑا
یہ شخص جسے بہت مار پڑتی ہو - دھنکٹی کرنا (متعدی)
ہونا (لازم) ۱- دھان کٹ کر چاول نکلنا ۲- خوب
زدوکوب ہونا - دھنکر (مونث) ۱- وہ اراضی جس
میں دھان بوئے جائیں ۲- سخت زمین جس میں
دھان بوئے جاتے ہیں -

دُھن (د - مونث) ۱- دھیان -
خیال ۲- شوق - لو - سرگرمی - لت - عادت -
دھت ۳- خواہش - آرزو ۴- گانے کی طرز ۵- راگ
کی آواز - لے ۶- (ھ) بے چینی - گھبراہٹ ۷- (ھ)
محنت - مشقت ۸- سخت درد ہڈیوں میں (س
دُھو - ہلانا) - دھن باندھنا (متعدی) بندھنا
(لازم) ۱- تصور یا خیال جمنا - لو لگنا ۲- گانا - دھن سمانا
(لازم) خیال آنا یا بندھنا - دھن کا پکا بھنت
وہ شخص جو کسی خیالی بات کے پیچھے لگ جائے - دھن
لگنا (لازم) دھیان لگنا - وحشت ہونا - دھن
ہونا (لازم) شوق ہونا - خیال ہونا -

دُھن (ع - مذکر) ۱- تیل ۲- مرہم -
خوشبو (دُہن - تیل لگانا)

دُہن (س - مذکر) ۱- دوہنا ۲- دودھ
دوہنے کا فعل -

دُہن (ھ - صفت) دونوں -

دَہنا (د - صفت) دَہنا (ھ)
دیکھو داہنا - دہنا قدم لینا (متعدی) ۱- چالاکی یا
شرارت کا قائل ہونا ۲- (طنزاً) تعظیم کرنا - دہنی
(صفت مونث) دہنا کا - دہنے (تف) داہنی طرف
دائیں پر - دہنے بائیں (تف) ادھر ادھر (دیکھنا
کے ساتھ) دہنے طمانچہ (کہاروں کی اصطلاح) دہنی
طرف دیوار کا پشتہ ہے - دہنے ہاتھ (تف) دائیں
طرف - دہنی ہتھیلی کا تل (مذکر) دولتمندی اور
سخاوت کی نشانی ہے - دہنے ہاتھ کا کھانا حرام
قسم دلانے یا کھانے کے لئے کہتے ہیں - دہنی یا بائیں
لگا کر پکڑ لانا (متعدی) رسی کر کے خواہ دہنی خواہ
بائیں طرف سے پیچ کرنا -

دَھنا (ھ - مونث) استری - بیوی -
زوجہ -

دَھنا (د - مذکر) دیکھو دھرنا - دھنا
دینا (متعدی) دیکھو دھرنا دینا -

دُھنا (د - مذکر) دُھنا (ھ) روئی
دھننے والا - دُھنیا - نداف (س دُھو - ہلانا) دھننے

جلاہے (مذکر) رذیل۔ کمینے۔

دُہنا (ہ۔ متعدی) دیکھو دہنا۔

دَھنا (ہ۔ متعدی) ۱ روئی دھنکنا یا صاف کرنا ۲ مارنا۔ پیٹنا ۳ تنبیہ کرنا۔ سرزنش کرنا ۴ (سر) پٹکنا۔ دے مارنا۔ سر پر ہاتھ مارنا ۵ برا بھلا کہنا۔ پٹنا۔ ذلیل کرنا ۶ بہت سوچنا۔ بہت کوشش کرنا (س دُھو۔ ہلانا)

دَھناسَری (ہ۔ مونث) ۱ ایک راگنی مالکوس کی ۲ سخت تھپیڑ یا ضرب ۳ کشتی کا ایک داؤں (س دسناشری)

دَھنتَّر (ہ۔ مذکر) ۱ نہایت دولتمند یا امیر۔ مالدار ۲ طاقتور۔ زبردست۔ سرکش ۳ مغرور۔ متکبر (س دَھن سے) ۴ (مذکر) ایک مشہور وید کا نام۔ نہایت قابل وید (س دھنونتری)، **دھنتری** (مونث) غرور۔ تکبر۔ شیخی۔ **دھنتری نکل جانا** (لازم) غرور مٹ جانا۔

دِہَنْد (ف۔ صفت) دینے والا۔ ادا کرنے والا۔ مرکبات میں استعمال ہوتا ہے جیسے نادہند۔ **دہندگان** (جمع) دہندہ کی۔ دہندہ (صفت) ۱ ادا کرنے والا۔ دینے والا ۲ فیاض۔ مخیر۔ مرکبات میں جیسے اطلاع دہندہ۔

دُھند (ہ۔ مذکر) ۱ کوہر۔ کوہاسا۔ غلیظ بخارات۔ غبار ۲ اندھیرا۔ تاریکی ۳ نظر کی تاریکی ضعف بصارت ۴ (ہ) ابر آلود موسم ۵ (ہ) طوفان۔ فاک۔ آندھی ۶ (ہ۔ صفت) دھندلا۔ تاریک ۷ (ہ) بے نور۔ گدلا۔ غیر شفاف ۸ (ہ) جس میں عقل یا ہوش نہ رہے ہوں۔ بیہوش۔ مدہوش ۹ اندھا کا مرادف جیسے اندھا دھند (س دُھم) دھندا (صفت) دیکھو دھند اندھا دھند اس میں مستعمل ہے۔ **دھند کا پسارا**۔ اندھیر کی جگہ۔ دنیا۔ **دھندکار** (مذکر) تاریکی۔ اندھیرا۔ **دھند کرنا** (ہ) **ہونا** (لازم) ۱ اندھیرا ہونا ۲ بدمست ہونا۔ مدہوش ہونا۔ **دُھندلا** (صفت) ۱ تاریک۔ اندھیرا ۲ غیر شفاف۔ گدلا ۳ ماند۔ جس میں چمک نہ ہو۔ **دھندلاپن** (مذکر) ۱ اندھیرا۔ تاریکی ۲ گدلاپن۔ تیرگی۔ ۳ اندھاپن ۴ کہر کا سا عالم۔ **دھندلا دکھائی دینا** (لازم) صاف نظر نہ آنا۔ کم نظر آنا۔ **دھندلکا** (مذکر) علی الصبح جب کچھ تاریکی ہو۔

دُھند (ہ۔ مذکر) ۱ ارادہ۔ نیت۔ کوشش ۲ خیال۔ رائے۔

دَھندا (ہ۔ مذکر) ۱ کام۔ کاروبار۔ کام کاج ۲ مشغولی۔ مصروفیت ۳ پیشہ۔ ہنر۔ (س دَھن سے) **دھندے یاد ہیں** (بیگمات) مکر و فریب یا حیلے یاد ہیں۔

دَھندلا (ہ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ مکر۔ فریب۔ دغا۔ حیلہ ۲ دکھاوا درد و غم کا۔ **دھندلانا** (متعدی) دھاندلی کرنا۔ دھوکا کرنا۔ **دھندلے** (ہ۔ مذکر) جمع دھندلا کی (کرنا مچانا کے ساتھ) **دھندلے یاد ہونا** (لازم) سخت مکار یا فریبی ہونا۔ بڑے مکر و حیلے جاننا۔

دَھندھار (ہ۔ صفت) ۱ اکیلا تنہا ۲ گوشہ نشین ۳ اداس۔ مغموم ۴ (مذکر) اکیلا شخص وغیرہ۔ **دھندھاری** (مونث) ۱ تنہائی ۲ گوشہ نشینی۔ عزلت۔

دَھندالا (ہ۔ مونث) دلالہ کٹنی

دُھندھر (ہ۔ مونث) دھند۔ **دھندھرا** (صفت) دھندلا۔ **دھندھرانا** (لازم) دھندلا۔

دَھندھکا (ہ۔ مذکر) بڑا ڈھول۔ **دھندکی** (مونث) چھوٹا ڈھول۔

دُھندِھکیا (ہ۔ صفت) دھندلا۔ اندھیرا پیدا کرنے والا۔

دُھندوانا (ہ۔ لازم) دھوئیں سے بھر جانا۔ بہت دھواں ہونا۔

دَھندھیلا (ہ۔ صفت) دغاباز۔ دھوکے باز۔ مکار۔

دَھنُس (س۔ مذکر) ۱ کمان۔ قوس ۲ قوس و قزح ۳ ایک ماپ ۴ دائرے کا ایک حصہ ۵ برج۔ قوس ۶ شوجی کا ایک نام ۷ ریگستان۔ بنجر زمین ۸ ایک چوتھائی دائرہ جس سے سورج کی بلندی ناپی جاتی ہے۔

دَھنسنا (ہ۔ لازم) دیکھو دھسنا۔

دَھنش (س۔ مذکر) دیکھو دھنس مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔ مگر ہندی میں علیحدہ بھی استعمال ہوتا ہے۔ **دھنش پانی** (صفت) ۱ کمان سے مسلح ۲ (مذکر) تیرانداز۔ **دھنش توڑنا** (متعدی)، **ٹوٹنا** (لازم) تیر چلنا۔۔ **دھنش کھنڈ** (مذکر) کمان کا ایک ٹکڑا۔ **دھنش مت** (صفت) کمان سے مسلح۔ تیرانداز۔

دَھنِک (س۔ صفت) ۱ امیر دولتمند ۲ نیک۔ پارسا۔ متقی۔ پرہیزگار ۳ (مذکر) امیر آدمی ۴ پرہیزگار آدمی ۵ ساہوکار۔ روپیہ قرض دینے والا۔ قرضخواہ۔

دَھنُک (ہ۔ مذکر) ۱ کمان۔ قوس ۲ قوس و قزح ۳ پتلا لیس گوٹا ۴ ایک قسم کی اوڑھنی ۵ کشیدے کا کام۔ **دھنک بائی** (ہ) وہ حالت جو کسی عضو کے سو جانے سے ہوتی ہے۔ **دھنک دھری** (مونث) ۱ تیر چلانے والی عورت ۲ ایک رسم جو شوجی کے اعزاز میں ادا کی جاتی ہے۔

دُھنَک (ہ۔ امر) دُھنکنا کا۔ (س دُھو۔ کانپنا) **دُھنَکنا** (متعدی) ۱ روئی صاف کرنا ۲ خوب مارنا۔ **دھنکوائی** (مونث) دھنکنے کی اجرت۔ **دھنکی** (مونث) روئی دھنکنے کا آلہ۔ **دھنکیا** (صفت) روئی دھنکنے والا۔

دَھنکارنا (ہ۔ مونث) ۱ شور، گرج ۲ دھماکا۔ مہیب آواز ۳ دھاڑ۔ چنگھاڑ۔ **دھنکارنا** (لازم) ۱ دھاڑنا۔ چنگھاڑنا۔ ڈکارنا ۲ شکار کرنا۔ گرجنا۔

دَھنَکنا (ہ۔ لازم) ۱ جلنا۔ شعلہ زن ہونا ۲ دہکنا۔

دُھنَکنا (ہ۔ لازم) ۱ آواز مہیب نکالنا ۲ گرجنا۔ ڈکارنا۔ دھاڑنا۔ چنگھاڑنا۔

دِھنگا (ہ۔ مونث) ایک قسم کی گھاس جمع کرنے کا آلہ پنجے کی شکل کا۔ جیلی۔

دَھنگار (ہ۔ امر) ۱ دھنگارنا کا ۲ (مذکر) بگھار۔ چونک۔ **دھنگارنا** (متعدی) بگھارنا۔ داغنا۔

دِھنگانا (ہ۔ متعدی) ۱ ستانا۔ تنگ کرنا ۲ چھیڑنا۔ چڑانا۔ دق کرنا۔

دَھنو (س۔ مذکر) دھنش کا مخفف

دَھنو۔ دَھنوا (س۔ مذکر) ۱ خشک زمین۔ ریگستان۔ بنجر ۲ وہ ملک جس میں پانی کم ہو ۳ زمین۔ اراضی ۴ کنارہ۔ ساحل۔

دَھنوا (ہ۔ مذکر) کمان۔

دَھنوتا (ہ۔ مذکر) ترچھا شہتیر

جو بھوس کی چھت میں ڈالا جاتا ہے۔

دَھنوَن (س - مذکر) ۱ کمان ۲ قوس و قزح ۳ برج قوس ۴ خشک زمین۔ ریگستان ۵ ساحل۔

دَھنوِن (س - صفت) ۱ کمان سے مسلح ۲ چالاک۔ ہشیار ۳ (مذکر) برج قوس ۴ درخت ارجن ۵ مولسری۔ دھنونتر (مذکر)

دھنونتری (عف) دیوتاؤں کا وید۔

دَھنوی (س - صفت) ۱ کمان سے مسلح ۲ ہوشیار۔ چالاک۔ زیرک ۳ (مذکر) تیر انداز۔ کماں بردار ۴ برج قوس ۵ شوجی و شن جی اور ارجن کا نام ۶ پودہ ارجن۔

دَھنی (ہ - مونث) ۱ شہتیر کڑی (س دھرنی) ۲ بیوی۔ بیگم۔ استری۔ مالکہ (س دھن سے)

دُہنی (ہ - مونث) دودھ کا برتن۔

دُھنی (ہ - مونث) ۱ آواز۔ سُر ۲ مینڈک (س دُھ - ہلنا)

دُھنی (س - مونث) ۱ دریا ۲ (صفت) شور مچانے والا۔ غراٹا مارنے والا (مرت

دَھنیا (ہ - مذکر) ۱ ایک خوشبودار بیج جو کوٹ کر سالن میں ڈالا جاتا ہے۔ کشنیز۔ کوتمیر ۲ پودہ جس سے یہ بیج پیدا ہوتا ہے (س دھانیاک)

دھنئے کی کھوپری میں پانی پلانا (متعدی) ۱ دشوار کام کا حکم دینا ۲ تنگ کرنا۔ دق کرنا۔ ستانا ۳ آہستہ آہستہ جان سے مارنا۔

دَھنیا (س - مونث) ۱ دائی ۲ دھرو کی بیوی کا نام ۳ آملہ ۴ (مذکر) خزانہ۔

دُھنیا (ہ - مذکر) روئی دُھننے والا۔ نداف۔

مثل۔ دُھنئے کی عقل تانت کے بھیتر۔ اوزجگہ جیسے جنگل کا تیتر۔ دھنیا بے وقوف ہوتا ہے۔

دَھنیاک (س - مذکر) دھنیا۔ کشنیز۔

دُہنیت (ع - مونث) ۱ چکنائی۔ چکناہٹ ۲ تیل۔ گھی۔ روغن۔ چربی۔ (دُہن۔ تیل لگانا)

دَھنیس (ہ - مذکر) ایک بڑی چونچ کا پرند۔

دُھنَیْنی (ہ - مونث) ۱ دھنئے کی بیوی ۲ روئی صاف کرنے والی عورت۔

دَہنِیہ (س - صفت) ۱ جلنے کے قابل۔ جلنے والا۔ سوختنی ۲ (مذکر) کوئی چیز جو جلانے کی ہو۔

دَھنیہ (س - صفت) ۱ دولت لانے والا ۲ نیک۔ مبارک۔ شبھ۔ سعید۔ موافق۔ اچھا ۳ خوش۔ خوش نصیب ۴ خوش۔ شاداں ۵ نیک پرہیزگار۔ متقی ۶ بزرگی یا شان کے قابل ۷ ایک منتر جو ہتھیاروں پر پھونکتے ہیں ۸ ایک درخت ۹ وشنو کا نام کرونچا دویپ میں ۱۰ (حرف ندا) شاباش۔ مرحبا۔ واہ واہ۔ دیکھو دھن۔ **دھنیہ بھاگ** (صفت) خوش قسمت۔ **دھنیہ تا** (مونث) خوش قسمتی۔ **دھنیہ کہنا** (متعدی) دعا دینا۔ خیر مانگنا۔ اسیس دینا۔ برکت مانگنا۔ **دھنیہ ماننا** (متعدی) شکریہ ادا کرنا۔ مشکور ہونا۔ **دھنیہ میرے بھاگیہ**۔ میں کیسا خوش نصیب ہوں۔ دھن میرے بھاگ۔ **دھنیہ واد** (مذکر) ۱ شکریہ ۲ تعریف۔ حمد (کرنا کے ساتھ) **دھنیہ وادی** (مذکر) ۱ وہ جو شکریہ ادا کرے ۲ تعریف کرنے والا۔ حامد۔ حمد کرنے والا۔

دَھو (ہ - مذکر) ایک درخت

دَھو۔ دھو (ہ - مونث) پسے کا لوہے کا ہال۔

دَھو (س - مذکر) ۱ آدمی۔ انسان ۲ خاوند۔ شوہر ۳ مالک۔ آقا ۴ قابض۔

دھو (ہ - امر) دھونا کا (س دھو ہلانا) **دھوانا** (ہ) دھلوانا۔ **دھو ڈالنا** (متعدی) پانی ڈال کر صاف کرنا۔ دھونا۔ **دھوکر** (پیسہ یا چھلا) **اٹھانا** (متعدی) منت ماننا۔ نیاز ماننا۔ منت ماننے کے وقت پیسے یا چھلے کو پاک کر کے رکھتے ہیں۔ اگر منت پوری ہو جائے۔ تو اس کو بیچ کر اس کی قیمت سے شیرینی خرید کر بانٹتے ہیں۔ **دھو کر پینا**

دھونا (متعدی) ۱ پانی سے صاف کرنا۔ پاک کرنا ۲ دور کرنا۔ زائل کرنا ۳ (مذکر) دھونے کا فعل۔ **دھونا دھانا** (متعدی) دھانا تابع مہمل ہے۔ دھونا۔ **دھونا دھونا** (متعدی) بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا۔ **دھوون** (مذکر) وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو۔ (پینا کے ساتھ) **دھوئی دال** (مونث) ۱ وہ دال جس کا چھلکا اترا ہوا ہو ۲ وہ دال جو پکانے کے لئے بھگوئی گئی ہو اور اس کے چھلکے اتر گئے ہوں۔ **دھوئی دُھلائی** (صفت) دھوئی ہوئی۔ پاک۔ **دھوئی دھلائی آنکھ** (مونث) بے شرم آنکھ۔ **دھوئی (دھلائی) ہوئی زبان** ۱ پاک کی ہوئی زبان ۲ شستہ زبان۔ فصیح زبان۔ **دھویا جانا** (لازم) بے شرم ہو جانا۔ بیباک ہو جانا۔ **دھویا دھایا** (صفت) ۱ صاف۔ دھویا ہوا ۲ عیب سے بری ۳ بے شرم۔ بے حیا۔ بے عزت۔ **دھویا دیدہ** (صفت) ۱ بے لحاظ۔ بے مروت ۲ بے غیرت۔ بے شرم۔

مثل۔ دھوتی تھی دو پاؤں دھونے پڑے چار پاؤں۔ شادی کے بعد بہت کام کرنا پڑتا ہے۔

دھوا (ہ - مذکر) ۱ مسلمانوں میں ایک ذات جو پالکیاں اٹھاتی ہے ۲ اس ذات کا ایک فرد۔

دَھوا (ہ - مذکر) ڈالی۔ پھل جو تحفے کے طور پر دیا جائے۔

دُھواں (ہ - مذکر) وہ سرمئی رنگ کے یا سیاہ بخارات جو کسی چیز کے جلنے سے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ عام طور پر اس چیز کے نامکمل طور پر جلے ہوئے ذرات ہوتے ہیں جو ہوا کے ساتھ اوپر اٹھتے ہیں۔ اگر چیز مکمل طور پر جل اٹھے تو دھواں نہیں اٹھتا۔ بلکہ شعلہ پیدا ہوتا ہے۔ دود۔ دخان (س دھوم۔ بخارات) **دھوانا** (لازم) ۱ کھانے میں دھوئیں کی بو آ جانا ۲ دھوئیں کی سیاہی کسی جگہ جم جانا۔ **دھواں اُٹھنا** (لازم) ۱ دھواں پیدا ہونا یا بلند ہونا۔ دھواں نکلنا ۲ (دل سے) آہ نکلنا۔ **دھواں بکھیر دینا** (متعدی) ۱ شکست دینا ۲ شیرازہ بکھیر دینا۔ **دھواں پھیلنا** (لازم) کسی جگہ کا دھوئیں سے بھر جانا۔ **دھواں جانا** (لازم) دیکھو دھوانا۔ **دھواں چھوڑنا** (متعدی) ۱ انجن کا دھواں نکالنا ۲ حقہ پی کر منہ سے دھواں نکالنا یا کسی کی طرف پھونک سے چھوڑنا۔ **دھواں دھار** (صفت) ۱ پر جوش ۲ نہایت سیاہ۔ تیرہ و تار ۳ پر دود دھوئیں سے بھرا ہوا ۴ (مذکر) دھوئیں کا بادل۔ نہایت غلیظ بادل۔ دھواں۔ **دھواں دھار بارش** (مونث) سخت بارش۔ **دھواں دھار برسنا** (لازم) سخت بارش ہونا۔

دھواں دھار تقریر (مونث) پرجوش تقریر۔ دھواں دھار گھٹا (مونث) کالی گھٹا۔ دھواں دھار ہوجانا (لازم) سخت اندھیرا ہوجانا۔ دھواں دینا (متعدی) جلنے سے دھواں پیدا کرنا۔ دھواں را (ہ۔ مذکر) دھوئیں کے نکلنے کی جگہ۔ دھواں رمنا (لازم) دھواں پیدا ہونا۔ دھواں سا (صفت) جس میں دھواں اُڑ گیا ہو۔ (کھانا) دھواں کرنا (متعدی) کوئی چیز جلا کر دھواں پھیلانا۔ دھواں کش (مذکر) ۱۔ دھوئیں کے نکلنے کی جگہ۔ چمنی ۲۔ جہاز کا دودکش ۳۔ دخانی جہاز۔ دھواں گھٹنا (لازم) دھوئیں کا کسی بند مکان میں جمع ہوجانا۔ دھواں لپک (صفت) ۱۔ بہت حقہ پینے والا۔ وہ جو حقے کے دھوئیں کی بو پر دوڑا جائے ۲۔ حریص۔ لالچی۔ دھواں منہ سے چھوڑنا یا نکالنا (متعدی) حقے کا کش لے کر منہ سے خارج کرنا۔ دھواں نکلنا (لازم) جلنا۔ سلگنا۔ دھواں اٹھنا۔ دھواں ہوجانا (لازم) بھاپ بن کر اڑ جانا۔ دھواں ہونا (لازم) دھوئیں کا پیدا ہونا۔ دھوئیں (جمع) علیحدہ استعمال نہیں ہوتا۔ دھوئیں اٹھنا (لازم) بہت جگہ آگ جلائی جانا۔ دھواں اُڑانا (متعدی) اُڑجانا یا اُڑنا (لازم) تباہ ہونا۔ برباد ہونا۔ دھوئیں بکھرنا (لازم) ۱۔ گھبرا اٹھنا ۲۔ خراب خستہ ہونا۔ دھوئیں بکھیرنا (متعدی) ۱۔ تباہ کرنا۔ ناس کرنا ۲۔ لتاڑنا۔ دبانا۔ دھوئیں پار کردینا (متعدی) بہت نامور کرنا (عف) دھوئیں پانی کا شریک (مذکر) ہمسایہ۔ پڑوسی۔ دھوئیں کش کا جہاز (مذکر) دخانی جہاز۔ دھوئیں کے بادل اڑانا (متعدی) ۱۔ بہت حقہ پینا۔ حقہ پی کر منہ سے بہت دھواں نکالنا ۲۔ بے بنیاد یا بے سروپا خبریں مشہور کرنا۔ دھوئیں لپک (صفت) لالچی۔ حریص (ہونا کے ساتھ)

دھوب (ہ۔ مذکر) دھونا۔ شوب (س۔ دھو۔ ہلانا) دھوب پڑنا (لازم) دھویا جانا۔ دھوبن (مونث) دھوبنی (ہ) دھوبی کا مونث ۱۔ کپڑا دھونے والی عورت ۲۔ دھوبی کی بیوی ۳۔ دھوبی قوم کی عورت ۴۔ ایک قسم کا پرندہ دھوبن چڑیا (مونث) ممولا۔ اس لئے کہتے ہیں کہ عموماً گھاٹوں پر جہاں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں پایا جاتا ہے۔ دھوبی (مذکر) ۱۔ کپڑا دھونے والا آدمی ۲۔ ایک ذات ۳۔ اس ذات کا ایک فرد۔ دھوبی پاٹ (مذکر) یا پٹرا (ہ) ۱۔ وہ سل یا لکڑی کا تختہ جس پر دھوبی کپڑے دھوتے ہیں ۲۔ کشتی کا ایک داؤں جس میں حریف کو کمر پر لاد کر دے مارتے ہیں۔

امثال و اقوال۔ دھوبی بیٹا چاند سا سیٹی اور پٹاک۔ دھوبی کا بیٹا ہمیشہ خوش پوشاک ہوتا ہے۔ کیونکہ دوسروں کے کپڑے پہنتا ہے اپنا تو سیٹی اور پٹاک ہی ہوتا ہے۔ جب دھوبی کپڑا دھوتے ہیں تو سیٹی کی آواز نکالتے ہیں۔ اور کپڑے کی آواز پاٹ پر پٹاک سی نکلتی ہے اس کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کے خرچ پر اپنی سفید پوشی قائم رکھے۔ دھوبی بیٹا جل میں رہے گندی مچھلی کھائے۔ مقدور والے کا ذلیل حالت میں رہنا۔ جس شخص کے پاس کسی چیز کا سامان ہو اور وہ ناکام رہے۔ دھوبی پر رسے (بس نہ چلے گدھی کے کان اینٹھے (کاٹے) دھوبی پر بس نہ چلا گدھیا کے کان مروڑے۔ زبردست سے بس نہیں چلتا کمزور کو دباتا ہے۔ دھوبی پر دھوبی کھینڈرے میں صابون (ہ) دھوبی پر دھوبی بدلنا اس طرح ہے جیسے کھیلنے والے میلے لڑکے پر صابون ملنا۔ مطلب یہ ہے کہ نوکر بار بار بدلنے نہیں چاہئیں۔ دھوبی چھوڑ سقا کیا ہی خضر کے گھاٹ۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جو باوجود کوشش کرنے کے بری حالت سے نہ نکلے۔ دھوبی دھائی بھینڑی پانکے لگی (ہ) دھوبی نے بھیڑ کو دھویا وہ پھر کیچڑ میں جا گھسی۔ بے فائدہ کام کے متعلق کہتے ہیں۔ دھوبی رووے دھلائی کو میاں رووے کپڑوں کو۔ عموماً نادہند کے متعلق کہتے ہیں۔ دھوبی کا چھیلا آدھا اجلا آدھا میلا۔ کیونکہ وہ لوگوں کے کپڑے جیسے ملیں پہن لیتا ہے۔ دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا۔ اس کے متعلق کہتے ہیں جس کا کوئی ٹھکانا نہ ہو۔ نکما اور بیکار آدمی۔ دھوبی کا گھر عید ہی کو سوجھتا ہے۔ سخت خسیس اور کنجوس کے متعلق کہتے ہیں۔ دھوبی کہنے سے گدھے پر نہیں چڑھتا۔ اگر کسی کو کوئی کام کہا جائے تو وہ نہیں کرتا۔ گو عام طور پر وہ کرتا ہو۔ دھوبی کے بیاہ گدھے کے ماتھے موڑ۔ دھوبیوں کے بیاہ ہو تو گدھے سجاتے ہیں۔ غریب کی کبھی کبھی نہ کبھی سنی جاتی ہے۔ دھوبی کے گھر بیاہ گدھے کو چھٹی۔ بیاہ کے روز گدھے پر کپڑے لاد کر دھونے کو نہیں لے جاتے۔ اس لئے اسے بیاہ کے دن چھٹی ہوتی ہے۔ غریب کی بھی کبھی نہ کبھی سنی جاتی ہے۔ دھوبی کے گھر پڑے چور وہ نہ لٹا لٹے اور۔ ظاہر نقصان کسی کا اور اصل میں کسی اور کا۔ دھوبی کی چوری ہو تو دوسروں کا مال جاتا ہے۔

دُھوپ (ہ۔ مونث) ۱۔ سورج کی تیز روشنی ۲۔ ایک قسم کی خوشبو جو بتوں کے پاس یا ہوا صاف کرنے کے لئے جلاتے ہیں۔ (س دہ۔ جلنا) دھوپ آجانا یا آنا (لازم) دھوپ پہنچنا۔ سورج کا سامنے آجانا۔ دھوپ اترنا (لازم) ۱۔ دھوپ آنا ۲۔ دھوپ کا کسی بلند جگہ سے نیچے آنا ۳۔ دھوپ کی تیزی کا کم ہوجانا۔ دھوپ اٹھانا (متعدی) دھوپ کی تکلیف برداشت کرنا۔ دھوپ میں سفر کرنا۔ دھوپ اداس ہونا (لازم) دھوپ کی تیزی کم ہوجانا۔ دھوپ پڑنا (لازم) گرمی ہونا۔ سخت دھوپ ہونا۔ دھوپ پہنچنا (لازم) دھوپ کا کسی جگہ آجانا۔ دھوپ پھیلنا (لازم) سورج کی روشنی پھیلنا۔ دھوپ ٹلنا (لازم) دھوپ کا کسی جگہ سے ہٹ جانا۔ دھوپ جلانا (متعدی) دھوپ کو بتوں کے آگے سلگانا۔ دھوپ چڑھانا (متعدی) ۱۔ دیکھو آنزی ۲۔ دیر کردینا۔ دن چڑھا دینا۔ دھوپ چڑھنا (لازم) ۱۔ دن چڑھنا۔ صبح کے وقت دیر ہوجانا ۲۔ دھوپ کا کسی بلند مقام پر پہنچنا۔ دھوپ چڑھے (ق) دن چڑھے۔ دھوپ چھاؤں (مونث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں دو رنگ ملے ہوئے ہوتے ہیں۔ کسی رخ ایک نظر آتا ہے کسی رخ دوسرا۔ دھوپ چھپنا (لازم) شام ہونا۔ بادل گھر آنا۔ دھوپ چھوڑنا (متعدی) سورج کے آگے سے ہٹ جانا۔ دھوپ پڑنے دینا۔ دھوپ دان (مذکر) دانی (مونث) وہ ظرف جس میں دھوپ یا اور خوشبودار چیزیں ڈال کر جلاتے ہیں۔ دھوپ دسمی (ہ۔ مونث) ہندوؤں کی ایک رسم۔ بتوں کے آگے بھادوں کی دسویں بدی کو دھوپ جلاتے ہیں۔ دھوپ دکھانا یا دینا (متعدی) دھوپ میں رکھنا یا سکھانا کسی چیز کو۔ دھوپ دیپ (ہ) بت کے آگے دھوپ جلانا۔ دھوپ ڈھل جانا یا ڈھلنا (لازم) زوال آفتاب ہونا۔

دھوپ سہنا (متعدی) دھوپ میں کام کرنا۔ دھوپ برداشت کرنا۔ دھوپ کال یا کالا (ھ) سخت گرمی کا موسم۔ دھوپ کھانا (متعدی) ۱ دھوپ میں بیٹھنا یا رہنا ۲ دھوپ کی گرمی برداشت کرنا ۳ کسی چیز کو دھوپ لگنا۔ دھوپ کھلنا (لازم) دھوپ پھیلنا۔ دھوپ کھینا (ھ) دھوپ جلانا۔ دھوپ گھڑی (مذکر) ... آلہ جس پر دھوپ پڑنے سے وقت ظاہر ہوتا ہے۔ دھوپ لگنا (لازم) دھوپ کا اثر ہونا۔ دھوپ لینا (متعدی) ۱ دھوپ کھانا ۲ دھوپ کا اثر حاصل کرنا۔ دھوپ ملنا (متعدی) کسی چیز کا دھوپ میں خشک ہونا۔ دھوپ میں بال (جونڈہ یا سر) سفید کرنا (متعدی) بڑھاپے تک ناتجربہ کار رہنا۔ دھوپ میں بٹھانا (متعدی) ایک قسم کا تشدد یا سزا ہے۔ دھوپ میں بیٹھنا (لازم) سردیوں کے موسم میں گرم ہونے کے لئے دھوپ میں بیٹھتے ہیں۔ دھوپ میں جلنا یا کنڈا ہونا (لازم) تیز دھوپ میں دیر تک بیٹھے رہنا۔ دھوپ میں چینوا دوں گا۔ بچوں کو ڈراتے ہیں۔ دھوپ میں رکھنا (متعدی) کسی چیز کو ایسی جگہ رکھنا جہاں دھوپ ہو۔ دھوپ نکلنا (لازم) ۱ سورج چڑھنا ۲ سورج کا بادلوں میں سے نکلنا ۳ روشنی پھیلنا۔ دھوپ ہونا (لازم) دھوپ کا نمودار ہونا۔

اقوال۔ دھوپ میں (بال سفید نہیں کئے ہیں) جونڈا سفید نہیں کیا ہے۔ بہت تجربہ ہے۔ یونہی عمر ضائع نہیں کی ہے۔ دھوپ پڑت جو دائیں چلاوے لاس ناج وہ ترت اٹھاوے۔ جو دھوپ میں گاہ ڈولے وہ جلدی اناج اٹھالیتا ہے۔ موقع ملے تو فائدہ اٹھانا چاہئے۔

دھوپ (ہ۔ مذکر) ایک قسم کی تلوار جو سیدھی ہوتی ہے ۲ اس تلوار کی چوڑی طرف سے مارنا۔ لاٹھی کی ضرب ۳ چوڑا پتا۔

دھوپ (ہ۔ مونث) ۱ دوڑنا۔ دوڑ ۲ محنت۔ کوشش۔ اردو میں دوڑ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

دھوپا (ہ۔ مذکر) دھوکا (عف)

دھوپنا (ھ۔ متعدی) ۱ دھوپ جلانا ۲ ہوا۔ صاف کرنے کے لئے خوشبو جلانا ۳ خوشبو لگانا ۴ گندہ بروزہ یا رال تیز کرنا۔

دھوپیلیاں (ھ۔ مونث) دھیلی کی جمع۔ گرمی دانہ۔ گھموری۔ گھام۔

دھوت (ہ۔ ندا) کتے کو ہٹانے کی آواز۔ دور۔ بھاگ۔ ہٹ۔

دھوت (ھ۔ حرف ندا) دیکھو دُھت ودُت۔

دھوتا (س۔ مونث) بیوی۔ استری۔ زوجہ۔

دھوتا (ھ۔ صفت) ۱ چالاک۔ مکار۔ فریبی۔ دغاباز ۲ بیوفا۔ غدار ۳ (مذکر) چالاک آدمی وغیرہ۔

دھوتر (ھ۔ مونث) ۱ دھوتی۔ (عف) ۲ (ہ) ایک قسم کا ہندوستانی موٹا کپڑا۔

دھوترا (ھ۔ مذکر) ۱ دسواں حصہ دس فیصدی ۲ دس فیصدی محصول یا منہائی۔

دھوتری (ھ۔ مونث) دھوتی

دھوتنا (ھ۔ متعدی) ۱ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ دغا کرنا۔ مکاری کرنا ۲ بیوفائی کرنا۔ غداری کرنا۔

دھوتو (ہ۔ مذکر) ۱ بگل۔ ترئی۔ نرسنگھا ۲ بگل وغیرہ کی آواز۔ دھوتوبیگ (مذکر) موٹا بھیپسا آدمی (عف)

دھوتی (ہ۔ مونث) سفید باریک لمبا کپڑا جو ہندو پاجامہ کی جگہ باندھتے ہیں۔ اس کی لمبائی کی طرف یا بیچ میں عموماً دھاری ہوتی ہے۔ اس کا ایک سرا ٹانگوں میں سے نکال کر پچھلی طرف گھرس دیتے ہیں۔ (باندھنا۔ بندھنا کے ساتھ) (س اُدھو۔ نیچے)

دھوتیا پرشاد۔ دھوتی بند یا پرشاد (مذکر) ہندوؤں کو حقارت سے کہتے ہیں۔ دھوتی چھانٹنا (متعدی) دھوتی کو دھو اور نچوڑ کر ہوا میں زور سے جھٹکنا تاکہ باقی ماندہ پانی بھی نکل جائے۔

مثل۔ دھوتی میں سب ننگے۔ اندرونی حالت سب کی ایک جیسی ہے۔

دھوتی۔ دُھوتی (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا شکاری پرند۔ اس کی مادہ کو بیسرا کہتے ہیں۔

دھوج (س۔ مذکر) دھوجا (ھ) ۱ جھنڈا۔ علم ۲ نشان۔ داغ۔ نقش ۳ آلہ تناسل

دھوجن (ھ۔ مذکر) ایضاً۔ ثبت۔ تصدیق۔ ڈکھ۔

دھودھو (ھ۔ مذکر) ۱ درکارنا۔ دور کرنا ۲ (حرف ندا) دُر دُر۔ دُھت دُھت۔

دھوڈا (ھ۔ مذکر) طاقت۔ قوت۔ دھوڈا ہل گیا (ہ) پہلی سی طاقت نہیں رہی۔ پہلا سا حال نہیں رہا۔

دھور (ھ) دھور (ہ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی بڑی فاختہ ۲ ایک قسم کا کتا۔

دھور (ہ۔ مونث) ۱ دھول ۲ ایک قسم کی ناقص گھاس ۳ بسوے کا بیسواں حصہ۔ بسوانسی۔ دھوردھاری (ھ۔ مذکر) وہ شخص جس پر بہت دھول پڑی ہو۔ میلا یا گندہ شخص۔

دھورے (س۔ دھا) ۱ جھکانا ۲ گرانا ۳ ضرر پہنچانا۔

دھورا (ھ۔ مذکر) ۱ دُھرا۔ دھوکا۔ دغا۔ دھورا دینا (متعدی) دھوکا دینا۔

دھورا (ھ۔ مذکر) ۱ دھوکا۔ دغا ۲ (ہ) ایسی ہوئی دوائی جو کسی زخم وغیرہ پر چھڑکی جائے۔

دھورت (س۔ صفت) ۱ مکار۔ فریبی ۲ بددیانت۔ بے ایمان۔ دغاباز ۳ شرارتی۔ ایذا دینے والا ۴ (مذکر) مذکورہ بالا صفتوں والا آدمی۔

دھوردھانی (ھ۔ مذکر) ۱ لمبا اور موٹا شخص۔ تنومند آدمی۔ بھاری بھرکم آدمی ۲ (مونث) ایک قسم کی بندوق۔

دھورسنجھا (ھ۔ مذکر) شام۔ جھٹ پٹا۔

دھورکٹ (ھ۔ مونث) چھنگی لگان جو کاشتکار زمیندار کو جیٹھ یا اساڑھ کے مہینے میں دیتے ہیں۔

دھورکی (ھ۔ مونث) دھورکا بسواں اور بسوے کا چار سواں حصہ۔

دھورنی (ھ۔ مونث) روایت نقل۔ حدیث جو بغیر سلسلہ ٹوٹنے کے بیان ہو۔

دھوری (ھ۔ مونث) ۱ دھول ۲ دھوری ۳ رسی کا دھاگا یا بل۔

دھوری (ھ۔ مونث) ۱ بیل۔

مویشی۔ ڈھور ٢ وہ بیل جو جوئے کے نیچے ہوں۔

ڈھورے (ھ۔ تف) ١ نزدیک قریب ٢ سامنے ٣ تقریباً۔ قریب قریب۔ **ڈھورے ڈھالے** (تف) تقریباً۔ قریب قریب۔

ڈھوریا بیلا (ھ۔ مذکر) ایک قسم بڑی چنبیلی کی۔

ڈھوریا ملار (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا گیت جو برسات کے شروع میں گاتے ہیں۔

ڈھوریانا (ھ۔ متعدی) ١ دھول اڑانا کسی چیز سے ٢ اناج کو دوسری دفعہ صاف کرنا

ڈھوڑ (ھ۔ مذکر) ایک قسم کا پانی کا سانپ۔

ڈھوسر (س۔ صفت) ١ خاکی رنگ کا۔ دھولا۔ بھورا ٢ خاکی یا دھولا رنگ۔ بھونسلا رنگ۔

ڈھوسنا (ھ۔ متعدی) ١ ٹھونسنا۔ گھسیڑنا۔ بھرنا۔ ٹکر مارنا۔ زخمی کرنا مویشی کا۔

ڈھوک (ھ۔ مونث) ١ جھکنا۔ سجدہ کرنا بت کو ٢ ڈنڈوت۔ نمسکار۔ پرنام کسی چیز سے ٹیک لگانا۔ **ڈھوک مارنا** (متعدی) جھکنا۔ سجدہ کرنا۔

ڈھوک (ہ۔ مونث) کلابتو بٹنے کی سلائی۔

ڈہوکا۔ ڈھوکا (ھ۔ مذکر) ایک پیمانہ جو اناج کی دس مٹھی کے برابر ہوتا ہے۔

ڈھوکا (س۔ مونث) گیت کا پہلا مصرع جو بار بار دہرایا جاتا ہے۔

دھوکا (ہ۔ مذکر) ١ دغا۔ فریب۔ مکر ٢ غلطی۔ مغالطہ۔ غلط فہمی ٣ پرندوں کو ڈرانے کا پتلا ٤ سراب ٥ (ھ) شبہ۔ ہچکچاہٹ ٦ ڈر۔ گھبراہٹ ٧ مایوسی۔ ناامیدی ٨ کوئی چیز جس سے دھوکا ہو۔ ظاہری صورت ٩ (ھ) کوئی چیز جو دور سے صاف نہ نظر آئے (س دھورتکا)، **دھوکا اٹھانا** (متعدی) دھوکا کھانا۔ **دھوکا پڑنا** (لازم) دھوکا ہونا۔ (مت) **دھوکا دھڑی** (مونث) دغا۔ فریب۔ چھل۔ بٹا۔ **دھوکا دہی** (مونث) فریب دہی۔ **دھوکا دینا** (متعدی) ١ فریب دینا۔ چھل کرنا ٢ مغالطہ دینا۔ غلطی کرانا ٣ (ھ) ناامید کرنا۔ مایوس کرنا۔ **دھوکا کھانا** (لازم) ١ غلطی کرنا۔ چوکنا ٢ فریب میں آنا۔ **دھوکا ہونا** (لازم) ١ غلطی ہونا۔ سہو ہونا ٢ شبہ ہونا۔ شک ہونا۔ مغالطہ ہونا ٣ نقلی یا مصنوعی چیز پر اصل کا گمان ہونا ٤ دم میں آنا۔ **دھوکے باز** (صفت) دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ **دھوکے بازی** (مونث) دھوکا۔ مکر۔ فریب۔ دغابازی۔ **دھوکے کی ٹٹی** (مونث) ١ فریب میں لانیوالی یا مغالطہ دینے والی چیز ٢ وہ ٹٹی جس کی اوٹ میں شکار کھیلتے ہیں۔ **دھوکے میں** (تف) ١ دھوکا کھا کر ٢ کسی اور کے گمان سے۔ **دھوکے میں آنا** (لازم) دھوکا کھانا۔ **دھوکے میں رکھنا** (متعدی) **رہنا** (لازم) ١ جھوٹی امید میں رہنا ٢ مغالطہ ہونا۔ دھوکا ہونا ٣ جھوٹے وعدے پر یقین کرنا۔

مثل۔ دھوکے کی ٹٹی۔ دھول کی رسی نہیں بٹی جاتی۔ ناممکن بات نہیں ہو سکتی۔

دھوکر (ھ۔ صفت) ١ بڑا۔ موٹا۔ تازہ۔ تنومند۔ بھاری بھر کم ٢ مضبوط۔ طاقتور۔ کسرتی۔

دھوکنا (ھ۔ لازم) بت کے آگے جھکنا۔ ڈنڈوت کرنا۔ نمسکار کرنا۔ پرنام کرنا۔

دَھول (ہ۔ مذکر) ١ جوار کا ہرا پٹھا جسے چوستے ہیں ٢ ایک قسم کا گنا۔ دھور (س۔ دھول) ٣ دھپ۔ تھپڑ۔ چانٹا (پڑنا۔ جڑنا۔ کھانا لگانا۔ لگنا۔ مارنا کے ساتھ) (س دھاو۔ لپکنا) **دھول لگانا** (متعدی)، دھول مارنا۔ چانٹا رسید کرنا۔ **دھول دھپا** (مذکر) آپس میں ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

دَھوَل (س۔ صفت) ١ سفید۔ چمکدار سفید ٢ خوبصورت۔ حسین ٣ (مذکر) سفید رنگ ٤ ایک پودہ ٥ ایک راگنی ٦ ایک قسم کا کافور ٧ ایک قسم کی فاختہ ٨ ایک ہاتھی ان میں سے جنہوں نے زمین کو اٹھایا ہوا ہے۔ **دھولا** (مونث) سفید گائے **دھول گر** ہا گھر کی سب سے اونچی چھت جس پر سفیدی کی ہو۔ **دھول مرتکا** (مونث) ١ سفید مٹی۔ کھریا مٹی چاک۔ **دھولی** (مونث) ١ سفید گائے ٢ سفید بال (بیماری) ٣ ایک راگ ٤ ایک شہر۔

دُھول (ہ۔ مونث) ١ خاک۔ گرد ٢ راکھ۔ خاکستر (س دھُولِ)، **دھول اڑا دینا** (متعدی) مٹا دینا۔ خاک میں ملا دینا۔ **دھول اڑانا** (متعدی) ١ خاک اڑانا۔ مٹی اڑانا ٢ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا ٣ برباد کرنا۔ تباہ کرنا ٤ کوشش کرنا ٥ آوارہ پھرنا۔ خراب خستہ پھرنا۔ **دھول اڑ جانا یا اڑنا** (لازم) دیکھو آخری (١١)۔ **دھول جھاڑنا** (متعدی) **جھڑنا** (لازم) ١ گرد دور ہونا۔ خاک جھڑنا ٢ پٹنا۔ گت بننا۔ **دھول دھانی** (ھ) ١ تباہ۔ برباد ٢ منتشر۔ پریشان ٣ گھبرایا ہوا۔ مضطرب۔ بے چین۔ **دھول دھویا** (ھ) خاک کو صاف کرنے یا دھونے والا۔ **دھول کی رسی** (مونث) بے اصل یا ناممکن بات۔ **دھول (سے) کی رسی (رسیاں) بٹنا** (متعدی) ١ ناممکن بات کی کوشش کرنا۔ بے فائدہ محنت کرنا ٢ مبالغہ کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ **دھول کے لٹھ لگانا** (متعدی) جھوٹ بولنا۔ **دھولیا** (صفت) ١ دھول یا خاک کا بنا ہوا ٢ (مذکر) کوئی چیز خاک کی بنی ہوئی ٣ ایک پیر خاک کا جو بچے کھیل میں بناتے ہیں ٤ خاک۔ راکھ۔ **دھولیا پورت دھولیا (پیر کی) قسم** (مونث) بچوں کا ایک قسم کا مذاق۔ ایک بچے کے دونوں ہاتھوں میں خاک بھر کر اس میں ایک تنکا گاڑ دیتے ہیں اور اسے کہتے ہیں کہ اگر وہ سچا ہے تو تنکے کو دانتوں سے اٹھائے جب وہ اٹھانے لگتا ہے تو اپنا ہاتھ اس کے ہاتھوں پر نیچے سے مارتے ہیں کہ خاک اس کے منہ پر پڑ جائے۔ پھر بہت ہنسی ہوتی ہے۔ **دھولیا ملیا کرنا** (متعدی) کسی معاملے کو دبا لینا یا ملیامیٹ کرنا۔

مثل۔ دھول کی رسی بٹتے ہیں۔ ناممکن کام کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

دَھولا (ہ۔ صفت) ١ سفید ٢ روشن۔ چمکدار ٣ (مذکر) سفید رنگ ٤ سفید بیل یا سانڈ ٥ کوئی سفید چیز ٦ سفید بال ٧ سفید گنا (س دھَوَلک)۔ **دھولا بٹھانا** (متعدی) پوجا کے لئے سفید سانڈ کو سامنے بٹھانا۔ **دھولا پڑنا** (لازم) سفید یا زرد ہو جانا۔ **دھولا پن** (مذکر) سفیدی ٢ چمک۔ صفائی۔ **دھولے آجانا یا آنا** (ھ۔ لازم) سفید بال نکلنے شروع ہونا۔

مثل۔ دھولا بال موت کی نشانی۔ سفید بال نظر آئے تو سمجھنا چاہئے اب موت قریب ہے۔

دُھولک (س۔ مذکر) زہر۔

دَھوم (ہ۔ مونث) ١ شور و غل۔ ہنگامہ ٢ شہرت۔ دھاک۔ غلغلہ۔ آوازہ ٣ افواہ۔ خبر ٤ شان۔ شوکت۔ نمود۔ طمطراق ٥ ایک قسم کا چکن

کاکام (س ۔ دَھونی) **دھوم اٹھانا** (متعدی) ۱ **اٹھنا**
(لازم) ۱ دھوم مچنا ۔ دھوم ہونا ۲ شور مچانا ۔ **دھوم**
اُڑانا (متعدی) **اڑنا** (لازم) شہرت ہونا ۲ مشہور
ہونا ۔ **دھوم پڑنا** (متعدی) شہرت ہونا ۔ چرچا
ہونا ۔ **دھوم دھام** (مونث) ۱ دیکھو دھوم ۱ ۲
۲ زور شور ۔ ریل پیل ۔ **دھوم دھام کا** (صفت)
۱ پرتکلف ۔ مکلف ۔ عمدہ ۔ آراستہ ۲ مشہور معروف
۳ قیمتی ۔ بڑھیا ۔ **دھوم دھامی** (صفت) ۱ زرق برق
خوبصورت ۲ (تف) بڑی دھوم سے ۔ **دھوم دھڑکا**
(مذکر) ہنگامہ ۔ شور ۔ غلغلہ ۔ غل غپاڑا ۔ **دھوم ۔**
ڈالنا (متعدی) شور مچانا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔ دھوم
سے (تف) شان و شوکت سے ۔ **دھوم کرنا** (متعدی)
۱ ہنگامہ برپا کرنا ۲ شہرت کرنا مشہور کرنا ۔ **دھوم مچا**
رکھی ہے ۱ رونق کر رکھی ہے ۲ فساد کر رکھا ہے ۳
مشہور کر رکھا ہے ۔ **دھوم مچانا** (متعدی) ۱ شور
کرنا ۔ غل مچانا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۲ دہائی دینا ۔ فریاد
کرنا ۳ جلدی کرنا ۔ **دھوم مچ رہی ہے** ۱ مشہور
ہو رہا ہے ۲ رونق ہو رہی ہے ۳ فساد ہو رہا ہے ۔
دھوم مچنا (لازم) ۱ شہرت ہونا ۔ مشہور ہونا
۲ شور مچنا ۔ ہنگامہ برپا ہونا ۔ **دھوم ہونا** (لازم)
شہرت ہونا ۔ آوازہ ہونا ۔ **دھومی** (ھ) ۱ شور
مچانے والا ۲ تجو گڑا نو ۔

دُھوم (س ۔ مذکر) ۱ دھواں ۔
دود ۲ بخارات ۳ کہر ۔ دھند ۔

دُھوما (ھ ۔ مذکر) ۱ دھوئیں کا
رنگ ۔ سرخ اور سیاہ ملا ہوا رنگ ۔ اودا رنگ
سیاہ رنگ ۲ (ہ) ایک قسم کا کبوترا ۔

دُھومَر (س ۔ صفت) ۱ دھوئیں
کے رنگ کا ۲ اودا ۔ سیاہ ۔ بھونسلا ۳ دھندلا ۔ تاریک
۴ (مذکر) اونٹ ۵ اودا رنگ ۔ سیاہ اور سرخ رنگ کا
مرکب ۶ خوشبو جلانے والی ۔ **دھومرا** (صفت) ۱
دیکھو دھومر ۲ (مونث) گناہ ۔ پاپ ۔ **دھومر**
وَرَن (صفت) "دھوئیں کے رنگ کا" ۱ سیاہ ۔ سرخی
مائل سیاہ ۲ (مذکر) ایک جلانے والی خوشبو کا نام ۔

دھومَرا (ھ ۔ مذکر) دیکھو دھوملا ۔

دُھومک (ھ ۔ مونث) دھوم
دھام ۔ **دھومک دَھیتا** (ہ ۔ مونث) غل ۔ شور ۔
واویلا ۔ شور غوغا ۔

دُھوملا (ھ ۔ مذکر) دھوم ۔ شور و
غوغا ۔ ہنگامہ ۔

دَھون (ھ ۔ مذکر) بیس سیر کا
وزن (آدھ من کا مخفف) **دھون بھر** (تف)
بیس سیر ۔

دَھون (ہ ۔ مونث) کھانسنے
کی آواز ۔ **دھوں دھوں کرنا** (متعدی)
بار بار کھانسنا ۔ کھانسی کا عارضہ ہونا ۔

دَھوں (ھ ۔ حرف عطف) خواہ
یا ۔ آیا ۔

دَھوَن (س ۔ مذکر) ۱ آواز ۔
سر ۲ ایک ہوا کا نام ۔ **دھون مودن** (مذکر)
شہد کی مکھی ۔ **دھون مودی** (مذکر) بھونرا ۔

دُہُوں (ھ ۔ صفت) دونوں ۔

دُھول (ہ ۔ مونث) ۱ توپ
یا بندوق کی آواز ۲ پٹاخے یا بمب کے چلنے کی
آواز ۔ دھماکا ۳ ڈھول کی آواز ۔ **دھوں ۔**
دھوں (مونث) توپ یا بندوق کی متواتر
آواز ۔

دُھونا (ہ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کا
گوند ۔ رال ۲ ایک قسم کا روغن جو کشتی کے نیچے لگا دیتے
ہیں ۔

دَھونتال (ھ ۔ صفت)
۱ امیر ۔ دولتمند ۲ فیاض ۔ مخیر ۔ داتا ۳ مضبوط ۔
طاقتور ۔ فربہ بدن ۴ بہادر ۔ بیر ۔ شجاع ۵ چالاک ۔
ہوشیار ۔ جلد کام کرنے والا ۶ عیاش ۔ بدچلن ۷ شرارتی ۔
شریر ۔ **دھونتالی** (مونث) امیری وغیرہ ۔ دیکھو
دھونتال ۔

دھونٹی (ھ ۔ مونث) گنڈیوں کا
آنکڑا ۔

دَھونج (ھ ۔ مونث) خیال ۔
دھیان ۔ سوچ ۔

دھونڈلکا (ہ ۔ مذکر) منہ
اندھیرا (مت)

دھونڈھا (ھ ۔ مذکر) ٹیلا ۔ ٹبہ ۔
تودہ ۔

دُھونڈھر (ھ ۔ مونث) دیکھو
دھندھر ۔ **دھونڈھرا** (صفت) دیکھو دھندلا ۔

دُھونڈھوکار (ہ ۔ مذکر)
دھونڈھوکار (ھ) **دھونڈھوکال**
(ھ) ۱ سخت بارش جس میں کچھ نظر نہ آئے ۲ گہرے
بادل ۔ ابر آلود موسم ۳ اندھیرا ۔ تاریکی بادلوں کی
وجہ سے ۴ بربادی ۔ تباہی ۵ بخارات بننا ۔ پانی کا
گرمی سے بخارات بن کر اڑ جانا ۔ تبخیر ۶ فضول خرچی
۷ (تف) زور کا ۔ سخت ۔ ان معنوں میں اردو
میں دھوندوکار بخار یا مینہ کے واسطے استعمال ہوتا
ہے ۔ دھونڈھوکار مینہ برس رہا ہے سخت
بارش ہو رہی ہے ۔

دھونڈا (ھ ۔ مذکر) ۱ ایک قسم کی
گھاس جو دھان کے کھیت میں اگتی ہے اور پودوں کو
نقصان پہنچاتی ہے ۲ (غف) پتھر ۔ چٹان ۔ **دھونڈیل**
(صفت) جس میں بہت سے پتھر ہوں ۔ پتھریلی ۔
دھونڈی (مونث) ۱ دیکھو دھونڈا ۱ ۲ دیکھو
ڈونڈی ۔

دَھونس (ہ ۔ مونث) ۱ دھمکی ۔
ڈراوہ ۔ خوف ۔ تہدید ۲ دھوکا ۔ دغا ۔ فریب ۔
دم ۔ جھانسا ۳ (ھ) استحصال بالجبر ۔ زیادہ ستانی ۔
اندھیر ۴ (ھ) یکایک حملہ ۵ (ھ ۔ مذکر) بڑا
نقارہ (س دھرش ۔ قابو کرنا) **دھونسا** (مذکر)
۱ بڑا نقارہ ۲ (ھ) دلیری ۔ جرات ۔ زعم ۳ (ھ) طاقت
قوت ۔ لیاقت ۴ (ھ) حملہ ۔ یورش ۔ دھاوا ۵ صدمہ
ضرر ۔ **دھونسا کھانا** (لازم) ۱ شامت آنا ۔ سر پھرنا
۲ صدمہ اٹھانا یا ہونا ۳ بدقسمتی ہونا ۔ بدبختی آنا ۔ **دھونس**
باندھنا (متعدی) خرچ اٹھانا ۔ **دھونس پٹی**
(مونث) دھوکا ۔ جھانسا ۔ دم ۔ پٹی ۔ فریب ۔ دم دلاسا
(دینا کے ساتھ) **دھونس دینا** (متعدی) دھمکی دینا
دھونس رکھنا (متعدی) رعب جمانا ۔ **دھونس**
کی چلنا (لازم) ۱ ڈرانا ۔ دھمکانا ۲ فریب یا دھوکا
دینا ۔ چال چلنا ۔ **دھونس میں آنا** (لازم) ۱ ڈر جانا
۲ فریب میں آنا ۔ دم کھانا ۔ **دھونسیا** (مذکر) مکار
فریبی ۔ دم باز ۔

دَھوَنس (س ۔ مذکر) ۱ تباہی ۔
بربادی ۔ اجڑنا ۲ نقصان ۔ گھاٹا ۔ خسارا ۔

دَھوَنسی (س ۔ مونث) ۱ کرن
میں ذرہ ۲ مہورت کا سواں حصہ ۔

دھولی پاٹا (ہ ۔ مذکر) پہلوانوں

کی اصطلاح - پیچ کر کے پیٹھ پر لادلینا۔

دَھونک (ہ - امر) 1 دھونکنا سے 2 (مونث) پیاس کی شدت جو گرمی کی وجہ سے ہو 3 (ہ) ہانپنا - سانس چڑھنا 4 (ہ) پھونکنا 5 (ہ) دمہ (س دھما - پھونکنا)۔ **دھونکن** (مونث) دیکھو آخری 2 - **دھونکنا** (متعدی) دھونکنی سے پھونکنا - آگ کو ہوا دے کر تیز کرنا - **دھونکنی** (مونث) 1 آگ پھونکنے کا چمڑے کا آلہ 2 سانس چڑھنا - **دھونکنی لگنا** (لازم) دم پھولنا - سانس چڑھنا - **دھونکی** (مونث) دھونکنی 1 -

دُھونک (س - مذکر) رال -

دھونکار (ہ - مذکر) بگھار - تڑکا

دھونکار دینا (متعدی) بگھار دینا (مت)۔

دَھونی (س - مونث) 1 آواز - غل - شور 2 سُر 3 گونج 4 ڈھول کی آواز -

دَھونی (ہ - صفت) مستقل مزاج - محنتی - تن دہ -

دُھونی (ہ - مونث) 1 دھواں 2 وہ دھواں جو کسی چیز کو آگ پر ڈالنے سے پیدا ہو 3 ہندو سادھوؤں کا آگ کا ڈھیر 4 خوشبو کا جلانا - کسی چیز کو جلا کر بھپارا لینا (س دھومکا)۔ **دھونی پانی (کا سنجوگ)** (مذکر) بہت دوستی - بے تکلفی - محبت - الفت - **دھونی جگانا** (متعدی) ہندو سادھوؤں کا آگ کے سامنے بیٹھ کر تپ کرنا - **دھونی دینا** (متعدی) دھواں پہنچانا - بخور دینا - **دھونی رمانا یا لگانا** (متعدی) 1 کسی جگہ آگ جلا کر سادھوؤں کی طرح بیٹھنا 2 کسی جگہ بیٹھ رہنا - جا گزیں ہونا - **دھونی لگا کر بیٹھنا** (لازم) کسی پر اعتماد کرنا - **دھونی لگنا** (لازم) دھونی پر سادھوؤں کی طرح بیٹھنا - سادھو بن جانا - **دھونی لینا** (متعدی) بخور لینا - دھواں ناک میں لینا -

مثل - دھونی پانی کا سنجوگ ہے - سخت مخالفت ہے -

دُھوھا (ہ - مذکر) پرندوں کا [illegible] - دھوکہ -

دھونی (ہ - مونث) سیال مادہ [illegible] دیکھو دہی -

دہی (ہ - مذکر) [illegible] دودھ - دہی [illegible] بڑے دیگر [illegible] کا ایک [illegible] - دہی [illegible] ڈال دیتے ہیں - جب وہ دہی کی وجہ سے نرم ہو جاتے ہیں تو کھاتے ہیں - **دہی پکوڑیاں** (مونث) ایک کھانا جو دہی میں پکوڑیاں ڈال کر بناتے ہیں - **دہی جمانا** (متعدی) دودھ میں تھوڑا سا دہی یا کوئی اور چیز ڈالتے ہیں - جس سے وہ جم جاتا ہے - **دہی جمنا** (لازم) گرمی یا کھٹی چیز سے دہی کا منجمد ہو جانا - **دہی کرنا** (متعدی) کسی امر پوشیدہ کا جا بجا اظہار کرتے پھرنا - **دہی مچھلی** (مونث) جب کوئی بہ ارادۂ سفر گھر سے نکلتا ہے - عورتیں نیک شگون جان کر یہ الفاظ زبان پر لاتی ہیں - **دہی مچھلی کی مٹکی** (مونث) ایک رسم - ساچق کے روز سبوچہ گلی میں دہی بھر کر اور ایک مچھلی سبوچہ میں لٹکا کر دولہا کے گھر لے جاتی ہیں - **دہی والا** (مذکر) دہی بیچنے والا - **دہی والی** (مونث) دہی بیچنے والی -

امثال و اقوال - دہی بھات کا موسل - غیر موزوں بات - **دہی بیچن چلیں پیٹھ پچھاڑو کموٹیا** (ہ) ذلیل کام کرنا اور شرمانا - **دہی کی گواہی چورا** - کوئی کسی کی تائید بیجا کرے تو کہتے ہیں -

دَہے (ہ - مذکر) 1 دہا کی جمع - محرم کے دس دن 2 تعزیئے -

دِہی (ف - مونث) دینا - دینے کا فعل - مرکبات میں استعمال ہوتا ہے -

دِہی (ف - صفت) گاؤں کا - گاؤں کے متعلق - **دہی آسامی** (مونث) کاشتکار جو گاؤں میں رہے اور مقررہ لگان دے - **دہی ریت** (مونث) 1 گاؤں کی رسم یا رواج 2 گاؤں کا نرخ -

دھی - دھیا (ہ - مونث) بیٹی - دختر - **دھی، دھیانی** (مونث) بیٹی - بہو -

امثال و اقوال - دھیا پوت کے نہ گاتی بلیا کے گاتی - بیوی بچوں پر خرچ نہیں کرتا - آشنا پر کرتا ہے - **دھیا کو کہوں بہریا تو کان دھر** - کسی کو کہہ کر دوسروں کو نصیحت کرنا - **دھی بیٹی اپنے گھر بھلی** - عورت کو اپنے خاوند کے گھر رہنا چاہئے - **دھی پرائی آنکھ لجائی** - اگر بہو خراب کام کرے تو شرمندگی سسرال والوں کو ہوتی ہے - **دھی جنوائی بنا تنا - یہ تینوں ناہیں اپنا** - [illegible] - **دھی جنوائی لے گئے اور بہوواں لے گئیں پوت - منو جنگلی یوں کہیں رہے اوت کے اوت** - انسان آخر عمر میں اکیلا رہ جاتا ہے بیٹیاں داماد لے جاتے ہیں اور بہوئیں اپنے خاوندوں کو لے جا کر علیحدہ گھر بنا لیتی ہیں - **دھی چھوڑ داماد پیارا** - بیٹی کی نسبت داماد کی زیادہ خاطر ہوتی ہے - **دھی ری میں تجھے کہوں - بہوری تو کان دھر - دھی سے کہے بہو نے کان کئے** - کسی کو کہہ کر دوسروں کو نصیحت کرنا - **دھی موئی جنوائی چور (اڑ گئیں تیتریاں اڑ گئے مور)** بیٹی مر جائے تو داماد کے ساتھ کوئی تعلق نہیں رہتا - **دھی نہ بیٹی اوچھل گئی سمدھیتی** - چاہے کچھ نقصان نہ ہوا ہو خواہ مخواہ شور مچانا - **دھی نہ دھیانا آپ ہی کمانا آپ ہی کھانا** آگے پیچھے کوئی نہیں جو چاہتا ہے سو کرتا ہے -

دھی (س - مونث) 1 سمجھ - عقل 2 علم - گیان 3 دل - طبیعت 4 ارادہ - منشا -

دُھیا (س - مونث) دودھ دینے والا جانور -

دِھیام (س - مذکر) 1 ایک قسم کی خوشبودار گھاس 2 دون -

دِھیان (ہ - مذکر) 1 خیال - تصور - فکر - سوچ - بچار 2 استغراق - مراقبہ 3 توجہ - لحاظ - التفات (س دھیان)۔ **دھیان آنا** (لازم) 1 خیال آنا 2 یاد آنا - **دھیان بٹانا** (متعدی) **بٹنا** (لازم) خیال کا ایک طرف سے دوسری طرف متوجہ ہونا - خیال کا ایک طرف ہونا - **دھیان بندھنا** (لازم) تصور ہونا - کسی کا خیال آنا - **دھیان پر چڑھنا** (لازم) 1 کسی بات کا خیال میں آ جانا 2 پسند آ جانا - **دھیان پھر جانا** (لازم) طبیعت کا ہٹ جانا - **دھیان چڑھنا** (لازم) 1 بھولی بات یاد آنا - خیال آنا 2 ذہن نشین ہونا - یاد ہونا - **دھیان دوڑانا** (متعدی)، **دوڑنا** (لازم) خیال جانا - ہر پہلو پر نظر ہونا - **دھیان دھرنا** (ہ متعدی) مراقبے میں بیٹھنا - تصور جمانا - **دھیان دینا** (متعدی) توجہ کرنا - **دھیان رکھنا** (متعدی) 1 خیال رکھنا - توجہ رکھنا 2 (ہ) سوچنا - تصور باندھنا - **دھیان رہنا** (لازم) خیال رہنا - توجہ رہنا - **دھیان سے** (تف) 1 توجہ سے 2 سوچتے ہوئے -

دھیان سے اترنا (لازم) بھول جانا یاد نہ رہنا۔ دھیان کرنا (متعدی) ۱ سوچنا۔ فکر کرنا ۲ تصور باندھنا۔ مراقبے میں بیٹھنا ۳ توجہ کرنا۔ التفات کرنا۔ دھیان لگانا (متعدی)، لگنا (لازم) خیال ہونا۔ فکر و اندیشہ ہونا۔ دھیان لڑانا (متعدی) ۱ غور کرنا۔ فکر کرنا ۲ خیال کو کسی خاص طرف متوجہ کرنا۔ دھیان لڑنا (متعدی)، دھیان کی رسائی ہونا۔ دھیان میں آنا (لازم) ۱ سمجھ میں آنا ۲ ذہن پر چڑھنا۔ یاد ہونا ۳ باوقعت ہونا۔ دھیان میں لانا (متعدی) ۱ سمجھنا ۲ توجہ کرنا۔ لحاظ کرنا ۳ خیال میں لانا ۴ پروا کرنا۔ دھیان میں ہونا (لازم) خیال میں ہونا۔ یاد ہونا۔ دھیان بٹنا (لازم) خیال کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔ خیال کا منتشر ہونا۔

دھیانا (ھ۔ متعدی) ۱ سوچنا۔ خیال کرنا ۲ پرستش کرنا ۳ جاننا۔ سمجھنا۔

دِھیانا (ھ۔ مذکر) کسی خاندان کے داماد یا بہنوئی۔ **دھیانی** (مونث) کسی خاندان کی بیٹیاں اور بہنیں۔

دِھیانگی (ھ۔ مونث) ۱ روزانہ مزدوری۔ روزینہ ۲ روز کا کام۔

دہیج (ھ۔ مذکر) دہیز کا بگڑا ہوا۔ جہیز۔

دَھیَجا (ھ۔ مذکر) جھنڈا۔

دھیجو (ھ۔ مذکر) وہ جس کی بیوی مر جائے اور وہ دوسرے بیاہ کا ارادہ کرے (ہونا کے ساتھ)۔

دِھیدا (س۔ مونث) دھی۔ بیٹی۔

دھے دھے (ہ۔ حرف ندا) فیلبان کی آواز جو ہاتھی کو بٹھلانے کے لئے دیتا ہے۔

دِھیر (س۔ صفت) ۱ ثابت قدم۔ قائم مزاج۔ مستقل ۲ بہادر۔ جری ۳ پکا۔ مضبوط۔ مستحکم ۴ مطمئن۔ دلجمعی ۵ نیچا۔ آہستہ (آواز) ۶ نرم۔ حلیم ۷ باتہذیب۔ شائستہ ۸ اچھی نسل کا ۹ عقلمند۔ دانا۔ چالاک۔ ہوشیار ۱۰ واقف۔ ماہر۔ مشاق ۱۱ صابر۔ برداشت کرنے والا ۱۲ دیرپا ۱۳ سنجیدہ ۱۴ متحمل۔ بردبار ۱۵ (مذکر) ایک بدھ ۱۶ (مونث) وہ عورت جو غصے اور رنج کو قابو میں رکھے ۱۷ کئی پردوں کا نام۔ **دھیری** (مونث) دیکھو آخری ۱۵ تا ۱۷۔

دِھیر (ھ۔ مذکر) ۱ مستقل مزاجی وغیرہ دیکھو آخری ۱ تا ۱۴ **دھیری** (مونث) دھیر مستقل مزاجی وغیرہ۔ **دھیری بندھنا** (لازم) دیکھو دھیرج بندھنا۔ **دِھیریہ** (مذکر) دیکھو دھیر۔

دِھیرا (ھ۔ صفت) ۱ دیکھو دھیر۔ اردو میں صرف آہستہ کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ وہ بھی غیر فصیح سمجھا جاتا ہے۔ **دھیرے دھیرے** (عف) آہستہ آہستہ۔

امثال۔ دھیرا سو گنبھیرا آہستہ گہرا ہوتا ہے۔ جو پانی آہستہ چلے وہ گہرا ہوتا ہے۔ مستقل مزاج آدمی کامیاب رہتا ہے۔ **دھیرا کام رحمانی شتاب کام شیطانی**۔ کام آہستہ آہستہ کرنا اچھا ہوتا ہے۔ جلدی میں کام خراب ہوتا ہے۔ **دھیروں کی دہلی اور تاؤلوں کی مسیت**۔ تحمل سے بڑا کام نکلتا ہے۔

دِھیرا (ہ۔ مذکر) ۱ وحشی جانور جو رام ہو گیا ہو ۲ وہ شخص جس کا غصہ اتر گیا ہو۔ **دھیرا کرنا** ۱ وحشی جانور کو رام کرنا ۲ نرم باتوں سے غصہ فرو کرنا۔

دِھیرج (ھ۔ مذکر) دیکھو دھیر۔ **دھیرج باندھنا یا بندھانا** (متعدی) ۱ ہمت بندھانا۔ حوصلہ دلانا۔ جرأت دلانا ۲ دلاسا دینا۔ دل دہی کرنا۔ تسلی دینا۔ **دھیرج بندھنا** (لازم) دیکھو آخری۔ **دھیرج دھرنا۔ رکھنا یا کرنا** (لازم) ۱ صبر کرنا ۲ مستقل مزاج رہنا ۳ جرأت کرنا۔ ہمت کرنا ۴ پکا رہنا۔ مضبوط رہنا ۵ قائم رہنا۔ مطمئن رہنا۔

مثل۔ دھیرج دھرم متر اور نار۔ آپت کال پرکھئے چار ثابت قدم ایمان دوست اور بیوی مصیبت میں آزمائے جاتے ہیں۔

دِھیری (ھ۔ مونث) آنکھ کی پتلی۔

دھیری (ہ۔ مونث) پتنگ بازی میں شکست ماننے والا شخص۔ **دھیری پکارنا** (متعدی) پتنگ بازی کی فتح کا اعلان کرنا۔ دھیری دھیری کہنا۔

دِھیریا (ھ۔ مونث) دھی۔ بیٹی۔

دَھیریہ (س۔ مذکر) دیکھو دھیر۔ **دھیریہ کرنا**۔ دیکھو دھیرج کرنا۔

دَہیڑ (ھ۔ مذکر) ۱ پہاڑی کوا۔ ۲ کوا۔ کاگ ۳ جنوبی ہند کا ایک گانے والا پرندہ ۴ ایک اور قسم کا پرندہ۔ **دہیڑی کوا** (مذکر) دیکھو آخری ۳ و ۴۔

دَہیز (ف۔ مذکر) جہیز کا بگڑا ہوا (عو) **دہیزو** (صفت) جہیز کا۔ جہیز کے متعلق۔ جہیز میں ملی ہوئی چیز۔

دھیلا (ہ۔ مذکر) ادھیلا کا مخفف۔ ۱ نصف پیسہ ۲ آدھا ۳ ۵۰ روپے دلالوں کی زبان میں۔ **دھیلا دمڑی** (مونث) تھوڑی سی رقم۔ **دھیلچا** (مذکر)، **دھیلچی** (مونث)، **دھیلچیا** (مونث) دھیلے کی کنکیا۔ **دھیلی** (مونث) ادھیلی کا مخفف۔ اٹھنی۔

مثل۔ دھیلا سر منڈائی ٹکا بدلائی۔ اصل قیمت کم خرچ زیادہ۔

ڈُہیَلا (ھ۔ صفت) سخت مشکل اہم۔

دِہیم (ف۔ مذکر) شاہان ایران کا تاج۔

دِھیم (ھ۔ مذکر) ۱ آہستگی۔ سستی ۲ تاخیر ۳ حلم۔ شرافت (س۔ مدھیم)، **دھیما** (ہ۔ صفت) ۱ سست۔ کاہل۔ آلسی۔ مجہول ۲ آہستہ۔ دھیرا۔ ڈھیلا ۳ حلیم۔ نرم۔ نیچی۔ آہستہ (آواز یا سر) ۴ ہلکا۔ مدھم۔ خفیف (روشنی۔ رنگ وغیرہ) ۵ ہلکا (بخار) ۶ معتدل۔ درمیانی ۷ کم کیا ہوا۔ ٹھنڈا کیا ہوا۔ (غصہ) **دھیما آدمی ہے**۔ نرم مزاج ہے۔ **دھیما پڑ جانا یا پڑنا** (ہ۔ لازم) ۱ نرم ہونا۔ ٹھنڈا ہونا۔ غصہ کم ہونا ۲ نیچی ہونا آواز کا ۳ ہلکا ہونا رنگ کا یا روشنی کا۔ **دھیما کرنا** (ہ۔ متعدی) ۱ ٹھنڈا کرنا۔ فرو کرنا غصے کا ۲ نرم کرنا۔ زور کرنا ۳ کم کرنا۔ ہلکا کرنا ۴ سست کرنا۔ سستی سے کرنا۔ **دھیمائی** (مونث) دیکھو دھیم۔ **دھیمی آواز** (ہ۔ مونث) نرم اور نیچی آواز۔ **دھیمے سے** (تف) آہستہ سے۔

دِھیمَر (ہ۔ مذکر) ۱ ہندو کہاروں کی ایک ذات جو ماہی گیری کا کام کرتی ہے۔ ماہی گیر ۲ اس ذات کا ایک فرد ۳ کالا آدمی۔

دَھین ۔ دَھین (ھ ۔ مونث) گائے ۔

دِھین (ہ ۔ مونث) سستی ۔ آہستگی ۔ اردو میں اکیلا استعمال نہیں ہوتا ۔ **دھیں دَھوکر یا دَھوکڑ** (ہ ۔ مذکر) سست موٹا آدمی ۔ آزاد خودسر آدمی ۔ **دھیں دھوکڑی** (ہ ۔ مونث) زبردستی ۔

مثل ۔ دھین دھوکڑ اللہ میاں (کا) کے نوکر ۔ آزاد جو کسی کا ملازم نہ ہو ۔ خودسر ۔ سست موٹا آدمی ۔ **دھیں دھوکڑ خان کا سالا** ۔ بہت خودسر آدمی ۔

دَہینڈی ۔ دَہینڑی (ہ ۔ مونث) وہ برتن جس میں دودھ جمائیں یا دہی رکھیں ۔

دھینگ ۔ دھینگا (ہ ۔ صفت) ۱ موٹا ۔ مشٹنڈا ہٹاکٹا ۔ فربہ ۲ تنومند مضبوط ۔ قوی ہیکل ۔ **دھینگ** (مذکر) ۱ موٹا تازہ آدمی ۲ یار ۔ دھگڑا ۔ آشنا ۔ **دھینگا دھانگی یا دھینگی** (مونث) ۱ زبردستی ۔ ظلم و ستم ۔ جور و تعدی ۲ دست درازی ۳ بدمعاملگی ۴ زبردستی لے لینا ۵ کھلبلی ۔ ہلڑ ۔ افراتفری (کرنا ہونا کے ساتھ) **دھینگا مُشتی** (مونث) ۱ مکوں کی لڑائی ۲ ہاتھاپائی ۔ دست درازی ۔ زورآوری ۔ **دھینگ دھونکڑ** (مذکر) دیکھو دھین دھوکر ۔ **دھینگ دھونکڑی** (مونث) زبردستی (کرنا ہونا کے ساتھ) **دھینگڑا** ۔ (مذکر) دھینگ کی تصغیر ۔

مثل ۔ دھینگ دھینگی بلو کے راج ۔ جسکی لاٹھی اس کی بھینس ۔ بلو ایک جاٹ تھا جو زبردستی بلب گڑھ پرگنہ میں راج کرنے لگا ۔ اس کا راج سکھا شاہی تھا ۔ بہت ظلم و ستم کرتا تھا ۔

دَہینگر (ھ ۔ مذکر) وہ برتن جس میں دہی رکھیں ۔

دَھینو (س ۔ مونث) ۱ گائے ۔ دودھ دینے والی گائے ۔ وہ گائے جسنے ابھی بچہ دیا ہو ۲ زمین ۳ نذر ۔ تحفہ جو برہمنوں کو دیا جائے ۔

دِھینوَر (ھ ۔ مذکر) دیکھو دھیمر

مثل ۔ دھیمر کے بس پڑی ۔ بدشکل آدمی سے شادی ہوئی ۔

دَھیوَت (س ۔ مذکر) سات سُروں میں سے ایک سُر ۔

دِھیوتا ۔ دھیوَتا (ھ ۔ مذکر) بیٹی کا بیٹا ۔ نواسا ۔ نبیرہ ۔ **دھیوتی** (مونث) بیٹی کی بیٹی ۔ نواسی ۔

دِھیوَر (س ۔ مذکر) دیکھو دھیمر **دھیوری** (مونث) ۱ دھیور کی بیوی ۲ ایک قسم کا نیزہ یا برچھی ۔ مچھلی مارنے کی ۔

دَئی (ھ ۔ مونث) ۱ نذر ۔ تحفہ ۲ خدائی ۔ ایشورتا ۔ الوہیت ۳ (مذکر) خدا ۔ ایشور ۴ قسمت ۔ نصیبا ۵ دینے والا ۶ (مونث) دیکھو دیا ۷ دیکھو دَیا ۸ (حرف ندا) یا خدا ۔ میرے اللہ ۔ ایشور ۹ (ماضی) دی (عف) **دئی کا دوسرا** (مذکر) خدا کا مقابل ۔ ۱ شیطان ۔ اُسُر ۔ **دئی لگنا** (لازم) ۱ خدا کا غضب نازل ہونا ۲ بدنصیب ہونا ۔ بدقسمت ہونا ۔ **دئی مارا** (صفت) ۱ خدا کا مارا ۲ بدقسمت بدنصیب ۳ (مذکر) بدقسمت آدمی ۔

دِیئے (ہ ۔ مذکر) ۱ دیا کی جمع ۔ چراغ ۔ **دئے کا اجالا** (مذکر) چراغ کی روشنی ۔

امثال ۔ دئے بلے مرد مانس گھر بھلے ۔ مرد کو سرِشام گھر آجانا چاہئے ۔ **دیئے تلے اندھیرا** ۔ جب قریب کی چیز کے متعلق پتہ نہ ہو تو کہتے ہیں ۔ خصوصاً جب پولیس کے قرب و جوار میں چوریاں ہونے لگیں ۔

دِئے (ہ ۔ صفت) ۱ دیا ہوا ۔ بخشش کیا ہوا ۲ (مذکر) بخشش ۔ خیرات ۔

امثال ۔ دئے کا چراغ نہیں بڑھتا ۔ فیاضی اور بخشش سے ہمیشہ کے لئے نام رہجاتا ہے ۔ جیسے حاتم کا ۔ **دیئے کی روشنی محشر تلک ہے** ۔ خیرات کرنے والے کا نام ہمیشہ زندہ رہتا ہے ۔

دَے (ف ۔ مذکر) ۱ ایرانی قمسی سال کا دسواں مہینہ جو دسمبر میں جب آفتاب برج جدی میں ہوتا ہے ، آتا ہے ۲ سردی کا شروع ۔ موسم سرما ۳ دَے کے مہینے کی نویں تاریخ ۴ ہر مہینے کی آٹھویں پندرھویں اور تیسویں تاریخ ۵ اس مہینے کا موکل ۔

دے (ہ ۔ امر) ۱ دینا کا (س دَنے ۔ دینا) ۲ (قف) دے کر ۔ **دِیا** (ماضی) ۱ دینا کی ۲ (مذکر) نذر ۔ تحفہ ۔ **دیا کرنا** (متعدی) متواتر دینا ۔ **دیا کھانا** (متعدی) کسی کی امداد سے گزارا کرنا ۔ **دیا لیا** (صفت) خدا کی راہ پر دیا ہوا ۔ نیک کام کیا ہوا ۔ **دیا لیا (ہوا) آڑے (آگے) آنا** (لازم) خیر خیرات کی وجہ سے جان بچنا یا مصیبت یا آفت ناگہانی سے بچنا ۔ **دے پٹکنا** (متعدی) کوئی چیز زور سے زمین پر پھینکنا ۔ کوئی چیز بلند کرکے چھوڑ دینا ۔ **دے جانا** (متعدی) دے کر چلا جانا ۔ **دے دھواں دَھوں** (مونث) مارنے کی آواز الفاظ میں ۔ **دے دے پٹکنا** (متعدی) بار بار بلند کرکے پھینکنا ۔ **دے دے مارنا** (متعدی) لگاتار پھینکنا کسی چیز کو ۔ **دیدینا** ۔ **دے ڈالنا** (متعدی) کسی کو کوئی چیز مفت دینا ۔ **دے مارنا** (متعدی) دے پٹکنا ۔ **دین** (مونث) بخشش ۔ داد ۔ دَہش ۔ عنایت ۔ **دینا** (متعدی) ۱ عطا کرنا ۔ مرحمت کرنا ۲ دان کرنا ۔ پن کرنا بخشش کرنا ۳ سونپنا ۔ حوالے کرنا ۴ نذر کرنا پیش کرنا ۵ مقرر کرنا ۔ معین کرنا ۶ بیچنا ۔ فروخت کرنا ۷ ادا کرنا ۔ بیباق کرنا ۔ چکانا ۸ جماع کرانا ۔ اغلام کرانا ۹ (انڈا) پرندے وغیرہ کا انڈا بدن سے نکالنا ۱۰ (بچہ) جننا ۔ بچہ نکالنا ۱۱ (چانٹا وغیرہ) مارنا ۱۲ (سزا) مارنا پیٹنا ۔ گوشمالی کرنا ۔ سیاست کرنا ۔ جرمانہ کرنا قید کرنا وغیرہ ۱۳ (زنجیر کواڑ وغیرہ) بند کرنا ۱۴ (دھوکا) فریب کرنا ۱۵ (پانی) آب پاشی کرنا ۱۶ (دل) عاشق ہونا ۱۷ (کام) کسی چیز کا اچھے مصرف میں آنا ۔ کوئی کام کرنے کے لئے کسنا ۱۸ (بوسہ) چومنا ۱۹ (ہاتھ) مصافحہ کرنا ۔ مدد کرنا ۲۰ (غم رنج مصیبت) ۲۱ (...) مغموم کرنا ۲۲ (سر) جان فدا کرنا ۲۳ (سہارا) مدد کرنا ۲۴ (جان) عاشق ہونا ۔ مرنا ۲۵ (غوطہ) پانی میں ڈبونا ۲۶ (شکست) ہرا دینا ۲۷ (مات) شطرنج میں ہرا دینا ۲۸ (کان) غور سے سننا ۔ نصیحت ماننا ۲۹ (سکھ راحت وغیرہ) آرام پہنچانا ۔ خوش کرنا ۳۰ (نصیحت) سمجھانا ۔ سزا دینا ۳۱ (رائے مشورہ صلاح) کسی کام میں بتانا کہ کیا کرنا چاہیئے ۳۲ (تکلیف ایذا) ایذا پہنچانا ۳۳ (آواز) بلانا ۔ جواب دینا ۳۴ (ساتھ) مدد کرنا ۔ رفاقت کرنا ۳۵ (زبان) وعدہ کرنا ۔ عہد کرنا ۳۶ (چھاتی) بچے کو دودھ پلانا ۳۷ (اذان) بانگ دینا ۳۸ (بانگ) مرغ کا کگڑوں کوں کی آواز نکالنا ۔ اذان دینا ۳۹ (دھکا) دھکیلنا ۴۰ (پینگ) جھولے میں جھونٹا دینا ۴۱ امر کے ساتھ تائید و تکمیل کے معنے دیتا ہے ۔ جیسے مار دینا ۴۲ (مذکر) قرض ۔ دَین ۔ **دینا آنا** (متعدی) مجبوراً دینا ۔ **دینا پانا** (مذکر) داد و ستد ۔ لین دین ۔

نفع نقصان - وہ رقم جو دینی ہو یا لینی ہو - دینا پڑنا (متعدی) بمجبوری دینا - دینا دلانا (متعدی) خیرات کرنا - داد و دہش کرنا - دینا دھرانا (متعدی) مقروض ہونا - مغلوب ہونا - دینا لینا (متعدی) ۱- داد و دہش کرنا ۲ (مذکر) عطا بخشش - داد و دہش - داد و ستد - دین لین - دینا نہ لینا - ناحق، خواہ مخواہ - ناحق - دیندار (مذکر) مقروض - دین لین (مذکر) داد و ستد - دین ہار ریا ہارا - دینے والا (صفت) ۱- وہ شخص جسکو دینا ہو - مقروض ۲- وہ شخص جو دے یا عطا کرے -

امثال و اقوال - دیا تو چاند تھا نہ دیا تو منہ ماند تھا - کسی سے کچھ لینے کے لئے خوشامد کے طور پر کہتے ہیں - دیا دان مانگے مسلمان مسلمانوں پر طنز ہے - کہ لڑکی کے مرنے پر جہیز واپس لے لیتے ہیں - دیا دو رستے لگی ساتھ کھانے - ذرا سی مہربانی کرو تو دوسرا ناجائز فائدہ اٹھانے لگتا ہے - دیا فاتحہ کو لگے لٹانے - جس کام کے لئے دیا تھا وہ نہ کیا فضول خرچی شروع کر دی - دیا کلیجہ کاڑھ ہوا نہیں اپنا - گو بے حد مہربانی کی پھر بھی اسنے وفاداری نہ کی - دیا لیا ہی آڑے آتا ہے - خیرات وقت پر کام آتی ہے - عذاب آخرت سے بچائے گی - خیرات کی وجہ سے مصیبت یا آفت سے آدمی بچ جاتا ہے - دیا ہی آڑے آتا ہے - صدقہ ردِ بلا ہے - دیا ہاتھ کھانے لگا ساتھ - دیکھو دیا دو رالخ - دیلہے تو دیکھ لے - ذو معنی ہے اگر تو نے دیا ہے تو یہیں ہوگا یا چراغ ہے تو تلاش کرلے - دیتا بھولے نہ لیتا - صاف حساب دے دال میں پانی - پیگا بہ چلے جہانی - دال میں اتنا پانی ڈال کہ اس میں تہتیر بہنے لگے - طنزاً کہتے ہیں - دے دعا سمد ھیلنے کو نہیں پھرتی دو دو دانے کو - عورتیں لڑتی ہیں تو طعنے دیتی ہیں - اتنی غریب ہے کہ اگر رشتے دار مدد نہ کرتے تو بھوکی مرتی - دے دلاوے دیدنے کرے - سو پرانے کنبو سا گر ترے (ہ) جو خیرات کرے کرائے یا دوسروں کو کرنے پر مجبور کرے، دنیا کے سمندر سے پار گزرتا ہے - خیرات کی تعریف ہے - دیدے بارود میں آگ کس کی رہی ہے کس کی رہ جائے گی - جتنا خرچ کرنا ہے کرلے آخر فنا ہے - دینا اور مرنا برابر ہے - قرض موت کے برابر ہے - دینا اور مطلب اور مطلب سوا اپنا - دینا بے مطلب نہیں ہوتا اور اپنا مطلب مقدم ہوتا ہے - دینا بھلا نہ باپ کا بیٹی بھلی نہ ایک چاہا بھلا نہ کوس کا جو سائیں راکھے ٹیک قرض سے چاہے باپ کا ہی ہو - بیٹی سے چاہے ایک ہی ہو - سفر سے چاہے میل بھر ہی ہو - خدا بچائے - دینا تھوڑا دلاسا بہت - دیتے دلاتے بہت کم ہیں وعدہ وعید کرتے رہتے ہیں - دینا لینا (کیا ہے) کام ڈوم ڈھاریوں کا - محبت عجب چیز ہے - جہاں محبت ہو وہاں لین دین کا سوال نہیں - مفت کام لینا ہو تو کہتے ہیں - دینا نہ لینا کاڑھے پھرے حسینا - ہر وقت تلوار نکالے پھرتا ہے - دینے کا پاپ دینے سے ہی ٹلتا ہے - قرض ادا کرنے سے ہی چھٹکارا ہوتا ہے - دینے کے نام پر کنڈی (بدن کا میل یا ٹٹی یا دروازے کے کواڑ) کبھی نہیں دیتے - بہت بخیل ہیں - چونکہ کنڈی دینے یا کواڑ دینے میں دینے کا لفظ آتا ہے - اس لئے بخل کی وجہ سے کنڈی یا کواڑ نہیں دیتے - بخیل آدمی دینے کے نام سے ہی گھبراتا ہے - دینی پڑی بنائی اور رگھٹا بتاوے سوت - جب بنوائی دینے کا وقت آتا ہے تو کہتا ہے سوت گھٹ گیا - انسان دینے کے وقت بہت سے بہلنے بناتا ہے - دینے کے ہزاروں ہاتھ ہیں - خدا ہزاروں حیلوں سے دیتا ہے - دینے والے سے دلانے والے کو بہت ثواب ہوتا ہے - مسلمانوں کا مقولہ ہے - دینے والا خود نیکی کرتا ہے - دلانے والا خود بھی نیکی کرتا اور دوسرے سے بھی کراتا ہے - دیوے گا سو پاویگا بووے گا سو کاٹے گا - جیسا کام کرے گا ویسا نتیجہ ہوگا - جو خیرات کرے گا اسے خدا اور دے گا - جو بیج بوے گا وہ پھل حاصل کرے گا -

دی (ہ - ماضی) مونث دیا کی - دیجو (امر) دے (مت) دیجے (امر) دو (مت) دیجئے (امر) آپ دیں -

دی (ف - مذکر) گزرا ہوا کل - دیروز (مذکر) دیکھو دی - دی شب (مونث) کل کی گزری ہوئی رات -

دَیا (ہ - مونث) نذرانہ - تحفہ - نذر -

دَیا (س - مونث) ۱- بخشش ۲- رحم - ہمدردی - ترس ۳- محبت - شفقت ۴- مہربانی - عنایت - لطف - کرم (کرنا ہونا کے ساتھ) دیالانا (متعدی) دیا کرنا -

امثال و اقوال - دیا بن سنت قصائی - اگر دل میں رحم نہیں تو سنت بھی قصائی کے برابر ہے - دیا دھرم کا مول ہے پاپ مول ابھیمان تلسی دیا نہ چھاڑیئے جب لگ گھٹ میں پران - دیا دھرم کی جڑ ہے - غرور گناہ کی - جب تک زندگی ہے دیا کرنی چاہئے - دیا وان چڑھا پروان - خیرات کرنے والے کی مکتی ہو جاتی ہے -

دَیا (ہ - مونث) ۱- ماں ۲- وہ جگہ جہاں آنکھ مچولی میں بچے کھڑے ہوتے ہیں - دیا دہاڑ یا دھاڑ (مونث) ۱- ماں کو پکارنا ۲- مدد مانگنا - دہائی - شور - غل و شور - ہنگامہ (کرنا ہونا کے ساتھ)

دِیا (ہ - مذکر) مٹی کا بنا ہوا چراغ جس میں روئی بٹ کر بتی ڈالتے ہیں - لمپ - دیوا (س - دیپک) دیا باتی (بتی) کرنا (ہ) چراغ روشن کرنا - روشنی کرنا - دیا بارنا (ہ) دیا جلانا - دیا بجھانا یا بڑھانا (متعدی) چراغ گل کرنا - دیا جلانا (متعدی) چراغ روشن کرنا - دیا سلائی (مونث) ۱- چھوٹی سی لمبی لکڑی جس کے سرے پر گندھک اور فاسفورس لگی ہوتی ہے جو رگڑنے پر جل اٹھتی ہے - اس سے آگ یا لمپ جلاتے ہیں ۲- وہ عورت جو لڑائی کراتی پھرے (لگانا کے ساتھ) دیا سلائی کی ڈبیا (مونث) وہ ڈبیا جس میں دیا سلائیاں رکھی جاتی ہیں - دیا کر دینا (ہ) دیا بجھانا -

امثال و اقوال - دیا بست انوپ ہے دیا کہے سب کوئی - دھرا بست نہ پلیئے جو پائے دیا نہ ہوئے - دیا بہت عجیب چیز ہے اور سب اس کی تعریف کرتے ہیں - اگر دیا نہ ہو تو کچھ بھی نہ نظر آئے - اس میں لفظ دیا دو معنی استعمال ہوا ہے - یعنی خیرات کے معنوں میں بھی لیا جا سکتا ہے - دیا نا باتی (مفت میں) منڈو پھری اتراتی - وہاں کہتے ہیں جہاں کوئی شخص اس بات کے کرنے کا دعوے کرے جس کے کرنے کی اس میں قابلیت نہ ہو -

دَیار (ف - مذکر) ۱- کوئی شخص ۲- دَیر کا حاکم -

دِیار (ع - مذکر) ۱- دار کی جمع اصلی معنی گھر ۲- شہر - ملک - علاقہ - اردو میں بطور مفرد استعمال ہوتا ہے - دیار بدیار (تف) شہر بشہر دیار و امصار (مذکر) شہر اور قصبے -

دیارا (ہ - مذکر) دریا برار کا مخفف - وہ زمین جو دریا چھوڑ جائے۔

دِیاڑا (ھ - مذکر) ۱ دیکھو دیارا ۲ دیمک کا ٹیلا۔

دِیاقوزا (ف - مذکر) خشخاش کا شربت۔

دَیال (ھ - صفت) ۱ رحمدل - رحیم - ہمدرد - مہربان - شفیق وغیرہ ۲ ہندوؤں کے بعض ناموں کے اخیر میں آتا ہے۔

دِیالمہ (ف - مذکر) دیلم کی جمع - دیلم کے رہنے والے۔

دَیالو (س - مذکر) دیکھو دیال ۱۔

دَیان (ع - مذکر) ۱ نیکی اور بدی کا بدلہ دینے والا ۲ خدا ۳ فاتح ۴ جج منصف حاکم۔

دَیان (ھ - مذکر) دیکھو دیوان۔

دَیانت (ع - مونث) ۱ ایمان داری - راست بازی ۲ راستی - سچائی - صدق - (دِین - خدا کا بندہ ہونا) **دیانتدار** (صفت) ایماندار وغیرہ دیکھو آخری - **دیانتداری** (مونث) دیکھو دیانت - **دیانت (داری) سے** (تف) ایمانداری سے - راستی سے - **دیانت کرنا** (متعدی) مہربانی کرنا۔

دِیبا (ف - مذکر) **دیبا** (اردو) ایک قسم کا ریشمی کپڑا - اطلس - (دیو بافت کا مخفف جنّوں کا بنا ہوا)۔

دیباج (ع - مذکر) دیباہ کا معرب ایک قسم کا ریشمی چغہ۔

دیباجہ - دیباچہ (ف - مذکر) تمہید - مقدمہ کتاب - **دیباچہ لکھنا** (متعدی) کتاب کا سرنامہ تحریر کرنا - **دیباچہ لکھوانا** (م) کسی سے کتاب کا سرنامہ تحریر کرانا۔

دِیباہ (ف - مذکر) دیبا۔

دیبدار (ھ - مذکر) ایک درخت۔

دیبرا (ھ - صفت) بایاں۔

دِیبق - دیبق - دِیبہ - دیبہ (ف - مذکر) دیبا۔

دِیبی (ہ - مونث) دیوی بکھوانی - **دیبی کھیلنا** (متعدی) دیوی کا سر پر آنا ۲ آسیب کا خلل ہونا۔

امثال - دیبی پتّر میرے پیٹ بھیتر - میں تمہاری سب باتیں جانتا ہوں - **دیبی دن کاٹے لوگ (پرجا مانگیں) مانگیں پرجا** - انہیں اپنی مصیبتوں سے چھٹکارہ نہیں ہوتا - لوگ معجزے طلب کرتے ہیں - **دیبی مدار کا کون ساتھ** - دو مخالف چیزیں کس طرح اکٹھی ہو سکتی ہیں۔

دِیپ (ھ - مذکر) ۱ جزیرہ - ٹاپو ۲ براعظم ۳ بعض جزیروں کے نام کے اخیر میں آتا ہے جیسے سنگلدیپ - سالدیپ۔

دِیپ (س - مذکر) دیا - لیمپ - لالٹین - **دیپالی** (مونث) "دیوں کی قطار" دیوالی - **دیپاوِتا** (مونث) دیوالی - **دیپاولی** (مونث) دیوں کی قطار - چراغاں - دیوالی - **دِیپتی** (مونث) ۱ روشنی - چمک ۲ شان شوکت - **دیپتی مت** (صفت) ۱ روشن ۲ شاندار ۳ (مذکر) کرشن جی کا ایک بیٹا - **دیپدان** (مذکر) ایک رسم جو کسی کے مرنے کے دس دن بعد تک کہتے ہیں - ایک دیا جلا کر پیپل کے درخت کے نیچے لٹکا دیتے ہیں - تاکہ اس کی روشنی میں مردے کی روح یم پورہ میں پہنچ جائے - **دیپک** (صفت) ۱ چمکتا ہوا - روشن ۲ بتی کو اکسانے والا ۳ (مذکر) دیا - چراغ ۴ ایک راگ جس کے گانے سے خیال ہے کہ آگ لگ جاتی ہے ۵ چمکدار بدن ۶ کلغا پودہ ۷ اجوائن ۸ کا مدیو ۹ گروڑ کا ایک بیٹا ۱۰ ایک قسم کی آتشبازی - **دیپکا** (مونث) ۱ دیا - چراغ ۲ چاندنی ۳ ایک راگنی ۴ ایک وزن یا بحر - **دیپک چھند** (مذکر) ایک قسم کی رباعی - **دیپک مالا** (مذکر) ایک وزن یا بحر - **دیپ مالا یا مالکہ** (مونث) دیوں کی قطار - چراغان - دیوالی - **دیپ وتی** (مونث) ایک دریا۔

دِیپنا (ھ - لازم) ۱ جلنا - روشن ہونا ۲ چمکنا - دہکنا۔

دَیت - دَیت (ھ - مذکر) دیتیہ - **دَیتن** (مذکر) دیتیہ - **دیتن بندھن** - (مذکر) "دیتوں کو باندھنے والا" وشن جی۔

دَیتا (س - صفت) ۱ جس کی خواہش ہو - معشوق - محبوب ۲ (مذکر) عاشق ۳ معشوق ۴ خاوند۔

دِیَت (ع - مونث) خون بہا دینا لینا کے ساتھ؛ (دَ دِیَ - خون بہا دینا)۔

دَیتیہ (س - مذکر) ساتواں نکچھترہ۔

دَیتی (س - مونث) ۱ روشنی چمک دمک ۲ خوبصورتی ۳ ن ۴ شان - شوکت - عظمت - وقار ۵ شان و شوکت بہ صورت ایک دیوی کے۔

دیتی مت (صفت) ۱ روشن - درخشاں ۲ شان و شوکت والا - پرعظمت - پروقار - **دیتی متی** (صفت مونث) عقلمند - ہوشیار۔

دِیٹھی (ھ - مونث) ۱ نظارہ - درشن - دید ۲ نظر - بینائی - بصارت - **دیٹھ پڑنا** (لازم) نظر پڑنا - دکھائی دینا - **دیٹھنا** (متعدی) دیکھنا۔

دَیجا - دیجا (ھ - مذکر) ۱ جہیز - استری دھن ۲ نذرانہ یا روپیہ جو دولھن کے خاندان والے دولھا کو اونچی ذات کا خاوند حاصل کرنے کے لئے دیتے ہیں۔

دِیجو (ھ - مذکر) جہیز یا استری دھن کا ایک حصہ۔

دَیجور (ف - صفت) ۱ سیاہ - تاریک - اندھیرا ۲ (مذکر) اماوس کی رات - وہ رات جس میں چاند نظر نہ آئے - وہ رات جب سورج اور چاند کا قران ہو - وہ رات جب چاند زمین اور سورج کے درمیان ہو ۳ کوئی سیاہ چیز ۴ سیاہی - تاریکی۔

دِید (ف - امر) دیدن سے ۲ (مونث) نظارہ - درشن ۳ نظر - نگاہ ۴ (صفت) دیکھا ہوا - مرکبات میں اخیر میں استعمال ہوتا ہے - جیسے چشم دید قابل دید - (دیدن - دیکھنا) **دیدار** (مذکر) ۱ جلوہ - نظارہ ۲ صورت - چہرہ - **دیدار بازی** (مونث) نظارہ بازی - تاک جھانک (کرنا ہونا کے ساتھ) - **دیدار پانا** (لازم) **دکھانا** (متعدی) **دیکھنا** (لازم) شکل یا صورت دیکھنا - **دیدار سے مسرور ہونا** (لازم) دیکھ کر خوش ہونا - **دیدار کا بھوکا ہونا** (لازم) مشتاق دیدار ہونا - **دیدار کا کونڈا** (مذکر) دیکھو پیر دیدار کا کونڈا - **دیدار کرنا** (متعدی) دیکھنا - درشن کرنا - **دیدارو** (صفت) ۱ قابل دید ۲ خوبصورت حسین شکیل - **دیدار ہونا** (لازم) صورت نظر آنا - دکھائی دینا - **دیدبانہ** (صفت)

دیکھنے والا۔ نظارہ کرنے والا۔ **دید بازی** (مونث) دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدبان** (مذکر) ۱۔ وہ سوراخ جس سے نشانہ تاکتے ہیں ۲۔ پہرے دار۔ چوکیدار۔ محافظ۔ سنتری۔ وہ جو حفاظت رکھے۔ **دیدبانی** (مونث) مشاہدہ۔ محافظت۔ نگاہداشت۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدخواہ** (صفت) ملاقات کا خواہشمند۔ **دیدشنید** (صفت) وہ جس سے کوئی واقف ہو۔ **دید کرنا** (متعدی) دیکھنا۔ نظارہ کرنا۔ مشاہدہ کرنا۔ **دید نہ شنید** (صفت) دیکھا نہ سنا۔ عجیب۔ **دیدنی** (صفت) قابل دید۔ نظارے کے قابل تماشا۔ **دید و باز دید۔ دید و وادید** (مونث) ملاقات۔ ایک دوسرے کا ملاقات کے لئے جانا۔ **دید و شنید** (مونث) دیکھنا سننا۔ **دیدوں** (مذکر) دیدہ کی جمع۔ **دیدوں پھوٹی** (مونث) اندھی۔ (تحقیرا) **دیدوں دھویا** (صفت) عو۔ دیکھو دیدے دھویا۔ **دیدوں سے کاجل چرانا** (متعدی) صفائی سے چوری کرنا۔ **دیدوں کی قسم** (مونث۔ عو) آنکھوں کی قسم۔ **دیدوں میں چربی چھانا** (لازم) اصلیت نظر نہ آنا۔ نشیب فراز نہ سوجھنا۔ **دیدوں میں خاک جھونکنا** (لازم) سراسر جھٹلانا۔ بیوقوف بنانا۔ **دیدہ** (مذکر) ۱۔ آنکھ۔ آنکھ کا ڈھیلا ۲۔ نظارہ۔ مشاہدہ ۳۔ شوخ آنکھ۔ گستاخ آنکھ ۴۔ گستاخی۔ شوخی ۵۔ حوصلہ۔ جرات۔ دلیری ۶۔ مرکبات کے اخیر میں آتا ہے جیسے شوخ دیدہ۔ **دیدۂ ادراک** (مذکر) عقل۔ سمجھ۔ **دیدہ باز** (صفت) نظر باز۔ **دیدہ بازی** (مونث) نظر بازی۔ آنکھیں لڑانا۔ **دیدہ بان** (مذکر)، **بانی** (مونث) دیکھو دیدبان و بانی۔ **دیدہ براہ** (تف) منتظر۔ (ہونا کے ساتھ) **دیدہ بڑا ہے**۔ ڈھیٹ ہے۔ شوخ ہے۔ **دیدہ بہ جانا** (متعدی) آنکھ کے ڈھیلے کا بیٹھ جانا۔ **دیدہ بیٹھ جانا** (متعدی) دیدے کا دھنس جانا۔ روشنی جاتی رہنا۔ **دیدہ پھٹا ہونا** (لازم) ۱۔ گستاخ ہونا ۲۔ نڈر ہونا۔ بیباک ہونا۔ **دیدہ پھٹ جانا** (لازم) حیرت سے آنکھیں کھلی رہ جانا۔ **دیدہ پھٹنا** (لازم) شوخ چشم ہونا۔ بیباک ہونا۔ **دیدہ پھٹی** (مونث) بڑی بڑی باہر کو نکلی ہوئی آنکھوں والی۔ **دیدۂ جوہر** (مذکر) وہ گول نشان جو جوہر شمشیر پر نظر آتا ہے۔ **دیدہ جھپکنا** (متعدی) آنکھ جھپکنا۔ **دیدہ چربانک** (چھنال) **ہونا** (لازم) دیکھو دیدہ پھٹا ہونا۔ **دیدہ چمکانا** (متعدی) آنکھ پھرانا۔ **دیدۂ حق بیں** (مذکر) انصاف پسند آنکھ۔ **دیدہ خوں بار** (مذکر) خون برسانے والی آنکھ۔ بہت رونے والی آنکھ۔ **دیدہ دار** (مذکر) سنتری۔ **دیدہ در** (صفت) صاحب نظر۔ **دیدہ درائی** (مونث) دلیری۔ جرات۔ بیباکی۔ شوخ چشمی۔ **دیدۂ دل** (مذکر) دل کی آنکھ۔ دل۔ **دیدۂ دل کھول کر دیکھنا** (متعدی) بہت غور کرنا۔ **دیدہ دلیل** (صفت) ۱۔ شوخ۔ بیباک ۲۔ نڈر ۳۔ بے شرم۔ بے غیرت ۴۔ گستاخ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدہ دلیلی** (مونث) دیدہ درائی۔ **دیدہ دھوئی** (صفت مونث) دیدہ دلیل۔ **دیدہ دھویا** (صفت) بے مروت۔ بدلحاظ۔ دیدہ دلیل۔ **دیدہ دیکھنا** (متعدی) حوصلہ یا جرات دیکھنا۔ **دیدۂ روزگار** (مذکر) زمانے کی آنکھ۔ زمانہ۔ **دیدہ ریزی** (مونث) ۱۔ آنکھوں کو تھکانا ۲۔ باریک کام جس سے آنکھیں تھک جائیں ۳۔ غور کسی کام میں۔ (کرنا ہونا کے ساتھ) **دیدۂ زنگیر** (مذکر) زنگیر کا حلقہ۔ **دیدہ کھیل میں ہونا** (لازم) طبیعت کا کھیل کود کی طرف مائل ہونا۔ **دیدہ لگانا** (متعدی)، **لگنا** (لازم) طبیعت کا کسی کام میں متوجہ ہونا۔ جی لگنا۔ توجہ ہونا۔ **دیدہ مٹکانا** (متعدی) آنکھ پھرانا۔ **دیدۂ مقراض** (مذکر) قینچی کا حلقہ۔ **دیدہ نہ لگنا** (لازم) دل نہ لگنا۔ **دیدہ وا ہونا** (لازم) آنکھ کھلی ہونا۔ **دیدہ وال** (مذکر) دیکھو دیدبان۔ **دیدہ و دانستہ** (تف) جان بوجھ کر۔ قصداً۔ عمداً۔ **دیدہ و دل سے** (تف) خوشی سے۔ بسر و چشم۔ **دیدہ ور** (صفت) صاحب نظر۔ تیز نظر۔ **دیدہ وری** (مونث) ۱۔ بینائی۔ بصارت ۲۔ دانائی۔ ہوشیاری۔ **دیدہ ہوائی ہونا** (لازم) آوارہ گرد ہونا۔ ادھر ادھر دیکھتے پھرنے کا شوق ہونا۔ **دیدہ ہے نہ شنیدہ**۔ اس کے مانند دیکھا ہے نہ سنا۔ **دیدے الٹ جانا** (لازم) نزع کا عالم ہونا۔ **دیدے بدلنا** (متعدی) بے مروت ہونا۔ توجہ نہ کرنا۔ **دیدے بھر آنا** (لازم) رونا۔ **دیدے بہنا** (لازم) زار زار رونا۔ **دیدے پھرانا** (متعدی) بے مروتی کرنا۔ **دیدے پتھرا جانا۔ پٹم ہو جانا یا ہونا** (لازم) اندھا ہو جانا۔ بصارت نہ رہنا۔ **دیدے پھاڑ** (پھاڑ) کر تاڑنا دیکھنا یا گھورنا

دیدے پھاڑنا (متعدی) گھورنا۔ آنکھیں کھول کر دیکھنا۔ **دیدے پھٹے ہونا** (لازم) کسی چیز کا نظر میں نہ سمانا۔ **دیدے پھوٹ جانا** (لازم) اندھا ہو جانا۔ **دیدے پھیرنا** (متعدی) بے مروتی کرنا۔ **دیدے تلووں سے ملنا** (لازم) سخت خوشامد کرنا۔ **دیدے چار ہونا** (لازم) ہوشیار ہونا۔ **دیدے چمکانا** (متعدی) آنکھیں مٹکانا۔ **دیدے دکھانا** (متعدی) آنکھیں دکھانا۔ **دیدے دھنس جانا** (لازم) آنکھوں میں حلقے پڑ جانا۔ **دیدے دھویا** (صفت) عو ۱۔ بیمروت۔ بے لحاظ ۲۔ گستاخ ۳۔ بے شرم۔ بے حیا۔ **دیدے سفید ہو جانا** (لازم) اندھا ہو جانا۔ **دیدے سے ڈرنا** (لازم) شوخی یا گستاخی سے گھبرانا۔ **دیدے کا پانی ڈھل جانا** (لازم) بے حیا ہو جانا۔ غیرت جاتی رہنا۔ **دیدے کھلے ہونا** (لازم) ۱۔ آنکھیں روشن ہونا ۲۔ دھیان ہونا۔ خیال ہونا۔ **دیدے کھول دینا۔ کھولنا** (متعدی) عقل دینا۔ سمجھ دینا۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ توجہ سے دیکھنا۔ **دیدے کھونا** (لازم) بہت رو کر آنکھوں کی بینائی کا نقصان کرنا۔ **دیدے کی صفائی** (مونث) ۱۔ بیباکی۔ شوخی ۲۔ بے حیائی۔ بے غیرتی۔ بے شرمی۔ **دیدوں گھٹنوں کے آگے (آئے) پلٹے** (بددعا) اندھا لولا ہو جائے۔ **دیدے مٹکانا** (متعدی) آنکھیں مٹکانا۔ **دیدے میں ترمرے پھرنا** (لازم) صدمے کی وجہ سے آنکھوں کے آگے ذرے نظر آنا۔ **دیدے میں سرسوں پھولنا** (لازم) ۱۔ آنکھوں کو زرد ہی زرد نظر آنا ۲۔ خوش ہونا۔ **دیدے نکالنا** (متعدی) غصے کی نظر سے دیکھنا۔ غصہ کرنا ۲۔ آنکھ کا ڈھیلا نکالنا۔ **دیدے نیلے پیلے کرنا** (متعدی) دیکھو آخری۔

امثال واقوال۔ دیدار بازی (اور مولا) **خدا راضی**۔ عیاش آدمی تاڑبازی کی حمایت میں کہتے ہیں۔ **دید نہ شنید آئے میاں حمید** (وحید) بن بلائے مہمان۔ **دید نہ شنید بچہ غربت علی**۔ **دید نہ شنید برسات ایک جگہ ہی کاٹیں گے**۔ بے وجہ کسی سے اختلاط کرنا۔

دَیدان (ع۔ مذکر) رسم۔ رواج۔

دیدان (ف - مذکر) ۱ جمع دودہ کیڑے ۲ سردیوں کا پہلا مہینہ -

دِیدوی (س - صفت) ۱ چمکدار - روشن - چڑھا ہوا (ستارا) ۲ (مذکر) برہسپت یا مشتری ۳ بہشت ۴ نردان -

دَیر (ف - مذکر) بتکدہ - بتخانہ -

دیر تنگ سینچی یا مکافات (مذکر) دنیا - **دیرِ مغان** (مذکر) ۱ آتشکدہ - آتش پرستوں کا مندر ۲ شراب خانہ - **دیر منات** (مذکر) ایک مندر جس میں تین سو پیغمبروں کے بت تھے - **دیر مینا** (مذکر) آسمان - **دیری** (صفت) دیر کا - دیر کے متعلق -

دیر (ف - مونث) ۱ وقفہ - عرصہ - مدت - توقف ۲ (صفت) لمبا سدت کا - پرانا -

دیر آشنا (مذکر) وہ شخص جو بعد مدت بے تکلف ہو

دیرپا (صفت) مضبوط - پائدار - **دیرپائی** (مونث) دیر تک رہنا - **دیر تک** (تف) مدت تک - عرصہ تک - **دیر خوابی** (مونث) دیر تک سونا - **دیردار** (مذکر) دیر (دار تابع مہمل ہے) **دیر سویر** (مونث) وقفہ - دیر - **دیر سے** (تف) مدت سے - عرصے سے - **دیر کرنا** (متعدی) عرصہ لگانا - وقت گزارنا - **دیرگاہ** (مذکر) مدت تک - عرصہ تک - **دیر گزرنا** (متعدی) وقفہ ہونا - **دیر لگانا** (متعدی) **لگنا** (لازم) عرصہ لگنا - ڈھیل پڑنا - وقفہ ہونا - **دیر میں** (تف) مدت کے بعد - **دیر ہونا** (لازم) ۱ عرصہ ہونا - توقف ہونا ۲ وقت گزار کر آنا - **دیری** (مونث) جو - دیر - وقفہ (کرنا لگانا - لگنا - ہونا کے ساتھ) **دیرین - دیرینہ** (صفت) پرانا - قدیم - کہنہ - **دیرینہ سال** (مذکر) بوڑھا - کہن سال -

امثال - دیر آمدن و شتاب رفتن - دیر سے آنا چاہئے اور جلد رخصت ہو جانا چاہئے - **دیر آید درست آید - دیر آئے درست آئے** - دوسری پہلی کا ترجمہ ہے - کام میں دیر ہو تو درست ہوتا ہے - **دیر میں دیر تو ہوتی ہی ہے** - اکثر دیر کے کاموں میں اور زیادہ دیر ہوتی چلی جاتی ہے -

دیراہ (- مذکر) ۱ خیمہ - مکان - رہنے کی جگہ ۲ چھوٹا مکان بڑے سے ملا ہوا - جہاں مہمان وغیرہ ٹھیرائے جاتے ہیں یا لوگ جمع ہوتے ہیں ۳ طائفہ قافلہ (عف) **دیرا ہونا** (لازم) قیام ہونا -

دِیرگھ (س - صفت) ۱ لمبا (فاصلہ وقت یا اعراب) ۲ اونچا - دراز ۳ سنگین - سخت - قوی ۴ (مذکر) لمبا اعراب ۵ اونٹ ۶ سال کا درخت ۷ حرف اکا

دیس (ہ - مذکر) ۱ وطن ۲ ملک ولایت ۳ ایک راگ کا نام جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے - (س - دیس) **دیس بدیس** (تف) شہر بشہر - دربدر - **دیس بدیس پھرنا** (متعدی) ملک ملک پھرنا - سیر و سیاحت کرنا - **دیس بدیس مارا پھرنا** (متعدی) آوارہ پھرنا - مارا مارا پھرنا - **دیس چھوڑنا** (متعدی) ملک سے چلا جانا - **دیس نکالا دینا** (متعدی) جلاوطن کرنا - شہر بدر کرنا -

دیسی (صفت) ۱ ملک کا یا شہر کا ۲ وہ جو وطن میں پیدا ہو - بدیسی کا نقیض ہے ۳ (مذکر) کسی ملک کا باشندہ -

امثال و اقوال - دیسا دیسا چال کلا کلا بیوپار - کولا کولا بیوہار - ہر ملک کا طریقہ جدا ہے - ہر خاندان کا رواج مختلف ہے - **دیس پر چڑھاؤ سر دُکھے نہ پاؤ** - جس وقت آدمی وطن کو آنے لگے تو کوئی تکلیف نہیں ہوتی - **دیس چوری پردیس بھیک** ۱ ذلیل کاموں سے کہیں شرم نہیں آتی ۲ دیس میں چوری سے پردیس میں بھیک مانگنا اچھا ہے - **دیس چوری نہ پردیس بھیک** - برا کام کہیں نہیں کرنا چاہئے یا پردیس میں بھیک مانگنا بہتر ہے اس سے کہ وطن میں چوری پر گزارا کیا جائے - **دیسی گدھا پنجابی رینگ** - پنجابی زبان پر طنز ہے - اس شخص کے متعلق بھی کہتے ہیں جو بے جا دوسری زبانیں بولے -

دیسی گدھا پوربی چال - صوبجات متحدہ کے باشندوں پر طنز ہے - اس شخص کے متعلق بھی کہتے ہیں جو دوسروں کی نقل کرے - **دیسی گھوڑی مرہٹی چال** - غیر موزوں باتیں - **دیسی مرغی ولایتی بولی** - اس کے متعلق کہتے ہیں جو دوسروں کی نقل کرے -

دیسا (اردو - مذکر) مسلمانوں میں سالانہ فاتحہ برسی کے بعد - جو پہلے سال کی فاتحہ ہوتی ہے -

دیسنا (ہ - لازم) دکھائی دینا - دکھنا - ظاہر ہونا -

دیسوال (ہ - مذکر) دیسی آدمی

دیسی (ہ - مونث) ۱ ظہور - دکھاوا - رویت (دیسنا سے) ۲ (ہ - صفت) دیکھو دیس کے تحت میں -

دیسے (ہ - تف) ۱ ممکن - اغلب ۲ (صفت) مانند - مثل -

دیش (س - مذکر) ۱ جگہ - مقام - موقع ۲ ملک - علاقہ - صوبہ - سلطنت ۳ پہلو - طرف ۴ قانون - آئین - **دیشانت** (مذکر) ملک کی حد - **دیشپالی** (مونث) ایک راگ - **دیشکار (دی)** (مذکر) ایک راگ اور راگنی کا نام جو صبح کو گائے جاتے ہیں - **دیشی** (صفت و مذکر) دیکھو دیسی -

دیشیہ (صفت و مذکر) ۱ دیکھو دیسی ۲ (مذکر) چشم دید گواہ -

دیشنی (ہ - مونث) کلمے کی انگلی

دیغ (ف - مونث) دیگ -

دِیکشا (س - مونث) ۱ کسی مذہبی رسم کے لئے تیاری یا سنکلپ ۲ کسی خاص مطلب کے لئے مذہبی رسم ۳ ایک رسم جو جھینٹ سے پہلے ادا کرتے ہیں - سنکلپ ۴ پہلا منتر پڑھانا -

دیکھ (ہ - امر) ۱ دیکھنا کا ۲ تاکید اور تنبیہ کے لئے استعمال ہوتا ہے ۳ (تف) دیکھ کر (س درش - دیکھنا) **دیکھا** (ماضی) ۱ دیکھنا کی ۲ آزمایا - کسی کو کسی بات سے منع کیا جائے اور وہ اسے کرے تو اس کا برا نتیجہ نکلنے پر کہتے ہیں ۳ (مذکر) دیکھنا - نظر - **دیکھ آنا** (لازم) کسی چیز کو دیکھ کر واپس آنا - **دیکھا آؤ نہ دیکھا تاؤ** - موقع محل نہ دیکھا بہت جلدی کی - **دیکھا بھالا** (صفت) آزمودہ - تجربہ کیا ہوا - **دیکھا بھالی** (مونث) ۱ دید - نظارہ بازی ۲ کسی چیز کو غور سے دیکھنا ۳ جستجو - تلاش -

دیکھا بھولی (ہ - نظربندی - نظر کا دھوکا ۲ چکمہ - ہوا رستہ ۳ کوئی پیچیدہ یا گھبرا دینے والی بات ۴ بھول بھلیاں - **دیکھا جانا** (لازم) برداشت کرنا - عموماً نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے - **دیکھا جائے گا** (مستقبل) ۱ سمجھا جائے گا ۲ خیال رہے گا ۳ بدلہ لیا جائے گا ۴ پھر سہی - **دیکھا چاہیئے** ۱ انتظار کرنا چاہیئے ۲ قابل تعریف ہے ۳ دیکھئے - **دیکھا دیکھی**

(تف) ۱ ریس کرکے ۲ دیکھ کر ۳ (ھ - مونث) ایک
دوسرے کی طرف دیکھنا ۲ (ھ) ایک دوسرے کے
سامنے ہونا ۳ (ھ) نقل - ریس - برابری - ہمسری۔
دیکھا کرنا (متعدی) لگاتار دیکھنا - دیکھنے کی عادت
ہونا - **دیکھا کرے** - ہر وقت دیکھتا رہے - کسی
چیز کی تعریف میں کہتے ہیں - **دیکھا نہ بھالا** - جان
نہ پہچان - دید نہ شنید - **دیکھا نہ سنا** - آنکھوں
دیکھا نہ کانوں سنا - جس کی نسبت کچھ پتہ نہ ہو ۲ لاثانی۔
بےنظیر - عجیب - انوکھا - **دیکھا نہیں** - تجربے
میں نہیں کیا - دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا - **دیکھا
نہیں جاتا** - برداشت نہیں ہوتا - دیکھ کر رنج
ہوتا ہے - **دیکھا ہوا** (مفعول) ۱ نظر آیا ہوا ۲
آزمایا ہوا ۳ برداشت کیا ہوا - **دیکھا ہونا** (لازم)
۱ کسی چیز کو پہلے ملاحظہ کیا ہونا ۲ آزمایا ہونا - **دیکھا
ہے** ۱ دیکھ لیا ہے - تنبیہ کے طور پر کہتے ہیں ۲ جانتے
ہو - خبر ہے - **دیکھانا** (ھ) دیکھو دکھانا - **دیکھائی**
(ھ) دیکھو دکھائی - **دیکھ بھال** (مونث) ۱ کسی
چیز کو غور سے دیکھنا ۲ تلاش - جستجو ۳ تیمارداری - نگرانی۔
دکر نا ہونا کے ساتھ - **دیکھ بھال کر** (تف) ۱ سوچ
سمجھ کر ۲ جان بوجھ کر ۳ واقف ہو کر - آگاہ ہو کر -
دیکھ بھال کر کام کرو - **دیکھ بھال دکر) لو**
غور فکر سے کام لو - **دیکھ بھال لینا** (لازم) ۱ غور
کر لینا - اچھی طرح دیکھ لینا ۲ غور کر لینا - **دیکھ پانا**
(لازم) اتفاقاً نظر پڑنا - دیکھ لینا - **دیکھت**
(ھ) **دیکھتا** (صفت) ۱ دیکھنے والا ۲ (تف)
دیکھ کر - **دیکھتا رہ جانا** (لازم) حیران رہ جانا۔
حیرت میں رہ جانا - بس نہ چلنا - **دیکھتا دکا
دیکھتا) رہ گیا** - حیران رہ گیا - کچھ کر نہ سکا -
دیکھتا کیا ہے ۱ نظر آیا - کیا تماشا دیکھتا ہے ۲
کیا تا[illegible] **دیکھت کھولی** (ھ) دیکھو
[illegible] ۲ ایک قسم کا کشیدہ جالی یا ململ پر
دیکھت میں (ھ) دیکھنے میں تشکل میں - ظاہرا۔
دیکھتے جاؤ ۱ خیال رکھو - آگاہ رہو ۲ دیکھ کر
جاؤ - دیکھو - **دیکھتے دیکھتے** (تف) ۱ فوراً بہت
جلد [illegible] دیکھنے کی وجہ [illegible] آنکھوں کے سامنے۔
[illegible] - **دیکھتے رہ جانا** - دیکھو دیکھتا رہ جانا۔
دیکھتے رہنا (لازم) حفاظت کرنا - خیال رکھنا۔
نگہبانی کرنا - **دیکھتے کا دیکھتا رہ گیا** - حیران
رہ گیا - ناامید رہ گیا - **دیکھتے ہی** (تف) نظر
ڈالتے ہی - فوراً - **دیکھ دیکھ** - کیا کرتا ہے ہوش
میں آ - **دیکھ دینا** (متعدی) دیکھ کر بتانا - تلاش
کر دینا - **دیکھ ڈالنا** (متعدی) پڑھ لینا - پڑھ چکنا۔
دیکھ رکھنا (متعدی) یاد کرنا - **دیکھ کر کام کرنا**۔
کام میں ہوشیاری اور احتیاط برتنا - **دیکھلانا** (ھ)
دکھلانا - **دیکھ لینا** (متعدی) آزمائش کرنا - **دیکھن**
(ھ) دیکھنا - ملاحظہ کرنا - **دیکھنا** (متعدی) ۱ نظر کرنا۔
نظر ڈالنا ۲ ملاحظہ کرنا - معائنہ کرنا ۳ خیال کرنا - غور
کرنا ۴ آزمانا - امتحان کرنا ۵ جانچنا - پرکھنا ۶ تلاش
کرنا - ڈھونڈھنا ۷ مشاہدہ کرنا ۸ ہوشیار رہنا - خبردار
ہونا ۹ لحاظ کرنا ۱۰ سوچ سمجھ کر کام کرنا ۱۱ سوچنا - سمجھنا
۱۲ خیال رکھنا ۱۳ بدلہ لینا ۱۴ پانا ۱۵ فرق کرنا - تمیز کرنا ۱۶
پڑھنا - مطالعہ کرنا ۱۷ برداشت کرنا - (کلام) اصلاح
کرنا ۱۸ دیکھو کی جگہ ۱۹ آئندہ کرنے کا کلمہ - ہر اسم کے ساتھ
استعمال ہو سکتا ہے - **دیکھنا بھالنا** (متعدی) غور
کرکے دیکھنا ۲ تلاش کرنا - **دیکھنے آنا** (لازم) عیادت
کے لئے آنا - ملاقات کے لئے آنا - **دیکھنے کو** (تف)
برائے نام - **دیکھنے کو نہیں** - کمیاب ہے - نایاب
ہے - **دیکھنے کی** (صفت) نمائشی بیکار - **دیکھنے
میں** (تف) ظاہرا - بظاہر - **دیکھنے میں آنا**۔
(لازم) ۱ ظاہر ہونا - معلوم ہونا ۲ آنکھوں کے
سامنے آنا ۳ تجربے میں آنا - **دیکھنے والا** (صفت)
۱ جو دیکھے ۲ صحبت یافتہ - فیض یافتہ ۳ معتقد - مرید۔
دیکھنے ہارا (ھ) ۱ وہ جو دیکھے ۲ تماشائی - نظارہ باز۔
دیکھو (جی) (امر) ۱ خبردار رہو - ہوشیار ہو ۲ توجہ
کرو - متوجہ ہو ۳ تلاش کرو ۴ (تف) شاید - ممکن ہے۔
دیکھو دیکھو (ندا) خبردار - ہوشیار - **دیکھوں** - **دیکھئے**
دیکھی بھالی باتیں (مونث) آزمائی ہوئی باتیں۔
ایسی باتیں جن سے واقفیت ہو - **دیکھئے** ۱ دیکھو۔
دیکھا چاہئے ۲ شاید - ممکن ہے ۳ خدا جانے - خدا معلوم۔
دیکھئے قسمت میں کیا بدا ہے - خدا جانے کیا ہوگا
دیکھئے کیا ہوتا ہے) خدا جانے کیا نتیجہ نکلتا ہے یا
کیا انجام ہوتا ہے - **دیکھئے یہ بجلی کہاں گرتی
ہے** - خدا جانے یہ مصیبت کس پر پڑتی ہے - **دیکھیے**
(تف) دیکھنا - یے کے ساتھ - **دیکھیں** ۱ آزمائیں
تجربہ کریں ۲ خدا جانے - خدا معلوم - **دیکھیں اونٹ
کس کروٹ بیٹھتا ہے** - خدا معلوم کیا نتیجہ ہو -

امثال و اقوال

**دیکھا بھالا
توپچی اور جیبڑا اسید ہوئے** - معمولی آدمی اپنے آپ کو
بہت بڑا ظاہر کرے تو کہتے ہیں - **دیکھ تیرا چھندبند
پھٹا جامہ تین بند** - غریب آدمی اور بانکپن -
**دیکھا دیکھی سادھے جوگ چھیجے کایا بادھے
روگ** (ھ) دوسروں کی نقل کرنے میں نقصان ہوتا
ہے - **دیکھا سو کھایا نہ منہ پاؤں جوگا کنگال
ہے** - جو ملا کھا لیا - **دیکھا شہر بنگالہ دانت
لال منہ کالا** - بنگالیوں پر طنز ہے جن کا رنگ -
عموماً کالا ہوتا ہے - اور پان بہت کھاتے ہیں۔

**دیکھا میر داد تیرا رمبہ - گاجروں کی ریل
پیل - روٹیوں کا چھبا** - مہربانی بہت اور لینا
دینا کچھ نہیں - **دیکھا نہ بھالا صدقے گئی خالہ**
اس کی نسبت کہتے ہیں جو خواہ مخواہ کسی کی تعریف
کرے چاہے اسے جانتا نہ ہو - **دیکھا نہ بھالا دید
نہ شنید** - جان نہ پہچان کون ہے کون نہیں - **دیکھ
بگانی چپڑی مت ترساؤ جی - دیکھ بگانی
جھونپڑی مت ترساوے جی - روکھی
سوکھی کھائیکے ٹھنڈا پانی پی** (ھ) پرائے
مال کا لالچ نہ کرنا چاہئے - **دیکھ بھال کے
پاؤں رکھنا چاہئے** - بہت احتیاط سے کام کرنا
چاہئے - **دیکھ پرائی چوپڑی گر پڑے ایمان
اک گھڑی کی بےحیائی دن بھر کا آرام**
حریص اور لالچی آدمی کی نسبت کہتے ہیں - **دیکھ پرائی
چوپڑی مت للچاوے جی - مستی کستی کھائے
کے ٹھنڈا پانی پی** - جو کچھ اپنی محنت سے حاصل
ہو اسی پر قناعت کرنی چاہئے - **دیکھ پڑوسن جل
مری** - کسی کی کوئی اچھی بات ہو اور دوسرے جلیں
تو کہتے ہیں - **دیکھتا ہے سو کہتا نہیں - کہتا ہے
سو دیکھتا نہیں** - کوئی سچی شہادت نہیں دیتا -
جنے دیکھا ہے وہ گواہی نہیں دیتا اور جو گواہی دیتا ہے
اسنے دیکھا کچھ نہیں - **دیکھ تریا کے چالے سر
منڈا منہ کالے** - **دیکھ مردوں کی پھیری
مال تیری کہ میری** - عورتوں کی چالاکی اور مردوں
کی قابلیت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں - ایک عورت اپنی
ساس کو ذلیل کرنے کے لئے بیمار بن گئی اور اپنے خاوند سے
کہنے لگی کہ اگر اپنی ماں کا سر منڈا کر منہ کالا کرکے لائے
تو وہ اچھی ہو گی - اسنے اپنی ساس سے جا کر کہا کہ تیری
بیٹی بیمار ہے اور اگر تو سر منڈا کر منہ کالا کرکے جائے تو وہ
اچھی ہو جائے گی - اس بیچاری نے ایسا ہی کیا - عورت
نے جب اسے دیکھا تو خوش ہو کر پہلا مصرع کہا - جس کا

جواب مرد نے دوسرے فقرے میں دیا۔ عورت سخت شرمندہ ہوئی۔ یہ دونوں فقرے ضرب المثل ہو گئے۔

دیکھتی آنکھوں مکھی نہیں نگلی جاتی۔ دیدہ دانستہ کوئی بری صحبت میں نہیں بیٹھتا یا حق تلفی نہیں کرنا۔ **دیکھ جگت او دسامت ڈرا و رست رو۔ بنا حکم بھگوان کے بال نہ بیکا ہو** دنیا کی تکالیف سے گھبرانا نہیں چاہئے۔ بغیر خدا کے حکم کے کچھ نہیں ہوتا۔ **دیکھنا سو پکھنا** ۱ اچھی چیز کو دیکھ کر خواہ مخواہ لینے کو دل چاہتا ہے ۲ جو دیکھنا سو کرنا چاہئے اچھا ہو یا برا۔ **دیکھن کے اتیت ہیں۔ بیسوا سے رہے پھنس۔ ماتھے تلک لگائے ہیں مالا گل میں دس۔** ظاہرا تو بھگت ہیں مگر اصل میں سخت عیاش ہیں۔ **دیکھنے اور سننے میں بڑا فرق ہے۔** کسی چیز کی تعریف یا کسی واقعے کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ اصلیت بیان نہیں کی جا سکتی۔ دیکھنے سے ہی تعلق رکھتی ہے۔ **دیکھنے کو بلبل نگلنے کو دومڑیا بڑ۔** شکل صورت میں تو کمزور ہے۔ مگر کھانے یا کام کرنے میں بہت چست ہے۔ **دیکھنے میں نا۔ سو چکھنے میں کیا۔** جو چیز دیکھنے میں اچھی نہیں وہ کھانے میں کیسے اچھی ہوگی۔ **دیکھنے میں ننھی کھا جاوے دھنی۔** صغیر سن مگر تکلیفوں کا متحمل **دیکھو اچنبے کی بات ہیجڑے کے گھر بیٹا ہوا۔** غیر ممکن بات کا وقوع میں آنا۔ **دیکھو اٹری میں گو لگا ہوا ہے۔** جہاں نظر لگنے کا اندیشہ ہو تو کہتے ہیں **دیکھو میاں کے چھند بند۔ پھاٹا جامہ تین بند۔** انکی شیخی دیکھو اور ذلیل حالت دیکھو۔ **دیکھئے اونٹ کس کروٹ (کل) بیٹھتا ہے (بیٹھے)** دیکھئے انجام کیا ہو۔ کہتے ہیں کہ ایک مالی اور ایک کمہار نے ملکر ایک اونٹ کرائے لیا۔ ایک نے ایک طرف ترکاری لادی۔ دوسرے نے دوسری طرف مٹی کے برتن۔ راستے میں اونٹ ترکاری کھاتا گیا۔ کمہار خوش تھا کہ اس کے برتن بچے ہیں۔ اسپر مالی نے یہ فقرہ کہا۔ چنانچہ اونٹ نے بیٹھتے ہوئے سارے برتن توڑ دیئے۔ تب سے یہ فقرہ ضرب المثل ہو گیا ہے۔ **دیکھئے دیدار اور مار پیٹے بیزار** (عو) نوجوانوں کو نصیحت ہے کہ خوبصورت عورتوں کو دیکھے قریب نہ جائے **دیکھئے قصائی کی نظر اور کھلائے سونے کا** نوالہ۔ اولاد کو ظاہرا غصے کی نظر سے دیکھنا چاہئے تاکہ وہ ڈرتے رہیں اور کام درست کریں۔ کھانے کو اچھے سے اچھا دینا چاہئے۔ **دیکھی بھالی کرتے ہی (کرسنی) لگی غوطہ دینے۔** جان پہچان ہوتے ہی دغابازی شروع کر دی۔ **دیکھے بھلے شیخ جی اور چڑیاں صید ہوئیں۔** بگلا بھگت ہیں ظاہر میں نہایت شریف مگر اصل میں بڑے چالاک۔ **دیکھی پیر تیری کرامت۔** تیری کرتوت معلوم ہے۔ **دیکھی تیری کالپی) اور باون پورا اجاڑ۔** کوئی اپنے خاندان اور جائداد کے متعلق شیخی مارے تو کہتے ہیں کہ تمہاری اصلیت اور حقیقت معلوم ہے۔ **دیکھی ٹھوک بجا کے دنیا طالب زر کی۔** اچھی طرح آزما لیا کہ دنیا میں سب لوگ زر کے طالب ہیں۔ **دیکھے رام تیرے کرتوت۔** تمہاری اصلیت اور حقیقت کھل گئی۔ **دیکھے راہی بولے سپاہی۔** اگر کوئی معاملہ ہو تو راہرو دخل نہیں دیتا۔ سپاہی دخل دیتا ہے۔ **دیکھی رام تیری کرتوت۔** تیری کرتوتیں سب معلوم ہیں۔ **دیکھے کو لوریہ۔ اور آوے پانچوں پیر** (عو) معلوم تو پاگل ہو مگر اپنے مطلب کا پکا ہے۔ **دیکھے کو بڈھی کام کو آندھی۔** عورت تو بڑھیا ہے مگر کام بہت کرتی ہے۔

دیکھ (ہ۔ امر) دیکھنا کا۔ **دیکھ پڑنا دیکھ جانا۔ دیکھنا** (لازم) دکھنا۔ دکھائی دینا۔

دیکھت (ہ۔ مذکر) قنوجی برہمنوں کی ایک گوت۔ دیچھت۔

دیگ (ف۔ مونث) ۱ کھانا پکانا بڑا تانبے کا برتن ۲ دیگ بھر کھانا۔ **دیگ ابلنا** (لازم) دیگ میں پکتے ہوئے کھانے کا ابلنا۔ **دیگ اتارنا** (متعدی)، **اترنا** (لازم) کھانے کا تیار ہونا۔ **دیگ افزار** (مذکر) سبزی پودینہ وغیرہ جو گوشت میں ڈالی جاتی ہے۔ **دیگ انداز** (مذکر) باورچی۔ **دیگ تیغ کا مالک ہونا** (لازم) صاحب اختیار ہونا۔ **دیگ چڑھانا** (متعدی)، **چڑھنا** (لازم) ۱ دیگ کا چولھے پر رکھا جانا ۲ کھانا پکنا۔ **دیگچہ** (مذکر)، **دیگچی** (مونث) دیگ کی تصغیر۔ **دیگدان** (مذکر) چولھا۔ **دیگ کھڑکنا۔ دیگیں کھنکنا** (لازم) دیگ پکنا۔ کھانا پکنا۔ بہت سی دیگوں کی آواز نکلنا۔ **دیگ گیر** (مذکر) ایک کپڑا جس سے دیگ اٹھاتے ہیں۔

امثال۔ دیگ کی کھرچن کبھی بہت ہے۔ بڑی مقدار میں سے بچا بچایا بھی بہت ہوتا ہے۔ **دیگ میں ایک ہی دانہ ٹٹولتے ہیں۔ دیگ میں سے ایک ہی چاول دیکھتے ہیں۔** ایک سے سب کی جانچ ہوتی ہے۔

دیگر (ف۔ صفت) ۱ دوسرا۔ اور ۲ اگلا ۳ باقی ۴ علاوہ۔ ماسوا ۵ پھر ۶ کچھ ۷ کچھ اور ۸ (مذکر) بعد دوپہر کا وقت۔ عصر۔ **دیگر بار** (مونث) دوسری دفعہ۔ **دیگر روز** (مذکر) کل۔ **دیگر سال** (مذکر) اگلا برس۔ **دیگر شب** (مونث) گزشتہ رات۔ **دیگری** (مونث) ایک محصول جو درختوں وغیرہ پر لگتا تھا۔

مثل۔ دیگر بخود مناز کہ ترکی تمام شد۔ اب کیا اتراتے ہو وقت گزر گیا۔

دیمبر (ہ۔ مذکر) دیکھو دگمبر۔

دیل (ہ۔ مونث) خوشی۔ مزے اڑانا۔

مقولہ۔ دیل دنیا کی دم بدم کیجے۔ کس کی شادی اور کس کا غم کیجے۔ دنیا میں مزے اڑانے چاہئیں۔ خوشی اور غم کی پروا نہیں کرنی چاہئے۔

دیل (ہ۔ ماضی) دنیا کی۔

دیمک (ہ۔ مونث) ایک قسم کی سفید چیونٹی جو نرم اشیا کو کھا جاتی اور ان کی بجائے مٹی چھوڑ جاتی ہے (ف۔ دیوک سے) **دیمک چاٹ جانا** (لازم) **دیمک چاٹنا** (متعدی)، **دیمک لگنا** (لازم) کسی چیز کو دیمک کا لگنا۔ **دیمک کھایا** (ہ) دیمک کا چاٹا ہوا ۲ جس کے منہ پر چیچک کے داغ ہوں۔ **دیمک کی ملکہ** (مونث) دیمکیں ایک دیمک کو ملکہ منتخب کر لیتی ہیں اور اسے اچھے اچھے کھانے دئے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ بعض دفعہ چڑیا کے بچے کے برابر ہو جاتی ہے پھر یہ انڈے دینے شروع کرتی ہے۔ دن بھر میں لاکھوں انڈے دیتی ہے۔ اس کا مقام سطح زمین سے تقریباً تین فٹ نیچا ہوتا ہے۔ جس جگہ یہ ہو وہاں بے شمار دیمک ہوتی ہے اور جب تک اس کو نکال کر تلف نہ کیا جائے دیمک وہاں سے نہیں جاتی۔

امثال واقوال - دیمک کے دانت اور سانپ کے پاؤں اور چیونٹی کی ناک کس نے دیکھی - یہ چیزیں ظاہرا معدوم ہیں - مگر کام ایسا دیتی ہیں کہ جن جانوروں کے دانت پاؤں اور ناک ظاہر ہوتے ہیں - ان سے ایسا بن نہیں آتا - **دیمک کے کھائے پیڑ - سوچ کے مارے دیہ کسی کام کے نہیں رہتے** - دیمک کا کھایا درخت اور فکر کا مارا ہوا بدن بیکار ہوتے ہیں -

دَیمَن (س - مذکر) ۱ طاقت - قوت ۲ شان - شوکت - جلال ۳ الہام - جوش ۴ دولت - جائیداد ۵ خوفناک ؛

دَین (ع - مذکر) قرض - وام - ادھار (دَین - دانَ - ادھار دینا) **دینِ تمسّکی** (مذکر) وہ قرضہ جو صرف تمسک پر حاصل کیا جائے اور جس میں کوئی چیز گروی نہ رکھی جائے - **دین دار** (مذکر) مقروض - **دینِ مُعجّل** (مذکر) وہ قرض جو مانگنے پر ادا کیا جائے - **دینِ مُوجّل** (مذکر) وہ قرضہ جس کی ادائیگی ملتوی کی جاسکے - **دینِ مہر** (مذکر) مہر جو ادا نہ کیا گیا ہو -

دِین (ع - مذکر) ۱ مذہب - دھرم - ملت - مت ۲ مذہب اسلام ۳ عقیدہ - ایمان ۴ کیش - مشرب ۵ عاقبت - عقبےٰ - آخرت - **دین برباد کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) ایمان نہ رہنا - **دین پرست** (صفت) دیندار - **دین پناہ** (صفت) وہ جو دین کا حامی یا مددگار ہو - مسلمان بادشاہوں کا لقب - حامی دین - **دین جانا** (لازم) لامذہب ہونا - بے دین ہونا - **دین دار** (صفت) پابند مذہب یا شرع - فرائض مذہبی پورا کرنے والا - **دینداری** (مونث) پابندی مذہب یا شریعت - **دین دنیا** (مونث) دونوں جہان - دنیا اور عاقبت - **دین دنیا بھول جانا** (لازم) بالکل بے خبر ہو جانا - **دین و دنیا سے جانا** (لازم) کسی کام کا نہ رہنا - دونوں جہان کے فائدے سے محروم رہنا - **دین دین پکارنا** (متعدی) ۱ مذہبی جنگ لڑنا ۲ دین کا دعوے کرنا - دین دین کے نعرے لگانا - **دین دینِ محمد** - مسلمان ختنہ ہونے پر برکت کے واسطے کہتے ہیں - **دین کا** (صفت) مذہبی - دینی - دھرم کا - مذہب کا - مذہب کے متعلق - **دین کا جھنڈا** (مذکر) مذہبی جھنڈا - **دین کا ساتھ دینا** (متعدی) مذہب کی پچ کرنا - مذہب کے لئے لڑنا - **دین کا نہ دنیا کا** (صفت) کسی کام کا نہیں نکما ہے - **دین کو (اختیار) کرنا** (متعدی) مذہب میں شامل ہونا - مسلمان ہونا - **دین میں ملانا** (متعدی) مسلمان کرنا - مذہب میں شامل کرنا - **دین و ایمان برباد کرنا** (متعدی)، **ہونا** (لازم) مذہب بدلا جانا - بے ایمان ہو جانا - **دین و دنیا کی خبر نہ ہونا** (لازم) بالکل بے خبر یا بیہوش ہونا - **دین و دنیا کی فکر** (مونث) دینی اور دنیاوی امور کی فکر - **دینی** (صفت) مذہبی - مذہب کا - مذہب کے متعلق - **دینی بھائی** (مذکر) منہ بولا بھائی - **دینی بہن** (مونث) منہ بولی بہن - **دینیات** (مونث) دینی کی جمع - وہ کتابیں یا مسائل جن کا دین کے ساتھ تعلق ہو -

دِین (ھ - ماضی) دیا -

دِینَ (س - صفت) ۱ غریب - مفلس - کنگال - نادار - نردھن ۲ ضرورتمند - محتاج - حاجتمند ۳ مصیبت زدہ - کمبخت - تباہ - برباد - خراب - خستہ - **دین آچاریا یا بندھو** (مذکر) ایشور - **دین داس** (مذکر) شودر - **دین دیال** (صفت) ۱ غریبوں کو دینے والا - غریب پرور ۲ (مذکر) ایشور - **دین ناتھ** (مذکر) "غریبوں کا مالک" ۱ ایشور ۲ کئی مصنفوں کا نام -

دِینا (ھ - متعدی) ۱ دینا ۲ (ماضی) دیا -

دِینار (ف - مذکر) ۱ ایک سونے کا سکہ جو ۱/۲ ۲ روپے کے برابر ہوتا ہے ۲ ایک وزن سونے کا جو ۱/۲ ۱ درہم کے برابر ہوتا ہے ۳ سونے کا زیور -

دِینتا (س - مونث) **دینتائی** (ھ - مونث) **دینَتو** (مذکر) غربت وغیرہ دیکھو دَین -

دَین جانا (اردو - لازم) ۱ دھس جانا - بیٹھ جانا ۲ جڑ کھوکھلی ہونے سے گر جانا - گر جانا -

دَینک (س - صفت) روزانہ - یومیہ - **دینکی** (مونث) یومیہ مزدوری - روزینہ -

دَینیہ (س - مذکر) غربت دیکھو دَین -

دَیوُ (س - صفت) ۱ دیوتا کا - دیوتا کے متعلق ۲ دیوتاؤں کی طرف سے آیا ہوا ۳ آکاسی - آسمانی - خدائی ۴ (مذکر) شادی کی ایک قسم جس میں بیٹی کا دان برہمن کو کرتے ہیں ۵ دیوتا - آسمانی مخلوق ۶ مذہبی رسم - دیوتا کو بھینٹ - **دیوتا** (مونث) ۱ وہ عورت ۲ جو دیو رسم کے بموجب برہمن کو دی جائے ۳ علم ویدک کی ایک شاخ جس میں منتروں نقشوں وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں -

مثل - دیو نہ مارے ڈینک سے گنی دیت چرٹھا - خدا لاٹھی سے نہیں مارتا - عقل گنوا دیتا ہے

دیو - دیو - دیوُ (ف - مذکر) ۱ جن - بھوت - پریت ۲ پریوں کے مرد ۳ شیطان - خناس ۴ موٹا تازہ آدمی - قوی ہیکل شخص ۵ گھوڑا - **دیو باد** (مذکر) ۱ بگولا ۲ تیز گھوڑا ۳ تیز اونٹ ۴ دیوانگی - جوش - **دیو بند** (مذکر) ۱ کشتی کا ایک پیچ ۲ دیووں کو قابو کرنے والا شخص - جادوگر ۳ وہ جگہ جہاں دیو رہتے ہوں ۴ مہینے کا سولھواں دن ۵ طہمورث اور قارن کا نام ۶ ایک دوا - **دیو جامہ** (مذکر) ۱ پوستین جس میں بال باہر کی طرف رہیں ۲ شیر کا چمڑہ جو سپاہی پہنتے ہیں - **دیودار** (مذکر) ایک درخت چیڑ کی قسم کا جسکی شاخیں زمین کے متوازی پھیلتی ہیں - اسکی لکڑی مکانات میں کام آتی ہے اور چیڑ کی لکڑی سے مضبوط ہوتی ہے - **دیو دمن** (مذکر) شیطان - **دیو رخش** (مذکر) ایک مَنتر - **دیو زاد** (مذکر) ۱ دیو کا بچہ ۲ قوی ہیکل آدمی - **دیو سپید** (مذکر) ۱ ایک دیو جسے رستم نے قتل کیا تھا ۲ شیطان - **دیو شبینہ** (مذکر) ڈراونا خواب - **دیو کا دیو** (صفت) بہت بڑا - **دیو کا سایہ** (مذکر) آسیب - **دیومن** (مونث) ایک بھونری کا نام جو گھوڑے کے اگلے پاؤں میں ہوتی ہے اور بہت مبارک سمجھی جاتی ہے اور دوسری بھونریوں کی نحوست دفع کرتی ہے - **دیو نر** (مذکر) نر دیو - **دیونی** (مونث) ۱ مادہ دیو ۲ دیو کی بیوی - **دیو ہفت سر** (مذکر) ۱ رات ۲ کرہ زمین -

دیوَ (س - مذکر) **دیو** (ھ) ۱ دیوتا ۲ خبیث روح - عفریت - ۳ بعض الفاظ کے آخر میں بمعنی مانند ۴ کسی دیوتا کا بت ۵ برہمن کا لقب **دیواری** (مذکر) ۱ دیوتاؤں کا دشمن ۲ ایک اَسُر - **دیوانند** (مذکر) ۱ دیووں کی خوشی

دیوانیک (مذکر) آسمانیوں کی فوج۔ - **دیوبانی** (ھ۔ مونث) دیکھو دیوواتی۔ **دیوبَل** (مذکر) دیوتاؤں کی طاقت والا۔ **دیو برہمن** (مذکر) ۱ نارد ۲ دیول کا لقب **دیوبھکتی** (مونث) دیوتاؤں کی خدمت **دیوپانی** (مذکر) اسروں کی ایک قسم **دیوپتن** (مذکر) ایک شہر۔ **دیوپتنی** (مونث) ۱ دیوتا کی بیوی۔ دیوی ۲ شکرقند۔ **دیوپتی** (مذکر) - دیوتاؤں کا حاکم **دیو پوجا** (مذکر) دیوتاؤں کی پرستش **دیو پوجک** (مذکر) بت پرست۔ **دیودار** (ہ) ایک درخت **دیوداسی** (مونث) وہ لڑکیاں جو مندروں میں چڑھادی جاتی ہیں۔ اور وہاں ناچنے کا کام کرتی ہیں

دیودَتّ (صفت) ۱ دیوتا کا دیا ہوا۔ خداداد۔ **دیودُوت** (مذکر) دیوتاؤں کا ایلچی۔ **دیودُوتا** (مونث) دیوتاؤں کی عورت ایلچی۔ **دیوراجہ** (مذکر) - دیوتاؤں کا راجہ ۔ **دیو راجیہ** (مذکر) دیوتاؤں پر حکومت **دیوستری** (مونث) دیوتا کی بیوی۔ **دیوشترو** (صفت) - دیوتاؤں کا دشمن۔ **دیوکری** (مونث) ایک راگ **دیوکِری** (مونث) ایک راگنی کا نام جو میگھ راگ کی بیوی شمار ہوتی ہے۔ **دیوکل** (مذکر) دیوتا کا گھر۔ مندر۔ **دیوکلا** (مونث) چھوٹا مندر۔ **دیوگاندھاری** (مونث) ایک راگنی۔ **دیوگرو** (مذکر) - دیوتاؤں کا گرو۔ **دیو لوک کو سدھارنا** (متعدی) مرجانا۔ **دیوناگری** (مونث) وہ رسم الخط جس میں سنسکرت اور ہندی زبانیں عموماً لکھی جاتی ہیں۔ **دیو ورمَن** (مذکر) دیوتاؤں کی زرہ۔

دِیوا (ھ۔ مذکر) دیا۔ چراغ۔ **دیوا سلائی** (مونث) دیا سلائی۔

مثل۔ دیوے تلے اندھیرا ہوشیاری میں غلطی کرنا۔ سوچ کے وقت چوک جانا۔

دیوا (ھ۔ مذکر) ۱ دیوتا (دیو سے) ۲ دینے والا۔ ادا کرنے والا (دینا سے) مرکبات میں استعمال بھی ہوتا ہے۔ جیسے پانی دیوا۔ **دیوا لیوا** (مذکر) **لئی** (مونث) لین دین۔

دِیوار (ف۔ مونث) ۱ ایک مسلسل عمارت جو پتھر یا اینٹوں یا مٹی کی بنائی جاتی ہے اس کی موٹائی بمقابلہ لمبائی اور اونچائی کے بہت چھوٹی ہوتی ہے۔ یہ کسی رقبے کو احاطہ کرنے یا حفاظت کے لئے یا گھر کے باہر کے حصے کے طور پر۔ یا کمروں کے درمیان یا بعض دفعہ احاطوں یا کھیتوں کے درمیان حدفاصل کے طور پر بنائی جاتی ہے ۲ اوٹ۔ پردہ۔ ٹٹی ۳ چٹان یا پہاڑ کا سیدھا پہلو ۴ کسی برتن یا ظرف یا غار کا پہلو ۵ کوئی حد جو کسی علاقے کے چاروں طرف ہو ۶ کوئی چیز جو دیوار کی طرح ہو جیسے تیزوں کی دیوار ۷ ناک کا بانسا ۸ انگیا کی کٹوریوں کے دو ٹکڑوں میں سے بڑا ۹ (صفت) اندھا۔ نابینا ۱۰ کنایتاً حیران۔ متحیر۔ **دیوار اٹھانا** (متعدی) - دیوار بنانا۔ **اٹھنا** (لازم) ۱ دیوار بننا یا تعمیر ہونا ۲ حجاب ہونا ۳ جدائی ہونا۔ **دیوار بازو** (مونث) پہلو کی دیوار۔ **دیوار بلند** (مونث) ۱ اونچی ۲ (صفت) امیر۔ دولتمند۔ **دیوار بنا دینا یا بنانا** (متعدی) دیوار تعمیر کرنا۔ **دیوار بن جانا یا بننا** (لازم) ۱ دیوار تعمیر ہونا ۲ حیران رہ جانا ۳ بے حس وحرکت ہو جانا۔ **دیوار بند** (مونث) وہ مکان جس کے چاروں طرف دیوار احاطہ ہو۔ **دیوار بہ دیوار** (صفت) دیوار سے دیوار ملی ہوئی۔ متصل۔ **دیوار بیٹھ جانا** (مذکر) دیوار کا گر پڑنا یا دھنس جانا۔ **دیوار بیچ** (صفت) اس مکان کی نسبت کہتے ہیں جس کے اور دوسرے مکان کے درمیان دیوار حدفاصل ہو۔ مکان۔ **دیوار بینی** (مونث) ناک کا بانسا۔ **دیوار پردہ** (مونث) وہ دیوار جو بطور پردہ بنائی جائے۔ **دیوار پھاندنا** (متعدی) ۱ دیوار پر سے کود کر نکل جانا ۲ بدچلن ہو جانا۔ **دیوار پھٹ جانا** (لازم) دیوار میں درز پڑ جانا۔ **دیوار توڑنا** (متعدی) دیوار میں سوراخ کرنا۔ **دیوار چننا** (لازم) دیوار بننا۔ **دیوار چین** (مونث) ایک دیوار جو شہنشاہ چین شہ ہونگٹی نے منگولیا اور چین کے درمیان مغلوں کے حملوں سے بچنے کے لئے ۲۱۴ ق م میں بنائی تھی یہ سمندر کے پاس سے شروع ہو کر ۱۵۰۰ میل تک وادیوں اور پہاڑوں پر سے ہوتی ہوئی مغرب کی طرف چلی گئی ہے بیس فٹ اونچی ہے اور چوٹی پر ۱۵ فٹ سے ۲۵ فٹ تک چوڑی ہے ہر سو فٹ پر برج بنا ہے۔ **دیوار حصار** (مذکر) قلعہ کی دیوار۔ **دیوار درمیان** (مونث) دیکھو دیوار بیچ۔ **دیوار شق ہو جانا** (لازم) دیوار میں درز آجانا۔ **دیوار قہقہہ** (مونث) ۱ دیکھو قہقہہ ۲ دیوار چین ۳ بہت اونچی دیوار ۴ بہت ہنسی۔ **دیوار قہقہہ لگانا** (متعدی) بہت ہنسنا۔ بے حد ہنسنا۔ **دیوار کھڑی کرنا** (متعدی)، **ہو جانا** (لازم) ۱ دیوار بن جانا ۲ آڑ ہو جانا۔ پردہ بن جانا۔ **دیوار کھل جانا** (لازم) ۱ خود بخود دیوار میں شگاف ہو جانا۔ **دیوار کھینچنا** (متعدی) **کھنچنا** (لازم) ۱ دیوار بنانا کسی جگہ یا مکان کے درمیان ۲ آڑ بنانا۔ پردہ حائل کرنا۔ **دیوار کی چوٹی** (مونث) دیوار کا اوپر کا حصہ۔ **دیوار گیر** (صفت) دیوار میں لگانے والا۔ **دیوار گیر لیمپ** (مذکر) وہ انگریزی وضع کا چراغ جو دیوار میں لگایا جائے

دیوار گیری (مونث) ۱ وہ کپڑا جو دیواروں میں خوبصورتی کے واسطے لگاتے ہیں ۲ دیوار میں لگانے کا لیمپ۔ **دیوار مسک جانا** (لازم) دیوار پھٹ جانا۔ **دیوار میں چنا جانا** (لازم)، **چن دینا** (متعدی)، **چنوا دینا** (م) اگلے زمانے کی ایک سزا۔ ملزم کو کھڑا کر کے چاروں طرف دیوار بنوا دینا۔ **در و دیوار سے (حسرت وغیرہ) برسنا** (لازم) حسرت وغیرہ کا ہر طرف سے ظاہر ہونا۔ **دیواروں سے لڑنا** (لازم) خود بخود بکے جانا۔ **دیواریں چاٹنا** (متعدی) بمشکل گزارہ کرنا۔ دن کاٹنا۔

امثال واقوال۔ دیوار کھائی آلوں نے گھر کھایا سالوں نے بیان سالوں کے طنز ہے جو بہنوئی کے ٹکڑوں پر پڑے رہیں۔ دیوار طاقچوں کی وجہ سے کمزور ہو جاتی ہے۔ اور گھر سالوں کی وجہ سے تباہ ہو جاتا ہے۔ **دیوار بھی کان رکھتی ہے۔ دیوار کے (بھی) کان (ہوتے ہیں)** **دیوار ہم گوش دارد** - اردو مثل فارسی کا ترجمہ ہے۔ راز کی بات بہت احتیاط سے اور بہت آہستگی سے کہنی چاہئے۔ ممکن ہے دیوار کے پیچھے کوئی کان لگا کر بات سن رہا ہو۔

دیوارا (ھ۔ مذکر) دیوار۔

دیواری (ھ۔ مونث) ۱ دیوار ۲ دیوالی ۳ اردو میں چار کے ساتھ استعمال ہوتا ہے

دیوال (ف۔ مونث) دیوار۔ **دیوالگیر** (مذکر) دیوار گیر۔

مثل۔ دیوال رہے گی تو لیو بہتیرے چڑھ جائیں گے۔ زندگی ہے تو سب کچھ ہے۔

دِیوالی (ھ۔ مونث) دیکھو دوالی۔

امثال واقوال۔ دیوالی برس میں ایک دن۔ خوشی کا موقعہ کبھی کبھی ہوتا ہے۔ **دیوالی جیت سال بھر جیت۔** ہندوؤں میں

خیال ہے کہ اگر دیوالی میں جوئے میں جیتیں تو سال بھر ہر کام میں کامیابی ہوتی ہے۔ **دیوالی کے بتاسے** دیوالی میں ہندو بتاسے بانٹتے ہیں اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جس کا کوئی گھر گھاٹ نہ ہو۔ **دیوالی کے دیوے چاٹ کر جائیں گے**۔ ستیاناس کر کے چھوڑیں گے۔ **دیوالی کی رات کو بوٹی بوٹی پکارتی ہے** ہندوؤں میں خیال ہے کہ دیوالی کی رات کو پودے بھی بولتے ہیں۔ **دیوالی کی کلھیا** (مونث) اس شخص کے متعلق کہتے ہیں جو دیکھنے میں تو اچھا ہو۔ مگر نکما ہو۔ دیوالی میں کلھیوں پر بہت خوبصورت رنگ کرتے ہیں۔ **دیوالی کی ہار سال بھر ہار رکھتی ہے**۔ بدآغاز کا بد انجام ہوتا ہے۔ ہندوؤں کا خیال ہے کہ جو دیوالی پر ہار جائے وہ سال بھر نقصان اٹھاتا رہتا ہے۔

دیوالیہ (ہ۔صفت) دیکھو دوالیہ۔
مثل۔ دیوالئے کی ساکھ پتال میں۔ دیوالئے پر کوئی اعتبار نہیں کرتا۔

دیوان (ف۔مذکر) ۱ شاہی دربار ۲ شاہی عدالت ۳ عدالت۔ کچہری ۴ مقام دربار۔ مقام اجلاس ۵ بادشاہوں کی نشستگاہ ۶ جلسہ بیٹھک کا جلسہ ۷ غزلوں کی کتاب ۸ وزیر۔ وزیر مال۔ محکمہ مال کا بڑا افسر ۹ حساب کی کتاب۔ بہی ۱۰ تنخواہ کا رجسٹر ملازموں کے ناموں کا رجسٹر۔ **دیوان اعلےٰ** (مذکر) وزیر اعظم۔ **دیوان بیگی** (مذکر) ایک شاہی افسر۔ **دیوان جزا** (مذکر) قیامت کا دربار۔ **دیوانچی** (ت۔مذکر) وزیر اعظم۔ **دیوان خاص** (مذکر) ۱ خاص لوگوں کا دربار۔ امراء و زراء کا دربار یا اجلاس ۲ وہ عمارت جہاں ایسا اجلاس ہوتا ہو۔ **دیوان خالصہ** (مذکر) وہ شخص جس کے پاس سلطانی مہر ہے معتمد الدولہ۔ **دیوان خانہ** (مذکر) ۱ بیٹھک۔ ملاقات کا کمرہ ۲ امیروں کے بیٹھنے کا کمرہ ۳ اہل دفتر کے بیٹھنے کا مقام۔ **دیوان عام** (مذکر) دربار عام۔ وہ دربار جس میں عوام حصہ لیں۔ ہاؤس آف کامنز۔ **دیوان عرض لشکر** (مذکر) وہ دربار جو سپاہیوں کی عرضیاں سننے کے لئے منعقد کیا جائے۔ **دیوان قیامت** (مذکر) دیوان حشر۔ **دیوان کدہ** (مذکر) دیوان لگنے کی جگہ۔ **دیوان کہنا** (متعدی) دیوان تصنیف کرنا۔ **دیوان محشر** (مذکر) قیامت کا دربار جو حساب کتاب جزا سزا کے لئے قائم ہوگا۔ **دیوان مظالم** (مذکر) ایک دربار جو شاہی زمانے میں حکام کے برخلاف شکایات سننے کے لئے منعقد ہوتا تھا۔ **دیوان ہمایوں** (مذکر) شاہی دربار۔ **دیوانی** (مونث) وہ عدالت جس میں روپے اور جائداد کے مقدمات فیصل ہوتے ہوں۔

مثل۔ دیوانی آدمی کو دیوانہ کر دیتی ہے۔ دیوانی مقدمات پر بہت روپیہ اور وقت خرچ ہوتا ہے۔

دیوان (ف۔مذکر) دیوانہ کا مخفف علیحدہ استعمال نہیں ہوتا۔ **دیوان پن** (مذکر) ۱ دیوانہ پن۔ جنون۔ سودا۔ وحشت ۲ نادانی بیوقوفی۔ **دیوانگی** (مونث) دیکھو آخری **دیوانہ** (صفت) ۱ پاگل۔ سودائی۔ سڑی۔ مجنون ۲ وارفتہ۔ عاشق۔ **دیوانہ بنا دینا یا بنانا** (متعدی) ۱ پاگل کر دینا۔ پریشان کرنا ۲ عاشق بنا لینا۔ مفتون کرنا۔ **دیوانہ بن جانا یا بننا** (لازم) ۱ جان بوجھ کر اپنے آپ کو پاگل ظاہر کرنا ۲ عاشق ہو جانا۔ **دیوانہ پن** (مذکر) دیکھو دیوان پن۔ **دیوانا کر دینا یا کرنا** (متعدی) دیوانہ بنانا۔ **دیوانہ ہوا ہے**۔ پاگل ہوا ہے عقل ماری گئی ہے۔ کوئی بیوقوفی کی بات یا برا فعل کرے تو کہتے ہیں۔ **دیوانہ ہو جانا یا ہونا** (لازم) دیوانہ بننا کا۔ **دیوانی** (مونث صفت) ۱ باؤلی۔ پگلی۔ سڑن ۲ عاشق عورت۔ **دیوانی باتیں کرنا** (متعدی) اول جلول بکنا۔ **دیوانی ہانڈی** (مونث) وہ ہانڈی جس میں مختلف ترکاریاں ملا کر پکائیں۔ **دیوانے ہو** جب کوئی شخص فضول یا خلاف عقل بات کہے تو کہتے ہیں۔

امثال واقوال۔ دیوانوں کے سر پر کیا سینگ ہوتے ہیں۔ دیوانے بھی دوسرے لوگوں کی طرح ہوتے ہیں۔ **دیوانہ باش تا غم تو دیگراں خورند**۔ بے فکرے کے متعلق کہتے ہیں۔ جو دوسروں کے ٹکڑوں پر پڑا رہتا ہے۔ **دیوانہ بکار خود ہشیار**۔ دیوانہ اپنے کام کے لئے بہت ہوشیار ہوتا ہے۔ **دیوانہ را ہوئے بس است** دیوانے کو چھیڑنے کے لئے صرف ہو کہہ دینا کافی ہے وہ بکواس شروع کر دے گا۔ **دیوانہ ہے لیکن بات کہتا ہے ٹھکانے کی**۔ ہے تو بیوقوف مگر بات مطلب بات کی کہتا ہے۔ **دیوانی بیوی خالی گھر** ۱ جو دل میں آئے سو کرو ناچو کودو ۲ خالی گھر میں بیوی خواہ مخواہ دیوانی ہو جاتی ہے ۳ بیوی دیوانی ہو تو گھر خالی ہو جاتا ہے کچھ نہیں رہتا۔ **دیوانے سے آنکھ نہ ملائیے**۔ دیوانے سے الگ رہنا ہی بہتر ہے۔ **دیوانے کو بات بتائی اسنے لے چھپر چڑھائی**۔ کسی بیوقوف یا پیٹ کے ہلکے سے راز کی بات کہو تو وہ اسے چھپا نہیں سکتا۔ مشہور کر دیتا ہے۔ **دیوانے کے ہاتھ میں چھری** نہایت خطرناک بات۔

دلوانا (ہ۔متعدی) دلانا۔

دیوتا (س) **دیوتا** (ہ۔مذکر) ۱ ایک ہستی جس کے متعلق یہ خیال ہے کہ اس میں خرق عادت طاقتیں ہوتی ہیں۔ خدا۔ فرشتہ۔ صنم ۲ کوئی چیز یا جانور جسے مقدس تصور کریں جیسے سانپ۔ گرڈ ۳ (صفت) بزرگ۔ مقدس ۴ بھولا بھالا۔ سادہ لوح ۵ (طنزاً) مکار۔ شریر۔

مثل۔ دیوتا بھی باسنا کے بھوکے ہیں۔ ہر جگہ دینے سے کام نکلتا ہے۔

دیوٹ (ہ) **دیوٹ** (مذکر) **دیوٹ** (ہ۔مذکر) ۱ چراغ دان۔ شمعدان ۲ (صفت) کالا کلوٹا۔ کالا آدمی) **دیوٹی** (ہ۔مونث) چراغ لمپ۔ دیا۔

دیوث (ع۔مذکر) ۱ وہ شخص جس کی عورت زانیہ ہو اور وہ چشم پوشی کرے۔ جورو کا بھڑوا۔ قرمساق ۲ بے حمیت۔ بے غیرت آدمی۔

دیور (ہ۔مذکر) خاوند کا چھوٹا بھائی۔
دیورانی (مونث) خاوند کے چھوٹے بھائی کی بیوی۔

دیورا (ہ۔صفت) بایاں۔

دیوڑی (ہ۔مونث) چڑانے کے لئے انگلی خم کر کے ہلانا۔ دیوڑی دیوڑی کرتا ہے۔ چڑاتا ہے کھجاتا ہے۔

دیوک (ف۔مونث) ۱ دیمک ۲ کیڑا جو فصلوں وغیرہ کو لگ جاتا ہے۔

دیوک (س۔صفت) ۱ دیوتا کے مانند ۲ آسمانی۔ خدائی ۳ (مذکر) دیوتا۔

دیول (ہ۔مذکر) چھوٹا مندر۔ کسی بت کا مندر۔

دیولا (ہ۔مذکر) چھوٹا چراغ۔ **دیولی** (مونث) ۱ چھوٹا چراغ ۲ آنکھ کا گڑھا۔

دیولی (ہ۔مذکر) ۱ چھوٹا چراغ ۲ چیچک کے دانوں کا کھرنڈ۔

دیوی (ہ۔صفت) ۱ آسمانی۔ فلکی۔ خدائی ۲ عجیب۔ بے نظیر ۳ (مونث) آفت

ناگہانی۔ نہ رکنے والا حادثہ ۲ (ق ف) اتفاقاً ۳ آخرکار۔

دیوی (ہ۔ مونث) ۱ دیوتا کی بیوی ۲ دیوتا کی مونث ۳ درگا جی۔ بھوانی ۴ ساوتری۔ برہما جی کی بیوی۔

دیہ (ف۔ مذکر) دیکھو دہ۔ **دیہی** (صفت) دہ کا۔ دہ کے متعلق۔ دہ کا رہنے والا۔ **دیہات** (مذکر) دیہ کی جمع۔ گاؤں۔ قریے۔ **دیہاتی** (صفت) دیہات کا رہنے والا۔

دیہی (ہ۔ صفت) ۱ بدن کا۔ بدن کے متعلق ۲ بدن والا۔ جسمانی ۳ (مذکر) جاندار ۴ انسان ۵ (مونث) بدن۔

دیہیم (ف۔ مذکر) شاہی تاج۔

پڙهندڙ نَسُل . پَ نَ

The Reading Generation

1960 جي ڏهاڪي ۾ عبدالله حسين " اُداس نسلين" نالي ڪتاب لکيو. 70 واري ڏهاڪي ۾ وري ماڻڪَ "لُڙهندَڙ نَسُل" نالي ڪتاب لکي پنهنجي دورَ جي عڪاسي ڪرڻ جي ڪوشش ڪئي. امداد حُسينيءَ وري 70 واري ڏهاڪي ۾ ئي لکيو:

انڌي ماءُ ڄڻيندي آهي اونڌا سونڌا ٻارَ

ايندڙ نسل سَمورو هوندو گونگا ٻوڙا ٻارَ

هر دور جي نوجوانن کي اُداس، لُڙهندَڙ، ڪَڙهندڙ، ڪُڙهندڙ، ٻَرندڙ، ڄُرندڙ، ڪِرَندڙ، اوسيئڙو ڪَندَڙُ، ياڙي، ڪاٺُو، ياڄوڪَڙُ، ڪاوڙيل ۽ وِڙَهندڙ نسلن سان منسوب ڪري سَگهجي ٿو، پَر اسان اِنهن سڀني وِچان "پڙهندڙ" نسل جا ڳولائو آهيون. ڪتابن کي ڪاڳر تان کڻي ڪمپيوُٽر جي دنيا ۾ آڻڻ، ٻين لفظن ۾ برقي ڪتاب يعنيٰ e-books ناهي ورهائڻ جي وسيلي پڙهندڙ نسل کي وَڌڻ، ويجهَڻ ۽ هِڪ ٻِئي کي ڳولي سَهڪاري تحريڪ جي رستي تي آڻِڻَ جي آسَ رکون ٿا.

پڙهندڙ نَسل (پَ نَ) ڪا بہ تنظيمَ ناهي. اُنَ جو ڪو بہ صدر، عُهديدار يا پايو وِجهندڙ نہ آهي. جيڪڏهن ڪو بہ شخص اهڙي دعويٰ ڪري ٿو تہ پَڪَ ڄاڻو تہ اُهو ڪُوڙو آهي. نہ ئي وري پَنَ جي نالي ڪي پئسا گڏ ڪيا ويندا. جيڪڏهن ڪو اهڙي ڪوشش ڪري ٿو تہ پَڪَ ڄاڻو تہ اُهو بہ ڪُوڙو آهي.

جَهڙيءَ طَرَح وڻن جا پَنَ ساوا، ڳاڙها، نيرا، پيلا يا ناسي هوندا آهن اُهڙيءَ طرح پڙهندڙ نَسُل وارا پَنَ بہ مختَلِف آهن ۽ هوندا. اُهي ساڳئي ئي وقت اُداس ۽ پڙهندڙ، ٻَرندڙ ۽ پڙهندڙ، سُست ۽ پڙهندڙ يا وِڙهندڙ ۽ پڙهندڙ بہ ٿي سگهن ٿا. ٻين لفظن ۾ پَنَ ڪا خُصوصي ۽ تالي لڳل ڪِلَب Exclusive Club نہ آهي.

ڪوشش اها هوندي تہ پَنَ جا سڀ ڪَم ڪار سَهڪاري ۽ رَضاڪار بنيادن تي ٿين، پر ممڪن آهي تہ ڪي ڪم اُجرتي بنيادن تي بہ ٿِين. اهڙي حالت ۾ پَنَ پاڻ هِڪَٻِئي جي مدد ڪَرڻ جي اُصولَ هيٺ ڏي وَٺُ ڪندا ۽ غيرتجارتي non-commercial رهندا. پَنَن پاران ڪتابن کي ڊِجيٽائِيز digitize ڪرڻ جي عَملَ مان ڪو بہ مالي فائدو يا نفعو حاصل ڪرڻ جي ڪوشش نہ ڪئي ويندي.

ڪتابن کي ڊِجيٽائِيز ڪرڻ ڪان پو ٻيو اهم مرحلو وِرهائڻ distribution جو ٿيندو. اِهو ڪم ڪرڻ وارن مان جيڪڏهن ڪو پيسا ڪمائي سگهي ٿو تہ ڀلي ڪمائي، رُڳو پَنَن سان اُن جو ڪو بہ لاڳاپو نہ هوندو.

پَنَن کي ڪُليل اکرن ۾ صلاح ڏجي ٿي تہ هو وَسَ پٽاندڙ وڌِ ڪان وَڌِ ڪتاب خريد ڪَري ڪتابن جي ليکَڪَن، ڇپائيندڙن ۽ ڇاپيندڙن کي هِمٿائِن. پر ساڳئي وقت عِلم حاصل ڪرڻ ۽ ڄاڻ کي ڦهلائڻ جي ڪوشش دوران ڪَنهن بہ رُڪاوٽَ کي نہ مڃن.

شيخ اَياز علمَ، ڄاڻ، سمجهہَ ۽ ڏاهپ کي گيتَ، بيتَ، سِٽَ، پُڪارَ سان تَشبيهہ ڏيندي انهن سيني کي بَمن، گولين ۽ بارودَ جي مدِ مقابل بيهاريو آهي. اياز چوي ٿو تہ:

گيتَ بہِ ڄڻ گوريلا آهن، جي ويريءَ تي وار ڪَرن ٿا.

... ...

جئن جئن جاڙ وڌي ٿي جَڳَ ۾، هو ٻوليءَ جي آڙ ڇُپن ٿا؛

ريتيءَ تي راتاها ڪن ٿا، موتي مَنجهہِ پهاڙ ڇُپن ٿا؛

... ...

ڪالهہَ هُيا جي سُرخ گُلن جيئن، اڄڪلهہ نيلا پيلا آهن؛

گيتَ بہِ ڄڻ گوريلا آهن........

... ...

هي بيتُ اَٿي، هي بَم- گولو،

جيڪي بہ ڪٺين، جيڪي بہ ڪٺين!

مون لاءِ ٻنهي ۾ فَرَقُ نہ آ، هي بيتُ بہ بَمَ جو ساٿي آ،

جنهن رڻ ۾ رات ڪَيا راڙا، تنهن هَڏَ ۽ چَمَ جو ساٿي آ ـ

اِن حسابَ سان اڄ‌ڪٽائي کي پاڻَ تي اِهو سوچي مَڙهڻ تہ ”هاٿي ويڙهہ ۾ عمل جو دور آهي، اُن ڪري پڙهڻ تي وقت نہ وڃايو“ ناداني‌ءَ جي نشاني آهي.

پَنَن جو پڙهڻ عام ڪِتابي ڪيڙن وانگر رُڳو نِصابي ڪتابن تائين محدود نہ هوندو. رڳو نصابي ڪتابن ۾ پاڻ کي قيد ڪري ڇڏڻ سان سماج ۽ سماجي حالتن تان نظر ڪڇي ويندي ۽ نتيجي طور سماجي ۽ حڪومتي پاليسيون policies اڄاڻن ۽ نادانن جي هٿن ۾ رهنديون. پَنَ نِصابي ڪتابن سان گڏوگڏ ادبي، تاريخي، سياسي، سماجي، اقتصادي، سائنسي ۽ ٻين ڪتابن کي پڙهي سماجي حالتن کي بهتر بنائڻ جي ڪوشش ڪندا.

پَڙهندڙ نَسُل جا پَنَ سيني کي **چو، چالاءِ ۽ ڪينئن** جهڙن سوالن کي هر بَيانَ تي لاڳو ڪرڻ جي ڪوٺَ ڏين ٿا ۽ انهن تي ويچار ڪرڻ سان گڏ جوابَ ڳولڻ کي نہ رڳو پنهنجو حق، پر فرض ۽ اٽٽر گهرج necessity unavoidable سمجهندي ڪتابن کي پاڻ پڙهڻ ۽ وڌ کان وڌ ماڻهن تائين پهچائڻ جي ڪوشش جديد ترين طريقن وسيلي ڪرڻ جو ويچار رکن ٿا.

توهان بہ پڙهڻَ، پڙهائڻ ۽ ڦهلائڻ جي اِن سهڪاري تحريڪ ۾ شامل ٿي سگهو ٿا، بَس پنهنجي اوسي پاسي ۾ ڏِسو، هر قسم جا ڳاڙها توڙي نيرا، ساوا توڙي پيلا پن ضرور نظر اچي ويندا.

وڻ وڻ کي مون ڀاڪِي پائي چيو تہ ”منهنجا ڀاءُ

پهتو منهنجي من ۾ تنهنجي پَنَ پَنَ جو پڙلاءُ“.

ـ اياز (ڪلهي پاتم ڪينرو)